قائد اللغات

اردو کا جدید جامع اور مستند لغت

مؤلفہ

ابو نعیم عبدالحکیم خان نشتر جالندھری

نظر ثانی و اضافہ

سید حامد لطیف چشتی

حامد اینڈ کمپنی

ناشران و تاجران اسلامی کتب

مدینہ منزل ۳۸۔ اردو بازار

لاہور

قائد اللغات

اُردُو کا جدید جامع اور مستند لغت

مؤلفہ

ابونعیم عبدالحکیم خان نشتر جالندھری

نظرثانی واضافہ

سیّد حامد لطیف چشتی

حامد اینڈ کمپنی

ناشران و تاجران اسلامی کتب

مدینہ منزل ۳۸۔ اردو بازار

لاہور

طبع دوم . . . .

قیمت . [illegible] .

عالمین پبلیکیشنز پریس ۲۲/۱۰ ریٹیگن روڈ، ہجویری پارک لاہور میں طبع ہوئی

اور

حامد اینڈ کمپنی ۳۸، اردو بازار لاہور نے شائع کی۔

مقدّمہ

ایک مرتبہ مجھ سے فرمائش کی گئی کہ اردو کا ایک لغت تیار کیا جائے۔ میں نے گزارش کی کہ اگر اردو کے ایک جامع و مانع لغت کی تالیف و ترتیب پیشِ نظر ہے تو یہ بہت لمبا چوڑا کام ہے اور ایک آدمی اسے انجام نہیں دے سکتا۔ چند ایسے حضرات کا بورڈ قائم کیا جائے، جو متعدد زبانوں میں فاضل ہونے کے علاوہ فنِ لغت نگاری میں بھی مہارتِ خصوصی رکھتے ہوں۔ ثبوت کے لیے مروّجہ لغت موجود ہیں، جن میں سے ہر ایک اپنے واحد مؤلف کا مرہونِ تکمیل ہے۔ لیکن انصاف یہ ہے کہ آج اردو کا کوئی بھی لغت، عام اس سے کہ وہ ایک جلد میں ہے یا زیادہ جلدوں میں، اغلاط و اسقام سے خالی نہیں اور لغت میں کسی ایک بھی غلطی کا راہ پا جانا انتہائی افسوس ناک ہے۔ لغت کا ہر لفظ سند ہونا چاہیے، کیونکہ اسے قارئین کی رہنمائی کا نازک فریضہ انجام دینا ہے۔ ظاہر ہے کہ جس لغت میں خامیاں اور لغزشیں موجود ہوں، وہ رہبری کیونکر کرسکتا ہے:

او خویشتن گم است، کرا رہبری کند

فرمایا گیا: آپ کا ارشاد بالکل بجا ہے، مگر ہمیں تو ایک ہی جلد والے ایسے لغت کی ضرورت ہے، جو فنِ لغت نگاری اور کاملیت و جامعیت کو ملحوظ رکھتے ہوئے تمام حریفوں سے گوئے سبقت لے جائے۔ چنانچہ میں نے تعمیلِ حکم کے لیے کمرِ ہمت باندھ کر کام شروع کر دیا اور مدتِ دراز تک خونِ جگر کھانے کے بعد آج وہ ارادہ بفضلہٖ تعالیٰ لباسِ عمل پہن کر آنکھوں کے سامنے موجود ہے۔

جامع اللغات کی بعض امتیازی خصوصیتوں کے متعلق التماس ہے کہ:

۱۔ اس کا ایک ایک لفظ متعدد زبانوں کے مستند لغتوں سے تحقیق کرنے کے بعد لکھا گیا ہے۔

۲۔ صحتِ تلفظ کے پیشِ نظر ہر لفظ کے بعد سب سے پہلے قوسین میں صحیح تلفظ دیا گیا ہے، مثلاً اللہ (اَل، لاہ)، احمد (اَح، مَد) وغیرہ۔

۳۔ معروف و مجہول واؤ اور یاء کے لیے الگ الگ علامتیں مقرر کی گئی ہیں، جیسے طُوطی، بُوٹی، پیڑ، بیڑ وغیرہ۔

۴۔ نونِ غنّہ کی کئی قسمیں ہیں۔ ایک وہ نون، جس میں آواز ناک سے نکلتی ہے اور وہ بولنے میں نہیں آتا، مثلاً کھنڈر، عنبر۔ اس کے لیے نون کے اوپر یہ علامت (٘) دی گئی ہے۔

ایک وہ نون، جس کی آواز ناک سے نکلنے کے باوجود بولنے میں آتا ہے، جیسے رنگ، بند۔ اس کے لیے نون کے نیچے یہ علامت (٨) درج کی گئی ہے۔

ایسے جس نون میں گاف سے آگے بھی کوئی حرف ہو، وہاں تلفظ درج کرتے وقت دوسرے حصے میں گاف کی تکرار کی گئی ہے، مثلاً انگیخت (اَنگ، گیخت)، انگارا (اَنگ، گا، را) وغیرہ۔

۵۔ اکثر اسماء کے بعد ان کے ساتھ استعمال ہونے والے تمام مصدر لکھ دیے گئے ہیں، جیسے قہقہہ (پانا، کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

۶۔ ہم معنی لفظوں میں سے ایک لفظ لکھتے وقت اس کا مترادف دوسرا لفظ دے کر دونوں کے محلِ استعمال میں فرق بتایا گیا ہے، مثلاً نبی کا تلفظ اور معنی پوری طرح بیان کرنے کے بعد علیحدہ پیرے میں نبی اور رسول کا فرق واضح کیا گیا ہے۔

۷۔ اردو میں اسماء کی تذکیر و تانیث کا معاملہ اہم اور نازک ہے، اسے سہل بنانے کے لیے ہر اسم کے ساتھ اس کے مذکر و مؤنث ہونے کی تشریح کر دی گئی ہے۔

۸۔ ہر لفظ کا تلفظ درج کرنے کے ساتھ ہی قوسین میں یہ بھی بتا دیا گیا ہے کہ یہ ہندی، سنسکرت، اردو، بنگالی، فارسی، عربی، ترکی، انگریزی، یونانی وغیرہ زبانوں میں سے کس زبان کا لفظ ہے۔ چنانچہ ہندی کے لیے "ہ"، سنسکرت کے لیے "س"، اردو کے لیے "ا"، بنگالی کے لیے "بنگالی"، فارسی کے لیے "ف"، عربی کے لیے "ع"، ترکی کے لیے "ت"، انگریزی کے لیے "انگ" اور یونانی کے لیے "یونانی" لکھ دیا گیا ہے۔

۹۔ جو لفظ یا محاورہ وغیرہ عورتیں بولتی ہیں، اس کا اظہار علامت "عو" اور عوام کے لیے اسی لفظ (عوام) کے اندراج سے کیا گیا ہے۔

۱۰۔ بعض الفاظ ایسے ہیں، جن کا تلفظ ان کی اپنی زبان میں خاص ہوتا ہے، لیکن اردو میں بدل جاتا ہے، وہاں واضح طور پر لکھ دیا گیا ہے کہ اردو میں زبانوں پر یوں ہے۔ جیسے عربی میں مجلس جیم کے کسرے سے ہے، مگر اردو میں مجلس جیم کے ضمّے سے بولتے ہیں۔

۱۱۔ اکثر الفاظ ایسے ہیں، جن کے ساتھ اور حرف یا حروف لاحقے کے طور پر مستعمل ہیں، وہ تمام کے تمام اسی اصل لفظ کے تحت درج کیے گئے ہیں تاکہ خواہندگانِ کرام کو حروفِ تہجی کے اعتبار سے دوسری جگہ دیکھنے کی زحمت گوارا نہ کرنی پڑے۔ مثلاً "خون" کا لفظ دیکھنا ہو تو اس کے معنی اور ساتھ آنے والے مصدروں کے

بعد اس کے تمام مشتقات بھی وہاں دیکھے جا سکتے ہیں۔ جیسے "خونناب"، "خونابہ"، "خونی"، "خونیں" وغیرہ ؎
میں نے ہر امکانی کوشش کی ہے کہ یہ لغت گوناگوں محاسن کے لحاظ سے اپنے تمام حریفوں کے ہجوم میں یکہ و تنہا نظر آئے۔ اس کوشش نے کس حد تک کامیابی کا تاج زیبِ سر کیا ہے؟ اس سوال کا جواب جوہر شناس اور انصاف پسند ناظرینِ محترم ہی کی طرف سے دیا جا سکتا ہے ؎
آخر میں بالغ نظر اور محقق ماہرینِ لغت نگاری سے التجا ہے کہ وہ اس سلسلے میں بیش بہا مشوروں سے مستفید فرمائیں تاکہ طبعِ دوم میں انہیں شکریے کے ساتھ مدِ نظر رکھا جائے ؎

نشتر

دیباچہ طبعِ دوم

حضرت نشتر جالندھری مرحوم مسلم الثبوت زبان دان تھے۔ انہوں نے فائد اللغات کا ایک ایک لفظ متعدد زبانوں کے مستند لغتوں سے تحقیق کرنے کے بعد لکھا۔ اور آج سے دس سال قبل اس کو ایم، آر برادرز، لاہور نے شائع کیا۔ اہلِ علم و ادب نے گوناگوں محاسن اور کاملیت و جامعیت کے باعث فائد اللغات کو بے حد پسند کیا اور اس کی بے پناہ مانگ کے پیشِ نظر حامد اینڈ کمپنی اس کا دوسرا ایڈیشن چھاپنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔
راقم الحروف نے زیرِ نظر اشاعت میں، اربابِ علم و دانش اور ماہرین لغت نگاری کے گرانقدر اور مفید مشوروں سے استفادہ کیا ہے۔ نظرِ ثانی کے دوران میں ضروری ترمیم و تصحیح کے علاوہ بعض الفاظ و تراکیب اور مصطلحات کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اس طرح فائد اللغات کا یہ ایڈیشن ہر لحاظ سے جامع و مانع ہو گیا ہے۔

سید حامد لطیف چشتی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الف ممدودہ

آ (اَ۔ مد کے ساتھ) (ہ) مذکر (۱) حروفِ تہجی کا پہلا حرف (۲) جا کا برعکس۔ حاضر ہو۔ کسی کو بلانے کی آواز (۳) کبوتروں کو بلانے کی آواز (۴) سُر یا تان لینے کی آواز (۵) (ف) آمدن کا امر؛ **آ آ** (ہ) مذکر (۱) مرغیوں اور کبوتروں کو بلانے کی آواز (۲) سوزخوانی کی غرض سے آواز کی جانچ اور صفائی کے لیے گویوں کے گانا شروع کرنے کا کلمہ؛ **آ بڑے باپ کی بیٹی ہے تو نچیہ کر لے۔** (ہ) مثل۔ بڑا حوصلہ ہے تو لڑ لو؛ **آبلا گلے لگ، آبلا مجھے مار۔** (ہ) مثل۔ مفت کا جھگڑا مول لینا؛ **آ بنی۔** (ہ) مصیبت پڑ گئی؛ **آ بنی سر اپنے چھوڑ پرائی آس** (ہ) مثل۔ مصیبت آنے پر کسی سے کوئی امید نہ رکھنی چاہیے؛ **آبے** (ہ) کسی کو حقارت یا مذاق سے بلانے کا کلمہ؛ **آبے سونٹے تیری باری کان چھوڑ کنپٹی ماری** (ہ) مثل۔ کسی کام میں بار بار ناکام رہ کر آخری تدبیر کے وقت بولتے ہیں؛ **آبے لونڈے جا بے لونڈے کرنا۔** (ہ) محاورہ۔ ہیرا پھیری کرنا۔ دوڑنا۔ پھرانا۔ وقت گزارنا۔ حیلہ حوالہ کرنا؛ **آبیٹھنا۔** (ہ) (۱) آکر بیٹھ جانا (۲) جم کر بیٹھنا؛ **آ بیل مجھے مار** (ہ) مثل۔ لڑائی مول لینا۔ خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنے اور اپنے ہاتھوں آپ مصیبت میں پھنسنے کے وقت کہتے ہیں؛ **آپڑنا** (ہ) (۱) گر پڑنا (۲) ٹپک پڑنا (۳) آموجود ہونا (۴) گھر جانا (۵) لازم ہونا (۶) مصیبت پڑنا (۷) واقع ہونا (۸) متعلق ہونا (۹) آرہنا (۱۰) ذمے ہو جانا (۱۱) ٹوٹ پڑنا؛ **آپڑوسن لڑ** (ہ) مثل (ع) ہر وقت ہر شخص سے لڑنے کو تیار؛ **آپڑوسن مجھ سی ہو** (ہ) مثل (ع) اپنی طرح دوسروں کے لیے بھی مصیبت چاہنا؛ **آپکڑنا** (ہ) پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا؛ **آپہنچنا** (ہ) پہنچ جانا؛ **آپھنسنا** (ہ) فریب میں آنا۔ پھنس جانا؛ **آ ٹوٹنا** (ہ) آپڑنا۔ آجانا؛ **آجانا** (ہ) (۱) آپہنچنا (۲) شامل ہونا (۳) چلے آنا (۴) ظاہر ہونا؛ **آدبالینا۔ آدبانا** (ہ) پکڑ لینا۔ دبوچ لینا؛ **آدھمکنا** (ہ) بے دھڑک چلے آنا؛ **آدیکھنا** (ہ) (۱) آکر دیکھنا (۲) آزما لینا؛ **آ ڈٹنا** (ہ) آکر ٹھہر جانا۔ موجود ہونا؛ **آرہنا** (ہ) (۱) آجانا (۲) دستور ہونا (۳) پھسل پڑنا (۴) جھک پڑنا (۵) آکر بسنا (۶) لگاتار آنا؛ **آسکنا** (ہ) پہنچ سکنا؛ **آلینا** (ہ) (۱) پاس آنا (۲) گھیر لینا (۳) پالینا (۴) پکڑنا؛ **آمرنا** (ہ) آجانا؛ **آملنا** (ہ) (۱) ملاقات کرنا (۲) قالب اور صورت بدل کر کسی کے رنگ میں مل جانا؛ **آنکلنا** (ہ) (۱) بے ارادہ چلا آنا (۲) آجانا؛

آ۔ب

آب (آب) (ف) مذکر (۱) پانی (۲) پھلوں کا رس (۳) آنسو (۴) پسینا (۵) پتلا مواد (۶) عرق (۷) شراب (۸) شوربا (۹) (مؤنث) جلا، صفائی، چمک (۱۰) تازگی (۱۱) باڑھ۔ دھار۔ تیزی۔ بجھاؤ (۱۲) (مذکر و مؤنث) کاٹ (۱۳) رقیق۔ پتلا؛ **آب آب** (آب۔ آب) (ف) گداز۔ گھلا ہوا؛ **آب آب کر مر گئے سرھانے دھرا رہا پانی** (ہ) مثل۔ وطن کے روزمرہ کے خلاف بولنے پر طنزاً کہتے ہیں؛ **آب آب کرنا** (ہ) شرمندہ کرنا۔ پانی پانی کرنا؛ **آب آب ہونا** (ہ) شرم سے پانی پانی ہونا۔ خجل ہونا۔ عرق عرق ہونا۔ نادم ہونا۔ غیرت آنا۔ منفعل ہونا؛ **آبِ آتش رنگ یا آتش مزاج یا آتش ناک یا آتشیں** (ع۔ ف) مذکر (۱) سرخ شراب (۲) خون کے آنسو؛ **آب آجانا** (ہ) (۱) ہتھیار کی دھار تیز ہو جانا۔ باڑھ چڑھ جانا (۲) صفائی آجانا (۳) چمک پیدا ہو جانا؛ **آب آمد تیمم برخاست** (ف) مثل۔ پانی آیا، تیمم گیا۔ اصلی چیز مل جائے تو نقلی چیز کی ضرورت نہیں رہتی۔ بڑوں کے آگے چھوٹوں کی نہیں چلتی؛ **آبِ آہن** (ف) مؤنث۔ لوہے کی چمک؛ **آبِ آہن تاب** (ف) مذکر۔ وہ پانی جس میں لوہا گرم کر کے بجھایا جائے؛ **آبِ آئینہ** (ف) مؤنث۔ آئینے کی چمک۔ آب و تاب۔ صفائی؛ **آب اُتر جانا یا اُترنا** (ہ) (۱) چمک جاتے رہنا (۲) ذلیل اور بے آبرو ہونا؛ **آبِ احمر یا ارغوانی** (ف) مذکر۔ شراب؛ **آب اُڑنا** (ہ) چمک نہ رہنا؛ **آب از سر گزشت** (ف) مثل۔ پانی سر سے گزر گیا۔ زیادہ رونے یا مصیبت کے وقت کہتے ہیں؛ **آبِ ایستادہ** (ف) مذکر (۱)

کھراپانی (۲) افغانستان کی ایک جھیل ؞ آبِ انگور (ف، مذکّر (۱) انگور کا پانی یا عرق
(۲) (مجازاً) شراب ؞ آبِ باراں (ف، مذکّر- مینہ کا پانی ؞ آب بازی (ف،
مؤنّث- پانی سے کھیلنا ؞ آب باشی (ف، مؤنّث- بچے کو پہلی مرتبہ یا دُودھ
چھُڑانے سے پہلے پانی پلانا ؞ آبِ بستہ (ف، مذکّر (۱) جما ہُوا پانی- برف (۲)
اولے ؞ آبِ بقا (ف-ع) مذکّر- زندگی کا پانی- امرت- وہ پانی، جس کے
پی لینے سے انسان کبھی نہیں مرتا ؞ آب بگڑنا (و) (۱) چمک نہ رہنا ماند ہونا (۲) دھار
کُند ہونا ؞ آبِ بینی (ف، مذکّر- ناک کا پانی- رینٹ ؞ آب پاش (ف، مذکّر- پانی چھڑکنے کا آلہ ؞
آب پاشاں (ف، مذکّر- ایران کا ایک تہوار جس میں ایک دوسرے پر گلاب چھڑکا جاتا ہے ؞
آب پاشی (ف، مؤنّث (۱) چھڑکاؤ- کھیت وغیرہ کو پانی دینا (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲)
نہر کا محکمہ ؞ آبِ پیکاں (ف، مؤنّث- تیر کی نوک کی چمک اور تیزی ؞ آبِ تیغ (ف،
مؤنّث- تلوار کی چمک- تیزی- کاٹ- صفائی ؞ آب جُو (آب، جُو) (ف، مؤنّث- ندی،
نالا، نہر، چشمہ ؞ آب جوش (آب- جوش) (ف، مذکّر (۱) گوشت کا عرق- یخنی (۲) سوڈا واٹر ؞
آبِ تلخ (ف، مذکّر- شراب ؞ آبِ تیشہ (ف، مؤنّث- تیشے کی چمک- کاٹ-
دھار ؞ آب ٹپکانا (و) تھوڑا تھوڑا بوند بوند پانی گرانا (ٹپکنا لازم) ؞ آب جاتا
(و) (۱) چمک نہ رہنا (۲) دھار کُند ہونا ؞ آبِ جاری (ف-ع) مذکّر- بہتا ہُوا پانی ؞
آب چڑھانا (و) (۱) چمکانا- جِلا کرنا- صاف کرنا (۲) دھار تیز کرنا (۳) پانی کو اُونچی
جگہ پہنچانا (چڑھنا لازم) ؞ آبِ چشم (ف، مذکّر- آنکھ کا پانی- آنسو ؞ آب چک
(ف، مذکّر- پانی ٹپکنے کی جگہ ؞ آب چوں از سر گزشت، چہ یک نیزہ چہ یک دست
(ف) مثل- جب پانی سر سے گزر گیا تو اس کا نیزہ بھر یا ہاتھ بھر ہونا برابر ہے- جب
مصیبت حد سے بڑھ جائے تو اس کا اَور زیادہ ہونا یا نہ ہونا ایک سا ہے ؞ آبِ حرام
(ف-ع) مذکّر (۱) ناپاک پانی، جس کا پینا ناجائز ہو (۲) (مجازاً) شراب یا نشہ پیدا کرنے والا
کوئی اَور عرق ؞ آبِ حیات (ف-ع) مذکّر (۱) ہمیشہ کی زندگی بخشنے والا پانی- امرت
(۲) مؤنّث- مولانا محمد حسین آزاد مرحوم کی ایک کتاب ؞ آبِ حیواں (ف-ع) مذکّر-
آبِ حیات ؞ آبِ خاصہ (ف-ع) مذکّر- امیروں یا بادشاہوں کے پینے کا پانی ؞
آبِ خضرؑ (ف-ع) مذکّر- آبِ بقا ؞ آب خورد (ف) مذکّر- قسمت- نصیبہ ؞
آب خورہ (ف) مذکّر- پانی پینے کا (مٹّی کا) برتن- کوزہ- ڈونگا ؞ آب خورے
بھرنا (و) مراد پوری ہونے پر آب خوروں میں دودھ یا شربت بھر کر نیاز دلوانا ؞
آب خیز (ف) مؤنّث (۱) موج- لہر (۲) وہ زمین، جس پر سے دریا کا پانی گزر چکا ہو-
(۳) نیچی زمین (۴) وہ زمین، جسے ذرا سا کھودنے سے پانی نکل آئے ؞ آب دار
(ف) مذکّر (۱) صاف- چمکیلا (۲) تیز ہتھیار (۳) خوب صورت- جِلا پایا ہُوا (۴)
امیروں اور بادشاہوں کا خاص معتبر ملازم، جو پانی رکھتا اور پلاتا ہے ؞ آب دار خانہ
(ف) مذکّر- وہ مکان، جہاں پانی رکھا جاتا ہے ؞ آب داری (ف) مؤنّث (۱) جِلا-
صیقل (۲) چمک دمک (۳) تیزی (۴) باڑھ (۵) آب دار خانے کی خدمت (۶)
عزّت- خوبی ؞ آب داری دینا (و) (۱) صیقل کرنا- چمکانا (۲) ہتھیار پر پانی چڑھانا ؞
آب دست (ف) مذکّر و مؤنّث (۱) طہارت- استنجا (۲) پاکیزگی، جو پانی
سے کی جاتی ہے (کرنا، لینا کے ساتھ) ؞ آبِ دیدہ (ف) مذکّر- آنسو- اشک ؞
آب دیدہ (آب دِیدَہ) (ف) مذکّر (۱) آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے (۲) پانی پڑنے سے بے رونق

(چیز) (رہنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ؞ آبِ دُر (ف) مؤنّث- موتی کی چمک دمک ؞
آب دینا (و) (۱) سان پر رکھنا- جِلا دینا- صیقل کرنا (۲) چاقو- چھُری- تلوار وغیرہ
تیز کرنا ؞ آبِ رحمت (ف-ع) مذکّر (۱) مہربانی کا پانی- بارش (۲) معافی بخشش ؞
آبِ رواں (ف) مذکّر (۱) جاری یا بہتا ہُوا پانی (۲) جال جیسا ایک بے حد باریک
کپڑا ؞ آب ریز (آبرَیز) (ف) مؤنّث (۱) دوات میں پانی ڈالنے کی چمچی (۲) پانی
گرنے کی جگہ ؞ آبِ زر (ف) مذکّر- سونے کا پانی- پانی، جو کاغذ، چمڑے وغیرہ پر لکھنے
اور نقّاشی، ملمّع کے کام آتا ہے ؞ آبِ زُلال (ف-ع) مذکّر (۱) نتھرا ہُوا پانی (۲)
صاف اور میٹھا پانی ؞ آبِ زمزم (ف-ع) مذکّر- مکّہ معظمہ کا وہ مشہور چشمہ، جو خدا نے
حضرت اسمٰعیلؑ کے لیے جاری کیا تھا ؞ آب زن (ف) مذکّر- وہ بڑا برتن، جس میں دوا کا پانی
بھر کر بیمار کو بٹھایا جاتا ہے- ٹب (کرنا کے ساتھ) ؞ آب شار- آبشار (ف) مذکّر و مؤنّث
پانی کا جھرنا، پہاڑ کا چشمہ- فوّارہ- پانی کے اوپر سے نیچے گرنے کی جگہ ؞ آب شور (ف)
مذکّر- کھاری پانی- سمندر کا پانی ؞ آبِ شورہ (ف) مذکّر- پانی، جو شورے میں ٹھنڈا
کیا جائے ؞ آب کار- آبکار (ف) مذکّر- شراب تیار کرنے اور بیچنے والا ؞ آب کاری-
آبکاری (ف) مؤنّث (۱) شراب کا انتظام کرنے والا محکمہ (۲) شراب تیار کرنے اور
بیچنے کا کارخانہ (۳) شراب کی دکان ؞ آبِ کوثر (ف-ع) مذکّر- بہشت کی ایک مشہور
نہر یا اس کا پانی ؞ آبِ گریہ (ف) مذکّر- آنسو ؞ آبِ گوشت (ف) مذکّر- گوشت کا
پانی- شوربا ؞ آب گوں- آبگوں (ف) (۱) پانی کے رنگ کا- نیلا- آسمانی (۲) مذکّر- آسمان (۳)
خوارزم کا ایک دریا (۴) برف (۵) چمکیلی تلوار (۶) شیشہ ؞ آب گیر- آبگیر (ف) مذکّر- جوہڑ-
حوض- تالاب ؞ آب گینہ- آبگینہ (ف) مذکّر (۱) شیشہ- بلّور- کانچ (۲) عاشق کا دل (۳)
آنسو (۴) انگوری شراب ؞ آبگینۂ فانوس (ف) مذکّر- لالٹین کا شیشہ ؞
آب مٹ جانا (و) (۱) بے رونق ہو جانا (۲) قلعی اتر جانا (۳) ہتھیار کُند ہو جانا (۴) بے عزّت
ہو جانا ؞ آبِ مروارید (ف) مؤنّث- موتی کی چمک دمک ؞ آب نائے- آبنائے
(ف) مؤنّث- پانی کا وہ تنگ حِصّہ، جو پانی کے دو بڑے قطعوں کو ملا دے- جیسے آبنائے
بیرنگ ؞ آبِ ندامت (ف-ع) مذکّر- وہ پسینا، جو شرم کے مارے بدن سے
چھوٹنے لگتا ہے ؞ آب ندیدہ موزہ کشیدہ (ف) مثل- پانی دیکھا نہیں، موزے
اتار لیے- کسی مصیبت میں پھنسنے سے پہلے ہی ہائے وائے کرنا ؞ آبِ نقرہ (ف-ع)
مذکّر (۱) چاندی کا پانی (۲) چاندی کا ملمّع، جس سے کاغذ اور چمڑے پر لکھائی بھی کی جاتی ہے ؞
آب نہ رہنا (و) دیکھیے "آب مٹ جانا" ؞ آبِ نَے (ف) مؤنّث- حقّے کی وہ نَلی،
جس پر چلم رکھی جاتی ہے ؞ آبِ نیساں (ف) مذکّر- بہار کے موسم کی بارش، جو ساتویں
رومی مہینے نیساں (چیت، مارچ) میں ہوتی ہے- مشہور ہے کہ اس مینہ کی بوندوں سے سیپ
میں موتی اور بانس میں تباشیر بنتی ہے ؞ آب و تاب (ف) مؤنّث (۱) چمک دمک،
آبداری، رونق (۲) خوبی- حسن ؞ آب و دانہ (ف) مذکّر (۱) دانہ پانی، کھانا پینا
(۲) خوراک- رزق ؞ آب و دانہ اٹھنا (و) (۱) دانہ پانی ختم ہو جانا- رزق ہو چکنا
(۲) سفر پیش آنا (۳) نوکری چھوٹنا (۴) مر جانا ؞ آب و رنگ (ف) مذکّر (۱)
چمک دمک- رونق (۲) رنگ روپ ؞ آب و گِل (ف) مذکّر و مؤنّث (۱)
پانی اور مٹّی (۲) طینت- خمیر- سرشت (۳) ہر جان دار کا جسم (۴) آگ، پانی، مٹّی، ہوا،
جن سے خدا نے دنیا اور اس کی تمام چیزیں بنائیں ؞ آب و نمک (ف) مذکّر

(۱) ذائقہ۔ مزہ (۲) نمک، مرچ ✣ آب و ہوا (ف-ع) مؤنّث (۱) پانی اور ہوا
(۲) موسم، رُت (۳) رنگ ڈھنگ ✣ آب و ہوا راس آنا (و) آب و ہوا کا
طبیعت کے مطابق ہونا ✣ آبِ ہِنْد (ف) مذکّر۔ دریائے سندھ ✣ آب یا ہ آبیار
(ف) مذکّر۔ پانی دینے والا۔ کھیت یا باغ کو سینچنے والا ✣ آب یاری۔ آبیاری
(ف) مؤنّث۔ سینچنا۔ کھیت یا باغ کو پانی دینا ✣ آبی (ف) (۱) پانی سے نسبت رکھنے والا
(۲) بے مزہ (۳) ہلکا نیلا رنگ۔ نیلا (۴) مؤنّث۔ ایک قسم کی روٹی، جو پانی لگا کر تیار
کی جاتی ہے (۵) نہری زمین ✣ آبی بُرج (و) مذکّر۔ بارہ آسمانی برجوں کا ایک حصّہ جس
میں تین بُرجوں سرطان، عقرب، حُوت کے آبی خواص بتائے گئے ہیں ✣ آبی حرف
(و) مذکّر۔ سات حروف ج، ز، ک، س، ق، ث اور ط، جنھیں آبی خواص والا ظاہر
کیا گیا ہے ✣ آبیانہ (ف) مذکّر۔ پانی کا محصول۔ وہ رقم، جو نہر کا محکمہ کھیتوں میں پانی
دینے کے بدلے وصول کرتا ہے ✣

آبا (آ-بَا) (ع) مذکّر۔ اَب کی جمع۔ باپ دادا۔ پہلے بزرگ ✣ آباو اجداد (ع) مذکّر۔
اَب و جد کی جمع۔ باپ دادا۔ اگلی پیڑھیاں ✣ آباءِ عُلوی (ع) مذکّر (۱) اُونچے مرتبے
والے بزرگ (۲) (مجازاً) نو آسمان یا سات ستارے ✣ آبائی (ع) (۱) باپ دادا سے
لگاؤ رکھنے والا (۲) جدی جائداد۔ پیشہ۔ خطاب۔ خدمت وغیرہ کے متعلق استعمال کیا جاتا ہے ✣

آباد (آ-بَاد) (ف) (۱) آدمیوں سے بسا ہُوا۔ بھرا ہُوا۔ بھرپُور۔ پُر۔ معمور (۲) لہرا بھرا۔ شاداب۔
پھلا پھولا (۳) بارونق۔ خوش حال ✣ آبادانی (ف) مؤنّث (۱) آبادی۔ بستی (۲)
سجاوٹ (۳) رونق۔ چہل پہل ✣ آبادکار (ف) مذکّر۔ بے آباد یا کاشت نہ کی ہوئی
زمین کو پہلے آباد کرنے والا شخص ✣ آباد کرنا (و) (۱) بسانا۔ رونق دینا (۲) کھیتی باڑی
کرنا ✣ آبادی (ف) مؤنّث (۱) بستی (۲) رونق۔ چہل پہل (۳) چین۔ آرام (۴)
گاؤں (۵) قصبہ، کھیڑا، اجاڑ کے برعکس ✣

آبان (آ-بَان) (ف) مذکّر (۱) آٹھواں شمسی مہینہ (۲) شمسی مہینے کا دسواں دن (۳) لوہے کا مؤکّل فرشتہ ✣

آبرو (آب-رُو) (ف) مؤنّث (۱) عزّت، قدر، پت (۲) عصمت۔ ناموس (۳) شرم
(۴) اعتبار (۵) منہ کا نور۔ پیشانی کی دمک۔ چہرے کا نور ✣ آبرو آپ کے ہاتھ ہے
(و) مقولہ۔ آپ ہی آبرو بچائیں تو بچ سکتی ہے ✣ آبرو بخشنا (و) عزّت دینا ✣
آبرو برباد کرنا (و) (۱) کسی کو بے عزّت کرنا (۲) خود بے عزّتی کی بات کرنا ✣
آبرو برباد ہونا (و) بے عزّت ہونا۔ بدنام ہونا ✣ آبرو بڑھانا (و) عزّت
اور مرتبہ زیادہ کرنا ✣ آبرو بگاڑنا (و) بے عزّت کرنا ✣ آبرو بگڑنا (و)
بے عزّت ہونا ✣ آبرو بنانا (و) اعتبار قائم کرنا۔ عزّت پیدا کرنا (۲) حیثیّت
درست کرنا ✣ آبرو پر پانی پھیرنا (و) (۱) بے عصمت کرنا (۲) رسوا کرنا ✣
آبرو پر حرف آنا (و) عزّت میں کمی آنا ✣ آبرو پیدا کرنا (و) کسی کمال سے
اپنے آپ کو عزّت اور مرتبے والا بنانا ✣ آبرو جا کے نہیں آتی (و) مقولہ۔
عزّت کھو کر واپس نہیں ملتی۔ رسوائی کے بعد نیکی میں نام پانا مشکل ہے ✣ آبرو جانا (و)
عزّت کا کھویا جانا۔ بات جانا ✣ آبرو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیے (و)
مثل۔ دنیا میں عزّت سے زندگی بسر کرنا بادشاہی کے برابر ہے ✣ آبرو خاک میں ملا دینا
(و) (۱) ذلیل کرنا (۲) ناموس اور عصمت برباد کرنا ✣ آبرو خاک میں ملنا (و)
بے عزّت ہونا ✣ آبرو خراب ہونا (و) عزّت جاتی رہنا ✣ آبرودار
(ف) عزّت والا ✣ آبرو دو کوڑی کی ہو جانا (و) عزّت کا مٹ جانا ✣
آبرو ڈبونا (و) عزّت کھونا ✣ آبرو ڈوب جانا (و) عزّت اور قدر جاتی رہنا ✣
آبرو رکھنا (و) عزّت قائم رکھنا ✣ آبرو رہ جانا یا رہنا (و) عزّت قائم رہنا
یا رہ جانا۔ بات رہنا ✣ آبروریز (ف) عزّت خراب کرنے والا۔ بے عزّت
کرنے والا ✣ آبروریزی (ف) مؤنّث (۱) بے حرمتی۔ بے عزّتی (۲) عصمت برباد کرنا ✣
آبرو سنبھالنا (و) عزّت کو رسوائی سے بچا لینا ✣ آبرو کھونا (و) عزّت گنوانا ✣
آبرو کی چیز (و) مؤنّث۔ حیثیّت درست کرنے والی چیز یا سامان ✣ آبرو کے پیچھے
پڑنا (و) عزّت برباد کرنے کے درپے ہونا ✣ آبرو گرہ میں باندھنا (و)
عزّت عزیز رکھنا ✣ آبرو گنوانا (و) (۱) اپنے ہاتھوں اپنی عزّت مٹانا (۲)
بے عزّت ہونا ✣ آبرو گھٹانا (و) مرتبہ کم کرنا۔ بے عزّت کرنا ✣ آبرو لٹنا (و)
عزّت برباد ہونا ✣ آبرو لُوٹ لینا یا لُوٹنا (و) (۱) بے عزّت کرنا (۲) عصمت
بگاڑنا ✣ آبرو مٹا دینا (و) اپنی یا دوسرے کی عزّت ضائع کرنا ✣ آبرو مٹ جانا
(و) عزّت جاتی رہنا ✣ آبرو میں بٹّا لگانا (و) عزّت میں داغ لگانا۔ ساکھ اور
اعتبار کھو دینا ✣

آبلہ (آب-لَہ) (ف) مذکّر۔ چھالا۔ پھپھولا ✣ آبلہ پا (ف) وہ شخص، جس کے پاؤں میں
چھالے پڑ گئے ہوں ✣ آبلہ پائی (ف) مؤنّث۔ پاؤں کے چھالے۔ ماندگی۔ تھکن ✣
آبلۂ فرنگ (ف) مذکّر۔ آتشک۔ گرمی ✣

آبنوس (آب-نُوس) (ع) مذکّر۔ ایک درخت، جس کی لکڑی سیاہ، سخت اور وزنی ہوتی
ہے ✣ آبنوس کا کُندہ (و) (۱) آبنوس کی لکڑی کا موٹا ٹکڑا (۲) (مجازاً) کالا اور موٹا آدمی (۳)
(صفت) کالا کلوٹا ✣ آبنوسی (ع-ف) (۱) آبنوس کا بنا ہُوا (۲) کالا ✣

آبو (آ-بُو) (ہ) مذکّر۔ راجپوتانہ کا ایک پہاڑ اور قصبہ ✣

آ-پ

آپ (آپْ) (ہ) ضمیر (۱) خود (۲) تعظیم کے وقت خطاب کا کلمہ۔ جناب۔ حضور (۳)
روح (۴) خُدا کی ذات ✣ آپ آپ کرنا (ہ) (۱) بے حد عزّت اور ادب کرنا
(۲) خوشامد کرنا ✣ آپ آئے بھاگ آئے (ہ) مثل۔ آپ کے آنے سے ہماری
قسمت جاگ اٹھی ✣ آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا (ہ) محاورہ۔ آپ اپنی
مصیبت میں پھنسنا۔ خود اپنے آپ کو تباہ کر لینا ✣ آپ اپنے حق میں کانٹے بونا
(و) آپ اپنے لیے خرابی پیدا کرنا۔ آپ اپنے سر پر مصیبت لانا ✣ آپ بھلے
تو جگ بھلا (ہ) مثل۔ نیک آدمی کا کوئی دشمن نہیں ✣ آپ بیتی (ہ)
مؤنّث۔ اپنی واردات یا کہانی۔ سرگذشت ✣ آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی
(ہ) اپنی سرگذشت بیان کروں یا دوسروں کی ✣ آپ جانیں، آپ کا کام
جانے (ہ) آپ خود اپنا کام کریں، میرا کوئی ذمّہ اور واسطہ نہیں ✣
آپ خوراوے، آپ مرادے (و) (عو) (۱) مطلبی (۲) غریب ہوتے ہوئے
امیروں جیسی نمائش کر کے دل خوش کرنے والا ✣ آپ ڈال ڈال ہیں تو میں
پات پات (ہ) مثل۔ میں ہوشیاری اور چالاکی میں آپ سے بڑھا ہُوا ہوں ✣ آپ ڈوبے
تو جگ ڈوبا (ہ) مثل۔ جب ہم خود ہی ڈوب گئے تو ہمارے لیے سارا جہان ڈوب گیا جب

ہم خود ہی نہ ہوں گے، تو کسی سے کیا مطلب ٭ آپ ڈوبے تو ڈوبے اَوْر کو بھی لے ڈوبے (ک) مثل۔ آپ بھی برباد ہوئے اور اپنے ساتھ دوسروں کو بھی برباد کیا ٭ آپ رُوپ (ک) خود بدولت (متروک) ٭ آپ زندہ جہان زندہ، آپ مُردہ جہان مُردہ (ل) مثل۔ آپ خوش تو دُنیا خوش، آپ دُکھی تو دُنیا دُکھی۔ جی ہے تو جہان ہے ٭ آپ سے (ک) (۱) آپ ہی آپ۔ از خود۔ خود بخود (۲) تم سے، تمھاری ذات سے (۳) بے بلائے۔ بے وجہ ٭ آپ سے آپ (ک) آپ ہی آپ، خود ہی۔ خود بخود، از خود ٭ آپ سے آئے تو آنے دے (ک) مثل۔ بے کوشش مال آئے تو آنے دے، ہم کوشش نہ کریں گے۔ آپ ہی بلائے بغیر آئے تو آجائے ٭ آپے سے اپنے ہونا (ہ) عزّت والے سے بے عزّت بننا ٭ آپ سے باہر کرنا (ل) بیخود بنانا ٭ آپ سے باہر ہو جانا (ل) غصّے یا خوشی سے قابو میں نہ رہنا۔ آپے میں نہ رہنا۔ بیخود ہو جانا۔ بدحواس ہو جانا ٭ آپ سے جانا (ہ) (۱) بیہوش ہونا (۲) بُلائے بغیر کسی کے پاس جانا ٭ آپ سے خوب خدا (ل) (مثل۔ عو) جو کچھ مال و دولت ہے، وہ صرف اپنے لیے ہے کسی اَوْر کے لیے نہیں ٭ آپ سے گزر جانا (ل) (۱) بیہوش ہو جانا (۲) مغرور ہونا (۳) مرجانا ٭ آپ سے گیا، جہان سے گیا (ل) مثل۔ جو شے اپنے ہاتھ سے چلی گئی، وہ ساری دنیا سے جاتی رہی ٭ آپ فضیحت اَوْر کو نصیحت (ل) مقولہ۔ آپ تو بُرے کام کرنا اور دوسروں کو ان سے روکنا ٭ آپ کا (ک) (۱) جناب کا۔ حضور کا (۲) ان کا۔ غائب اور حاضر دونوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ٭ آپ کا بایاں قدم لیجیے (ل) محاورہ۔ تم بہت چالاک یا شریر یا بدمعاش ہو کسی کی شرارت کے وقت اسے چالاکی میں استاد جتانے کے لیے کہتے ہیں ٭ آپ کا پاس ہے (ل) آپکا لحاظ ہے ٭ آپ کا شکوہ میرے سر آنکھوں پر (ل) آپ کی شکایت درست ہے، لیکن میں بھی اس وجہ سے مجبور و معذور تھا ٭ آپ کا قطع کلام یا (قطع سخن) ہوتا ہے (ل) محاورہ۔ کسی کی بات کاٹ کر خود بات کرتے وقت عذر کے طور پر بولتے ہیں ٭ آپ کا کیا بگڑتا ہے؟ آپ کا کیا جاتا ہے؟ آپ کا کیا لیتا ہوں؟ (ک) یہ جملے اس وقت بولے جاتے ہیں، جب یہ کہنا ہو کہ اس میں آپ کا کیا نقصان ہے ٭ آپ کا گھر ہے (ک) محاورہ۔ میرے گھر کو اپنا گھر سمجھیے ٭ آپ کا منہ (یا ملاحظہ) ہے (ل) آپ کی خاطر رعایت کرتا ہوں، آپ کا لحاظ ہے ٭ آپ کاج مہا کاج (ک) مثل۔ جو کام اپنے ہاتھ سے کیا جائے، وہی سب سے اچھا ہوتا ہے ٭ آپ کو (ک) (۱) جناب کو (۲) اپنے آپ کو۔ خود کو ٭ آپ کو آسمان پر کھینچنا (ل) اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔ غرور کرنا ٭ آپ کو دُور جاننا (ل) (۱) اپنے آپ کو عقل مند سمجھنا (۲) اپنے کو کامل ولی سمجھنا ٭ آپ کو دُور کھینچنا (ل) (۱) گھمنڈ کرنا (۲) لوگوں سے نفرت کرنا (۳) الگ تھلگ رہنا ٭ آپ کو شاخ زعفران جاننا (سمجھنا یا گننا) (ل) اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا ٭ آپ کی خفت (یا ذلّت) میرے سر آنکھوں پر (ل) آپ تو خفیف (یا ذلیل) ہونے کے نہیں، خیر آپ کی خفّت میں اپنے سر لیتا ہوں ٭ آپ کے منہ کا اُگال، ہمارے پیٹ کا ادھار (ہ) مثل۔ امیر کی ذراسی توجہ سے غریب کا کام بن جاتا ہے ٭ آپ موئے تو جگ مُوا (ک)

مثل۔ خود مر گئے تو سارا جہان مر گیا ٭ آپ میاں صوبے دار، گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ (ل) مثل۔ غریبی میں امیروں کا سا ٹھاٹھ باٹھ ٭ آپ میاں مانگتے (منگتے) باہر کھڑے درویش (ل) مثل۔ میاں خود تو بھوکے ہیں، باہر دروازے پر محتاج کھڑے ہیں ٭ آپ میں آنا (ہ) (۱) ہوش میں آنا، سنبھلنا (۲) غرور چھوڑ دینا ٭ آپ میں رہنا (ہ) ہوش میں رہنا۔ قابو میں رہنا ٭ آپ میں نہ رہنا (ہ) (۱) بیہوش ہو جانا (۲) گھمنڈ کرنا ٭ آپ ہارے، بہو کو مارے (ہ) مثل۔ اپنا الزام دوسروں پر لگانا ٭ آپ ہی (ک) (۱) خود ہی خود بخود۔ خود سے (۲) صرف آپ ٭ آپ ہی آپ (ک) (۱) از خود، خود بخود (۲) بے وجہ ٭ آپ ہی آپ باتیں کرنا (ہ) خود بخود بولے جانا۔ پاگلوں کی طرح بکنا اور بڑ ہانکنا ٭ آپ ہی کا کھاتا ہوں (ہ) آپ ہی کے دیے ہوئے سے پیٹ پالتا ہوں ٭ آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے (ل) مثل۔ آپ ہی کا بخشا ہوا ہے۔ آپ ہی کا طفیل ہے۔ آپ ہی کی بدولت ہے ٭ آپ ہی مارے، آپ ہی چلّاتے (ہ) مثل۔ آپ ہی سختی اور زبردستی کرے، آپ ہی روئے پیٹے ٭ آپ ہی ناک چوٹی سے (یا میں گرفتار) ہیں (یا رہتے ہیں) (ل) (عو) (۱) اپنے بال بچّوں کے دھندوں سے فرصت نہیں (۲) عزّت سنبھالنے میں مشغول رہتے ہیں (۳) اپنے دماغ ہی میں مرتے جاتے ہیں (۴) اپنے ہی بننے سنورنے سے وقت نہیں ملتا ٭ آپ ہیں! (ک) (کلمۂ تعجّب) جب کسی پرانے دوست سے اتّفاقاً ملاقات ہو جائے اور اسے یکایک پہچانا نہ جا سکے تو شناخت کے بعد یہ کلمہ کہتے ہیں ٭

آپا (آ-پا) (ت) مؤنّث۔ بڑی بہن۔ باجی۔ جیجی۔ ہمشیرہ ٭

آپا (ہ) مذکر۔ خودی۔ اپنی ذات۔ ہوش و حواس ٭ آپا تجے سو ہر کو بھجے (ک) مثل (۱) خودی کو چھوڑ کر ہی خدا کی بندگی ہو سکتی ہے (۲) محنت و مشقّت ہی سے مطلب حاصل ہوتا ہے ٭ آپا دھاپی (ہ) مؤنّث (۱) خود غرضی۔ نفسا نفسی (۲) اپنی اپنی فکر (پڑنا، کرنا کے ساتھ) ٭ آپا سنبھالنا (ہ) اپنے آپ کو درست کرنا اور سنوارنا ٭

آپس (آ-پَس) (ہ) (۱) ایک دوسرے سے (۲) رشتہ داری ٭ آپس داری (ل) مؤنّث (عو) رشتہ داری۔ میل جول۔ اکثر فصحا ہندی اور فارسی ترکیب کے باعث یہ لفظ استعمال نہیں کرتے ٭ آپس کا معاملہ (ل) مذکر۔ باہمی بات۔ بیچ کی بات۔ گھر کی سی بات ٭ آپس کی پھوٹ (ہ) مؤنّث ایک دوسرے کی نا اتّفاقی یا دشمنی ٭ آپس میں (ہ) ایک دوسرے سے۔ باہم ٭ آپس میں گِرہ پڑنا (ل) آپس میں بگاڑ، رنجش یا لڑائی ہونا ٭ آپس میں رہنا (ہ) رل مل کر رہنا۔ اتّفاق سے رہنا۔ میل جول سے زندگی بسر کرنا ٭

آپی (آ-پی) (ہ) آپ ہی کا مخفف۔ خود ہی ٭ آپی آپ (ک) (دیکھیے "آپ ہی آپ") ٭ آپے سے گزر جانا (ہ) (عو) (۱) بے حد غصّے ہونا (۲) قابو سے باہر ہو جانا ٭ پیٹ سے پاؤں نکالنا ٭ آپے میں نہ ہونا (ہ) بدحواس ہونا ٭ آپے سے باہر ہو جانا (یا ہونا) (ل) (۱) غصّے یا خوشی سے قابو میں نہ رہنا (۲) پھیلنا پھرنا ٭ آپے سے جانا (ہ) (عو) بیخود ہو جانا۔ قابو میں نہ رہنا ٭

آ-ت

آت (آت) (ہ) یہ کلمہ دوسرے کلموں کے آخر میں بڑھانے سے مصدر کے معنی دیتا ہے۔ جیسے بہتات۔ برسات ۔

آتا (آ-تا) (ہ) (۱) آنا سے ماضی تمنّائی (۲) مذکّر۔ آنے والا (۳) قرض (۴) کسی کام کا جاننا۔ جیسے انھیں شعر کہنا آتا ہے ۔ **آتا جاتا** (ہ) مذکّر (۱) آنے جانے والا۔ مسافر (۲) (جاتا تابع) کسی کام کی واقفیت۔ جیسے، اسے آتا جاتا کچھ نہیں (۳) کسی چیز کا درجہ بدرجہ بڑھنا۔ جیسے بڑھاپا آتا جاتا ہے ۔ **آتا نہ چھوڑے جاتا نہ موڑے** (ک) یا۔ **آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجے، جاتا ہو تو اُس کا غم نہ کیجے** (ک) مقولہ۔ ملتی چیز کو چھوڑنا اور گئی چیز کا افسوس نہ کرنا چاہیے ۔ **آتے آتے** (ہ) (۱) چلتے چلتے۔ آنے کا ارادہ کر کے (۲) ہولے ہولے ۔ **آتے بھلے نہ جاتے** (ک) نہ آنے سے فائدہ ہے نہ جانے سے۔ آنا جانا برابر ہے ۔ **آتے جاتے** (ہ) مذکّر (۱) مسافر (۲) آنے جانے بھر کی (۳) آنے جانے سے (۴) راہ گلی میں۔ راہ چلتے۔ چلتے پھرتے ۔ **آتے کا نام سہجا جاتے کا نام گمتا** (ک) مثل۔ ہمیں کسی کی پروا نہیں۔ رات دن پچاسوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ آؤ تو واہ، نہ آؤ تو واہ واہ ۔

آتش (آ-تش) (ف) مؤنّث (۱) آگ (۲) خواجہ حیدر علی لکھنوی مرحوم کا تخلّص ۔ **آتش افروز** (ف) (۱) آگ بھڑکانے والا (۲) (مجازاً) فسادی ۔ **آتش بار** (ف) (۱) آگ برسانے والا (۲) آگ بگولا (۳) مذکّر۔ سوختہ دان (۴) چقماق (۵) مؤنّث۔ ایک قسم کی بندوق ۔ **آتش باز** (ف) مذکّر۔ آتش بازی بنانے والا ۔ **آتش بازی** (ف) مؤنّث۔ پھلجھڑی۔ انار۔ پٹاخا وغیرہ، جو بارود سے بنائے جاتے ہیں۔ (بنانا، بننا، چھوٹنا، چھوڑنا کے ساتھ) ۔ **آتش بیان** (ف) پُراثر تقریر کرنے والا۔ تیز بیان ۔ **آتش بے دُود** (ف) مؤنّث (۱) شراب (۲) غصّہ (۳) سورج ۔ **آتش پا** (ف) بے قرار۔ تیز رفتار ۔ **آتش پرست** (ف) مذکّر۔ آگ کو پوجنے والا۔ پارسی۔ زردشت کا پیرو ۔ **آتش پرستی** (ف) مؤنّث۔ زردشت کا مذہب، جس میں آگ کو پوجتے ہیں ۔ **آتش تر** (ف) مؤنّث۔ شراب ۔ **آتش خاموش** (ف) مؤنّث۔ وہ آگ، جس میں شعلہ نہ ہو۔ بجھی ہوئی آگ ۔ **آتش خانہ** (ف) مذکّر (۱) وہ مکان، جہاں پارسی لوگ آگ روشن رکھتے اور اُسے پوجتے ہیں (۲) دیوار میں بنی ہوئی انگیٹھی (۳) گرم مکان ۔ **آتش خُو** (ف) (۱) تیز مزاج۔ غصّے والا (۲) آتشیں۔ گرم ۔ **آتش خوار** (ف) (۱) آگ کھانے والا ایک جانور (۲) (مجازاً) رشوت لینے والا۔ ظالم ۔ **آتش دان** (ف) مذکّر۔ آگ رکھنے کی جگہ۔ چولھا۔ انگیٹھی ۔ **آتشِ دروں** (ف) مؤنّث۔ اندرونی آگ۔ دلی سوز و گداز ۔ **آتش رُخ** (ف) (۱) آگ کی طرح سرخ چہرے والا۔ سرخ رنگ والا معشوق (۲) غصّے والا ۔ **آتش رنگ** (ف) آگ جیسے رنگ والا۔ سرخ بھبھوکا ۔ **آتش زبان** (ف) (۱) خوش بیان (۲) پُراثر اور پُرجوش کلام والا (۳) شمع، مشعلے، لالے اور تلوار کی صفت میں بھی آتا ہے ۔ **آتش زدگی** (ف) مؤنّث۔ آگ لگنا ۔ **آتش زنی** (ف) مؤنّث۔ آگ لگانا ۔ **آتش زیرپا** (ف) بے قرار ۔ **آتشِ سیّال** (ف-ع) مؤنّث (۱) بہنے والی آگ (۲) (مجازاً) شراب ۔ **آتش عنان** (ف) تیز رفتار ۔ **آتش طور** (ف) مؤنّث۔ وہ جلوہ، جو حضرت موسیٰؑ کو طور پر نظر آیا تھا ۔ **آتش فشان** (ف) (۱) شعلے برسانے والا (۲) روشن (۳) دل میں اثر کرنے والا (۴) وہ جگہ جہاں سے آگ نکلتی ہو ۔ **آتش قدم** (ف-ع) تیز چلنے والا۔ گرم رو۔ تیز قدم ۔ **آتش قدمی** (ف-ع) مؤنّث۔ تیز چلنا۔ جلد جلد چلنا۔ دوڑ کر چلنا۔ تیز رفتاری ۔ **آتش کا پرکالہ** (ف) (۱) آگ کا ٹکڑا۔ انگارا (۲) چالاک۔ ہوشیار۔ شوخ و شنگ (۳) تیز۔ شوخ (۴) فسادی۔ شریر (۵) ذہین۔ تیز طبع ۔ **آتش کدہ** (ف) مذکّر۔ (۱) پارسیوں کا عبادت خانہ، جہاں وہ پوجنے کے لیے آگ رکھتے ہیں (۲) (مجازاً) بہت گرم مکان ۔ **آتش گیر** (ف) مذکّر۔ چمٹا ۔ **آتش مُردہ** (ف) مؤنّث۔ بجھی ہوئی آگ ۔ **آتش مزاج** (ف-ع) (۱) تیز مزاج۔ غصّہ ور (۲) معشوق (۳) وہ مخلوق، جو آگ سے پیدا ہوئی ہو۔ جیسے جن، پری، دیو ۔ **آتش موسیٰؑ** (ف-ع) مؤنّث (دیکھیے آتشِ طور) ۔ **آتش ناک** (ف) آگ سے بھرا ہوا۔ آگ جیسا سُرخ، تندخُو، غصّہ ور ۔ **آتش نفس** (ف-ع) (۱) سوز و گداز والا دل جلا۔ جلے تن (۲) بے حد گرم ۔ **آتشِ نمرود** (ف-ع) مؤنّث۔ وہ آگ، جو نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو زندہ جلانے کے لیے روشن کرائی تھی اور خدا کے حکم سے باغ بن گئی تھی ۔ **آتشک** (آتَشَک) (ف) مؤنّث۔ ایک مشہور بیماری۔ بادِ فرنگ۔ گرمی کا مرض (لگنا، نکلنا، ہو جانا کے ساتھ) ۔ **آتشکیا** (آتَشَک یا) (ل) آتشک کا بیمار ۔ **آتشی** (آ-تشی) (ف) (۱) آگ بنا ہوا (۲) جو آگ سے پیدا ہوا ہو۔ جن۔ پری (۳) گرم مزاج ۔ **آتشی آئینہ۔ آتشی شیشہ** (ف-ہ) مذکّر۔ ایک خاص قسم کا شیشہ جسے سورج کے سامنے رکھنے سے اس کی کرنیں جمع ہو کر نیچے پڑے ہوئے کاغذ، روئی یا کپڑے کو آگ لگا دیتی ہیں ۔ **آتشی شیشی** (ف-ہ) مؤنّث۔ ایک خاص قسم کی شیشی، جس کے ذریعے سے روغن کھینچتے ہیں ۔ **آتشیں** (آ-تشیں) (ف) آگ جیسا۔ آگ کی طرح گرم۔ روشن یا سرخ ۔

آتما (آت-ما) (س) (ہندو) مؤنّث (۱) روح (۲) دل (۳) بھوک (۴) پیٹ۔ معدہ (۵) جیو۔ ایشور (۶) ماں باپ کی محبت ۔ **آتما ٹھنڈی کرنا** (ہ) (۱) دل خوش کرنا۔ آرام پہنچانا (۲) بھوکے کا پیٹ بھرنا ۔ **آتما ٹھنڈی ہونا** (ہ) (۱) جی خوش ہونا۔ آرام پہنچنا (۲) بھوکے کا پیٹ بھر جانا ۔ **آتما کی آنچ** (ہ) مؤنّث۔ ماتا ۔ **آتما مسوسنا** (ہ) (۱) محبت اور ممتا کو ضبط کرنا (۲) دکھ سہنا۔ ظلم سہنا۔ مجبوراً صبر کرنا ۔ **آتما میں آگ لگی ہے** (ک) (۱) تیز بھوک لگی ہے (۲) ممتا کی آگ تیزی پر ہے ۔ **آتما میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے** (ک) مثل۔ پیٹ بھرے تو عبادت کی طرف دھیان ہو۔ بھوک سے عبادت کیا ہو سکتی ہے ۔

آتو (آ-تو) (ت) مؤنّث۔ آتُون۔ اُستانی ۔

آتی پاتی (ہ) مؤنّث۔ بچوں کا کھیل، جس میں کسی درخت کا پتا توڑ کر ساتھیوں کو چھوتے ہیں ۔

آ-ٹ

آٹا (آ-ٹا) (ہ) مذکر (۱) باریک پسا ہوا غلہ (پسنا، پسوانا، پیسنا کے ساتھ) (۲) (مجازاً) خشک پسی ہوئی چیز (۳) کُھن (۴) بُرادہ (۵) (صفت) گلا ہوا۔ گھسا ہوا۔ بوسیدہ ٭ **آٹا آٹا کر دینا** (ہ) چورا چورا کر دینا۔ بہت باریک کر دینا ٭ **آٹا آٹا ہو جانا** (ہ) پس جانا۔ بہت باریک ہو جانا ٭ **آٹا دال** (ہ) مذکر۔ رزق کھانا ٭ **آٹا دال اُلو بھی ہے** (ہ) مثل (۱) چاپیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہیں (۲) بے جوڑ بات کرتے وقت کہتے ہیں ٭ **آٹا کر دینا** (ہ) بہت باریک پیس ڈالنا ٭ **آٹا گوندھنا** (ہ) آٹے میں ضرورت کے مطابق پانی ملا کر ہاتھوں سے مکیاں لگانا ٭ **آٹا گیلا ہونا** (ہ) (۱) آٹے میں پانی زیادہ پڑ جانا (۲) کام بگڑ جانا۔ مصیبت میں پڑ جانا ٭ **آٹا نبڑا بوچا سٹکا** (ہ) مثل۔ مفلسی اور ناداری میں خوشامدی کھسک جاتے ہیں، غرض پوری ہو جانے پر خود غرض لوگ ملنا چھوڑ دیتے ہیں ٭ **آٹا ہو جانا** (ہ) باریک ہو جانا۔ سڑ جانا۔ ٹوٹ پھوٹ جانا ٭ **آٹے دال کا بھاؤ بتا دینا** (ہ) تنبیہ کرنا۔ دھمکانا ٭ **آٹے دال کا بھاؤ کُھلنا (یا معلوم ہونا)** (ہ) (۱) دُنیا کی اُونچ نیچ کی حالت کا پتا لگنا (۲) قدرِ عافیت معلوم ہونا۔ دُکھ اور مصیبت میں پھنسنا ٭ **آٹے دال کی فکر** (و) مؤنث۔ روزی کی فکر۔ گزارے کا غم ٭ **آٹے کی آپا** (ہ) مؤنث۔ سادہ لوح عورت۔ بلّی۔ بے وقوف ٭ **آٹے کی بلّی ہے** (ہ) مثل۔ صرف ظاہر کا خوف ہے، باطن کا کچھ ڈر نہیں ٭ **آٹے کے ساتھ گُھن نہ پس جائے** (ہ) مثل۔ گنہگار کے ساتھ بے گناہ کو سزا نہ مل جائے ٭ **آٹے میں نمک** (و) محاورہ (۱) تھوڑا سا (۲) مناسب سا (۳) گوارا ٭

آٹم پاٹم (آ-ٹم، پا-ٹم) اوپر، نیچے۔ ہر جگہ ٭

آٹھ (آ-ٹھ) (ہ) (اسم عدد) ۸۔ سات اور ایک کی جمع ٭ **آٹھ آٹھ آنسو رلانا** (ہ) بہت رلانا ٭ **آٹھ آٹھ آنسو (آنسوؤں سے) رونا** (ہ) بہت رونا ٭ **آٹھ۔ اٹھارہ۔ اٹھائیس** (ہ) (۱) تتر بتر۔ پریشان (۲) منحوس۔ یہ تاریخیں نحس سمجھی جاتی ہیں ٭ **آٹھ اٹھارہ کرنا** (ہ) (عو) تتر بتر کرنا۔ پریشان کرنا۔ متفرق کرنا ٭ **آٹھ بار نو تیوہار** (ہ) مثل۔ عیش و آرام کا شوق اتنا زیادہ ہے کہ آٹھ دن میں نو میلے منائے جاتے ہیں ٭ **آٹھ پہر** (ہ) مذکر (۱) چوبیس گھنٹے۔ ایک دن رات (۲) ہر وقت۔ ہمیشہ۔ ہر لحظہ ٭ **آٹھ پہر چونسٹھ گھڑی** (ہ) (عو) دن رات۔ چوبیس گھنٹے ٭ **آٹھ پہر سوگی ہے** (ہ) ہمیشہ ماتمی ہے۔ ہر وقت مصیبت میں ہے۔ ہر دم دُکھی ہے ٭ **آٹھ پہر سولی ہے** (ہ) محاورہ۔ ہمیشہ موت آنکھوں کے سامنے ہے۔ ہر وقت مرنے کا خطرہ ہے۔ ہر دم آفت اور مصیبت کا سامنا ہے ٭ **آٹھ پہر کاؤں کاؤں** (ہ) ہمیشہ کا شور غل ٭ **آٹھ پہر میان سے باہر رہنا** (۱) محاورہ۔ ہر لحظہ غصے میں بھرا رہنا، ہر دم لڑائی کو تیار رہنا ٭ **آٹھ جلاہے نو حُقّا، تس پر بھی ٹھکم ٹھکّا۔ یا۔ آٹھ جلاہے نو حُقّے، اس پر بھی دھکم دھکّے** (ہ) ضرورت سے زائد سامان ہونے کے باوجود لڑائی جھگڑا ٭

آٹھ گاؤں کا چودھری (اور) بارہ گاؤں کا راؤ، اپنے کام نہ آؤ (آئے) تو ایسی تیسی میں جاؤ (ہ) مثل۔ خواہ کوئی کیسا ہی مال دار ہو۔ اپنے کام نہ آئے تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے ٭ **آٹھواں** (ہ) (۱) آٹھواں حصہ (۲) ترتیب میں آٹھویں نمبر پر۔ ہشتم (۳) (عو) (مجازاً) حمل کا آٹھواں مہینا ٭ **آٹھوں** (ہ) مذکر و مؤنث (۱) ہولی کا آٹھواں دن (۲) آٹھ کے آٹھ ٭ **آٹھوں پہر** (ہ) ہر لمحہ۔ ہر وقت۔ دن رات۔ ہر گھڑی ٭ **آٹھوں کا میلا** (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کا ایک میلا، جو ہولی کے آٹھویں دن بعد لگتا ہے ٭ **آٹھوں گانٹھ کمیت** (و) (۱) وہ سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا جس کے چاروں ٹخنوں اور چاروں گھٹنوں کے یعنی آٹھوں جوڑ مضبوط ہوں (۲) تجربہ کار۔ ہوشیار (۳) عیار۔ فسادی۔ بدمعاش ٭ **آٹھویں** (ہ) آٹھویں نمبر کی چیز، جیسے آٹھویں تاریخ، آٹھویں کتاب وغیرہ ٭ **آٹھویں ساتویں** (ہ) کبھی کبھی ٭

آ-ث

آثار (آ-ثار) (ع) مذکر۔ اثر کی جمع (۱) حدیثیں (۲) رسول اللہ صلعم کی سنّت (۳) صحابۂ کرامؓ کی باتیں اور کام (۴) قدموں کے نقش (۵) (و) بنیاد (۶) دیوار کی چوڑائی (۷) سیر (۸) طور طریقے (۹) علامتیں (۱۰) ڈھنگ۔ انداز (۱۱) لچھن (۱۲) نشان۔ صورتیں ٭ **آثارِ بد** (ع-ف) مذکر۔ بُری علامتیں۔ بُری فال ٭ **آثار پائے جانا** (و) علامتیں نظر آنا ٭ **آثار رکھنا** (و) بنیاد رکھنا ٭ **آثارِ شریف** (ع) مذکر۔ ولیوں کی نشانیاں۔ نبیوں کے تبرک۔ بزرگوں کے مقبرے ٭ **آثارِ صنادید** (ع) مذکر۔ بادشاہوں اور بزرگوں کی نشانیاں، عمارتیں وغیرہ ٭ **آثار ظاہر (یا عیاں) ہونا** (و) علامتیں پائی جانا ٭ **آثارِ قدیمہ** (ع) مذکر۔ پرانے نشان ٭ **آثارِ قیامت** (ع) مذکر (۱) قیامت کی نشانیاں (۲) (مجازاً) آفت اور مصیبت کی علامتیں ٭ **آثارِ محشر** (ع) مذکر۔ دیکھیے "آثارِ قیامت" ٭ **آثارِ نیک** (ع-ف) مذکر۔ اچھی علامتیں۔ نیک شگون ٭

آثم (آ-ثم) (ع) (۱) گنہگار (۲) عاجزی سے اپنے متعلق بھی کہتے ہیں ٭

آ-ج

آج (آج) (ہ) مذکر (۱) موجودہ دن (۲) اس وقت (۳) ان دنوں (۴) جیتے جی (۵) زمانۂ حال ٭ **آج آئے کل چلے** (ہ) کچھ دیر ٹھہرے اور چلے گئے ٭ **آج برس کے پھر نہ برسوں گا** (ہ) مثل۔ جب بارش بڑے زور سے بہت دیر تک ہو تو بارش کی طرف سے یہ جملہ کہتے ہیں ٭ **آج تک** (ہ) اب تک۔ اس وقت تک ٭ **آج تک پڑے ہینگ ہگ رہے ہیں** (و) (عوام) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی اپنے کیے کی سزا پا رہا ہو ٭ **آج چل کے پھر نہ چلوں گی** (ہ) مثل۔ جب ہوا بہت زور سے چلے تو ہوا کی طرف سے یہ جملہ کہتے ہیں ٭ **آج زبان کُھلی ہے، کل بند** (و) مثل۔ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں ٭ **آج سے کل نزدیک ہے** (و) مثل۔ موجودہ دن سے آنے والا دن نزدیک ہے۔ اُس وقت بولتے ہیں، جب کوئی آنے والے زمانے کو دُور سمجھ کر نیک کاموں میں سُستی کرے ٭ **آج کا کام کل پر اٹھا رکھنا (ٹالنا، چھوڑنا۔ یا۔ ڈالنا)** (ہ) کام میں سُستی کرنا ٭

آج کدھر آ نکلے (۵) مقولہ۔ اُس وقت شکایت کے طور پر کہتے ہیں، جب کوئی شخص قریب رہنے کے باوجود مدّت کے بعد ملے ❊
آج کدھر بھول پڑے۔ آج کدھر سے۔ کا چاند نکلا۔ آج کدھر سے خورشید نکلا (۵) مثل۔ دیکھیے "آج کدھر آ نکلے" ❊ آج کرے گا، کل پائے گا (۵) مثل۔ زندگی میں جو کوئی جیسا کام کرے گا، اُس کا بدلا قیامت میں ویسا پائے گا ❊ آج (صبح صبح) کس کا منہ دیکھا ہے؟ (۵) محاورہ۔ آج کس منحوس کی شکل صبح صبح دیکھی ہے کہ سارا دن طبیعت پریشان رہی؟ آج کس کا منہ دیکھ کر اٹھا ہوں؟ (۵) دیکھیے "آج (صبح صبح) کس کا منہ دیکھا ہے؟" ❊
آج کل (۵) مؤنث (۱) اِن دنوں (۲) بہت جلد۔ عنقریب (۳) حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول (رہنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ❊ آج کل اُس کے دور دورے ہیں (۵) مثل۔ اِن دنوں اُس کا عروج ہے "اُس کے" کے علاوہ باقی تمام ضمیروں کے ساتھ بھی مستعمل ہے) ❊ آج کل بارہ برس کی بٹیا بر مانگے (۵) مثل۔ زمانہ بہت بُرا ہے، بارہ سال کی بیٹی بھی خاوند کو چاہتی ہے ❊ آج کل تمہارے نام کمان چڑھتی ہے (۵) مثل۔ دیکھیے "آج کل اُس کے دور دورے ہیں" "تمہارے" کی تخصیص نہیں، اَور ضمیروں کے ساتھ بھی بولتے ہیں ❊ آج کل میں (ہی) (۵) بہت جلد۔ اِسی زمانے میں۔ عنقریب ❊ آج کل نہ جانا (۵) مکر و فریب سے باز نہ آنا ❊ آج کے (کی)، آج اور (آج کی) سو برس میں (۵) مثل (رعو) جو بات آج ہے، وہی سو سال کے بعد ہوگی۔ جو ٹھان لی، وہی ہوتی ہے۔ ہونے والی بات ضرور ہوگی۔ آج نہ ہو، سو سال میں ہو، لیکن ہوگی ضرور ❊ آج کیا جاتی دُنیا دیکھی (۵) مثل۔ کسی عزیز کے برسوں کے بعد توجّہ کرنے یا آنے پر بولتے ہیں کیا قیامت آنے والی تھی کہ تم نے توجّہ کی یا زیارت کرائی ❊ آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے (۵) مثل۔ آج کے گیلے اُپلے آج نہیں جل سکتے۔ آہستہ آہستہ ہونے والا کام فوراً نہیں ہو سکتا ❊ آج گئے کل آئے (۵) مثل۔ جلد واپس آنے کے موقع پر کہتے ہیں ❊ آج مرے (موئے) کل دوسرا دن (۵) مثل۔ زندگی کی ناپائداری اور دُنیا کی بے ثباتی ظاہر کرنے پر بولتے ہیں ❊ آج میں کل تو (۵) مثل (۱) موت ضرور آئے گی (۲) جو حال آج میرا ہے، وہی کل تیرا ہوگا۔ زمانہ یکساں نہیں رہتا ❊

آ۔چ

آچا (آ۔چا) (ت، مذکر (۱) باپ۔ دادا۔ نانا (۲) مؤنث۔ بوڑھی۔ عزّت والی۔ نوکرانی (۳) مذکر۔ خواجہ سراؤں کو ادب قاعدہ سکھانے والا بوڑھا خواجہ سرا ❊
آچار (آ۔چار) (ف، مذکر۔ دیکھیے "اچار" ❊

آ۔ح

آحاد (آ۔حاد) (ع) احد کی جمع۔ اعداد کے چار درجوں میں سے پہلا درجہ ایک سے نو تک ❊

آ۔خ

آخ (۱) مؤنث۔ کھنکھارنے کی آواز ❊ آخ تھو (۱) (۱) کھنکھار کر تھوکنے کی آواز (۲) لعنت، ملامت، پھٹکار کے موقع پر مستعمل ہے ❊ آخ تھو کھٹے ہیں (۱) مثل۔ جب کوئی شخص کسی چیز کے ہاتھ آنے سے نا امید ہو کر اپنا دل رکھنے یا بات بنانے کو اس میں کوئی عیب نکالتا ہے تو وہاں طنزاً یہ مثل بولی جاتی ہے ❊
آختہ (آ۔خ۔تہ) (ف) مذکر۔ خصّی، بدھیا، ہیجڑا، نامرد (کرنا، ہونا کے ساتھ) ❊
آخَر (آ۔خَر) (ع) دوسرا۔ اَور ❊
آخِر (آ۔خِر) (ع) (۱) پچھلا (۲) انتہا۔ حد۔ انجام (۳) تمام۔ ختم (۴) ختم ہونے کے قریب (۵) (ذی روح کے متعلق) انتقال۔ فوت۔ مر جانا۔ موت آنا (۶) زائد حسن کلام کی غرض سے (۷) انجام کار ❊ آخِر آخِر (ع) انجام کار۔ آخر کار۔ اخیر کو ❊ آخر آدمی نے کچّا دودھ پیا ہے (۱) مثل۔ غلطی اور بھول انسان کی فطرت ہے ❊ آخر اپنی اصالت پر گیا (۱) مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں، جب کسی نیچ ذات آدمی سے کوئی بُری بات ظاہر ہو ❊ آخر الامر (ع) انجام کو، آخر کو ❊ آخر بیں (ع۔ف) انجام پر نظر رکھنے والا۔ دُور اندیشی کرنے والا ❊ آخر دم (ع۔ف) (۱) کسی کام کے خاتمے کا وقت (۲) نزع کی حالت، موت کا وقت ❊ آخر زمان (زمانہ) (ع۔ف) (۱) قیامت کے نزدیک کا زمانہ (۲) بڑھاپا (۳) زوال کے دن (۴) خاتمے کا وقت۔ موت کی نزدیکی ❊
آخر فنا آخر فنا (۱) مقولہ۔ دُنیا فانی ہے۔ ہر چیز آخر فنا ہو جائے گی ❊ آخر کار (ف۔ع) انجام کار۔ اخیر کو ❊ آخرت (ع) مؤنث۔ عاقبت۔ قیامت ❊ آخرت بگاڑنا (۱) بُرے کام کرنا ❊ آخرت سنوارنا (۱) اچھے اور نیک کام کرنا ❊ آخرش (ع۔ف) انجام کار۔ آخر کو (آج کل اکثر فصحا کے نزدیک متروک ہے) ❊
آخری (ف) اخیر کا۔ پچھلا ❊ آخری بہار (ف) مؤنث (۱) اخیر موسم۔ اخیر فصل (۲) لطف، رونق اور حسن کا زوال (۳) عمر کا آخری حصّہ ❊
آخری پوشاک (ف) مؤنث (مجازاً) کفن ❊ آخری چہار شنبہ (ف) مذکر۔ صفر کا آخری بدھ۔ روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے اس روز غسلِ صحت فرمایا تھا۔ اس لیے مسلمان اس دن کو متبرک جانتے ہیں ❊ آخری دم (ف) مذکر۔ جان کنی کا وقت۔ دم نکلنے کا وقت۔ موت کا وقت ❊ آخری دور (ف۔ع) مذکر (۱) اخیر زمانہ (۲) خاتمے کا گشت (۳) آخری مرتبے کا شراب کا دور ❊
آخری دیدار (ف) مذکر۔ جان کنی کے وقت بیمار کو دیکھنا۔ مرتے وقت کی ملاقات ❊
آخری زمانہ (ف) مذکر (۱) آخر کا وقت (۲) قیامت کی نزدیکی کا زمانہ (۳) بڑھاپے کے دن ❊ آخری سواری (ف) مؤنث (عو) جنازہ ❊ آخری صحبت (ف۔ع) مؤنث۔ اخیر کی مجلس ❊ آخری ملاقات (ف۔ع) مؤنث۔ اخیر کا ملنا، جس کے بعد پھر ملنا نصیب نہ ہو ❊ آخری وقت (ف۔ع) مذکر (۱) جان کنی کا وقت (۲) پچھلا زمانہ ❊ آخریں (ف) پچھلا۔ اخیر کا ❊
آخور (آ۔خُر) (ف) مؤنث (۱) آب خور یعنی پانی پینے کی جگہ (۲) (مجازاً) جانوروں کے دانہ گھاس کی جگہ (۳) گھوڑوں کے کھانے پینے سے بچی ہوئی گھاس، جو نکال کر پھینک دی جاتی ہے (۴) خراب، ناکارہ، نکمّا (۵) کوڑا کرکٹ ❊
آخور کی بھرتی (۱) مؤنث (۱) نکمّے مضمون کی بہتات (۲) نالائق لوگوں کی ٹولی (۳) خراب چیزیں جمع کرنا ❊
آخون (آ۔خُون) (۱) } مذکر۔ استاد۔ میاں جی ❊
آخوند (آ۔خُند) (ف) }
آخون زادہ (۱) مذکر۔ استاد کا بیٹا ❊

آ-د

(آد) (ہ) پہل۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدا ÷

ب (آ۔ دَا۔ بْ) (ع) مذکر۔ ادب کی جمع (۱) مرتبے کا لحاظ (۲) مراتب (۳) قاعدے۔ دستور (۴) تعظیم سے سلام (۵) ادب اور تعظیم کے لفظ، جو خطوں میں القاب کے بعد لکھتے ہیں (۶) اخلاق۔ تہذیب (۷) شکر ادا کرنے کے لیے یا طنز سے کہتے ہیں ÷ آداب بجالانا (ف) (۱) عاجزی اور انکسار سے سلام کرنا (۲) احسان ماننا اور شکریہ ادا کرنا (۳) رخصت ہونا (۴) قائل کرنے والے کا معقول کو شرم دلانے کے لیے سلام کرنا (۵) قاعدے اور دستور ادا کرنا ÷ آداب شاہانہ یا شاہی (ع۔ ف) مذکر۔ بادشاہوں کو سلام، ان سے گفتگو کرنے اور دربار میں حاضری کے طریقے ÷ آداب کرنا (ف) ادب سے سلام کرنا (متروک) ÷

آدابِ محفل (ع۔ ف) مذکر۔ مجلس میں اٹھنے بیٹھنے اور بات چیت کے طریقے ÷

آدابُ و القاب (ع۔ ف) مذکر۔ خط کے شروع میں مکتوب الیہ کے درجے کے مطابق دعائیہ لفظ اور فقرے ÷ آداب ہے (ف) (۱) آداب عرض ہے (۲) درگزرے۔ باز آئے (۳) قطع نظر کیجیے۔ جانے دیجیے ÷

(آدَر) (ہ) (عوام ہندو) مذکر۔ خاطر تواضع۔ عزت۔ تعظیم و تکریم۔ آؤ بھگت ÷

م (آ۔ دَم) (ع) مذکر۔ وہ پہلا انسان، جس سے آدمی کی نسل شروع ہوئی۔ باوا آدمؑ (۲) انسان، بنی آدم (۳) انسانی خوبیاں رکھنے والا (۴) کسی فن وغیرہ کا ایجاد کرنے والا ÷

آدمِ آبی (ع۔ ف) انسان کی شکل کا ایک چوپایہ، جو پانی میں رہتا ہے ÷ آدمِ بے سایہ (ع۔ ف، مذکر) (۱) رسول اللہ صلعم سے مراد ہے (۲) لاثانی۔ بے مثال ÷ آدمِ ثانی (ع۔ ف)، مذکر۔ حضرت نوحؑ ÷ آدمِ خاکی (ع۔ ف) مذکر (۱) انسان۔ آدمی۔ خاک کا پتلا (۲) مٹی کا بنا ہوا۔ گندمی رنگ کا ÷ آدم خور (ع۔ ف) مذکر۔ انسان کو کھا جانے والا آدمی ÷ آدم را گندم بہشت نسازد (ف) مثل۔ بہشت کے گیہوں آدمی کے موافق نہیں۔ اچھا کھانا ہضم نہیں ہوتا ÷ آدم زاد (ع۔ ف) مذکر۔ انسان۔ انسان کی اولاد ÷ آدم شناس (ع۔ ف) اچھے بُرے آدمی کو پہچاننے والا ÷ آدم نہ آدم زاد (ع۔ ف) محاورہ۔ صحرا۔ بیابان۔ جنگل۔ ویرانہ۔ جہاں دُور دُور تک آبادی نہ ہو ÷ آدمی (آ۔ دَ۔ مِیْ) (ف) مذکر۔ (۱) انسان۔ انسان کی جنس (۲) سمجھ والا۔ تمیز والا (۳) قاصد (۴) نوکر (۵) بھروسے کا انسان (۶) (عوام) خاوند ÷ آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر (ہ) مثل۔ سب آدمی ایک جیسے نہیں ہوتے۔ کوئی اچھا ہوتا ہے، کوئی بُرا ÷ آدمی اپنے مطلب میں اندھا ہوتا ہے (ف) آدمی کو اپنا مطلب حاصل کرنے کے لیے اچھے بُرے کا فرق نہیں سوجھتا ÷ آدمی اناج کا کیڑا ہے (ہ) مثل۔ انسان اناج کھانے سے جیتا ہے ÷ آدمی بنانا (ف) (۱) آدمی کا پیدا کرنا (۲) تہذیب والا اور لائق بنانا (۳) آدمی کی شکل بنانا ÷ آدمی بننا (ف) (۱) آدمی پیدا ہونا (۲) اخلاق اور تہذیب والا ہونا (۳) آدمی کی شکل صورت اختیار کرنا (۴) آدمی کی صورت بننا (۵) پریشان نہ رہنا۔ حیثیت درست رکھنا ÷ آدمی پانی کا بُلبلا ہے (ف) مثل۔ زندگی ناپائدار ہے ÷ آدمی پر آدمی گرتا ہے (ف) محاورہ۔ بہت زیادہ بھیڑ ہے ÷ آدمی پیٹ کا کُتّا ہے (ف) مثل۔ روزی کے لیے انسان ہر قسم کا حکم مانتا ہے ÷ آدمی ٹھوکریں کھا کر سنبھلتا ہے (ف) مثل۔ دکھ اور مصیبتیں سہنے سے تجربہ ہوتا ہے ÷ آدمی سا کوئی پکھیرو نہیں (ف) مثل۔ انسان عقل اور سمجھ سے اس قدر دور پہنچ جاتا ہے کہ کوئی پرندہ بھی وہاں نہیں پہنچ سکتا ÷ آدمی کا بچّہ (ف) مذکر۔ نہ زیادہ خوب صورت، نہ زیادہ بدصورت ÷ آدمی کا شیطان آدمی ہے (ف) محاورہ۔ آدمی کو آدمی ہی بہکا کر خراب کر دیتا ہے ÷ آدمی کچھ کھو کے (کھو کر ہی) سیکھتا ہے (ف) مثل۔ انسان کو نقصان اٹھا کر تجربہ ہوتا ہے ÷ آدمی کو ڈھائی گز زمین کافی ہے (ف) مثل۔ قبر کے لیے ڈھائی گز زمین بہت ہے۔ بہت زیادہ اراضی حاصل کرنے یا بہت بڑا مکان بنانے کی کوشش بے سود ہے ÷ آدمی کیا جو آدمی کو نہ پہچانے (ف) مثل۔ آدمی وہی ہے، جو اچھے بُرے کی تمیز کر سکے ÷ آدمی کی دوا آدمی ہے (ف) مثل۔ آدمیوں میں بیٹھ کر آدمی کا جی بہل جاتا ہے ÷ آدمی کی قدر مرے پر ہوتی ہے (ف) مقولہ۔ آدمی کی عزت اور قدر اس کی موت کے بعد کی جاتی ہے۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کسی مرے ہوئے کی کوئی خوبی یاد آتی ہے ÷ آدمی کی کسوٹی معاملہ ہے (ف) مثل۔ آدمی کا اچھا یا بُرا ہونا اس سے واسطہ پڑنے پر معلوم ہوتا ہے ÷ آدمی نے کچا دودھ پیا ہے (ف) مثل۔ آدمی سے بھول، غلطی اور خطا ہو ہی جاتی ہے ÷ آدمی ہو یا بھوت (ف) مثل۔ آدمی ہو یا بلا ÷ آدمی ہو یا جانور (ف) مثل۔ بے تمیزی کی بات پر مذاق یا غصے سے کہتے ہیں ÷ آدمی ہو یا گھن چکر (ف) مثل۔ دن رات گھومنے پھرنے والے کو کہتے ہیں ÷ آدمی سا ہے (ف) محاورہ۔ زیادہ خوب صورت نہیں، معمولی حُسن رکھتا ہے ÷ آدمیّت (ع) مؤنث (۱) انسانیّت (۲) سمجھ بوجھ (۳) خوش اخلاقی (۴) تہذیب۔ شرافت ÷ آدمیّت آنا (ف) انسانی خوبیاں حاصل ہونا۔ عقل اور تہذیب آنا ÷ آدمیت اُٹھ جانا (ف) انسانیت کا دُور ہو جانا۔ اچھے اخلاق کا جاتے رہنا۔ بے عقل اور بے تمیز ہو جانا ÷ آدمیّت اختیار کرنا (ف) اچھی عادتیں سیکھنا ÷ آدمیّت پکڑنا (ف) تہذیب اور شائستگی حاصل کرنا ÷ آدمیّت سے (گزر) جانا (ف) انسانیّت کی باتیں چھوڑ دینا ÷ آدمیّت کے جامے میں آنا (ف) انسانیت کی خوبیاں پیدا کرنا۔ آدمی کے لباس میں آنا ÷

آدھ (آ۔ دھ) (ہ) مذکر۔ آدھا کا مخفف۔ نصف ÷ آدھ پاؤ آٹا چوپال میں رسوئی (ہ) مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی ادنیٰ درجے کا شخص شیخی بگھارے ÷ آدھ سیر آٹا (ہ) مذکر۔ روزی گزارے کی صورت۔ رزق ÷ آدھ سیر آٹے سے لگ جانا (ف) گزارے کے لائق نوکری مل جانا ÷ آدھ سیر آٹے کے سر ہو جانا (ف) دیکھیے "آدھ سیر آٹے سے لگ جانا" ÷ آدھا (ہ) مذکر۔ نیم۔ نصف۔ ½ ÷ آدھا آدھا ہونا (ہ) شرمندہ ہونا۔ کڑھنا ÷ آدھا تیتر آدھا بٹیر (ہ) بے میل۔ بے ڈھنگا۔ بے قاعدہ۔ بے جوڑ ÷ آدھا تیہا۔ آدھے کا تیہا (ہ) بہت تھوڑا حصہ ÷ آدھا رہ جانا (ہ) بہت دبلا ہو جانا۔ کمزور ہو جانا گھٹ جانا ÷

آدھا سا جھا (ہ) مذکر۔ آدھے حصے کی شرکت ❊ آدھا سیسی (ہ) مذکر۔ آدھے سر کا درد۔ دردِ شقیقہ ❊ آدھا کر دینا (ہ) (۱) بہت تھوڑا کر دینا (۲) بہت دُبلا کر دینا (۳) ضائع کر دینا۔ برباد کر دینا ❊ آدھا نام لینا (ہ) حقارت یا پیار سے آدھا نام پکارنا ❊ آدھا ہو جانا (ہ) "آدھا کر دینا" کا لازم ❊ آدھم ساجھا (ہ) مذکر۔ بچوں کا ایک کھیل، جس میں وہ باہم شرط کرتے ہیں کہ جو چیز ایک کھائے، دوسرے کو آدھی دے۔ پھر اس شرط کو پورا کرنے کے لیے جب ایک دوسرے کو کچھ کھاتے دیکھتا ہے تو "آدھم ساجھا" کہہ کر آدھی چیز بانٹ لیتا ہے ❊ آدھوں آدھ (ہ) ایک چیز کے دو برابر حصے۔ آدھا آدھا ❊ آدھی (ہ) نصف۔ ½ ❊ آدھی بات (ہ) مؤنث (۱) ادھوری بات (۲) بُری بات ❊ آدھی بات نہ اٹھنا (ہ) بُری بات نہ سہہ سکنا ❊ آدھی بات نہ پوچھنا (ہ) قدر نہ کرنا۔ ناچیز سمجھ کر نفرت کرنا۔ کچھ توجہ نہ کرنا ❊ آدھی (کو) چھوڑ (کر) ساری کو دوڑنا (ہ) لالچ کے جال میں پھنسنا۔ تھوڑی پر قناعت نہ کرکے زیادہ کی کوشش کرنا ❊

آدھی چھوڑ ساری کو دھائے (دوڑے)
آدھی رہے نہ ساری (پائے)
آدھی چھوڑ ساری کو دھاوے
ایسا ڈوبے تھاہ نہ پاوے

(ہ) مثل۔ زیادہ کا لالچ کرنے سے تھوڑا سا نفع بھی جاتا رہتا ہے ❊ جو شخص تھوڑے پر قناعت نہ کرکے زیادہ کے لیے دوڑتا ہے وہ اتنا گہرا ڈوبتا ہے کہ تہ کا بھی پتا نہیں چلتا ❊ آدھی دُنیا آباد آدھی ویران (و) مثل۔ ایک آنکھ والے شخص کی پھبتی اڑاتے وقت کہتے ہیں ❊ آدھی رات (ہ) مؤنث۔ رات کے بارہ بجے کا وقت۔ نصف شب۔ نیم شب ❊ آدھی رات اِدھر آدھی رات اُدھر (ہ) مثل۔ ٹھیک بارہ بجے رات کا وقت ❊ آدھی رات کا ڈھلنا (ہ) نصف شب کا گزر جانا ❊ آدھی سیسی (ہ) مؤنث۔ آدھے سر کا درد ❊ آدھے (ہ) "آدھا" کی جمع ❊ آدھے پیٹ (ہ) آدھی بھوک رکھ کر ❊ آدھے قاضی قدوہ آدھے بادا آدم (و) مثل۔ بہت زیادہ اولاد رکھنے والا۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنے آپ کو سب سے بڑھ کر سمجھتے ہوئے بڑے حصے کا حقدار جانے ❊ آدھے کا ساجھی برابر کی چوٹ (ہ) مثل۔ آدھے حصے کا شریک برابر کی حیثیت رکھتا ہے ❊ آدھے گاؤں دوالی آدھے گاؤں ہولی (پھاگ) (ہ) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کسی جماعت میں بعض آدمی ایک رائے رکھتے ہوں۔ اور بعض دوسری ❊

آدھار (آ۔دھاز) (ہ) مذکر (۱) کھانا۔ خوراک (۲) امداد۔ وسیلہ۔ سہارا ❊

آدھوڑی (آ۔دھو۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ کھال۔ پوست۔ کچا چمڑا ❊

آدھین ہونا (آ۔دھین) (ہ) (۱) فرمان بردار ہونا (۲) احسان مند ہونا (۳) محتاج ہونا ❊

آدی بادی (آ۔دی، با۔دی) (ہ) رگھبادی ❊

آدیس۔ آدیش (آ۔دیس + آ۔دیش) (ہ) (۱) فقیروں اور جوگیوں کا سلام (۲) اجازت یا کسی کام کے کرنے کا حکم دینا۔

آدینہ (آ۔دی۔نہ) (ف) مذکر۔ جمعہ ❊

آ۔ڈ

آڈِٹ (آ۔ڈِٹ) (انگ۔ Audit) مذکر۔ حساب کی جانچ پڑتال کرنا ❊

آڈمبر (آ۔ڈم۔بر) (س) مذکر (۱) نمائش (۲) شور (۳) غرور ❊

آڈیٹر (آ۔ڈی۔ٹر) (انگ Auditor) مذکر۔ حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا۔ محاسب ❊

آ۔ذ

آذار (آ۔ذار) (ف) مذکر۔ چھٹا رومی مہینا، جو چیت یا مارچ کے مطابق ہوتا ہے۔ بہار کا مہینا ❊

آذر (آ۔ذر) (ف) مذکر (۱) آگ (۲) شمسی سال کا نواں مہینا ❊ آذر پرست۔ آگ کو پوجنے والا۔ آتش پرست۔ پارسی۔ مجوسی ❊

آذُر (آ۔ذُر) (ف) مذکر (۱) عشق (۲) آگ (۳) شمسی سال کا نواں مہینا، جو پوس یا جنوری کے مطابق ہوتا ہے ❊

آ۔ر

آر (آر) (ہ) مؤنث۔ (۱) لوہے کی نوک دار کیل، جس سے نرم چیزوں میں سوراخ کرتے ہیں۔ چمڑا سینے کا اوزار (۲) وہ نوک دار لوہا، جو کوڑے اور بیلوں کو ہانکنے کی لکڑی میں لگایا جاتا ہے ❊

آر (آر) (ہ) (۱) یہ کلمہ کلموں کے آخر میں حاصل مصدر کے معنی دیتا ہے۔ جیسے پھنکار (۲) کبھی فاعلیت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے سُنار ❊

آر (آر) (ف) آوردن کا امر۔ لا۔ لے آ ❊

آرا (ف) آراستن کا امر۔ مرکبات میں فاعل کا کام دیتا ہے، جیسے دل آرا ❊

آراستگی (آ۔راس۔تگی) (ف) مؤنث۔ سجاوٹ۔ سنگار۔ ترتیب۔ درستی۔ زیب و زینت ❊ آراستہ (آ۔راس۔تہ) (ف) (۱) سجا ہوا (۲) تیار۔ لیس (کرنا، ہونا کے ساتھ) ❊ آراستہ پیراستہ کا فرق۔ جب کوئی شے زیب و زینت کی چیزیں بڑھانے سے سنواری جائے تو اسے "آراستہ" کہتے ہیں۔ جب کوئی شے ناگوار چیزیں دور کرنے سے سجائی جائے تو اسے "پیراستہ" بولتے ہیں ❊ آرا (آ۔را) (ہ) مذکر۔ لوہے کا مشہور اوزار، جس سے لکڑی چیری جاتی ہے ❊ آراکش (و) (صحیح ارہ کش) مذکر۔ آرے سے لکڑی چیرنے والا ❊ آرے سر پر چل گئے تو بھی مدار ہی مدار (و) مثل۔ بلا اور مصیبت میں بھی اپنی بات پر قائم رہنا۔ اعتقاد نہ چھوڑنا ❊

آرام (آ۔رام) (ف) مذکر (۱) سکون۔ قرار۔ چین۔ تسکین۔ راحت (۲) صحت، شفا۔ افاقہ۔ (۳) نیند۔ راحت کی نیند ❊ آرام آنا (و) (۱) چین آنا (۲) تڑپ جاتی رہنا ❊ آرام اُڑ جانا (و) چین جاتا رہنا ❊ آرام پانا (و) سُکھ پانا ❊ آرام پائی (و) مؤنث۔ ایک قسم کا نرم جوتا، جس کی ایڑی اونچی اور پنجہ چوڑا ہوتا ہے ❊ آرام پسند (ف) آرام طلب۔ سست۔ کاہل ❊ آرام پہنچانا (و) سُکھ دینا ❊ آرام پہنچنا (و) سُکھ ملنا۔

آرام تلخ ہونا (د) چین میں خلل پڑنا ؛ آرام جاں (اضافت کے بغیر اور نون کے اعلان سے) (ف) (لکھنؤ) مذکر۔ حسن دان۔ ایک قسم کا چھوٹا پاندان ؛ آرام جاں (اضافت سے اور اعلان نون کے بغیر) (ف) (۱) جان کی راحت۔ دل کا چین (۲) (مجازاً) معشوق (۳) اولاد ؛ آرام جانا (د) سکھ جاتا رہنا ؛ آرام چوکی (د) مؤنث۔ ایک قسم کی تکیہ دار کرسی ؛ آرام چھوڑ دینا (د) سکھ ترک کر دینا ؛

آرام دان (اضافت کے بغیر اور نون کے اعلان سے) (ف) لکھنؤ۔ مذکر (دیکھیے "آرام جاں (ف)") ؛ آرام دِل (ف) مذکر (۱) دل کا آرام (۲) (مجازاً) معشوق ؛

آرام دینا (د) سکھ پہنچانا ؛ آرام رساں (ف) سکھ پہنچانے والا۔ چین دینے والا ؛ آرام روح (ف۔ ع) (۱) معشوق (۲) اولاد ؛ آرام سے پاؤں پھیلانا (د) (۱) بے فکری سے سونا (۲) چین سے زندگی بسر کرنا ؛

آرام سے سونا (د) (۱) بے کھٹکے سونا (۲) موت کی نیند سونا۔ مرجانا ؛

آرام سے کٹنا }
آرام سے گزرنا } (د) بے فکری اور چین سے زندگی بسر ہونا ؛

آرام طلب (ف) (دیکھیے "آرام پسند") ؛ آرام کرسی (د) مؤنث۔ (دیکھیے "آرام چوکی") آرام کرنا (د) (۱) چین کرنا (۲) سونا (۳) دم لینا (۴) (عوام) بیمار کو اچھا کرنا ؛ آرام کھونا (د) سکھ دُور کرنا ؛ آرام گاہ (ف) مؤنث (۱) آرام کرنے کی جگہ۔ سونے کا مکان (۲) (مجازاً) مقبرہ۔ قبر ؛ آرام لینا (د) دم لینا۔ ستانا ؛ آرام مِلنا (د) سکھ ملنا۔ راحت ملنا ؛ آرام ہونا (د) (۱) چین آجانا (۲) افاقہ ہونا۔ صحت ہونا ؛

[آرائ]ش (آ۔رَا۔اِش) (ف) مؤنث (۱) سجاوٹ۔ بناؤ سنگار۔ زیبائش (دینا، کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲) (د) وہ کاغذی باغ۔ جو جوتف یا منہدی کی رسم کے وقت دلھن کے گھر لے جاتے ہیں (بنانا۔ بننا، لٹانا، لٹنا کے ساتھ) ؛ آرائش پسند (ف) سجاوٹ کا شوقین ؛ آرائش کا تخت (د) مذکر [illegible] ابرک کا تخت، جس پر آرائش سجائی جاتی ہے ؛

[آرپا]ر (آر۔پار) (۲) اس چھید کی بابت کہتے ہیں جو ایک طرف سے دوسری طرف ہو جائے۔ (صحیح وارپار ہے) ؛

[آرپ]ن (آر۔پَن) (ہ) مذکر۔ جو چیز خدا کی راہ پر دے دی جائے۔ وقف ؛ آرپن کرنا (ہ) خدا کی راہ پر دینا۔ وقف کرنا ؛

[آرتھ]وگرافی (آر۔تھَو۔گرا۔فی) (انگ۔ Arthography) مذکر (۱) قواعد کا وہ حصہ، جو الفاظ کے تلفظ ظاہر کرے۔ علم ہجا۔ صحت ہجا (۲) اِملا (۳) چیزوں کا صحیح نقشہ کھینچنے کا فن ؛

[آرت]ی (آر۔تی) (ہ) مؤنث (۱) ہندوؤں میں پوجا کا ایک طریق، جس میں تھال پر چومکھا چراغ رکھ کر بت کے سر کے گرد پھراتے ہیں (۲) وہ بھجن، جو اس پوجا کے وقت گائے جاتے ہیں ؛ آرتی کے وقت سو گئے، مال بھوگ کے وقت جاگ اُٹھے ؛ (د) مثل۔ کام کے وقت غائب ہو گئے، کھانے کے وقت آموجود ہوئے ؛

[آر]ٹ (آرٹ) (انگ۔ Art) مذکر (۱) فن۔ ہُنر (۲) صفائی ؛

آرٹسٹ (آر۔ٹِسٹ) (انگ۔ Artist) مذکر۔ مصوّر۔ تصویریں بنانے والا۔ نقاش۔ کاریگر۔ صنّاع ؛

آرٹیکل (آر۔ٹِی۔کَل) (انگ۔ Article) مذکر (۱) مضمون (۲) قانون کی دفعہ ؛

آرٹیکلز آف وار (آر۔ٹِی۔کَلز۔آف۔وَار) (انگ۔ Articles of War) مذکر۔ فوجوں کے انتظام اور سزاؤں وغیرہ کے متعلق مجموعۂ قوانین۔ ضابطۂ جنگ ؛

آرچ بشپ (آرچ۔بِشَپ) (انگ۔ Arch Bishop) مذکر۔ پادریوں کا سب سے بڑا افسر۔ لاٹ پادری ؛

آرد (آ۔رَد) (ف) مذکر۔ آٹا۔ پسا ہوا غلہ۔ پسان۔ چون ؛

آرڈر (آر۔ڈَر) (انگ۔ Order) مذکر۔ حکم۔ فرمائش۔ فرمان۔ ارشاد ؛

آرڈر بک (انگ۔ Orderbook) مؤنث (۱) حکم لکھنے کی کتاب (۲) وہ کتاب جس میں خریدار مول لینے والی چیزیں لکھ دے ؛ آرڈر دینا یا کرنا (د) کسی شے کے مول لینے کی فرمائش کرنا ؛ آرڈر لینا (د) (۱) کسی شے کے خریدنے کی فرمائش لینا (۲) حکم حاصل کرنا ؛

آرزو (آر۔زُو) (ف) مؤنث۔ خواہش۔ تمنا۔ امید۔ مطلب۔ مراد۔ چاہت۔ حسرت۔ ارمان ؛ آرزو بر آنا۔ آرزو پوری ہونا (د) خواہش پوری ہونا۔ مطلب حاصل ہونا۔ حسرت نکلنا ؛ آرزو بر لانا (د) مراد پوری کرنا۔ ارمان نکالنا ؛ آرزو خاک میں ملانا (د) نا امید کرنا ؛ آرزو خاک میں مل جانا (ملنا) (د) نا امید ہو جانا۔ ارمان نہ نکلنا ؛ آرزو ساتھ لے جانا (د) مرتے دم ارمان نہ نکلنا ؛ آرزو عیب نہیں (د) جملہ۔ اپنے درجے سے زیادہ کسی شے کی خواہش کرنا بُرا نہیں ؛ آرزو کا خون ہونا (د) نا امید ہو جانا ؛ آرزو کرنا (د) خواہش کرنا ؛ آرزو گاہ (د) مؤنث (۱) امید کی جگہ (۲) (کنایۃً) دُنیا ؛ آرزو مرجانا (د) خواہش مٹ جانا ؛ آرزو مند (ف) امید رکھنے والا۔ خواہش مند ؛ آرزو نکالنا (د) مراد پوری کرنا ؛ آرزو نکلنا (د) مراد پوری ہونا ؛

آرسی (آر۔سِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک زیور، جو عورتیں انگوٹھے میں پہنتی ہیں اور اس میں شیشہ جڑا ہوتا ہے۔ (۲) آئینہ ؛ آرسی تو دیکھو (ہ) (عو) اپنی صورت تو دیکھو۔ لیاقت تو پیدا کرو۔ آرسی ٹوٹ گئی (ہ) اپنی صورت نہیں دیکھتی کہ کیسی ہے۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی بدشکل عورت اپنے حسن پر ناز کرے ؛ آرسی مصحف (ف) مذکر (۱) نکاح کے بعد دولہا دلھن کو قرآن شریف اور آئینہ دکھانے کی رسم (۲) نوشاہ اور عروس کا ایک دوسرے کو منہ دکھانا۔ (دکھانا، دیکھنا کے ساتھ) ؛

آرکیالوجی (آر۔کِیَ۔اَو۔لَو۔جِی) (انگ۔ Archaeology) مؤنث۔ اثریات۔ علم آثارِ قدیمہ۔ پرانی چیزوں اور نشانیوں کا علم ؛ آرکیالوجیکل ڈیپارٹمنٹ (انگ۔ Archaeological Department) مذکر۔ آثارِ قدیمہ کا محکمہ ؛

آرمیڈا (آر۔مِی۔ڈا) (انگ۔ Armada) مذکر۔ جنگی جہازوں کا بیڑا خصوصاً وہ بیڑا، جو ۱۵۸۸ء میں ہسپانیہ کے بادشاہ فلپ دوم نے انگلستان کے خلاف بھیجا تھا ؛

آروغ (آ۔رُوغ) (ف) مذکر و مؤنث۔ ڈکار ؛

آرِی (آ-رِی) (ف) مؤنث۔ چھوٹا آرا، جس کے ایک طرف لکڑی کا دستہ ہوتا ہے ❖
آرسے (آ-رِسے) (ف) مذکر۔ "آرا" کی جمع (دیکھیے آرا (ف)) آرسے چلنا (ف) مصیبت اٹھانا۔ جان پر بننا ❖
آرسے (آ-رِسے) (ف) مذکر۔ ہاں ❖ آرسے سلے کرنا (ف) حیلہ بہانہ کرنا۔ ٹالنا ❖
آریا (آ-رِیا) (ہ) مؤنث (۱) کھیرے ککڑی جیسی ایک ترکاری (۲) مذکر۔ سنسکرت بولنے والی ایک قوم، جو پہلے پہل وسط ایشیا میں رہتی تھی، پھر ہندوستان اور یورپ وغیرہ میں پھیل گئی (۳) ہندو مذہب کی ایک شاخ، جس کے پیرو پنڈت دیا نند سرستی جی کو اپنا پیشوا سمجھتے ہیں (۴) کھیتی باڑی کرنے والا (۵) مویشی چرانے اور پالنے والا ❖
آریا سماج (ہ) مؤنث۔ آریا لوگوں کے طریقے پر چلنے والی ہندو جماعت ❖
آریا ورت (س) مذکر (۱) آریوں کا ملک۔ زراعتی ملک (۲) (مجازاً) ہندوستان ❖

آ-ڑ

آڑ (آڑ) (ہ) مؤنث (۱) اوٹ۔ روک (۲) حفاظت (۳) پردہ (۴) ٹیک۔ سہارا ❖ آڑ باندھنا (ہ) پردہ ڈالنا (متروک) ❖ آڑ بند (ہ) مذکر۔ لنگر۔ کاچھا۔ لنگوٹ ❖ آڑ پاڑ (ہ) مؤنث۔ نام کی ذمہ داری ❖ آڑ پکڑنا (ہ) (۱) چھپ جانا۔ پناہ لینا (۲) وسیلہ پکڑنا۔ سہارا لینا ❖ آڑ پھانس (ہ) مؤنث۔ (دیکھیے "آڑ پاڑ") ❖ آڑ ڈھونڈنا (ہ) پناہ چاہنا ❖ آڑ لینا (ہ) پناہ لینا ❖ آڑے آنا (ہ) مدد کرنا۔ پریشانی کے وقت حمایت کرنا ❖ آڑے ہاتھوں لینا (ہ) شرمندہ کرنا۔ لتاڑنا۔ منہ توڑ جواب دے کر دوسرے کو بند کرنا ❖
آڑا (آ-ڑا) (ہ) (۱) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ اُریب۔ خمدار ❖ آڑا اتارنا (ہ) (۱) کپڑے کو ترچھا پھاڑنا (۲) زور دے کے پتنگ کو ہوا کے رُخ سے بچا کر اتارنا ❖ آڑا پاجامہ (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چوڑی دار پاجامہ ❖ آڑا ترچھا ہونا (ہ) (۱) ٹیڑھا ہونا (۲) بگڑنا۔ ناراض ہونا ❖ آڑا چڑھانا (ہ) دوسرے کے پتنگ پر اپنے پتنگ کو ترچھا لے جانا ❖ آڑا چوتالا (ہ) مذکر۔ راگ کی ایک تال ❖ آڑا گوڑی (ہ) مؤنث۔ مقابل کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ اڑا کر اس کا پاؤں زمین سے اکھاڑ دینا (چڑھانا۔ دینا۔ مارنا کے ساتھ) ❖ آڑا لگا لینا (ہ) کسی طرف زیادہ جھکے ہوئے پتنگ کو ڈور دے کر روکنا اور ہوا کی نہ پر لے آنا ❖ آڑی (آ-ڑی) (ہ) ٹیڑھی۔ ترچھی ❖
آڑا (آ-ڑا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا دھاریوں والا ریشمی کپڑا ❖
آڑو (آ-ڑُو) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور پھل۔ شفتالو ❖
آڑھت (آ-ڑھت) (ہ) مؤنث (۱) ساہوکاروں کے بھروسے کی جگہ (۲) لین دین۔ بیوپار (۳) فیس۔ کمیشن۔ دلالی۔ دستوری ❖ آڑھتی۔ آڑھتیا (ہ) مذکر۔ آڑھت کا کام کرنے والا۔ دلال۔ دستوری لینے والا۔ ایجنٹ ❖
آڑی (آ-ڑی) (ہ) مذکر (۱) جب لڑکے دو گروہ بنا کر کوئی کھیل کھیلتے ہیں تو ہر گروہ کا ایک سردار ہوتا ہے، باقی اس کے آڑی کہلاتے ہیں (۲) مددگار۔ ساتھی۔ حامی۔ طرف دار۔ روک کرنے والا۔ سہارا دینے والا ❖ آڑی ترچھی سنانا (ہ) بُرا بھلا کہنا ❖
آڑے (آ-ڑے) (ہ) "آڑا" کی جمع۔ ترچھے۔ ٹیڑھے ❖

آ-ز

آز (آز) (ف) مؤنث۔ لالچ۔ حرص۔ طمع۔ ہوس ❖
آزاد (آ-زاد) (ف) (۱) جو غلام نہ ہو (۲) فقیروں کا ایک فرقہ (۳) بے قید۔ بے غم۔ بے پروا (۴) بری (۵) رہا۔ فارغ (۶) الگ۔ بے تعلق (۷) حاضر جواب۔ گستاخ۔ (۸) مجرّد۔ بیوی بچوں کے بغیر (۹) سیدھا (قد) (۱۰) خود مختار ❖
آزادانہ (ف) (۱) آزاد کی طرح کا (۲) بے تکلف ❖ آزادانہ رائے (ف) مؤنث۔ طرف داری اور تعصب کے بغیر رائے ❖ آزاد رَو (ف) (۱) دنیا سے بے تعلق (۲) نڈر (۳) شریف ❖ آزاد طبع (ف) (۱) تکلف اور بناوٹ سے دور رہنے والا (۲) صاف گو ❖ آزاد کا الف۔ آزاد کے ماتھے کا الف (ف) مذکر۔ آزاد فقیروں کے ماتھے کی سیدھی سی لکیر ❖ آزاد کا سونٹا (ف) مذکر (۱) آزاد فقیروں کا ڈنڈا (۲) (مجازاً) اکھڑ۔ منہ پھٹ۔ بے باک ❖ آزاد کا قشقہ (ف) مذکر۔ آزاد فقیروں کے ماتھے کا نشان ❖ آزاد کرنا (ف) (۱) قید سے چھوڑنا (۲) (ع) موقوف کرنا۔ نکال دینا۔ رخصت کر دینا (۳) بکھیڑوں سے چھٹکارا دینا ❖ آزادگی (ف) مؤنث۔ رہائی۔ آزادی ❖ آزاد لوگ (ف) مذکر (۱) آزاد فقیروں کی جماعت (۲) بے تعلق۔ بے پروا ❖ آزاد مرد (ف) مذکر۔ دنیا کے تعلقات سے الگ تھلگ ❖ آزاد مَنِش (ف) آزاد مزاج ❖ آزاد وضع (دیکھیے "آزاد مرد") ❖ آزادہ (آ-زا-دَہ) (ف) قید سے چھوٹا ہوا۔ بے تعلق ❖
آزاد اور آزادہ کا فرق: "آزاد" وہ ہے، جس کی رہائی دوسرے کے ہاتھ میں ہو۔ "آزادہ" اسے کہتے ہیں جس کی رہائی اسی کے اختیار میں ہو) ❖ آزادہ رَو (ف) (دیکھیے "آزاد رَو") ❖ آزادہ مزاجی (ف) مؤنث۔ طبیعت کی سادگی۔ بے پروائی۔ بے تعلقی ❖
آزادی (آ-زا-دی) (ف) مؤنث (۱) بے فکری۔ بے پروائی (۲) غلامی سے چھٹکارا (۳) رہائی (۴) بے پروائی۔ براءت۔ فراغت (۵) راستی۔ سیدھا پن (۶) خود مختاری ❖ آزادی بیع کرنا (ف) آزادی بیچنا۔ محکوم بننا۔ غلام بن جانا۔ نوکری کرنا ❖ آزادی کا کاغذ (ف) مذکر۔ رہائی کی سند۔ خط آزادی ❖ آزادی ملنا (ف) چھٹکارا ہونا۔ نجات ملنا ❖
آزار (آ-زار) (ف) مذکر (۱) بیماری (۲) رنج۔ تکلیف (۳) آزردن کا امر، جو اسم سے مل کر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے مردم آزار۔ دل آزار ❖ آزار اٹھانا (ف) دکھ درد جھیلنا۔ صدمہ اٹھانا ❖ آزار پانا (ف) تکلیف اٹھانا ❖ آزار پہچاننا (ف) بیماری کی جانچ کر کے پتا لگانا ❖ آزار پہنچانا (ف) تکلیف دینا۔ دکھ پہنچانا ❖ آزار پہنچنا (ف) دکھ پہنچنا ❖ آزار پھیلنا (ف) بیماری کی شدت ہونا ("بیماری پھیلنا" فصیح ہے) ❖ آزار کھینچنا (ف) تکلیف سہنا۔ مصیبت برداشت کرنا ❖ آزار لگانا (ف) روگ لگانا ❖ آزار لگنا (ف) روگ لگنا ❖ آزاری (آ-زا-رِی) (ف) مؤنث (۱) بیماری (۲) بیمار ❖

آزر (آ-زَر) (ع) مذکر (۱) حضرت ابراہیمؑ کا باپ یا چچا (۲) ایک مشہور بت تراش ::
آزردگی (آ-زُر-دَگی) (ف) مؤنث - ملال - خفگی - رنج (دوسرے حرف (ز) پر زبر صحیح اور پیش غلط ہے)
آزردہ (آ-زُر-دَہ) (ف) ملول - خفا - افسردہ - ناخوش - رنجیدہ - دکھی - (رہنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) :: آزُردہ خاطر - آزُردہ دِل - اُداس - خفا - دکھی ::
آزقہ - آذوقہ (آ-زُقَہ + آ-زُوقَہ) (ف) مذکر - تھوڑی غذا - تھوڑا گزارہ - تھوڑا رزق - کم تنخواہ (اسے ذال سے لکھنا غلط ہے) ::
آزمانا (آ-زْ-مَانا) (۱) جانچنا - امتحان اور تجربہ کرنا - کسنا :: آزما دیکھا (۱) امتحان کر چکے - جانچ چکے ::
آزمائش (آ-زْ-مَا-اِش) (ف) مؤنث - جانچ پرتال - امتحان - تجربہ :: آزمائش میں ٹھہرنا (۱) امتحان میں پورا اترنا ::
آزمودہ (آ-زْ-مُو-دَہ) (ف) (۱) آزمایا ہوا - (۲) تجربہ کار :: آزمودہ را آزمودن جہل است (ف) مقولہ - آزمائے ہوئے کو آزمانا بے وقوفی ہے ::
آزمودہ کار (ف) تجربہ کار - جہاں دیدہ - ہوشیار - دانش مند - زمانے کے حالات سے واقف ::

آ-س

آس (آس) (ہ) مؤنث (۱) آسرا - بھروسا - امید (۲) بچہ پیدا ہونے کی امید (۳) ٹیک (۴) گلے یا ساز کی آواز، جس سے سنگت والے گویّے کو سہارا دیتے ہیں :: آس اولاد (۱) مؤنث - بال بچے :: آس باندھنا (۱) آسرا لگانا - امیدوار ہونا :: آس بندھنا (ہ) آسرا ہونا :: آس بیگانی جو تکے، وہ جیوت ہی مر جائے (۱) مثل - دوسرے کے بھروسے پر جینے سے مرنا بہتر ہے :: آس پوری کرنا (ہ) مراد برلانا :: آس پوری ہونا (ہ) امید بر آنا :: آس توڑنا (ہ) (۱) نا امید کرنا - (۲) نا امید ہونا :: آس ٹوٹ جانا (ٹوٹنا) (ہ) آسرا جاتا رہنا :: آس جاتی رہنا (ہ) امید نہ رہنا :: آس چھوٹنا (ہ) نا امید ہونا :: آس چھوڑ دینا (ہ) آسرا نہ رکھنا :: آس دینا (ہ) (۱) تسلی دینا (۲) سہارا دینا (۳) گلے یا ساز سے گویّے کو سُر میں مدد دینا :: آس رکھنا (ہ) امید رکھنا، بھروسا رکھنا :: آس رہنا، آس سے ہونا (ہ) (عو) حمل سے ہونا :: آس کا نام دنیا ہے (۱) مثل - امید سے دنیا کا کارخانہ چل رہا ہے۔ ("دنیا بہ امید قائم است" کا ترجمہ ہے) :: آس کرنا (ہ) بھروسا کرنا - امید کرنا :: آس کرے تو پاس آئے (ہ) مثل - غرض ہوتی ہے تو پاس آتا ہے - خود غرض کے متعلق کہتے ہیں :: آس لگانا (ہ) (۱) امید کرنا (۲) ٹیک لگانا :: آس لگی رہنا، آس لگی ہونا (ہ) آسرا لگا رہنا - امید بندھی ہونا :: آس مراد (۱) مؤنث (عو) (۱) آل اولاد (۲) مال و دولت :: آس مراد والی (۱) (عو) بال بچوں والی عورت :: آس ہونا (ہ) (۱) بھروسا ہونا - امید ہونا - (۲) حمل ہونا :: آس (ف) مؤنث (۱) چکی (۲) تاش کا اِکّا (۳) گنجفہ :: آس بی بی (۱) مؤنث - رسول اللہ صلعم کی زوجہ حضرت عائشہؓ سے مراد ہے :: آس بی بی کی ٹکیاں (۱) مؤنث - وہ میٹھی ٹکیاں جن پر حضرت عائشہؓ کی نیاز دلائی جاتی ہے :: آس پاس (ہ) نزدیک - اِدھر اُدھر - ارد گرد - پڑوس :: آس پاس برسے، دلّی پڑی ترسے (ہ) مثل - بیگانے فائدہ اٹھا رہے ہیں، اپنے ترس رہے ہیں :: آس پاس پھرنا (ہ) گرد پھرنا - صدقے ہونا :: آس پاس ہونا - قریب ہونا - متصل ہونا ::
آسا (آ-سَا) (۱) مؤنث (۱) پیغمبرِ عالمؐ کی زوجہ (حضرت) عائشہؓ کا بگاڑ (۲) نبی اکرمؐ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ زہراؓ :: آسا کا کاسہ (۱) مذکر - ایک قسم کی منت، جس میں مراد پوری ہونے پر عورتیں حضرت فاطمہ زہراؓ کے نام کا کاسہ بھر کر نیاز دلاتی اور نیک عورتوں کو کھلاتی ہیں :: آسا کے گلگلے (۱) مذکر - منت، جس میں عورتیں مراد پوری ہونے کے بعد بی بی آسا کے گلگلے پکاتی اور صرف سیدانیوں کو کھلاتی ہیں :: آسا کے نام کا چھلا اٹھانا (اٹھا رکھنا) (۱) ایک منت، جس میں عورتیں مراد بر آنے کے ارادے سے بی آسا کے نام کا چاندی کا چھلا پانی میں غوطہ دے کر اٹھا رکھتی ہیں۔ مراد بر آنے کے بعد وہی چھلا بیچ کر مٹھائی سے نذر دلاتی ہیں۔
آسام (آ-سَام) (ف) مذکر - برما کے شمال مغرب اور بنگال کے جنوب میں ہندوستان کا ایک صوبہ
آسامی (آ-سَا-مِی) (ہ) مؤنث (متروک - دیکھیے "اسامی") ::
آسان (آ-سَان) (ف) مشکل کے برعکس - سہل - بے وقت ::
آسانی (آ-سَا-نِی) (ف) مؤنث - دقت کے برعکس - سہولت ::
آسائش (آ-سَا-اِش) (ف) مؤنث - آرام - چین - سکھ - راحت - آسودگی ::
آستان - آستانہ (آس-تَان + آس-تَا-نَہ) (ف) مذکر (۱) چوکھٹ، دہلیز، دروازہ (۲) بادشاہوں کی بارگاہ - درگاہ (۳) بزرگ کا مقبرہ ::
آستان بوس - آستانہ بوس (ف) (۱) چوکھٹ چومنے والا (۲) غلام - خادم - معتقد :: آستان بوس ہونا (۱) (۱) امیر کے مکان پر حاضر ہونا (۲) فقیر کے مکان یا مزار پر حاضر ہونا (۳) حاضر ہونا :: آستان بوسی (ف) مؤنث - خدمت گزاری - تعظیم :: آستان چومنا - آستانہ چومنا (۱) (دیکھیے "آستان بوس ہونا") ::
آستائی (آس-تَا-اِی) (ہ) مؤنث (۱) غزل یا ٹھمری کا ایک ٹکڑا (۲) گیت کا ابتدائی حصہ (۳) خیال ::
آستین (آس-تِین) (ف) مؤنث (۱) کرتے، انگرکھے، عبا وغیرہ کا وہ حصہ، جس میں بازو رہتا ہے (۲) محرم میں لگا ہوا بازو پر رہنے والا کپڑا :: آستین اتارنا (۱) آستین پھاڑنا :: آستین الٹنا (الٹ لینا) (۱) (۱) آستین کو ایک رخ سے دوسرے رخ کر لینا (۲) کام کو انجام دینے یا کسی کو مار ڈالنے پر تل جانا :: آستین پکڑنا (۱) (۱) کام سے روکنا (۲) پکڑ دھکڑ کرنا :: آستین جھاڑنا (۱) (۱) ترک کرنا (۲) عطا کرنا - پاس کی ساری چیز تقسیم کر کے خالی ہاتھ ہونا :: آستین (یا آستینیں) چڑھانا (۱) (۱) آستین اوپر کھینچنا (۲) ایک آستین کی جگہ دوسری آستین لگانا (۳) کام کے لیے تیار ہونا (۴) مرنے مارنے پر تل جانا :: آستین چننا (۱) آستینوں میں بیل بوٹوں کے نقش بنانا :: آستین سے آنسو (یا آنکھیں) پونچھنا (۱) آستین سے

آنسو خشک کرنا ٭ آستین سے چراغ بجھانا (د) آستین کی ہوا سے
چراغ گُل کرنا ٭ آستین کا سانپ (د) مذکّر۔ ظاہر میں دوستی اور باطن
میں دشمنی کرنے والا۔ چھپا ہُوا دشمن، جو پاس رہ کر دشمنی کرے (بننا، ہونا کے ساتھ)٭
آستین کی چین (د) مؤنث۔ آستین کی چنٹ ٭ آستین کے پھول
(د) مذکّر۔ وہ نقش و نگار، جو آستین میں بنائے جاتے ہیں٭ آستین میں چھری
رکھنا (د) دشمن پر وار کرنے کو تیار رہنا ٭ آستین میں سانپ پالنا (د) دشمن
کو اپنے پاس رکھنا۔ بدخواہ سے سلوک کرنا٭ آستینوں دار کُرتی (د) مؤنث۔ لمبی آستینوں
والی کُرتی، جو کنواری لڑکیوں کو پہنائی جاتی ہے ٭

آسٹریا (آس۔ ٹرِ۔ یا) انگ۔ Austria مذکّر۔ یورپ کا ایک مشہور ملک ٭

آسٹریلیا (آس۔ ٹرے۔ لیَا) (انگ Australia) مذکّر۔ یوریشیا کا سب
سے بڑا جزیرہ ٭

آسٹریلیشیا (آس۔ ٹرے۔ لے۔ شیَا) (انگ۔ Australasia) مذکّر۔ آسٹریلیا اور ملحقہ
جزائر وغیرہ ٭

آسرا (آس۔ رَا) (ہ) مذکّر۔ آس۔ اُمّید۔ بھروسا۔ سہارا۔ وسیلہ۔ توقّع ٭
آسرا باندھنا (ہ) اُمّید رکھنا۔ سہارا ڈھونڈنا ٭ آسرا بندھنا (ہ)
سہارا ہونا٭ آسرا بندھوانا (ہ) اُمّیدوار کرنا۔ سہارا دینا ٭ آسرا تکنا (ہ)
سہارا ڈھونڈنا٭ آسرا توڑدینا (یا توڑنا) (ہ) اُمّید توڑنا۔ نا اُمّید کردینا٭
آسرا دینا (ہ) سہارا دینا۔ اُمّید دلانا ٭ آسرا ڈھونڈنا (ہ) سہارا تلاش
کرنا٭ آسرا رکھنا (ہ) اُمّید رکھنا۔ بھروسا رکھنا ٭ آسرا رہنا (ہ) بھروسا
رہنا ٭ آسرا کرنا (ہ) تکیہ کرنا۔ بھروسا کرنا ٭ آسرا لگانا
(ہ) بھروسا رکھنا٭ آسرا لگا ہونا (ہ) اُمّید ہونا۔ بھروسا ہونا۔ سہارا
ہونا٭ آسرا لینا (ہ) سہارا ڈھونڈنا۔ مدد کی اُمّید رکھنا ٭

آسریا (آ۔ سَر۔ یَا) (ہ) سہارا ڈھونڈنے والا۔ آسرا تکنے والا۔ مجبور۔
محتاج ٭

آسکت (آس۔ کَت) (س) مؤنث (عوام ہندو) (۱) سُستی۔ کاہلی۔ آلکس (۲)
انگڑائی۔ جماہی ٭

آسکتی (آس۔ کَتی) (س) (عوام) کاہل۔ سُست ٭

آسمان (آس۔ مَان) (ف) (آس (چکّی) اور مان (مانند) سے مرکّب) مذکّر۔ آکاس۔
چرخ۔ فلک۔ گردوں۔ سما ٭ آسمان برابر (آسمان کے برابر) (د)
(عو) بہت اونچا٭ آسمان بنا دینا (د) چھوٹے کو بڑا بنانا۔ مبالغے سے
بہت بڑھا دینا ٭ آسمان پر اُڑنا (د) (عو) شیخی مارنا۔ غرور کرنا۔ بلند
پروازی کرنا ٭ آسمان پر پہنچا دینا (د) (۱) عزّت دینا۔ (۲) حد سے زیادہ
تعریف کرنا۔ مغرور کر دینا ٭ آسمان پر پہنچنا (د) عروج حاصل کرنا٭ آسمان
پر چڑھا دینا (چڑھانا) (د) تعریف میں بہت مبالغہ کرنا ٭ آسمان پر
چڑھنا (د) (۱) شیخی کرنا۔ غرور کرنا (۲) مرتبہ اونچا ہو جانا٭ آسمان پر دماغ
کھینچنا (د) خود پسند ہونا۔ بے حد غرور کرنا ٭ آسمان پر دماغ (مزاج) ہونا
(د) مغرور ہونا ٭ آسمان پر ہونا (د) (۱) بہت اونچائی پر ہونا (۲) اترانا۔ غرور کرنا٭
آسمان پھاڑ کے تھگلی لگانا (ہ) (۱) چالاکی کرنا (۲) مشکل کام کرنا ٭
آسمان پھاڑے تھگلی لگائے (د) مثل۔ بہت چالاک، عیّار عورت کے
متعلق کہتے ہیں ٭ آسمان پھٹ پڑنا (پھٹنا) (د) اچانک مصیبت آ جانا ٭
آسمان ٹل جانا (د) آسمان کا اپنی جگہ سے ہل جانا٭ آسمان ٹوٹ پڑنا (ٹوٹنا)
(د) یکایک مصیبت آ جانا۔ بالکل تباہ ہو جانا ٭ آسمان جاہ (ف) (۱) آسمان جیسے
بلند مرتبے والا (۲) ریاست حیدرآباد دکن کے وزیرِ اعظم کا خطاب٭ آسمان جھانکنا
(د) مُرغ کا مست ہو کر لڑائی کے لیے تیار ہو جانا اور زور میں بھر کر گھمنڈ سے آسمان کی طرف
دیکھنا٭ آسمان دیکھنا (د) (۱) انتہائی نا اُمّیدی میں خدا پر نگاہ کرنا۔ حیرانی اور مجبوری میں
آسمان پر نظر کرنا (۲) (عو) مشکل کی حالت میں اوپر نظر کرنا تاکہ دھیان دوسری طرف ہو جائے٭
آسمان زمین ایک کر دینا (کر ڈالنا) (د) (۱) ہلّڑ مچانا۔ ہل چل ڈالنا۔
(۲) حد سے زیادہ کوشش کرنا ٭ آسمان زمین کا رونا (د) غم و الم اور
رنج و افسوس کا عام ہونا ٭ آسمان زمین کا فرق (د) بہت بڑا فرق٭
آسمان زمین کھا گئے (د) کہیں پتا نشان نہیں٭ آسمان زمین کے
قلابے ملانا (د) (۱) انتہائی کوشش کرنا (۲) از حد جھوٹ بولنا (۳)
عیّاری کرنا (۴) ہل چل ڈالنا٭ آسمان زمین کیوں نہیں شق ہو جاتے؟
(د) مثل۔ قیامت کیوں نہیں آ جاتی؟ آسمان زمین میں دھوم پڑنا (د)
عام شہرت ہونا۔ دُنیا بھر میں مشہور ہونا ٭ آسمان زمین میں سنّاٹا
ہو جانا (د) (۱) کلام کے انتہائی اثر سے سننے والوں پر بے خودی چھا جانا (۲)
ہر طرف خاموشی طاری ہو جانا٭ آسمان زمین ہلا دینا (د) ہل چل ڈال دینا ٭
آسمان سر پر اُٹھا لینا (اُٹھانا) (۱) بے حد اُدھم مچانا۔ آفت برپا کر دینا٭
آسمان سے آگ برسنا (د) بہت زیادہ گرمی پڑنا ٭
آسمان سے اُترنا (د) (۱) کسی چیز کا نہایت عُمدہ ہونا (۲) مرتبے سے
گرنا۔ ذلیل و خوار ہونا٭ آسمان سے باتیں کرنا (د) (۱) نہایت اونچا
ہونا (۲) بے حد مغرور ہونا ٭ آسمان سے تارے اُتارنا (د)
مشکل اور ناممکن کام کرنا٭ آسمان سے ٹکّر کھانا (د) از حد بلند ہونا ٭
آسمان سے ٹکّر لینا (د) (۱) بے حد اونچا ہونا (۲) بڑے زبردست کا
مقابلہ کرنا٭ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (د) مثل۔ ایک بلا سے نکلا،
دوسری میں جا پھنسا٭ آسمان کا تارا (د) نادر اور نایاب چیز ٭ آسمان
کا تھوکا اپنے ہی منہ پر آتا ہے (د) مثل۔ بہتان لگانے والا ہی بدنام ہوتا
ہے، پاک دامن کا کچھ نہیں بگڑتا ٭ آسمان کا رکھا نہ زمین کا (د) مثل۔
غارت کر دیا۔ خراب کر دیا۔ کہیں کا نہ رکھا٭ آسمان کا رنگ بدلنا
(د) انقلاب آنا٭ آسمان کر دینا (د) سر بلند کر دینا ٭ آسمان کھا گیا
یا زمین (د) مثل۔ خدا جانے کہاں غائب ہو گیا٭ آسمان کھونسچا (د) مذکّر۔
(۱) ایک قسم کا حقّہ، جس کا نیچہ بہت بڑا ہوتا ہے (۲) (مجازاً) بہت لمبے قد کا آدمی٭
آسمان کی باتیں (د) مؤنث۔ سمجھ میں نہ آنے والی باتیں ٭

آسمان کی چیل زمین کی اصیل (ہ) مثل۔ اس چالاک عورت کی نسبت کہتے ہیں، جو ایک جگہ نہ ٹکے اور دَوڑ دَوڑ کر اندر باہر کام کرے ﴿ **آسمان کی خبر لانا** (ہ) نہایت اونچا اُڑنا یا جانا ﴿ **آسمان کی سوجھنا** (ہ) دُور کی سوجھنا ﴿ **آسمان کی سیر کرنا** (ہ) خیالات کا دُور دُور پہنچنا۔ (عموماً نشے کے موقع پر بولا جاتا ہے) ﴿ **آسمان کی طرف دیکھنا** (ہ) آسمان سے ظلم کی شکایت کرنا ﴿ **آسمان کے پار ہونا** (ہ)، آسمان سے آگے نکل جانا ﴿ **آسمان کے تارے توڑنا** (ہ) (۱) ناممکن کام کو ممکن کر دینا (۲) بے حد چالاکی سے کام لینا ﴿ **آسمان گرجنا** (ہ) (مجازاً) بجلی کا کڑکنا ﴿ **آسمان گیر** (ف)، مذکر۔ (۱) چھجا (۲) شامیانہ (۳) ٹٹی (۴) بنگلا ﴿ **آسمان میں تھگلی لگانا** (ہ) (۱) مشکل کام کرنا (۲) بہت اُونچا جانا (۳) نہایت عیاری کرنا ﴿ **آسمان نہ پھٹ پڑے** (ہ) مثل۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی بہت جھوٹ بولے یا صریح بہتان لگائے، یا ظلم کرے یا کھلم کھلا کبیرہ گناہ کرے۔ کہیں کوئی آفت نہ آ جائے ﴿ **آسمان ہلا دینا** (ہ) (۱) پُر تاثیر آہ و نالہ کرنا (۲) ہل چل ڈال دینا ﴿ **آسمان ہو جانا (ہونا)** (ہ) (۱) عالی مرتبہ ہونا (۲) ظالم ہونا ﴿ **آسمانی** (آس۔ مانِی) (ف)، (۱) آسمان سے نسبت رکھنے والا (۲) آسمان کے رنگ کا۔ آبی۔ نیلگوں (۳) اچانک ﴿ **آسمانی آفت** (ہ) مؤنث۔ ناگہانی بلا یا مصیبت ﴿ **آسمانی آگ** (ہ) مؤنث۔ وہ آگ، جو آتشی شیشے کو سورج کے سامنے کرنے سے پیدا ہوتی ہے ﴿ **آسمانی بلا** (ہ) مؤنث۔ غیبی آفت ﴿ **آسمانی پلانا** (ہ) (عوام) بھنگ یا نشہ پلانا ﴿ **آسمانی تھپیڑا** (ہ) مذکر۔ اچانک صدمہ، جس سے انسان بچ نہ سکے ﴿ **آسمانی تیر** (ہ) مذکر (۱) وہ تیر، جو آسمان کے رُخ چھوڑیں (۲) رات کو ٹوٹنے والا چمکتا ہوا ستارہ۔ شہاب ثاقب (۳) بے تکی بات۔ بے ٹھکانے کام (۴) خدائی مار ﴿ **آسمانی دھکا** (ہ) مذکر۔ اچانک صدمہ۔ قدرتی مار ﴿ **آسمانی رنگ** (ہ) مذکر۔ آسمان جیسا رنگ۔ آبی رنگ۔ نیلا رنگ ﴿ **آسمانی زبان** (ہ) مؤنث۔ (۱) مسلمانوں کے نزدیک عربی اور ہندوؤں کے نزدیک سنسکرت زبان۔ دیوبانی۔ فرشتوں کی زبان ﴿ **آسمانی غضب یا قہر** (ہ) مذکر۔ خدا کا قہر۔ اللہ کا غضب ﴿ **آسمانی کتاب** (ہ) مؤنث۔ خدا کا کلام۔ وہ کتاب، جو اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر پر نازل کرے۔ قرآن شریف۔ انجیل۔ توریت۔ زبور ﴿ **آسمانی گولا** (ہ) مذکر (۱) خدائی مار۔ قہرِ الٰہی (۲) اولے برف وغیرہ، جن سے اچانک شدید صدمہ پہنچے (۳) وبا۔ قحط۔ سوکھا ﴿

آسن (آ۔ سَن) (ہ) مذکر (۱) ران کے نیچے کا حصہ (۲) گھوڑے پر بیٹھنے کا طریقہ (۳) جوگیوں کے بیٹھنے کا طریق (۴) ہندو فقیروں اور جوگیوں کے رہنے اور جوگ سادھنے کی جگہ (۵) وہ کپڑا جس پر بیٹھ کر ہندو فقیر پوجا پاٹ کرتے ہیں ﴿ **آسن اکھڑنا** (ہ) (۱) گھوڑے پر سوار کی ران کا ڈگمگا جانا (۲) فقیر کا کُٹیا کو چھوڑ کر اَور جگہ چلے جانا ﴿ **آسن باندھنا** (ہ) رانوں میں جکڑنا۔ رانوں سے مضبوط پکڑنا۔ رانوں سے زور کرنا ﴿ **آسن جلنا** (ہ) ایک طریق سے بیٹھے بیٹھے زانو یا ران میں گرمی پیدا ہو جانا ﴿ **آسن جمانا** (ہ) (۱) ران جما کر گھوڑے پر بیٹھنا (۲) قبضے میں لانا۔ قابو کرنا (۳) کسی جگہ رہنے لگنا ﴿ **آسن جوڑنا، آسن سے آسن جوڑنا** (ہ) گھٹنے سے گھٹنا ملا کر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھنا ﴿ **آسن کے نیچے آنا** (ہ) (۱) سواری دینا۔ ران کے نیچے آنا (۲) محکوم ہو جانا۔ قابو میں آنا ﴿ **آسن گانٹھنا (لینا)** (ہ) جماع کے لیے تیار ہونا ﴿ **آسن لگانا** (ہ) ٹھہرنا۔ بستر لگانا ﴿ **آسن مار کر بیٹھنا یا مارنا** (ہ) (۱) جوگیوں کے طور پر بیٹھنا (۲) اس تہیئے سے بیٹھنا کہ اب نہ اُٹھیں گے (۳) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا ﴿ **آسنی** (آ۔ سَنی) (ہ) مؤنث (۱) دیکھیے آسن نمبر ۵ (۲) کپڑا یا چٹائی، جو ہندو چوکے میں بچھا کر کھانا کھاتے ہیں۔

آسُودگان (آ۔ سُو۔ دَ گان) (ف) (۱) آرام پائے ہوئے (۲) مُردے ﴿

آسودگانِ خاک (ف) قبر میں آرام کرنے والے مُردے ﴿

آسودگی (آ۔ سُو۔ دَگی) (ف) مؤنث (۱) سُکھ۔ آرام (۲) خوش حالی (۳) امیری (۴) صلح (۵) خاموشی ﴿

آسودہ (آ۔ سُو۔ دَہ) (ف) خوش حال۔ امیر ﴿ **آسودہ حال** (ف) امیر۔ خوش حال ﴿

آسودہ حالی (ف) مؤنث۔ امیری۔ خوش حالی ﴿ **آسودہ دِل** (ف) بے فکر۔ خوش حال ﴿

آسیا (آ۔ سِیا) (ف) مؤنث۔ چکّی ﴿ **آسیائے آب** (ف) مؤنث۔ پن چکّی ﴿

آسیائے باد (ف) مؤنث۔ ہوائی چکّی ﴿

آسیب (آ۔ سِیب) (ف) مذکر (۱) جنّ۔ بھوت۔ پری کا سایہ (۲) تکلیف۔ صدمہ (آنا، پہنچانا، پہنچنا کے ساتھ) (۳) مخالفت۔ دشمنی (۴) بلا۔ آفت ﴿ **آسیب آنا** (ہ) جنّ، بھوت، پری کا کسی کو ستانا ﴿ **آسیب اتارنا** (ہ) (۱) عمل کے ذریعے سے جنّ بھوت کو دفع کرنا (۲) مار پیٹ کر ٹھیک کر دینا ﴿ **آسیب زدہ** (ف) جنّ بھوت کا ستایا ہوا ﴿ **آسیب سر پر آنا (چڑھنا)** (ہ) جنّ پری کا خلل ہونا ﴿ **آسیب سر سے اتارنا** (ہ) جنّ بھوت کا اثر زائل کرنا ﴿ **آسیب کا اثر۔ آسیب کا خلل۔ آسیب کا دخل** (ہ) مذکر۔ جنّ، بھوت کا اثر۔ دیو، پری کا سایہ ﴿ **آسیب کا سر پر آ کر بولنا** (ہ) بھوت پریت کا کسی کے سر پر آ کر اپنا اتا پتا دینا ﴿ **آسیب کا سر پر کھیلنا** (ہ) جب جنّ یا بھوت کسی آسیب زدہ کا پیچھا نہیں چھوڑتا تو اس کے سامنے پھول، عطر وغیرہ اور بخور سلگانے کے بعد اسے گانا سنواتے ہیں۔ اس سے بیمار سر ہلاتا اور کھیلتا اُچھلتا ہے۔ اسی کو آسیب کا سر پر کھیلنا کہتے ہیں ﴿ **آسیب کا گزر ہونا** (ہ) کسی مقام پر جنّ بھوت کا آ کر رہنا ﴿ **آسیب کا لپٹنا** (ہ) بھوت پریت کا کسی کے پیچھے پڑ جانا ﴿ **آسیبی** (ف) آسیب میں مبتلا۔ جس پر جنّ بھوت وغیرہ کا اثر ہو ﴿ **آسیبی مکان** (ہ) مذکر۔ وہ مکان، جہاں جنّ بھوت رہتے ہوں ﴿ **آسیبیا** (ہ) مذکر۔ آسیبی ﴿

آسیہ (آ۔ سِیَہ) (ع) مؤنث۔ فرعون کی بیوی، جو حضرت موسیٰ کی حمایت کرتی تھیں اور

فرعون نے انہیں اس وجہ سے قتل کرادیا تھا، کہ وہ حضرت موسیٰؑ کے مذہب کو مانتی تھیں:

آ۔ش

آش (آش) (ف) مؤنّث (۱) پتلی غذا، جو آسانی سے پی جا سکے (۲) مذکّر۔ وہ غذا جس میں گیہوں کو پتلا پتلا پکا کر اس میں پکا ہوا گوشت ملایا جاتا ہے ÷ **آش پکانا** (و) کسی کو ستانا۔ پیچھے پڑنا (متروک) ÷ **آش پلاؤ** (ف) مذکّر۔ وہ پلاؤ، جو بیماروں کے لیے پکایا جاتا ہے ÷ **آش جَو** (ف) مذکّر۔ جَو کا جوش دیا ہوا پانی۔ اسے ہمیشہ جمع کے ساتھ بولتے ہیں، جیسے آش جَو پلائے ÷

آشام (آ۔ شام) (ف) (۱) آشامیدن کا امر۔ اسم سے مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے، جیسے مَے آشام (۲) مذکّر۔ ایک طرح کا لطیف حریرہ ÷

آشتی (آش۔ تی) (ف) مؤنّث (۱) صلح (۲) محبت۔ اتفاق (۳) میل ملاپ ÷

آشرم (آش۔ رَم) (س) مذکّر (۱) رشیوں وغیرہ کے رہنے کی جگہ۔ کُٹی (۲) مکان (۳) جھونپڑی، جو کسی خوشی کی تقریب پر بنائی جائے (۴) درختوں کا جھنڈ۔ جنگل (۵) برہمن کی زندگی کا ایک حصّہ (۶) کالج۔ سکول۔ مدرسہ ÷

آشفتگی (آ۔ شُفْ۔ تَگی) (ف) مؤنّث (۱) پریشانی۔ حیرانی۔ پراگندگی۔ (۲) عاشقی ÷

آشفتہ (آ۔ شُف۔ تَہ) (ف) (۱) پریشان (۲) عاشق (۳) دیوانہ (۴) حیران (۵) آوارہ ÷ **آشفتہ بیان** (ف) یاوہ گو۔ بکواسی ÷ **آشفتہ بیانی** (ف) مؤنّث۔ یاوہ گوئی۔ بکواس ÷ **آشفتہ حال۔ آشفتہ خاطر۔ آشفتہ دِل** (ف) (۱) پریشان حال۔ پراگندہ دل (۲) (مجازاً) عاشق ÷ **آشفتہ روز** (ف) بدنصیب ÷ **آشفتہ رہنا** (و) حیران و پریشان رہنا ÷ **آشفتہ سر** (ف) سرپھرا۔ دیوانہ۔ بدحواس۔ عاشق مزاج ÷ **آشفتہ طبع** (ف) پریشان طبیعت ÷ **آشفتہ کر دینا** (و) دیوانہ بنا دینا۔ حیران و پریشان کر دینا ÷ **آشفتہ مزاج** (ف) پریشان خاطر۔ پریشان طبع ÷ **آشفتہ مُو** (ف) (۱) بکھرے ہوئے بالوں والا (۲) (کنایۃً) پریشان حال۔ غمگین ÷ **آشفتہ نوا** (ف) جس کے کلام یا آہ و فغاں سے پریشانی ظاہر ہو ÷

آشکار (آش۔ کار) } (ف) (۱) فاش۔ ظاہر (۲) علانیہ۔ کھلم کھلا (۳) واضح۔
آشکارا (آش۔ کا۔ را) } نمایاں (۴) روشن (۵) صاف (کرنا، ہونا کے ساتھ) ÷

آشنا (آش۔ نا) (ف) (۱) یگانہ۔ دوست۔ حال کا شریک (۲) روشناس۔ جان پہچان (۳) شناور۔ تیراک (۴) آگاہ۔ واقف (۵) (و) ناجائز تعلق رکھنے والا (والی) (۶) مطیع۔ غلام۔ بندہ ÷ **آشنا پرست** (ف) دوست کی نہایت قدر کرنے والا ÷ **آشنا پرور** (ف) دوست پر احسان کرنے والا ÷ **آشنا رہنا** (و) دوست رہنا ÷ **آشنائی** (آش۔ نا۔ اِی) (ف) مؤنّث۔ (۱) محبت۔ پیار۔ چاہ۔ دوستی۔ اختلاط (۲) جان پہچان۔ صاحب سلامت (۳) (ہند) ناجائز تعلق (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ÷ **آشنائی رہنا** (و) دوستی قائم رہنا ÷

آشنائی کا جھوٹا (ڈ) بے وفا۔ دوستی کو نباہ نہ سکنے والا ÷

آشنائی کا سچا (و) دوستی کو نباہنے والا ÷ **آشنائی کھٹ کرنا** (و) محبت چھوڑ دینا ÷ **آشنائی ملّا تا سبق** (ف) مثل۔ استاد کی دوستی سبق تک ہے۔ خود غرض اور مطلب پرست کی نسبت بولتے ہیں ÷ **آشنائی نباہنا** (د) وضع داری کے خیال سے محبت نہ چھوڑنا ÷

آشوب (آ۔ شوب) (ف) مذکّر (۱) فتنہ۔ فساد۔ شور۔ غوغا (۲) آنکھ کے دُکھنے سے اس کی سُرخی (۳) آشفتن۔ آشوبیدن کا امر۔ اسم کے ساتھ مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے عالم آشوب (۴) غدر۔ انقلاب ÷ **آشوب اٹھانا** (و) فساد برپا کرنا ÷ **آشوبِ چشم** (ف) مذکّر۔ آنکھوں کا سُرخ ہو جانا، دُکھنا ÷

آشوبِ روزگار }
آشوبِ زمانہ } (ف) مذکّر۔ (۱) زمانے کی آفت (۲) عالم کا فتنہ ÷
آشوبِ عالم }

آشوب گاہ (ف) مؤنّث۔ فتنہ و فساد کا مقام ÷ **آشوبِ محشر** (ف) مذکّر۔ (۱) ہولناک شور و غوغا (۲) قیامت کا ہنگامہ ÷

آشیان (آ۔ شِیاں) } (ف) مذکّر۔ (۱) پرندوں کا گھر۔ گھونسلا (۲) آدمیوں کے
آشیانہ (آ۔ شِیا۔ نہ) } رہنے کا مکان ÷

آشیان اٹھانا (و) گھونسلا چھوڑ دینا ÷ **آشیان اجاڑنا** (و) گھونسلا برباد کرنا ÷ **آشیان باندھنا** (و) گھونسلا بنانا ÷ **آشیان بلند کرنا** (د) اُونچی جگہ گھونسلا بنانا ÷ **آشیان (یا آشیانہ) بنانا۔ چھانا** (و) گھونسلا بنانا ÷ **آشیان کرنا** (و) گھونسلا بنانا ÷ **آشیان (یا آشیانہ) لگانا** (و) گھونسلا بنانا ÷ (آشیان زیادہ تر نظم و نثر ہی میں استعمال کیا جاتا ہے، آشیانہ بول چال میں بھی ہے ÷)

آشیرباد (آ۔ شِیر۔ باد) (دیکھیے "اشیرباد") ÷

آ۔ص

آصَف (آ۔ صَف) (عبرانی) مذکّر (۱) حضرت سلیمانؑ کا وزیر (۲) (مجازاً) ہر لائق وزیر (۳) حضرت داؤدؑ کے زمانے کا ایک قوّال ÷ **آصف الدّولہ** (ع) مذکّر۔ اودھ کے ایک فرماں روا کا لقب ÷ **آصف جاہ** (ف) مذکّر (۱) بعض امراء کا لقب (۲) نظام حیدر آباد کا لقب ÷ **آصف خانی** (و) مذکّر۔ ایک قسم کا شلوکا ÷ **آصَفی** (آ۔ صَفی) (ف) وزارت کا ÷ **آصَفیہ** (آ۔ صَفی۔ یہ) آصف سے نسبت رکھنے والا، جیسے سرکارِ آصفیہ ÷

آ۔غ

آغا (آ۔ غا) (ت) مذکّر (۱) آقا۔ مالک (۲) بڑا بھائی (۳) افغانوں اور

مغلوں کا تعظیمی لقب ؞ **آغا میر** (ت۔ف) غازی الدین حیدر فرماں روائے اودھ کے ایک وزیر کا لقب ؞ **آغا میر کی دائی سب سیکھی سکھائی** (ر) مثل۔ نہایت چالاک، عیار اور سب گنوں پوری عورت کی نسبت کہتے ہیں۔ ہوشیار کو سمجھانے کی حاجت نہیں ؞ **آغا مینا** (ر) مؤنث (۱) پہاڑی مینا (۲) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا بچہ ؞

آغاز (آ۔غاز) (ف) مذکر۔ شروع۔ عنوان۔ ابتداء۔ پہل۔ انجام کے برعکس (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؞ **آغاز انجام جاننا** (ر) نتیجہ معلوم کر لینا ؞ **آغاز انجام نہ سوچنا** (ر) سوچے سمجھے بغیر کام کرنا۔ نتیجے کا خیال نہ کرنا۔ عاقبت اندیشی نہ کرنا ؞

آغشتہ (آ۔غش۔تہ) (ف) آلودہ۔ لتھڑا ہوا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؞

آغوش (آ۔غو۔ش) (ف) مذکر و مؤنث۔ بغل۔ گود۔ کنار۔ کولی۔ پہلو ؞ **آغوش آباد کرنا** (ر) گود گرم کرنا ؞ **آغوش بھرنا** (ر) بھرپور گود میں آنا ؞ **آغوش کھولنا** (ر) گود پھیلانا ؞ **آغوش گرم کرنا** (ر) پیار سے بغل میں لینا ؞ **آغوشِ لحد میں جا سونا یا لیٹنا** (ر) قبر میں دفن ہونا ؞ **آغوشِ مادر میں سونا** (ر) (۱) ماں کی گود میں سونا (۲) (مجازاً) آرام کی حالت میں ہونا ؞ **آغوش میں بیٹھنا** (ر) پہلو میں بیٹھنا۔ گود میں بیٹھنا ؞ **آغوش میں دبانا** (ر) بغل میں دبانا۔ گود میں بھینچنا ؞ **آغوش میں کھینچنا** (ر) شوق اور آرزو سے گود میں لینا ؞ **آغوش وا ہونا** (ر) گود کھلنا ؞

آغوں (آ۔غوں) (ہ) مؤنث۔ دودھ پیتے بچے کی آواز ؞ **آغوں غٹے دودھ پی پی کر میاں ہوئے مٹے** (ر) مثل۔ دائی بچوں کو یہ کلمہ کہہ کر کھلاتی بہلاتی ہے ؞ **آغوں کرنا** (ر) دودھ پیتے بچے کا آواز نکالنا ؞

آ۔ف

آفات (آ۔فات) (ع) مذکر و مؤنث۔ آفت کی جمع۔ بلائیں۔ مصیبتیں ؞ **آفاتِ آسمانی یا سماوی** (ف) مذکر و مؤنث۔ آسمانی حادثے۔ ناگہانی بلائیں ؞ **آفاتِ ارضی** (ع۔ف) مذکر و مؤنث۔ زمین سے پیدا ہونے والی خرابیاں۔ آفتیں۔ مصیبتیں ؞ **آفاتِ ارضی و سماوی** (ع۔ف) مذکر و مؤنث۔ زمین اور آسمان کی بلائیں۔ مصیبتیں ؞

آفاق (آ۔فاق) (ع) مذکر۔ اُفق کی جمع (۱) آسمان کے کنارے (۲) (مجازاً) دُنیا۔ جہان۔ عالم۔ سنسار۔ جگت (واحد مذکر آتا ہے) ؞ **آفاق گیر** (ع۔ف) (۱) دُنیا پر چھا جانے والا۔ دنیا کو فتح کرنے والا (۲) بادشاہ ؞ **آفاقی** (آ۔فا۔قی) (ع) ساری دنیا سے نسبت رکھنے یا اُسے گھیر لینے والا ؞

آفت (آ۔فت) (ع) مؤنث (۱) بلا۔ زحمت۔ آسیب (۲) صدمہ۔ سختی۔ دُکھ (۳) اندھیر۔ ظلم (۴) غضب۔ قہر۔ فتنہ (۵) بدذات۔ شریر۔ عیار (۶) دقت۔ مشکل۔ دشواری (۷) قحط، وبا وغیرہ حادثے (۸) شور غل (۹) وبال۔ عذاب (۱۰) دشمن (۱۱) گھبراہٹ۔ جلدی (۱۲) بہت۔ نہایت ؞ **آفت آنا** (ر) (۱) وبا آنا (۲) اچانک مصیبت آنا (۳) خفگی پڑنا ؞ **آفت اُٹھانا** (ر) (۱) دُکھ سہنا (۲) شور مچانا (۳) فساد برپا کرنا ؞ **آفت برپا کرنا** (ر) (۱) قہر و ستم توڑنا (۲) قیامت اٹھانا (۳) رونا چلانا۔ شور غل کرنا ؞ **آفت برسانا** (ر) ظلم و ستم سے پامال کرنا۔ غضب ڈھانا (گولیوں کی مار اور تیروں کی بوچھاڑ کے موقع پر زیادہ مستعمل ہے) ؞ **آفت پڑنا** (ر) (۱) غضب اور قہر نازل ہونا (۲) صدمہ پہنچنا (۳) دقت ہونا۔ مشکل پڑنا ؞ **آفت توڑنا (یا توڑ مارنا)** (ر) (۱) غضب ڈھانا۔ ستم کرنا (۲) خفا ہونا۔ غصہ اُتارنا (۳) اُدھم مچانا ؞ **آفت ٹالنا** (ر) مشکل آسان کرنا ؞ **آفت ٹوٹنا** (ر) "آفت توڑنا" کا لازم ؞ **آفتِ جان** (ع۔ف) مذکر (۱) جان کا عذاب۔ جان کا دشمن (۲) (مجازاً) معشوق ؞ **آفت جان پر آنا** (ر) صدمہ پہنچنا۔ قہر نازل ہونا ؞ **آفت جان پر لینا** (ر) مصیبت اُٹھانا۔ دُکھ سہنا ؞ **آفت جوتنا** (ر) (عو) ہنگامہ برپا کرنا ؞ **آفت جھیلنا** (ر) صدمہ سہنا۔ مصیبت برداشت کرنا ؞

آفت خیز (ف) (۱) آفت اٹھانے والا (۲) آفت اُٹھنے کا مقام ؞ **آفت دیکھنا** (ر) مصیبت کا سامنا کرنا ؞ **آفت ڈالنا** (ر) مصیبت میں پھنسانا ؞ **آفت ڈھانا** (ر) ستم توڑنا۔ قیامت برپا کرنا ؞ **آفت رسیدہ** (ف) (۱) مصیبت میں گرفتار (۲) محبت کی بلا جھیلنے والا ؞ **آفتِ روزگار** (ف) (۱) زمانے کی بلا اور قہر (۲) مذکر (مجازاً) معشوق (۳) فتنہ پرور۔ فسادی ؞ **آفت رہنا** (ر) انتہائی مصیبت رہنا ؞ **آفت زدہ** (ف) دُکھوں کا مارا ہوا۔ مصیبت کا مارا ہوا ؞ **آفت سر پر ڈالنا** (ر) مصیبت میں گرفتار کرنا۔ قہر توڑنا ؞ **آفت سر پر لینا** (ر) (۱) اپنے سر مصیبت لینا (۲) جھگڑے میں پڑنا (۳) جھگڑا مول لینا ؞ **آفت سہنا** (ر) صدمہ اور دُکھ برداشت کرنا ؞ **آفت طلب** (ف) بلا اور مصیبت کا طلبگار ؞ **آفت کا پرکالہ، آفت کا ٹکڑا** (ر) (۱) شرارت کا پتلا (۲) زہین۔ زود فہم۔ ذکی (۳) مذکر (مجازاً) معشوق ؞ **آفت کا گھر** (ر) مذکر۔ وہ جگہ جہاں بلائیں ہی بلائیں اور مصیبتیں ہی مصیبتیں ہوں ؞ **آفت کا نمونہ** (ر) مذکر۔ آفت کا پتا دینے والا ؞ **آفت کی پڑیا، آفت کی پوٹ** (ر) مؤنث (۱) نہایت شریر (۲) عیارہ۔ دغا باز ؞ **آفت گزرنا** (ر) (۱) آفت پڑنا (۲) گزرے ہوئے زمانے میں ؞ **آفت گلے لگنا** (ر) مصیبت کسی کے ذمے ہونا ؞ **آفت مچانا** (ر) (۱) شرارت کرنا (۲) شور مچانا ؞ **آفت نازل ہونا** (ر) مصیبت آنا ؞ **آفتیں ٹوٹ کر آنا** (ر) بہت سی مصیبتیں آنا ؞

آفتاب (آف۔تاب) (ف) مذکر (۱) سورج (۲) دھوپ (۳) بلند مرتبہ۔ کامل۔ مشہور (۴) شراب (۵) گنجفے کا پتا (۶) خوب صورت معشوق ؞ **آفتاب آمد دلیلِ آفتاب** (ف) مثل۔ ظاہر اور کھلی ہوئی بات کے لیے ثبوت کی حاجت نہیں ؞ **آفتاب ایک (سوا) نیزے پر آنا** (ر) قیامت آنا ؞ **آفتابِ بام** (ف) زوال کے قریب ؞ **آفتاب برآمد ہونا** (ر) (۱) سورج نکلنا۔ صبح ہونا (۲) گنجفے میں آفتاب کا دوسرے پتے کے ساتھ پھینکا جانا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے ؞ **آفتاب برسرِ دیوار** (ف) زوال کے قریب ؞ **آفتاب بنا دینا** (ر) درجہ بلند کر دینا ؞

آفتاب بین (ف) سورج کو دیکھنے والی دوربین ❊ **آفتاب پرست** (ف) سورج کو پوجنے والا (۲) گل نیلوفر (۳) گرگٹ ❊ **آفتاب چھپ جانا** (۱) (۱) سورج ڈوبنا (۲) غبار یا بدلی کا سورج پر آنا ❊ **آفتاب ڈوب جانا** (د) سورج غروب ہو جانا ❊ **آفتاب ڈھلنا** (د) آسمان کے درمیان سے سورج کا مغرب کی طرف جھکنا۔ دن کا زوال شروع ہونا ❊ **آفتاب سر پر آنا** (د) دوپہر ہونا۔ بارہ بجے کا عمل ہونا ❊ **آفتاب شام** (ف) (۱) چھپنے کے قریب سورج (۲) مرنے کے قریب بوڑھا ❊ **آفتاب طلوع کرنا** (د) سورج نکلنا ❊ **آفتاب غروب ہونا** (د) سورج چھپنا یا ڈوبنا۔ شام ہونا ❊ **آفتاب قیامت** (ف-ع) مذکر۔ قیامت کے دن کا سورج ❊ **آفتاب کو چراغ دکھانا** (د) لائق کے سامنے نالائق کا ڈینگ مارنا۔ تجربہ کار کو کام کا طریق بتانا ❊ **آفتاب گرم ہونا** (د) دھوپ تیز ہونا ❊ **آفتاب گیر** (ف) مذکر۔ چھجا۔ چھتری۔ سائبان ❊ **آفتاب لب بام** (ف) (۱) غروب ہونے کے قریب سورج (۲) (کنایۃً) زوال کے قریب ہر چیز (۳) (مجازاً) بہت بوڑھا آدمی ❊ **آفتاب محشر** (ف-ع) مذکر (۱) قیامت کے دن کا سورج (۲) از حد تیز اور گرم سورج (۳) خوب صورت معشوق ❊ **آفتاب مغرب سے نکلنا** (د) قیامت آنا ❊
آفتاب نکلنا (د) سورج کا نمودار ہونا ❊

آفتابہ (آفْ-تا-بَہْ) (ف) مذکر۔ دستی اور سرپوش والا لوٹا ❊

آفتابی (آفْ-تا-بِیْ) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی آتش بازی (چھوٹنا کے ساتھ) (۲) دھوپ کا مارا ہوا۔ دھوپ دیا ہوا (۳) ستاروں کی شکل کے اعزازی نشانات میں چاندی سونے کا ایک دائرہ، جس میں ڈنڈی لگی ہوتی ہے اور رجوبادشاہوں کے جلوس میں سواری کے ساتھ ہوتا ہے۔ (۴) گول (۵) امیروں کے مکانوں میں ماہتابی کی طرح کا ایک بلند مقام (۶) ایک طرح کی پنکھیا (۷) سورج مکھی (۸) ایک قسم کی سرخ ڈھال (۹) کڑھائی (۱۰) گرگٹ ❊ **آفتابی چہرہ** (ف) مذکر۔ گول چہرہ ❊ **آفتابی دائرہ** (ف) مذکر۔ گول دائرہ ❊

آفریدگار (آفْ-رِیْدْ-گارْ) (ف) پیدا کرنے والا ❊

آفریدہ (آفْ-رِیْ-دَہْ) (ف) پیدا کیا ہوا۔ مخلوق ❊

آفریدی (آفْ-رِیْ-دِیْ) (ف) مذکر۔ پنجاب کی سرحد پر رہنے والا ایک افغان قبیلہ ❊

آفرین (آفْ-رِیْنْ) (ف) مؤنث (۱) تعریف کا کلمہ۔ شاباش۔ واہ وا۔ سبحان اللہ (۲) طنز کا کلمہ (کرنا، کہنا کے ساتھ) (۳) آفریدن کا امر ❊ **آفریں باد بریں ہمت مردانۂ تو** (ف) تیری اس بہادروں جیسی ہمت پر شاباش ❊ **آفرین صد آفرین** (ف) انتہائی تعریف یا برائی کے موقع پر کہتے ہیں ❊ **آفرین ہو رہی ہے** (د) تعریف ہو رہی ہے ❊ **آفرین ہے** (د) کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے۔ شاباش ❊ **آفرینش** (آفْ-رِیْ-نِشْ) (ف) مؤنث (۱) پیدائش (۲) دنیا کی موجودات ❊

آفرینندہ (ف) پیدا کرنے والا۔ خدا ❊

آفس (آ-فِسْ) (انگ - Office) مذکر۔ دفتر ❊ **آفس آف فارن ایکس چینج** (انگ - Office of Foreign Exchange) مذکر۔ ممالک غیر کے مبادلے کا دفتر۔ سرکاری ڈاکخانہ ❊

آفندی (آ-فَنْ-دِیْ) (ت) مذکر۔ جناب۔ حضور۔ صاحب۔ مالک ❊

آفیسر (آ-فِیْ-سَرْ) (انگ - Officer) مذکر۔ حاکم۔ افسر ❊

آفیشل (آ-فِیْ-شَلْ) (انگ - Official) (۱) دفتری۔ محکمانہ۔ سرکاری (۲) مذکر۔ عہدہ دار۔ افسر ❊

آ-ق

آقا (آ-قا) (ف) مذکر (۱) مالک۔ میاں۔ صاحب۔ خاوند (۲) حاکم۔ افسر ❊
آقائے ولی نعمت (ف) مذکر۔ سرکار۔ خداوند نعمت۔ ملازم اپنے آقا کو کہتے ہیں ❊

آ-ک

آک (آکْ) (ہ) مذکر۔ مدار کا پودا۔ اسے آکھ، آگ، اکوا، اکوڑا بھی کہتے ہیں ❊
آک کا ڈوڈا (ہ) مذکر۔ آک کا پھل ❊ **آک کا کیڑا آک میں راضی، ڈھاک کا ڈھاک میں** (د) مثل۔ ہر شخص اپنے موزوں مقام پر خوش رہتا ہے ❊ **آک کی بڑھیا** (ہ) مؤنث (۱) وہ روئی جو آک کے پھل سے نکلتی ہے (۲) بوڑھی عورت ❊

آکا (آ-کا) (ت) مذکر (۱) بڑا بھائی (۲) کلمۂ خطاب، جیسے دوست یا میاں (۳) بد وضع سپاہی ❊

آکاس (آ-کاسْ) (ہ) مذکر (۱) آسمان اور زمین کے درمیان کی خالی جگہ۔ حدِ نگاہ۔ خلا۔ بعض کی رائے میں چار عنصروں (آگ، پانی، خاک، ہوا) کے علاوہ پانچواں عنصر خلا بھی ہے (۲) آسمان ❊ **آکاس بیل** (ہ) مؤنث۔ ایک طرح کی زرد بیل، جو درختوں سے لپٹی ہوتی ہے۔ افیتمون۔ امربیل ❊ **آکاس گنگا** (ہ) مؤنث۔ ان گنت چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار، جو رات کو آسمان پر سڑک کی طرح دور تک گئی ہوئی نظر آتی ہے۔ کہکشاں۔ جنیو۔ آسمان کی بدھی۔ اندر کے ہاتھی کا راستہ ❊

آکسائڈ (آکْ-سا-ئِڈْ) (انگ - Oxide) مذکر۔ آکسیجن کا ایک مرکب ❊

آکسفورڈ (آکْسْ-فَرْڈْ) (انگ - Oxford) مذکر۔ انگلستان کا ایک مشہور شہر جس میں ایک قدیم نامی گرامی یونیورسٹی قائم ہے ❊

آکسن (آکْ-سَنْ) (انگ Oxon) آکسفورڈ یونیورسٹی کا ❊

آکسیجن (آکْ-سِیْ-جَنْ) (انگ - Oxygen) مؤنث۔ ایک قسم کی گیس جو پانی، ہوا اور خاک کا جزوِ اعظم ہے ❊

آکھر (آ-کھَرْ) (ہ) مؤنث (۱) چوپایوں کے رہنے کی جگہ (۲) جنگلی درندوں، خصوصاً شیر کا مسکن ❊

آکھلاپن (آکھْ-لا-پَنْ) (ہ) مذکر۔ گھوڑے کی اچھل کود۔ شرارت۔ شوخی ❊

آ-گ

آگ (آگْ) (ہ) مؤنث (۱) اگنی۔ اگن۔ آتش۔ نار (۲) سوزش (۳) گرمی کی تیزی ❊

(۴) جلن (۵) تیزی (۶) آتشک (۷) بھوک پیاس کی شدت (۸) خون کا جوش۔ ما متا
(۹) عشق۔ سوز۔ دل کی لگی (۱۰) آفت۔ مصیبت (۱۱) جھلاپن۔ غصہ (۱۲) (عو)
عداوت۔ جلاپا۔ حسد (۱۳) لڑائی۔ فساد۔ فتنہ۔ جھگڑا (۱۴) تاثیر میں
گرم (۱۵) بہت گرم۔ جلتا ہوا (۱۶) جھلا۔ جلے تن (۱۷) آک کا پودا (۱۸)
روشنی۔ چمک دمک (۱۹) بہت سرخ ٭ **آگ ابلنا** (ہ) شدید گرمی اور
جلن ظاہر ہونا ٭ **آگ اٹھنا** (ہ) (۱) فتنہ فساد پیدا ہونا (۲) (عوام) لڑنے
کی خواہش کرنا ٭ **آگ اور بیری کو کم نہ سمجھیے** (د) مثل۔ آگ کتنی ہی
تھوڑی اور دشمن کتنا ہی حقیر ہو، لیکن ان دونوں کو معمولی نہ سمجھنا چاہیے ٭
آگ اور خس ایک جا ہو تو ممکن نہیں کہ نہ جلے (د) مثل۔ مرد اور عورت
اکٹھے ہوں تو یقیناً بدکاری کی نوبت آتی ہے ٭ **آگ اور روئی کی کیا دوستی**
(د) مثل۔ دو جانی دشمنوں کا ملاپ نہیں ہو سکتا۔ مخالف طبع کی دوستی کا کیا اعتبار ٭
آگ بولا (ہ) دیکھیے "آگ بگولا" ٭ **آگ بتانا** (ہ) بندوق وغیرہ داغنا ٭
آگ بجھانا (ہ) (۱) آگ پر پانی ڈال کر اسے ٹھنڈا کرنا (۲) غصہ فرو کرنا۔ فساد
دور کرنا۔ جھگڑا مٹانا (۳) بھوک پیاس مٹانا۔ خواہش پوری کرنا (۴)
جی ٹھنڈا کرنا۔ تسکین دینا (۵) نفسانی خواہش کا مٹانا ٭ **آگ بجھنا**
(ہ) (لازم) (۱) آگ کا ٹھنڈا ہونا (۲) جلاپا مٹنا (۳) جھگڑا رفع ہونا
(۴) تڑپ جاتی رہنا (۵) بھوک مٹنا (۶) پیاس بجھنا ٭ **آگ برسانا**
(ہ) (۱) گرمی کا کثرت سے ظاہر کرنا۔ گرمی کا پھونکے دینا (۲) گولیوں کی
بارش کرنا۔ لڑائی کا بازار گرم کرنا ٭ **آگ برسنا** (ہ) "آگ برسانا" کا لازم ٭
آگ بگولا (ہ) (۱) جلتا بھنتا۔ لال لال دہکتا ہوا (۲) تند۔ تیز۔ غصے میں بھرا ہوا
(بنا دینا، بن جانا، بننا، کر دینا، ہو جانا کے ساتھ) (۳) گرما گرم۔ شوخ ٭
آگ بن دھواں کہاں ؟ (ہ) مثل۔ ہر جھگڑے کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے۔
ہر بات کا کوئی نہ کوئی سبب ہوتا ہے ٭ **آگ بنا دینا** (ہ) بھڑکانا۔ غصہ دلانا۔
(ان معنی میں "آگ کر دینا" زیادہ کہتے ہیں) ٭ **آگ بنانا** (ہ) (۱) (عوام) آگ سلگانا
(۲) غصہ دلانا ٭ **آگ بن جانا** (ہ) غصے کے مارے لال پیلا ہو جانا (لکھنؤ میں
اس موقع پر "آگ ہو جانا" کہتے ہیں) ٭ **آگ بوٹ** (و) مذکر۔ دخانی کشتی۔ دھوئیں
کا جہاز ٭ **آگ بھبھوکا** (ہ) گرما گرم۔ شوخ۔ آگ جیسا۔ سرخ ٭
آگ بھبھوکا بن جانا (بننا) (ہ) غصے سے سرخ ہو جانا ٭ **آگ بھری
ہونا** (ہ) (۱) سوز و گداز ہونا (۲) تپک ہونا۔ جلن ہونا (۳) (عو) دشمنی ہونا
بغض ہونا (۴) پیٹ میں سوزش ہونا۔ گرم مزاج ہونا (۵) (کنایۃً) آتشک ہونا
(۶) پُرشہوت ہونا ٭ **آگ بھڑکانا** (ہ) (۱) ہوا دے کر آگ تیز کرنا (۲)
محبت بڑھانا۔ شوق زیادہ کرنا۔ بے قرار کرنا (۳) لڑائی بڑھانا (۴) غصہ دلانا
(۵) فساد برپا کرنا ٭ **آگ بھڑکنا (یا بھڑک اٹھنا)** (ہ) (۱) شعلہ بلند ہونا۔
آگ کا دہکنا (۲) حسد زیادہ ہونا۔ لڑائی بڑھنا (۳) محبت میں بے قرار ہونا۔ شوق
بڑھنا (۴) گرمی زیادہ ہونا۔ جلن زیادہ ہونا ٭ **آگ بھی نہ لگاؤں** (ہ) (عو)
کسی چیز سے نفرت ظاہر کرنے کے موقع پر کہتی ہیں ٭ **آگ پانی** (ہ) مؤنث۔ مرگی کی
بیماری ٭ **آگ پانی ایک جگہ نہیں رہ سکتے** (ہ) مثل۔ دو مخالف ایک جگہ نہیں
رہ سکتے ٭ **آگ پانی کا بیر** (ہ) مذکر (محاورہ) طبعی دشمنی۔ فطری مخالفت۔ جبلی عداوت ٭ **آگ پانی
کا ساتھ (سنجوگ)** (ہ) مذکر۔ دو مخالف چیزوں کا میل ملاپ ٭ **آگ پانی کا کھیل** (ہ) (محاورہ) (۱)
اپنا کیا اختیار ہے۔ کبھی بنتا ہے، کبھی بگڑتا ہے (۲) مذکر۔ آگ پانی سے چلنے والی مشین اور انجن ٭ **آگ
پانی میں لگانا** (ہ) (۱) جہاں لڑائی نہ ہوتی ہو، وہاں لڑائی کرا دینا (۲) فتنہ اٹھانا۔
شرارت کرنا ٭ **آگ پر پانی ڈالنا** (ہ) (دیکھیے "آگ میں پانی ڈالنا") ٭ **آگ پر
تیل ٹپکانا (ڈالنا)** (د) (۱) آگ کو زیادہ بھڑکانا (۲) فساد بڑھانا (۳) غصے کو
تیز کرنا ٭ **آگ پر تیل (روغن) چھڑکنا** (د) شعلہ بھڑکانا ٭ **آگ پر دھرنا
(رکھنا)** (د) (۱) جلانا۔ سلگانا۔ پھونکنا (۲) گرم کرنا۔ پکانا ٭ **آگ پر سیدھا
کرنا** (د) کمان یا لکڑی یا دھات کی کوئی چیز بار بار گرم کر کے اس کا خم نکالنا ٭ **آگ
پر سینکنا** (د) آگ کے پاس لے جا کر گرم کرنا ٭ **آگ پر لٹانا** (د) جلانا۔ تڑپانا۔
بے قرار کرنا ٭ **آگ پر لوٹنا** (د) (۱) چہل ابدال فقیروں کی طرح دہکتے ہوئے انگاروں
پر لوٹتے لوٹتے آگ بجھا دینا (۲) تڑپنا۔ بے قرار ہونا (۳) حسد اور رشک سے
جلنا ٭ **آگ پڑ جانا** (د) (۱) جلن پیدا ہو جانا (۲) (عو) دشمنی ہو جانا ٭ **آگ پڑنا**
(د) (۱) تیز دھوپ پڑنا (۲) مہنگا ہونا ٭ **آگ پھانکنا** (د) (۱) بدگوئی کرنا (۲) مبالغہ
کرنا (۳) جھوٹ بولنا (۴) کسی کو آرام اور راحت میں دیکھ کر جلنا ٭ **آگ پھکنا**
(د) آگ پھونکنا کا لازم۔ بہت سوزش یا سخت گرمی محسوس ہونا ٭

آگ پھوس میں بیر ہے
آگ پھوس کا کیا ساتھ
آگ پھوس کی دوستی کیسی
آگ پھوس ایک جگہ کب رہ سکتے ہیں؟
} (د) مثل (۱) مخالف ایک جگہ نہیں رہ سکتے (۲) اس وقت کہتے ہیں جب جوان مرد اور عورت ایک جگہ رہ کر پاک دامنی کا اظہار کریں۔ غرض یہ کہ ایسی صورت میں عصمت کب محفوظ رہ سکتی ہے ؟

آگ پھونکنا (پھونک دینا) (ہ) (۱) آگ کو ہوا دے کر بھڑکانا (۲) (دہلی) غصہ
دلانا۔ لگائی بجھائی کرنا (لکھنؤ میں اس مقام پر "آگ لگانا" زیادہ بولتے ہیں) (۳) سوزش
بڑھانا۔ جلن پیدا کر دینا۔ سخت پیاس لگا دینا (۴) ولولہ بڑھانا (۵) برائی بھلائی
کر کے فساد ڈلوانا ٭ **آگ پھیلانا** (ہ) (۱) آگ بچھا دینا (۲) (مجازاً) فتنہ برپا کرنا۔
فساد پھیلانا ٭ **آگ پھیلنا** (ہ) "آگ پھیلانا" کا لازم ٭ **آگ تاپنا** (ہ)
آگ سے ہاتھ پاؤں سینکنا (لکھنؤ میں اس موقع پر صرف "تاپنا" بولتے ہیں) ٭ **آگ
تلووں سے لگنا** (ہ) (۱) رشک کی آگ بھڑکنا (۲) غصہ آنا۔ جل جانا (اکثر "تلووں
سے آگ لگنا" بولتے ہیں) ٭ **آگ ٹھنڈی کرنا** (ہ) (۱) آگ بجھانا (۲) فساد
مٹانا (۳) دشمنوں میں میل کرانا (۴) غصہ ٹھنڈا کرنا ٭ **آگ جاگ اٹھنا** (ہ)
(۱) بجھی ہوئی آگ کا بھڑک اٹھنا (۲) شوق بڑھ جانا (۳) فساد کا دوبارہ ہونا (۴) دشمن ہونا ٭
آگ جانے لوہا جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (د) مثل۔
حکم کی تعمیل کرنے والا ظلم کا ذمہ دار نہیں ٭ **آگ جگانا** (ہ) (۱) بجھی ہوئی آگ بھڑکانا
(۲) شوق تیز کرنا ٭ **آگ جھاڑنا** (ہ) (۱) پتھر اور چقماق سے آگ نکالنا (۲) آگ سے
راکھ دور کرنا ٭ **آگ جھونک دینا** (ہ) جلا دینا۔ جلن ڈال دینا ٭ **آگ چمکنا** (ہ) آگ
کا روشن ہونا ٭ **آگ دابنا (دبانا)** (ہ) (۱) انگاروں کو راکھ میں چھپا دینا۔
بھڑک مٹانا (۲) فساد دور کرنا۔ فتنہ دبانا۔ غصہ دور کرنا (۳) سوز دل پیدا کرنا (لکھنؤ

میں آگ دبانا" "آگ دابنا" سے فصیح سمجھا جاتا ہے) ٭ **آگ دکھانا** (ہ) (۱) آگ کے پاس لے جا کر گرم کرنا (۲) آگ لگانا۔ جلانا (۳) بندوق، توپ وغیرہ سر کرنا، فلیتہ دینا ٭ **آگ دہکانا** (ہ) آگ روشن کرنا (روزمرہ میں اس مقام پر "بھڑکانا" ہے) **آگ دھونا** (ہ) انگارے کی راکھ جھاڑ کر خالص کرنا۔ آگ جھاڑ کر صاف کرنا ٭ **آگ دھونکنا** (ہ) پنکھے یا دھونکنی سے آگ روشن کرنا ٭ **آگ دے کے پانی کو دوڑنا** (ہ) (دیکھیے "آگ لگا کر پانی کو دوڑنا") ٭ **آگ دینا** (ہ) (۱) فتیلے سے آگ لگانا۔ جلانا (۲) روشن کر دینا (۳) رونق دینا۔ چمکانا ٭ **آگ رکھ دینا** (ہ) پھونک دینا، جلا دینا — (زیر کے ساتھ) ٭ **آگ روشن کرنا** (ہ) آگ جلانا یا مشتعل کرنا ٭ **آگ سا دہکنا** (ہ) آگ کی طرح لال ہونا یا جلنا ٭ **آگ سرد ہونا** (ہ) (۱) آگ ٹھنڈی ہونا (۲) شوق باقی نہ رہنا (۳) فساد رفع ہونا ٭ **آگ سلگانا** (ہ) (۱) آگ روشن کرنا (۲) (مجازاً) لگائی بجھائی کرنا۔ فتنہ اٹھانا (۳) چولھا جلانا ٭ **آگ سے پانی ہو جانا** (ہ) (۱) غصہ اتر جانا۔ دھیما ہو جانا (۲) مشکل کام کا آسان ہو جانا (۳) سخت مزاج کا نرم دل ہو جانا ٭ **آگ کا باغ** (و) مذکر (۱) آتش بازی (۲) سنار کی انگیٹھی (۳) نمرود کی آگ ٭ **آگ کا پتلا** (ہ) (۱) از حد تند خو۔ سرتا پا غصہ (۲) بے حد گرم مزاج (۳) نہایت گرم شعلہ ٭ **آگ کا پتلا آگ کو دھائے** (ہ) آگ کا بنا ہوا آگ میں جاتا ہے۔ ہر شے اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے ٭ **آگ کا پتنگا** (ہ) مذکر۔ شرارہ۔ جلتے ہوئے گھاس پھوس کا شرارہ ٭ **آگ کا پرکالہ** (ف، مذکر) (۱) انگارا۔ آگ کا ٹکڑا (۲) (مجازاً) شوخ و شنگ معشوق ٭ **آگ کا پھول** (ہ) مذکر (۱) مدار کا پھول (۲) چنگاری ٭ **آگ کا پیڑ** (ہ) مذکر (۱) مدار کا پودا (۲) انار، چنگاریوں اور شعلوں کی اجتماعی شکل، جو آتش بازی کے انار وغیرہ چھوٹنے سے پیڑ کی مانند پیدا ہوتی ہے ٭ **آگ کا جلا آگ سے اچھا (ٹھنڈا) ہوتا ہے** (ہ) مثل (۱) آگ کے جلے کو سینکنا مفید ہوتا ہے (۲) جس نے آزار دیا ہے، اسی کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ (۳) گرمی کو گرمی مارتی ہے۔ بد آدمی بد ہی سے دبتا ہے ٭ **آگ کا کھیل** (ہ) کیمیاگر اس وقت کہتے ہیں، جب ان سے کوئی چیز بگڑ جائے ٭ **آگ کا گھر** (ہ) بہت گرم ٭ **آگ کر دینا** (ہ) (۱) غصہ دلانا (۲) مزاج گرم کرنا (۳) گرم کرنا ٭ **آگ کو آگ مارتی ہے** (ہ) مثل۔ لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔ شریر شریر ہی سے دبتا ہے ٭ **آگ کو دامن سے ڈھانکنا** (ہ) بالکل ظاہر چیز کو چھپانے کی کوشش کرنا ٭ **آگ کھائے گا انگارے ہگے گا** (ہ) مثل۔ بُرے کام کا انجام بُرا ہے۔ جیسا کرو گے، ویسا بھرو گے (پاؤ گے) ٭ **آگ کھائے منہ جلے اُدھار کھائے پیٹ** (ہ) مثل۔ قرض آگ سے زیادہ نقصان دیتا ہے ٭ **آگ کہتے منہ نہیں جلتا** (ہ) مثل۔ بُری چیز کا نام لینے سے اس کا اثر نہیں ہوتا ٭ **آگ کے لوکے اٹھنا** (ہ) (۱) آگ کے شعلے بلند ہونا (۲) (مجازاً) جی جلنا (۳) بہت گرم بخارات نکلنا ٭ **آگ کے مول (مولوں)** (ہ) (۱) سخت مہنگا (۲) بدقت طلب ٭ **آگ گاڑنا** (ہ) (دعو) آگ دبانا (خواص کی زبان پر "آگ دبانا" ہے) ٭ **آگ لگا کے پانی کو دوڑنا** (ہ) فساد پیدا کر کے مٹانے کی کوشش کرنا ٭ **آگ لگانا** (ہ) (۱) کسی چیز کو آگ دینا۔ جلانا (۲) حرارت اور جلن پیدا کرنا (۳) ولولہ پیدا کرنا۔ بے قرار کرنا (۴) تیزی پیدا کرنا (۵) حسد اور رشک پیدا کرنا (۶) حسرت دلانا۔ تڑپانا (۷) لگائی بجھائی کرنا۔ برافروختہ کرنا۔ شرارت کرنا۔ شوخی کرنا (۸) (دعو) ملازم کا مہنگا سودا خریدنا۔ غبن کرنا (۹) چھوڑنا (۱۰) اڑا دینا۔ لٹا دینا۔ تلف کر دینا (۱۱) بگاڑ دینا۔ چوپٹ کرنا (۱۲) کسی چیز سے بیزاری اور نفرت ظاہر کرنا (۱۳) شفق کی سرخی، چراغوں کی کثرت، جنگل میں ڈھاک پھولنے اور سرخ پھول کھلنے کے موقع پر تشبیہاً بولتے ہیں (۱۴) بھوک پیاس زیادہ کر دینا (۱۵) نیست و نابود کرنا۔ اجاڑنا۔ تباہ کرنا (۱۶) (کوکھ اور مانگ کے ساتھ) بیٹے اور خاوند کی موت کے موقع پر (۱۷) نیا فتنہ اٹھانا۔ نئی آفت برپا کرنا ٭

آگ لگتا جھونپڑا جو نکلے سو لابھ (لے)
آگ لگتی جھونپڑی جو نکلے سو لابھ
} (ہ) مثل۔ جاتی ہوئی شے میں سے جو کچھ مل جائے غنیمت ہے ٭

آگ لگے پر بلّی کا موت ڈھونڈنا (ہ) (دعو) (۱) بے وقت اور بے فائدہ کوشش کرنا (۲) کمیاب چیز کا تلاش کرنا ٭ **آگ لگے پر پانی کہاں؟** (ہ) مثل (۱) غصے کی حالت میں مروت کھو جاتی ہے (۲) محبت اور مطلب کے جوش میں حیا اور غیرت چلی جاتی ہے ٭ **آگ لگے پر کنوا‍ں کھودنا** (ہ) (۱) وقت گزر جانے کے بعد تدارک کرنا (۲) فضول کام کرنا ٭

آگ لگے تو بجھے جل سے
جل میں لگے تو بجھے کیسے
} (ہ) مثل۔ بچے کی اصلاح تو ہو سکتی ہے، لیکن عادی مجرم کی اصلاح ناممکن ہے ٭

آگ لینے آنا (ہ) کھڑے کھڑے آنا۔ آتے ہی جلد پلٹ جانا ٭ **آگ مٹنا** (ہ) (۱) تپک اور جلن جاتی رہنا (اب اس موقع پر "آگ بجھنا" زیادہ بولتے ہیں) (۲) دشمنی اور حسد نہ رہنا (۳) عشق، شوق۔ امنگ، جوش اور ولولہ جاتا رہنا ٭ **آگ میں آگ لگانا** (ہ) (۱) دکھی کو دکھانا (۲) فساد میں فساد پیدا کرنا (۳) غصے میں اور غصہ دلانا ٭ **آگ میں جھلس جانا** (ہ) آگ میں جل کر سیاہ ہو جانا ٭ **آگ میں بھون ڈالنا** (ہ) جلانا ٭ **آگ میں پانی ڈالنا** (ہ) فساد رفع کرنا۔ غصہ فرو کرنا ٭ **آگ میں پڑنا** (ہ) دوسرے کی بلا اپنے سر لینا۔ بلا یا مصیبت میں پھنسنا ٭ **آگ میں تیل ڈالنا** (ہ) (دیکھیے "آگ میں آگ لگانا") ٭ **آگ میں جو چیز پڑی (وہ) آگ ہے** (ہ) صحبت کا اثر یقیناً ہوتا ہے ٭ **آگ میں جھونک دینا** (ہ) (۱) آگ میں جلا دینا۔ آگ میں ڈالنا (۲) مصیبت میں ڈال دینا یا گرفتار کرنا (۳) سخت تکلیف دینا ٭ **آگ میں کود پڑنا یا کودنا** (ہ) جان کی پروا نہ کرنا۔ جلنے مرنے سے نہ ڈرنا۔ جان بوجھ کر کسی بلا میں مبتلا ہونا۔ سخت مصیبت میں قدم رکھنا ٭ **آگ میں گرنا** (ہ) (۱) جلتی ہوئی آگ میں گر پڑنا (۲) (مجازاً) مصیبت میں پھنسنا ٭ **آگ نکالنا** (ہ) چقماق یا پتھر وغیرہ سے آگ جھاڑنا ٭ **آگ نہ آگل لعل آگل** (ہ) مثل۔ اچھی باتیں کر ٭ **آگ ہو جانا (ہونا)** (ہ) (۱) بھبکنے لگنا۔ سخت گرم ہو جانا (۲) غصے سے لال پیلا ہو جانا۔ غصے میں بھر جانا (۳) ایندھن کا دہک جانا ٭

آگا (آ۔گا) (ہ) مذکر (۱) چہرہ۔ سامنا (۲) جسم کا اگلا رخ (۳) لباس کا وہ حصہ جس سے بدن کا اگلا رخ ڈھک جائے (۴) ہر چیز کا اگلا حصہ ٭ **آگا باندھنا** (و) مہرہ دبانا۔ سدِّ راہ ہونا۔ سامنا روکنا ٭ **آگا بھاری ہونا** (ہ) (عوام) (۱) راستے کا خطرناک ہونا

(۲) عورت کا حاملہ ہونا ٭ **آگا پیچھا** (ہ) مذکر (۱) لباس کا اگلا پچھلا حصّہ (۲) سامنے کا اور پیچھے کا حصّہ (۳) آغاز اور انجام (۴) انسان کے جسم کا اگلا پچھلا حصّہ ٭ **آگا پیچھا دیکھنا (سوچنا)** (ہ) کام کے آغاز اور انجام پر غور کرنا۔ نتیجے پر نظر ڈالنا ٭ **آگا پیچھا کرنا** (ہ) ہچکچانا۔ سوچ بچار کرنا۔ پس و پیش کرنا ٭ **آگا تاگا لینا** (ہ) (عو) (۱) خاطر تواضع کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۲) خیر لینا۔ بیمار کا حال پوچھنا ٭ **آگا دیکھا نہ پیچھا** (ہ) بُرا بھلا کچھ نہ سوچا۔ نتیجے پر نظر نہ کی۔ آغاز سوچا نہ انجام ٭ **آگا سنبھالنا** (ہ) (۱) دُور اندیشی کرنا۔ پہلے ہی کسی کام کا بندوبست کر لینا (۲) دشمن کی فوج کا سامنا کرنا ٭ **آگا مارنا** (ہ) سامنے سے حملہ کرنا ٭ **آگے** (آ۔ گے) (ہ) (۱) پیچھے کے برعکس (۲) مقابلے میں (۳) سامنے (۴) اس سے پہلے (۵) روبرو۔ جیتے جی (۶) اس کے بعد (۷) اس سے زیادہ (۸) آنے والے زمانے میں (۹) پرے (۱۰) دُور (۱۱) زیادہ (۱۲) پاس (۱۳) "سے" کے معنی میں جیسے "کے" کا لفظ اس سے پہلے ہو (۱۴) نظر میں۔ سمجھ میں (۱۵) بعد ٭ **آگے آگرہ پیچھے لاہور** (ہ) مثل۔ غلط راستے پر پڑے ہیں ٭ **آگے آگے** (ہ) (۱) پیچھے پیچھے کے برعکس (۲) قبل۔ پیشتر (۳) آنے والے زمانے میں ٭ **آگے آگے گرو پیچھے پیچھے چیلا** (ہ) مثل۔ جیسا اُستاد ویسا شاگرد ٭ **آگے آنا** (ہ) (۱) سامنے آنا (۲) بہت نزدیک آنا (۳) مقابلہ کرنا (۴) کام آنا (۵) پیش آنا (۶) نتیجہ حاصل ہونا۔ پھل پانا۔ کیے کی سزا پانا (۷) (عو) بے پردہ ہونا۔ کسی کے سامنے آنا ٭ **آگے آیت۔ یا۔ آگے آئی آیت** (د) مثل۔ بس۔ بات ختم ہوئی۔ فقرہ تمام ہوا۔ کام ہو چکا ٭ **آگے بڑھنا** (ہ) (۱) کوچ کرنا (۲) آگے چلنا (۳) دعویٰ کرنا (۴) بدزبانی کرنا (۵) (کنایۃً) مقابلے میں آ جانا (۶) پاس جانا (۷) بازی لے جانا (۸) ترقی کرنا (۹) استقبال کرنا ٭ **آگے بڑھو آگے چلو** (ہ) (۱) ہٹ جاؤ۔ چلے جاؤ (۲) بڑھو۔ بڑھے چلو۔ ترقی کرو ٭ **آگے پیچھے** (ہ) (۱) اِدھر اُدھر (۲) حاضر غائب (۳) لگاتار۔ یکے بعد دیگرے (۴) بے ترتیب (۵) غیر حاضری میں (اس موقع پر آگے کا لفظ زائد اور پیچھے کا تابع ہوتا ہے (۶) موقع پا کر (۷) دیر سویر ٭ **آگے پیچھے چلنا** (ہ) (۱) بے ترتیبی سے چلنا (۲) آگے بڑھ کر یا پیچھے ہٹ کر چلنا ٭ **آگے پیچھے سب چل بسیں گے** (ہ) مثل۔ ایک دن سب مر جائیں گے ٭ **آگے پیچھے ہاتھ دھرے ہونا** (ہ) ننگا ہونا۔ نہایت مفلس ہونا ٭ **آگے تقدیر** (د) (دیکھیے "آگے قسمت") ٭ **آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں پیچھے دیکھتے آنکھیں پھوٹیں** (ہ) مثل۔ (عو) اس مقام پر کہتی ہیں، جہاں کسی کام کے کرنے میں بھی خرابی ہو اور نہ کرنے میں بھی ٭ **آگے جانا** (ہ) (۱) دُور نکل جانا (۲) بازی لے جانا (۳) قریب جانا (۴) بڑھنا ٭ **آگے چلتے ہیں پیچھے کی خبر نہیں** (د) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کوئی انجام کو نہ سوچنے والا شخص ظاہری نفع دیکھ کر کسی کام کا ارادہ کرے اور آئندہ کے نقصان کا خیال نہ رکھے ٭ **آگے خدا کا نام** (د) (۱) بس خاتمہ ہے۔ اس سے زیادہ کچھ نہیں (۲) اس جگہ کہتے ہیں، جہاں کوئی چیز حسن میں ایسی اعلیٰ ہو کہ خدا آگے اس سے کوئی شے بڑھ کر نہ ہو ٭ **آگے خدا کا نام محمدؐ کا کلمہ** (د) (دیکھیے "آگے خدا کا نام") ٭ **آگے خیریت ہے** (د) جو کچھ ہونا تھا ہو چکا، اب اندیشہ نہ رکھو ٭ **آگے دوڑ پیچھے چھوڑ** (ہ) مثل۔ اس جگہ بولتے ہیں، جب کوئی ایک کام ادھورا چھوڑ کر دوسرے کی طرف متوجہ ہو ٭ **آگے دھر لینا** (ہ) (اب "آگے رکھ لینا" بولتے ہیں) (۱) سامنے رکھ لینا (۲) نظر کے سامنے آگے آگے حراست کے طور پر لے چلنا (۳) آگے لے کر فریاد کو چلنا (۴) زد پر رکھ لینا ٭ **آگے دھرنا** (ہ) (اب "آگے رکھنا" بولتے ہیں) (۱) سامنے رکھنا (۲) نذر کرنا (۳) آگے لے چلنا ٭ **آگے دیکھ کے** (ہ) (۱) دیکھ بھال کر (۲) ہوشیاری سے، سوچ سمجھ کر ٭ **آگے دیکھو** (ہ) دوسرے گھر جاؤ (فقیر کو ٹالنے کے موقع پر کہتے ہیں) ٭ **آگے دینا** (ہ) (۱) سامنے دینا (۲) زیادہ دینا (۳) چوٹ کرنے والے کی راہ میں کوئی چیز ڈال دینا تاکہ اس کا دھیان اُدھر ہو جائے ٭ **آگے ڈال دینا (ڈالنا)** (ہ) (۱) سامنے رکھ دینا (۲) بیوہ کی مدد کرنا ٭ **آگے رنگ لائے گا** (د) مثل۔ (۱) بعد میں حال ظاہر ہوگا (۲) آخر میں جھگڑا کریگا ٭ **آگے رہنا** (ہ) (۱) پیش پیش رہنا (۲) سامنے رہنا ٭ **آگے سے ہوتی آئی ہے** (ہ) پہلے سے اسی طرح ہوتا چلا آیا ہے ٭ **آگے قدم رکھنا** (د) (۱) آگے بڑھنا۔ پیش قدمی کرنا (۲) ترقی کرنا ٭ **آگے قدم نہ اُٹھنا** (د) (۱) تھکاوٹ ظاہر کرنے کے لیے (۲) رعب اور خوف ظاہر ہونے کے لیے ٭ **آگے قدم نہ پڑنا** (د) قدم بڑھانے کی ہمت نہ ہونا ٭ **آگے قسمت** (د) آئندہ جو نصیبوں میں ہوگا، وہ پیش آئے گا ٭ **آگے کا قدم پیچھے پڑنا** (د) ہٹتا جانا۔ گھبرا جانا ٭ **آگے کر دینا** (ہ) (عو) (۱) پردہ توڑ دینا۔ سامنے کر دینا (۲) اپنے بچاؤ کے لیے دوسرے کے سامنے کر دینا (۳) علم و ہنر میں دوسروں سے بڑھا دینا ٭ **آگے کنواں پیچھے کھائی** (ہ) مثل۔ کام کرنے میں بھی خرابی ہے اور نہ کرنے میں بھی ٭ **آگے کو** (ہ) آگے چل کر آنے والے زمانے میں ٭ **آگے کو کان ہوئے** (ہ) مثل۔ اب سنبھل گئے، آئندہ ایسا نہ ہوگا ٭ **آگے کی خدا جانے** (د) مثل۔ دیکھیے آئندہ کیا ہو ٭ **آگے لانا** (د) (عو) پردہ توڑ دینا۔ سامنے لانا ٭ **آگے مقدر** (د) آئندہ جو کچھ ہو ٭

آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا جیسے دھول میں لوٹے گدھا
آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا سب سے بھلا (اچھا) کمہار کا گدھا } (ہ) مثل (عو) لاوارث اور لاولد کے متعلق کہتی ہیں، جس کا کوئی پوچھنے والا نہ ہو۔ آزاد آدمی سب سے اچھا ہوتا ہے ٭ **آگے نکال رکھنا** (ہ) بے پڑھے سبق کو دیکھ رکھنا۔ مطالعہ کر رکھنا ٭ **آگے نکل جانا** (ہ) بڑھ جانا۔ بازی لے جانا ٭ **آگے نہ چلنا** (ہ) (۱) مشہور نہ ہونا۔ رواج نہ پانا (۲) قائم نہ رہنا۔ مٹ جانا (۳) زیادہ نہ پڑھا جانا۔ حل نہ ہونا (۴) مقابلے میں قدم نہ اُٹھنا (۵) کسی کے سامنے سرسبز نہ ہونا۔ پیش نہ ہونا ٭ **آگے نہ ہونا** (ہ) سامنے نہ آنا۔ مقابلہ نہ کرنا ٭ **آگے ہاتھ نہ پیچھے پات** (ہ) مثل۔ نہایت مفلس۔ بالکل کنگال ٭ **آگے ہونا** (ہ) (۱) قدم بڑھانا (۲) لڑنے کو آمادہ ہونا۔ مقابلہ کرنا (۳) بازی لے جانا (۴) ترقی کرنا ٭

آگے ہی (ہ) پہلے ہی ٭

آگاہ۔ آگہ (آ۔ گاہ، آ۔ گہ) (ف) کام جاننے والا۔ ہوشیار۔ واقف۔ رازدان (اگر با ہونا کے ساتھ)

آگاہی۔ آگہی (ف) مؤنث۔ ہوشیاری۔ علم۔ واقفیت۔ اطلاع۔ خبر ٭

آگاہی پانا (د) واقف ہونا۔ خبر پانا ٭ **آگاہی دینا** (د) مطلع کرنا ٭

آگرہ (آگ۔ رَہ) (ہ) مذکر۔ دریائے جمنا کے کنارے ایک مشہور شہر، جسے اکبر بادشاہ نے بسا کر اس کا نام اکبرآباد رکھا تھا۔ روضہ تاج محل اسی شہر میں واقع ہے ٭

آگری (آگ۔ ری) (ہ) مؤنث (دہلی) چوڑیاں ٭

آگیا (آگ - گیا) (س) مؤنث۔ حکم۔ فرمان۔ امر۔ اجازت۔ ارشاد ؛ **آگیا پالنا** (ہ) حکم ماننا۔ ارشاد کی تعمیل کرنا۔ اجازت پر چلنا۔ فرماں برداری کرنا ؛

آ-ل

آل (آل) (ہ) مؤنث (۱) پیاز کی پرتی اور ڈنٹھل (۲) لمبا گھیا۔ کدو (۳) زمین کے نیچے کی تری۔ سطح زمین کی نمی (۴) ایک درخت، جس کی جڑ سے سرخ رنگ نکلتا ہے ؛ **آل کا انڈا** (ہ) مذکر۔ لڑکوں کا ایک کھیل جس میں غریب لڑکے کو چپتیں لگاتے ہیں ؛ **آل کا رنگ** (ہ) مذکر۔ سرخ رنگ، جو آل کی لکڑی سے نکلتا ہے ؛

آل (آل) (ت) مؤنث۔ لال۔ سرخ رنگ ؛ **آل تمغا**۔ مذکر (۱) سرخ مہر (۲) موروثی شاہی عطیتوں کا فرمان اور سند (۵) مایۂ ناز چیز ؛

آل (آل) (ع) مؤنث (۱) بیٹا بیٹی۔ اولاد۔ خاندان۔ نسل (۲) (کنایتہً) اہل بیت ؛ **آل اولاد** (ع) مؤنث۔ بیٹا بیٹی۔ پوتا پوتی اور ان کے بچے۔ خاندان۔ نسل ؛ **آلِ پیغمبرؐ۔ آلِ رسولؐ۔ آلِ نبیؐ** (ع۔ف) مؤنث۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کی اولاد، سادات ؛ **آلِ عبا** (ع) مؤنث۔ حضرت فاطمہ زہراؓ، حضرت علیؓ، حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ سے آنحضرت ؛

آل (آل) (انگ۔ All) کُل۔ سب۔ تمام۔ جملہ۔

آل پاکستان مسلم لیگ (انگ۔ All Pakistan Muslim League) مؤنث۔ پاکستان کے تمام مسلمانوں کی متفقہ سیاسی مجلس ؛

آلا (آ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) دیوار میں چراغ وغیرہ رکھنے کی جگہ۔ طاقچہ (۲) (صفت) کچا۔ ہرا زخم، جو بھرا نہ ہو (۳) گنجفے میں دونوں طرف سر کرنا (۴) ڈھنگ (۵) تر۔ گیلا (۶) ختم نہ ہونے والی بات۔ لمبی کہانی ؛ **آلا بالا** (ہ) مذکر (۱) ٹال مٹول (۲) ڈھاک کو گولر بنانا (۳) کاہلی۔ سستی (۴) فریب۔ چال ؛ **آلا پٹ جانا** (ہ) گنجفے میں دونوں طرف سر کرنے سے فارغ ہو جانا ؛ **آلا دے نوالہ** (ہ) مثل۔ اس مقام پر کہتے ہیں، جب کوئی کمینہ بلند مرتبہ حاصل کرلے، لیکن اس کی فطری کمینگی نہ جائے ؛ **آلا رہنا** (ہ) زخم تازہ رہنا ؛ **آلا کرنا** (ہ) گنجفے میں دونوں طرف سر کرنا ؛ **آلا کھل جانا** (ہ) آلا پٹ جانا ؛ **آلا کھیلنا** (ہ) آلا کرنا ؛

آلا (آ۔ لا) (ف) آلودن کا امر۔ اسم سے مل کر مفعول کے معنی دیتا ہے۔ جیسے حسرت آلا یعنی حسرت بھرا ہوا ؛

آلات (آ۔ لات) (ع) مذکر۔ آلہ کی جمع (۱) اوزار۔ ہتھیار (۲) ساز و سامان۔ لوازم ؛ **آلاتِ حرب** (ع) مذکر۔ لڑائی کے ہتھیار ؛ **آلاتِ کشاورزی** (ع۔ف) مذکر۔ کھیتی باڑی کے اوزار ؛

آلاراسی (آ۔ لا۔ را۔ سی) (ہ) لاابالی۔ بے فکر۔ بے پروا ؛

آلام (آ۔ لام) (ع) مذکر۔ الم کی جمع۔ غم اور رنج۔ فکر اور مصیبت ؛

آلان (آ۔ لان) (ہ) مذکر (۱) ہاتھی کا پاؤں باندھنے کی زنجیر یا کھڑا (۲) ہاتھی کی پیٹھ کا گدا ؛

آلائش (آ۔ لا۔ ئش) (ف) مؤنث (۱) میل کچیل۔ آلودگی (۲) ناپاکی (۳) پیٹ کی انتڑیاں وغیرہ (۴) پھوڑے کی پیپ۔ لہو۔ ریم۔ مواد (۵) ٹوٹا پھوٹا سامان۔ کوڑا کرکٹ ؛

آلت (آ۔ لت) (ع) مذکر (۱) ہتھیار۔ اوزار (۲) آلۂ تناسل (۳) برتن (۴) جہاز کی رسی ؛

آلتی پالتی (آل۔ تی + پال۔ تی) (ہ) مؤنث ؛ چار زانو۔ بیٹھنے کا ایک طریقہ ؛ **آلتی پالتی مار کر بیٹھنا** (ہ) چار زانو بیٹھنا ؛

آلسی (آل۔ سی) (ہ) سست ؛ **آلسی سدا روگی** (ہ) مثل۔ سست آدمی ہمیشہ بیمار رہتا ہے ؛

آلکس۔ آلکسی (آل۔ کس، آل۔ کسی) (ہ) مؤنث۔ سستی ؛ **آلکسیا** (ہ) مذکر۔ سست آدمی ؛

آلن (آ۔ لن) (ہ) مذکر۔ بیسن یا آٹا، جو ساگ میں ڈالتے ہیں۔ پیٹھی ؛

آلنا (آل۔ نا) (ہ) مذکر۔ گھونسلا۔ گھر ؛

آلنگ (آ۔ لنگ) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑی کی مستی (۲) مذاقاً عورت کے متعلق بھی کہتے ہیں ؛

آلو (آلو) (ہ) مذکر۔ جڑ کی قسم سے ایک مشہور گول ترکاری ؛ **آلو** (ف) مذکر۔ آلو بخارا ؛ **آلو بخارا** (ف) مذکر۔ ایک مشہور کھٹ مٹھا پھل، جو بخارا سے منسوب ہے ؛ **آلو کا دلما** (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کھانا، جو آلو میں قیمہ بھر کر تیار کیا جاتا ہے ؛

آلوچہ (آ۔ لو۔ چہ) (ف) مذکر۔ آلو بخارا کی شکل کا ایک مشہور ترش میوہ ؛ **آلو شفتالو** (ہ) مذکر۔ لڑکوں کا ایک کھیل، جس میں ایک لڑکا دوسرے کی پیٹھ پر سوار ہوتا ہے ؛

آلود (آ۔ لود) (ف) لتھڑا ہوا ؛

آلودگی (آ۔ لو۔ دگی) (ف) مؤنث (۱) گندگی۔ آلائش (۲) دنیا کے تعلقات ؛

آلودہ (آ۔ لو۔ دہ) (ف) (۱) بھرا ہوا (۲) بُرے کام کرنے والا ؛ **آلودہ دامن** (ف) گنہگار ؛ **آلودہ دامنی** (ف) مؤنث۔ گنہگاری ؛ **آلودۂ دنیا** (ف۔ع) دنیا کی محبت میں پھنسا ہوا ؛ **آلودۂ عصیاں۔ آلودۂ معصیت** (ف۔ع) گنہگار ؛

آلہ (آ۔ لہ) (ع) مذکر (۱) خاص ظرف (۲) ہتھیار (۳) اوزار (۴) کسی چیز کے حاصل کرنے کا ذریعہ ؛ **آلۂ تناسل** (ع) مذکر۔ مرد کا عضوِ مخصوص۔ ذکر۔ کیر۔ قضیب۔ لنگ۔ اندری ؛ **آلۂ حرارت** (ف۔ع) مذکر۔ گرمی دیکھنے کا آلہ ؛ **آلۂ کار** (ف) مذکر۔ کام کا آلہ۔ وسیلہ۔ ذریعہ ؛ **آلۂ مہلک** (ع) مار ڈالنے کا ہتھیار ؛

آلھا (آ۔ لھا) (ہ) مذکر (۱) ایک بہادر راجہ (۲) (مجازاً) لمبی بے بنیاد باتیں ؛ **آلھا گانا** (ہ) (۱) راجہ آلھا کے حالاتِ جنگ گانا (۲) (مجازاً) اپنی ہی کہے جانا۔ بات کو نہایت لمبا کرنا ؛

آلی (آ۔ لی) (ہ) (۱) گیلی۔ تر (۲) کچی (۳) مؤنث۔ سہیلی (۴) کنواری ؛ **آلی زچہ** (ہ) مؤنث۔ وہ زچہ، جسے بچہ جنے ایک ہفتہ نہ گزرا ہو ؛

آلے بالے (آ۔ لے، با۔ لے) (ہ) مذکر۔ بہانے۔ حیلے حوالے (لکھنؤ کے فصحا "ٹالے بالے" کہتے ہیں) ؛

آ-م

آم (آم) (ہ) مذکر۔ پاک و ہند کا ایک مشہور پھل ؛ **آم بوؤ آم کھاؤ، املی بوؤ املی کھاؤ** (ہ) مثل۔ جیسا کرو گے، ویسا بھرو گے (پاؤ گے) ؛ **آم پال رکھنا (ڈالنا)** (ہ) کچے آموں کو پکنے کی غرض سے ایک خاص طریق پر پھوس وغیرہ میں رکھ دینا ؛ **آم پھلنا** (ہ) آم کی فصل ہونا۔ آم کا درخت میں لگنا ؛ **آم تراشنا** (ہ) آم کو

چاقو سے کاٹنا ۞ **آم ٹپکنا** (ہ) آم کا پک کر شاخ سے گرنا ۞ **آم چوسنا** (ہ) آم کو ہاتھوں سے نرم کر کے اُس کا رس چوسنا ۞ **آم ڈھلی جانا** (ہ) دیر تک پڑا رہنے کے سبب آم کا زیادہ ملائم ہو کر بے مزہ ہو جانا ۞ **آم کا ٹپکا لگنا** (ہ) شاخ سے آم کے خود بخود گرنے کا آغاز ہونا ۞ **آم کھانا** (ہ) چاقو سے آم کی قاشیں کر کے کھانا ۞ **آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے؟** (ہ) مثل۔ مطلب سے مطلب ہے، بے فائدہ باتوں سے کیا غرض؟ **آم کھائیے پال کا، خربوزہ کھائیے ڈال کا، پانی پیجیے تال کا** (ہ) مثل۔ آم پال کا پکا ہؤا، خربوزہ بیل سے توڑا ہؤا کھانا اور پانی صاف ستھرے تالاب کا پینا چاہیے ۞ **آم کے آم گٹھلی کے دام** (ہ) مثل۔ اس جگہ بولتے ہیں، جہاں کام میں ہر طرح نفع یا دُہرا فائدہ ہو ۞ **آم گھاس** (ہ) مذکر۔ بُرا بھلا ۞ **آم میں مَور آنا** (ہ) آم کے پیڑ میں پھول آنا ۞ **آم ہلانا** (ہ) آم کے پیڑ پر چڑھ کر شاخوں کو ہاتھ پاؤں سے حرکت دینا ۞ **آم ہونا** (ہ) آم کا پھلنا۔ آم کی فصل ہونا ۞

آمن (آ۔مَن) (ہ) مؤنث۔ پتلا اور لمبا آم ۞

آماج (آ۔ماج) (ف) مذکر۔ نشانہ۔ نشانے کا نقطہ ۞ **آماج گاہ** (ف) مذکر و مؤنث۔ نشانے کی جگہ ۞

آمادگی (آ۔ما۔دِگی) (ف) مؤنث (۱) مستعدی۔ تیاری (۲) رضامندی ۞

آمادہ (آ۔ما۔دَہ) (ف) (۱) تیار۔ مستعد (۲) رضامند۔ راضی (بیٹھنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ۞

آمادۂ فساد (ف۔ع) فساد کے لیے تیار۔ فسادی ۞

آماس (آ۔ماس) (ف) مذکر۔ سوجن۔ پھلاوا۔ ورم ۞ **آماس کر آنا (کر جانا)** (د) سوج جانا ۞

آمد (آ۔مَد) (ف) مؤنث (۱) آنا (گیا کے برعکس) (۲) آنے کی علامتیں (۳) آنے کی خبر (۴) آمدنی (۵) یافت۔ محاصل (اس موقع پر "آمدنی" زیادہ بولتے ہیں) (۶) جو بات تکلف اور بناوٹ کے بغیر دل میں پیدا ہو۔ بے تکلفی۔ بے ساختگی (۷) خیالات اور مضامین کا لگاتار ذہن میں آنا (۸) زہرا فشاں (۹) ڈھول دھپا (۹) بازار میں رسد اور اجناس کا بہتات سے آنا (۱۰) اس وقت کہتے ہیں، جب تاش، گنجفے، چوسر اور پچیسی میں زیادہ بازی اور پَو آئے ۞ **آمد آمد** (ف) مؤنث آنے کی خبر مشہور ہونا ۞ **آمد برآمد کے دن** (د) مذکر۔ موسم بدلنے کا زمانہ ۞ **آمدم برسرِ مطلب** (ف) مثل۔ اب میں اصل بات کہتا ہوں ۞ **آمدن بہ ارادت، رفتن بہ اجازت** (ف) مثل۔ آنا اپنے ارادے پر اور رخصت ہونا دوسرے کی اجازت پر موقوف ہے ۞

آمدنی (ف) مؤنث۔ نفع۔ یافت۔ مداخل۔ محاصل۔ پیداوار ۞ **آمدنی کے سر سہرا ہے** (د) عیش و آرام آمدنی ہی پر موقوف ہے ۞ **آمد و خرچ** (د) مذکر۔ آمد اور خرچ۔ حاصل اور صرف۔ آنا اور نکلنا ۞ **آمد و رفت** (ف) مؤنث (۱) آنا جانا (۲) (مجازاً) راہ و رسم۔ میل ملاپ۔ واسطہ۔ تعلق ۞ **آمد و رفت بند ہونا** (د) (۱) راستہ رک جانا (۲) رسم و راہ چھوٹ جانا ۞ **آمد و رفت جاری ہونا** (د) رُکی ہوئی آمد و رفت کا پھر شروع ہو جانا ۞ **آمد و رفت رہنا** (د) (۱) آتے جاتے رہنا (۲) میل ملاپ باقی ہونا ۞ **آمد و رفت لگانا** (د) بار بار آنا جانا ۞ **آمد و رفت لگی رہنا** (د) آنے جانے کا تار لگا رہنا ۞ **آمد و شد** (ف) مؤنث (۱) آنا جانا (۲) رہ گزر (۳) رسم و راہ ۞

آمر (آ۔مِر) (ع) مذکر۔ حکم دینے والا۔ حاکم۔ مختارِ مطلق۔ ڈکٹیٹر ۞

آمرزش (آ۔مُر۔زِش) (ف) مؤنث۔ بخشش۔ معاف کرنا ۞

آمرزگار (آ۔مُر۔زْ۔گار) (ف) بخشنے والا۔ رحیم۔ معاف کرنے والا۔ خدا ۞

آملہ (آ۔مْلَہ) (ف) مذکر۔ آنولا۔ ایک مشہور ترش پھل، جس کا اچار اور مربا ڈالا جاتا ہے ۞

آمَن (آ۔مَن) (ع) بڑا بے خوف ۞

آمِن (آ۔مِن) (ع) بے خوف ۞

آمنا سامنا (آم۔نا۔سام۔نا) (ہ) مذکر (۱) مڈبھیڑ۔ مقابلہ (۲) بے پردگی (۳) باہم تلخ ترش باتیں۔ لڑائی ۞

آمنّا و صدّقنا (آ۔مَن۔نا۔وَ۔صَد۔دَق۔نا) (ع۔ف) (۱) ہم ایمان لائے اور ہم نے تصدیق کی (۲) سچ ہے۔ ٹھیک ہے۔ بجا ہے۔ درست ہے ۞

آمنہ (آ۔مِنَہ) (ع) مؤنث۔ رسول اللہ صلعم کی والدۂ ماجدہ کا نام ۞

آموختہ (آ۔موخ۔تَہ) (ف) پڑھا ہؤا۔ پچھلا پڑھا ہؤا۔ پچھلا سبق ۞ **آموختہ پڑھنا (سنانا)** (۱) پڑھے ہوئے کو دُہرانا۔ پچھلا سبق سنانا (۲) (مجازاً) رُک رُک کر بات کہنا، اٹک اٹک کر پڑھنا (۳) اندھا دُھند پڑھے جانا ۞

آموزگار (آ۔موز۔گار) (ف) سکھانے والا۔ پڑھانے والا۔ معلم۔ اُستاد ۞

آمیزش (آ۔میِ۔زِش) (ف) مؤنث۔ ملونی۔ ملاوٹ۔ میل (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۞

آمین (آ۔مِین) (ع) مؤنث (۱) ایک کلمہ، جو دُعا قبول ہونے کے لیے کہتے ہیں۔ ایسا ہی ہو۔ تاکید کے لیے آمین آمین یا آمین ثم آمین کہتے ہیں ۞ **آمین آمین ہونا** (د) امن و امان اور سکھ چین ہونا ۞ **آمین اللہ** (د) (ع) مؤنث۔ دُعا اور بددُعا کے بعد "آمین" کے بجائے کہتی ہیں ۞

آ-ن

آن (آن) (ع) مؤنث (۱) ساعت۔ وقت (۲) لمحہ بھر۔ دم بھر۔ تھوڑی دیر ۞

آن (آن) (ف) مؤنث (۱) چھب۔ حسن کی شان۔ معشوق کی ادا۔ ناز و انداز ۞

آں (آں) (ف) وہ ۞ **آں حضرت۔ آنحضرت** (ف۔ع) مراد ہے رسول اللہ صلعم سے ۞ **آں دفتر را گاؤ خورد** (ف) مثل۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کسی ایسی چیز کا ذکر کریں، جس کا نام و نشان تک باقی نہ ہو ۞ **آں را کہ حساب پاک است، از محاسبہ چہ باک** (ف) مثل۔ جس شخص کا حساب صاف ہو، اسے آزمائش یا جانچ پڑتال کا خوف نہیں۔ جو چور نہیں، اسے حاکم کا کیا ڈر ۞

آں سرور۔ آنسرور (ف۔ع) نبی کریم صلعم سے مراد ہے۔ کبھی اس سے حضرت امام حسینؓ بھی مراد لیتے ہیں ۞ **آں قدح بشکست و آں ساقی نماند** (ف) مثل۔ وہ پیالہ ٹوٹ گیا اور وہ ساقی نہ رہا۔ اس وقت کہتے ہیں، جب گزری ہوئی صحبتوں کو حسرت سے یاد کیا جائے ۞

آن (آن)، (ہ) مؤنث (ع) (۱) قسم - عہد (۲) (ع) روک ٹوک (۳) ہٹ - ضد، خصلت - عادت (۴) وضع کا پاس - آبرو (۵) تمنا - مراد (۶) "آنا" سے مشتق (پہلے یہ "آ" کے بجائے لکھنؤ میں عام استعمال کیا جاتا تھا، اب صرف دہلی میں بولتے ہیں، مثلاً آن بنی - آن پڑی - آن کر وغیرہ) ٭ **آن بان** (ف) مؤنث (۱) سج دھج - شان و شوکت (۲) وضع داری - (۳) ناز و ادا - گھمنڈ - غرور (۴) ضد - ہٹ ٭ **آن بان سے رہنا** (ف) وضع بنائے رہنا - ٹھاٹھ سے رہنا ٭ **آن بان والا** (ف) (۱) باوضع - غیرت دار (۲) مغرور ٭ **آن تان** (ف) مؤنث (۱) شان - خودداری - ناز (۲) رکھ رکھاؤ - وضع داری (اب لکھنؤ میں اس موقع پر "آن بان" زیادہ بولتے ہیں) ٭ **آن توڑنا** (ف) (۱) قسم توڑنا - قول قرار توڑنا (۲) پرانے رواج کے خلاف کرنا ٭ **آن جانا** (ف) بات جانا ٭ **آن کا مہمان** (ف) مذکر - کوئی دم کا مہمان ٭ **آن کہاں ہو گیا** (ف) (ع) ستیاناس ہو گیا - تباہ ہو گیا (زیادہ تر اس موقع پر بولتی ہیں، جہاں کسی چیز کی نحوست سے تباہی ہو) ٭ **آن کی آن** (ف) تھوڑی دیر - ساعت کی ساعت - دم کے دم ٭ **آن کی آن میں** (ف) فوراً - ذرا سی دیر میں - دم بھر میں ٭ **آن لگنا** (ف) (۱) پاس آ جانا (۲) ختم ہونے کو آنا (اب لکھنؤ میں متروک ہے) ٭ **آن لینا** (ف) دبانا - آ پکڑنا (اب لکھنؤ کے فصحا استعمال نہیں کرتے) ٭ **آن میں کچھ ہے، آن میں کچھ ہے** (ف) مثل - غیر مستقل مزاج شخص کے متعلق بولتے ہیں کہ اس کے کہنے اور کرنے کا کچھ بھروسا نہیں - ابھی کچھ ہے، ابھی کچھ ٭ **آن نکلنا** (ف) (۱) شان ظاہر ہونا (۲) معشوقانہ انداز پائے جانا ٭

آنا (آ-نا)، (ہ) (۱) "جانا" کے برعکس (۲) پہنچنا (۳) نظر آنا - دکھائی دینا (۴) چلنا (۵) نکلنا (۶) پھرنا (۷) گھسنا (۸) اُترنا (۹) طلوع ہونا - نمودار ہونا (۱۰) پھولنا - پھلنا (۱۱) پیدا ہونا (۱۲) مائل ہونا - آمادہ ہونا (۱۳) گزرنا - بیتنا (زمانے کے ساتھ) (۱۴) سامنے سے ہو کر نکلنا (۱۵) گھُس جانا (جی - طبیعت - بُرجی - دل کے ساتھ) (۱۶) پڑ جانا (جان اور روح کے ساتھ) (۱۷) چڑھنا (۱۸) کسی کام پر قدرت رکھنا (۱۹) معلوم ہونا (۲۰) سنائی دینا (۲۱) بِکنا (۲۲) نیچے اترنا - نازل ہونا (۲۳) تشریف لانا - وارد ہونا (۲۴) پڑنا - ٹپکنا - برسنا (۲۵) گرنا (۲۶) پھنسنا (۲۷) لگ جانا (۲۸) پیچ کرنا - جنا - اُڑنا (۲۹) چھپنا (۳۰) اُمنڈنا (۳۱) ("زنگ" کے ساتھ) چڑھنا (۳۲) ("زنگ" کے ساتھ) لگنا (۳۳) ٹھیک ہونا (۳۴) سمانا (۳۵) جمع ہونا (۳۶) ("مرض" کے ساتھ) چڑھنا - عارض ہونا (۳۷) واقع نکلنا (۳۸) حاصل ہونا - ملنا (۳۹) فرض ہونا (۴۰) شمار ہونا (۴۱) جانے دینا (ان معنی میں صیغۂ حاضر کے سوا اور مشتقات کے ساتھ مستعمل نہیں) (۴۲) ہونا (۴۳) شروع ہونا (۴۴) کسی کیفیت کا جوش پر ہونا جیسے پیار آنا (۴۵) اجازت دینا (۴۶) عاشق ہونا (۴۷) پکنا (۴۸) قائم ہونا - برپا ہونا (۴۹) مقابلہ کرنا (صرف صیغۂ حاضر کے ساتھ) (۵۰) پس جانا - دب جانا (۵۱) سوار ہونا (جن اور بھوت کے ساتھ) (۵۲) مول آنا (۵۳) بڑھنا - لٹکنا (۵۴) ظاہر ہونا (۵۵) پھول جانا (دم وغیرہ) ٭ **آنا جانا** (ہ) (۱) آمد و رفت رکھنا (۲) چڑھنے اترنے کے موقع پر (۳) آنا شروع ہونے کی جگہ ٭

آناً فاناً (آ-نَن، فا-نَن) (ع) (۱) فوراً - یک لخت - ایکا ایکی (۲) دم بہ دم ٭

آناکانی (آ-نا، کا-نی) (ہ) مؤنث - ٹال مٹول - چشم پوشی ٭ **آناکانی دینا (کرنا)** (ہ) جان بوجھ کر ٹال جانا ٭

آنب (آنْب) (ہ) مذکر - آم ٭

آنبا ہلدی (آن-با، ہَل-دی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی سرخ ہلدی ٭

آنت (آنْت) (ہ) مؤنث (۱) انتڑی (۲) طول طویل بات، بہت لمبی چیز ٭ **آنتوں کا بل کھلنا** (ہ) (۱) فاقوں کے بعد پیٹ بھر کر کھانا (۲) بھوک لگنا ٭ **آنتوں کا قل ہو اللہ پڑھنا** (ف) سخت بھوکا ہونا ٭ **آنتوں میں بل پڑنا** (ہ) پیٹ میں بل پڑنا - پیٹ میں درد شروع ہو جانا ٭ **آنتیں اُلٹ جانا** (ہ) قے ہونا ٭ **آنتیں سوکھنا** (ہ) (ع) بھوک سے فریاد کرنا کے موقع پر بولتی ہیں ٭ **آنتیں گلے پڑنا** (ہ) مصیبت پڑنا ٭ **آنتیں گلے میں آنا** (ہ) بلا میں پھنسنا - مصیبت میں گرفتار ہونا ٭ **آنتیں منہ میں آنا** (ہ) سخت بے قرار ہونا - ناک میں دم آنا ٭

آنٹ (آنْٹ) (ہ) مؤنث (۱) وہ لکیر، جو سنار سونے یا چاندی کا کھرا پن یا کھوٹ معلوم کرنے کے لیے سوہن سے کھینچتے ہیں (دینا، لگانا کے ساتھ) (۲) (ہندو) گانٹھ - گرہ (۳) (ہندو) بل - پیچ (۴) (عوام) دشمنی - حسد ٭ **آنٹ پڑنا** (ہ) (عوام) گرہ پڑنا - دشمنی پیدا ہو جانا ٭ **آنٹ سانٹ** (ہ) مؤنث (۱) ملی بھگت - سازش - باہمی صلاح مشورہ (۲) محبت - دوستی - میل ملاپ (۳) جھگڑے کا فیصلہ ٭ **آنٹ لگانا** (ہ) (۱) بند کرنا - روکنا (۲) چاندی کو تپا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا (۳) گرہ لگانا (۴) رقابت کرنا - عداوت کرنا - جھگڑا اُٹھانا ٭

آنٹھی، آنٹی (آن-ٹھی، آن-ٹی) (۱) لچھی - مروڑی (۲) لکڑی یا گھاس کا گٹھا (۳) دھاگے کا لچھا یا گچھا (۴) پھندا - گانٹھ، جس میں کوئی چیز اٹکائی جائے (۵) کشتی میں ٹانگ اڑانا ٭ **آنٹھی (آنٹی) دینا یا لگانا** (ہ) اڑنگا لگانا - کشتی میں ٹانگ اڑانا - حریف کی گردن میں ہاتھ ڈال کر اسے کولے پر اٹھا لینا ٭

آنچ (آنْچ) (ہ) مؤنث (۱) لوکا - شعلہ - لو (۲) تپش - گرمی (۳) جوشش - تاؤ (۴) ممتا - بچوں کا جوشش - مادری جوش (۵) (تلواروں کے لیے) چمک - گرمی (۶) صدمہ (۷) نقصان (۸) وہ محبت، جو عورت اور مرد میں اکٹھے ہونے سے پیدا ہوتی ہے ٭ **آنچ آنا** (ہ) چوٹ لگنا - صدمہ پہنچنا - تکلیف پہنچنا - نقصان ہونا ٭ **آنچ پہنچنا** (ہ) صدمہ پہنچنا ٭ **آنچ دکھانا** (ہ) آگ پر گرم کرنا ٭ **آنچ دینا** (ہ) تاؤ دینا ٭ **آنچ کا کھیل ہے** (ہ) (کیمیاگروں، رکاب داروں، حلوائیوں اور باورچیوں کا محاورہ) ذرا آنچ تیز ہو گئی تو خرابی، دھیمی ہو گئی تو خرابی ٭ **آنچ کرنا** (ہ) (عوام) آگ سلگانا اور روشن کرنا ٭ **آنچ کڑی ہونا** (ہ) آگ کے شعلے تیز ہونا ٭ **آنچ کھانا** (ہ) پگھل جانا - تاؤ کھانا - پکنا ٭ **آنچیں نکلنا** (ہ) (۱) شعلے اٹھنا (۲) زیادہ سوزش اور گرمی کے موقع پر کہتے ہیں کہ جسم سے آنچیں نکلتی ہیں، در و دیوار سے آنچیں نکلتی ہیں ٭

آنچل (آن-چَل) (ہ) مذکر (۱) پیچے، دوشالے، اوڑھنی، چادر وغیرہ کا کنارہ (۲) دامن کا کنارہ (۳) (عو - لکھنؤ) سینہ چھاتی ٭ **آنچل پکڑنا** (ہ) (عو) انعام طلب کرنا ٭ **آنچل پکنا** (ہ) (عو - لکھنؤ) عورت کی چھاتی میں زخم ہونا ٭ **آنچل پلو** (ہ) مذکر - منقش کی جھالر، جو دلہا دلہن کے بھاری جوڑوں اور اوڑھنی، دوپٹے یا

رومال وغیرہ کے کناروں پر ٹانکتے ہیں ٭ آنچل پھاڑنا (ہ) (۱) دوپٹّے کا کنارہ
پھاڑنا (۲) ایک قسم کا ٹوٹکا، جادو (۳) بے ادبی یا گستاخی سے بات کرنا (۴) گھونگٹ
کے دنوں میں دلھن کا تڑاق تڑاق باتیں کرنا (۵) پردہ نشین عورت کا غیر محرم سے
گفتگو کرنا ٭ آنچل ڈالنا (ہ) (عو) نکاح کے بعد دولھا کا دلھن کے گھر میں جانا
اور دولھا کی بہنوں کا اس کے سر پر آنچل ڈال کر نیگ مانگنا ٭ آنچل سر پر ڈالنا
(ہ) آرسی مصحف کی رسم ادا کرنے میں دولھا اور دلھن کے سر پر سُرخ کپڑا اڑالنا ٭
آنچل کترنا (ہ، عو) آنچل پھاڑنا ٭ آنچل منہ پر رکھنا (لینا) (ہ) (۱) گھونگھٹ نکالنا (۲)
ناچ میں بھاؤ بتانے کی ادا دکھاتے وقت دوپٹّے کا دامن منہ پر لینا ٭ آنچل میں بات باندھ رکھو
(ہ) مثل بھولو نہیں یاد رکھو ٭ آنچل میں گرہ دینا (۱) کسی بات کو یاد رکھنے کیلیے دامن میں گرہ لگانا ٭
آنچل اور دامن میں فرق۔ آنچل اوڑھنے کے کپڑے کیلیے مستعمل ہے، دلھن پہننے کے مثلاً دوپٹّے کا آنچل کُرتے کا دامن

آندو (آں۔ دُو) (ہ) مذکر۔ وہ زنجیر، جو مشہور پہلوان کشتی جیتنے کے بعد پاؤں میں پہنتے ہیں ٭

آندھل جھپٹ (آں۔ دُھل، جھَپَٹ) (ہ) اندھا دھند۔ جلد جلد۔ بیہودہ ٭

آندھی (آں۔ دِھی) (ہ) مؤنث (۱) نہایت تیز و تند ہوا۔ صرصر (۲) گرد و غبار والی تیز ہوا
(۳) نہایت تیز۔ چُست۔ مستعد۔ چالاک ٭ آندھی آنا (ہ) تیز ہوا کا طوفان
اٹھنا۔ باد صرصر کا چلنا ٭ آندھی آئے بلٹھ جائے، مینہ آئے
بھاگ جائے (ہ) مثل۔ تھوڑی تکلیف کو جھیل لینا اور زیادہ مصیبت کے وقت
اس سے بچنے کے لیے پناہ لینی چاہیے ٭ آندھی اُٹھنا (ہ) آندھی کا اونچا ہونا ٭

آندھی پانی (ہ) مذکر۔ آندھی اور بارش کا طوفان۔ باد و باراں۔ ابر و باد ٭
آندھی تھمنا یا ٹھہرنا (ہ) آندھی کا بند یا کم ہو جانا ٭ آندھی جائے مینہ
جائے (ہ) مثل۔ خواہ کچھ ہو جائے ٭ آندھی چڑھنا (ہ) (دیکھیے آندھی اٹھنا)،
آندھی چلنا (ہ) نہایت تیز و تند ہوا چلنا ٭ آندھی چھانا (ہ) آندھی کا غبار چھا جانا ٭
آندھی کاٹنا (ہ) (عوام) آندھی کو دفع کرنے کے لیے افسون پڑھ کر انگلی سے
اُدھر اشارہ کرنا ٭ آندھی کا کوا (ہ) سخت پریشان حال۔ مصیبت کا مارا ٭ آندھی
کی طرح آنا (ا) زور شور سے آنا۔ فوراً آنا ٭ آندھی کی طرح آیا،
بگولے کی طرح گیا (ا) مثل۔ آتے ہی فوراً چلا گیا ٭ آندھی کی طرح
طبیعت آنا (ا) بے اختیار کسی پر فریفتہ ہو جانا ٭ آندھی کے آم
(ہ) (محاورہ) نہایت سستی اور بے قدر چیز۔ مفت کی چیز ٭ آندھی ہونا (ہ)
جلد بازی کرنا۔ بے حد تیزی سے کوئی کام کرنا ٭

آنڈو (آں۔ ڈُو) (ہ) (دیکھیے آندو) ٭

آنڈی بانڈی (آں۔ ڈِی، باں۔ ڈِی) (ہ) مؤنث }
آنڈے بانڈے (آں۔ ڈِے، باں۔ ڈِے) (ہ) مذکر } سیر۔ گشت ٭

آنڈی بانڈی (آنڈے بانڈے) کھانا (ہ) (۱) بچوں کا ایک کھیل۔ پھل
بھلول کھیلنا (۲) پھرنا۔ سیر کرنا ٭

آنر (آ۔ نَر) (انگ) (Honour) مؤنث۔ عزّت، مرتبہ، بڑائی ٭

آنریبل (آن۔ رِے۔ بل) (انگ) (Honourable) (۱) صاحب مرتبہ۔ ذی عزّت
(۲) سرکار کی طرف سے بلند منصب لوگوں کا خطاب۔ عزّت مآب ٭

آنریری (آن۔ رِے۔ ری) (انگ) (Honorary) اعزازی۔ تعظیمی۔ امتیازی۔
تنخواہ کے بغیر صرف اعزاز کے لیے کام کرنے والا ٭ آنریری جج (انگ)
(Honorary Judge) مذکر۔ تنخواہ کے بغیر کام کرنے والا جج ٭
آنریری سکرٹری (انگ) (Honorary Secretary) مذکر۔ وہ
سکرٹری، جو تنخواہ نہ لے۔ ناظم اعزازی ٭ آنریری مجسٹریٹ (انگ)
(Honorary Magistrate) تنخواہ لیے بغیر کام کرنے والا مجسٹریٹ
(عدالت کا حاکم) ٭

آنسو (آں۔ سُو) (ہ) مذکر (۱) وہ پانی، جو خوشی یا غم سے آنکھوں میں پیدا ہو۔ آنسوا۔
اشک (۲) (مجازاً) نہایت پتلا۔ پانی جیسا ٭ آنسو آنا (ہ) (۱) آنکھوں میں
آنسوؤں کا بھر آنا (۲) آنکھوں سے آنسوؤں کا ٹپکنا یا نکلنا ٭ آنسو اُمنڈنا (ہ)
بہت زیادہ آنسو گرنا ٭ آنسو ایک نہیں، کلیجا ٹوک ٹوک (ہ) مثل۔ اس شخص کی
بابت کہتے ہیں، جو بظاہر تو بے حد رنج و غم کا اظہار کرے لیکن اس کے دل پر دردمندی
کا کوئی اثر نہ پایا جائے ٭ آنسو بہانا (ہ) رونا ٭ آنسو بھر آنا (ہ) آنکھوں میں
پانی آ جانا۔ آبدیدہ ہو جانا ٭ آنسو بھر لانا (ہ) رونے کے قریب ہونا ٭
آنسو بہنا (ہ) آنسو جاری ہونا ٭ آنسو پاک کرنا (ہ) آنسو پونچھنا ٭ آنسو
پونچھنا (ہ) (۱) اشک پاک کرنا (۲) تسلّی دینا۔ مصیبت کے مارے سے ہمدردی کرنا ٭
آنسو پھوٹ نکلنا (ہ) آنسو جاری ہو جانا۔ آنسو بہ نکلنا۔ آنسو نکل پڑنا ٭

آنسو پی جانا }
آنسو پی کے رہ جانا } (ہ) (۱) آنسو آنکھ سے ٹپکنے نہ دینا۔ رونے کو روکنا (۲) صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔ غم کھا کر چپ ہو رہنا ٭
آنسو پینا }

آنسو توڑ (ہ) (ٹھگوں کی اصطلاح) وہ بارش، جو برسات کے سوا اَور دنوں میں ہو ٭
آنسو تھمنا (ہ) رونے کا موقوف ہونا ٭ آنسو ٹپکانا (ہ) رونا ٭ آنسو خشک
ہو جانا (رہونا) (ہ) روتے روتے آنسو باقی نہ رہنا ٭ آنسو دینا (ہ) شمع کی
چربی پگھل کر اس سے بوندیں ٹپکنا ٭ آنسو ڈالنا (ہ) آنسو بہانا۔ زار زار رونا ٭
آنسو ڈبڈبا آنا (ہ) آنکھوں میں اس طرح آنسو آنا کہ وہ ٹپکا ہی چاہتے ہوں ٭
آنسو ڈبڈبا لانا (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر لانا ٭ آنسو ڈھال (ہ) مؤنث (۱) آنکھ
سے آنسو لگاتار بہے جانا (۲) گھوڑوں کی ایک بیماری، جس میں آنکھ سے پانی
جاری رہتا ہے ٭ آنسو ڈھلکنا (ڈھلنا) (ہ) آنسو بہنا ٭ آنسو کا چھالا
(ہ) مذکر۔ وہ آبلہ، جو آنسوؤں کی گرمی سے پڑ جائے ٭ آنسو گرانا (ہ) رونا ٭
آنسو نکل آنا (پڑنا) (ہ) آنسو ٹپک پڑنا ٭ آنسوؤں سے پیاس نہیں
بجھتی (ہ) مثل۔ رونے سے دل کی حسرت نہیں نکلتی، نہ غم دور ہوتا ہے ٭ آنسوؤں
سے منہ دھونا (ہ) بہت زیادہ رونا ٭ آنسوؤں کا تار باندھنا یا
آنسوؤں کی جھڑی لگانا (ہ) لگاتار آنسو بہانا ٭ آنسوؤں کی لڑی
(ہ) مؤنث۔ آنسوؤں کا تار ٭ آنسوؤں کے دریا میں نہانا (ہ) زار زار رونا۔
حد سے زیادہ رونا ٭

آنک (آنک) (ہ) مؤنث (۱) ایک کپڑے کے تھان وغیرہ پر کڑھی ہوئی یا رنگ سے ڈالی
ہوئی علامت یا ہندسہ (رپڑھنا، ڈالنا کے ساتھ) (۲) سکّے کے حروف (۳) پرکھ۔ اندازہ۔
جانچ (۴) ہندسہ ٭

آنکڑا (آنک۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) ٹیڑھی آہنی سیخ (۲) کانٹا۔ ہک (۳) گرفت۔ قبضہ (۴) (ٹھگوں کی اصطلاح) ایک ہزار ؎

آنکس (آں۔کُش) (ہ) مذکر (۱) وہ آنکڑا جس سے مہاوت ہاتھی کو چلاتے اور مارتے ہیں (۲) (ع) نگران۔ سرکوب ؎ **آنکس مارنا** (ہ) (۱) ہاتھی کو چلانے کے لیئے آنکڑا مارنا (۲) مطیع کرنا ؎

آنکنا (آ نک۔نا) (ہ) (۱) جانچنا۔ تخمینہ کرنا (۲) کپڑے پر نشان لگانا۔ قیمت ڈالنا (۳) عمل یا منتر سے گلٹی وغیرہ کا روکنا ؎

آنکھ (آنکھ) (ہ) مؤنث (۱) دیکھنے کا عضو۔ چشم۔ دیدہ (۲) نگاہ۔ نظر (۳) دیکھنے کا انداز۔ تیور (۴) بینائی۔ بصارت (۵) اشارہ (۶) دخل۔ امتیاز۔ شناخت۔ واقفیت۔ پرکھ (۷) حق شناسی۔ بصیرت (۸) تخمینہ۔ جانچ (۹) اُمید (۱۰) (کنایۃً) بیٹا۔ بیٹی (۱۱) محبت و مروّت (۱۲) گھٹنے کے دونوں طرف کا گڑھا (۱۳) بانس اور گنے میں شاخیں پھوٹنے کی جگہ (۱۴) اناس کا حلقہ (۱۵) سردیں وہ جگہ، جہاں سے کلّے پھوٹتے ہیں ؎ **آنکھ (آنکھیں) آشنا نہیں** (و) (رجلہ) دیکھا نہیں ؎ **آنکھ آشنا ہونا** (ہ) دیکھا۔ دیکھ کر واقف ہونا ؎ **آنکھ (آنکھیں) آشوب کر آنا** (و) آنکھ میں سُرخی اور کھٹک ہونا۔ آنکھ دُکھنا ؎ **آنکھ آنا** (ہ)، **آنکھ دُکھنے آنا**، آنکھ میں **جلن ہونا** ؎ **آنکھ اٹکنا** (ہ) عاشق ہونا ؎ **آنکھ اٹھا کر دیکھنا** (ہ) (۱) اوپر دیکھنا (۲) سامنے دیکھنا (۳) توجہ کرنا (۴) حسرت سے دیکھنا (۵) رغبت سے دیکھنا (۶) دشمنی کی نظر سے دیکھنا (۷) دیکھنا ؎ **آنکھ اٹھا کر نظر کرنا** (و) دیکھنا ؎ **آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا** (ہ) (۱) شرمانا (۲) توجہ نہ کرنا (۳) خاطر میں نہ لانا (۴) ناراض ہونا (۵) اچھی طرح نہ دیکھنا (۶) خوف سے نیچی نظر کیے رہنا ؎ **آنکھ اٹھانا** (ہ) (۱) اوپر دیکھنا (۲) نظر سامنے کرنا (۳) دیکھنا (۴) توجہ اٹھا لینا (۵) کسی کام کی طرف اشارہ کرنا (۶) نہایت غصے سے دیکھنا ؎ **آنکھ اُٹھ جانا** (ہ) نظر پڑ جانا ؎ **آنکھ اٹھنا** (ہ) نظر سامنے ہونا ؎ **آنکھ اُٹھ نہ سکنا** (ہ) آنکھ اونچی نہ ہو سکنا ؎ **آنکھ (آنکھیں) اُٹھنے آنا** (ہ) آنکھ آشوب کر آنا ؎ **آنکھ اچٹ جانا** (ہ) (۱) جاگ پڑنا (۲) نشانہ چُوک جانا ؎ **آنکھ اُڑنا** (ہ) آنکھ پھڑکنا ؎ **آنکھ (آنکھیں) اُلجھنا** (ہ) عاشق ہونا ؎ **آنکھ اوٹ پہاڑ اوٹ** ؛ **آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل** (ہ) مثل۔ جو چیز آنکھ کے سامنے نہیں، وہ اگر نزدیک بھی ہے تو دُور ہے ؎ **آنکھ اونچی کرنا** (ہ) نظر اٹھانا ؎ **آنکھ (آنکھیں) اُونچی نہ کرنا** (ہ) (۱) نظر نہ اٹھانا (۲) ادب کرنا (۳) شرمانا ؎ **آنکھ اونچی نہ ہونا** (ہ) (۱) ضعف سے نگاہ نہ اٹھنا (۲) شرمندہ ہونا (۳) رعب سے نگاہ نہ اُٹھنا ؎ **آنکھ اُونچی ہونا** (ہ) ذِلّت دُور ہونا۔ شرمندگی رفع ہونا۔ سرخرو ہونا ؎ **آنکھ ایک نہیں، کجلوٹیاں نو نو** (ہ) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کسی بدشکل کو بناؤ سنگار کا شوق ہو ؎ **آنکھ بتانا** (ہ) (ع) آنکھ سے اشارہ کرنا ؎ **آنکھ بچا جانا** (ہ) (۱) بے مروّتی کرنا۔ چشم پوشی کرنا (۲) چھپ کر کام کرنا ؎ **آنکھ بچا کر** (ہ) چوری چھپے ؎ **آنکھ بچانا** (ہ) (۱) آنکھ کو چوٹ چپیٹ سے محفوظ رکھنا (۲) بے مروّتی کرنا ؎ **آنکھ بچولی** (ہ) (دہلی) (دیکھیے "آنکھ مچولا") ؎ **آنکھ بچی، مال دوستوں کا** (و) مثل۔ نظر چوکی اور مال چوری گیا۔ تھوڑی سی غفلت میں دشمن کا داؤ چل جاتا ہے ؎ **آنکھ بدل جانا** (و) محبت میں فرق آ جانا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بدل کر دیکھنا** (ہ) غصے سے دیکھنا ؎ **آنکھ بدلنا** (ہ) (۱) بے مروّت ہو جانا (۲) ظلم کرنا (۳) غصہ کرنا ؎ **آنکھ برابر نہ کر سکنا** (و) لحاظ اور شرم سے آنکھ سامنے نہ کر سکنا ؎ **آنکھ بنانا** (ہ) (۱) آنکھ کا جالا کاٹنا۔ (۲) پتھر وغیرہ کی آنکھ بنا کر پھوٹی ہوئی آنکھ کی جگہ رکھنا (۳) آنکھ دینا۔ آنکھ پیدا کرنا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بند کر کے کوئی کام کرنا** (و) (۱) سمجھے بُوجھے بغیر کچھ کرنا (۲) بے کھٹکے کوئی کام کرنا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بند کر لینا** (و) (۱) سو جانا (۲) مر جانا (۳) شرم کرنا (۴) بے توجہی کرنا (۵) نفرت کرنا (۶) بے حیائی کرنا ؎ **آنکھ بند کرنے میں** (و) نہایت جلد ؎ **آنکھ بند کی، سال گزرا** (و) مثل۔ نہایت جلد سال گزر گیا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بند کیے چلے جاؤ** (و) (۱) بے کھٹکے چلے جاؤ (۲) کسی طرف سے مڑے بغیر سیدھے چلے جاؤ ؎ **آنکھ (آنکھیں) بند ہو جانا** (و) (۱) سو جانا (۲) مر جانا (۳) غافل ہو جانا۔ مست ہو جانا (۴) رعب یا خوف چھا جانا (۵) چکا چوند آنا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بنوانا** (ہ) (۱) پتھر وغیرہ کی مصنوعی آنکھ بنوانا (۲) آنکھ کی پُتلی کو صاف کرانا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بنواؤ** (ہ) پرکھ حاصل کرو۔ تمیز سیکھو۔ لیاقت پیدا کرو ؎ **آنکھ بھبھوکا ہونا** (ہ) (۱) آنکھ کا جوش کو آنا (۲) غصے یا نشے سے آنکھ کا سُرخ ہو جانا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بہ جانا** (ہ) آنکھ خراب ہو جانا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بھر آنا** (ہ) آنکھ میں آنسو ڈبڈبانا ؎ **آنکھ بھر کر دیکھنا** (ہ) (۱) نظر جما کر دیکھنا (۲) بُری نیت سے دیکھنا (۳) جی بھر کے دیکھنا (۴) دشمنی کی نظر سے دیکھنا ؎ **آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا** (ہ) نفرت ظاہر کرنا۔ خفا ہونا ؎ **آنکھ بھوں چڑھانا** (ہ) آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا ؎ **آنکھ (آنکھیں) بیٹھ جانا** (ہ) (۱) آنکھ کے ڈھیلے کا اندر دھنس جانا۔ اندھا ہو جانا (۲) نقصان برداشت نہ کر سکنا (ان معنی میں جمع کے ساتھ مستعمل نہیں) ؎ **آنکھ پانا** (ہ) (۱) اشارہ پانا (۲) مرضی پانا ؎ **آنکھ (آنکھوں) پر تِنکا رکھنا** (ہ) آنکھ کی پھڑک دُور کرنے کو اس پر تنکا یا دھاگا رکھنا ؎ **آنکھ (آنکھوں) پر چڑھنا** (ہ) بہت پسند آنا۔ نگاہ میں سما جانا ؎ **آنکھ پڑنا** (ہ) (۱) دیکھنا۔ نظر پڑنا (۲) رغبت اور لالچ ہونا (۳) اتفاقیہ نظر پڑنا (۴) (ع) حسد سے نظر پڑنا (۵) توجہ ہونا (۶) پسند ہونا (۷) عاشق ہونا (۸) تاک ہونا (۹) نظر بھکنا (متروک) ؎ **آنکھ پسارنا** (ہ) آنکھ کھولنا۔ آنکھ پھیلانا (متروک) ؎ **آنکھ (آنکھیں) پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا** (ہ) (۱) نہایت غور سے دیکھنا (۲) پیار اور محبت سے دیکھنا (۳) حیرانی سے دیکھنا ؎ **آنکھ پہچاننا** (ہ) تیور سے مرضی سمجھنا۔ اشارہ سمجھنا۔ نظر پہچاننا ؎ **آنکھ پھر جانا (پھرنا)** (۱) آنکھ کا گھومنا (۲) نگاہ کا ایک طرف سے دوسری طرف پھرنا (۳) نظر چوکنا (ان معنی میں "پھرنا" کے ساتھ مستعمل ہے) (۴) خفا ہو جانا۔ دشمن ہو جانا ؎ **آنکھ پھری مال یاروں کا** (و) مثل (دیکھیے "آنکھ بچی مال دوستوں کا") ؎ **آنکھ (آنکھیں) پھڑکنا** (ہ) آپ ہی آپ آنکھ کے پپوٹے میں حرکت ہونا۔ مشہور ہے کہ مرد کی داہنی اور عورت کی بائیں آنکھ پھڑکے تو کوئی بچھڑا ہُوا عزیز ملتا ہے اور مرد کی بائیں اور عورت کی داہنی آنکھ پھڑکے تو زخم ہوتا یا صدمہ پہنچتا ہے ؎ **آنکھ پھسلنا** (ہ) کسی شے کی چمک، صفائی اور چکنائی کے باعث اس پر نظر نہ جمنا۔ نگاہ کا لغزش کرنا ؎ **آنکھ پھوٹ جانا (پھوٹنا)** (ہ) (۱) بینائی جاتی رہنا (۲) (مجازاً) اولاد کا مر جانا ؎ **آنکھ پھوٹی پیڑ گئی** (ہ) مثل (۱) اس وقت بولتے ہیں، جب یہ کہنا منظور ہو کہ ایک مرتبہ نقصان ہو گیا تو بلا سے، ہر روز کا جھگڑا تو مٹ گیا (۲) جب تعلق ہی نہ رہا تو ہمدردی کیسی!

آنکھ پھوڑ بڈّا (ہ) مذکر (۱) بڑی بڑی مونچھوں کا سبز رنگ اور سُرخ پاؤں والا کیڑا، جو اکثر آک کے پودے پر پایا جاتا ہے (۲) اصطلاحاً حق ناحق بُرائی کرنے والا۔ حاسد۔ فسادی ❊ **آنکھ پھوڑنا** (ہ) (۱) اندھا کرنا (۲) ناحق انتظار کرنا (۳) باریک کام کر کے آنکھ کو نقصان پہنچانا ❊ **آنکھ (آنکھیں) پھیر لینا** (ہ) (۱) آنکھ کو گردش دینا (۲) بیزار ہو جانا (۳) ایک طرف سے دوسری طرف توجہ کرنا (۴) توجہ اٹھا لینا (۵) کنارہ کرنا (۶) مرجانا ❊ **آنکھ پھیلا کر دیکھنا** (ہ) ہر طرف غور سے دیکھنا (بیشتر وہاں استعمال کرتے ہیں، جہاں حسرت کے ساتھ تلاش کا بھی پہلو ہو) ❊ **آنکھ پیدا کرنا** (و) دیکھنے یا پرکھنے کا جوہر پیدا کرنا ❊ **آنکھ تاڑ جانا** (ہ) تیور سے ارادہ معلوم کر لینا ❊ **آنکھ (آنکھیں) تر ہونا** (ل) آنکھ میں آنسو بھر آنا۔ ذرا سی رقت ہونا ❊ **آنکھ ٹھنڈی کرنا** (ہ) دل خوش کرنا۔ تسلی دینا ❊ **آنکھ ٹیڑھی ٹیڑھی ہے** (ہ) خفا خفا ہیں ❊ **آنکھ ٹیڑھی رکھنا (کرنا)** (ہ) غصے سے دیکھنا ❊ **آنکھ جا پڑی** (ہ) اتفاقیہ نگاہ پڑ گئی۔ اچانک نظر پڑ گئی ❊ **آنکھ جا لڑی**۔ آنکھ سے آنکھ لڑ گئی۔ عشق ہو گیا ❊ **آنکھ جانا** (ہ) یکایک نظر پہنچنا ❊ **آنکھ جلنا** (ہ) (۱) مغلوب ہونا۔ دب جانا (۲) شرمانا۔ کسی کے غصے کی تاب نہ لانا (۳) ہم چشمی کی تاب نہ رکھنا ❊ **آنکھ جما کر دیکھنا** (ہ) اچھی طرح غور سے دیکھنا ❊ **آنکھ (آنکھیں) جوش کر آنا** (ل) آنکھ دُکھنے آ جانا ❊ **آنکھ (آنکھیں) جھپکا دینا** (ہ) (۱) آنکھوں میں چکا چوند پیدا کر دینا (۲) ایک کھیل جس میں دو لڑکے باہم شرط باندھ کر آنکھ سے آنکھ مقابل کرتے ہیں۔ جس کی آنکھ جھپک جاتی ہے، وہ ہار جاتا ہے۔ اس جیت کو "آنکھ جھپکا دینا" کہتے ہیں۔ (دوسرے معنی میں جمع کے ساتھ مستعمل نہیں) ❊ **آنکھ جھپکا لینا** (ہ) ذرا سا سو لینا ❊ **آنکھ جھپکانا** (ہ) (۱) پلک مارنا (۲) تھوڑا سا لیٹ رہنا ❊ **آنکھ (آنکھیں) جھپکنا** (ہ) (۱) تھوڑا سا سو جانا (۲) چمک کی تیزی سے نظر نہ ٹھہرنا (۳) جھینپنا (۴) مقابلے کی تاب نہ لانا۔ دب جانا (۵) مان جانا (۶) آنکھ لڑانے میں ہار جانا ❊ **آنکھ (آنکھیں) جھکانا** (ہ) (۱) آنکھ نیچی کرنا (۲) دیدہ ریزی کا کام کرتے وقت آنکھ نیچی رکھنا (۳) شرم لحاظ سے آنکھ نہ اٹھانا ❊ **آنکھ (آنکھیں) جھکنا (جھینپنا)** (ہ) آنکھ سامنے نہ ہونا۔ شرم سے نظر نہ اُٹھنا ❊ **آنکھ (آنکھیں) چار کرنا** (و) ڈھٹائی سے دیکھنا۔ نظر سے نظر ملانا (اس میں بے باکی اور ڈھٹائی کا رخ غالب ہوتا ہے) ❊ **آنکھ (آنکھیں) چار ہونا** (و) (۱) نظر سے نظر ملنا (۲) ملاقات ہونا ❊ **آنکھ (آنکھیں) چُرا کر دیکھنا** (ہ) (۱) چوری چھپے دیکھنا (۲) شرم سے دیکھنا (۳) محبت ہو جانا ❊ **آنکھ (آنکھیں) چُرانا** (ہ) (۱) نظر بچانا (۲) منہ چھپانا۔ پہلو بچانا۔ بے رخی کرنا۔ کترانا۔ کنارہ کرنا۔ دریغ کرنا (۳) لحاظ کے مارے آنکھ سامنے نہ کرنا۔ کنیانا۔ جھینپنا ❊ **آنکھ دبا کر دیکھنا** (ہ) ذرا کھلی، ذرا بند آنکھ سے دیکھنا ❊ **آنکھ دبنا** (ہ) (۱) شرمندہ ہونا (۲) مغلوب ہونا ❊ **آنکھ دروازے کی طرف ہونا** (و) کسی کا انتظار کرنا ❊ **آنکھ (آنکھیں) دکھانا** (ہ) (۱) علاج کے لیے معالج کو آنکھ دکھانا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا (۳) (کنایۃً) غصہ کرنا۔ ڈرانا (۴) (کنایۃً) دل لبھانا۔ بے رخی اور بے مروتی ظاہر کرنا (۵) ذرا سی تنبیہ کرنا (۶) اشاروں میں گھُرکنا۔ منع کرنا ❊ **آنکھ (آنکھیں) دُکھنا** (ہ) آنکھ میں کھٹک یا درد ہونا ❊ **آنکھ (آنکھیں) دُکھنے آنا** (ہ) آنکھ آشوب کر آنا ❊ **آنکھ (آنکھیں) دوڑانا** (ہ) تلاش کی نظر سے چاروں طرف دیکھنا ❊

آنکھ دوڑنا (ہ) (۱) تیزی سے نظر جانا (۲) بہت لالچ ہونا۔ (ان معنی میں بیشتر نظر دوڑنا، نگاہ دوڑنا بولتے ہیں) ❊ **آنکھ دھوئی دھلائی ہے** (ہ) مثل۔ (۱) آنکھوں میں ذرا حیا نہیں۔ مروت چھو تک نہیں گئی (۲) اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی شخص بُرا کام کرے، پھر ڈھٹائی سے آنکھ ملا کر صاف انکار کر دے ❊ **آنکھ دیکھنا** (ہ) (۱) ارادہ معلوم کرنے کے لیے نگاہ لڑانا (۲) فیض حاصل کرنا۔ تربیت پانا ❊ **آنکھ دینا** (و) (۱) دیکھنے کی طاقت بخشنا (ان معنی میں جمع کے ساتھ بھی مستعمل ہے) (۲) عقل اور فہم عطا کرنا (ان معنی میں جمع کے ساتھ بھی کہتے ہیں) (۳) اشارہ کرنا (۴) شہ دینا (۵) پہچان کی لیاقت دینا ❊ **آنکھ ڈالنا** (ہ) (۱) دیکھنا۔ نظر کرنا (۲) عاشق ہونا (۳) کسی شے کی تاک میں ہونا (۴) بُری نظر سے دیکھنا (۵) نظر لگانا (۶) سرسری طور پر دیکھنا ❊ **آنکھ ڈبڈبانا** (ہ) آنسو بھر آنا۔ رنجیدہ ہونا ❊ **آنکھ رکھنا** (ہ) (۱) آسرا کرنا (۲) پرکھ ہونا۔ عقل ہونا۔ جمع کے ساتھ کم مستعمل ہے ❊ **آنکھ رسیلی (رس بھری) ہونا** (ہ) (۱) پیار کی آنکھ ہونا (۲) نشہ بھری آنکھ ہونا (۳) لگاوٹ کی آنکھ ہونا ❊ **آنکھ روشن ہونا** (و) (۱) کسی سے مل کر خوش ہونا (۲) صاحب اولاد ہونا ❊ **آنکھ (آنکھیں) سامنے کرنا** (ہ) (۱) نظر ملانا۔ ڈھٹائی سے آنکھ ملانا (۲) توجہ کرنا ❊ **آنکھ (آنکھیں) سامنے نہ ہونا** (ہ) (۱) دیکھنے کی تاب نہ لانا (۲) حیا آنا۔ نادم ہونا ❊ **آنکھ سے آنسو امنڈ آنا (امنڈنا)** (ہ) آنکھوں سے آنسو برسنا ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے آنسو آنا** (ہ) رقت ہونا ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے آنسو چلنا** (ہ) آنسو جاری ہونا ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے آنسو گر پڑنا** (ہ) خود بخود آنسو نکل آنا۔ بے اختیار رو دینا ❊ **آنکھ سے آنکھ (آنکھوں سے آنکھیں) لڑنا** (ہ) (۱) نگاہیں چار ہونا (۲) عشق ہونا ❊ **آنکھ سے آنکھ ملانا** (ہ) (۱) آنکھ لڑانا (۲) برابری کرنا (۳) توجہ کرنا (ان معنی میں صرف "آنکھ ملانا" فصیح ہے) (۴) ڈھٹائی کرنا ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے اتر جانا** (ہ) سبک ہو جانا۔ بے قدر ہو جانا۔ جی سے اتر جانا ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے اوجھل ہونا** (ہ) نظر کے سامنے نہ ہونا۔ نگاہوں سے غائب ہونا ❊ **آنکھ سے بچ کر نکلنا** (ہ) چھپ کر نکلنا ❊ **آنکھ سے ٹپ ٹپ آنسو ٹپکنا (چلنا، گرنا)** برابر آنسو نکلنا۔ جمع کے ساتھ بھی مستعمل ہے ❊ **آنکھ سیدھی ہونا** (ہ) مہربانی کی نظر ہونا ❊ **آنکھ سے دیکھ کر کام کرنا** (ہ) دیکھ بھال کر، سمجھ بوجھ اور غور و فکر سے کام کرنا ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے دیکھنا** (ہ) (۱) اپنی آنکھ سے دیکھنا۔ بچشم خود دیکھنا (۲) محض دیکھنا (ان معنی میں آنکھ سے یا آنکھوں سے حسن کلام کے لیے زائد آتا ہے) ❊ **آنکھ سے رنگی ٹپکنا** (ہ) خون کے آنسو رونا ❊ **آنکھ سے سلام لینا** (و) آنکھ کے اشارے سے سلام قبول کرنا۔ زبان سے سلام کا جواب نہ دینا۔ مغرور لوگوں کے متعلق مستعمل ہے ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے طوفان اٹھنا (بپا ہونا)** (و) رونے کی کثرت سے آنسوؤں کا مینہ برسنا ❊ **آنکھ سے کاجل چُرانا** (ہ) بے حد عیاری کرنا۔ شاطر چور کے باب میں مبالغے سے کہتے ہیں ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے گرا دینا** (ہ) بے قدر کر دینا۔ حقیر کر دینا ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے گر جانا (گرنا)** (ہ) ذلیل ہو جانا ❊ **آنکھ سے گنگا بہانا** (ہ) (مجازاً) از حد رونا ❊ **آنکھ (آنکھوں) سے لہو آنا** (ہ) بے حد رونے کے باعث آنکھوں سے آنسوؤں کے بجائے خون بہنا ❊ **آنکھ سینکنا** (ہ) (۱) شعلہ رو معشوق سے آنکھ لڑانا (۲) نظر بازی کرنا ❊

آنکھ (آنکھیں) شرما جانا (شرمانا) (ف) شرم سے آنکھ سامنے نہ ہونا ؛ **آنکھ (آنکھیں) طوطے کی طرح بدل لینا (پھرانا۔ پھیر لینا)** (ف) بے مروّتی کرنا ؛ **آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا** (ا) (۱) بے وقوف مال دار (۲) اناڑی دولت مند گاہک ؛ **آنکھ کا پانی بہ جانا** (ف) (ع) بے عزّت ہوجانا۔ "بہ جانا" کے بجائے "بہنا" غلط ہے ؛ **آنکھ کا پانی ڈھل جانا** (ف) (ع) (۱) ڈھیٹ ، بے حیا اور بے شرم ہوجانا (۲) آنکھ میں پانی اتر آنا ؛ **آنکھ کا پانی مر جانا (مرنا)** (ف) (ع) لحاظ نہ رہنا۔ شرم نہ رہنا ؛ **آنکھ کا پردہ** (ا) مذکر (۱) آنکھ کی جھلّی (۲) لحاظ ، جو عورتوں کو نامحرم سے ہوتا ہے ؛ **آنکھ کا پردہ اٹھا دینا** (ف) شرم سے قطع نظر کرنا۔ لحاظ توڑ دینا ؛ **آنکھ (آنکھوں) کا تارا** (ا) (۱) آنکھ کا تل۔ آنکھ کی پتلی (۲) نہایت پیارا (۳) اولاد (۴) معشوق ؛ **آنکھ کا تل** (ا) مذکر۔ آنکھ کی پتلی ؛ **آنکھ کا جالا** (ا) مذکر۔ آنکھ کی ایک بیماری ، جس میں آنکھ کے تل پر جھلّی آکر نظر میں فرق آجاتا ہے ؛
آنکھ (آنکھوں) کا حجاب (ا) مذکر۔ شرم و حیا ؛
آنکھ کا ڈورا
آنکھ (آنکھوں) کے ڈورے } (ا) مذکر۔ نشے یا جاگنے کے حرارت آنکھ کی سفیدی میں نظر آنے والی سرخ رگیں ؛
آنکھ کا ڈھلکا (ا) مذکر۔ ایک بیماری ، جس میں آنکھ سے پانی جاری رہتا ہے ؛
آنکھ کا غبار (ا) مذکر۔ وہ پردہ سا ، جو آنکھ کے آگے حائل ہوجاتا ہے اور جس سے نظر میں دھندلا پن آجاتا ہے ؛ **آنکھ (آنکھوں) کا کاجل چرانا** (ف) (دیکھیے "آنکھ سے کاجل چرانا") ؛ **آنکھ کا کھا جانا** (ف) نظر کا مہلک ہونا ؛ **آنکھ کا لحاظ** (ا) مذکر (ع) قدرتی شرم و حیا ، جو شریف عورت کو مرد سے ہوتی ہے ؛ **آنکھ (آنکھوں) کا لہو کی بوٹی ہو جانا (ہونا)** آنکھ کا بے حد سرخ ہو جانا ؛ **آنکھ (آنکھوں) کا ناسور ہو جانا** (ف) لگاتار آنسو جاری رہنا ؛ **آنکھ کڑی ڈالنا** (ف) غصّے سے دیکھنا ؛ **آنکھ (آنکھیں) کھٹکنا** (ف) آنکھ میں چبھن ہونا ؛ **آنکھ کھلنا** (ف) (۱) جاگنا (۲) ہوشیار ہونا (۳) غش دور ہو کر ہوش آجانا (۴) سمجھ اور عقل آنا (۵) پیدا ہونا۔ دنیا کی ہوا لگنا (۶) حقیقتِ حال کا پتا چلنا (۷) پیدائش سے کئی دن بعد بعض حیوانات کے بچوں کی آنکھیں کھلنا (۸) آنکھ میں روشنی آجانا ؛ **آنکھ (آنکھیں) کھولنا** (ف) (۱) حقیقی معنی میں (۲) جاگنا (۳) بیماری سے کسی قدر آرام ہونا (۴) پیدا ہونے سے کئی روز بعد بعض جانوروں کے بچوں کا آنکھیں کھولنا (۵) غش سے افاقہ ہونا (۶) دنیا کی ہوا لگنا۔ پیدا ہونا (۷) خبردار ہونا (۸) بالغ ہونا (۹) آنکھ بنانا۔ موتیا بند کا علاج کرنا (۱۰) سسرال میں دلھن کا حجاب دور کرنا ؛
آنکھ کی بدی بھوں کے آگے
آنکھ کی برائی (کا گلہ) بھوں سے } (ا) مثل۔ کسی کے سامنے اس کے عزیز یا دوست کو برا کہنا ؛
آنکھ کی پتلی (آنکھوں کی پتلیاں) (ا) (۱) آنکھ کی سیاہی (۲) بے حد عزیز اور محبوب ؛ **آنکھ کی پتلی بنانا** (ف) (۱) علاج سے آنکھ کا تل درست کرنا (۲) بے حد محبت کرنا۔ نہایت عزیز رکھنا ؛ **آنکھ (آنکھوں) کی پتلی (پتلیاں) پھرنا** (ف) موت کی علامت ظاہر ہونا ؛ **آنکھ کی ٹھنڈک** (ا) مؤنث۔ عزیز یا دوست ، جسے دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی اور جی خوش ہو جائے ؛ **آنکھ کی حیا** (ا) مؤنث۔ آنکھ کا لحاظ ؛ **آنکھ کی سفیدی** (ا) مؤنث۔ آنکھ کا سفید حصّہ۔ بیاضِ چشم ؛

آنکھ (آنکھوں) کی سبیل (ا) مؤنث (۱) آنکھ کی تری (۲) (کنایۃً) لحاظ۔ مروّت۔ شرم ؛ **آنکھ کی کیچڑ** (ا) مؤنث۔ وہ زردی مائل کثافت ، جو آنکھ کے گوشوں میں جم جاتی ہے ؛ **آنکھ (آنکھوں) کی گردش** (ا) مؤنث۔ نظروں کا ہر طرف گھومنا۔ آنکھ کی حرکت ؛ **آنکھ کی مروّت** (ا) مؤنث۔ منہ دیکھنے کا لحاظ ؛ **آنکھ (آنکھیں) گاڑنا (گڑونا)** غور سے دیکھنا۔ نظر جمانا۔ ٹکٹکی لگا کر دیکھنا (اس مقام پر "آنکھ جمانا" زیادہ فصیح ہے) ؛ **آنکھ گلابی ہونا** (ف) آنکھ میں ذرا ذرا سرخی پیدا ہونا ؛ **آنکھ لال کرنا** (ف) غصّے کی نگاہ سے دیکھنا ؛ **آنکھ لجانا** (ف) جھینپنا۔ شرمانا ؛ **آنکھ لجائی دھی پرائی** (ا) مثل۔ اس مقام پر بولتے ہیں ، جب بیاہ شادی کی بات چیت پر لڑکی کے وارث لڑکے کے وارثوں کے آگے شرم سے سر جھکا لیتے ہیں ؛ **آنکھ (آنکھیں) لڑانا** (ف) (۱) آنکھ ملانا (۲) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ گھورنا (۳) عاشق ہونا (۴) لگاوٹ سے دیکھنا (۵) مقابلہ کرنا (۶) بچوں کا ایک کھیل ، جس میں وہ باہم شرط بد کر آنکھ لڑاتے ہیں ؛ **آنکھ لگانا** (ف) (۱) سونا (۲) عاشق ہونا (۳) تاک میں رہنا (۴) راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا ؛ **آنکھ لگ جانا (لگنا)** (ف) (۱) نیند آجانا (۲) عشق ہونا (ان معنی میں جمع کے ساتھ متروک ہے) (۳) کسی چیز سے آنکھ وصل ہونا (۴) آسرا ہونا (۵) انتظار رہنا ؛ **آنکھ لگی** (ا) مؤنث۔ وہ عورت ، جس سے کسی مرد کا ناجائز تعلق ہو ؛ **آنکھ للچائی ہوئی پڑنا** (ف) (۱) پیار ، چاہت ، محبت اور عشق کی نظر پڑنا (۲) لالچ کی نگاہ پڑنا ؛ **آنکھ مارنا** (ف) (۱) پلک جھپکانا (۲) اشارہ کرنا (۳) چشمک زنی کرنا (۴) اشتعال دینا (۵) آگاہ کرنا (۶) منع کرنا (۷) متوجہ کرنا (ان معنی میں اب متروک ہے) ؛ **آنکھ مچولا** (ا) مذکر۔ بچوں کا ایک کھیل ہے کہ ایک لڑکے کی آنکھیں بند کرکے اَور سب چھپ جاتے ہیں ، پھر وہ آنکھیں کھول کر ڈھونڈتا پھرتا ہے۔ جس لڑکے کو پا کر چھو لیتا ہے ، وہ چور ہو جاتا ہے۔ پھر اس کی آنکھیں بند کرکے باقی لڑکے چھپ جاتے ہیں۔ میر و سودا کے زمانے میں "آنکھ مچولی" بھی بولتے تھے۔ دہلی میں "آنکھ مچولی" بھی کہتے ہیں (پنجابی ، لکن میٹی) ؛ **آنکھ (آنکھیں) ملانا** (ف) (۱) نظر ملانا۔ نگاہ سامنے کرنا (۲) مخاطب ہونا۔ متوجہ ہونا (۳) ہم چشمی کرنا۔ مقابلہ کرنا (۴) رمز کرنا۔ اشارے کرنا (ان معنی میں اب متروک ہے) ؛ **آنکھ ملنا** (ف) نظر سے نظر ملنا۔ ایک کا دوسرے کو دیکھنا۔ سامنا ہونا۔ آنکھیں چار ہونا ؛ **آنکھ مَلنا** (ف) (۱) نیند کا غلبہ یا خمار دور کرنے کے لیے ہتھیلی سے آنکھ مَلنا (۲) کوئی چیز آنکھ میں پڑ جانے یا کسی قسم کی جلن ہونے کے باعث آنکھ ملنا ؛ **آنکھ مندے پلّے** (ا) مذکر (۱) کتّے کے بچّے ، جن کی آنکھ نہ کھلی ہو (۲) (مجازاً) حرامی بچّے ؛ **آنکھ (آنکھیں) مند جانا (مندنا)** (ف) (۱) آنکھیں بند ہو جانا (۲) سو جانا (۳) روشنی کی تاب نہ لانا (۴) مر جانا (آج کل "مند جانا" متروک ہے ، اس کے بجائے "بند ہو جانا" بولتے ہیں) ؛ **آنکھ مندی** (ا) مؤنث (ع) بھولی ، بے سمجھ ، کنواری لڑکی ؛ **آنکھ مندی اندھیرا پاک (پاکھ)** آنکھ بند ہوتے ہی اندھیرا چھا جاتا ہے۔ مرنے کے بعد دنیا اندھیر ہے ؛ **آنکھ موچی دھپ** (ا) لڑکوں کا ایک کھیل ہے کہ ایک لڑکے کی آنکھیں بند کرکے دوسرے لڑکے باری باری اسے دھولیں مارتے ہیں۔ پھر اس کی آنکھ کھول کر اس سے پوچھتے ہیں کہ بتاؤ کس نے پہلے دھول ماری؟ اگر وہ ٹھیک بتا دے تو وہی لڑکا چور ہو جاتا ہے ، ورنہ اسی کے دھولیں مارتے ہیں ؛ **آنکھ موند لینا** (ف) (۱) آنکھیں بند کر لینا (۲) تصوّر باندھنا (۳) شرم کرنا (۴) قطع نظر کرنا (۵) بے توجہی کرنا (۶) غفلت کرنا (۷) مراقبے میں بیٹھنا (۸) سو جانا (۹) مر جانا ؛

(اب متروک ہے) ✤ **آنکھ موندنا** (ف) (۱) آنکھ بند کرنا (۲) سو جانا (۳) مرجانا (اب
متروک ہے) ✤ **آنکھ میلی کرنا** (ف) تیوری چڑھانا۔ غصّہ کرنا۔ بے رخی کرنا ✤
آنکھ میں آنکھ (آنکھوں میں آنکھیں) ڈالنا (ف) (۱) نظر سے نظر ملانا (۲) برابر
دیکھے جانا (۳) ڈھٹائی سے دیکھنا (۴) شرم اور لحاظ نہ کرنا ✤ **آنکھ میں بسنا** (ف)
آنکھ میں جگہ کر لینا۔ آنکھ میں سمانا۔ موہ لینا۔ معشوق بن جانا۔ فریفتہ کر لینا۔ منظورِ نظر ہونا ✤
آنکھ میں پانی نہیں (ف) (۱) آنکھ میں نور نہیں (۲) بے شرم ہے ✤ **آنکھ میں لتی
شرم، دل کی لتی نرم** (ق) مثل (ع) اس جگہ بولتی ہیں، جب کوئی عورت مروّت سے
نہ ماننے والی بات مان لے ✤ **آنکھ میں جگہ کرنا** (ف) آنکھ میں سمانا۔ عزیز ہو جانا ✤
آنکھ (آنکھوں) میں چوب آنا (ق) چوٹ لگنے سے آنکھ میں سرخی پیدا ہو جانا ✤
آنکھ (آنکھوں) میں خار (معلوم) ہونا (ق) کھٹکنا۔ ناگوار ہونا۔ بُرا معلوم
ہونا ✤ **آنکھ میں ذرا سیل نہیں** (ق) ذرا شرم اور لحاظ نہیں۔ ذرا رحم اور مروّت
نہیں ✤ **آنکھ (آنکھوں) میں سمانا** (ف) بے حد پسند آنا۔ آنکھ میں بسنا۔
نظروں میں اچھا معلوم ہونا ✤ **آنکھ میں شرم ہو تو جہاز سے بھاری ہے**
(ق) مثل۔ شرم اور حیا سے از حد وقار اور عزت ہوتی ہے ✤ **آنکھ (آنکھوں)
میں کھُبنا** (ف) پسند آنا۔ آنکھوں کو اچھا معلوم ہونا ✤ **آنکھ (آنکھوں)
میں کھٹکنا** (ف) (۱) بہت بُرا معلوم ہونا۔ ناگوار ہونا۔ آنکھوں میں چبھنا (۲)
بہت پسند آنا (اب ان معنی میں بہت کم مستعمل ہے) ✤ **آنکھ میں موتی کوٹ کوٹ
کر بھرے ہونا** (ف) آنکھ کا نہایت خوب صورت ہونا ✤ **آنکھ میں نہ ٹھہرنا** (ف)
ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ نظر میں نہ جچنا ✤ **آنکھ (آنکھوں) میں نیل کی سلائی
پھیرنا** (ق) اندھا کر دینا ✤ **آنکھ ناک سے درست ہے** (ق) مثل۔
اعضا میں کوئی کھلا ہوا عیب نہیں۔ نہ بہت خوب صورت ہے، نہ بدصورت۔ درمیانے
درجے کی شکل ہے ✤ **آنکھ ناک سے ڈرنا** (ف) خدا کے قہر سے ڈرنا۔
جب کوئی جھوٹ بولتا یا بُرا کام کرتا ہے تو عورتیں کہتی ہیں۔ یعنی خدا سے نہیں ڈرتا،
کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کی پاداش میں اندھا یا ذلیل ہو جائے ✤ **آنکھ (آنکھیں)
نم کرنا** (ق) آبدیدہ ہونا ✤ **آنکھ نہ اٹھانا** (ف) (۱) آنکھ اوپر نہ کرنا۔ نگاہ نہ
اٹھانا (۲) کام میں مشغول رہنا (۳) شرم کرنا (۴) ادب اور لحاظ کرنا (۵) توجہ نہ کرنا ✤
آنکھ نہ اٹھ سکنا (ف) شرم یا ضعف سے نگاہ اوپر نہ اٹھنا ✤ **آنکھ نہ پڑنا**
(ف) رغبت نہ ہونا۔ توجہ نہ ہونا ✤ **آنکھ نہ پسیجنا** (ف) (۱) آنسو نہ نکلنا (۲) رحم
نہ آنا ✤ **آنکھ نہ ٹھہرنا** (ف) (۱) بیتابی سے نگاہ قائم نہ رہنا (۲) نہایت چمکیلی اور روشن
چیز پر نظر کا قائم نہ رہنا ✤ **آنکھ نہ جھپکنا** (ف) (۱) رغبت اور شوق سے دیکھتے رہنا۔
ٹکٹکی بندھی ہونا (۲) جاگتے رہنا۔ نیند نہ آنا (۳) شرمندۂ احسان نہ ہونا (۴) برابری
کرنا۔ مقابلہ کرنا (۵) نظر جمی رہنا (۶) بے حیا۔ بیباک۔ اور ڈھیٹ ہونا (۷) ایک قسم کا کھیل،
جس کی جیت آنکھ نہ جھپکنے پر ہے ✤ **آنکھ نہ چھپنا** (ف) غصّے یا محبت کا انداز اور
مزاج کی حالت نظر سے ظاہر ہو جانا ✤ **آنکھ نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ** (ق)
مثل (ع) لیاقت ذرا نہیں، دعوے بڑے بڑے ✤ **آنکھ نہ ڈالنا** (ف) (۱) نظر
بھر کر نہ دیکھنا (۲) توجہ نہ کرنا (۳) کچھ حقیقت نہ جاننا ✤ **آنکھ (آنکھیں) نہ
کھولنا** (ف) (۱) معشوقانہ ناز و انداز اور شرم سے آنکھ بند رکھنا (۲) شدید

تپ وغیرہ سے بیہوش رہنا (۳) تصوّر میں آنکھ بند رکھنا (۴) خواب سے نہ چونکنا (۵)
لگاتار بارش میں پانی نہ تھمنا (ان معنی میں جمع کے صیغہ مستعمل نہیں) ✤ **آنکھ نہ لگنا** (ف)
(۱) نیند نہ آنا (۲) بارش کا مسلسل ہونا ✤ **آنکھ نہ ملانا** (ف) لجانا۔ شرمانا ✤
آنکھ نہ ناک بنّو چاند سی (ق) مثل۔ (ع) طنز سے اس کے متعلق کہتی ہیں، جو بدشکل
ہو اور اپنے آپ کو خوب صورت سمجھے ✤ **آنکھ (آنکھیں) نیچی کرنا** (ف) (۱)
نیچے کی طرف دیکھنا (۲) شرمندہ ہونا ✤ **آنکھ نیچی ہونا** (ف) (۱) شرمندۂ احسان ہونا
(۲) پشیمان ہونا ✤ **آنکھ والا** (ف) (۱) دیکھنے والا (۲) پرکھنے والا۔ پہچاننے والا۔
جوہر شناس ✤ **آنکھ ہونا** (ف) (۱) باطن کی نظر ہونا (۲) آنکھ کسی طرف ہونا زیرک
ساختن (۳) سمجھ بوجھ ہونا (۴) پرکھ ہونا ✤ **آنکھ ہی پھوٹی تو بھوں سے کیا کام**
(ف) مثل۔ جو بات تعلق کا سبب تھی، جب وہی نہ رہی تو تعلق کیسا ✤ **آنکھ ہے** (ف)
نظر ہے۔ رغبت ہے ✤

آنکھوں (آں۔ کھوں) (ف) مؤنث: "آنکھ" کی جمع ✤ **آنکھوں (رہی) آنکھوں میں** (ف)
دیکھتے دیکھتے۔ اشاروں میں ✤ **آنکھوں (رہی) آنکھوں میں باتیں کرنا** (ف)
(۱) اشاروں میں باتیں کرنا (۲) چوری چھپے، نظر بچا کر مطلب کا اظہار کرنا ✤ **آنکھوں
آنکھوں میں پیے جانا** (ف) پیار، محبت اور لگاوٹ کی نظر سے دیکھنا ✤ **آنکھوں
آنکھوں میں رات کٹنا** (ف) رات جاگتے گزرنا۔ ساری رات نہ سونا ✤ **آنکھوں
پر آئیے** (ف) مثل۔ بڑی آؤ بھگت سے بلانے یا کسی کے آنے پر نہایت خوشی ظاہر کرنے کے
وقت بولتے ہیں ✤ **آنکھوں پر بٹھانا** (ف) نہایت تعظیم سے پیش آنا۔ بے حد خاطر
تواضع کرنا ✤ **آنکھوں پر بیٹھیے** (ف) محاورہ۔ کسی کے آنے پر بے حد خوشی اور محبت
ظاہر کرنے کے وقت بولتے ہیں ✤ **آنکھوں پر پاؤں رکھنا** (ف) عزیز رکھنا،
بزرگ داشت کرنا ✤ **آنکھوں پر پٹی باندھ لینا** (ف) بیدرد ہو جانا۔ غافل ہونا۔
جان بوجھ کر اندھا بن جانا ✤ **آنکھوں پر پٹی باندھنا** (ف) قتل کے وقت مجرم کی
آنکھیں پٹی باندھ کر بند کرنا ✤ **آنکھوں پر پردے پڑ جانا** (ق) (۱) کچھ نہ سوجھنا
(۲) بے خبر ہو جانا (۳) حیران ہو جانا (۴) دھوکا کھا جانا (۵) اندھا ہو جانا ✤ **آنکھوں
پر پردے چھوٹنا** (ق) (آنکھوں پر پردے پڑنا اب متروک ہے) ✤ **آنکھوں پر
پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا** (ف) مثل (۱) جس سے محبت ہو، وہ دل پر گراں نہیں گزرتا
(۲) اپنی چیز کسی کو گراں معلوم نہیں ہوتی ✤ **آنکھوں پر ٹھیکری (ٹھیکریاں) رکھ
لینا** (ف) (۱) بے شرم ہو جانا (۲) بے مروّت ہو جانا۔ احسان بھول جانا (۳) بے درد
اور سنگ دل ہو جانا (۴) جان بوجھ کر انکار کرنا (۵) بے انصافی کرنا ✤ **آنکھوں پر
جگہ دینا** (ف) عزت و تعظیم اور ادب و احترام سے پیش آنا ✤ **آنکھوں
پر چڑھنا** (ف) نہایت پسند آنا ✤ **آنکھوں پر دیوار اٹھانا** (ق) جان بوجھ کر انکار
کرنا۔ مکر جانا ✤ **آنکھوں پر رکھنا** (ف) متبرک سمجھنا۔ آنکھوں سے لگانا۔ اعزاز و
اکرام کرنا ✤ **آنکھوں پر زور پڑنا** (ق) لکھنے پڑھنے، سینے پرونے وغیرہ کے کام
سے آنکھوں کو تکلیف ہونا ✤ **آنکھوں پر قدم** (ق) "قدم بر چشم" کا ترجمہ۔ خاطر مدارات
کرنے اور مہمان کے ساتھ کمال اعزاز و تکریم سے پیش آنے کے وقت کہتے ہیں ✤
آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا (ف) (۱) شرمندہ ہو جانا (۲) نئی دلھن کی طرح لحاظ کے مارے
ہاتھ آنکھوں پر رکھنا ✤ **آنکھوں (رکھے) تلے** (ف) آنکھوں کے سامنے، نظروں میں

(اب محاورے کے بغیر "تلے" متروک ہے) ‎:‏ **آنکھوں تلے اندھیرا آنا** (ف) چکر آجانا ‎:‏ **آنکھوں تلے پھرنا** (ف) بار بار خیال آنا۔ ہر وقت خیال رہنا ‎:‏ **آنکھوں خاک** (ف) (ع) چشم بد دُور۔ نظر نہ لگے ‎:‏ **آنکھوں دیکھا بھٹ پڑا مجھے کانوں سننے دے** (ف) مثل (ع) اس وقت بولتی ہیں، جب کوئی ہٹ دھرمی سے دیکھی ہوئی سچی بات پر اپنی سُنی ہوئی بے اصل جھوٹ بات کو ترجیح دے ‎:‏ **آنکھوں دیکھا (سو) جانا کانوں سنا نہ مانا** (ف) مثل (ع) انسان جو کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھے، اس پر یقین لائے، سُنی سنائی بات کا کیا اعتبار (شنیدہ کے بود مانند دیدہ) ‎:‏ **آنکھوں (سے) دیکھتے** (ف) (۱) دیکھتے دیکھتے (۲) اپنے زمانے میں (۳) جان بوجھ کر ‎:‏ **آنکھوں (کی) دیکھی** (ف) (۱) جسے خود دیکھا ہو۔ چشم دید (۲) اپنے زمانے کی ‎:‏ **آنکھوں دیکھی (دیکھے) مکھی نہیں نگلی جاتی** (ف) مثل (ع) جان بوجھ کر کوئی کام خلاف عزت یا خلاف شان نہیں کیا جاتا۔ دیدہ و دانستہ مصیبت میں نہیں پھنسا جاتا ‎:‏ **آنکھوں دیکھیں گے** (ف) مثل۔ اس مقام پر کہتے ہیں، جب کوئی خوشی کی بات آنکھوں سے دیکھنے کی حسرت ہو ‎:‏ **آنکھوں سُکھ کلیجے ٹھنڈک** (ف) مثل۔ عین راحت ہے۔ ہمیں بڑی خوشی سے منظور ہے (چشم ما روشن دلِ ماشاد) ‎:‏ **آنکھوں سے** (ف) بہت اچھا۔ نہایت خوشی سے۔ بسر و چشم ‎:‏ **آنکھوں سے اتر جانا (اترنا)** (ف) ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ نظروں میں بے وقعت ہونا ‎:‏ **آنکھوں سے اٹھانا** (ف) (۱) کسی چیز کو کمال شوق سے اٹھانا (۲) دیکھیے "آنکھوں سے پھول اٹھانا" ‎:‏ **آنکھوں سے اوجھل (اوجھل) ہونا** (ف) چھپ جانا۔ غائب ہو جانا۔ آنکھوں سے پوشیدہ ہونا ‎:‏ **آنکھوں سے بجا لانا** (ف) بڑی خوشی سے حکم کی تعمیل کرنا ‎:‏ **آنکھوں سے بلانا** (ف) اشارے سے بلانا ‎:‏ **آنکھوں سے پھول اٹھانا** (ف) ایک کھیل ہے، جس میں دو آدمی تھوڑے فاصلے پر بالمقابل کھڑے ہو کر ہتھیلی کی زد سے ایک دوسرے کی طرف پھول پھینکتے ہیں، جس کے ہاتھ سے پھول گر جاتا ہے، وہ آنکھوں سے اٹھاتا ہے ‎:‏ **آنکھوں سے تلوے سہلانا** (ف) نہایت خدمت کرنا۔ بہت زیادہ آرام دینا ‎:‏ **آنکھوں سے ٹکر ٹکر دیکھنا** (ف) دیکھتے رہنا اور کچھ نہ بولنا ‎:‏ **آنکھوں سے جان نکلنا** (ف) شوقِ دیدار اور انتظار میں مرنا ‎:‏ **آنکھوں سے چنگاریاں اُڑنا** (ف) بہت ہی جلنا ‎:‏ **آنکھوں سے خُون برسنا** (ف) (۱) لہو کے آنسو ٹپکنا (۲) تیور خونخوار ہونا ‎:‏ **آنکھوں سے خون بہانا** (ف) حد سے زیادہ رونا ‎:‏ **آنکھوں سے دریا بہانا** (ف) بے انتہا رونا ‎:‏ **آنکھوں سے دم نکلنا** (ف) (دیکھیے "آنکھوں سے جان نکلنا") ‎:‏ **آنکھوں سے دیکھا جو کبھی کانوں سے بھی نہ سُنا تھا** (ف) مثل۔ کسی انوکھی چیز کے دیکھنے یا کوئی نئی بات پیش آنے پر بولتے ہیں ‎:‏ **آنکھوں سے دیکھا نہ کانوں سے سُنا** (ف) مثل۔ کسی عجیب و غریب یا خلافِ قیاس بات کے متعلق بولتے ہیں ‎:‏ **آنکھوں سے دیکھنا** (ف) خود دیکھنا ‎:‏ **آنکھوں سے شعلے اٹھنا (نکلنا)** (ف) آنکھوں میں گرمی معلوم ہونا۔ نہایت جلن ہونا ‎:‏ **آنکھوں سے قدم لگانا** (ف) بزرگ جاننا۔ اطاعت سے پیش آنا ‎:‏ **آنکھوں سے کام کرنا** (ف) (۱) نہایت خوشی اور شوق سے کام کرنا (۲) عقل سے کام کرنا ‎:‏ **آنکھوں سے لگا (لگاکے) رکھنا** (ف) کمال اعزاز سے رکھنا۔ متبرک سمجھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔ بہت عزیز کر کے رکھنا ‎:‏ **آنکھوں سے لگانا** (ف) پیار محبت یا عظمت و تقدس کے لحاظ سے کوئی چیز آنکھوں سے چھونا ‎:‏ **آنکھوں سے لہو برسنا (ٹپکنا)** (ف) (دیکھیے "آنکھوں سے خُون برسنا") ‎:‏ **آنکھوں سے معذور ہونا** (ف) آنکھوں میں روشنی کا نہ ہونا۔ اندھا ہونا ‎:‏ **آنکھوں سے موہنی پیدا کرنا** (ف) آنکھوں سے عشق و محبت کی علامتیں ظاہر کرنا ‎:‏ **آنکھوں سے نیل ڈھل جانا (ڈھلنا)** (ف) مرنے کے قریب ہونا۔ جان کنی کی حالت میں ہونا (نزع میں چند آنسو نکلتے ہیں، جنھیں آنکھ کا نیل ڈھلنا کہتے ہیں۔ پھر دیکھنے کی طاقت باقی نہیں رہتی) ‎:‏ **آنکھوں سے نیند اُڑ جانا** (ف) آئی ہوئی نیند جاتی رہنا۔ نیند اچٹ جانا۔ نیند نہ آنا ‎:‏ **آنکھوں سے ہاتھ دھو بیٹھنا (دھونا)** (ف) اندھا ہو جانا۔ دیکھنے کی طاقت سے ناامید ہو جانا ‎:‏ **آنکھوں کا برسنا** (ف) شدت سے رونا ‎:‏ **آنکھوں کا بہنا** (ف) آنسو جاری رہنا ‎:‏ **آنکھوں کا پانی بہ جانا** (ف) بے مروت اور بے دید ہو جانا ‎:‏ **آنکھوں کا پانی ڈھل جانا** (ف) بے حیا اور بے غیرت ہونا ‎:‏ **آنکھوں کا تیل نکالنا** (ف) باریک اور دیدہ ریزی کے کام میں آنکھوں پر زور دینا ‎:‏ **آنکھوں کا جاتا رہنا** (ف) اندھا ہو جانا ‎:‏ **آنکھوں کا جادو** (ف) مذکر۔ نگاہ کا اثر (چلنا کے ساتھ) ‎:‏ **آنکھوں کا چلنا** (ف) آنکھوں کا گردش کرنا ‎:‏ **آنکھوں کا چلنا پھرنا** (ف) شوخی سے نظر نہ ٹھہرنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔ تاکنا جھانکنا ‎:‏ **آنکھوں کا رونا** (ف) مذکر (۱) آنکھوں کا شکوہ (۲) بینائی کے جانے کا افسوس (۳) آنکھوں کا ہمیشہ بیمار رہنا ‎:‏ **آنکھوں کا لہو رونا (برسانا)** (ف) بے حد رونا ‎:‏ **آنکھوں کا لہو ہو جانا** (ف) آنکھوں کا از حد سرخ ہو جانا۔ زیادہ رونے سے آنکھوں کا لال ہو جانا ‎:‏ **آنکھوں کا ناسور ہو جانا** (ف) آنکھوں سے لگاتار آنسو بہنا اور کسی وقت نہ تھمنا ‎:‏ **آنکھوں کا نور** (ف) مذکر۔ (۱) آنکھوں کی نظر (۲) (مجازاً) لڑکا۔ عزیز قریب۔ اولاد ‎:‏ **آنکھوں کا نور اُڑ جانا یا جاتا رہنا یا کھو جانا** (ف) نظر جاتی رہنا۔ اندھا ہو جانا ‎:‏ **آنکھوں کا نور کھو دینا (کھونا)** (ف) اندھا کر دینا ‎:‏ **آنکھوں کا نیل ڈھل جانا** (ف) (دیکھو "آنکھوں سے نیل ڈھل جانا") ‎:‏ **آنکھوں کا انتظار ہونا** (ف) دیکھنے کا شوق ہونا ‎:‏ **آنکھوں کو چکاچوندی (چوندھی) آنا** (ف) (ع) روشنی کے آگے آنکھوں کا نہ ٹھہرنا ‎:‏ **آنکھوں کو رو بیٹھنا** (ف) آنکھوں سے معذور ہو جانا۔ نظر کھو بیٹھنا ‎:‏ **آنکھوں کو فرش کرنا** (ف) نہایت خاطر تواضع کرنا۔ بہت تعظیم و تکریم اور مدارات سے پیش آنا ‎:‏ **آنکھوں کی پتلیاں پتھرانا** (ف) (۱) مرتے وقت آنکھوں کا بے نور اور بے حس ہو جانا (۲) بے حد انتظار کرنا ‎:‏ **آنکھوں کی راہ سے دل میں آنا** (ف) نظروں میں سما کر دل میں گھر کرنا۔ آنکھوں اور دل کو اچھا لگنا ‎:‏ **آنکھوں کی سفیدی** (ف) مؤنث۔ وہ سفیدی جو آنکھوں کی پُتلی کے اِردگرد ہوتی ہے ‎:‏ **آنکھوں کی سوئیاں نکالنی رہ گئیں** (ف) مثل (۱) اس مقام پر کہتے ہیں، جب کسی کام میں بہت سی محنت و مشقت ہو چکے، اور تھوڑی سی کسر باقی رہے (۲) انتہائی کوشش سے کام کرنے پر بھی ناکام رہنا ‎:‏ **آنکھوں کی سیاہی** (ف) مؤنث۔ آنکھ کی پتلی یا تل ‎:‏ **آنکھوں کی سیاہی سفید ہونا** (ف) (۱) موت کی علامتیں ظاہر ہونا (۲) مہربان شخص

کا بے وفا ہو جانا ÷ آنکھوں کی سفیدی میں سیاہی آجانا (د) موتیا بند ہو جانا ÷
آنکھوں کی صفائی (د) مؤنث ۔ بے مروتی ۔ ڈھٹائی ۔ چالاکی ۔ آنکھوں کی
فصدیں کھلواؤ (لو) (د)، مثل ۔ تمہاری نظر کا قصور ہے ۔ دیکھنے کی لیاقت پیدا
کرو ÷ آنکھوں کی قسم (د) عورتیں یہ کہ کر قسم کھاتی ہیں ÷ آنکھوں کے
آگے (ک) (۱) نگاہ کے سامنے (موجود یا تصور میں) (۲) دیکھتے دیکھتے ÷ آنکھوں
کے آگے آئے (ع) (بد دعا) اندھا ہو جائے ÷ آنکھوں کے آگے
(سامنے) اندھیرا آجانا (آنا ۔ یا ۔ چھا جانا) (ع)، کچھ نہ سوجھنا ۔ چکر آنا ۔
غش آنا ۔ دنیا نظروں میں تاریک ہو جانا ÷ آنکھوں کے آگے بھوں کا گلہ
(د) مثل ۔ (دیکھیے "آنکھ کی بدی بھوں کے آگے") ÷ آنکھوں کے آگے (سامنے)
پھر جانا (پھرنا) (ع)، خیال میں کسی چیز کی پوری تصویر آنکھوں کے سامنے آجانا ÷
آنکھوں کے آگے (سامنے) تارے چھٹکنا (چھٹنا) (ک) صدمے یا
کمزوری سے آنکھوں کے سامنے ترمرے نظر آنا ÷ آنکھوں کے آگے جہان
تاریک ہونا (د)، انتہائی رنج وغم میں ساری دنیا کا تاریک نظر آنا ۔ اداسی برسنا ÷
آنکھوں کے سامنے چاندنا ہو جانا (ع)، بے حد کمزوری کے باعث آنکھوں
کے سامنے چمکتے ذرّے نظر آنا ÷ آنکھوں کے آگے ناک سوجھے کیا خاک
(د)، مثل (۱) طنز سے اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں، جسے سامنے کی چیز دکھائی نہ دے
یعنی بے وقوف ہے (۲) اپنی برائیاں اور اپنے عزیزوں کے عیب دکھائی نہیں دیتے ÷
آنکھوں کے اندھے (ع) بے وقت ۔ بے شعور ۔ بے اٹکل ÷
آنکھوں کے اندھے نام نین سکھ یا آنکھوں کے اندھے نام شیخ روشن (د)، مثل (عو) (۱) وہ شخص، جو نقص اور عیب کے باوجود اچھائی کا دعویٰ کرے (۲) نادان، جو دانا بنے
یا دانائی کا دعویٰ کرے (۳) غلط نام یا غلط تعریف ۔ بیہودگی ۔ برعکس نہند نام
زنگی کافور ÷ آنکھوں کے بل چلنا (ع)، انتہائی شوق یا ادب سے چلنا ÷
آنکھوں کے تِل (ع)، مذکر ۔ آنکھ کی سیاہی کے چھوٹے سے نقطے ÷ آنکھوں
کے تلے اندھیرا آنا (ع)، (دیکھیے "آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا") ÷ آنکھوں
کے آگے تتلیاں اُڑنا (ع)، نظر کی کمزوری یا دماغی صدمے سے آنکھوں کے
سامنے ترمرے نظر آنا ÷ آنکھوں کے حلقے (د)، مذکر (۱) ڈھیلے کے گرد
پڑجانے والے گڑھے (۲) وہ دائرے جن میں آنکھوں کے ڈھیلے قائم ہیں ÷ آنکھوں
کے ڈورے (ع) مذکر ۔ آنکھوں کی سرخ رگیں، جو بعض اوقات قدرتی ہوتی اور
اکثر خمار یا نشے سے پیدا ہو جاتی ہیں ÷ آنکھوں کے ڈھیلے (ع) مذکر ۔
دیدے یعنی سیاہی، سفیدی اور پتلی ÷ آنکھوں کے روبرو (د) آنکھوں
کے آگے ÷ آنکھوں کے سامنے (آگے) کی بات (ع)، مؤنث ۔ اپنی
آنکھوں سے دیکھی ہوئی بات ÷ آنکھوں کے گڑھے (ع) مذکر ۔ کمزوری
سے آنکھوں کے حلقوں میں پیدا ہونے والے گہراؤ ÷ آنکھوں کے ناخن لو
(د)، مثل (دیکھیے "آنکھوں کی فصدیں کھلواؤ") ÷ آنکھوں کے نیچے اندھیرا
آجانا (ع)، (دیکھیے "آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا") آنکھوں میں آشوب
ہونا (د) آنکھیں دُکھنے آنا ÷ آنکھوں میں آنا (ع)، (۱) نگاہوں میں سمانا (۲)
نظر پر چڑھنا ÷ آنکھوں میں اشارے ہونا (د)، اشاروں میں دل کی بات
کہنا ÷ آنکھوں میں انتظار ہونا (د)، آنکھوں کو انتظار ہونا ÷ آنکھوں
میں اندھیرا آجانا (ع)، (دیکھیے "آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا") ÷ آنکھوں
میں باتیں کرنا (ع) اشاروں میں باتیں کرنا ÷ آنکھوں میں بجلی سی چمک جانا
(ع) آنکھوں میں چکاچوند پیدا کر دینے والی چیز کا اچانک نظر آجانا ÷ آنکھوں
میں بچن ہونا (ع)، آنکھوں آنکھوں میں محبت کی باتیں اور قول قرار ہونا ÷
آنکھوں میں بسنا (ع)، (۱) نظروں میں سمانا (۲) پسند آنا ÷ آنکھوں میں
بہار آنا (پھولنا ۔ یا ۔ چھانا) (د)، نظروں سے خوشی ٹپکنا ۔ دل کی کلی کھلنا ÷
آنکھوں میں بھنگ گھٹنا (ع) بھنگ کا گہرا نشہ ہونا ۔ خوب نشہ ہونا ÷
آنکھوں میں بیٹھنا (ع) ڈھٹائی سے مکرنا ÷ آنکھوں میں پالنا (ع) بڑی
محبت اور لاڈ پیار سے پرورش کرنا ÷ آنکھوں میں پھر جانا (پھرنا) (ع)
خیال میں نظروں کے آگے رہنا ۔ ہر وقت یاد آنا ÷ آنکھوں میں پھیکا
لگنا (ع) پسند نہ آنا ۔ برا معلوم ہونا ÷ آنکھوں میں پی (پیے) جانا (ع)
(۱) گھورنا ۔ شوق سے تاکنا ۔ حسن کو دیکھ کر ضبط کرنا (۲) کسی کی بری حرکت کو آنکھوں
سے دیکھ کر چپ ہو رہنا ÷ آنکھوں میں تاڑ لینا (ع) نظروں سے سمجھ لینا ÷
آنکھوں میں تصویر پھرنا (د)، صورت نظروں کے سامنے آجانا ÷ آنکھوں
میں تکلے چبھونا (ع) (عو) (مجازاً) شدید تکلیف دینا ۔ اس کا استعمال ایسی خطا
پر کیا جاتا ہے، جو آنکھ سے متعلق ہو ÷ آنکھوں میں تلنا (ع) (۱) نگاہوں میں
جچنا ۔ اندازہ ہونا (۲) بے حد ہلکا اور سبک ہونا ÷ آنکھوں میں تیل لگانا
(ع) بہانہ بنانا ÷ آنکھوں میں تیور آنا (ع) آنکھوں میں اندھیرا آجانا ÷
آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا (ع) آنکھوں میں طراوت ہونا ۔ جی خوش ہونا ÷
آنکھوں میں ٹھہرنا (ع) اچھا معلوم ہونا ÷ آنکھوں میں ٹیسو پھولنا (ع)
زرد ہی زرد دکھائی دینا ۔ خوشی کا سامان نظروں میں پھرنا ÷ آنکھوں میں
جان آنا (د)، (۱) آنکھوں کو اچھا معلوم ہونا ۔ دل کو راحت پہنچنا (۲) مرنے کے
قریب ہونا ÷ آنکھوں میں جچنا (ع) پسند ہونا ÷ آنکھوں میں جگہ
دینا (ع) (۱) قدر کرنا ۔ محبت کرنا ۔ بہت عزیز جاننا (۲) توقیر و تعظیم کرنا ÷
آنکھوں میں جہان اندھیر (تاریک ۔ یا ۔ سیاہ) ہو جانا (ہونا)
(د) مصیبت یا صدمے سے کچھ نہ سوجھنا ۔ دنیا تیرہ و تار ہو جانا ("جہان" کی جگہ "عالم"
بھی مستعمل ہے) ÷ آنکھوں میں جی کھچ آنا (ع)، مرنے کے قریب ہونا ÷
آنکھوں میں چبھنا (ع) پسند آنا ÷ آنکھوں میں چربی چھانا (ع) (۱)
نظر کم ہو جانا (۲) مغرور ہونا (۳) اپنی اچھائی برائی نہ سمجھنا ۔ اچھے برے میں
تمیز نہ ہونا (۴) جان بوجھ کر اندھا بن جانا (۵) پس و پیش کچھ نہ سوچنا ÷
آنکھوں میں چڑھنا (ع) (۱) پسند آنا (۲) عزت پانا ÷ آنکھوں
میں چکاچوند آنا (ہونا) (ع) تیز روشنی کے سامنے نظر کا قائم نہ رہنا ÷
آنکھوں میں چلے آنا (ع) آنکھوں میں بس جانا ÷ آنکھوں میں چھانا
(ع) (۱) نگاہوں میں سما بندھنا (۲) نظروں میں ایسا سمانا کہ اس کے سوا اور
کچھ نہ سوجھے ÷ آنکھوں میں خار گزرنا (معلوم ہونا ۔ یا ۔ ہونا) (د)

(۱) نظروں کو بُرا لگنا (۲) تکلیف کا باعث ہونا (۳) بدصورت ہونا (۴) دشمن ہونا ❊
آنکھوں میں خاک (ف) (ع) (۱) نظر نہ لگے۔ چشم بد دُور (۲) جب کوئی شخص کچھ مانگے یا سفارش کرے اور اسے کچھ دینا منظور نہ ہو تو کہتے ہیں "اس کی آنکھوں میں خاک" ❊
آنکھوں میں خاک جھونکنا (ڈالنا) (ف) (۱) آنکھوں میں مٹی ڈالنا (۲) سچی اور کھلی ہوئی بات سے اِنکار کرنا (۳) دھوکا دینا (۴) چالاکی سے کوئی چیز اُڑا لینا (۵) اندھا بنانا (۶) خراب چیز کی تعریف کرکے دغا سے بیچنا ❊

آنکھوں میں خاک کی چٹکی بھی نہ دوں **آنکھوں میں خاک کی چٹکی نہ ڈالوں** **آنکھوں میں خاک بھی نہ ڈالوں**	}	(ف) مثل (ع) کچھ بھی نہ دوں۔ تھوڑا بھی نہ دوں۔ ہرگز نہ دوں ❊

آنکھوں میں خاک لگانا (ف) کسی جگہ کی مٹی کو متبرک جان کر آنکھوں میں لگانا ❊
آنکھوں میں خوار ہونا (ف) حقیر ہونا۔ نظروں میں ذلیل ہونا ❊ **آنکھوں میں خون اتر آنا (اترنا)** (ف) بے حد غصہ آنا۔ غصے سے آنکھیں سرخ ہو جانا ❊ **آنکھوں میں خون برسنا** (ف) شکل سے خونخواری ٹپکنا ❊
آنکھوں میں خیال پھرنا (ف) ہر دم کسی بات کا خیال رہنا ❊ **آنکھوں میں دم آجانا** (ف) (۱) انتظار میں مرنے کے قریب ہوجانا (۲) جان بلب ہونا ❊ **آنکھوں میں دم ہونا** (ف) دم کا سارے جسم سے کھچ کر آنکھوں میں آ رہنا ❊ **آنکھوں میں دُنیا سیاہ۔یا۔اندھیر۔یا۔تاریک ہونا** (ف) غم والم یا صدمے کے باعث کچھ نہ سجھائی دینا ❊ **آنکھوں میں ڈر نہ ہونا** (ل) نڈرا ور ڈھیٹ ہونا ❊ **آنکھوں میں رات کاٹنا** (ل) اُداسی سے رات بھر جاگتے رہنا۔ ساری رات جاگ کر گزارنا۔ بے قراری سے یا انتظار میں رات بسر کرنا ❊ **آنکھوں میں رات کٹنا** (ل) انتظار یا بے تابی میں رات گزرنا ❊ **آنکھوں میں رائی نون** (ل) (ع) محاورہ۔ نظر لگ جانے کے ڈر سے اس وقت کہتی ہیں، جب کوئی شخص کسی بچے وغیرہ کو ٹوکے ❊ **آنکھوں میں رس (رسیلا پن)** (ل) آنکھیں مدھ بھری اور نشیلی ہونا ❊
آنکھوں میں رکھنا (ل) (۱) نگرانی کرنا (۲) عزیز رکھنا ❊ **آنکھوں میں روشنی آجانا (ہو جانا)** (ف) اندھی آنکھ کا کھل جانا۔ بینائی حاصل ہونا۔ آنکھوں میں نور آنا ❊ **آنکھوں میں رہنا** (ل) (۱) تصور میں رہنا (۲) نہایت عزیز ہونا۔ قابلِ قدر ہونا ❊ **آنکھوں میں سبک کرنا** (ف) حقیر کرنا۔ ذلیل کرنا ❊
آنکھوں میں سبک ہونا (ف) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ حقیر ہونا ❊
آنکھوں میں سحر کرنا (ف) بے لذتی سے صبح تک جاگتے رہنا ❊
آنکھوں میں سحر ہونا (ف) رات جاگتے گزر جانا۔ (روزمرہ میں "آنکھوں میں صبح ہوجانا" زیادہ مستعمل ہے) ❊ **آنکھوں میں سُرخی ہونا** (ف) رات کو جاگنے، رونے، آشوب یا نشے سے آنکھیں سرخ ہونا ❊ **آنکھوں میں سرسوں پھولنا** (ل) (دیکھیے "آنکھوں میں ٹیسو پھولنا") ❊ **آنکھوں میں سرمہ (کاجل) دینا** (ف) سُرمہ یا کاجل آنکھوں میں لگانا ❊ **آنکھوں میں سرمے (کاجل) کی تحریر کھینچنا** (ف) سرمہ یا کاجل لگانا ❊ **آنکھوں میں سفیدی چھا جانا (چھانا)** (ف) آنکھوں میں جالا پھیل جانا۔ اندھا ہو جانا ❊

آنکھوں میں سلائی پھیرنا (ل) اندھا کر دینا ❊ **آنکھوں میں سمانا** (ل) (۱) ہر وقت کسی چیز کا خیال رہنا۔ آنکھوں میں بسنا (۲) بحد پسند آنا ❊ **آنکھوں میں سماں بندھنا (پھرنا)** (ل) آنکھوں کو لطف آنا۔ کسی کیفیت کی تصویر آنکھوں کے سامنے ہونا ❊ **آنکھوں میں سوال وجواب ہونا** (ف) اشاروں میں گفتگو ہونا ❊ **آنکھوں میں شرم (حیا) نہ ہو تو ڈھیلے اچھے** (ف) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کسی کو اس کی بے حیائی پر ملامت کرنا مقصود ہو ❊
آنکھوں میں صبح کرنا (ف) (دیکھیے "آنکھوں میں سحر کرنا") ❊ **آنکھوں میں کاجل بن کر پھرنا** (ل) آنکھوں میں سما جانا ❊ **آنکھوں میں کوٹ کوٹ کے (کوٹ کوٹ کے) موتی بھرے ہیں** (ل) محاورہ۔ نہایت خوبصورت اور آبدار آنکھیں ہیں ❊ **آنکھوں میں (آنکھوں آنکھوں میں) کھائے جانا** (ل) شوق اور رغبت کی نگاہوں سے دیکھنا ❊ **آنکھوں میں کھُب جانا (کھبنا)** (ل) نگاہ کو بہت اچھا معلوم ہونا۔ بحد پسند آنا ❊ **آنکھوں میں کھٹکنا** (ل) (۱) ناگوار گزرنا۔ بُرا معلوم ہونا (۲) کسی کو دیکھ کر جلنا ❊ **آنکھوں میں گڑھے پڑجانا** (ل) آنکھوں میں حلقے پڑجانا ❊ **آنکھوں میں گھر بنانا** (ل) آنکھوں میں بسنا۔ نظروں میں رہنا ❊ **آنکھوں میں گھر کرنا** (ل) (۱) نظروں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسنا (۲) چالاکی سے کچھ اُڑا لینا۔ نظر بچا کر کوئی کام کرنا (۳) اپنی بات کی پچ کرنا۔ ڈھٹائی سے جھٹلانا ❊ **آنکھوں میں گھر ہونا** (ل) پیارا ہونا۔ بہت عزیز ہونا ❊ **آنکھوں میں لون مرچ بھرنا** (ل) جاگنے کی تدبیر کرنا۔ کسی کو ایسی تکلیف دینا، جس میں وہ جاگتا رہے، نیند نہ آسکے ❊ **آنکھوں میں لہو اتر آنا (اترنا)** (ل) (دیکھیے "آنکھوں میں خون اتر آنا (اترنا)") ❊
آنکھوں میں لے جانا (ل) فریب دے کر چالاکی سے چیز اُڑا لینا ❊
آنکھوں میں مرچیں بھرنا (ل) (دیکھیے "آنکھوں میں لون مرچ بھرنا") ❊
آنکھوں میں مروّت نہ ہونا (ف) آنکھوں میں شرم نہ ہونا۔ بے شرم اور بے وفا ہونا ❊ **آنکھوں میں مروّت ہونا** (ف) دیکھنے کی مروت ہونا ❊
آنکھوں میں موہنی ہونا (ل) نگاہوں میں جادو ہونا۔ نظر میں تسخیر کا خداداد اثر ہونا۔ آنکھوں میں دل لبھانے اور فریفتہ کرنے کی طاقت ہونا ❊ **آنکھوں میں نشہ چڑھنا (چھانا)** (ف) نشے سے چُور ہونا ❊ **آنکھوں میں نقشہ پھر جانا (کھچ جانا)** (ف) کسی شے کی تصویر نظر کے سامنے آجانا ❊
آنکھوں میں نون جھونکنا (دینا) (ل) (۱) آنکھوں میں نمک ڈالنا۔ تکلیف دینا (۲) اندھا کرنا ❊ **آنکھوں میں نیل کی سلائی پھیرنا** (ف) اندھا کر دینا ❊
آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سنا (ل) مثل۔ کسی انوکھی اور خلافِ قیاس بات کے متعلق کہتے ہیں ❊ **آنکھوں والے آنکھیں بڑی نعمت ہیں** (ف) اندھے فقیر کی صدا کہ آنکھیں بہت نعمت ہیں، ان کی قدر کرنی چاہیے۔ آنکھیں اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہیں ❊ **آنکھوں ہی آنکھوں میں** (ل) اشاروں میں۔ سب کے سامنے ❊ **آنکھوں ہی آنکھوں میں جواب دینا** (ف) آنکھوں کے اشارے سے انکار یا اقرار جتانا ❊ **آنکھوں ہی آنکھوں میں چُرا لے جانا** (ل) اشاروں میں اُڑا لینا۔ سب کے سامنے چُرا لینا۔ ہوشیاری

اور نگرانی کے باوجود چرالینا۔ نظر ملاتے ہی غائب کرلینا ؛

آنکھیں (آں۔کھیں) (ہ) مؤنث۔ آنکھ کی جمع ؛ **آنکھیں آسمان پر رہتی ہیں (آسمان پر ہیں)** (ر) مثل۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی کام نظر جماکر کرنے کا ہو اور کام کرنے والا اِدھر اُدھر دیکھے ؛ **آنکھیں آسمان سے لگی رہتی ہیں۔ یا۔ لگی ہیں** (ر) (۱) نیچے دیکھتے ہی نہیں (۲) حسرت ویاس طاری ہے ؛ **آنکھیں اِدھر اُدھر ہیں** (ہ) نگاہیں پریشان ہیں۔ خیالات منتشر ہیں ؛ **آنکھیں اُگل پڑنا** (ہ) دیدوں کا بہت ابھر آنا۔ (کثرت بخار اور دردِ سر کی شدت میں یہ کیفیت ہوتی ہے۔ گھوڑے کی صفت میں مستعمل ہے) ؛ **آنکھیں اُلٹ جانا** (ہ) پُتلیاں چڑھ جانا ؛ (یہ حالت زیادہ رونے، زیادہ نشے یا جان کنی میں ہوتی ہے) ؛ **آنکھیں اُمنڈنا** (ہ) رونے کا جوش ہونا ؛ **آنکھیں انگارا بن جانا** (ہ) آنکھوں کا بہت سرخ ہوجانا ؛ **آنکھیں اوپر نہ اُٹھانا** (ہ) شرم سے آنکھیں نیچی رکھنا۔ شرمانا ؛ **آنکھیں بچھانا** (ہ) بڑی تعظیم وتکریم سے پیش آنا۔ کمالِ خاطر تواضع کرنا ؛ **آنکھیں بدلنا** (ر) (۱) بے توجہی کرنا۔ بے مروتی کرنا (۲) نزع کے وقت پُتلیاں بدلنا (۳) خفا ہونا۔ غصے ہونا ؛

آنکھیں بڑی چیز ہیں **آنکھیں بڑی دولت ہیں** **آنکھیں بڑی نعمت ہیں**	}	(ر) یہ جملے آنکھوں کی تعریف میں بولے جاتے ہیں۔ خدا نے آنکھ انسان کو عجب نادر شے عطا کی ہے ؛

آنکھیں بنانا (ہ) (۱) دیکھیے "آنکھ بنانا" (۲) عجیب عجیب طریقوں سے آنکھوں کی شکل وصورت بدلنا۔ تمسخر سے ایسا کرتے ہیں ؛ **آنکھیں بند رکھنا** (ر) (۱) حقیقی معنی میں (۲) وحشت دور کرنے کے لیے باز یا کسی اور وحشی جانور کی آنکھیں دھاگے سے سینا یا چمڑے کی ٹوپی چڑھانا ؛ **آنکھیں بند رہنا** (ر) آنکھیں کھلی رہنا کے برعکس۔ یہ حالت ضعف و بیخودی سے ہو یا تصور و نشہ سے ؛ **آنکھیں بند کرنا** (ل) (۱) سونا (۲) (کنایۃً) مرجانا (۳) غور کرنا (۴) تصور باندھنا (۵) بیہوشی اور غفلت کی حالت ظاہر کرنا (۶) حیرانی کی حالت ظاہر کرنا ؛ **آنکھیں بھبھوکا۔ یا۔ لال بھبھوکا ہونا** (ہ) (۱) غصے یا آشوب یا نشے کے باعث آنکھوں کا سرخ ہونا (۲) افروختہ ہونا ؛ **آنکھیں بھر آنا** (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا ؛ **آنکھیں بھر کر دیکھنا** (ہ) غور سے دیکھنا ؛ **آنکھیں بھری آنا** (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا ؛ **آنکھیں پانی ہو کر بہ جانا**۔ حد سے زیادہ رونا ؛ **آنکھیں پتھرا جانا** (ہ) آنکھوں کا پتھر کی طرح ہوجانا۔ نہ ان میں نور باقی رہے نہ حس وحرکت۔ حسرت، انتظار، حیرت اور نزع میں یہ حالت ہوتی ہے ؛ **آنکھیں پٹ پٹا جانا** (ہ) دھوپ کی شدت یا کوئی صدمہ پہنچنے سے آنکھیں تیوراجانا۔ **آنکھیں پٹ پٹانا** (ہ) (عو) آنکھوں کو جلد جلد کھولنا اور بند کرنا ؛ **آنکھیں پٹم ہوجائیں** (ہ) (عو) (کوسنا) دیدے پھوٹ جائیں، اندھا ہوجائے ؛ **آنکھیں پڑنا** (ہ) توجہ کی نظر سے دیکھا جانا۔ خاص عنایت ہونا ؛ **آنکھیں پسنا** (ہ) ("پر" کے ساتھ) دیکھ کر لوٹ ہوجانا (اس جگہ روزمرہ میں "دل پسنا" زیادہ مستعمل ہے) ؛ **آنکھیں پلٹ جانا** (ہ) (۱) بے مروت ہوجانا (۲) مغرور ہوجانا ؛

آنکھیں پونچھنا (ہ) (۱) آنکھوں سے آنسو صاف کرنا (۲) رونا موقوف کرنا (۳) تسلی دینا ؛ **آنکھیں پھاڑ کر (پھاڑ پھاڑ کے) دیکھنا** (ہ) (۱) غور سے دیکھنا۔ اچھی طرح آنکھیں کھول کر دیکھنا (۲) رغبت سے دیکھنا۔ شوق سے دیکھنا (۳) حسرت سے دیکھنا (۴) مصیبت میں گھبرا گھبرا کر دیکھنا ؛ **آنکھیں پھٹنا** (ہ) (۱) آنکھیں کھلی رہ جانا (۲) سخت صدمہ ہونا۔ بھونچکا ہوجانا ؛ **آنکھیں پھوٹ جائیں یا پھوٹیں** (ہ) (عو) (۱) اندھا ہوجائے (۲) آنکھوں کی قسم کھانا ؛ **آنکھیں پھوڑنا** (ہ) (۱) اندھا کرنا (۲) آنکھوں پر زور دینا (۳) آنکھوں کو صدمہ پہنچانا ؛ **آنکھیں پھیر دینا** (ہ) مرجانا۔ مرنے کی علامت ظاہر ہونا ؛ **آنکھیں پھیر کے چل دینا** (ہ) منہ پھیر کر چلے جانا۔ کترا کر نکل جانا ؛ **آنکھیں پھیر لینا** (ہ) (۱) ناراض ہوجانا۔ بے رُخی کرنا (۲) بے مروت ہوجانا ؛ **آنکھیں پھیرے طوطے کی سی، باتیں کرے مینا کی سی** (ر) مثل۔ اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو اصل میں بے مروت ہو۔ لیکن ظاہر میں مہر و وفا کی باتیں کرے ؛ **آنکھیں ترسنا** (ہ) دیکھنے کی بے حد تمنا ہونا۔ دیدار کے شوق میں بے قرار ہونا ؛ **آنکھیں تُرش ہونا** (ر) نگاہوں سے غصہ ظاہر ہونا ؛ **آنکھیں تلووں سے رگڑنا (لگانا)** پیار یا خوشامد کا اظہار کرنا ؛ **آنکھیں تلووں سے ملنا** (ہ) (۱) خوشامد یا پیار ظاہر کرنا (۲) کہتے ہیں کہ قدیم زمانے میں رانیاں اور شہزادیاں جس کسی سے نہایت خفا ہوتی تھیں، اُس کی آنکھیں نکلوا کر اپنے تلووں سے ملتی تھیں (۳) معشوقانہ ناز و غمزہ سے پامال کرنا ؛ **آنکھیں تُلی ہونا** (ہ) نگاہوں سے کسی بات کی تیاری ظاہر ہونا ؛ **آنکھیں تو کھلی رہ گئیں اور مرگئی بکری** (ہ) مثل۔ اچانک دم نکل گیا ؛ **آنکھیں تیورا جانا** (ہ) آنکھوں میں اندھیرا آجانا ؛ **آنکھیں ٹمٹمانا** (ہ) آنکھوں کا ذرا ذرا کھلا ہونا۔ (اس کا استعمال بچوں کی نسبت، نئی بیاہی دلھن کے متعلق اور حالتِ نشہ کے باب میں کیا جاتا ہے) ؛ **آنکھیں ٹوٹ آنا** (ہ) شدت سے آنکھوں کا جوش کر آنا ؛ **آنکھیں ٹھنڈی کرنا** (ہ) (۱) آنکھوں میں طراوت لانے اور جی خوش کرنے والی چیزیں دیکھنا (۲) تسلی دینا ؛ **آنکھیں جاتی رہنا** (ہ) (۱) آنکھوں میں دیکھنے کی طاقت باقی نہ رہنا (۲) رہنما، مددگار اور سہارا دینے والے کا جدا ہوجانا یا مرجانا ؛ **آنکھیں جلنا** (ہ) (۱) نظر پر کسی شے کی گرمی کا صدمہ پہنچنا (۲) آنکھوں میں سوزش ہونا ؛ **آنکھیں جھپکانا** (ہ) (۱) پلک مارنا (۲) شرمانا۔ لحاظ سے آنکھیں نیچی کرنا۔ (معنی نمبر ۲ میں اب متروک ہے) ؛ **آنکھیں جھپکنا** (ہ) (۱) نیند آنا (۲) نیند نہ آنا (۳) روشنی کی تاب نہ لانا (۴) آنکھیں کھلنا اور بند ہونا ؛ **آنکھیں جھک جانا** (ہ) (۱) نیند یا نشے کا غلبہ ہونا (۲) شرمندہ ہونا ؛ **آنکھیں چار کرنا** (ر) نگاہ سے نگاہ ملانا (۲) ڈھٹائی سے دیکھنا ؛ **آنکھیں چرنے گئی ہیں** (ہ) مثل۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنے سامنے کی چیز نہیں دیکھ سکتا اور پوچھتا یا اِدھر اُدھر ٹٹولتا پھرتا ہے ؛ **آنکھیں چڑھانا** (ہ) (عو) (۱) خاطر میں نہ لانا (۲) بد دماغ ہونا (۳) آنکھوں کا روگ مٹ جانے کے لیے مانی ہوئی منت کے بعد مراد پوری ہونے پر درگاہ میں سونے چاندی کی آنکھیں چڑھانا ؛ **آنکھیں چڑھنا** (ہ) آنکھوں میں نیند یا نشے کا خمار ہونا ؛ **آنکھیں چلنا** (ہ)

جلد جلد پلکیں جھپکنا ✽ آنکھیں چمکانا (ف) ناز و غمزہ سے آنکھیں گھمانا۔ دیدے مٹکانا ✽ آنکھیں چندھیا جانا (چندھیانا) (ف) نہایت چمکیلی چیز دیکھنے سے آنکھ کا پورا نہ کھلنا اور جھپکنے لگنا۔ نگاہ خیرہ ہونا ✽ آنکھیں چھت سے (چھت کو) لگ جانا (ف) (۱) حیران اور فکرمند ہونا (۲) موت کی علامتیں ظاہر ہونا (۳) کسی کے انتظار میں راہ دیکھنا ✽ آنکھیں دکھانا (ف) (۱) دھمکانا۔ ڈرانا (۲) غصے سے دیکھنا (۳) چشم نمائی کرنا (۴) گھورنا (۵) بے مروتی، بے رخی اور رکھائی سے دیکھنا ✽ آنکھیں دوچار کرنا (و) نظریں ملانا ✽

آنکھیں دو سے چار ہو جانا (و) وہاں کہتے ہیں، جہاں پڑھنے لکھنے کی تعریف منظور ہو ✽ آنکھیں دیکھی ہیں (ف) (۱) صحبت اٹھائی ہے (۲) تربیت پائی ہے۔ تعلیم حاصل کی ہے۔ کسب فیض کیا ہے ✽ آنکھیں دیوار ہو جانا (و) کچھ نہ سوجھنا ✽ آنکھیں ڈبڈبانا (ف) آنسو بھر آنا۔ آبدیدہ ہونا ✽ آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا (ف) نہایت کمزوری سے آنکھوں میں حلقے پڑ جانا اور ایسی حرکت ہونا جس سے ضعف ظاہر ہوتا ہو۔ بے حد نحیف ہونا ✽ آنکھیں ڈھانپنا (ڈھانکنا) (ف) (۱) ہاتھ یا کسی چیز سے آنکھیں چھپا لینا (۲) شرم سے آنکھیں بند کر لینا ✽ آنکھیں ڈھلنا (ف) مائل نظارہ ہونا۔ نظربازی کرنا ✽ آنکھیں ڈھیٹ ہونا (ف) آنکھوں میں شرم نہ ہونا۔ نڈر ہونا ✽ آنکھیں ڈھونڈتی ہیں (ف) دیکھنے کو بہت جی چاہتا ہے۔ بے حد انتظار ہے ✽ آنکھیں رگڑنا (ف) کسی شے پر زور زور سے آنکھیں ملنا ✽ آنکھیں رکھنا (ف) سمجھ والا ہونا۔ بصیرت رکھنا ✽ آنکھیں روشن کرنا (و) (۱) کسی دوست پیارے یا خوبصورت چیز کے دیکھنے سے آنکھوں کو تازگی اور طراوت دینا (۲) اندھے کی آنکھوں میں دیکھنے کی طاقت پیدا کرنا ✽ آنکھیں روشن ہونا (و) (۱) آنکھوں میں نور آنا (۲) کسی کے دیدار سے دل شاد ہونا (۳) کوئی خوبصورت چیز دیکھ کر آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا (۴) معرفت کا نور پیدا ہو جانا۔ حقیقت کی آنکھ کھل جانا ✽ آنکھیں زمین سے لگ جانا (و) شرم یا پشیمانی سے آنکھیں اوپر نہ اٹھنا ✽ آنکھیں سر پر ہونا (و) مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے دن آنکھیں چہرے کے بجائے سر پر ہوں گی تاکہ کوئی کسی کا حال دیکھ نہ سکے ✽ آنکھیں سرخ کرنا (و) غصہ کرنا ✽ آنکھیں سفید کرنا (و) رونے یا زیادہ انتظار کرنے سے آنکھوں کی روشنی زائل کرنا ✽ آنکھیں سینا (ف) (۱) پلک سے پلک سی دینا (۲) کسی شے پر بروقت آنکھیں لگائے رہنا (۳) گھات کرنا۔ دھوکا دینا ✽ آنکھیں سینکنا (ف) معشوقوں کو گھورنا۔ نظربازی کرنا ✽ آنکھیں فرش راہ کرنا۔ یا۔ فرش کرنا (و) نہایت عاجزی اور شوق ظاہر کرنا۔ کمال تواضع و تکریم کرنا ✽ آنکھیں فرش راہ ہونا (و) لازم ✽ آنکھیں قدموں پر سے ملنا (و) نہایت اخلاص و محبت یا انتہائی ادب و تعظیم کا اظہار کرنا ✽ آنکھیں کڑوانا (ف) نیند کے خمار یا دھوئیں کی تکلیف سے آنکھوں میں خارش سی پیدا ہو کر پانی بھر آنا ✽ آنکھیں کور ہو جانا (و) اندھا ہو جانا ✽ آنکھیں کھل جانا (ف) (۱) بینائی زیادہ ہو جانا (۲) عقل اور فہم پیدا ہو جانا (۳) قدر عافیت معلوم ہو جانا (۴) حقیقت ظاہر ہو جانا (۵) بھونچکا رہ جانا (۶) غفلت اور بیخودی جاتی رہنا ✽ آنکھیں کھلی رہنا (ف) (۱) پلک نہ جھپکنا (۲) اس طرح سونا کہ پوری آنکھیں بند نہ ہوں، کچھ کچھ کھلی رہیں ✽ آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں (ف) (۱) سکتے کی حالت میں مر گیا (۲) دم بخود ہو گیا۔ حیران رہ گیا ✽ آنکھیں کھلی ہونا (ف) (۱) آنکھوں کا کچھ کچھ کھلا ہونا (۲) صحیح و سلامت ہونا۔ زندہ ہونا ✽ آنکھیں کھونا (ف) اندھا ہو جانا ✽ آنکھیں کہیں ہیں، دل کہیں ہے (و) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کسی کی نظر اور طرف ہو، دھیان کہیں اور ✽ آنکھیں گدی میں ہونا (ف) (۱) بے عقل ہونا (۲) گھمنڈ کرنا (۳) بدمست ہونا (۴) اچھا برا نہ دیکھنا ✽ آنکھیں گرم کرنا (و) (۱) غصے سے دیکھنا (۲) (مجازاً) گھورنا ✽ آنکھیں گرم ہونا (و) (کنایۃً) نیند آ جانا ✽ آنکھیں گڑ جانا (ف) کسی چیز کو برابر دیکھے جانا ✽

آنکھیں گڑو کے دیکھنا }
آنکھیں گڑونا } (ف) غور سے دیکھنا ✽

آنکھیں گلابی ہونا (و) (۱) آنکھوں کا سرخ ہونا (۲) محبت ہونا (۳) نشہ ہونا۔ خمار ہونا ✽ آنکھیں لال بھبھوکا ہونا (ف) آشوب، غصے یا نشے سے آنکھیں نہایت سرخ ہونا ✽ آنکھیں لال کرنا (ف) (۱) بے حد رونا (۲) غصہ کرنا۔ چشم نمائی کرنا ✽ آنکھیں لگانا (ف) (۱) کسی شے سے آنکھیں چھوانا (۲) محبت کرنا۔ عاشق ہونا (۳) انتظار کرنا ✽ آنکھیں لگی ہونا (ف) کسی طرف ٹکٹکی بندھی ہونا ✽ آنکھیں مانگنا۔ یا۔ مانگتے پھرنا (ف) بینائی کا طلب گار ہونا۔ آنکھوں کی آرزو کرنا ✽ آنکھیں مٹکانا (ف) (ف) (۱) آنکھیں چمکانا (۲) آنکھیں گھمانا (۳) ناز نخرا کرنا (۴) اترانا ✽ آنکھیں ملنا (ف) (۱) سونے سے اٹھ کر نیند کا خمار مٹانے یا آئی ہوئی نیند ٹالنے کے لیے یا کچھ پڑ جانے یا جلن ہونے کی صورت میں آنکھوں کو ملنا (۲) محبت، عجز یا اعتقاد کے باعث کسی شے سے آنکھیں رگڑنا ✽

آنکھیں مندتے کیا دیر ہے؟ (و) مثل۔ زندگی کا کیا بھروسا ہے۔ مرنے میں دیر نہیں لگتی (اب "مندنا" کی جگہ "بند ہونا" بولتے ہیں) ✽ آنکھیں میچ لینا (ف) (۱) آنکھیں بند کر لینا (۲) توجہ اٹھا لینا (۳) شرما جانا (۴) دست بردار ہو جانا ("میچنا" متروک ہے) ✽ آنکھیں نکال کے دیکھنا (ف) غصے سے دیدے نکال کر دیکھنا ✽ آنکھیں نکالنا (ف) (۱) آنکھوں کے ڈھیلے باہر نکالنا۔ اندھا کرنا (۲) دھمکانا۔ خفا ہونا (۳) غصے سے دیدے نکال کے دیکھنا (۴) آنکھیں پیدا کرنا ✽ آنکھیں نکل آنا (ف) (۱) دیدوں کا اپنی جگہ سے نکل پڑنا (۲) کمزوری سے آنکھوں کی پتلیوں کا گہرا ہو کر دیدوں کا ابھر آنا یا ابھرا ہوا دکھائی دینا ✽ آنکھیں نکلوانا (ف) اندھا کرانا ✽ آنکھیں نیلی پیلی کرنا (ف) غصے سے لال پیلا ہونا۔ کسی کو قہر کی نظر سے دیکھنا ✽ آنکھیں ہونا (ف) (۱) تنبّہ ہونا۔ خبر ہونا۔ آگاہی ہونا (۲) سلیقہ ہونا۔ تمیز ہونا (۳) باطن کی نظر ہونا ✽

آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار }
آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں آئی کھوٹ } (و) مثل۔ اس جگہ بولتے ہیں، جہاں کوئی روبرو محبت کا اظہار کرے اور پیٹھ پیچھے اس کا اثر کچھ نہ ہو ✽

آنگن (آں۔ گَنْ) (ف) مذکر۔ انگنائی۔ صحن ✽

آنند (آ۔ نَنْد) (ف) مذکر (۱) راضی۔ خوش۔ شادمان (۲) صحت سے۔ خیر و عافیت سے ✽ آنند کرنا (ف) عیش کرنا۔ مزے اڑانا ✽ آنند کے نار بجانا (و) مزے کرنا۔ لطف اٹھانا ✽ آنند منگل (ف) مذکر۔ سکھ چین۔ عیش و آرام۔ لطف و خوشی ✽

آنْو (آ نْو) (ف) مؤنث۔ پیچش میں آنتوں سے نکلنے والی بلغمی رطوبت ✽ آنْو آنا (ف) اجابت میں آنْو کا دفع ہونا ✽ آنْو پڑنا (ف) آنتوں میں آنْو پیدا ہونا ✽

آنول (آں۔وَلْ) (ہ) مؤنث (۱) ٹکیا، جو بچّے کی پیدائش کے وقت اس کی ناف سے لٹکی ہوئی آنت کے دوسرے سرے پر ہوتی ہے۔ اسے کاٹ کر دبا دیتے ہیں۔ نِفاس (۲) آنولا ؀ **آنول گٹّا** (ہ) مذکّر۔ پیڑ پر سوکھے ہوئے آنولے۔ خشک ہڑ ؀ **آنول نال** (ہ) مؤنث۔ لمبی جوف دار آنت، جو پیدائش کے وقت بچّے کی ناف سے لٹکی ہوئی ہوتی ہے اور وہ ٹکیا، جو اس آنت کے دوسرے سرے پر ہوتی ہے۔ بچّہ پیدا ہونے کے بعد اس کی آنول نال کاٹ کر زمین میں گاڑ دیتے ہیں ؀ **آنول نال گڑنا** (ہ) مقامِ پیدائش کی طرح کسی کو کسی جگہ سے زیادہ محبت ہونا (اب "نال گڑنا" زیادہ بولتے ہیں ؀)

آنولا (آں۔وَلا) (ہ) مذکّر (دیکھو "آملہ") ؀ **آنولا سار گندھک** (ہ) مؤنث۔ اعلیٰ درجے کی گندھک، جس کا رنگ آنولے کے رنگ سے ملتا ہے ؀ **آنولے کا کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ دیتا ہے** (ہ) مثل۔ تلخ نصیحت کا فائدہ بعد میں معلوم ہوتا ہے۔ جیسے آنولا کھانے میں کسیلا ہوتا اور بعد میں نفع بخشتا ہے ؀

آنہ (آ۔نَہْ) (ہ) مذکّر۔ چار پیسے۔ اکنّی۔ روپے کا سولھواں حصّہ ؀ **آنہ پائی** (ہ) مذکّر۔ دام دام۔ کوڑی کوڑی۔ سارا۔ پورا ؀

آنی بانی (آ۔نِیْ۔با۔نِیْ) (ہ) مؤنث۔ ہنسی ٹھٹّھا۔ چھیڑ چھاڑ ؀

آنی جانی (آ۔نِیْ۔جا۔نِیْ) (ہ) ناپائیدار۔ بے بنیاد۔ فانی۔ بے ثبات ؀

آ - و

آوا (آ۔وَا) (ہ) مذکّر۔ اینٹیں پکانے کا بھٹّا۔ پزاوہ۔ (دیکھیے "آوہ") ؀

آوا جائی (آ۔وا۔جا۔اِیْ) (ہ) مؤنث۔ کام اور مطلب کے بغیر آنا جانا۔ بے ضرورت آمد و رفت ؀ **آوا جائی لگا رکھی ہے** (ہ) مثل (عو) اس وقت کہتی ہیں، جب کوئی بے ضرورت یا بے موقع کہیں آتا جاتا ہے ؀

آوارگی (آ۔وا۔رَگِیْ) (ف) مؤنث۔ شہدپن۔ کوچہ گردی۔ آوارہ پھرنا۔ خرابی۔ پریشانی۔ ابتری ؀

آوارہ (آ۔وا۔رَہ) (ف) (۱) مارا مارا پھرنے والا، پریشان، سرگردان۔ بدحال۔ (پھرنا، کرنا، رہنا، ہونا کے ساتھ) (۲) (اردو) اوباش۔ بدوضع۔ بدچلن۔ بدکار (بنا دینا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ؀ **آوارہ گرد** (ف) (۱) اِدھر اُدھر بیہودہ پھرنے والا (۲) وہ شخص، جو نوکری وغیرہ کے بغیر بیہودہ پھرتا اور بھیک مانگتا ہو ؀ **آوارہ گردی** (ف) مؤنث۔ اِدھر اُدھر بیہودہ پھرنا ؀ **آوارہ مزاج** (ف) (۱) بدوضع (۲) بے پروا۔ لاابالی ؀ **آوارہ مزاجی** (ف) مؤنث (۱) بدوضعی (۲) لاابالی پن۔ بے پروائی ؀ **آوارہ وطن** (ف) مسافر۔ غریب الوطن۔ پردیسی ؀ **آوارہ وطنی** (ف) مؤنث۔ غریب الوطن ہونا۔ وطن سے چھوٹ جانا ؀

آواز (آ۔وَاز) (ف) مؤنث (۱) بانگ۔ پکار۔ ندا۔ صدا (۲) باجے کی آواز (۳) گانے کی آواز (۴) سودا بیچنے والوں کی آواز (۵) فقیر کی صدا (۶) کسی چیز کے گرنے کی آواز۔ دھماکا۔ تڑاکا (۷) پاؤں کی آہٹ (۸) چرچراہٹ (۹) سنسناہٹ (۱۰) جھنکار (۱۱) اونچی آواز ؀ **آواز آنا** (د) آواز سنائی دینا ؀ **آواز اٹھانا** (د) آواز بلند کرنا۔ اونچے سُروں میں گانا۔ (زیادہ تر گانے میں مستعمل ہے) ؀

آواز اُکھڑ جانا (اُکھڑنا) (د) آواز بے تابی اور بے سُری ہونا۔ تان لگانے یا لینے میں زور کھا کر آواز کا پھٹ جانا ؀ **آواز بدل جانا** (د) بیماری یا کسی اور وجہ سے آواز میں فرق آ جانا ؀ **آواز بدلنا** (د) اپنی اصلی آواز بدل کر بولنا ؀ **آواز بڑھانا** (د) آواز بلند کرنا ؀ **آوازِ بُکا۔ یا۔ گریہ** (ف) مؤنث۔ رونے کی آواز ؀ **آواز بگڑ جانا** (د) اچھی آواز کا بُرا ہو جانا ؀ **آواز بلند کرنا** (د) اونچی آواز سے پڑھنا۔ گانا۔ چلّا کر بولنا ؀ **آواز بند کر دینا** (د) خاموش کر دینا۔ آواز نہ نکلنے دینا ؀ **آواز بھاری ہونا** (د) آواز میں گرانی سی ہونا۔ آواز بیٹھ جانا ؀ **آواز بیٹھنا** (د) گلا بیٹھ جانا۔ آواز کا گرفتہ ہو جانا ؀ **آوازِ پا** (ف) مؤنث۔ پاؤں کی آہٹ ؀ **آواز پر کان دھرنا (رکھنا)** (د) کسی کی آواز سننے کو متوجہ ہونا ؀ **آواز پر کان لگائے رہنا (ہونا)** (د) آواز سننے کی طرف متوجہ ہونا۔ آواز سننے کا منتظر رہنا ؀ **آواز پر گولی لگانا** (د) آواز سن کر شکار پر ٹھیک نشانہ لگانا ؀ **آواز پر لگانا** (د) جانوروں کو ایسا سدھانا کہ وہ آواز سنتے ہی پاس چلے آئیں یا بولنے یا لڑنے لگیں ؀ **آواز پر لگا ہونا** (د) آواز یا بولی پہچانے سے کوئی کام کرنے کا عادی ہونا۔ اشارے پر کام کرنا ؀ **آواز پڑ جانا** (د) آواز بیٹھ جانا ؀ **آواز پھٹنا** (د) آواز کا بھاری ہونا ؀ **آواز پھولنا** (د) آواز کا بھاری ہونا اور صاف نہ نکلنا ؀ (اکثر خوشی کے مقام پر بولتے ہیں) ؀ **آواز تھرانا (تھر تھرانا)** (د) آواز کا کانپنا ؀ **آواز جانا** (د) آواز پہنچنا ؀ **آوازِ جرس (درا)** (ف) مؤنث۔ قافلے میں گھنٹے کے بجنے کی آواز ؀ **آواز جکڑ جانا** (د) نزلے کے باعث آواز بیٹھ جانا ؀ **آواز دب جانا** (د) آواز کا پست ہو جانا ؀ **آواز دینا** (د) (۱) پکارنا۔ پکار کر کہنا۔ بلند آواز سے کہنا (۲) بلانا (۳) صدا پیدا ہونا (۴) سودا بیچنے والے کا صدا دینا ؀ **آواز ڈوک میں آنا** (د) بالغ ہونے پر کنٹھ پھوٹنے سے آواز کا بھاری ہونا اور بچپن کی سی باریک و نیک آواز نہ رہنا ؀ **آوازِ سگاں کم نہ کند رزقِ گدارا** (ف) مثل۔ کتوں کی آواز فقیر کا رزق کم نہیں کر سکتی۔ کمینے لوگوں کے باعث کسی کی روزی کم نہیں ہوتی ؀ **آواز سنانا** (د) کانوں میں آواز پہنچانا ؀ **آواز سنائی پڑنا۔ یا۔ سنائی دینا۔ یا۔ سننا** (د) کانوں میں آواز پہنچنا ؀ **آواز سے آواز ملنا** (د) (۱) سُر سے سُر ملنا (۲) ایک آواز کا دوسری آواز سے مشابہ ہونا ؀ **آواز سے شگون لینا** (د) بعض جانوروں مثلاً کوّے کی آواز سے اچھی اور بُری بات کی فال لینا ؀ **آواز صاف ہو جانا** (د) آواز کا بھاری پن جاتا رہنا۔ گلا صاف ہو جانا ؀ **آوازِ صُور** (ف۔ ع) مؤنث۔ اُس نرسنگے کی آواز، جو حضرت اسرافیلؑ خدا کے حکم سے پھونک دیں گے تو قیامت آ جائے گی ؀ **آوازِ غیب** (ف۔ ع) مؤنث۔ غیب کی آواز۔ فرشتے کی ندا۔ الہامی آواز ؀ **آواز کا پاٹ** (د) مذکّر۔ آواز کی رسائی۔ آواز کی حد۔ آواز کی انتہا ؀ **آواز کا پاٹ نہ ملنا** (د) آواز کا نہایت اونچا ہونا۔ (گانے والوں کی اصطلاح میں یہ محاورہ بلند آواز گویّے کی تعریف میں بولتے ہیں) ؀ **آواز کا چڑھاؤ اُتار** (د) مذکّر (۱) آواز کا اونچا نیچا ہونا (۲) آواز کا باقاعدہ ہونا ؀ **آواز کان پڑنا** (د) آواز سنائی دینا ؀ **آواز کان پڑی نہ سنائی دینا** (د) چیخ پکار ہونا۔ بہت زیادہ شور غل ہونا ؀ **آواز کانوں میں بھر گئی۔ یا بھری ہے** (د) محاورہ۔ اس وقت بولتے ہیں، جب

کوئی آواز زیادہ یا بار بار سننے کا اتفاق ہو اور ہر وقت ایسا معلوم ہو کہ وہی آواز کانوں میں آرہی ہے ٭ **آواز کرنا** (ف) (۱) آواز دینا۔ پکارنا (۲) تپنچہ یا بندوق چھوڑنا (۳) کسی برتن کا توڑنا (۴) فقیر کا صدا دینا (ان معنی میں "آواز دینا" زبانوں پر ہے) ٭

آواز کو برد دینا (ف) آواز بلند کرنا ٭ **آواز کھل جانا** (ف) آواز صاف ہو جانا ٭

آواز گرجنا (ف) اکثر رعد اور توپ کی آواز کو "گرجنا" کہتے ہیں ٭ **آواز گونجنا** (ف) ہوا میں آواز کا اثر دیر تک باقی رہنا (خصوصاً شیر اور کبوتر کی آواز کے لیے مستعمل ہے) ٭

آواز لڑنا (ف) آواز کا اچھی طرح سر پر پہنچنا ٭ **آواز لگانا** (ف) (۱) جانور کا بولنا۔ (۲) نقیب کا بولنا اور پکارتے چلنا (۳) فقیروں کا صدا دینا۔ بھیک مانگنا (۴) گویوں کا سُر بھرنا (۵) سودے والے کا پکار کر سودا بیچنا ٭ **آواز ملانا** (ف) گویّوں یا سوزخوانوں کا آ آ کرکے باہم آواز برابر کرنا ٭ **آواز میں پتی لگ جانا** (ف) آواز کھرکھرانے لگنا۔ بے سُرا ہونا ٭ **آواز میں پیچ دینا** (ف) تان لیتے وقت حسن سے گانے میں کوئی مزے کی بات پیدا کر جانا ٭ **آواز میں چھریاں (کٹاریاں) بھری ہیں** (ف) (۱) آواز کا بے حد مؤثر اور دردناک ہونا (۲) آواز کا ناگوار ہونا ٭

آواز میں کھٹکا ہونا (ف) آواز میں پُر اثر اور دلکش کیفیت ہونا ٭ **آواز میں کھنڈانے پڑنا** (ف) (دیکھیے "آواز میں پتی لگ جانا") ٭ **آواز میں لوچ ہونا** (ف) نزاکت یا بیماری سے آواز میں دلکشی اور نرمی ہونا ٭ **آواز میں نمک ہونا** (ف) آواز میں درد ہونا ٭ **آواز نکالنا** (ف) (۱) بولنا (۲) چیخنا۔ رونا (اکثر بچوں کو تنبیہاً رونے چیخنے سے روکنے کے لیے مستعمل ہے) (۳) گانا شروع کرنا ٭

آواز ہونا (ف) کسی چیز سے صدا نکلنا ٭

آوازہ (آ۔ وا۔ زَہْ) (ف) مذکر (۱) دھوم۔ شہرہ۔ غلغلہ (۲) غل۔ بلند آواز (۳) (اردو) بولی ٹھولی۔ طعن و تشنیع ٭ **آوازہ بلند ہونا** (ف) (۱) دھوم مچنا۔ نامور ہونا۔ شہرہ ہونا (۲) شور بلند ہونا۔ آواز بلند ہونا ٭ **آوازے پھینکنا۔ یا سنانا۔ یا کسنا** (ف) چھیڑنا۔ طعنہ زنی کرنا ٭

آوازیں (آ۔ وا۔ زیں) (ف) مؤنث۔ آواز کی جمع ٭

آواگون (آ۔ وا۔ گَوْن) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق ہر جاندار کا مر کر کسی دوسری شکل میں پھر پیدا ہونا۔ تناسخ ٭

آورد (آ۔ وَرْد) (ف) مؤنث (۱) محنت اور کوشش سے بات کا پیدا کرنا (۲) تکلف سے شعر کہنا ٭

آوردہ (آ۔ وَرْ۔ دَہْ) (ف) لایا ہوا۔ کسی کا سفارشی۔ متوسل ٭

آوہ (آ۔ وَہْ) (ف) مذکر۔ کچے برتنوں کے پکانے کی بھٹی۔ پزاوہ ٭ **آوہ اُتارنا** (ف) پک جانے کے بعد برتنوں کا بھٹی سے نکالنا ٭ **آوہ چڑھانا** (ف) برتنوں کو پکانے کی غرض سے بھٹی میں رکھ کر آگ دینا ٭ **آوے کا آوا بگڑا (خراب) ہے** (ف) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کسی گھر میں یا کسی صحبت کے اکثر لوگ کسی برائی میں مبتلا ہوں ٭

آوے میں ناند کھو گئی (ف) مثل۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی علانیہ خیانت کرے اور تاویلات سے کام لے کر الزام اپنے سر سے دفع کرنا چاہے ٭

آوے (آ۔ وِے) (ہ) مذکر (۱) آوہ کی جمع (۲) آنا کے مضارع کا صیغہ واحد مذکر غائب ٭

(اب یہ متروک ہے، اس کی جگہ "آئے" مستعمل ہے) ٭

آویزاں (آ۔ وے۔ زاں) (ف) لٹکا ہوا۔ معلق (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

آویزش (آ۔ وے۔ زِش) (ف) مؤنث۔ لاگ ڈانٹ۔ چپقلش۔ فساد۔ لڑائی ٭

آویزہ (آ۔ وے۔ زَہ) (ف) مذکر۔ کان میں پہننے کا ایک زیور۔ مُرکی۔ لٹکن۔ بُندا ٭

آ - ہ

آہ (آہْ) (ف) مؤنث (۱) افسوس اور درد کا کلمہ۔ ہائے (۲) دم۔ سانس۔ تنفس ٭ **آہ آہ کرنا** (ف) کراہنا ٭ **آہ اُٹھنا** (ف) دل سے آہ نکلنا ٭ **آہ اللہ** (ف۔ع) ہائے اللہ (اکثر عورتیں یہ جملہ کہتی ہیں) ٭ **آہ بھر کر رہ جانا** (ف) کلیجا تھام کر رہ جانا۔ غم ضبط کرنا۔ افسوس کرنا ٭ **آہ بھرنا** (ف) آہ کرنا ٭ **آہ پڑنا** (ف) مظلوم کی آہ کا اثر پڑنا۔ صبر پڑنا ٭ **آہِ جگر** (ف) مؤنث۔ دل سے نکلی ہوئی آہ ٭ **آہِ رسا** (ف) مؤنث۔ پہنچنے اور اثر کرنے والی آہ ٭ **آہِ سرد بھرنا** (ف) ٹھنڈی سانس لینا ٭ **آہ سر کرنا** (ف) آہ بھرنا (اب متروک ہے) ٭ **آہ کرنا (کھینچنا)** (ف) آہ منہ سے نکالنا ٭ **آہ لگنا** (ف) (عوام) آہ پڑنا ٭ **آہ لینا** (ف) کسی کو ستا کر اس کے وبال میں پڑنا۔ بد دعا لینا۔ ظلم کرنا۔ ستانا ٭ **آہ نہ آئے** (ف) (عو) (محاورہ)۔ بالکل افسوس نہ ہو ٭ **آہِ نیم شب** (ف) مؤنث۔ آدھی رات کی آہ ٭

آہ و بکا } آہ و زاری } (ف) مؤنث۔ ہائے ہائے۔ واویلا۔ رونا پیٹنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

آہ و فغاں (ف) مؤنث۔ چیخ پکار۔ نالہ و فریاد۔ گریہ وزاری۔ رونا پیٹنا (کرنا کے ساتھ) ٭

آہا (آ۔ ہا) (ہ) مذکر۔ تعجب اور خوشی کا کلمہ ٭

آہار (آ۔ ہار) (ف) مذکر (۱) وصلی پر پھیرنے کا کلف (۲) کھانا ٭ **آہار مہرہ** (ف) مذکر۔ آہار دے کر مہرے سے رگڑنا ٭

آہٹ (آ۔ ہَٹ) (ہ) مؤنث (۱) پاؤں کی آواز۔ ہولے ہولے چلنے کی آواز (۲) کھٹکا۔ آواز ٭ **آہٹ پانا** (ہ) آہٹ معلوم ہونا ٭ **آہٹ لینا** (ہ) کسی آواز کو پہچاننا۔ کھٹکے کی تمیز کرنا ٭ **آہٹ ہونا** (ہ) (چاپ پائی جانا۔ کھٹکا ہونا ٭

آہستگی (آ۔ ہِس۔ تِگی) (ف) مؤنث۔ نرمی۔ آسانی۔ سُستی ٭

آہستہ (آ۔ ہِس۔ تَہ) (ف) ٹھہر کر۔ چپکے سے۔ نرمی سے۔ سہولت سے ٭

آہستہ آہستہ (ف) ٹھہر ٹھہر کر۔ ہولے ہولے۔ آرام آرام سے۔ دھیمے دھیمے۔ چپکے چپکے۔ نرمی سے۔ رفتہ رفتہ۔ سہج سہج ٭

آہک (آ۔ ہَک) (ف) مذکر۔ چونا۔ قلعی ٭

آہن (آ۔ ہَن) (ف) مذکر۔ لوہا ٭ **آہن دل** (ف) (۱) پتھر کا دل رکھنے والا۔ سخت دل (۲) (مجازاً) ظالم معشوق ٭ **آہن رُبا** (ف) مذکر۔ مقناطیس۔ وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ٭ **آہن گر** (ف) مذکر۔ لوہار ٭ **آہن گری** (ف) مؤنث۔ لوہار کا پیشہ ٭ **آہنی** (آ۔ ہَنی) **آہنیں** (آ۔ ہَنیں) (ف) آہن سے نسبت رکھنے والا۔ لوہے کا بنا ہوا ٭

آہنگ (آ۔ ہَنگ) (ف) مذکر (۱) آواز۔ نغمہ۔ گانے کی الاپ (۲) ارادہ ٭

آہو (آ۔ ہُوْ) (ف) مذکر۔ ہرن ؛ **آہو چشم** (ف) (۱) ہرن کی سی آنکھ والا (۲) (مجازاً) معشوق ؛ **آہو گیر** (ف) (۱) ہرن کو پکڑنے والا۔ شکاری (۲) عیب نکالنے والا ؛ **آہو نگاہ** (ف) (دیکھیے "آہو چشم") ؛ **آہوئے چرخ** (ف) مذکر (کنایۃً) سورج ؛ **آہوئے حرم** (ف۔ ع) مذکر (۱) مکہ معظمہ کا ہرن، جسے شکار کرنا ممنوع ہے (۲) (کنایۃً) معشوق ؛ **آہوئے فلک** (ف۔ ع) مذکر (دیکھیے "آہوئے چرخ") ؛

آ - ی

آئرش (آ۔ اِرِش) (انگ) Irish مذکر (۱) آئرلینڈ کا باشندہ (۲) (صفت) آئرلینڈ کا (۳) مؤنث۔ آئرلینڈ کی زبان ؛ **آئرش فری سٹیٹ** (انگ) Irish Free State مؤنث۔ آئرلینڈ کا آزاد حصہ، جس کی پارلیمنٹ علیحدہ ہے ؛

آؤ (آ۔ اُؤ) (ہ) (۱) آنا مصدر سے صیغہ جمع امر حاضر خطاب کا کلمہ (۲) چلو ؛ **آؤ بھگت** (ہ) مؤنث۔ تواضع۔ خاطر مدارات ؛ **آؤ پڑوسن گھر کا بھی لے جاؤ** (ہ) مثل۔ نفع کی امید پر نقصان اٹھانا ؛ **آؤ پڑوسن لڑیں** (ہ) (دیکھیے "آپڑوسن لڑیں") ؛

آؤ پیر گھر کا بھی لے جاؤ
آؤ پیرو گھر سے بھی لے جاؤ } (ہ) مثل۔ تھوڑا بہت بھی اعتقاد دُور کر دینا ؛

آؤ تاؤ (ہ) مذکر۔ رنگ ڈھنگ ؛ **آؤ جاؤ گھر تمہارا، کھانا مانگے دشمن ہمارا** (ہ) مثل۔ ازحد کنجوس آدمی کے متعلق بولتے ہیں۔ گھر بار تمہارا کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا ؛ **آؤ دیکھا نہ تاؤ** (ہ) جملہ۔ یہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی بے موقع جلدی سے بے سمجھے بوجھے کوئی کام کر بیٹھے یا کچھ کہہ بیٹھے ؛ **آؤنا** (ہ) (۱) آؤ ہمزدر آؤ (۲) (کسی سے مخاطب ہو کر) چلو (۳) اپنی ذات کی طرف خطاب کر کے کہا جاتا ہے ؛

آئی (آ۔ اِی) (ہ) (۱) آنا سے ماضی مطلق صیغہ واحد غائب مؤنث (۲) موت۔ قضا۔ اجل ؛ **آئی۔ ایس** (انگ) I.S مذکر۔ انڈین سروس کا مخفف۔ وہ عہدہ دار جن کا تقرر گورنر جنرل کے ہاتھ میں ہو ؛ **آئی بات کو روکنا ذہن کند کرتا ہے** (ہ) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب یار لوگوں کو کسی پر کوئی پھبتی یا کوئی اَور شوخی سوجھے، یعنی اب ضبط نہیں ہو سکتا ؛ **آئی بلا (سر سے) ٹالنا** (ہ) آئی ہوئی مصیبت دُور کرنا ؛ **آئی پر نہیں چوکتے** (ہ) دل میں جو بات آتی ہے، بے دھڑک کہہ دیتے ہیں، ضبط نہیں کر سکتے۔ حاضر جواب ہیں ؛ **آئی تو رمائی نہیں (تو) خالی چارپائی** (ہ) مثل (بازاری لوگوں کی اصطلاح) آئی تو کام میں لائے، ورنہ خیر صلا ؛

آئی تو روزی نہیں تو روزہ
آئی تو نوش نہیں تو فراموش } (ہ) مثل۔ کچھ مل گیا تو کھا لیا، نہیں فاقہ کیا ؛

آئیس لینڈ (آ۔ اِئِس۔ لِینڈ) (انگ) Iceland مذکر۔ بحر اوقیانوس کے شمال میں ایک بڑا جزیرہ ؛

آئی۔ سی۔ ایس (آ۔ اِئی، سِی، اِیس) (انگ) مذکر۔ انڈین سول سروس کا مخفف۔ وہ عہدہ دار، جن کا تقرر سول سروس کا امتحان ہو جانے پر انگلستان سے ہوتا تھا ؛ **آئی گئی میرے ماتھے** (ہ) مثل۔ سارا غصہ اور الزام میرے ہی سر ؛ **آئی گئی ہو گئی (ہوئی)** (ہ) مثل (۱) بات گئی گزری۔ بھولوں میں پڑ گئی (۲) ضائع ہو گئی ؛ **آئی موج فقیر کی، دیا جھونپڑا جلا** (ہ) مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی آزادہ رَو اور بے پروا شخص اپنی چیز ضائع کر دینے کی ذرا پروا نہ کرے ؛ **آئی (ہوئی) نہیں ٹلتی** (ہ) مثل۔ موت اپنے وقت پر آئے بغیر نہیں رہتی۔ قضا نہیں ٹلتی ؛ **آئی ہے جان کے ساتھ، جائے گی جنازے کے ساتھ** (ہ) مثل۔ اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں، جس کی عادت نہ بدلے ؛

آئیں (آ۔ اِیں) (ہ) آنا سے ماضی مطلق صیغہ جمع غائب مؤنث ؛ **آئیں بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ** (ہ) مثل (عو) وہاں کہتی ہیں، جہاں کوئی کسی ایسے کام میں دخل دے، جس سے وہ ناواقف ہو ؛

آئین (آ۔ اِین) (ف) مذکر۔ قانون۔ قاعدہ۔ دستور العمل۔ رسم و رواج ؛ **آئین جاری کرنا** (ہ) ضابطہ مقرر کر کے اسے عمل میں لانا ؛ **آئینِ دیوانی** (ف) مذکر۔ لین دین کا قانون ؛ **آئینِ فوجداری** (ف) مذکر۔ وہ قوانین جن میں فوجداری جرموں کی سزائیں مقرر ہوں اور جرم کی تعریف لکھی ہو ؛ **آئینِ مال** (ف) مذکر۔ زمین کی مالگزاری کے قواعد۔ محاصل و مداخل کے قانون ؛

آئینہ (آئِنہ) (آ۔ اِئی۔ نہ ، آ۔ اِنَہ) (ف) مذکر (۱) منہ دیکھنے کا شیشہ (۲) صاف صاف بتانے والا گواہ (۳) حیران۔ ششدر (۴) صاف۔ واضح۔ عیاں۔ ظاہر ؛ **آئینہ الٹا دکھانا** (ہ) نظرِ بد کا اثر دُور کرنے کے لیے ٹوٹکے کے طور پر الٹا کر کے آئینہ دکھانا ؛ **آئینہ اندھا ہو جانا** (ہ) آئینے کا ایسا خراب ہو جانا کہ اس میں صاف صورت نظر نہ آئے ؛ **آئینہ اندھے کو دکھانا** (ہ) اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی شخص قدر ناشناس کے آگے ہنر کا اظہار کرے یا ایسے آدمی کو نصیحت کرے، جس میں اسے قبول کرنے کی صلاحیت نہ ہو ؛ **آئینہ باطن** (ف) مذکر۔ روشن ضمیر۔ نیک دل۔ صاف باطن۔ دل کی بات جان لینے والا۔ نیک۔ دین دار آدمی ؛ **آئینہ بنانا** (ہ) (۱) ہوش کھو دینا۔ حیران کر دینا (۲) منہ دیکھنے کا شیشہ تیار کرنا ؛ **آئینہ بندی** (ف) مؤنث۔ شیشہ و بلّور وغیرہ کے آلات سے مکان سجانا ؛ **آئینہ تمثال** (ف۔ ع) (کنایۃً) معشوق۔ معشوق کے رخسار ؛ **آئینہ جڑنا** (ہ) (۱) آئینہ نصب کرنا (۲) (کنایۃً) چمکا دینا۔ بہت صاف اور شفاف کرنا ؛ **آئینۂ حلب (حلبی)** (ف) مذکر۔ ایشیائے روم کے مشہور شہر حلب کا بنا ہوا آئینہ ؛ **آئینہ خانہ** (ف) مذکر۔ وہ مکان جس میں چاروں طرف آئینے لگے ہوں ؛ **آئینہ دار** (ف) (۱) وہ شخص جس کے متعلق آئینہ رکھنے اور دکھانے کی خدمت ہو۔ سنگار کرانے والا۔ نائی ؛ **آئینہ داری** (ف) مؤنث۔ آئینہ دکھانے کی خدمت۔ اطاعت۔ خدمت گاری ؛ **آئینہ دکھانا** (ہ) (۱) آئینہ سامنے کرنا (۲) سفر پر جانے والے عزیز کی پیٹھ کو آئینہ دکھانا کہ وہ خیریت سے گھر واپس آئے (۳) خدمت گاری کرنا (۴) حقیقتِ حال ظاہر کرنا (۵) نصیحت کرنا (۶) سکتے کی بیماری میں آئینہ منہ کے سامنے رکھنا ؛

آئینہ دیکھنا (د) چاند دیکھ کر آئینے پر نظر ڈالنا ٭ **آئینہ ڈھالنا** (د) آئینہ تیار کرنا یا بنانا ٭ **آئینہ رُخ ٭ آئینہ رخسار ، آئینہ رُو** (ف) (کنایۃً) معشوق ٭ **آئینہ ساز** (ف) آئینہ بنانے والا ٭ **آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا** (د) ہر وقت بناؤ سنگار میں لگے رہنا ٭ **آئینہ سکندری** (ف) مذکر۔ سکندر اعظم کا ایجاد کیا ہوا آئینہ ٭ **آئینہ سیما** (ف) آئینے جیسی صاف اور روشن پیشانی والا معشوق ٭ **آئینہ عذار** (ف) آئینے جیسے صاف اور روشن رخساروں والا۔ معشوق ٭ **آئینہ کر دینا** (د) (۱) خوب ظاہر کر دینا (۲) چمکا دینا ٭ **آئینہ گر** (ف) آئینہ بنانے والا ٭ **آئینہ ہو جانا (ہونا)** (د) (۱) کھل جانا۔ ظاہر ہونا (۲) صاف اور شفاف ہونا (۳) حقیقت نما ہونا ٭ **آئینے کا گھر** (د) مذکر۔ وہ حلقہ جس میں آئینہ جڑا ہوتا ہے ٭ **آئینے کا مکان** (د) مذکر۔ وہ مکان، جس میں آئینے جڑے ہوں ٭ **آئینے میں بال آجانا۔ یا۔ پڑ جانا** (د) چوٹ کے باعث آئینے میں باریک سی درز یا شگاف آنا ٭ **آئینے میں چاند دکھانا** (د) رات کو بچوں کے رونے اور ضد کرنے کے وقت عورتوں کا انھیں آئینے میں چاند دکھا کر بہلانا ٭ **آئینے میں چاند دیکھنا** (د) انتیسویں رمضان کو دوپہر کے وقت پانی کے بھرے ہوئے ایک طشت میں آئینہ رکھ کر سورج کے قریب چاند کو دیکھنا۔ اگر چاند ۱۲ درجے سورج سے آگے بڑھ چکا ہو تو نظر آجاتا ہے ٭

آئینے میں منہ تو دیکھو
آئینے میں صورت تو دیکھو
آئینہ لے کے منہ تو دیکھو
(د) یہ جملے بے تکلفی میں طنزاً اس وقت کہتے ہیں، (۱) جب کوئی آدمی کسی بات کا ارادہ یا دعویٰ کرے اور اس کی لیاقت نہ رکھتا ہو (۲) جب کوئی آدمی ایسی چیز کا سوال کرے، جو اس کی لیاقت یا مرتبے سے بڑھ کر ہو (۳) کسی کی بُری حالت دیکھ کر سمجھانے کے طور پر بھی کہتے ہیں ٭

آئے (آ۔ اِئے) (ہ) (۱) آنا سے ماضی مطلق صیغہ جمع غائب مذکر (۲) مضارع صیغہ واحد غائب مذکر ٭ **آئے بائے کھاٹ کے پائے** (د) مثل (عوام) فضول، بے معنی اور واہیات باتیں (فصحا اس موقع پر "آئیں بائیں شائیں" کہتے ہیں) ٭ **آئے پیر بھاگے بیر** (د) مثل۔ بدوں سے نیک ہمیشہ علیحدہ رہتے اور ان کی صحبت سے پرہیز کرتے ہیں ٭ **آگے پیر بھاگے بیر** (د) مثل۔ نیکوں کے سامنے بدوں کی کچھ نہیں چلتی۔ وہ ہمیشہ بھاگ جاتے ہیں ٭ **آئے تو کیا آئے** (ہ) آنا نہ آنا برابر ہو گیا۔ دم بھر ٹھہر کر چلے گئے۔ فوراً چلے گئے ٭ **آئے دن** (ہ) ہر روز۔ ہمیشہ۔ بارہ مہینے ٭ **آئے ڈلو کے دو سیر** (ہ) مثل۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو اِدھر اُدھر بیکار مارا مارا پھرے ٭ **آئے کا آیا** (ہ) (دہلی، کوئی دم میں آنے والا ہے۔ ابھی آیا۔ آنے میں کچھ دیر نہیں (لکھنؤ میں اس موقع پر "آیا سمجھو" کہتے ہیں) ٭ **آئے کی خوشی نہ گئے کا غم** (د) مثل (۱) نہ حاصل ہونے کی خوشی، نہ جاتے رہنے کا غم۔ بے تکلفی اور بے پروائی کے موقع پہ کہتے ہیں (۲) ایسی حقیر اور بے حقیقت شے کے متعلق بھی بولتے ہیں، جس کے مل جانے سے کوئی نفع ہو، نہ جاتے رہنے سے نقصان ٭ **آئے گا کُتا تو پائے گا ٹکا** (ہ) مثل۔ کوشش سے سب کچھ ہو سکتا ہے۔ کوشش اور دوڑ دھوپ کے بغیر کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا ٭ **آئے گئے کا سودا** (ہ) مرنے کے لیے پوری تیاری (یہ محاورہ دہلی میں بولا جاتا ہے، لکھنؤ میں مستعمل نہیں) ٭

آئیں (آ۔ اِیں) (ہ) آنا سے فعل مضارع صیغہ جمع غائب ٭ **آئیں بائیں شائیں** (ہ) بے سر و پا، بے ٹھکانے، بے معنی بات۔ (زٹل (اُڑانا، بکنا، کہنا کے ساتھ) ٭

آئیے (آ۔ اِیئے) (ہ) تشریف لائیے۔ قدم رنجہ فرمائیے ٭

آ-ی

آیا (آ۔ یا) (ہ) مؤنث (۱) دودھ پلانے والی انا۔ دایہ (۲) سوال کا کلمہ۔ کیا (۳) آنا سے ماضی مطلق صیغہ واحد غائب مذکر ٭ **آیا بندہ آئی روزی گیا بندہ گئی روزی** (د) مثل۔ آدمیوں میں کمی زیادتی کے ساتھ رزق میں بھی کمی زیادتی ہوتی ہے۔ ہر شخص کا رزق اس کے ساتھ ہے ٭ **آیا رمضان بھاگا شیطان** (د) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں (۱) جب کسی نیک آدمی کے آنے سے بد اُٹھنے لگتا ہے (۲) (اکثر مذاق سے) جب کسی بے تکلف دوست کے آنے پر دوسرا صحبت سے اُٹھتا ہے ٭ **آیا سمجھو** (ہ) (دیکھو "آئے کا آیا") ٭ **آیا کُتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا** (ہ) مثل (عو) (۱) بے پروا اور سست عورت کے متعلق کہتی ہیں کہ چیز برباد ہو گئی لیکن اسے ذرا خبر نہیں، اپنے حال میں مبتلا ہے۔ (۲) امیر خسروؒ کی مشہور انمل یا انملی کا دوسرا مصرع۔ پوری انمل یہ ہے:

کھیر پکائی جتن سے چرخہ دیا جلا
آیا کُتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا

آیا گری (ہ) مؤنث۔ دائی کا پیشہ ٭ **آیا گیا** (ہ) مذکر (۱) آنے جانے والا۔ مسافر۔ مہمان۔ وارد (۲) بھُولا بسرا ٭

آیات (آ۔ یات) (ع) مؤنث۔ آیت کی جمع ٭ **آیاتِ متشابہات** (ع) مؤنث۔ قرآن مجید کی وہ آیتیں، جن کے معنی عام فہم نہ ہوں ٭ **آیاتِ محکمات** (ع) مؤنث۔ وہ آیتیں، جن کے معنی صاف و واضح ہوں اور ان میں تاویل کی گنجائش نہ ہو ٭

آیت (آ۔ یت) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) علامت۔ نشان (۲) (اصطلاحی) قرآن کا پورا جملہ (۳) وہ گول نشان (ہ) جو قرآن عزیز میں جا بجا ٹھہرنے کے لیے دیا ہوتا ہے ٭ **آیت آنا** (د) آسمان سے آیت نازل ہونا ٭ **آیت اُترنا** (د) (دیکھو "آیت آنا") ٭ **آیتِ سجدہ** (ع) مؤنث۔ قرآنِ کریم کی وہ آیت، جسے پڑھ کر یا سُن کر سجدہ کرنا واجب ہو ٭ **آیتِ مطلق** (ع) مؤنث (مجازاً) قرآن حکیم میں وقف کی وہ علامت، جس پر قطعاً ٹھہرنا پڑے ٭ **آیت نازل ہونا** (د) خدا کی طرف سے اس کے کسی رسول پر آیت کا اترنا ٭ **آیت و حدیث (کے برابر) ہے** (د) مثل (۱) اس وقت کہتے ہیں، جب کسی بات کی بڑائی بیان کرنا ہو کہ اس پر ضرور عمل کرنا چاہیے (۲) طنزاً بھی بولتے ہیں (۳) بالکل درست، بالکل سچ ٭

آیندو روند (آ۔ یِن۔ دو۔ رَ۔ وِند) (ف) آنے جانے والے ٭

آیندہ (آ۔ یِن۔ دہ) (ف) (۱) آنے والا (۲) آنے والا زمانہ (۳) دوبارہ۔ پھر کبھی ٭ **آیندہ اختیار بدستِ مختار** (ف) مثل۔ ہمیں سمجھانے سے مطلب تھا، اب مانو نہ مانو۔ جو چاہو کرو، مختار ہو ٭

آیوڈوفارم (آ۔ یُو۔ ڈو۔ فارم) (انگ) Iodoform مؤنث۔ ایک زرد بدبودار مرکب دوا، جو زخموں کو سڑنے سے بچانے کے لیے ان پر چھڑکی جاتی ہے ٭

آیوڈین (آ-یو-ڈِین) (انگ. Iodine) مؤنث۔ ایک کیمیائی عنصر، جو دواؤں میں برتا جاتا ہے، اس کا ٹنکچر چوٹوں پر لگایا جاتا ہے ؞

آیہ (آ-یَہ) (ع) مذکر (دیکھیے "آیت") ؞

الفِ مقصورہ

ا (ع) مذکر (۱) حروفِ تہجّی کا پہلا حرف (۲) ابجد کے حساب سے اس کا عدد ایک ہے (۳) ایک - اکیلا - مفرد - مجرّد ؞

ا - ب

اب (اَب) (ع) (اصل میں "ابو" تھا) مذکر۔ باپ ؞ **اَب وجَدّ** (ع) مذکر۔ باپ دادا ؞

اب (اَب) (ہ) (۱) اس وقت (۲) اِسی دم - فوراً (۳) اِس زمانے میں (۴) آئندہ (۵) تھوڑا زمانہ گزرا۔ تھوڑے دن ہوئے (۶) دوبارہ - پھر کبھی (۷) زیادہ - اس سے سوا (۸) اس حالت میں ؞ **اب اب کرکے** (ہ) (عو) حال میں - تھوڑے دنوں سے ؞ **اب اب کرنا** (ہ) آج کل کرنا - ٹال مٹول کرنا - وعدہ خلافی کرنا - حیلہ حوالہ کرنا ؞ **اب بتاؤ** (ہ) اب تمہارا کیا زور ہے ؟ **اب بھی** (ہ) اِس پر بھی - بااین ہمہ - تاہم ؞ **اب بھی میرا مُردہ تیرے زندے پر بھاری ہے** (ف) مثل - اسے خطاب کرکے کہتے ہیں، جس کے مقابلے میں گئی گزری حالت کے باوجود اپنی طاقت زیادہ جتانا مقصود ہو ؞ **اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت** (ہ) مثل - (عوام) جب موقع ہی ہاتھ سے جاتا رہا تو اب پچھتانے سے کیا فائدہ ؟ ؞ **اب پھنسے** (ہ) جلد ہی مکروفریب کے جال میں پھنسے گا ؞ **اب تب** (ہ) (عو) اِس وقت، اُس وقت - ٹال مٹول - حیلہ حوالہ ؞ **اب تب ہو رہی ہے** (ہ) (عو) مرنے کے قریب ہے ؞ **اب تک - اب تلک** (ہ) اِس وقت تک (بعض شعرا نے "تلک" کو متروک قرار دے کر اس کا استعمال ترک کردیا ہے) ؞ **اب تو** (ہ) اسے وہاں استعمال کرتے ہیں، جہاں ایک کام ہوچکے اور اس پر کوئی نتیجہ مترتب کیا جائے ؞ **اب تو ہوں میں آوی آوی، جب ہوں گی سب سے دُونی** (ہ) مثل (عو) اس مقام پر کہتی ہیں، جب کسی عورت کے متعلق یہ بیان کرنا ہو کہ ابھی کیا ہے، ابھی تو تھوڑی خرابیاں ہیں، آگے چل کر کھُل کھیلے گی ؞ **اب تئیں** (ہ) (متروک) اب اس کے بجائے "اب تک" بولتے ہیں ؞ **اب جاگے** (ہ) اب ہوش آیا - بہت دیر کے بعد چیتے ؞ **اب رنگ لائی گلہری** (ف) مثل - اب شرارتیں ظاہر ہونے لگیں - اب گُن کھلے ؞ **اب ستونتی ہو کر بیٹھی گوٹ کھا یا سنسار** (ہ) مثل - ساری عمر گناہوں میں بسر کرکے بڑھاپے میں نیک بن بیٹھی - نو سو چوہے کھا کر بلّی حج کو چلی ؞ **اب سے** (ہ) اِس وقت سے - آئندہ : **اب سے آئے، گھر سے آئے** (ہ) مثل - پہلے انجان پنے میں جو کچھ کرچکے، وہ کرچکے - اب ایسا نہ کریں گے - توبہ ہے ؞ **اب سے دُور** (ف) کسی بُری بات پر یا گزرے ہوئے درد و غم کا ذکر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ؞ **اب کا** (ہ) (۱) اس مرتبے کا (۲) حال کا - اس وقت کا ؞ **اب کہاں جاتا ہے ؟** (ہ) جانے نہ پائے گا، لے لیا ہے ؞ **اب کھو (کہیے)** (ہ) اب بتاؤ (بتائیے) ؞ **اب کی بات اب کے ساتھ، جب کی بات جب کے ساتھ** (ہ) مثل - اب زمانے کا جو رنگ ہے، اس کے مطابق کرنا چاہیے۔ پہلے جو کچھ تھا، وہ گزر گیا ؞ **اب کی بچے تو گھر گھر نچے** (ہ) مثل - (قماربازوں کی اصطلاح) جب چوسر کی گوٹ کسی اڑی پر بیٹھی ہوتی ہے اور پانسا دوسرے آدمی کے ہاتھ میں جاتا ہے تو کہتے ہیں - اب کی بچ جائے تو پھر ناچتی پھرے - کوئی رکاوٹ پیدا نہ کرسکے - پکّی ہوجائے ؞ **اب کے (ابکے)** (ہ) اس لفظ کا استعمال تنہا یائے مجہول سے، لفظ مؤنث کے ساتھ یائے معروف سے اور لفظ مذکر کے ساتھ یائے مجہول سے ہے (۱) اِس دفعہ - اِس مرتبہ (۲) موجودہ زمانے کے لیے (۳) آئندہ زمانے کے لیے ؞ **اب کے برس (سال)** (ف) اس سال ؞ **اب کے حساب (حسابوں)** (ف) (عو) اس زمانے کے مقابلے میں ؞ **اب نہ تب** (ہ) نہ اس وقت، نہ پھر کبھی ؞ **اب یہی حساب ہے** (ف) جملہ - اب یہی ارادہ ہے - اب یہی منصوبہ ہے ؞

ابّا (اَبْ-بَا) (ف) [ظاہراً عربی لفظ اب (باپ) سے بنا ہے ؞] مذکر (۱) باپ (۲) چچا اور خاندان کے دوسرے بزرگ (۳) تعظیم کے لیے چچا ابّا اور خالو ابّا بھی کہتے ہیں ؞ **ابّا جان، ابّا جانی - ابّا میاں** (ف) مذکر (عو) (لکھنؤ) باپ، چچا، دادا کو پیار اور محبت سے کہتی ہیں - ابّا جان زیادہ تر خسر کو کہتی ہیں ؞ **ابّا جی** (ہ) مذکر - لڑکے باپ کو کہتے ہیں ؞

اِبا (اِبَا) (ع) مؤنث - انکار ؞ **اِبا کرنا** (ف) انکار کرنا ؞

ابابیل (اَبَابِیْل) (ع) مؤنث - سیاہ رنگ کا ایک چھوٹا سا پرندہ، جس کے سینے کے پر سفید ہوتے ہیں ؞

ابابیلیا (اَبَا-بِیْ-لِیَا) (ف) مذکر ایک قسم کا کبوتر، جس کا رنگ ابابیل جیسا ہوتا ہے ؞

اباحت (اِبَا-حَت) (ع) مؤنث - جائز کرنا - مباح کرنا - اجازت - جواز کا حکم ؞

اُبال (اُبَال) (ہ) مذکر (۱) آگ کی گرمی سے پک کر اوپر آنے والا کف۔ پھین۔ ہانڈی کا جوش (۲) جوش، غصّہ (۳) حرارت (م) اُبالنا کا امر (آنا کے ساتھ) ✿ **اُبال اٹھنا** (ہ، عوام اُبال آنا کی جگہ بولتے ہیں ✿ **اُبال لینا** (ہ) (۱) ابالنا (۲) انجان آدمی کا معمولی طور پر کھانا پکا لینا ✿

اُبالا (اُبَا۔ لَا) (ہ) (۱) گھی کے بغیر (۲) معمولی اور بدمزہ کھانا (۳) گرم پانی میں جوش دیا ہُوا۔ اُبالا ہُوا ✿ **اُبالا سُبالا** (ہ) مذکر (سُبالا تابع مہمل ہے) مسالے اور گھی کے بغیر۔ بدمزہ ✿ **اُبالنا** (ہ) کھانا پکانے کے لیے جوش دینا ✿ **اُبالی دال ملنا** (ہ) معمولی خوراک ملنا ✿

ابتدا (اِب۔ تِدَا ع۔ اِبْتِدَاء) مؤنث (۱) انتہا کے برعکس۔ پہل۔ اوّل۔ آغاز۔ شروع۔ (۲) نکاس (۳) ازل ✿ **ابتدا ابتدا میں** (ہ) شروع شروع میں۔ اوّل اوّل ✿ **اِبتدا بگڑنا** (ہ) آغاز خراب ہونا ✿ **ابتدا پڑنا** (ہ) بنیاد قائم ہونا ✿ **ابتدا کرنا** (ہ) پہل کرنا۔ شروع کرنا ✿

ابتداءً (اِب۔ تِدَا۔ اَنْ) (ع) پہلے پہل۔ شروع میں ✿

ابتدائی (اِب۔ تِدَا۔ اِی) (ع۔ ف) (۱) پہلا۔ شروع کا (۲) ازلی (۳) قدیم (۴) اصلی (۵) سادہ (۶) حساب میں وہ شکلیں یا لکیریں وغیرہ، جن سے دوسری بنائی گئی ہوں ✿ **اِبتدائی تعلیم** (ع۔ ف) مؤنث۔ پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم ✿ **اِبتدائی رسوم** (ع۔ ف) مذکر و مؤنث (۱) شروع کی رسمیں (۲) مذکر۔ پہلا سرکاری حق۔ نذرانہ۔ شکرانہ۔ فیس کورٹ کا حق۔ زمینداری کا حق۔ پہلا محنتانہ ✿

ابتذال (اِب۔ تِذَال) (ع) مذکر (۱) بیہودہ خرچ کرنا۔ کھو دینا (۲) (مجازاً) ہلکا پن۔ بے قدری۔ بے اعتباری۔

ابتر (اَب۔ تَر) (ع) (۱) دُم کٹا۔ ناقص (۲) منتشر۔ تتر بتر۔ پریشان۔ ضائع۔ پراگندہ۔ (۳) آوارہ۔ بدچلن (۴) ردی۔ خراب (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۵) گنجفے کی ابتدائی تقسیم میں جس کسی کے پاس میر نہیں آتا، وہ گنجفہ ملا کر کہتا ہے، بے میربازی ابتر (کرنا کے ساتھ) ✿

ابتری (اَب۔ تَرِی) (ع۔ ف) مؤنث۔ (۱) آوارگی۔ بدچلنی (۲) تاش یا گنجفے کے بانٹنے میں جب پتّے مقررہ تعداد کے خلاف کم یا زیادہ تقسیم ہو جاتے ہیں اور آخر میں کچھ گھٹتے بڑھتے ہیں تو اس غلطی کو ابتری کہتے ہیں (۳) بے قاعدگی (۴) بربادی خرابی۔ (۵) بدانتظامی (۶) تنزل۔ زوال ✿ **ابتری پڑنا** (ہ) تاش یا گنجفے کے بانٹنے میں پتّوں کا کم یا زیادہ ہو جانا۔ تقسیم میں خطا ہو جانا ✿ **ابتری دینا** (ہ) تاش یا گنجفہ بانٹنے میں تقسیم کی بھول سے بانٹنے والے کا اپنے حصّے کے پتّوں سے اَور کھیلنے والوں کو پتّے دینا ✿ **ابتری ڈالنا** (ہ) "ابتری پڑنا" کا متعدی ✿

اِبتلا (اِب۔ تِلَا) (ع۔ اِبْتِلَاء) مذکر و مؤنث۔ بلا میں پڑنا۔ آزمانا۔ آزمائش ✿

اِبتہاج (اِب۔ تِہَاج) (ع) مذکر۔ خوشی۔ سرور ✿

اُبٹن - اُبٹنا (اُب۔ ٹَن ، اُب۔ ٹنَا) (ہ) مذکر۔ (لکھنؤ میں اُبٹن اور دہلی میں اُبٹنا کہتے ہیں) غازہ۔ گلگونہ۔ بٹنا۔ وہ خوشبودار مسالا، جو عموماً شادی کے موقع پر جسم کو صاف اور ملائم کرنے کی غرض سے دولہا، دلھن کو ملا جاتا ہے (لگانا، ملنا کے ساتھ) ✿ **اُبٹن (اُبٹنا) کھیلنا** (ہ) دولہا، دلھن کے بٹنا ملتے وقت سہیلیوں کا مذاق میں ایک دوسری کے چہرے یا جسم پر اُبٹنا لگانا ✿

اُبٹنا (اُب۔ ٹْنَا) (ہ) (۱) ملنا۔ غازہ ملنا (۲) اُبٹن ✿

ابجد (اَب۔ جَد) (ع) مؤنث۔ عربی الف بے کے اٹھائیس حروف جنھیں حسب ذیل آٹھ کلموں میں جمع کرکے تمام حروف کے اعداد مقرر کیے گئے ہیں:

کلمہ	حروف	اعداد
ابجد	ا ب ج د	۱ ۲ ۳ ۴
ہوّز	ہ و ز	۵ ۶ ۷
حُطّی	ح ط ی	۸ ۹ ۱۰
کلمن	ک ل م ن	۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰
سعفص	س ع ف ص	۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰
قرشت	ق ر ش ت	۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰
ثخذ	ث خ ذ	۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰
ضظغ	ض ظ غ	۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

اس قاعدے سے شعر [illegible] یا جملے یا لفظ میں کسی واقعے کے رونما ہونے کا سال نکالا جاتا ہے، جسے تاریخ کہتے ہیں ✿

ابجد خواں (ع۔ ف) (۱) الف بے پڑھنے والا (۲) (مجازاً) نوآموز۔ مبتدی۔ قاعدہ پڑھنے والا بچّہ ✿ **ابجد کا قفل** (ہ) مذکر۔ ایک طرح کا تالا جو کنجی کے بغیر کھلتا اور بند ہوتا ہے۔ اس پر کچھ حرف لکھے ہوتے ہیں۔ قفل کے پُرزے گھمانے سے جب حرف خاص ترتیب پر آجاتے ہیں تو قفل کھل جاتا اور اس کے خلاف عمل کرنے سے بند رہتا ہے ✿

ابحار (اَب۔ حَار) (ع) مذکر۔ بحر کی جمع۔ سمندر ✿

ابخرہ (اَب۔ خِرَہ) (ع) مذکر (بخار کی جمع) بخارات۔ دھوآں۔ بھاپ ✿ [اردو میں ابخرہ کو واحد سمجھ کر جمع کے لیے اَبْخَرے (بہ فتح خا) بولتے ہیں] (اُٹھنا، چڑھنا، نکلنا کے ساتھ) **ابخرے دماغ کو چڑھنا** (ہ) دماغ پر گرمی کا اثر پڑنا۔ پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا ✿

ابخل (اَب۔ خَل) (ع) نہایت کنجوس ✿

ابد (اَبَد) (ع) مؤنث (۱) ازل کے برعکس۔ ہمیشہ۔ ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کا اختتام اور انتہا نہیں (۲) (مجازاً) روزِ قیامت ✿

ابداع (اِب۔ دَاع) (ع) مذکر۔ ایجاد۔ نئی چیز پیدا کرنا ✿

اَبدال (اَب۔ دَال) (ع) مذکر۔ اولیاء اللہ کا وہ گروہ، جس کے ہاتھ میں دُنیا بھر کے باطنی انتظام کی باگ ڈور ہے ✿

اِبدال (اِب۔ دَال) (ع) تبادلہ کرنا ✿

ابدالآباد (اَب۔ دُل۔ آ۔ بَاد) (ع) مؤنث۔ ہمیشگیوں کی ہمیشگی۔ دائم۔ سدا۔ نت ✿

ابدالی (اَب۔ دَا۔ لِی) (ف) مذکر۔ افغانوں کا ایک قبیلہ ✿

ابدھوت (اَب۔ دھُوت) (ہ) مذکر۔ جوگی۔ سادھوؤں کی ایک جماعت، جو خدا کے سوا کسی کو نہیں مانتی اور نہ کسی خاص طریق پر بندگی کرتی ہے ✿

اَبَدِی (اَبَدِی) (ع) اَبَد کی طرف منسوب۔ ہمیشہ قائم اور زندہ رہنے والا۔ فنا نہ ہونے والا۔ مدامی۔ دائمی۔ جاودانی ؂

اَبَدِیَّت (اَبَدِی۔یَت) (ع) مؤنث۔ ہمیشگی ؂

ابر (اَبْر) (ف) مذکر (۱) بادل (۲) (اصطلاحاً) تلوار اور چھری کا جوہر (۳) ہتھیاروں وغیرہ پر تیزاب کا نشان ؂ **ابر امنڈنا** (د) بادل کا گھر کر آنا۔ گھٹا کا بڑے جوش سے آنا ؂ **ابرِ باراں** (ف) مذکر۔ برسنے والا یا برستا ہوا بادل ؂ **ابرِ بہار (بہاراں۔ بہاری)** (ف) مذکر۔ موسم بہار کا بادل ؂ **ابرِ بہمن** (ف) مذکر۔ شمسی مہینے بہمن (پھاگن یا مارچ) میں آنے والی گھٹا ؂ **ابرِ تر** (ف) مذکر۔ برسنے والا بادل ؂ **ابرِ تصویر** (ف۔ع) مذکر۔ کاغذ پر بنی ہوئی بادل کی شکل ؂ **ابرِ تُنک** (ف) مذکر۔ ہلکا بادل ؂ **ابرِ تیرہ** (ف) مذکر۔ کالی گھٹا ؂ **ابرِ تیغ** (ف) مذکر۔ تلوار میں جوہر دل کی مانند زنگاری لکیروں کا سلسلہ ؂ **ابر چھا جانا** (د) گھٹا چھانا۔ آسمان پر بادل کا گھر آنا ؂ **ابرِ دریا بار** (ف) مذکر۔ بے انتہا برسنے والا بادل۔ حد سے زیادہ برسنے والی گھٹا ؂ **ابرِ رحمت (کرم)** (ف۔ع) مذکر۔ بخشش کا بادل۔ رحم اور مہربانی کی گھٹا ؂ **ابرِ سپر** (ف) مذکر۔ ڈھال کی سیاہی اور جوہر ؂ **ابرِ سیاہ (سیاہ تاب)** (ف) مذکر۔ کالی گھٹا ؂ **ابرِ غلیظ** (ف۔ع) مذکر۔ گہرا اور گھنگھور بادل۔ کالی گھٹا ؂ **ابرِ قبلہ** (ف۔ع) مذکر۔ قبلے کی طرف سے اٹھنے والی گھٹا، جو بہت زیادہ برستی ہے ؂ **ابر کا لکہ** (ا) مذکر۔ بادل کا ٹکڑا ؂ **ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑنا** (د) خیالی اُمید پر موجودہ چیز بھی کھو بیٹھنا ؂ **ابرِ کوہسار (کہسار۔ کہساری)** (ف) مذکر۔ پہاڑ کی طرف سے امنڈنے والا بادل ؂ **ابر کھلنا** (د) بادل سے آسمان کا صاف ہو جانا ؂ **ابر گھرنا** (ا) بادل کا ہر طرف سے سمٹ کر یک جا ہو جانا۔ گھٹا چھا جانا ؂ **ابرِ مُردہ** (ف) مذکر۔ اسفنج ؂ **ابرِ نو بہار (نو بہاری)** (ف) مذکر۔ فصل بہار میں آنے والا بادل ؂ **ابرِ نیساں** (ف) مذکر۔ وہ گھٹا، جو ساتویں شمسی مہینے نیساں میں نوروز سے چالیس دن پہلے یا چالیس دن بعد برستی ہے۔ کہتے ہیں کہ اس سے سیپ میں موتی، بانس میں بنسلوچن (تباشیر)، کیلے میں کافور اور کالے سانپ میں زہر پیدا ہوتا ہے ؂

ابروباد (ف) مذکر۔ بارش اور آندھی ؂

ابرا (اَب۔رَا) (ہ) مذکر۔ دُہرے اور روئی دار کپڑے کے اُوپر کی تہ (چڑھانا، دینا، لگانا کے ساتھ) ؂

ابرار (اَب۔رَار) (ع) مذکر۔ بَار یا بَرّ کی جمع۔ نیک اور پرہیزگار لوگ ؂

ابرام (اِب۔رَام) (ع) مذکر (۱) تنگ کرنا۔ رنجیدہ کرنا (۲) کسی کام کا مضبوط کرنا ؂

ابراہیمؑ (اِب۔رَا۔ہِیم) (ع) مذکر۔ (۱) (لغوی) مہربان باپ (۲) رسول اللہ صلعم کے اجداد میں سے ایک مشہور جلیل القدر پیغمبر، جن کا لقب خلیل اللہ تھا ؂ **ابراہیم ادہم** (ع) مذکر۔ ادہم کے بیٹے ابراہیمؒ، جو ایک مشہور ولی اللہ تھے۔ اور بلخ کی بادشاہی چھوڑ کر فقیر ہو گئے تھے ؂

ابرص (اَب۔رَص) (ع) (۱) کوڑھی (۲) چتلا۔ چتکبرا (۳) گرگٹ ؂

ابرق (اَب۔رَق) (ع) **ابرک** (اَب۔رَک) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا چمکیلا معدنی پتھر، جس میں بہت سے پرت نیچے اوپر ہوتے ہیں ؂

ابرن (اَب۔رَن) (ہ) مذکر۔ زیور۔ توم۔ گہنا۔ کان، سر، ناک، ماتھے، گلے، سینے، بازو، ہاتھ، ہاتھ کی انگلی، کمر، پاؤں اور پاؤں کی انگلی میں پہننے کے بارہ زیور ؂

ابرو (اَب۔رُو) (ف) مذکر و مؤنث۔ بھوں۔ وہ جگہ اور بال جو آنکھوں کے پپوٹوں سے اوپر اور ماتھے کے نیچے کمان کی شکل کے ہوتے ہیں ؂ **ابرو پر میل نہ آنا** (د) (۱) صدمے، تکلیف اور نقصان کی پروا نہ کرنا۔ مستقل مزاج ہونا (۲) بے شرم ہونا ؂ **ابرو تاننا** (د) غصّے میں بھویں اوپر چڑھانا ؂ **ابرو کمان** (ف) خوب صورت معشوق، جس کے ابرو کمان کی طرح ہوں ؂ **ابرو میں بل آنا (پڑنا)** (د) غصہ آنا۔ ناراض ہونا۔ تیوری چڑھنا ؂ **ابرو میں چین آنا** (د) ابرو میں بل آنا ؂ **ابرو ہلانا** (ا) ابرو کو حرکت دینا۔ ابرو سے اشارہ کرنا **ابروئے پیوستہ** (ف) مذکر و مؤنث۔ ایک دوسری سے ملی ہوئی بھویں ؂ **ابروئے فلک** (ف) مذکر۔ ہلال ؂

ابرہ (اَب۔رَہ) (ف) مذکر (۱) دیکھیے "ابرا" (۲) ڈھانکنے والا ؂

ابرہہ (اَب۔رَہَہ) (ع) مذکر (۱) حبش کا ایک بادشاہ، جس نے دورِ جاہلیت میں مکہ معظمہ پر حملہ کیا تھا۔ قرآن مجید میں اصحاب الفیل کا قصہ اسی سے متعلق ہے (۲) ایک پرندہ ؂

ابری (اَب۔رِی) (ف) مؤنث۔ ابر کی طرف منسوب۔ ایک قسم کا کاغذ جس پر طرح طرح کے رنگ ہوتے ہیں اور جسے کتاب کی جلد پر لگاتے ہیں ؂ **ابری تلوار** (د) مؤنث۔ وہ تلوار، جس میں ابر کی طرح سلسلے کے ساتھ جوہر ہوں ؂

ابریشم (اَب۔رے۔شَم) (ف) مذکر۔ کچا ریشم، جو ایک خاص قسم کے کیڑے سے پیدا ہوتا ہے ؂

ابریق (اِب۔رِیق) (ع) مذکر (۱) صراحی۔ چھاگل۔ پانی پینے کا لوٹا (۲) پانی کے استعمال کے لیے ایک ٹونٹی والا دستہ دار برتن (۳) چمکیلی تلوار (۴) خوبصورت عورت (۵) روشن ؂

اُبسنا (اُبَس۔نَا) (ہ) کھانے کی چیز کا سڑنا، گلنا اور بوسیدہ ہونا۔ سڑنے کے آثار پیدا ہونا۔ گرمی میں بند رہنے سے یا رکھے رکھے ایک قسم کی بو آنا یا ذائقے میں فرق آ جانا ؂

اَبصار (اَب۔صَار) (ع) مذکر۔ بصر کی جمع۔ آنکھیں ؂

اِبصار (اِب۔صَار) (ع) مذکر۔ دیکھنا ؂

اِبطاء (اِب۔طَاء) (ع) مذکر۔ دیر۔ التوا۔ اٹکاؤ۔ روک تھام۔ مزاحمت۔ دیر کرنا ؂

اَبطال (اَب۔طَال) (ع) مذکر۔ بطل کی جمع۔ بہادر۔ اکابر۔ مشاہیر۔ ہیرو ؂

اِبطال (اِب۔طَال) (ع) مذکر۔ جھوٹا کرنا۔ باطل کرنا ؂

اَبعاد (اَب۔عَاد) (ع) مذکر۔ بُعد کی جمع۔ دوریاں۔ فاصلے ؂ **ابعادِ ثلاثہ** (ع) مذکر۔ لمبائی، چوڑائی اور اونچائی یا گہرائی ؂

اَبکار (اَب۔کَار) (ع) مؤنث (۱) بکرہ کی جمع۔ صبحیں (۲) بکر کی جمع۔ کنواری لڑکیاں ؂

اُبکائی (اُب۔کَا۔ئی) (ہ) مؤنث۔ معدے کی وہ حرکت، جس میں آو آو کی آواز نکلے، خواہ مادہ اس کے ساتھ خارج ہو یا نہ ہو۔ قے ہونے کے آثار (آنا، لینا کے ساتھ) ؂

(اُبکائی اور قے کا فرق۔ اُبکائی میں جی متلانے سے صرف اُو اُو کی آواز نکلتی ہے، قے میں مادے کا خارج ہونا ضروری ہے) ؛ **اُبکائی لگنا** (ہ) بار بار اُبکائی کرنا ؛

اُبل (اُبَلْ)، (ہ) اُبلنا کا امر ؛ **اُبل آنا** (ہ) (آنکھ کی نسبت)، (۱) آشوب ہو جانا۔ سوجنا (۲) جوش میں آجانا ؛ **اُبل پڑنا** (ہ) (۱) بہت خفا ہونا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) اوچھے پن سے بھید چھپا نہ سکنا۔ کم ظرفی سے کچھ کہہ اٹھنا۔ حد سے باہر نکلنا (۳) بہتات سے ہونا (۴) پانی، دودھ یا ہنڈیا کا اُبل جانا ؛ **اُبل جانا** (چلنا) (۱) جوش کھا جانا (۲) اوچھے پن سے بھید چھپا نہ سکنا۔ کم ظرفی سے کچھ کہہ اٹھنا ؛

ابلا (اَبَلَا) (س) مؤنث (عوام) (عو) جوان ؛ **ابلا پری** (ہ) مؤنث۔ نازک بدن اور حسین عورت ؛

اِبلاغ (اِب۔ لاغ) (ع) مذکر۔ پہنچانا۔ بھیجنا ؛

ابلق (اَب۔ لَق)، (ابلک کا معرب) (۱) دورنگا، خصوصاً سیاہ و سفید (۲) مذکر۔ اکثر اس گھوڑے کو کہتے ہیں، جس کا رنگ سیاہ و سفید ہو (۳) چتکبرا ؛ **ابلقِ ایام ابلقِ روزگار۔ ابلقِ لیل و نہار** (ف)، مذکر۔ رات دن ؛ **ابلق چشم** (ف) مذکر (استعارۃً) آنکھ کیونکہ اس میں سفید اور سیاہ دونوں رنگ ہوتے ہیں ؛

ابلقا (اَب۔ لَقَا)، (ع) مذکر۔ مینا کی قسم کا تلیر کے برابر ایک خوش آواز پرندہ، جس کے پر سیاہ اور پوٹا سفید ہوتا ہے ؛

اُبلنا (اُبَل۔ نا)، (ہ) (۱) جوش کھانا (۲) پھوٹ پڑنا۔ کثرت سے ہونا (۳) غرور کے باعث اپنے آپے سے باہر ہونا ؛

ابلہ (اَب۔ لَہْ) (ف) احمق۔ سادہ۔ بھولا بھالا۔ بے وقوف۔ مورکھ۔ نادان ؛ **ابلہ فریب** (ف)، مکار۔ جعل ساز۔ دھوکا دینے والا۔ فریبی۔ چال باز ؛ **ابلہ فریبی** (ف)، مؤنث۔ مکر۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا ؛

ابلہی (اَب۔ لِہی) (ف)، مؤنث۔ احمق پن۔ بے وقوفی ؛

ابلیس (اِب۔ لِیس)، (ع) مذکر (۱) خدا کی رحمت سے ناامید۔ مایوس (۲) شیطان (۳) (مجازاً) شریر۔ فسادی (۴) فریب کار۔ دھوکا دینے والا ؛ **ابلیس کا پیشاب** (ہ) مذکر۔ شیطان کا بچہ۔ بدذات۔ شریر۔ بدمعاش ؛

اِبْن (اِبَن)، (ع)، مذکر۔ بیٹا۔ پوت۔ پسر۔ فرزند ؛ **ابنِ آدم** (ع) مذکر۔ گیدڑ ؛ **ابن الاخ** (ع) مذکر۔ بھتیجا ؛ **ابن الاخت** (ع)، مذکر۔ بھانجا ؛ **ابن السبیل** (ع)، مذکر۔ مسافر ؛ **ابن العرس** (ع)، مذکر۔ نیولا ؛ **ابن العنب** (ع) مذکر۔ انگوری شراب ؛ **ابن الغرض** (ع)، مذکر۔ خود غرض اور مطلبی شخص ؛ **ابن الوقت** (ع) مذکر (۱) مقتضائے وقت کے مطابق کام کرنے والا۔ قابوچی۔ وقت کا تابع۔ مطلب پرست۔ حیلہ گر۔ زمانہ ساز (۲) ڈاکٹر حافظ نذیر احمد مرحوم دہلوی کی ایک کتاب ؛ **ابنِ رُشد** (رشید) (ع)، مذکر۔ ہسپانیہ کا مشہور فلسفی۔ یہ شہرۂ آفاق شخص ان عربوں کی نسل سے تھا، جن کا پرچم فتح ہسپانیہ پر صدیوں تک لہراتا رہا۔ اس نے تصانیف ارسطو کی بہت سی شرحیں لکھیں۔ علم ہیئت میں بھی کامل استاد تھا۔ ۱۲۰۶ھ میں بمقام مراکش انتقال کیا ؛ **ابن سیرین** (ع)، مذکر۔ ایک بزرگ، جو تعبیرِ خواب کے علم میں ماہر تھے ؛ **ابنِ صبح** (ع) مذکر۔ (کنایتہً) سورج ؛ **ابن مریمؑ** (ع)، مذکر۔ حضرت عیسیٰؑ ؛ **ابنِ مُقلہ** (ع)، مذکر۔ ایک یگانۂ روزگار خوش نویس ؛

ابناء (اَب۔ نَاء)، (ع)، مذکر۔ ابن کی جمع۔ بیٹے۔ ہم جنس، ساتھی ؛ **ابنائے جنس** (ع)، مذکر۔ ہم جنس لوگ ؛ **ابنائے جہان۔ ابنائے دُنیا۔ ابنائے زمانہ** (ع۔ ف)، مذکر۔ افرادِ انسانی۔ اولادِ آدمؑ جو سلسلۂ نوعِ انسانی کے رُو سے سب باہم بھائی ہیں ؛ **ابنائے وطن** (ع)، مذکر۔ دیس والے۔ اہلِ وطن ؛

ابنیہ (اَب۔ نِیَہْ) (ع)، مؤنث۔ بِنا کی جمع۔ بنیادیں ؛

ابو (اَبُوْ) (ع)، مذکر (۱) باپ (۲) صاحب۔ خداوند ؛

ابوالبشر (اَبُلْ۔ بَشَر) (ع)، مذکر۔ نسلِ انسانی کا باپ۔ حضرتِ آدمؑ ؛ **ابوالبشر ثانی** (ع) مذکر۔ نسل انسانی کا دوسرا باپ۔ حضرتِ نوحؑ ؛ **ابوالفضل** (ع)، مذکر۔ اکبر بادشاہ کے دربار کے نورتنوں میں سے ایک علامۂ روزگار، جو شیخ مبارک کا بیٹا اور وزیر فیضی کا بھائی تھا۔ ۱۰۱۱ھ میں شاہ جہانگیر کے اشارے سے قتل کیا گیا۔ اکبر نامہ۔ آئینِ اکبری وغیرہ اس کی بلند پایہ تصانیف ہیں ؛ **ابوالکلام آزاد** (ع)، مذکر۔ محی الدین احمد نام، آزاد تخلص ۱۸۸۸ء میں بمقام مکہ معظمہ پیدا ہوئے۔ علم منقول و معقول، قرآن و حدیث اور فقہ و فلسفہ پر کامل عبور رکھتے تھے۔ عربی، فارسی اور اردو کے جید عالم اور محقق تھے۔ اُردو کا مشہور اخبار "الہلال" آپ ہی کے زیرِ ادارت نکلتا تھا۔ اپنے زمانے میں اُردو کے سب سے بڑے انشاپرداز تھے۔ "تذکرہ" اور "غبارِ خاطر" وغیرہ آپ کی غیر فانی تصانیف ہیں۔ تقسیم ملک کے بعد حکومت ہند کی مجلس وزارت میں وزیر تعلیمات کے فرائض انجام دیے ؛ **ابُو بکر رضؓ** (ع) مذکر۔ اسلام کے خلیفۂ اوّل کا اسمِ گرامی۔ صدیق اکبر آپ کا لقب ہے۔ آپ نے آزاد مردوں میں سب سے پہلے رسول اللہ صلعم کی تصدیق رسالت کی ؛ **ابوترابؓ** (ع)، مذکر (مٹی کا باپ) اسلام کے خلیفۂ چہارم حضرت علی مرتضیٰؓ کی کنیت۔ ایک دن آپ مسجد کے فرش پر آرام فرما رہے تھے کہ رسول کریم صلعم نے آپ کے رخسارے اور بدن کو گرد آلود دیکھ کر ازراہِ شفقت فرمایا: "قُم یا ابا تراب" (اے علیؓ، اٹھ کھڑے ہو) اُس وقت سے آپ کی یہ کنیت مشہور ہو گئی۔ آپ نے نوجوانوں میں سب سے پہلے رسول اللہ صلعم کی تصدیق رسالت کی ؛ **ابوجعفر** (ع) مذکر۔ حضرت امام محمد باقرؓ کی کنیت ؛ **ابُوجہل** (ع)، مذکر (جہالت کا باپ) عمرو ابن ہشام کی کنیت۔ یہ حضرت نبی کریم صلعم کا چچا اور حضورؐ کے دشمنوں کا سرغنہ تھا۔ جنگ بدر میں مارا گیا ؛ **ابوحنیفہ** (ع)، مذکر۔ حضرت نعمان ابن ثابت کی کنیت۔ یہ اسلام کے چار مجتہدوں میں سے امام اوّل ہیں۔ انھیں امامِ اعظم بھی کہتے ہیں۔ فرقۂ حنفیہ ان کا مقلد ہے۔ رجب ۱۵۰ھ میں وفات پائی ؛ **ابوزید** (ع)، مذکر۔ ایک عالم شطرنج باز، جو نہایت عقل مند، فصیح، ظریف اور عیار تھا ؛

ابواب (اَب۔ وَاب) (ع) مذکر (۱) باب کی جمع، دروازے (۲) کتاب کے حصے (۳) (ابواب) وہ روپیہ، جو مال گزاری کے ساتھ سڑک، مدرسے وغیرہ کے چندے میں زمین داروں سے وصول کیا جاتا ہے ؛ **ابوابِ ملکی** (ع۔ ف) مذکر۔ صوبائی

مال گزاری ؛ ("ابواب" مال گزاری کے معنی میں ہندی ہے ، اس لیے ترکیب غلط ہے) ؛

اُبھار (اُبھارْ) (ہ) مذکر ۔ اٹھان ۔ سوجن ۔ اونچائی ۔ نمو ؛ **اُبھار دینا** (ہ) (۱) اونچا کرنا (۲) کسی چیز کو اس کی جگہ سے اونچا اٹھانا (۳) ورغلانا ۔ بہکا دینا ؛ **ابھار لانا** (۲) ورغلا کر کسی کو نکال لانا ۔ بہکا لانا ؛

ابھارنا (اُبھارْ ۔ نا) (ہ) (۱) ترغیب دینا ۔ رغبت دلانا ۔ آمادہ کرنا (۲) اوپر اٹھانا ۔ بلند کرنا (۳) تاننا (۴) بہکانا ؛

اِبہام (اِب ۔ ہام) (ع) مذکر (۱) انگوٹھا (۲) کھول کر بیان نہ کرنا ۔ پوشیدہ کہنا (۳) ایک صنعت ؛

اُبہت (اُب ۔ ہَت) (ع) مؤنث (۱) بزرگی (۲) شکوہ (۳) رونق ؛

اُبھر آنا (اُبھَرْ ۔ آنا) (ہ) اونچا ہونا ۔ نمودار ہونا ؛ **اُبھر چلنا** (ہ) (۱) نمو شروع ہونا (۲) ترقی کرنے لگنا ؛ **ابھر کر چلنا** (ہ) (۱) غرور سے چلنا ۔ اکڑ کر چلنا (۲) حیثیت سے باہر قدم رکھنا ؛

اُبھرن (اُبھَرَنْ) (ہ) مذکر (۱) جواہر ۔ زیور (۲) زینت ؛

اُبھرنا (اُبھَرْ ۔ نا) (ہ) (۱) ظاہر ہونا (۲) شہرت پانا (۳) غرور کرنا ۔ اترانا (۴) تیرنا ۔ پانی کے نیچے سے اوپر آنا (۵) نکلنا ۔ جگہ سے نکلنا (۶) اُٹھنا ۔ اونچا ہونا (۷) آمادہ ہونا ۔ راغب ہونا ۔ افسردگی دور ہونا (۸) جوانی کے آثار ظاہر ہونا ؛

اَبھی (اَبھی) (ہ) (۱) اِسی وقت ۔ اِسی دم ۔ فوراً (۲) اِس وقت سے (۳) اِس وقت تک ۔ اب تک (۴) اِس قدر جلد (۵) حال میں (۶) کبھی حُسنِ کلام کے لیے زائد آتا ہے ؛ **ابھی ابھی** (ہ) اِسی دم ۔ فوراً ۔ اِسی وقت ؛ (ابھی اور ابھی ابھی میں فرق یہ ہے کہ ابھی ابھی میں ابھی کی نسبت زمانے کی کمی میں مبالغہ زیادہ ہوتا ہے) ؛ **ابھی تم صاحبزادے ہو** (ؤ) جملہ ۔ ابھی تم نوجوان ہو ۔ ابھی تم ناتجربہ کار ہو ؛ **ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سُوکھا** (ہ) (طنزاً) ابھی تم بچے ہو ۔ بے سمجھ ہو ۔ نادان ہو ۔ نابالغ ہو ۔ ناتجربہ کار ہو ۔ بے وقوف ہو ؛ **ابھی دِلّی دُور ہے** (ؤ) مثل ۔ ابھی مقصد پورا ہوتا نظر نہیں آتا ۔ ابھی کامیابی میں دیر ہے ؛ **ابھی دُودھ کے دانت نہیں ٹوٹے** (ہ) (دیکھیے " ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سُوکھا ") ؛ **ابھی سویرا ہے** (ہ) ابھی کچھ نہیں گیا ۔ ابھی کچھ حرج نہیں ہُوا ۔ ابھی تلافی ہوسکتی ہے ۔ ابھی کچھ کام کرنے کا وقت باقی ہے ؛ **ابھی سے** (ہ) پیشتر سے ۔ وقت سے پہلے ۔ اِسی وقت سے ؛ **ابھی سیر میں سے پُونی بھی نہیں کتی ہے** (ؤ) مثل ۔ ابھی بہت تھوڑا کام ہُوا ہے ۔ ابھی کام شروع ہی ہُوا ہے ؛ **ابھی کچا برتن ہے ، ابھی کچی لکڑی ہے** (ہ) مثل (عو) نوعمر اور ناتجربہ کار ہے ۔ کنواری ہے ۔ چھوٹی ہے ؛

ابھی کچے گھڑے پانی بھرنا ہے
ابھی کچے گھڑے پانی کے بھرنے ہیں } (ہ) مثل ۔ ابھی بہت مشکل کام کرنے باقی ہیں ؛

ابھی کفن میلا نہیں ہُوا (ؤ) مثل ۔ ابھی مرے کو زیادہ دن نہیں ہوئے ؛ **ابھی کل کی بات ہے** (ہ) مثل ۔ ابھی اس واقعے کو تھوڑا ہی زمانہ گزرا ہے ؛ **ابھی کی** (ہ) موجودہ حالت کی ۔ اِس وقت کی ؛ **ابھی کیا ہے** (ہ) معاملہ ختم نہیں ہوگیا ۔ اسی پر خاتمہ نہیں (تعریف اور برائی دونوں جگہ بولتے ہیں) ؛

ابھی منہ دابیے تو چلّو بھر چھٹی کا دودھ نکل پڑے
ابھی منہ سے دُودھ نکلتا (ٹپکتا) ہے
ابھی منہ سے دُودھ کی بُو آتی ہے
ابھی منہ کی رال نہیں جھڑی
ابھی ہونٹوں کا دُودھ نہیں سوکھا } (ؤ) (طنزاً) (دیکھیے " ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سُوکھا ") ؛

اِبّی دُبّی (اِب ۔ بی + دُب ۔ بی) (ہ) مؤنث ۔ گلّی ڈنڈے کے کھیل میں جب گلّی کو اچھال کر ڈنڈے پر دو سکتے ہیں تو پہلی ضرب کو اِبّی اور دوسری کو دُبّی کہتے ہیں ؛ **اِبّی دُبّی کھیلنا** (ہ) گلّی ڈنڈا کھیلنا ؛

اَبیات (اَب ۔ یات) (ع) مذکر (۱) بیت کی جمع ۔ گھر (۲) مذکر و مؤنث ۔ اشعار ؛

اَبیر (اَبیرْ) (ؤ) مذکر ۔ ابرک کا برادہ ، جو ہندو لوگ ہولی کے دنوں میں یا خوشی کے وقت گلال میں ملا کر ایک دوسرے کی پیشانی پر ملتے ہیں ؛

ابیض (اَب ۔ یَض) (ع) سفید ۔ چٹا ۔ اُجلا ؛

ابے (اَبے) (ہ) (۱) حقارت کا خطاب (۲) پیار اور بے تکلفی کا خطاب (ابے او بے بھی کہتے ہیں) ؛ **ابے تبے کرنا** (ہ) واہیات بات کہنا ۔ بدکلامی کرنا ۔ حقارت اور گستاخی سے کلام کرنا ۔ تُو تڑاق میں میں کرنا ۔ گالی گلوچ کرنا ؛

ابیل دبیل (اَبیلْ ۔ دَبیلْ) (ہ) (عوام) کمزور رہنے والا ؛

ا ۔ پ

اپاپ (اَپاپْ) (ہ) بے گناہ ؛

اپادھی (اَپا ۔ دِھی) (ہ) (۱) فسادی (۲) ظالم ؛

اپار (اَپارْ) (ہ) (۱) انتہا ۔ بے حد (۲) ناقابل گزر (۳) ابدی (۴) انوپ ۔ بے مثل ؛

اپاڑ (اَپاڑْ) (ہ) (۱) اکھاڑ (۲) بدن کی کھال کا اُترنا (۳) آبلہ پڑنا ؛

اُپاڑنا (اُپاڑْ ۔ نا) (ہ) اکھاڑنا ۔ تمام کرنا (متروک) ؛

اپاہج (اَپا ۔ ہَج) (ہ) (۱) لنگڑا لولا ۔ چلنے پھرنے سے معذور (۲) (مجازاً) سُست ۔ کاہل ۔ نکما ۔ مجہول ؛

اپائنٹ منٹ (اَپا ۔ اِنٹْ ۔ مَنٹْ) (انگ) (Appointment) مؤنث ۔ تعیّن ۔ تقرّر ؛

اُپتن (اُپ ۔ تَنْ) (ہ) مؤنث (۱) نسل ۔ پیدائش ۔ کنبہ ۔ پیداوار (۲) وصول شدہ معاملہ ؛

اپج (یا ۔ اپرج) (اُپَجْ ۔ یا ۔ اُپَجْ) (ہ) مؤنث (۱) نئی بات ۔ ایجاد (۲) وہ نئی تان ، جو گویا گاتے گاتے باقاعدہ لگاتا ہے ؛ **اپج (کی) لینا** (ہ) (۱) نئی بات کرنا ۔ گھڑت کرنا ۔ ایجاد کرنا (۲) گانے میں نیا انداز دکھانا ۔ نئی تان لگانا ؛

اپچ (اَپَچْ) (ہ) (عوام) سب سے بڑا پاجی ۔ نہایت بدذات اور شریر ؛

اپجاؤ (اُپ ۔ جا ۔ اُوْ) (ہ) شاداب ۔ زرخیز ۔ سیر حاصل ؛

اُپجنا (اُپَجْ ۔ نا) (ہ) (۱) نئی نئی تانیں لگانا (۲) نکلنا ۔ اُگنا (۳) ظاہر ہونا ۔ پیدا ہونا (۴) نیا خیال آنا ۔ دل میں کسی نئی بات کا خیال آنا ؛ (نمبر ۱ کے سوا باقی سب معنی میں متروک ہے) ؛

اُپدیش (اُپ-دِیش) (ہ) مذکر (۱) فہمائش۔ نیک صلاح۔ مشورہ۔ نصیحت (۲) وعظ تعلیم (۳) ہدایت۔ تجویز ؎

اُپدیشک (اُپ-دیِ-شک) (ہ) مذکر (۱) اُستاد (۲) ناصح (۳) واعظ (۴) لیکچرار ؎

اپرنٹس (اَپ-رَن-ٹِس) (انگ) - Apprentice) مذکر۔ ملازمت کا اُمیدوار۔ کام سیکھنے کا آرزومند ؎

اپریل (اَپ-رَیل) (ہند) (انگ۔ اِیپ-رِل Apris) مذکر۔ انگریزی چوتھا مہینا ؎ **اپریل فول** (انگ۔ اِیپ-رِل-فُول April Fool) مذکر۔ اپریل کا احمق۔ انگریزوں میں رواج ہے کہ پہلی اپریل کو مذاقاً بے تکلف دوستوں کے نام فضول تحفے اور خطوط بھیجتے ہیں اور اخبارات میں بھی خلافِ قیاس خبریں اور ظریفانہ مضامین شائع کرکے لوگوں کو احمق بناتے ہیں۔ اب دوسری قوموں اور ملکوں میں بھی اس کا رواج ہو گیا ہے ؎

اَپسَرا (اَپ-سَرا) (س) مؤنث (۱) اِندر کے دربار کی کنچنی (۲) سمندر، جنگل یا پہاڑ کی دیوی (۳) طوائف ؎

اُپلا (اُپ-لا) (ہ) مذکر (۱) کنڈا۔ تھاپی۔ گائے بھینس کا گوبر، جسے تھاپ کر سکھا لیتے اور جلاتے ہیں (۲) (کنایۃً) سوجی ہوئی چیز (۳) (تشبیہاً) بدنما، بدقطع منہ ؎

اپلائی (اَپ-لا-اِیَ) (انگ۔ Apply) مذکر۔ درخواست کرنا ؎

اپلی کیشن (اَپ-لِی-کِے-شَن) (انگ۔ Application) مؤنث۔ عرضی۔ درخواست ؎

اُپلے (اُپ-لے) (ہ) مذکر اُپلا کی جمع۔ تھاپیاں۔ کنڈے ؎ **اُپلے پاتھنا (تھاپنا)** (ہ) تھاپیاں بنانا ؎

اپنا (اَپ-نَا) (ہ) (۱) میرا۔ ہمارا (۲) اپنے قبضے کا۔ اپنی ذات کا (۳) غیر کے برعکس۔ رشتہ دار۔ عزیز (۴) برتاؤ کی وجہ سے عزیز کی مانند (۵) ذاتی (۶) نج کا۔ خاص (۷) شریک۔ رفیق۔ ساتھی۔ ہمدرد ؎ **اپنا آپا** (ہ) مذکر۔ اپنا دل یا نفس ؎ **اپنا اپنا** (ہ) جدا جدا۔ الگ الگ۔ ہر ایک کا۔ (ایک دوسرے سے تفریق ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں) ؎ **اپنا اپنا، پرایا پرایا۔ یا۔ اپنا اپنا ہی ہے، پرایا پرایا ہی ہے** (ہ) مثل۔ عزیز سے لاکھ ناراضی اور بے تعلقی ہو پھر بھی عزیز ہے اور بیگانہ ہزار دوستی کا اظہار کرے لیکن عزیز کی برابری نہیں کر سکتا۔ کام نکلنے کے لحاظ سے پرائی چیز کسی طرح بھی اپنی چیز کا مقابلہ نہیں کر سکتی ؎ **اپنا اپنا جی** (ہ) مقولہ۔ جو تمہارے دل میں آیا، تم نے کیا، جو ہمارے دل میں آیا، ہم نے کیا ؎ **اپنا اپنا راستہ (رستہ) لینا** (ہ) اپنی اپنی طرف چلے جانا ؎ **اپنا اپنا کرنا، اپنا اپنا بھرنا** (ہ) مقولہ۔ جو جیسا کرے گا، ویسا بھرے (پلٹے) گا۔ ہمیں کوئی واسطہ نہیں۔ ہم الگ ہیں ؎ **اپنا اپنا لہنا ہے** (ہ) مثل۔ جب کوئی شخص دو آدمیوں میں سے ایک کے ساتھ سلوک کرے اور دوسرے کے ساتھ نہ کرے یا کم کرے تو دوسرا کہتا ہے کہ اپنا اپنا لہنا ہے ؎ **اپنا اپنا مذاق** (ہ) مقولہ۔ ہر شخص کا مذاق علیحدہ ہے ؎

اپنا اپنا مقدر / اپنا اپنا مقسوم / اپنا اپنا نصیب (نصیبا) (ہ) مقولہ۔ ہر شخص کی قسمت الگ ہے۔ کوئی کسی کے نصیب کا شریک نہیں۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کوشش کے باوجود ایک کامیاب اور دوسرا ناکام رہے ؎ **اپنا اُلو سیدھا کرنا** (ہ) کسی کو فریب دے کر یا بے وقوف بنا کر ہر طرح اپنا مطلب نکالنا ؎ **اپنا اُلو کہیں نہیں گیا** (ہ) (محاورہ) ہمارا فائدہ ہر طرح ہے۔ ہمارا احمق قابو میں ہے۔ ہمارا مطلب ہر طرح پورا ہو جائے گا۔ ("اپنا" کی خصوصیت نہیں، ان کا"، "تمھارا"، "میرا"، "ہمارا" سب کے ساتھ مستعمل ہے)۔ کہتے ہیں کسی راجے نے گھوڑوں کے سوداگر کو ایک لاکھ روپیہ دیا کہ عربی گھوڑے لا دے۔ راجہ کے شہر میں ایک تاریخ نویس تھا۔ اس نے اپنی کتاب میں لکھا کہ راجہ اُلو ہے۔ راجہ کو اطلاع ہوئی تو اس نے جواب طلب کیا۔ تاریخ نویس نے کہا کہ یونہی راہ چلتے کو اتنی رقم دے دینا اُلو پن نہیں تو کیا ہے؟ راجہ نے کہا کہ اگر سوداگر گھوڑے لے آئے۔ تاریخ نویس نے جواب دیا۔ پھر آپ کا نام کاٹ کر اس کے بجائے سوداگر کا نام لکھ دوں گا۔ اپنا اُلو کہیں نہیں گیا ؎

اپنا بالا اور کا (پرایا) ڈھینگرا / اپنا پوت پرایا ڈھینگر (ہ) مثل (ع) اس مقام پر کہتی ہیں، جب کسی خطا پر اپنے بچے کے متعلق کہا جائے کہ نادان بے سمجھ ہے اور اسی خطا پر دوسرے کے بچے کو برا بھلا کہا جائے ؎ (اب اولاد کی خصوصیت نہیں، عموماً متعلقین اور متوسلین کے باب میں بھی کہتی ہیں) ؎ **اپنا بگانا** (ہ) (ع) عزیز اور غیر، یگانہ اور بیگانہ ؎ **اپنا بنا لینا** (ہ) (۱) اپنے قابو میں کر لینا۔ اپنے ساتھ ملا لینا۔ دوست بنا لینا (۲) اپنا عاشق بنا لینا (۳) چھین لینا ؎ **اپنا بھلا چاہنا** (ہ) اپنے ہی فائدے کی خواہش رکھنا ؎ **اپنا بھی خدا ہے** (ہ) مثل۔ تم نے ناامید کیا تو خیر، خدا ہمارا مطلب پورا کرے گا (اسی طرح اُن کا، تمھارا، میرا، ہمارا وغیرہ کے ساتھ بھی کہتے ہیں ؎) **اپنا بیگانہ** (ہ) عزیز اور غیر ؎ **اپنا پرایا** (ہ) خویش اور بیگانہ ؎ **اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے** (ہ) مثل (ع) اس آدمی کے متعلق ملامت سے کہتی ہیں، جو اپنی شکم پری کرے اور دوسروں کا خیال نہ رکھے ؎ **اپنا پیٹ کاٹ کر قرض اتارا** (ہ) خود بھوکا رہ کر پیسہ جوڑا اور قرض ادا کیا ؎ **اپنا پیسا کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش (دوس)** (ہ) مثل (ع) جب اپنی اولاد نالائق ہے تو دوسرے کا کیا قصور ؎ **اپنا (تو) تن پہلے ڈھانکو، دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا** (ہ) مثل۔ پہلے اپنی برائیاں دور کرو، پھر دوسرے کو برا کہنا ؎

اپنا توشہ اپنا بھروسا / اپنا توشہ اپنے ہاتھ (ہ) مقولہ۔ سفر میں ضروری چیزیں اپنے پاس ہونی چاہییں۔ دوسرے کے بھروسے پر نہ رہنا چاہیے۔ اپنا بندوبست خود کرو، دوسروں کا سہارا نہ ڈھونڈو ؎ **اپنا ٹھکانا کر لینا (کرنا)** (ہ) (۱) کسی کام کے لیے کوئی اور تدبیر اختیار کرنا (۲) موجودہ حالت سے کسی اَور حالت کی فکر کرنا (۳) دوسری نوکری ڈھونڈھ لینا ؎ **اپنا ٹھیک نہیں اَور کا ٹھیک نہیں** (ہ) مثل (ع) بے سمجھ اور بے وقوف کے متعلق کہتی ہیں کہ نہ اپنے آپ کو عقل ہے، نہ دوسرے کی رائے پسند آتی ہے ؎

اپنا ٹینٹ نہ نہارے اَوْرکی پھلّی دیکھے (ہ) مثل (عوام) وہاں
اپنا ٹینٹ نہیں نہارتے اَوْرکی پھلّی کو دیکھتے ہیں } کہتے ہیں، جہاں کوئی شخص خود
عیب دار ہونے کے باوجود دوسرے کے عیب بیان کرے ❖ **اپنا (اپنے) جوہر دکھانا**
(ف) (۱) اپنا ہنر ظاہر کرنا۔ اپنا کمال دکھانا (۲) (مجازاً طنز کے طور پر) اس جگہ
بھی بولتے ہیں، جب کسی کم اصل سے کوئی بُری بات ہو ❖ **اپنا جوہر کرنا**
(ف) اپنے ہاتھوں سے اپنے آپ کو مار ڈالنا۔ اپنا خون کرنا (لکھنؤ میں اس
موقع پر "آپ کو جوہر کرنا" بیشتر کہتے ہیں) ❖ **اپنا جی** (ہ) (۱) ہمارا جی چاہا
(۲) (بیکڑی جتانے کو یا ظلم میں مزاحمت کرنے کے موقع پر) ہم ایسا ہی کریں گے،
تم کون ہو؟ **اپنا حساب کر لو** (ف) (۱) معاملہ صاف کرلو کہ حساب سے کیا
نکلتا ہے (۲) نوکری چھوڑ دو ❖ **اپنا خون پینا** (ف) پیچ و تاب کھانا۔
رنج و غم سہنا ❖ **اپنا راستہ (رستہ) لو** (ف) اپنے کام میں مصروف ہو۔
جاؤ، اپنا کام کرو ❖ **اپنا رکھ پرایا چکھ** (ہ) مثل۔ اس وقت کہتے ہیں،
جب کوئی شخص اپنی چیز سیان پنے سے رکھ چھوڑے اور دوسرے کی استعمال کرے ❖
اپنا رونا رونا (ہ) اپنا دُکھ درد بیان کرنا۔ اپنا گلہ شکوہ کیے جانا۔ دل
کا رنج ظاہر کرنا۔ اپنی تکلیف کسی سے کہنا ❖ **اپنا سا جانتا ہے** (ہ) وہاں بولتے
ہیں، جہاں کسی شخص میں کوئی بات اچھی یا بُری ہو اور وہ اپنی عادت کے مطابق
دوسرے کو بھی ویسا ہی سمجھے یا کہے ❖ **اپنا سا منہ لے کے آجانا
(رہ جانا)** (ہ) (۱) نادم ہونا۔ خفیف ہونا۔ سخت شرمندہ ہونا (۲) خلافِ اُمید
ظاہر ہونے پر خجالت اٹھانا ❖ **اپنا سیتا دیکھ کے** (ہ) اپنا بندوبست
کرکے ❖ **اپنا سیتا کرنا** (ہ) (لکھنؤ) اپنے لیے کوئی تدبیر یا فکر کرنا۔ اپنے
لیے آرام کی صورت پیدا کرنا ❖ **اپنا سر** (ف) خاک نہیں۔ کچھ نہیں ❖ **اپنا سر
پیٹو** (ف) اپنے کیے پر خود پچتاؤ۔ اپنا خمیازہ بھگتو۔ جیسا کیا، ویسا پایا ❖
اپنا سر کھاؤ (ف) جو چاہو کرو ❖ **اپنا سلام ہے** (ف) ہم دُور بھاگتے ہیں ❖
اپنا سُوپ مجھے دے، تو ہاتھوں پھوڑ (ہ) مثل (عو) (۱) وہاں کہتی
ہیں، جہاں کوئی کام کی چیز مانگے اور اس کے دینے سے حرج ہو (۲) اس وقت بھی
ملامت کے طور پر بولتی ہیں، جب کوئی اپنی ضرورت کی چیز کسی کو دے دے اور
خود ڈھونڈتا پھرے ❖ **اپنا سوجھتا کرنا** (ہ) (دہلی) اپنا سیتا کرنا (لکھنؤ میں "اپنی
فکر کرنا" کہتے ہیں) ❖ **اپنا قلہ شجرہ** (ف) مذکر۔ اپنا سامان ❖ **اپنا قلہ شجرہ رکھ
چھوڑیے (لیجیے)** (ف) اب تم سے مجھ سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ اپنا کام خود
سنبھالو، میں تمھاری چیز یا تمھارا کام پسند نہیں کرتا ❖ **اپنا کام** (ہ) مذکر۔
(۱) نج کا کام۔ ذاتی کام (۲) جو کام اپنے متعلق یا اپنے ذمے ہو (۳) اتحاد کا اظہار
کرنے کے لیے دوسرے کے کام کو بھی کہتے ہیں ❖ **اپنا کام کرو** (ہ) (۱) اس وقت
کہتے ہیں، جب کوئی اپنا کام چھوڑ کر دوسری طرف مخاطب ہو یا خواہ مخواہ مداخلت
کرے (۲) یہاں سے چلے جاؤ، اپنا رستہ لو ❖ **اپنا کتا باندھو، ہم
بھیک سے باز آئے** (ف) مثل۔ یہی غنیمت ہے کہ آپ ہمیں نقصان نہ پہنچائیں،
ہم فائدے سے درگزرے ❖ **اپنا کہا کرنا** (ہ) کسی کی نہ ماننا۔ جو کہنا وہی کرنا ❖
اپنا کیا آگے آیا (ہ) بُرے کام کا خمیازہ بھگتنا پڑا ❖ **اپنا کیا پانا** (ہ) (۱)
اپنے کیے کی سزا پانا۔ جیسا کرنا ویسا پانا (۲) اس وقت بھی طنزاً کہتے ہیں، جب کوئی
کسی سے نیکی کرے اور وہ اس کے بدلے برائی ہی کرے یا اس کی قدر نہ کرے ❖
اپنا گوشت کھانا (ہ) مجبوری کی حالت میں غصہ آنا۔ دل ہی دل میں کُڑھنا ❖ **اپنا
گھر بھرنا** (ہ) کسی کا مال آہستہ آہستہ اپنے قبضے میں لانا ❖ **اپنا گھر ہگ
بھر، پرایا گھر تھوک کا ڈر** (ہ) مثل (عوام) غیر کے گھر میں اپنے گھر جیسا آرام اور
آزادی نہیں ہوتی، وہاں تو ذرا ذرا سی بات میں احتیاط سے کام لینا پڑتا ہے ❖
اپنا لال گنوا کے در در مانگے (مانگیں بھیک) (ہ) مثل۔ اس شخص کے
متعلق کہتے ہیں، جو اپنا مال و زر فضول مصارف میں اڑا کر محتاج ہو جائے اور بھیک
مانگتا پھرے ❖ **اپنا لہو بہانا** (ہ) اپنے آپ کو قتل کرنا۔ خود گلا کاٹ کر مر جانا ❖
اپنا لہو پینا (ہ) پیچ و تاب کھانا۔ رنج اور دُکھ سہنا۔ غم اور غصہ کھانا ❖
اپنا مارے گا تو پھر چھاؤں میں بٹھائے گا (ہ) عزیز کتنا ہی ناراض
ہو، آخر اسے رحم آ ہی جاتا ہے۔ اپنا دُکھ دے گا تو بھی رحم سے ❖ **اپنا مال
اپنی چھاتی تلے** (ف) اپنی چیز کی پوری پوری حفاظت آپ ہی ہو سکتی ہے۔ اپنا مال
اپنے ہی پاس اچھا ہوتا ہے (مالِ عرب پیشِ عرب) ❖ **اپنا منہ بنواؤ (بنوائیے)**
(ہ) محاورہ (عو) مرتبہ حاصل کرو۔ لیاقت پیدا کرو ❖ **اپنا منہ دیکھتا ہے**
(ہ) محاورہ (عو) روشنی کی چیز کے متعلق بولتی ہیں، جب وہ بجھنی بجھی ہو ❖ **اپنا منہ
دیکھو** (ہ) محاورہ (عو) تم اس لائق نہیں، آئینے میں اپنی شکل دیکھو۔ اپنی لیاقت
پر خیال کرو ❖ **اپنا منہ لے کے رہ جانا** (ہ) (دیکھیے "اپنا سا منہ لے کے
رہ جانا") ❖ **اپنا منہ (رگڑ) دھیا میں) دھو رکھو** (ہ) تم اس چیز کے لائق نہیں۔
یہ کام تمھارے بس کا نہیں ❖

اپنانا (اَپ۔ نا۔ نا) (ہ) اپنا کرنا۔ اپنے استعمال میں لانا۔ اپنی ملکیت بنانا ❖
**اپنا نام بدل ڈالیں
اپنا نام نہ رکھیں** } (ہ) محاورہ (عو) یقیناً ایسا ہی ہوگا، اگر نہ ہو تو ہم
اپنا نام بدل ڈالیں ❖
اپنا ہاتھ اپنے سر پر (ف) محاورہ۔ جو کچھ ہے، وہ آپ ہی ہیں۔ کوئی وارث
نہیں ❖ **اپنا ہاتھ کٹوا ڈالوں** (ہ) محاورہ۔ میں شرط اور دعوے سے
کہتا ہوں کہ ایسا ضرور ہوگا ❖ **اپنا ہی رونا رونا** (ہ) (دیکھیے "اپنا رونا رونا") ❖
اپنا ہی مال جائے، آپ ہی چور کہلائے (ف) مثل۔ اپنا ہی نقصان ہو
اور آپ ہی بُرا بھلا سنیں۔ اپنا ہی نقصان اور اپنی ہی بدنامی ❖ **اپنا ہی مطلب
سوجھتا ہے** (ف) اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی یہ نہ دیکھے کہ دوسرا کس کام میں ہے
یا کیا حالت ہے اور یہی چاہے کہ میرا کام کسی طرح نکل جائے ❖ **اَپْنَایَت** (ہ) مؤنث۔ رشتہ داری۔
قرابت۔ یگانگی۔ عزیزداری ❖ **اپنی** (ہ) (۱) میری۔ نج کی۔ ذاتی (۲) سگی (۳)
رشتے کی ❖ **اپنی آبرو اپنے ہاتھ** (ف) مثل۔ انسان کو وہ کام ہی نہ کرنا چاہیے،
جس سے آبرو میں فرق آئے ❖ **اپنی آگ میں آپ جلے جاتے ہیں** (ہ)
حسد اور رشک کے مقام پر بولتے ہیں ❖ **اپنی آنکھ میں** (ہ) اپنی نظر میں ❖
اپنی اپنی بولی (بولیاں) بولنا (ہ) (۱) ہر ایک کا الگ رائے ظاہر کرنا (۲)
ہر ایک کا طنز و طعن کرنا، آوازے کسنا (۳) ہر شخص کا نئی ہی بات کہنا (۴) اپنے اپنے
مطلب کی کہنا (۵) ہر شخص کا سمجھانا ❖ **اپنی اپنی پڑنا** (ہ) ہر ایک کو اپنی ہی فکر ہونا۔

نفسی نفسی ہونا ؛ **اپنی اپنی تقدیر** (ؤ) اپنی اپنی قسمت۔ اپنا اپنا نصیب ؛ **اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ** (ک) مثل۔ ہر شخص کی عقل، فکر اور ہمت جدا جدا ہے۔ ہر ایک کی طبیعت اور مذاق علیحدہ ہے ؛ **اپنی اپنی راہ لو** (ؤ) مثل۔ اپنی اپنی طرف چلے جاؤ ؛ **اپنی اپنی گانا** (ک) ہر شخص کا اپنی رائے ظاہر کرنا۔ ہر ایک کا جدا بات کہنا ؛ **اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل** (ؤ) مثل۔ ہر ایک کی نیکی اور بدی اس کے لیے ہے۔ کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا ؛ **اپنی اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا** (ؤ) سب سے جدا ہو کر کوئی کام کرنا ؛ **اپنی ایڑی دیکھ (دیکھو)** (ک) محاورہ (عو) نظر نہ لگاؤ۔ ٹوکو نہیں ؛ **اپنی بات اپنے ہاتھ (ہے)** (ک) مثل۔ اپنی عزت اور وقار اپنے بس میں ہے ؛ **اپنی بات پر آجانا** (ک) جو کچھ کہنا وہی کر دکھانا۔ اپنے قول کی پچ کرنا۔ ضد کرنا۔ ضد پر آنا ؛ **اپنی بات کا ایک (رہنے)** (ک) زبان کا پورا ہے۔ اپنی بات پر قائم رہتا ہے۔ جو کہتا ہے، وہی کر دکھاتا ہے۔ وعدہ پورا کرتا ہے ؛ **اپنی بلا سے** (ؤ) ہمیں کچھ پروا نہیں ؛ **اپنی بھوک کھانا اپنی نیند سونا** (ک) بے کھٹکے زندگی گزارنا۔ کسی کے تابع نہ ہونا ؛ **اپنی بیتی کہوں کہ جگ بیتی** (ک) مثل (دیکھیے "آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی") ؛ **اپنی پیٹھ نہیں دکھائی دیتی** (ک) مثل۔ اپنا عیب اپنے آپ کو نظر نہیں آتا ؛ **اپنی پیڑ پرائی باتیں** (ک) مثل۔ اپنی مصیبت تو مصیبت ہے، دوسرے کی مصیبت کچھ نہیں ؛ **اپنی ٹانگ کھولیے، آپ ہی لاجوں مریے** (ک) مثل (عو) یہ بھی تو ایک طرح کی توہین ہے کہ اپنے کسی دوست کا حال بیان کیا جائے ؛

اپنی ڈگی لگائے جانا (ک) اپنے ہی مطلب کی کہے جانا۔ اپنا ہی رنگ جمائے جانا۔ اپنی غرض کے پیچھے لگے رہنا ؛ **اپنی جان سب کو پیاری ہوتی ہے** (ؤ) مقولہ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی اندیشہ ناک کام اور پرخطر مقام سے جی چرا کر اپنے اوپر سے الزام رفع کرنے کی کوشش کرے۔ اپنی جان بچانے کی کوشش سب کرتے ہیں ؛

اپنی جگہ (ک) اپنے بدلے۔ اپنے عوض ؛ **اپنی چال سے نہ چوکنا** (ک) اپنے کرتوت اور دھمکیوں سے باز نہ آنا۔ فریب دینے سے باز نہ آنا ؛ **اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو** (ک) مثل۔ اپنے تھوڑے سے نفع کی خاطر مجھ غریب کو تباہ کرتے ہو ؛ **اپنی چھاتی پر کودوں دلوانا** (ک) اپنی آنکھ سے کوئی برا کام ہوتے دیکھنا اور گوارا کرنا ؛ **اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر (کے) دیکھو** (ک) انصاف کرو۔ اپنا سا حال دوسرے کا بھی جانو۔ دوسرے کا دکھ بھی دکھ سمجھو ؛ **اپنی ڈاڑھی کتے کے پیشاب سے منڈوا ڈالیں** (ؤ) (دیکھیے "اپنا نام بدل ڈالیں") ؛ **اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا** (ؤ) (دیکھیے "اپنی اڑھائی اینٹ۔۔۔۔۔الخ") ؛ **اپنی ذات سے اچھے ہیں** (ؤ) محاورہ۔ خود بھلے مانس ہیں۔ اپنے دل سے اچھے ہیں ؛ **اپنی رادھا کو یاد کرو** (ؤ) مثل (عوام) جاؤ ہم سے تم سے کچھ واسطہ نہیں۔ کچھ پروا نہیں ؛ **اپنی ران کھولیے آپ (ہی) لاجوں مریے** (ؤ) مثل (دیکھیے "اپنی ٹانگ کھولیے۔۔۔۔۔الخ") ؛ **اپنی راہ پکڑ، اپنی راہ لگ** (ؤ) مثل۔ اپنا کام کرو۔ تم اس بات میں دخل نہ دو (فصحی زیادہ تر "اپنی راہ لو" بولتے ہیں) ؛ **اپنی راہ لو، اپنی راہ لے** (ؤ) اپنا کام کرو۔ دوسرے کے معاملے میں دخل نہ دو ؛ **اپنی سی** (ک) مقدور بھر، حتی الوسع ؛ **اپنی سی بہت کی** (ک) محاورہ۔ جہاں تک ممکن تھا کوشش کی۔ اپنی طرف سے مقدور بھر سعی کر لی ؛ **اپنی سی کر دیکھنا (کر گزرنا)** (ک) مقدور بھر کوشش کرنا۔ کوشش کر کے تجربہ کر لینا ؛ **اپنی سی گانا** (ک) اپنے مطلب کی بات کہے جانا ؛ **اپنی طرف خیال کرو۔ اپنی طرف دھیان کرو۔ اپنی طرف دیکھو** (ؤ) اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی کسی پر خفا ہو کر مارنے کو اٹھے اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے سمجھایا جائے ؛ **اپنی عقل اور پرائی دولت بہت بڑی معلوم ہوتی ہے** (ؤ) مثل۔ ہر کوئی اپنی عقل اور دوسرے کی دولت کو بہت زیادہ جانتا ہے ؛ **اپنی غرض کو** (ؤ) اپنے مطلب سے ؛ **اپنی غرض کو گدھے چراتے ہیں** (ؤ) اپنے مطلب کی خاطر ذلیل سے ذلیل کام بھی کرنا پڑتا ہے۔ اپنی غرض کے لیے سب کچھ کرتے ہیں ؛ **اپنی غرض کو لوگ گدھے کو بھی باپ بناتے ہیں** (ؤ) مثل۔ غرض مند کو نہایت ذلیل شخص کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ؛ **اپنی قسمت کا لے اترنا** (ؤ) اپنے نصیبوں میں لکھے ہوئے رزق کو خدا کے ہاں سے دنیا میں ساتھ لے آنا ؛ **اپنی قسمت کو رونا** (ؤ) اپنے نصیبوں کا گلہ کرنا۔ اپنی قسمت پر افسوس کرنا ؛

اپنی کر کے نہ رکھنا (ک) مال کو حفاظت سے نہ رکھنا ؛ **اپنی کرنی پار اترنی** (ک) مثل۔ اپنی ہی محنت سے کام پورا ہوتا ہے۔ اپنے ہی اعمال کام آئیں گے ؛ **اپنی کملی (کھال) میں مست ہیں** (ؤ) مثل۔ غریبی کی حالت میں مگن اور خوش ہیں ؛

اپنی کہو اَوْر کی سنو (ک) تسلی سے بات چیت کرو ؛ **اپنی کہی نہ اَوْر کی سنی** (ک) مثل۔ چٹ پٹ گزر گئے۔ کچھ کہے سنے بغیر فوت ہو گئے ؛ **اپنی گانا** (ک) اپنی کہنا، اَوْر کی نہ سننا ؛ **اپنی گانٹھ نہ ہو پیسا تو پرایا آسرا کیسا** (ک) مثل۔ وقت پر اپنی ہی گانٹھ کا پیسا کام آتا ہے، دوسرے کی گرہ کا کام نہیں آتا ؛ **اپنی گرہ کا** (ؤ) مذکر۔ اپنی جمع۔ اپنے پاس کی چیز۔ اپنے پلے کا ؛ **اپنی گرہ کا (سے) کیا جاتا ہے** (ؤ) ہمارا کیا خرچ یا حرج ہوتا ہے۔ ہمارا کیا نقصان ہے ؛ **اپنی گڑیا سنوار دینا** (ک) (کنایۃً) اپنی حیثیت کے مطابق لڑکی کا نکاح کر دینا ؛ **اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے** (ؤ) مثل۔ اپنے گھر پر کمزور بھی بہادر ہوتا ہے۔ حمایتی کے بھروسے پر نامرد بھی مرد ہوتا ہے ؛ **اپنی گوں کا یار** (ؤ) اپنے مطلب کا یار۔ اپنی غرض کا دوست۔ خودغرض ؛ **اپنی گوں گانٹھتے ہیں** (ک) خوشامد سے کام نکالتے ہیں ؛ **اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے** (ؤ) مقولہ۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی کے فعل سے اختلاف ہو۔ ہر کوئی اپنا معاملہ خوب سمجھتا ہے ؛ **اپنی مونچھ منڈوا ڈالیں** (ک) (دیکھیے "اپنا نام بدل ڈالیں") ؛ **اپنی ناک کٹی تو کٹی پرائی بدشگونی تو ہو گئی** (ؤ) مثل۔ اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو کسی کے نقصان سے خوش ہو، خواہ اس میں کتنا ہی نقصان اور کتنی ہی رسوائی ہو جائے ؛

اپنی نیند سونا اور اپنی بھوک کھانا
اپنی نیند سونا اور اپنی نیند اٹھنا } (ک) بے فکری اور امن و سکون سے زندگی بسر کرنا۔ آزادانہ بسر اوقات کرنا۔ خودمختار رہنا ؛ **اپنی والی** (ک) حتی الامکان۔ مقدور بھر ؛ **اپنی والی پر آنا** (ک) (عو) (۱) اپنی بات کی پچ کرنا۔ کسی بات پر اڑ جانا (۲) اپنی اصالت پر آجانا ؛

اپنی ہائے اَوْر پر گنوائی
اپنی ہائے اَوْروں پر چھائی } (ک) مثل (عو) اپنا الزام دوسرے کے سر تھوپ دیا۔ اپنی خفت اور سبکی دوسروں پر ڈال دی ؛ **اَپٹنے** (ک)

(۱) اپنا کی جمع (۲) عزیز۔ خویش (۳) حسنِ کلام کے لیے زائد بھی آتا ہے (۴) بچے کے ذاتی

(۵) اپنی ملکیت یا قبضے کے (۶) خود۔ خاص (۷) اپنے تعلق کے۔ اپنے دم کے ∴
اپنے آپ (ہ) (۱) خود ہی (۲) اپنی ذات ∴ **اپنے آپ کو** (ہ) (لکھنؤ)
اپنی ذات کو۔ آپ کو ∴ **اپنے آپ کو کھینچنا** (ہ) غرور کرنا ∴ **اپنے آپے
سے گزر جانا** (و) غرور یا غصّے میں بدحواس ہو جانا۔ نہایت مغرور ہونا ∴
اپنے اپنے حال میں مست ہیں (و) مثل۔ جو جس حال میں ہے، اسی میں مگن
ہے۔ کسی کو کسی کی فکر نہیں ∴ **اپنے اپنے گھر سب بادشاہ ہیں** (و) مثل۔ بادشاہ
کی طرح گھر کے ہر مالک کو اپنے یہاں حکومت حاصل ہوتی ہے ∴ **اپنے اختیار میں
نہ ہونا** (و) (۱) اپنے بس میں نہ ہونا۔ مجبور ہونا (۲) ہوش و حواس میں نہ ہونا ∴
اپنے اللہ سے پائے (و) (عو) (بد دعا) خدا سمجھے۔ اللہ اس کی سزا دے ∴
اپنے اوپر لے لینا (ہ) کسی کا قصور یا برائی اپنے ذمے لے لینا ∴ **اپنے
بچھڑے کے دانت سب کو معلوم ہوتے ہیں** (و) مثل (۱) اپنی حالت
سب جانتے ہیں (۲) ایک عزیز کے حالات دوسرے عزیز کو ضرور معلوم ہوتے ہیں ∴
اپنے بیروں کو کنجڑا کھٹے نہیں بتاتا (ہ) مثل۔ کوئی شخص اپنی بری چیز یا برے
عزیز کو بھی برا نہیں کہتا ∴ **اپنے پاؤں پر (میں) آپ کلھاڑی مارنا** (ہ)
خود ہی اپنا نقصان چاہنا۔ جان بوجھ کر مصیبت میں پھنسنا۔ اپنا برا آپ کرنا ∴
اپنے پر (ہ) اپنی ذات پر ∴ **اپنے پیر کی مان** (و) مثل۔ تجھے اپنے پیر کی
قسم ہے ∴ **اپنے تئیں** (ہ) (متروک) آپ کو۔ اپنی ذات کو (اب اس کی جگہ دہلی
میں "اپنے کو" بولتے ہیں ∴ **اپنے جامے سے باہر ہونا** (و) خوشی یا غصّے سے
آپے میں نہ رہنا۔ بےخود ہو جانا۔ اپنی حیثیت سے نکل چلنا۔ مغرور ہو جانا ∴ **اپنے
جامے سے نکل جانا** (و) بےخود ہو جانا (اب "جامے سے باہر ہونا" بولتے
ہیں) ∴ **اپنے جھونپڑے کی خیر مانگو** (و) مثل۔ دوسرے کو چھوڑو۔ اپنی
خبر لو ∴ **اپنے چلتے** (ہ) حتی الامکان۔ مقدور بھر ∴ **اپنے چھاچھ کو کوئی
کھٹا نہیں کہتا** (ہ) مثل۔ (دیکھیے "اپنے بیروں کو ......") ∴ **اپنے حال پر
رونا** (و) (۱) متکلم کی حالت پر رنج و افسوس کرنا (۲) اپنی حالت پر رنج و افسوس کرنا ∴
اپنے حال پر رہنا (و) اپنی حالت نہ بدلنا۔ پہلے کی طرح رہنا ∴ **اپنے
حال میں مست رہنا** (و) مثل (دیکھیے "اپنے اپنے حال میں ...") ∴ **اپنے
حال میں نہ رہنا** (و) (۱) بےخود ہو جانا (۲) اپنی حیثیت کے مطابق نہ رہنا ∴ **اپنے
حساب** (و) اپنے نزدیک۔ اپنے خیال میں۔ اپنی سمجھ میں، گویا ∴ **اپنے حق میں** (و)
خاص اپنے لیے ∴ **اپنے حق میں کانٹے بونا (یا۔ زہر گھولنا)** (و) اپنی
برائی آپ چاہنا۔ اپنا برا آپ کرنا ∴ **اپنے خدا کو مان** (و) تجھے خدا کی قسم ہے ∴
اپنے دام کھوٹے پرکھنے والے کا کیا دوش (دوس) (ہ) مثل (عو) (دیکھیے
"اپنا پیسا کھوٹا .....") ∴ **اپنے دل پر ہاتھ دھر دیکھو (دھرو)** (و)
مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی کسی کو سمجھائے یا نصیحت کرے اور خود بھی کسی قدر ویسے
ہی حال میں ہو یا وہ بات ہی ایسی نہ ہو کہ چھوٹ سکے ("دل" کی جگہ "کلیجا" بھی بولتے ہیں) ∴
اپنے دل کے بادشاہ (مختار) ہیں (و) محاورہ۔ جو چاہیں کریں، انھیں کوئی
روک نہیں سکتا ∴ **اپنے دم سے اچھے ہیں** (و) محاورہ۔ اپنی ذات سے اچھے
ہیں، خود نیک اور شریف ہیں ∴ **اپنے دنوں کو پورا کرنا** (ہ) (عو) سخت تنگی
سے گزارہ کرنا ∴ **اپنے دنوں کو رونا** (ہ) اپنی بدنصیبی پر حسرت اور افسوس
کرنا۔ گزرے ہوئے زمانے کے آرام و عیش کو یاد کر کے پچھتانا ∴
اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے } (ہ) جملے (دیکھیے "اپنے بیروں کو ......") ∴
اپنے دہی کو کوئی کھٹا نہیں کہتا }
اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا } (ہ) سب سے الگ ہو کر کوئی بات
اپنے ڈھائی چاولوں کی کھچڑی الگ پکانا } کہنا یا کام کرنا۔ جو دل میں آئے،
سو کرنا۔ کسی کے سمجھائے نہ سمجھنا ∴ **اپنے ڈھب کا** (ہ) اپنی پسند کا۔
اپنے رنگ کا۔ اپنے مذاق کا۔ اپنے کام کا۔ اپنے قابو کا ∴ **اپنے ساتھ لے ڈوبنا**
(ہ) اپنے ساتھ کسی کو نقصان پہنچانا یا تباہی میں ڈالنا ∴ **اپنے ساتھ لپیٹنا** (ہ)
اپنے ساتھ شامل کرنا ∴ **اپنے سایے سے وحشت کرنا** (و) بے حد وحشت
کرنا۔ دوسرے کے موجود ہونے سے بھڑکنا ∴ **اپنے سر لے لینا** (و) (دیکھیے
"اپنے اوپر لے لینا") ∴ **اپنے سے بہتر خدا** (و) مثل۔ اس شخص کے متعلق کہتے
ہیں، جو اپنا دم غنیمت جانے یا اپنے برابر کسی کو نہ خیال کرے ∴ **اپنے قدح کی
خیر منانا** (و) اپنے فائدے سے غرض رکھنا۔ اپنا نفع اور بہتری چاہنا ∴
اپنے کام سے کام رکھتے ہیں (ہ) (۱) اپنے کام میں لگے رہتے ہیں، کسی
طرف دھیان نہیں دیتے۔ کسی کی بات میں مداخلت نہیں کرتے (۲) خود غرض ہیں، کسی
کو تکلیف نہیں پہنچاتے، بے ضرر ہیں ∴ **اپنے کہے کا ہے** (ہ) جو جی میں آئے،
کرتا ہے اور کسی کی نہیں سنتا۔ نہایت ضدی ہے ∴ **اپنے کیے پر پچھتانا** (ہ)
خود ہی کوئی کام کر کے بعد میں پشیمان ہونا ∴
اپنے کیے کا علاج نہیں } (و) محاورہ۔ اپنی کی ہوئی خطا یا برے کام
اپنے کیے کا کیا علاج } کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے ∴
اپنے کیے کی سزا پانا (و) برے کام کا نتیجہ بھگتنا ∴ **اپنے کیے کے پاس
بیٹھنا** (ہ) (دہلی) اپنے کیے کی سزا پانا۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا ∴ **اپنے
گریبان میں منہ ڈالنا (یا۔ منہ ڈال کر دیکھنا)** (و) اپنے کیے پر گردن جھکانا۔ اپنے
کاموں سے شرمانا۔ اپنے عیب دیکھنا ∴ **اپنے گھر کوا آتا کس کو برا لگتا ہے؟**
(ہ) پیسا ایسی چیز نہیں کہ ملتا ہو اور کوئی نہ لے۔ اپنا نفع کسے برا معلوم ہوتا ہے؟ ∴
اپنے گھر میں کتا بھی شیر ہے (و) مثل (دیکھیے "اپنی گلی میں ....") ∴
اپنے لکھے کو رونا (ہ) اپنی تقدیر کا گلہ کرنا ∴ **اپنے لگے تو پیٹھ میں اور
کے لگے تو بھیت میں** (ہ) مثل۔ اپنے چوٹ لگی تو جسم پر اور دوسرے کے لگی تو
دیوار پر۔ اپنے دکھ درد کو دکھ درد جانتے ہیں اور دوسرے کے دکھ درد کی پروا
نہیں کرتے ∴ **اپنے مرے بن سرگ نہیں ملتا** (ہ) مثل۔ اپنی سعی و کوشش
کے بغیر کامیابی نصیب نہیں ہوتی ∴ **اپنے مرنے کے آگے کچھ نہیں سوجھتا**
(و) مثل۔ اپنے فائدے، خواہش اور لذت کے آگے جائز و ناجائز اور نیک و بد میں
کوئی فرق نظر نہیں آتا ∴ **اپنے من سے جانیے پرائے من کی بات** (ہ)
مثل۔ اپنی تکلیف سے دوسرے کی تکلیف کو سمجھنا چاہیے ∴ **اپنے منہ پر جاؤ** (ہ)
اپنی طرف دیکھو ∴ **اپنے منہ پر (میں) طمانچے مارنا** (و) اپنے کیے پر پچھتانا ∴
اپنے منہ سے دھنّا بائی (ہ) مثل۔ اپنی تعریف آپ کرنا۔ شیخی مارنا ∴

اپنے منہ میاں مٹھو (ف) مثل۔ اپنی زبان سے اپنی تعریف ۞ اپنے منہ میاں مٹھو بننا (۲) اپنی تعریف آپ کرنا ۞ اپنے نام کا ایک ہے (ف) (عو) نہایت ضدی ہے۔ آفت کا پرکالہ ہے ۞ اپنے نام کا پاس ہے (ف) اپنی عزت کا خیال اور وقار کا لحاظ ہے ۞ اپنے نزدیک (ف) اپنے خیال میں۔ اپنی رائے میں۔ اپنی دانست میں ۞ اپنے نصیبوں کو رونا (ف) (۱) اپنی بدقسمتی کا گلہ کرنا (۲) بے فائدہ جھینکنا ۞ اپنے نین گنواکے دردر مانگے (مانگیں) بھیک (ف) مثل۔ (دیکھیے "اپنا لال گنواکے ....") ۞

اپنے نینا مجھے دے تو بھلاتی پھر
اپنے نینا مجھے دے تو جھلاتی پھر
اپنے نینا مجھے دے تو گھوم پھر کے دیکھ
} (ہ) مثل۔ دیکھیے "اپنا سوپ مجھے دے، تو ہاتھوں پچھوڑ" ۞

اپنے وقت کا ارسطو (افلاطون) ہے (ف) مثل۔ نہایت عقلمند ہے۔ ازحد دانا ہے ۞ اپنے وقت کا حاتم ہے (ف) مثل۔ نہایت سخی ہے۔ ازحد داتا ہے۔ بے حد دریا دل اور فیاض ہے۔ بہت خرچ کرنے والا ہے ۞

اپنے وقت کا رستم ہے (ف) مقولہ۔ بہت بڑا پہلوان اور بہادر ہے ۞ اپنے وقت کا سکندر ہے (ف) نہایت خوش نصیب ہے ۞ اپنے وقت کا لال بجھکڑ (ہ) بے عقل۔ بے شعور۔ بے وقوف ۞ اپنے ہاتھ سے (ہ) اپنے کام سے۔ اپنی چال سے۔ خود ۞ اپنے ہاتھ کا (ہ) (۱) اپنے کا (۲) اپنے ہاتھ کا کیا ہوا۔ اپنے ہاتھ سے بنایا ہوا۔ اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا ۞ اپنے ہاتھ کے بل بل جاییے جیسا من ہو تیسا (ویسا) کھائیے (ہ) (عو) کام وہی اچھا ہوتا ہے، جو دوسرے کی امداد کے بغیر کیا جائے ۞ اپنے ہاتھ ہے (ہ) (۱) اپنے اختیار میں ہے (۲) اپنے اختیار سے ہے ۞ اپنے ہاتھوں (ہ) (۱) خود (۲) جان بوجھ کر۔ اپنے فعل سے، ازخود ۞

اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا
اپنے ہاتھوں کانٹے بونا
اپنے ہاتھوں کنواں کھودنا
} (ف) محاورہ۔ اپنی ہی بات یا کام سے اپنے آپ کو نقصان پہنچانا۔ خود مصیبت میں پھنسنا۔ خود برباد ہونا۔ خود موت کے منہ میں جانا ۞

اپنے ہی تک رکھنا (ہ) اپنے ہی دل میں رکھنا۔ کسی اَور سے نہ کہنا ۞ اپنے ہی تن کا پھوڑا ستاتا ہے (ف) مثل (۱) رشتہ داروں ہی سے تکلیف پہنچتی ہے (۲) اپنے عزیز و خویش کا درد ہوتا ہے ۞ اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے (ہ) محاورہ۔ اپنے ہی گھر سے فساد پیدا ہوا ہے۔ اپنے ہی گھر سے لڑائی کا آغاز ہوا ہے ۞

اُپنشد (اُپ۔نِشَد) (س) مذکر۔ ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں ویدوں کا انتخاب وغیرہ درج ہے ۞

اپولو (اَپُو۔لَو) (یونانی) مذکر۔ حسن و شباب اور راگ کا دیوتا ۞

اپولونیس (اَپُو۔لُو۔نِی۔اَس) (انگ) (Appolonius) مذکر۔ یونان کا ایک فلسفی اور بہت بڑا حساب دان، جس کی اپولونیس تھیوری مشہور ہے ۞

اپھر (اَپَھر) (ہ) اپھرنا کا امر ۞ اپھر جانا (ہ) (۱) پیٹ پھولنا (۲) پیٹ بھر کر کھانا (۳) غرور کرنا ۞ اپھر چلنا (ہ) (۱) ہوا بھر جانا (۲) پیٹ بھر جانا (۳) غرور کرنا ۞

اپھار۔اپھارا (اَپھار، اَپھا۔رَا) (ہ) مذکر۔ پیٹ پھولنا ۞

اپھرا (ہ) (اَپھ۔رَا) (۱) پھولا ہوا (۲) معدہ بھرا ہوا (۳) غرور سے پھولا ہوا ۞

اپھرنا (ہ) (۱) پھول جانا (۲) معدے کا زیادہ بھر کر پھوٹنے لگنا (۳) ریح کے باعث پھول جانا (۴) سیر ہونا (۵) اکتانا (۶) ٹھونسنا (۷) موٹا ہو جانا (۸) حد سے بڑھ جانا (۹) غرور کرنا (۱۰) ڈینگ مارنا (۱۱) دولت مند ہو جانا ۞

اُپھن جانا (ہ) (عوام) جوش آجانا۔ اُبل جانا ۞

آپی (ہ) (۱) چمکتی ہوئی چیز (۲) تیز۔ سان پر چڑھی ہوئی (تلوار) (۳) میان سے باہر نکلی ہوئی (شمشیر) ۞

اپیل (اَپیل) (انگ۔ Appeal) مذکر و مؤنث (۱) ایک حاکم کے فیصلے سے ناخوش ہو کر اس سے بڑے حاکم کی عدالت میں چارہ جوئی کرنا (۲) اپیل کے وجوہ لکھنے کا کاغذ (۳) چارہ جوئی ۞ اپیل بحال ہونا (ف) اپیل کا منظور ہونا ۞ اپیل خارج یا مسترد ہونا (ف) اپیل کا نامنظور ہونا ۞ اپیل خاص (انگ۔ع) مذکر و مؤنث۔ پریوی کونسل میں اپیل دائر کرنے کی درخواست ۞ اپیل داخل کرنا (ف) بڑے حاکم کے پاس مقدمہ لے جانا ۞ اپیل ڈسمس ہونا (ف) اپیل کرنے والے کے خلاف فیصلہ ہونا ۞ اپیل کرنا (ف) (دیکھیے "اپیل داخل کرنا") ۞ اپیل متخالف (انگ۔ع) مذکر و مؤنث۔ ایک دوسرے کے خلاف اپیل ۞ اپیل منظور ہو جانا (ہونا) (ف) مقدمے کا فیصلہ اپنے حق میں ہو جانا۔ بڑے حاکم کی عدالت سے ابتدائی حاکم کا فیصلہ منسوخ ہو جانا۔ مطلب پورا ہو جانا ۞

اپیلانٹ (انگ۔ Appellant) مذکر۔ اپیل کرنے والا۔ چھوٹے حاکم کے فیصلے کے خلاف بڑے حاکم سے فریاد کرنے والا ۞

ا۔ت

اَت (اَت) (س) مؤنث۔ نہایت۔ بے حد۔ بے انتہا۔ بہت۔ زیادہ سے زیادہ ۞

اَت کا بھلا نہ برسنا، اَت کی بھلی نہ دھوپ
اَت کا بھلا نہ بولنا، اَت کی بھلی نہ چپ
} (ہ) مثل۔ ہر چیز کا حد سے زیادہ ہونا بُرا اور نقصان دہ ہوتا ہے ۞

اتا (اَتا) (ت) مذکر۔ باپ ۞ اَتابک (ت) مذکر (۱) بڑا باپ۔ مالک (۲) استاد (۳) ایران کے بادشاہوں اور وزیروں کا لقب ۞ اَتاتُرک (ت) مذکر (۱) ترکوں کا باپ (۲) غازی مصطفیٰ کمال پاشا مرحوم کا لقب ۞

اَتاپَتا (اَتا۔پَتا) (ہ) مذکر۔ پتا نشان ۞ اَتاپتا کہنا (ہ) نام و نشان بتانا ۞

اُتار (اُتار) (ہ) (۱) مذکر (۱) اُتارنا کا مخفف (۲) مؤنث۔ بدا در لڑا کا عورت ۞

اُتار (اُتار) (۱) مذکر (۱) ڈھال۔ نشیب (۲) نشے کا زوال۔ گھٹاؤ۔ کمی (۳) آسیب یا زہر کا دور کرنا (۴) کتر۔ بے قدر (۵) (عوام) نقل۔ مثنیٰ (۶) گھاٹ (۷) صدقہ، تصدق، کفارہ (۸) دفع کرنے والی چیز (۹) اُتارنا کا امر ۞ اُتار چڑھاؤ (ہ) مذکر (۱) پستی اور بلندی۔ نشیب و فراز (۲) بُرائی بھلائی۔ نیک و بد۔ اُونچ نیچ

(۳) پہاڑ کی لمبی زیادتی (۴) سر کا دھیما اور اونچا ہونا (۵) ستار۔ کمان وغیرہ کا ڈھلاؤ کھچاؤ (۶) سمندر کا مدوجزر۔ جوار بھاٹا (۷) حکمتِ عملی۔ پالیسی (۸) تدبیر (۹) فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ دم ÷

اُتار چڑھاؤ بتانا دینا (ف) (دہلی) دم جھانسا دینا۔ دھوکا دینا ÷ **اُتار چڑھاؤ کی باتیں** (ف) مؤنث۔ چالیں۔ فریب کی باتیں ÷ **اُتار لینا** (ف) (۱) ٹھہرالینا۔ جگہ دینا (۲) لے لینا۔ چھین لینا۔ ننگا کر دینا (۳) پچھاڑ ڈالنا (۴) نقل کر لینا (۵) توڑ ڈالنا۔ کاٹ ڈالنا۔ معزول کرنا (۷) گرانا (۸) مٹا دینا۔ گھسنا ÷

اُتارا (اُ تا۔ را) (ف) مذکر (۱) صدقہ (۲) مٹھائی۔ دہی چاول وغیرہ، جو بلا کو رد یا نظرِ بد کو دفع کرنے کے لیے ٹوٹکے کے طور پر چوراہے میں رکھے جائیں (۳) گھاٹ (۴) دریا سے پار ہونا (۵) پڑاؤ۔ قیام گاہ۔ لشکر کی فرودگاہ۔ ٹھہرنے کی جگہ (۶) منزل (۷) دریا کا اس پار کا فاصلہ (۸) (عوام) مکان کا کرایہ (۹) (عو) بھڑاس نکالنا (۱۰) جنگ کے لیے سواروں کا پیادہ ہونا ÷ **اُتارا اُتارنا** (ف) (۱) صدقہ اتارنا (۲) آدمیوں پر سے بھوت اتارنا ÷ **اُتارا دینا** (ف) صدقہ دینا ÷

اُتارن (اُ تا۔ رَن) (ف) مذکر۔ نیا یا پرانا پہنا ہوا لباس ÷

اُتارنا (اُ تار۔ نا) (ف) (۱) اونچی جگہ سے نیچے لانا (۲) کھینچنا (ہوا سے) (۳) دریا کے پار لے جانا (۴) پہننا کے برعکس۔ کپڑا یا زیور بدن سے جدا کرنا (۵) تصویر لینا۔ عکس اتارنا۔ کھینچنا (۶) لکھ لینا۔ نقل کرنا (۷) (سر کے ساتھ) کاٹنا (۸) جگہ دینا۔ ٹھہرانا۔ فروکش کرنا (۹) (دل، نظر کے ساتھ) حقیر کرنا۔ ذلیل کرنا۔ گرانا (۱۰) تنزل کر دینا (۱۱) معزول کرنا (۱۲) پہنچانا۔ داخل کرنا (۱۳) پورا کرنا (۱۴) تراشنا۔ قطع کرنا (کپڑا وغیرہ) (۱۵) (لکڑی کے لیے) پتلے پتلے ورق جدا کرنا (۱۶) نگلنا (۱۷) نازل کرنا (آسمانی کتابیں وغیرہ) (۱۸) پیدا کرنا (۱۹) تیار کرنا (ان چیزوں کے لیے، جو کسی چیز پر چڑھا کر تیار کی جاتی ہیں) (۲۰) سوار کرنے کے برعکس (۲۱) کسی چیز کو اس کی اصلی جگہ سے اکھاڑنا (۲۲) کھونکنا۔ پیوست کرنا (۲۳) رکھنا (۲۴) اوپر سے نیچے پہنچانا (۲۵) سبکدوش کرنا۔ ہلکا کرنا (۲۶) حلق سے اتارنا (۲۷) (سانپ، بچھو، آسیب، جادو وغیرہ کے ساتھ) زہر دفع کرنا (۲۸) مقابلہ کرانا۔ لڑانا (۲۹) لٹکانا۔ جھکانا (۳۰) تبدیل کرنا۔ بدلنا (۳۱) ادا کرنا (۳۲) نکالنا (۳۳) ڈھانا۔ گرانا (۳۴) اڑانا۔ مٹانا (۳۵) کم کرنا۔ گھٹانا (۳۶) کھچاؤ کم کرنا (۳۷) ادھیڑنا۔ کھینچنا (۳۸) (غصے کے ساتھ) بخار نکالنا (۳۹) ذہن نشین کرنا (۴۰) (نشے کے ساتھ) زائل کرنا (۴۱) کسی کے ذمے کر دینا (۴۲) (رُخ یا چہرے کے ساتھ) بے رونق کرنا (۴۳) وارنا (۴۴) موندنا ÷ **اُتارو ہونا** (ف) (دہلی) پیچھے پڑ جانا۔ آمادہ ہونا ÷ **اُتارے ہونا** (ف) (۱) مستعد ہونا۔ متوجہ ہونا۔ پیچھے پڑ جانا۔ کسی بات یا کسی کام پر نہایت آمادہ ہونا (۲) برا بھلا کہنا۔ بہت خفا ہونا (۳) صدقے اترنا ÷

اَتالیق (اَ تا۔ لیق) (ت) مذکر۔ استاد۔ ادب سکھانے والا۔ نجی معلم ÷

اَتالیقی (اَ تا۔ لی۔ قی) (ت۔ ف) مؤنث۔ معلمی۔ استادی ÷

اُتاولا (اُ تا۔ وَلا) (ف) جلد باز ÷ **اُتاولا سو باولا** (ف) مقولہ۔ جلد باز دیوانہ ہوتا ہے ÷

اَناڑی (اَ نا۔ ڑی) (ف) مذکر۔ بے استاد۔ جس نے کوئی فن باقاعدہ نہ سیکھا ہو یا وہ اس کا آبائی پیشہ نہ ہو ÷

اَتباع (اَت۔ باع) (ع) مذکر۔ تابع کی جمع۔ پیرو۔ مرید ÷

اِتباع (اِت۔ باع) (ع) مذکر۔ فرماں برداری۔ اطاعت۔ پیروی ÷

اِتّباع (اِت۔ تِباع) (ع) مذکر۔ پیروی۔ موافقت، متابعت یا تقلید کرنا ÷

اِتّحاد (اِت۔ تِحاد) (ع) مذکر (۱) مطابقت۔ یکسانی (۲) محبت۔ دوستی۔ میل جول (بڑھانا، بڑھنا کے ساتھ) ÷ **اِتّحادِ یورپ** (ع۔ ف) مذکر (۱) انگریزی گانے والوں کی مجلس (۲) انگریز ایکٹروں کی وہ جماعت، جو مل کر تمثیل مجلس انجام دے ÷

اِتحاف (اِت۔ حاف، اِت۔ تِحاف) (ع) مذکر۔ تحفہ دینا ÷

اُتّر (اُت۔ تَر) (ف) مذکر۔ شمال ÷ **اُتر جاؤ کہ دکھن وہی کرم کے لچھن** (ف) مثل۔ جس جگہ جاؤ، قسمت اپنے ساتھ ہے، سفر کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ÷

اُترہری (ف) مؤنث۔ اتر کی طرف چلنے والی ہوا ÷ **اُتر میمانسا** (ف) مؤنث۔ ویدانت فلسفے کی ایک مشہور کتاب ÷

اُتر (اُ تَر) (ف) اترنا کا امر ÷ **اُتر آنا** (ف) (۱) اوپر سے نیچے آنا (۲) تیار ہونا ÷

اُتر پڑنا (ف) (۱) ٹھہر جانا (۲) کسی کام یا مصیبت پر نہایت آمادہ ہونا ÷

اُتر جانا (ف) (۱) اوپر سے نیچے آ جانا (۲) دبلا ہو جانا (۳) ناپسند ہونا ÷

اُتر کے (ف) گھٹ کے ÷ **اُتر گئی لوئی تو پھر کیا کرے گا کوئی** (ف) مثل۔ بے لحاظ اور بے حیا آدمی کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا ÷ **اُترا** (ف) (۱) اترا ہوا۔ معزول (۲) پہن کر اترا ہوا (جوڑا وغیرہ) ÷ **اُترا شحنہ مردک نام** (ف) مثل۔ عہدے سے معزول ہو کر آدمی کی عزت نہیں رہتی ÷

اُترانا (اُت۔ رَا۔ نا) (ف) کسی چیز کا پانی کی سطح پر آ جانا (خواص اس مقام پر تیرنا بولتے ہیں) ÷ **اُترائی** (ف) مؤنث (۱) ڈھال۔ اتار۔ نشیب (۲) گھاٹ کا محصول۔ دریا سے پار ہونے کا کرایہ۔ ناؤ کا کرایہ (۳) پہاڑ سے نیچے آنے کا کرایہ (۴) پہاڑ سے واپسی کا زمانہ ÷ **اُترتا چاند** (ف) مذکر (عو) چاند کے مہینے کا آخری حصہ (چاند کے بجائے مہینا اور سال بھی کہتی ہیں) ÷ **اُترتی برسات** (ف) مؤنث۔ برسات کا آخری زمانہ۔ نکلتی برسات ÷ **اُترتی ندی کنارے ڈھائے** (ف) مثل۔ جب آدمی کا کچھ بس نہیں چلتا تو وہ کمزوروں اور غریبوں کو ستاتا ہے ÷

اُترن (ف) مذکر (دیکھیے اتارن) ÷ **اُترن پُترن** (ف) مذکر (عو) اترے ہوئے پرانے کپڑے ÷

اُترنا (اُ تَر۔ نا) (ف) (۱) توجہ کرنا (۲) سستا ہونا (۳) مہنگا ہونا (چڑھ جانا بھی کہتے ہیں) (۴) حاصل ہونا۔ نصیب ہونا (ان معنی میں بہت کم مستعمل ہے) (۵) (عمر اور جوانی کے لیے) ڈھلنا (۶) (دودھ اور خون کے ساتھ) آنا۔ بھرنا (۷) (دھیان، خیال، ذہن کے ساتھ) یاد نہ رہنا۔ بھول جانا (۸) آنا۔ پھیلنا (۹) تیار ہو کر ٹوٹنا (۱۰) (عو) بچے کے لیے) فوت ہو جانا۔ مر جانا (۱۱) (دل، نظر، نگاہ کے ساتھ) حقیر ہو جانا۔ گھٹنا (باقی معانی کے لیے دیکھیے اتارنا) ÷ **اُتری ہوئی** (ف) چھوٹی ہوئی ÷ **اُتری ہوئی پاپوش** (ف) مؤنث (۱) پرانا جوتا۔ اترا ہوا جوتا (۲) حقیر اور بے عزت مرد یا عورت

(۳) بے قدر۔ بے حقیقت اور نظروں سے گری ہوئی چیز (۴) چھوڑی ہوئی عورت ۔

اتراک (اَت۔ راک) (ع) مذکر۔ تُرک کی جمع ۔

اترانا (اِت۔ رانا) (ہ) (۱) گھمنڈ کرنا۔ شیخی مارنا (۲) ذرا سی بات میں خوشی کے باعث آپے سے باہر ہوجانا ۔

اُتراہی (اُت۔ را۔ ہی) (ہ) فصحا اس جگہ "اُترہی" بولتے ہیں (دیکھیے "اُترہی") ۔

اترسوں (اَت۔ تر۔ سوں) (ہ) مذکر۔ گزرے ہوئے پرسوں سے قبل یا آنے والے پرسوں کے بعد کا دن (لکھنؤ میں پرسوں کے قبل کو ترسوں اور ترسوں کے قبل کو اترسوں کہتے ہیں۔ دہلی میں ترسوں کے بجائے اترسوں کہتے ہیں) ۔

اُترنگ (اُت۔ رنگ) (ہ) مذکر۔ وہ لکڑی جو دروازے میں اوپر کی طرف چوکھٹ کے مقابل لگائی جاتی ہے ۔

اُتسو (اُت۔ سو) (س) مذکر (۱) خوشی کا عام مظاہرہ (۲) جشن۔ تہوار (۳) ناراضی۔ غصہ۔ بے صبری ۔

اِتّصاف (اِت۔ تِصاف) (ع) مذکر (۱) تعریف کیا جانا (۲) کسی چیز کا باہم وصف کرنا ۔

اِتّصال (اِت۔ تِصال) (ع) مذکر (۱) ملنا۔ ملا ہوا ہونا۔ لگاتار ہونا (۲) (نجومیوں کی اصطلاح) برجوں اور درجوں کے اعتبار سے ستاروں کا باہم نظر آنا ۔

اِتّفاق (اِت۔ تِفاق) (ع) مذکر (۱) میل جول۔ موافقت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (۲) موقع۔ محل (ہونا کے ساتھ) (۳) یک دلی۔ ایکا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۔ **اِتّفاق پڑنا (پیش آنا)** (ہ) موقع پیش آنا (اس مقام پر اکثر "اتفاق ہونا" بولتے ہیں) ۔ **اِتّفاقِ حسنہ** (ع) مذکر۔ مبارک موقع۔ حسب منشا موقع ۔ **اِتّفاقِ رائے** (ع) مذکر۔ رائے کا مل جانا۔ رائے کا متفق ہونا۔ ہم خیالی ۔ **اِتّفاق سے** (ہ) (۱) اتفاق کرکے۔ متفق ہوکر (۲) بے سان گمان (۳) (کنایۃً) شاذونادر ۔ **اِتّفاقاً** (ع) بے سان گمان۔ اچانک۔ یکایک۔ لاعلمی میں ۔ **اِتّفاقی** (ع۔ ف) اچانک۔ بے سان گمان ۔ **اِتّفاقی شگوفہ** (ع۔ ف) مذکر (۱) علم نباتات میں وہ شگوفہ یا غنچہ، جو آپ ہی زمین سے اُگتا ہے (۲) خودرو گھاس کی طرح ۔ **اِتّفاقیہ** (ع۔ ف) بے سان گمان۔ اتفاقی ۔

اِتّقا (اِت۔ تِقا) (ع) مذکر۔ ڈرنا۔ پرہیزگار ہونا۔ شرع کے مطابق کام کرنا۔ شرعی ممنوعات سے بچنا۔ پرہیزگاری۔ پاک بازی ۔

اَتْقیا (اَت۔ قِیا) (ع) مذکر۔ تقی کی جمع۔ شرعی ممنوعات سے بچنے والے۔ پرہیزگار لوگ۔ شرع کے مطابق چلنے والے ۔

اِتّکا (اِت۔ تِکا) (ع) مذکر۔ بھروسا کرنا۔ تکیہ کرنا ۔

اَت گت (اَت۔ گت) (ہ) گنتی کی حد سے زیادہ۔ اندازے سے زیادہ۔ بے شمار۔ افراط سے۔ بے انتہا۔ بے حد ۔

اتکہ (اَت۔ کہ) (ت) مذکر۔ اتایا دائی کا شوہر ۔

اِتلاف (اِت۔ لاف) (ع) مذکر۔ ضائع کرنا۔ تلف کرنا ۔

اُتّم (اُت۔ تَم) (ہ) (۱) سب سے اونچا۔ بڑا یا اعلیٰ (۲) پہلا (۳) نفیس۔ عمدہ۔ اچھا ۔

اُتّم سے اُتّم ملے اور ملے نیچ سے نیچ
پانی سے پانی ملے اور ملے کیچ سے کیچ } (ہ) مقولہ۔ شریف شریفوں سے، رذیل رذیلوں سے ملتے ہیں۔ جو جیسا ہوتا ہے، ویسے ہی سے ملتا ہے۔ ہر ایک اپنی جنس سے میل جول رکھتا ہے ۔ **اُتّم کھیتی مدھم بیوپار بان نکھد چاکری بھیک ندار (ندان)** (ہ) مقولہ۔ کھیتی سب سے اچھا، تجارت درمیانے درجے کا، نوکری گرا ہوا اور بھیک مانگنا سب سے برا کام ہے ۔ **اُتّم گانا مدھم بجانا** (ہ) مثل۔ گانے کا درجہ اعلیٰ اور بجانے کا درمیانہ ہے ۔

اُتم (اُتَم) (ع) تمام کی تفضیل کُل۔ نہایت مکمل۔ تمام تر۔ بہت پورا۔ کامل ۔

اِتمام (اِت۔ مام) (ع) مذکر۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ تکمیل۔ کمال ۔ **اِتمامِ حجّت** (ع) (۱) حجت کا پورا کرنا۔ تکرار کا ختم کرنا۔ جھگڑا مٹانا۔ بات کو آخر کرنا۔ معاملہ طے کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ کسی کام میں آخری دفعہ سمجھانے اور معاملہ طے ہونے کی کوشش کرنا (۲) انتہائی کوشش کرنا ۔

اِتنا (اِت۔ نا) (ہ) مذکر (۱) اس قدر (۲) اس قابل (۳) یہاں تک۔ اس درجہ ۔

اُتنا (اُت۔ نا) (ہ) مذکر (۱) اُس قدر (۲) اُس قابل (۳) وہاں تک۔ اُس درجہ ۔ **اِتنا کھا کر چھلک گیا** (ہ) مثل (۱) زیادہ خیانت کرنا (۲) بہت رشوت کھانا جس کا چھپنا مشکل ہو (۳) اتنا مذاق کرنا جو برداشت نہ ہوسکے (۴) اتنا کھانا جو پچ نہ سکے (۵) اتنا نفع لینا جس سے رسوائی ہوجائے ۔ **اِتنا پکا کہ باسی تھکا** (ہ) مثل (عو) (۱) کھانا اتنا زیادہ پکایا کہ باسی ہوکر خراب ہوگیا (۲) بات بہت بڑھ گئی جھگڑا بہت طول پکڑ گیا ۔ **اِتنا جھوٹ بولو جتنا آٹے میں نمک** (ہ) مثل۔ اتنا جھوٹ بولو کہ کھپ سکے۔ اور فوراً ظاہر نہ ہوجائے۔ بہت کم جھوٹ بولو ۔ **اِتنا سا** (ہ) چھوٹا سا۔ ذرا سا ۔ **اِتنا سا فتنہ** (ہ) (عو) مذکر کے لیے۔ کم عمر لیکن نہایت چالاک اور مکار ۔ **اِتنا سا کام** (ہ) تھوڑا سا کام ۔

اِتنا سا منہ نکل آیا
اِتنا سا منہ ہوگیا } (ہ) جملے (۱) چہرہ اتر گیا۔ بے حد کمزور اور لاغر ہوگیا (۲) شرمندہ ہوگیا ۔

اِتنا کھائے، جتنا آٹے میں نمک
اِتنا کھائے، جتنا پچے (ہضم ہو) } (ہ) مثل۔ خیانت یا رشوت اتنی ہو کہ چھپ سکے۔ لوٹ نہ مچانی چاہیے ۔ **اِتنا نہ گدگداؤ کہ آدمی رو دے** (ہ) مثل۔ اتنا نہ چھیڑو کہ رنجش ہوجائے۔ ایسا مذاق نہ کرو کہ ناگوار ہو ۔ **اِتنوں میں** (ہ) اتنے لوگوں میں ۔

اِتنی (اِت۔ نی) (ہ) مؤنث۔ اس قدر ۔

اُتنی (اُت۔ نی) (ہ) مؤنث۔ اُس قدر ۔ **اِتنی بات** (ہ) مؤنث۔ مختصرات۔ مختصر سوال ۔ **اِتنی سی بات** (ہ) مؤنث۔ معمولی بات۔ خفیف بات ۔

اِتنی سی جان سوا گز کی زبان
اِتنی سی جان گز بھر کی زبان } (ہ) مثل۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کم عمر بڑھ بڑھ کے باتیں بنائے یا زیادہ زبان درازی کرے ۔ **اِتنی سی فتنی** (ہ) مؤنث۔ کم عمر لیکن مکار اور چالاک ۔ **اِتنی صورت نظر نہ آئے گی** (ہ) جملہ۔ ایسی سزا پاؤ گے کہ شکل بگڑ جائے گی۔ برباد ہوجاؤ گے۔ تباہ ہوجاؤ گے ۔ **اِتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے** (ہ) مثل۔ بعض اوقات زیادہ عقل بھی نقصان دیتی ہے ۔

اِتنی ہی تھی }
اِتنی ہی لکھی تھی } (ہ) اِسی قدر عمر تھی ॰

اِتنے (اِت۔ نے) (ہ) مذکر۔ اِتنا کی جمع۔ اِس قدر ॰

اُتنے (اُت۔ نے) (ہ) مذکر۔ اُتنا کی جمع۔ اُس قدر ॰

اِتنے تو نہیں ہو (ہ) یہ حوصلہ نہیں۔ یہ ہمّت نہیں ॰ **اِتنے دنوں میں** (ہ) اِتنی مدّت میں۔ اِتنے عرصے میں ॰

اِتنے سے اِتنا ہونا }
اِتنے سے اِتنے ہونا } (ہ) (۱) چھوٹے سے بڑا ہونا (۲) غریب سے امیر ہونا ॰

اِتنے کی بڑھیا نہیں، جتنے کا لہنگا پھٹ گیا (ہ) مثل (عو) اُس وقت بولتی ہیں، جب اصل سے نقصان بڑھ جائے۔ دمڑی کی بڑھیا، ٹکا سر منڈائی ॰

اِتنے کے لیے ۔ اِتنے لیے (ہ) اِس لیے۔ اِتنی چیز کے لیے۔ اِس بات کے واسطے۔ اِس غرض کے واسطے ॰ **اِتنے میں** (ہ) (۱) اِتنی دیر میں۔ اِس درمیان میں (۲) اِس مقدار میں ॰ **اِتنے واسطے** (ہ) اِس لیے۔ اِس غرض سے ॰

اُتّو (اُت۔ تّو) (ف) مذکر (۱) (لغوی) وہ آہنی آلہ جس سے کپڑے کو ٹھپے پر دبا کر زینت کے لیے نقش بناتے ہیں (۲) (اصطلاحی) اس آلے سے بنائے ہوئے نقش و نگار اور بیل بوٹے ॰ **اُتّو ساز** (ف) اُتّو کا کام کرنے والا۔ کپڑے پر نقش و نگار کرنے والا ॰ **اُتّو کرنا** (ہ) (۱) کپڑے پر اُتّو کا کام کرنا (۲) اِتنا مارنا کہ جسم پر چوٹ کے نشان پڑ جائیں (اِس مقام پر "اُتّو کر دینا" زیادہ استعمال میں ہے) (۳) (ظرافتاً) اُچھلتے ہوئے چلنا (۴) پریشان کر دینا ॰

اُتّو کش }
اُتّو گر } (ف) (دیکھیے "اُتّو ساز") ॰

اِتوار (اِت۔ وار) (ہ) مذکر۔ ایت وار۔ یک شنبہ۔ آفتاب کا دن۔ یہ دن ایک قدیم دیوتا آفتاب سے منسوب ہے ॰

اِتہاس (اِت۔ ہاس) (س) مذکر (۱) بیان۔ قصّہ۔ کہانی (۲) روایت۔ حکایت۔ تاریخ (۳) تاریخی نظم ॰

اِتّہام (اِت۔ تہام) (ع) مذکر (۱) بہتان۔ الزام۔ دوش۔ تہمت۔ شک و شبہہ (۲) الزام لگانا۔ تہمت لگانا (کرنا، لگانا کے ساتھ) ॰

اتھاہ (اَتھاہ) (ہ) جس کی تھاہ نہ ہو۔ بہت گہرا پانی۔ عمیق۔ بہت دور ॰

اَتھک (اَتھک) (ہ) نہ تھکنے والا۔ نہایت محنت و مشقت کرنے والا ॰

اُتھل۔ اُتھل۔ اُتھلا (اُتھ۔ تھل، اُتھل، اُتھ۔ لا) (ہ) (۱) کم گہرا۔ اُبھرا ہوا (۲) (کنایۃً) چھچھورا (۳) چغل خور (۴) مذکر۔ کم گہرا برتن ॰ **اُتھل پتھل کرنا** (ہ) (عو) اُلٹ پلٹ کرنا۔ نیچے اوپر کرنا۔ بے ترتیب کرنا ॰ **اُتھلنا** (ہ) تہ و بالا یا زیر و زبر کرنا ॰ **اُتھلی** (ہ) (دیکھیے "اُتھلا") ॰

اَتیاچار (اَت۔ تیا۔ چار) (س) مذکر (۱) مقررہ فرائض کی پابندی نہ کرنا (۲) مذہبی اور اخلاقی باتوں کی تحقیر کرنا ॰

اَتیت (اَتیت) (ہ) (۱) وہ مہمان جس کے آنے کا دن مقرر نہ ہو (۲) (مجازاً) ہندو فقیر۔ گوسائیں ॰

اِتیس (اِتیس) (ہ) مؤنث۔ ایک کڑوی جڑ ॰

ا۔ٹ

اَٹ (اَٹ) (ہ) اٹنا کا امر ॰ **اَٹ جانا۔ اَٹنا** (ہ) (۱) مٹی سے بھر جانا (۲) بھر جانا۔ جمع ہونا ॰

اٹاٹٹ (اَٹا۔ ٹٹ) (ہ) بھرا ہوا۔ بھرپور ॰

اٹاچی (اَٹا۔ چی) (انگ۔ Attache ، مذکر (۱) ملا ہوا۔ شامل (۲) ایک عہدہ دار، جو ریاستوں اور جنگوں میں حکّام بالا کے ساتھ شامل ہوتا ہے (۳) عملۂ سفارت کا رکن ॰ **اٹاچی کیس** (انگ۔ Attache case) مذکر۔ چمڑے کا چھوٹا بکس، جس میں کاغذات رکھتے ہیں ॰

اٹاری (اَٹا۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) (عوام) بلند مکان۔ بالا خانہ۔ کوٹھا (۲) لاہور اور امرتسر کے درمیان ایک گاؤں، جہاں پہلے پہل مہاراجہ رنجیت سنگھ کے خسر سردار شام سنگھ نے اونچا مکان بنوایا تھا ॰

اٹالا (اَٹا۔ لا) (ہ) مذکر (۱) خانہ داری کا اسباب۔ گھر کا اثاثہ (۲) کاٹھ کباڑ۔ انگڑ کھنگڑ۔ فالتو چیزیں (۳) ڈھیر۔ تودہ ॰

اٹاوہ (اَٹا۔ وہ) (ہ) مذکر۔ صوبجات متحدہ کا ایک شہر ॰ **اٹاوہ کا کاریگر** (ہ) (طنزاً) وہ کاریگر، جو کسی کام میں استادی کا دعویٰ کرے، لیکن کام بے ڈھنگا اور خراب بنائے ॰

اٹرنی (اَٹر۔ نی) (انگ۔ Attorney) مذکر۔ وکیل یا مختار، جو صرف مقدمہ مرتب کر کے بیرسٹر یا وکیل کو دے اور خود پیروی نہ کرے ॰

اٹ سٹ (اَٹ۔ سٹ) (ہ) مؤنث (۱) جوڑ توڑ۔ سازش۔ لاگ، لپیٹ۔ تعلق۔ ملاقات۔ فریب۔ دھوکا (۲) (عوام) بے تکی باتیں (۳) (عوام) یارانہ ہونا۔ سازش ہونا ॰

اٹک (اَٹک) (ہ) (۱) مذکر۔ پنجاب کا ایک مشہور دریا اور ضلع (۲) مؤنث۔ اٹکنا کا حاصل مصدر۔ روک ٹوک۔ جھجک۔ مزاحمت۔ اٹکاؤ۔ اندیشہ۔ تامّل۔ شبہہ ॰ **اٹک جانا** (ہ) (۱) پھنس جانا (۲) لگاؤ ہونا (۳) مشغول ہو جانا (۴) ملازمت کا تعلق ہو جانا ॰ **اٹکا بنیا سودا کرے** (ہ) مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب صاحبِ غرض کو غرض کی رعایت سے خواہ مخواہ کوئی کام کرنا پڑے ॰ **اٹکا دینا** (ہ) لگا دینا ॰ **اٹکا رکھنا** (ہ) جھلانا۔ لٹکائے رکھنا۔ لیت و لعل میں ڈالنا ॰

اٹکانا (ہ) (اَٹ۔ کا۔ نا) (۱) جھگڑے میں ڈالنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز میں الجھانا (۳) جھلانا۔ ایک ہی کام میں لگا رکھنا (۴) (عو) تھوڑی دیر کے لیے کوئی کپڑا پہن لینا (۵) (دل کے ساتھ) لگانا (۶) نہ پہنچانا۔ ادا نہ کرنا (۷) نوکر رکھوا دینا ॰ **اٹکاؤ** (ہ) مذکر۔ روک۔ التوا۔ دیر۔ رُکنے کی وجہ ॰ **اٹکنا** (۱) تھم جانا۔ ٹھہرنا۔ رُکنا (۲) ایک چیز کا دوسری چیز میں اُلجھنا (۳) جھگڑے میں پڑنا۔ ملتوی ہونا (۴) (دل کے ساتھ) وابستہ ہونا۔ مبتلا ہونا (۵) کسی چیز کا کسی چیز سے ذرا سا تعلق ہو جانا (۶) پانی نہ اترنا گلے میں نوالہ پھنسنا (۷) آشنائی ہونا (۸) نوکر ہونا (۹) ادا نہ ہونا (۱۰) (جان، دم، رُوح کے ساتھ) ٹھہر جانا۔ آنا (۱۱) رُک رُک کر پڑھنا یا بات کرنا۔ توتلا ہونا۔ ہکلانا (۱۲) معروف ہونا (۱۳) شبہہ کرنا (۱۴) جھجکنا (۱۵) بحث کرنا (۱۶) لڑا کے مرغ کا

دوسرے مرغ سے لڑنا ÷

اَٹکَرلَیس (اَٹ کَ-کَر-لَیس) (ہ) بے قرینہ۔ بے سروپا۔ بیہودہ۔ واہیات۔ بے ترتیب۔ بے قاعدہ ÷ **اٹکرلیس باتیں** (ہ) مؤنث۔ اول جلول باتیں۔ بے قرینہ باتیں ÷

اٹکل (اَٹ-کَل) (ہ) مؤنث (۱) شعور۔ تمیز۔ سلیقہ (۲) پہچان۔ پرکھ۔ جانچ (۳) دانست (۴) اندازہ۔ قیاس (۵) اٹکلنا کا امر ÷ **اٹکل باز** (ہ) (عوام) جسے اندازہ کرنے کا ڈھب آتا ہو۔ تاڑنے والا ÷ **اٹکل پچو** (ہ) (عوام) بیوقوفی کا کوئی کام۔ واہیات۔ خرافات۔ بے سمجھے بوجھے کچھ کہنا۔ قیاسی خیالی۔ تخمینا ÷ **اٹکل پچو غیر مقرر** (ہ) خیالی اور قیاسی بات۔ بے سوچے سمجھے۔ اوٹ پٹانگ ÷ **اٹکل ملنا** (ہ) تخمینہ ہونا۔ اندازہ ملنا ÷ **اٹکلنا** (ہ) (دہلی) جانچنا۔ قیاس سے جانچنا۔ آنکنا۔ پرکھنا ÷

اٹکن بٹکن (مٹکن) (اَٹ-کَن، بَٹ-کَن (مَٹ-کَن)) (ہ) مذکر۔ چھوٹے بچوں کا کھیل۔ چند بچے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں زمین پر کھڑی کرتے ہیں۔ ایک بچہ صرف ایک ہاتھ اسی طرح زمین پر رکھتا ہے اور دوسرے ہاتھ سے شہادت کی انگلی اور بچوں کے ہاتھوں پر باری باری سے رکھتا ہے اور اس عبارت کا ایک ایک لفظ کہتا جاتا ہے: " اٹکن بٹکن دہی چٹاکن (چٹاکن) اگلا جھولے بگلا جھولے ساون ماس کریلا پھولے پھول پھول کی بالیاں (ڈالی) بادا گئے دلّی، لائے سات کٹوریاں (کٹوری) ایک کٹوری پھوٹ گئی، نیولے کی ٹانگ ٹوٹ گئی" جس بچے کے ہاتھ پر یہ عبارت ختم ہوتی ہے۔ اس سے پوچھتا ہے "کھنڈا لوگے یا چھری؟" اگر وہ کھنڈا مانگتا ہے تو یہ کہتا ہے: "تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا" اور اس کا ہاتھ اٹھا کر سینے پر رکھ لیتا ہے۔ اگر چھری مانگتا ہے تو کہتا ہے: "تیری ماں بُری" آخر میں وہ اپنا ہاتھ بھی سینے پر رکھ لیتا ہے۔ پھر سب کے سب اسی طرح سینے پر ہاتھ رکھے مٹک مٹک کر جھوٹ موٹ کی چکی پیستے اور کہتے ہیں: "چکی گھمر گھمر، آٹا پھسر پھسر" پھر آٹا چھانتے ہیں اور بھوسی کا دودھ بدلوا کر کھیر پکاتے اور کھاتے ہیں۔ چکی پیسنے کی طرح یہ تمام کام بھی جھوٹ موٹ کے ہوتے ہیں ÷ **اٹکن بٹکن (مٹکن) کھیلنا** (ہ) (۱) (دیکھیے اس سے اوپر کا لفظ) (۲) (عو) (مجازاً) فضول کام اور بیکار شغل کرنا ÷

اٹکھیل (اَٹ-کھیل) (ہ) شوخ۔ سرکش۔ کھلاڑی ÷ **اٹکھیل پنا** (ہ) چلبلاپن (متروک) ÷ **اٹکھیلی** (ہ) مؤنث (۱) بھولے پن کی چال۔ مستانہ چال۔ شوخ چال۔ چھوٹے بچے کی چال۔ معشوق کی نازبھری چال۔ خرام ناز (۲) چنچل پن۔ شوخی کی بات ÷ **اٹکھیلی (اٹکھیلوں) سے چلنا** (ہ) شوخی سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا۔ اٹھلاتے ہوئے چلنا (صرف معشوق کے لیے کہتے ہیں) ÷ **اٹکھیلی (اٹکھیلیوں) کی چال (چالیں)** (ہ) شوخی کی چال۔ ناز کی چال۔ معشوق کی چال ÷

اٹکھیلیاں (اَٹ-کھے-لِیاں) (ہ) مؤنث۔ اٹکھیلی کی جمع ÷ **اٹکھیلیاں سوجھنا** (ہ) تمسخر کرنا ÷ **اٹکھیلیاں کرنا** (ہ) (۱) الھڑپنے کی حرکتیں کرنا۔ ناز کرنا۔ نخرا کرنا (۲) ٹہلتے ٹہلتے چلنا ÷ **اٹکھیلیوں سے چلنا** (ہ) جھومتے ہوئے چلنا۔ اِٹھلا اِٹھلا کر چلنا۔ اترا اترا کر چلنا ÷

اٹل (اَٹَل) (ہ) (۱) نہ ٹلنے والا۔ جو اپنی جگہ سے نہ ہلے۔ قائم۔ لازوال (۲) سیر۔ آسودہ (۳) بے پروا۔ مست ÷

اٹلس (اَٹ-لَس) (انگ Atlas) مذکر۔ ملکوں کے نقشوں کی کتاب ÷

اٹم (اَٹَم) (ہ) مذکر۔ انبار۔ ڈھیر۔ تودہ ÷

اٹنا (اِٹ-نا) (انگ Atna) مذکر۔ یورپ کے جزیرہ سسلی میں ایک آتش فشاں پہاڑ ÷

اٹنگا (اُٹَنگ-گا) (ہ) (انگرکھے، پاجامے کے متعلق) اوپر چڑھا ہوا۔ اونچا۔ اوچھا ÷

اٹنگن (اَٹَنگ-گَن) (ہ) مذکر۔ ایک کانٹوں بھرا درخت، جس کی پتیاں یا ٹہنیاں جسم کو چھو جانے سے خارش ہونے لگتی ہے ÷

اٹواٹی کھٹواٹی (اَٹ-وا-ٹی، کھَٹ-وا-ٹی) (ہ) مؤنث۔ کھاٹ کھٹولا۔ ٹوٹی پھوٹی چارپائی۔ اوڑھنا بچھونا۔ استر بستر ÷ **اٹواٹی کھٹواٹی لے کر (لیے) پڑا (پڑے) رہنا** (ہ) (عو) (۱) رنج و غم یا غصے سے منہ لپیٹے چارپائی پر الگ پڑا (پڑے) رہنا (۲) الگ تھلگ اور بیزار رہنا (۳) کسی فکر اور پریشانی میں تنہائی اختیار کرنا (۴) سوگوار رہنا ÷

اٹھا (اَٹھ-ٹھا) (ہ) مذکر۔ تاش اور گنجفے کا وہ پتا، جس پر آٹھ صفر یا لکیریں ہوتی ہیں ÷

اُٹھا، اٹھا (اُٹھ-ٹھا، اُٹھ-ٹھا) (ہ) اٹھنا مصدر سے ماضی مطلق صیغہ واحد غائب مذکر (حسب ذیل مرکبات میں ٹھ کی تشدید کے بغیر مستعمل ہے) ÷

اُٹھا بیٹھا نہیں جاتا (ہ) نہایت کمزوری اور بے طاقتی سے اٹھ بیٹھ نہیں سکتے ÷ **اُٹھا بیٹھنا** (ہ) (۱) خرچ کر ڈالنا (۲) تعلق چھوڑ دینا (۳) (ہاتھ کے ساتھ) مارنا ÷ **اُٹھا بیٹھی** (ہ) مؤنث (۱) بار بار اٹھنا بیٹھنا (۲) بیتابی۔ بے چینی۔ بے قراری (۳) جلد جلد اٹھنا بیٹھنا (۴) میاں جی کا سزا کے طور پر بچوں کو کان پکڑوا کر اٹھانا بٹھانا (کرنا کے ساتھ) ÷ **اُٹھا دینا** (ہ) (۱) نکال دینا۔ کسی جگہ سے باہر کر دینا (۲) خرچ کر دینا (۳) موقوف کر دینا (۴) جگا دینا (۵) لا دینا (۶) سر پر رکھوا دینا (۷) (شطرنج میں) بازی ختم کر دینا (۸) کوئی چیز اٹھا کر دینا ÷ **اُٹھا ڈالنا** (ہ) (۱) خرچ کر ڈالنا (۲) بند کر دینا۔ بڑھا دینا (۳) (دیکھیے "اٹھانا") ÷ **اُٹھا رکھنا** (ہ) (۱) سینتنا۔ باقی رکھنا (۲) ملتوی کرنا ÷ **اُٹھا لانا** (ہ) (۱) لے آنا (۲) خرید لانا (۳) چرا لے جانا ÷ **اُٹھا لے جانا** (ہ) (۱) کسی چیز کو لے جانا (۲) مردے کو لے جانا۔ لاش کو لے کر چلا جانا ÷ **اُٹھا لینا** (ہ) (۱) بلند کر لینا۔ اونچا کر لینا (۲) (دیکھیے "اٹھانا") (۳) روح قبض کر لینا (۴) تعمیر کر لینا (۵) برداشت کر لینا (۶) ذمہ دار ہو جانا ÷ **اُٹھا مارنا** (ہ) (۱) پچھاڑنا (۲) دے مارنا (۳) کوئی چیز اٹھا کر کسی کو مارنا ÷

اٹھارہ (اَٹھ-ٹھا-رَہ) (ہ) ۱۸ - ÷

اٹھاسی۔ اٹھاسی (اَٹھ-ٹھا-سِی، اَٹھ-ٹھا-سی) (ہ) ۸۸ ÷

اُٹھان (اُٹھان) (ہ) مؤنث (۱) بالیدگی۔ ابھار۔ جوانی کا آغاز (۲) (عو) ابتدا۔ شروع (۳) پتنگ کا اونچا ہو کر اڑنا (۴) اگنے، بڑھنے اور پرورش پانے کی قوت (۵) ابتدائی تعلیم یا تربیت (۶) (عوام) خرچ۔ صرف ÷ **اُٹھان کا** (ہ) (۱) اونچا اڑنے والا (۲) اونچا اڑتا ہوا ÷

اُٹھانا (اُٹھا۔نا) (ف) (۱) لیٹے ہوئے کو بٹھانا۔ بیٹھے ہوئے کو کھڑا کرنا (۲) اونچا کرنا (۳) اختیار کرنا (۴) جھیلنا (۵) صاف کرنا۔ اُڑانا (۶) باہر کر دینا۔ نکالنا (۷) کوئی چیز کسی جگہ سے ہٹانا (۸) جان لینا۔ فنا کرنا (۹) (حرف کے ساتھ) پڑھنا۔ نکالنا (۱۰) تعمیر کرنا۔ بنانا (۱۱) چُننا۔ چگنا (۱۲) توڑ دینا۔ چھوڑ دینا (۱۳) جگانا (۱۴) خرچ کرنا (۱۵) مٹانا (۱۶) ترک کرنا۔ موقوف کرنا (۱۷) سنبھالنا (آنچل وغیرہ) (۱۸) لے جانا۔ نکالنا (۱۹) قائم کرنا۔ برپا کرنا (۲۰) لینا (۲۱) مقدس چیز کو ہاتھ میں لے کر قسم کھانا (۲۲) پانا۔ حاصل کرنا (۲۳) انتظام کرنا۔ انجام دینا (۲۴) بڑھانا (۲۵) ملتوی کرنا (۲۶) الٹنا۔ ہٹانا (۲۷) ضبط کرنا (۲۸) قطع تعلق اور قطع نظر کرنا (۲۹) باقی رکھنا (۳۰) کسی کام پر مستعمل ہونا (۳۱) مٹانا (۳۲) طاقت سے سنبھالنا (۳۳) پھیلانا (۳۴) ہٹانا۔ اتارنا (۳۵) بہت شور غل کرنا (۳۶) عَلَم کرنا۔ ہاتھ میں لینا (۳۷) مارنے کا قصد کرنا یا دھمکانا (۳۸) (اراضی کے متعلق) لگان پر دینا (۳۹) کھینچنا۔ جذب کرنا۔ پینا (۴۰) دیکھنا (۴۱) رفع کرنا (۴۲) (رنگ کے ساتھ) قبول کرنا (۴۳) ابھارنا (۴۴) (سر کے ساتھ) غرور اور سرکشی کرنا (۴۵) بے دخل کرنا (۴۶) لے لینا۔ چن لینا (۴۷) (پاؤں اور قدم کے ساتھ) بھگانا اور شکست دینا (۴۸) (انگلی کے ساتھ) اشارہ کرنا (۴۹) پکڑنا (متروک) (۵۰) جُدا کرنا۔ پرے کرنا۔ سرکانا (۵۱) اُڑانا (۵۲) دے دینا (۵۳) چرانا۔ اُڑا لینا (۵۴) ناز برداری کرنا ؂

اٹھانوے (اَٹھا۔نوے) (ف) ۹۸ ؂

اٹھاون (اَٹھا۔وَن) (ف) ۵۸ ؂

اٹھاؤ چولھا (اُٹھا۔اُو۔ چُو۔لھا) (ف) (۱) وہ چولھا، جو ہر جگہ لے جا سکیں (۲) (مجازاً) وہ شخص، جو ایک جگہ نہ ٹکے اور مارا مارا پھرے۔ خانہ بدوش۔ آوارہ گرد ؂

اٹھاؤ میرا مکنا (میں) گھر سنبھالوں اپنا (ف) مثل۔ اس بے شرم عورت کے متعلق کہتے ہیں، جو نکاح کے بعد فوراً خاوند کے گھر کا انتظام کرنے لگے اور میاں کو لے کر ساس نند سے علیحدہ ہو جائے ؂

اٹھاؤنی (اُٹھا۔اُنی) (ف) مؤنث (۱) تیجا۔ پھول۔ رسوم (۲) ہندوؤں کی ایک رسم کہ مُردے کی ہڈیاں گنگا میں بہا کر اپنے کام میں مصروف ہو جاتے ہیں ؂

اٹھائیس (اَٹھا۔ایس) (ف) ۲۸ ؂

اُٹھائی گیر (گیرا) (اُٹھا۔ای۔گیر۔(گی۔را)) (ف) مذکر۔ اُچکا۔ چور۔ بدمعاش۔ بدچلن ؂

اُٹھ بیٹھ (اُٹھ۔بیٹھ) (ف) (دہلی) مؤنث (۱) (دیکھیے اٹھا بیٹھی) (۲) ایک قسم کی ورزش ؂ **اُٹھ بیٹھنا** (ف) (۱) لیٹے ہوئے کا بیٹھنا۔ بیٹھے ہوئے کا کھڑا ہو جانا (۲) صحت پانا (۳) بے ہوشی سے ہوش میں آنا (۴) جاگنا ؂

اُٹھ پہری (اُٹھ۔پہ۔ری) (۱) ہر وقت اپنے کام پر مستعد (۲) کھیتوں کا رکھوالا (۳) وہ تپ، جو آٹھوں پہر چڑھی رہے ؂

اُٹھتا بیٹھتا (ف) گرتا پڑتا۔ درجہ بدرجہ ؂ **اُٹھتا جوبن** (ف) مذکر۔ سینے کا ابھار۔ جوانی کا آغاز ؂

اٹھتر (اَٹھ۔تَر) (ف) ۷۸ ؂

اُٹھتی پینٹھ (ف) مؤنث (۱) آخر وقت کا بازار (۲) خاتمے کے قریب (۳) (مجازاً) بے ثبات۔ ناپائدار ؂ **اٹھتی جوانی (کونپل)** (ف) مؤنث۔ جوانی کا آغاز۔ شباب کی ابتداء۔ نمو کے دن ؂ **اٹھتی جوانی میں اُٹھ گیا** (ف) (محاورہ) نوجوان ہی مرگیا ؂

اُٹھتے بیٹھتے (ف) (۱) حقیقی معنی میں (۲) گرتے پڑتے۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ دم لے لے کر۔ بتدریج ؂ **اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات** (ف) مثل (کنایۃً) بے حد ذلت سے رکھنا۔ ہر وقت تنبیہ اور درستی کرنا ؂

اُٹھ جانا (ف) (۱) رخصت ہو جانا۔ چلا جانا (۲) (رسم کے لیے) ترک ہو جانا (۳) مرجانا (۴) خرچ ہو جانا (۵) جاتا رہنا (۶) حکومت یا عمل کا بدل جانا ؂ **اُٹھ رہنا** (ف) ملتوی رہنا ؂ **اُٹھ کر پانی نہیں پیا جاتا** (ف) مثل (۱) نہایت سست ہے (۲) از حد کمزور اور بے طاقت ہے ؂ **اُٹھ کھڑا ہونا** (ف) (۱) چلنے پر مستعد اور کام کے لیے تیار ہونا (۲) (مرض اور غم کے ساتھ) پیدا ہو جانا (۳) صحت پانا۔ اچھا ہو جانا (۴) قائم ہونا۔ برپا ہونا (۵) مرتے مرتے بچ جانا ؂ **اٹھک بیٹھک** (ف) مؤنث (۱) اٹھنا بیٹھنا (۲) (طنزاً) نماز ؂

اِٹھلانا (اِٹھ۔لا۔نا) (ف) (۱) ناز اور شوخی کی حرکتیں کرنا (۲) ناز سے چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ (۳) اترانا۔ غرور کرنا۔ شیخی سے بولنا ؂

اُٹھلّو (اُٹھَل۔لُو) (ف) مذکر (۱) وہ شخص، جو ایک جگہ قیام نہ کرے (۲) وہ آدمی، جو استقلال سے کوئی کام نہ کرے۔ متلوّن مزاج ؂

اٹھلاری (اَٹھ۔لا۔ری) (ف) مذکر۔ آٹھ فائر کا تمنچا ؂

اُٹھنا (اُٹھ۔نا) (ف) (۱) لیٹے ہوئے کا بیٹھنا۔ بیٹھے ہوئے کا کھڑا ہو جانا (۲) آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا (۳) بلند ہونا (۴) اُگنا (متروک) (۵) ہٹنا (۶) جانا۔ چلنا (۷) (پردے، داغ، مصیبت کے لیے) برداشت ہونا (۸) (حرف کے ساتھ) محو ہونا۔ زائل ہونا۔ (۹) خرچ ہونا (۱۰) بننا۔ تعمیر ہونا (۱۱) نکلنا (۱۲) (اچار، سرکے اور خمیر کے لیے) تیار ہونا (۱۳) انجام پانا (۱۴) ملتوی ہونا (۱۵) چھوٹ جانا۔ باقی رہنا (۱۶) جاتا رہنا (۱۷) پیٹنے اور وار کرنے کا ارادہ کرنا (۱۸) معدوم ہونا۔ ترک ہونا (۱۹) بے دخل ہونا (۲۰) حرف آنا (۲۱) بند ہونا۔ موقوف ہونا (۲۲) بیاہ ہونا (۲۳) چوری جانا (۲۴) (پردے یا نقاب کے لیے) اُلٹ جانا (۲۵) قیمت ملنا (۲۶) اُڑنا (۲۷) مکان چھوڑنا (۲۸) جاگنا (۲۹) (نظر اور آنکھ کے ساتھ) پڑنا۔ دیکھنا (۳۰) (تلوار اور خنجر کے ساتھ) کھنچنا (۳۱) (ابر کے ساتھ) نمودار ہونا۔ آنا (۳۲) گوارا ہونا (۳۳) پیدا ہونا (۳۴) مرجانا (۳۵) ہونا۔ چمنا (۳۶) پکنا (۳۷) ناز برداری ہونا (۳۸) ابھرنا (۳۹) آگے کو بڑھنا (۴۰) حاصل ہونا۔ ملنا (۴۱) (پاؤں اور قدم کے ساتھ) بھاگنا (۴۲) برخاست ہو جانا۔ بڑھ جانا (۴۳) (دل کے ساتھ) ہٹنا (۴۴) (انگلی کے ساتھ) اشارہ ہونا (۴۵) (آب و دانہ کے ساتھ) ختم ہونا (۴۶) (بوجھ کے ساتھ) سنبھلنا (۴۷) (اراضی کے لیے) بوئی جوتی جانا۔ لگان پر اٹھنا (۴۸) برپا ہونا (۴۹) (گائے بھینس کا) مستی میں آنا ؂ **اُٹھنا بیٹھنا** (ف) حرکت کرنا ؂

اٹھنی (اَٹھ۔نی) (ف) مؤنث (۱) آٹھ آنے کا سکہ۔ روپے کا نصف (بندھنا۔ بندھوانا کے ساتھ) (۲) (کنایۃً) (ع) آمدنی۔ دیہات کا آدھا لگان ؂

اُٹھنے آنا (ف) آنکھیں آشوب کر آنا ؂

اُٹھو (اُٹھو، اُٹھ۔ٹھو) (ف) اُٹھنا مصدر سے فعل امر صیغہ جمع حاضر ؂

اَٹھوارا (اَٹھ۔وَا۔رَا) (ہ) مذکر (ع) آٹھ دن کا زمانہ۔ آٹھ دن رات ٭

اُٹھوانا (اُٹھ۔وَا۔نَا) (ہ) اٹھانا کا متعدی ٭

اٹھوانس (اَٹھ۔وَانْس) (ہ) (۱) آٹھ پہلو کی چیز۔ مثمن۔ ہشت پہل (۲) حساب میں وہ شکل، جس کے آٹھ کونے ہوں ٭

اٹھوانسا (اَٹھ۔وَان۔سَا) (ہ) (ع) (۱) آٹھویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ (۲) وہ زمین، جو آٹھ مہینے تک نیشکر کے لیے جوتی جاتی ہے (۳) ہمیشہ بیمار رہنے والا۔ سدا کا روگی۔ دائم المرض ٭

اُٹھی پینٹھ آٹھویں دن (ہ) مثل۔ کام کا وقت کھونا نہ چاہیے کیونکہ اگر کھو گیا تو پھر مشکل سے موقع ملے گا ٭

اُٹھے (اُٹھے، اُٹھ۔ ٹھے) (ہ) (۱) اُٹھنا مصدر سے ماضی مطلق صیغہ جمع غائب (۲) فعل مضارع صیغہ واحد غائب ٭

اٹی (اَٹ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) سُوت کا لچھا (۲) پُولی۔ گٹھا۔ گیہوں کی بالوں کا مُٹھا (۳) پگڑی ٭ **اٹیا** (ہ) مؤنث (۱) اٹی کی تصغیر (۲) چھت کا چھوٹا کمرہ (۳) کُٹیا۔ جھونپڑی ٭

اٹیرن (اَٹے۔ رَن) (ہ) مذکر (۱) سوت کی اٹی بنانے کی چرخی۔ جنگلوک (۲) گھوڑا پھیرنے کا ایک طریقہ۔ دُہرا کاوا (۳) چمرمر۔ سوکھا، جس کے بدن میں ہڈیوں کے سوا کچھ نہ رہا ہو، کمر جھک گئی ہو ٭ **اٹیرن پھیرنا** (ہ) گھوڑے کو کاوا دینا ٭ **اٹیرن کاوا** (ہ) مذکر۔ حلقہ باندھ کر گھوڑے کے چکر کھانے کی ایک خاص صُورت ٭ **اٹیرن کر دینا** (ہ) (۱) مار مار کر تنکا سا کر دینا۔ تھکا دینا۔ ہرا دینا (۲) باندھ دینا۔ دم نہ لینے دینا۔ چکرا دینا ٭ **اٹیرن ہونا** (ہ) بدن کی ہڈیاں نکل آنا۔ از حد دُبلا ہونا ٭

اٹیرنا (اَٹیر۔نَا) (ہ) (ع) (۱) کاتا ہوا سوت اٹیرن پر لپیٹنا (۲) مروا کرنا۔ سُوت کو سلجھانا (۳) (عوام) کاوا دینا ٭

اٹیک (اَٹیک) (ہ) لٹکا ہوا۔ مدد اور سہارے کے بغیر ٭

ا۔ث

اَثاث (اَثَاث) (ع) مذکر۔ اثاثہ کی جمع۔ سامان۔ سرمایہ۔ زیور ٭ **اَثاثُ البَیت** (ع) مذکر۔ گھر کا سامان۔ گرھستی کی چیزیں ٭

اثاثہ (اَثَا۔ثَہ) (ع) مذکر۔ کپڑا لتا۔ سرمایہ۔ اسباب۔ زیور ٭

اِثبات (اِث۔بَات) (ع) مذکر۔ نفی کے برعکس۔ ثابت کرنا۔ ثبوت دینا۔ ثبوت۔ تصدیق۔ ثابت ٭ **اِثباتِ جُرم** (ع) مذکر۔ جرم ثابت ہونا ٭ **اِثباتِ جُرم کو مسترد کرنا** (ف) جرم کا ثبوت نامنظور کرنا ٭

اثر (اَثَر) (ع) مذکر (۱) علامت۔ نشان (۲) فائدہ۔ نتیجہ (۳) تاثیر۔ کرتا، ہونا کے ساتھ (۴) خاصیت (۵) دل فریب کیفیت (۶) رسول اللہ صلعم کی سُنت (۷) اختیار۔ قابو۔ دباؤ ٭ **اثر آنا** (ف) تاثیر پیدا ہونا ٭ **اثر بخشنا** (ف) تاثیر پیدا کرنا ٭ **اثر پڑنا** (ف) اثر ہونا ٭ **اثر پزیر** (ع۔ ف) اثر قبول کرنے والا ٭ **اثر دار** (ع۔ ف) اثر رکھنے والا ٭ **اثر دکھانا** (ف) تاثیر پیدا کرنا ٭ **اثر ڈالنا** (ف) اثر کرنا۔ اثر پیدا یا ظاہر کرنا ٭ **اثر رکھنا** (ف) (۱) اپنی ذات میں کسی قسم کی خاصیت رکھنا (۲) تاثیر رکھنا۔ بااثر ہونا ٭ **اثرِ قانون** (ع) مذکر۔ قانون کا اثر یا عمل ٭ **اثر کرنا** (ف) تاثیر کرنا۔ رنگ دکھانا ٭ **اثر کھلنا** (ف) تاثیر ظاہر ہونا ٭ **اثر نکلنا** (ف) اثر پیدا ہونا۔ تاثیر ظاہر ہونا ٭ **اثر ہونا** (ف) سمجھ میں آنا۔ ذہن میں بیٹھنا ٭

اَثقال (اَث۔قَال) (ع) مذکر۔ ثقل کی جمع۔ بوجھ۔ وزن ٭

اِثم (اِثْم) (ع) گناہ۔ قصور۔ جرم ٭

اثمار (اَث۔مَار) (ع) مذکر۔ ثمر کی جمع۔ پھل میوے۔ خوشے ٭

اَثناء (اَث۔نَا) (ع) بیچ۔ درمیان۔ وقفہ ٭ **اثنائے تجویز** (ع) تحقیقات کے دوران میں ٭

اِثنا (اِث۔نَا) (ع) دو۔ ۲ ٭ **اِثنا عشر** (ع) (۱) بارہ۔ ۱۲ (۲) (اصطلاحاً) بارہ امام رض ٭

اِثنا عشری } **اِثنا عشریہ** } (ع) مذکر۔ شیعہ امامیہ۔ بارہ اماموں کو ماننے والے ٭

اِثنان (اِث۔نَان) (ع) مذکر۔ اثنین۔ دو۔ دوسرا ٭

اثیر (اَثِیر) (ع) مذکر (۱) بلند۔ عالی (۲) آسمان ٭

اثیم (اَثِیم) (ع) مذکر۔ گنہگار۔ مجرم۔ عاصی ٭

ا۔ج

اجابت (اِجَا۔بَت) (ع) مؤنث (۱) قبولیت۔ منظوری۔ جواب دینا (۲) (مجازاً) پاخانہ خارج ہونا ٭

اَجاتْ (اَجَات) (ہ) (ہندو) ذات سے خارج ٭ **اجاتی** (ہ) (ہندو) وہ آدمی، جو ذات سے خارج ہو گیا ہو ٭

اِجارہ (اِجَا۔رَہ) (ع) مذکر (۱) ٹھیکہ (۲) دعویٰ۔ زور۔ اختیار (۳) کرایہ۔ لگان ٭ **اجارہ اجاڑا** (ف) مقولہ۔ ٹھیکے میں بنوایا ہوا کام بہت خراب ہوتا ہے۔ ٹھیکے پر دی ہوئی جائداد تباہ ہو جاتی ہے ٭ **اجارہ باندھنا** (ف) قبضہ کرنا۔ قبضے میں لانا (آج کل کم مستعمل ہے) ٭ **اجارہ دار** (ع۔ ف) مذکر (۱) ٹھیکے دار (۲) دعوے دار۔ مالک۔ زمیندار۔ اجارے کا قابض ٭ **اجارہ کرنا** (ف) (۱) ٹھیکے پر کوئی کام ٹھہرانا (۲) اقرار کرنا۔ ذمہ داری کرنا ٭ **اجارہ کیا ہے؟** (ف) کچھ دعویٰ نہیں۔ قابو نہیں ٭ **اِجارہ لکھنا** (ف) ٹھیکے کی دستاویز لکھنا۔ ٹھیکہ لینا ٭ **اجارہ نامہ** (ع۔ ف) مذکر۔ اجارہ۔ پٹا ٭ **اِجارہ نہیں** (ف) اختیار اور قبضے سے باہر ہے۔ قابو نہیں ٭ **اجارے دینا** (ف) ٹھیکے پر دینا ٭ **اِجارے لینا** (ف) ٹھیکے پر لینا ٭

اُجاڑ (اُجَاڑ) (ہ) آباد کے برعکس۔ غیر آباد۔ ویران۔ خراب۔ تباہ۔ برباد ٭ **اُجاڑ صورت** (ف) (ع) بدنما ٭ **اُجاڑنا** (ہ) (۱) غیر آباد کرنا۔ ویران کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ ڈھانا۔ مسمار کرنا۔ برباد کرنا (۲) نوچنا۔ اکھاڑنا (۳) مٹانا۔ تباہ کرنا (۴) نکال دینا (۵) چرا لینا ٭ **اُجاڑو** (ہ) اُڑا دینے والا۔ لُٹا دینے والا۔ اندھا دھند خرچ کر دینے والا۔ تباہ کن۔ فضول خرچ۔ لٹا و تمر کھاؤ ٭

اجازت (اِجا۔زَت) (ع) مؤنث (۱) کسی بات کی منظوری۔ پروانگی (چاہنا، دینا، لینا، مانگنا، ملنا کے ساتھ) (۲) رخصت (چاہنا، دینا کے ساتھ) (۳) عامل سے کسی خاص وظیفے یا عمل پڑھنے کی اجازت یا تعویذ لکھنے اور ضرورت کے وقت استعمال کرنے کرانے کی اجازت (پہنچنا، دینا، لینا، ملنا کے ساتھ) (۴) مرشد سے مرید کرنے یا استاد سے حاصل کیے ہوئے فن کو عمل میں لانے کی سند (۵) اباحت۔ جواز ❊ **اجازت طلب** (ع) اجازت چاہنے والا ❊ **اجازت نامہ** (ع۔ف) مذکر (۱) وہ تحریر، جو مرشد یا استاد نے سند کے طور پر دی ہو (۲) وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے ممنوعات کے اجرا کے لیے بطور سند حاصل کی جائے ❊

اجازہ (مفرس) مذکر (دیکھیے "اجازت نمبر۴") ❊

اُجاغ (اُجا۔غ) (ت) مذکر۔ دیگ دان۔ چولھا ❊

اُجاگر (اُجا۔گَر) (ہ) جاگتا ہوا۔ روشن۔ ظاہر۔ کھلا ہوا۔ دلچسپ ❊

اُجالا (اُجا۔لا) (ہ) مذکر (۱) روشنی (۲) صبح کا تڑکا (۳) چہل پہل۔ رونق۔ اجیالا ❊

اُجالنا (ہ) چمکانا۔ میل دور کرنا۔ نکھارنا۔ صاف کرنا۔ جلا کرنا ❊ **اُجالے کا پہرا** (ہ) مذکر۔ پچھلی رات کا پہرا، جو صبح کو شروع ہوتا ہے ❊ **اُجالے کا تارا** (ہ) مذکر۔ صبح کا ستارہ۔ زہرہ ❊

اجانب (اَجا۔نِب) (ع) مذکر۔ اجنبی لوگ۔ غیر لوگ ❊

اِجتماع (اِج۔تِما۔ع) (ع) مذکر (۱) جمع ہونا۔ یک جا ہونا۔ اکٹھا ہونا (۲) جماؤ۔ بھیڑ (۳) (منجموں کی اصطلاح) آفتاب اور ماہتاب کا ایک ہی برج اور ایک ہی درجے اور دقیقے میں جمع ہونا ❊ **اجتماعِ ضدین۔ اجتماعِ نقیضین** (ع) مذکر (۱) دو مخالف چیزوں یا باتوں یا شخصوں کا ایک جگہ جمع ہونا (۲) ناممکن بات کا ممکن ہونا ❊

اجتماعی (اِج۔تِما۔عی) (ع۔ف) مجموعی۔ اکٹھا ❊

اِجتناب (اِج۔تِنا۔ب) (ع) مذکر۔ پرہیز۔ علیحدگی۔ کنارہ کشی۔ نفرت۔ گھن۔ بچنا ❊ (رکھنا، رہنا، کرنا وغیرہ کے ساتھ) ❊

اجتہاد (اِج۔تِہا۔د) (ع) مذکر (۱) سعی و جہد کرنا (۲) بہت سوچنا۔ غور و خوض سے کسی مسئلے کا حل کرنا (۳) نئی بات پیدا کرنا۔ ایجاد (۴) کتاب و سنت اور اجماع پر قیاس کرکے شرعی مسائل کا استنباط کرنا ❊

اجداد (اَج۔دا۔د) (ع) مذکر۔ جد کی جمع۔ دادا اور اس کے اوپر کی پشتیں۔ باپ دادا۔ بزرگ۔ اسلاف ❊

اجدھیا (اَجُد۔دھیا) (ہ) مذکر۔ ایک پرانا شہر، جہاں راجہ رام چندر جی پیدا ہوئے تھے۔ ان دنوں یہ حکومت کوشلیا کا صدر مقام تھا۔ اب دریائے گھاگرا کے کنارے فیض آباد کے قریب ایک چھوٹا سا قصبہ ہے ❊

اُجڈ (اُجَڈ) (ہ) گنوار۔ اکھڑ۔ بے وقوف۔ احمق۔ جاہل۔ نادان۔ اجہل۔ غیر مہذب ❊

اجر (اَجْر) (ع) مذکر۔ نیک کام کا عوض۔ ثواب مزدوری۔ انعام۔ جزا۔ بدلا۔ صلہ (پانا، دینا، ملنا کے ساتھ) **اجرِ جائز** (ع) مذکر۔ قانوناً جائز محنتانہ ❊

اجراء (اِج۔را) (ع) مذکر (۱) جاری کرنا۔ کام چلانا (۲) (اردو) عمل درآمد۔ نفاذ۔ تعمیل۔ عدالت کی کارروائی میں سمن، اطلاع نامے اور ڈگری کے لیے مستعمل ہے ❊

اِجرائے ڈگری (ا) مذکر۔ ڈگری کا جاری کرنا (عربی اور ہندی میں اضافت نہ آسکنے کے باعث ترکیب غلط ہے) ❊ **اجرائے سفینہ** (ع) مذکر۔ گواہ کے نام اس کی طلبی کے لیے سمن جاری کرنا ❊

اَجرام (اَج۔رام) (ع) مذکر (۱) جُرم کی جمع۔ بہت سے گناہ (۲) جِرم کی جمع۔ بہت سے بے جان جسم ❊ **اجرامِ فلکی۔ یا سماوی** (ف) مذکر۔ سورج، چاند، ستارے وغیرہ ❊

اِجرام (اِج۔رام) (ع) مذکر۔ گناہ کرنا ❊

اُجرت (اُج۔رَت) (ع) مؤنث۔ کام کا عوض۔ مزدوری ❊ **اُجرتِ خالص** (ع) مؤنث۔ نقد مزدوری۔ کسی کام کا معاوضہ نقدی کی صورت میں ❊

اُجڑا (اُج۔ڑا) (ہ) (۱) ویران۔ بے رونق۔ برباد (۲) (عو) موا۔ نگوڑا ❊ **اُجڑا پجڑا** (ہ) (عو) بے رونق۔ ویران۔ برباد۔ لٹا ہوا ❊

اُجڑنا (اُجَڑ۔نا) (ہ) (۱) (مکان کا) ویران ہونا (۲) (مکین کا) تباہ و برباد ہونا (۳) (کھیتی یا باغ کا) پامال ہونا۔ اکھڑنا (۴) (بددعا) (عو) غارت ہو جانا۔ مٹ جانا (۵) (عو) (کنایۃً) غائب ہو جانا ❊ **اُجڑوانا** (ہ) ویران کرانا۔ برباد کرانا۔ لٹوانا ❊ **اُجڑی** (ہ) (دیکھیے "اجڑا نمبر۲") ❊ **اُجڑی بات** (ہ) مؤنث (عو) تحقیر اور بیزاری سے کہتی ہیں ❊ **اُجڑے** (ہ) (دیکھو "اجڑا نمبر۲") ❊ **اُجڑے گاؤں سے کیا ناتا** (ہ) (۱) جہاں کا رہنا چھوڑ دیا، وہاں سے کیا تعلق؟ (۲) (مجازاً) جس سے تعلقات ہی منقطع ہو گئے، اس سے کیا واسطہ؟ ❊ **اُجڑے گھر کا بینڈا** (ہ) مثل۔ اس کے متعلق کہتے ہیں، جہاں سارا گھر تباہ ہو جائے اور ایک نکما آدمی باقی رہے ❊

اجزا (اَج۔زا) (ع) مذکر۔ حصے۔ ٹکڑے ❊ **اجزا خانہ** (ع۔ف) مذکر۔ عطاری کی دکان ❊ **اجزائے ترکیبی** (ع۔ف) مذکر۔ حصے یا ٹکڑے، جن سے مل کر کوئی چیز بنی ہو ❊ **اجزائے متناسبہ** (ع) مذکر۔ وہ اجزا، جو مجموعی صورت میں تناسب کے اعتبار سے موزون ہوں اور ان میں کسی طرح کی کمی بیشی نہ پائی جائے ❊

اَجساد (اَج۔ساد) (ع) مذکر۔ جسد کی جمع۔ بہت سے جسم ❊

اَجسام (اَج۔سام) (ع) مذکر۔ جسم کی جمع۔ تن، بدن۔ وہ تمام چیزیں، جو لمبائی، چوڑائی اور گہرائی رکھتی ہوں ❊

اجگر (اَج۔گَر) (ہ) مذکر (۱) بہت بڑا سانپ۔ اژدہا (۲) (مثالاً) بڑی بھاری چیز ❊ **اجگر کے داتا رام** (ہ) مثل (۱) کاہل اور نکمے شخص کے متعلق کہتے ہیں کہ سستی کے باعث کوئی کام تو ہو نہیں سکتا، اس کے گزارے کا خدا ہی حافظ ہے (۲) خداوند کریم سست اور اپاہج کو بھی روزی دیتا ہے ❊

اَجَلّ (اَجَلّ) (ع) نہایت بزرگ۔ بہت زیادہ ذی شان ❊

اَجَل (اَجَل) (ع) مؤنث۔ موت۔ قضا ❊ **اجل آنا** (ہ) موت آنا ❊ **اجل رسیدہ۔ یا۔ اجل گرفتہ** (ع۔ف) مرنے کے قریب۔ موت کے پنجے میں جکڑا ہوا ❊ **اجل سر پر سوار ہے** ❊ **اجل تو کہیں سر پر سوار نہیں؟** (ہ) یہ جملے کبھی افسوس اور کبھی خفگی و تنبیہ سے اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو جان جوکھوں کا کام کرتا ہو ❊ **اجل سر پر کھڑی ہے** (ہ) (محاورہ) موت ہر دم موجود ہے۔ زندگی کا کوئی بھروسا نہیں ❊ **اجل سر پر کھیلتی ہے** (ہ) مثل۔ وہاں بولتے ہیں،

جہاں کوئی بڑا خطرناک اور جان جوکھوں کا کام کرے ٭ **اجل کے منہ سے پھرنا** (ہ) (۱) مہلک بیماری سے صحت پانا (۲) کسی اچانک بلا سے چھوٹنا (۳) موذی کے پنجے سے رہا ہونا ٭ **اجل کے منہ میں آنا** (ہ) وہ کام کرنا، جس میں موت کا خطرہ ہو ٭

اُجّل (اُج ۔ جَل) (ہ) (۱) صاف و شفاف (۲) سفید براق (۳) نرمل ٭

اُجلا (اُج ۔ لا) (ہ) (۱) مَیلا کے برعکس ۔ سفید ۔ روشن ۔ براق (ع) مذکر ۔ دھوبی ٭ **اُجلا کارخانہ** (ہ) مذکر ۔ عمدہ سلیقے اور اچھے انتظام سے گھر کی رونق اور درستی ٭ **اُجلا منہ ہونا** (ہ) تہمت سے بَری ہونا ۔ آبرو بچنا ۔ سرخ رو ہونا ٭

اُجلنا (اُجَل ۔ نا) (ہ) (۱) صاف ہونا (۲) چمکنا ۔ روشن ہونا (۳) بارونق ہونا ٭

اُجلی (اُج ۔ لی) (ہ) (۱) صاف ۔ ستھرا (۲) (ع) مؤنث ۔ دھوبن ٭ **اُجلی سمجھ** (ہ) مؤنث ۔ بات کی تہ کو جلد پہنچنے والی طبیعت ۔ ذہن رسا ٭ **اُجلی طبیعت** (ہ) مؤنث ۔ نفاست پسند مزاج ٭ **اُجلی گزران** (ہ) مؤنث ۔ خوش حالی سے گزر اوقات ۔ امیری ٭

اجلاس (اِج ۔ لاس) (ع) مذکر (۱) کچہری میں حاکم کا عدالت کے لیے بیٹھنا (کرنا کے ساتھ) (۲) عدالت کی غرض سے حاکم کے بیٹھنے کا مقام ٭ **اِجلاس کامل** (ع) مذکر ۔ وہ اجلاس، جس میں تمام جج شامل ہوں ٭ **اِجلاس واحد** (ع) مذکر ۔ ایک کمرے میں ایک ہی جج کا کچہری کرنا ٭

اجلاف (اَج ۔ لاف) (ع) مذکر ۔ جلف کی جمع ۔ رذیل ۔ کمینے ۔ چھوٹے اور رذیل پیشوں کے آدمی ۔ گھٹیل ۔ سفلے ۔ شودر ٭

اِجلال (اِج ۔ لال) (ع) مذکر ۔ بزرگی ۔ شان و شوکت ٭

اَجِلّہ (اَجِل ۔ لَہ) (ع) مذکر ۔ جلیل کی جمع ۔ بڑے آدمی ۔ بزرگ لوگ ٭

اِجماع (اِج ۔ ماع) مذکر (ع) (۱) اکٹھا ہونا ۔ جمع ہونا (۲) اتفاق ٭

اِجمال (اِج ۔ مال) (ع) مذکر (۱) تفصیل کے برعکس ۔ اختصار (۲) تقریر یا تحریر میں زیادہ مطلب اور کم عبارت کا مشکل مضمون لانا ٭

اِجمالی (اِج ۔ مالی) (ع) (۱) مختصر (۲) مشترکہ، جس میں حصہ کشی نہ کی گئی ہو ٭

اجمعین (اَج ۔ مَعِین) (ع) سب ۔ تمام ۔ سب کے سب ٭

اجمل (اَج ۔ مَل) (ع) نہایت خوب صورت ٭

اجمیر (اَج ۔ میر) (ہ) مذکر ۔ راجپوتانہ کا ایک مشہور مقام، جہاں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کا مزار شریف ہے ٭

اجناس (اَج ۔ ناس) (ع) مؤنث ۔ جنس کی جمع (۱) چیزیں ۔ اشیاء (۲) قسمیں ۔ انواع ٭

اجنبی (اَج ۔ نَبی) (ع) مذکر ۔ آشنا کے برعکس ۔ بیگانہ ۔ ناآشنا ۔ ناواقف ۔ انجان ۔ غیر ۔ پردیسی ٭ **اَجنبیت** (ع) مؤنث ۔ بیگانگی ۔ ناواقفی ٭

اجنٹ (اَجَنٹ) دیکھیے "ایجنٹ" ٭

اَجنسی (اَجَن ۔ سی) (ہند) (انگ ۔ ایجنسی Agency) مؤنث (۱) ایجنٹ سے متعلق ۔ ایجنٹ کا دائرۂ حکومت (۲) ایجنٹ کا محکمہ (۳) قرقی تیار فصل کی قرقی (۴) دیکھیے "ایجنسی" ٭

اجنٹا (اَجَن ۔ ٹا) (ہ) مذکر ۔ علاقہ حیدر آباد (دکن) میں ایک گاؤں اور ندی ۔ اس کے غار مشہور ہیں ٭

اَجِنّہ (اَجِن ۔ نَہ) (ع) مذکر ۔ جنین کی جمع ۔ وہ بچے، جو ماں کے پیٹ میں ہوں ٭

اجودھیا (اَجُود ۔ دِھیا) (ہ) مذکر (دیکھیے "اجدھیا") ٭

اجورہ (اُجُورَہ) (ع) مذکر (۱) مزدوری ۔ اُجرت ۔ کام کا معاوضہ ۔ حق المحنت ۔ روزینہ (۲) کرایہ ۔ بھاڑا ٭

اجوف (اَج ۔ وَف) (ع) (۱) کھوکھلا ۔ شکم خالی (۲) (صرفیوں کی اصطلاح) وہ لفظ، جس کے عین کلمے میں حرفِ علت ہو ٭

اُجھڑ (اُجھ ۔ جھَڑ) (ہ) (ع) ہر ایک سے اُلجھنے والا ۔ بات بات پر تکرار کرنے والا ۔ جھگڑالو ٭

اَجہل (اَج ۔ ہَل) (ع) مذکر (جاہل کا افعل التفضیل) بڑا جاہل ۔ نہایت بے وقوف ۔ بہت ہی اُجڈ ٭

اُجھینا (اُجھے ۔ نا) (ہ) مذکر ۔ چولھے میں ایندھن جوڑنے کا ایک طریقہ، جس سے آگ بہت جلد بھڑک اٹھتی ہے (لگانا کے ساتھ) ٭

اَجی (اَجی) (ہ) (۱) (اے جی کا مخفف) اے جناب! اے صاحب! (۲) کبھی زائد بھی آتا ہے ٭

اُجیالا (اُج ۔ یا ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) اندھیرے کے برعکس ۔ روشنی ۔ چمک (۲) رونق (اب بیشتر اُجالا کہتے ہیں) ٭ **اجیالی** (ہ) مؤنث ۔ گھوڑے کی اندھیری ٭ (یہ نام اکبر بادشاہ نے رکھا تھا) ٭

اَجیت (اَجیت) (ہ) مذکر (۱) غیر مفتوح (۲) ناقابلِ فتح ۔ جسے کوئی جیت نہ سکے (۳) نہایت مضبوط (۴) نہایت زبردست ٭

اجیٹن (اَجی ۔ ٹَن) (ہند) (انگ ۔ ایڈجوٹنٹ Adjutant) مذکر (۱) ایک فوجی (۲) سارس کی قسم کا ایک پرندہ ۔ گور ٭

اجیر (اَجیر) (ع) اجرت پر کام کرنے والا ۔ مزدور ۔ تنخواہ پانے والا ملازم ۔ مجنی ٭

اجیرن (اَجی ۔ رَن) (ہ) (۱) دوبھر ۔ بارِ خاطر (۲) غذا کے متعلق، جس کے کھانے سے طبیعت بدمزہ ہو (۳) دشوار ۔ مشکل (۴) وبالِ جان ۔ باعثِ تکلیف (۵) جمادات ۔ نباتات ۔ غیر ذی روح (۶) بدہضمی ٭ **اجیرن کو اجیرن ہی جھیلے نہیں تو سر چوہتے کھیلے** (ہ) مثل ۔ طاقت ور کا مقابلہ طاقت ور ہی کر سکتا ہے، اگر کمزور کرے گا تو مارا جائے گا ٭ **اجیرن ہو جانا (ہونا)** (ہ) (۱) دوبھر ہونا ۔ بارِ خاطر ہونا (۲) مشکل ہونا ۔ تکلیف کا موجب ہونا ٭

اُجین (اُج ۔ جَین) (ہ) مذکر ۔ ریاست گوالیار میں ہندوؤں کا ایک مذہبی مقام، جو مہاراجہ بکرماجیت کا پایۂ تخت تھا ٭

ا ۔ چ

اچاپت (اُچا ۔ پَت) (ہ) مؤنث (۱) دکان دار سے اُدھار کا لین دین (۲) (ع) شور و غل ۔ کود پھاند (مچانا کے ساتھ) ٭ **اچاپت اٹھانا** (ہ) اُدھار سودا لینا ٭ **اُچاپت اُٹھنا** (ہ) اُدھار سودا لیا جانا ٭ **اُچاپتی** (ہ) (ع) شوخ اور شریر لڑکا ٭

اُچاٹ (اُچاٹ) (ہ) اکتایا ہوا۔ اداس۔ بیزار۔ برداشتہ خاطر۔ اکھڑا ہوا ٭ **اُچاٹ کر دینا** **اُچاٹ دینا** (ہ) برداشتہ خاطر کر دینا۔ اُکھاڑ دینا ٭ **اُچاٹ ہونا** (ہ) (۱) طبیعت یا دل (ہ) طبیعت یا دل کو کسی طرف سے ہٹا دینا ٭ **اُچاٹ ہونا** (ہ) (۱) طبیعت یا دل ہٹ جانا (۲) (نیند کے ساتھ) جاتا رہنا۔ اُڑ جانا (یہاں ہو جانا ہی کے ساتھ مستعمل ہے) ٭ **اُچاٹنا** (ہ) (عوام) اچاٹ دینا۔ اُچاٹ کر دینا ٭

اچار (اَچار) (ف) مذکر۔ وہ ترش چیز، جو پھل وغیرہ کو تیل یا لیمو کے عرق یا سرکے یا پانی میں مرچ مسالا ڈال کر تیار کرتے ہیں ٭ **اچار اٹھنا** (ف) دھوپ میں رکھے ہوئے اچار کا گرمی پاکر گل جانا ٭ **اچار بنانا** (ف) اچار تیار کرنا ٭ **اچار پڑنا** (ف) اچار بننا ٭ **اچار ڈالنا** (ف) (۱) اچار بنانا (۲) کسی چیز کو بے ضرورت عرصے تک رکھ چھوڑنا (۳) کسی آدمی کو زیادہ دیر تک بٹھا رکھنا ٭ **اچار کر دینا** (ف) سخت مارنا پیٹنا۔ مارتے مارتے شکل بگاڑ دینا ٭ **اچار نکال دینا** (ف) شدت سے مارنا ٭ **اچار نکلنا** (ف) بے انتہا پیٹا جانا ٭ **اچار ہو گئے** (ف) شکل بگڑ گئی۔ بُری گت ہو گئی ٭ **اچاری** (ف) (آم کے ساتھ) (۱) اچار بنانے کے لائق (۲) چینی یا کانچ کا وہ برتن، جس میں اچار، مربّا، سرکہ وغیرہ رکھتے ہیں ٭

اچارج (اَچا۔رَج) (ہ) مذکر (۱) ٹھگ۔ گرو (۲) ادیب۔ استاد۔ معلّم (۳) برہمن (۴) کسی فرقے کا بانی (۵) لائق آدمیوں کا ایک خطاب (۶) پانڈوؤں کے استاد درون کا لقب ٭ .

اچانچک (اَچان۔چک) (ہ) اچانک (متروک) ٭

اچانک (اَچا۔نک) (ہ) یکایک۔ ناگاہ۔ ناگہاں۔ بے خبری میں بے اطلاع۔ یک بارگی۔ دفعتہً۔ اَیکا ایکی ٭

اچپل (اَچ۔پَل) (ہ) چنچل۔ شوخ۔ چلبلا (اب کم مستعمل ہے) ٭ **اچپلا** (ہ) شوخ۔ چلبلا ٭ (اب چلبلا زیادہ مستعمل ہے) ٭ **اَچپلا پن** (ہ) مذکر۔ چلبلاپن۔ کرشمہ۔ ناز۔ شوخی ٭ (اب چلبلا پن زیادہ مستعمل ہے) ٭ **اچپلاہٹ** (ہ) مؤنث۔ چلبلاپن۔ شوخی ٭

اُچٹ (اُچٹ) (ہ) اُچٹنا کا امر ٭ **اُچٹانا** (ہ) (عوام) (۱) اُکھاڑنا۔ چھٹانا (۲) بھڑکانا۔ چوکنا کرنا (۳) بیزار کرنا ٭ **اُچٹتا سا** (ہ) ادھورا سا (مؤنث کے لیے اچٹتی سی مستعمل ہے) ٭ **اُچٹتا ہوا** (ہ) سرسری۔ ادھورا ٭ (مؤنث کے لیے اُچٹتی ہوئی بولتے ہیں) ٭ **اُچٹنا** (ہ) (۱) (طبیعت اور دل کے ساتھ) بیزار ہونا۔ برداشتہ ہونا (۲) (نیند کے ساتھ) اُڑنا (۳) کھٹکنا۔ بھڑکنا (۴) اچھل جانا (۵) بھٹکنا۔ پھیلنا ٭

اچرج (اَچ۔رَج) (ہ) مذکر (۱) حیرت۔ تعجب۔ اچنبھا (۲) (ع) انوکھا ٭

اُچک (اُچک) (ہ) (۱) اُچکنا کا امر (۲) اُچکنا کا حاصل مصدر (۳) بلندی۔ اُبھار ٭ **اُچک پھاند** (ہ) مؤنث۔ کود پھاند ٭ (کود پھاند فصیح ہے) ٭ **اُچک جانا** (ہ) پھاند جانا۔ کود جانا ٭ **اُچک لے جانا** (ہ) اُڑا لے جانا۔ چالاکی سے لے بھاگنا۔ غافل کر کے کوئی چیز لے جانا چھین لینا ٭ **اُچکا** (ہ) مذکر۔ جیب کترا۔ اٹھائی گیرا۔ لٹیرا۔ بدچلن۔ بدمعاش ٭ **اُچکانا** (ہ) اونچا کرنا۔ اوپر اٹھانا ٭ **اُچکا ہوا**

(ہ) (۱) پُرزور (۲) عالی۔ بلند ٭ **اُچکنا** (ہ) (۱) اُچھلنا۔ کودنا۔ پھلانگنا۔ پھاندنا۔ جست کرنا (۲) ابھرنا۔ زور پر آنا (۳) زمین سے یا کسی جگہ سے اونچا ہونا (۴) لپکنا (۵) لے اُڑنا (۶) اوپر ہی اوپر سے لینا ٭ **اُچکی ہوئی تقدیر** (ہ) مؤنث۔ بلند اقبالی۔ خوش قسمتی ٭

اُچکّا (اُچ۔کّا) (ہ) مذکر۔ ایک طرح کی ڈور پیٹنے کی چرخی ٭

اچکن (اَچ۔کَن) (ہ) مؤنث۔ بٹنوں والا انگا۔ انگرکھا۔ ایک قسم کا مشہور لمبا کوٹ ٭

اَچل (اَچل) (ہ) جو اپنی جگہ سے نہ چل سکے ٭

اُچلنا (اُچل۔نا) (ہ) (عوام) الگ ہونا۔ پرت اکھڑ جانا ٭

اچنبھا۔ اچمبھا (اَچم۔بھا) (ہ) مذکر۔ حیرانی۔ تعجب (کرنا، گزرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **اچنبھا دانہ** (ف) مذکر۔ ایک طرح کی مٹھائی، جو خشخاش یا سرسوں کے دانے کے برابر ہوتی ہے ٭ **اچنبھے کی بات** (ہ) مؤنث۔ حیران کر دینے والی بات۔ انوکھا واقعہ ٭ **اچنبھے میں رہنا** (ہ) حیران ہو جانا ٭

اُچنگ (اُچنگ) (ہ) مؤنث۔ دلی خواہش ٭ **اُچنگ لگنا** (ہ) دل میں خواہش پیدا ہونا ٭

اُچوک (اُچوک) (ہ) نہ چوکنے یا خطا نہ کرنے والا نشانہ ٭

اچھا (اَچھ۔چھا) (ہ) (۱) بُرا اور خراب کے برعکس (۲) تندرست۔ صحیح (۳) دھمکانے کا کلمہ (۴) مناسب۔ بہتر (۵) درست۔ ٹھیک۔ جیسا چاہیے (۶) بات مان لینے کا کلمہ۔ بہت خوب (۷) مبارک (۸) موافق۔ مزادار۔ مفید (۹) سبحان اللہ۔ واہ وا (ان معنی میں الف کو بڑھا کر بولتے ہیں) ٭ (۱۰) (طنزاً) بُرا۔ بے ڈھب (۱۱) اعلیٰ۔ افضل (۱۲) تسلی و تشفی کا کلمہ (۱۳) تاکیداً۔ کچھ سمجھا کر کہنے کی جگہ (۱۴) "آگے کہو" (۱۵) حسنِ کلام کے لیے۔ کہیں کہیں خیر کے معنی میں (۱۶) زائد۔ ربطِ کلام کے لیے ٭ **اچھا اچھا** (ہ) (دیکھیے اچھا ۳ اور ۱۰) ٭ **اچھا بچھا** (ہ) (ع) تندرست۔ اچھا بھلا ٭ **اچھا بھلا** (ہ) (۱) بھلا چنگا۔ تندرست (۲) جیسا چاہیے۔ بے عیب (۳) نمایاں۔ کھلا کھلا۔ صاف صاف ٭ **اچھا خاصا** (ہ) (۱) دیکھیے اچھا بھلا (۲) پورا ٭ **اچھا کرنا** (ہ) (۱) صحت دینا۔ تندرست کرنا (۲) خبر کرنا۔ کسی آفت یا مصیبت سے بچانا (۳) مدد کرنا۔ سلوک کرنا (۴) کام کو خوبی سے کرنا۔ عمدہ کام کرنا ٭ **اچھا کہنا** (ہ) (۱) اچھے لفظوں سے یاد کرنا۔ تعریف کرنا (۲) عمدہ شعر تصنیف کرنا ٭ **اچھا کیا** (ہ) (۱) روک ٹوک کے ناگوار گزرنے پر ڈھٹائی سے کہنے کا کلمہ (۲) (طنزاً) رنجش اور آزردگی کا کلمہ (۳) مناسب ہونے کی جگہ ٭ **اچھا کیا خدا نے، بُرا کیا بندے نے** (ف) مثل (ع) (۱) اگرچہ نیکی اور بدی دونوں اللہ کی طرف سے ہیں، لیکن ہمیں یہی کہنا اور سمجھنا چاہیے کہ نیکی اس کی طرف سے ہے اور بدی ہماری جانب سے (۲) ایک ہی کام، جسے بادشاہ، حاکم اور آقا کرے تو تعریف ہو، مگر ماتحت نوکر کرے تو بُرائی ہو ٭ **اچھا لگنا** (ہ) دل کو پسند آنا۔ عمدہ معلوم ہونا (لگنا میں ذم کا پہلو ہونے کے باعث لکھنؤ کے بعض فصحا کہیں کہیں "اچھا لگنا" کے بجائے "اچھا معلوم ہونا" استعمال کرتے ہیں) ٭ **اچھا ہونا** (ہ) (۱) بیمار کا تندرست ہونا (۲) مرضی کے مطابق ہونا (۳) نیک اور خوش اخلاق ہونا ٭ **اچھوں کے**

اچھے ہی ہوتے ہیں (ہ) مثل۔ نیک لوگوں کی اولاد بھی نیک ہوتی ہے ✤ **اچھی** (ہ) (۱) بُری کے برعکس (۲) (عو) مہربان۔ پیاری (۳) نیک۔ درست (۴) تندرست بے عیب (۵) اچھی بات (۶) (طنزاً) بُری ✤ **اچھی چیز اپنے لیے آپ جگہ کر لیتی ہے** (ہ) مثل۔ اچھی شئے خود بخود اپنی قدر اور عزت کرا لیتی ہے ✤ **اچھی خاصی** (ہ) (دیکھیے "اچھا خاصا") ✤ **اچھی طرح** (ہ) (۱) جیسا چاہیے۔ خوب۔ خاطر خواہ (۲) خیر و عافیت اور آرام سے (۳) مزاج پُرسی کا کلمہ ✤ . **اچھے** (ہ) (۱) اچھا کی جمع۔ بُرے کے برعکس۔ عمدہ۔ تعریف کے لائق (۲) (عو) مہربان۔ پیارا ✤ **اچھے آئے** (ہ) (عو) (طنزاً) واہ کیا کہنا ✤ **اچھے اچھے** (ہ) مذکّر (۱) بہت اچھے (۲) علم والے (۳) دولت مند (۴) حسین (۵) باکمال (۶) اولیاء اللہ (۷) بزرگ لوگ (۸) بہادر آدمی (۹) زبردست آدمی ✤ **اچھے بُرے میں چار انگل کا فرق ہے** (ہ) مثل۔ اچھے کام کرنے میں بُرے کام کرنے سے زیادہ محنت نہیں کرنی پڑتی ✤ **اچھے دن** (ہ) مذکّر (۱) خوش نصیبی کے دن۔ آرام کا زمانہ۔ موافق وقت (۲) اچھا موسم ✤ **اچھے رہے** (ہ) (۱) مزے میں رہے (۲) آرام سے رہے (۳) کیا خوب۔ واہ۔ سبحان اللہ (۴) مزاج پوچھنے کی جگہ (۵) نفع میں رہے ✤ **اچھے وقت** (ہ) عین موقع پر۔ عین ضرورت کے وقت ✤ **اچھے ہیں پر خدا کام نہ ڈالے** (ہ) مثل (۱) ظاہر میں اچھے لیکن اصل میں بُرے ہیں (۲) اچھے بُرے کا حال کام پڑنے پر معلوم ہوتا ہے۔ ورنہ یوں تو سب اچھے ہیں ✤

اِچّھا (اِچ۔ چھا) (ہ) مؤنّث۔ مرضی۔ خواہش۔ آرزو ✤

اُچھالا (اُچھا۔ لا) (ہ) مذکّر (۱) لکڑی کا زینہ چھت سے باندھنے کی رسّی (۲) قے۔ جوش۔ اُبال (۳) ڈوبتے وقت پانی کے اوپر آنا (۴) اچھالنا سے ماضی مطلق صیغہ واحد غائب مذکّر ✤ **اُچھال چھکا** (ہ) مؤنّث (عو) شوخ۔ بدخُو۔ اوباش۔ بدکار۔ بدوضع۔ فاحشہ عورت۔ چھنال ✤ **اُچھالنا** (ہ) (۱) ابھارنا۔ کسی شے کو اوپر پھینکنا (۲) چولھے پر رکھی ہوئی جوش کھانے والی سیّال چیز کو کفگیر سے نکال کر دھار باندھتے ہوئے بار بار برتن میں لوٹانا (۳) روشن کرنا۔ مشہور کرنا (۴) اونچا کرنا ✤

اَچھت (اَچھت) (ہ) غیر مستعمل۔ نیا۔ کورا ✤

اُچھل (اُچھل) (ہ) اچھلنا کا امر ✤ **اُچھل پڑنا** (ہ) خوشی یا خوف سے یا شدّتِ تپ کی حالت میں ارادے کے بغیر اپنی جگہ سے اوپر کو حرکت کرنا ✤ **اُچھل کود** (ہ) مؤنّث۔ کم عمری کی حرکتیں۔ کھیل کود۔ کود پھاند ✤ **اُچھلنا** (ہ) (۱) جست کرنا۔ تیزی سے تڑپ کر نکلنا۔ کودنا (۲) ظاہر ہونا۔ پیدا ہونا (۳) تیرنا۔ ابھرنا (۴) بیماری کا لوٹ آنا (۵) (دل اور کلیجے کے ساتھ) دھڑکنا (۶) فخر کرنا۔ ناز کرنا (۷) غرور کرنا (۸) پھینکا جانا ✤ **اُچھلنا کودنا** (ہ) (۱) کودنا پھاندنا (۲) بہت بُرا ماننا۔ بہت بگڑنا۔ جوش میں آنا۔ بہت غصّہ ظاہر کرنا ✤

اُچھو (اُچھ۔ چھو) (ہ) مذکّر۔ جب کوئی چیز کھانے پینے کی نالی کے بجائے سانس لینے کی نالی میں پہنچ کر اٹک جائے تو فوراً گلے میں پھندا پڑ جاتا ہے، اسی حالت کو اُچھو کہتے ہیں ✤ **اُچھو آنا۔ یا۔ لگنا۔ یا۔ ہونا** (ہ) اُچھو کی حالت پیدا ہونا۔ گلے میں پھندا پڑ جانا۔ دم بند ہو جانا ✤

اچھوانی (اَچھ۔ وا۔ نی) (ہ) مؤنّث۔ ایک قسم کی دوا، جو کڑھ کڑھا کر گھی میں ڈال کر زچہ کو پلائی جاتی ہے۔ کاڑھا ✤

اَچھوتا (اَچھو۔ تا) (ہ) (۱) جسے کسی نے چھوا نہ ہو (۲) صاف۔ پاک۔ پارسا (۳) نیا (۴) نہ برتا ہوا۔ جوں کا توں۔ محفوظ (۵) کورا (۶) کنوارا (۷) نذر نیاز کا ✤ **اچھوتا پنڈا** (ہ) مذکّر (عو) (۱) وہ جسم، جو چیچک کے دانوں سے بچا رہا ہو (۲) کورا پنڈا ✤

اچھوتی (اَچھو۔ تی) (ہ) (۱) نہ چھوئی ہوئی (۲) نذر نیاز کی (۳) کنواری ✤ **اچھوتی کوکھ** (ہ) مؤنّث۔ وہ عورت، جس کا کوئی بچّہ نہ مرا ہو ✤ **اَچھوتیاں** (ہ) مؤنّث۔ اچھوتی کی جمع۔ وہ چالیس کے قریب کنواری سیدانیاں، جو نصیر الدین حیدر بادشاہ لکھنؤ کی حرم سرائے میں حضرت امام مہدیؑ آخر الزّمان کی حرموں کے نام سے ملازم تھیں ✤

اُچیلنا (اُچیل۔ نا) (ہ) (عوام) اُدھیڑنا۔ اُکھاڑنا ✤

ا۔ح

اُح (اُح) (ع) مؤنّث۔ کھانسی اور درد کی آواز ✤

اٰحاد (اٰحا د) (ع) مذکّر۔ احد کی جمع۔ ایک سے نو تک گنتی یا ہندسے ✤

اَحادیث (اَحا۔ دِیث) (ع) مذکّر و مؤنّث۔ حدیث کی جمع (۱) باتیں۔ خبریں (۲) رسول اللہ صلعم کے اقوال و افعال ✤

اِحاطہ (اِحا۔ طہ) (ع) مذکّر (۱) گھیرا۔ چار دیواری سے گھری ہوئی جگہ، خواہ اس میں کوئی عمارت ہو یا نہ ہو (۲) پریزیڈنسی۔ صوبہ۔ سرکل (۳) منڈی۔ گزرہ ✤ **احاطہ کرنا** (ہ) (۱) گھیرا ڈالنا۔ گھیرنا (۲) مکان بنانا۔ حد باندھنا (۳) قبضہ کرنا ✤ **احاطہ کھینچنا** (ہ) کوئی جگہ گھیرنا۔ اِردگرد چار دیواری بنانا ✤

اِحبّاء (اِحب۔ با) (ع) مذکّر۔ حبیب کی جمع۔ احباب۔ دوست۔ عزیز ✤

احباب (اَح۔ باب) (ع) مذکّر۔ حبیب کی جمع۔ دوست۔ آشنا۔ عزیز ✤

احبار (اَح۔ بار) (ع) مذکّر۔ حِبر کی جمع (۱) دانا لوگ (۲) یہودیوں کے عالم ✤

احتباس (اِح۔ تِباس) (ع) مذکّر (۱) رُکنا۔ بند ہونا (۲) حیض بند ہونے کی بیماری ✤

احتجاج (اِح۔ تِجاج) (ع) مذکّر (۱) اعتراض کرنا۔ حجت کرنا۔ انکار کرنا (۲) حجت۔ اعتراض۔ عذر۔ انکار ✤

احتراز (اِح۔ تِراز) (ع) مذکّر۔ کنارہ کشی۔ پرہیز۔ علیحدگی۔ بچاؤ ✤

احتراق (اِح۔ تِراق) (ع) مذکّر (۱) جلنا (۲) گرمی کی شدّت (۳) کسی ستارے کا آفتاب کے ساتھ ایک بُرج میں ہونے کے باعث اس کی شعاع میں چھپ جانا ✤

اِحترام (اِح۔ تِرام) (ع) مذکّر۔ توقیر۔ عزت۔ آؤ بھگت، قدر و منزلت (کرنا کے ساتھ) ✤

اِحتساب (اِح۔ تِساب) (ع) مذکّر (۱) حساب۔ شمار۔ گنتی۔ جانچ (۲) آزمائش کرنا۔ محاسبہ کرنا ✤

اِحتشام (اِح۔ تِشام) (ع) مذکّر (۱) دبدبہ۔ شان و شوکت۔ لاؤ لشکر۔ ٹھاٹھ باٹھ۔

(۲) صاحبِ حشمت ہونا ۔

اِحتضار (اِح ۔ تِضار) (ع) مذکر (۱) نزع کا وقت (۲) موت آنا ۔ **اِحتضارِ علم** (ع) مذکر ۔ علم کا تازہ ہونا ۔

اِحتظاظ (اِح ۔ تِظاظ) (ع) مذکر ۔ مزہ پانا ۔ حظ اٹھانا ۔

اِحتقان (اِح ۔ تِقان) (ع) مذکر ۔ حقنہ کرنا ۔ پاخانہ لانے کے لیے سفرے میں پچکاری یا دوا کی بتی داخل کرنا ۔

اِحتلام (اِح ۔ تِلام) (ع) مذکر ۔ خواب میں ناپاک ہونا ۔ بدخوابی ۔

اِحتمال (اِح ۔ تِمال) (ع) مذکر (۱) گمان ۔ شک ۔ وہم (۲) اندیشہ ۔ ڈر ۔ خوف ۔ فکر ۔ کھٹکا (جانا ، کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔ **اِحتمالِ قانونی** (ع) مذکر ۔ قانون کے رو سے ایک گمان یا قیاس ۔

اِحتیاج (اِح ۔ تِیاج) (ع) مؤنث ۔ غرض ۔ ضرورت ۔ حاجت ۔ خواہش ۔ **احتیاج رکھنا** (ا) کسی چیز کی حاجت رکھنا ۔ ضرورت ہونا ۔ **اِحتیاج لانا** (ا) کسی بات کی درخواست کرنا ۔

اِحتیاط (اِح ۔ تِیاط) (ع) مؤنث (۱) ہوشیاری (۲) دُور اندیشی (۳) حفاظت ۔ بچاؤ (۴) پرہیز (۵) نفرت ۔ کنارہ کشی ۔

اِحتیاطاً (اِح ۔ تِیا ۔ طَن) (ع) احتیاط کے طور پر ۔ دُور اندیشی سے ۔

اِحجار (اَح ۔ جار) (ع) مذکر ۔ حجر کی جمع ۔ پتھر ۔

اَحد (اَحَد) (ع) مذکر ۔ ایک ۔ یگانہ ۔ اکیلا ۔ لاشریک (۲) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ۔

اَحَدُ الطَّرَفَین } **اَحَدُ الفَرِیقَین** } (ع) مذکر ۔ دو گروہوں میں سے ایک ۔

اَحَدُ المُتَخَاصِمَین (ع) مذکر مقدمے کے دو فریقوں میں سے ایک ۔

اَحَدی (ع ۔ ف) (۱) اَحَد (خدا) سے نسبت رکھنے والا (۲) ایران کی ایک جماعت جس کے ارکان تنہا منصب ذات رکھتے تھے ۔ **اَحَدِیَّت** (ع) مؤنث ۔ ایک ہونا ۔ یکتائی ۔

اُحُد (اُحُد) (ع) مذکر ۔ مدینۂ منورہ کے قریب ایک پہاڑی ۔

اَحَدی (اَح ۔ دی) (ف) مذکر (۱) اکبر بادشاہ کے عہد میں تیر اندازوں کی ایک فوج ، جو اکثر بقایا مال گزاری کے حصول کی غرض سے بھیجی جاتی اور دوسروں کے مکانوں پر بیٹھی تنخواہ پاتی تھی (۲) (ا) سست ۔ کاہل ۔

احرار (اَح ۔ رار) (ع) مذکر (۱) حُر کی جمع ۔ آزاد اور شریف لوگ (۲) پاک و ہند کے مسلمانوں کی ایک مذہبی و سیاسی جماعت ، جس کا صدر دفتر لاہور میں ہے ۔

اِحراز (اِح ۔ راز) (ع) مذکر ۔ نگاہ رکھنا ۔ بچائے رکھنا ۔ محفوظ رکھنا ۔

اِحراق (اِح ۔ راق) (ع) مذکر (۱) جلانا (۲) جلنا ۔

احرام (اِح ۔ رام) (ع) مذکر (۱) مقررہ مقامات سے کعبے کی زیارت تک چند روز کے لیے بعض چیزوں کا اپنے آپ پر حرام ٹھہرا لینا (۲) فارسیوں نے قصدِ سفر کے معنی میں استعمال کیا ۔ **اِحرام باندھنا** (ا) (۱) حرم میں جانے کی شرطیں پوری کرنا ۔ مقاماتِ معینہ پر پہنچ کر خانۂ کعبہ کی زیارت سے کچھ دن پہلے بعض حلال و مباح چیزوں کا اپنے اوپر حرام کر لینا ۔ اسی طرح کعبے میں جا کر حج کے دنوں میں بعض چیزیں ترک کر دینا مثلاً سلے ہوئے کپڑے اتار کر تہبند اور چادر سے ستر پوشی کرنا وغیرہ (۲) (مجازاً) نیت باندھنا ۔

احزاب (اَح ۔ زاب) (ع) مذکر ۔ حزب کی جمع ۔ گروہ ۔ جماعتیں ۔ فوجیں ۔

اِحساس (اِح ۔ ساس) (ع) مذکر ۔ چھونا ۔ حس کرنا ۔ حواسِ خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے سے کچھ معلوم کرنا ۔ تاثر ۔

اِحسان (اِح ۔ سان) (ع) مذکر (۱) بھلائی ۔ اچھا سلوک (۲) عنایت ۔ مہربانی ۔ نوازش (۳) بھلائی کی داد ۔ شکریہ ۔ **اِحسان اُتارنا** (ا) بھلائی کا عوض کرنا ۔ سلوک کے بدلے سلوک کرنا ۔ **اِحسان اٹھانا** (ا) (۱) احسان لینا ۔ ممنون ہونا (۲) سہارا ڈھونڈنا ۔ **اِحسان جتانا** (ا) سلوک کر کے اس کا اظہار کرنا ۔ اپنی بھلائی اور نیکی یاد دلانا ۔ **اِحسان دھرنا ۔ اِحسان رکھنا** (ا) احسان جتانا ۔ ممنون بنانا (احسان دھرنا کم مستعمل ہے) ۔ **اِحسانِ عظیم** (ع) مذکر ۔ بڑا احسان ۔ **اِحسان فراموش** (ع ۔ ف) احسان کو بھلا دینے والا ۔ ناشکرا ۔ **اِحسان کار** (ع ۔ ف) نیکی اور سلوک کرنے والا ۔ **اِحسان کا عوض اِحسان ہے** (ا) مقولہ ۔ سلوک کا بدلہ سلوک ملتا ہے ۔ **اِحسان کرنا** (ا) نیکی کرنا ۔ اچھا سلوک کرنا ۔ **اِحسان کھینچنا** (ا) احسان لینا ۔ **اِحسان گردن سے اُترنا** (ا) احسان اُترنا ۔ **اِحسان لیجیے (رلے) جہان کا نہ لیجیے (رلے) شاہ جہان کا** (ا) مثل (عو) دنیا بھر کا احسان لینا بہتر ہے لیکن کسی دولت مند عزیز کا احسان اٹھانا بُرا ہے ۔ **اِحسان لینا** (ا) (دیکھیے "احسان اٹھانا") ۔ **اِحسان ماننا** (ا) ممنون ہونا ۔ شکرگزار ہونا ۔ **اِحسان مند** (ع ۔ ف) احسان ماننے والا ۔ شکرگزار ۔ ممنون ۔ **اِحسان ناشناس** (ع ۔ ف) احسان نہ ماننے والا ۔

اِحسانات (ع) مذکر ۔ احسان کی جمع ۔ مہربانیاں ۔

اَحسن (اَح ۔ سَن) (ع) مذکر ۔ بہت نیک ۔ بہت خوب ۔

اَحسَنْت (اَح ۔ سَنْت) (مفرس) (عربی میں اَحسَنتَ تھا ۔ یعنی تُو نے بہت اچھا کیا ۔ فارسیوں نے آخر کی تے کو ساکن کر لیا) مؤنث ۔ واہ وا ۔ آفرین ۔ شاباش (کہنا کے ساتھ) ۔ **احسنت کہنا** (ا) تعریف کرنا ۔ شاباش کہنا ۔ مرحبا کہنا ۔ تحسین و آفرین کہنا ۔

اَحشا (اَح ۔ شا) (ع) مذکر ۔ جو کچھ معدے ، انتڑیوں ، دل وغیرہ کے اندر ہو ۔

اِحصا (اِح ۔ صا) (ع) مذکر (۱) گِننا (۲) ضبط کرنا ۔

اِحصار (اِح ۔ صار) (ع) مذکر ۔ حصار میں لانا ۔ گھیرنا ۔

اِحضار (اِح ۔ ضار) (ع) مذکر (۱) حاضر کرنا ۔ لانا ۔ بلانا (۲) طلبی کا حکم نامہ ۔ **اِحضار بالجبر** (ع) مذکر ۔ زبردستی سے حاضر کرنا ۔ جبراً طلب کرنا ۔

اَحفاد (اَح ۔ فاد) (ع) مذکر ۔ حفد کی جمع ۔ پوتے ، نواسے ۔

اَحَق (اَحَق) (ع) بہت حق دار ۔

اِحقاق (اِح ۔ قاق) (ع) مذکر (۱) کسی کا حق قائم کرنا (۲) کسی بات کی سچائی ثابت یا قائم کرنا (۳) حق دلانا ۔

اَحقر (اَح ۔ قَر) (ع) مذکر (۱) بہت حقیر ۔ بہت ذلیل (۲) (انکسار سے) میں ۔ متکلم ۔

احقر العباد (ع) مذکر (۱) سب بندوں سے زیادہ حقیر، ذلیل اور ناچیز (۲) انکساراً اپنے آپ کو کہتے ہیں ؛

احکام (اَح - کام) (ع) مذکر۔ حکم کی جمع۔ حکم نامے۔ ارشادات۔ فرامین۔ ہدایات ؛ **احکامِ درمیانی** (ع - ف) ضمنی یعنی درمیان کے احکام۔ آخری آخری فیصلے سے پہلے کے احکام؛ **احکامِ مستزاد** (ع) مذکر۔ غیر ضروری احکام؛ **احکامِ ناطق** (ع) یقینی اور قطعی احکام ؛

احکم (اَح - کَم) (ع) مذکر۔ بہت مضبوط ؛ **اَحکَمُ الحاکِمِین** (ع) مذکر۔ سب حاکموں سے زیادہ زبردست اور دانا۔ خدا ؛

احمد (اَح - مَد) (ع) مذکر (۱) بہت تعریف کیا گیا (۲) رسول اللہ صلعم کا اسم گرامی ؛ **احمد کی بلا، پگڑی محمود کے سر** (ر) مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی کی چیز کسی کو دے دیں یا کسی کی بازپرس کسی سے کریں۔ تمھارا گلہ یا الزام میرے سر ؛ **احمد کی ڈاڑھی بڑی رہے، یا محمود کی** (ر) مثل۔ کام سے کام ہے حجت سے کیا واسطہ۔ بے کار بحث۔ فضول باتیں۔ بے نتیجہ کام ؛ **احمد محمود** (ع) زید بکر، کوئی ہو، کسے باشد ؛

احمدی (اَح - مَدی) (ع - ف) مذکر (۱) ٹیپو سلطان کے عہد کا طلائی سکہ (۲) احمد شاہ کا سکہ، جو اس نے دلی میں رائج کیا تھا (۳) مسیح موعود ہونے کے مدعی مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو ؛ **احمدیہ**۔ مرزا غلام احمد قادیانی کا قائم کیا ہوا فرقہ ؛

احمر (اَح - مَر) (ع) مذکر (۱) بہت سرخ (۲) ایک بحیرے کا نام ؛

احمق (اَح - مَق) (ع) بے عقل۔ نادان۔ بیوقوف ؛ **اَحمقُ الّذی** (ع) (۱) بیوقوف کا بچہ (۲) بیوقوف۔ جاہل۔ اُجڈ۔ نادان ؛ **اَحمقُ النّاس** (ع) انسانوں میں سب سے زیادہ بیوقوف ؛ **احمق بنانا** (ر) (۱) بیوقوف بنانا (۲) فریب میں لانا۔ دھوکا دینا ؛ **احمق پن** (پنا) (ر) مذکر۔ حماقت۔ بیوقوفی۔ نادانی۔ بے عقلی ؛

احناف (اَح - ناف) (ع) مذکر۔ حنفی کی جمع۔ سنی مسلمانوں کی جماعت، جو امام اعظم حضرت ابو حنیفہ کی پیرو ہے ؛

احوال (اَح - وَال) (ع) مذکر۔ حال کی جمع۔ بیان۔ حال۔ واقعات۔ حالات۔ کیفیتیں (اُردو میں واحد کی جگہ مستعمل ہے) ؛ **احوال پُرسی** (ع - ف) مؤنث۔ حال پوچھنا۔ خیریت دریافت کرنا ؛

احول (اَح - وَل) (ع) مذکر۔ وہ، جسے ایک چیز کی دو نظر آئیں (آنکھ، دیدہ، انسان کے متعلق کہتے ہیں) ؛

احیا (اِح - یا) (ع) مذکر۔ زندہ کرنا۔ جان ڈالنا ؛ **احیاء العلوم** (ع) مؤنث۔ حضرت امام غزالیؒ کی مشہور تصنیف ؛

احیاناً (اَح - یا - نَن) (ع) (۱) اتفاقاً (۲) کبھی کبھی (۳) شاید (۴) کسی زمانے میں (۵) بھولے سے ؛

ا - خ

اَخ (اَخ) (ع) مذکر۔ بھائی ؛ **اِخوان** (ع) مذکر۔ اخ کی جمع (۱) بھائی۔ بھائی بند۔ عزیز (۲) دوست ؛ **اِخوانُ الزّمان** (ع) مذکر۔ معاصرین۔ ہم عصر۔ ہم عہد ؛ **اِخوانُ الشّیاطِین** (ع) مذکر۔ شریر اور بدمعاش ؛ **اِخوانُ الصّفا** (ع) مذکر (۱) پاک دل لوگ۔ اچھے لوگ (۲) بصرہ کی ایک علمی مجلس ؛ **اُخوّت** (ع) مؤنث۔ بھائی چارا۔ بھائی جیسی یگانگی۔ اتحاد۔ رابطہ ؛ **اِخوَت** (ع) مذکر۔ اخ کی جمع۔ سوتیلے بھائی ؛ **اَخوِی** (ع) مذکر۔ اخ کی طرف منسوب۔ میرا بھائی ؛ **اَخی** (ع) مذکر۔ میرا بھائی ؛

اَخ (اَخ) (ر) کھنکارنے کی آواز جو تھوکنے سے پہلے نکلتی ہے اور کبھی عادت و ضرورت کے طور پر، کبھی اظہارِ نفرت کے لیے ہوتی ہے ؛ **اَخ تھو** (ر) مؤنث (۱) کھنکار کے تھوکنے کی آواز (۲) ملامت اور نفرت کا اظہار (۳) حریف کو تنگ کرنے کے لیے عہد شاہی کے بانکوں کی آواز ؛ **اَخ تھو کرنا** (ر) نفرین کرنا۔ کراہت کرنا ؛ **اَخ تھو کھٹے ہوتے ہیں** (ر) مثل۔ اس وقت مزاح و طنز کے طور پر بولتے ہیں، جب کوئی آدمی کسی چیز کے ملنے سے ناامید ہو کر اپنے دل کو تسلی دینے یا بات بنانے کے لیے اس میں کوئی عیب نکالے ؛ **اَخ تھو ہونا** (ر) تھڑی تھڑی ہونا۔ نفرین ہونا ؛

اخاہ (اَخ - خاہ) (ر) تعجب کا کلمہ ؛

اخبار (اَخ - بار) (ع) مذکر (۱) خبر کی جمع۔ خبریں۔ حالات (۲) احادیثِ نبویؐ (۳) وہ پرچہ، جس میں مختلف مقامات کی خبریں وغیرہ چھپتی ہیں اور جو مقررہ وقت پر شائع کیا جاتا ہے۔ (ان معنی میں بطورِ واحد مستعمل ہے) ؛ **اخبار کا پرچہ** (ر) مذکر۔ ایک تاریخ کا اخبار ؛ **اخبار کا ہرکارہ** (ر) مذکر۔ خبر پہنچانے والا ؛ **اخبار کے فرشتے** (ر) مذکر (کنایۃً) کراماً کاتبین، جو ہر وقت انسان کے اعمال لکھتے رہتے ہیں ؛ **اخبار میں آنا** (ر) کسی بات کا حدیث شریف میں ذکر ہونا ؛ **اخبار نکالنا** (ر) اخبار جاری یا شائع کرنا ؛ **اخبار نویس** (ع - ف) مذکر۔ خبریں لکھنے والا۔ ایڈیٹر ؛ **اخبار نویسی** (ع - ف) مؤنث۔ اخبار لکھنے کا فن ؛

اخبارات (اَخ - با - رات) (ع) مذکر۔ اخبار کی جمع ؛

اخباری (اَخ - با - ری) (ع - ف) اخبار سے نسبت رکھنے والا ؛

اُخت (اُخت) (ع) مؤنث۔ بہن ؛

اِختتام (اِخ - تِتام) (ع) مذکر۔ خاتمہ۔ ختم۔ انجام۔ آخر (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛ **اختتام پر آنا (پہنچنا)** (ر) خاتمے پر آنا۔ ختم کے قریب پہنچنا ؛ **اختتام کو پہنچنا** (ر) ختم یا پورا ہو جانا ؛

اختر (اَخ - تَر) (ف) مذکر (۱) تارا (۲) طالع (۳) فال۔ شگون (۴) واجد علی شاہ بادشاہ کا تخلص ؛ **اختر چمکنا** (ر) دن پھرنا۔ نصیب جاگنا ؛ **اختر شماری** (ف) مؤنث۔ تارے گننا۔ بیقراری سے رات کاٹنا۔ انتظار میں جاگنا ؛ **اختر شناس** (ف) مذکر۔ ستاروں کی چال کا علم جاننے والا۔ نجومی۔ جوتشی ؛

اختراع (اِخ - تِراع) (ع) مذکر (۱) ایجاد (۲) جی سے جوڑنا۔ نئی بات پیدا کرنا۔ نئی چیز بنانا (کرنا کے ساتھ) ؛ **اختراعی** (ع - ف) گھڑی ہوئی۔ بناوٹی۔ جی سے پیدا کی ہوئی ؛

اَختر بَختر۔ اَختَرا بَختَرا (د) مذکر۔ اوڑھنا بچھونا۔ برتن بھانڈا۔ استر بستر۔ اسباب۔ مال و متاع (سنبھالنا، اٹھانا کے ساتھ) ÷

اِختصار (اِخ۔تِصَار) (ع) مذکر (۱) مختصر۔ خلاصہ (۲) گھٹانا۔ کم کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ بہت سے مطلب کو تھوڑے لفظوں میں ظاہر کرنا ÷ **اِختصار نویس** (ع۔ ف) مذکر۔ اشارات کی تحریر لکھنے والا ÷ **اختصار نویسی** (ع۔ ف) مؤنث۔ اشارات کی تحریر ÷

اِختصاص (اِخ۔تِصَاص) (ع) مذکر (۱) خصوصیت (۲) خصوصیت رکھنا۔ خاص کرنا ÷

اِختفا (اِخ۔تِفَا) (ع) مذکر۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ÷

اِختلاج (اِخ۔تِلَاج) (ع) مذکر (۱) دھڑکنا۔ پھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا (۲) دل کا دھڑکنا ÷ **اِختلاجِ قلب** (ع) مذکر۔ دل کی دھڑکن۔ ہولِ دل کا مرض جس میں دل بہت دھڑکتا ہے ÷

اِختلاط (اِخ۔تِلَاط) (ع) مذکر (۱) آمیزش (۲) بے تکلفی۔ ربط ضبط۔ میل میں۔ دوستی۔ محبت (بڑھانا، بڑھنا، رکھنا، رہنا کے ساتھ) (۳) محبت کی چھیڑ چھاڑ۔ گرم جوشی ÷ **اِختلاط کی باتیں** (د) مؤنث۔ بے تکلفی اور پیار کی باتیں ÷

اِختلاف (اِخ۔تِلَاف) (ع) مذکر (۱) ناموافقت۔ خلاف (پڑنا، کرنا کے ساتھ) (۲) نفاق۔ اَن بن۔ بگاڑ۔ پھوٹ (پڑنا، ڈالنا، ہونا کے ساتھ) (۳) فرق۔ تفریق۔ علم حساب میں رقوم کا اختلاف اور تفریق معلوم کرنا ÷ **اختلافِ رائے** (ع) مذکر۔ رائے کی ناموافقت ÷ **اختلافِ طبائع** (ع) مذکر۔ طبیعتوں کا فرق۔ طبیعتوں کی ناموافقت ÷

اِختلال (اِخ۔تِلَال) (ع) مذکر (۱) خلل ڈالنا (۲) خلل پڑنا ÷ **اختلالِ حواس** (ع) مذکر (۱) بدحواسی (۲) حواس میں فتور آنا ÷

اختو بختو (اَخ۔تُو بَخ۔تُو) (د) مؤنث۔ کاٹھ کی دو پتلیاں، جنھیں تماشا کرنے والے ہاتھ پر چڑھا کر باہم لڑاتے ہیں ÷

اختہ (اَخ۔تَہ) (ف) (دیکھیے آختہ) ÷ **اختہ خانہ** (ف) مذکر۔ چوپایوں کو خصی کرنے کی جگہ ÷ **اختہ کرنا** (د) خصی کرنا ÷ **اختی گھوڑی** (د) مؤنث (بازاری لوگوں کی پھبتی) وہ عورت، جس کی چھاتیاں نہ ہوں ÷

اِختیار (اِخ۔تِیَار) (ع) مذکر (۱) بس۔ قابو (۲) منظور۔ قبول (۳) قدرت۔ حکومت (۴) امکان (۵) اجازت ÷ **اِختیار بدستِ مختار** (ف) (دیکھیے "آئندہ اختیار بدستِ مختار") **اِختیار چلنا** (د) زور چلنا۔ قابو ہونا ÷ **اِختیار دینا** (د) اقتدار دینا۔ حکومت سونپنا (جمع کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں) ÷ **اختیار رکھنا** (د) حکومت حاصل ہونا۔ طاقت رکھنا۔ قدرت رکھنا ÷ **اختیارِ سَماعت** (ع) مذکر۔ مقدمہ سننے کا اختیار ÷ **اِختیار سے باہر ہونا** (د) (۱) بےخود ہونا (۲) قابو میں نہ ہونا۔ امکان میں نہ ہونا (۳) خود مختار اور نافرمان ہونا ÷ **اِختیار کرنا** (د) (۱) ایک وضع سے دوسری وضع پر چلنے لگنا۔ ایک کام چھوڑ کر دوسرا کرنے لگنا (۲) گوارا کرنا ÷ **اِختیار میں ہونا** (د) (۱) بس میں ہونا۔ قابو میں ہونا (۲) ہوش و حواس میں ہونا (۳) امکان میں ہونا ÷

اِختیارات (اِخ۔تِیَا۔رَات) (ع) مذکر۔ اختیار کی جمع۔ حکومت۔ زور۔ مداخلت ÷

اِختیاراتِ ابتدائی (ع۔ ف) مذکر۔ ابتدائی سماعت کے اختیارات ÷

اِختیاراتِ انفکاکِ رہن (ع) مذکر۔ گرو توڑنے کے اختیارات ÷

اِختیاری (اِخ۔تِیَا۔رِی) (ع۔ ف) (۱) اپنے قابو کا۔ اپنے بس کا (۲) وہ کام، جس کے کرنے نہ کرنے میں انسان مختار ہو، خواہ کرے خواہ نہ کرے (۳) وہ مضمون، جس کا امتحان میں لینا طالب علم کی مرضی پر موقوف ہو ÷

اَخذ (اَخذ) (ع) مذکر (۱) پکڑنا۔ لینا۔ اختیار کرنا۔ حاصل کرنا (۲) نتیجہ نکالنا ÷ **اخذ بالجبر** (ع) مذکر۔ بے رضامندی لینا۔ زبردستی لینا ÷ **اخذ کرنا** (د) لینا۔ چننا۔ استنباط کرنا۔ بات سے بات نکالنا۔ چھانٹنا۔ انتخاب کرنا۔ پکڑ لینا ÷

اِخراج (اِخ۔رَاج) (ع) مذکر (۱) نکاس (۲) الگ کرنا۔ باہر کرنا۔ دُور کرنا۔ شہر بدر کرنا (۳) گرانا (۴) خرچ۔ صرف ÷

اِخراجات (اِخ۔رَا۔جَات) (ع) مذکر۔ خرج کی جمع الجمع۔ لاگت۔ مصارف۔ خرچ ÷

اَخروٹ (اَخ۔رُوٹ) (د) مذکر۔ جوز۔ چہار مغز۔ گردگاں۔ مشہور میوہ ÷ **اخروٹ کی گری** (د) مؤنث۔ اخروٹ کا مغز ÷

اُخروی (اُخ۔رَوِی) (ع) اگلے جہان سے متعلق ÷

اَخص (اَخَص) (ع) خاص کی تفضیل کل۔ افضل۔ اعلیٰ ÷

اَخضر (اَخ۔ضَر) (۱) سبز رنگ کا۔ سبز چیز (۲) ایک بحیرے کا نام ÷

اِخفا (اِخ۔فَا) (ع) مذکر۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ÷ **اِخفائے تولّد** (ع) مذکر۔ بچے کی لاش چپکے چپکے دفن کر دینا ÷ **اخفائے واردات** (ع) مذکر۔ واقعے یا حادثے کا چھپانا ÷

اَخفش (اَخ۔فَش) (ع) (۱) چُندھا (۲) قدیم زمانے کے ایک بہت بڑے نحوی ابوالحسن سعید کا لقب ÷

اَخگر (اَخ۔گَر) (ف) مذکر۔ چنگاری۔ انگارا۔ آگ کا ڈلا ÷

اِخلاص (اِخ۔لَاص) (ع) مذکر (۱) خلوص (۲) میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ دوستی (۳) قرآن مجید کی ایک سورت ÷ **اِخلاص بڑھانا** (د) پیار اور محبت کو ترقی دینا۔ میل جول بڑھانا۔ ربط ضبط زیادہ کرنا ÷ **اِخلاص رکھنا** (د) (۱) دوستی رکھنا۔ محبت رکھنا (۲) خصوصیت رکھنا ÷ **اِخلاص کرنا** (د) محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ ارتباط کرنا ÷ **اِخلاص مند** (ع۔ ف) (۱) یارِ صادق۔ خیر خواہ۔ دوست۔ سچا دوست (۲) مؤنث۔ سہیلی۔ سہیل۔ گوئیاں ÷

اَخلاط (اَخ۔لَاط) (ع) مذکر۔ خلط کی جمع۔ خون۔ صفرا۔ بلغم۔ سودا۔ خدا نے ان چار خلطوں سے انسان کو بنایا ÷ **اَخلاطِ فاسدہ** (ع) مذکر۔ بگڑے ہوئے خلط ÷

اَخلاق (اَخ۔لَاق) (ع) مذکر۔ خُلق کی جمع (۱) عادات۔ خصائل (۲) آؤ بھگت۔ مروت۔ ملنساری۔ انسانیت (۳) وہ علم، جس میں تہذیب نفس، معاد، معاش وغیرہ سے بحث ہوتی ہے ÷ **اَخلاقِ معاشرت** (ع) مذکر۔ باہم ایک جگہ

رہنے سہنے کے آداب ؛

اَخلاقیات (اَخ - لا - قِی - یاٰت) (ع) مؤنث ۔ اخلاق کی جمع ۔ اصولِ اخلاق ۔ علم الاخلاق ۔ وہ علم جس میں اخلاق اور ان کے ربط ضبط کے باب میں بحث کی جاتی ہے ؛

اَخنی پخنی (اَ خ ۔ نِی ۔ پَخ ۔ نِی) (ہ) مؤنث (عو) بدوضع ۔ بدچلن عورت (جمع "اخنیاں پخنیاں") ؛

اخیار (اَخ ۔ یاٰر) (ع) مذکر ۔ خیر کی جمع ۔ نیک لوگ ؛

اخیافی (اَخ ۔ یا ۔ فِی) (ع) مذکر ۔ وہ بھائی بہن جن کی ماں ایک ہو اور باپ الگ الگ ؛

اخیر (اَخیر) (ع) (۱) پچھلا (۲) حد ۔ انتہا (۳) تمام (۴) انجام کار ۔ آخرکو ۔ لکھنؤ میں اس مقام پر آخر زیادہ بولتے ہیں (۵) ختم ہونے کے قریب (۶) انجام (۷) کنارہ ؛ **اخیر کو** (ہ) انجام کار (اب آخرکو زیادہ مستعمل ہے) ؛ **اخیر وقت** (ع) مذکر (۱) ہر چیز کے خاتمے کا زمانہ (۲) (کنایۃً) نزع کا وقت ؛

ا - د

اَد (اَد) (ہ) (دیکھیے "ادھ") ؛

اَدا (اَدا) (ع) مؤنث (۱) بیان (۲) بے باقی (۳) عمل میں لانا (۴) اترجانا (۵) (اصطلاحِ فقہا) قضا کے برعکس ۔ وہ عبادت، جو اس کے مقررہ وقت پر کی جائے (۶) (ف) معشوقانہ ناز و انداز (۷) قرینہ ۔ اشارہ (۸) ڈھنگ ۔ طریقہ ؛ **ادابند** (ف) وہ شاعر، جو اپنے کلام میں معشوق کی ادائیں اس طرح باندھے کہ آنکھوں میں تصویر کھنچ جائے ؛ **ادابندی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ اشعار میں محبوب کی اداؤں کا ذکر اس طرح کرنا کہ سامنے نقشہ کھنچ جائے ؛ **ادا دکھانا** (ہ) دکھانے کے لیے معشوقانہ انداز سے ناز کرنا ؛ **ادا سے دیکھنا** (ہ) معشوقوں کی طرح دیکھنا ۔ نگاہِ ناز سے دیکھنا ؛

اداشناس } (ف) قرینے یا اشارے سے ارادہ پہچاننے اور بات **ادافہم** } تاڑجانے والا ؛

اداکار (ف) نقل اور تماشا کرنے والا یا کرنے والی ۔ ایکٹر ۔ ایکٹرس ؛ **اداکاری** (ف) مؤنث ۔ نقل ۔ سوانگ ۔ ایکٹ ؛ **ادا کرنا** (ہ) (۱) چکانا ۔ بے باق کرنا (۲) بجالانا (۳) عمل میں لانا (۴) لکھنا (۵) کہنا (۶) بھاؤ بتانا (۷) قاعدے سے گانا (۸) پڑھنا (۹) قرأت کے قاعدے سے پڑھنا اور مخارج سے حرف نکالنا (۱۰) معشوقانہ حرکات کرنا (۱۱) اتارنا ؛ **ادا نکالنا** (ہ) ناز و انداز ایجاد کرنا ؛ **ادا نکلنا** (ہ) بانکپن ظاہر ہونا ۔ معشوقانہ شان پیدا ہونا ؛ **ادائی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ قرض یا رقم وغیرہ ادا کرنا ؛ **ادائے دَین** (ع) مؤنث ۔ قرض ادا کرنا ؛ **ادائے شہادت** (ع) مؤنث ۔ گواہی دینے کا کام ؛ **ادائے لگان** (ف) لگان ادا کرنا ۔ لگان وہ ہے، جو زمیندار اپنی اسامیوں سے وصول کرتا ہے (لگان ہندی ہے، اس لیے ترکیب غلط ہے) ؛ **ادائے مال گزاری** (ف) معاملہ ادا کرنا ۔ مال گزاری وہ ہے، جو سرکار زمینداروں سے وصول کرتی ہے (مال گزاری ان معنی میں ہندی ہے، اس لیے ترکیب غلط ہے) ؛

ادات (اَدات) (ع) مذکر ۔ کسی چیز کے حاصل کرنے کا آلہ ۔ جمع اَدَوات ؛

ادارات (اِ دا ۔ راٰت) (ع) مذکر ۔ ادارہ کی جمع ؛ **اداراتِ قانونی** (ع) مذکر ۔ کسی قانون کے ماتحت قائم کی ہوئی مجلسیں ؛

اِدارت (اِ دا ۔ رَت) (ع) مؤنث ۔ ایڈیٹری ۔ رسالہ، اخبار، کتاب وغیرہ مرتب کرنا ؛

اِدارہ (اِدا ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) ضبط ۔ نظام (۲) دفتر ۔ محکمہ ؛ **ادارۂ فَلی** (ع ۔ ف) مذکر ۔ محکمۂ مال ؛ **ادارۂ نظامی** (ع ۔ ف) مذکر ۔ محکمۂ فوج ؛

اِدارے (اِدا ۔ رے) (ہ) مذکر ۔ اِدارہ کی جمع ؛

اُداس (اُداس) (ہ) مذکر (۱) غمگین ۔ افسردہ (۲) بے رونق ۔ سونا (۳) برداشتہ خاطر، بیزار (اب ان معنی میں مستعمل نہیں) (۴) (روشنی اور دھوپ کے لیے) بجھی بجھی ۔ کم کم (۵) (رنگ کے لیے) پھیکا ۔ ہلکا (۶) شوخ کے برعکس ؛ **اداس رکھنا** (دل یا طبیعت کے ساتھ) افسردہ رکھنا ۔ غمگین رکھنا ؛ **اداس رہنا** (ہ) افسردہ خاطر رہنا ۔ غمگین رہنا ؛ **اداس کرنا** (ہ) رنجیدہ کرنا ۔ افسردہ کرنا ؛ **اداس ہونا** (ہ) رنجیدہ ہونا ۔ افسردہ ہونا ؛ **اُداسی** (ہ) مؤنث (۱) پریشانی ۔ غم (۲) ویرانی ۔ بے رونقی ۔ سناٹا ۔ افسردگی (۳) فقیروں کا ایک فرقہ، جو بابا نانک صاحب کے بیٹے کا پیرو ہے ؛ **اداسی برسنا** (ہ) (۱) پریشانی یا غم ظاہر ہونا (۲) طبیعت کا اچاٹ ہونا (۳) بے رونقی معلوم ہونا ؛ **اداسی چھانا** (ہ) (دیکھیے "اداسی برسنا") ؛

اُداسا (اُدا ۔ سا) (ہ) مذکر (آزاد فقیروں کی اصطلاح) اوڑھنا بچھونا ۔ بوریا بستر ؛ **اداسا کسنا** (ہ) سفر کا سامان باندھنا ۔ بوریا بستر باندھنا ۔ سفر کا ارادہ کرنا ؛ **اداسا کھینچنا** (ہ) ہر طرف سے تعلق قطع کرکے ایک طرف دھیان لگانا ؛

اَدام (اَدام) (ع) ہمیشہ رکھے ۔ ہمیشہ زندہ رہے ؛ **اَدامَ اللہ** (ع) خدا ہمیشہ رکھے ۔ خدا ہمیشہ زندہ رکھے ؛ **اَدامَ اللہُ فیوضَہم** (ع) خدا ان کا فیض ہمیشہ رکھے ؛

اُداہٹ (اُدا ۔ ہَٹ) (ہ) مؤنث ۔ اودا پن ۔ بینگنی رنگ ؛

اَدب (اَدَب) (ع) مذکر (۱) ہر چیز کے اندازے اور حد پر نگاہ رکھنا (۲) لحاظ ۔ حفظِ مراتب (۳) قاعدہ ۔ دستور ۔ تمیز ۔ شائستگی ۔ تہذیب (۴) علم زبان، جس میں صرف و نحو، لغت، عروض، انشا، معانی، بیان وغیرہ داخل ہوں (۵) پالتو کتے کو ہٹانے اور قرینے سے بیٹھنے کے لیے "تادیبا" یہ لفظ کہتے ہیں (۶) لاج ۔ شرم ۔ حیا (۷) تعظیم و تکریم ؛ **ادب آداب** (ع) مذکر ۔ حفظِ مراتب ۔ لحاظ ۔ تمیز ۔ شائستگی ۔ تہذیب ؛ **ادب آموز** (ع ۔ ف) (۱) ادب سکھانے والا (۲) وہ شخص، جو ادب سیکھے ہوئے ہو ؛ **ادب آموزی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ تعلیم ۔ ادب سکھانا ؛ **ادب العالیہ** (ع) مذکر ۔ اعلیٰ علم ادب ؛ **ادب پکڑنا**

(۲) ادب سیکھنا۔ تہذیب اختیار کرنا ❖ **ادب دینا** (ہ) (دہلی) شائستگی سکھانا۔ تہذیب کی تعلیم دینا ❖ **ادب سکھانا** (ہ) (دیکھیے "ادب دینا") ❖ **ادب سیکھنا** (ہ) تہذیب اور شائستگی سیکھنا ❖ **ادب کرنا** (ہ) حفظِ مراتب کا خیال کرنا۔ پاس کرنا۔ لحاظ کرنا ❖ **آدَبا** (ع) مذکر۔ ادب جاننے یا سکھانے والے ❖

اِدبار (اِد۔ بار) (ع) مذکر (۱) (لغوی) پیٹھ دکھانا (۲) (اصطلاحی) دولت کا منہ موڑنا (۳) نحوست (۴) شکست۔ ہزیمت (۵) نکبت۔ افلاس۔ فلاکت۔ ناداری۔ مفلسی۔ پریشانی۔ بدبختی۔ تنزل۔ "اقبال" کے برعکس ❖

اَدبدا (اَد۔ بدا) (ہ) ادبدانا کا امر ❖ **ادبدا کر** (ہ) (۱) (عو) جان بوجھ کر۔ ضد کے مارے ستانے کو (۲) ضرور۔ خواہ مخواہ ❖

اِدخال (اِد۔ خال) (ع) مذکر (۱) داخل کرنا (۲) داخل کرانا۔ رجسٹر میں درج کرانا ❖

اِدرار (اِد۔ رار) (ع) مذکر (۱) جاری ہونا (۲) تیز پانی برسنا (۳) پیشاب کھل کرانا (ان معنی میں زیادہ بولتے ہیں) (۴) مطلق پیشاب (ہونا کے ساتھ) ❖

اِدراک (اِد۔ راک) (ع) مذکر (۱) عقل۔ سمجھ (۲) عقل سے دریافت کرنا ❖

اَدرسا (اَد۔ رسا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سوتی سفید کپڑا، جس کی بناوٹ میں جھرجھراپن ہوتا ہے ❖

ادرک (اَد۔ رک) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی خوشبودار جڑ۔ ہری سونٹھ۔ زنجبیل ❖ **ادرک کا لچھا** (ہ) مذکر۔ باریک کتری ہوئی ادرک ❖ **اَدرَکی** (ہ) مؤنث۔ وہ مٹھائی، جو تازہ گڑ میں ادرک ملا کر بناتے ہیں ❖

اِدریس (اِد۔ ریس) (ع) مذکر۔ اخنوخ پیغمبر، جو درس و تدریس میں زیادہ مصروف رہنے کے سبب ادریس مشہور ہو گئے اور زندہ بہشت میں داخل ہوئے ❖

اُدڑ گدڑ (اُ دَڑ۔ گدَڑ) | (ہ) مذکر (۱) پھٹے پرانے کپڑے۔ چیتھڑے (۲) وہ
اُدڑا گدڑا (اُد۔ ڑا، گُد۔ ڑا) | شخص، جس نے پھٹے پرانے کپڑے پہن رکھے ہوں ❖

اُدڑ گدڑ سو وسے، مرجا دوالا رووسے (ہ) مثل۔ غریب مزے سے سوتا ہے، امیر کو نیند نہیں آتی ❖

اِدّعا (اِد۔ دِعا) (ع) مذکر (۱) دعویٰ کرنا۔ ایسی بات کو اپنی طرف منسوب کرنا، جو واقعی نہ ہو۔ بے دلیل بات کہنا (۲) خواہش کرنا ❖ **اِدّعائے مالکیت** (ع) مذکر۔ مالک ہونے کا جھوٹا دعویٰ کرنا ❖

ادعیہ (اَد۔ عیَہ) (ع) مذکر و مؤنث۔ دعا کی جمع۔ دعائیں ❖ **ادعیۂ ماثورہ** (ع) مذکر و مؤنث۔ وہ دعائیں جو رسول اللہ صلعم سے منقول ہیں ❖

اِدغام (اِد۔ غام) (ع) مذکر (۱) ایک جنس کے دو حرف آپس میں ملا دینا (۲) ایک صنعت (۳) کسی چیز کو چبانے کے بغیر کھانا (۴) گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ❖

اَدَق (اَ دَق) (ع) از حد دقیق۔ بڑا مشکل (عبارت اور مضامین کے متعلق بولتے ہیں) ❖

ادقچہ (اَدَق۔ چہ) (ت) مذکر۔ پلنگ کی نفیس چادر، جس کے حاشیے پر کارچوبی یا کلابتونی کام بنا ہوتا ہے۔ اس کا حاشیہ دار کنارہ آدھ آدھ گز کے قریب نیچا لٹکتا رہتا ہے ❖

ادل بدل (اَدَل۔ بَدَل) | (ہ) (عو) (۱) مذکر (۲) مؤنث) (۱) ایک چیز دے کر
ادلا بدلا (اَد۔ لا، بَد۔ لا) | اس کے عوض میں دوسری چیز لینا۔ عوض معاوضہ
ادلی بدلی (اَد۔ لی۔ بَد۔ لی) | (۲) الٹ پھیر۔ تغیر و تبدل ❖ **ادلے کا بدلا** (ہ) مثل۔ جیسے کو تیسا۔ نیکی کے بدلے نیکی، بدی کے بدلے بدی ❖

ادل پہچان (اَدَل، پہ۔ چان) (ہ) وہ چیز جو فکر و تامل، شک و شبہ اور دقت کے بغیر پہچانی جا سکے (لکھنؤ میں فصحا نہیں بولتے) ❖

ادلا (اَد۔ لا) (عربی عضلہ کا معرب) مذکر۔ بڑے بڑے حلال جانوروں کی ٹانگ کا بے ریشہ گوشت ❖

اَدِلّہ (اَ دِل۔ لہ) دلیل کی جمع۔ دلیلیں ❖

اُدَم (اُد۔ دَم) (ہ) مذکر۔ کوشش۔ محنت ❖ **اُدَم سے دلدر گھٹے** (ہ) مثل۔ کوشش اور محنت سے نحوست دور ہو جاتی ہے ❖

اُدمات (اُد۔ مات) | (ہ) مؤنث۔ جوانی کی مستی۔ شباب کا ولولہ ❖
اُدماد (اُد۔ ماد) |

اُدماتا (اُد۔ ما۔ تا) (ہ) مذکر۔ شباب کے ولولے اور جوانی کے نشے سے چور ❖

اُدمات لگنا (ہ) مست ہونا۔ مستی سوجھنا ❖ **اُدماتی** (ہ) مؤنث۔ (دیکھیے اُدماتا) ❖

ادنیٰ (اَد۔ نا) (ع) (۱) چھوٹے درجے کا۔ کم رتبہ (۲) تھوڑا۔ خفیف (۳) چھوٹا ❖

ادوات (اَد۔ وات) (ع) مذکر۔ ادات کی جمع۔ اوزار۔ ہتھیار ❖

ادوار (اَد۔ وار) (ع) مذکر۔ دَور کی جمع (۱) مدتیں۔ عرصے۔ زمانے (۲) چکر ❖

ادوان (اَد۔ وان) (ہ) مؤنث (دہلی) چارپائی کی پائنتی کسنے کی رسی ❖

ادوائن (اَد۔ وا۔ ئن) (ہ) مؤنث (لکھنؤ) (۱) دیکھیے ادوان (ٹوٹنا، ڈھیلی ہونا، کسنا، کھینچنا کے ساتھ) (۲) وہ بان، جو چرخے میں لگایا جاتا ہے ❖ **ادوائن کا طوطا** (ہ) مذکر۔ ٹانگیں پھیلا کر نہایت آہستہ چلنے والا ❖

ادویات (اَد۔ ویات) (ع) مؤنث۔ دوا کی جمع الجمع ❖ **ادویہ** (اَد۔ ویَہ) (ع) مؤنث۔ دوا کی جمع۔ دوائیں ❖

ادھ (اَدھ) (ہ) آدھا کا مخفف۔ لفظوں کے شروع میں آتا ہے، اکیلا نہیں آتا ❖ **ادھ بیچ** (ہ) درمیان (اب فصحا نہیں بولتے) ❖ **ادھ پکا** (ہ) آدھا پکا ہوا (کھانے کے لیے) ❖ **ادھ پئی** (ہ) مؤنث (۱) آدھ پاؤ کے وزن کا باٹ (۲) آدھ پاؤ کے وزن کی کوئی چیز ❖ **ادھ جل گگری چھلکت جائے** (ہ) مثل (عو) کمینہ شخص تھوڑا سا مقدور ہونے پر اترانے لگتا ہے ❖

ادھ سیرا (ہ) مذکر۔ آدھ سیر کے وزن کا باٹ ❖ **ادھ سیری** (ہ) مؤنث۔ (۱) آدھ سیر کے وزن کی کوئی چیز (۲) وہ برتن، جس میں آدھ سیر وزن کی کوئی چیز پک یا سما سکے ❖ **ادھ کچرا** (ہ) (عوام) (۱) گدر، کچا (۲) ناتمام کام ❖ **ادھ کچلا** (ہ) آدھا کوٹا ہوا۔ موٹا کوٹا ہوا۔ نیم کوفتہ ❖ **ادھ موا** (ہ) مرنے کے قریب۔ نیم جان (کرنا، ہونا کے ساتھ) ❖ **اَدّھا** (ہ) مذکر (۱) کسی مقررہ مقدار کا آدھا (۲) بوچے کی قطعے کی گٹھی (۳) شراب کی بوتل (۴) ہر چھوٹی

بڑتل (۵) لاکھ اور کانچ کی چوڑیوں کے پورے جوڑے کا نصف (۶) لڑکوں کا ایک کھیل (۷) طبلے اور پکھاوج کی ایک تال ﴿ **اُدّھا بَدنا** (ہ) اُدّھا کے کھیل میں لڑکوں کا باہم اقرار کرنا کہ جب ایک دوسرے کو کوئی چیز کھاتے دیکھے تو آدھی بانٹ لے ﴿

اَدھاڑ (اَدھَاڑ) (ہ) مذکر۔ ناشتے کے طور پر کچھ کھانا۔

اُدھار (اُدھَار) (ہ) مذکر۔ نقد کے برعکس۔ قرض ﴿ **اُدھار آنا** (ہ) (۱) کوئی چیز قرض خریدی جانا (۲) کسی پر قرض آنا ﴿ **اُدھار بیوہار** (ہ) (عوام) قرض و دام ﴿ **اُدھار دیجیے دشمن کیجیے** (ف) مثل۔ قرض دینا دوست کو دشمن بنانا ہے ﴿ **اُدھار دینا** (ہ) قرض دینا ﴿ **اُدھار کھانا** (ہ) قرض سے گزارہ کرنا ﴿ **اُدھار کھانا پھوس کا تاپنا برابر ہے** (ہ) مثل۔ جس طرح پھوس جلد جل کر خاک ہو جاتا ہے، اسی طرح اُدھار کی چیز میں برکت نہیں ہوتی۔ اُدھار لینے والے کو کبھی خوش حالی اور اطمینان نصیب نہیں ہو سکتا ﴿

اُدھار کھائے ہیں }
اُدھار کھائے ہوئے ہیں } (ہ) تلے ہوئے ہیں، پوری طرح آمادہ ہیں۔ بالکل تیار بیٹھے ہیں ﴿
اُدھار کھائے بیٹھے ہیں }

اُدھار کی کیا ماں مری ہے (ہ) مقولہ (۱) نقد پاس نہ سہی، قرض تو لیں گا (۲) اُدھار تو کہیں نہ کہیں سے مل ہی جائے گا ﴿ **اُدھار لینا** (ہ) قرض لینا ﴿ **اُدھار مانگنا** (ہ) قرض مانگنا ﴿

اَدھر (اَدَھر) (ہ) بین بین۔ معلق۔ اِدھر نہ اُدھر۔ بے سہارے ﴿ **اَدھر چلنا** (ہ) (۱) اس طرح چلنا کہ پاؤں زمین پر نہ لگیں (۲) اترا کر چلنا ﴿ **اَدھر میں پڑے ہیں** ۔ کسی طرف کے نہیں۔ یک سُوئی نہیں ﴿ **اَدھر میں چھوڑنا** (ہ) (۱) کسی طرف کا نہ رکھنا (۲) (کنایۃً) عین وقت پر بے وفائی کرنا۔ دغا دینا ﴿ **اَدھر میں لٹکنا** (ہ) یک سُوئی کی حالت نہ ہونا۔ نہ مرنا نہ جینا۔ بیچ میں لٹکا ہوا ہونا ﴿

اِدھر (اِدَھر) (ہ) (۱) پاس۔ قریب۔ یہاں (۲) اِس طرف (۳) اِن دنوں، اِس زمانے میں (۴) حسنِ کلام کے لیے زائد ﴿ **اِدھر آیا اُدھر گیا** (ہ) مقولہ۔ ذرا قیام نہیں۔ جاتے کچھ دیر نہیں لگتی ﴿ **اِدھر اُدھر** (ہ) (۱) چار طرف۔ ارد گرد۔ آس پاس (۲) یہاں وہاں۔ ایسی ایسی جگہ (۳) داہنے بائیں۔ دونوں طرف (۴) بے محل۔ جگہ سے بے جگہ (۵) تتر بتر۔ منتشر۔ پراگندہ (۶) غائب ہونا اور ٹل جانا (۷) یہ دونوں لفظ دو فعلوں کے ساتھ آکر اکثر بے ثباتی اور قائم نہ ہونے کے معنی دیتے ہیں ﴿ **اِدھر اُدھر پھرنا** (ہ) آوارہ گردی کرنا ﴿ **اِدھر اُدھر سے لینا** (ہ) (۱) ہر طرف سے اکٹھا کرنا (۲) اعتدال سے بڑھی ہوئی چیز کاٹنا چھانٹنا (۳) جگہ جگہ سے قرض لینا ﴿ **اِدھر اُدھر کر دینا** (ہ) چرا لینا۔ اُڑا دینا۔ غائب کر دینا ﴿ **اِدھر اُدھر کی باتیں** (ہ) مؤنث۔ یہاں وہاں کا ذکر۔ مختلف قسم کے تذکرے۔ معمولی باتیں ﴿ **اِدھر اُدھر کی کہنا** (ہ) متفرق باتیں کرنا ﴿ **اِدھر سے اُدھر، اُدھر سے اِدھر** (ہ) ایک مقام پر دم نہ لینا اور نچلا نہ بیٹھنا ﴿ **اِدھر سے اُدھر کر دینا** (ہ) (۱) بے ترتیب کر دینا (۲) چرا لینا۔ غائب کر دینا ﴿ **اِدھر قبلہ اُدھر قبر، بیچ میں موتیں کدھر** (ہ) مثل (عو) یوں بھی مشکل، دوں بھی مشکل۔ کوئی بات کرتے نہیں بنتی ﴿ **اِدھر کاٹے اُدھر پلٹ جائے** (ہ) مثل۔ سانپ کی طرح کاٹتے ہی پلٹ جائے۔ ایذا دے اور فوراً انکار کر دے۔ آزار پہنچائے اور مکر جائے ﴿ **اِدھر کا نہ اُدھر کا** (ہ) کسی میں شمار نہیں۔ کسی طرف کا نہیں ﴿ **اِدھر کنواں اُدھر کھائی** (ہ) مثل۔ کچھ کرتے بن نہیں پڑتی۔ ہر صورت سے مشکل ہے۔ ہر طرح نقصان ہے ﴿ **اِدھر کی اُدھر کرنا (لگانا)** (ہ) اِس سے اُس کی اور اُس سے اِس کی بات کہہ دینا۔ چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا ﴿ **اِدھر کی دنیا اُدھر کرنا** (ف) عالم کو درہم برہم کرنا ﴿ **اِدھر کی دنیا اُدھر ہو جانا** (ف) (۱) انقلاب عظیم ہو جانا۔ عالم کا تہ و بالا ہو جانا۔ زمانے کا درہم برہم ہو جانا (۲) کسی بات سے باز نہ آنا۔ کسی حالت میں۔ کسی صورت سے۔ چاہے جو کچھ ہو ﴿ **اِدھر کی راہ نہ چلے** (ف) مقولہ۔ اس طرف کا قصد نہ کرے۔ اِدھر رُخ نہ کرے ﴿ **اِدھر کی نہ اُدھر کی، یہ بلا کدھر کی** (ف) مثل۔ (عو) یہ کسی قابل نہیں۔ اسے کوئی نہیں پوچھتا ﴿ **اِدھر کی ہوا اُدھر نہیں جاتی** (ف) مقولہ۔ کمال بے تعلقی ہے۔ ذرا تعلق نہیں ﴿ **اِدھر کے اُدھر پھرنا** (ہ) کوئی کام کاج نہ کرنا۔ بے کار پھرنا ﴿ **اِدھر کے نہ اُدھر کے** (ہ) محاورہ۔ کسی شمار میں نہیں۔ کسی طرف کے نہیں ﴿ **اِدھر ہاتھ لانا** (ہ) جب کوئی اچھی بات سوجھ جائے تو بے تکلفی سے اس کی داد چاہنے کو یہ کلمہ کہتے اور ہاتھ ملاتے ہیں ﴿ **اِدھر ہونا یا اُدھر ہونا** (ہ) (۱) جھگڑا چکنا۔ یک سُوئی ہونا (۲) جان کنی سے نجات پانا (۳) دوسری ترکیبوں کے ساتھ بھی مستعمل ہے ﴿

اُدھر (اُدَھر) (ہ) (۱) دُور (۲) اُس طرف (۳) پیشتر۔ سابق میں (۴) (کنایۃً) خدا کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے ﴿ **اُدھر سے** (ہ) (۱) دوسرے فریق کی طرف سے۔ اُس طرف سے (۲) خدا کی طرف سے ﴿ **اُدھر ہی اُدھر** (ہ) بالا بالا۔ اُوپر ہی اُوپر۔ باہر ہی باہر ﴿

اَدھراج (اَدھ۔راج) (ہ) مذکر۔ راجاؤں کا راجہ۔ مہاراجہ ﴿

اُدھڑنا (اُدَھڑنا) (ہ) (۱) ٹانکے ٹوٹنا۔ سیون کھلنا (۲) سخت پٹنا اور مار کھانا۔ کھال اُدھڑ جانا۔ جسم سے پوست جدا ہو جانا (۳) زیر بار ہونا۔ تباہ ہونا (۴) کھل جانا ﴿

اُدھل (اُدھَل) (ہ) اُدھلنا کا امر ﴿ **اُدھل جانا** (ہ) (عو) (۱) عورت کا خراب اور آوارہ ہو جانا (۲) عورت کا جوشِ مستی میں آپ سے باہر ہو جانا ﴿ **اُدھلی چتون** (ہ) مؤنث (عو) نفسانی خواہش سے بھری ہوئی نظر۔ مستانہ چتون ﴿

ادہم (اَدْ۔ہَم) (ع) مذکر (۱) سیاہ رنگ کا گھوڑا (۲) ایک بادشاہ، جو ابراہیم بلخی کے باپ تھے اور یہ اسی نسبت سے ابراہیم ادہم مشہور ہیں ﴿

اُدھم۔ اُدّھم (اُدَھم، اُدّھ۔دَھم) (ہ) مذکر و مؤنث۔ ہنگامہ۔ شور۔ غل ﴿

اُدَھم اٹھانا
اُدَھم جوتنا
اُدَھم کرنا
اُدَھم مچانا
} (ہ) ہنگامہ برپا کرنا، شور غل کرنا ؛

ادھن (اَ دَھن) (ہ) (۱) وہ پانی، جو چاول، دال یا کھچڑی پکانے کے لیے پہلے جوش کیا جاتا ہے، وہ پانی، جسے کھانا پکانے کے لیے گرم کریں (۲) (مجازاً) گرم پانی (۳) غریب۔ کنگال۔ مفلس (۴) مذکر۔ مفلس آدمی وغیرہ ؛

اَدھنّا (اَدھن۔ نا) (ہ) مذکر۔ آدھ آنے کا سکّہ۔ ٹکا ؛

ادھواڑ (اَدھ۔ واڑ) (ہ) (۱) جہاں سے کوئی چیز آدھوں آدھ ہو۔ بیچوں بیچ (۲) دو رنگ کا چپ یعنی کبوتر یا کنکوا ؛

ادھوتر (اَدھو۔ تَر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا دیسی سوتی کپڑا، جو اکثر غریب لوگ پہنتے ہیں۔ فصحا عموماً دھوتر کہتے ہیں ؛

ادھورا (اَدھو۔ رَا) (ہ) (۱) پورا کے برعکس۔ ناقص۔ ناتمام (۲) (مجازاً) وہ شخص جو کسی بات میں حد کمال کو نہ پہنچا ہو ؛

ادھوڑی (اَدھو۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ گائے۔ بھینس کا کمایا ہوا چمڑا۔ موٹا کچا چمڑا ؛

ادھوڑی استر (ہ) مذکر۔ وہ جوتا، جس میں اوپر نری اور استر میں ادھوڑی ہو ؛

ادھوڑی تاننا (ہ) (عوام) اتنا زیادہ کھانا کہ پیٹ اچھی طرح تن جائے اور سانس پیٹ میں نہ سمائے ؛

آدھی (اَدھ۔ دھی) (ہ) مؤنث (۱) پیسے کا آٹھواں حصّہ (۲) ایک قسم کا نہایت اچھا اور باریک سفید سوتی کپڑا ؛ **آدھی آدھی پر جان جاتی ہے** (۱) مقولہ۔ نہایت کنجوس ہے ؛ **آدھی آدھی پر جان دینا** (۱) انتہائی بخل کرنا۔ بے حد کنجوس ہونا ؛ **آدھی آدھی کا حساب** (۱) مذکر۔ ذرا ذرا سی چیز کا حساب ؛ **آدھی کی چوں چوں** (ہ) مؤنث (کنایتہً) از حد حقیر اور کم قیمت ؛ **آدھی کی ہانڈی بھی ٹھونک بجا کے لیتے ہیں** (ہ) مثل۔ ہر کام بخوبی سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے (اکثر نسبت پختہ کر لینے کے مقام پر بولتے ہیں) ؛ **آدھی کے نون کو جاؤں لاؤ میری پالکی** (ہ) مثل۔ نیم شیخی خورے امیر کے متعلق بولتے ہیں، جو کوئی چیز موقع بے موقع استعمال کر کے چھچھورپن دکھاتے ؛ **آدھی کے واسطے پیسے کا تیل جلا دیا** (ہ) چھوٹے فائدے کی خاطر بہت نقصان اٹھانا ؛

اَدھیا (اَدھ۔ یا) (ہ) مؤنث۔ پیداوار کی دو حصّے کی بانٹ ؛ **ادھیا سا گیا** (ہ) آدھا ہو گیا ؛ **ادھیانا**۔ آدھوں آدھ بانٹنا۔ دو برابر حصّے کرنا ؛

ادھیراج (اَدِھی۔ راج) (ہ) مذکر۔ (دیکھو ادھراج) ؛

ادھیڑ (اَدِھیڑ) (ہ) نہ جوان نہ بوڑھا۔ درمیانی عمر کا۔ جس کی عمر جوانی اور بڑھاپے کے درمیان ہو ؛

اُدھیڑ (اُدِھیڑ) (ہ) اُدھیڑنا کا امر ؛ **اُدھیڑ بُن** (ہ) مؤنث۔ تردد۔ منصوبہ۔ فکر۔ سوچ بچار ؛ **اُدھیڑنا** (ہ) (۱) ٹانکے توڑنا۔ سیون کھولنا (۲) پٹی ہوئی چیز کو اکھاڑنا (۳) کھال کھینچنا۔ پر نوچنا (۴) بہت زیادہ مارنا (۵) عیب ظاہر کرنا۔ راز فاش کرنا ؛ **اُدھیڑنا بُننا** (ہ) (۱) کھونا باندھنا۔ بگاڑنا بنانا (۲) (کنایتہً) کسی معاملے میں فکر اور غور کرنا۔ منصوبہ اور تدبیر سوچنا ؛

ادھیلا (اَدِھے۔ لا) (ہ) (عوام) آدھا پیسہ۔ خواص دھیلا کہتے ہیں ؛ **ادھیلا نہ دے ادھیلی دے** (ہ) مثل۔ تھوڑے نقصان سے بچنے کے خیال میں زیادہ نقصان اٹھانے کے موقع پر کہتے ہیں ؛

ادھیلیا (اَدِھیل۔ یا) (ہ) مذکر (۱) آدھی پائی۔ آدھے ڈبل کا انگریزی سکہ (لکھنؤ میں سے ڈبل دھیلا بھی کہتے ہیں) (۲) وہ کنکوا جو آدھے پیسے میں آتا ہے ؛

ادھیلی (اَدِھے۔ لی) (ہ) مؤنث (عوام) آدھا روپیہ۔ اٹھنی (فصحا "آٹھ آنے" کہتے ہیں) ؛

ادھین (اَدِھین) (ہ) مذکر (۱) مطیع۔ فرماں بردار (۲) ملازم ؛

ادیان (اَد۔ یان) (ع) مذکر۔ دین کی جمع۔ مذاہب ؛

ادیب (اَدِیب) (ع) مذکر (۱) علم ادب جاننے والا۔ زبان دان (۲) ادب سکھانے والا۔ اتالیق ؛

ادیم (اَدِیم) (ع) مذکر (۱) خوشبودار چمڑا، جو عرب میں تیار کیا جاتا ہے (۲) سطح زمین یا آسمان ؛ **ادیم یمنی** (ع۔ ف) مذکر۔ یمن کا خوشبودار دھاریوں والا رنگین چمڑا ؛

ا - ڈ

اڈّا (اَڈ۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) بیٹھک، جو پالتو چڑیوں کے بیٹھنے کو بنائی جاتی ہے (۲) کارچوبی بنانے اور جالی کاڑھنے کا چوکھٹا (۳) وہ جگہ، جہاں کہار کرایہ پر جانے کے لیے بیٹھتے ہیں (۴) (مذاقاً) وہ مقام، جہاں کوئی شخص اکثر بیٹھے (۵) گوٹے کناری کے تھان کی مقدار (۶) (دہلی) کسبیوں اور طوائفوں کے رہنے کا مقام (لکھنؤ میں چکلا بولتے ہیں) (۷) وہ تپائی، جس پر بیٹھ کر گوٹا بنا جاتا ہے (۸) گاڑیوں، تانگوں اور یکّوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ ؛

اڈمشن (اَڈ۔ مِشَن) (انگ Admission) مؤنث۔ اجازت۔ داخلہ۔ پروانگی ؛

اڈمنسٹریشن (اَڈ۔ مِنِس۔ ٹرے۔ شَن) (انگ Administratation) مذکر۔ انتظام حکومت ؛

اُڈو اُڈو (اُڈ۔ ڈو۔ اُڈ۔ ڈو) (ہ) مؤنث۔ آوارہ پھرنے والی عورت ؛ **اُڈو اُڈو ہونا** (ہ) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ انگشت نما ہونا۔ نگاہوں سے گر جانا۔ نکو ہونا ؛

اَڈی (اَڈ۔ ڈی) (ہ) مؤنث (۱) جوتے کا پچھلا حصّہ، جو پنجے کے مقابل ہوتا ہے (۲) کپڑے کی وہ کلی جو عورتوں کے شلوکے میں کٹوری اور آستین کے بیچ میں ہوتی ہے ؛

اڈیٹر (دیکھیے ایڈیٹر) ؛

اڈیٹوریل (دیکھیے ایڈیٹوریل) ؛ **اڈیٹوریل کالم** (دیکھیے ایڈیٹوریل کالم) ؛ **اڈیٹوریل نوٹ** (دیکھیے ایڈیٹوریل نوٹ) ؛

اڈیشن (دیکھیے ایڈیشن) ؛ **اڈیشنل** (دیکھیے ایڈیشنل) ؛

ا-ذ

اذان (اَ ذَانْ) (ع) مؤنّث (۱) نماز کے وقت قبلہ رُخ کھڑے ہو کر کانوں میں کلمے کی اُنگلی ڈالتے ہوئے عربی زبان کے چند مقررہ کلمے (اللہ اکبر اللہ اکبر..... الخ) بلند آواز سے کہنا (۲) بچّے کی پیدائش کے وقت اسے نہلا دھلا کر اس کے ایک کان میں اذان اور دوسرے میں اقامت کہنا (۳) طوفان، مہلک بیماریوں، قحط، آندھی کے دفع ہونے اور پانی برسنے کے لیے بھی اذانیں دی جاتی ہیں (۴) صبح کو مُرغ کا بولنا (دینا، کہنا، ہونا کے ساتھ) ؁

اِذعان (اِذْ۔عَانْ) (ع) مذکّر۔ یقین کرنا۔ بھروسا کرنا۔ اعتبار کرنا ؁

اَذْفَر (اَذْ۔ فَرْ) (ع) خالص اور ہر وہ چیز، جس کی بُو تیز ہو، جیسے مُشکِ اذفر ؁

اَذْکار (اَ ذْ۔کَارْ) (ع) مذکّر (۱) ذِکر کی جمع۔ بیانات۔ قصّے۔ کہانیاں (۲) وعظ (۳) وِرد وظیفے ؁

اِذْکار (اِ ذْ۔ کَارْ) (ع) مذکّر (۱) حمد کرنا۔ تسبیح پڑھنا (۲) یاد دلانا (۳) اطاعت کی ہدایت کرنا ؁

اَذْکِیا (اَذْ۔کِیَا) (ع) مذکّر۔ ذکی کی جمع۔ ذہین اور ہوشیار لوگ ؁

اِذْن (اِذْنْ) (ع) مذکّر (۱) اجازت (دینا، لینا، مانگنا وغیرہ کے ساتھ) (۲) حکم فرمان۔ آگیا ؁ **اِذنِ عام** (ع) مذکّر (۱) عام اجازت (۲) جنازے کی نماز کے بعد میّت کا وارث عام اجازت دیتا ہے کہ جسے جانا ہو، چلا جائے (پکارنا، سنانا، کہنا کے ساتھ) ؁

اذہان (اَذْ۔ ہَانْ) (ع) مذکّر۔ ذہن کی جمع۔ عقل۔ ادراک۔ لیاقت۔ سمجھ ؁

اذیت (اَ ذِیْ۔ یَتْ) (ع) مؤنّث۔ دُکھ۔ تکلیف۔ نقصان۔ ایذا ؁

ا-ر

ار (اَرْ) (ن) مذکّر (۱) ایک قسم کا درخت، جس کی لکڑی بہت ہلکی ہوتی ہے (۲) کانٹا۔ آنکس (۳) (ف) اگر ؁

اَرْاَرا کے بیٹھ جانا | **اَرْاَرا کے گر پڑنا** } (ہ) اچانک گر پڑنا۔ کسی درخت یا چھت کا بیٹھ جانا۔ پختہ عمارت یا دیوار کا اچانک اس طرح گر جانا کہ اس سے بڑی آواز آئے ؁

ارَّا (اَرْ۔ رَاّ) (ہ) مؤنّث۔ ایک قسم کی خراب تُرئی ؁

ارابہ (اَرَا۔ بَہْ) (ف) مذکّر۔ چھکڑا۔ گاڑی۔ سامان لادنے کی گاڑی۔ توپ کا سامان، گولہ بارود وغیرہ رکھنے کی گاڑی ؁

اِرادت (اِ رَا۔ دَتْ) (ع) مؤنّث۔ اعتقاد۔ یقین (رکھنا، ہونا کے ساتھ) ؁ **ارادت مند** (ع۔ ف) اعتقاد رکھنے والا۔ معتقد۔ مرید ؁ **ارادت مندی** (ع۔ ف) مؤنّث۔ اعتقاد ؁

ارادہ (اِرَا۔ دَہْ) (ع) مذکّر (۱) قصد۔ عزم (۲) نیّت۔ خواہش (باندھنا، بندھنا، رکھنا، کرنا کے ساتھ) ؁ **اِرادی** (ف) اختیاری ؁ **اِرادے** (ن) مذکّر۔ ارادہ کی جمع ؁

اراذل (اَرَا۔ ذِلْ) (ع) مذکّر۔ ارذل کی جمع۔ کمینے۔ نیچ۔ کم ذات۔ اوچھے ؁

اراراٹ (اَرَا۔ رَاٹْ) (ن) مذکّر۔ آرمینیا کا ایک پہاڑ۔ روایت ہے کہ حضرت نوحؑ کی کشتی اسی پہاڑ پر آ کر ٹھہری تھی۔ کوہِ جودی ؁

اراروٹ (اَرَا۔ رُوٹْ) (ہند) (انگ ایرو روٹ Arrow root) مذکّر۔ ایک قسم کی غذا، جو ہندوستان میں ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی اور بچوں اور بیماروں کو دُودھ یا پانی کے ساتھ دی جاتی ہے ؁

اراضی (اَرَا۔ ضِیْ) (ع) مؤنّث۔ ارض کی جمع۔ زمین۔ دھرتی۔ کھیتی باڑی کی زمین۔ کھیت ؁ **اراضی افتادہ** (ع۔ ف) مؤنّث۔ غیر آباد اور بے کاشت زمین ؁ **اراضی بندوبستی** (ع۔ ف) مؤنّث۔ وہ زمین، جس کا بندوبست کیا گیا ہو ؁ **اراضی جلکر** (ع۔ ہ) مؤنّث۔ وہ زمین، جس میں برساتی پانی اس کی آبپاشی کے لیے جمع کیا جائے ؁ **اراضی خالصہ** (ع) مؤنّث۔ خالص سرکاری زمین ؁ **اراضی دریا برآمد** (ع۔ ف) مؤنّث۔ دریا کے باعث بنی ہوئی زمین ؁ **اراضی دریا بُرد** (ع۔ ف) مؤنّث۔ جو زمین دریا کے سیلاب سے ڈوب گئی ہو ؁ **اراضی سُکنیٰ** (ع) مؤنّث۔ وہ زمین، جس پر رہنے سہنے کے لیے مکانات بنائے جاتے ہیں ؁ **اراضی شاملات (شاملاتی)** (ع۔ ف) مؤنّث۔ مشترکہ زمین، جو تقسیم نہ ہوئی ہو ؁ **اراضی شور** (ع۔ ف) مؤنّث۔ کلر اور بنجر زمین، جس میں کاشت نہ ہو سکے ؁ **اراضی بلاخراج** (ع) مؤنّث۔ وہ زمین، جس کا لگان معاف ہو ؁ **اراضی معافی** (ع) مؤنّث۔ وہ زمین، جس کی مال گزاری معاف ہو ؁ **اراضی منضبط** (ع) مؤنّث۔ وہ زمین، جو ضبط ہو گئی ہو ؁ **اراضی نوتردد** (ع) مؤنّث۔ نئی کاشت کی ہوئی زمین ؁ **اراضی وقف** (ع) مؤنّث۔ وہ زمین، جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو اور مسجد مندر وغیرہ کے لیے چھوڑی گئی ہو ؁ **اراضیات** (ع) مؤنّث۔ زمین اور اس کی ہیئت مجموعی کے لیے علم۔ علم ترکیب زمین۔ ... علم طبقاتِ کرۂ ارض ؁

اراکین (اَرَا۔ کِیْنْ) (ع) مذکّر۔ رکن کی جمع الجمع (۱) کھمبے۔ اڑواڑین (۲) امراء وزراء (۳) وہ لوگ، جنھیں کسی گروہ میں خاص اختیار و امتیاز حاصل ہو ؁

اَرّانا (ہ) (۱) کنکوے کا ہوا کے رُخ پر گھومنا (۲) دن چڑھے تک سونا (۳) کسی چیز کا کہیں کثرت سے ہونا ؁

اَرَب (اَ رَبْ) (ہ) سَو کروڑ ؁ **ارب کھرب** (ہ) (۱) (مجازاً) اَن گِنت۔ بے شمار۔ بے اندازہ (۲) (عو) ظاہری سامان۔ شان و شوکت ؁

ارباب (اَرْ۔ بَابْ) (ع) مذکّر۔ رب کی جمع (۱) مالک۔ صاحب۔ والی (۲) دوست (۳) پالنے والے ؁ **اربابِ سخن** (ع۔ ف) مذکّر۔ شاعر لوگ ؁ **اربابِ عدالت** (ع) مذکّر۔ عدالت کے عہدہ دار ؁ **اربابِ عشرت** (ع۔ ف) مذکّر۔ خوشی کی محفل کے شریک۔ ناچ رنگ دیکھنے والے۔ جلیس۔ ہم صحبت ؁ **اربابِ نشاط** (ع۔ ف) مذکّر۔ گانے بجانے والے۔ ڈوم۔ قوّال ؁ **اربابِ معنی** (ع) مذکّر۔ عارف لوگ۔ اللہ والے ؁ **اربابِ ہمم** (ع) مذکّر۔ حوصلے اور ہمّت والے۔ دریادل۔ امیر لوگ ؁

اُربسی (اُرْ۔ بَسِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) راجہ اِندر کے دربار کی ایک پری (۲) سایہ۔ بھوت پریت (۳) روشنی۔ چمک دمک (۴) چھاتی پر پہننے کا ایک زیور ؁

اربع (اَرْ۔ بَعْ) (ع) چار ؁ **اربع جیوں کا توں، کنبہ ڈوبا کیوں** (ہ) مثل۔ اپنی بے عقلی سے اپنا گھر

تباہ کرنا، پھر قائل نہ ہونا ٭ **اربعۂ عناصر** (ع) مذکر۔ چار عنصر۔ آگ، ہَوا، پانی، مٹی، جن سے دُنیا کے کُل اجسام نے ترکیب پائی ٭ **اربعۂ متناسبہ** (ع) مذکر۔ حساب کا ایک قاعدہ، جس میں دو ہم جنس اور ایک غیر جنس معلوم عددوں کے ذریعے سے چوتھا نامعلوم عدد دریافت کیا جاتا ہے ٭

اربعین (اَرْ۔ بَعِیْن) (ع) (۱) چالیس (۲) چالیس دن (۳) چلّہ (۴) چالیس حدیثوں کے مجموعے، جو مختلف لوگوں نے مرتّب کیے ہیں ٭

اِرتباط (اِرْ۔ تِبَاط) (ع) مذکر (۱) ربط۔ میل جول۔ واسطہ۔ تعلّق۔ دوستی (۲) محبّت ٭

ارتجال (اِرْ۔ تِجَا۔ ل) (ع) مذکر (۱) سوچنے کے بغیر بولنا۔ جلد بولنا (۲) فوراً کام کرنا ٭

اَرتجالاً (اِرْ۔ تِجَا۔ لَنْ) (ع) بطورِ ارتجال۔ بر سبیلِ ارتجال۔ فی البدیہہ۔ بے سوچے (تقریر کرنا، شعر کہنا وغیرہ) ٭

اِرتحال (اِرْ۔ تِحَال) (ع) مذکر۔ کوچ کرنا۔ رحلت کرنا۔ مرجانا ٭

اِرتداد (اِرْ۔ تِدَاد) (ع) مذکر۔ مذہب سے پھر جانا۔ مرتد ہونا۔ اسلام چھوڑنا ٭

اِرتسام (اِرْ۔ تِسَام) (ع) مذکر (۱) نقش کرنا (۲) نقش و نگار۔ نقّاشی۔ مصوّری ٭

اِرتعاش (اِرْ۔ تِعَاش) (ع) مذکر۔ کانپنا۔ رعشہ ٭

اِرتفاع (اِرْ۔ تِفَاع) (ع) مذکر۔ بلندی۔ اُونچائی۔ اُبھار ٭

اِرتقا (اِرْ۔ تِقَا) (ع) مذکر (۱) اصُولِ ترقّی۔ مادہ و موجودات۔ نمود۔ انکشاف (۲) اوپر چڑھنا۔ ترقّی کرنا (۳) فوج یا جنگی جہازوں کی باقاعدہ حرکت ٭

اِرتکاب (اِرْ۔ تِکَاب) (ع) مذکر (۱) کام میں ہاتھ ڈالنا۔ اختیار کرنا۔ پسند کرنا (۲) غلطی یا گناہ کرنا۔ ناجائز کام شروع کرنا ٭ **اِرتکابِ جُرم** (ع) مذکر۔ جرم کرنا ٭

ارتنگ (اَرْ۔ تَنگ) (ف) مؤنّث (۱) مانی نقّاش کی تصنیف (۲) مذکر۔ ایک بُت خانہ (۳) نقّاشوں کے نقش کا صفحہ اور تختہ ٭

ارتھ (اَرْ تھ) (ہ) مذکر (۱) ترجمہ۔ بیان۔ معنی (۲) مطلب۔ ارادہ۔ نیّت ٭

ارتھمیٹک (اَرِتھ۔ مَیٹِک) (انگ۔ Arithmatic) مذکر (۱) علمِ حساب کی کتاب (۲) علمِ حساب ٭

ارتھی (اَرْ۔ تھی) (ہ) مؤنّث (۱) ہندوؤں کا جنازہ (۲) مردہ اٹھانے کے لیے بانس کی ایک سیڑھی سی ٭ **ارتھی نکلے** (ہ) (ہندو) (بددعا) مرجائے۔ لاش نکلے۔ جنازہ نِکلے ٭

اِرث (اِرْث) (ع) مؤنّث (۱) ترکہ۔ مُردے کا مال (۲) خاکستر ٭

ارج (اَرْج) (ف) مؤنّث (۱) قیمت۔ قدر۔ مرتبہ۔ عزّت۔ لیاقت۔ جوہر (۲) حد۔ اندازہ (۳) شان و شوکت (۴) گیندا ٭ **ارج مند۔ ارجمند** (ف) قدر و قیمت والا۔ عزّت والا۔ بلند رُتبہ۔ صاحبِ مرتبہ ٭

اِرجاع (اِرْ۔ جَاع) (ع) مذکر (۱) رُجوع کرنا۔ توجّہ کرانا (۲) دائر کرنا ٭

ارجاعِ نالش (ع۔ ف) مذکر۔ نالش دائر کرنا ٭

ارجل (اَرْ۔ جَل) (ع) مذکر۔ وہ گھوڑا، جس کا ایک پاؤں سفید اور تین دوسرے رنگ کے ہوں۔ یہ منحوس خیال کیا جاتا ہے ٭

ارجن (اَرْ۔ جَن) (ہ) (۱) تیر انداز (۲) مذکر۔ پانچ پانڈووں میں سے ایک پہلوان کا نام۔ کرشن جی کا پھپیرا بھائی اور بہنوئی ٭

ارجنٹ (اَرْ۔ جَنْٹ) (انگ۔ Urgent) ضروری۔ فوری۔ تاکیدی ٭

ارحام (اَرْ۔ حَام) (ع) مذکر۔ رحم کی جمع (۱) کوکھ۔ بچّہ دان (۲) مادری رشتہ دار (۳) وہ بھائی بہن، جن کی ماں ایک اور باپ مختلف ہوں ٭

ارحم (اَرْ۔ حَم) (ع) مذکر۔ بڑا رحم کرنے والا۔ نہایت مہربانی کرنے والا۔ رحیم۔ رحمٰن ٭ **ارحم الرّاحمین** (ع) مذکر۔ رحیموں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والا۔ خُدا ٭

اُرد۔ اُڑد (اُرْد۔ اُڑْد) (ہ) مذکر۔ ماش ٭ **اُرد (اُڑد) پر سفیدی** (ہ) قلیل مقدار۔ بہت کم ٭ **اُرد (اُڑد) پڑھ کر مارنا** (ہ) جادوگر کا ماش کے دانوں پر کچھ پڑھ کر کسی طرف پھینکنا تاکہ اُس پر جادو کا اثر ہو جائے ٭ **اُرد (اُڑد) کے آٹے کی طرح اینٹھنا** (ہ) خواہ مخواہ اور بہت زیادہ اکڑنا ٭

اُردا بیگنی (اُرْ۔ دَا۔ بیگ۔ نی) (ا) وہ مسلّح ترکنی، جو مردانہ لباس میں محلّاتِ شاہی کے اندر اہتمام کرتی، حکم پہنچاتی اور پہرا چوکی کرتی ہے۔ قلماقنی ٭

ارداس (اَرْ۔ دَاس) (ہ) مؤنّث (گنوار) (۱) آسرا۔ توقع۔ اُمید۔ آس (۲) التجا۔ التماس۔ عرض معروض (۳) نذر نیاز۔ بھینٹ (یہ لفظ عرضداشت کا بگاڑا ہُوا ہے) ٭

ارداوا (اَرْ۔ دَا۔ وَا) (ہ) مذکر۔ جَو اور گیہوں کا بھنا ہُوا موٹا آٹا، جو پانی میں ملا کر گھوڑے کو کھلایا جاتا ہے۔ اس سے گھوڑا فربہ ہو جاتا ہے (غالباً اس لفظ کی اصل آرد آبہ ہے) ٭

اَردب (اَرْ۔ دَب) (ف) مذکر (۱) روکنے والا۔ چوٹ بچانے والا۔ درمیان میں آنے والا (۲) شطرنج کی اصطلاح میں وہ مہرہ، جو شاہ کو کشت سے بچانے کے لیے درمیان میں لایا جاتا ہے (دینا کے ساتھ) ٭

اردبیل (اَرْدَ۔ بِیل) (ف) مذکر۔ آذر بائیجان کا ایک شہر ٭

اِردگرد (اِرْدَ۔ گِرْد) (ہ) چوگرد۔ اِدھر اُدھر۔ آس پاس۔ چاروں طرف ٭

اردلی (اَرْ۔ دَلی) (ہند) (انگ۔ آرڈرلی۔ Orderly) مذکر۔ وہ چپراسی، جو حاکموں کے اجلاس پر حکم پہنچانے اور اہتمام رکھنے کے لیے ہوتا ہے، حاکم کے ساتھ کا سپاہی۔ پیادہ (۲) سواری کا جلوس۔ سواری کے ساتھ رہنے والے سپاہی۔ ہمراہی ٭ **اردلی بازار** (ہ) مذکر۔ بادشاہوں اور حاکموں کے دورے میں ساتھ رہنے والا بازار۔ رسد دینے والا ٭ **اردلی سارجنٹ** (ہ) مذکر۔ داروغہ۔ جمعدار۔ حوالدار ٭ **اردلی میں چلنا** (ہ) ساتھ چلنا۔ سواری کے ساتھ چلنا ٭ **اردلی میں رہنا** (ہ) سواری کے ساتھ رہنا ٭

اُردو (اُرْ۔ دُو) (ت) مذکر (۱) لشکر۔ لشکرگاہ (۲) ہندوستان کی وہ زبان، جو عربی، فارسی، ترکی، سنسکرت، بھاشا، انگریزی وغیرہ سے مل کر بنی ہے۔ ہندوستانی زبان۔ اُردو زبان اصل میں شاہجہان کے لشکر کی بولی تھی۔ اس لشکر میں جگہ جگہ کے آدمی طرح طرح کی زبان بولنے والے تھے۔ ان کے اختلاط و ارتباط سے ایک نئی ملی جلی زبان پیدا ہو گئی، جو اُردو کہلائی۔ یہ ہندوستان کی تمام قوموں اور فرقوں کی مشترکہ زبان ہے،

کسی خاص قوم یا فرقے کی مخصوص زبان نہیں ۔ **اُردو بازار** (د) مذکر (۱) چھاؤنی، صدر، کیمپ اور لشکر کا بازار (۲) دہلی کا ایک خاص بازار (۳) لاہور کا ایک خاص بازار، جو موری دروازے کے باہر موہن لال روڈ پر واقع ہے ۔ **اُردوئے معلّیٰ** (ف) مؤنث (۱) دربار کے اعلیٰ لوگوں کی زبان۔ فصیح اور مستند اُردو (۲) حضرت غالب مرحوم کا مجموعۂ خطوط ۔

اُردی بہشت (اُر۔ دِی۔ بہشت) (ف) [اُرد (مانند) اور بہشت سے مرکب، بہشت کے مانند] مذکر۔ ایرانیوں کا دوسرا مہینا، جو انگریزی اپریل اور ہندی جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے ۔

اَرذل (اَر۔ ذَل) (ع) (۱) گھٹیا قسم کا (۲) نہایت کمینہ آدمی ۔

اَرڑانا (اَر۔ ڑا۔ نا) (ہ) چیخنا ۔

اَرز (اَرَز) (ف) مذکر (۱) قیمت۔ بھاؤ (۲) بزرگی۔ مرتبہ۔ قدر۔ عزت ۔

اَرزاق (اَر۔ زاق) (ع) مذکر۔ رزق کی جمع۔ مال و دولت ۔

اَرزاں (اَر۔ زاں) (ف) گراں کے برعکس۔ کم قیمت۔ سستا ۔ **ارزاں بعلّت گراں بحکمت** (ف) مقولہ۔ سستی چیز میں کوئی نہ کوئی خرابی اور مہنگی میں ایک نہ ایک خوبی ضرور ہوتی ہے ۔

اَرزانی (اَر۔ زانی) (ف) مؤنث (۱) سستا پن (۲) زیادتی۔ بہتات۔ کثرت (۳) بے توقیری۔ کم قدری ۔

ارزق۔ غلط ہے، ازرق صحیح ہے۔ دیکھیے "ازرق" ۔

اَرزَن (اَر۔ زَن) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا غلہ۔ چینا ۔

اَرژنگ (اَر۔ ژنگ) (ف) مذکر (۱) چین کے مشہور مصور مانی کا نگارخانہ، جس میں اس کی دستی تصویریں اور نقشے سجے ہوئے تھے (۲) بعض کے نزدیک مانی کا ایک ہم عصر چینی مصور (۳) ایک دیوتا، جسے رستم نے ماژندران میں قتل کیا تھا (۴) توران کا ایک پہلوان، جو طوس کے ہاتھ سے مارا گیا (۵) تصویروں اور نقشوں سے سجا ہوا مکان (۶) تصویروں کی کتاب ۔

اِرسال (اِر۔ سال) (ع) مذکر (۱) بھیجنا۔ روانہ کرنا (۲) مال گزاری کا روپیہ، جو زمیندار سرکاری خزانے میں داخل کرتا ہے (۳) (ف) سوغات۔ تحفہ ۔

ارسطاطالیس۔ ارسطو (اَرَس۔ طا۔ طا۔ لِیس، اَرَس۔ طُو) (یونانی) مذکر (۱) فاضل (۲) کامل (۳) مجادلہ، مناظرہ کرنے والا (۴) سکندر بادشاہ کا اُستاد اور وزیر اعظم، جو حکمائے یونان کے طبقے میں ایک نہایت جلیل القدر حکیم ہوا ہے۔ افلاطون کا شاگرد، لیکن لیاقت اور علم و فضل میں اس سے بڑھ کر تھا۔ اس نے طلبہ کے مدرسے کی بنیاد ڈالی اور متعدد کتابیں لکھیں۔ علم نحو، ادب، معانی، بیان، نظم و نثر مختلف علماء سے اور اخلاق، سیاست، طبیعیات اور الٰہیات کی تعلیم افلاطون سے حاصل کی۔ ۳۸۴ ق م میں اکسٹھ سال کی عمر پاکر فوت ہوا۔ وفات کی روایات میں اختلاف ہے ۔

ارسطوبُولَس (یونانی) مذکر۔ سکندریہ کا ایک یہودی، جو یہودی فلسفے کا بانی سمجھا جاتا ہے ۔

ارسلان (اَر۔ سَلان) (ت) مذکر (۱) شیر (۲) غلام (۳) سلجوق کا بیٹا، جو ایک ترک سردار تھا۔ اس کے بیٹے قتلمش نے ایشیائے کوچک میں سلجوقیوں کی سلطنت قائم کی ۔

اِرشاد (اِر۔ شاد) (ع) مذکر (۱) نیک ہدایت (۲) (مجازاً) حکم۔ بیان ۔ **ارشاد بجا لانا** (د) حکم کی تعمیل کرنا ۔ **ارشاد فرمانا یا کرنا** (د) (۱) کہنا، فرمانا۔ حکم دینا (۲) پڑھنا، سنانا ۔

اَرشد (اَر۔ شَد) (ع) (۱) بہت ہدایت یافتہ۔ فیض یافتہ (۲) مرزا عبدالغنی گورگانی مرحوم کا تخلص ۔ **ارشدک اللہ تعالیٰ** (ع) خدائے بزرگ تجھے نیک ہدایت دے ۔

ارشمیدس (اَر۔ شِ۔ مِی۔ دَس) (یونانی) مذکر۔ ایک شہرۂ آفاق اور یگانۂ روزگار ریاضی دان حکیم، علم جرِ ثقیل کا ماہر، اجرام فلکیہ کی حرکات معلوم کرنے کے آلے اور آتشی شیشے کا موجد تھا۔ ۲۱۲ ق م میں ایک جاہل سپاہی کے ہاتھ سے مارا گیا ۔

اَرض (اَرض) (ع) مؤنث۔ زمین۔ علاقہ۔ ملک۔ اراضی۔ کھیت ۔ **ارضِ مقدّس** (ع) مؤنث۔ فلسطین ۔ **ارض و سما** (ع) مذکر۔ زمین اور آسمان ۔

اَرضی (اَر۔ ضی) (ع) زمین کا۔ زمین کے متعلق ۔

ارضیات (اَر۔ ضِی۔ یات) (ع) مذکر۔ زمین کے طبقوں کا علم ۔

ارغن۔ ارغنون (اَر۔ غَن، اَر۔ غَنُون) (ف) مذکر۔ ارگن۔ ارغن۔ افلاطون کا ایجاد کیا ہوا باجا، جو کوک دینے سے بجتا ہے ۔

ارغوان (اَر۔ غَوان) (ف) مذکر (۱) باریک ٹہنیوں کا ایک درخت، جو موسم بہار میں پھولوں سے سرخ ہو جاتا ہے (۲) سرخ رنگ کا پھول (۳) (مجازاً) سرخ رنگ ۔

ارغوانی (اَر۔ غَوا۔ نِی) (ف) (۱) سرخ پھول (۲) سرخ رنگ (۳) سرخ ۔

اَرفع (اَر۔ فَع) (ع) نہایت بلند۔ زیادہ عالی پایہ ۔

اَرقام (اَر۔ قام) (ع) مذکر و مؤنث۔ رقم کی جمع۔ بہت سی رقمیں ۔

اِرقام (اِر۔ قام) (عربی میں یہ لفظ نہیں، اس کے بجائے ترقیم ہے۔ فارسیوں نے باب افعال پر چڑھا کر بنا لیا) (مغرس) مذکر۔ لکھنا ۔

ارکان (اَر۔ کان) (ع) مذکر۔ رکن کی جمع (۱) ستون۔ تھم (۲) امیر وزیر (۳) وہ امور، جن پر خاص خاص دنیوی یا دینی مسائل کا مدار ہو ۔ **ارکان ادا کرنا** (د) عبادت کو قواعد اور اصول کے مطابق پورا کرنا ۔ **ارکان ادا ہونا**۔ لازم ۔ **ارکانِ دولت۔ ارکانِ سلطنت** (ع) مذکر۔ وزراء۔ امراء۔ منتظمین سلطنت ۔

ارگجا (اَر۔ گَجا) (ہ) مذکر۔ ایک مرکب خوشبو، جو صندل، گلاب، کافور، مشک، عنبر وغیرہ سے بناتے ہیں ۔

ارگن (اَر۔ گَن) (ہند) (انگ۔ Organ) مذکر۔ آواز دینے والا۔ ایک خاص قسم کا باجا۔ دیکھیے "ارغن" ۔

ارل (اَرل) (انگ۔ Earl) مذکر۔ نواب۔ انگلستان میں تیسرے درجے کے امراء کا خطاب ۔

اِرم (اِرَم) (ع) مذکر (۱) ایک شہر، جس میں قوم عاد رہتی تھی۔ بہشتِ شدّاد (۲) بہشت بریں ۔

ارمان (اَر۔ مان) (ت) مذکر (۱) آرزو۔ تمنا۔ خواہش (۲) دریغ۔ تاسف۔ افسوس۔ حسرت ۔ **ارمان بھری گھونگا** (د) مؤنث۔ دل میں بہت سے

ارمان رکھنے والی عورت ٭ **ارمان پورا ہونا** (د) آرزو پوری ہونا ٭ **ارمان جی کا جی میں رہنا** (د) حسرت رہ جانا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔ ارمان نہ نکلنا ٭ **ارمان کرنا** (د) کسی امر کا حوصلہ کرنا۔ کسی بات کی آرزو کرنا ٭ **ارمان نکالنا** (د) حوصلہ نکالنا۔ حسرت پوری کرنا ٭ **ارمان نکلنا** (د) لازم ٭

ارمغان (اَرْمَغَانْ) (ف) مذکر۔ سوغات۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ انوکھی چیز ٭

ارمن۔ ارمنستان (اَرْ۔مَنْ، اَرْ۔مَنِسْ۔تَانْ) (ف) مذکر۔ ایشائے کوچک میں ترکوں کی سلطنت کا ایک صوبہ ٭ **ارمنی۔ ارمنیہ** (ف) ارمن کا رہنے والا ٭

ارنا (اَرْ۔نَا) (ہ) (۱) جنگلی (۲) مذکر۔ جنگلی بھینسا (۳) (عوام۔ عو) بہت موٹا کالا آدمی ٭ **ارنا اُپلا** (ہ) مذکر۔ جنگلی تھاپی ٭ **ارنا بھینسا** (ہ) مذکر (۱) جنگلی بھینسا (۲) موٹا۔ جوان۔ طاقت ور ٭ **اَرْنی** (ہ) مؤنث (۱) ارنا کی تانیث۔ جنگلی بھینس (۲) بانسری بنانے کا سرکنڈا ٭

اَرِنْڈ (اَرِنْڈْ) (ہ) مذکر۔ ایک درخت، جس کے پتے چوڑے اور لکڑی نہایت کمزور ہوتی ہے۔ اس کے بیجوں کا تیل نکالا جاتا ہے۔ بیدا نجیر ٭ **ارنڈ خربوزہ** (د) مذکر (۱) پپیتے کا درخت، جس کی شکل ارنڈ جیسی اور پھل خربوزے جیسا ہوتا ہے (۲) اس درخت کا پھل۔ پپیتا ٭ **اَرِنْڈی** (ہ) مؤنث (۱) ارنڈ کے درخت کا بیج (۲) ارنڈ کے بیج کا تیل، جو انگریزی طریقۂ علاج میں جلاب کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ٭ **ارنڈی (ارنڈ) کی جڑ** (ہ) مؤنث (۱) بیدا نجیر کی جڑ (۲) (مجازاً) کمزور۔ بودا۔ بے ثبات۔ ناپائدار ٭ **ارنڈی (ارنڈ) کی جڑ چاکری** (ہ) مثل (۱) ملازمت بہت بری چیز ہے (۲) ملازمت کا کیا بھروسا، آج ہے، کل نہیں ٭

اَرِنی (اَرِنِیْ) (ع) تو مجھے (اپنا جلوہ) دکھا۔ کوہِ طور پر حضرت موسیٰؑ نے بارگاہِ خداوندی میں درخواست کی کہ "رَبِّ اَرِنِیْ" "اے خدا! مجھے اپنا جلوہ دکھا" اُدھر سے جواب میں ارشاد ہوا "لَنْ تَرَانِیْ" "تو مجھے دیکھ نہ سکے گا" ٭ **اَرِنی گو۔ اَرِنی گوئے طور** (ع۔ف) مذکر۔ حضرت موسیٰؑ ٭

ارواح (اَرْ۔وَاحْ) (ع) مؤنث (۱) روح کی جمع۔ روحیں۔ جانیں۔ آتمائیں (۲) بھوت پریت۔ آسیب (۳) (عو) خواہش۔ نیت (۴) ریح کی جمع۔ ہوائیں ٭ **ارواح اُدھر ہی رہے** (ف) (عو) کسی مرے ہوئے کا ذکر کرنے سے پہلے کہتی ہیں، یعنی اس کی روح ستانے نہ آئے ٭ **ارواح بھٹکنا** (ف) (عو) (۱) روح کا اِدھر اُدھر ڈانواں ڈول پھرنا (۲) کسی چیز کی حسرت میں مرجانا (۳) خواہش باقی رہنا۔ طبیعت سیر نہ ہونا ٭ **ارواح بھر جانا** (د) خواہش کا پورا ہوجانا۔ طبیعت کا سیر ہوجانا ٭ **ارواح پڑی رہنا** (د) (عو) (دیکھیے "ارواح لگی رہنا") ٭ **ارواح پھر جانا** (د) نیت بھر جانا۔ کسی چیز سے سیر ہو کر جی ہٹ جانا ٭ **اَرواح لگی رہنا (ہونا)** (د) (عو) نیت لگی رہنا ٭

اُرُوپ (اُرُوْپْ) (س) (۱) بھدا۔ بدصورت (۲) مؤنث۔ بدنمائی۔ بھدا پن ٭

اروپا (اُرُوْ۔پَا) (مفرس) مذکر۔ یورپ ٭

اَرُوڑا (اَرُوْ۔ڑَا) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک ذات ٭

اروگی (اَرُوْ۔گِیْ) (ہ) مذکر۔ جسے کوئی روگ یا بیماری نہ ہو ٭

اَرَوَلی (اَرْ۔وَلِیْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کاغذ، جو قدرے سفید اور موٹا ہوتا ہے ٭

اَرَوْں گھرُوْں (ہ) مذکر۔ بچوں کا ایک کھیل، جس میں وہ باہم بیٹھ کر ٹانگیں پھیلا دیتے ہیں۔ ایک لڑکا سب کے پاؤں پر ہاتھ پھیرتا جاتا اور کہتا جاتا ہے۔ اروں گھروں گھی چڑوں ٭

اروی (اَرْ۔وِیْ) (ہ) مؤنث۔ ایک مشہور لیس دار ترکاری، جو آلو کی طرح جڑ کی قسم سے ہوتی ہے (پ) اربی ٭

ارہ (اَرْ۔رَہْ) (ف) مذکر۔ لکڑی وغیرہ چیرنے کا اوزار۔ آرا ٭

ارھر۔ ارہر (اَرْھَرْ، اَرْ۔ہَرْ) (ہ) مؤنث۔ ایک مشہور غلہ، جس کی دال پکا کر کھاتے ہیں ٭

ارے (اَرِے) (س) مذکر (۱) کلمۂ تعجب (الف) سہواً کوئی غلطی ہو جائے یا کوئی کام بگڑ جانے کے موقع پر (ب) دوسرے کے متعلق بری خبر سننے کے وقت (۲) کلمۂ خطاب۔ حرفِ ندا۔ حقارت یا بے تکلفی سے۔ اے۔ او۔ ابے کی جگہ ٭ **ارے ترے کرنا** (ہ) ابے تبے کرنا۔ بے ادبی سے بات کرنا۔ سخت کلامی تک نوبت پہنچانا ٭ **ارے رے رے** (ہ) نہایت تعجب کا اظہار کرنے کے لیے کہتے ہیں ٭

اُریب (اُرِیْبْ) (ف) ترچھا۔ آڑا ٭ **اریب کی باتیں** (د) مؤنث۔ مکر و فریب کی باتیں۔ مار پیچ کے فقرے ٭ **اُریب کی چال** (د) مؤنث۔ دھوکے کی چال۔ دغا فریب کا کام ٭ **اُریبْوَاں** (ہ) (عو) (۱) آڑا۔ ترچھا (۲) کج۔ ٹیڑھا ٭

ا۔ڑ

اَڑ (اَڑْ) (ہ) مؤنث (۱) (عو) قبض، جو بچوں کو غذا کے بوجھ سے ہو (۲) ہٹ۔ ضد ٭ **اَڑ بیٹھنا** (ہ) اصرار کرنا۔ ضد کرنا ٭ **اَڑ جانا** (ہ) (۱) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا (۲) سدِّ راہ ہونا۔ رک جانا۔ تھم جانا۔ جم جانا (۳) دیکھیے اڑنا ٭ **اَڑ کے بیٹھنا** (ہ) جم کے بیٹھنا، دھرنا دینا۔ اس ارادے سے بیٹھنا کہ جب تک کام انجام نہ پا جائے، نہ اٹھیں گے ٭

اَڑ اَڑا کے بیٹھنا (ہ) (دیکھو "اڑ اڑا کے بیٹھ جانا") ٭

اَڑڑ اَڑ اڑا دھم۔ اَڑا اَڑ اَڑا دھڑیم۔ اَڑ اَڑ اَڑا دھوں (ہ) مؤنث۔ کسی کے بے تحاشا گر پڑنے کی آواز ظرافتاً ان لفظوں سے تعبیر کی جاتی ہے ٭

اُڑا (اُڑَا) (ہ) (۱) کمیاب۔ نایاب (۲) اڑنا سے ماضی مطلق ٭ **اُڑا آنا** (ہ) تیز روی سے آنا۔ بہت جلد آنا ٭ **اُڑا پڑ جانا** (ہ) (عو) ناپید ہو جانا ٭ **اُڑا پھرنا** (ہ) عالمِ پرواز میں گشت کرنا۔ جلد جلد گشت لگانا ٭ **اُڑا جانا** (ہ) (۱) اڑتے ہوئے جانا۔ تیز تیز جانا (۲) ٹال جانا ٭ **اُڑا دینا** (ہ) مشہور کر دینا (۲) موقوف کر دینا (۳) بند کر دینا (۴) غائب کر دینا۔ چوری کر لینا (۵) خرچ کر ڈالنا (۶) اُدھیڑنا ٭ **اُڑا لانا** (ہ) (۱) ہوا کے ذریعے سے کوئی ہلکی چیز اوپر

اوپر لانا (۲) چرا لانا۔ بھگا لانا ۞ **اُڑا لینا** (ف) (۱) یوں لے جانا کہ معلوم نہ ہو۔ چرا لینا (۲) ذہن کی تیزی سے کوئی چیز دیکھ کر سیکھ لینا ۞

اڑان (اُڑان) (ہ) مؤنث۔ پرواز ۞ **اُڑان جھلّا** (ہ) مذکر۔ لڑکوں کا ایک کھیل، جھلّا میری ۞ **اڑان گھائی بتانا** (ہ) (دیکھیے "اُڑن گھائی") ۞

اَڑانا (اَڑا۔نا) (ہ) مذکر (۱) تھم۔ ستون۔ وہ مضبوط لکڑی، جو دھنّی کی نامضبوطی یا دیوار کے مخدوش ہونے کے باعث ستون کی طرح چھت میں لگائی جاتی ہے رفصحا پہلوئے ذم ہونے کے سبب اس کے استعمال سے بچتے اور اس کی جگہ اڑواڑ اور ٹیکن بولتے ہیں (۲) اٹکانا ۞

اُڑانا (اُڑا۔نا) (ہ) (۱) کسی پرندے کو فضا میں پہنچانا (۲) (تکل اور کنکوے کے لیے) بڑھانا (۳) قلم کرنا۔ کاٹنا (۴) نقل کرنا۔ کسی کی وضع سیکھ لینا (۵) چرا لینا۔ غائب کر دینا (۶) اناکانی کرنا۔ ٹالنا (۷) فضول اٹھانا۔ بیجا صرف کرنا (۸) بہلانا۔ فریب دینا (۹) لگا لانا۔ بھگانا (۱۰) چمکانا۔ رونق دینا (۱۱) نکالنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا (۱۲) دوڑانا۔ تیز لے جانا (۱۳) حد سے بڑھانا (۱۴) ناپید کر دینا۔ مٹا دینا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا (ان معنی میں صرف اُڑا ئے بول چال میں ہے، دوسرے صیغوں کے ساتھ نہیں کہتے) (۱۵) مغرور کر دینا (۱۶) بیجا تعریف کرنا (۱۷) گاڑنا۔ قائم کرنا۔ کھڑا کرنا (۱۸) نوش کرنا۔ تناول کرنا (۱۹) موقوف کرنا۔ نوکری سے چھڑا دینا (۲۰) حاصل کرنا۔ لوٹنا۔ اُٹھانا (۲۱) چھیلنا (۲۲) مٹانا (۲۳) خارج کرنا۔ کاٹ دینا۔ قلم زد کرنا (۲۴) اُدھیڑنا (۲۵) (گولہ بارود وغیرہ سے) گرانا۔ اکھاڑ کر پھینک دینا (۲۶) ہلاک کرنا (۲۷) (تان کے ساتھ) لگانا (۲۸) کھو دینا (۲۹) اچھالنا (۳۰) ہوا میں پریشان کرنا۔ برباد کرنا (۳۱) تاڑ جانا۔ دل کا مطلب سمجھ لینا (۳۲) رگڑ رگڑ کر مٹا دینا۔ گھس ڈالنا (۳۳) قطع نظر کرنا۔ ترک کرنا (۳۴) قطع تعلق کرنا (۳۵) بنانا۔ خندہ زن ہونا (۳۶) ٹھیک نشانہ لگانا (۳۷) کاٹنا۔ نوچنا (۳۸) خلافِ قیاس بات کہنا اور جھوٹی خبریں گھڑنا (۳۹) پھاڑنا۔ پرزے کرنا (۴۰) ڈالنا (۴۱) (خاک کے ساتھ) چھاننا۔ برباد رہنا۔ پریشانی اٹھانا (۴۲) (دھوئیں کے ساتھ) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۴۳) اشتیاق دلانا۔ ابھارنا (۴۴) لگانا (۴۵) تراشنا۔ کترنا (۴۶) نکالنا۔ کسی چیز کے لطیف اجزا کو خاص ترکیب سے علیحدہ کرنا ۞

اَڑا ہونا (ف) (۱) جم کر بیٹھنا۔ ضد پر قائم ہونا (۲) حائل ہونا۔ سدِّ راہ ہونا ۞

اُڑاؤ، اُڑاؤ کھاؤ (اُڑا۔ آؤ، اُڑا۔ آؤ۔ کھا۔ آؤ) (ہ) چٹورا۔ گھر لٹا دینے والا۔ فضول خرچ۔ بدچلن ۞

اُڑبا کھڑیا (اُڑ۔ یا۔ کھڑ۔ یا) (ہ) مذکر (سپاہیوں کی اصطلاح) استر بستر۔ بچھونا۔ گٹھڑی۔ سفر کا اسباب ۞

اُڑبڑ (اُڑ۔ بڑ) (ہ) (۱) بے محل اور بے معنی الفاظ (۲) راستے کا نشیب و فراز (۳) خراب راستہ ۞

اُڑبنگا (اُڑ۔ بنگ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) رخنہ۔ جھگڑا۔ جھمیلا (لگا دینا کے ساتھ) (۲) پیچیدہ۔ ٹیڑھا (۳) اَڑ۔ روک (۴) (پورب) ضدی ۞

اُڑ بھاگنا (ف) (۱) تیزی سے چلا جانا (۲) ہاتھ سے نکل جانا۔ بے قابو ہو جانا ۞

اُڑ بھنبھیری (بھنبیری) ساون آیا (ہ) مثل۔ اُس وقت طنزاً کہتے ہیں، جب کسی شخص کو اتفاقاً دولت مل جاتی اور وہ گلچھرّے اُڑائے۔ خوب عیش کرو ۞

اُڑتا گیا (ہ) مذکر۔ اُڑتے جانور کا نشانہ کرنا ۞

اَڑتالیس (اَڑ۔ تا۔ لیس) (ہ) آٹھ اور چالیس۔ ۴۸ ۞

اَڑتلا (اَڑ۔ تلا) (ہ) مذکر (۱) آڑ۔ حمایت۔ پناہ۔ آسرا۔ بھروسا (۲) عذر۔ بہانہ ۞

اُڑتی (اُڑ۔ تی) (ہ) (۱) اُڑتی ہوئی (۲) تول میں کچھ کم ۞ **اُڑتی بیماری** (ہ) مؤنث۔ چھوت کی بیماری، جو ایک سے دوسرے کو لگ جاتی ہے ۞

اُڑتی چڑیا (کو) پہچاننا } (ف) (عو) دُور کی بات تاڑ لینا۔ عقل مندی سے
اُڑتی چڑیا کے پر گننا } تیوری پہچان جانا۔ ذہانت سے کسی کے دل کی بات سمجھ لینا ۞ **اُڑتی پڑتی خبر** (ہ) مؤنث۔ افواہ ۞ **اُڑتی سی** (ہ) افواہ ۞

اُڑتی سی خبر } (ہ) مؤنث۔ افواہ۔ سُنی سنائی اور بے تحقیق بات، جو کسی معتبر
اُڑتی ہوئی خبر } ذریعے سے نہ سُنی گئی ہو اور جس پر پورا یقین نہ ہو ۞

اَڑتیس (اَڑ۔ تیس) (ہ) آٹھ اور تیس۔ ۳۸ ۞

اُڑ جانا (ف) (۱) دُور ہو جانا۔ جاتا رہنا (جلدی سے) تیزی سے جانا۔ پرواز کر جانا (۲) نیست و نابود ہو جانا۔ برباد ہو جانا (۳) مشہور ہو جانا ۞

اُڑ جائے (ف) (عو) (بددعا) غارت ہو۔ مٹ جائے۔ دفع دفان ہو جائے ۞

اُڑ چلنا (ف) (۱) اپنی حد سے بڑھنا۔ حیثیت سے بڑھ کر کوئی کام کرنا (۲) غرور کرنا۔ نہایت اترانا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ شان و شوکت دکھانا (۳) چالاک، آوارہ اور بدچلن ہونا ۞

اُڑس (اُڑس) (ہ) مذکر (۱) کھٹمل (۲) اُڑسنا کا امر ۞ **اُڑس لینا** (ف) کھونس لینا۔ اٹکا لینا ۞

اَڑسٹھ (اَڑ۔ سٹھ) (ہ) ۶۸ ۞

اُڑسنا (اُڑس۔ نا) (ہ) (۱) داخل کرنا۔ گھسیڑنا (۲) چبھونا۔ کھبونا (۳) چھیدنا (۴) تہ کرنا (۵) بھر دینا (۶) منہ بند کر دینا۔ ڈاٹ لگا دینا ۞

اُڑ فاختہ (ف) بے وقوف۔ سادہ ۞

اُڑ کر کہاں جاؤ گے؟ (ہ) محاورہ (۱) رہائی پانا ممکن نہیں، تم بھاگ کر کہیں نہیں جا سکتے (۲) تمھاری عیاری چل نہیں سکتی ۞

اَڑ کھڑا ہونا (ہ) راستہ روک کر کھڑا ہونا۔ سدِّ راہ ہونا ۞

اُڑ کے (ہ) (۱) بہت سے بہت۔ زیادہ سے زیادہ (۲) بڑھ کے (۳) فوراً۔ تیزی سے ۞

اُڑ کے لگنا (ف) ایک کی بیماری دوسرے کو ہو جانا ۞ **اُڑ کے ملنا** (ہ) وسیلے کے بغیر پہنچ جانا۔ از خود پہنچ جانا ۞ **اُڑ کے منہ میں کھیل تک نہیں گئی (ہے)** (ف) محاورہ (عو) کچھ چکھا تک نہیں۔ دانہ حرام ہو گیا۔ ذرا بھی غذا نہیں ہوئی ۞

اَڑگڑا (اَڑ۔ گڑا) (ہ) مذکر (۱) وہ جگہ، جہاں گھوڑے سدھائے جانے کے لیے پھیرے جاتے ہیں (۲) وہ لکڑی جس میں گاڑی کے گھوڑے جوت کر نکالے جاتے ہیں

(۳) وہ مقام، جہاں گاڑیاں بگھیاں کرایے پر جانے کے لیے کھڑی رہتی ہیں۔ اڈّا ٭ **اڑگڑے میں نکالنا** (ف) گھوڑے کو سدھانے کے لیے اڑگڑے میں پھیرنا ٭

اُڑگیا (ف) (ع) (نفرت کا کلمہ) غارت گیا۔ درگور۔ خانہ خراب ٭

اَڑم (اَڑَم) (ف) مذکر۔ ڈھیر۔ انبار (لگنا، ہونا کے ساتھ) ٭

اَڑنا (اَڑ۔نا) (ف) (۱) سرکشی کرنا۔ جگہ سے نہ ہلنا (۲) قائم ہونا۔ جمنا (۳) نکل نہ سکنا۔ رُکنا۔ پھنسنا (۴) حائل ہونا۔ سدِّ راہ ہونا (۵) مچلنا۔ ضد کرنا (۶) گڑنا۔ چبھنا ٭

اُڑنا (اُڑ۔نا) (ف) (۱) پرواز کرنا (۲) ہوا سے کسی چیز کا بلند ہونا (۳) قلم ہونا۔ کٹ کر الگ ہو جانا۔ ترشنا (۴) پڑھنے یا گانے کی طرز سیکھ جانا۔ نقل اُترنا۔ (۵) چوری جانا۔ غائب ہونا (۶) بہت جلد خرچ ہو جانا۔ اٹھنا (۷) فریب کی باتوں سے اصلی حقیقت چھپانا اور فقرے بتانا (۸) غرور کرنا۔ اِترانا (۹) بھاگ جانا۔ چل دینا (۱۰) پھاندنا۔ جست کرنا (۱۱) (گھوڑے کے لیے) طرارے بھرنا (۱۲) خوب کھایا پیا جانا (۱۳) حاصل ہونا۔ ملنا (۱۴) مٹنا (۱۵) ادھڑنا (۱۶) (گولہ بارود سے) ہلاک ہو جانا (۱۷) گایا جانا (۱۸) اُٹھ جانا۔ معدوم ہو جانا (۱۹) اچٹنا (۲۰) جاتا رہنا (۲۱) اُچھلنا (۲۲) تہ اُتر جانا۔ سوراخ ہو جانا۔ چھل جانا (۲۳) ہدف ہو جانا (۲۴) نوچا جانا۔ کٹنا (۲۵) جھوٹی خبریں گھڑی جانا۔ بے تکی باتیں ہونا (۲۶) پھٹنا۔ پرزے پرزے ہونا (۲۷) ہوا کے زور سے دُور جا پڑنا (۲۸) سنسان اور سنّاٹا ہونا (۲۹) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۳۰) (قہقہے کے ساتھ) پڑنا (۳۱) پھڑکنا (۳۲) شعلہ دینا۔ جلنا (۳۳) مشہور ہونا۔ پھیلنا (۳۴) (بات کے ساتھ) وقعت نہ ہونا۔ التفات نہ ہونا (۳۵) (رنگ کے ساتھ) پھیکا پڑنا۔ فق ہونا (۳۶) (دماغ کے ساتھ) پریشان ہونا۔ پراگندہ ہونا (۳۷) (گلچھرّے کے ساتھ) عیش و عشرت ہونا (۳۸) تیز چلنا (۳۹) (ہنسی کے ساتھ) ہونا (۴۰) غائب ہو جانا (۴۱) لطف زیادہ ہونا۔ رونق بڑھ جانا ٭ **اُڑ ناگن۔ اُڑنا گنی** (ف) مؤنث (۱) اُڑ کر کاٹنے والی سانپن (۲) (مجازاً) غصّے والی عورت۔ ظالم عورت ٭

اُڑنچھو (اُڑَن، چھُو) (۱) غائب۔ گُم (۲) بھاگا ہوا ٭ **اُڑنچھو ہو جانا** (ف) چل دینا۔ دفعتاً غائب ہو جانا۔ ہوا ہو جانا ٭ **اُڑن کھٹولا** (ف) مذکر (۱) ہوا میں چلنے والا تختِ سلیمانؑ (۲) آج کل کا ہوائی جہاز (۳) پریوں کی سواری کا تخت ٭

اُڑن جوگا (اُڑَن۔جو۔گا) (ف) (کوسنا) مرنے جوگا۔ مٹ جانے کے قابل۔ نفرت کے قابل ٭

اڑنگ (اَڑَنگ) (ف) مذکر۔ انبار۔ ڈھیر ٭ (اب اس کے بجائے اڑم اور اٹم بولتے ہیں) ٭ **اڑنگ بڑنگ** (ف) مذکر (۱) لڑکوں کا ایک کھیل (۲) ٹیڑھا۔ خم دار۔ پیچ دار (۳) بے سروپا اور مہمل باتیں (بکنا، ہانکنا کے ساتھ) ٭ **اڑنگ بڑنگ ہو جانا** (ف) (ع) بے ترتیب ہو جانا۔ جگہ سے ہٹ جانا ٭

اڑنگا (اَڑَنگا) (ف) مذکر (۱) (پہلوانوں کی اصطلاح) کشتی کا ایک داؤ، جس سے حریف کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ اَڑا کر اسے گرا دیتے ہیں (۲) جھمیلا۔ رخنہ (۳) ٹیکن کا سہارا ٭ **اڑنگا لگانا** (ف) (۱) جابجا مارنا۔ مخل ہونا۔ نکلتے کام میں رخنہ ڈالنا (۲) ٹیک لگانا ٭ **اڑنگا لگنا** (ف) لازم ہے **اڑنگا مارنا** (ف) (۱) اڑنگے کا پیچ کرنا (۲) دیکھیے اڑنگا لگانا ٭

اڑنگے پر چڑھا کر مارنا }
اڑنگے پر مارنا } (ف) اڑنگے کے داؤ سے حریف کو دے مارنا ٭

اڑنگے پر چڑھانا (ف) (۱) اڑنگے کا داؤ کرنا (۲) جھانسا دینا۔ چل دینا۔ دھوکے سے قابو میں لانا ٭

اُڑن گھائی (اُڑَن، گھا۔ اِی) (ف) مؤنث۔ جھوٹی سچی فقرے بازی۔ فریب دہی۔ چالاکی ٭ (پہلے اُڑان گھائی کہتے تھے، اب اُڑن گھائی بولتے ہیں) ٭

اَڑواڑ (اَڑ۔ واڑ) (ف) مؤنث (۱) تھم۔ ستون۔ ٹیک (۲) دیوار ٭

اُڑوانا (اُڑ۔ وا۔نا) (ف) اُڑنا کا متعدی المتعدی ٭

اڑوس پڑوس (اَڑوس۔ پَڑوس) (ف) مذکر۔ قرب وجوار۔ ہمسائگی۔ پاس پڑوس۔ آس پاس ٭

اڑوسی پڑوسی (اَڑو۔ سی۔ پَڑو۔ سی) (ف) مذکر۔ ہمسایے کے رہنے والے ٭

اُڑھانا (اُڑھا۔نا) (ف) اوڑھنا (متعدی) کا متعدی ٭

اڑھائی (اَڑھا۔اِی) (ف) دو اور آدھا ٭ (عوام ڈھائی بھی بولتے ہیں) ٭

اڑھائی اکچھر (ف) مختصر اور انتہائی پُراثر باتیں (پھونک دینا کے ساتھ) ٭ **اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا** (ف) شیخی جتانے کے لیے کم حقیقت بات سب سے جُدا ہو کر کرنا۔ مغایرت برتنا ٭ **اڑھائی بکائن میاں باغ میں، کافی حرم محل خانے میں** (ف) مثل (ع) زمین پر پاؤں نہیں رکھتا، اوچھا ہے، کم ظرف ہے ٭ **اڑھائی چاول الگ گلانا (پکانا)** (ف) (دیکھیے "اڑھائی اینٹ کی مسجد.....") ٭ **اڑھائی چلّو لہو پی لینا (پینا)** (ع) (کنایۃً) بہت دُکھ دینا۔ نہایت تنگ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ انتہائی غصّے کی حالت میں کہتی ہیں ٭ **اڑھائی دن سقّے نے بھی بادشاہت کی ہے** (ف) مثل۔ چندروزہ حکومت کوئی فخر کی بات نہیں۔ انقلابِ زمانہ سے کبھی ادنیٰ اعلیٰ بن جاتا ہے ٭ **اڑھائی دن کا جھونپڑا** (ف) مذکر (۱) اجمیر شریف کا ایک مکان، جسے اڑھائی دن کے اندر گرا کر دوسری صورت میں بنا دیا گیا تھا (۲) (مجازاً) ناپائدار مکان ٭ **اڑھائی دن کی بادشاہت** (ف) مؤنث۔ تھوڑے دن کی حکومت۔ ناپائدار خوشی۔ چندروزہ عیش ٭ **اڑھائی سَو** (ف) دو سو پچاس۔ ۲۵۰۔ ماحـ۔ 250 ٭ **اڑھائی گھڑی کی موت آئے** (ف) مثل (ع) (کوسنا) فوراً مر جائے ٭ **اڑھائی ہاتھ کی ککڑی نو ہاتھ کا بیج** (ف) مثل۔ بچّہ شرارت اور تیزی میں ماں سے بھی بڑھ گیا ٭

اَڑھری (اَڑھ۔ رِی) (ف) مؤنث (ع) غیر کفو کی جورو، خواہ منکوحہ ہو یا مدخولہ ٭

اڑھیا (اَڑھی۔یا) (ف) مؤنث (۱) اڑھائی سیر کے وزن کا باٹ (۲) (نجومیوں کی اِصطلاح) سنیچر یعنی زحل ستارے کا ایک بُرج میں قیام ٭

اڑی (اَڑِی) (ف) مؤنث (۱) مصیبت کا زمانہ۔ مشکل کا وقت (۲) چوسر پچیسی کھیلنے والوں کی اصطلاح میں نرد کا چوٹ کھانا (۳) کشتی کا ایک داؤ ٭ **اڑی وڑی قاضی جی**

کے سر پڑی (ہ) مثل۔ کسی کی بلا اپنے سر پڑی، دوسرے کی مصیبت اپنے سر آئی ؂
اَڑی مشکل (ہ) مؤنث (عو) سخت گھڑی۔ مشکل میں مشکل ؂
اُڑتی اُڑتی طاق پر جا بیٹھی / اُڑتی اُڑتی طاق (پر جا) بیٹھی (ہ) چرچا ہوتے ہی عوام میں پھیل گئی۔ آہستہ آہستہ مشہور ہو گئی ؂
اُڑتی پڑتی بات (ہ) (عو) غیر معتبر خبر۔ گپ ؂
اَڑی مار (ہ) (۱) حیل ساز۔ دغا باز (۲) زبردستی مانگنے والا۔ منہ چڑا ؂
اُڑسے، اُڑ جائے (ہ) (عو) ناپید ہو جائے۔ برباد ہو جائے۔ تباہ ہو ؂
اَڑے تھڑے پر (میں) (ہ) (دہلی) مصیبت کے وقت۔ ضرورت کے وقت ؂
اڑے وقت (ہ) (عو) مصیبت کے وقت ؂ اڑے وقت کا گہنا (ہ) مثل (عو) اُس چیز کے متعلق کہتے ہیں، جو شدید ضرورت کے وقت کام آنے کے لائق ہو ؂
اڑیل (اَڑ۔ یَل) (ہ) اَڑ جانے والا۔ سرکش۔ ہٹیلا۔ ضدی۔ اکثر اس گھوڑے کے متعلق کہتے ہیں، جو چلتے چلتے رُک جاتا ہے ؂ اڑیل مہاجن (ہ) مذکر۔ بڑا مہاجن ؂
اَڑینچ (اَڑ۔ یَنچ) (ہ) مؤنث۔ دشمنی۔ بغض۔ کاوش (رکھنا، نکالنا کے ساتھ) (متروک) ؂

ا - ز

از (اَز) (ف) سے۔ ساتھ۔ کا ؂ از برائے خدا (ف) خدا کے لیے۔ اللہ کے واسطے ؂ اَز بس (ف) (۱) بے انتہا۔ بہت۔ نہایت (۲) غایت۔ غرض۔ نتیجہ (اب فصحا کم بولتے ہیں) ؂ اَز بسکہ (ف) چونکہ (اب فصحا کم استعمال کرتے ہیں) ؂ از حد (ف) بے حد بہت، نہایت ؂ از خُرداں خطا و از بزرگاں عطا (ف) مقولہ۔ چھوٹوں کا کام غلطی کرنا ہے اور بڑوں کا کام معاف کر دینا ؂ از خرس موئے بس است (ف) (۱) ریچھ سے بال مل جانا بھی غنیمت ہے (۲) کنجوس اگر کچھ بھی دے نکلے تو بہت ہے (۳) نااہل سے اگر تھوڑی بھی اہلیت ہو جائے تو اسے غنیمت سمجھنا چاہیے (۴) بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی ؂
اَز خُود (اَز خُد) (ف) (۱) اپنے آپ۔ خود بخود (۲) غیر کی امداد کے بغیر۔ بے سہارے (۳) جان بوجھ کر۔ قصداً۔ عمداً۔ ارادے سے ؂ از خود رفتگی (ف) مؤنث۔ بے خودی۔ آپے سے باہر ہونا ؂ از خود رفتہ (ف) (۱) بے ہوش و حواس۔ بے خود۔ آپے سے باہر (۲) بے بس (۳) باؤلا۔ دیوانہ۔ بے عقل ؂ از دیدہ دُور از دل دُور (ف) مثل (عا) نظر سے دُور جو ہو، دل سے دُور ہوتا ہے ؂ از راہ (ف) طریقے سے۔ نظر سے۔ اضافت کے بغیر تنہا مستعمل نہیں۔ جیسے ازراہِ محبت، ازراہِ ہمدردی، ازراہِ عنایت وغیرہ ؂ از روئے (ف) کسی چیز کی بنیاد پر۔ بغرض ؂ (الف کے حذف سے بھی مستعمل ہے) ؂ از سر تا پا (ا) سر سے پاؤں تک۔ شروع سے آخر تک (۲) تمام و کمال۔ بالکل ؂ اَز سرِ نو (ف) (۱) نئے سرے سے (۲) پھر۔ دوبارہ ؂ از غیب۔ از غیبی (ف) (۱) غیب کی طرف سے (۱) نامعلوم طریقے سے (۲) بے خبری میں۔ یکایک ؂ از غیبی تمانچا (طمانچا)، از غیبی تھپیڑا۔ از غیبی دھکا۔ از غیبی گولا۔ از غیبی گھونسا۔ از غیبی مار (ہ) (عو) خدا کا قہر۔ ناگہانی بلا۔ غیب کی مار۔ یکایک آجانے والی مصیبت ؂ از غیبیا (ہ) مذکر (عوام) حرامی۔ ولدالزنا ؂ از کار رفتہ (ف) (۱) کام کے ناقابل۔ نکما (۲) نامرد ؂ از ماست کہ بر ماست (ف) مقولہ۔ ہم پر جو مصیبت ہے، وہ ہمارے ہی ہاتھوں ہے۔ اپنے کیے کی سزا ہے ؂
اِزِیں (ف) اس سے ؂ ایں سو راندہ و زاں سو درماندہ (ف) مثل۔ اِس طرف سے دھتکار، اُس طرف سے پھٹکار۔ اِدھر سے مردود، اُدھر سے مجبور۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا ؂
اَز بَر (اَ زْ۔ بَر) (ف) نوک زبان۔ برزبان۔ حفظ ؂ از بر (یاد) کر لینا (ہ) زبانی یاد کر لینا ؂
ازار (اِزَار) (ع) مذکر و مؤنث۔ تہ بند۔ پاجامہ۔ شلوار ؂ اِزار بند (ف) مذکر۔ کمر بند۔ ریشم یا سُوت کا ناڑا، جو پاجامے کے نیفے میں ڈالا جاتا ہے (ڈالنا کے ساتھ) ؂ ازار بند کی ڈھیلی (ہ) مؤنث۔ بدکار فاحشہ عورت ؂ ازار بند کی سچّی (ہ) مؤنث۔ باعصمت خاتون۔ پاک دامن عورت ؂ ازار بند نہ کھلنا (ہ) عورت کا کنوارپن ؂ اِزار بندی رِشتہ (ا) مذکر۔ بیوی کی طرف سے رشتہ ؂
اِزار سے باہر ہو جانا (ہ) غصے میں ادب اور لحاظ سے قطع نظر کرنا۔ غصے کے مارے اپنے آپ میں نہ رہنا۔ جامے سے باہر ہو جانا ؂
اِزار میں ڈال کر پہن لیا ہے (ا) (عو) ادب نہیں، لحاظ نہیں۔ خاطر میں نہیں لانا ؂
اِزالہ (اِزَالہ) (ع) مذکر۔ مٹانا۔ ہٹانا۔ زائل کرنا۔ دُور کرنا ؂ ازالۂ بکارت (ع، ف) مذکر۔ کنوارپن توڑنا، کنواری عورت سے ہم بستری کرنا ؂ اِزالۂ حیثیتِ عُرفی (ع) مذکر (۱) عام عزت و شہرت دُور کرنا۔ عزت و آبرو اُتارنا۔ بدنامی، ہتک اور توہین کرنا (۲) (قانون) کسی شخص کا ایسی باتوں کے ذریعے سے، جو تلفظ سے ادا کی جا سکیں، یا جن کا پڑھا جانا مقصود ہو، یا اشاروں یا نقوش کے ذریعے سے کسی دوسرے شخص کی نسبت کوئی اتہام لگانا یا مشتہر کرنا اس نیت سے کہ دوسرے شخص کی نیک نامی کو نقصان پہنچے ؂
اُزبک (اُز۔ بَک) (ت) مذکر (۱) تاتاری ترکوں کا ایک قبیلہ (۲) (اصطلاحاً) بیوقوف، احمق، بدسلیقہ، بدقطع۔ وحشی (۳) زیادہ لمبا ؂
اِزدِحام (اِز۔ دِحَام) (ع) مذکر (۱) انبوہ (۲) (مجازاً) ہجوم۔ کثرت۔ بھیڑ بھاڑ۔ بھاڑ (رہنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) (اژدہام غلط ہے) ؂
اِزدواج (اِز۔ دِوَاج) (ع) مذکر۔ بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا ؂
اِزدیاد (اِز۔ دِیَاد) (ع) مذکر۔ زیادتی۔ کثرت۔ زیادہ ہونا ؂
اَزرق (اَز۔ رَق) (ع) (۱) نیل گوں۔ نیلا (۲) کنجی آنکھوں والا ؂ ازرق چشم (ع، ف) (۱) کنجا۔ گربہ چشم۔ نیلی آنکھوں والا (۲) بے مروت ؂
ازکیا (اَز۔ کِیَا) (ع) مذکر۔ زکی کی جمع۔ پرہیزگار، پاک باز اور نیک لوگ ؂
ازل (اَزَل) (ع) مؤنث۔ ابد کے برعکس (۱) وہ زمانہ جس کا آغاز معلوم نہ ہو (۲) (مجازاً) خلقت کی پیدائشِ اوّل کا زمانہ ؂

اَزَلی (ع) شروع سے موجود۔ دوامی۔ ہمیشہ سے ٭

ازمان۔ ازمنہ اَزْ۔مَانْ۔ اَزْمِنَہْ) (ع) مذکر (۱) زمن کی جمع (۲) زمان کی جمع۔ زمانے۔ اوقات۔ موسم ٭ **اَزْمِنَۂ ثلاثہ** (ع، ف) مذکر تین یا تینوں زمانے، ماضی، حال، مستقبل ٭

ازواج (اَزْ۔ وَاجْ) (ع) مؤنث (۱) جوڑیاں (۲) بیویاں ٭ **ازواجِ مطہرات** (ع) مؤنث (۱) پاک بیویاں (۲) (کنایۃً) رسول اللہ صلعم کی بیویاں ٭

ازہار (اَزْ۔ہَارْ) (ع) مذکر۔ زہر کی جمع۔ بے کھلے پھول، کلیاں ٭

ازہر (اَزْ۔ہَرْ) (ع) (۱) بہت روشن (۲) مصر کی ایک قدیم اور مشہور یونیورسٹی۔ جامعہ ازہر ٭

ا۔ژ

اژدر (اَژْ۔دَرْ) (ف) مذکر۔ بہت بڑا سانپ۔ اژدہا۔ اجگر ٭ **اَژدرِ موسیٰ** (ف، ع) مذکر۔ حضرت موسیٰ کا عصا، جو وہ اپنے ہاتھ میں رکھتے تھے اور جب اسے زمین پر ڈال دیتے تھے تو وہ اژدہا بن کر کافروں کی طرف دوڑتا تھا، پھر ہاتھ میں لینے سے عصا ہو جاتا تھا ٭

اژدہا (اَژْ۔ دَہَا) (ف) مذکر۔ بہت بڑا اور موٹا سانپ، جو بیشتر بڑے بڑے غاروں اور پہاڑوں میں رہتا ہے ٭ **اژدہائے فلک** (ف۔ ع) مذکر۔ ایک آسمانی شکل، جسے عربی میں راس و ذنب کہتے ہیں ٭ **اژدہے کے منہ سے بچے** (و) مثل۔ موذی کے پنجے سے چھوٹے۔ بڑی مصیبت سے نجات پائی ٭ **اژدہے کے منہ میں پاؤں رکھنا** (و) خطرناک جگہ جانا ٭ **اژدہے کے منہ میں جھونکنا** (و) خطرناک جگہ بھیج دینا۔ بدآدمی اور موذی کے حوالے کرنا ٭ **اژدہے کے منہ میں ہاتھ دینا (ڈالنا)** (و) خطرناک کام کرنا۔ نہایت موذی، ضرر رساں اور ظالم شخص کو چھیڑنا ٭ **اژدہے کے منہ میں ہونا** (و) موذی سے سابقہ پڑنا۔ دشمن کے پنجے میں پھنسنا ٭

اژدھات (اَژْ۔ دھَاتْ) (و) مؤنث (۱) سونے، چاندی، تانبے، پیتل، رانگ، جست اور لوہے سے مرکب دھات (۲) ٹھوس اور مضبوط۔ نہایت پختہ ٭

ا۔س

اِس (اِسْ) (ہ) (۱) اشارۂ قریب (۲) ضمیر غائب ٭ **اِس برتے پر تتّا پانی** (ہ) کہاوت۔ ناقابلیت پر لیاقت کا دعویٰ۔ نامردی پر مردی کا اظہار ٭ **اِس برس** (ہ) امسال ٭ **اِس بھول کا خدا حافظ** (و) مثل۔ اِس بھول کا کوئی علاج نہیں۔ بہت بھولنے والے کو کہتے ہیں ٭ **اِس پار** (ہ) دریا کے قریب کے کنارے پر ٭ **اِس پر بھی** (ہ) ایسی حالت میں بھی۔ اتنا کچھ ہونے کے بعد۔ اس کے باوجود ٭ **اِس پر نہ بھولو** (ہ) اِس پر بھروسا نہ کرو۔ اِس پر گھمنڈ نہ کرو ٭ **اِس پر نہ جاؤ** (ہ) یہ خیال نہ کرو۔ اِس پر نظر نہ کرو ٭ **اِس جا** (و) یہاں۔ اِس مقام پر۔ اِس موقع پر ٭ **اِس دم** (و) اِس وقت (بعض شعراء نے اسے ترک کر دیا ہے) ٭ **اِس سرے سے اُس سرے تک** (ہ) (۱) اِس طرف سے اُس طرف تک (۲) شروع سے آخر تک۔ تمام و کمال ٭ **اِس سوا** (و) بجز اِس کے۔ (اب "اِس کے سوا" کہتے ہیں) ٭ **اِس سے** (ہ) (۱) اِس وجہ سے۔ اس سبب سے (۲) (عو) جوتی سے۔ ٹھینگے سے۔ حقارت سے۔ بے پروائی اور بے غرضی جتانے کی جگہ کبھی جوتی اور کبھی انگوٹھا دکھا کر کہتی ہیں (۳) اِس کی جگہ۔ اِس کے بدلے (ان معنی میں تو ضرور لاتے ہیں) ٭ **اِس سے اچھا تو خدا کا نام ہے** (و) کسی چیز کی تعریف میں کمال مبالغے کی جگہ بولتے ہیں ٭ **اِس سے تو تکلے کی ناک بھی نہ کٹے** (ہ) کند چھری یا چاقو کے متعلق مبالغے سے کہتے ہیں ٭ **اِس سے کیا پورا پڑے گا** (ہ) (۱) یہ مقدار کافی نہیں (۲) اِس شخص سے خاطر خواہ کام نہ ہوگا ٭ **اِس سے ہاتھ دھولو (دھوؤ)** (ہ) اِس سے قطع نظر کرو۔ اس سے صبر کرو ٭ **اِس طرح سے** (و) اس طریق سے، یوں۔ اب اس جگہ "اِس طرح" بولتے ہیں ٭ **اِس قدر** (و) اتنا ٭ **اِس قدر کا** (د) اتنا زیادہ ٭ **اِس کا منہ بھی جھلس دو** (ہ) محاورہ۔ اِسے بھی کچھ دے دلا کر ٹال دو ٭ **اِس کاندھے چڑھ اُس کاندھے اتر** (ہ) مثل۔ (دہلی) ہمیں کسی بات میں عذر نہیں۔ تیری خاطر اور رعایت ہر طرح منظور ہے ٭ **اِس کان سن کے اُس کان اُڑا دینا** (ہ) کہنا نہ ماننا۔ سن کر اَن سنی کر جانا۔ بات خیال میں نہ رکھنا۔ کسی بات پر توجہ نہ کرنا ٭ **اِس کو تو پتھر مارے بھی موت نہیں** (و) (۱) از حد سخت جان ہے (۲) (کنایۃً) بے عزت۔ بے حیا ٭ **اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں کرنا** (ہ) مثل۔ بیکاری میں کسی کام کا اُلٹ پھیر کرتے رہنا، جس کی کوئی ضرورت اور نتیجہ نہ ہو ٭ **اِس کو چیلوں کووں کو دوں** (ہ) (عو) (کوسنا) بوٹی بوٹی کر کے چیلوں کووں کو دے دوں ٭ **اِس کو خدا پر چھوڑو** (و) جس امر میں تدبیر سے کام نہیں چلتا تو تھک کر مجبوراً کہتے ہیں ٭ **اِس کو کیا کہتے ہیں** (ہ) حیرت اور تعجب کی جگہ سوال کے طور پر کہتے ہیں ٭ **اِس کو وہاں مارے جہاں پانی نہ ملے** (ہ) (عو) اس پر ہرگز ترس نہ کھانا چاہیے۔ بڑی بیدردی سے قتل کرے، مرتے دم بھی پانی نہ ملے (رنج ہونے یا صدمہ پہنچنے پر کہتی ہیں) ٭ **اِس کی جڑ تو پاتال میں ہے** (ہ) اس کی نیو نہایت گہری ہے ٭ **اِس کی چھاتی سراہیے** (ہ) کسی کی ہمت و جرأت اور تاب و تحمل وغیرہ کی تعریف میں کہتے ہیں ٭ **اِس کی گردن وہاں ماریے جہاں پانی نہ ملے** (و) ذرا رحم کے قابل نہیں۔ ظالم، شریر اور فتنہ انگیز شخص کے باب میں کہتے ہیں ٭ **اِس کے جگر کو دیکھو** (د) اس کے تحمل اور ضبط کو سراہو۔ اس کے حوصلے اور دلیری کو دیکھو ٭ **اِس کے دِل گردے کو دیکھو** (د) نڈر اور دیدہ دلیر کے متعلق کہتے ہیں ٭ **اس گھر کا باوا آدم ہی نرالا ہے** (و) مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں رواج کے خلاف اور دنیا سے انوکھی باتیں ہوں ٭

اِس مرض کا طوطا کوئی اَور پالتا ہوگا
اِس مرض کا طوطا میں نہیں پالتا } (و) مثل۔ اِس بات کو میں نہیں پسند کرتا۔ اس بکھیڑے میں میں نہیں پڑتا ٭

اِس میں کچھ تر رفی) ہے (ز) اِس معاملے میں کوئی خاص بات ہے۔ اِس امر میں کوئی چال کی بات پوشیدہ ہے ❊ **اِس میں "کچھ" ہے** (ہ) مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنی بات پر فضول اصرار کرے اور کسی طرح نہ مانے۔ پھر اسے چال بازی سے خاموش کرا دیا جائے ❊ **اِس وقت۔ اُس وقت** (ز) دن کو اور رات کو ❊ **اِس وقت تم کہاں ہو** (ز) (۱) اِس وقت تم اپنے ہوش میں نہیں ہو (۲) اِس وقت تم کس سوچ میں ہو؟ **اِس وقت میں** (ز) ایسے وقت (اب "اس جگہ" "اِس وقت" بولتے ہیں) ❊ **اِس ہاتھ دے، اُس ہاتھ لے** (ہ) ہر کام کا بدلا فوراً ملتا ہے۔ جو جیسا کرے گا، ویسا پائے گا ❊ **اِسی** (ہ) اِس اور ہی کا مخفف ہے ❊ **اِسی برتے پر** (ہ) (طنزاً) اِسی زور و قوت پر۔ اِسی قابلیت و لیاقت پر۔ اِسی دولت و ثروت پر ❊ **اِسی دن کو۔ اِسی دن کے لیے۔ اِسی دن کے واسطے** (ز) اِسی واسطے۔ ایسے ہی بُرے وقت کے لیے ❊

اِسی دن کو پالا تھا
اِسی دن کو پال کر اِتنا بڑا کیا تھا } (ہ) جب اپنی اولاد یا کسی پرورش یافتہ سے رنج پہنچے تو اس کے متعلق کہتے ہیں ❊

اِسی میں بہتری ہے
اِسی میں خیر ہے
اِسی میں خیریت ہے } (ز) کبھی سمجھانے اور کبھی دھمکانے کے طور پر کوئی کام کرنے یا نہ کرنے کی جگہ کہتے ہیں۔

اِسے چھپاؤ، اُسے دکھاؤ (ہ) (عو) دو شخصوں یا چیزوں کے باہم نہایت مشابہ ہونے کی جگہ کہتی ہیں یعنی دونوں گویا ایک ہیں ❊ **اِسے کیا کہتے ہیں** (ہ) (دیکھیے "اس کو کیا کہتے ہیں") ❊ **اِسے وہاں مارے جہاں پانی نہ ہو** (ہ) (عو) (دیکھیے "اس کو وہاں مارے ..... " الخ) ❊

اُس (اُس) (ہ) (۱) اشارۂ بعید (۲) ضمیرِ غائب ❊ **اُس پار** (ہ) دریا کے دوسرے کنارے پر (دیکھیے "اِس پار") ❊ **اُس دن** (ہ) چند روز ہوئے ❊ **اُس دن کے لیے** (ہ) اُس مصیبت کے زمانے کے لیے ❊ **اُس سرے** (ز) (۱) اُس پار (۲) زیادہ سے زیادہ (۳) آخری حد پر ❊ **اُس سرے کا** (ز) پرلے درجے کا۔ نہایت ❊ **اُس کا مُنہ کالا** (ہ) (عو) اکثر کسی بات سے انکار کرنے کی جگہ قسم کے طور پر کہتی ہیں۔ رو سیاہ ہو جائے ❊ **اُس کی جان پر صبر** (ز) (عو) کسی کے ہاتھ سے کوئی تکلیف پہنچنے پر کوسنے اور بد دعا دینے کے لیے کہتی ہیں ❊ **اُس کی جُوتی (بلا۔ یا۔ پیزار)** (ز) اسے کیا غرض پڑی ہے؟ **اُس کی قدرت کے کارخانے (کھیل) ہیں** (ز) مثل۔ حیرت اور تعجب کی بات پر، جو خلافِ قیاس اور خلافِ امید ہو، کہتے ہیں ❊ **اُس کی لاٹھی میں آواز نہیں** (ز) مثل۔ خدا کا قہر اچانک ہوتا ہے ❊ **اُس کے بندے** (ز) خدا کے بندے ❊ **اُس کے چھپّر تو پھُوس بھی نہیں** (ہ) بڑا کنگال ہے ❊ **اُس کے دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں** (ز) مثل۔ ایک در بند ہو گیا، ہزاروں در کھُلے ہیں۔ خدا کے ذریعے بند نہیں ❊ **اُس کے راج میں گا بھن گا بھ ڈالتی ہے** (ہ) مثل۔ حکومت کے رعب اور سطوت کے اظہار میں مبالغے سے کہتے ہیں ❊ **اُس کے مُنہ کی** (ہ) وہ بات، جو اس نے اپنی زبان سے کہی ❊ **اُس کے نام کا کُتّا بھی نہیں پالتے**

(ز) مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی سے سخت نفرت کا اظہار کرنا ہو ❊ **اُس نے رکھا، اِس نے اٹھایا** (ہ) اُس وقت بولتے ہیں، جب دو آدمیوں کی کوئی عادت ایک جیسی ہو ❊ **اُسی** (ہ) اُس اور ہی کا مخفف ❊ **اُسی پر خاک پڑتی ہے، جو چاند پر خاک ڈالتا ہے** (ز) مثل۔ جو آدمی بے عیب شخص کو بدنام کرنا چاہتا ہے، وہ خود ذلیل ہوتا ہے ❊ **اُسی کی جُوتی اُسی کے سر** (ز) مثل۔ اُس مقام پر کہتے ہیں، جب کسی کے یہاں سے کچھ حاصل ہو اور اُسے اُسی کے کام میں صرف کیا جائے ❊

اساتذہ (اَسا۔تِذَہ) (ع) مذکر۔ اُستاد کی جمع۔ تعلیم دینے والے۔ کاملانِ فن ❊

اَسارا (اَسا۔رَا) (ہ) مذکر۔ ریشم کا بٹا ہُوا باریک ڈورا، جس پر تار چڑھا کر کلابتون بناتے ہیں ❊

اُسارا (اُسا۔رَا) (ہ) مذکر (عوام) (۱) دہلیز۔ در۔ برآمدہ (۲) سائبان۔ چھپّر (۳) دوا کا نتھارا ہُوا پانی۔ آبِ زلال ❊

اُسارنا (اُسار۔نَا) (ہ) (عوام) پانی نکالنا ❊

اساڑھ (اَساڑھ) (ہ) مذکر۔ سمّت کے حساب سے چوتھا اور فصلی سال کے رو سے دسواں مہینا۔ برسات کا پہلا مہینا، جو نصف جون سے نصف جولائی تک رہتا ہے ❊ **اساڑھ جو ڑ آئے برکھا ہووے** (ہ) مثل۔ اساڑھ میں گرمی پڑے تو مینہ برسے ❊ **اساڑھ کے درزی** (ہ) مذکر۔ جو شخص بیکار مارا مارا پھرے اور اسے کوئی نہ پوچھے ❊ **اساڑھی** (ہ) مؤنث (۱) غلّے کی وہ فصل، جو اساڑھ کے شروع میں بوئی جاتی ہے۔ ربیع کی فصل (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار (۳) اساڑھ کی پورنماشی، جس میں ہندوؤں کے کئی تہوار ہوتے ہیں ❊

اَساس (اَساس) (ع) مؤنث۔ جڑ۔ بنیاد ❊ **اَساسی** (ع۔ ف) بنیادی ❊

اَساطِیر (اَسا۔طِیر) (ع) مؤنث۔ اسطارہ، اسطورہ کی جمع۔ قصّے کہانیاں ❊

اَساطِیرُ الاَوّلِین (ع) مؤنث۔ اگلے لوگوں کے قصّے کہانیاں ❊

اَساطِین (اَسا۔طِین) (ع) مذکر۔ اسطوانہ کی جمع۔ بہت سے ستون ❊

اَسافِل (اَسا۔فِل) (ع) مذکر۔ اسفل کی جمع۔ کمینے لوگ ❊

اَسالِیب (اَسا۔لِیب) (ع) مذکر۔ اُسلوب کی جمع۔ طرز۔ طریقے ❊

اَسامی (اَسا۔مِی) (۱) (ع) مذکر۔ اسم کی جمع الجمع (۲) (ز) مؤنث۔ گاؤں کی رعیت۔ کاشتکار۔ کسان (۳) مؤنث (دلالوں کی اصطلاح) خریدار۔ گاہک۔ لین دین رکھنے والا (۴) نوکری۔ عہدہ (۵) (جواریوں کی اصطلاح) کھیل نہ جاننے کے باعث ہمیشہ ہار جانے والا شخص (۶) شخص ❊ **اَسامیِ بلا حقِ دخیل کاری** (۱۔ ف۔ ع) مؤنث۔ دخل یابی کا حق نہ رکھنے والی اسامی ❊ **اسامی بنانا** (ز) اپنے مطلب کا بنانا۔ بیوقوف بنا کر فائدہ اُٹھانا۔ ٹھگنا ❊ **اسامیِ شکمی** (ہ۔ ف) مؤنث۔ کسی پٹّی کا شریک۔ چھوٹا کسان۔ اندرونی شریک۔ ماتحت کاشتکار ❊ **اسامی غیر موروثی** (ہ۔ ع۔ ف) مؤنث۔ دوامی کاشت کا حق نہ رکھنے والا کاشتکار ❊ **اسامی مستقل** (ہ) مؤنث۔ وہ شخص جو مالک تو نہ ہو لیکن مقرّرہ لگان ادا کرتے رہنے کی صورت میں اسے بے دخل نہ کیا جا سکے ❊ **اَسامی وار** (ہ۔ ف) اسامیوں کے ناموں کی ترتیب سے۔ فرداً فرداً۔ نام بنام ❊

اُسانا (اُسا۔نَا) (ہ) (۱) غلّے کو ہوا کے رُخ اُڑا کر اُس میں سے بھُوسا جُدا کرنا (۲) (عوام) اُبالنا،

جوش دینا ۔

اَسانید (اَسا۔نِید) (ع) مؤنث۔ اسناد کی جمع۔ وہ کتابیں، جن میں حدیثیں مع راویوں کے ناموں کے لکھی گئی ہیں۔ مسلم، بخاری وغیرہ ۔

اَساوَری (اَسا۔وَ۔رِی) (ہ) (۱) مؤنث (۱) سری راگ کی ایک راگنی (۲) ایک قسم کا ریشمی باریک کپڑا، جس میں سرخ زرد اور سبز پٹیاں ہوتی ہیں اور لمبائی کے رخ روپہلے تاروں سے بنا ہوتا ہے (۳) ایک نوع کا کبوتر ۔

اَسپ (اَسْپ) (ف) مذکر (۱) گھوڑا (۲) شطرنج کا ایک مہرہ ۔ اسپی طاقت (ف۔ ع) مؤنث۔ گھوڑوں کی سی طاقت۔ سائنس والوں نے موجودہ زمانے کی تاربرقی اور ڈائنمو وغیرہ کی طاقت کا اندازہ گھوڑوں کی طاقت سے کیا ہے ۔

اسباب (اَس۔باب) (ع) مذکر (۱) سبب کی جمع۔ ذریعے۔ وجوہ (۲) (۱) ضرورت کا سامان، اثاثہ (ان معنی میں واحد ہے) ۔ اسباب مانع ارث (ع) مذکر۔ وہ سبب، جو ورثہ لینے سے روک دیں ۔

اسباط (اَس۔باط) (ع) مؤنث۔ سبط کی جمع۔ پوتے پوتیاں۔ دوہتے دوہتیاں ۔

اسبغول (ف) (دیکھیے "اسپغول") ۔

اسپ (ف) (دیکھیے "اسپ") ۔

اَسپات (اَس۔پات) (د) مذکر۔ ایک قسم کا پختہ لوہا۔ فولاد ۔

اِسپائی گلاس (انگ۔ Spy-glass) مذکر۔ دوربین جیسا ایک آلہ، جس سے دور کی چیزیں دیکھی جاتی ہیں ۔

اسپتال (اِس۔پِتال) ہند (انگ۔ ہوسپٹل۔ Hospital) مذکر۔ شفاخانہ۔ وہ مقام، جہاں ڈاکٹر مریضوں کا علاج کرتا ہے ۔

اِسپرنٹو (اِس۔پِرَن۔ٹو) (انگ۔ Esperanto) مؤنث۔ ایک زبان، جو ڈاکٹر زمن ہاف نے اہل یورپ کے مشترکہ استعمال کے لیے بنائی تھی ۔

اِسپرنگ (اِس۔پِرِنگ) (انگ۔ Spring) مؤنث۔ پیچ دار کمانی ۔

اِسپغول (اِسْپ۔غول) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا لعاب دار تخم، جو دوا کی طرح استعمال کیا جاتا ہے ۔

اِسپنج (اِس۔پنج) (انگ۔ Sponge) مذکر۔ سمندر میں موتیا جانوروں کے رہنے کے گھونسلے، جو عموماً غوطہ خور کاٹ لاتے اور بازار میں بیچ دیتے ہیں۔ بناوٹ ایسی جوف دار ہوتی ہے کہ پانی میں رکھ دو تو بہت سا پانی سما جائے اور نچوڑ دو تو فوراً خشک ہو جائے۔ ابر مردہ ۔

اسپند (اِس۔پند) (ف) مذکر۔ کالا دانہ۔ حرمل۔ عورتیں اسے اکثر نظر بد کا اثر دور کرنے کے لیے جلاتی ہیں ۔ اسپند کرنا (ف) بری نظر کا اثر زائل کرنے کے لیے حرمل جلانا۔

اِسپیچ (اِس۔پیچ) (انگ۔ Speech) مؤنث۔ تقریر۔ لیکچر۔ بیان۔ ایڈریس ۔

اِسپیشل (اِس۔پے۔شَل) (انگ۔ Special) خاص۔ مخصوص ۔

اِسپیشل ٹرین (انگ۔ Special train) مؤنث۔ وہ ریل گاڑی، جو کسی شخص کے لیے مخصوص ہو اور اس میں عام مسافر سوار نہ ہوں ۔

اِسپیشل کلاس (انگ۔ Special class) مؤنث۔ خاص درجہ ۔

اِسپیکر (اِس۔پی۔کَر) (انگ۔ Speaker) مذکر۔ تقریر کرنے والا۔ مقرر ۔

اسپین (اِس۔پین) (انگ۔ Spain) مذکر۔ یورپ کا ایک مشہور ملک، جو فرانس کے جنوب مغرب میں واقع ہے۔ ہسپانیہ۔ اندلس ۔

اسپینیل (اِس۔پے۔نیل) (انگ۔ Spaniel) مذکر (۱) ایک قسم کا شکاری کتا۔ اس کی نسل اسپین سے دوسرے ملکوں میں پھیلی (۲) چاپلوس۔ خوشامدی ۔

اُستا (اُس۔تا) (ف) مؤنث۔ آتش پرستوں کے پیشوا زرتشت کی تصنیف ژند کی شرح ۔

اِستاد (اِس۔تاد) (ف) مذکر (۱) خیمے کا کھڑا ہونا (۲) ستون۔ خیمے اور شامیانے کی چوب (۳) استادہ۔ کھڑا ۔

اِستادگی (اِس۔تا۔دَ۔گی) (ف) مؤنث (۱) قیام۔ کھڑا ہونا (۲) پائداری۔ مضبوطی (۳) مرد کے عضو مخصوص کا سخت ہو کر کھڑا ہونا ۔

اِستادہ (اِس۔تا۔دَہ) (ف) (۱) کھڑا۔ قائم (۲) (دیکھیے "اِستاد") ۔

اُستاد (اُس۔تاد) (ف) مذکر (۱) معلم۔ تعلیم دینے والا۔ سکھانے والا۔ پڑھانے والا (۲) آزمودہ کار۔ کامل فن (۳) عیار۔ چالاک (۴) یار دوست (۵) مرشد۔ پیر۔ گرو ۔ اُستاد باپ کی جگہ ہے (ف) مقولہ۔ اُستاد کا درجہ باپ کے برابر ہے ۔ اُستاد بیٹھے پاس (تو) کام آئے راس (ہ) مثل۔ جو کام اُس فن کے اُستاد کے پاس بیٹھ کر کیا جائے، وہ بہت اچھا ہوتا ہے ۔ اُستاد کرنا (ف) کسی فن میں کسی کو اپنا معلم بنانا ۔

استادی (اُس۔تا۔دی) (ف) مؤنث (۱) ہنر میں مہارت اور کمال (۲) عیاری۔ چالاکی ۔

اُستاذ (اُس۔تاذ) (ع) مذکر۔ اُستاد کا معرب ۔

اُستاکار (اُس۔تا۔کار) (ف) اُستاد ۔

اِستامبول۔اِستانبول (دیکھیے اِستنبول) ۔

اُستانی (اُس۔تا۔نی) (ف) مؤنث (۱) معلمہ۔ لڑکیوں کو پڑھنا لکھنا اور سینا پرونا سکھانے والی عورت (۲) اُستاد کی بیوی ۔

استبداد (اِس۔تِب۔داد) (ع) مذکر (۱) مطلق العنانی۔ خود مختاری (۲) استقلال۔ ہٹ۔ ضد (۳) کسی کام کو کر کے چھوڑنا ۔

استبدادی (اِس۔تِب۔دا۔دی) (ع۔ف) مذکر۔ رجعت پسند۔ موجودہ نظم ونسق میں تبدیلی کا مخالف۔ لکیر کا فقیر ۔

استبرق (اِس۔تَب۔رَق) (ع) مذکر۔ سبز اطلس کی قسم کا ایک نہایت چمکیلا کپڑا ۔

اَستنت (اَس۔تَنْت) (س) مذکر۔ گانے کی وہ چیز، جو شروع میں گائی جائے اور اس میں معرفت کے مضامین ہوں ۔

اِستتار (اِس۔تِتار) (ع) مذکر۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ۔

اِستثنا (اِس۔تِث۔نا) (ع) مؤنث۔ نکالنا۔ الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

اِستحالہ (اِس ۔ تِحَا ۔ لَہ) (ع) مذکر (۱) محال ہونا ۔ ناممکن ہونا ۔ دشوار جاننا (۲) طلبِ محال ۔ دشوار پسندی (۳) (علم کیمیا کی اصطلاح) وہ تبدیلی، جو متعدد چیزوں کے کیمیائی طور پر ترکیب پاکر ان سب سے مختلف الخواص ایک اَور ہی چیز پیدا کردینے کی صورت میں رونما ہو (۴) ایک ماہیت سے دوسری ماہیت ہوجانا (۵) ہَوا کا پانی ہوجانا یا غذا کا کھانے کے بعد اپنی صورت نوعیہ کو چھوڑ کر اخلاط کی صورت ہوجانا ॰

اِستحسان (اِس ۔ تِحْ ۔ سَان) (ع) مذکر (۱) پسندیدگی (۲) اچھا جاننا ۔ پسند کرنا ॰

اِستحصال (اِس ۔ تِحْ ۔ صَال) (ع) مذکر (۱) حاصل کرنا (۲) حصول کی خواہش ॰ اِستحصال بالجبر (ع) مذکر (۱) زبردستی حاصل کرنا (۲) ڈرا دھمکا کر کوئی چیز لے لینا (۳) (قانون) جب چیز لینے کے وقت لینے والا مدعی کے سامنے موجود ہو ॰ اِستحصالِ ناجائز (ع ۔ ف) مذکر ۔ خلافِ قانون طریق پر حاصل کرنا ॰

اِستحقار (اِس ۔ تِحْ ۔ قَار) (ع) مذکر (۱) حقارت (۲) حقیر سمجھنا ۔ نفرت کرنا ۔ بدنام کرنا ॰

اِستحقاق (اِس ۔ تِحْ ۔ قَاق) (ع) مذکر (۱) حق چاہنا ۔ حق دار ہونا ۔ سزاوار ہونا ۔ اختیار رکھنا (۲) قابلیت ۔ دعویٰ ۔ حق ॰ اِستحقاقِ ترکہ (ع) مذکر ۔ ورثے کا حق ॰ اِستحقاقِ تشخیص (ع) مذکر ۔ جمع بندی کی پڑتال کا حق ॰ اِستحقاق جتانا (ٖف) حق جتانا ۔ حق کا مدعی ہونا ॰ اِستحقاقِ حفاظت (ع) مذکر ۔ اپنے یا دوسرے کے مال یا جان کی حفاظت کا حق ॰ اِستحقاقِ حفاظتِ خود اختیاری (ع ۔ ف) مذکر ۔ اپنی جان یا مال کے بچاؤ کا حق ॰ اِستحقاقِ شفع (ع) مذکر ۔ حق شفع ۔ ہمسائگی کا حق ॰ اِستحقاقِ شفع بر بنائے جار و خلیط (ع ۔ ف) مذکر ۔ ہمسائگی اور شرکت کی بنا پر خریداری کا حق ॰ اِستحقاقِ نالش (ع ۔ ف) مذکر ۔ قانونی اصطلاح میں نالش کرنے کا مجاز ہونا ۔ نالش کرنے کا حق دار ہونا ॰

اِستحکام (اِس ۔ تِحْ ۔ کَام) (ع) مذکر ۔ مضبوطی ۔ پختگی ۔ قیام ۔ ٹھہراؤ ۔ استقلال ॰

اِستہلال (اِس ۔ تِہْ ۔ لَال) (ع) مذکر ۔ بچے کی آواز، جو پیدائش کے وقت ظاہر ہوتی ہے، جس کے ظاہر اور ثابت ہونے سے وراثت پر اثر پڑتا ہے ॰

اِستخارہ (اِس ۔ تِخَا ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) طلبِ خیر کرنا ۔ نیکی کی توفیق مانگنا (۲) (شرعی اصطلاح) کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی نسبت ایک خاص طریق پر اشارۂ غیبی چاہنا ॰ اِستخارہ آنا (ف) استخارے کا اجازت دینا ॰ اِستخارہ دیکھنا (ف) استخارہ کرنا ॰ اِستخارہ کرنا (ف) کوئی کام کرنے میں غیبی اشارہ چاہنا ॰ اِستخارے کا راہ دینا (ف) اِستخارے کا اجازت دینا ॰ اِستخارے کا مانع ہونا (ف) اِستخارے کا راہ نہ دینا ॰ اِستخارے کا واجب آنا (ف) کسی بات کی اجازت آنے کے بعد اس کے ترک پر ممانعت آنا، جس کا حامل اختیار کرنے پر تاکید ہے ॰

اِستخراج (اِس ۔ تِخْ ۔ رَاج) (ع) مذکر (۱) نکالنے کی خواہش کرنا ۔ ایک بات کا نکالنا (۲) (علم منطق کی اصطلاح) وہ عمل، جس سے مقررہ قاعدے کی تحقیق کے لیے کسی چیز کے چند افراد پر تجربہ کرکے دیکھیں کہ آیا یہ قاعدہ صحیح ہے یا نہیں (۳) برآمد ہونا ۔ نکاس (۴) (حساب کی اصطلاح) بڑی رقموں میں سے چھوٹی رقمیں تفریق کرنا ॰

اِستخفاف (اِس ۔ تِخْ ۔ فَاف) (ع) مذکر (۱) خفیف سمجھنا ۔ ہلکا سمجھنا (۲) سُبکی ۔ خِفّت ۔ حقارت ۔ شرمندگی (۳) خلاصی چاہنا ۔ آزادی کی کوشش کرنا ॰

اِستخلاص (اِس ۔ تِخْ ۔ لَاص) (ع) مذکر (۱) چھڑانے کی کوشش کرنا (۲) خلاصی ۔ چھٹکارا ۔ آزادی ۔ رہائی ॰

اُستخوان (اُس ۔ تُخَان) (ف) مذکر ۔ ہڈی ॰

اُستخوان فروشی (ف) مؤنث ۔ مرے ہوئے باپ دادا کی بدولت خود عزت چاہنا ॰

اِستدانت (اِس ۔ تِدَا ۔ نَت) (ع) مؤنث ۔ قرض کی نالش کرنا ॰

اِستدراج (اِس ۔ تِدْ ۔ رَاج) (ع) مذکر ۔ خارجِ عادت کام ۔ خلافِ معمول عمل اور تعجب خیز بات، جو غیر مسلم سے دیکھی جائے ॰

اِستدراک (اِس ۔ تِدْ ۔ رَاک) (ع) مذکر (۱) پانا ۔ پہنچنا ۔ جا پکڑنا ۔ سمجھ حاصل کرنا (۲) ذہن نشین کرنا ۔ سمجھنا (۳) تدارک کرنا ॰

اِستدعا (اِس ۔ تِدْ ۔ عَا) (ع) مؤنث (۱) طلب ۔ دعو[illegible] ۔ خواہش ۔ التجا (۲) چاہنا ॰

اِستدلال (اِس ۔ تِدْ ۔ لَال) (ع) مذکر (۱) دلیل یا سند لانا (۲) ثبوت ۔ دلیل ॰

اَستر (اَس ۔ تَر) (ف) مذکر (۱) دُہرے یا رُوئی والے کپڑے کے نیچے کی تہ (۲) تہ ॰ استرکاری (ف) مؤنث ۔ اینٹ کی دیواروں پر چونا سُرخی وغیرہ لیسنا ॰

اِستراحت (اِس ۔ تِرَا ۔ حَت) (ع) مؤنث (۱) آرام کی خواہش ۔ آسائش (۲) (مجازاً) سونا ۔ نیند لینا ॰

اِسترخا (اِس ۔ تِرْ ۔ خَا) (ع) مذکر ۔ ڈھیلا ہوکر لٹک پڑنا ॰

اِسترداد (اِس ۔ تِرْ ۔ دَاد) (ع) مذکر ۔ رد کرنا ۔ منسوخ کرنا ॰ اِستردادِ نیلام (عربی ۔ پرتگالی) مذکر ۔ نیلام کو توڑ دینا ॰

اُسترہ (اُس ۔ تُرَہ) (ف) مذکر ۔ بال مونڈنے کا آلہ ॰ اُسترہ پھرنا (ف) اُسترے سے بالوں کا صاف کیا جانا ॰ اُسترہ پھیرنا (ف) چہرے کے رُوئیں یا اِکا دُکا بال کو اُسترے سے صاف کرنا ॰ اُسترہ لگانا (ف) اُسترا پھیرنا ॰ اُسترہ لگنا (ف) (۱) اُسترا پھرنا (۲) اُسترے سے خراش ہوجانا ॰

اِستری (اِس ۔ تِری) (ہ) مؤنث ۔ لوہے یا پیتل کا آلہ، جسے درزی اور دھوبی گرم کرکے کپڑے کی شکنیں مٹانے اور سیون بٹھانے کے لیے پھیرتے ہیں (۲) (ہندو) عورت ۔ بیوی ॰ اِستری دھن (ہ) مذکر ۔ منکوحہ ہندو عورت کی جائداد ॰

اِستسقا (اِس ۔ تِسْ ۔ قَا) (ع) مذکر (۱) پانی مانگنا (۲) جلندھر ۔ وہ بیماری جس میں پیاس بہت ہوتی ہے، پیٹ بڑھتا جاتا ہے اَور سارا جسم ڈھیلا اور سست ہوکر پھول جاتا ہے ॰

اِستشارہ (اِس ۔ تِشَا ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) مشورہ ۔ صلاح ۔ رائے (۲) مشورہ طلب کرنا ॰

اِستشہاد (اِس ۔ تِشْ ۔ ہَاد) (ع) مذکر (۱) گواہوں کو بلانا (۲) ثبوت (۳) شہادت

لانا (۴) شہادت سننا یا لینا (۵) شہید ہونا۔ شہادت پانا ۔ **اِستشہاد نامہ** (ع - ف) مذکر۔ سند۔ ڈپلوما ۔

اِستصواب (اِس - تِص - وَاب) (ع) مذکر (۱) مشورہ طلب کرنا۔ رائے لینا (۲) (قانون) ماتحت عدالت کا بڑی عدالت سے کسی مشتبہ قانونی امر میں استفسار کرنا ۔

اِستطاعت (اِس - تِطا - عَت) (ع) مؤنث۔ قدرت۔ مقدور۔ بساط۔ دسترس ۔

اِستعارات (اِس - تِعا - رَات) (ع) مذکر۔ اِستعارہ کی جمع ۔

اِستعارہ (اِس - تِعا - رَہ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) مانگے لینا (۲) (علم بیان کی اصطلاح) حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تشبیہ کا تعلق ہونا ۔ **اِستعارہ بالتصریح** (ع) مذکر۔ استعارے میں مشبہ بعینہٖ مشبہ بہ قرار دیا جاتا ہے، اسی لیے دونوں میں صرف ایک کا ذکر کرتے ہیں۔ جب صرف مشبہ بہ کا ذکر کیا جائے تو اسے استعارہ بالتصریح کہا جاتا ہے۔ جیسے چاند کہیں اور معشوق مراد لیں۔ شیر کہیں اور مرد بہادر مراد لیں ۔ **اِستعارۂ تخئیلیہ** (ع) مذکر۔ جب مشبہ بہ ترک کیا جائے تو جس قرینے سے وہ سمجھ میں آئے، اُس قرینے کو استعارہ تخئیلیہ کہتے ہیں، جیسے (ع) دل کے ہم زخم کو مژگاں سے رفو کرتے ہیں۔ اس میں مژگاں کو سوئی سے استعارہ کیا ہے جو مشبہ اور مذکور ہے اور سوئی جو مشبہ بہ ہے، وہ متروک ہے اور رفو کرنا جو قرینہ ہے اِس سے سمجھی جاتی ہے۔ پس مژگان استعارہ بالکنایہ اور رفو کرنا استعارۂ تخئیلیہ ہوا ۔ **اِستعارہ بالکنایہ** (ع) مذکر۔ جب مشبہ مذکور اور مشبہ بہ متروک ہو تو استعارہ بالکنایہ کہیں گے۔ جیسے (ع) آج ہم موت کے پنجے سے بمشکل چھوٹے۔ اس میں موت استعارہ بالکنایہ ہے درندے سے اور لفظ پنجہ قرینہ ہے ۔

اِستعانت (اِس - تِعا - نَت) (ع) مؤنث (۱) مدد طلب کرنا (۲) مدد۔ معاونت ۔

اِستعجاب (اِس - تِع - جَاب) (ع) مذکر۔ حیرانی۔ تعجب۔ اچنبھا ۔

اِستعجال (اِس - تِع - جَال) (ع) مذکر (۱) جلدی کرنا (۲) جلدی ۔

اِستعداد (اِس - تِع - دَاد) (ع) مؤنث۔ لیاقت۔ علمی مادہ۔ قابلیت۔ فطری صلاحیت۔ آمادگی ۔

اِستعفا (اِس - تِع - فَا) (ع) مذکر (۱) (لغوی) معافی مانگنا۔ عفو چاہنا (۲) (اصطلاحی) نوکری چھوڑ دینے کی درخواست (دینا، لینا کے ساتھ) ۔

اِستعمال (اِس - تِع - مَال) (ع) مذکر۔ عمل یا کام میں لانا۔ برتنا ۔ **اِستعمالی چاول** (و) مذکر۔ ایک قسم کا نفیس اور باریک چاول، جو برسوں رکھنے کے بعد استعمال کیا جاتا ہے ۔

اِستغاثہ (اِس - تِغا - ثَہ) (ع) مذکر (۱) داد خواہی (۲) فریاد (۳) نالش (۴) فوجداری کا دعویٰ ۔

اِستغراق (اِس - تِغ - رَاق) (ع) مذکر (۱) کسی خیال یا فکر میں ڈوبنا۔ محو ہو جانا (۲) خدا کی یاد میں محو ہو جانا (۳) (قانون) جائداد کو ادائے قرض کے لیے ذمہ دار کر دینا ۔ **اِستغراقِ فصل** (ع) مذکر۔ فصل کا قرض وغیرہ میں صرف ہو جانا ۔

اِستغفار (اِس - تِغ - فَار) (ع) مؤنث (۱) طلبِ مغفرت (۲) گناہ بخشوانا (۳) توبہ ۔ **اِستغفار کرنا** (و) توبہ کرنا ۔

اَستغفِرُ اللہ (ع) (میں خدا سے مغفرت چاہتا ہوں) (۱) توبہ ہے (۲) نفرت کی جگہ (۳) انکار کی جگہ ۔

اِستغنا (اِس - تِغ - نَا) (ع) مؤنث۔ بے نیازی۔ بے پروائی۔ بے فکری ۔

اِستفادہ (اِس - تِفا - دَہ) (ع) مذکر (۱) فائدہ حاصل کرنا۔ نفع اٹھانا (۲) فائدہ۔ مفاد۔ نفع ۔

اِستفاضہ (اِس - تِفا - ضَہ) (ع) مذکر۔ فیض حاصل کرنا۔ نفع پانا ۔

اِستفتا (اِس - تِف - تَا) (ع) مذکر (۱) فتویٰ چاہنا۔ مسئلہ دریافت کرنا (۲) وہ کاغذ جس پر کسی مسئلے کا جواب مانگا جائے (کرنا کے ساتھ) ۔

اِستفراغ (اِس - تِف - رَاغ) (ع) مذکر (۱) قے (۲) قے کرنا ۔ **اِستفراغِ اِمتلائی** (ع - ف) مذکر۔ وہ قے جو پیٹ بھرا ہونے کے باعث ہو ۔ **اِستفراغِ وبائی** (ع - ف) مذکر۔ وہ قے جو وبا کے دنوں میں آب و ہوا کی خرابی سے ہو ۔

اِستفسار (اِس - تِف - سَار) (ع) مذکر۔ دریافت کرنا۔ پوچھنا ۔

اِستفہام (اِس - تِف - ہَام) (ع) مذکر (۱) کسی بات کا پوچھنا (۲) سمجھنے کی خواہش ۔ **اِستفہامِ استخباری** (ع - ف) مذکر۔ وہ استفہام، جس سے صرف دریافت کرنا مقصود ہو، جیسے کیا کہتے ہو؟ **اِستفہامِ اقراری** (ع - ف) مذکر۔ وہ استفہام جس سے ثبوت پایا جائے، جیسے کہتے کیوں نہیں؟ **اِستفہامِ انکاری** (ع - ف) مذکر۔ وہ استفہام، جس سے نفی ثابت ہو، جیسے ایسی بات کیوں کہتے ہو؟

اِستقالہ (اِس - تِقا - لَہ) (ع) مذکر۔ کسی سے معاہدہ توڑ دینے کی درخواست کرنا ۔

اِستقامت (اِس - تِقا - مَت) (ع) مؤنث (۱) استقلال (۲) کسی امر پر مضبوط رہنا ۔

اِستقبال (اِس - تِق - بَال) (ع) مذکر (۱) آئندہ زمانہ (۲) پیشوائی (۳) رخ پر ہونا۔ مقابل ہونا ۔

اِستقرا (اِس - تِق - رَا) (ع) مذکر (۱) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا (۲) جمع کرنا (۳) پیروی کرنا۔ تتبع کرنا ۔

اِستقرار (اِس - تِق - رَار) (ع) مذکر (۱) قرار پانا۔ طے پانا (۲) قائم ہونا۔ ٹھہرنا (۳) اظہار۔ تصدیق ۔ **اِستقراریہ ڈگری** (د) مؤنث۔ خاص شرط پر ٹھہری ہوئی ڈگری ۔

اِستقلال (اِس - تِق - لَال) (ع) مذکر (۱) ضبط و تحمل۔ ثابت قدمی (۲) قیام۔ پائداری۔ ثبات ۔

اِستکبار (اِس - تِک - بَار) (ع) مذکر (۱) گھمنڈ کرنا۔ بڑا سمجھنا (۲) فخر۔ غرور ۔

اِستکراہ (اِس - تِک - رَاہ) (ع) مذکر۔ گھن کرنا۔ ناپسند کرنا۔ مکروہ جاننا۔ نفرت کرنا ۔

اِستکشاف (اِس - تِک - شَاف) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کے اظہار کی خواہش کرنا (۲) وضاحت (۳) ظہور ۔

اِستکمال (اِس - تِک - مَال) (ع) مذکر (۱) تکمیل چاہنا۔ کمال پر پہنچانا (۲) تکمیل۔ کمال ۔

اِستلزام (اِس - تِل - زَام) (ع) مذکر (۱) لازم کرنا۔ ضروری بنانا (۲) ضرورت ۔

اِستماع (اِس - تِما - ع) (ع) مذکر (۱) سننا (۲) گانا سننا ۔

اِستمالت (اِس - تِما - لَت) (ع) مؤنث۔ خوشامد۔ دلجوئی (کرنا کے ساتھ) ۔

اِستمداد (اِس-تِم-دَاد) (ع) مؤنث۔ مدد چاہنا۔ سہارا ڈھونڈنا ۔

اِستمرار (اِس-تِم-رَار) (ع) مذکر (۱) ہمیشگی (۲) ہمیشہ رہنا (۳) جاری ہونا (۴) مضبوط ہونا ۔

اِستمراری (اِس-تِم-رَا-رِی) (ع-ف) ہمیشہ کے لیے۔ دوامی ۔ **استمراری بندوبست** (ع-ف) مذکر۔ ہمیشہ کا بندوبست ۔ **اِستمراری پٹّا** (و) مذکر۔ ایسا پٹّا، جو ہمیشہ کے لیے دیا جائے ۔

اِستمزاج (اِس-تِم-زَاج) (ع) مذکر (۱) مزاج پوچھنا (۲) مرضی دریافت کرنا۔ عندیہ لینا۔ رائے معلوم کرنا۔ (کرنا، لینا کے ساتھ) ۔

اُستن (اُس-تُن) (ع) کھم۔ ستون ۔

اِستناد (اِس-تِنَاد) (ع) مذکر و مؤنث (۱) سند لینا۔ سند چاہنا (۲) سہارا لگانا ۔

اِستنباط (اِس-تِم-بَاط) (ع) مذکر۔ نکالنا۔ چُننا۔ ایک بات سے دوسری بات نکالنا۔ اخذ کرنا۔ چھانٹنا ۔

اِستنبول (اِس-تَم-بُول) (ت) مذکر۔ یورپی ترکی کے دارالخلافہ کا قدیم نام۔ قسطنطنیہ (اصل میں اسلامبول تھا) ۔

اِستنجا (اِس-تِن-جَا) (ع) مذکر (۱) (لغوی) پاک کرنا۔ دھونا۔ ناپاکی دُور کرنا (۲) (اصطلاحی) پیشاب یا پاخانے کے بعد آبدست لینا۔ بول و براز کے بعد طہارت کرنا۔ پیشاب کرنے کے بعد ڈھیلے یا پانی سے طہارت کرنا (کرنا، لینا کے ساتھ) ۔ **استنجا گھر املنا** (و) (لکھنؤ) ایسی بے تکلفی ہونا کہ کسی بات کا پردہ اور لحاظ نہ رہے ۔

استنجے کا ڈھیلا (و) مذکر (۱) وہ مٹی کا ڈھیلا، جس سے بول و براز کے بعد طہارت کی جائے (۲) کثرت کے باعث، جس کی کچھ قدر نہ ہو۔ نکمّا۔ ناکارہ ۔

اِستوا (اِس-تِوَا) (ع) مذکر (۱) برابری (۲) برابر ہونا (۳) دیکھیے خطِ استوا ۔

اُستوار (اُس-تُوَار) (ف) مضبوط۔ پائدار۔ مستحکم ۔

اُستواری (اُس-تُوَا-رِی) (ف) مؤنث۔ مضبوطی۔ پائداری۔ محکمی ۔

اَستھاپن (اَس-تھَا-پَن) (ہ) مذکر (۱) کھڑا کرنا۔ لگانا (۲) تقرر۔ ٹھہراؤ (۳) نوکری ۔ **اَستھاپن کرنا** (ہ) (۱) مورتی کو مندر میں رکھنا (۲) ٹھکانے لگانا ۔

اَستھان (اَس-تھَان) (ہ) مذکر (۱) جگہ۔ ٹھکانا۔ مکان۔ مسکن (۲) ہندو فقرا کا مسکن یا اُن کے دیوتاؤں کی جگہ (۳) بزرگوں کے رہنے کا مقام۔ آستانہ ۔

اِستہزا (اِس-تِہ-زَا) (ع) مذکر (۱) ہنسی کرنا۔ مذاق اُڑانا۔ ٹھٹھا کرنا (۲) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ تمسخر ۔

اِستیصال (اِس-تِی-صَال) (ع) مذکر (۱) بیخ کنی (۲) جڑ سے اُکھاڑنا۔ برباد کرنا ۔

اِستیعاب (اِس-تِی-عَاب) (ع) مذکر (۱) ساری چیز لینا (۲) کسی کتاب یا مضمون وغیرہ کا شروع سے آخر تک پڑھنا ۔

اِستیلا (اِس-تِی-لَا) (ع) مذکر۔ غلبہ۔ تسلّط۔ حکومت۔ اختیار ۔

اِسٹابری (اِس-ٹَا-بَرِی) (ہند) (انگ۔ سٹرابری Strawberry) مؤنث۔ بھدانے جیسے پھل والا ایک قسم کا میوہ دار درخت اور اُس کا پھل ۔

اسٹاف (اِس-ٹَاف) (انگ۔ Staff) مذکر (۱) عملہ۔ محکمے کے ملازمین (۲) لاٹھی۔ ڈنڈا (اصل سٹاف) ۔

اِسٹام (اِس-ٹَام) (ہند) **اِسٹامپ** (اِس-ٹَامپ) (انگ۔ Stamp) مذکر۔ وہ سرکاری کاغذ، جس کے اُوپر کے حصے میں بیل بوٹے سے بنے ہوتے ہیں اور قیمت کی مقدار درج ہوتی ہے۔ یہ کاغذ دستاویز لکھنے کے کام آتا ہے (اصل سٹیمپ) ۔

اِسٹوڈنٹ (اِس-ٹُو-ڈَنٹ) (انگ۔ Student) مذکر۔ طالب علم (اصل سٹوڈنٹ) ۔

اِسٹیٹ (اِس-ٹیٹ) (انگ۔ State) مؤنث۔ جائداد۔ ریاست۔ علاقہ۔ راج۔ سلطنت (اصل سٹیٹ) ۔

اِسٹیج (اِس-ٹیج) (انگ۔ Stage) مذکر۔ چبوترا۔ پلیٹ فارم۔ ممتاز جگہ۔ نمایاں جگہ، جس پر کھڑے ہو کر تماشا کرنے والے تماشا اور مقررین تقریر کرتے ہیں (اصل سٹیج) ۔

اِسٹیشن (اِس-ٹے-شَن) (انگ۔ Station) مذکر (۱) قیام کی جگہ۔ مقام۔ پڑاؤ (۲) (مجازاً) ریل گاڑی کے ٹھہرنے کی جگہ (اصل سٹیشن) ۔

اِسٹیل (اِس-ٹِیل) (انگ۔ Steel) مذکر۔ فولاد (اصل سٹیل) ۔ **اسٹیل پن** (انگ۔ Steel Pen) مذکر۔ فولاد کا قلم۔ وہ انگریزی قلم جس میں زبان اور ہولڈر فولاد کا ہوتا ہے ۔

اِسٹیمر (اِس-ٹِی-مَر) (انگ۔ Steamer) مذکر۔ دُخانی جہاز۔ بھاپ کے زور سے چلنے والا جہاز (اصل سٹیمر) ۔

اِسٹیمیٹ (اِس-ٹِی-مِیٹ) (انگ۔ Estimate) مذکر۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ جانچ ۔

اِسحاقؑ (اِس-حَاق) (ع) مذکر۔ حضرت ابراہیمؑ کے فرزند اور حضرت یعقوبؑ کے والد ۔

اَسَد (اَ سَد) (ع) مذکر (۱) شیر (۲) آسمان کا ایک بُرج، جس کی صورت شیر سے ملتی ہے۔ **اَسَدُ اللہ** (ع) مذکر۔ خدا کا شیر۔ حضرت علی مُرتضیٰؓ کا لقب ۔

اسرار (اَس-رَار) (ع) مذکر۔ سِر کی جمع (۱) راز۔ بھید۔ پوشیدہ باتیں (۲) (و) جن یا پری کا سایہ۔ آسیب ۔

اِسراف (اِس-رَاف) (ع) مذکر (۱) فضول خرچی (۲) روپیہ اُڑانا۔ روپے کا لٹنا۔ بیجا خرچ کرنا ۔

اِسرافیل (اِس-رَا-فِیل) (عبرانی) مذکر۔ ایک مقرب فرشتہ، جو قیامت کے دن دو مرتبہ صور پھونکے گا۔ پہلی بار ساری خلقت فنا اور دوسری بار زندہ ہو جائے گی ۔

اسرائیل (اِس-رَا-اِیل) (عبرانی) مذکر۔ حضرت یعقوبؑ کا دوسرا نام۔ اسی وجہ سے آپ کی نسل بنی اسرائیل کہلاتی ہے ۔

اسرائیلی (اِس-رَا-اِی-لِی) (عبرانی-فارسی) مذکر۔ بنی اسرائیل سے۔ یہودی ۔

اَسسٹنٹ (اَ-سِس-ٹَنٹ) (انگ۔ Assistant) مددگار۔ معاون۔ نائب ۔

اسطوانہ (اُس-طُوَا-نَہ) (ع) کھم۔ ستون (جمع اساطین) ۔

اُسطوخُودُوس (اُس۔ طُو۔ خُدْ۔ دُوس) (یونانی) مذکر۔ ایک قسم کی گھاس، جس کے پھول دواؤں میں کام آتے ہیں ❁

اَسفل (اَس۔ فَل) (ع) مذکر (۱) اعلیٰ کے برعکس۔ ادنیٰ۔ سب سے نیچا۔ کمینہ۔ نیچ (۲) انتہا کا ذلیل ❁ **اَسفل السّافلین** (ع) مذکر (۱) دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ (۲) کمینوں میں سب سے زیادہ کمینہ اور ذلیل ❁

اِسفنج (اسپنج کا معرب) (دیکھیے "اسپنج") ❁

اسفندیار (اِس۔ فَن۔ دِیار) (ف) مذکر (۱) دارا گشتاسپ شاہِ ایران کا بیٹا، جو بڑا پہلوان تھا (۲) (تشبیہاً) بڑا بہادر ❁

اِسقاط (اِس۔ قَاط) (ع) مذکر (۱) گرانا (۲) حمل کا گرانا ❁ **اِسقاطِ حمل** (ع) مذکر۔ (۱) حمل کا گرانا (۲) حمل کا گر جانا ❁ **اِسقاط (حمل) کرانا** (ف) حمل کا گر وانا ❁

اِسقاط (حمل) ہونا (ف) حمل کا گر جانا ❁

اَسقام (اَس۔ قَام) (ع) مذکر۔ سُقم کی جمع۔ عیب۔ برائیاں ❁

اُسقف (اُس۔ قُف) (ع) مذکر۔ پادریوں کا سردار۔ لاٹ پادری۔ لارڈ بشپ ❁

اسکاٹ (اِس۔ کَاٹ) (انگ۔ Scot) اسکاٹ لینڈ کا باشندہ (اصل سکاٹ)۔

اسکاچ (اِس۔ کَاچ) (انگ۔ Scotch) (۱) سکاٹ لینڈ یا وہاں کے باشندوں کے متعلق (۲) مؤنث۔ سکاٹ لینڈ کی زبان (۳) مذکر۔ سکاٹ لینڈ کے باشندے (اصل سکاچ) ❁

اُسکانا (اُس۔ کَا۔ نَا) (ہ) (عوام) (۱) بتی روشن کرنا (۲) تحریک۔ ابھارنا۔ جوش دلانا ❁

اسکاؤٹ (اِس۔ کَاؤُٹ) (انگ۔ SCOUT) مذکر۔ خدمتِ خلق کی اُس تحریک کا رضاکار، جو سکولوں کے ہوشیار لڑکوں میں چلائی جاتی ہے۔ یہ رضاکار بچہ خاکی وردی، نیکر پہنتا اور گلے میں ایک رومال باندھتا ہے ❁ **اسکاؤٹنگ** (انگ۔ Scouting) مؤنث (۱) لڑکے اسکاؤٹ بنانے کی تحریک (۲) سکاؤٹ کے فرائض انجام دینا ❁

اسکرو (اِس۔ کَرُو) (انگ۔ Screw) مذکر۔ پیچ۔ بوتل کا کاگ کھولنے کا پیچ ❁

اِسکندر (اِس۔ کَن۔ دَر) (یونانی) مذکر۔ فیلقوس شاہِ مقدونیہ کا بیٹا، مشہور یونانی بادشاہ، جس نے بلخ و بخارا، ایران اور شمالی ہندوستان کا بھی بہت سا حصہ فتح کر لیا تھا۔ وہ ہندوستان سے لوٹتے ہوئے بابل کے قریب پہنچ کر فوت ہو گیا ❁ **اِسکندریّہ** (ع) مؤنث، بحیرۂ روم کے کنارے مصر کی مشہور بندرگاہ، جو سکندر کے نام پر آباد ہے ❁

اسکوائر (اِس۔ کَوَا۔ اِر) (انگ۔ Esquire) مذکر (۱) بہادر (۲) صاحب۔ عموماً شرفاء کے نام کے ساتھ مستعمل ہے ❁

اسکورٹ (اِس۔ کَو۔ رٹ) (انگ۔ Escort) مذکر۔ بدرقہ۔ فوجی دستہ ہمراہی ❁

اِسکول (اِس۔ کُول) (انگ۔ School) مدرسہ۔ مکتب۔ تعلیم گاہ۔ پڑھنے کی جگہ۔ کالج سے نیچے کا مدرسہ ❁

اِسگند (اِس۔ گَنْد) (ہ) مذکر۔ ایک سفید جڑ، جس میں گھوڑے کے پسینے جیسی بُو ہوتی ہے ❁

اَسلاف (اَس۔ لَاف) (ع) مذکر۔ اگلے وقتوں کے لوگ ❁

اِسلام (اِس۔ لَام) (ع) مذکر (۱) (لغوی) گردن جھکانا۔ تسلیم کرنا۔ ماننا۔ اطاعت کرنا (۲) (اصطلاحی) مسلمانوں کا مذہب۔ دینِ محمدیؐ ❁

اِسلام قبول کرنا / **اِسلام لانا** } (ف) مسلمان ہونا۔ دینِ محمدیؐ قبول کرنا ❁

اِسلام بول۔ اسلامبول (ت) (دیکھیے "استنبول") ❁

اَسلحہ (اَس۔ لِحَہ) (ع) مذکر۔ سلاح کی جمع۔ لڑائی کے ہتھیار ❁ **اسلحہ خانہ** (ع۔ ف) مذکر۔ وہ مکان، جہاں ہتھیار پڑے ہوں۔ میگزین ❁

اسلم (اَس۔ لَم) (ع) (۱) نہایت سالم (۲) سانپ کا کاٹا ہوا ❁

اسلوب (اُس۔ لُوب) مذکر۔ راہ۔ طور۔ روش۔ طریقہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ صورت۔ قاعدہ ❁ **اسلوب بندھنا** (ف) راہ نکلنا۔ صورت پیدا ہونا ❁

اِسم (اِسْم) (ع) مذکر (۱) نام (۲) (صرف و نحو کی اصطلاح) وہ کلمہ، جو آپ اپنے معنی دے اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے ❁ **اِسم اشارہ** (ع) مذکر۔ وہ کلمہ، جس سے اشارہ کریں۔ جیسے اِس۔ اُس ❁ **اسم اعظم** (ع) مذکر۔ خدا کے ناموں میں سب سے بڑا اور بزرگ نام، جو بعض کے نزدیک اللہ ہے ❁ **اسم بامسمّٰی** (ع۔ ف) اُس کے متعلق کہتے ہیں، جس کی خوبیاں اس کے نام کی مانند ہوں ❁ **اسم جلالی** (ع۔ ف) مذکر۔ خدا کا وہ نام، جس سے اس کے جلال کی شان ظاہر ہو جیسے جبّار۔ قہّار ❁ **اسم جمالی** (ع۔ ف) مذکر۔ خدا کا وہ نام، جس میں شانِ رحمت پائی جائے۔ جیسے۔ رحیم۔ رحمٰن ❁ **اِسم ذات** (ع) مذکر (کنایۃً) اللہ کا نام، جو اس کی ذات پر دلالت کرتا ہے ❁ **اِسم فرضی** (ع۔ ف) مذکر۔ فرضی اور نقلی نام، جس کی کوئی اہمیت نہ ہو ❁ **اِسم نویسی** (ع۔ ف) مؤنث (۱) گواہوں کی فہرست (۲) (عو) وہ کاغذ، جو نسبت کے رُقعے سے پہلے بھیجا جاتا ہے اور جس میں ضروری امور درج ہوتے ہیں (۳) حاضری کا کاغذ (۴) رجسٹر میں درج کرنا (۵) نام درج کرنے کا رجسٹر ❁ **اِسم وار** (ع۔ ف) ناموں کی ترتیب سے۔ فرداً فرداً ❁ **اَسماء** (ع) مذکر (۱) اِسم کی جمع۔ بہت سے نام (۲) سعدی کی معشوقہ ❁ **اسماء الرّجال** (ع) مذکر۔ لوگوں کے نام ❁

اسماعیل۔ اِسمٰعیل (اِس۔ مَا۔ عِیل) (ع) مذکر۔ حضرت ابراہیمؑ کے فرزند جن کا لقب ذبیح اللہ ہے، رسول اللہ صلعم کے اجداد میں سے تھے ❁ **اِسمٰعیلیّہ** (ع) مذکر۔ ایک فرقہ، جس کا بانی حسن بن صبّاح تھا ❁

اسناد (اَس۔ نَاد) (ع) مذکر و مؤنث۔ سند کی جمع (۱) سندیں۔ دلیلیں۔ حجتیں (۲) سرٹیفکیٹ۔ وثیقے ❁

اِسناد (اِس۔ نَاد) (ع) مذکر۔ سند پیش کرنا ❁

اُسوار (دیکھیے "سوار") ❁ **اسواری** (دیکھیے "سواری") ❁

اسوانسی (اَس۔ وَا۔ نْسی) (ہ) مؤنث۔ زمین ناپنے کا پیمانہ جو کچوانسی کا بیسواں حصہ ہوتا ہے ❁

اسوج (اَسُوج) (ہ) مذکر۔ ہندی سال کا چھٹا مہینا، جس کا آغاز عموماً نصف ستمبر سے

ہوتا ہے ۔

اَسوَد (اَس۔ وَد) (ع) سیاہ۔ کالا ۔ **اَسود و اَحمر** (ع) مذکر (۱) بحیرۂ اسود اور بحیرۂ قلزم (۲) عرب و عجم ۔

اُسوہ (اُس۔ وَہ) (ع) مذکر (۱) پیشوا۔ سرگروہ۔ سردارِ قوم (۲) نمونہ۔ طریق۔ چال۔ روش ۔

اسہال (اِس۔ ہال) (ع) مذکر (۱) دست۔ پتلا پاخانہ (۲) دست آنا۔ پاخانے کا بار بار آنا ۔

اسہام (اِس۔ ہام) (ع) مذکر۔ تیروں کے ذریعے سے قرعہ نکالنا ۔

اسہل (اَس۔ ہَل) (ع) نہایت آسان ۔

اَسّی (اَس۔ سی) (ہ) ۸۰ ۔ ہشتاد۔ بیس کم سو ۔ **اَسّی برس کا نیزہ** (د) (کنایۃً) بڑھاپے میں جوانوں کا سا مزاج رکھنے والا یا بچوں کی سی باتیں کرنے والا ۔ **اسّی برس کی عمر نام میاں معصوم** (د) مثل۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بڑھاپے کے باوجود بچپنے کی حرکتیں کرے اور بھولا بنے ۔ **اَسّی کوس** (ہ) بہت فاصلے پر ۔ **اَسّی لَسّی** (ہ) بڑھاپے کے لیے کمزوری لازم ہے ۔

اسیاف (اَس۔ یاف) (ع) مذکر (۱) سَیف کی جمع۔ تلواریں (۲) سِیف کی جمع۔ کنارے۔ ساحل ۔

اسیر (اَسِیر) (ع) مذکر (۱) قیدی۔ پابند (۲) عاشق (بنانا، رہنا، کرنا، ہونا وغیرہ کے ساتھ) ۔ **اسیرِ سلطانی** (ع۔ ف) مذکر۔ بادشاہی قیدی۔ نظر بند ۔

اَسیری (ع۔ ف) مؤنث۔ قید ۔

اسیرباد (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "اشیرباد" ۔

اَسیس (اَسیس) (ہ) مؤنث۔ دعائے خیر ۔ **اَسیسنا** (ہ) دعا دینا ۔

اسیسر (اَسیس۔ سَر) (انگ۔ Assessor) مذکر۔ تجویز کرنے والا۔ تشخیص کرنے والا۔ پنچ۔ مددگار۔ مشیر۔ وہ شخص، جو فوجداری کے مقدموں میں سیشن جج کو اپنی رائے سے مدد دے ۔

اسیلا (اَسے۔ لا) (ہ) (ص) کم عقل یا احمق ۔

ا ـ ش

اِش (اِش) (ہ) شیر خوار بچوں کو پیشاب یا پاخانہ کرنے کا اشارہ ۔

اَش اَش (اَش، اَش) (ہند) [عربی کے لفظ اشاش (خوشی کرنا، شادی کرنا، وجد کرنا) سے ماخوذ ہے ۔] مذکر۔ خوشی اور تعجب کے اظہار کا کلمہ (عش عش (عین سے) بھی درست ہے ۔) **اش اش کرنا** (د) کسی چیز پر لوٹ ہو کر بے تحاشا تعریف کرنے لگنا۔ انتہائی پسندیدگی سے وجد میں آنا ۔

اِشارات (اِشا۔ رات) (ع) مذکر (۱) اشارہ کی جمع۔ کنایے۔ رمزیں، علامتیں (۲) (ف) ریلوے سگنل ۔

اشارت (اِشا۔ رَت) (ع) مؤنث۔ اشارہ (متروک) ۔ **اشارتیں** (د) مؤنث۔ اشارے (متروک)، **اِشارَہ** (ع) مذکر۔ کنایہ۔ ایما۔ ہاتھ ۔ آنکھ وغیرہ کی حرکت سے کوئی مطلب ظاہر کرنا ۔ **اشارہ پانا** (د) منشا معلوم کرلینا۔ ایما دریافت کرلینا **اشارہ فہم** (ع) قرینے سے منشا معلوم کرلینے والا۔ کنایے سے مطلب سمجھ جانے والا ۔ **اشارہ کرنا** (د) (۱) اشارے سے دل کا منشا ظاہر کرنا (۲) کنایۃً اور اختصاراً کسی امر کو تقریر یا تحریر میں ظاہر کرنا (۳) بہکانا۔ بھڑکانا۔ سنکارنا ۔ **اشارے بازی کرنا** (د) (۱) اشارے سے دلی منشا ظاہر کرنا (۲) ناجائز طریق پر اشارے کنایے سے باتیں کرنا ۔ **اشارے پر چلنا** (د) ایما پا کر عمل کرنا ۔ **اشارے پر لگانا** (د) کسی کو ایسی تعلیم دینا کہ اشارہ پا کر کام کرنے لگے ۔ **اشارے پر لگنا** (د) لازم ۔ **اشارے چلنا** (د) اشارے بازی ہونا ۔

اِشاعت (اِشا۔ عَت) (ع) مؤنث۔ شائع کرنا۔ پھیلانا۔ مشہور کرنا ۔

اِشباع (اِش۔ باع) (ع) مذکر (۱) حرکات کو اس طرح کھینچنا کہ زبر سے الف، زیر سے یٰ اور پیش سے واؤ پیدا ہو جائے (۲) (علم عروض کی اصطلاح) حرف دخیل کی حرکت ۔

اَشباہ (اَش۔ باہ) (ع) مذکر۔ شبہ کی جمع (۱) صورتیں۔ شکلیں (۲) نظیریں ۔

اِشباہ (اِش۔ باہ) (ع) مذکر۔ کسی کے مشابہ ہونا۔ مانند ہونا ۔

اِشتباہ (اِش۔ تِباہ) (ع) مذکر (۱) شُبہہ۔ گمان۔ شک (۲) شُبہہ کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۳) مشابہ ہونا ۔

اِشتداد (اِش۔ تِداد) (ع) مذکر (۱) زیادتی۔ شدّت۔ کثرت۔ بہتات (۲) سختی کرنا۔ شدّت کرنا (۳) مضبوطی کرنا (۴) تنگی کرنا ۔

اُشتر (اُش۔ تُر) (ف) مذکر۔ اونٹ ۔

اِشترا (اِش۔ تِرا) (ع) مذکر (۱) خرید۔ تجارت (۲) مول لینا۔ خریدنا ۔

اِشتراک (اِش۔ تِراک) (ع) مذکر۔ شرکت۔ ساجھا۔ میل ۔ **اشتراکِ انقلابی** (ع۔ ف) مذکر۔ وہ اشتراک یا اتحاد، جو ملک کے انتظام میں تبدیلی پیدا کرنے کے لیے مختلف مذہبوں یا گروہوں میں پیدا ہو ۔ **اشتراکی** (ع۔ ف) جمہوریت پسند۔ شخصی سیاسی اقتدار کا مخالف۔ سوشلسٹ ۔ **اِشتراکیت** (ع) مؤنث۔ ایک نظام، جس سے معاشرے کی اصلاح کرنے کے لیے جائداد برابر تقسیم کی جاتی ہے۔ جمہوریت پسندی۔ سوشلزم ۔

اشتعال (اِش۔ تِعال) (ع) مذکر (۱) شعلہ اٹھنا۔ بھڑکنا (۲) جوش اور برہمی پیدا ہونا ۔ **اِشتعالِ طبع** (ع) مذکر۔ طبیعت میں برہمی اور جوش پیدا ہونا ۔ **اِشتعالک** (د) مؤنث (۱) چراغ کی روشنی زیادہ کرنے کے لیے بتی اُکسانا (۲) بتی اُکسانے کا تنکا (۳) (ع) بھڑکانا ۔ **اشتعالک دینا** (د) (۱) جلتے ہوئے چراغ کی بتی اُکسانا (۲) بھڑکانا۔ پرچک دینا ۔

اِشتغال (اِش۔ تِغال) (ع) مذکر (۱) مشغول ہونا (۲) مشغولی۔ شغل۔ کاروبار۔ کام ۔

اشتقاق (اِش۔ تِقاق) (ع) مذکر (۱) لکڑی وغیرہ کا چیرنا (۲) پھٹنا (۳) نکلنا (۴) ایک کلمے سے دوسرا کلمہ بنانا۔ مشتق کرنا (مادہ) نکالنا ۔

اشتمال (اِش۔ تِمال) (ع) مذکر (۱) شامل ہونا۔ شریک ہونا (۲) شامل کرنا۔ ملانا ۔

اِشتہا (اِش۔ تِہا) (ع) مؤنث (۱) بھوک (۲) خواہش ۔

اِشتہار (اِش۔ تِہار) (ع) مذکر (۱) شہرت دینا۔ مشہور کرنا (۲) شہرت پانا (۳) اعلان،

نوٹس (۴) وہ چھپا ہُوا کاغذ، جس میں کسی بات کا اعلان ہو ٭ **اشتہار دینا** (ف) اشتہار کے ذریعے سے کسی بات کی عام اطلاع دینا ٭ **اشتہار لگانا** (ف) کسی جگہ اشتہار چسپاں کرنا ٭ **اشتہار لگنا** (ف) لازم ٭ **اشتہاری** (ع۔ف) (۱) اشتہار سے منسوب (۲) وہ مجرم، جس کی گرفتاری کے لیے اشتہار دیا گیا ہو (۳) اشتہار دینے والا ٭

اِشتیاق (اِش۔ تِیاق) (ع) مذکر۔ شوق۔ تمنا۔ آرزو ٭

اَشٹمی (اَشٹ۔ مِی) (ہ) مؤنث۔ ہر ہندی مہینے کی آٹھویں تاریخ ٭

اشجار (اَش۔ جَار) (ع) مذکر۔ شجر کی جمع۔ درخت۔ پیڑ ٭

اشجع (اَش۔ جَع) (ع) مذکر (۱) بہت بہادر (۲) ایک قسم کا سانپ ٭

اشخاص (اَش۔ خَاص) (ع) مذکر۔ شخص کی جمع لوگ۔ آدمی ٭

اَشد (اَشَدّ) (ع) بہت سخت۔ نہایت زیادہ ٭

اَشُدھ (اَشُدھ) (س) گندہ۔ ناپاک ٭

اَشر (اَشَرّ) (ع) نہایت شریر ٭ **اشر النّاس** (ع) ساری دُنیا کے انسانوں سے زیادہ شریر ٭ **اَشرار** (ع) مذکر۔ شریر کی جمع۔ بُرے۔ شرارتی لوگ ٭

اشراف (اَش۔ رَاف) (ع) مذکر (۱) شریف کی جمع۔ عالی خاندان لوگ۔ تہذیب و شرافت سے آراستہ لوگ (۲) (۱) ایک شریف اور اعلیٰ نسب شخص ٭ **اشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے** (ف) مثل۔ کمینہ شریف کی خوشامد، اور نرمی پر اُلٹا اَور دلیر ہو جاتا ہے ٭ **اشراف پرست** (ع۔ف) شریفوں کی قدر کرنے والا ٭ **اشراف وہ ہے، جس کے پاس اشرفی ہے** (ف) مثل۔ آج کل کے زمانے میں مال دار ہی شریف سمجھا جاتا ہے ٭

اشرافت (اَش۔ رَا۔ فَت) (ف) مؤنث۔ بھلمنساہٹ۔ شائستگی ٭ **اَشرافیہ** (ع) مؤنث (۱) حکومتِ امراء۔ وہ جماعت، جسے ملک کا حق نیابت حاصل ہے۔ (۲) وہ خاندان، جس کے افراد بادشاہ کے عزیز ہونے کے باعث امتیازی حقوق رکھتے ہوں ٭

اِشراق (اِش۔ رَاق) (ع) مذکر (۱) روشن ضمیری۔ صفائے باطن (۲) وہ وقت کہ سورج نکل آیا ہو، لیکن اس میں تیزی نہ آئی ہو (۳) مؤنث۔ وہ نماز، جو سورج نکلنے سے کچھ دیر بعد اس کے نیزے، دو نیزے بلند ہو جانے پر پڑھی جاتی ہے ٭

اِشراقیین (ع) مذکر۔ حکماء کا وہ مرتاض گروہ، جو تصفیۂ قلب اور کشف کے ذریعے سے دُور بیٹھے اپنے شاگردوں کو تعلیم دیتا ہے ٭

اشرف (اَش۔ رَف) (ع) نہایت شریف۔ بڑا بزرگ ٭ **اشرف المخلوقات** (ع) ساری مخلوق سے زیادہ شریف اور بزرگ۔ انسان ٭

اشرفی (اَش۔ رَفِی) (ف) مؤنث۔ سونے کا سکہ۔ پونڈ۔ گنی۔ ساورن۔ دینار ٭ **اشرفی بُوٹی** (ف) مؤنث۔ اشرفیوں کے برابر گول بُوٹیاں، جو زربفت، کمخواب وغیرہ پر ہوتی ہیں ٭ **اشرفی کا پھول** (ف) مذکر۔ اشرفی جیسا ایک گول اور زرد پھول ٭ **اشرفیاں لٹیں کوئلوں پر مُہر** (ف) مثل۔ اُس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو یوں تو ہزاروں روپے لٹا دے، لیکن چھوٹی چھوٹی باتوں میں کم حوصلگی سے کام لے ٭

اشعار (اَش۔ عَار) (ع) مذکر۔ شعر کی جمع۔ ابیات ٭

اشعری (اَش۔ عَرِی) (ع) (۱) ابوالحسن علی بن اسمٰعیل (۲) ابو بردا عامر بن ابی موسیٰ (۳) ابوالحسن علی استاد امام غزالیؒ (۴) ابو موسیٰ ٭ **اَشعریّہ** (ع) مذکر۔ حکمائے اسلام کا ایک طبقہ ٭

اَشِعّہ (اَشِع۔ عَہ) (ع) مؤنث۔ شعاع کی جمع۔ کرنیں ٭

اشغال (اَش۔ غَال) (ع) مذکر۔ شغل کی جمع۔ کام۔ مشغلے ٭

اُشغلا (اُش۔ غَلا) (ف) مذکر (۱) فساد۔ فتنہ (۲) فساد والی بات ٭ **اُشغلا اٹھانا** (ف) فساد ڈالنا۔ فتنہ برپا کرنا ٭ **اُشغلا اٹھنا** (ف) لازم ٭ **اُشغلا چھوڑنا** (ف) شگوفہ چھوڑنا۔ گُل کھلانا ٭

اشفاق (اَش۔ فَاق) (ع) مذکر۔ شفقت کی جمع۔ عنایتیں۔ مہربانیاں ٭

اشقیا (اَش۔ قِیَا) (ع) مذکر۔ شقی کی جمع۔ بدنصیب۔ سنگ دل۔ کرخت۔ کرشے۔ ظالم۔ بے رحم ٭

اشک (اَشک) (ف) مذکر۔ آنسو۔ ٹسوا ٭ **اشک بار۔ اشکبار** (ف) آنسو بہانے والا ٭ **اشک باری۔ اشکباری** (ف) مؤنث۔ آنسو بہانا۔ رونا ٭ **اشکِ بلبل** (ف) مذکر (لکھنؤ) افیون کی تھوڑی سی مقدار ٭ **اشکِ حسرت** (ف۔ع) مذکر۔ افسوس اور غم کے آنسو ٭ **اشک ریز** (ف) آنسو بہانے والا ٭ **اشکِ شادی** (ف) مذکر۔ وہ آنسو، جو خوشی کے جوش میں نکلیں ٭ **اشکِ شمع** (ف) مذکر۔ وہ قطرے، جو شمع کے جلنے سے گرتے ہیں ٭ **اشک شوئی** (ف) مؤنث (۱) آنسو پونچھنا (۲) تسلی دینا ٭ **اشکِ کباب** (ف) مذکر۔ وہ پانی، جو کباب سے آگ پر رکھنے کے بعد نکلتا ہے ٭

اَشکال (اَش۔ کَال) (ع) مؤنث۔ شکل کی جمع۔ شکلیں۔ صورتیں۔ مورتیں ٭

اِشکال (اِش۔ کَال) (ع) مذکر۔ دقت۔ مشکل ٭

اُشلک (اُش۔ لَک) (ت۔ اشلق سے بنا ہے) مؤنث۔ بہتان۔ تہمت (لگانا کے ساتھ) ٭

اَشلوک (اَش۔ لُوک) (س) مذکر (۱) شعر۔ بیت۔ نظم (۲) مقفیٰ فقرہ ٭

اشنان (اَش۔ نَان) (ہ) مذکر۔ غسل۔ نہانا ٭ **اشنان دھیان کرنا** (ف) نہا دھو کر پوجا پاٹ کرنا ٭

اشوک (اَشُوک) (ہ) مذکر۔ ہندوستان کا ایک مشہور راجا ٭

اَشہاد (اَش۔ ہَاد) (ع) مذکر۔ شاہد کی جمع۔ گواہ۔ چشم دید گواہ ٭ **اِشہاد** (ع) مذکر (۱) شہادت پیدا کرنا۔ ثبوت پیش کرنا۔ گواہ کرنا (۲) دیکھنے کے لیے جانا (۳) حاضر کرنا (۴) مرد سے منی اور مذی کا جدا ہونا ٭

اشہب (اَش۔ ہَب) (ع) مذکر (۱) گھوڑا (۲) سبزہ گھوڑا (۳) وہ سیاہ رنگ، جس میں سفیدی غالب ہو (ان معنی میں اکثر عنبر کی صفت میں آتا ہے) ٭

اشہر (اَش۔ ہَر) (ع) نہایت مشہور ٭

اَشیا (اَش۔ یَا) (ع) مؤنث۔ شے کی جمع۔ چیزیں ٭

اشیرباد (اَشِیر۔ بَاد) (س) مؤنث (۱) دعائے خیر (۲) آداب ٭

ا ۔ ص

اصابت (اِصَا۔بَت) (ع) مؤنّث (۱) پہنچ۔ رسائی (۲) صواب پانا۔ پہنچنا (۳) مضبوطی۔ پختگی ؛

اصالت (اَصَا۔لَت) (ع) مؤنّث (۱) ذات اور خاندان کا اثر۔ نطفے کی تاثیر (۲) شرافت (۳) رذالت (۴) گھوڑے اور مرغ کا عمدہ نسل سے ہونا (۵) تلوار کا کھراپن ؛ **اصالت پر آجانا (جانا)** (د) (۱) قدرتی یا خاندانی اثر دکھانا (۲) کمینگی پر آجانا۔ کمینے کا کمینہ پن کرنا (۳) شرارت پر آجانا ؛ **اصالتاً**

اصالتاً (اَصَا۔لَتَن) (ع) خود۔ بنفس نفیس۔ بلا واسطہ۔ بذاتِ خاص۔ اپنے آپ ؛

اَصحّ (اَصَحّ) (ع) نہایت صحیح۔ بہت درست ؛

اصحاب (اَص۔حَاب) (ع) مذکر۔ صاحب کی جمع الجمع (۱) مصاحب۔ دوست۔ (۲) وہ حضرات، جو رسول اللہ صلعم کی صحابت میں رہے یا جنھوں نے بحالِ ایمان آنحضرتؐ کو حالتِ پیغمبری میں دیکھا (۳) خداوند۔ مالک ؛ **اصحابِ فیل** (ع) مذکر (۱) ہاتھیوں والے (۲) (اصطلاحاً) وہ لوگ، جو ابرہہ والیٔ یمن کے ساتھ خانۂ کعبہ ڈھانے آئے تھے ؛ **اصحابِ کہف** (ع) مذکر (۱) غار والے (۲) (اصطلاحاً) وہ سات آدمی، جو دقیانوس بادشاہ کے ڈر سے غار میں چھپ کر تین سو نو سال تک لگاتار سوتے رہے۔ اس کے بعد ایک دو مرتبہ جاگ کر پھر سو رہے۔ ان کے ساتھ ایک کتا بھی تھا ؛

اصدار (اِص۔دَار) (ع) مذکر۔ صادر کرنا۔ نکالنا۔ بھیجنا ؛

اصرار (اِص۔رَار) (ع) مذکر (۱) ضد۔ تکرار۔ ہٹ (۲) تاکید (کرنا کے ساتھ) ؛

اَصراف (اَص۔رَاف) (ع) مذکر۔ صرف کی جمع۔ بہت خرچ ؛ **اِصْرَاف** (ع) مذکر (۱) خرچ کرنا (۲) خرچ۔ مصرف ؛

اصطباغ (اِص۔طِبَاغ) (ع) مذکر (۱) رنگنا۔ غوطہ دینا (۲) عیسائی مذہب اختیار کرتے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم۔ بپتسمہ ؛ **اِصطباغ دینا** (د) بپتسمہ دے کر عیسائی بنانا ؛

اصطبل (اِص۔طَبَل) (ع) مذکر۔ گھوڑوں کے باندھنے کا مکان۔ طویلہ ؛ **اِصطبل کی بلا بندر کے سر** (د) مثل۔ جرم کوئی کرے، پکڑا کوئی جائے ؛

اُصطُرلاب (اُص۔طُر۔لَاب) (یونانی) مذکر۔ پیتل کا ایک آلہ، جس پر علم نجوم کے احکام کے مطابق نقش اور خط کھدے ہوتے ہیں۔ اس سے سورج اور ستاروں کی سالانہ بلندی کا حساب معلوم ہو جاتا ہے ؛

اصطفا (اِص۔طِفَا) (ع) مؤنّث (۱) چُنا جانا۔ منتخب ہونا (۲) برگزیدگی۔ بزرگی ؛

اِصطلاح (اِص۔طِلَاح) (ع) مؤنّث (۱) وہ لفظ یا جملہ، جس کے کوئی خاص معنی کوئی گروہ قرار دے لے (۲) کسی فن یا پیشے کا خاص لفظ ؛ **اصطلاحی** (ع۔ف) اصطلاح سے نسبت رکھنے والا۔ قرار دیا ہوا امر ؛

اصغر (اَص۔غَر) (ع) مذکر۔ نہایت چھوٹا۔ بہت ہی کم عمر ؛

اصفر (اَص۔فَر) (ع) زرد۔ زعفرانی ؛

اصفہان (اِص۔فَہَان) (ف) مذکر۔ ایران کا مشہور شہر، جہاں کی تلوار اور سُرمہ مشہور ہے ؛ **اصفہان نصف جہان** (ف) مثل۔ اصفہان آدھی دنیا کے برابر ہے (کسی زمانے میں اصفہان بہت بڑا شہر تھا) ؛

اصفیا (اَص۔فِیَا) (ع) مذکر۔ صفی کی جمع۔ چُنے ہوئے لوگ، پاک باطن ؛

اصل (اَصْل) (ع) مؤنّث (۱) بنیاد۔ جڑ (۲) مادہ۔ ماخذ (۳) لُبِّ لُباب۔ خلاصہ (۴) ہستی۔ کائنات۔ بساط (۵) حقیقت (۶) نقل کے برعکس، چیز کی ہر یا بات کی (۷) بے میل۔ خالص (۸) گزشتہ حالت۔ ابتدائی حیثیت (۹) ذات۔ نسب۔ نطفہ (۱۰) قدیم (۱۱) مول۔ اصل زر (۱۲) شریف (۱۳) متن ؛

اصل اصل ہی ہے، نقل نقل ہی ہے
اصل اصل ہے، نقل نقل ہے
اصل کی بات نقل میں نہیں
اصل اور نقل میں بڑا فرق ہے
اصل اور نقل میں زمین آسمان کا فرق ہے
(د) مثل۔ جو خوبی اصل میں ہوتی ہے، وہ نقل میں نہیں ہوتی ؛

اصل الاصول (ع) مذکر۔ اصل بنیاد۔ لُبِّ لُباب۔ خلاصہ ؛ **اصل السوس** (ع) مؤنّث۔ ملٹھی ؛ **اصل بد از بدی خطا نکند** (ف) مثل۔ بد اصل بدی کرنے سے چُوکتا نہیں۔ کمینہ بدی کو چھوڑ نہیں سکتا ؛ **اصل پر کھچ جانا** (د) اصالت یا فطرت پر آجانا ؛ **اصل خیر سے** (د) خیریت سے۔ سلامتی سے۔ بخیر و خوبی ؛ **اصل سے خطا نہیں، کم اصل سے وفا نہیں** (د) مثل۔ شریف برائی نہیں کر سکتا اور رذیل سے بھلائی نہیں ہو سکتی ؛ **اصلا۔ اصلاً** (ع۱ اردو، ع۲ عربی) (۱) اصل میں۔ حقیقت میں (۲) کسی طرح۔ ہرگز (۲) نام کو۔ مطلق۔ ذرا ؛ **اَصلَوں** (د) (ع) بالکل ؛ **اَصلی** (ع۔ف) (۱) ٹھیک۔ واقعی (۲) نقلی اور مصنوعی کے برعکس (۳) قدیم۔ خاص (۴) طبعی۔ فطری ؛ **اَصلیّت** (ع) مؤنّث۔ حقیقت۔ واقعیت۔ اصلی بات ؛

اَصلاب (اَص۔لَاب) (ع) مذکر و مؤنّث۔ صُلب کی جمع۔ پیڑھیاں۔ پُشتیں ؛

اِصلاح (اِص۔لَاح) (ع) مؤنّث (۱) درستی۔ ترمیم (۲) خط کا بنانا یا بنوانا (۳) صلح۔ میل۔ موافقت (۴) سنوارنا۔ نقص دُور کرنا۔ ترتیب دینا (۵) (طبیبوں کی اصطلاح) ایک دوا کے نقصان کو دوسری دوا کے ملانے سے دفع کرنا ؛ **اِصلاح بنوانا** (د) خط بنوانا۔ حجامت بنوانا ؛ **اِصلاح پر آنا** (د) نقصان دفع ہونا۔ صلاحیت پر آنا ؛ **اِصلاح پذیر** (ف) اصلاح قبول کرنے والا ؛ **اصلاح دینا** (د) نقص دُور کرنا۔ درست کرنا ؛ **اِصلاح لینا** (د) (۱) نقص دُور کرنے کی غرض سے نظم یا نثر اُستاد کو دکھانا (۲) سقم رفع کرنے کے لیے کسی حرف کی تختی یا نظم یا نثر کسی خوشنویس اُستاد کو دکھانا ؛

اصمّ (اَصَمّ) (ع) (۱) بہرا۔ سُننے کی قوت سے معذور (۲) مذکر۔ ایسا عدد، جس کا جذر نہ نکل سکے ؛

اصمعی (اَص۔مَعِی) (ع) مذکر۔ عرب کا مشہور ادیب ابو سعید عبدالملک ابن قریب ؛

اصناف (اَص۔نَاف) (ع) مذکر و مؤنّث۔ صنف کی جمع۔ قسمیں ؛

اصنام (اَص۔نَام) (ع) مذکر۔ صنم کی جمع (۱) پتھر وغیرہ کے بُت (۲) (مجازاً) معشوق ؛

اصوات (اَص۔ وَات) (ع) مذکر و مؤنث۔ صوت کی جمع۔ آوازیں۔ شور ؛

اصول (اُصُول) (ع) مذکر۔ اصل کی جمع۔ قاعدے۔ آئین۔ قانون۔ بنیادی باتیں (واحد کی جگہ بھی مستعمل ہے) ؛ **اصول باندھنا** (ف) قاعدے مقرر کرنا ؛

اصولِ کلام (ع) مذکر۔ علم کلام میں مسائلِ نقلی کو دلائلِ عقلی سے ثابت کرنا ؛

اصولِ موضوعہ (ع) مذکر۔ علم ریاضی میں وہ عمل اور باتیں جو دوسری چیزوں کو ثابت کرنے کی غرض سے تسلیم کر لی گئی ہیں ؛ **اُصولی** (اُصُو۔ لی) (ع۔ ف) اصول سے متعلق۔ بنیادی ؛

اصیل (اَصِیل، (ع) (۱) (گھوڑا) اچھی نسل کا (۲) (مرغ) اعلیٰ ذات کا (۳) (تلوار) عمدہ لوہے کی۔ کھری (۴) مؤنث۔ خدمتی عورت۔ کھانا پکانے والی ماما ؛ **اصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں** (ف) مثل (۱) اعلیٰ ذات کا گھوڑا مار کھائے بغیر سیدھا اور اچھا چلتا ہے (۲) (مجازاً) اچھے لڑکے کو سزا دینے کی ضرورت نہیں پڑتی، وہ خود بخود شوق سے لکھتا پڑھتا ہے ؛ **اصیل مرغ ٹکے ٹکے** (ف) مثل۔ شریف اور لائق آدمیوں کی بے قدری ؛ **اصیل مرغی کی ایک ٹانگ** (ف) اپنی ہی کہے جانا۔ اپنی بات پر ضد کرنا ؛

ا - ض

اضافت (اِضَا۔ فَت، (ع) مؤنث (۱) علاقہ۔ نسبت۔ لگاؤ (۲) (قواعدِ نحو) ایک اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کرنا۔ اضافت کی قسمیں یہ ہیں : اضافتِ ابنی۔ اضافتِ استعارہ۔ اضافتِ بیانی۔ اضافتِ تخصیصی۔ اضافتِ تشبیہی۔ اضافتِ تملیکی۔ اضافتِ توصیفی۔ اضافتِ توضیحی۔ اضافتِ حقیقی۔ اضافتِ ظرفی۔ اضافتِ مقلوب۔ اضافتِ ملابستی ؛ **اضافی** (ع۔ ف) (نسبت کے لیے) وہ صفت، جو اصلی نہ ہو ؛

اضافہ (اِضَا۔ فَہ) (ع) مذکر۔ ترقی۔ زیادتی۔ بیشی (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛ **اضافہ بولنا** (ف) بولی بڑھانا۔ کسی چیز پر بڑھ کر قیمت لگانا ؛

اُضحوکہ (اُض۔ حُو۔ کَہ) (ع) مذکر۔ جس سے ہنسی آئے ؛

اضحیٰ (اَض۔ حَا) (ع) (۱) قربانی کا دن (۲) قربانی (۳) صبح کو کام کرنا ؛ **اُضحِیَّہ** (ع) مؤنث۔ قربانی کا جانور (اُردو میں بے تشدید بولتے ہیں) ؛

اضداد (اَض۔ دَاد) (ع) مؤنث۔ ضد کی جمع۔ مخالفین ؛

اِضطراب (اِض۔ طِرَاب) (ع) مذکر۔ گھبراہٹ۔ بیقراری۔ بیتابی (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

اضطرار (اِض۔ طِرَار) (ع) مذکر۔ بے اختیاری۔ بے قراری ؛

اَضعاف (اَض۔ عَاف) (ع) دگنا۔ تگنا ؛

اِضعاف (اِض۔ عَاف) (ع) مذکر۔ دگنا کرنا ؛

اضعف (اَض۔ عَف) (ع) نہایت ضعیف۔ بے حد کمزور ؛

اضغاث (اَض۔ غَاث) (ع) مذکر۔ سبزی اور بوٹیوں کے مٹھے ؛ **اضغاثِ احلام** (ع) مذکر۔ پریشان خواب۔ جن کی کوئی تعبیر نہ ہو ؛

اضلاع (اَض۔ لَاع) (ع) مذکر۔ ضلع کی جمع (۱) حصے۔ ٹکڑے (۲) پہلو۔ پسلیاں (۳) مثلث اور مربع وغیرہ شکلوں کی حدود کے خطوط (۴) صوبے کے چھوٹے حصے (۵) کمشنری کے ٹکڑے ؛

اضلال (اِض۔ لَال) (ع) مذکر۔ بہکانا۔ گمراہ کرنا ؛

اِضمار (اِض۔ مَار) (ع) مذکر۔ کلام میں کسی اسم کے لیے ضمیر لانا ؛ **اِضمارِ قبل الذِکر** (ع) مذکر۔ کسی کے ذکر سے پہلے اس کے لیے ضمیر لانا ؛

اِضمحلال (اِض۔ مِح۔ لَال) (ع) مذکر (۱) کمزوری۔ کاہلی۔ سستی۔ پژمردگی (۲) مضمحل ہونا۔ انتہا کا ضعیف ہونا (۳) نیست ہونا ؛

ا - ط

اِطاعت (اِطَا۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) فرماں برداری۔ حکم کی تعمیل (۲) حکم ماننا (کرنا کے ساتھ) ؛

اطاق (اُطَاق) (ت) مذکر۔ حجرہ۔ کمرہ ؛

اطال (اَطَال) بڑھائے۔ لمبا کرے ؛ **اَطَالَ اللّٰہُ عُمرَہٗ** (ع) خدا اس کی عمر لمبی کرے ؛

اطالوی (اَطَا۔ لِوی) (ف) (۱) اطالیہ (اٹلی) کی طرف منسوب۔ اطالیہ کا باشندہ (۲) اطالیہ کی زبان ؛

اطالیہ (اَطَا۔ لِیَہ) (ف) مذکر۔ اٹلی کا ملک ؛

اطبّا (اَطِب۔ بَا) (ع) مذکر۔ طبیب کی جمع۔ معالج۔ حکیم۔ ڈاکٹر۔ بید ؛

اطراز (اِط۔ رَاز) (ع) مذکر۔ نقش کرنا ؛

اطراف (اَط۔ رَاف) (ع) مذکر و مؤنث (۱) کنارے۔ گرداگرد۔ سمتیں (۲) (اطبا کی اصطلاح) ہاتھ پاؤں ؛

اِطریفل (اِط۔ رِی۔ فَل) (تریپھلا کا معرب) مذکر۔ ایک قسم کی معجون، جو ہڑ، بہیڑے اور آملے سے تیار کی جاتی ہے ؛

اطعمہ (اَط۔ عِمَہ) (ع) مذکر۔ طعام کی جمع۔ کھانے۔ غذائیں ؛

اِطفا (اِط۔ فَا) (ع) مذکر۔ بجھانا ؛

اَطفال (اَط۔ فَال) (ع) مذکر۔ طفل کی جمع۔ لڑکے ؛

اِطّلاع (اِط۔ طِلَاع) (ع) مؤنث۔ خبر۔ اعلان۔ نوٹس۔ رپورٹ۔ آگاہی (دینا، کرنا کے ساتھ) **اِطّلاع نامہ** (ع۔ ف) مذکر۔ وہ تحریر، جو بیشتر عدالتوں سے کسی امر کی اطلاع کے لیے کسی کے نام جاری ہوتی ہے۔ حکم نامہ۔ پروانہ۔ نوٹس۔ سمن ؛ **اِطّلاع یابی** (ع۔ ف) مؤنث۔ اِطّلاع پانا ؛

اِطلاق (اِط۔ لَاق) (ع) مذکر (۱) چھوڑنا۔ آزاد کرنا۔ کھولنا (۲) کہنا۔ بولا جانا۔ ایک چیز کا دوسری چیز پر عائد کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) **اِطلاق نویس** (ع۔ ف) مذکر۔ سمنوں کے اجرا اور خرچ کا حساب کتاب رکھنے والا افسر ؛

اطلس (اَط۔ لَس) (ع) مؤنث۔ ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا (۲) (نجوم) خوشۂ ثریا کا ایک ستارہ ؛

اطمینان (اِط۔ مِی۔ نَان) (ع) مذکر۔ تسلی۔ دلجمعی۔ تشفی۔ ڈھارس۔ دلاسا۔ صبر (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

اَطناب (اَط۔ نَاب) (ع) مذکر و مؤنث۔ طنب کی جمع۔ طنابیں۔ خیمے کی رسیاں ؛

اِطناب (اِطْ۔ناب) (ع) مذکر۔ اجمال کے برعکس۔ بات کو طول دینا ٭
اَطِنہ (اَطْ۔نہ) (یونان) دیکھیے ایتھنز ٭
اطوار (اَطْ۔وار) (ع) مذکر۔ طور کی جمع۔ چال چلن۔ ڈھنگ۔ روش۔ وضع۔ طریق ٭
اَطہار (اَطْ۔ہار) (ع) مذکر۔ بہت پاک لوگ ٭ اِطّہار (ع) مذکر۔ پاک کرنا ٭
اطہر (اَطْ۔ہَر) (ع) نہایت پاک ٭
اطیب (اَطْ۔یَب) (ع) (۱) نہایت پاک (۲) نہایت خوشبودار ٭

ا-ظ

اظلال (اَظْ۔لال) (ع) مذکر۔ ظل کی جمع۔ سایے ٭
اظلم (اَظْ۔لَم) (ع) بہت ظالم۔ نہایت ظالم ٭
اظہار (اِظْ۔ہار) (ع) مذکر (۱) ظاہر کرنا۔ کھولنا (۲) بیان دینا (۳) گواہی دینا (۴) بیان ٭ اظہار حلفی (ع۔ف) مذکر۔ قسمیہ گواہی ٭ اظہار دینا (ف) عدالت میں مقدمے کی حقیقت بیان کرنا۔ بیان لکھوانا۔ گواہی دینا ٭
اظہارِ قانونی (ع۔ف) مذکر۔ قانون کے رو سے درست گواہی ٭ اظہار کرنا (ف) کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا ٭ اظہار لینا (ف) اہلِ مقدمہ سے حاکم یا کسی افسر کا مقدمے کے حالات دریافت کرنا۔ بیان لینا۔ شہادت لینا ٭ اظہار نویس (ع۔ف) مذکر۔ بیان اور شہادت لکھنے والا۔ محرر ٭ اظہار ہونا (ف) (۱) ظاہر ہونا (اب ان معنی میں فصحا نہیں بولتے) (۲) بیان ہونا ٭
اظہر (اَظْ۔ہَر) (ع) نہایت واضح۔ نہایت روشن۔ نہایت ظاہر اور کھلا ہوا ٭
اَظہَر مِنَ الشَّمس (ع) سورج سے زیادہ روشن۔ نہایت واضح اور کھلا ہوا ٭

ا-ع

اعادہ (اِعا۔دہ) (ع) مذکر۔ دہرانا۔ پھیرنا۔ لوٹانا۔ کسی بات یا کام کا دوبارہ سہ بارہ کہنا یا کرنا ٭
اعاظم (اَعا۔ظِم) (ع) مذکر۔ اعظم کی جمع۔ بہت بڑے ٭
اعانت (اِعا۔نت) (ع) مؤنث (۱) مدد۔ سہارا۔ حمایت۔ امداد (۲) مدد دینا۔ امداد کرنا ٭ اِعانتِ مجرمانہ (ع۔ف) مؤنث۔ جرم کی ترغیب یا اس میں مدد دینا ٭ اِعانہ (ع) مذکر۔ چندہ ٭
اِعتاق (اِعْ۔تاق) (ع) مذکر۔ غلام کو آزاد کرنا ٭
اعتبار (اِعْ۔تِبار) (ع) مذکر (۱) یقین (۲) ساکھ۔ اعتماد (۳) بھروسا۔ قیام۔ ثبات (۴) نظر۔ لحاظ ٭ اعتبار آنا (ف) یقین ہونا ٭
اعتبار اٹھ جانا } (ف) ساکھ نہ رہنا۔ اعتماد نہ رہنا ٭
اعتبار جاتا رہنا }
اعتبار رکھنا (ف) معتبر ہونا ٭ اعتبار کرنا (ف) بھروسا کرنا ٭ اعتبار نامہ (ع۔ف) مذکر۔ سند۔ سرٹیفکیٹ ٭ اعتبار ہونا (ف) لازم ٭ اعتباری (ف) بھروسے کے لائق۔ معتبر ٭
اِعتدال (اِعْ۔تِدال) (ع) مذکر (۱) یکساں اور برابر ہونا (۲) گرمی سردی یا خشکی تری میں میانہ ہونا (۳) میانہ روی ٭ اعتدال پر آنا (ف) (۱) معتدل ہونا (۲) (طبیعت کے لیے) بحال ہونا ٭
اعتذار (اِعْ۔تِذار) (ع) مذکر (۱) عذر کرنا (۲) معافی۔ عذر خواہی ٭
اعتراض (اِعْ۔تِراض) (ع) مذکر (۱) نکتہ چینی۔ عیب جوئی۔ گرفت (۲) شبہہ کرنا۔ عیب نکالنا ٭ اعتراض اٹھانا (ف) (۱) معترض کا شبہہ دور کرنا (۲) نکتہ چینی کا ٹھیک جواب دینا ٭ اعتراض اٹھنا (ف) لازم ٭ اعتراض جڑنا (جمانا) (ف) اعتراض کرنا (بے تکلفی میں ان مصدروں کے ساتھ مستعمل ہے) ٭ اعتراض کرنا (ف) نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا ٭ اعتراض نکالنا (ف) عیب نکالنا ٭ اعتراض ہونا (ف) (لازم) شبہہ ہونا۔ نکتہ چینی ہونا ٭
اِعتراف (اِعْ۔تِراف) (ع) مذکر (۱) اقرار کرنا۔ تسلیم کرنا۔ مان لینا (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲) اقرار ٭ اعترافِ مہلک (ع) مذکر۔ خطرناک اقرار ٭
اعتصام (اِعْ۔تِصام) (ع) مذکر (۱) پنجہ مارنا۔ تمسک کرنا (۲) گناہ سے بچنا (۳) مضبوط پکڑنا۔ بھروسا کرنا (۴) سہارا (۵) پرہیز گاری ٭
اعتقاد (اِعْ۔تِقاد) (ع) مذکر (۱) ایمان۔ اعتبار۔ یقین۔ عقیدہ (۲) دل میں مضبوطی سے کوئی بات قائم ہونا ٭ اِعتقاد اٹھ جانا (ف) عقیدہ جاتا رہنا ٭ اعتقاد رکھنا (ف) معتقد ہونا ٭
اِعتکاف (اِعْ۔تِکاف) (ع) مذکر (۱) عبادت کی غرض سے مسجد میں گوشہ نشین ہونا۔ نفس کو دنیوی لذت سے باز رکھنا (۲) انتظار کرنا (۳) باز رہنا ٭ اِعتکاف سے نکلنا (ف) اعتکاف ختم کرنا ٭ اِعتکاف کرنا (ف) اعتکاف کی شرائط پر عمل کرتے ہوئے گوشہ نشین ہونا ٭
اِعتلا (اِعْ۔تِلا) (ع) مذکر (۱) اونچائی۔ بلندی (۲) اونچا ہونا ٭
اعتماد (اِعْ۔تِماد) (ع) مذکر (۱) یقین (۲) ساکھ (۳) بھروسا۔ اعتبار (۴) تکیہ کرنا۔ بھروسا کرنا ٭
اِعتنا (اِعْ۔تِنا) (ع) مؤنث (۱) پروا۔ اہتمام (۲) غمخواری (۳) غور و پرداخت کرنا (۴) غمخواری کرنا۔ ہمدردی کرنا ٭
اِعجاز (اِعْ۔جاز) (ع) مذکر (۱) خرقِ عادت۔ معجزہ، جو نبی سے ظاہر ہو (۲) عاجز کرنا ٭ اِعجاز بیان (ع) جادو بیان۔ جس کی تقریر اور کلام نہایت مؤثر ہو ٭ اعجاز دکھانا (ف) معجزہ دکھانا ٭ اعجاز کرنا (ف) بے مثال کام کرنا۔ کمال کی بات کرنا ٭ اعجازِ مسیحائی (ع۔ف) مذکر۔ حضرت عیسیٰؑ کا معجزہ، جس سے وہ بیمار کو تندرست، اندھے کو بینا اور مردے کو زندہ کر دیتے تھے ٭
اُعجوبہ (اُعْ۔جو۔بہ) (ع) مذکر (۱) اچنبھا (۲) نادر۔ انوکھا۔ عجیب (۳) نہایت عجیب اور بے حد نادر چیز ٭
اَعدا (اَعْ۔دا) (ع) مذکر۔ عدو کی جمع۔ مخالف۔ دشمن۔ بیری ٭
اعداد (اَعْ۔داد) (ع) مذکر (۱) عدد کی جمع۔ ہندسے۔ رقمیں (۲) اقتصادیات میں وہ رقوم، جو ثبوت کے لیے پیش کی جائیں ٭ اَعدادِ متباین (ع) مذکر۔ وہ ہندسے،

جنھیں کوئی عدد پورا تقسیم نہ کرسکے۔ جیسے ۱۱، ۱۳ وغیرہ ۰ **أعدادِ مُتَداخِل** (ع) مذکر۔ وہ ہندسے جنھیں کوئی عدد پورا تقسیم کرسکے، ۴، ۶ وغیرہ ۰

أعدادِ مُتَماثِل (ع) مذکر۔ ایک دوسرے سے مشابہ عدد، جیسے ۲، ۴ وغیرہ ۰

أعدادِ مُتَوافِق (ع) مذکر۔ وہ ہندسے جو دوسرے عددوں کو پورا تقسیم کرسکیں، جیسے ۹ اور ۵ اکو ۳ اور ۵ پورا تقسیم کردیتے ہیں ۰

إعداد (اِعْ۔دَادْ) (ع) مذکر (۱) گننا (۲) آمادہ کرنا۔ ہموار کرنا ۰

اعدل (اَعْ۔دَلْ) (ع) نہایت منصف ۰

أعراب (اَعْ۔رَابْ) (ع) مذکر۔ عرب کے جنگلی آدمی۔ بدّو (اس جمع کا واحد مستعمل نہیں) ۰

اعرابی (ع) مذکر۔ جنگلی عرب۔ گنوار۔ اُجڈ ۰

إعراب (اِعْ۔رَابْ) (ع) مذکر (۱) حروف کی حرکات زبر، زیر، پیش وغیرہ (۲) واضح اور روشن کرنا ۰

أعراض (اَعْ۔رَاضْ) (ع) مذکر۔ عرض کی جمع (۱) آبروئیں۔ عزتیں (۲) (جواہر کے برعکس) وہ چیزیں، جو اپنی ذات سے قائم نہ ہوں (۳) بیماری کی ظاہری علامتیں ۰

إعراض (اِعْ۔رَاضْ) (ع) مذکر (۱) مُنہ پھیر لینا (۲) روگردانی ۰

أعراف (اَعْ۔رَافْ) (ع) مذکر (۱) بہشت اور دوزخ کا درمیانی مقام (۲) قرآن عزیز کی ایک سورت ۰

إعزاز (اِعْ۔زَازْ) (ع) مذکر (۱) عزت۔ توقیر (۲) عزت دینا۔ رتبہ دینا ۰

أعِزّہ (اَعِزْ۔زَہْ) (ع) مذکر۔ عزیز کی جمع۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ قریبی ۰

اعشیٰ (اَعْ۔شَا) (ع) مذکر (۱) رات کا اندھا (۲) دورِ جاہلیت کے اخیر کا ایک عرب نابینا شاعر (۳) کوفہ کا ایک شاعر ۰

اعصاب (اَعْ۔صَابْ) (ع) مذکر۔ عصب کی جمع۔ جسم کے پٹھے ۰

اعضا (اَعْ۔ضَا) (ع) مذکر۔ عضو کی جمع۔ جسم کے حصے۔ ہاتھ پاؤں وغیرہ ۰ **اعضا ٹوٹنا** (د) بدن کے جوڑ جوڑ میں درد ہونا ۰ **اعضا شکنی** (ع۔ ف) مؤنث۔ بخار اور خمار کی حالت میں بدن ٹوٹنا۔ تمام جوڑوں میں درد ہونا ۰ **اعضائے رئیسہ** (ع) مذکر۔ دل، جگر اور دماغ ۰

إعطا (اِعْ۔طَا) (ع) مذکر۔ عطا کرنا۔ دینا۔ بخشنا ۰

أعظم (اَعْ۔ظَمْ) (ع) مذکر۔ بہت بڑا۔ نہایت بڑا ۰

أعقاب (اَعْ۔قَابْ) (ع) مذکر۔ عقب کی جمع۔ پس ماندہ لوگ۔ ورثا۔ پچھلی نسل۔ آل و اولاد، جو باپ کی وفات کے بعد باقی رہے ۰

إعلا (اِعْ۔لَا) (ع) مذکر۔ بلند کرنا۔ بزرگوار کرنا ۰

أعلام (اَعْ۔لَامْ) (ع) مذکر۔ عَلَم کی جمع۔ جھنڈے ۰

إعلام (اِعْ۔لَامْ) (ع) مذکر (۱) خبر دینا۔ علم کرانا۔ ظاہر کرنا۔ جتانا۔ کھولنا (۲) نوٹس۔ پروانہ ۰

إعلان (اِعْ۔لَانْ) (ع) مذکر (۱) اظہار (۲) شہرت (۳) اشتہار (۴) ظاہر کرنا (۵) خبر کرنا۔ نوٹس دینا۔ شہرت دینا۔ کھولنا ۰

أعلم (اَعْ۔لَمْ) (ع) مذکر (۱) بہت بڑا جاننے والا۔ نہایت عقل مند۔ علم پڑھا ہوا۔ دانا (۲) وہ شخص، جس کا اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو ۰

اعلیٰ (اَعْ۔لَا) (ع) مذکر (۱) بہت اونچا۔ بڑا بلند (۲) نہایت عمدہ۔ بہت بہتر (۳) ادنیٰ کے برعکس۔ بلند مرتبہ۔ معزز آدمی ۰ **اعلیٰ علیّین** (ع) مذکر۔ بلند بہشت ۰

أعَمّ (اَعَمّ) (ع) بہت عام ۰

اعماق (اَعْ۔مَاقْ) (ع) مذکر۔ عمق کی جمع۔ گہرائیاں ۰

اعمال (اَعْ۔مَالْ) (ع) مذکر۔ عمل کی جمع۔ کام۔ بُرے کام (۲) اوراد۔ وظائف ۰

اعمال کا کاغذ (د) مذکر۔ نامۂ اعمال ۰ **اعمال نامہ** (ع۔ ف) مذکر (۱) وہ کتاب، جس میں خدا کے مقرر کیے ہوئے فرشتے یعنی کراماً کاتبین آدمی کے اعمال لکھتے رہتے ہیں۔ قیامت کے دن اسی کے رُو سے ہر شخص کا حساب کتاب ہوگا (۲) وہ کتاب، جس میں ملازموں کے حالات لکھے جاتے ہیں۔ سروس بک (۳) تھانے وغیرہ کا رجسٹر ۰

اعمام (اَعْ۔مَامْ) (ع) مذکر۔ عم (چچا) کی جمع ۰

اعمیٰ (اَعْ۔مَا) (ع) مذکر (۱) اندھا (۲) جو ماں کے پیٹ سے اندھا پیدا ہوا ہو۔ کورِ مادر زاد ۰

اعنی (اَعْ۔نِیْ) (ع) میں مراد رکھتا ہوں ۰

أعوان (اَعْ۔وَانْ) (ع) مذکر (۱) عون کی جمع۔ معاون۔ مددگار (۲) راجپوتوں کی ایک قوم ۰

اعیان (اَعْ۔یَانْ) (ع) مذکر۔ عین کی جمع (۱) آنکھیں (۲) چشمے (۳) افراد (۴) امرا و وزرا ۰

اعیانی (اَعْ۔یَانِیْ) (ع) سگے بھائی بہن ۰

ا۔ غ

إغتشاش (اِغْ۔تِشَاشْ) (ع) مذکر۔ ملاوٹ۔ کھوٹ ۰

اغذیہ (اَغْ۔ذِیَہْ) (ع) مؤنث۔ غذا کی جمع۔ غذائیں۔ کھانے ۰

اغراض (اَغْ۔رَاضْ) (ع) مذکر و مؤنث۔ غرض کی جمع۔ مقاصد۔ مطالب۔ ارادے۔ نیتیں ۰

إغراق (اِغْ۔رَاقْ) (ع) مذکر (۱) ڈبو دینا (۲) مبالغہ ۰

أغلاط (اَغْ۔لَاطْ) (ع) مذکر و مؤنث۔ غلط کی جمع، غلطیاں۔ خطائیں۔ بھول چوک ۰

إغلاق (اِغْ۔لَاقْ) (ع) مذکر۔ مغلق کرنا۔ پیچیدہ کرنا۔ مشکل کرنا ۰

إغلام (اِغْ۔لَامْ) (ع) مذکر (۱) لونڈے بازی (۲) لڑکوں سے بدفعلی کرنا۔ خلاف وضع فطری کام کرنا ۰ **إغلامی** (ع۔ ف) مذکر۔ لونڈے باز ۰

اغلب (اَغْ۔لَبْ) (ع) (۱) زیادہ غالب (۲) یقین کے قریب۔ قوی گمان ۰

اغل بغل (اَغَلْ۔ بَغَلْ) (د) آس پاس۔ اِدھر اُدھر۔ داہنے بائیں ۰

اغلط (اَغْ۔لَطْ) (ع) بہت غلط ۰

إغماز (اِغْ۔مَازْ) (ع) مذکر (۱) اَبرو کم کرنا (۲) نخرا۔ غمزہ (۳) اِترانا۔ غرور کرنا ۰

اغماض (اِغْ۔مَاضْ) (ع) مذکر۔ چشم پوشی۔ درگزر۔ بے پروائی ۰

اغنیا (اَغ۔نِیَا) (ع) مذکر۔ غنی کی جمع۔ دولت مند لوگ۔ بے پروا لوگ ؎

اِغوا (اِغْ۔وَا) (ع) مذکر (۱) بہکانا۔ ورغلانا (۲) (قانون) سے بھاگنا۔ بھگا لے جانا (۳) اکسانا۔ اُکھاڑنا۔ ابھارنا (کرنا کے ساتھ) ؎

اغیار (اَغْ۔یَار) (ع) مذکر (۱) غیر کی جمع۔ بیگانے۔ پرائے۔ جو عزیز اور دوست نہ ہوں (۲) رقیب۔ دشمن (ان معنی میں زیادہ تر شاعر ہی استعمال کرتے ہیں) ؎

اُ - ف

اُف (اُفّ) (عربی میں فّ مشدد ہے اور فارسی میں ساکن) مؤنث (۱) آہ۔ افسوس۔ حسرت (۲) غلطی، بھول، بے چینی اور تکلیف کی حالت میں بھی یہ کلمہ منہ سے نکلتا ہے ؎ **اُف اُف کرنا** (ل) کراہنا۔ آہ آہ کرنا ؎ **اُف تیرا کاٹا نہ جیے** (ل) مقولہ۔ نہایت دغاباز اور مفسد کے متعلق کہتے ہیں کہ تیری دغابازی اور فتنہ پردازی سے بچنا غیر ممکن ہے ؎ **اُف رے** (ل) اللہ رے، ہائے رے، اوہ رے، آہ رے، کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے میں مبالغے سے کہتے ہیں ؎ **اُف کر دینا** (ل) (۱) جلا کر خاک سیاہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا (۲) صرف بیجا کرنا ؎ **اُف نہ کرنا (نکالنا)** (ل) آہ نہ کرنا۔ سانس نہ نکالنا۔ کسی تکلیف کی شکایت نہ کرنا۔ بہت ضبط کرنا۔ صدمے کو پی جانا ؎ **اُف ہو جانا** (ل) (۱) ناس ہو جانا۔ خاک سیاہ ہو جانا۔ جل جانا۔ برباد ہو جانا۔ ویران ہو جانا (۲) خرچ ہو جانا۔ مال و دولت کا خاتمہ ہو جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔ خاک اُڑ جانا ؎

اِفادت (اِفَا۔دَت) (ع) مؤنث۔ فائدہ پہنچنا ؎ **اِفادہ** (مفرس) مذکر۔ فائدہ۔ نفع ؎ **اِفادۂ عام** (ع) مذکر۔ سب کا فائدہ ؎

افاضل (اَفَا۔ضِل) (ع) مذکر۔ افضل کی جمع۔ بزرگ آدمی ؎

افاضہ (اِفَا۔ضَہ) (مفرس) مذکر (۱) افیض (۲) فیض رسانی ؎

افاغنہ (اَفَا۔غِنَہ) مذکر۔ افغان کی جمع، جو فارسیوں نے عربی وزن پر بنالی ہے ؎

اِفاقہ (اِفَا۔قَہ) (مفرس) مذکر (۱) صحت پانا۔ ہوش میں آنا۔ بیماری یا تکلیف میں کمی ہونا (۲) صحت۔ آرام۔ فرق۔ تخفیف۔ بیماری میں کمی ؎

اِفتا (اِف۔تَا) مذکر۔ فتویٰ دینا ؎

اُفتاد (اُفْ۔تَاد) (ف) مؤنث (۱) حادثہ۔ اتفاقی سانحہ (۲) خلقت۔ فطرت۔ عادت۔ طرز۔ ڈھنگ (۳) رنج، دکھ اور مصیبت کا بڑھ جانا (۴) شروع۔ ابتدا۔ بنیاد ؎ **اُفتاد اُٹھانا** (ل) مصیبت جھیلنا ؎ **اُفتاد پڑنا** (ل) (۱) اتفاقی حادثہ پیش آنا (۲) بنیاد قائم ہونا۔ ابتدا پڑنا ؎ **اُفتاد ہونا** (ل) افتاد پڑنا ؎ **اُفتادگانِ خاک** (ف) مذکر (کنایۃً) گرے پڑے مُردے ؎ **اُفتادگی** (ف) مؤنث۔ خاکساری۔ عاجزی۔ انکسار ؎ **اُفتادہ** (ف) (۱) گرا ہوا۔ عاجز (۲) (زمین کے متعلق) غیر آباد۔ غیر مزروعہ ؎ **اُفتاں خیزاں** (ف) بدحواسی کے عالم میں۔ گرتے پڑتے ؎

افتتاح (اِف۔تِتَاح) (ع) مذکر (۱) کھولنا۔ شروع کرنا (۲) بے نقاب کرنا۔ ظاہر کرنا (۳) کسی درس گاہ یا مفیدِ عام کارخانے کے اجرا کی رسم ادا کرنا ؎ **افتتاحی** (ع۔ف) افتتاح سے متعلق ؎ **اِفتتاحیہ** (ع۔ف) مذکر۔ اخبار وغیرہ کا خاص پہلا مضمون ایڈیٹر کے قلم سے۔ ایڈیٹوریل ؎

اِفتخار (اِف۔تِخَار) (ع) مذکر (۱) فخر کرنا۔ ناز کرنا (۲) ناز۔ فخر۔ عزت۔ بڑائی ؎

اِفترا (اِف۔تِرَا) (ع) مذکر (۱) تہمت۔ بہتان (۲) تہمت لگانا۔ بہتان جوڑنا ؎ **اِفترا باندھنا** (ل) جھوٹا الزام لگانا۔ بہتان باندھنا ؎ **اِفترا بنانا** (ل) افترا جوڑنا (متروک) ؎ **اِفترا پرداز** (ع۔ف) مفسد۔ تہمت لگانے والا ؎ **اِفترا پردازی** (ع۔ف) مؤنث۔ فساد۔ شرارت ؎ **اِفترا پردازی کرنا** (ل) بہتان لگانا۔ فساد پھیلانا۔ شرارت کرنا ؎ **اِفترا جوڑنا (کرنا)** (ل) افترا باندھنا ؎

اِفتراق (اِف۔تِرَاق) (ع) مذکر (۱) جدائی (۲) جدا کرنا ؎

اَفتیمون (اَف۔تِی۔مُون) (ع) مؤنث۔ اکاس بیل۔ نرادھار۔ امربیل ؎

اَفراتفری (اَف۔رَا۔تَف۔رِی) (ہند۔ اِفراط تفریط کا بگاڑ) مؤنث (عو) ہل چل۔ کھلبلی۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ تہلکہ (پڑنا، ہونا کے ساتھ) ؎

افراد (اَف۔رَاد) (ع) مذکر۔ فرد کی جمع۔ آدمی۔ لوگ ؎

افراسیاب (اَف۔رَا۔سِیَاب) (ف) مذکر۔ توران کا ایک مشہور بادشاہ ؎

افراط (اِف۔رَاط) (ع) مؤنث (۱) بہتات۔ کثرت۔ زیادتی (۲) اعتدال کی حد سے بڑھ جانا ؎ **اِفراط (و) تفریط** (ع۔ف) مؤنث۔ حد سے بڑھی ہوئی زیادتی اور کمی۔ غیر معتدل حالت ؎

افرنجیت (اَف۔رَن۔جِی۔یَت) (معرب) مؤنث۔ فرنگی پن۔ مغرب زدگی ؎

افروختہ (اَف۔رُوخ۔تَہ) (ف) (۱) بھڑکایا ہوا (۲) (مجازاً) آگ بگولا۔ غصے میں بھرا ہوا (۳) جلتا ہوا۔ جلا بھنا (۴) روشن ؎ **افروختہ کرنا** (ل) بھڑکانا۔ غصہ دلانا ؎ **افروختہ ہونا** (ل) (لازم) غصے ہونا ؎

افریقہ (اَف۔رِی۔قَہ) (ع) مذکر۔ وہ برِاعظم جو یورپ کے نیچے خطِ استوا کی سیدھ پر واقع ہے ؎

افزائش (اَف۔زَا۔اِش) (ف) مؤنث۔ بڑھوتری۔ ترقی۔ زیادتی۔ بیشی ؎

افزوں (اَف۔زُوں) (ف) (۱) زیادہ۔ بہت۔ بڑھ کر۔ بیش (۲) مؤنث۔ پہلی میزان اور موجودہ رقم کا مجموعہ ؎

اِفساد (اِف۔سَاد) (ع) مذکر۔ فساد کرنا ؎

افسان (اَف۔سَان) (ف) مؤنث۔ سان۔ چاقو، چھری وغیرہ تیز کرنے کا آلہ ؎

افسانہ (اَف۔سَا۔نَہ) (ف) مذکر (۱) کہانی۔ قصہ۔ داستان (۲) روداد۔ حال۔ سرگزشت (۳) مشہور (۴) بے اصل بات (۵) طول طویل بات (۶) چرچا۔ مذکور۔ ذکر ؎ **افسانہ چھڑنا** (ل) قصہ شروع ہونا ؎ **افسانہ چھیڑنا** (ل) (ل) قصہ شروع کرنا۔ سرگزشت بیان کرنے لگنا ؎ **افسانہ خواں** (ف) داستان کہنے والا۔ قصہ گو ؎ **افسانہ رہ جانا** (ل) بات کا چرچا باقی رہ جانا ؎ **افسانہ سنانا** (ل) داستان کہنا۔ سرگزشت بیان کرنا۔ حال کہنا ؎ **افسانہ سننا** (ل) (لازم) **افسانہ کہنا** (ل) کہانی کہنا۔ حال بیان کرنا۔ سرگزشت سنانا ؎ **افسانہ گو** (ف) افسانہ خواں ؎

افسر (اَف۔سَر) (ف) مذکر (۱) تاج (۲) (اردو) حاکم۔ سردار ؎

افسر پرمیٹ (و) مذکر۔ چنگی کا افسر افسر مال (و) مذکر۔ وہ حاکم جس کے پاس ضلع کی مال گزاری کا کام ہو ؛

افسردگی (اَفْ۔سُرْ۔دَگِی) (ف) مؤنث۔ اُداسی۔ دلگیری۔ بے رونقی۔ بدشوقی۔ بدمزگی ؛

افسردہ (اَفْ۔سُرْ۔دَہْ) (ف) (۱) مرجھایا ہوا۔ کملایا ہوا۔ پژمردہ (۲) بجھا ہوا (۳) اُداس۔ غمگین۔ بے امنگ ؛

افسردہ خاطر } (ف) بجھے ہوئے دل والا۔ مُردہ دل۔ رنجیدہ خاطر۔ غمگین طبع۔
افسردہ دل } اُداس ؛

افسنتین (اَفْ۔سَنْ۔تِیْن) (ف) مؤنث۔ ستاور، ایک مشہور دوا ؛

افسوس (اَفْ۔سُوْس) (ف) مذکر (۱) تاسف۔ رنج (۲) آہ، ہائے۔ حالتِ رنج کے اظہار کا کلمہ (۳) غم۔ دریغ۔ حسرت ؛ افسوس آنا (و) قلق ہونا۔ تاسف ہونا ؛ افسوس دل کڑھے میں (و) (عوام) کسی چیز کو دیکھ دیکھ کر للچانا اور بس نہ چلنا ؛ افسوس رہ جانا (و) تاسف باقی رہ جانا۔ حسرت نہ نکلنا۔ قلق باقی رہ جانا ؛ افسوس کرنا (و) تاسف کرنا۔ قلق کا اظہار کرنا ؛ افسوس کھانا (و) (دہلی) تاسف کرنا۔ قلق ظاہر کرنا ؛
افسوس ناک (ف) افسوس کے قابل۔ جس پر رنج آئے ؛ افسوس ہونا (و) تاسف ہونا ؛

افسون (اَفْ۔سُوْن) (ف) مذکر (۱) منتر۔ جادو۔ سحر (۲) حیلہ۔ مکر۔ فریب ؛
افسون پڑھنا (و) منتر پڑھنا ؛ افسون پھونکنا (و) منتر پڑھ کر دم کرنا ؛ افسون چل جانا (و) قابو میں آجانا۔ دام میں پھنس جانا ؛ افسون چلنا (و) منتر کا اثر ہونا۔ جادو کارگر ہونا۔ تدبیر کا با اثر ہونا ؛ افسون ساز (ف) جادوگر ؛ افسون کرنا (و) منتر پھونکنا۔ جادو کرنا ؛

اِفشا (اِفْ۔شَا) (ع) فاش کرنا۔ ظاہر کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛ افشائے راز (ع۔ف) بھید کھولنا۔ چھپی ہوئی بات ظاہر کرنا۔ راز ظاہر کرنا (کرنا کے ساتھ) ؛

افشان (اَفْ۔شَاں) (ف) مؤنث۔ مقیش یا گوٹے کی باریک کترن، جو عورتیں سنگار کے لیے ماتھے پر چنتی اور بالوں پر چھڑکتی ہیں ؛ افشان اُڑانا (و) حاضرین پر افشان ڈالنے کے لیے اسے ہوا میں اُڑانا ؛ افشان بنانا (و) گوٹے یا مقیش کو کتر کر افشاں تیار کرنا۔ افشاں کترنا ؛ افشان جمانا (و) سلیقے سے پیشانی اور رخساروں پر افشاں لگانا ؛ افشان چُننا (و) افشاں جمانا ؛ افشان چھڑانا (و) لگی ہوئی افشاں کو الگ کرنا ؛ افشان چھڑکنا (و) بالوں پر افشاں ڈالنا ؛ افشان کا ذرّہ (و) افشاں کا ریزہ ؛ افشان کرنا (و) کسی چیز پر رنگ چھڑکنا ؛ افشان لگانا (و) افشاں چُننا ؛ افشانی کاغذ (ع۔ف) مذکر۔ وہ کاغذ، جس پر افشاں چھڑکی جائے ؛

افشردہ (اَفْ۔شُرْ۔دَہْ) (ف) مذکر۔ لیمو، فالسہ، املی وغیرہ سے ترش کیا ہوا شربت ؛
اَفْشُرَہْ (اَفْ۔شُرَہْ) (ف) مذکر۔ افشردہ کا مخفف ؛

افصح (اَفْ۔صَح) (ع) بہت فصیح۔ نہایت خوش بیان ؛

اَفضال (اَفْ۔ضَال) (ع) مذکر۔ فضل کی جمع۔ مہربانیاں۔ بخششیں۔ عنایتیں ؛
اِفْضَالْ (ع) مذکر (۱) مہربانی کرنا۔ بخشش کرنا (۲) فضل۔ لطف۔ کرم۔ احسان۔ مہربانی ؛

افضل (اَفْ۔ضَل) (ع) نہایت فضیلت رکھنے والا۔ سب سے اچھا۔ نہایت بزرگ۔ بہت بہتر ؛ افضلیت (ع) مؤنث۔ بڑائی۔ بزرگی ؛

افطار (اِفْ۔طَار) (ع) مذکر۔ روزہ کھولنا ؛ اِفطار کرنا (و) (۱) روزہ کھولنا (۲) روزہ نہ رکھنا ؛ اِفطاری (ع۔ف) مؤنث (۱) روزہ کشائی (۲) (مجازاً) جو چیزیں روزہ افطار کرنے کے وقت کھائی جائیں ؛

افعال (اَفْ۔عَال) (ع) مذکر۔ فعل کی جمع (۱) کام۔ اعمال۔ اکثر بُرے اعمال کے متعلق کہتے ہیں (۲) مصدر کے مشتقات (۳) تاثیریں۔ خواص ؛

افعی [(ع) (اَفْ۔عَا) (ف) (اَفْ۔عِی)] مذکر (۱) ایک قسم کا کالا اور بہت زہریلا سانپ (۲) (مجازاً) ہر سانپ (۳) (مجازاً) بڑا شریر۔ موذی۔ نہایت چالاک ؛ افعی سیرت (ف) نقصان پہنچانے والا اور موذی شخص ؛

افغاں (اَفْ۔غَاں) (ف) مذکر و مؤنث۔ نالہ۔ شور۔ فریاد ؛

افغان (اَفْ۔غَان) (ف) مذکر (۱) مسلمانوں کی ایک ذات، جسے پٹھان کہتے ہیں (۲) افغانستان کا باشندہ ؛ افغانستان۔ مذکر۔ ایک مشہور ملک، جہاں پٹھان کثرت سے رہتے ہیں ؛

اُفق (اُفُق) (ع) مذکر۔ آسمان کا کنارہ، جو زمین سے ملا ہوا معلوم ہوتا ہے ؛

اَفکار (اَفْ۔کَار) (ع) مذکر۔ فکر کی جمع (۱) انتشار۔ تردد۔ فکر (۲) اشعار۔ کلام ؛

افگار (اَفْ۔گَار) (ف) (۱) مجروح۔ زخمی (۲) چاک چاک۔ ٹکڑے ٹکڑے (۳) تھکا ہوا (۴) ماندہ۔ تھکا ہوا (۵) مذکر۔ ایک قسم کا پھوڑا، جو چوپایوں کی پیٹھ پر نکلتا ہے ؛

افگندہ (اَفْ۔گَنْ۔دَہْ) (ف) (۱) گرا ہوا۔ عاجز ؛

افلاس (اِفْ۔لَاس) (ع) مذکر۔ غریبی۔ محتاجی۔ مفلسی۔ تنگ دستی ؛

افلاطون (اَفْ۔لَا۔طُوْن) (یونانی) مذکر (۱) یونان کا ایک بہت بڑا اور نہایت مشہور حکیم، جو ارسطو کا اُستاد اور سقراط کا شاگرد تھا۔ الٰہیات میں بہت سے رسالے لکھنے کے باعث افلاطونِ الٰہی مشہور رہے۔ سنہ ۴۳۰ ق م میں بمقام ایتھنز پیدا ہوا اور تقریباً اسی سال کی عمر میں وفات پائی (۲) (مجازاً) نہایت ذہین۔ بے حد چالاک شخص ؛
افلاطون کا سالا (و) (دہلی) مغرور ؛
افلاطون کا سالا بنا پھرتا ہے } (و) بڑا مغرور ہے۔ بڑے متکبر ہیں۔ خواہ
افلاطون کے سالے بنے پھرتے ہیں } مخواہ لوگوں کو ڈراتے پھرتے ہیں ؛
افلاطون کے نانی بنے پھرتے ہیں (و) اپنی عقل پر بے حد غرور کرتے ہیں، بہت مغرور ہیں ؛ افلاطونی پھلکے (و) مذکر۔ ایک قسم کے پھلکے، جو بڑے ہلکے ہونے کے باعث جلد ہضم ہو جاتے ہیں ؛

افلاک (اَفْ۔لَاک) (ع) مذکر۔ فلک کی جمع۔ آسمان ؛

افواج (اَفْ۔وَاج) (ع) مؤنث۔ فوج کی جمع۔ فوجیں۔ لشکر ؛

افواہ (اَفْ۔وَاہ) (ع) مؤنث [فُوْہ (مُنہ) کی جمع۔ اُردو میں واحد مستعمل ہے] اُڑتی ہوئی خبر۔ بے اصل بات۔ گپ۔ بازاری خبر۔ شہرت ؛ افواہ اُڑانا (و) جھوٹی

خبر اُڑ، بے اصل بات مشہور کرنا۔ بدنام کرنا ۔ **افواہ اُڑنا** (ف) لازم ۔
افواہِ عام (ع) مؤنث۔ عام چرچا ۔ **افواہاً** (ع) افواہ کے طور پر ۔

اُفّوہ (اُف۔ فُوہ) (ف) (۱) تعجب کا کلمہ (۲) بھول چوک، درد اور صدمے سے بھی بول اٹھتے ہیں ۔

اَفہام (اَف۔ ہام) (ع) مذکر۔ فہم کی جمع۔ عقلیں ۔

اِفہام (اِف۔ ہام) (ع) مذکر (۱) فہمائش (۲) سمجھانا بجھانا۔ جتانا ۔

اَفیم (اَ فِیم) (ف) مؤنث۔ افیون۔ تریاق۔ مشہور زہریلی اور نشیلی چیز، جو پوست کا دودھ جما کر بنائی جاتی ہے (پینا، دینا، کھانا، گھولنا کے ساتھ) ۔ **افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر** (ف) مثل۔ افیم سے انسان از خود رفتہ، بیکار اور نکما ہو جاتا ہے اس لیے امیر یا فقیر کے سوا کسی تیسرے آدمی کے لیے افیم کھانا اچھا نہیں ۔

افیمچی (ف) مذکر۔ افیون کا عادی ۔ **افیمن** (ف) مؤنث۔ افیم کھانے والی عورت ۔

افیمی (ف) دیکھیے افیمچی ۔ **افیمی مین منزل سے پہچانا جاتا ہے** (ف) مثل۔ افیمی کی پہچان دور ہی سے ہو جاتی ہے۔ افیمی کی شکل ہی الگ ہوتی ہے ۔ **افیمی چرا** (ف) مذکر۔ بہت افیم کھانے والا ۔

افیون (اَف۔ یُون) (ع) مؤنث۔ افیم ۔ **افیون پینا** (ف) افیم کو پانی میں گھول کر پینا ۔ **افیون چڑھنا** (ف) افیم کے نشے کا زور ہونا ۔ **افیون دینا** (ف) ننھے بچوں کو افیم کھلانا ۔ **افیون کا جوگا** (ف) مذکر۔ افیون کا میل اور فضلہ، جو گھولنے کے بعد رہ جاتا ہے ۔ **افیون کا گھولا** (ف) مذکر۔ پانی میں گھلی ہوئی افیون ۔ **افیون کھانا** (ف) (۱) افیون کو گھولے بغیر استعمال میں لانا (۲) افیون سے خودکشی کرنا ۔ **افیون گھولنا** (ف) افیون کو پانی میں بخوبی ملانا ۔ **افیون گھلنا** (ف) لازم ۔

افیونی (اَف۔ یُونی) (ف) افیم کھانے کا عادی ۔ **افیونی جھونی** (ف) مقولہ۔ افیم کھانے والا جھکی اور پاگل ہوتا ہے، نشے میں بکواس کرتا رہتا ہے ۔

ا ۔ ق

اکادمیہ (اَ کا۔ دِی۔ مِیَہ) (معرب) مؤنث۔ علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن۔ اکیڈمی ۔

اَقارب (اَ قا۔ رِب) (ع) مذکر (۱) اقرب کی جمع۔ قرابت دار۔ خویش و عزیز۔ رشتہ دار۔ سگے۔ خاندانی۔ اعزہ (۲) ایک عرب قبیلہ، جو عدن کے قریب آباد ہے ۔

اِقالہ (اِ قا۔ لہ) (ع) مذکر۔ بیع کو مسترد کرنا ۔

اقالیم (اَقا۔ لِیم) (ع) مذکر و مؤنث۔ اقلیم کی جمع۔ ممالک۔ سلطنتیں۔ ولایتیں ۔

اقامت (اِقا۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) قیام۔ قرار۔ سکونت (۲) ٹھہرنا (۳) با جماعت نماز کی وہ تکبیر جو فرضوں کی نیت باندھنے سے پہلے کہی جاتی ہے ۔

اقانیم (اَقا۔ نِیم) (ع) مذکر۔ اُقنوم کی جمع (۱) اصل بنیادیں (۲) مقدس تثلیث کے افراد ۔ **اقانیم ثلاثہ** (ع) مذکر۔ تثلیث کے تین افراد ۔

اقبال (اِق۔ بال) (ع) مذکر (۱) ادبار کے برعکس۔ خوش نصیبی۔ زمانے کی موافقت۔ کامیابی (۲) انکار کے خلاف۔ تسلیم۔ اقرار (۳) طفیل۔ برکت (۴) پاک پنجاب کے شہرۂ آفاق شاعر ڈاکٹر سر شیخ محمد اقبال ایم اے، پی ایچ ڈی، بیرسٹر ایٹ لا سیالکوٹی (لاہوری) کا تخلص ۔ **اقبال بلند ہونا** (ف) قسمت کا ستارہ اوج پر ہونا ۔ **اقبال چمکنا** (ف) دولت اور مرتبہ حاصل ہونا یا ان میں ترقی ہونا ۔ **اقبال دعویٰ** (ع) مذکر۔ تحریری یا زبانی مخالف کے دعوے کا اقرار۔ مخالف کا دعویٰ تسلیم کر لینا۔ صحیح مان لینا ۔ **اقبال دعویٰ داخل کرنا** (ف) حاکم کے سامنے مخالف کے دعوے کا تحریری اقرار پیش کرنا ۔ **اقبال کرنا** (ف) اقرار کرنا۔ اعتراف کرنا۔ قبول کرنا۔ مُقر ہونا ۔ **اقبال مند** (ف) خوش نصیب۔ بھاگوان ۔ **اقبالی** (ف) مذکر۔ مان لینے والا۔ اقرار کرنے والا ۔

اِقتباس (اِق۔ تِباس) (ع) مذکر (۱) روشنی لینا (۲) انتخاب کرنا۔ نقل کرنا ۔

اقتدا (اِق۔ تِدا) (ع) مؤنث (۱) تقلید۔ پیروی (۲) پیچھے چلنا۔ متابعت کرنا ۔

اِقتدار (اِق۔ تِدار) (ع) مذکر (۱) مرتبہ۔ اختیار۔ حکومت (۲) قوت۔ قدرت۔ زور۔ طاقت (۳) بڑائی ۔ **اقتدارِ جائز** (ع) مذکر۔ وہ اختیار، جو قانون کے لحاظ سے درست ہو ۔

اِقتران (اِق۔ تِران) (ع) مذکر۔ پاس ہونا۔ قریب ہونا۔ نزدیک ہونا ۔

اِقتصاد (اِق۔ تِصاد) (ع) مذکر۔ اعتدال اور میانہ روی سے کام کرنا۔ سیدھی راہ چلنا ۔ **اقتصادی** (ع۔ ف) اقتصاد سے متعلق ۔ **اقتصادیات** (ع) مؤنث۔ علم المعیشت۔ وہ علم جس میں ملک کی مادی پیداوار کے اچھی جگہ خرچ کرنے کی تعلیم ہوتی ہے ۔

اقتضا (اِق۔ تِضا) (ع) مذکر (۱) تقاضا۔ لازمہ۔ ضرورت۔ مقتضیٰ (۲) چاہنا۔ خواہش کرنا ۔

اَقدام (اَق۔ دام) (ع) مذکر۔ قدم کی جمع ۔ **اِقدام** (ع) مذکر (۱) ارادہ۔ قصد (۲) دلیری۔ ارتکاب (۳) آگے جانا۔ پیش قدمی کرنا ۔ **اقدامِ خودکشی** (ع۔ ف) مذکر۔ اپنے آپ کو ہلاک کرنے کا ارادہ ۔ **اقدامِ قتل** (ع) مذکر۔ کسی کو مار ڈالنے کا ارادہ ۔ **اقدامِ قتلِ عمد** (ع) مذکر۔ جان بوجھ کر قتل کرنے کی پیش قدمی ۔

اَقدس (اَق۔ دَس) (ع) مذکر۔ بہت پاک۔ اطہر ۔

اقدم (اَق۔ دَم) (ع) سب سے اوّل ۔

اقدمیہ (اَق۔ دَم۔ یَہ) (معرب) مؤنث (۱) افلاطون کی درس گاہ، جو ایتھنز کے قریب ایک باغ میں تھی۔ وہاں وہ طلبہ کو فلسفہ پڑھاتا تھا (۲) سکول۔ مدرسہ ۔

اِقرار (اِق۔ رار) (ع) مذکر (۱) انکار کے برعکس۔ اعتراف (۲) وعدہ۔ عہد و پیمان (۳) مان لینا۔ قبول کر لینا۔ تسلیم کر لینا ۔ **اقرارِ جرم اصلاحِ جرم** (ع) مثل۔ جرم کو تسلیم کر لینے سے اس کی سختی کم ہو جاتی ہے ۔ **اقرارِ صالح** (ع) مذکر۔ حلفی بیان۔ پکا اقرار ۔ **اقرار کا سچا** (ف) مذکر۔ وعدہ وفا کرنے والا۔ قول کا پورا ۔ **اقرار کرنا** (ف) (۱) عہد کرنا۔ وعدہ کرنا (۲) تسلیم کرنا۔ اقبال کرنا ۔ **اقرار لینا** (ف) عہد لینا۔ وعدہ لینا ۔ **اقرار مدار** (ع) مذکر۔ قول قرار۔ عہد و پیمان (فصحا کم استعمال کرتے ہیں) ۔ **اقرار نامہ** (ع۔ ف) مذکر۔ اقرار کا کاغذ۔ معاہدے کی دستاویز ۔

اقراری (اِق-رَا-رِی) (ع) اعتراف کرنے والا - اقبالی ٭

اقران (اَق-رَان) (ع)، مذکر (۱) قرن (۳۰، ۸۰ یا سو برس کا عرصہ) کی جمع - زمانے (۲) قرین کی جمع - پاس کے لوگ ٭

اقرب (اَق-رَب) (ع) (۱) نہایت نزدیک - بہت قریب (۲) مذکر - رشتہ دار ٭

اقربا (اَق-رِبَا) (ع) مذکر - قریب کی جمع - عزیز و خویش - نزدیک کے رشتہ دار بھائی بند قریبی - یگانے - اپنے ٭

اقساط (اَق-سَاط) (ع)، مذکر و مؤنث - قسط کی جمع (۱) اجزاء - حصے - ٹکڑے (۲) (مجازاً) روپے کی وہ مقدار، جو رفتہ رفتہ ادا کی جائے ٭

اقسام (اَق-سَام) (ع)، مذکر و مؤنث - قسم کی جمع - قسمیں - طرحیں - انواع ٭

اقصٰی (اَق-صَا) (ع)، مذکر - بہت دُور ٭

اقطار (اَق-طَار) (ع)، مذکر - قطر کی جمع (۱) قطر اُس خط مستقیم کو کہتے ہیں، جو مرکز پر ہو کر گزرتا اور محیط کے دو برابر حصے کرتا ہے (۲) کنارے ٭

اقطاع (اَق-طَاع) (ع)، مذکر - قطعہ کی جمع - ٹکڑے - جاگیریں - اطرافِ زمین ٭

اقل (اَقَل) (ع) (۱) نہایت کم - نہایت چھوٹا (۲) ناچیز - حقیر ٭ **اقل درجہ** (ع)، کم سے کم ٭ **اقلیت** (ع)، مؤنث (۱) کمی - تھوڑا ہونا (۲) وہ قوم، جو تعداد میں تھوڑی ہو ٭

اقلیدس (اُق-لِی-دَس) (یونانی)، مذکر (اُقلی، کُنجی، دس، ہندسہ) علم ہندسہ (جیومیٹری) کی کُنجی (۱) مصر کا ایک مشہور ریاضی دان، جس نے اسکندریہ میں درسگاہِ ریاضی کی بنیاد ڈالی - اسے علم ہندسہ سے ایسا ذوق شوق تھا کہ اس کا نام ہی اقلیدس ہو گیا (۲) علم ہندسہ کی مشہور کتاب، جو اقلیدس کی تصنیف سے ہے ٭

اِقلیل الملک (اِق-لِی-لُل-مَلِک) (ع)، مذکر - ایک گرم خشک دوا، جو زیادہ تر لیپ کے کام آتی ہے ٭

اِقلیم (اِق-لِیم) (ع)، مؤنث (۱) (حکمائے قدیم کی تحقیق کے مطابق) کرۂ ارض کی خشکی کا ساتواں حصہ (۲) ولایت - ملک - برّ اعظم ٭

اقمار (اَق-مَار) (ع)، مذکر - (۱) قمر کی جمع - بہت سے چاند (۲) (کنایۃً) بہت سے معشوق ٭

اقمر (اَق-مَر) (ع) بہت سفید ٭

اقمشہ (اَق-مِشَہ) (ع)، مذکر - قماش کی جمع (۱) پونجیاں (۲) پشمینے کے کپڑے ٭

اقنوم (اَق-نُوم) (ع)، مذکر (۱) (چیز کی) اصل بنیاد - مادہ (۲) اصول (۳) دینِ مسیحی میں خدا کا ہر جز یعنی تینوں باپ - بیٹے، روح القدس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں ٭

اقوا (اِق-وَا) (ع)، مذکر - عیوبِ قافیہ میں سے ایک عیب جیسے دُور اور دُوُر، گُل اور گِل کا قافیہ لانا ٭

اقوال (اَق-وَال) (ع)، مذکر - قول کی جمع - باتیں - مقولے - نصیحتیں ٭

اَقوام (اَق-وَام) (ع)، مذکر و مؤنث - قوم کی جمع - قومیں - فرقے - ذاتیں - جماعتیں - گروہ ٭

ا-ک

اِک (اِک) (ہ) ایک کا مخفف دیکھیے ایک ٭ **اِک آگ لگ گئی** (ہ) آگ بھڑک اُٹھی - شعلے اُٹھنے لگے ٭ **اِک اکیلا** (ہ) تن تنہا ٭ **اک بات کی بات** (ہ) نہایت تھوڑا وقت - دم بھر ٭ **اِک بات ہے** (ہ) دیکھیے "ایک بات" ٭ **اک بار**(گی) (۱) ایک مرتبہ (۲) اچانک - بے تامل ٭ **اک بارگی** (ہ) (۱) ایک ہی بار (۲) اچانک ٭ **اک باری** (ہ) اچانک - یکایک ٭ **اک پولیا** (ہ) مذکر - وہ دروازہ، جو بازاروں میں ایک در کا ہوتا ہے ٭ **اک پیچا** (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی ترچھی پگڑی، جو بیشتر بانکے ترچھے لوگ باندھتے ہیں (۲) صرف ایک پیچ کا پیچوان ٭ **اک تارا** (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا باریک سفید کپڑا، جس میں ننھے ننھے خلنے ہوتے ہیں (۲) تنبور سے مشابہ ایک تار کا باجا، جس پر بیشتر ہندو فقیر بھجن وغیرہ گاتے ہیں ٭ **اک تالا** (ہ) مذکر - ساڑھے بارہ تالوں میں سے ایک تال ٭ **اک ترا** (ہ) مذکر - وہ تپ لرزہ، جو تیسرے دن آئے ٭ **اک جا** (ہ) ایک جگہ - اکٹھا ٭ **اک جہان** (ہ) مذکر - ساری دُنیا ٭ **اک (ایک) جہان دیکھا ہے** (ہ) مقولہ - دُور دُور کی سیر کی ہے - جہان دیدہ ہے ٭ **اک چِت** (ہ) ایک بات پر قائم رہنے والا - یک دلہ ٭ **اک چیز ہونا** (ہ) نایاب ہونا - یکتا ہونا ٭ **اک خدائی** (ہ) مؤنث (۱) ساری دُنیا (۲) بہت سے لوگ ٭ **اک درا** (ہ) مذکر - ایک در کا دالان ٭ **اک دل ہونا** (ہ) متفق ہونا ٭ **اک (ایک) دم سے** (ہ) اِک بارگی ٭ **اک دن** (ہ) دیکھیے "ایک دن" ٭ **اک ڈال** (ہ) (۱) وہ چیز، جو پوری ایک ہی شے کی بنی ہو اور اس میں جوڑ نہ ہو (۲) نادر - حسنِ کلام کے لیے ٭ **اک ڈالا** (ہ) مذکر - ایک کنول کی دیوارگیری ٭ **اِک رُخی** (ہ) دو رُخی کے برعکس - جس کے دونوں رُخ یکساں نہ ہوں ٭ **اک رُخی تصویر** (ہ) مؤنث - چہرے کے ایک طرف کی تصویر ٭ **اک سار** (ہ) (عوام) (۱) ایک طرح کے - برابر، یکساں (۲) ہموار ٭ **اک سرے سے** (ہ) (۱) ایک طرف سے (۲) سارے کا سارا - سب کا سب - تمام و کمال ٭ **اک سوانگ ہے** (ہ) بے حقیقت ہے - بناوٹ اور دکھاوٹ کی چیز ہے - ناپائدار ہے - بے اصل ہے ٭ **اِک سو ہونا** (ہ) (۱) (طبیعت اور دل کے ساتھ) مطمئن ہونا (۲) (قصے اور جھگڑے کے ساتھ) چکنا - فیصل ہونا ٭ **اِک طرف** (ہ) اُس کا ذکر نہ کرو - دیکھیے "ایک طرف" ٭ **اک عمر** (ہ) بہت مدت ٭ **اِک قلم** (ہ) دفعۃً - یک لخت - بالکل ٭ **اک گونہ** (ہ) (۱) تھوڑا سا - کسی قدر (۲) ایک طرح کا - ایک قسم کا ٭ **اک لخت** (ہ) تمام و کمال - بالکل ٭ **اک منزلا** (ہ) مذکر - ایک چھت والا - وہ مکان، جس پر بالاخانہ نہ ہو ٭ **اک نظر** (ہ) دیکھیے "ایک نظر" ٭ **اِک نہ اِک صورت سے** ٭ **اِک نہ اِک طرح** (ہ) کسی تدبیر سے - کسی طرح ٭

اِکّا (اِک-کَا) (ہ) مذکر (۱) یکّا - تانگا (۲) بازو پر باندھنے کا تعویذ (۳) زمین پر رکھ کر جلانے والا ایک بتی کا شمع دان (۴) بھاری مگدر، جو ایک ہی اٹھایا جاتا ہے (۵) تاش اور گنجفے میں ایک نشان کا پتا (۶) پہرا چوکی پر مقرر کرنے کا ذمہ دار فوجی افسر، جو شاہی زمانے میں ہوتا تھا (۷) ریاستوں کے خاندانی رئیس زادے، جو

گھر بیٹھے تنخواہ پاتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک اِکّا کہلاتا ہے (۸) واحد۔ تنہا۔ اکیلا (۹) لاثانی۔ بے مثال۔ بے نظیر ؛ اِکّا دُکّا (ک) مذکر۔ ایک دو۔ کوئی کوئی ؛

اکابر (اَ۔کا۔بِر) (ع) اکبر کی جمع۔ بزرگ لوگ۔ مقتدر اور بڑے آدمی ؛

اکادشی (اَکادَ۔شِی) (ہ) مؤنث۔ ہندی مہینے کی گیارھویں تاریخ ؛

اکاذیب (اَکا۔ذِیب) (ع) مؤنث۔ جھوٹی باتیں ؛

اکارت (اَکا۔رَت) (ہ) بے کار۔ ضائع۔ برباد۔ لاحاصل۔ بے فائدہ ؛ **اکارت جانا** (ہ) ضائع ہونا ؛

اکاس (اَکاس) (ہ) دیکھیے "آکاس" ؛

اکاسرہ (اَکا۔سِرَہ) (ع) مذکر۔ کسریٰ کی جمع ؛

اکاسی (ہ) (اِکا۔سِی) (ہ) اسّی اور ایک۔ ہشتاد و یک۔ ۸۱ ؛

اَکال (اَکال) (ہ) مذکر (۱) قحط سالی۔ خشک سالی (۲) کم یابی۔ گرانی ؛

اَکال (اَکال) (ہ) نہ مرنے والا۔ خدا ؛ **اکالی** (۱) خدا سے نسبت رکھنے والا (۲) موجودہ زمانے میں سکھوں کا ایک سیاسی فرقہ ؛

اکانوے (اِکان۔وے) (ہ) نوّے اور ایک۔ نود و یک۔ ۹۱ ؛

اکاون (اِکا۔وَن) (ہ) پچاس اور ایک۔ پنجاہ و یک۔ ۵۱ ؛

اکاؤنٹ (اَکا۔اُونٹ) (انگ۔ Account) مذکر۔ حساب ؛

اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ (انگ۔ Accounts Department) مذکر۔ حساب کا محکمہ ؛

اکاؤنٹنٹ (اَکا۔اُون۔ٹینٹ) (انگ۔ Accountant) مذکر۔ حساب کی پڑتال کرنے والا۔ جانچ کرنے والا۔ محاسب۔ حساب لکھنے والا۔ منیب ؛

اکاؤنٹنٹ جنرل (انگ۔ Accountant General) مذکر۔ محکمۂ حساب و کتاب کا اعلیٰ افسر ؛

اکائی (اِکا۔اِی) (ہ) مؤنث۔ شمار کا درجہ۔ ریاضی میں ایک سے نو تک ہر ہندسہ اکائی میں شمار کیا جاتا ہے ؛

اکبر (اَک۔بَر) (ع) (۱) بہت بڑا (۲) مذکر۔ مغلیہ سلطنت کے مشہور بادشاہ جلال الدین کا لقب ؛ **اکبری نَوْرَتن** (ہ) اکبر بادشاہ کے یہ نو جواہر یعنی صاحب کمال وزیر (۱) مرزا عبدالرحیم خان خانخاناں پسر بیرم خان ترکمان (۲) خان اعظم عزیز۔ مرزا کوکلتاش ہفت ہزاری (۳) حکیم ابو الفتح گیلانی (۴) ملک الشعراء علامہ ابو الفیض فیضی (۵) مؤتمن الدولہ ابو الفضل (۶) حکیم ہمام (۷) راجہ ٹوڈر مل صدر دیوان (۸) راجہ بیربل سہ ہزاری (۹) راجہ مان سنگھ پنج ہزاری ؛

اُکت (اُکت) (ہ) مؤنث۔ نئی بات۔ انوکھی بات۔ ایجاد ؛ **اُکت رکی) لینا** (ہ) (۱) نئی بات کرنا (۲) بے محل کوئی حرکت کر بیٹھنا ؛ (لکھنؤ میں اُکت کی لینا اور دہلی میں اُکت لینا بولتے ہیں) ؛

اُکتا (اُک۔تا) (ہ) "اُکتا" کا امر ؛ **اُکتا جانا۔ یا۔ اُکتانا** (ہ) (۱) کسی امر کی بہتات سے جی بھر جانا (۲) اچاٹ ہونا۔ گھبرانا۔ بیزار ہونا۔ اداس ہو جانا۔ پریشان ہو جانا۔ تنگ ہونا ؛ اُکتائی کمہاری ناخن سے مٹی کھودے (ہ) مثل۔ اکتایا ہوا آدمی بے دلی سے کام کرتا ہے ؛

اِکتالیس (اِک۔تا۔لِیس) (ہ) چالیس اور ایک۔ چہل و یک۔ ۴۱۔ لہلعہ ؛

اِکتساب (اِک۔تِسَاب) (ع) مذکر۔ ہنر اور پیشے سے حاصل کرنا۔ محنت اور جد و جہد سے پیدا کرنا۔ کوشش سے حاصل کرنا۔ کمانا ؛

اِکتشاف (اِک۔تِشَاف) (ع) مذکر (۱) دریافت (۲) کھلنا۔ ظاہر ہونا ؛

اِکتفا (اِک۔تِفَا) (ع) مذکر و مؤنث (۱) بس۔ کفایت (۲) بس کرنا۔ کفایت کرنا ؛ **اِکتفا کرنا** (ہ) (۱) کافی ہونا۔ پورا ہونا (۲) کافی سمجھنا (۳) قناعت کرنا ؛

اکتوبر (اَک۔تُو۔بَر) (مہند) (انگ۔ اکٹوبر October) مذکر۔ انگریزی سال کا دسواں مہینا جو اکتیس دن کا اور اکثر اسوج، کاتک کے مطابق ہوتا ہے ؛

اِکتیس۔ اِکتّیس (اِک۔تِیس، اِکت۔تِیس) (ہ) ایک اور تیس۔ سی و یک۔ ۳۱۔ لہسہ ؛

اَکٹ (اَکٹ) (ہ) (۱) سخت اور مضبوط چیز، جو نہ کاٹے کٹے اور نہ توڑے سے ٹوٹے (۲) کامل۔ یکتا (ان معنی میں اب متروک ہے) ؛

اَکٹ دیکھیے "ایکٹ" ؛

اکٹھا (اِکٹھ۔ٹھا) (ہ) (۱) یک جا۔ فراہم (۲) ایک ہی دفعہ۔ ایک ہی وقت میں۔ ایک ساتھ ؛

اکثر (اَک۔ثَر) (ع) کمتر کے برعکس (۱) بارہا۔ بیشتر۔ بہت زیادہ۔ بیشتر۔ عموماً (۲) بہت سے لوگ۔ متعدد اشخاص ؛ **اکثر اَوقات** (ع) بیشتر۔ بارہا ؛

اکثر کرکے (ہ) (عوام) بارہا۔ بیشتر ؛ **اکثریت** (ع) مؤنث (۱) زیادتی (۲) وہ قوم، جو تعداد میں زیادہ ہو ؛

اَکرا (اَک۔رَا) (ہ) مذکر۔ نہایت ردّی اور خراب قسم کا ایک غلّہ، جو صرف جانوروں کو کھلایا جاتا ہے ؛

اِکرام (اِک۔رَام) (ع) مذکر (۱) توقیر۔ تعظیم۔ عزت۔ بزرگی (۲) عطا۔ بخشش (۳) کرم کرنا ؛

اِکراہ (اِک۔رَاہ) (ع) مذکر (۱) نفرت۔ کراہت۔ گھن (۲) ناگواری (۳) جبر۔ زبردستی ؛

اَکرکرا (اَکرَ۔کَرا) (ہ) مذکر۔ عاقر قرحا۔ ایک قسم کی سفید اور تیز جڑ ؛

اکروڑا (اَک۔رَو۔ڑا) (ہ) مذکر۔ وہ کسیلی دوا، جو زچہ کو استقاط میں پلاتے یا جس سے آبدست کراتے ہیں ؛

اَکڑ (اَکڑ) (ہ) مؤنث (۱) جسم کا تناؤ (۲) آن بان۔ گھمنڈ۔ خودداری (۳) بل۔ سرکشی۔ بدمزاجی ؛

اَکڑباز (ہ) (عوام) اکڑ کر چلنے والا۔ نہایت مغرور ؛

اَکڑ پھوں۔ اَکڑ فوں (ہ) مؤنث۔ بانکپن جتانا اور اپنے آپ کو کچھ سمجھ کر خواہ مخواہ اینڈنا ؛

اَکڑ تکڑ (ہ) مؤنث (۱) آن بان (۲) امنگ۔ جوش۔ بانکپن ؛ **اَکڑ جانا** (ہ) (۱) اینٹھ جانا (۲) بگڑ بیٹھنا ؛

اَکڑنا (اَکڑ۔نا) (ہ) (۱) سینہ ابھارنا۔ تننا (۲) اِترانا۔ ناز کرنا (۳) بگڑ بیٹھنا۔ آزردہ ہونا۔ کشیدہ ہونا (۴) کس بل جتانا۔ زور دکھانا۔ سرکشی کرنا (۵) اینٹھ جانا۔ اعضا کا سخت ہو کر بے حس و حرکت ہو جانا۔ ٹھٹھر جانا۔ جکڑ جانا (۶) بر رجانا ؛

اکڑنت کرنا (اَک۔ڑَنت اکڑنا) (ہ) (عوام) غرور کرنا۔ اکڑنا ؛

اُکڑو۔ اُکڑوں (اُک۔ڑُو، اُک۔ڑُوں) (ہ) پاؤں کے تلے زمین پر اور بوجھ پاؤں

پر ❊ اُکڑوں (اُکڑوں) بیٹھنا (ہ) تلووں کے بل یوں بیٹھنا کہ گھٹنے پیٹ سے اور پنڈلیاں رانوں سے ملی رہیں ❊

اُکس (اُکَسْ) (ہ) اُکسنا کا امر ❊ اُکس نہیں سکتے (ہ) دبے پڑے ہیں۔ سر نہیں اُٹھا سکتے ❊ **اُکسا** (ہ) (۱) اُکسانا کا امر (۲) اُکسنا کی ماضی ❊ **اُکسانا** (اُکْ۔ سا۔ نا) (ہ) (۱) روشنی تیز کرنے کی غرض سے چراغ کی بتی آگے بڑھانا (۲) ابھارنا۔ آمادہ کرنا (۳) بہکانا (۴) برانگیختہ کرنا ❊ **اُکسنا** (اُکَسْ۔ نا) (ہ) (۱) گڑی یا جمی ہوئی چیز کا حرکت کرنا (۲) ابھرنا۔ نمودار ہونا۔ سر اُٹھانا۔ ہٹنا۔ ہلنا (۳) اپنے بس میں آنا۔ قابو میں ہونا۔ خودمختار ہونا ❊ **اُکسنے نہ پانا** (ہ) (۱) ہل نہ سکنا۔ کہیں جا نہ سکنا (۲) بہتر حالت میں نہ ہو سکنا۔ اُبھر نہ سکنا ❊ **اُکسنے نہ دینا** (ہ) (۱) کہیں جانے نہ دینا۔ ہلنے نہ دینا (۲) بہتر حالت میں نہ ہونے دینا۔ ابھرنے نہ دینا۔ ترقی نہ کرنے دینا۔ عزت نہ پانے دینا ❊

اکسائیز (اَکْ۔ سا۔ اِئِزْ) (انگ۔ Excise) مذکر۔ چنگی وغیرہ کا محصول ❊

اکسائیز آفیسر (انگ۔ Excise Officer) مذکر۔ محکمۂ آبکاری کا افسر

اکسائیز ڈیپارٹمنٹ (انگ۔ Excise Department) مذکر۔ آبکاری کا محکمہ ❊

اکسپرٹ (اَکْسْ۔ پَرْٹْ) (انگ۔ Expert) ماہر۔ ماہر فن ❊

اکسپورٹ (اَکْسْ۔ پُوْرْٹْ) (انگ۔ Export) مذکر۔ کسی ملک کی تجارتی اشیاء جو باہر بھیجی جائیں ❊

اکسٹرا (اَکْسْ۔ ٹْرا) (انگ۔ Extra) زائد۔ فالتو ❊ **اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر** (انگ۔ Extra Assistant Commissioner) مذکر۔ زائد مددگار کمشنر۔ ڈپٹی کمشنر۔ "ای۔ اے۔ سی" اسی کا مخفف ہے ❊

اِکسٹھ (اِکْ۔ سَٹھْ) (ہ) ساٹھ اور ایک۔ شصت و یک۔ ۶۱۔ لرسہ ❊

اِکسیر (اِکْ۔ سِیْرْ) (ع) مؤنث (۱) کیمیا۔ وہ چیز، جو تانبے کو سونا اور رانگے کو چاندی بنا دے (رانگا۔ بنا کے ساتھ) (۲) کسی بیماری کے لیے جلد اثر کرنے والی اور بے حد مفید دوا ❊ **اکسیر کی بوٹی** (ہ) مؤنث۔ کیمیا بنانے کی بوٹی ❊ **اِکسیر گر** (ع۔ ف) کیمیا بنانے والا ❊

اِکشا (اِکْ۔ شا) (انگ Exshaw) مؤنث۔ ایک قسم کی شراب۔ برانڈی ❊

اِکفا (اِکْ۔ فا) (ع) مذکر۔ عیوب قافیہ میں سے ایک عیب۔ حرفِ روی کا اختلاف جیسے آس اور خاص ❊

اَکل (اَکْلْ) (ع) مذکر (۱) کھانا۔ غذا (۲) روزی ❊ **اَکلِ حلال** (ع) مذکر۔ حلال روزی ❊ **اَکل و شُرب** (ع) مذکر۔ کھانا پینا۔ کھانے پینے کی چیزیں ❊ **اَکل و شرب حرام ہونا** (ہ) کھانا پینا حرام ہونا ❊

اَکل (اَکَلْ) (ہ) اکیلا۔ تنہا۔ واحد ❊

اَکل کھرا
اکھل کھرا } (ہ) (۱) بے لحاظ۔ غیر مانوس۔ بے مروت (۲) تند خو۔ بدمزاج ❊

اَکل کھرا جگ سے بُرا (ہ) مثل۔ بے مروت سب سے بُرا ہے ❊ **اَکل کھری** (ہ) "اَکل کھرا" کی تانیث ❊

اُکلانا (اُکْ۔ لا۔ نا) (ہ) (۱) اُکتانا۔ گھبرانا۔ بے قرار ہونا (۲) تنگ آنا۔ تھک جانا۔ جی متلانا ❊

اِکلو (اِکْ۔ لَوْ) (ہ) مذکر۔ گنجفے کی بازی کے مسلسل حکم پتے کو کہتے ہیں، خواہ سلسلہ وار تقسیم میں آجائیں یا کھیل میں سر کرنے کے بعد اِکلو ہو جائیں ❊ **اِکلو سوخت ہونا** (ہ) اِکلو پتوں کا بیکار ہو جانا ❊ **اِکلو ہونا** (ہ) گنجفے کے پتوں کا سلسلہ وار ہونا۔ خواہ تقسیم میں ہوں یا کھیل کے بعد ❊

اِکلوتا (اِکْ۔ لَوْ۔ تا) (ہ) اکیلا بیٹا، جس کا کوئی بہن بھائی نہ ہو ❊

اِکلوتی (اِکْ۔ لَوْ۔ تی) (ہ) اکیلی بیٹی، جس کا کوئی بہن بھائی نہ ہو ❊

اِکلیل (اِکْ۔ لِیْلْ) (ع) مذکر۔ تاج۔ ٹوپی۔ کلاہ ❊

اِکلیلُ المَلِک (ع) مذکر۔ دیکھیے "اقلیل الملک" ❊

اِکمال (اِکْ۔ مالْ) (ع) پورا کرنا۔ کامل کرنا ❊

اَکمل (اَکْ۔ مَلْ) (ع) بہت بڑا کامل۔ اپنے ہنر میں طاق۔ نہایت قابل ❊

اکناف (اَکْ۔ نافْ) (ع) مذکر۔ کنف کی جمع۔ اطراف۔ کنارے ❊

اکنالجمنٹ (اَکْ۔ نا۔ لِجْ۔ مَنْٹْ) (انگ۔) مؤنث۔ رسید۔ اقرار۔ قبولیت ❊

اَکنگ (اِکَنگْ) (ہ) (۱) اپنی بات اور قول سے نہ پھرنے والا۔ دشمنی یا دوستی پر قائم رہنے والا (۲) یک رنگ۔ ایک بات والا (۳) تنہا (۴) مذکر۔ لکڑی کا ایک کھیل، جو پھری کے بغیر صرف گدکے سے کھیلا جاتا ہے ❊

اکواہی (اِکْ۔ وا۔ ہی) (ہ) (۱) ایک زانو بیٹھنا۔ ایک پہلو لیٹنا (۲) وہ چیز، جو ایک طرف زیادہ مائل ہو ❊

اِکوائی (اِکْ۔ وا۔ اِئی) (ہ) (دلالوں کی اصطلاح) تین ❊

اِکوتا (اِکَوْ۔ تا) (ہ) مذکر (۱) ایک سوداوی مرض، جس سے اکثر ہاتھوں اور پاؤں کی جلد پر ننھے ننھے دانے نکل کر ان سے رطوبت خارج ہوتی رہتی ہے (۲) کوت سے سودا کرنا۔ سیچا کر خریدنا (۳) جو کھے تولے بغیر ساری چیز خرید لینا ❊

اکولا (اَکَوْ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) برار کا ایک مشہور شہر (۲) لوہے کا چولھا (۳) گنے کا اوپر کا حصہ ❊

اکونا (اِکَوْ۔ نا) (ہ) (۱) ایک ایک کر کے چنا ہوا (۲) صاف اور چنا ہوا اناج (۳) ایک قسم کا۔ نرملا ہوا خالص ❊

اُکونے (اُکَوْ۔ نے) (ہ) مذکر۔ وہ متلی، جو حاملہ عورت کو ہوتی ہے ❊

اکوبر (اَکَوْ۔ بَرْ) (ہ) مذکر۔ ایک جنگلی درخت ❊

اکھاڑ (اُکھاڑْ) (ہ) (۱) اُکھاڑنا کا امر (۲) مؤنث۔ جڑ سے نکلنا۔ بربادی۔ بیخ کنی ❊

اُکھاڑ پچھاڑ (ہ) مؤنث (۱) توفی بحالی۔ تغیر و تبدل۔ درہم برہم (۲) لگائی بجھائی۔ دراندازی۔ بیخ کنی ❊

اُکھاڑنا (اُکھاڑْ۔ نا) (ہ) (۱) قدرتی جمی ہوئی چیز کو جڑ سے نکالنا (۲) گاڑنا کے برعکس (۳) کسی کے معاملے کو بگاڑ دینا۔ کسی جمی ہوئی رائے کو بدل دینا (۴) جوڑ سے الگ کرنا

(۵) کھودنا (۶) ڈھانا (۷) جُدا کرنا۔ چھڑانا (۸) کسی کو نوکری سے موقوف کرانا ؂

اکھاڑا (اَکھا۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) پہلوانوں کے کسرت کرنے اور کشتی لڑنے کا مقام۔ دنگل (۲) بانک پٹے والوں کا جتھا (۳) ناچ رنگ کی محفل (۴) حسینوں کا جمگھٹ (۵) اسی قسم کا ایک اور مجمع ؂ **اکھاڑا بدنا** (ہ) اکھاڑا اقرار دینا ؂ **اکھاڑا جمنا** (ہ) اکھاڑے میں کھلاڑیوں کا جمع ہونا ؂ **اکھاڑا گرم ہونا** (ف) مجمع میں رونق ہونا۔ زیادہ مجمع ہونا ؂ **اکھاڑے کا جوان** (ف) مضبوط مرد میدان۔ لڑا بھڑا جوان ؂ **اکھاڑے میں آؤ** (ہ) ذرا سامنے آؤ۔ مقابلہ کرو ؂ **اکھاڑے میں اتارنا** (ہ) مقابلہ کرانا اور لڑانا ؂ **اکھاڑے میں اُترنا** (لازم)

اِکہتر (اِکہت۔ تر) (ہ) ستر اور ایک: ۷۱ ؂

اِکھٹّا دیکھیے اِکٹھا ؂

اِکہرا (اِک۔ہرا) (ہ) (۱) دُہرے کے برعکس۔ ایک ہی تہ کا (۲) ایک ہی تار کا ؂ **اِکہرا بدن** (ف) مذکر۔ دُبلا اور چھریرا بدن ؂ **اکہری سواری** (ف) مؤنث۔ ڈولی یا پینس وغیرہ میں ایک شخص کا سوار ہونا ؂

اکھرنا (اَکھر۔نا) (ہ) (دہلی) بارِ خاطر ہونا۔ ناگوار گزرنا (لکھنؤ میں اس جگہ کھلنا بولتے ہیں) ؂

اکھڑ (اَکھ۔کھڑ) (ہ) (۱) جاہل۔ اجڈ۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ (۲) سخت مزاج (۳) جھگڑالو (۴) بدتمیز (۵) سرکش ؂ **اکھڑپن** (ہ) مذکر (۱) جہالت۔ بدتمیزی (۲) سخت مزاجی (۳) سرکشی (۴) ضد ؂

اُکھڑ (اُکھڑ) (ہ) اُکھڑنا کا امر ؂ **اُکھڑنا** (ہ) (۱) قدرتی جمی ہوئی چیز کا جڑ سے الگ ہونا (۲) عضو کا جوڑ سے جدا ہونا (۳) برداشتہ خاطر اور بیزار ہونا (۴) مغلوب اور عاجز ہونا (۵) بھاگ نکلنا۔ رسوخ جاتا رہنا (۶) ٹوٹ جانا (۷) آمد و رفت کا سلسلہ ٹوٹ جانا (۸) اندازِ رفتار میں فرق آنا۔ قدم برابر نہ پڑنا (۹) آواز کا بے تال اور بے سُر ہونا (۱۰) اچٹ جانا۔ بھڑک جانا (۱۱) ٹوٹنا اور ڈھے جانا (۱۲) جماؤ جاتا رہنا اور جلسہ برہم ہونا (۱۳) اوپر اُٹھ جانا۔ جنبش میں آنا (۱۴) الگ ہو جانا۔ چھٹنا۔ کھلنا (۱۵) نصب ہونا یا استادہ ہونا کے برعکس (۱۶) شکست کھانا۔ پیچھے ہٹ جانا (۱۷) گڑی ہوئی چیز کا باہر نکل آنا۔ کھدنا ؂

اُکھڑی اُکھڑی باتیں }
اُکھڑی باتیں } (ہ) مؤنث۔ رنج آمیز گفتگو۔ سیدھی باتوں کے اُلٹے جواب ؂

اُکھڑی گفتگو (ف) مؤنث۔ اُکھڑی بات چیت ؂ **اُکھڑے اُکھڑے** (ہ) (۱) آزردہ۔ رنجیدہ (۲) غیر مستقل۔ نامضبوط ؂ **اُکھڑے اُکھڑے رہنا** (ہ) برہم رہنا ؂

اُکھل (اُکھل) (ہ) مذکر }
اُکھلی (اُکھ۔لی) (ہ) مؤنث } لکڑی کا ایک برتن، جس میں دھان وغیرہ ڈال کر چھلکا جدا کرنے کے لیے کوٹتے ہیں ؂

اُکھلی میں سر دیا تو دھمکوں کا کیا ڈر (ف) مثل۔ جب آپ ہی کوئی کام اپنے ذمے لے لیا تو کسی کے ڈرانے دھمکانے کا کیا ڈر ؂ **اُکھلی میں سر دینا** (ف) آپ سے خطرے میں پڑنا۔ وہ امر اختیار کرنا جس میں ضرر کا اندیشہ ہو۔ سخت مصیبت میں پڑنا ؂

اکھنڈ (اَکھنڈ) (ہ) (۱) کم عمر بچھیرا (۲) جو تقسیم یا الگ الگ نہ ہو سکے ؂

اکھولا (اَکھو۔لا) (ہ) دیکھیے اکولا ؂

اَکھو مکھو (اَکھو۔کھو، مَکھو۔کھو) (ہ) مؤنث (عو) چراغ کی لَو تک ہاتھ لے جا کر بچے کے مُنہ پر پھیرنا ؂

اُکھیڑ (اُکھیڑ) (ہ) مؤنث (پہلوانوں کی اصطلاح) زمین سے اُٹھانا ؂ **اُکھیڑ دینا** (ہ) (۱) دیکھیے اکھاڑنا (۲) (کنایۃً) کسی کی صحبت سے کسی کو نکلوا دینا ؂ **اُکھیڑ مارنا** (ہ) (۱) پیچ مارنا (۲) مخالفت کرنا ؂

اُکھیڑنا (اُکھیڑ۔نا) (ہ) دیکھیے اُکھاڑنا (معنی ۳، ۴ کے معنی میں اکھاڑنا کو اکھیڑنا پر ترجیح ہے) ؂

اکید (اَکید) (ع) مضبوط۔ استوار۔ محکم ؂

اکیڈمی ۔ دیکھیے اکادمیہ ؂

اِکیس (اِکی۔کیس) (ہ) بیس اور ایک۔ بست و یک۔ ۲۱۔ لعسہ ؂ **اکیس پان کا بیڑا** (ہ) مذکر۔ وہ پان کا بیڑا، جو شادی میں آرسی مصحف دکھانے کے بعد دولھا کو کھلاتے ہیں ؂ **اکیس رہنا۔ اکیس ہونا** (ہ) غالب رہنا۔ غالب ہونا ؂

اکیلا (اَکے۔لا) (ہ) (۱) تنہا (۲) غیر آباد۔ خالی (۳) لاثانی۔ فرد ؂

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا }
اکیلا سورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا } (ہ) مثل۔ جو کام کئی آدمیوں کے کرنے کا ہو، اس کا تنہا آدمی سے انجام پانا غیر ممکن ہوتا ہے ؂ **اکیلا حسنو روئے کہ قبر کھودے** (ف) مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں پریشانی اور مصیبت کی حالت میں کام کثرت سے پیش آ جائیں اور کام کرنے والا تنہا ہو ؂ **اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا** (ہ) مثل۔ اکیلے آدمی سے کوئی بات بن نہیں پڑتی۔ جب تک چار آدمی نہ ہوں، کچھ نہیں بنتا۔ انسان تنہا ہو تو غم یا عیش کسی حالت میں لطف نہیں ؂

اکیلی (اَکے۔لی) (ہ) مؤنث۔ تنہا ؂ **اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی** (ہ) مثل۔ تنہا آدمی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا ؂ **اکیلی جان** (ف) جس کا کوئی ساتھی اور شریک نہ ہو، محض تن تنہا ؂ **اکیلے اکیلے** (ہ) کسی کی تنہا خوری یا الگ الگ مزے اُڑانے اور سیر کرنے کی جگہ بے تکلفی سے بولتے ہیں ؂ **اکیلے چلیے نہ باٹ، جھاڑ بیٹھیے کھاٹ** (ہ) مثل۔ اکیلے سفر نہ کرو۔ چارپائی کو پہلے جھاڑ لو، پھر اس پر بیٹھو ؂ **اکیلے دُکیلے** (ہ) (۱) ایک دو آدمی (۲) یکہ و تنہا ؂ **اکیلے دُکیلے کا اللہ بیلی** (ف) مثل۔ اکیلا آدمی ہمیشہ خطرناک حالت میں رہتا ہے۔ تنہا آدمی کا خدا حافظ ہے ؂

اُکیلنا (اُکیل۔نا) (ہ) (عوام) ادھیڑنا۔ چھیلنا۔ بٹے ہوئے دھاگے کا بل نکالنا۔ مغز سے پوست الگ کرنا ؂

اگ

اُگارنا (اُگا۔رنا) (ہ) کنوئیں کی مٹی نکالنا۔ کنواں صاف کرنا ؂

اگاڑی (اگا۔ڑی) (ہ) مؤنث (۱) وہ رسی، جو گھوڑے کے گلے میں ڈال کر داہنے بائیں دو میخوں میں باندھی جاتی ہے (۲) گھوڑے کے اگلے پاؤں میں باندھنے کی رسی (۳) (عوام) آگے ؂

اگاڑی پچھاڑی تڑانا (ہ) بے قراری اور بیتابی ظاہر کرنا ؂

اُگال (اُ گا لْ) (ہ) مذکر۔ گلوری کا پھوک۔ پیک۔ چبائی چیز۔ اُگلی ہوئی چیز۔ فضلۂ دہن ٭ **اُگال دان** (ہ) مذکر پیک ڈالنے اور تھوکنے کا برتن۔ پیک دان ٭

اُگانا (اُ گا۔ نا) (ہ) اُگنا کا متعدی ٭

اُگاہنا (اُ گا ہْ۔ نا) (ہ) (۱) کرایہ، چندے یا حقِ زمینداری کا اسامی دار وصول کرنا (۲) تحصیل کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ٭

اُگاہی (اُ گا۔ ہی) (ہ) مؤنث۔ وہ سودی قرض جو بدفعات ادا کیا جائے ٭

اُگٹ (اُ گَٹْ) (ہ) اُگٹنا کا امر ٭ **اُگٹا پیچی** (ہ) مؤنث (عو) غصّے کی حالت میں طعنے دینا اور اپنے احسان جتانا ٭

اُگٹنا (اُ گَٹْ۔ نا) (ہ) (۱) ذرا ذرا سی بات پر سلوک کا اظہار کرکے طعنے دینا۔ بار بار احسان جتانا (۲) جھلا کر کسی کا عیب کھول دینا (۳) بیجا اور نامناسب بات مکرر کہنا ٭ **اُگٹوانا** (ہ) اُگٹنا کا متعدی المتعدی ٭

اگد (اَ گَدْ) (ہ) مذکر (فیل بانوں کی اصطلاح) ہاتھی کے تیز چلانے اور آگے بڑھانے کی آواز ٭

اگر (اَ گَرْ) (ف) حرفِ شرط۔ جو۔ جب۔ بشرطیکہ۔ مبادا۔ بالفرض ٭

اگرچہ (اَ گَرْ۔ چِہْ) (ف) باوجودیکہ۔ ہرچند۔ گو ٭ **اگر سوچ** (ہ) مؤنث (۱) پیش بندی۔ دور اندیشی (۲) خبرداری۔ احتیاط ٭ **اگر سوچی** (ہ) (۱) پیش بندی کرنے والا۔ خبردار۔ محتاط (۲) مذکر۔ دور اندیش آدمی۔ محتاط انسان ٭ **اگر ماند شبے ماند شبِ دیگر نمی ماند** (ف) مثل۔ تھوڑی دیر کی رونق ہے، اگر رہی تو ایک رات، دوسری رات نہ رہے گی ٭ **اگر مگر** (ف) مؤنث۔ حیلہ حوالہ لیت و لعل ٭ **اگر مگر کرنا** (ف) ہچکچانا۔ پس و پیش کرنا ٭

اگر (اَ گَرْ) (ہ) مذکر۔ ایک پہاڑی درخت کی لکڑی، جو جلنے سے خوب خوش بو دیتی اور پانی میں ڈالنے سے غرق ہو جاتی ہے۔ عودِ ہندی ٭ **اگر دان** (ف) مذکر۔ اگر کی بتیاں جلانے کا ظرف۔ (فصحا بیشتر اگر سوز بولتے ہیں) ٭ **اگر سوز** (ف) مذکر۔ اگر دان ٭ **اگر کی بتی** (ہ) مؤنث۔ وہ بتی، جو اگر اور صندل کے برادے میں دوسری خوش بودار چیزیں ملا کر بنائی اور محفلوں میں اکثر ہوا کی صفائی و خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہے ٭

اگر (اَ گَرْ) (س) دیکھیے "اگلا" ٭

اگر دھوں دھوں (اَ گَرْ۔ دَھوں۔ دَھوں) (ہ) مذکر (۱) دھونسے کی سی آواز (۲) موٹا آدمی۔ جسم کا بھاری اور بھیتس آدمی ٭

اُگرنا (اُ گَرْ۔ نا) (ہ) کنوئیں کا صاف ہو جانا ٭

اگروال (اَگْ۔ گَرْ۔ وَالْ) } (ہ) مذکر (۱) بنیوں کا ایک تاجر فرقہ (۲) راجہ اگر کی اولاد ٭
اگروالا (اَگْ۔ گَرْ۔ وَالا) }

اگری (اَ گَرِی) (۱) گہرے کشمشی سے ملتا ہوا سیاہی مائل صندلی رنگ (۲) ایک قوم، جو چمار ہے یا اس سے ملتی جلتی اور آگرہ کو اپنا اصلی وطن بتاتی ہے (۳) شاہانِ دہلی کی ایک پلٹن، جس کی وردی اگری تھی (یہ لفظ اگری بروزنِ اکبری بولنا غلط ہے، کیونکہ اس کی اصل اگر بفتحتین ہے۔ اس کے آگے یاء نسبت لگائی تو اگری ہوا۔ اگرہ نہیں کہ سرمہ سے سرمئی اور نقرہ سے نقرئی کی طرح اگرئی بنا لیا جائے) ٭

اگرم بگرم (اَ گَرْ۔ رَم۔ بَگْ۔ گَرْ۔ رَم) (ہ) مذکر (عوام) (۱) فضول اور بے معنی باتیں (۲) بیکار چیزیں (۳) گڈ مڈ۔ الل ٹپ۔ غلط ملط ٭

اگزالٹڈ ہائینس (اِگْ۔ زالْ۔ ٹِڈْ۔ ہا۔ اِیْ۔ نَس) (انگ۔ Exalted Highness) مذکر۔ اعلیٰ حضرت۔ یہ خطاب سلطنت برطانیہ نے جنگِ یورپ کی خدمات کے صلے میں نظام حیدر آباد کے لیے وضع کیا تھا ٭

اگزکٹو (اِگْ۔ زِکْ۔ ٹِوْ) (انگ۔ Executive) انتظامی ٭

اگست (اَ گَسْتْ) (ہند) (انگ۔ آگسٹ۔ August) مذکر۔ انگریزی سال کا آٹھواں مہینا، جو اکتیس دن کا ہوتا اور اکثر ساون بھادوں کے مطابق پڑتا ہے ٭

اُگل (اُ گَلْ) (ہ) اُگلنا کا امر ٭ **اُگل آنا (پڑنا)** (ہ) (۱) نگلی ہوئی چیز کا منہ سے باہر نکل آنا (ان معنی میں آنا کے ساتھ زیادہ مستعمل ہے) (۲) خنجر یا تلوار کا میان سے باہر نکل پڑنا۔ دیکھیے اُگلنا م۵ (۳) باہر نکل آنا (انتہائی ابھار کی جگہ کہتے ہیں۔) ٭

اُگل اُگل کے کھانا } (ہ) انتہائی بے رغبتی سے کوئی چیز کھانا۔ دل نہ چاہنے کی
اُگل نگل کے کھانا } حالت میں کھانا۔ آہستہ آہستہ کھانا۔ تکلیف سے کھانا ٭

اُگلتی تلوار اور بیسوا لگائی خصم کو مار رکھتی ہے (ہ) مثل۔ میان سے باہر نکلنے والی تلوار اور حرام کار عورت خاوند کو مروا دیتی ہے ٭ **اُگلنا** (ہ) (۱) تھوکنا۔ منہ سے باہر نکالنا (۲) پیدا کرنا۔ نکالنا (۳) بھید کھولنا۔ بیان کرنا (۴) کھایا پیا مال مجبوراً واپس کرنا (۵) تلوار کا میان سے نکل پڑنا۔ بے ارادہ، بے کھینچے گر پڑنا ٭ **اُگلے تو اندھا۔ کھائے تو کوڑھی** (ہ) مثل۔ مشہور ہے کہ اگر سانپ چھچھوندر کو اُگل دے تو اندھا ہو جاتا ہے اور کھا جائے تو کوڑھی۔ کرنے میں نقصان، نہ کرنے میں ضرر۔ ہر طرح خرابی ٭

اگل پچھل (اَ گَلْ۔ پِچھَلْ) (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کی جوڑی برابر جوڑنے کے بجائے آگے پیچھے جوڑنا ٭

اگلا (اَگْ۔ لا) (ہ) (۱) پہلا۔ گزرا ہوا (۲) آنے والا۔ آئندہ (۳) آگے کا۔ پہلے کا (۴) وہ کھانا، جو رمضان میں افطار کے بعد رات کے شروع میں کھاتے ہیں (۵) چلتا ہوا۔ ہوشیار۔ استاد ٭

اگلا پچھلا (اَگْ۔ لا۔ پِچھْ۔ لا) (ہ) (۱) پہلا اور آخر کا (۲) گزرا ہوا اور موجودہ (۳) روزہ کھولنے اور رکھنے کا وقت ٭ **اگلا جنم** (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کے عقیدے میں اگلی پیدائش ٭ **اگلا زمانہ** (ف) مذکر۔ گزرا ہوا زمانہ۔ پرانا زمانہ ٭ **اگلا سال** (ف) مذکر۔ گزرا ہوا سال ٭ **اگلا کہتا ہو تو آپ چپ رہیے** (ہ) مثل۔ جب دوسرا آدمی بات کر رہا ہو تو جب تک وہ اسے ختم نہ کرے، چپ رہنا چاہیے ٭ **اگلا لیپا دے بہا، اب کا لیپا آگے لا** (ہ) مثل۔ (عو) وہاں طنزاً بولتے ہیں، جہاں کوئی آدمی پچھلے احسان بھلا کر نئے احسان چاہے ٭ **اگلا وقت** (ف) مذکر۔ اگلا زمانہ ٭

اگلی باتیں (اَگْ۔ لی۔ با۔ تیں) (ہ) مؤنث۔ پرانی باتیں ٭

اگلے پچھلے (اَگْ۔ لے۔ پِچھْ۔ لے) (ہ) (۱) پہلے اور آخر کے (۲) دیکھیے اگلا پچھلا م۳

اگلے دفتر کھولنا (ف) اگلی شکایتیں چھیڑنا۔ گزرے ہوئے حالات بیان کرنا۔ پرانی باتوں کا ذکر کرنا ؂

اگلے زمانے والے | **اگلے لوگ** (ف) (۱) پرانے آدمی۔ قدیم زمانے کے لوگ (۲) سیدھے سادے بھولے بھالے آدمی ؂

اگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی (ہ) مثل۔ کوئی بندوبست نہیں۔ بہت گڑبڑ ہے۔ ازحد بدانتظامی ہے ؂ **اگلے نے کیا پچھلے پر آئی** (ہ) مثل۔ کیا کس نے اور غضب گئی کس کے سر۔ افسر نے خطا کی اور ماتحت ملزم ٹھہرا۔ بڑے نے قصور کیا۔ چھوٹے نے سزا پائی ؂ **اگلے وقت کا** (ف) پرانے زمانے کا۔ بڑا بوڑھا ؂ **اگلے وقت کے لوگ** (ف) مذکر۔ اگلے لوگ ؂ **اگلے وقتوں کا** (ف) پرانے زمانے کا ؂ **اگلے وقتوں کی بات** (ف) مؤنث۔ پرانے زمانے کی بات ؂ **اگلے ہوئے پچھلے، پچھلے پر دھان** (ہ) مثل۔ معزز آدمی کو معزول کر دیا گیا، غیر معزز کو عزت بخشی گئی۔ آزمائے ہوئے لوگوں کو بے آزمائے لوگوں پر ترجیح دی گئی ؂

اگم (اُگَمْ) (ہ) مذکر (۱) علم غیب اور ہونے والی بات۔ ہونی (۲) عقبیٰ۔ عاقبت (۳) باطنی۔ اندرونی۔ مخفیہ ؂ **اگم بدھیا۔ اگم جانی** (ہ) مذکر۔ نجومی ؂ **اگم شاستر** (س) مذکر۔ وہ کتاب، جس میں علم باطن یا علم غیب کا بیان ہو ؂

اَگَن (اَگَنْ) (ہ) مذکر (۱) چڑیا کے برابر ایک بہت خوش آواز چھوٹا پرندہ (۲) مؤنث۔ آگ (متروک) ؂ **اگن باؤ** (ہ) مؤنث (۱) گھوڑوں کی ایک بیماری، جس میں ان کی کھال اُدھڑ جاتی ہے اور رُؤیں گر جاتے ہیں (۲) آتشک۔ گرمی (۳) بادِ سموم ؂ **اگن بوٹ** (ف) مذکر۔ آگ بوٹ۔ سٹیمر۔ دخانی کشتی۔ آگ سے چلنے والی ناؤ ؂ **اگن چڑیا** رہ، مؤنث۔ آگ کا کیڑا۔ سَمَندر ؂ **اگنی** (ہ) مؤنث۔ آگ ؂ **اگنی کنڈ** (ہ) مذکر۔ (۱) آگ کا تالاب، دوزخ (۲) وہ گڑھا، جس میں آگ جلائی جائے (۳) آگ کا وہ تاریخی گڑھا، جس کے صاف کرنے پر پانچ چھتری پیدا ہوئے تھے اور انھوں نے بدھ مذہب والوں کا خاتمہ کر دیا تھا ؂

اَگُن (اَگُنْ) (ہ) نالائق۔ بدسلیقہ۔ پھوہڑ ؂

اُگنا (اُگْ۔ نَا) (ہ) پیدا ہونا۔ نمود پانا۔ ظاہر ہونا۔ نکلنا ؂

اگوا (اَگْ۔ وَا) | **اگواکار** (اَگْ۔ وَا۔ کَار) (ہ) مذکر (عوام) (۱) رہنما۔ ہادی۔ سردار۔ پیشوا (۲) گھر کا مکھیا، جس سے سارا کاروبار متعلق ہو ؂

اگواڑا (اَگْ۔ وَا۔ ڑَا) (ہ) مذکر۔ پچھواڑا کے برعکس۔ مکان کے سامنے کا رُخ۔ آگے کا حصہ ؂

اگوانی (اَگْ۔ وَا۔ نِی) (ہ) مؤنث (۱) برات کا خیر مقدم۔ استقبال۔ پیشوائی (۲) پیشوائی (۳) مذکر۔ اوپر کا کام کاج کرنے والا ؂

اگولا (اَگُوْ۔ لَا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے اگولا ؂

اگہن۔ اگھن (اَگْ۔ ہَن۔ اَگْھَن) (ہ) مذکر (۱) فصلی سال کا تیسرا اور ہندوؤں کا آٹھواں مہینا، جو عموماً نومبر، دسمبر کے مطابق ہوتا ہے (۲) کھلا ہوا بن۔ کشادہ جنگل ؂

اگھور پنتھ (اَگھوْر۔ پَنْتھ) | **اگھوری** (اَگھوْ۔ رِی) (ہ) مذکر (۱) ہندوؤں کا اگھوری فرقہ، جو شیوجی کا پجاری ہے اور ناپاک چیزوں سے پرہیز نہیں کرتا (۲)

(مجازاً) کثیف طبیعت والا (۳) (مجازاً) پلید۔ ناپاک۔ بلانوش ؂

اگیا (اَگْ۔ یَا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) اجازت۔ حکم (۲) چاول کا ایک مرض، جس سے وہ یکسر جلا ہوا معلوم ہوتا ہے ؂

اگیا بیتال (اَگْ۔ یَا۔ بَے۔ تَال) (ہ) مذکر (۱) غولِ صحرائی۔ جنگلی چھلاوا (۲) وہ دخانی مادہ، جو بیشتر رات کو دلدل اور پرانے قبرستان سے شعلے کی طرح چمکتا ہوا نکلتا ہے ؂

اگیاری (اَگْ۔ یَا۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ ہندوؤں کے یہاں ایک قسم کی پوجا، جس میں وہ بت کے سامنے آگ روشن کرتے اور دیوتا کو خوش کرنے کے لیے اس آگ پر گھی، چاول، تل، خوشبو وغیرہ رکھ کر جلاتے ہیں ؂

اگیانا (اَگْ۔ یَا۔ نَا) (ہ) دھات کے برتنوں کو پاک کرنے کے لیے گرم کرنا ؂

اگیانی (اَگْ۔ یَا۔ نِی) (ہ) نہ جاننے والا۔ جاہل ؂

ا-ل

اَل (اَلْ) (ہ) مؤنث (۱) آبائی لقب (۲) کُل خاندان ؂

الآن (اَلْ۔ آنْ) (ع) اب۔ اس وقت ؂ **اَلْآنَ کَمَا کَانَ** (ع) (۱) اب تک جیسا تھا، ویسا ہی ہے (۲) ہنوز روزِ اول ہے ؂

اَلَا (اَ۔ لَا) (ع) خبردار ہو۔ ہوشیار ہو ؂

اَلَابَلا (اَلَا۔ بَلَا) (ف) مؤنث (۱) بلا (۲) خراب سے خراب اور بُری سے بُری چیز (۳) درد۔ دُکھ۔ مصیبت (۴) بھوت پریت ؂ **اَلَابَلَا بگردنِ مُلّا** (ف) مقولہ۔ سارا وبال مُلّا کی گردن پر ؂ **الاؤں بلاؤں صحنک سرکاوں** (ف) مثل (عو) چکنی چپڑی باتیں کرکے مطلب نکالنے کے موقع پر بولتی ہیں ؂

اِلّا (اِلْ۔ لَا) (ع) لیکن۔ سوا ؂ **اِلَّا اللّٰہ** (ع) کلمۂ طیبہ کا ایک حصہ۔ اللہ والوں کا وظیفہ۔ اردو میں یہ ان موقعوں پر مستعمل ہے: (۱) کسی کے دفعتہً گرتے وقت (۲) اُٹھتے بیٹھتے میں کسی درد سے تکلیف کے وقت (۳) سخت حملہ کرنے کے وقت ؂ **اِلَّا مَاشَاءَ اللّٰہ** (ع) (۱) لیکن جو خدا چاہے (۲) شاذ و نادر۔ کہیں کہیں ؂ **اِلَّا الَّذِیْ نہ اُلَّا الَّذِیْ** (اِلْ۔ لَذِی۔ نَہ۔ اُلْ۔ لَذِی) (ف) اِدھر کا، نہ اُدھر کا۔ اِس میں، نہ اُس میں۔ پراگندہ۔ مذبذب۔ ڈانواں ڈول۔ کسی کام کا نہیں ؂

الاپ (اَ لَاپْ) (ہ) مؤنث (۱) آواز کا اُتار چڑھاؤ (۲) تان۔ سُر (۳) آواز۔ نغمہ۔ بول چال (۴) آواز اونچی کرنا۔ سُر ملانا ؂

الاپنا (اَلَاپْ۔ نَا) (ہ) گانا شروع کرنا۔ تانیں لگانا ؂

اِلاچا۔ اِلائچا (اِلَا۔ چَا، اِلَا۔ اِچَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی یا سوتی دھاریوں والا کپڑا ؂

اِلاچی۔ اِلائچی (اِلَا۔ چِی، اِلَا۔ اِچِی) (ف) مؤنث (۱) ایک مشہور خوشبودار پھل (۲) (عو) سکھی۔ گوئیاں ؂

اِلاچی دانہ۔ اِلائچی دانہ (ہ مذکر) (۱) الائچی کا دانہ یعنی بیج (۲) الائچی کے دانوں پر کھانڈ چڑھا کر بنائی ہوئی مٹھائی ؂

اُلار (اُ لَار) (ہ) پچھلا بوجھ زیادہ ہونے کے سبب گاڑی کا اگلا حصہ اوپر کو اُٹھ جانا ؂

الاراسی (ہ) دیکھیے "آلاراسی" ۔
الارم (اَ۔لاَرم) (انگ۔ Alarm) مذکر (۱) گھنٹی کی آواز۔ گھڑی میں جگانے والی گھنٹی کی آواز (۲) تیاری کا بگل۔ جنگی بگل (۳) خطرے کا بگل۔ الارم بجانا (ف) گھڑی کی گھنٹی بجانا۔ الارم بجنا (ل) لازم ۔
الارم کلاک (انگ۔ Alarm Clock) مذکر۔ جگانے والی بڑی گھڑی ۔
اُلارنا (اُ۔لاَر۔نا) (ہ) (عوام) (۱) اچکا دینا (۲) پہلو بدلنا۔ لٹا دینا۔ سُلا دینا ۔
اِلاسٹک (اِ۔لاس۔ٹک) (انگ۔ Elastic) مذکر (۱) لچک والی چیز، جو کھینچ کر چھوڑ دینے پر پھر اپنی اصلی جگہ آ جائے (۲) ربڑ کا یا ربڑ اور دھاگے کا بنا ہوا فیتہ ۔
الاقارب کالعقارب (اَ۔ل۔اَقا۔رِب، کَل۔عَقا۔رِب) } (ع) مثل۔ اپنے بچھو کی طرح ایذا رسانی کرتے ہیں ۔
الاقرب کالعقرب (اَل۔اَق۔رَب، کَل۔عَق۔رَب) }
اُلالو (اُ۔لاَ۔لو) (ہ) دیکھیے "اَلار" ۔
الامان (اَل۔اَمان) (ع) مؤنث (۱) امن۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ رحم۔ پناہ (۲) امن مانگنا۔ پناہ چاہنا ۔ الامان کہنا (ف) پناہ مانگنا ۔
الامر فوق الادب۔ حکم ادب پر فوقیت رکھتا ہے ۔
الان۔ دیکھیے "آلان" ۔
اَلاِنتظار اَشَدُّ مِنَ الْمَوت (ع) مقولہ۔ انتظار موت سے بھی زیادہ سخت ہے۔ انتظار کی سخت تکلیف کے مقام پر کہتے ہیں ۔
اُلانگنا۔ الانگھنا (اُ۔لاَنگ۔نا، اُ۔لاَنگھ۔نا) (ہ) (۱) کودنا پھاندنا۔ پھلانگنا۔ کسی چیز کے اوپر سے اس طرح جانا کہ اس پر پاؤں نہ پڑے (۲) (چابک سواروں کی اصطلاح) پہلی مرتبہ گھوڑے پر چڑھنا ۔
اُلاہنا (اُ۔لاَہ۔نا) (ہ) مذکر (۱) شکوہ۔ گلہ (۲) بدنامی۔ برائی ۔
الاؤ (اَ۔لاَؤ) (ہ) مذکر۔ کوڑا کرکٹ۔ گھاس پھوس وغیرہ کا ڈھیر، جو سردیوں میں جلا کر تاپتے ہیں (لگانا کے ساتھ) ۔
الاؤنس (اَ۔لاَ۔ؤنس) (انگ۔ Allowance) مذکر۔ زائد خرچ۔ بھتا ۔
الائے بلائے (ہ) دیکھیے "الابلا" ۔
الباب (اَل۔باب) (ع) مذکر۔ لُب کی جمع۔ عقلیں ۔
البتہ (اَل۔بَت۔تہ) (ع) (۱) بے شک۔ ضرور۔ یقیناً (۲) لیکن۔ مگر (۳) بہت بہتر ہاں ۔
البرٹ میڈل (اَل۔بَرٹ۔مَے۔ڈل) (انگ۔ Albert Medal) مذکر۔ پرنس البرٹ کا یادگاری تمغہ ۔
البرز (اَل۔بُرز) (ف) مذکر۔ ایران کا ایک پہاڑ ۔
ال بل (اَل۔بَل) (ہ) مذکر (۱) گھمنڈ۔ غرور (۲) کمی بیشی۔ فرق (۳) قربان۔ صدقے ۔ ال جاؤں بل جاؤں جلوسے کے وقت مل جاؤں (ف) مثل (عو) یوں تو جان قربان کرتے ہیں۔ لیکن وقت پر کنی کاٹ جاتے ہیں ۔
البم (اَل۔بَم) (انگ۔ Album) مذکر۔ تصویریں رکھنے کی کاپی۔ تصویروں کی کتاب ۔
البیٹ (اَل۔بَیٹ) (ہ) مؤنث۔ پیچ۔ گرہ۔ لپیٹ۔ مروڑ۔ بل ۔
البیلا (اَل۔بے۔لا) (ہ) (۱) رنگیلا۔ ترچھا۔ بانکا (۲) بے پروا۔ آزاد طبع۔ لہری۔ موجی (۳) الھڑ۔ انیلا۔ بھولا بھالا (۴) نرالا۔ انوکھا ۔ البیلا پن (ہ) مذکر۔ آزاد مزاجی۔ بھولا پن ۔
البیلی (اَل۔بے۔لی) (ہ) البیلا کی تانیث ۔ البیلی چال (ہ) مؤنث۔ بانکی ترچھی چال۔ مستانہ چال ۔ البیلی نے پکائی کھیر، دودھ کی جگہ ڈالا نیر (ہ) مثل۔ بے ڈھنگی نے کھیر پکائی، دودھ کے بجائے پانی ڈال دیا ۔ البیلی وضع (ف) مؤنث۔ بانکی ترچھی وضع۔ رنگین وضع ۔
الپ (اَلپ) (ت) (۱) بہادر (۲) مضبوط آدمی ۔ الپ اَرسلان (ت) مذکر۔ ابن داؤد شاہِ ایران ۔
الپاکا۔ الپکا (اَل۔پا۔کا، اَل۔پکا) (انگ۔ Alpaca) مذکر (۱) بھیڑ کی قسم کا ایک جانور جو پیرو، چلی (جنوبی امریکہ) وغیرہ میں ہوتا ہے (۲) کپڑا جو اس کی اُون سے بنایا جائے ۔
الپین (اَل۔پِن) (پرتگالی) مؤنث۔ گھنڈی والی سوئی۔ پن ۔
اِلتباس (اِل۔تِباس) (ع) مذکر (۱) ہم شکل ہونا۔ شباہت (۲) دھوکا ہونا۔ شک ہونا (۳) تجنیسِ خطی جیسے گور اور جور ۔
اِلتجا (اِل۔تِجا) (ع) مؤنث (۱) خوشامد۔ منت سماجت (۲) درخواست۔ التماس۔ گزارش (۳) آرزو کرنا۔ تمنا کرنا (۴) درخواست کرنا۔ گزارش کرنا ۔ التجا کرنا (ف) گڑگڑانا۔ خوشامد کرنا۔ منت کرنا ۔ التجائے جانا (ل) کچھ عرض کرنا۔ تمنا ظاہر کرنا (آگے اور پاس کے ساتھ) ۔
التزام (اِل۔تِزام) (ع) مذکر (۱) کسی بات کو لازم کر لینا (۲) ضروری ہونا ۔
اِلتفات (اِل۔تِفات) (ع) مذکر۔ توجہ۔ رغبت۔ دھیان۔ مہربانی ۔
التماس (اِل۔تِماس) (ع) مذکر و مؤنث۔ گزارش۔ عرض ۔ التماس پذیرا ہونا (ل) گزارش منظور ہونا ۔ التماس کرنا (ف) عرض کرنا ۔
اَلتمش (اَل۔تَمَش) (صحیح اَلتُتمِش) (ت) مذکر (۱) ہراول (۲) خاندانِ غلاماں کے بادشاہ شمس الدین کا لقب ۔
اَلتمغا (اَل۔تَم۔غا) (ت) مذکر۔ دیکھیے "آل تمغا" ۔
التنی (اَل۔تَنی) (ہ) مؤنث۔ ہاتھی کی گردن میں باندھنے کی رسی، جس پر مہاوت رکاب کی طرح پاؤں رکھتا ہے ۔
اِلتوا (اِل۔تِوا) (ع) مذکر (۱) ملتوی کرنا (۲) دیر ۔ التوائے نیلام (ف) مذکر۔ نیلام کا ملتوی ہونا ۔
التہاب (اِل۔تِہاب) (ع) مذکر۔ آگ کا بھڑکنا۔ شعلہ بھڑکنا ۔
اِلتیام (اِل۔تِیام) (ع) مذکر (۱) میل ملاپ (۲) زخم کا بھرنا ۔ اِلتیام پانا (ل) زخم بھرنا ۔ اِلتیام دینا (ف) زخم بھرنا (متروک) ۔ اِلتیام کرنا (ف)

میل کرنا۔ آپس میں مل جانا ۔

اُلٹ (اُلَٹ) (ف) (۱) اُلٹنا کا امر (۲) ٹیڑھا (۳) پلٹا ہوا (۴) اوندھا (۵) برعکس۔ خلاف (۶) برگشتہ (۷) فوراً۔ بلا تکلف (۸) خلافِ معمول۔ خلافِ قاعدہ (۹) واپس ۔ **اُلٹ آنا** (ف) کسی چیز کا کسی دوسری چیز پر آ کر گر پڑنا ۔ **اُلٹ پڑنا** (ف) برس پڑنا۔ برہم ہونا ۔ **اُلٹ پلٹ** (ف) مؤنث (ع) (۱) دیکھ بھال (۲) گڑبڑ۔ تہ و بالا۔ زیر و زبر۔ اُدھر کا اِدھر اور اِدھر کا اُدھر۔ اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر ۔ **اُلٹ پلٹ دینا** (ف) اِدھر کا اُدھر کر دینا۔ نیچے اوپر کر دینا۔ بے ترتیب کر دینا ۔ **اُلٹ پلٹ کرنا** (ف) زیر و زبر کرنا۔ اِدھر کی چیز اُدھر کرنا۔ نیچے اوپر کرنا ۔ **اُلٹ پلٹ ہونا** (ف) (۱) زیر و زبر ہونا (۲) (ع) لفظی تکرار ہونا۔ حجت ہونا ۔ **اُلٹ پھیر** (ف) مذکر (۱) ہیر پھیر۔ ردّ و بدل۔ برگشتگی (۲) کرتب۔ طلسم (۳) پھیرا پھاری۔ ادل بدل ۔ **اُلٹ پھیر میں آ جانا** (ف) دھوکا کھا جانا۔ کسی کے فریب میں آ جانا ۔ **اُلٹ پیچ** (و) مذکر (دہلی) (۱) گردش۔ پھیر (لکھنؤ میں اس موقع پر "پھیر" یا "الٹ پھیر" کہتے ہیں) (۲) چھل۔ داؤں پیچ (لکھنؤ میں اس مقام پر پیچ، اینچ پیچ، داؤں پیچ بولتے ہیں) ۔

اُلٹ جانا (ف) (۱) ایک رُخ سے دوسرے رُخ ہو جانا۔ رو گرداں ہو جانا۔ (۲) پلٹا کھا جانا۔ چت ہو جانا (۳) اوندھا ہو جانا (۴) اثر کا مخالف ہو جانا۔ برعکس ہو جانا (۵) برگشتہ ہو جانا۔ پھر جانا (۶) انقلاب ہو جانا۔ بدل جانا۔ (۷) (دہلی) واپس جانا۔ پلٹ جانا (لکھنؤ میں اس جگہ "پلٹنا" کہتے ہیں) ۔ (۸) تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ تہس نہس ہو جانا (۹) اُکھڑ جانا۔ ہٹ جانا (۱۰) چوٹ کھا کر شکار کا لوٹ پوٹ ہو جانا (۱۱) مفلس ہو جانا (۱۲) مدہوش ہو جانا۔ سرشار ہو جانا۔

اُلٹ دینا (ف) (۱) تباہ کر دینا (۲) اِدھر سے اُدھر کر دینا (۳) اُٹھا دینا ۔ **اُلٹ کے جواب دینا** (و) (۱) کسی بات کے ہست نیست سے پلٹ کر آگاہ کرنا۔ پیام کا جواب لا دینا (۲) کسی کو نا ملائم بات کے جواب میں خود بھی ویسا ہی کہہ لینا ۔ **اُلٹ کے خبر نہ لینا** (و) انتہا کی غفلت کرنا۔ توجہ نہ کرنا ۔ **اُلٹ کے کروٹ نہ لینا** (ف) الٹ کے خبر نہ لینا ۔ **اُلٹا** (ف) (۱) "سیدھا" کے برعکس (۲) ٹیڑھا (۳) مقلوب۔ پلٹا ہوا (۴) واژگوں۔ اوندھا (۵) برعکس۔ خلاف (۶) برگشتہ (۷) بے توقف۔ فوراً۔ اُلٹے پاؤں (۸) خلافِ معمول۔ خلافِ قاعدہ (۹) الٹی طرف سے ۔ **اُلٹا پاسا پڑنا** (ف) (۱) مقصد کے خلاف ایسا پاسا پڑنا، جس سے کھیلنے والا ہار جائے (۲) (مجازاً) کسی بات کا تدبیر اور مرضی کے خلاف ہونا ۔ **اُلٹا پاؤں** (ف) مذکر۔ بایاں پاؤں ۔ **اُلٹا پلٹا** (ف) (۱) گڈمڈ۔ نیچے اوپر۔ بے ترتیب (۲) بے جوڑ۔ بے قرینہ۔ بے ڈھنگا ۔ **اُلٹا پلٹی** (ف) مؤنث۔ اکھاڑ پچھاڑ۔ نیرنگی۔ درہمی برہمی ۔ **اُلٹا پھر آنا۔ اُلٹا پھرنا** (ف) (۱) جاتے جاتے پلٹ پڑنا۔ جس طرف سے آنا، اُسی طرف واپس جانا (۲) پہنچتے ہی واپس آنا ۔ **اُلٹا پھیرنا** (ف) متعدی ۔ **اُلٹا تمانچا** (ف) مذکر۔ پشتِ دست کی مار ۔ **اُلٹا توا** (ف) (۱) نہایت سیاہ (۲) (ع) کالے رنگ والے آدمی کے متعلق بیشتر کہتی ہیں ۔ **اُلٹا ٹانگنا** (ف) کسی چیز میں ٹانگیں باندھ کر سر کے بل لٹکانا (۲) (کنایۃً) سخت سزا دینا ۔ **اُلٹا جننا** (ف) بچے کا خلافِ دستور پیدا ہونا۔ رحم سے پہلے پاؤں کا نکلنا ۔ **اُلٹا جواب دینا** (و) ٹیڑھا جواب دینا۔ مقصود کے خلاف جواب دینا ۔ **اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے** (و) مثل۔ ایک تو قصور کرنا اور دوسرے اکڑنا ۔ **اُلٹا دریا بہنا** (و) دستور کے خلاف کوئی بات ہونا (انقلابِ زمانہ کے مقام پر بولتے ہیں) ۔

اُلٹا (اُلٹے) دم آنا } (و) جان کنی کی حالت میں ہونا۔ سانس اُکھڑنا۔ اوپر کی
اُلٹا (اُلٹے) دم لگنا } سانس چلنا ۔

اُلٹا (اُلٹے) دم لینا (و) (کنایۃً) مرنے کے قریب ہونا ۔ **اُلٹا دھڑا باندھنا** (ف) زبردستی گنہگار بنانا۔ جو اپنے اوپر الزام دے، اسی کو ملزم ٹھہرانا۔ اپنی خطا دوسرے پر تھوپ دینا۔ اپنے قصور پر ہٹ دھرمی سے پیش بندی کر کے دوسرے پر الزام لگا دینا کہ وہ کچھ کہہ نہ سکے ۔ **اُلٹا دھڑا بندھنا** (ف) لازم ۔

اُلٹا زمانہ آیا ہے } (و) بُرا زمانہ ہے۔ نیکی کا عوض بدی ملتا ہے۔ اچھی بات
اُلٹا زمانہ لگا ہے } بُری اور بُری اچھی سمجھی جاتی ہے۔ اسی طرح جب اصول
اُلٹا زمانہ ہے } کے خلاف کسی بات کا نتیجہ ہوتا ہے تو اس موقع پر کہتے ہیں ۔

اُلٹا سبق پڑھانا (و) کسی امر میں خلاف صلاح دینا۔ خلافِ اصول یا خلافِ مصلحت کوئی بات سکھانا ۔ **اُلٹا سیدھا** (ف) (۱) جا بے جا۔ بے ترتیب۔ بے قاعدہ (۲) اضطراب ظاہر کرنے کے لیے ۔ **اُلٹا سیدھا جواب دینا** (و) غیر معقول جواب دینا۔ نا ملائم جواب دینا۔ خلاف جواب دینا ۔ **اُلٹا لٹکانا** (ف) (دیکھو "الٹا ٹانگنا") ۔ **اُلٹا لیا جائے نہ سیدھا** (ف) مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی طرح زیر نہ ہو، قابو میں نہ آئے، قائل نہ ہو ۔ **اُلٹا نصیبا** (و) مذکر۔ بدنصیبی۔ بُری قسمت ۔ **اُلٹا ہاتھ** (ف) مذکر۔ بایاں ہاتھ ۔ **اُلٹا ہاتھ مارنا** (ف) حسرت اور افسوس ظاہر کرنا ۔ **اُلٹنا** (ف) (۱) اوندھا کر دینا۔ پلٹنا (۲) ہٹانا۔ اٹھانا (۳) ایک رُخ سے دوسرے رُخ کر دینا۔ پھیرنا (۴) نشے میں چور کرنا۔ مدہوش کرنا (۵) درہم برہم کرنا۔ تہ و بالا کرنا (۶) رو گرداں کرنا (۷) پٹک دینا۔ گرانا (۸) پچھاڑنا۔ دے مارنا (۹) کچھ سے کچھ کرنا۔ بدلنا (۱۰) ویران کرنا۔ اُجاڑنا (۱۱) بار بار کہنا۔ دُہرانا (۱۲) ایک برتن سے دوسرے برتن میں کر دینا۔ ڈالنا۔ انڈیلنا (۱۳) حالت خراب کرنا۔ مفلس کرنا (۱۴) اوندھی چیز کو سیدھا کرنا (۱۵) رد کرنا (۱۶) لنڈھانا۔ پھینک دینا۔ گرانا (۱۷) نیچے سے اوپر کرنا۔ چڑھانا (۱۸) (لازم) (و) ("زبان" کے ساتھ) جنبش کرنا۔ مقصود کے مطابق گردش کرنا (ب) دیکھیے "الٹ جانا" ۔

اُلٹو اُلٹی (ف) مؤنث (۱) اُلٹا کام اور اُلٹی بات (۲) سیدھی بات کو پلٹ دینا (۳) اپنا الزام دوسری طرف عائد کرنا ۔ **اُلٹو اُلٹی کبیر کی** (و) مؤنث۔ خلاف باتیں۔ برعکس ۔ **اُلٹی** (ف) مؤنث (۱) اُلٹا کی تانیث (۲) خلاف بات (۳) قے ۔ **اُلٹی آنتیں گلے پڑنا** (ف) نیکی کا بدلا بدی ملنا۔ اُلٹے کسی بلا میں مبتلا ہونا۔ لینے کے دینے پڑنا ۔ **اُلٹی آنکھیں دکھانا** (ف) آپ ہی قصور کرنا، آپ ہی

ناراض ہونا۔ بے جا غصہ کرنا ٭ اُلٹی اُلٹی باتیں (ف) مؤنث۔ بے تکی باتیں ٭
اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا } (ف) ہانپ جانا۔ پیٹ میں سانس نہ سمانا۔
اُلٹی پلٹی سانسیں لینا } اوپر کا دم کھینچنا ٭
اُلٹی اُلٹی سانسیں لینا (ف) اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا ٭ اُلٹی بات (ف) مؤنث۔ بے ڈھنگی بات ٭ اُلٹی بات دینی آنا (ف) (دہلی) الزام آنا ٭ اُلٹی پٹی پڑھانا (ف) کسی بات کو برعکس ذہن نشین کرانا۔ بہکانا ٭ اُلٹی پڑے سیدھی پڑے (ف) خبر نہیں، نتیجہ اچھا ہو یا بُرا ٭ اُلٹی پلٹی باتیں (ف) مؤنث۔ بے ڈھنگی باتیں۔ بے قرینہ باتیں ٭ اُلٹی تقدیر (ف) مؤنث۔ اُلٹی قسمت ٭ اُلٹی ٹانگیں گلے پڑنا (ف) اُلٹی آنتیں گلے پڑنا ٭ اُلٹی ٹانگیں گلے میں ڈالنا (ف) بھلائی کے عوض برائی کا الزام لگانا۔ الزام لگانے والے پر الزام لگانا ٭ اُلٹی چھری سے حلال (ذبح) کرنا (ف) بے حد سختی کرنا۔ نہایت ظلم کرنا ٭ اُلٹی رسم (ف) مؤنث۔ موقع محل کے خلاف رسم ٭ اُلٹی سانس بھرنا (ف) مرتے وقت لمبی سانس لینا ٭ اُلٹی سانسیں چلنا (ف) جان کنی کی حالت میں سانس کا بے قاعدہ چلنا ٭ اُلٹی سانس (سانسیں) لینا (ف) دیکھیے "اُلٹا دم لینا" ٭ اُلٹی سمجھ (ف) مؤنث۔ اُلٹی عقل۔ اوندھی مت ٭ اُلٹی سمجھے نہ سیدھی (ف) مثل۔ ضدی ہے، کسی طرح نہیں مانتا ٭ اُلٹی سنانا (ف) اصول کے خلاف بات کہنا ٭ اُلٹی سوجھنا (ف) عقل اور دستور کے خلاف کوئی بات ذہن میں آنا ٭ اُلٹی سیدھی (ف) دیکھیے "اُلٹا سیدھا" ٭ اُلٹی سیدھی باتیں کرنا (ف) سخن پروری کرنا۔ ہٹ دھرمی کرنا ٭ اُلٹی سیدھی پڑنا (ف) چوٹ چپیٹ لگنا۔ مصیبت پڑنا۔ آفت آنا ٭ اُلٹی سیدھی سنانا (ف) بُرا بھلا کہنا ٭ اُلٹی سیدھی نہ سمجھنا (ف) دیکھیے "اُلٹی سمجھے نہ سیدھی" ٭ اُلٹی سیدھی ہانکنا (ف) اول جلول باتیں کرنا ٭ اُلٹی سیفی (ف) مؤنث۔ اکثر وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی دوسرے کی برائی کی تدبیر کرے اور خود اس میں مبتلا ہو جائے (پڑھنا کے ساتھ) ٭ اُلٹی قسمت (ف) مؤنث۔ بدنصیبی۔ بُری قسمت ٭ اُلٹی کبیری (ف) مؤنث۔ مجذوب کی بڑ ٭ اُلٹی کھوپری کا (ف) (دہلی) اُلٹی سمجھ والا۔ کم فہم (لکھنؤ میں اس موقع پر "اوندھی کھوپری" کہتے ہیں) ٭ اُلٹی گنگا بہانا (ف) رسم و رواج کے خلاف کوئی کام کرنا۔ خلافِ دستور بات کرنا ٭ اُلٹی گنگا بہنا (ف) (لازم) اُلٹی مالا پھیرنا (ف) کسی کی ہلاکت کے لیے کچھ پڑھنا ٭ اُلٹی مانے نہ سیدھی (ف) دیکھیے "اُلٹی سمجھے نہ سیدھی" ٭ اُلٹی مت (ف) نادرست رائے ٭ اُلٹی ہوا چلنا (ف) زمانے کا خلاف ہونا۔ اُلٹا زمانہ آنا ٭ اُلٹے (ف) جیسا چاہیے، اس کے خلاف۔ برعکس ٭ اُلٹے استرے سے سر مُنڈوانا (ف) بے عزتی اور تحقیر کے لیے بڑی سزا دینا ٭ اُلٹے بانس بریلی (ف) مثل (شہر بریلی میں بانس کثرت سے ہوتے ہیں، اگر سوداگر اُلٹے وہیں بانس لے جائیں تو نقصان اور بے وقوفی کا کام ہے) نقصان کا کام۔ بیوقوفی کا کام۔ برعکس معاملہ ٭ اُلٹے بانس پہاڑ چڑھے (ف) مثل۔ اُلٹی بات۔ برعکس معاملہ ٭ اُلٹے بل کی چوٹی (ف) مؤنث۔ وہ چوٹی، جسے گوندھنے میں بال نیچے سے اوپر لے جائیں ٭

اُلٹے پاؤں پڑنا (ف) دیکھیے "اُلٹے قدم پڑنا" ٭
اُلٹے پاؤں پھرنا۔ یا۔ بھاگنا } (ف) اگر فوراً پلٹ پڑنا۔ بے توقف واپس
اُلٹے پیروں پھرنا } ہونا ٭
اُلٹے پاؤں چلنا (ف) جس طرف جانا ہو، اس طرف پشت کر کے چلنا ٭ اُلٹے پھر آنا (ف) فوراً پلٹ آنا ٭ اُلٹے پھرنا (ف) دیکھیے "اُلٹے پاؤں پھرنا۔ یا۔ بھاگنا" ٭
اُلٹے چور کوتوال کو ڈانٹے } (ف) دیکھیے "اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے" ٭
اُلٹے چور کوتوالی ڈانٹے }
اُلٹے سیدھے (ف) جا بیجا۔ حق ناحق ٭ اُلٹے قدم پڑنا (ف) (۱) (رعب یا خوف سے) کہیں جانے کی ہمت نہ پڑنا (۲) کہیں جانے کو جی نہ چاہنا ٭ اُلٹے کانٹے تولنا (ف) کم تولنا ٭ اُلٹے گدھے پر چڑھانا (ف) تحقیر و تذلیل کرنا۔ سخت سزا دینا ٭ اُلٹے ملک کے ہو (ف) مثل۔ ہر بات عقل کے خلاف کرتے ہو۔ احمق ہو ٭ اُلٹے ہاتھ کا داؤں (کھیل) ہے (ف) مثل۔ (جواریوں کی اصطلاح) یہ کام ایسا آسان ہے کہ داہنا ہاتھ لگانے کی ضرورت نہیں۔ صرف بائیں ہاتھ سے ہو سکتا ہے۔ بے حد آسان ہے۔ نہایت سہل ہے ٭
اَلٹی میٹم (اَل۔ ٹِی۔ مے۔ ٹَم) (انگ۔ Ultimatum) مذکر۔ لڑائی کی اطلاع۔ اعلانِ جنگ ٭
اَلجبرا (اَل۔ جَب۔ رَا) (انگ۔ Algebra) مذکر۔ علم جبر و مقابلہ ٭
اَلجوع (اَل۔ جُو۔ عْ) (ع) مذکر (جُوع۔ بھوک) بھوک کی شدت میں پکارنا ٭
اُلجھ (اُ۔ لَجھ) (ف) اُلجھنا کا امر ٭ اُلجھ پڑنا (ف) جھگڑا کرنا۔ بحث کرنے لگنا ٭ اُلجھ جانا (ف) (۱) گتھی پڑ جانا (۲) مشغول ہو جانا ٭ اُلجھ جائے گا تو سلجھ جائے گا (ف) مثل۔ شادی ہو جانے پر خود بخود ٹھیک ہو جائے گا ٭ اُلجھا (ف) (۱) اُلجھنا کی ماضی (۲) اُلجھانا کا امر (۳) مذکر۔ گتھی یا پھندا، جو سوت یا ریشم کے دھاگوں یا ڈور میں پڑ جاتا ہے (پتنگ بازوں کی اصطلاح میں زیادہ ہے) (پڑنا، چھڑانا، چھوٹنا، ڈالنا، سلجھانا کے ساتھ) ٭ اُلجھانا (ف) (۱) سلجھانا کے برعکس (۲) (دل کے ساتھ) عشق و محبت میں مبتلا کرنا۔ پھنسانا (۳) روکنا۔ اٹکانا (۴) لگا رکھنا۔ متوجہ کرنا۔ مصروف کرنا (۵) طول دینا۔ جھگڑے بکھیڑے میں ڈالنا ٭
اُلجھاؤ (اُل۔ جھا۔ اُو) (ف) مذکر (۱) مشکل۔ دقت۔ بکھیڑا۔ جھگڑا (۲) گتھی۔ پھندا ٭
اُلجھن (اُل۔ جھَن) (ف) مؤنث (۱) بے چینی۔ گھبراہٹ (۲) خلش۔ تشویش (۳) پیچیدگی۔ گنجلک (۴) خفقان ہونا۔ دل گھبرانا ٭ اُلجھنا (ف) (۱) سلجھنا کے برعکس۔ گتھی پڑنا (۲) اٹکنا۔ پھنسنا (۳) مشغول ہونا۔ مصروف ہونا (۴) ادائے مطلب پر قادر نہ ہونا۔ رکنا (۵) اکتانا۔ گھبرانا۔ بیزار ہونا (۶) مبتلا ہونا (عشق و محبت کی جگہ) (۷) (عو) پھنسنا۔ ناجائز تعلق ہونا (۸) دست و گریبان ہونا۔ جھگڑنا۔ لڑنا۔ باہم گتھنا (۹) ٹوکنا۔ اعتراض کرنا ٭
اُلجھیڑا (ف) مذکر۔ جھنجھٹ۔ بکھیڑا۔ جھگڑا ٭ اُلجھیڑے میں پھنسنا (ف) بلا میں پھنسنا۔ کشمکش میں گرفتار ہونا ٭

آلچنا (آ-لَچ-نَا) (ہ) پانی پھینکنا - کسی جگہ سے پانی نکال کر پھینکنا ۔

اَلحاج (اَل-حَاج) (ع) مذکر - حاجی ۔

اِلحاح (اِل-حَاح) (ع) مؤنث (۱) گڑگڑانا - منت کرکے مانگنا - زاری کرنا (۲) خوشامد التجا ۔

اِلحاد (اِل-حَاد) (ع) مذکر (۱) (لغوی) سیدھے راستے سے کترا جانا (۲) ملحد ہونا - دین سے پھرنا ۔

الحاصل (اَل-حَا-صِل) (ع) (۱) خلاصۂ کلام - قصہ کوتاہ - آخر کار (۲) مذکر - نتیجہ ۔

اِلحاق (اِل-حَاق) (ع) مذکر (۱) شمول (۲) شامل کرنا - موجودہ شے میں کوئی اَور چیز ملا دینا - ایک کو دوسرے سے ملا دینا - ملانا ۔

الحال (اَل-حَال) (ع) اِس وقت - ابھی - بالفعل - فی الحال ۔

الحان (اَل-حَان) (ع) مذکر و مؤنث - لحن کی جمع - آوازیں ۔ **اِلحان** (ع) مذکر - اچھی آواز سے پڑھنا یا گانا ۔

الحذر (اَل-حَذَر) (ع) پناہ - الامان - پرہیز - ڈر - خوف ۔ **الحذر کرنا** (ہ) پناہ مانگنا ۔ **الحذر مانگنا** (ہ) پناہ مانگنا - امن مانگنا - بیزاری ظاہر کرنا ۔

الحفیظ (اَل-حَفِیظ) (ع) خدا بچائے - خدا کی پناہ ۔

الحق (اَل-حَقّ) (ع) (۱) سچ ہے - حق ہے (۲) لاریب - درست - بیشک - یقیناً - فی الحقیقت ۔

الحمد (اَل-حَمد) (ع) مؤنث - قرآن شریف کی سب سے پہلی سورت - سورۃ فاتحہ - الحمد شریف ۔ **اَلحمدُ لِلّٰہ** (ع) (سب تعریفیں خدا کے لیے ہیں) خدا کا شکر ہے، خدا کی عنایت (شکر الٰہی کرنے کے مقام پر، خصوصاً مزاج پرسی کے جواب میں اور کھانا کھانے، پانی پینے، چھینک آنے کے بعد کہتے ہیں) ۔

اَلخ (اَ-لَخ) (ع) اِلیٰ آخِرِہٖ کا مخفف - اس کے آخر تک - (جب کسی عبارت کا تھوڑا سا حصہ لکھ کر باقی کو طوالت کے خوف سے تحریر نہیں کرتے تو الخ لکھ دیتے ہیں) ۔

الخالق (اَل-خَالِق) (ت) مؤنث - روئی بھری قبا جس کی آستینوں کے چاک اَور پردہ کھلا ہوتا ہے ۔

الخاموشی نیم رضا (اَل-خَا-مُو-شِی، نِیم، رِضَا) (ف) مقولہ - چپ رہنا آدھی رضامندی ہے - کسی درخواست پر چپکے ہو رہنا گویا اس کے منظور کر لینے پر نیم راضی ہونا ہے - خاموشی میں بھی ایک قسم کی رضامندی پائی جاتی ہے (فارسی لفظ پر عربی کا آل لگانا غلط ہے، لیکن اسے غلط العام سمجھنا چاہیے) ۔

اِلزام (اِل-زَام) (ع) مذکر (۱) قصور - دوش - بہتان - تہمت - اِتّہام (۲) قصوروار ٹھہرانا (۳) حرف گیری - (الاہنا (الزام اور جرم میں فرق - الزام سرسری رائے ہوتی ہے اَور جرم کسی فعل کے ارتکاب یا اقدام کو کہتے ہیں) ۔ **اِلزام آنا** (ہ) قصوروار ٹھہرنا ۔ **اِلزام اٹھانا** (ہ) موردِ ملامت بننا - اپنے سر پر بدنامی لینا ۔ **اِلزام پانا** (ہ) ملامت کے قابل ٹھہرنا ۔ **اِلزام تھوپنا** (ہ) (دہلی) (عو) الزام دینا ۔ **اِلزام دھرنا** (ہ) اِلزام رکھنا ۔ **اِلزام دینا** (ہ) (۱) کسی کے ذمے قصور قرار دینا - خطاوار ٹھہرانا (۲) اعتراض کرنا - حرف رکھنا (۳) تہمت لگانا - بہتان جوڑنا ۔ **اِلزام رکھنا** (ہ) ہم لگانا - خطاوار ٹھہرانا ۔

اِلزام کا کام (ہ) مذکر ⎫ ایسا کام یا بات، جس سے اپنے سر بدنامی آئے،
اِلزام کی بات (ہ) مؤنث ⎭ قصور عائد ہو ۔

اِلزام کی چیز (ہ) مؤنث - جس چیز کے باعث الزام آئے ۔ **اِلزام کے رکھنا** (ہ) اِلزام پر اِلزام رکھنا ۔ **اِلزام لگانا** (ہ) خطاوار ٹھہرانا - قصور عائد کرنا ۔ **اِلزام لگنا** (ہ) لازم ۔ **اِلزام لینا** (ہ) اپنے آپ پر بدنامی لینا ۔ **اِلزام ملنا** (ہ) الزام پانا ۔

السانا (اَل-سَا-نَا) (ہ) سست ہونا - اونگھنا ۔

الست (اَ-لَسْت) (ع) (۱) آیت "الست بربکم" کی طرف اشارہ ہے، یعنی کیا میں تمہارا پروردگار نہیں؟ (۲) مذکر - روزِ میثاق یعنی پروردگار کی الوہیت پر قول قرار کا دن ۔

السّلام علیک - السّلام علیکم (اَس-سَلَام-عَلَیک، اَس-سَلَام-عَلَے-کُم) (ع) مؤنث - تجھ پر سلامتی ہو - تم پر سلامتی ہو - مسلمانوں کا سلام ۔

اِلسنا بلسنا (اِلَس-نَا، بِلَس-نَا) (ہ) (عو) مزے اڑانا - عیش کرنا ۔

اَلسِنہ (اَل-سِنَہ) (ع) مؤنث - لِسان (زبان) کی جمع - زبانیں - بولیاں ۔

اَلسی (اَل-سِی) (ہ) مؤنث - ایک پودا اور اس کا بیج - اس کا تیل جلانے وغیرہ کے کام آتا ہے ۔

السیٹ - السیٹھ (اَل-سِیٹ - اَل-سِیٹھ) (ہ) مؤنث (۱) فند - فریب - دغا (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲) اڑنگا - بکھیڑا - الجھاؤ - جھگڑا (لگانا کے ساتھ) (۳) نادہندی ۔

السیٹیا (اَل-سِے-ٹِیَا) (ہ) (۱) فریبی - دغاباز (۲) جھگڑالو (۳) نادہند ۔

اُلش (اُ-لُش) (ت) مذکر - بچا ہوا کھانا - کسی بزرگ یا امیر کا جھوٹا کھانا ۔ **اُلش کرنا** (ہ) کسی بزرگ یا امیر کا کھانے کو ذرا سا کھا کر جھوٹا کر دینا ۔

الصاق (اِل-صَاق) (ع) مذکر - چسپاں کرنا - ملانا ۔

الطاف (اَل-طَاف) (ع) مذکر - لطف کی جمع - عنایتیں - مہربانیاں ۔ **الطاف نامہ** (ع-ف) مذکر - مہربانی کا خط - دوست اَور برابر والے کا خط - عنایت کی چٹھی - کرپا کا پتر ۔

اَلعاقلُ تکفیہِ الاِشارۃ (ع) عقل مند کو اشارہ کافی ہے، عاقلاں را اشارہ کافیست ۔

العبد (اَل-عَبد) (ع) مذکر (۱) بندہ - فدوی - خاکسار - نیازمند - خادم (۲) (ہ) مؤنث - دستخط - نشانی ۔

العطش (اَل-عَطَش) (ع) مؤنث - پیاس - شدید پیاس کے اظہار کا کلمہ ۔

العظمۃ لِلّٰہ (اَل-عَظ-مَت-لِل-لَاہ) (ع) بزرگی اللہ کے لیے ہے - اس وقت کہتے ہیں، جب قدرتِ الٰہی کی عظمت پر حیرت کا اظہار کیا جائے یا خوفناک چیز سے پناہ مانگی جائے ۔

الغارُوں (اَل۔ غارُوں) (مہند) (ت۔ الغار، ڈبل کو نج) (۱) بے حد۔ کثرت سے۔ بہت (۲) نہایت گہرا ÷

الغرض (اَل۔ غَرَض) (ع) اصل مطلب یہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔ غرض یہ ہے۔ قصّہ مختصر۔ القصہ۔ المختصر۔ الحاصل ÷

الغوزا (اَل۔ غُوز۔ زا) (ع) مذکر۔ ایک قسم کی بانسری، جس کا سر منہ میں لے کر پھونکتے اور بجاتے ہیں۔ اس کی جوڑی بھی بجائی جاتی ہے ÷

الغیاث (اَل۔ غِیاث) (ع) مؤنث۔ فریاد۔ پناہ۔ پکار۔ دُہائی ÷

اَلِف (اَلِف) (ع) مذکر۔ عربی، فارسی، اُردو کے حروفِ تہجی کا پہلا حرف۔ ا ÷ **اَلِف آزاد کا** (ہ) مذکر۔ وہ لکیر، جو مسلمان آزاد فقراء ماتھے سے ناک تک بناتے ہیں ÷ **اَلِف اللہ** (ہ) مذکر۔ وہ سیدھی لکیر، جو مسلمان آزاد فقیر ماتھے پر کھینچتے ہیں۔ اس سے توحیدِ الٰہی کی طرف اشارہ ہوتا ہے ÷ **اَلِف بے ریا۔ اَلِف بے تے** (ہ) مؤنث (۱) الف سے یٰ تک کی تقطیع، جو شروع میں بچوں کو لکھائی پڑھائی جاتی ہے (۲) وہ اوراق، جن پر حروفِ تہجی لکھے ہوتے ہیں (۳) (مجازاً) ابتداء۔ بسم اللہ ÷ **اَلِف بے تے پڑھانا** (ہ) بے سمجھ اور بے وقوف کو کوئی بات سمجھانا۔ سکھانا ÷ **اَلِف سے بے کرنا** (ہ) چون وچرا کرنا ÷ **اَلِف سے بے نہ سُننا** (ہ) اپنے متعلق ذرا بھی بُری بات نہ سُننا ÷ **اَلِف سے بے نہ کہنا** (ہ) نامناسب کلمہ زبان پر نہ لانا۔ کسی کو ذرا بھی بُرا نہ کہنا ÷ **اَلِف کھینچنا** (ہ) آزاد ہو جانا (دیکھو "الف آزاد کا") ÷ **اَلِف کے نام بے نہیں جانتے** (ہ) بالکل اَن پڑھ، بے تمیز اور جاہل ہیں ÷ **اَلِفِ مقصورہ** (ع) مذکر۔ وہ اَلِف جو مد نہ رکھتا ہو۔ جیسے اللہ، احد، احمد وغیرہ کا الف ÷ **اَلِفِ ممدودہ** (ع) مذکر۔ وہ الف، جو مد رکھتا ہو اور کھینچ کر پڑھا جائے جیسے آم، آج، آن وغیرہ کا الف ÷ **اَلِف ہونا** (ہ) (۱) چراغ پا ہونا۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا (۲) ننگا ہونا۔ مادر زاد ننگا ہونا ÷

الف (اَلف) (ع) مذکر۔ ہزار۔ دس سو۔ ۱۰۰۰ ÷ **اَلفِ لَیلہ و لَیلہ** (ع) مؤنث (۱) ایک ہزار ایک رات (۲) عربی زبان میں قصوں کی ایک مشہور کتاب۔ اس کتاب کی تمام کہانیاں شہر زاد وزیر زادی نے اپنی بہن دنیازاد کو ایک ہزار ایک راتوں میں سُنائیں۔ اسے عموماً صرف الف لیلہ کہتے ہیں ÷

اِلف (اِلف) (ع) مؤنث (۱) دوستی (۲) یار دوست (۳) عادی ہونا ÷

الفا (اَل۔ فا) (ہ) دیکھیے "الفی" ÷ **الفابیٹیکل چارٹس** (انگ۔ Alphabetical charts) مذکر۔ بچوں کو الف، بے، تے سکھانے کے تختے ÷

الفاظ (اَل۔ فاظ) (ع) مذکر۔ لفظ کی جمع ÷

اُلفت (اُل۔ فت) (ع) مؤنث۔ دوستی۔ محبت ÷

[اُلفت اور محبت میں فرق۔ اُلفت صرف ایک لگاؤ ہوتا ہے، جس میں عموماً اک گونہ خود غرضی پائی جاتی ہے، لیکن محبت بالعموم ناجائز خود غرضی سے پاک ہوتی ہے۔ اس کا اثر دل پر ہوتا ہے اور وہ خود بخود دل میں جگہ کرتی ہے۔ بایں ہمہ اُردو میں یہ دونوں لفظ ایک معنی میں مستعمل ہیں] ÷ **اُلفت جتانا** (ہ) چاہت ظاہر کرنا ÷ **اُلفت کرنا** (ہ) محبت کرنا ÷

اَلَفتَہ (اَلِف۔ تہ) (ہ) مذکر (۱) (لغوی) پریشان (۲) (اصطلاحی) مفت خورا (۳) شُہدا۔ لُچا (۴) قلاش (۵) بیگانہ۔ غیر (۶) آوارہ۔ بد چلن۔ بدمعاش ÷

الفراق (اَل۔ فِراق) (ع) مذکر۔ جُدائی کے وقت حسرت و افسوس کا کلمہ ÷

الفربہ خواہ مخواہ مرد آدمی (ہ) مقولہ۔ موٹا آدمی خواہ مخواہ شریف اور وجیہ معلوم ہوتا ہے ÷

الفقر فخری (اَل۔ فَق۔ رُ، فَخ۔ رِی) (ع) (۱) فقیری میرے لیے فخر کا باعث ہے۔ اس جملے کا حدیث ہونا مشہور ہے (۲) (مجازاً) فقیری میں سکون اور راحت ہے ÷

الفن (اَل۔ فَن) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی تُکل، جس میں الفی کنکوے کی طرح پٹی لگی ہوتی ہے ÷ **الفی** (اَل۔ فی) (ہ) مؤنث (۱) آستین کے بغیر کُرتا۔ آزاد فقیروں کی کفنی (۲) جس چیز میں الف کی شکل کے سیدھے خطوط ہوں (۳) وہ قاب، جس پر چھوٹے چھوٹے سیدھے خط پڑے ہوتے ہیں ÷ **الفی قاب** (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "الفی نمبر ۳" ÷ **الفی کنکوّا** (ہ) مذکر۔ وہ کنکوا، جس میں مڈھے سے پتے تک دوسرے رنگ کے کاغذ کی ایک پٹی لگی ہوتی ہے ÷

اِلقا (اِل۔ قا) (ع) مذکر (۱) دل پر کوئی بات ڈالنا (۲) وہ بات جو خدا کسی آدمی کے دل میں ڈال دے۔ اِلہام ÷

القاب (اَل۔ قاب) (ع) مذکر۔ لقب کی جمع (۱) خطاب (۲) خط کا عنوان، جیسے مکرمی، محترمی وغیرہ ÷

القصہ (اَل۔ قِص۔ صَہ) (ع) (۱) قصہ کوتاہ۔ غرض۔ الحاصل (۲) خلاصہ۔ یعنی ÷

القط (اَل۔ قَط) (ہ) مذکر (۱) کاٹ دینا۔ موقوف کر دینا۔ الگ کر دینا (۲) بیت بازی میں جب کوئی لڑکا غلط شعر پڑھتا ہے یا پورا شعر یاد نہیں آتا اور درمیان میں رُک جاتا ہے تو فریقِ مقابل کہتا ہے القط، پھر وہ شعر نہیں مانا جاتا ÷ **القط کرنا** (ہ) (۱) ترک کرنا۔ چھوڑنا (۲) جواب دینا۔ نکال دینا (۳) جانے دینا۔ الگ کرنا ÷

القلی (اَل۔ قِلی) (معرب) (انگ۔ الکلی Alkali) مذکر۔ سوڈا۔ پوٹاش۔ ایک قسم کا کھار ÷

اَلکَرِیمُ اِذَا وَعَدَ وَفَا (ع) مقولہ۔ کریم جب وعدہ کرتا ہے تو اُسے پُورا کرتا ہے۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں وعدہ کرنے والے کو اس کا وعدہ یاد دلا کر اس کے ایفا کا تقاضا کیا جائے ÷

اَلکَس (اَل۔ کَس) (ہ) دیکھیے "آلکس" ÷

اَلکسانا (اَل۔ کَسا۔ نا) (ہ) سستی کرنا۔ اونگھنا ÷

الکسی (اَل۔ کَسی) (ہ) دیکھیے "آلکسی" ÷ **الکسی آنا** (ہ) کاہلی سے کسی کام کو جی نہ چاہنا۔ سستی معلوم ہونا ÷ **الکسی سوار ہونا** (ہ) سستی اور کاہلی ہونا۔ جسم کا بھاری ہونا۔ کام کرنے کو جی نہ چاہنا ÷

الکل (اَل۔کُل)، دیکھو "الکل"۔

الکن (اَل۔کَن) (ص) ہکلا۔ جس کی زبان میں لکنت ہو۔ جو صاف نہ بول سکے۔

الکھ (اَلَکھ) (۱) مذکر (۱) خدا (۲) جو دیکھنے میں نہ آسکے۔ چھپا ہوا۔ غائب (۳) جوگیوں کا سلام۔ **الکھ پُرش کی مایا کہیں دُھوپ کہیں سایا** (مثل) خدا کی قُدرت ہے، کہیں دُھوپ ہے، کہیں چھاؤں۔ کہیں شادی بیاہ ہے، کہیں غم و ماتم۔ کوئی دُکھی ہے، کوئی سُکھی۔ کوئی امیر ہے کوئی غریب، کوئی تندرست ہے، کوئی بیمار۔ **الکھ جگانا** (ف) (۱) خدا کے نام پر مانگنا (۲) دُنیا کو جگانا۔ جہان کو ہوشیار کرنا۔

الگ (اَ لَگ) (ف) (۱) کچھ فاصلے پر۔ فرق سے (۲) علٰحدہ (۳) جو کسی سے میل نہ کھائے۔ انوکھا۔ نرالا (۴) (دہلی) آہستہ۔ چپکے سے (۵) علاوہ (۶) خارج۔ مستثنیٰ (۷) اکیلا۔ تنہا (۸) ہٹ جا۔ دُور ہو (۹) گراؤ۔ جُھکا ہوا۔ جو اپنی جگہ سے ہٹ آیا ہو۔ یا جس پر قائم ہو، اُسے چھوڑ دیا ہو (۱۰) ٹوٹا ہوا، جو برائے نام وصل ہو۔ شق (۱۱) سب سے بے تعلق۔ جُدا (۱۲) علٰحدہ (کارخانہ یا گھر) (۱۳) کنارہ کش (۱۴) غیر مستعمل۔ اچھوتا (۱۵) محفوظ۔ کنارے (۱۶) اپنی طرف (۱۷) اِدھر اُدھر (۱۸) جُداگانہ۔ اَور۔ **الگ الگ** (ف) (۱) ایک ایک۔ جُدا جُدا (۲) پرے پرے۔ دُور دُور۔ **الگ الگ پھرنا**۔ دُور دُور رہنا۔ **الگ الگ رہنا** (ف) کھچے کھچے رہنا۔ خفا خفا رہنا۔ دُور دُور رہنا۔ **الگ بٹھانا** (ف) فاصلے پر بٹھانا۔ علٰحدہ بٹھانا۔ **الگ پڑنا** (ف) (ع) جُدا سو رہنا۔ **الگ تھلگ** (ف) (۱) تنہا۔ علٰحدہ۔ جُدا۔ بعید (۲) بے لاگ۔ **الگ رہنا** (ف) بے تعلق رہنا۔ **الگ کرنا** (ف) (۱) ہٹانا۔ جُدا کرنا (۲) قطع نظر کرنا۔ انقطاع کرنا (۳) توڑ ڈالنا (۴) موقوف کرنا (۵) تقسیم کرنا (۶) جُدا کرنا۔ چھڑانا (۷) پہچاننا (۸) بیچ ڈالنا (۹) جگہ سے بے جگہ کرنا۔ اکھاڑنا (۱۰) استعفا دینا۔ ترک کرنا۔ چھوڑنا (۱۱) کاٹنا۔ تراشنا (۱۲) سرکانا۔ ہٹانا (۱۳) اُڑا لینا۔ چُرا لینا۔ **الگ ہی الگ** (ف) اکیلے ہی اکیلے۔ اُوپر ہی اُوپر۔

الگنی (اَل۔گَنی) (ص) مؤنث۔ وہ ڈوری، جو کپڑے لٹکانے اور پردہ ڈالنے کے لیے باندھتے ہیں۔ **الگنی پر ڈال لینا** (ف) سکھانا۔ ہوا دینا۔ **الگنی پہ ڈالنے کے قابل (لائق) ہو گئے** (ف) مثل (۱) زیادہ بڈھے ہو گئے۔ بہت لاغر و نحیف ہو گئے (۲) پرانے ہو گئے۔ بیکار ہو گئے۔

الگوجا۔ الگوزہ (اَل۔گو۔جا۔ اَل۔گو۔زہ) (ف) مذکر۔ دیکھیے "الغوزا"۔

البچھیرا (اَلَ۔بچھے۔را) (ف) مذکر (۱) وہ بچھیرا جس پر سواری نہ ہوتی ہو (۲) الھڑ (۳) آزاد (۴) بے غم و رنج (۵) دل لگا کر کام کاج نہ کرنے والا۔ بے پروا۔

اللٹپ (اَل۔ٹپ) ⎫
اللٹپو (اَل۔ٹپ۔پُو) ⎭ (ف) (۱) بے محاورہ (۲) بے ٹھکانے۔ اٹکل پچو۔ اندھا دُھند۔ بادِ ہوائی۔

اِلّذی نہ اُلّذی (ف) دیکھیے "اِلاّ الّذی نہ اُلاّ الّذی"۔

اللنا (اُل۔نا) (ف) ایک طرف اُونچا ہونا، دوسری طرف زیادہ جُھک جانا۔

اللّٰہ (اَل۔لاہ) (ع) مذکر۔ خدا تعالیٰ کا نام۔ یہ اسم ذات ہے، باقی تمام نام اسمائے صفاتی ہیں۔ شعراء اسے فعلن اور مفعول دونوں کے وزن پر باندھتے ہیں۔ عورتیں اور عوام ہ کے بغیر (اَللّ) بولتے ہیں۔ یہ لفظ حسبِ ذیل مقامات پر مستعمل ہے: (۱) حیرت اور تعجب کے لیے (۲) صفت میں مبالغے کے لیے (۳) گِلے شکوے کے لیے (۴) نہایت خوشی اور فخر کے لیے (۵) ناامیدی اور انتہائی بے قراری کے لیے۔ **اللّٰہ آمین** (ف) مؤنث۔ پورا محاورہ یوں ہے: "اللّٰہ آمین پر سلامی" یعنی بارگاہِ الٰہی میں دُعا کی، پیروں کی درگاہوں میں سلام کیا، جب کہیں یہ دن نصیب ہوا۔ اب صرف "اللّٰہ آمین" استعمال میں ہے۔ **اللّٰہ آمین سے پالنا** (ف) دعائیں مانگ مانگ کر اور مَنّتیں مان مان کر پرورش کرنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔ انتہائی ناز و نعم سے پالنا۔ **اللّٰہ آمین کا** (ف) بہت مَنّتوں اور دعاؤں کا۔ نازوں کا پالا ہوا۔ نہایت عزیز اور پیارے بچے کے متعلق بولتے ہیں۔ **اللّٰہ آمین کرنا** (ف) (عو۔ بچے کے لیے) خیر و خوبی کی دُعا مانگنا۔ غور پرداخت کرنا۔ **اللّٰہ آمین ہونا** (ف) غور پرداخت ہونا۔ **اللّٰہ اٹھا لے۔ اللّٰہ اٹھا لینا** (ف) مر جائے۔ موت آ جائے۔ اپنے آپ کو اور کبھی دوسرے کو کوسنے کے مقام پر بولتے ہیں۔ **اَللّٰہُ اَکبَر** (ع) خدا بہت بڑا ہے۔ تکبیر، جو نماز میں نیت کرنے کے بعد رکوع و سجود کے اوّل و آخر، جنگ میں تلوار چلانے اور حملہ کرنے کے وقت، جانور کو ذبح کرتے وقت، اذان میں، عیدین کی نماز کو گھر سے جاتے آتے اور قبرستان میں گزرتے وقت دوسرے کلمات کے ساتھ کہتے ہیں۔ روزمرّہ میں مندرجۂ ذیل مقامات پر استعمال کرتے ہیں:
(۱) تعجب اور حیرت کے لیے (۲) شکایت کے لیے (۳) صفت میں انتہائی مبالغے کے لیے (۴) فخر و ناز کے لیے۔ **اللّٰہ اللّٰہ** (ف) ان جگہوں پر کہتے ہیں: (۱) صفت میں کمال مبالغے کے لیے (۲) گِلے اور شکایت کے لیے (۳) مؤنث۔ **فقیروں کا سلام** (۴) مؤنث جان پہچان۔ شناسائی۔ صاحب سلامت (۵) واہ واہ، سبحان اللّٰہ، کیا خوب، چہ خوش (۶) عورتیں بچوں سے کہتی ہیں، (و) اللّٰہ اللّٰہ کر لیں، یعنی نماز پڑھ لیں (ب) اللّٰہ اللّٰہ کرتے ہیں، یعنی نماز پڑھتے ہیں، قرآن پڑھتے ہیں، نذر نیاز دیتے ہیں (ج) اللّٰہ اللّٰہ ہوتی ہے، یعنی نذر ہوتی ہے۔ **اللّٰہ اللّٰہ خیر سلّا** (ف) ("خیر سلّا" "خیر و صلاح" سے بگڑ کر بنا ہے) (۱) فرصت ملی۔ فراغت ہوئی۔ بات ختم یا رفع دفع ہوئی (۲) اَور کچھ نہیں۔ اس کے آگے کچھ نہیں۔ اس مقام پر اس جملے سے پہلے "باقی" ضرور بولتے ہیں جیسے ان کے یہاں خرچ ہی کیا ہے، نہ بیوی نہ بچہ، آپ ہیں اور ایک ملازم، باقی اللّٰہ اللّٰہ خیر سلّا۔ **اللّٰہ اللّٰہ رہے** (ف) مبالغے کے لیے بولتے ہیں (اب لکھنؤ میں صرف "اللّٰہ رے" کہتے ہیں)۔ **اللّٰہ اللّٰہ کر کے** (ف) خدا خدا کر کے، نہایت مشکل سے، بے حد دُشواری سے، بڑی دِقّت سے۔ **اللّٰہ اللّٰہ کرنا** (ف) خدا خدا کرنا۔ وظیفہ پڑھنا۔ توکّل اور قناعت کر کے بیٹھ رہنا۔ خدا کی عبادت میں مصروف ہونا۔ **اللّٰہ اللّٰہ کرو** (ف) اتنا مبالغہ نہ کرو۔ جھوٹ نہ

بولو (۲) توبہ توبہ کرو۔ باز آؤ۔ یہ بات ٹھیک نہیں، اس خیال سے درگزرو۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی کی بات مصلحت کے خلاف اور عقل سے دور ہو ٭ **اللہ اللہ کی چیز** (ف) مؤنث (عو) خدا کے نام کی چیز۔ وہ جو نیاز ہوئے بغیر نہ کھائی جائے ٭ **اللہ بچائے** (ف) خدا پناہ دے۔ اللہ اپنے حفظ و امان میں رکھے ٭ **اللہ بخشے** (ف) خدا مغفرت کرے۔ مرے ہوئے کا ذکر کرتے وقت اس کے نام یا لقب کے ساتھ یہ دعائیہ کلمہ کہتے ہیں ٭ **اللہ بس باقی ہوس** (ع۔ف) مقولہ۔ خدا کے سوا اور سب ہیچ ہے ٭ **اللہ بسم اللہ کرنا** (ف) (عو) مرادیں ماننا۔ منتیں ماننا۔ انتہائی غور پرداخت کرنا ٭ **اللہ بھلا کرے** (ف) (۱) فقیروں کی صدا (۲) بے بسی کے وقت زبردستی کرنے والے کو کہا جاتا ہے (۳) احسان اور نیکی کی دعا دی جاتی ہے ٭ **اللہ بیلی** (ف) (عو) خدا حافظ۔ اللہ مددگار۔ اللہ دوست۔ اللہ نگہبان ٭ **اللہ پر نظر رکھو** (ف) خدا پر بھروسا رکھو۔ ناامید نہ ہو۔ ہراساں نہ ہو ٭ **اللہ پر نگاہ رہنا** (ف) خدا ہی پر بھروسا رہنا ٭ **اللہ پیر ماننا** (ف) (دہلی) (عو) نذر نیاز ماننا۔ منتیں ماننا ٭ **اللہ پیر منانا** (ف) (عو) منتیں ماننا۔ دعائیں مانگنا ٭ **اللہ توکلی** (ف) (۱) خدا کے بھروسے پر (۲) اتفاق سے ٭ **اللہ توکلی کارخانہ ہے** (ف) (۱) توکل پر گزارہ ہے (۲) بے پروائی ہے۔ کچھ انتظام نہیں ٭ **اللہ جانتا ہے** (ف) (۱) خدا کو علم ہے۔ خدا واقف ہے۔ روزمرہ میں نفی کے ساتھ زیادہ مستعمل ہے (۲) خدا کی قسم ٭ **اللہ جانے** (ف) (۱) خدا جانے۔ خدا کو علم ہے۔ بول چال میں نفی کے ساتھ زیادہ مستعمل ہے (۲) کسی امر سے واقف نہ ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔ اس مقام پر "خدا جانے" زیادہ بولتے ہیں (۳) کسی بات کے سمجھ میں نہ آنے پر بولتے ہیں۔ اس جگہ اکثر "خدا جانے" کہتے ہیں (۴) وہاں بھی بولتے ہیں، جہاں کوئی بات اپنے آپ کو تو معلوم ہو، لیکن دوسرے کو خبر دینا مقصود نہ ہو ٭ **اللہ حافظ۔ اللہ نگہبان** (ع۔ف) (عو) (۱) دیکھو "اللہ کی پناہ" (۲) خدا حافظ ٭ **اللہ خیر کرے** (ف) اندیشے اور خطرے کے موقع پر کہتے ہیں ٭ **اللہ دے اور بندہ لے** (ف) بالعموم کسی بات کی بہتات اور بالخصوص انتہائی غصہ ہونے کے مقام پر بولتے ہیں ٭ **اللہ رکھے** (ف) (عو) (۱) خدا سلامت رکھے۔ خدا زندہ رکھے (۲) چشم بد دور۔ نام خدا (۳) کثرتِ محبت کی بنا پر عورتوں کا تکیہ کلام ہے ٭ **اللہ رکھے تو کون چکھے** (ف) (۱) جسے خدا صحیح سالم رکھنا چاہے، اسے کوئی نہیں مار سکتا۔ کوئی صدمہ نہیں پہنچا سکتا (۲) خدا کے دیئے ہوئے کو کوئی نہیں چھین سکتا ٭ **اللہ رے** (ف) (۱) مبالغے کے لیے کہتے ہیں۔ اُف رے (۲) عورتیں انتہائی شرارت اور کمال بدتمیزی پر کہتی ہیں۔ (متقدمین نے ہ کے اعلان سے بھی کہا ہے۔ لیکن اب اخفا سے بولتے ہیں) ٭ **اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی** (ف) مقولہ (عو) اُف رے بے حیائی ٭ **اللہ رے میں** (ف) میرا کیا کہنا ہے۔ واہ رے میں۔ اپنی ذات پر آپ فخر کرنے کی جگہ بولتے ہیں ٭ **اللہ سلامت رکھے** (ف) (۱) خدا قائم رکھے۔ خدا زندہ رکھے (۲) گانے بجانے والوں، میراثیوں، نائیوں وغیرہ کا سلام ٭ **اللہ سے ڈرو** (ف) اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی جھوٹ بولے۔ ظلم کرے یا شرع کے خلاف کوئی بات کہے ٭ **اللہ سے کام پڑا ہے** (ف) سخت آفت اور مصیبت میں مبتلا ہیں۔ جان کے لالے پڑے ہیں ٭ **اللہ سے لَو لگی ہے** (ف) (۱) خدا ہی کا آسرا ہے۔ خدا ہی سے امید ہے (۲) مرنے کے قریب ہے ٭ **اللہ شاہد ہے** (ف) خدا گواہ ہے (قسم) ٭ **اللہ غنی** (ع؛ ف) (۱) خدا بے پروا ہے (۲) عظمت کے اظہار میں مبالغے کے لیے بولتے ہیں (۳) تکلیف اور صدمے کے وقت (۴) تعجب کی جگہ ٭ **اللہ غنی تو کاہے کی کمی** (ف) مقولہ۔ خدا پر بھروسا رکھو۔ سب کچھ مل جائے گا۔ وہ ایک دم میں امیر بنا سکتا ہے۔ ناامید نہ ہونا چاہیے ٭ **اللہ کا الف** (ف) دیکھو "الف آزاد کا" ٭ **اللہ کا بندہ** (ف) مذکر (۱) ناچیز بندہ۔ خدا کی بندگی کرنے والا (۲) رحمدل۔ نیک اور ہمدرد آدمی (۳) آدمی (۴) (طنزاً) بیوقوف ٭ **اللہ کا پیارا** (ف) خدا کا محبوب ٭ **اللہ کا دیا سر پر** (ف) وہاں بولتے ہیں جہاں کسی امر پر اپنا قابو نہ ہو اور اسے گوارا کرنا ہی پڑے ٭ **اللہ کا دیا نور کبھی نہ ہووے دور** (ف) مثل (عو) جب خضاب لگانے کے باوجود چند بال سفید رہ جاتے ہیں تو مذاقاً کہتی ہیں ٭ **اللہ کا کلام** (ف) مذکر (عو) قرآن مجید۔ کلام اللہ ٭ **اللہ کا گھر** (ف) مذکر (۱) کعبہ شریف (۲) مسجد (۳) (مجازاً) دل ٭ **اللہ کا گھر بڑا ہے** (ف) مقولہ۔ ناامید نہ ہو۔ خدا کے گھر میں کچھ کمی نہیں، وہ بڑا کارساز اور بندہ نواز ہے ٭ **اللہ کا محبوب** (ف) مذکر۔ خدا کا پیارا۔ رسول اللہ صلعم سے کنایہ ہے ٭ **اللہ کا نام سچا** (ف) فقیروں کی صدا ٭ **اللہ کا نام لو** (ف) (۱) خدا خدا کرو، توبہ کرو۔ ایسا نہیں ہو سکتا (۲) اتنا جھوٹ نہ بولو ٭ **اللہ کا نام محمدؐ کا کلمہ** (۱) کچھ نہیں۔ کوئی آمدنی نہیں ٭ **اللہ کا نام ہے** (ف) کچھ نہیں۔ ہُو کا مقام ہے ٭ **اللہ کا نور** (ف) مذکر (۱) خدا کا جلوہ۔ خدا کی تجلی (۲) (کنایۃً) داڑھی (۳) نہایت خوب صورت شخص (۴) متبرک شکل کا آدمی ٭ **اللہ کرے** (ف) (۱) دعا کا کلمہ (۲) بددعا ٭ **اللہ کو پیارا ہوا** (ف) خدا نے اُٹھا لیا۔ مر گیا ٭ **اللہ کو دیکھنا** (ف) خدا سے لَو لگانا۔ صبر کرنا۔ بے بسی میں ضبط کرنا۔ نہایت ناامیدی میں خدا کی طرف دھیان کرنا ٭ **اللہ کو سونپا** (ف) خدا کے سپرد کیا۔ دوست یا عزیز کے سفر پر جاتے وقت کہتے ہیں ٭ **اللہ کو مانو** (ف) خدا سے ڈرو۔ اس امر سے باز آؤ (۲) خدا کا واسطہ۔ خدا کی قسم ٭ **اللہ کو منہ دکھانا ہے** (ف) (۱) خدا کی جناب میں حاضر ہونا ہے۔ بُرے کاموں سے توبہ کرو۔ قیامت کے دن اللہ کے روبرو کیا جواب دو گے؟ (۲) کبھی اپنے متعلق بھی کسی بُرے کام سے پرہیز کرنے کے مقام پر کہتے ہیں ٭ **اللہ کو یاد کرو** (ف) خدا پر نظر رکھو۔ گھبراؤ نہیں۔ صبر کرو ٭ **اللہ کی امان** (ف) (عو) (۱) خدا اپنی حفاظت میں رکھے۔ خدا بچائے۔ کبھی کسی ڈرانے والی یا ضرر رساں اور مکروہ چیز سے پناہ مانگنے اور کبھی کسی کو رخصت کرنے کے وقت کہتی ہیں (۲) میراثیوں کی صدا ٭

اللہ کی امان پیر پیغمبر کا سایہ
اللہ کی امان پیروں کا سایہ } (ف) (عو) (۱) کسی کے سفر پر جاتے وقت کہتی ہیں (۲) بھکاریوں کی صدا ٭

اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے (ف) مقولہ۔ خدا کے بھید کوئی نہیں پاسکتا۔ انسانوں کو جو بات ناگوار اور خلافِ مصلحت معلوم ہوتی ہے، اس میں بھی کچھ خدا کی مصلحت ہوتی ہے ٭ **اللہ کی پناہ** (ف) (۱) خدا نگہبان ہو (۲) ایسے برُے سے خدا دُور رکھے (۳) ایسے ظالم سے خدا بچائے! ٭ **اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری** (ف) مقولہ۔ جب خدا سے شرم و حیا نہیں تو بندوں سے کیا شرم کریں۔ کھلم کھلا کوئی بیہودہ کام کرنے کے وقت ڈھٹائی سے کہتے ہیں ٭ **اللہ کی دین ہے** (ف) جسے چاہے، خدا دے ٭ **اللہ کی راہ** (ف) (۱) للہ۔ خدا کے واسطے (۲) فقیروں کی صدا ٭ **اللہ کی سنوار** (ف) (عو) اچھے الفاظ میں کوسنا یا بددعا ٭ **اللہ کی شان** (ف) (۱) جب کوئی اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعویٰ کرے تو اس سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں (۲) جب کوئی شخص اپنی حیثیت یا مرتبے کے خلاف کوئی بات پاتا ہے تو کہتا ہے (۳) کسی بات کے خلافِ معمول ہونے پر کہا جاتا ہے ٭

اللہ کی قدرت ہے
اللہ کی قدرت نظر آتی ہے
اللہ کی قدرت کا تماشا نظر آتا ہے
(ف) مقولہ (۱) کسی انوکھی بات پر کہتے ہیں (۲) کسی کے حسن اور کسی چیز کی انتہائی تعریف کے مقام پر (۳) دیکھیے "اللہ کی شان" (۴) خدا کی نیرنگیٔ قدرت اور اس کی کارسازی کے مقام پر ٭ **اللہ کی قسم** (ف) خدا کی قسم ٭ **اللہ کی گائے** (ف) دیکھیے "اللہ میاں کی گائے" ٭ **اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں** (ف) خدا ظالم کو اس کے ظلم کی پاداش اس طرح دیتا ہے جس کا سان گمان بھی نہیں ہوتا ٭ **اللہ کے ہزار ہاتھ ہیں** (ف) (عو) ایسے موقع پر کہتی ہیں، جب کسی بات کا اندیشہ ہو ٭ **اللہ کے بڑے بڑے ہاتھ ہیں** (ف) گھبراؤ نہیں۔ تسلی رکھو۔ خدا کے فضل و کرم کی کوئی حد نہیں۔ وہ ہر وقت دست گیری پر قدرت رکھتا ہے ٭ **اللہ کے فقیر** (ف) اولیاء اللہ۔ مردانِ حق۔ کامل درویش۔ خداشناس ٭ **اللہ کے گھر سے پھرنا** (ف) ناامید ہو جانے کے بعد بیمار کا تندرست ہو جانا۔ مرتے مرتے بچ جانا ٭

اللہ کے گھر میں کس چیز کی کمی ہے؟
اللہ کے گھر میں کیا کمی ہے؟
(ف) خدا کے یہاں سب کچھ موجود ہے ٭

اللہ کے مست (ف) (۱) مجذوب۔ پہنچے ہوئے۔ خدا کے عشق میں بیخود (۲) بے پروا۔ بے نیاز ٭ **اللہ لاٹھی لے کے تھوڑا ہی مارتا ہے** (ف) دیکھیے "اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں" ٭ **اللہ لگتی** (ف) مؤنث۔ سچ بات۔ انصاف کی بات۔ حق بات (اب بیشتر "خدا لگتی" بولتے ہیں) ٭ **اللہ لوگ** (ا) سیدھا سادہ، نیک، فرشتہ سیرت ٭ **اللہ مارا** (ف) (۱) مصیبت زدہ۔ کنگال (۲) خدائی خوار۔ نگوڑا (۳) سست۔ کاہل ٭ **اللہ ملائی جوڑی، ایک اندھا ایک کوڑھی** (ف) مثل۔ دونوں ایک جیسے ہیں۔ ہر ایک میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہے ٭ **اللہ میاں** (ف) مذکر۔ بیشتر عورتیں اور فقیر لوگ خدا کو انتہائی محبت اور تعظیم سے کہتے ہیں ٭ **اللہ میاں بھرے کو بھرتے ہیں** (ف) مقولہ۔ اس مقام پر بولتے ہیں، جب ضرورت مند محروم رہ جائے اور غیر ضرورت مند کو اور مل جائے ٭ **اللہ میاں کا رحم** (ف) (عو) وہ پیڑے، جو عورتیں رتجگے میں چاول پیس کر شکر ملانے سے بناتی ہیں ٭ **اللہ میاں کا طاق بھرنا** (ف) (عو) مسجد کے طاق میں گلگلے اور رحم رکھ کر منت پوری کرنا ٭ **اللہ میاں کی بھینس** (ف) (۱) سیاہ رنگ کا ایک کیڑا، جو نہایت سخت جان ہوتا ہے (۲) (مجازاً) کالے رنگ کا موٹا آدمی ٭

اللہ میاں کی گائے
اللہ میاں کی میں میں
(ا) بھولا بھالا، جو کچھ کاٹ پیچ نہ جانتا ہو۔ ازحد سیدھا آدمی ٭

اللہ نگہبان (ف) خدا حافظ۔ رخصت کے وقت کہتے ہیں ٭ **اللہ نہ دکھائے** (ف) مصیبت، دُکھ یا بُری چیز سے نفرت یا خوف ظاہر کرنے پر کہا جاتا ہے ٭ **اللہ نے یہ دن دکھایا** (ف) خوشی کے موقع پر بولتے ہیں ٭ **اللہ والی ہے** (ف) (عو) خدا حافظ ہے ٭ **اللہ والے** (ف) مذکر (۱) پہنچے ہوئے۔ اولیاء اللہ۔ مردانِ حق۔ خداشناس (۲) (کنایۃً) سیدھے سادے، بیوقوف ٭ **اللہ والے لوگ** (ف) مذکر۔ اولیاء اللہ۔ باخدا۔ جو دُنیا چھوڑ کر خدا ہی کے ہو رہیں ٭ **اللہ ہی اللہ** (ف) تعریف میں مبالغے کے مقام پر بولتے ہیں ٭ **اللہ ہی اللہ ہے** (ف) (۱) ہر جگہ، ہر چیز میں خدا ہی کا جلوہ ہے (۲) کچھ نہیں (۳) اس خوشی کا کچھ پوچھنا ہی نہیں۔ یہ دن کہاں نصیب۔ خوشا تقدیر۔ زہے نصیب (۴) انتہائی تعریف کے لیے (۵) فقیروں کی صدا ٭

اللہ ہی ہے
اللہ ہے
(ف) اُمید تو نہیں۔ خدا چاہے تو ایسا ہو ٭

اللہ یار ہے تو بیڑا پار ہے (ف) خدا نے مدد کی تو تمام مشکلیں آسان ہو جائیں گی، یہ کام بن جائے گا ٭

اَلَلّے تَلَلّے (اَ-لَل-لے، تَ-لَل-لے) (ہ) مذکر (۱) بے جا خرچ۔ فضول خرچی۔ عیش و عشرت (۲) ریل پیل ٭ **اَلَلّے تَلَلّے کرنا** (ہ) روپیہ خرچ کر کے خوب مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔ چین کرنا۔ مفت روپیہ برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا ٭

اَلَم (اَ-لَم) (ع) مذکر۔ رنج۔ غم۔ دکھ۔ فکر۔ تردد۔ ملال۔ کلفت۔ سوگ ٭ **اَلَم اُٹھانا** (ف) غم کھانا۔ رنج سہنا ٭ **اَلَم پہنچنا** (ف) دُکھ پہنچنا ٭

الماری (اَل-ما-رِی) (ر) مؤنث۔ کھڑا صندوق، جس کے عرض میں تختے لگے ہوتے ہیں۔ دیواروں میں بھی نیچے اوپر تختے لگا کر بناتے ہیں۔ اس میں کتابیں، کپڑے، برتن وغیرہ مختلف قسم کا سامان رکھا جاتا ہے ٭

الماس (اَل-ماس) (ف) مذکر۔ ہیرا۔ ایک نہایت قیمتی جواہر، جو بے حد چمکیلا، سفید اور سخت ہوتا ہے ٭ **الماس خانی** (ف) مذکر۔ ایک قسم کے کپڑے ٭ **الماس کی تختی** (ف) مؤنث۔ ہیرے کا مستطیل چپٹا نگینہ۔ لوحِ الماس ٭

الماغونچی (اَل-ما-غوں-چی) (ت) مذکر (۱) وہ شخص، جس کے نسب کا پتا نہ ہو (۲) الم غلم۔ ناکارہ اور خراب چیزیں (۳) دھاندلی اور دغابازی سے کوئی چیز دبا بیٹھنا اور اُڑا لینا ٭

المانی۔ المانوی (اَل-ما-نی، اَل-ما-نَوی) (ع) جرمنی کا ٭

المانیہ (اَل۔ مَانِیَہ) (ع) مذکر۔ جرمنی ❊

اُلمبا (اُلَم۔ بَا) (ہ) مذکر (عو) وہ سخت گومڑا سا، جو دنبل یا زخم کے پاس ظاہر ہو جاتا ہے۔ گلٹی ❊

المجسطی (اَل۔ مِجَس۔ طِی) (ع) مؤنث۔ علم ہیئت و ہندسہ میں بطلیموس مصری کی ایک مشہور تصنیف ❊

المختصر (اَل۔ مُخ۔ تَصَر) (ع) (۱) قصہ کوتاہ۔ الحاصل (۲) نتیجہ۔ آخری بات ❊

المدد (اَل۔ مَدَد) (ع) مدد کر۔ آسرا دے۔ سہارا دے ❊

اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ (ع) مقولہ۔ آدمی اپنے نفس پر قیاس کرتا ہے۔ ہر شخص دوسرے کو اپنے ہی جیسا سمجھتا ہے ❊

الست (اَل۔ مَسَت) (ہ) (عو) (۱) بدمست۔ نفسانی خواہشات سے بھرا ہوا (۲) بیہوش (۳) دیوانہ (۴) سرشار ❊

المضاعف (اَل۔ مُضَا۔ عَف) (ع) دوچند۔ دُگنا۔ کئی گنا ❊

اَلْمَعْنٰی فِیْ بَطْنِ الشَّاعِرِ (ع) مثل۔ شعر کے معنی شاعر کے دل میں ہیں، لفظوں سے واضح نہیں ہوتے۔ جہاں مطلب لفظوں سے ظاہر نہ ہو، وہاں طنزاً بولتے ہیں ❊

المعی (اَل۔ مَعِی) (ع) صاحب رائے۔ بڑا عقلمند ❊

الم غلم (اَل۔ لَم۔ غَل۔ لَم) (ہ) مذکر (۱) مہمل، بے معنی اور بے سروپا باتیں (۲) نکمی اور خراب چیزیں ❊ الم غلم بکنا (ہ) بکواس کرنا ❊ الم غلم کھانا (ہ) واہیات چیزیں کھانا ❊ الم غلم کرنا (ہ) غبن کرنا ❊

اَلْمَکْتُوْبُ نِصْفُ الْمُلَاقَاتِ (ع) مقولہ۔ خط آدھی ملاقات ہوتا ہے، یعنی جب کسی کا خط آئے تو گویا اس سے آدھی ملاقات ہو جاتی ہے ❊

اِلمل ٹلمل (اِل۔ مِل۔ ٹِل۔ مِل) (ہ) مذکر (عو) ضروری کام چھوڑ دینا ❊

اَلْمِنَّۃُ لِلّٰہ (اَل۔ مِن۔ نَت۔ لِل۔ لَاہ) (ع) احسان خدا کے لیے ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ❊

اَلَم نَشرَح (اَ۔ لَم۔ نَش۔ رَح) (ع) مؤنث (۱) قرآن عزیز کی ایک سورت (۲) اس سورت کی پہلی آیت کے پہلے دو لفظ (۳) (صفت) (مجازاً) ظاہر۔ مشہور۔ آشکارا۔ صریح۔ معروف ❊ الم نشرح کرنا (ہ) (۱) ظاہر کرنا۔ مشتہر کرنا۔ اعلان کرنا۔ مشہور کرنا (۲) بدنام کرنا ❊ الم نشرح ہونا (ہ) مشہور ہونا۔ ظاہر ہونا ❊ الم نشرح ہے (ہ) (عو) مشہور ہے۔ ظاہر ہے ❊

الموت (اَل۔ مَوت) (ع) مذکر۔ قزوین اور گیلان کے درمیان ایک مشہور قلعہ ❊

اُلّن (اُل۔ لَن) (ہ) مؤنث (۱) اُلّو کی مادہ (۲) بیوقوف عورت ❊

اَلنَّادِرُ کَالْمَعْدُوْمِ (ع) مقولہ۔ جو چیز کمیاب ہوتی ہے، وہ نہ ہونے کے برابر ہے ❊

اُلنڈنا (اُلَن۔ڈَ۔نَا) (ہ) انڈیلنا۔ الٹانا ❊

النگ (اَ۔لَنگ) (ہ) مؤنث۔ طرف۔ جانب۔ سمت۔ پہلو۔ (اب فصحا نہیں بولتے) ❊

اُلّو (اُل۔ لُو) (ہ) مذکر (۱) ویرانوں میں رہنے والا ایک نہایت منحوس پرندہ۔ بُوم (۲) احمق آدمی۔ بیوقوف آدمی ❊ اُلّو بنانا (ہ) (۱) احمق بنانا (۲) خوب لوٹنا (۳) بدمست کرنا ❊ اُلّو بننا (ہ) لازم ❊

اُلّو بولتا ہے } (ہ) ویران ہے۔ اجاڑ ہو گیا۔ لُٹ گیا۔ تباہ ہو گیا۔ برباد ہو گیا ❊
اُلّو بول گیا }

اُلّو بولنا (ہ) ویران ہونا۔ اُجڑنا۔ تباہ و برباد ہو جانا ❊ اُلّو پھنسنا (ہ) کسی بیوقوف کا قابو میں آنا۔ فریب کھا جانا ❊ اُلّو کا پٹھا (ہ) از حد بیوقوف۔ احمق (غصے کی حالت میں کہتے ہیں) ❊ اُلّو کا گوشت کھایا ہے (ہ) احمق ہو گئے ہو ❊ اُلّو کی خاصیت رکھنا (ہ) منحوس ہونا ❊ اُلّو کی دُم فاختہ (ہ) نہایت احمق ❊ اُلّو کی مادہ (ہ) (مذاقاً) زیادہ بیوقوف ❊ اُلّو کی ہوک (ہ) مؤنث۔ اُلّو کی بولی ❊ اُلّو کے منہ نام پڑا (ہ) عام مشہور ہے کہ اگر اُلّو کسی شخص کا نام سن لے تو اسے برابر رٹتا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ مر جائے، اس سبب سے جہاں کوئی کسی بات کی رٹ لگائے تو یہ جملہ کہتے ہیں ❊ اُلّو ماخرا (ہ) بیوقوف۔ بے عقل ❊ اُلّو ماں کا خبطی بچہ (ہ) بیوقوف ماں کا بیوقوف بچہ۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی احمق کی اولاد سے بیوقوفی کی بات ظاہر ہو ❊ اُلّو ہو جانا (ہ) (۱) نشے میں چور ہو جانا (۲) احمق بن جانا ❊ اُلّو ہے (ہ) احمق ہے ❊

اِلّو (ہ) دیکھیے "اسے لو" ❊

اَلواح (اَل۔ وَاح) (ع) مذکر و مؤنث۔ لوح کی جمع۔ تختیاں ❊

اَلوان (اَل۔ وَان) (ع) مذکر۔ لون کی جمع (۱) رنگ (۲) قسمیں ❊

اَلوان (اَل۔ وَان) (ہ) مذکر (۱) پشمینہ۔ اُونی چادر (۲) نوعمر بکرے یا بھیڑ کا کچا گوشت ❊

اَلوپ (اَ۔ لُوپ) (ہ) چھپا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ ❊ اَلوپ انجن (ہ) مذکر۔ وہ کاجل، جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے لگا لینے سے آدمی لوگوں کی نظروں سے غائب ہو جاتا ہے (لگانا کے ساتھ) ❊ اَلوپ ہو جانا (ہ) غائب ہو جانا ❊

الوداع (اَل۔ وِدَاع) (ع) مؤنث (۱) رخصت (۲) رمضان کا آخری جمعہ ❊ الوداع کا دن (ہ) مذکر۔ رمضان کا آخری جمعہ ❊

الول کلول (اُلُول، کَلُول) (ہ) مذکر (عوام) کھیل کود ❊

الونا (اَلُو۔ نَا) (ہ) بے نمک۔ پھیکا۔ بے مزہ ❊

الوند (اَل۔ وَند) (ف) مذکر۔ ہمدان (ایران) کے قریب ایک بہت بڑا پہاڑ ❊

اُلوہیت (اُلُو۔ ہی۔ یَت) (ع) مؤنث۔ اللہ ہونا۔ ربانیت ❊

اِلٰہ (اِلَاہ) (ع) مذکر۔ معبود۔ اللہ ❊ اِلٰہُ الْعَالَمِیْن (ع) مذکر۔ تمام جہانوں کا معبود ❊

اِلٰہا (اِلَا۔ ہَا) (ع) اے اللہ ❊

الٰہی (اِ لَا - ہِی) (ع) (۱) میرے اللہ (۲) اللہ سے متعلق ٭ یہ لفظ حسب ذیل مقامات پر مستعمل ہے:
(۱) دعا یا بد دعا کے لیے (۲) تعجب اور حیرت کے لیے (۳) کبھی الٰہی کی حق نسبت کی ہوتی ہے۔ جیسے مشیتِ الٰہی میں کون دم مار سکتا ہے؟
الٰہی پناہ (ع-ف) (ع) دیکھیے "الٰہی خیر" ٭ الٰہی توبہ (ع) (مقام استعمال)
(۱) توبہ کرنے کے لیے (عموماً) (۲) کسی کے زیادہ جھوٹ بولنے پر (۳) خوف کھانے کے محل پر (۴) زچ ہو جانے کی جگہ ٭ الٰہی خرچ (ع-ف) مذکر جہاں بے اندازہ خرچ اٹھے اور بظاہر آمدنی کی کوئی صورت نہ ہو، وہاں کے مصارف کو الٰہی خرچ کہتے ہیں ٭

الٰہی خیر (ع) / الٰہی خیر کرنا (ف) / الٰہی خیر ہو (ف) } جب کوئی نقصان پہنچا ہی چاہتا ہو، یا آفت پیش آیا ہی چاہتی ہو تو پناہ مانگنے کے طور پر کہتے ہیں ٭

الٰہی کارخانے (ع-ف) مذکر الٰہی خدا کی قدرت اور اس کے کارخانے ٭ الٰہی گز (ف) مذکر۔ شاہی زمانے کا گز ٭ الٰہی مہر (ع-ف) مؤنث (۱) مہر شاہی (۲) (کنایۃً) لازم۔ ضروری ٭ الٰہیات (ع) مذکر و مؤنث۔ الٰہی کی جمع۔ علم حکمت کے وہ مسائل، جن میں اُن امور سے بحث کی جاتی ہے، جو اپنے خارجی وجود میں مادے کے محتاج نہیں، جیسے معرفتِ حق تعالیٰ و عقول و نفوس ٭

الہیا (اَلْ ہَ - یَا) (ف) مؤنث (۱) ایک راگنی (۲) (صفت) الھا گانے والا ٭

اِلہام (اِل - ہَام) (ع) مذکر۔ وہ بات، جو خدا کی طرف سے دل میں ڈالی جائے۔ القا ٭

اَلھڑ (اَل - ھَڑ) (ہ) (۱) نادان۔ کم عمر۔ بھولا بھالا (۲) بچھیرا۔ ناکندہ ٭ اَلھڑپن، اَلھڑپنا (ہ) مذکر۔ نادانی۔ کم سنی۔ بھولاپن ٭

اَلہنا (ہ) دیکھیے "اُلاہنا" ٭

الیاس (اِل - یَاس) (ع) مذکر۔ ایک پیغمبر، جو قیامت تک زندہ رہیں گے۔ یہ بھولے بھٹکے مسافروں کو راستہ بتاتے ہیں ٭

اِلی الآن (اِ لَل - آن) (ع) اس وقت تک۔ اب تک ٭

اُلیچنا (اُ لیچ - نَا) (ہ) کسی جگہ سے پانی نکال کر پھینکنا۔ پانی سونتنا ٭

الیکٹیڈ ممبر (اِ لک - ٹِڈ - مَم - بَر) (انگ۔ Elected Member) مذکر۔ انتخاب کیا ہوا ممبر ٭

الیکٹرک (اِ لک - ٹِرک) (انگ۔ Electric) بجلی کے متعلق ٭

الیکشن (اِ لک - شَن) (انگ۔ Election) انتخاب۔ چھانٹ ٭

اَلیل (اَ لِیل) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑے کی شوخی۔ اُچھل کود۔ کلیل (۲) شوخ (۳) مذکر۔ بچھیرا (۴) ناتجربہ کار ٭

الیم (اَ لِیم) (ع) دردناک ٭

الیمان (اَلی - مَان) (ع) مذکر۔ ایک شہر، جہاں کی تلواریں مشہور ہیں ٭ الیمانی تلوار (ف) مؤنث۔ شہر الیمان کی تلوار ٭

اُلینڈنا (اُ لِینڈ - نَا) (ہ) انڈیلنا۔ پانی گرانا ٭

ا - م

اُم (اُم) (ع) مؤنث۔ ماں ٭ اُمّ الامراض (ع) مؤنث (۱) بیماریوں کی ماں۔ امراض کی جڑ (۲) (مجازاً) قبض۔ کھانسی۔ زکام ٭ اُمّ الخبائث (ع) مؤنث (۱) ناپاکیوں کی ماں۔ برائیوں کی جڑ (۲) (مجازاً) شراب ٭ اُمّ الصبیان (ع) مؤنث۔ بچوں کی مرگی۔ مرگ۔ ڈبّا ٭ اُمّ العلوم (ع) مؤنث۔ علموں کی ماں۔ علم صرف ٭ اُمّ القریٰ (ع) مؤنث۔ شہروں کی ماں۔ مکہ معظمہ ٭ اُمّ الکتاب (ع) مؤنث (۱) کتابوں کی ماں۔ قرآن شریف (۲) سورۂ فاتحہ (الحمد) (۳) لوحِ محفوظ ٭ اُمّ الولد (ع) مؤنث۔ وہ لونڈی، جس نے اپنے مالک کے نطفے سے بچہ جنا ہو۔ یہ فروخت نہیں ہو سکتی اور مالک کی وفات کے بعد خود بخود آزاد ہو جاتی ہے ٭ اُمّی (اُم - مِی) (ع) (۱) وہ شخص جس کا باپ بچپن میں مرگیا ہو، اس کی ماں پرورش کی ذمہ دار ہو اور وہ اسی سبب سے علم حاصل نہ کرسکے (۲) (مجازاً) اَن پڑھ (۳) کنایۃً رسول اللہ صلعم ٭

اَمّا (اَم - مَا) (ع) لیکن۔ مگر ٭ اَمّا بعد (ع) اس کے بعد۔ حمد و نعت کے بعد ٭

اِمارت (اِ مَا - رَت) (ع) مؤنث۔ امیری۔ سرداری۔ حکومت۔ دولت مندی ٭

اَمّارہ (اَم - مَا - رَہ) (ع) مذکر (۱) بُرے کاموں کا حکم دینے والا (۲) ظالم۔ سرکش ٭

اماکن (اَ مَا - کِن) (ع) مذکر۔ مکان کی جمع الجمع۔ مقامات۔ جگہیں ٭

اماکنِ شریفہ / اماکنِ مقدسہ } (ع) مذکر۔ زیارت گاہیں۔ مقدس مقامات ٭

اِمالہ (اِ مَا - لَہ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) مائل کرنا (۲) (اصطلاحی) ہ یا الف کو جمع کی حالت میں یا حرف ربط کے ساتھ ے بنانا، جیسے درجہ سے درجے۔ کوٹھے پر وغیرہ۔ تفصیل کے لیے دیکھیے "قواعدِ اردو" ٭

اِمام (اِ مَام) (ع) مذکر (۱) ہادی۔ پیشوا۔ رہبر۔ لیڈر۔ اگوا (۲) امامت کرنے والا۔ نماز پڑھانے والا (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۳) تسبیح کا وہ لمبا دانہ، جو سب دانوں سے الگ شمار اور ان کے ساتھ سرے پر گندھا ہوتا ہے ٭ امامِ اعظم (ع) مذکر۔ چاروں اماموں میں سے پہلے امام۔ فرقۂ حنفیہ ان کا پیرو ہے (دیکھیے ابوحنیفہ) ٭ امام باڑا (ف) مذکر۔ وہ مکان، جو خاص تعزیہ داری کے لیے بنایا جاتا ہے۔ مجلس خانہ۔ تعزیہ خانہ ٭ امام رازیؒ (ع) مذکر۔ امام فخرالدین محمد بن ضیاءالدین بن عمر۔ کتاب بینن، حدائق الانوار، کتاب المحصل اور تفسیر کبیر ان کی مشہور تصانیف ہیں ٭ امام شافعیؒ (ع) مذکر۔ چاروں اماموں میں سے تیسرے امام۔ ابوعبداللہ محمد ابن ادریس ناصر الحدیث۔ فرقۂ شافعیہ ان کا مقلد ہے ٭ امام ضامنؒ (ع) مذکر۔ شیعہ حضرات کے بارہ اماموں میں سے آٹھویں امام حضرت علی موسیٰ رضاؑ ٭ امام غزالیؒ (ع) مذکر۔ حجۃ الاسلام زین الدین ابو حامد محمد۔ وہ مذہباً شافعی، بہت بڑے عالم، فقیہ، محدث، صوفی اور مصنف تھے

ان کی مختصر تصانیف میں سے احیاء العلوم، الدرۃ الفاخرہ، بدایۃ الہدایہ، کیمیائے سعادت، میزان العمل اور مقاصد الفلاسفہ زیادہ مشہور ہیں ۔

امام مالکؒ (ع) مذکر۔ چار اماموں میں سے دوسرے امام۔ حضرت امام شافعیؒ اور حضرت امام ذوالنونؒ ان کے شاگرد تھے۔ حدیث کی کتاب مؤطا ان کی مشہور تصنیف ہے ۔

امامت (اِ۔مَا۔مَت) (ع) مؤنث (۱) نماز میں امام ہونا۔ اِقتدا کے برعکس (۲) پیشوائی۔ رہبری۔ رہنمائی ۔

امامیہ (اِ۔مَا۔مِی۔یَہ) (ع) مذکر۔ شیعہ۔ اہل تشیع ۔

اماں (اَم۔ماں) (ہ) مؤنث (۱) ماں۔ ماتا۔ مادر۔ والدہ۔ اُم (۲) بڑے رشتے والیوں کے لقب کے ساتھ بھی یہ لفظ ملایا جاتا ہے۔ جیسے خالہ اماں۔ پھوپھی اماں وغیرہ ۔ **اماں باوا** (ہ) مذکر۔ ماں باپ ۔ **اماں جان (رجانی)** (ہ) مؤنث۔ ماں ۔

امان (اَ۔مان) (ع) مؤنث (۱) پناہ۔ حفاظت (۲) عافیت۔ آسائش۔ آرام ۔ **امان پانا** (ہ) محفوظ رہنا۔ پناہ ملنا ۔ **امان مانگنا** (ہ) پناہ مانگنا ۔

امانا (اَ۔مَا۔نا) (ہ) بھر جانا ۔

امانت (اَ۔مَا۔نَت) (ع) مؤنث (۱) سپرد کی ہوئی چیز (۲) ایمان داری (۳) (قانون) پیمائش کا کام۔ بندوبست میں پیمائش کرنے والے افسر کا عہدہ ۔ **امانت جاری** (ع) مؤنث۔ استقلال کی مال گزاری ۔ **امانت خانی زردہ** (ہ) مذکر۔ کھانے کا تمباکو، جسے امیر امانت خان نے رواج دیا ۔ **امانت دار** (ع۔ف) مذکر (۱) جس کی حفاظت میں کوئی چیز رکھوائی گئی ہو (۲) امین۔ معتمد ۔ **امانت رکھنا** (ہ) حفاظت کی غرض سے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا ۔ **امانت کی طرح رکھنا** (ہ) نہایت حفاظت اور احتیاط سے رکھنا ۔ **امانت گزار** (ع۔ف) مذکر۔ وہ شخص، جو کوئی چیز امانت میں رکھے ۔ **امانت میں خیانت** (ہ) کسی کی سپرد کی ہوئی چیز میں تصرف ہونا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **امانت میں خیانت تو زمین بھی نہیں کرتی** (ہ) مقولہ۔ کہتے ہیں کہ سپرد کر دینے سے زمین تک لاش میں تصرف نہیں کرتی، اس لیے امانت میں خیانت ہو جانے پر یہ مقولہ بطور ملامت و الزام کہا جاتا ہے ۔ **امانت نامہ** (ع۔ف) مذکر۔ کوئی چیز امانت رکھنے کی دستاویز ۔

امانی (اَ۔مَا۔نِی) (ہ) مؤنث۔ اجارے کے برعکس۔ وہ کام جس کا ٹھیکہ نہ دیا جائے اور اپنے طور پر بنوایا جائے ۔ **امانی آبادی، اجارہ اجاڑا** (ہ) مثل۔ امانی میں کام اچھا بنتا ہے اور ٹھیکے میں خراب ۔

اماوس (اَ۔ما۔وَس) (ہ) مؤنث۔ پاکھ کی پندرھویں تاریخ۔ قمری مہینے کا آخری دن جس میں چاند چھپا رہتا ہے ۔

امبر (اَم۔بَر) (ہ) مذکر (۱) (لغوی) چادر (۲) آسمان۔ اکاس (۳) بادل (۴) راجے کی پوشاک ۔

امبولنس (اَم۔بُو۔لَنس) (انگ۔ Ambulance) مذکر (۱) سفری شفاخانہ۔ جنگی ہسپتال، جو فوج کے ساتھ ساتھ جاتا ہے (۲) بیماروں یا زخمیوں کی گاڑی یا ڈولی ۔

امبیا (اَم۔بِ۔یَا) (ہ) مؤنث۔ کچا آم۔ کیری ۔

امپائر (اَم۔پا۔اِر) (انگ۔ Empire) مؤنث۔ سلطنت۔ حکومت۔ راج ۔

امپرر (اَم۔پِ۔رَر) (انگ۔ Emperor) مذکر۔ شہنشاہ۔ چکرورتی راجا ۔ **امپرر آف انڈیا** (انگ۔ Emperor of India) ہندوستان کا بادشاہ۔ قیصرہند ۔

امپورٹ (اِم۔پورٹ) (انگ۔ Import) مذکر۔ کسی ملک کی تجارتی اشیاء جو باہر سے آئیں۔ مال درآمد ۔

امپیریل (اِم۔پِی۔رِیَل) (انگ۔ Imperial) شاہی۔ بادشاہی ۔ **امپیریل کونسل** (انگ۔ Imperial Council) مؤنث۔ (۱) شاہی مجلس۔ وہ گروہ، جس کے مشورے سے حکومت کی جائے (۲) (مجازاً) (قبل تقسیم) ہندوستان کے وائسرائے کی مجلس ۔

اُمت (اُم۔مَت) (ع) مؤنث۔ وہ گروہ یا قوم، جو کسی پیغمبر کی پیرو ہو ۔ **اُمتی** (ف۔ع) (۱) (یائے نسبت) اُمت کے لوگ (۲) (یائے متکلم) میری اُمت ۔

اِمتثال (اِم۔تِ۔ثال) (ع) مذکر (۱) حکم ماننا (۲) کسی سے مثل بیان کرنا۔ داستان کہنا (۳) تصور کرنا (۴) کسی کی پیروی کرنا (۵) خون کا بدلا لینا ۔ **اِمتثالِ امر** (ع) مذکر۔ حکم کی تعمیل ۔

امتحان (اِم۔تِحان) (ع) مذکر (۱) آزمائش۔ جانچ (۲) آزمانا (۳) کسی کو مصیبت میں ڈالنا ۔ **امتحان پاس کرنا** (ہ) (۱) کامیاب ہونا (۲) آزمائش میں پورا اترنا ۔ **امتحان پر آنا** (ہ) آزمانے کے لیے تیار ہونا ۔ **امتحان دینا** (ہ) جانچ کرانا۔ اپنے آپ کو آزمائش کے میدان میں لانا ۔

امتحان کرنا / امتحان لینا (ہ) آزمانا۔ جانچنا۔ آزمائش کرنا ۔

امتحان میں ٹھہرنا (ہ) آزمائش میں ثابت قدم رہنا ۔

امتداد (اِم۔تِداد) (ع) مذکر (۱) درازی۔ طول۔ لمبائی (۲) زمانہ۔ مدت (۳) دراز اور کشیدہ ہونا ۔

اِمتزاج (اِم۔تِزاج) (ع) مذکر (۱) آمیزش کرنا۔ ملانا۔ مرتب کرنا (۲) آمیزش ہونا۔ آمیزش۔ ملاوٹ ۔ **امتزاج کیمیائی** (ع۔ف) مذکر۔ دو یا زیادہ مختلف خاصیتوں کی چیزیں ملا کر ایک نئی مختلف الخواص چیز پیدا کرنا ۔

امتلا (اِم۔تِلا) (ع) مذکر و مؤنث (۱) معدے کا غذا سے یا جسم کا مادے سے بھرا ہونا۔ خلا کے برعکس (۲) بدہضمی (۳) جی متلانا ۔

امتناع (اِم۔تِناع) (ع) مذکر (۱) منع کرنا۔ روکنا (۲) ممانعت۔ روک ۔

اِمتنان (اِم۔ تِنَان) (ع) مذکر۔ احسان کرنا ❊

اِمتیاز (اِم۔ تِیَاز) (ع) مذکر (۱) تمیز۔ تفریق (۲) شعور۔ سمجھ (۳) ترجیح ❊
امتیاز نامہ (ع۔ ف) مذکر۔ لائسنس ❊ **امتیازی حقوق** (ع۔ ف) مذکر۔ وہ بخشش یا رعایت، جو کسی جماعت یا فرد کو اس کے عہدے کے باعث حاصل ہو اور اسے دوسروں سے ممتاز بنا دے ❊

امٹ (اَمِٹ) (ہ) نہ مٹنے والا۔ لازوال۔ غیر فانی۔ پختہ۔ مستحکم ❊

امٹھنا (اَمُٹھ۔ نا) (ہ) بل کھانا ❊

اَمثال (اَم۔ ثَال) (ع) مذکر و مؤنث (۱) مَثل کی جمع۔ کہاوتیں (۲) مِثل کی جمع۔ برابر والے۔ ہم مرتبہ۔ ہم صورت۔ مانند ❊

اَمثلہ (اَم۔ ثِلَہ) (ع) مذکر و مؤنث۔ مثال کی جمع۔ مثالیں ❊

اَم جانا (ہ) اعضا کا بھاری ہو جانا۔ شل ہو جانا۔ بھر جانا ❊

امجد (اَم۔ جَد) (ع) نہایت بزرگ ❊

امچور (اَم۔ چُور) (ہ) مذکر (۱) کچے آم کی سوکھی پھانکیں۔ آم کی کھٹائی (۲) بہت دبلا اور سوکھا ہوا آدمی ❊

اِمداد (اِم۔ دَاد) (ع) مؤنث (۱) مدد۔ سلوک۔ اعانت۔ حمایت۔ سہارا (۲) مدد کرنا ❊ **امدادِ باہمی** (ع۔ ف) مؤنث۔ کسی مقصد کے حصول کے لیے مختلف جماعتوں کا آپس میں ملنا ❊ **امداد چاہنا** (ف) اعانت کی درخواست کرنا۔ مدد مانگنا ❊ **اِمدادِ قحط** (ع) مؤنث۔ وہ امداد جو قحط زدہ لوگوں کو دی جائے ❊ **اِمداد کرنا** (ف) مدد کرنا ❊ **اِمداد مانگنا** (ف) مدد چاہنا ❊ **امدادی** (ع۔ ف) (۱) وہ کام جس میں کسی کی امداد شامل ہو (۲) مدد کیا ہوا۔ سہارا دیا ہوا۔ وسیلے والا ❊

اَمر (اَمْر) (ع) مذکر (۱) حکم (۲) بات (۳) کام۔ فعل (۴) معاملہ۔ باب (۵) مسئلہ (۶) (قواعد) وہ فعل، جس میں حکم پایا جائے ❊ **امرِ تنقیح طلب** (ع) مذکر۔ وہ امر جس میں کسی بات کی تشریح یا تفصیل درکار ہو۔ وہ تصفیہ طلب امر، جو عدالت مقدمے کی کارروائی سن کر آئندہ فیصلے کی آسانی کے لیے مقرر کر دیتی ہے ❊ **امرِ غیر منقولہ** (ع) مذکر۔ وہ بات، جو مقدمے کی بحث سے خارج ہو ❊ **امرِ معروف** (ع) مذکر۔ اچھے کام کا حکم دینا ❊ **امر و نہی** (ع) مذکر۔ حکم اور ممانعت۔ کرنے اور نہ کرنے کے کام ❊

اَمَر (اَمَر) (ہ) (۱) نہ مرنے والا (۲) لازوال (۳) مذکر۔ ایشور کا ایک نام (۴) دیوتا (۵) آم کا درخت ❊ **اَمَر لوک** (س) مذکر۔ دیوتاؤں کی دنیا۔ بہشت۔ جنت۔ سورگ۔ عالمِ بقا ❊

اُمرا (اُم۔ رَا) (ع) مذکر۔ امیر کی جمع (۱) دولت مند۔ معزز۔ مال دار۔ رئیس (۲) ارکانِ سلطنت ❊

امراض (اَم۔ رَاض) (ع) مذکر۔ مرض کی جمع۔ بیماریاں۔ عارضے۔ روگ۔ دکھ ❊

امر بیل (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "آکاس بیل"۔ اسے اَمَل بیل بھی کہتے ہیں ❊

امرت (اَم۔ رِت) (ہ) مذکر (۱) اکسیر۔ آبِ حیات۔ زہر کے برعکس (۲) شہد۔ شربت (۳) (مجازاً) بہت مزے دار اور شیریں چیز ❊ **اَمرِت بانی** (س) مؤنث۔ میٹھی باتیں۔ فصیح گفتگو۔ خوش کلامی ❊ **امرتی** (اَم۔ رِتی، اِم۔ رَتی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی، جو جلیبیوں سے ملتی جلتی ہے ❊

امرد (اَم۔ رَد) (ع) مذکر۔ نوعمر خوب صورت لڑکا۔ وہ لڑکا، جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ آئی ہو ❊

امرس (اَم۔ رَس) (ہ) مذکر۔ پکے آم کا نچوڑا ہوا رس، جو کسی کپڑے یا برتن میں پھیلا کر خشک کر لیا جائے ❊

امرود (اَم۔ رُود) (ف) مذکر۔ ایک مشہور پھل، جو الٰہ آباد میں زیادہ اچھا ہوتا ہے ❊

اِمروز (اِم۔ رُوز) (ف) آج ❊ **اِمروز فردا** (ف) مؤنث (۱) آج کل (۲) ٹال مٹول، حیلہ حوالہ (۳) (یقین کے ساتھ) عنقریب۔ جلد ❊ **امروز فردا کرنا** (ف) آج کل کرنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ ٹالنا ❊

اَمریاں (اَم۔ رِی۔ یَاں) (ہ) (۱) آموں کا باغ (۲) دہلی (قطب صاحب) میں ایک باغ کا نام ❊

امریکن (اَم۔ رِی۔ کَن) (مہند) (انگ۔ اَمیرِیکَن - American) (۱) امریکہ کا رہنے والا (۲) امریکہ سے نسبت رکھنے والا ❊ **اَمرِیکہ** (مہند) (انگ۔ اَمیرِیکا - America) مذکر۔ ایک براعظم، جو کولمبس نے ۱۴۹۲ء میں دریافت کیا تھا ❊

امزجہ (اَم۔ زِجَہ) (ع) مذکر۔ مزاج کی جمع ❊

اُمَس (اُمَس) (ہ) مؤنث۔ گھمس۔ حبس۔ وہ گھٹی ہوئی گرمی، جو برسات میں ہوا نہ چلنے سے ہوتی ہے ❊

اِمساک (اِم۔ سَاک) (ع) مذکر (۱) رکاوٹ۔ کھینچ (۲) رکنا۔ ٹھہرنا (۳) کمی۔ دیر (۴) کنجوسی۔ خِسّت۔ بخل (۵) مباشرت کے وقت منی کا دیر سے نکلنا ❊
اِمساکِ باراں (ع۔ ف) مذکر۔ مینہ کا نہ برسنا۔ بارش نہ ہونا۔ خشک سالی۔

اِمسال (اِم۔ سَال) (ف) مذکر۔ اب کے برس۔ اس سال ❊

اِمشب (اِم۔ شَب) (ف) مؤنث۔ آج کی رات۔ اس رات ❊

اَمصار (اَم۔ صَار) (ع) مذکر۔ مصر کی جمع۔ شہر ❊

امعان (اِم۔ عَان) (ع) مذکر (۱) خوب سوچنا۔ گہری نظر کرنا (۲) گہرا سوچ۔ غور ❊

امکا ڈھمکا (اَم۔ کا، ڈھم۔ کا) (ہ) مذکر۔ (عو) (تحقیراً) ایسا ویسا۔ ایرا غیرا۔ یہ۔ وہ ❊

امکان (اِم۔ کَان) (ع) مذکر (۱) طاقت۔ مجال (۲) مقدرت۔ مقدور (۳) اختیار۔ قابو (۴) قِدم کے برعکس۔ عالمِ فانی۔ ناپائدار دنیا ❊ **امکانی** (ع۔ ف) امکان سے نسبت رکھنے والا۔ جو ہو سکے، ممکن ❊

امک ڈھمک (اَمَک۔ ڈھَمَک) (ہ) مؤنث (عو) (۱) ایرا غیرا (۲) الم غلم۔ نکمّی اور خراب چیزیں ۔

اُمگا (اُم۔ گا) (ہ) (۱) بھرا (۲) اُبھرا ہوا ۔

اَمَل (اَمَل) (ع) مؤنث۔ اُمید ۔

اَمَل (اَمَل) (ہ) مذکر۔ نشہ (شراب کے نشہ)۔ امل پانی کرنا۔ نشہ پانی کرنا۔ نشہ پینا، بھنگ پینا ۔

اِملا (اِم۔ لا) (ع) مذکر و مؤنث (۱) رسم الخط کے مطابق لکھنا (۲) وہ عبارت، جو مبتدی کو رسم الخط کی درستی کے لیے لکھاتے ہیں ۔

املاک (اَم۔ لاک) (ع) مؤنث۔ ملک کی جمع۔ جاگیر۔ جائداد۔ مال اسباب ۔

اَمَل بَید (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا نہایت ترش لیموں ۔

اَمَل پتّی (ہ) مؤنث۔ چپٹی ترپن کی سلائی، جو اکثر املی کی پتّی کے برابر چوڑی ترپا جاتی ہے ۔

املتاس (اَمَل۔ تاس) (ہ) مذکر۔ ایک درخت کی پھلی ۔

املنا (اَمَل۔ نا) (ہ) دانت کُند ہونا ۔

اِملی (اِم۔ لی) (ہ) مؤنث۔ ایک مشہور بڑا درخت اور اُس کی پھلی۔ کٹارا۔ تمر ہندی ۔

اُمَم (اُمَم) (ع) مؤنث۔ اُمّت کی جمع۔ اُمّتیں ۔

امن (اَمن) (ع) مذکر (۱) حفاظت۔ پناہ (۲) آرام۔ دل جمعی۔ اطمینان ۔ امن چین (ہ) مذکر۔ اطمینان و آرام۔ خیریت و سکون ۔ امن وامان (ع۔ ف) مذکر۔ آرام۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ حفظ و امان ۔

اُمنڈنا (اُمَنڈ۔ نا) (ہ) (۱) جوش پر آنا (۲) بھر آنا (۳) (ابر اور بادل کے ساتھ) چھا جانا۔ گھر آنا (۴) مجمع کرنا۔ ہجوم کرنا (۵) طغیانی پر آنا۔ چڑھنا ۔

اُمنگ (اُمَنگ) (ہ) مؤنث۔ ولولہ۔ ترنگ۔ شوق۔ چاؤ۔ جوش۔ گدگداہٹ ۔

اموا (اَم۔ وا) (ہ) مذکر۔ آم ۔ اَموا (ہ) گہرا سبز رنگ۔ آم کے رنگ جیسا رنگ ۔

اموات (اَم۔ وات) (ع) (۱) مؤنث۔ موت کی جمع۔ موتیں (۲) مذکر و مؤنث۔ میّت کی جمع۔ لاشیں ۔

امواج (اَم۔ واج) (ع) مؤنث۔ موج کی جمع۔ لہریں ۔

اموال (اَم۔ وال) (ع) مذکر۔ مال کی جمع۔ مال و دولت۔ روپیہ پیسا ۔

اُمور (اُمور) (ع) مذکر۔ امر کی جمع (۱) بہت سے کام (۲) باتیں (۳) احکام۔ فرامین ۔ اُمورِ ملکی (ع۔ ف) مذکر۔ ملک کے متعلق کام یا باتیں۔ مہام سلطنت ۔

امونیا (انگ) دیکھیے "ایمونیا" ۔

اُمّہات (اُم۔ مہات) (ع) مؤنث۔ اُمّ کی جمع۔ مائیں ۔

اَمّی (اَم۔ می) (ہ) مؤنث (۱) ماں (۲) سوتیلی ماں ۔ اَمّی جان۔ امی جانی (ہ) (عو) پیار سے ماں کو اور اُس کے علاوہ بڑی رشتے والیوں کو کہتی ہیں ۔

امیٹھنا (اَ۔ میٹھ۔ نا) (ہ) (۱) اینٹھنا (۲) بل دینا۔ مروڑنا ۔

امی ٹیشن (اِمی۔ ٹے۔ شن) (انگ۔ Imitation) مذکر۔ مصنوعی جواہر۔ ملمع ۔

امی جمی (ہ) مؤنث۔ خیریت۔ بے فکری کا زمانہ۔ سکون اور اطمینان کی حالت ۔

اُمّید (اُم۔ مید) (ف) مؤنث (۱) توقع۔ آس (۲) خواہش۔ آرزو (۳) حمل ۔ اُمّید اُٹھ جانا (ہ) توقع نہ رہنا۔ آسرا جاتا رہنا ۔ اُمّید بر آنا (ہ) مقصود حاصل ہونا۔ آرزو پوری ہونا ۔ اُمّید بر لانا (ہ) آرزو پوری کرنا ۔ اُمّید بندھانا (ہ) ڈھارس دینا ۔ اُمّید بندھنا (ہ) آسرا پڑنا ۔ اُمّید پڑنا (ہ) آسرا بندھنا ۔ اُمّید توڑنا (ہ) آسرا توڑنا ۔ اُمّید ٹوٹنا (ہ) ناامیدی ہونا۔ یاس ہونا ۔ اُمّید دلانا (ہ) سہارا دینا ۔ اُمّید سے ہونا (ہ) حاملہ ہونا ۔ اُمّید قطع کرنا (ہ) توقع نہ رکھنا۔ آسرا چھوڑ دینا ۔ اُمّید قطع (منقطع) ہونا (ہ) توقع نہ رہنا ۔ اُمّید کرنا (ہ) اُمّید رکھنا ۔ اُمّیدگاہ (ف) مؤنث۔ اُمّید کی جگہ۔ جس پر اُمّید ہو ۔ اُمّید لگائے بیٹھے ہیں (ہ) اُمّیدوار ہیں۔ آسرے میں ہیں ۔ اُمّید لگی ہے (ہ) سہارا باقی ہے۔ آسرا لگا ہے ۔ اُمّیدوار (ف) (۱) آرزو مند۔ توقع رکھنے والا (۲) ملازمت کا اُمّیدوار۔ اپرنٹس ۔ اُمّیدوار کرنا (ہ) (۱) آسرا دینا (۲) کسی بات کا وعدہ کرنا ۔ اُمّید و بیم (ف) مؤنث۔ اُمّید اور ڈر۔ تسلّی اور خوف کی حالت، جس میں طبیعت کو یکسوئی اور سکون نہ ہو ۔

امیر (اَ۔ میر) (ع) مذکر (۱) دولت مند۔ رئیس۔ بڑا آدمی (۲) سردار۔ افسر (۳) والیٔ کابل کا لقب (۴) منشی امیر احمد لکھنوی مرحوم کا تخلص ۔

اَمیرُ الاُمرا (ع) مذکر۔ نہایت دولت مند۔ بہت بڑا رئیس ۔ اَمیرُ البحر (ع) مذکر۔ بحری فوج کا افسر۔ میر بحر ۔ اَمیرُ المومنین (ع) مذکر۔ مسلمانوں کا سردار۔ اسلام کا اعلیٰ حاکم۔ خلیفۂ وقت ۔ امیر خسرو (ع۔ ف) مذکر۔ دہلی کے مشہور شاعر اور صوفی۔ سلطان بلبن کے عہد میں اس کے ولی عہد سلطان محمد کے رفیق۔ حضرت نظام الدین محبوب الٰہی کے خلیفہ اور فارسی کے بہت بڑے سخنور تھے ۔ امیرزادہ (ف) مذکر۔ امیر کا بیٹا ۔ امیر کو جان پیاری، فقیر کو ایک دم بھاری (ہ) مقولہ۔ امیر کو مرنا اور فقیر کو جینا پسند نہیں ۔ امیر کے پڑوس میں خدا قبر بھی نہ بنوائے (ہ) مقولہ۔ مال دار ہمسایے سے ہر طرح دکھ پہنچتا ہے ۔ امیرانہ (ف) امیروں جیسا ۔ امیرانہ کارخانہ (ف) مذکر۔ امیروں جیسا ساز و سامان ۔ امیری (ع۔ ف) مؤنث۔ دولت مندی۔ ریاست۔ حکومت ۔ امیری اور فقیری کی بو چالیس برس تک نہیں جاتی (ہ) مقولہ۔ امارت اور فقر کا اثر بڑی مشکل

سے جاتا ہے ÷ امیری کارخانہ ہے (ف) (۱) بیرون جیسا انتظام اور ساز و سامان ہے (۲) طنزاً وہاں بولتے ہیں، جہاں بہت زیادہ فضول خرچی ہوتی ہو ÷

امین (اَمِیْن) (ع) (۱) معتمد۔ امانت دار (۲) (ل) بندوبست میں پیمائش کرنے والا عہدہ دار (۳) مال کی عدالت میں بٹوارا کرنے والا (۴) دیوانی عدالت میں "مدیون ڈگری" کی جائداد قرق کرنے اور جانچنے والا ÷ اَمِیْنُ المِلّتْ، اَمِیْنُ الدَّوْلہ (ع) مذکر (۱) مذہب کا امانت دار۔ سلطنت کا داہنا ہاتھ (۲) سلطان محمود غزنوی کا خطاب ÷ امین سرکاری (ع۔ ف) مذکر۔ وہ معتمد یا عہدہ دار جو سرکار کی طرف سے عوام کے لیے مقرر ہو، یا عوام خود اسے منتخب کر لیں ÷

ا ۔ ن

اَن (اَن) (س) (ہندی) پرایا ÷

اَنّ (اَنّ) (س) مذکر (ہندی) اناج۔ غلہ ÷

اَنّ پانی / اَنّ جل (ہ) مذکر۔ دانہ پانی۔ کھانا پینا ÷

اَنّ داتا (ہ) مذکر (۱) روٹی دینے والا۔ پالنے والا۔ رزاق (۲) آقا۔ سردار۔ خداوند نعمت۔ مالک ÷ اَنّ کا کیڑا (ہ) مذکر۔ آدمی۔ انسان ÷

اَن (اَن) (ہ) نفی کا کلمہ ÷ اَن بَن (ہ) مؤنث۔ بگاڑ۔ رنجش۔ رکاوٹ۔ ناانصافی (ہونا کے ساتھ) ÷ اَن بھول (ہ) مؤنث (۱) لاعلمی (۲) سہو۔ غلطی۔ بھول (۳) سادہ مزاجی (۴) مذکر و مؤنث۔ بچہ (۵) (صفت) ناتجربہ کار۔ انجان۔ ناواقف ÷ اَن پڑھ (ہ) بے پڑھا۔ ناخواندہ۔ جاہل۔ اُمّی ÷ اَن جان ، انجان (ہ) ناواقف۔ اجنبی۔ بیگانہ ÷ اَن جان (انجان) بننا (ہ) جان بوجھ کر نادان بننا ÷

اَن دیکھا / اَن دیکھی (ہ) بے دیکھے۔ نادیدہ۔ غائب۔ مخفی ÷

اَن سمجھ (ہ) بے سمجھ۔ بیوقوف۔ بچہ ÷ اَن سُنی (ہ) بغیر سنی ہوئی بات۔ عجیب ÷ اَن کہی (ہ) مؤنث (۱) جو بات کہنے کے لائق نہ ہو۔ برا بھلا (۲) خدا کی توحید کو ظاہر کرنے والے وہ الفاظ، جو ہندو لوگ زندگی سے ناامید بیمار کی سختی نزع کو آسان کرنے کے لیے اس سے کہلواتے ہیں ÷ اَن گنا برس (ہ) مذکر (عو) بچے کی عمر کا آٹھواں سال ÷ اَن گنا مہینا (ہ) مذکر (عو) حمل کا آٹھواں مہینا ÷

اَن گِنت / اَن گِنتی (ہ) (عو) بے شمار۔ لاتعداد۔ جو گنا نہ جا سکے ÷

اَن گھڑ (ہ) (۱) ناموزوں۔ بے ڈول۔ بد قطع (۲) بیہودہ۔ بے ڈھنگا۔ بے سلیقہ ÷ اَن گھڑت بات (ہ) مؤنث۔ بے تکی اٹکل پچو بات ÷

اَن مَت (ہ) بے وقوف ÷ اَن مِل (ہ) نامناسب۔ ناموافق۔ ناموزوں ÷ اَن مِل بے جوڑ (۱) بے تکی باتیں ÷ اَن مِلا (ہ) (صفت مذکر) جو مل جل کر نہ رہے۔ بیگانہ خو ÷ اَن مِلی (ہ) (صفت مؤنث) (۱) بے ربط، بے جوڑ کلام (۲) ہندی میں چند بے جوڑ چیزیں، جو نظم یا نثر میں لائی جاتی ہیں (دہلی میں اسے "اَن مل" کہتے ہیں) ÷ اَن مَنا۔ اَن مَنی (ہ) (عو) بیمار۔ ناساز ÷ اَن مول (ہ) نہایت نادر۔ بے حد عمدہ۔ بے بہا ÷ اَن میل (ہ) بے جوڑ، کھرا۔ بے میل ÷ اَن ہوا (ہ) غیر شخص ÷ اَن ہونت (ہ) مؤنث (عو) مفلسی۔ ناداری ÷ اَن ہونی (ہ) نہ ہونے والی بات۔ ناممکن۔ محال ÷ اَن ہونی ہونی نہیں اور ہونی ہون ہار (ہ) مقولہ۔ نہ ہونے والی بات نہیں ہو سکتی اور ہونے والی ہو کر رہتی ہے ÷

اِن (اِن) (ہ) اشارۂ قریب۔ جمع کے لیے اور کبھی تعظیماً واحد کے لیے بھی ÷ اِن آنکھوں سے کیا کیا نہیں دیکھا (ہ) (۱) بہت کچھ دیکھ چکے ہیں، بہت تجربہ ہو چکا ہے (۲) طرح طرح کے صدمے اٹھائے ہوئے ہیں۔ بڑی بڑی مصیبتیں جھیل چکے ہیں ÷ اِن باتوں میں کیا رکھا ہے (ہ) یہ باتیں بے فائدہ ہیں۔ یہ حرکتیں بے ہودہ اور بے نتیجہ ہیں ÷ اِن بیچاروں نے ہینگ کہاں پائی ہے (ہ) (۱) یہ اس لائق کہاں ؟ (۲) انھیں اتنی عقل کہاں ÷ اِن تلوں میں تیل نہیں (ہ) از حد بے لحاظ ہیں۔ رکھائی کرتے ہیں۔ پسیجتے نہیں ÷ اِن روزوں (ہ) اِس زمانے میں۔ آج کل۔ ہمارے زمانے میں ÷ اِن مولوں کیا منہگا ہے ؟ اس طریق سے ہاتھ لگے تو کوئی حرج نہیں ÷ اِن نینن کا یہی لیکھ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ (ہ) مقولہ (۱) آنکھوں کا کام ہے کہ اچھا برا جو سامنے آئے، اسے دیکھیں (۲) انسان کو چاہیے کہ دکھ سکھ، مصیبت اور عیش سب کو ہنسی خوشی گزار دے (۳) دنیا کبھی ایک حال پر نہیں رہتی ÷

اُن (اُن) (ہ) اشارۂ بعید۔ جمع اور تعظیم کے لیے ÷ اُن دنوں۔ اُن روزوں (ہ) اُس زمانے میں۔ اُس وقت ÷ اُن کی سی کہنا (ہ) (اُن کی جگہ دوسری ضمیروں کے ساتھ بھی استعمال میں ہے) کسی کی طرف داری کرنا ÷ اُن کے پیشاب سے چراغ جلتا ہے (ہ) اُن کی بڑی حکومت ہے۔ بڑا سکہ بیٹھا ہوا ہے۔ بڑا رعب ہے ÷ اُن کے چاٹے روکھ نہیں رہے (ہ) جو اس کے قبضے میں آگیا، تباہ ہو گیا۔ بڑا ٹھگ ہے۔ بڑا چالاک ہے۔ گھاؤ گھپ ہے ÷

اَنّا (اَن۔نا) (ت) مؤنث۔ دایہ۔ وہ عورت، جو بچوں کو دودھ پلانے کی غرض سے نوکر رکھی جاتی ہے ÷ انّا وداوا لے (ہ) (لکھنؤ) (۱) وہ سپاہی، جو عہد شاہی میں انّا دوا کی سفارش سے فوج میں بھرتی کیے جاتے تھے (۲) ایسے ویسے۔ غیر شریف (۳) (مجازاً) عورتوں کی کمائی پر گزارہ کرنے والے ÷

اَنا الحق (اَ نَلْ۔حَق) (ع) مذکر۔ میں خدا ہوں۔ حضرت منصور رح محویت اور مستی کے عالم میں یہ کلمہ کہا کرتے تھے، اس لیے وہ علماء کے فتوے سے سولی پر چڑھا دیے گئے ÷

اِنابت (اِنابَت) (ع) مؤنث۔ خدا کی طرف رجوع کرنا ÷

اَنابیب (اَنَا۔بِیْب) (ع) مؤنث۔ انبوب کی جمع (۱) نرکل کی پوریں (۲) نالیاں۔ واٹر ورکس۔ پانی کے نل ✽ **اَنابِیبِ شَعرِی** (ع) مؤنث (۱) بال جیسی باریک پوریں (۲) بتی اور مسری جیسے سوراخ ✽

اناپ شناپ (اَنَاپ، شَنَاپ) (ہ) (۱) بیہودہ اور مہمل کام فضول اور بےمعنی باتیں۔ اوٹ پٹانگ (۲) بے سمجھے بوجھے۔ بے سوچ بچار۔ اندھا دھند ✽

اناٹومی (اَنَا۔ٹُو۔مِی) (انگ۔ Anatomy) مؤنث (۱) چیر پھاڑ (۲) علم تشریح، جس میں جسمانی ساخت سے بحث ہوتی ہے (۳) علم الابدان (۴) تحلیل۔ تجزیہ (۵) ڈھانچا (۶) ممی ✽

اناث (اِنَاث) (ع) مؤنث۔ اُنثیٰ (مادہ) کی جمع۔ عورتیں ✽

اناج (اَنَاج) (ہ) مذکر۔ غلہ۔ جنس ✽ **اناج کا دشمن** (ہ) مذکر۔ زیادہ کھانے والا۔ کاہل وجود۔ سست۔ وہ شخص، جو کھائے تو بہت، لیکن کام کچھ نہ کرے ✽ **اناج کال نہیں ہے یہ راج کال ہے** (ہ) مثل۔ یہ مہنگائی اور قحط حکومت نے پیدا کیا ہے ✽

اناجیل (اَنَا۔جِیْل) (ع) مؤنث۔ انجیل کی جمع ✽ **اناجیل اربعہ** (ع) مؤنث۔ متی، مرقس، لوقا اور یوحنا کی چار انجیلیں۔ پہلے دو شخص حواریٔ مسیحؑ ہیں اور تیسرے چوتھے تابعین میں سے یعنی مسیحؑ کے دیکھنے والے ✽

اناد (اَنَاد) (ہ) (ہندو) ازل۔ دُنیا کی پیدائش کا زمانہ۔ وہ زمانہ جس کا آغاز نہ ہو ✽ **انادی** (ہ) ازلی۔ ہمیشہ سے۔ دوامی ✽

انار (اَنَار) (ف) مذکر (۱) ایک مشہور پھل (۲) اس پھل کا درخت ✽ **انار دانہ** (ف) مذکر (۱) انار کے خشک کیے ہوئے ترش دانے (۲) ایک قسم کا چورن، جس میں انار کا دانہ بھی شامل ہوتا ہے (۳) ایک چارخانہ کپڑا، جس کا اکثر زنانہ لباس بنتا ہے ✽ **انار دانہ بنا ہوا ہے** (ہ) سُرخ و سفید ہے۔ موٹا تازہ بنا ہوا ہے ✽ **انار کلی** (ہ) (۱) مؤنث۔ انار کے پودے کا بے کھلا پھول (۲) اکبر بادشاہ کی کنیز زادی نادرہ بیگم کا عرف (۳) مذکر۔ لاہور کا ایک مشہور بازار ✽

انار (اَنَار) (ہ) مذکر۔ انار کی قطع کی آتش بازی ✽ (چھوڑنا، چھوڑنا کے ساتھ) ✽ **انار بھرنا** (ہ) آتش بازی کے انار میں بارود بھرنا ✽ **انار چلانا، چھوڑنا، داغنا** (ہ) آتش بازی کے انار میں آگ دینا ✽

انارا (اَنَا۔رَا) (ہ) مذکر۔ سرخ آنکھ کا کبوتر، جو گرہ باز ہوتا ہے۔ (دہلی میں اسے اناری کہتے ہیں) ✽

انارکسٹ (اَنَار۔کِسْٹ) (انگ۔ Anarchist) مذکر۔ ایک جماعت، جس کے اصول کے مطابق کوئی سلطنت نہ ہونی چاہیے۔ سلطنتِ شخصی کا دشمن۔ سلطنت کے تباہ و برباد کرنے کی سازش کرنے والا۔ انتہاپسند ✽

انارکی (اَنَارْکِی) (انگ۔ Anarchy) مؤنث۔ طوائف الملوکی۔ بغاوت۔ فوضویت۔ تراج۔ حکومت کے خلاف سازش اور شورش ✽

اناڑی (اَنَا۔ڑِی) (ہ) کھلاڑی کے برعکس۔ بے سلیقہ۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار۔ پھوہڑ ✽ **اناڑی پن** (ہ) مذکر۔ ناتجربہ کاری۔ حماقت ✽ **اناڑی کا سونا بارہ باٹ** (ہ) مثل۔ بدسلیقہ اور ناتجربہ کار آدمی اپنی چیز کی قدر نہیں کرتا۔ بیوقوف کسی کام سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ پھوہڑ کی قیمتی چیزیں کوڑیوں کے مول جاتی ہیں ✽

اُناسی (اُنَا۔سِی) (ہ) ۹، ۷۹۔ ستر اور نو۔ ہفتاد و نُہ ✽

اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون (ع) تحقیق ہم خُدا کے لیے ہیں اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ یہ قرآن عزیز کی ایک آیت ہے، جو کسی کے مرنے کی خبر سن کر یا مصیبت کے وقت پڑھی جاتی ہے۔ سب کو اُدھر ہی جانا ہے۔ سب کو مرنا ہے ✽

انام (اَنَام) (ع) مذکر۔ دنیا کے لوگ۔ مخلوق۔ خلقت۔ موجودات۔ دُنیا ✽

انامل (اَنَامِل) (ع) مذکر و مؤنث۔ انگلیاں۔ انگلیوں کے سرے ✽

انانیت (اَنَا۔نِی۔یَت) (ع) مؤنث۔ خودی۔ منی۔ گھمنڈ۔ غرور۔ پندار ✽

انبار (اَم۔بَار) (ف) مذکر (۱) تودہ۔ ڈھیر (۲) راس۔ ٹال (۳) خرمن۔ ذخیرہ۔ مخزن۔ گودام۔ میگزین ✽ ✽ (کر دینا، کرنا، لگانا، لگنا، ہونا کے ساتھ) ✽ **انبار خانہ** (ف) مذکر۔ دیکھیے انبار (۳) ✽

انباری (اَم۔بَارِی) (ہند) مؤنث۔ عماری۔ ہاتھی کی کاٹھی۔ ہودہ ✽

انبساط (اِم۔بِسَاط) (ع) مذکر و مؤنث۔ خوشی۔ شادمانی۔ خرمی ✽

انبعاث (اِم۔بِعَاث) (ع) مذکر (۱) اُٹھنا۔ کھڑا ہونا (۲) برانگیختہ ہونا ✽

انبوہ (اَم۔بُوہ) (ف) مذکر (۱) بھیڑ۔ ہجوم (۲) کثرت۔ بہتات۔ زیادتی (۳) ہنگامہ ✽

انبہ (اَم۔بَہ) (ف) مذکر (۱) آم کا پھل (۲) آم کا پیڑ ✽

انبیا (اَنْب۔یَا) (ہ) مؤنث۔ کچا آم، جس میں جالی نہ پڑی ہو۔ کیری ✽

انبیا (اَم۔بِیَا) (ع) مذکر۔ نبی کی جمع۔ رسول۔ پیغمبر۔ نبی ✽

انت (اَنْت) (س) مذکر۔ آخر۔ خاتمہ۔ انجام ✽ **انت بُرے کا بُرا، انت بھلے کا بھلا** (ہ) مقولہ۔ بُرے کام کا انجام بُرا اور اچھے کام کا انجام اچھا ہوتا ہے ✽ **انت کال** (ہ) مذکر۔ مرنے کے وقت جان نکلنے کی حالت۔ نزع۔ جان کنی ✽ **انت لینا** (ہ) نہایت دق کرنا ✽

انت بنت (ہ) مؤنث۔ بناؤ سنگار ✽

انتالیس (اُن۔تَا۔لِیْس) (ہ) ۳۹۔ تیس اور نو۔ سی و نُہ ✽

انتباہ (اِن۔تِبَاہ) (ع) مذکر (۱) آگاہی۔ اِطلاع۔ خبرداری (۲) خبردار کرنا (۳) خبردار ہونا ✽

اِنتخاب (اِن۔تِخَاب) (ع) مذکر (۱) چُننا۔ پسند کرنا (۲) چناؤ۔ پسندیدگی۔ چھانٹ (۳) الیکشن (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۴) چیدہ۔ منتخب۔ چُنا ہُوا ✽

انتر (اَن۔تَر) (ہ) مذکر۔ فرق۔ دُوری۔ فاصلہ ✽ **انتربید۔ انتربیدی** (ہ) مؤنث۔ دو دریاؤں کے درمیان کی زمین۔ دوآبہ ✽

انتر جامی (ہ) مذکر (۱) ہر چیز کا اندر۔ روح اعلیٰ (۲) برہما۔ شیوجی (۳، صفت) واقفِ حال۔ دانائے راز ❊ **انتر دوار** (ہ) مذکر۔ چور دروازہ ❊ **انتر دھیان** (ہ) مذکر (۱) قیاس سے باہر (۲) غائب غلّہ (۳) فنا فی اللہ ❊ **انتر منتر** (ہ) مذکر۔ ٹونا۔ جادو۔ جھاڑ پھونک ❊ **انترا** (اَن تَرا) (ہ) (۱) وسطی۔ درمیانی (۲) مذکر۔ ٹیک۔ کڑی (۳) گیت کا وہ ٹکڑا، جو آستائی کے بعد ہو۔ گانے کی چیز کا ٹکڑا سوا پہلے ٹکڑے کے۔ ٹیپ۔ بول۔ بند (۴) (لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح) ایک ضربِ دست۔ ہاتھ کی چوٹ (۵) محافظ۔ چوکیدار ❊

انتڑی (اَنت۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ رودہ۔ آنت ❊ **انتڑی میں روپ اور بقچی میں چھب** (ہ) مقولہ۔ غذا سے رنگ روپ نکلتا ہے اور لباس سے بدن کی زیبائش ہوتی ہے ❊ **انتڑیاں جلنا** (ہ) از حد بھوکا ہونا ❊ **انتڑیوں کا قل ہو اللہ پڑھنا (شروع کردینا)** (ر) بہت بھوک لگنا ❊ **انتڑیوں کو مسوس کر رہ جانا** (ر) بھوک کی شدید تکلیف سہنا۔ بھوک ضبط کرنا ❊

اِنتزاع (اِن۔ تِزاع) (ع) مذکر (۱) اکھڑنا۔ اکھاڑنا (۲) چھوڑنا ❊

اِنتساب (اِن۔ تِسا ب) (ع) مذکر (۱) تعلق۔ نسبت۔ لگاؤ۔ رشتہ۔ نسبت۔ سمبندھ ❊

اِنتشار (اِن۔ تِشار) (ع) مذکر (۱) پریشانی۔ گھبراہٹ۔ تردّد۔ فکر (۲) شہوت (ہونا کے ساتھ) (۳) پراگندہ ہونا۔ پھیلنا ❊ **اِنتشارِ حواس** مذکر (۱) ہوش کی پراگندگی (۲) حواس کا بجا نہ ہونا ❊

اِنتظار (اِن۔ تِظار) (ع) مذکر۔ راہ دیکھنا (رکھنا، کرنا، کھینچنا، ہونا کے ساتھ) "انتظاری" آج کل متروک اور غلط ہے ❊

اِنتظام (اِن۔ تِظام) (ع) مذکر (۱) اہتمام۔ بندوبست (۲) ترتیب (کرنا، ہونا کے ساتھ) **اِنتظام بیٹھنا** (ر) (دہلی) قاعدے سے بندوبست ہو جانا ❊ **اِنتظام دینا** (ر) آراستہ کرنا۔ ترتیب دینا (آج کل متروک ہے) ❊

اِنتفاع (اِن۔ تِفاع) (ع) مذکر (۱) نفع۔ فائدہ۔ حاصل۔ آمدنی (۲) نفع پانا۔ فائدہ حاصل کرنا ❊

اِنتقاد (اِن تِقاد) (ع) مذکر (۱) نکتہ چینی۔ تنقید۔ نقد و نظر (۲) پرکھنا (۳) نقد لینا۔ کھرا کھوٹا صاف کرنا ❊

اِنتقاض (اِن۔ تِقاض) (ع) مذکر۔ توڑ دینا ❊ **اِنتقاضِ شرط** (ع) مذکر۔ کسی کی شرط توڑ دینا ❊ **اِنتقاضِ معاہدہ** (ع) مذکر۔ معاہدہ توڑ دینا ❊

اِنتقال (اِن۔ تِقال) (ع) مذکر (۱) جگہ بدلنا۔ ایک مکان سے دوسرے مکان میں چلا جانا (۲) نقل و حرکت کرنا (۳) رحلت۔ موت (۴) مر جانا (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۵) (الجبرا کی اصطلاح) مساوات میں سے کسی مقدار کو علامت بدل کر ایک طرف سے دوسری طرف لے جانا ❊ **اِنتقالِ اراضی** (ع) مذکر (۱) مشترکہ زمین کی تبدیلی (۲) داخل خارج کرانا ❊ **اِنتقال بہی** (ر) مؤنث۔ وہ بہی، جس میں انتقالِ جائداد کا حساب کتاب رہتا ہے ❊ **انتقالِ جائداد** (ع۔ ف) مذکر۔ جائداد کا ایک شخص کے قبضے سے دوسرے شخص کے قبضے میں چلا جانا ❊ **انتقالِ ذہنی** (ع) مذکر۔ ذہن کا ایک طرف سے ہٹ کر دوسری طرف رسائی کرنا۔ ذہن کا منتقل ہو جانا ❊ **انتقالِ رہن** (ع) مذکر۔ رہن کی تبدیلی۔ رہن در رہن۔ گرو در گرو ❊

اِنتقام (اِن۔ تِقام) (ع) مذکر۔ بدلا۔ پاداش۔ عوض ❊

اِنتہا (اِن۔ تِہا) (ع) مؤنث (۱) نہایت۔ حد (۲) خاتمہ۔ انجام۔ اخیر ❊ **اِنتہا کا** (ر) حد سے زیادہ۔ پرلے سرے کا۔ پرلے درجے کا ❊ **انتہا لینا** (ر) کسی بات کی حد کا اندازہ لینا ❊ **اِنتہائی نقطے** (ر) مذکر۔ الجبرے میں خطوط کے ختم کرنے والے نقطے ❊

انتی (یا۔ انتیا) (اُن۔ تی) (ہ) مؤنث۔ نتھ جیسا کان میں پہننے کا ایک زیور ❊ **انتی سار ہو کر نکلے** (ر) (عو) کٹ کٹ کر گرے۔ بددعا کے طور پر کہتی ہیں ❊

اُنتیس (اُن۔ تیس) (ہ) ۲۹۔ لعدد۔ بیس اور نو۔ بست و نہ۔ ایک کم تیس ❊ **انتیسویں کا چاند** (ر) مذکر۔ وہ چاند، جو انتیسویں تاریخ کو نکلتا ہے ❊

انٹا (اَن۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ (۱) افیون کی بڑی گولی (۲) شیشے، پتھر، لاکھ وغیرہ کی بنی ہوئی کھیلنے کی بڑی گولی (۳) بندوق کی بڑی گولی (۴) ایک انگریزی کھیل، جو ہاتھی دانت کی گولیوں سے بڑی میز پر کھیلا جاتا ہے۔ بلیرڈ (۵) (عوام) سب سے اونچی چھت۔ اوپر کا کوٹھا (۶) ایک بڑی کوڑی ❊ **انٹا چت پڑے ہیں** (ر) (۱) سیدھے سیدھے پیٹھ کے بل لیٹے ہیں (۲) مدہوش پڑے ہیں ❊ **انٹا چت ہو گئے** (ر) پیٹھ کے بل گر پڑے (۲) نشے میں مدہوش ہو گئے ❊ **انٹا غفیل ہو گئے** (ر) مر گئے (اصل میں شہدوں کی اصطلاح ہے، ظرافت سے اَور لوگ بھی بول جاتے ہیں) ❊ **انٹا غفیل ہیں** (ر) بدمست ہیں۔ نشے میں چور ہیں ❊ **انٹا گھر** (ر) مذکر۔ انٹا کھیلنے کا مکان ❊

اِنٹرپریٹر (اِن۔ ٹر۔ پرِ۔ ٹے۔ ٹر) (انگ۔ Interpreter) مذکر۔ ایک شخص کی گفتگو دوسری زبان میں دوسرے شخص کو سمجھانے والا۔ ترجمان ❊

انٹرمیڈیٹ (اِن۔ ٹر۔ می۔ ڈِ یٹ) (انگ Intermediate) (۱) درمیانی درجہ۔ وسطی درجہ (۲) کالج کی پہلی جماعت۔ فرسٹ آرٹ۔ ایف اے (۳) ریل گاڑی کا درمیانہ یا ڈیوڑھا درجہ ❊

اِنٹرنیشنل (اِن۔ ٹر۔ نیشن۔ نل) (انگ) بین الاقوامی ❊ **انٹرنیشنل لا** (انگ) مذکر۔ بین الاقوامی قانون۔ یورپی سلطنتوں کا معاہدہ ❊

انٹروڈکشن (اِن، ٹرو، ڈک، شن) (انگ۔ introduction) مذکر (۱) تمہید (۲) تعارف ❊

اِنٹروڈیوس (اِن۔ ٹرو۔ ڈیو۔ س) (انگ Introduce) مذکر۔

ملاقات۔ تعارف (کرانا، کرنا کے ساتھ) ؛

انٹرویو (اِن۔ ٹرَ۔ وِ یُو) (انگ۔ INTERVIEW) مذکر (۱) باضابطہ ملاقات، باریابی (۲) اخبار کے نمائندے کا سوال وجواب (۳) اخبار کے نمائندے کا کسی سے مل کر سوال وجواب کرنا (۴) افسر کا امیدوار ملازمت کو طلب کر کے بطورِ امتحان اُس سے بعض سوالات کرنا ؛

انٹرینس (اِن۔ ٹرِ یَنس) (انگ۔ Enterance) مذکر (۱) دروازہ۔ داخلہ (۲) ہائی سکول کی آخری دو جماعتیں نویں اور دسویں ؛

انٹی (اَن۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) (ہندو) گرہ (۲) سوت یا ریشم کی لچھی (۳) گھائی۔ دو انگلیوں کی درمیانی جگہ (۴) سوت چڑھانے کی لکڑی (۵) جیب ؛

انٹی باز / **انٹی مار** } (ہ) (۱) (جواریوں کی اصطلاح) وہ شخص، جو انگلیوں کی درمیانی جگہ میں کوئی چیز چھپالے (۲) (مجازاً) دغاباز۔ چالاک۔ فریبی ؛

انٹی پر چڑھانا (ہ) قابو میں لانا۔ دام میں لانا۔ اپنے مطلب پر لگانا ؛

انٹی پر چڑھ جانا (ہ) (لازم) دام میں آنا۔ دھوکے میں آجانا۔ قابو میں آجانا ؛

انٹی دینا (ہ) گردن ناپنا۔ گردنی دینا ؛ **انٹی کرنا** (ہ) (۱) سوت لپیٹ کر انٹی بنانا (۲) فریب اور عیاری سے کسی کا مال لے لینا ؛

اُنثیٰ (اُن۔ ثا) (ع) مؤنث (۱) مادہ۔ عورت (۲) خصیہ ؛ **اُنثیان ۔ اُنثیین** (ع) (۱) دو عورتیں (۲) دو خصیے یا بیضے ؛

انجاح (اِن۔ جاح) (ع) مذکر۔ مراد بر لانا۔ مطلب پورا کرنا ؛

انجام (اَن۔ جام) (ف) مذکر (۱) آغاز کے برعکس۔ انتہا۔ خاتمہ (۲) مآل۔ نتیجہ (۳) پورا ہونا۔ تکمیل ؛ **انجام بخیر ہونا** (و) (۱) نتیجہ اچھا نکلنا۔ مآلِ کار اچھا ہونا (۲) ایمان کے ساتھ مرنا۔ خاتمہ اچھا ہونا ؛ **انجام پانا** (و) پورا ہونا۔ تکمیل کو پہنچنا ؛ **انجام دینا** (و) پورا کرنا ؛ **انجام سوچنا** (و) نتیجے پر نظر کرنا۔ عاقبت اندیشی کرنا ؛ **انجامِ کار** (ف) آخر کو۔ آخرکار ؛ **انجام کو پہنچانا** (و) ختم کرنا۔ پورا کرنا ؛ **انجام کو پہنچنا** (و) (لازم) ختم ہونا۔ پورا ہونا ؛ **انجام ہو جانا** (و) (۱) مر جانا (متروک) (۲) ختم ہو جانا ؛

انجبار (اَن۔ جُبار، اِن۔ جبار) (ف) مذکر۔ ایک بیل، جو دواؤں میں کام آتی ہے ؛

انجذاب (اِن۔ جذاب) (ع) مذکر (۱) جذب ہونا۔ کھنچ جانا۔ کسی شخص یا چیز کی طرف (۲) نیز چلنا ؛

انجر پنجر (اَن۔ جَر، پَن۔ جَر) (ہ) مذکر۔ عضو عضو۔ جوڑ جوڑ۔ ہڈی پسلی۔ اعضا ؛ **انجر پنجر ڈھیلے کر دیے** (و) (۱) جوڑ جوڑ ڈھیلا کر دیا۔ تھکا دیا (۲) مضمحل اور کمزور کر دیا ؛ **انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے** (ہ) جوڑ جوڑ تھک گیا۔ عضو عضو ہل گیا ؛

انجل (اَن۔ جَل) (ہ) مذکر۔ دعا مانگنے کی طرح ملے ہوئے ہاتھ۔ اکثر جنس اور غلے کے لینے دینے میں مستعمل ہے (عوام انجلی کہتے ہیں) ؛ **انجلی نکالنا** (ہ) غلہ تیار کرنے کے بعد کسانوں کا فقیروں کو انجلی بھر بھر کر دینا ؛

انجلا (اِن۔ جلا) (ع) مذکر (۱) روشن ہونا۔ صاف ہونا (۲) ابر کا کھل جانا (۳) غم دور ہونا (۴) بے وطن ہونا ؛

انجم (اَن۔ جُم) (ع) مذکر۔ نجم کی جمع۔ ستارے۔ تارے۔ اختر۔ کواکب ؛

انجماد (اِن۔ جماد) (ع) مذکر۔ جماؤ ؛

انجمن (اَن۔ جُمَن) (ف) مؤنث (۱) مجلس۔ محفل۔ سبھا (۲) کمیٹی ؛ **انجمنِ اتحادِ مزدوراں** (ف۔ ع) مؤنث۔ مزدوروں کی انجمن، جس کا مقصد مزدوروں کے حقوق کا تحفظ اور ان کی ترقی و خوش حالی کے لیے جدوجہد کرنا ہے ؛

انجن (اَن۔ جَن) (ہ) مذکر۔ کاجل۔ جو چیز سُرمے کی طرح آنکھوں میں لگائی جائے ؛ **انجن ہاری** (ہ) مؤنث (۱) گوہانجنی (۲) ایک قسم کی مکھی جسے کمہارنی کہتے ہیں ؛ **انجنا۔ آنجھنا** (ہ) سُرمہ لگانا ؛

اِنجن (اِن۔ جَن) (مہند) (انگ اِنجن Engine) مذکر۔ کل۔ بھاپ کی کل۔ آلہ۔ وہ کل، جو ریل گاڑی میں سب سے آگے لگائی جاتی ہے اور اسی کے ذریعے سے گاڑی چلتی ہے ؛ **انجن ڈرائیور** (مہند) (انگ) مذکر۔ انجن چلانے والا ؛

انجنیئر (اِن۔ جَی۔ نیئر) (مہند) (انگ۔ اِنجینیئر۔ Enginee) مذکر۔ تعمیرات یا کلوں کے کام کا ماہر ؛

انجیر (اِن۔ جیر) (ف) مذکر۔ ایک مشہور میوہ ؛

انجیل (اِن۔ جیل) (معرب) مؤنث (۱) خوشخبری (۲) وہ الہامی کتاب، جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی ؛

اِنچ (اِنچ) (انگ۔ Inch) مذکر۔ گز کا چھتیسواں اور فٹ کا بارھواں حصہ ؛

انچارج (اِن۔ چارج) (انگ۔ Incharge) وہ شخص جس کے اختیار میں کوئی چیز یا انتظام ہو ؛

اُنچاس (اُن۔ چاس) (ہ) ۴۹۔ لعدد۔ چالیس اور نو۔ ایک کم پچاس۔ چہل و نہ ؛

اُنچاس (اُداس کے وزن پر) (ہ) مؤنث۔ اُونچائی ؛ **اُنچاؤ** (مذکر) **اُنچائی** مؤنث۔ ارتفاع۔ بلندی ؛

انچلا چال (اُنچ۔ لا۔ چال) (ہ) مؤنث۔ شوخی اور شرارت ؛

انچھر (اَن۔ چھر) (ہ) مذکر (۱) حرف (۲) جادو۔ سحر کا ایک فقرہ (۳) (مجازاً) جادو کے بول (۴) وہ پُرتاثیر بات، جس کا دوسرے شخص پر حسبِ مراد اثر پڑے ؛ **انچھر پڑھ کے مارنا** (ہ) جادو کرنا ؛

اِنچے اِنچے رہنا (ہ) (دہلی) دُور دُور رہنا۔ کھچے کھچے رہنا ؛

انحراف (اِن۔ حراف) (ع) مذکر (۱) پھر جانا (۲) نافرمانی۔ مخالفت۔ روگردانی۔ سرکشی۔ انکار ؛ **انحرافِ معاہدہ** (ع) مذکر۔ وعدے سے پھر جانا ؛

انحصار (اِن۔ حصار) (ع) مذکر (۱) گھرنا۔ محصور ہونا (۲) منحصر ہونا۔ موقوف ہونا (۳) سمانا ؛

انحطاط (اِن۔ حطاط) (ع) مذکر۔ تنزل۔ گھٹاؤ۔ کمی بیشی ؛

اندارا (اِن۔ دا۔ را) / **انہارا** (اِن۔ ہا۔ را) } (ہ) مذکر۔ بہت بڑا، پختہ اور گہرا کنواں، جس میں حد سے زیادہ پانی ہو ؛

انداز (اَن۔ داز) (ف) مذکر (۱) طور۔ ڈھنگ۔ طرز (۲) آن۔ ناز۔ معشوقانہ ادا (۳) تخمینہ۔ اٹکل۔ قیاس۔ قرینہ (۴) مقررہ مقدار۔ حد۔ اعتدال (۵) پیمانہ۔ نمونہ ؛ **انداز اڑانا** (و) (۱) کسی کی وضع اڑانا۔ کسی کا ڈھنگ سیکھنا (۲) کسی کے طریقے پر چلنا (۳) حاصل کر لینا۔ سیکھنا ؛ **اندازپیٹی** (و) مؤنث۔ وہ عورت، جو اپنے ناز و انداز پر فخر کرے ؛ **انداز سے**

باہر ہونا (ہ) (۱) اعتدال کی حد سے بڑھنا (۲) طاقت سے باہر کام کرنا۔ حیثیت سے نکل جانا ٭ **انداز مِلنا** (ہ) (۱) تخمینہ ہو جانا۔ اٹکل ہو جانا (۲) طرز مِلنا ٭ **انداز نکلنا** (ہ) شان پائی جانا ٭

اندازہ (اَن۔ دَا۔ زَہ) (ف) مذکر (۱) تخمینہ۔ اٹکل۔ قیاس (۲) جانچ۔ امتحان (۳) حدِ اعتدال (۴) پیمانہ۔ ناپ ٭ **اندازہ پانا** (ہ) اٹکل مِلنا ٭ **اندازہ کرنا** (ہ) (۱) اٹکل سے کام لینا۔ تخمینہ کرنا (۲) جانچنا۔ امتحان کرنا ٭

اندام (اَن۔ دَام) (ف) مذکر (۱) جسم۔ بدن۔ انگ (۲) قامت۔ قد۔ ڈیل ڈول ٭ **اندامِ نہانی** (ف) مذکر۔ شرم گاہ۔ ستر۔ فرج ٭

اندر (اَن۔ دَر) (ف) (۱) باہر کے برعکس (۲) بیچ (متروک) (۳) درمیان۔ بیچ ٭ **اندر کی سانس اندر باہر کی سانس باہر** (ہ) مقولہ (۱) کبھی تنگ کپڑے کے متعلق کہتے ہیں کہ پہنا جائے تو سانس لینا دشوار ہوتا ہے (۲) کبھی ندامت یا خوف سے انتہائی حیرت اور سکوت ہو جانے کے مقام پر بولتے ہیں ٭ **اندروار** (ہ) (ع) اندر کی طرف ٭ **اندروالا** (ہ) مذکر (۱) (ع) جی۔ دل (۲) بچہ، جو ماں کے پیٹ میں ہو۔ جنین ٭ **اندروالی** (ا) مؤنث (ع) کلیجی ٭ **اندر ہی اندر** (ہ) پردے پردے میں۔ چپکے چپکے ٭

اندرون (اَن۔ دَرُ۔ وْن) (ف) مذکر (۱) اندر۔ درمیان۔ بیچ (۲) (کنایۃً) باطن۔ دل ٭

اِندر (اِن۔ دَر) (س) مذکر۔ دیوتاؤں کا بادشاہ ٭ **اِندر جال** (ہ) مذکر (۱) راجہ اِندر کا جال، جو لڑائی کے وقت دشمن کو فریب دینے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا (۲) (مجازاً) فریب۔ دھوکا (۳) شعبدہ ٭ **اِندر جَو** (ہ) مذکر (۱) ایک پیڑ کا بیج، جو سرخی مائل ہوتا اور جَو سے ملتا جلتا ہے (۲) جَو سے مشابہ ایک درخت کا پھل۔ زبانِ گنجشک۔ لسان العصافیر ٭

اِندر کا اکھاڑا (ہ) مذکر (۱) راجہ اِندر کی سبھا، جس میں خوب صورت پریاں ناچتی تھیں (۲) (کنایۃً) حسین عورتوں کا مجمع (۳) وہ جگہ، جہاں اربابِ نشاط اور ماہ رخوں کا جگھٹا ہو ٭

اِندراج (اِن۔ دِرَاج) (ع) مذکر۔ داخل ہونا۔ درج ہونا ٭

اِندرائن (اِنْد۔ رَا۔ اِن) (ہ) (۱) ایک پھل، جو دیکھنے میں خوبصورت، لیکن ذائقے میں کڑوا ہوتا ہے (۲) خوش شکل لیکن نکما شخص ٭ **اِندرائن کا پھل** (ہ) مذکر (مجازاً) وہ آدمی، جس کی صورت اچھی اور سیرت بُری ہو ٭ **اِندرائن کا پھل دیکھنے کا ہے، چکھنے کا نہیں** (ہ) مثل۔ اُس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن بُرا ٭

اندرسا (اَنْد۔ رَسَا، اَنْدَر۔ سَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی مٹھائی، جو چاولوں کے آٹے میں شکر ملا کر گھی میں تلنے سے بناتے ہیں (۲) ایک قسم کا کپڑا ٭

اندری (اِنْد۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) آلۂ احساس۔ ادراک کا آلہ (۲)

اندامِ نہانی۔ عضوِ مخصوص (۳) خواہشِ نفسانی (۴) باطنی حواسِ خمسہ ٭

اِندفاع (اِن۔ دِفَاع) (ع) مذکر۔ دفع ہونا۔ دُور ہونا ٭

اندک (اَن۔ دَک) (ف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ خفیف۔ قلیل۔ کم ٭

اندلس (اَن۔ دَلُس، اَن۔ دَلَس، اُن۔ دُلُس) (ع) مذکر۔ یورپ کا ملک سپین۔ ہسپانیہ ٭

اِندمال (اِن۔ دِمَال) (ع) مذکر (۱) زخم کا بھر آنا (۲) اطمینان۔ تسلی ٭

اندوختہ (اَن۔ دُوخ۔ تَہ) (ف) مذکر۔ جمع کیا ہوا روپیہ پیسا۔ پس انداز۔ بچا ہوا ٭

اندوہ (اَن۔ دُوہ) (ف) مذکر (۱) غم و رنج (۲) فکر و پریشانی ٭ **اندوہگیں۔ اندوہ ناک** رنجیدہ۔ غمگین۔ دُکھی۔ غمناک۔ دردمند ٭

اندھا (اَن۔ دَھا) (ہ) (۱) نابینا۔ کور۔ جو دیکھ نہ سکے (۲) دیکھ کر کام نہ کرنے والا (۳) دیکھے بغیر اندھا دھند چلنے والا (۴) بے عقل۔ کم عقل ٭ **اندھا آئینہ** (ہ) مذکر (۱) وہ دھندلا آئینہ، جس میں صورت صاف دکھائی نہ دے ٭ **اندھا اندھا جلتا ہے** (ہ) چراغ کی روشنی بجھی بجھی سی ہے ٭ **اندھا بانٹے ریوڑیاں پھر پھر اپنوں ہی کو دے** (ہ) مثل۔ اُس شخص کے متعلق بولتے ہیں، جو ہر صورت سے اپنوں ہی کو نفع پہنچائے ٭ **اندھا بگلا** (ہ) مذکر۔ گھبراہٹ میں پھوہڑپن سے کام کرنے والا۔ اکثر اس شخص کی نسبت کہتے ہیں، جو گھبرا کر جلد جلد کھانا کھائے ٭ **اندھا بنانا** (ہ) (۱) فریب دینا (۲) سامنے سے چیز اُڑا لے جانا (۳) صریح جھٹلانا (۴) نابینا کر دینا ٭ **اندھا بھینسا** (ہ) مذکر (۱) لڑکوں کا ایک کھیل، جس میں ایک لڑکے کو بھینسا بنایا جاتا ہے اور ایک لڑکا اس کی پیٹھ پر سوار ہو کر دونوں ہاتھوں سے اس کی آنکھیں بند کر لیتا ہے۔ باقی لڑکے باری باری اس کے نیچے سے نکلتے ہیں۔ سوار اپنے بھینسے سے ہر نکلنے والے کا نام پوچھتا جاتا ہے۔ جس کا نام وہ صحیح بتا دیتا ہے، پھر اسے بھینسا بنا کر بتانے والا سوار ہو جاتا ہے (۲) نابینا گاؤمیش (۳) (مجازاً) اُجڈ اور بدراہ آدمی ٭ **اندھا بے ایمان** (ہ) مقولہ۔ نظر نہ آنے کے باعث ڈر رہتا ہے کہ لوگ اسے دھوکا دیں گے، اس لیے اس کا ایمان درست نہیں رہتا ٭ **اندھا تب پتیائے، جب دو آنکھیں پائے۔ اندھا دیکھے تو پتیائے** (ہ) کام ہو جائے تو جانیں۔ غرض مند کو اس صورت میں اطمینان ہو کہ اس کی غرض پوری ہو جائے ٭ **اندھا دربار** (ہ) مذکر۔ بُرا راج، جس میں ظلم و ستم کا بازار گرم ہو ٭

اَندھا دُھند (اَنْدَھا۔ دُھنْد، اَن۔ دَھا۔ دُھنْد) (ہ) (۱) بے سوچے سمجھے (۲) بے ٹھکانے۔ بے حساب (۳) مذکر۔ بدنظمی۔ اندھیر ٭ **اندھا دھند لٹانا** (ہ) بے سوچے سمجھے خرچ کرنا ٭ **اندھا دھند مچ رہا ہے** (ہ) شدید بدانتظامی ہے۔ سخت بے انصافی ہو رہی ہے ٭ **اندھا دُھندا** (ہ) جسے صاف دکھائی نہ دے۔ کم سوجھ۔ نابینا ٭

اندھا راجا چوپٹ نگری (ک) مثل۔ بیوقوف اور ظالم بادشاہ کے متعلق
کہتے ہیں، جو رعایا کے حال سے ناواقف ہو یا بُرے بھلے میں تمیز نہ کر سکے ؛
اندھا کرنا (ک) (۱) نابینا کرنا (۲) شوق اور جوش سے بدحواس
کر دینا کہ کچھ سجھائی نہ دے ؛ **اندھا کنواں** (ک) مذکر (۱) تاریک
اور خشک کنواں (۲) لڑکوں کا ایک کھیل ؛ **اندھا کیا جانے**
بسنت (لالے) کی بہار (ل) مثل جس میں کسی چیز کا مادہ ہی نہ ہو،
وہ اس کی قدر کیا جانے گا۔ ناقدرشناس آدمی اچھی چیز کی کچھ قدر نہیں جانتا ؛
اندھا کیا چاہے دو آنکھیں (ک) مثل۔ ضرورت مند ہمیشہ یہی
چاہتا ہے کہ اس کی ضرورت پوری ہو جائے ؛ **اندھا گائے بہرا بجائے**
(ک) مثل۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی کام میں نالائق ہی نالائق جمع ہوں ؛
اندھا گھوڑا (ک) مذکر (۱) وہ گھوڑا، جسے آنکھ سے کچھ سجھائی نہ
دے (۲) (آزاد فقیروں کی اصطلاح) جُوتا۔ کھڑاؤں ؛ **اندھا مُلّا**
ٹوٹی مسجد (ل) مثل۔ ناقص کو ناقص ہی چیز ملتی ہے ؛ **اندھا ہو**
(ک) قسم کے مقام پر بولتے ہیں ؛ **اندھا ہو جائے** (ک) (عو) کوسنا ؛
اندھا ہونا (ک) (۱) نابینا ہونا (۲) شوق اور جوش سے بدحواس
ہونا (۳) پس و پیش نہ دیکھنا ؛

اندھڑ (اَن۔ دَھڑ) (ک) مذکر (۱) تیز و تند ہوا۔ صرصر۔ آندھی ؛
اندھکار (اَندھ۔ کار) (ک) مذکر (۱) آندھی کا طوفان ؛
اندھلانا (اَندھ۔ لانا) (ک) (عوام) (۱) اندھا بنانا (۲) دھوکا دینا (فصحا اس
مقام پر "اندھا بنانا" کہتے ہیں ؛

اندھوں (اَن۔ دھوں) (ک) اندھا کی جمع ؛ **اندھوں میں کانا راجا**
(ک) مثل۔ بیوقوفوں میں ذراسی بھی سمجھ رکھنے والا سردار سمجھا جاتا ہے ؛
اَندِھی۔ اندھا کی تانیث ؛ **اندھی پیسے کُتا کھائے** (ک) مثل۔
پھوہڑپن کے مقام پر بولتے ہیں ؛ **اندھی سرکار** (ل) مؤنث (۱) ظالم
حاکم۔ ناانصاف بادشاہ (۲) بُری سلطنت، جس میں بہت ظلم ہوتا ہو، یا
نوکروں کو وقت پر تنخواہ نہ ملتی ہو ؛

اندھی نگری چوپٹ راج
اندھیر نگری چوپٹ راجا ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا } (۲) مثل۔
وہاں بولتے ہیں، جہاں حاکم یا بادشاہ کی غفلت اور بے عنوانیوں سے اندھادھند
اور بدنظمی پھیلی ہوئی ہو، یعنی ایسا اندھیر ہے کہ ساگ اور کھاجا ایک
بھاؤ بکتے ہیں۔ اعلیٰ ادنیٰ اور نیک و بد کی تمیز نہیں ؛ **اَندھے**
(۱) اندھا کی جمع (۲) اندھا کے لفظ کی وہ صورت، جب اس کے
آگے حرف ربط پڑا ہو۔ جیسے اندھے نے ؛ **اندھے کو اندھا**
راستہ کیونکر بتائے (ل) مثل۔ جو شخص آپ ہی گمراہ ہو، وہ
دوسروں کی رہبری کیا کر سکتا ہے ؟ **اندھے کو (کے بھائیں) رات**
دن برابر ہے (ل) مثل۔ بیوقوف اچھے بُرے میں تمیز نہیں کر سکتا۔
بے سمجھ اور جاہل نیک و بد کو نہیں جانتا ؛ **اندھے کی جورو**
کا اللہ بیلی (ل) مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں، جب کوئی شخص اپنی چیز
کی بخوبی نگرانی اور حفاظت نہ کر سکے ؛ **اندھے کی داد نہ فریاد** ؛
اندھا مار بیٹھے گا (ل) مثل (۱) معذور کی بے عنوانی ملامت یا سزا کے
قابل نہیں ہوتی (۲) لڑکوں کا ایک کھیل ؛ **اندھے کی لاٹھی یا لکڑی** (ک)
مؤنث (۱) ضعیفی کا سہارا (۲) وہ بچہ، جو کئی بچوں کے بعد جیا ہو (۳) بیکس
کا سہارا ؛ **اندھے کے آگے روئے (رویئے) اپنی آنکھیں**
(اپنے دیدے) کھوئے (کھویئے) (ک) مثل۔ نااہل کو نصیحت
کرنا مفت اپنا سر پھرانا ہے۔ نالائق کو نصیحت بے سود ہے ؛ **اندھے**
کے ہاتھ بٹیر لگی (لگا) (ک) مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں، جب کسی کم حوصلہ
شخص کو اس کی لیاقت سے زیادہ کوئی چیز مل جائے ؛ **اندھے گھوڑے**
پر سوار کر دے (ل) مثل۔ (آزاد فقیروں کی اصطلاح) جُوتا پہنا دے ؛

اندھیارا (اَندھ۔ یا۔ رَا) (ک) مذکر۔ اندھیرا (اندھیرا بہتر ہے) ؛
اندھیاری (ک) دیکھیے اندھیری ؛ **اندھیارے اُجالے** (ک)
(متروک) دیکھیے "اندھیرے اجالے" ؛

اندھیر (اَن۔ دِھیر) (ک) مذکر (۱) غضب۔ آفت۔ ستم۔ قہر (۲) بدنظمی۔ بےانصافی
کس مپرسی (۳) (رنج و غم کے مقام پر) تاریک۔ سیاہ (۴) تاریکی۔ سیاہی ؛
اندھیر پکارنا (ک) ظلم کی فریاد کرنا ؛ **اندھیر چھانا** (ک) اندھیرا چھانا ؛
اندھیر ڈھانا (ک) نہایت ظلم کرنا ؛ **اندھیر کرنا** (ک) ظلم
کرنا۔ بے انصافی کرنا ؛ **اندھیر کھاتا** (ک) مذکر۔ بے ایمانی۔
سخت بدمعاملگی ؛ **اندھیر کی بات** (ک) مؤنث۔ بے انصافی کی بات ؛
اندھیر مچانا (ک) (۱) آفت برپا کرنا۔ ظلم و ستم ڈھانا (۲) کھلم کھلا
بیہودہ حرکتیں کرنا (۳) لُوٹ مچانا ؛ **اندھیر نگری** (ک) دیکھیے "اندھی
نگری" ؛ **اندھیر ہونا** (ک) (۱) نہایت تاریکی ہونا (۲) ناانصافی ہونا۔
ظلم ہونا ؛

اندھیرا (اَندِھے۔ رَا) (ک) مذکر (۱) اُجالا کے برعکس۔ ظلمت۔ تاریکی (۲)
تاریک ؛ **اندھیرا جُھک جانا** (ک) تاریکی زیادہ ہو جانا ؛
اندھیرا چھانا (ک) نہایت تاریکی ہونا ؛ **اندھیرا کرنا** (ک) (۱) روشنی کو
روکنا (۲) روشنی بڑھانا۔ چراغ گُل کرنا ؛ **اندھیرا گھُپ** (ک)
از حد تاریکی، جس میں ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہ دے ؛ **اندھیری** (ک)
مؤنث (۱) چمڑے یا کپڑے کا پردہ، جو شوخ اور شریر گھوڑے کی
آنکھوں پر باندھا جاتا ہے (۲) سیاہی۔ تاریکی (۳) سیاہ۔ تاریک ؛
اندھیری چھانا (ک) ایسی تاریکی پھیلنا کہ کچھ دکھائی نہ دے ؛
اندھیری رات (ک) مؤنث۔ تاریک شب، "چاندنی رات" کے
برعکس ؛ **اندھیری کوٹھڑی** (ک) مؤنث (۱) تاریک کوٹھڑی (۲)
(مجازاً) انسانی جسم کا اندرونی حصہ جس کا حال تاریکی کے باعث معلوم
نہیں ہو سکتا ؛ **اندھیری گور** (ل) مؤنث۔ تاریک قبر ؛ **اندھیری**
لگانا (ک) (۱) آنکھوں پر پٹی باندھنا (۲) چمڑے کا چشمہ لگانا، جو گھوڑے

کی آنکھوں پر باندھا جاتا ہے ٭ **اندھیرے اُجالے** (کہ) اویر سویر۔ وقت بے وقت ٭ **اندھیرے گھر کا اُجالا** (کہ) مذکر (۱) گھر کا چراغ (۲) بے حد پیارا، جس کے دم سے گھر کی رونق اور آبادی ہو۔ اکلوتا بیٹا ٭ **اندھیرے گھر کا چراغ** (د) مذکر۔ اندھیرے گھر کا اُجالا ٭ **اندھیرے منہ** (کہ) تڑکے۔ بہت سویرے۔ علی الصباح ٭

اندیشہ (اَن۔ دِیـ۔ شَہ) (ف) مذکر۔ ڈر۔ کھٹکا۔ خوف۔ دھڑکا۔ فکر۔ تردد ٭ **اندیشناک** (ف) خوفناک۔ پُرخطر ٭

اندیک (اَن۔ دِیک) (ف) اُمید ہے ٭

انڈا (اَن۔ ڈا) (کہ) مذکر (۱) بیضہ (۲) مرد کا خایہ ٭ **انڈا بائل کرنا** (د) انڈے کو گرم پانی میں جوش دینا ٭ **انڈا بٹھانا** (کہ) دیکھیے "انڈا سینا" ٭ **انڈا کھنکنا** (کہ) انڈے کا تڑقنا، جو بچہ نکلنے کی علامت ہے ٭ **انڈا گندہ ہونا** (د) مرغی کے انڈے کا خراب ہونا، جو نہ کھانے کے قابل ہو اور نہ بچہ حاصل کرنے کے لائق ٭ **انڈا نیم برشت** (۱) آدھا تلا ہُوا انڈا ٭ **انڈوں** (کہ) انڈا کی جمع ٭ **انڈوں پر ہونا** (کہ) انڈے سینا۔ انڈوں پر بیٹھنا ٭ **انڈوں پر ہے** (کہ) (۱) مرغی وغیرہ بچے نکالنے کے لیے انڈوں پر بیٹھی ہے۔ انڈے سیتی ہے (۲) انڈے دینے پر ہے۔ اب انڈے دیا چاہتی ہے ٭ **انڈے** ۔ انڈا کی جمع ٭ **انڈے اُڑانا** (کہ) (۱) (دہلی) (مجازاً) بہت جھوٹ بولنا (۲) انڈے میں پارہ بھرنے کے بعد اس کا منہ موم سے خوب بند کرکے اسے ہوا میں پرواز کرانا ٭ **انڈے بول میں بچے کھجور میں** (د) مثل (۱) کوئی چیز کہیں ہے، کوئی کہیں (۲) ناقابلیت۔ بدانتظامی ٭ **انڈے بچے** (د) مذکر (عوام) (مجازاً) لڑکے بالے۔ آل اولاد۔ متعلقین ٭ **انڈے تلنا** (کہ) انڈوں کا خاگینہ بنانا یعنی بھنے ہوئے انڈے اور کتری ہوئی پیاز ملا کر قیمے کی طرح ان کا سالن پکانا ٭ **انڈے دینا** (کہ) انڈے پیدا کرنا ٭ **انڈے رکھنا** (کہ) انڈے دینا ٭ **انڈے سینا** (کہ) (۱) مرغی، مادہ پرندے وغیرہ کا بچے نکالنے کے لیے انڈوں پر بیٹھنا (۲) گھر میں بیٹھا رہنا اور باہر نہ نکلنا ٭

انڈے سیوے کوئی بچے لیوے کوئی } (د) مثل۔ محنت و مشقت
انڈے سیوے فاختہ کوّے میوے کھائیں } کوئی کرے، مزے کوئی اُڑائے ٭ **انڈے کا ستارا** (د) مذکر۔ خالی انڈا گھی میں تلا ہُوا ٭

انڈے کا شہزادہ (د) احمق ناتجربہ کار و سادہ آدمی اور بھولے بھالے
انڈے کے ملوک } امیر آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو گھر سے کبھی باہر نہ نکلے ٭

انڈے لڑانا (کہ) عوام یا جواریوں کا ایک کھیل، جس میں وہ بازی بد کر انڈے لڑاتے ہیں ٭ **انڈے مرغی کی بحث** (د) مؤنث۔ بیہودہ بحث۔ یہ بحث کہ انڈا پہلے پیدا ہُوا تھا یا مرغی ٭ **انڈے ہوں گے تو بچے بہت ہو رہیں گے** (د) مثل۔ جڑ قائم ہوگی تو سرسبزی کی کیا کمی۔ درخت سلامت رہے گا تو پھل بے حساب پیدا ہوگا۔ مرد عورت زندہ رہیں گے تو بچوں سے گھر بھر جائے گا ٭

اَنڈلانا (اَنڈ۔ لَا۔ نَا) (کہ) شوخیاں کرنا۔ مچلنا۔ اِٹھلانا (اب اینڈنا اور اِٹھلانا کہتے ہیں) ٭

آنڈل پڑنا (کہ) گر پڑنا ٭

اِنڈنٹ (اِن۔ ڈینٹ) (انگ۔ Indent) مذکر۔ درخواست ٭

انڈوا (اِنڈ۔ وَا) (کہ) مذکر (۱) کنڈلی۔ پرانے کپڑے یا بان کا حلقہ جو سر پر رکھ کر بوجھ اٹھانے اور گھڑوں کے نیچے بھی رکھتے ہیں (۲) وہ چیز، جو پہلوان، سجیلے جوان اور شوقین مرد عورتیں نفیس کپڑے پلکے پٹھے سے بنا کر بازوؤں میں پہنتی ہیں۔ اسے انڈری بھی کہتے ہیں (۳) وہ حلقہ، جو جوگی اور جوگنیں سجاوٹ کے لیے سر پر رکھتی ہیں ٭

اِن ڈُور (انگ۔ Indoor) دروازے کے اندر ٭

انڈیا (اِن۔ ڈِیا) (انگ۔ India) مذکر۔ ہندوستان۔ ہند۔ بھارت ورش ٭

اِنڈین (انگ۔ Indian) ہندوستانی۔ ہندوستان کا رہنے والا ٭

اِنڈین ایمپائر (انگ۔ Indian Empire) مؤنث۔ سلطنتِ ہندوستان۔ یہ نام ۱۸۷۷ء میں رکھا گیا، جب ملکہ وکٹوریہ نے قیصرۂ ہند کا لقب اختیار کیا ٭

اِنڈین پینل کوڈ (انگ۔ Indian Penal Code) مؤنث۔ تعزیراتِ ہند۔ ہندوستان کا فوجداری قانون ٭

اِنڈین سِوِل سروِس (انگ۔ Indian Civil Service) مؤنث۔ ہندوستان کی غیر فوجی ملازمت۔ آئی، سی، ایس اسی کا مخفف ہے۔ مقابلے کا امتحان پاس کرکے یہ عہدہ حاصل کیا جاتا ہے ٭ **اِنڈین کونسل** (انگ۔ Indian Council) مؤنث (۱) ہندوستانی کونسل۔ ہندوستان کی مجلس شوریٰ (۲) (مجازاً) وزیرِ ہند کی کونسل، جس کے ارکان میں دو ہندوستانی بھی شریک ہوتے تھے ٭ **اِنڈین نیشنل کانگریس** (انگ۔ Indian National Congress) مؤنث۔ ہندوستان کی قومی سیاسی مجلس، جو ۱۸۸۵ء میں قائم ہُوئی۔ پہلے پہل یہ بظاہر سارے ملک کی سچی ہمدرد و خدمت گار ہونے کی دعویدار تھی، لیکن بعد میں گویا ہندو سبھا بن کر مسلمانوں کی دشمن ہو گئی ٭

انڈیلنا (اَنڈ۔ یل۔ نا) (کہ) ایک برتن سے دوسرے برتن میں گرانا۔ ڈالنا۔ لوٹنا۔ اوندھانا۔ لنڈھانا ٭

انرتھ (اَنرتھ) (س) (۱) بے معنی (۲) بے سبب (۳) بے سود (۴) نامناسب (۵) نقصان دینے والا (۶) مذکر۔ بیہودگی ٭

اِنزال (اِن۔ زال) (ع) مذکر (۱) اُترنا (۲) اُتارنا (۳) منی کا نکلنا ٭

اِنزجار (اِن۔ زِجار) (ع) مذکر۔ پلٹ جانا۔ ہٹ جانا ٭

اِنزوا (اِن۔ زِوا) (ع) مذکر۔ گوشہ نشینی۔ کونے میں بیٹھنا ٭

اَنس (اَنس) (کہ) مذکر (۱) طاقت۔ توانائی (۲) (علم نجوم کی اصطلاح) درجہ۔ حصہ۔ بھاگ (۳) بیج۔ تخم۔ منی ٭

اَنَس رضؓ (اَنَس) (ع)، مذکر۔ رسول اللہ صلعم کے ایک صحابی اور خادم ٭
اِنْس (اِنْس) (ع)، مذکر۔ انسان۔ آدمی ٭ اِنْس وجان (ع۔ف)، مذکر۔ آدمی اور جنّ ٭
اُنْس (اُنْس) (ع)، مذکر (۱) اُلفت۔ محبت۔ پیار۔ شفقت (۲) ملاپ ملنساری۔ دوستی (۳) مانوس ہونا (رکھنا۔ رہنا۔ کرنا۔ ہوجانا کے ساتھ) ٭
اَنْساب (اَن۔ سَاب) (ع)، مذکر۔ نسب کی جمع (۱) خاندان۔ نسلیں۔ قومیں (۲) شجرے ٭
اِنسان (اِن۔ سَان) (ع) مذکر (یہ لفظ اِنس (ظاہر) یا اُنس (محبت) یا نسیان (بھول چوک) سے مشتق ہے) (۱) بنی آدم۔ آدمی (۲) تہذیب والا۔ انسانی اوصاف اور اخلاق رکھنے والا (۳) آنکھ کی پُتلی ٭ انسان بنانا (ف) آدمیت سکھانا۔ آدمی بنانا ٭ اِنسان بننا (ف) آدمیت سیکھنا ٭ انسان کیا پکھیرو ہے (ف) مثل۔ بڑا سیر و سیاحت کرنے والا ہے۔ بہت جہان گرد ہے ٭ اِنسان میں کچھ نہیں (ف) زندگی کا ذرا بھروسا نہیں ٭ اِنسان ہی تو ہیں (ف) آدمی سے قصور ہو ہی جاتا ہے ٭ اِنسانِیَّت (ع)، مؤنث (۱) آدمیت۔ انسانی خوبیاں (۲) شعور۔ دانائی ٭ اِنسانیت برتنا (ف) حُسنِ اخلاق اور مروت سے پیش آنا ٭ اِنسانیت سے پیش آنا (ف) مروت کا سلوک کرنا۔ خوشی اخلاقی، شرافت اور تہذیب سے گفتگو کرنا ٭
اِنسائیکلوپیڈیا (انگ Encyclopaedia) مؤنث۔ کسی زبان کی ایسی کتاب، جو حروفِ تہجی کے اعتبار سے لغت کے بجائے موضوع کے لحاظ سے تمام علوم و فنون کی جامع ہو۔ دائرۃ المعارف، قاموس، قاموس العلوم ٭
اَنسب (اَن۔ سَب) (ع) بہت بہتر۔ نہایت مناسب۔ بہت ٹھیک۔ نہایت درست ٭
انسپکٹر (اِنس۔ پک۔ ٹر) (انگ۔ Inspector) مذکر۔ نگران۔ دیکھ بھال کرنے والا۔ معاینہ کرنے والا ٭ انسپکٹر جنرل (انگ۔ Inspector General) مذکر۔ بڑا معاینہ کرنے والا۔ صوبے کا نگران۔ مہتمم اعلیٰ ٭
اُنسٹھ (اُن۔ سَٹھ) (ہ) ۵۹۔ نصف ریچپاس اور نو۔ ایک کم ساٹھ۔ پنجاہ و نُہ ٭
انسٹیٹیوٹ (اِنس۔ ٹی۔ ٹیوٹ)
انسٹیچیوٹ (اِنس۔ ٹی۔ چیوٹ) } (انگ۔ Institute) مؤنث۔ محکمہ۔ محکمۂ تعلیم و ترقی۔ انجمن ترقیِ علوم و فنون۔ انجمنِ اشاعتِ علوم ٭
اِنسٹیٹیوشن
اِنسٹیچیوشن } (انگ۔ Institution) مؤنث (۱) جماعت یا انجمن، جو کسی قومی کام کے لیے بنائی جائے۔ علمی مجلس (۲) وہ عمارت، جس میں یہ انجمن کام کرے (۳) سکول۔ کالج وغیرہ ٭
اِنسداد (اِن۔ سِدَاد) (ع)، مذکر (۱) روک تھام (۲) انتظام۔ بندوبست (۳) بند ہوجانا۔ رُکنا ٭
اِنشا (اِن۔ شَا) (ع)، مؤنث (۱) (لغوی) دل سے کوئی بات پیدا کرنا (۲) طرزِ تحریر۔ عبارت (۳) وہ کتاب، جس میں خطوط اور خط کتابت کے قواعد درج ہوں (۴) اُردو کے مشہور شاعر سید انشاء اللہ خاں کا تخلص ٭
اِنشاء اللہ (ع)، اگر خدا نے چاہا ٭ اِنشاء اللہ تعالیٰ (ع) اگر بزرگ خدا نے چاہا ٭ اِنشا پرداز (ع۔ف)، منشی۔ نثر لکھنے والا۔ نثّار ٭ اِنشا پردازی (ع۔ف)، مؤنث۔ نہایت اچھا مضمون لکھنے کی مشق۔ خط یا عبارت لکھنے کا طریق۔ مضمون تحریر کرنے کا ڈھنگ ٭
اِنشا کرنا (ف) لکھنا۔ تحریر کرنا ٭ اِنشائیہ (ع)، وہ جملہ جس میں سچ اور جھوٹ کا گمان نہ ہو ٭
اِنشراح (اِن۔ شِرَاح) (ع)، مذکر (۱) کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ واضح ہونا (۲) فرحت ٭
اِنشورنس (اِن۔ شُو۔ رَنْس) (انگ۔ Insurance) مؤنث۔ بیمہ ٭
انشورنس کمپنی (انگ۔ Insurance Company) مؤنث۔ زندگی وغیرہ کا بیمہ کرنے والی کمپنی ٭
انصاب (اَن۔ صَاب) (ع) مذکر۔ نصب کی جمع۔ بُت ٭
انصار (اَن۔ صَار) (ع) مذکر۔ ناصر کی جمع (۱) مددگار (۲) وہ اصحابِ کبار، جنھوں نے ہجرت کے وقت رسول اللہ صلعم کو مدینہ میں مدد دی تھی ٭
انصاری (اَن۔ صَا۔ رِی) (ع۔ف)، مذکر۔ انصار سے نسبت رکھنے والا ٭
اِنصاف (اِن۔ صَاف) (ع)، مذکر (۱) (لغوی) برابر کے دو ٹکڑے کرنا (۲) (اصطلاحی) نیاؤ۔ داد۔ عدل ٭ انصاف چکانا (ف) فیصلہ کرنا ٭ اِنصاف سے دیکھنا (ف) حق پہ نظر کرنا ٭ اِنصاف کا خون کرنا (ف) اِنصاف نہ کرنا ٭ اِنصاف کرنا (ف)، (۱) جھگڑا چکانا۔ فیصلہ کرنا (۲) حق پر نظر کرنا ٭
اِنصرام (اِن۔ صِرَام) (ع) مذکر (۱) انجام کو پہنچنا (۲) انتظام۔ بندوبست ٭
اِنضباط (اِن۔ ضِبَاط) (ع) مذکر (۱) (لغوی) مضبوطی اور پیوستگی ہونا (۲) (اصطلاحی) ڈھنگ۔ ضابطہ۔ تعیّن ٭ اِنضباطِ اوقات (ع)، مذکر۔ وقت کا تعیّن۔ وقت کی پابندی۔ وقت کی تقسیم ٭
اِنضمام (اِن۔ ضِمَام) (ع)، مذکر۔ وصل ہونا۔ پیوند ہونا۔ پیوستہ ہونا ٭
اَنطاکیہ (اَن۔ طَا۔ کِیَہ) (ع)، مذکر۔ ملک شام کا ایک شہر ٭
انطباع (اِن۔ طِبَاع) (ع)، مذکر۔ چھپنا۔ نقش ہونا ٭
انطباق (اِن۔ طِبَاق) (ع)، مذکر۔ آپس میں ملنا۔ منطبق ہونا ٭
انطفا (اِن۔ طِفَا) (ع)، مذکر (۱) بجھنا۔ گُل ہونا (۲) افسردہ ہونا۔ غمگین ہونا۔ رنجیدہ ہونا ٭
انعام (اِن۔ عَام) (ع)، مذکر (۱) عطیّہ۔ معاوضہ۔ اجر۔ بدلا۔ بخشش۔ تحفہ (۲) خلعت (۳) حسنِ کارکردگی یا نیک نامی کا صلہ، جو حاکموں کی طرف سے عنایت کیا جائے ٭ اِنعام و اکرام (ع۔ف)، مذکر۔ خلعت و عزّت۔ دیکھو "انعام" ٭
اِنعام کرنا (ف) بخشنا۔ انعام دینا (متروک) ٭
اِنعدام (اِن۔ عِدَام) (ع)، مذکر۔ نیست و نابود ہونا ٭

اِنعطاف (اِنْ ـ عِطَاف) (ع) مذکر ـ پھرنا ـ لوٹنا ـ جھکنا ٭
اِنعقاد (اِنْ ـ عِقَاد) (ع) مذکر ـ بندھنا ـ منعقد کرنا ٭
اِنعکاس (اِنْ ـ عِکَاس) (ع) مذکر (۱) عکس ـ سایہ (۲) انحراف ـ اُلٹ (۳) آئینہ ـ شیشے یا پانی جیسی کسی شفاف چیز سے عکس کا ظاہر ہونا ٭
اَنف (اَنْف) (ع) مذکر ـ ناک ٭
اَنفار (اَنْ ـ فَار) (ع) مذکر ـ نفر کی جمع (۱) لوگ ـ کمینے ـ عوام (۲) سپاہی ٭
اِنفارمر (اِنْ ـ فَار ـ مَر) (انگ ـ Informer) مذکر ـ اِطلاع دینے والا ـ مخبر ٭ اِنفارمیشن بیورو (انگ ـ Information Bureau) مذکر ـ محکمۂ اطلاعات
اَنفاس (اَنْ ـ فَاس) (ع) مذکر ـ نفس کی جمع ـ سانس ـ دم ٭
اِنفجار (اِنْ ـ فِجَار) (ع) مذکر (۱) چشمہ پھوٹ کر پانی بہنا (۲) پھوڑے سے پیپ کا جاری ہونا ٭
اَنفحہ (اَنْ ـ فَحَہ) (ع) مذکر (۱) پنیر ـ مایہ (۲) معدہ ـ حیوانات سے متعلق عضو ٭
اِنفراد (اِنْ ـ فِرَاد) (ع) مذکر ـ اکیلا ہونا ـ تنہا ہونا ٭
اِنفراغ (اِنْ ـ فِرَاغ) (ع) مذکر (۱) فارغ ہونا ـ فراغت پانا ـ بے فکر ہونا ـ کام ختم ہونا ـ فرصت ملنا (۲) فراغت ٭
اَنفس (اَنْ ـ فُس) (ع) مذکر ـ نفس کی جمع ـ نفوس ـ روحیں ـ دل ـ بہت سے آدمی ٭
اِنفساخ (اِنْ ـ فِسَاخ) (ع) مذکر ـ فسخ ہونا ـ ٹوٹ جانا ٭ اِنفساخِ معاہدہ (ع) مذکر ـ معاہدے کا ٹوٹنا ٭
انفصال (اِنْ ـ فِصَال) (ع) مذکر (۱) جُدا ہونا (۲) طے ہونا ـ فیصلہ ہونا ـ (۳) فیصلہ ٭
انفعال (اِنْ ـ فِعَال) (ع) مذکر (۱) شرمندہ ہونا (۲) شرمندگی ـ ندامت ٭
اِنفکاک (اِنْ ـ فِکَاک) (ع) مذکر ـ الگ ہونا ـ جُدا ہونا ٭ انفکاکِ رہن (ع) مذکر ـ جائداد کا رہن سے چھوٹ جانا ٭
اِنفلوئنزا (اِنْ ـ فَلُو ـ اِین ـ زَا) (انگ ـ Influenza) مذکر (۱) ایک قسم کا وبائی زکام (۲) وبائی بخار ـ زکامی بخار ٭
اِنفلوائیس (اِنْ ـ فَلُو ـ اَینس) (انگ ـ Influence) مذکر ـ رسوخ ـ اثر ـ رعب ٭
انفنٹری (اِنْ ـ فَینٹ ـ رِی) (انگ ـ Infantry) مؤنث ـ پیدل پلٹن ـ پیادہ فوج ٭
انقباض (اِنْ ـ قِبَاض) (ع) مذکر (۱) قبض ـ رکاوٹ ـ بستگی ـ گرفتگی (۲) سکڑنا ـ طبیعت کا ناشگفتہ ہونا ٭
اِنقراض (اِنْ ـ قِرَاض) (ع) مذکر ـ کٹنا ـ گزرنا ـ پورا ہونا ـ مقررہ مدت کا کام ختم ہونا ـ قطع ہونا ٭
اَنقرہ (اَنْ ـ قِرَہ) (ت) مذکر ـ ترکی کا دارالخلافہ ـ انگورہ ٭
اِنقسام (اِنْ ـ قِسَام) (ع) مذکر ـ بٹ جانا ـ حصہ حصہ ہونا ـ منقسم ہونا ٭
انقضا (اِنْ ـ قِضَا) (ع) مذکر (۱) گزرنا ـ ختم ہونا ـ پورا ہونا (۲) چھوٹ جانا ٭
اِنقضاءِ میعاد (ع) مذکر ـ مدت کا گزر جانا ٭
اِنقطاع (اِنْ ـ قِطَاع) (ع) مذکر ـ کٹ جانا ـ بند ہونا ـ الگ ہونا ـ منقطع ہونا ٭
اِنقلاب (اِنْ ـ قِلَاب) (ع) مذکر (۱) الٹ پلٹ ـ تغیر و تبدل ـ گردش (۲) اُلٹا ہونا ٭
اِنقلابِ آسمان
اِنقلابِ دہر
انقلابِ زمانہ
} (ع ـ ف) مذکر ـ زمانے کی گردش ـ وقت کی کایا پلٹ ـ نیرنگِ زمانہ ـ گردشِ دوراں ٭
اِنقیاد (اِنْ ـ قِیَاد) (ع) مذکر ـ پابندی ـ فرماں برداری ٭
انک (آنْک) (ہ) انکنا کا امر ٭ آنکا ڈُر (ہ) مذکر ـ جانچ ـ تخمینہ ٭ آنکنا (آنْک ـ نَا) (ہ) (۱) جچنا ـ قیمت لگنا ـ در ٹھہرنا ـ تخمینہ ہونا ـ اندازہ ہونا ـ تشخیص ہونا (۲) عمل، منتر جادو سے تکلیف یا بیماری رفع کرنا ٭
اِنکار (اِنْ ـ کَار) (ع) مذکر (۱) اقرار کے برعکس ـ کسی بات کو نہ ماننا (۲) عذر (۳) پرہیز (۴) انحراف ـ مخالفت ٭
اِنکسار (اِنْ ـ کِسَار) (ع) مذکر (۱) ٹوٹ جانا (۲) شکستگی (۳) فروتنی ـ خاکساری (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭
اِنکشاف (اِنْ ـ کِشَاف) (ع) مذکر ـ (۱) کُھلنا ـ ظاہر ہونا (۲) کھولنا ٭
اَنگک (اَنْ ـ گَک) (س) مذکر ـ حساب جاننے والا ـ حسابی ـ خاندان کا محاسب ٭
اَن کلیمڈ (اَنْ ـ کلیمْڈ) (انگ ـ Unclaimed) لاوارث (مال) ٭
اِن کمپلیٹ (اِنْ ـ کَم ـ پلیٹ) (انگ ـ Incomplete) ادھورا ـ نامکمل ٭
اِنکم ٹیکس (اِنْ ـ کَم ـ ٹیکس) (انگ ـ Income Tax) مذکر ـ رعایا پر آمدنی کے حساب سے سرکاری محصول ٭
انکوٹ (اِنْ ـ کُوٹ) (ہ) مذکر ـ ہندوؤں کا ایک تہوار، جو دیوالی کے دوسرے دن ہوتا ہے ٭
انکھڑیاں (آنکھ ـ ڑِیاں) (ہ) مؤنث ـ آنکھیں ـ معشوق کی آنکھیں ـ (متروک) ٭
آنکھ مُنڈ ـ آنکھ مُنڈی (ہ) دیکھیے آنکھ مُندی ٭
انکھوا (آنکھ ـ وَا) (ہ) مذکر (۱) سوئی سی باریک اور سفید چیز، جو بڑھنے کی قوت سے پہلے پہل بیج میں پیدا ہوتی ہے (پھوٹنا کے ساتھ)

(۲) آٹے کی وہ چیز، جو شگوفے جیسی بنا کر گھی میں پکاتے اور شیرے میں ڈال کر کھاتے ہیں۔ بیشتر عورتیں نظر بد کا اثر دور کرنے کے لیے اس پر نیاز دلواتی ہیں (۳) مونگ اور ماش کے لمبے لمبے ریزے، جو دلنے میں دال سے الگ ہو کر نکلتے ہیں ؎

انکھیارا (اَنکھ۔یا۔رَا) (ہ) (۱) اندھے کے برعکس۔ آنکھوں والا (۲) صاحبِ بصیرت۔ دِل کی آنکھیں رکھنے والا ؎

انکھیاں (اَنکھ۔یاں) (ہ) مؤنث (۱) آنکھیں (متروک) (۲) کھجور جیسی ایک میٹھی چیز، جسے تل کر بناتے اور نیاز دلواتے ہیں ؎

انگ (اَنگ) (ہ) مذکر (۱) جسم۔ بدن۔ تن۔ جسد۔ اندام (۲) جوڑ۔ عضو۔ بند (۳) پستان۔ چھاتی ؎ **انگ بِدیا** (س) مؤنث۔ ڈاکٹری۔ علمِ طب۔ تشریحِ بدن۔ علم الاجسام ؎ **انگ لگنا** (ہ) (۱) غذا کا جزوِ بدن ہونا (۲) بغلگیر ہونا (۳) کام میں آنا ؎ **انگ لگو** (اَنگ۔لَگ۔گو) (ہ) مذکر۔ ہر وقت ماں کی گود میں رہنے والا بچہ ؎ **انگا** (ہ) مذکر۔ انگرکھا۔ پیراہن۔ جامہ ؎ **انگرکھا** (اَنگر۔کھا، اَنگ۔رَکھا) (ہ) مذکر۔ مردوں کی ایک پوشاک۔ مسلمانوں کے انگرکھے میں داہنی جانب اور ہندوؤں کے بائیں طرف پردہ ہوتا ہے ؎ **انگڑانا** (ہ) (۱) انگڑائی لینا (۲) بستر پر کروٹ بدلنا ؎ **انگڑائی** (ہ) مؤنث۔ خمیازہ۔ جسم کا خود بخود اکڑنا ؎ **انگڑائی توڑنا** (ہ) (۱) انگڑائی لیتے وقت کسی کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اپنے جسم کا بوجھ ڈالنا (۲) (مجازاً) بیکار رہنا۔ نکمّا رہنا ؎ **انگڑائی لینا** (ہ) سستی کرنا۔ خمیازہ کشی کرنا۔ دونوں ہاتھ اوپر لے جا کر بدن کو پھیلانا ؎ **انگیا** (ہ) مؤنث۔ چھاتیوں پر باندھنے کا چھوٹا کپڑا۔ سینہ بند۔ انگی۔ چولی۔ محرم ؎ **انگیا کا بنگلہ** (ہ) مذکر۔ انگیا کی کٹوریوں پر گوٹا کناری کا چھ پھانک کا ٹکا ؎ **انگیا کا ٹھرّا** (ہ) مذکر۔ سوت کا وہ بٹا ہوا ڈورا، جو انگیا کے نیچے کی گوٹ میں داخل کیا جاتا ہے ؎

انگیا کا کنٹھا
انگیا کا گھاٹ } (ہ) مذکر۔ انگیا کا گریبان۔ وہ جگہ، جو گلے کے نیچے کھلی ہوتی ہے ؎

انگیا کی چڑیا (ہ) مؤنث۔ دونوں کٹوریوں کی درمیانی سیون ؎ **انگیا کی دیواریں** (ہ) مؤنث۔ کٹوریوں کے بڑے ٹکڑے ؎ **انگیا کی ڈوریاں** (ہ) مؤنث۔ وہ ریشمی یا مقیشی ڈوری، جو انگیا کے کنٹھے اور پیچھے میں سجاوٹ کے لیے ٹانکی جاتی ہے ؎ **انگیا کی کٹوری** (ہ) مؤنث۔ انگیا کا وہ حصّہ، جس میں چھاتیاں رہتی ہیں ؎ **انگیا کی کنٹھی** (ہ) دیکھیے "انگیا کا کنٹھا" ؎ **انگیا کی لہر** (ہ) مؤنث۔ کٹوریوں پر ٹکونا ٹکا ہوا مسالا ؎ **انگیا کے بازو** (ہ) مذکر۔ انگیا کے وہ حصّے، جو دونوں پہلوؤں کو چھپاتے ہیں ؎ **انگیا کے بند** (ہ) مذکر۔ انگیا کے تسمے، جن سے انگیا پیچھے کی طرف کسی رہتی ہے ؎ **انگیا کے پان** (ہ) مذکر۔ کٹوریوں کے دو ٹکڑوں میں سے چھوٹا ٹکڑا ؎ **انگیا کے پیٹھے** (ہ) مذکر۔ انگیا کی آستینوں میں لگانے والی چوڑی گوٹ ؎ **انگیا کے پچھوے** (ہ) مذکر۔ انگیا کے وہ ٹکڑے، جو پیچھے کی طرف ہوتے ہیں ؎

انگارا (اَنگ۔گا۔رَا) (ہ) مذکر (۱) آگ کا دہکتا ہوا بڑا ٹکڑا (۲) چمکتا ہوا۔ نہایت سُرخ ؎ **انگارا بننا** (ہو جانا) (ہ) (۱) کسی شے کا بے حد سرخ ہونا (۲) غصّے میں لال ہونا (۳) تندرستی میں رنگ کا سُرخ ہو جانا ؎ **انگاروں پر لٹانا** (ہ) جلانا۔ بے قرار کرنا۔ تڑپانا ؎ **انگاروں پر لوٹنا** (ہ) (۱) تڑپنا۔ بے قرار ہونا۔ بیتاب ہونا (۲) حسد و رشک سے جلنا ؎ **انگارے** (ہ) مذکر (۱) انگارا کی جمع (۲) (عو) کچھ مانگنے پر نہ دینے کے لیے انکار کا لفظ، جس میں کبھی تیکھ کبھی شوخی پائی جاتی ہے ؎ **انگارے برسنا** (ہ) سخت گرمی پڑنا۔ جھلستی ہوئی لو چلنا ؎ **انگارے برسیں** (ہ) (عو) (بددعا) خدا کا قہر نازل ہو ؎ **انگارے پھانکنا** (ہ) ایسا کام کرنا، جس کا بدلا اور سزا نہایت سخت ہو ؎ **انگارے کی طرح دہک رہا ہے** (ہ) (عو) اُس وقت بولتی ہیں، جب کسی کو سخت بخار ہو جائے ؎

انگبین (اَنگ۔بِین) (ف) مذکر۔ شہد۔ عسل ؎

انگریز (اَنگ۔رِیز) (و) مذکر۔ فرنگی۔ یورپ کا باشندہ۔ انگلستان کا رہنے والا۔ یورپی۔ گورا ؎ **انگریزی** (و) مؤنث (۱) انگریزوں کی زبان (۲) انگلستان یا یورپ کی چیزیں (۳) انگلستان یا یورپ سے متعلق ؎ **انگریزی راج، تن کو کپڑا نہ پیٹ کو ناج** (و) مثل۔ انگریزوں کی حکومت میں قحط اور مہنگائی کا دور دورہ ہے، اس لیے غریب سخت تنگی اور تکلیف سے گزارہ کرتا ہے ؎

انگڑ کھنگڑ (اَنگڑ۔گڑ۔ کھنگ۔گڑ) (ہ) مذکر (۱) خانہ داری کا سامان۔ کاٹھ کباڑ۔ پرانا اسباب۔ بیکار چیزیں۔ فضول اسباب۔ ٹوٹا پھوٹا سامان (۲) بہت سی پھیلی ہوئی چیزیں ؎

انگش بنگش (اَنگ۔گش۔ بَنگ۔گش) (ہ) مؤنث۔ واہیات۔ خرافات۔ مہمل۔ بیہودہ۔ اول جلول۔ بے ٹھکانے ؎

انگشت (اَنگ۔گشت) (ف) مؤنث۔ انگلی ؎ **انگشت بدنداں** (ف) حیران۔ حیرت زدہ۔ تحیّر سے دانتوں میں انگلی دیے ہوئے (ہونا کے ساتھ) ؎ **انگشت بلب ہونا** (ف) ہونٹوں پر انگلی رکھنا۔ خاموش رہنے کا اشارہ کرنا ؎ **انگشتِ ششم** (ف) مؤنث۔ وہ زائد اور بے کار انگلی، جو بعض لوگوں کی چھنگلیا میں ہوتی ہے ؎ **انگشتِ شہادت** (ف۔ع) مؤنث۔ کلمے کی انگلی۔ داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔ تصدیق کی انگلی۔ سبّابہ ؎ **انگشتِ نر** (ف) مذکر۔ انگوٹھا ؎ **انگشت نما** (ف) جس پر انگلیاں اٹھیں۔ بدنام۔ عیبی۔ رسوا۔ ملعون۔ مشتہر (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؎ **انگشت نمائی** (ف) مؤنث۔ رسوائی۔ بدنامی ؎ **انگشتانہ** (ف) مذکر (۱) شام جیسا پیتل یا لوہے کا خول، جو کپڑا سیتے وقت سوئی چبھنے سے محفوظ رہنے کے لیے چھنگلیا کے ساتھ کی انگلی میں پہنا جاتا ہے (۲) سینگ

یا ہڈی کا حلقہ، جو تیر چلاتے وقت ہاتھ کے انگوٹھے میں پہن لیتے ہیں ۔

انگشتر (ف) مؤنث۔ انگوٹھی۔ نگینہ جڑا ہوا سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ، **انگشتری** } جو ہاتھ کی انگلی میں پہنا جاتا ہے ۔

انگل (اُنگ۔ گَل) (ہ) مذکر (۱) انگلی (۲) انگلی کی چوڑائی کی مقدار (۳) پیمانہ۔ ناپنے کا آلہ ۔ **اُنگلا تا رہ** (ہ) (۱) انگلی کرنا (۲) اکسانا (۳) دق کرنا ۔ **اُنگلی** (ہ) مؤنث انگشت ۔ **اُنگلی پکڑ کے چلانا۔ اُنگلی پکڑانا** (ہ) انگلی کے سہارے سے بچوں کو چلنا سکھانا ۔ **اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑا** (ہ) مثل۔ تھوڑی ہی سی عنایت پر بڑھ چلے۔ ذرا سا سہارا پا کر پاؤں پھیلائے ۔ **اُنگلی پکڑنا** (ہ) سہارا لینا ۔ **اُنگلی (دانت تلے) دبانا** (ہ) حیران ہونا۔ افسوس کرنا ۔

اُنگلی دھرنا (ہ) (۱) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا (۲) دخل **اُنگلی رکھنا** } جمانا۔ قبضہ کرنا (۳) تعلق پیدا کرنا۔ دوستی لگانا ۔ **اُنگلی کرنا** (ہ) (کنایۃً) کسی کو پوشیدہ تکلیف دینا ۔ **اُنگلی کی پوریں** (ہ) مؤنث۔ انگلی کے جوڑ۔ انگلی کی گانٹھیں ۔ **اُنگلی میں لہو لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا** (ہ) کسی کام میں ذرا سا دخل پا کر حق مار یا مدعی بن جانا ۔ **اُنگلیاں** (اُنگ۔ لِیاں) (ہ) مؤنث۔ انگلی کی جمع ۔ **اُنگلیاں اُٹھانا** (ہ) (۱) اشارہ کرنا۔ (اس موقع پر "انگلی اٹھانا" بھی مستعمل ہے) (۲) بدنام، رسوا اور مطعون شخص کی طرف اشارہ کرنا ۔ **اُنگلیاں اُٹھنا** (ہ) (۱) اشارہ ہونا (۲) مطعون اور بدنام شخص کی طرف اشارہ ہونا (۳) نمائشی چیز کی طرف اشارہ ہونا ۔ **اُنگلیاں توڑنا** (ہ) (۱) انگلیوں کو کھینچ کر یا دبا کر آواز نکالنا (۲) عورتیں کسی کی بلائیں لینے کے بعد اپنی کنپٹیوں پر ہاتھ رکھ کر اور کبھی کوسنے اور بددعا دینے کے وقت دونوں ہاتھ ملاتی ہوئی انگلیاں توڑتی ہیں ۔ **اُنگلیاں ٹوٹنا** (ہ) لازم ۔ **اُنگلیاں چٹکانا** (ہ) انگلیاں توڑنا ۔ **اُنگلیاں چٹکنا** (ہ) لازم ۔ **اُنگلیاں چمکانا۔ مٹکانا۔ یا۔ نچانا** (ہ) ہاتھ اٹھا کر انگلیوں کو نچانا (عورتیں اور زنانے کبھی شوخی و تمسخر یا ناز و غمزہ سے اور کبھی باہم لڑتے وقت انگلیاں چمکا کر باتیں کرتے ہیں) ۔ **اُنگلیاں دانتوں میں دبانا** (ہ) (دیکھیے "انگلی (دانت تلے) دبانا") حیرت کرنا۔ بے حد افسوس کرنا ۔ **اُنگلیاں کاٹنا** (ہ) افسوس کے ساتھ حیران ہونا ۔

اُنگلیاں کانوں میں دینا (ہ) نہ سننے کی کوشش کرنا۔ کسی بات سے بیزار ہونا ۔ **اُنگلیاں گھسنا** (ہ) ایسا کام کرنا، جس سے انگلیوں پر رگڑ لگے ۔ **اُنگلیوں** (اُنگ۔ لیوں) (ہ) "انگلی" کی جمع ۔ **اُنگلیوں پر نچانا** (ہ) ہنسی اڑانا۔ از حد دق کرنا۔ ذلیل کرنا ۔ **اُنگلیوں میں فندق لگانا** (ہ) انگلیوں کے سرے پر مہندی لگانا ۔

اِنگلس (اِنگ۔ لِس) (ہ) مؤنث۔ وظیفہ۔ پنشن ۔ **انگلس پانا** (ہ) پنشن پانا ۔

اِنگلسی } (ہ) (۱) پنشن پانے والا ۔
اِنگلسیا } (۲) (مجازاً) سست ۔

اِنگلستان (اِنگ۔ لِس۔ تان) (ہ) مذکر۔ انگریزوں کا وطن۔ انگلینڈ۔ جزائر برطانیہ ۔

انگلستانِ حالیہ (ہ) مذکر۔ موجودہ انگلینڈ، جو ترقی اور نئی تہذیب سے آراستہ ہے ۔

اِنگلش (اِنگ۔ لِش) (انگ۔ English) (۱) مؤنث۔ انگلستان کی زبان۔ انگریزی (۲) انگلستان کی قوم۔ انگلستان کے باشندے (۳) انگلستان کی چیزیں (۴) دیکھیے "انگلس" ۔

انگلیٹ (اَنگ۔ لیٹ) (ہ) مؤنث۔ جثہ۔ بدن کی قدرتی وضع قطع۔ اٹھان۔ ڈیل ڈول۔ قد و قامت ۔

انگلینڈ (اِنگ۔ لَینڈ) (مہند) (انگ۔ England) مذکر۔ دیکھیے "انگلستان" ۔

انگنائی (اَنگ۔ نا۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) آنگن۔ صحن۔ مکان کے آگے کی کھلی جگہ (۲) چبوترا ۔

انگوٹھا (اَنگو۔ ٹھا) (ہ) مذکر۔ انگشتِ نر۔ ابہام۔ ہاتھ یا پاؤں کی سب سے موٹی انگلی ۔ **انگوٹھا دکھانا** (ہ) (۱) چھیڑنا۔ چڑانا (۲) صاف جواب دینا۔ انکار کرنا (۳) خیانت اور بددیانتی کرنا۔ کسی کی چیز لے کر واپس نہ دینا ۔ **انگوٹھا چومنا** (ہ) (۱) چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا (۲) متابعت، انکسار اور عاجزی کرنا (۳) نہایت محبت کرنا (۴) مسلمان رسول اللہ صلعم کا اسم گرامی سن کر اظہارِ تعظیم کے طور پر انگوٹھا چومتے ہیں ۔ **انگوٹھے** (ہ) "انگوٹھا" کی جمع ۔ **انگوٹھے (انگوٹھا) چوسنا** (ہ) (۱) دودھ پینے والے بچے کا انگوٹھا منہ میں لینا (۲) سیانے کا نادانی کی بات کرنا ۔ **انگوٹھے باندھنا** (ہ) دم نکل جانے کے بعد میت کو سیدھا رکھنے کے لیے اس کے دونوں انگوٹھے باندھ دیتے ہیں ۔

انگوٹھی (اَنگو۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ انگشتری ۔

انگوچھا (اَنگو۔ چھا) (ہ) مذکر۔ وہ چھوٹا سا کپڑا، جو ہندو لوگ لنگی یا رومال کی جگہ استعمال کرتے ہیں ۔

انگور (اَنگ۔ گور) (ف) مذکر (۱) ایک مشہور تر اور میٹھا میوہ۔ داکھ۔ رز۔ عنب (۲) وہ سرخ تنا ہوا دانہ دار گوشت، جو زخم کے بھرنے پر پیدا ہوتا ہے ۔ **انگور بندھنا** (ہ) زخم کا اچھا ہونے پر آنا ۔ **انگور پھٹ جانا** (ہ) بھرتے ہوئے زخم کا پھٹ جانا ۔ **انگور کا پھوٹ بہنا** (ہ) بھرتے ہوئے زخم کا شق ہو کر اس سے مواد جاری ہونا ۔ **انگور کا گچھا** (ہ) مذکر۔ انگور کا خوشہ ۔ **انگور کھٹے ہیں** (ہ) دیکھیے "اخ تھو کھٹے ہوتے ہیں" ۔ **انگور کی ٹٹی** (ہ) مؤنث۔ تاکِ انگور جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں ۔ **انگوری بیل** (ہ) مؤنث۔ کپڑے پر کڑھی یا بنی ہوئی بیل، جو انگور کی بیل سے ملتی جلتی ہو ۔ **انگوری شراب** (ہ) مؤنث۔ انگور کے رس سے تیار کی ہوئی شراب ۔

انگیٹھی (اَنگ۔ گی۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ وہ ظرف، جس میں آگ رکھ کر تاپتے یا خوشبو کی چیزیں سلگاتے ہیں۔ آتش دان۔ مجمر۔ گلخن ۔

انگیز (اَنگ۔ گیز) (ف) مؤنث (عو) برداشت ۔ **انگیز کرنا** (ہ) برداشت کرنا۔ گوارا کرنا۔ اٹھانا۔ ذمے لینا ۔ **انگیزنا** (ہ) (دہلی) جبر سہ لینا ۔

اِن لینڈ (اِن۔ لَینڈ) (انگ۔ Inland) (۱) ملک کے اندر کا حصہ۔ ساحل یا سرحد سے دور حصہ (۲) اندرونِ ملک کی۔ اندرونی ۔

اُنمان (اُن ۔ مان) (ہ) مذکر (۱) نتیجہ (۲) اندازہ ۔
اُنناس (اَن ۔ ناس) (پرتگالی) مذکر۔ ایک مشہور پھل جو خربوزے سے چھوٹا، مبوزا اور خوش بودار ہوتا ہے ۔
اننت (اَنَنت) (ہ) (۱) بے حد۔ بے انتہا (۲) چودہ گرہ کا وہ ڈورا، جو ہندو بھادوں سدی کی چودھویں تاریخ کو اپنے ہاتھ پر باندھتے ہیں ۔ **اننت چودس** (ہ) مؤنث ۔ بھادوں سدی کی چودھویں تاریخ، جب ہندو اننت باندھتے ہیں ۔
انند (اَنَند) (ہ) دیکھیے "آنند" ۔ **انند بدھاوا** (ہ) مذکر۔ خوشی کا گیت۔ بدھائی ۔ **انند کے تار بجانا** (ہ) دیکھیے "آنند کے تار بجانا" ۔ **انند منگل** (ہ) دیکھیے "آنند منگل" ۔ **انندی پُرش** (ہ) مذکر۔ ہنس مُکھ آدمی ۔
انوار (اَن ۔ وَار) (ع) مذکر۔ نُور کی جمع (۱) روشنیاں ۔ اجالے ۔ جوتیں (۲) کرنیں (۳) شان و شوکت ۔
انواس (اَن ۔ وَاس) (ہ) انواسنا کا امر ۔ **انواسنا** (ہ) کورے برتن کو کھنگالنا ۔ **انواسی** (ہ) (۱) کھنگالی ہوئی (۲) استعمال کی ہوئی (۳) بیاہی ہوئی ۔
انواع (اَن ۔ وَاع) (ع) مذکر و مؤنث ۔ نوع کی جمع ۔ قسمیں ۔ **انواع انواع کے** (و) قسم قسم کے ۔ طرح طرح کے ۔ بھانت بھانت کے ۔ **انواع و اقسام کے** (و) رنگ برنگ کے ۔ گوناگوں ۔ قسم قسم کے ۔
انوپ (اَنُوپ) (ہ) (۱) لاجواب ۔ لاثانی ۔ بے نظیر ۔ بے مثال ۔ یکتا (۲) مؤنث ۔ وہ چیز جو دوا کو حلق سے اتارنے کے لیے اس کے ساتھ دی جاتی ہے (۳) ایسی زمین، جس کی سطح کے قریب پانی ہو (۴) نم دار ۔ بھیگا ہوا ۔ گیلا ۔ پانی والا ۔
انوپان (ہ) مذکر و مؤنث (۱) دیکھیے "انوپ" (۲) دوا کے کھانے اور اس کے ساتھ پرہیز کی چیزیں ۔ کھانے کا قاعدہ ۔ طریقِ استعمال ۔
انوٹ (اَن ۔ وَٹ) (ہ) (۱) مذکر۔ گھنگروؤں والا ایک زیور، جو ہندو عورتیں پاؤں کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں (۲) (ع) (دہلی) مؤنث ۔ ناز ۔ ادا ۔ انداز ۔ چھب ۔ نخرا ۔ وضع ۔ لچک ۔
انوٹھا (اَنُو ۔ ٹھا) (ہ) (۱) جھوٹا کے برعکس ۔ کھانے کی چیز، جس میں سے کسی نے نہ کھایا ہو (۲) انوکھا (ان معنی میں اب فصحاء لکھنؤ "انوکھا" زیادہ بولتے ہیں) ۔ **انوٹھی بات** (ہ) مؤنث ۔ نادر بات ۔ نئی بات ۔ نرالی بات ۔ انوکھی بات ۔
اُنُوثت (اُنُو ۔ ثت) (ع) مؤنث ۔ مادہ ہونا ۔ زن ہونا ۔
انور (اَن ۔ وَر) (ع) نہایت روشن ۔ بہت پُرنُور ۔ بے حد نورانی ۔ زیادہ چمکیلا ۔ خوب صورت ۔
انور پاشا (ع ۔ ت) مذکر ۔ مشہور ترک جرنیل، جس کی کوشش سے ترک جنگِ عظیم میں شامل ہوئے اور خود بالشویکوں کے خلاف لڑتا ہوا شہید ہوگیا ۔
انوری (اَن ۔ وَری) (ع ۔ ف) مذکر۔ فارسی کا ایک مشہور و معروف قصیدہ گو شاعر ۔
انوکھا (اَنُو ۔ کھا) (ہ) (۱) نرالا ۔ عجیب و غریب ۔ نادر (۲) سب سے الگ ۔ **انوکھی** (ہ) انوکھا کی تانیث ۔
اُنْھ ۔ اُوْنْھ (اُنْھ ۔ اُوْنْھ) (ہ) مؤنث (۱) بے پروائی ۔ استغنا (۲) نفرت ۔ گریز ۔
انھتر (اُنھَت ۔ تَر) (ہ) ۶۹ ۔ لعـــــہ ر ۔ ساٹھ اور نو ۔ ایک کم ستر ۔
اِنہدام (اِن ۔ ہِدام) (ع) مذکر (۱) ڈھینا ۔ گرنا ۔ مسمار ہونا (۲) برباد ہونا ۔ ویران ہونا (۳) ڈھانا ۔ گرانا ۔ مسمار کرنا (۴) برباد کرنا ۔ ویران کرنا ۔ (۵) مسماری ۔ تخریب ۔ پامالی ۔
اِنہزام (اِن ۔ ہِزام) (ع) مذکر ۔ شکست کھانا ۔ بھاگ جانا ۔
اِنہماک (اِن ۔ ہِماک) (ع) مذکر (۱) کسی کام میں بہت زیادہ محو ہونا (۲) مشغولی ۔ مصروفیت ۔ محویت (۳) حد سے بڑھ کر کوشش کرنا ۔
انھوریاں (اَنھو ۔ ریاں) (ہ) مؤنث ۔ گرمی دانے (پنجابی پت) ۔
اِنھوں (اِنھوں) (ہ) اسم اشارہ قریب ۔ فاعل کے لیے تعظیماً آتا ہے ۔ **اُنھوں** (ہ) اسم اشارہ بعید ۔ فاعل کے لیے تعظیماً آتا ہے ۔ **اِنھیں** (یاءِ معروف سے) (ہ) ان ہی ۔ **اِنھیں** (یاءِ معروف سے) پاؤں (ہ) فوراً ۔ بہت جلد ۔ بے توقف ۔ **اُنھیں** (یاءِ معروف سے) (ہ) اُن ہی ۔ **اِنھیں** (یاءِ مجہول سے) (ہ) ان کو ۔ **اِنھیں بھی لکھو** (ہ) ان کو بھی احمقوں میں داخل کرو ۔ **اُنھیں** (یاءِ مجہول سے) (ہ) اُن کو ۔
انی (اَنی) (ہ) مؤنث (۱) نیزے کی نوک (۲) برچھی کی نوک (۳) جوتے کی نوک (۴) (پھکیتوں کی اصطلاح) سامنے کی سیدھی چوٹ ۔ **انی دار جوتا** (و) مذکر۔ ایک قسم کا گھیتلا جوتا، جس کی لمبی نوک اوپر کو اٹھی ہوتی ہے ۔

انی کا ہاتھ انی کی چوٹ انی کی ضرب	(ہ) ۱ مذکر، ۲،۳ مؤنث ۔ سامنے کی سیدھی چوٹ ۔

انی کی ٹلی ہزار برس (و) مقولہ ۔ مصیبت دم بھر کے لیے ٹل جائے تو گویا ہزار سال تک بے فکری ہے ۔ **انیاں بیتانا** (ہ) سامنے کی سیدھی چوٹ لگانا ۔
انیاٹانک (اَن، یَا، ٹانک) (ہ) (عوام) ٹھیک تول ۔
انیائی (اَن ۔ یَا ۔ اِی) (ہ) (۱) بے انصاف ۔ ظالم (۲) ناشائستہ ۔ ورشریر بچہ ۔
انیتی (اَنِی ۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) شرارت (۲) ظلم (۳) بدعت (۴) شور ۔
انیس (اَنِیس) (ع) (۱) اُنس رکھنے والا ۔ ہمدم ۔ دوست (۲) میر ببر علی لکھنوی مرحوم کا تخلص، جو ایک نہایت بلند پایہ، مشہور اور ممتاز مرثیہ گو تھے ۔
اُنیس (اُن ۔ نِیس) (ہ) ۱۹ ۔ لعـــــہ ر ۔ دس اور نو ۔ ایک کم بیس ۔ نوزدہ ۔ **اُنیس بیس** (ہ) ذرا سا فرق ۔ اونی کمی بیشی ۔

اَنیسُون (اَنِی-سُوْن) (ع) مؤنّث - ایک دوا ٭
انیق (اَنِیْق) (ع) (۱) انوکھا - نادر - عجیب (۲) خوب - خوش آئند ٭
انیلا (اَنِی-لا) (ہ) مذکّر - ناواقف - نادان - ناتجربہ کار - بھولا - خام ٭
انیلاپن (ہ) مذکّر - نادانی - ناتجربہ کاری - ناواقفیت - بھولاپن ٭
انیلی (ہ) مؤنّث - نادان - ناتجربہ کار - بھولی بھالی ٭

ا-و

او (اَوْ) (ہ) اے - ارے ٭ اَوْ مُحَرّش (حرفِ ندا) او میاں جانے والے ٭
اَواخِر (اَوَا-خِرْ) (ع) مذکّر - آخر کی جمع - پچھلے حصّے - انجام - ختم - انتہا - حد ٭
اوارجہ - اَوَارچہ (اَوَا-رِجَہْ، اَوَا-رِچَہْ) (ف) مذکّر - بہی - رجسٹر - روزنامچہ - حساب کی کتاب - رسید بک ٭
اوازہ - تَوازہ (اَوَا-زَہْ، تَوَا-زَہْ) (ہ) مذکّر - طعن تشنیع - بولی ٹھولی ٭
اواسط (اَوَا-سِطْ) (ع) مذکّر - اوسط کی جمع - درمیانی حصّے ٭
اوامر (اَوَا-مِرْ) (ع) مذکّر - امر کی جمع - احکام ٭
اوائل (اَوَا-ئِلْ) (ع) مذکّر - اوّل کی جمع (۱) شروع - آغاز - ابتدا - پہلے حصّے (۲) چرخے کی مال ٭ اوائل عمر (ع) مؤنّث - بچپن کا زمانہ - لڑکپن - طفلی ٭
اَوائی (اَوَا-ئِی) (ہ) مؤنّث - آمد - کسی کے آنے کی خبر - افواہ - بے سروپا بات - شہرت (لکھنؤ میں اس مقام پر "آمد" زیادہ کہتے ہیں) ٭
اوائی اڑانا } (ہ) جھوٹی خبر پھیلانا - چرچا ہونا ٭
اوائی اڑنا }
اوباش (اَوْ-بَاشْ) (ع) لچا - بدمعاش - عیّاش - شہدا - آوارہ - بدچلن ٭
اوباشی (ع) مؤنّث - بدمعاشی ٭
اوبزرویٹری (اَوْبْ-زَرْ-وِےْ-ٹَرِی) انگ - Observatory مؤنّث - رصدگاہ - ستاروں کی رفتار معلوم کرنے کا بلند مینار ٭
اُوبنا (اُوْبْ-نَا) (ہ) اُکتانا ٭
اوبی (اَوْ-بِی) (ہ) مؤنّث - وہ گڑھا، جو ہاتھی کو پکڑنے کے لیے جنگل میں کھودا اور خس پوش کیا جاتا ہے ٭
اوپ (اَوْپْ) (ہ) مؤنّث (۱) جلا - آب و تاب - چمک - ضیا (۲) رونق ٭ اوپچی (ہ) مسلّح - ہتھیار پہنے ہوئے - بانکا سپاہی ٭
اوپر (اُوْ-پَرْ) (ہ) (۱) حرفِ ظرف - پر (۲) نیچے کے برعکس - بالا (۳) کوٹھا - بالاخانہ (۴) (عو) بعد (۵) باہر (۶) اُس سے پہلے (۷) اپنی ذات پر (۸) زیادہ (۹) (عو) برتے پر - سہارے ٭
اوپر اوپر (ہ) (۱) بالابالا - پوشیدہ - الگ الگ (۲) ظاہری نمائش ٭ اوپر اوپر رہ جانا (ہ) بے نتیجہ ہونا - بے اثر ہونا - بیکار رہ جانا ٭
اوپر تلے (ہ) ایک کے اوپر ایک - ایک کے بعد دوسرا - متواتر - باربار - پیہم - پے در پے ٭ اوپر تلے کے (ہ) وہ دو بچّے جن کے درمیان کوئی اَور بچّہ نہ پیدا ہوا ہو ٭ اوپر دھڑی (ہ) مؤنّث (۱) مفت کی تہمت - ناحق کا الزام (۲) دکھاوے کی باتیں - ظاہری باتیں ٭
اوپر سے (ہ) (۱) اونچائی سے (۲) اس کے علاوہ - دوسرے - اس پر (۳) تنخواہ کے علاوہ بالائی رقم - رشوت ٭ اوپر سے اوپر - اُوپری اوپر (ہ) بالا بالا - علیحدہ سے علیحدہ ٭ اوپر کا (ہ) (۱) اجنبی - غیر - بیگانہ (۲) رشوت کا (۳) فالتو ٭ اوپر کا کام (ہ) فالتو کام ٭ اوپر سوجھنا (ہ) دُور کا سوجھنا ٭ اوپر کے دل سے (ہ) ظاہرداری سے ٭ اوپر کے دم آنا (ہ) اُلٹی سانس چلنا - مرنے کے قریب ہونا ٭ اوپر کے دم بھرنا (۱) (ہ) لمبی سانس لینا (۲) (کنایتہً) نزع کی حالت ہونا ٭ اوپروار (ہ) (عو) اُوپر کی طرف ٭ اوپر والا (ہ) (عو) (۱) خدا (۲) نیا چاند (۳) بالائی کام کا نوکر ٭ اوپر والے (ہ) (۱) بیگانے جنھیں کوئی تعلق اور حق نہ ہو - الگ تھلگ (۲) کارکن اور منتظم لوگ ٭ اوپر والیاں (ہ) (عو) چیلیں (۲) پریاں (۳) چڑیلیں (۴) خدمت گار عورتیں ٭ اوپری (اُوْ-پَرِی) (ہ) (۱) ناموزوں - بدزیب (۲) ظاہری (۳) غیر - اجنبی (۴) بالائی ٭ اوپری بات (ہ) مؤنّث - رسمی اور معمولی بات - بیکار بات ٭ اوپری دل سے (ہ) بناوٹ سے - ظاہرداری سے ٭ اوپری دل کی (ہ) بناوٹ کی - ظاہرداری کی ٭
اوپنی (اُوْپْ-نِی) (ہ) مؤنّث - سان (روزمرّہ میں "سان" زیادہ مستعمل ہے) ٭
اُوت (اُوْتْ) (ہ) مذکّر (۱) وہ جوان جو کنوارا ہی مر جائے (۲) (مجازاً) مورکھ - احمق - نادان - بیوقوف (۳) نامراد - ناکام (۴) لاولد (۵) پلید ارواح (۶) منحوس ٭ اُوت پڑنا (ہ) (عوام) بچت ہونا - نفع ہونا ٭ اُوت کسر ماری جانا (ہ) نفع یا نقصان ہونا ٭ اوت نپوتا (ہ) (۱) کنوارا (۲) بے اولاد ٭ اوتوں کا فاتحہ (۱) مذکّر (عو) بے اولادوں کا فاتحہ ٭
اَوتاد (اَوْ-تَادْ) (ع) مذکّر - اولیاء اللہ کا ایک خاص گروہ، جو دُنیا کا باطنی انتظام کرتا ہے ٭
اوتار (اَوْ-تَارْ) (ہ) مذکّر (۱) رسول - پیغمبر (۲) (ہندوؤں کی اصطلاح) خدا کا کسی جنم میں داخل ہو کر اصلاح کے لیے دُنیا میں آنا (۳) مقدّس - فرشتہ خو - نیک (۴) شریر - بدخصلت (۵) مرشد - استاد ٭ اوتاری (اَوْ-تَا-رِی) (ہ) (۱) بیٹا (۲) شریر لڑکا ٭
اوترپاتر (اَوْ-تَرْ، پَا-تَرْ) (ہ) (۱) بیچا ہوا (۲) الگ کیا ہوا (۳) ادا کیا ہوا ٭
اوترپاتر ہونا (ہ) بیباق ہونا ٭
اوٹ (اُوْٹْ) (ہ) مؤنّث (۱) حجاب - پردہ - آڑ (۲) اوجھل - غائب - سامنے

کے برعکس (۳) گھونگھٹ کی دیوار (۴) نقاب (۵) کمین گاہ۔ گھات۔ (۶) حمایت۔ پناہ۔ سایہ۔ سرن (۷) چھپا ہُوا۔ پوشیدہ۔ پیچھے۔ عقب (۸) لکڑی کا چوکھٹا، جو کپڑے سے منڈھوا کر پردے کی غرض سے استادہ کرتے ہیں۔ **اوٹ کرنا** (ف) آڑ کرنا۔ پردہ کرنا۔ **اوٹل** (ف) دیکھیے "اوٹ"۔ **اوٹل ہو جانا** (ف) نگاہ سے اوجھل ہو جانا۔ چھپ جانا۔

اوٹ (اُوَٹ) (ف) اوٹنا کا امر۔ **اوٹنا** (ف) مذکر (۱) چرخی اوٹنے والا (۲) وہ پتھر جو دروازے کے آگے دائیں اور بائیں ہاتھ پر بیٹھنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔ **اوٹنا** (ف) چرخی کے ذریعے سے روئی کو بنولوں سے جُدا کرنا۔ **اوٹنی** (ف) مؤنث۔ روئی اوٹنے کی چرخی۔

اوٹ پٹانگ (اُوَٹ۔ پَٹانگ) (ف) بے جوڑ۔ بے تُک۔ بیہودہ۔ بے معنی۔ مہمل۔

اوج (اَوْج) (ع) مذکر (۱) اونچائی۔ بلندی (۲) عروج۔ عزّت۔ مرتبہ۔ ترقّی۔
اَوْجِ موَّج (ف) مذکر (۱) بلند اقبالی۔ شان و شوکت (۲) دھوم دھام۔ ترقی (۳) عیش و عشرت۔

اوجڑ (اُوَ۔ جَڑ) (ف) ویران۔ خراب۔ تباہ۔ غیر آباد۔ **اوجڑ نگری سونا دیس** (ف) مثل (ع) ظالم حاکم کا راج ہے۔ ملک تباہ اور برباد ہے۔ مقام ویران ہے۔

اوجھ (اُوَجھ) (ف) مذکر۔ چوپایے کا معدہ۔ پیٹ۔ آنتیں۔ **اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے** (ف) مثل۔ ٹھسا ٹھس، پیٹ بھر کر نہ کھانے سے انسان بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔ **اوجھڑی** (اُوَجھ۔ ڑی) (ف) مؤنث۔ جانوروں کا معدہ۔ اوجھ۔

اوجھا (اُوَ۔ جھا) (۱) برہمنوں کی ایک شاخ (۲) جھاڑ پھونک کرنے والا ہندو۔

اوجھڑ (اُوَ۔ جھَڑ) (ف) مؤنث (۱) ڈھال کی جھڑپ (دینا، لگانا، لگنا، مارنا کے ساتھ) (۲) مطلق جھڑپ۔

اوجھل (اُوَ۔ جھَل) (ف) (۱) غائب۔ پوشیدہ۔ سامنے کے برعکس (۲) مؤنث۔ حجاب۔ پردہ۔ آڑ۔

اوچھا (اُوَ۔ چھا) (ف) (۱) کم ظرف۔ کمینہ۔ چھچھورا (۲) احسان جتانے والا (۳) اچٹتا ہُوا۔ ہلکا۔ ادھورا (۴) چھوٹا۔ اُٹنگا (۵) خفیف۔ کم گہرا۔ **اوچھا برتن اُبلتا ہے** (ف) کمینہ تھوڑے سے مال پر اترانے لگتا ہے۔ **اوچھا پن** (ف) مذکر۔ کم ظرفی۔ کمینگی۔ چھچھورا پن۔ **اوچھا زخم** (ف) مذکر۔ وہ زخم، جو گہرا نہ ہو۔ خفیف زخم۔ **اوچھا وار** (ف) مذکر۔ اچٹتی ہوئی ضرب، جو کاری نہ ہو۔ **اوچھا ہاتھ پڑنا** (ف) ہلکی ضرب لگنا، جس سے چوٹ کم آئے۔ **اوچھی بات** (ف) مؤنث۔ نامناسب بات۔ نازیبا بات۔ ہلکی بات۔ **اوچھی پونجی خصم کو کھائے** (ف) مثل۔ تھوڑے پیسوں سے تجارت کرنے میں اصل بھی ضائع ہو جاتا ہے۔ **اوچھی تلوار** (ف) مؤنث۔ تلوار کا اچٹتا ہُوا وار، جو بخوبی کاٹ نہ کرے۔ **اوچھے کا احسان بُرا ہوتا ہے** (ف) مثل۔ چھچھورے آدمی کا احسان ہرگز نہ لینا چاہیے۔ کمینے سے مدد لینا اچھا نہیں۔ **اوچھے کی پیت اور بالو کی بھیت** (ف) مثل۔ کمینے کی دوستی ویسی ہے۔ جیسی ریت کی دیوار۔ چھچھورے کی محبت کا کوئی اعتبار نہیں۔ **اوچھے کے گھر (کا) کھانا جنم جنم (جنم جنم) کا طعنہ** (ف) مثل۔ کمینہ ذرا سا احسان کرکے ہمیشہ طعنے دیتا ہے۔

اوچھا۔ اوچھا جی۔ اوچھے جی (ف) مذاق اور طنز سے کہتے ہیں۔ اجی ہو ہو۔ واہ وا۔ چہ خوب۔ چہ خوش۔

اوچھن پوچھن (اُوَ۔ چھَن۔ پُو۔ چھَن) (ف) مذکر۔ جھوٹا بچا ہُوا کھانا۔

او خویشتن گم است کرا رہبری کند (ف) مثل (۱) جو شخص خود ہی راستہ بھول گیا ہو، وہ دوسرے کی رہنمائی کیا کرے گا؟ (۲) جو خود ہی کسی قابل نہ ہو، وہ دوسرے کی مدد کیا کر سکتا ہے۔

اُودا (اُو۔ دا) (ف) سُرخی مائل سیاہ۔ بینگنی۔ **اُوداہٹ** (ف) مؤنث۔ سُرخی مائل سیاہ رنگ کا ہونا۔

اود بلاؤ (اُود، بِلا۔ اُو) (ف) مذکر (۱) بلّی جیسا ایک جانور، جو عموماً دریا کے کنارے رہتا اور مچھلی مینڈک کھاتا ہے (۲) بے وقوف آدمی۔
اود بلاؤ کی ڈھیری (ف) مؤنث۔ کبھی ختم نہ ہونے والا جھگڑا۔

اودسا۔ اوداسا (اُود۔ سا، اُو۔ دا۔ سا) (ف) مؤنث۔ مصیبت۔

اودھ (اَوَدھ) (ف) مذکر۔ ہندوستان کا ایک مشہور صوبہ، جس کا صدر مقام لکھنؤ ہے۔

اودھم (اُو۔ دھَم) (ف) دیکھیے "اُدھم"۔ **اودھمی** (ف) شریر۔ فسادی۔ جھگڑالو۔

اودھو (اُو۔ دھو) (س) مذکر۔ کرشن جی کا ایک سچّا بھگت۔ **اودھو کا لین، نہ مادھو کا دین** (ف) مثل۔ نہ کسی کے لینے میں، نہ دینے میں۔ تمام جھگڑوں سے الگ۔

اَور (اَوْر) (ف) (۱) حرفِ عطف (۲) پھر (۳) مگر۔ لیکن (۴) تعجب اور حیرت کے موقع پر (۵) بلکہ (۶) کیا نتیجہ ہوا اگر (۷) ضرور۔ بے شک (۸) لازمی نتیجہ ظاہر کرنے کے محل پر (۹) زیادہ (۱۰) دوسرا (۱۱) بیگانہ۔ غیر (۱۲) متغیّر۔ خلافِ سابق۔ نیا (۱۳) اس کے بعد۔ پھر۔ آگے کہو (۱۴) برعکس۔ خلاف (۱۵) طُرفہ (۱۶) اس کے علاوہ (نمبر ا سے ۸ تک کبھی فَتَح اور کبھی فَاعِ کے وزن پر آتا ہے۔ نمبر ۳ میں فَتَح ہی کے وزن پر خوب اور زیادہ مستعمل ہے اور نمبر ۹ سے ۱۵ تک فَاعِ ہی کے وزن پر استعمال میں ہے)۔
اَور ار اوسے سے دیکھنا (ف) بُری نیت سے دیکھنا۔ **اَور الٹے** (ف) بہ خلاف۔ برعکس۔ **اَور اَور** (ف) ایسے ویسے۔ بیگانے۔ غیر۔
اَور اَور باتیں (ف) مؤنث (۱) انوکھی باتیں (۲) کچھ کی کچھ باتیں (۳) مختلف باتیں۔ **اَور بات ہے** (ف) جداگانہ امر ہے۔
اَور بھی (ف) اَور زیادہ۔ **اَور بھی تم نے سُنا** (ف) عجیب و غریب

بات کے متعلق بولتے ہیں ؛ **اَوْر تماشا دیکھو، اَوْر تماشا سنو** (ف) کسی امر پر انتہائی حیرت ظاہر کرنے کی جگہ کہتے ہیں ؛ **اَوْر تو اَوْر** (ف) اَوْروں کو جانے دو ۔ حیرت کی بات یہ ہے ؛ **اَوْر دیکھنا** (ف) حیرت اَور تعجّب کے مقام پر ؛ **اَوْر رنگ لائی گلہری** (ف) مثل (عوام) ایسے موقع پر تعجب اَور حیرانی سے کہتے ہیں، جب کسی سے کوئی نئی بات اس کی طاقت اَور حوصلے سے بڑھ کر ہو ؛ **اَوْر سنو** (ف) نئی سنو اور تماشا دیکھو ؛ **اَوْر سے اَوْر ہو جانا** (ف) تنزل یا ترقی سے حالت پلٹ جانا ؛

اَوْر عالم میں ہونا
اَوْر رنگ میں ہونا } (ف) دوسرے رنگ میں ڈوبا ہونا ۔ آپ میں نہ ہونا ؛
اَوْر کیفیّت میں ہونا

اَوْر عالم ہو جانا (ف) دوسری کیفیّت پیدا ہو جانا ؛ **اَوْر کو نصیحت، اپنے تئیں فضیحت** (ف) مقولہ ۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو دوسروں کو نصیحت کرے، لیکن آپ عمل نہ کرے ؛ **اَوْر کوئی** (ف) دوسرا شخص ۔ دوست ۔ رشتہ دار ؛ **اَوْر کیا** (ف) (۱) بے شک ۔ تصدیق کرنے اور مان لینے کے مقام پر بولتے ہیں (۲) کلمۂ استفہام، اَوْر کیا چاہتے ہو؟ اس کے علاوہ کیا کہتے ہو؟ ؛ **اَوْر کے نام انڈے بچے، ہمارے نام کڑک** (ف) مثل ۔ گلہ شکوہ کرنے کی جگہ کہتے ہیں یعنی دوسروں کے لیے سب کچھ ہے اور ہمارے واسطے مجبوری کا اظہار کیا جاتا ہے ؛ **اَوْر گھر دیکھو** (ف) (۱) دوسری جگہ ٹھکانا کرو (۲) اکثر بھکاری سے انکار کے مقام پر بولتے ہیں ؛ **اَوْر نہیں تو کیا** (ف) یہی بات تو ہے ؛ **اَوْر ہوا ہونا** (ف) نیا رنگ ہونا ۔ دوسری کیفیّت ہونا ؛ **اَوْر ہی** (ف) دوسرے ڈھنگ کا ؛ **اَوْر ہی بات ہے** (ف) تعریف کے موقع پر بولتے ہیں ۔ عجیب وصف ہے ۔ نرالی کیفیت ہے ؛ **اَوْرِی** (ف) "اَوْر ہی" کا مخفف ۔ دوسرا ہی ۔ دوسرے طریق کا ؛

اُوْر (اُوْر) (ف) مؤنّث (عوام) طرف ۔ سمت ؛ **اُوْر چھور** (ف) مذکّر (۱) حد ۔ کنارہ (۲) ابتدا اور انتہا ۔ آغاز اور انجام ؛

اوراد (اَو ۔ راد) (ع) مذکّر ۔ ورد کی جمع ۔ وظیفے ؛

اَوْراق (اَو ۔ راق) (ع) مذکّر ۔ ورق کی جمع (۱) کاغذ کے پرت (۲) درخت کے پتّے ؛

اورس چورس (اَو ۔ رَس، چَو ۔ رَس) (ف) ہموار ؛

اورما (اُوْر ۔ ما) (ف) مذکّر (۱) ایک قسم کی سیون (۲) کور ۔ گوٹ ۔ مغزی ۔ سنجاف ؛

اُوْرما بنانا
اُوْرما کرنا } (ف) (۱) اُورمے کی سلائی کرنا ۔ گوٹ لگانا (۲) (عوام) سخت مارنا ۔ مارتے مارتے اُتّو کر دینا ؛

اورنگ (اَو ۔ رَنگ) (ف) مذکّر (۱) تختِ شاہی (۲) ایک پھول کا نام، گل فندق (۳) عقل (۴) فریب (۵) دیمک ؛ **اورنگ زیب** (ف) مذکّر (۱) تخت کو زینت دینے والا (۲) سلطان محی الدّین عالمگیر اعظم شہنشاہِ ہندوستان کا لقب ؛ **اورنگ زیبی بات** (ف) مؤنّث ۔ پیچ کی بات ؛ **اورنگ زیبی پھوڑا** (ف) مذکّر ۔ مغلی پھوڑا ۔ ایک نہایت تکلیف دہ اور خطرناک دنبل کار بنکل ؛

اُوْرے دُھورے (اُو ۔ رے ۔ دُھو ۔ رے) (ف) مذکّر ۔ آس پاس ؛

اورینٹل (اَو ۔ ری ۔ اَین ۔ ٹَل) (انگ ۔ Oriental) مشرقی ۔ پوربی ؛

اوڑا (اَو ۔ ڑا) (ف) مذکّر (۱) توڑا ۔ کمی (۲) تنگی (۳) قحط ؛ **اوڑا پڑنا** (ف) (۱) ناپید ہونا ۔ مٹنا (۲) غارت ہونا (۳) کمی یا قحط پڑنا ؛

اوڑھ (اُوڑھ) (ف) "اوڑھنا" کا امر ؛ **اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی** (ف) مثل ۔ بے شرم کے متعلق کہتے ہیں ۔ پہلے اس کی جگہ یہ مثل مستعمل تھی ۔ "منہ کی گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی" ؛ **اوڑھ لینا** (ف) (۱) چادر، دُلائی، کمل ۔ لحاف وغیرہ بدن پر ڈالنا (۲) اپنے ذمّے لینا (۳) گوارا کرنا ؛ **اوڑھنا** (ف) (۱) جسم پر کپڑا ڈالنا (۲) مذکّر ۔ اوڑھنے کی چیز ۔ لحاف ۔ دُلائی، کمل، چادر وغیرہ ۔ ان معنی میں "بچھونا" کے ساتھ استعمال میں ہے، تنہا اوڑھنا نہیں کہتے ؛ **اوڑھنا اتارنا** (ف) (۱) توہین کرنا ۔ ہتک کرنا ۔ بے عزّتی کرنا (۲) سر ننگا کرنا ۔ جسم برہنہ کرنا ۔ چادر وغیرہ اُتارنا ؛ **اوڑھنا اُڑھانا (ڈالنا)** (ف) (۱) چادر وغیرہ اُڑھانا (۲) رانڈ کی شادی کرنا ۔ بیوہ سے نکاح کرنا ؛ **اوڑھنا بچھانا** (ف) (کنایۃً) کسی چیز کو ہر وقت برتنا ؛ **اوڑھنا بچھونا** (ف) مذکّر (۱) لحاف توشک ۔ استر بستر (۲) کمائی، پونجی (۳) تھوڑا مال ؛ **اوڑھنا بچھونا بنا لینا** (ف) کسی چیز کو ہمیشہ استعمال میں لانا ؛ **اوڑھنا گلے میں ڈالنا** (ف) (۱) دوپٹا گلے میں ڈال کر حاکم کے پاس انصاف کے لیے لے جانا (۲) الزام لگانا ۔ تہمت لگانا (۳) گلے پڑنا ۔ سر ہونا ؛ **اوڑھنی** (ف) مؤنّث ۔ (۱) لڑکی کی چُنری (۲) مسالا ٹکا ہوا سرخ کارچوبی دوپٹا جو دُلھن کے جوڑے میں لگایا جاتا ہے ؛ **اوڑھنی بدلنا** (ف) منہ بولی بہن بنانا ۔ سہیلی بنانا ۔ بہناپا کرنا ؛ **اوڑھوں (کہ) بچھاؤں** (ف) (۱) وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی بات کے صلے میں خالی تعریف ہی تعریف ہو اور فائدہ کچھ نہ ہو (۲) کیا کروں ؛ **اوڑھی چادر ہوئی برابر، میں بھی شاہ کی خالہ ہوں** (ف) مثل (۱) تھوڑی حیثیت پر فخر کرنا (۲) بڑے آدمی سے خواہی نخواہی رشتہ ظاہر کرنا ؛

اوزار (اَو ۔ زار) (ع) مذکّر ۔ ہتھیار ۔ آلات ؛

اوزان (اَو ۔ زان) (ع) مذکّر ۔ وزن کی جمع (۱) تولنے کے پیمانے ۔ بٹّے ۔ باٹ (۲) تول (۳) بوجھ (۴) شعر کی بحریں ؛

اَوْس (اَوْس) (ع) مذکّر (۱) بھیڑیا (۲) عوض ۔ عطا (۳) عرب کا ایک قبیلہ ؛

اُوْس (اُوْس) (ف) مؤنّث ۔ پانی کی بوندیں جو صبح کو گھاس، پودوں وغیرہ پر پڑی ہوتی ہیں ؛ **اوس پڑنا** (ف) (۱) اوس گرنا (۲) اُداسی چھانا ۔ بے رونقی برسنا ۔ رونق نہ رہنا ۔ افسردگی چھانا ؛

اوس چاٹے پیاس نہیں بجھتی
اوس سے پیاس نہیں بجھتی
اوسوں (سے) پیاس نہیں بجھتی } (ہ) مثل - زیادہ خواہش میں تھوڑی چیز ملنے سے تسلی نہیں ہوتی ؎

اوس کے موتی (ہ) مذکر - ضائع یا نابود ہونے والی چیز ؎ **اوس گرنا** (ہ) شبنم کا ظاہر ہونا ؎

اوسان (اَوْ - سَاْن) (ہ) مذکر (۱) حواس - ہوش و حواس (۲) حوصلہ - جرأت - ہمت ؎ **اوسان آنا** (ہ) (دہلی) ہوش آنا - حواس درست ہونا ؎ **اوسان اُڑانا** (ہ) ہوش اُڑانا - بدحواس کر دینا ؎ **اوسان اُڑنا** (ہ) لازم ؎ **اوسان ٹھکانے ہونا** (ہ) ہوش و حواس بجا ہونا ؎ **اوسان جاتے رہنا** (ہ) (۱) ہوش و حواس بجا نہ رہنا - عقل درست نہ رہنا - گھبرا جانا (۲) استقلال جاتا رہنا ؎ **اوسان جانا** (ہ) بدحواس ہونا - ہوش جانا ؎ **اوسان خطا ہو جانا (ہونا)** (ہ) حواس درست نہ رہنا - ہوش جاتے رہنا ؎ **اوسان کھو جانا** (ہ) گھبرا جانا ؎ **اوسان کھو دینا** (ہ) بدحواس کر دینا ؎ **اوسان گئی** (ہ) (ع) بدحواس عورت - بے وقوف عورت ؎ **اوسان لے جانا** (ہ) بدحواس کر دینا - ہوش و حواس کھو دینا - پاگل بنا دینا ؎ **اوسان میں آنا** (ہ) (ع) ہوش میں آنا ؎ **اوسان نہ رہنا** (ہ) ہوش ٹھکانے نہ رہنا ؎

اَوسر (اَوْ - سَر) (ہ) مؤنث - جوان گائے یا بھینس ؎

اُوسر (اُوْ - سَر) (ہ) (۱) بنجر (۲) مؤنث - کھیتی باڑی کے ناقابل زمین - بنجر زمین - شور زمین ؎ **اُوسر کھیت میں کیسر** (ہ) مثل (۱) بدصورتوں میں کسی خوب صورت آدمی کا پیدا ہونا یا بسر کرنا (۲) نااہلوں میں اہل کا پیدا ہونا یا بسر کرنا (۳) بدنصیبوں اور کنگالوں کے ہاں خوش نصیب بچہ ہونا (۴) بُرے آدمیوں میں کسی نیک آدمی کا پیدا ہونا یا بسر کرنا ؎

اُوسر (اُوْ - سَر) (ہ) (۱) وقت - سماں (۲) موسم - رُت ؎ **اُوسر چُوکی ڈومنی گائے تال بے تال** (ہ) مثل - وقت کا چوکا ناکام رہتا ہے ؎

اُوسرا (اُوْ - سَ - رَا) (ہ) مذکر (۱) نوبت - نمبر - باری (۲) دور ؎

اوسط (اَوْ - سَط) (ع) (۱) میانہ - درمیانی - بیچ کا (۲) مذکر - برابر کا پڑتا (نکالنا کے ساتھ) ؎

اوصاف (اَوْ - صَاف) (ع) مذکر - وصف کی جمع (۱) ہنر - جوہر - کمالات (۲) خوبیاں - تعریفیں (۳) حالات (۴) اخلاق - عادات (ان معنی میں صفات زیادہ مستعمل ہے) (۵) اچھائیاں - نیکیاں (۶) نشان - پتا ؎

اوصیا (اَوْ - صِیَا) (ع) مذکر - وصی کی جمع - وہ لوگ جنھیں وصیت کی گئی ہو - ورثہ یا ترکہ پانے والے ؎

اوضاع (اَوْ - ضَاع) (ع) مذکر - وضع کی جمع (۱) انداز - طریق - طور - ڈھنگ (۲) کرتوت - کردار - افعال ؎

اوفس (انگ) دیکھیے آفس **اوفیسر** (انگ) دیکھیے آفیسر ؎ **اوفیشل** (انگ) دیکھیے آفیشل ؎

اوفیشیئیٹ (اَوْ - فِی - شِیْ - اِیْٹ) (انگ - Officiate) قائم مقامی کرنا - عوضی کرنا - خدمت انجام دینا ؎ **اوفیشیئیٹنگ** (انگ Officiating) قائم مقام - کسی کی غیر حاضری میں اس کے بدلے کام کرنے والا - خدمت انجام دینے والا ؎

اوقات (اَوْ - قَات) (ع) مذکر (۱) وقت کی جمع (۲) (واحد اور مؤنث) گزارے کی صورت (۳) کائنات - بساط - استطاعت - حیثیت (۴) ذلت کے مقام پر طنزاً بولتے ہیں (۵) زندگی (۶) حالت - گزر بسر (۷) زمانہ - سماں ؎ **اوقات بسر کرنا** (ف) زندگی کے دن کاٹنا، گزر کرنا ؎ **اوقات بسری** (ع - ف) مؤنث - گزر اوقات - گزر بسر (فصحا اس موقع پر "بسر اوقات" کہتے ہیں) ؎ **اوقات بھیک پر ہونا** (ف) مانگ کر زندگی بسر ہونا ؎ **اوقات تلخ ہونا** (ف) بُری طرح زندگی بسر ہونا - بُرا وقت آنا ؎ **اوقات چلی جانا** (ف) گزر بسر ہوئے جانا (اب بہت کم مستعمل ہے) ؎ **اوقات خمسہ** (ع) مذکر (کنایۃً) نماز کے پانچوں وقت ؎ **اوقات ضائع کرنا** (ف) فضول کاموں میں وقت کھونا ؎ **اوقات کاٹنا** (ف) وقت گزارنا ؎ **اوقات کٹنا** (ف) لازم ؎ **اوقات کھونا** (ف) اوقات ضائع کرنا ؎ **اوقات کیا ہے** (ف) حیثیت کیا ہے ؎ **اوقات گزرنا** (ف) زندگی کے دن کٹنا ؎

اوقاف (اَوْ - قَاف) (ع) مذکر - وقف کی جمع - خدا کی راہ پر علیحدہ کی ہوئی چیزیں - رفاہِ عام کی چیزیں - مسجدیں - خانقاہیں وغیرہ ؎

اوقیانوس (اُوْ - قِیَا - نُوس) (ف) مذکر - وہ مشہور سمندر جس کے مشرق میں یورپ اور افریقہ اور مغرب میں امریکہ ہے - بحرِ ظلمات - بحرِ اطلانٹک ؎

اُوک (اُوْک) (ہ) مؤنث (دہلی) چلو ؎

اُوک چُوک (اُوْک چُوْک) (ہ) مؤنث - بھول چوک (اب "بھول چوک" زیادہ مستعمل ہے) ؎ **اُوکے چُوکے** (ہ) (۱) بھولے بھٹکے (۲) اتفاق سے - بے ارادہ (۳) کبھی کبھی ؎

اوکشن (اَوْک - شَن) (انگ - Auction) مذکر - نیلام - بولی بول کر خریدنا ؎

اُوکنا (اُوْک - نَا) (ہ) (۱) قے کرنا (۲) غلطی کرنا - چوکنا (۳) نشانہ خطا کرنا ؎

اُوکھ (اُوْکھ) (ہ) مؤنث - گنا - نیشکر - پونڈا ؎

اوکھد (اَوْ - کھَد) (ہ) مؤنث - دوا - علاج ؎

اوکھلی (اُوْکھ - لِی) (ہ) دیکھیے "اُکھلی" ؎ **اوکھلی میں سر دیا تو دھمکیوں (موسلوں) کا (سے) کیا ڈر** (ہ) دیکھیے "اُکھلی میں سر دیا......" ؎

اوکھی (اَو۔کھی) (ہ) مؤنث (۱) بے موقع اور بے جا بات (۲) پُرعیب۔ ناقص۔ کھوٹی۔ خراب (۳) خلافِ شان ۔

اوکیلنا (اُو۔کیل۔نا) (ہ) بٹی ہوئی ڈوری کا بل کھولنا ۔

اوگرا (اُوگ۔را) (ہ) (۱) اُبالا ہوا۔ بدمزہ (۲) مذکر۔ گھی کے بغیر پکا ہوا نہایت بدمزہ سالن ۔

اوگن (اَو۔گن) (ہ) مذکر (۱) خرابی۔ نقص۔ عیب (۲) بے ہنری (۳) بدی۔ برائی (۴) بدتہذیبی (۵) بگاڑ (۶) دُکھ ۔

اوگنا (اُوگ۔نا) (ہ) خفگی کی حالت میں احسان اور سلوک کا اظہار کرنا ۔

اوگھٹ (اَو۔گھٹ) (ہ) مذکر۔ (۱) ناہموار۔ اوندھا۔ ٹیڑھا (۲) کٹھن۔ مشکل۔ دشوار (۳) آمد و رفت کے ناقابل ۔

اوگھی (اَو۔گھی) (ہ) مؤنث۔ لمبا چابک۔ وہ لمبی رسی، جو گھوڑے سدھانے اور جانوروں کے اُڑانے میں کام دیتی ہے ۔

اوگی (اَو۔گی) (ہ) مؤنث (۱) کارچوبی یا مخملی جوتے کا کام دار پتا (۲) ہاتھی یا شیر کے پکڑنے کا گڑھا (۳) انٹی (۴) ریل ۔

اُول (اُول) (ہ) مذکر و مؤنث۔ ضمانت میں دیا ہوا آدمی۔ یرغمال (دینا، رکھنا، رہنا، لینا کے ساتھ) ۔

اُول میں چول دہی میں موسل (ہ) مثل (عو) وہاں بولتی ہیں جہاں کسی بات کے دوران میں کوئی اور بے تعلق بات چھیڑ دی جائے یا ہوتے ہوتے کام میں کوئی رکاوٹ پیش آ جائے ۔

اوّل (اَو۔وَل) (ع) (۱) آغاز۔ ابتدا۔ شروع (۲) افضل۔ اعلیٰ۔ بہتر (۳) پہلے (۴) پہلا۔ مقدم (۵) خدا کا نام ۔ **اوّل آخر** (ع) مذکر (۱) ابتدا، انتہا (۲) (عو) آل اولاد۔ باپ دادا ۔ **اوّل اوّل** (ع) پہلے پہل۔ شروع میں ۔ **اوّل خویش بعدہٗ درویش** (ف) مثل۔ پہلے اپنے عزیزوں سے سلوک کرنا چاہیے، پھر غیروں سے ۔ **اوّل دن سے** (۱) شروع سے، ابتدا سے ۔ **اوّل طعام بعدہٗ کلام** (ع) مثل (۱) جب کوئی شخص کھانا کھانے میں بہت باتیں کرے تو اسے روکنے کے لیے کہتے ہیں۔ کھانا کھانے کے بعد بات کرنی چاہیے (۲) کھائے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا (۳) کھانا مقدم ہے ۔ **اوّل مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا** (۱) مثل۔ خطرے کے کام میں حوصلہ بڑھانے کے لیے کہتے ہیں ۔ **اوّل منزل** (ع) مؤنث (۱) پہلا پڑاؤ (۲) قبر سے مراد ہے ۔ **اوّل منزل پہنچانا** (۱) دفن کرنا۔ قبر میں رکھنا ۔ **اوّل منزل پہنچنا** (۱) لازم ۔ **اوّل منزل کر دینا** (۱) (عو) دفن کر دینا ۔ **اوّلیت** (ع) مؤنث (۱) فوقیت۔ بہتری (۲) اوّل ہونا ۔ **اَوّلین** (ع) (۱) پہلا (۲) پہلے زمانے والے۔ اگلے لوگ ۔

اَولا (اَو۔لا) (ہ) مذکر (۱) اوٹ۔ پردہ (۲) بھید۔ راز ۔ **اَولا کرنا** (ہ) پردہ کرنا۔ چھپانا ۔

اُولا (اُو۔لا) (ہ) مذکر (۱) مینہ کی بوندیں جو سخت سردی سے جم کر بارش کے ساتھ یا اس کے بغیر زمین پر گرتی ہیں۔ ژالہ۔ بجری (۲) شکر یا قند کے لڈو، جن کا شربت بنا کر پیتے ہیں (۳) ٹکھنڈ، کوئلہ پیس کر چاول کی پیچ میں گوندھتے اور پیڑے سے بنا لیتے ہیں۔ پھر انھیں آگ دکھا کر چلم میں کوئلے کی جگہ رکھتے ہیں۔ (۴) (مجازاً) بے حد ٹھنڈا ۔ **اُولا ہو جانا** (ہ) (عو) جسم کا از حد ٹھنڈا ہو جانا ۔

اولوں کا مارا کھیت باقی کا مارا گاؤں
چلموں کا مارا چولھا نہیں پنپتا
(ہ) مثل۔ جس کھیت میں اولے پڑ جائیں۔ وہ ہرا بھرا نہیں ہوتا۔ جس گاؤں کی مال گزاری ادا نہیں ہوتی، وہ کبھی آباد نہیں رہتا۔ جس چولھے سے دم بدم چلم بھری جائے، اس میں آگ تاؤ نہیں کھاتی ۔

اولوں ماری فاختہ (ہ) دکھیا۔ مصیبت زدہ۔ بے قصور سزایاب۔ بے وجہ ستائی ہوئی ۔

اولاد (اَو۔لاد) (ع) مؤنث۔ وَلَد کی جمع۔ واحد کے طور پر استعمال ہوتی ہے (۱) بیٹا بیٹی۔ بال بچے۔ لڑکے بالے (۲) ایک نسل اور ایک خاندان کے لوگ ۔ **اولادِ آدمؑ** (ع) مؤنث۔ آدمی۔ انسان ۔ **اولادِ اناث** (ع) مؤنث۔ بیٹیاں ۔ **اولادِ ذکور** (ع) مؤنث۔ بیٹے ۔ **اولادِ صحیح النسب** (ع) مؤنث۔ حلال کی اولاد ۔ **اولاد کی آنچ بُری ہوتی ہے** (ہ) مثل۔ اگر بچوں کو تکلیف ہو تو ماں باپ کو بھی بڑی تکلیف ہوتی ہے ۔

اَولا مَولا (اَو۔لا۔مَو۔لا) (ہ) (۱) بیوقوف (۲) اُول جلول۔ بیہودہ ۔

اولتی (اُول۔تی) (ہ) مؤنث (۱) سائبان کا وہ کنارہ جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے (۲) چھپر کی یا کھپریل کی چھت کا وہ کنارہ جہاں سے مینہ کا پانی نیچے گرتا ہے ۔ **اولتی کا پانی بلینڈی نہیں چڑھتا** (ہ) مثل (۱) رذیل شریف نہیں ہو سکتا (۲) ناممکن بات ممکن نہیں ہو سکتی ۔ **اولتی کا پانی بلینڈے (بگری) پہنچا** (ہ) مثل (۱) بات کہاں تک پہنچا دی (۲) جھوٹ جیت گیا ۔ **اُولیتوں بھنگ پڑا دی** (ہ) مثل۔ سب کو اُلّو بنا دیا ۔ **اولیتوں بھنگ چونا** (ہ) بھنگ پی کر مست ہو جانا ۔

اولڈ ٹام۔ اولٹام۔ اولٹم (اُولڈ۔ٹام، اُول۔ٹام، اُول۔ٹم) (ہند) مؤنث (انگ اولڈ ٹام۔ Old Tom) ایک قسم کی انگریزی شراب ۔

اُول جلول (اُول۔جلول) (ہ) بے قرینہ۔ بے ڈھنگا۔ بدسلیقہ ۔

اولڈ (اَولڈ) (انگ۔ Old) (۱) بوڑھا (۲) قدیم۔ پرانا (۳) پہلا ۔

اَول فَول بکنا (ہ) بکواس کرنا۔ فحش بکنا۔ گالی دینا۔ طعن و تشنیع کرنا ۔

اولما (اَول۔ما) (ت) مذکر (۱) گرم پانی میں جوش دیا ہوا گوشت (۲) ایسا جانور جسے ذبح کر کے اس کے بال یا پر گرم پانی سے جدا کیے گئے ہوں ۔ **اولما کرنا** (ہ) کھولتے ہوئے پانی سے کھال جدا کرنا ۔ **اولما ہونا** (ہ) لازم ۔

اَولُو (اَو۔لُو) (ہ) (۱) نیا (۲) ناموزوں ۔ **اَولُو اَولُو** (ہ) (۱) نیا نیا (۲) اکھڑا اکھڑا ۔

اُولُو (اُو۔لُو) (ع) مذکر۔ ذو کی جمع۔ صاحبان۔ قابضان۔ مالکان ۔ **اولوالابصار**

(اُولی - اب - صار) (ع) مذکر - صاحبانِ بصیرت - سمجھ والے - دانا لوگ ॰ **اولو الالباب** (ع) مذکر - عقل و شعور والے ॰ **اولو الامر** (ع) مذکر - صاحبانِ حکم - بااختیار لوگ - حکام ॰ **اولو العزم** (ع) مذکر (۱) صاحبانِ عزم - عالی حوصلہ - عالی ہمت (۲) مستقل مزاج - ثابت قدم - متحمل - صابر ॰ **اولو العزمی** (ع - ف) مؤنث - استقلال - ہمت، جرأت ॰

اُولی (اُولیٰ) (ع) پیچھے اولیٰ ॰ **اُولی الاجنحہ** (ع) مذکر (۱) بال و پر والے (۲) (کنایۃً) فرشتے ॰

اَولیٰ (اَو - لا) (ع) نہایت اچھا - بہت بہتر - بہت مناسب ॰ **اَولویت** (ع) مؤنث - بہتری ॰

اُولیٰ (اُو - لا) (ع) مؤنث (۱) پہلی عورت (۲) پہلی مادہ چیز ॰

اولیا (اَو - لِیا) (ع) مذکر - ولی کی جمع (۱) (لغوی) دوست - خداوند - آقا - صاحب - ہمنشین - ساتھی - رفیق (۲) (اصطلاحی) ولی لوگ - اللہ والے - خدارسیدہ - مقربانِ الٰہی - اہل اللہ (۳) (مجازاً) سیدھا سادہ بھولا آدمی ॰ [اگرچہ یہ لفظ بطورِ واحد بھی استعمال کیا جاتا ہے، لیکن تحقیقِ زبان سے شغف رکھنے والے حضرات جمع ہی کا استعمال فصیح جانتے ہیں ॰] **اولیا کے گھر بھوت** (۱) مثل - نیکوں کے گھر بد - اچھے آدمیوں کی بری اولاد ॰ **اولیاء اللہ** (ع) مذکر - ولی لوگ - مردانِ حق - اللہ والے ॰ **اولیائے دولت** (ع) مذکر (۱) ارکانِ حکومت - امیر وزیر (۲) رئیس لوگ ॰ **اولیائے مفلسین** (ع) مذکر - غریب بچوں کے کفیل اور محافظ ॰ **اولیائے ہند** (ع - ف) مذکر - ہندوستان کے مشہور ولی اللہ ॰

ادلیل اولول (اُدلیل - اُلول) (ہ) مؤنث - گھوڑے کی اچھل کود ॰

اون (اُو ن) (ہ) مؤنث - بھیڑ وغیرہ کے بال یا پشم ॰

اُونی (اُو - نی) (ہ) اون کا - پشم کا ॰

اُونا (اُو - نا) (ہ) (۱) جو پورا نہ بھرا ہوا ہو (۲) مذکر - ایک قسم کی پتلی اور چھوٹی تلوار ॰ **اونا ہو جانا** (ہ) تلوار کا اتر جانا - خراب ہو جانا ॰

اُونا ماسی (اُو - نا - ما - سی) (ہ) مؤنث - بسم اللہ ॰

اُونبی (اُوں - بی) (ہ) مذکر (۱) گیہوں کے ہرے (۲) جنگلی ہاتھیوں وغیرہ کے پکڑنے کا خس پوش گڑھا ॰

اُونٹ (اُونٹ) (ہ) مذکر (۱) ایک مشہور چوپایہ جو ریگستانوں میں سواری اور بار برداری کا کام دیتا ہے - شتر ॰ **اونٹ بڈھا ہوا پر موتنا نہ آیا** (۱) مثل - اتنا بڑا ہو کر بھی سلیقہ اور تمیز نہ آئی ॰ **اونٹ برابر ڈیل** (ہ) مذکر - لمبے قد والا - بے ڈول آدمی ॰ **اونٹ برابر ڈیل بڑھا یا پاپوش بھر عقل نہ آئی** (۱) مثل - جسم اتنا بڑا، عقل ذرا نہیں ॰ **اونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے** (ہ) مثل - اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص کام کرتا ہوا بڑبڑائے ॰

اونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھم کو - یا - اونٹ مکہ ہی کو بھاگتا ہے (۱) مثلیں - ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے ॰ **اونٹ جب پہاڑ کے نیچے آتا ہے تب آپ کو سمجھتا ہے - یا** (ہ) **اونٹ جب تک پہاڑ کے نیچے نہ آئے، اپنے سے اونچا کسی کو نہیں جانتا** مثلیں - جب حریف اپنے آپ سے زبردست ہو تو اپنی طاقت کا صحیح اندازہ ہوتا ہے ॰ **اونٹ چڑھے بونٹ مانگے** (ہ) مثل - بے موقع بات یا کام کرنے کے وقت کہا جاتا ہے ॰ **اونٹ دیکھیے کس کل (کروٹ یا پہلو) بیٹھے** (یا - بیٹھتا ہے) (۱) مثل - جب کسی کام کا نتیجہ معلوم نہ ہو تو کہتے ہیں ॰ **اونٹ ڈوبیں بھیڑیں تھاہ مانگیں** (ہ) مثل - اس وقت بولتے ہیں جب کسی معاملے میں بڑوں کی حقیقت نہ ہو اور ادنیٰ آدمی اپنے متعلق گلہ کرے ॰ **اونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی - یا - اونٹ کی کون سی کل سیدھی** (ہ) مثلیں - (۱) بے ڈھنگے آدمی کے متعلق کہتی ہیں جس کا کوئی قول اور فعل ٹھیک نہ ہو ॰ **اونٹ سستا ہے پٹا مہنگا ہے** - مثل (۱) بیٹا باپ سے زیادہ چالاک ہے (۲) کام معمولی ہے، مزدوری زیادہ ہے ॰ **اونٹ سے بڑے اور نام چھوٹے خاں** (۱) مثل - ناموزوں نام یا کام کے موقع پر کہتے ہیں - برعکس نہند نام زنگی کافور - کہنے کو تو ذرا سے ہیں - مگر بڑے بڑوں کے کان کاٹتے ہیں ॰ **اونٹ کا پاد** (ہ) (عوام) "گوزِ شتر" کا ترجمہ - بے تکی - بے فائدہ اور بے اثر بات ॰ **اونٹ کا پاد** (نہ) زمین کا نہ آسمان کا (۱) مثل - (۱) بے فیض آدمی سے کسی کو فیض نہیں ہوتا (۲) بے وقوف بے ڈھنگے کی بات کا کوئی اثر نہیں (۳) آوارہ - خراب (۴) بے تکی بات - واہیات - خرافات ॰ **اونٹ کٹارا** (کٹیلا) (ہ) مذکر - ایک چھوٹا سا خاردار درخت جسے اونٹ نہایت رغبت سے کھاتا ہے ॰ **اونٹ کی پکڑ کتے کی جھپٹ** (ہ) مقولہ - اونٹ پکڑتا ہے تو چھوڑتا نہیں اور کتا جھپٹتا ہے تو رکتا نہیں ॰

اونٹ کی چوری نہورے نہورے - یا - اونٹ کی چوری جھکے جھکے (۱) مثل - اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص ایسی برائی کر کے چھپانا چاہے جو چھپ نہ سکتی ہو ॰ **اونٹ کے گلے میں بلی** (ہ) (۱) بیہودہ دلیل - غلط مثال (۲) بے جا تقریبہ (۳) بے میل رشتہ (۴) سخت شرائط ॰ **اونٹ کے منہ میں زیرہ** (ہ) (۱) وہاں بولتے ہیں جہاں بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کو دی جائے (۲) اس جگہ بھی کہتے ہیں جب ضرورت کے لحاظ سے چیز بہت کم ہو ॰ **اونٹ گاؤ** (ہ) مؤنث - افریقہ کا ایک خوب صورت جانور، جس کی گردن اونٹ جیسی، پوست چیتے جیسا، پاؤں اور سم گائے جیسے اور دم ہرن جیسی ہوتی ہے - شتر گاؤ - زرافہ ॰ **اونٹ لدے بیگاری** (۱) اس وقت کہتے ہیں جب خواہ مخواہ کسی کا کام کرنا پڑے ॰ **اونٹنی** (ہ) مؤنث - ناقہ - سانڈنی - مادہ شتر

اونٹانا (اَوْں ۔ ٹا۔ نا) (۱) کھولانا ۔ جوش دینا ۔
اونٹنا (اَوْنْٹ ۔ نا) (ف) کھولنا ۔ جوش کھانا ۔
اونچ (اُونْچ) (ف) تنہا مستعمل نہیں ۔ اونچ نیچ (ف) مؤنث (۱) نشیب و فراز
(۲) نفع نقصان (۳) نیک و بد ۔ اونچ نیچ بتانا (ف) (۱) نشیب و فراز
سمجھانا (۲) نیک و بد جتانا ۔ اونچ نیچ دکھانا [illegible] و فراز دکھانا ۔
(۲) پریشان کرنا (۳) [illegible] [illegible] برائی
سے واقف کرنا ۔ اونچ نیچ [illegible] بتانا ۔ اونچ نیچ
سمجھنا ۔ (لازم) ، اونچ [illegible] ۔ نیک و بد سے آگاہ ہونا ۔
اونچ نیچ ہو جانا ۔ [illegible] پر ۔ اونچا (۱)
بلند (۲) دولت [illegible] مرتبہ ۔ معزز (۳) چڑھا ہوا (۴)
[illegible] ۔ زور دار (۵) لمبا ۔ نکلتا ہوا (۶) بالا ۔ اعلیٰ ۔ افضل ۔
اونچا سُر (مذکر) گانے میں اونچی آواز ۔ اونچا سنائی دینا
(سننا) کم سنائی دینا ۔ بہرا ہونا ۔ اونچا کرنا ۔ اٹھانا ۔ بلند کرنا ۔
اونچا گھر (مذکر) بڑا گھرانا ۔ نامور خاندان ۔ امیر گھر ۔ اونچا نیچا ۔
ناہموار ۔ بلند و پست ۔ درشت ۔ اونچا ہاتھ (۱) فیاض ۔
مخیّر ۔ سخی (۲) بالادست ۔ اونچی ۔ بلند ۔ مرتفع ۔ اونچی اسامی ۔
مؤنث ۔ دولت مند شخص ، جس سے غرض پوری ہو ۔ اونچی چوٹی ۔ مؤنث (۱)
پہاڑ کی بلند چوٹی (۲) سر کے بال گوندھنے کا ایک طریقہ ، جس کے مطابق
مانگ نکالے بغیر بالوں کے تین حصے کر کے انھیں پشت سر کی انتہائی اونچائی
سے گوندھا جاتا ہے ۔ اونچی دکان (ف) مؤنث (۱) دوسری دکانوں سے
اونچائی پر بنی ہوئی دکان (۲) بڑی دکان ۔ زیادہ مال کی دکان ۔ اونچی
دکان پھیکا پکوان ۔ مثل ۔ نام اور شہرت بہت زیادہ ، حقیقت کچھ بھی
نہیں ۔ اونچی ناک کرنا (ف) عزت دینا ۔ آبرو بخشنا ۔ اونچی ناک والا ۔ شیخی خورا ۔
بڑا مغرور ۔ بے غیرت ۔ اونچی ناک ہونا ۔ لوگوں میں عزت اور آبرو
ہونا ۔ اونچے (۱) اونچا کی صورت امالہ (۲) اونچا کی جمع ۔ اونچے سے
گرا سنبھل سکتا ہے ، نظروں سے گرا نہیں سنبھل سکتا (ف)
مثل ۔ (۱) اونچی جگہ سے گرا ہوا دوبارہ عزت پا سکتا ہے لیکن نظروں سے
گرا ہوا پھر کبھی [illegible] آبرو حاصل نہیں کر سکتا (۲) کنگال ہو کر
آدمی پھر دولت [illegible] ، لیکن بے آبرو ہو کر دوبارہ ویسی آبرو نہیں
پا سکتا ۔ اونچے نیچے پاؤں پڑ جانا (ف) (۱) ناہموار زمین میں قدم رکھے جانا
(۲) بہک جانا ۔ عورت کا آوارہ اور خراب ہو جانا ۔
اوند اوندھ (اَوْنْد ۔ اَوْنْدھ) (ف) مذکر و مؤنث ۔ وہ رسّی جس سے چھپّر کو
اوپر کی طرف کھینچ کر مضبوط باندھا جاتا ہے (باندھنا ، کاٹنا ، کھولنا ،
وغیرہ کے ساتھ) ۔
اوندھا (اَوْں ۔ دھا) (ف) (۱) الٹا ۔ منہ کے بل (۲) ٹیڑھا (۳) الٹی سمجھ کا ۔
احمق (پڑنا ، لیٹنا ، ہونا کے ساتھ) ۔ اوندھا چلن ۔ ٹیڑھی وضع ۔
اوندھا کرنا (۱) پٹ کرنا ۔ منہ کے بل کرنا ۔ الٹنا (۲) مغلوب کر لینا ۔
ملا لینا ۔ رشوت دے کر ملا لینا (۳) نشے میں بیہوش کرنا ۔ اوندھانا ۔
سیدھے سے الٹا کرنا ۔ پٹ کرنا ۔ اوندھ جانا ۔ اوندھنا ۔ پٹ
ہو جانا ۔ اوندھی ۔ اوندھا کی تانیث ۔ الٹی ۔ اوندھی پیشانی (ف)
مؤنث (۱) جھکا ہوا ماتھا (۲) بد قطع ۔ بے ہنگم آدمی (۳) منحوس ۔ بدنصیب ۔
اوندھی پیشانی کا ۔ بے وقوف ۔ کم عقل ۔ اوندھی سمجھ ۔ یا عقل یا مت (ف)
مؤنث ۔ حماقت ۔ بے عقلی ۔ الٹی سمجھ ۔ اوندھی کھوپری (ف) دیکھیے " اوندھی
پیشانی " ۔ اوندھی کھوپری کا (تکھنؤ) (دیکھیے " اوندھی پیشانی کا ") ۔
اوندھی کھوپری الٹی مت ۔ احمق کی بے وقوفی کے متعلق بولتے ہیں ۔
اوندھے ۔ اوندھا کی جمع ۔ اوندھے منہ دودھ پینا ۔ از حد بے سمجھ
اور نادان ہونا ۔ اوندھے منہ شیطان کا دھکّا (ف) (بد دعا)
اوندھے منہ گرے ، اوپر سے شیطان کی مار پڑے ۔ بے حد نقصان اٹھائے ۔
اوندھے منہ گرنا (ف) (۱) منہ کے بل گرنا (۲) اپنی غلطی سے شرمندہ ہونا ۔
(۳) انتہائی رغبت کرنا ۔ ٹوٹ پڑنا (۴) شکست فاش کھانا ۔ بری طرح
زک اٹھانا ۔ ذلت اور ندامت سے ہار جانا ۔
اونڑی (اَوْنْ ۔ ڑی) (ف) مؤنث ۔ مشک کی رسّی ۔
اونس (اَوْنْس) (ہند) (انگریزی اَوْنْس ۔ Ounce) مذکر
پونڈ کا سولھواں حصہ ۔ اڑھائی تولے کے قریب وزن ۔ سونا چاندی
اور دوسری قیمتی چیزیں تولنے کا باٹ ۔
اونگنا (اُوْنْگ ۔ نا) (ف) گاڑی کے دھرے کو چکنائی لگانا ۔ پہیوں میں چکنائی
دینا ۔
اونگھ (اُوْنْگھ) (ف) (۱) مؤنث ۔ نیند کے جھونکے ۔ غنودگی (۲) اونگھنا کا
امر ۔ اونگھتا جائے موئے کی خبر لائے (ف) مثل ۔ ہر چیز کی
علامات سے اس کا انجام معلوم ہو جاتا ہے ۔ سست نوکر کے متعلق کہتے
ہیں ۔ اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ (ف) مثل (۱) اس وقت
کہتے ہیں ، جب خود کسی کا جی کوئی کام کرنے کو نہ چاہے اور وہ دوسرے
کے منع کرنے سے باز رہے (۲) وہاں بولتے ہیں ، جہاں کوئی شخص
پہلے سے کسی بات پر آمادہ ہو ، پھر اسے ایک حیلہ بھی مل جائے ۔ اونگھتے
کو سو جاتے کیا دیر (ف) مثل (۱) جس کام کا ارادہ کر لیا جائے ، وہ
گویے برابر ہوتا ہے (۲) جب کسی امر کا مادہ موجود ہے تو اس کا واقع ہو جانا
بڑی بات نہیں ۔ اونگھنا (اُوْنْگھ ۔ نا) (ف) (۱) نیند سے جھونکے لینا ۔
غنودگی آنا (۲) (مجازاً) سست کام کرنا اور آہستہ قدم اٹھانا ۔
اَوْن ہز میجسٹیز سروس اونلی (انگ ۔ On His Majesty's
Service Only) صرف سرکاری کام کے لیے ۔ بکار سرکار ۔
اونے پونے (اَوْ ۔ نے ، پَوْ ۔ نے) (ف) قیمت کی کمی زیادتی کا خیال کیے
بغیر ۔ کم قیمت پر ۔ نقصان اٹھا کر (بیچ ڈالنا ، دے ڈالنا ، لگا دینا
کے ساتھ) ۔
اوور ٹائم (اُوْ ۔ وَرْ ۔ ٹا ۔ اِم) (انگ ۔ Overtime) مذکر ۔

زائد وقت ۔

اوورسیئر (انگ ۔ Overseer) مذکر ۔ ناظر ۔ داروغہ ۔ مہتمم عمارت ۔

اُوَوَر کوٹ (انگ ۔ Overcoat) مذکر ۔ قبا ۔ دُگلا ۔ بالائی کوٹ ۔ لمبا کوٹ ۔

اوہ ۔ اوہ جی (اُوْہ ، اُوْہ ۔ جی) (ہ) مؤنث (کلمۂ استغنا) (۱) کیا پروا ہے کچھ فکر نہیں (۲) تکلیف کے وقت بھی یہ کلمہ کہتے ہیں (۳) اُونہہ ۔

اوہلا (اَوْ ۔ ہَا) (ہ) مذکر ۔ چولھے کے اوپر کا حلقہ جس پر توا یا پتیلی رکھ کر پکاتے ہیں ۔

اوہام (اَوْ ۔ ہَام) (ع) مذکر ۔ وہم کی جمع ۔ ذہنی تصورات ۔ افکار ۔ تخیلات ۔

اوہو ۔ یا ۔ اہو (اَوْ ۔ ہو ۔ یا ۔ اَہ ۔ ہو) (ہ) مؤنث (۱) تعجب و حیرت کا کلمہ (۲) اظہار مسرت کا کلمہ ۔

اوہی ، اوئی (اُوْ ۔ ہِی ، اُوْ ۔ اِی) (ہ) (عو) (۱) ناز اور نخرے کا کلمہ (۲) درد اور تکلیف کا کلمہ (۳) تکیہ کلام کے طور پر بھی بولتی ہیں ۔

اویر سویر (اَوِیْر ۔ سَوِیْر) (ہ) (۱) کبھی دیر سے ، کبھی جلد ۔ وقت بے وقت ۔ (۲) آگے پیچھے ۔

اُویس قرنی (قَرَنی) (اُوَیس ۔ قَرَن ۔ قَرَ ۔ نِی) (ع ۔ ف) ایک نابینا یہ صحابی جو یمن کے قبیلہ قرن سے تعلق رکھتے تھے ۔ وہ رسول اللہ صلعم کے نادیدہ عاشق اور جانباز پیرو تھے ۔

ا ـ ہ

اَہا ۔ اَہّا (اَہا ، اَہ ۔ ہا) (ہ) مذکر (دیکھیے آہا) ۔ **اہاہا ۔ یا ۔ اہاہاہا** (۱) نہایت خوشی کا کلمہ (۲) انتہائی تعریف کا کلمہ (۳) بعید حیرت کا کلمہ ۔

اہار (اَہَار) (ہ) (دیکھیے آہار) (آہار زیادہ بولتے ہیں) ۔ **اہار لگانا** ۔ کلف دینا ۔

اہالی (اَہَا ۔ لِی) (ع) مذکر ۔ اہل کی جمع ۔ صاحبان ۔ کام والے لوگ ۔ **اہالی مَوَالی** ۔ مذکر ۔ یار ۔ دوست ۔ مصاحب ۔ عملہ ۔ نوکر چاکر ۔

اِہانت (اِ ۔ ہَا ۔ نَت) (ع) مؤنث ۔ سُبکی ۔ تحقیر ۔ توہین ۔ ہتک ۔ بے عزتی ۔

اِہانت عدالت (ع) مؤنث عدالت کی توہین (ترکیب غلط ہے کیونکہ "عدالت" "کچہری" کے معنی میں ہندی ہے) ۔

اِہتدا (اِہ ۔ تِدَا) (ع) مذکر (۱) ہدایت کرنا ۔ سیدھے راستے پر لانا (۲) ہدایت پانا ۔ سیدھے راستے پر آنا ۔

اِہتزاز (اِہ ۔ تِزَاز) (ع) مذکر (۱) ہوا کا چلنا (۲) ہلنا (۳) گھاس کا ہلنا ۔ (۴) اونٹ کا حدی کی آواز سے مست ہو کر جھومنا (۵) ڈوبتے وقت ستارے کا چمکنا (۶) پھولوں کا کھلنا (۷) خوشی ۔ انبساط (پانا ، ہونا کے ساتھ) (۸) جنبش ۔ جھلاؤ (۹) جھومنا (۱۰) خوش حالی ۔

اہتمام (اِہ ۔ تِمَام) (ع) مذکر (۱) انتظام ۔ بندوبست (۲) انصرام ۔ سرانجام (کرنا ، ہونا کے ساتھ) (۳) کوشش کرنا (۴) غمخواری کرنا ۔

اہدا (اِہ ۔ دَا) (ع) مذکر (۱) تحفہ بھیجنا (۲) کتاب کو کسی کے نام سے منسوب یا معنون کرنا ۔

اہرا (اَہ ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) اُپلوں یا لکڑی کا ڈھیر لگا کر آگ جلانا (۲) زیادہ تھاپیاں رکھ کر ان پر دودھ وغیرہ کی ہنڈیا رکھنا ، جو پک جانے تک کے لیے کافی ہوں (۳) الاؤ ۔ پہار ۔

اہرام (اَہ ۔ رَام) (ع) مذکر ۔ ہرم کی جمع ۔ مینار ۔ مخروطی شکل کے چار پہلو مینار ۔

اہرام مصری (ع) مذکر ۔ مصر کے مشہور مثلث نما چوپہل مینار ۔

اہر نہر (اَہر ۔ نَہر) (ہ) مؤنث (عو) (۱) تلاطم (۲) گھبراہٹ (۳) مرتے دم کی بیقراری (پڑنا کے ساتھ) ۔

اہرمن (اَہ ۔ رَمَن) (ف) مذکر ۔ دیو ۔ شیطان ۔

اہرن (اَہ ۔ رَن) (ہ) مذکر ۔ لوہے کی نہائی جس پر لوہار لوہا پیٹتے اور سنار سونا چاندی رکھ کر گھڑتے ہیں ۔

اہل (اَہْل) (ع) (۱) صاحب ۔ خداوند جیسے اہل قلم ۔ ان معنی میں جمع کے لیے مخصوص ہے ۔ یہ نہیں کہہ سکتے کہ فلاں شخص اہل قلم یا اہل علم ہے ، بلکہ یہ کہیں گے کہ اہل قلم یا اہل علم میں سے ہے (۲) مناسبت اور صلاحیت رکھنے والا ۔ لائق ۔ سزاوار (۳) شائستہ ۔ خلیق (۴) منکوحہ (۵) خاندان ۔ کنبہ ۔ **اہل ادراک** (۱) عقل مند لوگ (۲) باطن کی نظر سے خدا کی ذات کو پالینے والے ۔ خدا رسیدہ ۔ **اہل اللہ** ۔ اللہ والے ۔ خدا رسیدہ ۔ ولی ۔ زاہد ۔ عابد ۔ مردانِ حق ۔ **اہلاً و سہلاً و مرحباً** (اَہ ۔ لَن ۔ وَ ۔ سَہ ۔ لَن ۔ وَ ۔ مَر ۔ حَبَن) (ع) خوش آمدید ۔ خیر مقدم (عربوں میں دستور ہے کہ جب مسافر دور دراز سفر سے آئے تو یہ کلمہ کہتے ہیں : (اہلاً) تو اپنے عزیزوں میں آیا (سہلاً) تو نے نرم زمین کی سیر کی ۔ (مرحباً) تیری جگہ فراخ ہے ۔) **اہل باطن** ۔ صاف دل ۔ صاف باطن ۔ عارف ۔ کشف و کرامت والے ۔ **اہل بیت** (۱) گھر کے لوگ ۔ کنبے والے ۔ متعلقین (۲) رسول اللہ صلعم کے مقدس و برتر خاندان کے افراد ۔ **اہل تسنن** ۔ اہل سنت والجماعت ۔ سنی ۔ مسلمانوں کا یہ سب سے بڑا فرقہ آنحضرتؐ کے چاروں خلیفوں کو مانتا اور چاروں اماموں کو تسلیم کرتے ہوئے ان میں سے کسی ایک کی پیروی کرتا ہے ۔ **اہل تشیع** ۔ شیعہ ۔ یہ فرقہ چاروں خلفاء راشدین میں سے حضرت علیؓ کے سوا اور کسی کو نہیں مانتا ۔ **اہل جیوری** (ق) معتبر اشخاص کا گروہ ، جو دورے کے مقدمات میں عدالت کو مقدمے کا فیصلہ کرنے میں مدد دیتا ہے ۔ (یہ ترکیب درست نہیں کیونکہ جیوری انگریزی کا لفظ ہے) ۔ **اہل حدیث** ۔ مسلمانوں کا ایک قدیم فرقہ ، جو قرآن و حدیث پر عمل کرتا ہے اور فقہ کو نہیں مانتا ۔ وہابی ۔ **اہل حرفہ** ۔ پیشہ ور ۔ ہنر مند ۔ کاریگر ۔ **اہل خانہ** ۔ گھر کے لوگ ۔ بیوی ۔ **اہل دل** (دیکھیے "اہل باطن") ۔ **اہل دنیا** (۱) دنیا کے لوگ ۔ انسان (۲) دنیا دار ۔ دنیا کے بندے ۔ **اہل دول** ۔ دولت مند لوگ ۔ **اہل رائے** ۔ عقل مند ۔ **اہل رزم** ۔ سپاہی لوگ ۔ **اہل روزگار** (۱) نوکری پیشہ لوگ ۔ ملازم (۲) دنیا دار ۔ ابن الوقت ۔ **اہل زبان** (۱) وہ لوگ جن کی مادری زبان اس

مقام کی ہو (جس) کی زبان مستند تسلیم کرلی جاتی ہے (۲) زبان کے واقف ۔ زبان کے ماہر ✽ **اہلِ سخن** ۔ شاعر ۔ سخن گو ۔ سخن دان ✽ **اہلِ سُنّت (والجماعت)** (دیکھیے "اہل تسنّن") ✽ **اہلِ سیف** ۔ تلوار والے ۔ فن جنگ کے ماہر ۔ فوجی آدمی ✽ **اہلِ شرع (شریعت)** شرع (قانونِ اسلام) کے واقف ۔ شریعتِ اسلام پر چلنے والے ✽ **اہلِ صنعت** ۔ دستکار ۔ ہنرمند ۔ کاریگر ✽

اہلِ صورت ۔ ظاہر کو دیکھنے والے لوگ ✽ **اہلِ عرفان** (۱) عارف لوگ (۲) عالم و فاضل لوگ ✽ **اہلِ عزا** ۔ ماتم کرنے والے لوگ ✽ **اہلِ غرض** ۔ غرض مند ۔ مطلبی ۔ ضرورت والے ✽ **اہلِ قلم** (۱) لکھے پڑھے لوگ ۔ منشی، محرّر، کلرک (۲) نثر لکھنے والے ۔ ادیب ۔ مضمون نگار ۔ اخبار نویس ۔ مصنّف ✽ **اہلِ کار** ۔ کارکن، منشی، عملہ ۔ **اہلِ کتاب** (۱) کتاب والے ۔ وہ پیغمبر جن پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں (۲) ان رسولوں کی امتوں کے لوگ ✽ **اہلِ محلّہ** ۔ محلّے کے لوگ ✽ **اہلِ مد** ۔ اجلاسوں میں پیش کار کے ماتحت محرّر لوگ، جو مسلوں کی ترتیب اور معمولی کاغذات کی تعمیل کا کام کرتے ہیں ✽ **اہلِ نظر** (۱) آنکھوں والے (۲) بصیرت، سمجھ اور اثر رکھنے والے (۳) جانچنے والے ۔ پرکھنے والے (۴) محبّت کی نظر رکھنے والے ۔ دیدار کے طالب (۵) (مجازاً) عاشق لوگ ✽ **اہل و عیال** ۔ بال بچے ۔ متعلقین ✽ **اہلِ ہنر** ۔ ہنر کے جاننے والے ۔ فن کے ماہر ۔ کام کے جاننے والے ۔ استاد ✽

اہلیّت (اَہ ۔ لِی ۔ یَت) (ع) مؤنّث ۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ آدمیت ۔ تمیز ۔ سمجھ ✽ **اہلیہ** (اَہ ۔ لِی ۔ یَہ) (ع) مؤنّث ۔ بیوی ۔ جورو ۔ گھر والی ۔ بیگم ۔ زوجہ ۔ حرم ۔ استری ✽

اہلے گہلے (اَہ ۔ لے، گَہ ۔ لے) (ہ) غرور اور ناز و انداز کی چال ✽
اہلے گہلے پھرنا (ہ) ناز کرتے پھرنا ۔ اتراتے پھرنا ۔ خوش فعلیاں کرتے پھرنا ✽
اہم (اَ ہَم) (ع) (۱) بہت مشکل ۔ سخت تر ۔ زیادہ کٹھن ۔ بہت دشوار (۲) نہایت ضروری ✽

اُہوں (اُ ہُوں) (ہ) نہیں (اب بیشتر عورتیں بولتی ہیں) ✽
اہو ہو ۔ اہو ہو ہو (اَ ہُو ۔ ہو، اَ ہُو ۔ ہُو ۔ ہُو) دیکھیے اہاہا ✽
اہیر (اَ ہِیر) (ہ) مذکر ۔ گوالا ۔ گھوسی ✽ **اہیرن، اہیرنی** ۔ مؤنّث ۔ اہیر ذات کی عورت ✽ **اہیری** (۱) اہیر کی عورت ۔ گوالن (۲) ایک راگ ✽

ا ۔ ع

ائتلاف (اِ ءْ ۔ تِلاف) (ع) مذکر (۱) اتحاد ۔ میل ملاپ (۲) بے تکلفی ۔ محبت (۳) تعلق (۴) خط کتابت ✽
ائمّہ (اَ ۔ اِم ۔ مَہ) (ع) مذکر ۔ امام کی جمع ✽

ا ۔ ے ۔ ی

اے (فارسی میں بالکسر اور اردو میں بالفتح و بالکسر دونوں طرح بولتے ہیں) (اِے، اَے) حرفِ ندا (۱) توجہ دلانے کے لیے بولتے ہیں (۲) پکارنے میں استعمال کرتے ہیں (۳) عورتوں کا تکیہ کلام ہے، جیسے وہ اکثر جملوں کے شروع میں بولتی ہیں (۴) دعا مانگنے میں "یا" کی جگہ مستعمل ہے ✽ **اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تست** (ف) مثل ۔ اے صبح کی ہوا! یہ سب کچھ تیرا لایا ہوا ہے ۔ یہ سارا فساد تمھارا ہی اٹھایا ہوا ہے ✽ **اے روشنیِ طبع تو برمن بلا شدی** (ف) مثل ۔ اے طبیعت کی روشنی! تو میرے لیے بلا بن گئی ۔ اس وقت بولتے ہیں، جب اپنی ہی قابلیت اپنے نقصان یا مصیبت کا سبب ہو ✽ **اے زر تو خدا نۂ ولیکن بخدا ستّارِ عیوب و قاضی الحاجاتی** (ف) اے دولت! تو خدا نہیں، لیکن خدا کی قسم تو عیبوں کو چھپانے اور حاجتوں کو پورا کرنے والی ہے ۔ روپے کی تعریف میں مبالغے سے بولتے ہیں کہ اس سے عیب چھپ جاتے اور حاجتیں پوری ہو جاتی ہیں ✽ **اے گل بتو خرسندم تو بوئے کسے داری** (ف) اے پھول! میں تجھ سے خوش ہوں کیونکہ تجھ میں کسی کی خوشبو پاتا ہوں ✽ **اے لو ۔ اِلو** ۔ (ل) (۱) ۔ لو دیکھو سنو (۲) عورتوں کا تکیہ کلام (۳) زائد ✽ **اے واہ** (ل) (عو) (طنزاً) کیا خوب، کیوں نہ ہو ✽ **اے وائے** ۔ (ف) حسرت اور افسوس کا کلمہ ✽ **اے وقتِ تو خوش کہ وقتِ ما خوش کردی** (ف) اے شخص! تو خوش رہے کہ تو نے مجھے خوش کیا ہے ۔ اس وقت دعا دینے کے طور پر بولتے ہیں، جب کوئی شخص کسی کو خوش خبری سنائے یا کسی بات سے خوش کرے ✽ **اے ہاں** (ل) عورتوں کا تکیہ کلام ۔ کبھی کسی بات سے نفرت و بیزاری ظاہر کرنے، کبھی کوئی بھولی ہوئی بات یاد آ جانے اور کبھی دوسرے موقع پر کہتی ہیں ✽ **اے ہے** (ل) (عو) کلمۂ افسوس جس میں ذرا حیرانی بھی پائی جائے ✽ **اے یہی تو ہے** (ل) (عو) بہت نزدیک ہے ۔ سامنے ہے ۔ قریب ہے ✽

ایار (اَیَاڑ) (ف) مذکر ۔ ہندی کے جیٹھ کے مطابق رومیوں کا ایک مہینا ✽
ایاز (اَیَاز) (ف) مذکر ۔ سلطان محمود غزنوی کا ایک ترکی غلام جس سے وہ نہایت محبت کرتا تھا ✽ **ایاز قدرِ خود بشناس** (ف) مثل ۔ اے ایاز! اپنی حیثیت پہچان ۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنی حیثیت سے بڑھ کر بات کرے یا ڈینگ مارے ✽
ایاغ (اَ یَاغ) (ت) مذکر (۱) پیالہ ۔ کوزہ ۔ گلاس (۲) شراب کا پیالہ ✽
ایال ۔ (اَیَال) (ع) مؤنّث (۱) گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال (۲) چوپایے کی گردن کے لمبے لمبے بال ✽
ایّام (اَیْ ۔ یَام) (ع) مذکر ۔ یوم کی جمع (۱) دن ۔ رات کے برعکس (۲) زمانہ (۳) (عو) حیض کے دن ✽ **ایّامِ اسود** ۔ تاریک دن ۔ قمری مہینے کی ۲۷ ۔ ۲۸ ۔ ۲۹ تاریخیں ✽ **ایّامِ بیض** ۔ روشن دن ۔ ہر مہینے کی ۱۳ ۔ ۱۴ ۔ ۱۵ تاریخیں ✽ **ایّام سے ہونا** ۔ حیض آنا ۔ کپڑوں سے ہونا ✽ **ایّام گزاری** (ع ۔ ف) مؤنّث (۱) دن کاٹنا ۔ وقت گزارنا (۲) ٹالنا ۔ دیر لگانا ۔ وقت ضائع کرنا ✽
ایبک (اَئے ۔ بَک) (ف) مذکر (۱) بُت ۔ معشوق (۲) ہرکارہ ۔ قاصد (۳) غلام

(۴) قطب الدین شہنشاہ دہلی کا لقب ٭

ایتر۔ ایترا (اِی۔ تَر، اِی۔ تَرا) (ہ) اِترانے والا۔ خود نما۔ کم ظرف۔ اوچھا۔ سفلہ۔ رذیل۔ کمینہ ٭ ایتر پنا۔ ایتراپن۔ تڑ پھنی مارنا۔ اِترانا۔ ذرا سی بات میں اپھر جانا ٭ ایتر کے گھر تیتر (باہر باندھوں کہ بھیتر) سبحان تیری قدرت (۶) مثل۔ جب کسی نااہل، کم ظرف اور کمینے کو کوئی چیز مل جائے تو وہ طرح طرح اس کی نمائش چاہتا ہے ٭

ایتلاف (اِی۔ تِلاف) (ع) مذکر (دیکھیے "اِئتلاف") ٭

ایتھر (اِی۔ تھَر) (انگ۔) مذکر (۱) ایک مائع چیز جو دواؤں میں کام آتی ہے (۲) ایک مادہ، جو ماہرینِ طبیعیات کے نزدیک خلا میں بھرا ہوا ہے ٭

ایتھنز (اَے۔ تھَنز) (یورپ) (Athens) مذکر۔ یونان کا پایۂ تخت ٭

ایٹم (اَے۔ ٹَم) (انگ۔ ATOM) مذکر۔ ذرہ۔ ریزہ۔ جوہر، ناقابلِ تقسیم نہایت چھوٹی شے ٭ ایٹم بم (ATOM-BOMB) مذکر۔ ایٹم سے تیار کیا ہوا بم کا گولا، جو ہولناک تباہی پھیلا دیتا ہے ٭

ایٹ ہوم (اَیٹ۔ ہوم) (انگ۔ At home) (۱) گھر پر۔ مکان میں (۲) مذکر۔ دوست کی دعوت، جو اسے گھر پر بلا کر کھلائی جائے ٭

ایٹی کیٹ (اَے۔ ٹی۔ کیٹ) (انگ۔ Etiquette) مذکر۔ تہذیب۔ آدابِ مجلس ٭

ایثار (اِی۔ ثار) (ع) مذکر (۱) دوسروں کو اپنے آپ پر مقدم سمجھنا (۲) دوسرے کے نفع کی خاطر خود نقصان برداشت کرنا۔ (۳) تحفہ دینا (۴) بزرگی۔ برگزیدگی (۵) اختیار کرنا ٭

ایجاب (اِی۔ جاب) (ع) مذکر (۱) اقبال۔ اقرار (۲) منظور کرنا (۳) قبول کرنا (۴) واجب کرنا۔ لازم کرنا۔ مقرر کرنا (۵) ماننا ٭ ایجاب و قبول (لغوی) ماننا (۲) (اصطلاحی) مرد و عورت کا یا ان کے وکیلوں اور دلیوں کا دونوں میں باہم زوجیت کا تعلق پیدا کرنے کی گفتگو کرنا۔ جس سے پہلے پوچھا جائے، اس کا جواب ایجاب اور دوسرے کا قبول کہلاتا ہے (۳) شادی۔ نکاح (۴) خرید و فروخت میں دونوں فریقوں کی رضامندی ٭

ایجاد (اِی۔ جاد) (ع) مذکر و مؤنث (۱) اختراع (۲) نئی چیز بنانا۔ نئی بات پیدا کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ (ف) مثل (۱) اپنے کام کی نئی چیز بنا کر عاجزی سے پیش کرتے وقت کہتے ہیں۔ (۲) اس وقت طنزاً بولتے ہیں، جب کوئی شخص اپنی کسی بیہودہ ایجاد کی تعریف کرے ٭

ایجاز (اِی۔ جاز) (ع) مذکر۔ مختصر کرنا ٭

ایجنٹ (اَے۔ جنٹ) (انگ۔ Agent) مذکر (۱) کارندہ۔ قائم مقام۔ سربراہ کار۔ گماشتہ (۲) آڑھتی ٭

ایجنسی (اَے۔ جَن۔ سی) (انگ۔ Agency) مؤنث۔ وہ دکان جس کے ذریعے سے کسی چیز کی خرید و فروخت ہو۔ کمیشن۔ ایجنٹی۔ آڑھت ٭

ایجوکیٹڈ (اَے۔ جو۔ کیٹ۔ ٹِڈ) (انگ۔ Educated) تعلیم یافتہ، عالم، پڑھا لکھا، ودوان ٭

ایجوکیشن (اَے۔ جو۔ کے۔ شن) (انگ۔ Education) مؤنث۔ تعلیم۔ وِدیا ٭ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ۔ مذکر۔ محکمۂ تعلیم۔ سررشتۂ تعلیم ٭ ایجوکیشنل۔ تعلیم کا۔ تعلیم سے متعلق۔ تعلیمی ٭

ایجی ٹیٹر (اَے۔ جی۔ ٹے۔ ٹر) (انگ۔ Agitator) مذکر۔ تحریک کرنے والا۔ جوش پھیلانے والا ٭

ایجی ٹیشن (اَے۔ جی۔ ٹے۔ شن) (انگ۔ Agitation) مؤنث۔ تحریک۔ جوش۔ شورش ٭

ایچ پیچ (ایچ۔ پیچ) (ہ) مذکر (۱) ہیر پھیر۔ چکر (۲) دغابازی۔ مکر و فریب۔ ایچ پیچ کی باتیں۔ مؤنث۔ فریب کی باتیں پیچ دار باتیں ٭ ایچ پیچ نہ جاننا۔ زمانے کے مکر و فریب سے واقف نہ ہونا۔ سیدھا سادہ ہونا ٭

ایڈ (اَیڈ) (انگ۔ Aid) مؤنث۔ امداد۔ اعانت۔ سہارا ٭

ایڈجوٹنٹ جنرل (اَیڈ۔ جو۔ ٹنیٹ۔ جَن۔ رَل) (انگ۔ Adjutant General) مذکر۔ ایک اعلیٰ فوجی عہدہ۔ لشکر کا منتظم ٭

ایڈرس۔ ایڈریس (اَیڈ۔ رَس۔ اَیڈ۔ رَیس) (انگ۔ Address) مذکر۔ (۱) پتا۔ سرنامہ۔ القاب (۲) سپاس نامہ۔ کسی شخص کی خوبیوں اور شکریے کا اظہار ٭

ایڈمیرل (اَیڈ۔ مِی۔ رَل) (انگ۔ Admiral) مذکر۔ امیر البحر۔ بحری فوج کا اعلیٰ افسر۔ بحری سپہ سالار ٭

ایڈوانس (اَیڈ۔ وانس) (انگ۔ Advance) (۱) اوّل، پہلے آگے، پیشگی (۲) ترقی۔ اصلاح ٭

ایڈوائزر (اَیڈ، وا، اِی، زَر) (انگ۔ Adviser) صلاح کار۔ مشیر۔ نصیحت کرنے والا ٭

ایڈورٹائزمنٹ (اَیڈ۔ وَر۔ ٹا۔ اِز۔ مِنٹ) (انگ۔ Advertisement) مذکر (۱) اعلان۔ اشتہار۔ نوٹس (۲) مؤنث۔ شہرت۔ عام اِطلاع۔ تشہیر ٭

ایڈووکیٹ (اَیڈ۔ وو۔ کیٹ) (انگ۔ Advocate) مذکر۔ (۱) وکیل۔ پلیڈر۔ قانونی صلاح کار (۲) معاون۔ مددگار ٭ ایڈووکیٹ جنرل (انگ۔ Advocate General) مذکر۔ حکومت کا اعلیٰ مشیرِ قانونی ٭

ایڈیٹر (اَے۔ ڈی۔ ٹر) (انگ۔ Editor) مذکر۔ اخبار یا رسالہ مرتب کرنے والا۔ مدیر ٭ ایڈیٹوریل۔ ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔ لیڈر۔ افتتاحیہ۔ مقالۂ مدیری ٭ ایڈیٹوریل کالم۔ اخبار وغیرہ کے صفحے کا وہ حصہ جہاں افتتاحیہ (لیڈر) اور شذرات (نوٹ) لکھے جاتے ہیں۔ بہرۂ افتتاحیہ ٭ ایڈیٹوریل نوٹ۔ مذکر۔ ایڈیٹر کا لکھا ہوا نوٹ۔ شذرہ ٭

ایڈیشن (اَے۔ ڈی۔ شَن) (انگ۔ Edition) مذکر۔ طبع۔ اشاعت ٭

ایڈیشنل (اَے۔ ڈیش۔ نَل) (انگ۔ Additional) زائد ٭

ایڈیکانگ (اِ سے ۔ ڈِی کانگ (انگ ۔ Aide-de camp) مذکر۔ سپہ سالار کا مصاحب ۔ نقیب ۔

ایذا (اِیْ ۔ ذَا) (ع) مؤنث (۱) تکلیف ۔ اذیّت ۔ دکھ (۲) دکھ دینا (۱ ٹھانا ، پانا ، پہنچانا ، پہنچنا ، جھیلنا ، دینا ، سہنا ، کھینچنا ، گزرنا کے ساتھ) ۔ **ایذارسانی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ تکلیف پہنچانا ۔ دکھ دینا ۔

ایرا (اِیْ ۔ رَا) (غالباً ایراد (وارد کرنا ، لانا) کا مخرّب ہے) مذکر ۔ شطرنج کا وہ مہرہ جو بادشاہ کو کشت سے بچانے کے لیے درمیان لایا جائے ۔ (دب دینا کے ساتھ) ۔

ایراپھیری (اِ سے ۔ رَا ۔ پھے ۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) سودا خرید کر اسے بار بار پھیرنا اور بدلوانا (۲) باہمی رد و قدح سے کسی چیز کا بار بار پھیرنا ۔

ایراد (اِیْ ۔ رَا د) (ع) مذکر ۔ اعتراض (کرنا ، ہونا کے ساتھ)

ایراغیرا (اَ سے ۔ رَا ، غَے ۔ رَا) (ہ) (عوام) مذکر (۱) یہ ۔ وہ (۲) اجنبی (۳) معمولی حیثیت کا آدمی ۔ **ایرا غیرا نتھو خیرا** (ہ) (عوام) مذکر ۔ ایرے غیرے بیرونی آدمی ۔ کم حقیقت ۔ معمولی حیثیت کے لوگ ۔ ہر کوئی ۔

ایران (اِیْ ۔ رَان) (ف) مذکر ۔ ایشیا کا ایک ملک جو افغانستان اور بلوچستان کے مغرب میں واقع ہے ۔ فارس ۔ **ایران توران کرنا** (ل) (عو) سخت جدوجہد سے تلاش کرنا ۔ زمین آسمان ایک کرنا ۔ **ایران چوری کا نہ پیراں دغابازی** (ل) (عو) اپنی براءت کے لیے کہتے ہیں کہ ہمیں ذرا خوف نہیں ۔ ہم نہ لینے میں نہ دینے میں ۔ **ایران شہر** (ف) مذکر ۔ نیشاپور کا ایک نام ۔ **ایرانی** (ف) (۱) ایران کا باشندہ (۲) ایران کی زبان ۔ فارسی (۳) ایران کی چیز ۔

ایراوتی (اِیْ ۔ رَا ۔ وَتِی) (ہ) مؤنث ۔ دریائے راوی کا قدیم نام ۔

ایرپھیر (اَیْرْ ۔ پھیْر) (ہ) مذکر (۱) بیوپار ۔ تجارت (۲) سوداگری کا مال بار بار خریدنا اور بیچ ڈالنا (۳) انقلاب ۔ گردش (۴) دَور ۔ گھیر (۵) اختلاف (۶) ہیر پھیر ۔ دغا ۔ فریب ۔ چالاکی (کرنا کے ساتھ) ۔ **ایرپھیر کے تولنا** ۔ پاسنگ کی کمی زیادتی نکالنے کے لیے جنس کو ترازو کے پلڑے بدل کر تولنا ۔ **ایرے پھیرے** مذکر ۔ بار بار آنا جانا ۔ مکان کے گرد اگرد گھومنا ۔ چکر لگانا ۔

ایر غیر ، ایرے غیرے (اَیْر ۔ غَیْر : اَے ۔ رِے ۔ غَے ۔ رِے) (ہ) (عو) غیر لوگ ۔ بیرونی ۔ الغتے ۔ **ایرے غیرے پچکلیاں** (عوام) اغیار ۔ الغتے ۔

ایرکھا (اِیْر ۔ کھَا) (ہ) مؤنث ۔ حسد ۔

ایڑ (اَیْڑ) (ہ) مؤنث ۔ گھوڑے کو ایڑی سے ٹھکرانا ۔ **ایڑ کرنا** ۔ (۱) گھوڑے کو تیز کرنے کے لیے ایڑی کا مارنا ۔ مہمیز کرنا ۔ گھوڑے کو تیز کرنا (۲) چل دینا ۔ ٹہل جانا (ان معنی میں زیادہ تر "ایڑ کر جانا" بولتے ہیں) ۔ **ایڑ کھانا** ۔ ایڑی کی چوٹ کھانا ۔ **ایڑ لگانا** (ہ) (۱) ایڑ کرنا (۲) گھوڑے کو تیز کرنا ۔ ایڑ مارنا ۔ ایڑ لگانا ۔

ایڑی (اِ سے ۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) پنجے کا مقابل ۔ پاشنہ (۲) جوتے کا پچھلا حصہ جس پر پاؤں کی ایڑی ہوتی ہے ۔ **ایڑی چوٹی پر صدقے کروں ۔ ایڑی چوٹی پر قربان کروں ۔ ایڑی چوٹی پر نثار کروں ۔ ایڑی چوٹی پر واروں** (ل) (عو) غصّے میں اور نہایت حقارت و نفرت سے کسی کے متعلق کہتی ہیں ۔ **ایڑی چوٹی کا پسینا ایک کر دینا** ۔ یا ۔ بہا دینا ۔ سخت کوشش کرنا ۔ بہت محنت کرنا ۔ سر سے پسینا بہا کر پاؤں کے پسینے سے جا ملانا ۔ انتہائی سعی و جہد کرنا ۔ **ایڑی چوٹی کا زور لگانا** (۱) بے حد کوشش کرنا ۔ ایڑی دیکھو (۲) چشم بد دور ۔ نام خدا ۔ تیرے منہ میں خاک ۔ حف نظر ۔ **ایڑی سے چوٹی تک** ۔ سر سے پاؤں تک ۔ **ایڑی کا پسینا سر کو آنا** (ل) نہایت دوڑ دھوپ بمحنت مشقت کرنا یا کسی کام میں امکانی جدوجہد کرنا یا کسی کی جستجو یا خدمت میں دن کو دن رات کو رات نہ سمجھنا یا آندھی ، پانی ، سردی گرمی کا خیال نہ کرنا ۔

ایڑیاں (اِ سے ۔ ڑِیَاں) (ہ) مؤنث ۔ "ایڑی" کی جمع ۔ **ایڑیاں رگڑ رگڑ کے مرنا ۔ ایڑیاں رگڑ کے مرجانا** ۔ بے بسی اور نہایت تکلیف سے مرجانا ۔ **ایڑیاں رگڑنا** (۱) سخت تکلیف اور مصیبت میں زندگی کاٹنا (۲) نزع کی تکلیف اٹھانا ۔ (۳) انتہائی جدوجہد تلاش اور دوڑ دھوپ کرنا (۴) بچے کا مچلنا ۔ ضد کرنا ۔ **ایڑیاں رگڑوانا** ۔ "ایڑیاں رگڑنا" کا متعدی ۔ **ایڑیاں گھس گئیں** ۔ نہایت دوڑ دھوپ کی اور گردش اٹھائی ۔

ایزاد (اِیْ ۔ زَاد) (عوام) زیادہ ۔ [یہ لفظ عربی نہیں ، ناواقف عوام نے بنا لیا ہے اور غلط ہے ۔ **ایزادی** غلط در غلط ہے ۔]

ایزد (اِ سے ۔ زِد) (ف) مذکر ۔ خدا ۔

ایسا (اَ سے ۔ سَا) (ہ) (۱) اِس شکل کا ۔ اِس قسم کا (۲) اِتنا ۔ اِس قدر (۳) مثل ۔ مانند (۴) یوں ۔ اِس طرح (۵) اچھائی یا بُرائی کے لیے مبالغے سے بولتے ہیں ۔ **ایسا تیسا** ۔ مذکر ۔ حقارت کا کلمہ جو بیشتر غصّے اور آزردگی میں کسی کے متعلق کہا جاتا ہے ۔ **ایسا کیا شہر شملہ ہے** (ل) (عو) ایسی کیا پریشانی ہے ۔ ایسی کیا لوٹ مچی ہے ۔ ایسا کیا اندھیر ہے کہ کوئی کسی کی داد کو نہ پہنچے ۔ **ایسا کیا گیا گزرا ہے** ۔ ایسا کمزور نہیں ۔ اتنا ذلیل و خوار نہیں ۔ بالکل نکما نہیں ۔ **ایسا گیا جیسے محفل میں سے جوتا** (ل) مثل ۔ فوراً روپوش ہو جانے والے آدمی کے متعلق کہتے ہیں ۔ **ایسا منہ نہیں** ۔ اتنا حوصلہ نہیں ۔ اتنی ہمت نہیں ۔ **ایسا میٹھا کیا ہے** ۔ نفع کیا ہے ۔ کچھ فائدہ نہیں ۔ **ایسا نہ ہو** ۔ خدانخواستہ ۔ مبادا ۔ **ایسا ویسا** (۱) بے حقیقت ۔ رسمی ۔ معمولی (۲) بُرا بھلا (۳) بیہودہ ۔ واہیات (۴) جیسا ہو ۔ **ایسا ویسا بھاتا نہیں خوان ملو کا آتا نہیں** (ل) مثل ۔ جو موجود ہے ، وہ پسند نہیں ۔ بادشاہی کھانا نصیب نہیں ۔ فقیری میں امیرانہ مزاج ہیں ۔

ایسی (اَ سے ۔ سِی) (ہ) (۱) اِس شکل کی ۔ اِس قسم کی (۲) اِس نمونے کی (۳) اِس طرح کی ۔ اِس طرح کی (۴) مانند ۔ کی سی ۔ جیسی ۔ **ایسی تقدیر کہاں** (ل) ایسی خوش بختی کہاں ۔ نصیب نہیں ۔ ناامیدی کی حالت میں بولتے ہیں ۔ **ایسی تیسی** ۔ **ایسی تیسی کی** (ہ) مہذّب لوگوں کی گالی ۔ **ایسی تیسی کرنا** (۱) گالی دینا (۲) کام خراب کر دینا ۔ **ایسی کہی کہ چھا گئی** ۔ وہاں مذاق سے بولتے ہیں ، جہاں کسی پر کوئی موزون بات خوب پھبتی ہوئی کہی جائے ۔ **ایسی کہی کہ دھوئے نہ چھوٹے** ۔ اتنی سخت کلامی کی کہ دل سے اس

کا اثر کبھی دُور نہ ہوگا ؛ **ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہ رہی ہے!** مثل۔ تجھ میں کیا خاص خوبی ہے ؟ تو ہی بہت دولت مند ہے، اَور کوئی نہیں ؟ کیا تیرے بغیر اَور کسی سے نہیں ہوسکتا ؟ **ایسی کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے** ؟ (ل) مثل۔ میں نے کیا گناہ کیا ہے ؟ مجھے کسی کا کیا خوف ہے ؟ **ایسی میں جائے** (ل) جہنم یا چولھے میں جائے ؛ **ایسی ایسی** (صفتِ مؤنث) دیکھیے " ایسا ویسا" ؛ **ایسی ایسی بات کرنا**۔ بُری بات یا نامناسب حرکت کرنا ؛ **ایسی ویسی چیز** (ل) مؤنث۔ بُری چیز۔ ادنیٰ چیز ؛ **ایسی ویسی خبر** (ل) مؤنث۔ جھوٹی سچی خبر ؛

ایسان۔ ایشان (اِی۔ سَان، اِی۔ شَان) (س) مذکر (۱) مشرق اور شمال کا درمیانی کونا (۲) شوجی ؛

ایس۔ اے۔ وی (اَیس۔ اِے۔ وِی) (انگ۔ S.A.V.) سینیر اینگلو ورنیکلر ایک امتحان جو بی۔ اے کے بعد پاس کرنے سے آدمی سکول میں مدرس ہو سکتا ہے ؛

ایسٹ (اِیسٹ) (انگ۔ East) مذکر۔ مشرق۔ پورب ؛ **ایسٹ انڈیا ریلوے** (اِیسٹ۔ اِن۔ ڈیا۔ رِیل۔ وِے) (انگ۔ East India Railway) مؤنث۔ کمپنی کی وہ ریل جو شملہ سے کلکتہ تک چلتی تھی۔ ای۔ آئی۔ آر ؛ **ایسٹ انڈیا کمپنی** (انگ۔ East India Company) مؤنث۔ مشرقی ہند کی کمپنی۔ انگلستان کے تاجروں کی وہ جماعت جس نے پہلے پہل ۱۸۰۰ء میں ہندوستان پر قبضہ کیا، پھر ۱۸۵۷ء میں اسے حکومتِ انگلستان کے سپرد کر دیا ؛ **ایسٹ کوسٹ ریلوے** (انگ۔ East coast Railway) مؤنث۔ مشرقی ساحل کی ریلوے۔ احاطۂ مدارس کی ایک ریلوے ؛

ایسٹر (اِیس۔ ٹَر) (انگ۔ Easter) مذکر۔ حضرت عیسیٰؑ کے دوبارہ زندہ ہوکر آسمان پر چلے جانے کا دن۔ عیسائیوں کا ایک مشہور تہوار جو ۲۱ مارچ کے بعد چاند مکمل ہونے پر پہلے اتوار کو ہوتا ہے ؛

ایسٹیٹ (اَیس۔ ٹیٹ) (انگ۔ Estate) مؤنث۔ جائداد۔ ترکہ۔ ملکیت ؛

ایسر (اِی۔ سَر) (ہ) مذکر (۱) ایشور۔ اللہ۔ خدا (۲) مالک (۳) دولت (۴) حشمت (۵) دولت مند آدمی۔ امیر ؛ **ایسر آئیں دلدّر جائیں** مثل۔ دولت آئے، نحوست اور غریبی چلی جائے ؛ **ایسر سے بھینٹ نہیں، دلدّر سے بگاڑ**۔ مثل۔ دولت مند سے واقفیت نہیں، غریب سے لڑائی ہے۔ ہر ایک سے لڑتا جھگڑتا ہے ؛ **ایسر گئے دلدّر آئے**۔ اقبال مندی کا زمانہ گیا، بدنصیبی کا وقت آیا ؛

ایسوسی ایشن (اَیسو۔ سی۔ اِیشَن) (انگ۔ [illegible]ation) مؤنث۔ مجلس۔ جماعت۔ اجتماع۔ کمیٹی۔ سبھا ؛

ایسے (اَیسے۔ سِے) (ہ) (۱) ایسا کی جمع (۲) ایسا کا امالہ ؛ **ایسے پر تو ایسی کاجل ڈال لیے پرکھی**۔ مثل (۱) بے حد موہنی اور دلکش آنکھ ہے (۲) جب بن ٹھنے بغیر یہ حالت ہے تو بننے ٹھننے پر کیا کیفیت ہوگی ؛ **ایسے پر تین حرف (بھیجتے ہیں)** (ل) (تین حرف ل۔ ع۔ ن۔ (لعن)) ایسے پر لعنت بھیجتے ہیں۔ ایسے کو بہت بُرا جانتے ہیں ؛ **ایسے تو میری جیب (ناخنوں) میں پڑے رہتے ہیں** (ل) مثل۔ میں تم سے بہت زیادہ ہوشیار ہوں۔ تمھارے فریب میں نہیں آسکتا ("میری" کے بجائے دوسری ضمیروں کے ساتھ بھی کہتے ہیں) ؛ **ایسے جیسے روپے کے ٹکے جنا لیے**۔ ۔۔ معاملہ اور کھرا آدمی ؛ **ایسے کیا لعل لگے ہیں** (ل) مثل (عو) ایسی کون سی انوکھی بات ہے ؛ **ایسے کیڑے پڑیں گے** (ہ) ایسا بُرا حال ہوگا ؛ **ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ**۔ مثل۔ بالکل نیست و نابود ہوگئے۔ نام و نشان تک باقی نہ رہا۔ ایسے غائب ہوئے کہ پھر پتا تک نہ چلا ؛ **ایسے لڑکے بہت کھلاتے ہیں**۔ ایسے تو بہت میرے ہاتھوں میں پڑے ہیں ؛ **ایسے مرے بھولے** (عو) اس وقت طنزاً بولتی ہیں، جب کوئی جان بوجھ کر نا واقف بنے ؛ **ایسے میں** (عو) (۱) ایسے موقع پر (۲) اس حالت میں (۳) اس زمانے میں ؛ **ایسے ہوتے تو عید بقرعید کے کام آتے** (ل) مثل۔ ظرافتاً اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بالکل نکما اور نالائق ہو، یوں بھی بولتے ہیں: " ایسے ہوتے تو عید کے کام آتے" ؛ **ایسے ہی** (ہ) (۱) اسی طرح (۲) بلا وجہ ؛ **ایسے ہی بھولے ہیں**: طنزاً سادے بھولے اور نادان نہیں۔ بہت ہوشیار، چالاک اور چلتے پُرزے ہیں ؛

ایشر۔ ایشور (اِی۔ شَر، اِی۔ شوَر) (س) مذکر (۱) اللہ۔ خدا۔ رب۔ پرماتما۔ پرمیشور (۲) حاکم۔ سردار۔ آقا۔ مالک (۳) شوجی (۴) کامدیو ؛

ایشیا (اِے۔ شِیَا) (انگ۔ Asia) مذکر۔ دنیا کا سب سے بڑا برِ اعظم جس میں بہت سے دوسرے ملکوں کے علاوہ پاک و ہند کا برِصغیر بھی شامل ہے ؛ **ایشیائی** (اِے۔ شِیَا۔ اِی) (ف) (۱) ایشیا کے رہنے والے (۲) ایشیا کی چیزیں ؛

ایصال (اِی۔ صَال) (ع) مذکر (۱) ملانا۔ پہنچانا (۲) وصول کرنا ؛ **ایصالِ ثواب**۔ مذکر۔ ثواب پہنچانا ؛ **ایصالِ حرارت**۔ مذکر۔ علمِ طبعی میں وہ عمل جس سے حرارت گھاس یا سیّال اشیاء میں ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچ جاتی ہے ؛ **ایصالِ مال گزاری** (ل) (۱) زمین کا معاملہ وصول کرنا (۲) زمین کا ٹیکس سرکاری خزانے میں داخل کرنا (اس لفظ کی ترکیب غلط ہے کیونکہ "مال گزاری" معناً ہندی ہے) ؛

ایضاً (اَے۔ ضَن) (ع) (یہ لفظ عربی ترکیب کے لحاظ سے مفعول مطلق ہے اس کا فعل ہمیشہ محذوف ہوتا ہے۔ یہ اصل میں " آض ایضاً" تھا ؛) (۱) وہی۔ اوپر لکھے ہوئے کے مطابق (۲) بجنسہٖ۔ اسی طرح کا۔ ویسا ہی (۳) پھر

(۴) بھی ۔

ایطا (اِی ۔ طَا) (ع) مذکر (۱) (لغوی) پامال کرنا (۲) (اصطلاحِ عروض) قافیے کا بعینہٖ لفظاً اور معناً مکرر لانا ۔ **ایطا رجلی** ۔ مذکر ۔ جس میں قافیے کی تکرار اچھی طرح ظاہر ہو، جیسے بُت خانہ اور صاحب خانہ ۔ وفادار اور دل دار ۔ ستم گر اور فسوں گر ۔ **ایطا رخفی** ۔ مذکر ۔ جس میں قافیے کی تکرار خوب واضح نہ ہو اور ذہن فوراً اس طرف منتقل نہ ہو سکے ۔ مثلاً کہا اور سنا ۔ تراوش اور نازش ۔ رخصت اور مہلت ۔

ایفا (اِی ۔ فَا) (ع) مذکر (۱) پورا کرنا ۔ ادا کرنا (۲) ادا ۔ انجام ۔ **ایفاءِ وعدہ** مذکر ۔ قول پورا کرنا (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

ایف ۔ اسے (اَیف ۔ اِے) (انگ F.A.) مذکر فرسٹ آف آرٹس ۔ وہ جماعت جس میں طالب علم میٹرک پاس کرنے کے بعد داخل ہوتا ہے ۔ اس کے دو درجے ہوتے ہیں ۔ پہلے کو فسٹ ایئر (پہلا سال) اور دوسرے کو سیکنڈ ایئر (دوسرا سال) کہتے ہیں ۔ گیارھویں اور بارھویں جماعت ۔

ایقان (اِی ۔ قَان) (ع) مذکر (۱) یقین ہونا ۔ یقین سے جاننا ۔ (۲) ضمیر ۔

ایک (اَیک) (ہ) (۱) ایک عدد ۔ ۱ (۲) دوسرا (۳) بہت ۔ بڑا ۔ نہایت (۴) صرف ۔ تنہا (۵) تمام ۔ سارا (۶) بے نظیر ۔ یکتا ۔ منتخب (۷) کوئی (۸) برابر ۔ متحد ۔ یکساں (۹) متفق (۱۰) پکا ۔ پورا (۱۱) زائد (حسنِ کلام کے لیے) ۔ ایک آتا ہے ایک جاتا ہے ۔ لوگ لگاتار آ جا رہے ہیں ۔ **ایک آدھ** ۔ کوئی کوئی ۔ اِکا دُکا ۔ جدا جدا ۔ خال خال ۔ **ایک آم کی دو پھانکیں ہیں** (ف) دونوں کی شکل صورت ایک ہی ہے ۔ ذرا فرق نہیں ۔ **ایک آنچ کی کسر رہ گئی** (ف) کام بنتے بنتے رہ گیا ۔ ذرا سی کسر رہ گئی ۔ تھوڑا سا نقصان باقی رہا ۔ **ایک آنچ کی کسر ہے** (ف) تیار ہونے کے قریب ہے (کھانے اور کیمیا کے متعلق کہتے ہیں) ۔ **ایک آنکھ** (ع) ذرا ۔ مطلق ۔ بالکل ۔ **ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں** ۔ مثل (۱) (ع) سمجھانے کے طور پر کہتی ہیں کہ اگر ایک بچہ مر جائے تو دوسرے کو عزیز رکھنا چاہیے ۔ اس کی طرف سے غافل نہ ہو جانا چاہیے ۔ (۲) نقصان اٹھانے کے بعد سمجھ آتی ہے ۔ ایک دفعہ دھوکا کھا کر آئندہ کو تجربہ ہو جاتا ہے ۔ دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے ۔ **ایک آنکھ سے سب کو دیکھنا** (۱) سب سے یکساں برتاؤ کرنا ۔ برابر جاننا ۔ خویش اور غیر کو برابر سمجھنا (۲) انصاف کرنا ۔ **ایک آنکھ میں لہر بہر ایک (آنکھ) میں خدا کا قہر** (ف) مثل (عوام) (۱) اس وقت کہتے ہیں جب کوئی آدمی اپنے بچوں یا متعلقین میں سے ایک پر زیادہ لطف و کرم کرے اور دوسرے کی پرواہ نہ کرے (۲) وہاں بھی کہتے ہیں ، جہاں کوئی شخص دم بھر میں مہربان اور دم بھر میں غصے ہو جائے ۔ **ایک آنکھ نہیں بھاتا** (ف) (ع) بالکل پسند نہیں ۔ قطعاً گوارا نہیں ۔ **ایک آنکھ بیر ایک آنکھ** ۔ (ع) اس موقع پر بولتی ہیں ، جب دو لڑکوں سے برابر محبت کریں اور انھیں یکساں سمجھیں ۔ **ایک آن میں** (ف) (۱) لحظہ بھر میں ۔ لمحہ بھر میں ۔ دم بھر میں (۲) یک بارگی ۔ یک لخت ۔ **ایک آوے کے برتن ہیں** (۱) مثل ۔ سب ایک جیسے ہیں ۔ ایک ہی خاندان کے ہیں ۔ اکثر ہجو کے طور پر کہتے ہیں ۔ **ایک اکیلا دو سے گیارہ** ۔ یا ۔ **ایک اکیلا دو کا میلا** (ف) دیکھیے "ایک اور ایک گیارہ" ۔ **ایک انار سو بیمار** (ف) مثل ۔ چیز ایک اور طلب گار بہت سے ۔ **ایک انڈا وہ بھی گندہ** (ف) مثل ۔ ایک بیٹا وہ بھی نالائق (اسی طرح ہر چیز کے متعلق بولتے ہیں جو ایک ہو اور بیکار ہو) ۔ **ایک انگور سو زنبور** (ف) مثل (دیکھیے "ایک انار سو بیمار") ۔ **ایک اور ایک گیارہ** (۱) مقولہ ۔ جس طرح ایک ہندسے پر ایک اور بڑھانے سے گیارہ (۱۱) کا عدد بن جاتا ہے ، اسی طرح جب ایک سے دو ہو جائیں تو وہ دونوں مل کر بہت زیادہ کام کر سکتے ہیں ۔ مل کر رہنے سے تمام مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں ۔ اتفاق سے سب کام درست ہو جاتے ہیں ۔ **ایک اور دس (سو ۔ یا ۔ ہزار) کا فرق** (ف) بہت زیادہ فرق ۔ زمین آسمان کا فرق ۔ **ایک ایک** (۱) ہر ایک ۔ تمام ۔ کل ۔ سب (۲) اکیلے اکیلے ۔ باری باری ۔ فرداً فرداً ۔ **ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلتا ہے** (ف) ایک بات پر قائم نہیں رہتا ۔ گھڑی میں کچھ ، گھڑی میں کچھ ۔ متلون مزاج ہے ۔ غیر معتبر ہے ۔ بہت جھوٹا ہے ۔ **ایک ایک دن ایک ایک مہینے کے برابر ہے** (ف) انتظار کی بے حد تکلیف ہے ۔ **ایک ایک سے** (۱) ہر ایک سے ۔ فرداً فرداً ۔ **ایک ایک قدم ایک ایک منزل ہونا** (ف) شدید تھکن یا غم سے قدم اٹھاتے ہوئے بے حد تکلیف ہونا ۔ **ایک ایک کا دامن پکڑ کے رونا** (ف) ازحد بے بسی اور بے کسی کی حالت میں ہونا ۔ ہر ایک سے مدد طلب کرنا ۔ ہر ایک کے سامنے اپنی مصیبت بیان کرنا ۔ **ایک ایک کا منہ تکنا** ۔ یا ۔ **دیکھنا** (۱) حیرت اور حسرت کی حالت میں ہونا ۔ ہر ایک سے امید رکھنا ۔ محتاج ہونا ۔ مجبور ہونا ۔ **ایک ایک کر کے** (۱) ایک ایک کو چن چن کر ۔ رفتہ رفتہ ۔ ایک بارگی کے برعکس (۲) کل ۔ سب (۳) جدا جدا ۔ فرداً فرداً ۔ **ایک ایک کی چار چار (دس دس) لگانا** (۱) ذرا سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا کہ لڑائی ہو جائے ۔ چغلی کھاتے وقت معمولی سی بات کو مبالغے کے رنگ میں کہہ کر مخاطب کو اشتعال دلانا ۔ **ایک ایک کے دس دس ہونا** (۱) کاروبار میں بہت زیادہ نفع ہونا ۔ **ایک ایک کے دو دو ہونا** (ف) بیوپار میں دگنا نفع ہونا ۔ **ایک ایک گھڑی بھاری (پہاڑ) ہونا** (۱) ایک ایک لمحے کا رنج دہ ہونا ۔ **ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا** (۱) ذرا سے فائدے کے لیے بھاری نقصان گوارا کرنا (۲) دنیا کی خاطر دین کھونا ۔ **ایک بات** (۱) مؤنث (۱) نہایت آسان کام ۔ بالکل معمولی امر (۲) معقول بات ۔ مضبوط بات ۔ پختہ بات (۳) صحیح قیمت ۔ **ایک بات تھی منہ سے نکل گئی** ۔ معافی مانگنے کے طور پر کہتے ہیں کہ یونہی ایک بات کہہ دی ، اس پر باز پرس کرنا مناسب نہیں ۔ **ایک بات میں** (۱) لب کو ذرا سی حرکت دینے میں ۔ کچھ کہہ کر (۲) خفیف سے اشارے میں ۔ **ایک بات ہزار منہ** (ف) وہاں بولتے ہیں ،

جہاں کسی معاملے میں ہر کوئی نئی بات کہے ٭ **ایک بات ہے** (ف) (۱) اس میں ذرا سچائی نہیں۔ بے اصل چیز ہے (۲) معمولی اور نہایت سہل امر ہے (۳) ایک خاص ادا ہے (۴) لازمی نتیجہ ہے۔ کچھ فرق نہیں یکساں ہے (۵) واحد معاملہ ہے ٭ **ایک بار** (ا) دیکھیے "اک بار" ٭ **ایک بارگی** دیکھیے "اک بارگی" ٭ **ایک بازار بند ہونا** (ل) کانا ہونا ٭ **ایک بال چل نہیں** (ف) ذرا فرق نہیں (اب اس موقع پر بیشتر "بال برابر فرق نہیں" کہتے ہیں) ٭ **ایک بال کا مول نہیں** جس کی تعریف میں مبالغے کے طور پر بولتے ہیں ٭ **ایک بغل ہو جاؤ** (و) (عوام) درمیان سے ہٹ جاؤ۔ کنارے ہو جاؤ (دیکھیے "ایک طرف ہو جاؤ"۔ "کنارے ہو جاؤ" فصیح ہے) ٭ **ایک بوتل کا سرور** (نشہ) (ل) اتنا نشہ جو شراب کی ایک بوتل پی جانے سے ہو ٭ **ایک بولی تین کام** (ف) طنزاً اس جگہ کہتے ہیں، جب ایک وقت میں کئی کام ہوں ٭ **ایک بھی نہ ماننا** دیکھیے "ایک نہ ماننا" ٭ **ایک پاپی ناؤ کو ڈبوتا** (لے ڈوبتا) ہے۔ مثل۔ ایک کی بدکرداری سے سارا گھر خاک میں مل جاتا ہے ٭ **ایک پاڑ** (ا) مذکر۔ مینہ کا ایک جھالا ٭ **ایک پانی کی کسر ہے** (ل) (۱) ایک دفعہ سینچنے کی حاجت ہے (۲) ایک بار اور بارش کی ضرورت ہے ٭ **ایک پاؤں اندر** (گھر میں) **ایک پاؤں باہر** (ل) کبھی اندر کبھی باہر۔ گھڑی یہاں، گھڑی وہاں ٭ **ایک پاؤں پھرنا** (ف) برابر پھرتے رہنا۔ بہت دوڑ دھوپ اور کوشش کرنا۔ انتہائی گردش۔ دم نہ لینا ٭ **ایک پاؤں رکاب میں رہنا** (و) چلنے کو تیار رہنا ٭ **ایک پاؤں سے کھڑا رہنا** (ف) نہایت مطیع اور فرماں بردار ہونا ٭ **ایک پاؤں کہیں، ایک کہیں**۔ کسی ایک جگہ قیام نہیں ٭ **ایک پر ایک گرا** (ٹوٹا) **پڑتا ہے**۔ بے حد ہجوم ہے۔ سخت بھیڑ ہے ٭ **ایک پر بیٹھ رہنا** (عو) (۱) ایک شوہر یا ایک آشنا پر قناعت کرنا (۲) ہر کسی سے محبت نہ کرنا۔ ایک شخص کے ساتھ عمر گزار دینا ٭ **ایک پر کے سو کوے بنانا ہے** (و) مثل۔ ایک بات میں سو پہلو نکالتا ہے۔ ایک بات کی سو باتیں بناتا ہے ٭ **ایک پڑا لوٹے دوسرا نہ سمجھے جو کھی** (وسے) (ف) مثل۔ ایک شخص کسی لذت کا نتیجہ بھگت رہا ہے اور دوسرا عیر مآل اندیشی سے اس سے اعلیٰ کی خواہش کرتا ہے ٭ **ایک پل میں**۔ لمحہ بھر میں ٭ **ایک پلک** (عو) ایک آن۔ ذرا دیر۔ دم کی دم۔ پل بھر (مذکر) ٭ **ایک پنتھ دو کاج**۔ مثل۔ اس وقت بولتے ہیں جب ایک تدبیر میں دو کام انجام پائیں۔ آم کے آم گٹھلیوں کے دام ٭ **ایک پیٹ کے**۔ سگے بھائی بہن۔ ایک ماں جائے ٭ **ایک تارا دیکھ کے ایڑی دیکھنا** (عو) نحوست دور کرنے کے لیے ایک تارا دیکھ کر اپنی ایڑی دیکھنا۔ عورتوں کی ایک وہمی حرکت ٭ **ایک ترکش کے تیر ہیں** (ا) (۱) سب دکھ دینے والے ہیں۔ آرام دینے والا کوئی نہیں (۲) دیکھیے "ایک آوے کے برتن ہیں" ٭ **ایک تل بھر** (ف) بالکل ذرا سا۔ اکثر "تل بھر" اور "تل برابر" بولتے ہیں ٭ **ایک تم کیا ہو** "تمہاری پر موقوف نہیں" (ف) تم ہی نہیں بلکہ وہ بھی بولتے ہیں ٭ **ایک تندرستی ہزار نعمت** (و) فوا۔ ایک صحت ہزار نعمتوں سے بڑھ کر ہے ٭ **ایک تنکا نہیں چھوڑا** (ف) کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ سب کچھ لوٹ لے گیا ٭ **ایک تن کے بہتر تن ہونا** (ف) (ع) نہایت بے عزت ہونا۔ بڑی گت ہونا ٭ **ایک تنکے کا احسان نہ لینا۔ ایک تنکے کا شرمندہ نہ ہونا** (و) خفیف سا بھی احسان نہ اٹھانا۔ قطعاً زیر بار منت نہ ہونا۔ کسی کا سہارا نہ ڈھونڈنا۔ بے حد صابر اور بے پروا ہونا ٭ **ایک تنکے کا بھی احسان بھاری ہوتا ہے** (و) احسان اٹھانے والے پر ذرا سے احسان کا بھی بار بہت ہوتا ہے ٭ **ایک تنکے کا سہارا بھی بہت ہوتا ہے** (ف) بےکسی اور ناداری کی حالت میں ذرا سا بھی سہارا بہت غنیمت معلوم ہوتا ہے ٭ **ایک تنکے کا سہارا نہیں** کسی سے خفیف سی بھی امداد کی توقع نہیں ٭ **ایک تو آپ دوسرے بغل چاپ** (و) اوّل تو آپ ہی بے وقت اور بے محل آئے، دوسرے اپنے ساتھ ایک اور کو بھی لگا لائے ٭ **ایک تو تھا ہی دیوانہ اس پر آئی بہار** (و) مثل۔ آوارہ کے لیے آوارگی کا سامان بھی میسر آگیا۔ اب خدا ہی حافظ ہے ٭ **ایک تو چوری اس پر** (دوسرے) **سینہ زوری**۔ یا۔ **ایک تو چوری دوسرے سر زوری** (ل) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی جرم کرکے نڈر رہے اور الٹے ڈھٹائی اور سرکشی کی باتیں کرے ٭ **ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنے** (ل) مثل۔ اوّل تو ہیبت ناک اور غصیل تھے ہی، دوسرے اختیار اور اقتدار مل گیا۔ حکومت کے ساتھ اور حمایتی پیدا ہو گئے۔ بہادر کو بے خوفی کا اور سامان ہاتھ آگیا ٭ **ایک تو کانی جائی دوسرے پوچھنے والوں نے جان کھائی** مثل (عو) عیب والے کو اوّل تو اپنے عیب کا رنج ہوتا ہے، دوسرے پوچھ گچھ کرنے والے شرمندہ کرتے ہیں۔ دکھ کی بات کو دہرانا بھی دکھ دیتا ہے ٭ **ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا** (ف) مثل۔ اوّل تو آپ ہی بُرے تھے۔ دوسرے اور بھی برائی کے سامان پیدا ہو گئے ٭ **ایک تو میاں اونگھتے اس پر کھائی بھنگ**۔ مثل (عو) وہاں بولتی ہیں، جہاں کوئی سست آدمی جان بوجھ کر ایسا کام کرے جس سے سستی اور بڑھ جائے ٭ **ایک تول**۔ برابر۔ مساوی۔ یکساں ٭ **ایک توے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی**۔ مثل (عو) ایک نسل یا ایک گھرانے کے دو شخص ایک ہی نظر سے دیکھے جاتے ہیں، خواہ دونوں کی حیثیت یکساں نہ ہو ٭ **ایک تھان کے ٹکڑے ہیں**۔ یا۔ **ایک تھیلی کے بٹے ہیں**۔ **ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں**۔ مثل۔ دیکھیے "ایک آوے کے برتن ہیں" ٭ **ایک تیری جوانی کی آئی ہے** (ل) صرف تیرے شباب پر گھمنڈ ہوتا ہے ٭ **ایک ٹانگ** (ف) مؤنث (۱) کسی چیز کی چوتھائی (۲) چوتھی ٭ **ایک ٹانگ پھرنا** (عوام) دیکھیے "ایک پاؤں پھرنا"۔ دم نہ لینا۔ انتہائی گردش اور دوڑ دھوپ کرنا ٭ **ایک ٹانگ کھڑا رہنا**۔ حکم بجا لانے کے لیے ہمیشہ تیار رہنا ٭ **ایک ٹکے پر مسجد ڈھانا** (ا) دیکھیے "ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا" ٭ **ایک جا کرنا** (ف) جمع کرنا۔ فراہم کرنا۔ اکٹھا کرنا ٭ **ایک جان**۔ جانی دوست، دلی دوست، گہرے دوست ٭ **ایک جان دو تن**، **ایک جان دو قالب**

(۱) انتہا کی دوستی۔ کمال اتحاد۔ عاشق و معشوق۔ محب و محبوب۔ لنگوٹیے یار (بالعموم دوسرا محاورہ مستعمل ہے) ◆ **ایک جان کرنا** (۱) بہت سی چیزوں کو باہم ملا دینا۔ حل کرنا ◆ **ایک جان کے ساتھ سب سامان ہے** (۱) ایک آدمی کی بدولت سب مزے کر رہے ہیں ◆ **ایک جان ہزار ارمان۔ یا۔ ایک جان ہزار امید** (۱) ایک جان کے ساتھ ہزاروں خواہشیں لگی ہوئی ہیں۔ عمر بھر انسان کے ساتھ ہزاروں امیدیں لگی رہتی ہیں ◆ **ایک جان ہزار غم** (۱) ایک جان کے لیے ہزاروں غم ہیں۔ ایک آدمی پر طرح طرح کی مصیبتیں ہیں۔ زندگی میں غم ہی غم ہیں ◆ **ایک جان ہونا** (۱) (عوام) بہت سی چیزوں کا باہم مل جانا۔ حل ہونا ◆ **ایک جنگلے میں دو شیر نہیں رہ سکتے** (۱) دیکھیے "ایک میان میں دو تلواریں نہیں رہ سکتیں" ◆ **ایک جاننا۔** یکساں جاننا۔ برابر جاننا ◆ **ایک چپ لاکھ بلا ٹالتی ہے** (۱) مقولہ۔ خاموش رہنے میں بہت سی مصیبتوں سے نجات ہوتی ہے۔ ("لاکھ کے بجائے" ہزار" اور "سو" بھی کہتے ہیں) ◆ **ایک چپ ہزار چپ۔ ایک چپ ہزار کو ہرا دے** (۱) خاموشی سب کے منہ بند کر دیتی ہے ◆ **ایک چلّو پانی ڈوب مرنے کو بہت ہے** (۱) بے حیائی کے کام پر عبرت دلانے کو بولتے ہیں ◆ **ایک چنے کی دو دالیں ہیں** (۱) (۱) دونوں کی شکل و صورت ایک جیسی ہے۔ بالکل ہم شکل ہیں (۲) نہایت متفق ہیں ◆ **ایک چھوڑ دو** (۱) ایک کی جگہ دو ہیں ◆ **ایک چھینکے ایک ناک کاٹے** (۱) مثل (طنزاً) آدھا کام کوئی انجام دے اور آدھا کوئی ◆ **ایک چیخ زمین ایک چیخ آسمان** (۱) حد سے زیادہ چیخنا چلانا ◆ **ایک حساب سے** (۱) ایک وجہ سے۔ ایک پہلو سے ◆ **ایک حال پر بسر ہونا۔ ایک حال میں گزرنا** (۱) یکساں بسر ہونا ◆ **ایک حسن آدمی ہزار حسن کپڑا۔ لاکھ حسن زیور کروڑ حسن نخرا** (۱) کپڑے سے حسن بڑھ جاتا ہے۔ زیور اور ناز و ادا سے اور بھی زیادہ ہو جاتا ہے ◆ **ایک حمام میں سب (سبھی) ننگے ہیں** (۱) مثل۔ سب ایک ہی حال میں گرفتار ہیں۔ سب کا ایک ہی رنگ ہے۔ کون کسے برا کہے۔ برائی میں سب شریک ہیں ◆ **ایک خطا دو خطا تیسری (خطا) مادر بخطا** (۱) مثل۔ ایک دو مرتبہ قصور ہو جانا بشریت کا تقاضا ہے۔ لیکن بار بار کی خطا شرارت اور کمینگی ہے ◆ **ایک در بند ہزار در کھلے** (۱) مثل۔ اگر ایک جگہ سے آمدنی بند ہو جائے یا ملازمت جاتی رہے تو روزگار کے لیے اور بہت سی صورتیں پیدا ہو جاتی ہیں ◆ **ایک دل ہزار داغ** (۱) دیکھیے "ایک جان ہزار غم" ◆ **ایک دل یاروں میں ایک چورکیدار دل میں** (۱) (عو) ادھر بھی خیال لگا ہوا ہے اور ادھر بھی کام کس طرح درست ہو؟ اکثر نوکرانیوں کو بے دلی سے کام کرنے پر کہتی ہیں ◆ **ایک دم** (۱) (۱) ایک سانس لینے کی دیر۔ آنِ واحد (۲) پیہم۔ بلا توقف۔ برابر (اس معنی میں اب فصحاء لکھنؤ نہیں بولتے) (۳) تنہا شخص۔ اکیلی جان (۴) ریلا کر کے

کسی کام کا کرنا۔ دفعتاً ◆ **ایک دم آیا نہ آیا۔ یا۔ ایک دم آیا آیا، نہ آیا نہ آیا** (۱) زندگی کا کیا بھروسا ہے۔ سانس رکا اور جان گئی ◆ **ایک دم کا دمامہ ہے** (۱) مثل۔ چند روزہ اور ناپائدار زندگی کے لیے کیا کیا بکھیڑے کرنے پڑتے ہیں ◆ **ایک دم کی روشنی ہے** (۱) (۱) چار دن کی چاندنی ہے۔ بے ثبات اور ناپائدار ہے (۲) فقط دم کے ساتھ زندگی کی تمام باتیں ہیں، جب دم نہیں تو کچھ نہیں (۳) اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں جس کی ذات سے گھر کی رونق اور ہر کام کی زینت ہو ◆ **ایک دم میں ہزار دم** (۱) مثل۔ اکثر بیمار کے قریب مرگ ہونے پر تسلی دینے کے لیے کہتے ہیں۔ یعنی دم بھر میں خدا جانے کیا سے کیا ہو جاتا ہے۔ شاید بیمار صحت پا جائے۔ سانس ہے تو آس ہے ◆ **ایک دم ہزار امید** (۱) دیکھیے "ایک جان ہزار امید" ◆ **ایک دن** (۱) عنقریب۔ کسی نہ کسی دن۔ کسی روز ◆ **ایک دن خدا کو منہ دکھانا ہے** (۱) ظلم نہ کرو۔ اللہ سے ڈرو ◆ **ایک دن دنیا سے جانا ہے۔ ایک دن سب کو مرنا ہے** (۱) (۱) کوئی کسی کی موت پر خوش نہ ہو، یہ سب کے لیے ہے (۲) کوئی آدمی اپنے عزیز دوست کی موت پر کیوں اس قدر واویلا کرے۔ اس منزل میں سے سب کو گزرنا ہے (۳) بری بات سے پرہیز کے مقام پر بولتے ہیں ◆ **ایک دن کا مہمان، دو دن کا مہمان، تیسرے دن کا بلائے جان** (۱) مقولہ۔ مہمان کی خدمت صرف ایک دو دن کے لیے ہو سکتی ہے، اس کے بعد وہ بار خاطر معلوم ہونے لگتا ہے ◆ **ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول، دوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول، تیسرے دن کا مہمان گھر کیوں گیا بھول** (۱) پہلے دن کا مہمان راحت کا باعث ہوتا ہے۔ دوسرے دن راحت میں کمی ہو جاتی ہے۔ لیکن تیسرے دن میزبان اس سے تنگ آ جاتا ہے ◆ **ایک دن کھوٹا پیسا بھی کام آتا ہے** (۱) مثل۔ کبھی ناقص چیز بھی کام دے جاتی ہے ◆ **ایک دن کے تین سو ساٹھ دن ہیں** (مقولہ) انتقام لینے کے لیے پورا سال ہے۔ کبھی نہ کبھی موقع مل ہی جائے گا ◆ **ایک دو** (۱) تھوڑے سے۔ چند ◆ **ایک دو بول۔** مذکر (کنایۃً) نکاح میں ایجاب و قبول ◆ **ایک دو تین لا بوجھ کو چھین** مثل۔ جب گنجفہ باز آخر میں بوجھ مانگتے ہوئے گنجفہ بچھاتا ہے تو یوں کہتا ہے۔ یعنی پرایا مال بھی اپنے ہاتھ آئے ◆ **ایک دھجی نہیں چھوڑی** (۱) سب کچھ لوٹ لے گیا۔ ذرا سی چیز بھی باقی نہیں چھوڑی ◆ **ایک دے گا دس پائے گا** (فقیر کی صدا) خیرات کا ثواب بہت زیادہ ملتا ہے ◆ **ایک ڈر دو طرف ہوتا ہے** (۱) (مقولہ) دو مخالفوں میں دشمنی کا خوف دونوں طرف ہوتا ہے ◆ **ایک ڈال** (۱) دیکھیے "اک ڈال" ◆ **ایک ڈوبے تو جگ سمجھائے، یہاں تو سب جگ ڈوبا جائے** ۔ مثل۔ ایک آدمی غلطی کرے تو اسے دوسرے سمجھائیں، جب سب کے سب غلطی پر ہوں تو انھیں کون سمجھائے ◆ **ایک ذات** (۱) ایک قسم کا۔ ایک جنس کا۔ برابر ◆ **ایک ذات کرنا** (۱) باہم خوب

بلا دینا۔ حل کرنا ÷ **ایک راس** (۱) دیکھیے "ایک ذات" ÷ **ایک رتی باون تولے**۔ اکسیر کے متعلق بولتے ہیں جس سے تھوڑی مقدار ہونے کے باوجود بہت سا سونا بنایا جاتا ہے ÷ **ایک رسّی میں بندھنا** (۱) بہت سے لوگوں کا ایک جرم میں پکڑے جانا (۲) مشورے میں شریک ہونا۔ باہم مشورے کرنا۔ اتفاق کرنا (۳) ایک سردار بناکر اُس کا حکم ماننا ÷ **ایک رنگ** (۱) ایک وضع کا۔ سچّا دوست ÷ **ایک رنگ آتا ہے ایک جاتا ہے** (۱) چہرے کا رنگ زرد ہے۔ منہ پر ہوائیاں چھوٹ رہی ہیں۔ بے حد حزن و ملال ہے ÷ **ایک رنگ پر نہ رہنا** (۱) بدلتے رہنا۔ ایک حالت پر قائم نہ رہنا ÷ **ایک رنگ میں ہیں** (۱) ایک حال میں ہیں ÷ **ایک زبان** (۱) ایک بات، ایک سخن۔ متفق۔ ایک ہی رائے یا زبان رکھنے والے ÷ **ایک زبان رکھنا** (۱) بات کا پکّا ہونا۔ قول سے نہ پھرنا ÷ **ایک زمانہ** (۱) سارا جہان۔ کُل دنیا ÷ **ایک ساہ** یکساں۔ برابر ÷ **ایک ساتھ**۔ مل کر۔ اکٹھے۔ ساتھ ساتھ ÷ **ایک سال** (یکساں کا بگاڑا ہوا) برابر ÷ **ایک سانچے کے ڈھلے ہیں**۔ سب ایک جیسے ہیں۔ وضع قطع میں ذرا فرق نہیں ÷ **ایک سانس میں کچھ دوسری سانس میں کچھ**۔ ابھی ایک بات کہی، ابھی اُس کے خلاف بھی کہہ دی۔ کبھی کچھ کہنا کبھی کچھ۔ فوراً بدل جانا ÷ **ایک سخنیا** (۱) وہ آدمی جو کسی چیز کی ایک ہی قیمت بتائے۔ اس میں کمی زیادتی نہ کرے ÷ **ایک سر ہزار سودا** (۱) مثل۔ ایک دل اور بہت سی خواہشیں۔ ایک دل اور ہزاروں پریشانیاں۔ ایک آدمی اور ہزاروں کام ÷ **ایک سرے سے** (۵) دیکھیے "اک سرے سے" ÷ **ایک سرے سے سب کو ہلا دینا**۔ سب کو حیران اور پریشان کر دینا ÷ **ایک سور ماچنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا**۔ مثل۔ جو کام بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہو، اسے اکیلا آدمی خواہ وہ کیسا ہی دلاور اور قابل ہو، انجام نہیں دے سکتا ÷ **ایک سے ایک** (۱) ایک سے ایک اچھا۔ ایک سے ایک بڑھ کر۔ بہتر سے بہتر (۲) ایک سے ایک چھٹا ہُوا۔ ایک سے ایک شریر ÷ **ایک سے ایک اعلیٰ سبحان ربّی الاعلیٰ** (۱) مثل۔ اُس وقت طنزاً بولتے ہیں، جب شرارت اور برائی میں ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر ہو ÷ **ایک سے دن نہیں رہتے** (۱) کسی کا زمانہ ایک حال پر نہیں رہتا۔ حالت بدلتی رہتی ہے (۲) حکومت اور دولت و ثروت ہمیشہ نہیں رہتی ÷ **ایک سے دو بھلے** (۱) مقولہ۔ اکیلا رہنے کی نسبت کسی کے ساتھ رہنا اچھا ہے۔ اکثر اس وقت کہتے ہیں، جب سفر میں کوئی ساتھی مل جائے ÷ **ایک سے لاکھ تک، ایک سے ہزار تک** (۱) کثرت اور بہتات کے مقام پر بولتے ہیں ÷ **ایک سے ہزار ہونا** (۱) (۱) تھوڑے سے بہت ہونا (۲) اونچے مقام پر پہنچنا۔ رتبہ حاصل ہونا ÷ **ایک سے ہونا** (۱) ایک جیسے ہونا (۲) ہم رائے ہونا۔ ہم خیال ہونا ÷ **ایک شیر مارتا ہے، سَو لومڑیاں (یا۔ گیدڑ) کھاتی ہیں** (۱) مثل۔ باہمت لوگ خود کما کر کمزوروں کو پالتے ہیں ÷ **ایک صورت سے** (۱) ایک طرح۔ یکساں حالت سے ÷ **ایک طرح، ایک طرح پر** (۱) ایک وضع سے۔ ایک حالت سے ÷ **ایک طرح کا** (۱) ایک قسم کا۔ ایک وضع کا ÷ **ایک طرف کا بازار بند ہے۔ ایک طرف کی دنیا غائب ہے** (۱) (مذاقاً) ایک آنکھ ہے۔ کانا ہے ÷ **ایک طرف ہو جاؤ** (۱) (۱) کنارے ہو جاؤ (۲) کسی ایک کے شریک ہو جاؤ ÷ **ایک عالم** (۱) دیکھیے "ایک زمانہ" ÷ **ایک عالم ہے** (۱) نرالا جوبن ہے۔ طرفہ کیفیت ہے۔ عجب بہار ہے ÷ **ایک عمر** (۱) دیکھیے "اک عمر" ÷ **ایک غریب کو مارا تھا، لوگن چربی نکلی تھی**۔ وہاں طنزاً بولتے ہیں، جہاں کوئی آدمی اپنی غریبی کا رونا رولے اور وہ اصل میں غریب نہ ہو ÷ **ایک قلم** (۱) برابر۔ بالکل یک لخت۔ یک قلم ÷ **ایک کا منہ شکر سے بھرا جاتا ہے، سَو کا منہ خاک سے بھی نہیں بھرا جاتا** (۱) مقولہ۔ ایک آدمی کی غرض تو ہر طرح پوری ہو سکتی ہے، لیکن بہت سے لوگوں کی تھوڑی سی بھی حاجت پوری ہونی مشکل ہے ÷ **ایک کان بہرا، ایک گونگا کر لینا** (۱) کسی کی جانب سے یکسر بے خبر ہو جانا۔ قطعاً توجہ نہ کرنا ÷ **ایک کانٹے میں تولنا**۔ برابر وزن کرنا ÷ **ایک کا ہو رہنا**۔ ایک کے سوا دوسرے کی جانب راغب نہ ہونا ÷ **ایک پکّی گھڑی**۔ مؤنث۔ لمحہ بھر ÷ **ایک کرے دس بھریں**۔ ایک جرم کرے اور دس سزا پائیں۔ خطا ایک کرے اور اس کا خمیازہ سب کو اٹھانا پڑے ÷ **ایک کنارے ہونا** (۱) الگ ہو جانا۔ کنارے ہو جانا۔ ایک طرف ہو جانا ÷ **ایک کو پانی، ایک کو تیچ** (۱) مثل۔ بے انصافی۔ ناانصافی ÷ **ایک کو دے رتبہ عالی ایک کو دے کھڑ پا جالی** (۱) مثل۔ خدا کسی کو فراخی دیتا ہے، کسی کو تنگی ÷ **ایک کوڑی کی بھی آمد نہیں** (۱) ذرا بھی آمدنی نہیں۔ کچھ بھی بافت نہیں ÷ **ایک کو سائی، ایک کو بدھائی** (۱) مثل (ع) ہر ایک سے وعدہ، ہر ایک سے اقرار۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی شخص فریب اور مکاری کرے اور لوگوں کو مختلف امیدوں پر لگا رکھے ÷ **ایک کھاتے ملیدا، ایک کھاتے بھُس** (۱) مثل۔ کوئی مزے اڑا رہا ہے، کوئی مصیبتیں سہے ÷ **ایک کہوگے (تو) دس (دو۔ یا۔ سَو) سنوگے** (۱) مثل۔ اگر تم کسی سے ذرا سی بھی بدزبانی کروگے تو بہت کچھ سننا پڑے گا ÷ **ایک کھیل ہے** (۱) آسان کام ہے ÷ **ایک کہے نہ چار سنے** (۱) مقولہ۔ نہ کسی کو گالی دے، نہ گالی کھائے۔ نہ کسی کو برا کہے، نہ خود برا سنے ÷ **ایک کی ایک سے کہنا** (۱) لگائی بجھائی کرنا ÷ **ایک کی ایک سے نہیں بنتی**۔ آپس میں اتفاق نہیں ÷

ایک کی دارو دو۔ ایک کی دوا دو۔ ایک کی دوا دو۔ دو کی دوا چار (۱) (مقولہ) ایک شخص کو ہر لڑنے کے لیے دو آدمی کافی ہوتے ہیں ۔

ایک کی سو (دس) سناتا ہے (۱) مثل۔ نہایت منہ پھٹ اور بد زبان ہے ۔ ایک کی لاٹھی دس کا بیا۔ دس جنے کا بوجھ۔ مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی سائل بہت لوگوں سے اپنا سوال پورا کرانا چاہے ۔ ایک کے پیچھے ایک۔ لگاتار۔ متواتر۔ یکے بعد دیگرے ۔ ایک گال ہنسنا ایک گال رونا (عو) دم میں ہنسنا، دم میں رونا ۔ ایک گرو کے بالکے ہیں۔ دیکھیے "ایک آوے کے برتن ہیں" ۔ ایک گھاٹ آنا رہنا۔ سب کے ساتھ ایک جیسا برتاؤ اور یکساں معاملہ کرنا (اس مقام پر کچھ ذم کا پہلو ضرور ہوتا ہے) ۔ ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں۔ دونوں کے ساتھ برابر انصاف ہے ۔

ایک گھر بچے تو سب گھر رچے۔ شطرنج اور چوسر وغیرہ کے کھیل میں کسی مشکل چال کے وقت کہتے ہیں اس گھر پر گوٹ یا مہرہ بچ جائے تو گویا بازی جیت لی ۔ ایک لاٹھی سب کو ہانکنا۔ سب کے ساتھ برابر سلوک کرنا۔ لائق اور نالائق میں تمیز نہ کرنا ۔ ایک لکڑی کیا جلے (اور) کیا اجالا ہو۔ مثل۔ ایک آدمی کی حیثیت ہی کیا ہے۔ اکیلی ذات کہاں تک دل سوزی کرے ۔ ایک ماں باپ کا ہونا۔ (عوام) ایک نطفے سے ہونا۔ غیرت اور تیہا دلانے کے مقام پر بولتے ہیں ۔ ایک مچھلی سارے تالاب (جل) کو گندہ کرتی ہے (۱) مثل۔ ایک برا آدمی ساری قوم کو بدنام کر دیتا ہے۔ ایک کی نالائقی سے پورے خاندان کی رسوائی ہوتی ہے ۔ ایک محلہ اجاڑ ہے (۱) (مذاقاً) کانا ہے ۔ ایک مرغی نو جگہ حلال نہیں ہوتی (ہو سکتی) (۱) مثل۔ تھوڑی سی چیز بہت سے لوگوں میں بانٹی نہیں جا سکتی ۔ ایک مشت۔ اکٹھا ۔ ایک منہ ۔ ایک منہ ہو کر (۱) متفق۔ ہم زبان ۔ ایک منہ میں ہزار باتیں کر (کہہ) جانا (۱) نہایت برا بھلا کہنا۔ لگاتار سیکڑوں باتیں سنانا ۔ ایک منہ موتیل سے بھرا جاتا ہے سو منہ خاک سے بھی نہیں بھرے جاتے (۱) مثل۔ دیکھیے "ایک کا منہ شکر سے بھرا جاتا ہے ..... الخ" ۔ ایک میان میں دو تلواریں (یا چھریاں) نہیں رہ سکتیں (۱) (۱) ایک چیز کے دو برابر کے طالب مل کر نہیں رہ سکتے (۲) دو ضدیں ایک جگہ اکٹھی نہیں ہو سکتیں (۳) ایک ملک میں دو بادشاہ نہیں رہ سکتے (۴) ایک بیوی کے دو شوہروں میں نباہ نہیں ہو سکتا (۵) ایک معشوق کے دو عاشقوں میں اتفاق ناممکن ہے ۔ ایک میر سے گھرانا دوسرے رو نادہ (۱) اس وقت بولتے ہیں جب یہ ظاہر کرنا مقصود ہو کہ ہمارے یہاں کوئی بڑا کارخانہ اور بھاری سامان نہیں۔ چند خدمت گار ہیں۔ بس اللہ اللہ خیر سلا ۔ ایک میں دوسرا (۔ یا۔ ایک) میرا بھائی تیسرا حجام نائی (۱) مثل۔ وہاں طنزاً بولتے ہیں، جہاں کوئی بہت سے آدمی ساتھ لائے لیکن ظاہر یہ کرے کہ میرے ساتھ کوئی نہیں یا بہت تھوڑے آدمی ہیں ۔ ایک نا ہزار نہیں (کے برابر ہے) (۱) (عو) ایک دفعہ کا انکار کافی ہے ۔ ایک نٹ کھٹ (ہ) ڈھیٹ۔ نہایت شریر ۔ ایک نشد دو شد (۱) (عوام) اس وقت بولتے ہیں، جب ایک کے بعد دوسرا عجیب امر واقع ہو ۔ ایک نظر (۱) ایک نگاہ۔ سرسری نگاہ۔ ذرا۔ تھوڑی دیر ۔ ایک نظر (نگاہ) کے گنہگار ہیں (۱) صرف ایک دفعہ دیکھا ہے۔ آنکھ سے تو بے شک دیکھا ہے، اور کچھ معلوم نہیں ۔ ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا (۱) مقولہ۔ اچھے کپڑوں سے آدمی کا حسن اور وقار بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے ۔ ایک نہ ایک۔ کوئی نہ کوئی ۔ ایک نہ چلنا۔ ذرا اثر نہ ہونا ۔ ایک نہ سننا۔ ایک نہ ماننا۔ کوئی بات تسلیم نہ کرنا۔ بالکل نہ ماننا۔ راضی نہ ہونا۔ ذرا توجہ نہ کرنا ۔ ایک نہیں ستر بلا ٹالتی ہے (۱) مقولہ۔ بعض اوقات ذرا سی بے رخی بہت سی مصیبتوں سے نجات دلاتی ہے ۔ ایک نیم سو کوڑھی (ہ) دیکھیے "ایک انار سو بیمار" (فصحا کم استعمال کرتے ہیں) ۔ ایک ہاتھ (۔ یا۔ ایک ہاتھ سے) تالی نہیں بجتی۔ مثل (۱) محبت اور راہ و رسم کا نباہ طرفین سے ہوتا ہے (۲) محبت یا دشمنی ایک طرف سے نہیں ہوتی (۳) صرف ایک فریق کی زیادتی سے جھگڑا فساد نہیں ہوتا ۔ ایک ہاتھ کا ہے۔ تلوار کی ایک ضرب سے خاتمہ ہے ۔ ایک ہاتھ کی لینی ایک ہاتھ کی دینی۔ (۱) خیرات کا اچھا نتیجہ جلد نکل آتا ہے (۲) ایک ہاتھ سے اپنی چیز ہمیں دو اور دوسرے ہاتھ سے ہماری چیز تم لو ۔ ایک ہاتھ کے ہیں (۱) نہایت آسانی سے مغلوب ہو سکتے ہیں (۲) ایک ہی وار کافی ہے، دوسرے وار کی ضرورت نہیں ۔ ایک ہاتھ لگانا۔ ایک ضرب لگانا۔ ایک ہاتھ چھوڑنا ۔ ایک ہاتھ میں دو پلے (۱) ایک ضرب میں دو ٹکڑے ۔ ایک ہنر اور ایک عیب ہر آدمی میں ہوتا ہے (۱) کوئی نہ کوئی خوبی اور کوئی نہ کوئی برائی ہر شخص میں ہوتی ہے۔ کمال اور نقص سے کوئی بشر خالی نہیں ۔ ایک ہنسی ایک دکھ (ہ) ایک بات خوشی کی، دوسری غم کی ۔ ایک ہو جانا۔ اکٹھا ہو جانا۔ ایکا کر لینا۔ متفق ہو جانا ۔ ایک ہے (۱) یکتا ہے۔ بے مثال ہے۔ بے نظیر ہے۔ فرد ہے۔ اپنا جواب نہیں رکھتا۔ لاثانی ہے (۲) اکیلا ہے۔ تنہا ہے ۔

ایکی۔ ایک ہی کا مخفف۔ صرف ایک۔ فقط ایک۔ محض ایک ۔

ایکا (اِ ے۔ کا) (ہ) مذکر (۱) یک دلی۔ اتفاق۔ میل ملاپ (۲) سازش (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ ایکا ایکی (عو) یکایک۔ ناگاہ۔ یکبارگی۔ اچانک۔ دفعتاً ۔

ایکانت (اِ ے۔ کا۔ نت) (ہ) مؤنث۔ علٰحدگی ۔ ایکانت میں رہنا (۱) تنہائی میں رہنا ۔

ایکٹ (ایکٹ) (انگ۔ Act) مذکر (۱) سوانگ۔ نقل۔ تمثیل (۲) قانون۔ ضابطہ ۔

ایکٹر (ایک۔ ٹر) (انگ۔ Actor) مذکر۔ تماشا کرنے والا۔ پارٹ کرنے والا۔ نقل کرنے والا۔ ممثل ۔ ایکٹرس (ایک ٹرس) (Actress) مؤنث۔ پارٹ کرنے والی عورت۔ تماشا کرنے والی عورت۔

مثلہ ؛

ایکسچینج (اَیکس۔ چینج) (انگ۔ Exchange) مذکر۔ تبادلہ۔ ایک سکے سے دوسرے سکے کا تبادلہ ؛

ایکسر سائز (اَیک۔ سَر۔ سائز) (انگ۔ Exercise) مؤنث۔ (۱) کسرت۔ ورزش (۲) کتاب کی مشق ؛

ایکلیسیہ (اَیک۔ لِی۔ سِیَہ) (انگ۔ Ekklesia) مؤنث۔ ایتھنز کی قانون ساز مجلس ؛

ایکھ (اِیکھ) (ہ) مؤنث۔ گنّا۔ نیشکر۔ اُوکھ ؛

ایگریکلچر (اَیگ۔ رِی۔ کَل۔ چَر) (انگ۔ Agriculture) مؤنث۔ کاشت کاری۔ زراعت ؛

ایگریمنٹ (اَیگ۔ رِی۔ مَنٹ) (انگ۔ Agreement) مذکر۔ معاہدہ۔ اقرارنامہ ؛

ایگزیمن (اَیگ۔ زَے۔ مِن) (انگ۔ Examine) (۱) امتحان لینا (۲) معاینہ کرنا (۳) پڑتال کرنا ؛ ایگزیمینر (اَیگ۔ زَے۔ مِی۔ نَر) (Examiner) (۱) ممتحن۔ امتحان لینے والا (۲) جانچنے والا ؛ ایگزیمینی (اَیگ۔ زَے۔ مِی۔ نِی) (Examinee) امتحان دینے والا۔ امتحان میں شریک ہونے والا۔ جس کا امتحان لیا جائے ؛

ایل۔ ایل (اَیل۔ اَیل) (انگ۔ LL.) قانون کا لائسنس رکھنے والا۔ سندیافتہ۔ وکیل ؛ ایل۔ ایل۔ بی (انگ۔ LL.B.) "بیچلر آف لاز" کا مخفف۔ وکالت کا اعلیٰ امتحان ؛ ایل۔ ایل۔ ڈی (انگ۔ LL.D.) "ڈاکٹر آف لاز" کا مخفف۔ قانون کی سب سے اونچی ڈگری ؛

ایل۔ ایم۔ ایس (اَیل۔ اَیم۔ اَیس) (انگ۔ L.M.S.) ڈاکٹری کا لائسنس رکھنے والا۔ سندیافتہ ؛

ایلچی (اِیل۔ چِی) (ت) مذکر (۱) پیغامبر۔ قاصد۔ نامہ بر (۲) سفیر ؛ ایلچی کو زوال نہیں (ک) مقولہ۔ پیغام پہنچانے والا پیغام کے فائدے اور نقصان سے بچا رہتا ہے ؛ ایلچی گری (ت۔ف) مؤنث (۱) نامہ بری۔ پیغام بری۔ قاصدی (۲) وکالت۔ سفارت ؛

ایلڈرمین (اَیل۔ ڈَر۔ مَین) (انگ۔ Alderman) مذکر۔ مجسٹریٹ ؛

ایلکی (اِیل۔ کِی) (مہند) (عربی۔ انعق) مؤنث۔ ہچکی۔ کھار ؛

ایلوا (اِیل۔ وا) (ہ) مذکر۔ مصبر۔ گھیکوار کے گودے کا خشک کیا ہوا رس ؛

ایلومینیم (اَے۔ لُو۔ مِی۔ نِیَم) (انگ۔ Aluminium) مذکر۔ ایک مشہور دھات جس سے برتن بنائے جاتے ہیں ؛

ایم۔ ار۔ اے۔ ایس (اَیم۔ آر۔ اِے۔ اَیس) (انگ۔ M.R.A.S.) "ممبر آف رائل ایکیڈیمی آف سائنس" کا مخفف۔ سائنس کی شاہی مجلس (لندن) کا رکن ؛

ایم۔ او۔ ایل (اَیم۔ اَو۔ اِیل) (انگ۔ M.O.L.) پنجاب یونیورسٹی کی مشرقی زبان کی سب سے اونچی ڈگری ؛

ایم۔ اے (اَیم۔ اِے) (انگ۔ M.A.) "ماسٹر آف آرٹس" کا مخفف۔ انگریزی اور دوسرے علموں کی سب سے اونچی ڈگری ؛

ایم۔ ایس سی (اَیم۔ اَیس۔ سِی) (انگ۔ M.Sc.) "ماسٹر آف سائنس" کا مخفف۔ سائنس کی سب سے اونچی ڈگری ؛

ایم۔ ایل۔ اے (اَیم۔ اَیل۔ اِے) (انگ۔ M.L.A.) مذکر۔ "ممبر آف لیجسلیٹو اسمبلی" کا مخفف۔ مجلس قانون ساز کا رکن ؛ ایم۔ ایل سی (انگ۔ M.L.C.) "ممبر آف لیجسلیٹو کونسل" کا مخفف۔ قانون ساز کونسل کا رکن ؛

ایم۔ بی (اَیم۔ بِی) (انگ۔ M.B.) بی۔اے کے برابر ڈاکٹری کی ایک ڈگری ؛ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس۔ ایم اے کے برابر ڈاکٹری کی ایک ڈگری ؛

ایم۔ ڈی (اَیم۔ ڈِی) (انگ۔ M.D.) ڈاکٹر آف میڈیسن۔ ڈاکٹری کی ایک اعلیٰ ڈگری ؛

ایم۔ پی (اَیم۔ پِی) (انگ۔ M.P.) "ممبر آف پارلیمنٹ" کا مخفف۔ پارلیمنٹ کا ممبر ؛

ایما (اِی۔ ما) (ع) مذکر (۱) اشارہ۔ حکم (پانا، کرنا، لینا کے ساتھ) (۲) عندیہ۔ منشا ؛

ایمان (اِی۔ مان) (ع) مذکر (۱) (لغوی) امن دینا۔ بے خوف کرنا (۲) (اصطلاحی) عقیدہ۔ مذہب۔ دھرم (۳) انصاف (۴) اعتبار۔ اعتماد (۵) نیت ؛ ایمان بغل میں دبانا (یا۔ مارلینا) (۱) بے ایمانی کی باتیں کرنا۔ ہٹ دھرمی کرنا (۲) ایمان کو چھپانا ؛ ایمان بیچنا (ف) دنیا کے لیے دین کھونا۔ ایمان کے خلاف کرنا۔ بے ایمانی کرنا۔ روپے کے لالچ میں ایمان چھوڑنا ؛ ایمان پر چھوڑنا (ف) ایمان پر منحصر کرنا۔ ایمان پر موقوف رکھنا۔ ایمان پر رکھ دینا (ف) دیکھو "ایمان پر چھوڑنا" ؛ ایمان پھر جانا (ف) ایمان میں فرق آجانا ؛ ایمان ٹھکانے رہنے (یا) نہ ہونا (ف) (۱) نیت ٹھیک نہ رہنا۔ بدنیت ہونا (۲) بدگمان ہونا۔ کسی کی بات کا اعتبار نہ کرنا اور اس پر یقین نہ لانا ؛ ایمان ٹھیک نہ ہونا (ف) بدنیت ہونا۔ ایمان ٹھکانے نہ ہونا ؛ ایمان جاتا رہنا۔ یا۔ جانا (ف) ایمان میں خرابی پڑنا ؛ ایمان چور۔ یا۔ ایمان چوٹٹا (ف) دغاباز آدمی۔ بے ایمان آدمی ؛ ایمان چھوڑنا۔ حق سے کنارہ کرنا۔ بے ایمانی کرنا ؛ ایمان دار (ف) (۱) دیانت دار (۲) منصف۔ راست باز ؛ ایمان دار کھائے بوٹی بے ایمان کھائے روٹی (ف) مثل۔ ایمان دار دیانت کے باعث ہمیشہ تکلیف اٹھاتا ہے۔ اور بے ایمان مزے اڑاتا ہے ؛ ایمان داری (ع) (ف) مؤنث۔ دیانت داری۔ راست گفتاری۔ صداقت ؛ ایماندار ک

اٹھ گئی (و) دیانت، اور راستبازی کا زمانہ نہیں ⁂ ایمان درست نہ ہونا (و) دیکھیے "ایمان ٹھیک نہ ہونا" ⁂ ایمان ڈانواں ڈول ہوجانا (و)، نیت میں فرق آجانا ⁂ ایمان ساتھ جاتا ہے (و) مرنے کے بعد آدمی کے ساتھ صرف اس کا اعتقاد ہوتا ہے ⁂ ایمان سے پوچھو (ل) حق یہ ہے، انصاف یہ ہے ⁂ ایمان سے بولو (کہو) (و) خدا لگتی کہو۔ حق حق کہو ⁂ ایمان کا (و) سچا۔ ایماندار ⁂ ایمان کا سودا ہے (ل) ایمان کا معاملہ ہے ⁂ ایمان کا نپنا (و) خدا کا خوف غالب ہونا۔ حد سے زیادہ خائف ہونا۔ بہت زیادہ ڈرنا ⁂ ایمان کی (و) حق حق۔ سچی بات ⁂ ایمان کی کہنا (و) سچ بولنا۔ خدا لگتی کہنا۔ حق بات کہنا ⁂ ایمان لانا (و) (۱) مسلمان ہونا۔ اسلام قبول کرنا (۲) کسی پر یقین لانا۔ برحق جاننا۔ ماننا ⁂ ایمان لگتی کہنا کسی کی طرفداری نہ کرنا۔ حق بات کہنا ⁂ ایمان لے آنا (ل) دیکھیے "ایمان لانا" ⁂ ایمان میں آنا (و) انصافاً کوئی بات تجویز کرنا ⁂ ایمان میں فرق آنا۔ یا۔ رخنے پڑنا (ل) (۱) اعتقاد ضعیف ہونا (۲) نیت بگڑ جانا۔ بددیانت ہونا ⁂ ایمان ہے (ل) کمال اعتقاد ہے ⁂ ایمان ہے تو سب کچھ ہے (ل) مقولہ۔ ایمان کی حفاظت سب سے پہلے ہے۔ ایمان نہیں تو کچھ نہیں ⁂

اَیْمَنْ (اَئے۔ مَنْ) (ع)، (۱) زیادہ مبارک (۲) سیدھے ہاتھ کی طرف (۳) کوہِ طور کا جنگل ⁂

اِیمَنْ (اِئے۔ مَنْ) (ع) (۱) نڈر۔ بے خوف (۲) (ہ) مؤنث۔ دیپک راگ کی ایک راگنی ⁂

اِیمَنْ (اِئے۔ مَنْ) (ع) زیادہ نڈر ⁂ ایمنی (اِئے۔ مَنی) (ع۔ ف) مؤنث۔ بے خوفی ⁂

امونیا (اَمُو۔ نِیاَ) (انگ۔ Ammonia) مذکر۔ چونے اور نوشادر کا مرکب ⁂

امونیشن (اَئے۔ مُو۔ نِی۔ شَنْ) (انگ۔ Ammunition) مذکر۔ بارود۔ جنگی سامان ⁂

اَیمہ (اَئے۔ مَہ) (ف) مذکر و مؤنث۔ معافی اور جاگیر جو مغلوں کے عہد حکومت میں مسلمان عالموں اور درویشوں کو عطا کی جاتی تھی ⁂ ایمہ دار معافی دار۔ جاگیردار ⁂

اَین (اَئین) (ہ) مذکر۔ گائے۔ بھینس۔ بکری وغیرہ کے تھنوں کے اوپر کا حصہ۔ ہوانا۔ کھیری (کرنا، نکالنا کے ساتھ) ⁂

اَیں (اَئیں) (ہ) (۱) کلمۂ تعجب (۲) کلمۂ استفہام (۳) تہدید۔ تنبیہ (۴) اصرار (۵) دوبارہ پوچھنا ⁂

اِیں (اِیں) (ف) یہ ⁂ ایں جانب (و) ما بدولت و اقبال۔ ہم ⁂ ایں خانہ تمام آفتاب است (ف) مثل (۱) گھر کا ہر شخص قابل اور تعریف کے لائق ہے (۲) سارا خاندان نالائق ہے ⁂ ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند (ف) مثل۔ واہ وا! یہ کام تمھیں سے ہو سکتا ہے۔ مرد ایسا ہی کرتے ہیں۔ (اکثر طنزاً بولتے ہیں) ⁂ ایں گُل دیگر شگفت (ف) مثل۔ یہ دوسرا گل کھلا۔ یہ نئی بات واقع ہوئی۔ یہ تازہ حرکت ظاہر ہوئی۔ یہ اور عجیب واقعہ ہوا۔ اور تماشا دیکھیے ⁂ ایں و آں (ف) مذکر (۱) یہ وہ (۲) (کنایۃً) چون و چرا۔ دلیل و حجت (۳) ہر کوئی۔ ہر ایک۔ ہر کس و ناکس ⁂ ایں و آں کرنا (۱) بحث کرنا۔ حجت کرنا۔ دلیلیں نکالنا ⁂ ایں ہم اندر عاشقی بالائے غم ہائے دگر (ف) مقولہ۔ عشق میں دوسرے غموں کے ساتھ یہ غم بھی سہی۔ جہاں اور بہت سی آفتیں ہیں، وہاں یہ بھی سہی ⁂ ایں ہم بچۂ شتر است (ف) یہ بھی اونٹ کا بچہ ہے۔ یہ بھی اسی قبیل کا ہے۔ یہ بھی اسی گروہ کا ہے۔ یہ بھی اسی خاندان سے ہے ⁂ ایں ہم بر سرِ الم (ف) مقولہ۔ بہت سی مصیبتوں میں ایک اور بھی سہی ⁂

اِینٹ (اِینْٹ) (ہ) مؤنث (۱) خشت (۲) سونے اور چاندی کا مربع یا مستطیل بڑا ڈلا ⁂ اینٹ اُلٹنا (ہ) (عو) مسجد میں دشمن کا نام لے کر اینٹ اُلٹ کر رکھ دیتی ہیں، وہ سمجھتی ہیں کہ اس ٹوٹکے سے دشمن ہلاک ہوجاتا ہے ⁂ اینٹ سے اینٹ بجانا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ مسمار کرنا۔ گرانا۔ ڈھانا۔ گھر بار تک کھدوا ڈالنا ⁂ اینٹ سے اینٹ بجنا۔ لازم ⁂ اینٹ کا جواب پتھر سے ملنا (و) برا بھلا کہہ کر اس سے زیادہ برا بھلا سننا ⁂ اینٹ کا گھر مٹی کا در (و) بے جوڑ بات ⁂ اینٹ کا گھر مٹی کر دینا (۱) دولت کو خاک میں ملا دینا۔ فضول خرچی سے گھر برباد کر دینا (۲) کیا کرایا سب خاک میں ملا دینا ⁂ اینٹ کا گھر مٹی ہوگیا۔ گھر برباد ہوگیا۔ کیا کرایا سب خاک میں مل گیا۔ محنت ضائع ہوگئی ⁂ اینٹ کی خاطر (کے لیے) مسجد ڈھانا (و) دیکھیے "ایک اینٹ کے لیے ...... الخ" ⁂ اینٹ کی لینی پتھر کی دینی (و) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی آدمی کسی کو سخت بات کہے اور اس کے جواب میں اس سے بڑھ کر برا بھلا کہا جائے ⁂ اینٹ گلانا۔ اینٹ کو پیوست کرنا ⁂ اینٹ گلنا۔ لازم ⁂

اینٹا (اِیں۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ بڑی اینٹ ⁂

اینٹھ (اَینٹھ) (ہ) مؤنث (۱) شیخی۔ اکڑ۔ غرور۔ سرکشی (۲) اینٹھنا کا امر ⁂ اینٹھ جانا (۱) خفا ہوجانا (۲) اکڑ جانا۔ دیکھیے "اینٹھنا" ⁂ اینٹھ رکھنا۔ دل میں کینہ رکھنا ⁂ اینٹھ کر چلنا۔ اترانا۔ غرور سے چلنا ⁂ اینٹھ لینا کسی چیز کو چھین لینا۔ دبا لینا۔ دبا رکھنا ⁂ اینٹھن (اَیں۔ ٹھَن) (ہ) مؤنث۔ اینٹھنا کا حاصل مصدر (۱) رگوں کا کھچاؤ۔ تشنج (۲) بل ⁂

اینٹھنا (اَینٹھ۔ نا) (ہ) (۱) تننا۔ اکڑنا (۲) دبا بیٹھنا۔ مار لینا۔ چال کر کے کوئی چیز کسی سے لے لینا (۳) جوڑوں میں تشنج اور کھچاؤ ہونا (۴) سکڑ جانا۔ ٹھٹھر جانا (۵) کشیدہ ہونا۔ آزردہ ہونا۔ روٹھنا (۶) (دہلی) گوشمالی کرنا ⁂ اینٹھے باز۔ یا۔ اینٹھے خاں (عوام) اکڑنے والا۔ اکڑباز ⁂

اینچ (اَینچ) (ہ) (۱) "اینچنا" کا امر (۲) مؤنث۔ کشش۔ کھینچ (۳) دباؤ۔

پھیلاؤ (۴) میلان (۵) خواہش۔ مرضی (۶) دیر (۷) کمی (۸) لگان ادا کرنے کا ایک طریقہ ٭ اینچ پینچ کی باتیں کرنا۔ دغا فریب کی باتیں کرنا ٭ اینچ تان کے۔ دقّت سے۔ بڑی مشکل سے (لکھنؤ میں "کھینچ تان کے" بولتے ہیں) ٭ اینچ دینا۔ پھانسی دینا ٭ اینچ کرنا (۱) کھینچنا (۲) بے اتفاقی کرنا ٭ اینچ لینا (۱) کھینچ لینا۔ نکال لینا (۲) تلوار کو میان سے باہر نکالنا (۳) پینا۔ دم لگانا (۴) ذمّہ دار ہونا (۵) بہت سا روپیہ کمانا ٭
اینچا (اَیں۔ چا) (۱) "اینچنا" کی ماضی (۲) کھچا ہُوا ٭ اینچا تانا۔ بھینگا ٭ اینچا تانی۔ اینچا کھینچی۔ مؤنّث۔ ایک چیز کو دو شخصوں کے اپنی اپنی طرف کھینچنے کی حالت۔ کھینچا کھینچی۔ کشاکش ٭ اینچن (اَیں۔ چَن) مؤنّث۔ کشاکش ٭ اینچن چھوڑ گھسیٹن میں پڑے۔ مثل (ع) ایک بلا تو تھی، دوسری اس سے بڑھ کر آپڑی ٭ اینچنا (اَینچ۔ نا) (۱) کھینچنا (اب "کھینچنا" ہی مستعمل ہے) (۲) جذب کرنا (۳) (پتنگ بازوں کی اصطلاح) نیچے سے پیچ لگانا اور جلد جلد ہاتھ مار کر کاٹ دینا ٭
اِیندھن (اِیں۔ دُھن) (ہ) مذکّر۔ جلانے کی چیزیں، اُپلے۔ لکڑی ٭ ایندھن ہوجانا۔ ناکارہ ہوجانا۔ جلانے کے لائق ہوجانا ٭
اینڈ (اَینڈ) (ہ) (۱) ادھورا۔ نکمّا (۲) "اینڈنا" کا امر ٭ اینڈ کر چلنا۔ شیخی اور ناز سے چلنا۔ اکڑ کر چلنا ٭ اینڈ کر دینا۔ نکمّا کر دینا ٭ اینڈ ہوجانا۔ یا۔ ہونا۔ تھک جانا۔ بگڑ جانا۔ نکمّا ہونا ٭ اینڈا (اَیں۔ ڈا) مذکّر۔ تخمینہ۔ دھڑا ٭ اینڈا اینڈا پھرنا۔ اترائے پھرنا ٭ اَینڈنا (۱) بل کرنا (۲) اکڑنا (۳) غرور کرنا (۴) جسم کو تاننا (۵) بیٹھے بیٹھے انگڑائیاں لینا (۶) سستی کرنا ٭ اینڈی بینڈی۔ بُری بھلی۔ سخت سست۔ ناشائستہ ٭ اینڈی بینڈی پڑجانا۔ کوئی نقصان والی بات پیش آجانا۔ کسی مشکل کا سامنا ہوجانا ٭ اینڈی بینڈی چال۔ مؤنّث۔ مستانہ چال ٭ اینڈی بینڈی سنانا۔ گالیاں دینا۔ بُری باتیں سنانا ٭ اینڈے بینڈے۔ بے قرینہ۔ ترچھے۔ ٹیڑھے ٭
اینگلو انڈین (اَینگ۔ لَو۔ اِن۔ ڈِیَن) (انگ۔) ہندوستان میں رہنے والا انگریز ٭
اینگلو اورینٹل (انگ۔ Anglo-oriental) انگریزی مشرقی ٭
اینگلو سنسکرت (انگ۔ Anglo-Sanskrit) انگریزی سنسکرت ٭
اینگلو عربک (انگ۔ Anglo-Arabic) انگریزی عربی ٭
اینگلو محمڈن (انگ۔ Anglo-Mohammedan) انگریزی ملانے کا سکول ٭
اینگلو ورنیکلر (انگ۔ Anglo-Vernacular) دیسی اور انگریزی سکول ٭
ایوارا (اَے۔ وَا۔ رَا) (ہ) مذکّر۔ وہ مکان جو مویشیوں کے لیے جنگل میں بنایا جاتا ہے ٭
ایوان (اَے۔ وَان) (ف) مذکّر۔ مکان۔ محل ٭ ایوانِ تجارت (ف۔ ع) مذکّر۔ وہ کمرہ جہاں تجارتی مجلس یا سبھا بیٹھ کر تجارتی قوانین بناتی اور ملک میں نشر کرتی ہے ٭ ایوانِ پارلیمنٹ (ف۔ انگ) مذکّر۔ وہ محل یا مکان جہاں برطانیۂ عظمٰی اور آئرلینڈ کی مجلسِ علیٰ بیٹھ کر قوم کی بہتری کے لیے اجلاس منعقد کرتی ہے۔ (اس لفظ کی ترکیب غلط ہے، کیونکہ فارسی اور انگریزی میں عطف و اضافت جائز نہیں) ٭
ایوّبؑ (اَی۔ یُوّب) (ع) مذکّر۔ ایک مشہور پیغمبر، جو مصیبتوں اور بلاؤں کے امتحان میں صابر و شاکر رہ کر کامیاب ہوئے ٭
ایوننگ پارٹی (اِیوَ۔ نِنگ۔ پَارْ۔ ٹی) (انگ۔ Evening party) مؤنّث (۱) وہ انگریزی جلسہ جو شام کے وقت ہو (۲) شام کے وقت کی دعوت، عصرانہ ٭
اِیہام (اِی۔ ہَام) (ع) مذکّر۔ (۱) (لغوی) غلطی یا شک یا وہم میں ڈالنا (۲) (شاعری کی اصطلاح) شعر میں دو معنی کا لفظ لاکر دُور کے معنی مراد لینا ٭

ب

ب (ع) مؤنّث (۱) عربی، فارسی، اردو کا دوسرا اور ہندی کا تیئیسواں حرف (۲) ابجد کے حساب سے اس کے دو عدد مقرر ہیں (۳) یہ حرف عربی و فارسی الفاظ کے ساتھ معیّت، قسم، صلہ، اتّصال، صاحب اور والا کے معنی میں آتا ہے ٭

ب - ا

با (بَا) (ف) (۱) باوجود (۲) صاحب (۳) اسم فاعل (۴) مطابق۔ موافق (۵) والا (۶) رسیدہ ٭ باآبرو۔ آبرو رکھنے والا ٭ باآنکہ باوجود اس کے ٭ بااثر۔ تاثیر رکھنے والا۔ مؤثّر ٭ بااختیار (۱) قانونی اختیار رکھنے والا۔ صاحبِ اختیار (۲) وہ جسے کامل حکومت حاصل ہو۔ خود مختار ٭ بااخلاص۔ سچّے دل سے محبت رکھنے والا۔ دکھاوے کے بغیر دوستی رکھنے والا۔ مخلص ٭ باادب۔ (۱) ادب سے، ادب کے ساتھ (۲) ادب رکھنے والا۔ تمیز رکھنے والا ٭ باادب بانصیب بے ادب بے نصیب۔ (ف) مثل۔ ادب کرنے والا بلند اقبال اور گستاخ بدبخت ہوتا ہے ٭ باایمان۔ (۱) ایمان سے، ایمان کے ساتھ (۲) ایمان دار۔ راست باز۔ دیانت دار ٭ باایں ہمہ۔ اس کے باوجود ٭ باتدبیر۔ مدبّر۔ ہوشیار۔ منتظم۔ سوچ بچار والا۔ دُور اندیش۔ دانا ٭ باتمیز۔ تمیز والا۔ مؤدّب۔ مہذّب۔

شائستہ۔ خوش سلیقہ ٭ **باحیا**۔ حیا اور شرم والا۔ نیک ٭
باخبر (۱) خبر رکھنے والا۔ آگاہ۔ اطلاع پایا ہوا (۲) راز سے واقف (۳) ہوشیار۔ عقل مند (۴) ماہر (۵) کامل (۶) عارف ٭ **باخدا**۔ اللہ والا۔ خدا پرست۔ ولی ٭ **باشعور**۔ عقل مند۔ ہوشیار۔ سلیقہ ور ٭
باشوق۔ شوق سے۔ رضا و رغبت سے۔ خوشی سے ٭ **باضابطہ**۔ قانون کے مطابق۔ قاعدے کے مطابق۔ دستور کے مطابق۔ حسب معمول۔ پابندی سے ٭ **باطہارت**۔ پاکی سے، وضو سے ٭
بافراغت۔ (ع) اطمینان سے۔ اچھی طرح ٭ **باقاعدہ**۔ قاعدے سے، دستور کے مطابق۔ قرینے سے۔ موقع سے۔ ترتیب وار۔ صحیح۔ درست۔ ٹھیک ٭ **باقرینہ**۔ انتظام سے، ترتیب سے۔ قاعدے سے ٭ **بامراد**۔ کامیاب ٭ **بامروّت** (۱) خوش اخلاق۔ میل جول رکھنے والا (۲) لحاظ والا۔ باوفا (۳) شرم والا (۴) سخی۔ فیاض ٭
بامزہ۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ ٭ **بامسلمان اللہ اللہ بابرہمن رام رام** مثل (۱) صلح کل آدمی (۲) جیسا موقع دیکھا ویسی بات کی۔ جیسا دیس ویسا بھیس (۳) ہر ایک سے اتفاق کے ساتھ ملو۔ کسی کا دل نہ توڑو ٭ **بانقط** (۱) نقطہ دار (۲) نقطہ دار حرفوں کے الفاظ یا عبارت ٭ **بانوا**۔ مذکر (۱) آواز دار (۲) بے پردا (۳) مسلمان فقیروں کا ایک گروہ ٭ **باوجود**۔ اگرچہ۔ باوصف ٭ **باوجودیکہ** (ف) حالانکہ۔ اس بات کے ہوتے ہوئے کہ ٭
باوجہ۔ اس حال سے ٭ **باوصف** (ف۔ ع) باوجود ٭ **باوضع** (۱) وضع دار۔ وضع کا پابند۔ خاص انداز کا عادی۔ اچھی روش پہ قائم رہنے والا (۲) شائستہ۔ خوش اخلاق (۳) مؤدب۔ تمیز دار (۴) نباہ کرنے والا (۵) خوب صورت ٭ **باوضو**۔ جس نے وضو کیا ہو۔ پاک ٭ **باوفا** (۱) نباہنے والا۔ وفادار (۲) قول قرار کا سچا۔ بات کا پورا (۳) صاحب مروّت (۴) نمک حلال۔ خیر خواہ ٭ **باوقار**۔ تمکین والا۔ عزت والا ٭
باہم (۱) آپس میں۔ ایک دوسرے کے ساتھ۔ بالاتفاق۔ شرکت میں (۲) پوشیدہ ٭ **باہم دگر**۔ آپس میں۔ باہم (لکھنؤ میں اس مقام پہ "باہم" بولتے ہیں) ٭ **باہمہ و بے ہمہ** (۱) خدائے تعالیٰ (۲) بے فکر۔ آزاد۔ مرنجاں مرنج (۳) سب سے میل جول رکھنے اور جھگڑوں بکھیڑوں سے الگ رہنے والا ٭ **باہمی**۔ ساتھ کا۔ آپس کا ٭ **باہمیں مردماں بباید ساخت**۔ مقولہ۔ حسب مرضی اچھے آدمی نہیں ملتے تو کیا کیا جائے، انھیں لوگوں سے نباہ کرنا چاہیے ٭

باب (بابْ) (ع) مذکر (۱) دروازہ (۲) قسم۔ نوع (۳) مصدر کے ماضی و مستقبل کی تعریف (۴) مضامین کی تقسیم کے اعتبار سے کتاب کا علیحدہ حصہ (۵) متعلق۔ بابت۔ حق۔ معاملہ۔ بارہ۔ امر (۶) قابل۔ لائق (اب ان معنی میں متروک ہے ٭) (۷) درگاہ۔ دربار (۸) ایک قسم کا سرکاری ٹیکس۔ (اس مقام پر "ابواب" ہی بولتے ہیں ٭) (۹) غرض۔ مقصد۔ مطلب (۱۰) بحث۔ مضمون۔ تذکرہ ٭ **باب اجابت**۔ مذکر۔ دعا قبول ہونے کا دروازہ ٭ **بابُ السّمَا**ر۔ مذکر۔ آسمان کا دروازہ۔ کہکشاں ٭ **باب باز ہونا** (و) دروازہ کھلنا ٭ **باب توبہ بند ہونا** (و) توبہ کا دروازہ بند ہونا۔ قیامت برپا ہونا ٭ **بابِ عالی** (ع۔ ف) مذکر۔ سلطنتِ عثمانیہ کا دارالوزرار ٭ **باب وا ہونا** (و) دروازہ کھلنا ٭

بابا (بَا۔ بَا) (ف) مذکر (۱) باپ دادا کی طرف خطاب کا لفظ (۲) مہنتوں کا سردار۔ قلندر۔ فقیر۔ درویش۔ (ان معنی میں ہندو فقیروں کے متعلق مخصوص ہے۔ مسلمان درویشوں اور اولیاء اللہ میں حضرت بابا فرید شکر گنج رح کے سوا اور کسی عارف کی بابت رائج نہیں ٭) (۳) (طنزاً) جناب۔ حضرت۔ (۴) خطاب کا عام لفظ جسے بیشتر درویش اور کمتر دوسرے لوگ بولتے ہیں (۵) (ہندوؤں کی اصطلاح) دادا (۶) باپ کی طرف سے بیٹے کو پیار کا خطاب (۷) انگریزوں کے شاگرد پیشہ کا اُن کے بچوں کو خطاب (۸) بزرگ۔ بڑا بوڑھا۔ باپ دادا (۹) (بنگال) بیٹا بیٹی۔ لڑکا لڑکی۔ جوان ٭ **بابا آدم**ؑ۔ مذکر (۱) حضرت آدمؑ (۲) انسان کا مورثِ اعلیٰ (۳) انداز۔ طریق۔ وضع۔ روّیہ ٭ **بابا آدم بدل گیا** (و) پہلے کا طریق نہیں، جدید وضع ہے ٭ **بابا آدمؑ کے پوتے ہیں** (و) مقولہ۔ حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں۔ انسان ہیں ٭ **بابا آدم نرالا ہے** (و) مثل۔ نرالا ڈھنگ ہے۔ عجب قسم کی وضع ہے۔ عجب طرح کا انداز ہے ٭ **باباجان** (و) بچّے اپنے باپ، چچا، دادا کو پیار سے کہتے ہیں ٭ **بابا لوگ** ("بابا" انگریزی لفظ "بے بی" کا مبدّل ہے) (ا) مذکر۔ انگریزوں کے شاگرد پیشہ ان کے بچوں کو غائب کی حالت میں کہتے ہیں ٭

بابت (بَابَت) (ف) (۱) معاملے میں۔ بارے میں۔ نسبت (۲) مدد کا ذریعہ۔ سفارش۔ وسیلہ (اب ان معنی میں متروک ہے) (۳) حرف بؔ کی تختی جو بؔ کا جوڑ ملانے کے لیے لکھتے لکھاتے ہیں (۴) واسطے۔ بسبب (۵) قابل۔ لائق (متروک) ٭

بابر (بَا۔ بَر) (ک) مؤنث (۱) ایک قسم کی گھاس جس کا بان بٹا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی مٹھائی (۳) (بَا۔ بُر) (ت) مذکر۔ ایک مشہور مغل بادشاہ، جو شہنشاہ اکبر کا دادا تھا ٭ **بابر لوٹ**۔ مذکر۔ جالی لوٹ ٭ **بابر لیٹ**۔ دیکھیے "بابن لیٹ"۔ مؤنث (لکھنؤ) جالی لوٹ۔ ایک قسم کا باریک جالی کا کپڑا ٭

بابرنگ۔ باؤبرنگ (بَا۔ بَرَنگ، بَا۔ اُو۔ بَرَنگ) (ک) مؤنث۔ ایک دوا جسے برنج کابلی بھی کہتے ہیں ٭

بابک (بَا۔ بَک) (ف) مذکر۔ ایک بادشاہ کا نام ٭

بابِل (بَا۔ بِل، بَا۔ بُل) (ع) مذکر۔ عراق کا ایک شہر، جو کسی زمانے میں جادو اور مے نوشی کی کثرت کے باعث مشہور تھا ٭

بابُل (بَا۔ بُل) (ک) مؤنث۔ گھر کے چھوٹنے کا ایک درد بھرا گیت، جو دلھن کے میکے سے پہلی رخصتی کے وقت گایا جاتا ہے ٭

بابُل (ک) مذکر۔ باپ۔ پدر۔ والد۔ پتا ٭

بابن (بَا۔ بِن) (انگ۔ Bobbin) مؤنث۔ پھرکی، چرخی، ریل،

جس پر دھاگا، باریک ڈوری وغیرہ لپٹی ہوتی ہے۔ یہ کاتنے، بُننے اور سینے کی مشینوں میں استعمال کی جاتی ہے ٭ **بابن نیٹ** (مہند۔ انگریزی بابن نیٹ۔ Bobbin net) مؤنث۔ (دل) جالی لوٹ ٭

بابو (با۔ بُو) (ہ) مذکر (۱) بنگالی کا لقب (۲) معزز شخص کا لقب (۳) ہندوؤں کے درویش اپنی اصطلاح میں ہر مرد کو بابو کہتے ہیں۔ بچہ۔ بالک (۴) بنگال میں ہر چھوٹے لڑکے کو بابو کہتے ہیں (۵) راجے کے معزز اہل خاندان کو بھی بابو کہتے ہیں (۶) دفتر کا منشی (۷) انگریزی دان کا خطاب (۸) شہزادہ (۹) انگریزی پڑھا ہُوا ہندوستانی (۱۰) کلرک ٭

بابونہ (با۔ بُو۔ نہ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کی بُوٹی جس کے پھولوں کا روغن جوڑوں کے درد کے لیے فائدہ مند ہے ٭

بابی (با۔ بی) (ف) مذکر۔ ایک مذہبی فرقہ جس کی بنیاد ایران میں رکھی گئی۔ اس کا بانی محمد علی باب العلم تھا ٭

باپ (باپ) (ہ) مذکر (۱) پدر۔ والد۔ پتا۔ ابّا۔ باوا۔ میاں۔ (۲) بزرگ (۳) اُستاد۔ گُرو ٭ **باپ بنانا** (۱) باپ کے برابر سمجھنا۔ اپنا بزرگ خیال کرنا (۲) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرکے اپنا مطلب نکالنا ٭ **باپ بنیا اور پُوت نوّاب** (ہ) مثل (۱) بے اصل شیخی باز (۲) باپ بھیک مانگ کر جمع کرتا ہے، بیٹا خزانہ لُٹاتا ہے ٭ **باپ بھلا نہ بھیّا، سب سے بھلا روپیّہ**۔ مثل۔ طنزاً روپے کی تعریف میں بولا جاتا ہے ٭ **باپ پر پوت پِتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا**۔ مثل۔ بیٹا باپ سے تھوڑا بہت ضرور ملتا جُلتا ہے۔ اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ ٭ **باپ تک جانا۔ یا۔ پہنچنا**۔ باپ کی گالی دینا۔ کسی کے باپ کو بُرا بھلا کہنا ٭ **باپ دادا**۔ مذکر (۱) بڑے بوڑھے، مربّی، اب وجد (۲) اوپر کی پیڑھی، پُشت ٭ **باپ دادا سے**۔ پُشتوں سے۔ پیڑھیوں سے ٭ **باپ دادا کا نام برباد کرنا** (۱) خاندانی عزت کو بٹا لگانا۔ **باپ دادا کا نام ڈوب جانا** (و) (۱) موروثی عزت کا جاتا رہنا (۲) خاندان کی یادگار یا نشان باقی نہ رہنا ٭ **باپ رے باپ** (عوام) خوف اور حیرانی کے وقت یہ کلمہ بولا جاتا ہے۔ خدا بچائے۔ اللہ کی پناہ ٭ **باپ سے بَیر پوت سے سگائی**۔ مقولہ۔ جو شخص کسی گھر کے بڑے آدمی سے دشمنی اور چھوٹے سے دوستی رکھے، اس کی بیوقوفی کے متعلق کہتے ہیں ٭ **باپ کا** (کی) (۱) ورثے کا۔ موروثی۔ پشتینی (۲) باپ کا مال یا ملکیت (۳) مقبوضہ۔ مملوکہ ٭ **باپ کرے باپ پائے، بیٹا کرے بیٹا پائے**۔ یا۔ **باپ کرے باپ کے آگے آئے، بیٹا کرے بیٹے کے آگے آئے**۔ مثل۔ ہر ایک اپنے اعمال کی سزا بھگتے گا۔ جو برائی کرے گا اُسی کو بھگتنی پڑے گی ٭ **باپ مارے کا بَیر** (مذکر) وہ دشمنی جو بزرگوں سے چلی آتی ہو۔ قدیم عداوت۔ جانی دشمنی ٭ **باپ مریں تو پوت راج کریں**۔ مثل۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی شخص باپ کے مرنے پر گُلچھرّے اُڑائے ٭ **باپ نہ دادا** (دادے) **سات پشت کا حرامزادہ** (کے حرامزادے) (ہ) مثل پشتوں کا فسادی اور بدذات۔ ہمیشہ کا شریر اور فتنہ انگیز ٭ **باپ نہ دادے مار خوزادے**۔ مثل (خوزادے "خواجہ زادے" کا مخفف ہے) (۱) اس بے اصل شخص کے متعلق بولتے ہیں جو فخر سے دعویٰ کرے (۲) نئے مال دار ٭ **باپ نہ ماری** (مارے) **پدڑی بیٹا تیر انداز** (ہ) مثل (۱) اُس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو اپنے خاندان سے بڑھ کر فخریہ دعویٰ کرے (۲) جب کسی سے ایسا کام انجام پائے، جو اس کی حیثیت، درجے اور مرتبے سے بلند ہو۔ یا (۳) کوئی آدمی ایسے کام کا حوصلہ کرے، جو اس کے خاندان میں کسی نے نہ کیا ہو۔ یا (۴) ایسا ہنر سیکھے، جو اس کے بزرگوں نے نہ سیکھا ہو تو بھی طنزاً کہتے ہیں ٭

بات (ہ) مؤنث (۱) لفظ۔ بول۔ کلمہ۔ آدمی کے منہ سے نکلا ہُوا کلام۔ فقرہ۔ بیان۔ تقریر (۲) کہا۔ کہنا۔ قول۔ مقولہ (۳) رائے (۴) کہاوت۔ مثل (۵) سخت کلامی۔ طعن و تشنیع (۶) روش۔ طرز (۷) خوبی۔ حُسن (۸) واردات۔ واقعہ (۹) سرگزشت (۱۰) ذکر۔ تذکرہ (۱۱) التجا۔ عرض۔ درخواست۔ (۱۲) نسبت۔ منگنی (۱۳) مسئلہ۔ تجویز۔ حکمت۔ تدبیر (۱۴) کار نمایاں۔ کام (۱۵) حجت۔ بحث۔ گفتگو (۱۶) ثبوت۔ دلیل (۱۷) امر۔ شے۔ چیز (۱۸) مضمون (۱۹) کیفیت۔ صورت۔ حالت۔ (ان معنی میں "اور" یا "دوسری" کے ساتھ کہتے ہیں) (۲۰) حاجت۔ غرض۔ مقصد۔ مطلب (۲۱) نکتہ۔ بھید۔ راز (۲۲) ارشاد۔ حکم (۲۳) صورت۔ شکل (۲۴) قول عہد۔ وعدہ (۲۵) شان۔ رفعت۔ عزت (۲۶) ہدایت۔ صلاح۔ مشورہ۔ نصیحت (۲۷) مدح۔ تعریف (ان معنی میں "کیا" کے ساتھ مخصوص ہے) (۲۸) آبرو۔ ساکھ۔ شہرت۔ وقعت (۲۹) قصور۔ کھوٹ۔ خطا (۳۰) نقصان۔ کمی (۳۱) کلام کی نزاکت۔ خوبی۔ لطیفہ۔ چٹکلا (۳۲) ملامت (۳۳) شکایت۔ شکوہ۔ گِلہ (۳۴) مشکل۔ دشوار (۳۵) محل۔ موقع (۳۶) حرف۔ الزام (۳۷) عقل مندی۔ فراست دانش مندی (۳۸) پیغام۔ خبر (۳۹) زبانی۔ تنبیہ۔ اشارہ (۴۰) بدزبانی (۴۱) درمیان۔ وقفہ (۴۲) وہم۔ خیال (۴۳) ہٹ۔ ضد۔ دعویٰ۔ حوصلہ۔ قصد (۴۴) سبب۔ وجہ (۴۵) پھل۔ ثمرہ۔ نتیجہ (۴۶) سجاوٹ۔ چال ڈھال۔ ادا۔ طرز۔ فعل (۴۷) کمال۔ صفت۔ خوبی۔ ہنر۔ مہارت (۴۸) حکمتِ عملی۔ پالیسی (۴۹) شُدنی۔ اتفاقی (۵۰) جوکھم (۵۱) سخن تکیہ۔ تکیہ کلام (۵۲) دستور۔ روزمرہ کا معاملہ (۵۳) معمولی بات۔ کھیل (۵۴) علاج۔ چارہ۔ تدبیر (۵۵) شان و شوکت (۵۶) مافی الضمیر (۵۷) عادت۔ خو (۵۸) لطف (۵۹) مجال (۶۰) چلن۔ وضع (۶۱) سامان (۶۲) ارمان۔ آرزو (۶۳) رسم و رواج۔ طریقہ۔ فیشن (۶۴) راہ و رسم (۶۵) معاملت۔ برتاؤ (۶۶) مول۔ نرخ۔ قیمت (۶۷) خوبی۔ مطابقہ (۶۸) افسانہ۔

حکایت (۱۹) رکنا ہوتی (صل) ۔ **بات آپڑنا** ۔ اتفاق پیش آجانا پیچ آپڑنا ۔ **بات آکے رہنا** ۔ منحصر ہو جانا ۔ نتیجہ نکلنا ۔ **بات آزمانا** ۔ کسی امر کا تجربہ کرنا ۔ **بات آگے آنا** ۔ کہا پورا ہونا ۔ **بات آنا** (۱) برائی آنا ۔ الزام آنا (۲) نسبت آنا ۔ نسبت کا پیغام آنا (۳) سلیقہ ہونا ۔ **بات آنچل میں باندھنا** ۔ (ع) کسی کا قول یاد رکھنا ۔ کوئی معاملہ دھیان میں رکھنا ۔ کوئی واقعہ خیال میں رکھنا ۔ **بات آنکھوں سے سننا** ۔ بات کو شوق ، رغبت اور خوشی سے سننا ۔ **بات آئی گئی ہو جانا** ۔ بات کا بھول میں پڑ جانا ۔ رفت گزشت ہو جانا ۔ **بات اٹکنا** ۔ کسی امر کا منحصر ہونا ۔ **بات اٹھا رکھنا** ۔ کسی معاملے کو ملتوی رکھنا ۔ **بات اٹھانا** (۱) بات کا کہنا ۔ بات کو گوارا کرنا (۲) آرزو پوری کرنا (۳) حکم بجا لانا (۴) بات یا قول یا سوال نہ ماننا (۵) سوال چھیڑنا ۔ **بات اڑنا** (۱) گپ اڑنا ۔ مشہور ہونا (۲) بات کا ٹلنا ۔ **بات الٹنا** (۱) بات بدلنا ۔ کا ن جواب دینا ۔ تردید کرنا (۲) کہہ کر مکرنا ۔ **بات بات** ۔ (مؤنث) (۱) ہر بات (۲) ہر انداز ۔ ہر ادا (۳) ہر لفظ ہر کام ۔ ہر فعل ۔ **بات بات پر** (۱) ادنیٰ ادنیٰ بات میں ۔ ہر کام میں ۔ ہر لفظ پر ۔ ہر حرکت پر ۔ ہر فعل پر (۲) ہر بے عنوانی پر ۔ ہر شرارت پر ۔ ہر شوخی پر ۔ **بات بات میں** (۱) ہر بار ۔ ہر دفعہ ۔ معمولی معمولی بات میں ۔ ہر بات میں (۲) بالکل ۔ سرتاسر ۔ **بات بات میں چھری کٹاری** ۔ ہر بات میں لڑنے کو تیار ۔ ہر بات پر لڑائی کا سامان ۔ **بات بات میں کھچنا** ۔ ہر بات میں بُرا ماننا ۔ بے وجہ خفا ہونا ۔ **بات بات میں معنی پرونا** ۔ سخن سازی کرنا ۔ **بات بالا رہنا** (۱) آبرو قائم رہنا ۔ **بات بالا ہونا** (۱) دیکھئے بات بالا رہنا ۔ **بات باندھنا** ۔ جھوٹی دلیل لانا ۔ خلاف بیان کرنا ۔ مکرنا ۔ **بات بدلنا** (۱) کہتے کہتے کچھ اور کہنے لگنا ۔ زبان پھیرنا ۔ کہے سنے کے خلاف کرنا ۔ بات کے دوسرے معنی پہنانا ۔ وعدہ کر کے مکر جانا کہہ کے مکرنا ۔ **بات بدلی سا کھ بدلی** (ف) وعدہ پورا نہ کرنے سے اعتبار اٹھ جاتا ہے ۔ بات میں کمی ہونے سے ہی اعتماد میں کمی ہو جاتی ہے ۔ **بات بُری لگنا** ۔ بات ناگوار ہونا ۔ **بات بڑھانا** (۱) بحث بڑھانا ۔ بات کو طول دینا (۲) تکرار بڑھانا ۔ جھگڑا بڑھانا ۔ فساد برپا کرنا (۳) کلام کی تائید کرنا ۔ کسی کی بات کو صحیح دینا (۴) عزت دینا ۔ **بات بڑھ کے کرنا** ۔ اپنی حیثیت سے زیادہ کوئی کام کرنا ۔ ڈینگ کی لینا ۔ شیخی مارنا ۔ **بات بڑی کرنا** (دہلی) (۱) بات کو طول دینا (۲) ہاں میں ہاں ملانا ۔ کلام کی تائید کرنا (۳) بات کاٹنا ۔ قطع کلام کرنا ۔ **بات بنانا** (۱) سخن سازی کرنا ۔ بات کو پھیر پھار کر اپنے مطلب کے مطابق کہنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) بناوٹ سے کہنا ۔ فضول گفتگو کرنا ۔ (۴) ساکھ بنانا ۔ بھرم قائم رکھنا (۵) درست کرنا ۔ سُدھارنا ۔

بات بن پڑنا (۱) ساکھ قائم ہونا ۔ عزت حاصل ہونا (۲) کامیابی ہونا ۔ معاملہ بن پڑنا ۔ تدبیر بن پڑنا (۳) گفتگو کرنے بن پڑنا ۔ **بات بننا** (۱) کامیاب ہونا (۲) آبرو پیدا ہونا ۔ سرداری ملنا ۔ بزرگی ملنا ۔ عزت پانا (۳) موقع ملنا (۴) بناوٹ ہونا ۔ بناوٹ ہونا ۔ **بات بھاری ہونا** (۱) بات ناگوار ہونا (۲) بات با وقعت ہونا ۔ **بات بہکنا** ۔ تقریر کا ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہو جانا ۔ بات کا بے سلسلہ ہونا ۔ **بات بھلانا** (۱) حکم کی تعمیل نہ کرنا (۲) وعدہ پورا نہ کرنا (۳) کہے ہوئے کلام کا سہو کرنا ۔ **بات بیچ میں سے لینا** (۱) دخل در معقولات دینا ۔ بات کاٹنا (۲) ایک آدمی کی گفتگو پوری ہونے سے پہلے دوسرے کا وہی گفتگو کرنا ۔ **بات پالینا ۔ یا ۔ پانا** (۱) بات کی تہ کو پہنچنا ۔ اصل مطلب سمجھنا ۔ اصل حقیقت معلوم کرنا (۲) بھلائی یا خوبی دیکھنا ۔ **بات پتھر کی لکیر ۔ یا ۔ لیکھ** ۔ ایسا اقرار جو کسی طرح نہ بدلے ۔ مستحکم وعدہ ۔ مضبوط قول ۔ **بات پچنا** ۔ کسی امر کا دل ہی دل میں رہنا ۔ بات کا ہضم ہونا ۔ **بات پر** (۱) گفتگو کرنے پر ۔ بولنے پر (۲) ضد پر ۔ نام پر ۔ عزت پر (۳) حرکت پر ۔ خطا پر ۔ **بات پر آجانا ۔ یا ۔ آنا** (۱) قول کی پیچ کرنا ۔ جمنا ۔ اڑنا ۔ ضد کرنا ۔ بات پر مستقل ہونا (۲) ہمت کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔ (۳) نام کی پیچ کرنا ۔ آبرو کا پاس کرنا ۔ **بات پر بات چلنا** ۔ ایک واقعے کے بیان میں دوسرے اُسی قسم کے واقعے کا بیان ہونا ۔ ایک ذکر کے سلسلے میں ویسا ہی دوسرا ذکر نکالنا ۔ **بات پر بات کہنا** ۔ جواب میں کچھ کہنا ۔ کسی تذکرے میں کچھ کہنا ۔ **بات پر بات یاد آنا** (۱) ایک ذکر سے اُسی قسم کے دوسرے ذکر کا دھیان آنا ۔ ایک موقع سے دوسرا موقع یاد آنا ۔ تذکرے کے دوران میں کوئی واقعہ یاد آنا ۔ **بات پر جانا** ۔ دم میں آنا ۔ نقرے میں آنا ۔ کسی کے کہے پر اعتماد کرنا ۔ کسی کی بات کا خیال کرنا ۔ **بات پر خاک ڈالنا** (۱) بات کو دبانا ۔ اِس کان سن کر اُس کان اڑا دینا ۔ بات سے درگزر کرنا ۔ بات کو بھلا دینا ۔ بات کا خیال نہ کرنا ۔ **بات پر سر دینا** (۱) نام پر جان نثار کرنا ۔ عزت پر صدقے ہونا ۔ **بات پر مٹنا ۔ یا ۔ مرمٹنا** (۱) نام کے لیے برباد ہونا ۔ لاگ ڈانٹ میں تباہ ہونا (۲) نام پر نثار ہونا ۔ آن بان پر مرنا ۔ آبرو پر جان دینا ۔ **بات پر مرنا** (۱) ہٹ کرنا ۔ سخن پروری کرنا (۲) نام پر مٹنا ۔ عزت پر جان دینا ۔ **بات پڑنا** ۔ تذکرہ ہونا ۔ موقع پڑنا ۔ **بات پکانا** (۱) قول کو مضبوط کرنا (۲) ارادہ کرنا (۳) وعدے کا پکا کرنا (۴) سچائی کا اظہار کرنا ۔ **بات پکڑنا** (۱) کسی شخص کو اُسی کے قول سے قائل کرنا (۲) کسی کے قول کی گرفت کرنا (۳) بیجا حجت کرنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ حرف گیری کرنا ۔ **بات پکی کرنا** (۱) معاملہ پختہ کر لینا ۔ کسی معاملے کو یقینی طور پر طے کرنا ۔ مضبوط اور پختہ اقرار لینا یا کرنا (۲) مضبوطی سے نسبت طے کرنا ۔ **بات پکی ہونا** ۔ لازم ۔ **بات پلٹنا** ۔ (۱) بات بدلنا ۔ کہہ کر مکرنا (۲) کسی سے جڑ جانا ۔ اُسے انھیں الفاظ میں جواب دینا ۔ **بات پلّے باندھنا** (ع) کوئی معاملہ دھیان میں رکھنا ۔ کسی کا قول یاد رکھنا ۔ کوئی

واقعہ خیال میں رکھنا ٭ **بات پوچھنا** (۱) تحقیقات کرنا (۲) حال دریافت کرنا۔ خبر لینا۔ پرسانِ حال ہونا (۳) التفات کرنا۔ توقیر کرنا۔ قدر کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ کسی کے ساتھ عزّت سے پیش آنا ٭ **بات پوچھنا، بات کی جڑ پوچھنا** ۔ ہندی کی چندی نکالنا۔ کرید کرید کر پوچھنا ٭ **بات پہنچنا** (۱) خبر پہنچنا (۲) کیفیت ہونا۔ حالت ہونا ٭ **بات پھوٹنا۔ یا۔ پھیلنا** ۔ راز فاش ہونا۔ بھید کھلنا۔ بات مشہور ہونا۔ مشتہر ہونا۔ طشت از بام ہونا ٭ **بات پھرنا** ۔ بات بدلنا ٭ **بات پھیلانا** (۱) جھگڑے کو ترقی دینا (۲) کسی معاملے کو طشت از بام کرنا (۳) کسی بات کو شہرت دینا ٭ **بات پھینکنا** (ع) آوازے کسنا۔ طعنے مارنا ٭ **بات پی جانا** ۔ اپنے خیالات کو دبا دینا۔ خاموشی سے برداشت کرنا۔ درگزر کرنا۔ برداشت کرنا۔ تحمّل کرنا ٭ **بات پیدا کرنا** (و) (۱) حیلہ کرنا (۲) لطیف پیرایہ نکالنا ٭ **بات پیش جانا** (و) بحث یا تقریر میں غالب ہونا (اکثر نفی کے ساتھ مستعمل ہے) ٭ **بات تحمل کی نہ بیڑے کی** ۔ مقولہ۔ قول پر قائم نہیں رہتے۔ وعدہ کبھی پورا نہیں ہوتا ٭ **بات تہ کر رکھنا** (و) گفتگو ملتوی رکھنا ٭ **بات تیر (ہا۔ تیر سی) لگنا** (و) کسی بات کا دل خراش ہونا۔ کسی امر کا نہایت ناگوار ہونا ٭ **بات ٹالنا** (۱) تعمیل حکم سے پہلوتہی کرنا (۲) وعدے کا پورا نہ کرنا۔ حیلے حوالے کرنا (۳) جھگڑا فرد کرنا (۴) سن کر چپ رہنا (۵) اِس کان سن کر اُس کان اُڑا دینا (۶) بات کا جواب نہ دینا اور دوسرا تذکرہ چھیڑنا ٭ **بات ٹپکنا** ۔ کسی بات کا اشارہ معلوم ہونا۔ بات ظاہر ہونا ٭ **بات ٹوٹنا** (دہلی) بات نہ رہنا ٭ **بات ٹھاننا** ۔ کسی ارادے پر جمنا۔ کسی کام کا قصد کرنا۔ منصوبہ باندھنا ٭ **بات ٹھن جانا** ۔ کسی بات کا دل میں جم جانا ٭ **بات ٹھنڈی پڑ جانا۔ یا۔ پڑنا** ۔ کسی امر کی شورش فرو ہو جانا۔ معاملے کا دب جانا ٭ **بات ٹھہرانا** (۱) کوئی امر طے کرنا۔ کوئی تجویز قائم کرنا (۲) نسبت ٹھہرانا ٭ **بات ٹھہرنا** ۔ لازم (۱) تجویز قرار پانا (۲) معاملہ پیش آنا (۳) نسبت یا منگنی قرار پانا ٭ **بات جا پڑنا** (۱) تقریر کے دوران میں کسی اَور معاملے کا چھڑ جانا۔ گفتگو کے سلسلے میں کوئی اَور ذکر ہو پڑنا (۲) معاملہ اٹک جانا ٭ **بات جاتی رہنا** ۔ دیکھیے "بات جانا" ٭ **بات جانا** (۱) وعدہ خلافی کا الزام آنا۔ ساکھ جانا۔ وقعت کا اٹھنا۔ اعتبار باقی نہ رہنا۔ سبکی ہونا۔ بدنامی ہونا (۲) پیغام پہنچنا۔ خبر پہنچنا (۳) وقت نکل جانا۔ موقع نکل جانا (۴) منگنی کا پیغام جانا ٭ **بات جب ہے** ۔ تعریف اُس وقت ہے۔ اثر اُس وقت ہے ٭ **بات جمانا** ۔ بات کا ذہن نشین کرنا ٭ **بات جمنا** ۔ لازم۔ کسی بات کا اثر پیدا ہونا۔ بات کا ذہن نشین ہونا ٭ **بات جو چاہے اپنی پانی مانگ نہ پی** ۔ مثل۔ اگر تو اپنی عزّت چاہتا ہے تو کسی سے پانی تک کا سوال نہ کر ٭ **بات جھنڈے پر چڑھانا** ۔ بری بات کا مشہور کرنا ٭ **بات جی کو لگنا** ۔ بات کا ذہن نشین ہونا ٭ **بات جی میں بیٹھنا** (۱) منصوبے کا جی میں مضبوطی سے قائم ہونا (۲) بات کا دل پر اثر ہونا (۳) کسی خبر یا واقعے کا قرین قیاس ہونا ٭ **بات چبا چبا کے کرنا** (۱) اصل مطلب کو چھپانا۔ صاف صاف گفتگو نہ کرنا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کر کے بات کہنا۔ دبا دبا کر بات کہنا (۳) شیخی مارنا ٭ **بات چبا جانا۔ یا۔ چبانا** ۔ کلام کا رخ پلٹ دینا۔ کہتے کہتے رک جانا۔ بات ٹال جانا ٭ **بات چٹپلی ہے** ۔ گفتگو لڑکوں جیسی ہے ٭ **بات چٹکیوں میں اڑانا** ۔ کسی بات کو ہنسی میں ٹالنا ٭ **بات چرا کے کہنا** ۔ چھپا کر کہنا ٭ **بات چلانا** (۱) تذکرہ کرنا۔ ذکر چھیڑنا (۲) جھگڑا شروع کرنا (۳) اعتبار پیدا کرنا ٭ **بات چندرا کے کہنا** ۔ (ع) انجان بن کر بات کہنا ٭ **بات چھڑنا** ۔ "بات چھیڑنا" کا لازم ٭ **بات چھو نہ جانا** (ع) اندازہ نہ ہونا۔ خصلت نہ ہونا ٭ **بات چھیڑنا** ۔ گفتگو شروع کرنا۔ بات چلانا ٭ **بات چیت** (مؤنث) (۱) تقریر۔ بول چال۔ گفتگو (۲) منگنی۔ نسبت ٭ **بات خوش آنا** (و) گفتگو پسند آنا۔ نصیحت پسند آنا ٭ **بات دبانا** ۔ معاملے کو پوشیدہ رکھنا۔ ضبط کرنا ٭ **بات دل کو لگ جانا** (و) دل پر اثر ہونا۔ چوٹ پڑنا ٭ **بات دل میں اُتر جانا** ۔ بات کا دل میں اثر کر جانا ٭ **بات دل میں بیٹھ جانا** ۔ بات کا دل پر اثر کر جانا ٭ **بات دو کوڑی کی ہو جانا (ہونا)** بھرم نہ رہنا۔ بے وقعت ہو جانا۔ ساکھ جانا ٭ **بات دہرانا** (۱) کہی ہوئی بات پھر کہنا (۲) کسی کی کہی ہوئی بات پلٹ کر اسی طرح کہنا ٭ **بات دھری اٹھائی نہیں جاتی** ۔ مثل۔ نہ بات کا جواب دیتے بنتی ہے، نہ چپ رہتے۔ نہ ہاں کہتے بنتی ہے نہ نہیں۔ نہ اقرار کرتے بنتی ہے نہ انکار ٭ **بات دینی آنا** (دہلی) جواب دہی کا ذمّہ دار ہونا۔ پوچھ گچھ ہونا۔ بازپرس ہونا۔ ذمّہ داری ہونا ٭ **بات ڈالنا** (ع) (۱) بات رد کرنا۔ کہا نہ ماننا (۲) (عوام) معاملہ پیش کرنا ٭ **بات ڈھالنا** ۔ الزام رکھنا ٭ **بات ذہن پر چڑھنا** (و) (ع) بات خیال میں آنا ٭ **بات ذہن سے اتر جانا** ۔ بات دھیان سے جاتی رہنا ٭ **بات ذہن میں آنا** (و) بات کا دل پر اثر کر جانا۔ بات خیال میں آنا ٭ **بات رفت گزشت ہونا** ۔ کسی امر کا بھول میں پڑنا ٭ **بات رکھ لینا** (۱) کہا مان لینا (۲) پردہ رکھ لینا۔ عیب چھپا دینا۔ آبرو نہ بگڑنے دینا۔ عزّت رکھ لینا ٭ **بات رکھنا** (۱) آبرو رکھنا۔ اعتبار رکھنا۔ عزّت قائم رکھنا (۲) الزام لگانا (پر اور سر کے ساتھ) ٭ **بات رو میں نکل جانا** ۔ گفتگو کے جوش یا سلسلہ گفتگو میں کسی بات کا منہ سے نکل جانا ٭ **بات رہ جاتی ہے، وقت نکل جاتا ہے** ۔ ضرورت کی گھڑی گزر جاتی ہے، جو ضرورت کے وقت کام نہ آسکے اُس سے شکایت باقی رہ جاتی ہے۔ مصیبت کا وقت ٹل جاتا ہے، لیکن برتاؤ یاد رہ جاتا ہے ٭ **بات رہ جانا** (۱) آبرو رہ جانا۔ عزّت رہ جانا (۲) تذکرہ باقی رہ جانا۔ یادگار باقی رہ جانا (۳) آرزو پوری ہو جانا۔ عرض قبول ہو جانا (۴) تمنّا کا باقی رہ جانا۔ کامیابی نہ ہونا۔ موقع نہ ملنا (۵) وعدہ وفا

ہو جانا (۶) اعتبار رہ جانا۔ ساکھ رہ جانا (۷) شکوہ رہ جانا۔ برائی رہ جانا۔ الزام رہ جانا ٭ بات رہنا۔ عزت قائم رہنا ٭ بات سبک ہونا (ف) بات ہلکی ہونا ٭ بات سرسبز ہونا۔ بات کا کامیاب ہونا۔ درخواست کا منظور ہونا۔ التجا کا قبول ہونا ٭ بات سو بات۔ (دہلی) پھر جیسا موقع ہوگا، دیکھا جائے گا ٭ بات سے نکل جانا۔ قول سے بے قول ہو جانا۔ وعدے سے پھر جانا۔ کہہ کے مکر جانا ٭ بات کا بتنگڑ بنانا (کرنا) چھوٹی سی بات کو بڑھانا۔ ذرا سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ معاملے کو طول دینا۔ دوسرے کی تقریر کو مبالغے سے بیان کرنا۔ کسی سے سیدھی بات میں جھگڑا پیدا کرنا۔ (عورتیں "بتکڑ" کی جگہ "بتنگڑ" بولتی ہیں) ٭ بات کا پکا (پورا۔ دھنی۔ سچا) (۱) وہ شخص جو اپنے کہے کے مطابق کرے۔ صادق القول۔ باوفا۔ وعدے کا سچا (۲) راست باز (۳) معزز ٭ بات کا پہلو (ف) بات کا اشارہ کنایہ۔ بات کا انداز ٭ بات کاٹنا۔ اس وقت بولنا جب دوسرا گفتگو کرتا ہو۔ پوری بات کہنے نہ دینا۔ بات کو رد کرنا۔ گفتگو کا سلسلہ توڑنا۔ دوسرے کی بات میں دخل دینا۔ بیچ میں بولنا۔ بات میں بات کہنا۔ بات میں بولنا ٭ بات کا چوکا آدمی، ڈال کا چوکا بندر پھر سنبھلتا نہیں (ف) مثل۔ موقع پر چوک جانے والا شخص اس کی تلافی نہیں کر سکتا اور نقصان اٹھاتا ہے، جیسے بندر کے ہاتھ سے درخت کی شاخ چھوٹ جانے پر وہ ضرور گر پڑتا ہے ٭ بات کا چھینٹا (ف) مذکر۔ بات کا اشارہ یا کنایہ ٭ بات کا رنگ پانا (ف) بات کا با اثر ہونا ٭ بات کا سر پیر نہ ہونا۔ بات کے شروع اور آخر کا خبر نہ ہونا۔ گفتگو کا بے سلسلہ ہونا ٭ بات کا فروغ پانا (ف) بات بالا رہنا ٭ بات کارگر ہونا۔ فہمائش اور تدبیر کا با اثر ہونا۔ نصیحت میں اثر ہونا ٭ بات کا کنایہ (ف) مذکر۔ بات کا پہلو ٭ بات کا لپکا۔ مذکر۔ کسی مزے کی چاٹ (پڑنا کے ساتھ) ٭ بات کان پڑنا (۱) کسی بات کا سنائی دینا (۲) اطلاع پانا۔ خبر ملنا (۳) افواہ سننا ٭ بات کان میں پھونک (ڈال) دینا۔ مشورے یا صلاح کے طور پر کسی سے کچھ کہنا ٭ بات کا کچا (ہیٹا) جو بات پر قائم نہ رہے۔ بے اعتبار ٭ بات کتر دینا (دیکھو) بات کاٹنا ٭ بات کٹ جانا۔ "بات کاٹنا" کا لازم ٭ بات کرتے پتھر مارتا ہے۔ سخت کلام ہے ٭ بات کرتے میں۔ پل میں۔ لمحے میں، آناً فاناً، دم کے دم میں ٭ بات کرسی نشین ہونا (ف) (دہلی) بات ٹھیک بیٹھ جانا۔ کسی بات کا تسلیم کیا جانا۔ بات کا قبول ہو جانا ٭ بات کرنا (۱) گفتگو کرنا۔ منہ سے بولنا (۲) مخاطب ہونا۔ متوجہ ہونا (۳) خبر لینا (۴) گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا ٭ بات کرنے میں۔ (دیکھیے "بات کرتے میں") ٭ بات کو۔ برائے نام۔ کہنے کو ٭ بات کوڑی کی ہو جانا (دیکھیے "بات دو کوڑی کی ہو جانا") ٭ بات کھٹائی میں پڑنا۔ توقف ہو جانا۔ جھگڑا پڑ جانا ٭ بات کھٹائی میں ڈالنا۔

معاملے کا ہاں نہیں کچھ جواب نہ دینا۔ بات اٹکا رکھنا ٭ بات کھٹکنا۔ ناپسند ہونا۔ خلش ہونا ٭ بات کھلنا۔ بھید ظاہر ہونا۔ بات پھوٹنا۔ شہرت ہونا ٭ بات کہنا (۱) منہ سے بولنا (۲) قصہ بیان کرنا۔ کہانی کہنا۔ خبر سنانا۔ ذکر یا تذکرہ کرنا (۳) فہمائش کرنا۔ نصیحت کرنا ٭ بات کہنے کو رہ گئی۔ یادگار رہنا۔ شکوہ باقی رہنا ٭ بات کہنے میں۔ جھٹ پٹ۔ لمحہ بھر میں۔ بہت جلد ٭ بات کہنے میں آتی ہے۔ وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کوئی نامناسب بات کہنی ہو ٭ بات کھو دینا (کھونا)۔ ساکھ بگاڑ لینا۔ بے وقعت ہونا۔ بے آبرو ہونا ٭ بات کہے کی لاج۔ مؤنث۔ قول کی شرم۔ کہے کا نباہ۔ سخن پروری ٭ بات کہی (اور) پرائی ہوئی۔ مثل۔ بھید۔ ظاہر ہوتے ہی عام ہو جاتا ہے۔ منہ سے نکلی ہوئی بات چھپ نہیں سکتی ٭ بات کیا ہے (۱) اصل کیا ہے۔ مطلب کیا ہے۔ واقعہ کیا ہے (۲) مشکل نہیں، آسان ہے ٭ بات کی بات (۱) معمولی بات (۲) تھوڑی دیر ٭ بات کی بات کو (دہلی) تھوڑی دیر کے لیے۔ دم بھر کو ٭ بات کی بات لات کی لات۔ بات کی بات خرافات کی خرافات (بکری کے سینگوں کو چر گئے بیری کے پات) (ف) مثل۔ اس جگہ کہتے ہیں، جہاں ہنسی مذاق میں کوئی ناگوار واقعہ بیان کیا جائے۔ یا معمولی بات میں در پردہ کسی ناگوار معاملے کا اشارہ ہو ٭ بات کی پچ مؤنث (۱) عزت آبرو کا لحاظ (۲) سخن پروری۔ بات پر اڑنا۔ بات پر ہٹ کرنا ٭ بات کی تاب آنا (ف) بدزبانی کا تحمل ہونا۔ سخن کی برداشت ہونا ٭ بات کی ٹھیس لگنا۔ بات کا ناگوار گزرنا ٭ بات کی ندڑ لگنا۔ ایک ہی بات کو بار بار کہنا ٭ بات کی کر باندھنا۔ معمول مقرر کرنا ٭ بات کی مہلت (ف) مؤنث۔ گفتگو کا موقع ٭ بات کہے (پر) پھول جھڑنا۔ خوش گفتار اور خوش کلام ہونا ٭ بات گانٹھ میں باندھنا۔ بات گرہ (میں) باندھنا (ف) (دیکھیے "بات آنچل میں باندھنا") ٭ بات گلے سے اترنا۔ بات قابل قبول ہونا ٭ بات گھڑنا۔ اپنے جی سے بات بنا کر کہنا۔ جی سے بات بنانا۔ خلاف واقعہ کہنا۔ بات بنانا ٭ بات گئی گزری ہونا۔ بات بھولی بسری ہونا۔ تذکرہ موقوف ہونا۔ معاملہ رفت گزشت ہونا ٭ بات پھر ہاتھ نہیں آتی۔ مقولہ۔ ایک مرتبہ ساکھ بگڑ جانے سے پھر نہیں بنتی ٭ بات لاکھ کی کرنی خاک کی (ف) مثل۔ دعویٰ بڑا اور عملاً کچھ نہیں۔ باتیں بہت اور کام خراب ٭ بات لانا (۱) منگنی کا پیغام لانا (۲) الزام لگانا ٭ بات لب تک آنا (ف) بات کا زبان سے نکلنا ٭ بات لٹکائے رکھنا۔ صاف صاف نہ کہنا۔ معاملے کو گول رکھنا ٭ بات لکھ رکھنا۔ بات کو یقینی سمجھ کر یاد رکھنا ٭ بات لکھنا۔ کیفیت تحریر کرنا ٭ بات لگانا (۱) کان بھرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ چغلی کھانا۔ غیبت کرنا (۲) منگنی ٹھہرانا (۳) معاملہ ٹھہرانا۔ فروخت کی بات چیت کرنا (۴) تہمت لگانا۔ الزام رکھنا ٭ بات لگنا۔ نسبت قرار پانا ٭

بات لمبی چوڑی ہونا ۔ بات میں طوالت ہونا ٭ بات مات کرنا
کسی چال میں نہ آنا ۔ چال نہ چلنے دینا ٭ بات ماننا (۱) نصیحت پر عمل
کرنا ۔ کہا ماننا (۲) قبول کرنا ۔ منظور کرنا ٭ بات مغز سے اتارنا
(ف، ع) ذہانت سے بات پیدا کرنا ۔ نازک بات نکالنا ٭ بات مقدور
سے باہر کرنا (ف) حیثیت سے بڑھ کر بناؤ کرنا ٭ بات منگوانا ۔
نسبت منگوانا ٭ بات منہ پر آنا ۔ تذکرہ ہونا ۔ چرچا ہونا ٭
بات منہ پر رکھنا (۱) کسی بات کو جتانا یا تذکرہ کرنا (۲) طعنہ مارنا ٭
بات منہ پر کہنا ۔ کسی کے سامنے کچھ کہنا ٭ بات منہ پر لانا (۱) خیال
ظاہر کرنا ۔ بات کا ذکر کرنا (۲) احسان جتانا ٭ بات منہ سے نکلی پرائی ہوئی ۔
بات منہ سے نکلی ہزاروں میں پڑی (ف) مثل ۔ راز زبان سے نکلتے ہی
مشہور ہو جاتا ہے ٭ بات منہ میں پڑنا ۔ معاملے کا مشہور ہونا ۔
تذکرہ ہونا ٭ بات میں توڑنا (ع، ف) گفتگو میں حقیر کرنا ۔ کسی معاملے
میں تامل کرنا ٭ بات میں زہر بونا (ف) فساد ڈالنا ٭ بات میں
سے بات نکالنا (۱) باریکی نکالنا (۲) کوئی نازک پیرایہ نکالنا (۳)
سلسلہ گفتگو میں اسی قسم کا دوسرا تذکرہ کرنا (۴) نکتہ چینی کرنا ٭
بات میں شاخ (شاخسانے ۔ شاخیں) نکالنا (ف) اعتراض کرنا ۔
نکتہ چینی کرنا ۔ بات میں پہلو نکالنا ٭ بات میں فرق آنا (ف) (۱) ساکھ جاتے
رہنا ۔ اعتبار باقی نہ رہنا (۲) قول پر پورا نہ اترنا (۳) تنزل ہونا ۔
درجہ ٹوٹ جانا ٭ بات میں فی نکالنا ۔ کسی بات میں عیب یا نقص نکالنا
نکتہ چینی کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ خرابی جتانا ٭ بات میں قند گھولنا ۔
چہل کرنا ۔ ہنسی مذاق کی باتیں کرنا ٭ بات میں ہندی کی چندی نکالنا
بال کی کھال نکالنا ۔ کرید کرید کر پوچھنا ٭ بات نکالنا (۱) تذکرہ کرنا
(۲) مضمون پیدا کرنا (۳) تدبیر پیدا کرنا ٭ بات نکلنا (۱) منہ سے کوئی کلمہ
نکلنا (۲) نتیجہ نکلنا (۳) راز نکلنا ٭ بات نہ پوچھنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔
بے التفاتی کرنا ۔ منہ نہ لگانا ۔ خاطر تواضع نہ کرنا ۔ بے پروائی کرنا ۔ خبر نہ
لینا ٭ بات نہ سننا (۱) بے پروائی کرنا ۔ متوجہ نہ ہونا (۲) آواز نہ سننا ۔
(۳) کہا نہ ماننا ٭ بات نہ کرنا ۔ مغرور ہونا ۔ خاطر میں نہ لانا ٭ بات
نہ ہونا (کچھ یا کوئی کے ساتھ) دشوار نہ ہونا ۔ آسان ہونا ٭
بات نہیں بتنگڑ ہے ۔ معمولی بات نہیں ۔ فساد کی بات ہے جھگڑے
کی بات ہے ٭ بات نیچی پڑنا ۔ بے وقعت ہونا ۔ آبرو جاتی رہنا ٭
بات ہلکی ہونا ۔ اعتبار یا توقیر نہ رہنا ۔ بات کا پایۂ اعتبار سے گرنا ۔
قدر گھٹنا ۔ سبکی ہونا ۔ ساکھ بگڑنا ۔ دوسرے کی نظر میں بے وقعت ہونا ٭
بات ہونا (۱) کسی امر کا واقع ہونا (۲) (ع) منگنی ہو جانا ۔ نسبت ٹھیک
ہو جانا ٭ بات ہیٹی ہونا ۔ عزت میں فرق آنا ۔ ساکھ بگڑنا ۔ سبکی ہونا ٭

باتری (بَاتْ ۔ رِی) (ہندسا) (انگ ۔ بیٹری Battery) مؤنث ۔
توپ خانہ ٭

باتوں (بَا ۔ تُوں) (ف) مؤنث ۔ بات کی جمع ٭ باتوں باتوں ۔ باتوں میں ۔
گفتگو میں ٭ باتوں باتوں میں (۱) بات چیت میں ۔ گفتگو کے
دوران میں (۲) مذاق میں ۔ ہنسی میں (۳) ترکیب سے (۴) آسانی سے
(۵) مفت (۶) دلیل و حجت میں (۷) لطیفوں میں ۔ چٹکلوں میں ٭ باتوں
باتوں میں کام نکالنا ۔ ترکیب سے کام بنانا ٭ باتوں بوڑھا کرتب
خوار (ف) مثل ۔ باتیں تجربہ کاروں جیسی اور افعال خراب ٭ باتوں چکنا
کاموں خوار (ف) مثل ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں ۔ جو باتیں خوب بناتا ہو لیکن
کام کرنا نہ جانتا ہو یا کام خراب کرتا ہو ٭ باتوں کا باغ لگانا (ف) فضول
باتیں کرنا ۔ لچھے دار باتیں کرنا ٭ باتوں کا جمع خرچ (ف) مذکر ۔ لفاظی ۔
خالی باتیں ٭ باتوں کا جھاڑ باندھنا ۔ فضول بک بک کرنا ۔ لگاتار کہے
جانا ۔ برابر بولے جانا ٭ باتوں کا دھنی ۔ بہت باتیں بنانے والا ٭ باتوں
کا منہ چومنا ۔ باتوں کا دلچسپ ہونا ٭ باتوں کی پڑیا ۔ بہت باتونی ۔
باتوں کا مجموعہ ٭ باتوں کی کنسوئیاں لینا ۔ باتوں کی ٹوہ لگانا ٭ باتوں
میں ۔ (۱) بات چیت میں ۔ گفت و شنید میں (۲) مزخرفات میں ۔ واہیات
میں (۳) دم جھانسے میں ۔ نقروں میں (۴) چاپلوسی سے ۔ خوشامد سے (۵)
شرارت میں ۔ ناشائستہ افعال میں ٭ باتوں میں آجانا (آنا) (۱)
کہنے میں آنا (۲) دھوکا کھا جانا ۔ دم میں آنا ۔ دھوکے میں آنا ٭ باتوں میں
اڑانا (۱) فریب دینا ۔ دھوکا دینا ۔ مغالطہ دینا ۔ ٹالنا ۔ ہنسی میں اڑانا
(۲) کام نہ کرنا ٭ باتوں میں اڑنا ۔ شیخی مارنا ٭ باتوں میں بند
کرنا (ف) بات چیت میں خاموش کرنا ۔ (اس موقع پر "باتوں باتوں میں بند کرنا"
بھی کہتے ہیں) ٭ باتوں میں بند ہونا (ف) لاجواب ہونا ۔ قائل ہونا ٭
باتوں میں ٹٹولنا ۔ بات چیت کر کے دل کا حال معلوم کرنا ٭ باتوں میں
ٹھلانا ۔ ٹالنا ٭ باتوں میں دھر لینا ۔ بات چیت میں غلبہ حاصل کرنا ۔
قائل معقول کرنا ۔ بند کرنا ۔ لاجواب کرنا ٭ باتوں ہاتھی پلیئے ، باتوں
ہاتھی پاؤں (کہا) مثل ۔ زبان ہی سے ہاتھی انعام میں پاتے اور زبان ہی کی
بدولت ہاتھی کے پاؤں سے کچلا جاتے ۔ اس وقت کہتے ہیں ۔ جب عروج
اور زوال زبان ہی کے ذریعے سے ہو ٭

باتون ۔ باتونی ۔ باتونیا (بَا ۔ تُو ۔ نْ ، بَا ۔ تُو ۔ نِی ، بَا ۔ تُو ۔ نِیَا) (ص)
بہت باتیں کرنے والا ۔ بکی ۔ بکواسی ۔ یاوہ گو ٭

باتھ روم (بَاتْھ ۔ رُوم) (انگ ۔ Bath room) مذکر ۔
نہانے کا کمرہ ۔ غسل خانہ ٭

باتیں (بَا ۔ تیں) (ف) مؤنث ۔ بات کی جمع (۱) آسان کام (۲) قانون ۔ قاعدے
(۳) مثالیں (۴) روزمرہ ۔ بے تکلف گفتگو (۵) لچھن (۶) حرکات ۔ افعال
(۷) مزے ۔ واقعات ٭ باتیں آنا ۔ طرار ہونا ۔ سخن ساز ہونا ٭
باتیں آئینہ ہو جانا (ف) بھید ظاہر ہو جانا ٭ باتیں اڑانا ۔ لفاظی
کرنا ۔ تعلی کرنا ٭ باتیں بگھارنا (۱) شیخی مارنا ۔ سخن سازی کرنا (۲)
الزام رکھنا (۳) خوشامد کرنا (۴) جھوٹ بولنا ٭ باتیں بنانا (۱)
دروغ گوئی کرنا ۔ غلط کہنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ حیلہ حوالہ کرنا ۔ سخن سازی کرنا ۔

یا دو گولی کرنا (۲) خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا (۳) معذرت کرنا (۴) الزام دینا ٭ **باتیں جڑنا** ۔ لگائی بجھائی کرنا ۔ چغلی کھانا ٭ **باتیں چبا چبا کے کرنا** ۔ غرور سے اکڑ تکڑ کے باتیں کرنا ٭ **باتیں چکنانا** ۔ چاپلوسی کرنا ۔ خوشامد کرنا ٭ **باتیں چھانٹنا** ۔ طعنے دینا ۔ طنز آمیز باتیں کرنا ۔ جھوٹی باتیں بنانا ٭ **باتیں سنانا** (۱) قصہ سنانا ۔ حالات سنانا ۔ (۲) طعن تشنیع کرنا ۔ گالیاں دینا ٭ **باتیں سنا کروں ، باتیں سنا کرے** (ع) کسی کی خوش کلامی کی تعریف میں کہتی ہیں ٭ **باتیں سنوانا** ۔ گالیاں دلوانا ۔ بُرا بھلا کہلوانا ٭ **باتیں سننا** (۱) صلواتیں سننا ۔ بُرا بھلا سننا (۲) فریاد سننا ۔ گفتگو سننا ٭ **باتیں کرنا** (۱) تعریف کرنا ۔ حالات بیان کرنا ۔ تذکرہ کرنا (۲) گفتگو کرنا ۔ بات چیت کرنا (۳) ہمسری کا دعویٰ کرنا ۔ برابری کرنا ۔ مقابلہ کرنا ٭ **باتیں لڑانا** (ع) باتوں میں وقت کاٹنا ۔ جھوٹی سچی غیبت کرنا ۔ باتیں بنانا ۔ باتیں کرنا ٭ **باتیں ملانا** ۔ باتیں گھڑنا ۔ سخن سازی کرنا ۔ بے سمجھے بوجھے کسی شخص کے کلام کی تائید کرنا ۔ ہاں میں ہاں ملانا ٭ **باتیں ہیں** ۔ ڈھکوسلے ہیں ٭ **باتیں ہی باتیں ہیں** (۱) صرف لفاظی ہے ۔ عمل کچھ نہیں (۲) ٹال مٹول ہے ۔ حیلہ حوالہ ہے (۳) نرا ڈراوا ہے ٭

باٹ (باٹ) (ہ) مذکر (۱) ترازو یا کانٹے میں تولنے کے لیے لوہے ، پیتل یا پتھر کے ٹکڑے (۲) (مؤنث) (دہلی) راہ ۔ راستہ ، طریق ۔ سڑک ٭ **باٹ پیمانہ** (ہ ۔ ف) مذکر ۔ تجارتی مال کی جانچ پڑتال کرنے والا آلہ ٭ **باٹ چلے جانیے ۔ یار ۔ باٹ پڑے جانیے** (ہ) مثل ۔ ساتھ راستہ چلنے یا واسطہ پڑنے سے انسان کی حقیقت معلوم ہوتی ہے ٭ **باٹ دیکھنا** (۱) راستہ دیکھنا ۔ انتظار کرنا (۲) بٹے کی تلاش کرنا ٭ **باٹ کا آٹا** (ہ) مذکر ۔ وہ باریک آٹا جو چکی کے گرنڈ میں گرنے سے آپ ہی آپ جمع ہوتا ہے ٭ **باٹ کا روڑا** (ہ) مذکر (۱) اینٹ کا ٹکڑا ، جس سے راستہ چلنے میں رکاوٹ ہو (۲) (مجازاً) غریب مفلس نادار آدمی ٭ **باٹ مارنا** (۱) راستہ کھوٹا کرنا (۲) نقصان پہنچانا ٭

باٹی (با ۔ ٹی) (ہ) مؤنث ۔ روٹی کی چھوٹی سی ٹکیا ، جو انگاروں پر رکھ کر سینکتے ہیں ٭

باج (باج) (ف) مذکر ۔ محصول ۔ زمین کا محصول ، جو بادشاہ کو دیا جاتا ہے ۔ خراج ۔ ٹیکس ٭ **باج دار** ۔ محصول دینے والا ٭ **باج دہ یک** (مذکر) دسواں حصہ خراج ۔ ایک قسم کا ٹیکس ۔ عُشر ٭ **باج گزار** ۔ محصول دینے والا ۔ سرکاری محصول ادا کرنے والا ٭ **باج گیر** ۔ سرکاری محصول لینے والا ٭

باجا (با ۔ جا) (ہ) مذکر ۔ ساز ۔ مزامیر ۔ بجنے کی چیز ٭ **باجا گاجا** ۔ مذکر (۱) مختلف قسم کے باجے (۲) گانا بجانا (۳) راحت و تفریح ۔ انبساط ۔ خوشی (۴) دھوم دھام ٭

باجپئی (باج ۔ پئی) (ہ) مذکر ۔ برہمنوں کی ایک شاخ ٭

باجرا (باج ۔ را) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا غلہ (۲) ننھی ننھی بوندیں ۔ پھوار (۳) (لکھنؤ) چھالیا کے ٹکڑے ، جو چھوٹے چھوٹے گول کترے جاتے ہیں ٭ **باجرا برسنا** ۔ پھوار پڑنا ۔ ترشح ہونا ٭ **باجرا سا بکھرنا** (دہلی) (۱) منتشر ہونا ۔ پریشان ہونا ۔ بے چین ہونا ۔ بیکل ہونا (۲) تھک کر چور ہونا ٭ **باجرا مرغ** (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا سیاہ پرندہ جس کے پروں پر باجرے کے برابر زرد چتیاں ہوتی ہیں ٭ **باجری** (باج ۔ ری) مؤنث (۱) چھوٹی قسم کا باجرا (۲) مرغیوں کا ایک رنگ ٭

باجن (با ۔ جن) (ہ) مذکر ۔ ڈھول تاشہ وغیرہ (یہ لفظ ہمیشہ جمع کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے) ٭

باجنا (باج ۔ نا) (ہ) موسوم ہونا ۔ مشہور ہونا ٭

باجنتر ۔ باجنتری (با ۔ جن ۔ تر ، با ۔ جن ۔ تری) (ہ) مذکر (۱) باجے والا (۲) وہ ٹیکس جو گانے ناچنے والوں سے لیا جاتا تھا ٭

باجی (با ۔ جی) (ت ، مؤنث ۔ (۱) آپا ۔ بڑی بہن ۔ خواہر ۔ ہمشیرہ ۔ بی بی ۔ بہن (۲) (ف) باج گزار ۔ خراج دینے والا ٭

باچھ (با ۔ چھ) (ہ) مؤنث (۱) لب کا سرا ۔ ہونٹ کا کونا ۔ دہان ، کنج (۲) لگان ۔ چندہ (۳) خراج (۴) معاملے کی تقسیم ۔ جمع بندی (۵) زمین کی رسدی شرح (۶) اراضی کے متعلق ہر ایک کی ذمہ داری ۔ **باچھ ڈالنا** ۔ چندے سے جمع کیا ہوا محصول ادا کرنا ٭ **باچھ کرنا** (دہلی) چندہ کرنا ٭

باچھا (با ۔ چھا) (ہ) مذکر ۔ بچھڑا ٭

باچھیں (با ۔ چھیں) (ہ) مؤنث ۔ باچھ (گوشہ لب) کی جمع ٭ **باچھیں آنا** ۔ لبوں کے سروں کا پک جانا ۔ ہونٹوں کے کونوں میں ننھی ننھی پھنسیاں نکلنا ٭ **باچھیں پکنا (پھٹنا)** باچھیں آنا ٭ **باچھیں ٹھوڑی تک آنا** (۱) (مجازاً) قہقہہ لگا کر ہنسنا ۔ خوش ہونا (۲) انتہائی غصے کی حالت میں بکنا ۔ چیخنا ٭ **باچھیں کھل جانا (کھلنا)** (۱) حد سے زیادہ خوش ہونا (۲) قہقہہ مارنا ۔ کھلکھلا کر ہنسنا ٭

باختر (باخ ۔ تر) (ف) مذکر (۱) مشرق (۲) مغرب (۳) زمانۂ قدیم کا ایک ملک ، جو کوہ ہندوکش اور دریائے جیحوں کے درمیان واقع تھا اور جس کا دارالحکومت بلخ تھا ۔ آج کل افغانستان کا شمالی حصہ ہے ٭ **باختری** (۱) باختر کا ۔ باختر کے متعلق (۲) باختر کا باشندہ (۳) باختر کی کوئی چیز ٭ **باختری اونٹ** (ف) مذکر ۔ دو کوہان والا اونٹ ٭

باد (باد) (ہ) مذکر (۱) دلالی ۔ بٹا ۔ دستوری (۲) نالش ۔ مقدمہ (۳) بڑھوتری ۔ بیشی ۔ زیادتی (۴) جھگڑا ۔ تکرار ۔ بحث ٭

باد (باد) (ف) مؤنث ۔ ہوا ۔ باؤ ۔ پون ٭ **باد آبستنی** ۔ مؤنث ۔ نباتات کو باردار کرنے والی ہوا ٭ **باد آور** ۔ **باد آوردہ** ۔ مؤنث ۔

(۱) خسرو پرویز کا ایک خزانہ (۲) ایک دوا ٭ **بادبان** - مذکر۔
وہ پردہ جو ہوا بھرنے یا ہوا کا رخ بدلنے کے لیے کشتی یا جہاز
پر لگایا جاتا ہے۔ پال ٭ **بادبانِ اخضر** - مذکر۔ (کنایۃً) آسمان ٭
بادبانی جہاز - مذکر - بادبان کے ذریعے سے چلنے والا جہاز ٭
بادپا (۱) ہوا کی طرح تیز چلنے والا گھوڑا (۲) (کنایۃً) گھوڑا ٭
بادپیما (۱) (لغوی) یاوہ گو - بیہودہ گو آدمی - بکواسی (۲) (اصطلاحی)
ہوا کی طرح تیز چلنے والا (گھوڑا) ٭ **بادِ تند** - مؤنث - تیز ہوا -
آندھی - طوفان - جھکڑ ٭ **بادخایہ** - مذکر (۱) فوطے بڑھ جانے
کی بیماری - شقاق - فتق (۲) گھوڑے کے فوطے بڑھ جانے کا
مرض ٭ **بادِ خزاں** - مؤنث - نہایت ٹھنڈی ہوا جس سے پتے
جھڑ جاتے ہیں ٭ **بادِ خنک** - مؤنث - ٹھنڈی ہوا ٭ **بادخوان**
(مجازاً) خوشامدی ٭ **بادخور - بادخورہ** - مذکر (۱) گنج (۲)
وہ بیماری جس سے گھوڑے کے بال گر جاتے ہیں ٭ **بادرفتار**
(ہوا کی طرح نہایت تیز چلنے والا (گھوڑا) ٭ **بادزن** - مذکر - پنکھا ٭
بادِ سرخ - مؤنث (۱) ایک بیماری (۲) شمسی مہینے کا بائیسواں
دن (۳) کلام - سخن (۴) مدح (۵) آہ و نالہ (۶) تیز و تند ہوا (۷)
خسرو پرویز کا ایک خزانہ ٭ **بادِ سموم** - مؤنث - سموم - لو - بہت
گرم ہوا ٭ **بادسنج** (مجازاً) بیہودہ گو - بے فائدہ کام کرنے والا -
خام طبع ٭ **بادسیر** (۱) تیز چلنے والا گھوڑا (۲) مغرور شخص ٭
بادِ شرط - مؤنث (جہاز رانوں کی اصطلاح) کشتی یا جہاز کے لیے
موافق ہوا ٭ **بادِ صبا** - مؤنث (۱) صبح کو شمال و مشرق کے گوشے
سے چلنے والی ہوا - پُروا ہوا (۲) (عموماً) ہوا ٭ **بادِ صرصر** - مؤنث -
تیز ہوا ٭ **بادفتق** - مؤنث - ایک بیماری جس سے خصیے بڑھ جاتے
ہیں ٭ **بادفر** - مؤنث - کاغذ یا چمڑے کا بنا ہوا لڑکوں کا ایک
کھلونا ٭ **بادفروش** - جھوٹی خوشامد کرنے والا - شیخی خورا -
باتونی - بھاٹ ٭ **بادفرنگ** - مؤنث - آتشک ٭ **بادکش**
مذکر (۱) لٹکانے کا پنکھا، جسے رسی لگا کر چلاتے ہیں (۲) سینگی (۳)
دھونکنی ٭ **بادگرد** - مذکر - بگولا ٭ **بادِ مخالف** - مؤنث -
کشتی یا جہاز کے خلاف ہوا - آندھی، طوفان ٭ **بادِ مراد** - مؤنث -
موافق ہوا، بادشرط ٭ **بادِ موافق** - مؤنث - (دیکھیے "بادِ شرط") ٭
بادنما - مذکر - ہوا کا رخ معلوم کرنے کا آلہ ٭ **بادہوائی** (۱)
بے معنی - ہزل - بیہودہ - لغو (۲) آوارہ (۳) نکما - ناکارہ ٭
بادام (بَا - دَام) (ف) مذکر (۱) ایک مشہور میوہ (۲) (مجازاً) معشوق
کی آنکھ - چشم محبوب ٭ **بادام لچھا** (۱) مذکر - ایک قسم کی مٹھائی -
بڑھیا کا کاتا ٭ **بادامچہ** - مذکر - سونے - چاندی - پیتل یا تانبے کا
پتر جو صندوقچوں اور بندوقوں کے کندوں پر نصب کیا جاتا ہے ٭
بادامہ - مذکر (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) ریشم کا کویہ (۳)
مختلف کپڑوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے بنائی ہوئی گدڑی ٭
بادامی - (۱) ہلکا زرد (۲) مؤنث - زیور اور جواہرات رکھنے کی
مخروطی ڈبیا (۳) مذکر - وہ خواجہ سرا جس کا عضوِ تناسل بے حد چھوٹا
ہو (۴) بادام کے رنگ کا (۵) بادام کی قطع کا (۶) مؤنث - بادام
رکھنے کی رکابی (۷) ایک قسم کا چاول ٭ **بادامی آنکھ** (ف) مؤنث - چھوٹی
آنکھ ٭
بادرنج (بَا دْ - رَنْج) "بادرنگ" کا معرب ٭
بادرنجبویہ (بَا دْ - رَنْج - بُوْ - یَہْ) (ف) مذکر - ایک قسم کی خوشبودار
گھاس - بلی لوٹن ٭
بادرنگ (بَا دْ - رَنْگ) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا کھیرا (۲) ترنج،
لیموں ٭
بادریسہ (بَا دْ - رِیْ - سَہْ) (ف) مذکر (مجازاً) خیمے کی چوب پر رکھنے
کی گول سوراخ والی لکڑی - پھرکی ٭
بادریہ (بَا دْ - رِیَہْ) (ف) مذکر - چھت کا روشن دان ٭
بادشاہ (بَا دْ - شَاہْ) (ف) مذکر (۱) شاہ - سلطان - راجا - تاج و تخت کا مالک (۲)
حاکم - مالک - خود مختار (۳) سردار (۴) استاد - کامل ٭ **بادشاہانہ** -
بادشاہوں جیسا - امیرانہ - شان و شوکت کا ٭ **بادشاہت** (ف) مؤنث -
حکومت - سلطنت - راج - قلمرو ٭ **بادشاہزادہ** (ف) مذکر - بادشاہ
کا بیٹا ٭ **بادشاہزادی** - مؤنث - بادشاہ کی بیٹی ٭ **بادشاہ سلامت** -
مذکر (دعائیہ القاب) سلطان سلامت - شہریار زندہ رہے ٭ **بادشاہوں
اور دریاؤں کا پھیر کس نے پایا ہے** (۱) مثل - کوئی نہیں جانتا کہ
بادشاہوں کے دل میں کیا ہے ٭ **بادشاہوں کی باتیں بادشاہ
ہی جانیں** (۱) مثل - بڑوں کی باتیں بڑے ہی سمجھ سکتے ہیں ٭
بادشاہی (ف) مؤنث (۱) حکومت - سلطنت - راج - قلمرو (۲) شاہانہ ٭
بادشاہی حکم (ف) مذکر - سلطنت کا حکم ٭ **بادشاہی خرچ** (ف)
مذکر - بادشاہوں جیسا خرچ - امیروں جیسا خرچ - حیثیت سے بڑھ کر
خرچ - فضول خرچ ٭ **بادشاہی سند** (ف) مؤنث - شاہی فرمان -
شاہی سرٹیفکیٹ ٭
بادل (بَا - دَلْ) (ہ) مذکر - ابر - سحاب - گھٹا ٭ **بادل آنا - بادل گھرنا** -
گھٹا اٹھنا - ابر کا ظاہر ہونا ٭ **بادل اٹھنا** - بادل کا آسمان پر ظاہر
ہونا ٭ **بادل امنڈ امنڈ کے آنا - بادل امنڈ کے آنا - یا -
امنڈنا** - بڑے جوش سے گھٹا آنا ٭ **بادل امنڈ گھمنڈ کے آنا** -
گھٹا کا جھوم کر اور گھر کر آنا ٭ **بادل برسنا** - مینہ برسنا - بارش ہونا -
پانی برسنا ٭ **بادل پھٹنا** - بادل کا دور ہو جانا - بادل کے ٹکڑوں
کا ادھر ادھر بکھر جانا - گھٹا کا ہٹنا - مطلع صاف ہونا - ابر کھلنا ٭
بادل پھیلنا - بادل چھانا - بادل گھرنا ٭ **بادل جھکنا** - بادلوں کا
بہت نیچا ہو جانا ٭ **بادل جھوم جھوم کے (یا - جھوم کے) آنا** -

ابر کا زور شور سے چھانا ✣ بادل جھوم جھوم کے برسنا ۔ بادل
کا زور شور سے برسنا ✣ بادل چڑھنا ۔ گھٹا کا اُفق سے آگے بڑھنا ✣
بادل چلنا ۔ ابر کا حرکت کرنا ✣ بادل چھانا ۔ گھٹا کا گھرنا ۔ ابر کا محیط
ہونا ✣ بادل چھٹنا ۔ آسمان کھُل جانا ۔ ابر کا منتشر ہونا ✣ بادل
دوڑنا ۔ بادل کا بہت تیز چلنا ✣ بادل دیکھ کر گھڑے پھوڑنا
مقصد حاصل ہونے کی علامت پا کر نقصان کر بیٹھنا ✣ بادل رُندھ
رُندھ کے آنا (عو) بادل جھوم کے آنا (دہاں بولتی ہیں، جہاں
بادل کا جھوم کے آنا ناگوار ہو) ✣ بادل کا آسمان پر گھِر آنا ۔ ابر
کا آسمان پر چھا جانا ✣ بادل کا بھاگنا ۔ ہوا کے زور سے بادل کا تیز
چلنا ✣ بادل کا ٹکڑا ۔ ابر کا ٹکڑہ ۔ پارۂ ابر ✣ بادل کا رونا ۔ (کنایۃً)
پانی برسنا ✣ بادل کڑکنا ۔ بادلوں کے ٹکرانے کی آواز نکلنا ✣
بادل کھُلنا ۔ بادل سے آسمان کا صاف ہونا ✣ بادل کی طرح گرجنا
(۱) شور کرنا ۔ غل مچانا (۲) غصّہ کرنا ✣ بادل گرجنا ۔ بادلوں کے
ٹکرانے سے آواز ہونا ✣ بادل گھِر آنا (۔یا ۔ گھِرنا) بادلوں
کا جمع ہونا ✣ بادلوں میں تھگلی لگانا ۔ (عو) مشکل کام کر گزرنا ✣
بادل میں ڈوب جانا (۱) چاند کا بادلوں میں چھپ جانا (۲) چاند
وغیرہ کا نہایت اُونچا اُڑ کر بادلوں میں غائب ہو جانا ✣

بادلا ۔ بادلہ (بَادْ ۔ لَا ۔ بَادْ ۔ لَہْ) (ہ) مذکر (۱) چاندی سونے کے تار، جن
سے گوٹا بنتے اور کلابتون بٹتے ہیں (۲) زربفت ۔ زری کا کپڑا، جو ریشم
اور چاندی کے تاروں سے بُنتے ہیں ✣ بادلا منڈھے سے نیم
نہیں چھُٹتا (ہ) مثل ۔ صورت بدلنے سے سیرت تبدیل نہیں
ہوتی ✣

بادمُہرہ (بَادْ ۔ مُہْ ۔ رَہْ) (ف) مذکر ۔ سانپ کا مُہرہ، جو مار گزیدہ کے
لیے تریاق ہے ✣

بادنجان (بَا ۔ دَنْ ۔ جَانْ) ۔ (بادنگان کا معرب) مذکر ۔ بینگن ✣

بادہ (بَا ۔ دَہْ) (ف) مذکر ۔ شراب ۔ مے ۔ خمر ۔ صہبا ✣ بادۂ پرتگالی ۔
مذکر ۔ ملک پرتگال (یورپ) کی شراب، جو بہت مشہور
ہے ✣ بادہ پرست ۔ بادہ پیما ۔ بادہ خوار ۔ بادہ فرما
۔ بادہ کش ۔ بادہ گسار ۔ شراب پینے کا عادی ۔
شرابی ۔ رِند ✣ بادہ پرستی ۔ بادہ پیمائی ۔ مؤنث ۔ شراب خواری ۔
مے خواری ✣ بادۂ دوشینہ ۔ مذکر ۔ رات والی شراب ✣
بادۂ ریحانی ۔ مذکر ۔ پھولوں کی شراب ✣ بادۂ سر جوش ۔
مذکر ۔ تلچھٹ کے بغیر صاف شراب ✣

بادھ (بَادْھ) (ہ) مذکر ۔ رسّی ۔ ڈوری ✣

بادھا (بَا ۔ دَھا) (ہ) مذکر (دہلی) (۱) بیشی ۔ افزونی ۔ زیادتی ۔
بڑھوتری (۲) بھوت پریت کا خلل ۔ آسیب (۳) اسرار (۴)
بیماری ۔ درد ۔ دُکھ ✣

بادی (بَا ۔ دِی) (ہ) مذکر (۱) نالشی ۔ مدّعی (۲) بد ذات ۔ شریر ✣ بادی
پھیلانا ۔ (عوام) (۱) سستی اتارنا (۲) شور مچانا (۳) فساد برپا کرنا ✣
بادی چور ۔ مذکر ۔ پکّا چور (یہ "بادی" مرہٹی ہے) ✣

بادی (بَا ۔ دِیْ) (ف) (۱) ریح اور نفخ پیدا کرنے والا (۲) سرد ۔
بارد ✣

بادی (بَا ۔ دِیْ) (ع) (۱) شروع ۔ اوّل (۲) شروع کرنے والا (۳)
مصنف ✣ بادی الرائے ۔ سرسری رائے ۔ ابتدائی ذکر ✣ بادی النظر
بظاہر، سرسری نظر سے، دیکھتے ہی، ابتدائی نظر میں ✣

بادیان (بَا ۔ دِیَانْ) (ف) مؤنث ۔ سونف ✣ بادیانِ رومی ۔ مؤنث ۔
انیسون ۔ ایک مشہور دوا ✣

بادیہ (بَا ۔ دِیَہْ) (ف) مذکر ۔ تانبے کا بڑا پیالہ یا کٹورا ۔ گہرا کٹورا ✣

بادیہ (بَا ۔ دِیَہْ) (ع) مذکر ۔ جنگل ۔ دشت ۔ بیابان ۔ صحرا ✣ بادیہ پیما ۔ بادیہ گرد ۔
جنگل میں پھرنے والا ✣

باڈی گارڈ (بَا ۔ ڈِی ، گَا ۔ رْڈ) (انگ ۔ Bodyguard) مذکر ۔
(۱) (لغوی) جسم کا محافظ (۲) (اصطلاحی) وہ فوجی دستہ، جو بادشاہ
یا راجا یا حاکم کی حفاظتِ جان کے لیے ساتھ رہتا ہے ✣

باذل (بَا ۔ ذِلْ) (ع) بخشنے والا ۔ سخی ✣

بار (بَارْ) (ہ) مؤنث (۱) دیر ۔ عرصہ (متروک) (۲) دفعہ ۔ نوبت ۔
مرتبہ ۔ موقع ۔ سماں ۔ وقت (۳) دن ۔ روز ۔ یوم ۔ تھہ (۴)
مؤنث ۔ پنجاب کا ایک علاقہ (۵) (گھر کے ساتھ تابع کی طرح) لڑکے
بالے ۔ اہل و عیال ✣

بار (بَارْ) (ف) مذکر (۱) بوجھ ۔ وزن ۔ گرانی ۔ اسباب (۲) رسائی ۔
دخل ۔ (ان معنی میں مختلف فیہ ہے ۔ ترجیح مذکر کو ہے ✣) (۳) نوبت ۔
شمار ۔ مرتبہ (۴) پھل ۔ ثمر (۵) غم ۔ اندوہ (۶) غم و اندوہ کا
باعث ۔ تکلیف دہ ۔ ناگوار (۷) حمل ۔ گربھ (۸) اجازت ۔ لیسنس (۹)
کار کے ساتھ بطورِ تابع واد عاطفہ بڑھا کر (۱۰) کثرت کا کلمہ
(۱۱) درخت کی جڑ ۔ شاخ (۱۲) باریدن کا امر (۱۳) (قانون) ذمہ داری ۔
فرض ✣ بار آنا (۱) موقع آنا ۔ باری آنا (اب اس مقام پر
باری آنا کہتے ہیں ✣) (۲) پھل آنا ✣ بار آور (۱) (درختوں کے
متعلق) پھل لانے والا ۔ پھل والا (رہونا کے ساتھ) ✣ بار بار ۔ نوبت
بہ نوبت ۔ گھڑی گھڑی ۔ کئی مرتبہ ۔ بہت دفعہ ✣ بار بٹائی ۔ مؤنث ۔
غلّے کو ماندنے سے پہلے فصل کا بوجھوں میں بانٹنا ✣ بار بردار ۔
(۱) بوجھ اٹھانے والا ۔ قلی (۲) لادو جانور (۳) اسباب لادنے کی
گاڑی ✣ بار برداری ۔ مؤنث (۱) لے جانے والا سامان ۔ اسباب
(۲) لادو چوپایے (۳) مزدوری (۴) چھکڑا ۔ گاڑی (۵) گاڑی
اونٹ وغیرہ کا کرایہ (۶) بوجھ اٹھانے کا کرایہ یا خرچ ✣ بار پانا
رسائی ہونا ۔ دخل ہونا ✣ بارِ تردید ۔ مذکر ۔ جواب دہی کی ذمہ داری ۔

نز دیہ کرنے کا وجہ ﴿ **بارِ ثبوت** ۔ مذکر ۔ ثابت کرنے کی ذمہ داری ﴿
بارِ ثبوت (کا) منتقل کرنا (۱) ثبوت کی ذمہ داری دوسرے فریق پر ڈالنا ﴿ **بارِ جہاز** ۔ مذکر ۔ جہاز پر لادنے کا اسباب ﴿
بارِ خاص ۔ مذکر (۱) خاص اجازت (۲) خاص دربار ۔ جج کا اجلاس ﴿
بارِ خاطر ۔ تکلیف دہ ۔ طبیعت کے خلاف ۔ ناگوار ۔ ناپسند ﴿
بارِ خاطر نہیں یا رِ شاطر ہوں (۱) مقولہ ۔ باوفا ، گہرا اور سچا دوست ہوں ، کوئی تکلیف دینے یا نقصان پہنچانے والی بات نہ کروں گا ﴿ **بارِ خاطر ہونا** ۔ ناپسند ہونا ۔ ناگوار ہونا ﴿ **بار خانہ** مذکر ۔ گھر کا اسباب ۔ کاٹھ کباڑ ۔ اٹالا ﴿ **بار دار** (۱) میوہ دار ۔ پھل لانے والا ۔ پھلا ہوا (۲) حاملہ ۔ گیابھن ۔ گربھ والی (۳) بھرا ہوا ۔ بوجھ سے لدا ہوا (۴) اولاد والا (۵) خوش نصیب ۔ دولت مند (۶) بوجھ اٹھانے والا ﴿ **بار دانہ** ۔ مذکر (۱) تھیلا ۔ کسی چیز کے رکھنے کا برتن (۲) اسباب رکھنے یا باندھنے کا سامان (۳) دکان کے متفرق برتن (۴) سوداگری اسباب کے خالی بکس (۵) باورچی خانے کا اسباب (۶) فوج کے کھانے پینے کا سامان (۷) پیکنگ وغیرہ کا خرچ ۔ متعلق سرفہ ۔ اوپری صرف ﴿ **بار دینا** (۱) اجازت دینا ۔ دربار میں جانے دینا ۔ جانے دینا (۲) لادنا (۳) تکلیف دینا (۴) دھکا دینا ﴿ **بارِ رہن** ۔ مذکر ۔ جب جائداد پر کوئی ایسا قرض دیا جائے جس کے بدلے میں جائداد مکفول یا مستغرق ہو تو کہتے ہیں کہ اس جائداد پر بارِ رہن ہے ﴿ **بارِ عام** ۔ مذکر (۱) عام اجازت (۲) عام کچہری ۔ دربارِ عام ﴿ **بارکش** ۔ حیوان یا گاڑی جس پر بوجھ لادا جائے ﴿ **بارگاہ** ۔ بارگہ ۔ مؤنث (۱) دربار ۔ عدالت ۔ کچہری ۔ اجلاس ﴿ **بارگیر** ۔ مذکر (۱) وہ سوار جس کا ذاتی گھوڑا نہ ہو (۲) بوجھ اٹھانے والا جانور (۳) سائیس (اردو میں معنی ۲،۳ میں مستعمل ہے ﴿ **بارگیری** ۔ مؤنث ۔ گھوڑے پر سواری کی نوکری ﴿ **باروَر** (۱) پھل لانے والا (۲) صاحب اولاد (۳) کامیاب ۔ نتیجہ خیز ﴿ **باریاب** ۔ حضوری حاصل کرنے والا ۔ درباری ۔ اجازت پانے والا ﴿ **باریابی** ۔ مؤنث ۔ حاضری ۔ حضوری ۔ بارگاہ کا داخلہ ﴿

بارّ (بارّ) (ع) مذکر (۱) نیکی کرنے والا ۔ بڑا نیک (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام ﴿ **بارالٰہ** ۔ مذکر ۔ خدائے بزرگ ﴿ **بارالٰہا** ۔ اے خدائے بزرگ ﴿ **بارِ خدا** ۔ مذکر ۔ خدائے بزرگ ﴿ **بارِ خدایا** اے بزرگ خدا ﴿

بار (انگ ۔ [illegible]) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں وکلا کھڑے ہو کر مؤکلوں کی طرف سے عدالت میں تقریر کرتے ہیں (۲) وکیلوں اور بیرسٹروں کی جماعت (۳) وہ جگہ جہاں شراب یا پینے کی چیزیں ملتی ہوں ﴿ **بار ایٹ لا** ([illegible]) مذکر ۔ بیرسٹر ایٹ لا کا مخفف ۔ قانون کی آخری حد ۔ ولایت میں قانون کا انتہائی اور آخری امتحان ﴿ **بار ایسوسی ایشن** ([illegible]) مؤنث ۔ وکیلوں کی مجلس یا جماعت ﴿

بار روم ([illegible]) مذکر ۔ عدالت میں وکیلوں اور بیرسٹروں کے بیٹھنے کا کمرہ ﴿ **بار لائبریری** ۔ ([illegible]) مؤنث ۔ وکیلوں کا کتب خانہ اور دارالمطالعہ ﴿

بارا (با ۔ رَا) (ھ) مذکر (۱) وہ شخص ، جو آب پاشی کے لیے کنوئیں پر کھڑا ہو کر پانی سے بھرا ہوا چمڑے کا ڈول یا چرسا لیتا ہے (۲) گیت جو چرسے والا آدمی اُس وقت گاتا ہے (۳) جنتری میں تار کھینچنے کا فعل (۴) آبپاشی کے لیے کنوئیں سے پانی نکالنا (۵) وہ کھانا جو لپٹے آدمی کی وفات پر دیا جاتا ہے ۔ کاج (۶) جُوا (۷) اہیروں کے دودھ دوہنے کے لوازم ﴿

بارات (دیکھیے "برات" ﴿)

باراجوری (با ۔ رَا ۔ جُو ۔ رِیْ) (ھ) مؤنث ۔ دھینگا مشتی ۔ زبردستی ﴿

باران (با ۔ رَانْ) (ف) مذکر ۔ (۱) مینہ ۔ بارش (۲) برسات کا موسم (۳) اظہارِ کثرت کے لیے ۔ (۴) برستا ہوا ۔ برسنے والا ﴿ **باران دیدہ** (۱) وہ جس پر بارش ہو چکی ہو (۲) تجربہ کار (ان معنی میں گرگ کے ساتھ آتا اور ذم کا پہلو لیے ہوتا ہے) ﴿ **بارانِ رحمت** ۔ مذکر ۔ رحمت کا پانی ۔ مینہ ۔ بارش ﴿ **باران کوٹ** ۔ مذکر ۔ برساتی کوٹ ﴿ **باران گیر** ۔ مذکر ۔ چھجا ﴿ **بارانی** (با ۔ رَا ۔ نِیْ) مؤنث ۔ (۱) وہ زمین جو صرف بارش کے پانی سے سیراب ہوتی ہو (۲) جسم کو بارش سے بچانے والا کوٹ ۔ برساتی کوٹ (۳) برسنے والا ﴿ **بارانی زمین یا کھیت** (۱) اعم توشہ مذکر ۔ وہ زمین جس کی زراعت بارش کے پانی سے ہوتی ہو ﴿

باراہ (با ۔ رَاہ) (ھ) مذکر (۱) سُؤر ۔ خوک ۔ خنزیر (۲) گاؤں کے قریب کی زمین (۳) وشنو کا تیسرا اوتار جو سؤر کے روپ میں ہوا تھا ﴿

باربُد (با ۔ رْ ۔ بُدْ) (ف) مذکر (۱) (لغوی ۔ بار ۔ دخل ۔ رخصت ۔ بُد ۔ خداوند) حاضر باش (۲) ایک مشہور مطرب جو خسرو پرویز کا مصاحب اور گانے کے فن میں باکمال استاد تھا ۔ چونکہ وہ ہر وقت بادشاہ کے پاس جا سکتا تھا ، اس لیے باربُد نام ہوا ﴿

باربر (با ۔ رْ ۔ بَرْ) (انگ ۔ [illegible]) مذکر حجام ۔ موتراش ۔ نائی ﴿

بارتنگ (با ۔ رْ ۔ تَنْگْ) (ھ) مذکر و مؤنث ۔ ایک مشہور دوا جو مزاجاً دوسرے درجے میں سرد و خشک ہوتی اور بخار و ہیضہ میں دی جاتی ہے ﴿

بارِد (با ۔ رِدْ) (ع) سرد ۔ ٹھنڈا ۔ خنک ﴿

بارِد (با ۔ رِدْ) (ف) (۱) بے مزہ ۔ ناخوش (۲) (مجازاً) نامرد ﴿

بارز (بَا۔ رِزْ) (ع) ظاہر۔ آشکارا ؎

بارِش (بَا۔ رِشْ) (ف) مؤنث ۔ مینہ ۔ برکھا۔ برشکال ۔ برسات ؎ **بارش کا تار** (ہ) مذکر ۔ جھڑی ۔ مینہ کا سلسلہ ؎

بارک (بَا۔ رَکْ) (ع) تجھے برکت دے ؎ **بارک اللہ** (بَا۔ رَ۔ کَلْ۔ لَاہْ) خدا تجھے برکت دے ۔ تعجب اور تعریف کے موقع پر سبحان اللہ کے بجائے بولتے ہیں ؎ **بارک اللہ یوم السبت والخمیس** ۔ شنبہ اور جمعرات کا سفر مبارک ہے ؎

بارک (بَارَکْ) (انگ ۔ Barrack) مؤنث (۱) فوجی سپاہیوں کے مکانات (۲) چھاؤنی ۔ بنگلے اور کوٹھیاں جن میں فوجی لوگ رہتے ہیں ؎ **بارک ماسٹر** (Barrack master) مذکر ۔ فوجی مکانات کا محافظ ۔ مہتمم ۔ منتظم ؎

بارہ (بَا۔ رَہْ) (ہ) مؤنث (عوام) ریت ؎

باروت (ت) (دیکھیے "بارود") ؎

بارُود (بَا۔ رُوْدْ) (ف) مؤنث ۔ ایک مرکب سفوف جس سے بندوق، توپ وغیرہ چھوڑتے اور آتش بازی بناتے ہیں ؎ **بارود خانہ** ۔ مذکر (۱) بارود بننے کا مقام (۲) بارود جمع کرنے کا مقام ؎ **بارود گولا** ۔ مذکر ۔ جنگی سامان ؎ **بارود اڑنا** ۔ بارود کا آگ پکڑنا ؎ **بارود بنانا** ۔ بارود کا تیار کرنا ؎ **بارود کا دانہ** ۔ مذکر ۔ بارود کے ذرّے ؎ **بارود میں آگ لگانا** (۱) بارود کو بتی دکھانا (۲) (مجازاً) اکیارگی اشتعال پیدا کر دینا ؎

بارَہ (بَا۔ رَہْ) (ف) (۱) باب ۔ معاملہ ۔ متعلق ۔ شان ۔ حق (۲) دفعہ ۔ نوبت ؎

بارہ (بَا۔ رَہْ) (ہ) (۱) دس اور دو ۔ دوازدہ ۔ عشر (۲) گاؤں کے نزدیک یا آس پاس کی زمین ؎ **بارہ ابھرن سولہ سنگار** ۔ مذکر ۔ عورتوں کا پورا سنگار (بارہ زیور اور سولہ آرائشیں ہیں) ؎ **بارہ امام** (ہ) مذکر ۔ حضرات ذیل سے مراد ہے : (۱) حضرت علی رضہ (۲) امام حسن رضہ (۳) امام حسین رضہ (۴) امام زین العابدین رضہ (۵) امام محمد باقر رضہ (۶) امام جعفر صادق رضہ (۷) امام موسیٰ کاظم رضہ (۸) امام علی موسیٰ رضا رضہ (۹) امام محمد تقی رضہ (۱۰) امام علی نقی رضہ (۱۱) امام حسن عسکری رضہ (۱۲) امام محمد مہدی رضہ ؎ **بارہ باٹ** ۔ (۱) (لغوی) بارہ راستے (۲) متفرق ۔ جدا جدا ۔ منتشر ۔ آوارہ ۔ خراب ۔ ویران ۔ برباد ۔ بیکار ۔ ضائع ۔ پریشان (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؎ **بارہ بانی** ۔ یا ۔ **بارہ بانی کا** (۱) ماہر ۔ کامل ۔ پورا (۲) بے عیب ۔ بے نقص (۳) تھوڑی تھوڑی دیر میں بات بدلنے والا (۴) کھرا ۔ خالص (۵) صحیح سلامت ۔ تجربہ کار ؎ **بارہ بچے والی** (ہ) مؤنث (عو) (۱) سوّرنی (۲) (مجازاً و تحقیراً) زیادہ اولاد والی عورت ؎ **بارہ برس (کے) پیچھے (بعد) کوڑے (گھورے) کے بھی دن پھرتے ہیں** ۔ مثل ۔ تنگ دستی ، تنگ حالی ، پریشانی اور مصیبت کا زمانہ ہمیشہ نہیں رہتا ۔ عرصے کے بعد کمتر اعلیٰ ہو جاتا ہے ؎ **بارہ برس دلی میں رہے اور (مگر) بھاڑ ہی جھونکا (جھونکا کیے)** مثل ۔ مدت تک اچھوں کی صحبت میں رہ کر بھی عقل اور لیاقت نہ آئی ۔ کوئی ترقی نہ کی ۔ اچھی جگہ رہ کر بھی کچھ نہ سیکھا ؎ **بارہ برس میں فقیری اور امیری کی بو نہیں جاتی** (ہ) مثل ۔ عادت لمبی مدت کے بعد جاتی ہے ؎ **بارہ پتھر** ۔ مذکر ۔ چھاؤنی یا شہر کی وہ حدیں جو بارہ ستونوں سے گھیری جاتی ہیں ؎ **بارہ پتھر باہر کرنا** (ہ) چھاؤنی یا پڑاؤ کی حد سے نکال دینا ۔ شہر بدر کرنا ؎ **بارہ پنی توپ** ۔ مؤنث (ذیل) (۱) بارہ پونڈ کے گولے کی توپ (۲) (مجازاً) نہایت موٹا آدمی ؎ **بارہ ٹوپی** ۔ مؤنث (۱) (مراداً) یورپ کی قومیں اور ان کی طاقت (۲) ہوشیار اور دانا آدمیوں کی نسل ؎ **بارہ خانوادے** (ہ) مذکر ۔ فقراء کے بارہ فرقے جو بارہ صوفیوں کے نام سے مشہور ہیں (۱) قادریہ ۔ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے (۲) نقش بندیہ ۔ خواجہ نقش بند رح کے نام سے (۳) صوفیہ ۔ شیخ صفی رح کے نام سے (۴) عبدالرزّاقیہ ۔ شیخ عبدالرزاق رح کے نام سے (۵) نوریہ ۔ شیخ ابوالحسن نوری رح کے نام سے (۶) شطّاریہ ۔ شیخ عبداللہ شطّاری رح کے نام سے (۷) یوسفیہ ۔ شیخ احمد یوسفی رح کے نام سے (۸) انصاریہ ۔ عبداللہ انصاری رح کے نام سے (۹) زاہدیہ ۔ خواجہ بدرالدین زاہد رح کے نام سے (۱۰) قلندریہ ۔ محمد قلندر رح کے نام سے (۱۱) خضرویہ ۔ احمد خضروی رح کے نام سے (۱۲) حسینیہ ۔ حضرت امام حسین رض کے نام سے ؎ **بارہ دری** (ہ) مؤنث (۱) بارہ دروازوں کا مکان ، جو اکثر دریا کے کنارے یا باغ میں بنایا جاتا ہے (اب بارہ سے کم دروازے کے مکان کو بھی کہتے ہیں ؎) (۲) (مجازاً) ہوادار مکان ؎ **بارہ سنگا** (ہ) مذکر ۔ شاخ در شاخ اور بہت لمبے سینگوں والا ایک قسم کا پہاڑی ہرن ؎ **بارہ ماسہ** ۔ مذکر ۔ بارہ ٹکڑوں کا ہندی گیت جس میں عورت کی زبان سے بارہ مہینے کے فراق کی مصیبتوں کا حال بیان کیا جاتا ہے ؎ **بارہ ماسی** (۱) پورا سال پھلنے یا سرسبز رہنے والا (درخت) (۲) مستقل طور پر ملازم رہنے والا (نوکر) ؎ **بارہ مسالے** ۔ مذکر [(۱) سفید زیرہ (۲) سیاہ زیرہ (۳) پودینہ (۴) الائچی (۵) سیاہ مرچ (۶) سونف (۷) نمک (۸) دھنیا (۹) ہلدی (۱۰) ادرک (۱۱) اجوائن (۱۲) کلونجی] سارا سامان ۔ تمام ضروری چیزیں ؎ **بارہ مقام** (ہ) مذکر ۔ ایرانیوں کی تقسیم کے مطابق موسیقی کے بارہ پردے ؎ **بارہ مہینے** (ہ) (۱) سال بھر (۲) ہمیشہ ۔ سدا ۔ عمر بھر ۔ زندگی بھر ؎ **بارہ مہینے بارہ برس ہو گئے** ۔ انتظار کی شدت نے مار ڈالا ؎ **بارہ مہینے تیس دن** ۔ ہر گھڑی ۔ ہر وقت ۔ ہمیشہ ؎ **بارہ میں تین گئے تو رہے کیا خاک** (ہ) مثل ۔ اگر برسات کے تین مہینوں میں پانی نہ برسے تو زمیندار برباد ہو جاتا ہے ؎ **بارہ وفات** (ہ) مذکر (عو) (۱) ربیع الاوّل (۲) ربیع الاوّل کی بارھویں تاریخ (۳) رسول اللہ صلعم کا یوم وصال ؎

بارھواں (بَارْہ۔ وَاں) (ہ) (۱) ترتیب اور درجے کے لحاظ سے

بارھویں چیز (۲) (ع) عمر کا بارھواں سال ❊ **بارھویں پر تیرہ** - مذکر - وہ کبوتر، جس کی دُم سفید اور باقی حصّہ سبز، سرخ، زرد یا سیاہ ہو ❊

باری (بَا - رِیْ) (ع) مذکر - پیدا کرنے والا - خالق - خدا تعالیٰ کا ایک نام ❊ **باری تعالیٰ** - خدائے برتر - خدائے بزرگ ❊ **باری عزّ اسمہ** - خدا، جس کا نام بزرگ اور بڑا ہے ❊

باری (بَا - رِیْ) (ہ) مذکر (۱) وہ قوم، جو پتّل بناتی ہے (۲) مشعلچی (۳) مؤنّث - باغیچہ (۴) (عوام) بالی - بال (۵) سولہ سال سے کم عمر کی لڑکی (۶) کان اور ناک میں پہننے کا زیور (۷) وقت - موقع - نوبت (۸) لرزے کا دن - بخار کا دن (۹) پہرا چوکی ❊ **باری بھرنا** - اپنے اپنے وقت پر پہرا چوکی دینا ❊ **باری باری** - ہر ایک اپنے نمبر پہ ❊ **باری دار** - مذکر (ع) پہرے چوکی والا - امیروں کا چوکیدار ❊ **باری دارنی** - مؤنّث (ع) محلّات میں چوکی پہرے کا کام کرنے والی عورت ❊ **باری کا بخار** (و) (مذکر) ایک یا دو دن چھوڑ کر آنے والا بخار ❊ **باری سے** - ایک ایک دن چھوڑ کر ❊ **باری کی تپ** (و) مؤنّث - وہ تپ، جو ایک دن چھوڑ کر آئے ❊

بارے (بَا - رےْ) (ف) البتّہ - خیر - غرض - بالجملہ ❊

باریک (بَا - رِیْکْ) (ف) (۱) مہین (۲) پتلا (۳) نازک (۴) لطیف (۵) مشکل (۶) خفیف ❊ **باریک آواز** - مؤنّث - مدھم اور مہین آواز ❊ **باریک بات** (و) مؤنّث - لطیف بات - نازک بات ❊ **باریک بین** (ف) تیز فہم - دقیقہ شناس - معاملے پر غور سے نظر کرنے والا - واقف کار - مبصّر ❊ **باریک خیال** - (ف - ع) بلند خیال - نازک خیال ❊ **باریک کام** (و) مذکر - وہ کام، جس کے کرنے سے آنکھ پر زور پڑے - مہین کام - مشکل کام - نازک کام ❊ **باریک نظر** (ف - ع) بلند نظر - باریک بین ❊ **باریک میان** - پتلی کمر والا ❊

باریکا - باریکہ (بَا - رِیْ - کَا ، بَا - رِیْ - کَہْ) (ف) مذکر (۱) کنارہ - حاشیہ (۲) مصوّروں کا وہ قلم، جس سے باریک خط کھینچا جاتا ہے (۳) وہ باریک خط، جو جدول کے علاوہ صفحات کتاب کے کناروں پر ہوتا ہے ❊

باریکی (بَا - رِیْ - کِیْ) (ف) مؤنّث (۱) پتلاپن (۲) نکتہ (۳) نزاکت - لطافت (۴) موشگافی (۵) دِقّت ❊ **باریکی نکالنا** (و) (دہلی) (۱) خُردہ گیری کرنا - اعتراض کرنا - نکتہ چینی کرنا (۲) لطیف مضمون نکالنا ❊ **باریکیاں چھانٹنا** (و) (دہلی) نازک باتیں نکالنا - نکتہ چینی کرنا ❊ **باریکیاں چھنٹنا** (و) لازم - (دہلی) لطافت نکلنا ❊ **باریکیاں نکالنا** - باریکیاں چھانٹنا ❊

باڑ (بَاڑْ) (ہ) مؤنّث (دہلی) (لکھنؤ میں باڑھ کہتے ہیں) دیکھیے "باڑھ" ❊

باڑا (بَا - ڑَا) (ہ) مذکر (۱) دائرہ - چار دیواری - احاطہ (۲) کٹہرا (۳) دنگل (۴) میدان (۵) تکیہ - گورستان (۶) خیرات، جو ہنود شادی میں دیتے ہیں ❊

باڑھ (بَاڑْھ) (ہ) مؤنّث (لکھنؤ) (۱) دھار - دمِ شمشیر (۲) حاشیہ - کنارہ - حد - کانٹوں کی روک - آڑ (۳) مُہرہ - آگے - سامنے - زد (۴) فوجی سپاہیوں کی صف (۵) کھیت کی احاطہ بندی، جو کانٹوں سے کی جاتی ہے (۶) درختوں کی قطار (۷) بوچھار - بہت سی بندوقوں یا توپوں کا ایک ساتھ فیر (۸) چڑھاؤ - دریا کی طغیانی - سیلاب (۹) شربت اور چاول کا مرکب، جس سے اندرسا بناتے ہیں (۱۰) بالیدگی - نمو - قد کی درازی ❊ **باڑھ اترنا** - باڑھ جاتی رہنا ❊ **باڑھ اُڑانا** - فیر کرنا - قطار باندھ کر فیر کرنا - بہت سی بندوقیں ایک ساتھ چھوڑنا ❊ **باڑھ باندھنا** - کانٹوں یا جھاڑی سے احاطہ بندی کرنا - روک لگانا - حد بندی کرنا ❊ **باڑھ پر چڑھانا** - (۱) دھار تیز کرنا (۲) مستعد کرنا - آمادہ کرنا (۳) غیرت دلانا - اُکسانا - اشتعال دینا (۴) طبیعت کو تیز کرنا (۵) دم میں لانا ❊ **باڑھ جھاڑنا** - (دہلی) باڑھ اُڑانا ❊ **باڑھ چڑھانا** (۱) دھار تیز کرنا (۲) آمادہ کرنا (۳) دھمکی دینا (۴) اشتعال دینا ❊ **باڑھ چھوڑنا** - باڑھ اُڑانا ❊ **باڑھ رکھنا** - باڑھ تیز کرنا - باڑھ چڑھانا ❊ **باڑھ کاٹے نام تلوار کا** (و) مثل - لڑیں سپاہی اور فتح سردار کی - کام کوئی کرے، نام کسی کا ہو ❊ **باڑھ کا ڈورا** - مذکر - وہ خفیف نشان، جو تلوار کی دھار سے پڑ جاتا ہے - خطِ شمشیر ❊ **باڑھ کر جانا** - چاقو چھری وغیرہ کی دھار کا دندانہ دار ہو جانا ❊ **باڑھ گر جانا** - دھار کا خراب ہو جانا ❊ **باڑھ مارنا** - باڑھ اُڑانا ❊ **باڑھ مُڑنا** - باڑھ کا پھر جانا ❊ **باڑھیا - باڑیا** (بَا - ڑْھِیَا ، بَا - ڑِیَا) دھار رکھنے والا - دھار تیز کرنے والا - سان پر رکھنے والا - صیقل گر ❊

باڑی (بَا - ڑِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) زراعت - کھیتی (۲) قیام کی جگہ (۳) باغ - وہ چھوٹا سا چمن، جو مکان کے اندر لگاتے ہیں (۴) رُوئی کا کھیت - کپاس ❊

باز (بَازْ) (ف) (۱) باختن کا امر (۲) مذکر - ایک شکاری پرندہ - شکرہ (۳) دوسری مرتبہ - مکرر - پھر (۴) واپسی ❊ **باز آمدم بر سرِ مطلب** - میں پھر اصل مطلب پر آیا - تمہید ختم ہوئی، اب اصل مقصد بیان ہوتا ہے ❊ **باز آنا** (و) (۱) دست بردار ہونا - چھوڑ دینا - ہاتھ اٹھانا (۲) توبہ کرنا - پرہیز کرنا - احتراز کرنا (۳) کسی کام سے بیزار ہونا ❊ **باز پُرس** - مؤنّث - پوچھ گچھ - تحقیقات - مواخذہ - جواب دہی - محاسبہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ❊ **باز پس - باز پسیں** - آخری وقت - دمِ آخر ❊ **باز خواست** - مؤنّث - مطالبہ - دی ہوئی چیز کا پھر مانگنا - واپس مانگنا ❊ **باز خواہ** - جواب طلب کرنے والا - تحقیقات

کرنے والا ✽ **باز دعویٰ** ۔ مذکر ۔ دعویٰ چھوڑ دینا ۔ دعوے سے دست بردار ہونا ۔ نالش کا واپس لینا ✽ **بازدہی** ۔ مؤنث ۔ واپسی ✽ **بازدید** ۔ مؤنث ۔ کسی کے ملاقات کو آنے کے بعد اس سے ملنے جانا ✽ **بازگشت** ۔ مؤنث ۔ مراجعت ۔ واپسی ۔ پھر کر آنا ۔ پیچھے ہٹنا ✽ **بازگیری** ۔ مؤنث ۔ ضبطی ✽ **بازنامہ** ۔ مذکر ۔ عرضی سے دست برداری ✽ **بازیاب** ۔ پھر پانے والا ✽ **بازیابی** ۔ مؤنث ۔ پھر پانا ✽ **بازیافت** مؤنث (۱) کسی کھوئی ہوئی شے کی دست یابی ۔ پھر ملنا ۔ کچھ مل جانا ۔ چوری گئے ہوئے مال کا پورا یا کچھ حصہ مل جانا (۲) منتقل شدہ زمین کا ضبط کر لینا ✽

بازار (با ۔ زار) (ف) مذکر (۱) خرید و فروخت کی جگہ ۔ دکانوں کا سلسلہ (۲) خرید و فروخت ۔ بکری (۳) نرخ ۔ بھاؤ (۴) عام مجمع (۵) اعتبار ۔ ساکھ ۔ (بازار اور ہاٹ کا فرق ۔ جہاں چیزوں کی خرید و فروخت مستقل طور پر ہو، اُسے بازار کہتے ہیں اور جہاں کبھی کبھی ہو، اُسے ہاٹ) ✽ **بازار اُتر جانا** (و) نرخ گھٹ جانا ✽ **بازار اُٹھ جانا** ۔ بازار بند ہو جانا ✽ **بازار اس کا جو لے کے دے سے** ۔ مثل ۔ اعتبار اُسی کا ہوتا ہے، جو قرض ادا کرے ۔ معاملہ صاف رکھنا اعتبار کا باعث ہوتا ہے ✽ **بازار بٹا** ۔ مذکر ۔ کٹوتی ۔ دستوری ۔ منہائی ۔ کمیشن ۔ ڈسکاؤنٹ ✽ **بازار بڑھ جانا ۔ یا ۔ بڑھنا** (۱) بازار کا اُٹھ جانا (۲) قیمت بڑھ جانا ۔ نرخ بڑھ جانا ✽ **بازار بنانا** ۔ لگاتار دکانیں بنانا ✽ **بازار بند ہونا** ۔ بازار کی دکانوں کا بند ہونا ✽ **بازار بیٹھک** ۔ مؤنث (عوام) بازار میں بیٹھنے کا ٹیکس ۔ تہ بازاری ✽ **بازار تیز ہونا** ۔ نرخ تیز ہونا ۔ گرانی ہونا **بازار ٹھنڈا ہونا** (دیکھیے "بازار سرد ہونا") ✽ **بازار چڑھنا** ۔ بھاؤ منہگا ہونا ✽ **بازار چمکنا** (دیکھیے "بازار گرم ہونا") ✽ **بازار خرچ** (ف) مذکر ۔ جیب خرچ ✽ **بازار دکھانا** (۱) (عو) کسی چیز کو بیچنے کے لیے بازار لے جانا ۔ بیچ ڈالنا ✽ **بازار دیکھنا** (۱) بازار میں سودا خریدنے جانا (۲) بازار میں تلاش کرنا ✽ **بازار سرد ہونا** ۔ بے رونقی ہونا ✽ **بازار کا بھاؤ** ۔ مذکر (۱) عام نرخ ۔ کھلا نرخ ۔ بازاری نرخ (۲) ٹھیک ٹھیک قیمت ۔ واجبی قیمت ✽ **بازار کا چلن** ۔ مذکر ۔ بازار کا دستور ۔ رواج یا برتاؤ ✽ **بازار کا گز** ۔ وہ شخص، جو مارا مارا پھرے ✽ **بازار کا مول** ۔ مذکر ۔ بازار کی قیمت ✽ **بازار کرنا** ۔ عام کرنا ✽ **بازار کی آواز** ۔ مؤنث ۔ سودا بیچنے والوں کی آواز ✽ **بازار کی گالی** ۔ مؤنث ۔ عام بات ✽ **بازار کی گالی کس کی، جو پھر کے دیکھے اُس کی ۔ بازار کی گالی جس نے سُنی، اس پر پڑی** ۔ مثل ۔ جو کسی عام طعن یا الزام کا جواب دے گا، واضح ہو جائے گا کہ وہ طعن، یا الزام اسی جواب دینے والے کے متعلق تھا ✽ **بازار کی مٹھائی** ۔ مؤنث (۱) (کنایۃً) وہ چیز جو ہر شخص اپنے استعمال میں لا سکے (۲) آسانی سے مل جانے والی چیز (۳) (مجازاً) کسبی ۔ بازاری عورت ✽ **بازار کے بھاؤ پٹنا** ۔ سرِ راہ پٹنا ۔ شارعِ عام میں پٹنا ۔ خوب پٹنا ۔ اِس طرح پٹنا کہ سب کو خبر ہو جائے ✽ **بازار گرم ہونا** (۱) بازار میں مال کی زیادہ مانگ ہونا ۔ خوب خرید و فروخت ہونا (۲) بازار میں چہل پہل ہونا ۔ کسی چیز کا زور ہونا ۔ غلبہ ہونا (۳) کسی چیز کی قدر ہونا ۔ چاہت ہونا ✽ **بازار گرنا** (۱) نرخ گھٹنا ۔ بھاؤ کم ہو جانا (۲) بے رونق ہو جانا ۔ بے وقعت ہو جانا ✽ **بازار لگانا** (۱) دکانیں کھولنا (۲) چیزوں کا پھیلانا ۔ بے ترتیب رکھنا ۔ (۳) بھیڑ کرنا ✽ **بازار لگا نہیں، گٹھ کٹے والے ہوت** ۔ مثل ۔ وقت سے پہلے موقع ڈھونڈنا ✽ **بازار مندا ہونا** ۔ بکری کم ہونا ✽ **بازار میں آگ لگنا** (عو) اناج منہگا ہو جانا ✽ **بازار میں آنا** ۔ بکنے کے لیے آنا ✽ **بازار میں بیچ لینا** ۔ (کنایۃً) نہایت شریر اور فتنہ انگیز ہونا ✽ **بازار میں سر منڈا، گھر نہ کہنا** ۔ مثل ۔ بات مشہور ہو گئی، چھپانے سے کیا حاصل؟ ✽ **بازار نلپتے پھرنا ، بازار ناپنا** (دہلی) واہی تباہی پھرنا ۔ ناحق بازار کے چکر لگانا ۔ آوارہ پھرنا ۔ مارے مارے پھرنا ✽ **بازارو** (با ۔ زا ۔ رُو) (۱) بازار کی بکری کی چیز ۔ وہ چیز، جو جلد فروخت ہو جائے ۔ (۲) صرف نمائش کی چیز ۔ معمولی وضع کی چیز ✽ **بازاری** (با ۔ زا ۔ ری) (ف) (۱) بازار کا (۲) غیر معتبر ۔ معمولی ۔ عام (۳) رائج الوقت (۴) بازار کے بیٹھنے والے ۔ شہدے ۔ لُچے ۔ اوباش (۵) مؤنث ۔ رنڈی ۔ بیسوا ۔ کسبی ✽ **بازاری آدمی** (و) مذکر (۱) بازار کا بیٹھنے والا ۔ (۲) کمینہ آدمی ✽ **بازاری بات ۔ یا ۔ خبر** ۔ مؤنث ۔ افواہ ۔ گپ ✽ **بازاری عورت** ۔ مؤنث ۔ رنڈی ۔ بیسوا ۔ کسبی ۔ طوائف ✽ **بازاری قیمت** ۔ مؤنث ۔ معمولی شرح ۔ عام نرخ ۔ عام بھاؤ ✽ **بازاری گپ** ۔ مؤنث ۔ بازاری بات ۔ عام افواہ ۔ ناقابلِ اعتبار بات ۔ اوائی ✽

بازرگان (با ۔ زَر ۔ گاں) (ف) مذکر ۔ بازار میں لین دین کرنے والا ۔ سوداگر (یہ لفظ بازارگان کا مخفف اور بازارہ کی جمع ہے ۔ لیکن بطورِ واحد استعمال ہوتا ہے)

بازندگی (با ۔ زِن ۔ دَگی) (ف) مؤنث ۔ حیلہ گری ۔ مکاری ✽

بازندہ (با ۔ زِن ۔ دَہ) (ف) (۱) کھیلنے والا ۔ کھلاڑی (۲) ایک قسم کا کبوتر ✽

بازو (با ۔ زُو) (ف) مذکر (۱) کہنی سے شانے تک کا حصہ ۔ ڈنڈ (۲) پرندوں کے جسم کا وہ حصہ، جس میں شہپر ہوتے ہیں (۳) (مجازاً) سہارا ۔ قوت (۴) برابر کا ۔ دوسرا ۔ جواب ۔ مقابل ۔ ثانی (۵) دائیں بائیں کی فوج (۶) دروازے کے دونوں طرف کی لکڑیاں (۷) دوست (۸) مددگار ۔ ساتھی (۹) مرثیہ خوان کے ساتھ آواز ملانے والا ۔ جوڑ (۱۰) بازوبند (۱۱) انگیا کے وہ حصے جو دونوں پہلوؤں کو چھپاتے ہیں (۱۲) سگا بھائی ✽ **بازوبند** ۔ مذکر ۔ بازو پر باندھنے کا زیور ۔ تعویذ ✽ **بازو پھڑکنا** (۱) دوست سے ملنے کا شگون سمجھا جاتا ہے ✽ **بازو تولنا** (۱) اڑنے کو تیار ہونا (۲) (مزاجاً) آمادہ ہونا ✽ **بازو ٹوٹنا** (۱) بازو کا شکستہ ہو جانا (۲) قوت جاتی رہنا (۳) مددگار

کامر جانا ؛ **بازو ٹوٹے باز کو باز ہی لقمہ دے** - مثل - مصیبت میں ہم جنس ہی ہم جنس سے ہمدردی کرتا ہے ؛ **بازو دعویٰ** - مذکر - وہ دعویٰ جو عورت کے خاوند کے ساتھ نہ رہنے کی صورت میں اسے ہمراہ رکھنے کے لیے کیا جائے ؛ **بازو دینا** (دہلی) مدد کرنا - مدد دینا ؛ **بازو کی مچھلی** - مؤنث - بازو کے اندر کا ذرا اُبھرا ہُوا گوشت ؛

بازی (بَازِیْ) (ف) مؤنث (۱) تماشا - کرتب - کھیل (۲) شرط (۳) کبوتر کا پلٹیاں کھانا (۴) داؤں (۵) زرِ شرط (۶) دھوکا - فریب (۷) جیت، غلبہ (۸) تاش یا گنجفے کے پتّے (۹) شطرنج، گنجفے وغیرہ کا کھیل ؛ **بازی آنا** (۱) (۱) کھیل سے واقف ہونا (۲) تاش یا گنجفے کے اچھے پتّے بانٹ میں ملنا ؛ **بازی اٹھنا** - کھیل ختم ہونا ؛ **بازی اُڑنا** کھیل کا لمبا ہو جانا ؛ **بازی بازی بار یش بابا ہم بازی** (ف) مثل - باپ کی ڈاڑھی سے کھیلتا ہے - جب کوئی چھوٹا اپنے بڑے سے جھگڑا کرے تو چھوٹے کے متعلق کہتے ہیں ؛ **بازی بدنا** (۱) داؤ لگانا - شرط لگانا ؛ **بازی پانا - بازی جیتنا** - کامیاب ہونا - شرط میں غالب ہونا - شرط جیتنا ؛ **بازی چڑھنا** - بازی کا غالب ہونا ؛ **بازیچہ** (بَازِیْچَہ) (ف) مذکر (۱) کھیل تماشا - کھلونا (۲) کھیل کی جگہ - تماشا گاہ ؛ **بازیچۂ اطفال** - مذکر - لڑکوں کا کھیل ؛ **بازی دے جانا** (۱) فریب دینا - چُل دینا ؛ **بازی دینا** - مات دینا - ہرا دینا ؛ **بازی کرنا** (۱) کسی چیز سے کھیلنا (۲) ہرا دینا (۳) نٹ یا کبوتر کا پلٹیاں کھانا ؛ **بازی کھانا** (۱) ہارنا - شکست کھانا - مات کھانا (۲) فریب کھانا (۳) کبوتر یا نٹ کا کلا بازی کھانا ؛ **بازی گاہ** (ف) مؤنث - کھیل کی جگہ ؛ **بازیگر** مذکر - نٹ - شعبدہ باز - بھان متی - تماشا دکھانے والا ؛ **بازی ہارنا - یا - ہرنا** (۱) شرط ہارنا - کھیل میں مغلوب ہونا - ہار ہونا ؛

باس (بَاْسْ) (ہ) مؤنث - [عوام : ہندو] (۱) رہنے کی جگہ (۲) (عو) بُو - خوش بُو - مہک (۳) سڑاند - بدبُو (۴) (مجازاً - عوام) نشانی - علامت ؛

باسا (بَاْسَا) (ہ) مذکر (۱) سکونت (۲) چند روزہ قیام کی جگہ - مسکن - بسنے کی جگہ ؛ **باسا کرنا** (ہندو فقیر) بسیرا کرنا - رات کی رات ٹھہرنا - رہنا - بسنا - ٹھہرنا - آرام کرنا ؛

باستر ضا (بِ - اِسْ - تِرْ - ضَا) (ف - ع) رضا مندی سے ؛

باستشفاع (بِ - اِسْ - تِشْ - فَاْعْ) (ف - ع) سفارش سے ؛

باسٹھ (بَا - سَٹھْ) (ہ) ساٹھ اور دو - ۶۲ - ۶۲ ؛

باسط (بَا - سِطْ) (ع) (۱) فراخی دینے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام ؛

باسُک - باسکی (بَاسُکْ ، بَا - سُکِیْ) (ہ) مذکر - وہ سانپ جس کے متعلق ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ زمین اُس پر قائم ہے - سانپوں کا بادشاہ - سیس ناگ ؛

باسلیق (بَا - سِلِیْقْ) (یونانی) مؤنث - وہ رگ جو دل اور جگر میں جاتی ہوئی ہاتھ میں آتی ہے اور جس کے کٹ جانے سے آدمی مر جاتا ہے ؛

باسمتی (بَا - سَمْ - تِیْ) (ہ) (۱) خوش بُو دار (۲) مذکر - ایک قسم کا خوش بُو دار چاول ؛

باسن (بَا - سَنْ) (ہ) مذکر - برتن - ظرف - بھانڈا ؛

باسنا (بَاسْ - نَا) (ہ) (۱) مؤنث - بُو - خوش بُو - مہک (۲) خوش بُو میں بسانا ؛

باسُور (بَا - سُوْرْ) (ع) مذکر - ایک قسم کی بیماری - زائد گوشت کا ٹکڑا، جو مقعد یا ناک میں ظاہر ہوتا ہے - بواسیر - جمع ؛

باسی (بَا - سِیْ) (ہ) (ہندو) بسنے والا - رہنے والا ؛

باسی (بَا - سِیْ) (ہ) (۱) تازہ کے برعکس (۲) مرجھایا ہُوا (۳) رات کا بچا ہُوا (۴) مؤنث - ناشتا، جو صبح کو بچّے کھاتے ہیں (کھانا کے ساتھ) ؛ **باسی بچے نہ کتّا کھائے** - مثل (۱) جو آمدنی، وہ خرچ (۲) جو کچھ پاس ہو - وہ سارا خرچ کر ڈالنا (۳) نہایت افلاس ظاہر کرنا ؛ **باسی بھات میں اللہ میاں کا کیا ساجھا** (۱) خراب چیز میں احسان جتانا کیا ؛ **باسی پھولوں باس نہیں پر دیسی بلم تیری آس نہیں** (۱) مثل (عو) جس طرح باسی پھول میں خوش بُو نہیں رہتی، اسی طرح پردیسی سے محبت کے نباہنے کی اُمّید نہیں ؛ **باسی تباسی** - دو تین دن کا رکھا ہُوا کھانا ؛ **باسی عید** (۱) مؤنث - عید کا دوسرا دن - ؛ **باسی کڑھی میں اُبال آنا** (۱) کسی کام کا بے وقت ہونا - وقت کے بعد جوش آنا - بڑھاپے میں جوانی کی دُھن ہونا ؛ **باسی کڑھی اُبلی** - گئی گزری بات نے سر اٹھایا ؛ **باسی کوسی** - باسی ؛ **باسی کھانا** (۱) مذکر - بچا ہُوا کھانا - وہ کھانا جس پر رات گزر گئی ہو (۲) ناشتا کرنا ؛ **باسی مُنہ** - مُنہ دھوئے بغیر - نہار مُنہ ؛

باشد (بَا - شَدْ) (ف) (۱) ہو (۲) ہوتا ہے (۳) ہوگا (۴) کچھ پروا نہیں - کچھ بھی ہو - ہُوا کرے ؛

باشندہ (بَا - شِنْ - دَہْ) (ف) (۱) بسنے والا - رہنے والا - ساکن (۲) (قانون) وہ شخص، جو میونسپلٹی کی حدود میں عام طور پر رہتا یا کاروبار رکھتا یا جائداد کا مالک یا قابض ہو ؛ **باشندگان** (بَا - شِنْ - دَگَاْنْ) باشندہ کی جمع ؛

باشہ (بَا - شَہْ) (ف) مذکر - ایک شکاری پرندہ ؛

باصر (بَا - صِرْ) (ع) دیکھنے والا ؛

باصرہ (بَا - صِرَہْ) (ع) مؤنث - دیکھنے کی طاقت - بینائی کی طاقت ؛

باطل (بَا - طِلْ) (ع) (۱) جھوٹا - کھوٹا (۲) بے اصل - جھوٹ - غلط (۳) بے فائدہ، بیہودہ، لغو (۴) بیکار - نکمّا ؛ **باطلہ** (بَا - طِلَہْ) - صفتِ مؤنث (دیکھیے "باطل") ؛

باطن (بَا - طِنْ) (ع) مذکر (۱) ظاہر کے برعکس - اندرون (۲) اندرونی حصہ - پوشیدہ چیز (۳) ضمیر - طبیعت - خیال - دل ؛ **باطنی** (بَا - طِنِیْ) (ع - ف)

ظاہری کے برعکس ۔ مخفی ۔ پنہاں ۔ پوشیدہ ۞ **باطنیّہ** (با ۔ طِنی ۔ یَہ) (ع ۔ ف) (۱) باطن سے متعلق (۲) مذکر ۔ شیعوں کا ایک فرقہ، جن کے اعتقاد میں ہر شرعی امر کا ظاہر کچھ اَور ہے، باطن کچھ اَور ۞

باعث (با ۔ عِث) (ع)، مذکر (۱)، علّت ۔ سبب ۔ وجہ (۲) اختراع کرنے والا ۔ ایجاد کرنے والا (۳) بنیاد ۔ اصل حقیقت (۴)، خدا کا ایک نام ۞ **باعثِ اشتعال** ۔ وہ امر جس کی وجہ سے کسی کی طبیعت میں غصہ بھڑک اُٹھے ۞ **باعث کھلنا** ۔ وجہ ظاہر ہونا ۞

باغ (باغ)، (ع ۔ ف) (یہ لفظ عربی اور فارسی دونوں زبانوں میں ہے ۔) مذکر (۱) چمن ۔ گلزار ۔ پھلواڑی ۔ گلستان ۔ بوستان ۔ روضہ ۔ ریاض ۔ درختوں کا جھنڈ (۲)، (مجازاً) بال بچے ۔ آل اولاد (۳) بہشت (۴)، (مجازاً) دُنیا ۞ **باغ باڑی** (و)، مؤنث (۱) پھلواڑی (۲)، آرائش ۔ کاغذی باغ کی ٹٹیاں، جو برات کے ساتھ لے جاکر دولہن کے مکان کے پاس لُٹائی جاتی ہیں (۳)، (کنایۃً) بال بچے ۞ **باغات** (ف)، مذکر ۔ باغ کی جمع ۞ **باغِ ابراہیمؑ** (ف ۔ ع)، مذکر ۔ جب نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو بت شکنی کے جرم پر آگ میں ڈلوا دیا تو وہ آگ باغ بن گئی ۞ **باغ باغ** (ف)، (۱) بے حد خوش ۔ فرحاں ۔ شاداں ۔ شگفتہ (۲) (طنزاً) رنجیدہ ۔ ناخوش (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۞ **باغبان** ۔ مذکر ۔ باغ کا محافظ ۔ مالی ۞ **باغبانی** ۔ مؤنث (۱) باغ کی حفاظت (۲)، مالی کی نوکری (۳) درختوں کے متعلق تعلیم دینے کا فن ۞ **باغچہ ۔ باغیچہ** (عوام)، مذکر ۔ چمن ۔ چھوٹا باغ ۞ **باغِ خلیلؑ** ۔ مذکر ۔ (دیکھیے "باغِ ابراہیمؑ") ۞

باغِ رضوان (ف ۔ ع)، مذکر ۔ بہشت ۔ جنّت ۞ **باغِ سبز دکھانا** (و)، دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔ دم دینا ۞ **باغِ شدّاد** (ف)، مذکر ۔ وہ جنّت، جو شدّاد بادشاہ نے تیار کرائی تھی اور اس میں قدم رکھتے ہی وہ مر گیا تھا ۞ **باغ لگانا** (و) (۱) پھولوں کے درخت لگانا (۲) (مجازاً) رنگین مضامین جمع کرنا (۳)، رونق دینا ۞ **باغ لگا نہیں، منگتوں نے ڈیرے ڈال دیے** ۔ مثل ۔ کام بنا نہیں ۔ فقیر پہلے ہی خیرات مانگنے آ گئے ۞ **باغِ قالین** (ف ۔ ت)، مذکر (۱)، قالین پر بنے ہوئے پھول بوٹے (۲)، وہمی ۔ خیالی ۔ بناوٹی ۔ نمائشی ۞ **باغِ قدس** (ف ۔ ع)، مذکر ۔ بہشت ۞ **باغ و بہار** ۔ بارونق ۔ آراستہ و پیراستہ ۞ **باغِ وحش** (ف ۔ ع)، مذکر ۔ چڑیا گھر ۞

باغی (با ۔ غِی)، (ع)، سرکش ۔ منحرف ۔ مفسد ۔ غدر کرنے والا ۔ بدخواہ ۔ نافرمان (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۞

باف (باف)، (ف)، بافتن کا امر ۔ اسم کے آخر میں آکر فاعل کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے زرباف ۞ **بافت** (با ۔ فت) (ف)، مؤنث ۔ بناوٹ ۞ **بافتہ** (باف ۔ تہ)، مذکر (۱)، ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) ایک قسم کے کبوتروں کا رنگ (۳) (مرکبات میں) بُنا ہوا (۴) مُہر کی شکل کے بٹن ۞ **بافندگی** (با ۔ فِن ۔ دَگی)، مؤنث ۔ جلاہے کا کام ۞ **بافندہ** (با ۔ فِن ۔ دَہ) مذکر ۔ بُننے والا ۔ جلاہا ۞

باقر (با ۔ قِر) (ع)، مذکر (۱) شگافتہ (۲) دُمیس (۳)، عالم (۴)، حضرت ابوجعفرؓ بن علیؓ بن الحسینؓ کا لقب ۞

باقرخانی (ت)، مؤنث ۔ ایک قسم کی روغنی روٹی، جو باقر خان نے ایجاد کی تھی ۔ یہ دودھ، میدہ اور کھانڈ ملا کر بنائی جاتی ہے ۞

باقلا (با ۔ قِلا)، (ع)، مذکر ۔ ایک قسم کی سبزی، جس کی پھلیاں پکا کر کھائی جاتی ہیں ۞

باقی (با ۔ قی) (ع)، مؤنث (۱) بقیہ ۔ بچا کھچا ۔ رہا سہا (۲) واجب الادا (۳)، واجب الوصول (۴)، موجودہ ۔ زندہ ۔ قائم ۔ غیر فانی (۵) خدا کا ایک نام ۞ **باقی آنا** (و) حساب میں جمع سے خرچ وضع کرنے کے بعد رقم باقی نکلنا ۞ **باقی بے باق کرنا** ۔ کُل ادا کر دینا ۔ حساب بے باق کرنا ۞ **باقی پڑنا** (۱) بقایا ذمے رہنا (۲) مال گزاری کا بے باق نہ ہونا ۞ **باقی جمع** ۔ مؤنث ۔ لگان کی رقم، جو گزشتہ برسوں کی بابت ادا نہ ہوئی ہو ۞ **باقی چکانا** ۔ حساب بے باق کرنا ۞

باقی دار (ع ۔ ف)، دین دار ۔ مقروض ۔ جس پر کوئی مطالبہ باقی ہو، ادا نہ ہوا ہو ۞ **باقی دارد** ۔ ابھی باقی ہے، باقی پھر سہی ۞ **باقی ساقی** (ساقی تابع مہمل)، مؤنث ۔ (۱) فضل ۔ بچا کھچا ۔ رہا سہا ۔ زیادہ ۔ بڑھتی ۔ بیشی ۞ **باقی غیر ممکن الوصول** (ع) مؤنث ۔ وہ بقیہ، جو وصول نہ ہو سکے ۞ **باقی ماندہ** (ع ۔ ف) جو باقی رہے ۔ بچا ہوا ۔ بقایا ۞ **باقی نام اللہ کا** (و)، مثل ۔ خدا کے سوا کوئی زندہ رہنے والا نہیں، سب کو مرنا ہے ۞ **باقی نکالنا** (و) حساب میں باقی رقم نکالنا ۞ **باقی نکلنا** ۔ لازم ۔ وضع کرنے کے بعد کسی رقم کا باقی رہنا ۞ **باقیات** (با ۔ قِیات) (ع)، مؤنث ۔ باقی کی جمع ۔ بقایا، جو وصول نہ ہوا ہو ۞ **باقیات الصالحات، باقیاتِ صالحات** ۔ مؤنث (۱) صدقۂ جاریہ (۲)، رفاہِ عام کا کوئی کام (۳) نیک اولاد ۞ **باقیاتِ حساب رواں** ۔ مؤنث حساب کا بقایا ۞ **باقیاتِ مشتبہ الوصول** ۔ بقایا جس کا وصول ہونا مشکل ہو ۞

باک (باک)، (ف)، مذکر ۔ خوف ۔ دہشت ۔ ڈر ۔ اندیشہ ۔ ہراس ۞

باکرہ (با ۔ کِرَہ) (ع) مؤنث ۔ کنواری ۔ دوشیزہ ۔ اچھوتی ۞

باکلی (باک ۔ لی) (ہ)، مؤنث (گنوار) اُبلا ہوا اناج ۔ گھنگنی ۞

باکھ (باکھ)، (ہ) مذکر ۔ بکری، گائے، بھینس وغیرہ کے تھنوں کے اوپر کا حصہ ۔ کھیری ۔ ہوانا ۔ اَین ۞

باکھر ۔ باکھل (باکھَر، باکھَل) (ہ) مذکر (۱) مویشی کا باڑا (۲)، ایک احاطے میں بہت سے مکان (۳)، آنگن ۔ صحن ۔ احاطہ (۴) اونداروں کا تھیلا ۔ (۵) ایک قسم کی دوا (۶) ایک قسم کا جل ۞

باکھڑی ۔ باکھلی (باکھ ۔ ڑی، باکھ ۔ لی) (ہ) مؤنث ۔ گائے یا بھینس،

جو پانچ مہینے دودھ دے کر رُک جاتے ۔

باگ (باگ) (ہ) مؤنث (۱) لگام - راس - عنان (۲) تلوار کا سرا (۳) (رکن) مذکر - چیتا ۔ **باگ اُٹھانا** (کنایۃً) گھوڑا دوڑانا - چل پڑنا - روانہ ہونا ۔ **باگ پکڑائی** - مؤنث (۱) ہندوؤں کی ایک رسم کہ دولہا کے گھوڑے کی باگ داماد پکڑتے اور نیگ یا صلہ پاتے ہیں (۲) صلہ یا نیگ جو دیا جائے ۔ **باگ پکڑنا** (۱) سوار کا باگ کو ہاتھ میں لینا (۲) گھوڑے کو روکنے کے لیے کسی اَور آدمی کا اس کی باگ تھامنا (۳) باگ پکڑائی کی رسم ادا کرنا ۔ **باگ چھوڑ دینا** (۱) گھوڑے کو اس کی مرضی پر چلنے دینا (۲) (مجازاً) نگرانی ترک کر دینا - آزاد کر دینا ۔ **باگ دینا** - گھوڑے کے منہ میں باگ رکھنا ۔ **باگ ڈال دینا** (۱) باگ چھوڑ دینا (۲) (مجازاً) توجہ چھوڑ دینا - دیکھ بھال ترک کر دینا ۔ **باگ ڈور** - مؤنث - گھوڑے کی لگام میں باندھنے کی رسّی ۔ **باگ ڈھیلی کرنا** - (۱) گھوڑے کی باگ چھوڑنا تاکہ وہ خوب دوڑے (۲) انتظام میں توقّف کرنا (۳) کام میں مختار کرنا (۴) توجہ نہ کرنا (۵) خبر نہ لینا ۔ **باگ سنبھالنا** (کنایۃً) سوار کا چلنے پر تیار ہونا ۔ **باگ لینا** (۱) باگ اٹھانا (۲) گھوڑے کی باگ پکڑنا ۔ **باگ مُڑنا** (۱) لگام پھرنا - گھوڑے کا رُخ دوسری طرف ہو جانا - (۲) توجہ دوسری جانب ہو جانا (۳) چیچک کے دانوں کا مرجھانا ۔ **باگ موڑنا** - گھوڑے کا رخ کسی طرف پھیرنا - لگام پھیرنا - لوٹانا ۔ **باگ ہاتھ سے چھوٹنا** - موقع ہاتھ سے جاتا رہنا - بے اختیار ہو جانا - بے قابو ہو جانا ۔ **باگ ہاتھ سے چھوڑنا** (۱) لگام ڈھیلی چھوڑنا - گھوڑا دوڑانا (۲) انتظام سے بے پروائی کرنا (۳) نگرانی ترک کرنا (۴) تنبیہ موقوف کرنا ۔

باگا (با - گا) (ہ) مذکر - دولہا کا جوڑا - پوشاک - خلعت (اردو میں تنہا نہیں آتا - "جوڑے باگے" کہتے ہیں -) ۔

باگڑ (با - گڑ) (ہ) مذکر - ہرنوں کا ریوڑ ۔ **باگڑ بلّا** - مذکر (۱) ایک قسم کا بڑا بِلّا (۲) بچوں کو ڈرانے کا کلمہ - ہوّا ۔

باگمبری (با - گم - بَری) (ہ) مؤنث - شیر کی خشک کھال، جو فقیروں کے سونے کے کام آتی ہے ۔

باگ نکہ (ہ) مذکر (۱) شیر کے ناخن چاندی میں مڑھے ہوئے جو بلاؤں سے محفوظ رہنے کے لیے دھاگے میں پرو کر بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں (۲) ایک قسم کا فولادی ہتھیار، جو شیر کے ناخن جیسا ہوتا ہے ۔

باگھ (با - گھ) (ہ) مذکر - چیتا ۔ **باگھ بکری** - مؤنث - بچوں کا ایک کھیل ۔ **باگھ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں** - مثل - (ہندو) بڑے چھوٹے دونوں سے کسی طرف داری کے بغیر برابر برتاؤ کرنا ۔ **باگھ کا پٹھا** - مذکر - چیتے کا بچہ ۔ **باگھن** - مؤنث - چیتے کی مادہ ۔

باگھی (با - گھی) (ہ) مؤنث - وہ گرہ جو کسی زخم یا سوزاک کے باعث چڈوں میں پڑ جاتی ہے ۔

باگیسری (با - گیس - ری) (ہ) مؤنث - ایک راگنی ۔

بال (بال) (انگ - Ball) (۱) مذکر - ایک قسم کا ناچ (۲) مؤنث - گیند ۔

بال (بال) (ہ) مذکر - بچہ - بالک - سات آٹھ سال کا لڑکا یا سولہ برس سے کم عمر کی لڑکی ۔ **بال بچوں والی** - مؤنث (۱) اولاد والی - ماتا (۲) (ہندو عورت) (مجازاً) چیچک ۔ **بال بچے** - مذکر - بیوی بچے - کنبہ - گھرانا - قبیلہ ۔ **بال بُدھ** - مؤنث (۱) بچوں کی سی سمجھ - لڑکپن کی عقل - ناتجربہ کاری (۲) ہندی کی ایک کتاب ۔ **بال بِدھوا** - مؤنث - بچپن کی رانڈ - نو عمر بیوہ ۔ **بال گوپال** - مذکر (۱) بال بچے - لڑکے بالے (۲) مرید - چیلے ۔ **بال ہتیا** - مؤنث (۱) بچوں کو جان سے مارنا (۲) حمل گرانا ۔ **بال ہٹ** - مؤنث - بچوں کی ضد - آڑ ۔

بال (بال) (ف) مذکر (۱) پرندے کے بازو کا جوڑ جس کی طاقت سے وہ اڑتا ہے (۲) پَر (۳) بازو ۔

بال (بال) (ع) (۱) دل کی تسلّی - تن آسانی - نشان - حال (۲) دل (ان معنی میں فارغ البال کی ترکیب سے آتا ہے) ۔

بال (بال) (ہ) مذکر (۱) رونگٹا - رُواں - پشم - مُو - کیس (۲) شگاف - باریک دراڑ (۳) کوزہ مصری کا تاگا (۴) (کھیل میں) وہ گولی جو گولیاں پھینکتے وقت سب گولیوں سے زیادہ فاصلے پر ہو ۔ **بال آنا** (۱) بال پڑنا - تلوار، شیشے یا چینی کے برتن میں خط پڑنا (۲) خوشہ نکلنا (۳) بال نکلنا - بالی پیدا ہونا (۴) دراڑ پڑنا ۔ **بال اتر جانا - یا - اُترنا** (۱) بالوں کا اپنے آپ جھڑ جانا (۲) مونڈ تراشی ہونا (۳) بال گر جانا - مونڈن ہونا ۔ **بال اُکھاڑنا** - جسم سے بال نوچنا ۔ **بال اُکھڑنا** - لازم ۔ **بال بال** (۱) ہر بال - مُو بمو - سر سے پاؤں تک (۲) تھوڑے فرق سے - ادنیٰ تفاوت سے ۔ **بال بال بچانا** (۱) صدمے سے بالکل محفوظ رکھنا (۲) بہت قریب سے بچا دینا ۔ **بال بال بچنا** - ذرا آنچ نہ پہنچنا - بالکل محفوظ رہنا ۔ **بال بال بندھنا** - بُری طرح جکڑا جانا ۔ **بال بال دشمن ہونا** (۱) ہر کس و ناکس کا مخالف ہونا ۔ **بال بال گج موتی پرونا** (ع) بننا، سنورنا - سر سے پاؤں تک آراستہ ہونا ۔ **بال بال گنہگار** (۱) گناہوں سے بھرا ہوا ۔ **بال بال میں موتی ہونا** - نہایت سجاوٹ ظاہر ہونا ۔ **بال بال مجرم** (۱) دیکھیے "بال بال گنہگار" ۔ **بال بال موتی پرونا** - دیکھیے "بال بال گج موتی پرونا" ۔ **بال باندھا** (۱) تیر بہدف - یقینی - بے شبہ - سچ - ٹھیک (۲) غلاموں کی طرح کا مطیع - فرماں بردار - تابع ۔ **بال باندھا چور** - مذکر -

مشتاق چور ۔ کابل چور ہ بال بانکا ہونا (ع) بال بیکا ہونا ٭ **بال بچے** ۔ مذکر ۔ آل اولاد ۔ لڑکے بالے ۔ اہل وعیال ٭ **بال برابر** (ف) (۱) بے حد باریک (۲) خفیف ۔ ذرا سا ۔ ذرا ٭ **بال برابر لگی نہ رکھنا** (ف) کوئی کسر نہ رکھنا ۔ ذرا بھی کوتاہی نہ کرنا ٭ **بال بڑھانا** ۔ بالوں کو لمبا ہونے دینا ٭ **بال بکھرنا** ۔ بالوں کا پریشان ہونا ٭ **بال بکھیرنا** ۔ بالوں کو پریشان کرنا ۔ چھٹکانا ٭ **بال بگڑنا** بالوں کا پریشان ہونا ٭ **بال بنانا** (۱) حجامت بنانا ۔ خط بنانا (۲) چوٹی گوندھنا ۔ بالوں کو خم دار کرنا ۔ کنگھی کرنا ٭ **بال بھر** ۔ خفیف سا ۔ ذرا سا ٭ **بال بھونری** ۔ مؤنث ۔ گھوڑے کا عیب ٭ **بال بیکا ہونا** ۔ آنچ آنا ۔ صدمہ پہنچنا ٭ **بال پڑنا** دیکھیے "بال آنا" ٭ **بال پکنا** ۔ بالوں کا سفید ہو جانا ٭ **بال توڑ** مذکر ۔ (دہلی) وہ پھنسی، جو بال ٹوٹ جانے سے ہوتی ہے (دیکھو بلتوڑ) ٭ **بال جنجال بال ہنگار** ۔ مثل ۔ بال تکلیف کا سبب بھی ہیں اور حسن کا بھی ٭ **بال جھاڑنا** ۔ (۱) کنگھی کرنا (۲) بالوں کو گرانا ٭ **بال جھڑنا** ۔ سر کے بالوں کا گرنا ٭ **بال چھتری** ۔ مؤنث ۔ (دیکھو) وہ چھتری، جو کبوتروں کے لیے بنائی جاتی ہے ٭ **بالچھڑ** ۔ مذکر ۔ ایک خوشبودار گھاس (دوا) جو بالوں کو مستحکم کرتی ہے ٭ **بالخورا** ۔ مذکر ۔ ایک بیماری، جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں ٭ **بال دھوپ میں سفید کرنا** (ف) (کنایۃً) بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا ٭ **بال دینا** ۔ (۱) (ہندو) کسی شخص کے مر جانے پر اس کے خاص عزیزوں کا بال منڈانا (۲) چھاتی پیٹنا ۔ ماتم کرنا ٭ **بال رکھا** (۱) چٹائی کی اونچی نشست، جس پر بیٹھ کر کھیت کی حفاظت کی جاتی ہے (۲) تیاّر غلّے کی حفاظت کرنے والے شخص کی اجرت ٭ **بال رکھنا** (۱) بالوں کو بڑھنے دینا (۲) بالوں کی منّت ماننا ٭ **بال سفید ہونا** ۔ (ف) سیاہ بالوں کا سفید ہو جانا ٭ **بال سے کھال جدا کرنا** (ف) (۱) باریک بات نکالنا (۲) گوشت سے پوست الگ کرنا ۔ رنجش کرا دینا ۔ آپس میں فساد ڈلوانا ۔ ایک عزیز سے دوسرے عزیز کو چھڑانا ٭ **بال صفا** ۔ مذکر ۔ بال اڑانے کا پوڈر یا دوا ٭ **بال کا کمل بنانا** (دہلی) بے حد مبالغہ کرنا ۔ چھوٹی سی بات کو بڑا کرکے دکھانا ٭ **بال کترنے سے مردہ ہلکا نہیں ہوتا** (ف) مثل ۔ اگر تھوڑا بوجھ کم ہوا تو کیا ۔ تھوڑی مصیبت اگر ٹلی تو کیا ۔ اگر بڑے ذخیرے سے تھوڑا نکال لیں تو کچھ نقصان نہیں ہوتا ٭ **بال کمانی** ۔ مؤنث ۔ گھڑی کے اندر کی نہایت باریک کمانی ۔ سپرنگ ٭ **بال کھچڑی ہونا** ۔ بالوں میں سفیدی غالب ہونا ٭ **بال کھڑے ہونا** ۔ تپ آنے سے پہلے یا خوف میں رونگٹے کھڑے ہونا ٭ **بال کی بھیڑ بنانا** (دہلی) بال کا کمل بنانا ٭ **بال کی کھال کھینچنا** (۱) نہایت چھان بین کرنا ۔ موشگافی کرنا ۔ باریکیاں نکالنا ۔ (۲) بہت تکلیف پہنچانا ٭ **بال کی کھال نکالنا** (۱) تحقیقات کرنا (۲) ہنسی کی چندی کرنا (۳) حجت کرنا (۴) نکتہ چینی کرنا ٭

بال لینا ۔ (۱) مونڈنا ۔ استرے سے بال مونڈنا (۲) زیر ناف بالوں کا مونڈنا ۔ پاکی کرنا ٭ **بال میں گرہ پڑنا** (ف) (مجازاً) کسی امر کا وقت طلب ہونا ۔ مشکل پیش آنا ٭ **بال و پر** (ف) مذکر ۔ بازو اور پر ٭ **بال و پر نکالنا** (ف) (۱) پھر پھر سے نکالنا ۔ طاقتور ہونا ۔ ہوش سنبھالنا ۔ اڑنے کے قابل ہونا (۲) فتنہ انگیز ہونا ۔ شریر ہونا ۔ اندرونی شرارت ظاہر کرنا (۳) نیا مال ہاتھ لگنا ۔ نو دولت ہونا ٭ **بال و پر نکلنا** (ف) لازم ٭

بالا (با ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) لڑکا ۔ انسان کا بچہ (اردو میں "لڑکا" کے ساتھ مستعمل ہے، تنہا نہیں بولتے) (۲) سیّد سالار مسعود غازی کا نام (۳) ایک کیڑا، جو گیہوں اور جو کے چھوٹے پودے کھا لیتا ہے (۴) ایک خوشبودار درخت، جس کی جڑ سے ٹٹیاں بنائی جاتی ہیں (۵) کان کا ایک زیور (۶) بچوں کا سا (۷) نادان ۔ بے سمجھ (۸) گندم اور جو کے مٹھی بھر کے پودے ٭ **بالا پہنانا** ۔ مطیع کرنا ۔ حلقہ بگوش کرنا ۔ **بالا پہننا** ۔ لازم ٭ **بالے کی مچھلی** ۔ مؤنث ۔ مچھلی کی شکل کا زیور، جو بالے میں ڈالا جاتا ہے ٭

بالا (با ۔ لا) (ف) (۱) اوپر ۔ "زیر" کے برعکس (۲) اونچا ۔ دراز ۔ بلند (۳) سامنے ۔ آگے (۴) ترجیح رکھنے والا ۔ غالب (۵) قد و قامت (۶) اوپر لکھا ہوا ۔ اوپر گزرا ہوا (۷) دھوکا ۔ فریب ٭ **بالا بالا** ۔ اوپر ہی اوپر ۔ بے اطلاع ۔ الگ ہی الگ ۔ علیحدہ ۔ بے کہے سنے ۔ خفیہ ٭ **بالا بالا جانا** (ف) (مجازاً) (۱) الگ الگ جانا ۔ پوشیدہ جانا ۔ خفیہ جانا ۔ اوپر اوپر جانا ٭ **بالا بتانا** ۔ دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔ بہانہ کرنا ۔ ٹالنا ٭ **بالابر** (ف) مذکر ۔ انگرکھے کا وہ حصہ، جو آگے کی کلی سے نکلا ہوا ہوتا اور دامن کے نیچے چھپا رہتا ہے ۔ **بالا بلند** ۔ اونچے قد والا ٭ **بالا بند** (ف) مذکر ۔ (۱) سر بند ۔ سرپیچ ۔ پگڑی کے اوپر باندھنے کا گوشوارہ (۲) دستار (۳) ایک قسم کا لحاف (۴) ایک قسم کا لبادہ ٭ **بالا بھولا** (۱) وہ لڑکا، جو دغا فریب نہ جانے ۔ معصوم (۲) سیدھا سادہ ۔ سادہ مزاج ۔ بے ریا ٭ **بالاپن** (ہ) مذکر ۔ لڑکپن ۔ نو عمری ٭ **بالاپوش** (ف) مذکر ۔ پلنگ پوش ۔ وہ کپڑا، جو پلنگ، توشک یا لحاف پر ڈالتے ہیں ٭ **بالاتر** ۔ زیادہ مرتبے والا ۔ زیادہ بلند ٭ **بالا جوبن** (ف) مذکر ۔ (عوام) نوجوانی ۔ اٹھتی جوانی ٭ **بالا چاند** (س) مذکر ۔ (دہلی) ہلال ۔ ماہ نو ۔ نیا چاند ٭ **بالا خانہ** (ف) مذکر ۔ اوپر کا کمرہ ۔ چھت پر بنا ہوا مکان ۔ کوٹھا ۔ چوبارہ ٭ **بالا دست** (۱) زبردست ۔ بلند مرتبہ ۔ اعلیٰ ۔ عالی مرتبہ (۲) حاکم ۔ افسر (۳) غالب (۴) افضل ۔ پاکیزہ ۔ نفیس ۔ بہتر ٭ **بالا دینا** (ف)

دھوکا دینا ۔ فریب دینا ٭ **بالا شاہی** (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا سکہ ٭
بالا کش ۔ مؤنث ۔ وزنی چیزوں کو نیچے سے اوپر چڑھانے کا آلہ ۔
جر ثقیل ٭ **بالا گشتی** (ف) مذکر ۔ پولیس کا انسپکٹر ٭ **بالا نشین**
(۱) انجمن کا صدر ۔ صدر نشین (۲) حیثیت سے زیادہ جا پہنچ میں آنے
والی امیرانہ چیز (۳) خاص عزت کی جگہ بیٹھنے والا شخص ۔ صاحب حیثیت ۔
معزز ۔ کرسی نشین ٭ **بالا و پست** ۔ مذکر (مجازاً) آسمان
اور زمین ٭ **بالائی** (بَا ۔ لَا ۔ اِی) (۱) اوپر کا ۔ بلندی کا (۲) غیر معمولی
(۳) سطح کے اوپر کا (۴) (ر) ملائی ٭ **بالائی آمد ۔ یا ۔ آمدنی ۔**
یا ۔ یافت ۔ مؤنث (۱) تنخواہ کے علاوہ آمدنی (۲) رشوت ،
کمیشن وغیرہ ٭ **بالائی پیدا** ۔ مؤنث ۔ (دہلی) بالائی آمدنی ٭
بالائی خرچ ۔ مذکر ۔ وہ خرچ جو معمول سے زیادہ ہو ۔ زائد خرچ ٭
بالائی مزے (ر) مذکر ۔ چوری چھپے کے لطف ۔ خفیہ لطف ٭
بالائے طاق (ف) علیحدہ ۔ الگ ۔ کنارے رکھنا ، رہنا ، ہونا
کے ساتھ) ٭

بالٹی (بَال ۔ ٹی ، (ہ) مؤنث (۱) ٹین ، جست یا لکڑی کا ڈول (۲)
بالعموم وہ ظرف جس میں گھوڑوں کو پانی پلایا جاتا ہے

بالسٹ ٹرین (بَا ۔ لِسٹ ۔ ٹْرین) (انگ ۔ Ballast Train)
مؤنث ۔ سڑک کی تعمیر کے لیے مسالا ڈھونے والی ریل گاڑی (عوام
بالش ٹرین بولتے ہیں) ٭

بالش (بَا ۔ لِش) (ف) مذکر (۱) تکیہ ۔ مسند (۲) سرھانا (۳) افزونی ٭
بالشِ پر ۔ مذکر ۔ پروں کا تکیہ ٭

بالشت (بَا ۔ لِشت) (ف) مؤنث ۔ تکیہ ٭

بالشت (بَا ۔ لِشْت) (ہند) مذکر و مؤنث ۔ نواینچ یا چار گرہ یا بارہ انگل
کا پیمانہ ۔ ہاتھ کے انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیا کی نوک تک کا فاصلہ ٭

بالشتیا (بَا ۔ لِش ۔ تیا) (ر) مذکر ۔ کوتاہ ۔ نہایت پست قد ۔ بالشت کے
برابر آدمی ٭

بالشوزم (بَال ۔ شَوِزْم) (انگ ۔ Bolshevism)
مؤنث ۔ بالشویکوں کا طریق عمل ٭

بالشویک (بَال ۔ شَوِیک ، (انگ ۔ Bolshevik)
مذکر (۱) روس کی اشتراکی جماعت (۲) اس جماعت کا ایک فرد ٭

بالغ (بَا ۔ لِغ) (ع) مذکر (۱) سنّ بلوغ پر پہنچنے والا ۔ جوان ۔ سیانا ۔ نابالغ
کے برعکس (۲) (قانوناً) اٹھارہ سال کی عمر کا مرد ٭ **بالغ نظر** (ف)
کسی بات کو گہری نظر سے دیکھنے والا ، غور سے دیکھنے والا ، نکتہ رس ،
تجربہ کار ، حقیقت بیں ٭ **بالغہ** (ع) مؤنث ۔ جوان عورت ۔
پندرہ برس سے زیادہ عمر کی عورت ٭ **بالغہ بالسن** (ع) مؤنث
عمر کے لحاظ سے بالغ عورت ۔ اسلامی شریعت کے اعتبار سے
پندرہ برس کی عورت ٭ **بالغہ بالعلامات** (ع) مؤنث ۔ نشانیوں
کے رو سے بالغ عورت یعنی وہ عورت جو پندرہ برس کی نہ ہوئی ہو ، لیکن
حیض وغیرہ کی علامتیں بلوغت سے پہلے ہی پائی جائیں ٭

بالک (بَا ۔ لَک) (ہ) مذکر ۔ بچہ ۔ دودھ پینے والا بچہ ۔ کم عمر ۔ نادان ٭
بالک چوری ۔ مؤنث ۔ بچوں کو بھگا کر لے جانا ٭ **بالکا** ۔ مذکر (۱)
بچہ (۲) مرید جو بیٹے کے بجائے ہو ۔ شاگرد ۔ چیلا ٭ **بالکی** ۔ مؤنث ۔
مرید عورت ٭

بالگیر (بَال ۔ گیر) دیکھیے "بارگیر" ٭

بالم (بَا ۔ لَم) (ہ) مذکر (عوام) (۱) عاشق (۲) خاوند ۔ شوہر ۔ پتی ٭
بالم کھیرا ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا بڑا کھیرا ٭

بالنگو (بَا ۔ لِنگ ۔ گو) (ف) مذکر ۔ ایک دوا ۔ بادرنگ ٭

بالو (بَا ۔ لو) (ہ) مؤنث (۱) ریت ۔ ریگ (۲) بھٹے کے وہ ریشے جو
داڑھی کی مانند ہوتے ہیں ٭ **بالو بُرد** ۔ مؤنث (۱) وہ زمین جو سیلاب
آنے کے باعث ریت میں چھپ جائے اور کسی کام کی نہ رہے (۲)
مال گزاری کی معافی ، جو اس خرابی کی بنا پر دی جائے ٭ **بالوچری** ۔
مذکر ۔ بالوچر (مرشد آباد) میں بنا ہوا ایک قسم کا ریشمی کپڑا ٭ **بالوشاہی**
مذکر ۔ ایک قسم کی مٹھائی ٭ **بالو کا آبخورا** ۔ ایک طرح کا مٹی کا آبخورا ٭
... **بالو کی دوات** ۔ مؤنث ۔ ریت رکھنے کے لیے چھوٹا سا مٹی
کا ظرف ۔ اس سے پروفوں کو سکھانے کے لیے ریت کاغذ پر چھڑک
دیتے ہیں ٭ **بالو گھڑی** ۔ مؤنث ۔ ریت گھڑی ۔ شیشے کا ایک خاص
ظرف جس کے بالائی حصے میں ریت ڈالتے ہیں ۔ وہ ایک چھوٹے سوراخ
کے ذریعے سے نچلے حصے میں گرتی ہے ۔ پوری ریت گر جانے کے وقفے
سے وقت کا اندازہ کرتے ہیں ٭

بالی (بَا ۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) کان کا ایک زیور (۲) (عو) چھوٹی عمر کی لڑکی ۔ بچی ۔
(ان معنی میں بھولی اور کنواری کے ساتھ استعمال میں ہے) (۳) خوشہ
(۴) عورتوں کے سر کے باریک چھوٹے بال جو بڑھتے نہیں ٭ **بالی بھولی**
(۱) چھوٹی کم عمر لڑکی (۲) بے وقوف کم عقل عورت ٭ **بالی کی سوئیاں**
مؤنث ۔ گندم اور جو کے خوشوں کے ارد گرد چھوٹے سخت ریشے ٭

بالی عمر (۱) مؤنث (ہندو) بچپن کی عمر ۔ کم سنی ٭

بالیدگی (بَا ۔ لِی ۔ دَگی) (ف) مؤنث ۔ پیدائش ۔ روئیدگی ۔ نمو ۔ نمود ۔
بڑھاؤ ٭

بالے میاں (بَا ۔ لے ۔ میَاں) (ر) مذکر ۔ سلطان محمود غزنوی کے بھانجے
مسعود غازی کا لقب ٭ **بالے میاں کی مینڈنی** ۔ مؤنث ۔ میلے
کے دنوں میں بالے میاں کے مزار کو جانے والا گروہ ٭

بالیں (بَا ۔ لِیں) (ف) مذکر ۔ (۱) سرھانا (۲) تکیہ ٭ **بالیں پرست**
(مجازاً) آرام طلب ۔ بیمار ٭

بام (بَام) (ف) ، مذکر (۱) کوٹھا ۔ چھت ۔ بالاخانہ (۲) (ہ) مؤنث ۔
سانپ کی سی مچھلی ۔ مارماہی ٭ **بام مسیح** (ف) مذکر (مجازاً) چوتھا

آسمان ٭ **بام** نہم۔ مذکر (مجازاً) عرش ٭

بامداد۔ بامداداں (بام۔داد۔ بام۔دا۔داں) (ف) سورج نکلنے سے پہلے کا وقت۔ تڑکا۔ صبح ٭

بامن (با۔مَن) (ہ) مذکر (۱) برہمن (۲) ویدوں کا عالم (۳) وشنوجی کا ایک اوتار (۴) ٹھنگنا۔ بَونا ٭ **بامھن** (با۔مھَن) (ہ) مذکر (ع) برہمن ٭ **بامھن (بامن) کی بیٹی کلمہ بھرے (پڑھے)** مثل۔ (ع) بے حد لذیذ اور سلونی چیز کی تعریف میں کہتی ہیں ٭

بامھنی (بامنی) (مؤنث (۱) برہمن عورت (۲) سُرخ دُم اور چمکیلے جسم والا ایک کیڑا (۳) کنول کے پھول کا زرد زیرہ (۴) آنکھ کی ایک بیماری، جس سے پلکیں گر جاتی ہیں (۵) تخم ریزی ٭

بان (بان) (ع) مذکر (۱) عرب کا ایک نازک خوشبودار درخت، جس کے بیج سے تیل نکالا جاتا ہے (۲) بید مشک ٭

بان (بان) (ف) اسم کے آخر میں لگانے سے (۱) صاحب۔ محافظ۔ جیسے دربان۔ میزبان۔ باغبان (۲) چلانے والا۔ جیسے گاڑی بان ٭

بان (بان) (ہ) مذکر (۱) مونج وغیرہ کی رسی، جس سے چارپائی بُنی جاتی ہے (۲) آتش بازی (۳) مؤنث۔ خاصیت۔ مزاج۔ ڈھنگ۔ طور۔ آن کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے (۴) مؤنث (دہلی) عادت (پڑنا، ڈالنا، سیکھنا کے ساتھ) (۵) ایک قسم کی ہوائی جو قدیم زمانے کی لڑائیوں میں دشمن کی طرف پھینکتے تھے (۶) جوار بھاٹا (۷) (ہندو) مانجا۔ مانیاں۔ شادی کی ایک رسم (۸) تیر۔ تُکّا۔ خدنگ (۹) مجروح جانور کے لہو کے نشان ٭ **بان دار** (۱) مذکر۔ ہوائی پھینکنے والا (۲) (مجازاً) حفاظت کے لیے سواری کے ساتھ رہنے والا مسلح سپاہی ٭

بانا (با۔نا) (ہ) (۱) (عوام) کھولنا (۲) مذکر۔ لباس و پوشاک (۳) تانا کے برعکس۔ وہ تار جسے جلاہے کپڑے کے عرض میں بُنتے ہیں (۴) ریشمی دھاگا، جو بُننے اور سینے میں مستعمل ہے (۵) بھیس۔ وضع۔ وردی (۶) رنگ، صورت، شکل (۷) نقرئی طلائی ریشمی ڈورا، جو بہادر آدمی دلیری ظاہر کرنے کے لیے اپنے ایک پاؤں میں باندھتے ہیں۔ (اترنا اور پہننا کے ساتھ) (۸) ہنر۔ پیشہ۔ حرفہ (۹) لٹھائی کا ایک آلہ جسے جنگ میں دونوں ہاتھوں سے تھام کر پھراتے ہیں (۱۰) لوہے کا ایک ڈول، جس سے آب پاشی کے لیے پانی نکالا جاتا ہے (۱۱) دھاگوں کا چھلا، جو کبوتروں کے پاؤں میں ڈالا جاتا ہے ٭ **بانا باندھنا** (۱) ٹھیک لینا۔ دعوے سے کسی کام کا بیڑا اٹھانا (۲) ہتھیار لگانا۔ مسلح ہونا (۳) کمر باندھنا۔ تیار ہونا (۴) کسی کام میں بے نظیر ہونے کا دعویٰ کرنا (۵) شرط بدنا ٭ **بانا بدلنا**۔ روپ بھرنا۔ بھیس بدلنا۔ لباس تبدیل کرنا ٭

بانات (با۔نات) (ف) مؤنث۔ موٹا اور گرم اونی کپڑا ٭ **باناتی**۔ بانات کا بنا ہوا۔ بانات کے رنگ کا۔ بہت سرخ رنگ کا ٭

بانبی (باں۔بی) (ہ) مؤنث۔ سانپ کا سوراخ، بل ٭

بانٹ۔ بانٹ (ہ) مؤنث (۱) بانٹنا کا امر (۲) بانٹنا کا حاصل مصدر (۳) بٹوارا (۴) حاصل قسمت۔ خارج قسمت (۵) (گنجفہ بازوں کی اصطلاح) گنجفے یا تاش کے پتّوں کی تقسیم (۶) حصّہ (۷) دودھ دوہتے وقت گائے کے سامنے رکھنے کا چارا دانہ (۸) (لکھنؤ) لوہے، پتھر کے تولنے کے آلات۔ سنگ ترازو۔ (دہلی میں بٹ یا باٹ بولتے ہیں) ٭ **بانٹ بونٹ کر**۔ تقسیم کر کے ٭ **بانٹ چونٹ کرنا** (ع) تقسیم کرنا۔ دینا۔ دلانا ٭ **بانٹ دینا** (۱) (گنجفہ بازوں کی اصطلاح) پتّوں کا تقسیم کرنا (۲) تقسیم کر دینا ٭ **بانٹ کھانا**۔ تقسیم کر لینا ٭ **بانٹ لینا**۔ تقسیم کر لینا ٭ **بانٹا**۔ بخرہ۔ حصّہ۔ تقسیم کا حصّہ ٭ **بانٹنا**۔ حصّے لگانا۔ تقسیم کرنا ٭

بانج۔ بانجھ (بانجھ، بانجھ) (ہ) (۱) وہ عورت، جسے حمل قرار نہ پائے۔ بے اولاد عورت۔ عقیمہ (۲) (عوام) شور زمین۔ بنجر۔ کلّر۔ اُدسر (۳) ایک پہاڑی درخت، جس کے پھل کی گٹھلیاں ہندو بچّوں کے گلے میں بیماری سے بچنے کے لیے ڈالی جاتی ہیں ٭

بانچنا (بانچ۔نا) (ہ) (عوام) پڑھنا ٭

باندا (باں۔دا) (ہ) مذکر۔ زرد رنگ کی بیل، جو درختوں پر پیدا ہو کر ان کا ناس کر دیتی ہے۔ آکاس بیل (لگنا کے ساتھ) ٭

باندھ (باندھ) (ہ) (۱) باندھنا کا امر (۲) مذکر۔ بند۔ بندھن۔ مینڈ۔ روک (۳) قید (۴) پُشتہ ٭ **باندھا جانا**۔ گرفتار ہونا ٭ **باندھ رکھنا۔ باندھ کے رکھنا**۔ زبردستی روکنا۔ قید کر کے رکھنا ٭ **باندھ رہے ہوئے تو ہینگ کی پڑیا، میری بیٹی کاتے تو کُکڑی**۔ مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں، جب اپنی نہایت معمولی چیز کی از حد تعریف کر کے اسے ٹھکانے لگانا پیش نظر ہو ٭ **باندھ کیسہ کھا ہر بیسہ**۔ مثل۔ دو پیسے سے ہر کام بن جاتا ہے ٭ **باندھنا**۔ (۱) کھولنا کے برعکس۔ جوڑنا ملانا، نیچے اوپر رکھنا (۲) کسنا (۳) رسّی۔ زنجیر یا کسی چیز سے لپیٹنا۔ کوئی چیز لپیٹنا (۴) درست جگہ بٹھانا۔ چڑھانا۔ ملانا۔ جمانا جیسے ہڈی کا باندھنا (۵) مقرر کرنا (۶) دھرنا۔ رکھنا (۷) لگانا (۸) ترتیب دینا۔ ایک قطار میں کرنا (۹) تعمیر کرنا (۱۰) بند لگانا۔ روکنا (۱۱) صورت بنانا۔ جمع کرنا۔ بنانا (۱۲) (تار کے ساتھ) سلسلہ وار کرنا (۱۳) کیفیت دکھانا۔ دلکش منظر بنانا (۱۴) زبردستی کرنا (۱۵) قید کرنا (۱۶) نظم یا نثر میں لانا۔ بیان کرنا۔ لکھنا (۱۷) افسردہ کرنا (دل کے ساتھ) (۱۸) کسی کام کا مسلسل کرنا یا ہونا (۱۹) جمانا (۲۰) بٹھانا (۲۱) بدنا (۲۲) تجویز کرنا۔ لگانا۔ قرار دینا۔ قائم کرنا۔ تشخیص کرنا (۲۳) سوچنا (۲۴) کسی خیال کا دل میں جگہ دینا (۲۵) نظر جمانا (۲۶) کمر سے لپیٹنا (۲۷) نظیر دینا۔ تشبیہ دینا (۲۸) برابر کرنا۔ وزن کرنا (۲۹) آراستہ کرنا۔ مسلح کرنا (۳۰) مستقل

ارادہ کرنا (۳۱) ذمّہ داری لینا (۳۲) رسّی سے باندھنا۔ گرفتار کرنا (۳۳) جادو کے زور سے بیکار کر دینا۔ اپنے بس میں کرلینا۔ جادو کرنا۔ ٹونا کرنا (۳۴) باڑھ بنانا۔ تیز کرنا (۳۵) (عوام) درست کرنا۔ سنوارنا۔ گوندھنا (۳۶) ٹھہرانا (۳۷) گھیرنا۔ بنانا (۳۸) لپیٹنا۔ اونچا کرنا۔ اٹھانا (۳۹) (عو) اضافہ کرنا۔ اپنے سر لینا۔ ذمّے لگانا (۴۰) سمیٹنا ؛

باندھنو (بَاندھ۔ نُو) (ھ) مذکّر (۱) بندش، جو رنگ ریز چُنریاں رنگنے کے لیے باندھتے ہیں۔ چیرا، جو طرح طرح کے رنگ دینے کے لیے ڈوری سے باندھتے ہیں۔ رنگنے کا قاعدہ، جس کے مطابق کپڑے کو جگہ جگہ باندھتے ہیں تاکہ بندھی ہوئی جگہ نہ رنگنے پائے (۲) بناوٹ۔ افترا۔ سازش۔ بندش۔ الزام۔ طوفان۔ جھوٹی تہمت (۳) تدبیر۔ تجویز۔ پیش بندی (۴) منصوبہ (۵) لوازم (۶) تصوّر و خیال (۷) خیالی افسانہ (۸) ایک ریشمی کپڑا (۹) ایک قسم کا ٹونا ؛ **باندھنو باندھنا** (۱) منصوبہ باندھنا (۲) جھوٹ بنا کر مشہور کرنا۔ تہمت لگانا ؛

باندھو (بَاں۔ دَھو) (س) مذکّر (ہندو) (۱) رشتہ دار (۲) دوست ؛

باندی (بَاں۔ دیْ) (ھ) مؤنّث۔ کنیز۔ لونڈی۔ چیری۔ چھوکری ؛ **باندی تھی سو بیوی ہوئی اور بیوی تھی سو باندی ہوئی**۔ مثل (عو) وہاں بولتی ہیں جہاں نوکر مالک کے منہ لگ کر خود مختار ہو جائے اور اس کے آگے بیوی یا عزیزوں کی کچھ پیش نہ جائے ؛ **باندی کا بیٹا** مذکّر۔ (کنایۃً) فرماں بردار۔ بہت مطیع ؛ **باندی کو باندی کہا، رو دی، بی بی کو باندی کہا، ہنس دی**۔ مثل۔ واقعی عیب کے اظہار سے تکلیف پہنچتی ہے ؛ **باندی کے آگے باندی مینہ برسنے نہ آندھی**۔ مثل۔ کمینے کا کمینے پر حکومت کرنا گویا بلا کا نازل ہونا ہے۔ کمینے کو دوسرے کی تکلیف کا ذرا خیال نہیں ہوتا۔ کمینے دولت مند یا حاکم نوکروں کی قدر نہیں کرتے۔ کمینے کی خدمت گاری مصیبت ہے ؛

بانڈا (بَاں۔ ڈَا) (ھ) (۱) بے دُم کا سانپ (۲) دُم کٹا (۳) ٹیڑھی ٹانگوں والا (۴) کوز پشت۔ کُبڑا ؛

بانڈی (بَاں۔ ڈیْ) (ھ) مؤنّث (۱) (دہلی) ایک قسم کی بانس کی چھڑی (۲) چوپایے کی بے دُم مادہ (۳) (عوام) مصیبت۔ بدنصیبی (۴) (عوام) ہنڈی ؛ **بانڈی باز** (دہلی) (۱) لٹھ باز (۲) فسادی۔ شورہ پشت۔ لڑاکا ؛ **بانڈی چلانا**۔ لٹھ سے مارنا ؛ **بانڈی چلنا** (دہلی) لکڑیوں سے لڑائی ہونا۔ مارپیٹ ہونا۔ لٹھ چلنا ؛

بانس (بَانْس) (ھ) مذکّر (۱) ایک مشہور لمبا پتلا گرہ دار درخت، جو بیشتر اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے (۲) سوا تین گز کا پیمانہ جس سے کھیت ناپے جاتے ہیں ؛ **بانس پر ٹانگنا** (۱) کسی چیز کو بانس پر لٹکانا (۲) (عوام) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا ؛ **بانس پر چڑھانا** (۱) بانس کے اوپر رکھنا (۲) (عو) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ نکو کرنا (۳) بہت تعریف کرنا ؛ **بانس پر چڑھنا**۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا ؛ **بانس پھوڑ**۔ بانس کی تیلیوں سے ٹوکریاں اور چقیں بنانے والا۔ [اکثر بنس پھوڑ (نون غنّہ سے) کہتے ہیں] ؛ **بانس کھانا**۔ مار پڑنا ؛ **بانس کی کوٹھی**۔ مؤنّث۔ بانس کے درختوں کا جھنڈ ؛ **بانس واڑی**۔ مؤنّث۔ بانسوں کا جنگل ؛ **بانسوں اچھلنا۔ یا۔ کودنا** (۱) خوشی کی زیادتی سے کودنا۔ نہایت خوشی منانا (۲) غصّے کی شدت میں کودنا ؛ **بانسوں پانی اچھلنا یا۔ چڑھنا** (۱) پانی میں بہت جوش ہونا (۲) کسی معاملے میں بہت جوش ہونا (بُری یا بدنامی کی بات کے متعلق کہتے ہیں) ؛

بانسا (بَاں۔ سَا) (ھ) مذکّر۔ (۱) دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی (۲) ریڑھ (۳) ایک درخت جس کے پتّوں سے سُرخ رنگ نکالا جاتا ہے۔ پیا بانسا ؛ **بانسا پھر جانا**۔ نتھنوں کی درمیانی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا۔ مرنے کی علامت کا ظاہر ہونا ؛

بانسری۔ بانسلی (بَانْس۔ رِیْ، بَانْس۔ لِیْ) (ھ) مؤنّث۔ ایک قسم کا باجا، جو منہ سے بجایا جاتا ہے۔ مُرلی، نَے ؛

بانسی (بَاں۔ سِیْ) (ھ) مؤنّث۔ (۱) کلک۔ ایک قسم کا نرکل جو بانس کی طرح مضبوط ہوتا اور نیچے بنانے کے کام آتا ہے (۲) ایک قسم کا سفیدی مائل زرد پتھر ؛ **بانسی کا چاول**۔ مذکّر۔ ایک قسم کا اعلیٰ باریک چاول ؛

بانک (بَانْک) (ھ) مؤنّث (۱) ایک قسم کا فوجی کھیل، جو ٹیڑھی چھریوں سے بیٹھ کر یا لیٹ کر کھیلا جاتا ہے (۲) بانک کھیلنے کا ہتھیار۔ کٹار۔ خنجر (۳) نعل کی شکل کا ایک آہنی دھار والا آلہ جس سے بانس اور گنّا کاٹا جاتا ہے (۴) (عوام) کج۔ خمیدہ۔ ترچھا۔ ٹیڑھا (۵) ایک قسم کی ٹیڑھے پھل والی چھری (۶) ایک قسم کا زیور، جو ہندو عورتیں پاؤں میں پہنتی اور مسلمان عورتیں بازو پہ باندھتی ہیں (۷) ایک قسم کی چوڑی (۸) (عوام) اُشتر (۹) دریا کا گھماؤ۔ موڑ (۱۰) گاڑی کے پہیّے کی بڑی لمبی اور ٹیڑھی لکڑی، جو پہیّے کو گاڑی میں روکے رہتی ہے ؛ **بانک بگڑنا**۔ (ہندو) (عو) (دہلی) (۱) بنا بنایا کام خراب ہو جانا (۲) رانڈ ہو جانا ؛ **بانک پٹا**۔ مذکّر۔ ایک قسم کا کھیل، جو محرّم کے دنوں میں لکڑی کی تلوار اور خنجر سے کھیلا جاتا ہے ؛ **بانک کا چھلا**۔ مذکّر۔ سینگ۔ ہڈّی وغیرہ کا بنا ہوا ایک قسم کا ٹیڑھا چھلا ؛ **بانک کے توڑ**۔ مذکّر۔ بانک کے داؤ پیچ ؛

بانکا (بَاں۔ کَا) (ھ) (۱) ٹیڑھا۔ مُڑا ہوا۔ ترچھا۔ خم دار۔ جھکا ہوا (۲) باغی۔ ناخوش۔ ناراض (۳) مذکّر۔ ایک خاص جماعت، جو سر پر ٹیڑھا دوپٹا باندھتی اور ٹیڑھی ٹوپی پگڑی رکھتی ہے (۴) (صفت) چھبیلا۔ رسیلا۔ رنگیلا (۵) بدوضع شخص (۶) ایک قسم کی ٹیڑھی

چھریرا (۷) خوش وضع - طرح دار - وضع دار (۸) دلیر - بہادر (۹) سرہنگ - شہدا - لچا - نڈر - بیباک (۱۰) شریر - شوخ (۱۱) آزاد (۱۲) (کنایۃً) معشوق ✤ **بانکا ترچھا** - غرور کرنے والا - سرکش - متکبر ✤ **بانکا ٹیڑھا** - بانکا ترچھا ✤ **بانکا چور** - مذکر - مشاق چور - پُرفن چور - چالاک اور طرار چور ✤

بانکپن (بَانْکْ - پَنْ) (ہ) مذکر (۱) ٹیڑھاپن (۲) وضع داری، جس میں خود نمائی شامل ہو (۳) بدوضعی - سرکشی (۴) شوخی - ناز و انداز ✤ **بانکپن کی لینا** - بانکپن دکھانا - غرور کرنا ✤ **بانکی آواز** - مؤنث - دل میں چبھنے والی آواز - دلکش آواز - بہت اچھی آواز ✤ **بانکی ادا** - مؤنث (۱) معشوقانہ انداز (۲) نرالا ڈھنگ ✤

بانکڑی (بَانْکْ - ڑِی) (ہ) مؤنث - کھجورے جیسی ایک قسم کی لیس ✤

بانکیا (بَاں - کِیَا) (ہ) مذکر - بگل کی سی آواز والا - پیتل یا تانبے کا ٹیڑھا باجا جو سادھوؤں اور مہنتوں کے آگے بجایا جاتا ہے ✤

بانگ (بَانْگْ) (ف) مؤنث (۱) صدا - آواز (۲) اذان (۳) مرغ کی آواز ✤ **بانگِ جرس** - مؤنث - قافلے کے رخصت ہونے کی آواز ✤ **بانگِ خلیل اللہی** (ف - ع) مؤنث - اللہ اکبر، جو کشتی میں حریف کو اٹھاتے وقت کہتے ہیں ✤ **بانگِ درا** (ف) مؤنث - (۱) دیکھیے "بانگِ جرس" (۲) علامہ اقبالؒ کا اردو دیوان ✤ **بانگ دینا** (ی) (۱) اذان دینا (۲) بچے کی پیدائش کے وقت اس کے کان میں آہستہ آہستہ کلماتِ اذان کہنا (۳) مرغ کا بولنا ✤ **بانگِ صبح** (ف - ع) مؤنث - صبح کی اذان ✤ **بانگ کرنا** (ی) آواز دینا ✤ **بانگِ نماز** (ف) مؤنث - اذان - تکبیر ✤ **بانگی** (ی) مذکر - بانگ یا اذان دینے والا ✤

بانگا (بَاں - گَا) (ہ) مذکر - کپاس - کپاس کا پودا ✤

بانگر (بَاں - گَرْ) (ہ) مذکر - کھادر کے برعکس - اونچی زمین - اوپر کی زمین - وہ زمین، جس پر دریا کی رو نہ گزری ہو - وہ زمین جس میں پانی کے بغیر کاشت ہو سکے ✤ **بانگرو - بانگڑو** (۱) بانگر کے متعلق (۲) بانگر کا رہنے والا (۳) بے سلیقہ - بے تمیز - احمق - بے وقوف - کم عقل - ناواقف - غافل ✤

بانگی (بَاں - گِی) (ہ) مؤنث - نمونہ - چاشنی ✤ **بانگی دکھانا** - نمونہ دکھانا ✤ **بانگی دیکھنا** - نمونہ دیکھنا ✤

بانو (بَا - نُو) (ف) مؤنث (۱) بیگم - بی بی - خاتون - شہزادی - ملکہ (۲) ہر عزت دار عورت ✤

بانوا (بَاں - وَا) (س) مؤنث - پانی کا ایک پرندہ ✤

بانوے (بَاں - وِے) (ہ) نوّے اور دو - ۹۲ - ۹۲ ✤

بانہہ (بَانْہہ) (ہ) مؤنث (۱) کہنی سے شانے تک ہاتھ کا حصہ - بازو (۲) آستین (۳) (کنایۃً) وسیلہ - معرفت - سہارا - مدد (۴) مددگار (۵) پرورش کرنے والا (۶) حامی - دست گیر - حمایتی - مربی (۷) کھیت کو ایک دفعہ جوتنا (۸) قوت - زور - طاقت - توانائی (۹) (کنایۃً) بھائی ✤ **بانہہ بلند ہونا** (دہلی) (۱) طاقت ور ہونا (۲) عالی ہمت ہونا - عالی حوصلہ ہونا ✤ **بانہہ پکڑنا** (۱) حمایت کرنا - دست گیری کرنا - مدد کرنا (۲) روکنا ✤ **بانہہ ٹوٹنا** (۱) بازو ٹوٹنا (۲) (دہلی) کسی کو سہارا دینا - کسی کی مدد کرنا ✤ **بانہہ گہنا** (دہلی) ہاتھ پکڑنا ✤ **بانہہ لگے کی لاج** - ہاتھ پکڑنے کا لحاظ - دست گیری کی شرم ✤ **بانہیں چڑھانا** (۱) کسی کام کے لیے آستین سمیٹنا (۲) لڑائی کی غرض سے آستین چڑھانا - جنگ کی آمادگی ظاہر کرنا (۳) (کنایۃً) دھمکانا - ڈرانا ✤

بانی (بَا - نِی) (ہ) مؤنث (۱) صدا - آواز (۲) تقریر (۳) گیت - نظم (۴) خدائی علم (۵) فقیروں کی صدا (۶) رباعی یا قطعے کی طرز کے ہندی دوہرے یا گیت (۷) سرسوتی - علم کی دیوی (۸) پھیری والوں کی صدا جس میں قافیہ دار لفظ ہوتے ہیں، جیسے لیلا کی انگلیاں ہیں تو مجنوں کی پسلیاں، لے لوککڑیاں (۹) برتن رنگنے کی زرد مٹی (۱۰) کپڑا بننے کا دھاگا (۱۱) اسّی روپے کے برابر وزن ✤

بانی (بَا - نِی) (ع) بنیاد ڈالنے والا - ذریعہ - سبب - باعث - ایجاد کرنے والا ✤ **بانیٔ فساد** (ف) مذکر - سرگروہ - سرغنہ - ورغلانے والا - فتنہ انگیز - بس کی گانٹھ ✤ **بانیٔ کار** (۱) مشاق - ماہر - استادِ کامل (۲) چالاک (۳) شریر - دغا باز - اشتعال دینے والا ✤ **بانی کاری** (ی) مؤنث (۱) مہارت - استادی (۲) چالاکی (۳) اشتعال ✤ **بانیٔ مبانی** (ف) موجد - واقعی سبب - اصل باعث ✤

باوا (بَا - وَا) (ہ) مذکر (۱) باپ (۲) ہندو فقیر (۳) سردار (۴) گرو (۵) استاد ✤ **باوا آدم** - دیکھیے "بابا آدم" ✤ **باوا باوا اونٹ بکاؤ بیٹا بہت منہگا - باوا باوا اونٹ بکاؤ بیٹا بہت سستا** (ہ) مثل: غریبی میں سستی چیز بھی منہگی اور امیری میں منہگی چیز بھی سستی معلوم ہوتی ہے ✤ **باوا بھلا نہ بھیا، سب سے بھلا روپیہ** (ہ) مثل - دیکھیے "باپ بھلا ....." ✤ **باوا جان** دیکھیے "بابا جان" ✤ **باوا کا** (ہ) اپنا - نج کا - ذاتی - جدی - موروثی ✤ **باوا کا اجارہ ہے** (ی) کسی کو ہمارے کام میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں ✤ **باوا مریں گے تب بیل بٹیں گے** - مثل، امیدِ موہوم کے مقام پر بولا جاتا ہے ✤

باور (بَا - وَرْ) (ف) مذکر - اعتبار - بھروسا - یقین - اعتماد (آنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ✤

باورچن - باورچنی (بَا - وَرْ - چَنْ، بَا - وَرْ - چَنِی) (ی) مؤنث - کھانا پکانے والی عورت ✤ **باورچی** (ت) مذکر - کھانا پکانے والا ✤ **باورچی خانہ** (ف) مذکر - کھانا پکنے کی جگہ - مطبخ - رسوئی ✤

باورچی گری ۔ مؤنث ۔ کھانا پکانے کا پیشہ ؛
باون (بَا ۔ وَنْ) (ہ) پچاس اور دو ۔ ۵۲ ۔ ۵۲ ؛ باون
بیر (ہ) مذکر (۱) باون بہادر (۲) فتنہ پرداز ۔ فطرتی ؛ باون
تولے پاؤ رتی (ہ) مثل ۔ بے شک ۔ بالکل ٹھیک ۔ نہایت
کارآمد ۔ عمدہ و درست ۔ جوں کا توں ۔ بجنسہٖ ؛ باون گز کا ۔
(۱) لمبا ۔ دراز قامت ۔ طویل (۲) آفت کا پرکالہ ۔ فطرتی ۔ شریر ۔
فسادی ؛ باون ہزاری (ف) مذکر ۔ شاہی زمانے کا عہدہ ؛
باہ (بَاہْ) (ہ) مذکر ۔ کام ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ معاملہ ؛
باہ (بَاہْ) (ع) مؤنث ۔ جماع کی قوت ۔ قوت مردمی ؛
باہا (بَا ۔ ہَا) (ہ) مذکر (۱) پانی نکلنے کا راستہ ۔ نالی ۔ نہر (۲)
وہ برتن جس میں گنّے بیلتے وقت رس پڑتا ہے ؛
باہر (بَا ۔ ہِرْ) (ع) ظاہر ۔ روشن ؛
باہر (بَا ۔ ہَرْ) (ف) (۱) اندر کے برعکس ۔ کھلے میدان میں (۲) حد سے
نکلا ہوا ۔ علیٰحدہ ۔ جُدا ۔ بے تعلق (۳) سفر میں ۔ پردیس میں
(۴) (ہندو عو) بیت الخلا (۵) قرب وجوار ۔ بیرون جات ۔
بیرونِ شہر (۶) کچھ اوپر ۔ زائد ؛ باہر آنا ۔ گھر کے اندر سے
نکل کر باہر آنا ؛ باہر باہر (۱) اوپر ہی اوپر ۔ بالا بالا (۲) الگ
الگ ۔ دُور ۔ دُور (۳) دُور رہو ۔ اندر نہ داخل ہو ؛ باہر بھیتر
اندر ۔ باہر ؛ باہر بھیتر لگانا ۔ باربار اندر سے باہر باہر سے
اندر جانا ؛ باہر جانا (۱) گھر سے نکلنا ۔ پردیس جانا ۔ سفر کو جانا
(۲) حد سے آگے جانا ۔ حد سے نکلنا (۳) (عوام دیہاتی) پاخانے جانا ۔
جنگل جانا (۴) سیر تماشے کو جانا (۵) احاطے سے نکل جانا ؛ باہر
دھکیلنا یا ڈھکیلنا ۔ الگ کرنا ۔ زبردستی علیٰحدہ کرنا ؛ باہر
سدھارنا (عو) (۱) گھر سے باہر جانا (۲) پردیس جانا ؛ باہر کا
(۱) اجنبی ۔ غیر (۲) بیرونی (۳) گنوار ۔ دیہاتی ۔ دہقان ؛ باہر کا
اُٹھنے بیٹھنے والا ۔ مردوں میں نشست برخاست رکھنے والا ؛
باہر کرنا (۱) نکال دینا (۲) چھوڑنا (۳) برخاست کرنا (۴) علیٰحدہ
کرنا (۵) طلاق دینا (۶) ذات برادری سے خارج کرنا (۷) کسی چیز کو
کسی چیز سے نکالنا ؛ باہر کے پھرنے والے (مجازاً) نوکر چاکر ؛
باہر کی ہوا لگنا (ف) (۱) خارجی اثر قبول کرنا (۲) (کنایۃً) آوارہ
ہونا (۳) اترانا ؛ باہر کے کھائیں گھر کے (رگیبت) گائیں
مثل ۔ بیگانوں کو فیض ہو اور اپنے محروم رہیں ۔ محنت کوئی کرے ،
فائدہ کوئی اٹھائے ؛ باہر میاں ہفت ہزاری گھر بیوی
کرموں کی ماری ۔ مثل ۔ میاں تو نواب بنے پھرتے ہیں ۔ بیوی
قسمت کو روتی ہے ؛ باہر نہ ہونا (۱) الگ نہ ہونا ۔ علیٰحدہ نہ
ہونا (۲) دریغ نہ کرنا (۳) اندر سے نہ نکلنا (۴) مستثنیٰ نہ ہونا ۔
تعمیل سے گریز نہ ہونا (۵) انحراف نہ کرنا (۶) خلاف نہ ہونا ؛

باہر والا ۔ مذکر (عو) خاکروب ۔ بھنگی ؛ باہر والی ۔ مؤنث ۔
(عو) مہترانی ۔ بھنگن ؛ باہر ہی باہر ۔ بالا بالا ؛ باہری (۱)
غیر ۔ اجنبی ۔ بیرونی (۲) (ریاضی میں) خارجہ ؛
باہرا (بَا ۔ ہَرَا) (ہ) مذکر (۱) (ملکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح) ملکڑی
کا حملہ جو حریف کی دائیں جانب کیا جائے (۲) وہ شخص جو کنوئیں پر کھڑا
ہو کر پانی بھرا ڈول یا چرس لیتا ہے ؛
باہمن (بَاہْ ۔ مَنْ) (ہ) مذکر ۔ برہمن ؛
باہن (بَا ۔ ہَنْ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) وہ کھیت جس میں ہل چلایا گیا ہو
اور کچھ بویا نہ گیا ہو ۔ جوتی ہوئی زمین (۲) لیک ۔ لکیر ۔ پہیے کا
نشان ۔ جو زمین پر پہیا چلنے سے بن جاتا ہے (۳) چھکڑا ۔ گاڑی (۴)
دیوتاؤں کی سواری (۵) ہل کی لکڑی ؛
باہنا (بَاہْ ۔ نَا) (ہ) ہل چلانا ۔ کاشت کرنا ۔ جوتنا ؛
بائب (بَا ۔ اِبْ) (س) مذکر (۱) شمال مغرب کے کونے کی سمت (۲)
کسی چیز کا نشانے پر نہ لگنا (۳) (لکھنؤ) جُدا ۔ علیٰحدہ (۴) بات کا
بے اثر ہونا (۵) (صفت) حیرت انگیز ۔ عجیب و غریب (۶) علاوہ
(۷) سوا ؛
بائبل (بَا ۔ اِبْلْ) (انگ ۔ Bibie) مؤنث ۔ عیسائیوں
کی آسمانی کتاب ۔ انجیل ؛
بائع (بَا ۔ اِعْ) (ع) بیچنے والا ؛ بائعہ (بَا ۔ اِعَہْ) (ع) بیچنے
والی ؛
بائلر (بَا ۔ اِلَرْ) (انگ ۔ Boiler) مذکر ۔ ریل کے انجن کی
چمنی ؛
بائن (بَا ۔ اِنْ) (ع) وہ طلاق جس کے بعد رجوع نہ ہو سکے ؛
باؤ (بَا ۔ اُوْ) (ہ) مؤنث (۱) ہوا ۔ باد ۔ پَوَن (۲) ایک بیماری ، جو بدکار
مردوں اور عورتوں کو ہو جاتی ہے ۔ آتشک (۳) غرور ۔ گھمنڈ (۴)
ریح ۔ گوز ۔ پاد ؛ باؤ آنا (عوام) ریح خارج ہونا ؛
باؤ باندھنا (عوام) ہوا باندھنا ۔ چرب زبانی سے کام لینا ۔ خوشامد
کرکے مطلب نکالنا ؛ باؤ بک ۔ باؤ بھک ۔ مؤنث (۱) بکواس
(۲) گھوڑے کی ایک بیماری ؛ باؤ بندی (ف) مؤنث ۔ گھڑت ۔
فریب ۔ دھوکا ۔ بے فائدہ حرکت ۔ بے بنیاد بات ۔ خیالی پلاؤ ؛
باؤ بھڑکنا (عوام) (۱) پاگل ہو جانا ۔ سودائی ہو جانا ۔ دیوانہ
ہو جانا (۲) لڑنا ۔ بات بات میں بگڑنا ۔ بکواس کرنا ؛ باؤ ڈنڈی
پھرنا (عو) (دہلی) مارا مارا پھرنا ۔ آوارہ پھرنا ۔ ڈانواں ڈول پھرنا ۔
واہی تباہی پھرنا ؛ باؤ سرنا ۔ گوز آنا ؛ باؤ سُول ۔ مذکر
پیٹ کا ریحی درد ۔ باؤ گولا ؛ باؤ کُھمبا ۔ مذکر ۔ ایک دوا ؛
باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا (ف) (۱) بے حد ناز سے چلنا ۔ نہایت
اترانا (۲) جلد باز ہونا (۳) بہت چُست چالاک ہونا (متاخرین "باؤ"

کی جگہ "ہوا" کہتے ہیں (۵) **باؤ گولا** (۱) مذکر۔ قولنج کا درد ۔ مروڑ ؛

باؤگریفی (با ۔ اَو ۔ گرَ ۔ فی) (انگ ۔ Biography) مؤنث ۔ سوانح عمری۔ تذکرہ ۔ روایات ؛

باؤلا (با ۔ اَو ۔ لا) (۵) مذکر (۱) سودائی ۔ دیوانہ ۔ پاگل (۲) احمق ۔ بے وقوف ؛

باؤلر (با ۔ اَو ۔ لَر) (انگ ۔ Bowler) مذکر ۔ گیند پھینکنے والا شخص ؛

باؤلی (با ۔ اَو ۔ لی) (۵) مؤنث (۱) وہ چڑیا یا جانور جس کے ذریعے سے پرندوں کو شکار کرنے کی مشق کرائی جاتی ہے (۲) سیڑھیوں اور دریچوں والا بہت پکا کنواں یا تالاب (۳) کم عقل عورت ۔ پاگل عورت (۴) چال ۔ فریب ؛ **باؤلی بتانا** ۔ جھانسا دینا ۔ اشتعال دینا ؛ **باؤلی دینا** ۔ (۱) اشتعال دینا (۲) تعلیم دینا (۳) شکاری پرندے کو کسی دوسرے پرندے پر چھوڑ کر دلیر کرنا ۔ ہمت بڑھانا ۔ بھڑی دینا ؛ **باؤلی کھاٹ کے باؤلے پایے ۔ باؤلی رانڈ کے باؤلے جایے** (۵) مثل ۔ جیسا باپ، ویسی اولاد ۔ سب ایک جیسے احمق ؛ **باؤلی ہانڈی** ۔ مؤنث (دہلی) دیوانی ہانڈی جو طرح طرح کی سبزیاں باہم ملا کر پکائی جاتی ہے ؛ **باؤلے کتے کا کاٹنا** (۵) (۱) دیوانے کتے کا کاٹ کھانا (۲) ہذیان بکنا اور بے وجہ لوگوں کو چھیڑنا (۳) بڑی ہونا ۔ پاگل ہو جانا ؛ **باؤلے ہو** ۔ بے سمجھ ہو ۔ بدحواس ہو ۔ اپنا بھلا برا نہیں سمجھتے ؛

باؤنی (با ۔ اَو ۔ نی) (۵) مؤنث ۔ بیج بونے کا وقت ؛

بائی (با ۔ ئی) (مرہٹی) مؤنث (۱) معزز عورت (۲) ناگہ (۳) مہنت اور گرو کی عورت (۴) کسبی (۵) ناچنے کا پیشہ کرنے والی ہندو عورت (۶) باد ۔ ریح (۷) (عو) سرسام (۸) اینٹھن ؛ **بائی بھرنا** ۔ دیکھو "بادِ سرنا" ؛ **بائی گولا** (عوام) دیکھو "باد گولا" ؛

بائیس (با ۔ ئیس) (۵) بیس اور دو ۔ ۲۲ ۔ ۲۲ ؛ **بائیسی** ۔ مؤنث (۱) شاہی فوج جس میں بائیس صوبوں کے رسالے خاندانِ مغلیہ کے دور میں رہتے تھے ۔ اُن دنوں ساری سلطنت میں بائیس ہی صوبے تھے (۲) دو ہزار دو سو سپاہیوں پر حکم رکھنے والا امیر یا سردار ؛ **بائیسی ٹوٹنا** (دہلی) (۱) درجہ ٹوٹنا (۲) ساری فوج سے حملہ کرنا (۳) (مجازاً) پوری طاقت سے حملہ کرنا ؛

بائیسکل (با ۔ ئی ۔ سِکل) (انگ ۔ Bicycle) مؤنث ۔ دو پہیوں کی گاڑی جو پاؤں کی حرکت سے چلتی ہے ۔ سائیکل ۔ گاڑی ۔ لوہے کا گھوڑا ۔

بائیکاٹ (با ۔ ئی ۔ کاٹ) (انگ ۔ Boycott) مذکر ۔ تجارتی اور معاشرتی تعلقات کا انقطاع ۔ قطع تعلق ۔ عدمِ تعاون ۔ ترکِ موالات ۔ (اس کے ساتھ ۔ کرنا ، ہونا کے ساتھ) ؛

بائیں (با ۔ ئیں ۔ با ۔ ئیں) (۵) دیکھیے "بایاں" ؛ **بائیں ہاتھ کا داؤں** ۔ مذکر ۔ بائیں ہاتھ کا کام ؛ **بائیں ہاتھ کا کام یا کرتب** ۔ مذکر ۔ آسان کام ۔ سہل کام ؛ **بائیں ہاتھ کا کھانا حرام** (۵) مقولہ ۔ ایک طرح کی قسم ؛ **بائیں ہاتھ کا کھیل** (۵) مذکر ۔ آسان کام ؛ **بائیں بائیں کرنا** (۵) (۱) بحواس کرنا ۔ بیہودہ بکنا (۲) شور مچانا ۔ غل مچانا ؛

بایاں (با ۔ یاں) (۵) (۱) دایاں کے خلاف ۔ چپ (۲) الٹا (ہاتھ) (۳) مذکر ۔ نیچا گہرا سُر، جو خصوصاً طبلے ، ڈھولک اور پکھاوج سے نکلتا ہے (۴) وہ طبلہ یا مجیرا جو بائیں ہاتھ کی طرف رہتا ہے، بالعموم طبلہ ؛ **بایاں بولنا** (دہلی) کہیں آتے جاتے وقت تیتر کا بائیں طرف بولنا ؛ **بایاں پاؤں ۔ یا ۔ پیر پوجنا ۔ یا چومنا** ۔ کسی کی استادی اور فیلسوفی کا اقرار کرنا ۔ ہار ماننا ۔ کسی کے کمال کا قائل ہونا ۔ لوہا ماننا ؛ **بایاں پاؤں یا قدم لینا** (۵) (طنزاً) (۱) شرارت ، چالاکی اور فتنہ پردازی کا قائل ہونا (۲) تعظیم کرنا ۔ عظمت ماننا ؛ **بایاں قدم چومنا** ۔ تعظیم کرنا ؛ **بایاں قدم کدھر ہے** ۔ کسی کی شرارت ، فتنہ پردازی اور چالاکی ظاہر کرنا ؛

باید (با ۔ یَد) (ف) چاہیے ؛ **باید و شاید** (ف) جیسا چاہیے ۔ نہایت مناسب ۔ بہت زیادہ ؛

بایں (بَ ۔ اِیں) (ف) اس کے ساتھ ؛ **بایں ہمہ** ۔ دیکھیے "با ایں ہمہ" ؛

ب ا ۔ ب

بباد (بَبَاد) (۵) مذکر (عوام) ۔ بحث ۔ جھگڑا ۔ فساد (اٹھانا ، اٹھنا کے ساتھ) ؛ **ببادی** ۔ جھگڑالو ۔ فسادی ؛

بباد (بَبَاد) (ف) ویران ۔ برباد ؛

ببر (بَبَر) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا شیر ۔ (فارسی میں بائے دوم کے سکون سے ہے ، بَبْر ، اردو میں بروزن کمر مستعمل ہے) ؛

ببر بَبَر (۵) (عوام) مؤنث ۔ ببول ؛

بُبّر (بَب ۔ بَر) (۵) مذکر ۔ گھوڑے اور اونٹ کے پاؤں کے بال کاٹنے والا ؛

ببرا (بَب ۔ رَا) (۵) مذکر ۔ کبوتروں کا ایک رنگ ۔ نیلے رنگ کے بازو پر سیاہ نقطے ہوتے ہیں ؛

ببری (بَب ۔ رِی) (۵) مؤنث (۱) گھوڑے کی ایال یا دُم جس کے بال کٹ گئے ہوں (۲) عورتوں کی پیشانی کے وہ بال جنھیں وہ کاٹ کر چھوٹا کرتی اور خوب صورتی کے لیے ماتھے پر چھوڑتی ہیں ۔ طرہ ۔ کاکل (۳) چھوٹی ہوئی لٹ ۔ زلف (۴) وہ نیلی کبوتری جس کے بازوؤں پر کالی چتیاں ہوں (۵) گھوڑوں کے بال کاٹنے کا کام ؛ **ببریاں چھوڑنا** (عو) پٹیں بڑھانا ۔ زلفیں بڑھانا یا رکھنا ؛

ببوا (بَب ۔ وَا) (۵) مذکر (۱) بابو کی تصغیر (۲) (محبت سے) لڑکا ۔ بچہ (۳)

مٹی کا پُتلا۔ کھلونا ٭

ببول (بَبُوْل) (ہ) مؤنث۔ ایک خار دار درخت جس سے گوند نکلتا ہے، کیکر۔ مغیلان ٭ **ببول کا گوند** (ہ) مذکر۔ کیکر کا گوند ٭ **ببول کے پیڑ بونا** (۱) کیکر کے درخت لگانا (۲) (مجازاً، عوام) بُرے اور نقصان دہ کام کرنا ٭

ببولا (بَبُوْ۔لَا) (ہ) مذکر۔ گرد باد۔ بگولا۔ ہوا جو خلا کی وجہ سے چکر کھا کر بلند ہوتی ہے۔ بونڈلا ٭

بَبھاس (بِبَھا س) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی راگنی ٭

بَبَئی (بَبَئی) (ہ) مؤنث (۱) ایک خوش بُودار بُوٹی (۲) اِس کا بیج (۳) مینا کی قسم کا ایک پرندہ۔ ان معنی میں اہل دہلی "ببئی" اور اہل لکھنؤ بیشتر "بوئی" بولتے ہیں ٭

بَبّی (بَبْ۔بِی) (ہ) مؤنث۔ بوسہ۔ چُوما۔ پیار جو بچوّں سے مخصوص ہے ٭

ببیا (بِبْ۔یا) (ہ) مؤنث (۱) بی بی کی تصغیر۔ بچّی۔ لڑکی (۲) تاش کا پتّا جس پر عورت کی تصویر ہوتی ہے۔ بیگم ٭

ببیس (بَبِیْس) (ہ) مؤنث (۱) بواسیر (۲) علّت مشائخ۔ اغلام کرانے کی عادت ٭ **ببیسی**۔ مؤنث۔ بواسیر ٭ **ببیسیا**۔ (۱) بواسیر کا مریض (۲) علّت مشائخ میں مبتلا (۳) بہت بکنے والا (۴) چالاک۔ فریبی ٭

ب ۔ پ

بپا (بَپَا) (ف) برپا۔ قائم۔ کھڑا کرنا۔ ہونا کے ساتھ ٭

بپت۔ بپتا (بِپَت۔ بِپْ تَا) (ہ) مؤنث (عو) (۱) دُکھ۔ تکلیف۔ مصیبت۔ بلا۔ آفت۔ مصیبت کی سرگزشت (۲) (عو) رانڈ ہوجانا۔ خاوند کا مرجانا ٭ **بپت پڑی جب بھینٹ منائی (مانی) مُکر گیا جب دہی آئی**۔ مثل۔ مصیبت نازل ہونے پر انسان بہت کچھ دینے کو تیار ہو جاتا ہے جب وہ گزر جائے تو سب کچھ بھول جاتا ہے ٭

بپتسما (بَپْ۔تِس۔مَا) (مہند) (انگ۔ بپٹزم۔ Baptism) مذکر۔ کسی کو عیسائی بنانے کے لیے اس مذہب کے مطابق پانی چھڑکنے یا پانی میں غوطہ دینے کی رسم۔ اصطباغ ٭

بپوتی (بَپَوْ۔تِی) (ہ) مؤنث (۱) میراث۔ ورثہ (۲) موروثی۔ نسلی ٭

بپھارا (بَپھَا۔رَا) (س) مذکر (۱) بھاپ۔ بخارات (۲) بھاپ سے پسینا نکالنا۔ (۳) پسینا لانے والی دوا ٭

بپھرنا (بِپَھرْ۔نَا) (ہ) (۱) جھلّانا۔ غصّے ہونا (۲) مچلنا۔ ضد کرنا (۳) جوش میں بھرنا۔ قابو سے باہر ہونا (۴) (گھوڑے کا) بدکنا۔ اچھلنا۔ چمکنا (۵) باغی ہونا (۶) لڑنے پر آمادہ ہونا ٭ **بپھرے رذیل اور بھوکے اشراف سے ڈرنا چاہیے** (۱) مقولہ۔ رذیل غصّے کی حالت میں اور شریف بھوک کی حالت میں خطرناک ہوتا ہے ٭

ب ۔ ت

بَت (بَت) (ہ)۔ بات کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے ٭ **بت بنا**۔ مذکر۔ جھوٹی باتیں بنانے والا۔ باتونی ٭ **بت کہا**۔ (عوام) باتونی۔ باتیں کرنے والا ٭ **بت کہاؤ** (عوام) مذکر۔ بات چیت۔ گفتگو ٭ **بت کہاؤ ہونا**۔ گفتگو ہونا۔ صلاح مشورہ ہونا۔ تکرار ہونا۔ بحث ہونا ٭

بَت (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی مرغابی۔ اس کا معرّب "بط" ہے ٭

بِت (ہ) مؤنث۔ (عو) (۱) سن۔ عمر (۲) ڈیل ڈول۔ قد و قامت (۳) حوصلہ۔ قدرت۔ بساط۔ بل۔ قوّت۔ طاقت (۴) دبدبہ۔ شان و شوکت (۵) دھن۔ مال۔ دولت (۶) قدر (۷) پہنچ (۸) اونچائی ٭

بُت (بُت) (ف) مذکر۔ (۱) صنم۔ پُتلا۔ مُورت (۲) قماربازوں کے پانسا پھینکنے کا آڑا تختہ یا پتھر (۳) (مجازاً) معشوق (۴) چُپ۔ خاموش۔ گُنگ (۵) گھونسا۔ مُکّا (۶) احمق۔ بے وقوف (۷) مدہوش۔ بیہوش (۸) تارکشوں کا چراغ دان، جسے وہ کندھے پر رکھ کر اس کی روشنی میں کام کرتے ہیں ٭ **بُت بن جانا۔ یا۔ بننا** (۹) (۱) چُپ ہوجانا (۲) محو ہوجانا (ان معنی میں "بت سا بننا" بھی کہتے ہیں) ٭ **بُت پرست** (ف) (۱) بُت پوجنے والا۔ بُتوں یا مورتیوں کو پوجنے والی قوم (۲) (مجازاً) عاشق ٭ **بُت پرستی**۔ مؤنث۔ بُت کی پوجا ٭ **بُت تراش**۔ بُت بنانے والا ٭ **بُت خانہ۔ یا۔ بُت کدہ**۔ مذکر۔ وہ عمارت جس میں بُت رکھا اور پوجا جائے۔ مورتیوں کا گھر۔ شوالا۔ مندر ٭ **بُت خانۂ آذر**۔ مذکر۔ مجوسیوں کا آتش کدہ ٭ **بُت سا ہوجانا** (۹) چُپ چاپ ہوجانا ٭ **بُت شکن** (ف) بُت کا توڑنے والا ٭ **بُت ہوجانا** (۹) چُپ یا سُن ہوجانا ٭

بِتّا (بِتْ۔تَا) (ہ) مذکر (عوام) (۱) ایک ہاتھ کی چوڑائی (۲) بالشت ٭

بُتّا (بُتْ۔تَا) (ہ) مذکر (۱) جھانسا۔ فریب۔ دم (۲) دھونس۔ دھوکا۔ بہانہ۔ حیلہ ٭ **بُتّا بتانا**۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ فقرہ دینا ٭ **بُتّا دینا** (۱) دغا دینا۔ جھانسا دینا۔ دھوکا دینا (۲) بہانہ کرنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ ٹالنا (۳) جھوٹا وعدہ کرنا۔ مغالطہ دینا ٭ **بُتّے بازی** (۹) مؤنث۔ فریب دہی۔ حیلہ سازی ٭ **بُتّے میں آنا**۔ دم میں آنا۔ فریب میں آنا ٭

بتاسا۔ بتاشا (بَتَا۔سَا ٭ بَتَا۔شَا) (ہ) مذکر (۱) بُلبلا۔ حباب (۲) ایک قسم کی مٹھائی جو بلبلے جیسی ہوتی ہے (۳) آتش بازی کا چھوٹا انار جو بتاسے کی صورت کا ہوتا ہے ٭ **بتاسا سا گھلنا**۔ یکایک بہت دُبلا ہوجانا۔ بیماری یا غم سے دفعتہً لاغر ہوجانا ٭ **بتاس پھینی**۔ مؤنث۔ ایک طرح کا پکوان جو دودھ اور قند کے ساتھ کھایا جاتا ہے ٭ **بتاسے کا قفل** (۹) مذکر۔ ایک عجیب طرح کا چھوٹا سا گول تالا ٭ **بتاسے کی طرح بیٹھ۔ یا۔ گھل جانا**۔ یکایک حالت ردّی ہوجانا۔ نہایت دُبلا ہوجانا ٭

بُتام (بُتَام) (ہند) (انگ۔ بٹن۔ Button) مذکر۔ بٹن ٭

بتانا (بَتَا۔نَا) (ہ) (۱) جواب دینا، بیان کرنا، کہنا (۲) سمجھانا۔ ذہن نشین کرنا۔

تعلیم دینا۔ پڑھانا۔ سکھانا (۳) واقف کرنا۔ راز کا افشا کرنا۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا (۴) دکھانا (۵) اشارہ کرنا۔ آنکھوں یا ہاتھوں کی حرکت سے اشارہ کرنا (۶) کام سے لگا دینا۔ کام دینا (۷) پیٹنا۔ مارنا۔ ٹھیک بنانا (۸) بوجھنا (۹) (زراسخرہ کے ساتھ) فریب دینا (۱۰) ناچنے میں ہاتھ، پاؤں اور ابرو کے اشارے سے پتا دینا ٭

بتانا (بَتا۔نا) (ہ) مذکر (۱) سونے یا چاندی یا پیتل کی گھنگرؤوں والی چوڑی جو عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں (۲) لوہے کا کڑا جو ہاتھ کا پیمانہ سمجھنے اور اس کی مدد سے چوڑی چڑھانے کے لیے منہار کے پاس رہتا ہے (۳) گھوڑے کی نبض جس سے اس کی بیماری کا پتا چلتا ہے (۴) چھوٹی پگڑی جو اوپر کی طرف گولائی آنے کی غرض سے اصلی پگڑی کے نیچے رکھی جاتی ہے (۵) (مجازاً) امداد ٭

بُتانا (بُتا۔نا) (ہ) (عوام) بجھ جانا ٭

بتاؤں (بتا۔آؤں) (ہ) (۱) کہوں (۲) سمجھاؤں (۳) دکھاؤں (۴) ماروں (۵۔ پنجابی) مذکر۔ بینگن۔ بادنجان ٭

بتاؤ نہیں آئی (ہ) (کاشتکاروں، زمینداروں کی اصطلاح) مینہ کی زیادتی سے زمین اتنی خشک نہیں ہوئی کہ ہل جوتا جا سکے ٭

بَتَر (بَتَر) (ف) "بدتر" کا مخفف (اہل ہند بہ تشدید تا ر بھی بولتے ہیں) (۱) بہت برا۔ بہت خراب (۲) ناقص۔ نکما ٭

بُترا (بُت۔را) کند، ناقص دھار والا (ہتھیار) ٭

بتراضئ طرفین (بِ۔تَرا۔ضِئ۔طَر۔فَین) (ف۔ع) فریقین کی رضامندی سے ٭

بِترانا (بِت۔را۔نا) (ہ) (ہندو، عو) (۱) نکتہ چینی کرنا۔ موشگافی کرنا، برائی نکالنا۔ عیب نکالنا (۲) جھٹلانا۔ جھوٹا بنانا (۳) الزام لگانا ٭

بُتَنگ (بُتَنگ) (ف) مؤنث۔ بطخ۔ بط ٭

بتکا (بَت۔کا) (ہ) مذکر۔ نر بطخ ٭

بتنگڑ (بَتَنگ۔گڑ) (ہ) مذکر (۱) مبالغہ۔ ذرا سی بات بڑھا کر بڑی بات بنانا (۲) باتونی ٭

بتلانا (بت۔لا۔نا) (ہ) دیکھو "بتانا" ("بتانا" زیادہ فصیح ہے) ٭

بتمامہ (بِ۔تَما۔مِہٖ) (ف۔ع) پورا۔ سارا۔ بالکل ٭

بتنا (بِت۔نا) (س) ہو جانا۔ گزر جانا (اب "بیتنا" ہی استعمال میں ہے) ٭

بتنگ (بَتَنگ) (ہ) (۱) ناخوش، بیزار (۲) مجبور۔ عاجز (اب اس مقام پر "تنگ" ہی مستعمل ہے) ٭ **بتنگ آنا** (ہونا) (۱) عاجز آنا (۲) بیزار ہونا۔ ملول ہونا ٭

بتنگڑ (بَتَنگ۔گڑ) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "بتکڑ"۔ ("بتنگڑ" بھی کہتے ہیں) ٭

بِتوڑا (بِتَوڑ۔را) (ہ) مذکر۔ خشک اپلوں کا ڈھیر ٭

بِتوڑن (بِتَوڑ۔رَن) (ہ) مذکر (۱) غلے کا ڈھیر جو فصل کاٹتے وقت لگایا جاتا ہے (۲) غلے کا انبار جو فصل گاہنے کے بعد بنایا جاتا ہے ٭

بتوری (بَتَو۔ری) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی قسم کا ایک اناج۔ چینی (۲) پتھر جیسا سخت ورم ٭

بَتُول (بَتُول) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) کنواری (۲) تارک دنیا (۳) رسول اللہ صلعم کی صاحبزادی حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا لقب ٭

بَتولا (بَتَو۔لا) (ہ) مذکر (۱) دھوکا (۲) ہنسی اور مضحکے کی بات ٭ **بَتُولَن** مؤنث۔ باتونی عورت۔ چالاک دغاباز عورت ٭ **بتولے بنانا۔ یا۔ دینا** (عو) (۱) سخن سازی کرنا۔ چکنی چپڑی باتیں کرنا (۲) جھانسے دینا۔ فریب دینا ٭

بتولے میں آنا (عو) فریب میں پھنسنا۔ جل میں آنا۔ دھوکا کھانا ٭

بَتّہ (بَت۔تَہ) (ع) مذکر (۱) خارج کرنا۔ تفریق کرنا (۲) ایک مرتبہ کاٹنا۔ (۳) سل کا بٹا ٭

بِتھرانا (بِتھ۔را۔نا) (ہ) بکھرنا۔ ضائع کرنا۔ پھینکنا ٭

بتھرنا (بِتھَر۔نا) بکھرنا۔ پھیلنا۔ گرنا ٭

بتھوا (بَتھ۔وا) (ہ) مذکر۔ گندم کے کھیت میں پیدا ہونے والا ایک قسم کا ساگ ٭

بتھوے کا ساگ کن ساگوں میں، غلیا ساس کن ساسوں میں (۱) مثل۔ ادنیٰ چیز کی کوئی قدر و منزلت نہیں اور دور کا رشتہ کوئی رشتہ نہیں ٭

بتھیا (بَتھ۔یا) (ہ) مؤنث۔ خشک اپلوں کا ڈھیر ٭

بَتّی (بَت۔تی) (ہ) مؤنث (۱) فتیلہ۔ چراغ کی بتی۔ وہ بٹی ہوئی روئی یا کپڑا جو تیل میں ڈال کر جلایا جاتا ہے (۲) شمع۔ روشنی (۳) شافہ (۴) لاکھ کی قلم جس سے مہر لگائی جاتی ہے (۵) فتیلہ جو زخم میں اس لیے رکھا جاتا ہے کہ وہ مواد سے بھر نہ جائے (۶) وہ فتیلہ جس سے آتش بازی میں آگ دیتے یا گولہ، بندوق اور توپ سر کرتے ہیں (۷) پگڑی کا بٹا ہوا پیچ (۸) پیٹھ کی ہڈی کے دونوں جانب حیوانات کا گوشت (۹) بارود کا فتیلہ۔ صندل کا فتیلہ۔ اگر کا فتیلہ (۱۰) میل جو مالش میں جسم سے چھوٹتا ہے (۱۱) سرکنڈے یا بانس کی گڈی جو چھپر یا کھپریل میں آڑی باندھی جاتی ہے (۱۲) کپڑے یا روئی کا فتیلہ جو نزلے کا پانی نکلنے کی غرض سے ناک میں رکھا جاتا ہے (۱۳) (عوام) دیاسلائی ٭ **بتی اڑانا**۔ ٹھیک نشانہ لگانا ٭ **بتی اکسانا**۔ چراغ کی روشنی زیادہ کرنے کے لیے بتی کو آگے بڑھانا ٭ **بتی بنا کر رکھ چھوڑو**۔ بیکار ہے ٭ **بتی جلانا**۔ شمع یا چراغ کا روشن کرنا ٭ **بتی چڑھانا** (۱) دوا کی یا روئی کپڑے کی بتی بنا کر زخم میں رکھنا (۲) جھاڑ، ہانڈی، کنول، فانوس میں چربی کی بتی لگانا ٭ **بتی دکھانا** (۱) بتی لگانا، جلانا (۲) گولہ یا توپ چھوڑنا (۳) روشنی دکھانا ٭ **بتی دینا**۔ آگ لگانا۔ داغنا ٭ **بتی کی طاقت** (۱) مؤنث برقی اصطلاح میں برقی لیمپ کی روشنی کا حساب ہومی شمع کے حساب سے رکھا گیا ہے ٭ **بتی لگانا** (۱) بتی چڑھانا (۲) آگ لگانا ٭

بِتّی (بِت۔تی) (ہ) مؤنث (۱) لڑکوں کا ایک کھیل (۲) دوڑ ٭ **بتی بلا دینا**۔ ہار منوا دینا۔ عاجز کر دینا ٭ **بتی بول جانا**۔ عاجز ہو جانا۔ بیکار ہو جانا ٭

بتیا (بَت۔یا) (ہ) مؤنث (۱) ہرا کچا پھل۔ عموماً ہرا اور کچا خربوزہ (۲) ایک قسم کا لمبا بینگن ٭

بتّیس (بَت۔تِیس) (ص) تیس اور دو۔ ۳۲۔ عــــدد ٭ **بتّیسا** (بَت۔تِی۔سا) مذکر۔ (۱) بتّیس دواؤں سے مرکب ایک قسم کا حلوا جو زچّہ کو طاقت آنے کی غرض سے کھلایا جاتا ہے (۲) وہ بتّیس مسالے جو گھوڑی کو بچّہ دینے کے بعد کھلائے جاتے ہیں (۳) ایک قسم کا پنجابی حلوا ٭ **بتّیس ابرن**۔ مذکر۔ بتّیس قسم کا زیور ٭ **بتّیس دانت کی بچا کا خالی نہیں جاتی** (۱) مثل۔ مظلوم شخص کی بد دُعا بیکار نہیں جاتی، ضرور اثر کرتی ہے ٭ **بتّیس دانتوں میں زبان** (۱) مثل۔ ایک کمزور شخص بہت سے زبردست دشمنوں میں گھرا ہوا ٭ **بتّیس دھار ہو کر نکلے** (بددعا) (عو) پھوٹ پھوٹ کے نکلے۔ تیرے آگے آئے۔ تجھ پر صبر پڑے۔ تیرا جسم پھوٹ جائے ٭ **بتّیس دھاریں دُودھ بخشنا**۔ مرتے ہوئے جوان بیٹے کو اس کی ماں کا اپنا پلایا ہوا دُودھ بخش دینا ٭ **بتّیسی** (بَت۔تِی۔سِی) (ص) مؤنث۔ انسان کے دانتوں کی دونوں لڑیاں۔ تمام دانت۔ دانتوں کا چوکا ٭ **بتّیسی بجنا**۔ خوف یا سردی کی شدت سے کانپنے میں دانتوں کا آواز دینا ٭ **بتّیسی بند ہونا** (۱) غشی کی حالت میں دانتوں کا جکڑ یا بیٹھ جانا، منہ بند ہو جانا، بول نہ سکنا ٭ **بتّیسی دکھانا** (۱) دانت دکھانا۔ بیہودہ ہنسنا (۲) ہنسی کرنا۔ چڑانا (۳) انکسار کرنا۔ عاجز ہونا (۴) خوشامد کرنا ٭

ب۔ٹ

بٹ (بَٹ) (ص) مؤنث (۱) مٹاپے کے باعث پیٹ یا گردن میں پڑنے والی شکن (۲) چوٹ کے سبب انسان کے بدن پر ہو جانے والی سوجن (۳) سلوٹ۔ بل (۴) (دہلی) تولنے کا وزن۔ باٹ (۵) پیچ۔ مروڑ (۶) اوجھڑی کا موٹا گوشت، جس میں خار نہیں ہوتے (۷) پگ ڈنڈی۔ راستہ (۸) کشمیری برہمن (۹) باٹ (راہ) کا مخفف (۱۰) تقسیم۔ بانٹ ٭ **بٹ نڑوائی**۔ مؤنث۔ حکومت کی طرف سے باٹوں کی سالانہ جانچ پڑتال ٭ **بٹ مار**۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔ رہزن ٭ **بٹ ماری**۔ مؤنث۔ رہزنی۔ لوٹ مار۔ ڈکیتی ٭ **بٹ موگرا**۔ مذکر۔ بڑا موگرا، جو ایک خوش بودار پھول ہوتا ہے ٭

بٹّا (بَٹ۔ٹا) (ص) مذکر (۱) گھاٹا۔ کمی (۲) چھوٹا باٹ (۳) تولنے کا وزن (۴) وہ کمی جو نوٹ، روپیہ وغیرہ بھنانے میں پڑے۔ کٹوتی (۵) نقص۔ عیب۔ داغ۔ دھبّا (۶) ہنڈاون (۷) جھوٹ۔ مجرائی۔ منہائی (۸) سل پر مسالا یا دوا پیسنے کا پتھر یا لوہے کا ٹکڑا (۹) زیور رکھنے کا کاٹھ کا ڈبّا (۱۰) چھوٹا گول آئینہ (۱۱) بھان متی کا گول ڈبّا، جس میں وہ گولی رکھ کر غائب کرتا ہے (۱۲) گولا جسے بازیگر کمان کی ڈور پر چلاتے ہیں (۱۳) فصد کھولنے والے کا وہ کاٹھ کا گولا جو خون نکالتے وقت ہاتھ میں پھرایا جاتا ہے (۱۴) ارباب نشاط کا انعام (۱۵) پان رکھنے کا گول ڈبّا (۱۶) وہ لکڑی جس میں سوراخ کرنے کے بعد دوسری لکڑی لگا کر کنوئیں پر رکھتے ہیں تاکہ کنوئیں میں رسی آسانی سے جا سکے (۱۷) غیر معمولی رقم جو فوجیوں کو میدان جنگ پر رہنے کے دوران میں دی جاتی ہے (۱۸) (عوام) فرق (۱۹) پیتل کی لٹیا ٭ **بٹّا آنا**۔ بٹّا لگنا ٭ **بٹّا دھار (ڈھال)** (دہلی) (۱) مسطح۔ سپاٹ۔ برابر۔ ہموار (۲) (مجازاً) تباہ۔ برباد ٭ **بٹّا دینا**۔ نقصان اٹھانا۔ کمی پوری کرنا ٭ **بٹّا سٹّا**۔ مذکر۔ (۱) ایک قسم کی زرہ بکتر (۲) بندش۔ سازش (ان معنی میں سٹّا بٹّا بولتے ہیں) ٭ **بٹّا کاٹ لینا (کاٹنا)** بٹّا لینا ٭ **بٹّا لگانا** (۱) کٹوتی کاٹنا۔ کمی پوری کرنا (۲) عیب لگانا ٭ **بٹّا لگنا** (۱) نقصان آنا یا پڑنا۔ کمی پڑنا (۲) حرف آنا۔ عیب لگنا ٭ **بٹّے باز** (۱) دغاباز۔ چالاک (۲) شعبدہ باز۔ بازیگر۔ بھان متی ٭ **بٹّے بازی** (و) مؤنث۔ (۱) دغابازی۔ چالاکی (۲) شعبدہ گری ٭ **بٹّے پر خریدنا**۔ نفع نقصان پر خریدنا ٭ **بٹّے دار روپیہ**۔ مذکر۔ ناقص روپیہ جس پر بٹّا پڑے ٭ **بٹّے سے منہ توڑنا** (۱) بٹّے سے منہ کچل ڈالنا (۲) سخت سزا دینا ٭ **بٹّے کھاتے**۔ وہ رقم جس کے وصول ہونے میں شک ہو۔ ناقابلِ وصول رقم ٭ **بٹّے کھاتے لکھنا**۔ کسی رقم کو ناقابلِ وصول قرار دینا ٭ **بٹّے کھاتے میں ڈالنا**۔ ناقابلِ وصول قرار دینا ٭

بٹالین (بَٹا۔لِین) (انگ۔ ...) مؤنث۔ پلٹن۔ ایک ہزار پیدل فوج ٭

بٹانا (بَٹا۔نا) (ف) (۱) تقسیم کرنا۔ بانٹ لینا (۲) (توجہ، دھیان، خیال کے ساتھ) دوسری طرف متوجہ کرنا۔ دُور کرنا۔ ہٹانا ٭ **بٹائی** (ف) مؤنث (۱) حصّہ کسی جنس یا غلّے کا حصّہ۔ تقسیم (۲) زمیندار اور کاشتکار میں غلّے کی تقسیم (۳) حصّہ داروں میں باہمی تقسیم (۴) پیداوار تقسیم ہونے کا موسم (۵) کھیت کی پیداوار بانٹنے کی اُجرت (۶) رسی بٹنے کی اُجرت ٭ **بٹائی دار** (و) مالک سے فصل کا حصّہ بانٹنے والا زمیندار ٭

بِٹانا (بِٹا۔نا) (ف) (عوام) بکھیرنا۔ پھیلانا ٭

بٹ جانا (ف) (۱) تقسیم ہو جانا (۲) مروڑ کھانا (۳) اِدھر اُدھر چلا جانا۔ سرک جانا۔ علیحدہ ہو جانا ٭

بُٹرنا (بُٹَر۔نا) (ف) (عوام) (۱) ایک جگہ جمع ہو جانا (۲) ترپا جانا ٭

بٹ لوہی۔ بٹ لوئی (بَٹ۔لو۔ہی، بَٹ۔لو۔اِی) (ف) مؤنث۔ پیتل کا برتن جس میں ہندو لوگ پانی رکھتے اور کھانا پکاتے ہیں ٭

بٹن (بَٹَن) (انگ۔ Button) مذکر (۱) بوتام (۲) کارچوب میں کام آنے والے سونے چاندی کے تار ٭

بِٹن (بِٹ۔ٹَن) (ف) مؤنث۔ بیٹی کی تصغیر ٭

بٹنا (بُٹ۔نا) (ف) مذکر (دہلی) ابٹن۔ غازہ۔ خوش بودار مسالا، جس کے استعمال سے رنگ نکھرتا اور دیر تک جسم میں خوش بو رہتی ہے ٭

بٹنا (بَٹ۔نا) (ف) (۱) حصّے ہونا۔ باہم تقسیم ہونا (ان معنی میں "بنٹنا" فصیح ہے) (۲) ایک طرف سے دوسری طرف ہٹنا۔ جدا جدا ہونا۔ متفرق ہونا (۳) ابتر ہونا۔ پریشان ہونا (۴) مروڑنا۔ اینٹھنا۔ بل دینا (۵) (دھیان، خیال کے ساتھ) دُور ہونا۔ ایک جانب سے دوسری جانب ہو جانا (۶) مذکر۔ وہ آلہ جس سے رسّیاں بٹتے ہیں ٭

بٹنگ (بَٹَنگ) (ف) مذکر۔ ناشپاتی جیسا ایک میوہ ٭

بٹنی (بَٹ۔ نی) (ا) مؤنث۔ عورت کی چھاتی کا منہ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے ؛
بٹنیا (بِٹن۔ یا) (ا) مؤنث۔ بٹی کی تصغیر۔ پیار سے لڑکی کو کہتے ہیں ؛
بٹوا (بِٹ۔ وَا) (ا) (عوام) مذکر۔ بیٹا ؛
بٹوا (بَٹ۔ وَا) (ا) مذکر (۱) روپیہ پیسا، الائچی، ڈلی، تمباکو اور حرم کا مسالا رکھنے والی خاص قسم کی بہت سی تہوں کی دُہری، چھوٹی تھیلی (۲) چمڑے کا چھوٹا سا بیگ (۳) ہندوؤں کا دال ترکاری پکانے کا برتن، جو ٹونٹی کے بغیر لوٹے کی شکل کا ہوتا ہے ؛ **بٹوا سا قد** (ا) مذکر (۱) چھوٹا اور گول قد۔ بوٹا سا قد (۲) مٹکنا سا قد ؛ **بٹوا سا منہ**۔ مذکر۔ غنچہ سا دہن، خوب صورت منہ، چھوٹا سا منہ، پیاری شکل ؛
بٹوار (بَٹ۔ وَار) (ا) مذکر۔ اُگاہی کرنے والا۔ محصول جمع کرنے والا ؛
بٹوارا (بَٹ۔ وَا۔ رَا) (ا) مذکر۔ غلّے کی تقسیم۔ جائداد مشترکہ کی تقسیم۔ زمین کی تقسیم۔ شرکا کی علٰحدگی ؛ **بٹوارا خانگی**۔ مذکر۔ آپس کی تقسیم۔ نج کی تقسیم ؛ **بٹوارا سرکاری**۔ مذکر۔ سرکاری طور پر یا عدالت مال سے غیر منقولہ جائداد کی تقسیم ؛ **بٹوارا غیر مکمل**۔ مذکر۔ مال گزاری ادا کرنے والی جائداد کی تقسیم، اس طرح کہ حصہ کشی کے باوجود ساری جائداد مال گزاری ادا کرنے کی ذمہ دار رہے، یعنی جس میں ہر حصے کی مال گزاری رسدی نہ ہو جائے ؛ **بٹوارا مکمل**۔ کسی پٹی، موضع یا محال کی تقسیم اس طرح کہ ہر حصے کی مال گزاری جدا جدا ہو جائے ؛
بٹوانا (بَٹ۔ وَا۔ نَا) (ا) (۱) تقسیم کرانا (۲) بل ڈلوانا ؛
بٹوائی (بَٹ۔ وَا۔ اِی) (ا) مؤنث۔ بٹنے کی اُجرت ؛
بٹورا (بِٹو۔ رَا) (ا) دیکھیے "بتورا" ؛ **بٹورے جانا** (عوام) رفع حاجت کو جانا ؛ **بٹورے میں اپلے ہی نکلیں گے**۔ مثل۔ بُروں سے بُرے ہی کرتوت ظاہر ہوں گے ؛
بٹورن (بِٹو۔ رَن) (ا) مؤنث (۱) فراہم کی ہوئی۔ چُنی ہوئی (۲) بچی کھچی چیز۔ کوڑا کرکٹ ؛
بٹورنا (بِٹو۔ رَ۔ نَا) (ا) (عوام) (۱) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا (۲) ترپنا (۳) سمیٹنا ؛
بٹوری (بِٹو۔ رِی) (ا) مؤنث۔ محصول یا معاملہ جو دیہاتی دکانداروں پر لگایا جائے ؛
بٹونا (بِٹو۔ نَا) (ا) (۱) چھڑکنا۔ بکھیرنا (۲) (عوام) مذکر۔ بلیا۔ لڑکا (ان معنی میں بہ فتح دُوم بولتے ہیں) ؛
بٹویا (بِٹو۔ یا) (ا) مذکر۔ مسافر۔ راہ گیر ؛
بٹھا دینا (ا) (۱) نشست پر مجبور کرنا (۲) کسی کام سے دست بردار کرنا (۳) تعلیم کے لیے مکتب یا مدرسے میں بھیج دینا (۴) بدحواس کر دینا (۵) مضمحل کرنا۔ ہمت پست کر دینا (۶) نرم کر دینا۔ ڈھیلا کر دینا۔ پتلا کر دینا (۷) گلنتھی کر دینا (۸) مسمار کرنا۔ گرانا۔ غارت کر دینا۔ ڈھا دینا (۹) بے ہوش کر دینا۔ چکرا دینا (۱۰) برابر کرنا۔ یکساں کرنا (۱۱) غرق کر دینا۔ ڈبو دینا (۱۲) اندر کر دینا۔ دھنسا دینا (۱۳) (عوام) دبا دبا کر بھرنا۔ ٹھونسنا (۱۴) دیوار نکلوانا (۱۵) (حلوائیوں اور باورچیوں کی اصطلاح) کھپانا۔ جذب کر دینا ؛

بٹھا رکھنا (عوام) (۱) کنوارا رکھنا (۲) شادی کے بعد سسرال نہ بھیجنا (۳) گھر پر رکھنا۔ بیکار رکھنا ؛
بٹھانا (بِٹھا۔ نَا) (ا) (۱) بیٹھنا کا متعدی (۲) (ہاتھ کے ساتھ) پختہ ہونے دینا۔ درست کرنا (۳) رکھنا۔ قائم رکھنا۔ بیٹھنے دینا۔ ٹھہرنے دینا (۴) بدحواس کر دینا (۵) مقرر کرنا (۶) (دل کے ساتھ) حوصلہ پست کر دینا (۷) پیوست کرنا۔ اتارنا (۸) تشخیص کرنا (۹) ٹھیک جگہ لگانا (۱۰) قائم کرنا۔ رکھنا (پچیسی کھیل میں) (۱۱) طالب علم کو مکتب یا مدرسے میں داخل کرنا (۱۲) کام پر لگانا (۱۳) تخت سلطنت دینا (۱۴) زمین میں لگانا (۱۵) (دل کے ساتھ) یقین دلانا (۱۶) (عو) مقرر کرنا (۱۷) طوائف اور مدخولہ کی حیثیت سے رکھنا (۱۸) پنچایت کرنا۔ اکٹھا کرنا (۱۹) ابھرنے نہ دینا (۲۰) منجمد کرنا۔ جمانا (۲۱) یکساں کرنا۔ برابر کرنا (۲۲) درست کرنا۔ پرت پھیلانا۔ لگانا۔ حساب کرنا (۲۳) تولنا (۲۴) مادہ پرندے کو انڈوں پر چھوڑنا (ان معنی میں "بٹھا دینا" بھی بولتے ہیں) (۲۵) (پاؤں کے ساتھ) بچے کو پاؤں پر بٹھا کر پاخانہ پھرانا۔ (ان معنی میں "بٹھا دینا" بھی زبانوں پر ہے) (۲۶) (جواریوں کی اصطلاح) داؤں پر اڑانا۔ کوئی چیز گرو رکھنا ؛
بٹھک (بِٹھک) (ا) مذکر۔ دیمک کا گھر ؛
بٹھلانا (بِٹھ۔ لا۔ نَا) (ا) بٹھانا۔ (لکھنؤ میں) ؛
بٹھوڑ (بِٹھوڑ۔ بَٹھوڑ) (ا) مؤنث۔ جلی ہوئی لال مٹی ؛
بٹھی۔ بٹی (بِٹھی۔ بَٹی) (ا) مؤنث۔ کلابتون بٹنے کا کام۔ سونے کے تار بنانے کا ہنر ؛
بٹی (بَٹ۔ ٹی) (ا) مؤنث (۱) چھوٹے پھل (۲) ناریل کا گولا (۳) (ہندو) شمع (۴) عرق کھینچنے کا بھبکا ؛
بٹے (بَٹ۔ ٹے) دیکھیے بٹا ؛
بٹیا (بَٹ۔ یا) (ا) مؤنث (۱) چیزیں تولنے کا چھوٹا باٹ (۲) (مجازاً) سوجن، جو پتھر کی طرح سخت ہو جاتی ہے (۳) پتھر کا گھسا ہوا ٹکڑا، جو دریا کے پانی کے ساتھ پہاڑ سے لڑھکتا چلا آتا ہے (۴) کھوپرے کا گولا۔ ناریل کی گری (۵) کلابتون بٹنے والا (۶) بٹ کی تصغیر۔ چھوٹی راہ۔ کھیتوں کے درمیان کا راستہ (۷) ریشمی ڈوری جس سے عورتیں چوٹی کے بالوں کو پشت کی طرف باندھتی ہیں (۸) تنگ راہ ؛
بٹیا (بِٹ۔ یا) (س) مؤنث۔ بیٹی کی تصغیر۔ لڑکی ؛
بٹیا (بَٹی۔ یا) (ا) مذکر۔ کلابتون بٹنے والا ؛
بٹیاں (بِٹ۔ ٹیاں) (ا) نوعمر عورت کی چھاتیاں ؛
بٹیر (بَٹیر) (ا) (دہلی) مؤنث (لکھنؤ) مذکر و مؤنث۔ ایک چھوٹا پرندہ جو کھایا اور لڑایا جاتا ہے ؛ **بٹیر باز** (ا) مذکر۔ بٹیریں لڑانے والا۔ بٹیریں پالنے والا ؛ **بٹیر جگانا** (ا) رات کو بٹیر کے کان میں کوکنا ؛ **بٹیر کا بہ جانا** (ا) دانہ نہ ملنے کے باعث بٹیر کا دبلا ہو جانا ؛ **بٹیریں لڑانا** (۱) بٹیروں کا مقابلہ اور جنگ کرانا (۲) فساد ڈالنا ؛

بٹنبری (بَٹنْ۔ بری) (ہ) مؤنث ۔ بیٹی والوں کی طرف سے دولھا کا نذرانہ خلعت دینے کی رسم ٭

ب ج

بجا (بَجا)، (ف)، (۱) سچ ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ (سمجھنا، فرمانا، کہنا کے ساتھ) (۲) (طنزاً) بیہودہ ۔ لغو ۔ نامناسب ۔ خلاف ٭ **بجا آوری** مؤنث۔ تعمیل ۔ نفاذ ۔ تکمیل ۔ تعمیلِ حکم ۔ انجام دہی ٭ **بجا رہنا** (ل) قائم رہنا ۔ ٹھیک رہنا ۔ درست رہنا ٭ **بجا کرنا** ۔ ٹھیک کام کرنا ٭ **بجا کہے جسے عالم اُسے بجا سمجھو** (ل) مثل ۔ جس بات کو دنیا ٹھیک کہے، اسے ٹھیک سمجھو ٭ **بجا لانا** ۔ انجام کو پہنچانا ۔ پورا کرنا ۔ تعمیل کرنا ٭ **بجا ہے** (۱) ٹھیک ہے ۔ درست ہے (۲) (طنزاً ۔ تعجب اور حیرت سے) سراسر غلط ہے ۔ واہ کیا کہنا !

بجار (بَجارْ)، (ہ)، مذکر (۱) سانڈ (۲) شہوتی آدمی (۳) قدآور (۴) زبردست (۵) موٹا تازہ ٭

بجالا (بِجا۔ لا) (ہ) بہت بیج والا ۔ بیجوں سے بھرا ہُوا ٭

بجانا (بَجا۔ نا)، (ہ)، (۱) باجے کی آواز نکالنا (۲) روپے یا کسی سکے کو چٹکی لگا کر آواز نکالنا۔ کھوٹا کھرا دریافت کرنا ۔ پرکھنا ۔ جانچ کرنا (۳) خدمت کرنا ۔ تعمیل کرنا (۴) (عوام) مارنا پیٹنا (۵) (عوام) سر کرنا ۔ داغنا ۔ چھوڑنا ٭

بجائے (بَجا۔ اِئے) (ف) قائم مقام کے طور پر ۔ بدلے میں ۔ عوض میں ٭ **بجائے خود** ۔ اپنی سمجھ میں ۔ اپنے نزدیک ۔ کسی مدد کے بغیر ٭

بج بجانا (ہ)، (۱) کسی چیز کا سڑ جانا اور اس میں سے بلبلے اُٹھنا ۔ اُبس جانا (۲) کیڑوں کی کثرت اور ان کا حرکت کرنا ٭

بجٹ (بَجَٹْ)، (انگ ۔ Budget) مذکر (۱) جمع خرچ کا حساب۔ کسی انجمن، کمیٹی، قوم یا ملک کی آمدنی اور خرچ کا سالانہ حساب (۲) آمدنی اور خرچ کا تخمینہ، میزانیہ ٭

بجد ہونا (ل) ضد کرنا ۔ اصرار کرنا ۔ سر ہونا ۔ اُڑنا ۔ جدوجہد کرنا ٭

بجر، بجّر (بَجَرْ + بَجّ ۔ جَرْ)، (ہ)، مذکر (۱) (لغوی) پتھر (۲) (صفت) بوجھل، بھدّی (۳) مٹھا ۔ کاہل ۔ سست ۔ نہایت آہستہ چلنے والا (۴) اجیرن ۔ دوبھر ۔ کٹھن (۵) مذکر ۔ سخت پتھر ۔ بھاری پتھر (۶) مذکر ۔ جواہر جیسے یاقوت، لعل، ہیرا وغیرہ ٭ **بجر بٹّو** ۔ مذکر (۱) ایک سیاہ جنگلی پھل، ہندو لوگ جس کی مالا بناتے اور ریچھ نچانے والے ریچھ کے بالوں میں پرو کر بچوں کو بری نظر سے بچانے کے لیے دیتے ہیں (۲) ایک قسم کا کھلونا (۳) (مجازاً) نادان ۔ کم عقل ۔ بے وقوف ٭

بجرا (بَجْ۔ رَا) (ہ)، مذکر ۔ دریا میں سیر کرنے کی کشتی جو نیچے کی طرف گول پیندے کے بغیر ہوتی ہے ٭

بجری (بَجْ۔ رِی)، (ہ)، مؤنث (۱) کنکر ۔ سنگ ریزہ (بچھانا، ڈالنا کے ساتھ) (۲) چھوٹے چھوٹے اولے (۳) لال کنکریلی مٹی جو سڑکوں کی پٹڑیاں بنانے کے لیے ڈالتے اور کمہار برتن رنگنے کے کام میں لاتے ہیں (۴) چھوٹی چھوٹی گول کتری ہوئی چھالیا ٭

بجز (بِجُزْ) (ف) سوا ۔ بغیر ۔ صرف ٭

بجلدو (بجلْ۔ دُوْ) (ف ۔ ت) بدلے میں ٭

بجلی (بِجْ۔ لِی) (ہ) مؤنث (۱) بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہونے والی چمک ۔ برق (۲) کان کا ایک زیور (۳) کچے آم کی گٹھلی کا مغز (۴) برقی قوت (۵) (صفت) چست۔ چالاک ۔ بہت تیز ٭ **بجلی بچاؤ** ۔ مذکر (عوام) بجلی کے صدمے سے بچانے کے لیے بلند مکان پر لگانے کا آلہ ٭ **بجلی بسنت** ۔ مؤنث (عو) (۱) بسنت کے موسم کی بجلی جو اَور موسموں کی نسبت زیادہ تیز ہوتی ہے (۲) جلی ہوئی لکڑی (۳) (صفت) چالاک ۔ تیز (۴) مفسد ۔ آگ لگانے والی ۔ زبان دراز ۔ جنگجو ٭ **بجلی پڑنا** ۔ (۱) آم کی کیری میں گٹھلی پڑنا (۲) بجلی گرنا ٭ **بجلی پڑے ۔ یا ۔ ٹوٹے یا ۔ گرے** (عو) (بد دعا) تباہ ہو ۔ برباد ہو ۔ غارت ہو ٭ **بجلی چمکنا** ۔ بادلوں کی رگڑ سے چمک نکلنا ٭ **بجلی کا کڑکا** ۔ مذکر ۔ بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہونے والی آواز ٭ **بجلی کڑکنا** ۔ بادلوں کی رگڑ سے آواز پیدا ہونا ٭ **بجلی کوندنا** ۔ بجلی چمکنا ٭ **بجلی کے بالے** ۔ مذکر ۔ کانوں میں پہننے کے جوڑے اور جڑاؤ حلقے ٭ **بجلی کی تلوار** ۔ مؤنث ۔ بے حد کاٹ کرنے والی تلوار، بہت تیز تلوار ٭ **بجلی کی کڑک** ۔ مؤنث ۔ بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہونے والی آواز ٭ **بجلی کی لپک** ۔ مؤنث ۔ بجلی کی چمک ٭ **بجلی گرانا** ۔ صدمہ پہنچانا ۔ قہر ڈھانا ۔ آفت ڈھانا ٭ **بجلی گرنا** (۱) بجلی کا شعلہ گرنا ۔ بجلی کے شعلے کا کسی آدمی یا پیڑ کو چھو کر جلا دینا ۔ دیوار یا کسی عمارت کی چھت شق کر دینا (۲) صدمہ پہنچنا ۔ آفت آنا ٭ **بجلی لونکنا** ۔ بجلی چمکنا ٭ **بجلی مہان گھر میں نہیں ٹکا** (ل) مثل ۔ غریب ہو کر امیروں کو دعوت دیتا ہے ٭

بجنا (بَجْ۔ نَا)، (ہ) (۱) بولنا ۔ آواز نکلنا (۲) باجے، گھڑی یا گھنٹے کا آواز دینا (۳) کان سے بھنبھناہٹ کی آواز نکلنا (۴) (دانت کے ساتھ) انتہائی خوف یا سردی کی شدت سے دانتوں کا آواز دینا (۵) (عوام) مشہور ہونا (۶) (دلالوں کی اصطلاح) روپیہ (۷) (عوام) فیر ہونا ۔ چھوٹنا (۸) (عوام) بجنے والا ۔ آواز دینے والا ٭

بجنا (بُجْ۔ نَا) (ہ) مذکر ۔ حیض کا لتا ۔ حیض کی گدی (پنجابی ۔ بُجا) ٭

بجنتری (بَجَنْ۔ تَرِی) (ہ) دیکھیے "باجنتری" ٭ **بجنتری محال** ۔ مذکر ۔ گانے بجانے والوں کے رہنے کا محلہ ٭

بجنسہ (بِجِنْسِہٖ ۔ سِہی) (ف ۔ ع) (۱) ہوبہو ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ جُوں کا تُوں (۲) سارے کا سارا ۔ کُل ٭

بجو (بَجْ۔ جُوْ) (ہ) مذکر (۱) چھوٹی چھوٹی آنکھوں والا ایک جنگلی جانور، جو مُردے کو قبر سے نکال کر کھا جاتا ہے (۲) (مجازاً) سکڑے منہ کا آدمی۔ چھوٹی آنکھوں والا چالاک اور نقصان رساں آدمی ٭

بجوانا (بَجْ۔ وَا۔ نَا) (ہ) بجانا کا متعدی ٭

بجوٹھا (بِجَوْ۔ ٹھَا) (ہ) مذکر ۔ ایک زیور جو ہندو عورتیں بازوبند کی جگہ

پہنتی ہیں ۔

بجوگ (بِجوگ) (ہ) مذکر (۱) دو منحوس ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا (۲) چاہنے والوں کی جدائی (۳) مصیبت (۴) ہرج مرج (۵) باعث ۔ سبب ۔ (۶) حادثہ ۔ صدمہ (۷) بدبختی ۔ بدقسمتی ۔ بدنصیبی (پڑنا کے ساتھ) ۔

بجوگی (بِجو ۔ گی) (ہ) وہ شخص جو بجوگ میں ہو ۔ بدبخت ۔ کم نصیب ۔

بجھ (بُجھ) (ہ) بجھنا کا امر ۔ **بجھا** (بُجھا) (۱) بجھانا کا امر (۲) بجھنا سے ماضی مطلق (۳) افسردہ ۔ **بجھا دینا ۔ بجھانا** (بُجھا ۔ دینا ۔ بُجھا ۔ نا) (ہ) (۱) آگ ۔ لیمپ ۔ شمع ۔ چراغ یا کسی جلتی ہوئی چیز کا سرد کرنا (۲) (طبیعت ، جی ، دل کے ساتھ) افسردہ کرنا ۔ شکستہ خاطر کرنا ۔ ہمت توڑنا (۳) (پیاس کے ساتھ) پیاس مٹانا ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ سیر کرنا ۔ تشنگی مٹانا (۴) (ہتھیاروں کے لیے) پانی پھیرنا ۔ آب دینا (۵) پانی ڈال کر ٹھنڈا کرنا (۶) (سمجھانا کا تابع ہو کر) ذہن نشین کرنا ۔ فہمائش کرنا (۷) (کیمیاگروں کی اصطلاح) کوئی معدنی چیز پگھلا کر عرق یا پانی میں سرد کرنا (۸) اینٹ ، لوہے ، یا چاندی کو آگ میں سرخ کرنے کے بعد پانی میں چھوڑ کر ٹھنڈا کرنا (۹) (گنجفہ بازوں کی اصطلاح) جب کسی فریق کے پاس سر کرنے کا پتا نہ رہے تو اس کے پتے ابتر کر کے کہیں سے ایک پتا مانگ لینا (۱۰) (چیستان یا پہیلی کے لیے) حل کرانا ۔ **بجھاؤ** (بُجھا ۔ ؤ) (ہ) مذکر ۔ بجھانا کا حاصل مصدر ۔ کاٹ ۔ تیزی (دینا کے ساتھ) ۔ **بجھایا پانی** مذکر ۔ وہ پانی جس کی رطوبت جلا دی گئی ہو ۔ **بجھنا** (بُجھ ۔ نا) (۱) کسی جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا ۔ شعلہ مٹنا (۲) رطوبت جل جانا (۳) سیری ہونا (۴) (مرغ بازوں کی اصطلاح) حوصلہ ہارنا (۵) مدھم ہونا ۔ ٹھٹھرنا (۶) نرم پڑنا ۔ دھیما ہونا (۷) (پکوان کی چیزوں کا) اچھا پک جانا ۔ اچھا سنک جانا (۸) آلودہ ہونا (۹) گنجفے کے پتوں کا درہم برہم ہو کر بوجھ کے قابل ہو جانا (۱۰) مایوس ہونا ۔ اداس ہونا ۔ افسردہ ہونا (۱۱) آب چڑھنا ۔ تیز ہونا ۔

بجھی آگ ۔ مؤنث (۱) ٹھنڈی آگ (۲) (مجازاً) دبا ہوا فساد ۔ **بجھی آواز** ۔ مؤنث ۔ نہایت دھیمی اور پست آواز ۔ **بجھی طبیعت** ۔ مؤنث ۔ افسردہ طبیعت ۔ **بجھے تیور** (ہ) مذکر ۔ وہ نظر جس سے ملال یا افسردگی ظاہر ہوتی ہو ۔

بجھارت (بُجھا ۔ رَت) (ہ) مؤنث (عوام) حساب کا تصفیہ ۔

بجھ بجھول ۔ دیکھیے بوجھ بجھول ۔

بجھرا (بِجھ ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) بیجھر (۲) چنا ، گیہوں اور جو ملا ہوا غلہ (۳) صفت ملا ہوا ۔

بجھڑا (بُجھ ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) گرم پانی رکھنے کا گگرا (۲) گھڑے پر رکھنے کا ایک خاص طرز کا سرپوش ۔

بجھگاہ (بِجھ ۔ گاہ) (ہ) مذکر ۔ چڑیوں کے ڈرانے کا پتلا ۔ کالی ہانڈی جو چڑیوں کے ڈرانے کے لیے کھیت میں لکڑی پر لٹکا دی جاتی ہے ۔

بجھول (بُجھو ۔ وَل) (ہ) مؤنث ۔ چیستان ۔ پہیلی ۔

بجھیرا (بِجھے ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ صراحی رکھنے کے لیے لکڑی کا آلہ ۔

بجھیل (بِجھیل) (ہ) بھاری ۔ لدا ہوا ۔

بجھی (بِجھی) (ہ) مؤنث ۔ بیج والا غلہ جو غریب کاشتکار لیتے ہیں ۔

بجے (بِجے) (ہ) مذکر ۔ جے ۔ جیت ۔ فتح ۔ **بجے دسمی** ۔ مذکر (۱) دسہرہ (۲) اسوج کی دسویں تاریخ جس میں سری رام چندر جی کے راون سے دسویں لڑائی فتح کرنے کی طرف اشارہ ہے ۔

بجیلا (بِجیے ۔ لا) (ہ) (۱) (لکھنؤ) وہ اراضی جس میں بیج زیادہ پیدا ہو (۲) زیادہ بیجوں والا پھل ۔

ب ۔ چ

بچ (بَچ) (ہ) ایک مشہور اور فائدہ مند کڑوی دوا ۔

بچ (بَچ) (ہ) بچنا کا امر ۔ ہٹ جا ۔ خبردار ۔ **بچ بچ** ۔ **بچ بچاؤ** ۔ مذکر ۔ پناہ ۔ امن ۔ حفاظت ۔ **بچ جانا** ۔ **بچ جاؤ** ۔ ہٹ جاؤ ۔ بچو ۔ **بچ رہنا** ۔ (۱) محفوظ رہنا (۲) باقی رہنا ۔ خرچ نہ ہونا ۔ پس ماندہ ہونا ۔ **بچ کے چلنا** (۱) راہ چھوڑ کے قدم رکھنا ۔ ہٹ کے چلنا (۲) محتاط ہونا ۔ احتیاط کرنا ۔ **بچ کے قدم رکھنا** (۱) احتیاط سے پاؤں رکھنا ۔ احتیاط کرنا ۔ **بچ (کے) کھیلنا** (۱) اپنا بچاؤ کر کے کھیلنا ۔ شطرنج میں اپنے مہروں کی حفاظت کرتے ہوئے کھیلنا (۲) اپنے آپ کو بچا کر کام کرنا ۔ احتیاط کرنا ۔ **بچ نکلنا** ۔ بچنا ۔ **بچا** (۱) بچانا کا امر (۲) بچنا سے ماضی مطلق ۔ **بچا بچایا** ۔ باقی ماندہ ۔ **بچا جانا** ۔ ٹال جانا ۔ چھپ جانا ۔ ہٹ جانا ۔ بھاگ جانا ۔ مقابلے سے ہٹ جانا ۔ زد سے علٰحدہ ہو جانا ۔ **بچا کھچا** ۔ بچا بچایا ۔ باقی ماندہ ۔ بقیہ ۔ **بچا لانا** (۱) کسی خطرناک مقام سے نقصان کے بغیر نکال لانا (۲) پس انداز کرنا ۔ **بچانا** ۔ (۱) حفاظت کرنا ۔ امان میں رکھنا ۔ پناہ میں رکھنا ۔ محفوظ رکھنا (۲) کفالت کرنا ۔ تائید کرنا ۔ مدد دینا (۳) چھپانا (۴) غبن کرنا ۔ نکال الگ کرنا ۔ خیانت کرنا ۔ چوری کرنا (۵) بُری کرنا (۶) جوڑنا ۔ جمع کرنا ۔ پس انداز کرنا (۷) راستہ دینا ۔ راستہ چھوڑنا ۔ ہٹانا ۔ کنارے کرنا ۔ ایک رخ کرنا ۔ راستہ صاف کرنا (۸) مصیبت سے نجات دلانا ۔ قید سے چھڑانا (۹) (شطرنج) زد سے ہٹانا ۔ **بچاؤ** ۔ مذکر ۔ بچانا کا حاصل مصدر (۱) حفاظت (۲) پناہ ۔ امن (۳) نجات ۔ براءت ۔ رہائی ۔ چھٹکارا (۴) عذر معذرت (۵) پہلو تہی ۔ حیلہ ۔ بہانہ ۔ **بچنا** (بچ جانا) (۱) جمع ہونا ۔ پس انداز ہونا ۔ بچت میں پڑنا ۔ باقی رہنا (۲) فاضل رہنا ۔ بڑھنا (۳) خالی جانا (۴) شفا حاصل ہونا ۔ سلامت رہنا ۔ زندہ رہنا (۵) دور رہنا ۔ ہٹنا ۔ کنارے ہونا (۶) چھوٹنا ۔ رہائی پانا (۷) الگ رہنا ۔ عزت آبرو کا محفوظ رہنا (۸) زندہ بچنا (۹) تھوڑی کسر رہنا ۔ صدمے سے محفوظ رہنا (۱۰) امر کے معنی میں (۱۱) فائدہ ہونا ۔ نفع ہونا (۱۲) پرہیز کرنا ۔ **بچو** (۱) (گاڑی بانوں کی آواز) ایک طرف ہو جاؤ ۔ ہٹ جاؤ (۲) احتیاط کرو ۔ **بچے تو آپ سے نہ بچے تو سگے باپ سے** ۔ مثل ۔ عورت ذات اپنی مرضی سے بچ سکتی ہے ۔ حفاظت کرنے سے نہیں ۔

بچا - بچّا (بچّا، بَچ - چا) (ہ) مذکر (۱) (تحقیراً) شخص (۲) دیکھیے "بچّہ" ۞
بچّا (بَچ - چا) (ہ) دیکھیے "بوچا" ۞ **بچّی** - دیکھیے "بوچی" ۞
بچار (بِچا ر) (ہ) مذکر (۱) فیصلہ - تجویز - رائے - شمار - حساب (۲) (عو) فکر - سوچ - لحاظ - خیال (۳) ارادہ (۴) اٹکل - قیاس (۵) دُور اندیشی (۶) دھیان - غور (۷) تدبیر - تمیز - دانست - سمجھ ۞ **بچار کرنا - بچارنا** (عوام) (۱) سوچنا (۲) آنکنا (۳) تصور کرنا - غور کرنا (۴) سمجھنا - قیاس کرنا (۵) ستاروں کا حساب لگانا (۶) ٹھانا - ارادہ کرنا ۞
بچارا (بِچا - رَا) (ہ) (عو) (۱) مفلس - غریب - بھولا - سیدھا - سادہ (۲) مؤنث کے لیے بچاری بولتی ہیں ۞
بچالی (بِچا - لِی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی گھاس - وہ گھاس جو گھوڑوں کے تھان پر بچھاتے ہیں ۞
بچپن (بَچ - پَن) (ہ) مذکر - کم عمری - لڑکپن ۞ **بچپن کرنا** - نادانی کرنا ۞
بچپنا (بَچ - پَنَا) - مذکر - لڑکپن کا زمانہ ۞ **بچپنے کی باتیں** - مؤنث - بے سمجھی کی باتیں ۞ **بچت** (بَچَت) (ہ) مؤنث (۱) فائدہ - جو خرچ کرنے سے بچا ہو - باقی - بقیہ (۲) کمی (۳) براءت - حفاظت ۞
بچک (بِچَک) (ہ) مؤنث (۱) ڈر - خوف (۲) بھڑک (۳) مایوسی ۞ **بچکانا** (بِچ - کا - نا) (ہ) (۱) خوف دلانا - ڈرانا (۲) پیچھے ہٹانا (۳) ناامید کرنا (۴) وعدے سے پھر جانا ۞ **بچکنا** (بِچَک - نَا) (۱) ڈرنا (۲) ہٹ جانا (۳) موچ آنا (۴) ناامید ہونا ۞
بچکانا (بَچ - کا - نَا) (ہ) (۱) بچوں کے لائق (۲) کم سن - کم عمر - چھوٹا سا (۳) مذکر - بچے کا جوتا (۴) کنفک کا لڑکا - وہ زنانہ لڑکا جسے کسی زنانے نے پالا ہو ۞ **بچکانی** - مؤنث - رنڈی کی پالی ہوئی لڑکی ۞
بچگان (بَچ - چِگَان) (ف) مذکر - بچّہ کی جمع ۞
بچل (بِچَل) (ہ) بیچ کا - منجھلا - وسطی ۞ **بچلا** (بِچ - لَا) (عوام) اوسط درجے کا - متوسط - منجھلا ۞
بچلنا (بِچَل - نَا) (ہ) (۱) خطا ہونا - چوکنا - بہکنا - لغزش کرنا (۲) (عوام) گم ہوجانا - کھو جانا (۳) (عوام) مکرنا - منکر ہونا - پھرنا (۴) مچلنا (۵) بھڑکنا - بدکنا (۶) (عوام) بے سرا ہوجانا - ناکامیاب ہونا (۷) کام خراب ہوجانا (۸) (دل کے ساتھ) پاگل ہوجانا ۞
بچن (بَچَن) (ہ) مذکر (۱) کلام - گفتگو - بات - قول (۲) شرط - عہد و پیمان (۳) شگون ۞ **بچن پالنا** (۱) اپنے قول پر قائم رہنا (۲) ایمان پر ثابت قدم رہنا ۞ **بچن توڑنا - یا چھوڑنا** - قول سے پھرنا - اقرار توڑنا ۞ **بچن دینا** - زبان دینا - عہد و پیمان کرنا - قول کرنا ۞ **بچن لینا** (۱) قول قرار لینا - عہد لینا - وعدہ لینا - اقرار لینا ۞ **بچن نباہنا** - ایفا کرنا - بات کا پاس کرنا - اپنی بات پر قائم رہنا ۞ **بچن ہارنا** (۱) عہد کرنا - وعدہ کرنا - اقرار کرنا - زبان دینا (۲) بات پر قائم نہ رہنا - قول سے پھرنا ۞
بچوا (بَچ - چوَا) (ہ) پیار سے بچے کو اور غصے میں حقارت سے مخالف کو کہتے ہیں ۞

بچورنا (بِچوڑ - نَا) (ہ) رگڑنا - ملنا - مالیدہ کرنا ۞
بچولیا (بِچو - لِیَا) (ہ) مذکر (۱) پنچ - ثالث (۲) ضامن - دلال - درمیانی (۳) جھگڑا دُور کرنے والا - فیصلہ کرنے والا ۞
بچوں (بَچ - چوں) (ف) بچّہ کی جمع ۞ **بچوں سے گود (یا - گودی) بھری رہے** (ف) (دعا) (عو) کثرت سے اولاد ہو - اولاد زندہ رہے ۞
بچوں کا کھیل (ف) مذکر (۱) سہل بات - آسان کام (۲) بیکار کام - فضول بات (۳) بچوں کے کھیلنے کی چیز ۞ **بچوں والا** - مذکر - صاحب اولاد ۞
بچوں والی - مؤنث - (۱) صاحب اولاد (۲) (کنایۃً) چیچک ۞
بچونگڑا (بَچو نگَ - ڑَا) (ہ) مذکر (۱) بچّہ - طفل - بالک (۲) ناواقف - بیوقوف - نادان ۞
بچّہ (بَچ - چَہ) (ف) مذکر (۱) انسان اور حیوان کی کم عمر اولاد (۲) درخت کا نیا پودا (۳) چھوکرا - لڑکا (۴) ہم وضع - ہم شکل - مشابہ (۵) نادان - کم عقل - بے سمجھ - ناتجربہ کار (۶) درویش لوگ دنیا داروں کو پیار سے کہتے ہیں (۷) (حقارت سے) مردک نابکار ۞ **بچہ اتر گیا** (ف) (دہلی) بچہ مرگیا ۞ **بچہ باز** (ف) نوعمر لڑکوں سے کھیلنے والا - امرد پرست ۞
بچہ بازی - مؤنث - اِغلام - لونڈے بازی ۞ **بچہ بالا** (ف) مذکر (عو) اولاد - لڑکا بالا ۞ **بچہ بھرانا** - پرندے کا بچے کو چونچ سے دانہ کھلانا ۞ **بچہ جننا** - بچہ پیدا کرنا ۞ **بچہ دار** (ف) (۱) حاملہ (۲) صاحب اولاد عورت ۞
بچہ دان - مذکر - رحم - وہ جگہ جہاں بچہ ماں کے پیٹ میں رہتا ہے ۞ **بچہ دان کا منہ** (ف) مذکر - رحم کی راہ ۞ **بچہ ریش** (ف) (کنایۃً) لبوں کے نیچے کے بال ۞ **بچہ کش** - کثرت سے بچے جننے والی عورت ۞ **بچگی** - مؤنث - بچپن ۞ **بچہ ملنا** - (کنایۃً) شراب ۞ **بچہ نکلوانا** (ف) پرندے کو انڈے پر بٹھانا - پرندے سے بچہ لینا ۞ **بچہ نو** (کنایۃً) (۱) نیا حادثہ (۲) نئے شگوفے - نئی شاخیں (۳) نیا نتیجہ ۞ **بچہ ہے** (ف) ناتجربہ کار ہے - بے سمجھ ہے ۞
بچّی (بَچ - چِی) مؤنث (۱) چھوٹی کم عمر لڑکی - کنواری - بیٹی (۲) بڑے بوڑھے پیار سے جوان عورتوں کو کہتے ہیں (۳) نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیانی بال (۴) (زلف سازوں کی اصطلاح) بکری کا مادہ بچہ ۞ **بچّے** (بَچ - چے) مذکر - بچہ کی جمع ۞ **بچے بھرانا** - دیکھیے "بچہ بھرانا" ۞ **بچے کا ہاتھ سے کھیل جانا** (عو) بچے کا مرجانا ۞ **بچے کچے** - مذکر - لڑکے بالے - چھوٹے بڑے بچے - اولاد (اس موقع پر "کچے بچے" بھی کہتے ہیں) ۞ **بچے نکلوانا** - (۱) دیکھیے "بچہ نکلوانا" (۲) (عوام) اولاد جنوانا ۞ **بچے والی** - مؤنث (۱) زچہ - اولاد والی (۲) مرغی، جس کے ساتھ بچے ہوں (۳) پروین - ستاروں کا مجموعہ ۞
بچھ (بِچھ) (ہ) بچھنا کا امر ۞ **بچھ جانا** - (۱) کثرت سے زمین پر گر کر پھیل جانا - فرش ہوجانا (۲) فریفتہ ہوجانا - مائل ہوجانا ۞ **بچھا** (بِچھَا) (۱) بچھانا کا امر (۲) بچھنا سے ماضی مطلق ۞ **بچھا جانا** (۱) بے حد متواضع ہونا - عجز و انکسار سے جھکا جانا (۲) (کنایۃً) منت سماجت کرنا (۳) خرچ کے باعث تباہ ہوئے جانا ۞ **بچھا دینا - بچھانا** (۱) فرش کرنا (۲) بستر کرنا - بچھونا کرنا

(۳) پھیلانا ۔ منتشر کرنا ۔ پھینکنا (۴) خوب پیٹنا ۔ مار کر گرا دینا (۵) زمین پر گرا دینا ۔ **بچھنا** (بِچھ ۔ نا) (۱) فرش ہونا (۲) بچھونا ہونا ۔ بستر ہونا (۳) بے حد خاطر مدارات کرنا ۔ بہت آؤ بھگت کرنا ۔ بڑی عاجزی کرنا ۔ نہایت خاکساری کرنا (۴) بکھرنا ۔ پھیلنا (۵) مفلس ہونا ۔ تباہ ہونا ۔ **بچھوانا** ۔ (بِچھ ۔ وا ۔ نا) (۱) بستر کرانا (۲) فرش کرانا ۔

بِچھّا (بِچھ ۔ چھا) (ہ) مذکر ۔ (۱) وقفہ ۔ عرصہ (۲) فاصلہ (۳) مہلت (۴) فرق (۵) بیچ ۔ درمیان ۔

بِچھڑ (بِچھَڑ) (ہ) بچھڑنا کا امر ۔ **بچھڑا** (بِچھ ۔ ڑا) (۱) بچھڑنا کا امر (۲) بچھڑنا سے ماضی مطلق (۳) (صفت) جُدا ۔ دُور افتادہ ۔ **بچھڑانا** (۱) علیحدہ کرنا ۔ الگ کرنا ۔ جُدا کرنا (۲) منتشر کرنا ۔ بکھیرنا ۔ **بچھڑا ہُوا** ۔ بچھے ۔ بچھڑا ہوا ۔ **بچھڑ جانا ۔ بچھڑنا** (۱) الگ ہونا ۔ جُدا ہونا (۲) پیچھے رہ جانا ۔ کھو جانا (۳) موچ آجانا (۴) لڑھکنا (۵) پھیل جانا ۔

بچھڑا (بَچھ ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) گائے کا نر بچہ (۲) (پیار سے) انسان کا موٹا تازہ بچہ (۳) (صفت) نوعمر ۔ نوجوان (۴) بے وقوف ۔ نادان ۔ **بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے** ۔ جرأت کسی کی حمایت اور مدد سے ہوتی ہے ۔ حمایتی کے بھروسے پر بہت تقویت ہوتی ہے ۔

بچھڑی (بَچھ ۔ ڑی) (ہ) مؤنث ۔ گائے کا مادہ بچہ ۔

بچھڑیا (بَچھڑِیا) (ہ) مؤنث ۔ ہاتھی کا مادہ بچہ ۔

بچھلنا (بِچھل ۔ نا) (ہ) (۱) علیحدہ ہونا ۔ لڑھکنا ۔ پھسلنا (۲) (عوام) پھسلنے والا ۔

بچھناگ (بِچھ ۔ ناگ) (ہ) مذکر ۔ ایک زہریلے درخت کی جڑ جو ایک مہلک دوا ہے ۔

بچھو (بِچھ ۔ چھو) (ہ) مذکر (۱) کژدم ۔ عقرب ۔ ایک زہریلا رینگنے والا جانور (کاٹنا کے ساتھ) (۲) ایک پہاڑی پودا جس کے چھونے سے جلن ہوتی ہے (۳) خطرناک ۔ مفتنی ۔ **بچھو کا منتر نہ جانے ، سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالے ۔ یا ۔ بچھو کا منتر یاد نہیں ، سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالے** (۱) مثل ۔ اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں ، جو معمولی کام کی لیاقت نہ رکھتا ہو اور بڑے بڑے کاموں کا حوصلہ کرے ۔

بچھوا (بِچھ ۔ وا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی مڑے ہوئے پھل والی چھوٹی چھری ۔ نیمچہ ۔ کٹار ۔ خنجر (۲) ایک زیور جو ہندو عورتیں پاؤں کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں (۳) سن کی پھلی جس سے سن کا بیج لیا جاتا ہے (۴) ایک قسم کا تیز اور چٹ پٹا اچار ۔

بچھورنا ۔ بچھوڑنا (بِچھوڑ ۔ نا ، بِچھوڑ ۔ نا) (ہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ جدا کرنا (۲) اوٹنا ۔ بیلنا ۔ روئی کا بیج سے علیحدہ کرنا ۔

بچھونا (بِچھو ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) بستر ۔ توشک (اٹھانا ، بچھانا کے ساتھ) (۲) (ہندو) فرش یا چٹائی جس پر بیٹھ کر ہندو عورتیں ماتم کرتی ہیں (۳) ماتم کرنے کا زمانہ (۴) (کنایۃً) کسی چیز کا کثرت سے چھٹکنا ۔ **بچھونا کرنا** (۱) بستر بچھانا (۲) کثرت سے کسی چیز کو ڈالنا ۔ پھینکنا (۳) خوب مارنا ۔ مار کر گرا دینا ۔

بچھوہا ۔ بچھویا (بِچھو ۔ ہا ، بِچھو ۔ یا) (ہ) مذکر ۔ ہجر ۔ فرقت ۔ جدائی ۔ فراق ۔

بچھیا (بَچھ ۔ یا) (ہ) مؤنث (۱) گائے کا مادہ بچہ (۲) بنیوں کی ایک رسم جو مُردے کی تیرھویں اور سترھویں کو ہوتی ہے ۔ **بچھیا کا باوا** ۔ مذکر (۱) بیل (۲) (مجازاً) نادان ۔ بے وقوف ۔ کم عقل ۔

بچھیرا ۔ بچھیڑا (بَچھے ۔ رَا ، بَچھے ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ گھوڑے کا نر بچہ ۔ **بچھیرا پلٹن** ۔ مؤنث (۱) نوعمر لڑکوں کی فوج (۲) نوعمر لڑکے ۔ **بچھیری ۔ بچھیڑی** ۔ مؤنث ۔ گھوڑے کا مادہ بچہ ۔ چھوٹی عمر کی گھوڑی ۔

بچیانا (بَچ ۔ یا ۔ نا) گھوڑے کا کان کھڑے کرنا ۔

ب - ح

بحار (بِحَار) (ع) مذکر ۔ بحر کی جمع ۔ سمندر ۔ دریا ۔

بحال (بِحَال) (ف) (۱) اصلی حالت پر ۔ بدستور (رکھنا ، رہنا ، کرنا ، ہونا کے ساتھ) (۲) درست ۔ اچھی حالت میں ۔ چاق ۔ خوش (۳) صحیح ۔ بیماری سے چھٹکارا پانے والا ۔ **بحالی** (بِحَالی) مؤنث [illegible] کے برعکس (۲) تازگی ۔ فرحت ۔ خوش دلی ۔ طبع بیمار کی درستی ۔ [illegible] میں "بحالیوں پر" بھی مستعمل ہے ۔) (۳) قبضے کی واپسی ۔ قبضے کا بدستور سابق ہو جانا ۔

بحث (بَحْث) (ع) مؤنث (۱) مباحثہ ۔ لفظی تکرار ۔ حجت ۔ دلیل ۔ سوال و جواب ۔ جھگڑا (۲) فصل ۔ باب (۳) مطلب ۔ تعلق (۴) (قانون) عدالت میں حاکم کے سامنے وکیلوں کی تقریر ۔ **بحثا بحثی** (۱) مؤنث ۔ اختلاف ۔ مناظرہ ۔ حجت ۔ باہمی تکرار ۔ **بحث پڑنا** ۔ تکرار کرنا ۔ حجت ہونا ۔ مقابلہ ہونا ۔ **بحث چھڑنا** ۔ مناظرہ ہونا ۔ گفتگو ہونا ۔ تذکرہ ہونا ۔ **بحثِ قانونی** ۔ مؤنث ۔ قانون کے اعتبار سے بحث ، "بحث واقعاتی" کے خلاف ۔ **بحث کرنا** ۔ حجت کرنا ۔ جھگڑنا ۔ **بحثنا** ۔ تکرار کرنا ۔ ضد کرنا ۔ حجت کرنا ۔ **بحثِ واقعاتی** مؤنث ۔ مقدمے کے واقعات سے متعلق بحث ۔

بحر (بَحْر) (ع) مذکر ۔ سمندر ۔ بڑا دریا ۔ مہا ساگر (بحار جمع) ۔ **بحرِ اعظم** مذکر ۔ بڑا سمندر ۔ **بحرُ الکاہل** ۔ مذکر ۔ سمندر کا ایک وسیع حصہ جو ایشیا کے مشرق اور امریکہ کے مغرب کی جانب واقع ہے ۔ **بحرِ رواں** ۔ مذکر (مجازاً) کشتی ۔ **بحرِ ظلمات** ۔ بحر اوقیانوس ۔ **بحرِ عمان** ۔ دریائے محیط ۔ بحرِ اعظم ۔ **بحر و بر** ۔ مذکر ۔ تری اور خشکی ۔ **بحرِ ہند** ۔ مذکر ۔ وہ سمندر جو ہندوستان کے جنوب اور افریقہ کے مشرق میں واقع ہے ۔ **بحری** (بَحْ ۔ رِی) بحر سے متعلق ۔ دریائی ۔ **بحرین** (بَحْ ۔ رَین) مذکر ۔ دریائے روم اور دریائے فارس ۔ **بحریہ** (بَحْ ۔ رِی ۔ یہ) مذکر ۔ جنگی جہاز کا محکمہ ۔

بحر (بَحْر) (ع) مؤنث ۔ شعر کا وزن (بحور جمع) ۔ **بحر کھلنا** (ل) (۱) ذہن اور حافظہ بڑھنا (۲) بے تکلف بولنا ۔

بحران (بُحْ ۔ رَان) (ع) مذکر (طب کی اصطلاح) وہ وقت جب بیماری میں ایک دم کمی واقع ہو ۔ بیماری کے زور کا دن ۔ بیماری میں کمی ۔

بحسابِ رَسَدی (ف ۔ ع) جتنا حصہ کسی کو مل سکے ، اُس کے حساب سے ۔

بحساب سر شماری (ف - ع) فی سر (شخص) کے حساب سے ٭
بحق مدعا علیہ (ع - ف) مدعا علیہ کے فائدے میں ٭
بحل (بحل) (ع) عفو کرنا - چھوڑنا - معاف کرنا - مباح ٭
بحیرہ (بحی - رہ) (ع) مذکر - بحر کی تصغیر - چھوٹا سمندر - ساگر ٭ بحیرۂ ابیض مذکر - روس کے شمال میں ایک سمندر ٭ بحیرۂ احمر یا قلزم - مذکر - افریقہ اور عرب کے درمیان کا سمندر ٭ بحیرۂ اخضر - مذکر - ایک سمندر جس کے مشرق میں چین واقع ہے ٭ بحیرۂ اسود - مذکر - قسطنطنیہ کے جنوب و مغرب میں سیاہ رنگ کا ایک سمندر ٭

ب - خ

بخ (بخ) (ف) خوشی کا کلمہ ٭ بخ بخ - خوشا - آفریں ٭
بخار (بخار) (ع) مذکر (۱) بھاپ - دھوّاں (۲) (اردو) تپ - حرارت - گرمی (۳) کدورت - رنج - غصہ (۴) جوش (۵) دشمنی ٭ بخار آنا (۱) تپ آنا - حرارت آنا - تپ میں مبتلا ہونا (۲) ڈر معلوم ہونا - خوف آنا ٭ بخار اترنا - تپ زائل ہونا ٭ بخار اٹھنا - دھوّاں اٹھنا ٭ بخار چڑھنا (۱) تپ آجانا (۲) (مجازاً) غصہ آنا - غصے میں بھرنا (۳) ڈر لگنا - صدمہ ہونا ٭ بخار دل میں رکھنا - دل میں بغض رکھنا - کینہ رکھنا ٭ بخار نکالنا - (۱) دل کا غبار نکالنا - دل کا جوش نکالنا (۲) عوض لینا - ہوس نکالنا - حسرت نکالنا - غصہ آتارنا ٭ بخار نکلنا (۱) دھوّاں نکلنا (۲) دل کا غبار نکلنا - غصہ دور ہونا - حسرت نکلنا (۳) (تپ کے ساتھ) غصہ اترنا ٭ بخارات (بخا - رات) (ع) مذکر - بخار کی جمع - ابخرے (اٹھنا - چڑھنا کے ساتھ) ٭
بخارا (بخا - را) (ف) مذکر - روسی ترکستان کا مشہور شہر ٭ بخاری - مؤنث - (۱) وہ انگیٹھی جو دالان یا کمرے کی دیوار میں مکان گرم رکھنے کے لیے بنائی جاتی ہے (۲) بخارا سے متعلق - بخارا کا باشندہ (۳) (اردو) مؤنث - وہ کوٹھڑی جو دالان یا باورچی خانے میں غلّہ رکھنے کے لیے بنائی جاتی ہے (۴) حضرت امام بخاری کی مشہور کتاب حدیث ٭
بخت (بخت) (ف) مذکر - قسمت - نصیب ٭ بخت آزمائی - مؤنث - قسمت کا امتحان - طالع کی جانچ - تقدیر آزمائی ٭ بخت آور - بختاور خوش نصیب - خوش قسمت ٭ بخت آوری - مؤنث - (عو) (۱) خوش نصیبی (۲) (طنزاً) کم بختی - شامت - بدنصیبی ٭ بخت آوری آنا (ل) (عو) (طنزاً) شامت آنا ٭ بخت اڑ گئے بلندی رہ گئی (ل) مثل - اقبال اور امیری جاتی رہی، امیرانہ مزاج باقی رہ گیا - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو مفلسی کی حالت میں شیخی بگھارے ٭ بخت برگشتہ (ف) (بغیر اضافت) بدنصیب ٭ بخت بیدار (۱) (اضافت کے بغیر) خوش نصیب (۲) (اضافت کے ساتھ) اچھی قسمت ٭ بخت پھرنا (ل) قسمت کا ناموافق ہونا ٭ بخت جلا - بدنصیب - کم بخت ٭ بخت جلنا - خوش نصیبی نہ رہنا - بدقسمت ہونا ٭ بخت جوان (ف) (۱) (بغیر اضافت) خوش نصیب (۲) (بہ اضافت) ترقی کرنے والا اقبال - چمکنے والا اقبال ٭
بخت چمکنا (ل) نصیب جاگنا ٭ بخت خفتہ (ف) (۱) (بغیر اضافت) بدنصیب (۲) (بہ اضافت) سویا ہوا نصیب - بگڑا ہوا اقبال ٭ بخت رسا خوش نصیبی ٭ بخت سازگار (۱) (بغیر اضافت) بلند اقبال (۲) (بہ اضافت) اچھی قسمت ٭ بختِ سبز - خوش قسمتی ٭ بخت سونا (ل) نصیب کا ناموافق ہونا ٭ بخت کھلنا (۱) نصیب جاگنا (۲) (مجازاً) ناکتخدا کی شادی ہونا ٭ بخت مند (ف) خوش قسمت ٭ بخت و اتفاق - کوشش، تلاش اور محنت کے بغیر نفع کثیر حاصل ہونے پر بولتے ہیں ٭
بختِ واژوں - اوندھی قسمت - بگڑا ہوا نصیب ٭ بختوں جلی - (ل) (عو) (۱) بدقسمت - مصیبت زدہ - بدنصیب (۲) بے اولاد (عورت) (۳) بیوہ ٭ بختوں کے بلیا، پکائی کھیر ہو گیا دلیا - مثل - بدقسمتی میں اچھا کام بھی خراب ہو جاتا ہے ٭ بختِ ہمایوں (ف) (۱) (بغیر اضافت) خوش نصیب (۲) (بہ اضافت) اچھے نصیب ٭ بخت یار - بختیار - جوان بخت - خوش نصیب - کامیاب ٭
بختی (بخ - تی) (ف) مذکر - تیز رفتار اونٹ - بڑا اونٹ ٭
بختے (بخ - تے) (ل) مذکر - دلے ہوئے بھنے چنے جن کا چھلکا اتار لیا گیا ہو ٭
بخرہ (بخ - رہ) (ف) مذکر - حصہ (بیشتر حصہ بخرا کہتے ہیں) ٭
بخش (بخش) (ف) مذکر (۱) حصہ (۲) فارسی اسموں سے مل کر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے - جیسے زربخش (۳) (اردو) کھانے کا مکمل حصہ جو تقریبات میں تقسیم کرتے ہیں ٭ بخش دینا - معاف کر دینا - بے معاوضہ دے دینا ٭ بخشانا (بخ - شا - نا) (ل) بخشنا کا متعدی ٭ بخشائش (بخ - شا - ئش) مؤنث - تقصیر کی معافی - گناہ کی معافی ٭ بخشائش گر (ف) بخشنے والا - خدا ٭
بخشائندہ (بخ - شا - ئن - دہ) (ف) بخشش کرنے والا ٭ بخشش - مؤنث (۱) عفو - معافی (۲) انعام - جود و کرم (۳) عطیہ ٭ بخشش نامہ - مذکر - ہبہ نامہ - وہ دستاویز جس کے ذریعے سے کوئی جائداد بے معاوضہ کسی کو دی جائے ٭ بخشنا (بخش - نا) (ل) (۱) دینا (۲) ثواب پہنچانا (۳) گناہ معاف کرنا - قصور معاف کرنا (۴) عمل کرنے یا تعویذ لکھنے یا دعا پڑھنے کی اجازت دینا ٭ بخشو - پیچھا چھوڑو - معاف کرو ٭ بخشوانا (بخش - وا - نا) بخشنا کا متعدی - عفو کرانا - معاف کرانا ٭ بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا (یا - لنڈورا ہی جیے گا) مثل - تم سے بہتری کی امید نہیں، جیسے برے بھلے ہم ہیں، ویسے ہی رہنے دو ٭ بخشیش (بخ - شیش) (ا) مؤنث - انعام، عطیہ ٭
بخشی (بخ - شی) (ف) مذکر - (۱) شاہی زمانے کے فوجی عہدے کا ایک خطاب - سپہ سالار (۲) فوج میں تنخواہیں تقسیم کرنے اور حساب کتاب رکھنے والا شخص (۳) چوکیداروں کی تنخواہیں بانٹنے والا (۴) فوج کی موجودات لینے والا ٭
بخشی الممالک - مذکر - کمانڈر انچیف، جس کے ذمے تقسیم تنخواہ کا کام بھی ہوتا تھا ٭
بخشی خانہ - مذکر - بخشی کا دفتر - فوج کی تنخواہیں تقسیم کرنے کا دفتر ٭

بخشی کا دھگڑ ۔ یا ۔ دھگڑا (ہ) مذکر (۱) سپہ سالار کا داماد (۲) زور آور کا یار (۳) زبردست (۴) نٹ کھٹ ۔ شریر (۵) بدذات ۔ لچا ٭ **بخشی گری** ۔ مؤنث ۔ سپہ سالاری کا عہدہ ۔ فوج میں تنخواہیں تقسیم کرنے اور حساب کتاب رکھنے والے کا عہدہ ٭

بُخل (بُخْل) (ع) مذکر ۔ حرص ۔ طمع ۔ لالچ ۔ جُز رسی ۔ تنگ دلی ۔ کنجوسی ٭

بُخلا (بُخَلا) (ع) مذکر ۔ بخیل کی جمع ٭

بخوبی (بَخُو ۔ بی) (ف) بہ آرام ۔ خوبی سے ۔ آسائش سے ٭

بخور (بُخُور) (ع) مذکر ۔ وہ چیزیں جن کے جلانے سے خوش بو نکلتی ہے، جیسے عُود، لوبان وغیرہ ٭ **بخوردان** (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ ظرف جس میں عود لوبان وغیرہ جلاتے ہیں ٭

بخیانا (بَخْ ۔ یا ۔ نا) (ہ) بخیہ کرنا ۔ سینا ٭

بخیر (بَخَیر) (ف ۔ ع) اچھی طرح ۔ خیریت سے ٭

بخیل (بَخِیل) (ع) تنگ دل ۔ کنجوس ٭ **بخیلی** (بَخِی ۔ لی) (ہ) مؤنث (عوام) کنجوسی ٭

بخیہ (بَخْ ۔ یَہ) (ف) مذکر (۱) دُہرا ٹانکا ۔ ایک قسم کی مضبوط سیون جو پاس پاس ہوتی ہے (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲) بساط ۔ حوصلہ ۔ سرمایہ ۔ پونجی ۔ جمع ٭ **بخیہ اُدھڑنا** (ہ) (۱) ٹانکے کھلنا (۲) عیب ظاہر ہونا ۔ راز فاش ہونا ۔ قلعی کھلنا (۳) طاقت ختم ہو جانا ٭ **بخیہ اُدھیڑنا** ۔ متعدی ٭ **بخیہ ٹوٹنا** ۔ ٹانکا ٹوٹنا ۔ سیون اُدھڑنا ٭ **بخیہ دار** (ف) بخیہ کیا ہوا (کپڑا) ٭ **بخیہ زن** بخیہ گر ۔ بخیہ کرنے والا ٭ **بخیہ کھلنا** (ہ) (۱) ٹانکے اُدھڑنا (۲) حقیقت ظاہر ہونا ٭ **بخیے** (بَخْ ۔ یے) (ہ) مذکر ۔ بخیہ کی جمع ٭ **بخیے ادھیڑنا** دیکھیے "بخیہ ادھیڑنا" ٭

ب ۔ د

بَد (بَدّ) (ہ) مؤنث (۱) (ساہوکاروں کی اصطلاح) ذمہ (۲) چڈوں میں نکلنے والا پھوڑا ٭

بد (بَد) (ف) (۱) نیک کے برعکس ۔ بُرا ۔ خراب (۲) شریر ٭ **بدآغاز** ۔ بدسرشت ۔ بد اصل ٭ **بدآموز** (۱) بُری بات سکھانے والا (۲) جس نے بُری تعلیم پائی ہو ٭ **بدآئین** ۔ بد وضع ۔ جو کسی اصول کا پابند نہ ہو ٭ **بد اچھا بدنام بُرا** (ہ) مثل ۔ رُسوا اور نکو ہونا بدکاری سے بھی زیادہ خراب ہے ٭ **بداختر** ۔ شوم ۔ بدبخت ٭ **بداخلاق** ۔ بُری عادتوں والا ۔ کج خلق ۔ غیر مہذب ٭ **بداخلاقی** ۔ مؤنث ۔ ناشائستگی ۔ کج خلقی ٭ **بداسلوب** ۔ بدکردار ۔ بدوضع ۔ بدراہ ۔ بدقطع ۔ بدنما ٭ **بداسلوبی** ۔ مؤنث ۔ بے ڈھنگا پن ۔ بدراہی ٭ **بداستخوان** (عو) بھدا ۔ بدشکل ٭ **بداصل** ۔ پاجی ۔ بُری نسل کا ۔ کمینہ ٭ **بداطوار** ۔ خراب ڈھنگ کا ۔ بُری وضع کا ۔ بدچلن ٭ **بداعتقاد** ۔ نہ ماننے والا ۔ یقین نہ رکھنے والا ۔ جس کا عقیدہ خراب ہو ٭ **بداعمال** ۔ بدچلن ٭ **بداعمالی** ۔ مؤنث ۔ بدکرداری ۔ بدچلنی ۔ سرکشی ۔ بدمعاملگی ٭ **بدافعال** ۔ جس کی حرکتیں اچھی نہ ہوں ۔ بداعمال ٭ **بدافعالی** ۔ مؤنث ۔ بداعمالی ٭ **بدامنی** ۔ مؤنث بغاوت ٭ **بدانتظامی** ۔ مؤنث ۔ انتظام کی خرابی ۔ بدعملی ٭ **بداندیش** ۔ بُرا چاہنے والا ۔ دُشمن ۔ مخالف ۔ بدخواہ ٭ **بداوسان** ۔ بدحواس ٭ **بدبات پھوٹنا** (ہ) مشہور ہو جانا ۔ عیب کُھل جانا ٭ **بدبات جھنڈے پر چڑھانا** ۔ عیب کو مشہور کرنا ٭ **بدباطن** (ف) منافق ۔ جس کی نیت خراب ہو ۔ کینہ پرور ٭ **بدبخت** ۔ آوارہ ۔ مصیبت زدہ ۔ کم بخت ۔ بدنصیب ٭ **بدبر** ۔ بدباطن ۔ بدظن ٭ **بدبر کرنا** ۔ شک میں ڈالنا ۔ بدگمان کرنا ۔ بدظن کرنا ٭ **بدبلا** (عو) (۱) نہایت شریر (۲) چڑیل ٭ **بدبو** ۔ "خوش بو" کے برعکس ۔ خراب بُو ٭ **بدبو آنا** (ہ) ناقص بو کا پھیلنا ٭ **بدبو کرنا** (۱) ناگوار بو پھیلانا (۲) کسی چیز سے عفونت آنا ٭ **بدبیا نسا پڑنا** (عو) اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص خواہ مخواہ بگڑ کر بات کہے یا غصے میں چُپ ہو جائے ٭ **بدپرہیز** (ف) جو کوئی مضرِ صحت کام کرے یا وہ غذا یا دوا استعمال کرے، جسے معالج نے منع کیا ہو ٭ **بدپرہیزی** ۔ مؤنث (۱) بے احتیاطی ۔ بے اعتدالی (۲) (مجازاً) فضول خرچی ۔ عیاشی ٭ **بدتر** ۔ ادنیٰ درجے ۔ بہت بُرا ۔ زیادہ خراب ٭ **بدجانور** ۔ مذکر ۔ خنزیر ۔ سُوّر ٭ **بدجلو** ۔ سرکش گھوڑا ٭ **بدچشم** ۔ (۱) دوسرے کے مال کی طمع کرنے والا (۲) بُری نیت سے دیکھنے والا ٭ **بدچلن** ۔ بدافعال ۔ بداعمال ۔ بدوضع ۔ بداطوار ٭ **بدچلنی** ۔ مؤنث ۔ بدکرداری ۔ بدوضعی ۔ بداعمالی ٭ **بدحال** ۔ خوش حال کے برعکس ۔ بدبخت ۔ خستہ حال ٭ **بدحواس** (۱) (لغوی) بے حس (۲) بے عقل ۔ بے ہوش ۔ پریشان ۔ مضطرب (۳) (مجازاً) کم عقل ٭ **بدحیثیت** ۔ (عو) بدشکل ۔ بدقطع ۔ بدوضع ٭ **بدخبر** ۔ موت کی خبر ٭ **بدخصال** ۔ بدخصلت ۔ بدمزاج ۔ بدافعال ٭ **بدخط** (۱) خراب خط والا (۲) بے قاعدہ تحریر ٭ **بدخلق** ۔ بدمزاج ۔ رُوکھا ۔ شریر ۔ بدخو ۔ خراب برتاؤ والا ٭ **بدخو** ۔ بُری خصلت والا ٭ **بدخواب** ۔ جو سو اٹھ کر بدخوئی کرے ٭ **بدخواب کرنا** (ہ) نیند اچاٹ دینا ٭ **بدخواب ہونا** (۱) نیند پوری نہ ہونے سے بے چین ہونا (۲) سونے میں نہانے کی حاجت ہونا ۔ احتلام ہونا (۳) بُرا خواب دیکھ کر ڈرنا ٭ **بدخوابی** (ف) مؤنث (۱) نیند نہ آنے کے باعث بے چینی یا تکلیف (۲) خوفناک اور پریشان خواب (۳) احتلام ٭ **بدخواہ** ۔ کینہ ور ۔ بداندیش ۔ دشمن ۔ بُرا چاہنے والا ٭ **بدخواہی** ۔ مؤنث ۔ عداوت ۔ بَیر ۔ دشمنی ٭ **بددعا** ۔ مؤنث ۔ لعنت ۔ نفرین ۔ کوسنا ٭ **بددعا دینا** (ہ) کوسنا دینا ٭ **بددعا کرنا** ۔ کوسنا ٭ **بددعا لگنا** ۔ کوسنے کا اثر ہونا ٭ **بددعا لینا** ۔ کوسنے کا مستحق ہونا ٭ **بددل** (ف) (۱) بدگمان ۔ ناخوش ۔ ناراض (۲) ترساں ۔ ڈرنے والا ۔ بزدل (۳) شکستہ خاطر ٭ **بددماغ** ۔ ناخوش ۔ بدمزاج ۔ چڑچڑا ۔ نازک دماغ ۔ مغرور ٭ **بددماغی** ۔ مؤنث ۔ چڑچڑاپن ۔ آزردگی ۔ غرور ۔ خفگی ۔ نازک دماغی ٭ **بددیانت** ۔ خیانت کرنے والا ۔ دغاباز ۔ فریبی ٭ **بددیانتی** ۔ مؤنث ۔ خیانت ۔ دغابازی ۔ فریب ٭ **بدذات** ۔ (۱) شوخ ۔ لچا ۔ شریر ۔ بدطینت ۔

خراب (۲) سفلہ ۔ پاجی ۔ کم ذات ۔ کمینہ ٭ **بدذاتی** ۔ مؤنث ۔ کمینگی ۔
شرارت ٭ **بدذاتی پر آنا** (ل) شرارت پر آمادہ ہونا ٭ **بدذہن** ۔
(ف) خراب ذہن کا ۔ کند ذہن ٭ **بدراہ** ۔ کھوٹا ۔ بدوضع ۔ بدچلن ٭
بدرکاب ۔ وہ گھوڑا، جو رکاب میں پاؤں نہ رکھنے دے ۔ شریر ٭ **بدرگ** ۔
بدطینت ۔ بدسرشت ٭ **بدرنگ** ۔ (۱) مدھم رنگ کا ۔ رنگ اڑا ہوا ۔
(۲) ناقص ۔ کھوٹا ۔ بدوضع ۔ خراب رنگ کا ۔ بری قسم کا (۳) تاش، گنجفہ،
چوپڑ کھیلنے میں جب رنگ کا پتا نہیں ہوتا اور دوسرے رنگ کا پتا ڈالتے
ہیں، اسے بدرنگ کہتے ہیں ۔ (۴) چوسر کی سولہ گوٹوں میں سے آٹھ گوٹیں (اکھٹا
کرنا کے ساتھ) ٭ **بدرَو** ۔ بدرفتار (گھوڑا) ٭ **بدرُو** ۔ بدنما ۔ خراب ۔
بری شکل کا ٭ **بدروز** ۔ بدبخت ٭ **بدروزگار** ۔ جس کا زمانہ ناموافق
ہو ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ٭ **بدزبان** (۱) گستاخ ۔ گالی گلوچ بکنے والا ۔
سخت زبان (۲) مؤنث ۔ گالی گلوچ ٭ **بدزبانی** ۔ مؤنث ۔ سخت کلامی ۔
گستاخی ۔ گالی گلوچ ٭ **بدزیب** ۔ بدنما ۔ نازیبا ٭ **بدساعت** ۔ بری
گھڑی ۔ منحوس گھڑی ۔ ساعتِ نحس ٭ **بدسرشت** ۔ بدنیت ۔ خراب
طبیعت کا ٭ **بدسگال** (۱) بداندیش ۔ بدخو (۲) (مجازاً) دشمن ٭
بدسلوکی ۔ مؤنث ۔ برا برتاؤ ۔ برا معاملہ ۔ برتاؤ کی خرابی ٭ **بدسیرت** ۔
خراب عادت کا ۔ بری خصلت کا ۔ بدخو ٭ **بدشکل** ۔ بدقطع ۔ بدہیئت ۔
خراب صورت کا ٭ **بدشگون** ۔ منحوس ٭ **بدشگونی** ۔ مؤنث ۔ نحوست ۔
بدفالی ٭ **بدصورت** ۔ بری صورت کا ۔ خراب شکل کا ٭ **بدصورت
کرنا** (ل) چہرہ بگاڑنا ۔ شکل بگاڑنا ۔ صورت بگاڑ دینا ۔ خراب کرنا ٭ **بدصورتی**
(ف) مؤنث ۔ خراب شکل ۔ بری صورت ٭ **بدطریق** ۔ بدراہ ۔ گمراہ ۔
بداعتقاد ٭ **بدطینت** ۔ بدمزاج ۔ بدخصلت ۔ بدخو ٭ **بدظن** ۔ شکی ۔
بدگمان ٭ **بدظنی** ۔ مؤنث ۔ بدگمانی، شک، شبہہ ٭ **بدعقیدہ** (۱) جس
کا مذہب درست نہ ہو (۲) برا عقیدہ رکھنے والا ۔ کسی کے متعلق برا خیال
رکھنے والا ٭ **بدعمل** ۔ گناہگار ۔ خطاکار ٭ **بدعملی** ۔ مؤنث ۔ بدنظمی ۔
اندھیر ۔ بدانتظامی ٭ **بدعہد** ۔ پیمان شکن ۔ وعدہ خلاف ۔ بے وفا ۔ دغاباز ٭
بدعہدی ۔ مؤنث ۔ وعدہ خلافی ۔ دغابازی ۔ بے وفائی ٭ **بدفرجام** ۔ جس
کی عاقبت اچھی نہ ہو ٭ **بدفعل** ۔ بدکار ۔ عیاش ۔ زانی ٭ **بدفعلی** ۔ مؤنث ۔
بدکاری ٭ **بدقدم** ۔ جس کا آنا منحوس ہو ۔ منحوس ٭ **بدقلعی** ۔ خراب قلعی
والا (برتن) ٭ **بدقماش** ۔ بدچلن ۔ بدوضع ٭ **بدکار** ۔ بدافعال، بدچلن،
زانی، فاجر ٭ **بدکاری** ۔ مؤنث ۔ بدفعلی ۔ زنا ۔ حرام کاری ٭ **بدکردار**،
بدکار، بدچلن، بدعمل، فاسق ٭ **بدکرداری** ۔ مؤنث ۔ بداعمالی ۔ بدکاری ٭
بدکیش ۔ بددین ۔ بدمذہب ۔ بدخو ٭ **بدگمان** ۔ برا گمان رکھنے والا ۔
بدظن ٭ **بدگمانی** ۔ مؤنث ۔ بدظنی ۔ بے جا شبہہ ۔ خیالِ فاسد ٭ **بدگو** ۔ بری
بات کہنے والا ۔ برا کہنے والا ٭ **بدگوشت** ۔ مذکر ۔ وہ زائد گوشت، جو کسی
فاسد مادے کے باعث پیدا ہوجاتا ہے ٭ **بدگوہر** ۔ بدگہر ۔ بداصل ۔
بدسرشت ۔ بدذات ٭ **بدگوئی** ۔ مؤنث ۔ چغلی ۔ برائی ٭ **بدگھوڑا** (ل)

شریر گھوڑا ٭ **بدلحاظ** ۔ بے تمیز ۔ گستاخ ۔ بے شرم ۔ بے حیا ٭ **بدلحاظی** ۔
مؤنث ۔ حفظ مراتب کا خیال نہ رکھنا ۔ بزرگوں کے روبرو غیر مہذب حرکتیں کرنا ۔
گستاخی ۔ بے حیائی ۔ بے شرمی ٭ **بدلگام** (۱) لگام کو نہ ماننے والا گھوڑا ۔
منہ زور گھوڑا (۲) (مجازاً) منہ پھٹ ۔ بدزبان ۔ بے ادب ٭ **بدلہجہ** ۔
بدزبان ۔ بدالحان ۔ بدآواز ٭ **بدمذہب** ۔ بدطریق ۔ بدمشرب ٭ **بدمزاج** ۔
تندخو ۔ جھلا ۔ غصہ ور ۔ ترش رو ۔ چڑچڑا ٭ **بدمزاجی** ۔ مؤنث ۔ چڑچڑاپن ۔
ترش روئی ۔ جھلاپن ٭ **بدمزگی** (بَدْ ۔ مَزَگِی) ۔ مؤنث (۱) ذائقے کی خرابی ۔ طبیعت
کی خرابی ۔ بیماری (۲) ناموافقت ۔ بگاڑ ۔ رنجش ۔ مخالفت ٭ **بدمزہ** (۱)
"خوش مزہ" کے خلاف ۔ خراب ۔ بیٹھا ۔ بدذائقہ، بے مواد (۲) علیل ۔ بیمار
(۳) (ع) خفا ۔ ناراض ۔ رنجیدہ ٭ **بدمست** (۱) نشے میں چور ۔ سیاہ مست ۔
بے ہوش ۔ مدہوش ۔ شراب خوار (۲) نفس پرست ۔ پُرشہوت (۳) شریر ٭
بدمستی ۔ مؤنث (۱) سیاہ مستی ۔ مدہوشی ۔ شراب خواری (۲) شہوت پرستی
(۳) شرارت ٭ **بدمعاش** (۱) برے کاموں کی آمدنی سے گزارہ کرنے والا
شخص (۲) اُچکا ۔ اٹھائی گیرا (۳) فسادی (۴) شریر (۵) شہدا ۔ لچا ۔ بدچلن ٭
بدمعاشی ۔ مؤنث (۱) بدچلنی ۔ شہدا پن (۲) بدذاتی ۔ شرارت (۳) حرام خوری ٭
بدمعاملگی ۔ مؤنث (۱) لین دین کی صفائی نہ رکھنا ۔ بے ایمانی (۲)
کھوٹا پن ۔ بدعہدی ٭ **بدمعاملہ** (۱) لین دین کا خراب ۔ بے ایمان (۲)
بدعہد ۔ بددیانت ۔ کھوٹا (۳) چالاک ٭ **بدمُہری** ۔ مؤنث ۔ (۱) سرد مہری
(۲) ایک قسم کی بیماری، جو گھوڑوں، اونٹوں اور گدھوں کو ہوتی ہے ٭
بدنام (۱) خراب شہرت والا ۔ رسوا (۲) ناقص ۔ برا ۔ پُرعیب ٭ **بدنام
کنندۂ نکونامے چند** ۔ کئی نیک ناموں کا بدنام کرنے والا ۔ بزرگ کے نیک
نام پر دھبا لگانے والا ٭ **بدنامی** ۔ مؤنث ۔ برا نام ۔ بری شہرت ۔ رسوائی ٭
بدنامی کا ٹوکرا ۔ مذکر ۔ بدنامی کا الزام ٭ **بدنامی کا ٹیکا** ۔ مذکر ۔ رسوائی
کا داغ ٭ **بدنژاد** ۔ بداصل ۔ کمینہ ٭ **بدنسل** ۔ بری نسل کا ۔ کمینہ ۔ بدذات ٭
بدنصیب ۔ کم بخت ۔ بدبخت ٭ **بدنظر** ۔ بری نگاہ سے دیکھنے والا ۔
بری نیت اور برے ارادے سے دیکھنے والا (عورتیں "بدنظرا" کہتی ہیں) ٭
بدنظر دیکھنا (ف) (۱) بری نگاہ سے دیکھنا ۔ بری نیت سے تاکنا ۔ نفسانی
خواہش کے ارادے سے گھورنا (۲) دشمنی کی نگاہ سے دیکھنا ٭ **بدنفس**
بدسرشت ۔ بدذات ٭ **بدنفسی** ۔ مؤنث ۔ بدذاتی ٭ **بدنگاہ سے
دیکھنا** ۔ شہوت کی نظر سے دیکھنا ٭ **بدنما** ۔ جو دیکھنے میں برا معلوم ہو ۔
بدشکل ۔ بدزیب ۔ ناقص ۔ بھدا ۔ برا ۔ بھونڈا ٭ **بدنہاد** ۔ بدسرشت ۔
بدگہر ٭ **بدنیت** (۱) خراب ارادے والا ۔ بدارادہ ۔ بدظن (۲) ندیدہ
(۳) لالچی ٭ **بدنیتی** ۔ مؤنث (۱) (قانون) جائز عذر کے بغیر ارادے سے ناجائز
فعل کرنا (۲) نیت کی خرابی ٭ **بدوضع** ۔ (۱) عیاش ۔ بداطوار ۔ بدچلن (۲)
نامناسب ۔ ناموزون (۳) نازیبا ۔ بدصورت ۔ بری قطع کا ٭ **بدہضمی** ۔
مؤنث ۔ غذا کا ہضم نہ ہونا ۔ گرانی (ہونا کے ساتھ) ٭ **بدہیئت** ۔
مہیب صورت والا ۔ بدشکل ۔ بدصورت ٭ **بدی** (بَدِی) (ف) مؤنث ۔

(۱) نیکی کے خلاف - بُرائی - بدخواہی (۲) پیٹھ پیچھے بُرا کہنا - غیبت ٭ **بدی پر آنا** (ف) (۱) دشمنی پر مائل ہونا - بُرائی کرنے پر تیار ہونا (۲) (گھوڑے بیل کے لیے) اچھلنا کودنا - سرکشی کرنا ٭ **بدی چیتنا** (عو) کسی کی بُرائی چاہنا ٭ **بدی کرنا** (۱) بُرائی کرنا - دشمنی کرنا (۲) ستانا - تکلیف دینا (۳) غیبت کرنا - چغلی کھانا - غیر حاضری میں بُرا کہنا ٭

بَدا (بَدَا) (ہ) طے شدہ - قسمت میں لکھا ہُوا - معیّن - مقرّر ٭ **بدا بدی** (۱) شرطی - حکمی - شرطیں بدبد کے - بحثا بحثی - ضدّم ضدّا (۲) کینہ وری سے ٭ **بدا ہونا** (۱) نصیب میں ہونا (۲) شرطیہ ہونا ٭

بِدا (بِدَا) (ہ) مؤنّث - رخصت - دلھن کا اپنے گھر سے رخصت ہونا ٭ **بدا کرنا** (عو) لڑکی کا گھر سے رخصت کرنا ٭ **بدا ہونا** (عو) لڑکی کا میکے سے رخصت ہونا ٭

بداہت (بَدَا - ہَت) (ع) مؤنّث (۱) فی البدیہہ بات کہنا (۲) اچانک حادثہ یا واقعہ (۳) صریحی ہونا - یقینی ہونا ٭

بداءت (بَدَا - اَت) (ع) مؤنّث - آغاز کرنا - شروع کرنا ٭

بدائع (بَدَا - اِع) (ع) مذکّر و مؤنّث - بدیع کی جمع - عجائبات ٭

بُدایوں (بُدَا - یُوں) (ف) مذکّر - صوبجات متحدہ میں ایک ضلع ٭ **بدایوں کے للّا** (ف) (مجازاً) نادان - سادہ لوح - بھولا بھالا - احمق - مورکھ - بیوقوف ٭

بُد بُدانا (بُد - بُدَا - نَا) (ہ) آہستہ بولنا - صاف صاف نہ کہنا - چپکے چپکے رہنا ٭

بدخ (بَدَخ) (دیوناگری) مذکّر - بط - بطخ ٭

بدخشان (بَدَخ - شَان) (ف) مذکّر - ہندوستان اور خراسان کے درمیان ایک صوبہ جو کسی زمانے میں لعل و یاقوت کے لیے مشہور تھا (ترکیب میں بدخشان کی جگہ بدخش بھی بولتے ہیں) ٭

بَدْر (بَدْر) (ع) مذکّر (۱) مدینۂ منوّرہ کے قریب ایک کنواں (۲) ایک موضع (۳) چودھویں رات کا چاند - پورا چاند - ماہِ کامل (بُدُوْر جمع) ٭ **بدر کے بعد ہلال ہے** (ف) مثل - کمال کے بعد زوال ہے ٭

بَدَر (بَدَر) (ف) باہر - باہر نکلا ہُوا ٭ **بَدَر پیشی** (۱) پیشی میں (۲) مؤنّث - پیشی کی حالت ٭ **بَدَر رَو** - مؤنّث - وہ نالی جس کے ذریعے سے پانی باہر نکلتے ہیں - پانی باہر جانے کا راستہ - موری - پرنالا ٭ **بَدَر رو نکالنا** (ف) موری بنانا ٭ **بَدَر کرنا** (۱) باہر نکالنا - نکال دینا - خارج کرنا (۲) جلا وطن کرنا ٭ **بَدَر نکالنا** - حساب میں غلطی نکالنا ٭ **بَدَر نویس** - حساب میں قابلِ اعتراض رقموں کا لکھنے والا ٭ **بَدَر نویسی** - مؤنّث (۱) حساب کی جانچ (۲) (اہلِ دفتر کی اصطلاح) مطالبے کی وجوہ جن کی بنا پر عاملوں سے بازپُرس کی جاتی ہے ٭

بدرانا (بِدْ - رَا - نَا) (ہ) (دہلی) بترانا - نکتہ چینی کرنا - جھٹلانا - الزام لگانا ٭

بُدْبُدْ بُدَر (بُدْ - بُدْ) (ہ) ہولے ہولے - آہستہ آہستہ ٭ **بُدَر بُدَر کرنا** - (عو) آہستہ آہستہ بُرا بھلا کہنا - چپکے چپکے کچھ کہنا ٭

بدرقہ (بَدْ - رَ - قَہ) (ف) مذکّر (۱) (طب کی اصطلاح) وہ دوا جو کسی دوسری دوا کی معاون ہو (۲) قافلے کا نگہبان - رہنما (۳) محافظ فوج - طلایہ (۴) ہم سفر

(۵) وہ محصول جو گزشتہ زمانے میں راستوں کی حفاظت کے لیے وصول کیا جاتا تھا (۶) اعانت، وسیلہ، سہارا، مدد (۷) درستی - اصلاح (۸) اعتدال پر لانا (۹) تدبیر - ترکیب (۱۰) دفعیہ ٭

بدرہ (بَدْ - رَہ) (ع) مذکّر - توڑا - ہمیانی - تھیلی ٭

بدری (بَدْ - رِی) (ف) مؤنّث - جست کے برتنوں پر چاندی کا کام ٭

بدستور (بَدَسْ - تُوْر) (ف) حرف - قانون - قاعدے کے مطابق - دستور کے موافق - حسبِ سابق - جیسا پہلے تھا ٭

بدعت (بِدْ - عَت) (ع) مؤنّث (۱) دینی امور میں کوئی نئی بات یا نئی رسم نکالنا - نیا دستور یا رسم و رواج - ایجاد - اختراع (۲) سختی - تشدّد - ظلم (پھیلانا، کرنا، ہونا کے ساتھ) (۳) فساد - لڑائی - جھگڑا ٭ **بدعتی** (بِدْ - عَتی) (۱) بدعت کرنے والا - نیا دستور یا بُری رسم جاری کرنے والا (۲) مذہب میں نیا طریقہ یا نئی رسم اختراع کرنے والا - مشرک کا مقابل (۳) (عو) لڑاکا - جھگڑالو (۴) ظالم (۵) خرابی ڈالنے والا - نقص پیدا کرنے والا ٭

بدق (بَدَق) (دیوناگری) مذکّر - بط - بطخ ٭

بدکانا (بِدْ - کَا - نَا) (ہ) (۱) گھوڑے کو ڈرانا - چونکانا - بھڑکانا - چوکنّا کر دینا (۲) (عوام) اچاٹ دینا - اکھاڑنا ٭ **بدک جانا** - یا - **بدکنا** - (۱) ڈر سے بھڑکنا - جھجکنا - چونکنا (۲) کسی بات پر رنجیدہ ہو کر الگ ہو جانا - بدگمان ہو جانا (۳) جانور کا بھاگ جانا (۴) اچٹنا ٭

بُدکنا (بُدَک - نَا) (ہ) اچھلنا ٭

بَدَل (بَدَل) (ع) مذکّر - ایک چیز کے عوض دوسری چیز لینا - توڑ - معاوضہ - تبادلہ - بدلا - عوض ٭ **بدل جانا** (ف) (۱) مکر جانا - پھر جانا (۲) دیکھیے "بدلنا" ٭ **بدل دینا** - تبدیلی کرنا - ادل بدل کرنا - ایک چیز کا دوسری چیز سے تبادلہ کرنا - ملا دینا - پلٹ دینا - گڈمڈ کرنا - صورت پلٹ دینا ٭ **بدل کے بیان کرنا** - پھیر کے بیان کرنا - غلط بیانی کرنا ٭ **بدل لینا** - ایک شے دے کر دوسری شے لے لینا - پلٹ لینا ٭ **بدل ما یتحلّل** (ع) مذکّر - (طب کی اصطلاح) اس چیز کا عوض، جو تحلیل ہو جائے ٭ **بدلانا** (ف) بدلنا کا متعدی ٭ **بدلنا** (۱) پھرنا - پلٹنا (۲) تغیّر و تبدّل ہونا (۳) رنگ کا متغیّر ہونا (۴) ایک چیز کو دوسری جگہ رکھنا (۵) منتقل کرنا - ایک جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ رکھنا (۶) صورت تبدیل کرنا (۷) دوسری وضع اختیار کرنا (۸) پہلی بات کے خلاف کہنا (۹) انقلاب ہونا (۱۰) تبدیلی ہونا - بدلی ہونا (اس موقع پر بدل جانا کہتے ہیں) (۱۱) گڈمڈ کرنا - ملا دینا - درہم برہم کرنا (۱۲) ایک شے کو دوسری شے کے معاوضے میں دینا (۱۳) (آنکھ اور رخ کے ساتھ) بے مروّتی کرنا ٭

بدلا (بَدْ - لا) (ف) مذکّر (۱) عوض - معاوضہ (۲) اجر (۳) انعام - بخشش - عطا - صلہ (۴) محنتانہ - اُجرت (۵) تاوان - ہرجہ - نقصان (۶) انتقام - قصاص - جزا ٭ **بدلا اتارنا** - عوض کرنا ٭ **بدلا اترنا** - لازم ٭ **بدلا پانا** - عوض پانا ٭ **بدلا دینا** - معاوضہ دینا ٭ **بدلا کرنا** - معاوضہ کرنا ٭ **بدلا لینا** - عوض لینا - قصاص لینا - بدی کے عوض بدی کرنا - انتقام لینا ٭ **بدلائی**

(بَدْ ۔ لَا ۔ اِیْ) مؤنّث ۔ معاوضہ ۔ وہ روپیہ جو معاوضے میں ملے ۔ تبادلے کی قیمت ٭ **بدلوانا** ۔ بدلنا کا متعدّی المتعدّی ٭ **بدلوائی** ۔ مؤنّث ۔ بدلائی ٭

بدلی (بَدْ ۔ لِیْ) مؤنّث (۱) ایک شخص کے کام پر دوسرے کا جانا ۔ تبدیلی، منتقلی (۲) ایک فوج کا دوسری جگہ آنا (۴) بادل کی تصغیر ۔ ابر کا چھوٹا ٹکڑا (۵) تبدیل شدہ ٭ **بدلی کی چھاؤں** ۔ مؤنّث (۱) بدلی کا سایہ (۲) (مجازاً) بہت جلد مٹ جانے والا ۔ ناپائدار ٭ **بدلی ہونا** (۱) تبدیل ہونا (۲) بادل ہونا ۔ ابر ہونا ٭ **بدلے** ۔ عوض ۔ بالعوض ٭

بدن (بَدَنْ) (ع) مذکر ۔ جسم ۔ تن ۔ اندام ۔ گوشت واستخوان (۲) (کنایۃً) ستر ۔ شرم گاہ ۔ اندام نہانی ٭ **بدن اترنا** (ل) جسم میں نقصان ہونا ۔ جسم کا بدقطع ہونا ٭ **بدن اُتو کرنا** ۔ مارتے مارتے بدن پر نیل بنا دینا ٭ **بدن اُتو ہونا** ۔ لازم ٭ **بدن اندر سے پھوڑا ہونا** (عو) رگ رگ میں درد ہونا ٭ **بدن بگڑ جانا ۔ یا بگڑنا** ۔ جذام یا کوڑھ کی بیماری ہو جانا ٭ **بدن پاک کرنا** ۔ جسم سے غلاظت دھو ڈالنا ٭ **بدن پر بوٹی چڑھنا** موٹا تازہ ہونا ٭ **بدن پر بوٹی نہ ہونا** ۔ دُبلا ہونا ٭ **بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا** ۔ دیکھیے "بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا" ٭ **بدن پر کپڑا نہ ہونا** ۔ عریاں ہونا ۔ برہنہ ہونا ۔ ننگا ہونا ٭ **بدن پر نہیں لتّا، پان کھائیں البتّہ** ۔ مثل ۔ غریبی میں امیروں جیسا ٹھاٹھ رکھنا ۔ گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ باہر میاں محلّہ دار ٭ **بدن پھل جانا ۔ یا ۔ پھلنا** ۔ پھنسیوں یا چھوٹے چھوٹے دانوں کا کثرت سے جسم پر نکل آنا ٭ **بدن پھوٹ جانا** ۔ جسم میں زخم پڑ جانا ٭ **بدن پھیکا ہونا** (عو) (دہلی) خفیف حرارت ہونا ۔ جسم یا پنڈا گرم ہونا ۔ بخار ہونا ۔ حرارت ہونا (لکھنؤ میں "پنڈا پھیکا ہونا" بولتے ہیں) ٭ **بدن تختہ ہو جانا** ۔ جسم کھچ کر سخت ہو جانا ۔ اکڑ جانا ٭ **بدن توڑنا** (۱) انگڑائی لینا ۔ سستی پھیلانا (۲) ورزش کرنا ٭ **بدن ٹوٹنا** ۔ ہڈیوں میں درد محسوس ہونا ۔ جوڑ جوڑ میں درد ہونا ۔ اعضا شکنی ہونا ۔ کسمساہٹ ہونا ٭ **بدن جلنا** ۔ جسم پر گرمی کی تیزی ظاہر ہونا ٭ **بدن جھٹکنا** ۔ جسم کا دبلا ہونا ٭ **بدن چرانا** ۔ شرم یا لحاظ سے جسم چھپانا ۔ شرم سے جسم سمیٹنا ۔ جسم سکیڑنا ٭ **بدن دکھانا** ۔ ننگا پن ظاہر کرنا ٭ **بدن دُہرا ہونا** (۱) جسم کا بہت خمیدہ ہونا (۲) جسم کا موٹا ہونا ٭ **بدن ڈھانچا ہونا** ۔ صرف چمڑا اور ہڈیاں رہ جانا ۔ لاغر ہونا ۔ دُبلا ہونا ٭ **بدن سانچے میں ڈھلنا** ۔ جسم کے جوڑوں کا موزوں اور مناسب ہونا ٭ **بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا** (۱) سردی یا ڈر سے جسم کے بالوں کا کھڑا ہونا (۲) ہیبت چھانا ۔ خوف کھانا ۔ ڈر لگنا (۳) سردی لگنا ٭ **بدن گدرانا** ۔ جسم کا تر و تازہ ہونا ٭ **بدن گھل جانا** ۔ بہت دُبلا ہو جانا ٭ **بدن مٹّی ہونا** ۔ جسم پر خفیف حرارت ظاہر ہونا ٭ **بدن موم ہونا** ۔ بدن بہت نرم ہونا ٭ **بدن میں آگ (سی) لگنا** ۔ سخت غصّہ آنا ۔ برافروختہ ہونا ٭ **بدن میں مرچیں لگنا** ۔ جھنجلانا ۔ انتہائی غصّہ ہونا ۔ غصّے کی زیادتی سے بے قرار ہونا ٭ **بدن نیلا ہونا** ۔ جسم پر چوٹ کا نشان پڑ جانے یا زہر کا اثر پھیل جانے سے اس کا رنگ نیلا ہو جانا ٭ **بدن ہرا ہونا** (۱) جسم کا تر و تازہ ہونا (۲) زہر یا کسی زہریلے مادّے سے جسم کا نیلا پڑ جانا ٭ **بدنی** (بَدَ ۔ نِیْ) (ف) بدن سے متعلق ۔ جسمانی ٭

بدنا (بَدْ ۔ نَا) (ہ) (۱) پیش گوئی کرنا (ان معنی میں "بدا" کے سوا اَور کوئی صیغہ اردو میں استعمال نہیں کیا جاتا ۔ دیکھیے "بدا") (۲) (عوام) نام زد کرنا ۔ مقرّر کرنا (۳) قول قرار کرنا ۔ شرط لگانا ۔ عہد کرنا ۔ بازی لگانا (۴) (عوام) تسلیم کرنا ۔ ماننا ۔ سمجھنا ۔ شمار کرنا ۔ خیال میں لانا ٭

بدنی (بَدْ ۔ نِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) وہ معاہدہ جو کسی پیداوار کے خریدنے سے متعلق فصل سے پہلے قرار پائے یا کٹنے سے پیشتر نرخ ٹھہرا لیا جائے (۲) سائی ۔ دادنی ۔ بیعانہ (۳) بازی ۔ شرط ٭

بدو (بَدْوْ) (ع) مذکر (۱) شروع ۔ ابتدا ۔ آغاز (۲) ہویدا ہونا ۔ ظاہر ہونا (۳) ابتدا کرنا (۴) جنگل ۔ بیابان ٭

بدوی (بَدْ ۔ وِیْ) صحرا نشین ٭ **بَدّو** (بَدْ ۔ دُوْ) (ل) (۱) عرب کا گنوار ۔ خانہ بدوش ۔ جنگلی (۲) بدنام ۔ بدچلن ٭ **بدّو کرنا** ۔ (عو) نکّو بنانا ۔ رسوا کرنا ۔ بدنام کرنا ٭ **بدّو ہونا** ۔ لازم (عو) ٭

بدولت (بَدَوْ ۔ لَتْ) (ف) (۱) وسیلہ ۔ وجہ ۔ سبب ۔ باعث ۔ طفیل (۲) آسرا ٭

بدون (بَدُوْنْ) (ف) بجز ۔ بن ۔ بلا ۔ سوا ۔ بغیر ٭

بَدھ (بَدْھْ) (س) مذکر ۔ جان سے مارنا ٭ **بدھ ڈنڈ** (ہ) مذکر ۔ موت یا قتل کی سزا ٭

بِدھ (بِدْھ) (ہ) مؤنّث (۱) میزان ۔ جوڑ (۲) اچھے ستاروں کا ملنا (۳) طور ۔ وضع ۔ ڈھب ۔ طرح (۴) خدا ۔ پرمیشر (۵) ماہ ۔ قمر ۔ چاند ٭ **بدھ کھانا** (دکانداروں کی اصطلاح) (۱) میزان درست ہونا (۲) اتفاق رائے ہونا ۔ موافقت ہونا ۔ بات قرار پا جانا ۔ معاملہ پٹ جانا (۳) زائچہ مطابق ہونا (۴) کام بن جانا ۔ پڑت پڑ جانا ٭ **بدھ ملانا** (۱) زائچہ مطابق کرنا ۔ دولھا دلھن کی جنم پتریاں ملانا (۲) حساب کا جانچنا ۔ میزان کا مقابلہ کرنا (۳) موافقت کرنا (۴) قیمت لگانا ٭ **بدھ ملنا** (۱) موافقت ہونا (۲) حساب کا ٹھیک ہونا ۔ زائچے کا مطابق ہونا (۳) سبب کھل جانا ۔ تدبیر بن جانا ٭

بُدھ (بُدْھ) (ہ) مذکر (۱) چارشنبہ (۲) (علم نجوم کی اصطلاح) عطارد (۳) مؤنّث ۔ دانائی ۔ سمجھ ۔ تمیز ۔ تیزیٔ فہم ۔ عقل (۴) (صفت) خدا شناس ۔ عارف (۵) بُدھ مذہب کے بانی گوتم کا لقب (۶) مذکر ۔ بھگوان وشنو کا نواں اوتار (۷) (صفت) حلیم کُل ٭ **بُدھ وان** (۱) عاقل ۔ ہوشیار ۔ تیز فہم ۔ ذہین ۔ سنجیدہ (۲) دُور اندیش (۳) تمیز دار (۴) گیانی ۔ عالم ٭ **بُدّھی** (بُدْ ۔ دھِی) (ہ) مؤنّث (۱) بُدھ ۔ گیان ۔ فہم ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ دانائی (۲) جاننے اور سمجھنے کی حس ٭

بدھاتا (بِدْھَا ۔ تَا) (س) مذکر ۔ خدا ۔ پرمیشر ۔ علیم ٭

بدھاوا (بَدْھَا ۔ وَا) (ہ) مذکر (۱) ایک رسم جس کے مطابق بیاہ یا پیدائش کی تقریبوں میں صاحبِ تقریب کے رشتہ دار اس کے گھر جوڑے بھیجتے ہیں (۲)

مبارک بادکا گیت۔ مبارک باد (۳) بچّہ پیدا ہونے کی مبارک باد (۴) بیاہ کا انعام ۔

بدھائی (بَدّھا۔ اِی) (ک) مؤنّث (عو) (۱) انعام جو بچّہ پیدا ہونے کی تقریب پر کمینوں کو دیا جاتا ہے (دیناکے ساتھ) (۲) خوشی کے گیت (۳) بچّہ پیدا ہونے کی مبارک باد ۔ **بدھائی گانا**۔ مبارک باد کے گیت گانا ۔

بدھنا (بَدْھ۔نَا) (ک) مذکر۔ مٹّی کا ٹونٹی والا لوٹا ۔ **بدھنی** ۔ مؤنّث۔ مٹّی کا ٹونٹی والا چھوٹا لوٹا ۔

بدھنا (ک) (۱) پھنسنا (۲) رگ رگ میں اثر کرجانا۔ پیوست ہوجانا (۳) موتی میں سوراخ ہونا ۔

بُدّھو (بُدْھ۔دُھو) (ک) مذکر (طنزاً) کم عقل۔ بے وقوف۔ مورکھ۔ نادان ۔

بدھوا (بِدْھ۔وَا) (ک) مؤنّث۔ ہندو بیوہ عورت۔ رانڈ ۔

بَدّھی (بَدْھ۔دِھی) (ک) مؤنّث (۱) پھولوں کا ہار (۲) لچکیلی شے کی چوٹ یا وزنی شے کے بوجھ سے جسم پر پڑجانے والا نشان۔ جسم پر کوڑے یا قمچی کی مار کا نشان (پڑنا، ڈالنا کے ساتھ) (۳) تلوار کا آڑا زخم (۴) گلے میں ڈالنے کا پٹکا (۵) چرخا، جس کے ذریعے سے برما گردش کرتا ہے (۶) چمڑے کا ٹکڑا، جس پر استرہ صاف کیا جاتا ہے ۔ **بدّھی کا ہاتھ**۔ مذکر۔ ترچھا وار ۔

بدھیا (بَدْھ۔یَا) (ک) مؤنّث۔ (۱) آختہ۔ خصی۔ فوطے نکالا ہوا بیل (۲) دو شاخوں کا چھوٹا گتا (۳) ہیجڑا۔ خواجہ سرا۔ نامرد۔ خنثیٰ ۔ **بدھیا بیٹھنا** (عوام) (۱) چلتے ہوئے بیل کا بیٹھ جانا یا بیکار ہو جانا (۲) (مجازاً) (عوام) مفلس ہونا۔ دیوالا نکلنا۔ نقصان ہونا ۔ **بدھیا کرنا** (۱) بیل کے خصیے نکال ڈالنا۔ آختہ کرنا (۲) نامرد کرنا ۔ **بدھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا** (د) مثل۔ تھوڑی تفریح کے لیے زیادہ گھاٹے کی پروا نہ کرنا۔ تھوڑے آرام کے لیے زیادہ نقصان اٹھانا ۔ **بدھیا ہونا**۔ آختہ ہونا ۔

بدہیّات (بَدْ۔ہِیْ۔یَات) دیکھیے "بدیہیّات" ۔

بدیٔ - بدی (بَدْ۔اِی ، بَدِی) (س) مؤنّث۔ اندھیرا پاکھ۔ قمری مہینے کے آخری پندرہ دن ۔

بِدّیا (بِدْیَا) (س) مؤنّث۔ (۱) علم و ہنر (۲) فلسفہ (۳) شاستر کا علم (۴) علم بخشنے والی دیوی (۵) چھل فریب (۶) گٹکا۔ شعبدہ بازی۔ چھو منتر۔ ٹونا۔ جادو ۔ **بدّیارتھی** (س) طالب علم۔ علم کا خواہش مند ۔ **بدّیاوان** (س) گیانی۔ فاضل۔ عالم۔ ماہر فن ۔

بدیس (بِدِیْس) (ہ) مذکر۔ غیر ملک۔ پردیس۔ باہر ۔ **بدیسی** (۱) دوسرے ملک سے متعلق (۲) پردیسی۔ مسافر۔ اجنبی ۔

بدیع (بَدِیْع) (ع) (۱) نیا۔ نادر۔ انوکھا (۲) موجد۔ بنانے والا (۳) مؤنّث۔ نوایجاد چیز ۔

بدیہہ (بَدِی۔ہَہ) (ع) ٹھیک۔ ظاہر۔ برجستہ ۔ **بدیہہ گوئی**۔ مؤنّث۔ برمحل کہنا۔ غور و فکر کے بغیر کہنا ۔ **بدیہی** (۱) صاف عقل میں آنے والی بات، الم نشرح۔ یقینی۔ روشن۔ ظاہر (۲) (منطق کی اصطلاح) وہ تصوّر یا تصدیق، جس میں غور و فکر کی ضرورت نہ پڑے، یعنی محتاج ثبوت نہ ہو ۔ **بدیہیّ الانتاج**۔ منطق کی پہلی شکل جس کے نتیجہ نکالنے میں فکر کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ **بدیہیّات**۔ بدیہی کی جمع۔ ظاہر باتیں ۔

ب ڈ

بڈارنا (بِڈَا۔رْ۔نَا) (ک) (۱) نکالنا۔ جلاوطن کرنا (۲) ٹکڑے کرنا۔ چیرنا پھاڑنا (۳) خراب کرنا۔ بے ترتیب کرنا ۔

بَڈّھا (بَڈّھا) (ک) مذکر۔ کھائی۔ لمبا چوڑا گڑھا ۔ **بڈّھا لگانا** (۱) نقب لگانا (۲) کھدائی کا کام شروع کرنا ۔

بُڈّھا (بُڈْ۔ڈھا) (ک) بوڑھا۔ ضعیف۔ معمّر۔ عمر رسیدہ ۔ **بڈّھا پھونس** (ک) مذکر۔ انتہا بوڑھا ۔ **بڈّھا ٹھڈّا**۔ بہت بوڑھا ۔ **بڈّھی۔ بڈھیا**۔ مؤنّث۔ بہت بوڑھی عورت۔ پیر زال ۔ **بڈّھی گھوڑی لال لگام** (ا) مثل۔ اس کے متعلق کہتے ہیں، جو بڑھاپے میں جوانی کی حالت رکھے ۔

بڈھڑا، بڈھڑی (بُڈْھ۔ڑَا ، بُڈْھ۔ڑِی) (ک) مؤنّث۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس ۔

ب۔ ذ

بذاتہٖ (بِذَا۔تِہٖ) (ت۔ ع) اپنی ذات سے۔ خود۔ آپ۔ بہ نفسِ نفیس ۔

بذل (بَذْل) (ع) مذکر۔ بخشش۔ انعام۔ عطا۔ جود و سخا۔ داد و دہش ۔

بذلہ (بِذْ ، لَہْ) (ع) مذکر۔ وہ کپڑے، جو زیادہ استعمال میں رہتے ہوں۔ کام کے وقت پہننے کے کپڑے ۔

بذّی (بَذْ ، ذِی) (ع) (۱) بیہودہ گو (۲) بے حیا، بدزبان ۔

ب۔ ر

بَر (بَر) (ک) مذکر۔ (عو) (۱) دولہا۔ نوشہ۔ شوہر۔ خاوند۔ پتی۔ منگیتر (۲) (دہلی) برگد (لکھنؤ میں "بر" اور برگد کہتے ہیں) (۳) مؤنّث (لکھنؤ) بھِڑ (۴) مذکر۔ کپڑے کا عرض۔ چوڑائی (۵) تلوار کی چوڑائی (۶) مراد۔ تمنّا (۷) اسیس۔ دعا (۸) داماد ۔ **بر پانا**۔ منگیتر کا ہاتھ آنا ۔ **برجوگ**۔ (عو) (۱) شادی کے قابل، جوان، سیانی لڑکی (۲) دولہا دلھن کا موزوں جوڑ ۔ **بردان**۔ مذکر (ہندو) (۱) شادی کا عطیّہ، جو دلھن کو دولہا کی طرف سے بھیجا جاتا ہے (۲) دعا کا جواب، جو خدا کی جانب سے یا کسی مقدّس بزرگ کی طرف سے ملے ۔ **بر دکھوّا بر دکھائی**۔ ایک رسم جو نسبت کے پختہ ہونے سے پہلے ادا کی جاتی ہے، یعنی منگیتر رونمائی کے لیے سسرال جاتا ہے ۔ **بر دینا** (۱) شادی کر دینا (۲) قول دینا۔ وعدہ کرنا (۳) طاقت بخشنا (۴) دعا دینا ۔ **بر مانگنا** (عو) (۱) خاوند کی طلب کرنا۔ بیاہ مانگنا (۲) منگنی کے بعد بیٹی والوں کا بیاہ کیلئے تقاضا کرنا (۳) وعدہ لینا۔ قول کرانا (۴) مراد مانگنا۔ دعا چاہنا ۔

بَر (بَر) (ف) (۱) اوپر۔ بلند (۲) مذکر۔ پھل (۳) بدن۔ پستان (۴) بغل۔ آغوش ۔

(۵) حافظہ (۶) باہر (۷) حاصل ۔

بَرّ (بَرّ) (ع) مذکر (۱) بحر کے برعکس ۔ زمین ۔ دھرتی ۔ خشکی ۔ میدان ۔ جنگل بیابان (اردو میں رّ ساکن بغیر تشدید مستعمل ہے) (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام (۳) بڑا نیک ۔ مہربان ۔ محسن ۔ **بَرِّ اعظم** ۔ مذکر ۔ خشکی کا وہ بہت بڑا قطعہ جو پانی سے الگ ہو اور اس میں بہت سے ملک شامل ہوں ۔ **بَرّی** (رِیْ ۔ یِیْ) بحری کے خلاف ۔ خشکی کا ۔ جنگلی ۔

بِرّ (بِرّ) (ع) مؤنث ۔ نیکی ۔ احسان ۔

بُرّ (بُرّ) (ع) مؤنث (۱) عورت کا اندام نہانی یا مقام مخصوص (۲) کپڑے کے اوپر کا رُواں ۔

بَرا (بَرا) (س) مذکر ۔ تل کر بنائی ہوئی چنے یا ماش مونگ کی ٹکیاں ۔

بِرا (بِ رَ ۔ را) (ہ) مذکر ۔ جو اور چنا یا جو اور مٹر ملے ہوئے ۔

بُرا (بُرا) (ہ) (۱) اچھا کے برعکس (۲) ناگوار (۳) بدشکل ۔ بھونڈا (۴) خود غرض ۔ بے وفا (۵) بھیانک ۔ ڈراؤنا ۔ مہیب ۔ خطرناک ۔ خوفناک (۶) غبی ۔ کند (۷) بدمزہ (۸) نقصان دینے والا (۹) معیوب (۱۰) زہریلا (۱۱) بدنیت ۔ شریر (۱۲) خراب ۔ ناشائستہ ۔ بدخلق (۱۳) بے حیا ۔ بے شرم (۱۴) کمینہ (۱۵) لالچی (۱۶) بے رحم ۔ سخت دل (۱۷) کم بخت ۔ بدقسمت (۱۸) چڑچڑا (۱۹) فضول ۔ بیکار ۔ نکما (۲۰) منحوس (۲۱) مذکر ۔ شریر آدمی (۲۲) مخالف ۔ رقیب ۔ دشمن ۔ **بُرا آزار** (ف) (عو) سل یا دق کی بیماری ۔ **بُرا احوال کرنا** (عو) بُرا حال کرنا ۔ **بُرا بنانا** ۔ کسی کی نظر میں حقیر کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ ملزم ٹھہرانا ۔ مخالف بنانا ۔ **بُرا بننا** (۱) مخالف بننا ۔ بدنام ہونا ۔ بُرائی لینا ۔ الزام لینا ۔ **بُرا بھلا** (۱) مذکر ۔ گالی گلوچ ۔ سخت سست ۔ بدزبانی (۲) (صفت) نیک و بد ۔ اچھا بُرا (۳) ہر کس ناکس ۔ ایسا ویسا ۔ **بُرا بھلا آنا** ۔ سلیقہ ہونا ۔ اچھا بُرا جاننا ۔ **بُرا بھلا سنانا** ۔ لعنت ملامت کرنا ۔ گالیاں دینا ۔ **بُرا بھلا سننا** ۔ ملامت سننا ۔ **بُرا بھلا کہنا** ۔ سخت سست کہنا ۔ لعنت ملامت کرنا ۔ **بُرا بیٹا اور کھوٹا پیسا وقت پر کام آتا ہے** (۱) مثل ۔ وقت پر بُرا بھی کارآمد ہو جاتا ہے ۔ اپنی کوئی چیز بیکار اور ناقص نہ سمجھو ۔ **بُرا پَیرا** (عو) سبز قدم ۔ منحوس ۔ **بُرا جاننا** ۔ خراب جاننا ۔ **بُرا حال ۔ یا ۔ درجہ کرنا** (۱) خراب حال کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ بگاڑنا ۔ سخت سست کہنا ۔ بد رنگ کرنا ۔ بد روپ کرنا ۔ بُری گت بنانا ۔ خوب مارنا ۔ **بُرا دن** (۱) مذکر ۔ مصیبت کا وقت ۔ منحوس زمانہ ۔ **بُرا دن کرنا** ۔ بُرا درجہ کرنا ۔ **بُرا دن کرنا بُری رات کرنا** (عو) دن رات تکلیف میں گزارنا ۔ **بُرا دہاڑا کرنا** (عو) بُرا درجہ کرنا ۔ بُری گت بنانا ۔ **بُرا کام** مذکر ۔ زنا ۔ بدفعلی ۔ وہ فعل جس سے مذہب یا قانون یا رسم و رواج نے منع کیا ہو (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) ۔ **بُرا کام کرنا** (۱) نامناسب فعل کرنا (۲) بدفعلی کرنا (۳) (عو) (کنایۃً) استفراغ کرنا ۔ قے کرنا ۔ **بُرا کرنا** (۱) نامناسب فعل کرنا (۲) نقصان پہنچانا (۳) رسوا کرنا ۔ بدنام کرنا (۴) کسی کو کسی سے ناخوش کرنا ۔ **بُرا کہنا** ۔ (۱) شکایت کرنا ۔ غیبت کرنا (۲) رسوا کرنا ۔ بدنام کرنا ۔

بُرا کہنے والے پر تین حرف ۔ مقولہ ۔ تین حرف یعنی ۔ ل ۔ ع ۔ ن (لعن پھٹکار) ۔ **بُرا لگنا** ۔ (عو) (۱) بُرا درجہ ۔ بُرا حال (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) (۲) بدقسمتی ۔ بدنصیبی ۔ (۳) بدخط ۔ **بُرا لگنا** (۱) گراں گزرنا ۔ ناموزوں ہونا ۔ بدنما معلوم ہونا ۔ ناگوار ہونا (۲) (زمانے کے ساتھ) بُرا وقت آنا ۔ **بُرا ماننا** (۱) بگڑ جانا ۔ خفا ہونا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ ناخوش ہونا (۲) پروا کرنا ۔ بالعموم سلب کے ساتھ بولا جاتا ہے ۔ جیسے "آپ بُرا نہ مانیے تو میں بھی کچھ گزارش کروں" ۔ **بُرا وقت** (۱) مذکر ۔ تنگی و افلاس کے دن ۔ تکلیف اور مصیبت کا زمانہ ۔ نازک وقت ۔ **بُرا ہو** (۱) بددعا ۔ مصیبت پڑے ۔ ناس ہو ۔ خانہ خراب ہو ۔ **بُرا ہونا** (۱) بدنام ہونا (۲) چالاک ہونا ۔ ہوشیار ہونا (۳) خراب ہونا ۔ **بُرائی** (بُ را ۔ ئی) مؤنث (۱) بھلائی کے برعکس ۔ بدی ۔ ہجو ۔ چغلی ۔ بدگوئی (۲) نقصان ۔ خرابی (۳) شرارت (۴) نحوست (۵) عیب ۔ نقص ۔ کمزوری (۶) تہمت ۔ الزام (۷) خراب نتیجہ ۔ **بُرائی بھلائی** ۔ مؤنث (۱) اچھا بُرا کام ۔ نیکی بدی (۲) تہمت ۔ رسوائی ۔ الزام (۳) ذمہ داری ۔ جواب دہی ۔ **بُرائی چاہنا** ۔ بُرا چاہنا ۔ **بُرائی کہنا** ۔ بدگوئی کرنا ۔ **بُرے وقت کا کوئی ساتھی (شریک) نہیں** (ف) مثل ۔ مصیبت نازل ہونے پر کوئی مدد نہیں کرتا ۔

برابر (بَ رَا ۔ بَر) (ف) (۱) ہم رتبہ ۔ ہمسر (۲) مانند (۳) مطابق ۔ ٹھیک (۴) سیدھا ۔ ہموار ۔ مسطح (۵) یکساں (فاصلے میں) (۶) بے کم و کاست (۷) یکساں (حالت میں) (۸) بے روک ٹوک (۹) پہلو بہ پہلو (۱۰) ہوشیار (۱۱) ہم عمر (۱۲) آدھوں آدھ ۔ نصفا نصفی (۱۳) مقابل کا (۱۴) اسی دم ۔ اسی وقت ۔ فوراً (۱۵) آمنے سامنے ۔ متصل ۔ قریب ۔ پاس (۱۶) ساتھ ساتھ (۱۷) سلسلہ وار (۱۸) ایک ساتھ (۱۹) یکساں ۔ مساوی ۔ رسدی (۲۰) تمام ختم ۔ خراب ۔ ضائع ۔ برباد (۲۱) ہم سبق (۲۲) لبریز ۔ بھرا ہوا (۲۳) برباد ۔ بے نتیجہ ۔ بھولا ہوا (۲۴) ہمیشہ (۲۵) بار بار ۔ پے در پے (۲۶) بے باق (۲۷) سراسر ۔ لگاتار (۲۸) طرح (۲۹) (عوام) مزدور ۔ بے شک ۔ **برابر اترنا** (۱) تول میں برابر ہونا ۔ یکساں ہونا ۔ برابر چھٹنا ۔ **برابر اٹھ جانا ۔ یا ۔ اٹھنا** ۔ شطرنج کی بازی کا جیتے ہارے بغیر ختم ہو جانا ۔ **برابر برابر** (۱) قریب قریب ۔ پاس پاس ۔ پہلو بہ پہلو (۲) باقاعدہ ۔ ترتیب وار ۔ مسلسل ۔ لگاتار (۳) آدھا آدھا (۴) ساتھ ساتھ ۔ (۵) ایک قطار میں ۔ ایک صف میں ۔ **برابر چھوٹنا** ۔ کشتی میں دو لڑنے والوں کا یا لڑائی میں بٹیروں یا مرغوں کا جیتے ہارے بغیر چھوٹنا ۔ **برابر سرابر** (۱) مساوی ۔ یکساں (۲) بے باق ۔ **برابر سے جواب دینا** (عو) بے تمیزی سے گفتگو کرنا ۔ گستاخی سے جواب دینا ۔ **برابر سے نکلنا** ۔ قریب سے نکلنا ۔ **برابر کا** (۱) جوان ۔ ہم قد (۲) ہم مرتبہ ۔ ہمسر ۔ جوڑ کا (۳) صنف کا (۴) قریب کا (۵) متحرک ۔ مقابل کا ۔ ہم عمر (۶) مساوی ۔ یکساں ۔ **برابر کا جواب دینا** ۔ ہمسری کرنا ۔ **برابر کا جوڑ** ۔ مقابل ۔ ہم وضع ۔ ہم رنگ ۔ یکساں ۔ **برابر کرنا** (۱) ہم وزن کرنا ۔ سطح یکساں کرنا ۔ مطابق کرنا ۔ ہم وضع کرنا ۔ یکساں کرنا ۔ مشابہ کرنا (۲) (روپے کے پیسے) اڑا دینا ۔ برباد کرنا (۳) مٹا دینا ۔ تباہ کرنا (۴) سطح برابر کر دینا ۔ نشان مٹا دینا (۵) یاد سے بھلا دینا (۶) (عوام) مکمل کرنا ۔

ختم کرنا (۷) باقاعدہ کرنا ۔ ترتیب دینا ۔ ٹھیک کرنا ۔ درست کرنا (۸) بلاناغہ کرنا ۔ متواتر کرنا (۹) نصفا نصفی کرنا ۔ کمی بیشی دُور کرنا ٭ **برابر کی بانٹھ** ۔ مؤنث ۔ (۱) برابر کا بھائی ۔ اپنے سے چھوٹا بھائی (۲) ساجھی ۔ مددگار ٭ **برابر کی بیٹی** ۔ مؤنث ۔ جوان بیٹی ٭ **برابر کی ٹکر** ۔ مؤنث (۱) مساوی درجے کا ۔ ہم رتبہ ۔ ہم پلّہ (۲) (سائنس) ایک دوسری کے خلاف عمل کرنے والی دو برابر کی قوتیں ٭ **برابر کی ٹکّر دار** (ع) ہم رتبہ ۔ ہمسر ٭ **برابر کی چوٹ** ۔ مؤنث ۔ برابر کی ٹکر ٭ **برابر میں** ۔ ساتھ ساتھ (لکھنؤ میں اس مقام پر صرف "برابر" بولتے ہیں) ٭ **برابر والا** ۔ برابر کی طاقت یا دولت رکھنے والا ۔ ہمسر ٭ **برابر ہونا** ۔ (۱) ایک سطح میں ہوجانا ۔ موافق ہونا (۲) بے باق ہونا (۳) اُڑ جانا ۔ مٹ جانا (۴) یکساں ہونا (۵) یکساں حالت میں ہونا ۔ ہم وزن ہونا ۔ ہم رتبہ ہونا ۔ ہمسر ہونا (۶) ساتھ ساتھ ہونا ۔ قدم بہ قدم ہونا (۷) آمنے سامنے ہونا ۔ متصل ہونا (۸) اکارت ہوجانا (۹) لبریز ہوجانا ۔ بھر جانا (۱۰) نشان مٹ جانا ۔ مٹ جانا (۱۱) یاد سے جاتا رہنا ۔ یاد سے اُتر جانا ٭ **برابری** ۔ (ف) مؤنث ۔ (۱) رقابت ۔ ہمسری ۔ ہم چشمی (۲) ریس ۔ حرص (۳) تکرار ۔ بحث ۔ بے ادبی ۔ گستاخی ۔ مقابلہ (۴) مساوات ۔ موافقت ۔ مطابقت (۵) ہمواری ٭ **برابری کرنا** (۱) مقابلہ کرنا ۔ گستاخی کرنا (۲) ہمسری کا دعویٰ کرنا ٭

برات (بَرَاتْ) (ف) مؤنث ۔ (۱) حکم نامہ ۔ فرمان (۲) خزانے سے تنخواہ وصول کرنے کی تحریر (۳) (مجازاً) تنخواہ (۴) حصہ ۔ بخرا ۔ نصیب ۔ قسمت ٭ **براتِ عاشقاں برشاخِ آہو** ۔ اُس وقت کہتے ہیں ، جب مقصد کا حصول ممکن نہ ہو ٭

برات (بَرَاتْ) (ھ) مؤنث ۔ (بارات غلط ہے) (۱) شادی (۲) شادی کا جلوس ۔ دولھا کی سواری آرائش اور جلوس کے ساتھ (۳) بھیڑ ۔ مجمع (۴) شادی کا دن ۔ شادی کا مجمع (۵) گنجفے کی ایک بازی ٭ **برات اُترنا** ۔ براتیوں کا کسی مقام پر ٹھہرنا ٭ **برات پیچھے دھونسا ۔ عید پیچھے ٹر** ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی بات یا کام وقت گزر جانے کے بعد ہو ٭ **برات جانا** ۔ شادی کے جلوس کا جانا ۔ مجمع کا روانہ ہونا ٭ **برات چڑھنا** ۔ برات کے جلوس کا دلھن کے گھر کو دھوم دھام سے روانہ ہونا ٭ **برات کرنا** ۔ شادی کے جلوس میں شریک ہونا ٭ **برات لے جانا** ۔ براتیوں کو دلھن کے گھر لے جانا ٭ **براتی** (بَرَا۔تِی) مذکر ۔ دولھا کی طرف سے برات کے جلوس میں شریک ہونے والا ۔ دولھا کے ساتھی ٭ **براتی تو کھا پی کر الگ ہوجاتے ہیں ، کام دولھا دلھن سے پڑتا ہے** ۔ مثل ۔ قرض لے کر شادی کرنے کے محل پر کہتے ہیں کہ براتی تو کھا پی کر علٰحدہ ہو جاتے ہیں ، اور مصیبت دولھا دلھن پر آتی ہے ٭

براٹھ (بَرَاٹھ) (ھ) مؤنث ۔ شان و شوکت ۔ خوب صورتی ٭

براجمان (بِرَاج۔مَانْ) (ھ) (۱) روشن ۔ چمکنے والا (۲) بہت اچھا ۔ نہایت عمدہ (۳) عظیم الشان (۴) عصائے شاہی رکھنے والا ۔ دربار میں بیٹھنے والا (۵) صدرِ مجلس (۶) (ہندو) بیٹھنا ۔ گدّی پر بیٹھنا ٭ **براجمان ہونا** (۱) تشریف رکھنا (۲) تشریف لانا (۳) جلوس فرمانا ۔ بیٹھنا (۴) زینت بخشنا (۵) سوار ہونا (۶) موجود ہونا ٭

براجنا (بِرَاج۔نَا) (ھ) (۱) (ہندو) رہنا ۔ رونق افروز ہونا ۔ جلوہ فرمانا (۲) عیش و آرام سے رہنا ٭

برادر (بِرَا۔دَرْ) (ف) مذکر (۱) بھائی ۔ بھیّا (۲) رشتہ دار (۳) ہم پیشہ (۴) ہم مذہب (۵) ہم قوم (۶) ہم مشرب ٭ **برادرِ اخیافی** ۔ مذکر ۔ وہ بھائی جن کے باپ جدا جدا ہوں اور ماں ایک ٭ **برادرِ اعیانی** ۔ مذکر ۔ سگا بھائی ٭ **برادر پرور** ۔ عزیزوں پر مہربانی کرنے والا ٭ **برادرِ توام** ۔ جُڑواں بھائی ٭ **برادرِ حقیقی** ۔ مذکر ۔ سگا بھائی ٭ **برادرِ حقیقی دشمنِ مادر زاد ہے** (ف) مثل ۔ سگے بھائی جھگڑا ہو جانے کے بعد ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو جاتے ہیں ٭ **برادرِ خواندہ** (ف) مذکر ۔ منہ بولا بھائی ٭ **برادرِ خُرد** ۔ مذکر ۔ چھوٹا بھائی ٭ **برادرِ رضاعی** ۔ مذکر ۔ دودھ شریک بھائی ۔ کوکا ٭ **برادر زادہ** ۔ مذکر ۔ بھتیجا ٭ **برادر زادی** ۔ مؤنث ۔ بھتیجی ٭ **برادرِ علّاتی** ۔ مذکر ۔ وہ بھائی جن کی مائیں جدا جدا ہوں اور باپ ایک ٭ **برادرِ نسبتی** ۔ مذکر ۔ جورو کا بھائی ۔ سالا ٭ **برادرانہ** ۔ بھائی کی طرح ۔ آپس کا ۔ یگانگی کا ٭ **برادری** ۔ مؤنث (۱) ذات ۔ قوم (۲) رشتہ داری ۔ ناتا ۔ یگانگی ۔ قرابت ۔ بھائی بندی ۔ بھائی چارا (۳) قوم کے لوگ ۔ رشتہ دار (۴) جماعت ۔ گروہ ٭ **برادری (سے) باہر کرنا** ۔ ذات سے باہر نکال دینا ۔ برادری سے خارج کرنا ۔ جتھے سے علٰحدہ کرنا ٭ **برادری سے باہر (خارج) ہونا** ۔ لازم ٭

بُرادہ (بُرَا۔دَہْ) (ف) مذکر (۱) لکڑی ، لوہے یا کسی دھات کا چورا ، جو آری یا سوہن سے نکلتا ہے (۲) سفوف ٭

براری (بَرَا۔رِی) (ع) مذکر ۔ جنگل ٭

براز (بِرَازْ) (ع) مذکر ۔ گندگی ۔ نجاست ۔ فضلہ ۔ غلاظت ٭

برازیل (بَرَا۔زِیلْ) مذکر ۔ جنوبی امریکہ کا ایک علاقہ ٭

براعت الاستہلال (بَرَا۔عَتُلْ۔اِسْ۔تِہْ۔لَالْ) (ع) مؤنث ۔ علم ادب کی ایک صنعت ۔ اس میں ایسے الفاظ یا مضامین تمہید میں لائے جاتے ہیں ، جن سے اصل مقصد کا پتا چلتا ہو ٭

بَرّاق (بَرْ۔رَاقْ) (ع) (۱) چمکیلا (۲) تیز ذہن ۔ مشّاق ۔ ہوشیار ۔ چالاک (۳) نہایت سفید ۔ صاف شفّاف (۴) تیز رَو ٭ **برّاقی** (بَرْ۔رَا۔قِی) مؤنث ۔ چمک دمک ٭

بُراق (بُرَاقْ) (ع) مذکر (۱) بہشت کا گھوڑا (۲) (مجازاً) گھوڑا (۳) وہ تعزیہ ، جس کا دھڑ گھوڑے جیسا اور چہرہ انسان جیسا ہوتا ہے ٭

برآمد (بَرْ۔آ۔مَدْ) (ف) مؤنث (۱) خرچ ۔ نکاسی (۲) روانگی (۳) نکلنا ۔ دریا میں سے نکلی ہوئی زمین (۴) باقی ۔ بقایا (۵) وہ مال جو دوسرے ملکوں کو بھیجا جائے ۔ اکسپورٹ ٭ **برآمد ہونا** (ف) (۱) ظاہر ہونا ۔ باہر نکلنا (۲) پا جانا (۳) باہر آنا ٭ **برآمدہ** (بَرْ۔آ۔مَدَہْ) (ف) مذکر (۱) برانڈا (۲) نکلا ہوا (۳) غلام گردش (۴) پکڑا ہوا مال ۔ پایا ہوا مال ٭

برامکہ (بَرَا۔مِکَہْ) (ع) مذکر ۔ برمک کی جمع ۔ برمک بلخ کے آتش کدے میں آگ جلانے پر ملازم تھا ، بعد میں اسلام لایا ۔ اس کی اولاد کو برامکہ کہتے ہیں ۔ یہ لوگ

خلفاء بنی عبّاس کے وزیر اور مشیر تھے ⁂

برآنا (ہ) (۱) ہاتھ آنا۔ کام پورا ہونا۔ کامیاب ہونا (۲) ملنا۔ حاصل ہونا (۳) بازی لے جانا۔ جیتنا ⁂

بُرّاں (بُر۔ رّاں) (ف) بے حد کاٹ کرنے والا۔ بہت تیز ⁂

بِرانا (بِرا۔ نا) صفتِ مذکّر (عوام) (۱) پرایا۔ غیر کا۔ بیگانہ۔ (مؤنث کے لیے بِرانی کہتے ہیں) ⁂

بَرّانا (بَر۔ رَا۔ نَا) (ہ) (۱) بڑ ہانکنا (۲) بُڑبُڑ کرنا۔ بہکنا۔ ہذیان بکنا۔ ٹرّانا (۳) بُڑبُڑانا۔ بکواس ہانکنا۔ بے معنی گفتگو کرنا ⁂

برانچ (بَرانچ) (انگ۔ Branch) مؤنث۔ شاخ۔ شعبہ۔ ٹکڑا۔ ڈالی ⁂ **برانچ پوسٹ آفس** (انگ۔ Branch Post office) مذکّر۔ وہ ڈاک خانہ جو بڑے ڈاک خانے کی شاخ ہو ⁂ **برانچ پوسٹ ماسٹر** (انگ۔ Branch Post Master) مذکّر۔ ڈاک کے محکمے کا وہ افسر جس کے چارج میں برانچ ہو ⁂ **برانچ سکول** (انگ۔ Branch School) مذکّر۔ وہ مدرسہ جو کسی دوسرے مدرسے کے ماتحت ہو ⁂

برانداز (بَر۔ اَن۔ دَاز) (ف) (۱) برباد کرنے والا (۲) پائدان (۳) ڈولی وغیرہ کا پردہ۔ اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ برقع۔ نقاب۔ گردنی ⁂

برانڈا (بَراں۔ ڈا) (ہ) دیکھیے "برآمدہ" ⁂

برانڈی (بَراں۔ ڈِی) (انگ۔ Brandy) مؤنث۔ ایک قسم کی تیز انگریزی شراب ⁂

برانڈی (بَراں۔ ڈِی) (ہ) مؤنث۔ اوپر پہننے کا موٹا کوٹ۔ بارانی ⁂

برانگیختہ (بَر۔ اَنگ۔ گیخ۔ تَہ) (ف) بھڑکایا ہوا۔ مشتعل ⁂ **برانگیختہ کرنا**۔ (۱) اُکسانا۔ بھڑکانا۔ آمادہ کرنا (۲) اغوا کرنا ⁂

براوا دینا (بَرا۔ وَا، دِے۔ نَا) (ہ) (عو) دم جھانسا دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ حیلہ بہانہ کرنا ⁂

برآورد (بَر۔ آ۔ وَرد) (ف) مؤنث۔ گوشوارہ۔ تنخواہ کا کاغذ۔ بجٹ۔ فردِ حساب ⁂

برّاہٹ (بَر۔ رَا۔ ہَٹ) (ہ) مؤنث۔ سوتے میں کچھ کہنا۔ فضول بکواس ⁂

براہمہ (بَرا۔ ہِمَہ) (ع) مذکّر۔ برہمن کی جمع ⁂

بَراہین (بَرَا۔ ہِین) (ع) مذکّر و مؤنث۔ بُرہان کی جمع۔ دلیلیں ⁂

براہی (بَرا۔ ہی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹی قسم کا گنّا۔ اِیکھ ⁂

براءت (بَرَا۔ اَت) (ع) مؤنث۔ جرم سے بری ہونا۔ صفائی۔ چھٹکارا۔ بیزاری ⁂

براؤ (بَرا۔ آؤ) (ہ) (عو) حفاظت۔ احتیاط۔ پرہیز ⁂

براؤن (بَرا۔ آن) (انگ۔ Brown) بھورا۔ خاکی۔ گندمی رنگ کا ⁂

برائے (بَرا۔ اِے) (ف) (۱) لیے۔ واسطے (۲) طفیل میں۔ صدقے میں۔ برکت سے۔ وسیلے سے ⁂ **برائے بیت** (ف۔ ع) (۱) شعر کی ضرورت سے (۲) فالتو۔ زائد۔ بیکار۔ فضول حشو (۳) برائے نام ⁂ **برائے چندے** (ف) کچھ دن کے لیے ⁂ **برائے خدا**۔ خدا کے واسطے۔ ازبہرِ خدا۔ لِلّٰہ ⁂ **برائے نام**۔ نام کو۔ گنتی گنانے کو۔ فرضی۔ صرف دکھانے کے لیے ⁂ **برائے نہادن چہ سنگ وچہ زر**۔ مقولہ۔ رکھنے کے لیے پتھر اور سونا دونوں برابر ہیں (کنجوس کی برائی میں کہتے ہیں) ⁂

برایا (بَرَا۔ یَا) (ع) مؤنث۔ بریّت کی جمع۔ مخلوقات۔ خلائق۔ خلقِ خدا۔ دنیا۔ جہان۔ مخلوق ⁂

برباد (بَر۔ بَاد) (ف) (۱) تباہ۔ خراب۔ غارت۔ ویران (۲) ضائع۔ تلف ⁂

بربادی (بَر۔ بَا۔ دِی) مؤنث۔ خرابی۔ ویرانی۔ تباہی ⁂

بُربُرا (بُر۔ بُرا) (ہ) خستہ۔ بھربھرا ⁂

بُربُرانا (بُر۔ بُرا۔ نَا) (ہ) (۱) چھڑکنا۔ کسی سوکھی پسی ہوئی شے کا کسی دوسری چیز پر چھڑکنا (۲) چھینٹا دینا ⁂

بربری (بَر۔ بَرِی) (ف) مؤنث (۱) سینگوں کے بغیر چھوٹی بکری جس کے باب میں مشہور ہے کہ ہرن اور بکری کے ملنے سے پیدا ہوتی ہے (۲) ملک بربر (افریقہ) کی بکری (۳) بربر کی ہر چیز ⁂

بربط (بَر۔ بَط) (ف) مذکّر۔ ایک قسم کا ساز۔ عُود۔ سارنگی ⁂

بَرَت (بَرَت) (ہ) مؤنث۔ (۱) ایک طرح کا مرض جو جاول کی کاشت میں ہوتا ہے۔ (۲) کنوئیں سے پانی نکالنے کی رسّی (۳) تنگ۔ تسمہ (۴) بدّھی۔ وہ نشان جو کسی لچکیلی شے کی ضرب سے بدن پر پڑ جائے ⁂

بَرَت (بُرت) (ہ) مذکّر۔ روزہ ⁂ **برتی۔ برتیا** (بَر۔ تِی، بَر۔ تِیا) برت رکھنے والا۔ روزہ دار ⁂

بِرَت (بِرت) (ہ) مؤنث (۱) وجہِ معاش۔ آمدنی۔ جاگیر (۲) جائداد (۳) عطیہ (بطورِ خیرات ہو یا گزر اوقات کے لیے) (۴) حق حقوق (۵) کفالت کرنے والا۔ پرورش کرنے والا ججمان (۶) ورثہ (۷) معافی کی زمین ⁂ **بِرتیا** (بِرتیا) وہ کاشت کار جس کے لگان میں تبدیلی نہ ہو سکے ⁂

بِرتا (بِر۔ تَا) (ہ) مذکّر (عو) (۱) زور۔ بل۔ طاقت (۲) امید۔ بھروسا (۳) ہمّت۔ حوصلہ (۴) قابلیّت۔ استعداد۔ لیاقت (۵) گنجائش۔ وسعت (۶) اعانت۔ مدد۔ سہارا ⁂ **برتے رہنا**۔ بھروسا کرنا۔ سہارے پر ہونا۔ کسی بات پر نازاں ہونا ⁂

برتانا (بَر۔ تَا۔ نَا) (ہ) دینا۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا ⁂

برتاوا (بَر۔ تَا۔ وَا) (ہ) مذکّر (عو) برتاؤ ⁂ **برتاؤ** (بَر۔ تَا۔ آؤ) (ہ) مذکّر۔ (۱) میل جول۔ راہ و رسم (۲) دستور۔ عمل درآمد۔ رواج۔ رسم (۳) ڈھنگ۔ طریقہ۔ وضع (۴) ملاقات کا ڈھنگ (۵) سلوک (۶) استعمال۔ تصرّف ⁂ **برتاؤ اچھا ہونا** (ہ) سلوک یا طرزِ عمل عمدہ ہونا ⁂

برتر (بَر۔ تَر) (ف) (۱) نہایت عمدہ (۲) زیادہ بلند۔ ارفع۔ اعلیٰ (۳) افضل۔ بہتر ⁂ **برتری** (بَر۔ تَرِی) مؤنث۔ بہتری۔ بزرگی۔ بڑائی۔ عمدگی۔

فضیلت ٭

بَرتِش (بَرَ ـ تِش) (ہ) مؤنّث ـ وہ زمین جس میں چاول کاٹ لینے کے بعد گنا بویا جاتا ہے ٭

برتن (بَرَ ـ تَن) (ہ) مذکّر ـ ظرف ـ بھانڈا ـ برتنے کے ظروف (دھونا، مانجنا کے ساتھ) ٭ برتن بھانڈے ـ مذکّر ـ برتن ـ ظروف ٭ برتن سے برتن کھٹک ہی جاتا ہے ـ گھر کے لوگوں میں کسی نہ کسی بات پر جھگڑا ہو ہی جاتا ہے ٭ برتن کھنکنا ـ مٹّی کے ظرف کا ایسی آواز دینا جس سے اس کا ٹوٹا ہونا ظاہر ہو ٭

برتنا (بَرَت ـ نا) (ہ) (۱) کام میں لانا ـ استعمال کرنا (۲) تجربہ کرنا (۳) (عوام) خرچ کرنا (۴) نباہنا (۵) برتاؤ کرنا ٭

بَرتھا ـ بِرتھا (بَر تھا + بِر ـ تھا) (ہ) (۱) نکمّا ـ فضول (۲) بے وجہ ـ بے ضرورت (۳) مذکّر ـ نکمّی چیز (۴) مؤنّث ـ گمنام چٹھی (۵) جنگل کی زمین جس میں غلّہ وغیرہ پیدا نہ ہوتا ہو ٭

برتھ ڈے (بَرَ تھ ـ ڈے) (انگ ـ Birthday) مذکّر ـ جنم دن ـ سال گرہ ٭

برتھ کنٹرول (بَرَ تھ ـ کَن ـ ٹرَول) (انگ ـ Birth Control) مذکّر بچّوں کی پیدائش پر قابو اور احتیاط رکھنا ـ زیادہ اولاد پیدا ہونے نہ دینا ـ حمل ہونے سے روکنا ـ ضبطِ تولید ٭

برٹش (بِرِ ـ ٹِش) (انگ ـ British) برطانیہ کا ـ انگریزی ٭ برٹش انڈیا ـ مذکّر ـ برطانی ہند ٭ برٹش گورنمنٹ ـ مؤنّث سلطنتِ برطانیہ سرکارِ انگریزی ٭ برٹش نیشن ـ مؤنّث ـ برطانی قوم ـ اہلِ انگلستان ٭

برٹن (بِرِ ـ ٹِن) (انگ ـ Britain) مذکّر (۱) برطانیہ ـ (۲) برطانیہ کا رہنے والا ٭

بَرِج ـ بِرَج (بَرِج ـ بِرَج) (ہ) مذکّر (۱) باڑا ـ گؤشالہ (۲) آگرہ اور متھرا کا علاقہ ٭ بِرَج بھاشا ـ یا ـ بھاکا ـ مؤنّث ـ برج کی بول چال ـ متھرا اور اس کے آس پاس کی زبان ٭

بُرج (بُرَج) (ع) مذکّر (۱) گنبد ـ گمٹ (۲) (نجوم) راس ـ ستارے کا گھر یا مقام ـ آسمانی دائرے کا بارھواں حصّہ ٭ بُرجِ اَسَد ـ آسمان کا وہ حصّہ جس میں بعض ستارے مل کر شیر کی شکل میں واقع ہیں ٭ بُرجِ آبی ـ تین برجوں سے مراد ہے ـ برجِ حوت، برجِ سرطان، برجِ عقرب ٭ برجِ آتشی ـ بُرجِ اَسَد ـ برجِ حمل ـ برجِ قوس ٭ برجِ بادی ـ برجِ جوزا ـ برجِ دلو ـ برجِ میزان ٭ برجِ حمل ـ آسمان کے بارہ برجوں میں سے پہلا برج جو مینڈھے کی شکل کا ہے ٭ برجِ خاکی ـ برجِ ثور ـ برجِ جدی ـ برجِ سنبلہ ٭

برجِ کبوتر (ع ـ ف) مذکّر ـ کبوتر کی ڈھابلی ٭ برجی (بُرَ ـ جی) (۱) مؤنّث برج کی تصغیر (۱) چھوٹا برج (۲) کنگرہ (۳) گنبد کے اوپر کا گول حصّہ ـ کلس (۴) مینار ٭

برجستہ (بَرَ ـ جَس ـ تہ) (ف) (۱) بے ساختہ ـ بروقت (۲) بے تکلّف ـ برمحل ٭

برجنا (بَرَج ـ نا) (ہ) روکنا ـ باز رکھنا (۲) فہمائش کرنا ـ سمجھانا ٭

برجیس (بِر ـ جِیس) (معرّب) مذکّر چھٹے آسمان کا ایک ستارہ ـ مشتری ـ قاضیٔ فلک ٭

برچھ (بَرَ ـ چھ) (ہ) مذکّر ـ پیڑ ـ رُوکھ ـ درخت ٭

برچھا (بَرَ ـ چھا) (ہ) مذکّر ـ نیزہ ـ بَلَم ـ بھالا ٭ برچھوں اُڑانا ـ گھوڑے کو بہت تیز لے جانا ٭ برچھوں اُڑنا ـ گھوڑے یا ہرن کا بہت تیز چلنا ـ دوڑنا ٭

برچھی (بَرَ ـ چھی) (ہ) مؤنّث ـ چوڑے پھل کا چھوٹا بھالا ٭ برچھی تاننا ـ برچھی لگانے پر آمادہ ہونا ٭ برچھی تولنا ـ برچھی مارنے کی تیاری کرنا ـ آمادگی ظاہر کرنا ٭ برچھی لگانا ـ یا ـ مارنا (۱) برچھی کا وار کرنا (۲) (دل یا جگر کے ساتھ) نہایت تکلیف پہنچانا ـ صدمہ پہنچانا ٭ برچھیت ـ نیزہ باز ـ بھالا اٹھانے والا ٭ برچھیتی ـ مؤنّث ـ نیزہ بازی ٭

برچھک (بَرَ ـ چھِک) (ہ) مذکّر ـ برجِ عقرب ـ آسمان کا آٹھواں برج ٭

برحق (بَرَ ـ حَق) (ف ـ ع) درست ـ صحیح ـ ٹھیک ـ سچ ـ بجا ٭

برخاست (بَرَ ـ خاسْت) (ف) موقوف ـ بند ٭ برخاست کرنا (۱) علیحدہ کرنا (۲) کام سے بند کرنا (۳) موقوف کرنا ٭ برخاستگی (بَرَ ـ خاس ـ تَگی) (ف) مؤنّث ـ موقوفی ـ رخصت ـ برطرفی ٭

برخلاف (بَرَ ـ خِلاف) (ف ـ ع) (بر زائد ہے) مخالف ـ اُلٹا ـ برعکس ٭

برخوردار (بَرَ ـ خُر ـ دار) (ف) (۱) صاحب نصیب ـ اقبال مند (۲) زندگی کا پھل اٹھانے والا ـ پھل کھانے والا (۳) فرزند ـ بیٹا (۴) (دعا) سلامت رہو ـ جیتے رہو ٭ برخورداری (ف) مؤنّث (۱) کثیر اولادی (۲) بہو کا لقب ٭

بَرد (بَرْد) (ع) مذکّر (۱) سردی ـ جاڑے کا موسم (۲) سرد ٭ بردِ اطراف مذکّر (طب) موت کی سردی ٭

بُرد (بُرْد) (ف) (۱) مؤنّث ـ مفت کی رقم ـ منافع ـ آمدنی (۲) بالائی آمد ـ رشوت (۳) شطرنج میں ایک طرف کے سب مُہرے اور پیادے کٹ جانا ٭ بُردبار ـ متحمّل ٭ بُردباری ـ مؤنّث ـ تحمّل ـ صبر ـ برداشت ٭ بُرد دینا (۱) آدھا مات کرنا (۲) تباہ کرنا ـ کھونا ـ ہارنا ٭ بُرد لینا ـ نصف مات قبول کرنا ٭ بُرد مارنا (۱) بازی جیتنا ـ کامیابی حاصل کرنا (۲) فائدہ حاصل کرنا ـ مال مارنا ـ رشوت لینا ٭ بُرد ہاتھ لگنا ـ مفت کی رقم ملنا ٭

بُرد (بُرْد) (ع) مؤنّث (۱) لکیروں والی چادر (۲) چارگوشوں کی سیاہ کملی ٭ بُردِ یمانی ـ یمن کی ایک خاص قسم کی لکیروں والی چادر ٭

برداشت (بَرَ ـ داشْت) (ف) مؤنّث ـ (۱) بُردباری ـ تحمّل ـ سہار (۲) صبر (۳) سودا قرض لینا ـ اچاپت ٭

برداشتہ (بَرَ ـ داش ـ تہ) (ف) اٹھایا ہوا ٭ برداشتہ خاطر ـ پریشان دل ٭ برداشتہ خاطر ہونا ـ پریشان خاطر ہونا ـ دل نہ لگنا ـ طبیعت کا اکھڑنا ـ اداس ہونا ـ گھبرانا ـ بیدل ہونا ٭

بردہ (بَرْ۔ دَہْ) (ت) مذکر و مؤنث (۱) غلام - بندہ (۲) کنیز (۳) لڑائی کا قیدی ٭ بردہ فروش (ف) لونڈی غلام بیچنے والا ٭ بردہ فروشی - مؤنث - لونڈی غلاموں کا بیچنا ٭

بَردہ (بَرْ۔ دَہ) (س) مذکر - بیل - سانڈ ٭ بردھائی - بردھوئی (ہ)، مؤنث - گائے بیل کے فروخت ہونے کا بازار ٭

برڈا (بَرْ۔ ڈَا) (ہ) مؤنث - ریتلی اور پتھریلی زمین ٭

بررنا (بَرْ۔ رْنا) (ہ) (لکھنؤ) (۱) کسی شے کا زیادہ خشک ہونے یا بوجھ کے نیچے دب جانے سے ٹیڑھا ہو جانا - (دہلی میں اینٹھنا بولتے ہیں) (۲) غرور کرنا ٭

برزباں تسبیح و دردل گاؤ خر (ف) مثل - دل میں کچھ، زبان پر کچھ - ظاہر میں نیک، باطن میں بد ٭

برزخ (بَرْ۔ زَخْ) (ع) (۱) (لغوی) روک - پردہ - آڑ (۲) مرنے سے قیامت تک کا زمانہ - وقفہ (۳) خیالی صورت (۴) دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز ٭

برزن (بَرْ۔ زَنْ) (ف) مذکر (۱) سڑک (۲) گلی - کوچہ (۳) محلہ ٭

برس (بَرَ س) (ہ) مذکر (عورتیں مؤنث بولتی ہیں) سال - بارہ مہینے کا زمانہ ٭ برسا برس (عوام) سالہا سال ٭ برس بھر (عو) سال بھر ٭ برس برس کا دن - مذکر - (عو) سال بھر کے بعد آنے والا خوشی یا جشن کا دن، سالانہ تہوار کا دن ٭ برس بیاوَر - مؤنث (۱) سال کے سال بچہ دینے والا جانور (۲) برسویں دن یا جلد جلد بچہ جننے والی عورت ٭ برس دن - مذکر (عو) سال بھر ٭ برس دن کا دن - برس کا برس دن - برس کے برس دن - مذکر - سال بھر میں ایک دن - تعطیل - تہوار -

برس گانٹھ - مؤنث - (ہندو) (۱) سال گرہ - بچے کی پیدائش کا سال یاد رکھنے کی غرض سے ہر سال ڈورے میں پیدائش کی ایک گانٹھ لگانا (۲) سال گرہ کا سالانہ جلسہ ٭ برسواں (بَرَ س ۔ وَاں) سالانہ - ہر سال کا فاتحہ - برسی ٭ برسوری (بَرْ۔ سُو۔ رِی) (۱) سالانہ، فی سال (۲) سالانہ محصول یا کرایہ (۳) سالانہ شرح (۴) آمدنی ٭ برسوں (بَرْ۔ سُوں) سالہا سال ٭ برسوں جھلانا - مدت تک پرامید رکھنا ٭ برسوں جھولنا - مدتوں کسی امید میں رہنا - مدتوں کسی کوشش یا تلاش میں رہنا ٭ برسویں دن - سال میں ایک بار - ہر سال ٭ برسی (بَرْ۔ سِی) مؤنث - مرنے سے سال بھر بعد کی فاتحہ ٭ برسی کا دن - دیکھیے "برسی" ٭

بَرَس (بَرَ س) (ہ) برسنا کا امر ٭ برس پڑنا (۱) پانی پڑنا - مینہ کا یکا یک گرنا - بارش کا زور سے ہونا - مینہ کا شروع ہو جانا (۲) بُرا بھلا کہنے لگنا - گالیاں دینا - مارنے لگنا (۳) مہربانی کرنا ٭ برسات (بَرْ۔ سَات) مؤنث - بارش کا موسم - برکھا رُت - برشکال ٭ برسات برکے سات - برسات کا مزہ جب ہے کہ شوہر ساتھ ہو ٭ برسات کھا جانا - پانی اثر قبول کرنا ٭ برسات کی چاندنی - مؤنث (مجازاً) ناپائدار چیز ٭ برساتی (بَرْ۔ سَا۔ تِی) مؤنث (۱) بارانی - واٹر پروف (۲) گاڑی کا سائبان (۳) مکان کا سائبان (۴) برسات کے موسم میں بوئی جانے یا تیار ہونے والی فصل (۵) برسات میں ہو جانے والی چوپایوں کی خاص بیماری (۶) برسات والا ٭ برساتی پھنسیاں - مؤنث - برسات کے اثر سے ہو جانے والے پھوڑے پھنسیاں ٭ برساتی سانپ - مذکر - برسات کے موسم میں پایا جانے والا سانپ جو زہریلا نہیں ہوتا ٭ برساتی فصل - مؤنث (۱) برسات کی رُت (۲) غلہ جو برسات میں بویا جائے (۳) غلہ جو برسات کی فصل میں تیار ہو ٭ برساتی کیڑے - مذکر (۱) برسات میں پیدا ہونے والے چھوٹے کیڑے مکوڑے (۲) (مجازاً) بکثرت اولاد ٭ برسانا (بَرْ۔ سَا۔ نَا) (۱) برسنا کا متعدی (۲) لگاتار چلانا یا چھوڑنا (تیر، گولے وغیرہ) (۳) (روپے یا دولت کے ساتھ) لٹانا - بکثرت کوئی چیز دینا (۴) اناج کو گرا کر صاف کرنا (۵) ہندوستان کا ایک شہر ٭ برساؤ (بَرْ۔ سَا۔ اُؤ) برسنے والا ٭ برسنا (بَرَ س ۔ نَا) (۱) پانی پڑنا - بارش ہونا (۲) حالت، کیفیت یا آثار کا ظاہر ہونا (۳) کثرت سے ملنا - افراط سے آمد ہونا (۴) غصے ہونا - غصہ اتارنا - آڑے ہاتھوں لینا - خفا ہونا - جھڑکنا ٭

برسپت - دیکھیے "برہسپت" ٭

برسرِ فرزندِ آدم ہرچہ آید بگذرد (ف) مثل - انسان پر جو کچھ پڑتی ہے گذر جاتی ہے - یا - وہ بھگت لیتا ہے ٭

بُرسی - بُروسی (بُرْ۔ سِی، بُرُوْ۔ سِی) (ہ) مؤنث (عوام) (۱) آگ جلانے کا مٹی کا برتن (۲) سنار کی انگیٹھی - کٹھالی ٭

بَرش (بَرْ۔ شْ) (ف) مذکر - ایک مرکب دوا جس کا جزو اعظم افیون ہے ٭

بُرش (بُرْ۔ شْ) (ہند) (انگ - بَرَش - Brush) مذکر (۱) قلم - بالوں کا قلم (۲) کونچی (۳) کپڑے وغیرہ صاف کرنے کا آلہ ٭ برش نما (ہند) برش کی شکل کا ٭

بُرِش - بُرِّش (بُرِش + بُرْ۔ رِش) (ف) مؤنث - کاٹ - تیزی ٭

برشتہ (بِرِشْ ۔ تَہ) (ف) بھونا ہوا - بریاں ٭

برشکال (بَرْ۔ شْ ۔ کَال) (ف) مؤنث - برسات ٭

برص (بَرْ۔ صْ) (ع) مذکر - جذام - کوڑھ ٭

برطبق (بَرْ۔ طَبَقْ) (ف) موافق ٭

برطرف (بَرْ۔ طَرَفْ) (ف - ع) علیحدہ - جدا - موقوف - ڈسمس - برخاست - ایک طرف ٭ برطرفی (ف) مؤنث - برخاستگی - جدائی - علیحدگی - موقوفی ٭

برعکس (بَرْ۔ عَکْس) (ف - ع) نقیض - خلاف - الٹا ٭

برف (بَرْ ف) (ف) مؤنث (۱) پالا - کہر (۲) اجل - سفید (۳) نہایت ٹھنڈا - اولا (۴) برف میں جمایا ہوا دودھ یا شربت وغیرہ (۵) بہت سفید ٭ برف پروردہ - برف میں ٹھنڈا کیا ہوا ٭ برف پڑنا (۱) بہت سردی پڑنا - پالا پڑنا ٭ برف پینا - برف کا پانی پینا ٭ برف جمانا - کسی رقیق شے کو برف کی طرح منجمد کرنا ٭ برف جمنا - لازم ٭ برف زدگی (ف) مؤنث - نقصان جو برف گرنے سے زراعت کو پہنچتا ہے ٭ برف کا

ذخیرہ (ف) مذکر۔ برف کی کھیتی * برف کی قلفی - مؤنث۔ ٹین کی لمبی نیک دار ڈبیا جس میں دودھ یا شربت کی برف جمائی جاتی ہے * برف کی کھیتی - مؤنث - کھونٹیں کی شکل کا گڑھا جس میں آسمانی برف جمع کی جاتی ہے * برف گرنا - سردی پڑنا - پالا پڑنا * برف گلنا (۱) برف کا گھلنا (۲) نہایت سردی ہونا * برف میں لگانا - برف میں سرد کرنا - نہایت سرد کرنا * برف والا - برف بیچنے والا - دودھ یا شربت وغیرہ کی برف جما کر بیچنے والا * برف ہونا - بے حد سرد ہونا * برفاب (ف) وہ ٹھنڈا پانی جو برف کے گھلنے سے نکلتا اور بہت زیادہ ٹھنڈا ہوتا ہے * برفانی (ف) برف سے متعلق - بہت سرد * برفانی پہاڑ - مذکر۔ برف سے جما ہوا پہاڑ * برفیا - مذکر (لکھنؤ) برف کی قلفی بیچنے والا۔ برف بیچنے والا *

[برف اور یخ میں فرق: جب ہوا میں ملے ہوئے بخارات شدید سردی کے باعث سخت جم کر چھوٹی چھوٹی سوئیوں کی شکل میں زمین پر گرتے ہیں، برف کہلاتے ہیں اور جب پانی کے قطرے بن کر سخت سردی سے جم جاتے ہیں تو یخ کے نام سے موسوم ہوتے ہیں *]

برفی (بَرْ۔ فی) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی دودھ کی مٹھائی *

برق (بَرْق) (ع) مؤنث (۱) بجلی۔ بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہونے والی روشنی (۲) (صفت) مشاق - ہوشیار - چالاک - تیز (۳) صاف شفاف - چمکیلا * برق آہنگ - برق تاز - برق جولاں - برق سوار - برق شتاب - برق عناں - برق نگاہ (ف) تیز - شوخ (بالعموم معشوق کی تعریف میں مستعمل ہے) * برق بن کے گرنا (۱) کسی شے کو تباہ کر دینا * برق ٹوٹنا - بجلی گرنا * برقِ خاطف (ف - ع) - آنکھ کو خیرہ کر دینے والی چمک * برق دم (۱) تیز دھار کا (۲) (مجازاً) تیز تلوار (۳) (اردو) بہت تیز - چالاک * برق دم ہونا (ف) (۱) تیز ہونا مستعد ہونا (۲) چمکیلا ہونا * برقِ وباں - چمکنے والی بجلی * برقی گھنٹی (ف) مؤنث - بجلی کی طاقت سے بجنے والی گھنٹی * برق وزرق - صاف شفاف - بھڑکیلا - چمکیلا * برق وش - چمکیلا - شوخ * برق ہے - بے حد تیز ہے - بڑا چالاک ہے - ہوشیار ہے * برقی قوتیں (ف) مؤنث - مختلف طریقوں پر کام کرنے والی بجلی کی طاقتیں * برقی لیمپ (ف) مذکر - بجلی سے جلنے والا لیمپ *

[برق اور صاعقہ میں فرق: برق وہ چمک ہے جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے - صاعقہ وہ بجلی ہے جو بن کر گرتی ہے *]

برقرار (بَرْ۔ قَرار) (ف) (۱) باقی - قائم (۲) حاضر - موجود (۳) مستقل بحال *

برقع (بُرْ۔ قَع) (ع) مذکر (۱) نقاب (۲) ایک خاص طرز کا لباس جو پردہ دار عورتیں کپڑوں کے اوپر اوڑھ کر باہر نکلتی ہیں (۳) پوشاک - لباس * برقع اٹھانا (ف) (۱) منہ سے برقع ہٹانا - بے پردہ کرنا (۲) بھید کھولنا * برقع الٹنا - دیکھیے "برقع اٹھانا" * برقع اوڑھنا - برقع پہننا *

برقع پوش - (ف) برقع اوڑھنے والا * برقع ڈالنا (ف) برقع اوڑھنا - نقاب ڈالنا * برقع میں چھچھوڑے کھانا (لکھنؤ) (عو) نیک چلنی کے پردے میں بدچلنی کرنا *

برقنداز (بَرْ۔ قَن۔ دَاز) (ف) مذکر (۱) عدالت یا پولیس کا سپاہی - پاسبان - اردلی - محافظ (۲) توڑے دار بندوق رکھنے والا - بندوقچی *

برک (بَرَک) (ف) مذکر - اونٹ کے بالوں سے بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا *

برکا (بَرْ۔ کا) (ہ) مذکر - چابک - تاش *

برکات (بَرَ۔ کات) (ع) مذکر و مؤنث - برکت کی جمع - برکتیں - نعمتیں *

برکت (عربی میں بَرَکَت بہ فتح را ہے لیکن فارسی اور بیشتر اردو میں بَرْکَت بسکون را مستعمل ہے) مؤنث - (۱) زیادتی - نعمت کی زیادتی - افزائش - ترقی - درازی (۲) نمود - رونق - عروج - خوش قسمتی (۳) جیسے پہلی تول میں نیک شگون کی غرض سے ایک کے بجائے برکت بولتے ہیں (۴) ختم ہوگیا - خرچ ہوگیا * برکت اٹھ جانا - یا - اٹھنا - یا - اٹھنا (ف) برکت جاتی رہنا - رونق نہ رہنا - نکبت آنا * برکت جانا - برکت اٹھنا * برکت دینا (عمر میں) درازی بخشنا - بڑا کرنا - بڑھانا - ترقی دینا - کام یا چیزوں میں زیادتی نصیب کرنا * برکت کے دن - مذکر (عو) سستا سماں - سستی چیزیں ملنے کا زمانہ * برکت ہونا (۱) زیادتی ہونا - دراز ہونا (۲) ختم ہونا - تمام ہونا * برکت ہے (عو) ختم ہوگیا *

برکلا (بَرْ۔ کَلا) (ہ) مذکر - ہار جو ہولی پر جلانے کے لیے چڑھایا جاتا ہے چھوٹا سوراخ والا اُپلا *

برکنا (بُرَکْ دینا) (ہ) (عوام) چھڑک دینا - ڈالنا - کوئی سفوف کسی چیز پر چھڑکنا *

برکھ (بُرْ۔ کَھ) (س) مذکر - آسمان کا دوسرا برج جس کی شکل بیل جیسی ہے - ثور *

برکھا (بَرْ۔ کھا) (ہ) مؤنث (ہندو) مینہ - برسات - برشگال - بارش *

برکی (بُرْ۔ کی) (ہ) مؤنث - چٹکی - سفوف جو انگوٹھے اور اس کے پاس کی انگلی سے اٹھایا جا سکے * برکی ڈالنا - یا - مارنا (۱) ڈالنا - چھڑکنا (۲) جادو کرنا (۳) فریفتہ کرنا - عاشق کرنا (۴) قابو پانا *

برگ (بَرْگ) (ف) مذکر (۱) پتا (۲) سامان - توشہ * برگِ تنبول - پان *
برگِ سبز (مجازاً) حقیر چیز - کم مقدار * برگِ سبز است تحفۂ درویش - مقولہ - فقیر سبز پتا نذر کرتا ہے - کسی شخص کو کوئی چیز دیتے وقت خاکساری سے یہ مصرع کہا جاتا ہے * برگ و بار - مذکر - درختوں کے پھل اور پتے * برگ و ساز - برگ و نوا - مذکر - ساز و سامان - معاش کا اسباب - خوراک - توشہ - کھانے کا سامان - زندگی کا سامان *

برگا (بَرْ۔ گا) (ہ) مذکر - چھوٹی لکڑی *

برگد (بَرْ۔ گَد) (ہ) مذکر - بڑ کا درخت - بڑ * برگد کی جٹا - مؤنث - بڑ کی داڑھی * برگد کی ڈاڑھی - مؤنث - بڑ کے ریشے جو شاخوں سے لٹک کر زمین تک پہنچتے ہیں *

برگزیدہ (بَرْ۔ گُزی۔ دَہ) (ف) چنا ہوا - چھانٹا ہوا - منتخب - ہر دل عزیز - پسندیدہ *

برگشتہ (بَرْ - گَش - تَہ) (ف) پھرا ہوا - مخالف - باغی - سرکش ٭
برگشتہ بخت (ف) (۱) بدقسمت - بدنصیب (۲) کنگال - مفلس ٭
برلانا (بَرْ - لا - نا) (ہ) انجام کو پہنچنا - پورا کرنا ٭
برما (بَرْ - مَا) (ہ) مذکر - لوہے کا آلہ جس سے لکڑی میں سوراخ کیا جاتا ہے - تشنبہ ٭ **برمانا** (و) (۱) برمے سے سوراخ کرنا (۲) (مجازاً) زخمی کرنا ٭
برما (ہ) مذکر - ہندوستان کا انتہائی مشرقی صوبہ جو برتہما کے نام سے بھی مشہور ہے ٭
برمحل (بَرْ - مَحَل) (ف) موقع پر - برجستہ - اچھے وقت پر ٭
برم راکس (ہ) دیکھو "برم راکھشس" ٭
برمک (بَرْ - مَک) (ف) مذکر - ایک مشہور خاندان جس کے بہت سے افراد خاندانِ عباسیہ کے وزیر رہے تھے ٭
برملا (بَرْ - مَلا) (ف) دو بدو - علانیہ - سب کے سامنے - کھلے طور پر ٭
برموہی - برموئی (بُرْ - مُو - ہِی ، بُرْ - مُو - اِی) (ہ) (عوام) (ہنو) (۱) بدصورت (۲) مؤنث - بلی ٭
برن (بَرَن) (ہ) مذکر - (۱) حلیہ - سراپا (۲) نسل - فرقہ - نوع - جنس - قوم - ذات (۳) پنتھ - مذہب (۴) حروف - اکھر - انچھر (۵) کسی نشیب کی جگہ پانی کے ساتھ جمع ہونے والی مٹی ٭ **برن سنکر** (۱) وہ شخص جس کی ماں اَوَر ذات کی ہو اور باپ اَوَر ذات کا - دوغلا آدمی (۲) آزاد ٭
برن مالا - مؤنث - حروف تہجی یعنی ، الف ، بے ، تے وغیرہ کا سلسلہ - حرفوں کا ہار ٭
برنا (بَرْ - نا) (ف) مذکر - نوعمر - جوان ٭
برنج (بِرِنْج) (ف) مذکر (۱) پیتل - تانبا اور جست ملا ہوا (۲) چاول (۳) (اہلِ کیمیا کی اصطلاح) لوہا ٭ **برنج کابلی** - باؤ برنگ ٭ **برنج مشک** - ایک دوا - بالنگو ٭ **برنجن** - مؤنث - سونے چاندی کی چوڑیاں ٭ **برنجی** - (۱) پیتل کا (۲) (اردو) مؤنث - چھوٹی کیل ٭
برنگا (بَرَنْگ - گا) (ہ) مذکر - لکڑی کا چھوٹا تختہ جس سے چھت پاٹی جاتی ہے ٭
برنن (بَرْ - نَن) (ہ) مذکر - (۱) اظہار - بیان (۲) تحریر (۳) تعریف ٭
برنی (بَرْ - نِی) (ہ) مؤنث (۱) پلک (۲) پلکیں نکلنے کی جگہ ٭
بَروا (بَرْ - وَا) (ہ) مذکر (۱) خراب قسم کی ریتلی زمین (۲) ایک راگنی ٭
بِروا (بِرْ - وَا) (ہ) مذکر (عوام) (۱) پودا (۲) درخت (۳) ہونہار - نوجوان - نوعمر لڑکا ٭
بروت (بُرُوْت) (ف) مؤنث - مونچھیں ٭
بَرُوَٹ (بَرْ - وَٹ) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی گلٹی جو پیٹ میں ریاح جمع ہونے کے سبب نکل آتی ہے ٭
بروٹھا (بَرُوْ - ٹھا) (ہ) مذکر - ڈیوڑھی - باب - در - چوکھٹ - دروازہ - دہلیز ٭
بروج (بُرُوْج) (ع) مذکر - برج کی جمع ٭

برودت (بُرُو - دَت) (ع) مؤنث - ٹھنڈک - خنکی - سردی ٭
برودھ (بِرُوْدھ) (س) مذکر (۱) اعتراض - اختلاف (۲) عداوت - دشمنی ٭
برودھی (بِرُوْ - دِھی) (۱) معترض - اختلاف رکھنے والا (۲) بیری - دشمن ٭
بروق (بُرُوْق) (ع) مؤنث - برق کی جمع - بجلیاں ٭
بروقت (بَرْ - وَقْت) (ف) (۱) عین موقع پر - وقت پر - برمحل (۲) ٹھیک (۳) برجستہ ٭
بروگ (بِرُوْگ) (ہ) مذکر - جدائی - ہجر - تفرقہ - فراق - علیحدگی ٭ **بروگن** (بِرُو - گَن) - مؤنث - جدائی کی مصیبت میں مبتلا عورت - مہجور عاشقہ - جوگن - فراق زدہ عورت ٭ **بروگی** (بِرُوْ - گِی) (ہ) مذکر - عاشق - جوگی - مہجور - فراق زدہ مرد ٭
برومند (بَرُوْ - مَنْد) (ف) (۱) بارآور - پھل لانے والا (۲) خوش نصیب - کامیاب ٭
برون (بُرُوْن) (ف - بیرون کا مخفف) باہر ٭
بَرّہ - بَرَہ (بَرّہ ، بَرَہ) (ف) مذکر (۱) بھیڑ یا بکری کا چھوٹا بچہ - بزغالہ - حلوان (۲) (علم نجوم) برج حمل ٭ **برّۂ فلک** - مذکر - برج حمل ٭
بِرَہ (بِرَہ) (ہ) مذکر (۱) دُوری - فراق - جدائی - ہجر (۲) جدائی کا گیت (۳) عشق ٭
برہا (بَرْ - ہا) (ہ) مذکر (۱) کھیت ، چوپایوں کے چرنے کی زمین (۲) کھیت کو یا ایک مقام سے دوسرے مقام کو پانی لے جانے کی نالی (۳) گاؤں کی زمین جو دُور ہو (۴) تسمہ - دھاگا - رسی ٭
برہا (بِرْہا) (ہ) مذکر (۱) دیکھیے "بِرَہ" (۲) دھوبیوں کا ایک گیت ٭
برہان (بُرْ - ہَان) (ع) مؤنث (۱) قاطع دلیل - پکی دلیل - قطعی دلیل - واضح بیان (۲) (اصطلاح منطق) ایک قیاس جو مقدماتِ یقینیہ سے مرکب ہوتا ہے تاکہ دوسرے مقدمۂ یقینیہ کا نتیجہ حاصل ہو ٭ **برہانِ انی** - دلیل کی ایک قسم جس میں معلول سے علت کی طرف استدلال کیا جاتا ہے ٭ **برہانِ لمی** - دلیل کی ایک قسم جس میں علت سے معلول کی طرف استدلال کرتے ہیں -
[برہان اور دلیل میں فرق ۔ دلیل عام ہے اور برہان خاص - برہان وہ یقینی دلیل ہے ، جس میں شک وشبہہ نہ رہے ٭]
برہسپت (بِرْ ہَس - پَت) (س) مذکر (۱) جمعرات - پنج شنبہ (۲) (علم نجوم) مشتری ٭
برہم (بَرْ - ہَم) (ف) (۱) خفا - رنجیدہ - ناراض (۲) آشفتہ - پریشان (۳) بے ترتیب (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ٭ **برہم و درہم** (بَرْ - ہَم - و - دَرْ - ہَم) خراب - پریشان - تتر بتر ٭ **برہمی** (بَرْ - ہَمِی) مؤنث - (۱) گڑبڑ - خرابی - پریشانی - ابتری (۲) غصے کی حالت - ناراضی - خفگی ٭
برہم (بَرْ - ہَم) (س) مذکر (۱) حاضر ناظر - ہر جگہ موجود - خدا - پرمیشر

(۲) برہما (۳) برہمن (دیکھو لفظ) ❊ برہم چاری (۱) علم وید حاصل کرنے کے لیے سیاحی کرنے والا شخص (۲) خدا کو تلاش کرنے والا - ویدانتی ❊ برہم راکھشس - مرے ہوئے برہمن کی روح - ایک خاص قسم کا خبیث ❊

برہمن (بَرَہْ - مَنْ ، بَرْہْ - مَنْ) (ف) مذکر (۱) ہندوؤں کی چار ذاتوں میں ایک اعلیٰ ذات (۲) ہندوؤں کا پجاری (۳) خدا شناس (۴) بت پرست (۵) جنیو باندھنے والا (۶) بت پرستوں کا پیشوا (۷) قوم ہنود کا عالم (۸) دانش مند - حکیم ❊ برہمن بچہ - برہمن کی اولاد ❊ برہمن زادہ - جو برہمن سے پیدا ہو ❊ برہمنی (۱) مؤنث (۱) برہمن کی بیوی (۲) برہمن ذات کی عورت ❊

برہنگی (بَرْ - ہَنَ - گِیْ ، بَرَہْ - نَگِیْ) (ف) مؤنث (۱) ننگا پن - عریانی (۲) لچا پن ❊ برہنہ (بَرْ - ہَنَہْ ، بَرَہْ - نَہْ) (ف) ننگا - عریاں - کھلا (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ❊ برہنہ پا - جوتا پہنے بغیر ننگے پاؤں ❊ برہنہ پیر کا بالکا - مذکر - ننگ دھڑنگ پھرنے والا شخص ❊ برہنہ سر - ننگے سر ❊

برہی (بَرْ - ہِیْ) (ہ) مؤنث - (۱) وہ روٹی جو دال یا قیمہ یا ساگ وغیرہ بھر کر پکائی یا کڑاہی میں تلی جاتی ہے - اسے "برہی روٹی" بھی کہا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی گھاس جس سے لیموں کی خوش بو آتی ہے ❊

برھیانا (بَرْھ - یَا - نَا) (ہ) مذکر - بیری کے درختوں کا جھنڈ ❊

برھیلا - بڑھیلا (بَرِھے - لَا ، بَڑھے - لَا) (س) مذکر - خوک - خنزیر - سؤر - جنگلی سؤر ❊

برئی (بَرْ - ئِیْ) (ہ) مذکر - پان بیچنے والا - پان بونے والا ❊

بری (بَرِیْ) (ہ) مؤنث - ساچق کا سامان ، زیور ، کپڑے ، میوہ ، مٹھائی وغیرہ ، جو دولہا کی طرف سے دلھن کے گھر بھیجا جاتا ہے - (آنا ، جانا کے ساتھ) ❊

بری (بَرِیْ) (ع) (۱) آزاد - مستثنیٰ - فارغ - سبک دوش (۲) بے جرم - بے قصور - بے گناہ - پاک - (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ❊ بری الذمہ - ذمہ داری سے پاک - الگ - مستثنیٰ - غیر ذمہ دار ❊

بری (بِرِیْ) (ہ) مؤنث - ہاتھی کے روکنے کا کلمہ جو فیل بان زبان پر لاتے ہیں ❊

بُری (بُرِیْ) (ہ) (دیکھیے "برا") ❊ بُری آنکھ ڈالنا - خراب نیت سے دیکھنا - بُری نظر سے دیکھنا ❊ بُری بست (ع) سؤر - حرام چیز ❊ بُری بننا - صدمہ ہونا ❊ بُری چال - مؤنث - بد وضعی ❊ بُری سمانا - بے طرح دھن ہونا - خلاف دھن ہونا ❊ بُری صحبت - خراب لوگوں کا مجمع - بد وضع لوگوں کی مجلس ❊ بُری لگنا - ناگوار ہونا ❊ بُری نوبت ہونا - حالت خراب ہونا ❊ بُرے (بُرِے) - برا کی جمع ❊ بُرے حالوں جینا (ف) مصیبت میں زندگی بسر کرنا - خراب حالت میں گزر اوقات کرنا - افلاس کی حالت میں زندگی گزارنا ❊ بُرے دن - منحوس دن - مصیبت کے دن ❊ بُرے کی جان کو رونا (ف) ظالم کی شکایت کرنا - جبر و ظلم پر صبر کرنا ❊ بُرے لچھن - مذکر (ع) بُری عادت - بُرے کام ❊ بُرے وقت (۱) بے محل - نامناسب وقت پر (۲) مفلسی میں - مصیبت میں ❊ بُرے وقت آڑے آنا - افلاس اور مصیبت کی حالت میں مدد کرنا ❊ بُرے وقت کا اللہ بیلی (ف) مقولہ - مصیبت میں صرف خدا مددگار ہوتا ہے ❊ بُرے وقت کا کوئی شریک (ساتھی) نہیں - مقولہ - مصیبت اور پریشانی کی حالت میں ہمدرد نہیں ملتا ❊ بُرے وقت (میں) کام آنا (ف) بُرے حالات میں امداد کرنا ❊

بریار (بَرْ - یَاْر) (ہ) (۱) شدید - مضبوط (۲) زرخیز اور سیر حاصل اراضی (۳) مذکر - ایک پودا ❊

بریاں (بِرْ - یَاں) (ف) تلا ہوا - بھنا ہوا ❊ بریانی (بِرْ - یَا - نِیْ) مؤنث - ایک قسم کا پلاؤ جس میں گوشت بھون کر ڈالتے ہیں ❊

بریت (بَرْ - یَتْ) (ہ) مؤنث - لچکیلی چیز کی مار سے جسم پر پڑا ہوا نشان ❊ بریت (بَرْ - یَتْ) (ہ) مؤنث - موٹی رسی جس سے چرس کھینچا جاتا ہے ❊

بریٹھا (بَرِے - ٹھَا) (ہ) مذکر - کپڑے دھونے والا - دھوبی ❊

بریچ لوڈر (بَرِیْچ - لَوْ - ڈَرْ) (انگ -) مؤنث - وہ بندوق جو پچھلی طرف سے بھری جاتی ہے ❊

برید (بَرِیْدْ) (ع) مذکر (۱) ایلچی - پیغام بر - قاصد (۲) ہرکارہ (۳) ڈاک ❊ برید فلک (ف - ع) مذکر (۱) سنیچر - زحل (۲) چاند ❊

بریگیڈ (بَرِیْ - گیْڈْ) (انگ - Brigade) مذکر - فوج کا ایک حصہ - توپ خانے اور رسالے کی فوج - پیدل فوج ❊

بریں (بَرِیْں) (ف) (۱) برتر - بلند - عالی (۲) اس پر ❊ بریں عقل و دانش بباید گریست - مثل - اس عقل اور سمجھ پر رونا چاہیے (بے وقوفی کی بات پر کہا جاتا ہے) ❊ بریں مژدہ گر جاں فشانم رواست - مثل - اگر میں اس خوش خبری پر جان بھی چھڑک دوں تو جائز ہے - (خوش خبری سننے پر کہا جاتا ہے) ❊

بریز بریز (بِرِیْزْ - بِرِیْزْ) (ف) (۱) شکست خوردہ - بھاگا ہوا (۲) رحم کی درخواست کرنے والا (۳) مدد مدد - رحم رحم (۴) بدحواسی - کھلبلی ❊ بریز بریز کرنا - یا - کہنا (ف) (۱) دینا - ہار ماننا (۲) شکایت کرنا ❊

بریشم (بَرِیْ - شَمْ) (ف) مذکر - دیکھیے "ابریشم" ❊

بریک (بَرِیْکْ) (انگ - Brake) مذکر - ریل گاڑی کا وہ ڈبا جس میں مال بھیجا جاتا ہے ❊

بریلی جانے کا کام کیا (ف) مقولہ - خلاف عقل یا پاگلوں جیسی حرکت کی ❊ (بریلی میں بڑا پاگل خانہ ہے ❊) (پنجاب میں بریلی کی جگہ لاہور کہا جاتا ہے ❊)

بریں (بَرْ - رِیْں) (ہ) مذکر - کسم کا بیج ❊

بریں (بَرْ - رِیْں) (ہ) بر (بھڑ) کی جمع - بھڑیں ❊

بریہ (بَرِیْ - یَہْ) (ع) مؤنث - خلقت - مخلوق ❊

ب ۔ ڑ

بڑ (بَڑ) (ہ) مذکر۔ چوڑے پتوں کا ایک مشہور بڑا درخت جس کے پھل کو بڑولی کہتے ہیں۔ اس کی شاخوں سے ڈاڑھی کی طرح جڑیں پھوٹ کر زمین تک جاتی اور تنے بن جاتی ہیں۔ برگد ٭ **بڑتلے کا بھوت**۔ مثل۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے ٭ **بڑولی** (بَڑ۔وَ۔لی) مؤنث۔ بڑ کا پھل ٭

بڑ (بَڑ) (ہ) مؤنث (۱) جھک۔ ہذیان۔ بکواس۔ پاگلوں جیسا کلام ٭ **بڑ مارنا** یا۔ **ہانکنا**۔ لغاظی کرنا۔ مجذوبوں جیسی باتیں کرنا ٭ **بڑ لگانا**۔ مستانوں کی سی باتیں کرنا۔ بہت بکنا ٭ **بڑ لگنا**۔ جھک ہونا ٭ **بڑ میں آنا**۔ جوش میں آنا ٭

بڑ (بَڑ) (ہ) بڑا کا مخفف۔ بالعموم ترکیبوں میں استعمال کیا جاتا ہے ٭ **بڑ باگڑ**۔ مذکر۔ ایک قسم کی بڑی چنگا دڑ ٭ **بڑ بولا**۔ مذکر (۱) شیخی بگھارنے والا۔ بڑا بول بولنے والا (۲) زیادہ بولنے والا۔ بیہودہ گو ٭ **بڑ بھاگی**۔ بڑے نصیبے والا۔ خوش قسمت ٭ **بڑ بینیا** (۱) بڑی ناک والا کبوتر (۲) بڑی ناک والا آدمی ٭ **بڑ پیٹیا**۔ یا۔ **بڑ پیٹو** (۱) بڑے پیٹ والا (۲) بہت کھانے والا (۳) لالچی۔ حریص ٭ **بڑ دنتا**۔ بڑے بڑے دانتوں والا ٭ **بڑکا** (عو) (۱) بڑا (۲) سب سے بڑا بھائی ٭ **بڑکنا**۔ بڑے کانوں والا ٭ **بڑکنی** (۱) (لکھنؤ) بڑے کانوں والی (۲) نواب آصف الدولہ کی ہتھنی کا نام ٭ **بڑما**۔ مؤنث (۱) بڑی اماں (۲) (تحقیراً) بوڑھی عورت ٭ **بڑمونہی**۔ مؤنث (۱) بڑی تھوتھنی والی عورت (۲)، سؤرنی ٭ **بڑنکا**۔ بڑی ناک والا ٭

بڑا (بَڑا) (تلنگو) مذکر۔ مونگ یا اڑد کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیا ٭

بڑا (بَڑا) (ف) (۱) چھوٹا کے برعکس۔ کلاں۔ لمبا۔ دراز۔ وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔ چکلا (۲) عظیم الشان۔ نمایاں۔ اعلیٰ (۳) ضخیم۔ بھاری (۴) بلند۔ اونچا (۵) ذی عزت۔ صاحب عزم۔ بلند حوصلہ۔ فیاض۔ عالی خاندان۔ جلیل القدر۔ معزز۔ عالی خیال (۶) شہ زور۔ بہادر۔ طویل۔ گراں ڈیل (۷) عمدہ بہتر (۸) بھاری بھرکم۔ موٹا (۹) اعلیٰ۔ سردار۔ افسر (۱۰) جسامت یا قد میں زیادہ۔ مرتبے میں زیادہ۔ عمر میں زیادہ (۱۱) مال دار۔ دولت مند۔ امیر (۱۲) کثرت سے۔ نہایت۔ بہت (۱۳) سخت سنگین (۱۴) جلد۔ ضروری (۱۵) بیش قیمت (۱۶) باپ دادا۔ آبا و اجداد۔ سرپرست۔ مربی ٭ **بڑا آدمی**۔ مذکر۔ ذی عزت۔ امیر ٭ **بڑا آزار**۔ مذکر (عو) (۱) دق۔ سِل (۲) بھاری مصیبت۔ بڑا دکھ (۳) بے دوا بیماری۔ **بڑا آیا**۔ (طنزاً) اتنی وقعت نہیں۔ منصب نہیں۔ حق نہیں ٭ **بڑا اندھیر ہے**۔ بڑا ظلم ہے ٭ **بڑا استنجا کرنا** (دہلی) آبدست لینا۔ پاخانہ پھرنے کے بعد ڈھیلوں سے طہارت کرنا۔ پاخانہ پھرنا ٭ **بڑا بوڑھا**۔ مذکر (۱) بزرگ۔ سرپرست (۲) زیادہ عمر کا ٭ **بڑا بول**۔ مذکر (عو) (۱) شیخی۔ خودستائی (۲) تکبر۔ غرور ٭ **بڑا بول آگے آنا**۔ غرور کی سزا ملنا۔ مغرور کا ذلیل ہونا ٭ **بڑا بول بولنا** (۱) غرور کا کلمہ منہ سے نکالنا۔ شیخی بگھارنا (۲) گپ مارنا ٭ **بڑا پلا کیا**۔ بہت دُھَد گئے ٭ **بڑا تیر مارا**۔ (طنزاً) بہت حوصلہ کیا۔ بڑی ہمت کی۔ بہت بڑا کام کیا ٭ **بڑا جانور**۔ (۱) سؤر (۲) گائے۔ بیل ٭ **بڑا داتا**۔ بہت دینے والا۔ بڑا سخی ٭ **بڑا دن**۔ مذکر۔ (۱) عیسائیوں کا تہوار جو پچیسویں دسمبر کو ہوتا ہے، کیونکہ اس تاریخ کو حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے تھے (۲) مذکورہ تاریخ کا دن، جب راتیں گھٹنی اور دن بڑھنے شروع ہوتے ہیں ٭ **بڑا دیدہ ہونا** (عو) (۱) نڈر اور شوخ چشم ہونا۔ بے خوف اور بیباک ہونا۔ دل چلا ہونا (۲) بڑی آنکھ ہونا ٭ **بڑا راستہ پکڑنا** (دہلی) (۱) دُور کا سفر اختیار کرنا (۲) سب سے بہتر اور عمدہ طریق اختیار کرنا (۳) انتقال کرنا۔ مرنا ٭ **بڑا روگ**۔ مذکر۔ تپ دق ٭ **بڑا شخص**۔ (۱) عالی دماغ۔ ذہین۔ تجربہ کار۔ دولت مند۔ مال دار۔ صاحب عزم۔ بلند ہمت۔ عالی حوصلہ (۲) (طنزاً) حرام زادہ۔ فطرتی ٭ **بڑا صاحب**۔ مذکر۔ اعلیٰ حاکم ٭ **بڑا قاف**۔ مذکر۔ (قرساق کا پہلا حرف)۔ بھڑوا ٭ **بڑا کرنا** (۱) لمبا کرنا۔ تاننا۔ کھینچنا۔ اونچا کرنا۔ بڑھانا (۲) پالنا پوسنا۔ پرورش کرکے جوان کرنا (۳) (عو) (چراغ کے متعلق) بجھانا۔ گل کرنا (۴) تائید کرنا (کلام اور بات کے ساتھ) (۵) عزت دینا ٭ **بڑا کفر توڑا**۔ بڑا کام کیا۔ بڑے ضدی پر قابو پایا ٭ **بڑا کوئی** (عو) (۱) ہوشیار۔ چتر۔ چالاک۔ مرشد۔ استاد۔ گرو (۲) بے ڈھب۔ بدمعاش۔ شریر ٭ **بڑا گھان مارنا**۔ بہت کامیابی حاصل کرنا ٭ **بڑا گھر**۔ مذکر۔ (۱) وسیع مکان (۲) شریف خاندان (۳) امیر گھرانا (۴) (عوام) قید خانہ۔ جیل خانہ (۵) (عوام) پاخانہ ٭ **بڑا گھرانا**۔ مذکر۔ معزز خاندان۔ امیر گھر۔ اعلیٰ خاندان ٭ **بڑا لائے**۔ خوب کہی۔ چہ خوش ٭ **بڑا مزہ ہو**۔ بڑا لطف ہو۔ بڑی سیر ہو ٭ **بڑا نام کرنا**۔ شہرت حاصل کرنا۔ عزت حاصل کرنا ٭ **بڑا نکیلا ہے**۔ بڑا وضع دار ہے ٭ **بڑا نوالہ کھائیے بڑا بول نہ بولیے**۔ مثل۔ اچھی غذا کھانے میں کوئی حرج نہیں، لیکن غرور کا کلمہ زبان پر نہ لانا چاہیے ٭ **بڑا نہان**۔ مذکر (عو) زچہ کا چالیسویں دن کا غسل ٭ **بڑا ہی پانچ ہے**۔ بہت متفنی، چالاک، تیز، شریر اور چلتا پُرزہ ہے ٭

بڑاپا (بَڑا۔پا) (ہ) مذکر (عو) بڑائی۔ بزرگی۔ بڑاپن۔ عظمت ٭

بڑاجانا۔ **بڑانا** (بِڑ۔ڑا۔جا۔نا، بِڑ۔ڑا۔نا) (دہلی) (عو) کسی چیز کی ہنگی، مصیبت یا آفت سے چلا اٹھنا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا ٭

بڑانا (بَڑا۔نا) (ہ) (گنوار) (۱) دخول کرنا۔ گھسانا (۲) دھکیلنا ٭

بڑانا (بَڑ۔ڑا۔نا) (ہ) (دہلی) (۱) برانا۔ سوتے میں کچھ بولنا (۲) ہذیان ہونا۔ بہکنا (۳) بڑبڑ کرنا۔ بکنا (۴) غل مچانا (۵) بڑ مارنا ٭

بڑائی (بَڑا۔ئی) (ہ) مؤنث (۱) عظمت۔ بزرگی (۲) عمر کی درازی (۳) وسعت (۴) حجم۔ ضخامت۔ جسامت (۵) مدح۔ توصیف۔ تعریف (۶) مرتبہ۔

درجہ۔منصب (۷) اونچائی۔لمبائی۔طوالت (۸) ادب۔لحاظ۔آبرو۔عزت (۹) خوبی۔فضیلت (۱۰) گھمنڈ۔غرور۔خودنمائی۔لاف زنی۔شیخی ۞ بڑائی چھٹائی۔مؤنث (عو) (۱) عمر کا فرق (۲) قد یا جسامت کا فرق ۞ بڑائی دینا (دہلی) بڑا مرتبہ دینا۔عزت دینا ۞ بڑائی کرنا (۱) تعریف کرنا (۲) ڈینگ مارنا۔شیخی بگھارنا۔خودستائی کرنا ۞ بڑائی مارنا۔خودستائی کرنا۔شیخی مارنا۔بڑ ہانکنا ۞

بڑبڑ (بَڑ۔بَڑ) (ہ) مؤنث۔بک بک۔گپ شپ۔زبان درازی ۞

بڑبڑانا۔بڑبڑانا (بَڑ۔بڑا۔نا، بُڑ۔بُڑا۔نا) (ہ) (۱) چپکے چپکے بُرا کہنا۔بکنا۔منہ میں کچھ بولنا۔کچھ زیر لب کہنا (۲) چپکے چپکے پڑھنا (۳) (تحقیراً) وظیفہ کرنا۔تسبیح پھیرنا ۞

بڑبڑیا (بَڑ۔بَڑ۔یا) (ہ) مذکر۔زیادہ گو۔بڑ ہانکنے والا۔بکی۔بیہودہ گو (ان معنی میں بھڑبھڑیا بھی کہتے ہیں) ۞

بڑبڑی (بَڑ۔بڑتے۔ڑی) (ہ) مؤنث۔وفات پائے ہوئے بزرگوں کا فاتحہ جو عورتیں شادی کی ہر تقریب میں کرتی ہیں ۞

بڑبھس (بُڑ۔بھس) (ہ) مؤنث (۱) بڑھاپے میں جوانی کی امنگ۔بوالہوسی (۲) پیری میں بدمزاجی اور بدخوئی (۳) بڑھاپے کے باعث عقل ماری جانا ۞ بڑبھس لگنا۔بڑھاپے میں مستی چھوٹنا ۞

بڑرا (بڑ۔را) (ہ) مذکر۔چنے اور گیہوں کا ملا ہوا اناج ۞

بڑکک (بُڑ۔کُک) (ہ) مؤنث۔ڈبکی ۞

بڑنا (بَڑ۔نا) (ہ) (عوام) اندر پہنچنا۔گھسنا۔داخل ہونا ۞

بڑنگا (بَڑ۔نگ۔گا) (ہ) مذکر۔شہتیر۔کڑی ۞

بڑونکھا (بَڑ۔وَں۔کھا) (ہ) مذکر۔ایک قسم کا بڑا گنا ۞

بڑھ (بَڑھ) (ہ) (۱) بڑھنا کا امر۔آگے ہو (۲) مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے ۞ **بڑھ بڑھ کے باتیں بنانا**۔چرب زبانی کرنا ۞ **بڑھ بڑھ کے بولنا یا کہنا**۔غرور کرنا۔اپنی حیثیت سے بڑھ کر باتیں کرنا۔فخر کرنا۔لاف وگزاف بکنا۔شیخی مارنا ۞ **بڑھ جانا** (۱) سبقت لے جانا۔آگے نکل جانا (۲) آگے چلا جانا (۳) بڑا آدمی ہو جانا۔مرتبے،عزت یا دولت میں ترقی ہونا (۴) نکل جانا۔متجاوز ہونا (۵) طوالت ہو جانا (۶) شمع یا چراغ کا بجھ جانا (۷) ایک چیز کا دوسری چیز سے زیادہ ہو جانا (۸) زیادہ ہو جانا (۹) (دکان کے لیے) اٹھ جانا (۱۰) دیکھو "بڑھنا" ۞ **بڑھ چڑھ کے۔یا۔بڑھا چڑھا**۔فائق۔بالاتر۔برتر۔بہتر ۞ **بڑھ چلنا۔بڑھ کے چلنا** (۱) مغرور ہونا (۲) گستاخ ہونا (۳) حد سے متجاوز ہونا۔ناجائز اختلاط میں مشغول ہونا (۴) سبقت لے جانا۔آگے ہو جانا۔تیز چلنا (۵) تھوڑا بہت بڑھنا۔ترقی کرنا (۶) اپنی طاقت سے بڑھ کر کوئی کام کرنا (۷) آگے بڑھنا۔پیش قدمی کرنا ۞ **بڑھ کر**۔عمدہ تر۔زیادہ قیمت والا ۞ **بڑھ کر (بڑھ کے) بولنا** (۱) حد سے متجاوز ہو کر بولنا۔بے ادبی کی گفتگو کرنا۔شیخی بگھارنا (۲) بیع یا نیلام میں کسی شخص کی بولی سے زیادہ قیمت لگانا ۞ **بڑھ کر۔یا۔بڑھ کے**۔افزوں۔زائد۔زیادہ ۞ **بڑھ کے بات کرنا**۔غرور کی بات کرنا۔بڑھ کے بولنا ۞ **بڑھ کے بولیاں بولنا**۔نیلام میں کسی دوسرے سے زیادہ قیمت لگانا ۞ **بڑھ کے لینا**۔پیشوائی کرنا۔استقبال کرنا۔خیر مقدم کرنا ۞

بڑھا (بَڑھا) (ہ) (۱) بڑھانا کا امر (۲) بڑھنا سے ماضی مطلق (۳) مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے ۞ **بڑھا چڑھا۔بڑھی چڑھی**۔بالاتر۔زیادہ اچھا۔نامی ۞ **بڑھا دینا** (۱) آگے کھسکانا (۲) بجھا دینا (۳) بدل دینا ۞ **بڑھا لانا** (۱) آگے لانا (۲) فوج کا آگے لانا ۞ **بڑھانا** (۱) بہت کرنا۔زیادہ کرنا (۲) لمبا کرنا۔دراز کرنا (۳) وسیع کرنا۔پھیلانا (۴) کھینچنا (۵) اونچا کرنا۔بلند کرنا (۶) جوڑنا۔ملانا۔شامل کرنا۔اضافہ کرنا (۷) ترقی دینا (۸) (دودھ) چھڑانا (۹) مختار کرنا۔کسی کی حد سے زیادہ مدح کرنا۔خوشامد کرنا۔بڑائی کرنا۔تعریف میں مبالغہ کرنا۔بنانا (۱۰) پیش کرنا۔آگے رکھنا۔سرکانا (۱۱) دیر لگانا۔کھٹائی میں ڈالنا۔ملتوی کرنا (۱۲) (دسترخوان یا کھانے کے لیے) اٹھانا۔ہٹانا (۱۳) عرصہ لگانا (۱۴) (عو۔زیور اور پوشاک کے لیے) جدا کرنا۔توڑ دینا۔الگ کرنا۔اتارنا (۱۵) (دکان) بند کرنا (۱۶) (عو) اٹھانا (۱۷) (عو) بجھانا۔ٹھنڈا کرنا۔گل کرنا (۱۸) دولت مند کرنا۔امیر کرنا (۱۹) (پتنگ) اونچا اٹھانا۔بلند کرنا۔ہوا میں اڑانا (۲۰) رکھنا ۞

بُڑھاپا (بُڑھا۔پا) (ہ) مذکر۔پیری۔کہن سالی ۞

بڑھار (بَڑھار) (ہ) مؤنث (ہندو) دلھن والوں کی طرف سے رخصتی کی دعوت ۞

بڑھاوا (بَڑھا۔وا) (ہ) مذکر (۱) (لغوی) زیادتی (۲) جھوٹی تعریف (۳) خوشامد (۴) مبالغہ (۵) طمع۔لالچ۔لوبھ (۶) ترغیب (۷) فریب۔دم ۞ **بڑھاوا دینا**۔تعریف کر کے کسی کام پر آمادہ کرنا۔طنز کر کے ہمت بڑھانا۔لالچ دینا۔ترغیب دینا ۞ **بڑھاوے میں آنا** (۱) مغرور ہو جانا (۲) خوشامد سے بہت خوش ہونا۔لالچ میں آنا۔فریب میں آنا۔دم میں آنا۔دھوکے میں پھنسنا ۞

بڑھتی (بَڑھ۔تی) (ہ) (عو) (۱) فالتو۔فاضل۔زیادہ۔زائد (۲) برکت۔زیادتی۔ترقی ۞ **بڑھتی دولت**۔مؤنث۔آئے دن بڑھتا چلا جانے والا اقبال، ترقی کرنے والا مال۔ترقی۔روزافزوں دولت ۞ **بڑھتی کا پہرا**۔مذکر (دہلی) بہتری کا زمانہ۔بہبود کے دن ۞ **بڑھتی منانا**۔ترقی چاہنا ۞

بُڑھرا (بُڑھ۔را) (ہ) مذکر۔ایک قسم کی خوش بودار گھاس ۞

بَڑھل (بَڑھَل) (ہ) مذکر۔ایک قسم کا درخت جس کا پھل گول اور زرد ہوتا ہے ۞

بڑھنا (بَڑھ۔نا) (ہ) (۱) قد و قامت میں زیادہ ہونا۔لمبا ہونا (۲) اونچا ہونا۔بلند ہونا (۳) نمو ہونا۔اُگنا۔پھیلنا (۴) سرسبز ہونا۔پھولنا۔پھلنا (۵) حد سے متجاوز ہونا (۶) طویل ہو جانا (۷) عام ہو جانا۔زیادہ ہو جانا (۸) پتنگ وغیرہ کا ہوا میں بلند ہو جانا (۹) فاضل ہونا۔بچت ہونا۔بچنا (۱۰) فائدہ ہونا۔نفع ہونا (۱۱) آگے نکل جانا۔سبقت لے جانا۔آگے ہو جانا (۱۲) ترقی حاصل کرنا۔زیادہ ہونا (۱۳) عزت حاصل کرنا۔خوش حال ہو جانا (۱۴) قیمت زیادہ ہو جانا (۱۵) (عو) (زیور اور پوشاک کے لیے)

اُترنا - مَنّت پوری ہونے پر کسی زیور کا اُترنا (۱۶) دُکان کے لیے بند ہو جانا (۱۷) (چراغ کے واسطے) سرد ہونا - گُل ہونا (۱۸) دریا کا پانی بڑھنا - لبریز ہونا (۱۹) آگے جانا ٭

بُڑھو (بُڑھُو) (ہ) مذکر (تحقیراً) بوڑھا ٭

بُڑھوا (بُڑھ - وا) (ہ) زیادہ عمر کا - بوڑھا ٭ **بُڑھوا منگل** - مذکر - بنارس کا ایک میلا جو منگل کو ہوتا ہے ٭

بڑھوتری (بَڑھو - تَرِی) (ہ) مؤنث (۱) بیشی - زیادتی (۲) منافع (۳) افزونی - ترقّی ٭

بُڑھوتی (بُڑھو - تی) (ہ) مؤنث - بُڑھاپا ٭

بَڑھئی (بَڑھَئی) (ہ) مذکر (۱) نجّار (۲) ہُدہُد - کٹھ پھوڑا - ایک مشہور پرندہ ٭

بَڑھی (بَڑھی) (ہ) مؤنث - بڑھوتری ٭

بَڑھیا (بَڑھ - یا) (ہ) اعلیٰ درجے کا - اعلیٰ قسم کا ٭

بُڑھیا (بُڑھ - یا) (ہ) مؤنث (۱) بوڑھی عورت - کہن سالہ - ضعیفہ - پیرزال (۲) والدہ - ماں (۳) آک کے ڈوڈے کی روئی ٭ **بُڑھیا آفت کی پُڑیا** (عو) فتنہ انگیز اور طرّار بوڑھی عورت ٭ **بُڑھیا دیوانی ہوئی پرایسے برتن اٹھانے لگی** - مثل - اسے دیوانگی میں بھی اپنا ہی فائدہ سوجھتا ہے - مطلب کی دیوانی ہے ٭ **بُڑھیا کا کاتا** - ایک قسم کی لچھے دار مٹھائی ٭ **بُڑھیا مری تو مری، فرشتوں نے گھر دیکھ لیا** - یا - **بُڑھیا کے مرنے کا رنج نہیں، فرشتوں نے گھر دیکھ لیا** (ف) مثل - ایک بار کے نقصان سے بڑے بڑے نقصانات کا خطرہ ہے - یہ ہُوا تو ہُوا، آئندہ کو دستور نہ جاری ہو جائے ٭

بُڑھیل (بُڑھَیل) (ہ) مؤنث - (تحقیراً) بہت بوڑھی عورت - پیرزال ٭

بڑی (بَڑِی) (ہ) دیکھیے "بڑا" ذیلنگو ٭ **بڑیاں** (بَڑ - یاں) (ہ) مؤنث بڑی کی جمع - آٹا دیا مونگ کی بنائی ہوئی ٹکیاں ٭ **بڑیاں توڑنا** - (ہ) بوریے یا چھاج وغیرہ پر بڑیاں بنانا - پکوڑیاں بنانا ٭

بڑی (بَڑِی) (ہ) (صفت، مؤنث) (۱) دیکھیے بڑا (۲) بُڑھیا (۳) گھر کی دوسری عورتوں سے عمر میں بڑی عورت ٭ **بڑی آئیں** - دیکھیے "بڑا آیا" ٭ **بڑی اسامی** (ہ) مؤنث - امیر - مال دار ٭ **بڑی الائچی** - مؤنث - سرخ الائچی ٭ **بڑی بات** - مؤنث (۱) بہتر کام (۲) ترجیح کے قابل بات (۳) دشوار کام، امرِ عظیم (۴) معرکے کی بات - تعجب انگیز بات ٭ **بڑی بات نہیں** - آسان ہے - کچھ مشکل نہیں ٭ **بڑی بڑی زبانیں ہونا** - بد زبانی کی عادت ہونا - زبان درازی ہونا ٭ **بڑی بڑائی ہوئی** (عو) زیادہ سے زیادہ ہوا تو بہت اہتمام کیا تو، بہت تکلف کیا تو، بہت ہُوا تو ٭ **بڑی بوڑھی** - زیادہ عمر کی عورت - بزرگ عورت - سرپرست عورت - تجربہ کار عورت ٭ **بڑی بھاری غلطی** - بڑی چوک - بڑی خطا ٭ **بڑی بہو** مؤنث (۱) بڑے بیٹے کی بیوی - بڑی دلہن (۲) (تحقیراً) بے وقوف اور پھوہڑ بہو ٭ **بڑی** بہو کو بلاؤ، کھیر میں لون (نمک) ڈالیں (ف) مثل - اُس وقت بولتے ہیں، جب کسی ہوشیار کے ہاتھ سے کام بگڑ جائے ٭ **بڑی بی** - (۱) (تعظیماً) بوڑھی عورت (۲) بوڑھی خادمہ ٭ **بڑی پونچھ کا آدمی** (عوام) (طنزاً) مغرور ٭ **بڑی ٹیڑھی کھیر ہے** (ف) بہت مشکل کام ہے ٭ **بڑی چیز** (ف) مؤنث - (۱) اہم - امرِ عظیم (۲) باعزّت - باوقعت (۳) (عو) قرآن مجید (۴) غیر معمولی (۵) بیش بہا - قیمتی (۶) قابلِ تعریف - نایاب ٭ **بڑی چیز اٹھانا** - **بڑی چیز پہ ہاتھ رکھنا** - یا - **بڑی چیز ہاتھ پہ رکھنا** (عو) قرآن عزیز (۱) سر ... (۲) قیمتی چیز پسند کرنا یا لینا (۳) ذرتی بالمیں چوڑی چیز پکڑنا (۴) قابلِ تعریف اور نایاب چیز ہاتھ میں لینا (۵) دشوار امر کی ذمّہ داری لینا (۶) امیر اسامی کو قابو میں کرنا ٭ **بڑی خیر گزری** - یا - **ہوئی** (۱) بہت اچھا ہُوا - بہت بہتر ہُوا (۲) وہاں بھی بولتے ہیں - جہاں کوئی کسی اچانک صدمے یا تکلیف سے محفوظ رہے ٭ **بڑی خیریت ہوئی** - بہت اچھا ہُوا - بہت غنیمت ہُوا - بڑی بات ہوئی ٭ **بڑی ددن لی** (دہلی) بہت اترایا - بہت شیخی بگھاری ٭ (لکھنؤ میں "بڑی دُون کی لی" بولتے ہیں) ٭ **بڑی دھاک ہے** (۱) سب ڈرتے ہیں - بڑی ہیبت ہے (۲) سب مانتے ہیں - بڑی عزّت ہے ٭ **بڑی روٹی** - مؤنث (۱) چھوٹی روٹی کے برعکس (۲) (عو) قرآن حکیم ٭ **بڑی شادی** (لکھنؤ) ختنے کی تقریب - مسلمانی ٭ **بڑی فجر چولھے پر نظر** - مثل (عو) اس کے متعلق بولتی ہیں جو ہر وقت کھانے کی فکر میں رہے ٭ **بڑی مائیں** (ہ) مؤنث - ایک دوا ٭ **بڑی ناک والا** (عو) بڑی عزّت والا - بڑی ہیبت والا - بڑی غیرت والا ٭

بڑے (بَڑِے) (ہ) مذکر (۱) بڑا کی جمع (۲) (عو) سردار خاندان - بڑے بوڑھے - بزرگ ٭ **بڑے برتن کی کھرچن بھی بہت ہے** - مثل - بڑے گھرانے کی معمولی بات بھی بہت بڑی ہوتی ہے - ان سے تھوڑا ملے، وہ بھی بہت ہوتا ہے ٭ **بڑے بڑے بہے جائیں - گڈریے پوچھیں کتنا پانی** - یا - **کتنی تھاہ** - اس جگہ بولتے ہیں، جب کسی کام میں عقل مند عاجز ہوا اور معمولی شخص دخل دے ٭ **بڑے بزرگ ہیں** (ف) (۱) بڑے کامل ہیں - خدا رسیدہ ہیں (۲) (طنزاً) بڑے احمق یا نادان ہیں ٭ **بڑے بول کا سرنیچا** - مثل - (عو) شیخی اور غرور کا نتیجہ ذلّت اور خفّت ہے ٭ **بڑے بے ڈھب ہو** (ف) نہایت فطرتی ہو - بہت چالاک ہو - غضب کے چال باز ہو ٭ **بڑے پاپڑ بیلے** - بڑی کوشش کی - بہت محنت کی - بہت تکلیف برداشت کی ٭ **بڑے پاک ہو** (عو) بہت بے شرم ہو - از حد بے غیرت ہو - نہایت بے حیا ہو - سخت بے عزّت ہو ٭ **بڑے پاؤں پھیلائے** (ہ) بڑی ہٹ کی - بہت حجّت کی - بڑا جھگڑا کیا ٭ **بڑے حضرت** (ف) بہت چالاک - بہت شریر ٭ **بڑے دانت پیسے** (ہ) (۱) سخت طمع کی (۲) بہت مشقّت اٹھائی (۳) سخت غصّہ کیا ٭ **بڑے رستم ہیں** (ف) بہت بہادر ہیں ٭ **بڑے زہد کا پیسا** (عو) سخت محنت و مشقّت سے حاصل کیا ہُوا روپیہ ٭ **بڑے شہر کا بڑا چاند** - مثل (۱) بڑے آدمیوں کی ہر بات بڑی سمجھی جاتی ہے (۲)

بڑے گھرانے والوں کے حوصلے بھی بڑے ہوتے ہیں (۳) بڑے بڑے شہروں میں بدمعاش بھی بڑے ہوتے ہیں ۔ **بڑے صاحب** (۱) عدالت کا اعلیٰ حاکم (۲) ضلع کا اعلیٰ افسر (۳) امیر کا بڑا بیٹا (۴) گھر کا بڑا بوڑھا یا عمر میں بڑا (۵) بڑے میاں ۔ **بڑے کڑاہی میں تلے جاتے ہیں** (۵) مثل معززین کو زیادہ آفتوں کا سامنا رہتا ہے ۔ بڑوں کو سخت مصیبت جھیلنی پڑتی ہے ۔ **بڑے گھرانے میں غریب کا رشتہ درست نہیں بیٹھتا** (۵) مثل ۔ امیر کے ہاں رشتہ کرنے سے مفت خدمت کرنے کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔ **بڑے گھر پڑے پتھر (اینٹیں) ڈھو ڈھو مرے** (۵) مثل ۔ اونچے گھرانے میں بیاہ ہونے سے بھی بلاؤں کا سامنا رہتا ہے ۔ امیر خاندان میں ہمیشہ تکلیفیں اٹھانی پڑتی ہیں ۔ **بڑے گھر جانا** (ع) (۱) جیل خانے جانا (۲) مر جانا ۔ **بڑے مرشد** (۱) بڑے استاد ۔ شریر ۔ **بڑے میاں** (۱) گھر کا مالک (۲) (تعظیماً) ہر بوڑھا آدمی (۳) نوکر چاکر گھر کے سب سے بڑے شخص کو بھی کہتے ہیں ۔ **بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں (تو) سبحان اللہ** (۵) مثل ۔ بڑے چھوٹے سب ایک ہی رنگ میں ہیں ۔ بڑوں کی کیا کہتے ہو، چھوٹوں کا حال ان سے بھی بدتر ہے ۔ چھوٹے شرارت میں بڑوں سے بھی زیادہ ہیں ۔ **بڑے نہان کا دن** (۵) مذکر (ع) بڑا چلہ ۔

ب - ز

بُز (بُز) (ف) مذکر و مؤنث (۱) بکرا ۔ بکری (۲) برج حمل (۳) سجدہ ۔ **بُزِ اخفش** (۱) اخفش کا بکرا ۔ اخفش عرب کا ایک مشہور نحوی تھا ۔ اس نے ایک بکرا پالا اور اسے سبق سنایا کرتا ۔ جب تک بکرا سر نہ ہلاتا یا بول نہ اٹھتا، وہ اسے برابر سبق سناتا رہتا ۔ جب بکرے کو ذبح کرکے دیکھا گیا تو اس کے سر میں مغز نہ تھا (۲) بے سوچے سمجھے گردن ہلانے والا ۔ ہاں میں ہاں ملانے والا (۳) گھامڑ ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ **بُز دل** (ف) ڈرپوک ۔ کم حوصلہ ۔ کم ہمت ۔ **بُز دلا** ۔ بُزدل ۔ **بُز غالہ** (بُزْ ۔ غا ۔ لَہ) مذکر (۱) پہاڑی یا جنگلی بکرا (۲) حلوان ۔ بکری کا بچہ ۔

بَزّا (بَزْ ۔ زَا) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا پرندہ ۔

بزار (بَزْ ۔ زَا ر) (ع) (عوام) بازار کا مخفف ۔

بزّاز (بَزْ ۔ زَا ز) (ع) مذکر (اردو میں ز کی تشدید کے بغیر بھی بولتے ہیں) کپڑا بیچنے والا ۔ **بزّازا** ۔ بزازا (بَزْ ۔ زَا ۔ زَا ، بَزَا ۔ زَا) مذکر ۔ کپڑے کا بازار ۔ پارچے کی منڈی ۔ **بزّازی** (بَزْ ۔ زَا ۔ زِی) مؤنث (۱) کپڑا بیچنے کا پیشہ (۲) بیچنے کا کپڑا ۔ مال ۔

بزرجمہر (معرّب) بزرجمہر (ف) (بُزُرْ جُمِہْر ، بُزُرْجِ ۔ مِہْر ، جھنا ، بزرگ مہر) کا معرّب ۔ اہل فارس نے جیم عربی کے بجائے جیم فارسی کر دیا (؟) مذکر ۔ نوشیرواں کا وزیر اعظم جو دانائی ، فرزانگی اور تدبر کے باعث مشہور تھا ۔

بزرقطونا (بُزُر ۔ قُطُو ۔ نَا) (ف) مذکر ۔ اسپغول ۔ (اردو میں بسکون زا و بکسر را مستعمل ہے) ۔

بزرگ (بُزُرْگ) (ف) (۱) کلاں ۔ بڑا (۲) بڑی عمر کا آدمی ۔ عمر رسیدہ (۳) سیانا ۔ بالغ (۴) شریف ۔ معزز (۵) ولی ۔ خدا رسیدہ ۔ عارف ۔ متقی ۔ زاہد ۔ عابد ۔ نیک ۔ پارسا (۶) آبا و اجداد (۷) سرپرست (۸) فہیدہ ۔ سنجیدہ (۹) (طنزاً) بدآدمی ۔ شریر آدمی (۱۰) باشوکت ۔ ذی شان ۔ **بزرگ داشت** ۔ مؤنث (۱) خاطرداری ۔ خبرگیری ۔ مہمان داری ۔ خدمت گزاری (کرنا ، ہونا کے ساتھ) (۲) (طنزاً) مارپیٹ ۔ مرمّت ۔ **بزرگ زادہ** مذکر ۔ شریف زادہ ۔ خاندانی بزرگ ۔ عالی خاندان ۔ **بزرگ سال** ۔ بوڑھا ۔ سال خوردہ ۔ معمر شخص ۔ **بزرگ وار** (بزرگوار) ۔ بزرگ ۔ **بزرگ واری** (بزرگواری) مؤنث ۔ عظمت ۔ اقبال ۔ دولت ۔ جلال ۔ **بزرگانہ** ۔ بزرگوں کی وضع کا ۔ بزرگوں کی طرح کا ۔ **بزرگوں کا ٹھیکرا** (ع) مذکر (ع) موروثی مکان ۔ **بزرگی** اف ؟ مؤنث ۔ بڑائی ۔ شرافت ۔ ادب ۔ شان ۔ عزت ۔ برتری ۔ **بزرگی بعقل است نہ بسال** ۔ مقولہ ۔ بزرگی عقل پر منحصر ہے ، عمر پر نہیں ۔

بزلہ (بَزْ ۔ لَہ) (ف) مذکر ۔ چٹکلا ۔ لطیفہ ۔ **بزلہ سنج** ۔ **بزلہ گو** ۔ لطیفہ گو ۔ میٹھی میٹھی یا ظرافت کی باتیں کرنے والا ۔ خوش طبع ، ہنس مکھ ، نکتے بیان کرنے والا ۔

بزم (بَزْم) (ف) مؤنث ۔ محفل ۔ مجلس ۔ سبھا ۔ خوشی کی محفل ۔ رزم کے برعکس ۔ **بزم آرا** ۔ میر مجلس ۔ صاحب مجلس ۔ بزم نشین ۔ **بزم افروز** ۔ رونق مجلس ۔ **بزم سخن** ۔ مؤنث ۔ مشاعرے کی محفل ۔ شاعروں کی مجلس ۔ **بزم گاہ** ۔ مؤنث (۱) مجلس منعقد ہونے کی جگہ (۲) عیش و نشاط کی مجلس ۔ **بزم ماتم** ۔ غم کی مجلس ۔ **بزم نشین** (کنایۃً) صاحب مجلس ۔ **بزم نشاط** ۔ مؤنث ۔ خوشی کی مجلس ۔

بزن (بِزَن) (ف) مذکر (۱) قتل کا حکم (۲) قتل عام (۳) جنگی فوج کا حصہ ۔ **بزن بولنا** (۱) قتل عام کا حکم دینا ۔ حملہ کرنا ۔ دھاوا کرنا ۔ **بزن کرنا** ۔ قتل عام کرنا ۔

بزور (بِزورْ) (ف) (۱) زبردستی سے ۔ طاقت سے ۔ جبراً ۔ ہیکڑی سے (۲) حکماً ۔

ب - س

بس (بَس) (یہ لفظ ہندی اور فارسی میں مشترک ہے ۔ معنی میں اختلاف ہے ۔ ہندی میں : زور ۔ طاقت ۔ قوت ۔ فارسی میں : بہت ۔ کافی ۔ خاموش ہو ۔ موقوف کرو ۔ ٹھہرو ۔ رکو) مذکر (۱) کافی ۔ بکثرت ۔ بہت اچھی طرح ۔ خوب (۲) خاموش رہو ۔ چپ رہو (۳) دم لو ۔ ٹھہرو (۴) خبردار (۵) القصہ ۔ حاصل کلام (۶) تمام ۔ موقوف (۷) صرف ۔ فقط (۸) اب (۹) یعنی (۱۰) سب (۱۱) علاج ۔ چارہ ۔ اختیار (۱۲) قابو ۔ داؤں ۔ موقع ۔ زور ۔ طاقت ۔ قدرت (۱۳) بافتاً یا ۔ اف نہیں ۔ اب نہیں (۱۴) شاید ۔ ربط کلام کے لیے (۱۵) جب اس سے پہلے آئے تو

ہے تو شرط کے معنی ہو جاتے ہیں اور اس صورت میں اکثر کافِ بیانیہ جملے میں لایا جاتا ہے یعنی "ازبسکہ" (چونکہ)۔ عورتیں ازبس "بہت زیادہ" کے معنی میں بولتی ہیں ✧ **بس بس** (بس کی تاکید) (۱) اب کچھ ضرورت نہیں۔ اتنا بہت ہے۔ اتنا کافی ہے۔ زیادہ نہ کہو۔ ختم کرو (۲) واقعی ✧
بس بیٹھو بھی۔ باتیں نہ بناؤ۔ چپ رہو ✧ **بس چلنا**۔ زور چلنا۔ قبضہ ہونا۔ اختیار ہونا۔ قابو پانا ✧ **بس حد ہو گئی** (ف) (۱) حجت ختم ہو گئی۔ نہایت ہو گئی (۲) بہت بُری ہوئی ✧ **بس دیکھ لیا**۔ اب آزمانے کی ضرورت نہیں۔ بہت امتحان کر لیا۔ خوب آزما لیا۔ حال معلوم ہو گیا ✧ **بس کا**۔ اختیار کا۔ قابو کا ✧ **بس کرنا**۔ موقوف کرنا۔ کسی چیز سے آسودہ ہو کر انکار کرنا ✧ **بس کرو**۔ جانے دو۔ صبر کرو۔ چپ رہو۔ ٹھہرو۔ ختم کرو۔ تمام کرو۔ موقوف کرو ✧ **بس کہ**۔ بسکہ (ف) چونکہ ✧
بس کی بات۔ مؤنث۔ قابو کی بات۔ اختیاری معاملہ ✧ **بس میں**۔ قابو میں۔ قبضے میں۔ اختیار میں۔ دباؤ میں (آنا، پڑنا، رکھنا، رہنا، کرنا، لانا ہونا کے ساتھ) ✧ **بس میں پڑنا**۔ کسی کے پنجے میں پھنسنا۔ قابو میں آنا ✧
بس میں کرنا یا لانا (۱) زیر کرنا۔ مغلوب کرنا۔ قابو میں لانا (۲) فریفتہ کرنا۔ موہنا ✧ **بس نہ چلنا**۔ زور نہ چلنا۔ قبضے میں نہ آنا۔ قابو نہ پانا ✧

بَس (بَس) (ہ) بسنا کا امر ✧ **بس جانا** (۱) آباد ہو جانا (۲) خوش بو کا کسی چیز یا مکان یا کپڑے میں گھر کر جانا ✧ **بسا** (۱) بسانا کا امر (۲) بسنا سے ماضی مطلق ✧ **بسا بسایا**۔ بسا ہوا۔ آباد ✧ **بسانا** (۱) آباد کرنا۔ بود و باش کرانا۔ استقامت کرانا۔ ٹھہرانا (۲) مہکانا۔ معطر کرنا ✧ **بساوٹ** مؤنث۔ (۱) خوش بو۔ مہک (۲) وہ خوش بو جس سے حقے کا نیچہ بسایا جاتا ہے ✧
بساؤ (بَسا۔ آؤ) مذکر (۱) بود و باش۔ قیام۔ استقامت (۲) زندگی (۳) رہنے کی جگہ۔ گھر۔ مکان۔ جائے قیام ✧ **بستا**۔ آباد۔ بسا ہوا ✧
بسنا (۱) آباد ہونا۔ ٹھہرنا۔ بسیرا لینا۔ بود و باش رکھنا۔ گھر بنانا۔ رہنا (۲) خوش بودار ہونا۔ معطر ہونا (۳) مذکر۔ بندھن۔ وہ کپڑا جس میں مہاجن کا ناباٹ رکھتے ہیں (۴) بنک ✧ **بسنا بسانا**۔ رہنا سہنا۔ آباد ہونا ✧
بسی بسائی نگری سونی ہو گئی۔ بنا بنایا کام بگڑ گیا ✧

بَس (بَس) (انگ، BUS) مؤنث۔ ایک قسم کی لاری، جو شہروں میں لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتی ہے۔ **بس میں سوار ہونا**۔ کرایے کی لاری میں بیٹھنا ✧

بِس (بِس) (ہ) مذکر (۱) زہر۔ ہلاہل۔ سم (۲) نقص۔ عیب۔ کھوٹ (۳) جھگڑا۔ فساد۔ ٹنٹا (۴) چالاک۔ شریر۔ فتنہ پرداز ✧ **بِس اگلنا** (۱) زہر تھوکنا (۲) توہین کرنا۔ بُرا کہنا (۳) بدلا لینا۔ بغض نکالنا (۴) چغلی کھانا (۵) جھگڑا کھڑا کرنا (۶) جو کچھ جی میں ہو کہہ دینا (۷) دل ملال کہہ دینا ✧ **بِس بونا** حق میں کانٹے بونا، فساد کی ابتدا کرنا۔ بدی کا بیج بونا۔ بُرائی کرنا ✧ **بِس بھرا۔ بِس بھری** (عو) (۱) زہریلا۔ زہریلی (۲) فسادی۔ فتنہ انگیز (۳) کینہ ور ✧ **بِس کھانا** (عوام) زہر کھانا ✧ **بِس کھپرا۔ یا۔ کھوپرا**۔ مذکر۔ گرگٹ کی شکل کا ایک زہریلا کیڑا ✧ **بِس کھپڑا**۔ مذکر۔ ایک پودا ✧ **بِس کی پڑیا**۔ مؤنث۔

بِس کی گانٹھ۔ بس کی پوٹ ✧ **بِس کی گانٹھ۔ یا۔ گرہ**۔ مؤنث (۱) زہر ہلاہل (۲) (مجازاً) شریر۔ جھگڑالو۔ کینہ ور۔ مردم آزار۔ فسادی (۳) بہت
بسا (بَسا) (ف) بہت۔ اکثر ✧ **بسا اوقات**۔ بہت دفعہ۔ اکثر۔ بیشتر۔ بار بار ✧ **بسا بزرگ**۔ بہت بڑا (آدمی) ✧ **بسا تعجب ہے**۔ بہت انوکھی بات ہے ✧
بسات (بِسات) (ہ) مؤنث۔ قوت۔ حیثیت۔ استعداد۔ قابلیت ✧
بساتی۔ دیکھیے "بساطی" ✧
بِسار۔ بسارا (بِسار، بِسا۔ را) (ہ) مذکر۔ اُدھار لیا ہوا بیج، جو فصل کی تیاری پر ادا کیا جائے ✧
بساط (بِساط) (ع) مؤنث (۱) فرش۔ بچھونا۔ بستر (۲) شطرنج اور چوسر کھیلنے کا کپڑا یا تختہ (۳) پونجی۔ جمع۔ سرمایہ (۴) مقدرت۔ قدرت۔ قوت۔ طاقت۔ اصل حقیقت (۵) ہستی۔ حیثیت۔ حوصلہ (۶) اثاث البیت۔ گھر کا مال اسباب۔ (اٹھانا، اٹھنا، الٹنا، بچھانا، بچھنا، لوٹنا کے ساتھ) ✧ **بساط بموجب** (ف) (عو) حیثیت کے مطابق۔ عمر کے موافق ✧ **بساطِ خاک** (ف) مؤنث۔ زمین کا فرش ✧ **بساط خانہ**۔ مذکر۔ بساطیوں کے بیٹھنے کا مقام۔ بساطیوں کا بازار ✧ **بساط سے باہر** (ف) مقدور سے زیادہ ✧ **بساط کیا ہے؟** حقیقت کیا ہے؟ ہستی کیا ہے؟ ✧ **بساطی** (بِسا۔ طی) (ف۔ ع) مذکر۔ چھوٹی چھوٹی چیزیں بیچنے والا۔ خردہ فروش۔ پھیری والا۔ بازار میں سرِ راہ دکان لگا کر بیٹھنے والا ✧
بِس گھولنا (عو) زہر پھیلانا۔ بُرائی پھیلانا۔ فتنہ و فساد کی باتیں کرنا ✧ **بِس ملانا**۔ بگاڑ دینا۔ بُرا کرنا۔ نقصان کرنا ✧ **بِس ہونا**۔ زہر ہونا۔ کڑوا ہونا ✧
بُس (بُس) (ہ) بُسنا کا امر ✧ **بُس جانا**۔ دیکھیے "بُسنا" ✧ **بُس گیا**۔ بُودار ہو گیا۔ سڑ گیا ✧ **بُسا**۔ بُسنا سے ماضی مطلق ✧ **بُسنا**۔ بُو دینا۔ سڑ کر بُودار ہو جانا۔ اُبسانا ✧
بسالت (بَسا۔ لَت) (ع) مؤنث۔ بہادری۔ دلیری ✧
بسان (بَسان) (ف) مانند۔ طرح۔ مثل۔ مشابہ ✧
بِسانا (بِسا۔ نا) (ہ) (عوام) (۱) خریدنا۔ حاصل کرنا (۲) اپنے سر مصیبت لانا۔ (لکھنؤ میں بساہنا بولتے ہیں) ✧
بِساند (بِسانْد) (ہ) مؤنث (دہلی) (۱) بُو۔ باس۔ بھکرانند (۲) گوشت کی اصلی بُو۔ مچھلی کی سی بُو (۳) خاندانی نقص۔ اصلی عیب (لکھنؤ میں بساہند بولتے ہیں) ✧ **بساندا۔ بساندی** (۱) بدبودار (۲) غیر مہذب (اہل لکھنؤ بساہندا۔ بساہندی کہتے ہیں) ✧
بساوری (بَسا۔ وَری) (ہ) مؤنث۔ زمین کا لگان۔ لگان جو گاؤں میں بسنے کے باعث کاشت کار سے لیا جائے ✧
بِسہار (بِسہا۔ ر) (ہ) (۱) زہریلا (۲) مذکر۔ بیس ناخنوں اور زہریلے دانتوں والا کتا ✧
بسائط (بَسا۔ ئِط) (ع) مذکر۔ بسیط کی جمع۔ اربعہ عناصر ✧
بسباسہ (بَس۔ با۔ سَہ) (بزباز کا معرب) مذکر و مؤنث۔ جاوتری۔ جائفل کا

چھلکا ۔

بَسْت (بَسْت) (ف) (۱) بستن سے امر مطلق (۲) بستن سے حاصل مصدر (۳) مذکر۔ عاشق ۔ معشوق (۳) پگڑی (۴) پھولوں کا تاج (۵) گانٹھ (۶) بند ۔ پشتہ (۷) پہاڑ (۸) نالیوں اور نہروں میں پانی کی تقسیم (۹) کسی کام کو کم کردینا یا گھٹا دینا ۔ **بست کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) باندھنا ۔ جکڑنا ، بندھنا ، جکڑا جانا ۔ **بَستگی** ۔ مؤنث (۱) بندھنا (۲) تعلق ۔ لگاؤ (۳) تفریح نہ ہونا ۔ بند ہونا (۴) قبض (۵) انجماد ۔ جمنا (۶) (دل کے ساتھ) تفریح سے دل بہلنا ۔ **بَستُم بَستہ** ۔ مؤنث (عو) بولنے کی روک ٹوک ۔ **بَستَنی** ۔ مؤنث (۱) وہ کپڑا جس میں کوئی چیز باندھی جائے ۔ باندھنے کا کپڑا (۲) فوج یا پولیس کی وردی باندھنے کا کپڑا (۳) مسلیں اور کاغذات باندھنے کا بستہ (۴) پنجرے ، سارنگی یا ستار کا غلاف ۔ (الٹنا ، باندھنا ، بندھنا ، چڑھانا ، چڑھنا وغیرہ کے ساتھ) ۔ **بست وبند** ۔ مذکر ۔ بندوبست ۔ انتظام ۔ **بست وکشاد** ۔ مؤنث ۔ باندھنا اور کھولنا ۔ حل وعقد ۔ **بَستہ** ۔ (۱) بندھا ہوا (۲) جما ہوا (۳) بند ۔ ترکیا ہوا ۔ مرکبات کے آخر میں جیسے دست بستہ (۴) رنجیدہ ۔ افسردہ (۵) غیر متحرک (۶) کاغذات یا کتابیں باندھنے کا کپڑا ۔

بَسَت (بَسَت) (ھ) بسا ہوا ۔ آباد ۔

بَسَت (بَسَت) ، (مؤنث (عو) اثاثہ ۔ چیز ۔ اسباب ۔ (یہ لفظ تنہا مستعمل نہیں ۔ چیز کے ساتھ بولتے ہیں ۔ جیسے چیز بست) ۔

بِسْت (بِسْت) (ف) بیس ۔ ۲۰ ۔ عدد ۔ **بست در بست کا تعویذ** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا نقش ، جو علم تکسیر کے قاعدے سے بھرا جاتا ہے ۔

بِستار (بِس ۔ تار) (ھ) (عو) (۱) تشریح ۔ تفصیل (کرنا کے ساتھ) (۲) مدح ۔ عورتیں بالضم بولتی ہیں ۔

بُستان (بوستان کا معرب) ، مذکر ۔ گلزار ۔ پھولوں کا باغ ۔ **بُستان افروز** (ف) (۱) باغ کی رونق بڑھانے والا ۔ باغ کی رونق (۲) سرخ رنگ کا ایک پھول جسے کلغا کہتے ہیں ۔ **بُستان پیرا** ۔ باغ کو سنوارنے والا ۔ **بُستان سرا** ۔ مؤنث ۔ خانہ باغ ۔ باغ والا مکان ۔ **بُستانی** ۔ بُستان سے منسوب ۔

بستر (بِس ۔ تَر) (ف) مذکر ۔ بچھونا ۔ فرش ۔ **بستر اٹھانا** (۱) سکونت ترک کرنا (۲) بچھونا اٹھانا ۔ **بستر اٹھنا** ۔ لازم ۔ **بستر سے پیٹھ لگ جانا** ۔ صاحب فراش ہوجانا ۔ **بستر کرنا** (۱) قیام کرنا ۔ سکونت اختیار کرنا (۲) رات کے سونے کا سامان کرنا ۔ بچھونا بچھانا ۔ **بستر لگانا** (۱) بچھونا بچھانا (۲) (مجازاً) سکونت اختیار کرنا ۔ **بستر لگنا** ۔ بچھونا بچھنا ۔

بسترا (بِس ۔ تَرا) (ف) مذکر (فقراء کی اصطلاح) (۱) کپڑا ۔ لباس ۔ پوشاک (۲) فقیروں کا مسکن ۔ تکیہ ۔ **بسترا بچھانا** (سپاہیوں اور فقیروں کی اصطلاح) کسی جگہ رات گزارنے کے لیے بچھونا کرنا ۔ **بسترا جمانا ۔ یا ۔ لگانا** ۔ رات کے سونے کا سامان کرنا ۔ بچھونا بچھانا ۔

بستی (بَس ۔ تی) (ھ) مؤنث (۱) اجاڑ کے برعکس آبادی ۔ آبادی ۔ گاؤں ۔ قصبہ (۲) چہل پہل ۔ رونق ۔

بُشد (بُشد) (ف) مذکر ۔ مرجان اور بیخ مرجان ۔ مونگا ۔

بسر (بَسَر) (ف) مؤنث ۔ گزر ۔ **بسر آنا** ۔ غالب آنا (متروک) ۔ **بسر اوقات** ۔ مؤنث ۔ گزر بسر ۔ گزر اوقات ۔ **بسر کرنا** ۔ تمام کرنا ۔ گزر کرنا ۔ کاٹنا ۔ گزارنا ۔ اوقات گزاری کرنا ۔ زندگی کے دن پورے کرنا ۔ **بسر ہونا** ۔ گزر ہونا ۔ انجام کو پہنچنا ۔ تمام ہونا ۔

بِسَر (بِسَر) (ھ) مذکر ۔ بھول ۔ **بِسرا** ۔ بھولا ہوا ۔ اردو میں بھولا کے ساتھ مستعمل ہے ۔ **بِسرانا** (۱) بھلا دینا (۲) غلط راستے پر چلانا ۔ **بِسر جانا ۔ بِسرنا** ۔ چوک جانا ۔ بھول جانا ۔ (اب تنہا استعمال میں نہیں ۔ بھولنا بسرنا اور بھول بسر جانا بولتے ہیں) ۔

بِسرام (بِس ۔ رام) (ھ) مذکر ۔ (ہندو) آرام ۔ چین ۔ **بِسرام کرنا** ۔ آرام کرنا ۔ رات کو رہنا ۔ **بِسرام لینا** ۔ رات گزارنا ۔ ٹھہرنا ۔

بِسرانت (بِس ۔ رانت) (ھ) (۱) آرام کرنے والا (۲) مؤنث ۔ آرام (۳) مؤنث ۔ سیڑھیوں والا گھاٹ ۔

بسروچشم (ب ۔ سَرُو ۔ چَشم) (ف) سر آنکھوں پر ۔ خوشی سے ۔

بصرہ (بَص ۔ رَہ) (ف) (۱) (لغوی) بہت راستوں والا مقام (۲) عراق عرب کا ایک شہر جس میں مختلف جگہوں سے عرب وعجم کے لوگ جمع ہوتے تھے ۔ اس پر عربوں نے غلبہ حاصل کیا اور نام کو معرب کرکے بصرہ کر لیا ۔ یہاں کی کھجوریں بہت مشہور ہیں ۔

بَسط (بَسط) (ع) مذکر (۱) فراخی ۔ کشادگی ۔ وسعت ۔ پھیلاؤ (۲) تشریح ۔ تفصیل ۔ وضاحت ۔ شرح ۔

بِسکُٹ (بِس ۔ کُٹ) (مہند) (انگ ۔ بِسکِٹ Biscuit) مذکر ۔ انگریزی طرز کی میٹھی یا نمکین ٹکیاں ۔

بِسمِ اللّٰہ (بِس ۔ مِل ۔ لاہ) (ع ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف ، یعنی میں بڑے مہربان اور بڑے رحم کرنے والے خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں) مؤنث (۱) وہ کلمہ جو مسلمان ہر کام کے شروع میں برکت حاصل کرنے کی غرض سے کہتے ہیں (۲) امیروں ، رئیسوں کے اٹھنے بیٹھنے پر مصاحب کہتے ہیں (۳) ابتدا (۴) مکتب نشینی کی رسم (۵) خدا کا نام لینا (۶) کسی کے ٹھوکر یا ٹکر لگے یا کوئی گرنے لگے تو کہتے ہیں ، یعنی خدا بچائے ، اللہ حافظ ہے (۷) بہت مناسب ۔ بہت بہتر (۸) بچے کے گر پڑنے پر مسلمان عورتیں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں (۹) جب کوئی کہے ، میں جاتا ہوں یا یہ کام کرتا ہوں تو جواب میں کہتے ہیں (۱۰) کھانا چننے کے بعد یہ کلمہ کہا جاتا ہے ، یعنی کھانا شروع کرو (۱۱) کسی شاعر سے کچھ پڑھنے یا سننے کی فرمائش ہونے پر کہتے ہیں ، یعنی ارشاد کیجیے ، فرمائیے (۱۲) مسلمان عورتوں کے نام یعنی بسم اللہ ۔ بسم اللہ بیگم وغیرہ ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ دیکھیے بسم اللہ ٭ **بسم اللہ اللہ اکبر کردینا** ۔ (کنایۃً) ذبح کر ڈالنا ٭ **بسم اللہ سے تمت تک** (۱) ابتدا سے انتہا تک ۔ اوّل سے آخر تک ٭ **بسم اللہ کا طغرا** ۔ مذکر ۔ بسم اللہ کا اس انداز سے لکھا جانا کہ کوئی شکل بن جائے ٭ **بسم اللہ کا مرغ** ۔ مذکر ۔ مرغ کی تصویر جو بسم اللہ کا طغرا لکھ کر بنائی جاتی ہے ٭ **بسم اللہ کرنا** (۱) شروع کرنا ۔ کھانا شروع کرنا ۔ کوئی کام شروع کرنا (۲) بسم اللہ کی تقریب کرنا (۳) شرعی طریق سے ذبح کرنا ۔ حلال کرنا ٭ بسم اللہ کرو (۱) ابتدا کرو (۲) کھانا شروع کرو (۳) جاؤ ۔ رخصت ہو ٭ **بسم اللہ کی شادی** ۔ مؤنث ۔ دیکھیے بسم اللہ نمبر ۲ ٭ **بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا ۔ یا ۔ رہنا** (۱) امن میں رہنا ۔ دنیا اور مافیہا سے بے خبر ہونا ۔ گوشہ نشین ہونا (۲) زمانے کے نشیب و فراز سے ناواقف ہونا ۔ ناتجربہ کار ہونا ٭ **بسم اللہ مجریٰہا و مرسٰہا** (اس کشتی کا چلنا اور ٹھہرنا اللہ کے نام سے ہے ۔ یعنی اس کے ہاتھ اور اختیار میں ہے ۔ وہ اپنے نام کی برکت سے اسے بخیر و عافیت پار لگائے) مذکر ۔ یہ دعا سواری پر سوار ہونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے ٭ **بسم اللہ ہونا** (۱) شروع ہونا (۲) بسم اللہ کی تقریب ہونا ٭ **بسم اللہ ہی غلط** پہلے ہی کام میں خطا ہوئی (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ٭

بسمل (بِس ۔ مِل) اف (۱) وہ جانور جو بسم اللہ اللہ اکبر کہ کر ذبح کیا گیا ہو ۔ مذبوح ۔ ذبح کیا ہوا جانور (۲) زخمی ۔ گھایل (۳) (مجازاً) عاشق ۔ مضطر ۔ مبتلا (۴) ذبح (متروک) ٭

بسنت (بَسنت) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) بہار کا موسم (۲) اس موسم میں گائے جانے والے گیت (۳) زرد پھولوں کا گلدستہ یا ہار (۴) وہ میلا جو فصلِ گل میں مسلمان فقرا کے مزاروں اور ہندوؤں کی دیوی دیوتاؤں کے استھانوں پر ہوتا ہے (۵) سرسوں کے کھلے ہوئے زرد پھول (۶) (رنگا لیوں کی اصطلاح) چیچک ٭ **بسنت پنچمی** ۔ مؤنث ۔ ہندوؤں کا تہوار جو ماگھ سدی پنچمی کو ہوتا ہے ٭ **بسنت پھولنا** (۱) سرسوں کے پھولوں کا کھلنا (۲) ہر طرف زرد ہی زرد دکھائی دینا ۔ زردی چھانا (۳) آنکھوں میں چکاچوند ہونا ٭ **بسنت کی خبر ہے ؟ بسنت کی خبر نہیں** (ل) مثل ۔ (۱) (لغوی) ایسی ناواقفیت ہے کہ بہار آنے کی بھی خبر نہیں (۲) بے خبر ہو ۔ محض ناواقف ہو ۔ محض ناتجربہ کار ہو ٭ **بسنت منانا** ۔ بسنت کی خوشی کرنا ٭ **بسنتی** (۱) زرد رنگ (۲) زرد رنگ کا (۳) بسنت میں پہننے کا زرد لباس (۴) لونڈیوں باندیوں کا نام ٭ **بسنتی پوش** (۱) زرد لباس پہننے والا (۲) (ایک یا اس اشارہ کے ساتھ) معشوق ٭

بسُنتی (بَس ۔ نِی) (ہ) مؤنث ۔ ہتھیلی ٭

بسنی (بَس ۔ نِی) (ہ) (۱) آوارہ مرد (۲) آوارہ عورت ٭

بسوا (بِس ۔ وا) دیکھیے بسوہ ٭ **بسوانسی** (ہ) مؤنث ۔ اراضی کا پیمانہ ۔ بسوے کا بیسواں حصّہ ٭

بسواری (بَس ۔ وا ۔ ری) (ہ) مؤنث ۔ بانسوں کا باغ ٭

بسورنا (بِسُور ۔ نا) (ہ) چپکے چپکے رونا ۔ رونے کی صورت بنانا ٭ **بسوریے** ۔ رونے والے ٭

بسولا (بَسُو ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ بڑھئی کا لکڑی چھیلنے کا آلہ ۔ تیشہ ٭ **بسولی** ۔ مؤنث ۔ معمار کا اینٹیں تراشنے کا آلہ ٭

بسوہ (بِس ۔ وَہ) (ہ) مذکر ۔ ایک بیگھہ زمین کا بیسواں حصّہ ٭ **بسوہ بس کی گانٹھ** ۔ مثل ۔ گاؤں میں زمین کا حصّہ فساد کی جڑ ہے ٭ **بسوہ دار** (ا) مذکر ۔ کاشتکاری کا حق رکھنے والا ۔ زمین میں کسی حصّے کا مالک ۔ وہ شخص جو گاؤں میں ایک بسوے کا شریک ہو ٭

بسہا (بِس ۔ ہا) (س) زہریلا ٭

بسہری (بِسَہ ۔ رِی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) ایک قسم کی زہریلی بیماری جو ہاتھ کی انگلیوں میں ہوتی ہے (۲) زہریلا رینگنے والا جانور ۔ سانپ ٭

بسیار (بِس ۔ یار) (ف) بہت ۔ زیادہ ٭ **بسیار سفر باید تا پختہ شود خامے** ۔ مقولہ ۔ سفر کرنے سے تجربہ ہوتا ہے ۔ تجربے سے آدمی ہوشیار ہو جاتا ہے ٭ **بسیار گو** ۔ پُرگو ۔ زیادہ کہنے والا ٭

بسیٹ (بَسِیٹ) (ہ) گاؤں کا چودھری ۔ نمبردار ۔ پٹیل ۔ مقدم ٭

بسیٹ بسیٹھ (بَسِیٹ ۔ بَسِیٹھ) (ہ) مذکر (۱) ایلچی ۔ قاصد (۲) درمیانی آدمی ۔ ثالث (۳) چغل خور ٭

بسیرا (بِسیے ۔ را) (ہ) مذکر (۱) رات کو ٹھہرنے کی جگہ (۲) چند پرندوں کا ایک جگہ رہنا (۳) شام سے پہلے کا وقت جب پرندے اپنے گھونسلوں میں جاتے ہیں (۴) مکان (۵) شب باشی ۔ آرام کرنا ۔ سونا (۶) قیام (۷) ٹھہرنا (۸) رہنا ٭ **بسیرا بولنا** ۔ شام کو درختوں پر چڑیوں کا بولنا ٭ **بسیرا کرنا ۔ یا ۔ لینا** (۱) رات کو آرام لینا ۔ رات کو ٹھہرنا (۲) شب کو درختوں پر پرندوں کا رہنا ٭ **بسیرے کا وقت** ۔ مذکر ۔ آرام کا وقت ۔ شام ۔ پرندوں کے گھونسلوں میں جانے کا وقت ٭

بسیط (بَسِیط) (ع) (۱) بچھا ہوا ۔ پھیلا ہوا ۔ فراخ ۔ طویل ۔ وسیع (۲) خالص (۳) (اصطلاح حکما) غیر مرکب ۔ مفرد (۴) عروض کی ایک بحر (۵) بالائی ۔ اوپری ٭

بسیکھ (بِسیکھ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) امتیاز ۔ فرق (۲) سبھاؤ ۔ عادت ۔ خاصیت ٭

بسیلا (بِسیلا) (س) (دہلی) زہردار ۔ زہریلا ٭

بسیندھا ۔ بسینہدا (بِسَین ۔ دھا + بِسَینہ ۔ دا) (ہ) (عوام) سڑا ہوا ۔ بدبودار ۔ بُسا ہوا ٭

ب ۔ ش

بشارت (بِشَارَت) (ع ۔ عربی میں بکسر اوّل مژدہ ۔ بفتح اوّل حسن و جمال

اور بضم اوّل وہ انعام ہے، جو مژدہ سنانے والے کو دیا جائے۔ اردو میں بفتح اوّل ہی رائج ہے) مؤنث۔ (۱) مژدہ۔ خوشخبری۔ نوید (۲) القا۔ غیبی آواز۔ الہام (۳) وہ بات جس کے متعلق خواب میں ہدایت ہو ٭ **بشارت دینا** (۱) خوشخبری دینا۔ اچھی خبر سنانا۔ مژدہ سنانا (۲) خواب میں جتانا ٭

بشاش (بَش۔ شاش) (ع) (۱) خندہ رُو۔ ہنس مکھ (۲) مسرور۔ خوش و خرّم۔ مگن۔ آنند (۳) شگفتہ۔ تر و تازہ ٭ **بشاشت** (بَشا۔ شَت) مؤنث۔ (۱) خوش اخلاقی (۲) مسرّت۔ خوشی (۳) فرحت۔ تازگی (۴) کشادہ رُوئی سے بات کرنا یا پیش آنا ٭

بشپ (بِشَپ) (انگ Bishop) مذکر۔ گرجے کا ایک اعلیٰ عہدہ دار۔ بڑا پادری۔ مذہب عیسائیت کا مجتہد ٭

بشر (بَشَر) (ع) مذکر۔ انسان۔ آدمی۔ منش ٭ **بشری** بشر سے متعلق ٭ **بشرہ** (ع۔ بفتحتین۔ اردو میں زبانوں پر بالضم ہے) مذکر۔ چہرہ مہرہ۔ حلیہ۔ قیافہ۔ پیشانی ٭ **بشریت** مؤنث۔ انسانیت۔ آدمیت ٭

بشرطیکہ (بَشَر۔ طے۔ کِہ) (ف۔ ع) اس شرط کے ساتھ ٭

بشن (بِشَن) (سں) مذکر۔ محافظ خلا۔ پروردگار۔ ہندو تثلیث کا دوسرا دیوتا۔ وشنو ٭ **بشن پد** مذکر۔ بشن کی تعریف کا گیت۔ ایک ہندی راگ۔ حمد کا گیت ٭ **بشنوی** وشنو کا پجاری ہندو فرقہ ٭ **بشنی** مذکر (۱) وشنو کا پجاری (۲) رنڈی کا آشنا۔ بدکار۔ زناکار ٭

بشیر (بَشِیر) (ع) (۱) (لغوی) مژدہ یا خوشخبری یا نیک بات سنانے والا (۲) خوب صورت (۳) (اصطلاحی) رسول اللہ صلعم کا اسم گرامی (۴) مسلمانوں کا نام ٭

ب - ص

بصارت (بَصا۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) آنکھ کی روشنی۔ بینائی۔ نظر (۲) بصیرت۔ عقل۔ ادراک۔ سمجھ۔ شناخت۔ پرکھ ٭

بصر (بَصَر) (ع) مؤنث (۱) بینائی (۲) (مجازاً) آنکھ ٭ **بصیر** (۱) خدا تعالیٰ کا نام (۲) دیکھنے والا۔ بینا (۳) دانا۔ واقف کار۔ ہوشیار (۴) (اصطلاحی) نابینا۔ اندھا (۵) ماہر۔ مبصّر ٭ **بصیرت** مؤنث۔ (۱) دل کی بینائی۔ دانائی۔ آگاہی۔ ہوشیاری (۲) خیال۔ رائے (۳) آنکھ کی بینائی۔ نظر (بالعموم بصارت چشم ظاہر اور بصیرت چشم باطن کے لیے مستعمل ہے) ٭

بصرہ دیکھو "بسرہ" ٭

بصل (بَصَل) (ع) مذکر۔ پیاز ٭

بصیغۂ دیوانی (ف) دیوانی عدالت میں ٭

ب - ض

بضاعت (بِضا۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) پونجی۔ سرمایہ۔ اسباب۔ سامان۔ دولت۔ رقم (۲) حصّہ۔ پتی ٭

بضع (بَضع) (ع) (۱) سیراب ہونا (۲) گوشت کاٹنا ٭

بضع (بِضع) (ع) تین سے نو تک جو عدد ہو ٭

بضع (بُضع) (ع) (۱) نکاح (۲) عورت کا اندام نہانی ٭

بضعہ (بَضعَہ) (ع) مذکر۔ گوشت کا ٹکڑا ٭

ب - ط

بط (بَت کا معرّب) مؤنث (۱) ایک آبی جانور۔ بطخ۔ راج ہنس (۲) شراب کی صراحی جس کی شکل بطخ جیسی ہوتی ہے۔ مینا ٭ **بط بادہ**۔ **بط شراب**۔ **بط صہبا**۔ **بطے** (ف) مؤنث۔ شراب کی صراحی جس کی صورت بطخ سے ملتی ہے ٭ **بط کا کیچڑ کھانا** (۱) ایسی بے تمیزی سے کھانا کہ سالن منہ سے لگا رہے ٭

بطّال (بَط۔ طال) (ع) (۱) بڑا جھوٹا (۲) بڑا مکار (۳) ناچیز اور نکما (آدمی) (۴) بیہودہ (آدمی) ٭ **بطالت** مؤنث (۱) جھوٹ (۲) دغا (۳) شیخی (۴) بے وقوفی (۵) نکما ہونا۔ بیکار رہنا ٭

بطانہ (ع۔ بکسر اوّل۔ اردو میں بفتح اوّل مستعمل ہے) مذکر۔ پگڑی کے نیچے لپیٹنے کا کپڑا یا اوڑھنے کی ٹوپی۔ تہ پیچ ٭

بطحا (بَط۔ حا) (ع) مذکر (۱) (لغوی) وسیع زمین جو پانی کی گزرگاہ ہو اور جہاں سنگریزے کثرت سے ہوں (۲) (اصطلاحی) وادیٔ مکہ معظمہ۔ مکہ معظمہ ٭

بطخ۔ **بطخ** (بَطَخ، بَط۔ طَخ) (ہ) دیکھیے "بط" ٭ **بطخا** مذکر (ع) بطخ کا نر ٭ **بطخی** مؤنث (۱) مادہ بطخ (۲) بارود کی کپی ٭

بطریق (بِط۔ رِیق) (ع) مذکر (۱) عیسائیوں اور پارسیوں کا پیشوا۔ بڑا پادری (۲) متکبر۔ مغرور (۳) دس ہزار سپاہیوں کا سالار ٭

بطک (بَطَک) (ف) مؤنث (۱) چھوٹی بطخ (۲) شراب کی چھوٹی صراحی ٭

بطل (بَطَل) (ع) مذکر (۱) بہادر (۲) ہیرو ٭

بطلان (بُط۔ لان) (ع) مذکر (۱) تردید کرنا۔ مٹانا (۲) باطل ہونا۔ ضائع ہونا ٭

بطلیموس (بَط۔ لی۔ مُو۔ س) (یونانی) مذکر۔ مشہور مہندس حکیم جو اسکندریہ کا رہنے والا اور حابلینوس کا شاگرد تھا۔ اسے ہندسہ اور نجوم میں کامل مہارت حاصل تھی۔ رصدگاہ کا بانیٔ اوّل اور زمین کے نقشے کا مرتب تھا ٭

بطن (بَطن) (ع) مذکر (۱) شکم۔ پیٹ۔ کوکھ (۲) اندر۔ بھیتر ٭ **بطناً بعد بطن** (۱) نسلاً بعد نسل۔ پشت در پشت (۲) موروثی۔ خاندانی۔ آبائی (۳) ہمیشہ۔ ہمیشہ سے ٭ **بطن ما قوادی** مذکر۔ پہاڑ کا اندرونی حصّہ ٭ **بطون** مذکر۔ بطن کی جمع۔ راز۔ بھید۔ اندرونی حال۔ ارادہ۔

(اردو میں واحد کی طرح مستعمل ہے) ٭

بَطَوْر (بَ۔طَوْرْ) (ف) طریقے سے ٭

بطی (بَطِیْ) (ع) دیر کرنے والا۔ **بَطِیُّ الْحَرَکَتْ** ۔ آہستہ حرکت کرنے والا ٭

بِطّیخ (بِطْ۔طِیْخْ) (ع) مذکر۔ خربوزہ ٭ **بِطّیخِ اَخْضَرْ** ۔ مذکر۔ تربوز ٭

ب ۔ ظ

بظاہر (بَ۔ظَاہِرْ) (ف۔ع) ظاہر طور پر ٭

ب ۔ ع

بعث (بَعْثْ) (ع) مذکر (۱) اٹھانا (۲) جگانا (۳) زندہ کرنا (۴) روانہ کرنا (۵) لشکر جو روانہ کیا جائے (۶) (مجازاً) قیامت ٭

بعثت (بِعْ۔ثَتْ) مؤنث (مسلمانوں کی اصطلاح) رسالت۔ رسالت کا زمانہ ٭ **بعث ونشر** (بعث، (۱) مُردوں کو قبروں سے اٹھا کر کھڑا کرنا (۲) سوتے کو جگانا (۳) کسی کو کسی کام کے لیے بھیجنا ٭ نشر، زندہ کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ پھیلانا) مذکر (کنایۃً) قیامت کا دن ٭

بعد (بَعْدْ) (ع) پیچھے۔ پس۔ آخر (بعد کے ساتھ لفظ میں کا لانا خلافِ فصاحت ہے) ٭ **بعد از خرابیٔ بسیار۔ یا۔ بصرہ** (ف) (فارسی میں "خرابی بصرہ" کے معنی جسم کی تباہی یعنی موت کے ہیں) بڑی دقت سے۔ بڑی مشکل سے ٭ **بعد از سرِ من کُن فیکون شد شدہ باشد۔** (ف۔ع) مقولہ۔ میرے بعد جو کچھ ہو، ہوا کرے ٭ **بعد از مرگ واویلا** (ع۔ف) کام ہو چکنے کے بعد شور مچانا ٭ **بعدِ مرگ** (ع۔ف) مرنے کے بعد (اس مقام پر "بعدِ مُردن" متروک ہے) ٭ **بعدہ** (بَعْ۔دَہُوْ) (ع) اس کے بعد۔ پھر۔ بعد کو ٭

بُعد (بُعْدْ) (ع) مذکر۔ دُوری۔ فاصلہ۔ مسافت۔ فرق۔ تفاوت ٭ **بُعْدُ الْمَشْرِقَیْن**۔ مذکر۔ دونوں مشرقوں کا فاصلہ۔ بہت زیادہ فاصلہ۔ بے حد فرق ٭

بعض (بَعْضْ) (ع) (۱) کوئی (۲) چند (۳) متعدد (۴) خاص (۵) مختلف۔ متفرق ٭ **بعض اوقات**۔ کسی وقت ٭ **بعض بعض**۔ کچھ کچھ۔ کہیں کہیں ٭ **بعضی** (۱) (عو)۔ بعض۔ کوئی کوئی ٭ **بعضے** (ف) کچھ۔ کئی۔ چند ٭

بعید (بَعِیْدْ) (ع) (۱) دُور۔ فاصلے پر (۲) علیحدہ (۳) اجنبی ٭ **بعید العقل** (۱) عقل سے دُور۔ خلافِ عقل (۲) بے معنی۔ بیہودہ۔ غلط۔ لغو ٭ **بعید القیاس**۔ قیاس کے خلاف ٭ **بعید ہے** (۱) غیر ممکن ہے۔ خلافِ قیاس ہے ٭

بَعیر (بَعِیْرْ) (ع) مذکر۔ اونٹ ٭

بِعَیْنِہٖ (بِ۔عَیْ۔نِہٖ) (ف۔ع) ہو بہو۔ ویسا ہی۔ جوں کا توں۔ حقیقۃً ٭

ب ۔ غ

بُغاره (بُغَا۔رَہْ) (ف) مذکر (۱) کپڑے یا دیوار کا بڑا سوراخ (۲) رخنہ (۳) گڑھا (۴) گہرا زخم (۵) روزن ٭

بِغال (بِغَالْ) (ع) مذکر۔ بغل کی جمع۔ خچر ٭

بغاوت (بَغَا۔وَتْ) (ع) مؤنث۔ سرکشی۔ نافرمانی۔ بلوہ۔ مخالفت۔ انحراف۔ روگردانی۔ سرتابی ٭

بغبغا (بَغْ۔بَغَا) (ع) مذکر (۱) انسان کی ٹھوڑی کے نیچے کا بہت سا گوشت۔ غبغب (۲) گردن کے نیچے کے بل جو بیشتر موٹاپے کے سبب پڑ جاتے ہیں ٭ **بغبغانا** (۱) اونٹ کا مست ہو کر بولنا (۲) کبوتر کا مستی میں گونجنا (۳) مست ہونا۔ شہوت میں آنا (۴) (مجازاً) فخر کرنا ٭ **بَغْبَغُوں** (ہ) مذکر۔ کبوتروں کی مستی کی آواز ٭

بغتۃً (بَغْ۔تَتَنْ) (ع) ناگاہ۔ اچانک ٭

بُغچہ (بُغْ۔چَہْ) (ت) مذکر۔ چھوٹی گٹھڑی۔ بقچہ۔ جامہ بند ٭ **بُغچی** (۱) مؤنث۔ چھوٹا بغچہ ٭ **بُغچیا**۔ مؤنث۔ چھوٹی سی گٹھڑی جس میں عورتیں سینے پرونے کا سامان رکھتی ہیں ٭

بُغدا (بُغْ۔دَا) (ف) مذکر۔ قیمہ کوٹنے کا چھرا ٭

بغداد (بَغْ۔دَادْ) (ف) مذکر۔ عراق عرب کا مشہور شہر۔ اسے نوشیرواں نے آباد کیا تھا۔ یہ خلفائے عباسیہ کا قدیم دارالخلافہ تھا۔ یہاں کی یونیورسٹی دنیا بھر میں مشہور تھی ٭

بَغدی (بَغْ۔دِیْ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا اعلیٰ درجے کا اونٹ ٭

بُغرا (بُغْ۔رَا) (ف) مذکر (۱) وہ کف جو اونٹ کے منہ سے مستی میں نکلتا ہے (۲) سویّاں، جو بغرا خاں ترکستانی نے ایجاد کی تھیں ٭

بُغض (بُغْضْ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) نفرت کرنا (۲) (اصطلاحی) بیر۔ حسد۔ کینہ۔ عداوت۔ دشمنی۔ (رکھنا، رہنا، کرنا، نکالنا، نکلنا، بھرنا کے ساتھ) ٭ **بُغض بھرا ہونا**۔ کینے سے پُر ہونا ٭ **بُغْضِ لِلّٰہی** (ع) مذکر۔ خدا واسطے کی دشمنی، بے وجہ عداوت، ناحق کا بیر ٭ **بُغْضِی** (۱) بغض رکھنے والا ٭

بَغل (بَغَلْ) (ف) مؤنث۔ (۱) شانے کے نیچے کا حصہ (۲) بازو۔ پہلو (۳) وہ کپڑا، جو شیروانی، اچکن، کرتے، انگرکھے وغیرہ میں مونڈھے کے نیچے لگایا جاتا ہے (۴) علیحدہ۔ کنارے۔ ایک طرف (۵) قریب ٭ **بَغَلْ بِلَائی** (۱) مؤنث۔ بغل کا پھوڑا۔ کنگرالی ٭ **بغل بجانا** (۱) خوشی منانا (۲) مضحکہ اڑانا۔ اس موقع پر اکثر "بغلیں بجانا" کہتے ہیں ٭ **بغل سونگھنا** (۱) شل دور کرنے کو بغل سونگھی جاتی ہے (۲) ندامت ہونا۔ پشیمان ہونا۔ تائب ہونا۔ شرم آنا۔ شرمندہ ہونا ٭ **بغل کا پھوڑا**۔ مذکر (۱) بغل میں نکلنے والا پھوڑا (۲) تکلیف دہ۔ ایذا پہنچانے والا ٭ **بغل کا دشمن۔ یا۔ گھونسا**۔ مذکر۔ بغل گھونسا۔

دوست نما دشمن - جو پاس رہ کر دشمنی کرے - قریبی دشمن - دغاباز ٭ **بغل گرم کرنا** (۱) پہلو میں لینا (۲) ساتھ سونا ٭ **بغل گرم ہونا** - لازم ٭ **بغل گند** - مؤنث - بغل کی بو ٭ **بغل گیر ہونا** - گلے لگنا - ایک دوسرے کو لپٹا لینا - ملنا - لپٹنا - معانقہ کرنا - ہم آغوش ہونا - سینہ بہ سینہ رہنا ٭ **بغل لگانا** - کنارے کرنا - راستہ صاف کرنا - علحدہ کرنا ٭ **بغل میں بیٹھنا** - کسی کے پہلو میں بیٹھنا ٭ **بغل میں پرورش پانا** - حمایت میں پرورش پانا ٭ **بغل میں ایمان دابنا - یا - دبانا** - ایمان چھوڑ کر کچھ کہنا - بددیانتی کرنا - ایمان کے خلاف کچھ کہنا - ایمان کو بالائے طاق رکھنا - ایمان نگلنا ٭ **بغل میں چھری منہ میں رام رام** - مثل - کہنے کو دوست، دل میں دشمن ٭ **بغل میں چھری نیت بری** - مثل - جب انسان کی نیت بگڑ جاتی ہے تو وہ کسی کو تکلیف دینے کی فکر کرتا ہے ٭ **بغل میں داب لینا - یا - دابنا** - بغل میں پکڑنا - کسی چیز کو بغل میں چھپانا - بغل میں لینا ٭ **بغل میں پالنا** - حمایت میں پرورش کرنا ٭ **بغل میں دبانا** (۱) آغوش میں دبوچنا (۲) کسی چیز کو لے کر بغل میں چھپانا (۳) دغا فریب سے کسی شے پر قبضہ کر لینا (۴) بغل میں پکڑنا (۵) سنبھالنا (۶) قابو میں لینا (۷) پہلو میں لینا ٭ **بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا** - مثل - چیز تو پاس ہے اور جگہ جگہ تلاش کی جاتی ہے ٭ **بغل میں مارنا** (۱) پہلو میں چھپانا - لینا - دبانا (۲) قبضہ کرنا (ان معنی میں "بغل میں دبانا" فصیح ہے) (۳) اٹھا لے جانا ٭ **بغلی** (بَغَلی، بَغْ - لِی) (۱) ایک جانب کا - ایک طرف کا (۲) کنارے کا - پہلو کا (۳) مگدر ہلانے کا ایک طریقہ (۴) ڈنڈے کھیلنے کا ایک طریقہ (۵) کشتی کا ایک داؤں (۶) (دہلی) کپڑے کی تلادانی جس میں عورتیں سوئی تاگا رکھتی ہیں (۷) اونٹ کا ایک عیب جس سے چلنے میں ران پیٹ سے رگڑ کھاتی ہے (۸) حمائل (۹) بغل میں رکھنے کا تکیہ (۱۰) زنبیل - فقیر کی جھولی ٭ **بغلی تکیہ** - مذکر - بغل کے نیچے رکھنے کا تکیہ ٭ **بغلی چور** - مذکر - پوشیدہ دشمن - ہر وقت ساتھ رہنے والا دشمن ٭ **بغلی دشمن** - دیکھیے "بغل کا دشمن" ٭ **بغلی دینا** - دیوار توڑ کر گھر میں گھس جانا ٭ **بغلی ڈوبنا** (۱) حریف کی بغل میں سے نکل کر کشتی کا پیچ کرنا (۲) پیچ کرنا - چالاکی کرنا ٭ **بغلی گھونسا** - مذکر (۱) آستین کا سانپ (۲) غیبی مار (۳) ہر وقت ساتھ رہنے والا چغل خور (دیکھیے "بغل کا دشمن") ٭ **بغلی گور** - مؤنث - ایک قسم کی قبر ٭ **بغلیں** - مؤنث (۱) بغل کی جمع (۲) انگرکھے، کوٹ، اچکن وغیرہ میں آستین کے نیچے کا کپڑا ٭ **بغلیں بجانا** (۱) ہاتھوں کو حرکت دے کر بغل سے آواز نکالنا (۲) (مجازاً) خوشی سے اچھلنا کودنا - اترانا - خوشی منانا - خوشی ظاہر کرنا (۳) کسی کے نقصان یا دکھ اور مصیبت پر خوش ہونا ٭ **بغلیں بنانا** - بغلوں کے بال صاف کرنا ٭ **بغلیں بنوانا** - بغلوں کے بال منڈوانا ٭ **بغلیں جھانکنا** (۱) نادم ہونا - شرمندہ ہونا - محجوب ہونا (۲) پریشان ہونا (۳) جواب نہ بن پڑنا - منہ تکتے رہ جانا - لاجواب ہونا (۴) بھاگنے کا موقع ڈھونڈنا (۵) پناہ ڈھونڈنا ٭ **بغلیں سنگھانا - یا - سونگھنا** - دیکھیے "بغل سونگھنا" ٭ **بغلیں لینا** - دیکھیے "بغلیں بنانا" ٭

بغلول (بَغْ - لُولْ) (ف) (۱) بے وقوف - احمق - مورکھ - نادان - کوڑ مغز (۲) بیہودہ - چھچھورا ٭

بغیا (بَغْ - یا) (ف) مؤنث (ع) باغ کی تصغیر - چھوٹا باغ - باغچہ - باغیچہ ٭

بغیچہ (باغیچہ کا مخرّب) مذکر (ع) چھوٹا باغ ٭

بغیر (بِغَیْر) (ف - ع) سوا - بجز - بدون - بن ٭

ب - ف

بَفا (بَفا ف) مؤنث - خشکی جو انسان کے سر سے نکلتی ہے ٭

بَفہ (بَفَہ) (ف) ضلع ہزارہ میں ایک قصبہ ٭

ب - ق

بقا (بَقا) (ع) مؤنث - فنا کے برعکس - زندگی - پائداری - قیام - وجود - دوام - ہمیشگی ٭

بقّال (بَقْ - قالْ) (ع) (۱) (لغوی) ترکاری بیچنے والا - سبزی فروش - کنجڑا (۲) (اصطلاحی) بنیا - دال بیچنے والا - غلّہ فروش ٭ **بقّالن** - مؤنث (۱) بقّال کی بیوی (۲) غلّہ فروش عورت ٭

بقایا (بَقا - یا) (ع) مؤنث - بقیّہ کی جمع (اردو میں واحد مستعمل ہے) (۱) بچا کھچا - بقیّہ (۲) وہ رقم جو خرچ مجرا کرنے کے بعد باقی رہے - بچت ٭

بقایا تقاوی (ع) مؤنث - کاشت کاروں کو زراعت کی امداد کے لیے دیے ہوئے روپے کا بقیّہ ٭

بق بق (بَقْ - بَقْ) (عربی میں بقاق و بقباق کے معنی بکّی ہیں) مؤنث - بک بک ٭

بق بق زق زق (عربی میں زقّ کے معنی ہیں: پرندے کا بچے کو دانہ بھرانا - اس وقت بچہ بہت چوں چوں کرتا ہے) مؤنث - بکواس - بک بک ٭ **بق بق زق زق کا دماغ** - مذکر - بک بک کی برداشت ٭

بقچہ (بُقْ - چَہ) (ف) دیکھیے بُقچہ ٭

بقچی (بُقْ - چی) (ف) دیکھیے بُقچی ٭

بقرہ (بَقَرہ) (ع) مؤنث - گائے ٭ **بقر عید** - مؤنث - مسلمانوں کی بڑی عید کا مشہور تہوار جو ذی الحجّہ کی دسویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ اس میں گائے، بھیڑ، بکری وغیرہ کی قربانی کی جاتی ہے ٭

بقراط (بُقْ - راط) (یونانی) مذکر - ایک مشہور حکیم جس نے فن طب میں بڑے بڑے کارنامے انجام دیے اور تمام طبی مسائل کو کتابی صورت میں مرتّب کر کے اس فن کو عام کر دیا ٭

بُقعہ (بُقْ - عَہ) (ع) مذکر (۱) جگہ (۲) خانقاہ (۳) مندر (۴) زمین کا وہ ٹکڑا جو دوسرے ٹکڑوں سے ممتاز ہو (۵) (مجازاً) گھر ٭

بقل - بقلہ (بَقْل، بَقْ - لَہ) (ع) مؤنث - ترکاری - سبزی - ساگ ٭

بَقلۃ الحمقاء - مذکر (۱) (لغوی) بے وقوفوں کا ساگ (۲) (اصطلاحی) خرفہ ٭

بُقُولات (ع) مذکر - سبز ترکاریاں ٭

بقول (بَقَوْلْ) (ف۔ع) بموجب۔ موافق ٭
بقیہ (بَقِیْ۔یَہْ) (ع) مذکر۔ بچا کھچا۔ بچا بچایا۔ بچا ہوا ٭ **بقیۃ السیف**۔ مذکر۔ جنگ کے میدان سے بچی ہوئی فوج ٭

ب۔ک

بَک (بَکْ) (ہ) مؤنث (۱) بکواس۔ جھک۔ یاوہ گوئی۔ بڑ۔ بیکار بات۔ فضول گوئی (لگانا، لینا کے ساتھ) (۲) بکنا کا امر ٭ **بک بک**۔ مؤنث۔ بکواس۔ جھک جھک۔ بڑبڑ۔ بیہودہ گفتگو۔ بے معنی باتیں۔ زٹڑ ٭ **بک بک جھک جھک**۔ مؤنث۔ بکواس ٭ **بک بک لگانا۔ یا۔ مچانا**۔ فضول گوئی کرنا ٭ **بک بک کے بھیجا پکا دینا۔ یا۔ دماغ کھانا۔ یا۔ مغز کھانا**۔ فضول گوئی سے دماغ پریشان کر دینا ٭ **بک بک کے کان کھا جانا**۔ بک کے تھکا دینا۔ کانوں کو بک سنتے سنتے تھکا دینا ٭ **بکتے بکتے سر کھا جانا**۔ بہت زیادہ بکنا ٭ **بک جانا**۔ بے سوچے سمجھے کہہ گزرنا ٭ **بک جھک**۔ مؤنث۔ بک بک (لگانا، لینا کے ساتھ) ٭ **بک جھک کے** (عو) رو پیٹ کے۔ غل غپاڑا مچا کے۔ واویلا کر کے۔ غم و غصہ کھا کے ٭ **بک لگانا**۔ لگاتار بکنا۔ بہت بکنا ٭ **بک لگنا**۔ لگاتار کہے جانا۔ زٹڑ لگنا۔ جھک ہونا ٭ **بکنا** (۱) فضول باتیں کہنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) غصہ کرنا ٭ **بکوا۔ بکواس**۔ مؤنث۔ فضول گوئی۔ جھک (کرنا کے ساتھ) ٭ **بکواسن** (عو) بکنے والی عورت ٭ **بکواسی** (عو) بکنے والا۔ بکی مرد ٭ **بکوانا**۔ بکنا کا متعدی ٭ **بک ہونا**۔ بکواس ہونا ٭ **بکی** (بَکْ۔کِیْ) مذکر۔ زیادہ باتیں کرنے والا۔ یاوہ گو۔ جھکی۔ بیہودہ گو ٭

بِک (بِکْ) (ہ) بکنا کا امر ٭ **بِکا**۔ بکنا سے ماضی مطلق ٭ **بکاؤ**۔ بیچنے کے لیے۔ بکری کے لائق ٭ **بکاؤ ہونا**۔ بکنے یا فروخت کے لیے ہونا ٭ **بک جانا** (۱) فروخت ہو جانا (۲) مطیع ہو جانا۔ ممنون ہونا ٭ **بکری** (بِکْ۔رِیْ) مؤنث (۱) قیمت (۲) خرید و فروخت (۳) طلب۔ مانگ ٭ **بکنا**۔ (۱) فروخت ہونا (۲) تابع ہونا۔ مطیع ہونا (۳) غلامی میں آنا ٭ **بکوانا**۔ بکنا کا متعدی ٭ **بکوائی**۔ مؤنث۔ بیچنے کی اجرت ٭

بُک (بُکْ) (ہ) مذکر۔ پیتل کے بہت باریک ورق جو سجاوٹ کے لیے لگائے جاتے ہیں (۲) باریک کپڑا۔ ململ ٭

بُک (بُکْ) (انگ۔ Book) مؤنث۔ کتاب۔ نسخہ۔ پستک۔ پوتھی۔ رجسٹر ٭ **بُک بائنڈر** (Book binder) مذکر۔ جلد ساز ٭ **بُک بائنڈنگ** (Book binding) مؤنث۔ جلد بندی۔ جلد سازی ٭ **بُک پوسٹ** (Book post) مؤنث۔ کتابوں کا پارسل ڈاک کے ذریعے سے۔ ایسا پیکٹ، جس کے دونوں سرے کھلے ہوئے ہوں ٭ **بُک کرانا** (۱) کوئی مال دوسری جگہ بھیجنے کے لیے ریل کے بابو کو دینا ٭ **بُک کرنا** (۱) بھیجنے والوں سے اسباب لینا (۲) اسباب دوسری جگہ بھیجنا ٭ **بُک کیپنگ** (...) مذکر۔ حساب کتاب رکھنے کا علم ٭ **بُک نالج** (Book knowledge) مذکر۔ کتابی علم۔ وہ علم جو کتابیں پڑھ کر حاصل کیا گیا ہو ٭ **بُکنگ** (Booking) مذکر (۱) بھیجنے والوں سے اسباب لینا (۲) مسافروں کو ٹکٹ دینا ٭ **بُکنگ آفس** (Booking office) مذکر۔ ٹکٹ بٹنے کی جگہ۔ ٹکٹ گھر ٭ **بُکنگ کلرک** (Booking clerk) مذکر۔ ٹکٹ دینے والا بابو ٭ **بُک ہونا** (ہ) (۱) بھیجنے والوں سے اسباب لیا جانا (۲) رجسٹر میں درج ہونا ٭

بُکّا (بُکْ۔کا) (ہ) مذکر (۱) مٹھی (۲) مشتِ خاک۔ مشتِ غبار (۳) کثرت سے نکلنے والی بھاپ یا دھواں۔ لوکا۔ لپٹ ٭ **بکّے اڑانا** (۱) خوشی یا پھیلانا (۲) غبار پھیلانا ٭

بُکا (بُکَا) (ع) مؤنث۔ رونا پیٹنا۔ ماتم کرنا۔ گریہ و زاری۔ دہائی۔ فریاد۔ (کرنا کے ساتھ) ٭

بِکار (بِکَاڑ) (ہ) مذکر (۱) بگاڑ۔ نقص۔ خرابی (۲) مرض۔ روگ۔ بیماری (۳) حالت میں تبدیلی ٭

بکارا (بَکَارَا) (ہ) مذکر (۱) مخبر۔ رہبر (۲) اس شخص کا جواب جس پر بھوت پریت کا سایہ ہو (۳) چالان۔ بیجک۔ خط (۴) ایلچی (۵) زبانی خبر پوچھنا ٭

بکار آمد (بَکَارْ۔آمَدْ) (ف) (۱) کام آنے والا (۲) کام جاننے والا ٭

بکارت (بَکَا۔رَتْ) (ع) مؤنث۔ کنوارپن۔ دوشیزگی ٭

بکاول (بَکَا۔وَلْ) (ف) مذکر۔ باورچی خانے کا داروغہ، باورچی، خانساماں، رسوئیا، کھانا پکانے والا، امرا اور سلاطین کے آگے کھانا چننے والا شخص ٭ **بکاولی**۔ مؤنث (۱) بکاول کے متعلق (۲) کھانا پکانے کا سامان۔ (۳) طشتری (۴) راجہ میکل جوگ والی دیوان کی خوب صورت لڑکی کا عرف، جس کا قصہ گل بکاولی کے نام سے مشہور ہے ٭

بکائن۔ بکاین (بَکا۔اِنْ، بَکا۔یَنْ) (ہ) مذکر (۱) نیم جیسی پتّی کا ایک درخت، جس کا پھل بہت کڑوا ہوتا اور گچھوں کی صورت میں لٹکتا ہے (۲) اس درخت کا پھل ٭

بکبکا (بَکْ۔بَکا) (ہ) (۱) بے لذت۔ بے مزہ۔ خراب (۲) کڑوا۔ کسیلا۔ تیز ٭

بکتر (بَکْ۔تَرْ) (ف) مذکر۔ لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ جو لڑائی کے وقت پہنا جاتا ہے۔ ایک قسم کی زرہ ٭ **بکتر پوش**۔ زرہ پہننے والا ٭ **بکتری** (۱) زرہ پہننے والا (۲) زرہ بنانے والا ٭

بکٹ (بِکَٹْ) (انگریزی پکٹ۔ Picket کا مخرّب) مذکر۔ محافظ فوجی دستہ۔ طلایہ۔ قراول۔ گارد۔ پہرا ٭

بکٹ (بِکَٹْ) (ہ) (۱) بڑا (۲) خوفناک (۳) کٹھن (۴) بدصورت (۵) ٹیڑھا ٭ **بکٹ پہاڑا**۔ مذکر۔ کسروں کا پہاڑا جیسے سوایا۔ ڈیوڑھا۔ پونا وغیرہ ٭

بُکٹ، بُکَٹ (بُکْٹْ، بُکَٹْ) (ہ) مذکر۔ پنجہ۔ پورا چنگل ٭ **بکٹا**۔ (بُکْ۔ٹا) چنگل۔ وہ مقدار جو چنگل میں آئے ٭ **بکٹا بھرنا۔ یا۔ مارنا**

(۱) نوچنا ـ چنگل مارنا ـ نہٹا مارنا (۲) ہاتھ کی انگلیوں کو پھیلا کر کوئی چیز اتنی زیادہ لینا کہ انگلیاں باہم مِل جائیں ۔

بکٹھا (بَکَ ـ ٹھَا) (ہ) کسیلا ۔

بِکر (بِکْر) (ع) مؤنّث (۱) کنوارپن، دوشیزگی (۲) کنوارا ـ کنواری (۳) غیر مستعمل چیز ـ کام میں نہ آئی ہوئی چیز ـ نئی چیز (۴) لطیف ـ نازک (۵) ہر چیز کا اوّل (۶) ہر نیا کام کہ پہلے ویسا نہ ہُوا ہو ۔ **بِکر توڑنا** (۱) ازالۂ بکارت کرنا ـ عورت سے پہلی دفعہ جماع کرنا ۔ **بِکر ٹوٹنا** ـ ازالۂ بکارت ہونا ۔

بکرا (بَکْ ـ رَا) (ہ) مذکّر (۱) بکری کا نر بچّہ ـ بَز (۲) (دکن) مینڈھا ـ بھیڑا ۔ **بکر کُود مچانا** ـ اچھلنا ـ کودنا ۔

بَکرَم (بَکْ ـ رَم) (انگ ـ Buckram) مذکّر ـ قمیص وغیرہ کی آستینوں میں تہ کے طور پر لگانے والا موٹا کپڑا ۔

بکری (بَکْ ـ رِی) (ہ) مؤنّث (۱) بکرے کی مادہ (۲) (مجازاً) غریب ـ مسکین (۳) (دکن) بھیڑ ۔ **بکری کرے گھاس سے یاری تو چرنے کہاں جائے** (۱) مثل ـ جو شخص دوستی کے باعث اپنا رزق چھوڑ دے ، وہ کیونکر گزر اوقات کرے ؟ ۔ **بکری کی اولاد** ـ مؤنّث ـ ولدالزّنا ـ حرامی ۔ **بکری کی جان گئی (یا بکری جان سے گئی) کھانے والے کو مزہ نہ آیا** ـ مثل ـ اُس وقت بولتے ہیں، جب کوئی شخص دوسرے کے لیے جسمانی اور روحانی تکلیف اٹھائے اور دوسری طرف سے ناشکری کا اظہار ہو ۔ **بکری ! ناؤ میں خاک اُڑاتی ہے ؟ یا ـ بی بکری ! ناؤ میں خاک اُڑاتی ہو ؟** مثل ـ اُس جگہ کہتے ہیں ، جہاں کسی کو بے سبب آزار دینا یا نقصان پہنچانا پیشِ نظر ہو ۔ **بکری نے دودھ دیا (وہ بھی) مینگنیوں بھرا** (ہ) مثل ـ وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی شخص کام بنا کر بگاڑ دے یا کوئی بالکل بیکار چیز ملے ۔ **بکرے** ـ مذکّر ـ بکرا کی جمع ۔ **بکرے کی بولی بولنا** (دہلی) قے کرنا ۔ **بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی ؟** (۱) مثل ـ کبھی نہ کبھی بدی کی سزا مل ہی جاتی ہے ـ جو آفت یا مصیبت مقدّر میں ہے ضرور آئے گی ، جو چیز ضائع ہونے والی ہے، وہ حفاظت سے نہیں رُک سکتی ـ بدآدمی ضرور اپنی بُرائی کا نتیجہ دیکھے گا ۔

بکس (بُکْس) (انگ ـ Box) مذکّر ـ (۱) صندوق ـ پیٹی (۲) ڈبّا ـ ڈبیا ـ (لکھنؤ کے فصحا بفتحِ اوّل و دوم بولتے ہیں) ۔

بکسا (بَکْ ـ سَا) (ہ) کسیلا ۔ **بکساہٹ** (بَکْ ـ سَا ـ ہَٹ) مؤنّث ـ کسیلا پن ۔ **بکسنا** (بَکَس ـ نَا) (۱) خشک ہونا ـ مرجھانا ـ پژمردہ ہونا ـ ایسا گلنا سڑنا کہ ہاتھ لگانے ہی جھڑ جائے (۲) کلی چٹکنا ـ کلی کھلنا (۳) خوش ہونا (۴) مسکرانا ۔

بکسوا (بَکْ ـ سُوَا) (ہ) مذکّر ـ لوہے کا کانٹا جس کے ساتھ کسی شے کو باندھنے یا اٹکانے کی غرض سے حلقہ لگا رہتا ہے ۔

بکسیلا (بَکْ ـ سَے ـ لَا) (ہ) کساؤ کی چیز ـ کسیلا ۔

بکل ـ بکلا (بَکْ ـ کَل ـ بَکْ ـ لَا) (ہ) مذکّر (۱) چھال ـ چھلکا (۲) کھال ـ پوست ۔ **بکل اتارنا** (۱) درخت کی موٹی چھال اتارنا (۲) (مجازاً) خوب مارنا پیٹنا، کھال اُڑانا ۔ **بکل اُڑانا** (عو) بکل اتارنا ۔ **بکل چھیلنا** ـ دیکھیے بکل اتارنا عا ۔

بُکّل (بُکْ ـ کَل) (ہ) مذکّر و مؤنّث ـ ایک خاص طریقے سے دوپٹے کی لپیٹ ـ چادر یا کمل وغیرہ اوڑھتے وقت اُس کا ایک پلّہ ایک طرف سے دوسری طرف کو پس پُشت ڈال لینا ۔ **بُکّل مارنا** ـ دوپٹّے یا رضائی وغیرہ کو ایک خاص انداز سے اُلٹ کر کندھے پر لپیٹنا یا اوڑھنا ۔

بُکم (بُکْم) (ع) مذکّر ـ ابکم کی جمع ـ گونگے لوگ ۔

بکمی (بَکْ ـ مِی) (ہ) مؤنّث ـ وہ عورت جو شوہر کے ہوتے ہوئے دوسری شادی کر لے ۔

بُکنی (بُکْ ـ نِی) (ہ) مؤنّث (۱) مہین پسی ہوئی چیز ـ سفوف ـ بُرادہ (۲) ایک قسم کا ہاضم سفوف (۳) بوسیدہ (۴) ایک دوا جس کے کھانے سے کبوتر تیز اُڑتے ہیں ۔

بکوٹا (بَکُوٹ ـ ٹَا) (ہ) مذکّر ـ دیکھیے "بُکٹا" ۔ **بکوٹنا** ـ ناخن سے زخم لگانا ـ ناخن سے کھرچنا ـ کھسوٹنا ـ نوچنا ۔

بکولی (بَکُو ـ لِی) (ہ) مؤنّث ـ دھان کی فصل کو نقصان پہنچانے والا ایک قسم کا سبز کیڑا ۔

بکھار ـ بکھاری (بَکھَار ، بَکھَا ـ رِی) (ہ) مؤنّث ـ کھتا ـ کھتی ـ اناج کا گودام ـ کوٹھی ـ ذخیرہ ـ کھلیان ۔

بکھان (بَکھَان) (س) مذکّر (۱) تفصیل ـ تشریح (۲) حال ـ بیان (۳) بُلانا ـ نام رکھنا (۴) تحسین ـ مدح (۵) فضیحتا ـ تشہیر ۔ **بکھان ڈالنا** (۱) (عو) ذلیل کرنے کے لیے کسی کا چھپا ہُوا حال کھول کر بیان کرنا ۔ **بکھان کرنا** (عو) چھپا ہُوا حال کہنا ـ بیجا بات کہنا ـ بُرا بھلا کہنا ۔ **بکھاننا** (عو) سخت سُست کہنا ـ بُرا بھلا کہنا ـ بُرائی بیان کرنا ۔

بکھر ـ بکھّر (بَکھَر ـ بَکھْ ـ کھَر) (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) کچّی شکّر کا مَیل (۲) ایک قسم کا ہل (۳) گائے بھینس کے باندھنے کی جگہ (۴) احاطہ (۵) مکان (۶) روغن دار بیج ۔ **بکھر پکانا** ـ کچّی کھانڈ یا شکّر کا شیرہ یا قوام کر کے اس سے مَیل نکالنا ـ کچّی شکّر سے نکلا ہُوا مَیل پکانا ۔

بِکھر (بِکھَر) (ہ) بکھرنا کا امر ۔ **بکھرا** ـ بکھرنا سے ماضی مطلق ۔ **بکھرا جانا** (۱) گرا پڑتا ـ بیٹھا جانا ـ منتشر ہو جانا (۲) کھلا جانا ـ ٹوٹا جانا (۳) قابو سے باہر ہو جانا ـ دیکھیے "بکھرنا" ۔ **بکھرانا** (بِکھْ ـ رَا ـ نَا) پریشان کرنا ۔ **بکھرنا** (بِکھَر ـ نَا) (ہ) (۱) بپھرنا ـ مچلنا ـ ضد کرنا ـ غصّے ہونا (۲) گر کر علٰحدہ علٰحدہ ہو جانا ـ پھیلنا ـ پراگندہ ہونا ـ منتشر ہونا (۳) (جی یا ہوش کے لیے) پریشان ہونا (۴) بے ترتیب ہونا (۵) جل کر خستہ ہو جانا (۶) حالت غیر ہونا ـ حالت دگرگوں ہونا ـ بے حال ہونا ـ غشی کی حالت طاری ہونا ۔ **بکھیر** (بِکھِیر

(۱) بکھیرنا کا امر (۲) وہ چیز جو بکھرا دی جائے (۳) روپے پیسے جو ہندو لوگ شادی کے موقع پر دولہا کے سر سے بطور خیرات نچھاور کرتے ہیں ÷
بکھیرا - بکھیرنا سے ماضی مطلق ÷ **بکھیرنا** - پریشان کرنا - گرانا - پراگندہ کرنا - پھیلانا ÷

بکھری (بَکھ۔رِی) (ا) مؤنث (عوام) (۱) ایک قسم کی کھتی (۲) جھونپڑا (۳) مکان ÷

بکھل (بَکھ۔کھَل) (ا) مؤنث - احاطہ - مکان ÷

بکھی (بَکھ۔کھی) (ا) مؤنث (عوام) بغل کے نیچے کا حصہ ÷

بکھیڑا (بَکھے۔ڑا) (ا) مذکر (۱) شور و غل (۲) فساد - دنگا (۳) قضیہ - حجت - تکرار (۴) جھگڑا - لڑائی (۵) کھڑاگ - پیچ - جنجال - الجھاؤ (۶) کاروبار - دھندا - کام (۷) اندیشہ - کشمکش - پیچ - تردد - انتشار (۸) اگڑ کھنگڑ - مال اسباب (۹) کوڑا کرکٹ (۱۰) روک - حرج (۱۱) مشکل - دشواری - دقت (۱۲) تکلیف - عذاب (۱۳) طوالت (۱۴) بے اتفاقی (۱۵) اختلاف (۱۶) چالاکی - فن (۱۷) ڈھنگ - طریقہ (۱۸) (مجازاً) دنیوی تعلقات ÷ **بکھیڑا پڑنا** جھگڑا پڑنا ÷ **بکھیڑا چکانا** (۱) معاملہ طے کرنا - نزاع طے کرنا - جھگڑا ختم کرنا (۲) اپنے ذمے کا کام کر چکنا - اپنے کام سے سبک دوش ہونا ÷ **بکھیڑا ڈالنا** - کام بڑھانا - جھگڑا ڈالنا ÷ **بکھیڑا کرنا** - جھگڑا فساد کرنا ÷ **بکھیڑا لانا** - جھگڑا نکالنا ÷ **بکھیڑا مچانا** - بکھیڑا ڈالنا - چلنا - ضد کرنا ÷ **بکھیڑا نکالنا** - جھگڑا پیش کرنا ÷ **بکھیڑا ہونا** - جھگڑا ہونا ÷ **بکھیڑیا** - مذکر (۱) فسادی - جھگڑالو (۲) کام بڑھانے والا (۳) کھڑاگی - جھمیلیا - مکار - پاکھنڈی (۴) کباڑیا - کباڑی ÷ **بکھیڑے میں ڈالنا** - جھگڑا پیچھے لگا دینا - دقت یا عذاب میں پھنسانا - مخمصے میں ڈالنا - جھگڑے، دقت یا اندیشے میں ڈالنا ÷

بکی (بُک۔کی) (ا) مؤنث - گھونسا - مٹھی ÷

بکیت (بَکَیت) (ا) مذکر (۱) بانک کا فن جاننے والا (۲) بانکا معشوق ÷

ب۔گ

بگا (بُگ۔گا) (ا) مذکر (۱) معصوم - بھولا (۲) کم عقل - بے وقوف (۳) موٹا آدمی ÷

بگاڑ (بِگاڑ) (ا) مذکر (۱) سنوار کے برعکس - خرابی (۲) دشمنی، بیر، خفگی، رنجش (۳) ضرر - نقصان (۴) نقص - برائی - عیب - کھوٹ (۵) جرم - قصور - خطا (۶) مرض - روگ (۷) نا اتفاقی (۸) بلوہ - سرکشی - بغاوت - غدر (۹) نفاق (۱۰) ناچاقی - جھگڑا (۱۱) بدانتظامی - فتور - ابتری ÷ **بگاڑ آنا** (۱) جھگڑا کر آنا - دشمنی پیدا کر آنا (۲) خراب کر آنا ÷ **بگاڑ بیٹھنا** (۱) اَن بَن کر لینا - رنجش کر لینا (۲) خراب کر دینا ÷ **بگاڑ پڑنا** (۱) ملال ہو جانا - رنجش ہو جانا (۲) لڑائی ہونا ÷ **بگاڑ دینا** - خراب کر ڈالنا ÷ **بگاڑ ڈالنا** - رنجش کرا دینا - فساد ڈالنا ÷ **بگاڑ کرنا** - رنجش پیدا کرنا ÷ **بگاڑنا** (۱) برباد کرنا - تباہ کرنا (۲) خاک میں ملانا - ضائع کرنا - کھونا (۳) ذائقہ خراب کرنا - بدمزہ کرنا (۴) برگشتہ کرنا - پھیرنا (۵) لٹانا - اڑانا - بیجا صرف کرنا (۶) نقصان پہنچانا - خراب کرنا (۷) ناخوش کرنا - خفا کرنا (۸) (گلے کے ساتھ) آواز کا خراب کرنا (۹) آبرو لینا - عفت یا عصمت میں فرق ڈالنا - بدچلن کرنا (۱۰) بدحال کرنا (۱۱) بدہیئت کرنا (۱۲) نکما کرنا - بیکار کر دینا (۱۳) صاف کر دینا - مٹانا (۱۴) کھو دینا (۱۵) توڑ پھوڑ ڈالنا (۱۶) (دماغ یا عقل کے لیے) پاگل کرنا (۱۷) (بال کے ساتھ) پریشان کرنا (۱۸) ناپاک کرنا (۱۹) خلل ڈالنا (۲۰) لڑائی کرنا (۲۱) جھگڑا کرنا - رنجش پیدا کرنا (۲۲) بہکانا (۲۳) عادت خراب کرنا ÷ **بگاڑو** (بِگا۔ڑُو) مذکر (۱) بگاڑنے والا (۲) فضول خرچ - کھاؤ - اڑاؤ (۳) دشمنی کرنے والا ÷
بگاڑ ہونا - ملال ہونا ÷

بگانا (بیگانہ کا مخرب) (ع ی) (۱) غیر - اجنبی (۲) غیر کی ÷ **بگانی کھتی پر جھینگر ناچے** (ک) مثل - اس جگہ کہتے ہیں، جہاں پرائے مال پر فخر کیا، شیخی بگھاری اور بیجا تصرف کیا جائے ÷

بگ ٹٹ - بگ چھٹ (بَگ۔ٹُٹ - بَگ۔چھُٹ) (گھوڑے سے متعلق) بہت تیز - نہایت تیز - بے تحاشا - سرپٹ (دوڑانا، پھینکنا کے ساتھ) ÷

بگریلی (بَگ۔رِی۔لی) (ا) مؤنث ایک چھوٹا سا پہاڑی پرندہ ÷

بگڑ (بِگڑ) (ا) بگڑنا کا امر ÷ **بگڑا بیٹا کھوٹا پیسا کبھی نہ کبھی کام آ ہی جاتا ہے** - مثل - اپنی چیز کیسی ہی خراب ہو، ضرورت کے وقت کام آتی ہے ÷ **بگڑا شاعر مرثیہ گو، بگڑا گویا مرثیہ خوان** مقولہ - مرثیہ گو ادنیٰ درجے کے شاعر اور مرثیہ خوان ادنیٰ درجے کے گویے ہوتے ہیں ÷ **بگڑا ہوا** (۱) بدوضع (۲) ناراض - آزردہ ÷ **بگڑ بیٹھنا** (۱) خفا ہو جانا (۲) لڑ پڑنا (۳) باغی ہو جانا (۴) جھگڑے یا فساد پر آمادہ ہونا - آزردہ ہو کر بیٹھ رہنا ÷ **بگڑ جانا - بگڑنا** (۱) سنورنا کے برعکس - برباد ہونا - خراب ہو جانا (۲) تلف ہو جانا - ضائع ہو جانا - کھو جانا (۳) سڑ جانا - ذائقے کا خراب ہو جانا - بدمزہ ہو جانا (۴) اکارت جانا - بیجا صرف ہونا (۵) حقیقی ہیئت کا تبدیل ہو جانا (۶) باغی ہونا - برگشتہ ہونا - پھرنا (۷) نقصان ہونا - ضرر ہونا (۸) رنجیدہ ہونا - غصے ہونا - خفا ہو جانا (۹) فرق آنا - خراب ہونا - ناقص ہونا (۱۰) (کھیل کے ساتھ) خراب ہونا - ابتر ہونا - درہم و برہم ہونا (۱۱) (گلے کے لیے) آواز بھاری ہونا - آواز بیٹھ جانا - آواز کا خراب ہونا - بے سرا ہونا (۱۲) (ہاتھ کے لیے) ربط چھوٹ جانا - مشق جاتی رہنا (۱۳) عادت خراب ہونا - ڈھنگ خراب ہونا - بدچلن ہونا - عیاش ہونا (۱۴) (حرفوں کے لیے) حرفوں کا خراب ہو جانا - روشنائی پھیلنا (۱۵) (حالت یا طبیعت کے لیے) خراب ہونا - ابتر ہونا - مردنی چھا جانا - غیر ہو جانا (۱۶) بدنما لگنا - بدشکل ہونا (۱۷) ریزہ ریزہ ہو جانا - گلنا - ناقابل استعمال ہونا - نکما ہونا - بیکار ہونا (۱۸) چھوٹنا (۱۹) اکھڑ جانا - ٹوٹ پھوٹ جانا (۲۰) مٹنا (۲۱) (عقل، ہوش، دماغ کے

ساتھ) پاگل ہوجانا (۲۲) (بال کے ساتھ) پریشان ہونا - بکھرنا (۲۳) ناپاک ہوجانا - مُنتشر جانا - سَن جانا - بھرجانا (۲۴) زہریلا ہونا (۲۵) (بات کے ساتھ) آبرو ریزی ہونا (۲۶) ناقص ہوجانا - خراب ہونا (۲۷) بدی پر آنا - شریر ہونا (۲۸) جھگڑا ہونا - لڑائی ہونا (۲۹) اَن بَن ہونا - رنجش ہونا - محبّت ترک ہونا - دوستی چھوٹ جانا (۳۰) (نام کے ساتھ) غلط بولا جانا (۳۱) جل جانا - داغ لگ جانا (۳۲) مفلس ہوجانا - دیوالیا ہونا - تباہ ہونا - خراب ہونا (۳۳) تہس نہس ہونا - برباد ہونا (۳۴) نااتفاقی ہوجانا ٭ **بگڑی بات بنانا** - خراب معاملے کو سدھارنا ٭ **بگڑی بات بننا** - گئی ہوئی ساکھ کا پھر قائم ہونا - بگڑے معاملے کا درست ہوجانا ٭ **بگڑی بن جانا** - خراب حالت کا درست ہوجانا ٭ **بگڑی بنی** - نیک و بد - اچھی بُری ٭ **بگڑی زبان** - مؤنّث - سخت کلامی کی عادی زبان ٭ **بگڑے دل** - نڈر - آزاد - بے باک ٭

بگل (بِگُلْ - بِگُلّ) (انگ - Bugle) مذکّر - قرنا - تُرہی - صُور - نرسنگا - ترم ٭

بگلا (بَگ - لا) (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کا آبی پرندہ - کلنگ - بوتیمار - ماہی خور (۲) نہایت سفید - چِٹّا ٭ **بگلا بھگت** - وہ شخص جو ظاہر میں نیک اور باطن میں بداعمال، بدنیّت اور شریر ہو ٭ **بگلا مارے پنکھ ہاتھ** (یا پکھنا ہاتھ) - مثل - بے سود کام ٭ **بگلے پکڑنا** - کوئی کام کرنے کے لیے فضول ترکیب بنانا ٭ **بگلے کا پر** (مجازاً) بہت سفید ٭

بگولا (بِگُو - لا) (ہ) مذکّر (۱) چکّر کھاتی ہوئی ہوا - بونڈلا - گردباد - باؤبرولا - ہوا کی گانٹھ (۲) تند - تیز (۳) تلاش کرنے والا ٭

بگویا (بِگُو - یا) (ہ) مؤنّث (ع) (۱) بُرائی - غیبت - بدی (۲) ہجوم ٭

بگھار (بِگھار) (ہ) مذکّر (۱) وہ تیل یا گھی جس میں پیاز وغیرہ ڈال کر داغ دیا گیا ہو (۲) داغ دیا ہوا مسالا یا پیاز ٭ **بگھار ڈالنا** - ریزہ ریزہ کر دینا - دبانا ٭ **بگھار لگانا** (۱) داغ کرنا (۲) (بازاری) شراب پی کر حقّے کا دم لگانا ٭ **بگھارنا** (۱) داغ کرنا - مسالے کو گھی میں بھون کر گوشت، سبزی - دال وغیرہ میں ڈالنا (۲) بولنا (حقارت سے) (۳) (شیخی کے ساتھ) ڈینگ کی لینا (۴) (لکھنؤ) جامن پھلیندے کو پسا ہوا نمک ڈال کر کسی ظرف میں اوپر سے سرپوش رکھتے ہوئے اس طرح ہلانا کہ پھل پھٹ جائیں اور نمک خوب پیوست ہوجائے ٭

بگھن (بِگھَن) (ہ) مذکّر (۱) کھانا کھانے میں حقّہ پینا (۲) روک - تھام (۳) سدِّراہ (۴) خرابی ٭

بگ ہنس (بَگْ - ہَنْسْ) (ہ) مذکّر - سیاہی مائل سفید ہنس ٭

بگھی (بَگْ - ہی) (ہ) مؤنّث - ایک قسم کی بڑی مکھی جو گھوڑے کو بہت ستاتی ہے - ڈانس ٭

بگھی (بَگھ - گھی) (ہ) مؤنّث - سواری کی چوپہیا گاڑی - گھوڑا گاڑی - بگّی ٭

بگھیل - بگھیلا (بگھیل + بگھیلے - لا) (ہ) مذکّر (۱) پلنگ - تیندوا - نوجوان نبیر (۲) بگھیل کھنڈ میں آباد راجپوتوں کا ایک فرقہ ٭

بگیر بچّہ (بِگیر - بَچ - چَہ) (ف) (۱) بچّہ لے (۲) ایک رسم جو چھٹی کے دن جچہ کو تارے دکھانے کے بعد ادا کی جاتی ہے ٭

بگیری (بِگیَ - رِی) (ہ) مؤنّث - ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ٭

بگینی (بِگیَ - نِی) (ہ) مؤنّث - وہ گائے یا اونٹنی جس کا دودھ کم ہوگیا ہو ٭

ب-ل

بل (بَلْ) (ہ) مذکّر (۱) شکن - خم (۲) تلوار کی کجی (۳) کمر کا ٹیڑھا پن (۴) تصدّق - فدیہ (۵) دیوتا کا بھوگ - خاص دیوتاؤں کے لیے قربانی (۶) رُخ - پہلو - سہارا - ذریعہ - کروٹ (ان معنی میں اہلِ دلی "بل" کہتے ہیں اور اہلِ لکھنؤ "بھل") (۷) پیچ - اینٹھن - مروڑ - پھیر (۸) کپٹ - کینہ - بُغض (۹) نخوت - غرور - کبر (۱۰) تفاوت - فرق - قصور - کمی بیشی - اختلاف (۱۱) رنجش (۱۲) ابرو کی چین (۱۳) پیٹ کی شکن - بٹ - شکن (۱۴) ایک مشہور راجا جسے سری کرشن جی نے پاتال بھیج دیا تھا (۱۵) طاقت، زور، مدد، حمایت، برتا، پرچک (۱۶) کوشش - جدوجہد - سعی - جتن - محنت - اُپائے (۱۷) سپاہ - لشکر - فوج - عسکر - دَل (۱۸) مٹاپا - فربہی (۱۹) کوا ٭ **بل آنا** (۱) ٹیڑھا ہونا - پیچ پڑنا - شکن پڑنا - سلوٹ آنا (۲) خلل پڑنا - فرق آنا (۳) قوّت آنا - طاقت آنا - زور آنا (۴) اینٹھنا (۵) تفاوت ہونا - حساب میں میزان کا برابر نہ بیٹھنا ٭ **بل اترنا** - پیچ دور ہونا ٭ **بل بل جانا** (ع) صدقے، قربان ہونا ٭

بل بوتا (ع) مذکّر - آسرا - سہارا - قوّت - طاقت ٭ **بل بھرنا** (۱) زور دکھانا - طاقت جتانا - زور میں آجانا (۲) خفا ہونا - ناخوش ہونا - خواہ مخواہ کشیدہ خاطر ہونا ٭ **بل بے** - تعجب اور تحسین کا کلمہ - واہ وا - آہا - اُہو - اُف رے - کیا خوب - مرحبا - شاباش - آج کل متروک ہے اس کی جگہ "اُف رے" "اللہ رے" وغیرہ استعمال کرتے ہیں ٭ **بل بے پھنسی تیرا دل** - مثل - کم حوصلہ، کم حقیقت کے غرّے پر بولتے ہیں ٭ **بل بے تُما تیری دھج** - مثل - اترانے والے یا کسی بدوضع کے متعلق تحقیراً کہتے ہیں ٭ **بل پر کودنا** - بھروسے پر اترانا - سہارے پر نازاں ہونا ٭ **بل پڑ جانا - بل پڑنا** (۱) کجی ہونا (۲) بٹ پڑنا - چین پڑنا - شکن پڑنا (۳) میزان نہ ملنا - کمی رہنا - حساب میں فرق پڑنا (۴) رکاوٹ ہونا (۵) نفاق یا اَن بَن یا بگاڑ ہونا (بالعموم دل کے ساتھ) (۶) خرابی آنا (۷) مروڑ پڑ جانا - کانٹھ لگ جانا ٭ **بل جانا** (۱) صدقے جانا - قربان ہونا (۲) مروڑ مٹنا ٭ **بل چڑھنا** - باوقعت ہونا - با اثر ہونا - قوّت آنا ٭ **بل دار** - مروڑا ہوا، پیچیدہ، ترچھا، آڑا، خمیدہ، مڑا ہوا ٭ **بل دان، بلدان** (بَل - دان) (ہ) مذکّر (۱) دیوتا یا ایشور کے نام پر نذر دینا، چڑھانا یا بھینٹ چڑھانا - قربانی کرنا (۲) ہندو فقیروں کا طریق نفس کشی جس میں وہ اپنے آپ کو کسی بت پر بھینٹ چڑھا کر خودکشی کرتے ہیں ٭ **بل دینا** (۱) بٹنا (۲) اینٹھنا -

مروڑنا (۳) نذر چڑھانا۔ قربانی کرنا۔ فدیہ دینا ٭ **بل ڈالنا** (۱) شکن ڈالنا۔ پیچ ڈالنا (۲) فرق ڈالنا ٭ **بل رکھنا**۔ رنجش رکھنا۔ عداوت رکھنا ٭ **بل رہ جانا**۔ یا۔ **رہنا** (۱) پیچ رہنا۔ رنجش رہنا۔ عداوت رہنا (۲) فرق رہنا ٭ **بل کرنا** (۱) ٹیڑھا ہونا۔ اکڑنا (۲) پیچ و تاب کھانا۔ غصّہ کرنا (۳) غرور کرنا۔ اِترانا (۴) بُغض رکھنا۔ کینہ رکھنا (۵) (ہندو) قربانی کرنا ٭ **بل کھانا** (۱) بے حد غصّے ہونا۔ پیچ و تاب کھانا (۲) جھونک لینا۔ ترچھا ہونا۔ ٹیڑھا ہونا (۳) بگڑ بیٹھنا۔ زور دکھانا۔ شیخی میں آجانا ٭ **بل کھُلنا** (۱) پیچ کھُلنا۔ مروڑ اُدھڑنا۔ سیدھا ہونا۔ خم نکلنا (۲) غصّہ جاتا رہنا۔ گھمنڈ دُور ہونا۔ رنجش رفع ہوجانا۔ صاف ہوجانا۔ سلجھنا ٭ **بل کھولنا**۔ متعدّی ٭ **بل کی لینا**۔ غرور کرنا۔ اِترانا۔ **بل گئی** (عو) صدقے گئی۔ قربان گئی ٭ **بل لانا**۔ دیکھیے "بل کرنا" ٭ **بل میں آنا** (عو) تیہے میں آنا۔ مغرور ہونا ٭ **بل نکال دینا**۔ یا۔ **نکالنا** (۱) کجی دُور کرنا (۲) درست کرنا۔ سزا دینا (۳) فرق نکالنا (۴) غرور ڈھانا ٭ **بل نکلنا** (۱) بل کھُلنا۔ پیچ دُور ہونا۔ سیدھا ہونا (۲) حساب صاف ہوجانا۔ بدھ لمنا (۳) شیخی کرکری ہونا (۴) غرور دُور ہونا (۵) صفائی ہونا۔ رنج دفع ہونا ٭ **بل وان**۔ **بلوان** (۱) طاقت ور۔ زور آور (۲) مستحکم۔ مضبوط ٭ **بلوں پر** (۱) زوروں پر (۲) غرور میں۔ گھمنڈ میں ٭ **بل وَنت**۔ **بَلوَنت** (۱) بلوان۔ طاقت ور (۲) صاحبِ قدرت ٭ **بل ہونا** (۱) حساب کتاب میں کمی بیشی یا فرق ہونا (۲) پیچ ہونا (۳) حمایت ہونا۔ برتا ہونا۔ سہارا ہونا۔ قوت ہونا۔ زد صد ہونا ٭

بِل (بِل) (ہ) مذکر (۱) بالعموم حشرات الارض اور بالخصوص چوہے کا بِل (۲) بھٹ۔ غار (۳) وہ آواز جو بلّی کے بھگانے کے لیے منہ سے نکالی جاتی ہے ٭ **بِل ڈھونڈنا**۔ چھپنا۔ دبکنا۔ رُوپوش ہونا۔ چھپتے پھرنا۔ بھاگتے پھرنا۔ پناہ کی جگہ ڈھونڈنا ٭

بِل (بِل) (انگ۔ Bill) مذکر۔ (۱) فردِ حساب۔ قبض الوصول۔ (۲) چک۔ ہنڈی (۳) قانون کا مسودہ ٭ **بِل ادا کرنا**۔ (۱) فردِ حساب کے مطابق روپیہ ادا کرنا ٭ **بِل بنانا**۔ فردِ حساب تیار کرنا ٭ **بِل پاس کرنا** (۱) فردِ حساب منظور کرکے روپیہ ادا کرنے کا حکم دینا (۲) قانون کا مسودہ منظور کرکے اسے ایکٹ بنانا ٭ **بِل جاری کرنا**۔ ہنڈی یا چک کاٹنا ٭ **بِل دینا**۔ فردِ حساب بھیجنا ٭ **بِل سرکاری** مذکر۔ خزانے کا حکم، ہنڈی یا چک ٭ **بِل کاٹنا**۔ فردِ حساب کے نرخ یا قیمت میں کمی کرنا ٭ **بِل منظور کرنا**۔ دیکھیے "بِل پاس کرنا" ٭

بُل (بُل) (ہ) مؤنث۔ عورت کا اندامِ نہانی ٭

بَلّا (بَل۔ لا) (ہ) مذکر (۱) ڈنڈا۔ کڑی۔ شہتیر (۲) کشتی کا قلابہ (۳) لکڑی کا ایک آلہ جو کرکٹ ٹینس یا اسی قسم کے اور کھیلوں میں گیند کو مارتے ہیں ٭

بِلّا (بِل۔ لا) (ہ) مذکر (۱) بلّی کا نر (۲) چپراس۔ نشان۔ تمغا۔ وہ علامت، جو پولیس کی وردی پر بنی ہوتی ہے (۳) وہ فیتہ جو تلوار یا خنجر کے دستے میں اس لیے باندھتے ہیں کہ میان سے الگ نہ ہوجائے ٭

بُلّا (بُل۔ لا) (ہ) بُلبلا۔ حباب (اٹھنا، ٹوٹنا کے ساتھ) ٭

بَلا (بَلا) (ع) مؤنث (۱) مصیبت۔ آفت۔ قہر (۲) زحمت۔ سختی (۳) جنّ بھوت۔ سایہ۔ آسیب (۴) (عو) چڑیل۔ ڈائن (۵) غضب کا۔ حد سے زیادہ (۶) (حقارت سے) چیز (۷) (مجازاً اور تحقیراً) بیزار۔ پاپوش (۸) تیز۔ مشّاق۔ چست۔ چالاک (۹) مہیب۔ بھیانک۔ خوفناک ٭ **بلا آنا** (و) (۱) مصیبت آنا۔ آفت آنا۔ بلا نازل ہونا (۲) انقلاب ہونا۔ (ان معنی میں بالعموم "کیا" کے ساتھ مستعمل ہے) ٭ **بلا اترنا**۔ بلا کا آسمان سے نازل ہونا ٭ **بلا بدتر** (عو) نکما۔ بیکار۔ ناکارہ۔ نہایت خراب۔ بُرا۔ ناقص ٭ **بلا بُوغما** (عو) (۱) واہیات چیزیں۔ الابلا۔ الم غلم (۲) موٹی۔ بھدی۔ بدشکل۔ بھونڈی (۳) بدسلیقہ۔ پھوہڑ۔ نامہذب۔ خیلا۔ بیہودہ ٭ **بلا پالنا**۔ بکھیڑے کی چیز محبت سے رکھنا ٭ **بلا پڑنا** (عو) مصیبت آنا۔ جھگڑا پیش آنا ٭ **بلا پیچھے لگانا** (۱) دُکھ مول لینا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا۔ عذاب میں پھنسنا (۲) جھگڑے میں پھنسا دینا۔ دُکھ میں ڈالنا۔ الزام لگانا ٭ **بلا پیچھے لگنا**۔ لازم ٭ **بلا ٹالنا**۔ مصیبت کا دُور کرنا ٭ **بلا ٹلنا**۔ لازم ٭ **بلا جانے**۔ پاپوش جانے۔ پروا نہیں۔ کچھ خبر نہیں۔ ہمیں کیا معلوم۔ ہم سے کوئی تعلق نہیں۔ ہم نہیں جانتے ٭ **بلا جھیلنا**۔ مصیبت سہنا ٭ **بلا چٹ**۔ اناپ شناپ کھانے والا۔ کھانے میں اچھی بُری چیز کا لحاظ نہ کرنے والا۔ صدقہ کھانے والا ٭ **بلا دُور ہو**۔ یا۔ **رہے**۔ دُعا ٭ **بلا رد ہونا**۔ مصیبت کا دُور ہونا۔ بلا کا دفع ہونا ٭ **بلا زدہ**۔ مصیبت رسیدہ۔ آفت زدہ ٭ **بلا سر پڑنا**۔ ذمّہ داری کسی کے سر ہونا۔ جھگڑا کسی کے ذمّے ہونا ٭ **بلا سے**۔ جوتی سے۔ بیزار سے۔ کیا پروا ہے ٭ **بلا کا** (۱) بہت چالاک، بہت تیز (۲) آفت کا۔ غضب کا (۳) انتہا کا ٭ **بلا کا پتلا**۔ غضب کا۔ بڑا چالاک۔ نہایت پھرتیلا ٭ **بلا کا سر پہ بولنا**۔ جنّ بھوت کا کسی کے سر پہ آکر اپنا نام و نشان بتانا ٭ **بلا کاٹنا**۔ مصیبت دُور کرنا۔ جھگڑا مختصر کرنا ٭ **بلا کٹنا**۔ لازم ٭ **بلا کش** (ف) مصیبت برداشت کرنے والا ٭ آفت جھیلنے والا۔ عاشق ٭ **بلا کو کیا غرض**۔ پاپوش کو کیا پڑی ہے ٭ **بلا کی طرح پیچھے پڑنا**۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ درپے آزار ہونا۔ بُری طرح سر ہونا۔ چڑیل بن کے پٹنا ٭ **بلا کی طرح لپٹنا**۔ بُری طرح سر ہونا۔ محبت کرنا ٭ **بلا گرداں** (ف) (۱) دوسرے کی آفت اپنے سر لینے والا (۲) قربان ہونے والا۔ صدقے ہونے والا (۳) آفت میں مبتلا۔ مصیبت زدہ ٭ **بلا گرداں ہونا**۔ قربان ہونا۔ تصدّق ہونا ٭ **بلا گردی** مؤنث۔ تصدّق ہونا ٭ **بلا لگانا**۔ روگ لگانا ٭ **بلا لگنا**۔ لازم ٭ **بلاؤں**۔ عورتیں خوشامد سے کہتی ہیں، صدقے جاؤں۔ قربان جاؤں۔ واری جاؤں ٭ **بلا لینا** (عو) (۱) صدقے جانا۔ نثار ہونا

(۲) گلے لگانا - نہایت پیار کرنا (بڑے سے کہنے کے مقام پر اس کے معنی "منا لینا" ہوتے ہیں) ◆ **بلا مار جانا** - آفت آجانا ◆ **بلا مول لینا** - قصداً آفت کا اپنے اوپر لینا ◆ **بلا میں پڑ جانا - یا - پڑنا** (۱) دکھ میں گرفتار ہو جانا - مصیبت میں مبتلا ہو جانا (۲) بیمار ہو جانا ◆

بلا نصیب - بدنصیب - بدقسمت ◆ **بلا نکلنا** - ظالم ہونا، آفت ہونا، قہر کا نمونہ ہونا ◆ **بلا نوش** (۱) جو ہلے، سب کھا پی جانے والا (۲) بہت شراب پینے والا ◆ **بلائیں لینا** (۱) نہایت پیار کرنا - قربان ہونا (۲) بلا گرداں ہونا (۳) کسی کی مصیبت اپنے اوپر لینا ◆

بِلا (بِلّا) (ہ) مذکر (عوام) بل کی تصغیر - چھوٹا سوراخ ◆

بِلا (ف - ع) بغیر - بن ◆ **بلا ارادہ** - قصد اور ارادے کے بغیر - نادانستہ ◆ **بلا اکراہ و اجبار** - کراہیت اور جبر کے بغیر - خوشی اور رضامندی سے - پیار محبت سے ◆ **بلا تامّل** - بے سوچے سمجھے - بے دیکھے بھالے - بدحواسی سے - اندھا دھند ◆ **بلا تحاشا** - دیکھیے "بے تحاشا" ◆ **بلا تردّد** - بے کشش و پنج - بے اندیشہ - بے وسواس - بے تامّل ◆ **بلا تصنّع** (۱) بے ساختہ - بے بناوٹ - بے تکلّف (۲) ٹھیک ٹھیک - صحیح صحیح ◆ **بلا تکلّف** (۱) بے بناوٹ - بے تصنّع (۲) بے ساختہ - فی البدیہہ (۳) بے وسواس ◆ **بلا توقف** - بے سوچ بچار - بے تامّل - جلد - فوراً - تُرت ◆ **بلا ریب** - کچھ شبہ نہیں - کچھ شک نہیں - قطعی درست - بالکل صحیح - بے شبہ - بے شک ◆ **بلا شرط** - شرط کے بغیر - یونہی - آزادی سے - بلا وعدہ وعید - پابندی کے بغیر ◆ **بلا شک** (۱) بے شک - بے شبہ (۲) ٹھیک - درست - صحیح ◆ **بلا ناغہ** - روزمرہ - روزانہ - مسلسل - متواتر - سلسلہ وار - برابر ◆ **بلا واسطہ** (۱) براہِ راست - بے وسیلہ (۲) بے سبب - ناحق (۳) بے مطلب - بے غرض (۴) بے تعلق ◆ **بلا وجہ** - (۱) خواہ مخواہ - ناحق - بے سبب (۲) بے قصور ◆

بُلا (بُلّا) (ہ) بلانا کا امر ◆ **بُلا بھیجنا** - طلب کرنا - بلوانا - کسی ذریعے سے بلانا ◆ **بُلا لانا** (۱) ہمراہ لے آنا - ساتھ لے آنا (۲) راضی کر لانا - منا لانا ◆ **بُلانا** - (۱) پکارنا - طلب کرنا - آواز دینا (۲) عدالت میں طلب کرنا (۳) مقابلے کے لیے طلب کرنا (۴) ٹوکنا (۵) (حقّہ) حقّے میں سے آواز نکالنا (۶) پسند کرنا - منظور کرنا (۷) نوکر رکھنا (۸) تقرّر کرنا ◆ **بُلانا چلانا** - (عو) طلب کرنا ◆ **بُلاوا** - (ہ) مذکر (۱) طلبی - دعوت - طلب (۲) نیوتا (۳) خواہش - چاہ ◆ **بُلاوا پھرنا** - (عو) بلانے کا پیام جانا ◆ **بُلائی نہ چلائی میں دلھن کی چچی** - مثل - اس وقت کہتے ہیں جب کوئی بلائے بغیر آجائے اور تعلق ظاہر کرے ◆ **بُلوانا** - بولنا کا متعدی المتعدی، بُلا بھیجنا ◆

بلاپ (بِلاپ) (ہ) مذکر - رونا پیٹنا - بیان کر کر رونا - کہرام - سوگ - آہ و زاری - ماتم ◆

بلاٹنگ پیپر (بلا - ٹِنگ - پے - پَر) (انگ - Blotting paper) مذکر - جاذب - سیاہی چوس ◆

بِلا جانا - بِلانا (ہ) (عوام) (۱) غائب ہو جانا (۲) مٹ جانا (۳) غائب کر دینا (۴) مٹا دینا - ضائع کرنا ◆

بِلاد (بِلاد) (ع) مذکر - بلدہ کی جمع (۱) شہر - قصبے (۲) صوبے - ممالک وغیرہ ◆

بَلادت (بَلا - دَت) (ع) مؤنث - کند ذہنی - بے وقوفی ◆

بَلادُر (بَلا - دُر) (ف) مذکر - ایک درخت - بھلانواں ◆

بِلار (بِلار) (ہ) مذکر (عوام) گربۂ نر - بِلّا ◆

بِلاس (بِلاس) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) خوشی - خرمی - فرحت - سرور - عیش و عشرت - رنگ رلیاں - لہو و لعب - آنند - مزہ - لطف - لذّت - راگ رنگ - سوانگ تماشے (۲) حظِ نفس - عیّاشی - مباشرت - رنگ رس ◆

بلاسنا (بِلاس - نا) (ہ) (ہندو) عیش کرنا - خوشیاں منانا - مزے اڑانا ◆

بَلاغ (بَلاغ) (ع) مذکر - پہنچانا ◆

بَلاغت (بَلا - غت) (ع) مؤنث (۱) مقتضائے حال کے مطابق کلام کرنا - خوش گفتاری (۲) (اصطلاح) وہ علم جس میں اعلیٰ درجے کی خوش بیانی کے قواعد کی تعلیم دی جاتی ہے ◆

بُلاق (بُلاق) (ت) مذکر - (۱) ناک میں پہننے کا ایک زیور (۲) نتھنوں کا درمیانی پردہ (۳) کانچ کا لمبا موتی جو عورتیں منّت کے طور پر بچوں کی ناک میں ڈالتی ہیں ◆

بلاک (بَلاک) (انگ - Block) مذکر - کسی عمارت یا احاطے کا حصّہ ◆

بلاکیڈ (بلا - کیڈ) (انگ - Blockade) مذکر - ناکا بندی ◆

بِلالؓ (بِلال) (ع) مذکر حضرت رسول اکرم صلعم کے مؤذن اور عاشق ◆

بِلّانا (بِل - لا - نا) (ہ) تڑپنا - زار و قطار رونا ◆

بِلاند (بِلاند) (ہ) مؤنث - بالشت بھر پیمانہ، جو سولہ انگل یا چار گرہ یا نو اِنچ کے مساوی ہوتا ہے ◆

بلاول (بِلا - وَل) (ہ) مؤنث - رات کو گانے کی ایک راگنی ◆

بِلاہر - بُلاہر (بِلا - ہَر - بُلا - ہر) (ہ) مذکر (۱) شودر - کمین - خدمتی - ٹہلوا (۲) ہرکارہ (۳) رہبر - رہنما (۴) بیگاری (۵) چوکیدار - پاسبان ◆

بِلاؤ (بِلا - اؤ) (ہ) مذکر - بِلّا ◆

بلائی کند (بِلا - ای - کَند) (ہ) مذکر - ایک دوا کا نام ◆

بُلبُل (بُل - بُل) (ف) مذکر و مؤنث - ایک خوب صورت اور خوش الحان پرندہ، جو پھول کا عاشق فرض کیا گیا ہے - ہزار داستان - گلدم - عندلیب - مرغِ چمن ◆ **بلبل چشم** - مذکر - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی مانند ہوتی ہے اور اس میں بلبل کی سی آنکھیں بنی ہوتی ہیں ◆ **بلبلِ شیراز** - مذکر - شیخ سعدیؒ کا لقب ◆ **بلبل کا بچہ پالا ہے** (ف)

(دہلی) پھوڑے پھنسی کا علاج نہیں کرتے ۔ (لکھنؤ میں "طوطاپالا" بولتے ہیں) ٭ **بلبل کا طغرا** ۔ مذکر۔ حرفوں کو اس طرح لکھنا کہ بلبل کی تصویر بن جائے ٭ **بلبل ہزار داستان** ۔ شیریں کلام ۔ خوش بیان ٭ **بلبلی** (بُل ۔ بُلِی) (۱) بلبل سے متعلق (۲) بلبل کے رنگ کی (۳) بلبل کے رنگ کی شراب ٭

بُلبُلا (بُل ۔ بُلا) (ہ) مذکر (۱) نصف دائرے کی شکل، جو پانی کی سطح پر ہوا بھرنے سے بن جاتی ہے ۔ پانی کا بُلا ۔ حباب (۲) (مجازاً) جلد فنا ہونے والی چیز۔ ناپائدار چیز ٭

بَلبَلا (بَل ۔ بَلا) (ہ) بَلبَلانا کا امر ٭ **بَلبَلانا** (۱) اونٹ کا مست ہوکر بولنا ۔ چلّانا (۲) مستی پر آنا (۳) جھنجلانا ۔ خفا ہونا ۔ ٹرّانا ۔ غصّے میں لال پیلا ہونا (۴) (عوام) کھدر بدر ہونا ۔ پھد پھدانا ۔ جوش مارنا ٭

بِلبِلا (بِل ۔ بِلا) (ہ) بِلبِلانا کا امر ٭ **بلبلا اٹھنا ۔ پڑنا ۔ یا ۔ جانا** ۔ گھبرا کر اٹھ کھڑا ہونا ۔ مضطرب اٹھنا ۔ چیخ اٹھنا ۔ بے قرار ہونا ۔ بیتاب ہونا ٭ **بلبلا گیا** (۱) بار کا متحمل نہ ہوا (۲) منّت کرنے لگا (۳) بدحال ہوگیا (۴) عاجز آگیا ٭ **بلبلانا** ۔ (۱) تکلیف سے گھبرانا ۔ مضطرب ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔ بیتاب ہونا (۲) درد، تکلیف، رنج، بھوک وغیرہ سے رونا چیخنا (۳) بچے کا لوٹتے لوٹتے پھرنا (۴) بیکل ہونا ۔ بے چین ہونا ۔ رونا (۵) گڑگڑانا ۔ منّت و زاری کرنا (۶) خواستگار ہونا ۔ خواہش مند ہونا ۔ مشتاق ہونا ٭

بُلبُل ٹین (مہند) (انگ ۔ ویلویٹین ۔ Velveteen) مذکر و مؤنث ۔ (عوام) سوتی مخمل ۔ نقلی مخمل ٭

بُل بھکوا (بُل ۔ بَھک ۔ وا) (ہ) حریص ۔ بوالہوس ۔ پیری میں شباب کی خواہشات رکھنے والا ٭

بل تاڑ (بَل ۔ تاڑ) (ہ) مذکر۔ وہ نر تاڑ جس میں پھل کے بجائے بالیں نکلتی ہیں ٭

بلتوڑ (بَل ۔ توڑ) (ہ) مذکر۔ وہ پھنسی، جو انسان کے جسم پر بال ٹوٹنے سے نکل آتی ہے ٭

بلٹانا (بَل ۔ ٹا ۔ نا) (ہ) (۱) صرف کرنا ۔ ضائع کرنا (۲) (عوام) الٹ دینا ٭

بلٹنا (بِلٹ ۔ نا) (ہ) (۱) صرف ہونا ۔ ضائع ہونا (۲) (عوام) مچلنا ٭

بِلٹی (بِل ۔ ٹی) (مہند) (انگ ۔ بلٹ ۔ Billet) مؤنث ۔ چھوٹا بل ۔ (۱) مال کی رسید، جو جہاز یا ریل کے دفتر سے مال والے کو ملتی ہے (۲) فردِ اشیاء ۔ اسباب کی فہرست ٭

بلچک (بَل ۔ چَک) (ہ) مؤنث (لکھنؤ) (۱) قبضۂ شمشیر کی ضرب (۲) تلوار کی لچک اور لپک ٭

بلخ (بَلخ) (ف) مذکر۔ ایک شہر کا نام ٭

بلد (بَلَد) (ع) مذکر (۱) شہر ۔ بستی (۲) ماہر ۔ واقف ٭

بلدہ (بَل ۔ دَہ) (ع) مذکر۔ شہر ۔ قصبہ ۔ بستی ٭

بلدیّہ (بَل ۔ دی ۔ یَہ) (ع) مؤنث ۔ صفائی اور حفظانِ صحت کا محکمہ ۔ میونسپلٹی ۔ کارپوریشن

بَل رانڈ (بَل ۔ رانڈ) (ہ) مؤنث ۔ بال بدھوا، بچپن کی رانڈ، صغر سنی کی رانڈ، چھوٹی عمر کی بیوہ ٭

بلسان (بَل ۔ سان + بَل ۔ سان) (ع) مذکر ۔ مصر کا ایک مشہور درخت جس کے پتوں سے روغن نکلتا ہے ٭

بِلسنا (بِلس ۔ نا) (ہ) (عو) (۱) زندگی کا لطف اٹھانا ۔ آرام پانا (۲) استعمال میں لانا ۔ نیگ لگانا ۔ برتنا ٭

بلعم باعور (بَل ۔ عَم ۔ با ۔ عُور) (ع) مذکر ۔ بنی اسرائیل کے ایک عالم کا لقب ٭

بُلَغاء (بُلَ ۔ غا) (ع) مذکر ۔ بلیغ کی جمع ٭

بلغم (بَل ۔ غَم) (ع) مذکر ۔ تھوک ۔ کھنکار ۔ کف ۔ چار خلط انسان میں سے ایک خلط ٭ **بلغم آنا** ۔ بلغم خارج ہونا ٭ **بلغمی** (۱) مرطوب ۔ بادی ۔ بلغمی مزاج والا (۲) موٹا (۳) (مجازاً) کاہل ۔ سست (۴) موٹی سمجھ والا ٭

بِلقیس (بِل ۔ قیس) (ع) مؤنث ۔ ملک شام میں ریاست سبا کی ملکہ، جو مذہباً آفتاب پرست تھی، پھر حضرت سلیمانؑ سے ملاقات کرنے پر ان کے زہد اور عبادت سے متاثر ہو کر ان کی زوجہ بن گئی ٭

بِلک (بِلَک) (ہ) بِلکنا کا امر ٭ **بِلکا** (۱) بلکانا کا امر (۲) بِلکنا سے ماضی مطلق ۔ **بلکانا** (بِل ۔ کا ۔ نا) (ہ) (عو) (۱) بچوں کو رلانا ۔ پھڑکانا (۲) بے قرار کرنا ۔ بے چین کرنا ٭ **بلکنا** (۱) بچے کا تڑپ تڑپ کے رونا ۔ بلبلانا ۔ پھڑکنا (۲) بے چین ہونا ۔ بیتاب ہونا ٭

بلکہ (بَل ۔ کہ) (ہ) (۱) علاوہ ۔ پھر بھی (۲) شاید ۔ ضرور ٭

بل گوندھن (بَل ۔ گوں ۔ دَھن) (ہ) مؤنث (لکھنؤ) (۱) شادی کی ایک تقریب، جس میں دلھن کے سر کے بال گوندھے جاتے ہیں ۔ پٹیاں (۲) لڑکیوں کے بال گوندھنے کی تقریب ٭

بِلّلا (بِلَل ۔ لا) (ہ) (صفتِ مذکر) (۱) بے سلیقہ ۔ بیہودہ ۔ لغو ۔ اول جلول ۔ بے وقوف ۔ احمق (۲) متلوّن مزاج (۳) ناتجربہ کار (۴) اناڑی ٭ **بِلّلی** ۔ (صفتِ مؤنث) ٭ **بِلّلے پن کی باتیں** ۔ مؤنث (عو) اول جلول باتیں ۔ بھولا پن ظاہر کرنے والی باتیں ۔ بے وقوفی کی باتیں ٭

بَلَم ۔ بلّم ۔ بَلما (بَلَم + بَل ۔ لَم + بَل ۔ ما) (ہ) مذکر (۱) شوہر ۔ خاوند ۔ خصم ۔ مالک (۲) معشوق ۔ پیارا (۳) عاشق ٭

بلّم (بَل ۔ لَم) (ہ) مذکر ۔ (۱) نیزہ ۔ برچھا ۔ بھالا (۲) بڑی لاٹھی ۔ نشان ۔ عصا ۔ سونے یا چاندی کا خول چڑھا ہوا عصا، جو امیروں اور بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے لے کر چلتے ہیں ٭ **بلّم بردار** (ہ) نیزہ بردار ۔ عصا بردار ٭

بلّم ٹیر (محرّب) (انگ ۔ والنیٹر ۔ Volunteer) مذکر ۔ (عوام) (۱) وہ شخص، جو رضا و رغبت سے فوج میں بھرتی ہو (۲) وہ شخص، جو اپنے آپ کو قومی یا ملکی خدمت کے لیے پیش کرے ۔ رضاکار ٭

بلنا (بَل ۔ نا) (ہ) (۱) بل دینا ۔ بٹنا (۲) بُننا ۔ گوندھنا (۳) سلگنا ۔ جلنا (۴)

بھڑکنا، شعلہ اٹھنا۔ روشن ہونا ؛

بُلند (بُلَند۔ بِلَند۔ بُلَند۔ بیشتر "بلند" زبانوں پر ہے ؛) (ف) (۱) اونچا۔ برتر۔ عالی۔ (۲) طویل۔ لمبا۔ دراز ؛ بلند آواز (۱) بڑی آواز۔ اونچا سُر۔ اونچی اور اٹھان والی آواز۔ (۲) بڑی آواز والا ؛ بلند اختر۔ خوش اقبال۔ خوش نصیب۔ بلند طالع ؛ بلند اقبال۔ خوش قسمت ؛ بلند بخت۔ اقبال مند ؛ بلند پایہ۔ عالی مقام ؛ بلند پرواز (۱) اونچی اُڑان (۲) اونچا اُڑنے والا (۳) (مجازاً) عالی دماغ۔ عالی خیال، گہری فکر اور غائر نظر رکھنے والا ؛ بلند پروازی۔ مؤنث (۱) لاف و گزاف۔ خودستائی۔ خودنمائی (۲) عالی دماغی۔ عالی خیالی ؛ بلند جاہ۔ بلند مرتبہ ؛ بلند حوصلہ (۱) عالی ہمت۔ بلند ہمت۔ بہادر۔ دلاور۔ جری۔ دل چلا (۲) فیاض۔ سخی ؛ بلند قامت۔ دراز قد۔ لمبے قد والا ؛ بلند مرتبہ۔ عالی قدر ؛ بلند مضمون۔ مذکر۔ اعلیٰ مضمون ؛ بلند نظر (۱) بڑے حوصلے والا۔ عالی خیال۔ عالی ہمت۔ سیر چشم۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنے والا (۲) اونچی نظر والا۔ چھوٹی باتوں پر خیال نہ کرنے والا ؛ بلند ہمت۔ بلند حوصلہ ؛ بلندی۔ مؤنث (۱) اونچائی۔ ارتفاع (۲) لمبائی۔ درازی (۳) برتری (۴) غرور۔ نخوت۔ ان معنی میں بالعموم مستعمل نہیں ؛

بِلنگنا (بِلَنگ۔ نا) (ہ) (۱) اچھل کر پکڑنا۔ کودنا (۲) کسی چیز کی طرف اٹھنا یا چڑھنا۔ (۳) لٹکنا (۴) پکڑنا۔ نہ چھوڑنا ؛

بلنگنی (بِلَنگ۔ نی) (ہ) مؤنث۔ کپڑے وغیرہ لٹکانے کی ڈوری۔ لٹکن۔ لٹکنا۔ الگنی ؛

بلنی (بِل۔ نی) (ہ) مؤنث۔ آنکھ کی ایک بیماری جس سے پلکیں یا بھوؤں کے بال گر پڑتے ہیں ؛

بلوا (بَل۔ وا) (ہ) مذکر۔ لڑائی۔ دنگا۔ فساد ؛ بلوائی۔ بلوا کرنے والے ؛

بلوبک (بلُو بُک) (انگ۔ Blue black) مؤنث (۱) (لغوی) نیلی کتاب (۲) پارلیمنٹ کی رپورٹیں اور کاغذات (۳) ہندوستان اور انگلستان کی سرکاری اطلاع کی کتاب (۴) خاص راز کی باتیں لکھنے کی نوٹ بک ؛

بِلوٹا (بِلَو۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ بلی کا بچہ ؛

بِلّور (بِل۔ لَوْر + بِل۔ لُور + بِل۔ لَوْر۔ فارسی میں بہ تخفیف لام ہے ؛) (ع) مذکر۔ ایک نہایت صاف و شفاف پتھر۔ تابناک جوہر ؛ بلوریں (ف) (۱) بلور کا بنا ہوا۔ (۲) بلور جیسا صاف و شفاف اور چمکیلا ؛

بلوط (بَلُّوط۔ لام کی تخفیف سے زبانوں پر ہے ؛) (ع) مذکر۔ ایک پہاڑی درخت، جس کی چھال سے چمڑا رنگا جاتا ہے۔ سیتا سپاری کا پیڑ ؛

بلوغ۔ بلوغت (بُلُوغ + بُلُوغَت) (ع) (۱) مذکر (۲) مؤنث (۱) حد کو پہنچنا (۲) بالغ ہونا (۳) شباب، جوانی (۴) کمال ؛

بلونا (بِلو۔ نا) (ہ) (۱) (دہلی) متھنا۔ متھانی یا رئی سے دودھ دہی کو حرکت دینا (۲) نیل کے پانی کو حرکت دینا۔ گھنگھولنا ؛ بِلونی (بِلَو۔ نی) مؤنث۔ دودھ متھنے کا برتن ؛ بِلوَیّا (بِل۔ وَی۔ یا) بلونے والا۔ دودھ یا نیل کو متھنے والا ؛

بِلبِلوں بِلوں (بِلُوں۔ بِلُوں) (ہ) مؤنث (عو) (۱) ہائے ہائے۔ واویلا (۲) تنگی، عسرت (۳) کمیابی۔ کمی (پڑنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

بلوہ (بَل۔ وَہ) (ف) [عربی۔ بلویٰ۔ سختی۔ محنت۔ آزمائش] مذکر۔ (۱) غدر۔ بغاوت (۲) سرکشی۔ سرتابی۔ نافرمانی (۳) فتنہ فساد، غل شور۔ (۴) بدعملی، بدنظمی، ہل چل، کھلبلی (۵) انبوہ۔ ہجوم۔ مجمع۔ بھیڑ (۶) (قانون) بہت سے آدمیوں کا فساد کرنے پر آمادہ ہونا اور فساد کرنے کی نیت یا قصد سے مجمع میں شریک ہونا (ہنگامے میں پہلے سے جرم کا ارادہ نہیں ہوتا) ؛

بلہاری (بَل۔ ہا۔ ری) (ہ) (۱) صدقے۔ واری۔ نثار۔ قربان (۲) تصدق یا نثار ہونے والا ؛

بلہرا (بِلْہ۔ رَا) (ہ) مذکر۔ پان رکھنے کا لمبا ڈبا ؛

بَلّی (بَل۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) سال کے درخت کی لمبی شاخ (۲) تھونی۔ تھم، کھم، ستون، اڑواڑ۔ ٹیک (۳) کشتی چلانے کا بانس (۴) بڑا لمبا بانس ؛ بَلّی مار۔ کشتی چلانے والا۔ ناؤ کھینے والا۔ ملاح ؛ بَلّی مارنا۔ ناؤ کھینا۔ کشتی چلانا ؛ بَلّیوں پانی ہونا۔ بہت زیادہ پانی ہونا ؛

بِلّی (بِل۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) شیر کی قسم کا بہت چھوٹے قد والا ایک گوشت خوار درندہ۔ گربہ۔ بلّے کی مادہ۔ یہ جانور اکثر چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے۔ (۲) چھوٹی لکڑی جو کواڑ بند رکھنے کے لیے لگائی جاتی ہے ؛ بلّی الانگنا (۱) جس طرف سے بلّی گئی ہو، اس راستے کو کاٹ کر آنا۔ (۲) (مجازاً) لڑنے جھگڑنے اور فساد کے ارادے سے آنا۔ (۳) بے وجہ ناراض ہونا ؛

بلّی بھی لڑتی ہے تو منہ پر پنجہ دھر (رکھ) لیتی ہے۔ مثل۔ حیوان بھی لڑنے سے شرماتے ہیں ؛ بلّی جب گرتی ہے تو پنجوں کے بل۔ مثل۔ ہوشیار آدمی اپنی حفاظت اور آرام کا خیال رکھتا ہے ؛ بلّی خدا واسطے چوہا نہیں مارتی۔ مثل۔ ہر شخص اپنے فائدے کے لیے کام کرتا ہے ؛ بلّی سے چھیچھڑوں کی رکھوالی۔ خیانت کرنے والے سے امانت داری نہیں ہو سکتی۔ بددیانت سے دیانت داری کی اُمید رکھنا۔ بُرے سے نیکی کی توقع رکھنا ؛ بلّی کا توڑ جانا۔ بلّی کا کسی جانور کو حملہ کرکے مار ڈالنا۔ بلّی کا راستہ کاٹنا۔ بلّی کا رونا۔ یہ دونوں باتیں بہت منحوس سمجھی جاتی ہیں ؛ بلّی کا گُوہ نہ لیپنے کا نہ پوتنے کا۔ مثل۔ بالکل نکمّے آدمی کے متعلق بولتے ہیں ؛

بلّی کھائے گی نہیں تو پھیلائے گی ضرور۔ مثل۔ بدذات اور کمینہ چاہے خود فائدہ نہ اٹھائے لیکن نقصان ضرور پہنچاتا ہے ؛ بلّی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے یا بلّی کی میاؤں کو کون پکڑے۔ یا۔ کون پکڑ سکتا ہے ؟ مثل۔ ظالم کا خوف کافی ہے۔ زور آور کا رعب بہت ہے۔ زبردست کی جھپٹ کون سنبھالے گا ؟

بلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا۔ مثل۔ ضرورت کے مطابق چیز مل گئی۔ حسب خواہش کام بن گیا ؛ بلّی کے خواب میں چھیچھڑے (ہی چھیچھڑے) (ا) مثل۔ جس مذاق کا آدمی ہوتا ہے، اسے ویسا ہی خیال رہتا ہے اور اسی کی دھن لگی رہتی ہے۔ جیسا کوئی خود ہوتا ہے ویسے ہی خیالات ہوتے ہیں۔ اس شخص کے متعلق کہتے

ہیں، جو جا و بے جا حسب خواہش چیز ہی کا ذکر کرے ٭
بِلّی لوٹن (ہ) مذکر - ایک قسم کی خوشبودار گھاس جس کی بُو پر بلّی لوٹ اور فریفتہ ہے - بالچھڑ - سنبل الطیب - بادرنجبویہ ٭ بلّی نانگھ کر آنا - اقبِھیے بِلّی اُلانگنا
بلی (بلاً) (ع) ہاں ٭
بلیات (بَلِیْ یَاتْ) (ع) مؤنث - بلیّہ کی جمع - یہ لفظ واحد کی طرح مستعمل ہے - الابلا ٭
بَلَیَّاں لینا (او) (عوام) (۱) دوسرے کی بلائیں اپنے سر لینا - بلائیں لینا (۲) (مجازاً) چوگرد پھرنا - چاروں طرف پھرنا ٭
بلید (بَلِیْدْ) (ع) (۱) کُند ذہن - کم سمجھ (۲) بُرا ٭
بلیڈ (بَلیْڈْ) (انگ Blade) مذکر - چاقو وغیرہ کا پھل - دھار ٭
بلیرڈ (بِلْ - یَرْڈْ) (انگ Billiard) مذکر - انٹے کا کھیل جو میز پر ہاتھی دانت کی گولیوں سے لمبی لکڑیوں کے ساتھ کھیلا جاتا ہے ٭
بلیغ (بَلِیْغْ) (ع) (۱) پورا - مکمل - کامل (۲) انتہا کو پہنچا ہوا - فاضل (۳) حسب موقع گفتگو کرنے والا - اعلیٰ درجے کی زبان لکھنے اور بولنے والا - خوش بیان - تیز زبان ٭
بلیلہ (بَلِیْ - لَہْ) (ف) مذکر - بہیڑا - بڑی ہڑ کی قسم سے ایک دوا ٭
بلینڈا (بَلِیْں - ڈَا) (ہ) مذکر (۱) چھپر کی منڈیر یا بیچ کا بڑا بانس (۲) (عوام) بُکنڈلا - گولا (۳) (دہلی) (مجازاً) بہت لمبا مرد (۴) چھت کی کڑی ٭
بلینڈی - مؤنث (۱) چھپر کے بیچ کا بڑا بانس یا بڑی لکڑی (۲) (دہلی) (مجازاً) بہت لمبی عورت ٭
بلیہ (بَلِیْ - یَہْ) (ع) مؤنث - بلا - دکھ - آزمائش ٭

ب - م

بَم (بَمْ) (او) مؤنث (۱) لمبی لکڑی جسے گاڑی کے آگے لگا کر گھوڑا جوتا جاتا ہے، بگھی کا بانس (۲) (ہ) مؤنث - پانی کا سوراخ - چشمہ (۳) شورغل (۴) شِو کے پکارنے کی آواز - وہ آواز جو شِو کی پرستش کے وقت گالوں کو پھلا کر نکالی جاتی ہے (۵) دھونسا - نقارہ ٭ (۶) (ف) زیر کے برعکس - راگ یا باجے کی اونچی آواز - اونچا سُر ٭ بم بولنا (او) جے پکارنا ٭ بم پولیس (او) مذکر - عام جائے ضرور - عوام کے لیے موقع موقع سے بنوائی ہوئی ٹٹیاں ٭ بم پھوٹنا - (۱) کسی جگہ سے پانی کا پھوٹ نکلنا - پرنالا سا جاری ہونا (۲) کسی چیز کا کثرت سے نکل پڑنا
بم چخ (ہ) مؤنث - شور غل ٭ بم چخ مچانا - (۱) شورغل کرنا - دُہائی دینا - (۲) ہل چل ڈالنا - ہنگامہ برپا کرنا - فساد بپا کرنا ٭ بم چخ مچنا - لازم ٭
بم کا گولا - مذکر - ایک خاص قسم کا گولا جو پھینکنے سے پھٹ جاتا ہے ٭
بم مچانا - فریاد کرنا ٭ بم مہادیو (ہ) (۱) مہادیو کی جے - مہادیو کا بول بالا (۲) مہادیو جی مدد کرو - یا بابا آدم مدد ٭

بمان - بوان (بِمَانْ - بِوَانْ) (ہ) مذکر (۱) تخت رواں - دیوتاؤں کا رتھ (۲) غبارہ، بیلون، اُڑن کھٹولا، ہوائی جہاز، زیپلن (۳) نہایت سجی ہوئی ارتھی - تابوت ٭
بمب (بَمْبْ) (بَمْبْ - بَمْ) (انگ Bomb) مذکر - بھک سے اُڑ جانے والا مادہ ٭
بمبا (بَمْ - بَا) (او) مذکر (۱) چشمہ - نالا - پانی کی نالی (۲) نل - کسی اونچی جگہ پانی پہنچانے کی کل ٭
بمبوائن ٹو (انگ Bamboo) مذکر (۱) چنڈو پینے کی نے جس پر چنڈو رکھ کر کش لگاتے ہیں (۲) تاڑ اور کھجور کی لکڑی ٭
بمبوکارٹ (انگ Bamboo cart) مؤنث - ایک قسم کی ٹم ٹم ٭
بمبئی (بَمْ - بَئی) (او) مؤنث (۱) ہندوستان کا ایک مشہور شہر اور بندرگاہ - (۲) ایک قسم کا آم -
بمنا (بَمْ - نَا) (ہ) مذکر - ایک رنگ کا کبوتر - سرخ، سبز، زرد یا سیاہ رنگ کبوتر کی چونچ کے نیچے چند پر سفید ہوتے ہیں - اسے بمنا کہتے ہیں ٭
بمنی (بَمْ - نِیْ) مؤنث - بمنا کے رنگ کی کبوتری ٭
بمنزلہ (بِمَنْ - زِلَہْ) (ف - ع) بالعوض - بطور - بجائے ٭
بمنیٹا (بَمْ - نِیْ - ٹَا) (ہ) مذکر (عوام) برہمن کا بیٹا ٭
بموجب (بِمُوْجَبْ) (ف) مطابق - موافق - جیسا - حسب ٭

ب - ن

بن (بَنْ) (ہ) مذکر (۱) جنگل - بیلا - جہاں بہت سے درخت ہوں (۲) ریگستان، بیابان، صحرا، میدان (۳) باڑی (۴) کپاس کا پودا (۵) کپاس کا کھیت (۶) مرغزار ٭ بن باس - مذکر - جنگلوں میں رہنا - دیس نکالا ٭ بن باس کرنا - (ہندو) (۱) بن میں جا کر رہنا (۲) جلاوطن ہونا - (۳) آبادی سے نکال دینا (۴) جنگل میں رہنے کا حکم دینا ٭
بن باسی - مذکر (۱) جنگل میں رہنے والا - جنگلی (۲) آبادی سے باہر رہنے والا (۳) راجہ رام چندر جی کا لقب جو چودہ برس تک جنگل میں رہے تھے ٭
بن بلاؤ - مذکر - جنگلی بلا ٭
بن بھانٹا - مذکر - جنگلی بینگن ٭
بن تیتر - مذکر - جنگلی تیتر ٭
بن کٹیا - مؤنث - ایک خاردار بوٹی ٭ بن کریلا - مذکر - چھوٹا اور بہت کڑوا جنگلی کریلا ٭
بن کنڈا - مذکر - خشک جنگلی اُپلا ٭ بن مانس - مذکر (۱) جنگلی آدمی (۲) (مجازاً) وحشی آدمی ٭
بَنْ (ہ) بننا کا امر ٭ بن آنا (۱) کام درست ہونا - معاملے کا خاطر خواہ طے ہو جانا - مراد حاصل ہونا - مطلب بر آنا (۲) کارگر ہونا - سودمند ہونا (۳) قسمت کھلنا (۴) بس چلنا،

ہوسکنا ۔ امکان میں ہونا ۔ ممکن ہونا ۔ مناسب ہونا ۔ موقع ہاتھ لگنا ۔ موقع ہونا (۵) تدبیر بن پڑنا ؛

بن آئے کی بات ۔ مؤنث ۔ موقع ملنے کا ثمرہ ۔ بس چلنے کا نتیجہ ؛

بن بنا کر (۱) تیار ہوکر ۔ درست ہوکر (۲) سنگار کرکے ۔ بن سنور کے ؛

بن بن کے بگڑ جانا ۔ (۱) تیاری کے قریب پہنچ کر کسی کام کا خراب ہوجانا ۔ درست ہوکر کسی کام کا خراب ہوجانا (۲) نمائشی طور پر، بناوٹ سے، دکھانے کے لیے خفگی ظاہر کرنا ؛

بن بیٹھنا ۔ ازخود کوئی وضع اختیار کر لینا ؛

بن پڑنا ۔ (۱) موقع ہاتھ آنا (۲) سرسبزی ہونا ۔ کامیابی ہونا ۔ مراد حاصل ہونا ۔ معاملے کا رو براہ ہونا (۳) کارگر ہونا ۔ سودمند ہونا (۴) مجبور ہونا (۵) سمجھ میں آنا ۔ سوجھنا (۶) موقع ملنا ۔ امکان میں ہونا ۔ ہو سکنا ؛

بن پڑے کی بات ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "بن آئے کی بات" ؛ بن جانا (۱) پَر کے ساتھ مجبوری ہونا ۔ اثر ہونا (۲) رنج ۔ صدمے یا بلا میں پھنس جانا (۳) بارونق ہوجانا ۔ بہتر ہوجانا ۔ خوش نما ہوجانا (۴) ذائقہ دار ہوجانا (۵) باجاہ و ثروت ہوجانا ۔ مال دار ہوجانا (۶) نشان پڑ جانا (۷) وضع اختیار کرنا ؛

بن کر کھیل بگڑنا ۔ اُمید ہوتے ہوتے ناکامی ہونا ۔ ناکام ہونا ۔ کام ہوتے ہوتے رہ جانا ؛ بن نہ آنا ۔ بن نہ پڑنا (۱) کام نہ بننا ۔ بندوبست نہ ہو سکنا (۲) جواب نہ دے سکنا (۳) مجبور ہونا ؛ بَنَا (یا بَنا ہُوا) (۱) مرکّب (۲) تیار (۳) مسلّمہ ۔ طے شدہ (۴) مکمل ۔ ختم شدہ (۵) مرتّب (۶) مضبوط (۷) نمائشی ۔ نقلی (۸) مصنوعی ۔ جھوٹ ۔ جعلی (۹) وہمی ۔ خیالی ۔ بے بنیاد (۱۰) تیار کرکے (ایسے موقع پر لکھنؤ میں "بنا کر" کہتے ہیں) (۱۱) بننا سے ماضی مطلق (دہلی میں "کہے بنا"، "آئے بنا" وغیرہ اور لکھنؤ میں "کہتے بنا"، "آتے بنا" وغیرہ بولتے ہیں) (۱۲) بنانا کا امر ؛

بنا بنایا ۔ تیار ۔ باقاعدہ ۔ درست ۔ ٹھیک ؛ بنا بیٹھا ہے ، بنے بیٹھے ہیں، بنی بیٹھی ہے ۔ صورت بنائے ہے ۔ وضع بنائے ہے ؛ بنا ٹھنا (۱) زیور اور لباس سے آراستہ (۲) چھیل چھبیلا ۔ بانکا ؛

بنا رہنا (۱) زندہ رہنا ۔ سلامت رہنا (۲) حاضر رہنا ۔ موجود رہنا (۳) جاگزیں رہنا (۴) دولت اور اقبال کی ترقی ہونا (۵) برقرار رہنا ۔ جاری رہنا ۔ سرسبز رہنا ۔ خوش و خرم رہنا ۔ آباد رہنا ؛

بنا لانا ۔ درست کر لانا ۔ تیار کر لانا ؛ بنا لینا (۱) تیار کر لینا (۲) انتظام کر لینا (۳) نقصان پہنچانا (بالعموم کیا کے ساتھ) (۴) پیدا کرنا ۔ حاصل کرنا ؛

بنانا (بَنا ۔ نا) (۱) آراستہ کرنا (۲) احمق بنانا ۔ خندہ زنی کرنا ۔ ہجو ملیح کرنا ۔ خفیف کرنا (۳) مکمل کرنا ۔ درست کرنا (۴) تیار کرنا (۵) ایک حالت سے دوسری حالت کر دینا (۶) تعمیر کرنا (۷) صاف کرنا (۸) (مسودہ) چھیل کاٹ کر درست کرنا ، ترمیم کرنا (۹) (ہندوؤں کی اصطلاح) پکانا (۱۰) انداز بنانا ۔ صورت بنانا (۱۱) صحیح کرنا ۔ اصلاح دینا ۔ اصلاح کرنا (۱۲) تربیت دینا ۔ ادب سکھانا (۱۳) (عو) موزون کرنا (۱۴) مرتب کرنا (۱۵) پیدا کرنا ۔ حاصل کرنا (۱۶) کھینچنا (۱۷) نقصان کرنا ۔ (۱۸) خط کی اصلاح کرنا ۔ مونڈنا ؛

بناؤ (بَنا ۔ اُؤ) مذکر (۱) بگاڑ کے برعکس ۔ میل جول ۔ دوستی (۲) آرائش ۔ زیبائش ۔ آراستگی (۳) (عو) بناوٹ (۴) بنانا سے مضارع کا صیغہ جمع حاضر (۵) امر کا صیغہ جمع حاضر ؛ بناؤ چناؤ ۔ مذکر ۔ سنگار ؛ بناؤ سنگار ۔ مذکر ۔ زیبائش ۔ آرائش ؛

بناؤ دینا (عو) اچھا معلوم ہونا ۔ زیب دینا ؛

بناؤ کرنا ۔ زیبائش کرنا ۔ سنگار کرنا ۔ آراستہ ہونا ۔ سنورنا ؛ بنائے نہ بننا ۔ تدبیر کارگر نہ ہونا ۔ اختیار سے باہر ہونا ۔ مجبور ہونا ؛

بننا (بَن ۔ نا) (ف) (۱) آراستہ ہونا (۲) احمق بننا ۔ خفیف ہونا (۳) اختراع ہونا (۴) ایجاد ہونا (۵) نکلنا (۶) درست ہونا ۔ صحیح ہونا ۔ ٹھیک ہونا ۔ مکمل ہونا ۔ مرمت ہونا (۷) وجود میں آنا (۸) تیار ہونا (۹) سنورنا ۔ سدھرنا (۱۰) وضع اختیار کرنا ۔ شکل اختیار کرنا ۔ ہوجانا (۱۱) تالیف ہونا ۔ تصنیف ہونا ۔ تیار ہونا ۔ مرتب ہونا ۔ لکھا جانا ۔ انتخاب ہونا (۱۲) (ہندو) صاف ہوکر پکنے کے قابل ہونا ۔ تیار ہونا ۔ پکنا (۱۳) مناسب ہونا ۔ چارۂ کار ہونا (۱۴) اصلاح ہونا (۱۵) امیر ہونا ۔ مال دار ہونا (۱۶) (شطرنج کے کھیل میں) پیادے کا مہرہ ہوجانا (۱۷) اینٹھنا ۔ اکڑنا (۱۸) موافقت ہونا ۔ نباہ ہونا (۱۹) انجان بننا (۲۰) وضع پلٹنا ۔ بھیس بدلنا (۲۱) منقش ہونا ۔ کھنچنا (۲۲) رائے میں اتفاق ہونا ، ملاپ ہونا ، میل ہونا ، موافق ہونا (۲۳) (قمار باز) حاصل ہونا (۲۴) آبرو ہونا ۔ عزت ہونا ۔ ساکھ ہونا (۲۵) بندوبست ہونا ۔ موقع ملنا ۔ ہو سکنا ۔ ممکن ہونا (۲۶) کوڑا کرکٹ جدا ہونا ، صاف ہونا ، پھٹکا جانا (۲۷) اصلاح ہونا ۔ کترا جانا ۔ منڈنا (۲۸) طے ہونا (۲۹) شکل پیش آنا ؛

بننا ٹھننا ۔ بناؤ کرنا ؛ بننا سنورنا ۔ سنگار کرنا ؛ بنوانا ۔ بنانا کا متعدی ؛

بِن (بِن) (ع) ابن ۔ بیٹا ۔ جب یہ لفظ دو ناموں کے درمیان آئے تو الف محذوف ہو جاتا ہے ۔ مذکر ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ ولد ۔ اولاد ؛

بِن (بِن) (ہ) بغیر ۔ بجز ۔ بدوں ۔ سوا (لکھنؤ میں بن کے بجائے بے بولا جاتا ہے) ؛

بن آئی ۔ اچانک موت کے بغیر ؛ بن آئی مرنا (۱) بے موت آئے مرنا ۔ بے وقت مرنا ۔ عمر طبعی ختم ہونے سے پہلے مرنا ۔ مرگِ مفاجات میں مبتلا ہونا (۲) بے گناہ مارا جانا ۔ ناحق تباہ ہونا ۔ بے سبب کسی بلا یا مصیبت میں پھنس جانا ؛

بن بلائے (بلائی) احمق لے دوڑے (دوڑی) صحنک (اُ) مثل (عو) بے پوچھے کسی معاملے میں دخل دینے والے اور بے بلائے کسی کے گھر جانے والے کے متعلق کہتی ہیں ؛

بن بیاہا (ہ) مذکر (عو) کنوارا ؛

بن بیاہی ۔ مؤنث (عو) کنواری ؛

بن داموں (کا) غلام (اُ) مذکر (عو) بے معاوضہ خدمت کرنے والا شخص ۔ فرماں بردار بے حد مطیع ؛ بن داموں کا نوکر ۔ فرماں بردار ۔ بے حد مطیع (مرد) ؛ بن داموں کھوٹا (عو) مفت بھی کام کا نہیں ؛ بن داموں کی لونڈی (عو) فرماں بردار ۔ بے حد مطیع (عورت) ۔

بن روئے (بِنا ۔ مانگے) ماں بھی دودھ نہیں دیتی (اُ) مثل ۔ کوشش کے بغیر کچھ نہیں ملتا ۔ بے طلب کوئی مطلب حاصل نہیں ہوتا ؛

بن مارے کی توبہ (اُ) مؤنث (عو) بیجا فریاد ۔ ناحق کی شکایت ؛ بن مانگے موتی

ملیں مانگے ملے نہ بھیک (ہ) مثل (۱) مانگے بغیر قیمتی چیز مل جاتی ہے، لیکن جس کی طلب ہو، وہ مانگنے سے بھی نہیں ملتی (۲) مطلوب بڑی مشکل سے ملتا ہے (۳) توکّل کرنے والے کو سب کچھ مل جاتا ہے۔ یہ سب قسمت کے کھیل ہیں ⁂

بُن (بُنْ) (ع) مذکر۔ قہوہ ⁂

بُن (بُنْ) (ف) مؤنث۔ جڑ۔ انتہا ⁂ بُنِ ران۔ مؤنث۔ ران کی جڑ ⁂ بُنِ گوش مؤنث۔ کان کی لو کے پیچھے کا حصّہ ⁂ بُنِ مُو۔ مؤنث۔ بال کی جڑ۔ رُوَاں ⁂

بُن (بُنَ) (ہ) بُننا کا امر ⁂ بُنا (بُنَا) بُننا سے ماضی مطلق ⁂ بُنانا۔ بُننا کا متعدی ⁂ بُننا۔ (۱) دھاگوں کا ترکیب سے لگا کر کپڑا تیار کرنا (۲) کاڑھنا (۳) چارپائی میں قاعدے سے بان لگانا ⁂ بُنوانا (بُنْ۔ وَا۔ نَا) بُنانا کا متعدی ⁂

بنا (بَنَا) (ہ) مذکر (۱) نوشاہ۔ دُولھا (۲) پیارا۔ لاڈلا ⁂

بنا (بِنَا) (ہ) دیکھیے "بِنْ" (بغیر) ⁂

بِنا (بِنَا) (ع) مؤنث (۱) بنیاد۔ جڑ (۲) اصل۔ اقناد (۳) سبب، باعث، وجہ، موجب، کارن (۴) شروع۔ ابتدا۔ آغاز ⁂ بِنا پڑنا (۱) بنیاد قائم ہونا۔ تعمیر کی بنیاد رکھی جانا (۲) آغاز ہونا۔ ابتدا ہونا ⁂ بِنا ڈالنا (۱) بنیاد رکھنا۔ نیو ڈالنا (۲) خاکہ ڈالنا۔ ڈھنگ ڈالنا (۳) جڑ جمانا۔ نیو جمانا (۴) شروع کرنا ⁂ بناءً علیہ۔ اسی بنیاد پر۔ اسی وجہ سے ⁂

بِنائے دعویٰ (قانون) مؤنث۔ دعوے کی وجہ۔ استغاثے کا سبب۔ خصومت کی بنیاد ⁂ بِنائے مخاصمت (قانون) مؤنث (۱) وہ فعل جس سے نالش کرنے کا حق پیدا ہو (۲) لڑائی جھگڑے کی بنیاد ⁂

بُنات (بُنَات) (ہ) مؤنث۔ بانات کا مخفف ⁂

بَنات (بَنَات) (ع) مؤنث۔ بِنت کی جمع (۱) بیٹیاں (۲) گڑیاں ⁂

بنات النّعش (بَنَا۔ تُنْ۔ نَعْش) (ع) مذکر (۱) (لغوی) "ابن النّعش" کی جمع۔ جنازہ اٹھانے والے (۲) (اصطلاحی) وہ سات ستارے جو قطب شمالی کے قریب اور قطب کے گرد پھرتے ہیں ⁂

بَنادِر (بَنَادِرْ) (ف) مذکر۔ بندر (بارگاہ) کی جمع جو عربی قاعدے سے بنائی گئی ہے ⁂

بنارس (بَنَا۔ رَسْ) (ہ) مذکر۔ صوبجات متحدہ کا مشہور شہر جو ہندوؤں کا بڑا تیرتھ ہے۔ یہاں کے ٹھگ نہایت عیار ہوتے ہیں ⁂

بنارسی۔ بنارس سے متعلق ⁂ بنارسی ٹھگ۔ مذکر (۱) بنارس کا ٹھگ (۲) بڑا بدمعاش جو بظاہر شریف معلوم ہو ⁂

بناس پتی (بَنَا سْ۔ پَتی) (ہ) مؤنث (۱) نباتات۔ گھاس جنگل کی پتیاں۔ ساگ پات۔ جنگلی پھل (۲) سبزی مائل زرد رنگ (۳) سبز کی مائل زرد مہرا ⁂

بُناگوش (بُنَا۔ گُوش) (ف) مؤنث۔ کان کی لو۔ کچیا ⁂

بُنالا (بُنَا۔ لَا) (ہ) مذکر۔ گوٹا کناری وغیرہ کا بانا ⁂

بنامی (بَنَا۔ مِی) (ہ) مؤنث۔ رہن یا بیع کی وہ معاملت جو دوسرے کے نام سے کی جائے اور اصلی شخص کوئی اور ہو ⁂

بنان (بَنَانْ) (ف) مذکر۔ بنانہ کی جمع۔ انگلیوں کے سرے ⁂

بناوٹ (بَنَا۔ وَٹ) (ہ) مؤنث (۱) وضع۔ ساخت۔ شکل۔ ترکیب (۲) تصنّع۔ ظاہری نمائش۔ ظاہرداری۔ تکلّف (۳) خلاف بیانی۔ سخن سازی۔ جھوٹ۔ دروغ گوئی (۴) جعل سازی۔ مکر و فریب (۵) مصلحتِ وقت کے مطابق بات (۶) صنعت۔ کاریگری۔ دستکاری (۷) نمود۔ دکھاوا ⁂

بُناوٹ (بُنَا۔ وَٹ) (ہ) مؤنث۔ بُننے کی وضع ⁂

بناوٹی (بَنَا۔ وَٹی) (ہ) مصنوعی۔ دکھاوے کا۔ خود ساختہ ⁂

بُنَت (بُنَتْ) (ہ) مؤنث (۱) کپڑے کی لمبی چپٹ پر نقرئی اور طلائی تاروں کا کام (۲) ایک قسم کی ٹوپی جس میں گوکھرو سلما ستارا لگا ہوتا ہے ⁂ بُنَت کی چُنّی۔ بُنَت میں ٹکے ہوئے شیشے کے ریزے ⁂

بِنْت (بِنْتْ) (ع) مؤنث۔ بیٹی۔ دختر۔ لڑکی ⁂ بِنْتُ البَحْر۔ مؤنث۔ سمندر کی بیٹی۔ جل پری ⁂ بِنْتُ العِنَب۔ مؤنث۔ انگور کی بیٹی۔ شراب ⁂

بنتی۔ بینتی (بَنْ۔ تی + بِینْ۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) عذر خواہی۔ معذرت (۲) التماس، التجا، عرض (۳) منّت و سماجت، ہندوؤں کی ایک رسم جس میں لڑکی والوں کی طرف سے دُولھا کی خدمت میں ایک نظم کے ذریعے اپنے انکسار کا اظہار اور دُولھا کی مدح کر کے لڑکی پر مہربانی کرنے کی استدعا کی جاتی ہے ⁂

بنٹا (بَنْ۔ ٹَا) (ہ) مذکر (۱) پیتل کا گھڑا۔ کلسا (۲) کھانا پکانے کا بڑا برتن (۳) بڑا لوٹا ⁂ بنٹا ڈھار کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ تہس نہس کر دینا۔ برباد کر دینا ⁂

بنٹنا (بَنْٹ۔ نَا) (ہ) تقسیم ہونا ⁂

بنج (بَنِجْ) (ہ) مذکر (۱) خرید و فروخت۔ لین دین (۲) تجارت۔ سوداگری۔ بیوپار (۳) کسب۔ کار۔ پیشہ ⁂

بنج کریں گے بانیے اَور کریں گے ریس } (ہ) مثل۔ بنج بیوپار کرنا
بنج کیا تھا جاٹ نے رہ گئے سَو کے تیس } بنیوں کا کام ہے۔ یعنی ہر شخص کو اپنا پیشہ کرنا چاہیے۔ دوسروں کی ریس کرنے سے نقصان ہوتا ہے ⁂

بنجارا (بَنْ۔ جَا۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) غلّے کا سوداگر (۲) ایک تاجر غلّہ ہندو فرقہ (۳) بیوپاری۔ سوداگر (۴) ایک پہاڑی قوم جو ہردوار سے گورکھپور تک دامنِ کوہ میں کثرت سے پائی جاتی ہے (۵) خانہ بدوش لوگ جو ہمیشہ مارے مارے پھرتے اور کسی خاص جگہ قیام نہیں کرتے (۶) پھر پھرا کر آنکھیں بنانے والا ⁂ بنجاری۔ مؤنث (۱) بنجارے کی بیوی (۲) (مجازاً) پائدار۔ موٹا۔ مضبوط (۳) اُبالا ہُوا غلّہ (۴) ایک قسم کا چھوٹا خیمہ جسے بنجارے استعمال کرتے ہیں ⁂

بنجر (بَنْ۔ جَرْ) (ہ) مؤنث (۱) غیر مزروعہ زمین (۲) ناقابل کاشت زمین (۳) جنگل ⁂ بنجر توڑنا۔ غیر مزروعہ یا افتادہ زمین کی کاشت کرنا۔ نو توڑ کرنا ⁂

بنجر جدید (بغیر اضافت) مؤنث۔ وہ زمین جس میں چار سال تک لگاتار کوئی جنس پیدا نہ ہوا اور پھل والے درخت بھی نہ ہوں۔ وہ اراضی جو عرصے تک غیر مزروعہ رہ کر کاشت کی گئی ہو ÷

بنجر قدیم - مؤنث - غیر مزروعہ زمین جو عرصے سے کاشت کے بغیر پڑی ہو - وہ زمین جو نئے بندوبست تک غیر مزروعہ رہے ÷

بنجنا (بَنْجْ - نا) (ہ) مؤنث - بستی کے آس پاس کی زمین ÷

بنچ (بَنْچْ) (انگ - Bench) مؤنث - (۱) لمبا تختہ جس کے نیچے پایے لگے ہوتے ہیں (۲) حکام عدالت ÷

بنچنا (بَنْچْ - نا) (ہ) (۱) مطالعہ کرنا - پڑھنا (۲) پڑھایا جا سکنا - پڑھنے میں آنا ÷

بند (بَنْد) (ف) مذکر (۱) ہڈی کا جوڑ (۲) زنجیر - رسّی جس سے دیوانوں اور قیدیوں کے ہاتھ پاؤں باندھتے ہیں (۳) لوہے کا پترّا جو کواڑ، کشتی، صندوق کے تختوں پر مضبوطی کے لیے لگایا جاتا ہے (۴) بند شمشیر (۵) بند ترجیع و ترکیب (۶) وہ روک جو اس لیے کر دیتے ہیں کہ پانی آگے نہ بڑھے - مینڈ - پشتہ (۷) کشتی لڑنے والوں کے داؤں پیچ (۸) بند کاغذ (۹) عقدہ - گرہ (۱۰) خیال (۱۱) کمر بند (۱۲) بند قبا (۱۳) ترکیب کے ساتھ باندھنے والے کے معنی میں جیسے چمن بند (۱۴) پٹی - کپڑے کی دھجی - بندش (۱۵) سلا ہوا فیتہ، ڈورا (۱۶) انگیا کے تسمے جن سے وہ پشت کی طرف کسی جاتی ہے (۱۷) عضو بدن کا جوڑ - جوڑ (۱۸) حوالات - حبس - قید (۱۹) فرد - فہرست (۲۰) زنجیر کا حلقہ (۲۱) چوڑیوں کے بند (۲۲) کاغذ کا تاؤ - ورق - ٹکڑا - پُرزہ - کاغذ کی دھجی (۲۳) وہ چند شعر جن کے بعد گرہ لگائی جاتی ہے (۲۴) سحر - جادو - (۲۵) بندھا ہوا - رُکا ہوا (پانی) (۲۶) موقوف (۲۷) مسدود (۲۸) کنڈی لگی ہوئی - بھڑا ہوا - مقفل (۲۹) عاجز - چپ - خاموش (۳۰) تنگ - گھرا ہوا (مکان) (۳۱) (چابک سواروں کی اصطلاح) سُکڑا ہوا (۳۲) (جادو کے زور سے) بے اثر (۳۳) ڈبل روٹی کی ایک قسم (۳۴) گوبھی کی ایک قسم - (۳۵) پژمردہ - افسردہ (۳۶) ٹھہرا ہوا ÷ **بندِ آب** - مذکر - پانی کی روک، پانی کا بند ÷ **بند باندھنا** (ل) (۱) گرہ لگانا (۲) مینڈ بنانا - پشتہ باندھنا (۳) کشتی لڑنے والوں اور نیزہ بازوں کا اپنے حریف پر داؤں پیچ کرنا (۴) تدبیر کرنا - انتظام کرنا (۵) جادو کرنا - جادو کے زور سے روکنا (۶) پیش بندی کرنا (۷) روک تھام کرنا (۸) تہمت لگانا (۹) منصوبہ کرنا ÷

بندا بندی (ع) مؤنث - روک ٹوک ÷ **بند بند** - مذکر (۱) ہر جوڑ - ہر گرہ (۲) پژمردہ - افسردہ (۳) خاموش، چُپ چُپ (رہنا - ہونا کے ساتھ) (۴) اشارے کنایے میں ÷ **بند بند ٹوٹنا** - جوڑ جوڑ میں درد ہونا ÷

بند بند جُدا کرنا - ہڈی پسلی توڑ دینا - پرزے پرزے کرنا - ٹکڑے کرنا ÷

بند بند جکڑ جانا - یا - جکڑنا - جوڑ جوڑ میں درد ہونا - ہر جوڑ کا اینٹھنا ÷

بند بند دُکھنا - بدن کا جوڑ جوڑ درد کرنا ÷

بند بند ڈھیلے کرنا (۱) جوڑ جوڑ ہلا دینا - تھکا دینا - چولیں ہلا ڈالنا (۲) کمزور کر دینا (۳) گت بنانا - خوب پیٹنا ÷ **بند بند ڈھیلے ہونا** - لازم ÷ **بند پانی** - مذکر - رکا ہوا پانی، جو جاری نہ ہو ÷ **بند چھڑانا** - مخلصی دلوانا - قید سے رہا کرانا ÷ **بندخانہ - بندی خانہ** - مذکر - قید خانہ ÷ **بندِ دست** - مذکر - پہنچا، کلائی، ساعد - گٹا ÷ **بند رہنا** - (۱) کسی بند مقام پر رکا رہنا - قید رہنا (۲) خاموش رہنا - چپ رہنا (۳) افسردہ رہنا (۴) دبا رہنا (۵) چھٹی رہنا - تعطیل رہنا (۶) (پر کے ساتھ) پابند رہنا - منحصر رہنا ÷ **بند سے بند جُدا کرنا** - عضو عضو کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا - کاٹ ڈالنا ÷ **بند سے بند جُدا ہونا** - لازم ÷

بند سوالات (ف) مذکر - سوالات کی وہ فرد جو دائر کیے ہوئے مقدمے کے حالات دریافت کرنے کی غرض سے کسی شخص کے پاس جوابات دینے کے لیے عدالت کے ذریعے بھیجی جائے ÷ **بند کر دینا - یا - کرنا** (و) (۱) بھرنا، پاٹنا (۲) روکنا - روک لگانا - آڑ لگانا - بھیڑنا - مقفل کرنا (۳) لاجواب کرنا، قائل کرنا، چُپ کرنا، ہرا دینا (۴) (شطرنج) گھر روکنا (۵) باز رکھنا - کسی بات کا موقوف کرنا (۶) باقی نکالنا - ختم کرنا (۷) ترک کرنا (۸) قید کرنا (۹) منتر یا جادو سے بے اثر کرنا ÷ **بند کسنا** - بند کو کس کر باندھنا - بند کو چست کرنا ÷

بند کھولنا - (۱) بند کی گرہ کھولنا (۲) مُردے کو قبر میں رکھنے کے بعد کفن کے بند کھولنا ÷ **بند میں گرہ دینا - یا - لگانا** - یادداشت کے لیے بند میں گرہ لگانا کہ بات یاد آ جائے ÷ **بند لگانا** - سانپ کے کاٹے کا منتر پڑھنے والے کا بیمار کے جسم پر ایک پٹی باندھ دینا تاکہ زہر آگے نہ بڑھے ÷

بند نہ ہونا (۱) خوف نہ کرنا (۲) منکر نہ ہونا - عاجز نہ ہونا ÷

بندوا کرنا - بند کھول دینا ÷ **بندوبست** (ف) مذکر (۱) انتظام، ترتیب، اہتمام، انضباط، انصرام (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲) ضابطہ (۳) سلیقہ (۴) ترتیب (۵) تجویز - تدبیر (۶) زمین کی حد بندی اور مال گزاری کی ذمہ داری کا انتظام - اس سے متعلق دفتر کو "محکمۂ بندوبست" کہتے ہیں ÷

بندوبست استمراری - مذکر - دائمی بندوبست جس میں میعاد کے گزرنے سے مال گزاری میں اضافہ نہیں ہوتا ÷ **بندوبست چند روزہ** - مذکر - عارضی بندوبست ÷ **بندوبست دیہی** - مذکر - زمین کے کاغذات تیار کرنا - مال گزاری کی تشخیص کرنا - محصول لگانا - جمع کا بڑھانا گھٹانا - زمین کی حیثیت اور پیداوار کا اندازہ کرنا ÷ **بندوبست سابق** - مذکر (۱) پچھلا انتظام (۲) (قانون) پچھلا بندوبست ÷ **بندوبست سرسری** - مذکر - ایک قسم کا چند روزہ بندوبست ÷ **بندوبست قانونی** - مذکر - وہ بندوبست جس میں پہلی دفعہ جمع کی تشخیص کی جائے اور اوّل مرتبہ کاغذاتِ حقیقت تیار کیے جائیں ÷

بندوکشاد (ف) مؤنث - انتظام - حل و عقد ÷

بند ہو جانا - یا - ہونا (۱) "کھلا ہونا" کے برعکس (۲) رک جانا - مسدود ہونا - موقوف ہونا - ملتوی ہونا (۳) بھر جانا (۴) پورا ہونا - ختم ہونا - تمام ہونا (۵) تالا لگ جانا - مقفل ہونا (۶) (شطرنج) چلنے کے لیے کوئی گھر نہ رہنا - زچ ہونا (۷) کند ہونا (۸) موقوف ہونا - برخاست ہونا (۹) تعطیل ہونا۔

(۱۰) قائل ہونا - لاجواب ہو جانا - قائل ہو کر ساکت ہو جانا - ہار جانا - خاموش رہنا (۱۱) قید ہو جانا (۱۲) حُقّے کی سَنے میں کسی ایسی چیز کا آجانا، جس کے باعث ہوا نہ نکلے ؛ بند ہیضہ - مذکرّ - قے اور دست جاری ہونے کے بغیر ہیضہ ؛
بند ہیضہ کرنا - بند ہیضے کی بیماری میں مبتلا ہونا ؛

بِند ، بِندی (بِنْدْ ، بِنْ - دِیْ) (ہ) (ہندو) مؤنّث (۱) صفر - نقطہ (۲) بوند - قطرہ ؛

بَندا (بَنْ - دَا) (ہ) مذکرّ (۱) درختوں پر پھیل جانے والی ایک قسم کی بیل (۲) زمین سے اونچا مکان جو اناج کے لیے بنایا جاتا ہے - اناج کا گودام (۳) دیکھیے "بندہ" ؛

بِندا (بِنْ - دَا) (۱) (ہ) مذکرّ - قشقہ - وہ گول ٹیکا جو ہندو اشنان کے بعد ماتھے پر لگاتے ہیں ؛

بُندا (بُنْ - دَا) (ہ) مذکرّ - کان کا ایک زیور - گوشوارہ - آویزہ - صراحی دار نگینہ ؛
بُندا بڑھانا (عو) (۱) بُندا کان سے اتارنا (۲) مَنّت بڑھانا ؛

بِندال (بِنْ - دَالْ) (ہ) مذکرّ (۱) ایک قسم کا پھل (۲) ایک قسم کی تلخ گھاس جو دوا کے طور پر کام آتی ہے ؛ بِندال پھلا - بِندال ڈوڈا - مذکرّ - بندال کا پھل - ڈونگر کا پھل ؛

بندر (بَنْ - دَرْ) (ہ) مذکرّ - ایک مشہور جنگلی جانور جس کی شکل آدمی سے ملتی جلتی ہے - بوزنہ - میمون ؛ بندر بانٹ - مؤنّث - بندر جیسی تقسیم - اس وقت کہتے ہیں، جب دو آدمیوں میں کسی شے کی تقسیم پر جھگڑا ہو جائے اور وہ انصاف چاہنے کے لیے کسی ثالث کے پاس جائیں - ثالث بانٹتے بانٹتے خود ہی وہ شے ہضم کرے اور فریقین کو ناامید کر کے لوٹا دے ؛ بندر بھبکی - مؤنّث - نمائشی دھمکی، بندر کی طرح ڈرانا، خوفناک شکل بنا کر ڈرانا ؛ بندر کا پھوڑا - بندر کا گھاؤ - (۱) ہمیشہ ہرا رہنے اور کبھی اچھا نہ ہونے والا زخم (۲) کبھی ختم نہ ہونے والا کام (۳) ہمیشہ رہنے والی مصیبت ؛ بندر کو ملی ہلدی کی گرہ، پنساری بن بیٹھا (و) مثل - چھچھورا آدمی تھوڑی سی چیز پر بہت فخر کرتا اور اتراتا ہے ؛
بندر کیا جانے ادرک کا بھاؤ - یا - سواد، مثل - معمولی شخص اعلیٰ درجے کی چیزوں کی حقیقت نہیں سمجھتا - ناقدر شناس کو بڑی نعمت کی کیا قدر ہو سکتی ہے - جس بات کا مذاق نہ ہو اس سے دل چسپی نہیں ہوتی ؛
بندر کی ٹوپی (ہ) (مجازاً) جسے قیام نہ ہو - جو ایک جگہ نہ ٹھہرے ؛
بندر کی دوستی جی کا جنجال - یا - زیان - (و) مثل - کمینے دوست سے ہمیشہ تکلیف اور نقصان پہنچتا ہے ؛ بندر کی طرح گھُر کی دینا - بڑی طرح جھڑکنا ؛ بندر کی طرح نچانا - نہایت تنگ کرنا - ناک میں دم کرنا - دق کرنا - بہت ستانا ؛ بندر کی کیا آشنائی ؟ بے مروت کا کیا اعتبار ؛
بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا - مثل - سفلے کو شریفوں کی پوشاک - حقیر اور ذلیل شخص کو عزت دینا - نالائق کی تعریف کرنا ؛
بندر کے ہاتھ آئینہ - یا - ناریل - مثل - اترانے والے کے ہاتھ کسی اچھی چیز کا آجانا ؛ بندر والا - مذکرّ - بندر نچانے والا ؛ بندریا مؤنّث (۱) بندر کی مادہ (۲) ایک قسم کی گھاس جو گنگا گھاس کہلاتی ہے ؛

بَندر (بَنْ - دَرْ) (ف) (اصل میں "بند در" تھا - کثرت استعمال سے "بندر" ہو گیا) مذکرّ - سمندر کے کنارے شہر یا تجارت کی منڈی ؛ بندرگاہ - مذکرّ و مؤنّث - جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ - سوداگری کی منڈی - بندر ؛

بَندری (بَنْ - دَرِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) دیکھیے "بندریا" (۲) ایک قسم کی تلوار جو راج بندر میں بنتی ہے (۳) ایک قسم کی چھینٹ جو مچھلی بندر میں تیار ہوتی ہے ؛

بَندش (بَنْ - دِشْ) (ف) مؤنّث (۱) بندھن - گرہ (۲) اصطلاح شعراء لفظوں کا ربط، عبارت کی ترکیب - الفاظ کی ترکیب - گٹھت (۳) سازش (۴) تدبیر - مناہی - روک ٹوک - حفظ ماتقدم - پیش بندی (۵) بہتان، تہمت، الزام (۶) خیال (۷) تمہید - اٹھان (۸) فکر (۹) گھڑت، ساخت، بناوٹ (۱۰) تصنع - تکلّف (۱۱) پالیسی (۱۲) گھات - داؤں (۱۳) باندھنے کا فعل یا کیفیت ؛

بندک بندھا (بَنْ - دَکْ - بَنْ - دَھا) (ہ) مذکرّ (عو) روک ٹوک ؛

بُندکی (بُنْدْ - کِیْ) (ہ) مؤنّث - بوند کی تصغیر (۱) چھوٹا سا نقطہ - چِتّی (۲) چھینٹا (۳) پھوار کی بوند ؛

بندگان (بَنْ - دَگَانْ) (ف) مذکرّ - بندہ کی جمع ؛ بندگانِ عالی - مذکرّ (۱) (لغوی) حضور کے ملازم (۲) (تعظیماً) خود بدولت - حضور - سرکار ؛

بندگی - مؤنّث - (۱) سلام - آداب - کورنش - تسلیم (۲) رخصتی سلام، خدا حافظ، فی امان اللہ (۳) اجتناب - پرہیز ظاہر کرنا - احتراز (۴) غلامی (۵) ملازمت - فرماں برداری (۶) خدمت (۷) عبادت - پرستش (۸) ادائے سپاس کے لیے (۹) (طنزاً) الاہنا دینے کے موقع پر، واہ وا، مرحبا، شاباش ؛ بندگی بجالانا (ف) (۱) خدمت کرنا - فرماں برداری کرنا (۲) تعظیم کرنا - سلام کرنا ؛ بندگی بے چارگی - مقولہ - اطاعت اور فرماں برداری میں کچھ اختیار نہیں رہتا ؛ بندگی پہنچے - سلام قبول ہو - بندگی دُور (یہیں) سے کرنا - (کنایۃً) بیزار ہونا اور ترک کرنا ؛
بندگی عرض ہے - (۱) سلام کرتا ہوں - تسلیم عرض ہے (۲) (طنزاً) دیکھیے "بندگی" ؛ بندگی قبول نہ ہونا - رسائی نہ ہونا ؛
بندگی کرنا (۱) سلام کرنا (۲) خدا کی عبادت کرنا (۳) نفرت کرنا - ترک کرنا ؛ بندگی لینا - سلام قبول کرنا ؛ بندگی یہیں سے پہنچے (۱) سلام قبول ہو (۲) بندہ یہیں سے رخصت ہوتا ہے (۳) (الاہنا دینے کے لیے) بس دیکھ لیا - بندہ اس کا قائل نہیں - حال کھل گیا ؛

بَندلی (بَنْ - دَلِیْ) (ہ) مذکرّ - ایک قسم کا چاول جو روہیل کھنڈ میں ہوتا ہے ؛

بِندلی (بِنْ - دَلِیْ) (ہ) مؤنّث - شیشے کا چھوٹا سا گول ٹکڑا، جو ہندو عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں ؛

بندور - بندوڑ (بَنْ - دُوْرْ + بَنْ - دُوْڑْ) (ہ) مؤنّث (۱) باندی کی تصغیر -

پچیری - کنیزک - پرستارزادی (۲) بے حد کم رتبہ اور ذلیل لونڈی (۳) بدمزاج اور بدزبان لونڈی (۴) گھر میں ڈالی ہوئی لونڈی ❊ بَنْدُوڑپن - مذکر - ونڈیوں کی خُو، عادت ❊ بَنْدُوڑی (ہ) مؤنث - لونڈی ❊

بندوق (بَنْ - دُوْق) [عربی بُنْدُق (غلولہ - گولا) کا معرّب] مؤنث - لوہے کی نل، جس میں بارود بھر کر چھوڑی جاتی ہے ❊ بندوق بھرنا (و) بندوق میں بارود دیا اس کے ساتھ چھرا ڈال کر ڈاٹ لگانا - بندوق چھوڑنے کے لیے تیار کرنا ❊ بندوق چلانا - بندوق چھوڑنا - فیر کرنا - سر کرنا ❊ بندوق چلنا بندوق چھوٹنا ❊ بندوق چھتیانا - بندوق چھوڑنے کو تیار ہونا - بندوق کا نشانہ باندھنا ❊ بندوق چھوٹنا - بندوق چلنا ❊ بندوق سر ہونا - بندوق کا فیر ہونا ❊ بندوق چھوڑنا - بندوق داغنا - بندوق چلانا - نشانہ لگانا ❊ بندوق کا پیالہ - مذکر - توڑے دار بندوق میں اوپر کی طرف کی سوراخ والی کٹوری سی، جس میں کچھ بارود رکھتے ہیں ❊ بندوق لگانا - بندوق چلانا ❊ بندوقچی - مذکر - وہ شخص جس کے ہاتھ میں بندوق رہتی ہے - بندوق اٹھانے والا - بندوق رکھنے والا - بندوق چلانے والا - بندوق چھوڑنے والا - قراول ❊

بندہ (بَنْ - دَہْ) (ف) مذکر (۱) غلام - تابع - فرماں بردار - مطیع - نوکر (۲) (متکلم کے لیے) خاکسار - نیازمند - عاجز (۳) انسان - بشر (۴) شیخی اور غرور کا اظہار کرنے کو بھی بندہ بولا جاتا ہے ❊ بندۂ آزاد - مذکر (۱) آزاد غلام (۲) مذہبی قیود اور دنیوی ضروریات سے بے پروا شخص ❊ بندہ بشر - مذکر - انسان ❊ بندہ بشر ہے (و) بھول اور غلطی انسان کی فطرت میں داخل ہے ❊ بندہ بنالینا - غلام کر لینا - قابو کر لینا - مطیع کر لینا ❊ بندہ بن جانا - یا - بننا - غلام ہو جانا - مطیع ہو جانا ❊ بندۂ بے دام (ف) مذکر - مفت کا غلام - بے حد مطیع ❊ بندۂ بے درم - بندۂ بے زر - مذکر - بندۂ بے دام ❊

بندہ پرور (۱) بندہ نواز - سردار - آقا (۲) حضرت - جناب (۳) خادموں کی پرورش کرنے والا - غلاموں کا پالنے والا (۴) سخی - فیاض ❊

بندہ جوڑے پلی پلی رام لُنڈھائے کُپّا (و) مثل - بندہ تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتا ہے اور خدا ایک ہی مرتبہ سب کچھ خرچ کرا دیتا ہے ❊

بندۂ خدا (ف) خدا کا غلام - لطفِ کلام کے لیے کسی کو خطاب کرتے ہیں ❊

بندۂ درگاہ - مذکر - (۱) شاہی ملازم (۲) نیازمند (۳) چوکھٹ سے لگا رہنے والا - دروازے پر پڑا رہنے والا - دربان (۴) غلام - خادم - نہایت فرمانبردار (۵) متکلم اپنے متعلق عاجزی سے کہتا ہے - میں - خاکسار ❊

بندہ زادہ - مذکر (۱) غلام زادہ (۲) میرا بیٹا (۳) آپ کا غلام (۴) خادم کا بچہ - غلام کی اولاد ❊

بندہ زادی (و) مؤنث ❊

بندۂ زر (ف) روپے کا غلام - طامع - حریص - لالچی ❊

بندہ عاجز ہے (و) مقولہ (۱) خدا کی مرضی کے خلاف انسان کی کوئی تدبیر نہیں چلتی - انسان بے بس ہے - محتاج ہے - مجبور ہے - بے اختیار ہے۔

(۲) میں بے بس ہوں - میں مجبور ہوں ❊ بندۂ مخلص (ف) سچا بندہ ❊ بندۂ ناچیز - بے وقعت - حقیر ❊ بندہ نواز (۱) غلاموں کو توقیر بخشنے والا - خادموں کو عزت دینے والا (۲) حاکم - مختار - مالک ❊ بندہ نوازی - مؤنث - عنایت - مہربانی ❊ بندے (بندی) خدا سے ڈرو (و) مثل اس وقت تنبیہ اور فہمائش کے لیے کہتے ہیں، جب کوئی جھوٹ بولے یا جھوٹی گپ اڑائے یا بہتان لگائے ❊

بُنْدھ (بُنْدْھ) (س) مذکر (۱) امانت - ضمانت (۲) مؤنث - دیکھیے "بند" ❊

بندھ (بَنْدْھ) (ہ) بندھنا کا امر ❊ بندھ جانا - دیکھیے بندھنا ❊ بندھا (۱) بندھنا سے ماضی مطلق (۲) بندھانا کا امر (۳) (صفت) رکا ہوا - کسا ہوا - جکڑا ہوا - (۴) مقررہ - معمولی ❊ بندھا پانی - مذکر - ٹھہرا ہوا پانی ❊ بندھا توڑا - مذکر - پوری تھیلی ❊ بندھا خرچ - مذکر - مقررہ مقدار کا خرچ - معمولی خرچ ❊ بندھا خوب مار کھاتا ہے - (و) مثل - مجبور کو جو چاہو، سزا دو، مغلوب خوب مصیبت سہتا ہے ❊ بندھانا - باندھنا کا متعدی اور بندھنا کا متعدی المتعدی ❊ بندھنا (بَنْدْھ - نا) (۱) گرہ لگنا (۲) پابند ہونا - بندش میں آنا (۳) پھنسنا، پکڑا جانا، قید ہونا، گرفتار ہونا (۴) مقرر ہونا - نوکری کرنا - ملازم ہونا - تقرر ہونا (۵) مضمون کا درست بیٹھنا - شعر کا ٹھیک ہونا - قافیے کا شعر میں لایا جانا - (۶) شادی ہونا (۷) معمول کے مطابق کام کرنا - ضابطے میں آ جانا (۸) مذکر - بیٹے پر دسنے کا سامان رکھنے کی تھیلی - خریطی - تلادانی (۹) کوئی چیز باندھنے کا کپڑا (۱۰) (اصطلاحاً) لڑنا - جھگڑنا (۱۱) کسی چیز کے گرد لپٹنا ❊

بندھوانا (بَنْدْھ - وا - نا) (۱) باندھنا کا متعدی المتعدی (۲) ادنیٰ درجے کے سکے کو اعلیٰ درجے میں تبدیل کرانا (۳) الزام لگانا - مجرم بنانا ❊

بِندھ (بِنْدْھ) (ہ) بندھنا کا امر ❊ بِندھ جانا - دیکھیے "بندھنا" ❊

بِندھ گیا سو موتی (رہ گیا سو پتھر) مثل (۱) جیسا کچھ بھی ہو گیا، غنیمت ہے (۲) جو کچھ ہاتھ آ گیا وہی غنیمت ہے (۳) ٹھیک ہے - بہت اچھا ہے (۴) انسان ہنر والا ہو تو انسان ہے، ورنہ حیوان (۵) تکلیف اٹھا کر انسان اعلیٰ ہو جاتا ہے - (۶) اس آدمی کے متعلق بھی بولتے ہیں، جو موقع ملنے پر فائدہ اٹھائے ❊

بِندھا (۱) بِندھنا سے ماضی مطلق (۲) بِندھانا کا امر ❊

بِندھانا - بِندھنا کا متعدی ❊ بِندھنا (بِنْدْھ - نا) (۱) سوراخ ہونا، چھدنا، وار پار ہونا، سلنا (۲) پرویا جانا (۳) رگ رگ میں پیوست ہونا - جذب ہونا (۴) حسبِ منشا کام ہونا - کام پورا ہونا (۵) شادی ہو جانا ❊

بِندھوانا (بِنْدْھ - وا - نا) بِندھانا کا متعدی اور بِندھنا کا متعدی المتعدی ❊

بندھائی (بَنْدْھا - ئی) (ہ) مذکر (۱) تختہ - کڑی (۲) قلی - مزدور (۳) توپچی - بندوقچی - گولہ انداز ❊

بندھائی (بَنْدْھا - ئی) (ہ) مؤنث (۱) بندش - باندھنے کا فعل (۲) باندھنے کی اُجرت - مزدوری ❊

بندھک (بَنْ - دَھک) (ہ) مذکر (۱) حبس - قید - بند (۲) مبادلہ -

خرید و فروخت (۳) کفالت۔ ضمانت (۴) گرو۔ رہن (۵) رہن نامہ۔ کفالت نامہ
تمسک (۶) کفیل۔ یرغمال (۷) مزدوری۔ مشاہرہ۔ تنخواہ (۸) گرو رکھی ہوئی
چیز ❊

بندھن (بَن۔ دھَن) (ہ) مذکر (۱) بند۔ پٹی۔ بندش (۲) چھپر کی بندش (۳) وہ فیتہ یا رسی، جس سے کوئی چیز بندھی ہو (۴) اٹکاؤ، مزاحمت، روک (۵) ناتا، رشتہ، سمبندھ، میل، تعلق، لاگ، لگاؤ (۶) تنخواہ۔ روزینہ۔ وظیفہ (۷) دستور العمل (۸) دیکھیے "بندش" ❊

بندھو (بَن۔ دھُو) (ہ) دیکھیے "باندھو" ❊

بندھنوار (بَن۔ دھَن۔ وار) (ہ) مذکر (۱) آم کے پتوں اور پھولوں کا ہار جو مالی لوگ شادی وغیرہ میں ہندوؤں کے دروازوں پر باندھ دیتے ہیں (۲) وہ رنگ رنگ کے کپڑے، جو کسی خوشی کی تقریب یا حاکم کی آمد پر بازاروں میں رسیاں باندھ کر ان پر لٹکا دیے جاتے ہیں ❊

بندھو (بَن۔ دھُو) (ہ) مذکر (۱) بھائی بند۔ برادری۔ رشتہ دار۔ متعلقین (۲) دوست (۳) واسطہ رکھنے والے ❊

بندھوا (بَنْدھ۔ وا) (ہ) مذکر (۱) بندھا ہوا۔ اسیر۔ قیدی (۲) (عو) خدمت گار۔ غلام۔ پابند۔ مطیع۔ فرماں بردار ❊

بندھی (بَنْدھی) (ہ) مقررہ۔ معمولی ❊ **بندھی آواز** (و) مؤنث۔ وہ آواز جو گانے والے کے قابو میں ہو اور سُر پر قائم رہے۔ بہکتی نہ ہو ❊ **بندھی بات** (ہ) مؤنث (۱) ایک بات (۲) بے کم و کاست۔ درست۔ صحیح۔ ٹھیک (۳) معمول کے مطابق۔ حسبِ دستور (۴) قاعدے، ضابطے اور قانون کے مطابق (۵) اٹل حکم (۶) معمول۔ دستور (۷) روز کا کام۔ دستور العمل ❊ **بندھی ٹکی بات**۔ مؤنث (۱) قاعدہ۔ دستور (۲) مقررہ بات (۳) عادت ❊

بندھی چوٹ۔ مؤنث۔ وہ انداز جو برابر ہوتا رہا ہو یا جس کی عادت پڑی ہو۔ مقررہ شوخی ❊ **بندھی کلی**۔ مؤنث (۱) بے کھلا غنچہ (۲) (مجازاً) افسردہ۔ غم زدہ ❊ **بندھی مٹھی** (۱) بے کھٹکے۔ چُپ چاپ۔ بے خوف (۲) مؤنث۔ خفیہ ارادہ۔ چھپی بات۔ سربستہ راز (۳) اکٹھا۔ یک مُشت (۴) مال اور اسباب جمع ہونا (۵) مؤنث۔ ایکا۔ جتھا۔ اتفاق۔ اتحاد ❊ **بندھی مٹھی لاکھ برابر** (و) مثل۔ بھید چھپا رہنے سے اعتبار بنا رہتا ہے۔ اتفاق میں بڑی طاقت ہے۔ جو شے مٹھی میں بند کر کے دی جائے پانے والا اس کے متعلق مبالغہ کر سکتا ہے۔ متفق، متحد اور یک دل آدمی لاکھوں پر فتح حاصل کرتے ہیں۔ اتفاق اور کامیابی میں چولی دامن کا ساتھ ہے ❊

بندیج (بَن۔ دِیج) (ہ) مذکر (۱) (عو) روک ٹوک۔ ممانعت (۲) استقلال۔ مضبوطی (۳) معمول۔ دستور (۴) کفایت شعاری (۵) خانہ داری کا سلیقہ (۶) اعتدال۔ پرہیز (۷) قبض۔ امساک (۸) انجماد۔ بستگی (۹) (صفت) بندھا ہوا۔ بستہ ❊

بُندیل کھنڈ (بُن۔ دیِل۔ کھَنْڈ) (ہ) مذکر۔ ہندوستان کا وہ علاقہ جس میں بُندیلے آباد ہیں ❊

بندی (بَن۔ دِی) (و) مؤنث (۱) باندی۔ لونڈی۔ کنیزک (۲) بندہ کی تانیث۔ خادمہ۔ عاجزہ (۳) عورتیں حسنِ کلام کے لیے بولتی ہیں ❊

بندی (بَن۔ دِی) (ف) (۱) گرفتار۔ اسیر۔ قیدی۔ بندھوا (۲) (و) حراست۔ قید (۳) روک ٹوک۔ ممانعت ❊ **بندی خانہ** (ف) مذکر۔ قیدیوں کے رہنے کی جگہ۔ قید خانہ۔ زندان۔ جیل ❊

بِندی (بِن۔ دِی) (ہ) مؤنث (۱) نقطہ۔ صفر (۲) ایک نشان جو ہنود صندل وغیرہ سے پیشانی پر لگاتے ہیں۔ تلک۔ قشقہ۔ ٹیکا (۳) کانچ کی رنگین ٹکلی جو ہندو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں ❊

بُندیا (بُنْد۔ یا) (س) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو پانی کے قطرے جیسی گول گول ہوتی ہے۔ بُوندی ❊

بُندیلا (بُن۔ دیے۔ لا) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک جماعت ❊ **بُندیل کھنڈ**۔ دیکھیے "بندھیل کھنڈ" ❊ **بُندیلن**۔ مؤنث (۱) بندیل ذات کی عورت (۲) عطر پھیل بیچنے والی عورت۔ تیلن ❊

بنڈا (بَن۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی اروی ریس والی ترکاری (۲) (صفت) بے دُم کا۔ دُم کٹا ❊

بنڈا (بَن۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) لکڑیوں کا گٹھا (۲) گھاس پھوس کا گٹھا (۳) ایندھن ❊

بنڈل (بَن۔ ڈَل) (انگ۔ Bundle) مذکر۔ بوجھا۔ گٹھڑی۔ پلندا۔ پیکٹ ❊

بنڈی (بَن۔ ڈِی) (ہ) مؤنث۔ آستینوں کے بغیر چھوٹا کوٹ یا مکری۔ ایک قسم کی صدری ❊

بنڈیری (بَن۔ ڈیے۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ لمبی لکڑی جس پر چھپر رکھا جاتا ہے ❊

بنڈیلا (بَن۔ ڈیے۔ لا) (ہ) مذکر۔ جنگلی سوّر ❊

بنرا۔ بنڑا (بَن۔ رَا + بَن۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) بنا۔ دُولھا۔ نوشہ (۲) شوہر۔ خاوند (۳) شادی کا گیت ❊

بنری۔ بنڑی (بَن۔ رِی + بَن۔ ڑِی) (ہ) مؤنث۔ بنی۔ دُلھن۔ عروس ❊

بنس (بَنْس) (ہ) مذکر۔ خاندان۔ اولاد۔ نسل۔ کنبہ۔ گھرانا ❊

بنس (بَنْس) (ہ) مذکر۔ بانس کا مخفف ❊

بنس پھوڑ۔ مذکر۔ بانس یا بید سے کام کرنے والا ❊ **بنسری**۔ مؤنث۔ بانسری، بانسلی، نے، مُرلی ❊

بنسلوچن (بَنْس۔ لو۔ چَن) مذکر۔ طباشیر۔ وہ سفید چیز جو بانس کی گرہ میں پیدا ہوتی ہے ❊ **بنسواری۔ بنسواڑی**۔ مؤنث۔ وہ مقام جہاں بانس بکثرت ہوں۔ بانسوں کا ذخیرہ یا جنگل ❊ **بنسی** (بَن۔ سِی) مؤنث (۱) بانسلی۔ بانسری۔ نے۔ مُرلی ❊

بِنصر (بِن۔ صَر) (ع) مؤنث۔ وہ انگلی جو درمیانی انگلی اور چھنگلیا کے درمیان ہے ❊

بنفشہ (بَنَف۔ شَہ) (ف) مذکر۔ ایک خود رُو بُوٹی جو دریا کے کنارے یا برفانی پہاڑوں

پر پیدا ہوتی اور سہال وغیرہ کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

بنفشین - مؤنث - دو دواؤں سے ترکیب پائی ہوئی چیز جو چوٹ اور درد کے لیے فائدہ مند ہے ۔

بنک (بَنک) (انگ Bank) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں روپیہ بطورِ امانت رکھا جائے - ساہوکارے کی کوٹھی - بنک گھر (۲) روپیہ جمع رکھنے والی کمپنی ۔

بنکارنا (بَنک - کاڑ - نا) (ہ) (۱) خفیہ بات کا اعلان کرنا - غل شور کرنا - چیخ کر بولنا - (۲) بھوت پریت کے سایے کا سر پر آکر بولنا (۳) شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا ۔

بنکڑی (ہ) دیکھیے "بنگڑی" ۔

بنکیا (بَنک - یا) (ہ) مؤنث - ٹیڑھی چھری جس سے اکثر قلم تراشا جاتا ہے ۔

بنکیت (بَنکَیْت) (ہ) مذکر (۱) بانک کے فن کا ماہر - لڑائی پر تیار - مسلح (۲) بانکا ۔ **بنکیتی** - مؤنث (۱) بانک کے فن میں مہارت - لڑائی پر تیاری - سلاح بندی (۲) بانکپن ۔

بنگ (بَنگ) (ف) مؤنث - بھنگ ۔ **بنگی** - بھنگ پینے والا ۔

بنگا (بَنگ - گا) (ہ) مذکر - سونٹا - ڈنڈا - بانس ۔ **بنگا ٹھونکنا** - (عوام) (۱) میخ ٹھونکنا (۲) چلتے کام میں حارج ہونا، روڑا اٹکانا، خرابی ڈالنا، بند کر دینا، روک دینا ۔

بنگال - بنگالہ (بَنگ - گال + بَنگ - گا لہ) (ہ) مذکر - ہندوستان کا مشہور صوبہ، جس کا دارالحکومت کلکتہ ہے - یہاں کا سانپ کا منتر اور جادو مشہور ہے ۔

بنگال احاطہ - مذکر - بنگال کے ضلعے ۔ **بنگالن** (مؤنث) بنگال کی عورت ۔

بنگالی - بنگالے کا باشندہ - بنگالے کی بولی - بنگال سے متعلق ۔

بنگالی جادو - مذکر - تیز اور پُر اثر جادو ۔ **بنگالے کی مینا** (مجازاً) خوب باتیں کرنے والا ۔ **بنگالی جو آدمی تو پریت کہو کس کو** (ل) مثل - اگر بنگالی آدمی ہے تو بھوت کسے کہتے ہیں - بنگالی بڑا شریر ہوتا ہے ۔

بنگاہ (بُنگ - گاہ) (ف) مؤنث - اسباب رکھنے کی جگہ - مکان - جگہ ۔

بنگر (بَنگ - گَر) (ف) مذکر - جنگل - جنگل کی زمین کی پیداوار - جنگل کی آمدنی ۔

بنگری - بنگڑی (بَنگ - رِی + بَنگ - ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) بانکڑی، ٹیڑھی، مروڑی کی (۲) ایک قسم کی بل والی چوڑی ۔

بنگلا (بَنگ - لا) (ہند) مذکر (۱) چھپر کا مکان جو انگریزی قطع کا بنا ہوتا ہے - (چھانا کے ساتھ) (۲) کوٹھی (۳) ایک قسم کا پان (۴) بنگالی زبان (۵) انگیا پر ٹانکا ہوا چھ پان کا ٹانکا ۔ **بنگلیا** - مؤنث - (۱) چھپر کا چھوٹا مکان (۲) چھوٹی کوٹھی - چھوٹا بنگلا ۔

بنگی (بَنگ - گی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا بجنے والا لٹو جس میں چھید ہوتا ہے، بنگو ۔

بنو (بَن - نو) (و) مؤنث - بانو کا مخفف (۱) خانم - بیگم (۲) بوا کے بجائے خطاب کا لفظ (۳) دلھن - عروس - بہو (۴) چھوٹی پیاری لڑکی ۔

بنواں اُپلا - بنواں کنڈا (ہ) مذکر - گائے بھینس کا گوبر جو چراگاہ میں خشک ہو کر جلانے کے کام آتا ہے - اس کی آنچ بہت تیز ہوتی ہے ۔

بنوائی (بَن - وا - اِئی) (ہ) مؤنث - کسی چیز کے بنانے یا تیار کرنے کی اجرت - مزدوری ۔

بُنوائی (بُن - وا - اِئی) (ہ) مؤنث - کسی شے کے بُننے کی اجرت - مزدوری ۔

بنوٹ (بَن - وَٹ) (ہ) مؤنث (لکھنؤ) بناوٹ ۔

بنوٹ (بِنَوٹ) (ہ) مؤنث - سپاہ گری کا ایک فن ۔

بنولا (بِنَو - لا) (ہ) مذکر - کپاس کا بیج - پنبہ دانہ ۔

بنہگی (بَنَہ - گی) (ہ) مؤنث - بانس کی وہ موٹی لکڑی جس کے دونوں طرف باندھ کر بوجھ اٹھایا جاتا ہے ۔

بنی (بَنی) (ہ) مؤنث (۱) دلھن - عروس - بنڑی (۲) میل جول - موافقت (۳) خوشی - خوش حالی ۔ **بنی بگڑی** - دیکھیے "بگڑی بنی" ۔ **بنی بات** - مؤنث - مسلّم بات ۔ **بنی بنائی بات** - مؤنث - سدھرا ہوا معاملہ - طے شدہ معاملہ ۔ **بنی رکھنا** - میل رکھنا ۔ **بنی رہنا** - نصیبے کا موافق رہنا ۔ **بنی کے سب ساتھی ہیں بگڑی کا کوئی نہیں** - مثل - اچھے حالات میں سب دوست ہوتے ہیں، برے وقت میں کوئی ہمدردی نہیں کرتا ۔ **بنی کے سو سالے بگڑی کا کوئی جنوائی نہیں بنتا** - مثل - خوش حالی میں سب اپنے بن جاتے ہیں، مصیبت میں کوئی غم خوار نہیں ہوتا ۔

بنی (بَنی) [ع - بنین (بیٹے، جمع ابن) کا مخفف] مذکر - بیٹے - اولاد ۔ **بنی آدم** مذکر - حضرت آدم کی اولاد - انسان ۔ **بنی اسرائیل** (ع - بنی، اولاد - اسرائیل حضرت یعقوب کا لقب) مذکر - یہودیوں کی قوم ۔ **بنی جانّ** (ع) مذکر - جنوں کی اولاد - جن کی نسل اور قوم ۔ **بنی عم** (ع) مذکر - چچیرے بھائی ۔ **بنی نوعِ انسان - بنی نوعِ بشر** (ع) مذکر - انسان - انسان کی اولاد - بنی آدم ۔

بنیا - (بَن - یا + بِن - یا) (ہ) مذکر (۱) جنس بیچنے والا - غلہ بیچنے کا پیشہ کرنے والا - آٹا دال وغیرہ فروخت کرنے والا - مودی - بقال (۲) (صفت) (کنایۃً) تھڑدلا - بزدل - بودا (۳) (صفت) کفایت شعار - ممسک - بخیل - کنجوس (۴) (صفت) سادہ وضع کا - سیدھا (۵) (بنگال) انگریزی کارخانے میں تجارت کا حصہ دار (۶) خزانچی ۔ **بنیا اپنا گڑ بھی چھپا کر کھاتا ہے** - مثل - ہر کام کو راز میں رکھنا ہے - اپنا عیب ظاہر نہ کرنا چاہیے ۔ **بنیا بقال** (و) مذکر - بنیا ۔ **بنیا جب بولتا ہے زیادہ ہی بولتا ہے** - مثل - ہوشیار آدمی ہر حال میں اپنا مطلب حاصل کرتا ہے ۔ **بنیا جس کا یار، اس کو دشمن کیا درکار** - مثل - بنیا دوستی کے پردے میں دشمنی کرتا ہے - قرض دینے والا سب سے بڑا دشمن ہوتا ہے - بنیے سے دوستی پیدا نہ کرنی چاہیے ۔ **بنیوں کا سا چلن - بنیوں کی سی چال** (ہ) مذکر - مؤنث - کفایت شعاری - سادہ وضع ۔ **بنیے سے سیانا سو دیوانہ** (و) مثل - اگر کوئی شخص لین دین میں بنیے سے زیادہ عقل مند بنے تو اسے پاگل سمجھنا چاہیے - بنیا سب سے زیادہ ہوشیار اور سمجھ والا ہوتا ہے ۔ **بنیے کا بہکایا اور جوگی کا پھٹکارا** ...

خراب ہوتا ہے۔ مثل۔ ایسے دونوں آدمی تکلیف اٹھاتے ہیں اور کبھی نہیں سدھرتے۔ بنیے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے (۵) مثل۔ عقلمند شخص کسی خاص فائدے ہی کی بنا پر کچھ نقصان اٹھاتا ہے ٭ بنیے کا چیلا آدھا اُجلا آدھا میلا۔ مثل۔ بنیا یا اُنکا شاگرد جب تک اُن کے پاس رہے تو اس کے آدھے کپڑے میلے ہوتے ہیں۔ کاروباری آدمی بناٹھنا نہیں رہ سکتا ٭ بنیے کی کمائی مکان یا بیاہ نے کھائی (۱) بنیے کا پیسا صرف مکان کی تعمیر یا شادی کی تقریب پر خرچ ہوتا ہے ٭ بنیے کی گون میں نو من کا دھوکا (۵) مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں تھوڑے سے معاملے میں بہت زیادہ غلطی ہو ٭

بنیاد (بُنْ۔ یاد) (ف) مؤنث (۱) جڑ (۲) نیو۔ اصل (۳) ابتدا۔ آغاز (۴) طاقت۔ حوصلہ۔ بساط۔ مقدور (۵) حقیقت ٭ **بنیاد ڈالنا** (ل) (۱) نیو رکھنا (۲) ابتدا کرنا۔ کام شروع کرنا ٭ **بنیاد رکھنا**۔ مکان کی تعمیر شروع کرتے وقت بنیاد کے اندر پہلی اینٹ رکھنا ٭ **بنیاد کا پتھر رکھنا** (کنایۃً) شروع کرنا ٭ **بنیاد نہ ہونا** (۱) جڑ نہ ہونا (۲) حقیقت نہ ہونا۔ اصلیت نہ ہونا۔ وجود نہ ہونا ٭

بنیان (بَنْ۔ یان) (ہند) (انگ بنین) Banyan مؤنث۔ ایک قسم کا بُنا ہوا کرتا، جو قمیص وغیرہ کے نیچے پہنا جاتا ہے ٭

بُنیان (بُنْ۔ یان) (ع) مؤنث (۱) بنیاد۔ نیو (۲) خلقت۔ پیدائش (۳) عمارت ٭

بَنَیت (بَنَیْت) (ہ) (۱) بانا (ایک قسم کا ہتھیار) چلانے میں استاد (۲) بہادری کا نشان رکھنے والا شخص (۳) کبوتر جس کے پاؤں میں پیچ دار حلقہ پڑا ہو ٭ **بَنَیتی**۔ مؤنث۔ بانا چلانے کی مہارت ٭

بنیٹی۔ بنیٹھی (بَنے۔ ٹی، بَنے۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی ورزش جس میں بانس کے دونوں سروں پر کپڑے کی گیندیں یا مشعل باندھ کر یوں پھراتے ہیں کہ چکر بندھ جاتا ہے (پھینکنا، کرنا، ہلانا کے ساتھ) ٭

بَنیلا (بَنے۔ لا) (ہ) (۱) جنگل کا (۲) جنگل کے متعلق (۳) جنگلی۔ وحشی (۴) مذکر۔ جنگلی سوّر ٭

بَنَینی (بَنے۔ نی) (ہ) مؤنث۔ بنیے کی بیوی۔ غلہ بیچنے والے کی جورو ٭

ب - و

بَو (بَوْ) (ہ) مؤنث (۱) کونپل (۲) گھاس کی شاخ جو زمین پر بچھی رہتی ہے یا بیلوں یا کسی لکڑی پر چلتی ہے ٭

بُو (بُو) (ع) اَبُو (۱) باپ (۲) مالک۔ صاحب) کا مخفف ٭ **بوالعجب** (بُل۔ عَجَب) (۱) (لغوی) صاحب تعجب۔ حیران۔ متحیر (۲) (اصطلاحی) عجیب سا لوکھا۔ (۳) شعبدہ باز۔ بازی گر (۴) بے وقوف۔ احمق (۵) اچنبھا پیدا کرنے والی چیز۔ طُرفہ معجون ٭ **بوالعجبی** (ع۔ ف) مؤنث (۱) تعجب۔ حیرانی۔ تحیر (۲) حیرت انگیز بات ٭ **بوالفضول** (ع) بہت بکواس کرنے والا۔ یاوہ گو۔ نہایت باتونی۔ گپی ٭ **بوالہوس** (ع) (۱) بہت لالچی۔ بے حد طامع۔ نہایت حریص (۲) ہوس پرست۔ بہت تیز نفسانی خواہشات رکھنے والا ٭

بوالہوسی (ع۔ ف) مؤنث۔ بہت زیادہ آرزو۔ ہوکا ٭ **بوتراب**۔ دیکھیے "ابوتراب" ٭ **بوحنیفہ**۔ دیکھیے "ابوحنیفہ" ٭

بُو (بُو) (ف) مؤنث (۱) خوش بو۔ مہک (۲) واؤ مجہول سے، بدبو۔ سڑاہند (۳) بھنک۔ خبر (۴) بھید۔ راز (۵) آن۔ بان۔ شان (۶) نشانی۔ علامت (۷) ڈھنگ۔ طرز (۸) اثر (۹) شک۔ شبہہ ٭ **بو آنا** (ل) (۱) بو محسوس ہونا۔ بو معلوم ہونا (۲) علامت پائی جانا (۳) انداز ظاہر ہونا ٭ **بو اڑنا**۔ بو کا پھیلنا۔ بو جاتی رہنا ٭ **بُوباس**۔ مؤنث (۱) پھول یا جسم کی خوشبو۔ مہک (۲) خوش بو دبسنا، رچنا کے ساتھ) (۳) ڈھنگ، انداز، طرز، روش، طریق، وضع (۴) خصلت۔ عادت (۵) مشابہت (۶) پتا۔ کھوج۔ نشان۔ سراغ ٭ **بو بدھنا**۔ بو کا بسنا ٭ **بو بسنا**۔ بو سما جانا ٭ **بو پانا**۔ خبر پانا۔ سن گن پانا۔ بو پر لگنا۔ تاک میں ہونا ٭ **بو پھوٹنا** (۱) بو نکلنا (۲) بھید کھلنا۔ مشہور ہونا ٭ **بو پھیلنا**۔ (۱) بو کا پراگندہ ہونا۔ (۲) شہرت پانا ٭ **بو جانا** (۱) بو دفع ہونا (۲) اثر مٹنا ٭ **بو چھو جانا**۔ ذرا سا بھی اثر ہو جانا ٭ **بودار** (ف) (۱) بدبو دینے والا (۲) مذکر۔ شکار کی بو پر لگا ہوا کتا (۳) مذکر۔ یمن کا خوشبودار چمڑا ٭ **بو دینا** (ل) بو نکالنا۔ علامت ظاہر کرنا، نشان دینا، پتا دینا ٭ **بو سمانا**۔ کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا ٭ **بوشناس** (ف) بو پہچاننے والا۔ جس کی سونگھنے کی قوت درست ہو ٭ **بو کا مست ہونا** بو کا بے حد خوش گوار ہونا ٭ **بو کرنا** (۱) سونگھنا (متروک) (۲) بو دینا ٭ **بو نکلنا** (۱) بو کا زائل ہونا۔ بو کا دفع ہونا۔ (۲) بو ظاہر ہونا۔ (۳) اثر ظاہر ہونا (۴) راز کھلنا ٭ **بوئے طفلی** (ف) مؤنث۔ لڑکپن کا اثر ٭ **بو ہونا** (۱) تھوڑی سی کوئی خاصیت ہونا (۲) کچھ اثر ہونا ٭

بُوا (بُوا) (ہ) مؤنث (۱) بوڑھی عورت (۲) خواہر۔ ہمشیرہ۔ آپا۔ بہن (۳) دایہ (۴) عورتوں کے باہم خطاب کرنے کا کلمہ (۵) (ہندو) باپ کی بہن۔ پھوپھی ٭ **بوا پھسکو نے سلیقہ کیا، میانی پھاڑ گھٹنے پر پیوند کیا** (سیا) (ل) مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی شخص اپنی سمجھ میں دانائی کا لیکن حقیقت میں نادانی کا کام کرے ٭

بوّاب (بَوْ۔ وَاب) (ع) مذکر۔ چوکیدار۔ دربان ٭

بوادی (بَوا۔ دِی) (ع) مذکر۔ بادیہ کی جمع۔ جنگلات۔ صحرا ٭

بوار (بُوار) (ہ) (۱) بونا (۲) بونے کا موسم ٭

بواسیر (بَوا۔ سِیر) (ع) مؤنث۔ باسور کی جمع (۱) پھنسیاں (۲) (اصطلاحاً) مقعد کے مسے یا پھنسیاں۔ مسوں سے خون آتا ہو تو خونی ورنہ بادی یا بلغمی بواسیر کہتے ہیں ٭

بُوانا (بُوا۔ نا) (ہ) (۱) بونا کا متعدی۔ بیج ڈلوانا۔ کاشت کرانا (۲) بھینس کو گابھن کرانا ٭

بُوائی (بُوا۔ ای) (ہ) مؤنث (۱) بونے کا وقت (۲) بونے کا بیج ٭

بِوائی (بِوا۔ ای) (ہ) مؤنث۔ وہ شگاف یا درزیں جو ایڑی کے پھٹ جانے سے پڑ جاتی ہیں ٭ **بوائی پھٹنا** (۱) ایڑیوں میں زخم پڑنا (۲) (مجازاً)

مصیبت پڑنا۔ تکلیف ہونا ۔

بُوبا (بُو۔ با) (ہ) مذکر (عو) (تحقیراً) پیٹ۔ شکم ۔

بُوبک (بُو۔ بک) (ہ) مذکر (۱) بوڑھا بڈھا (۲) پیر نابالغ (۳) مسخرہ (۴) احمق۔ نادان۔ بے وقوف ۔

بُوبُو (بُو۔ بُو) (ف) مؤنث (۱) بہن، بڑی بہن۔ خواہر۔ ہمشیرہ۔ بوا (۲) (مرہٹی) (عو) وہ باعزت بوڑھی کنیز جس کی گود میں بچے نے پرورش پائی ہو (۳) (لکھنؤ) گھر کی مالکہ (۴) حرم۔ مدخولہ ۔

بُوتا (بُو۔ تا) (ہ) مذکر (۱) درخت کا تنہ (۲) نیچے یا حقے کی نالی ۔

بُوتا (بُو۔ تا) (ہ) مذکر (عو) (۱) زور۔ قابو۔ طاقت۔ قوت۔ بس (۲) سہارا۔ حمایت ۔

بوتات (بُو۔ تات) (ع) مؤنث۔ جنس کا اُدھار دینا۔ اُچاپت ۔ **بوتات نویسی**۔ مؤنث۔ اُچاپت کا حساب لکھنا ۔

بوتام (بُو۔ تام) (ہند) (انگ۔ بٹن) Button مذکر۔ بٹن۔ گھنڈی تکمہ ۔

بوتل (بُو۔ تَل) (ہند) (انگ۔ بوٹل) Bottle مؤنث (۱) شیشے کا ظرف جس میں شربت، عرق، دوائیں وغیرہ رکھی جاتی ہیں (۲) شیشہ۔ مینا۔ قرابہ ۔

بوتل اُڑانا۔ ساری بوتل پی جانا ۔ **بوتل چڑھانا**۔ بوتل اڑانا ۔ **بوتل کا نشہ** مذکر (کنایۃً) شراب کا نشہ ۔ **بوتل والی چیز**۔ مؤنث (عو) (مجازاً) شراب ۔

بُوتہ (بُو۔ تہ) (ف) مذکر (۱) چاندی سونا گلانے کی کٹھالی (۲) (رت) اونٹ کا زبچہ (۳) وہ چھوٹا درخت جس کی شاخیں زمین پر لگتی یا اس سے ملی ہوئی ہوں (۴) (مجازاً) بھدّا۔ موٹا ۔ **بوتہ خار** (ف) مذکر۔ کانٹوں والی جھاڑی ۔

بوتہ خاک۔ مذکر۔ آدمی کا بدن۔ انسان کا قالب ۔ **بوتی** (بُو۔ تی) (و) مؤنث۔ اونٹ کا مادہ بچہ ۔

بوتیار (بُو۔ تی۔ یار) (ف) مذکر۔ بگلا ۔

بُوٹ (بُوٹ) (ہ) مذکر (لکھنؤ) (جمع) کچے سبز چنے ۔ **بُوٹ پلاؤ**۔ مذکر۔ کچے چنوں کی دال ملا کر پکایا ہوا پلاؤ ۔

بُوٹ (بُوٹ) (انگ Boot) مذکر (۱) پنڈلیوں تک انگریزی جوتا۔ (۲) ٹخنوں کے کچھ اوپر تک انگریزی جوتا۔ ہاف۔ بوٹ۔ شو ۔

بُوٹ (بُوٹ) (انگ Boat) مؤنث۔ کشتی۔ ناؤ ۔

بُوٹ (بُوٹ) (ہ) مذکر (۱) مٹی کا ظرف جس میں گنگا جل لایا جاتا ہے (۲) گھاس کا تنکا۔ ایک قسم کا پردار کیڑا (۳) گوشت کی بڑی بوٹی یا بڑا ٹکڑا ۔

بوٹا (بُو۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) گوشت کی بڑی بوٹی (۲) شہتیر کا ٹکڑا ۔

بُوٹا (بُوٹا) (ہ) مذکر (۱) پھولوں کا چھوٹا درخت۔ جھاڑی (۲) پھول پتی جو کاغذ، شال، فرد، لکڑی، پتھر، کسی عمارت یا کسی دھات کی چیز پر بنائی جاتی ہے ۔

بوٹا سا قد۔ مذکر۔ موزون قد۔ خوش نما قد ۔

بُوٹا کاڑھنا۔ نقش و نگار بنانا۔ دست کاری میں بیل بوٹا بنانا۔ بُوٹیاں بنانا ۔

بُوٹا کڑھنا۔ لازم ۔

بُوٹی (بُو۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا پھول (۲) چھوٹا پودا۔ چھوٹا بوٹا (۳) جڑی گھاس۔ (۴) بھنگ۔ سبزی (۵) دوا ۔ **بُوٹی بنانا**۔ پھول پتی بنانا۔ گل کاری کرنا ۔

بُوٹی بولنا۔ جادو سے قابو میں کی ہوئی بُوٹی کا کلام کرنا ۔ **بُوٹی کا پکارنا**۔ دیکھیے "بُوٹی بولنا" ۔ **بُوٹی کاڑھنا**۔ بُوٹی بنانا ۔

بُوٹیاں۔ مؤنث۔ بُوٹی کی جمع ۔

بُوٹی (بُو۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) لوتھڑا۔ گوشت کا چھوٹا ٹکڑا۔ تکا۔ پارۂ گوشت (۲) پرندے کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں (۳) (صفت) بے حد سرخ ۔

بوٹی بوٹی پھڑکنا (۱) جسم کے جوڑ جوڑ کا حرکت کرنا۔ بدن کے تمام عضوں کا ہلنا (۲) (مجازاً) بہت زیادہ شوخ اور چلبلا ہونا (۳) ناچنے تھرکنے والوں کے ہر جوڑ میں جنبش ہونا ۔ **بوٹی بوٹی کانپنا**۔ غصّے اور سخت ڈر کی حالت میں کسی رنج کے ضبط کرنے کی وجہ سے بدن پر کپکپی طاری ہونا ۔

بوٹی بھرنا۔ دانتوں سے جسم کا گوشت کاٹ لینا ۔

بوٹی توڑنا۔ (عو) (۱) زور سے چٹکی لینا (۲) تکا نوچنا ۔ **بوٹی چڑھنا** (عو) جسم پر گوشت چڑھنا۔ موٹا ہونا۔ فربہ ہونا ۔ **بوٹی لرزنا**۔ بوٹی کانپنا۔ نہایت خوف ہونا ۔ **بُوٹیاں**۔ مؤنث۔ بوٹی کی جمع ۔ **بوٹیاں اڑانا** (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) کھال اڑانا۔ خوب مارنا (۳) دھجی دھجی کرنا ۔ **بوٹیاں اڑنا**۔ لازم ۔

بُوٹیاں توڑنا۔ (۱) بوٹیاں نوچنا۔ چٹکیاں لینا۔ تکلیف دینا (۲) طعنے دینا ۔

بوٹیاں چیل کوؤں کو دینا۔ کوسنا ہے ۔ **بوٹیاں کاٹ کاٹ کھانا**۔ بعد غضب ناک ہونا ۔ **بُوٹیاں کاٹنا** (عو) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) جھلانا۔ سخت غصّے ہونا (۳) (کھٹمل، مچھر کے لیے) خون چوسنا۔ خون پینا ۔

بُوٹیاں کتّوں کوّوں سے نچوانا (عو) کوسنا ہے ۔

بُوٹیاں نوچ کر کھانا (کنایۃً) دق کرنا۔ ایذا پہنچانا ۔

بُوٹیاں نوچنا (عو) (بُوٹیاں توڑنا) تنگ کرنا۔ دق کرنا ۔

بوجوت (بُو۔ جوت) (ہ) مؤنث (عوام) بونا جوتنا۔ کھیتی باڑی۔ زراعت ۔

بُوجھ (بُوجھ) (ہ) مؤنث (۱) سمجھ۔ فہم۔ فراست۔ دانش۔ عقل۔ تمیز۔ ادراک (۲) پہیلی کا حل (۳) (گنجفے کے کھیل میں) جس فریق کے پاس سر نہ رہے، اس کے پتے ابتر کر کے کھیل سے ایک پتا مانگ لینا (دینا، لینا، مانگنا، نکلنا کے ساتھ) (۴) بوجھنا کا امر ۔

بوجھا (بُو۔ جھا) (ہ) بوجھنا سے ماضی مطلق ۔

بُوجھا، بُوجھی۔ مؤنث۔ لڑکوں کا ایک کھیل ۔

بُوجھ۔ بجھکّڑ (۱) ہوشیار (۲) (طنزاً) نادان جو عقل مند بنے ۔

بُوجھ۔ بجھوّل۔ مؤنث۔ پہیلیاں بُوجھنے کا کھیل ۔

بُوجھ جانا۔ سمجھ لینا۔ دریافت کر لینا ۔

بُوجھنا۔ (عو) (۱) سمجھنا۔ جان لینا۔ دریافت کرنا۔ پہچاننا (۲) چیستان حل کرنا۔ پہیلی بتانا (۳) (گنجفہ) ورق ابتر کر کے پتا مانگنا (۴) شمار کرنا۔ حساب لگانا (۵) فال نکالنا۔ شگون دیکھنا ۔

بُوجھ (بُوجھ) (ہ) مذکر (۱) بار - وزن - بوجھا - حمل (۲) گٹھڑی - ایک آدمی کے اٹھانے کا اندازہ (۳) پاسنگ (۴) خیال - فکر (۵) مشکل - دِقت (۶) قرضہ (۷) (کنایۃً) ذمّہ داری ٭ **بوجھ اتارنا** (۱) بری الذّمّہ کرنا - سبک دوش کرنا (۲) قرض ادا کرنا - بے باق کرنا (۳) بیگار ٹالنا - بے پروائی سے کام کرنا (۴) کسی کے احسان کا بدلا اتارنا ٭ **بوجھ اترنا** - لازم ٭ **بوجھ اٹھانا** - (۱) بار سر پر رکھنا (۲) کفالت اپنے سر لینا - ذمّہ داری لینا (۳) کام سنبھالنا - (۴) سبک دوش کرنا - بے فکر کرنا (۵) خرچ برداشت کرنا (۶) کسی کا احسان مند ہونا ٭ **بوجھ اٹھنا** - لازم ٭ **بوجھ بٹانا** - مصیبت میں شریک ہونا ٭

بوجھ بٹائی - مؤنث - کٹے ہوئے اناج کو گٹھڑیاں باندھ کر یا انبار لگا کر بانٹنا ٭

بوجھ بھار (عو) (مذکر) (۱) استقلال آدمیت (۲) مرتبہ - قدر ٭

بوجھ پڑنا (۱) دباؤ پڑنا (۲) خرچ ذمّے ہونا (۳) فکر پڑ جانا (ان معنی میں اکثر "بار پڑنا" کہتے ہیں) ٭ **بوجھ ڈالنا** (۱) کسی کو ذمّہ دار کرنا (۲) کسی وزنی چیز کو گرا دینا (۳) دباؤ ڈالنا ٭ **بوجھ لادنا** (۱) بار اٹھانا (۲) (کنایۃً) ذمّہ داری لینا ٭

بوجھل (بُو - جھَل) (ہ) (۱) سنگین - وزنی - بھاری (۲) ثقیل (۳) گراں بار - لدا ہُوا - بوجھ کے نیچے دبا ہُوا (۴) مال دار - دولت مند (۵) خاندانی - معزّز ٭

بوجھنا (بُوجھ - نَا) (ہ) (۱) (عوام) لادنا (۲) چاولوں کا گرم پانی میں جوش دینا - اُبالنا ٭

بُوچا (بُو - چَا) (ہ) مذکر - امیروں کی سواری، جو کہار اٹھاتے ہیں، تام جھام، ہوادار ٭

بُوچا (بُو - چَا) (ہ) (۱) چھوٹے چھوٹے کانوں کا - بے کانوں کا - گوشش بریدہ - کن کٹا (۲) (ننگا کا تابع ہو کر) بے زیور کا (ان معنی میں بُچّا بھی بولتے ہیں) (۳) کتا (۴) بے لحاظ، بے شرم، بے غیرت ٭ **بوچا سب سے اونچا** - مثل - لاف زن، شیخی خورا، ڈینگیا، جس نے کبھی کوئی کام تو نہ کیا ہو، لیکن شیخی بہت بگھارے ٭

بُوچی - صفت مؤنث ٭

بوچڑ (بُو - چَڑ) (ہند) (انگ - بچر Butcher) مذکر - قصّاب - گوشت بیچنے والا - قسائی - بالخصوص گائے کا گوشت فروخت کرنے والا ٭

بُوچھار - بُوچھاڑ (بُو - چھَار ٭ بُو - چھَاڑ) (ہ) مؤنث (۱) ہوا کے ساتھ ترچھی گرنے والی مینہ کی بوندیں - ہوا سے کسی خاص رُخ پر پڑنے والے پانی کے چھینٹے (آنا، جانا، گرنا کے ساتھ) (۲) بھرمار (۳) تیروں، تلواروں اور گولوں کا کثرت سے لگنا یا گرنا (۴) گالیوں کا جھاڑ - دشنام کی کثرت (۵) باتوں کی بہتات ٭ **بوچھار پڑنا** (۱) بارش کی چھوٹی بوندوں کا کثرت سے گرنا (۲) تیروں یا گولیوں کا کثرت سے برسنا - کسی چیز کا کثرت سے گرنا (۳) اعتراض ہونا - ہر طرف سے لعن طعن ہونا (۴) کثرت سے گالیاں یا کوسنے پڑنا (۵) باتوں کا تار بندھنا ٭ **بوچھار کرنا** (۱) بھرمار کرنا (۲) بے حساب روپیہ لٹانا - کثرت سے خرچ کرنا (۳) بکثرت اعتراض کرنا - بہت زیادہ معترض ہونا (۴) پھٹکارنا - گالی پر گالی دینا - دھکے دینا - برا بھلا کہنا (۵) تتر بتر کرنا (۶) برسانا (۷) لٹانا - بکھیرنا - (۸) باتوں کا تار باندھ دینا ٭

بوچھار لگا دینا - تار باندھ دینا ٭

بوچھار ہونا - بوچھار پڑنا ٭

بوچھاری - مؤنث - وہ سائبان جو بوچھار سے بچنے کے لیے مکان کے سامنے ڈالتے ہیں ٭

بُود (بُوْد) (ف) مؤنث (۱) ہستی - وجود (۲) قیام (۳) ترجیح (۴) تھا (بُودن سے ماضی مطلق) ٭ **بودم** (بودن سے ماضی مطلق صیغہ واحد حاضر متکلم) میں تھا ٭

بودم بے دال (مذاقاً) بوم - اُلو - احمق ٭ **بود و باش** - مؤنث (۱) رہنا سہنا - سکونت (۲) رہنے سہنے کی جگہ ٭

بُود ہم پیشہ با ہم پیشہ دشمن (ف) مقولہ - ایک ہی قسم کا کام کرنے والے آپس میں حریف ہوتے ہیں - ہم فنی میں ایک دوسرے سے عداوت ہو جاتی ہے ٭

بودا (بُو - دَا) (ہ) (۱) پست ہمت - کم ہمت - بزدل - ڈرپوک - نامرد - تھڑدلا - (۲) ناتوان - ضعیف - دُبلا - کمزور - لاغر (۳) گھسا ہُوا - گلا ہُوا - فرسودہ - (۴) پرانا - کہنہ (۵) بے مزہ - پھیکا (۶) بوسیدہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

بوداپن - مذکر - کمزوری - کم ہمتی ٭ **بودی** - صفت مؤنث ٭

بودی بات - مؤنث - اوچھی اور ہلکی بات - رتبے سے گری ہوئی بات ٭

بودلا (بُوْد - لَا) (ہ) (۱) (صفت مذکر) (۱) معصوم - بھولا بھالا - سیدھا سادہ - (۲) بے وقوف - احمق (۳) مذکر - بھولا آدمی - سادہ شخص ٭ **بودلی** - صفت مؤنث ٭

بودھ (بُوْدھ) (ہ) مذکر (۱) سمجھ - گیان - علم - معرفت (۲) ریاست کپل وست کے ولی عہد گوتم کا قائم کیا ہُوا مذہب - بدھ مت ٭

بَوْر (بَوْر) (ہ) مذکر (صحیح لفظ مَور ہے) آم کا پھول ٭

بُوڑ (بُوڑ) (ہ) مذکر (۱) غوطہ - ڈبکی (۲) غوطہ دینا - ڈبونا - غرق کرنا (۳) تہ کرنا ٭

بُور (بُوْر) (ہ) مذکر (۱) نثار - نچھاور (۲) چوکر - بھوسی - چورا - بُرادہ (۳) (ہندو) خیرات جو شادی کے موقع پر بانٹی جاتی ہے ٭

بُور بُور (عو) پُرزے پُرزے - پاش پاش، دھجی دھجی، ریزہ ریزہ، ٹکڑے ٹکڑے (کرنا - ہونا کے ساتھ) ٭

بُور کا لڈو (بُور کے لڈو گندم کی بھوسی کے بنائے جاتے ہیں - ارزاں ہونے کے باعث لوگ دھوکے میں آ کر خریدتے اور کھانے کے بعد پچھتاتے ہیں) مذکر - وہ چیز جس کے کھانے اور نہ کھانے سے دونوں حالتوں میں حسرت اور پشیمانی کا سامنا ہو - دھوکے کی ٹٹی - بظاہر اچھا اور اصل میں خراب - فضول کام - گناہِ بے لذّت ٭

بُور کے لڈو کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے - مثل - دیکھیے "بُور کا لڈو" ٭

بَورا (بَو - رَا) (ہ) باؤلا - سِڑی - پاگل - دیوانہ - مجنون - سودائی ٭ **بَورانا** - بولانا، پاگل ہونا ٭ **بَورھا** - پاگل ٭ **بَوری** (۱) دیوانی - باؤلی (۲) پھٹے ہوئے جَو ٭

بُور (بو۔ را) (ہ) مذکر۔ ٹاٹ یا کسی موٹے کپڑے کا تھیلا۔ پٹہ۔ گون ٭ بُوری۔ مؤنث۔ چھوٹا بورا۔ غلہ وغیرہ جنسوں کے رکھنے کا ٹاٹ کا بورا ٭

بُور (بُو۔ رَا) (ہ) مؤنث (۱) چینی۔ کھانڈ۔ شکر سفید۔ شکر تری (۲) بُرادہ، ریزہ، چُورا، سفوف، پوڈر، پوڈر ٭

بورانی (بُو۔ رَا۔ نی) (ف) مؤنث۔ تلے ہوئے بینگن اور دہی سے ملا کر بنایا ہوا سالن۔ بینگن کا راٸتا ٭

بورچی (بُور۔ چی) (ت) مذکر (عوام) باورچی ٭ بُورچی خانہ۔ مذکر (عوام) باورچی خانہ

بورڈ (بُورڈ) (انگ Board) مذکر (۱) کمیٹی۔ مجلس۔ انجمن۔ سبھا (۲) تختہ (۳) میز (۴) جہاز کی سطح (۵) موٹا کاغذ ٭

بورڈ آف ٹریڈ Board of Trade مذکر۔ تجارت کے بارے میں پریوی کونسل کی ساس کمیٹی

بورڈ آف ڈائرکٹرز Board of Directors مذکر۔ کسی بنک یا کمپنی کے مالکوں کی کمیٹی

بورڈ آف ریونیو Board of Revenue مذکر (۱) صیغۂ مال کے اعلیٰ افسر (۲) صیغۂ مال کا محکمۂ اعلیٰ ٭

بورڈر (بُورڈر، ڈَر) (انگ Boarder) مذکر۔ خوراک کا روزانہ، ہفت روزہ یا ماہانہ خرچ اور کرایہ ادا کرنے والا۔ بورڈنگ ہوس یا ہوسٹل میں رہنے والا ٭

بورڈنگ ہوس Boarding house مذکر۔ طالبعلموں کے رہنے کا مکان ٭

بوریا (بُو۔ ریَا) (ف) مذکر۔ چٹائی ٭ بوریا باف۔ چٹائی بنانے والا ٭ بوریا بدھنا (و) مذکر (مجازاً) غریب کا گھر کا سامان ٭ بوریا بدھنا اٹھانا۔ یا۔ سمیٹنا (مجازاً) رخصت ہونا۔ چلے جانا ٭ بوریا بدھنا سنبھالنا۔ روانگی کا سامان کرنا۔ کوچ کی تیاری کرنا، چل دینا، کوچ کرنا، جگہ بدلنا ٭ بوریا بغل میں دابنا (مجازاً) چلے جانا ٭

بوڑ (بُوڑ) (ہ) بُوڑنا کا امر ٭ بُوڑ مرنا (ہ) (عوام) ڈوب کے مرجانا ٭ بُوڑنا۔ (عوام) غرق کرنا۔ ڈبونا ٭

بُوڑا (بُو۔ ڑا) (ہ) صفتِ مذکر۔ (عوام) بہرا ٭

بُوڑ! بُوڑھ سہاگن ہو (ہ) (عو) (دعا) عمر اور سہاگ باقی رہے۔ بڑھاپے تک سہاگ قائم یعنی شوہر زندہ رہے۔ زمانۂ پیری تک جوڑی بنی رہے۔ مرتے دم تک بیوہ نہ ہو ٭

بُوڑھا (بُو۔ ڑھا) (ہ) صفت (۱) زیادہ عمر کا۔ سن رسیدہ۔ کہن سال۔ معمر (۲) مذکر۔ بڑی عمر کا آدمی ٭ بوڑھا آڑھا (عو) بڈھا ٹھڈا ٭ بُوڑھا بالا برابر (و) مقولہ (۱) بوڑھے اور بچے کی سمجھ یکساں ہوتی ہے (۲) بُوڑھا اور بچہ دونوں کام کرنے میں برابر ہیں (۳) یہ دونوں ناقابلِ کار ہوتے ہیں (۴) اوّل کو آخر سے نسبت ہے (۵) یہ دونوں خبرگیری کے محتاج ہیں ٭

بوڑھا (بوڑ) بوبک (ہ) مذکر (عو) (۱) بڑا حریص بڈھا (۲) بڑھاپے میں بانکپن، پیچ دھج اور جوانی کے انداز ٭ بُوڑھا پُونگ۔ مذکر (عو) بے وقوف بُڈھا ٭ بُوڑھا پھونس۔ نہایت بوڑھا۔ پیر فرتوت ٭ بُوڑھا چوچلا (۔یا۔ چونچلا)۔ مذکر۔ بڑھاپے کا غمزہ۔ نخرا ٭ بوڑھا چوچلا (یا۔ چونچلا) جنازے کے ساتھ۔ مثل۔ (طنزاً) اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو بڑھاپے میں بھی جوانی کے ناز و انداز، بانکپن اور پیچ دھج سے باز نہ آئے ٭ بُوڑھا چونڈا۔ مذکر (۱) بڑھاپا (۲) سر کے سفید بال ٭ بوڑھا چونڈا منڈوانا (عو) بڑھاپے میں ذلیل کرانا ٭ بوڑھا چونڈا بال ہلانا۔ (عو) بڑھاپے میں جوانوں کی طرح ناز و ادا کرنا ٭ بوڑھا خرانٹ۔ مذکر۔ تجربہ کار بوڑھا۔ ہوشیار بوڑھا۔ جہاں دیدہ۔ گرگِ کہن ٭ بوڑھا طوطا۔ مذکر۔ بے وقوف بڈھا ٭ بُوڑھا گھاگ۔ بوڑھا جہاں دیدہ۔ چالاک۔ خرانٹ ٭

بُوڑھی (بُو۔ ڑھی) (ہ) بُوڑھا کی تانیث ٭ بُوڑھی جَرُوا۔ مؤنث۔ بڑی عمر کی بیوی، سن رسیدہ زوجہ، بُڈھی لگائی ٭ بُوڑھی عید (و) مؤنث (دہلی) وہ عید جو تیس روزوں کے بعد آئے ٭ بوڑھی گھوڑی لال لگام۔ مثل۔ دیکھیے "بڈھی گھوڑی..." ٭

بُوڑھے (بُو۔ ڑھے) (ہ) (۱) بوڑھا کی جمع (۲) باپ دادا ٭ بوڑھے طوطے۔ مذکر۔ (کنایۃً) بڑی عمر کے آدمی۔ سن رسیدہ لوگ ٭ بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں ؟ بوڑھے طوطے کہیں نہیں پڑھتے۔ مثل۔ بڑی عمر کے آدمی علم حاصل نہیں کرسکتے۔ جن لوگوں نے جوانی میں نہیں سیکھا وہ بڑھاپے میں کچھ نہیں سیکھ سکتے ٭ بوڑھے طوطے پڑھانا۔ بڑی عمر کے آدمیوں کو تعلیم دینا ٭ بوڑھے طوطے نہیں پڑھتے۔ مثل۔ دیکھیے "بوڑھے طوطے بھی..." ٭ بوڑھے منہ مہاسے لوگ چلے تماشے (و) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی بڑی عمر کا آدمی جوانوں کا سا کام کرے ٭

بُوڑی (بُو۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ خشخاش کی بونڈی ٭

بُوڑی (بُو۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ نیزے کی نوک ٭ بُوڑی بردار (و) سنان بردار۔ نیزہ بردار ٭

بُوزنہ (بُوز۔ نہ) (ف) مذکر۔ بندر ٭

بوزہ (بُو۔ زَہ + بُو۔ زَہ) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی شراب۔ جَو، چاول، چنے وغیرہ کے شیرے سے بنی ہوئی شراب۔ بیئر ٭

بوزینہ (ف) دیکھیے "بوزنہ" ٭

بوستان (بُوس۔ تان + بُوس۔ تاں) (ف) مذکر (۱) باغ (۲) مؤنث۔ شیخ سعدیؒ کی مشہور کتاب ٭

[بوستان اور گلستان کا فرق: بوستان کے معنی ہیں پھولوں کی پیدائش کی جگہ، پھولوں کی خوش بُو کی جگہ ؛ گلستان کے معنی ہیں پھولوں کی جگہ یا پھولوں کا مرکز]

بوس و کنار (بُوس۔ مَو۔ کِنَار) (ف) مذکر۔ چومنا اور بغل میں لینا۔ چوما چاٹی۔ بوسہ بازی۔ بغل گیر ہو کر پیار کرنا ٭ بوسہ۔ مذکر۔ چومنا۔ پیار کرنا (دینا، لینا کے ساتھ) ٭ بوسہ بازی۔ مؤنث۔ ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔ چوما چاٹی ٭

بوسہ بہ پیغام - دوسرے کے ذریعے سے مقصد حاصل کرنا ۔ **بوسہ زن** بوسہ لینے والا ۔ **بوسہ گاہ** - مؤنث - چومنے کا مقام ۔

بوسیدگی (بُو - سِی - دَگی) (ف) مؤنث - کہنگی - پراناپن ۔ **بوسیدہ** - پرانا، گلا سڑا، ٹوٹا پھوٹا ۔

بوغبند (بُوغ - بَنْد) (ف) مذکر (۱) وہ دُہرا سیا ہوا کپڑا جس میں توشک، لحاف وغیرہ باندھا جاتا ہے - بقچہ (۲) بقچہ - بندھنا - گٹھڑی (۳) گٹھڑی باندھنے کا کپڑا ۔

بوغرا (بُوغ - رَا) (ت) مذکر - بُغرا خان کا ایجاد کیا ہوا کھانا جو اُبالے ہوئے گوشت اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے - کِنّی - قیمہ ۔ **بوغرا نکالنا** (ف) مارتے مارتے بھُرکس نکال دینا - پلیتھن نکالنا - لاتوں اور لاٹھیوں سے زدوکوب کر کے نڈھال کر دینا ۔
بوغرا نکلنا - لازم ۔

بوغما (بُوغ - مَا) (ف) مذکر (۱) گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کے جوڑ جوڑ سے پیپ نکلنے لگتا ہے - بند نبیضہ (۲) گوورڑ بھیبھڑے (۳) (عو) (بلا کے ساتھ بطور تابع کے) الا بلا - کوڑا کرکٹ - واہی تباہی (۴) بدقطع عورت، بدشکل عورت، بلا، چڑیل (۵) بے کار - فضولیات - فالتو (۶) مؤنث - بے ڈھنگی، بھدّی، بھونڈی (۷) پھپھس، فالتو گوشت چڑھا ہوا، بے ڈھنگی موٹائی (۸) بے حقیقت، بے اصل (۹) گلے کا پھوڑا - گھینگا - گلگھڑ ۔

بوق (بُوق) (ع) مؤنث - بگل - قرنا - تُرہی ۔

بوقلموں (بُو - قَلَمُوں) (ف) طرح طرح کا - مختلف رنگوں کا - مختلف وضع کا - تعجب انگیز، رنگارنگ ۔ **بوقلمونی** - مؤنث - نیرنگی - رنگارنگی ۔

بوک (بُوک) (ہ) مذکر (۱) جوان اور مست بکرا (۲) بوڑھا بکرا ۔ **بوک کی سی ڈاڑھی** - مؤنث (مزاحاً) اُچگی یا لمبی ڈاڑھی ۔

بوکا (بُو - کَا) (ہ) مذکر - ٹوکری یا چمڑے کا ڈول جس کے ذریعے سے پانی بلندی پر پہنچایا جاتا ہے ۔

بوکھل (بَو - کَھل) (ہ) بدحواس - گھبرایا ہوا - وحشی ۔ **بوکھلا جانا** - پریشان ہو جانا، دیوانہ ہو جانا ۔ **بوکھلانا** - بولانا - بیتاب ہونا - گھبرانا ۔ **بوکھلاہٹ** - مؤنث - اضطراب - گھبراہٹ - پریشانی ۔

بوگرا نکالنا (ہ) دیکھیے "بوغرا نکالنا" ۔ **بوگرا نکلنا** - دیکھیے "بوغرا نکلنا" ۔

بوگی (بُو - گی) (انگ) Bogie مؤنث - ایک قسم کی ریل کی بڑی گاڑی ۔

بَول (بَوْل) (ع) مذکر - پیشاب ۔ **بول براز** (ف) مذکر - پیشاب پاخانہ ۔
بول خطا ہونا (ف) پیشاب نکل جانا ۔

بول (بُول) (ہ) مذکر (۱) کلمہ - بات - سخن - قول - کلام (۲) حکم (۳) طنز - طعنہ (۴) (کنایۃً) عقد نکاح - ان معنی میں یہ لفظ بطور جمع مستعمل ہے (۵) (موسیقی) گت کا مقابل - گیت کا ٹکڑا (۶) بولنا کا امر (۷) (گاڑی بانوں کی اصطلاح) بیل کو ہانک ۔

بول اٹھنا (۱) کہہ اٹھنا - کہنا - بولنا - چلّا اٹھنا (۲) بہتر ہو جانا، خوش ذائقہ ہو جانا، خوش نما ہو جانا (۳) شکست کھانا (۴) ہار مان جانا (۵) اپنی خوبی اور عمدگی کی خود گواہی دینا (۶) راضی ہونا (۷) چیں بولنا ۔ **بول بالا** (ف) (۱) کامیابی - عزت آبرو کی ترقی (۲) فقیروں کی دعا (۳) شہرت (رہنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **بول بالا ہونا** (۱) بات بڑی ہونا - مقبول عام ہونا (۲) دولت و جاہ کی ترقی ہونا - اقبال یاور ہونا (۳) بہت نام ہونا - شہرت زیادہ ہونا (۴) حسب مراد کام ہونا - بن آنا (۵) توقیر و عزت بڑھنا ۔ **بول جانا** (۱) تمام ہونا - کمی پر آنا - ختم ہونا - ہو چکنا (۲) مجبور ہو جانا - عاجز آ جانا - جواب دے دینا (۳) پست ہو جانا - تھک جانا - ہار جانا (۴) چلّا اٹھنا (۵) حواس باختہ ہو جانا (۶) دم نہ رہنا - پھٹ جانا - پُرانا ہو جانا - بوسیدہ ہو جانا (۷) گھاٹا آنا - دیوالا نکل جانا (۸) گنجائش نہ رہنا - سہار نہ سکنا - برداشت نہ رہنا (۹) استقلال ہاتھ سے جاتا رہنا (۱۰) سخت شکست کھا جانا - برا بھلا کہ جانا (۱۱) کوچ کر جانا ۔ **بول چال**[له] - مؤنث (۱) بات چیت - گفتگو (۲) کہنا سننا - گفت و شنید (۳) روزمرہ بولنے کا طریقہ - زبان (۴) موافقت - صلح - میل ملاپ - اتحاد (۵) (عوام) بحث - تکرار (۶) گفتار - رفتار ۔ **بول چال ہو جانا** (۱) موافقت ہو جانا (۲) تکرار ہو جانا ۔ **بول دینا** - کسی کام کا حکم سنانا ۔ **بول سنانا** - خفگی ظاہر کرنا - طعنے دینا - باتیں سنانا ۔ **بول مارنا** - تُنی اُن تُنی کرنا - طعنے دینا ۔ **بول نکلنا** - سارنگی یا ستار وغیرہ سے راگ کے کلمے ظاہر ہونا ۔
بول نہ سکنا - لحاظ یا خوف سے کچھ نہ کہہ سکنا ۔ **بولا چالی** (ہ) مؤنث (۱) گفت و شنید - بات چیت (۲) لڑائی جھگڑا (۳) ملاپ - تعلق - دوستی ۔ **بولتا** - مذکر (۱) نفس - سانس - دم - روح (۲) مَن - دِل - جی (۳) فقیروں کی اصطلاح) حُقّہ (۴) (صفت) لسّان - خوب بولنے والا (۵) بجتا بجاتا ہوا (۶) چہچہاتا ۔

بولنا (۱) کہنا - جواب دینا (۲) کسی کمزور لکڑی کا چٹکنا - آواز دینا (۳) بجنا (۴) (حقّے کا) آواز دینا (۵) (پرندوں کے لیے) چہچہانا (۶) طرف داری کرنا (۷) دام لگانا (۸) مشتہر کرنا (۹) (عوام) (عو) خفا ہونا (۱۰) آواز نکالنا (۱۱) نیلام میں بولی بولنا (۱۲) (بازار کے ساتھ) خوب چہل پہل ہونا (۱۳) (عو) (کنایۃً) جماع کرنا ۔
بولنا چالنا (۱) بے جا حرکت کرنا - بےجا بات کہنا (۲) روکنا - ٹوکنا (۳) ناراضی کا اظہار کرنا - غصّہ کرنا (۴) عذر کرنا (۵) بولنا - چھیڑنا ۔ **بولنے پر آنا** - بیباکی سے گفتگو کرنا - لحاظ اٹھا دینا ۔
بولا اٹھنا (ہ) بولانا ۔ **بولا دینا** - بدحواس کر دینا - بوکھلا دینا ۔ **بولانا** - دیکھیے "بوکھلانا" ۔
بولی (بُو - لِی) (ہ) مؤنث (۱) گفتگو - بول چال - زبان - بھاشا (۲) جانوروں کی آواز - چہچہانا (۳) نیلام میں قیمت کی آواز (۴) بول - کلام (۵) طعن و تشنیع ۔
بولی بڑھانا - کسی مال کی قیمت بڑھا کر لگانا ۔
بولی بڑھنا - لازم - نیلام میں قیمت زیادہ ہو جانا ۔ **بولی بولنا** (۱) جانوروں کا بولنا (۲) دوسرے کے لہجے میں گفتگو کرنا ۔
بولی بولنے والا - (۱) نیلام کرنے والا (۲) جانوروں کی بولی بولنے والا ۔

له : دیکھیے صفحہ ۲۱۵ حاشیہ

بولی ٹھولی - مؤنث - (۱) آواز (۲) طعن و تشنیع - آوازے توازے (۳) تمسخر - مذاق ؛ **بولی ٹھولی پھینکنا - بولی ٹھولی کسنا - بولی ٹھولی مارنا** (عو) مضحکہ اڑانا - طعنہ زنی کرنا - آوازے توازے پھینکنا ؛

بولیاں - مؤنث - بولی کی جمع ؛ **بولیاں بولنا** (۱) طرح طرح کی آوازیں نکالنا - چہچہے کرنا - خوش الحانی کرنا (۲) (عو) آوازے کسنا - طعنے دینا - گالیاں دینا (۳) نیلام میں قیمت لگانا (۴) اپنی اپنی رائے ظاہر کرنا ؛ **بولیاں ٹھٹھولیاں مارنا** (دہلی) (۱) مزاح کرنا (۲) آوازے کسنا ؛ **بولیاں سُنانا** (عو) طعنے دینا ؛ **بولیاں سُننا** (عو) بے ہودہ باتیں سننا - طعنے سہنا - طعنے سُننا ؛ **بولیاں مارنا** (عو) طعن طنز کرنا - طعنے دینا ؛ **بولے سو مارا جائے، نہ بولتا نہ مارا جاتا** - مثل - وہاں کہتے ہیں جہاں کسی شخص کی بے موقع بات پر گرفت کی جائے ؛

بوم (بُوْ - م) (ف) مذکر (۱) مقام - جگہ (۲) اُلّو ؛ **بوم خصلت** - منحوس، ویرانہ پسند ؛

بَونا (بَوْ - نَا) (ہ) مذکر (۱) نہایت چھوٹا - ٹھگنا - پست قد (۲) باونجواں اوتار ؛ **بَونی** صفت مؤنث ؛

بُونا (بُوْ - نَا) (ہ) (۱) زمین میں بیج چھڑکنا (۲) کاشت کرنا (۳) بینے کا جھنگی کرنا ؛

بُونٹ (بُوْنْٹ) (ہ) مذکر (۱) ہرے کچے چنے (ان معنی میں بُوٹ بھی کہتے ہیں) (۲) چھوٹا مضبوط گھوڑا ؛ **بونٹ پلاؤ** - مذکر - سبز چنے کا پلاؤ ؛

بُوند (بُوْنْد) (ہ) مؤنث (۱) قطرہ (۲) منی کا قطرہ (۳) ایک قسم کا چھینٹوں والا ریشمی کپڑا (۴) بے حد اونچا (ہ) (صفت) (ہتھیار کے متعلق) انتہائی تیز - حد سے زیادہ آب دار ؛ **بوند بوند تالاب بھرتا ہے** - مثل - تھوڑا تھوڑا جمع ہو کر بہت ہو جاتا ہے ؛ **بوند بھر** تھوڑا سا - ایک قطرے کی مقدار ؛ **بُوند پڑنا** - قطرہ گرنا ؛ **بُوند ٹپکنا** - قطرہ گرنا ؛ **بُوند بھر پڑنا** - بُوند گرنا ؛ **بُوند چوپلٹی** (عوام) حاملہ ہونے پر آمادہ ؛ **بوند ساون** - مذکر - چھوٹا دن ؛ **بُوند کا چوکا گھڑے ڈھلکائے** - مثل - موقع ہاتھ سے نکل جائے تو بہت زحمت ہوتی ہے، کام پھر بھی نہیں بنتا ؛ **بوند گرنا** - بوند ٹپکنا ؛ **بوند ہو جانا (ہونا)** - بہت اونچا ہونا ؛

بُونڈا (ہ) مذکر - کچی کلی، چھوٹی کلی، نئی کلی کا ہٹا، جھبّا (۲) پوست کا ڈوڈا ؛

بوندا باندی - مؤنث - تھوڑا تھوڑا مینہ ؛

بوندی (بُوْن - دِی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی بوند - پانی کا قطرہ - مینہ کا قطرہ (۲) راجپوتانہ کا ایک شہر جہاں کی کٹار مشہور ہے (۳) پانی کے قطرے جیسی ایک طرح کی مٹھائی (۴) ایک قسم کا درخت ؛

بوندی (بُوْن - دِی) (ہ) مؤنث (۱) پھول گرنے کے بعد پھوٹنے والا درخت کا کلّا (۲) جوار کی بالی (۳) کچنال کا پھول ؛

بوندیاں (ہ) بوندی کی جمع ؛

بوندیں (بُوْن - دِیں) (ہ) مؤنث - بوند کی جمع ؛ **بوندیں آنا** - پانی کے قطرے ٹپکنا - پانی برسنا ؛ (**بوندیاں** - یا) **بوندیں پڑنا** - چھینٹیں گرنا ؛

بونڈلا (بُوْنْڈْ - لَا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) دیکھیے بورا[۲] ؛

بُونڈی (بُوْن - ڈِی) (ہ) مؤنث (۱) جوار کی بالی (۲) کھلنے کے قریب کلی ؛

بونس (بُوْنَس) (انگ Bonus) مذکر - تنخواہ کے علاوہ خاص انعام ؛

بَونگا (بَوْں - گَا) (ہ) (۱) نادان - احمق - بے وقوف (۲) بیہودہ، نامناسب، غیر موزون (۳) بے موقع بات کرنے والا ؛

بُونگا - بُونگاہ (بُوْں - گَا، بُوْں - گَاہ) (ہ) مذکر (۱) بھس وغیرہ کا مخروطی شکل کا ڈھیر، جو چاروں طرف سے بینڈیں لگا کر بنایا جاتا ہے (۲) بانس کا ٹونٹا (۳) (عوام) ناریل ؛

بُونی (بُوْ - نِی) (ہ) مؤنث - بیج بونے کا موسم ؛

بَوہابا (بَوْ - ہَا - بَا) (ہ) آتشک کا بیمار (مرد) ؛ **بوہائی** (بَوْ - ہَا - اِی) (ہ) آتشک کی بیمار (عورت) ؛

بوہرا (بوْہ - رَا) (ہ) مذکر (۱) ساہوکار - مہاجن (۲) ایک تاجر قوم جو گجرات اور بمبئی میں زیادہ آباد ہے ؛

بوہنی (بُوْہْ - نِی) (ہ) مؤنث (۱) وہ بکری جو دن میں پہلے پہل ہو - شروع - پہل - اوّل بکری - وہ دام جو دکان کھول کر سب سے پہلے ملیں (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

بُوئی (بُوْ - اِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک جنگلی بوٹا جو اکثر جنگل میں رہنے والوں کے جلانے کے کام آتا ہے (۲) ایک قسم کی گھاس (۳) بُو بُو - بچوں کے ڈرانے کا فرضی نام - ہوّا ؛

بوئیا - بوئیاں (بُوْ - اِیَا + بُوْ - اِی یَاں) (ہ) مذکر - نہایت چھوٹی اور تنگ منہ کی ٹوکری

---

[۱] بول چال، محاورہ، مثل، مقولہ کا فرق : (۱) بول چال : ایک خاص قسم کی ترتیبِ الفاظ جو اہلِ زبان استعمال کریں اور جس کے خلاف بولنا غیر فصیح ہو - (الف) اس میں الفاظ اپنے حقیقی معنی دیتے ہیں (ب) جو جملے کی ترتیب یا الفاظ کا طریقِ استعمال اردو میں مقرر ہے، روزمرّہ میں اس کی مطابقت ضروری ہے (ج) جس طرح خاص موقع پر اہلِ زبان بے ساختہ الفاظ یا فقرے کہہ جاتے ہیں، انھیں اسی طرح استعمال کرنا لازم ہے (۲) محاورہ : جب ایک یا کئی لفظ مصدر سے ملیں اور حقیقی معنی سے متجاوز ہو کر کچھ اور معنی دیں تو اسے محاورہ کہتے ہیں - محاورے میں مصدر کے تمام مشتقات مستعمل ہوتے ہیں لیکن اصل محاورے میں کسی قسم کے تصرّف کرنے کا اختیار نہیں البتہ اگر اہلِ زبان نے کچھ تصرّف کر لیا ہو تو جائز ہے ؛ (۳) مثل : ایک یا چند جملے جو مدتِ دراز سے کسی خاص موقع پر بطورِ مثال بولے جاتے اور اپنے لفظی معنی سے متجاوز ہو کر کچھ اور مضمون ادا کرتے ہوں، مثل کہلاتے ہیں - مثل میں الفاظ کی تقدیم و تاخیر جائز ہے، لیکن مصدر کے تمام مشتقات کے ساتھ استعمال کرنا جائز نہیں ؛ (۴) مقولہ : وہ فقرہ یا جملہ جو عام سچائی یا اعلیٰ نصیحت ہونے کے باعث عام پسند ہو گیا ہو، مقولہ کہلاتا ہے - اس میں الفاظ حقیقی معنی سے تجاوز نہیں کرتے اور نہ قدامت کی شرط ہے ؛

بٹھور۔ سکڑے منہ کی چھوٹی سی ٹوکری جس میں بیشتر روٹی کا پیڑا رکھا جاتا ہے ٭

بوٹمنی۔ مؤنث۔ بہت چھوٹا بوٹا ٭

بویام (بُو۔یام) (ہ) مذکر۔ مرتبان۔ مٹی کا قرابہ۔ بیام ٭

بویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا (و) مثل۔ محنت اور مشقت کے بغیر کام بن گیا ٭

بویسیا (بُوئے۔سِیا) (ہ) دیکھیے "بیسیا" ٭

ب ۔ ہ

بَہ (بَہْ) (ہ) بہنا کا امر ٭ **بہا** (۱) بہنا سے ماضی مطلق (۲) بہانا کا امر ٭ **بہا (بہا) پھرنا** (۱) کسی سیال چیز کا کثرت سے بہنا (۲) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا (۳) شراب کے نشے میں ڈگمگاتے ہوئے جانا ٭ **بہا بہا ڈولنا** (عوام) مارا مارا پھرنا۔ تباہی پھرنا ٭ **بہا دینا** (۱) جاری کرنا، پانی کی لہر میں ڈالنا، چلتے پانی میں چھوڑ دینا (۲) لنڈھانا (۳) کسی چیز پر پانی ڈالنا۔ (۴) لٹا دینا۔ سستا بیچنا (۵) خراب کرنا۔ ضائع کرنا (۶) (خون) کشت و خون کرنا۔ قتل کرنا۔ زخمی کرنا ٭ **بہانا** (بَہا۔نا) بہنا کا متعدی (۱) لنڈھانا (۲) جاری کرنا۔ پانی کی لہر میں ڈالنا (۳) ضائع کرنا۔ خراب کرنا (۴) کوڑیوں کے مول دے دینا۔ بے حد سستا بیچنا ٭

بَہ جانا۔ بہنا (بَہ۔جانا، بَہ۔نا) (۱) رواں ہونا۔ جاری ہونا (۲) پانی کی لہر میں چلا جانا (۳) (ہندو) رقیق ہونا۔ پتلا ہونا (۴) بیجا صرف ہونا۔ ضائع ہونا (۵) (کبوتر یا کسی اَور پرندے کے متعلق) کھو جانا۔ پریشان ہو جانا۔ علیحدہ ہو جانا، جُدا ہو جانا (۶) (جو پایے کے متعلق) اسقاط ہونا (۷) جگہ سے ہٹ جانا۔ پھیل جانا (۸) (پانی، آنسو، زخم کا پانی، نزلے کا پانی) جاری ہونا۔ نکلنا (۹) (بٹیر کی نسبت) پہاڑ سے آنا (۱۰) کبوتروں کے جوڑے کا بہت انڈے دینا (۱۱) (عوام) ہوا چلنا (۱۲) مواد نکلنا۔ پھوڑا پھوٹنا (۱۳) پگھلنا (۱۴) برباد ہونا۔ غارت ہونا۔ (۱۵) متفرق ہو جانا۔ تتر بتر ہونا (۱۶) نرخ سے گھٹ کر بکنا۔ سستا بک جانا (۱۷) (گنوار) تلوار یا چھری کا اندر اُتر جانا (۱۸) (دہلی) کنکوے یا تکل کا پٹیا چھوڑنا۔ ڈور کا ڈھیلا پڑ جانا ٭

بُہ (بُہْ) (ف) ساتھ۔ سے۔ بیچ۔ پر ٭

بِہ (بِہْ) (ہ) مذکر (۱) عورتوں کے کان یا ناک کا سوراخ جس میں زیور پہنا جاتا ہے (۲) موتی کا سوراخ ٭

بِہ (بِہْ) (ف) (۱) بہتر۔ اچھا (۲) دیکھیے "بہی" ٭

بہا (بَہا) (ف) مذکر و مؤنث۔ قیمت۔ دام۔ مول ٭

بھابی۔ بھابھی (بھا۔بی + بھا۔بھی) (ہ) مؤنث (عو) بھائی کی بیوی۔ بھاوج ٭

بھاپ (بھاپ) (ہ) مؤنث (۱) بخارات جو گرمی کے باعث کسی مرطوب چیز سے اٹھیں (۲) گرم ہوا جو گرم چیز سے یا سردی کے موسم میں انسان کے منہ سے نکلتی ہے، دھواں (۳) گرم ہوا جو تازہ پکی ہوئی چیز سے نکلے ٭ **بھاپ بھرانا**۔ ہندوں کا اپنے منہ کی ہوا اپنے بچوں کے منہ میں پھونکنا ٭

بھاپنا۔ دیکھیے "بھانپنا" ٭

بھات (بھات) (ہ) مذکر (۱) اُبلے ہوئے چاول۔ خشکہ (۲) شادی کی ایک رسم جو ننھیال کی طرف سے ادا کی جاتی ہے (۳) میٹھے چاول جو ہندو سیلا پر چڑھاتے ہیں ٭

بھات چھوڑا جاتا ہے ساتھ نہیں چھوڑا جاتا۔ مثل۔ وضع دار لوگ نقصان برداشت کر لیتے ہیں، لیکن مروت ترک نہیں کرتے ٭

بھات ہوگا تو کوّے بہت آ رہیں گے۔ مثل۔ دولت ہوگی تو خوشامدیوں کی کمی نہیں ٭ **بھاتی**۔ مؤنث (۱) ننھیال والے شادی میں جو کچھ لائیں اور اس کا بدل نہ ہو (۲) مذکر۔ شادی کا بھات لے کر آنے والے ٭

بھاٹ (بھاٹ) (ہ) مذکر (۱) ایک قوم جو بیشتر نسب نامے یاد رکھتی ہے (۲) (صفت) خوشامدی۔ ہر کسی کی جھوٹی تعریف کرنے والا (۳) کبت بکنے یا سنانے والا ٭

بھاٹا (بھا۔ٹا) (ہ) مذکر (۱) سمندر کے پانی کا اُتار (ان معنی میں "جوار بھاٹا" کی ترکیب سے مستعمل ہے) (۲) (عوام) بینگن (۳) پتھر۔ روڑا ٭

بھاجڑ (بھاجڑ) (ہ) (۱) اثاثہ۔ اسباب۔ سامان (۲) افراتفری۔ بھاگڑ۔ فرار گریز (۳) حیرانی۔ پریشانی ٭

بھاجی (بھا۔جی) (ہ) مؤنث (۱) حصہ بخرا۔ کھانے پینے کی چیز کا حصہ (بانٹنا کے ساتھ) (۲) پکی ہوئی ترکاری۔ پکا ہوا ساگ (۳) وہ کھانا جو کسی مبارک بادی کی تقریب پر برادری میں تقسیم کیا جاتا ہے ٭

بھاجی بٹ جانا (۱) کسی شے کا تقسیم ہو کر ختم ہو جانا (۲) کسی بات کا عام ہو جانا، گھر گھر مشہور ہو جانا ٭

بھاجی کی بھاجی کیا دوسرے کی محتاجی (و) مثل۔ احسان کے بدلے احسان کر دینا چاہیے۔ دوسرے کا احسان اپنے سر پر نہ رکھنا چاہیے ٭

بہادر (بَہا۔دُر) (ف) (۱) شجاع۔ دلیر۔ جری۔ جوانمرد۔ سورما (۲) لڑائی کا مرغ (۳) نڈر (۴) ایک خطاب ٭ **بہادرانہ**۔ بہادری سے۔ دلیری سے ٭

بہادری۔ مؤنث (۱) جرأت۔ دلیری۔ شجاعت۔ جوانمردی۔ مردانگی۔ سورما پن (۲) بے باکی۔ بے خوفی ٭

بھادوں (بھا۔دوں) (ہ) مذکر۔ ہندی سال کا پانچواں مہینہ۔ نصف اگست سے نصف ستمبر تک ٭ **بھادوں سے بچے تو پھر ملیں گے**۔ مثل۔ بھادوں میں زندہ رہے تو پھر ملاقات کریں گے (چونکہ بھادوں میں ہیضہ، انفلوئنزا وغیرہ مہلک بیماریاں بکثرت پھیل جاتی ہیں، لہٰذا اس مہینے کو خطرناک سمجھ کر یہ مثل بولتے ہیں) ٭

بھادوں کی بھرن۔ مؤنث۔ بھادوں کے مہینے کی بارش ٭

بھادوں کے بھیڑے۔ مذکر۔ وہ برہمن جو بھادوں کے مہینے میں گنگا جل لیے پھرتے ہیں ٭ **بھادوں کے دونگڑے**۔ مذکر۔ بھادوں کے مہینے کی تھوڑی تھوڑی

بارش جس میں مینہ برس کر نکل جاتا ہے ٭

بھار (بَھار) (ہ) (عوام) مذکر (۱) بوجھ - وزن (بیشتر بوجھ کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے) (۲) آبرو - عزت (۳) اجیرن - ناگوار ٭

بہار (بَہار) (ف) مؤنث (۱) پھولوں کے کھلنے کا زمانہ - بسنت کا زمانہ - ربیع (۲) گُل نارنج (۳) سرسبزی - شادابی - تروتازگی (۴) کیفیت - لطف - رونق (۵) تفریح - دل لگی - تماشا - سیر (۶) خوشی - آنند - سرود (۷) (طنزاً) مزہ (۸) فصل - موسم (۹) ایک راگنی (۱۰) جوانی کا آغاز - شباب (۱۱) نشے کا چڑھاؤ ٭

بہار آنا (ف) (۱) بہار کا موسم آنا (۲) رونق بڑھنا - لطف آنا - مزہ آنا - (۳) پھول آنا ٭ **بہار اُڑانا** - رونق مٹانا ٭ **بہار الاپنا** - بہار کی راگنی گانا ٭

بہاراں - بہار کا موسم ٭ **بہار بیچنا** - پھل والے درختوں کے پھل ظاہر ہونے سے پہلے بیچ ڈالنا ٭ **بہار پر آنا** (۱) جوبن پر آنا - عالم شباب ہونا - رونق پر آنا (۲) مزے دار ہونا ٭ **بہار پر ہونا** - شاداب ہونا - سرسبز ہونا ٭ **بہار دکھانا** - کیفیت دکھانا - سماں دکھانا ٭ **بہار دیکھنا** - لطف دیکھنا - سرسبزی دیکھنا ٭ **بہار دینا** - لطف دینا ٭ **بہار کھلنا** (دہلی) رونق ہونا ٭ **بہار کے دن** - مذکر - بہار کا موسم ٭ **بہار لوٹنا** (۱) لطف حاصل کرنا - عیش کرنا - مزے اُڑانا (۲) سیر کرنا - تماشا دیکھنا ٭ **بہاری** (بَہا - رِی) بہار سے متعلق - بہار کی - بہار والی ٭

بھارت (بھا - رَت) (س) مذکر (۱) ہندوستان (۲) مؤنث - ہندی نظم، جس میں بدھشٹر کی مشہور جنگ کا تذکرہ ہے (۳) مؤنث - دیکھیے "مہا بھارت" ٭

بھارت ماتا (س) مؤنث - ہندوستان - مادرِ ہند ٭

بھارجا (بھار - جا) (س) مؤنث (۱) ایک راگنی (۲) اردو میں یہ لفظ بہ صورتِ جمع (بھارجے) آتا ہے - ساتھی - خوشامدی - پیرو (۲) (مجازاً) لوازم ٭

بھارکس ("بارکش" کا ہند) مذکر (۱) بوجھ لادنے کا چھکڑا (۲) خیمے کی چوب میں لپٹا ہوا تسمہ (۳) گاڑی کے ڈنڈوں کو گاڑی سے جکڑنے والا تسمہ ٭

بُہارن (بُہا - رَن) (ہ) مذکر (۱) جھاڑن - بُہرن (۲) جھاڑنے کا کپڑا ٭ **بُہارنا** (عو) جھاڑنا - صاف کرنا ٭ **بُہارُو** - مذکر - جھاڑو کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے - جھاڑو ٭ **بُہاری** - مؤنث (دہلی) (عو) جھاڑو ٭

بہاری (بہا - رِی) (ہ) (۱) صوبۂ بہار سے متعلق (۲) بہار کا باشندہ (۳) گل نارنج جیسا سفید رنگ (۴) ایک قسم کا لیمو (۵) بہت پاس پاس پھولوں والا لمبا سہرا جو سر سے پاؤں تک لٹکتا ہے ٭

بھاری (بھا - رِی) (ہ) (۱) بوجھل - وزنی (۲) قابلِ ترجیح - قابلِ قدر (۳) غالب (۴) گراں - دیرہضم - ثقیل (۵) مستحکم - مضبوط (۶) عظیم - ضخیم (۷) وزنی - جسیم - موٹا (۸) سُوجا ہوا (۹) مبالغے کے لیے، جہاں کثرت دکھائی جائے (۱۰) بہادرانہ (۱۱) (عو) (طبیعت، جی، دل کے ساتھ) رنجیدہ - افسردہ (۱۲) اجیرن - دوبھر (۱۳) گراں، ناگوار، شاق، تکلیف دہ (۱۴) کٹھن - خطرناک - خوفناک (۱۵) منحوس (۱۶) فاش - کھلی ہوئی (۱۷) گھمسان کی (۱۸) (کان کے متعلق) کم سننے والا (۱۹) (آواز کی بابت) (الف) بلند (ب) بیٹھی ہوئی (۲۰) اُداس (۲۱) (مکان کے لیے) (عو) جن، پری، آسیب یا بلا کی گزرگاہ (۲۲) بیش قیمت - بیش بہا - قیمتی (۲۳) دولت مند - امیر (۲۴) وہ کپڑا جس پر بہت کام بنا ہو (۲۵) لمبا - دراز ٭

بھاری آواز - مؤنث (۱) موٹی آواز جو فطرتاً بھدی ہو (۲) پڑی ہوئی آواز ٭

بھاری بھجّر (دہلی) بہت زیادہ وزنی ٭ **بھاری بھرکم** (۱) موٹا تازہ - فربہ (۲) ذی مرتبہ - ذی عزت (۳) باوقار - متین - سنجیدہ - بردبار - متحمل (۴) وزنی (۵) شریف - بھلامانس ٭ **بھاری پتھر** (۱) وزنی چیز - قابو سے باہر (۲) (کنایۃً) (عو) کنواری لڑکی ٭ **بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا** - کسی کام کو سخت مشکل سمجھ کر ترک کر دینا ٭ **بھاری پتھر دیکھ کر چھوڑ دینا** - کٹھن کام سمجھ کر اس سے کنارہ کر لینا ٭

بھاری رات - مؤنث - لمبی اور کٹھن رات - شبِ دراز ٭

بھاری لگنا - بارِ خاطر ہونا - ناگوار معلوم ہونا - دوبھر ہونا ٭

بھاری منزل - مؤنث - دور دراز اور کٹھن منزل ٭

بھاری ہونا (۱) بوجھل ہونا (۲) قیمتی ہونا (۳) نہایت مشکل معلوم ہونا (۴) ناگوار ہونا (۵) غالب ہونا (۶) نامبارک ہونا (۷) جن، آسیب، بلا کا گزر ہونا - دیکھیے "بھاری" ٭

بھاڑ (بھاڑ) (ہ) مذکر (۱) چولہا جس میں بھڑبھونجے چنے بھونتے ہیں (۲) تنور (۳) بھٹی، گلخن ٭ **بھاڑ جھونکنا** (۱) بھاڑ میں کوڑا کرکٹ، پتے وغیرہ ڈال کر اسے گرم کرنا (۲) اوقات ضائع کرنا، بُری طرح زندگی بسر کرنا (۳) کوئی فن، کوئی ہنر، کوئی کام نہ جاننا، بے ہنر رہنا (۴) ذلیل و خوار ہونا ٭

بھاڑ سا بھننا - کثرت سے قتل ہونا - چٹ پٹ مارا جانا ٭

بھاڑ سے نکالا بھٹی میں جھونکا - مثل - کم مصیبت سے نکال کر زیادہ مصیبت میں ڈال دیا ٭

بھاڑ میں پڑے - یا - جائے (عو) (کوسنا) چولھے میں جائے - غارت ہو - جہنم میں جائے - خراب ہو - تباہ ہو ٭

بھاڑ میں پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان - مثل - دیکھیے "بھٹ پڑے ..."

بھاڑ میں جھونکنا (۱) آگ میں ڈالنا (۲) پھینکنا - ضائع کرنا (۳) نام نہ لینا - تذکرہ نہ کرنا - جانے دینا ٭ **بھاڑ میں ڈالنا** (۱) جلانا - آگ میں ڈالنا (۲) پھینکنا - ضائع کرنا ٭

بھاڑا (بھا - ڑا) (ہ) مذکر (۱) کسب کی اجرت - زنا کی کمائی - خرچی (۲) گاڑی کی مزدوری - کرایہ - اجرت - محصول ٭ **بھاڑا کھانا** - خرچی کھانا - حرام کی کمائی کھانا - کسی کی کمائی پر بسر کرنا ٭ **بھاڑے کا ٹٹو** (۱) کرایے کا ٹٹو (۲) بودا - وہ چیز جسے ہمیشہ مرمت کی ضرورت رہے (۳) نشے کا عادی شخص کہ جب تک اسے نشے کی چیز نہ ملے، کام نہ کر سکے (۴) اجرت پر کام کرنے یا گشت لگانے والا شخص (۵) وہ شخص جو اجرت لیے بغیر کام نہ کرے ٭

بھاشا (بھا - شا) (س) مؤنث (۱) ہندوستان کی پرانی زبان - وہ ہندی بولی جو سنسکرت سے نکلی ہے (۲) بولی - زبان (۳) روزمرہ کی گفتگو (۴) بنگال کا آدمی - بنگالی ٭

بھاکا - بھاکھا (بھا - کا، بھا - کھا) (ہ) مؤنث - وہ ہندی بولی جس میں سنسکرت کے الفاظ ملے ہوتے ہیں - برج کی بولی ٭

بہاگ (بہاگ) (ہ) مذکر - ایک راگنی ٭

بھاگ (بھاگ) (ہ) بھاگنا کا امر - جلد چل - دوڑ ٭ **بھاگ آنا** - چلا آنا - دوڑ کر آنا ٭ **بھاگا** (۱) بھاگنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر (عو) غدر ۱۸۵۷ کا ٭ **بھاگا بھاگ** - مؤنث (۱) بھاگنے کی ہل چل (۲) جھپٹ کر - جلدی سے تیز تیز ٭ **بھاگا جانا** - جلد چلا جانا ٭ **بھاگا ہوا** - فراری - مفرور ٭ **بھاگا ہے - تو تو ہے** ٭ **بھاگتا** (۱) دوڑتا ہوا - فراری (۲) مذکر - دوڑنے والا آدمی - مفرور شخص ٭ **بھاگتا پھرنا** - کہیں قرار نہ ہونا - دربدر مارا مارا پھرنا ٭ **بھاگتے بھوت (چور) کی لنگوٹی ہی سہی** - مثل - ڈوبتی ہوئی رقم یا جاتی ہوئی چیز کا جو حصہ مل جائے وہی غنیمت ہے ٭ **بھاگتے راستہ نہ ملنا** - جواب نہ بن پڑنا - جواب دینے کا محل نہ ملنا ٭ **بھاگتے کی لنگوٹی** - دیکھیے "بھاگتے بھوت ..." ٭ **بھاگتے کے آگے مارتے کے پیچھے** - اس بزدل کے متعلق کہتے ہیں جو بہادر بنے ٭ **بھاگ جانا** (۱) فرار ہو جانا (۲) مقابلے سے ہٹ جانا - شکست کھانا - ہمت ہارنا (۳) (گائے، بھینس کے لیے) دودھ دینا موقوف کر دینا ٭

بھاگڑ - مؤنث - بھاگنے کا اضطراب - گھبراہٹ - بدنظمی - ہل چل (پڑنا، مچنا کے ساتھ) ٭ **بھاگ کر کہاں جاؤ گے؟** اب مجھ سے کیونکر بچو گے؟ تم مجھ سے چھوٹ نہیں سکتے ٭ **بھاگ کھڑا ہونا** - فرار ہو جانا - چل دینا ٭ **بھاگم بھاگ** - دیکھیے "بھاگا بھاگ" ٭ **بھاگنا** (۱) فرار ہونا - روپوش ہونا (۲) شکست ہونا (۳) دُور دُور رہنا - الگ الگ رہنا (۴) پرہیز کرنا - (۵) نفرت کرنا ٭ **بھاگ نکلنا** - دوڑ جانا - ساتھیوں سے الگ ہو کر دوڑ جانا ٭ **بھاگو** - ساتھیوں کو چھوڑ کر بھاگ جانے والا ٭ **بھاگوں بھاگ کرنا** - بھاگنے پر آمادہ ہونا - بھاگنے پر تُلا ہونا ٭ **بھاگے بھاگے آنا** - دوڑے دوڑے آنا - جلد جلد آنا ٭ **بھاگے پھرنا** - کبھی کہیں جانا کبھی کہیں، ایک جگہ قیام نہ کرنا ٭

بھاگ (بھاگ) (ہ) (عو) مذکر (۱) اچھی قسمت - اقبال مندی - خوش نصیبی - (۲) مقدر - تقدیر - نصیب - طالع - بخت - کرم - قسمت (۳) حصہ - بخرا - ٹکڑا - بانٹا - بھاجی (۴) ورثہ (۵) محصول (۶) تقسیم ٭ **بھاگ بھرا** - (عو) (۱) خوش قسمت (۲) (طنزاً) بدنصیب ٭ **بھاگ بھری** (صفت مؤنث) (۱) دیکھیے "بھاگ بھرا" (۲) ہندو عورتوں کا ایک تہوار ٭ **بھاگ پھوٹنا** (ہندو عورت) نصیبا پھوٹنا - بدقسمت ہونا ٭ **بھاگ جاگنا** (عو) قسمت کا یاور ہونا، عزت پانا، مقصد حاصل ہونا ٭ **بھاگ کھلنا** (عو) بھاگ جاگنا ٭ **بھاگ لگانا** (ہندو) (۱) حصے لگانا - تقسیم کرنا (۲) اوج پر پہنچانا - دن پھیرنا ٭ **بھاگ لگنا** (عو) دن پھرنا - قسمت کھلنا - نصیب جاگنا ٭ **بھاگوان** (۱) بااقبال - بیدار بخت - خوش نصیب (۲) دولت مند - امیر

(۳) سخی - فیاض - مخیر (۴) بھلا مانس - شریف ٭

بھاگل پوری (بھا - گل - پو - ری) (ہ) مذکر (۱) بھاگل پور میں بنا ہوا کپڑا (۲) بھاگل پور کا رہنے والا ٭

بھال (بھال) (ہ) مؤنث (۱) سنان - برچھی کا پھل یا تیر کی نوک (۲) راجپوت کی ایک قسم (۳) تلاش - تفتیش ٭

بھالا (بھا - لا) (ہ) مذکر - نیزہ - برچھا ٭ **بھالا** (بھالے) **بردار** - بھالا اٹھانے والا - بھالا ساتھ رکھنے والا - بھالا چلانے والا ٭

بھالنا (بھال - نا) (ہ) دیکھنا کا تابع ہو کر مستعمل ہے - دیکھنا - تلاش کرنا - ڈھونڈنا ٭

بھالو (بھا - لو) (ہ) مذکر - ریچھ - خرس ٭

بِہان (بِہان) (ہ) مؤنث - صبح - تڑکا ٭

بھان (بھان) (ہ) مذکر (۱) سورج - آفتاب - مہر - خورشید - شمس (۲) نور - چمک - اجالا - روشنی - شعاع - کرن (۳) ریزگاری، ٹکڑا، خردہ، ریزہ ٭

بھانا (بھا - نا) (ہ) (۱) دل میں کھُب جانا - پسند آنا - اچھا لگنا (۲) مزاج کے موافق ہونا - راس آنا (متروک) ٭

بھانپ (بھانپ) (ہ) بھانپنا کا امر ٭ **بھانپ لینا** - پہچان لینا - تاڑ لینا - سمجھ لینا - جانچ لینا ٭ **بھانپنا** (۱) پہچاننا - تاڑنا (۲) صورت سے جانچ لینا (۳) تاکنا - غور سے دیکھنا ٭ **بھانپو** (بھاں - پو) جانچنے والا - تاڑنے والا - نگاہ میں رکھنے والا ٭

بھانت (بھانت) (ہ) مؤنث (۱) طرح، قسم (۲) وضع قطع، رنگ ڈھنگ، طور طریق - انداز ٭ **بھانت بھانت کا** - وضع وضع کا - قسم قسم کا - طرح طرح کا - گوناگوں ٭ **بھانتیا** - ایک خوش رنگ کبوتر جس میں مختلف رنگ ہوتے ہیں ٭

بھانج (بھانج) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) کمی یا بٹا جو روپیہ، پونڈ، نوٹ وغیرہ بھناتے وقت دینا پڑے (۲) ریزگاری - خردہ ٭

بھانجا (بھان - جا) (ہ) مذکر - بہن کا بیٹا - ہمشیرہ زادہ - خواہر زادہ ٭

بھانج بہو - مؤنث - بھانجے کی بیوی ٭ **بھانج داماد** - مذکر - بھانجی کا شوہر ٭

بھانجی - مؤنث - بہن کی بیٹی - ہمشیرہ زادی - خواہر زادی ٭

بھانجنا (بھانج - نا) (ہ) (۱) (عوام) بل دینا - بٹنا (۲) چھپے ہوئے کا غذوں کا تہ کرنا - فرمے کا موڑنا ٭

بھانجواں رسّی - مؤنث - بٹی ہوئی بل والی رسی ٭

بھانجی (بھاں - جی) (ہ) مؤنث (۱) مزاحمت - اٹکاؤ - آڑ - روک (۲) خلل نقص، برائی (۳) چغلی ٭ **بھانجی خور** (۱) خلل انداز، چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا، کسی کی بہتری میں رخنہ ڈالنے والا (۲) چغل خور ٭

بھانجی دینا - بھانجی کھانا (عوام) **بھانجی مارنا** ٭

بھانجی مارنا (۱) چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - چلتے کام میں خلل ڈالنا - حارج ہونا - سلوک کرنے سے روکنا - مخل ہونا - رخنہ ڈالنا - خرابی ڈالنا - بہتری میں دراندازی کرنا

(۲) چغلی کھانا ٭

بھانڈ (بھَانْڈ) (ہ) مذکر (۱) نقال - بہروپیا - سوانگ بھرنے والا - ناچنے گانے والا، جو محفل میں نقلیں کرے اور گائے بجائے (۲) پیٹ کا ہلکا جو کسی بات کو جگہ جگہ کہتا پھرے - راز فاش کرنے والا - بھانڈا پھوڑنے والا (۳) جھوٹی تعریف یا برائی کرنے والا ٭ **بھانڈ بھگتے** - مذکر - نقالوں کا پیشہ کرنے والے ٭

بھانڈ ڈوبتا ہے، لوگ کہتے ہیں گاتا ہے (تماشا ہے) مثل - پرائی مصیبت اور تباہی کو کھیل سمجھا جاتا ہے ٭

بھانڈا (بھَان - ڈا) (ہ) مذکر (۱) ہانڈی - مٹی کا بڑا برتن - مٹکا (۲) پوشیدہ بات بھید - راز (۳) ملکیت - ساز و سامان ٭ **بھانڈا پھوٹ جانا - یا - پھوٹنا** - بھید کھل جانا - راز فاش ہونا ٭ **بھانڈا پھوڑ** - مذکر - چغل خور - پیٹ کا ہلکا - بھید ظاہر کرنے والا ٭ **بھانڈا پھوڑنا** - بھید ظاہر کرنا - راز فاش کرنا ٭

بھانگ (بھَانگ) (ہ) مؤنث (عوام) بھنگ ٭

بھان متی (بھَان - مَتی) (ہ) مذکر (۱) مداری - شعبدہ باز - بازیگر (۲) فریب کار - دغاباز ٭ **بھان متی کا سوانگ** - مذکر - (۱) تماشا جو بھان متی دکھاتے ہیں - (۲) (مجازاً) حیرت انگیز معاملہ - سمجھ میں نہ آنے والی بات ٭

بھان متی نے کنبہ جوڑا کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا - دیکھیے "کہیں کی اینٹ ..." ٭

بھاننا (بھَان - نا) (ہ) (دہلی) (۱) مروڑنا - بل دینا (۲) خراد پر چڑھانا (۳) پھیرنا - گھمانا (۴) بار بار کہنا - رٹنا (۵) (عوام) شکستہ کرنا - توڑنا ٭

بھانور - بھانوری (بھَان - وَر + بھَان - وَرِی) (ہ) مؤنث - گردش ٭

بھانوری پھرنا - (۱) گرد پھرنا - قربان ہونا (۲) ہندوؤں کی ایک رسم کے مطابق شادی کی تقریب پر دولہا دلھن کا ساتھ ساتھ آگ کے گرد طواف کرنا ٭

بھانولی (بھَان - وَلی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی روٹی ٭

بھانویں (بھَان - وِیں) (ہ) (عو) (۱) حسابوں - نزدیک (۲) خبر (۳) توجہ (۴) خیال (۵) اثر (۶) چاہے، خواہ ٭ **بھانویں نہیں** - پروا نہیں - دل پر اثر نہیں ٭

بہانہ (بہَا - نہ) (ف) مذکر (۱) حیلہ - عذر - ٹال مٹول (۲) دھوکا، فریب، مکر، چھل، جھانسا، دم (۳) ظاہرداری (۴) وسیلہ - ذریعہ (۵) وجہ، سبب (۶) پیچ - داؤں - قابو (۷) ڈھب - موقع ٭ **بہانہ بنانا** (ف) حیلہ کرنا، ٹالنا ٭ **بہانہ جو** (ف) حیلہ ڈھونڈنے والا - دغاباز - فریبی - حیلہ گر ٭ **بہانہ جوئی** - مؤنث - حیلہ ڈھونڈنا - عذر تلاش کرنا - موقع کی جستجو میں رہنا ٭ **بہانہ چلانا** (ف) تدبیر کا مؤثر ہونا - حیلہ کارگر ہونا ٭ **بہانہ خور** (ف) فریبی - مکار ٭ **بہانہ ڈھونڈنا** - عذر ڈھونڈنا، موقع ڈھونڈنا - حیلے کی تلاش میں رہنا ٭ **بہانہ رکھنا** (۱) ٹالنا - حیلہ کرنا (۲) الزام رکھنا ٭ **بہانہ ساز** (ف) حیلہ کرنے والا ٭ **بہانہ طلب** - حیلہ ڈھونڈنے والا ٭ **بہانہ کرنا** (ف) حیلہ حوالہ کرنا ٭ **بہانہ لانا** - حیلہ پیش کرنا ٭ **بہانہ ملنا** - حیلہ ہاتھ آنا ٭ **بہانے سے** - حیلے سے ٭

بہانے موت حیلے رزق - مقولہ - دیکھیے "حیلے رزق ..." ٭

بھاوج (بھَا - وَج) (ہ) مؤنث - بھائی کی بیوی - بھابی ٭

بھاویں (بھَا - وِیں) (ہ) دیکھیے "بھانویں" ٭

بہائم (بہَا - اِم) (ع) مذکر - بہیمہ کی جمع - چوپایے - مویشی - حیوان ٭

بہاؤ (بہَا - اُؤ) (ہ) مذکر (۱) پانی کا جوش - طغیانی - چڑھاؤ (۲) ڈھال - پانی بہنے کا رخ - روانی - ڈھلاؤ ٭

بھاؤ (بھَا - اُؤ) (ہ) مذکر (۱) حالت - کیفیت - روپ (۲) امنگ (۳) ناز و انداز، نخرا، چوچلا (۴) نرخ - شرح - مول - دام - قیمت (۵) (عوام) مت - سمجھ (۶) (عوام) عادت - سبھاؤ (۷) (عوام) الفت - محبت - ممتا (۸) طور طریق - ڈھنگ - رنگ (۹) (عوام) خاطر تواضع - عزت ٭ **بھاؤ اترنا** - نرخ ارزاں ہونا - سستا ہونا - قیمت گھٹنا ٭ **بھاؤ بتانا** (۱) نرخ بتانا (۲) ناچ گانے میں ہاتھ، آنکھ وغیرہ کے اشارے سے گیت کے مضمون کا نقشہ دکھانا - راگ کے مضمون کی تصویر کھینچنا (۳) ناچ کے انداز دکھانا (۴) اشارے کنایے کرنا (۵) حالت ظاہر کرنا ٭ **بھاؤ بگاڑنا** - نرخ خراب کرنا ٭ **بھاؤ بننا** - سودا چکنا - قیمت طے ہونا ٭ **بھاؤ بہانا** (عوام) مول گھٹا کر قدر کم کرنا - نرخ بگاڑنا ٭ **بھاؤ پڑ جانا** - معمولی نرخ نہ ہونا ٭ **بھاؤ تاؤ** (ہ) مذکر (۱) قیمت - نرخ - دام - مول تول (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲) حالت - کیفیت ٭ **بھاؤ تیز ہو جانا - یا - ہونا** - گراں ہونا - نرخ بڑھنا - قیمت چڑھنا - دام زیادہ ہونا ٭ **بھاؤ چڑھانا** - نرخ بڑھانا - قیمت بڑھانا ٭ **بھاؤ چڑھنا** - لازم ٭ **بھاؤ کاٹنا** - نرخ مقرر کرنا ٭ **بھاؤ کٹنا** - لازم ٭ **بھاؤ کرنا** - قیمت طے کرنا - مول چکانا ٭ **بھاؤ گرنا** - نرخ اترنا - نرخ گھٹنا ٭ **بھاؤ نکالنا** - نرخ مقرر کرنا - قیمت ٹھہرانا ٭ **بھاؤ نکلنا** - لازم ٭ **بھاؤ نہ جانے راؤ** - مثل - بازاری نرخ پر کسی کا بس نہیں چلتا ٭

بہائی (بہَا - اِئی) (ہ) مؤنث (۱) دودھ پیتے بچوں کو سوتے میں ہنسانے رلانے والی روح (۲) وہ خواب جسے دیکھ کر بچے نیند میں ہنسنے یا رونے لگتے ہیں (۳) مذکر (ہنود) ایک گیت جو بچہ پیدا ہونے پر گایا جاتا ہے ٭

بھائی (بھَا - اِئی) (ہ) مذکر (۱) سگا بھائی، چچیرا بھائی، رشتے کا بھائی (۲) چھوٹائی بڑائی، مذکر و مؤنث اور رشتے کی قید کے بغیر محبت سے مرد و عورت کا باہمی کلمۂ خطاب (۳) قوم کا - برادری کا - رشتہ دار (۴) ہم وضع - ہمسر (۵) ساتھی، دوست، رفیق (۶) کبھی پیار محبت اور کبھی ادب و تعظیم سے جان اور صاحب کا لفظ بڑھا کر بھائی جان اور بھائی صاحب کہتے ہیں ٭

بھائی بند - مذکر (۱) عزیز و اقارب - رشتہ دار (۲) ہم قوم - ہم مذہب (۳) رفیق - ساتھی ٭ **بھائی بندی** - مؤنث - (۱) یگانگی (۲) برادری ٭

بھائی جیسا دوست نہیں، بھائی جیسا دشمن نہیں (ف) مثل - بھائی دوستی

کرنے میں بھی سب سے بڑھ جاتا ہے اور دشمنی کرنے میں بھی * بھائی چارا - مذکر (۱) بھائی بندی (۲) سچی دوستی - یکی دوستی (۳) اخوت *

بھائیں (بھا - ایں) (ہ) بھیانک - خوف ناک - وحشت ناک - ہولناک * بھائیں بھائیں (ہ) مؤنث - بھڑے کی آواز * بھائیں بھائیں کرنا (عو) ویرانی کی وجہ سے کسی مکان یا جگہ کا خوف ناک معلوم ہونا - سنسان معلوم ہونا *

بھبھاس (بھبھاش) (ہ) مذکر - ایک راگ *

بھبڑ (بھب - بڑ) (ہ) مذکر (۱) بازار میں خریداری کے لیے لوگوں کا ہجوم (۲) عام بھیڑ یا مجمع - اژدحام - ہجوم (۳) شور غل * بھبڑ پڑنا - یا - مچنا - (۱) شور غل مچنا (۲) دہشت یا خوف پھیل جانا (۳) افراتفری یا بھاگڑ پڑنا *

بھبک (بھبک) (ہ) مؤنث (۱) بے حد گرم بھاپ (۲) تیز بدبو (۳) شعلے کی بھڑک (۴) شعلہ (۵) جلن (۶) سڑنے کی بھکرانڈ - تعفن *

بھبک (بھبک) (ہ) بھبکنا کا امر * بھبکا (۱) بھبکنا سے ماضی مطلق (۲) بھبکانا کا امر (۳) عرق کھینچنے کا آلہ (۴) کسی تیز بدبو کا جھونکا (۵) شعلہ - لپٹ - لو * بھبک اٹھنا (۱) از حد گرم ہو جانا (۲) شعلہ اٹھنا - بھڑکنا (۳) سخت بدبو کی لپٹ آنا (۴) ناراض ہونا - غصے ہونا * بھبکانا (۱) گرم کرنا - جلانا (۲) بھڑکانا (۳) اُبالنا (۴) روشن کرنا (۵) ناراض کرنا - غصہ دلانا - جوش میں لانا (۶) گھوڑے کو ایڑ کرنا (۷) بندر کی طرح شکل بنا کر ڈرانا * بھبک جانا - بھبکنا - (۱) از حد گرم ہونا - بہت کھولنا (۲) بھڑکنا - شعلہ اٹھنا (۳) آگ لگنا - جھلسنا (۴) شیر کی طرح گرجنا - غرانا (۵) جوش میں آنا - غصے ہونا (۶) کثرت سے پانی گرنا (۷) اُبلنا (۸) زور سے نکلنا *

بھبکی (بھب - کی) (ہ) مؤنث (۱) گھرکی - دھمکی (۲) غصے سے خوف ناک شکل بنا کر ڈرانا (۳) بھبکا کی تصغیر و تانیث * بھبکی (- یا - بھبکیاں) دینا - ڈرانا دھمکانا * بھبکی میں آجانا - یا - آنا - دھمکی میں آجانا - ڈر میں آجانا - ڈر جانا *

بھبوت (- یا - بھبھوت - یا - بھبھوتی) (ہ) مذکر و مؤنث - وہ راکھ جو سادھو سنیاسی جوگی اپنے جسم پر ملتے ہیں (رمانا، لگانا، ملنا کے ساتھ) * بھبوت رما لینا - یا - رمانا (۱) سادھوؤں کا اپنے جسم پر راکھ ملنا (۲) بیراگ لینا جوگ لینا - فقیر ہونا - سادھو ہونا *

بہبود (بہ - بُود) (ف) مؤنث (۱) بہتری - نفع - فائدہ (۲) خیریت - عافیت - بھلائی (۳) فراغ بالی، خوش اقبالی (۴) بہتات - بیشی - افزونی (۵) ترقی *

بہبودی - مؤنث - بہبود - کسی کے حق میں اچھی بات ہونا *

بھبوکا (بھبھو - کا) (ہ) مذکر (۱) شرارہ - آگ کا شعلہ (۲) (صفت) چمکنے والا - نہایت روشن (۳) زیادہ سرخ (۴) بہت گورا - بہت سفید - براق (۵) طرار - شوخ (۶) (مجازاً) خشمگین - غضب ناک (۷) گرم، جلتا ہوا * بھبوکا بننا - از حد افروختہ ہونا - آگ بگولا ہونا - غصے میں لال پیلا ہونا * بھبوکے اُٹھنا (دہلی) (عو) (۱) از حد غصے ہونا (۲) غصے کے باعث بخار چڑھ آنا (۳) شعلے اٹھنا (۴) تن بدن میں آگ لگ جانا *

بھبھا (بھبھ - بھا) (ہ) مذکر - خود رائے شخص جو نہ آپ ہی سوجھے نہ کسی کا صلاح مشورہ تسلیم کرے *

بھبھکنا (بھبھک - نا) دیکھیے "بھبکنا" *

بھپارا (بھپا - را) (ہ) مذکر (۱) جوش کی ہوئی دوا (۲) جھوٹ - فریب - دم (۳) اُبال (۴) بھاپ (۵) دھونی * بھپارا دینا - کسی جوش کی ہوئی چیز سے سینکنا یا بھاپ دینا * بھپارے دینا - فریب دینا - دم دلاسا دینا - دم جھانسا دینا * بھپارے میں آنا - فریب میں پھنسنا - دھوکے میں آنا *

بھپک (بھپک) (ہ) دیکھیے "بھبک" *

بھپکا - دیکھیے "بھبکا" *

بھپکنا - دیکھیے "بھبکنا" *

بھپکی - دیکھیے "بھبکی" *

بھپوری (بھپو - ری) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی مونگ کی پکوڑی *

بہت (بہت) (ہ) (۱) افراط سے، کثرت سے - زیادہ، نہایت - بے حد، وافر (۲) وسیع - بڑا (۳) تعداد میں زیادہ (۴) ڈھیر - تودہ * بہت اچھا (۱) بہتر (۲) (کسی حکم یا بات کے جواب میں) مناسب ہے، بہت بہتر (۳) خیر کیا مضائقہ ہے - کیا ڈر ہے (۴) تسلیم - ماننا - اقرار کرنا * بہت اُڑنا - دون کی لینا - چالاکی کرنا * بہت بڑی عمر ہے (و) وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی شخص کا ذکر ہوتا ہو اور وہ آجائے * بہت بہت پوچھنا (عو) اچھی طرح مزاج پرسی کرنا * بہت بہت سلام کہنا (عو) تاکید سے سلام کا پیغام دینا * بہت دنوں یاد کرنا - مدت تک پچھتانا - افسوس کرنا * بہت دُور (۱) زیادہ فاصلے پر (۲) (مجازاً) بڑا ہوشیار - بڑا چالاک - جس کی چالاکی معمولی طریقے سے سمجھ میں نہ آئے (۳) عاقبت بین - دُور اندیش * بہت دُور ہو (۱) بڑے دُور دراز فاصلے پر ہو (۲) تمہاری عقل وہاں نہیں پہنچ سکتی (۳) دُور کی سوچتے ہو * بہت قصائیوں میں گائے مردار (و) مثل - زیادہ صلاح کاروں سے کام خراب ہوتا ہے * بہت کرنا - زیادہ خاطر کرنا * بہت مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں - مثل - زیادہ میل جول ہونے سے خراب نتیجہ پیدا ہوتا ہے * بہت نکٹوں میں ایک ناک والا نکو - مثل - بہت عیب داروں میں ایک بے عیب بھی عیب دار سمجھا جاتا ہے * بہت ہوگا تو - زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا * بہت ہی بہت ہے (عو) بالکل نہیں * بہت ہے - (۱) کافی ہے (۲) ضرورت سے زیادہ ہے (۳) (عو) برکت ہے - نہیں (۴) بڑی مہربانی ہے *

بہتا (بہ - تا) (ہ) (۱) بہنا سے ماضی تمنائی (۲) بہتا ہوا - ترتا ہوا - جاری (۳) بجا تا ہوا * بہتا پھرنا - پانی کی سطح پر رواں ہونا * بہتے دریا (- یا - بہتی گنگا) میں ہاتھ دھونا - دریا دلی یا فیاضی سے فائدہ حاصل کرنا *

بہتا (بَہ ۔ تا) (ہ) مذکر۔ وہ گرم جاں میں جو سنا چکتی ہیں پینے کے بعد رکھا جاتا ہے ٭
بھتا (بھَت ۔ تا) (ہ) مذکر (۱) سفر خرچ یا وہ رقم جو ملازموں کو تنخواہ کے علاوہ ملتی ہے۔ خوراک۔ زادِ راہ (۲) دھونکنی (۳) خشکہ۔ اُبلے ہوئے چاول (۴) وہ غلّہ، جو ہل والے کو اُجرت میں دیا جاتا ہے ٭
بھتا خیمہ۔ مذکر۔ خیمے کا سفر خرچ ٭
بہتات (بَہ ۔ تات + بُہ ۔ تات) (ہ) مؤنث۔ کثرت، افراط، زیادتی، افزونی ٭
بھتار (بُھتار) (ہ) مذکر (عوام۔ عو) شوہر۔ خاوند۔ خصم۔ پتی ٭
بُہتان (بُہ ۔ تان) (ہ) (عوام) (۱) بہت کا تیسری تول ٭
بُہتان (بُہ ۔ تان) (ع) مذکر (۱) افترا۔ الزام۔ تہمت (۲) بدنامی۔ عیب ٭ بہتان اٹھانا (یا) دھرنا۔ الزام لگانا ٭ بہتان باندھنا۔ تہمت لگانا۔ عیب لگانا ٭ بہتان بندھنا۔ لازم ٭ بہتان جوڑنا (عو) دیکھو "بہتان باندھنا" ٭ بہتان دھرنا۔ الزام لگانا ٭ بہتان رکھنا۔ بہتان جوڑنا ٭ بہتان کرنا۔ تہمت لگانا ٭ بہتان لگانا۔ جھوٹا الزام لگانا ٭ بہتان لگنا۔ لازم ٭ بہتان لینا (عو) بہتان رکھنا ٭
بہتر (بِہ ۔ تَر) (ف) (۱) افضل۔ عمدہ۔ اعلیٰ درجے کا (۲) کسی بات یا حکم کے جواب میں، بہت خوب (ان معنی میں "بہت بہتر" بھی بولتے ہیں) (۳) کیا مضائقہ ہے، خیر (۴) اظہارِ رضامندی کے لیے ٭ بہتری۔ مؤنث (۱) بھلائی۔ خوبی۔ نیکی (۲) فائدہ (۳) بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت ٭ بہترین۔ سب سے اچھا۔ نہایت اچھا ٭
بہتّر (بَہَت ۔ تَر) (ہ) مذکر (۱) ستر اور دو۔ ۷۲۔ عدد (۲) اظہارِ کثرت کے لیے ٭
بھت کلھیا (بھَت ۔ کُلھ ۔ یا) (ہ) مذکر۔ وہ چیزیں جو چھوٹی لڑکیاں چھوٹی چھوٹی ہانڈیوں میں پکاتی ہیں۔ ہنڈکلھیا ٭
بُھتنا (بُھت ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) "بُھوت" کی تصغیر۔ ناپاک روح۔ پریت (ہ) (صفت) بدصورت، کالا بھجنگا، مٹی میں لتھڑا ہوا ٭ بُھتنی۔ مؤنث (۱) بلا۔ چڑیل (۲) بدصورت عورت ٭ بُھتنی ہو کر چمٹنا۔ بُھتنی بن کر پیچھے لپٹنا۔ سر ہو جانا ٭ بُھتنے کی چیڑی۔ مؤنث۔ لڑکوں کا ایک کھیل ٭
بھتی (بھَت ۔ تی) (ہ) مؤنث۔ وہ کھانا جو کسی کی وفات پر اس کے قریبی رشتہ دار تین دن تک متوفی کے گھر بھیجتے ہیں۔ بیشتر اس کھانے میں بھات ہوتا ہے۔ طعامِ ماتم۔ سوگ بھوگ۔ حاضری ٭
بھتی پکاؤں۔ (عو) (کوسنا) ماتمی کھانا پکاؤں۔ ماتم کروں۔ تو مر جائے۔ تیرا ماتم کروں۔ تجھے رنڈاپوں پیٹوں ٭
بھتی کھانا (لکھنؤ) ماتم کرنا ٭ بھتی کھائے (عو) قسم دلانے کے موقع پر کہتی ہیں۔ روئے، پیٹے، ماتم کرے ٭ بھتی کھلانا۔ (دیکھیے بھتی) (۱) کوسنا دینا (۲) حلف دینا ٭
بھتیجا (بھَ ۔ تی ۔ جا) (ہ) مذکر۔ بھائی کا بیٹا ٭ بھتیج بہو۔ مؤنث۔ بھتیجے کی بیوی ٭
بھتیج داماد۔ مذکر۔ بھائی کی بیٹی کا شوہر ٭ بھتیجی۔ مؤنث۔ بھائی کی بیٹی ٭
بہتیرا (بَہ ۔ تے ۔ را) (ہ) (۱) ہزار ہا مرتبہ ٭ بہتیرا اگاؤ بجاؤ کوڑی نہ پاؤ۔ مثل (عوام) کتنی ہی خدمت کرو کچھ حاصل نہیں ٭ بہتیرے۔ بہت تعداد میں۔ کثرت سے ٭ بہتیرے پاؤں پیٹے۔ بڑی مشقت کی۔ بہت کوشش کی ٭
بھٹ (بھَٹ) (ہ) مذکر (۱) کھوہ۔ غار۔ وہ غار جس میں لومڑی، بھیڑیا، گیدڑ رہتے ہوں (۲) سانپ کا بِل (۳) چولھا۔ بھٹی (۴) چولھے کی جلی ہوئی سرخ مٹی (۵) برہمنوں کا ایک فرقہ ٭ بھٹ پڑے (وہ) سونا جس سے ٹوٹے (ٹوٹیں) کان۔ مثل۔ وہ شے کس کام کی جس سے تکلیف پہنچے۔ جس شے یا جس شخص سے اذیت ہو، اس کا دور ہی ہونا بہتر ہے۔ سنگار اتنا ہی اچھا ہوتا ہے جو تکلیف کا باعث نہ ہو ٭
بھٹا (بھَٹ ۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) چونا یا اینٹیں پکانے کی بھٹی۔ آوا۔ پزاوہ (۲) بڑا چولھا، تنور، بھاڑ (۳) اینٹیں یا چونا پکانے کا کارخانہ (۴) ٹوٹی ہوئی دیواروں کا راستہ (۵) چولھے کی جلی ہوئی مٹی ٭ بھٹا لگانا (۱) چونا یا اینٹیں پکانے کا کارخانہ قائم کرنا (۲) بھٹے میں آگ لگانا ٭
بُھٹا (بُھٹ ۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ مکئی کی بال۔ بٹا ٭ بُھٹا سا اڑا دینا۔ یا۔ اڑانا (سر کے ساتھ) صفائی سے سر اڑانا۔ ایک ضرب میں سر اڑا دینا۔ ایک ہی ہاتھ میں فیصلہ کرنا ٭ بُھٹا سا اڑنا۔ لازم ٭ بُھٹے کی بالی۔ مؤنث۔ پکنے سے پہلے مکئی کا پھل ٭ بُھٹے کی گُلّی۔ مؤنث۔ بُھٹے کا وہ حصہ جو دانے نکلنے کے بعد باقی رہ جائے ٭
بھٹاچارج (بھَٹ ۔ ٹا ۔ چا رَج) (ہ) مذکر (۱) بہت بڑا عالم (۲) قنوجی برہمنوں کا لقب (۳) بنگالی کا خطاب ٭
بھٹک (بھَٹَک) (ہ) (۱) مؤنث۔ بھٹکنا کا حاصل مصدر۔ آوارگی۔ گمراہی۔ راہ راست سے دور ہو جانا۔ تیر وغیرہ کا نشانے پر نہ پڑنا (۲) کوٹتے ہوئے لوہے کی خاک (۳) (عوام) فوراً۔ جلد (۴) بھٹکنا کا امر ٭
بھٹکا (بھَٹ ۔ کا) (۱) بھٹکنا سے ماضی مطلق (۲) بھٹکانا کا امر ٭ بھٹکا پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ آوارہ پھرنا ٭ بھٹکانا (بھَٹ ۔ کا ۔ نا) (۱) گمراہ کرنا (۲) ڈانواں ڈول پھرانا (۳) دھوکا دینا ٭ بھٹکاؤ (بھَٹ ۔ کا ۔ اُو) (ہ) مذکر۔ تردد۔ وسوسہ ٭
بھٹکتا (۔ یا۔ بھٹکتے) پھرنا۔ (۱) بھولا بھٹکا پھرنا۔ گمراہ پھرنا۔ بھول جانا۔ گم ہونا (۲) حیران و سرگردان پھرنا (۳) تلاش کرنا۔ جستجو کرنا ٭
بھٹکنا (بھَٹَک ۔ نا) (ہ) (۱) راہ بھولنا۔ بے راہ چلنا۔ گمراہ ہونا (۲) آوارہ پھرنا، سرگشتہ ہونا، سرگرداں پھرنا، ڈانواں ڈول پھرنا (۳) تلاش میں رہنا۔ ڈھونڈنا (۴) بے قرار ہونا۔ بے چین اور مضطرب ہونا ٭
بھٹ کٹیا۔ بھٹ کٹائی (ہ) مؤنث۔ ایک خاردار بوٹی ٭
بھٹنا۔ بھٹ جانا۔ کسی چیز پر میل یا رنگ کا چھا جانا۔ آلودہ ہونا ٭
بھِڑنا (بھِٹ ۔ نا) (ہ) بھڑنا۔ مقابلہ ہونا۔ آمنا سامنا ہونا ٭
بھٹناگر (بھَٹ ۔ نا ۔ گَر) (ہ) مذکر۔ کائستھوں کی ایک گوت ٭
بھٹنی (بھِٹ ۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) سرِ پستان۔ چھاتی کا منہ (۲) تکمہ ٭

بھٹوا (بَھٹ - وَا) (ہ) مذکر (۱) صرف خزاں کے موسم میں پیداوار دینے والی خشک زمین (۲) خشکی کے موسم کی پیداوار ٭

بھٹواس (بَھٹ وَاس) (ہ) مذکر - ایک قسم کا غلہ ٭

بَھٹھا (بَھٹھ - ٹھا) (ہ) (مذکر) (عوام) بَھٹا ٭

بھٹئی (بَھٹئی) (ہ) مؤنث (۱) خوشامد - بھاٹ جیسی تعریف (۲) بھاٹ کا پیشہ - گدائی (۳) عیب جوئی - بھکڑ بازی - برائی - ہجو ٭

بھٹئی کرنا - جھوٹی تعریف کرنا - خوشامد کرنا ٭

بھٹی - بھٹھی (بَھٹ - ٹی + بَھٹھ - ٹھی) (ہ) مؤنث (۱) دھوبیوں، لوہاروں اور شیشہ گروں کا آتش دان - بڑا چولھا (۲) شراب خانہ - آبکاری - شراب کشید کرنے کی جگہ (۳) راجپوتوں کی ایک شاخ - پچھاوا (۴) آوا - پزاوہ (۵) کپڑوں کو بھاپ دینے کا آلہ ٭ **بھٹی چڑھانا** - کپڑے کو صاف کرنے کے لیے ریہ صابن لگا کر جوش دینا ٭ **بھٹی چڑھنا** - لازم ٭

بھٹی دار - شراب بیچنے والا - بادہ فروش - مے فروش - کلال ٭

بھٹیا (بَھٹ - یا) (ہ) مؤنث - چھوٹا آوا ٭

بھٹیارا (بَھٹ - یا - رَا) (ہ) مذکر (۱) روٹی وغیرہ پکانے کا پیشہ کرنے والا نانبائی (۲) سرائے میں مکانات کرایہ پر چلانے اور مسافروں کی خدمت کرنے والا ٭

بھٹیارپن - مذکر (۱) باورچی گری (۲) کمینگی ٭

بھٹیارخانہ - مذکر (۱) سرائے (۲) ٹھہرانے کی جگہ (۳) (مجازاً) وہ جگہ جہاں شور غل ہوتا ہو - کمینوں کے جمع ہونے کی جگہ ٭

بھٹیارن - بھٹیاری - مؤنث (۱) سرائے میں ٹھہرانے والی عورت (۲) بھٹیارے کی بیوی ٭ **بھٹیاریوں کی سی لڑائی** - مؤنث - سخت لڑائی - غضب کی لڑائی ٭

بھج (بُھج) (س) مذکر (ہندو) (۱) مثلث کا ضلع (۲) کہنی سے اوپر کا حصہ - بازو ٭

بھج بل - مذکر - گھوڑے کے بازو کی بھونری ٭ **بھج بند** - مذکر (ہندو - ع) ایک زیور - بازوبند ٭

بھجا (بُھجا) (ہ) مذکر (۱) بازو (۲) مثلث کا ضلع ٭ **بھجا ڈنڈ** - مذکر - ڈنڈ اور بازو ٭ **بھجا ڈنڈ ہی کہے دیتے ہیں** (تحقیراً) تم ایسا نہیں کر سکتے - تم میں اس کام کی ہمت، طاقت اور حوصلہ ہی نہیں ٭

بھجالی (بُھجا - لی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی ٹیڑھی چھری ٭

بھجاوٹ (بُھجا - وَٹ) (ہ) مذکر - موٹا تختہ جو شہتیروں پر ڈاٹ لگانے اور چھت پاٹنے کے کام آتا ہے ٭

بہجت (بَہ - جَت) (ع) مؤنث - خوشی - فرحت - شادمانی - سرور - تازگی - رونق - خوبی ٭ [بہجت، فرحت اور مسرت میں فرق:

مسرت معمولی خوشی کی کیفیت ہوتی ہے جو معمولی ذرائع سے بھی ہو جاتی ہے -
فرحت ان باتوں سے ہوتی ہے، جو ایک امید کے تحت ہوتی ہیں - مسرت اچانک اور کسی امید کے بغیر بھی حاصل ہوتی ہے - بہجت فرحت کا آخری درجہ ہے، وہ خصوصاً دل و دماغ پر اثر انداز ہوتی ہے اور اس کے نہ ہونے سے دل و دماغ پر ضرب لگتی ہے ٭]

بھجن (بَھجَن) (ہ) مذکر (۱) خدا کی حمد کا گیت (۲) ہندو دیوتاؤں کی تعریف کا گیت ٭

بھجن کرنا (۱) خدا کا نام یاد کرنا (۲) عبادت کرنا - وظیفہ پڑھنا ٭

بھجن لگانا (۱) خدا کا دھیان کرنا (۲) خوشی منانا - آنند ہونا - بے فکر ہونا - (۳) شکر یہ ادا کرنا (۴) گیت گانا ٭

بھجنا (بَھج - نا) (ہ) (ہندو) (۱) تسبیح کرنا - مالا پھیرنا - جپ کرنا - جپنا (۲) سراہنا، تعریف کرنا، حمد کرنا، عبادت کرنا، پوجا کرنا ٭

بھجنگ (بُھجَنگ) (ہ) (۱) (صفت) بے حد سیاہ (۲) مذکر - کالا سانپ - اژدہا ٭

بھجنگا (بُھجَنگ - گا) (ہ) مذکر (۱) کوئل سے مشابہ ایک کالا پرندہ (۲) (صفت) سیاہ فام - از حد کالا ٭ **بھجنگے** - مذکر "بھجنگا" کی جمع ٭ **بھجنگے اُڑنا** (عوام) (کنایۃً) (۱) سخت مصیبت ہونا (۲) کنگال ہونا (۳) جھوٹی خبریں مشہور ہونا ٭

بھجوانا (بَھج - وَا - نا) (ہ) بھیجنا کا متعدی المتعدی ٭

بھجیا (بُھج - یا) (ہ) مؤنث (۱) پکا ہوا ساگ - بھاجی (۲) مولی شلجم وغیرہ کے پکے ہوئے پتے (۳) بھنے ہوئے دھان جو ستو بنانے کے کام آتے ہیں ٭

بھچ (بُھچ) (ہ) (۱) بے حد موٹا (۲) از حد کالا (۳) اَن پڑھ (۴) نوگرفتار (۵) تازہ ولایت، نووارد، پردیسی (۶) مذکر - گنوار یا بے وقوف شخص - وحشی یا جنگلی آدمی ٭

بِچ (بِچ) (ہ) بچنا کا امر - **بچا** (۱) بچنا سے ماضی مطلق (۲) (صفت) پست - دبا ہوا - تنگ ٭

بچ جانا - یا بچنا - (۱) سمٹنا (۲) پچکنا - دبنا (۳) مجبور ہونا (۴) شرمانا (۵) رکنا (۶) انقباضِ خاطر ہونا (۷) گھٹا ہوا ہونا - تنگ ہونا ٭

بھچک (بُھچک) (ہ) (۱) ہکا بکا (۲) ڈرا ہوا ٭

بھچک رہ جانا - ہکا بکا رہ جانا - متحیر ہو جانا - پریشان ہو جانا - حیران ہو جانا - سراسیمہ ہو جانا ٭

بچیڑ - پچیڑ (ہ) مؤنث (عوام) (۱) تنگی (۲) بے ایمانی ٭ **پچیڑ لانا** - (۱) تنگ دلی کرنا (۲) بے ایمانی کرنا ٭

بھد (بَھد) (ہ) مؤنث (۱) ریت یا کسی اور نرم چیز پر کسی چیز کے گرنے کی آواز (۲) بدنامی - بے وقعتی - ذلت (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

بھدا (بَھد - دا) (ہ) (۱) بہت موٹا - پھپس (۲) بدشکل - بدصورت - بھونڈا - بدہیئت (۳) کاہل - سست (۴) بے وقوف (۵) الفاظ کے لیے ثقیل ٭

بھداک (بَھدَاک) (ہ) مذکر - دیکھیے بھدا ٭ **بھداکا** - مذکر (۱) گرنے کی آواز، دھماکا (۲) پھدکنا - پٹخنا (۳) کڑھی، کھیر، حلوے وغیرہ کھانوں میں کھدبدی کھدبدی کی آواز ٭ **بھداکا دینا - بھداکا سنانا** (عوام) گرا دینا - دے مارنا ٭

بھدانا (بِھدَا - نا) (ہ) (عوام) کسی شے میں نمک جذب کرانا ٭

بہدامنر (ف ۔ صحیح بہدامنہ) (ن) ۔ مذکر (۱) ایک قسم کا چھوٹا نوٹ (۲) ایک قسم کا انار (۳) بہی کا بیج ۔ مشہور ہوا ⁂

بھد بھد (بھَد ۔ بھَد) (ہ) مؤنث ۔ (۱) موٹے آدمی یا جانور کے چلنے کی آواز (۲) خاک یا ریت پر گرنے کی آواز (۳) بھرے ہوئے پیٹ کے بجنے کی آواز (۴) لگاتار چیل گرنے کی آواز (۵) آہٹ ⁂

بھدرا (بھَد ۔ رَا) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) (نجوم) منحوس دن یعنی چاند کی دوسری، ساتویں، بارھویں تاریخیں (۲) نحس گھڑی (۳) سری کرشن جی کی ایک استری کا نام (۴) ماتم کی حالت میں چار ابرو منڈوانے والا مرد (۵) چار ابرو کا صفایا، گھوٹ موٹ ⁂
بھدرا کرنا (ہندو) کریا کرم کے لیے یا یونہی کسی تیرتھ پر سر، ڈاڑھی اور مونچھیں منڈوانا ۔ چار ابرو کا صفایا کرانا ⁂ بھدرا ہونا (۱) چار ابرو کا صفایا ہونا (۲) یکسر لٹ جانا ⁂

بہ و لیہ (بہ ۔ وَ ۔ یُہ) (ف) سلسلہ وار ۔ تفصیل وار ⁂
بھدر بھدر دوڑنا (ہ) (عو) اس طرح دوڑنا کہ پاؤں کے زمین پر لگنے کی بھد بھد آواز ہو ⁂

بھدرک (بھَد ۔ رَک) (س) مؤنث (۱) نفع ۔ فائدہ ۔ لابھ (۲) پائداری، مضبوطی، استحکام، استقلال (۳) وقعت ۔ اعتبار (۴) سگھڑاپا ۔ سلیقہ ۔ شعور (۵) مزہ ۔ لطف ۔ خوبی ⁂
بھدکنا (بھَدک ۔ نَا) (ہ) (عوام) (۱) کشتی میں گرا دینا (۲) بہرا دینا ⁂
بھِدنا (بھِد ۔ نَا) (ہ) (عو) پسے ہوئے نمک مرچ یا کسی اور مصالحے کا کسی دوسری چیز میں جذب ہو جانا ۔ سرایت کر جانا (۲) کسی شے میں پیوست ہو جانا (اس معنی میں بِدھنا صحیح ہے) ⁂
بھد وار (بھَد ۔ وَار) (ہ) مؤنث ۔ وہ زمین جو گنے کے لیے تیار کی جاتی ہے ⁂
بھدّی (بھَد ۔ دِی) (ہ) (صفت مؤنث) دیکھیے "بھدّا" ⁂
بھدّی آواز ۔ مؤنث ۔ بھرّی ۔ ناملائم، موٹی آواز ⁂
بھُدئی (بھُد ۔ اِی) (ہ) مؤنث (۱) بھادوں کی پیداوار (۲) برسات کے موسم کا چاول جو بھادوں میں کاٹا جاتا ہے ⁂
بھدیاں (بھَدی ۔ یاں) (ہ) (۱) بھادوں کی فصل کا (۲) بھادوں کا آم ⁂
بھدیس ۔ بھدیسا (بھَدیش، بھَدیسے ۔ سَا) } (ہ) (۱) بھدّا
بھدیسل ۔ بھدیسلا (بھَدیسے ۔ سَل، بھَدیش ۔ لَا) } (۲) گنوار ⁂ بھدیسلی ۔ بھدیسلا کی تانیث ⁂
بھر (بھَر) (ہ) مؤنث ۔ ہندوؤں کی قدیم قوم ⁂
بھر (بھَر) (ہ) (۱) برابر ۔ پورا (۲) کل ۔ تمام (۳) اندازہ یا مقدار ظاہر کرنے کے لیے (۴) تک (۵) اعداد کے بعد آنے پر وزن کی مقدار ظاہر کرتا ہے (۶) (اپنے کے ساتھ) حتی الامکان ۔ حتی الوسع ۔ حتی المقدور ⁂
بھَر (بھَر) (ہ) بھرنا کا امر ⁂ بھرا (۱) بھرنا سے ماضی مطلق (۲) بھرانا کا امر ⁂
بھر آنا (۱) زخم بھر کر گوشت کا برابر آ جانا ۔ زخم اچھا ہونا (۲) (آنکھوں کے لیے) پُرنم ہونا ۔ آنسو آ جانا (۳) (دل کے لیے) غمگین ہونا ۔ پٹ جانا ⁂ بھرانا ۔ پرندوں کا بچوں کی چونچ میں دانہ دینا ⁂ بھر پانا (۱) قرض بے باق ہونا ۔ کوڑی کوڑی وصول ہونا ۔ کل وصول ہونا (۲) حاصل ہونا (۳) پھل پانا ۔ بھگت لینا ۔ اپنے کیے کا مزہ چکھ لینا ۔ کیے کی سزا کو پہنچنا ۔ جیسا کرنا ویسا پانا ⁂ بھر پائی ۔ مؤنث ۔ پورے داموں کی رسید ۔ پورے قرضے کی رسید ۔ وصول پانے کی رسید ⁂ بھرپور (۱) تمام ۔ کامل ۔ پورا ۔ اچھی طرح ۔ کامل طور سے ۔ کمال (۲) بھرا ہوا ۔ لبریز (۳) مستغنی ۔ بے پروا ⁂ بھر پیٹ (عو) جی بھر کر ۔ اچھی طرح ⁂ بھر جانا (۱) لبریز ہو جانا ۔ پُر ہو جانا (۲) سما جانا (۳) لتھڑ جانا ۔ سن جانا ۔ آلودہ ہونا (۴) (گھوڑے کے لیے) اینٹھ جانا ۔ پسینے میں ہوا لگ کر جوڑوں کا جکڑا جانا (۵) (چوپایوں کے لیے) حاملہ ہونا (۶) (عو) ختم پر آ جانا ۔ ختم ہو جانا (۷) سیر ہو جانا (۸) پانی سے سینچ جانا ⁂
بھر جی (عو) جی بھر کے ۔ خوب ۔ اچھی طرح ⁂ بھر چکنا (۱) بھر دینا (۲) بھر جانا ⁂
بھر دینا (۱) لبریز کرنا ۔ پُر کرنا (۲) مالا مال کرنا (۳) نقصان پورا کرنا ۔ تلافی کرنا (۴) ادا کر دینا ۔ بے باق کر دینا (۵) رفو کرنا (۶) آلودہ کرنا ۔ سان دینا ⁂
بھر لینا (۱) لبریز کر لینا (۲) کل وصول کر لینا ۔ پورے پورے دام لینا (۳) آلودہ کر لینا ⁂ بھرمار ۔ مؤنث ۔ کثرت ۔ ریل پیل ۔ بہتات ۔ افراط ⁂ بھرمار کرنا (۱) بوچھار کرنا (۲) بکثرت دینا ۔ با افراط لینا یا دینا ⁂ بھر مٹھی (عو) (۱) مٹھی بھر کے (۲) بکثرت ۔ افراط سے ⁂ بھر منہ (بھر کے منہ) گالی دینا (عو) نام لے کر گالی دینا ۔ صاف صاف گالی دینا ⁂ بھر نیند سونا (عو) اچھی طرح سونا ۔ پوری نیند سونا ⁂
بھروانا ۔ دیکھیے "بھرانا" ⁂
بھرّا (بھَر ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) تحریک ۔ ترغیب (۲) جھانسا، دم، فریب، چل، ناٹکی تعریف (۳) پُرچک (۴) اشتعال (۵) جانوروں کے ایک ساتھ اڑنے کی آواز (۶) کسی گھومنے والی چیز کی آواز (۷) اڑنے میں آواز دینے والا ایک قسم کا پتنگ ⁂
بھرّا جانا ۔ یا ۔ بھرّانا (۱) (آواز کے لیے) بھاری ہو جانا ۔ پڑ جانا ۔ بیٹھ جانا (۲) جھنجھلانا ⁂ بھرّا دینا (۱) ترغیب دینا ۔ دم دینا (۲) کبوتروں کو ایک ساتھ اڑا دینا ⁂
بھرّے ۔ مذکر ۔ بھرّا کی جمع ⁂
بھرّے پر چڑھانا (۱) فریب میں پھانسنا ۔ دم میں لانا (۲) تعریف کر کے کسی بات پر آمادہ کرنا ⁂ بھرّے میں آنا ۔ دم میں آنا ۔ فریب میں پڑنا ⁂
بہرا (بہ ۔ رَا) (ہ) (۱) گراں گوش ۔ جسے کم سنائی دے یا بالکل سنائی نہ دے (۲) بے پروا ۔ بے خبر ⁂ بہرا بادل ۔ بہرا بھنڈ (دہلی) (مجازاً) (ظرافت سے) کم سننے والا ۔ اونچا سننے والا ⁂ بہرا بہشتی، اندھا دوزخی (ل) مقولہ ۔ بہرا برائی بھلائی نہ سننے کے باعث نیک ہوتا ہے اور اندھے کی نیت بے خبری کی وجہ سے ڈانواں ڈول رہتی ہے ⁂
بہرا پتھر ۔ بالکل بہرا ۔ جس کی سننے کی قوت یکسر زائل ہو گئی ہو ⁂
بہرا سو گہرا ۔ مقولہ ۔ بہرا بہت چالاک ہوتا ہے ⁂
بہرے ۔ بہرا کی جمع ⁂
بہرے کے آگے گانا گونگے کے آگے گل ۔ اندھے کے آگے ناچنا

سارے لل ہل۔ مثل۔ جس شخص پر کسی بات کا اثر نہ ہو، اس سے کچھ کہنا سننا فضول ہے ٭

بُھرّا (بھُر۔رّا) (ہ) نہایت سیاہ ٭

بھرا (بھَرا) (ہ) (۱) لبریز (۲) جمع۔ موجود۔ (۳) تمام۔ کُل (۴) پُر گوشت۔ تازہ۔ موٹا (ان معنی میں "بھرا بھرا"، "بھرے بھرے" اور "بھری بھری" بھی بولتے ہیں)۔ (۵) آباد۔ معمور ٭ بھرا تولا (عو) (۱) بال بچے والا۔ صاحب اولاد (۲) کھاتا پیتا۔ آسودہ، مال دار (۳) آباد۔ بھرا پُرا ٭ بھرا بھرا۔ آباد ٭ بھرا بھرا گھر لگنا (عو) (۱) گھر کا آباد ہونا۔ گھر کا بارونق معلوم ہونا (۲) عورتیں بدشگونی کے خیال سے خالی گھر کو بھی "بھرا بھرا گھر" کہتی ہیں ٭ بھرا بیٹھنا (۱) غصّے میں ہونا (۲) آزردہ خاطر ہونا۔ رونے پر تیار ہونا ٭ بھرا پُرا (۱) آباد۔ بارونق (۲) مطمئن۔ خوش حال، کامیاب ٭ بھرا دربار (ف)۔ مذکر۔ مجمع۔ بھری محفل ٭ بھرا گھر (ہ) مذکر (۱) آباد گھر۔ ساز و سامان سے آراستہ گھر (ان معنی میں "بھرا بھرایا گھر" بھی بولتے ہیں) (۲) عورتیں بدشگونی کے خیال سے خالی گھر کو بھی "بھرا گھر" کہتی ہیں ٭

بھرا گھر برباد ہونا (ف) گھر کی رونق جاتی رہنا ٭

بھرا ہونا (ہ) (۱) آزردہ ہونا (۲) کثرت سے موجود ہونا ٭

بھرّاٹا (بھَر۔رّا۔ٹا) (ہ) مذکر۔ پرندوں کے اڑنے کی آواز ٭

بہرام (بہ۔رام) (ف) مذکر (۱) پانچویں آسمان کا ایک ستارہ۔ مرّیخ (۲) عراق کا ایک بادشاہ جسے گور (گورخر) کا شکار بڑا مرغوب تھا ٭

بھرانا (بھَرا۔نا) (ہ) (۱) پرندوں کا بچّوں کی چونچ میں دانہ دینا (۲) گھوڑی کا گابھن کرانا (۳) کسی چیز کو پُر کرانا ٭

بھراؤ (بھَرا۔اُو) (ہ) مذکر (۱) گڑھے کے بھرنے کی مقدار (۲) وہ کوڑا کرکٹ یا مٹی جو زمین کو ہموار کرنے کے لیے گڑھے میں ڈالی جائے (۳) ٹاٹ یا پرانی دری کے ٹکڑے جو جوتے کے تلے میں بھر دیے جاتے ہیں (۴) داخلہ۔ بھرتی (۵) بھرائی۔ پوری ڈلاؤ (۶) آب پاشی ٭

بھرائی (بھَرا۔ائی) (ہ) مؤنث (۱) کپڑے میں رُوئی بھرنے کی اُجرت (۲) پانی بھرنے کی اُجرت (۳) گڑھے میں مٹی بھرنے کی اُجرت (۴) آب پاشی ٭

بھُربھُرا (بھُر۔بھُرا) (ہ) مذکر (۱) پولا۔ خستہ (۲) فریفتہ۔ مائل ٭ بھُربھُرا جانا۔ اُمنگ پیدا ہونا۔ شوق پیدا ہو جانا۔ فریفتہ ہونا۔ مائل ہو جانا ٭

بھُربھُرانا (۱) فریفتہ ہونا۔ راغب ہونا۔ مائل ہونا (۲) خستہ ہونا۔ بکھرنا (۳) (عوام) کسی چیز پر کوئی سفوف چھڑکنا ٭ بھُربھُراہٹ۔ مؤنث۔ خستہ پن، خستگی ٭ بھُربھُری (۱) دیکھیے "بھُربھُرا" (۲) طبیعت کا متوجہ ہونا۔ اُمنگ ٭

بھَربھَرانا (بھَر۔بھَرا۔نا) (ہ) (۱) کسی قدر سوجن ہونا (۲) چہرہ تمتمانا ٭

بھَربھَراہٹ۔ بھَربھَری (بھَر۔بھَرا۔ہٹ، بھَر۔بھَری) مؤنث۔ (۱) تمتمانے کی کیفیت (۲) سوجن ٭

بھربھر جلنا (ہ) خشک چیز کا تیزی سے جلنا ٭

بھربھنڈ (بھَر۔بھنڈ) (ہ) مؤنث۔ بدلظمی۔ گڑبڑ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

بھرت (بھَرَت۔ بھَرت) (ہ) مؤنث۔ سیسے، تانبے اور جست سے مرکب ایک دھات ٭ بھرتیا (ہ) مذکر (۱) کانسے پیتل کے برتن بیچنے والا (۲) پیتل یا بھرت کا بنا ہوا برتن جس میں ہندو دال ترکاری پکاتے ہیں (۳) برنجی یا مسی برتن بنانے والا۔ ٹھٹھیرا۔ کسیرا ٭

بھَرَت (بھَرَت) (س) مذکر (۱) راجہ دسرت کا بیٹا (۲) ایک مشہور راجا جس کے نام پر بھرت کھنڈ یا بھرت ورش مشہور ہوا (۳) بھرتی کی چیز (۴) اسباب (۵) اسباب لادنے کی گاڑی (۶) جگہ (۷) روانگی کا محصول (۸) پوری ادائی ٭

بھرت بھرنا (۱) تجارت کا مال ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہنچانا۔ وساور کو لادنا (۲) کمی پوری کرنا ٭

بھُرتا (بھُر۔تا) (ہ) مذکر (۱) وہ سالن جو بعض سبزیوں کو بھلبھلا کر اور بعض کو ابال کر پیسنے کے بعد مسالا ڈال کر بناتے ہیں (۲) (صفت) بُری طرح کچلا ہوا ٭

بھُرتا بنانا (۱) بھُرتا تیار کرنا (۲) (مجازاً) مارتے مارتے بھُرکس نکال دینا ٭

بھُرتا کر دینا (۱) جلا دینا (۲) خوب پیٹ ڈالنا ٭

بھرتری (بھَر۔تری) (ہ) مذکر (۱) ہندو فقیروں کی ایک قسم (۲) ایک راجا ٭

بھرتری ہری (بھَر، تری، ہری) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور شاعر اور نحوی ٭

بھرتی (بھَر۔تی) (ہ) مؤنث (۱) حشو۔ زائد (۲) وہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جائے (۳) کسی محکمے میں نام لکھا جانا۔ اندراج۔ داخلہ (۴) تکمیل (۵) بوجھ۔ سال گاڑی یا جہاز کا اسباب ٭ بھرتی بھرنا (۱) کسی شے کو گدڑ وغیرہ سے بھر دینا۔ بُری بھلی چیز سے کمی پوری کرنا (۲) تجارت کا مال بھرنا ٭

بھرتی کا شعر (ف) مذکر۔ وہ بے مزہ شعر جو تعداد بڑھانے کے لیے کہا جائے، بُرا بھلا شعر ٭ بھرتی کا مال۔ مذکر (۱) تجارت کا مال (۲) کم قیمت مال۔ معمولی مال ٭

بھرتی کرنا۔ نوکر رکھنا۔ کسی محکمے میں داخل کرنا ٭

بھرتی ہونا۔ لازم ٭

بہر حال (بَ۔ہر۔حال) (ف۔ع) ہر حال میں۔ ہر طور پر۔ ہر طریقے سے۔ ہر طرح ٭

بھرڑی (بھَر۔ڑی) (ہ) مذکر (۱) وہ غلّہ جو گاہنے کے بعد بالوں میں رہ جائے (۲) ایک علاقہ ٭

بھرشٹ (بھَر۔شٹ، بھرشٹ) (ہ) (۱) ذلیل (۲) نجس۔ ناپاک (۳) گھناؤنا (۴) خراب (۵) بے دین (۶) بگاڑ کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

بہر طور (بَ۔ہر۔طَور) (ف۔ع) ہر طریقے سے ٭

بھُرکس (بھُر۔کس) (ہ) مذکر (۱) بھانس۔ کرنچ۔ ٹکڑا (۲) چھلکا (۳) ریزہ۔ چورا ٭

بھُرکس نکال دینا۔ یا۔ نکالنا (۱) مارتے مارتے ہڈی پسلی توڑ دینا۔ مار مار کر بھُرکس کر دینا۔ چورا چورا کرنا۔ کچومر نکالنا۔ بیدم کر دینا (۲) مفلس کر دینا۔ برباد کر دینا ٭

بھُرکس نکل جانا۔ یا۔ نکلنا۔ لازم ٭

بہر کیف (بَ۔ہر۔کَیف) (ف۔ع) ہر حال میں، جس طرح ممکن ہو، ہر طرح، بہر حال ٭

بھرم (بھَرَم) (ہ) مذکر (۱) شبہہ۔ شک۔ گمان (۲) بھروسا، اعتبار۔ ساکھ (۳)

دھوکا (۴) ناموری۔ شہرت (۵) بھید۔ راز ٭ **بھرم باندھنا** - (عوام) اعتبار قائم کرنا۔ ہوا باندھنا۔ ساکھ جمانا ٭ **بھرم بنا رکھنا** - ساکھ قائم رکھنا۔ آبرو بنائے رکھنا۔ لوگوں کی نظروں میں معزز رہنا ٭ **بھرم جانا** (۱) رعب مٹنا۔ اعتبار نہ رہنا۔ ساکھ جاتی رہنا (۲) (پر کے ساتھ) کسی پر شبہہ ہونا۔ شک ہونا (۳) شبہے میں پڑنا (۴) وہم میں مبتلا ہونا (۵) دھوکے میں پڑنا (۶) گمراہ ہونا۔ بے اعتقاد ہونا ٭

بھرم دینا - بھید ظاہر ہونے دینا۔ حال کھلنے دینا ٭ **بھرم رکھنا** - بدظن ہونا۔ بدگمان ہونا۔ شک کرنا۔ گمان کرنا ٭ **بھرم رہنا** - آبرو رہنا۔ ساکھ رہنا ٭

بھرم کھل جانا - یا - **کھلنا** (۱) اعتبار اٹھ جانا۔ ساکھ جاتی رہنا (۲) راز فاش ہونا عیب کھلنا ٭ **بھرم کھول دینا** - یا - **کھولنا** - عیب ظاہر کرنا۔ چھپا ہوا بھید ظاہر کرنا ٭ **بھرم کی ٹٹی** - اس شے کے متعلق بولتے ہیں جس سے عزت قائم اور کام رواں ہو ٭ **بھرم گنوانا** - اعتبار کھونا۔ عزت زائل کرنا ٭ **بھرم نکلنا** - بے وقعتی ہونا ٭

بھرم نہ ہونا - اعتقاد نہ ہونا۔ بھروسا نہ ہونا ٭

بھرمانا (بھَر۔ مَا۔ نَا) (ہ) (۱) پھسلانا۔ دم دینا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔ دھوکا دینا (۲) للچانا۔ لالچ دینا (۳) بھلانا۔ بسرانا (۴) دغدغے میں ڈالنا۔ وہم میں پھنسانا۔ شبہے میں ڈالنا (۵) بے دین اور بے اعتقاد کرنا۔ گمراہ کرنا ٭

بھرمنا (بھِرَم۔ نَا) (ہ) (ہندو) بھٹکنا۔ ڈانواں ڈول پھرنا ٭

بھرن (بھَرَن) (ہ) مؤنث۔ نہایت زور کی بارش۔ مینہ کا طوفان (پڑنا کے ساتھ) ٭

بہرنا (بہَر۔ نَا) (ہ) (عوام) پھر آنا۔ واپس آنا۔ لوٹنا ٭

بھرنا (بھَر۔ نَا) (ہ) (الف، متعدی) (۱) ادا کرنا۔ قرضہ چکانا (۲) (عو) سلوک کرنا۔ دینا (۳) خلاف کر دینا۔ بہکانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ کسی کی طرف سے کسی کے دل میں برائی ڈالنا (۴) بار کرنا۔ لادنا (۵) (بندوق توپ وغیرہ میں) چھرا بارود گولی ڈال کر ڈاٹ لگا دینا (۶) سیراب کرنا۔ کھیت میں آب پاشی کرنا۔ پانی دینا (۷) لگانا (۸) دھبا ڈالنا۔ چھینٹ ڈالنا (۹) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا (۱۰) پیٹنا (۱۱) نقش کی خانہ پری کرنا (۱۲) مالا مال کرنا۔ نہال کرنا (۱۳) تکمیل کو پہنچانا۔ تعمیل کرنا۔ بجا لانا (۱۴) عہد پورا کرنا (۱۵) منت ادا کرنا۔ نذر چڑھانا (۱۶) رنگ چڑھانا (۱۷) کسی برتن میں کوئی چیز ڈالنا (۱۸) کسی شے میں کوئی دوسری شے ڈالنا یا ٹھونسنا (۱۹) (گڑگڑی، حقے کے لیے) چلم پر تمباکو اور آگ رکھنا (۲۰) نکالنا۔ کسی برتن میں نکالنا (۲۱) لحاف، رضائی وغیرہ میں روئی ڈالنا ٭

(ب، لازم) (۱) معمور ہونا۔ پُر ہونا (۲) (عو) تمام ہونا۔ کامل ہونا۔ پورا ہونا (۳) ختم ہونا (۴) لتھڑنا۔ آلودہ ہونا (۵) بدمزاج کے ساتھ بسر کرنا۔ عمر کاٹنا۔ رنج میں عمر بسر کرنا (۶) سمانا۔ آنا (۷) انگور بندھنا۔ زخم کا برابر ہونا (۸) برداشت کرنا (۹) گرہ سے دینا۔ خسارہ اٹھانا۔ تلافی کرنا۔ تاوان دینا (۱۰) چھکنا۔ سیر ہونا (طبیعت، جی، دل کے ساتھ)۔ (۱۱) جھیلنا۔ سہنا (۱۲) چیچک کا پورا نکل آنا (۱۳) (مکان کے لیے) بسنا۔ آباد ہونا (۱۴) جگہ رکنا۔ اسامی کا خالی نہ رہنا (۱۵) امنڈنا۔ رونے کے قریب ہونا۔ کھسیانا ہونا (۱۶) موٹا ہونا (۱۷) تھک جانا۔ شل ہونا (۱۸) غضب ناک ہونا خشم آلود ہونا (۱۹) جگھٹ ہونا۔ ہجوم ہونا (۲۰) گتیا یا گھوڑی کا گابھن ہونا (۲۱) دام لینا،

وصول کرنا (۲۲) بھگتنا (۲۳) (ہندو، عو) آسیب یا دیبی وغیرہ کا سر پر آ جانا (۲۴) دیکھیے متعدی کا نمبر ۵ (۲۵) مذکر (عو) (الف) قرض (ب) روزانہ خرچ (۲۶) (عو) نباہ کرنا ٭

بھرنا بھرنا (عو) (۱) کفالت کرنا۔ کسی کا خرچ برداشت کرنا (۲) مصیبت جھیلنا (۳) رشوت دینا ٭

بھرنی (بھَر۔ نِی) (ہ) مؤنث (۱) بانا (۲) جلاہوں کا آلہ۔ نال ٭

بہروپ (بہُ۔ رُوْپ) (ہ) مذکر (۱) سوانگ۔ قسم قسم کی وضع۔ طرح طرح کا بھیس (۲) دھوکا۔ مکر۔ فریب ٭

بہروپ بدلنا - نیا روپ دکھانا۔ سوانگ بھرنا۔ بھیس بدلنا ٭

بہروپ بھرنا - نئی حالت میں نظر آنا۔ وضع اختیار کرنا۔ سوانگ بنانا ٭

بہروپ لانا - وضع ظاہر کرنا ٭

بہروپیا - مذکر (۱) رنگ برنگ بھیس بدلنے والا شخص (۲) (صفت) شعبدہ باز، فریبی۔ مکار (۳) حیلہ ساز۔ ریاکار ٭

بھروتی (بھَر۔ وْ۔ تِی) (ہ) مؤنث (۱) مکمل ادائی کی رسید (۲) قبض الوصول (۳) معاوضہ ٭

بھروٹا (بھَر۔ وْ۔ ٹَا) (ہ) مذکر۔ گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔ سر بوجھا ٭

بھروسا (بھَر۔ وْ۔ سَا) (ہ) مذکر (۱) اعتماد۔ اعتبار۔ یقین (۲) سہارا۔ آسرا۔ امید۔ توکل (دینا، رکھنا، کرنا، ہونا وغیرہ کے ساتھ) ٭

بھرول (بھَر۔ وْل) (ہ) مذکر۔ بہت پھل والی فصل ٭

بہرہ (بہْ۔ رَہْ) (ف) مذکر (۱) فائدہ (۲) حصہ۔ بھاگ (۳) قسمت۔ نصیب (۴) حوصلہ ٭

بہرہ کھل جانا - یا - **کھلنا** (الف) (۱) قسمت جاگنا۔ نصیبا کھلنا (۲) دل روشن ہونا۔ کامل ہونا (۳) (مجازاً) برا بھلا کہنے پر آمادہ ہونا (۴) حصہ ملنا (۵) مالا مال ہونا، متنجر ہونا ٭

بہرہ مند۔ بہرہ ور۔ بہرہ یاب (ف) (۱) خوش طالع۔ بیدار بخت۔ اقبال مند (۲) فائدہ اٹھانے والا ٭

بہری (بہْ۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) باری (۲) چندہ۔ قسط (۳) حصہ۔ برابر کا حصہ ٭

بہری باندھنا - باری مقرر کرنا۔ چندہ مقرر کرنا ٭

بہری (بہْ۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک شکاری پرندہ، جو بیشتر کبوتروں کا شکار کرتا ہے (۲) سننے کی قوت نہ رکھنے والی عورت ٭

بہری چھوٹنا - بہری کا شکار پر حملہ کرنا ٭

بھری (بھَرِی) (ہ) (۱) بھر آکی تابنث (۲) ساڑھے گیارہ ماشے کے قریب ایک وزن (۳) مؤنث ۔ ایک قسم کی گھاس ٭

بھری برسات - مؤنث (۱) عین برسات کا موسم۔ مینہ کی شدت کا زمانہ (۲) زور کی بارش ٭

بھری تھالی میں لات مارنا (عو) ناشکری کرنا۔ نوکری چھوٹنا۔ اپنے آرام کو آپ چھوڑنا ٭

بھری (۔یا۔ کڑی) جوانی مانجھا ڈھیلا (ل) مثل۔ اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں، جو مقتضائے عمر کے خلاف پست ہمتی اور کمزوری ظاہر کرے (نئی جوانی مانجھا ڈھیلا" بھی کہتے ہیں) ✽ **بھری رکعت** (ل) مؤنث۔ نماز میں فرضوں کی وہ رکعت جس میں "الحمد" کے ساتھ کوئی سورت ملاکر پڑھی جاتی ہے ✽

بھری مجلس (۔یا۔ محفل) میں ۔ عین مجلس میں۔ سارے جلسے میں۔ پوری محفل میں۔ علی الاعلان۔ مجمع میں۔ سب کے روبرو۔ سب کے آگے ✽

بھرے بھرے ۔ موٹے تازے۔ موٹے۔ تیار ✽ **بھرے بیٹھے ہیں** (۱) غضب ناک ہیں۔ خفا ہیں (۲) رونے پر تیار ہیں۔ غمگین ہیں (۳) شکوے سے بھرے ہیں۔ مکدر ہیں ✽ **بھرے کو بھرنا** ۔ کھاتے پیتے سے سلوک کرنا۔ غیر حاجت مند کی مالی امداد کرنا ✽

بھرے ہونا (۱) مجمع ہونا (۲) تر ہونا۔ آلودہ ہونا (۳) پُر ہونا۔ لبریز ہونا (۴) کسی کی طرف سے کسی کے دل میں غبار یا کینہ ہونا (۵) غصے میں ہونا ✽

بُہڑیا (بُہڑ۔یا) (س) مؤنث۔ بہو کی تصغیر۔ بیٹے کی بیوی۔ کسی پرورش کیے ہوئے لڑکے کی جورو۔ لونڈی کے بیٹے کی بیوی۔ ملازادے کی بیوی ✽

بھَڑ (بھَڑ) (ہ) مؤنث (۱) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز (۲) توپ یا بندوق کی آواز (۳) گوز کی آواز (۴) جلتی ہوئی لکڑی کے چٹخنے کی آواز (۵) مسخرہ ✽

بِھڑ (بِھڑ) (ہ) مؤنث۔ زرد تتیا۔ زنبور ✽

بِھڑ (بھڑوں) کا چھتا ۔ مذکر (۱) بھڑوں کا گھر (۲) ایسا فسادی جسے چھیڑ کر پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے ✽ **بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا** ۔ فسادی کو چھیڑنا یا غصہ دلانا ✽ **بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا** ۔ بدآدمی کو چھیڑنا ✽

بِھڑ (بِھڑ) (ہ) بِھڑنا کا امر ✽ **بِھڑا** (۱) بِھڑنا سے ماضی مطلق (۲) بِھڑانا کا امر ✽ **بِھڑا دینا** ۔ دیکھیے "بِھڑانا" ✽ **بِھڑا رہنا** ۔ ساتھ لگے رہنا ✽ **بھڑا مارنا** ۔ لڑا دینا ✽ **بِھڑانا** (۱) ابھار کر لڑا دینا۔ ٹکرانا۔ مقابلہ کرانا۔ لڑانا (۲) ملانا۔ قریب لانا (۳) رشوت میں دینا (۴) ساجھا کرنا (۵) دروازہ بند کرنا (۶) داؤں پر رکھنا ✽ **بھڑ پڑنا۔ یا۔ جانا** ۔ دیکھیے بِھڑنا ✽ **بِھڑ کر** ۔ بہت قریب ہو کر۔ مقابلے سے ✽ **بِھڑ کر تلوار چلنا** ۔ فریقین میں زور شور سے تلوار کی لڑائی ہونا ✽ **بِھڑنا** (۱) متصل ہونا۔ قریب ہونا (۲) آمادۂ جنگ ہونا۔ مقابل ہونا۔ لڑنا (۳) ٹکرانا۔ ٹکر کھانا (۴) دروازے کے کواڑوں کا بند ہونا (۵) جھگڑنا۔ مباحثہ کرنا (۶) بغل گیر ہونا ✽ **بِھڑوانا** ۔ بِھڑانا کا متعدی۔ بِھڑنا کا متعدی المتعدی ✽

بھڑا بھڑ (بھَڑا۔بھَڑ) (ہ) مؤنث (۱) دو چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز (۲) گوز کی آواز ✽

بھڑاس (بھَڑاس) (ہ) مؤنث۔ دل میں بھرا ہوا غصہ۔ دلی عداوت۔ دل کا غبار۔ دل کا بخار۔ دل کا کینہ ✽ **بھڑاس نکالنا** (عو) کچھ کہہ کر یا رو کر دل کا رنج اور طبیعت کا غصہ فرو کرنا۔ دل کی کوفت اور جلن ظاہر کرنا۔ طبیعت کا غبار ظاہر کرنا۔ جی کا بخار نکالنا۔ ملال طبع کو پکار کر کہنا۔ سانحِ خاطر کا بیان کرنا ✽

بھڑاس نکلنا ۔ لازم ✽

بھڑ بھڑانا (بھَڑ۔بھَڑا۔نا) (۱) چیخنا (۲) آگ کا بھڑکنا۔ بھڑ بھڑ کرنا (۳) طبلہ بجانا ✽

بھڑ بھڑیا (بھَڑ۔بھَڑ۔یا) (ہ) (۱) فضول باتیں کرنے والا۔ بے وقوف (۲) پیٹ کا ہلکا۔ صاف دل۔ جو ضبط نہ کر سکے (۳) جو بک جھک ڈالے، لیکن دل میں کینہ نہ رکھے (۴) گپی ✽

بھڑ بھونجا (بھَڑ۔بھُوں۔جا) (ہ) مذکر (۱) بھاڑ جھونکنے والا۔ اناج بھوننے والا (۲) بدحیثیت۔ میلا کچیلا۔ سیاہ فام۔ بدشکل ✽

بھڑ بھونجن ۔ مؤنث (۱) اناج بھوننے والی۔ بھاڑ جھونکنے والی عورت (۲) کالی۔ بدصورت ✽

بھڑ بھونجے کی لڑکی کیسر کا تلک ۔ آدمی غریب اور ٹھاٹھ امیرانہ ✽

بھڑ تنگا (بھَڑ۔تنگ۔گا) (ہ) مذکر (عو) غل غپاڑا۔ دھوم دھام ✽

بھڑک (بھَڑَک) (ہ) مؤنث (۱) چمک دمک (۲) پیاس سیانی کی انتہائی چاہ (۳) رونق، نمود، ظاہری لوازم (۴) جھجک۔ وحشت (۵) گرمی (۶) بھڑکنا کا امر ✽

بھڑکا (۱) بھڑکنا سے ماضی مطلق (۲) بھڑکانا کا امر ✽ **بھڑک اٹھنا** (۱) جلنا۔ آگ پکڑنا۔ مشتعل ہونا (۲) آگ کا روشن ہونا۔ شعلہ اٹھنا۔ آگ کا تیز ہونا ✽

بھڑکانا (۱) آگ تیز کرنا (۲) غصہ دلانا (۳) تمباکو کا جلد سوختہ کرنا۔ توے کا زیادہ جلانا ✽

بھڑک جانا (۱) جھجک جانا۔ ڈر جانا (۲) بُرا مان جانا۔ رنجیدہ ہو جانا (۳) ہٹ جانا، اکھڑ جانا (۴) رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۵) (گھوڑے کا) ڈر کر اچھلنا یا بھاگ جانا ✽

بھڑک دار (عوام) چمکیلا۔ بھڑکیلا ✽ **بھڑکنا** (۱) ڈرنا۔ خوف کھانا (۲) چمکنا۔ بدکنا۔ جھجکنا (۳) تپکنا۔ دھڑکنا۔ ہلنا۔ بھڑکنا (۴) آگ کا تیز ہونا۔ شعلے نکالنا، مشتعل ہونا، جلنا، گرم ہونا (۵) جل اٹھنا۔ آگ لگنا (۶) جوش میں آنا، ناراض ہونا، غصے ہونا (۷) (برتن کا) تڑکنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ٹوٹنا (۸) اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۹) چمک آ جانا۔ رونق بڑھ جانا (۱۰) پٹھوں کا تن جانا۔ اعصاب کا کھچ جانا (۱۱) (حقہ) تمباکو کا سوختہ ہو جانا۔ جل جانا (۱۲) حرارت کا بڑھنا۔ گرمی کا تیز ہونا (۱۳) پیاس (پانی) کی سخت خواہش ہونا۔ بہت پیاس لگنا ✽ **بھڑک نکل جانا۔ یا۔ نکلنا** ۔ وحشت دور ہونا۔ خوف یا ڈر جاتا رہنا۔ جھجک نکل جانا ✽ **بھڑکیل** (عوام) بھڑکنے والا، وحشی ✽

بھڑکیلا (۱) چمکیلا۔ زرق برق۔ بھڑک والا (۲) وحشی ✽

بھڑل (بھَڑ۔ئل) (ہ) مذکر (۱) بے شرم (۲) مسخرہ (۳) بھڑوا ✽

بھڑنگ (بھَڑنگ) (ہ) پیٹ کا ہلکا۔ بے وقوف۔ سادہ ✽

بھڑوا (بھَڑ۔وا) (ہ) مذکر (۱) غیر مردوں کو عورتوں سے اور عورتوں کو غیر مردوں سے ملانے والا شخص۔ دیوث۔ قرمساق۔ قلتبان۔ بچولیا۔ کٹنا (۲) بے لحاظ، بے حیا، بے شرم، بے عزت ✽ **بھڑوا اڑوا کرنا** (لکھنؤ) کسی کو برا بھلا کہنا۔ گالی دینا ✽ **بھڑوا ہے** ۔ نشے میں چور ہے۔ مست ہے (ہندو ہولی کے دنوں میں باہم کہا کرتے ہیں) ✽ **بھڑوائی** ۔ مؤنث۔ بھڑوے کے کام کی اجرت ✽

بھڑوے کو بھی منہ پر بھڑوا نہیں کہتے (ہ) مثل۔ کسی بُرے شخص کا عیب اس

کے منہ پر اس طرح نکلنا چاہیے کہ اسے برا معلوم ہو ۔

بھڑول دینا ۔ بھڑھولنا ۔ بھید ظاہر کر دینا (متروک) ۔

بھڑی (بَھڑِی) (ہ) مؤنث (۱) پوچک ۔ چاٹ ۔ اشتعال (دینا کے ساتھ) (۲) کبوتروں کو اڑنے کا طریق سکھانا ۔

بھڑیری (بَھڑے ۔ رِی) (ہ) مؤنث (عوام) بدنتوں کا نیچے اوپر ڈھیر ۔

بہزاد (بِہْ ۔ زاد) (ف) مذکر (۱) شاہ اسمٰعیل صفوی کے عہد کا ایک نامور نقاش (۲) اسفندیار (۳) ایک گھوڑے کا نام ۔

بھس (بَھس) (ہ) مؤنث (۱) راکھ (۲) خاک ۔ ہیچ ۔

بُھس (بُھس) (ہ) مذکر ۔ چوکر ۔ بھوسی ۔ اناج کا چھلکا ۔ اناج کے پودوں کا چورا ۔ بھوسا ۔ پھٹکن ۔ **بُھس اڑا دینا** (۱) بہت مارنا (۲) تباہ کرنا ۔ **بُھس اڑانا** (۱) بھوسی کو ہوا میں بکھیرنا (۲) (مجازاً) غم کا اظہار کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ **بُھس اڑنا** ۔ لازم ۔ **بُھس بھر دینا ۔ یا ۔ بھرنا** ۔ (۱) جسم میں اس کی اندرونی چیزوں کے بجائے بُھس بھر دینا (۲) کسی کھوکھلی چیز کو بُھس سے پُر کر دینا (۳) (مجازاً) بگاڑ دینا ۔ خراب کر دینا ۔ **بُھس بھروانا** ۔ زمانۂ ماضی میں ایک قسم کی سزا کہ مجرم کی کھال کھنچوا کر بُھس بھروا دیا جاتا تھا ۔ **بُھس کر کے مارنا** ۔ بُری طرح مارنا ۔ **بُھس کھا جانا** ۔ بے تکی بے ہودہ باتیں کرنا ۔ **بُھس کے مول ملیدہ** (و) مثل ۔ بے حد ارزاں ۔ نہایت سستا ۔ کوڑیوں کے مول ۔ **بُھس ملانا** (مجازاً) خراب کر دینا ۔ **بُھس میں چنگی (۔ یا ۔ چنگاری) ڈالنا** (۱) آگ لگا دینا (۲) لڑائی کرا دینا ۔ فساد کرا دینا ۔ **بُھس میں چنگی (۔ یا ۔ چنگاری) ڈال جمالو دور کھڑی** ۔ مثل ۔ اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں جو لڑوا کر علیحدہ ہو جائے یا لگا بجھا کر خود الگ ہو جائے اور تماشا دیکھے ۔ **بُھسَوْرا** ۔ (ہ) مذکر ۔ **بُھسَوْری** (ہ) مؤنث ۔ **بُھسَوْلا ۔ بُھسَوْندا ۔ بُھسیرا ۔ بُھسیرڑا ۔ بُھسیلا ۔ بُھسیہرا** (ہ) مذکر ۔ بُھس رکھنے کی جگہ ۔ مکان کی وہ کوٹھڑی جس میں بُھس رکھا جاتا ہے ۔ **بُھس ہونا** ۔ خستہ ہونا ۔ تھک جانا ۔

بھساکو (بَھسا ۔ کُو) (ہ) مذکر (لکھنؤ) حقے میں پینے کا ہلکا تمباکو جو کڑوا یا تیز نہ ہو ۔

بھسٹل (بَھس ۔ ٹَل) (ہ) (عو) نجس ۔ کثیف ۔ گندہ ۔ میلا ۔

بھسترڑ (بَھس ۔ تَرڑ) (ہ) (عو) بے حد موٹا بے عقل ۔ بھدا ۔ **بھسرڑا** ۔ بہت موٹا مرد ۔ **بھسرڑی** ۔ بہت موٹی عورت ۔

بَھسکنا (بَھسک ۔ نا) (ہ) (ہندو) (۱) گرنا (۲) کھانا ۔ چبانا (۳) بھینس کی طرح کھانا ۔

بَھسکو (بَھسک ۔ کُو) (ہ) مذکر ۔ بہت کھانے والا مرد ۔ پیٹو ۔

بَھسکو (بَھسک ۔ کُو) (ہ) مؤنث (۱) بہت کھانے والی ۔ بے تمیزی سے کھانے والی عورت (۲) ہرجائی عورت ۔

بھسم (بَھسَم) (ہ) جلی ہوئی چیز جو خاک ہو جائے ۔ راکھ ۔ بھبوت (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔ **بھسم کر دینا ۔ یا ۔ کرنا** (۱) جلا کر راکھ کر دینا (۲) بالکل ہضم کر دینا ۔ **بھسم ہونا** ۔ (۱) جل کر راکھ ہو جانا (۲) ہضم ہونا (۳) فنا ہونا (۴) حسد سے جلنا (۵) غصے میں جلنا ۔

بھسمنت (بَھس ۔ مَنت) (ہ) مذکر (۱) راکھ ۔ بھبوت (۲) وہ چیز جو بھسم ہو گئی ہو (۳) کوئی برباد یا فنا ہو جانے والی چیز ۔

بھسنڈ (بُھسَنڈ) (ہ) (۱) سیاہ (۲) فربہ ۔ موٹا ۔ مشٹنڈا ۔ بدصورت (۳) ایک کوے کا نام ۔ کاگ بھسنڈ ۔

بُھسونڈا (بُھسوں ۔ ڈا) (ہ) مذکر ۔ ہاتھی کی کنپٹی ۔ **بُھسونڈے** ۔ بھسونڈا کی جمع ۔

بہشت (بِہِشت) (ف) مذکر و مؤنث (۱) جنت ۔ خلد ۔ فردوس ۔ جناں (۲) باغ (۳) آرام کی جگہ ۔ عیش کا مقام ۔ **بہشتِ بریں** ۔ مذکر و مؤنث ۔ سب سے اونچے درجے کا بہشت ۔ **بہشتِ شدّاد** ۔ مذکر و مؤنث ۔ وہ بہشت جو قوم عاد کے خدائی دعویٰ کرنے والے بادشاہ شدّاد نے عدن میں تیار کرایا تھا ، لیکن اس میں داخل ہونا اسے نصیب نہ ہوا ۔ **بہشت کا جانور** (و) مذکر ۔ مور ۔ طاؤس ۔ **بہشت کا میوہ** ۔ مذکر (۱) انار ۔ انجیر (۲) کوئی مزے دار میوہ ۔ **بہشت کی قمری** ۔ مؤنث (عوام) (۱) ناچنے گانے والی عورت ۔ کنچنی (۲) زنخہ ۔ **بہشت کی ہوا** ۔ مؤنث ۔ صبا ۔ نسیم سحری ۔ سرد خوش گوار ہوا ۔ **بہشت میں ٹھوکر (لات ۔ یا ۔ لاتیں) مارنا** (۱) نیک کے ساتھ بدی سے پیش آنا (۲) ناشکر گزاری کرنا (۳) پروا نہ کرنا (۴) اچھی حالت کو چھوڑنا ۔ راحت ترک کرنا ۔ آرام و آسائش کو تیاگنا (۵) ماں باپ سے بد سلوکی کرنا ۔ اپنے حق میں برائی کرنا ۔ اپنی عاقبت خراب کرنا ۔ **بہشتا** ۔ مذکر ۔ سقا ۔ ماشکی ۔ پانی بھرنے والا ۔ **بہشتن** ۔ مؤنث ۔ بہشتی کی تانیث ۔

بہشتی (ف) مذکر (۱) بہشت کا ۔ بہشت سے (۲) پانی پلانے والا ۔ پانی بھرنے والا ۔ سقا ۔ ماشکی (۳) بہشت کا رہنے والا (۴) نیک ۔ اچھا آدمی (۵) عورتیں کسی مرے ہوئے مرد کا ذکر کرتے وقت اس کے نام کے ساتھ یہ لفظ لگاتی ہیں (عورت کے نام کے ساتھ بہشتن) ۔

بھشٹا (بِھش ۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) پاخانہ ۔ گُو ۔ میلا ۔ براز ۔ فضلہ ۔ گوبر ۔ غلاظت ۔

بھشٹل (بِھش ۔ ٹَل) (ہ) مؤنث ۔ گندی عورت ۔ میلی عورت (۲) پھوہڑ ۔ بدسلیقہ ، بے وقوف عورت ۔

بھق بھق (بَھق ۔ بَھق) (ہ) مؤنث (۱) انجن سے دھواں نکلنے کی آواز (۲) تیز بدبو ۔

بھقر بھقر بو آنا (و) (عو) تیز بدبو آنا ۔

بہک (بَہَک) (ہ) (۱) بہکنا کا امر (۲) مؤنث ۔ بہکی باتیں ۔ الٹی پلٹی باتیں ۔ بے سر و پا باتیں (۳) راہِ راست سے دوری ۔ گم گشتگی ۔ گمراہی (۴) بدمستی ۔ شراب کے نشے میں کچھ کا کچھ کہنا ۔

بہکا ۔ (۱) بہکنا سے ماضی مطلق (۲) بہکانا کا امر (۳) (صفت) گم گشتہ ۔ گمراہ (۴) نافہم ۔ بے عقل ۔ بے وقوف ۔

بہکا بہکا پھرنا - بھٹکتے پھرنا - آوارہ پھرنا ÷ **بہک اُٹھنا** - بہکی باتیں کرنا - نشے میں ہوجانا ÷ **بہکا دینا** - بہکانا ÷ **بہکا لے جانا** - دم دے کرلے جانا - دھوکا دے کر بھگالے جانا ÷ **بہکانا** (۱) راستہ بھلانا - غلط راستے پر لگانا (۲) اغوا کرنا - ورغلانا (۳) فریب دینا - دھوکا دینا (۴) جھوٹے وعدے کرنا - سبز باغ دکھانا (۵) غلط بیانی سے یقین دلانا (۶) بدگوئی کرنا - کان بھرنا (۷) خوف دلانا - دھمکانا - ڈرانا (۸) ترغیب دینا - اشتعال دینا (۹) مست کرنا ÷

بہک چلنا (۱) بے حدمست ہوجانا (۲) باؤلا ہوجانا - بہکنے لگنا (۳) حد سے متجاوز ہونا (۴) مغرور ہونا - اترانا ÷ **بہکنا** (۱) سیدھے راستے سے دُور ہوجانا (۲) بھٹکنا (۳) نشے میں اُلٹی پلٹی باتیں کرنا (۴) بخار میں بکنا (۵) فریب میں آجانا - دھوکا کھانا (۶) کہیں سے کہیں جانا - پھسلنا (۷) نشانہ خطا کرنا (۸) خوف کھانا - ڈرنا (۹) (پاؤں) لڑکھڑانا - ڈگمگانا ÷ **بہکوانا** (۱) بہکانا کا متعدی (۲) بہکنا کا متعدی المتعدی ÷

بھک (بَھک) (ہ) مؤنث (۱) تمباکو کے پتوں کا باریک چورا (۲) اُڑجانے والا مادہ (۳) بارود کے اُڑنے کی آواز (۴) (عوام) دراز (میز کا خانہ) ÷

بھک بھک - مؤنث - بھق بھق ÷ **بھک سے اُڑجانا** (۱) بارود یا کسی آتش گیر مادے کا دفعتہ اُڑجانا (۲) (عوام) صاف کٹ جانا (ان معنی میں "فق سے اُڑجانا" بھی بولتے ہیں) ÷

بھک (بِھک) (ہ) مؤنث - بھیک کا مخفف ÷

بھکارن - مؤنث - بھیک مانگنے والی عورت ÷

بھکاری - بھک منگا - مذکر (۱) بھیک مانگنے والا - گدا - فقیر (۲) مفلس، کنگال، نہایت غریب (۳) مانگنے میں حیا نہ کرنے والا ÷

بُھک (بُھک) (ہ) مؤنث - بھوک کا مخفف ÷ **بُھکّا** (بُھک - کا) بھوکا کا مخفف ÷ **بُھکّا پیر** - مذکر (۱) سب چیزیں نگل جانے والا خبیث (۲) (مجازاً) بہت کھانے والا - پیٹو (۳) طامع - حریص (مجازاً) لالچی ÷

بُھک مُوا (صفت مذکر) (۱) بہت بھوکا - فاقہ کش ÷ **بُھک موئی** - صفت مؤنث ÷

بہکاوا (بَہ - کا - وا) (ہ) مذکر (۱) فریب - دھوکا (۲) خوف ÷

بہکاوٹ (بَہ - کا - وَٹ) (ہ) مؤنث (۱) جھانسا - فریب - دم (۲) اغوا ÷

بہکاوے (یا - بہکاوے) **میں آنا** (۱) دھوکے میں آنا (۲) حمایت پر بولنا ÷

بھگت (بَھگت) (ہ) مذکر - پرہیزگار - پارسا - زاہد (زبانوں پر بھگت ہے) ÷

بھگتی (بَھگ - تی) (س) مؤنث (۱) پوجا - پرستش (۲) عقیدت - ارادت (۳) خلوص (زبانوں پر بھگتی ہے) ÷

بُھکرانا (بُھک - رَا - نَا) (ہ) سڑی بدبو دینا ÷ **بُھکراند** (دہلی) **بُھکراہند** (لکھنؤ) مؤنث (۱) گلے سڑے اناج کی بدبو (۲) ناگوار بو ÷ **بُھکراندا - بُھکراہندا** (صفت) جس میں سے بُھکراند آئے ÷

بھکس - بھکسی (بَھکس، بَھک - سِی) (ہ) (۱) مذکر (۲) مؤنث - قید خانہ - زندان - حبس - جیل ÷

بھکشا (بِھک - شا) (س) مؤنث (۱) بھیک - خیرات (۲) طلب - مانگ ÷

بھکّل (بَھکّل) (ہ) مؤنث - گرم ہوا جو کسی محدود مکان میں بند ہو ÷

بُھکنا (بُھک - نا) (ہ) بے اعتدالی سے کھانا - اناپ شناپ کھانا - نگلنا ÷

بُھکنا (بُھک جانا) (بُھک - نا، بُھک - جا - نا) (ہ) چبھنا - گھس جانا - کسی نکیلی شے کا کسی دوسری شے میں گھس جانا ÷

بھکوا (بَھک - وَا) (ہ) (صفت مذکر) (۱) بے وقوف - احمق - نادان (۲) بے ہودہ (۳) مسخرہ (۴) قرمساق - بھڑوا - دیّوث ÷ **بھکوی** - صفت مؤنث ÷

بھکوسنا (بَھکوس - نا) (ہ) (عو) (تحقیراً) کھانا - نگلنا - ہڑپ کرجانا ÷

بہکی بہکی باتیں کرنا (ہ) بے سروپا باتیں کرنا - اول فول بکنا ÷

بہکی ہوئی آواز (ا) مؤنث - وہ آواز جو بولنے والے کے قابو میں نہ ہو - قائم نہ رہنے والی آواز - بے سُری آواز ÷

بَھگ (ہ) مؤنث - عورت کا اندامِ نہانی - فرج ÷

بھگا (بَھگا) (ہ) بھگانا کا امر ÷ **بھگا لے جانا** (۱) کسی کو دھوکا دے کر ساتھ لے جانا (۲) دوڑ کر ساتھ لے جانا (۳) لے جانا (۴) (قانون) نابالغ بچے کو جائز سرپرست کی اجازت یا رضامندی کے بغیر اس کے قبضے سے لے جانا ÷

بھگانا - بھاگنا کا متعدی (۱) دوڑانا - لپکانا - سرپٹ لے جانا (۲) کسی عورت کو گھر سے نکال لانا - ورغلا کرلے جانا (۳) ہرانا - پسپا کرنا - شکست دینا - منہ پھیر دینا - دانت کھٹے کردینا ÷

بَھگّا (بَھگ - گا) (ہ) (صفت) وہ بٹیر جو دوسرے بٹیر سے لڑکر بھاگ گیا ہو ÷

بُھگّا (بُھگ - گا) (ہ) (صفت) (۱) سادہ لوح - کم عقل - سیدھا - بھولا (۲) مذکر - بُرادہ - چورا ÷

بھگت (بَھگَت) (ہ) مذکر (۱) پرہیزگار - مقدس آدمی (۲) مؤنث - ہندوؤں کا ایک مذہبی سوانگ (۳) مذکر - سفلی اعمال کرنے والا شخص - بھوت پریت اُتارنے والا - گنڈے تعویذ کرنے والا - سیانا (۴) مؤنث - خاطر داری (۵) (طنزاً) (الف) مذکر - آوارہ - بدمعاش (ب) مؤنث (۱) بے غیرتی (۲) گت (۳) قطع وضع (۶) مذکر - جو ہندوؤں میں گوشت کھانے سے پرہیز کرے (۷) سفروائی - سازندہ ÷

بھگت باز (ا) (۱) ہندوؤں میں وہ جماعت جو لڑکوں کو ناچنے اور سوانگ بھر کر تماشا کرنے کی تعلیم دیتی اور ناچتی گاتی ہے (۲) لڑکوں کا تماشا کرنے والا ÷

بھگت بنانا (ہ) (عو) (لکھنؤ) (۱) مضحکہ خیز وضع بنانا (۲) ذلیل کرنا (۳) روپ بھرنا - سوانگ بنانا ÷

بھگت ہونا - مٹی پلید ہونا - بُری گت ہونا - خوب پٹنا ÷

بھگتن - مؤنث (۱) بھگت کی بیوی (۲) (طنزاً) کسبی - رنڈی ÷

بھگتی (بَھگ - تی) (۱) مؤنث - پوجا - عبادت (۲) مذکر - بھگتی کرنے والا - پرہیزگار - پارسا - زاہد - عابد ÷

بھگتی - یا - بھگتیا - مذکر (۱) ناچنے گانے والا، راس دھاری، رقاص، رقص کرنے والا ÷

نقال - بھانڈ - ایکٹر (۲) ناچنے گانے والا فرقہ ۔

بُھگت (بُھگَت) (ہ) بُھگتنا کا امر ۔ **بُھگتا** (۱) بُھگتنا سے ماضی مطلق (۲) بُھگتانا کا امر ۔

بُھگتا ڈالنا (۱) فیصلہ کر دینا (۲) مار ڈالنا - بکھیڑا پاک کرنا ۔

بُھگتانا (بُھگتنا کا متعدی) (۱) تعمیل کرنا - کام کرنا (۲) ختم کرنا - انجام کو پہنچانا (۳) قرض بے باق کرنا - ادا کرنا (۴) حصہ دینا - بانٹنا - تقسیم کرنا (۵) چکانا - طے کرنا - معاملے کا فیصلہ کرنا (۶) تکلیف پہنچانا - تکلیف دینا (۷) قتل کر دینا - مار ڈالنا (۸) صلہ دینا - بدلا دینا (۹) سزا دینا ۔

بُھگت جانا (۱) معاملہ یا حساب صاف ہونا - ادا ہو جانا - بے باق ہونا (۲) نجات پانا (۳) ختم ہو جانا (۴) قتل کیا جانا ۔

بُھگت لینا (۱) برداشت کر لینا (۲) لڑنے مرنے کو آمادہ ہو جانا (۳) سمجھ لینا - بدلا لینا (۴) اپنے کی سزا پانا یا برداشت کرنا (۵) حساب سمجھ لینا ۔

بُھگتنا (۱) برداشت کرنا - جھیلنا (۲) بھرنا - سزا پوری کرنا (۳) مکمل ہونا - پورا ہونا (۴) تمام ہونا - ختم ہونا (۵) فیصلہ ہونا - تصفیہ ہونا (۶) نباہ کرنا (۷) تاوان دینا (۸) اپنے کیے کی سزا بھوگنا ۔

بُھگتان (بُھگَ - تان) (ہ) مذکر (عو) (۱) سزا (۲) (عوام) قرض کی بے باقی ۔

بھگتمان (بُھگَت - مان) (ہ) (۱) قابلِ سزا (۲) مزے یا لطف کے قابل (۳) مذکر - سزا کے قابل شخص ۔

بھگدر (بھگ - دَڈ) (ہ) مؤنث (۱) بھاگنے کی ہل چل - افراتفری (۲) ۱۸۵۷ء کا غدر ۔

بھگر (بَھگَر) (ہ) مذکر - گلا سڑا اناج - کھتی کا غلہ - وہ غلہ جس کا انس نکل گیا ہو - بھکراندی بُو کا غلہ ۔

بھگل (بَھگَل) (ہ) مذکر (۱) دھوکا - فریب - مکر - چھل - بجل (۲) روپ - وضع قطع - بناوٹ (۳) (صفت مؤنث) بھاری ہوئی (۴) بزدل ۔

بھگل بنانا (۱) دھوکا دینا (۲) جھوٹی عزیزی ظاہر کرنا ۔

بھگل گانٹھنا - دم دینا - فریب دینا ۔

بھگل نکالنا (۱) بناوٹ کرنا (۲) مکر کرنا - فریب بنانا - شعبدہ بازی کرنا ۔

بھگند (بھگَند) (ہ) مذکر - بواسیر ۔

بھگندر (بھگَن - دَر) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پھوڑا جو مقعد یا اس کے پاس ہوتا ہے (۲) (س) بواسیر ۔

بھگو (بھگو) (ہ) بھگونا کا امر ۔

بھگوانا - بھگونا کا متعدی - بھیگنا کا متعدی المتعدی ۔

بھگو (بھگو) کے لگانا - یا - مارنا (۱) جوتے کو تر کر کے مارنا کہ چوٹ زیادہ لگے (۲) مذاق میں سخت سست کہنا - طعن و تشنیع کرنا - شرمندہ کرنا (۳) لعنت ملامت کرنا - نفرین کرنا - ذلیل کرنا ۔

بھگوڑا (بھگ - گوڑ) (ہ) بھگوڑا (آدمی یا جانور) مقابلے سے بھاگا ہوا - لڑائی سے بھاگ جانے والا - وہ جو استاد یا آقا کے پاس سے بھاگ بھاگ جائے ۔

بھگوان (بھگ - وان) (س) مذکر - رب - خدائے تعالیٰ ۔

بھگوتی (س - بھگ - وَتی ، و - بھگو - تی) مؤنث (۱) درگا - دیبی - بھوانی (۲) تلوار (۳) توپ ۔

بھگوڑا (بھگو - ڑا) (ہ) دیکھیے "بھگوڑ" ۔

بھگی (بھگ - گی) (ہ) مؤنث - بھاگڑ - ہل چل ۔ **بھگی پڑنا** (دہلی) بھاگڑ مچنا - کھلبلی پڑنا - افراتفری ہونا ۔

بھگیلا (بھگے - لا) (ہ) لڑائی میں سے بھاگ جانے والا پرندہ ۔

بہل (بَہَل) (ہ) مؤنث - بہلی - سواری کی بیل گاڑی ۔

بہل (بِہَل) (ف) چھوڑ ۔

بُہل (بُہَل) (ہ) بہلنا کا امر ۔ **بہلا** (۱) بہلنا سے ماضی مطلق (۲) بہلانا کا امر ۔

بہلا دینا - (۱) کھیل میں لگا کر بچوں کو رونے سے باز رکھنا (۲) دوسری طرف کر دینا - ٹال دینا ۔

بہلانا (۱) دل خوش کرنا - سیر تماشا دیکھنا - سیر و تفریح کرنا (۲) دوسرے کو خوش کرنا (۳) جھوٹ موٹ تسلی کرنا - ٹالنا - دوسری طرف متوجہ کرنا (۴) دم دینا - فریب دینا - پھسلانا (۵) بچے کو کھیل میں لگا کر رونے سے باز رکھنا (۶) پانی کھیت میں لے جانا - کھیت میں پانی لگانا ۔

بہل جانا - **بہلنا** (۱) دل لگنا - تفریح ہونا - مشغول ہونا - متوجہ ہونا (۲) برداشت ہونا - ضبط ہونا (۳) مزے سے وقت گزرنا (۴) بچے کا کسی کھیل میں مشغول ہو کر رونے سے باز رہنا ۔

بھل (بَھل) (ہ) جانب - رُخ - پہلو - سہارے سے - بل ۔

بِھل (بِھل) (ہ) موٹا (موٹا کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

بہلا (بہ - لا) (ہ) بانجھ گائے یا بکری وغیرہ ۔

بھلا (بھلا) (ہ) (عوام) (۱) اچھا - خوب - کسی کے پکارنے کے جواب میں (۲) طاپسند، خوش نما (۳) اچھا کے ساتھ بطور تابع کے (۴) کلمۂ تنبیہ (۵) زائد، تحسینِ کلام کے لیے (۶) پاک دامن - نیک (۷) عجیب - انوکھا (۸) دم لے، صبر کر، خیر، دیکھا جائے گا (۹) نیکی - سلوک (۱۰) شریف - اشراف (۱۱) شبھ - مبارک (۱۲) نروگ - تندرست (۱۳) ہاں ۔

بھلا آدمی (ہ) مذکر (۱) نیک آدمی - عزت والا آدمی - شریف آدمی (۲) (طنزاً) بے ڈھب آدمی - چالاک - نالائق - خراب - بدچلن - بدمعاش ۔

بھلا بچا (کلمۂ تنبیہ) سمجھوں گا - سزا دوں گا - بدلا لوں گا ۔ **بھلا بُرا** - اچھا بُرا ۔

بھلا بُرا کہنا (- یا - سنانا) - دھمکانا - سخت سست کہنا - بدزبانی کرنا ۔

بھلا بے - **بھلا رے** - **بھلا جی** - **بھلا صاحب** - تعجب کے کلمے - کبھی بدلا لینے کا اشارہ بھی ہوتا ہے - اول و دوم کلمے مخاطب کی تحقیر اور سوم و چہارم اس کی تعظیم کے لیے ہیں ۔ **بھلا جی بھلا** (عوام) تمہارا کہنا ٹھیک ہے - میں نے مانا ۔

بھلا چاہنا - بہتری کی خواہش کرنا ۔

بھلا چنگا (۱) تندرست - صحیح سالم - اچھا بھلا - موٹا تازہ (۲) اچھا خاصا ۔

(۵) پیٹ ۔ شکم ۔ بھنڈاری ۔ مذکر (۱) جنس کے گودام کا محافظ (۲) اور سرے کی جانب سے حاجت مندوں کو غلّہ تقسیم کرنے والا (۳) باورچی ۔
بھنڈیرا ۔ بھنڈ قدما (بُھنڈ ۔ پئے ۔ رَا ، بُھنڈ ۔ قَدْ ۔ مَا) (ہ) منحوس ۔
بھنڈسار ۔ بھنڈسال (بھَنڈ ۔ سَار ، بھَنڈ ۔ سَال) (ہ) مؤنث ۔ غلّے کا گودام ۔ کھتّی ، جس میں تجارت کے لیے غلّہ بھرا جائے ۔ کھتّا ۔ ذخیرہ ۔
بھنڈسالی ۔ مذکر (۱) وہ شخص جو ارزانی میں غلّہ لے کر گرانی میں بیچنے کے لیے بھرے (۲) گلا سڑا غلّہ ۔ بودار غلّہ ۔
بھنڈ کرنا (ہ) بدنظمی کرنا ۔ خراب کرنا ۔ بگاڑنا (متروک) ۔ اب اس محل پر بھر بھنڈ کرنا کہتے ہیں ۔
بھنڈی (بِھن ۔ ڈِی) (ہ) مؤنث ۔ ایک مشہور سبزی ۔ بھنڈی بردار ۔ امیروں کا خدمت گار جس کی تحویل میں حقّہ پینے کا سامان ہوتا ہے ۔
بھنڈی خانہ ۔ مذکر ۔ حقّے پانی کا سامان رکھنے کی جگہ ۔
بھنڈیاں نکلنا (ہ) (عو) چیچک نکلنا ۔
بھنڈیلا (بھَنڈِ ۔ ئے ۔ لَا) (ہ) (۱) بھانڈ کی تصغیر (۲) جگت باز (۳) پھکڑ باز ۔
بھنک (بھِنَک) (ہ) مؤنث (۱) ہلکی آواز ۔ دھیمی آواز (۲) اُڑتی ہوئی خبر (۳) مکھیوں کی آواز (پانا ، پڑنا ، سُننا کے ساتھ) ۔
بھنکار (بِھن ۔ کَار) (ہ) مؤنث (۱) مکھیوں یا مچھروں کا ہجوم (۲) مکھیوں یا مچھروں کی آواز ۔
بھنکانا ۔ بھنکنا کا متعدی ۔ کسی شے کو بے پروائی سے رکھنا کہ اس پر مکھیاں اُڑیں یا بیٹھیں ۔
بھنکی صورت ۔ مؤنث (عو) بدشکل ۔ مکروہ صورت ۔ گھناؤنی شکل ۔
بھنکنا ۔ مکھیوں کا جمع ہونا ۔ کھانے کی یا اور کسی چیز پر مکھیوں کا اُڑنا یا بیٹھنا ۔
بھنگ (بھَنگ) (ہ) مؤنث (۱) بنگ ۔ ایک قسم کی نشہ آور پتّی (۲) تباہی ۔ بربادی ، مسماری ۔ بھنگ تو نہیں کھائی ؟ بدحواسی کی باتیں کرنے والے کے متعلق بولتے ہیں ۔
بھنگ رہنا (۱) مست رہنا ۔ بدحواس رہنا (۲) پریشان رہنا ۔
بھنگ کرنا ۔ توڑنا ۔ بگاڑنا ۔ خراب کرنا ۔ برباد کرنا ۔ مسمار کرنا ۔
بھنگ کھانا ۔ نشے میں ہونا ۔ بدحواس ہونا ۔
بھنگ کھانا (یا ۔ پینا) آسان ہو جیسے دقّت کرتی ہیں (و) (مثل) بڑے کام کا آغاز سہل ہے ، انجام تکلیف دہ ہے ۔ بھنگ کے بھاڑے میں جانا (ہ) (دہلی) رائگاں جانا ۔ مفت میں جانا ۔ برباد ہونا ۔
بھنگ گھٹنا (۱) بھنگ کا کھرل ہونا ۔ پسنا (۲) مذکر ۔ بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا (ان معنی میں املا یوں ہے : "بھن گھٹنا" اور تلفظ یوں (بھَن ۔ گھُٹ ۔ نَا)) ۔
بھنگیا جانا ۔ یا ۔ بھنگیانا ۔ نشے میں ہونا ۔ بدحواس ہونا ۔
بھنگا ۔ دیکھیے "بھینگا" ۔
بھنگا (بھُنگ ۔ گا) (ہ) مذکر ۔ ایک ننھا سا پردار کیڑا ۔ بھنگا سا ۔ کمزور ، لاغر ، ضعیف ۔
بھنگرا ۔ بھنگرہا (بھَنگ ۔ رَا + بھَنگ ۔ رُہا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی بوٹی جو دوا میں کام آتی ہے ۔
بھگراج (بھَنگ ۔ رَاج) (ہ) مذکر ۔ ایک چھوٹا سا سیاہ اور خوش آواز پرندہ ۔
بھنگڑ (بھَنگ ۔ گَڑ) (ہ) (۱) بہت بھنگ پینے والا (۲) اُوڑو ۔ جلُّول ۔ بھنگڑ خانہ (ہ) ۔ مذکر (۱) بھنگ پینے کی جگہ (۲) عام لوگوں کے جمع ہونے کا مقام ۔
بھنگم (بھِنگ ۔ گُم) (عو) "بے ہنگم" کا مخفف ۔ بدقطع ۔ بے ڈول ۔ بے کینڈے ۔
بھنگن (بھَنگ ۔ گَن) (ہ) مؤنث (۱) مہترانی ۔ خاکروب کی بیوی (۲) بھنگ پینے اور بیچنے والی (۳) بھنگ ۔
بھنگی (بھَنگ ۔ گِی) (ہ) مذکر (۱) خاکروب ۔ مہتر ۔ حلال خور ۔ چوڑھا (۲) بھنگ پینے والا ۔
بھنگی (بِھنگ ۔ گِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا لٹو جس سے لڑکے کھیلتے ہیں (۲) بھنگا کی تانیث ۔
بھنگیرا ۔ بھنگیڑا (بھَنگ ۔ گے ۔ رَا + بھَنگ ۔ گے ۔ ڑَا) (ہ) مذکر ۔ بھنگ بیچنے والا ۔ بھنگ بنانے والا ۔
بھنگیر خانہ (ہ) مذکر (۱) بھنگ بیچنے والے کی دکان (۲) عام لوگوں کے جمع ہونے کا مقام ۔ بھٹیار خانہ ۔ وہ جگہ جہاں بیٹھ کر لوگ بھنگ گھوٹتے اور پیتے ہیں ۔
بھنگیر خانے کی خبر یا گپ ۔ مؤنث ۔ بے سروپا بات ۔ بے ٹھکانے بات ۔ جھوٹی خبر ۔ بازاری افواہ ۔ ناقابلِ اعتبار خبر ۔
بھنگیرن (ہ) مؤنث (۱) بھنگ بیچنے والی عورت (۲) بھنگ بیچنے والے کی بیوی (۳) نشہ بازوں کو حقّہ اور بھنگ قیمت لے کر پلانے والی عورت ۔
بھننگ (بھَنَنگ) (ہ) مؤنث ۔ دھیمی دھیمی آواز ۔ بھننگ بھی نہ پہنچے ۔ کانوں کان خبر نہ ہو ۔
بھنور (بھَنْوَر) (ہ) مذکر (۱) پانی کا چکر ۔ ورطہ ۔ گرداب (۲) غم ۔ دکھ ۔ بلا (۳) الزام (پڑنا کے ساتھ) ۔ بھنور جال (ہ) مذکر (۱) دنیا کے جھگڑے بکھیڑے (۲) دنیا ۔
بھنور کلی ۔ مؤنث ۔ کُتّے یا بکری وغیرہ کا پٹّا ۔
بہنوئی (بہ ۔ نُو ۔ ای) (ہ) مذکر ۔ بہن کا شوہر ۔
بُہنی (بُہ ۔ نِی) (ہ) مؤنث ۔ پہلی بکری ۔ اوّل اوّل دام لے کر بیچنا ۔ بکری کی ابتدا ۔ وہ قیمت جو سب سے پہلے دکان دار کو ملے ۔ وہ سودا جو سب سے پہلے دکان دار آ کر نقد دام میں فروخت کرے ۔ بُہنی کرنا ۔ پہلے نقد بیچنے کا شگون کرنا ۔
بھینجا (بھَے ۔ جَا) (ہ) مذکر (عو) بھانجا ۔ بھینج بہو ۔ مؤنث (عو) بھانج بہو ۔
بھینج داماد ۔ مذکر (عو) بھانج داماد ۔
بہنیلی (بہ ۔ نے ۔ لِی) (ہ) مؤنث (عو) منہ بولی بہن ۔ بنائی ہوئی بہن ۔ سہیلی ۔
بہو (بَہُو) (ہ) مؤنث (۱) عروس ۔ دلھن (۲) نئی بیاہی ہوئی عورت ، بیوی ، جورو ، استری ۔ لگائی (۳) بیٹے کی بیوی (۴) معزز ہندو عورت (۵) گھونگھٹ کا چراغ دان ، جس میں چراغ کو ہوا نہیں لگتی (۶) (عوام ۔ ہندو) محلّے میں باہر سے بیاہ کر آئی ہوئی

عورت ❊ بھو بیٹیاں - مؤنث - شریف عورتیں ❊ بھو بیٹی تکنا - غیر عورت پر بُری نظر ڈالنا ❊ بھو بیگم نام رکھنا (۱) (۲) اپنے آپ بڑا اور معزز بننا ❊

بھوجی - مؤنث (ہندو) (۱) معزز عورت (۲) عورتوں کی سی حرکتیں کرنے والا مرد - زنانہ ❊ بھو رہی کنواری ساس رہی بیاری - بھو آئی بیاہی پڑ گئی خواری - (ہ) مثل - منگنی کے بعد بہو کی بڑی خاطر تواضع کی جاتی ہے، لیکن بیاہ کے بعد لڑائی جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں ❊ بھو لانا - بیٹے کی شادی کرنا ❊

بھَو (بھَو) (ہ) مؤنث - ڈر - خوف - دہشت ❊

بھُو (بھُو) (ہ) مؤنث (ہندو) باپ کی بہن - پھوپھی ❊

بھُوا (بھُوا) (ہ) (۱) مؤنث (ہندو) پھوپھی (۲) مذکر - ایک قسم کا کپڑا ❊

بہوار (بِہْ - وَار) (ہ) مذکر - معاملہ - لین دین ❊ بہوار کی بات - مؤنث - لین دین کی بات - معاملے کی بات - ٹھیک بات ❊

بھوانی (بھَوَا - نی) (ہ) مؤنث (۱) (ہندو) درگا - پاربتی - شوجی کی استری - ہندو اس کی پوجا کرتے ہیں (۲) (ہندو) چیچک کی بیماری ❊

بھوبل - بھوبھل (بھُو - بَل، بھُو - بھَل) مؤنث (۱) گرم راکھ (۲) ریت - بھُوڑ - بالو ❊

بھوپال (بھُو - پَال) (ہند) مذکر - وسط ہند کی مشہور اسلامی ریاست ❊

بھوپالی (و) (۱) بھوپال سے متعلق (۲) (س) مؤنث - ایک قسم کی راگنی ❊

بھُوت (بھُوت) (ہ) مذکر (۱) بُری اور ناپاک روح - خبیث - پریت - شیطان (۲) (مجازاً) (صفت) پیچھا نہ چھوڑنے والا (۳) (مجازاً) غصہ (۴) (صفت) موذی - شیطان (۵) (صفت) بھوت کی طرح لپٹنے والا (۶) (صفت) خاک آلودہ - کالا بھجنگ - بدصورت (۷) آپے سے باہر (۸) سرشار - نشے میں چُور ❊

بھوت آنا - خبیث روح کا مسلط ہونا ❊

بھوت اتارنا (۱) خبیث روح کو دفع کرنا (۲) (کنایۃً) غصہ اتارنا - غصے سے نجات دلانا ❊

بھوت اترنا - لازم ❊ بھوت بن کر چمٹنا - بُری طرح پیچھے پڑنا - کسی طرح پیچھا نہ چھوڑنا - کسی چیز کے سر ہو جانا - کسی بات کے پیچھے پڑ جانا ❊

بھوت بننا (۱) نشے میں چُور ہونا (۲) بُری طرح پیچھے پڑنا - کسی بات کے پیچھے پڑ جانا - اڑ جانا (۳) مٹی میں آلودہ ہونا (۴) غصے میں آپے سے باہر ہو جانا (۵) ہمہ تن مصروف ہونا ❊

بھوت بھی مار سے بھاگتا ہے - مثل - مار سے سب ڈرتے ہیں ❊

بھوت پریت - مذکر - خبیث روحیں ❊

بھوت جان نہ مارے، ستا مارے - (ہ) مثل - بھوت جان سے نہیں مارتا لیکن خوف سے دل دہلا دیتا ہے - موذی قتل پر آمادہ جان نہیں لے سکتا، گزند پہنچاتا ہے ❊

بھوت چڑھنا (۱) دیوانہ ہونا (۲) (مجازاً) طیش آنا - سخت غصہ آنا (۳) کسی طرح نہ ماننا (۴) خبیث روح کا مسلط ہونا - جن چڑھنا ❊

بھوت سوار ہونا (۱) (کنایۃً) غصہ آنا (۲) خبیث روح کا مسلط ہونا ❊

بھوت کا پکوان - مذکر (دہلی) (۱) بھوت کے ذریعے سے بنا ہوا پکوان (۲) مفت کی دولت جو آسانی سے ہاتھ لگے اور جلد خرچ ہو جائے ❊ بھوتنا (اب بُھتنا کہتے ہیں دیکھیے "بُھتنا") ❊ بھوتنی - (اب بُھتنی بولتے ہیں - دیکھیے "بُھتنی") ❊ بھوتنی والا - چڑیل کا - شریر - بدمعاش - بے ایمان - ایک گالی ❊

بھُوت ہو جانا (۱) غصے کی حالت میں بے خود ہو جانا - آپے سے باہر ہو جانا (۲) نشے میں چُور ہونا (۳) بُری طرح پیچھے پڑ جانا (۴) ہمہ تن مصروف ہو جانا ❊

بھوت ہو کر چمٹنا - یا - لپٹنا - سر ہو جانا ❊ بھوت ہونا - دیکھیے "بھُوت بننا" ❊

بھوٹیا (بھُو - ٹِیا) (ہ) (۱) بھوٹان کا رہنے والا (۲) چھوٹے قد کا سرخ و سفید آدمی ❊

بھوج (بھُوج) (ہ) مذکر (۱) کھانا (۲) دعوت - ضیافت (۳) قنوج کا مشہور راجا (۴) بھنا ہوا غلّہ ❊ بھُوج پتّر - مذکر - بھوج درخت کے پتّے یا چھال ❊

بھُوجن - مذکر - کھانا - طعام - خاصہ - غذا - کھانے کی چیز (۲) خشک سبزی - بھنی ہوئی سبزی (۳) بھُونی ہوئی شے (کرنا کے ساتھ) ❊

بھوجائی - بھَوجی (بھَو - جا - ئی، بھَو - جی) (ہ) مؤنث - بڑے بھائی کی بیوی - بھاوج ❊

بھوچک - بھوچکّا (بھَو - چَک، بھَو - چَک - کا) (ہ) (۱) حواس باختہ - پریشان - بدحواس (۲) متحیّر - حیران (کرنا، رہنا، ہونا کے ساتھ) (۳) اختلاط سے پر چلتا ہوا - بھولا ہوا (۴) خوف زدہ - ڈرتا ہوا ❊

بھوڈل (بھُو - ڈَل) (ہ) مذکر - ابرک ❊

بھُوڑ (بھُوڑ) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) خاتمہ (ان معنی میں تذکیر کو ترجیح ہے) (۲) مؤنث - صبح - نور کا تڑکا - علی الصّباح (اب لکھنؤ میں متروک ہے) ❊

بھور اُڑانا (دہلی) خرچ کر دینا - ضائع کرنا - مفلس بنا دینا ❊

بھور اُڑنا - لازم ❊ بھور کر دینا (دہلی) بُری طرح پیٹنا - خوب زد و کوب کرنا ❊ بھور ہو جانا - یا - ہونا - (۱) صبح ہونا - تڑکا ہونا - سفیدی پھیلنا - (۲) آخر ہونا - تمام ہو جانا - بالکل ختم ہو جانا - مرنا (۳) خوب پٹنا (۴) بڑھاپا آنا - بال سفید ہونا ❊

بھَورا (بھَو - رَا) (ہ) دیکھیے "بھونرا" ❊

بھُورا (بھُو - رَا) (ہ) (صفت) مذکر (۱) سیاہ رنگ جس میں سُرخی اور زردی ملی جُلی ہو (۲) مذکر - نیلا کبوتر جس کے پروں پر سفید داغ ہوں (۳) (صفت) سفیدی مائل سیاہ ❊ بھُوری (۱) (صفت) بھُورے رنگ کی (۲) مذکر - بھُورے رنگ کی بھینس ❊

بھورا (بھُو - رَا) (ہ) مذکر - ریزہ - روٹی - طعام - مٹھائی وغیرہ کا چھوٹا سا ٹکڑا ❊ بھورے - بھورا کی جمع ❊

بھَوری (بھَو - رِی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی گرم روٹی جو اُپلوں کی گرم راکھ پر

پکائی جاتی ہے ؛

بھور (بھُوْر) (ہ) مؤنث ۔ ریتلی زمین ۔ ریگستان ؛

بُہوُڑا (بُہوُ ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ چوتھی کے بعد دلھن دوبارہ خاوند کے گھر جاتی ہے تو اسے بہوڑا اور چالا کہتے ہیں ؛ **بہوڑے کا کھانا** ۔ مذکر ۔ وہ کھانا جو پہلی رخصتی کے وقت میکے سے دُلھن کے ساتھ بھیجا جاتا ہے ؛

بھوڑال ۔ دیکھیے "بھوڈل" ؛

بھوسا (بھُوْ ۔ سَا) (ہ) مذکر ۔ بھُس ؛ **بھُوسی** ۔ مؤنث (۱) اوپر کا چھلکا ۔ پوست ۔ سبوس ، چُونی ، چوکر (۲) خشکی ؛ **بھوسی بتانا** (دہلی) انکار کرنا ؛ **بھوسی ہے** (انکار کی جگہ) اب خاتمہ ہے ۔ اب ہو چکی ؛

بھُوشَن (بھُوْ ۔ شَنْ) (س) مذکر (۱) سجاوٹ (۲) جواہرات ۔ زیورات (۳) پوشاک (۴) وشن جی ؛

بھوک (بھُوْک) (ہ) مؤنث (۱) کھانے کی خواہش ۔ اشتہا ۔ جُوع (۲) چاہ ، حاجت ، خواہش ، ضرورت (۳) کسر ۔ کمی (۴) ایک دوا جو لڑنے والے بٹیروں کو دی جاتی ہے ؛ **بھوک اُڑا دینا** ۔ اشتہا دُور کر دینا ؛ **بھوک اُڑنا** ۔ بھوک جاتی رہنا ؛ **بھوک بڑھنا** ۔ خواہش زیادہ ہونا ۔ کھانے کی خواہش زیادہ ہونا ؛ **بھوک بند ہونا** (۱) بھوک نہ لگنا ۔ بھوک نہ رہنا ۔ اشتہا نہ لگنا (۲) خواہش نہ ہونا ؛ **بھوک بھاگ جانا** ۔ یا ۔ **بھاگنا** ۔ کھانے کی پروا نہ رہنا ؛ **بھوک پیاس** ۔ مؤنث (۱) اشتہا اور تشنگی (۲) تنگی ، مفلسی ؛ **بھوک پیاس اُڑا دینا** ۔ کھانے پینے کی خواہش دُور کر دینا ؛ **بھوک پیاس اُڑنا** ۔ لازم ؛ **بھوک جاتی رہنا** (۱) کھانے کی خواہش دُور ہو جانا ۔ سیری ہو جانا (۲) (تاجروں کا محاورہ) خریداری کی خواہش نہ رہنا ؛

بھوک کا توڑ ۔ مذکر ۔ بھوک کی شدت ؛ **بھوک کڑی ہونا** ۔ بھوک تیز ہونا ؛ **بھوک کو بھوجن کیا اور نیند کو بچھونا کیا** ۔ مثل ۔ تیز بھوک میں انسان کو جو کچھ مل جائے کھا لیتا ہے اور زبردست نیند میں بستر کی پروا نہیں کرتا ؛

بھوک کی جھانجھ ۔ یا **جھلاہٹ** ۔ مؤنث ۔ وہ غصہ جو بھوک کی شدت میں آئے ؛ **بھوک کی سہار** ۔ مؤنث ۔ بھوک کی برداشت ؛ **بھوک لگ آنا** ۔ غذا کی خواہش ہونا ۔ اشتہا ہونا ؛ **بھوک مر جانا** ۔ یا ۔ **مرنا** ۔ بھوک جاتی رہنا ؛ **بھوک میں گولر پکوان** ۔ مثل ۔ جب اشتہا زیادہ ہو تو بدمزہ شے بھی لذیذ معلوم ہوتی ہے ؛ **بھوک ہونا** ۔ اشتہا ہونا ۔ کھانے کی خواہش ہونا (۲) خریداری کی خواہش ہونا ؛ **بھُوکا** (بھُوْ ۔ کَا) (۱) کھانے کی خواہش رکھنے والا (۲) فاقہ کش ۔ قحط زدہ (۳) نہایت مُفلس (۴) آرزومند ۔ مشتاق ۔ خواہش مند (۵) وہ دست آور دوا جو بٹیر کو لڑانے کے دوران میں دی جاتی ہے (۶) ضرورت والا ۔ حاجت مند ۔ محتاج (۷) فریفتہ ۔ عاشق ؛

بھُوکا اٹھاتا ہے ، بھُوکا سُلاتا نہیں ۔ مثل ۔ اللہ تعالیٰ مخلوق کو سونے سے پہلے کھانے کو دیتا ہے ۔ خدا ہر ایک کو رزق پہنچاتا ہے ؛

بھوکا بنگالی بھات (ہی) بھات پکارے ۔ یا بھات بھات کرے ۔ مثل ۔ انسان جس شے کا بھوکا ہوتا ہے ، اسی کے خیال میں مگن رہتا ہے ۔ جس شے کی عادت ہوتی ہے ، وہ ہر لمحہ یاد آتی ہے ؛

بھوکا لوٹنا ۔ مذکر ۔ محتاج ۔ مفلس ؛ **بھوکا مرتا کیا نہ کرتا** ۔ حاجت مند ہر کام کرنے کے لیے آمادہ ہو جاتا ہے ۔ مجبوری آدمی سے سب کچھ کرا لیتی ہے ؛

بھوکا مرنا (۱) فاقہ کشی کرنا ۔ مشکل سے گزارہ ہونا ۔ تنگی سے بسر اوقات کرنا (۲) بھوک کے مارے عاجز آ جانا ؛ **بھوکا ننگا رکھنا** ۔ تکلیف سے رکھنا ؛ **بھوکوں کا مارا ہے** ۔ فاقوں سے کمزور ہُوا ہے ؛ **بھوکوں مرنا** ۔ دیکھیے "بھوکا مرنا نمبر ۱" ؛

بھوکی (بھُوْ ۔ کِی) ۔ صفت مؤنث ؛ **بھوکے سے کہا "دو اور دو کے کہا ، چار روٹیاں** (و) مثل ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی آدمی ہر بات میں اپنا ہی مطلب نکالے ؛ **بھوکے شریف سے پیٹ بھرے رذیل سے ڈرنا چاہیے** ۔ مثل ۔ دونوں نہیں چُوکتے ۔ دونوں لڑنے پر آمادہ رہتے ہیں ۔ شریف تو بھوک کے باعث غصے سے جلا بھُنا رہتا ہے اور رذیل خوش حالی میں غرور کرنے لگتا ہے ؛

بھوکے ہو تو ہرے ہرے روکھ دیکھو ۔ مثل ۔ (۱) بالعموم کنجوس لوگ فقیر کو یہ جواب دیتے ہیں (۲) ٹالنے کو بھی کہا جاتا ہے ؛ **بھوکے کو اَن پیاسے کو پانی ، جنگل جنگل آوا وانی** (؟) (۱) خدا بھوکے کو روٹی اور پیاسے کو پانی دیتا ہے اور جنگل بھی آبادی سے بھرپور ہیں جہاں اَن گنت جانور ہیں (۲) رعیت کو خوش رکھنے سے ملک آباد ، پُر رونق اور آسودہ حال رہتا ہے ؛

بھوکنا (بھُوْک ۔ نَا) دیکھیے "بھُونکنا" ؛

بھوگ (بھُوْگ) (ہ) (ہندو) مذکر (۱) بھوجن ۔ کھانا ۔ پرشاد (۲) (ہندو) (عو) گالی (۳) حلوے جیسا کھانا ، جو ہندو بتوں پر چڑھاتے ہیں (۴) ایک بھجن اور راگنی جو صبح کو کرشن جی کے بھوگ کی تعریف میں گائی جاتی ہے (۵) مباشرت ۔ مجامعت (۶) چین ۔ سُکھ ۔ خوشی (۷) بھگتنا ۔ جزا ۔ سزا ۔ عوض ۔ صلہ ۔ نتیجہ ۔ بدلا (۸) تخلص ؛

بھوگ بلاس (ہ) مذکر (۱) رنگ رلیاں ۔ عیش و عشرت ۔ سرور و انبساط ۔ حظِ نفسانی (۲) زندگی کے مزے ، خواہشات کا پورا کرنا ، راگ رنگ ، گانا ناچنا ، کھیل کود ، سیر و تماشا ، لہو و لعب ، تعیش ؛

بھوگ بھوگنا ۔ (دہلی) ہم بستر ہونا ؛ **بھوگ پڑنا** ۔ گالیاں پڑنا ۔ لعن طعن ہونا ؛ **بھوگ دینا** ۔ لعنت ملامت کرنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ گالیاں سنانا ۔ الاہنا دینا ۔ الزام دینا ؛ **بھوگ سنانا** (عو) کوسنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ گالیاں دینا ؛ **بھوگ کرنا** ۔ (عوام) صحبت کرنا ۔ جماع کرنا ۔ ہم بستر ہونا ؛

بھوگ کھانا (عو) بُرا بھلا سُننا ؛ **بھوگ لگانا** (ہندو) (۱) کھانا کھانا (۲) بتوں کے آگے کھانا چُننا ؛

بھوگنا (۱) سہنا ۔ بھگتنا ۔ مصیبت جھیلنا (۲) مزے اُڑانا ، حظ اٹھانا ، عیش کرنا ، لطف اٹھانا (۳) عوض پانا ۔ بدلا پانا ۔ سزا پانا (۴) جرمانہ ادا کرنا ؛

بھوگی ۔ مذکر ۔ (۱) زانی ۔ زناکار ۔ شہوت پرست ۔ عیاش (۲) بھوجن کرنے والا ، کھانے والا (۳) معاش خوراک (۴) آرام طلب (۵) عاشق (۶) دیوتاؤں کو بھوگ دینے والا (۷) خانہ دار ۔ گرھستی ؛

بھول (بھُوْ لْ) (ہ) (۱) بھولنا کا امر (۲) مؤنث۔ غلطی، چُوک، شُبہہ، دھوکا، لغزش، قصور، خطا، فراموشی، نسیان ؂

بھول بھَنک۔ مؤنث۔ گمراہی۔ بھول چُوک ؂ بھول بھلیاں۔ مؤنث۔ ایک قسم کی عمارت جس میں ایک ہی وضع کے بہت سے دروازے ہوتے ہیں جو شخص اس عمارت میں داخل ہوتا ہے، راستہ بھول جاتا ہے ؂ بھول بھلیاں ہے اس کی پیچیدگی اور پھیر کسی کی سمجھ میں نہیں آتا ؂ بھول پڑنا (۱) غلطی ہونا۔ سہو ہونا (۲) یاد سے اترنا (۳) غلطی سے چلا جانا ؂

بھول چُوک۔ مؤنث (۱) غلطی۔ فروگذاشت۔ سہو۔ قصور۔ خطا (۲) کمی بیشی (۳) گناہ۔ پاپ ؂ بھول چوک لینی دینی۔ کمی بیشی لی دی جائے گی ؂

بھول ڈالنا۔ غلط کر دینا ؂ بھول کر۔ بھُولے سے۔ غلطی سے ؂ بھول کر بات نہ کرنا۔ کمال بے توجہی ظاہر کرنا ؂ بھول کر بھی نہ۔ ہرگز نہ ؂ بھول کر یاد کر لینا۔ سہو سے یاد کر لینا ؂ بھول کے نہ کرنا۔ کسی حال میں نہ کرنا۔ ہرگز نہ کرنا۔ ایسا نہ کرنا۔ کبھی نہ کرنا ؂ بھول گئے ناچ رنگ بھول گئی چھکڑی، تین چیز یاد رہی لون، تیل، لکڑی۔ (مثل) شادی کے بعد دنیا کے کام دھندوں میں سب کچھ بھول جاتا ہے ؂

بھُولا (بھُوْ۔ لا) (ہ) (۱) بھُولنا سے ماضی مطلق (۲) گمراہ۔ گم شدہ (۳) فراموش کار۔ بھُولنے والا (۴) غافل ؂ بھُولا بِسرا (۱) مذکر۔ وہ شخص جو راہ بھول گیا ہو (۲) (صفت) بھُولی ہوئی چیز۔ ایسی چیز جس کی یاد نہ آئی ہو ؂

بھُولا بھٹکا۔ راستہ بھُولے ہوئے۔ ڈانواں ڈول۔ راہ گم کیے ہوئے ؂

بھُولا چُوکا۔ بھُولا بسرا ؂ بھولا جیتا۔ مذکر (۱) خراب حافظہ۔ بھول کا مادہ۔ سہو کی عادت (۲) بھُولا ہوا یاد آنا ؂ بھُولا ہونا۔ نازاں ہونا۔ مغرور ہونا۔ اِترانا ؂

بھُولنا (۱) فراموش ہونا (۲) یاد نہ رہنا۔ خیال نہ رہنا (۳) چُوکنا۔ غلطی کرنا (۴) راستہ گم کرنا۔ بھٹکنا (۵) فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا (۶) (پر کے ساتھ) نازاں ہونا (۷) بے خبر رہنا۔ غافل ہونا ؂ بھُولنا چوکنا۔ فروگذاشت ہونا۔ سہو ہو جانا ؂ بھُولی بسری باتیں۔ مؤنث۔ یاد سے اتری ہوئی باتیں ؂

بھُولے باہمن گاے کھائی، اب کھائے تو رام دُہائی۔ مثل (۱) آدمی ایک مرتبہ دھوکا کھا کر ہوشیار ہو جاتا ہے (۲) یہ کام غلطی سے ہو گیا، آئندہ کبھی نہ ہوگا ؂

بھُولے بھٹکے۔ کبھی کبھار۔ بھُولے چُوکے۔ اتفاقیہ۔ راستہ بھول کر۔ گاہے ماہے ؂

بھُولے سے۔ سہواً، دھوکے سے ؂

بھُولے سے بھی نام نہ لینا (۱) بھول کر بھی یاد نہ کرنا۔ بے پروائی، نفرت، عداوت ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ؂

بھُولا (بھُوْ۔ لا) (ہ) (۱) سیدھا سادہ۔ کم عقل۔ چھل کپٹ نہ کرنے والا۔ بے کینہ۔ بے تکلف۔ نادان (۲) اچھے بُرے کی تمیز نہ کر سکنے والا۔ غیر آزمودہ کار۔ ناتجربہ کار (۳) شریف ؂

بھُولا بننا۔ انجان بننا ؂ بھُولا بھالا (۔یا۔ بالا) ۔ سیدھا سادہ۔ معصوم صفت۔ بے کپٹ۔ نیک مزاج۔ بچہ ؂

بھولاپن (۔یا۔ بھولپن) مذکر۔ سادگی۔ ناتجربہ کاری۔ نادانی۔ سادہ لوحی۔ وہ نرمی اور ملایمت جو بچوں اور معشوقوں کے چہروں سے ٹپکتی ہے ؂

بھولاناتھ۔ مذکر۔ شوجی کا لقب ؂ بھولی۔ نادان (عورت) سیدھی سادی ؂

بھولی باتیں۔ مؤنث۔ سادہ لوحی کی باتیں۔ پیاری پیاری باتیں ؂ بھولی بھالی صورت (۱) مؤنث (۱) اچھی شکل۔ پیاری صورت (۲) بے تکلف۔ سادہ مزاج ؂ بھولی بھولی باتیں (۱) مؤنث۔ سادہ لوحی کی باتیں۔ پیاری پیاری باتیں۔ بچوں کی سی باتیں ؂ بھولی صورت (۱) مؤنث۔ وہ شکل جس سے سادگی ٹپکے ؂

بھُوم (بھُوْم) (ہ) مؤنث (۱) زمین۔ ارض۔ دھرتی (۲) دنیا۔ سنسار (۳) مقام۔ جگہ (۴) ولایت۔ مُلک (۵) دیس۔ وطن ؂

بھُومیا (بھُوْ۔ میا) (ہ) مذکر (۱) زمیندار۔ زمین کا مالک (۲) پرانا باشندہ۔ قدیم ساکن (۳) وہ بہت پُرانا سانپ جس کے سر پہ بال نکل آئے ہوں ؂

بھَوَن (بھَوَنْ) (ہ) مذکر (۱) مکان۔ گھر (۲) مندر ؂

بھَوں (بھَوں) (ہ) مؤنث۔ ابرو (بھووں، بھویں جمع) ؂

بھَوں پر بل ڈالنا۔ ابرو سے ناپسندیدگی ظاہر کرنا ؂

بھَوں تاننا یا ٹیڑھی کرنا۔ (۱) غصہ دکھانا (۲) تیوری چڑھانا۔ تیوری میں بل ڈالنا۔ ناز کرنا۔ نخرا کرنا ؂

بھَوں تننا۔ یا۔ ٹیڑھی ہونا۔ لازم ؂ بھَوں چڑھانا۔ تیوری میں بل ڈالنا ؂ بھَوں چڑھنا۔ لازم ؂ بھَوں کا گلہ، آنکھ کے سامنے۔ مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کی شکایت اس کے نہایت قریبی عزیز کے سامنے کی جائے ؂

بھَوں میں بل ڈالنا۔ (کنایۃً) آزردہ ہونا ؂

بھووں سے چور پکڑواتا ہے۔ مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص کسی کم ہمت نالائق یا ضعیف کو بڑا کام سونپ دے ؂

بھَوں (بھَوْں) (ہ) مؤنث (عوام) زمین ؂

بھَوں بھَوں (ہ) مؤنث (۱) کُتے کی آواز (۲) رونے کی آواز ؂

بھوں بھوں رونا۔ بلند آواز سے رونا ؂

بھَوں بھَوں کرنا۔ (۱) کُتے کی طرح بولنا۔ بھونکنا (۲) بکنا۔ بیہودہ بکنا ؂

بھُون (بھُوْن) (ہ) بھونا سے امر واحد حاضر ؂

بھُونا۔ بھُوننا سے ماضی مطلق ؂

بھُون جُھلس لینا۔ بھُوننا ؂ بھُون کھانا (۱) پکا کر کھانا (۲) فضول خرچی کرنا ؂

بھُوننا (بھُوْن۔ نا) (ہ) (۱) بریاں کرنا۔ غلے، سبزی، گوشت وغیرہ کا آگ، بھوبل یا بالو میں جھلسانا (۲) گھی میں تلنا (۳) جلانا۔ جھلسنا (۴) بندوق سے شکار بریاں کرنا۔ (۵) دق کرنا۔ طعنوں سے دل جلانا ؂

بھونپو (بھُوں۔ پُو) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا نرسنگا۔ تُرہی۔ سنکھ۔ پھُکنی (۲) بڑی اور بھاری آواز ؂

بھونچال (بھُوْں۔ چال) (ہ) مذکر۔ زلزلہ۔ لرزہ (آنا کے ساتھ) ؂

بھونچکا۔ دیکھیے" بھوچکا"۔
بھون چمپا (ہ) مؤنث۔ (۱) ایک قسم کی چمپا (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔
بھوندو (بھوں۔ دو) (ہ) احمق۔ کندۂ ناتراش۔ جاہل۔ بھولا۔ اناڑی۔ کمزور۔
بھونڈا (بھوں۔ ڈا) (ہ) (صفتِ مذکر) (۱) بدصورت۔ بدشکل۔ بدہیئت۔ بدقطع (۲) بے ڈول۔ بدزیب۔ ناقص۔ خراب۔
بھونڈاپن۔ یا۔ پنا (ہ) (عو) مذکر (۱) بدصورتی۔ بدشکلی۔ بدنمائی (۲) بدتمیزی، بدتہذیبی (۳) نقصان۔ نقص۔ خرابی۔ عیب۔
بھونڈا نخرا۔ مذکر۔ (عو) نازبےجا۔ شترغمزہ۔
بھونڈپیرا (بھنڈ۔ پے۔ را) (ہ) صفتِ مذکر (لکھنؤ) سبزقدم۔ منحوس۔
بھونڈپیری (بھنڈ۔ پے۔ ری) (صفتِ مؤنث)۔
بھونڈی (بھوں۔ ڈی) صفتِ مؤنث۔ دیکھیے "بھونڈا"۔
بھونڈی بات۔ مؤنث۔ بدتمیزی کی بات۔ نکمی بات۔ خراب۔
بھونڈی صورت۔ مؤنث۔ بدشکل۔ ناموزون صورت۔
بھونرا (بھوں۔ را) (ہ) مذکر (۱) سیاہ پردار کیڑا جو کنول کے پھول کا عاشق خیال کیا جاتا ہے (۲) نہایت سیاہ چیز (۳) دخمہ۔ تہ خانہ۔
بھونراسی آواز (ار) مؤنث۔ باریک سُر کی بےصدا اونچی گونجنے والی آواز۔
بھونرے میں پالنا (۱) تہ خانے میں پالنا (۲) نازونعمت اور لاڈ پیار میں پالنا۔
بھونرے میں پلنا۔ لازم۔
بھونری (بھوں۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) بالوں کا چکر جو گھوڑے یا انسان کے جسم یا سر پر ہوتا ہے (۲) گھوڑے کا ایک عیب جس میں بال پیشانی پر حلقہ کیے ہوتے ہیں، اسے منحوس سمجھتے ہیں (۳) روٹی جو انگاروں پر پکائی جاتی ہے (۴) بھونرے کی مادہ۔
بھونسنا (بھوں۔ نس۔ نا) (ہ) (ہندو) (عو) کتے کا بھونکنا۔
بھونک (بھوں۔ نک) (ہ) "بھونکنا" کا امر۔
بھونکا (۱) بھونکنا سے ماضی مطلق (۲) بھونکانا کا امر۔
بھونکانا (۱) چھیڑ کر غل مچوانا۔ بکوانا (۲) ستانا۔ دق کرنا۔
بھونکنا (۱) کتے کا منہ سے زوردار آواز نکالنا (۲) چیخنا۔ غل مچانا (۳) بیہودہ بکنا۔
بھونک (بھوں۔ نک) (ہ) بھونکنا کا امر۔
بھونکا۔ بھونکنا سے ماضی مطلق۔
بھونکنا (۱) گھسیڑنا۔ اندر داخل کرنا۔ چھیدنا۔ گھونپنا۔ مارنا۔ چبھونا (۲) گنوار، موٹی موٹی سلائی کرنا۔
بھونکڑا (بھوں۔ نک۔ ڑا) (ہ) (۱) بھدا۔ موٹا (۲) مذکر۔ موٹی گلگلا سی ناک (۳) (ہندو۔ عو) مذکر۔ شلنگا۔ بڑے بڑے ٹانکے (۴) مذکر۔ چلا کر رونا۔
بھونی بھانگ نہیں (ہ) کچھ پاس نہیں۔ ناداری ہے۔ تہی دستی ہے۔ مفلسی ہے۔
بھوئیاں (بھوں۔ ئیاں) (ہ) (صفت) (عو) راستوں سے واقف۔ پھرنے والی۔

بھئی (بھئی) (ہ) مذکر (۱) بھائی کا مخفف (۲) برابر والوں اور چھوٹوں سے خطاب کا کلمہ (۳) بڑے چھوٹوں کو اور چھوٹے بڑوں کو اس کلمے سے خطاب کرتے ہیں۔
بھی (بھی) (ہ) (حرفِ ربط) (۱) نیز (۲) اب (۳) (انتہا ظاہر کرنے کو) تک (۴) اور علاوہ۔ زیادہ۔ مزید۔
بہی (بہی) (ف) مؤنث۔ ایک مشہور پھل۔ بہی دانہ۔ مذکر۔ ایک دوا۔
بہی (بہی) (ہ) مؤنث۔ لمبے سلے ہوئے ورقوں کی کتاب جس میں مہاجن اپنا حساب وغیرہ لکھتے ہیں۔ روزنامچہ۔ کھاتا۔
بہی پر اتارنا۔ یا۔ چڑھانا۔ بہی پر نقل کرنا۔ بہی میں لکھنا یا داشت میں درج کرنا۔
بہی پر چڑھنا۔ لازم۔ بہی میں لکھا جانا۔ بہی خسرہ۔ مؤنث۔ روزنامچہ۔ بہی کھاتا۔ بہی دھروٹ۔ مؤنث۔ پرکھے ہوئے حساب کی بہی۔
بہی کھاتا۔ مذکر۔ مہاجنوں کی لین دین کی کتابیں۔ لیکھا بہی۔ خسرہ۔ مسودہ۔ پرانا حساب کتاب۔ حساب کی کتاب۔ روزنامچہ (کھولنا، لکھنا کے ساتھ)۔
بھے (بھے) (ہ) مذکر۔ اندیشہ۔ ڈر۔
بھیا (بھی۔ یا) (ہ) مذکر (عو) (۱) بھائی کا مخفف (۲) غیر شخص کو بھی پیار سے کہا جاتا ہے۔
بھیاچارہ۔ مذکر (۱) بھائی چارہ (۲) شرکت کی زمین۔ شاملات۔
بھیاچارہ غیر مکمل (۱) مذکر۔ شاملات کی زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو۔ بھیا دوج مؤنث۔ ہندوؤں کا ایک تہوار جس میں بہنیں بھائیوں کے سر پہ ٹیکا شیرنی وغیرہ بھیجتی یا لے کر جاتی ہیں۔
بہیا (بہ۔ یا) (ہ) مؤنث۔ طغیانی۔ سیلاب۔ طوفان۔ بہاؤ۔
بھیانک (بھیا۔ نک) (ہ) (۱) ہولناک۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ مہیب (۲) گھبرایا ہوا، ڈرا ہوا، وحشت زدہ (۳) حیران۔ پریشان (۴) سنسان۔ ہُو کا عالم (۵) ویران، اداس، بےرونق۔
بھیانک آواز۔ مؤنث۔ وہ آواز جس سے ڈر معلوم ہو۔ دہشت کی آواز۔
بھینت (بھینت) (ہ) مؤنث (۱) دیوار۔ پاکھار۔ چاردیواری (۲) فصیل (۳) بھید، راز۔
بھیتر (بھی۔ تر) (ہ) (۱) اندر۔ زنانے مکان میں۔ چاردیواری کے اندر (۲) درمیان (۳) مخفی۔ پوشیدہ۔ گپت۔
بھیتری (۱) اندرونی۔ باطنی (۲) درمیانی (۳) پوشیدہ۔
بھیتری مار۔ مؤنث (عو) (۱) اندرونی چوٹ۔ اندرونی ایذا (۲) باطنی تکلیف، دلی صدمہ۔
بھیٹ (بھیٹ) دیکھیے "بھینٹ"۔
بھیج (بھیج) (ہ) بھیجنا کا امر۔ بھیجا۔ بھیجنا سے ماضی مطلق۔
بھیج دینا۔ یا۔ بھیجنا (۱) روانہ کرنا۔ ارسال کرنا۔ ترسیل کرنا۔ پہنچانا۔ ابلاغ کرنا۔ چلتا کرنا (۲) دینا۔ مرحمت کرنا۔ عنایت کرنا۔ عطا کرنا (۳) بولنا۔

منہ سے نکالنا - بکنا ؎

بھیجا (بِھے - جا) (ہ) مذکر - سر کا مغز - دماغ کا اندرونی حصہ - سر کا گودا ؎ **بھیجا پکانا** - (مجازاً) بکنے کی تکلیف جھیلنا - بہت بکنا ؎ **بھیجا پک جانا** (۱) کسی کی بک بک سے دماغ پریشان ہونا (۲) عاجز ہونا تنگ ہونا ؎

بھیجا کھا جانا - یا - کھانا - سمع خراشی کرنا - بکتے بکتے دماغ پریشان کر دینا ؎ **بھیجا کھائیں، سر سہلائیں** (ل) مثل - خوشامد کر کے نقصان پہنچانے کے محل پر کہتے ہیں ؎

بھیجنا (بِھیج - نا) (ہ) (ہندو، عوام) تر ہونا - بھیگنا ؎

بھیچنا - بھینچنا (بِھیچ - نا، بِھینچ - نا) (ہ) (۱) مسلنا - کچلنا - دبوچنا - دبانا - سکیڑنا (۲) جبراً روکنا - دبانا - مجبور کرنا - انگلیوں یا دانتوں کا زور سے بند کر لینا (۳) طاقت کے ساتھ کسی کو سینے سے چمٹا لینا ؎

بھید (بھیْد) (ہ) مذکر (۱) دل کی بات - راز (۲) پتا - سراغ (۳) بوجھ - پہیلی - مسئلہ (۴) حال احوال - اصل کیفیت (۵) (عوام) چھیدے ہوئے کانوں کا سوراخ - موتی کا سوراخ ؎ **بھید پانا** (۱) سراغ پانا - پتا لگانا (۲) چھپی ہوئی بات سمجھ جانا ؎ **بھید دینا** - دل کی بات بتا دینا - گھر کی کیفیت ظاہر کرنا - خفیہ بات بتا دینا - راز فاش کرنا ؎ **بھید کہنا** - راز بتا دینا - افشائے راز کرنا ؎ **بھید کھولنا** (۱) راز فاش کرنا (۲) بھرم کھولنا ؎ **بھید کی بات** - مؤنث - راز چھپانے کی بات ؎ **بھید لگانا** - سراغ لگانا - پتا لگانا ؎ **بھید لینا** - منشا دریافت کرنا - عندیہ لینا - خفیہ بات کا پتا لگانا - چھپی ہوئی بات معلوم کرنا ؎

بھید ملنا - سراغ لگنا - راز کا پتا چلنا ؎ **بھیدی** (بِھے - دی) (ہ) مذکر (۱) رازدان - رازدار - ہم راز (۲) محرم - واقفِ حال (۳) سراغ رسان - پتا لگانے والا (۴) جاسوس - مخبر ؎ **بھیدیا** (بِھے - دیا) بھیدی ؎

بھیدنا (بھیْد - نا) (ہ) (ہندی) چھیدنا، سوراخ کرنا ؎

بہیر (بَہِیْر) (ف) مؤنث (۱) آدمیوں کا ہجوم یا مجمع جو لشکر کے ساتھ ہوتا ہے (۲) لشکر کے بازاری لوگ (۳) آدمیوں کی قطار - انبوہ - بھیڑ (۴) فوج کا سامان ؎

بہیر بنگاہ (ف) مذکر و مؤنث (۱) فوج کے ساتھ کے شاگرد پیشہ بقال وغیرہ (۲) برات کے ساتھ کے خدمت گزار (۳) سفری لشکر کے ساتھ لوگ، ڈیرا خیمہ وغیرہ ؎

بھیروں (بِھے - رُوں) (ہ) مذکر (۱) ہندوؤں کا ایک دیوتا (۲) ایک راگ - (۳) (صفت) خوفناک - مہیب ؎

بھیروں چڑھنا - دیوانوں جیسی باتیں کرنا ؎ **بھیروں ناچنا** (۱) مجلس کا رنگ بدل جانا - حالت پلٹنا (۲) ویرانہ پن برسنا - سکوت چھا جانا (۳) ناغہ پڑنا - مطلق کام نہ رہنا (۴) لڑائی جھگڑا ہونا ؎

بھیرویں (بِھیْر - ویں) (ہ) مؤنث - صبح کو گانے کی ایک راگنی ؎

بھیرویں اڑانا (۱) بھیرویں گانا (۲) (مجازاً) خوشی کے گیت گانا - خوشی منانا - عیش منانا ؎ **بھیرویں سے تو ہماری بھی واہ واہ ہے** - مثل - وہاں کہتے ہیں جہاں مجلس میں کوئی بے خبر شخص اسی راگنی کی فرمائش کرے جو گائی جا رہی ہو اور

بتائے جانے پر شرمندہ ہو کر تعریف کرے ؎

بہیڑ (بَہِیْڑ) (ہ) مؤنث - پہاڑی پرندوں کا پہاڑ سے آنا ؎

بھیڑ (بِھیْڑ) (ہ) مؤنث (۱) ہجوم - انبوہ - جمگھٹ - مجمع (۲) (مجازاً) مصیبت - آفت ؎

بھیڑ بھاڑ - مؤنث - ازدحام - مجمع - دھوم دھام - بڑا ہجوم ؎

بھیڑ بھڑکا - مذکر - بھیڑ بھاڑ ؎ **بھیڑ پڑ جانا - یا - پڑنا** (۱) مجمع کا حملہ آور ہونا - ڈاکا پڑنا (۲) (مجازاً) دقت پیش آنا - آفت پڑنا - مصیبت پڑنا ؎

بھیڑ چھٹ جانا - یا - چھٹنا - ہجوم کا کم ہونا - مجمع منتشر ہونا ؎ **بھیڑ کرنا** - مجمع کرنا - ہجوم کرنا ؎ **بھیڑ لگانا** - بھیڑ کرنا ؎ **بھیڑ لگنا** - ہجوم لگنا - مجمع ہونا ؎

بھیڑ (بِھیْڑ) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا چوپایہ جس کے بالوں سے کمل بنائے جاتے ہیں - بھیڑی - بھیڑا (۲) (مجازاً) مسکین - غریب (۳) (کنایۃً) دولت مند - مال دار ؎

بھیڑ جہاں جائے گی، مونڈی جائے گی - یا - وہیں مونڈے گی - مثل (۱) غریب پر ایک کا بس چلتا ہے (۲) غریب اور بد قسمت کو ہر جگہ نقصان ہوتا ہے (۳) دولت مند کو ہر جگہ کچھ نہ کچھ دینا ہی پڑتا ہے ؎

بھیڑ چال - مؤنث - دیکھا دیکھی - دستور کے مطابق - اندھا دھند - دیکھیے "بھیڑیا چال" ؎ **بھیڑ کی لات ٹخنوں تک** - مثل - کمزور کی مار بے اثر ہوتی ہے - کمزور کیا جنگ و جدل کرے گا؟ کمزور کی بہادری سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچ سکتی - کمزور سے نقصان نہیں پہنچ سکتا ؎

بھیڑا (بِھے - ڑا) (ہ) مذکر (۱) نر بھیڑ (۲) (دکن میں) بھیڑیا ؎ **بھیڑنی** - مؤنث بھیڑیے کی مادہ ؎

بھیڑی - مؤنث - بھیڑ کی مادہ ؎

بہیڑا (بَہِے - ڑا) (ہ) مذکر - بلیلہ - ایک قسم کی بڑی ہڑ ؎

بھیڑنا (ہ) (۱) دروازہ بند کرنا - پٹ لگانا (۲) قفل لگانا - مقفل کرنا (۳) دینا - حوالے کرنا (۴) باہم ملانا ؎

بھیڑیا (بھیْڑ - یا) (ہ) مذکر (۱) ایک مشہور خونخوار درندہ - گرگ (۲) کنکوے کا ایک رنگ ؎ **بھیڑیا چال**[1] - مؤنث - اوروں کی دیکھا دیکھی کوئی کام کرنے لگنا ؎

بھیڑیا کھائے تو، نہ کھائے تو، منہ لال - الزام ہمیشہ بدنام کے سر آتا ہے خواہ وہ عیب کرے یا نہ کرے ؎

بھیڑیا دھسان[2] (کنایۃً) کثرت سے لوگوں کا ایک طرف متوجہ ہونا - کورانہ تقلید - بے سمجھے بوجھے پیروی کرنا ؎

بھیس (بھیْس) (ہ) مذکر (۱) رنگ روپ - ہیئت - وضع (۲) طریق - طور - ڈھنگ (۳) پوشاک - لباس (۴) سوانگ (۵) فرقہ - گروہ (۶) پیروی - تقلید ؎

بھیس بدلنا - (۱) روپ بھرنا - سوانگ بھرنا (۲) لباس تبدیل کرنا - ہیئت پلٹنا ؎ **بھیس بنانا** - روپ بھرنا - وضع اختیار کرنا ؎

---

[1][2] بھیڑ کا قاعدہ ہے کہ جس طرف ایک جاتی ہے، اسی طرف سب جاتی ہیں - یہ دونوں محاورے اسی قاعدے سے بنائے گئے ہیں ؎

بھیک (بِھِیک) (ھ) مؤنث (۱) گداگری۔ خیرات۔ گدائی۔ بھکشا (۲) سوال (دینا، لینا، مانگنا کے ساتھ) ٭ **بھیک پر اوقات ہونا** (۱) گدائی سے گزر ہونا ٭

بھیک کا ٹکڑا۔ مذکر (۱) خیرات کا ٹکڑا۔ مانگے تانگے کا ٹکڑا۔ گدائی کی روٹی (۲) نطفۂ حرام۔ نطفۂ بےتحقیق (۳) مانگی ہوئی چیز ٭

بھیک کا ٹھیکرا۔ مذکر (۱) کشکول۔ کاسۂ گدائی (۲) کمائی کا ذریعہ۔ وہ چیز جس کے ذریعے سے نفع حاصل کریں (۳) (مجازاً) نوچی (۴) کسب، فن، ہنر کے آلات ٭ **بھیک کے ٹکڑے بازار میں ڈکار**۔ مثل۔ افلاس میں شیخی بگھارنا ٭

بھیک مانگ کھانا۔ بھیک پر گزارہ کرنا ٭ **بھیک مانگ کے گڑیا سنوار دینا** (عو) مانگ تانگ کر دلھن کے جہیز کا سامان کر دینا ٭

بھیک میں پچھوڑ۔ مثل۔ ذلیل حالت میں اکڑ فوں۔ سوال کے ساتھ حکومت۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی شخص فقیر کو کچھ دے اور وہ خیرات میں اضافے کے لیے جھگڑے۔ اس مقام پر بھی کہتے ہیں جب کوئی شخص دوسرے کے مال مفت میں کمی بیشی کرے ٭

بھیگ (بِھِیگ) (ھ) بھیگنا کا امر ٭ **بھیگا**۔ بھیگنا سے ماضی مطلق ٭ **بھیگنا**۔ پانی پسینے وغیرہ سے گیلا یا تر ہونا ٭

بھیگی (بِھی۔ گی) (ھ) (صفت) (ز۔ گیلی ٭ **بھیگی آواز**۔ مؤنث۔ وہ آواز جو پچھلی رات بندھ جاتی اور سُر تال پر لگ جاتی ہے ٭ **بھیگی بلّی**۔ مؤنث (۱) گربۂ مسکین (۲) (مجازاً) بے وقعت۔ ذلیل۔ عاجز ٭

بھیگی بلّی بتانا۔ ٹالنا۔ حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ نوکر یا اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کام چور ہو یا کسی کام میں بے جا حیلہ کرے[1] ٭

بھیگی رات۔ مؤنث۔ شب کو بارہ بجے کے بعد کا وقت جب گرمیوں میں بھی ہلکی سی ٹھنڈک شروع ہو جاتی ہے ٭

بھیگی مرغی (صفت) (دہلی) (۱) از حد مسکین صورت، انتہائی غریب، منکسر، عاجز (۲) مصیبت کا مارا ٭

بھیگی مسیں۔ مؤنث۔ مونچھوں کے وہ ننھے ننھے بال جو اوّل اوّل کسی نوخیز لڑکے کے لبوں پر نمودار ہوتے ہیں۔ سبزہ آغاز ٭

بھیل (بِھیل) (ھ) مذکر۔ ہندوستان کی ایک قدیم قوم جسے آریاؤں نے شکست دی تھی۔ اب یہ لوگ کسی قدر راجپوتانہ میں باقی رہ گئے ہیں ٭

بھیلسا (بِھیل۔ سا) (ھ) مذکر (۱) ریاست گوالیار کا ایک قصبہ جہاں کا تمباکو نہایت اچھا ہوتا ہے (۲) اس قصبے کا تمباکو (۳) کوئی اعلیٰ تمباکو ٭

بھیلی (بِھے۔ لی) (ھ) مؤنث (دہلی) گڑ کا بڑا گول ٹکڑا۔ گڑ کی چکتی۔ (لکھنؤ میں پاری بولتے ہیں) ٭

بہیلیا (بَہِے۔ لِیا) (ھ) مذکر (۱) چڑی مار۔ شکاری (۲) ایک شکاری قوم ٭

بہیمیّت (ع) مؤنث (۱) حیوانیت، حیوانوں کا سا عمل (۲) سنگ دلی ٭

بھیں (بِھیں) (ھ) مؤنث۔ بھیڑ اور بھینس کی آواز ٭ **بھیں بھیں**۔ مؤنث۔ بچوں اور انسان کے رونے کی آواز ٭ **بھیں بھیں رونا**۔ اونچی آواز سے رونا۔ بُری آواز سے رونا ٭

بھینا (بِھے۔ نا) (ھ) (عو) بہن کی تصغیر (تحقیر سے) ٭

بھینٹ (بِھینٹ) (ھ) مؤنث (۱) بھڑنا۔ ٹکرانا۔ لڑنا (۲) ملاقات۔ ملاپ۔ مٹ بھیڑ۔ مقابلہ۔ سامنا (۳) وہ نذر جو ملاقات کے وقت کسی حاکم کی خدمت میں پیش کی جائے (۴) مطلق نذر۔ تحفہ۔ سوغات۔ پیش کش (۵) نذرانہ، صدقہ، قربانی۔ وہ نذر نیاز جو کسی دیوی دیوتا کے نام پر دی جائے (۶) منہ بھرائی، رشوت (۷) ہندو عورتوں کے تعریفی گیت ٭ **بھینٹ بکرا**۔ مذکر (ہندو) منّت کا بکرا ٭

بھینٹ چڑھانا۔ نذر دینا۔ قربانی دینا ٭ **بھینٹ چڑھنا**۔ لازم ٭

بھینٹ دینا (عو) (۱) نذر نیاز دینا (۲) برباد کرنا ٭ **بھینٹ لینا** (۱) چڑھاوا لینا۔ نذر لینا (۲) مار ڈالنا۔ جان لینا ٭ **بھینٹ ہونا** (ہندو) (۱) بھڑنا۔ ملنا۔ ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا (۲) قربان ہونا۔ نثار ہونا ٭

بھینس (بِھینس) (ھ) مؤنث (۱) گاؤ میش (۲) (تحقیراً) موٹی عورت ٭

بھینس بر جانا۔ نئی چری کے کبڑے تر کے کھانے سے بھینس کا فوراً مر جانا ٭

بھینس کے آگے بین بجائی، بھینس کھڑی رُو چھپائی (و) مثل۔ بے وقوف سے دانائی کی امید بے سود ہے ٭

بھینس کے آگے بین بجائے، بھینس کھڑی پگرائے (ھ) مثل۔ بے سمجھ کے سامنے دانائی کی باتیں بے فائدہ ہیں۔ احمق کے آگے ہُنر کی نمائش بے معنی ہے ٭

بھینسا (بِھیں۔ سا) (ھ) مذکر (۱) بھینس کا نر (۲) (مجازاً) بھدا۔ بہت موٹا ٭

بھینسا بھینسوں میں یا قسائی کے کھونٹے (و) مثل۔ مقصد حاصل ہوگا ورنہ جان جائے گی ٭ **بھینسوں بخار چڑھنا** (عو) تیز بخار چڑھنا ٭

بھینسیا داد۔ مذکر۔ ایک قسم کا بڑا اور سخت داد جو خون کی خرابی سے ہو جاتا ہے ٭

بھینسیا گوگل۔ مذکر۔ ایک قسم کا گوند جو بیشتر دواؤں میں مستعمل ہوتا ہے ٭

بھینسیا لہسن۔ مذکر۔ ایک قسم کا بڑا سرخ یا سیاہ یا سفید نشان جو زیادہ تر گردن یا گال کی جلد میں ہو جاتا ہے ٭

بھینگا (بِھیں۔ گا) (ھ) مذکر۔ آنکھ دبا کر دیکھنے والا۔ احول ٭

بھینی (بِھی۔ نی) (ھ) تیز کے برعکس۔ ہلکی۔ دھیمی ٭ **بھینی بھینی**۔ دھیمی دھیمی۔ ہلکی ہلکی ٭ **بھینی بھینی بُو** (و) مؤنث۔ میٹھی میٹھی خوشبو۔ ہلکی ہلکی خوشبو۔ لطیف بُو ٭

بھیو (بِہیو) (ھ) خاص زمانے میں چڑیوں کا دانہ چگنے کے لیے پہاڑ سے دوسرے مقامات کو جانا ٭

ب۔ ی۔ ے

بی (بی) (و) مؤنث۔ بی بی کا مخفف۔ عورتوں کو خطاب کرنے کا کلمہ ٭

[1] ایک آقا نے اپنے نوکر سے کہا دیکھو پانی برس رہا ہے یا نہیں۔ نوکر بولا، جی ہاں برس رہا ہے۔ ابھی باہر سے بلی بھیگی ہوئی آئی تھی۔

بی آسا ۔ مؤنث (عو) بی عائشہؓ کا بگاڑ ٭ بی پھُڑی کی کڑھائی ۔ مؤنث ۔ وہ کڑھائی جو مخنث کیا کرتے ہیں ۔ ان کے خیال میں جو اس کڑھائی کو کھا لے، وہ مخنث ہو جاتا ہے ٭ بی بی (ت) مؤنث (۱) بیگم ۔ خاتون ۔ خانم (۲) بیوی، زوجہ، گھر والی، بیاہتا بی بی (۳) عورت کے نام سے پہلے عزت و احترام کا لفظ (۴) سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراؓ بنت رسول اللہ صلعم کا لقب (۵) شریف زادی، جو کسی کی لونڈی باندی نہ ہو (۶) لڑکی بیٹی کو پیار سے خطاب کرنے کا کلمہ (۷) نیک اور پرہیزگار عورت (۸) بڑی بوڑھی (۹) (ہندو) لڑکی ۔ بیٹی ۔ صاحب زادی (۱۰) عورتوں کا باہم کلمۂ خطاب (۱۱) (ہندو) خواہر ۔ بہن (۱۲) دلھن ۔ عروس (۱۳) نند ۔ بڑی نند ۔ شوہر کی بہن (۱۴) ساس ۔ ماں ۔ مالکہ ٭ بی بی بتّو (و) مؤنث ۔ بی بی کے بجائے عورتوں کو خطاب کرنے کا کلمہ ٭ بی بی جی ۔ مؤنث ۔ (ہندو ۔ عو) (۱) رانی جی کے بجائے کلمۂ خطاب (۲) خاوند کی بڑی بہن ٭ بی بی خطا کرے، باندی پکڑی جائے ۔ (ک) مثل ۔ بڑے کے قصور پر غریب کی کم بختی آ جائے ٭

بی بی خیلا دو چٹے اک میلا ۔ پھوہڑ کو موزونی کا ذرا خیال نہیں ہوتا ٭ بی بی زن (و) (عو) نیک بخت عورت ۔ قابل تعظیم پارسا عورت ۔ پاک دامن ٭

بی بی کا دانہ ۔ مذکر ۔ صحنک جس پر حضرت فاطمہؓ کا فاتحہ دلا کر صرف پاک دامن عورتیں کھاتی ہیں ٭ بی بی کا کونڈا ۔ مذکر ۔ جلیبیاں جن پر حضرت خاتونِ جنت کی نیاز ہوتی ہے ٭ بی بی کا کھانا دانہ کھانے والی ۔ مؤنث ۔ پرہیزگار عورت، جو آنحضرتؐ کی صاحبزادی حضرت بتولؓ کی نیاز کا کھانا کھانے کی اہل ہو ٭

بی بی کی پُڑیا ۔ مؤنث ۔ وہ مٹھائی جو بنت رسولؐ کی نیاز کے لیے پُڑیا میں منگوائی جاتی ہے ٭ بی بی کی جھاڑو پھرے (عو) (بد دعا) مر جائے ۔ برباد ہو ۔ تباہ ہو ٭ بی بی کی صحنک ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "بی بی کا دانہ" ٭ بی بی کی گڑیا ۔ مؤنث (عو) (عوام) گلہری ٭ بی بی کی نیاز ۔ مؤنث ۔ صاحب زادیٔ پیغمبر خدا کے فاتحہ کا کھانا جو صرف پاک دامن عورتیں کھاتی ہیں ٭ بی بی نہ پیر پہلے فقّن فقیر ۔ مثل ۔ اس کے متعلق بولتے ہیں جو سب سے پہلے اپنا حصہ مانگے ٭

بی بی وارے باندی کھائے گھر کی بلا گھر میں جائے ۔ مثل (عو) اس وقت کہتی ہیں جب کوئی شخص اپنوں اور اپنے متعلقین ہی سے سلوک کرے اور دوسروں کا خیال نہ کرے ٭

بی دولتی اپنے آپ ہی کھولتی ۔ مثل (عو) ۔ اس شخص کے متعلق بولتی ہیں، جو اپنے حسد کی آگ میں آپ ہی جلتا ہے ٭ بی جی ۔ مؤنث (۱) بیوی جی کا مخفف (۲) عورتوں جیسی چال ڈھال رکھنے والا مرد ۔ زنانہ ۔ زنخا ٭ بی دیا سلائی، صبح کی گئی شام کو آئی ۔ مثل ۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بہت غیر حاضر رہے ٭ بی شادی ۔ مؤنث (عو) ایک فرضی نام جو عورتوں نے بچوں کے ڈرانے کے لیے مقرر کر رکھا ہے ۔ ہیّا ۔ ہُو ہُو ۔ ہَوّا ٭

بی (بِیْ) (انگ ۔ B) مؤنث ۔ انگریزی الف ۔ بے کا دوسرا حرف ٭

بی ۔ اے (بِیْ ۔ اِے) (انگ ۔ B. A) (۱) بیچلر آف آرٹس کا مخفف ۔ جس نے چودھویں جماعت کا امتحان پاس کر کے یہ ڈگری لی ہو ۔ گریجویٹ (۲) مذکر ۔ چودھویں جماعت ٭

بی ۔ ایس ۔ سی (بِیْ ۔ اَیْس ۔ سِیْ) (انگ B.Sc) سائنس میں بی ۔ اے ٭

بی ۔ او ۔ ایل (بِیْ ۔ اَوْ ۔ اَیْل) (انگ ۔ B. O. L) فارسی میں بی ۔ اے ٭

بے (بے) (ہ) مذکر ۔ ابے کا مخفف ۔ کلمۂ تحقیر ۔ یہ لفظ بیشتر امر یا کلمۂ استفہام کے آخر میں اور ابے شروع میں آتا ہے ۔ جیسے چل بے ۔ کیوں بے ۔ ابے آتا نہیں ٭

بے (بے) (ہ) حروفِ تہجی کے دوسرے حرف کا تلفظ ٭

بے[1] (بے) (ف) با کے برعکس ۔ نفی کا حرف ۔ بغیر ۔ بدون ۔ بلا ۔ بن ۔ سوا ۔ خالی ٭ بے آب ۔ پانی کے بغیر ۔ بے رونق ٭ بے آبرو ۔ بے عزت ۔ بے حرمت، بے حیا ٭ بے آبروئی ۔ مؤنث ۔ بے عزتی ۔ بے حیائی ٭

بے آب و رنگ ۔ بے رونق ٭ بے آپے ہونا (و) (دہلی) قابو سے باہر ہونا ۔ بدحواس ہونا ۔ آپ سے باہر ہونا ۔ بے ہوش ہونا ٭ بے آرامی (ف) مؤنث (عو) بے کلی ۔ بے چینی ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔ طبیعت کی ناسازی ٭

بے آزار ۔ بے ضرر ٭ بے آس ۔ مایوس ۔ ناامید ٭ بے اٹکل (و) بے شعور ۔ بے تمیز ۔ بے سلیقہ ٭ بے اثر (ف) بے تاثیر ۔ بے فائدہ ۔ بے نتیجہ ۔ بے کار ٭ بے اجل مارنا (و) وقت سے پہلے مار ڈالنا ۔ بے موت ہلاک کرنا ٭ بے احتیاط (ف ۔ ع) جو بچاؤ نہ کرے ٭

بے احتیاطی ۔ مؤنث ۔ بچاؤ نہ کرنا ۔ بے پروائی ٭ بے اختیار (۱) بہت، بے حد (۲) بے ارادہ ۔ خود بخود (۳) بے قابو ۔ بے بس ۔ مجبور (۴) وہ شخص، جسے کسی کام کی اجازت نہ ہو (۵) جبراً ۔ چار و ناچار ٭

بے اختیاری (ف) مؤنث ۔ بے چارگی ۔ کمزوری ۔ مجبوری ٭

بے ادب (۱) شریر ۔ شوخ ۔ گستاخ ۔ بے تمیز (۲) غیر مہذب ۔ ناشائستہ ۔ جو دوسرے کے مرتبے کا لحاظ نہ کرے (۳) قاعدے سے باہر ۔ حد سے باہر ٭

بے ادب بے نصیب، با ادب با نصیب (ف) مثل ۔ دیکھیے "با ادب .... الخ" ٭

بے ادبی (ف ۔ ع) مؤنث (۱) گستاخی ۔ بے عزتی (۲) شرارت ۔ شوخی (۳) بے تمیزی ٭

بے اشتباہ ۔ شک اور شبہے کے بغیر ۔ بے شک ٭ بے اصل (۱) بے ٹھکانے ۔ بے بنیاد (۲) بے حقیقت ۔ غلط ۔ خلاف ۔ جس میں سچائی نہ ہو ٭

بے اعتبار ۔ ناقابلِ اعتماد ۔ مشتبہ ۔ بے وقعت ٭ بے اعتنائی ۔ مؤنث ۔

---

[1] بے اور نا میں فرق: بے اسماء غیر صفت و غیر مشتقات یعنی اسم مصدر، اسم جامد اور ان الفاظ پر جن میں یائے مصدری لگایا جاتا ہے ۔ جیسے بے علم ۔ بے ہنری ۔ نا بیشتر مشتقات اور صفات پر آتا ہے یعنی اسم فاعل، اسم مفعول، صفتِ مشبہ پر، جیسے ناقابل ۔ نامقبول ۔ ناشائستہ ٭

بے پروائی ٭ **بے اعتدالی** ـ مؤنث ـ حد سے بڑھنا ـ بدپرہیزی ٭
بے امتیاز ـ ناہموار ـ بے ادب ـ بدتمیز ٭ **بے انتہا** ـ بے حد ـ بے نہایت ٭
بے اندازہ (ف) (۱) حد سے زیادہ ـ بے حد (۲) بے قیاس ـ بے اٹکل ٭
بے اولاد (ف ـ ع) **بے اولادا** (ﮨ) جس کے بیٹا بیٹی کچھ نہ ہو ـ لاولد ٭ **بے اولادی** ـ مؤنث (عو) اُس عورت کو کہتی ہیں، جس کے اولاد نہ ہو ٭ **بے ایمان** (ف ـ ع) (۱) بے دین، ادھرمی (۲) بداعتقاد (۳) بدنیت (۴) بددیانت (۵) مکّار ـ فریبی ـ دغاباز (۶) دروغ گو ـ جھوٹا (۷) غیر منصف ٭

بے ایمانی کرنا (ﮨ) (۱) چوری کرنا ـ غبن کرنا ـ خیانت کرنا (۲) بدنیتی کرنا ـ بدنیتی سے حاصل کرنا ٭ **بے باق** (ف ـ ع) (۱) وہ شخص جو اپنے ذمے بقایا نہ رکھے اور کُل ادا کرے (۲) ختم ٭
بے باق کرنا ـ (۱) حساب صاف کرنا (۲) ادا کرنا ـ دینا ـ چکانا ـ (۳) جگتان کرنا ـ بھگتنا بھرنا (۴) پورا کرنا ـ ختم کرنا (۵) سبک دوش کرنا ـ یا ـ ہونا (۶) فیصلہ کرنا ٭ **بے باق ہونا** ـ لازم ٭ **بے باک** (ف) (۱) بے خوف ـ نڈر (۲) آزاد (۳) دلیر ـ بہادر (۴) شوخ (۵) مسخرہ (۶) بے ادب (۷) آوارہ ـ بے پروا ٭ **بے باکانہ** ـ بے باکی سے ٭ **بے باکی** ـ مؤنث ـ بے حیائی ـ شرارت ـ شوخی ٭ **بے بال** ـ بے سامان ـ بے کس ـ بے یارومددگار ٭
بے بال و پر (۱) بے سہارا ـ اکیلا ـ تنہا ـ جس کا کوئی رفیق نہ ہو ـ بے مددگار ـ بے یار (۲) ناچار ـ مجبور ـ عاجز ـ بیکس (۳) مفلس (۴) ناطاقت ـ کمزور (۵) جس کے بازو اور پر نہ ہوں ـ لُنڈ مُنڈ ٭ **بے بدل** ـ بے مثل ـ لاجواب ٭
بے برگ ـ (۱) پتوں کے بغیر (۲) (مجازاً) محتاج ٭ **بے برگ و نوا** ـ (مجازاً) بے ساز و سامان ـ عاجز ـ بے کس ٭ **بے بس** (۱) بے اختیار ـ بے یار و مددگار ـ ناچار ـ مجبور ـ کمزور ـ بے چارہ ٭ **بے بسی** ـ مؤنث ـ بیکسی ـ بے اختیاری ٭
بے بصر (ف) اندھا ـ نابینا ٭ **بے بلائے خدا کے گھر بھی نہیں جاتے** ـ یا ـ **بے بلائے خدا کے پاس** (ـ یا ـ **یہاں**) **نہیں جاتے** (۱) مقولہ ـ بے طلب کوئی کہیں نہیں جاتا ٭ **بے بہا** (ف) (۱) اَن مول ـ بہت زیادہ قیمت کی شے ـ بے اندازہ قیمت والی چیز ـ بیش قیمت (۲) کم یاب (۳) عمدہ ـ نفیس ـ (۴) عجیب و غریب ٭

بے بھاؤ کی پڑنا (ﮨ) (۱) بہت زیادہ جوتیاں پڑنا (۲) بہت بُری طرح مار پڑنا ٭
بے بہرہ (ف) (۱) بدبخت ـ بدنصیب ـ جو کسی سے فائدہ نہ اٹھائے (۲) (عو) خراب خستہ ـ واہی تباہی ـ ہرزہ گرد ـ آوارہ (پھرنا کے ساتھ) (۳) بے ادب ـ گستاخ بدتمیز ـ بدتہذیب ٭ **بے بیاہا** (ﮨ) مذکر ـ (عو) ناکتخدا مرد ـ کنوارا ٭
بے بیاہی ـ مؤنث (عو) دوشیزہ ٭
بے پایاں (ف) جس کا اور چھور نہ ہو ـ بے اندازہ ـ بے حد ـ بے انتہا ٭
بے پر (۱) بے سروسامان ـ مفلس ـ غریب ـ بے کس (۲) ناتوان ـ کمزور (۳) محتاج ـ ناچار ـ مجبور (۴) پر بُریدہ ـ لُنڈ مُنڈ ٭ **بے پر اُڑانا** (ﮨ) بے جا تعریف کرنا ٭ **بے پر کی اُڑانا** ـ گپ اُڑانا ـ جھوٹی بے اصل بات کہنا ٭ **بے پر کی اُڑنا** ـ لازم ٭ **بے پردہ** (ف) (۱) پردے سے باہر (۲) کُھلّم کُھلّا ـ علی الاعلان ـ صاف صاف (۳) برقع کے بغیر ـ کُھلے منہ ٭
بے پروا (۱) غافل ـ بے فکرا ـ مستغنی ـ بے نیاز (۲) مال دار (۳) کاہل ـ سُست (۴) دھیان نہ دینے والا ـ توجہ نہ کرنے والا (۵) متوکل ـ بے غرض ٭
بے پروانگی ـ اجازت کے بغیر ٭ **بے پروائی** ـ مؤنث (۱) غفلت (۲) بے فکری ـ آزادی ٭ **بے پرہیز** ـ بدپرہیز ـ پرہیز نہ کرنے والا ٭
بے پری ـ مؤنث ـ بے بسی ٭ **بے پوچھے گچھے** (ﮨ) (۱) دریافت کیے بغیر (۲) بے اجازت ٭ **بے پیر** (ف) (۱) گرو یا مرشد کے بغیر ـ بے استاد (۲) بے رحم، سنگ دل، ظالم، بیدرد (۳) خودغرض (۴) احسان فراموش (۵) نافرمان (بعض فصحا اس لفظ کو فارسی ترکیبوں میں استعمال نہیں کرتے) (۶) بداعتقاد ـ لامذہب ـ بے ایمان (۷) شریر ـ بدذات (۸) بے کمال ـ بے ہنر ٭
بے پیرا (ﮨ) (لکھنؤ) بے گرو ـ بے استاد ٭ **بے پینڈی کا بدھنا** (۱) مذکر ـ وہ بدھنا جس میں پینڈی نہ ہو (۲) (مجازاً) (صفت) خیال اور رائے میں اختلاف رکھنے والا ـ ڈھلمل یقین ٭ **بے تاب** (ف) (۱) مضطرب ـ بے کل بے چین، پریشان (۲) کمزور ـ ناتوان ـ بے طاقت (۳) برداشت نہ کرنے والا ٭
بے تابانہ (۱) بے تامل ـ فوراً ـ بہت جلد (۲) گھبرایا ہوا ٭ **بے تابی** ـ مؤنث (۱) پریشانی ـ بے چینی ـ گھبراہٹ ـ اضطراب ٭ **بے تاثیر** (۱) بے اثر (۲) بے فائدہ ـ بے فیض ٭ **بے تاک ہونا** (ﮨ) بے پروائی سے خراب ہونا ٭ **بے تالا**[*] ـ گانے میں تال سے باہر ہو جانے والا ٭ **بے تامل** (ف) بے دھڑک، بے فکر، بے اندیشہ ٭ **بے تحاشا** (۱) بے اطمینانی سے، حواس باختہ ہو کر، مضطربانہ، بے تابانہ (۲) بے تامل، بے دھڑک ٭ بے سوچے سمجھے، اندھا دھند (۳) ازحد، بہت، نہایت، بے حد (۴) اناپ شناپ ٭
بے تدبیر ـ بے پروا ـ بے اندیشہ ٭ **بے ترتیب** ـ بے سلسلہ ـ بے قاعدہ ٭
بے تردد ـ بے تامل ـ بے کھٹکے ٭ **بے تردد اراضی** ـ مؤنث ـ جو زمین تین سال تک کاشت نہ کی گئی ہو ٭ **بے ترکیب** (۱) بے انداز ـ بے جوڑ (۲) کنارہ کش، علحدہ، بے تعلق ٭ **بے تعویق** ـ بلاتوقف ـ بلاتامل ـ بے تاخیر ٭
بے تقصیر (۱) بے جرم ـ بے گناہ ـ بے خطا ـ بے قصور (۲) بے وجہ ـ ناحق ٭
بے تقیہ ـ صاف دلی سے ـ کچھ پوشیدہ کیے بغیر ـ صاف صاف ٭
بے تُک ـ اول جلول ـ بے موقع ـ بے ڈول ٭ **بے تُکا** ـ ناموزوں (دیکھیے بے تُکی)
بے تکان (۱) بے تکلف (۲) بے حد (۳) گھوڑے کا بہت تیز بھاگنا ٭
بے تکلف (۱) بے ساختہ ـ بے تامل (۲) بے حجاب ـ آزادانہ (۳) بے خوف، بے دھڑک (۴) ہم خیال ـ ہم مشرب (۵) آزاد ـ سیدھا سادہ (۶) بناوٹ کے بغیر ـ قدرتی ـ نیچرل (۷) محرم راز ـ رازدان ٭
بے تکلفی ـ مؤنث (۱) سادگی (۲) آزادی ـ بے حجابی (۳) ہم رنگی ـ محرم راز ہونا ٭ **بے تُکی** ـ بے ڈھنگی ـ بے جوڑ ـ بے محل ـ بے موقع ٭
بے تمیز (۱) بے لحاظ ـ بے ادب (۲) بدتمیز، پھوہڑ (۳) ناقابل، نامہذب،

[*] بے تالا ـ گانے میں تال سے باہر ہو جانے والا ٭

جاہل ٭ **بے توفیق** ـ پست حوصلہ ـ پست ہمت ٭ **بے تھانگ چوری نہیں ہوتی** (۱) سازش کے بغیر سرقے کی واردات نہیں ہوتی ٭ **بے تھاہ** (ف) (۱) نہایت عمیق ـ نہایت گہرا (۲) بے پتے ـ بے ٹھکانے ٭ **بے ٹکٹ** (۱) جس کے پاس ٹکٹ نہ ہو (۲) اجازت نامے کے بغیر (۳) بیرنگ ٭ **بے ٹونٹی کا بدھنا** ـ ہجڑا ـ مخنث ٭ **بے ٹھکانے** (۱) بے قرینہ ـ بے جا ـ بے موقع ـ بے وقت (۲) بے پتا ـ بے نشان ـ بے بنیاد ـ بے اصل (۳) وہ شخص جس کا کوئی گھر گھاٹ نہ ہو ـ (۴) بیہودہ ـ نادرست ـ بے معنی ٭ **بے ٹھور ٹھکانے** (۱) بے گھرا ـ آوارہ گرد (۲) بے محل ـ بے موقع ٭ **بے ثبات** (ف) متزلزل ـ بودا ـ کمزور ـ ناپائدار ٭ **بے جا** (۱) بے ٹھور ـ بے ہنگام ـ بے محل ـ بے وقت ـ بے موقع (۲) نازیبا ـ بے زیب ـ نامناسب (۳) ناجائز ـ بے کار ـ فضول (۴) بے سبب ـ ناحق (۵) غلط (۶) خلافِ قانون (۷) بے مقصود ٭ **بے جا صرف کرنا** (ل) بے موقع روپیہ اٹھانا ٭ **بے جان** (ف) (۱) مُردہ (۲) غیر ذی روح (۳) مرجھایا ہُوا ـ پژمردہ ـ کملایا ہُوا ـ افسردہ (۴) کمزور ـ نحیف ـ ضعیف (۵) بوسیدہ ـ گلا ہُوا ٭ **بے جانے بوجھے** (ل) شناسائی اور جان پہچان کے بغیر ـ واقفیت کے بغیر ٭ **بے جُرم** (ف) بے قصور ـ بے خطا ـ بے گناہ ٭ **بے جرم** (جواہر کے متعلق) جس میں داغ دھبا نہ ہو ٭ **بے جگر** ـ بہادر ـ بے پروا ٭ **بے جگری** ـ مؤنث ـ بہادری، بے پروائی ٭ **بے جوڑ** (ل) (۱) غیر موزون ـ بے میل ـ نامناسب (۲) جس میں جوڑ نہ ہو ٭ **بے چارہ** (ف) (۱) لاعلاج (۲) بے بس ـ درماندہ ـ عاجز (۳) مجبور ـ ناچار (۴) غریب ـ مفلس (۵) بدقسمت ـ بدنصیب (بول چال میں بچارا بھی کہاجاتا ہے) ٭ **بے چراغ** (۱) شمع، دیے، بتّی اور روشنی کے بغیر ـ اندھیرا ـ اندھیری (۲) (مجازاً) غیر آباد ـ تباہ ـ برباد ـ خراب ـ ویران ٭ **بے چراغ کرنا** (ل) برباد کرنا تباہ کرنا ـ اجاڑنا ـ ویران کرنا ٭ **بے چگوں** (ف) بے نظیر ـ بے مثال ـ وہ جس کی صفات عقل کو معلوم نہ ہوسکیں ـ خدائے تعالیٰ ٭ **بے چوبہ** (ف) مذکر (۱) چوبوں اور بلّیوں کے بغیر ایک قسم کا خیمہ (۲) (مجازاً) آسمان ٭

بے چوں ـ دیکھیے "بے چگوں" ٭ **بے چون وچرا** (ف) بے عذر ـ بے حجت ـ بے دلیل ٭ **بے چھُری حلال کرنا** (ل) (۱) وقت سے پہلے مارڈالنا (۲) (کنایۃً) نہایت ظلم کرنا ٭ **بے چین** ـ بے کل ـ بے آرام ـ بے قرار ٭

بے چینی ـ مؤنث ـ بے کلی ـ بے آرامی ـ بے قراری ـ پریشانی ٭ **بے حال** (ف) (۱) ردی حالت ـ بُرا حال (۲) مرنے کے قریب ـ جان بلب (۳) بیمار ـ ضعیف ـ ماندہ (۴) نحیف ـ دُبلا ـ کمزور (۵) مفلس (۶) شکستہ، خراب، پُرانا ٭

بے حجاب (۱) بے آڑ ـ بے پردہ (۲) بے لحاظ ـ بے شرم (۳) کھُلے خزانے (۴) بے تکلّف ٭ **بے حجابانہ** (۱) بے روک ٹوک ـ بے تکلّف (۲) کھُلے خزانے ـ علانیہ ٭ **بے حد** (۱) بے روک ـ بے انتہا (۲) بے حساب ـ بے اندازہ ـ بے شمار (۳) بہت زیادہ ـ نہایت ٭

بے حُرمت ـ ذلیل ـ بے عزّت ٭ **بے حرمت کرنا** (ل) (۱) ذلیل کرنا ـ بے عزّت کرنا ـ رسوا کرنا (۲) (عو) بُرا کام کرنا ـ عصمت اتارنا ٭ **بے حرمتی** ـ (ف) مؤنث (۱) رسوائی ـ خواری ـ ذلّت ـ بے عزّتی (۲) آبروریزی ٭

بے حِس (۱) جو حرکت نہ کرسکے ـ سُن (۲) جس میں تمیز یا حِس باقی نہ رہے ٭

بے حساب ـ اَن گنت ـ بے شمار ـ لاتعداد ـ بہت زیادہ ـ بے انتہا ٭

بے حس وحرکت (۱) بے جنبش ـ بے حرکت ـ غیر متحرک ـ سُن (۲) حیران ـ ششدر ٭

بے حقیقت ـ بے اصل ـ بے وقعت ـ ذلیل ـ ناچیز ـ بے اثر ـ ناقابلِ خیال ٭

بے حُکم پتا نہیں ہلتا ـ (ل) مقولہ ـ خدا کی مرضی کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا ٭

بے حلاوت (ف) (۱) بدذائقہ (۲) بے مزہ ـ بے لطف ٭ **بے حمیّت** ـ بے شرم ـ بے حیا ـ بے ننگ وناموس ـ بے غیرت ٭ **بے حواس** ـ بے ہوش، بے اوسان، بے خود، بدحواس، پریشان، دیوانہ، مجنون، پاگل، مخبوط الحواس ٭

بے حیا (۱) بے غیرت ـ بے شرم (۲) بدلحاظ ـ گستاخ ـ بے ادب (۳) بدچلن ـ بدکار ٭ **بے حیا کی رد بلا** (ل) مقولہ ـ بے غیرت کو عزّت کی کچھ پروا نہیں ہوتی ـ وہ ہر جگہ، جس طرح ہوسکے، کام نکال لیتا ہے ٭ **بے حیائی** (ف) مؤنث (۱) بے غیرتی ـ بے شرمی (۲) گستاخی ـ بے ادبی ٭ **بے حیائی کا برقع اوڑھ لینا** (منہ پر ڈالنا ـ یا ـ لینا) ـ **بے حیائی کا جامہ پہن لینا** (ـ یا ـ پہننا) (ل) ازحد ڈھیٹ اور بے غیرت ہوجانا، بے غیرتی اور بے حیائی اختیار کرلینا، بے حمیّتی کے کام کرنا، بے شرم ہوجانا ٭ **بے خار** (ف) (۱) کانٹوں کے بغیر (۲) بے خطرہ، بے خوف، نڈر (۳) نوعمر ـ نوخیز ـ نوجوان ـ جس کے ڈاڑھی نہ نکلی ہو ـ بے ریش ٭ **بے خانماں** ـ بے گھر ـ بے وطن ٭

بے خبر ـ (۱) بے ہوش ـ غافل (۲) دفعۃً ـ یکایک ـ بے اطلاع ـ اچانک ـ (۳) بے شعور ـ جاہل ـ انجان ـ ناواقف ـ ناعاقبت اندیش (۴) گمراہ ـ آوارہ ـ بھولا ہُوا ٭ **بے خرد** ـ بے وقوف ـ بے عقل ٭ **بے خطا** ـ بے قصور ـ بے گناہ ٭

بے خطر (۱) بے خوف ـ نڈر (۲) محفوظ (۳) مطمئن ٭ **بے خواب** ـ بے آرام، بیدار، نیند کے بغیر ٭ **بے خوابی** ـ مؤنث ـ نیند نہ آنا ٭ **بے خود** (۱) بے ہوش ـ ازخود رفتہ ـ آپے سے بے خبر (۲) متوالا ـ مدہوش ـ سرشار ـ مست ٭

بے خودی ـ مؤنث (۱) بے ہوشی ـ ازخود رفتگی ـ بدحواسی (۲) بے خبری کا عالم ـ وجد کی حالت (۳) مستی ـ سرشاری ٭ **بے خورد وخواب** (۱) کھائے سوئے بغیر ـ (۲) نہایت بے آرام ـ ازحد بے چین ـ انتہائی مصیبت زدہ ٭ **بے خوف** ـ نڈر، بے پروا ٭ **بے داغ** (۱) دھبے کے بغیر ـ بے نشان (۲) صاف (۳) بے قصور، بے جرم، بے گناہ، بے عیب ٭ **بے دال کا بودم** (بودم میں سے دال نکال ڈالی جائے تو بُوم رہ جاتا ہے) (ل) اُلّو ـ کم عقل ـ احمق ـ بے وقوف ـ سیدھا سادہ ٭

بے دام (ف) مفت ـ بے قیمت ٭

بے داموں کا غلام (ل) مذکر ـ مفت کا غلام ـ فرماں بردار ـ بے حد مطیع ٭

بے دانہ (ف) (۱) بیجوں کے بغیر پھل (۲) ایک قسم کا انار ٭

بے دانے پانی (ل) کھائے پیے بغیر ـ بے آب و غذا ٭

بے دخل (ف) غیر قابض ـ محروم (کرنا ـ ہونا کے ساتھ) ٭

بے دخلی ۔ مؤنث ۔ بے قبضہ ہونا ۔ بے تعلق ہونا ۔ اخراج ٭ **بے درد** (۱) سنگ دل ۔ ظالم ۔ بے رحم (۲) (مجازاً) معشوق ٭ **بے درد قسائی کیا جانے پیڑ پرائی** ۔ مثل ۔ پتھر دل ۔ بے رحم اور ظالم کو دوسرے کا دکھ محسوس نہیں ہوتا ٭
بے دردی (ف) مؤنث ۔ سنگ دلی ۔ بے رحمی ٭
بے دردی سے مارنا (ف) بے رحمی اور سخت دلی سے پیٹنا ٭
بے درنگ (ف) (۱) دیر کے بغیر ۔ فوراً (۲) چالاک ۔ تیز ٭ **بے دریغ** (۱) رنج اور افسوس کے بغیر (۲) بے سوچے سمجھے ۔ بے تامل ۔ بے توقف (۳) سخی ۔ فیاض ۔ مخیر (۴) افراط سے ۔ کثرت سے ٭ **بے دست و پا** (۱) بے ہاتھ پاؤں کا ۔ لنجا ۔ لنگڑا ۔ لولا ۔ اپاہج (۲) عاجز ۔ بے اختیار ۔ پریشان ۔ بے کس (۳) (مجازاً) عاشق (عموماً اشارے یا ضمیر کے ساتھ) ٭ **بے دستور** (۱) بے قاعدہ بے اصول ۔ بے قانون ۔ رواج کے خلاف (۲) غیر مناسب ٭ **بے دل** (۱) مغموم، اداس، رنجیدہ، دلگیر (۲) اکھڑا ہوا ۔ اچاٹ ۔ افسردہ (۳) بے نفس، بے خواہش، تارک الدنیا (۴) دل برداشتہ (۵) بہادر ۔ جری ۔ بے جگر ۔ سورما ۔ نڈر ٭
بے دلی ۔ مؤنث (۱) رنج ۔ پژمردگی ۔ افسردگی (۲) دل برداشتگی ٭
بے دم (۱) مردہ ۔ بے جان (۲) تھکا ماندہ ۔ خستہ ۔ ہارا (۳) کند ۔ بیکار (۴) بوسیدہ ۔ بودا ۔ کہنہ ۔ پرانا ۔ کمزور (۵) سست ۔ ادھ موا ۔ کاہل (۶) سانس اکھڑی ہوئی ۔ ہانپتا ہوا ٭
بے دماغ (۱) زود رنج ۔ بدمزاج ۔ نازک مزاج (۲) کبیدہ خاطر ۔ ناخوش ٭
بے دماغی ۔ مؤنث (۱) بدمزاجی (۲) ناخوشی (۳) غصے کے بعد پریشانی ٭
بے دودھ کا لڑکا رکھنا (ف) ٹال مٹول کرنا ۔ حیلہ حوالہ کرنا ٭
بے دوش ۔ بے خطا ۔ بے قصور ۔ بے گناہ (۲) بے نقص ۔ بے عیب (۳) اچھا ۔ عمدہ ٭ **بے دولہا کی برات** ۔ مؤنث ۔ فضول اجتماع یا جلسہ ٭ **بے دھڑک** (۱) بے اندیشہ ۔ بے خوف و خطر (۲) بے تامل، بے تکلف، اطمینان سے (۳) بے تحاشا (۴) دلیر ۔ بہادر ۔ جی دار ۔ بے جھجک ٭
بے دہن (ف) (۱) بے منہ کا (۲) (کنایۃً) جو بات نہ کر سکے ٭
بے دید (۱) بے لحاظ ۔ بے مروت ۔ سنگ دل ۔ کٹر (۲) بے حیا ٭
بے دیکھے بھالے (ف) بے سوچے سمجھے ۔ آزمائش کیے بغیر ۔ تحقیقات کیے بغیر ٭
بے دین (ف) کافر ۔ بے مذہب ۔ بے راہ ٭ **بے ڈول** (ف) (عو) (۱) بے ڈھنگا ۔ بدقطع ۔ بدوضع ۔ بدزیب ۔ بدنما ۔ بھونڈا (۲) بے طرح ۔ بری طرح (۳) ناموزون (۴) ناگوار (کلام) ٭
بے ڈھب (۱) بے طرح ۔ بے طور (۲) بے محل ۔ بے موقع (۳) بے اختیار ۔ بے قابو (۴) بے ٹھکانا ۔ بے جگہ (۵) بہت ۔ بہت زیادہ افراط سے ۔ ازحد ۔ نہایت (۶) طرفہ ۔ انوکھا ۔ عجیب (۷) شریر، عیار، چالاک، ہوشیار، داؤ پیچ میں نہ آنے والا، چلتا ہوا ۔ منفی (۸) سنگ دل ناترس ۔ بے رحم ۔ ظالم (۹) تند ۔ تیز (۱۰) زور آور (۱۱) دلیر ۔ من چلا ۔ نڈر (۱۲) کڑا ۔ ازحد دشوار ۔ نہایت سخت ۔ کٹھن ۔ بے حد مشکل (۱۳) خطرناک ۔ مہلک (۱۴) بھونڈا ۔ بدنما (۱۵) ناواجب طور سے ۔ بری طرح ٭ **بے ڈھب آدمی** مذکر ۔ بڑا بدذات ٭ **بے ڈھنگا** (۱) بے سلیقہ ۔ بے قاعدہ (۲) ناموزون ۔ نازیبا (۳) بدتہذیب ۔ ناشائستہ (۴) بدنما (۵) بداسلوب (۶) بدراہ ۔ بداطوار ۔ بدچلن ٭
بے ڈھنگی ۔ صفت مؤنث ۔ دیکھیے "بے ڈھنگا" ٭ **بے ذوق** (ف) (۱) پھیکا ۔ بے مزہ (۲) بدمذاق ٭ **بے راہ** (۱) بے طریق ۔ گمراہ ۔ بدراہ (۲) بداطوار ۔ بدچلن (۳) (عو) بے قاعدہ ۔ بے جا ۔ غلط (۴) بے اصول (۵) رسم و رواج کے خلاف ۔ ناجائز ٭ **بے راہ چلنا** (ف) (عو) (۱) خلافِ دستور عمل کرنا (۲) بدچلن ہونا ٭
بے راہ رو (صحیح بے راہرو) (ف) غلط راستے پر چلنے والا ۔ گمراہ ٭
بے راہ روی (صحیح بے راہروی) (ف) مؤنث ۔ گمراہی ٭ **بے راہ قدم اُٹھ جانا** (ف) (۱) بے ضابطگی ہونا ۔ قاعدے کے خلاف کام ہونا (۲) وضع کے خلاف کوئی کام ہونا ٭ **بے ربط** (ف) (۱) بے میل (۲) بے واسطہ ۔ بے تعلق (۳) بے موقع (۴) بے میل ۔ بے جوڑ ٭ **بے رحم** ۔ سنگ دل ۔ نامہربان ۔ ظالم ۔ بے درد ٭ **بے رخ ہونا** (ف) (۱) منہ پھیرنا ۔ بے مروت ہونا ۔ روکھا بننا ۔ طوطا چشم ہونا (۲) خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ رنجیدہ ہونا (۳) خیال پھیر لینا ۔ دھیان نہ رکھنا ٭ **بے رخی** (ف) مؤنث ۔ بے توجہی ۔ بے لحاظی ۔ بے مروتی ٭
بے رخی کرنا (ف) بے توجہی کرنا ۔ بے مروتی کرنا ۔ بے پروائی کرنا ٭
بے رنگ (ف) (عو) (۱) بے موقع (۲) بے کیف ۔ بے لطف ۔
بے رنگی ۔ مؤنث ۔ وہ مقام جس میں انسان خدا کے سوا سب سے قطع تعلق کر لیتا ہے ٭ **بے روپ** (ف) (۱) بدشکل (۲) بدرنگ (۳) خراب ۔ ناقص (۴) بے رونق ۔ بے آب ۔ ماند (۵) بدنما ۔ بھدا ٭ **بے روزہ** (ف) جس نے روزہ نہ رکھا ہو ٭ **بے رونت** (ف) (عو) بے رونق ٭ **بے روئے لڑکا بھی دودھ نہیں پاتا** ۔ مثل ۔ کوشش کے بغیر کچھ نہیں ملتا ٭
بے ریا (ف) (۱) دکھاوے کے بغیر ۔ بے نمود ۔ بے نمائش ۔ بے تصنع (۲) صاف دل ۔ مخلص ۔ جو مکار اور فریبی نہ ہو ٭ **بے ریش** ۔ **بے ریشا** (مذ ف، مذ ف) (۱) وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھیں نہ نکلی ہوں ۔ امرد (۲) بے عقل، احمق، بے وقوف، نادان (۳) ناتجربہ کار ٭ **بے ریشہ** (ف) جس چیز میں ریشے نہ ہوں ۔ صاف ۔ سوت کے بغیر ٭ **بے زبان** (۱) گونگا ۔ جو بول نہ سکے (۲) کم سخن ۔ کم گو ۔ چپ ۔ خاموش (۳) لحاظ والا ۔ حیادار ۔ شرم والا (۴) مسکین ۔ غریب (۵) مجبور، مظلوم (۶) جو منہ سے اپنا حال نہ بتا سکے (۷) (کنایۃً) جانور ۔ حیوان ٭
بے زر ۔ غریب ۔ مفلس ۔ بے مایہ ۔ محتاج ۔ کنگال ٭
بے زری ۔ مؤنث ۔ افلاس ٭ **بے زوال** (۱) نہ گھٹنے والا ۔ کم نہ ہونے والا ۔ پائدار ۔ قائم (۲) اندیشے اور احتمال سے بری ٭
بے ساختگی ۔ مؤنث ۔ بناوٹ نہ ہونا ۔ سادگی ٭
بے ساختہ (۱) بے غور و فکر ۔ بے تامل ۔ بے قصد ۔ بے ارادہ، فوراً، برجستہ، فی البدیہہ (۲) غیر مکلف ۔ سادہ (۳) دھڑلے سے (۴) قدرتی ۔ فطرتی ۔ نیچرل ٭

بے ساختہ پن (ہ) مذکر (۱) سادگی - وضع کی سادگی (۲) بے تکلفی، برجستگی، بے ساختگی ۔ بے سامانی (ف) مؤنث - مفلسی - بے زری - اسباب و آلات کا نہ ہونا ۔ بے سَت (ہ) (عو) بے طاقت - بے قابو ۔ بے ستون (ف) (۱) ستونوں یا پایوں کے بغیر (۲) بے بنیاد (۳) حقیر - ناچیز - ہیچ (۴) دیکھیے علٰحدہ (بیستون) ۔ بے سخن (ف) (۱) خاموش (۲) یقیناً ۔ بے سُدھ (ہ) (عو) بے ہوش ۔ بے سرا (ہ) (۱) سر کے بغیر (۲) بدچلن - آوارہ - خراب (۳) بے یاری - بے رہنما - بے سردار (۴) خود رائے - تو دسر (۵) بے مالک، بے وارث، جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ۔ بے سُرا (۱) جس کی آواز راگ کے قاعدے کے خلاف اونچی نیچی ہوتی ہو بے تالا - بدآواز (۲) (عو) بے ڈھنگا ۔
بے سر پاؤں کی بات - مؤنث - فضول اور بے معنی بات ۔
بے سر و پا (ف) (۱) بے بنیاد - لغو - بے معنی (۲) غلط - جھوٹ - بازاری - غیر معتبر (۳) حیران و پریشان (۴) بے والی وارث - محتاج - مجبور (۵) آوارہ، بے ٹھکانے (۶) (مجازاً) عاشق ۔ بے سر و سامان - غریب، مفلس، محتاج، بے زر، بے توشہ، بے نوا، کنگال، فقیر ۔
بے سُری (ہ) صفت مؤنث - دیکھیے "بے سُرا" ۔ بے سُری آواز - مؤنث وہ آواز جو سروں کے مطابق نہ ہو ۔
بے سلیقہ (ف) (۱) بے ہنر - بے تمیز - بے ڈھنگا - بے شعور - جسے انتظام کی تمیز نہ ہو (۲) پھوہڑ ۔ بے سود - بے فائدہ - بے نتیجہ - رائگاں - عبث ۔
بے سباق - بے قاعدہ ۔ بے شائبہ - بے شبہہ - یقیناً ۔
بے شعور - بے عقل - بے تمیز - نادان - احمق ۔ بے شک (۱) بے شبہہ (۲) صحیح - ٹھیک - درست (۳) یقیناً (۴) ضرور - لازمی - ضروری ۔
بے شمار - اَن گنت - بافراط - بہت - بے گنتی ۔ بے صبر - ناصبور - ناشکیبا - بے قرار - بے چین - مضطرب - غیر مطمئن ۔ بے صبرا (ہ) (عو) بے صبر ۔
بے صبری (ف) مؤنث - ناصبوری - ناشکیبائی - گھبراہٹ - اضطراب - بے قراری - بے اطمینانی - بولاہٹ ۔
بے صرفہ (۱) بے فائدہ (۲) بے احتیاطی سے - بہت زیادہ ۔ بے ضابطگی - مؤنث - بے قاعدگی ۔ بے ضابطہ (۱) قانون کے خلاف - قاعدے کے خلاف - بے قاعدہ (۲) بے طریقہ ۔ بے طاقت - کمزور - ناتوان - ضعیف ۔
بے طرح - غضب کا - بے ڈھب - عجیب طرح - بُری طرح (۲) بُرے طریقے سے - بُرے انداز سے (۳) حد سے زیادہ (۴) مشاعرے کی طرح کے خلاف غزل ۔
بے طرق (عو) (۱) بُری طرح - بے قاعدہ - بے راہ (۲) ناجائز طور پر ۔
بے طرق ہاتھ لگانا (ہ) زنا کرنا ۔
بے طلب (ف) بلائے بغیر - اجازت کے بغیر - بے اِذن ۔
بے طور - بُری طرح - بہت زیادہ ۔ بے عدیل - بے نظیر - بے مثال ۔
بے عزّت - بے آبرو - بے توقیر - بے حرمت - رُسوا - بدنام - خوار - ذلیل ۔

بے عزّتی کرنا (ہ) ہتک کرنا - توہین کرنا - رُسوا کرنا - ذلیل و خوار کرنا - بے توقیر کرنا - بے آبرو کرنا - کرکری کرنا ۔
بے عقل (ف) بے سمجھ - نادان - احمق - کم فہم ۔ بے عنوانی - مؤنث - بے قاعدگی - بدانتظامی - بے ضابطگی ۔ بے عیب (۱) بے نقص - بے داغ - پاک صاف (۲) اچھا - عمدہ - کھرا ۔ بے عیب ذات خدا کی (ہ) اللہ کی ذات میں کوئی نقص نہیں اور کوئی انسان ایسا نہیں جس میں کوئی نہ کوئی نقص موجود نہ ہو ۔
بے غایت (ف) انتہائی - بے نہایت ۔ بے غرض (۱) بے طمع - بے مطلب - خواہش نہ رکھنے والا (۲) بے واسطہ - بے پروا ۔ بے غل و غش (۱) بے تکلف - بے دریغ - اناپ شناپ - اندھادھند (۲) بے پروائی سے - بے فکری سے (۳) تکلیف اور محنت کے بغیر - دردِ سر کے بغیر (۴) کثرت سے ۔
بے غم - فکر اور تردد کے بغیر - خوش - مگن ۔ بے غمی - مؤنث - بے فکری ۔
بے غیرت (۱) بے حیا - بے شرم - بے حمیت (۲) بد تہذیب - ناہموار ۔
بے غیرتی پر کمر باندھنا (ہ) بے حیائی پر آمادہ ہونا - بے شرم بن جانا ۔
بے غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں پر رکھنا - بے غیرت بن جانا ۔ بے غیرتی کا جامہ پہننا - بے حیا بن جانا ۔ بے فائدہ (ف) (۱) فضول - بے کار - اکارت (۲) بے مطلب - بے ضرورت - بے وجہ - ناحق ۔
بے فصل (۱) موسم کے خلاف - بے وقت (۲) فاصلے کے بغیر - لگاتار ۔
بے فصل کی بہار (ہ) مؤنث (۱) موسم کے خلاف یا بے وقت بہار (۲) بے موسم پھل بیچنے وقت پھیری والے کی صدا ۔ بے فکرا (لکھنؤ) بے پروا - آزاد ۔
بے فیض (ف) (۱) جس سے کوئی فیض اور فائدہ نہ ہو (۲) کنجوس - بخیل - شوم ۔
بے فیض اگر یوسفِ ثانی ہے تو کیا ہے (ہ) مثل - خواہ کوئی کیسا ہی بینظیر کیوں نہ ہو، جس سے اپنا مقصد حاصل نہ ہو، وہ کسی کام کا نہیں ۔
بے قابو (ف) (۱) اختیار سے باہر - قابو سے باہر (۲) خود مختار - آزاد ۔
بے قاعدہ (۱) قاعدے، اصول اور دستور کے خلاف (۲) قانون کے خلاف (۳) بے ترتیب - بے موقع - بے جا ۔ بے قدر (۱) بے رتبہ - بے عزت - ذلیل - ناچیز (۲) ناشُکرا - ناقدردان - قدر نہ کرنے والا ۔ بے قدرا (ہ) دیکھیے "بے قدر نمبر ۲" ۔ بے قرار (ف) بے چین - مضطرب - بے تاب - بے کل - بے صبر - پریشان ۔ بے قرینے (ہ) (۱) بے موقع - بے ٹھکانے - گڑبڑ (۲) پریشان ۔ بے قصد (ف) بے ارادہ - اضطراری ۔
بے قصور - بے جُرم - بے گناہ - بے خطا - بے الزام - پاک - معصوم ۔
بے قضا مارنا (ہ) وقت سے پہلے مار ڈالنا - بے موت جان لینا ۔
بے قلعی (ف) جس (برتن) پر قلعی نہ ہو ۔ بے قول (۱) بات سے ہٹ جانے والا - وعدے سے پھر جانے والا (۲) دغاباز - بے ایمان ۔
بے قیاس (۱) بے انتہا - بے شمار - بے حساب (۲) خیال سے باہر - سمجھ سے دُور - اٹکل سے باہر ۔
بے قید (۱) خود مختار - مطلق العنان - آزاد (۲) پابندی کے بغیر - روک کے بغیر

(۳) آوارہ ÷ **بے کار** (۱) بے شغل - بے مشغلہ - بے روزگار (۲) ناکارہ - نکما (۳) خراب - ناقص (۴) خالی - معطل (۵) بے نتیجہ - ناچیز - بے قدر ÷ **بے کار باش کچھ کیا کر، کپڑے ہی ادھیڑ کر سیا کر** (و) مثل - آدمی کو کچھ نہ کچھ شغل ضرور چاہیے - بے کار اور خالی رہنے سے تو کپڑوں کا اُدھیڑا اُدھیڑ کر سینا ہی بہتر ہے ÷

بے کاری (ف) مؤنث (۱) بے مشغلہ ہونا - خالی ہونا - بے روزگاری (۲) نکما پن (۳) خانگی (۴) علٰحدگی - خانہ نشینی ÷ **بے کراں** (۱) بے کنارہ - بے انتہا - بے حد (۲) نہایت وسیع - بہت زیادہ ÷ **بے کس** (۱) بے یارو مددگار - اکیلا - تنہا - دوست آشنا کے بغیر - ساتھی کے بغیر (۲) محتاج - کنگال (۳) عاجز - غریب (۴) پردیسی - مسافر (۵) یتیم ÷

بے کسی - مؤنث - ناچاری - عاجزی - بے مددگاری - اکیلا پن ÷

بے کل (و) بے قرار - بے چین - بے آرام - بے تاب - مضطر ÷

بے کلی - مؤنث (۱) بے قراری - بے چینی - بے آرامی (۲) وہ تکلیف جو بوجھ اٹھانے سے عورتوں کو ہوتی ہے - بچہ دانی کا جگہ سے ہٹ جانا - ناف کا ٹل جانا ÷ **بے کلیجے** - بے جگر ÷ **بے کم و کاست** (ف) گھٹائے بڑھائے یا کمی بیشی کے بغیر - صحیح صحیح - ٹھیک ٹھیک - سچ سچ - بالکل درست - کامل ÷

بے کھٹکے - بے خوف و خطر - بے جھجک ÷

بے کیف و کم - ٹھیک ٹھیک ÷ **بے کینڈے** (و) بد قطع ÷

بے گانگی - **بیگانگی** (ف) مؤنث - بے تعلقی - غیریت ÷ **بے گانہ** - **بیگانہ** (۱) پرایا - غیر - دوسرے کا (۲) یگانہ کے برعکس - اجنبی (۳) پردیسی (۴) (سبزے کے لیے) خودرو سبزہ ÷ **بیگانہ خو** - وہ شخص جس کی فطرت میں محبت نہ ہو ÷ **بیگانہ وار** - غیروں کی مانند - غیروں کی طرح - روکھا ÷ **بیگانی کھتی پر جھینگر ناچے** - مثل - دوسرے کی حیثیت پر غرور کرتا ہے ÷ **بیگانے بردے آزاد کرنا** (عو) غیر کے مال پر فیاضی دکھانا ÷ **بیگانے فلانے پر شکرا پالا** (و) مثل - دوسرے کے بھروسے پر ذمہ داری کے کام کا بیڑا اٹھایا ÷ **بے گاہ** (ف) بے وقت ÷ **بے گمان** - بے شبہہ، بے شک ÷ **بے گمانی** - مؤنث - شک نہ ہونا ÷ **بے گناہ** (۱) بے جرم - بے قصور (۲) بے وجہ - ناحق ÷

بے گناہی - مؤنث - بے قصور ہونا - بے جُرم ہونا ÷ **بے گنتی** (و) بے حساب - بے شمار ÷ **بے گھرا** (۱) خانہ خراب - بے ٹھور ٹھکانے - بے خانماں (۲) تباہ - برباد (۳) سرگرداں - آوارہ (۴) بیوی بچے نہ رکھنے والا ÷ **بے لاگ** (۱) آزاد - بے تعلق - بے لگاؤ (۲) پاک - صاف ستھرا (۳) بے غرض - بے تعصب - غیر طرف دار (۴) کھرا (۵) بے امداد بے سہارا ÷ **بے لاگ لپیٹ** - طرف داری کے بغیر - صاف صاف ÷ **بے لحاظ** (ف) (و) بے غیرت - بے حیا - بے شرم (۲) گستاخ، بے ادب، شوخ ÷

بے لطف (۱) بے ذائقہ - بے لذت - بے مزہ (۲) غیر دل چسپ، غیر دل کش ÷ **بے لگام** (۱) شریر - سرکش - بے قابو - منہ زور (گھوڑا) (۲) بدزبان - منہ پھٹ - بے روک - آزاد (۳) بے ادب ÷

بے لگاؤ (و) (۱) بے تعلق - بے میل - بے ربط - بے جوڑ (۲) طرف داری کے بغیر - بے لاگ (۳) محفوظ - جُدا - الگ ÷ **بے لوث** (ف) (۱) ملاوٹ کے بغیر - خالص (۲) پاکیزہ - بے غرض - پُرخلوص ÷

بے مات (۱) سوتیلا - سوتیلی ÷ **بے ما و من** نفسانیت کے بغیر - بے خودی کی حالت ÷ **بے مایگی** - مؤنث - افلاس - احتیاج - مفلسی - دولت نہ ہونا ÷ **بے مایہ** - محتاج - مفلس - نادار - بے دولت ÷

بے مثال - بے نظیر - لاجواب - لاثانی ÷ **بے مثل** - یکتا، یگانہ، بے عدیل - جس کی مانند کوئی نہ ہو ÷ **بے محابا** - بے دھڑک، بے تامل، بے خوف، بے تکلف، بے حجاب ÷ **بے محل** (۱) بے موقع - بے وقت (۲) نامناسب - بے جا - بے ڈھب ÷ **بے محل بات** (و) مؤنث - نامناسب فعل - بے موقع بات ÷ **بے مروت** (ف) (۱) بے لحاظ - طوطا چشم (۲) ظالم - بے درد - نامہربان ÷ **بے مزگی** - مؤنث (۱) شکر رنجی، ملال، رنجش (۲) خرابی - بے لطفی (۳) علالت - ناسازی ÷

بے مزہ (۱) بے لذت - بدذائقہ (۲) بے لطف، خراب (۳) ناخوش، کبیدہ خاطر، رنجیدہ، خفا، ناراض (۴) بیمار، علیل، ناساز ÷ **بے مصرف** (۱) نکما بے کار (۲) بے نتیجہ - بے فائدہ ÷ **بے معنی** (۱) وہ لفظ جس کا کچھ مطلب نہ ہو - مہمل (۲) بے اصل - پوچ - بے فائدہ - بے سروپا - بیہودہ - لغو ÷

بے معنی بات (و) مؤنث - مہمل بات - فضول - لغو اور بیہودہ بات ÷

بے مغز (ف) (۱) خالی - کھوکھلا (۲) لچر - پوچ ÷ **بے مقدار** (۱) بے وقار (۲) بے وقعت ÷ **بے مقدور** - غریب - مفلس - بے حیثیت ÷

بے منت (۱) احسان رکھے بغیر - بے احسان (۲) مستغنی - بے نیاز - بے پروا (خدا کی شان میں) (۳) بے تردد - بے تکلف - بے سوچ بچار (۴) بے دریغ (۵) بے محنت - بے کوشش ÷ **بے منتا** (و) مذکر (۱) کسی کا احسان نہ اٹھانے والا (۲) بھنگ چھاننے کی صافی (۳) وہ دو شاخہ لکڑی جس میں بھنگ کا صافی باندھ کر بھنگ چھانتے ہیں ÷

بے موت مارنا (۱) وقت سے پہلے مار ڈالنا (۲) صدمہ دینا - تباہ کرنا ÷

بے موجب (ف) (۱) (عو) بے موقع - بے جا - دستور کے خلاف (۲) ناحق - بے سبب ÷ **بے موسم** - بے رُت - بے وقت ÷

بے موقع (۱) بے محل - بے وقت (۲) نازیبا - نامناسب ÷ **بے مہار** - بے روک، آزاد ÷ **بے مہر** - بے محبت - بے رحم ÷ **بے مہری** - مؤنث - بے محبتی - بے رحمی ÷ **بے میر بازی ابتر** (و) مقولہ (۱) گنجفے کی بازی میں جب پہلی تقسیم پر کسی کے پاس میر نہیں آتا تو وہ یہ فقرہ کہہ کر بازی ملا دیتا ہے اور پتے نئے سرے سے تقسیم کیے جاتے ہیں (۲) سرپرست کے بغیر جماعت آوارہ اور پریشان رہتی ہے ÷ **بے نام** (ف) مجہول الاسم،

گمنام ۔ بے نام ونشان ۔ بے پتا ۔ بے ٹھکانا ۔ گم نام ۔ بے نصیب (۱) محروم (۲) کم بخت ۔ بد قسمت ۔ بدنصیب ۔ بے نظیر ۔ بے مثل ، بے مثال ، لاجواب ، لاثانی ، بے بدل ، بے عدیل ، بے مانند ۔ بے نقط سنانا (ف) (۱) بے تحاشا گالیاں دینا ۔ مغلظات سنانا (۲) بے تعداد طعنے دینا ۔ بے نقط گالیاں دینا ۔ فحش گالیاں دینا ۔ بے نماز (ف) (۱) نماز نہ پڑھنے والا ۔ نماز کو ترک کرنے والا ۔ (۲) (عو) حائضہ ۔ ماہوار ایام سے ۔ بے نماز (۔ یا ۔ بے نمازی) ہونا (ف) (۱) نماز نہ پڑھنا ۔ نماز ترک کر دینا (۲) (عو) حیض سے ہونا ۔ کپڑوں سے ہونا ۔ بے نمک (ف) (۱) الونا ۔ بے مزہ پھیکا (۲) شوخی کے بغیر (۳) ناگوار ۔ برا (۴) بے رونق ۔ بے نمک آواز (ف) مؤنث ۔ بے لطف اور بے اثر آواز ۔ بے ننگ و ناموس (ف) (۱) بے حیا بے شرم (۲) بدچلن ۔ بد وضع (۳) مجرد ۔ آزاد ۔ بے نوا (۱) بے سامان ، بے کس ، فقیر (۲) مذہبی پابندیوں سے آزاد ایک مسلمان فرقہ ۔

بے نوائی کرنا (ف) بے نوا فقیر کا انداز اختیار کرنا ۔ بے نہایت (ف) بے حد ۔ بے نیاز ۔ بے پروا ۔ آزاد ۔ مستغنی ۔ جو کسی کا محتاج نہ ہو ۔

بے نیازی ۔ مؤنث (۱) بے پروائی ۔ غیر محتاجی ۔ استغنا (۲) خود سری ، خود مختاری ۔ آزادی ۔ بے نیل مرام ۔ حصول مقصد کے بغیر ۔ کامیابی کے بغیر ۔ نامراد ۔ ناکام ۔ بے وارثی ناؤ ڈانواں ڈول (ف) لاوارثی چیز کا غم کسی کو نہیں ہوتا ۔ مالک کے بغیر تمام کام خراب ہوتے ہیں ۔ بے واسطہ (ف) بے واسطے (ف) (۱) بے ذریعہ ۔ بے وسیلہ (۲) بے سبب ، خواہ مخواہ ، ناحق (۳) خدا واسطے ۔

بے وحدت (ف) (۱) بے شرم ۔ بے حیا (۲) بے ادب ۔ بے لحاظ (۳) بیہودہ ۔ ناہموار ۔ بے وفا (۱) بدعہد ۔ وعدہ پورا نہ کرنے والا ۔ محبت اور دوستی نہ نباہنے والا (۲) نامہربان ۔ بے مروت (۳) ناشکر گزار ۔

بے وفائی ۔ مؤنث (۱) بے مروتی ۔ بدعہدی (۲) نمک حرامی ۔ دغابازی ۔ (۳) بدکاری (۴) ناشکرگزاری ۔ بے وقت (۱) بے موقع ۔ اوبر سویر ۔ بے محل (۲) مقررہ وقت کے خلاف (راگنی) ۔ بے وقت کا الاپ (ف) مذکر ۔ نامناسب جھگڑا ۔ بے وقت کا راگ ۔ مذکر ۔ بے وقت کی شہنائی ۔ بے وقت کی چڑھنا (۱) بے موقع بات کرنا (۲) نامناسب فعل کرنا (۳) بے محل نشہ ہونا ۔ بے وقت کی راگنی ۔ مؤنث (۱) مقررہ وقت کے خلاف راگنی (۲) بے موقع بات ۔

بے وقر (ف) (۱) خوار ۔ ذلیل ۔ بے عزت (۲) کم ظرف ۔ اوچھا (۳) سبک سر ۔ فرومایہ ۔

بے وقری ۔ مؤنث ۔ ذلت ۔ بے عزتی ۔ سبک سری ۔ رسوائی ۔

بے وقعت ۔ بے اعتبار ۔ بے عزت ۔ بے وقار ۔

بے وقوف ۔ بے عقل ۔ نادان ۔ احمق ۔ بے شعور ۔

بے وقوف بنانا (ف) احمق بنانا ۔ بے وقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں ؟ مقولہ ۔ بے وقوف کی کوئی خاص ظاہری شناخت نہیں ، وہ اپنی حرکتوں سے پہچانا جاتا ہے ۔ بے وقوفی (ف) مؤنث (۱) حماقت ۔ نادانی ، جہالت ۔ بے عقلی (۲) (عوام) (مزاحاً) اولاد ۔ بے ہمت (۱) پست ارادہ ، کم حوصلہ (۲) کاہل سست (۳) نامرد ۔ بزدل ۔ بے ہمتا ۔ بے مثل ۔ جس کے برابر کوئی نہ ہو ۔ بے ہمہ و باہمہ (۱) اللہ تعالیٰ کی بے نیازی اور کریمی کے متعلق بولتے ہیں (۲) اُس شخص کے باب میں کہتے ہیں جو دنیوی مکروہات اور جھگڑے فساد سے الگ رہ کر لوگوں سے میل ملاپ رکھے ۔ بے ہنر ۔ کوئی کام نہ جاننے والا ۔ نکما ۔ پھوہڑ ۔ بے ہنرا (ف) (عو) بے ہنر مرد ۔

بے ہنری (۱) (ف) مؤنث ۔ کوئی فن اور کام نہ جاننا ۔ پھوہڑپن (۲) (ف) (صفت) مؤنث بے ہنر (عورت) ۔ بے ہنگام (ف) بے وقت ۔ بے ہنگم ۔ ("بے ہنگام" کا مخرب) (ف) (۱) بھونڈا ۔ بے ڈول ۔ بدزیب ۔ غیر موزون (۲) بے موقع ۔ بے ہودگی ۔ بیہودگی (ف) مؤنث (۱) بداسلوبی ۔ خرابی (۲) پھوہڑپن ۔ بے سلیقگی (۳) بے وقوفی ۔ حماقت ۔ نالائقی (۴) بدتہذیبی ۔ ناشائستگی ۔

بے ہودہ ۔ بیہودہ (ف) (۱) باطل ۔ ناحق (۲) خرافات ۔ واہیات ۔ لغو (۳) نکما ۔ خراب (۴) نامعقول ۔ غیر مہذب ۔ ناشائستہ (۵) بے فائدہ ، بے سود ، بے نتیجہ (۶) ناجائز (۷) فحش (۸) سرگرداں ۔ آوارہ ۔ بے ہودہ پھرنا (ف) مارا مارا پھرنا ۔ آوارہ پھرنا ۔ بے ہودہ گو (ف) فضول بکنے والا ۔

بے ہودہ گوئی ۔ مؤنث ۔ فضول گوئی ۔ غیر مہذب گفتگو ۔ بے ہوش (۱) غش میں ۔ نشے میں ۔ مدہوش ۔ نیند میں (۲) پریشان ۔ بدحواس (۳) ناواقف ۔ بے خبر ۔ غافل (۴) شیدا ۔ فریفتہ (۵) کم سن ۔ نوعمر (کر دینا ، کرنا ، ہو جانا ، ہونا کے ساتھ) ۔

بے یار ۔ بے کس ۔

بَیا (بَیا) (ہ) مذکر (۱) زرد رنگ کا ایک چھوٹا سا پرندہ جو گھونسلا بنانے میں مشہور ہے (۲) تولا ۔ بازار میں غلہ تولنے والا شخص (۳) مٹھائی وغیرہ جو دلھن دولھا کو ماگھ کے مہینے میں سکرانت کی تقریب پر نذر کرتی ہے ۔

بِیا (بِیا) (ہ) (عوام) مذکر ۔ بیج ۔

بیاباں (بیا ۔ باں) (ف) مذکر ۔ جنگل ۔ دشت ۔ صحرا ۔ بادیہ ۔ اجاڑ ۔ ویرانہ ۔ لق و دق ۔

بیاباں گرد ۔ بیاباں نورد ۔ جنگلوں میں پھرنے والا ۔ بے ٹھکانے ۔

بیاباں مرگ ۔ جنگل میں مرنے والا جس کا پرسان حال کوئی نہ ہو ۔ بیابانی (۱) جنگل کا (۲) جنگل میں پھرنے والا ۔

بیاپنا (بیاپ ۔ نا) (ہ) (۱) بیٹھنا ۔ بسانا ۔ سمانا (۲) اثر کرنا ۔ سرایت کرنا (۳) چھانا ، محیط ہونا (۴) حاوی ہونا ۔ گھسنا (۵) کام کرنا ۔

بیاج (بیاج) (ہ) مذکر (عوام) (۱) منافع ۔ سود ۔ ربا (۲) زیادتی ۔ بڑھوتری ۔

بیاج بٹا ۔ مذکر (عوام) نفع ۔ نقصان ۔ بیاج بھرنا (عو) سود ادا کرنا ۔

بیاج پر بیاج ۔ مذکر (۱) سود در سود ۔ سود مرکب (۲) بیٹی پر بیٹی ۔

بیاج خور (ف) (۱) سود خور ۔ رباخوار (۲) ناجائز مال کھانے والا ۔

بیاجو (عوام) سود پر لگایا ہُوا ۔ سُودی ۔ سُود پر ۔ نفع پر ٭

بیادھ (بیادھ) (ہ) مذکر (۱) دکھ ۔ بیماری ۔ روگ (۲) جھگڑا ۔ فساد ۔ فتنہ ٭

بیار ۔ بیال (بیار ۔ بیال) (ہ) مؤنث (گنوار) ہوا ۔ باد ۔ آندھی ٭

بیاری (بیا ۔ ری) (ہ) مؤنث (ہندو ۔ عوام) رات کا کھانا ٭

بیاز (بیاز) (اس میں پیار اور پیاس کی طرح یائے مخلوط ہے لہٰذا بہ ناز کے وزن پر صحیح اور نیاز کے وزن پر غلط ہے ٭) (ہ) مذکر ۔ بیاج ۔ سُود ٭ **بیازو ۔**

بیازونہ (عو) سُودی ٭

بیاسی (بیا ۔ سی) (ہ) اَسّی اور دو ۔ ۸۲ ۔ عـــــدد ٭

بیاض (بیاض) (ع) مؤنث (۱) سفیدی ۔ چٹاپن ۔ اُجلاپن (۲) چیدہ اشعار اور منتخب مضامین لکھنے کی سادہ کتاب (۳) یادداشت، حساب وغیرہ لکھنے کی کتاب، پاکٹ بک (۴) رمل کی ایک شکل ٭

بیاضی (کنایۃً) لطیف اشعار ٭

بیاکرن (بیا ۔ کرن) (س) مؤنث ۔ صرف ونحو ۔ قواعد ۔ گرامر ٭

بیاکل (بیا ۔ کُل) (س) (۱) بیکل ۔ بےچین ۔ مضطر ۔ بےقرار ۔ مضطرب (۲) متفکر ٭

بیاگرفی (بیا ۔ گرِ فی) (انگ Biography) مؤنث ۔ سوانح عمری ، تذکرہ ، سرگزشت ٭

بیالا (بیا ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) دیوار کا سوراخ ۔ روشن دان (۲) ترشس ۔ کھٹّا ٭

بیالو (بیا ۔ لو) (ہ) مذکر ۔ رات کا کھانا ۔ بیاری ٭

بیالیس (بیا ۔ لیس) (ہ) چالیس اور دو ۔ ۴۲ ۔ عـــــدد ٭

بیان (بیان) (ع) مذکر (۱) گفتگو ۔ کہانی ۔ ذکر ۔ بات ۔ کتھا (۲) تقریر ۔ وعظ ۔ لیکچر اُپدیش (۳) شہادت ۔ گواہی ۔ مقدمے والوں یا گواہوں کا اظہار (۴) اطلاع، خبر، رپورٹ (۵) قول ۔ مقولہ (۶) واضح ۔ روشن ۔ صاف (۷) تفسیر ۔ تفصیل (۸) باب (۹) مضمون (۱۰) فصل (۱۱) معاملہ ۔ مقدمہ (۱۲) حالت ۔ کیفیت (۱۳) وہ علم جس میں تشبیہ، مجاز، استعارے، کنایے وغیرہ کی مدد سے ایک مضمون کو کئی طریقوں سے ظاہر کرتے ہیں ٭

بیان امر واقعی ۔ مذکر ۔ ٹھیک بات کا اظہار ٭

بیان بدلنا (ف) (قانون) اپنے پہلے اظہار یا شہادت کو پلٹنا ٭

بیان تائیدی (ف) مذکر ۔ کسی بیان کی تائید میں دیا ہُوا بیان ٭

بیان تحریری ۔ مذکر (۱) لکھا ہُوا بیان (۲) (قانون) وہ تحریر جو مدعا علیہ کی طرف سے عرضی دعوے کے جواب میں داخل عدالت کی جاتی ہے ٭

بیان دعویٰ ۔ مذکر ۔ ثبوت دعویٰ ۔ دعوے کی تفصیل ۔ حقیقت حال ۔ صورت حال ٭

بیان سے باہر (و) مفصل کیفیت ادا نہ ہو سکنے کے قابل ٭

بیان ضمنی (ف) مذکر ۔ وہ بیان جو اصل بیان کے ضمن میں دیا جائے ٭

بیان کرکے رونا (ف) مُردے کی خوبیاں بیان کرکے رونا ۔ بین کرنا ٭

بیان کرنا (۱) کہنا ۔ گفتگو کرنا ۔ ظاہر کرنا (۲) (عو) بُرا بھلا کہنا (۳) (عو) سرگزشت دُہرانا ۔ بین کرنا ٭

بیان ہونا ۔ اظہار ہونا ٭

بیانا (بیا ۔ نا) (ہ) (عو) مویشی کا بچہ دینا (یہ لفظ چوپایوں کے لیے خاص ہے، پرندوں کے لیے نہیں بولا جاتا) ٭

بیانا (بیا ۔ نا) (ہ) مذکر (عوام) "بیعانہ" کا مخرب ٭

بیاہ (بیاہ) (ہ) مذکر (اس میں یائے مخلوط ہے ۔ لہٰذا بروزن شاہ صحیح اور بروزن نباہ غلط ہے ٭) شادی ۔ کتخدائی ۔ نکاح ۔ عقد ٭

بیاہ آنا ۔ شادی کے بعد دلہن کا وداع ہو کر سسرال میں آنا ٭

بیاہا (عو) وہ شخص جس کا بیاہ ہو گیا ہو ۔ نکاح شُدہ ۔ کتخدا ٭

بیاہ پیچھے پڈھار ۔ بیاہ پیچھے برات ۔ مثل ۔ عید پیچھے ٹر ۔ بے موقع کام کرنا لغو ہے ٭ **بیاہتا** (۱) وہ عورت جسے مذہبی قانون کے مطابق بیاہ کر لایا جائے، منکوحہ (۲) وہ مرد جس سے دینی شریعت کے مطابق شادی ہوئی ہو ٭

بیاہ جانا ۔ شادی کے بعد لڑکی کا میکے سے سسرال جانا ٭

بیاہ رچانا ۔ شادی کی رسوم شروع کرنا ۔ شادی کی دھوم دھام کرنا ۔ شادی کا سامان کرنا ۔ خوشی منانا ٭ **بیاہ رچنا** ۔ لازم ٭

بیاہ کا جوڑا ۔ مذکر ۔ وہ خاص لباس جو دولہا یا دلھن شادی کے موقع پر پہنتے ہیں ٭ **بیاہ کرنا** ۔ شادی کرنا ۔ بیاہ لانا ۔ شادی کرکے دلھن کو رخصت کرا لانا ٭ **بیاہ مانگنا** (عو) (۱) بیاہ کا تقاضا کرنا ۔ شادی کی خواہش کرنا (۲) شادی کی تاریخ مقرر کرانا ۔ بیاہ کا دن ٹھہرانا (۳) بالغ ہونا ٭

بیاہنا ۔ شادی کرنا ۔ کتخدا ہونا ٭

بیاہ نہیں کیا، براتیں تو دیکھی ہیں ۔ مثل ۔ اگر یہ کام خود نہیں کیا تو کیا ہُوا، ہوتے تو دیکھا ہے ۔ ہم اس کام میں مشاق نہیں تو کیا، جانتے تو ہیں ٭

بیاہی ۔ نکاح شُدہ عورت ۔ منکوحہ عورت ۔ وہ عورت جس کی شادی ہو چکی ہو ٭ **بیاہی بیٹی پڑوسن داخل** (و) بیاہی بیٹی پر کچھ اختیار نہیں رہتا، صرف پڑوسن جیسا تعلق رہ جاتا ہے ٭

بیائی (بیا ۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) وہ غلّہ جو اس کے تولنے والے کو اُجرت میں دیا جاتا ہے (۲) غلّہ تولنے کی اُجرت ٭

بیبل ۔ دیکھیے "بائبل" ٭

بیپار ۔ دیکھیے "بیوپار" ٭

بیپاری ۔ دیکھیے "بیوپاری" ٭

بیت (بَیت) دیکھیے "بید" ٭

بَیت (بَیت) (ع) مذکر (۱) گھر ۔ مکان ۔ محل ۔ حویلی ٭ **بَیتِ اقصیٰ** ۔ مذکر ۔ بَیتِ مقدّس ۔ شہر یروشلم ۔ ملک شام میں یہودیوں اور عیسائیوں کا قبلہ ٭

بَیتُ الاُمَرا ۔ مذکر ۔ طبقۂ امرا کا خاص مقام، جہاں وہ مجلس مشاورت منعقد کرتے ہیں ٭ **بَیتُ الحَرام ۔ بَیتُ الحَرَم** ۔ مذکر (۱) بیت اللہ ۔ خانۂ کعبہ ۔

مکۂ معظمہ (۲) مکۂ مکرمہ کی وہ حدود جہاں پہنچ کر کئی جائز باتوں کو اپنے لیے حرام کر لیا جاتا ہے (۳) اس مقدس شہر کا وہ احاطہ جہاں قتل، شکار اور گرفتاری حرام ہے ۔

بَیْتُ الْحُزْن (بَےْ ۔ تُلْ ۔ حُزْنْ + بَےْ ۔ تُنْ ۔ حُزْنْ) مذکر (۱) غم کا گھر، رنج کا مقام، مصیبت کی جگہ (۲) (مجازاً) عاشق کا گھر ۔ **بَیْتُ الْخَلَاء** ۔ مذکر ۔ پاخانہ ۔ جائے ضرور ۔ ٹٹی ۔ بول و براز سے فراغت پانے کی جگہ ۔

بَیْتُ السَّقَر ۔ مذکر ۔ دوزخ ۔ **بَیْتُ السِّلَاح** ۔ مذکر ۔ جنگ کے ہتھیار رکھنے کا مقام ۔ اسلحہ خانہ ۔ میگزین ۔ **بَیْتُ الشَّرَف** ۔ مذکر (۱) عزت کا گھر، بزرگی کا گھر (۲) پہنچنے کا گھر ۔ رسائی کا مقام ۔ جہاں پہنچ کر عزت اور بزرگی حاصل ہو (۳) معشوق کا گھر (۴) شاہی محل ۔ بادشاہ کا ملاقاتی مکان (۵) وہ برج، جس میں سات سیاروں میں سے کسی کا شرف ہو جیسے برجِ حمل جس میں سورج کا اور برجِ ثور جس میں چاند کا شرف ہوتا ہے ۔

بَیْتُ الصَّنَم ۔ مذکر (۱) بت خانہ ۔ مندر ۔ شوالہ (۲) معشوق کا گھر، منزلِ جاناں، خانۂ محبوب ۔ **بَیْتُ الْعَتِیْق** ۔ **بَیْتِ عَتِیْق** ۔ مذکر (۱) (لغوی) قدیم مکان (۲) (اصطلاحی) خانۂ کعبہ ۔

بَیْتُ الْعَرُوْس ۔ مذکر (۱) دلہن کا کمرہ (۲) خانۂ کعبہ ۔ **بَیْتُ الْعُلُوْم** ۔ مذکر (۱) کالج (۲) یونیورسٹی ۔

بَیْتُ الْعَنْکَبُوْت ۔ مذکر ۔ مکڑی کا جالا ۔ **بَیْتُ الْعَوَام** ۔ مذکر ۔ وہ مقام، جہاں انگلستان اور آئرلینڈ کی آئین ساز مجلس کے عام ارکان بیٹھ کر اجلاس کرتے ہیں ۔ **بَیْتُ اللّٰہ** ۔ مذکر (۱) خدا کا گھر ۔ مسجد (۲) خانۂ کعبہ ۔

بَیْتُ اللَّحْم ۔ مذکر ۔ فلسطین میں حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کا گاؤں ۔

بَیْتُ الْمَال ۔ مذکر (۱) شاہی خزانہ ۔ خزانۂ عامرہ ۔ سرکاری خزانہ ۔ مال گھر (۲) لادعویٰ مال ۔ لاوارث اسباب ۔ خالصہ ۔ منضبطہ ۔ نزول (۳) (عو) بدنصیب، کم بخت ۔ نحس ۔

بَیْتُ الْمَعْمُوْر ۔ مذکر (۱) بھرا گھر ۔ آباد مکان (۲) کعبے کے مقابل چوتھے آسمان کی مسجد ۔ بیت المقدس (عربی میں اَل، بَےْ ۔ تُلْ ۔ مُقْ ۔ دِسْ، اردو میں بَیْتُ الْمُقَدَّس زبانوں پر ہے) دیکھیے بیتِ اقصیٰ ۔

بَیْت (بَیْت) (ع) مؤنث ۔ شعر ۔ فرد ۔ دوہا ۔ **بَیْتُ الْغَزَل** ۔ مؤنث ۔ غزل کا سب سے اچھا شعر ۔

بیت بازی (لکھنؤ) ۔ **بیت بجٹی** (دہلی) مؤنث ۔ لڑکوں کا ایک کھیل ۔ شعروں کا مقابلہ ۔

بیتال (بِیْ ۔ تَالْ + بَےْ ۔ تَالْ) (ہ) مذکر ۔ بھوت پریت ۔ دیو ۔ آسیب ۔

بیتلا (بَیْت ۔ لَا) (ع) (۱) لادعویٰ مال ۔ لاوارثی مال (۲) (عو) خراب ۔ نکما ۔ نگوڑا ۔ موا (۳) (جواریوں کی اصطلاح) چوری کا مال ۔

بیتلی (بَیْت ۔ لِیْ) (ع) (عو) (۱) بدنصیب ۔ کم بخت (۲) ناچیز ۔ ناکارہ ۔ نگوڑی ۔ موئی ۔

بیتنا (بِیْت ۔ نَا) (ہ) (عو) (۱) گزرنا ۔ تمام ہونا ۔ ہو چکنا ۔ ختم ہونا ۔ تجربہ ہونا (۲) کٹنا (۳) رفع دفع ہونا (۴) واقع ہونا ۔ وارد ہونا (۵) مصیبت آنا ۔ **بیتی** ۔ مؤنث ۔ (عو) (۱) آفت ۔ مصیبت (۲) گزری ہوئی سرگزشت ۔

بے سُنے سنانا (۔ یا ۔ کرنا ۔ یا ۔ کہنا) (ہ) بُرا بھلا کہنا ۔ بد زبانی کرنا ۔ سخت سست کہنا ۔

بیٹ (بَیْٹ) (انگ Bat) مذکر ۔ بلّا ۔ کرکٹ کھیلنے کی لکڑی ۔

بیٹ (بِیْٹ) (ہ) مؤنث (۱) پرندوں کا فضلہ ۔ چرکین (۲) ایک قسم کا گندھک ملا نمک ۔

بیٹا (بِیْ ۔ ٹَا) (ہ) مذکر (۱) پسر ۔ ابن (۲) چیلا (۳) بڑی عمر کے لوگ کم سنوں کو تذکیر و تانیث کی تمیز کے بغیر کہتے ہیں (۴) پیار سے پالتو جانور کو بھی کہتے ہیں (۵) دولھا بنا (۶) فقرا کی طرف سے مریدوں کو خطاب کرنے کا کلمہ ۔

بیٹا بنانا ۔ متبنیٰ کرنا ۔ لے پالک بنانا ۔ گود میں لینا ۔

بیٹا بن کے سب نے کھایا ہے (۔ یا ۔ سب کھاتے ہیں)، باپ بن کے کسی نے نہیں کھایا (۔ یا ۔ نہیں کھاتے) مثل ۔ چھوٹا بن کر مقصد حاصل ہوتا ہے، نہ کہ بڑا بن کر ۔ خوشامد سے سب کچھ ملتا ہے، نہ کہ زبردستی ۔

بیٹا بیٹی ۔ مذکر (عوام) (۱) بال بچے ۔ آل اولاد (۲) (دہلی) بچوں کا کھیل جس میں وہ گندھی ہوئی مٹی کی ٹکیا بناتے ہیں اور سوراخ کر کے اسے پتھر یا سل پر دے پٹکتے ہیں ۔ بڑی آواز کو بیٹا اور دھیمی کو بیٹی کہتے ہیں ۔

بیٹری (بَےْ ۔ ٹَرِیْ) (انگ ۔ Battery) مؤنث (۱) توپ خانہ (۲) مورچا (۳) مورچا بندی (۴) ایک قسم کا چھوٹا جیبی، انگریزی لیمپ، جو بجلی کے سیل بھر کر جلایا جاتا ہے ۔

بَیْٹھ (بَیْٹھ) (ہ) بیٹھنا کا امر ۔ **بیٹھا** ۔ بیٹھنا سے ماضی مطلق ۔ **بیٹھا جانا** (دل، جی کے ساتھ) ضعف کی حالت ہونا ۔ بے قراری ہونا ۔ سخت بے چین ہونا ۔

بیٹھا رہنا (۱) دیر تک بیٹھنا ۔ ٹھہرنا (۲) انتظار کرنا (۳) آسرے پر رہنا (۴) بیکار رہنا (۵) صبر کرنا ۔ **بیٹھا کا بیٹھا رہ جانا (۔ یا ۔ رہنا)** (۱) دفعۃً جان نکل جانا ۔ اچانک مر جانا (۲) سناٹا ہو جانا ۔ منہ دیکھتے رہ جانا ۔

بیٹھ جانا (۱) کھڑا ہو جانے کے خلاف (۲) جلوس کرنا ۔ نشست کرنا (۳) سوار ہونا (۴) پسند آنا (۵) جگہ کر لینا (۶) صحیح ہونا ۔ درست ہونا (۷) سہارا لینا ۔ صبر کرنا (۸) موقوف ہونا ۔ بیکار ہونا (۹) دریا میں ڈوب جانا (۱۰) پگھل جانا (۱۱) بگڑنا ۔ دیوالا نکلنا (۱۲) استقلال چھوڑنا ۔ ہمت ہارنا (۱۳) آمادہ نہ ہونا ۔ انکار کرنا (۱۴) نرم ہونا (۱۵) درست ہونا ۔ ٹھکانے لگنا (۱۶) تہ نشین ہونا ۔ جم جانا (۱۷) ڈھے جانا، گر پڑنا (۱۸) کمزور ہو جانا ۔ ناطاقت ہونا (۱۹) کام کاج چھوڑ دینا ۔ خانہ نشین ہونا (۲۰) گھل جانا ۔ گلتی ہو جانا (۲۱) بندھ جانا ۔ منجمد ہونا ۔

بیٹھ رہنا (۱) صبر کرنا (۲) آس چھوڑ دینا (۳) سستی کرنا ۔ دیر لگانا (۴) کوشش چھوڑ دینا ۔ ہمت ہارنا (۵) خاموش ہو جانا ۔ چپ ہو جانا (۶) دست بردار ہونا (۷) شکست کھانا ۔ ہار جانا (۸) الگ ہونا ۔ برخاست ہونا (۹) تہ میں چلا جانا (۱۰) دیر لگا دینا (۱۱) تھک جانا ۔ ہار جانا ۔

بیٹھنا (۱) نشست ہونا (۲) پانی کی تہ میں ٹھہرنا (۳) منہدم ہونا ۔ گرنا (۴) (عو) لاگت آنا ۔ خرچ پڑنا (۵) قائم مقام ہونا (۶) بیکار ہونا (۷) چڑھنا ۔ سوار ہونا (۸) پرندوں کے لیے جوڑا لگانا ۔ انڈے سینا (۹) تیر وغیرہ کا نشانے پر

پڑنا۔ پیوست ہونا (۱۰) ایک چیز کا دوسری چیز میں کسی کمی بیشی کے بغیر ٹھیک ٹھیک سما جانا (۱۱) (آنکھ کے لیے) کور ہونا (۱۲) دکھ تکلیف یا افلاس سے تباہ ہونا (ان معنی میں بالعموم بیٹھ جانا بولتے ہیں) (۱۳) کسی کام کا خراب ہو جانا (۱۴) (عوام) تول یا وزن میں اُترنا (۱۵) بھرتی ہونا۔ داخل ہونا (۱۶) درست ہونا۔ کینڈے سے پر آنا۔ مشق ہونا (۱۷) ٹکر کھانا۔ لگنا (۱۸) (قمار بازوں کی اصطلاح) جوا کھیلنا (۱۹) (قمار بازو داؤں پر رکھنا یا لگانا۔ اڑنا (۲۰) بستہ ہونا۔ منجمد ہونا (۲۱) اُتر جانا، سما جانا (۲۲) (عوام، چاند کے متعلق) دریہ سے نکلنا (۲۳) (پچیسی اور شطرنج میں) مُہرے کا گھر پر رکھا جانا (۲۴) تہ پر پہنچنا۔ ڈوبنا۔ غرق ہونا (۲۵) پرندکا جفتی کھانا ❊

بیٹھنا اٹھنا (۱) نشست و برخاست کرنا (۲) بے قراری ظاہر کرنا ❊ **بیٹھتے اٹھتے** (ف) ہر حال میں۔ ہر وقت ہر لحظہ ❊

بیٹھک (بَیٹھ۔ ٹھک) (ف) مؤنث (۱) بیٹھنے کا انداز۔ نشست (بدلنا کے ساتھ) (۲) نشست گاہ (۳) تلا۔ پیندا (۴) ایک قسم کی ورزش جس سے رانیں مضبوط ہوتی ہیں (کرنا کے ساتھ) (۵) ایک قسم کی نذر نیاز (دینا، ماننا کے ساتھ) ❊

بیٹھک دینا (۱) پریوں جنوں وغیرہ کی حاضرات کرنا (۲) تعظیم دینا (۳) آسن دینا۔ بٹھانا ❊ **بیٹھک سر پر ہونا**۔ منت مانی ہوئی ہونا ❊

بیٹھکا (بَیٹھ۔ کا) (ف) مذکر (۱) (لکھنؤ) ٹھہرنے کا مقام۔ نشست گاہ۔ کمرہ (۲) انسانوں اور حیوانوں کے بیٹھنے کی جگہ ❊

بیٹھکو (بَیٹھ۔ کو) (ف) (۱) بہت بیٹھنے والا (۲) وہ کبوتر جو اُڑنے کے بعد ہی فوراً بیٹھ جائے ❊

بیٹھن (بَیٹھ۔ ٹھن) (ف) مذکر (۱) وہ کپڑا جس میں گوٹا کناری یا قیمتی کپڑے لپیٹ کر رکھے جاتے ہیں (۲) دھوبیوں کی چادر جو کپڑے استری کرنے کے لیے میز پر بچھائی جاتی ہے (۳) (مجازاً) بانگی۔ نمونہ (۴) وہ موٹا کاغذ جو رِم کے گرد لپیٹا جاتا ہے ❊

بیٹھنے کا سہارا (ع) مذکر۔ امن کی جگہ ❊

بیٹھواں (بَیٹھ۔ واں) (ف) (۱) بیٹھا ہوا۔ چپٹا (۲) چپٹی پیندی والا (۳) بھدا (جوتا) ❊

بیٹھو بھی (ف) (۱) الگ رہو۔ معاملے میں دخل نہ دو (۲) تنبیہ کے لیے بولتے ہیں، یعنی یہ کیا کیا؟

بیٹھی جانا (ف) دھنسی جانا ❊

بیٹھی ہوئی آواز (ق) مؤنث۔ وہ آواز جو مشکل سے نکلے اور دُور تک نہ پہنچ سکے، گلا پڑ جانے کے باعث آہستہ اور بھاری آواز ❊

بیٹھے بٹھائے (۔ یا۔ بٹھلائے) (بٹھائے زیادہ فصیح ہے) (ف) (۱) خواہ مخواہ (۲) اچانک۔ ناگہانی۔ یکایک (۳) ناروا۔ ناحق۔ مفت میں۔ بیکار (۴) بے سبب۔ بے وجہ ❊

بیٹھے بیٹھے (ف) (۱) اچانک۔ ناگہاں۔ دفعتہً (۲) یکایک۔ فوراً (۳) آپ ہی آپ (۴) خواہ مخواہ ❊

بیٹھے بیٹھے تو قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے (ق) مثل۔ بیکار بیٹھ کر خرچ کرنے سے کتنی ہی جائداد ہو، ختم ہو جاتی ہے ❊

بیٹھے بیٹھے سوکھ جانا۔ انتظار کرتے کرتے تھک جانا۔ حد سے زیادہ انتظار کرنا ❊

بیٹھے بیٹھے کیا سوجھی۔ خواہ مخواہ کیا کر دیا۔ کیسی بے ہودہ بات کی ❊

بیٹھے رہو (ف) (۱) چپ رہو۔ جانے دو۔ بس کرو۔ دخل نہ دو (ان معنی میں "بیٹھے رہیے" بھی بولتے ہیں) (۲) تم کون ہو؟ تمھیں کیا غرض ہے؟ تمھیں کیا پڑی ہے؟

بیٹھے سے بیگار بھلی (ف) مثل۔ بیکار رہنے سے کوئی نہ کوئی کام کرنا بہتر ہے، خواہ اس کی اُجرت بالکل نہ ملے یا بہت کم ملے ❊

بیٹی (بے۔ ٹی) (ف) مؤنث (۱) دختر۔ بنت۔ لڑکی۔ دِھی (۲) بیٹی جیسی پیاری (۳) بیٹے کی بیوی۔ بہو ❊

بیٹی اور ککڑی کی بیل برابر ہوتی ہے (ق) مقولہ۔ دونوں بہت بڑھتی ہیں ❊

بیٹی بٹارو۔ مؤنث (عو) (لکھنؤ) کنواری لڑکی ❊

بیٹی دینا (ف) (۱) بیٹی کا نکاح کرنا۔ بیٹی بیاہنا۔ لڑکی کی شادی کرنا (۲) داماد بنانا ❊

بیٹی ذات ہے (ق) مقولہ۔ حیادار ہے۔ شرم والی ہے ❊ **بیٹی روٹی کرنا** گالی دینا ❊

بیٹی کا باپ۔ مذکر (۱) ذلیل۔ حقیر (۲) بودا۔ نامراد ❊ **بیٹی لینا**۔ دختر سے نکاح کرنا ❊

بیٹی والے۔ سمدھی۔ سمدھیانے والے۔ دلھن کے والدین اور دوسرے عزیز ❊

بَیج (بَیج) (انگ Badge) مذکر (۱) چپراس (۲) نشان ❊

بِیج (بِیج) (ف) مذکر (۱) تخم۔ وہ خشک پھل جو بیج کی حفاظت کے لیے رکھا جاتا ہے (۲) اصل۔ بنیاد۔ آغاز (۳) وہ غلہ جو کاشت کاروں کو بونے کی غرض سے پہلے دیا جاتا ہے (۴) نطفہ ❊

بیج بونا (۱) کاشت کی غرض سے زمین میں تخم ڈالنا (۲) کسی امر کی بنیاد ڈالنا (۳) موجد ہونا (۴) سبب ہونا۔ باعث ہونا ❊

بیج پڑنا (۱) تخم پاشی ہونا (۲) بنیاد پڑنا (۳) نطفہ پڑنا۔ حمل رہنا ❊

بیج جاتا رہنا (۱) تخم ضائع ہونا (۲) قطع نسل ہونا (۳) مٹ جانا۔ غارت ہونا ❊

بیج جمنا (۱) بیج کا اُگنا۔ پھوٹنا۔ نکلنا (۲) نطفہ قرار پانا۔ حمل ٹھہرنا ❊ **بیج ڈالنا**۔ تخم ریزی کرنا ❊ **بیج کھاد**۔ مذکر۔ وہ غلہ جو کاشت کاروں کو کاشت اور خوراک کی غرض سے دیا جاتا ہے ❊

بیج مارا جانا (۱) آئندہ کے لیے کسی چیز کے پیدا ہونے کی امید نہ رہنا، غارت ہونا، برباد ہونا، تباہ ہونا، نیست و نابود ہونا، ناپید ہونا (۲) نسل قطع ہونا ❊

بیج مار دینا۔ بالکل تباہ کر دینا۔ یکسر مٹا دینا ❊

بیج ناس کرنا۔ جڑ اُکھاڑ دینا۔ بالکل غارت کر دینا۔ یکسر نیست و نابود کرنا۔ کلیتہً تباہ و برباد کرنا۔ مٹانا۔ معدوم کرنا ❊

بیجک۔ دیکھیے "بیجک" ❊

بیجنا (بِیج۔ نا) (ف) مذکر (۱) بادکش۔ پنکھا (۲) (رپ) تخم ریزی کرنا۔ بونا ❊ **بیجنا ڈھلانا** (ہندو۔ عو) بادکش جھلنا۔ پنکھا ہلانا ❊

بیجو (بِیْ ۔ جُوْ) (ہ) بوسنے کا غلّہ ۔ بونے کے لائق اناج ۔ بونے کے قابل بیج ٭

بیجو (بِیْ ۔ جُوْ) (ہ) مذکّر ۔ بجّو ٭

بیجو باورا (ہ) مذکّر ۔ فنِ موسیقی میں کامل ایک مشہور گویّا ٭

بیجھر ۔ بیجھڑ ۔ بیجھڑا (بے ۔ جھَرْ + بے ۔ جھَڑْ + بے ۔ جھَڑَا) (ہ) مذکّر (۱) گندم اور چنے یا جَو اور چنے سے ملا ہوا غلّہ (۲) مٹر ملے ہوئے جَو (۳) موٹا اناج (۴) ملی جُلی فصل ٭

بیجیا ۔ بیج دار ۔ بیجیلا ۔ بجیلا (ہ) بیج والا ۔ زیادہ بیجوں والا ۔ جس میں کثرت سے بیج ہوں ٭

بیچ (بِیْچْ) (انگ Batch) مذکّر ۔ گھان ۔ کھیپ ۔ کسی چیز کی وہ تعداد جو ایک وقت میں تیار کی جائے ٭

بیچ (بِیْچْ) (ہ) (۱) میں ۔ اندر ۔ درمیان ۔ مابین بجیرداں معنی میں فصحائے لکھنؤ کے نزدیک متروک ہے ٭) (۲) میانہ ۔ اوسط ۔ وسط (۳) باہم ۔ آپس میں (۴) دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ ۔ فرق ۔ تفاوت (ہ) مذکّر ۔ مرکز ٭

بیچا بیچ ۔ مرکز پر ۔ عین وسط ۔ ٹھیک بیچ ۔ بیچوں بیچ ۔ عین درمیان ٭

بیچ ادھر میں چھوڑ دینا (عو) کام ادھورا چھوڑ دینا ٭ بیچ بچاؤ ۔ مذکّر (۱) تصفیہ ۔ فیصلہ ۔ وہ فیصلہ جو دو آدمیوں کے درمیان کسی تیسرے آدمی کے ذریعے سے ہو (۲) جھگڑا چکانا ۔ لڑائی دور کرنا ۔ دفعِ شر (۳) اتّفاق ۔ اتحاد ۔ میل ملاپ ۔ صُلح ٭ بیچ بچاؤ کرنا ۔ لڑنے جھگڑنے والوں کے بیچ میں پڑ کر صلح کرانا ۔ رفع دفع کرنا ٭

بیچ چورا ہے میں ۔ چوک کے درمیان ۔ منظرِ عام پر ٭ بیچ کا ۔ متوسّط، درمیانی، منجھلا ٭

بیچ کھیت (۱) سب کے سامنے ۔ علانیہ ۔ ڈنکے کی چوٹ ۔ ہزاروں میں (۲) کھیت کا مرکز ۔ عین وسط (۳) میدان میں ۔ موقع پر (۴) لڑائی کا میدان، رزم گاہ (۵) ضرور، لازماً، بیس بسوے ٭

بیچ کی انگلی ۔ مؤنّث ۔ انگشتِ شہادت کے پاس کی انگلی ۔ ہاتھ کی سب سے لمبی انگلی ۔ درمیانی انگلی ۔ وُسطیٰ ٭

بیچ کی انگلی بڑی ہوتی ہے ۔ مثل ۔ ہر بات میں اعتدال بہتر ہوتا ہے ٭

بیچ کی بات ۔ مؤنّث (عو) باہمی گفتگو ۔ درمیان کا معاملہ ٭ بیچ کی راس ۔ متوسّط، درمیانی، اوسط درجہ، معمولی، نہ اچھا نہ بُرا ٭

بیچ کے گھڑے کی (۱) درمیان رکھے ہوئے گھڑے میں کی (۲) (مجازاً) بہت تیز شراب ۔ خالص شراب ٭

بیچ میں آپڑنا ۔ منصف بننا ۔ ثالث ہونا ۔ پنچ بننا ۔ حکَم ہونا ٭

بیچ میں آجانا ۔ دوران میں آجانا ۔ حائل ہونا ٭

بیچ میں بول اٹھنا ۔ دو آدمیوں کی باتوں میں تیسرے کا دخل دینا یا کچھ کہنا ٭

بیچ میں بولنا ۔ دخل دینا ۔ دخل در معقولات دینا ٭

بیچ میں پڑنا (۱) پنچ ہونا ۔ ثالث بننا ۔ حکَم ہونا ۔ منصف بننا (۲) درمیان میں پاؤں دینا (۳) وکالت کرنا ۔ کفیل ہونا ۔ ضمانت کرنا ۔ ذمّہ لینا (۴) راستے میں آنا ٭ بیچ میں ڈالنا (۱) ثالث، پنچ یا حکَم کرنا (۲) ذریعہ بنانا ۔ وسیلہ کرنا ٭

بیچ میں سان لینا ۔ بے سبب کسی کو جھگڑے میں شامل کر لینا ٭

بیچ میں قدم ہونا (ل) حائل ہونا ۔ واسطہ ہونا ٭

بیچ میں کود پڑنا ۔ دوسرے کی بات میں خواہ مخواہ دخل دینا ٭ بیچوں بیچ ۔ دیکھیے "بیچا بیچ" ٭

بیچ (بِیْچْ) (ہ) بیچنا کا امر ٭ بیچا (۱) بیچنا سے ماضی مطلق (۲) بیچنے والا ٭

بیچ ڈالنا ۔ فروخت کر ڈالنا ٭ بیچ کھانا ۔ ضائع کر ڈالنا ۔ تلف کر دینا ۔ صرف کر ڈالنا ٭ بیچنا (۱) فروخت کرنا ۔ مول دینا ۔ بیع کرنا (۲) سکارنا ۔ ہنڈی کی پشت پر بیچا لکھ دینا ٭ بیچنا کھوچنا ۔ کاروبار کرنا ۔ فروخت کرنا ٭

بیچی کرنا (ہندو) بیچنے کی تحریر کرنا ۔ فروخت کی یادداشت لکھنا ٭

بیچا (بِیْ ۔ چَا) (ہ) مؤنّث (عو) (۱) بیجا ۔ ہوّا ۔ بچّوں کو ڈرانے کے لیے کاغذ یا کپڑے کی بنائی ہوئی ہیبت ناک صورت (۲) نہایت بدصورت آدمی ٭

بیچک (بِیْ ۔ چَکْ) (ہ) مؤنّث (۱) فہرست ۔ چالان ۔ وہ مفصّل یادداشت، جس میں مال کی تعداد، قیمت کی شرح مع محصول اور دوسرے خرچ کے درج ہوتی ہے (۲) اصل زر ۔ سرمایہ ۔ پونجی (۳) اسباب کی گٹھڑی پر چسپاں کرنے کا ٹکٹ یا چٹ (۴) علامت ۔ نشان ٭

بیچلر (بے ۔ چے ۔ لَرْ) (انگ Bachelor) مذکّر ۔ کنوارا ۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو ۔ ناکتخدا ٭

بیچلر آف آرٹس (انگ Bachelor of Arts) بی ۔ اے اسی کا مخفف ہے ۔ بی اے پاس ٭

بیچو (بے ۔ چُوْ) (ہ) مذکّر ۔ بیچنے والا ۔ فروخت کنندہ ۔ فروشندہ ۔ بیع کرنے والا ۔ بائع ٭

بیچھی (بِیْ ۔ چھِیْ) (ہ) مؤنّث (عو) بچھو ٭

بیخ (بِیْخْ) (ف) مؤنّث (۱) جڑ ۔ اصل (۲) نیو ۔ بنیاد ٭

بیخ بنیاد (ف) مؤنّث (۱) جڑ (۲) اصل نسل ۔ حسب نسب (۱) خاندان کا سلسلہ ٭

بیخ کنی ۔ مؤنّث (۱) (لغوی) جڑ سے نکال لینا ۔ استیصال (۲) (اصطلاحی) خراب کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ ستیاناس کرنا ۔ نیست و نابود کرنا (۳) قطع نسل کرنا ٭

بیخ و بُن ۔ بیخ و بنیاد ۔ مؤنّث ۔ اصل ۔ جڑ ٭

بیخ و بُن سے اکھاڑ دینا ۔ معدوم کر دینا ۔ غارت کر دینا ۔ نابود کر دینا ۔ ناپید کر دینا ٭ بیخ و بُن سے اُکھڑ جانا ۔ لازم ٭

بَید (بَیْدْ) (ہ) مذکّر ۔ ہندو طبیب ٭ بَیدائی ۔ مؤنّث (ہندو) چارہ گری ۔ طبابت ٭ بَید کرے بَیدائی چنگا کرے خدائی ۔ مقولہ ۔ ہر کام کی تدبیر

کرنی چاہیے، کامیابی خدا کے ہاتھ ہے ٭

بِید (بِیْد) (ف) مذکرّ ۔ ایک قسم کا بے ثمر پہاڑی درخت جس کی شاخیں نازک اور لچکیلی ہوتی ہیں ٭ **بیدِ انجیر** ۔ مذکرّ ۔ ارنڈ ٭ **بیدِ سادہ** ۔ مذکرّ ۔ ایک درخت ٭ **بید کھانا** ۔ بید کی مار کھانا ٭ **بید کی طرح کانپنا** ۔ بے حد ڈرنا ۔ خوف کے مارے تھر تھر کانپنا ۔ بید کی مانند لرزنا ٭

بیدِ مجنوں ۔ مذکرّ ۔ ایک قسم کا بید جس کے پتّے باریک ہوتے ہیں اور شاخیں زمین کی طرف جھکی رہتی ہیں ۔ اس کی صورت پاگلوں جیسی معلوم ہوتی ہے ٭

بیدِ مُشک ۔ مذکرّ ۔ ایک خوش بودار درخت جس کے پھولوں کا عرق کھینچا جاتا ہے ٭

بِیْد (بِیْدْ) (ہ) مذکرّ ۔ ہندوؤں کی مقدّس مذہبی کتاب جسے وہ آسمانی اور الہامی قرار دیتے ہیں ۔ اس کے چار حصّے ہیں (۱) رگ وید (۲) شام وید (۳) یجُر وید (۴) اتھروید ٭

بیداد (بےْ ۔ دَاْدْ) (ف) مؤنّث ۔ ظلم ۔ ستم ۔ جور ۔ جفا ۔ جبر ۔ تعدّی ٭

بیداد گر ۔ ظالم ٭

بیدار (بےْ ۔ دَاْرْ) (ف) (۱) جاگنے والا (۲) ہوشیار ٭ **بیدار بخت** ۔ اقبال مند ۔ خوش قسمت ۔ بلند اختر ٭ **بیدار دل** (کنایۃً) زندہ دل ۔ روشن ضمیر ۔ ہوشیار ۔ عاقل ٭ **بیدار مغز** ۔ روشن دماغ ۔ عالی دماغ ۔ ہوشیار ، عقلمند ، دانا ٭ **بیداری** ۔ مؤنّث (۱) جاگنے کی حالت (۲) ہوش مندی ٭

بیدانت (بےْ ۔ دَاْنْتْ) (ہ) مذکرّ ۔ ہندو مذہب کا علم فلسفہ ۔ وہ شاستر جس میں سلوک کا علم ہے ٭

بیدانتی ۔ بیدانت جاننے والا ۔ صوفی ٭

بُیدک (بےْ ۔ دَکْ) (ہ) (۱) مؤنّث ۔ طبابت ۔ علم طب ۔ حکمت (۲) مذکرّ ۔ ہندو طبیب ۔ حکیم ۔ معالج ٭

بیدن ۔ بیدنا (بےْ ۔ دَنْ + بِیْدْ ۔ نَا) (ہ) مذکرّ و مؤنّث (ہندو) تکلیف ، دُکھ ، درد ٭

بیدھا (بےْ ۔ دْھَا) (ہ) مذکرّ (۱) جس پر جادو کا اثر ہو (۲) جو کسی آفت میں مبتلا ہو ٭

بِیدھنا (ہ) [لکھنؤ میں بِیدھنَا یائے مجہول سے ، دہلی میں بِیْندھنَا یائے معروف اور نون غنّہ سے] (۱) قابو میں لانے کے لیے جادو کرنا (۲) موتی میں سوراخ کرنا ٭

بَیر (بَیْرْ) (ہ) مذکرّ (۱) عداوت ۔ دشمنی ۔ بُغض ۔ کینہ (۲) مخالفت ۔ ضد (۳) معاوضہ ۔ بدلا ٭ **بَیر اکھیڑی** ۔ مؤنّث ۔ دشمنی ٭ **بَیر باندھنا** ۔ مخالفت پر اَڑنا ۔ ضد باندھنا ۔ خصومت پر آمادہ ہونا ۔ عداوت پر تُل جانا ٭ **بَیر بسانا** (عوام) (۱) دشمنی کرنا ۔ عداوت مول لینا (۲) ضد باندھنا ۔ بُغض نکالنا ۔ مخالفت کرنا ٭ **بَیر پڑنا** (عو) ان بن ہونا ۔ دشمنی ہونا ۔ عداوت ہو جانا ٭ **بَیر لینا** (۔ یا ۔ **نکالنا**) ۔ انتقام لینا ۔ عوض لینا ۔ دشمن سے بدلا لینا ٭ **بَیرن** ۔ مؤنّث (عو) (۱) سوکن (۲) دشمن عورت ٭ **بَیری** ۔ مذکرّ (عو) بدخواہ ۔ دشمن ٭

بِیر (بِیْرْ) (ہ) (۱) بہادر ۔ سورما ۔ زورآور ۔ دلیر (۲) مذکرّ ۔ پہلوان (۳) جن ۔ ہمزاد ۔ مؤکّل (۴) برادر ۔ بھائی ٭ **بیر بٹھانا** ۔ جادو کرنا ۔ مؤکّل یا ہمزاد یا جن کو کسی پر مسلّط کرنا ٭ **بیر بر ۔ یا ۔ بیر بل** ۔ مذکرّ (۱) (لغوی) زورآور ۔ پہلوان (۲) اکبری نورتن کے رُکن راجہ مہیش داس کا عرفی نام ٭ **بیر دوڑانا** ۔ ہمزاد یا جن سے کام لینا ۔ جادو کے بل پر ارواح سے کچھ کام لینا ۔ مؤکّل چھوڑنا ٭

بِیْر (بِیْرْ) (ہ) (۱) مذکرّ ۔ ایک مشہور پھل (۲) مؤنّث (ہندو) عورت ۔ زن (۳) (گنوار) نوبت ۔ دفعہ ۔ مرتبہ ۔ بار (۴) (گنوار) ڈھیل ، توقف ، عرصہ ، وقفہ ، دیر ٭ **بیر کھانسی کا گھر ہیں** ۔ مثل ۔ بیر کھانے سے بیشتر کھانسی ہو جاتی ہے ٭ **بیروں میں گٹھلیاں ملانا** (عوام) (۱) گڈ مڈ کر دینا (۲) کسی معاملے کو گڑبڑ کر دینا ، بنی بنائی بات بگاڑنا ٭ **بیر بڈّی** ۔ مؤنّث ۔ وہ گرہ دار ہڈّی جو گھوڑے کے گھٹنوں یا ٹخنوں میں پیدا ہو جاتی ہے ، جس سے وہ لنگڑانے لگتا ہے ٭ **بیری** ۔ مؤنّث ۔ بیر کا درخت ٭

بِیئر (بِیْرْ) (انگ Beer) مؤنّث ۔ جَو کی شراب ٭

بَیرا (بَےْ ۔ رَا) (ہند) (انگ بیرر Bearer) مذکرّ ۔ انگریزوں کا ملازم ، خدمت گار ، نوکر ٭

بَیرا (بَےْ ۔ رَا) (ہ) مذکرّ (۱) ڈولی یا پالکی اٹھانے والا کہار (۲) وہ لکڑی جو دروازے کے بازوؤں پر ان کی مضبوطی کے لیے لگائی جاتی ہے ٭

بِیرا (بِیْ ۔ رَا) (ہ) مذکرّ (گنوار) بھائی ۔ برادر ۔ عزیز ۔ خویش ٭

بَیراگ (بَےْ ۔ رَاْگْ) (ہ) مذکرّ (۱) خواہشِ نفسانی کو مارنا ۔ نفس کُشی ۔ دنیوی لذّتوں کا ترک ۔ خلوت نشینی (۲) فقیری ۔ جوگ (لینا کے ساتھ) ٭

بَیراگا ۔ مذکرّ ۔ وہ ٹیڑھی بانکی لکڑی جس پر بیراگی ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں ۔ تکیہ ظفر ٭

بَیراگن ۔ مؤنّث ۔ تارک الدّنیا ہندو عورت ٭

بَیراگی (۱) مذکرّ ۔ تارک الدّنیا ہندو مرد (۲) مؤنّث ۔ ہندو فقیروں کی چھڑی ٭

بیربہٹی ۔ بیر بہوٹی (بِیْرْ ۔ بَہُوْٹْ ۔ ٹِیْ + بِیْرْ ۔ بُہُوْ ۔ ٹِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) سرخ رنگ کا ایک کیڑا جو بیشتر برسات میں پیدا ہوتا ہے اور اسے خشک کر کے دوا بنائی جاتی ہے (۲) (تشبیہاً) نہایت سرخ ٭

بیرسٹر (بےْ ۔ رِسْ ۔ ٹَرْ) (انگ Barrister) مذکرّ ۔ وہ وکیل جس نے وکالت کی ڈگری ولایت سے حاصل کی ہو ٭

بیرسٹرایٹ لا (بےْ ۔ رِسْ ۔ ٹَرْ ۔ اَیْٹْ ۔ لَا) (انگ Barrister at Law) مذکرّ ۔ بیرسٹر ٭

بیرق (بےْ ۔ رَقْ) (ت) مذکرّ و مؤنّث (۱) نشان ۔ عَلَم ۔ جھنڈا ۔ پھریرا ۔ لوا (۲) وہ جھنڈا جو زمین پر قبضہ کرنے یا آباد کرنے کے نشان کی غرض سے لگایا جاتا ہے ٭

بَیرن (بَیئے ۔ رَنْ) (انگ Baron) مذکّر ۔ انگلستان میں امیروں کا خطاب ۔

بَیرنگ (بَیئے ۔ رَنگ) (مہند) (انگ ۔ بیرنگ Bearing) ۔ وہ چٹھی یا پارسل، جس کا محصول پہلے سے ادا نہ کیا گیا ہو ۔

بیروزہ (بِیئے ۔ رُوْ ۔ زَہْ) (ف) مذکّر ۔ ایک قسم کا گوند، جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے گندہ بیروزہ ۔

بیرومیٹر (بیئے ۔ رُوْ ۔ مِی ۔ ٹَرْ) (انگ Barometer) مذکّر ۔ مقیاس الہوا ۔ ہوا کا رخ اور اندازہ وغیرہ معلوم کرنے کا آلہ ۔

بیرون (بِیئے ۔ رُوْنْ) (ف) (۱) باہر (۲) بغیر ۔ سوا ۔ **بیرونجات** (بیرون کی جمع ، اردو قواعد کے رو سے) (ع) مذکّر ۔ شہر کے آس پاس کی بستیاں ۔ شہر کے باہر کی آبادیاں ۔ مضافات ۔ قصبات ۔ دیہات ۔

بیرونٹ (بیئے ۔ رُوْ ۔ نَٹْ) (انگ Baronet) مذکّر ۔ ایک انگریزی خطاب، جو "سر" کے برابر ہوتا ہے ۔

بیڑ (بیڑْ) (ہ) (۱) مینڈ ۔ آڑ ۔ حد (۲) چاردیواری ۔ احاطہ ۔ گھیرا (۳) وہ پودے، جو اُگنے کی جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ لگائے جاتے ہیں ۔

بیڑ بندی کرنا ۔ کھیت کی مینڈ بنانا ۔

بِیڑا (بِی ۔ ڑَا) (ہ) مذکّر (۱) پان کی گلوری ۔ بنا بنایا پان، جس میں کتری ہوئی چھالیا، کتھا چونا وغیرہ ڈال کر تکونی شکل میں لپیٹ لیتے ہیں (۲) سگار ۔ سگریٹ (۳) تلوار کے قبضے میں لگایا ہوا تسمہ، جو اسے از خود میان سے نکلنے نہیں دیتا ۔

بیڑا اٹھانا (۱) کسی مشکل کام کی تکمیل کا ذمّہ لینا ۔ شرط باندھنا ۔ ہامی بھرنا ۔ عہد کرنا (۲) تہیّہ کرنا ۔ ہمّت کرنا ۔

بیڑا چبانا ۔ پان چبانا (۲) نسبت یا منگنی کرنا ۔

بیڑا چُننا ۔ شہروں میں شادی کی ایک رسم ۔ دُلہن کے جسم پر مصری اور پان رکھ دیتے ہیں ، جو دُولھا چُن چُن کر کھاتا ہے ۔

بیڑا دینا ۔ ناچنے گانے والوں کو سائی دینا ۔

بیڑا ڈالنا ۔ زمانۂ ماضی میں رواج تھا کہ جب کوئی اہم کام آتا تو اجتماع کر کے پانوں کی گلوریاں سامنے رکھ دی جاتی تھیں، جو گلوری اٹھا لیتا تھا وہ اس کام کا ذمّہ دار ہو جاتا تھا اور اس رسم کو "بیڑا ڈالنا" کہتے تھے ۔

بیڑا کھلانا (عو) (۱) پان کھلانا (۲) (دہلی) نسبت کرنا ۔ ایک رسم ہے کہ سات پانوں کی گلوری بناتے اور اس پر چاندی کا ورق لگا کر لڑکے کو کھلاتے ہیں، جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ نسبت پکّی ہو گئی ۔

بیڑا (بیئے ۔ ڑَا) (ہ) مذکّر (۱) کشتی ۔ ناؤ (۲) بانسوں کا ٹھاٹھر، جس کے ذریعے سے دریا کے پار اترتے ہیں ۔ گھرنئی ۔ چوگھڑا (۳) چمڑے کی وہ مشک جیسی چیز، جس پر بیٹھ کر دریا عبور کرتے ہیں (۴) (دکن) آنگن، صحن، احاطہ (۵) قبیلہ (۶) ساتھ ساتھ چلنے والے متعدد جہاز یا کشتیاں (۷) رسالہ ۔ فوج ۔ سپاہ (۸) گروہ ۔ مجمع (۹) (مجازاً) (عو) ایک قسم کی مَنّت جس میں عورتیں بانس کی تیلیوں اور پھونس سے کشتی کی شکل بناتی اور اس میں چراغ روشن کر کے بھادوں میں جمعرات اور جمعے کو دریا میں ڈالتی ہیں ۔

بیڑا باندھنا (عوام) بھیڑ یا مجمع اکٹھا کرنا ۔ بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا ۔

بیڑا پار کرنا ۔ یا ۔ لگانا (۱) کشتی یا جہاز سلامتی سے کنارے لگانا (۲) آڑے آنا ۔ مصیبت سے نجات دینا (۳) مشکل آسان کرنا ۔ مراد بر لانا ۔

بیڑا پار ہونا (۱) جہاز یا کشتی کا صحیح سلامت منزل مقصود پر پہنچنا (۲) مشکل آسان ہونا ۔ انجام بخیر ہونا ۔ مطلب حاصل ہونا ۔ کامیاب ہونا ۔ مصیبت سے نجات پانا ۔ خاطر خواہ کام ہو جانا (جمع کی حالت میں "بیڑے پار ہیں" بھی کہا جاتا ہے) ۔

بیڑا چڑھانا ۔ ایک قسم کی مَنّت ، جو حصولِ مقصد کے بعد ادا کرنے کے لیے عورتیں بانس کی تیلیوں اور پھونس سے کشتی کی صورت بناتی اور اس پر پھول مٹھائی رکھ کر دریا میں چھوڑتی ہیں ۔

بیڑا چھوٹنا ۔ بیڑے کا پانی میں رواں ہونا ۔

بیڑا ڈوبنا (۱) کشتیاں ڈوبنا (۲) کام بگڑنا ۔ تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔

بیڑے کی خیر ہو ۔ قبیلے ، خاندان اور گھر کے افراد صحیح سلامت رہیں ۔

بیڑنی ۔ بیڑھنی (بَیڑْ ۔ نِیْ ۔ بَیڑْھ ۔ نِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) گانے کا پیشہ کرنے والی ہندو عورت (۲) گانے والی عورتوں کا ایک فرقہ ۔

بیڑوی (بیڑْ ۔ وِیْ) (ہ) مؤنّث (دہلی) پیٹھی سے بھری ہوئی روٹی ۔ پوری ۔ کچوری ۔

بیڑھا (بِیئے ۔ ڑھا) (ہ) ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔ کج ۔ "ٹیڑھا بیڑھا" مستعمل ہے ۔

بیڑھی روٹی (ہ) مؤنّث ۔ دال بھری روٹی ۔ اب "برہی روٹی" زبانوں پر ہے ۔

بیڑی (بِی ۔ ڑِیْ) (ہ) مؤنّث (عو) (۱) پان کی گلوری (۲) ایک قسم کا دیسی سگریٹ، جو تمباکو کے پتّے میں لپیٹ کر بنایا جاتا ہے ۔

بیڑی (بیئے ۔ ڑِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) مجرم یا ہاتھی کے پاؤں میں ڈالنے کی کڑی یا زنجیر (۲) پازیب (۳) سونے چاندی کے موٹے تاروں کے لچھّے، جو کندے کش تیار کر کے تارکشوں کو دیتے ہیں (۴) (مجازاً) شادی ۔ بیاہ (۵) دُنیوی تعلّقات (۶) اہل و عیال (۷) وہ ڈول یا ٹوکری جس کے دونوں کونوں پر رسّی باندھ کر پانی نشیب سے بلندی کو لے جاتے ہیں تاکہ کھیتی سُوکھ نہ جائے (چلانا ، چلنا کے ساتھ) (۸) مَنّت کا نیلا ڈورا یا چاندی سونے کا حلقہ، جو عورتیں لاڈ سے بچّوں کے پاؤں میں مَنّت کے طور پر ڈال دیتی ہیں (۹) (مجازاً) روک ٹوک ۔ مزاحمت ۔

بیڑی بڑھانا (عو) نذر نیاز دینے کے بعد مَنّت کی زنجیر، حلقہ، کڑا یا ڈورا اتارنا ۔ **بیڑی پڑنا** (۱) زنجیر پڑنا ۔ کڑا پڑنا (۲) چلنے پھرنے سے معذور

ہونا ۔ قید ہونا ۔ پابند ہونا (۳) (کنایۃً) آزاد نہ رہنا ۔ بال بچوں میں پھنسنا ۔
شادی ہونا ۔ نکاح ہونا ⁂

بیڑی پہنانا (۱) پابند کرنا ۔ قید کرنا (۲) مَنّت کی کڑی پہنانا (۳) شادی کر دینا ⁂ **بیڑی پہننا** ۔ لازم ⁂ **بیڑی ڈالنا** (۱) مجرم کے پاؤں میں کڑا ڈالنا (۲) پابند کرنا ۔ قید کرنا ⁂ **بیڑی سونے کی بھی بُری** ۔ قید بُری چیز ہے، چاہے اس میں کیسا ہی آرام ملے ⁂

بیڑی کاٹنا (۱) کڑے کو کاٹ ڈالنا (۲) مصیبت سے چھڑانا ۔ نجات دلانا ۔ آزاد کرنا ⁂ **بیڑی کٹنا** ۔ لازم ⁂ **بیڑی کھڑکھڑانا** ۔ بیڑی ہلا کر اس سے آواز پیدا کرنا ⁂ **بیڑی گڑھنا** ۔ یا ۔ گھڑنا ۔ بیڑی بنانا (لکھنؤ میں زیادہ تر "بیڑی گڑھنا" بولتے ہیں ⁂) **بیڑی لگانا** ۔ خاص طریقے سے کھیتی کو پانی دینا ۔ آب پاشی کرنا ۔ دیکھیے "بیڑی ے" ⁂ **بیڑیاں** (ہ) بیڑی کی جمع ۔ بہت سی زنجیریں ⁂

بیزار (بے ۔ زاْر) (ف) نفرت کرنے والا ۔ رنجیدہ ۔ ملول ۔ خفا ۔ ناخوش ۔ ناراض ⁂

بَیس (بَیْس) (ہ) مؤنث ۔ ہندوؤں کی ایک ذات جو تجارت اور زراعت کرتی ہے ۔ ویش (۲) راجپوتوں کی ایک شاخ ⁂ **بَیسواڑا** ۔ مذکر ۔ بَیس قوم کے رہنے کی جگہ ⁂ **بَیسنی** (ہ) مؤنث ۔ بَیس عورت ⁂

بِیس (بِیْس) (ہ) دس اور دس ۔ بست ۔ ۲۰ ۔ عسے ⁂

بیس بسوے (۱) ایک بیگہ (۲) پورا ۔ تمام ۔ کُل (۳) اغلب ۔ غالباً (۴) یقیناً (ہ) ساری فصل ۔ ساری زمین ۔ سارا گاؤں ⁂

بِیسا ۔ مذکر ۔ بیس ناخنوں والا ایک قسم کا کُتّا ⁂ **بِیسواں** (۱) اُنیسویں کے بعد کا ۔ ترتیب کے رُو سے بیسویں نمبر پر (۲) ایک رسم جس میں کسی کے مرنے سے بیسویں دن کے بعد کھانا پکوا کر مسکینوں کو کھلاتے ہیں اور کنبے کی عورتیں جمع ہوتی ہیں ⁂ **بِیسوں** ۔ بیس کے بیس ۔ بیس میں سے سب کے سب ⁂

بیسوں بسوے ۔ دیکھیے "بیس بسوے" ⁂ **بِیس ہنڈیوں کا مزہ چکھنا** (عو) (مجازاً) (۱) بہت جگہ ملازمت کرنا (۲) بہت عورتوں سے شادی کرنا یا ناجائز تعلق رکھنا ⁂ **بِیسی کھیسی ساٹھا پاٹھا** ۔ مقولہ ۔ عورت بیس برس کی عمر میں ناطاقت ہو جاتی ہے لیکن مرد ساٹھ سال کی عمر تک جوان رہتا ہے ⁂

بِیسیوں ۔ بہت تعداد میں ⁂

بیساکھ (بَے ۔ سَاکھ) (ہ) مذکر ۔ ہندوؤں کے سمت کا پہلا مہینا، جو اپریل، مئی کے مطابق پڑتا ہے ⁂

بیساکھی مؤنث (۱) بیساکھ کے مہینے کی فصل (۲) مذکر ۔ بیساکھ کا خربوزہ (۳) مؤنث ۔ وہ عورت جس کا پہلوٹھی کا لڑکا ہوتا ہے ۔ وہ اس کی زندگی میں ہمیشہ بیساکھ میں خربوزہ کھاتی ہے، جیٹھ میں نہیں کھاتی (۴) مؤنث ۔ تھونی ۔ آڑ جو چھپر کے نیچے لگائی جاتی ہے (۵) مؤنث ۔ لُولوں لنگڑوں کی لاٹھی (۶) ہندوؤں کا ایک تہوار جو بیساکھ کی پہلی تاریخ کو ہوتا ہے (۷) بڑی ہڑ (۸) (بقّالوں کی اصطلاح) احمق ۔ بے وقوف ⁂

بیستون (بے ۔ سُتُوْن) (ف) مذکر (۱) دیکھیے "بے" کے تحت (۲) ایران کا ایک مشہور پہاڑ جس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ فرہاد نے شیریں سے نکاح کی شرط پوری کرنے کے لیے یہ پہاڑ کھود کر دودھ کی نہر شیریں کے محل تک پہنچادی تھی، لیکن وہ شادی کے مقصد میں ناکام رہنے کے باعث اپنے ہی تیشے سے سر پھوڑ کر مر گیا تھا ⁂

بِیسر (بِیْ ۔ سَر) (ہ) مؤنث ۔ چھوٹی نتھ، جو ناک میں بلاق کی جگہ پہنی جاتی ہے ⁂

بیسن (بے ۔ سَن) (ہ) مذکر ۔ چنے کی دال کا آٹا ⁂
بیسنی روٹی ۔ مؤنث ۔ بیسن کی روٹی ۔ چنے کے آٹے کی روغنی اور مسالے والی روٹی (پنجابی، مِسّی روٹی) ⁂

بیسوا (بِیْس ۔ وَا) (ہ) مؤنث (۱) رنڈی ۔ کسبی ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔ طوائف ۔ بدچلن عورت (۲) چالاک عورت ۔ شریر عورت ⁂

بَیش (بَیْش) (ہ) دیکھیے "بَیس" ⁂

بِیش (بِیْش) (ف) (۱) زیادہ ۔ افزوں (۲) اچھا ۔ عمدہ ۔ افضل ۔ بہتر ⁂
بیش از بیش ۔ زیادہ سے زیادہ ۔ بہت زیادہ ⁂ **بیش باد** ۔ زیادتی ہو ۔ برکت ہو ۔ خدا زیادہ کرے ۔ بڑھتی دولت اَور بڑھ جائے ⁂
بیش بہا ۔ قیمتی ۔ بڑھیا ۔ بھاری قیمت کا ⁂ **بیش تر** (۱) زیادہ تر ۔ اکثر (۲) بارہا ⁂ **بیش قرار** ۔ معقول ⁂
بیش قیمت (۱) قیمتی ۔ بھاری قیمت کا (۲) عمدہ ۔ نفیس ⁂ **بیش و کم** ۔ تھوڑا بہت ⁂ **بیشی** ۔ مؤنث (۱) زیادتی ۔ افزونی ۔ اضافہ (۲) معمول سے زیادہ کام کرنے کی اجرت (۳) بالائی سود ۔ نفع (۴) بچت ۔ بقایا ⁂
بیشی جمع ۔ مؤنث ۔ مال گزاری کا اضافہ ⁂
بیشی لگان ۔ مؤنث ۔ لگان کا اضافہ یا زیادتی ⁂

بیشنو (بِیْش ۔ نُو) (ہ) (۱) وشن جی کا یا ان کے متعلق (۲) مذکر ۔ وشن جی کا پیرو (۳) سادھوؤں کا ایک فرقہ ⁂

بیشہ (بے ۔ شَہ) (ف) جنگل ۔ بیابان ۔ صحرا ۔ ریگستان ⁂

بیض (بَیْض) (ع) مذکر ۔ دستخط ⁂

بیضا (بَے ۔ ضَا) (ع) سفید ۔ روشن ⁂ **بیضاوی** (۱) شمسی (۲) آفتابی دائرہ ⁂

بیضوی (بَے ۔ ضَوِی) (ع) (۱) انڈے کی مانند ۔ انڈے کی طرح گول ۔ لمبوترا (۲) آفتابی دائرہ ⁂

بیضہ (بَے ۔ ضَہ) (ع) مذکر (۱) انڈا (۲) فوطہ ۔ خصیہ ⁂
بیضۂ نوروز ۔ نوروز یعنی ماہ فروردین کی پہلی اور مارچ کی بائیسویں تاریخ ۔ پارسی اس روز بڑا جشن مناتے اور لڑکے بازی لگا کر انڈے لڑاتے ہیں ⁂

بیطار (بَے ۔ طَار) (ع) مذکر ۔ گھوڑوں اور چوپایوں کا معالج ۔ سالوتری ۔ ویٹرنری ڈاکٹر ⁂

بَیع (بَیْع) (ع) مؤنث ۔ بِکری ۔ فروخت ۔ بیچنا ⁂

بیع استطاعی - مؤنث - افلاس - بے مقدوری ۔ بیع بات (بیع بالوفا) مؤنث - رہن کا وہ معاملہ جس میں مقررہ میعاد پر روپیہ ادا نہ ہونے سے مال مرہونہ فروخت ہو جاتا ہے ۔ بیع بالمرابحہ - مؤنث بامنافع بکری ۔ بیع وار - خریداری کے ذریعے سے مالک ۔

بیع سلطانی - مؤنث - جو بیع بادشاہ کے حکم سے ہو ۔ بیع شرطی مؤنث وہ بکری جو کسی شرط کی تکمیل پر منحصر ہو - کچی بکری ۔

بیع قطعی - مؤنث - کامل فروخت - مکمل بیع - پکی بکری ۔

بیع ناقص - مؤنث - وہ بیع جو پوری نہ ہو اور جس کے قبضے کا فیصلہ ملتوی رہے ۔ بیع نامہ - مذکر - بیع کا قبالہ - کسی شے کی فروخت کی دستاویز ۔

بیع نمائشی - مؤنث - دکھاوے کی اور فرضی بیع ۔ بیع وشرا - مؤنث - خرید و فروخت - مول لینا اور بیچنا ۔ بیعانہ - مذکر - سائی - رقم کا وہ حصہ جو چیز کی ساری قیمت میں سے فروخت کرنے والے کو پیشگی دیا جائے ۔

بیعت (بئے - عَت) (ع) مؤنث (۱) اطاعت کا عہد (۲) مرید ہونا ۔

بیعت کرنا (ف) مرید بننا ۔ بیعت لینا - اطاعت اور فرماں برداری کا عہد و پیمان لینا ۔ بیعت مانگنا - اطاعت اور فرماں برداری کا طالب گار ہونا ۔

بیکا (بِی - کا) (ہ) ٹیڑھا - ترچھا ۔

بیکر (بے - کَر) (انگ) Baker مذکر (۱) نانبائی - روٹی پکانے والا (۲) بسکٹ اور ڈبل روٹی بنانے والا ۔ بیکری (انگ) Bakery مؤنث - وہ مکان جہاں بسکٹ، ڈبل روٹی وغیرہ بنائی یا بیچی جاتی ہے ۔

بیک کرشمہ دو کار - یا - بیک تیر دو فاختہ (ف) مثل - ایک تدبیر سے دو کام پورے ہونا ۔

بیکنٹھ (بے - کُنٹھ) (س) مذکر - بہشت - فردوس - خلد - جنت - سُرگ ۔ بیکنٹھ باشی - سُرگ میں رہنے والا - مغفور - مرحوم - جنت آشیاں ۔

بیگ (بیگ) (ت) مذکر - صاحب ۔ بیگنی - مؤنث - بیگ کی بیوی ۔

بیگ (بَیگ) (انگ) Bag مذکر (۱) چمڑے کا تھیلا (۲) تھیلا - بوری ۔

بیگار (بے - گار) (ف) مؤنث (۱) وہ کام جو زبردستی مزدوری کے بغیر کیا جائے (۲) بے دلی کا کام ۔

بیگار ٹالنا - بے توجہی سے کوئی کام کرنا - دفع الوقتی کرنا ۔

بیگار کے لیے پکڑا جانا - اجرت کے بغیر کام کرنے کے لیے کسی کا مجبور کیا جانا ۔

بیگار کا کام - مذکر - مفت کا کام - بے دلی کا کام ۔

بیگاری - مذکر (۱) بیگار میں کام کرنے والا (۲) بے دلی اور بے توجہی سے کام کرنے والا ۔

بیگم (بے - گم) (ت) (اردو میں بہ فتح گاف زبانوں پر ہے ۔) مؤنث (۱) خاتون - ملکہ - امیر کی بیوی - امیرزادی - خانم - لیڈی (۲) بھوپال کی ملکہ کا خطاب (۳) کوئی عزت دار عورت ۔ بیگما - بیگم کی تصغیر - کم عمر بیگم ۔

بیگمات (ع) مؤنث - بیگم کی جمع ۔ بیگمی (۱) بیگم سے متعلق (۲) مذکر - ایک قسم کے نہایت اعلیٰ چاول (۳) ایک قسم کا سفید نفیس پان (۴) کم نمک والا دوسرے درجے کا پنیر ۔

بیگن - دیکھیے "بینگن" ۔

بیگھہ (بِی - گھَہ) (ہ) مذکر - بیس بسوہ - ایک سو بیس مربع فٹ زمین ۔

بیل (بَیل) (ہ) مذکر (۱) گائے کا نر - نرگاؤ (۲) احمق - بے وقوف - گاؤدی ۔

بیل نہ کودا کودی گون، یہ تماشا دیکھے کون (ہ) مثل - بالعموم اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی خلاف امید کام کرے یا دخل در معقولات دے یا جس کا بولنے کا موقع ہو، وہ نہ بولے اور جس کا موقع نہ ہو، وہ بول اٹھے یا جسے شکایت کرنی چاہیے، وہ چپ رہے اور جس کے متعلق شکایت کرنی ہو وہ الٹی خود شکایت کرنے لگے ۔

بیل (بیل) (ہ) مؤنث (۱) وہ پودا جس کی شاخیں زمین تک پھیلتی یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں (۲) وہ گل بوٹے جو کپڑوں پر کاڑھے یا کاغذ، پتھر اور دوسری چیزوں پر بنائے جاتے ہیں (۳) ایک قسم کا کم عرض کا فیتا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بُنا اور اطلس، زربفت، کمخواب وغیرہ کی قباؤں، لبادوں کے گرداگرد اور ٹوپی پر لگایا جاتا ہے (۴) صدقہ - نچھاور - تصدق - نثار (۵) وہ روپیہ جو شادی وغیرہ کی تقریب پر گانے بجانے والوں کو دیا جاتا ہے (۶) نسل - آل و عیال (۷) مذکر - کشتی چلانے کا بانس - چپو (۸) ایک درخت کا پھل (۹) بیلدار (۱۰) (صفت) بیل لگی ہوئی چیز ۔

بیل بتا - مذکر - دیکھیے بیل نمبر ۴، ۵ ۔

بیل بڑھنا (۱) کنبہ بڑھنا - بال بچے زیادہ ہونا (۲) قدر بڑھنا (۳) ترقی ہونا (۴) پودے وغیرہ کی بیل کا پھیلنا ۔

بیل بوٹا - مذکر - پھولوں اور درختوں کی تصویریں - نقش و نگار ۔

بیل پڑنا - گانے بجانے والوں کو نچھاور کا روپیہ یا انعام ملنا ۔ بیل منڈھے چڑھنا (۱) شادی کا وقت آنا (۲) (کنایۃً) کسی کام کا درست ہونا - کامیاب ہونا - مراد کو پہنچنا ۔

بیل (بیل) (ف) مذکر - زمین کھودنے کا ایک آہنی اوزار - کدال - پھاوڑا ۔

بیلچہ - مذکر - پھاوڑے کی قسم کا اوزار ۔ بیلدار (۱) مذکر - پھاوڑے سے زمین کھودنے والا (۲) وہ شخص جو زمین کھودنے کا پیشہ کرے ۔

بیلا (بِی - لا) (ہ) (صفت) مذکر - ناآزمودہ کار - ناتجربہ کار ۔

بیلا (بے - لا) (ہ) مذکر (۱) بڑا کٹورا (۲) وہ نقدی جو کسی خوشی کی تقریب پر بطور خیرات تقسیم کی جائے - خیرات - تصدق - داد و دہش (۳) سارنگی جیسا ایک باجا (۴) ایک قسم کا خوشبودار پھول اور اس کا پودا (۵) دریا کے کنارے کا جنگل ۔

بیلک (بے - لک) (ف) مؤنث - تیر کی انی ۔

بیلن (بے - لن) (ہ) مذکر (۱) روٹی، پوری وغیرہ بڑھانے والا لکڑی کا گول اوزار

(۲) لوہے یا پتھر کا ڈھول جیسا اوزار جس سے چونا پیسا جاتا اور سڑک ہموار کی جاتی ہے (۳) ایک پرزہ جو بعض باجوں میں لگا ہوتا اور چکر کھاتا رہتا ہے ٭

بیلنا (۱) روٹی یا پوری وغیرہ کو بیلن سے بڑھانا (۲) مذکر ۔ بڑا بیلن ۔ گنّے کا رس نکالنے کا کولھو (۳) روئی سے بنولے نکالنے کا آلہ ٭

بیلنی ۔ مؤنث (۱) چھوٹا بیلن (۲) بلّی ۔ چٹخنی (۳) درخت یا درخت کی شاخ ٭

بیلنس (بیَ ۔ لَنْس) (انگ Balance مذکر (۱) ترازو (۲) بقایا ۔ باقی ٭

بیلون (بیَ ۔ لُوْن) (انگ Baloon مذکر ۔ غبارہ ۔ ربڑ کا تھیلا جس میں ہلکی ہوا بھر کر ہوا میں اُڑاتے ہیں ٭

بیلی (بِیْ ۔ لِیْ) (ہ) (۱) محافظ ۔ نگہبان (۲) ساتھی ۔ مددگار ٭

بیم (بِیْم) (ف) مذکر ۔ خوف ۔ ڈر ۔ اندیشہ ۔ خطر ٭ **بیم ناک** (صفت) ڈرپوک ٭

بیمات (بیَ ۔ مَاْت) (ہ) مؤنث ۔ سوتیلی ماں ٭ **بیمات بھائی ۔ بیماتر** مذکر ۔ سوتیلے بھائی جن کا باپ ایک اور مائیں الگ ہوں ۔ برادر علاتی ٭

بیمار (بِیْ ۔ مَاْر) (ف) (۱) مریض ۔ روگی ۔ خستہ ۔ دُکھی (۲) (کنایۃً) عاشق ٭

بیمار پڑنا (۱) علیل ہوجانا ٭ **بیمار پُرسی** (ف) مؤنث ۔ بیمار کا حال پوچھنا عیادت ٭

بیمار خانہ ۔ مذکر ۔ بیماروں کے رہنے کا گھر ۔ شفاخانہ ۔ ہسپتال ٭

بیمار داری ۔ مؤنث ۔ بیمار کی خبرگیری یا خدمت کی ذمّہ داری ۔ تیمارداری ٭

بیماری ۔ مؤنث (۱) مرض ۔ روگ ۔ دُکھ ۔ ماندگی ۔ علالت (۲) علّت، عادت، لت ٭

بیماری سے اٹھنا (عو) بیماری سے صحت پانا ٭

بیمہ (بِیْ ۔ مَہْ) (ف) مذکر (۱) ضمانت ۔ ٹھیکہ (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ مال پہنچانے کی ذمّہ داری (۳) مال کی قیمت یا مرجانے پر مقررہ رقم بھر دینے کی ذمّہ داری ۔ انشورنس (کرانا ، کرنا کے ساتھ) ٭

بیمۂ زندگی ۔ مذکر ۔ وہ ٹھیکہ یا اقرار جو آدمی کی عمر کے لحاظ سے بیمہ کرنے والی کمپنی کرتی ہے ۔ اس کے رُو سے وہ اس بات کا ذمّہ لیتی ہے کہ اگر بیمہ کرانے والا ایک مقررہ مدّت تک ایک معیّنہ رقم ماہانہ، ششماہی یا سالانہ ادا کرتا رہے گا تو مقررہ میعاد کے خاتمے یا موت پر موعودہ رقم ادا کرے گی ٭

بَیْن (بَیْن) (ع) (۱) درمیان ۔ بیچ (۲) فرق ۔ فاصلہ ٭

بین السطور ۔ مذکر ۔ سطروں کا درمیانی فاصلہ ٭ **بَین بَین** (۱) بیچ کا ۔ درمیانی ۔ متوسّط ۔ بیچوں بیچ (۲) ملا جلا ٭

بَیْن (بَیْن) (ہ) مذکر (۱) مُردے کی خوبیاں بیان کرکے رونا رُلانا ۔ نوحہ (۲) کیفیت، بیان ٭

بِیْن (بِیْن) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا باجا جس کے دونوں طرف تونبے اور سات تار ہوتے ہیں (۲) وہ باجا جو سپیرے بجاتے ہیں (۳) بِگُل ۔ یا مُپ ۔ مُشکی باجا ٭

بَیِّن (بَیْ ۔ یِنْ) (ع) آشکارا ۔ ظاہر ۔ صاف ٭ **بیّنات** (۱) مذکر و مؤنث بیّنہ کی جمع ۔ روشن دلیلیں (۲) سچّے گواہ (۳) ایک قسم کا حساب ابجد جس میں ہر حرف کے عدد اس کے تلفظ کے اعتبار سے لیے جاتے ہیں ۔ یعنی حرف کے تلفّظ کا لحاظ کرکے اس کے پہلے حرف کے عدد چھوڑ کر باقی حرف یا حرفوں کے عدد لے لیتے ہیں ۔ یعنی الف کے اعداد میں صرف لَ اور فَ کے عدد ایک سو دس لیتے ہیں ٭

بیّنہ ۔ مؤنث ۔ بیّنات کا واحد (۱) دلیلِ روشن (۲) گواہِ صادق ٭

بَینا (بَیْ ۔ نَا) (ہ) مذکر (عو) مٹھائی یا کھانے پینے کی چیز کا حصّہ جو تقریبوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ٭

بِینا (بِیْ ۔ نَا) (ہ) (ہندو) مذکر ۔ ایک قسم کا جھومر ٭

بِینا (بِیْ ۔ نَا) (ف) (۱) دیکھنے والا (۲) (کنایۃً) نابینا ۔ آنکھوں سے معذور (۳) صاحبِ بصیرت ۔ ہوشیار ۔ عقل مند ۔ دانا ٭

بینا دل ۔ وہ شخص جس کا دل باطنی نور سے روشن ہو ٭ **بینائی** ۔ مؤنث (۱) آنکھ کی روشنی (۲) عقل مندی ۔ دانائی ٭

بینٹ (بِیْنْٹ) (ہ) مذکر ۔ دستہ ۔ کلھاڑی وغیرہ میں لگی ہوئی لکڑی ٭

بینجنی (بَیْں ۔ جَنِی) (ہ) اُودا ۔ سُرخی مائل سیاہ ۔ بینگن کے رنگ کا ٭

بینچ ۔ دیکھیے "بنچ" ٭

بیندھ (بِیْنْدھ) (ہ) بیندھنا کا امر ٭

بیندھا ۔ بیندھنا سے ماضی مطلق ٭

بیندھنا (۱) سوراخ کرنا ۔ چھید کرنا ۔ چھیدنا ۔ برمانا (۲) موتی میں سوراخ کرنا (۳) نتھی کرنا ۔ پرونا (۴) (مجازاً) طعنے دینا ۔ کچوکے دینا ٭

بیندھنا (بِیْنْدھ ۔ نَا) (ہ) گوندھنا ۔ مینڈھیاں بنانا ۔ موباف کرنا ٭

بینڈ (بَیْنْڈ) (انگ Band مذکر (۱) انگریزی باجا (۲) انگریزی باجے والوں کا گروہ (۳) مؤنث ۔ پٹّی ۔ بند (۴) مذکر ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ جتھا ٭

بینڈ (بِیْنْڈ) (ہ) مؤنث ۔ سرکنڈوں یا نرسلوں کا مٹھا ٭

بینڈا (بَیْں ۔ ڈَا) (ہ) (۱) آڑا ۔ ٹیڑھا (۲) بے ڈھب ۔ سخت مشکل (۳) مذکر (مجازاً) وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے ترچھی لگائی جاتی ہے (۴) اکھڑ، اجڈ، ناشائستہ (۵) برسات میں درختوں پر ٹیں ٹیں کرنے والا کیڑا ٭

بَینڈی ۔ صفتِ مؤنث ٭

بینڈی سنانا ۔ سخت جواب دینا ٭

بینڈی کھوپری (مجازاً) جاہل اور کم فہم شخص ۔ اکھڑ مزاج آدمی ٭

بینڈی چال ۔ مؤنث ۔ ٹیڑھی چال ۔ بُری وضع ٭

بینڈا (بِیْں ۔ ڈَا) (ہ) مذکر (۱) کاغذ کا مٹھا (۲) گھاس پھوس سے بنا ہوا رسا ٭

بینڈی (بِیْں ۔ ڈِی) (س) مؤنث ۔ سر کے پیچھے لپٹا ہوا بالوں کا جوڑا ٭

بینڈی (بِین۔ ڈِی) (س) دیکھیے بڑی فبرے ۔

بینڈیا (بِیں۔ ڈِیا) (ہ) مذکر۔ تیسرا یا پانچواں بیل جو جوت کے آگے سہارا دینے کی غرض سے جوتا جاتا ہے ۔

بینش (بِی۔ نِش) (ف) مؤنث (۱) دید۔ بینائی۔ دیکھنا۔ نظر (۲) دانائی ۔

بینکر (بَین۔ کَر) (انگ Banker) مذکر۔ صرّاف۔ مہاجن۔ روپے کا لین دین کرنے والا ۔

بینگن (بَیں۔ گَن) (ہ) مذکر۔ اُودے رنگ کی ایک مشہور ترکاری۔ بادنجان ۔

بیننا (بِین۔ نا) (ہ) (۱) چُننا۔ انتخاب کرنا (۲) خوشہ چینی کرنا۔ جمع کرنا، اکٹھا کرنا، علٰحدہ کرنا، چھانٹنا ۔

بینندہ (بِی۔ نن۔ دَہ) (ف) (۱) بینا۔ دیکھنے والا (۲) دانش مند، صاحبِ شعور، صاحبِ وقوف۔ دانا ۔

بیں ہتھا (بَیں۔ ہَتھ۔ تھا) (ہ) مذکر۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا (پ) کھبا ۔

بینی (بِی۔ نِی) (ف) مؤنث (۱) ناک (۲) (ہ) مؤنث۔ وہ لمبی لکڑی جو کواڑ میں اس غرض سے لگائی جاتی ہے کہ بند کرتے وقت بیچ میں جھری نہ رہے (۳) مؤنث۔ کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو آگے کو بڑھا ہوا ہوتا ہے اور کتاب بند کرنے پر اوپر آجاتا ہے ۔

بیوپار (بیو۔ پار) (ہ) مذکر۔ تجارت۔ سوداگری۔ لین دین۔ بنج ۔

بیوپاری ۔ مذکر (۱) سوداگر۔ بنجارا۔ تاجر (۲) بیوپار سے متعلق۔ تجارتی ۔

بیوت (بُیُوت) (ع) بیت (گھر) کی جمع ۔[بَیت (شعر) کی جمع کے لیے بہت کم مستعمل ہے] مذکر۔ مکانات۔ گھر ۔

بیوتات ۔ مذکر۔ بیت کی جمع الجمع (۱) (لغوی) بہت سے گھر (۲) (اصطلاحی) شاہی محل (۳) گھر کا خرچ ۔

بیورا (بیو۔ را) (ہ) مذکر (۱) (ہندو) بات۔ پیغام۔ خبر (۲) حال احوال (۳) مژدہ۔ بشارت۔ خوشخبری (۴) نشان۔ پتا۔ بھید (۵) وضاحت، تشریح، تفصیل (۶) چٹھا۔ روزنامچہ (۷) فرق۔ اختلاف ۔

بیوراکرنا ۔ خبر دینا۔ اطلاع دینا ۔

بیورے وار ۔ مفصل۔ بالتفصیل۔ واضح ۔

بیوستھا (بیوس۔ تھا) (س) مذکر۔ فتوٰی۔ مذہبی حکم۔ شاستر کے مطابق فیصلہ ۔

بیوگ (بیوگ) (س) مذکر۔ فراق۔ مہجوری۔ ہجر۔ مفارقت۔ فرقت۔ جدائی ۔

بیوگی (بے۔ وَگی) (ف) مؤنث۔ رنڈاپا۔ بیوہ ہوجانا ۔

بیونت (بیو۔ نت) (ہ) مؤنث (۱) تراش۔ کاٹ۔ قطع و برید (۲) تقسیم، حساب، پرت (۳) ڈھب۔ موقع (۴) ماپ۔ اندازہ (۵) کفایت شعاری کا قاعدہ۔ جُزرسی کا طریق ۔

بیونت پھیلنا۔ یا۔ کھانا ۔ حساب ٹھیک بیٹھ جانا ۔ **بیونتنا** ۔ کپڑے کی قطع و برید کرنا۔ قطع کرنا۔ کاٹنا۔ تراشنا ۔

بیوہ (بے۔ وَہ) (ف) مؤنث۔ رانڈ۔ بدھوا۔ وہ عورت جس کا شوہر مر گیا ہو۔

بیوہار (بیو۔ ہار) (س) مذکر (۱) بیوپار۔ سوداگری۔ لین دین۔ تجارت۔ بنج (۲) پیشہ۔ کام کاج (۳) ڈھنگ۔ طریقہ۔ دستور۔ قاعدہ (۴) نامہ و پیام، خط کتابت (۵) نسبت۔ بیاہ شادی۔ مناکحت ۔

بیوہار کی بات ۔ مؤنث (۱) لین دین کی بات۔ معاملے کی بات (۲) قاعدے کی بات۔ اصول کی بات (۳) مناسب اور ٹھیک بات ۔

بیوہرا (بیوہ۔ را) (س) مذکر۔ مہاجن ۔

بیوی (بی۔ وِی) دیکھیے "بی بی" ۔ **بیوی بیوی عید آئی، چل دُور، تجھے اپنی دال ٹکیا سے کام** (و) مثل۔ دنیا کی عیش و عشرت سے غریبوں کو کیا واسطہ۔ **بیوی جی بیوی جی چاول گل گئے، دُر کُتیا مُردار وے دن ٹل گئے** ۔ (و) (عو) مثل۔ اس عورت کے متعلق کہتی ہیں جو فارغ البالی ملنے پر اپنا پہلا غریبی کا وقت بھول جائے ۔

بیوی کا دانہ (۔یا۔ کونڈا)، بیوی کی صحنک (۔یا۔ نیاز) (و) دیکھیے "بی بی کا ......" ۔

بیوی کا دانہ کھانے والا (عو) (۱) زن مرید۔ سسرال کے ٹکڑوں پر پڑا رہنے والا (۲) جورو کی کمائی کھانے والا ۔ **بیوی کا غلام** ۔ مذکر۔ عورت کے اشاروں پر چلنے والا۔ زن مرید۔ عورت کا محکوم ۔

بیوی نیک بخت، دمڑی کی دال تین وقت ۔ مثل۔ نیک عورت کفایت شعار ہوتی ہے ۔

بیوی وارے باندی کھائے گھر کی بلا باہر نہ جائے ۔ مثل۔ دیکھیے "بی بی وارے ......" ۔

بیہہ (بیہ) (س) مذکر۔ سوراخ۔ کان یا ناک کا سوراخ ۔

بیہڑ (بی۔ ہڑ + بے۔ ہڑ) (ہ) مذکر (لکھنؤ) (۱) اونچی نیچی ناہموار زمین (۲) چراگاہ۔ جنگل۔ بن۔ بیلا ۔

پ

پ (پے) (ف) مؤنث (۱) اردو اور فارسی کا تیسرا اور ہندی کا اکیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے دو عدد شمار کیے جاتے ہیں ۔

پ - ا

پا (پا) (ہ) پانا کا امر ۔ **پاجانا** (۱) حاصل کر لینا (۲) وصول کر لینا (۳) سمجھ لینا (۴) (سزا) بھگتنا ۔ **پالینا ۔ پانا** (۱) حاصل کر لینا ۔ پکڑنا ۔ قبضے میں کرنا ۔ لینا (۲) اگاہنا ۔ تحصیل کرنا ۔ وصول کرنا (۳) کھوئی ہوئی چیز کا ملنا (۴) پہچاننا ۔ جاننا ۔ معلوم کرنا ۔ تاڑنا ۔ بھانپنا (۵) سراغ لگانا ۔ کھوج لگانا ۔ پتا لگانا (۶) دکھ ، بھگتنا ۔ سہنا ۔ برداشت کرنا ۔ اٹھانا ۔ بھرنا ۔ بھوگنا (۷) (پڑا) کوئی پڑی ہوئی شے ملنا (۸) (مصدر کے ساتھ) اجازت دینا ۔ سکنا جیسے بھاگنے پانا ۔ بولنے پانا (۹) (ہندو) کھانا ۔ نوش کرنا ۔ بھوجن کرنا ۔

پائی چیز پرائی چیز (و) مثل (۱) پائی ہوئی چیز پانے والے کی ہو گئی ، مالک کی نہ رہی (۲) پائی چیز دوسرے کی ہے ۔ پانے والے کی نہیں ۔

پا (پا) (ف) مذکر (۱) پاؤں ۔ پیر (۲) قدم (۳) تحت ۔ زیریں ۔ نیچے (۴) درخت کی جڑ ۔ بنیاد ۔ بیخ (۵) پائیدن کا امر ۔ مرکبات میں مستعمل ہے ، جیسے دیرپا ۔ **پا افتادگاں** (مذکر) پا افتادہ کی جمع ۔ بے سہارا لوگ ۔

پا افتادہ ۔ بے کس ۔ بے سہارا ۔ **پا افراز** ۔ مؤنث ۔ جوتی ۔ کفش ۔ پاپوش ۔ **پا افشار** ۔ مؤنث ۔ کھڑاؤں ۔ لکڑی کی جوتی ۔ **پا انداز** ۔ مذکر (۱) دہلیز کے آگے بچھایا ہوا ٹاٹ وغیرہ کا فرش جس پر جوتا مل کر صاف کرتے ہیں (۲) وہ کپڑے یا قالین وغیرہ جو بڑے آدمیوں کے آنے پر ان کے راستے میں بچھائے جاتے ہیں ۔

پابجولان (۱) جس کے بیڑیاں پڑی ہوں (۲) گرفتار ۔ محبوس ۔ مقید (۳) بے بس ۔ محتاج ۔ معذور ۔ مجبور (۴) خدمت گار ۔ غلام ۔ نوکر ۔ ملازم (۵) بیاہا ہوا ۔ **پا بدستِ دگرے دست بدستِ دگرے** ۔ (۱) (لغوی) پاؤں ایک کے ہاتھ میں ، ہاتھ دوسرے کے ہاتھ میں (۲) (اصطلاحی) جبر سے ۔ کشاں کشاں ۔ **پا برکاب** ۔ چلنے کو تیار ۔ روانگی کے لیے آمادہ ۔ **پا برہنہ** ۔ ننگے پاؤں ۔ **پابزنجیر** ۔ دیکھیے "پابجولاں" ۔ **پا بگل** (۱) گرفتار ۔ مقید ۔ قیدی (۲) بے بس ۔ ہلنے جلنے کے ناقابل (۳) متحیر ۔ حیران ۔

پابند (۱) خوگر ۔ عادی (۲) مطیع ۔ ماتحت ۔ محکوم ۔ فرماں بردار ۔ ملازم ۔ نوکر (۳) گرفتار ۔ بندھا ہوا ۔ مقید ۔ قیدی (۴) مضبوط ، مستقل ، ٹھہرا ہوا ، قائم (۵) زنجیر ۔ بیڑی ۔ سلاسل (۶) رسی (۷) گھوڑے کے پچھلے پاؤں کی رسی ۔ پچھاڑی (۸) جال ۔ (رہنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

پابندِ شریعت ۔ شرع کے احکام پر چلنے والا (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

پابند کرنا (و) (۱) مقید کرنا ۔ گرفتار کرنا (۲) مجبور کر دینا (۳) کسی بات سے روک دینا (۴) شادی کر دینا (۵) نوکر رکھنا ۔

پابندی (ف) مؤنث (۱) بندش ۔ روک تھام ۔ ممانعت (۲) فرماں برداری ، اطاعت ، غلامی ، متابعت ، نوکری ، ملازمت (۳) گرفتاری ۔ قید (۴) قیام ۔ استقلال ۔ استحکام (۵) جولان ۔ بیڑی (۶) دھیان ۔ خیال ۔ لحاظ (۷) خو ۔ عادت (رہنا ، کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

پابندی ایک کی بھلی (و) مثل ۔ اطاعت ایک ہی شخص کی بخوبی ہو سکتی ہے ۔ **پابوس** (ف) (۱) مذکر ۔ قدم چومنا ۔ قدم بوسی (۲) (صفت) پاؤں چومنے والا ۔ پاؤں پڑنے والا ۔ قدموں پر گرنے والا (۳) تسلیم کرنے والا ۔ جھکنے والا (۴) خوشامدی (ہونا کے ساتھ) ۔

پابوسی ۔ مؤنث (۱) پاؤں چومنا ۔ پاؤں چھونا ۔ قدم لینا (۲) تعظیم ، تواضع ، تسلیم کرنا ، جھکنا (۳) بڑوں کی ملاقات ۔ **پاپوش** ۔ مؤنث (۱) جوتا ۔ کفش (۲) (تحقیراً) بلا ۔ بیزار ۔

پاپوش پر مارنا (و) ٹھکرانا ۔ پروا نہ کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ **پاپوش جانے** ۔ پتا نہیں ۔ کچھ خبر نہیں ۔ **پاپوش (کی نوک) سے** ۔ جوتی سے ۔ کچھ پروا نہیں ۔ **پاپوش کی نوک پر مارنا** ۔ دیکھیے "پاپوش پر مارنا" ۔

پاپوش کے برابر نہ سمجھنا (عو) (۱) حقیر اور ذلیل سمجھنا ۔ ذرا خاطر میں نہ لانا ۔

پا پیادہ (ف) سواری کے بغیر ۔ پیدل ۔ **پاتابہ** ۔ مذکر (۱) جراب ۔ موزہ (۲) پاؤں کے نیچے جوتے کے اندر ڈالنے کا چمڑا ۔ تلا (۳) کپڑے کا جوتا جو موزے کے اوپر پہنا جاتا ہے ۔

پاتراب ۔ مذکر (۱) جگہ تبدیل کرنا ۔ مقام بدلنا (۲) شگون سفر کے لیے گھر سے نکلنا ۔

پاجامہ ۔ مذکر (۱) ازار ۔ شلوار ۔ تہ بند ۔ زیر جامہ شرعی (۲) نالائق ۔ احمق ۔

پاجامے (و) (۱) پاجامہ کی جمع (۲) بجائے پاجامہ حروف مغیرہ سے پہلے ۔

پاجامے سے باہر ہو جانا ۔ نکل پڑنا (سخت ناراض ہونا ۔ غصے کی شدت سے آپے میں نہ رہنا ۔ **پاجامے میں ڈال کر پہن لینا** ۔ ادب لحاظ نہ کرنا ۔ بے باک ہونا ۔ گستاخ ہونا ۔ بد لحاظ ہونا ۔

پاخانہ (ف) مذکر (۱) بیت الخلا ۔ جائے ضرور ۔ ٹٹی ۔ رفع حاجت کی جگہ (۲)

انسان کا فضلہ - براز - گندگی - چرکین - گوہ ۔ پاخانہ پھرنا - ہگنا ۔
پاخانے میں ٹوٹا نہ رکھواؤں (عو) ذلیل خیال کرتی ہوں - حقیر سمجھتی ہوں ۔
پادر رکاب (ف) دیکھیے "پا بہ رکاب" ۔ پادر گل - دیکھیے "پا بگل" ۔
پادر ہوا - بے بنیاد ۔ پازیب - مؤنث - عورتوں کے پاؤں کا ایک زیور - خلخال ۔ پا شکستہ (۱) چلنے پھرنے سے معذور (۲) غریب، مفلس، بیکس ۔ پاشویہ - مذکر - بیمار کے پاؤں اور ٹانگوں کو گرم پانی وغیرہ سے دھونا ۔
پاکوب (۱) (لغوی) پاؤں مارنے والا (۲) (اصطلاحی) ناچنے والا - رقاص ۔
پاکوبی - مؤنث (۱) پاؤں دے دے مارنا (۲) ناچ - رقص ۔ پالغز - مؤنث (۱) پاؤں کی لغزش - پھسلن - رپٹن (۲) گناہ - خطا - غلطی ۔
پامال - پاؤں سے روندا ہوا - تباہ - برباد - خراب - خستہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ پامال زمین - مؤنث - وہ ردیف اور قافیے جن میں بہت زیادہ غزلیں وغیرہ لکھی گئی ہوں ۔ پامالی - مؤنث (۱) پاؤں سے روندنا (۲) بربادی، تباہی ۔
پامرد - ثابت قدم - مستقل مزاج ۔ پامردی - مؤنث (۱) استقلال، بہادری (۲) ہمت - طاقت - زور (۳) استحکام - مضبوطی ۔
پاموز (۱) ایک قسم کا کبوتر جس کے پنجوں پر پر ہوتے ہیں (۲) پنجوں پر پر رکھنے والی مرغی ۔ پایاب (۱) کم گہرا (پانی) جس میں سے آدمی بہ آسانی پیدل گزر سکے (۲) پانی میں پیادہ چلے جانے کا راستہ (۳) گھاٹ (اترنا، ہونا کے ساتھ) ۔
پایابی - مؤنث - گزرنے کے قابل ہونا ۔
پاپ (پاپ) (ہ) مذکر (۱) گناہ - خطا - جرم - قصور - دوش - اپرادھ (۲) آفت - مصیبت - عذاب - دکھ (۳) بدی - برائی - عیب - نقص - خرابی - کھوٹ (۴) سختی - جبر - ظلم (۵) اغلام - زنا - بدچلنی - بدمعاشی ۔
پاپ ابھرے پر ابھرے - برا کام چھپا نہیں رہتا ۔
پاپ روپ - مذکر (۱) بدصورت - بدشکل (۲) بے رحم - جابر - ظالم (۳) گنہگار - پاپی ۔ پاپ روگ - مذکر - وہ بیماری جو پاپ یا گناہ سے پیدا ہو جیسے آتشک، سوزاک وغیرہ ۔
پاپ کاٹنا (۱) جھگڑا چکانا - لڑائی بند کرنا - قضیہ طے کرنا (۲) چھڑانا - الگ کرنا - واسطہ چھوڑنا (۳) نجات دینا (۴) قرض ادا کرنا (۵) خطا بخشنا - قصور معاف کرنا - گناہ دور کرنا ۔
پاپ کرنا (۱) بے جا حرکت کرنا - گناہ کرنا (۲) زنا کرنا ۔
پاپ کمانا (۱) برا کام کرنا - جرم کرنا - گناہ کرنا (۲) گناہ کر کے خوش ہونا (۳) مصیبت لانا ۔ پاپن (پا - پن) مؤنث (۱) گنہگار عورت - مجرم - خطاکار (۲) ظالمہ ۔
پاپی - مذکر (۱) پاپ کرنے والا - مجرم - قصوروار - گنہگار - گناہ کرنے والا (۲) ظالم - خدا سے نہ ڈرنے والا (۳) بدچلن - بدراہ - بدکار (۴) کٹر - کٹھور - سنگدل، بے رحم (۵) بخیل - کنجوس - ممسک ۔
پاپی کنواں - مذکر - وہ کنواں جس میں ہر سال کوئی نہ کوئی ڈوبتا ہو ۔
پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے - مثل - گنہگار کو شدید سزا ملتی ہے - گنہگار کو

اس کے عروج کے وقت گناہ کی سزا ملتی ہے ۔
پاپا (پا - پا) (انگ - Papa) مذکر (۱) باپ - ابا - بابا - باوا - پدر - والد (۲) پوپ - رومن کیتھولک فرقے کے عیسائیوں کا پیشوا جو روم میں رہتا ہے ۔
پاپاخ (پا - پاخ) (ت) مؤنث - وہ لمبی ٹوپی جو سیاہ دنبے کی کھال سے بنائی جاتی ہے ۔
پاپڑ (پا - پڑ) (ہ) مذکر (۱) اُرد، مونگ، چنے وغیرہ کے میدے کی ہلکی، باریک اور نہایت پتلی چپاتی جو تیل یا گھی میں پکائی جاتی ہے - پاپڑی (۲) نہایت خشک (۳) بے حد کمزور ۔
پاپڑ بیلنا - یا - پیٹنا (۱) پاپڑ بنانا (۲) مصیبت برداشت کرنا - دکھ بھوگنا (۳) تنگی اور مفلسی میں بسر اوقات کرنا (۴) غم والم اور رنج و مصیبت میں عمر کاٹنا ۔
پاپڑا (پا - پڑا) (ہ) مذکر (۱) ایک پودا (۲) ایک قسم کا کیلے کا درخت (۳) ڈھاک کا بیج ۔
پات (پات) (ہ) مذکر (۱) پتا - برگ (۲) ساگ (۳) ورق (۴) کان کا ایک زیور (۵) بندی - ٹیکہ (۶) دھات کا پتلا پرت ۔
پات تیرتے ہیں، پتھر ڈوبتے ہیں - مثل - غریب اور معمولی آدمی مزے اڑاتے ہیں - معزز اور امیر لوگ تکلیف اٹھاتے ہیں ۔
پات گھابڑا (دہلی) بزدل - ڈرپوک ۔
پاتاکیری (پا - تا - کے - ری) (ہند) - (انگ - اپوتھیکری) مذکر - عطار - دوا فروش - دواساز ۔
پاتال (پا - تال) (ہ) مؤنث - زمین کا سب سے نچلا طبقہ، تحت الثریٰ، اسفل السافلین، دوزخ، نرک ۔
پاتر (پا - تر) (س) مؤنث (۱) رنڈی - بیسوا - کسبی - قحبہ - زانیہ - چھنال - فاحشہ (۲) ناچنے والی - رقاصہ - طوائف (۳) چھریرا - نازک - دبلا پتلا - منحنی (۴) ناتواں - کمزور ۔
پاترتا - مؤنث - پاک دامن اور باعصمت عورت - عفیفہ ۔
پاترتا کو گزی نہیں، بیسوا اوڑھے خاصا - مثل - نیک دکھی رہتے ہیں، بد عیش کرتے ہیں ۔
پاتک (پا - تک) (س) مذکر (۱) پاپ - قصور - جرم - گناہ (۲) نجاست - گندہ پن - آلودگی - ناپاکی (۳) کسی شخص کے انتقال سے گھر والوں کا ناپاک ہو جانا ۔
پاتن (پا - تن) (س) مؤنث (۱) جوتی - پاپوش (۲) پت جھڑ - خزاں (۳) زوال ۔
پاتھر (پا - تھر) (ہ) مذکر - پتھر - سنگ - حجر ۔
پاتھنا (پاتھ - نا) (ہ) (۱) تھاپنا - تھوپنا - بنانا - ڈھالنا (۲) اُپلے تھاپنا (۳) سانچے میں اینٹیں ڈھالنا ۔
پاتی (پا - تی) (س) مؤنث (۱) رقعہ - خط - چٹھی (۲) تحریر (۳) اطلاع خبر - پیغام - سندیسا (۴) نشان - کھوج - پتا ۔

پاٹ (پاٹ) (ہ) مذکر (۱) چوڑائی - عرض (۲) چکّی کا پاٹ - پتھر (۳) گدّی - مسند - تخت (۴) پٹڑا یا وہ پتھر جس پر کپڑے دھوئے جاتے ہیں (۵) بیلن یا کولھو کی لمبی لکڑی جس میں جوا باندھ کر بیل جوتے جاتے ہیں اور اس کے ذریعے سے کولھو چلتا ہے (۶) لکڑی کا لٹھا جو کنوئیں سے پانی کھینچنے کے لیے اس کے من پر رکھا جاتا ہے (۷) ریشم (۸) تختہ - چوکی (۹) الاپ - اونچا سُر - آواز کی بلندی - تان ٭

پاٹ (پاٹ) (انگ Pot) مذکر (۱) ظرف، برتن (۲) پاخانے کا طشت ٭

پاٹنا (پاٹ - نا) (ہ) (۱) چھت ڈالنا - ڈھانپنا (۲) چھپانا - پوشیدہ کرنا (۳) ڈھیر کرنا (۴) ریل پیل کرنا - مالامال کرنا (۵) بہت دینا - زیادہ دینا - بکثرت دینا - بے انتہا دینا (۶) سیراب کرنا - پانی لگانا - سینچنا (۷) تختوں کا فرش بنانا - فرش لگانا (۸) کسی چیز پر تختے رکھنا (۹) کسی گڑھے کنوئیں وغیرہ کو بھر دینا ٭

پاٹھ (پاٹھ) (س) مذکر (۱) سبق - درس - مطالعہ - پڑھنا (۲) پاک کتاب کی تلاوت - وظیفہ - وِرد (۳) پوجا - عبادت (۴) تقریر - اپدیش (۵) مضمون، متن ٭ **پاٹھ شالا** - مذکر (۱) ہندی کا ابتدائی مدرسہ (۲) مکتب، سکول، کالج، تعلیم گاہ، پڑھنے کا مکان ٭

پاٹھک - مذکر (۱) مدرس - معلم - استاد (۲) اپدیشک - واعظ (۳) برہمن کا لقب (۴) برہمن جو پُران پڑھ کر سنائے (۵) پنڈت، جو شاستروں کے مطابق قانون بتائے ٭

پاٹھ کرنا (۱) مطالعہ کرنا - پڑھنا (۲) سبق یاد کرنا (۳) ہر روز وِرد پڑھنا ٭

پاجی (پا - جی) (ف) (۱) سفلہ - رذیل - کمینہ (۲) شُہدا - لُچّا - بدمعاش (۳) حقیر - ذلیل - گھٹیل ٭

پاجیانہ - رذیلوں یا کمینوں جیسا ٭

پاجی بہ طوافِ کعبہ حاجی نمی شود - مثل - کمینہ شخص کسی طرح شریف نہیں بن سکتا ٭ **پاجی پرست** - رذیلوں سے میل جول رکھنے اور ان کی خاطر تواضع کرنے والا - کمینہ دوست - سفلہ پرور ٭

پاجی پن - یا - **پنا** (۱) مذکر - بدذاتی - کمینگی وغیرہ ٭

پاجی تو پاجی وہ بڑا پجوڑا ہے - وہ ازحد کمینہ شخص ہے ٭

پاجی مزاج - کمینہ، اوچھا - کم ظرف - سفلہ مزاج ٭

پاچک (پا - چَک) (س) (۱) پکا ہُوا - (۲) ہاضم - ہضم کرنے والا - پچانے والا - تحلیل کرنے والا (۳) پکانے کا باعث ہونے والا (۴) مذکر - صفرا - زرداب پتّا (۵) ہضم کرنے والی شے یا دوا - چورن (۶) باورچی - رسوئیا ٭

پاچن (پا - چَن) (س) (۱) دیکھیے "پاچک" (۲) ایک مقوّیِ معدہ دوا ٭

پاچھنا (پاچھ - نا) (ہ) (۱) چیر لگانا - پچھنے لگانا - گودنا - پچھنا (۲) پوست کے ڈوڈے کو گودنا (۳) پیوند لگانا ٭

پاچھی (پا - چھی) (ہ) مؤنث - دولتی - چوپایے کی دونوں ٹانگوں کی ضرب ٭ **پاچھی کرنا** - دولتی مارنا ٭

پاد (پاد) (ہ) مذکر (۱) گوز - ریح - باؤ - بادِ شکم - پھُسکی - پاخانے کے مقام سے خارج ہونے والی ہوا (۲) پادنا کا امر ٭ **پادا** - پادنا سے ماضی مطلق ٭

پادالُونی (۱) نحیف - ناتواں - کمزور - نازک (۲) بُزدل ٭

پاد اُڑانا - گوز مارنا ٭ **پاد بند ہونا** (۱) (لغوی) گوز نہ مار سکنا - ریح بند ہونا (۲) (مجازاً) پریشان ہونا - گھبرا جانا - سٹپٹا جانا - دم بند ہونا - ڈرنا - خوف غالب آنا ٭ **پاد چھوڑنا** - گوز مارنا ٭ **پاد گھا بڑا** - دیکھیے "پات گھا بڑا" ٭

پاد لگانا - یا - **مارنا** - گوز مارنا ٭ **پادنا** (۱) گوز مارنا، پاد چھوڑنا، باد نکالنا (۲) ہار ماننا، ہار جانا، چیں بول جانا، پیٹھ دکھانا، ہمت ہارنا، ہاتھ پاؤں چھوڑ دینا، گھبرانا ٭

پادُو (۱) پاد مارنے والا - پدوڑا ٭

پاداش (پا - دَاش) (ف) مؤنث (۱) بدلا، معاوضہ، اجر، جزا، صلہ، عوض، پھل، ثمرہ (۲) مکافات - ڈنڈ - سزا ٭ **پاداش میں** - عوض میں - بدلے میں ٭

پادامی (پا - دا - مِی) (ف) مذکر - پرندوں کو جال سے پکڑنے والا، شکاری، چڑی مار ٭

پادری (پاد - رِی) (پرتگالی) مذکر - عیسائیوں کا مذہبی رہنما یا امام یا پیشوا، عیسائیت کی تلقین کرنے والا - اسقف ٭

پادشاہ - پادشہ (پاد - شاہ، پاد - شَہ) (ف) مذکر - دیکھیے "بادشاہ اور اس کے مرکبات" ٭

پار (پار) (ہ) مذکر (۱) پرے - دوسرے کنارے - دوسری طرف - پہلی طرف - اس طرف (۲) حد - کنارہ (۳) ختم - اختتام - انجام - آخر (۴) عمق - گہرائی - تہ (۵) آبادی یا گاؤں جو دریا کی دوسری جانب ہو (۶) زمین پر پہلی مرتبہ ہل چلانا (۷) (ف) گذشتہ - گزرا ہُوا ٭

پارا پار (مذکر (۱) دریا کے دونوں کنارے (۲) بحر - سمندر (۳) وار پار، آر پار ٭ **پار اُتار دینا** - یا - **اتارنا** (۱) کنارے لگانا - عبور کرانا - پار لگانا، پار کرنا - دوسرے کنارے پہنچانا (۲) آخر کرنا - انجام کو پہنچانا - تمام کرنا - خاتمے پر پہنچانا (۳) کام بنا دینا - مراد پوری کرنا (۴) فارغ کر دینا (۵) مار ڈالنا ٭

پار اُترنا (لازم) (۱) دیکھیے "پار اتارنا" (۲) مرنا - مر مٹنا ٭

پار کرنا (۱) دیکھیے "پار اُتارنا" (۲) اِدھر سے اُدھر کرنا - وار پار کرنا - سوراخ کرنا - چھیدنا - بیندھنا (۳) حد سے پرے کرنا - باہر نکالنا (۴) مار بھگانا - فتح پانا - بازی جیتنا (۵) نباہنا - گزارنا - بسر کرنا ٭

پار لگانا - دیکھیے "پار اُتارنا" ٭

پار لگنا - دیکھیے "پار اترنا" ٭

پار ہو جانا - یا - **ہونا** (۱) عبور کرنا (۲) کسی چیز میں سے گزر جانا - توڑ کر نکل جانا (۳) (بیڑا) مراد پا جانا - کام ہو جانا (۴) مکمل ہو جانا - ختم ہو جانا (۵) محفوظ ہو جانا - بچ جانا (۶) چلا جانا ٭

پارا (پا - رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک سفید، بھاری اور سیّال دھات - سیماب -

زیبق (۲) (مجازاً) وزنی - ثقیل - بھاری (۳) (مجازاً) ایک جگہ نہ ٹھہرنے والا - بےچین - بےفکر * پارا پلانا (۱) کسی چیز میں پارا جذب کر دینا (۲) بوجھل، بھاری اور وزنی کرنا (۳) کسی جاندار کو پارا پلانا * پارا مارنا - سیماب کو کشتہ کرنا * پارے کی دیوار - مؤنث - گارے یا چونے کے بغیر صرف اینٹوں یا پتھروں سے چنی ہوئی دیوار *

پارار (پا - راز) (ف) پچھلا تیسرا برس - تیورس *

پاربتی (پاز - بتی) (س) مؤنث (۱) پہاڑ کی بیٹی (۲) شوجی کی بیوی، درگا (۳) حضرت آدمؑ کی بیوی حضرت حواؑ *

پارٹ (پا - رٹ) (انگ Part مذکر - ٹکڑا، حصہ، باب، فصل، مقالہ، ادھیائے *

پارٹی (پاز - ٹی) (انگ Party مؤنث - جماعت - پنچایت - فرقہ *

پارچات (پاز - چات) (ف) مذکر - پارچہ کی جمع - کپڑے *

پارچہ (پاز - چہ) (ف) مذکر (۱) کپڑا - لتا (۲) لباس - پوشاک - ملبوس - پیراہن - خلعت (۳) دھجی - چیتھڑا - ٹکڑا (۴) پھانک - قاش (۵) ریزہ - پرزہ - لخت (۶) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۷) پنگھٹ - گھاٹ (۸) گوشت کا ٹکڑا (۹) مکڑی کا جالا (۱۰) لکڑی یا پتھر جو کنوئیں کے منہ پر کسی قدر اندر پڑی ہو (۱۱) شکاریوں کی اصطلاح، مچان *

پارچہ باف - مذکر - کپڑا بننے والا - جلاہا * پارچہ فروش - مذکر - کپڑا بیچنے والا - بزاز * پارچہ فروشی - مؤنث - کپڑا بیچنے کا پیشہ - بزازی *

پارس (پا - رس) (ہ) مذکر (۱) ایک پتھر جس کے باب میں بیان کیا جاتا ہے کہ وہ جس چیز کو چھو جاتا ہے، اسے سونا بنا دیتا ہے - اکسیر (۲) جواہرات کو پرکھنے کی کسوٹی (۳) مستحکم - پختہ - مضبوط (۴) تندرست (۵) سخی - دانا - فیاض (۶) نہایت نفیس (۷) مالدار *

پارس بن جانا (۱) لائق ہو جانا - قابل ہو جانا (۲) بہت ترقی کرنا - کوئی بلند منصب حاصل کرنا * پارس پتھر - مذکر - پارس *

پارس ناتھ - مذکر (۱) پتھر کا بنایا ہوا خدا (۲) جین مت کا تیسرا پیشوائے دین اور اس کی مورتی (۳) صوبۂ بہار میں ایک پہاڑی اور مندر *

پارس ناتھ سے چکی بھلی جو آٹا دیوے پیس، کرتا دھرتا سے مرغی بھلی جو انڈے دیوے بیس - مثل - جس آدمی سے لوگ فائدہ حاصل کریں، وہ بے فیض سے بہت اچھا ہے *

پارس (پا رش، پا - رس، پا - رش) (ف) مذکر (۱) ہوشنگ کے بیٹے کا نام جس کی بنا پر ایران کو پارس یا فارس کہا جاتا ہے (۲) ملک ایران - فارس (۳) پہلو بن سام بن نوح (۴) سدھا ہوا چیتا * پارسن - مؤنث - پارسی کی بیوی * پارسی (۱) آگ کا پجاری - مجوسی - گبر - آتش پرست (۲) زردشت یا زرتشت کی قوم (۳) فارس کا باشندہ (۴) فارس کی یا وہاں کی

بنی ہوئی چیز (۵) فارسی زبان *

پارسا (پاز - سا) (ف) (۱) پرہیزگار - متقی - صالح - پاک - نیک (۲) باخدا، کامل درویش، اللہ والا * پارسائی - مؤنث (۱) پرہیزگاری، اتقا، زہد، عصمت، عفت (۲) بھلائی، پاکی، نیکی، نیکوکاری *

پارسال (پاز - سال) (ف) گزشتہ سال - پر کے سال - پچھلے سال - گئے برس *

پارسل (پاز - سل) (انگ Parcel مذکر (۱) پلندا - وہ چیز جس پر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر یا اوپر سے باندھنے کے بعد اسے ڈاک یا ریل کے ذریعے سے بھیجا جاتا ہے (۲) بستہ - بقچہ - گٹھا (۳) تودہ - حصہ - ڈھیر *

پارسل بیگ (انگ Parcel bag مذکر - پارسل کا تھیلا *

پارک (پاز ک) (انگ Park مذکر (۱) احاطہ گھرا ہوا مقام (۲) شکارگاہ - باغ - رمنا (۳) گاڑیاں ایک جگہ سلسلہ وار کھڑی کرنا *

پارکنگ - Parking مذکر - گاڑیوں کے کھڑا کرنے کا انتظام *

پارکھ - پارکھی (پا - رکھ - پاز - کھی) (ہ) مذکر (۱) جانچنے والا، شناخت کرنے والا، جوہری، پہچاننے والا (۲) نکتہ دان - نکتہ سنج - محقق (۳) ممتحن (۴) واقف - تجربہ کار *

پارلیمنٹ (پاز - لی - منٹ) (انگ Parliament مؤنث (۱) پارلیمان - صلاح کاروں کی جماعت - مجلس مشاورت - رعایا کے نمائندوں کی کونسل (۲) حکومت جمہوری کے ارکان (۳) قانون - قواعد اور ضابطہ وضع کرنے والے (۴) باب عالی *

پارلیمنٹری Parliamentary پارلیمان سے متعلق *

پارنا (پاز - نا) (ہ) (۱) چراغ کی لو کے اوپر برتن الٹا رکھ کر سیاہی جمع کرنا - کاجل اتارنا (۲) اکٹھا کرنا - جمع کرنا (۳) کرنا - مکمل کرنا *

پارہ (پا - رہ) (ف) مذکر (۱) ٹکڑا - پرزہ - پارچہ - حصہ - لخت (۲) پیوند - جوڑ - بند (۳) جزو - ریزہ - کتر (۴) پرچہ (۵) پھانک - قاش (۶) پتھر کی چھوٹی سی دیوار * پارہ پارہ - ٹکڑے ٹکڑے - پرزے پرزے - لخت لخت - ریزہ ریزہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) * پارۂ جگر - مذکر - کلیجے کا ٹکڑا - نہایت پیارا بیٹا *

پارہ دوز (۱) پیوند لگانے والا - خیمے میں چمڑا لگانے والا (۲) موچی (۳) درزی *

پارۂ زرد - مذکر - زرد رنگ کے کپڑے کا ٹکڑا جو بعض مقامات میں یہودیوں کو اپنے لباس پر سینا پڑتا ہے *

پارینہ (پا - ری - نہ) (ف) کہنہ - پرانا - قدیم * پارینہ دفتر - مذکر - پرانے کاغذات *

پاڑ (پاڑ) (ہ) مؤنث (۱) معماروں کا بنایا ہوا چبوترا جس پر بیٹھ کر وہ کام کرتے ہیں (پ - گو) (۲) مچان - ٹانڈ (۳) پھانسی پر چڑھنے کا تختہ (۴) کنوئیں پر لکڑی کا جال (باندھنا کے ساتھ) *

پاڑنا (پاڑ - نا) (۱) نیچے پھینکنا - گرانا (۲) مار ڈالنا (۳) دیکھیے "پارنا" *

پاڑھا (پا - ڑھا) (ہ) مذکر - ایک قسم کا ہرن - چیتوں والا بارہ سنگا - چیتل *

پاژند (پا - ژَند) (ف) مذکر - پارسیوں کی مذہبی کتاب ژند کی ایک تفسیر ٭

پاس (پاس) (ہ) (۱) نزدیک - قریب - متصل - گرد و نواح میں (۲) ملکیت میں - قابو میں - تصرف میں - قبضے میں ٭ **پاس آنا** (۱) قریب آنا - نزدیک آنا (۲) صحبت کرنا - ہم خواب ہونا - ہم بستر ہونا ٭

پاس بیٹھنا (۱) قریب بیٹھنا - نزدیک بیٹھنا - پہلو میں بیٹھنا (۲) تعلیم حاصل کرنا - تربیت پانا - ادب سیکھنا - صحبت پانا - استاد کے پاس تعلیم کے لیے بیٹھنا ٭ **پاس بیٹھنے والا** - ہم نشین - مصاحب - ندیم - مقرب ٭

پاس پاس (۱) نزدیک نزدیک - آس پاس - قریب قریب (۲) چاروں طرف - گرداگرد (۳) مسلسل قطار میں (۴) بھڑا کر - مل کر (۵) پڑوس میں - ہمسایے میں (۶) تخمیناً - تقریباً (۷) لگ بھگ - کم و بیش ٭

پاس پڑوس (۱) آس پاس - اردگرد - قرب و جوار (۲) ہمسائگی ٭

پاس پھٹکنا - ملنا جلنا - قریب جانا ٭ **پاس پھٹکنے نہ دینا** - نزدیک بھی نہ جانے دینا ٭ **پاس جانا** (۱) قریب جانا (۲) جماع کرنا - ہم بستر ہونا ٭

پاس رکھنا (۱) قریب رکھنا (۲) قبضے میں رکھنا (۳) تیار رکھنا (۴) بیوی کی طرح رکھنا (۵) امانت رکھنا ٭

پاس رہنا (۱) موجود رہنا - نزدیک رہنا (۲) خدمت میں رہنا (۳) بیوی کی طرح رہنا (۴) ہم بستر ہونا ٭

پاس رہیے جانیے یا باٹ چلیے جانیے - مثل - کسی کی اچھائی برائی جب معلوم ہوتی ہے کہ وہ پاس رہے یا سفر میں شریک ہو ٭

پاس کا کتا نہ دُور کا بھائی (و) مثل - موجود کتا دُور رہنے والے بھائی سے اچھا ہے جو چیز پاس ہو، وہی اچھی ہے ٭

پاس کوڑی نہ بازار لیکھا - مثل - بالکل مفلس - مطلق بے حیثیت ٭

پاس لگا رہنا - متصل رہنا - قریب رہنا ٭ **پاس نہ کھڑے ہونا** - دُور رہنا، پرہیز کرنا، متنفر ہونا ٭

پاس (پاس) (ف) مذکر (۱) لحاظ - مروت - رعایت - خیال - ادب - اخلاص (۲) طرف داری - جانب داری (۳) چوکی - پہرا - نگہبانی - حراست (۴) پہر - تین گھنٹے کا وقت (۵) حق ٭ **پاسِ آبرو** - مذکر - حرمت کا لحاظ - عزت کا خیال ٭ **پاس آجانا** (و) لحاظ آجانا ٭ **پاسِ ادب** - مذکر - ادب کا خیال ٭ **پاسِ انفاس** - مذکر (صوفیوں کی اصطلاح) ہر سانس کے ساتھ اللہ کا لفظ نکلنا ٭ **پاس بان - پاسبان** - مذکر - (۱) گڈریا (۲) دربان - چوکیدار ٭

پاس بانی - پاسبانی - مؤنث - نگہبانی - حفاظت - چوکیداری ٭

پاسِ خاطر - مذکر - رعایت - لحاظ ٭

پاس داری - پاسداری - مؤنث (۱) حمایت - رعایت (۲) طرف داری، جانب داری ٭

پاس سرکنا یا سرکنے لگنا - ادب ننگ وغیرہ کا خیال نہ رہنا - لحاظ جاتا رہنا ٭

پاسِ شرع - مذکر - شرع کا لحاظ - شرعی حکم کی تعمیل ٭

پاسِ ناموس (و ننگ) مذکر - حرمت و عزت کا لحاظ ٭ **پاسِ نمک** - مذکر - کھانا کھانے کا لحاظ - نوکر رہنے کا لحاظ ٭ **پاس کرنا** (و) لحاظ کرنا - رعایت کرنا ٭

پاس ہونا - لازم ٭

پاس (پاس) (انگ. Pass) (۱) کامیاب (۲) کامیاب ہونا - کامیابی - بہرہ مندی (۳) مذکر - تھیٹر وغیرہ میں جانے یا ریل میں سفر کرنے کا ٹکٹ جو مفت ملے (۴) وثیقہ - سند (۵) درہ (۶) اجازت کا پروانہ - راہداری کا ٹکٹ - اجازت نامہ - منظوری کی چٹھی ٭ **پاس بُک** - مؤنث (۱) بنک کا حساب رکھنے کی کتاب (۲) وہ کتاب جس میں تاجر ادھار دی ہوئی چیزوں کا حساب لکھتا ہے ٭

پاس پورٹ - پاسپورٹ - مذکر - پروانۂ راہداری (بنانا، بننا، حاصل کرنا، دینا، لینا وغیرہ کے ساتھ) ٭ **پاس کرنا** (۱) منظور کرنا - پسند کرنا (۲) (امتحان) کامیاب ہونا - ترقی کرنا - درجہ چڑھنا (۳) (امتحان میں) کامیاب کرنا - ترقی دینا (۴) طے کرنا - عبور کرنا (۵) نظرانداز کرنا - چھوڑ دینا (۶) اپنی پسند کے فقروں پر نشان کرنا ٭ **پاس ہونا** - لازم ٭

پاسا (پا - سا) (ہ) مذکر (۱) ہڈی کا شش پہلو ٹکڑا، جو چوسر کھیلنے والے باری باری پھینکتے ہیں (۲) رمالوں کا قرعہ (۳) کسی دھات کا ڈلا (۴) چاندی کا ڈلا جس کا تار کھینچا جاتا ہے ٭ **پاسا اُلٹا پڑنا** (۱) بازی ہر جانا (۲) آرزو پوری نہ ہونا - تدبیر کے خلاف ہونا ٭

پاسا اُلٹنا (۱) چوسر میں پلسے کا رخ بدلنا - جیتنے والے کا ہارنے لگنا (۲) انقلاب ہونا (۳) شکست ہوتے ہوتے فتح ہونا (۴) مفلس سے اقبال مند ہونا ٭

پاسا پڑنا (۱) جیت ہونا - داؤں لگنا (۲) مرضی کے مطابق کام ہونا - فتح پانا - کامیاب ہونا (۳) اقبال یاور ہونا - بخت رسا ہونا ٭

پاسا پلٹنا - دیکھیے "پاسا الٹنا" ٭ **پاسا پھینکنا** (۱) چوسر میں ہڈی کے ٹکڑے پھینکنا (۲) قرعہ ڈالنا (۳) قسمت آزمانا ٭

پاسا کھیلنا (۱) جوا کھیلنا (۲) کھیل کا پاسے پر موقوف ہونا ٭

پاسا نہ پڑنا - مرضی کے مطابق اچھا داؤں نہ پڑنا ٭

پاستان (پاس - تان) (ف) قدیم - گزرا ہوا - پیشتر کا - پچھلے زمانے کا - پُرانا ٭

پاسخ (پا - سَخ) (ف) مذکر - جواب ٭

پاسنا (پاس - نا) (ہ) دودھ اتارنا ٭

پاسنگ (پا - سَنگ) (ف) مذکر (۱) ہیچ - ذرا سا - بہت کم - نہایت خفیف، تھوڑا سا، جزوی، کچھ نہیں (۲) کمی - فرق - بل (۳) ترازو کے پلڑوں کا فرق (۴) وہ وزن جو ترازو کے پلڑوں کی کمی بیشی پوری کرنے کے لیے ترازو کی ڈنڈی سے باندھا یا کم وزن پلڑے میں ڈالا جاتا ہے ٭

پاسنگ بھی نہیں (و) (۱) ہیچ ہے - کچھ بھی نہیں (۲) بہت کم ہے - تھوڑا ہے - بہت خفیف ہے - جزوی ہے (۳) کچھ بھی نسبت نہیں رکھتا - لگا نہیں کھا سکتا - برابر نہیں ٭

پاسی (پا - سی) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑے کے پاؤں میں باندھنے کی رسی (۲) گھاس با

بھوسا یا بُرسنے کی جالی (۳) مذکّر۔ شکاری۔ چڑی مار (۴) جانور پکڑنے کا جال یا پھندا (۵) تاڑ کے درخت سے رس نکالنے والی ایک قوم (۶) چوپایوں کے پانی پینے کا حوض (۷) پھانسی ٭

پاش (پَاش) (ف) پاشیدن کا امر۔ چھڑک (۱) چھڑکنے والا، مرکبات میں مستعمل ہے، جیسے زرپاش (۲) تتر بتر۔ پریشان ٭ **پاش پاش**۔ پُرزے پُرزے، پارہ پارہ، ٹکڑے ٹکڑے، چُور چُور، ریزہ ریزہ ٭

پاش پاش کرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔ دھجیاں اُڑانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ٭ **پاش پاش ہونا**۔ لازم ٭ **پاشی**۔ چھڑکنا۔ مرکبات میں آتا ہے جیسے نمک پاشی ٭

پاشا (پَا۔ شا) (ت) مذکّر (۱) ترکوں کا ایک خطاب۔ سردار (۲) ترک گورنر، وزیر، نواب، حاکم، حاکم، لارڈ ٭

پاشنہ (پَاش۔ نَہ) (ف) مذکّر (۱) ایڑی (۲) پیچھے۔ عقب (۳) گھوڑے کی ایک چال ٭ **پاشنہ کوب**۔ بھاگے ہوئے کا پیچھا کرنے والا۔ تعاقب کرنے والا ٭ **پاشنہ کوب کرنا** (ف) تعاقب میں لگے جانا۔ پیچھے پیچھے دوڑے چلے جانا ٭

پاک (پَاک) (ف) (۱) صاف۔ ستھرا۔ نرمل۔ بے لوث۔ خالص۔ ہر عیب سے مبرّا (۲) بے قصور۔ بے گناہ۔ معصوم (۳) پرہیزگار۔ متّقی۔ شریف۔ نیک (۴) بری۔ محفوظ (۵) ختم۔ بے باق (۶) جائز۔ حلال۔ مباح (۷) آزاد۔ بے روک (۸) شُدّہ۔ پوتر (۹) بے حد، سخت، بڑا، بہت، نہایت، ازحد (۱۰) فارغ، رہا، بیباق (۱۱) پاکستان کا مخفف ٭

پاک باز (۱) نیک چلن۔ بے گناہ۔ صاف دل۔ ہر کام میں دل کی صفائی برتنے والا (۲) پرہیزگار۔ زاہد۔ متّقی (۳) دیانت دار۔ نیک نیّت (۴) سچّا عاشق۔ پاک محبت رکھنے والا (۵) بے غرض۔ بے لاگ۔ بے تعلّق (۶) (بھنگڑوں کی اصطلاح) بھنگ چھاننے کا کپڑا۔ صافی ٭

پاک بازی۔ مؤنّث۔ اخلاص۔ صفائی۔ نیک نیّتی ٭

پاک داماں۔ یا۔ دامن (۱) معصوم، باعصمت، نیک چلن صاحبِ عفّت، پارسا (۲) پاکیزہ زندگی بسر کرنے والا (۳) (بی بی) وہ عورت جو ایک خاوند کے سوا اَور کسی مرد کے ساتھ نہ رہی ہو ٭

پاک دل (۱) جس کے خیالات نیک ہوں (۲) نیک نیّت ٭

پاک رَو۔ دیانت دار۔ نیک چلن ٭

پاک روی۔ مؤنّث۔ نیک چلنی۔ راست بازی۔ دیانت داری ٭

پاک رہ بے باک رہ (ف) مقولہ۔ نیک کردار شخص کو کسی امر کا خوف نہیں ٭

پاک زاد (ف) (۱) نیک اصل۔ نیک طینت (۲) بالکل خالص نسل کا ٭

پاک زادہ۔ مذکّر۔ دھوبی۔ گاذر ٭

پاک شہدا او ۔ سخت بدچلن۔ بہت بدوضع ٭

پاک صاف (۱) بے لوث۔ بے لگاؤ۔ بے تعلّق (۲) نیک خیال۔ نیک نیّت (۳) بے میل۔ اُجلا۔ خالص۔ پوتر۔ نرمل (۴) غیر مستعمل۔ اچھوتا ٭

پاک کرنا (ف) (۱) پوتر کرنا۔ شُدّھ کرنا۔ کلمہ پڑھ کر پاکیزہ کرنا (۲) آلائش صاف کرنا۔ مَیل دُور کرنا۔ خرابی دُور کرنا (۳) ذبیحے کی آلائش نکال (۴) درست کرنا۔ مباح کرنا۔ جائز کرنا (۵) ناف سے نیچے کے بالوں کا مونڈنا (۶) (آنسو) پونچھنا (۷) (حساب) چکانا۔ تمام کرنا۔ ختم کرنا (۸) (قصّہ) قتل کرنا ٭

پاک محبّت (ف) مؤنّث۔ بے مطلب محبّت۔ بے غرض پیار۔ خود غرضی کے بغیر دوستی۔ نفسانی خواہش سے خالی الفت۔ بے لوث چاہ۔ خلوص۔ اخلاص ٭

پاک مغز۔ پاک رائے ٭ **پاک ہونا** (ف) (۱) مَیل دُور ہونا۔ صاف ہونا۔ (۲) نجاست دُور ہونا (۳) نہا دھو کر صاف ستھرا ہونا (۴) عورت کا حیض سے فارغ ہونا (۵) حساب ختم ہونا۔ تمام ہونا (۶) اچھّی باتوں سے خالی ہونا (۷) ازحد بدوضع ہونا ٭

پاکستان (پَا۔ کِس۔ تَان) (ف) مذکّر۔ دنیا کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت، جو ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو قائم ہوئی۔ اس کے دو حصّے ہیں (۱) مشرقی پاکستان (۲) مغربی پاکستان۔ پہلے حصّے میں ایک ہی صوبہ مشرقی بنگال ہے اور دوسرے میں پنجاب، سندھ، سرحد اور بلوچستان کے علاوہ متعدد ریاستیں بھی شامل ہیں ٭

پاکی (پَا۔ کِی) (ف) مؤنّث (۱) طہارت (۲) ستھراپن۔ صفائی (۳) عصمت، عفّت، تقویٰ، پرہیزگاری، نیکی، تقدیس، پوترپن (۴) ناف سے نیچے کے بال۔ جھانٹ کے بال۔ موئے زہار ٭

پاکی لینا (ف) استرا لینا۔ جھانٹیں مونڈنا۔ موئے زہار لینا۔ ناف سے نیچے کے بال صاف کرنا ٭ **پاکیزگی** (پَا۔ کِی۔ زَگِی) (ف) مؤنّث (۱) ستھرائی۔ صفائی (۲) پوترپن۔ طہارت ٭ **پاکیزہ** (پَا۔ کِی۔ زَہ) (۱) ستھرا۔ صاف۔ طاہر۔ شُدّہ۔ پوتر (۲) بے داغ۔ بے جُرم۔ بے نقص۔ بے عیب (۳) خوش اسلوب۔ خوب۔ عمدہ۔ نفیس (۴) خوش شکل۔ خوب صورت ٭ **پاکیزہ شکل**۔ یا۔ **صورت**۔ (۱) دلربا صورت۔ صاف شکل۔ اچھّی صورت (۲) اچھّی صورت والا، خوبصورت، خوبرو، حسین ٭ **پاکیزہ گوہر**۔ بے حد اچھّا۔ خالص ٭ **پاکیزہ نفس**۔ بے شر، بے کینہ ٭

پاکٹ (پَا۔ کَٹ) (انگ) Pocket مؤنّث۔ جیب۔ خریطہ۔ کیسہ ٭

پاکٹ بُک۔ Pocket book۔ مؤنّث۔ جیب میں رکھنے کی نوٹ بُک ٭

پاکٹ منی۔ مذکّر و مؤنّث۔ جیب خرچ ٭

پاکھ (پَاکھ) (ہ) مذکّر۔ قمری مہینے کا نصف۔ پندرہ دن کی مدّت۔ مہینے میں دو پاکھ ہوتے ہیں (۱) اجالا پاکھ پہلے پندرہ دن (۲) اندھیرا پاکھ پچھلے پندرہ دن ٭

پاکھا (پَا۔ کھَا) (ہ) مذکّر (۱) اُسارا۔ چھان۔ چھپّر (۲) پہلو کی دیوار (۳) چھوٹا مکان (۴) چھپّر جو دیوار پر جھکا ہوتا ہے (۵) ایوان، پیش گاہ، ڈیوڑھی (۶) بازو۔ پہلو (۷) طرف۔ جانب ٭

پاکھر (پَا۔ کھَر) (ہ) مؤنّث (۱) چار آئینہ۔ آہنی پوشاک جو لڑائی کے وقت

گھوڑے یا ہاتھی کو پہنائی جاتی ہے (۲) ٹاٹ کی پوشش - جھول - ترپال (۳) ایک قسم کا درخت ٭

پاکھنڈ (پا - کھنڈ) (ہ) مذکر (۱) جھگڑا (۲) نقص - خرابی (۳) بدعت (۴) دھوکا - دغا - فریب - کپٹ - چھل - چالاکی - چھل (۵) ظاہرداری - تصنع - بناوٹ - دکھاوا (۶) شرارت - بدذاتی - حرام زدگی - بدمعاشی (پھیلانا، کرنا، مچانا کے ساتھ) ٭

پاکھنڈی (۱) خراب - ناقص (۲) جھگڑالو (۳) فریبی - دغاباز - چالاک (۴) ظاہردار - ریاکار (۵) شریر - بدذات - حرام زادہ - بدمعاش ٭

پاگ (پاگ) (ہ) مذکر (۱) پاؤں - پگ - قدم (۲) مؤنث - پگڑی - لنگی - دستار (۳) مذکر - شربت ٭

پاگ جوڑنا (۱) پاؤں جوڑنا (۲) جھولے میں آمنے سامنے بیٹھ کر ایک خاص طریق سے جھولے کی رسّی میں پاؤں الجھانا ٭

پاگر (پاگر) (ہ) مذکر و مؤنث - جگالی - کھانا چبا کر باریک کرنا - چوپایوں کا چارا چرنے کے بعد آرام سے بیٹھنا اور چارا منہ میں اُٹھاتے ہوئے چبا کر باریک کرنا ٭

پاگرانا (۱) جگالی کرنا (۲) (مجازاً) مال ہضم کر جانا ٭

پاگل (پا - گل) (ہ) مذکر (۱) دیوانہ - باؤلا - سِڑی - خبطی - سودائی - خفقانی - مجنون (۲) نادان - مورکھ - احمق - بے وقوف (۳) سرگردان - حیران - متوحش - متفکر - پریشان ٭ **پاگل بنانا** - کسی کو اس قدر تنگ کرنا کہ اس کی ستی گم ہوجائے ٭ **پاگل پن** - مذکر (۱) جنون - خبط - دیوانگی - باؤلا پن - (۲) نادانی - حماقت - بے وقوفی ٭ **پاگل خانہ** (ف) مذکر - پاگلوں کے رہنے کا مقام ٭ **پاگل کر دینا** - یا - کرنا (ہ) دیکھیے "پاگل بنانا" ٭

پاگل ہوجانا - یا - ہونا - دیوانہ، مجنون یا سودائی ہوجانا ٭

پاگل (یا پاگلوں) کے سر کیا سینگ (لگے) ہوتے ہیں؟ (ہ) مثل - دیوانوں کے پہچاننے کی کوئی خاص ظاہر نشانی نہیں ہوتی - وہ حرکتوں اور باتوں سے پہچانے جاتے ہیں ٭

پاگنا (پاگ - نا) (ہ) (۱) لتھڑنا - لپٹنا - غلاف چڑھانا (۲) کسی شے پر کھانڈ کا شیرہ چڑھانا ٭

پال (پال) (ہ) مذکر (۱) چھوٹا خیمہ (۲) تنوار - بادبان (۳) بند - پشتہ ٭

پال (پال) (ہ) مذکر (۱) وہ گھاس پھوس جس میں کچا پھل پکانے کے لیے دبایا جائے (۲) کچا پھل اس طریق سے پکانا ٭

پال اُتارنا - پھل کو پکنے کے بعد گھاس پھوس سے نکالنا ٭

پال ڈالنا - یا - رکھنا (۱) کچا پھل پکنے کی غرض سے گھاس پھوس میں رکھنا (۲) کوئی شے دیر تک اپنے پاس رکھ چھوڑنا ٭

پال کا آم - مذکر - پال میں رکھ کر پکایا ہوا آم ٭

پال (پال) (ہ) (۱) پالنا کا امر (۲) مذکر - سایہ - امان - پناہ - حفاظت (۳) سرکاری زمین جو حکومت کی ذاتی ملکیت میں ہے ٭

پالا (۱) پالنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر - امان - پناہ - حفاظت، رکھشا (۳) خبرگیری - پرورش (۴) سپردگی - ذمہ - تحویل (۵) سروکار، سابقہ، علاقہ، واسطہ، تعلق (۶) زور، طاقت، قوت (۷) تاثیر - اثر (۸) پنجہ، چنگل، قابو (۹) ٹونا، منتر، جادو، سحر (۱۰) (صفت) پرورش کیا ہوا - پروردہ - آوردہ ٭ **پالا پڑنا** (۱) سروکار ہونا - سابقہ یا واسطہ پڑنا - تعلق ہونا (۲) شادی ہونا ٭

پالا پوسا (۱) (ماضی) پرورش کیا (۲) (صفت) پرورش کیا ہوا ٭ **پالا ڈالنا** - سابقہ ڈالنا - اختیار میں دینا - قابو میں دینا ٭

پالتو - گھر میں پرورش کیا ہوا - پالا ہوا - سدھایا ہوا (جانور) ٭ **پالک** - پالا ہوا، پروردہ (اردو میں "لے پالک" مستعمل ہے) ٭ **پال پال تیرے جی کا جنجال** - نمک نالائق پر احسان کرو گے تو وہ موقع پاکر نقصان ہی پہنچائے گا ٭

پال لینا - پرورش کرنا ٭ **پالنا** (۱) پرورش کرنا - تربیت کرنا (۲) خدمت کرنا (۳) خبرگیری کرنا (۴) لاڈ پیار سے رکھنا (۵) ذمہ داری لینا - برداشت کرنا (۶) مذکر - متبنّیٰ لڑکا - لے پالک ٭ **پالنا پوسنا** - تربیت دینا - پرورش کرنا ٭ **پالن ہار** - پالنے والا (۱) پرورش کرنے والا (۲) حفاظت کرنے والا (۳) پروردگار ٭

پالُو (پا - لُو) پالا ہوا (جانور) - پالتو ٭

پالے پڑنا (۱) واسطہ یا سابقہ پڑنا (۲) بس میں ہونا - قابو میں ہونا (۳) سر پڑنا (۴) بیاہ ہونا - شادی ہونا ٭

پالا (پا - لا) (ہ) مذکر (۱) جمی ہوئی شبنم - برف (۲) شبنم (۳) بستگی - جماؤ (۴) ٹھنڈ - سخت سردی (۵) پردہ جس میں جانور کا بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے (۶) باری (۷) کبڈی کے کھیل میں درمیان بنایا ہوا نشان یا مٹی کا ڈھیر (۸) اکھاڑا - کشتی کی جگہ (۹) کلی یا اناج کا ڈھیر (۱۰) شاخ - ٹہنی (۱۱) فتح - جیت (۱۲) جیت کا نشان (۱۳) بازی ٭

پالا پڑنا - سخت سردی ہونا - اوس کا جم جانا - برف پڑنا ٭

پالا جیتنا - بازی جیتنا - شکست دینا ٭ **پالا گرنا** (مکھوڑ) سخت سردی ہونا - برف پڑنا ٭ **پالا مار جانا** - سردی کے باعث نباتات کا سڑ جانا یا مرجانا ٭ **پالا مار لینا** - بازی جیت لینا ٭

پالا ہاتھ رہنا - میدان ہاتھ رہنا - جیتنا ٭

پالے کا مارا (۱) سردی سے ٹھٹھرا ہوا (۲) جو سردی کے باعث خشک ہوگیا ہو (پودا) ٭

پالاگن (پا - لا - گن) (س) مؤنث (۱) پاؤں پر گرنا - پاؤں لگنا - پاؤں پڑنا - پاؤں چومنا (۲) تسلیم - سلام - آداب - نمستے (۳) اپنے سے بڑے کو عاجزانہ سلام کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

پالان (پا - لان) (ف) مذکر - وہ گدی یا کپڑا جو اونٹ یا گدھے کی پشت پر اس کے بچاؤ کے لیے ڈالا جاتا ہے (باندھنا کے ساتھ) ٭

پالتی (پال - تی) (ہ) مؤنث - آلتی پالتی - دونوں پاؤں اور گھٹنوں کو سامنے ڈال کر چوتڑوں کے بل بیٹھنا - چار زانو بیٹھنا ۔ **پالتی مار کر بیٹھنا** چار زانو بیٹھنا - سادھوؤں کی طرح بیٹھنا ۔

پالٹ (پا - لٹ) (ہ) مؤنث - وہ ضرب جو پٹا بازی میں حریف کے پاؤں پر لگائی جاتی ہے ۔

پالٹکس (پا - لی - ٹکس) (انگ Politics) مذکر - سیاسیات - سیاست کا علم ۔

پالٹیشن (پا - لی - ٹی - شن) (انگ Politician) مذکر - سیاسیات کا ماہر ۔

پالس (پا - لس) (انگ) مذکر - ایک سیّارچہ، جو آبرز نے ۲۸ مارچ ۱۸۰۲ء کو دریافت کیا ۔

پالسی (پا - لسی) (انگ Policy) مؤنث - مصلحت - داؤ پیچ - حکمت عملی (۲) دُور اندیشی - تدبیر (۳) بندوبست - نظم و نسق - طریق انتظام (۴) حکمت - دانائی (۵) فطرت - چالاکی ۔

پالسی باز (ف) مذکر - حکمت عملی سے کام کرنے والا شخص - ہوشیار آدمی - چالاک انسان ۔ **پالسی بدلنا** - تدبیر بدلنا - کام کا دوسرا طریقہ اختیار کرنا ۔ **پالسی چلنا** - تدبیر کارگر ہونا ۔

پالش (پا - لش) (انگ Polish) مؤنث (۱) روپ - روغن (۲) چمک - جلا (۳) صفائی - صیقل (۴) ریگ مال ۔

پالک (پا - لک) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا ساگ اور بیج ۔

پالکڑی (پا - لک - ڑی) (ہ) مؤنث - لکڑی کے وہ ٹکڑے جو پلنگ کے سرھانے پایوں کے نیچے رکھے جاتے ہیں ۔

پالکی (پال - کی) (ہ) مؤنث - کہاروں کے اٹھانے کی ڈولی جس میں دُلہن بیٹھتی ہے - پینس - فینس - محافہ ۔ **پالکی بردار** - مذکر - پالکی اٹھانے والا - کہار ۔
پالکی سوار - مذکر - پالکی میں بیٹھنے والا شخص ۔
پالکی نشین - مذکر - جو پالکی میں بیٹھنے کی حیثیت رکھتا ہو - حاکم - امیر ۔

پالن (پا - لن) (س) مذکر (۱) پالنا - تربیت کرنا - حفاظت کرنا - پرورش کرنا (۲) ایفا کرنا - پورا کرنا (وعدہ) (۳) بیماری میں خدمت کرنا - تیمارداری کرنا (۴) مذکر - امان - سایہ - پناہ - حفاظت (۵) خبرگیری - پرورش ۔
پالن کرنا - پرورش کرنا - پالنا وغیرہ ۔

پالودہ (پا - لو - دہ) (ف) مذکر (۱) صاف کیا ہوا (۲) فالودہ ۔

پالہنگ (پال - ہنگ) (ف) مؤنث (۱) باگ ڈور (۲) وہ رسّی جو گھوڑے کے پاؤں میں باندھی جاتی ہے ۔

پالی (پا - لی) (س) مؤنث (۱) مگدھ کی پراکرت زبان جس میں بدھ مت کی کتابیں تصنیف کی گئی ہیں (۲) کان کی لوک یا لَو - بناگوش (۳) کنارہ (۴) حد (۵) تلوار، کسی ہتھیار یا اوزار کی نوک (۶) صف - قطار (۷) روک - مینڈ - پشتہ - بند (۸) پل (۹) جھولی - آغوش - گود (۱۰) سُرین - چوتڑ (۱۱) نشان - دھبّا - داغ (۱۲) داڑھی والی عورت (۱۳) جُون (۱۴) چڑھا (۱۵) گھٹنے کی چپنی - سرِ زانو (۱۶) ایک ماپ یا پیمانہ (۱۷) حمد - تعریف - جہاں (۱۸) ہنڈیا - دیگچی (۱۹) ہنڈیا کا ڈھکنا (۲۰) لمبوترا تالاب (۲۱) مرغوں، بٹیروں وغیرہ کے لڑانے کی جگہ (۲۲) مرغوں کی لڑائی - پرندوں کی جنگ (۲۳) گوالا - گوجر - گائے چرانے والا - چرواہا ۔ **پالی باہر ہونا** (۱) بٹیر کا ہار کر بھاگ جانا - ہاری ہونا - مقابلے سے ہٹ جانا ۔ **پالی مارنا** - لڑائی جیتنا - فتح حاصل کرنا ۔

پالیز (پا - لیز) (ف) مذکر (۱) ککڑی - خربوزے، تربوز وغیرہ کا کھیت - فالیز (۲) ہریاول کی جگہ - سبزہ زار ۔

پام (پام) (ہ) مؤنث (۱) وہ دھاگا جو گوٹا کناری کے کنارے پر بُنا جاتا ہے (۲) سُوت یا ریشم کا گوٹا (۳) گوٹے کی کناری ۔

پام (پام) (انگ Palm) مذکر (۱) تاڑ کا درخت (۲) کھجور کا پیڑ (۳) چھالیا، ناریل وغیرہ کی قسم کے درخت جن کے پتّے لمبے چوڑے اور بے شاخ ہوتے ہیں (۴) ہتھیلی ۔

پامسٹر (پا - مس - ٹر) مذکر - ہاتھ دیکھ کر قسمت کا حال بتانے والا - رمّال ۔

پامسٹری (پا - مس - ٹری) مؤنث - ہاتھ کی لکیروں سے تقدیر کا نوشتہ بتانے کا علم - رمل ۔

پان (پان) (ہ) مذکر (۱) اگربیل (۲) اس بیل کا پتّا جو کتھا چونا لگانے اور چھالیا تمباکو وغیرہ ڈالنے کے بعد کھایا جاتا ہے - برگِ تنبول (۳) برگ - پتّا (۴) چمڑے کا پان جیسا ٹکڑا جو جوتے کی ایڑی پر لگایا جاتا ہے (۵) شال دوشالے پر بنی ہوئی پان کی شکل (۶) تاش کے پتّوں کا ایک رنگ (۷) انگیا کی کٹوری کا چھوٹا ٹکڑا (۸) کاغذ کا ایک پان جیسا ٹکڑا جو تکلوں کے ایک کونے پر لگا ہوتا ہے (۹) مانڈی - کلف - لئی (۱۰) نئے کپڑے کے اَن بُنے کنارے یا دھاگے (۱۱) لنگوٹ کے اوپر باندھنے کا چمڑا (۱۲) کپڑے وغیرہ پر پان کی شکل کے نقش و نگار ۔ **پان اٹھانا** - بیڑا اٹھانا - پان لینا ۔

پان بنانا - یا - لگانا (۱) پان کو چونا کتھا وغیرہ لگانا - گلوری بنانا - بیڑا بنانا (۲) مانڈی دینا (۳) پھول کاڑھنا (۴) پھول کی صورت اور نقش و نگار بنانا ۔

پان پتّا - مذکر (۱) پان - برگِ تنبول - ناگربیل کا پتّا (۲) خانہ داری کی ضروری چیزیں (۳) بزمِ نشاط کی خبرگیری (۴) بیوی کا خرچ - اہلیہ کا جیب خرچ ۔

پان پھول - مذکر (۱) بُرائی بھلائی (۲) اچھا بُرا نتیجہ (۳) نازک - نازک بدن (۴) نازک اندام لڑکے ۔ **پان چبانا** - پان کھانا ۔ **پان چیرنا** (دہلی) (۱) پان کے ٹکڑے کرنا - پان کو پھاڑنا (۲) کچھ کام نہ کرنا - بے کار بیٹھے رہنا - برائے نام کام کرنا (۳) وقت کاٹنا ۔ **پان دان** - پاندان - مذکر - پان اور اس کے متعلق مسالا رکھنے کا ظرف - ڈبّا - پٹاری - خاصدان ۔
پان دینا (۱) پان سے تواضع کرنا - پان کھلانا (۲) رخصت کا پان کھلانا -

رخصت کرنا۔ جانے کی اجازت دینا (۳) آؤ بھگت۔ خاطرداری کرنا عزّت
کرنا (۴) پیار کرنا۔ محبت کرنا (۵) منگنی کرنا۔ سگائی منظور کرنا ٭
پان سا (سے) پتلا۔ چاند سا (سے) چِکلا۔ مثل (عوام) بے حد نازک
اور خوب صورت ٭ **پان کا بیڑا۔** مذکر۔ گلوری ٭
پان کا لاکھا۔ مذکر۔ پان کا رنگ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں (جمانا، جمنا کے ساتھ) ٭
پان کھانا۔ پان منہ میں رکھ کر چبانا۔ گلوری کھانا ٭ **پان کھلانا** (۱) دیکھیے "پان
دینا" (۲) منگنی کی رسم ادا کرنا ٭ **پان کھلائی۔** مؤنث (۱) پان کھلانے کی اُجرت،
پان کھلانے کا نیگ (۲) شادی کی تقریب پر بھاوج کو پان کھلانے کا حق (۳)
منگنی ٭ **پان کی تحریر۔** مؤنث۔ ہونٹوں پر جما ہوا پان کا رنگ ٭
پان مرجانا۔ پان کا سوکھ جانا ٭
پان (پاں) (ف) پانچ کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے پان سات، پان سو ٭
پان سات۔ پانچ سات ٭
پان سو۔ پانچ سیکڑے۔ پنج صد۔ ۵۰۰ ٭
پان صد (ف) پانچ سو۔ پان سو ٭
پان صدی۔ عہد مغلیہ کا ایک منصب ٭
پانت (پانْت) (ہ) مؤنث (۱) صف۔ قطار (۲) سپاہیوں کی قطار ٭
پانتھ (پانْتھ) (س) مذکر (۱) مسافر۔ سیاح (۲) آوارہ گرد (۳) سُورج ٭
پانجنا (پانْجْ۔ نا) (ہ) (۱) برتن کا چھید بند کرنا۔ برتن میں ٹانکا لگانا۔ جھالنا۔ رانجنا
(۲) جوڑنا۔ ملانا ٭
پانچ (پانْچ) (ہ) (۱) چار اور ایک۔ ۵۔ صہ (۲) چلتا ہوا۔ چالاک۔ ہوشیار
(۳) عقل مند۔ تجربہ کار ٭ **پانچ اندری۔** مؤنث۔ حواسِ خمسہ (ناطقہ۔
باصرہ۔ سامعہ۔ شامّہ۔ لامسہ) ٭ **پانچ ہاتھ کی زبان ہونا** (و) بہت
زبان دراز ہونا ٭ **پانچواں** (ہ) پنجم۔ پانچویں نمبر پر۔ پانچویں درجے کا ٭
پانچوں انگلیاں برابر (یکساں) نہیں (ہوتیں) (و) مثل۔ تمام آدمی
ایک جیسے نہیں ہوتے ٭
پانچوں انگلیاں پانچوں چراغ۔ مثل۔ بے حد لائق ہے۔ ہیرا ہے ٭
پانچوں انگلیاں گھی میں (ہیں) مثل (۱) مختارِ مطلق ہیں۔ ہر چیز قبضے میں
ہے (۲) مزے کرتے ہیں۔ عیش اُڑاتے ہیں (۳) کھانے پینے کو سب
کچھ موجود ہے ٭ **پانچوں پانڈے چھٹے نارائن۔** مثل (۱) پانچ پانڈے اور
چھٹے کرشن جی۔ اس وقت بولتے ہیں جب کسی شخص کے دفعتہً آجانے پر
بے حد خوشی ہو (۲) صلاح مشورے میں بڑی برکت ہوتی ہے۔ کرشن جی
پانڈوؤں کو صلاح مشورہ دیتے تھے۔ خود جنگ میں حصّہ نہ لیتے تھے ٭
پانچوں سواروں میں نام لکھوانا (ریا۔ ملنا۔ یا۔ ہونا) ادنیٰ شخص کا اپنے
آپ کو بڑے آدمیوں میں شمار کرنا۔ خواہ مخواہ بلند پایہ ہستیوں میں شامل ہونا ٭
پانچوں عیب (و) مذکر۔ گھوڑے کے پانچ نقص۔ منہ زور، شب کور،
کُنجہ لنگ، حشری، کمرشی ٭ **پانچوں عیب شرعی۔** مذکر۔ چوری۔ زنا۔
جھوٹ بولنا۔ جوا کھیلنا۔ شراب پینا ٭ **پانچوں کپڑے۔** مذکر۔ پگڑی۔ انگرکھا
پاجامہ (یا۔ دھوتی)۔ دوپٹا۔ رومال ٭ **پانچوں گھی میں ہونا۔** آسودہ حالی سے
زندگی بسر ہونا۔ مزے سے گزرنا ٭
پانچوں ہتھیار۔ مذکر۔ نیزہ۔ تلوار۔ برچھی۔ تیر۔ کمان ٭ **پانچویں** (پانچْ۔
وِیں) پنجم تاریخ ٭ **پانچویں** (پانچْ۔ وِیں) پنجم نمبر پر ٭
پانڈ (پانْڈ) (س) (۱) مؤنث۔ چھوٹے چھوٹے یا خشک پستانوں والی عورت
(۲) بسنتی۔ پیلا۔ زرد (۳) مذکر۔ ارجن وغیرہ (پانڈوؤں) کا باپ، جس کا
رنگ زرد تھا (۴) تھیلا۔ تھیلی۔ بوری۔ بیگ ٭
پانڈا (پان۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) برہمن جو مندر میں پوجا کرتا ہے (۲) برہمنوں کی
ایک جماعت جو بنارس، متھرا، قنوج وغیرہ میں رہتی ہے ٭
پانڈے (۱) عالم فاضل۔ استاد (۲) برہمنوں کا ایک خطاب ٭
پانڈے جی پچھتاؤ گے پھر وہی چنے کی کھاؤ گے۔ مثل (۱) کہنا نہ سنو گے
تو آخر کو پشیمان ہو گے (۲) جو قسمت میں ہو گا وہی ملے گا ٭ **پانڈے جی
دونوں سے گئے، حلوا بلا نہ مانڈے۔** زیادہ لالچ کیا تو جو کچھ ملتا تھا، وہ
بھی کھو بیٹھے ٭
پانڈو (پان۔ ڈُو) (س) مذکر۔ پانڈ کی اولاد۔ پانڈ کا خاندان۔ راجہ پانڈ کے
لڑکے۔ یدھشٹر، بھیم، ارجن، نکل، سہدیو ٭
پانڈو (پاں۔ ڈُو) (ہ) مؤنث (۱) ریت اور چکنی مٹی سے مرکب زمین (۲) بارانی زمین ٭
پانڑی (پاں۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) پان کی بیل (۲) ایک بیل جس کے پتے
خوشبودار ہوتے ہیں ٭
پانزدہ (پانْز۔ دَہ) (ف) پندرہ۔ ۱۵ ٭ **پانزدہم۔** پندرھواں ٭
پانس (پانْس) (ہ) مذکر (۱) مٹی۔ مٹی کا ذرہ (۲) کھاد۔ خشک فضلہ
ڈالنا کے ساتھ) ٭ **پانس ہو جانا۔** مٹی ہو جانا۔ گل جانا۔ سڑ جانا۔ کھاد بن جانا ٭
پانسا۔ دیکھیے "پاسا" ٭
پانک (پانْک) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) کیچڑ۔ دلدل (۲) وہ مٹی اور ریت
جو سیلاب کے بعد زمین پر رہ جاتی ہے ٭
پانو۔ پانوں (پانْو۔ پانْوں) (ہ) دیکھیے "پاؤں" ٭
پانہ (پا۔ نہ) (ف) مذکر (۱) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو لکڑی چیرتے وقت درز میں رکھا جاتا
ہے۔ خانہ پچڑ (۲) وہ آلہ جو جوتے کو قالب پر چڑھاتے وقت ایڑی میں
ٹھونکا جاتا ہے ٭
پانی (پا۔ نی) (ہ) مذکر (۱) آب۔ ماء۔ جل (۲) مینہ۔ بارش (۳) نطفہ۔
منی (۴) پسینا۔ عرق (۵) وہ وقفہ جس میں مرغ چوٹ کھائے بغیر لڑتا ہے
(۶) (کنایۃً) شراب (۷) عزت۔ لحاظ۔ حیا۔ شرم (۸) آنسو۔ اشک
(۹) تری۔ رطوبت (۱۰) پتلا۔ رقیق۔ سیّال (۱۱) سرد۔ ٹھنڈا (۱۲)
بے مزہ۔ پھیکا۔ الونا (۱۳) ڈھیلا۔ ملائم۔ نرم (۱۴) دھیما

مدھم (۱۵) نیم رسا مئی (۱۶) نڈھال - کمزور (۱۷) حوصلہ - ہمّت - جرأت (۱۸) استقلال (۱۹) قصد - ارادہ (۲۰) شرمسار - شرمندہ (۲۱) کاٹ - تیزی (۲۲) چمک دمک (۲۳) گہرائی - تھاہ (۲۴) گلٹ - ملمع (۲۵) اصل نسل (۲۶) پتنگ کی ڈور کی ڈھیل ٭ **پانی آجانا** - موتیا بند ہو جانا ٭ **پانی آنا** (۱) بارش ہونا - مینہ برسنا (۲) بادل چھانا - ابر آنا - گھٹا اٹھنا (۳) آنسو بہنا (۴) زخم سے رطوبت نکلنا (۵) پانی ٹپکنا (۶) نہر یا دریا میں پانی جاری ہونا ٭ **پانی اُبالنا** - کسی برتن میں پانی ڈالنے کے بعد اسے آگ پر رکھ کر جوش دینا ٭ **پانی ابلنا** - لازم ٭ **پانی اُتارنا** (۱) پانی نیچے لانا (۲) پانی اونچے مکان سے نیچے کی طرف بہانا (۳) پانی کم کرنا یا گھٹانا (۴) پانی کو دولہا دلھن کے سر سے وارنا ٭ **پانی اُتر آنا** - موتیا بند ہو جانا ٭ **پانی اُتر جانا** (۱) سیلاب کا بند ہو جانا (۲) پانی کا نشیب کی طرف بہ جانا (۳) پانی کا نہر وغیرہ میں کم ہو جانا (۴) موتی کی چمک دمک قائم نہ رہنا (۵) آئینے کا پارا مدھم ہو جانا (۶) گلٹ یا ملمع اُتر جانا (۷) بے شرم اور بے لحاظ ہو جانا ٭ **پانی اُترنا** (۱) مینہ برسنا - بارش ہونا (۲) نزول الماء یا موتیا بند کی بیماری لاحق ہونا (۳) خصیوں میں پانی بھر جانا (۴) پانی کا حلق کے نیچے جانا (۵) پانی گھٹنا (۶) سیلاب کا جاتا رہنا ٭ **پانی اُڑا دینا یا اُڑانا** - پانی کو آگ پر رکھ کر خشک کر دینا ٭ **پانی اُڑ جانا - یا - اُڑنا** - لازم ٭ **پانی اٹھانا** (۱) بہت پانی خرچ کرنا (۲) سقے کا بھری ہوئی مشک اٹھانا (۳) رطوبت جذب کرنا (۴) ہوا کا ابر کو اٹھانا (۵) نیچی جگہ سے اونچی جگہ پانی لانا ٭ **پانی اُٹھنا** (۱) گھٹا اٹھنا - ابر آنا (۲) پانی خرچ ہونا ٭ **پانی انڈیلنا** (۱) پانی ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالنا (۲) پانی پیٹ بھر کر پینا (۳) کسی برتن سے پانی گرانا ٭ **پانی باندھنا** (۱) بہتے پانی کو بند لگا کر روکنا (۲) تالاب کھودنا (۳) پانی کو اپنے کھیت میں لگانا (۴) جادو سے بارش روک دینا (۵) حیثیت سے باہر کام کرنے کا حوصلہ کرنا (۶) ناممکن کام کرنے کی جد وجہد کرنا ٭ **پانی بجھانا** - کیڑے مارنے کے لیے لوہا یا اینٹ گرم کر کے پانی میں ڈالنا ٭ **پانی برسانا** - مینہ برسانا ٭ **پانی برسنا** - بارش ہونا - مینہ برسنا ٭ **پانی بڑھنا** (۱) سیلاب آنا (۲) نہر وغیرہ میں پانی زیادہ ہو جانا (۳) حد سے گزر جانا ٭ **پانی بنانا** (۱) سوڈا واٹر وغیرہ بنانا (۲) پانی صاف کرنا ٭ **پانی بند کرنا** (ف) (۱) بیمار کو پانی نہ پینے دینا (۲) کسی کو پانی نہ بھرنے دینا (۳) کسی کو کھیت میں پانی نہ لگانے دینا ٭ **پانی بوند** (۱) مؤنث - پھوار - بارش ٭ **پانی بہانا** (۱) رونا (۲) پانی انڈیل دینا (۳) گھر میں کسی کی وفات کے بعد کوروں پر پانی اوندھانا ٭ **پانی بہ جانا** (۱) بے شرم ہو جانا - حیا جاتی رہنا (۲) لحاظ نہ رہنا - مروت نہ رہنا (۳) پانی ٹپک کر ضائع ہو جانا ٭ **پانی بھر آنا** - لالچ ہونا - طمع ہونا ٭ **پانی بھرنا** (۱) کنوئیں وغیرہ سے پانی لانا (۲) گھڑے پانی سے پُر کرنا (۳) پانی لانے کا کام کرنا (۴) ہار ماننا - شرمانا - عاجز آنا (۵) غلامی کرنا - نوکری کرنا (۶) کسی کے سامنے ذلیل و حقیر ہونا ٭ **پانی بہنا** (۱) پانی رواں ہونا (۲) آنسو گرنا (۳) رطوبت جاری ہونا (۴) حیا جاتی رہنا (۵) عورت کے اندام نہانی سے سفید پانی نکلنا ٭ **پانی پانی کرنا** (۱) بار بار پانی مانگنا (۲) شرمندہ کرنا (۳) پسینے پسینے کرنا (۴) پتلا کرنا - رقیق کرنا - پگھلانا ٭ **پانی پانی ہونا** (۱) نادم ہونا - شرمندہ ہونا (۲) پسینے پسینے ہونا (۳) بھیگنا - تر ہونا (۴) نرم ہونا - پگھلنا - پتلا ہونا (۵) بہت زیادہ مینہ برسنا ٭ **پانی پر بنیاد ہونا** (۱) کمزور ہونا - ناپائدار ہونا - بے قیام اور غیر مستقل ہونا - کچا اور بودا ہونا ٭ **پانی پر پڑھ کر پھونکنا یا دم کرنا** - کوئی آیت وغیرہ پڑھ کر پانی پر پھونک مارنا ٭ **پانی پر لکھا ہونا** (۱) نقش بر آب ہونا - عارضی ہونا - ناپائدار ہونا ٭ **پانی پڑنا** (۱) برکھا ہونا - بارش ہونا - مینہ برسنا (۲) برباد ہونا - خراب ہونا (۳) چیچک کے دانوں یا چھالے پھوڑے وغیرہ میں پیپ پڑنا (۴) پانی بدن پر گرنا - غسل ہونا ٭ **پانی پلانا** (۱) پیاسے کو پانی دینا (۲) پانی پلانے کا کام کرنا (۳) کسی کو بے حد ستانا ٭ **پانی پھر جانا - یا - پھرنا** (۱) حقیر ہو جانا - بے وقعت ہو جانا - بے رونق ہو جانا (۲) برباد ہو جانا - تباہ ہو جانا - خراب ہو جانا (۳) ضائع ہو جانا - نقصان ہو جانا (۴) زیور یا برتن پر چاندی سونے کا پانی چڑھنا (۵) برتن کا قلعی ہونا (۶) رونق پر ہونا ٭ **پانی پھوٹنا - یا - پھوٹ نکلنا** (۱) سیل کے باعث پانی کا زمین سے باہر آ جانا (۲) زمین سے چشمہ جاری ہونا (۳) کوئی بند توڑ کر پانی کا بہ جانا (۴) پانی میں اُبال آ جانا - پانی کا جوش کھانا یا کھولنا ٭ **پانی پھونکنا** (۱) پانی پر کچھ پڑھ کر دم کرنا (۲) حقے کا پانی پھونک کر نکالنا (۳) پانی منہ میں بھر کر کلی کرنا ٭ **پانی پھیر دینا** (۱) محنت رائگاں کرنا - محنت برباد کرنا (۲) احسان بھول جانا (۳) کام خراب کر دینا - کام بگاڑ دینا (۴) بے قدری کرنا - کام کی قدر نہ کرنا ٭ **پانی پھیرنا** (۱) برباد کرنا - تباہ کرنا (۲) صیقل کرنا - جلا کرنا ٭ **پانی پھینکنا** (۱) کسی پر پانی ڈالنا (۲) ہاتھی کا سونڈ سے پانی اچھالنا یا اپنے جسم پر پانی ڈالنا ٭ **پانی پی پی کر** (۱) منہ خشک ہونے پر پانی پی کر (۲) بار بار - ہر گھڑی - ہر وقت ٭ **پانی پی پی کر دعا دینا** (ف) بار بار دعا دینا - ہر لحظہ دعا دینا - بہت زیادہ دُعا دینا ٭ **پانی پی پی کر کوسنا** (ف) ہر دم بد دعا دینا - بے حد کوسنا ٭ **پانی پی کر ذات پوچھنا** (ف) (۱) بات ہو چکنے کے بعد دریافت کرنا (۲) وقت کے بعد پچھتانا - کام کرنے کے بعد پشیمان ہونا ٭ **پانی پینا** (ف) (۱) پانی کا حلق سے نیچے اتارنا - پیاس بجھانا - پانی نوش کرنا (۲) پانی کھینچنا یا جذب کرنا (۳) انجن کا نل سے پانی لینا ٭ **پانی تارا ہونا** - گہرے کنوئیں کی تہ میں پانی کا چمکنا ٭ **پانی تلے دھار اوپر دھار برسنا** - نہایت زور شور سے بارش ہونا - موسلا دھار مینہ

برسنا ؛ **پانی توڑنا** (۱) پانی کھینچ لینا ۔ پانی کم کرنا ۔ گھٹانا (۲) پانی کاٹ لینا ۔ پانی اپنے کھیت میں لگا لینا (۳) نہر یا بند سے پانی چھوڑنا ؛ **پانی ٹوٹ جانا** (۱) نہر میں پانی اُتر جانا یا کم ہو جانا (۲) کنوئیں میں پانی کا اتنا کم ہو جانا کہ مٹی آنے لگے ؛ **پانی جانا** (۱) آنسو بہنا (۲) پانی اترنا ۔ نزول الماء ہونا ۔ موتیا بند ہونا (۳) ذلیل ہونا ۔ بے عزت ہونا ؛ **پانی جلنا** (۱) پانی کا زیادہ گرم ہونا (۲) رطوبت کا جل جانا یا جاتے رہنا ؛

پانی چٹانا ۔ مُرغ کو لڑائی میں اٹھا کر تھیلی پر پانی پلانا ؛ **پانی چڑا جانا ۔ یا ۔ چڑانا** (۱) پانی کا زخم میں سرایت کر کے پیپ پیدا کرنا (۲) رطوبت جذب کر لینا (۳) حاملہ ہونا (۴) کسی کھیت کا پانی توڑ کر اپنے کھیت میں لے جانا ۔ (۵) پانی کی کمی کے باعث کسی گاؤں کے محفوظ پانی میں سے اجازت کے بغیر پانی لے جانا ؛ **پانی چڑھا جانا** ۔ بہت سا پانی پی جانا ؛ **پانی چڑھانا** (۱) بہت سا پانی پینا (۲) پانی پھیرنا ۔ ملمع کرنا (۳) صیقل کرنا ۔ جلا کرنا (۴) پانی اونچائی پر لے جانا (۵) آئینے پر پارا چڑھانا (۶) تلوار پر آب چڑھانا (۷) پانی چولھے پر رکھنا ؛ **پانی چڑھنا** (۱) دریا میں سیلاب آنا (۲) نہر میں پانی زیادہ ہونا (۳) تالاب یا کنوئیں میں غیر معمولی پانی ہونا ؛ **پانی چلانا** (دہلی) سینچنا ۔ آب پاشی کرنا ؛ **پانی چلنا** ۔ دیکھیے "پانی جانا" ؛ **پانی چوانا** (۱) قطرہ قطرہ پانی گرانا ۔ بوند بوند پانی ٹپکانا (۲) نزع کے وقت حلق میں پانی ڈالنا (۳) دہی کو کپڑے میں باندھنے کے بعد لٹکا کر پانی نکالنا (۴) پانی ٹپکانا ؛ **پانی چونا** (۱) کسی برتن میں سے پانی کا نکل جانا (۲) پانی کا بوند بوند ہو کر گرنا (۳) چھت میں سے پانی کا نکل جانا ؛

پانی چھاجوں برسنا ۔ زور کی بارش ہونا ؛

پانی چھاننا (۱) کپڑے میں سے پانی نکال کر صاف کرنا (۲) گھڑے میں چھید کر کے اس میں کپڑا دینا ، پھر نصف کے قریب اسے ریت سے بھر کر پانی سے بھر دینا تاکہ پانی صاف ہو کر نکلے ؛ **پانی چھوٹنا** (۱) پانی پینا بند کر دینا (۲) پانی جاری کرنا ۔ بند یا نہر سے پانی کھول دینا (۳) ہنڈیا کے پکنے میں سبزی یا گوشت کا پانی نکل کر اکٹھا ہونا (۴) کسی نمدار چیز کا پانی جدا اور ٹھوس چیز کا جُدا ہو جانا (۵) بیماری کی حالت میں عورت کے اندامِ نہانی سے پانی کا نکلتے رہنا ؛ **پانی چیرنا** ۔ تیرنے میں بڑے زور سے پانی کو ہاتھوں سے ہٹانا ؛ **پانی دکھانا** ۔ جانور کے آگے پینے کو پانی رکھنا ؛ **پانی دم کرنا** (و) پانی پر کچھ پڑھ کر پھونکنا ؛ **پانی دینا** (۱) سینچنا ۔ کھیت کو سیراب کرنا ۔ آب پاشی کرنا (۲) پانی پلانا (۳) (کنایۃً) ذبح کرنا (۴) لڑائی کے مرغ کو روک کر پانی چٹانا ؛ **پانی ڈھل جانا ۔ یا ۔ ڈھلنا** (۱) رونق نہ رہنا ۔ آب و تاب جاتی رہنا (۲) جوانی کے دن گزر جانا (۳) آنکھ کا پانی اترنا ؛ **پانی رکھنا** (۱) برتن میں پانی ڈال کر رکھنا (۲) آب دار کرنا ۔ چھری یا تلوار کو آب دینا ؛ **پانی سر سے اونچا ہونا ۔ یا ۔ گزر**

جانا (و) (۱) شدید مصیبت نازل ہونا (۲) کسی معاملے کا انتہا کو پہنچ جانا (۳) کسی امر میں طوالت ہو جانا ؛ **پانی سمونا** (ہ) گرم پانی میں سرد پانی ملا کر معتدل کرنا ؛ **پانی سو نیزے چڑھانا** (ل) ناحق بدنام کرنا ؛ **پانی سے پتلا** (ف) (۱) بہت پتلا ۔ نہایت رقیق (۲) بے آبرو ۔ بے عزت ۔ ذلیل (۳) بے حد آسان (۴) دُبلا پتلا ۔ کمزور ۔ نحیف ؛

پانی سے پہلے پُل باندھنا (د) (۱) سیلاب آنے سے پیشتر ٹانڈ تیار کرانا (۲) مرنے سے قبل واویلا کرنا (۳) تکلیف سے پہلے اس کا علاج کرانا (۴) بے جا فکر کرنا ؛ **پانی کا بتاسا ۔ یا ۔ بلبلا** (ا ۔ مذکر) (۱) حباب (۲) جلد مٹ جانے والا ۔ فانی ۔ بے اصل ۔ بے حقیقت ۔ ناپائدار ؛ **پانی کاٹنا** (۱) نہر سے پانی لینا (۲) پانی چیرنا ۔ تیرنے میں ہاتھوں سے پانی ہٹانا (۳) کشتی کھینے میں چپوؤں سے پانی ہٹانا (۴) پانی میں ہو کر گزرنا (۵) ایک نالی سے دوسری نالی میں پانی لے جانا (۶) کسی دوسرے کی باری کا پانی توڑ کر اپنے کھیت میں لگا لینا ؛ **پانی کر دینا** (۱) ہر شخص کے سمجھنے کے لائق کر دینا ۔ بہت آسان کر دینا ۔ نہایت سہل کر دینا (۲) غصے کو دھیما کر دینا ۔ مدھم کر دینا ۔ ٹھنڈا کر دینا (۳) پتلا کر دینا (۴) شرمندہ کر دینا (۵) پگھلانا (۶) نرم کرنا ۔ ملائم کر دینا (۷) پیشاب کر دینا ؛ **پانی کرنا** ۔ پانی کر دینا ؛ **پانی کھلنا** ۔ بارش کا بند ہو جانا ۔ مینہ کا تھمنا ؛

پانی کی بھڑک ۔ مؤنث ۔ شدید پیاس ؛ **پانی کی پوٹ** ۔ مؤنث ۔ (۱) جس میں پانی زیادہ ہو (۲) پانی کی مشک ؛ **پانی کی چادر** (ف) مؤنث (۱) آبشار (۲) پانی کی چوڑی دھار ؛ **پانی کی لکیر** (۱) عارضی ۔ ناپائدار (۲) بودی ۔ کمزور ؛ **پانی کی لہریں گننا** (۱) ناممکن کام کرنا (۲) فضول کام کرنا ؛ **پانی کی ناؤ ڈوب پر ڈوبی** ۔ مثل ۔ بُرائی کا نتیجہ یقیناً بُرا ہوتا ہے ؛ **پانی کے گھڑے پڑ جانا** ۔ ازحد شرمندہ ہونا ۔ نہایت خجل ہونا ۔ سخت منفعل ہونا ؛ **پانی کے مول** ۔ نہایت سستا ۔ بے حد ارزاں ۔ کوڑیوں میں ۔ بے داموں ۔ مفت ؛

پانی کے نیچے نہ پانی کے اوپر (لکھنؤ) کسی صورت نہیں مانتے ؛

پانی گلے تک آ جانا ۔ مصیبت کی انتہا ہو جانا ؛ **پانی لگانا** (۱) کھیت میں پانی دینا (۲) کسی چیز پر تھوڑا پانی ملنا ؛ **پانی لگنا** (۱) ٹھنڈے پانی سے دانتوں کو تکلیف پہنچنا (۲) پانی پینے سے تکلیف یا بیماری ہونا ۔ کسی مقام کا پانی راس نہ آنا ۔ پانی ناموافق ہونا ؛ **پانی لینا** (۱) پانی پینا (۲) آب دست لینا ۔ استنجا کرنا ۔ طہارت کرنا (۳) (انجن کا) بائلر میں پانی بھر لینا ؛ **پانی مانگنا** (۱) پانی پینے کے لیے طلب کرنا (۲) مینہ کی خواہش یا دعا کرنا ؛ **پانی مارنا** ۔ کشتی یا جہاز کے تیرنے کے لیے خاصے پانی کی ضرورت ہونا ؛ **پانی مرنا** (۱) عیب ہونا ۔ نقص ہونا ۔ سقم کا معلوم ہونا ۔ خرابی کا ظاہر ہونا (۲) دیوار یا مکان میں پانی کا سرایت کرنا یا جذب ہونا (۳) ذات یا خاندان میں کوئی عیب ہونا ۔ کم اصل ہونا ۔ نیچ ہونا (۴) الزام ہونا (۵) پوشیدہ کسی امر میں شامل

ہونا (۲) نادم ہونا ۔ شرمندہ ہونا ۔ خجل ہونا * پانی سنچھانا ۔ پانی میں سے گزر کر پار ہونا * پانی موسلادھار برسنا ۔ شدّت کی بارش ہونا * پانی میں آگ لگانا (۱) چغلی کھانا (۲) دوستوں میں لڑائی کرانا (۳) بے حد متحمل مزاج اور صلح پسند انسانوں میں کشیدگی کرا دینا طبیعتوں میں کدورت پیدا کرا دینا (۴) چین اور آرام میں مصیبت اور دُکھ پیدا کرنا (۵) فتنہ و فساد برپا کرنا (۶) شعبدہ بازی کرنا (۷) ناممکن بات کر دکھانا * پانی میں بجھانا ۔ کسی چیز کو گرم کرکے پانی میں ڈالنا * پانی میں مچھلی، نو نو ٹکڑے حصّہ (۷) مثل ۔ چیز ابھی دست یاب نہیں ہوئی، اس کی تقسیم کے باب میں جھگڑے پہلے ہی شروع ہو گئے * پانی ناپنا (۱) پانی کی تھاہ معلوم کرنا (۲) کالے پانی جانا * پانی نکالنا (۱) کسی جگہ سے نالی نکال کر یا کسی اَور طرح پانی بہا دینا * پانی نکلنا (۱) پانی خارج ہونا ۔ پانی جاری ہونا (۲) پانی کا باہر جانا (۳) قطرہ گرنا ۔ پانی ٹپکنا (۴) انزال ہونا (۵) رطوبت نکلنا * پانی نہ پچنا ۔ بھید ظاہر کر دینا ۔ بات چھپا نہ سکنا ۔ پیٹ کا ہلکا ہونا * پانی نہ مانگنا (۱) جلد مر جانا ۔ جھٹ پٹ دم نکل جانا ۔ اچانک دم نکل جانا ۔ یکایک مر جانا (۲) دم بخود ہونا ۔ دم نہ مارنا ۔ سانس نہ لینا * پانی وار کر پینا ۔ انتہائی محبّت ہونا ۔ عورتیں ازحد محبّت کا اظہار کرنے کے لیے ایسا کرتی ہیں * پانی وانی ۔ مذکر ۔ پانی (وانی تابع مہمل ہے) * پانی ہارنا (۱) ہار ماننا ۔ شکست کھانا ۔ اکھاڑے سے باہر ہونا ۔ دنگل سے نکل بھاگنا (۲) ہمّت ہارنا ۔ جی توڑنا * پانی ہوا ہو جانا (۱) پانی کا بھاپ بن جانا (۲) مینہ کے آثار ہو کر مطلع صاف ہو جانا * پانی ہو کر بہ جانا ۔ مایع ہو کر ضائع ہو جانا ۔ پتلا ہو کر بہ جانا (۲) فنا ہو جانا * پانی ہو جانا ۔ یا ۔ ہونا (۱) گھل جانا ۔ پگھل جانا ۔ گداز ہونا ۔ سخت چیز کا رقیق ہونا (۲) مشکل کام کا آسان ہونا (۳) شرم سے پسینے پسینے ہونا (۴) نرم پڑ جانا ۔ غصّہ جاتا رہنا (۵) ملائم ہونا ۔ نرم ہونا (۶) تیزی جاتی رہنا ۔ سرد ہو جانا (۷) تباہ ہو جانا ۔ خراب ہو جانا (۸) کُند ہو جانا (۹) پھیکا ہونا *

پاور (پا ۔ وَر) (انگ ۔ Power) مؤنّث ۔ قوّت ۔ طاقت *
پاور ہاؤس ۔ مذکر ۔ بجلی پیدا کرنے کا کارخانہ *

پاورق (پا ۔ وَرَق) (ف) مذکر ۔ حاشیے کے نیچے اگلے صفحے کا پہلا لفظ *

پاہ (پاہ) (۸) مؤنّث (۱) وہ زمین جسے بوتے ہوئے تین سال گزر گئے ہوں (۲) ایک پتھر جو پھٹکڑی اور لونگوں کے ساتھ گِھس کر آنکھوں کے لیے لیپ تیار کیا جاتا ہے *

پاہونا (پا ۔ ہُو ۔ نا) (۸) مذکر (۱) مہمان (۲) وہ گیت جو دلہن کو وداع کرتے وقت گایا جاتا ہے *

پاہی (پا ۔ ہی) (۸) مذکر ۔ وہ کاشت کار جو اُس گاؤں میں نہ رہے جس میں کاشت کرتا ہو ۔ عارضی کاشت کار ۔ کاشت کار ۔ ٹھیکیدار *
پاہی پرتی ۔ مؤنّث ۔ کاشت کے بغیر پڑی ہوئی زمین * پاہی کاشت (ی) (۱) مؤنّث ۔ وہ کاشت، جو دوسرے گاؤں کا آدمی کرے (۲) مذکر ۔ وہ آدمی جو دوسرے گاؤں میں کاشت کرے *

پائپ (پا ۔ اِپ) (انگ ۔ Pipe) مذکر (۱) نَے ۔ سوراخ ۔ ٹونٹی (۲) نل ۔ پتلی نلی (۳) حبشی حقّہ ۔ تمباکو پینے کا چھوٹا حقّہ (۴) بانسری *

پائن (پا ۔ اِن) (۸) مؤنّث ۔ ایک لنسو کا چوتھا حصّہ *

پائندہ (پا ۔ اِن ۔ دَہ) (ف) قائم رہنے والا ۔ ٹھہرنے والا *

پاؤ (پا ۔ اُو) (۸) مذکر (۱) سیر کا چوتھا حصّہ ۔ ۴ چھٹانک (۲) چوتھائی ۔ چوتھا حصّہ ۔ ربع ۔ ¼ * پاؤ آنہ ۔ مذکر ۔ ایک پیسا * پاؤ بھر ۔ تقریباً ایک پاؤ * پاؤ روٹی ۔ مؤنّث ۔ پاؤ سیر وزن کی انگریزی طرز کی بنی ہوئی روٹی ۔ ڈبل روٹی ۔ نان پاؤ * پاؤ سیر چاول (اچون) چوبارے رسوئی (۸) مثل ۔ حیثیت تھوڑی اور کرّ و فر بہت زیادہ ۔ شیخی بگھارنے والے کے متعلق بولتے ہیں * پاؤلا ۔ مذکر (۱) کسی سکّے کا چوتھا حصّہ (۲) روپے کا چوتھا حصّہ ۔ چونّی * پاؤلی ۔ مؤنّث ۔ چونّی ۔ چار آنے کا سکّہ *

پاؤں (پا ۔ ؤں) (۸) مذکر (۱) بدن کا وہ عضو جس کے سہارے انسان کھڑا ہوتا ہے ۔ پَیر ۔ پا ۔ پگ ۔ چرن (۲) ٹانگ ۔ قدم (۳) کھوج ۔ پاؤں کا نشان (۴) اصل ۔ نیو ۔ بنیاد ۔ جڑ (۵) انتہا ۔ انجام ۔ آخر (۶) آثار ۔ علامت ۔ ڈھنگ (۷) رفتار ۔ چال (۸) تعلّق ۔ دخل ۔ ذمّہ داری (۹) استحکام ۔ استقلال (۱۰) قبضہ (۱۱) بانٹ ۔ بخرا ۔ حصّہ * پاؤں آگے بڑھانا ۔ حد سے تجاوز کرنا * پاؤں آگے نہ پڑنا ۔ بڑھنے کی ہمّت نہ ہونا * پاؤں آنا ۔ تعلّق ہونا ۔ دخل ہونا * پاؤں آنکھوں سے لگانا ۔ ازحد تعظیم کرنا ۔ نہایت عزّت کرنا * پاؤں اتر جانا (۱) (۸) مڑ جانا ۔ موچ آ جانا (۲) پاؤں ہٹ جانا (۳) پاؤں نیچا پڑ جانا (۴) پاؤں دھنس جانا * پاؤں اٹھا کے جانا ۔ تیزی سے جانا ۔ جھٹ پٹ جانا ۔ جلد جلد جانا * پاؤں اٹھا دینا ۔ بھگا دینا ۔ شکست دینا * پاؤں اٹھا لینا ۔ تعلّق نہ رکھنا ۔ الگ ہو جانا * پاؤں اٹھانا (۱) چلنا ۔ قدم بڑھانا (۲) تیز چلنا ۔ جلد جلد چلنا (۳) اچھلنا ۔ کودنا ۔ چھلانگ مارنا (۴) قلابازی کھانا * پاؤں اٹھ جانا (۱) بھاگ نکلنا ۔ بھاگڑ پڑنا (۲) پاؤں اکھڑ جانا ۔ میدان سے نکل بھاگنا ۔ قدم ہٹ جانا ۔ قدم نہ تھمنا (۳) شکست کھانا * پاؤں اٹھنا (۱) چلنا ۔ ہمّت ہونا (۲) قدم اٹھنا * پاؤں اٹھ نہ سکنا ۔ حرکت دشوار ہونا ۔ چل نہ سکنا * پاؤں اڑا دینا ۔ پاؤں کاٹ دینا ۔ پاؤں قلم کر دینا * پاؤں اڑا دینا یا اڑانا (۱) مزاحم ہونا ۔ بیچ میں پڑنا ۔ مداخلت کرنا ۔

خواہ مخواہ کسی معاملے میں دخل دینا۔ دخل درمعقولات دینا (۲)
پاؤں سے دھکا دینا۔ پاؤں لگانا ٭ پاؤں اکھاڑ دینا یا اکھاڑنا
(۱) پسپا کرنا۔ شکست دینا۔ بھگا دینا (۲) ارادے سے باز رکھنا،
ہمت توڑنا، ارادہ تبدیل کرا دینا (۳) جگہ سے ہٹا دینا۔ پاؤں
نہ جمنے دینا۔ بے دخل کر دینا ٭ پاؤں اُکھڑ جانا یا اُکھڑنا (۱)
بھاگ نکلنا۔ ہٹ جانا۔ جگہ چھوڑ بھاگنا (۲) ہار جانا۔ شکست
کھانا (۳) گھبرا جانا۔ ہمت پست ہو جانا۔ حوصلہ ہار جانا (۴) قدم
نہ جمنا ٭ پاؤں اُلٹا پڑنا۔ آگے جاتے ہوئے ڈرنا۔ آگے جانے کو
جی نہ چاہنا ٭ پاؤں اُلجھنا (۱) کسی چیز میں پاؤں اٹک یا پھنس جانا
(۲) کسی معاملے میں جکڑا جانا ٭ پاؤں اونچ نیچ پڑنا۔ کوئی رسوا
کر دینے والی بات ہونا ٭ پاؤں ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔ کہیں نہ ٹکنا۔
استقلال نہ ہونا ٭ پاؤں باندھ رکھنا۔ جانے نہ دینا۔ روکنا ٭
پاؤں باہر نکالنا (۱) (۱) حد سے بڑھنا (۲) بساط سے باہر قدم
رکھنا۔ رتبے سے زیادہ بات کرنا (۳) گھمنڈ کرنا۔ اِترانا۔ غرور
کرنا (۴) آوارہ ہونا۔ بدچلن ہونا (۵) گھر سے باہر جانا (۶) بے
غیرت اور زنخہ ہو جانا۔ بے شرم و بدلحاظ ہو جانا ٭ پاؤں
پھسلنا (۱) پاؤں ڈگمگانا۔ پاؤں پھسلنا۔ پاؤں بہکنا (۲) استقلال
میں فرق آنا (۳) بے ایمانی کرنا۔ نیت میں فرق آنا (۴) متزلزل
ہونا ٭ پاؤں بڑھانا (۱) قدم تیز کرنا۔ جلد جلد چلنا (۲) قدم
آگے رکھنا۔ آگے آگے چلنا (۳) قبضہ کرنا۔ دخل بڑھانا (۴) جیتنا۔
فتح کرنا (۵) حد سے تجاوز کرنا ٭ پاؤں بھاری کرنا۔ نہ آنے
کا عہد کرنا۔ آمد و رفت موقوف کرنا ٭ پاؤں بھاری ہونا۔
(۱) پاؤں لمبا چوڑا ہونا۔ پاؤں بڑا ہونا (۲) چل نہ سکنا۔ تھک
جانا (۳) رُک رُک کر چلنا (۴) ہمت پست ہو جانا (۵) پیٹ
سے ہونا۔ حاملہ ہونا (۶) (لکھنؤ) عورت کا حیض سے ہونا ٭
پاؤں بھر جانا (۱) پاؤں لتھڑ جانا۔ آلودہ ہو جانا یا سَن جانا۔
کسی گندی چیز کا پاؤں کو لگ جانا (۲) پاؤں سُن ہو جانا یا سو جانا ٭
پاؤں بہکنا (۱) پاؤں کا لڑکھڑانا یا اِدھر اُدھر پڑنا (۲) لغزش
ہونا ٭ پاؤں بیچ میں ہونا (۱) ذمہ ہونا۔ ذمہ داری ہونا (۲)
مداخلت ہونا۔ دخل ہونا (۳) ساجھا ہونا۔ شرکت ہونا ٭
پاؤں پانی پر لگانا (۱) پانی میں داخل ہونا (۲) تیرنے کے لیے پاؤں
ہلانا (۳) پاؤں سے پانی کو چھونا ٭ پاؤں پاؤں (۱) پاؤں پر۔
پاؤں سے (۲) چلتے ہوئے ٭ پاؤں پاؤں چلنا (یا۔ پھرنا)
(۱) بچے کا سہارے کے بغیر چلنا (۲) پیدل چلنا۔ پیادہ پا چلنا ٭
پاؤں پاؤں ڈولنا (۱) بچے کا لڑکھڑاتے ہوئے چلنا (۲) بچے کا چلنا
سیکھنا ٭ پاؤں پاؤں صندل کے پاؤں (۱) بچے کے اوّل اوّل
چلنے پر عورتیں صندل گھس کر اس کے پاؤں پر لگاتی اور جب وہ

چلتا ہے تو یہ الفاظ کہتی ہیں ٭ پاؤں پر آنکھیں نکال کے ڈال
دینا (یا۔ ڈالنا۔ یا۔ رکھنا)۔ نہایت عزت، احترام اور تعظیم کرنا ٭
پاؤں پر پاؤں رکھ کر بیٹھنا (یا۔ سونا)۔ بے فکری سے دن گزارنا۔
آرام سے بسر اوقات کرنا۔ کسی چیز کی پروا نہ ہونا ٭ پاؤں پر پاؤں
رکھنا (۱) سیدھے راستے چلنا (۲) قدم پر قدم رکھنا۔ پیچھے پیچھے چلنا۔
(۳) تقلید کرنا۔ پیروی کرنا۔ نقشِ قدم پر چلنا (۴) پاؤں کا پاؤں
سے دبانا ٭ پاؤں پردے سے نکالنا (۱) پردے سے باہر آنا۔
پردہ چھوڑ دینا ٭ پاؤں پر ڈالنا۔ قصور کی معافی یا تعظیم کے لیے
قدموں پر گرانا ٭ پاؤں پر سر (دھرنا۔ یا۔) رکھنا (۱) پاؤں
پر گرنا۔ پاؤں پڑنا (۲) عجز و انکسار کرنا (۳) منت سماجت کرنا۔ گڑگڑانا۔
خوشامد کرنا (۴) معافی مانگنا ٭ پاؤں پر سنیچر سوار ہونا۔ مارے
مارے پھرنا۔ قسمت میں آوارہ گردی ہونا ٭ پاؤں پر کھڑے ہونا۔
سنبھل جانا۔ بچ جانا (عموماً "اپنے" کے ساتھ) ٭ پاؤں پر گرنا (ف)
(۱) منت کرنا۔ عاجزی کرنا (۲) سر کو پاؤں پر رکھ دینا (۳) پاؤں چومنا
(۴) ادب کرنا۔ تعظیم سے پیش آنا (۵) قدم لینا ٭ پاؤں پر لوٹنا
(۱) منت کرنا۔ نہایت عاجزی کرنا (۲) کتے کا اظہارِ محبت کرنا ٭
پاؤں پڑنا (۱) قدم پڑنا (۲) دیکھیے "پاؤں پر سر رکھنا" ٭ پاؤں
پسارنا (۱) پاؤں پھیلانا۔ ٹانگیں لمبی کرنا (۲) ضد کرنا۔ مچلنا۔
اَڑ بیٹھنا۔ ہٹ کرنا (۳) انتقال کرنا۔ مر جانا (۴) لیٹنا۔ آرام کرنا۔
چین سے سونا (۵) لالچ میں آنا (۶) چاہنا۔ خواہش کرنا۔ طالب
ہونا (۷) عاشق ہونا ٭ پاؤں پکڑنا (۱) معافی مانگنا۔ مدد چاہنا۔
پناہ چاہنا (۲) حمایت میں آنا۔ پناہ میں آنا (۳) پاؤں کو ہاتھ لگانا۔
قدم چھونا۔ پاؤں تھامنا (۴) نہایت منت سماجت کرنا۔ بے حد
عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا (۵) عزت کرنا۔ تعظیم کرنا (۶) انتہائی خاطر مدارات
کرنا (۷) چلنے سے روکنا ٭ پاؤں پوجنا (۱) بڑا ماننا۔ بزرگ سمجھنا۔
نہایت تعظیم و احترام کرنا (۲) قائل ہونا۔ ہار ماننا (۳) کنارہ کشی
کرنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا ٭ پاؤں پھٹنا۔ پاؤں میں بوائی نکل آنا۔
پاؤں پر زخم ہو جانا ٭ پاؤں پھسلنا (۱) پاؤں رپٹنا۔ پاؤں کا
پانی کیچڑ کے باعث یا کسی چیز پر پڑ کر لغزش کرنا (۲) گر پڑنا (۳) خواہش
ہونا۔ جی چاہنا۔ لالچ آنا ٭ پاؤں پھندنی۔ مؤنث۔ (کمہاروں
کی اصطلاح) رسی ٭ پاؤں پھنسنا۔ دیکھیے "پاؤں الجھنا" ٭
پاؤں پھولنا (۱) پاؤں سوج جانا۔ زیادہ چلنے سے پاؤں میں ورم
ہو جانا (۲) طاقت نہ رہ جانا۔ کمزور ہو جانا (۳) حوصلہ نہ پڑنا۔ ہمت
ہارنا (۴) تھکنا۔ تکان ہونا (۵) گھبراہٹ یا خوف سے چل نہ سکنا،
گھبرا جانا، سٹپٹا جانا ٭ پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا۔ دیکھیے
"پھونک پھونک کر پاؤں رکھنا" ٭ پاؤں پھیرنے جانا۔ شادی
یا بچہ ہونے کے بعد عورت کا اپنے میکے میں چند روز کے لیے مہمان

رہ کر دوچنا ٭ **پاؤں پھیلا کر سونا** (۱) لمبے پاؤں کر کے سونا (۲) بے فکر ہو کر سونا ۔ آرام سے سونا (۳) کسی بات کی پروا نہ کرنا ۔ بے فکر رہنا ٭ **پاؤں پھیلانا** (۱) دیکھیے "پاؤں پسارنا" (۲) رنگ لانا ٭ **پاؤں پھیلائے پڑا رہنا** (۱) کاہل ہو جانا ۔ سست ہو جانا (۲) بے فکر ہو جانا ۔ بے پروا ہو جانا ٭ **پاؤں پھیلائے سونا** (۱) بے فکر ہونا ۔ بے پروا ہونا (۲) موت کی نیند سونا ۔ مر جانا ٭ **پاؤں پیادہ** (۱) پا پیادہ ۔ پیدل ٭ **پاؤں پیترے سے پڑنا** ۔ طریقے، قاعدے اور ضابطے سے چلنا ٭ **پاؤں پیٹ پیٹ کر (کے) مرنا (مر جانا)** بڑی تکلیف سے مرنا ۔ انتہائی دکھ اور مصیبت سے مرنا ۔ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا ٭ **پاؤں پیٹنا** (۱) دکھ اور بے قراری کی وجہ سے پاؤں دے دے مارنا (۲) جان کنی کی حالت میں ہونا (۳) شدید تکلیف اور سختی سے جان دینا (۴) ذلیل و رسوا ہونا (۵) انتہائی تکلیف میں ہونا ۔ سخت بیقرار ہونا (۶) ہاتھ پاؤں مارنا ۔ کوشش کرنا ٭ **پاؤں پیچھے ہٹنا** (۱) بھاگنے کے آثار ظاہر ہونا (۲) ثابت قدمی میں فرق آنا ۔ لغزش کھانا ٭ **پاؤں تلے چیونٹی کی مثال ۔ پاؤں تلے کی چیونٹی** (ا) مثل ۔ بے بس ۔ ضعیف ۔ ازحد ذلیل ۔ بہت کمزور ۔ نہایت ادنیٰ ٭ **پاؤں تلے کی زمین سرک (سرکی ۔ یا ۔ نکل) جانا (۔ یا ۔ نکل جانا)** (ف) (۱) حواس باختہ ہونا ۔ ہوش اُڑ جانا ۔ اوسان جاتے رہنا ۔ سُن ہو جانا ۔ بھونچکا ہونا (۲) ڈگمگانا ۔ گر پڑنا ۔ متزلزل ہونا ۔ کانپنا ۔ لرزنا (۳) بے حد ڈرنا ۔ نہایت خوف زدہ ہونا (۴) سخت مصیبت پڑنا (۵) بے حد شرمندگی ہونا (۶) بے شرمی کی بات سن کر شدید نفرت یا بیزاری ہونا ٭ **پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا** (ف) دیکھیے "پاؤں تلے کی زمین نکل جانا" ٭ **پاؤں تلے مَلنا** (۱) قدموں میں روندنا ۔ پاؤں سے مَلنا (۲) نہایت تکلیف دینا ۔ دق کرنا ۔ تنگ کرنا (۳) برباد کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ شدید نقصان پہنچانا ٭ **پاؤں توڑ کر بیٹھ رہنا ۔ یا ۔ بیٹھنا** ۔ (۱) نا امید ہونا ۔ مایوس ہونا (۲) خاموش ہو بیٹھنا ۔ ہمت ہارنا ۔ کوشش کرتے کرتے تھک جانا (۳) بھروسا کرنا ۔ صبر کرنا ۔ توکّل پر بیٹھ رہنا (۴) گوشہ نشین ہو جانا ۔ قطعاً باہر نہ نکلنا (۵) محنت نہ کرنا ۔ سست ہو جانا ۔ کاہل ہو جانا ٭ **پاؤں توڑنا** (۱) بے کار آمد و رفت رکھنا ۔ فضول آنا جانا (۲) پریشان کرنا ۔ حیران کرنا (۳) بے حد کوشش کرنا ۔ دوڑ دھوپ کرنا ۔ بے سود تگ و دو کرنا (۴) پاؤں کو توڑ ڈالنا (۵) کسی سے ملنا چھوڑ دینا (۶) کسی شخص سے بہت ملنا (۷) بہت زیادہ تھک جانا (۸) کسی کے پیچھے بے فائدہ پھرتے رہنا (۹) کسی شخص یا چیز کی فضول تلاش کرنا (۱۰) جانے نہ دینا ٭ **پاؤں تھر تھرانا (۔ یا ۔ تھرآنا)** (۱) پاؤں لڑکھڑانا ۔ پاؤں میں لغزش ہونا ۔ پاؤں کانپنا (۲) کسی کام کے کرنے سے ڈر جانا ٭ **پاؤں تھکنا** (۱) چلتے چلتے ہار جانا (۲) عاجز ہونا ٭ **پاؤں ٹکانا** (۱) قیام کرنا ۔ ٹھہرنا (۲) سانس لینا ۔ دم لینا (۳) پاؤں دھرنا ۔ قدم رکھنا

(۴) قابو میں لانا ۔ قبضہ کرنا ۔ قدم جمانا (۵) ٹھکانا بنانا ۔ مکان تعمیر کرنا (۶) جگہ تلاش کرنا ۔ گنجائش کرنا (۷) آرام لینا ۔ آرام کرنا ٭ **پاؤں جمانا** ۔ (۱) قائم ہونا ۔ دخل لینا ۔ قبضہ کرنا (۲) استقلال کرنا ۔ ہمت کرنا (۳) سہارا ڈھونڈنا ۔ سہارا پانا (۴) امید وار ہونا (۵) واسطہ ڈالنا ۔ تعلق پیدا کرنا (۶) پاؤں گاڑنا ۔ پاؤں رکھنا ٭ **پاؤں جھنّانا** ۔ پاؤں میں جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ ہونا ۔ پاؤں کا سُن ہونا ۔ پاؤں میں چیونٹیاں سی چلنا ۔ پاؤں میں خون کا دوران بند ہو جانا ۔ خون کا دورہ بند ہونے سے پاؤں کا بوجھل ہو جانا ٭ **پاؤں چپّی کرنا** ۔ ٹانگیں دبانا ۔ مٹھیاں بھرنا ٭ **پاؤں چل جانا** ۔ قدم کا لغزش کر جانا ٭ **پاؤں چلنا** (۱) بچّے کا اپنے قدموں چلنا ۔ بچّے کا پہلے پہل رفتار میں آنا (۲) پیدل چلنا ۔ پا پیادہ چلنا (۳) پاؤں کا حرکت کرنا ۔ پھرنا (۴) لائق پڑنا ٭ **پاؤں چُور ہونا** ۔ تھک جانا ٭ **پاؤں چومنا** (۱) پاؤں کو بوسہ دینا (۲) عزت اور تعظیم کرنا ٭ **پاؤں چھلنی کر ڈالنا** ۔ سخت کوشش کرنا ۔ نہایت دوڑ دھوپ کرنا ٭ **پاؤں چھلنی ہونا** ۔ پاؤں میں کانٹے چبھ چبھ کر سوراخ ہو جانا ٭ **پاؤں چھوٹنا** (۱) کپڑوں سے ہونا ۔ ایام سے ہونا ۔ ماہانہ خون آنا ۔ حیض جاری ہونا ۔ بچّے کی پیدائش کے بعد خون کثرت سے نکلنا (۲) آزاد ہونا ۔ رہا ہونا ۔ بری الذمّہ ہونا ۔ فراغت پانا (۳) واسطہ نہ رہنا ۔ بے تعلق ہونا ۔ جھگڑے سے چھوٹنا (۴) پابندی نہ رہنا (۵) واہی تباہی پھرنا ۔ سرگرداں پھرنا ۔ آوارہ ہونا ٭ **پاؤں چھوڑنا** ۔ حیض کا خون بہانا ٭ **پاؤں چھونا** (۱) بڑوں کی تعظیم کے لیے ان کے پاؤں کو مس کرنا ۔ تعظیم کرنا (۲) کوئی کام شروع کرنے سے پہلے پیر یا استاد کے پاؤں کو ہاتھ لگانا ٭ **پاؤں دابنا ۔ یا ۔ دبانا** (۱) پاؤں چپّی کرنا (۲) جوتے کا پاؤں کو تکلیف دینا (۳) چپّی کر کے بڑے آدمیوں کو جگانا ٭ **پاؤں دب جانا** (۱) پاؤں کا کسی چیز کے نیچے آ جانا (۲) بے بس ہو جانا ۔ کسی معاملے میں پھنس جانا ٭ **پاؤں درمیان سے نکال لینا** (۱) ذمّہ داری ہٹا لینا ۔ واسطہ نہ رکھنا ٭ **پاؤں درمیان ہونا** (۱) واسطہ ہونا ۔ دخل ہونا ۔ تعلق ہونا (۲) ذمّہ داری ہونا ٭ **پاؤں دوڑنا** (ف) چلنے کی خواہش ہونا ٭ **پاؤں دوڑی** ۔ مؤنث ۔ کوشش ۔ محنت ۔ ہمّت ٭ **پاؤں دھرنا** (۱) چلنا ۔ جانا ۔ قدم رکھنا (۲) بیچ میں آنا ۔ دخل دینا (۳) شروع کرنا (۴) اختیار کرنا ٭ **پاؤں دھرنے کی جگہ** ۔ مؤنث (۱) قدم رکھنے کی جگہ (۲) سہارا ٭ **پاؤں دھو (دھو دھو) کر (کے) پینا** (۱) نہایت عزت کرنا ۔ بے حد تعظیم و تکریم کرنا (۲) ازحد منّت و سماجت کرنا ۔ انتہائی خوشامد کرنا ۔ بہت زیادہ چاپلوسی کرنا (۳) اعتبار کرنا (۴) فرماں بردار ہونا ۔ مطیع ہونا ۔ معتقد ہونا (۵) بہت پیار کرنا ۔ نہایت محبّت کرنا (۶) خواہش کرنا ۔ تمنّا کرنا ۔ آس رکھنا ۔ امید رکھنا ٭ **پاؤں ڈالنا** (۱) کسی کام میں دخل دینا (۲) کام شروع کرنا ٭ **پاؤں ڈگمگانا** (۱) پاؤں قائم نہ رہنا ۔

پاؤں لڑکھڑانا - لغزش ہونا (۲) ہمت ہارنا ؛ **پاؤں رکاب میں رہنا** (ف) ہر وقت تیار رہنا - آمادہ رہنا - مستعد رہنا ؛ **پاؤں رکھنا** (ہ) (۱) قدم رکھنا - چلنا - جانا (۲) دیکھیے "پاؤں دھرنا" ؛ **پاؤں رکھنے کا ٹھکانا - یا - رکھنے کی جگہ** (۱) ٹھہرنے کا سہارا (۲) مرتبہ ؛ **پاؤں رگڑنا** (۱) دیکھیے "پاؤں پیٹنا" (۲) بے قرار ہونا - پاؤں کملا (۳) بے سُود تلاش کرنا - سرگرداں ہونا - آوارہ پھرنا (۴) پاؤں کو جھا نواں کرنا ؛ **پاؤں رہ جانا** (۱) پاؤں بیکار ہو جانا - پاؤں شل ہو جانا - ٹانگیں ناکارہ ہو جانا (۲) ہار جانا - چور ہو جانا - تھک جانا (۳) مجبور ہونا - عاجز ہونا ؛ **پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا** (ف) (۱) پاؤں میں لغزش ہونا - ڈگمگانا - کانپنا - لرزہ ہونا (۲) بے قرار ہو جانا - بے چین ہونا (۳) سفر میں رہنا - قیام نہ ہونا (۴) نہایت مصروف ہونا - عدیم الفرصت ہونا (۵) تکبّر ہونا - گھمنڈ ہونا - مغرور ہونا - اترانا ؛ **پاؤں زمین پر نہ رکھنا** - کسی بات پر ناز کرنا - بے حد اترانا ؛ **پاؤں سر پر رکھ کر بھاگنا** - دیکھیے "سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا" ؛ **پاؤں سرکنا** (ہ) (۱) استقلال میں فرق آجانا (۲) قدم ہٹ جانا ؛ **پاؤں سکیڑنا - یا - سمیٹنا** (۱) پاؤں ہٹا لینا - پاؤں کھینچنا (۲) کنارہ کشی کرنا - تعلق قطع کر لینا ؛ **پاؤں سما جانا - یا - سمانا** - اپنے پاؤں سے چلنا - قدموں پر کھڑے ہو جانا ؛ **پاؤں سنسنانا** - پاؤں میں سنسنی سی پیدا ہونا ؛ **پاؤں سُن ہو جانا - یا - سو جانا** - خون کا دورہ رُک جانے سے پاؤں کا بے حس ہو جانا ؛ **پاؤں سے پاؤں باندھ کر بٹھانا** (۱) جانے نہ دینا - اپنے پاس رکھنا (۲) نگہبانی رکھنا ؛ **پاؤں سے پاؤں باندھ کر چلنا** - ساتھ ساتھ چلنا ؛ **پاؤں سے لگی سر میں بجھی** (ف) مثل - (۱) بے حد غصہ آیا (۲) بڑی جھلاہٹ ہوئی - انتہائی جلن پیدا ہوئی - بہت زیادہ رشک ہوا - بغایت حسد ہوا (۳) تن بدن جل گیا - اس سرے سے اُس سرے تک جل گیا - سرتاپا خاک ہو گیا (۴) جلنے سے کچھ نہ بچا ؛ **پاؤں کاٹ** (ہ) مؤنث (کہاروں کی اصطلاح) ڈور ؛ **پاؤں کا دھووَن** - مذکر (۱) پانی جس سے پاؤں دھویا گیا ہو (۲) مقابلے میں نہایت ذلیل - حقیر ؛ **پاؤں کاٹھ مارے جانا** (۱) پرانے زمانے کی طرح مجرم کو یہ سزا ملنا کہ دو لکڑیوں میں چھید کرنے کے بعد پاؤں ان میں ڈال لکڑیوں کو باندھ دینا اور بہت دنوں تک شارع عام پر بٹھا رکھنا (۲) پاؤں کا چلنے سے معذور ہونا (۳) مجبور ہونا - گرفتار ہونا - مقیّد ہونا ؛ **پاؤں کو سر کا پسینا آنا** (ف) بے انتہا محنت یا مشقت کرنا ؛ **پاؤں کی بیڑی** (ہ) مؤنث (۱) بیوی ، جورو ، زوجہ ، اہلیہ (۲) قیدخانہ - زندان (۳) زنجیر - سلاسل (۴) قید ، مزاحمت ، روک ، پابندی (۵) بیوی بچے - اہل و عیال (۶) دنیوی تعلقات - دنیاداری - خانہ داری (۷) الفت - لگن - محبت - عشق ؛ **پاؤں کی جوتی** - مؤنث - (۱) جوتا - پیزار - پاپوش (۲) بیوی - جورو - زوجہ - اہلیہ (۳) محکوم - غلام - خادم - نوکر (۴) چاپلوس - خوشامدی - جی حضوری (۵) ناقابل - نالائق (۶) بے توقیر - بے عزت - ہیچ - حقیر - خوار - ذلیل - ناہنجار (۷) نیچ - کمین - رذیل ؛ **پاؤں کی جوتی سر کو (چڑھنا - یا -) لگنا** (ف) (۱) رذیل کا سر چڑھنا - کمینے کا منہ لگنا (۲) ادنیٰ شخص کو اعلیٰ کے برابر کا درجہ ملنا ؛ **پاؤں کی خاک ہونا** - حقیر ہونا - ذلیل ہونا - ازحد بے وقعت ہونا ؛ **پاؤں کی چھچھوندر** (ہ) مؤنث - ماری ماری پھرنے والی عورت ؛ **پاؤں کی منہدی چھٹ جانا یا چھوٹ جانا یا گھسنا** - نقصان ہونا - حرج ہونا ؛ **پاؤں سے نیچے آنکھیں ملنا** (۱) نہایت عاجزی کرنا (۲) پروا نہ کرنا - ذلیل کرنا ؛ **پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی ایسی نہ ہونا** - مثل - برابر نہیں ہو سکتا - زمین آسمان کا فرق ہے - کوئی تعلق نہیں - کوئی نسبت نہیں ؛ **پاؤں گاڑنا** - دیکھو "پاؤں جمانا" ؛ **پاؤں گردش میں ہونا** (ف) قسمت میں آوارہ گردی ہونا - مارے مارے پھرنا ؛ **پاؤں گلے میں ڈالنا** (ہ) قائل کر دینا - حریف کو اُسی کی دلیلوں سے قائل کر دینا ؛ **پاؤں گِن گِن کے رکھنا** (۱) ٹھہر ٹھہر کر چلنا - سوچ سمجھ کر قدم رکھنا (۲) احتیاط کرنا ؛ **پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں** (ف) مثل (۱) قریبِ مرگ ہیں - مرنے کو تیار ہیں (۲) بے حد ضعیف ہیں (۳) ازحد کمزور ہیں (۴) سخت بیمار ہیں ؛ **پاؤں گھسنا** (ہ) (۱) چلنے میں تکلیف ہونا - چلتے چلتے تھک جانا (۲) فضول دوڑ دھوپ کرنا ؛ **پاؤں لڑکھڑانا** - دیکھیے "پاؤں ڈگمگانا" یا "پاؤں تھرتھرانا" ؛ **پاؤں لگانا** (۱) پاؤں چھوانا - پاؤں سے چھونا (۲) پاؤں مارنا - ٹھوکر مارنا - لات مارنا (۳) پاؤں رکھنا (۴) ٹھکرانا - بے عزت کرنا (۵) (لکھنؤ) تیرنے میں پاؤں مارنا ؛ **پاؤں لگ جانا - یا - لگنا** (۱) پاؤں کسی چیز سے چھو جانا (۲) تیرنے میں پانی اس قدر قلیل ہونا کہ پاؤں کا تہ پر جا ٹکنا (۳) کسی کام پر مستقل ہو جانا - قائم ہونا (۴) کسی بات کا پھیل جانا - شہرت ہو جانا (۵) جوش پیدا ہونا - تیزی پیدا ہونا (۶) بچے کا چلنے لگنا - چلنے کی طاقت ہونا ؛ **پاؤں لنگر میں ہونا** (ف) (۱) پاؤں میں بھاری بوجھ ہونا کہ چلا نہ جا سکے (۲) اضطراب یا تکلیف کے باعث پاؤں اُٹھ نہ سکنا ؛ **پاؤں لینا** (ہ) (۱) پاؤں چھونا - قدم لینا (۲) عزّت کرنا - تعظیم کرنا (۳) منّت کرنا - عاجزی کرنا ؛ **پاؤں مارنا** (۱) تیرنے میں پاؤں چلانا (۲) ٹھکرانا - پاؤں سے صدمہ پہنچانا (۳) (ہاتھ) کوشش کرنا ؛ **پاؤں مرید** (ف) مذکر (۱) غلام - نوکر (۲) بے حد فرماں بردار - نہایت معتقد ؛ **پاؤں میں بلّیاں بندھی ہونا** (ہ) بُرے حالوں پھرنا - سرگرداں پھرنا - بہت مارا مارا پھرنا ؛ **پاؤں میں بیڑی پڑنا** (۱) بیاہ ہونا - شادی ہونا (۲) منگنی ہونا - سگائی ہونا (۳) پاؤں میں زنجیر ڈالی جانا - قید ہونا ؛ **پاؤں میں جوتی نہ سر پہ ٹوپی** (ف) مثل (۱)

بے حد افلاس اور تنگ دستی کی حالت (۲) آفت زدہ اور پریشان ⁂
پاؤں میں مہندی لگنا۔ دیکھیے "پاؤں پر سر رکھنا" ⁂ پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے؟ (۱) نہ جانے یا آنے کی کیا وجہ ہے؟ انکار کا کیا باعث ہے؟ کون سی مجبوری ہے؟ کیا عذر ہے؟ ⁂ پاؤں میں مہندی لگنا۔ عذر لنگ ہونا۔ حیلہ ہونا۔ بہانہ ہونا۔ وجہ ہونا۔ سبب ہونا۔ انکار ہونا ⁂ پاؤں نکالنا (۱) حد سے باہر قدم رکھنا۔ حد سے بڑھ جانا یا تجاوز کرنا (۲) ہوشیاری کرنا۔ چالاکی کرنا (۳) باغی ہونا۔ تمرّد کرنا۔ سرکشی کرنا (۴) باہر جانا۔ چلنا۔ پھرنا (۵) الگ ہو جانا۔ تعلق ہٹا لینا (۶) عیش و عشرت میں پڑنا۔ بدچلنی کرنا (۷) چھڑانا۔ رہائی دینا (۸) ناچنا ⁂ پاؤں نکلنا (۱) رسوائی ہونا۔ چرچا ہونا (۲) پیچھا چھوٹنا۔ آزاد ہونا (۳) بے قید پھرنا۔ آوارہ ہو جانا (۴) باہر نکلنا ⁂ پاؤں نہ جمنا۔ مقابلے کی تاب نہ لا سکنا، ٹھہر نہ سکنا ⁂ پاؤں نہ دُھلوانا۔ اپنی خدمت کے لائق نہ سمجھنا، ازحد نفرت اور حقارت سے دیکھنا۔ نہایت ذلیل خیال کرنا، خاطر میں نہ لانا ⁂ پاؤں نہ رکھنا (۱) قدم نہ رکھنا۔ نہ جانا (۲) غرور کرنا۔ اترانا ⁂ پاؤں نہ ہونا۔ مقابلے کی تاب نہ لا سکنا۔ مقابلے کی طاقت نہ ہونا ⁂ پاؤں ہونا۔ تعلق ہونا۔ دخل ہونا ⁂

پاؤنا (پا۔ ؤنا) (ہ) مذکر (۱) مسافر۔ راہ گیر۔ جاتری (۲) جنوائی۔ داماد ⁂

پاؤنڈ (انگ) دیکھیے "پونڈ" ⁂

پاؤنی (پا۔ ؤنی) (ہ) مؤنث (۱) مسافر۔ راہ گیر (۲) وہ گیت، جو دلھن کی رخصت کے وقت گایا جاتا ہے ⁂

پائی (پا۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) تانبے کا سکہ، جو پیسے کا تیسرا اور آنے کا بارھواں حصہ ہوتا ہے (۲) جُلاہے کی لکڑیاں، جن سے تانا اکٹھا کیا جاتا ہے (۳) ایک قسم کی چھڑی یا بید۔ چابک ⁂ پائی کرنا۔ تانبے کو کرگہ میں لگانے کے بعد صاف کرنا ⁂

پائے (پا۔ ئے) (ف) مذکر۔ پاؤں۔ قدم۔ پا۔ پگ ⁂

پائے (پا۔ ئے) (ہ) مذکر۔ گائے بکری وغیرہ کے پاؤں، جو پکا کر کھائے جاتے ہیں ⁂ پائے پر کھینچنا۔ پستول یا بندوق کے گھوڑے کو جہاں تک ممکن ہو، کھینچنا ⁂

پائے بند (ف) دیکھیے "پابند" ⁂

پائے تابہ (ف) دیکھیے "پاتابہ" ⁂

پائے تخت (ف) مذکر۔ صدر مقام۔ بادشاہ کے رہنے کی جگہ۔ گدّی کی جگہ۔ دار الحکومت۔ دار السلطنت۔ دار الخلافہ۔ راج دھانی ⁂

پائے تراب (ف) دیکھیے "پاتراب" ⁂

پائے جامہ (ف) دیکھیے "پاجامہ" ⁂

پائے دار۔ پائیدار۔ پائدار (پا۔ اِدار) (ف) مضبوط۔ مستحکم۔ دیرپا۔ پکا۔ پختہ ⁂

پائے رفتن نہ جائے ماندن (ف) مثل۔ نہ جانے کی طاقت، نہ رہنے کی جگہ۔ نہ جاتے بن پڑے، نہ ٹھہرتے ⁂

پائے زیب (ف) دیکھیے "پازیب" ⁂

پائے کاشت (ف) دیکھیے "پاہی کاشت" ⁂

پائے گاہ۔ پائگاہ (پا۔ اِگاہ) (ف) مؤنث (۱) درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ (۲) اصطبل۔ طویلہ (۳) اجلاس۔ کچہری ⁂

پائے گدا لنگ نیست، مُلکِ خدا تنگ نیست (ف) مثل۔ فقیر کا پاؤں لنگڑا نہیں، خدا کا ملک تنگ نہیں۔ بھکاری کے لیے سارا جہان کھلا پڑا ہے، جہاں چاہے، مانگتا پھرے ⁂

پائے مال (ف) دیکھیے "پامال" ⁂

پائے مالی (ف) دیکھیے "پامالی" ⁂

پائے موز (ف) دیکھیے "پاموز" ⁂

پائیں (پا۔ اِیں) (ف) مذکر (۱) پاؤں کی طرف۔ سرھانے کے مقابل (۲) نیچے۔ پائینتی ⁂ پائیں باغ۔ مذکر۔ مکان کے ساتھ کا باغیچہ، جو ذرا نیچی جگہ واقع ہو ⁂

پائینت (پا۔ اِینت) (ہ) مؤنث۔ پلنگ کا پاؤں کی طرف کا حصہ، پائینتی، ادوان ⁂

پائینچہ (پا۔ اِیں۔ چہ) (ف) مذکر۔ پاجامے کا پاؤں کے قریب کا نچلا حصہ۔ پائینچہ بھاری کرنا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا۔ خانہ نشینی اختیار کرنا۔ ایک جگہ بیٹھ جانا۔ گوشہ نشین ہونا ⁂ پائینچے سے نکلی پڑتی ہے۔ غصّے میں آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے ⁂

پایاں (پا۔ یاں) (ف) مذکر۔ انجام۔ آخر۔ کنارہ۔ انت ⁂

پایک (پا۔ یک) (ف) مذکر (۱) پیک۔ قاصد۔ پیغام بر (۲) سفیر۔ ایلچی (۳) خط رساں۔ ہرکارہ۔ ڈاکیا (۴) پیادہ سپاہی۔ پیدل (۵) مسلح خدمت گار (۶) تحصیل کا پیادہ۔ پولیس کا سپاہی ⁂

پایل (پا۔ یل) (ہ) مؤنث (۱) پازیب (۲) پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ (۳) تیز رفتار (ہاتھی) (۴) بانس کی سیڑھی ⁂

پایہ (پا۔ یہ) (ف) مذکر (۱) پاؤں (۲) قدمچہ۔ سیڑھی۔ زینہ (۳) عزت۔ شان۔ حیثیت۔ منصب۔ مرتبہ۔ رتبہ (۴) چوپایے کا پاؤں ⁂ پایۂ ثبوت کو پہنچنا (و) ثابت ہونا ⁂

پ - ب

پبلشر (پَب۔ لِشَر) (انگ۔ Publisher) مذکر۔ کتاب، اخبار وغیرہ کا شائع کرنے والا۔ ناشر ⁂

پبلک (پَبْ - لِک) (انگ - Public) مؤنّث (۱) عوام - عامۃ النّاس (۲) کُل خلقت - جُملہ مردمان - تمام آدمی - عام انسان - مخلوق - رعایا - پرجا ٭ **پبلک اِنسٹرکشن** (Public instruction) مؤنّث - تعلیم عامہ - محکمۂ تعلیم کا صدر دفتر ٭ **پبلک پَرایسیکیوٹر** (Public prosecutor) مذکّر - سرکاری وکیل - حکومت کی طرف سے کسی مقدّمے کا ثابت کرنے والا مدّعی ٭ **پبلک سروس** (Public service) مؤنّث (۱) سرکاری ملازمت (۲) عام لوگوں کی خدمت ٭ **پبلک ورکس** (Public Works) مذکّر - امورِ عامہ ٭ **پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ** (Public Works Department) مذکّر - محکمۂ امورِ عامہ - پارک ماسٹری کا محکمہ - سرکاری تعمیرات کا محکمہ ٭

پبئی (پَبَئیْ) (ہ) مؤنّث - ایک چھوٹا سا خوش آواز جنگلی پرندہ ٭

پ - پ

پپرمنٹ (پَپَیْپ - پَرْ - مِنْٹ) (انگ - Peppermint) مذکّر - پودینے کا ست ٭

پپَّڑ (پَپْ - پَڑْ) (ہ) مذکّر - دیوار کی کہگل کا وہ حصّہ جو پھول کر الگ ہوجاتا ہے ٭

پپّڑ - پپڑا (پَپْ - پَڑْ ، پَپْ - ڑَا) (ہ) مذکّر - پاپڑا ٭

پپڑا (پَپْ - ڑَا) (ہ) مذکّر - چھال - اوپر کا چھلکا ٭ **پپڑا جانا - پپڑانا** (۱) کھرنڈ بندھ جانا - پپڑی بندھ جانا - بالائی حصّہ خشک ہوجانا - اوپر سے سوکھ جانا (۲) (لکھنؤ) ہونٹوں کا خشک ہوکر پھٹ جانا ٭

پپڑی (پَپْ - ڑِی) (ہ) مؤنّث (۱) سوکھا پوست - اوپر کا خشک پرت - کھرنڈ - خشکی - چھال - خشک چھلکا - پتلا چھلکا (۲) پھٹی ہوئی زمین، جو خشک ہونے پر اوپر سے پھٹ جاتی ہے (۳) پتلا سا چھلکا جو مائعات کے اوپر جم جاتا ہے (۴) پاپڑ (۵) کائی یا چکنی مٹّی کا پرت، جو سوکھنے کے بعد سطح سے الگ ہوکر پھٹ جاتا ہے (۶) حلوا سوہن کی ایک قسم ٭ **پپڑی آنا** - پرت بننا - تہ جمنا ٭ **پپڑی بندھنا** - دیکھیے "پپڑانا" ٭ **پپڑی پڑنا** (۱) پرت جمنا (۲) دودھ پر بالائی بننا ٭ **پپڑی جمانا** (۱) تہ جمانا (۲) (دہلی) حق قائم کرنا ٭ **پپڑی جم جانا - یا - جمنا** (۱) پپڑانا (۲) کتھے وغیرہ کا جمنا (۳) ملائی جمنا ٭ **پپڑیا جانا** - پپڑی پڑجانا - پھٹ جانا - سوکھ جانا ٭ **پپڑیا کتھا** - مذکّر - ہلکے رنگ کا کتھا - سفید کتھا ٭ **پپڑیاں** - مؤنّث - پپڑی کی جمع ٭ **پپڑیاں ہونٹوں پر بندھنا** - ہونٹوں کا خشک ہوکر پھٹ جانا ٭ **پپڑیلا** - (پَپْ - ڑِے - لَا) تہ دار - چھلکے والا - پرت والا - پپڑی والا ٭

پپلا (پِپْ - لَا) (ہ) صحیح "پوپلا" ہے - دیکھیے "پوپلا" ٭

پپلی (پِپْ - لِی) (ہ) مؤنّث - ایک قسم کی بُوٹی ٭

پپوٹا (پَپُوْ - ٹَا) (ہ) مذکّر - آنکھ کے اوپر کی غلاف جیسی کھال - پشتِ چشم - نیامِ چشم - آنکھ کا غلاف ٭ **پپوٹا ابھرنا** - پپوٹے کا پھول جانا ٭ **پپوٹا بھاری ہونا** - پپوٹا سوج جانا ٭

پپوٹن (پَپُوْ - ٹَن) (ہ) مؤنّث - ایک پودا، جس کے پتّوں کی دوا بنائی جاتی ہے ٭

پپولنا (پَپُوْلْ - نَا) (ہ) (دہلی) کسی چیز کو پوپلوں کی طرح منہ سے چوسنا - مسوڑھوں سے دبا دبا کر کھانا - پلپلانا ٭

پپّیا (پَپِّیْ - یَا) (ہ) مذکّر (۱) سیٹی - سیٹی بجانے کا کھلونا (۲) ارنڈ خربوزہ - پپیتا (۳) نہایت تیز اور باریک آواز ٭

پپیانا (پِپْ - یَا - نَا) (ہ) (۱) پیپ پڑجانا - زخم یا پھوڑے پھنسی کا پک جانا - ریم پڑجانا (۲) زخم سے پیپ نکلنا ٭

پپیتا (پَپِیْ - تَا) (پرتگالی لفظ "پاپیتا" کا مخفف - مذکّر - ایک قسم کا پھل اور اس کا درخت - ارنڈ خربوزہ - پپّیا ٭

پپیہا (پَپِیْ - ہَا) (ہ) مذکّر (۱) ایک نہایت خوش آواز پہاڑی پرندہ، جو "پی پی" اور "پی کہاں" کی صدا لگاتا ہے (۲) سیٹی، جو بچّے آم کی گٹھلی سے بناتے ہیں (۳) وہ سیٹی، جو بچّے پتّوں کو بیٹنے کے بعد منہ میں رکھ کر بجاتے ہیں (۴) مٹّی یا دھات کا باجا، جو منہ سے بجایا جاتا ہے ٭ **پپیہے کی کُوک** - مؤنّث - پپیہے کی آواز ٭

پ - ت

پَت (پَت) (ہ) مؤنّث (۱) آبرو - عزّت - وقار - عظمت (اتارنا، جانا، رکھنا، گنوانا کے ساتھ) (۲) اعتبار - ساکھ (۳) شوہر - خاوند - مالک - سوامی - پتی (۴) شرم - لاج (۵) پات کا مخفف - پتا - برگ - پان (۶) حریرہ - جوشاندہ - کاڑھا - قوام - چاشنی ٭

پت جھاڑ - یا - پت جھڑ - مذکّر - (۱) پتّے جھڑنا (۲) پتّے جھڑنے کا موسم - خزاں ٭ **پت جھڑ ہونا** (۱) پتّے گرنا (۲) بوڑھا ہونا (۳) ہوچکنا - گیا گزرا ہونا - کچھ نہ رہنا ٭ **پت جھڑی** - مؤنّث - (۱) پتّے گرنا (۲) خزاں ٭

پَت (پَتْ) (ہ) مؤنّث (۱) نرم چیز (۲) لیئی (۳) آہار - مانڈی - کلف (۴) کاڑھا - جوش دی ہوئی دوا، جو زچہ کو پلائی جاتی ہے - اچھوانی ٭

پِت (پِت) (ہ) مذکّر (۱) صفرا - تلخہ - چاروں خلطوں میں سے ایک خلط کا نام (۲) پتّے کے اندر کا زرد اور کڑوا پانی ٭ **پت ڈالنا** - زرد رنگ کی قے کرنا ٭

پتا (پَتا) (ع) مذکر (۱) علامت - سراغ - نشان - کھوج (۲) ٹھور ٹھکانا - جگہ - مقام (۳) حلیہ (۴) (کنایۃً) اشارہ (۵) سرنامہ - وہ عبارت جو لفافے پر لکھی جاتی ہے (۶) (عوام) تفصیل (بتانا، پوچھنا، چلنا، دینا، لگانا، لگنا، ملنا وغیرہ کے ساتھ) ⁂ **پتا نہ ہونا** - سراغ نہ ملنا - نشان نہ ہونا - غائب ہونا ⁂ **پتے پر آنا** (ع) کسی نشان سے تلاش کرنا - کسی نشان کے مطابق کھوج نکالنا ⁂ **پتے کی** - مؤنث - پتے کی بات - چھپی ہوئی بات ⁂ **پتے کی بات** - مؤنث - چبھتی ہوئی بات ⁂ **پتے کی سنانا - یا - کہنا** (۱) راز فاش کرنا - عیب کھولنا (۲) چبھتی ہوئی بات کہنا ⁂

پتا (پِتا) (ع) مذکر (ہندو) باپ - پدر - والد ⁂

پتّا (پَت - تا) (ع) مذکر (۱) پتر - پات - برگ (۲) کارڈ - پتا - ورق (۳) کان کا ایک زیور (۴) پتنگ کے نچلے حصے میں کتر کر لگایا ہوا تکونا کاغذ (۵) (مجازاً) وصف، سبک ⁂ **پتا باندھنا** - زخم پر پتا رکھنا ⁂ **پتا بولنا** (لکھنؤ) پتا منہ میں رکھ کر کسی جانور کی بولی بولنا جو جال میں پھنسانا ہو ⁂ **پتا بھی بے حکم خدا نہیں ہلتا** (۱) مثل - خدا کی مرضی کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا ⁂ **پتا توڑ کر بھاگنا** (ع) (دہلی) (۱) فوراً چل دینا - جلدی سے بھاگنا (۲) ایسا بھاگنا کہ پیچھے مڑ کر نہ دیکھنا - نہایت تیز دوڑنا ⁂ **پتا کھڑکا بندہ سرکا** (و) (۱) اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص آہٹ پاتے ہی کسی جگہ سے ہٹ جائے (۲) اس مقام پر بھی بولتے ہیں جب کوئی ذرا سے اشارے میں مطلب تاڑ جائے یا چالاکی اور نہایت ہوشیاری ظاہر کرے ⁂ **پتا کھڑکنا** (ع) (۱) پتے کی آہٹ یا آواز ہونا - دھیمی آواز ہونا - ہوا کے چلنے سے پتوں کا آواز دینا (۲) ڈر ہونا - خوف ہونا - خفیف اندیشہ ہونا ⁂ **پتا لگنا** (۱) پتا جڑتا ہونا ⁂ **پتا ہمواری ہونا** (۲) پھلوں میں داغ لگنا ⁂ **پتا نہ ہلنا** (کنایۃً) ہوا بند ہونا - حبس ہونا ⁂ **پتا ہلاتا** (مجازاً) ذرا سی حرکت دینا ⁂ **پتا ہو جانا - یا - ہونا** - غائب ہو جانا - ہوا ہو جانا - اڑ جانا - تیزی سے بھاگنا - رفو چکر ہو جانا ⁂ **پتوں والی** - مؤنث (عو) (کنایۃً) مولی ⁂

پتّا (پِت - تا) (ع) مذکر (۱) خلط صفرا کا مقام - زہرہ - مرارہ (۲) دل گردہ - جگرا - ہمت - حوصلہ - طاقت - تاب - تحمل (۳) حرارت - گرمی - جوش - تیزی - غصہ (۴) خواہش نفسانی (۵) حیا - غیرت - لاج - شرم ⁂ **پتا پانی کرنا** - امنگ دبا دینا - غصہ فرو کرنا ⁂ **پتا پانی ہونا** (۱) امنگ نہ رہنا - برداشت کی قوت پیدا ہو جانا - غصہ جاتا رہنا (۲) ترس آنا ⁂ **پتا کھینچنا** - پتا نکالنا - قتل کی سزا دینا ⁂ **پتا لگانا** (ع) کسی کام میں جی لگانا ⁂ **پتا مارنا** (۱) گرمی نہ لانا - جوش پر قابو پانا - غصہ روکنا (۲) سختی برداشت کرنا - دل پر جبر کرنا - امنگ کا دبا دینا - صبر کرنا - (۳) حوصلہ کرنا - ہمت کرنا (۴) محنت کرنا - جی توڑنا ⁂ **پتا مرنا** (۱) گرمی نہ رہنا - تیزی نہ رہنا - غصہ دھیما ہونا (۲) مزاج نرم ہو جانا - صفرا کی کمی ہو جانا (۳) حوصلہ کم ہو جانا - ہمت نہ رہنا (۴) جوش اور امنگ ٹھنڈی ہو جانا ⁂ **پتے سے ڈالنا - یا - لینا** (عوام) تنگ کرنا - ستانا ⁂ **پتے نکالنا** (ع) (۱) جان نکالنا (۲) خوب سزا دینا ⁂

پتال - پتّال (پَتال) - پَت - تال (ع) مذکر - دیکھیے پاتال ⁂ **پتال جنتر** مذکر (۱) آگ پر رکھ کر کسی چیز کے تیل نکالنے کا آلہ (۲) تیل نکالنے کا خاص طریقہ - گل حکمت ⁂ **پتال کی خبر لانا** (و) بات کی تہ کو پہنچنا - دور کی خبر لانا ⁂

پتانا (پت - تا - نا) (ع) (۱) (لکھنؤ) دنگ ہونا - حواس باختہ ہونا (۲) شرمسار ہونا (۳) حیران ہونا (۴) چکرانا - مضطرب ہونا - گھبرانا ⁂

پتاور (پتا - وَر) (ع) مذکر - چھپر بنانے کا پھوس ⁂

پتائی (پتا - ئی) (ع) مؤنث (۱) پلستر - سفیدی - استرکاری - کہگل - لپائی - (۲) پلستر کرنے کی اجرت (۳) پلستر کرنے والے کا پیشہ ⁂

پتّر (پَت - تَر) (ع) مذکر (۱) پات - پتا - برگ (۲) پان (۳) خط - رقعہ - پرچہ - پتا (۴) ورق - تاؤ - تختہ - طبق (۵) سونے چاندی وغیرہ کے پیٹے والے لمبے اور پتلے ٹکڑے (۶) لوہے کے چوڑے چوڑے مستطیل ٹکڑے ⁂

پتر - پُتّر (پُتر) ، پُت - تَر) (ع) مذکر (ہندو) بیٹا - لڑکا - پوت - ابسر ⁂

پترا (پَت - تَرا) (ع) مذکر (۱) جنتری - تقویم (۲) خط تقدیر (۳) صفحہ - ورق - (۴) دھات کا مستطیل ٹکڑا (۵) خول چڑھانے کا ورق ⁂ **پتری** - مؤنث - (ہندو) (۱) زائچہ - جنم پتری (۲) چٹھی - خط ⁂ **پترے کھولنا** (ہندو عو) عیب ظاہر کرنا - قلعی کھولنا - راز فاش کرنا ⁂

پترول (پِٹ - رَول) (جھتقہ) (انگ - پٹرول Petrol) مؤنث - دات کو گشت کرنے والی گارد ⁂

پتریا (پتر - یا) (ع) مؤنث (عوام) کنچنی - بیسوا - فاحشہ عورت - رنڈی - کسبی ⁂

پتّل (پَت - تَل) (ع) مؤنث (لکھنؤ) (ہندو) (۱) پتوں کی بنی ہوئی تھالی - پتوں کا دونا (۲) (مجازاً) ایک آدمی کی خوراک جو بیاہ میں تقسیم کی جاتی ہے - پروسا (دہلی) پاتر ⁂ **پتل پروسنا** (ہندو) پتل میں کھانا رکھنا یا چننا ⁂ **پتل پھاڑنی اور چل دیے** - مثل - مطلب نکالا اور کھسکے ⁂

پتلا (پَت - لا) (ع) (۱) ہلکا - مہین - باریک (۲) چھریرا - دبلا - لاغر (۳) رس - عرق - بہنے والا - سیالی - رقیق (۴) کمزور - ناطاقت (۵) نازک - ملائم - نرم ⁂ **پتلا حال** (و) مذکر - غیر حالی - خراب حالت ⁂ **پتلا حال کرنا** (۱) دق کرنا - ستانا - تنگ کرنا (۲) تباہ و برباد کر دینا - خواب و خستہ کرنا - بے حال کرنا (۳) قریب مرگ کر دینا - بہت مارنا ⁂ **پتلا حال ہونا** (۱) برا حال ہونا - تنگ حال ہونا (۲) خطرناک طور پر بیمار ہونا - قریب مرگ ہونا (۳) سخت ناتواں ہونا - بے حد کمزور ہونا - (۴) نازک ہونا - دبلا ہونا - لاغر ہونا (۵) سیال ہونا - رقیق ہونا (۶) تنگ ہونا - مفلس ، دریدہ کنگال ہونا (۷) ذلیل ہونا - بے عزت ہونا ⁂

پُتلا (پُت۔ لا) (ہ) مذکر (۱) مورتی۔ صنم۔ لُعبت۔ بُت۔ پیکر۔ تصویر (۲) مجسّمہ۔ ڈھچر۔ ڈھانچا۔ قالب۔ جسم۔ آدمی یا حیوان کا کالبد (۳) موٹھ۔ قبضہ (۴) سرتاسر۔ مجسّم (۵) بے حد خوب صورت۔ نہایت حسین۔ سجیلا۔ نکیلا (۶) صدقے کا گُڈّا، گڑیا (۷) آٹے کی مورت جو ساحر کسی خاص انسان کی ہم شکل بناتے اور تسخیر کے لیے اس پر جادو کرتے ہیں (۸) خاکہ۔ ہیولا ٭ **پُتلا خاک کا** (ہ) مذکر۔ (کنایۃً) انسان ٭ **پُتلا گاڑنا**۔ ایک قسم کا ٹونکا کرنا۔ تسخیر کے لیے ماش کے آٹے وغیرہ کا پُتلا بنا کر دفن کیا جاتا ہے ٭

پِتلانا (پِت۔ لا۔ نا) (ہ) (ہندی) (۱) پیتل کا کساؤ آجانا۔ پیتل کے برتن کی پکی ہوئی چیز میں پیتل کا ذائقہ محسوس ہونا۔ کھانے میں دھاتی برتن کے زہریلے مادے کا سرایت کر جانا (۲) پیتل کی سی رنگت ہو جانا ٭

پتلون (پَت۔ لُون) (ہند) (انگ پینٹیلونز۔ Pantaloons) (مؤنث) انگریزی وضع کا پاجامہ ٭

پتلی (پَت۔ لی) (ہ) (صفت مؤنث) دیکھیے "پتلا" ٭ **پتلی آواز** (ہ) مؤنث۔ باریک آواز۔ مہین آواز ٭ **پتلی دال کھانے والا** (کنایۃً) کم ہمت۔ بودا۔ کمزور ٭ **پتلی کمر**۔ مؤنث۔ نازک اور باریک کمر ٭

پُتلی (پُت۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) مورت۔ گڑیا (۲) لکڑی یا مٹی کی بنی ہوئی مورت۔ ڈورے یا تار سے ناچنے والی گڑیا (۳) آنکھ کا گول سیاہ حصّہ۔ آنکھ کی سیاہی۔ مردمِ چشم (۴) گھوڑے کے سُم کا ابھرا ہوا گوشت (۵) کل۔ مشین (۶) حسین و جمیل (عورت)۔ نہایت نازک اور خوب صورت (عورت)۔ تصویر کے لائق (عورت) (۷) انسان یا حیوان کی مٹی کی تصویر ٭ **پُتلی بن کے رہ جانا**۔ دم بخود رہ جانا۔ ساکت رہ جانا ٭ **پُتلی پھیر لینا**۔ (کنایۃً) بے مروّتی کرنا۔ بے وفائی کرنا ٭ **پُتلی پھیرنا**۔ اشارہ کرنا۔ نگاہ پھیرنا ٭ **پُتلی کا تارا** (مجازاً) (دہلی) بہت پیارا (لکھنؤ میں "آنکھ کا تارا" بولتے ہیں) ٭ **پُتلیاں** (ہ) مؤنث۔ پُتلی کی جمع۔ مورتیں ٭ **پُتلیاں الٹ جانا** (لکھنؤ) جان کنی کے وقت پُتلیوں کا نیچے اوپر ہو جانا ٭ **پُتلیاں بدل جانا** (ف) نزع کی حالت میں پُتلیوں کا الٹ پلٹ ہو جانا ٭ **پُتلیاں پتھرا جانا** یا۔ **پتھرانا** (ہ) پُتلیوں میں نور اور بینائی نہ رہنا۔ پُتلیوں کا بے حس و حرکت ہو جانا ٭ **پُتلیاں پھر جانا**۔ آنکھ کے ڈھیلوں کا اوپر چڑھ جانا۔ دیدے پھر جانا۔ حالت غیر ہو جانا۔ مرنے کے قریب ہونا ٭ **پُتلیاں نچانا** (۱) پُتلیوں کا کھیل یا تماشا کرنا (۲) آنکھوں کے اشارے کرنا۔ آنکھیں مٹکانا ٭ **پُتلیوں کا تماشا**۔ **پُتلیوں کا سانگ**۔ **پُتلیوں کا ناچ** (ف) مذکر۔ کپڑے یا کاٹھ کی گڑیوں کو تاروں کے ذریعے سے نچا کر کھیل دکھانا ٭ **پُتلیوں میں گھر کرنا**۔ پیارا ہونا۔ بہت عزیز ہونا ٭

پتمبر (پِتَم۔ بَر) (ہ) مذکر۔ (ہندو) ریشمی دھوتی۔ ریشمی کپڑا ٭

پَتنا (پَت۔ نا) (ہ) مذکر۔ فرج کا گوشہ ٭

پُتنا (پُت۔ نا) (ہ) مذکر (۱) بھگ کا کنارہ۔ فرج کا کونا (۲) پا سا ٭

پُتنا (پُت۔ نا) (ہ) (۱) پوتا جانا۔ سفیدی ہونا۔ رنگا جانا۔ قلعی ہونا۔ کوچی ہونا۔ پچارا پھرنا۔ پوچی ہونا (۲) پچارا پھیرنے کا کپڑا ٭

پتنگ (پَتَنگ) (ہ) مذکر (۱) گُڈّی۔ کنکوّا۔ کاغذ باد (۲) سرخ لکڑی کا ایک درخت۔ اس کی لکڑی سے سرخ رنگ نکالا جاتا ہے (۳) شمع پر گرنے والا پردار کیڑا۔ پروانہ۔ پتنگا (۴) (س) سورج۔ آفتاب۔ مہر (اُڑنا، بڑھنا، لڑانا، لڑنا وغیرہ کے ساتھ) ٭ **پتنگ اُڑانا** (ہ) کنکوّا اُڑانا ٭ **پتنگ بازی** (ف) مؤنث۔ کنکوّوں کا کھیل۔ کنکوّا اُڑانا۔ گُڈّی اُڑانے کا تماشا ٭ **پتنگ بڑھانا** (ہ) پتنگ کو فضا میں بلند کرنا ٭ **پتنگ ڈھا جانا** (لکھنؤ) پتنگ کا بے قابو ہو کر گر جانا ٭ **پتنگ ڈھا دینا** (لکھنؤ) بڑھتے ہوئے کنکوّے کو گرا دینا۔ **پتنگ کٹ جانا** (۱) کنکوّے کی ڈور کٹ کر اس کا اُڑتے ہوئے کہیں چلا جانا (۲) کہیں سے نکالا جانا ٭ **پتنگ ملانا** (لکھنؤ) پتنگ بازی کے وقت ایک کنکوّے کو دوسرے کنکوّے کے برابر کرنا یا اس کی طرف جھکانا ٭ **پتنگ ہتّے سے اکھڑ جانا**۔ کنکوّے کی ڈور ہتّے سے ٹوٹ جانا ٭

پتنگ چھُری پتنگ چھُری (ہ) (دہلی) (عو) (۱) جھگڑا ڈلوانے والی۔ لڑائی فساد کرا دینے والی۔ لگائی بجھائی کرنے والی۔ حرّافہ (۲) چلتی ہوئی۔ چالاک۔ تند۔ تیز (لکھنؤ میں "لُتری" بولتے ہیں) ٭

پتنگا (پَتَنگ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) پروانہ۔ پتنگ۔ شمع کا عاشق پردار کیڑا (۲) ہوا میں اُڑنے والی آگ کی چھوٹی چنگاری۔ پرکالہ۔ شرارہ۔ چراغ کا پھول۔ چنگاری ٭ **پتنگے لگانا** (عو) (۱) جلانا۔ چھیڑنا۔ شرارت کرنا (۲) آگ لگانا ٭ **پتنگے لگنا** (عو) (۱) حسد ہونا۔ رشک ہونا۔ جلنا۔ مرچیں لگنا (۲) غصّے سے تن بدن میں آگ لگنا۔ سخت ناگوار گزرنا۔ بے حد ناراض ہونا۔ آگ بگولا ہونا ٭

پتوار۔ پتوال (پَت۔ وار، پَت۔ وال) (ہ) مذکر (۱) کشتی کو موڑنے کی لکڑی۔ ناؤ کے پھرانے کا اوزار (۲) کشتی کا دنبالہ۔ سکّان (۳) کھم۔ اڑواڑ۔ کھمبا ٭

پتواس (پَت۔ واس) (ہ) مؤنث۔ پرندوں کے بیٹھنے کا اڈّا (اب کم مستعمل ہے) ٭

پتوہ (پَت۔ وہ) (ہ) مؤنث (ہندو) بہو ٭

پتھر (پَتھ۔ تھر) (ہ) مذکر (۱) سنگ۔ حجر (۲) اولا۔ ژالہ (۳) یاقوت۔ زمرّد۔ لال۔ ہیرا وغیرہ (۴) بے رحم۔ کٹّر۔ سنگ دل۔ جابر۔ ظالم (۵) (مجازاً) کڑی چیز۔ سخت چیز (۶) ثقیل۔ دیر میں ہضم ہونے والی۔ گراں۔ بھاری (۷) کمال۔ بے حد۔ زیادہ۔ بہت۔ نہایت (۸) کند ذہن۔ غبی (۹) بے وقوف۔ نافہم۔ بے سمجھ۔ مودھو (۱۱) ہیچ

(۱۱) مشکل کام (۱۲) خاموش - ساکت (۱۳) (عو) کنواری بیٹی (۱۴) سخت کنجوس - بے حد ممسک (۱۵) سخت مشکل - ادق ٭ **پتھر اُدھیڑنا** - قدیم محاورہ - آج کل اس کی جگہ "پتھر اکھاڑنا" مستعمل ہے ٭ **پتھر برسنا** (۱) پتھر گرنا - پتھر پڑنا (۲) ژالہ باری ہونا - اولے پڑنا ٭ **پتھر بن جانا** (۱) گنگ ہونا - گونگا بننا - چُپ ہونا - خاموش ہونا (۲) ظالم و جابر ہو جانا - سنگ دل ہو جانا (۳) پروا نہ کرنا - رحم نہ کرنا (۴) سنگ ہو جانا (۵) کڑا ہونا - سخت ہو جانا (۶) بھاری ہونا - بوجھل ہو جانا (۷) بت بن جانا - بہرا بن جانا ٭ **پتھر پانی ہو جانا - یا - ہونا** (۱) کنجوس کا سخی ہو جانا (۲) ظالم کو ترس آنا - سنگ دل کو رحم آ جانا (۳) مصیبت گزر جانا - سختی کا ٹلنا ٭ **پتھر پر (- یا - کو - یا - میں) جونک نہیں لگتی** - مثل (۱) سنگ دل پر کسی بات کا اثر نہیں ہوتا (۲) بدذات پر کوئی نصیحت کارگر نہیں ہوتی (۳) بیوقوف پر تعلیم و تربیت کا مطلق اثر نہیں ہوتا (۴) کنجوس سے کچھ ملنے کی امید نہیں (۵) ازلی گمراہ راہ پر نہیں آتا ٭ **پتھر پہ لگانا** - کسی دھار والی چیز کی دھار تیز کرنا ٭ **پتھر پڑنا** (۱) پتھر گرنا - پتھر برسنا (۲) اولے پڑنا - ژالہ باری ہونا (۳) بربادی ہونا - تباہی آنا - دُکھ میں گرفتار ہونا - مصیبت آنا - آفت نازل ہونا (۴) کال پڑنا - قحط پڑنا (۵) عقل و ہوش اور سوچ بچار کا جاتے رہنا (۶) کوئی بڑا کام ہونا ٭ **پتھر پڑیں** (عو) (بددعا) (۱) ناس ہو - تباہ ہو - غارت ہو - (۲) لعنت ہے - تُف ہے ٭ **پتھر پڑیں سمجھ پر** (۱) تم نہیں سمجھتے - بے سمجھ ہو - جاہل ہو - بے وقوف ہو (۲) سمجھ پر پھٹکار ہے - سمجھ پر لعنت ہے (۳) سخت نامعقول بات ہے - نہایت بُرا کام کیا ٭ **پتھر پسیجنا** (۱) پتھر میں نمی آنا (۲) (کنایۃً) سخت دل کو رحم آنا (۳) کنجوس کا کچھ دینے یا خرچ کرنے پر آمادہ ہونا ٭ **پتھر پوجے ہر ملے، میں پوجوں سنسار** (ھ) مثل - اگر خوشامد سے مراد بر آ جائے تو میں سارے جہان کی خوشامد کروں ٭ **پتھر پھوڑ (- یا - پھوڑا)** [پتھر - پھوڑا (تھ کی تخفیف سے)] مذکر (۱) پتھر پھوڑنے والا - روڑی کوٹنے والا (۲) سنگ تراش (۳) ہُدہُد - کھٹ بڑھئی - کٹھ پھوڑا - مرغِ سلیمانؑ ٭ **پتھر پھوڑیاں** (تھ کی تشدید کے بغیر) مؤنث - ماش مونگ کے آٹے سے مسالے ڈال کر بنائے ہوئے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، جو خشک کر لینے کے بعد شوربا بنا کر کھائے جاتے ہیں ٭ **پتھر تراشنا** - پتھر کاٹنا ٭ **پتھر تلے دامن دبنا** - تکلیف میں پھنسنا - مصیبت میں گرفتار ہونا - بے قابو ہو جانا ٭ **پتھر تلے سے ہاتھ نکالنا** - زبردست کے پنجے سے نجات دلانا ٭ **پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا** (عو) زبردست کے پنجے سے رہائی پانا - مصیبت سے نجات حاصل کرنا ٭ **پتھر تلے کا ہاتھ** - بے بسی، مجبوری اور بے اختیاری ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں ٭ **پتھر تلے ہاتھ ہونا (دبنا)** (۱) بھاری بوجھ کے نیچے ہاتھ کا دب جانا (۲) (مجازاً) زبردست کے قابو میں آ جانا - بے بس ہونا - مجبور ہونا ٭ **پتھر چاٹنا** - کسی دھار والی چیز کا پتھر پر رگڑنے سے تیز ہو جانا ٭ **پتھر چٹا** (تھ کی تخفیف سے) مذکر (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) پتھر چاٹنے والا ایک قسم کا سانپ (۳) ایک قسم کی مچھلی (۴) اوزار کو پتھر پر گھسنے والا - صیقل گر (۵) ممسک - کنجوس ٭ **پتھر چٹانا** - پتھر پر رگڑ کر دھار تیز کرنا - سان رکھنا ٭ **پتھر چلانا** - پتھر پھینکنا ٭ **پتھر چلنا** - سنگ ریزے برسنا - پتھروں کی بوچھار پڑنا ٭ **پتھر چھاتی پر دھرنا (رکھنا)** - دیکھیے "چھاتی پر پتھر رکھنا" ٭ **پتھر ڈھلکانا** - مصیبت سہنا ٭ **پتھر ڈھونا** (۱) (کنایۃً) سخت محنت کا کام کرنا - بڑی محنت کرنا (۲) بے فائدہ کام کرنا - لغو کام کرنا ٭ **پتھر زمین** (و) مؤنث - مشکل زمین - وہ سنگلاخ زمین، جس میں ردیف قافیے کی مشکل کے باعث شعر کہنا دشوار ہوتا ہے ٭ **پتھر سا پھینک (کھینچ) مارنا - یا - پتھر سا مارنا** (۱) کڑی بات کہنا - دل شکن جواب دینا - کرخت گفتگو کرنا - اکھڑپنے سے بات کرنا - سختی سے جواب دینا (۲) گستاخی سے بولنا ٭ **پتھر سے سر پھوڑنا (- یا - مارنا)** (۱) کوڑ مغز کو سکھانا - بے وقوف کو سمجھانا - کم عقل کو تعلیم دینا - بے سمجھ کو سمجھانے کی کوشش کرنا (۲) بے فائدہ کوشش کرنا (۳) بے فیض کی خدمت میں عمر ضائع کرنا (۴) گونگے سے بات چیت کرنا - بہرے سے گفتگو کرنا (۵) بے وفا سے دوستی کرنا ٭ **پتھر سے نصیب پھوٹنا** (و) سنگ دل سے معاملہ ہونا ٭ **پتھر کا بن جانا** (ھ) سنگ دل ہو جانا ٭ **پتھر کا جگر** (و) مذکر (۱) سخت کلیجا (۲) بے رحم ٭ **پتھر کا جگر پانی ہونا** (و) سنگ دل کو ترس آنا ٭ **پتھر کا جواب پتھر** - سخت بات کا جواب سخت ہوتا ہے ٭ **پتھر کا چھاپا** (ھ) مذکر (۱) لیتھوگراف (۲) پتھر پر حروف جما کر چھاپنا ٭ **پتھر کا دل (- یا - کلیجا)** (و) (۱) بے رحم - سنگ دل - ظالم - جابر (۲) بے خوف - نڈر (۳) پختہ - مضبوط ٭ **پتھر کا دل موم ہو جانا** - ترس آ جانا - رحم آ جانا ٭ **پتھر کلا** (تھ کی تخفیف سے) (ھ) مذکر - چقماق کے ذریعے سے چلنے والی بندوق - توڑے دار بندوق ٭ **پتھر کو پانی کر دینا** - سنگ دل کو نرم کر دینا ٭ **پتھر کو موم بنانا (- یا - کرنا)** (و) (۱) سخت چیز کو نرم کرنا (۲) سخت دل کو نرم دل کر دینا ٭ **پتھر کھینچ مارنا** (۱) غصے میں کسی کی طرف پتھر پھینکنا (۲) (مجازاً) دوسروں کو چبھنے والی سخت بات کہنا - سخت لفظوں میں کہنا ٭ **پتھر کی تصویر بننا** (۱) چُپ ہو جانا - خاموش ہو جانا ٭ **پتھر کے تلے ہاتھ دبانا** (ھ) اپنے آپ کو آفت میں ڈالنا - سخت مشکل میں ڈالنا ٭ **پتھر کی چھاتی** - مؤنث (۱) سنگ دلی (۲) بہادری - ہمت - حوصلہ مندی (۳) دل اور جگر کا استقلال (۴) سینہ پختہ ہونا - چھاتی مضبوط ہونا ٭ **پتھر کی چھاتی کر لینا** - تحمل کرنا -

صبر کرنا ٭ **پتھر کے کیڑے کو بھی خدا دیتا ہے** (۶) مثل۔ اللہ تعالیٰ ہر شخص کو رزق عطا کرتا ہے، کوئی خالی نہیں رہتا ٭ **پتھر کی لکیر** (ہ) مؤنث (۱) نہ بھولنے والی بات۔ بات کا زخم (۲) دل کا زخم۔ سینے کا داغ۔ نقش کالحجر (۳) قوی یادداشت (۴) زبردست صدمہ (۵) پائدار۔ مستحکم۔ مضبوط۔ نہ مٹنے والی۔ پکّی۔ مستقل ٭ **پتھر گھسنا** (۱) پتھر کا فرسودہ ہونا (۲) پتھر کو گھسنا ٭ **پتھر لڑھکانا**۔ (۱) پتھر پھسلانا (۲) (کنایۃً) بھدّے اور ثقیل الفاظ استعمال کرنا (۳) کسی کی بربادی اور موت کا طلب گار ہونا ٭ **پتھر مارنا** (۱) سنگ زنی کرنا۔ پتھر پھینک کر ضرب لگانا (۲) سخت باتیں کہنا۔ درشت کلامی کرنا (۳) پاگلوں جیسی حرکتیں کرنا (۴) (کنایۃً) روکھے پن سے جواب دینا ٭ **پتھر مارے موت نہیں** (۶) مثل (ع) (۱) بے حد سخت جان ہے۔ (۲) بہت بے شرم ہے۔ نہایت بے حیا ہے ٭ **پتھر موم کرنا**۔ دیکھیے "پتھر کو موم کرنا" ٭ **پتھر موم ہونا** (۱) سنگ دل کو رحم آنا (۲) کنجوس کا سخاوت پر آمادہ ہو جانا ٭ **پتھر نچوڑنا** (ہ) (قدیم محاورہ) (۱) سنگ دل کو رحم دلانا۔ ظالم سے لطف و کرم کی توقع رکھنا۔ ناممکن کو ممکن بنانا۔ بد سے نیکی کا خیال رکھنا۔ کنجوس سے فیاضی چاہنا (۲) بے جا اور فضول کوشش کرنا۔ بیکار اور بے سود کام کرنا ٭ **پتھر نہیں پگھلتے** (۱) سنگ دل کو رحم نہیں آتا (۲) کنجوس سے سخاوت نہیں ہوتی (۳) جفا کار میں وفا، پتھر میں نرمی وغیرہ ہونا غیر ممکن ہے۔ **پتھر ہو جانا۔ یا۔ ہونا** (۱) سخت ہونا۔ کٹھن ہونا۔ مشکل ہونا۔ (۲) بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا (۳) منجمد ہونا۔ جم کر سخت ہو جانا (۴) بے حس و حرکت ہونا۔ ایک جگہ پڑے رہنا۔ چل پھر نہ سکنا (۵) بہرا ہونا (۶) اندھا ہونا (۷) نکمّا ہونا۔ بیکار ہونا (۸) سنگ دل ہونا۔ بے رحم ہونا۔ خاموش ہو جانا۔ بُت ہو جانا ٭ **پتھرا جانا۔ یا۔ پتھرانا** (۱) پتھر بن جانا۔ پتھر ہو جانا (۲) سخت ہو جانا (۳) (پتلی اور آنکھ کی نسبت) آنکھ کی نظر زائل ہو جانا۔ پتلی کا بے حس ہو جانا۔ نور جاتا رہنا ٭ **پتھرا دینا**۔ پتھر بنا دینا ٭

پتھراؤ (پَتھ۔ رَا۔ اُوْ) (ہ) مذکر (۱) سنگ برسانا۔ پتھر برسانا۔ پتھروں کی مار۔ پتھروں کی بوچھار۔ سنگ باری۔ سنگساری (۲) ناانصافی۔ ظلم۔ زیادتی۔ سختی ٭

پتھروٹا (پَتھ۔ رَوْ۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) پتھر کا پیالہ (۲) پتھر کا ٹکڑا (۳) بٹّا (۴) کونڈی (۵) سِل ٭

پتھری (پَتھ۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) استرا، چاقو، چھری وغیرہ تیز کرنے کا آلہ۔ سِل (۲) سنگ ریزہ (۳) سنگِ گردہ۔ سنگِ مثانہ (۴) سنگ چقماق جس سے آگ جھاڑی جاتی ہے (۵) سنگ دان۔ پرندے کا ایک عضو جس میں پتھر وغیرہ ہضم ہوتے ہیں ٭

پتھریلا (پَتھ۔ رِی۔ لَا) (ہ) (۱) پتھر ملا ہوا۔ سنگ آمیز (۲) پتھر کا بنا ہوا ٭ پتھریلی۔ "پتھریلا" کی تانیث ٭

پتھیر (پَتھیر) (ہ) مؤنث (عوام) اینٹیں بنانے کی جگہ ٭ **پتھیرا**۔ مذکر۔ پاتھنے والا۔ تھاپنے والا۔ کچی اینٹیں یا اُپلے وغیرہ بنانے والا ٭

پتی (پَتی) (ہ) مذکر۔ شوہر۔ خاوند۔ خصم۔ سوامی۔ مالک ٭ **پتی برتا**۔ مؤنث (۱) شوہر کی رضا پر چلنے والی۔ خاوند کی فرماں بردار۔ سوامی کی سیوا کرنے والی (۲) عفیفہ۔ پاک۔ نیک۔ باعصمت۔ پاک دامن ٭

پتّی (پَت۔ تی) (ہ) مؤنث۔ (۱) چھوٹا پتّا۔ کونپل۔ جڑی بوٹی کے پتّے (۲) سبزی۔ بھنگ (۳) (ہندو) ساجھا۔ حصّہ۔ شرکت۔ چندہ (۴) پترا۔ ٹکڑا (۵) نِب۔ انگریزی قلم کی زبان یا چونچ (۶) دھات کا پتر (۷) گتّے کی پتّی ٭ **پتّی جمانا**۔ رنگ جمانا۔ فقرہ دینا ٭ **پتّی دار** (ف) مذکر (ہندو) حصّہ دار۔ ساجھی۔ شریک ٭

پِتّی (پِت۔ تی) (ہ) مؤنث۔ جوشِ خون کی ایک بیماری۔ پِت کا فساد۔ پِت کی خرابی۔ صفرا کا بگاڑ۔ ددوڑا ٭ **پِتّی اچھلنا۔ یا۔ نکلنا**۔ پِتّی کا پیدا ہونا۔ جسم پر ددوڑے پڑ کر کھجلی ہونے لگنا۔ صفرا کے بگاڑ کا بدن پر نمایاں ہونا۔ پِت کے فساد کا تن پر ظاہر ہونا ٭

پتیانا (پَت۔ یا۔ نا) (ہ) (۱) یقین کرنا۔ بھروسا کرنا۔ اعتبار کرنا (۲) نرمی کرنا۔ نرم ہونا (۳) راضی ہونا (۴) خیال کرنا۔ توجہ کرنا۔ دھیان دینا۔ خاطر میں لانا ٭

پتیت (پَتیت) (ہ) مذکر۔ وہ زمین جس میں کاشت نہ کی جائے۔ بنجر ٭

پتیل (پَتیل) (ہ) مہین۔ کمزور۔ پتلا۔ باریک (۲) چھدرا بنا ہوا۔ جھرجھرا ٭

پتیل (پَتیل) (ف) مذکر۔ چراغ کا فتیلہ ٭ **پتیل سوز**۔ شمع دان۔ چراغ رکھنے کی چیز ٭

پتیلا (پَتی۔ لَا) (ہ) مذکر۔ چھوٹی دیگ۔ بڑے منہ کا دیگچہ ٭ **پتیلی**۔ مؤنث۔ چھوٹا پتیلا۔ دیگچی۔ دھات کی ہانڈی ٭

پ۔ٹ

پٹ (پَٹ) (ہ) مذکر (۱) دروازے کی جوڑی کا ایک تختہ۔ کواڑ (۲) اوندھا۔ سرنگوں۔ برگشتہ۔ الٹا۔ واژگوں (۳) (ہندو) پردہ۔ آڑ۔ برقع۔ اوٹ۔ نقاب۔ چادر۔ گھونگٹ (۴) کسی چیز کے گرنے کی آواز (۵) جلد۔ فوراً۔ جھٹ پٹ۔ تُرت (۶) پاٹ۔ چوڑائی۔ عرض (۷) تخت۔ گدّی۔ اورنگ۔ سنگھاسن ٭ **پٹ بندھک**۔ مؤنث۔ کفالت و اصالت جس میں سے سود اور اصل دونوں مقررہ میعاد میں ادا کیے جاتے ہیں ٭ **پٹ بھیڑنا**۔ کواڑ بند کرنا ٭ **پٹ پٹ**۔ مؤنث (۱) لگاتار گرنے کی آواز (۲) مسلسل مارنے کی آواز ٭

پٹ پٹ بولنا۔ (عو) تڑاق پڑاق بولنا * پٹ پر (۱) وہ جنگل جس میں گھاس، درخت، پانی وغیرہ کچھ نہ ہو (۲) وہ زمین جو آٹے برس سیلاب سے ڈوبتی اور سوکھ جانے پر کھیتی باڑی کے لائق ہو جاتی ہے * پٹ پڑنا (۱) بے سود ہونا۔ غلط ہونا۔ غیر مؤثر ہونا۔ خلاف ہونا۔ تدبیر کا بے اثر ہونا۔ حربے کا کارگر نہ ہونا (۲) اوندھا گرنا۔ اندھے منہ گرنا۔ پہلو کے بل گرنا (۳) تلوار کا پہلو کے بل گرنا *
پٹ رانی۔ مؤنث۔ سب سے پہلی بیاہتا رانی۔ مہارانی۔ پہلی ملکہ * پٹ سے بولنا۔ تڑاق سے کہ دینا۔ بیچ میں بول اٹھنا *
پٹ کھولنا (۱) دروازہ کھولنا (۲) نقاب ہٹانا۔ گھونگٹ اٹھانا *

پُٹ (پُٹ) (ہ) مؤنث (۱) آمیزش۔ بو۔ شائبہ (۲) خمیر۔ چاشنی *

پٹا (پٹا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا فن سپاہ گری جو پھری گدکے سے کھیلا جاتا ہے۔ (کھیلنا، ہلانا کے ساتھ) * پٹے باز۔ مذکر (۱) پٹے کا کھلاڑی۔ لکڑی کھیلنے والا (۲) ایک قسم کا کھلونا (۳) ایک قسم کی آتش بازی * پٹے کے ہاتھ دکھانا (۔ یا۔ نکالنا) (لکھنؤ) (۱) پٹے کے کھیل کی طرح ہاتھوں کو حرکت دینا (۲) (مجازاً) نمائشی دھاک بٹھانا۔ جھوٹی دھمکی دینا *

پٹا (پَٹ۔ٹا) (ہ) مذکر (۱) حلقہ یا تسمہ جو پالتو جانوروں کے گلے میں ڈالا جاتا ہے (۲) چپراس۔ چپراس کا سلا ہوا کپڑا جو گلے یا کمر میں ڈالا جاتا ہے۔ کمر میں باندھنے کا کپڑا۔ پیٹی۔ پٹکا (۳) لنگی۔ پھینٹا (۴) (ہندو) بیٹھنے کا آلہ۔ پٹڑی۔ پٹڑا۔ تختہ (۵) دستاویز جو کاشتکار زمیندار کو کاشت کی بابت لکھ کر دیتا ہے (۶) اجارہ نامہ۔ ٹھیکے کا کاغذ۔ مالک زمین کی طرف سے زمین کو کام میں لانے کا اجازت نامہ (۷) مردوں کے سر کے لمبے لٹکے ہوئے بال۔ پٹے۔ کاکل (۸) کامدار جوتی کا کپڑا یا بانات کا ٹکڑا جس پر کام بنا ہوتا ہے (۹) اوڑھنا، دوپٹا، ایک عرض کا (۱۰) رواج۔ قاعدہ۔ دستور (۱۱) انعام۔ نیگ۔ حق الخدمت جو پٹے والے کی طرف سے دلھن کے کمیوں اور خادموں کو رخصت کے وقت دیا جاتا ہے (۱۲) محصول یا کرایہ اگاہنے کا دستور العمل * پٹا آتارنا (۱) چپراس چھین لینا۔ پیٹی اتار لینا۔ موقوف کرنا۔ نوکری سے علیحدہ کرنا (۲) گہنے لینا۔ گلوبند کھول لینا۔ کالر اتار لینا (۳) جانور کو چھوڑ دینا۔ آزاد کر دینا (۴) ملکیت سے خارج کر دینا۔ علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا (۵) ملازمت سے علیحدہ ہونا۔ نوکری ترک کرنا (۶) کام سے علیحدگی حاصل کرنا۔ آزاد ہونا۔ سبک دوش ہونا * پٹا پھیرنا۔ پھیروں کے وقت ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولھا کا پٹڑا دلھن کے نیچے اور دلھن کا پٹڑا دولھا کے نیچے بچھا دیا جاتا ہے * پٹا تڑانا (۱) پٹا توڑ کر کسی جانور کا نکل جانا۔ رسی تڑانا۔ زنجیر تڑانا (۲) آزادی چاہنا (۳) بھاگنے کا ارادہ کرنا۔ بھاگ جانا۔ آوارہ ہونا۔ اکتا جانا۔ عاجز آنا۔ تنگ ہونا۔ بیزار ہونا * پٹا خانگی (۱) مذکر۔ نج کا پٹا * پٹا دار (۱) مذکر۔ پٹا لینے والا * پٹا لکھوا لینا۔ معاہدہ کر لینا۔ قول قرار کر لینا *
پٹا۔ میعادی (۱) مذکر۔ وہ پٹا جو ایک محدود زمانے کے لیے دیا جائے *

پٹاپٹ (پٹا۔ پَٹ) (ہ) مؤنث (۱) کسی چیز کے لگاتار گرنے کی آواز (۲) پھلوں یا قطروں وغیرہ کے پیہم زمین پر گرنے کی آواز (۳) جوتوں مارنے کی آواز (۴) لگاتار پٹنے کی آواز۔ سڑاسڑ (۵) زیادتی سے۔ بافراط۔ بکثرت (۶) مسلسل۔ لگاتار۔ پیاپے۔ متواتر۔ پے درپے *

پٹاپٹی (پٹا۔ پٹی) (ہ) مؤنث۔ ایک کپڑا جس پر دھاریاں ہوتی ہیں *
پٹاپٹی کا پردہ (۱) مذکر۔ وہ پردہ جس میں رنگا رنگ کی پھول پتی اور گل بوٹے بنے ہوئے ہوں۔ مینا کاری کا پردہ۔ چوب کاری کا پردہ *
پٹاپٹی کی گوٹ (۱) مؤنث۔ مختلف رنگوں کی پھول پتی سے کاڑھا ہوا کنارہ۔ رنگ برنگ کی پھول بیل سے تیار کیا ہوا حاشیہ *

پٹاپر (پٹا۔ پَر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا پھل۔ رس بھری *
پٹا پڑنا۔ بہتات سے ہونا۔ کثرت سے ہونا *

پٹاخ (پَٹاخ) (ہ) مؤنث (لکھنؤ) (دہلی میں "پٹاق" بولتے ہیں) دیکھیے "تڑاق" * پٹاخ سے بولنا۔ تڑاق پٹاق بولنا۔ جو منہ میں آئے، کہ دینا۔ تیزی سے بولنا۔ جلد بولنا۔ بولنے سے پہلے جواب دینا۔ تُرت بولنا۔ آواز سے بولنا *

پٹاخا (پَٹا۔خا) (ہ) مذکر (۱) (دہلی) ایک قسم کی آتش بازی (لکھنؤ میں "پڑاقا" بولتے ہیں) (۲) (مجازاً) تڑاق پٹاق بولنے والا۔ بہت زیادہ بولنے والا۔ بیچ میں بول اٹھنے والا۔ چالاک۔ تیز۔ چلبلا۔ چنچل۔ شوخ (۳) (کنایۃً) بدکار عورت۔ فاحشہ (۴) رسیلی آواز والا۔ خوش گلو۔ خوش آواز (۵) معشوق۔ خوب صورت۔ ملیح۔ نمکین *

پٹارا (پِٹا۔را) (ہ) مذکر (۱) بانس یا بید کا بنا ہوا ڈھکنے والا ٹوکرا (۲) سپیروں کا ٹوکرا * پٹارا توڑنا۔ پٹارا توڑ کر چوری کرنا * پٹاری۔ مؤنث (۱) بانس یا بید کی بنی ہوئی ڈھکنے والی ٹوکری (۲) انگور وغیرہ رکھنے کے لیے لکڑی کا بنا ہوا بکس (۳) پان دان * پٹاری کا خرچ۔ مذکر (۱) پان دان کا خرچ۔ پان تمباکو کا صرف (۲) خرچی۔ حرام کاری کی اجرت * پٹاری میں بند رکھنے کے لائق (۔ یا۔ قابل) (۱) (طنزاً) نادر۔ عجیب و غریب *

پٹاس (پٹاش) (معنف) (انگ پوٹاش۔ Potash) مذکر۔ ایک قسم کا مرکب مادہ جو بارود اور صابون بنانے کے کام آتا ہے۔ ایک قسم کا آتش گیر مادہ۔ کھار۔ سجی *

پٹاق (پٹاق) (ہ) مؤنث (دہلی) دیکھیے "پڑاق" *
پٹاک (پٹاک) (ہ) مؤنث۔ پھل گرنے کی آواز۔ بھد۔ پٹ پٹ *

پٹا کا (پَٹا - کا) (ہ) مذکر - دیکھیے "پٹا خا" ؛

پٹانا (پِٹا - نا) (ہ) (۱) دلوانا - وصول کرانا (۲) آب پاشی کرانا - پانی لگانا - سینچنا (۳) چھت ڈلوانا - پوشش کرانا چھتوانا چھپر ڈلوانا (۴) ("معاملہ" کے ساتھ) جھگڑا فیصل کرانا - معاملہ ٹھیک کرانا - سودا بنانا ؛

پٹانا (پِٹا - نا) پٹنا کا متعدی - دیکھیے "پیٹنا" ؛

پٹاؤ (پَٹا - اَو) (ہ) مذکر (۱) تختہ - کڑی - چھت - پوشش (۲) آب پاشی ؛

پٹپٹانا (پَٹ - پَٹا - نا) (ہ) کسی چیز کو گرم بھوبھل میں بھون لینا ؛

پٹپٹانا (پِٹ - پِٹا - نا) (ہ) (عو) رنج کرنا - حسرت کرنا - افسوس کرنا ؛

پٹپٹر (پَٹ - پَٹر) (ہ) (۱) پانی اور گھاس سے خالی ویرانہ (۲) ویران جگہ - وہ زمین جو ہر سال دریا کے چڑھ جانے سے پانی میں ڈوبتی اور سوکھ جانے پر قابل زراعت ہو جاتی ہے، بنجر (۳) (صفت) یکساں - برابر - مسطح - مستوی - ہموار ؛

پیٹ پُچھنا (ہ) مذکر - تمام بچوں کے بعد ہونے والا لڑکا ؛

پٹخارنا (پَٹ - خا - رنا) (ہ) (عوام) (۱) کوڑے لگانا - پیٹنا (۲) دھمکانا (۳) پھٹکارنا - برا بھلا کہنا ؛

پٹخنا (پَٹ - خنا) (ہ) کشتی میں زمین پر دے مارنے کی آواز (اس محل پر پٹخنی بھی کہتے ہیں) ؛ پٹخنیاں دینا - بار بار دے مارنا ؛ پٹخنیاں کھانا (دہلی) پچھاڑیں کھانا - گرنا - گر کر سنبھلنا، پھر گرنا - لوٹنا - تڑپنا - لوٹنیاں لینا ؛

پٹخنا (پَٹخ - نا) (ہ) خلافِ فصاحت ہے، دیکھیے "پٹکنا" ؛

پٹر پٹر باتیں کرنا (ہ) بچوں کا صاف صاف باتیں کرنا ؛

پٹرول (پَٹ - رول) (انگ -) مذکر - صاف مٹی کا تیل جو موٹروں اور مشینوں کے چلانے میں صرف ہوتا ہے ؛

پٹڑا (پَٹ - ڑا) (ہ) مذکر (۱) لکڑی کا تختہ (۲) چھوٹے چھوٹے پایوں والی چھوٹی چوکی جس پر بیٹھ کر عورتیں غسل کرتی ہیں (۳) لکڑی کا لمبا تختہ جو زمین ہموار کرنے کے لیے کھیت میں پھیرا جاتا ہے - پٹیلا (۴) دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا تختہ - لکڑی یا پتھر کی سل ؛ پٹڑا پھیرنا (۱) کھیت کے ڈھیلوں کو تختہ چلا کر توڑنا اور اسے ہموار کرنا (۲) روپیہ ضائع کرنا ؛ پٹڑا کر دینا - برباد کر دینا - تباہ کر دینا - ستیاناس کر دینا ؛ پٹڑے کا پٹڑا (عو) موٹے تازے بچے کے متعلق بولتے ہیں ؛

پٹڑی (پَٹ - ڑی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا تختہ - تختی (۲) لوح (۳) روش - باغ کی چھوٹی سی سڑک جس پر گھاس بوئی جاتی ہے (۴) سڑک کا کنارہ - نہر کا کنارہ (۵) کپڑے کے اوپر کی چوڑی لکیر - حاشیہ (۶) پتری - پتی - پتر (۷) زانو - ران (۸) جدول - ڈول - مینڈ (۹) کھپریل کا کھپرا جس پر نلیاں رکھی جاتی ہیں (۱۰) تانبے یا چاندی کی تختی جس پر نقش وغیرہ کھدوا کر گلے میں ڈالتے ہیں (۱۱) سونے چاندی یا لاکھ کی فراخ چوڑی (۱۲) ایک قسم کا جستی زیور ؛ پٹڑی جمانا - گھڑ سوار کا زین پر رانیں ملی ہوئی رکھنا - آسن جمانا ؛ پٹڑی جمنا - آسن جمنا ؛

پٹس (پِٹ - ٹس) (ہ) مؤنث (عو) (۱) کہرام - ماتم (۲) زد و کوب - مارپیٹ ؛ پٹس پڑنا (۱) مار پڑنا (۲) ماتم ہونا - کہرام ہونا - (مُردے پر) (۳) حضرت امام حسینؓ کی مجلس میں گریہ و ماتم ہونا ؛ پٹس مچنا - (عوام) دیکھیے پٹس پڑنا ع۲-۳ ؛

پٹسن (پَٹ - سَن) (ہ) مذکر - ایک قسم کا پودا جس میں سے سَن نکالتے ہیں ؛

پٹک (پَٹک) (ہ) (۱) پٹکنا کا امر (۲) مؤنث - زمین سے ٹکر کھانا ؛

پٹکا (پَٹ - کا) (ہ) مذکر (۱) کمربند - پیٹی (۲) کمر پیچ - سپاہی اور سوار کے کمر سے لپیٹنے کا دوپٹا یا رومال (۳) پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی یا مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی ؛ پٹکا باندھنا (۱) کمر باندھنا (۲) (کنایۃً) کسی امر پر مستعد ہونا (۳) کسی کام کا تہیہ کرنا ؛ پٹکا پکڑنا (۱) پلو پکڑنا - دامن گیر ہونا - کمر میں ہاتھ ڈالنا (۲) تعرض کرنا - مزاحم ہونا - روکنا ؛

پٹکار (پَٹ - کار) (ہ) مؤنث - رسی یا چابک جو پرندوں کو کھیت سے اڑانے کے کام آتا ہے ؛

پٹکنا (پَٹک - نا) (ہ) (۱) زور سے دے مارنا (۲) ورم کم ہونا ؛

پٹکنا (پَٹک - نا) (ہ) مذکر - دیکھیے پٹخنا ؛ پٹکنی - دیکھیے پٹخنا ع۱ (پٹخنی) ؛

پٹکی (پَٹ - کی) (ہ) مؤنث - ضرب - صدمہ ؛

پُٹکی (پُٹ - کی) (ہ) مؤنث (عو) (۱) مصیبت - آفت - قہر - غضب - بلا (۲) ہلاکت - اچانک موت (۳) گھتی (۴) دھپا - داغ (۵) وہ بیسن یا آٹا جو شوربا گاڑھا کرنے کے لیے اکثر ساگ وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے ؛ پُٹکی پڑنا (۱) خدا کا غضب نازل ہونا - صدمہ پہنچنا - آفت آنا (۲) غارت ہونا (۳) موت آنا - اچانک موت آنا ؛ پُٹکی ڈالنا (لکھنؤ) آنکھیں بند کر دینا - اندھا کر دینا ؛

پُٹلا (پُٹ - لا) (ہ) مذکر - پشتارہ جس میں چیزیں باندھی جاتی ہیں ؛ پُٹلی (پُٹ - لی) مؤنث - چھوٹا پُٹلا ؛

پٹم (پَٹ - ٹم) (ہ) بند ؛ پٹم ہو جانا - یا - ہونا (۱) بالکل اندھا ہو جانا (۲) خراب ہو جانا - چوپٹ ہو جانا ؛

پٹمی لگانا (ہ) گنے کے ٹکڑے بونا ؛

پٹن (پَٹ - ٹن) (ہ) مذکر (۱) بستی - آبادی (۲) گھاٹ ؛

پٹن (پِٹ - ٹن) (ہ) مؤنث (دہلی) (۱) رونا پیٹنا - کہرام - ماتم -

(۲) (ٹ کی تشدید کے بغیر) بار ؞

پٹنا (پٹ ـ نا) (ہ) (۱) مار کھانا (۲) چوٹ کھانا (۳) مذکر ـ پیٹنا ـ رونا ـ کہرام ـ ماتم (۴) سختی ـ غم ـ رنج (۵) دُکھڑا ـ مصیبت ؞ **پٹنا ہونا** (عو ـ دہلی) فکر و تردّد ہونا ؞

پٹنا (یا ـ پٹ جانا) (ہ) (پاٹنا کا لازم) (۱) چھایا جانا ـ پوشش ہونا ـ کڑی تختے سے درست ہونا (۲) حاصل ہونا ـ ملنا ـ وصول ہونا (۳) معاملہ ہونا ـ سودا بننا ـ قیمت چکنا ـ طے ہونا (۴) لبالب ہونا ـ پُر ہونا ـ بھرنا ـ اٹنا (۵) پانی لگنا ـ سیراب ہونا ـ آب پاشی ہونا (۶) ادا ہو جانا (۷) زیادہ ہونا ـ بہت ہونا ـ بکثرت ہونا ؞

پٹنی ـ پٹولی (پَٹ ـ نِی + پَٹو ـ لِی) (ہ) مذکر ـ گھاٹ کا آدمی ـ ملاح ؞

پٹو (پَٹ ـ ٹو) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا (۲) برساتی ـ بارانی ؞

پٹو (پِٹ ـ ٹو) (ہ) (۱) پٹنے والا ـ مار کھانے والا ـ دہیل (۲) بھاگ جانے والا ـ شکست کھانے والا ـ ہار جانے والا ؞

پٹوا (پٹ ـ وا) (ہ) مذکر (۱) ریشم کا کام کرنے والا ـ زری باف (۲) تسبیح، مالا ـ زیور ـ بٹوے وغیرہ میں ڈورے ڈالنے والا ؞

پٹواری (پٹ ـ وا ـ ری) (ہ) مذکر ـ گاؤں کے رقبے ـ پیداوار، لگان اور مال گزاری کی جانچ پڑتال کرنے والا ـ گاؤں کا کارکن ـ محاسب دہ ـ گاؤں کا حساب کتاب رکھنے والا ؞

پٹوانا (پَٹ ـ وا ـ نا) (ہ) (۱) پیچھے پٹانا (۲) قرضہ چکانا (۳) بھجانا ـ وصول کرانا ؞

پٹوانا (پِٹ ـ وا ـ نا) (ہ) پٹنا کا متعدی (۱) مار کھلوانا ـ جوتے لگوانا ـ ضرب لگوانا (۲) جھک جھک کرانا ـ بکوانا (۳) (عو) تنگ کرنا ـ ستانا ـ پچوانا ـ رلوانا (۴) ماتم کرانا ؞

پٹوتن (پَٹو ـ تَن) (ہ) مؤنث ـ تختے جن سے چھت پاٹی جاتی ہے ؞

پٹور (پِٹو ـ وَر) (ہ) مؤنث ـ ماتم ـ کہرام ؞

پٹولا (پٹو ـ لا) (ہ) مذکر ـ ریشم کا کیڑا ؞

پٹوں میں گھسنا (یا ـ چھپنا) (ہ) (۱) دل میں گھر کر لینا (۲) ہمراز بننا ؞

پٹھ (پَٹھ) (ہ) مؤنث (۱) بکری کا مادہ بچہ ـ وہ جوان بکری جو بیائی نہ ہو (۲) مرغ کا مادہ بچہ ـ بڑا چوزہ (۳) خوب صورت ـ حسین ـ جوانی میں بھری ہوئی ؞

پٹھ (پُٹھ) (ہ) مؤنث (۱) دیکھو پُٹ (۲) (قصاب) گائے بکری وغیرہ کے سُرین کا گوشت ؞

پٹھا (پَٹھ ـ ٹھا) (ہ) مذکر (۱) باریک ریشہ دار سفید ڈورا جس کے ذریعے سے جسم کے اعضا سکڑتے، پھیلتے اور کھچتے ہیں ـ عصب ـ پٹھے (۲) نوجوان ـ نوخیز ـ نوعمر (۳) انسان یا حیوان کا جوان بچہ ـ کبوتر کا بچہ ـ گھریلو مرغ کا بچہ ـ اُلّو کا بچہ (۴) پہلوان کا شاگرد (۵) چوڑا لمبا پتا (۶) کیلے کا پتا (۷) کھانے کے تمباکو کا پتا (۸) ٹہنی ـ شاخ ـ تنکا (۹) موٹا کاغذ جو کتاب کی حفاظت کے لیے اس کے دونوں طرف لگایا جاتا ہے (۱۰) باریک چوڑیوں کے درمیان پہننے کی کشادہ چوڑی (۱۱) (عو) اطلس یا ساٹن بیٹ وغیرہ کی چوڑی گوٹ جو گوکھرو کی توڑ سے بنا کر کُرتی یا دوپٹے پر ٹانک لی جاتی ہے ـ ایک قسم کا زر باف، جو عورتیں دوپٹوں اور پاجاموں پر گرداگرد لگا لیتی ہیں (۱۲) (چوپایوں میں) گھوڑے کا جوان بچہ ـ کالے سانپ کا جوان بچہ (۱۳) گھاس کا پتا (۱۴) پیاز کا پوست جسے زبان پر رکھ کر پرندوں کی سی آواز نکالی جاتی ہے (۱۵) تلوار کا پھل (۱۶) (دہلی) سر کے بال جو اِدھر اُدھر چھوٹے رہتے ہیں ـ کاکل (لکھنؤ میں پٹا کہتے ہیں) (۱۷) تاش (۱۸) دیکھیے پٹھے ؞

پُٹھا (پُٹھ ـ ٹھا) (ہ) مذکر (۱) چوپایے کی دُم کی جگہ ـ جانور کا چوتڑ (۲) گھوڑے کا چوتڑ (۳) فی ـ ایک ـ واحد ؞ **پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا** (۱) گھوڑے کا سوار نہ ہونے دینا ـ چڑھنے نہ دینا ـ گھبرانا ـ وحشت کرنا ـ بدکنا (۲) پاس نہ پھٹکنے دینا ـ نزدیک نہ آنے دینا ـ دور بھاگنا ـ بات نہ کرنا (۳) پسند نہ کرنا ـ راضی نہ ہونا ـ منظور نہ کرنا ؞

پٹھان (پَٹھان) (ہ) مذکر (۱) افغان ـ خان ـ مسلمانوں کی چار اونچی ذاتوں میں سے ایک ذات جو بہادری میں ضرب المثل ہے (۲) کابل کا باشندہ (۳) (مجازاً) جنگی ملازم ـ سپاہی، سورما، دلیر، بہادر، جنگ جو، لڑاکا (۴) جلاد ـ خونخوار ؞ **پٹھان کا پوت گا ہے ولی گا ہے بھوت ـ پٹھان کا پوت گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت** (ق) مثل ـ پٹھان کی دوستی پر بھروسا نہ کرنا چاہیے ـ کبھی وہ خیر خواہ ہوتا ہے، کبھی دشمن ؞ **پٹھانی** ـ مؤنث (۱) افغان عورت (۲) افغان کی بیوی ؞

پٹھانا (پَٹھا ـ نا) (ہ) (پوربی) ارسال کرنا ـ روانہ کرنا ـ بھیجنا ؞

پٹھ ِلا (پٹھ ـ لِ ـ لا) (ہ) مذکر ـ ہندوستانی کوٹ، اچکن یا شیروانی وغیرہ کا وہ حصہ جو پہننے میں پیٹھ پر رہتا اور اُسے چھپاتا ہے ؞

پٹھو (پِٹھ ـ ٹھو) (ہ) صفت ـ مذکر (۱) پیچھے پیچھے پھرنے والا ـ ہر دم ساتھ رہنے والا ـ دُم چھلا ـ پچھ لگو (۲) معاون ـ مددگار ـ پشت پناہ ـ رفیق ـ ساتھی (۳) ایک فرضی آدمی جو بچے کھیل میں اپنے پیٹ کے اندر فرض کر لیتے ہیں (۴) اسباب بھرنے کا پٹارا ؞

پٹھوال (پِٹھ ـ وال) (ہ) مذکر (۱) پیچھے سے حفاظت یا روک کرنے والا ـ پشت پناہ (۲) معاون ـ مددگار ـ رفیق ـ ساتھی (۳) چوری کرنے والے کا ساتھی ـ سیندھ لگانے والے کی حفاظت کرنے والا ؞

پٹھور (پَٹھور) (ہ) مذکر و مؤنث (پوربی) (۱) نوجوان بکری جس نے بچہ نہ جنا ہو ـ بکری کا پٹھا (۲) مرغی کا چوزہ (۳) گائے کا بچہ (۴) بھینس کا بچہ ؞

پٹھوری (پٹھو۔ری) (ہ) مؤنث ۔ نوجوان بکری ؛
پٹھوں میں بیٹھنا ۔ یا گھسنا (ہ) (۱) اعصاب میں سرایت یا اثر کرجانا۔ رگ وپے میں گھس جانا (۲) دیکھیے "پٹھوں میں گھسنا" ؛
پٹھے (پٹھ۔ٹھے) (ہ) مذکر۔ پٹھا کی جمع (۱) اعصاب (۲) سر کے دونوں طرف کے بال (۳) برابر کے لڑکوں کا کلمۂ خطاب (۴) نوعمر نوجوان (۵) چوڑی گوٹ، جو انگیا کی آستینوں میں لگائی جاتی ہے ؛
پٹھی (پٹھ۔ٹھی) (ہ) مؤنث (ہندو) دُھلی اور پسی ہوئی دال ؛
پٹھیا (پٹھ۔یا) (ہ) مؤنث (۱) بکری یا گائے کا مادہ جوان بچہ، جس نے کوئی بچہ نہ جنا ہو (۲) (عو) نوعمر لڑکی ؛
پٹی (پٹ۔ٹی) (ہ) مؤنث (۱) ٹکڑا۔ حصّہ (۲) گاؤں کا چھوٹا حصّہ۔ قطعۂ زمین (۳) کپڑے یا کاغذ کی چوڑی لمبی دھجّی (۴) پگڑی کی بندش کی ایک قسم (۵) ایک قسم کی مٹھائی کی قلمیں (۶) پلنگ کا بازو (۷) بالوں کی تہ، جو تیل یا گوند وغیرہ سے ماتھے پر جمائی جاتی ہے (۸) (ہندو) لوح۔ تختی (۹) گھوڑے کی سیدھی اور لمبی دوڑ (۱۰) زخم پر باندھنے کے لیے کپڑے کی لمبی چیٹ (۱۱) پتنگ کی ڈور لپیٹنے کا مخصوص طریقہ (۱۲) وہ کپڑا، جو وضعِ حمل کے بعد زچّہ اور بچّے کے سر سے باندھا جاتا ہے۔ بندھن۔ قصابہ۔ سربند (۱۳) ترغیب۔ فریب۔ سبق (۱۴) کاغذ کی رنگین دھجّی، جو پتنگ میں آڑی ڈال دی جاتی ہے (۱۵) نواڑ کی دھجّی (۱۶) ٹاٹ کا لمبا ٹکڑا (۱۷) کنارہ۔ حاشیہ (۱۸) لنگوٹ (۱۹) پٹڑی ۔ روش (۲۰) جانب ؛ **پٹی آنکھوں پر باندھنا** (۱) درگزر کرنا۔ چشم پوشی کرنا (۲) لحاظ نہ کرنا۔ بے مروّتی کرنا (۳) آنکھیں بند کرنا ؛ **پٹی باندھنا** ۔ آنکھ یا زخم وغیرہ پر کپڑے کی دھجّی باندھنا ؛ **پٹی بنانا** ۔ تیل وغیرہ سے ماتھے پر بالوں کی تہ جمانا ؛ **پٹی پڑھانا** (۱) سمجھانا۔ سکھانا۔ تعلیم دینا۔ سبق پڑھانا (۲) دھوکا دینا۔ پھسلانا۔ ورغلانا۔ اغوا کرنا۔ بہکانا ؛ **پٹی دار** (۱) مذکر زمینداری کا حصّہ دار۔ گاؤں میں تھوڑی سی زمین کا مالک۔ گاؤں کا شریک ؛ **پٹی داری** ۔ تھوک داری ؛ **پٹی داری نامکمل** ۔ مؤنث ۔ وہ پٹی داری، جس میں کچھ اراضی مشترکہ ہو اور کچھ بٹی ہوئی ؛ **پٹی دینا** (ہ) (۱) دیکھیے "پٹی پڑھانا" (۲) لوح بخشنا۔ تختی دینا (۳) گھوڑے کو لمبا دوڑانا ؛ **پٹیاں** ۔ پٹی کی جمع (۱) چارپائی کے طول کی طرف کے دو ڈنڈے (۲) عورتوں کے دونوں طرف کے سر کے بال (عوام ٹ کی تشدید کے بغیر زلفوں کے معنی میں بولتے ہیں) ؛ **پٹیاں جمانا** (۱) تیل یا گوند وغیرہ سے پیشانی کے اوپر دونوں طرف کے بال جمانا (۲) چھت یا دیوار میں پتھر کی سلیں لگوانا۔ مکان میں پتھر کے تختے لگانا۔ چوکے قائم کرنا ؛
پٹے (پٹ۔ٹے) (ہ) پٹا کی جمع ۔ سر کے پُرخم بال جو بعض مرد سر کے دونوں طرف کانوں تک لٹکاتے ہیں ؛ **پٹے چھوڑنا** (لکھنؤ) سر کے بڑھے ہوئے بالوں کو کانوں کے اوپر چھوڑنا ؛
پٹیا (پٹ۔یا) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی چٹان ۔ پتھر کی سل ۔ پتھر کا تختہ یا چوکا (۲) ماتھے پر بالوں کی جمائی ہوئی تہ ۔ پٹی ؛
پٹیت (پٹیت) (ہ) مذکر (۱) پھری گدکے کا کھلاڑی ۔ پٹے باز (۲) سرخ، زرد، سیاہ یا نیلا کبوتر، جس کے گلے میں سفید طوق ہو (۳) احمق ۔ بے وقوف ؛ **پٹیتی** ۔ مؤنث (۱) پٹے کے فن میں مشق (۲) عداوت ۔ دشمنی ۔ وہ عناد، جو ہمسایے میں رہنے سے ہو ؛
پٹیٹ (پٹیٹ) (ہ) مذکر (۱) ٹھیکیدار (۲) پٹی رکھنے والا ؛
پٹیر ۔ پٹیرا (پٹیر، پٹے۔را) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) بانس کا کاغذ ؛
پٹیل (پٹیل) (ہ) مذکر (۱) پٹے باز (۲) بادشاہی ۔ حکومت (۳) گاؤں کا سرغنہ ۔ نمبردار ۔ چودھری ۔ مقدّم (۴) کسی قوم کا چودھری یا فرد (۵) مرہٹوں کا ایک لقب ؛
پٹیل (پٹیل) (ہ) دبیل ۔ مار کھانے والا ؛
پٹیلا (پٹے۔لا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) پانی کی سطح پر بانسوں سے بنایا ہوا چبوترا، جو کشتی کا کام دیتا ہے (۳) کھیت میں پھیرنے کا تختہ ۔ میڑا (۴) چٹان ۔ سل ؛
پٹیل ڈالنا (ہ) تھوڑی قیمت پر بیچ ڈالنا ؛
پٹیلنا (پٹیل۔نا) (ہ) (۱) کمانا ۔ حاصل کرنا (۲) زبردستی لینا (۳) نیچا دکھانا ۔ زیر کرنا ۔ مغلوب کرنا ۔ شکست دینا ۔ جیتنا ۔ بازی لینا (۴) زد و کوب کرنا ۔ مارنا پیٹنا ۔ ٹھونکنا ؛
پٹیلوں (پٹی۔لوں) (ہ) مؤنث ۔ تیتر کی آواز ؛
پٹین (پٹین) (ہند) (انگ ۔ پڈنگ ۔) مذکر (۱) لکڑی کی درزیں بند کرنے اور آئینہ جڑنے کا روغن، جو کھریا مٹی کو السی کے تیل میں ملا کر تیار کیا جاتا ہے (۲) حلوے کی قسم کا ایک لذیذ کھانا۔ انگریزی فرنی ؛
پٹبیٹ (پٹ۔بیٹ) (ہ) مذکر ۔ دشمن ۔ عدو ؛

پ ۔ ج

پجا (پجا) (ہ) بھرا ۔ آباد ؛ (اردو میں بھرآ کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ؛)
پجاپا (پجا۔پا) (ہ) مذکر (۱) پوجنے کا سامان ۔ چڑھاوے کی چیزیں (۲) بکھیڑا ۔ جھگڑا (۳) مصیبت ۔ دُکھ ؛
پجاری (پجا۔ری) (ہ) مذکر (۱) پوجا کرنے والا ۔ عبادت گزار (۲) پوجا کرانے والا ۔ مندر میں رہنے اور چڑھاوے لینے والا برہمن ۔ مجاور ؛
پجانا (پجا۔نا) (ہ) پورا کرنا ۔ بھرنا ؛ **پجنا** (پج۔نا) (۱) مانا جانا

پرستش کیا جانا ۔ **پجوانا** (پُج۔ وا۔ نا) پوجنا کا متعدی المتعدی۔ پرستش کرانا۔ بندگی کرانا۔ عبادت کرانا ۔

پجاوا (پَجا۔ وَا) (ا) مذکر۔ بھٹا۔ آوا۔ پزاوہ ۔

پجوڑا (پَجُو۔ ڑا) (ہ) بڑا پاجی۔ نہایت ذلیل۔ بغایت کمینہ۔ بہت نالائق ۔ **پجوڑی** (ہ) پجوڑا کی تانیث۔ پاجی عورت ۔

پ - چ

پچ (پَچ) (ہ) مؤنث (۱) سخن پروری۔ پاس۔ طرف داری۔ حمایت (۲) سہارا۔ حفاظت۔ مدد (۳) ضد۔ ہٹ۔ اڑ۔ تعصب۔ تمرد (۴) سعی۔ کوشش ۔ **پچ آپڑنا**۔ پاس ہونا ۔ **پچ پر ہونا**۔ طرفدار ہونا ۔ **پچ کرنا**۔ یا۔ لینا۔ طرف داری کرنا۔ حمایت کرنا ۔ **پچ مرنا**۔ نہایت محنت کرنا۔ بے حد کوشش کرکے تھک جانا ۔ **پچ ہونا**۔ حمایت یا پاس ہونا ۔

پچ (پَچ) (ہ) (مرکبات میں) پانچ کا مخفف ۔ **پچ پھلارانی بنی ہے**۔ مثل (عو) نہایت نازک ہے۔ نزاکت پر بڑا گھمنڈ ہے ۔ **پچ رنگ**۔ **پچ رنگا** (۱) پانچ رنگ کا۔ رنگین۔ رنگ برنگ کا (۲) پچکونا۔ پچکلیان۔ مذکر (۱) گھوڑا جس کی ٹانگیں سفید ہوں اور پیشانی پر سفید داغ ہو۔ (۲) (صفت) دوغلا ۔ **پچلڑا۔ پچلڑی** (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ پانچ لڑیوں والا گلے میں پہننے کا زیور ۔ **پچ لونا**۔ مذکر (۱) پانچ نمکوں کا چورن (۲) پانچ مزوں کا۔ پانچ ذائقوں کا ۔ **پچ میل** (۱) ملا جلا۔ مختلف قسم کا۔ ہر طرح کا (۲) پانچ درجوں کا (۳) پانچ قسم کا ۔

پچا بیٹھنا (ہ) (دہلی) ہضم کر لینا۔ غصب کرنا ۔

پچارا (پُچا۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) فریب۔ دھوکا۔ دم (۲) برش۔ پوتا کرنے کی کوچی (۳) ہلکا رنگ۔ ہلکا اہار (۴) چونے، سفیدی یا کسی اور رنگ والی چیز کی تلی تہ ۔ **پچارا پھیرنا** (۱) ہلکا اہار کرنا۔ ہلکا رنگ دینا (۲) سفیدی کرنا۔ کوچی پھیرنا (۳) کپڑے کے ذریعے سے رنگ دینا یا سفیدی کرنا (۴) اکسانا۔ بہکانا۔ ترغیب دینا۔ جوش دلانا۔ ابھارنا (۵) دم دلاسا دینا (۶) صاف کرنا۔ صفائی کرنا۔ مٹانا ۔ **پچارا دینا** (۱) روغنِ تازہ ملنا۔ خوشامد کرنا (۲) رنگ یا روغن پھیرنا (۳) دھوکا دینا (۴) دیکھیے "پچارا پھیرنا" ۔ **پچارے میں آنا**۔ دھوکے میں آنا ۔

پچاس (پَچا۔ س) (ہ) پنجاہ۔ پانچ دہائی۔ ۵۰۔ صہ ۔ **پچاسا**۔ مذکر (۱) پچاس روپے کا وزن (۲) پچاس روپیہ وزن تولنے کا کانٹا (۳) پچاس کی رقم ۔ **پچاسوں** (۱) پچاس کے پچاس (۲) زیادہ۔ بہت۔ بکثرت ۔

پچاسی (پَچا۔ سی) (ہ) اسی اور پانچ۔ پانچ اوپر اسی۔ ۸۵۔ صلعہ ۔

پچانا (پَچا۔ نا) (ہ) پچنا کا متعدی (۱) ہضم کرنا (۲) (کنایۃً) کسی کا مال مار لینا۔ مال مار کر کھا جانا ۔

پچانوے (پَچا۔ نوے) (ہ) نوے اور پانچ۔ پانچ اوپر نوے۔ نو دو پنج۔ ۹۵۔ صلعہ ۔

پچاؤ (پَچا۔ آؤ) (ہ) مذکر (۱) کھانے کا ہضم ہونا (۲) ہاضمے کی طاقت (۳) سہارا۔ برداشت ۔

پچ پچ (پَچ پَچ) (ہ) مؤنث۔ کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز ۔

پچ پچ (پِچ پِچ) (ہ) مؤنث۔ پان کی پیک تھوکنے کی آواز ۔

پچ پچ (پُچ۔ پُچ) (ہ) مؤنث۔ جانور کو بلانے یا اس کا غصہ ہلکا کرتے وقت اسے پیار کرنے کی آواز ۔

پچپچا (پِچ۔ پِچا) (ہ) (۱) رطوبت سے بھرا ہوا (۲) ادھ کچرا کھانا جس کا پانی اور رطوبت جذب نہ ہوئی ہو ۔ **پچپچانا**۔ رطوبت سے بھرا ہونا ۔ **پچپچاہٹ**۔ مؤنث۔ پچپچانے کی کیفیت ۔

پچپن (پَچ۔ پَن) (ہ) پچاس اور پانچ۔ پانچ اوپر پچاس۔ ۵۵۔ صہ ۔ **پچپن سالہ قانون** (صحیح پنجاہ و پنج سالہ) مذکر۔ وہ قاعدہ جس کے مطابق حکومت کے ملازم کی عمر پچپن سال کی ہو جائے تو اسے اپنے عہدے سے ہٹنا پڑتا اور پنشن ہو جاتی ہے ۔

پچتانا (پَچ۔ تا۔ نا) (ہ) (۱) پشیمان ہونا۔ نادم ہونا۔ شرمانا (۲) رنج کرنا۔ حسرت کرنا۔ بعد کو افسوس کرنا ۔ **پچھتاوا**۔ مذکر (عو) (۱) پشیمانی۔ ندامت۔ شرمندگی۔ شرم (۲) افسوس۔ حسرت۔ ملال ۔

پچخنا (پَچَخ۔ نا) (ہ) (دہلی) پچکنا ۔

پچڑ (پَچ۔ چَڑ) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا، جو کسی درز میں رکھا جائے (۲) مزاحمت۔ روک۔ تعرض ۔ **پچڑ اڑانا** (۱) لکڑی وغیرہ کی درز میں لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا رکھنا۔ میخ گاڑنا۔ فانہ لگانا۔ کھونٹی گاڑنا (۲) مانع ہونا۔ مزاحمت کرنا۔ تعرض کرنا۔ روک ٹوک کرنا ۔ **پچڑ ٹھونکنا** (۱) روک ٹوک کرنا۔ مزاحمت کرنا (۲) صدمہ پہنچانا۔ تکلیف دینا ۔ **پچڑ لگانا** (۱) لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے کا درز میں رکھنا (۲) کسی کی طرف سے کسی کو اکھاڑنا۔ رخنہ اندازی کرنا ۔ **پچڑ مارنا**۔ (دہلی) بھانجی مارنا۔ اشتعال دینا۔ دشمنی کرنا۔ مزاحم ہونا۔ رخنہ انداز ہونا ۔

پچڑ پچڑ (پَچَڑ۔ پَچَڑ) (ہ) مؤنث (عو) (۱) شیلنڈ (۲) آواز کے ساتھ تھوکنا۔ آواز کے ساتھ پیک تھوکنا ۔

پچک (پِچَک) (ہ) مؤنث۔ مرغی کے انڈے کا پچلا حصہ ۔

پچک (پِچَک) (ہ) پچکنا کا امر ۔ **پچکانا** (ہ) پچکنا کا متعدی۔ دھنسانا۔ بھینچنا۔ دبانا ۔ **پچک جانا** (۱) کسی چوٹ سے دھات کے برتن میں کچھ آجانا یا گڑھا ہو جانا (۲) کسی سے دب جانا۔ مغلوب ہو جانا۔ ڈر جانا ۔ **پچکنا** (۱) سکڑنا۔ اندر بیٹھ جانا۔ دھنسنا۔ دبنا (۲) چوٹ کھا کر برتن کا دب جانا (۳) (کنایۃً) جھینپنا ۔

پچکار (پُچ۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) چمکار۔ پیار (۲) تھپک۔ دلاسا۔ اطمینان ۔ **پچکارنا**۔ (دہلی) (۱) پیار کرنا۔ چمکارنا (۲) تھپکی دینا۔ تھپکنا۔ دلاسا دینا۔ تسلی دینا۔ اطمینان کرنا ۔ **پچکاری**۔ مؤنث۔ چمکاری۔

پیار کی آواز (دینا کے ساتھ) ٭

پچکاری (پِچ۔کا۔رِی) (ہ) مؤنث (۱) حقنہ (لینا، دینا کے ساتھ) (۲) دمکلا (۳) رنگ چھڑکنے کا آلہ (مارنا کے ساتھ) (۴) فوارہ (۵) (عو) منہ سے پان کی پیک دھار باندھ کر پھینکنا ٭ **پچکاری چلنا** - کسی رقیق چیز کی دھار کا زور سے نکلنا ٭

پچنا (پَچ۔نا) (ہ) (۱) ہضم ہونا۔ تحلیل ہونا۔ گلنا (۲) (دہلی) محنت کرنا۔ تکلیف اٹھانا۔ انتہائی کوشش کرنا۔ بہت سر مارنا (۳) (عوام) تھکنا۔ ہار ماننا (۴) برداشت ہونا۔ سہار ہونا۔ ضبط ہونا (۵) پچ کرنا۔ جانب داری کرنا۔ طرف داری کرنا (۶) کسی کی چیز اپنے پاس رہنا۔ مال واپس نہ ہونا۔ چوری کا پتا نہ لگنا۔ برآمد نہ ہونا ٭

پچنا (پِچ۔نا) (ہ) دب جانا (اکثر "پچ جانا" مستعمل ہے) ٭

پچوترا (پَچوت۔رَا) (ہ) مذکر (عوام) (۱) فی صد پانچ زائد جو تجارت میں لیتے ہیں (۲) پانچ فی صد رقم جو بالعموم مالیے میں زائد لی جاتی ہے ٭

پچونی (پَچو۔نِی) (ہ) مؤنث۔ معدہ ٭

پچھاڑ (پَچھاڑ) (ہ) مؤنث (۱) پیٹھ کے بل زمین پر گر جانا۔ پٹخنی (۲) بیہوش ہو کر گرنا ٭ **پچھاڑ دینا** (۱) گرا دینا۔ چت کر دینا (۲) مات کر دینا۔ ہرا دینا (۳) مضمحل کر دینا۔ بیمار کر دینا (۴) مار ڈالنا ٭ **پچھاڑ (یا پچھاڑیں) کھانا** (۱) پیٹھ کے بل گر کر لوٹنا۔ لوٹنا لوٹنا پھرنا۔ بیتابی سے لوٹنا۔ لوٹنا۔ تڑپنا۔ گر پڑنا۔ پٹخنیاں کھانا۔ گر گر پڑنا (اکثر "پچھاڑیں کھانا" مستعمل ہے) (۲) ضد سے لوٹنا ٭ **پچھاڑنا** (۱) پیٹھ کے بل گرانا۔ چت کرنا۔ زمین پر گرانا۔ گرا دینا۔ پٹکنا۔ پٹخنی دینا۔ دے مارنا (۲) لٹانا (۳) ہرانا۔ مات کرنا (۴) عاجز کرنا۔ تھکانا۔ کمزور کرنا۔ مضمحل کرنا۔ بے حال کرنا (۵) قتل کرنا۔ مار ڈالنا (۶) بڑھ جانا۔ نمبر لینا۔ بازی لے جانا۔ جیتنا۔ فتح پانا ٭

پچھاڑی (پِچھا۔ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) اگاڑی کے خلاف۔ چوپایوں کے پچھلے پاؤں میں باندھنے کی رسی یا زنجیر۔ پیکھڑا۔ پیکا۔ اکثر اس رسی کو کہتے ہیں، جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں باندھی جاتی ہے (۲) (ہندو) عقب میں۔ پس پشت۔ پیچھے ٭ **پچھاڑی مارنا** (۱) پچھلی ٹانگیں مارنا (چوپایے کے لیے) (۲) فوج کے پچھلے حصے پر حملہ بولنا ٭

پچھاں (پَچھاں) (ہ) مذکر۔ پچھم۔ مغرب ٭ **پچھائیں** (پَچھا۔اِیں) (عوام) پچھم کا رہنے والا ٭

پچھاوا۔ پچھایا (پِچھا۔وا + پِچھا۔یا) (ہ) مذکر (عو) انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے ٭

پچھتّا (پَچھت۔تا) (ہ) مذکر۔ پانچ ہاتھ کے قد کا۔ پورا جوان۔ قد آور۔ لمبا چوڑا۔ جسیم ٭

پچھتانا (ہ) (متروک) دیکھیے پچتانا ٭ **پچھتاوا** (متروک) دیکھیے پچتاوا ٭

پچھتّر (پَچھَت۔تَر) (ہ) ستّر اور پانچ۔ پانچ اوپر ستر۔ پانچ کم اسّی۔ ۷۵۔ ۷۵ ٭

پچھڑنا (پَچھَڑ۔نا) (ہ) (۱) چت ہونا۔ گرنا۔ کسی سے زیر ہو کر زمین سے پیٹھ لگ جانا (۲) مات ہونا۔ ہارنا (۳) بیمار ہونا ٭

پچھڑنا (پِچھَڑ۔نا) (۱) قافلے سے پیچھے رہ جانا (۲) سبق میں پیچھے رہ جانا ٭

پچھلا (پِچھ۔لا) (ہ) (۱) پیچھے کا۔ آخر کا (۲) مذکر۔ سحری۔ رمضان میں آخر شب کا کھانا (۳) مذکر۔ پڑھا ہوا۔ آموختہ (۴) مذکر۔ رات کا آخری حصہ ٭ **پچھلا پہر** - مذکر۔ رات کا آخری چوتھا حصہ ٭ **پچھلا کھانا** - رمضان میں سحر کے وقت کا کھانا ٭ **پچھلی ٹکیا** - مؤنث (عو) وہ موٹی اور چھوٹی ٹکیا، جو روٹی پکانے کے بعد بچی ہوئی خشکی اور آٹے کو ملا کر پکائی جاتی ہے۔ عورتوں کا خیال ہے کہ یہ ٹکیا کھانے سے عقل دیر میں آتی ہے ٭ **پچھلی رات** - مؤنث۔ آدھی رات کے بعد کا وقت ٭ **پچھلی روٹی (ٹکیا) کھائے، پچھلی مت آئے** - مثل۔ (عو) سب سے آخری روٹی کھانے والا احمق ہوتا ہے ٭ **پچھلی مت** - مؤنث (عوام) الٹی سمجھ ٭ **پچھلے پاؤں پھرنا** (۱) فوراً واپس ہونا۔ الٹے قدموں لوٹنا (ہٹنا، کھسکنا کے ساتھ بھی مستعمل ہے) (۲) ہار جانا۔ شکست کھانا۔ پسپا ہونا ٭ **پچھلے پہرسے** (عو) پچھلے پہر ٭ **پچھلے درجے** (عو) حد درجے ٭ **پچھلے دن** - مذکر۔ گزرا ہوا زمانہ ٭ **پچھلے کو** - آخر شب ٭

پچھلّا (پِچھَل۔لا) (ہ) مذکر۔ دُم گزا۔ دیکھیے "پُنچھالا" ٭

پچھل پائی (پِچھَل۔پا۔اِی) (ہ) مؤنث (۱) جس کے پنجے پیچھے اور ایڑی سامنے کے رُخ ہو (۲) چڑیل۔ بھتنی (۳) ڈائن۔ جادوگرنی۔ ساحرہ (۴) ذلیل، حقیر اور منحوس عورت ٭

پچھلگو (پِچھ۔لَگ۔گو) (ہ) (۱) ساتھ ساتھ پھرنے والا۔ پیچھے لگنے والا۔ پیچھے چلنے والا۔ طفیلی (۲) مقلد (۳) پچھلی اولاد ٭

پچھم (پَچھ۔چھم) (ہ) مذکر (۱) مغرب۔ پچھاں (۲) مغربی ملک ٭ **پچھم جاؤ کہ دکھن، وہی کرم کے لچھن** (۵) مثل۔ روزی کے لیے جہاں چاہو جاؤ، وہی کچھ ملے گا، جو قسمت میں ہوگا ٭ **پچھمی** - پچھم کی۔ مغرب کی۔ مغربی ٭

پچھنا (پَچھ۔نا) (ہ) مذکر (۱) جسم گود کر سینگی لگانے کا آلہ۔ نشتر۔ استرا۔ دشنہ (۲) گودنا۔ ٹیکا۔ فصد ٭ **پچھنے دینا** (۱) گودنا۔ پچھنے لگانا۔ (۲) (عو) طعنے دینا ٭ **پچھنے لگانا** (۱) سینگی لگانا۔ استرے یا نشتر سے بدن کو گود کر خون نکالنا (۲) طعنے مہنے دینا ٭

پچھنا (پُچھ۔نا) (ہ) پوچھا جانا ٭

پچھوا (پَچھ۔وا) (ہ) مذکر (۱) پچھم کی ہوا۔ باد قبلہ۔ دبور (۲) (لکھنؤ) (عو) انگیا کی پیٹھ (ان معنی میں لکھنؤ میں بالکسر اور دہلی میں بالفتح ہے) ٭ **پچھوا چلے کھیتی پھلے** - پچھم کی ہوا سے، جو گرم ہوتی ہے، فصل جلد پکتی ہے ٭

پچھواڑا (پِچھ۔وا۔ڑا) (ہ) مذکر۔ مکان کے پیچھے کا حصہ۔ گھر کی پشت۔ عقب خانہ ٭

پچھوانا (پُچھ - وا - نا) (ف) کسی دوسرے کے ذریعے سے دریافت کرنا ؛
پچھوائی (پُچھ - وا - ئی) (ہ) مؤنث - پچھوا ہوا ؛
پچھوت (پِچھوت) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) وہ شے، جو فصل کے آخر میں بوئی جائے یا پیدا ہو - اخیر کی پیداوار (۲) پیچھے - پشت ؛
پچھورا (پچھو - را) (ہ) مذکر (ہندو) کمر سے باندھنے یا سر پر ڈالنے کا کپڑا ؛
پچھوڑ - پچھوڑن (پَچھوڑ - پَچھو - ڑن) (ہ) مؤنث - وہ کوڑا کرکٹ، جو غلہ صاف کرنے پر نکلتا ہے ؛ پچھوڑنا - چھاج سے غلہ صاف کرنا ؛
پچھونڈی (پِچھوں - ڈی) (ہ) (عوام) (عو) پیٹھ پیچھے - کسی طرف پیٹھ کرکے بیٹھنا ؛
پچھویا (پُچھ - وی - یا) (ہ) مذکر (۱) پوچھنے والا - دریافت کرنے والا (۲) خبر لینے والا - مددگار ؛
پچھیا - پچھیاؤ (پَچھ - یا + پَچھ - یا - اؤ) (ہ) مؤنث - پچھم کی ہوا ؛
پچھیت (پَچھیت) (ہ) مؤنث - مکان کے پیچھے کی دیوار - پچھواڑا ؛
پچی (پَچ - چی) (ہ) (۱) چپکا ہوا - سِیا ہوا - جڑا ہوا (۲) پکا پختہ - مضبوط (۳) (موسیقی) سُر سے سُر ملا ہوا - ہم آواز (۴) مؤنث - پیوند - جوڑ ؛
پچی کاری - پچے کاری - مؤنث (۱) جڑاؤ کام، مرصع سازی، جواہر اور پتھروں کا رنگا رنگ کے پتھروں میں نصب کرنا (۲) پیوند لگانا (۳) چوپڑ والا فرش - اینٹ اور چونے کا مضبوط کام (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛ پچی کرنا - ٹھونک کر وصل کرنا - پیوست کرنا - مستحکم کرنا - مضبوط کرنا ؛ پچی ہونا (۱) پیوست ہونا - وصل ہونا - مضبوط ہونا - جڑ مل جانا (۲) (دانت کے ساتھ) مضبوط بیٹھ جانا - جم جانا ؛
پچی (پِچ - چی) (ہ) چوٹ سے کسی چیز کا چوڑا ہو جانا - کسی صدمے سے گوشت کا دب جانا ؛
پچیت (پَچیت) (ہ) (۱) کشتی لڑنے والا - داؤں پیچ کرنے والا (۲) (مجازاً) فریبی (۳) چالاک - ہوشیار - ہنرمند ؛ پچیتی (ہ) مؤنث (۱) داؤں پیچ کا فن - کشتی گیری - پہلوانی (۲) چال بازی - ہوشیاری - چالاکی - داؤں - فریب ؛
پچیس (پَچ - چیس) (ہ) بیس اور پانچ - پانچ اور بیس - پانچ کم تیس - بست و پنج - ۲۵ - ٢٥ ؛ پچیسواں - پچیس سے نسبت رکھنے والا - بست و پنجم ؛ پچیسی - مؤنث - چوسر کا کھیل، جو سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے ؛

پ - خ

پخ (پَخ) (ف، مؤنث) (۱) اٹکاؤ - تھام - روک (۲) خرابی - دقت - جھگڑا (۳) شور غل - بک بک - چیخ ؛ پخ پھیلانا - جھگڑا کھڑا کرنا - بکواس کرنا - فساد پھیلانا ؛ پخ کرنا (۱) شور و شر کرنا - جھگڑا ڈالنا (۲) پچڑ لگانا - روک ٹوک کرنا (۳) خرابی ڈالنا - دقت پیدا کرنا (۴) حجت پیدا کرنا - شرط قائم کرنا ؛ پخ لگانا (۱) جھگڑا لگانا - روگ لگانا (۲) واہیات بکنا - بے جا تکرار کرنا ؛ پخ لگنا - لازم ؛ پخ مچانا (۱) ہم پخ کرنا - غل غپاڑا کرنا - شور کرنا (۲) بیہودہ بکنا (۳) مذاق کرنا ؛ پخ نکالنا (۱) اعتراض کرنا - نقص نکالنا - عیب نکالنا (۲) خرابی ڈالنا - دقت پیدا کرنا (۳) حجت نکالنا - تکرار پیدا کرنا (۴) پچڑ کھونکنا - اٹکاؤ ڈالنا ؛ پخیا (پَخ - یا) مذکر (دہلی) فسادی - جھگڑالو - بیہودہ ؛
پخال (پَخال) (ہ) مؤنث (عوام) پکھال - چرسا - پانی بھرنے کی بڑی مشک، جو بیل وغیرہ پر لادی جاتی ہے ؛ پخال پیٹیا - زیادہ کھانے والا - بڑپیٹا - بڑپیٹو ؛
پخ پچی چھوٹنا - جھک ہو جانا - نڈھ لگنا ؛
پخت (پُخت) (ف) مؤنث - پکنا - کھانا پکنے کا فعل ؛ پختگی (پُخ - تگی) مؤنث (۱) پکا پن - مضبوطی - استحکام (۲) خامی کے برعکس - پھل کا پک جانا - کھانے کا پک جانا یا گل جانا (۳) بالغ ہونا - بلوغ (۴) واقف کاری - ہوشیاری - تجربہ کاری (۵) عمر رسیدہ ہونا (۶) کمال ہونا ؛ پخت و پز - مؤنث (۱) پکا - مضبوط - ٹھیک ٹھاک (۲) طے - قطع حجت - تصفیہ - قول فیصل (۳) وعدہ وعید - قول قرار ؛ پختہ (پُخ - تہ) (۱) بھنا ہوا - پکا ہوا (۲) مستحکم - سخت - مضبوط - قوی - پکا - پائدار (۳) گچ کاری سے اینٹوں کا چنا ہوا (۴) پورا - کامل - مکمل (۵) بوڑھا - عمر رسیدہ - پوری عمر کا (۶) بالمقطع - طے شدہ (۷) آزمودہ کار - تجربہ کار - واقف کار - ہوشیار (۸) مستقل ؛ پختہ بات - مؤنث - ٹھیک بات - طے شدہ امر ؛ پختہ کار - کام میں مشاق - تجربہ کار - ہنرمند - واقف کار - ہوشیار ؛ پختہ کرنا (ف) (۱) پائدار کرنا - پکا کرنا - مضبوط کرنا - مستحکم کرنا - پکانا (۲) ٹھیک ٹھاک کرنا - طے کرکے مضبوط کرنا - قطع حجت کرنا (۳) تجربہ کار بنانا - واقف کرنا - ہوشیار کرنا (۴) پورا کرنا - مکمل کرنا (۵) خامی دور کرنا - کمی نکالنا (۶) امتحان کرنا - جانچ کرنا - تجربے میں لانا ؛ پختہ مزاج (ف - ع) مستقل مزاج ؛ پختہ مغز - ہوشیار - عقل مند ؛
پختریاں (پُخ - تَر - یاں) (ہ) مؤنث (عو) (۱) مفت کی پکی پکائی روٹیاں - وہ روٹیاں، جو کھانا پکانے والی عورتیں اپنے بچوں کے لیے امیروں کے گھروں سے چرا کر لے جاتی ہیں (۲) (حقارتاً) روٹیاں - چپاتیاں (اس جگہ ماما پختریاں بولتے ہیں) ؛
پخنا (پَخ - نا) (ہ) مذکر (۱) سفلہ - کمینہ - بیہودہ (۲) نامعقول - بدتہذیب - بے تمیز (۳) یاوہ گو (۴) جھگڑالو (۵) بھٹیارا ؛ پخنی - مؤنث - پخنا کی تانیث (۱) بیہودہ غل مچانے والی (۲) بھٹیاری ؛

پ - د

پد (پَد) (س) مذکر (۱) پاؤں - قدم - چرن - پگ (۲) گیت - مصرع - فقرہ (۳) نقش - پتا - نشان - کھوج (۴) خطاب - عزت - مرتبہ - درجہ ۔

پدّا (پِد۔ دَا) (۱) مذکر (۱) ایک چھوٹی سی خوش آواز چڑیا - پھدکی (۲) غلیل کا وہ حصہ جو نواڑ یا کپڑے کا سی کر بناتے اور اس میں غلّہ رکھ کر پھینکتے ہیں - پھٹکنا (۳) (صفت) ذلیل - بے حیثیت - حقیر (۴) بے قدرت - کم طاقت ۔ **پدّے کی چوں چوں** - مؤنث - پدّے کی بولی ۔ **پدّے کی ضامنی** (ل) (لکھنؤ) ناقابل اعتبار شخص کی ذمہ داری ۔

پدارتھ (پَدا۔رَتھ) (س) مذکر (۱) شے - چیز بست (۲) مزیدار چیز - لذیذ کھانا ۔

پدانا (پَدا۔نَا) (ہ) بھگانا - ہرانا - تنگ کرنا - عاجز کرنا - تھکانا - چیں بلوانا ۔

پدر (پَدَر - پِدَر) (ف) مذکر - باپ، والد، ابّا، پتا ۔ **پدرانہ** (پِدَ۔رَا۔نَہ) باپ کا سا - باپ جیسی ۔ **پدرم سلطان بود** - مثل - میرا باپ بادشاہ تھا - اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنے باپ دادا کے بارے میں شیخی بگھارے ۔ **پدری** (پِدَ۔رِی) (۱) باپ کا - باپ کی (۲) آبائی - موروثی - باپ سے ورثے میں ملی ہوئی (چیز) ۔

پدرود (پَد۔رُوْد) (ف) مذکر (۱) اجازت - رخصت (۲) سلام - الوداع - خدا حافظ - اللہ بیلی ۔

پدڑی (پِد۔ڑِی) (ہ) مؤنث - (۱) پھدکی - ایک چھوٹی سی چڑیا (۲) (صفت) ناچیز - بہت کمزور - بے حقیقت ۔

پدم (پَدَم) (س) مذکر (۱) کنول - نیلوفر (۲) گول چکر والا نشان، جو آدمی کی انگلیوں کے جوڑوں پر یا پاؤں میں ہوتا اور بلند اختری کی دلیل سمجھا جاتا ہے (۳) سو نیل کا ایک پدم علم ہندسہ میں (۴) ہاتھی کی کھال کے داغ (۵) گھوڑے کے پاؤں یا ہاتھ کی سفیدی کا خال ۔

پدمنی (پَد۔مِنِی) (س) مؤنث (۱) اوّل درجے کی نہایت نازک اور بےحد خوب صورت عورت (۲) چتوڑ کے راجے کی استری (۳) جل مانس کی بیوی - مردم آبی کی زوجہ - جل استری ۔

پدنا (پَد۔نَا) (ہ) (لازم) ہارنا ۔

پدنا - پدّو - پدوڑا (پَد۔نَا + پَد۔دُو + پَدَو۔ڑَا + پُدَو۔ڑَا) (۱) زیادہ گوز مارنے والا - پادنے والا (۲) ڈرپوک - بزدل - نامرد ۔

پدھارنا (پَدَھا۔رْ۔نَا) (ہ) (۱) تشریف لانا - قدم رنجہ فرمانا - آنا - درشن دینا (۲) سدھارنا - تشریف لے جانا - جانا (۳) تشریف رکھنا - بیٹھنا - براجنا ۔

پدھان (پَدھان) (ہ) مذکر - میر - صدر - پردھان - گاؤں کا چودھری - چودھری - مقدّم ۔

پدّھی (پَدّ۔ھِی) (ہ) مؤنث - چڑھی - سواری ۔

پدّی (پِد۔دِی) (ہ) مؤنث - دیکھیے پدّا ۱، ۳ ۔

پدید - پدیدار (پَدِید - پَدِی۔دَار) (ف) ظاہر - آشکارا ۔

پ - ڈ

پڈّا (پَڈّا) (ہ) مذکر - کھیت کی حد ۔

پڈنگ (پُڈِنگ) (انگ - Pudding) دیکھیے پُٹین ۲ ۔

پ - ر

پر (پَر) (ہ) حرفِ ربط (۱) بیرونی تعلقات کے لیے (۲) فاصلہ ظاہر کرنے کے لیے (۳) آنے جانے کے معنی واضح کرنے کو (۴) گزر جانے کے معنی بیان کرنے کو (۵) معاملے میں - بارے میں - بابت - نسبت اور تعلق ظاہر کرنے کو (۶) فوقیت - ترجیح اور فضیلت واضح کرنے کو (۷) پیروی اور پابندی کے معنی بیان کرنے کو (۸) سبب، علت - وجہ ظاہر کرنے کو (۹) واسطے - سبب سے (۱۰) باوصف، باوجود کے معنی میں (۱۱) جانب، طرف (۱۲) انحصار واضح کرنے کو (۱۳) بعض افعال کے ساتھ علامتِ مفعول کی طرح (۱۴) ماضی منفی کی تاکید میں (۱۵) دُور کا - غیر - دوسرا (۱۶) اوپر کا مخفف (فصحاء لکھنؤ ان معنی میں اوپر نہیں بولتے -) (۱۷) لیکن، مگر (شعراء متأخرین ان معنی میں استعمال سے احتراز کرتے ہیں - امیر اور داغ نے کہا ہے -) (۱۸) زائد (۱۹) نرخ یا شرح بیان کرنے کو (۲۰) میں کے معنی میں (۲۱) تک کے معنی میں (۲۲) کے لیے (۲۳) سلسلے کے لیے، اظہار کثرت کو (۲۴) بعد کے معنی میں (۲۵) کلمۂ تاکید - ضرور (۲۶) تک اور کو کے مفہوم میں (۲۷) (اصطلاح علم حساب) قبل ہندسہ کے معنی میں ۔

پَر (پَر) (ف) مذکر (۱) پنکھ - بال - بازو (۲) پتّا (۳) توت (۴) پرکار کا ایک پرزہ (۵) تیر کے دونوں بازو ۔ **پرافشاں** - پر جھاڑتا ہوا - پھڑپھڑاتا ہوا - بیتاب - مضطرب - پریشان ۔ **پربال** - مذکر - پروال - ایک مرض جس میں پلکوں کے اندر ترچھے بال نکل آتے ہیں (فعل جمع میں آتا ہے) ۔ **پر باندھنا** (۱) پرندے

کے پروں کو ڈوری وغیرہ سے باندھ دینا کہ وہ اُڑ نہ سکے (۲) (کنایۃً) بے بس کرنا ۔ مجبور کرنا ۔ عاجز کرنا (۳) کمزور کرنا ۔ طاقت گھٹانا (۴) مدد بند کرنا ٭ **پر بند** ۔ وہ جس کے پر بندھے ہوں، اُڑ نہ سکے ۔ مقیّد ٭ **پر پرزوں سے درست ہونا** (ف) (۱) بالغ ہونا ۔ ہوش سنبھالنا (۲) بناؤ سنگار کرنا ۔ جوبن نکھارنا (۳) مسلح ہونا ۔ لیس ہونا ۔ ٹھیک ٹھاک ہونا ۔ تیار رہنا ۔ مستعد ہونا (۴) کیل کانٹے سے درست ہونا ۔ ضروری سامان موجود ہونا ٭ **پر تولنا** (۱) پرندے کا اُڑنے کو تیار ہونا (۲) (مجازاً) آمادہ ہونا ٭ **پر ٹوٹنا** (۱) پنکھ ٹوٹنا ۔ بازو کٹنا (۲) زور گھٹنا ۔ طاقت کم ہونا ۔ (۳) سہارا نہ ملنا ۔ مدد نہ پہنچنا (۴) حمایتی کا مخالف سے سازش کرنا ٭ **پر جلنا** (۱) کس بل جاتا رہنا ۔ قوّت و زور گھٹنا ۔ تاب و طاقت نہ رہنا (۲) مرعوب ہونا ۔ دہشت کھانا ۔ ڈرنا ۔ خوف ہونا (۳) رسائی نہ ہونا ۔ گزر نہ ہو سکنا ۔ پہنچ نہ سکنا (۴) پنکھ جلنا ۔ بال و پر کا سوختہ ہونا (۵) دیکھ کر جلنا ۔ حسد ہونا ٭ **پر جمنا** (۱) پر آنا ۔ پر نکلنا ۔ پر اُگنا (۲) گھمنڈ ہونا ۔ غرور پیدا ہونا ٭ **پر جوڑنا** ۔ پروں کو ملانا (تیزی سے اترنے کے لیے) ٭ **پر جھاڑنا** (۱) پُرانے پر گرانا ۔ کریز کرنا (۲) پروں کو کھولنا ۔ جھٹکنا یا پھڑ پھڑانا (۳) اُڑنے کو آمادہ ہونا (۴) (کنایۃً) پوشاک بدلنا ۔ کینچلی بدلنا (۵) پرواز کرنا ٭ **پر جھڑنا** (۱) پروں کا گرنا (۲) (کنایۃً) بے بس ہونا ٭ **پر دار** (ف) مذکر ۔ پر والا ۔ اُڑنے والا ۔ پرندہ ٭ **پر طاؤس** ۔ مذکر ۔ مور کا پَر، جو زخم کا انگور بندھنے اور گوشت پیدا ہونے کے لیے باندھا جاتا ہے ۔ قرآن مجید میں بھی طاؤس کا پَر رکھا جاتا ہے ٭ **پر قینچ کرنا** (ف) (۱) (کبوتر بازوں کی اصطلاح) پر کاٹنا ۔ پر کترنا ۔ بے پر کرنا (۲) (کنایۃً) عاجز کرنا ۔ بے بس کرنا ۔ مجبور کرنا ۔ بیکس کرنا ٭ **پر کا قلم** ۔ مذکر ۔ پر سے بنایا ہوا لکھنے کا قلم ٭ **پر کا کوا بنا دینا** ۔ بات کا بتنگڑ بنا دینا ۔ بے حد مبالغہ کرنا ٭ **پر کھانا** ۔ داغ کھانا ٭ **پر لگانا** (۱) تیز رفتار کر دینا (۲) ترقی دینا ۔ رونق بڑھانا ٭ **پر لگنا** (۱) بازو اور پنکھ لگنا ۔ بال و پر پیدا ہونا (۲) شیخی مارنا ۔ اِترانا ٭ **پر لینا** ۔ پر قینچ کرنا ۔ پر کترنا ۔ پر کاٹنا ٭ **پر مارنا** (۱) پرواز کرنا ۔ اُڑنا (۲) پر سے ضرب لگانا (۳) ہاتھ پاؤں مارنا ۔ پھڑ پھڑانا (۴) (مجازاً) کسی کام میں از حد کوشش کرنا ۔ بیتابی ظاہر کرنا ۔ محنت کرنا ٭ **پر نکالنا** (۱) نئے پر نکالنا (۲) (کنایۃً) لیاقت پیدا کرنا (۳) (کنایۃً) حیثیت سے بڑھ کر حوصلہ کرنا (۴) (کنایۃً) فتنہ اٹھانا ۔ شرارت پر آمادہ ہونا ۔ شرارت کرنا (۵) (کنایۃً) لطف پیدا کرنا ٭ **پر و بال** (ف) مذکر (۱) پرندے کے پر (۲) (مجازاً) قوّت ۔ طاقت ٭ **پر و بال نکالنا** (ف) دیکھیے "پر نکالنا" ٭

پُر (پُر) (ف) (۱) بھرا ہوا ۔ لبریز (۲) کامل (۳) بہت (اردو میں گوز کی آواز کو کہتے ہیں ۔ اس لیے جن الفاظ کے شروع میں پُر ہوتا ہے، انھیں آغاز کلام میں لانے سے بعض لکھنوی شعراء احتراز کرتے ہیں) ٭ **پُر آشوب** ۔ فساد سے بھرا ہوا ۔ فتنہ انگیز ٭ **پُر پیچ** ۔ پیچ دار ۔ مشکل ۔ پیچیدہ ٭ **پُر شور** ۔ شور و شر کرنے والا ۔ درشت مزاج ۔ شوریلا ٭ **پُر فضا** ۔ بارونق ۔ کشادہ ۔ وسیع ٭ **پُر کار** (۱) مرصّع ۔ جڑاؤ ۔ پٹا پٹ (۲) گلدار ۔ دبیز ۔ موٹا ۔ گاڑھا ۔ غف (۳) پائدار ۔ محکم ۔ پختہ ۔ مضبوط (۴) عیّار (۵) دانا ٭ **پُر مغز** ۔ اعلیٰ مضمون سے بھرا ہوا ٭

پُرا (پُرا) (ہ) مذکر ۔ محلہ ۔ ٹولہ ۔ پورہ ۔ آبادی ۔ بستی ٭

پَرا (پَرا) (ہ) مذکر (۱) صف ۔ لشکر کی صف ۔ قطار ۔ فوج کی قطار ۔ سلسلہ ۔ لائن ۔ لنگ (۲) غول ۔ گروہ ۔ ٹکڑی ۔ ٹولی ٭ **پرا باندھنا ۔ یا ۔ جمانا** ۔ صف باندھنا ۔ سلسلہ دار کھڑا ہونا ۔ صفیں جما کر کھڑا ہونا ۔ قطار در قطار ہونا ۔ لین باندھنا ٭

پِترا (پِتْ ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ قینچی کا ایک پلڑا ٭

پراپت (پَرا ۔ پَت) (س) مذکر (۱) نفع ۔ فائدہ ۔ لابھ (۲) حاصل ۔ یافت ۔ پیدا ٭

پرات (پَرات) (ہ) مؤنث ۔ تھال ۔ آٹا گوندھنے کا تھال ۔ لگن ۔ طشت ٭

پُراتم (پُرا ۔ تَم) (ہ) (۱) (ع) ہوشیار ۔ جہاں دیدہ ۔ کار آزمودہ ۔ تجربہ کار ۔ (۲) اگلے وقتوں کا ۔ قدیم ۔ پُرانا ۔ کہنہ (۳) بوڑھا ٭

پراٹسٹنٹ (پَرا ۔ ٹِس ۔ ٹینٹ) (انگ ۔ Protestant) مذکر (۱) عیسائیوں کا ایک فرقہ (۲) معترض ٭

پراٹھا (پَرا ۔ ٹھا) (ہ) مذکر ۔ گھی میں پکی ہوئی روٹی، جس میں بعض اوقات کئی تہیں بھی ہوتی ہیں ٭

پراچین (پَرا ۔ چِین) (س) (۱) قدیم ۔ پرانا (۲) پرانی عمارتیں یا چیزیں ۔ صنادید ٭

پرادھین (پَرا ۔ دھِین) (س) پرائے بس میں ۔ تابع ۔ محکوم ۔ ماتحت ٭ **پرادھین سپنے سکھ ناہیں** (ہ) مثل ۔ غیر کے ماتحت رہ کر خواب میں بھی آرام میسّر نہیں آ سکتا ٭

پرارتھنا (پَرا ۔ رتھ ۔ نا) (س) مؤنث (ہندو) (۱) دعا ۔ التجا ۔ عرض ۔ التماس ۔ بنتی (۲) انکسار ۔ عجز ۔ منت سماجت ٭

پراسپکٹس (پَرا ۔ اس ۔ پک ۔ ٹس) (انگ ۔ Prospectus) مذکر ۔ حالات ۔ ایک ورق یا رسالہ وغیرہ جس میں کسی کام کے حالات لکھے ہوں ٭

پراسچت (پَرا ۔ اس ۔ چِت) (ہ) مذکر ۔ گناہوں کا کفارہ ٭

پَراکرت (پَرا ۔ کرت) (س) (۱) گھٹیل ۔ شودر ۔ نیچ ۔ ارذل (۲) سنسکرت سے بگڑ کر بنی ہوئی ایک قسم کی بھاشا (۳) عوام کی زبان ۔ گنواری بولی ٭

پراکرم (پَرا۔کِرَم) (س) مؤنّث (۱) قدرت ۔ زور ۔ بل ۔ طاقت ۔ قوّت
(۲) ہاتھ ۔ پاؤں ۔ جوڑ ۔ اعضا *
پراکسی (۔یا۔ پراکزی) (پَراک ۔ سِیْ + پَراک ۔ زِیْ) (انگ۔)
مذکر ۔ قائم مقام ۔ عوض ۔ کسی کے بجائے کچھ کرنے کا اختیار ۔ عوضی نامہ *
پراگندگی (پَرا ۔ گَنْ ۔ دَگِیْ) (ف) مؤنّث (۱) پریشانی ۔ حیرانی ۔ تشویش
(۲) تذبذب ۔ تفکّر ۔ تردّد ۔ فکر ۔ انتشار * پراگندہ (پَرا ۔ گَن ۔ دَہْ)
(۱) پریشان ۔ حیران (۲) متفرّق ۔ منتشر ۔ تتر بتّر (۳) متذبذب ۔
متفکّر ۔ متردّد *
پرال (پَرالْ) (ہ) مؤنّث پوال ۔ پتّی ۔ نال ۔ بچھالی ۔ بھوسا ۔ دھان کا پھوس ۔
غلہ نکالے ہوئے دھان کا لانک *
پرالبد ۔ پرالبدھ (پَرالْ ۔ بَدْ + پَرال ۔ بَدْھ) (ہ) مؤنّث ۔ (ہندو) تقدیر ۔
قسمت ۔ مقدّر ۔ کرم ۔ نصیب ۔ بھاگ *
پرامسری نوٹ (پَرا ۔ مِسْ ۔ سَرِیْ ۔ نُوْٹْ) (انگ۔ Promissory
Note) مذکر ۔ دستاویز ۔ درشنی ہنڈی ۔ تمسک ۔ وہ تحریر ،
جو کسی سے ادائے زر کے باب میں مقرّرہ وقت کے لیے لکھوائی جائے ۔
وہ نوشتہ ، جس میں مقروض طلب کے وقت زر قرض ادا کرنے کا وعدہ
کرے اور اس میں کسی جائداد کی کفالت کا ذکر نہ ہو *
پران (پَرانْ) (س) مذکر (ہندو) (۱) ہوا ۔ نفس ۔ دم ۔ سانس (۲) جان ،
روح ، آتما ، بولتا * پران پتی (ہ) مذکر (۱) زندگی کا مالک ۔ روح ۔
دل (۲) شوہر ۔ خاوند * پران تج دینا ۔ یا ۔ تجنا (ہ) (۱) مرجانا ۔
(۲) ہمّت ہارنا ۔ گھبرا جانا * پران چھٹانا (ہ) (ہندو) (۱) روح
نکالنا ۔ جان لینا ۔ مار ڈالنا (۲) معشوق سے الگ کرنا ۔ محبوب سے
علیحدہ کرنا ۔ دلدار سے جدا کرنا (۳) زندگی قائم کرنا ۔ آزاد کرنا ۔
چھٹکارا دلانا ۔ جان بچانا (۴) جھگڑا ختم کرنا ۔ پیچھا چھڑانا * پران
چھوٹنا (۱) (ہندو) موت آنا ۔ مرجانا ۔ جان نکلنا ۔ دم نکلنا (۲)
طاقت نہ رہنا ۔ دم نہ رہنا ۔ حوصلہ نہ رہنا ۔ ہمّت نہ رہنا (۳)
دم خشک ہونا ۔ دم بخود ہونا ۔ حواس باختہ ہونا * پران چھوڑنا ۔
(ہندو) (۱) مرجانا ۔ روح نکلنا (۲) حوصلہ پست ہونا ۔ ہمّت ہارنا ۔
جی چھوڑنا * پران کھانا ۔ یا ۔ لینا (ہندو) (۱) مار ڈالنا ۔ جان لینا ۔
دم نکالنا ۔ قتل کرنا (۲) تھکا مارنا (۳) تنگ کر دینا ۔ جان بوجھ کر بار بار
پوچھنا ۔ عذاب میں ڈالنا ۔ جان کھانا ۔ دق کرنا ۔ ستانا ۔ ناک میں
دم کرنا ۔ جان کو آنا * پران نکل جانا ۔ دیکھیے "پران چھوٹنا" *
پُران (پُرانْ) (س) مذکر ۔ ہندوؤں کی مذہبی کتابیں ، جو تعداد میں اٹھارہ
ہیں *
پرّاں (پَرْ ۔ رَاں) (ف) اُڑنے والا *
پِرانا (پِرا ۔ نَا) (ہ) ہندو ۔ درد ہونا ۔ دُکھنا *
پُرانا (پُرا ۔ نَا) (ہ) (۱) مدّت کا ۔ قدیم ۔ کہنہ ۔ پارینہ ۔ دیرینہ (۲) کام میں
آیا ہوا ۔ مستعمل ۔ بوسیدہ ۔ فرسودہ (۳) کار آزمودہ ۔ جہاں دیدہ ۔
تجربہ کار (۴) مُسن ۔ عمر رسیدہ ۔ بوڑھا (۵) اگلی وضع کا ۔ پرانے زمانے
کا ۔ نئی روشنی سے ناواقف * پرانا پڑ جانا ۔ یا ۔ پڑنا ۔ بہت دنوں
کا ہو جانا ۔ کہنہ ہو جانا ۔ بوسیدہ ہو جانا * پرانا خرانٹ (ہ) (۱)
نہایت بوڑھا ۔ گرگِ کہن سال ۔ بہت پرانا (۲) جہاں دیدہ ۔ نہایت تجربہ کار *
پُرانا دھرانا ۔ مدّتوں کا رکھا ہوا ۔ پھٹا پرانا ۔ نکمّا ۔ بیکار ۔
خراب ۔ ناقابلِ استعمال ۔ ناکارہ ۔ فرسودہ ۔ کہنہ ۔ پارینہ ۔ دیرینہ ۔
بوسیدہ * پرانا فیشن (و) (۱) مذکر ۔ پُرانا انداز ۔ قدیم وضع ۔ پُرانا
دستور ۔ پُرانا رواج * پُرانا گھاگ ۔ دیکھیے "پرانا خرانٹ" * پُرانا
ہونا ۔ دیکھیے "پُرانا پڑنا" * پُرانی ۔ صفت مؤنّث * پرانی کھوپری ۔
مؤنّث (۱) بوڑھا آدمی ۔ کہن سال مرد ۔ ضعیف آدمی ۔ دیرینہ شخص ۔
پرانا آدمی (۲) کار آزمودہ ۔ جہاں دیدہ ۔ تجربہ کار (۳) اگلے وقتوں
کا ۔ پُرانی وضع کا ۔ اولڈ فیشن * پرانی لکیر کا فقیر (۱) پُرانی وضع کا پابند ۔
پرانی رسم پر چلنے والا * پرانے ۔ مذکر ۔ پُرانا کی جمع * پرانے
لوگ ۔ مذکر ۔ (۱) بڑے بوڑھے ۔ بڑی عمر کے آدمی ۔ آباد اجداد ۔
(۲) تجربہ کار ۔ جہاں دیدہ (۳) پرانے نوکر ۔ قدیم ملازم * پُرانے
مُردے اکھاڑنا ۔ یا ۔ اکھیڑنا (و) (دہلی) پچھلی باتوں کا ذکر کر کے
خواہ مخواہ جھگڑا کھڑا کرنا ۔ مدّتوں کی شکایتیں زبان پر لانا ۔ بھولی بسری
باتیں درمیان میں لانا ۔ (لکھنؤ میں اس محل پر "گڑے مُردے
اکھاڑنا" بولتے ہیں) * پرانے وقتوں کی باتیں ۔ مؤنّث ۔ پُرانے
زمانے کی باتیں *
پراونس (پَرا ۔ وِنْسْ) (انگ۔ Province) مذکر ۔ صوبہ ۔
پرگنہ ، تعلقہ ، احاطہ *
پراونشل (پَرا ۔ وِنْ ۔ شَلْ) (انگ۔ Provincial)
صوبے کے متعلّق * پَراوِنشل اٹانومی (انگ۔ Provincial
Autonomy) مؤنّث ۔ صوبائی خود مختاری * پَراونشل
پُولیس (انگ۔ Provincial Police) مؤنّث ۔ کسی
خاص صوبے کی پولیس ، جو اس سے باہر تبدیل نہ کی جا سکے * پَراوِنشل
سِوِل سَروِس (انگ Provincial Civil Service
سول کے محکمے کے وہ افسر ، جو کسی صوبے کی حکومت بھرتی کرے ۔ یہ افسر
دوسرے صوبے میں تبدیل نہیں کیے جا سکتے *
پراویڈنٹ فنڈ (پَرا ۔ وِیْ ڈَنْٹْ ۔ فَنْڈْ) (انگ۔ Provident
Fund) مذکر ۔ امدادی سرمایہ ۔ محفوظ سرمایہ ۔ وہ سرمایہ ، جو
ملازم کی تنخواہ میں سے ہر ماہ ایک مقرّرہ شرح کے مطابق وضع کر کے
جمع کیا جاتا اور ملازمت کے خاتمے پر اسے دیا جاتا ہے *
پراچہ (پَرا ۔ چَہْ) (ف) مذکر (۱) پارچے کا کام کرنے والا ۔ پارچہ فروش ۔
بزّاز (۲) سِلے ہوئے کپڑے بیچنے والا (۳) ایک قوم ، جو پرانے کپڑوں

کے ٹکڑے خرید کر ٹوپیاں وغیرہ بناتی اور فروخت کرتی ہے ٭

پرائز (پَرا - اِز) (انگ - Prize) مذکر - انعام ٭

پرائم (پَرا - اِم) (انگ - Prime) (۱) پہلا - ابتدائی (۲) اعظم - اعلیٰ (۳) عمدہ - اوّل درجے کا ٭ **پرائم منسٹر** (انگ Prime Minister) مذکر - وزیر اعظم ٭

پرائمر (پَرا - اِمَر) (انگ - Primer) مؤنث - قاعدہ - طالب علموں کی ابتدائی کتاب ٭ **پرائمری** (پَرا - اِمرِی) (انگ - Primary) (۱) ابتدائی - پہلا - اوّل - سب سے پہلا (۲) اصلی ٭

پرائیویٹ (پَرا - اِی - وِیٹ) (انگ - Private) نج کا - خانگی ٭

پرایا (پَرا - یا) (ہ) صفت مذکر (۱) غیر - اجنبی - بیگانہ (۲) غیر کا - دوسرے کا - اَور کا ٭ **پرایا مال پشم کا بال** (ف) مثل - دوسرے کے مال کی ذرا قدر یا حفاظت نہیں کی جاتی ٭ **پرائی** (پَرا - اِی) صفت مؤنث ٭ **پرائی آگ میں پڑنا - یا کود پڑنا - یا گرنا** - دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا ٭ **پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں** مثل - (عو) دوسرے کے سہارے کام درست نہیں ہوتا - غیر شخص اپنے کام نہیں آتا - بیگانے کی چیز پر بھروسا کرنا بے وقوفی ہے ٭ **پرائی کوٹھی کا ٹیڑھا منہ** - کہاوت - دوسرے پر بھروسا بے سود ہے ٭ **پرائی کیا پڑی ہے؟** دوسرے کی کیا فکر ہے؟ **پرائے** (پَرا - اِے) پرایا کی جمع ٭ **پرائے بردے آزاد کرنا** (ف) (دہلی) (مجازاً) غیر کے مال پر فیاضی کرنا - دوسرے کے مال پر گلچھرے اُڑانا ٭ **پرائے دھن کو چور روئیں** (ہ) کہاوت - دوسرے کی دولت پر کوئی نہیں روتا، سوا چور کے جو اسے چُرانا چاہتا ہے ٭ **پرائے شگون کے لیے اپنی ناک کٹائی** (و) مثل - دوسرے کو نقصان پہنچانے کی غرض سے اپنا زیادہ نقصان کیا ٭ **پرائے گھر کا ہونا** (ہ) (عو) لڑکی کا بیاہ ہو جانا ٭ **پرائے مال پر دیدے لال** - (و) مثل - دوسرے کی چیز پر از حد غرور ٭ **پرائے مال پر یا حسین رضؓ** (و) مثل (۱) دوسرے کے مال کو اپنا مال سمجھ کر بزرگوں کی نذر نیاز کرنا (۲) غیر کی دولت پر شیخی بگھارنا - ناحق اِترانا ٭ **پرائے ہاتھ پر شکرہ پالنا** - دوسرے کے بھروسے پر کوئی کام کرنا - غیر کے سہارے جینا ٭

پرب (پَرَب) (س) مذکر (۱) فصل - مقدمہ - باب - ادھیائے (۲) بھیڑ - ہجوم - میلا (۳) ایک قسم کا ہیرا (۴) ہیرے کا نگینہ ٭

پربال (پَر - بال) (ف) مذکر - پروال - دیکھیے پَر فارسی ٭

پربت (پَر - بَت) (ہ) مذکر - (۱) پہاڑ - کوہ - جبل - ٹیلا (۲) سخت - دُشوار - کٹھن - مشکل ٭

پربس (پَر - بَس) (ہ) (۱) معذور - مجبور - پرادھین (۲) نوکر - محکوم - ماتحت ٭

پربندھ (پَر - بَندھ) (س) مذکر (۱) انتظام - انصرام - بندوبست (۲) درستی - ٹھیک ٹھاک کرنا ٭

پربھاؤ (پَر - بھا - آؤ) (س) مذکر (۱) کشش - تاثیر - صحبت - فیض - اثر (۲) مزاج - فطرت - سرشت - طبیعت (۳) خُو - عادت (۴) کیفیت - حالت ٭

پربھو (پَر - بھُو) (س) مذکر (۱) مالک - ناتھ - سوامی (۲) صاحب (۳) ایشور - خُدا ٭

پربین (پَر - بِین) (ف) (۱) دانش مند - سمجھ والا - عقیل (۲) چتر - چلتا پُرزہ - ہوشیار (۳) صاحب فن - ہنرمند - کام کا جاننے والا - کاریگر - مشّاق - کاملِ فن - جگت استاد (۴) خوب صورت - حسین - جمیل - سُندر ٭

پرپنچ (پَر - پَنچ) (ہ) مذکر - فریب ٭

پرپینٹھ (پَر - پَینٹھ) (ہ) تیسری نقل - تیسرا پرت - طبق ثالث ٭

پرت (پَرَت) (ہ) مذکر - (۱) ورق - تختہ - طبق (۲) چھلکا - پوست - تہ - پپڑی ٭ **پرت دار** (عو) تہ پرتہ یا کئی تہوں والی چیز ٭ **پرت درپرت** (دہلی) تہ پرتہ - پرت پرپرت ٭

پرتا (پَر - تا) (ہ) مذکر (۱) اوسط (بیٹھانا، پڑنا، پھیلانا کے ساتھ) (۲) چرخی - پھرکی ٭

پرتاب (پَر - تاب) (س) مذکر (اصل لفظ پرتاپ ہے) (۱) وجہ - سبب - باعث - طفیل - وسیلہ - ذریعہ (۲) عزّت - شان - اقبال (۳) جمال - روشنی - جلال - نور - پرتو - چمک (۴) تقدیر - قسمت - نصیب - بھاگ - (۵) عنایت - مہربانی - کرپا (۶) فیّاضی - سخاوت - دَیا ٭

پرتال (پَر - تال) (ہ) مؤنث (پڑتال غلط ہے) (۱) پیمائش - جانچ - جائزہ - دیکھ بھال - سنبھال (۲) نظرثانی - دوبارہ دیکھنا (۳) صدمہ متواتر جوتیوں کی لگاتار مار ٭ **پرتال پڑنا** - لگاتار پٹنا - برابر جوتے پڑنا ٭ **پرتالنا** - پیمائش کرنا - جانچنا - جائزہ لینا ٭

پرتگال (پُر - تَ - گال) (ف) مذکر (۱) یورپ کا ایک مُلک (۲) ایک قوم (۳) ایک قسم کی شراب ٭

پرتگیز (پُر - تَ - گیز) (ہند) مذکر - پرتگال کا باشندہ ٭

پرتل (پَر - تَل) (ہ) مذکر - سوار کا سامان، جو ایک بیل یا گھوڑے پر لادا جائے ٭ **پرتل کا ٹٹو** - مذکر - (۱) لدو ٹٹو (۲) مزدور آدمی ٭

پرتلا (پَر - تَلا) (ہ) مذکر (۱) تلوار کی پیٹی، جو کندھے پر ڈالی جاتی ہے یا چوڑا تسمہ (۲) تسمہ - پیٹی ٭

پرتما (پَر - تَما) (س) مذکر (۱) صنم - بُت - پتلا - مورتی - مورت - مجسمہ (۲) تصویر ٭

پرتو (پَر - تَو) (ف) مذکر (۱) پرچھاواں - پرچھائیں - ظل - عکس - سایہ -

(۲) چمک - شعاع - کرن - نور - روشنی ٭ **پرتوافگن - پرتوفگن** شعاع ڈالنے والا ٭ **پرتوا** (پَرْ - تَوَا) مہند. مذکّر (۱) چھاؤں - ظل - سایہ - عکس - چمک (۲) فیضِ صحبت - صحبت کا اثر ٭

پرتھی - پرتھوی (پِرْ - تِھی + پِرْ - تھَوِی) (س) مؤنّث (۱) زمین - ارض - دھرتی - بھوم - بھومی (۲) دنیا - جہان - جگت - سنسار (۳) دنیا کے لوگ - خلقت - مخلوق ٭

پرتی (پَرْ - تی) (ہ) مؤنّث - افتادہ زمین - غیر مزروعہ زمین ٭ **پرتی جدید** - مؤنّث - وہ زمین، جو سال ہی میں غیر مزروعہ ہوگئی ہو ٭ **پرتی قدیم** - مؤنّث - وہ زمین، جو مدّت سے غیر مزروعہ پڑی ہو ٭

پرتیت (پَرْ - تِیْت) (س) مؤنّث (۱) اعتبار - بھروسا - اعتماد (۲) اعتقاد - یقین (۳) ساکھ ٭

پرج (پِرَج - پَرَج - پَرْج) (ہ) مؤنّث (۱) ایک راگنی (۲) وہ لکڑی، جو گدکے میں قبضے کی جگہ لگی ہوتی ہے (۳) ڈھال کا دستہ (۴) تلوار کا قبضہ ٭

پرجا (پَرْ - جا) (ہ) مؤنّث (۱) رعیّت - رعایا - محکوم (۲) غیر کی جگہ میں بسنے والا - پرائے مقام پر رہنے والا - کرایہ دار (۳) عام لوگ - خلقت - مخلوق - پبلک (۴) کنبہ - خاندان - بنس - نسل ٭ **پرجاپت - پرجاپتی** (ہ) مذکّر (۱) راجا - آقا - مالک - سرکار - حاکم - بادشاہ (۲) پیدا کرنے والا - خالق - برہما (۳) آفتاب - سورج - مہر (۴) کمھار - کوزہ گر (۵) داماد - جنوائی (۶) باپ - والد - پتا ٭ **پرجا نہیں تو راجا کہاں** مقولہ - رعایا نہیں تو حاکم بھی نہیں ٭

پرجوت (پَرْ - جَوْت) (ہ) مذکّر - مکانات کی زمین کا محصول ٭

پرچ (پِرْچ) (ا) مؤنّث - پیالی کے ساتھ کی چھوٹی پلیٹ ٭

پرچا (پَرْ - چا) (ہ) مذکّر (۱) پرکھ - شناخت - پہچان - جانچ - آزمائش - تجربہ - امتحان - کسوٹی (۲) دلیل - ثبوت (۳) بزرگی کا ظہور - کرامت - معجزہ (۴) خصوصیت (۵) بُرہانِ قاطع - اِتمامِ حجّت (۶) بشارت - خوشخبری ٭ **پرچا مانگنا** - ثبوت مانگنا - کرامت چاہنا - معجزہ طلب کرنا ٭

پرچا (پَرْ - چا) (ہ) پرچانا کا امر ٭ **پرچا رہنا** - دل بہلا یا لگا رہنا - کسی شغل میں مصروف رہنا ٭ **پرچا لینا - یا - پرچانا** - (۱) بچّوں یا وحشی جانوروں کو ہلا لینا - مانوس کرنا (۲) راضی کرلینا - رام کرلینا - لالچ دے کر اپنی طرف مائل کرلینا - اپنے ڈھنگ پر کرلینا (۳) باتوں میں لاکر فریب دینا (۴) جادو کے زور سے بس میں لانا ٭

پرچار (پَرْ - چار) (س) مذکّر (۱) تبلیغ - اشاعت - اظہار - نشر (۲) شہرت - ناموری (۳) رسم و رواج ٭ **پرچارک** (پَرْ - چا - رَک) مذکّر (۱) مبلّغ - تبلیغ کرنے والا (۲) نقیب (۳) پڑدادا ٭

پرچخ (پَرْ - چَخ) (ف) مذکّر - پُرزے ٭ **پرچخ اُڑجانا** - پُرزے پُرزے ہوجانا ٭

پُرچک (پُرْ - چُک) (ہ) مؤنّث (عو) (۱) پیار - تھپکی - پچکار - چمکار (۲) اطمینان - دلاسا - تسلّی (۳) سہارا - مدد - پشتی - رعایت (۴) کنایہ - اشارہ - ایما - اجازت ٭ **پُرچک پانا** (عو) اشارہ پانا، حمایت پانا ٭ **پُرچک دینا** - اُبھارنا - اُکسانا - شہ دینا - بہکانا ٭ **پُرچک کرنا** - حمایت کرنا ٭ **پُرچک لینا** - طرف داری کرنا ٭

پرچم (پَرْ - چَم) (ف) مذکّر - (۱) پھریرا - جھنڈے پر باندھنے کا کپڑا (۲) کاکل، زلف ٭ **پرچم اُڑانا - یا - لہرانا** - جھنڈا لہرانا ٭

پرچنا (پَرَچ - نا) (ہ) (۱) مائل ہونا - مانوس ہونا - ہِل جانا - پِل جانا - راضی ہونا (۲) باتوں میں آنا - بہلنا ٭

پَرچُول (پَرْ - چُوْل) (ہ) مؤنّث (دہلی) دُھن - لَت - دھت ٭

پَرچول (پَرْ - چَوْل) (ہ) مؤنّث - چھان بین - دریافت - ٹٹول ٭

پرچون (پَرْ - چَوْن) (ہ) مذکّر - متفرّق سودا - آٹا، دال، نمک، مرچ، تیل، تمباکو وغیرہ چیزیں ٭ **پَرچُونی** - مؤنّث - آٹا دال وغیرہ فروخت کرنا ٭ **پَرچُونیا** - مذکّر - پرچون بیچنے والا - بنیا - خُردہ فروش ٭

پرچہ (پَرْ - چَہ) (ف) مذکّر (۱) پرزہ - کاغذ کا ٹکڑا - چیتھڑا - ٹکڑا (۲) رسالہ - اخبار - کتاب (۳) خط - رقعہ - چٹھی - پتر - تحریر (۳) پیغام - خبر (۴) وہ تحریر، جو شاہی زمانے میں اخبار نویس ہرکارے سے خبر پاکر قلمبند کرتے اور سرکار میں داخل کرتے تھے ٭ **پرچہ چاک کرنا** (۱) ابتدائی رپورٹ کا لکھا جانا ٭ **پرچہ گزرنا** (۱) معلوم کرنا - علم میں آنا - اطّلاع ملنا - خبر پہنچنا (۲) نالش ہونا - عرضی دیا جانا (۳) جاسوسی ہونا - مخبری ہونا (۴) چغلی ہونا - غیبت کیا جانا ٭ **پرچہ لگانا** - حاکم کو مخبری کرنا - پوشیدہ بات کی خبر دینا ٭ **پرچہ لگنا** - پرچہ گزرنا ٭ **پرچہ نویس** (ف) مذکّر (۱) خبر پہنچانے والا - پوشیدہ کارروائی لکھنے والا - جاسوس - مخبر (۲) خبریں لکھنے والا - واقعات لکھنے والا - مؤرّخ (۳) پرچہ لکھنے والا - رقعہ لکھنے والا - خط لکھنے والا - خطّاط ٭ **پرچہ نویسی** - مؤنّث (۱) جاسوسی - مخبری (۲) خبررسانی - وقائع نگاری - اخبار نویسی - تاریخ نگاری (۳) پرچہ لکھنا - رقعہ لکھنا - خط لکھنا - تحریری اطّلاع دینا ٭

پرچھا (پَرْ - چھا) (ہ) مذکّر - (۱) سوت لپیٹنے کی نلی - پھرکی (۲) پُچکا (۳) بھیڑ کا کم ہونا (۴) کڑاہی (۵) دیگ - بڑا دیگچہ (۶) قصّہ - قضیہ - معاملہ - جھگڑا ٭ **پرچھا کرنا** (۱) نلی پر سوت لپیٹنا - پھرکی پر ڈورا چڑھانا (۲) بھیڑ ہٹا دینا - ہجوم میں کمی کرنا (۳) قضیہ چکانا - قصّہ فیصل کرنا - معاملہ طے کرنا - جھگڑا نمٹانا ٭ **پرچھا ہونا** - لازم ٭

پرچھانواں - پرچھاواں (پَرْ - چھاں - واں + پَرْ - چھا - واں) (ہ) مذکّر (۱) پرتو - عکس - چھاؤں - سایہ (۲) سبھاؤ - خصلت - خُو - عادت - طور طریق - رنگ ڈھنگ - اثر (۳) (عو) آسیب کا خلل ٭ **پرچھاواں پڑنا** (عو) (۱) سایہ پڑنا (۲) کسی کی صحبت کا اثر ہونا - دوسرے کی وضع پر چلنا (۳) تھوڑی سی

مشابہت ہونا (۴) آسیب کا خلل ہونا۔ بچے پر بھوت پریت کا اثر ہونا۔
پرچھاویں سے دُور بھاگنا۔ یا۔ بچنا۔ کسی کی صحبت سے نفرت کرنا۔
پرچھائیں (پَر۔ چھا۔ اِیں) (ہ) مؤنث۔ پرچھاواں۔ پرتو۔ سایہ۔ عکس۔ چھاؤں۔
پرچھائیں ڈالنا (ع) سایہ ڈالنا۔ اپنے جیسا کرنا۔ **پرچھائیں سے بھاگنا۔ یا۔ ڈرنا** (۱) سایے سے خوف کھانا۔ عکس سے خائف ہونا۔ (۲) خو سے ڈرنا۔ عادت سے خوف کھانا (۳) نامردی۔ ہیجڑا پن۔ انتہائی بزدلی (۴) گِھن کرنا۔ نفرت کرنا (۵) مرعوب ہونا۔

پرچھتی۔ پرچھتی (پَر۔ چھَتی + پَڑ چھت۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا چھپر۔ چھپر سے الگ چھپرا جو چھپر کے اِدھر اُدھر اور منڈیروں وغیرہ پر پانی کے بچاؤ کے لیے رکھا جاتا ہے (۲) مچان۔ ٹانڈ۔

پرچھی (پَر۔ چھی) (ہ) مؤنث۔ تھیلی، جس کے دونوں طرف سامان رکھ کر سواری کی پیٹھ پر رکھتے ہیں۔

پرچی (پَر۔ چی) (ہ) مؤنث (۱) پرچا کی تانیث (۲) وہ کاغذ جس پر انتخاب کے وقت اپنے پسند کیے ہوئے اُمیدوار کا نام لکھ کر صندوق میں ڈالتے ہیں (۳) مقدمے کی تاریخ کا کاغذ۔

پرخاش (پَر۔ خاش) (ف) مؤنث (۱) کینہ۔ رنج۔ غبار (۲) فساد۔ جھگڑا۔ نااتفاقی۔ لڑائی۔ اَن بَن۔ **پرخاش جُو** (۱) فساد پر آمادہ۔ جھگڑے کو تیار (۲) رنج سے بھرا ہوا۔ کدورت رکھنے والا۔

پرخچے (پَر۔ خَ۔ چے) (ہ) مذکر۔ پُرزے۔ ٹکڑے۔ **پرخچے اُڑانا** (ع) پُرزے پُرزے کرنا۔ **پرخچے اُڑنا**۔ لازم۔

پرداخت (پَر۔ داخت) (ف) مؤنث (۱) پرورش (۲) دست گیری۔ سہارا۔ مدد۔ سہایتا (۳) نگرانی۔ دیکھ بھال۔ نگہبانی۔ حفاظت۔ (۴) زیبائش۔ آرائش۔ سنوار۔ سنبھال (۵) درستی۔ **پرداختہ** (ساختہ کے ساتھ) سنوارا ہوا۔ آراستہ کیا گیا۔

پردادا (پَر۔ دا۔ دا) (ہ) مذکر۔ باپ کا دادا۔ دادا کا باپ۔ **پردادی**۔ مؤنث۔ باپ کی دادی۔ دادا کی ماں۔ پردادا کی بیوی۔

پرداز (پَر۔ داز) (ف) مؤنث (۱) پہل۔ اُٹھان۔ تمہید۔ شروع۔ ابتدا (۲) چمک۔ جِلا۔ روپ۔ آراستگی (۳) نقش کاری۔ نقاشی۔ مصوّری کشیدہ۔ ڈرائنگ (۴) نوک پلک۔ خط و خال۔ تصویر کے نقش و نگار (۵) سبھاؤ۔ عادت۔ خصلت۔ خُو۔ چال ڈھال۔ طور طریق۔ رنگ ڈھنگ۔ **پرداز اُڑانا** (ع) طرز سیکھنا۔ **پرداز ڈالنا۔ یا۔ کرنا** (۱) پہل کرنا۔ اُٹھانا۔ تمہید ڈالنا۔ ابتدا کرنا۔ شروع کرنا (۲) رُوپ نکھارنا۔ چمکانا۔ صیقل کرنا۔ جِلا دینا۔ آراستہ کرنا۔ سنوارنا (۳) نقش کاری کرنا۔ تصویر بنانا۔ کشیدہ کاڑھنا (۴) نوک پلک درست کرنا۔ خط و خال بنانا (۵) عادت یا سبھاؤ سنبھالنا۔ خو خصلت درست کرنا۔ رنگ ڈھنگ بدلانا۔

پردوش (پَر۔ دوش) (ہ) مذکر (۱) مغرب کا وقت۔ شام۔ سانجھ

(۲) پیر کے دن کا فاقہ۔ مہادیو کے نام کا روزہ۔ تیرھویں تاریخ کا برت۔

پردہ (پَر۔ دَہ) (ف) مذکر (۱) برقع۔ نقاب۔ حجاب۔ **گھونگھٹ** (۲) آڑ۔ اوٹ۔ روک (۳) چلمن۔ چق (۴) دروازے کے آگے کی دیوار جس سے گھر کا سامنا [illegible] (۵) سینے پر چڑھنے والا انگرکھے کا گول حصّہ (۶) تہ۔ سطح (۷) پوشیدہ بات۔ بھید۔ راز (۸) الاپ۔ آہنگ (۹) بارہ راگوں میں سے ہر راگ (۱۰) باجے [illegible] (۱۱) آنکھ کی پتلی جھلی (۱۲) [illegible] وغیرہ کی جھلی (۱۳) پوشیدگی۔ اخفا (۱۴) طبقہ۔ [illegible] (۱۵) [illegible] کی اصطلاح، کولہے اور پسلیوں کے درمیان کا پتلا گوشت (۱۶) [illegible] (۱۷) چار دیواری۔ مکان کا احاطہ (۱۸) خیالی [illegible] (۱۹) بادام کے اوپر کا سخت چھلکا۔ **پردہ اُٹھا دینا۔ یا۔ اُٹھانا** (۱) گھونگھٹ اٹھا دینا۔ نقاب اُلٹنا (۲) [illegible] چار دیواری گرانا۔ اوٹ کی دیوار توڑنا (۴) [illegible] راز افشا کرنا (۵) واقعات بیان کرنا۔ اصلیت [illegible] کھولنا (۶) پپڑی اُتارنا۔ جھلی جدا کرنا۔ پرت کھولنا (۷) [illegible] کرنا۔ حجاب دُور کرنا (۸) جھلی اُتارنا۔ کھال جدا کرنا۔ **پردہ باندھنا**۔ پردہ لٹکانا۔ حجاب کرنا۔ **پردہ پڑ جانا۔ یا۔ پڑنا** [illegible] ہونا (۲) برقع اوڑھا جانا۔ نقاب ڈالا جانا (۳) [illegible] (آنکھ، عقل، سمجھ کے ساتھ پر کے اضافے سے) [illegible] غائب ہونا۔ **پردہ پکارنا**۔ پردہ کرنے کے لیے آواز دینا۔ **پردہ پوش** (ف) (۱) بُرائی کو چھپانے والا (۲) پردہ دار۔ بھید چھپانے والا۔ [illegible]

پردہ پوشی۔ مؤنث (۱) عیب پوشی۔ پردہ داری (۲) رازداری۔ **پردہ پھاڑنا** (ع) (۱) پردے میں سوراخ کرنا (۲) بے پردہ [illegible] (۳) [illegible] عورت سے جماع کرنا۔ **پردہ چھوڑنا** (ع) (۱) چلمن گرانا۔ چق چھوڑنا۔ چق ڈالنا (۲) چہرہ ڈھانپنا۔ منہ پر پردہ ڈالنا۔ حجاب کرنا۔ [illegible] (۳) رخ سے پردہ الگ کرنا۔ حجاب دُور کرنا۔ نقاب [illegible] **پردہ چھیڑنا**۔ سُر ملانا۔ **پردہ دار** (ف) مذکر (۱) راز دار۔ بھید رکھنے والا۔ خامیوں سے آگاہ۔ نقائص سے واقف۔ عیب جاننے والا (۲) پردہ رکھنے والا۔ پردہ کرنے والا (۳) بھیدی۔ محرم۔ واقفِ حال (۴) بھیدوں کو پوشیدہ رکھنے والا۔ عیبوں کا چھپانے والا (۵) محفوظ کرنے والا (۶) پردہ نشین (۷) دربان۔ **پردہ داری**۔ مؤنث۔ دیکھیے "پردہ پوشی"۔ **پردہ در** (۱) عیبوں کو ظاہر کرنے والا۔ برائیوں کو طشت از بام کرنے والا۔ بھانڈا پھوڑنے والا (۲) جاسوس۔ مخبر (۳) چغل خور (۴) خفیہ پولیس۔ **پردہ دری**۔ مؤنث (۱) عیب ظاہر کرنا (۲) جاسوسی۔ مخبری۔ **پردہ ڈالنا** (ع) (۱) پردہ چھوڑنا۔ چق لٹکانا۔ چلمن ڈالنا۔ چق کھولنا (۲) بھید چھپانا۔ راز داری کرنا۔ آنکھ سے عیب دیکھ کر پردہ پوشی کرنا۔ زبان پر نہ لانا۔ عیب چھپانا (۳) برقع اوڑھنا۔ گھونگھٹ کرنا۔ نقاب لینا۔ **پردہ ڈھانکنا**

(عو) (۱) اخفاءِ راز کرنا ـ عیب چھپانا (۲) (عو) (کنایۃً) دنیا سے اٹھانا ـ موت دینا (۳) بدکار کو قتل کرنا ✤ **پردہ ڈھکن** ـ مذکر ـ شوہر ـ خاوند ✤ **پردہ رکھنا** (۱) عیب چھپا رکھنا (۲) راز چھپا رکھنا ـ اخفاءِ راز کرنا (۳) پوشیدہ رکھنا (۴) چھپنا ـ سامنے نہ آنا ✤ **پردۂ غیب** (ف ـ ع) مذکر ـ نچلے اور اوپر کے جہان کا درمیانی پردہ ـ عالمِ باطن ✤ **پردہ فاش کرنا** (ف) (۱) عیب کھولنا ـ بھانڈا پھوڑنا ـ راز افشا کرنا (۲) بھید ظاہر کرنا ـ قلعی کھولنا ـ واقعات بیان کرنا ـ حقیقت کھولنا ـ اصلیت کا ظاہر کرنا ✤ **پردہ کرلو** ـ اوٹ میں آجاؤ ـ پوشیدہ ہو جاؤ ـ چھپ جاؤ ـ **پردہ کرنا** (۱) کپڑا تاننا جس سے آڑ ہو جائے ـ اوٹ کرنا (۲) عورتوں کا چھپنا ـ سامنے نہ ہونا ـ گھونگھٹ نکالنا (۳) بھید چھپانا ـ بات پوشیدہ کرنا ✤ **پردہ کھولنا** ـ دیکھیے "پردہ فاش کرنا" ✤ **پردہ گرانا** (۱) چق گرانا ـ چلمن چھوڑنا ـ پردہ ڈالنا (۲) گھونگھٹ کرنا ✤ **پردہ لگانا** ـ پردہ لٹکانا ✤ **پردہ لگنا** (۱) پردے میں بیٹھنا ـ سامنے ہونے سے پرہیز کرنا ـ چھپنے لگنا ✤ **پردہ ہونا** (۲) (طنزاً) باہر پھرنے والی عورت کا پردے میں بیٹھنا ـ صاحبِ عصمت بننا ـ پردہ نشین ہو جانا ✤ **پردہ نشین** (ف) (۱) پردے میں بیٹھنے والی ـ چھپنے والی (۲) پاک دامن ـ باعصمت (۳) مؤنث ـ بیوہ عورت ✤ **پردہ ہو جانا** (ف) (۱) اوٹ ہو جانا ـ غائب ہو جانا ـ چھپ جانا ـ آڑ میں آجانا (۲) پوشیدہ ہو جانا ـ منہ پھیر لینا ـ چہرہ چھپا لینا ✤ **پردہ ہونا** ـ دیکھیے "پردہ لگنا" اور "پردہ ہو جانا" ✤ **پردہ ہے** (۱) آڑ ہے ـ اوٹ ہے (۲) آڑ میں ہیں ـ اوٹ میں ہیں ـ پردے میں ہیں ـ چھپے ہوئے ہیں (۳) ادھر نہ آنا ـ ادھر ہی رہنا ـ یہاں نہ آنا (۴) غیر مرد بیٹھا ہے (۵) پردہ نشین عورتیں بیٹھی ہیں ✤ **پردے** (پَرْ ـ دِے) (۱) پردہ کی جمع (۲) آنکھ کی تہ بہ تہ سات جھلیاں ✤ **پردے بٹھانا** ـ باہر کا آنا جانا بند کرنا ـ پردہ نشین کرنا ـ پردہ کرانا ـ اوٹ کرانا ـ چھپانا ـ گھر سے باہر نہ جانے دینا ✤ **پردے میں** (۱) خفیہ خفیہ (۲) بے خبری میں ـ اطلاع کے بغیر (۳) اوٹ میں ـ آڑ میں (۴) چوری چھپے ✤ **پردے چھٹنا** ـ حجاب ہونا ـ پردے پڑنا ✤ **پردے کی بوبو ـ یا ـ بی بی** ـ مؤنث (۱) پردے میں رہنے والی عورت ـ پردہ نشین (۲) شریف عورت (۳) پاک دامن عورت ـ باعصمت (۴) (طنزاً) بڑی پارسا بننے والی خراب عورت ✤ **پردے کے لوگو پردے ہو + پردے والو پردہ کیجو** ـ یہ فقرے اس وقت کہے جاتے ہیں، جب کوئی شخص اپنے کوٹھے پر چڑھنا چاہے تاکہ پردہ نشین عورتیں آڑ میں ہو جائیں ✤ **پردے میں رخنہ لگانا ـ یا ـ سوراخ کرنا ـ یا ـ شکار کھیلنا ـ یا ـ گردہ لگانا** ـ پردے میں بیٹھ کر تاک جھانک کرنا ـ ٹٹی کی اوٹ شکار کھیلنا ـ در پردہ بُرا کام کرنا ✤

پردھان (پَرْ ـ دْھانْ) (ہ) (۱) صدر ـ پریزیڈنٹ (۲) رہنما ✤

پردیس (پَرْ ـ دِیسْ) (ہ) مذکر ـ اجنبی ملک ـ بیگانہ ملک ـ دوسرا ملک ـ غیر وطن ـ بدیس ـ غربت ✤ **پردیس جانا** (۱) دوسرے ملک میں جانا (۲) سفر کرنا ✤ **پردیس چھانا** (۱) ترکِ وطن کرنا ـ غیر ملک میں جا کر رہنا ـ دوسرے وطن جا رہنا (۲) دوسرے ملک میں جا کر نوکری کرنا ـ اجنبی ملک میں تجارت کرنا ✤ **پردیسن** ـ مؤنث (عو) (۱) مسافر عورت (۲) غیر وطن کی عورت ـ اجنبی ملک کی عورت ـ پردیس کی رہنے والی ـ دوسرے ملک کی رہنے والی (۳) اجنبیہ ـ ناواقف ✤ **پردیسی** ـ مذکر (۱) بدیسی ـ باہر کا ـ غیر ملک کا ـ پردیس کا رہنے والا (۲) مسافر ـ غریب الوطن (۳) ناواقف ـ اجنبی (۴) ملازمت پیشہ ✤ **پردیسی بلم تیری آس نہیں، باسی پھولوں میں باس نہیں** ـ مثل ـ جو خاوند دوسرے ملک میں چلا گیا ہو، اس سے وفاداری کی امید نہیں ـ جیسے باسی پھولوں میں خوشبو نہیں ہوتی ✤

پُرزہ (پُرْ ـ زَہْ) (ف) مذکر (۱) ٹکڑا ـ چیتھڑا ـ دھجی ـ کترن (۲) جزو ـ عضو (۳) نہایت باریک پر (۴) پشم ـ رُواں ـ اُون ـ بال (۵) دوات کا صوف (۶) ریشمی اور اُونی کپڑے کا رُواں (۷) رقعہ ـ مختصر خط (۸) (مجازاً) (چلتا کے ساتھ) متفنّی ـ چالاک ✤ **پُرزے** (۱) پُرزہ کی جمع ✤ **پُرزے اُڑانا** (۱) کتر کتر کرنا ـ چیتھڑے اُڑانا ـ دھجیاں بکھیرنا ـ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) چُور چُور کرنا ـ توڑ ڈالنا (۳) پھاڑ ڈالنا (۴) بیکار کر دینا (۵) بوٹیاں کاٹنا (۶) ادھیڑنا (۷) مارنا پیٹنا (۸) سزا دینا (۹) پارچے کرنا ✤ **پُرزے پُرزے کرنا** (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـ پارہ پارہ کرنا (۲) خوب مارنا پیٹنا ✤ **پُرزے پُرزے ہونا** ـ لازم ✤ **پُرزے کرنا** ـ ٹکڑے کرنا ✤ **پُرزے ہونا** ـ لازم ✤

پُرس (پُرْش) (ہ) مذکر (۱) آدمی کا بدن ـ آدمی (۲) آدمی کے برابر ـ قدِ آدم ✤

پُرسا (پُرْ ـ سَا) (ہ) مذکر (۱) عزاداری ـ رونا پیٹنا ـ ماتم (۲) بیمار کی عیادت کو جانا ـ خبرگیری کرنا ـ پوچھنے جانا (۳) آدمی کے قد کے برابر ـ قدِ آدم ✤ **پُرسا دینا** (۱) ماتم پرسی کرنا (۲) پس ماندوں کی تسلی تشفی کرنا ـ دلاسا اور تسکین دینا (۳) عزاداری کرنا ـ رونا پیٹنا (۴) موت کی اطلاع کرنا ـ مرنے کی خبر پہنچانا ✤ **پُرسا لینا** (۱) موت کی خبر سن کر رونا (۲) ماتم پرسی کو منظور کرنا (۳) پس ماندوں کا تسلی و تشفی کی باتیں سننا ـ دلاسے اور تسکین کو تسلیم کرنا ✤

پرساد (پَرْ ـ سَادْ) (س) مذکر (ہندو) (۱) بھینٹ کی شے ـ نذر نیاز کی چیز ـ چڑھاوا ـ پرشاد (۲) تبرک ـ تحفہ ـ مرشد کا اُلش (چڑھانا کے ساتھ) (۳) عوض ـ بدلا ـ پھل ـ ثمرہ ـ نتیجہ (دینا کے ساتھ) (۴) عطیہ ـ بخشش ـ انعام (۵) فائدہ ـ فیض ✤

پَرسال (پَرْ ـ سَالْ) (ف) (عو) پارسال ـ پچھلے سال ـ گزشتہ سال ✤

پُرسان (پُرْ ـ سَانْ) (ف) (۱) دریافت کرنے والا ـ پوچھنے والا (۲) معاون ـ سہارا دینے والا ـ مددگار (۳) یار ـ دوست ـ رفیق (۴) انصاف کرنے والا ـ مدد دینے والا ـ مظلوم کی فریاد سننے والا ـ شکوے کی تلافی کرنے والا ـ

گِلہ دُور کرنے والا ۔ شکایت رفع کرنے والا ٭ پُرسانِ حال (۱) خبرگیراں ۔ کیفیت دریافت کرنے والا ۔ حال پوچھنے والا (۲) اعانت کرنے والا ۔ آسرا دینے والا ۔ مدد کرنے والا (۳) ساتھی ۔ رفیق ۔ ہمدم ۔ پریمی (۴) دُکھ درد کا دریافت کرنے والا ۔ مصیبت کا معلوم کرنے والا (۵) مظلوم کی دادرسی کرنے والا ۔ انصاف کرنے والا ۔ فریادرس ٭

پرست (پَرَسْت) (ف) پرستیدن (پوجنا) کا امر ۔ مرکبات میں مستعمل ہے ، جیسے خدا پرست (خدا کی عبادت کرنے والا) ، بت پرست ، آتش پرست ٭ پَرَسْتار (۱) پجاری ۔ پوجا کرنے والا (۲) غلام ۔ نوکر (۳) کنیز ٭ پرستار زادہ نیاید بکار ۔ اگرچہ بُوَد زادۂ شہریار ۔ مثل ۔ لونڈی غلام کی اولاد بے وفا ہوتی ہے ، خواہ وہ بادشاہ ہی کی نسل سے ہو ٭ پرستاری ۔ مؤنث ۔ (۱) پوجا ۔ پرستش (۲) خدمت ٭ پرستش ۔ مؤنث (۱) پوجا ۔ بندگی ۔ عبادت ۔ تپسیا (۲) تکریم ۔ عزت ۔ توقیر ۔ عظمت ۔ بندگی ۔ تعظیم ۔ کورنش ۔ آداب ۔ تسلیم (۳) انکسار ۔ عجز ۔ گڑگڑانا ٭ پرستش خانہ ۔ پرستش کدہ ۔ پرستش گاہ (ع ۱ ، ۲ مذکر ۳ مؤنث) (۱) پوجا کا استھان ۔ بندگی کا مقام ۔ عبادت کی جگہ (۲) کعبہ ۔ قبلہ ۔ استھان ۔ معبد ۔ شوالہ ۔ مندر ۔ مسجد ٭

پرستان (پَرِس ۔ تان) (ہند) (ہندی ترکیب اور اعلانِ نون سے مستعمل ہے) مذکر (۱) دیو اور پری کے رہنے کا مقام ۔ پریوں کا اکھاڑا (۲) (مجازاً) حسین عورتوں کا جمگھٹ ٭

پرستھان (پَرَس ۔ تھان) (س) مذکر (۱) بیگانہ مکان ۔ پرایا گھر ۔ اَور کی ملکیت ۔ دوسرا استھان ۔ غیر جگہ (۲) مکان تبدیل کرنا ۔ گھر بدلنا ، نقلِ مقام ، انتقالِ مکان ، تبدیلِ موقع ٭ پرستھان کرنا (۱) گھر بدلنا ۔ نقلِ مقام کرنا ۔ جگہ بدلنا ۔ مکان تبدیل کرنا (۲) بیگانے گھر جانا ۔ غیر جگہ جانا (۳) دوسرے ملک جانا ۔ ترکِ وطن کرنا ۔ پردیس جانا ۔ سفر کرنا ٭

پرسرام (پَرَس ۔ رام) (س) مذکر ۔ اصل پرشورام ہے ۔ جمدگن رشی کا پتر ۔ بھگوان وشنو کا اوتار ٭

پُرسش (پُرْ ۔ سِش) (ف) مؤنث ۔ پوچھ گچھ ۔ استفسار ۔ بازپرس ۔ مواخذہ ۔ تفتیش ۔ جواب مانگنا ۔ پوچھنا (۲) دیکھ بھال ۔ خبرگیری ۔ دریافت ۔ توجہ (۳) آؤ بھگت ۔ تعظیم ۔ حرمت ۔ عزت ٭ پُرسش کرنا (ف) (۱) پوچھ گچھ کرنا ۔ پوچھنا ۔ جواب طلب کرنا ۔ استفسار کرنا ۔ بازپرس کرنا ۔ دریافت کرنا ۔ تحقیق کرنا ۔ تفتیش کرنا (۲) دیکھ بھال کرنا ۔ خبرگیری کرنا ٭

پَرسَن (پَرْ ۔ سَن) (س) (۱) خوش ۔ آنند ۔ محظوظ ۔ مسرور ۔ مگن (۲) بےغم و رنج ۔ بےغل وغش ۔ بےتردد ۔ بےفکر ۔ راضی خوشی (۳) تندرست ۔ صحیح و توانا ۔ چنگا ٭

پَرَسَندہ (پسندہ کا بگاڑ) مذکر ۔ کباب ٭

پَرسنگ (پَرْ ۔ سَنگ) (س) مذکر (۱) متعلق ۔ بابت ۔ درمیان ۔ ضمن (۲) سابقہ ۔ واسطہ ۔ تعلق ۔ سمبندھ ۔ ہم نشینی ۔ ربط ضبط ۔ میل جول ۔ مجلس صحبت (۳) جگہ ۔ مورد ۔ موقع ٭

پرسنل (پَرْ ۔ سَنَل) (انگ ۔ Personal) نج کا ۔ ذاتی ٭ پرسنل اسسٹنٹ (انگ ۔ Personal assistant) مذکر ۔ کسی افسر کا سکریٹری ٭ پرسنل پراپرٹی (انگ ۔ Personal property) مؤنث ۔ ذاتی جائداد ٭ پرسنل سیکوریٹی (انگ ۔ Personal security) مؤنث ۔ ذاتی ضمانت ۔ وہ ضمانت ، جس کا ذمہ دار خود دینے والا ہو ٭

پَرسوت (پَرْ ۔ سُوت) (س) مذکر (۱) منی کا بہنا ۔ دھات کی رقت ۔ جریان (۲) عورت کے اندامِ نہانی سے سفید پانی کا خارج ہونا (۳) زچگی کے دنوں کی ایک بیماری ٭

پرسوں (پَرْ ۔ سُوں) (ہ) (۱) آج سے آنے والا تیسرا دن ۔ پس فردا (۲) گزرا ہوا تیسرا دن ۔ پریروز ٭ پرسوں کا ہوتا کل اور کل کا ہوتا آج ۔ مثل ۔ ایسے مقام پر بولتے ہیں جہاں بہت جلدی ظاہر کرنا مقصود ہو ٭

پُرسہ (پُرْ ۔ سَہ) (ف) دیکھیے "پُرسا" ٭

پرسیاوشاں (پَرْ ۔ سِیا ۔ وَ ۔ شاں) (ف) مذکر ۔ ایک قسم کی بوٹی ۔ بالچھڑ ۔ سنبل ٭

پُرش (پُرُ ۔ ش) (س) مذکر (۱) آدمی ۔ انسان ۔ شخص ۔ مرد ۔ نفر ۔ لوگ (۲) خدا ۔ ایشور ۔ پرمیشور ۔ آتما ۔ پرماتما (۳) خاوند ۔ خصم ۔ پتی ۔ مالک ۔ شوہر ٭

پرشاد (پَرْ ۔ شاد) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "پرساد" ٭

پرشہر (پَرْ ۔ شَہْر) (ہ) مذکر (ہندو) غیر شہر ۔ پردیس ٭

پرکاج (پَرْ ۔ کاج) (ہ) مذکر ۔ دوسرے آدمی کا کام ۔ غیر کا کام ٭

پرکار ۔ پرگار (پَرْ ۔ کار ، پَرْ ۔ گار) (ف) مؤنث (دہلی میں مذکر) (۱) دائرہ کھینچنے کا دو شاخہ آہنی قلم (۲) چرخ ۔ چکر ۔ دور ٭

پرکاش (پَرْ ۔ کاش) (س) (۱) ظاہر (۲) فاش (۳) مشہور (۴) روشن (۵) مذکر ۔ چمک ۔ صفائی (۶) نور (۷) شان و شوکت ٭

پرکالا (پَرْ ۔ کا ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) سیڑھی ۔ زینہ (۲) دہلیز ۔ چوکھٹ ٭

پرکالہ (پَرْ ۔ کا ۔ لَہ) (ف ۔ صحیح پرگالہ) مذکر (۱) حصہ ۔ ٹکڑا ۔ لخت ۔ جز ۔ پارہ ۔ بھاگ (۲) چنگاری (۳) شرارہ (۴) شعاع ۔ لپٹ ۔ شعلہ (۵) شیشہ ۔ کانچ (۶) آئینہ ۔ درپن ٭ پرکالۂ آتش (ف) (۱) آگ کا پرکالہ (۲) (مجازاً) چالاک ۔ نہایت تیز ۔ طرار ۔ عیار ٭

پرکانا (پَرْ ۔ کا ۔ نا) (ہ) (لکھنؤ) شوق دلانا ۔ کسی کام کے باربار کرنے پر مائل کرنا ٭ پرک جانا ۔ پرکنا (ہ) (لازم) شائق ہو جانا ۔ کسی فعل کے باربار کرنے پر مائل ہو جانا ٭

پرکما (پَرْ ۔ کَما) (س) مؤنث (۱) چاروں طرف کا چکر ۔ گرداگرد گھومنا ۔ طواف

(۲) نثار ۔ تصدّق ۔ وار پھیر ٭ پرکما لگانا (۱) چاروں طرف کا چکر لگانا ۔ اردگرد گھومنا ۔ طواف کرنا (۲) قربان جانا ۔ صدقے ہونا ۔ نثار ہونا ۔ وار پھیر ہونا ٭

پُرکھ (پُرَکھ) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "پُرش" ٭

پَرکھ (پَرَکھ) (ہ) مؤنث (۱) تمیز ۔ شناخت ۔ پہچان ۔ گیان ۔ وقوف (۲) امتحان ۔ جانچ ۔ کسوٹی ۔ معیار ۔ تجربہ ۔ آزمائش (۳) کوت ۔ آنک ٭ پرکھانا (۱) امتحان کرانا ۔ کسوٹی پر لگوانا ۔ کسوانا ۔ جچوانا (۲) تمیز کرانا ۔ شناخت کرانا (۳) سونپنا ۔ سپرد کرنا ۔ حوالے کرنا ۔ دینا (۴) نقدی سنبھلوانا ۔ گنوانا ٭ پرکھائی ۔ مؤنث ۔ سکہ جانچنے کی اُجرت ۔ سکے کی جانچ ٭ پرکھنا (۱) شناخت کرنا ۔ پہچاننا (۲) امتحان کرنا ۔ جانچنا ۔ تجربہ کرنا ۔ آزمانا (۳) آنکنا ۔ دیکھنا (۴) گننا ۔ سنبھالنا ٭ پرکھوانا ۔ "پرکھنا" کا متعدی ٭ پرکھوائی (ہ) مؤنث ۔ شناخت کرنے کا صلہ ۔ پرکھنے کی اُجرت ٭ پرکھیا (پرکھا) مذکر (۱) پرکھنے والا ۔ تمیز کرنے والا ۔ جانچنے والا (۲) امتحان کرنے والا (۳) کوتنا ۔ آنکو (۴) سنبھالنے والا ۔ گننے والا (۵) صرّاف ٭

پُرکھا (پُرَ ۔ کھا) (ہ) مذکر (۱) بڑا بوڑھا آدمی (۲) باپ دادا ۔ مورث (۳) بھلے مانس ۔ نیک لوگ ٭ پُرکھن ۔ بوڑھی عورت ٭

پرگت ملنا (پَرَ ۔ گت ۔ مِل ۔ نا) (ہ) ساز ہونا ۔ میل ہونا ٭

پرگنہ (پَرَ ۔ گنہ) (ف) مذکر (۱) ضلع ۔ حصّہ ۔ ٹکڑا ۔ علاقہ ۔ ایک قانون کے ماتحت علاقہ ۔ ضلع کا وہ محدود حصہ جس پر ایک ضلع دار افسر ہو ۔ جاگیر ۔ تعلقہ (۲) (عو) پردیس کی جگہ جہاں عورت کا شوہر ملازم ہو ٭ پرگنہ جات ۔ پرگنہ کی جمع ٭ پرگنہ دار ۔ پرگنے کا افسر ۔ ضلع دار ٭ پرگنہ وار ۔ پرگنے کے حساب سے ٭

پرگھٹ (پَرَ ۔ گھٹ) (ہ) ظاہر ۔ آشکارا ۔ عیاں ۔ کھلا ہوا ۔ صریح ۔ روشن ٭ پرگھٹ کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ عیاں کرنا ۔ روشن کرنا ۔ مشتہر کرنا ۔ جتانا ٭ پرگھٹ ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ آشکارا ہونا ۔ کھلنا ۔ پیدا ہونا ۔ طلوع ہونا ٭

پرگھرا (پَرَ ۔ گھرا) (ہ) مذکر ۔ وہ کبوتر جو دوسرے کے مکان کو پہچانتا ہو ٭

پرگیری (پَرَ ۔ گی ۔ ری) (ہ) مؤنث ۔ لوہے کی نوک جو تیر پر لگائی جاتی ہے ۔ تیر کا پر ٭

پرلا (پَر ۔ لا) (ہ) (دہلی) اُدھر کا ۔ اُس پار کا ۔ دوسری طرف کا ۔ سب سے آخر کا ۔ انتہائی حد کا ٭ پرلے درجے کا (دہلی) انتہا کا ۔ انتہائی درجے کا ۔ بے حد ٭ پرلے سرے کا (دہلی) (۱) حد درجے کا (۲) خراب آدمی ۔ بڑا بدمعاش ٭

پرلو (پَر ۔ لَو) (ہ) مؤنث (۱) موت ۔ فنا ۔ قیامت (۲) خاتمہ ۔ آخر ۔ انت ۔ نیستی ٭

پرلوک (پَر ۔ لوک) (س) مذکر ۔ اوپر والی دنیا ۔ عالم بالا ۔ دوسرا جہان ۔ دوسرا جگت ۔ عقبیٰ ٭

پرماتما (پَر ۔ ما ۔ تما) (س) (ہ) مذکر (۱) بڑی آتما ۔ اعلیٰ روح ۔ خدا ۔ پرمیشور ۔ برہم ۔ وشنو ۔ احکم الحاکمین (۲) سخی ٭

پرمٹ (پَر ۔ مٹ) (ہند) (انگریزی پرمٹ Permit) مذکر (۱) نمک اور شورے کا سرکاری محصول (۲) وہ مال جس پر اجازت کی ضرورت ہو (۳) چنگی ۔ وہ جگہ جہاں سرکاری محصول لیا جاتا ہے (۴) محصولِ نمک لینے کا محکمہ (۵) اجازت نامہ ۔ پروانہ راہداری ٭

پرمٹا (پَر ۔ مٹا) (ہ) مذکر ۔ مرینے جیسا ایک قسم کا کپڑا ٭

پرمحلّہ (پَر ۔ محل ۔ لہ) (ہ) مذکر (عو) دوسرا محلّہ ٭

پُرمَل (پَر ۔ مَل) (ہ) مذکر (۱) جوار ۔ مکئی ۔ باجرے وغیرہ کے بھگو کر بھنے ہوئے خستہ اور بھربھرے دانے ۔ کھیلیں (۲) بھنے ہوئے چاول (۳) ایک قسم کا خوشبودار چاول ٭

پرملو (پَر ۔ ملو) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا ناچ ٭

پرمیشر (پَر ۔ مے ۔ شر) (س) مذکر ۔ اللہ ۔ خدائے تعالیٰ ٭

پرمیو (پَر ۔ میو) (ہ) مذکر ۔ سوزاک ٭

پَرن (پَرَن) (ف) مذکر (۱) پروین ۔ ثریّا ۔ بنات النعش ۔ سات سہیلیوں کا جھمکا (۲) (ہ) مؤنث ۔ طبلے کی گت ٭

پرنالا (پَر ۔ نا ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ بالاخانے یا کوٹھے کی موری ٭ پرنالے بہا دینا (۱) شدت سے رونا (۲) کسی چیز کی کثرت کرنا ٭

پرنالی (پَر ۔ نا ۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) پرنالا کی تصغیر ۔ چھوٹی موری ۔ چھوٹی بدر رَو (۲) وہ گڑھا جو گھوڑوں کے ٹھاپے کی حالت میں دونوں سُرینوں کے درمیان ہو جاتا ہے ٭ پرنالی پڑنا (چابک سوار) (۱) ٹھاپے کے باعث گھوڑوں کے پٹھوں اور دونوں سُرینوں کے درمیان گڑھا سا پڑنا ۔ (۲) (مجازاً) گھوڑے کا تیار ہونا ٭

پرنام (پَر ۔ نام) (س) (ہند) مذکر (۱) تسلیم ۔ بندگی ۔ آداب ۔ سلام ۔ ڈنڈوت ۔ کورنش ۔ نمستے ۔ نمسکار (۲) مرتے وقت کے تیور ۔ اخیر وقت کی حالت ٭

پرنانا (پَر ۔ نا ۔ نا) (ہ) مذکر ۔ نانا کا باپ ۔ ماں کا دادا ٭ پرنانی ۔ مؤنث ۔ نانا کی ماں ۔ ماں کی دادی ٭

پرنٹر (پِرِن ۔ ٹر) (انگ ۔ Printer) مذکر ۔ طبع کرنے والا ۔ چھاپنے والا ٭

پرنٹنگ (پِرِن ۔ ٹنگ) (انگ ۔ Printing) مذکر ۔ طبع کرنا ۔ چھاپنا ۔ چھپائی ٭ پرنٹنگ پریس (انگ ۔ Printing press) مذکر ۔ چھاپا خانہ ۔ مطبع ٭

پرندہ ۔ پرندہ (پَرِندہ ، پَرَن ۔ دہ) (ف) مذکر ۔ اُڑنے والا جانور ۔ طائر ۔ چڑیا ۔ پکھیرو ۔ مرغ ٭ پرندہ پر نہیں مار سکتا (۱) از حد روک ٹوک ہے ۔ کوئی جانے نہیں پاتا ۔ کسی کو جانے کی اجازت نہیں ۔ کسی کا گزر نہیں ٭

پرنس (پِرِنْس) (انگ۔ Prince) مذکر۔ شہزادہ * پرنس آف ویلز۔ (انگ۔ Prince of Wales) مذکر۔ تختِ انگلستان کا ولی عہد۔ شہزادہ انگلستان *

پرنسپل (پَرِن۔ سِپَل) (انگ۔ Principal) مذکر۔ کالج کا معلّمِ اعلیٰ یا افسر *

پرنیاں (پَرْ۔ نِیاں) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا نہایت نفیس اور نرم پھول دار ریشمی کپڑا *

پُروا (پُرْ۔ وَا) (ہ) مؤنث۔ پورب کی ہوا۔ پورب سے پچھم کو چلنے والی ہوا *

پروا (پَرْ۔ وَا) (ف) مؤنث (۱) ضرورت۔ توجہ۔ رغبت۔ خواہش (۲) اندیشہ۔ فکر۔ دہشت۔ خوف *

پَروا (پَرْ۔ وَا) (ہ) مؤنث۔ چاند کے بڑھنے یا گھٹنے کا پہلا دن *

پَروار (پَرْ۔ وَار) (ہ) مذکر (۱) (ہندو) قبیلہ۔ خاندان۔ گوت۔ کنبہ (۲) زمانۂ موت۔ آئندہ عالم۔ اگلا جہان *

پرواز (پَرْ۔ وَاز) (ف) مؤنث (۱) اُڑنا۔ اُڑان (۲) ناز۔ فخر *

پروال (پَرْ۔ وَال) (ہ) دیکھیے "پربال" *

پَروان (پَرْ۔ وَان) (ہ) مذکر (۱) بالغ۔ پورا۔ مکمل۔ کامیاب (۲) ثمر۔ پھل۔ بَر (۳) نتیجہ (۴) بادبان کا ڈنڈا * پروان چڑھانا (ع) مراد کو پہنچانا * پروان چڑھنا (۱) بالغ ہونا۔ پورا ہونا۔ تکمیل کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا (۲) پھل لانا (۳) نتیجہ نکلنا (۴) بیاہ ہونا *

پروانجات (پَرْ۔ وَان۔ جَات) (ف) مذکر۔ "پروانہ" کی جمع۔ تحریری فرمان۔ حکم نامے۔ اجازت نامے *

پروانگی (پَرْ۔ وَانگی) (ف) مؤنث۔ فرمان۔ حکم۔ اجازت۔ رخصت۔ آگیا * پروانہ (پَرْ۔ وَانَہ) (ف) مذکر (۱) فرمان۔ شاہی فرمان۔ حکم نامہ (۲) ایک پردار کیڑا جو شمع کا عاشق کہلاتا ہے۔ پتنگا (۳) (مجازاً) شیفتہ۔ عاشق (۴) وہ جانور جو شیر کے آگے آگے چلتا ہے * پروانۂ تلاشی مذکر۔ خانہ تلاشی کا وارنٹ * پروانۂ راہداری۔ مذکر۔ وہ سرکاری سند جس سے کوئی شخص مسافر کو راستے میں ٹوک نہیں سکتا۔ ایک ملک سے دوسرے ملک میں سفر کرنے کا اجازت نامہ * پروانۂ طلا۔ مذکر۔ سونے پر لکھی یا سونے کی بنی ہوئی سند، جو اچھی خدمات کے صلے میں دی جاتی ہے * پروانۂ گرفتاری۔ مذکر۔ گرفتاری کا حکم * پروانہ ہونا (۱) (مجازاً) فریفتہ ہونا۔ مرنا۔ جان دینا۔ عاشق ہونا * پروانے کی نقل۔ مذکر (بازاری) برادرِ نسبتی۔ بیوی کا بھائی۔ سالا *

پرواہ (پَرْ۔ وَاہ) (ف۔ صحیح پروا) (ع) مؤنث۔ دیکھیے "پروا" (متروک) *

پرواہا (پَرْ۔ وَا۔ ہَا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) (ع) طباق کی شکل کا بال بھرا نمدہ، جو پلنگ کے سرہانے کی طرف پایوں کے نیچے رکھا جاتا ہے *

پُروائی (پُرْ۔ وَا۔ اِئی) (ہ) مؤنث۔ پُروا ہوا *

پروایا (پَرْ۔ وَا۔ یَا) (ہ) مذکر۔ لکڑی کا ٹکڑا جو چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھتے ہیں *

پروبیشنر (پْرُو۔ بیشَ۔ نَر) (انگ۔ Probationer) مذکر۔ امیدوار۔ مبتدی۔ خواستگار *

پروپرائٹر (پْرُو۔ پْرَا۔ اِٹَر) (انگ۔ Proprietor) مذکر۔ مالک *

پروپوزل (پْرُو۔ پُو۔ زَل) (انگ۔ Proposal) مؤنث۔ تجویز *

پروپیگنڈا (پْرُو۔ پَے۔ گَن۔ ڈَا) (انگ۔ Propaganda) مذکر۔ نشر و اشاعت۔ (کرنا، ہونا کے ساتھ) *

پرپوتا (پَرْ۔ پُو۔ تَا) (ہ) مذکر (۱) پوتے کا بیٹا (۲) آٹا، گُڑ، ہلدی، پان وغیرہ، جو کسی تقریب پر خدمتی کمین کو دیتے ہیں * پرپوتی (پَرْ۔ پُو۔ تی) مؤنث۔ پوتے کی بیٹی *

پروٹسٹ (پْرُو۔ ٹَسْٹ) (انگ۔ Protest) مذکر۔ اعتراض۔ احتجاج *

پرور (پَرْ۔ وَر) (ف) "پروردن" کا امر۔ اسم کے ساتھ مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے غریب پرور، غریبوں کا پالنے والا * پروردگار (پَرْ۔ وَرْ۔ دِگار) (ف) مذکر۔ پرورش کرنے والا۔ پالنے والا۔ رب۔ خدائے تعالیٰ * پروردگار کا منہ کر کے (ع) خدا واسطے۔ حسبۃً للّٰہ *

پرورده (پَرْ۔ وَرْ۔ دَہ) (۱) پلا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔ تربیت پایا ہوا (۲) بسایا ہوا۔ دبایا ہوا * پرورش (پَرْ۔ وَرِش) (ف) مؤنث (۱) پالن۔ پالنا۔ پروردگی (۲) تعلیم و تربیت (۳) عنایت۔ مہربانی۔ (ہونا، کرنا کے ساتھ) * پرورش دینا (متروک) *

پروس (پَرْ۔ وُس) (ہ) دیکھو "پڑوس" *

پروسا (پَرْ۔ وُسَا) (ہ) مذکر (ہندو) حصّہ۔ کھانے کا حصّہ۔ بخرا۔ بھاجی۔ خوراک * پروسنا (پَرْ۔ وُس۔ نَا) کھانا چُننا۔ مہمانوں کے آگے کھانا رکھنا۔ میزبانی کرنا * پروسیا (پَرْ۔ وُس۔ یَا) مذکر۔ کھانا چُننے والا *

پروسیشن (پْرُو۔ سَے۔ شَن) (انگ۔ Procession) مذکر۔ جلوس۔ جلوس کا ٹھاٹھ سے گزرنا *

پروف (پْرُوف) (انگ۔ Proof) مذکر۔ کاپی کا پتھر وغیرہ پر جمانے کے بعد سب سے پہلا چھپا ہوا کاغذ جو اصلاح کے لیے دکھایا جاتا ہے۔ خاکہ۔ مسودہ (اٹھانا کے ساتھ) *

پروفیسر (پْرُو۔ فَیْ۔ سَر) (انگ۔ Professor) مذکر۔ کالج کا استاد۔ اعلیٰ معلّم *

پروفیشن (پْرُو۔ فَیْ۔ شَن) (انگ۔ Profession) مذکر۔ پیشہ۔ کام *

پروکلیمیشن (پْرُوْ۔کلے۔مے۔شَنْ) (انگ۔ Proclaimation) مذکر۔ اعلان۔ تخت نشینی کا اعلان۔ جلوس ٭

پروگرام (پْرُوْ۔گرام) (انگ۔ Programme) مذکر۔ کام کی تفصیل اور وقت کا تقرر۔ نظام عمل۔ طریق۔ ڈھنگ۔ سلسلہ۔ ترتیب ٭

پرول (پَرْوَلْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری، جو پالوں میں پیدا ہوتی ہے ٭

پرول (پَرُوْلْ) (ہند) (انگ۔ پیرول۔ Parole) مؤنث (۱) وہ ایک یا زیادہ خاص لفظ یا الفاظ، جو پہرے والے کو بتائے جاتے ہیں تاکہ کوئی شخص اسے دھوکا نہ دے سکے (۲) قیدی کو اس شرط پر جیل سے باہر جانے کی اجازت دینا کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آ جائے ٭

پرونا (پِرُوْ۔نا) (ہ) (۱) چھید کرنا۔ داخل کرنا۔ گھسیڑنا۔ اِدھر سے اُدھر نکالنا۔ (۲) سوئی میں تاگا ڈالنا۔ سوراخ والی چیز میں ڈورا ڈالنا ٭

پرونوٹ (پْرُوْ۔نُوْٹْ) (انگ۔ Pronote) مذکر۔ رقعہ۔ روپے کی رسید اور ادائی کا لکھا ہوا اقرار نامہ ٭

پروہت (پُرُوْ۔ہِتْ) (س) مذکر (ہندو) بیاہ، موت وغیرہ کے کام ترتیب دینے اور دلانے والا برہمن۔ خاندان کا گرو۔ گھر کا پنڈت۔ مذہبی کاموں کا باقاعدہ کرنے اور کرانے والا ٭ **پروہتائی**۔ مؤنث۔ پروہت کا پیشہ ٭

پرویز (پَرْ۔وِیْزْ) (ف) (۱) فاتح (۲) بلند اختر (۳) خوش (۴) قیمتی (۵) نہایت اعلیٰ (۶) مہذّب (۷) سخاوت (۸) پردین (۹) شان و شوکت (۱۰) خسرو ثانی شاہ ایران کا لقب ٭

پرویزن (پَرْ۔وِیْ۔زَنْ) (ف) مؤنث۔ چھلنی ٭

پروین (پَرْ۔وِیْنْ) (ف) مذکر۔ ثریا۔ بنات النعش۔ سات سہیلیوں کا جھمکا ٭

پرہ (پَرَہْ) (ف) مذکر (۱) دیکھیے "پرا" (۲) دامن۔ کنارہ۔ پہلو۔ طرف۔ سمت۔ جانب (۳) کنوئیں کی گراری (۴) چکی کا اوپر کا پاٹ (۵) ناک کا نتھنا (۶) قفل کی جھڑ، برگ کاہ ٭ **پرہ بینی**۔ مذکر۔ نتھنوں کا درمیانی پردہ ٭

پرہیز (پَرْ۔ہِیْزْ) (ف) مذکر (۱) حذر۔ احتراز۔ اجتناب۔ احتیاط۔ نفرت (۲) تقویٰ۔ اِتّقا (۳) بیم۔ اندیشہ۔ خوف (۴) حرام اور ناجائز چیزوں سے دوری (۵) حفاظت۔ بچاؤ (۶) بیمار کا نقصان دینے والے کام یا چیزیں چھوڑ دینا ٭ **پرہیز توڑنا** (ہ) پرہیز موقوف کرنا ٭ **پرہیز سب سے اچھا نسخہ ہے**۔ مثل۔ پرہیز سے مرض میں بڑا فائدہ ہوتا ہے ٭ **پرہیز کرنا**۔ احتیاط کرنا۔ بچنا ٭ **پرہیزگار** (ف) (۱) بُری باتوں سے بچنے والا۔ متقی۔ صالح۔ حرام اور ناجائز چیزوں سے دُور رہنے والا (۲) محترز۔ محتاط۔ مجتنب ٭ **پرہیزگاری**۔ مؤنث (۱) متقی ہونا۔ تقویٰ۔ ڈرنا۔ حرام اور ناجائز چیزوں سے دُور رہنا ٭

پرہیزی کھانا (ہ) مذکر (۱) بیمار کا کھانا (۲) (مجازاً) گھی اور مسالے کے بغیر کھانا۔ پھیکا کھانا۔ بدمزہ کھانا ٭

پَرَئی (پَرَ۔اِئی) (ہ) مؤنث۔ لمبی چونچ اور لمبے پاؤں والی ایک چھوٹی چڑیا ٭

پَرِی (پَرِی) (ف) مؤنث (۱) جن کی ہم جنس نہایت خوب صورت اور بال و پَر رکھنے والی عورت (۲) مذکر۔ حسین۔ جمیل۔ معشوق۔ محبوب (۳) دلآویز۔ اعلیٰ درجے کا۔ نازک ٭ **پری بند**۔ مذکر (۱) بازو بند۔ ایک قسم کا زیور (۲) کشتی کا ایک داؤں (۳) (ہندو) بچوں کے پاؤں کا ایک زیور ٭ **پری پیکر** (۱) پری جیسے بدن والا۔ پری چہرہ (۲) بے حد خوب صورت۔ نہایت حسین و جمیل (۳) محبوب۔ معشوق ٭ **پری خواں**۔ مذکر۔ پری، جن، دیو کو حاضر کرنے والا شخص۔ عامل۔ بھوت پریت اتارنے والا سیانا۔ حاضراتی ٭ **پری رُو** (۱) پری چہرہ۔ نہایت خوب صورت (۲) دلدار۔ محبوب۔ معشوق ٭ **پری زاد** (۱) پری کی اولاد (۲) حسین و جمیل (۳) (مجازاً) معشوق ٭ **پری کا ٹکڑا** (ہ) (کنایۃً) بہت خوب صورت۔ بے حد حسین ٭ **پری کا سایہ**۔ مذکر۔ بھوت پریت کا اثر۔ پری کا آسیب ٭ **پری وش** (ف) پری جیسا۔ از حد خوب صورت ٭ **پریا** (پَرِیا) (ہ) مؤنث (عوام) پری کی تصغیر۔ بہت خوب رُو ٭ **پریاں**۔ مؤنث۔ پری کی جمع ٭ **پریوں کا اتارا** (یا۔ **اکھاڑا**) مذکر۔ پریوں کے اترنے کا مقام۔ حسینوں کا مجمع ٭ **پریوں کا تخت اترنا**۔ حسینوں کا مجمع ہونا ٭

پُڑی (پُڑِی) (ف) مؤنث۔ بھر جانا ٭

پُڑی (یا۔ **پوری**) (ہ) مؤنث۔ قصبہ۔ شہر (مرکبات میں مستعمل ہے، جیسے مین پوری) ٭

پرے (پَرے) (ہ) مذکر۔ پَرا کی جمع۔ قطاریں۔ صفیں ٭

پرے (پَرے) (ہ) (۱) ورے کے برعکس۔ اُس طرف۔ اُس پار (۲) علیحدہ۔ الگ۔ دُور (۳) فاصلے سے (دہلی میں مستعمل اور لکھنؤ میں متروک) ٭ **پرے بٹھانا**۔ (عو) (دہلی) (۱) پاس نہ آنے دینا، دُور بٹھانا، الگ بٹھانا (۲) حقیر کر دینا۔ نظروں سے گرا دینا (۳) ہرا دینا ٭ **پرے پرے** (دہلی) (تحقیراً) دُور دُور، الگ الگ ٭ **پرے ہٹ** (دہلی) دُور بھی ہو ٭

پریت (پْرِیْتْ) (س) مذکر (۱) بھوت۔ خبیث روح۔ جن۔ آسیب (۲) مردے کی روح ٭

پریت (پْرِیْتْ) (س) مؤنث (ہندو) (۱) محبت، اخلاص، الفت، دوستی، پیار (۲) وارفتگی۔ عشق (۳) ربط ضبط۔ اتحاد۔ اتفاق۔ میل جول (جوڑنا، کرنا، لگانا کے ساتھ) ٭ **پریتم** (پْرِیْ۔تَمْ) (س) مذکر (۱) پیارا۔ معشوق (۲) خاوند ٭ **پریت نہ جانے جات کجات** (ہ) مثل۔ محبت میں ذات پات کا خیال نہیں ہوتا ٭

پرِیتا (پَرِیْ۔تا) (ہ) مذکر۔ اٹیرن۔ چرخی ٭

پریڈ (پَرِیْڈْ) (ہ) مؤنث (۱) پریڈ۔ قواعد۔ لڑائی کے قاعدے۔

جنگی تربیت - فوجی تعلیم (۲) جنگی میدان - فوجی اجتماع کی جگہ - صف -
قطار - پرا (جمانا کے ساتھ) ۔

پریڈ (پَرَیڈ) (انگ - Parade) دیکھیے "پیٹ" ۔

پریس (پَرَیس) (انگ - Press) مذکر (۱) دبانے کی مشین -
پیچ - چرخی - کل (۲) چھاپا خانہ - مطبع ۔ **پریس مین** (انگ -
Pressman) مذکر - چھاپنے والا - طبع کرنے والا ۔

پریسیڈنٹ - پریزیڈنٹ (پَرَے - سِیْ - ڈَینْٹ + پَرَے - زِی - ڈَینْٹ)
(انگ - President) مذکر (۱) صدر - میرمجلس - چیئرمین
(۲) مکھیا - انچارج - بادشاہ - میر ۔ **پریسیڈنسی - پریزیڈنسی**
(پَرَے - سِیْ - ڈَنْ - سِیْ ، پَرَے - زِیْ - ڈَنْ - سِیْ) (انگ -
Presidency) مؤنث - احاطہ - بڑا صوبہ ۔

پریشان (پَرِی - شَانْ + پَرَے - شَانْ) (ف) (۱) سرگردان - حیران -
متحیر - آشفتہ - مضطرب - متردد - متفکر (۲) پراگندہ - تتر بتر -
منتشر ۔ **پریشان حال** (۱) تنگ حال - مضطرب الحال - سراسیمہ (۲)
مفلس - بے روزگار ۔ **پریشان خاطر** - متردد - اداس -
افسردہ دل - فکرمند - رنجیدہ - ملول ۔ **پریشان دل** - دیکھیے پریشان خاطر ۔
پریشان کرنا (و) (۱) فکر میں ڈالنا - دق کرنا (۲) تتر بتر کرنا ۔
پریشان ہونا - لازم ۔ **پریشانی** (ف) مؤنث (۱) فکر - تردد (۲)
مصیبت - دکھ (۳) سرگردانی - انتشار - اضطراب ۔

پریکٹس (پَرَیکْ - ٹِسْ) (انگ - Practice) مؤنث (۱) مہارت -
مشق (۲) وکیل یا ڈاکٹر کا پیشہ ۔ **پریکٹیکل** (پَرَیکْ - ٹِیْ - کَلْ) (انگ -
Practical) عملی ۔ **پریکٹیکلی** (پَرَیکْ - ٹِیْ - کَلِیْ) (انگ -
Practically) عملی طور پر ۔

پریکھا (پَرِیْ - کھَا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) آزمائش - جانچ - تجربہ -
امتحان (۲) خیال - سوچ بچار - غور و فکر ۔ **پریکھا کرنا** (دہلی)
(۱) تجربہ کرنا (۲) شکایت کرنا - شکوہ کرنا - گلہ کرنا - اُلاہنا دینا ۔

پریگ (پَرِیگْ) (و) مؤنث - باریک کیل ۔

پریم (پَرِیْمْ) (س) مذکر (۱) لاڈ - پیار - الفت - محبت (۲) یارانہ -
دوستی ۔ **پریم کی بتیاں** (و) مؤنث - محبت کی باتیں ۔ **پریمی**
(پَرِیْ - مِیْ) (ہ) (۱) محبت کرنے والا (۲) مذکر - آشنا - دوست
(۳) عاشق ۔

پریوار (پَرِیْ - وَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا چھوٹا آبی پرندہ (۲) کبوتر ۔

پریوی کونسل (پَرِیْ - وِیْ - کَوْنْ - سِلْ) (انگ -
Privy Council) مؤنث - انگلستان کے بادشاہ کی خاص مجلس ، جو
قانون کے رو سے آخری اور قطعی مجلس ہے - اس کا فیصلہ ناطق اور
آخری ہوتا ہے - اپیل کی سب سے بڑی عدالت ۔

پ - ڑ

پڑ (پَڑْ) (ہ) پڑنا کا امر ۔ **پڑ جانا** (پَڑْ - جَا - نَا) (ہ) (۱) لیٹ جانا (۲)
پھسل جانا - گر پڑنا (۳) بیمار ہو جانا (۴) ٹھہر جانا - قیام کرنا (۵)
داخل ہونا (۶) بس جانا - گھر بسانا - نکاح کر لینا (۷) بچھڑنا (۸) سو جانا (۹)
زمین مزروعہ کا بے کاشت رہ جانا (۱۰) مشہور ہو جانا (۱۱) (عوام) ہوا کا بہت
کم ہو جانا - ہوا کا گر جانا (۱۲) آواز کا بیٹھ جانا ۔ **پڑ رہنا** (عو) سو رہنا -
لیٹ رہنا ۔ **پڑ مرنا** (۱) وفاداری سے کسی کے ساتھ رہنا (۲) مستقل طور
پر رہنا - ایک جگہ کا ہونا (۳) نکاح کر لینا (۴) کسی کے گھر پڑ کر عمر بسر کرنا
(۵) مرتے دم تک ساتھ نہ چھوڑنا - اس طرح رہنا کہ مر کر نکلنا ۔

پڑا (پَڑَا) (ہ) (۱) پڑنا سے ماضی مطلق - جب اس سے پہلے کوئی دوسرا فعل آئے
تو یہ اُس فعل میں زور ، مجبوری اور کثرت کے معنی پیدا کرتا ہے - جیسے ہمیں
جانا پڑا - بالعموم ایسے فعل کے ساتھ آتا ہے جس میں کام کا جاری رہنا پایا
جائے (۲) افتادہ - گرا (۳) لیٹا ہوا (۴) بیمار ۔ **پڑا پانا** - محنت کے
بغیر یا مفت کسی چیز کا ہاتھ لگنا - راہ چلتے کسی شے کا مل جانا ۔ **پڑا پایا** (۱)
کوڑیوں میں ہاتھ لگا - ارزاں قیمت پر ملا - سستا مل گیا - مفت ہاتھ آیا -
(۲) تکلیف اور مزدوری کے بغیر ہاتھ لگا - محنت و مشقت کے بغیر ملا -
(۳) زمین پر گرا ہوا مل گیا ۔ **پڑا ملنا** - کوئی چیز انتظار کے بغیر ہاتھ آنا - کوئی
شے مفت ملنا ۔ **پڑا رہنا** (۱) ایک حالت میں رہنا - بے حرکت رہنا -
(۲) بیکار رہنا - سست رہنا (۳) لیٹے رہنا - سوتے رہنا ۔ **پڑا
گرا** (لکھنؤ) (۱) حقیر - ناچیز - بے حقیقت - بے حیثیت - افتادہ (۲)
مضمحل - بیمار (دہلی میں گرا پڑا بولتے ہیں ۔) **پڑا ہونا** (۱) (گلے یا آواز
کے لیے) آواز بیٹھ جانا (۲) گرا ہونا (۳) بے احتیاطی سے رکھا ہونا ۔

پڑنا (پَڑْ - نَا) (ہ) (۱) ہونا (۲) برسنا - ترشح ہونا (۳) واقع ہونا - بیتنا -
گرنا - بننا (۴) لکھا جانا - داخل ہونا - درج ہونا (۵) ٹانگ اڑانا -
پنچ بننا - ضامن ہونا - ضمانت دینا (۶) دھیان ہونا - خیال ہونا - سوچ
ہونا - فکر ہونا (۷) آرام کرنا - لیٹنا - سونا (۸) بیٹھنا - رہنا - بسنا (۹)
نوکری کرنا - ملازم ہونا (۱۰) روگ لگنا - پھنسنا - مبتلا ہونا - گرفتار
ہونا (۱۱) بکھرنا - بویا جانا (۱۲) پھیلنا - اترنا - وارد ہونا (۱۳) پٹنا -
لگنا (۱۴) دبنا - ڈھکنا - رکھا جانا - محفوظ ہونا - داخل ہونا - بھرنا -
(۱۵) خالی رہنا - بے روزگار ہونا - بیکار ہونا (۱۶) آنا (۱۷) نمودار
ہونا (۱۸) شامل ہونا - شریک ہونا (۱۹) مفید ہونا - طبیعت کے
مناسب ہونا (۲۰) مسلسل ہونا (۲۱) موجود ہونا - گرا ہونا (۲۲) (چھالوں
کے لیے) بجھنی کھانا (۲۳) حصے میں آنا (۲۴) ہم وضع ہونا - مشابہ
ہونا (پر کے ساتھ) (۲۵) اوسط آنا (۲۶) جھول کرنا (۲۷) محتاج
ہونا - دست نگر ہونا (۲۸) مداخلت کرنا - دخیل ہونا (۲۹) آویزاں
ہونا (۳۰) بعض افعال سے مل کر کسی کام کے دفعتہً ہو جانے یا کرنے

کے معنی ظاہر کرنا ہے (۳۱) اتفاق ہونا (مجبوری سے) (۳۲) بے پروائی کی حالت ظاہر کرنا (۳۳) کسی کارروائی کے بغیر مقدمے کا ملتوی رہنا (۳۴) حملہ کرنا (۳۵) ایک ڈور کا دوسری ڈور پر پڑنا (۳۶) ہونا ٭

پڑا (پَڑا) (ہ) مذکر ۔ بھینس کا نر بچہ ٭

پُڑا (پُڑا) (ہ) مذکر (۱) بڑی پڑیا (۲) طبلے یا ڈھول کا خشک چمڑا ٭

پڑاپڑ (پَڑا ۔ پَڑ) (ہ) مؤنث (۱) مینہ برسنے یا اولے پڑنے کی آواز (۲) جوتیاں یا تھپڑ پڑنے کی آواز (۳) ڈُلکی چلنے میں گھوڑے کے سُم کی آواز (۴) پے در پے ۔ پھڑا پھڑ ۔ تڑاتڑ ٭

پڑاخا (ہ) (عوام) مذکر ۔ پٹاخا ٭

پڑاق (پَڑاق) (ہ) مؤنث (۱) پٹاخے کی آواز (۲) بندوق کی آواز (۳) تھپڑ کی آواز ٭

پڑاقا (پَڑا ۔ قا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) (۱) ایک قسم کی آتش بازی ۔ لکھنؤ میں پہلے پڑاخا بولتے تھے اور دہلی میں اب بھی پٹاخا بولتے ہیں (چھوڑنا کے ساتھ) (۲) تینچے کی ٹوپی ۔ بندوق کی ٹوپی (۳) بندوق یا رفل کا گھوڑا (۴) پٹاخے کی آواز ٭ **پڑاقے کی گوٹ** ۔ مؤنث (دہلی) مختلف رنگوں کی گوٹ ۔ طرح طرح کی گوٹ (لکھنؤ میں رلائے فارسی سے بولتے ہیں) ٭

پڑاؤ (پَڑا ۔ اؤ) (ہ) مذکر (۱) منزل ۔ قافلے یا فوج کے اترنے کی جگہ (۲) ٹھہرنے کی جگہ ۔ مقام (۳) سٹیشن (۴) سرائے (۵) چوکی ٭ **پڑاؤ ڈالنا** ۔ قیام کرنا ۔ رہ پڑنا ۔ چھاؤنی ڈال دینا ۔ جانے کا ارادہ نہ کرنا ۔ ٹھہر جانا ۔ پڑ رہنا ٭ **پڑاؤ مارنا** (۱) قافلے یا لشکر کا لوٹنا ۔ قتل کرنا ۔ سوداگروں کے گروہ پر چھاپا مارنا ۔ ڈاکا ڈالنا (۲) (مجازاً) بڑا کام کرنا (۳) مفت کا مال حاصل کرنا ٭

پڑپڑ (پَڑ ۔ پَڑ) (ہ) مؤنث (۱) بوندیں گرنے کی آواز (۲) گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز ٭ **پڑپڑانا** (پَڑ ۔ پَڑا ۔ نا) (۱) زبان پر کسی چیز کی تیزی محسوس ہونا ۔ زبان میں مرچیں لگنا ۔ چڑچڑانا ۔ کسی شے کی چرچراہٹ سے زبان پر چھالے پڑ جانا (۲) خوب پیٹنا ۔ بہت مارنا ۔ جوتوں سے ملنا ٭

پڑپڑانا (پِڑ ۔ پِڑا ۔ نا) (۱) پڑپڑ کرنا ۔ دستوں کی آواز (۲) شپشانا (۳) بٹیر وغیرہ کا لڑائی سے گھبرا کر بھاگنا ٭

پڑت (پَڑَت) (ہ) مؤنث (۱) قیمت خرید (۲) بانٹ ۔ اوسط ۔ پھیلاوٹ (۳) بازاری نرخ ۔ میزان ٭ **پڑت پھیلانا** (دہلی) اندازہ ٹھہرانا ۔ خرید کی قیمت کا ہر چیز پر پرتا پھیلانا ۔ حساب کا اندازہ کرنا ۔ لاگت کا اندازہ کرنا ۔ بانٹا پھیلانا ۔ اوسط نکالنا ٭

پڑتا (پَڑ ۔ تا) (ہ) مذکر (۱) پتی ۔ حصہ رسدی (۲) لگان کی شرح (۳) مال گزاری کی شرح ، جو ہر بیگھے پر پھیلائی جائے ٭

پڑوا (پَڑ ۔ وا) (ہ) (۱) مذکر ۔ بھینس کا نر بچہ (۲) مؤنث ۔ دیکھیے "پروا" (ہ) ٭

پڑوس (پَڑ ۔ وس) (ہ) مذکر ۔ ہمسایگی ٭ **پڑوسن** ۔ مؤنث ۔ ہمسائی ٭ **پڑوسی** ۔ مذکر ۔ ہمسایہ ٭

پڑھ (پَڑھ) (ہ) پڑھنا کا امر ٭ **پڑھا** (پَڑھا) (۱) پڑھنا سے ماضی مطلق ۔ مطالعہ کیا ۔ سیکھا ۔ تعلیم پائی (۲) (صفت) تعلیم یافتہ ۔ علم والا ۔ پڑھا لکھا ۔ خواندہ ٭ **پڑھا جن** (و) مذکر ۔ وہ جن جو کسی عامل وغیرہ کے قابو میں نہ آئے (۲) (مجازاً) بہت ہوشیار ۔ نہایت چالاک ۔ شریر ۔ نٹ کھٹ (۳) (مجازاً) سودا ۔ خبط ۔ جنون ٭ **پڑھا دینا** (ہ) (۱) تعلیم دینا ۔ علم سکھانا (۲) کسی بات سے ہوشیار کرنا ۔ آگاہ کرنا (۳) بدگمان کر دینا ۔ بہکا دینا ۔ بُرا بھلا کہہ کر طبیعت برگشتہ کر دینا ٭ **پڑھا گنا** (۱) خواندہ ۔ تعلیم یافتہ ۔ لکھا پڑھا (۲) علم کے مطابق عمل کرنے والا عالم ٭ **پڑھا لکھا** (۱) تعلیم یافتہ ، خواندہ ۔ لائق (۲) ہوشیار ۔ چالاک ٭ **پڑھانا** (۱) تعلیم دینا ۔ علم سکھانا (۲) درس دینا ۔ سبق دینا (۳) مطالعہ کرا دینا (۴) برائی کر کے مزاج برگشتہ کرنا (۵) پرندے کو بولنے کی تعلیم دینا (۶) سکھانا (۷) پڑھ کر سنانے کا اشارہ کرنا ۔ کچھ پڑھنے کا اشارہ کرنا ٭ **پڑھا ہونا** (۱) تعلیم یافتہ ہونا ۔ خواندہ ہونا (۲) واقف ہونا ٭ **پڑھائی** ۔ مؤنث (۱) تعلیم دینے کا ڈھنگ ، طریقۂ تعلیم (۲) نصاب تعلیم ۔ تعلیم کی مقدار (۳) تعلیم کی اجرت یا فیس ٭ **پڑھ پتھر ہوا** (ع و) نہ کچھ پڑھا ، نہ سیکھا ۔ جاہل رہا ٭ **پڑھ کر پھونکنا** ۔ یا ۔ دَم کرنا ۔ آیت یا افسون پڑھ کر منہ سے چھو کر دینا ٭ **پڑھت** ۔ مؤنث (۱) پڑھنا کا حاصل مصدر (۲) پڑھنے کا انداز ٭ **پڑھنا** (۱) تعلیم پانا ۔ سیکھنا (۲) سبق لینا (۳) بار بار رٹنا ۔ وِرد کرنا (۴) پرندے کا بولنا ۔ زبان سے بولی نکالنا (۵) منتر پھونکنا ٭ **پڑھنا ڈھنا** ۔ پڑھنا ٭ **پڑھنت** ۔ مؤنث (۱) پڑھنا (۲) ٹونا ، افسون ، جادو ، سحر (۳) تعویذ ۔ گنڈا (۴) حاضرات ۔ عمل ٭ **پڑھنے بٹھانا** ۔ پڑھنے کی ابتدا کرنا ۔ بچے کو مدرسے میں پڑھنے کے لیے بھیجنا ۔ بسم اللہ کی تقریب کرنا ٭ **پڑھنے بیٹھنا** ۔ لازم ٭ **پڑھوانا** ۔ پڑھنا کا متعدی المتعدی ۔ تعلیم دلوانا ٭ **پڑھوائی** ۔ مؤنث ۔ پڑھانے کی اجرت ٭ **پڑھو تو پڑھو نہیں پنجرا خالی کر دو** (ع) مقولہ ۔ بدھو اور سست نوکر سے کہتے ہیں کہ ہوشیاری سے کام کرو تو خیر ، ورنہ چلے جاؤ ٭ **پڑھی چھری** (ہ) مؤنث دم کی ہوئی چھری ٭ **پڑھی نہ قضا کی** (و) مثل ۔ جس نے کبھی نماز پڑھی ہی نہیں ، وہ قضا کیا کرے گا ۔ آدمی کے کام نہ کرنے پر بولتے ہیں ٭ **پڑھے** (لکھنؤ) پڑھا ٭ **پڑھیں فارسی ، بیچیں تیل ، یہ دیکھو قدرت کے کھیل** ۔ مثل ۔ اس بدنصیب عالم یا ماہر فن کے متعلق کہتے ہیں ، جو شریف ہو کر ذلیل کام اختیار کرے ٭ **پڑھے گھر کی بلی بھی پڑھی** (ہ) مثل ۔ اچھوں کے اچھے ہی ہوتے ہیں ۔ اچھوں کی مصاحبت میں برے بھی اچھے ہو جاتے ہیں ٭ **پڑھے نہ لکھے ، نام محمد فاضل** ۔ کم علم بڑائی کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں ۔ جانتے کچھ بھی نہیں اور لائق ہیں ٭

پَڑھن (پَڑھن) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی مچھلی ٭

پڑی ہوئی آواز (و) مؤنث ۔ وہ آواز ، جو گلے سے صاف صاف نہ نکلے ٭

پڑی ہے (ہ) (۱) خواہش ہے ۔ دُھن ہے ۔ فکر ہے (۲) بہت باقی ہونا ۔

باقی ہونا ؎

پڑے پڑے (کا) (۱) لیٹے لیٹے (۲) بیکاری میں (۳) خراب جگہ رکھا ہوا ؎ پڑے جھک مارنے دو۔ بکنے دو ؎ پڑے جھول رہے ہیں۔ اُدھر میں لٹک رہے ہیں۔ یک سوئی نہیں ہوتی ؎ پڑے ہونا۔ بے قدری کی حالت میں موجود ہونا ؎

پَڑیا (پَڑ۔یا) مؤنث۔ بھینس کا مادہ بچہ ؎

پُڑیا (پُڑ۔یا) (کا) مؤنث (۱) وہ کاغذ جس میں کوئی چیز باندھی گئی ہو۔ کاغذ کی پوٹلی (۲) پسی ہوئی دوا (۳) پوٹ۔ مجسّم۔ سرتاپا ؎ پُڑیا کا لٹھا۔ مذکر۔ ایک قسم کا نفیس باریک لٹھا، جس کا تھان کاغذ میں لپٹا ہوا بکتا ہے ؎ پُڑیاں۔ مؤنث (۱) پُڑیا کی جمع (۲) چہل بی بی کی نیاز کی شیرینی (۳) پریوں کی نذر کرنے کو عبیر اور سیندور کی پُڑیاں ؎ پُڑیاں اُڑانا۔ یا۔ چھوڑنا (عو) (دہلی) ایک قسم کی منّت۔ عورتیں نیاز دلوا کر سیندور اور عبیر کی پُڑیاں شام کو ہوا میں اُڑاتی ہیں ؎

پَڑیَل (پَڑ۔یَل) (ہ) وہ شخص، جو ہر وقت لیٹا رہے۔ چلنے پھرنے سے عاجز ؎

پ۔ز

پزاوہ (پَزا۔وَہ) (ف) مذکر۔ بھٹا، جس میں مٹی کے برتن، اینٹیں وغیرہ پکائی جاتی ہیں۔ آوا۔ بھٹی ؎ پزاوے کا پزاوہ کھنگر ہو جانا (و) ہر ایک کا بگڑ جانا ؎

پزیرا (پَزِی۔رَا) (ف) منظور۔ مقبول ؎ پزیرائی۔ مؤنث (۱) منظوری۔ قبولیت (۲) استقبال۔ خیر مقدم ؎

پ۔ژ

پژمُردگی (پَژ۔مُر۔دَگی) (ف) مؤنث۔ کملاہٹ۔ افسردگی۔ رنجیدگی۔ اُداسی۔ مایوسی ؎ پژمُردہ۔ مرجھایا ہوا۔ بے رونق۔ افسردہ۔ رنجیدہ۔ اچاٹ۔ مایوس۔ کملایا ہوا ؎ پژمُردہ خاطر (۱) افسردہ دل۔ مایوس طبع۔ مُردہ طبیعت (۲) دُکھی۔ مغموم۔ رنجیدہ ؎

پ۔س

پس (پَس) (ف) (۱) پیچھے۔ بعد (۲) علاوہ۔ پھر (۳) اس وجہ سے، اس سبب سے، اس واسطے، اس لیے۔ لہٰذا (۴) نتیجہ۔ انجام (۵) اخیر کو۔ آخر کار (۷) لیکن، بہرحال۔ بہرکیف ؎ پس افگندہ (۱) پرندوں کی بیٹ۔ چوپایوں کا گوبر (۲) جوڑ کر رکھا ہوا مال ؎ پس انداز (۱) جمع کیا ہوا۔ اندوختہ۔ باقی۔ بچا ہوا (۲) بچت۔ فائدہ۔ منافع ؎ پس اندازی۔ مؤنث (۱) جمع (۲) بچت۔ فائدہ۔ منافع ؎ پس پا (۱) پیچھے ہٹا ہوا (۲) شکست کھایا ہوا ؎ پسپا ہونا (و) (۱) ہار جانا۔ شکست کھانا۔ پیچھے ہٹ جانا (۲) ہٹنا۔ الٹنا۔ واپس ہونا۔ پلٹنا۔ لوٹنا ؎ پسِ پشت ڈالنا (کنایۃً) بے پروائی کرنا ؎ پس خوردہ۔ مذکر (۱) کھانے کے بعد بچی ہوئی چیز (۲) آگے کا بچا ہوا۔ جھوٹا ؎ پس غیبت (عوام) پیٹھ پیچھے۔ غیبت میں۔ عدم موجودگی میں۔ غیر حاضری میں (یہ لفظ غلط ہے) ؎ پس فردا۔ قیامت کے بعد ؎ پس ماندہ (۱) پیچھے رہا ہوا۔ بچا ہوا (۲) مذکر۔ وارث (۳) بچت۔ بقایا ؎ پسِ مُردن۔ مرنے کے بعد (متروک۔ اب اس کے بجائے بعدِ مرگ، پسِ مرگ بولا جاتا ہے) ؎ پس منظر۔ مذکر۔ کسی منظر، تصویر یا بیان کا وہ حصہ، جو ہر پہلو سے ارباب کار کو نمایاں کرنے میں مدد دے ؎ پس وپیش۔ مذکر (۱) آگا پیچھا (۲) عیب وصواب۔ نیک و بد (۳) بھلا بُرا۔ نفع نقصان۔ اونچ نیچ (۴) سوچ بچار۔ غور و فکر۔ کشمکش و پیچ (۵) دبدھا۔ اندیشہ۔ تشویش۔ پکڑ دھکڑ (۶) انجام۔ مآلِ کار (۷) لیت و لعل۔ حیلہ بہانہ (سوچنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ؎

پس (پِس) (کا) پِسنا کا امر ؎ پسا (پِسا) (۱) پِسنا سے ماضی مطلق (۲) پِسانا کا امر ؎ پسا جانا۔ (۱) برباد ہونا۔ مصیبت آنا (۲) دبنا۔ مغلوب ہونا۔ شرمندہ ہونا (۳) فریفتہ ہونا۔ مرنا۔ عاشق ہونا ؎ پسان۔ مذکر (۱) کوئی پسی ہوئی چیز (۲) سفوف۔ آٹا ؎ پسانا (۱) چکی یا سِل بٹّے سے باریک کرانا۔ باریک کرانا۔ آٹا کرانا (۲) مسلوانا۔ کچلوانا (۳) دبوانا ؎ پسائی۔ مؤنث (۱) پیسنے کی مزدوری (۲) پیسنے کا کام یا پیشہ (۳) پیسنا ؎ پس جانا۔ پِسنا۔ (۱) آٹا ہو جانا۔ باریک ہو جانا (۲) چکنا چور ہو جانا (۳) مسلا جانا۔ کچلا جانا (۴) بھینچا جانا۔ دبایا جانا (۵) دبنا۔ مغلوب ہونا (۶) عاشق ہونا (۷) شرمندہ ہونا (۸) تباہ ہونا۔ برباد ہونا ؎ پسوانا (دیکھیے پسانا) پسوائی۔ مؤنث۔ پیسنے کی اُجرت ؎

پساوست (پَسا۔وَشت) (ف) اُدھار ؎

پسارا (پَسا۔رَا) (کا) مذکر۔ فراخی۔ پھیلاؤ ؎

پسارنا (پَسار۔نا) (کا) (۱) لمبا کرنا۔ دراز کرنا۔ پھیلانا (۲) پھاڑنا۔ کھولنا (متروک) ؎

پسانا (پَسا۔نا) (کا) اُبال کر پانی نچوڑنا ؎ پساؤ۔ مذکر۔ اُبلی ہوئی چیز کا بچا ہوا پانی ؎ پساوَن۔ مذکر۔ پسانے سے نکلا ہوا پانی ؎

پسائی (پِسا۔ئی) (کا) مؤنث۔ پیسنے کی اُجرت۔ پیسنے کی مزدوری ؎ پسائی والی۔ مؤنث۔ پیسنے کا پیشہ کرنے والی عورت ؎

پست (پَشت) (ف) (۱) بلند کے برعکس۔ نیچا۔ نشیب (۲) رذیل۔ ذلیل۔ کمینہ ؎ پست خیال (ف۔ع) چھوٹے خیال کا ؎ پست فطرت۔ (ف۔ع) (۱) بے وقوف۔ کم عقل (۲) پست ہمت ؎ پست قد (ف) چھوٹے قد کا۔ بالشتیا۔ بونا۔ ٹھنگنا۔ کوتاہ قامت ؎ (عوام پستہ قد بولتے ہیں) ؎ پست قسمت۔ بدنصیب ؎ پست کرنا (ق) (۱) ہرانا۔ مات دینا۔ زیر کرنا۔ شکست دینا۔ نیچا دکھانا۔ مغلوب کرنا۔ (۲) نشیب کرنا۔ گہرا کرنا۔ نیچا کرنا۔ (۳) تھکا دینا۔ ہلکان کرنا (۴) ہمّت کے لیے) توڑ دینا ؎ پست و بلند (ف) اونچا نیچا ؎ پست و بلندِ دہر۔ زمانے کا نشیب و فراز ؎ پست ہمت۔ بزدل۔ کم ہمت ؎ پست ہمتی۔ مؤنث۔ بزدلی، کم ہمتی ؎

پست ہونا (و) "پست کرنا" کا لازم * پستی (ف) مؤنث (۱) نشیب - نیچائی (۲) کمینگی - رذالت (۳) گہرائی (۴) غار *

پستان (پِس - تان) (ف) مؤنث - چھاتی - چُوچی - کُچا - سینے کا ابھار - سینے کی بالیدگی *
پستان میں بڑھی (و) مثل - اُمید موہوم اور ناممکن بات کے متعلق کہتے ہیں *

پُستک (پُس - تک) (س) مؤنث - کتاب - پوتھی - گرنتھ - صحیفہ *

پستول (پِس - تَول) (مہند) (انگ پِسْٹَل Pistol) مذکر - تمنچہ - تمنچہ - ریوالور - قرابین *

پستہ (پِس - تہ) (ف) مذکر (۱) ایک مشہور میوہ (۲) ایک قسم کا چھوٹا خوبصورت کُتا * پِستئی - پستے کے رنگ کا، ہلکا سبز *

پَسَر (پَسَر) (ہ) مؤنث - پچھلی رات مویشی کو چوری سے کسی کے کھیت میں چرنے کو بھیجنا *

پِسَر (پِسَر) (ف) مذکر - بیٹا - فرزند - لڑکا * پسرِ خوانده - مذکر - منہ بولا بیٹا - گود لیا ہوا لڑکا - متبنّٰی * پِسرزاده - مذکر - پوتا - نبیرہ * پسرِ صُلبی - مذکر - سگا بیٹا * پسرِ نوحؑ با بداں بہ نشست خاندانِ نبوّتش گم شد - مثل - بری مجلس میں اچھے سے اچھے بگڑ جاتے ہیں *

پَسَرنا (پَسَرنا) (ہ) (۱) دراز ہونا - پھیلنا (۲) پڑنا - لیٹنا (۳) بچّوں کا ضد کرنا (۴) مرد کے آگے عورت کا لیٹ جانا (لکھنؤ میں متروک ہے) (۵) فریب کرنا - (۶) ٹھہرنا - جمنا *

پسرہٹّا (پَسَر - ہَٹ - ٹا) (ہ) مذکر (۱) وہ بازار، جہاں پنساریوں کی دکانیں ہوں (۲) بہت زیادہ سامان *

پَسَر کی لینا - (ہ) (عو) (لکھنؤ) اقرار سے پھر جانا *

پسلی (پَس - لی) (ہ) مؤنث - (۱) پہلو - طرف (۲) پہلو کی ہڈی * پسلی پھڑک اُٹھنا - یا - پھڑکنا (کنایۃً) (عو) (۱) معلوم ہو جانا - خود بخود خبر ہو جانا (۲) یاد آنا (۳) غیبت میں کسی شخص کے حال سے اطلاع ہو جانا * پسلی کا آزار - مذکر - بچّوں کی ایک بیماری - مسان کا مرض * پسلیاں نکل آنا - نہایت دُبلا ہو جانے سے پسلی کی ہڈیوں کا ظاہر ہو جانا *

پسند (پَسَند) (ف) مؤنث - خاطر خواہ - حسب خواہش - مقبول - انتخاب - ترجیح - مرغوب * پسندِ خاطر (ف) دِل کو مرغوب * پسند کرنا (و) انتخاب کرنا - چُننا - منظور کرنا - اختیار کرنا * پسند آنا - پسند ہونا - لازم * پسندیدگی - مؤنث - ریجھ - پسند * پسندیدہ (ف) مرغوب - مقبول - پسند کے لائق - پسندیدہ رَو (۱) خوش اخلاق، نیک چلن - خوش رفتار * پسندیدہ کار - نیکوکار - اچھے کام کرنے والا - خوش کردار *

پسندہ (پَسَن - دَہ) (ف) مذکر (۱) گوشت کا کُچلا ہوا پارچہ (۲) کباب کی ٹکیا * پسندے - (و) مذکر - پسندہ کی جمع - دیکھیے "پسندے کباب" * پسندے کباب (و) مذکر - ٹکیا جیسے کباب (دہلی میں پَسَندوں کے کباب" بولتے ہیں *

پسنگا - پسنگھا (پَسَنگ - گا، پَسَنگ - گھا) (پاسنگ کا مخرّب) مذکر - پاسنگ *

پسنہارا (پِسن - ہا - را) (ہ) مذکر - آٹا پیسنے والا * پسنہاری (ہ) مؤنث - آٹا پیسنے والی *

پِسّو (پِس - سو) (ہ) مذکر - ایک چھوٹا پردار زہریلا موذی کیڑا، جو زیادہ تر مرطوب مقامات پر ہوتا ہے *

پسواڑہ (پَس - وا - ڑہ) (ہ) مذکر - کروٹ - پہلو - پکھوا - پاسا - پسلیوں کا سلسلہ *

پسوج (پَسوج) (ہ) مؤنث - پہلی سلائی جس پر باریک سلائی کی جاتی ہے * پَسوجنا - (ہ) (عو) (۱) سینا (۲) کچّا کرنا *

پسہی (پَس - ہی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا موٹا چاول *

پسیجنا (پَسیج - نا) (ہ) (۱) پسینا آنا - تری آنا - نمی آنا (۲) نرم ہونا - ملائم ہونا - ترس آنا - رحم کھانا (۳) خیال کرنا - مہربانی کرنا - توجہ کرنا - دھیان دینا (۴) مظلوم کی فریاد سننے پر تیار ہونا *

پسینا (پَسی - نا) (ہ) مذکر - وہ پانی، جو کمزوری، محنت، گرمی یا شرمندگی کے باعث بدن کے مساموں سے نکلتا ہے * پسینا آنا (۱) عرق آنا (۲) (مجازاً) شرمندگی ہونا * پسینا ٹپکنا - پسینا اتنا زیادہ نکلنا کہ قطرے ٹپکیں * پسینا چھوٹنا - دیکھیے "پسینا آنا" * پسینا مرا ہونا (دہلی) (پہلوان) پسینا خشک ہونا - نمی دُور ہونا - عرق سُوکھنا * پسینوں (پسینے) پر پسینے آنا - شدّت سے پسینا نکلنا * پسینوں میں ڈوبنا - کثرت سے پسینا آنا - بے انتہا پسینا خارج ہونا * پسینوں میں نہانا - دیکھیے "پسینوں میں ڈوبنا" * پسینے پسینے ہونا - (۱) آب آب ہونا - عرق عرق ہونا (۲) پسینوں میں ڈوبنا (۳) سخت محنت یا گرمی کی وجہ سے بہت زیادہ پسینا آنا (۴) بے حد شرمندہ ہونا * پسینے میں شرابور (یا - لت پت) ہونا - پسینے میں ڈوبنا *

پسیو (پَسیو) (ہ) مذکر (۱) بخارات - بھاپ (۲) دیکھیے "پسینا" (۳) وہ پانی، جو چاولوں سے پک چکنے کے قریب نکال دیا جاتا ہے *

پ - ش

پشاچ (پِشاچ) (س) مذکر (۱) کچّا گوشت کھانے والا (۲) تکلیف پہنچانے والا - ایذا رساں (۳) بھوت پریت - جن - دیو *

پُشت (پُشت) (ف) مؤنث (۱) پیٹھ - کمر (۲) پیچھے - پچھاڑی (۳) مدد - کمک - سہارا - معاون (۴) نسل - خاندان - پیڑھی * پُشت بہ (در) پُشت (۱) نسلاً بعد نسل - باپ دادا سے، سلسلے سے (۲) ہمیشہ سے - قدیم سے * پُشت پر ہونا (۱) امداد پر ہونا * پُشت پناہ (ف) مؤنث (۱) مددگار - معاون - حمایتی - حامی (۲) مدد - ذریعہ - بھروسا - وسیلہ - سہارا (۳) ساتھی - رفیق * پُشت تکیہ - مذکر - مسند کے پیچھے رکھنے کا تکیہ * پُشت خار - مذکر - لوہے کا پنجہ جس سے گھوڑے وغیرہ کی پیٹھ کھجاتے اور اس کے جسم کی گرد جھاڑتے ہیں - خرخرا - کھریرا * پُشتِ دست کاٹنا - (و) (مجازاً) افسوس اور غصّے کی شدّت ظاہر کرنا * پُشت دکھانا - بھاگ جانا - پیٹھ دکھانا - لڑائی سے بھاگ جانا *

پُشتینی (ف) پُشت بہ پُشت۔ باپ دادا سے * **پُشتینی** - (عو) - وہ بات، جو باپ دادا سے منسوب ہو۔ خاندانی۔ قدیم *

پُشتارہ (پُش۔تا۔رَہ) (ف) مذکر۔ (۱) بوجھ۔ گٹھڑی۔ گٹھا (۲) انبار۔ ڈھیر (باندھنا کے ساتھ) *

پشتک (پُش۔تک) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کا کھیل جس میں ایک آدمی ہاتھوں کو زانوؤں پر رکھ کر جھک جاتا اور دوسرا اس پر پھلانگ۔ مارتا ہے (۲) گھوڑے وغیرہ کی دولتی (پھینکنا، لگانا، مارنا کے ساتھ) *

پشتو (پش۔تو) (ف) مؤنث۔ افغانی زبان۔ کابلی بولی۔ پختو۔ صوبۂ سرحد (پنجاب) کی زبان *

پشتو لیا (پش۔تو۔لیا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا باریک کپڑا *

پُشتہ (پُش۔تہ) (ف) مذکر (۱) وہ چھوٹی دیوار یا مٹی کا ڈھالو ڈھیر جو بڑی دیوار کی جڑ میں لگا کر اسے مضبوط کرتے ہیں (باندھنا، بندھنا کے ساتھ) (۲) وہ دیوار، جو دریا کے کنارے بنا دی جاتی ہے (بنانا کے ساتھ) (۳) کتاب کی پُشت کا چمڑا یا کپڑا، جس میں کتاب کے پٹھے جوڑے جاتے ہیں (لگانا، چڑھانا وغیرہ کے ساتھ) * **پُشتہ بندی** - مؤنث (۱) بند باندھنے کا فعل (۲) دیوار کی جڑ یا دریا کا کنارہ دیوار یا مینڈ سے مضبوط کرنا۔ (کرنا کے ساتھ) *

پُشتی (پُش۔تی) (ف) مؤنث (۱) مضبوطی۔ ٹھہراؤ۔ استحکام۔ پائداری (۲) سہارا۔ مدد۔ تائید۔ طرف داری۔ جانبداری۔ حمایت۔ اعانت (۳) آڑ۔ اوٹ۔ ٹیک۔ تکیہ۔ (۴) نگہبانی۔ رکھوالی۔ حفاظت * **پُشتی لینا** - ساتھ دینا۔ حمایت کرنا۔ سہارا دینا * **پشتیبان** (۱) مددگار۔ معاون۔ سہارا دینے والا۔ رفیق۔ ساتھی (۲) مذکر۔ وہ لکڑی جو پیچھے کی طرف مضبوطی کے لیے کواڑ، تخت۔ کشتی، جہاز وغیرہ میں لگائی جاتی ہے *

پُشٹ (پُشٹ) (س) (ہندو) (۱) مضبوط۔ مستحکم۔ پختہ۔ پائدار (۲) طاقت ور، زور آور، بلوان (۳) طاقت دینے والا۔ قوت دینے والا۔ مقوی *

پشم (پَشم) (ف) مؤنث (۱) بال۔ رونگٹا۔ اُون۔ رُؤاں (۲) کیس (۳) جھانٹ، موئے زہار (۴) رذیل۔ ذلیل۔ کم اصل۔ حقیر۔ بے حقیقت (۵) نکما۔ ہیچ۔ بیکار * **پشم برابر جاننا** - (و) نہایت حقیر سمجھنا * **پشم پر مارنا** - (۱) نہایت حقیر جاننا۔ بے اصل سمجھنا۔ ہیچ سمجھنا (۲) خاطر میں نہ لانا۔ خیال میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا * **پشم کندہ نہ ہونا** (۱) جھانٹ نہ اکھڑنا۔ بال نہ اکھڑنا۔ (۲) کچھ نقصان نہ ہو سکنا۔ بال بیکا نہ ہو سکنا۔ کچھ نہ ہو سکنا (۳) بدلا لینے سے مجبور رہنا۔ عوض نہ لے سکنا * **پشم نہ اُکھڑنا** - (عوام) پشم کندہ نہ ہونا * **پشم نہ سمجھنا** (عوام) خاطر میں نہ لانا۔ کچھ نہ سمجھنا۔ سخت حقیر جاننا * **پشمینہ** (ف) مذکر۔ بالوں کا کپڑا۔ اونی پارچہ *

پشو (پَشو) (س) مذکر (۱) چوپایہ۔ مویشی۔ جانور۔ ڈھور (۲) بے وقوف۔ کم فہم۔ بے عقل۔ ناسمجھ۔ بے تمیز (۳) اَن پڑھ۔ جاہل۔ مورکھ *

پشواز (پش۔واز) (و) مؤنث۔ سایہ۔ گون۔ جامہ۔ ناچنے کی پوشاک *

پشہ (پَش۔شَہ) (ف) مذکر (۱) مچھر (۲) حقیر۔ ہیچ۔ بے اصل۔ بے حقیقت۔ (۳) ناطاقت۔ کمزور۔ پوچ *

پشی (پش۔شی) (و) (۱) پشہ کی تانیث (۲) (عو) بچے کا پیشاب *

پشیمان (پشے۔مان) (ف) (۱) شرمندہ۔ منفعل۔ نادم۔ خجل (۲) افسوس کرنے والا۔ پچھتانے والا۔ متأسف * **پشیمانی** (ف) مؤنث (۱) شرمندگی (۲) پچھتاوا۔ حسرت۔ ندامت۔ افسوس *

پ - ط

پطرس (پَط۔رَس) (لاطینی) مذکر۔ حضرت عیسیٰؑ کا ایک مشہور حواری *

پ - غ

پغمان (پَغ۔مان) (ف) مذکر۔ کابل کے پاس ایک شہر *

پ - ف

پُف۔پُفو (پُف۔پُفو) (ف) مؤنث۔ پھونک۔ پھونک مارنا *

پ - ک

پک (پَک) (ہ) پکنا کا امر * **پکا** - پکنا کی ماضی مطلق۔ پکانا کا امر * **پکا پکایا** - پختہ۔ بنا بنایا۔ تیار * **پکا دینا** (۱) پکا کر تیار کرنا (۲) (کنایۃً) تکلیف دینا۔ ستانا * **پکانا** (۱) پختہ کرنا (پھل کا) (۲) زخم میں مواد ڈال دینا (۳) آگ میں پختہ کرنا (۴) (کنایۃً) رنج پہنچانا۔ عاجز کرنا (۵) تازہ چونے میں پانی پڑنے سے جوش آنے دینا (۶) تجویز کرنا۔ منصوبہ باندھنا (۷) مٹی کے برتنوں یا اینٹوں کا آوے میں چڑھا کر پختہ کرنا * **پکانا ریندھنا** (عو) پکانا۔ تیار کرنا * **پکاؤ** (پکا۔آؤ) مذکر۔ (دہلی)۔ پختگی۔ تیاری * **پکاؤ** (پکا۔آؤ) (دہلی) پکنے کے قریب *

پکائی - مؤنث (۱) پکانے کی اجرت (پکوائی افصح ہے *) (۲) پکاپن، پختگی (۳) پکنا۔ کھانا تیار ہونا * **پکپن۔پکپنا** مذکر (۱) پختگی (۲) دانائی * **پک جانا** (۱) دیکھیے پکانا (۲) عمر رسیدہ ہونا۔ بال سفید ہونا (۳) چوسر کی گوٹوں کا اپنے گھر پہنچنا (۴) معاملہ بننا۔ قیمت ٹھہرنا (۵) طے ہونا۔ مکمل ہونا * **پکنا** (۱) سر سفید ہونا۔ بال سفید ہونا (۲) چوسر میں گوٹوں کا چل کر کامیابی حاصل کرنا۔ پُگنا (۳) طے ہونا۔ پخت و پز ہونا۔ قیمت کا فیصلہ ہونا۔ معاملے کا تصفیہ ہونا (۴) چونے میں پانی پڑنے سے جوش آنا (۵) (کلیجا کے ساتھ) بھُن جانا۔ جل جانا (۶) مٹی کے برتنوں وغیرہ کا پنراوے میں تیار ہو جانا (۷) زخم میں مواد پڑنا (۸) کھانے وغیرہ کا آگ پر پکنا (۹) کسی پھل کا پختہ ہونا * **پکوان** - مذکر۔ گھی یا تیل میں پکایا یا تلا ہوا کھانا * **پکوانا** - پکنا کا متعدی المتعدی * **پکوائی** - مؤنث۔ پکانے کی اجرت *

پکی پکائی کھانے والا - دوسروں کی کمائی کھانے والا *

پکّا (پَک۔کا) (ہ) (۱) پکا ہوا۔ پکایا ہوا (۲) گھی وغیرہ چکنائی ملا کر پکائی ہوئی (روٹی)

(۳) جہاں دیدہ ۔ ہوشیار۔ کارکردہ ۔ تجربہ کار (۴) مشّاق (۵) مضبوط۔ مستحکم۔
پائدار ۔ پختہ۔ راسخ (۶) مکمل ۔ بالغ ۔ پورا ۔ کامل (۷) بے ضرر۔ بے نقص۔
بے کھوٹ (۸) دیدہ دلیر۔ بے خوف ۔ نڈر ۔ بے اندیشہ (۹) وقیع ۔
قابل ۔ مستند ۔ سند یافتہ ۔ رجسٹرڈ (۱۰) اسٹامپ لگا ہُوا (۱۱) مستقل
(۱۲) اُبلا ہُوا ۔ جوش دیا ہُوا (۱۳) تلا ہُوا ۔ بُھنا ہُوا ۔ تیار ۔ پختہ (۱۴)
موروثی ۔ قدیم (۱۵) درد کرتا ہُوا ۔ دُکھتا ہُوا ۔ تھکا ہُوا ۔ چُور (۱۶)
نہایت ۔ بہت زیادہ ۔ (۱۷) ہمدرد ۔ حامی ۔ ساتھ دینے والا ۔ نباہ کرنے
والا ۔ وفادار (۱۸) اٹل ۔ بالجزم ۔ مصمم (۱۹) سچا ۔ راست ۔ واقعی ۔ بیشک ۔
ٹھیک ۔ درست ۔ صحیح (۲۰) پتھر، چونے، سیمنٹ کی تعمیر۔ پختہ اینٹ
چُونے کی چنائی (۲۱) سکہ جس پر بادشاہ کی تصویر یا نام یا دونوں چھپے ہوں ۔
مسکوک ۔ منقش کاغذ (۲۲) بوڑھا ۔ عمر رسیدہ (۲۳) عیّار ۔ چالاک ۔
گھاگ ۔ خرانٹ (۲۴) اچھی طرح ۔ بخوبی ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ خوب ۞

پکّا کھوت (ع) بڑے غصّے والا ۔ پورا سڑی ۞ **پکّا پان** (ف)
(۱) نہایت بوڑھا ۔ انتہا کو پہنچا ہُوا ۔ عمر رسیدہ (۲) خرانٹ ۔ گھاگ ۔
تجربہ کار ۔ جہاں دیدہ ۔ پختہ کار ۞ **پکّا پکایا** ۔ (ہ) (۱) بلا سعی ۔ بے کوشش ۔
بے تکلف ۔ بے مشقت ۔ بے محنت (۲) بے لاگت ۔ مفت (۳) مکمل ۔
تیار ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ لیس ۞ **پکّا پھوڑا** ۔ مذکر (۱) مواد بھرا
پھوڑا ۔ پیپ یا بھرا پھوڑا (۲) (مجازاً) رونے کو تیار ۔ غم زدہ ۔ پُر درد ۔
دُکھیا ۔ درد سے بھرا ہُوا ۞ **پکّا پھوڑا، ٹھیس لگی اور پھوٹا** (ہ)
مثل ۔ پوچھتے ہی مصیبت زدہ شخص نے اپنا حال بیان کر دیا ۞

پکّا پیسا ۔ مذکر (ع) (دہلی) (۱) جہان دیدہ ۔ عقل مند ۔ بڑا تجربہ کار ۔
(۲) چالاک ۔ مکّار (مؤنث کے لیے پکّی پیسی) ۞ **پکّا جن** ۔ مذکر ۔ پڑھا جن ۔ بڑا چالاک ۞
پکّا چٹھا ۔ مذکر (۱) پکّا بہی حساب ۔ پکّا روزنامچہ (۲) آمد و خرچ کے حساب کی
فہرست ۔ آمد و خرچ کی میزانوں کی برآورد ۞ **پکّا کاغذ** (۱) مذکر ۔ اسٹامپ
کا کاغذ ۔ دستاویز جو اسٹامپ کے کاغذ پر لکھی جائے ۞ **پکّا کرنا** (۱) مضبوط
کرنا ۔ کسی کام کے لیے مستعد کرنا (۲) ہمت مضبوط کرنا (۳) بل دے کر مضبوط
کرنا (۴) سبق کو خوب رواں کرنا ۔ ذہن نشین کرنا ۔ گھوٹنا ۔ (۵) ہوشیار کرنا ۔
چالاک کرنا ۔ (۶) مستحکم کرنا ۞ **پکّا گانا** ۔ مذکر ۔ وہ گانا، جس میں فن موسیقی
کے کمال کا مظاہرہ کیا جائے ۞ **پکّا ہونا** ۔ کام مضبوط ہونا ۔ معاملہ طے ہونا ۔
کسی معاملے کی خوب پخت و پز ہو جانا ۞

پُکار (پُکار) (ہ) مؤنث (۱) ہانک ۔ آواز (۲) دہائی ۔ فریاد (۳) شور و غُل (۴)
جستجو ۔ تلاش ۔ مانگ (۵) منادی ۔ اعلان (۶) فریقین مقدمہ یا
گواہوں کی طلبی کی صدا (۷) دعویٰ ۔ استغاثہ ۔ درخواست ۔ شکایت ۔
عرضی ۔ نالش (۸) بانگ ۔ اذان (۹) ضرورت ۔ حاجت ۔ چاہت ۔
(۱۰) خبر ۔ آگاہی ۔ اطّلاع ۞ **پُکار اٹھنا** (۱) صدا بلند ہونا (۲) آواز دینا ۞
پُکار پڑنا (۱) شہرت ہونا (۲) تلاش ہونا ۞ **پُکار دینا** (۱) پُکارنا
بلا وا دینا ۔ آواز دینا (۲) واقف کرنا ۔ آگاہ کرنا ۔ اطّلاع دینا (۳) منادی کرنا ۔
ڈھنڈورا پیٹنا ۞ **پُکار کرنا** ۔ فریاد کرنا ۔ غُل کرنا ۞ **پُکار کے** (۱) علانیہ ۔
ڈھنڈورے سے ۔ بآوازِ بلند ۔ ڈنکے کی چوٹ ۔ کھلم کھلا ۔
علی الاعلان (۲) جھلّا کے ۔ غصّے سے ۔ خفگی سے ۔ ناراضی سے ۔ (۳) شور و غل
مچا کے ۔ چلّا کے ۔ چیخ کے (۴) مطلع کر کے ۔ باخبر کر کے ۔ اطّلاع دے کر ۔
آگاہ کر کے ۞ **پُکار لگانا** ۔ سودے والے کا آواز دینا ۞ **پُکارن** ۔
مؤنث ۔ بلانا ۔ پکارنا ۞ **پُکارنا** ۔ (۱) چلّا کر کہنا ۔ بلند آواز سے کہنا (۲)
ہانک دینا ۔ بلانا (۳) غُل مچانا ۔ چلّانا ۔ (۴) آواز دینا ۔ خبر کرنا (۵) یاد کرنا ۔
رٹنا (۶) بھیک کی آواز لگانا (۷) بیچنے کی آواز لگانا (۸) فریاد کرنا ۞
پُکار سے کہنا ۔ علی الاعلان کہنا ۞

پکچر (پِکْ ۔ چَرْ) (انگ ۔ Picture) مؤنث ۔ تصویر ۞ **پکچر ہاؤس**
(انگ ۔ Picture House) مذکر ۔ وہ جگہ، جہاں تصویریں
دکھائی جائیں ۔ سنیما ۔ تماشا گاہ ۔ نگار خانہ ۔ تصویر خانہ ۞

پکڑوانا (پکڑ ۔ وا ۔ نا) (ہ) کسی سے آواز دلانا ۞

پکڑ (پَکَڑ) (ہ) (۱) پکڑنا کا امر (۲) بات کی گرفت (۳) وہ جگہ، جس سے کسی
چیز کو ہاتھ سے پکڑتے ہیں (۴) بازپرس ۔ مواخذہ (۵) نکتہ چینی ۔ اعتراض ۔
(۶) گرفتاری ۔ حراست (۷) سمن ۔ طلبی (۸) بحث مباحثہ ۔ تکرار ۔ حجت ۞
(۹) کسی چیز کو مضبوطی سے پکڑنا (۱۰) پہلوانوں کی کشتی (۱۱) نفع ۔ فائدہ
(۱۲) دشواری ۔ دقت ۔ مشکل ۞ **پکڑا** (۱) پکڑنا کا ماضی مطلق (۲) پکڑانا کا امر ۞
پکڑا دینا (۱) گرفتار کرنا (۲) ہاتھ میں دینا ۔ حوالے کرنا ۞ **پکڑانا** (۱) طلبی کرانا ۔
وارنٹ نکلوانا ۔ گرفتار کرانا (۲) ہاتھ میں ہاتھ دینا ۔ سپرد کرنا ۔ حوالے کرنا ۔ دینا ۞
پکڑ بلانا (ہ) زبردستی بلانا ۔ گرفتار کر لینا ۞ **پکڑ بندی** (ف) مؤنث ۔
نکتہ چینی ۔ اعتراض ۞ **پکڑ پکڑنا** (ہ) بات کی گرفت کرنا ۔ کسی امر پر اڑ جانا ۞
پکڑ دھکڑ ۔ مؤنث (۱) مواخذہ ۔ گرفتاری (۲) دوڑ دھوپ (۳) ظلم ۔ سختی ۔
جبر ۞ **پکڑ کرنا** ۔ پکڑ لڑنا ۔ کشتی کرنا ۞ **پکڑ لانا** (۱) قبضے میں لانا ۔ گرفتار کر لانا
(۲) داؤں کرنا ۔ پیچ میں لانا ۔ حریف کو داؤں پر لے آنا ۔ پہلوان کا حریف
کو قابو میں لانا ۞ **پکڑنا** (۱) مٹھی میں لینا ۔ ہاتھ سے تھامنا (۲) قابو میں لانا ۔
گرفتار کرنا (۳) ٹوکنا ۔ گرفت کرنا ۔ اعتراض کرنا (۴) ٹھہرانا ۔ روکنا (۵)
برابر پہنچ جانا ۔ برابر آنا (۶) دوڑ میں پکڑنا (۷) (ع) پا لینا (۸) دبانا ۔
(۹) کھوج لگانا (۱۰) اختیار کرنا ۔ حاصل کرنا ۔ (۱۱) غلبہ کرنا ۔ (۱۲) سہارا دینا
(۱۳) "کان" کے ساتھ) توبہ کرنا (دیکھیے کان پکڑنا) (۱۴) "راستہ" کے ساتھ) جانا ۞
پکڑوانا ۔ پکڑنا کا متعدی المتعدی ۔ گرفتار کرانا ۞

پکسنا (پَکَسْ ۔ نا) (ہ) (۱) پھل کا بال پکنا (۲) سڑ جانا ۞

پکش (پَکْش) (س) مذکر (۱) سمت ۔ طرف (۲) پندرہ دِن کا زمانہ ۔ پکھواڑا ۔ پاکھ
(۳) طاقت ۔ زور ۔ بل (۴) پر ۔ بازو ۔ پنکھ ۞ **پکشی** ۔ (۱) مددگار ۔
معاون ۔ حمایتی ۔ جانب دار ۔ طرف دار ۔ (۲) اُڑنے والا جانور ۔ پنچھی ۔ پکھیرو ۔
پنکھ والا ۔ پرندہ ۔ پر والا ۔ بازو رکھنے والا (۳) زور آور ۔ طاقت ور ۔
بلوان (۴) پر لگا ہُوا تیر ۔ ناوک سوفار دار ۞

پکوڑا (پکَوڑا) (ہ) مذکر (١) ایک بڑی پکوڑی، بڑی پھلکی، مونگ یا اُڑد وغیرہ کی پیٹھی کا بنا ہوا گلگلا (٢) گول مول۔ پھولا ہوا (٣) گول گپا۔ بتاسا۔ پٹا خا پھولا ❊ **پکوڑا سی ناک**۔ مؤنث۔ موٹی ناک ❊ **پکوڑی**۔ مؤنث۔ بیسن کی تلی ہوئی پھلکی۔ مونگ یا اُڑد وغیرہ کی پیٹھی کی بنی ہوئی گولی۔ پھلکی (اکثر دہی پکوڑی بولتے ہیں) ❊ **پکوڑے**۔ مذکر۔ پکوڑا کی جمع ❊ **پکوڑے تلنا** (١) بیسن وغیرہ کی پھلکیاں تیل یا گھی میں تیار کرنا (٢) تک بندی کرنا۔ نہایت پست درجے کے شعر کہنا ❊

پکھ (پَکھ) (س) مذکر۔ پکھواڑا۔ پکش۔ پندرھواڑا۔ پاکھ ❊

پکھا (پَکھا) (ہ) مذکر۔ دیکھئے "پاکھا" ❊

پکھال (پَکھال) (ہ) مؤنث (١) ایک بڑی مشک (٢) (کنایۃً) بڑا پیٹ ❊ **پکھال پٹیا۔ یا۔ پیٹیا۔ یا۔ پیٹو** (دہلی) (مجازاً) کھاؤ۔ زیادہ کھانے والا بڑ پیٹو۔ بڑے پیٹ والا ❊

پکھاوج (پَکھا۔ وَج) (ہ) مؤنث (١) طبلہ۔ ایک قسم کی ڈھولک۔ مردنگ۔ مندل (٢) ایک قسم کا سُر (٣) ایک قسم کا راگ ❊ **پکھاوجی**۔ پکھاوج بجانے والا۔ طبلہ نواز۔ مردنگ بجانے والا ❊

پکھراج (پُکھ۔ راج) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا گراں بہا زرد جواہر۔ زبرجد ❊

پکھروٹا (پَکھ۔ رَو۔ ٹا) (ہ) مذکر (١) چاندی یا سونے کا ورق (٢) پان کی گلوری جس پر چاندی یا سونے کے ورق لگائے جائیں ❊

پکھری (پَکھ۔ ڑی) (ہ) مؤنث (ہندو) پھول کی پتی ❊

پکھوا (پَکھ۔ وا) (ہ) مذکر (١) بازو۔ بازو (٢) آغوش۔ کنار۔ بغل۔ پہلو ❊

پکھیرو (پَکھے۔ رُو) (ہ) مذکر (١) اُڑنے والا۔ طائر۔ پنچھی۔ پر دار جانور (٢) تیز چلنے والا آدمی (٣) تیز رو شے ❊

پکی (پَک۔ کی) (ہ) (١) پکا کی تانیث (٢) پختہ۔ پائدار۔ مستحکم۔ استوار۔ مضبوط (٣) مستقل (٤) قائم (٥) مقررہ۔ معینہ (٦) پوری۔ مکمل۔ کامل (٧) غیر خام (٨) رندھی ہوئی۔ بنی ہوئی۔ تیار ❊ **پکی بیری کے بیر کھانے والا**۔ مثل۔ محنت کے بغیر گزر کرنے والا۔ کم ہمت۔ سست ❊ **پکی پیداوار** (و) مؤنث (١) وہ نکاسی، جو کاشت کاری کا خرچ دے کر باقی بچے (٢) وہ جنس، جو پختہ اُترے ❊ **پکی پیسی** (١) پیس پکا کر تیار کی ہوئی (٢) ہوشیار، تجربہ کار اور جہان دیدہ عورت ❊ **پکی کھیتی**۔ مؤنث۔ تیار پھل ❊

پکے (پَک۔ کے) (ہ) پکا کی جمع ❊ **پکے آم کے ٹپکنے کا ڈر**۔ مثل۔ عمر رسیدہ شخص کی زندگی کا بھروسا نہیں ❊ **پکے گولر، کوے کو نیند کیسے آئے؟** مثل۔ چیز سامنے ہو تو لالچی آدمی کو کس طرح صبر آئے؟

پ۔گ

پگ (پَگ) (ہ) مذکر۔ پاؤں۔ قدم۔ چرن۔ پا۔ پد ❊ **پگ ڈنڈی**۔ مؤنث۔ پیدل چلنے کا راستہ۔ کھیتوں کا تنگ راستہ۔ راستہ، جس میں گاڑی وغیرہ نہ جا سکے۔ باٹ۔ بٹیا ❊

پگا (پَگ۔ گا) (ہ) مذکر۔ وہ رسی جو بیل کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے۔ پچھاڑی۔ پاؤں میں باندھنے کی رسی۔ پکھیڑا۔ پگھا ❊

پُگانا (پُگا۔ نا) (ہ) (١) تمام کھلاڑیوں کا کام ختم کرنا (٢) پورا کرنا ❊

پگاہ (پَگاہ) (ف) مؤنث (١) (لغوی) بروقت۔ عین وقت پر (٢) صبح۔ تڑکا۔ سحر۔ فجر۔ بھور ❊

پگرانا (پَگرا۔ نا) دیکھئے "پاگرانا" ❊

پگڑ (پَگ۔ گڑ) (ہ) مذکر۔ بہت بھاری پگڑی ❊

پگڑی (پَگ۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ (١) دستار۔ عمامہ۔ سر سے باندھنے کا کپڑا (٢) آبرو۔ عزت (٣) نفر۔ آدمی متنفس ❊ **پگڑی اُتارنا**۔ (١) عزت بگاڑنا۔ آبرو لینا۔ ٹھگنا۔ لوٹنا۔ گاہک کو مونڈنا (٣) فریب اور دھوکا کرنا ❊ **پگڑی اترنا**۔ (١) بے عزت ہونا۔ بے عصمت ہونا۔ رسوا ہونا۔ بدنام ہونا (٢) ٹھگا جانا۔ مال خریدنے میں دھوکا ہونا ❊ **پگڑی اٹکانا**۔ کسی سے برابری کا دعویٰ کرنا ❊ **پگڑی اٹکنا** (١) پگڑی الجھنا (٢) آمنا سامنا ہونا۔ ہمسری ہونا۔ برابری ہونا۔ مقابلہ ہونا ❊ **پگڑی اچھالنا** (١) ذلیل کرنا۔ عزت بگاڑنا۔ بدنام کرنا (٢) مذاق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ تمسخر کرنا ❊ **پگڑی اُچھلنا** (١) بے عزتی ہونا۔ بے آبروئی ہونا۔ ذلت ہونا (٢) چھیڑ چھاڑ ہونا۔ ہنسی اڑنا۔ مذاق ہونا۔ تمسخر اڑنا ❊ **پگڑی باندھنا**۔ (١) دستار بندی کرنا۔ بڑائی دینا۔ بزرگی بخشنا۔ عزت دینا۔ سرفراز کرنا (٢) گدی پر بٹھانا۔ وارث کرنا۔ جانشین بنانا۔ قائم مقام کرنا۔ (٣) دستار باندھنا۔ دوپٹا باندھنا (٤) فن کا استاد تسلیم کرنا۔ عالم اور فاضل ماننا۔ کامل اور منتہی گردانا (٥) حاکم ماننا۔ افسر ماننا۔ چودھری بنانا۔ خلیفہ بنانا۔ مکھیا بنانا۔ سردار بنانا۔ (٦) سر پر سہرا رکھنا۔ ذمہ دار بنانا ❊ **پگڑی بدلنا**۔ (١) ٹوپی بدل بھائی بنانا۔ منہ بولا بھائی بنانا۔ بھائی بنانا (٢) پیار اور محبت کرنا۔ یار بنانا۔ دوست بنانا ❊ **پگڑی دونوں ہاتھوں سے تھامنا**۔ عزت بچانا ❊ **پگڑی رکھ گھی چکھ**۔ مثل۔ ساکھ قائم ہونے سے ساری عزت ہے۔ ایمان داری سے بڑی راحت ہوتی ہے ❊ **پگڑی رکھنا**۔ (١) پگڑی سر پر پہننا (٢) عزت بنائے رکھنا۔ آبرو بچانا (٣) پگڑی کو گرو رکھنا (٤) خوشامد کرنا ❊ **پگڑی میں پھول رکھا گیا**۔ مثل۔ عیب لگ گیا۔ بدنام ہو گیا ❊ **پگڑی والا**۔ مذکر (١) (دہلی۔ عو) حکیم۔ طبیب۔ بید۔ ڈاکٹر۔ معالج۔ وید (٢) دستار رکھنے والا۔ توقیر والا۔ عزت والا (٣) عمامہ باندھنے والا (٤) پگڑی بیچنے والا ❊

پگل۔ پگھل (پِگَل۔ پِگھَل) (ہ) پگلنا، پگھلنا کا امر ❊ **پگلانا۔ پگھلانا** (١) آگ دکھانا۔ آنچ دینا۔ گرم کرنا۔ تپانا (٢) گلانا۔ نرم بنانا۔ گھلانا۔ گداز کرنا (٣) نرمانا۔ ملائم کرنا۔ نرم کرنا (٤) مہربان بنانا۔ رحم دل بنانا (٥) رضامند کرنا۔ راضی کرنا۔ (٦) توجہ دلانا ❊ **پگلنا۔ پگھلنا** (١) آنچ پانا۔ گرم ہونا۔ تپنا (٢) گلنا۔ گھلنا۔ گداز ہونا (٣) ملائم ہونا۔ نرم ہونا (٤) مہربان ہونا۔ رحم کرنا (٥) دھیان دینا۔ توجہ کرنا (٦) منظور کرنا۔ راضی ہونا ❊

پگلا (پَگ۔لا) (ہ) مذکر۔ (۱) پاگل کی تصغیر۔ باؤلا، سودائی، ہیڑی (۲) نادان۔ احمق، خبطی ‪:‬

پگنا (پَگ۔نا) (ہ) قوام میں پڑنا جانا۔ قوام کیا جانا ‪:‬

پگھا دیکھیے "پگا" ‪:‬

پگیا (پَگ۔یا) مؤنث (عوام) پگڑی کی تصغیر۔ چھوٹی پگڑی ‪:‬

پ۔ل

پل (پَل) (ہ) (پلک کا مخفف) مذکر و مؤنث۔ پلک جھپکانے کا وقفہ۔ دم۔ لمحہ۔ آن۔ ثانیہ۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ سیکنڈ ‪:‬ **پل بھر میں**۔ لمحہ بھر میں۔ فوراً۔ آناً فاناً۔ ذرا سی دیر میں ‪:‬ **پل کی پل۔ پل مارنے۔ پل مارتے** (یا۔ مارنے) میں۔ لمحہ بھر میں۔ لحظے میں۔ آنکھ جھپکانے میں۔ تھوڑی دیر کے لیے۔ فوراً ‪:‬

پل (پَل) (ہ) پلنا کا امر۔ پلا۔ پلنا کی ماضی مطلق ‪:‬ **پلا پلایا**۔ اچھی طرح پرورش کیا ہوا۔ موٹا تازہ ‪:‬ **پل پس** (پلا) کر۔ پرورش ہو (پا) کر ‪:‬ **پل جانا۔ پلنا** (۱) پرورش پانا (۲) گرمی پا کر نرم ہو جانا (۳) مذکر (عوام) پالنا کا مخفف۔ گہوارہ ‪:‬ **پلوانا**۔ پرورش کرانا ‪:‬

پل (پِل) (ہ) پلنا کا امر ‪:‬ پلا۔ پلنا کی ماضی مطلق ‪:‬ **پلا آنا**۔ گھسا چلا آنا۔ گھسا پڑنا ‪:‬ **پل پڑنا** (جانا)۔ **پلنا**۔ (۱) لڑنے کے لیے تیار ہونا۔ فساد پر آمادہ ہونا۔ (۲) ٹکر لگانا۔ حملہ کرنا۔ دھکا دینا (۳) کولھو میں پسنا۔ کچلا جانا۔ تیل نکلنا (۴) کسی ڈر کی جگہ دلیری سے چلا جانا (۵) نہایت کوشش یا محنت کرنا ‪:‬ **پل پل کے آنا**۔ رہ رہ کر حملہ کرنا ‪:‬ **پلوانا**۔ (۱) پلنا کا متعدی المتعدی۔ (۲) کولھو کے ذریعے سے تیل نکلوانا (۳) سنھوانا ‪:‬

پل (پُل) (ف) مذکر (۱) نہر یا دریا وغیرہ کے عبور کا راستہ (۲) طاقچہ، جس کے اوپر یا نیچے سے راستہ ہو (۳) زیادتی۔ بہتات۔ افراط۔ کثرت (۴) (عوام) چمڑے کا بڑا ڈول (صحیح "پُر" ہے) ‪:‬ **پل باندھنا**۔ (۱) دریا کو عبور کرنے کے لیے عمارت اور راستہ بنانا (۲) مبالغہ کرنا (۳) کسی چیز کی کثرت کرنا، ڈھیر لگا دینا (۴) لگاتار کوئی کام کرنا (۵) (جھوٹ کے) بہت جھوٹ بولنا ‪:‬ **پل بندی**۔ مؤنث (۱) پل باندھنا۔ پاڑ باندھنا (۲) پل کی مرمت (۳) پل کا محصول ‪:‬ **پل صراط**۔ مذکر۔ مسلمانوں کے اعتقاد میں دوزخ کے اوپر کا وہ پل، جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ قیامت کے دن نیک اور بد سب کو اس سے گزرنا پڑے گا۔ نیک لوگ تو آسانی سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے اور بُرے آدمی کٹ کر دوزخ میں گر پڑیں گے ‪:‬

پلا (پَلا) (ہ) مذکر۔ ظرف میں سے تیل یا گھی نکالنے کا چمچا ‪:‬

پلا (پَل۔لا) (ہ) مذکر (۱) مسافت۔ بعد۔ فاصلہ۔ (۲) کھونٹ۔ کپڑے کا کنارہ۔ دامن۔ آنچل (۳) ٹوپی کا ایک بازو (۴) ترازو کا پلڑا (۵) دامنِ تیر (۶) حمایت۔ مدد (۷) وزن۔ سر کا بوجھ۔ مزدوروں کا نھیلا (۸) قینچی کا ایک پھل (۹) پٹ۔ جوڑی کا ایک کواڑ (۱۰) توڑ ‪:‬ **پلا بھاری ہونا** (۱) امیر ہونا (۲) کثرت سے حمایتی یا مددگار ہونا (۳) وزن دار ہونا (۴) اولاد کثرت سے ہونا (۵) دنیوی تعلقات میں مبتلا ہونا (۶) زیادہ مرتبہ ہونا (۷) بہت فاصلہ ہونا (۸) ایک طرف بھاری ہونا (۹) قابلِ ترجیح ہونا ‪:‬ **پلا پاک ہو جانا** (و) (دہلی) (۱) قرض ادا ہو جانا (۲) فیصلہ ہو جانا ‪:‬ **پلا چھڑانا**۔ (۱) ادا کرنا۔ بے باق کرنا (۲) سابقہ نہ رکھنا۔ واسطہ چھوڑنا۔ ترکِ تعلق کرنا (۳) چھوڑ کھینچنا۔ آنچل نکالنا۔ دامن چھڑانا۔ (۴) پلڑے سے سنہار دو پہلا کام چھڑا کر الگ کرنا۔ پاٹ پر سے کام اُدھیڑنا (۵) آنچل اُدھیڑ لینا۔ حاشیہ الگ کر لینا۔ کنارہ اتار لینا (۶) علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔ الگ ہونا۔ پیچھا چھڑانا ‪:‬ **پلا کرنا** (لکھنؤ) (۱) دور جانا۔ دور تک پہنچنا (۲) تعاقب کرنا ‪:‬ **پلا لینا** (۱) (ہندو) (عو) منہ ڈھکنا۔ آنکھ پر کپڑا رکھ کر رونا (۲) آنچل تھامنا۔ دامن پکڑنا (۳) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا (۴) سہارا لینا۔ امید رکھنا۔ توقع کرنا (۵) ٹوپی خریدنا (۶) پلڑا مول لینا (۷) چادر خریدنا۔ دوشالہ مول لینا (۸) چلانا۔ بھونکنا۔ کان کھانا ‪:‬

پلا (پِل۔لا) (ہ) مذکر (۱) کتے کا بچہ (۲) (حقارت سے) بچہ۔ تخم۔ نطفہ ‪:‬

پلاس (پَلاس) (ف) مذکر۔ موٹا کپڑا۔ ٹاٹ ‪:‬

پلاس (پَلاش) (ہ) مذکر۔ ڈھاک کا درخت ‪:‬ **پلاس پاپڑا**۔ مذکر۔ ایک دوا کا بیج ‪:‬

پلاسنا (پَلاش۔نا) (ہ) جوتا تراشنا۔ جوتا تیار ہونے کے بعد اسے چھانٹ کر درست کرنا ‪:‬

پلانا (پِلا۔نا) (۱) پانی دینا۔ نوش کرانا (۲) جذب کرانا۔ دوڑانا۔ سرایت کرنا۔ کھپانا۔ اتارنا۔ پہنچانا۔ داخل کرنا (۳) نشانہ کرنا۔ ہدف بنانا۔ لگانا۔ مارنا (۴) ڈالنا۔ بھرنا (۵) روغن نکلوانا۔ رس نکلوانا ‪:‬

پلاؤ (پُلا۔آؤ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا لذیذ کھانا، جو گوشت اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے ‪:‬ **پلاؤ کی رکابی کہیں نہیں گئی** (و) مثل۔ عیش میں کمی نہیں، کچھ کمی نہیں ‪:‬

پلاؤ (پَلا۔آؤ) (ہ) آدمیوں کا پالا ہوا جانور ‪:‬

پلائی (پِلا۔اِئی) (ہ) مؤنث (۱) انّا، رضاعی ماں، آیا، انگہ، دایہ (۲) دودھ پلانے والی نوکرانی ‪:‬ **پلایا**۔ مذکر۔ جس لڑکے کو دایہ دودھ پلائے، وہ اس کا پلایا کہلاتا ہے ‪:‬

پلپلا (پِل۔پِلا) (ہ) (۱) انسانی جسم کا وہ گوشت، جو دبائے بغیر نرم ہو گیا ہو (۲) وہ پھل بالخصوص آم، جو چوٹ کھانے، دب جانے اور رکھے رکھے سڑنے کے قریب ہو جانے سے نرم ہو گیا ہو ‪:‬ **پلپلانا**۔ دبا کر نرم کرنا۔ ملائم کرنا ‪:‬ **پلپلی**۔ "پلپلا" کی تانیث ‪:‬ **پلپلی ٹھیکری**۔ مؤنث۔ (کنایۃً) عورت کا ذہن فرج۔ شرمگاہِ زن۔ اندامِ نہانی ‪:‬

پلپلا (پُل۔پُلا) (ہ) (۱) کھوکھلا۔ اندر سے خالی (یہاں "پولا" فصیح ہے) (۲) دبا کر نرم کیا ہوا پھل (۳) نرم ‪:‬ **پلپلانا** (۱) منہ میں چوسنا۔ مسوڑھوں یا اگلے دانتوں سے

دبا کر نرم کرنا ۔ بے چبائے کھانا (۲) پھل کا ملائم کرنا ۔ دبا کر نرم کرنا (دہلی میں یہ مصدر بالکسر ہی استعمال کیا جاتا ہے) ؀

پلتھی (پَل ۔ تِھی) (ہ) مؤنث ۔ سرین کے بل، ٹانگیں اوپر نیچے کر کے بیٹھنے کا طریقہ (مارنا کے ساتھ) ؀

پلٹ (پَلَٹ) (ہ) پلٹنا کا امر ؀ **پلٹ آنا** ۔ واپس آنا ؀ **پلٹ پڑنا** ۔ (۱) ایک طرف سے دوسری طرف متوجہ ہونا (۲) (کنایۃً) دوسرے شخص پر غصے کا اظہار کرنے لگنا (۳) جاتے جاتے لوٹ پڑنا ؀ **پلٹ جانا** (۱) دگرگوں ہو جانا ۔ برگشتہ ہو جانا (۲) راستے سے پھر جانا (۳) مکر جانا ۔ انکار کر جانا (۴) بات بدلنا ؀ **پلٹ چلنا** ۔ لوٹ چلنا ؀ **پلٹ کے نہ دیکھنا** ۔ متوجہ نہ ہونا ۔ خبر نہ لینا ؀ **پلٹا** (۱) پلٹنا سے ماضی مطلق (۲) پلٹانا کا امر ؀ **پلٹا (پلٹے) کھانا** ۔ (۱) الٹ پلٹ ہو جانا ۔ ایک حالت سے دوسری حالت ہو جانا ۔ تبدیل ہونا (۲) چکر کھانا ۔ گھومنا ۔ ایک رُخ سے دوسرے رُخ ہو جانا ۔ پلٹ جانا (۳) بات کہہ کر مکر جانا (۴) بیماری کا عود کر آنا ؀ **پلٹا (پلٹے) لینا** (۱) ایک حالت بدل کر دوسری حالت اختیار کرنا (۲) تڑپنا ۔ لوٹنا ؀ **پلٹنا** (۱) اُلٹنا ۔ اوندھا کرنا (۲) رُخ بدلنا، نیچے کا رُخ اوپر، اوپر کا نیچے کرنا (۳) پھرنا (۴) کچھ کا کچھ کر دینا ۔ بدل دینا (۵) حالت بدلنا (۶) گردش کرنا (۷) واپس ہونا ۔ لوٹنا (۸) (کنایۃً) مکرنا ؀ **پلٹی** ۔ مؤنث ۔ پلٹا کی تانیث ؀ **پلٹیاں** ۔ مؤنث ۔ پلٹی کی جمع ؀ **پلٹیاں کھانا** ۔ (۱) چکر کھانا (۲) قلابازیاں کھانا ؀

پلٹس (پُل ۔ ٹِس) (مہند) (انگ ۔ پولٹس Poultice) مذکر ۔ پٹی ۔ لیپ ۔ لیٹی ۔ ضماد ؀

پلٹن (پَل ۔ ٹَن) (مہند) (انگ ۔ پلیٹون Platoon) مؤنث ۔ پیادہ فوج کا دستہ ؀

پلچنا (پَلچ ۔ نَا) (ہ) (۱) جھک پڑنا ۔ پل پڑنا (۲) مارنے کو تیار ہونا (۳) چڑھ جانا، چمٹ جانا، سر ہو جانا، لپٹ پڑنا، گتھ جانا ؀

پلڑ (پَل ۔ لَڑ) (ہ) مذکر (عوام) دوپلی ٹوپی کا ایک باریک پلّا ؀

پلڑا (پَل ۔ ڑا) (ہ) مذکر (ہندو) ترازو کا پلّا ؀

پلستر (پَلَس ۔ تَر) (مہند) (انگ ۔ پلاسٹر Plaster) مذکر (۱) چونے کا لیپ ۔ گچ کاری ۔ کہگل (۲) مرہم ۔ لیپ ۔ ضماد ؀ **پلستر بگاڑنا** (ر) (۱) کہگل اُڑانا ۔ گچ کاری کو اُکھاڑ ڈالنا (۲) مرہم میں عیب پیدا کرنا ۔ ضماد میں نقص ڈالنا ۔ لیپ میں خرابی پیدا کرنا (۳) بہت مارنا ۔ تسمہ اُڑانا ۔ کھال اُدھیڑنا ۔ چمڑا خراب کر دینا ۔ پلیتھن نکالنا ۔ حیثیت خراب کرنا ۔ ہیئت بگاڑنا ؀

پلک (پَلَک) (ہ) مؤنث (۱) آنکھ کے بال ۔ مژہ ۔ موئے مژہ (۲) آنکھ کی جھپک، (۳) لمحہ ۔ ثانیہ، دقیقہ، لحظہ، آن ؀ **پلک بچھانا** ۔ تعظیم کرنا ؀ **پلک جھپکانا** ۔ (۱) پلک مارنا (۲) خوف کرنا (۳) تھوڑی دیر کو سو رہنا ؀ **پلک جھپکنا** (۱) پلک کا حرکت کرنا (۲) نہایت قلیل زمانہ ہونا (۳) ذرا نیند آنا (۴) (کنایۃً) خوف معلوم ہونا (زیادہ تر نفی میں آتا ہے) ؀ **پلک جھپکنے (جھپکانے) میں** ۔ بہت جلد ۔ فوراً ۔ ذرا سی دیر میں ؀

پلک دریا (ف) (عوام) ایک لمحے میں خشک زمین پر دریا جاری کرنے والا ۔ بڑا داتا ۔ نہایت سخی ۔ دریا دل ۔ کریم ۔ فیاض ۔ سیر چشم ۔ خدا تعالیٰ ؀ **پلک سے پلک آشنا ہونا ۔ پلک سے پلک لگنا** ۔ ذرا سی نیند آنا ؀ **پلک مارنا** ۔ (ہ) (۱) پلک کو حرکت دینا ۔ آنکھ جھپکنا (۲) آنکھ مارنا ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا ؀ **پلک نواز** (ف) (۱) ذرا سی دیر میں قصور معاف کر دینے والا ۔ (۲) تھوڑی سی کارگزاری پر بہت کچھ دینے والا (۳) دم کے دم میں مالدار بنانے والا ۔ ایک دم میں خوش حال کر دینے والا (۴) اللہ تعالیٰ ؀ **پلک نہ پسیجنا** ۔ (ہ) (۱) آنسو نہ آنا ۔ نام کو بھی نہ رونا ۔ اشک نہ بہنا (۲) ترس نہ آنا ۔ ذرا رحم نہ آنا ۔ دیا نہ آنا ؀ **پلکوں سے زمین جھاڑنا** ۔ (ف) (۱) بے حد خاطر داری کرنا ۔ بہت عزت و تعظیم کرنا ۔ نہایت آؤ بھگت کرنا (۲) کمال تابع ہونا ۔ عقیدت مند ہونا ۔ عقیدت کا اظہار کرنا (۳) بے انتہا محبت رکھنا ؀ **پلکوں سے نمک اٹھانا** ۔ یا ۔ **چننا** ۔ ہاتھ کا کام پلکوں سے لینا ۔ بے حد دشوار کام کرنا ؀ **پلکیں** (ہ) مؤنث ۔ پلک کی جمع ؀ **پلکیں پٹ پٹانا** ۔ پلکوں کو جلد جلد مارنا ؀ **پلکیں کترنا** ۔ (لکھنؤ) نظر بد سے بچانے کے لیے خوب صورت بچوں کی پلکیں کتر دینا ؀

پلکا (پَل ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ دو رنگا کبوتر ۔ ابلق کبوتر ؀

پلندا (پُلَن ۔ دَا) (ہ) مذکر (۱) گڈّی ۔ گٹھڑی ۔ بنڈل ۔ مٹھا ۔ پیکٹ (۲) رسالہ ۔ پمفلٹ ؀

پلنگ (پَلَنگ) (ف) مذکر ۔ شیر جیسا ایک مشہور درندہ، جس کے بدن پر کالی چتیاں ہوتی ہیں ۔ چیتا ؀

پلنگ (پَلَنگ) (ہ) مذکر ۔ بڑی چارپائی ؀ **پلنگ پر بٹھانا** (عو) (۱) بہت آرام دینا ۔ خدمت نہ لینا (۲) معزز بنا کر بٹھانا ۔ افسر بنا کر بٹھانا ؀ **پلنگ پوش** (ف) مذکر ۔ پلنگ پر بستر کی حفاظت کے لیے ڈالنے کا کپڑا ۔ بالا پوش ؀ **پلنگ توڑ** ۔ (ہ) (۱) وہ شخص، جو پلنگ پر بیٹھا کھائے اور کام کچھ نہ کرے ۔ سست ۔ کاہل ۔ نکھٹو (۲) مؤنث ۔ امساک کی ایک دوا ؀ **پلنگ تین چور** (ہ) مذکر ۔ وہ سات ستارے، جو ایک پلنگ اور تین چوروں یا ایک جنازہ اور تین جنازہ اٹھانے والوں کی صورت میں آسمان پر دکھائی دیتے ہیں ۔ بنات النعش ۔ ثریا ۔ پروین ؀ **پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہو جانا** ۔ یا ۔ **ہونا** ۔ (ہ) (عو) (دہلی) (۱) بچہ جن کر صحیح سلامت فارغ ہو جانا (۲) بیماری سے صحت پانا ؀ **پلنگ کے بانده توڑنا** ۔ (عو) بیکار بیٹھے رہنا ۔ کوئی کام نہ کرنا ؀ **پلنگڑی** ۔ مؤنث ۔ چھوٹا پلنگ ؀

پلو (پَل ۔ لُو) (ہ) مذکر (۱) پلڑا ۔ آنچل ۔ دامن ۔ پاٹ ۔ حاشیہ ۔ کنارہ ۔ چھور ۔ پلّا (۲) چوڑی گوٹ ۔ چوڑا ٹھپّا ؀ **پلو دار** (۱) وہ لباس، جس کے حاشیے پر سونے چاندی کی لیس ہو ؀

پلوٹھا ۔ پلونٹھا (پَلو ۔ ٹھا، پَلون ۔ ٹھا) (ہ) (دہلی) (عو) وہ بچہ، جو پہلے پہل پیدا ہو ؀ **پلوٹھی** ۔ **پلونٹھی** ۔ پلوٹھا، پلونٹھا کی تانیث ؀ **پلوٹھی کا لڑکا** ۔ مذکر (لکھنؤ) سب سے

پہلے پیدا ہونے والا لڑکا ٭

پَلوَل (پَلْ۔ وَلْ) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی ککڑی۔ ایک قسم کا کھیرا (۲) پنجاب کا ایک قصبہ ٭

پَلوَل (پَبْ۔ وَل)، (ہ) دیکھیے "پرول" (ہند) پلول ملانا۔ گانٹھ لینا۔ شیا لٹانا۔ ہم راز بنانا، سازش کرنا۔ ساز باز کرنا۔ موافق کرلینا ٭ پلول ملنا۔ لازم ٭

پلہ (پَلْ۔ لہ) (ف) مذکر (۱) درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ (۲) زینہ۔ سیڑھی (۳) پلو، پاٹ۔ پلڑا۔ ترازو کا پلہ ٭

پلھنڈا۔ پلھنڈی (پَلھن۔ ڈا)، پلھن۔ ڈی) (ہ) ۱۔ مذکر ۲۔ مؤنث۔ پانی کا گھڑا رکھنے کا آلہ۔ تپائی۔ گھڑونچی ٭

پلھی۔ پلیی (پلھی، پلِیْ) (ہ) مؤنث۔ تلی۔ طحال ٭

پَلی (پَلِی) (ہ) مؤنث۔ ظرف سے تیل یا گھی نکالنے کا آلہ۔ میٹھا چمچا ٭

پلی پلی جوڑنا۔ تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کوڑی کوڑی جوڑنا۔ بوند بوند اکٹھا کرنا۔ بڑی خسّت سے مال جمع کرنا ٭

پُلی۔ پُلیا (پُلِی، پُلْ۔ یا) (ہ) مؤنث پُل کی تصغیر۔ چھوٹا پُل ٭

پلی (پَلْ۔ لی) (ہ) مؤنث۔ کتے کا مادہ بچہ ٭

پلّے (پَلْ۔ لے) (ہ) مذکر۔ گرہ میں۔ پاس ٭ پلّے باندھنا (۱) قبضے میں دینا۔ متعلق کرنا۔ دستے کرنا۔ دے دینا۔ سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ (۲) عقد کرنا۔ نکاح میں دینا (۳) عقد میں لانا۔ شادی کرنا (۴) گرہ میں لگانا گانٹھ میں باندھنا (۵) یاد رکھنا (۶) کنارے باندھنا دامن اور دوپٹے میں گرہ دینا۔ آنچل میں باندھنا (۷) سرچپکنا۔ سرتھوپنا۔ الزام لگانا ٭

پلّے پر ہونا (لکھنؤ) (۱) ترازو کے پلّے پر ہونا تاکہ وزن بھاری ہوجائے (۲) (کنایۃً) مددگار ہونا۔ طرف دار ہونا۔ حمایت کرنا ٭ پلّے پڑنا (۱) واسطہ پڑنا۔ متعلق ہونا۔ سرتھپنا۔ دستے ہونا۔ قابو میں آنا۔ قبضے میں آنا (۲) وراثت میں آنا (۳) ملکیت ہونا (۴) عقد میں آنا۔ نکاح میں آنا (۵) بانٹے میں ملنا۔ حصے میں آنا (۶) ہاتھ لگنا ٭ پلّے دار۔ مذکر۔ بوجھ اٹھانے والا۔ مزدور۔ قلی۔ حمّال ٭ پلّے سے باندھنا۔ دیکھو "پلّے باندھنا" ٭ پلّے کی۔ ڈوری تک توڑ کرنے والی ٭ پلّے ہونا۔ پاس ہونا۔ گرہ میں ہونا۔ گانٹھ میں ہونا۔ مال دار ہونا ٭

پلیت (پَلِیْت) (فارسی پلید کا معرّب) (۱) ناپاک۔ گندہ (۲) بخیل۔ کنجوس (۳) (پریت کا معرّب) جن، بھوت ٭

پلیتہ (پَلِیْ۔ تہ) (ف) مذکر (۱) روئی یا کپڑے کی بتی، چراغ کی بتی۔ بٹا ہوا کاغذ یا پرزا (۲) وہ لپٹا ہوا کاغذ، جس پر جادو یا منتر لکھا ہوتا ہے اور جو بھیجر اور بھوت پریت کے دفع کے لیے جلایا جاتا ہے۔ (۳) کپڑے کی ایک مخصوص بتی، جو پیچ شاخوں پر لگا کر جلائی جاتی ہے (۴) پٹاخے میں لگی چھوٹی بتی (۵) بارود میں بھرا ڈورا، جس میں آگ لگا کر بندوق یا آتش بازی چھوڑی جاتی ہے ٭ پلیتہ چاٹ جانا (۱) رنجک کا اُڑ جانا۔ بندوق یا توپ کا نہ چلنا (۲) زیادہ آنچ ہوجانے سے کڑاہی کے روغن کا بھڑک اٹھنا ٭ پلیتہ دینا۔ یا۔ لگانا۔ (۱) آگ سلگانا۔ بتی جلا کر بتّی میں رکھنا (۲) آگ لگانا۔ توڑا لگانا (۳) (طنزاً) جلانا۔ آگ لگانا ٭

پلیتھن (پَلِیْ۔ تھن) (ہ) مذکر (عو) (۱) خشکا۔ وہ سوکھا آٹا، جو روٹی پکاتے وقت سامنے رکھ لیتے اور پیڑوں میں لگائے جاتے ہیں تاکہ گیلا آٹا ہاتھ سے نہ چپٹے (لگانا کے ساتھ) (۲) وہ بھوک، جو آٹے سے مغز نکالنے کے بعد باقی رہے۔ پلیتھن نکالنا۔ مار مار کر ادھ موا کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ بھرکس نکالنا۔ خوب مارنا پیٹنا ٭ پلیتھن نکل جانا۔ یا نکلنا۔ خستہ حال ہوجانا۔ تباہ حال ہوجانا۔ بڑا نقصان ہوجانا ٭

پلیٹ فارم (پلیٹ۔ فا۔ رم) (انگ۔ Platform) مذکر (۱) چبوترا۔ سطح (۲) وہ چبوترا، جس کے پاس سٹیشن پر ریل کھڑی ہوتی ہے (۳) وہ چبوترا، جس پر کھڑے ہوکر تقریر کی جاتی ہے ٭ پلیٹ فارم ٹکٹ۔ (انگ۔ Platform Ticket) مذکر۔ وہ ٹکٹ، جو ریل والے پلیٹ فارم کے داخلے کے لیے قیمتاً دیتے ہیں ٭

پلیٹ لیئر (پلیٹ۔ لے۔ اَر) (انگ Plate layer) مذکر۔ ریل کی سڑک بنانے کا افسر۔ ریل کی سڑک کا نگران افسر ٭

پلیٹنم (پلے۔ ٹی۔ نم) (انگ۔ Platinum) مذکر۔ ایک مشہور نہایت قیمتی دھات ٭

پلید (پَلِیْد) (۱) (ف) نجس۔ ناپاک (۲) (اردو) مذکر۔ بھوت پریت ٭

پلیڈر (پلی۔ ڈر) (انگ۔ Pleader) مذکر۔ وکیل۔ وکالت کرنے والا۔ بحث کرنے والا۔ مُقرّر۔ جانب دار ٭

پلیس (پلیس) (انگ۔ Place) مؤنث۔ جگہ ٭

پلیگ (پلیگ) (انگ۔ Plague) مذکر و مؤنث۔ طاعون۔ ایک مہلک متعدی وبا، جس سے گلٹیاں نکل آتی ہیں ٭

پلیَن (پلین) (انگ۔ Plan) مذکر (۱) تدبیر۔ تجویز۔ ڈھنگ (۲) مسودہ (۳) زمین یا عمارت کا نقشہ۔ خاکہ ٭

پلین (پلین) (انگ۔ Plain) (۱) سادہ (۲) ہموار ٭

پلیتھو (پلیتھو) (ہ) مذکر (۱) گوشت کا شوربا (۲) آٹا یا پسے ہوئے چاول، جو شوربا گاڑھا کرنے کے لیے ملائے جاتے ہیں (۳) زمین جس میں ہل چلانے کے بعد پانی دیا گیا ہو ٭

پ۔م

پمپ (پَمْپ) (انگ Pump) مذکر (۱) لوہے کا نل جس سے زمین سے پانی نکالا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی پچکاری، جس سے ربڑ کے پہیوں وغیرہ میں ہوا بھری جاتی ہے ٭

پمفلٹ (پَم۔ فلٹ) (انگ۔ Pamphlet) مذکر۔ رسالہ۔ چھوٹی کتاب ٭

پَمَن (پَمْ - مَنْ) (ا) مذکر۔ گیہوں کی بہترین قسم ٭

پ - ن

پَن (پَنْ) (ہ) پان کا مخفف ٭ **پَن بَٹّا - پَن ڈِبّا** - مذکر۔ پان رکھنے کا ڈبّا۔
پَن کُٹّی - مؤنث۔ پوپلوں کے لیے پان کوٹنے کا آلہ ٭ **پَنْواڑن** - مؤنث۔
(دہلی) پان بیچنے والی ٭ **پَنْواڑی** - مذکر (۱) پان بیچنے والا (۲) وہ جگہ جہاں
پان کثرت سے ہوں۔ پان کا باغ ٭

پَن (پَنْ) (ہ) پانچ کا مخفف ٭ **پَنْجیری** - مؤنث (عو) (۱) پانچ چیزوں
مثلاً سوجی، میوہ، گوند، سونٹھ، گھی وغیرہ سے مرکب خشک خستہ
حلوا (۲) (ہندو) گوند کھانے، جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں ٭ **پَنْسُورَہ**
مذکر۔ قرآن عزیز کی پانچ سورتوں کا مجموعہ۔ پنج سُورہ ٭ **پَنسیرا** (مذکر)
پَنسیری (مؤنث) (۱) پانچ سیر کا باٹ (۲) وہ دیگچہ جس میں پانچ سیر کھانا
پکے ٭ **پَنشاخہ** - دیکھیے پنج شاخہ ٭

پَن (پَنْ) (ہ) پانی کا مخفف ٭ **پَن بھتّا** - مذکر (۱) پانی میں پکے ہوئے چاول
یا خشکہ (۲) پتلے پکے ہوئے چاول ٭ **پَن بھرا** - مذکر۔ پانی بھرنے والا شخص۔
سقّا۔ بہشتی ٭ **پَن چکّی** - مؤنث۔ چکّی، جو پانی کے زور سے چلتی ہے ٭
پَن چورا - پنچورا - مذکر۔ لڑکوں کے کھیل کا ایک ظرف جس کے پیندے
میں سوراخ ہوتے ہیں۔ جب ظرف کا منہ بند کر دیتے ہیں تو پیندے کے
سوراخوں سے پانی ٹپکنے لگتا ہے ٭ **پَن ڈُبّا** - مذکر (۱) ڈبکی لگانے والا۔ غوطہ خور
(۲) ایک آبی جانور۔ مرغابی ٭ **پَن کال - یا پنیا کال** - مذکر۔ پانی یا
بارش کی کثرت سے فصل کا مارا جانا ٭ **پَن کپڑا** - مذکر۔ پانی سے بھیگا ہوا
کپڑا ٭ **پَنگھٹ** - مذکر (۱) پانی بھرنے کی جگہ۔ مویشی کے پانی پینے کا مقام
(۲) پانی سے پار ہونے کا مقام۔ پانی سے اترنے کی جگہ۔ گھاٹ ٭
پَنھیارا - مذکر۔ پانی بھرنے والا مرد۔ (دہلی میں اس کی تانیث پنھیاری
اور لکھنؤ میں پنھیارن ہے) ٭

پَن (پَنْ) (انگ۔ Pen) مذکر۔ انگریزی قلم ٭

پَن - پَنا (پَنْ - پَنَا) (ہ) (۱) کبھی مصدری معنی دیتے ہیں، جیسے
بالپن۔ اَنوپنا (۲) کبھی سن و سال اور درجے کے محل پر بولتے
ہیں۔ جیسے لڑکپن۔ بچپن (۳) کبھی نسبت کے معنی ظاہر کرتے ہیں،
جیسے۔ پچپن۔ شہدپن ٭

پِن (پِنْ) (انگ۔ Pin) مؤنث۔ گھنڈی والی سوئی، جس سے
کاغذ وغیرہ نتھی کیے جاتے ہیں ٭

پُن (پُنْ) (س) مذکر (۱) خیرات۔ صدقہ۔ زکوٰۃ۔ دان۔ عطا (۲) ثواب کا کام۔
نیک کام۔ کارِ خیر ٭

پَنا (پَنَا) (ف) (فارسی پہنا کا مخرب) مذکر۔ پاٹ۔ آنار۔ چوڑائی۔ بعرض ٭

پَنّا (پَنْ - نَا) (ہ) مذکر (۱) ایک سبز رنگ جواہر۔ زمرد (۲) املی یا آم کی ترشی
میں میٹھا ملا کر گاڑھا بنایا ہوا شربت (۳) (ہندو) کتاب کا ورق۔ چاندی
سونے کے ورق۔ کسی دھات کا ورق (۴) جوتی کے اوپر کا چمڑا۔ اَدگی (۵)
اکثر ہندوؤں کے نام ٭

پَنالا (پَنَا - لَا) (س) مذکر (عوام) دیکھیے "پرنالا" ٭ **پَنالی** (عوام) دیکھیے "پرنالی" ٭
پَنالی پڑنا (عوام) دیکھیے "پرنالی پڑنا" ٭

پَناہ (پَنَاہْ) (ف) مؤنث (۱) سہارا۔ حمایت (۲) دیوار کا سایہ (۳) امن کی جگہ۔
حفاظت کی جگہ (۴) حفاظت۔ بچاؤ (دینا۔ لینا۔ مانگنا۔ ملنا کے ساتھ)۔
پناہ بخدا - خدا کی پناہ ٭ **پناہ دہی** - مؤنث۔ پناہ دینا ٭ **پناہ گاہ** -
مؤنث۔ پناہ کی جگہ۔ عافیت کی جگہ۔ امن کا مقام۔ ملجا۔ مامن ٭
پناہ گیر - پناہ لینے والا۔ پناہ میں آنے والا۔ حفاظت میں آنے والا۔
سہارا لینے والا۔ امن لینے والا ٭

پَنبہ (پَنْ - بَہْ) (ف) مذکر۔ رُوئی۔ کپاس قطن ٭ **پنبہ بگوش** (یا پنبہ
درگوش) (۱) بے خبر۔ غافل (۲) دھیان نہ کرنے والا۔ توجہ نہ کرنے والا
(۳) بات نہ سننے والا (۴) بہرا۔ اصم ٭ **پنبہ دانہ** - مذکر۔ بنولا ٭
پنبہ دوز - پرانے کپڑے سینے والا۔ پیوند لگانے والا۔ گانٹھنے والا ٭
پنبہ دہان - پنبہ دہن - (۱) منہ میں روئی ٹھونسے ہوئے (۲) نہ بولنے
والا۔ کم سخن۔ کم گو۔ چپ۔ خاموش ٭ **پنبۂ مینا** - مذکر۔ روئی، جو شراب
کی بوتل میں لگائی جاتی ہے ٭ **پنبئی** - مؤنث۔ وہ کپڑا جس میں روئی بھری ہو ٭
پنبئی راوٹی - مؤنث (۱) روئی کا بنا ہوا ڈیرا۔ روئی کا خیمہ (۲) روئی کا مکان۔
روئی کا بنگلا (۳) سرد خانہ ٭

پَنپنا (پَنَپْ - نَا) (ہ) (۱) ہوشیار ہونا۔ سنبھلنا (۲) ترو تازہ ہونا۔ سرسبز ہونا (۳)
بڑھنا۔ ترقی کرنا (۴) کمزوری دور ہونا۔ افلاس دور ہونا (۵) پر پرزے
نکالنا (۶) پھدکنا ٭

پَنتھ (پَنْتھْ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) دین۔ مذہب۔ دھرم۔ مت (۲) گروہ۔ ملت۔
قوم۔ فرقہ (۳) راستہ۔ باٹ۔ سڑک ٭

پَنتھی - (پَنْ - تھِی) (ہ) مذکر (۱) پنتھ والا۔ دین دار۔ مذہبی۔ دھرمی ٭
پلتھی پورنا - چار زانو بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا ٭

پَنج (پَنْجْ) (ف) (۱) پانچ۔ ۵ (۲) (چابک سوار) سات برس کا گھوڑا ٭ **پنج آیت** -
مؤنث۔ قرآن کی پانچ سورتیں، جو فاتحہ میں پڑھی جاتی ہیں ٭ **پنج ارکان** -
مذکر (مسلمانوں کی اصطلاح) کلمۂ طیبہ۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ ٭
پنج تن (پنجتن پاک)۔ مذکر (مسلمانوں کی اصطلاح) رسول اللہ (صلی اللہ
علیہ وسلم)، حضرت فاطمۃ الزہرا رض، حضرت علی مرتضیٰ کرم، امام حسن ع، امام حسین ع ٭
پنج روزہ - (۱) پانچ دن کا۔ پانچ روز کا (۲) چند روز کا۔ ناپائدار ٭
پنج سورہ - مذکر۔ دیکھیے "پنسورہ" ٭ **پنج شاخہ** - لوہے کا پنجہ، جو بانس پر
لگا دیا جاتا ہے اور پلیتے لگا کر اسے روشن کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی پانچ
شاخوں والی شمع ٭ **پنج شنبہ** - مذکر۔ جمعرات۔ برہسپت وار۔ مشتری
کا دن ٭ **پنج عیب** - مذکر (۱) پانچ عیب (۲) وہ گھوڑا جس میں یہ
پانچوں عیب موجود ہوں (۱) منہ زور (۲) شب کور (۳) کہنہ لنگ (۴) حشری

(۵) کمری ◊ **پنج عیب شرعی** ۔ مذکر (۱) (اصطلاحی معنی) چوری ۔ زنا ۔ قماربازی ۔ شراب خوری ۔ دروغ گوئی (۲) تمام برائیاں ۔ جملہ عیوب ◊ **پنج گانہ** ۔ مؤنث ۔ پانچوں وقت کی نماز ◊ **پنج گوشہ** ۔ پانچ کونے والا ۔ پانچ کنارے والا ◊ **پنج نوبت** ۔ مؤنث (۱) پانچ وقت کی نوبت، جو بادشاہوں کے در دولت پر بجائی جاتی ہے (۲) (کنایۃً) پانچ وقت کی نماز (۳) پانچوں باجے، جو شادی کی علامت ہیں، یعنی دف، ڈھول، طاسہ ۔ نفیری ۔ دمامہ ◊ **پنج ہزاری** ۔ مذکر ۔ شاہی زمانے کا ایک منصب ◊

پنجاب (پَنْ ۔ جَابْ) (ف) مذکر ۔ پانچ آب ۔ پانچ دریا ۔ وہ مشہور صوبہ، جس میں پانچ دریا، ستلج، بیاس، راوی، چناب اور جہلم بہتے ہیں ۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو تقسیم ہندوستان پر یہ صوبہ دو حصوں میں بٹ گیا (۱) مغربی پنجاب یا پاک پنجاب اور (۲) مشرقی پنجاب ◊ **پنجابی** (۱) پنجاب سے منسوب (۲) پنجاب کا باشندہ (۳) پنجاب کی زبان ◊

پنجاہ ۔ (پَنْ ۔ جَاہ) (ف) پچاس ۔ ۵۰ ۔ ۵۰ ◊

پنجر (پِنْ ۔ جَرْ) (ک) مذکر ۔ پسلی ۔ ڈھانچہ ◊

پنجرہ (پِنْ ۔ جَرَ ۃ) (ف) (اردو میں بہ سکون جیم بھی استعمال کرتے ہیں) ۔ مذکر (۱) پرندوں کے رکھنے کا گھر، جو بانس کی تیلیوں یا لوہے کے تاروں سے بنایا جاتا ہے ۔ قفس (۲) شیروں، دوسرے درندوں اور جانوروں کو بند کرنے کے لیے لوہے کی موٹی سلاخوں کا مضبوط گھر (۳) (مجازاً) قالب انسانی ◊ **پنجری** (ک) مؤنث ۔ چھوٹا پنجرہ ◊

پنجڑی (پَنْجْ ۔ ڑِی) (ک) مؤنث ۔ چوسر کا ایک داؤں ◊

پنجم (پَنْ ۔ جُمْ) (ف) (۱) پانچواں (۲) محصول، جو منجانب حکومت سوداگروں سے لیا جائے ◊ **پنجمیں** ۔ پانچواں ◊

پنجنا (پَنْجْ ۔ نَا) (ک) پیوست ہونا ۔ جڑنا ۔ ملنا ۔ ٹانکا لگنا ◊

پنجوانا (پَنْجْ ۔ وَا ۔ نَا) (ک) جڑانا ۔ پیوست کرانا ۔ ملانا ۔ ٹنکوانا ◊

پنجوں کے بل چلنا (و) (۱) زمین پر پاؤں نہ رکھنا ۔ اترا کر چلنا (۲) غرور کرنا ◊

پنجہ (پَنْ ۔ جَہْ) (ف) مذکر (۱) ہاتھ ۔ دست ۔ چنگل (۲) پنج شاخہ ۔ پنجی (۳) (کنایۃً) سورج کی کرنیں (۴) پانچ نشان والا تاش یا گنجفے کا پتا (۵) وہ ٹیڑھی تیلی، جس سے خاکروب میلا اٹھا کر ٹوکری میں ڈال لیتے ہیں (۶) پانچ سے منسوب (۷) ہاتھ یا پاؤں کی پانچوں انگلیاں مع ہتھیلی کے (۸) جوتے کا اگلا حصہ، جس میں انگلیاں رہتی ہیں (۹) پنج شاخہ (۱۰) پشت خار (۱۱) علم کا بالائی حصہ، جس میں پانچوں انگلیاں مع ہتھیلی کے بنی ہوتی ہیں (۱۲) مٹھی ۔ لپ (۱۳) ایک قسم کی ورزش، جو حریف کی انگلیوں میں پنجہ ڈال کر کی جاتی ہے (۱۴) گرفت ۔ قبضہ ۔ مٹھ (۱۵) قابو (۱۶) (قصاب) پیٹھ سے اوپر کا گوشت (۱۷) حیوانات کا چنگل اور پاؤں (۱۸) پانچ روپیہ (۱۹) اختیار ◊ **پنجۂ آفتاب، پنجۂ خورشید** ۔ مذکر ۔ سورج کی شعاعیں ◊ **پنجہ پھیرنا** (و) (۱) (پہلوانوں کی اصطلاح) (۱) پنجے میں پنجہ ڈال کر مروڑ دینا (۲) (کنایۃً) دبا لینا ۔ غلبہ حاصل کرنا ۔ **پنجہ ٹیکنا** ۔ (کنایۃً) سہارا لینا ۔ گنجائش پانا ◊ **پنجہ کرنا** ۔ آدمی کے پنجے میں پنجہ ڈال کر زور آزمانا ۔ مقابلہ کرنا ◊ **پنجہ کش** (ف) مذکر ۔ (۱) پنجہ کرنے والا (۲) لوہے کا پنجہ، جس میں ہاتھ ڈال کر پنجہ کرنے کی مشق کی جاتی ہے ۔ (۳) ایک قسم کی روٹی، جس میں پانچوں انگلیوں کا نشان پڑا ہوتا ہے ۔ (۴) پنجے سے شکار کرنے والے جانور (۵) سید محمد رضوی دہلوی خوش نویس کا لقب ◊ **پنجہ مارنا** ۔ (و) (۱) جھپٹا مارنا ۔ چنگل مارنا ۔ ہاتھ مارنا (۲) لوٹ مار کرنا ۔ چھین جھپٹ کرنا ◊ **پنجہ مروڑنا (۔ یا ۔ موڑنا)** دیکھیے "پنجہ پھیرنا" ◊ **پنجۂ مریم** (ف) مذکر ۔ ایک قسم کی گھاس، جس پر حضرت مریمؑ نے حضرت عیسیٰؑ کے جننے کے وقت پنجہ مارا تھا اور اس کی شکل پنجے کی سی ہو گئی تھی ◊ **پنجی** ۔ مؤنث ۔ بتیاں جلانے کا آلہ ۔ پنج شاخہ ◊ **پنجے** (و) مذکر ۔ پنجہ کی جمع ◊ **پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا ۔ یا چمٹنا ۔ یا ۔ لپٹنا** ۔ کسی کام میں ہمہ تن یا نہایت مستعدی سے مشغول ہونا ◊

پنجیرا (پَنْجِیْ ۔ رَا) (ک) (ہندو) برتن جھالنے یا مانجھنے والا ۔ برتن میں جوڑ یا پیوند لگانے والا ۔ قلعی گر ◊

پنچ (پَنْچْ) (انگ Punch) مذکر ۔ لندن کا ایک مشہور باتصویر مزاحیہ اخبار، جس میں ہر چیز ظرافت و مزاح کے رنگ میں شائع کی جاتی ہے ◊

پنچ ۔ (پَنْچْ) (ک) (۱) پانچ کا مخفف (۲) قوم کا سردار ۔ ثالث ۔ حَکَم (۳) مشیر ۔ صلاح کار (۴) عام لوگ (۵) دلّال (۶) تانت ۔ کمان ◊ **پنچ بلی کہیں تو بلی ہی سہی** ۔ مثل ۔ سب کی یہی صلاح ہے تو یہی سہی ۔ چار آدمی جو کہیں، وہی ٹھیک ہے ۔ جو سب کی رائے ہو، اسی سے اتفاق کرنا اچھا ہے ◊ **پنچ پاتر** (س) مذکر (۱) پانچ برتن، جو پوجا کرنے میں کام آتے ہیں (۲) پانچ قسم کے پھول پتے وغیرہ، جو پوجا کے کام میں لائے جاتے ہیں (۳) پانچ دھاتوں سے بنا ہوا برتن، جو پوجا کے دوران میں استعمال کیا جاتا ہے (۴) سونا چاندی وغیرہ پانچ دھاتوں سے بنی ہوئی انگوٹھی ◊ **پنچ سلطانی** ۔ مذکر ۔ بادشاہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا ثالث ◊ **پنچ فیصلہ** ۔ مذکر ۔ پنچایت کا کیا ہوا فیصلہ ۔ پنچوں کا طے شدہ معاملہ ۔ قومی انجمن کا فیصلہ ۔ برادری کا حکم ◊ **پنچ لڑی** ۔ دیکھیے "پنج لڑی" ◊ **پنچ مل خدا خدا مل پنچ** ۔ مثل ۔ چار کی صلاح اور مشورے سے کام کرنا گویا خدا کی مرضی سے کام کرنا ہے ◊

پنچا (پَنْ ۔ چَا) (ک) مذکر ۔ دستہ دار لکڑی، جس میں پانچ شاخیں ہوتی ہیں ۔ کسان اس آلے سے کٹے ہوئے غلے کو حرکت دیتے ہیں تاکہ بھوسی دانے سے الگ ہو جائے ◊

پنچامرت ۔ (پَنْ ۔ چَا ۔ مِرْتْ) (س) مذکر (ہندو) پانچ چیزوں یعنی دودھ، دہی، چینی، گھی اور شہد سے بنا ہوا شربت جس سے دیوتاؤں کا اشنان کرتے ہیں ◊

پنچایت (پَنْ - چا - یَت) (ک) مؤنث (۱) پنچوں کی کمیٹی - بھائی بندوں کی مجلس - برادری کی جیوری (۲) جھگڑا دور کرنے کی سبھا - نزاع باہمی رفع کرنے کا جلسہ (۳) ثالثی - مشورہ - صلاح (۴) تکرار - شور و غل (۵) گروہ - مجمع - ہجوم - جگمٹ - ازدحام ÷ **پنچایت جوڑنا** (۱) پنچایت کو اکٹھا کرنا - پنچوں کو جمع کرنا - پنچوں کو بلانا (۲) فیصلہ کرانے کے لیے برادری جمع کرنا (۳) دعوت کرنا - برادری کو کھانا کھلانا (۴) جمع کرنا - اکٹھے ہونا (۵) ہجوم کرنا - ٹکڑ مچانا ÷ **پنچایت خانگی** (و) مؤنث - گھر کی پنچایت، جس میں لوگ نجی طور پر اپنے جھگڑے فیصل کرتے ہیں ÷ **پنچایت سرکاری** - مؤنث - سرکار کی مقرر کی ہوئی پنچایت ÷ **پنچایت کرنا** (ک) فیصلہ کرنا ÷ **پنچایت نامہ** (ک) مذکر - پنچ فیصلہ ÷ **پنچایتی** - (ک) (۱) دیکھیے پنچایت نامہ (۲) پنچایت کا مقرر کیا ہوا (۳) سب کا - ساری برادری کا - عام (۴) ساجھے کا - شرکت کا - شاملاتی - وقف (۵) (عوام) ولد الزنا - حرامی - نطفۂ لاتحقیق ÷ **پنچایتی سالا** - مذکر (عوام) سب کا سالا - جگت سالا - شرکت کا سالا - ہر شخص کا سالا - ایک قسم کی گالی اور مزاح ہے ÷ **پنچایتی فیصلہ** - (ک) مذکر - دیکھیے "پنچ فیصلہ" ÷

پنچم (پَنْ - چَم) (س) مذکر و مؤنث - (۱) پانچواں (۲) راگ کا ایک سُر ÷

پنچمی (پَنْ - چَمی) (ک) مؤنث - چاند کی پانچویں تاریخ ÷

پنچوں کا پیالہ (ک) مذکر (عوام) حقہ - قلیان ÷ **پنچوں کا کہنا سر آنکھوں پر مگر پرنالا یہیں رہے گا** - مثل - ضدی کے متعلق کہتے ہیں کہ اسے لاکھ سمجھایا جائے، کچھ اثر نہیں ہوتا ÷ **پنچوں مِل کیجیے کاج ہارے جیتے آئے نہ لاج** (ک) مثل - اگر پنچوں کی صلاح سے کوئی کام کیا جائے تو ہار جیت میں شرمندہ نہیں ہونا پڑتا ÷

پنچھا (پَنْ - چھا) (ک) مذکر - (۱) زخم کا پانی (۲) رطوبت، جو منہ سے نکلتی ہے (پچھونتا کے ساتھ) ÷

پنچھالا (پَنْ - چھا - لا) (ک) (۱) جو ہر وقت ماں کے پیچھے پیچھے پھرے (۲) کنکوے کی دُم (۳) خدمت گار - نوکر (۴) مصاحب (۵) (مزاحاً) خوشامدی ÷ اب "پچھلا" بولتے ہیں ÷

پنچھی (پَنْ - چھی) (ک) مذکر (۱) پرندہ - پکھیرو (۲) انسان - آدمی ÷

پنچی (پَنْ - چی) (ک) مؤنث - پتلی گیڑی ÷

پند (پَنْد) (ف) مؤنث - نصیحت - نیک صلاح - ہدایت - اپدیش ÷

پندار (پِنْ - دار) (ف) مذکر (۱) رائے (۲) غور و فکر - خیال (۳) تصور (۴) تکبر - نخوت - غرور ÷

پندرہ (پَنْ - دَرَہ) (ک) دس اور پانچ - پانزدہ - ۱۵ - ۱۵ ÷

پندرھواں (۱) ترتیب میں چودھویں کے بعد کا نمبر - پندرہ سے منسوب - (۲) (عو) پندرھواں سال ÷

پنڈ (پِنْڈ) (ک) مذکر (۱) (عو) - بدن - جسم - تن - کالبد - پنڈا (۲) چاول یا آٹے کا گولا، جو ہندو لوگ مُردوں کے نام پر دریا میں چھوڑتے یا گائے کو کھلاتے ہیں (۳) نخوا - بھنڈا ÷ **پنڈ پڑنا** - (۱) پیچھے لگنا - حوالے ہونا - ذمّے ہونا - سر ہونا (۲) واسطہ پڑنا - تعلق ہونا - حوالگی میں آنا - سپردگی میں آنا (۳) حصّے میں آنا ÷ **پنڈ چھٹنا - یا چھوٹنا** (۱) پیچھا چھوٹنا (۲) براءت ہونا - آزادی ملنا - رہائی ہونا - ذمہ داری سے بری ہونا ÷ **پنڈ چھڑانا** (۱) بچنا - پیچھا چھڑانا (۲) نجات دلانا - بچانا ÷ **پنڈ روگ** - مذکر - (۱) بدنی عارضہ - جسمانی بیماری (۲) برص - کوڑھ (۳) تپ کہنہ - دق ÷

پنڈا (پِنْ - ڈا) (ک) مذکر (۱) (عو) بدن - جسم - تن - جسد (۲) گول چیز - گولا (۳) گُلدر (۴) عورت کا اندامِ نہانی ÷ **پنڈا اچھوتا ہونا** (عو) باکرہ ہونا - باعصمت ہونا ÷ **پنڈا پھیکا ہونا** (عو) ذرا سی حرارت ہونا - جسم گرم ہونا ÷ **پنڈا کورا ہونا** - دیکھیے "پنڈا اچھوتا ہونا" ÷

پَنڈا (پَنْ - ڈا) (ک) مذکر (۱) پنڈت - مذہبی رسوم ادا کرنے والا - پروہت - برہمن (۲) پجاری - مجاور (۳) برہمنوں کا ایک فرقہ ÷

پنڈارا (پِنْ - ڈا - را) (ک) مذکر (۱) مرہٹہ (۲) ڈاکو - لٹیرا - غارت گر (۳) جینیوں کا ایک فرقہ ÷

پنڈال (پِنْ - ڈال) (ک) مذکر - شامیانہ - خیمہ - مکان، جو جلسوں کے لیے بانس، بلّی، کپڑے وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے ÷

پنڈالو (پِنْ - ڈا - لو) (ک) مذکر (۱) ایک قسم کا کچالو (۲) (دکن) اروی - گھوئیاں - رتالو ÷

پنڈت (پَنْ - ڈِت) (ک) مذکر (۱) عالم - فاضل - مولوی - پڑھا ہوا (۲) دانا - عقل مند (۳) علم سکھانے والا - پڑھانے والا - استاد - ماسٹر - ٹیچر - معلّم - پاندھا (۴) مذہبی قانون جاننے والا (۵) جوتشی - نجومی (۶) کشمیری - ہندوؤں کا ایک معزز خطاب ÷ **پنڈت مانی** - مذکر - اپنے آپ کو بہت لائق سمجھنے والا شخص ÷ **پنڈتانی** "پنڈت" کی تانیث ÷ **پنڈتائی** - مؤنث (۱) پنڈت کا کام یا پیشہ (۲) پڑھائی لکھائی کرنا - معلمی - ماسٹری (۳) علمیت ÷

پنڈخی (پِنْڈ - خی) (ک) مؤنث - ایک قسم کی فاختہ

پنڈُک (پِنْ - ڈُک) (ک) مؤنث - ایک قسم کی فاختہ ÷

پِنڈلی (پِنْڈ - لی) (ک) مؤنث - ٹخنے اور زانو کے درمیان ٹانگ کا حصّہ - ساق ÷

پنڈول (پِنْ - ڈول) (ک) مؤنث - ایک قسم کی مٹّی، جو دیواروں پر سفیدی کے بجائے پھیری جاتی ہے - پوتا - پوتنی ÷

پنڈی (پِنْ - ڈی) (ک) مؤنث (۱) پنڈا کی تانیث (۲) گولا - پونڈی - گولی - لگدی (۳) مذبح - قربان گاہ - بلدان کی جگہ (۴) رسّی کا گولہ - شیوجی کی مورتی کا گول پتھر، جس پر ہندو لوگ جل چڑھاتے ہیں ÷

پِنَس - فِنَس (پِنَس - فِنَس) (ا) مؤنث - دلھن کو بٹھانے کی سواری - ڈولی - ڈولا - نالکی - پالکی - پینس - فینس ÷

پنس (پَنْس) (انگ ۔ Pence) مذکر ۔ ولایت کا ایک سکہ، جو ایک آنے کے برابر ہوتا ہے ؛

پنسار ہٹا (پَن ۔ سار ۔ ہَٹ ۔ ٹا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے پسر ہٹا ؛

پنساری (پَن ۔ سا ۔ رِی) (ہ) مذکر ۔ دوافروش ۔ عطار ۔ پنساری کی دکان کرنے والا ؛

پنسال ۔ پنسالہ (پَن ۔ سال ؛ پَن ۔ سا ۔ لہ) (ہ) مؤنث (۱) پانی کی پیمائش کا آلہ ۔ سکیل (۲) اوسط (۳) ہموار ۔ مسطح ۔ چورس ۔ برابر (۴) پیاؤ ۔ سبیل ؛

پنسل (پَن ۔ سِل) (انگ ۔ Pencil) ۔ مؤنث ۔ سیسے یا سرمے وغیرہ کا قلم ؛

پنسوئی (پَن ۔ سُو ۔ اِی) (ہ) مؤنث ۔ ڈونگا ۔ چھوٹی کشتی ؛

پنشن (پَن ۔ شَن) (انگ ۔ Pension) مؤنث ۔ وظیفہ، جو خدمت کے صلے میں بڑھاپے کے وقت مقرر کیا جائے ؛ **پنشنر** (انگ ۔ Pensioner) وظیفہ پانے والا ؛

پنکھ (پَنکھ) (ہ) مذکر (۱) پَر ۔ بازو ۔ بال (۲) آنچل ۔ دامن ؛
پنکھ پسارنا (۱) پَر پھیلانا (۲) ہاتھ لمبی کرنا ۔ ہاتھ پھیلانا (۳) (کنایۃً) لالچ کرنا ۔ حرص کرنا ؛

پنکھا (پَنک ۔ کھا) (ہ) مذکر ۔ بادکش ۔ بادزن ۔ بینا ۔ بیجنا (جھلنا، کرنا، کھینچنا، ہلانا، ہونا کے ساتھ) ؛ **پنکھے لگ جانا** ۔ (۱) پنکھوں کا آویزاں ہو جانا (۲) (کنایۃً) (عو) دل دھڑکنا ؛

پنکھڑی (پَنک ۔ کھڑِی) (ہ) مؤنث (۱) پتی ۔ برگِ گل ۔ ورق (۲) پَر ۔ بازو ۔ پنکھ ؛

پنکھی (پَنک ۔ کھی) (ہ) مؤنث (عوام) (۱) چھوٹا پنکھا (۲) ایک قسم کی چڑیا (۳) ایک قسم کا پتنگا ؛

پنکھیا (پَنک ۔ کھیا) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا پنکھا (۲) (لکھنؤ) ایک قسم کا پتنگا، جو شمع پر گرتا ہے ؛

پنکی (پِن ۔ کِی) (ہ) مؤنث (۱) افیون کھانے سے نشے کی حالت ۔ پینک (۲) پینک میں مبتلا ؛

پنگا (پِنگ ۔ گا) (ہ) مذکر ۔ لنگڑا ۔ ٹیڑھی ٹانگوں والا ؛

پنگت ۔ پنگتی (پَنگ ۔ گت ، پَنگ ۔ گتی) (س) مؤنث (۱) قطار ۔ صف (۲) جماعت ۔ مجمع ۔ گروہ ۔ پارٹی ؛

پنگل (پِنگ ۔ گل) (ہ) (۱) دیکھیے پنگا (۲) مذکر ۔ سورج (۳) آگ (۴) شیر (۵) بندر (۶) ایک قسم کا نیولا (۷) علم عروض (۸) ایک قدیم ہندو نحوی (۹) پاتال کا ایک ناگ بادشاہ، جس نے علم عروض پر ایک کتاب لکھی ؛

پنگورا ۔ پنگوڑا (پَنگ ۔ گو ۔ رَا ، پَنگ ۔ گو ۔ ڑا) (ہ) (دہلی) مذکر ۔ ہنڈولا ۔ ایک قسم کا جھولا، جس میں بچوں کو لٹا کر جھوٹے دیتے ہیں ۔ مہد ۔ گہوارہ ۔ پالنا ؛

پننا (پَن ۔ نَا) (ہ) روئی صاف کرنا یا دُھننا ؛

پننا (پِن ۔ نَا) (ہ) (۱) ملامت کرنا (۲) بےعزت کرنا (۳) گالیاں دینا ؛

پنواڑا (پَن ۔ وَا ۔ ڑا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) لمبا چوڑا قصہ ۔ طولانی بات ۔ داستان ۔ کہانی ۔ پرانے واقعات کا اظہار ۔ گزری ہوئی باتوں کا بیان ؛

پنوانا (پِن ۔ وَا ۔ نَا) (ہ) گالیاں دلوانا ۔ باپ دادا کو برا بھلا کہلوانا ۔ لعن طعن کرانا ؛

پنہاں (پِن ۔ ہَاں) (ف) پوشیدہ ۔ خفیہ ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی ؛

پنہانا (پَن ۔ ہَا ۔ نَا) (ہ) دودھ دوہنے کے لیے تھنوں کو پانی سے دھونا ؛

پنھانا (پِنھَا ۔ نَا) (ہ) زیب تن کرانا ۔ پہنانا ۔ اوڑھانا ۔ ڈالنا ۔ باندھنا ؛ (متروک)

پنھتر بگاڑ دینا (ہ) (عوام) پریشان کر دینا ۔ حواس بگاڑ دینا ؛

پنہی (پَن ۔ ہِی) (ہ) (عوام) مؤنث ۔ جوتی ۔ کفش ۔ پاپوش ۔ سلیپر ؛

پنھیارا ۔ پنھیاری (ہ) دیکھیے پَن (پانی) ؛

پنی (پَن ۔ نِی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) رانگ ۔ چاندی یا پیتل کا ورق (۲) جوتی کا وہ چمڑا، جس پر روغن لگا کر گھوٹ دیا جاتا ہے (۳) جوتی کا وہ حصہ، جس پر کلابتون کا کام کیا ہوا ہوتا ہے ۔ (۴) ایک قسم کی لمبی گھاس ؛

پنی (پِن ۔ نِی) (ہ) مؤنث (۱) چاولوں کے آٹے اور گُڑ کا لڈو (۲) بھنے ہوئے گیہوں اور گُڑ کا لڈو (۳) نشاستہ، مونگ ۔ ماش ، السی وغیرہ کا لڈو ؛

پنیا (پَن ۔ یَا) (ہ) (۱) پانی کا (۲) پانی میں رہنے والا (۳) بدمزہ ۔ پھیکا ؛
پنیا سوت (ہ) مذکر ۔ پانی نکلنے کی جگہ ۔ پانی کا منبع ۔ پانی کا چشمہ ؛
پنیانا ۔ (۱) پانی میں بھگونا ۔ پانی سے تر کرنا ۔ پانی لگانا (۲) سینچنا ۔ آب پاشی کرنا ۔ سیراب کرنا (۳) پانی نکلنے لگنا ۔ رسنے کے لائق ہونا ۔ تر ہونا ؛

پنیا تما (پَن ۔ یا ۔ تمَا) (س) کریم ۔ داتا ۔ فیاض ۔ سخی ؛

پنیالا (پَن ۔ یا ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) جامن کے برابر عنابی رنگ کا ایک پھل (۲) پانی کا (۳) پانی کے مزے کا ۔ بدمزہ ۔ پھیکا ؛

پنیائی (پُن ۔ یا ۔ اِی) (ہ) مؤنث (۱) نیکی کا پھل (۲) نیک نیتی (۳) شرافت اور اس کا نتیجہ (۴) بزرگوں کا پُن، جس کا فائدہ اولاد کو پہنچے ؛

پنیر (پَن ۔ یَر) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا شکاری کتا، جو شکار کی بو پہچانتا ہے ؛

پنیر (پَنِیر) (ف) مذکر (۱) کھانے کی نمکین چیز، جو خاص ترتیب سے دہی کا پانی نکال کر بنائی جاتی ہے (۲) نچوڑا ہوا دہی ؛ **پنیر جمانا** (ہ) (۱) پنیر کی

چکتیاں بنانا (۲) (دہلی) کسی بات کی بنیاد ڈالنا (۳) (لکھنؤ) شپا لگانا۔ کوئی ایسا کام شروع کرنا، جس سے بہت سے کام نکلیں ٭ **پنیر چٹانا** (دہلی) (۱) خوشامد کرنا۔ لالچ دینا (۲) رشوت دینا۔ کچھ دے کر دوست بنانا (۳) راغب کرنا۔ مانوس کرنا۔ ہلانا (۴) قابو میں لانا۔ گانٹھنا ٭ **پنیر کے ساتھ خشکا کھاؤ** ۔ اپنی راہ لو۔ خوش رہو۔ اپنا کام کرو ٭ **پنیر مایہ** (ف) مذکر۔ حیوانوں کے بچوں کے پیٹ میں جما ہوا دودھ۔ بچھڑے کی لاگ سے پھاڑا ہوا دودھ ٭

پنیری (پَنِیْ ـ رِی) (ھ) مؤنث (۱) پنیر کی جگہ۔ ذخیرہ۔ پود کی جگہ۔ بیج بونے کا مقام (۲) کھٹے کا گودا، جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے ٭ **پنیری جمانا** ۔ (۱) پودا لگانا۔ بونا (۲) جڑ جمانا۔ قائم کرنا۔ نصب کرنا (۳) بنیاد ڈالنا۔ قابو میں لانا ٭

پنیلا (پَنِیْ ـ لَا) (ھ) (۱) پانی کا۔ پانی والا۔ (۲) ایک قسم کا کیڑا ٭

پ ـ و

پَو (پَوْ) (ھ) مؤنث۔ سپیدۂ صبح۔ صبح صادق۔ سویرا۔ تڑکا ٭ **پَو پھٹنا یا پھوٹنا** ۔ صبح ہو جانا۔ تڑکا ہو جانا ٭

پَو (پَوْ) (ھ) مؤنث (۱) مویشی کو پانی پلانے کی جگہ (۲) سبیل۔ پیاؤ ٭

پَو (پَوْ) (ھ) مذکر۔ پاؤ کا مخفف ٭ **پوسیرا** ۔ مذکر۔ پاؤ سیر کا وزن۔ بیس تولے کا باٹ ٭ **پوسیری** (۱) سیر میں پاؤ بھر (۲) پاؤ بھر پیمانہ یا چیز ٭ **پوقدمی چال** ۔ مؤنث۔ وہ چال جس میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھے جائیں ٭

پَو (پَوْ) (ھ) مؤنث (قمار باز) (۱) پانسوں کا صفر۔ پانسے میں جب دس، پچیس، تیس آئیں تو ایک ایک پو کا استحقاق ہوتا ہے، یعنی ایک خانہ زائد شمار کیا جاتا ہے۔ نرد بازوں کی اصطلاح میں اس کے معنی ایک کے ہیں۔ اصل میں کعبتین کے صفر کو کہتے ہیں ٭ **پو بارہ** ۔ مذکر (۱) بارہ داؤں کی ایک پو کا حاصل (۲) (کنایۃً) ہر طرح جیت ٭ **پو بارہ ہونا** (۱) قمار بازی میں جیت کا پانسا پڑنا (۲) مال ہاتھ لگنا۔ گہرے ہونا۔ فائدہ ہونا (۳) بن آنا (دہلی میں "پو بارے ہونا" بھی کہتے ہیں) ٭ **پو چھکا** ۔ مذکر (قمار باز) جوا ٭ **پو چھکے اڑنا** ۔ عیش میں بسر ہونا ٭ **پو کی آمد** ۔ مؤنث۔ پچیسی چوسر میں پو کا زیادہ آنا ٭

پُوآ (پُوْ ـ آ) (ھ) مذکر۔ پوڑا۔ پکوڑا۔ گلگلا ٭

پَوّا (پَوْ ـ وَا) (ھ) مذکر (۱) سیر کا چہارم حصہ۔ چار چھٹانک کا باٹ (۲) شراب کی بوتل جس میں پاؤ بھر سیال چیز (خصوصاً شراب) سمائے (۳) چوتھائی ٭

پُوَّا (پُوْ ـ وَا) (ھ) مذکر (عوام) (۱) سانپ کا بچہ (۲) ایک قسم کی گھاس ٭

پلواج (پَلْ ـ وَاج) (ع) مذکر (۱) پاجی کی جمع بہ قاعدۂ عربی (۲) کمینے یا ادنیٰ لوگ ٭

پواڑا (پَوَا ـ ڑَا) (دیوناگری) (۱) لمبا چوڑا بیان (۲) طویل افسانہ ٭

پوال (پَوَال) (ھ) مؤنث (دہلی) سوکھی گھاس۔ پھوس۔ وہ سوکھی گھاس، جو بیل کھاتے ہیں۔ دیکھیے "پیال" ٭

پُوانا (پُوَا ـ نَا) (ھ) (۱) پونا کا متعدی۔ دھاگا ڈلوانا (۲) روٹی پکوانا (۳) دھوپ یا بھاپ سے گرم ہونا۔ دھوپ سینکنا ٭

پوائی (پَوَا ـ ئِی) (ھ) مؤنث (۱) جوتے کا پاؤں (۲) گھوڑا باندھنے کی زنجیر۔ بیڑی۔ سلاسل ٭

پوپ (پُوْپ) (انگ۔ Pope) مذکر۔ رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا پادری۔ پاپائے روم ٭

پوپٹا (پُوْپ ـ ٹَا) (ھ) مذکر۔ اندامِ نہانی۔ پیشاب کی تھیلی۔ پھکنا ٭

پوپلا (پُوْپ ـ لَا) (ھ) بے دانت کا، جس کے دانت گر گئے ہوں۔ **پوپلی** ۔ پوپلا کی تانیث ٭ **پوپلے سے ہڈی نہیں چبتی** ۔ مثل۔ کمزور سے سخت کام نہیں ہو سکتا ٭

پوپنی (پُوْپ ـ نِی) (ھ) مؤنث۔ منہ سے بجانے والا ایک باجا ٭

پوپو (پُوْ ـ پُوْ) (ھ) مؤنث۔ پاخانے کا مقام۔ مقعد ٭

پوت۔ پونتھ (پُوْت، پُوْنتھ) (ھ) مؤنث (۱) کانچ کا چھوٹا سوراخ والا دانہ (۲) (عوام) نوبت۔ باری ٭ **پوت پوری کرنا** (دہلی) (عو) کمی پوری کرنا۔ کسی نہ کسی طرح کام انجام دینا ٭ **پوت کا چھلا نہیں** ۔ (عو) زیور کی قسم سے کوئی چیز باقی نہیں ٭

پُوت (پُوْت) (ھ) مذکر (ہندو) بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ پتر۔ لڑکا ٭ **پوت بہو** ۔ مؤنث۔ پوتے کی بیوی ٭ **پُوت بیگانے چومیے منہ رالوں بھر بیٹے** ۔ کہاوت۔ پرائی اولاد سے محبت بے فائدہ ہے ٭ **پوت فقیری کا چال چلے احدیوں کی** ۔ مثل۔ اس غریب کے متعلق کہتے ہیں، جو امیرانہ وضع رکھے ٭ **پوت کپوت ہو تو ہو، پر ماں کماں کبھی نہیں ہو سکتی** ۔ بیٹا ماں سے برا سلوک کرے تو کرے، لیکن ماں بیٹے سے ایسا نہیں کر سکتی ٭ **پُوت کے پاؤں (نو) پالنے (ہی) میں (معلوم ہوتے یا دیکھے جاتے) پہچانے جاتے ہیں** ۔ مثل۔ اولاد کی نیک بختی اور بدبختی کا حال بچپن ہی میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ برائی بھلائی کے آثار شروع ہی میں معلوم ہو جاتے ہیں ٭ **پوتوں پھلے** ۔ (دعا) بہت سے بیٹے پیدا ہوں ٭

پوتا (پُوْ ـ تَا) (ھ) مذکر (۱) بیٹے کا بیٹا۔ نبیرہ (۲) اولاد (۳) پچارا، کوچی۔ برش (۴) سفید مٹی۔ سفیدی۔ پوتنی (۵) لگان۔ زمین کا محصول ٭ **پوتا پھیرنا** ۔ (۱) سفید مٹی سے رنگنا۔ دیواروں کو سفیدی لگانا (۲) پچارا پھیرنا ٭ **پوتی** ۔ مؤنث۔ بیٹے کی بیٹی ٭

پوتڑا (پُوْت ـ ڑَا) (ھ) مذکر۔ بچے کے نیچے رکھنے کی گدی، جو بستر کو غلاظت سے محفوظ رکھتی ہے (دھوتا کے ساتھ) ٭ **پوتڑوں کا امیر یا رئیس یا نواب** ۔ (۱) مذکر۔ پیدائشی امیر۔ خاندانی رئیس۔ قدیم نواب ٭

پوتڑوں کا دلدّری - مذکّر (دہلی) ہمیشہ کا غریب - بڑا مفلس - قدیم کنگال ۔

پوتنا (پوت - نا) (ہ) (۱) کوچی پھیرنا - پوتنا پھیرنا (۲) مذکّر - پوتا - کوچی ۔ **پوتنا پھیرنا** - پچارا پھیرنا - سفیدی کرنا ۔

پوتھا (پو - تھا) (س) مذکّر - بڑی قلمی کتاب، جس کے لمبے ورق الگ الگ لکھ کر درمیان سے سی دیئے گئے ہوں ۔ **پوتھی** - مؤنّث (۱) ہندوؤں کی مذہبی کتاب (۲) علم نجوم کی کتاب (۳) علم موسیقی کی کتاب (۴) لہسن کی گرہ ۔

پوتھیا (پو - تھیا) (ہ) مؤنّث - تمباکو کی تھیلی، جسے گنوار لوگ پگڑی میں رکھ لیتے ہیں ۔

پوٹ (پوٹ) (ہ) مؤنّث (۱) گٹھڑی - بنڈل - بوجھ - پشتارہ - گٹھڑ - انبار (باندھنا کے ساتھ) (۲) کفن کی چادر (۳) افراط - کثرت - زیادتی (۴) دو ورقوں کے درمیان کی سادہ جگہ ۔ **پوٹ کی چادر** (۱) مؤنّث - کفن کے اوپر کی چادر، جو مردے کے ساتھ قبر میں دفن کی جاتی ہے ۔

پوٹا (پوٹ - ٹا) (ہ) مذکّر (۱) جانوروں کا معدہ - پیٹ - معدہ (۲) اصل حیثیت - بساط (۳) مجال - طاقت (۴) پرندے کا وہ بچّہ، جس کے پر نہ نکلے ہوں ۔ **پوٹا تر ہونا** (ل) (۱) شکم سیر ہونا (۲) (کنایۃً) مال دار ہونا - دولت مند ہونا - خوش ہونا - جمع جتھا ہونا (۳) بے فکر ہونا - بے پروا ہونا ۔

پوٹاش - دیکھیے "پٹاس" ۔

پوٹلا (پوٹ - لا) (ہ) مذکّر - بڑا بنڈل ۔ **پوٹلی** - مؤنّث (۱) بہت چھوٹی تھیلی - بہت چھوٹی گٹھڑی (۲) کپڑے کی دھجی، جس میں دوا باندھ کر بھگوتے یا لگاتے ہیں ۔

پوجا (پو - جا) (ہ) مؤنّث (۱) بندگی - عبادت - پرستش (۲) ٹہل - خدمت - سیوا (۳) نذر - نیاز - چڑھاوا - منّت - بھینٹ - قربانی ۔ **پوجا پاٹ** - مؤنّث - پرستش - عبادت - بندگی ۔ **پوجنا** - (۱) عبادت کرنا (۲) نذر کرنا (۳) بیجا خرچ کرنا - کسی کو ناحق روپیہ دے دینا ۔ **پوجیہ** (س) عزّت یا پرستش کے لائق - بزرگ ۔ **پوجیہ پاد** - مذکّر (۱) تعظیم یا پرستش کے لائق پاؤں (۲) وہ بزرگ، جس کے پاؤں تعظیم یا پرستش کے لائق ہوں ۔

پوچ (پوچ) (ف) (۱) مہمل - بیہودہ - لغو - بے معنی - خالی - بے مغز (۲) ہیچ - کمینہ - پاجی - حقیر - ذلیل (۳) یاوہ گو - ہرزہ سرا ۔ **پوچ گو - پوچ مغز** (کنایۃً) فضول بکنے والا - احمق ۔ **پوچ لچر** - مہمل - بے اصل - ضعیف - نہایت سست ۔

پوچھ (پوچھ) (ہ) مؤنّث - (۱) تفتیش - دریافت - تلاش - پرسش (۲) خواہش - ضرورت (۳) آؤ بھگت - عزّت (۴) پوچھنا کا امر ۔ **پوچھ پاچھ** - مؤنّث - دریافت - تفتیش - تحقیقات ۔ **پوچھ گچھ** - مؤنّث (۱) تحقیق - تفتیش - استفسار (۲) عزّت - تواضع - خاطر داری ۔ **پوچھا** - (۱) پوچھنا کا ماضی مطلق - دریافت کیا - استفسار کیا (۲) مذکّر - استخارہ ۔ **پوچھا پاچھی** - مؤنّث (۱) دریافت - تفتیش - تحقیقات - پوچھ گچھ (کرنا کے ساتھ) (۲) استخارہ کرانا ۔

پوچھتے پوچھتے خدا کا گھر مل جاتا ہے ، پوچھتے پوچھتے دِلّی پہنچ جاتے ہیں - (۱) مثل - جستجو اور محنت سے کامیابی حاصل ہو جاتی ہے ۔ **پوچھن** - مؤنّث (۱) تعبیر، فال، شگون کا پھل - استخارے کا نتیجہ (۲) استفسار کا جواب - سوال کا جواب (۳) (بہ واو مجہول) کھرچن - جھاڑن جھوڑن (۴) نجاست صاف کرنے کی چیز جیسی ۔ دیکھیے "پونچھن" **پوچھنا** (بہ واوِ مجہول) جھاڑنا - رگڑنا - کھرچنا - صاف کرنا - پاک کرنا - دیکھیے "پونچھنا" ۔ **پوچھنا** (بہ واوِ معروف) (۱) واقفیت حاصل کرنا - معلوم کرنا - دریافت کرنا (۲) (عو) دعا سلام کہنا - خیر و عافیت دریافت کرنا (۳) بیمار کا حال دریافت کرنا (۴) اجازت حاصل کرنا (۵) ملتفت ہونا - متوجہ ہونا (۶) مشورہ کرنا - صلاح لینا (۷) آؤ بھگت، قدر و منزلت کرنا - (۸) نان نفقہ کا خبر گیر ہونا - خبر لینا (۹) مدد کرنا (۱۰) طلب کرنا - بلانا (۱۱) (سلبی معنی میں) "پوچھنا کیا ہے" حد نہیں - شمار نہیں - یقینی ہے ۔ **پوچھو دن کی ، بتائے رات کی** - مثل (عو) سوال کچھ، جواب کچھ ۔ **پوچھو زمین کی تو کہے آسمان کی** - سوال اَور، جواب اَور - اوّل جلوّل باتیں کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں ۔

پَود (پَود) (ہ) مؤنّث (۱) ایک چھوٹا درخت - وہ درخت جو ایک جگہ بو کر دوسری جگہ لگایا جا سکے (۲) نسل - خاندان - جنس ۔ **پود جمانا - یا لگانا** - (۱) (کنایۃً) بنیاد قائم کرنا - مقصد حاصل کرنے کی ترکیب کرنا - مطلب برآری کی تدبیر کرنا - سلسلہ نکالنا (۲) پودے کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا - پیڑ نصب کرنا (۳) واسطہ ڈالنا - تعلق قائم کرنا (۴) حمل کرنا یا کرانا - گربھ رکھنا یا رکھوانا ۔

پُود (پُود) (ف) بانا، جو تانے میں ڈال کر کپڑا بنا جاتا ہے - دونوں کو تار پود کہتے ہیں - اُردو والے یہ لفظ تنہا اِن معنی میں استعمال نہیں کرتے ۔

پَودا (پَو - دا) (ہ) مذکّر (۱) نیا پیڑ - نونہال (۲) نوجوان - نوخیز - طفل - بچّہ (۳) ریشمی یا سُوتی ڈوری، جو بلبل کی پیٹی میں باندھی جاتی ہے - بلبل کی پیٹی (۴) نوعمر کسبی - نوچی ۔ **پودا لگانا** - چھوٹا درخت ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا - چھوٹا پیڑ جمانا ۔

پُوددار (پُود - دار) (فوطہ دار کا مخرّب) مذکّر - (۱) محصول لینے والا عہدہ دار (۲) خزانچی ۔

پودنا (پود - نا) (ہ) مذکّر (۱) پدّا - ایک چھوٹا پرندہ، جو اکثر درختوں پر پھدکتا پھرتا ہے (۲) بونا - بالشتیا ٹھنگنا - پست قد (۳) کم حیثیت ۔ **پودنا سا** (۱) ذرا سا چھوٹا سا (۲) بے حقیقت ۔

پودھا (ہ) مذکّر - دیکھیے "پودا" ۔

پودینہ (پو - دی - نہ) (ف) مذکّر - ایک قسم کی تیز خوشبودار بوٹی جس کی چٹنی بنائی جاتی ہے - نعناع ۔

پَوڈر (پَو - ڈر) (انگ - Powder) مذکّر (۱) برادہ - سفوف (۲) سفید باریک پسی ہوئی دوا جو خوبصورتی کے لیے چہرے پر لگائی جاتی ہے ۔

پَور (پَور) (ہ) مؤنّث (۱) انگلی کا جوڑ - انگلی - گرہ - جوڑ - گانٹھ - بند (۲) دو گانٹھوں کا درمیانی حصّہ (۳) مذکّر - بانس، گنے، لاٹھی وغیرہ کی دو گرہوں

کے بیچ کا فاصلہ ۰ پور پور - مذکر (۱) بند بند - ہر پور میں (۲) انگلی کی ہر گانٹھ - انگل - قاش ۰

پُوْر (پُوْر) (ہ) مذکر - شہر، قصبہ، گاؤں، قریہ، دِہ، معمورہ، آبادی، بستی ۰

پُوْر (پُوْر) (ف) مذکر - بیٹا ۰

پُوْرا (پُوْ - رَا) (ہ) مذکر (۱) لکڑی کا گول ٹکڑا (۲) (تشبیہاً) گول متھول - موٹا تازہ بچہ ۰

پُوْرا (پُوْ - رَا) (ہ) (۱) تجربہ کار (۲) ٹھیک (۳) سب - کل (۴) مکمل (۵) لبریز - لبالب (۶) کامل (۷) (عو) مذکر - قوت - مقدرت - طاقت (متروک) (۸) سارا - پکا - بڑا (۹) کافی - وافی ۰ **پورا اترنا** - (۱) کامیاب ہونا - جانچ میں کامل نکلنا - وزن میں ٹھیک ہونا (۲) کام کا خاطر خواہ انجام پانا - منشا کے مطابق ہونا ۰ **پورا پورا** - بالکل - کامل ۰ **پورا ڈالنا** - (۱) تمام کرنا - ختم کرنا - انجام کو پہنچانا - گزارہ کرنا (۲) آخر تک ساتھ دینا - وفا کرنا - نباہنا ۰ **پورا ہونا** - (۱) کافی ہونا (۲) انجام کو پہنچنا - ختم ہونا، تمام ہونا (۳) بچوں کا توں ہونا - بے کم و کاست ہونا - ٹھیک ہونا (۴) بالغ ہونا - جوان ہونا (۵) مکمل ہونا - کامل ہونا (۶) لبریز ہونا - لبالب ہونا - بھرپور ہونا (۷) اُمید بر آنا - کامیاب ہونا (۸) ہو چکنا - عمرِ طبعی کو پہنچنا - مرجانا ۰

پُورب (پُوْ - رَب) (ہ) مذکر - مشرق - نکلنے کی جگہ - جائے طلوع - سورج نکلنے کی سمت یا طرف - باختر - خاور ۰ **پورب جاؤ یا پچھم وہی کرم کے لچھن** - مثل - دیکھیے "پچھم جاؤ کرم کے لچھن ......" ۰

پُوربی (۱) پورب سے منسوب - پورب کی زبان (۲) ایک راگنی (۳) ایک قسم کا تمباکو (۴) ایک قسم کا چاول ۰ **پوربی زردہ** - مذکر - ایک قسم کا میٹھے کا تمباکو، جو اکثر عورتیں کھاتی ہیں - تمباکو کا لمبا پتھا - پتا ۰ **پوربیا** - مذکر - پورب کا رہنے والا - پوربی آدمی - پورب کا باشندہ ۰

پورٹ (پُوْرْٹ) (انگ - Port) مذکر - جہاز کے ٹھہرنے کی جگہ، بندرگاہ ۰

پورٹ بلیئر (انگ - Port Blair) مذکر - جزائر انڈمان کا صدر مقام اور بندرگاہ، جہاں عمر بھر کے قیدی بھیجے جاتے ہیں ۰

پورٹ ٹرسٹ (انگ - Port Trust) مذکر - بندرگاہوں کے انتظام کی مجلس ۰ **پورٹ مینٹو** (انگ - Port manteau) مذکر - کپڑوں کا چرمی بکس - سفری چرمی بیگ ۰ **پورٹ وائن** (انگ - Port Vine) مؤنث - ایک قسم کی شراب ۰ **پورٹر** (پُوْر - ٹَر) (انگ - Porter) مذکر - قلی - مزدور ۰

پُورن (پُوْ - رَن) (س) (۱) پورا - تمام - کامل - مکمل - بھرپور (۲) پکا (۳) ٹھیک ۰ **پورن سوراجیہ** (س) مذکر - پوری حکومت - خود اختیاری - کامل آزادی ۰ **پورن ماشی** - مؤنث (ہندو) چاند کے اُجالے پاکھ کی آخری تاریخ - چاند کے پورا ہونے کی تاریخ - چودھویں رات - شب بدر ۰

پُوروا (پُوْر - وَا) (ہ) (۱) پورب کا - مشرقی (۲) مؤنث - مشرقی مرطوب ہوا، جو پانی لاتی ہے - بادِ صبا (اب ان معنی میں پُروا مستعمل ہے) (۳) پور کی تصغیر، چھوٹی بستی ۰

پُورہ (پُوْ - رَہ) (ہ) مذکر - چھوٹی بستی (مرکبات میں اردو روزمرہ میں ہے، جیسے شیخوپورہ) ۰

پُوری (پُوْ - رِی) (ہ) مؤنث - چھوٹا پور (گنے یا پونڈے کا)، گنے یا بانس وغیرہ کا وہ حصہ جو گرہوں کے درمیان ہوتا ہے ۰

پُوری (پُوْ - رِی) (ہ) مؤنث - گھی میں تلی ہوئی روٹی ۰

پُوری (پُوْ - رِی) (ہ) ساری - کامل - تمام ۰ **پوری پڑنا** (عو) (۱) پورا پڑنا - کامیاب ہونا (۲) کفایت کرنا ۰ **پوری نہ پڑنا** - گزارہ نہ ہونا - گزر نہ ہونا - کافی نہ ہونا ۰ **پورے دنوں (سے) ہونا** - (عو) نو مہینے کا حمل ہونا - وضع حمل کے دن قریب ہونا ۰

پُوڑا (پُوْ - ڑَا) (ہ) مذکر - چینی اور سوجی کا قوام کرکے گھی میں تلا ہوا گلگلا ۰

پُوڑھا (پُوْ - ڑھَا) (ہ) (عو) (۱) مستحکم - مضبوط (۲) خوش حال - مال دار ۰

پُوڑھنا (پُوْڑھ - نَا) (ہ) (ہندو) (عوام) لیٹنا - آرام کرنا ۰

پُوز (پُوز) (ف) مذکر (۱) ہونٹ - منہ (گھوڑے کا) (۲) پوزمال ۰ **پوزمال** - مذکر - وہ رسی، جو نعل بندی کے وقت سرکش گھوڑے کے منہ پر باندھ دی جاتی ہے ۰ **پوزی** - مؤنث - تسمہ، جو گھوڑے کے دہانے کے گرداگرد رہتا ہے - گھوڑے کے ساز کا ایک حصہ - گھوڑے کا پیش بند - مُہری ۰

پُوس (پُوس) (ہ) مذکر - ہندی نواں اور فصلی چوتھا مہینا، جو تقریباً ۱۵ دسمبر سے ۱۵ جنوری تک رہتا ہے ۰

پُوست (پُوسْت) (ف) مذکر (۱) کھال، چمڑا، چرم، بدن کا ظاہری حصہ، جلد (۲) ایک پودے کا پھل یا ڈوڈا، جس کے اندر سے خشخاش نکلتی ہے (۳) بکل - چھلکا ۰

پوست اُتارنا یا کھینچنا - اگلے زمانے میں سنگین جرم کی ایک سزا ۰

پوست کندہ - بے لاگ - علانیہ - صاف صاف - کھلم کھلا - کھری کھری ۰

پوستی - (۱) افیونی (۲) کاہل - جھول - آلکسی - سست - ڈھیلا - مخبوط - بے خبر - غافل (۳) خشخاش کے ڈوڈے گھول کر نشے کے طور پر پینے والا ۰ **پوستین** - (دہلی میں مذکر، لکھنؤ میں مؤنث) بالوں والے چمڑے کا کوٹ - کھال کی پوشش - کھال کا کرتا - چمڑے کا چغہ - چرمی لباس ۰ **پوستین کرنا** (لکھنؤ) عیب جوئی کرنا ۰

پوسٹ (پُوسْٹ) (انگ - Post) مذکر (۱) ڈاک - خط - چٹھی (۲) عہدہ - جگہ (۳) چوکی ۰ **پوسٹ آفس** (Post - Office) مذکر - ڈاکخانہ ۰

پوسٹل گائیڈ (انگ - Postal Guide) مؤنث - وہ کتاب، جس میں ڈاکخانے کے قواعد اور ڈاکخانوں کے نام درج ہوتے ہیں ۰ **پوسٹ مارٹم** (انگ - Postmortem) مذکر - موت کے بعد نعش کا طبی معاینہ ۰

پوسٹ ماسٹر (انگ - Postmaster) مذکر - ڈاکخانے کا افسر ۰ **پوسٹ ماسٹر جنرل** (انگ - Postmaster General

مذکر۔ ڈاک خانے کے محکمے کا سب سے بڑا افسر ÷ **پوسٹ مین**۔ (Postman) مذکر۔ ڈاکیا۔ خط رساں۔ ڈاک تقسیم کرنے والا۔ ڈاک کا ہرکارہ ÷

پوسنا (پَوس۔نا) (ہ) (۱) پرورش کرنا۔ پالنا (۲) تعلیم و تربیت دینا (۳) دودھ پلانا (اردو میں پالنا کے ساتھ استعمال میں ہے) ÷

پوش (پَوش) (ف) (۱) پوشیدن کا امر (۲) "پیش شو" کا مخفف۔ گاڑی بان وغیرہ لوگوں کو آگے سے ہٹانے کے لیے یہ کلمہ بار بار کہتے ہیں ÷ **پوشاک** مؤنث۔ لباس۔ پہننے کے کپڑے۔ پہناوا ÷ **پوشاک بڑھانا** (و) (عو) کپڑے اتارنا۔ لباس اتارنا ÷ **پوشاکی**۔ لباس کے لائق۔ پوشاک بنانے کے قابل کپڑا۔ عمدہ لباس ÷ **پوش پوش** (ف) ہٹو ہٹو۔ بچو بچو۔ کنارے ہو۔ سرکو۔ ایک جانب ہو ÷ **پوشش** (مؤنث) (۱) پہننا (۲) غلاف۔ اوپر ڈالنے کا کپڑا (۳) لباس (لکھنؤ میں انسان کے لیے پوشاک، غیر ذی روح اور حیوان مطلق کے لیے پوشش کہتے ہیں) ÷ **پوشیدگی** ۔ مؤنث۔ (۱) چھپانا۔ اخفا (۲) پردہ۔ خلوت تنہائی (۳) پردہ داری۔ گوشہ نشینی ÷ **پوشیدہ** (۱) مخفی۔ چھپا ہوا۔ پنہاں۔ خفیہ۔ گپت (۲) درپردہ۔ پیٹھ پیچھے (رکھنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ÷

پوکنا (پَوک۔نا) (ہ) گھوڑے کا پتلی لید کرنا ÷

پوکھر (پو۔کھر) (ہ) مذکر (۱) جوہڑ۔ تالاب۔ ساگر (۲) پٹے بازی کی ایک ضرب، جو حریف کی دائیں طرف کمر پر ماری جاتی ہے ÷

پول۔ (پَول) (ہ) مذکر (۱) کھوکھلا پن (۲) (قصابوں کی اصطلاح) گوشت ÷

پول (پُول) (ف) مذکر (۱) پیسا۔ نقدی (۲) **پولِ سیاہ** ۔ مذکر۔ تانبے کا پیسا ÷

پول (پَول) (انگ۔ Pole) مذکر۔ (۱) ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ (۲) پولینڈ کا باشندہ ÷

پُولا (پُو۔لا) (ہ) مذکر (۱) گھاس کا مٹھا (۲) کانس یا پھوس کا گٹھا ÷ **پولی** ۔ مؤنث۔ چھوٹا پولا۔ مکئی، جوار، باجرے کی گڈی ÷ **پولے تلے گزران کرنا**۔ (و) (دہلی) بے سروسامانی کی حالت میں گزر کرنا۔ تنگ دستی کی حالت میں بسر کرنا ÷

پولا (پَو۔لا) (ہ) (۱) کھوکھلا۔ خالی۔ جوف دار (۲) نازک۔ کومل۔ ملائم۔ نرم (۳) سبک۔ ہلکا۔ (مؤنث کے لیے پولی) ÷

پولاد (پُو۔لاد) (ف) (۱) فولاد۔ ایک قسم کا نہایت اچھا مضبوط لوہا۔ اسپات (۲) مستحکم۔ پکا۔ مضبوط۔ سخت ÷

پولک (پُو۔لک) (ہ) مذکر (۱) تیر کا چھوٹا پھل (۲) گھاس کا مٹھا، جو ایک لمبے بانس کے سرے پر باندھ کر مست ہاتھی کو ڈراتے ہیں ÷

پولن (پَو۔لن) (ہ) مذکر۔ پھولوں کا غبار ÷

پولو (پَو۔لو) (انگ۔ Polo) مؤنث۔ چوگان کی قسم کا ایک انگریزی کھیل، جو گھوڑے پر چڑھ کر لکڑی کی گیند اور لمبے ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے ÷

پولی (پَو۔لی) (ہ) مؤنث۔ (ہندو) (۱) پھاٹک۔ دروازہ (۲) دہلیز۔ ڈیوڑھی ÷ **پولیا**۔ مذکر۔ دربان۔ پاسبان۔ محافظ۔ حاجب۔ پہرے دار۔ چوکیدار ÷

پولیٹیکل (پَو۔لی۔ٹی۔کل) (انگ۔ Political) سیاسی۔ ملک و حکومت کے متعلق ÷ **پولیٹیکل ایجنٹ** (انگ۔ Political agent) مذکر۔ ایک بڑا عہدہ دار، جو ریاستوں میں حکومت کی طرف سے رہتا ہے ÷ **پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ** (انگ۔ Politica Department) وہ محکمہ جس کا تعلق دوسری سلطنتوں ... ہو۔

پولیس (پَو۔لیس) (انگ۔ Police) مؤنث (۱) جرائم کے انسداد اور امن و امان کے قیام کا ذمہ دار محکمہ (۲) تھانے کے ملازمین (۳) تھانہ ÷ **پولیس تعزیری** (ی) مؤنث۔ وہ زائد پولیس، جو کسی جگہ فساد ہو جانے کے وقت مقرر کی جاتی ہے اور اس کا خرچ وہاں کے باشندوں سے لیا جاتا ہے ÷ **پولیس سٹیشن**۔ (انگ۔ Police station) مذکر۔ پولیس کی چوکی۔ تھانہ ÷ **پولیس مین** (انگ۔ Policeman) مذکر۔ سپاہی۔ کانسٹیبل ÷

پَون (پَون) (ہ) تین چوتھائی حصہ۔ تین پاؤ۔ سہ ربع (نوٹ۔ جب ایک میں چوتھائی کی کمی ہو تو پَون بولتے ہیں۔ جیسے پَون بجا ہے۔ لیکن ایک سے زائد کے لیے پونے کہتے ہیں) ÷

پَون (پَون) (ہ) مؤنث (۱) ہوا۔ باد (۲) صبح کی ٹھنڈی ہوا۔ صبا (۳) روح۔ آتما۔ دم۔ سانس ÷ **پَون پانی**۔ مذکر (۱) آب و ہوا (۲) (کنایۃً) (دہلی) ایک قسم کا سانپ، جو نہایت تیز دوڑتا ہے ÷ **پَون پرچھا**۔ مؤنث۔ ہوا کا امتحان۔ ہوا کے رخ کی تحقیق ÷

پَون (پَون) (ہ) مؤنث۔ ایک خاص قسم کا جادو۔ جادو کی مُوٹھ ÷ **پَون اُڑانا** جادو کی موٹھ پھینکنا ÷ **پَون بٹھانا**۔ جادو کر دینا۔ جادو کے زور سے کسی کو مطیع کرنا۔ موکل کو مسلط کرنا ÷ **پَون چلانا یا۔ مارنا**۔ جادو کرنا۔ جادو کی موٹھ چلانا ÷ **پَون کا پوت**۔ مذکر (۱) ہنومان جی کا لقب۔ مہابیر (۲) سانپ۔ ناگ ÷

پَوں (پَوں) (ہ) مؤنث۔ گوز کی آواز۔ باد کی آواز۔ ریح کی آواز ÷

پَوں (پَوں) (ہ) مؤنث (۱) بانسری کی آواز (۲) جھگڑا۔ بکھیڑ ÷

پَوں بول جانا (دہلی) مفلس ہو جانا۔ دیوالا نکلنا۔ بیں بولنا۔ عاجز ہو جانا ÷ **پَوں لگانا** (عو) جھگڑا لگانا ÷

پونا (پَو۔نا) (ہ) مذکر (۱) تین چوتھائی کا پہاڑا (۲) ایک قسم کا کفگیر، جس سے تلی ہوئی چیز نکالی جاتی ہے (۳) (صفت) تین چوتھائی۔ ان معنی میں پونے مستعمل ہے، جیسے پونے دو (۴) ٹوٹا ہوا چاول۔ کنی۔ کھنڈا ÷

پونا (پَو۔نا) (ہ) (ہندو) (۱) داخل کرنا۔ ڈالنا۔ پرونا (۲) دھاگا پرونا (۳) روٹی تیار کرنا۔ پکانا ÷

پون ٹوٹی (پَون۔ٹو۔ٹی) (ی) (دہلی) (انگریزی ٹاؤن ڈیوٹی کا مخرب)، مؤنث۔ چنگی۔ محصول، جو شہر کے اندر آنے والی چیزوں پر لیا جاتا ہے ÷

پونجی (پُوں۔جی) (ہ) مؤنث (۱) مال، دولت، دھن، ملکیت، جائداد، اصل زر

راس المال۔ روپیہ۔ بضاعت۔ سرمایہ۔ جمع (۲) بساط۔ اصلیت۔ حقیقت۔ حوصلہ ۔

پونچا (پُوں۔ چا) (ہ) مذکر۔ ساڑھے پانچ کا پہاڑا ۔

پونچھ (پُونچھ) (ہ) مؤنث (۱) دُم (۲) پیٹھ۔ پشت۔ کمر (۳) ہر وقت ساتھ رہنے والا ساتھی۔ ہمراہی۔ پچھ لگو۔ طفیلی۔ دُم چھلا ۔ **پونچھڑی** مؤنث (۱) ہلکی پونچھ۔ چھوٹی دُم (۲) وہ پانی، جو کشتی میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے ۔

پونچھن (پُوں۔ چھن) (ہ) مؤنث (۱) صافی۔ وہ کپڑا جس سے کھانے کا برتن پونچھا جائے۔ وہ لتا، جس سے نجاست پاک کرکے پھینک دیں (۲) وہ چیز، جو پونچھنے سے نکلے۔ بچا کھچا۔ کھرچن ۔ **پونچھنا** (۱) صاف کرنا۔ جھاڑنا۔ پانی، پسینے یا خاک کو کسی چیز سے صاف کرنا (۲) کسی چیز کو کھرچنا۔ کسی مرطوب شے کو برتن سے چھڑانا (۳) آلائش پاک کرنا ۔

پونڈ (پُونڈ) (ہند) (انگ۔ پاؤنڈ (Pound) مذکر (۱) سونے کا سکہ۔ گنی۔ ساورن۔ اشرفی (۲) ۳۹ تولے کا وزن۔ ۲۰ شلنگ یا ۱۶ اونس کا بٹا (۳) آدھ سیر کا وزن ۔

پونڈا (پُوں۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا موٹا گنا۔ تھون گنا ۔

پون سلائی (پُون۔ سلا۔ ای) (ہ) مؤنث۔ وہ لکڑی، جس پر پونی بنائی جاتی ہے۔ پونی بنانے کی سلائی ۔

پونکا (پُوں۔ کا) (ہ) مذکر۔ سیپ کا کیڑا ۔

پونکنا (پُونک۔ نا) (ہ) دست آنا۔ پیٹ چلنا (مویشی کے لیے) ۔

پونگا (پُوں۔ گا) (ہ) مذکر (۱) بانس۔ بانس کا پور (۲) نلی۔ پاؤں کی نلی (۳) موٹا بانس، جو درمیان سے خالی ہوتا ہے (۴) (بنگال) جلیبی کی شاخ (۵) (صفت) بیوقوف۔ احمق ۔

پونگی (پُوں۔ گی) (ہ) مؤنث۔ تونبے کا بنا ہُوا باجا، جو اکثر سپیرے بجاتے ہیں۔ بین ۔ **پونگی پھل**۔ مذکر (ہندو) سپاری۔ چھالیا ۔

پونو۔ پونوں (پُو۔ نو، پُو۔ نوں) (ہ) مؤنث۔ پورن ماشی۔ پورے چاند کا دن ۔

پونیا (پُو۔ نیا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی ململ جس کا تھان پہلے پون تھان کے برابر اور عرض قدرے کم ہوتا تھا۔ اب اس کا تھان بالعموم بارہ گز کا ہوتا ہے ۔

پوہ (پُوہ) دیکھیے "پوس" ۔

پوہنا (پُوہ۔ نا) (ہ) مذکر۔ دسترخوان ۔

پوہے (پُو۔ ہے) (ہ) مذکر (عوام) مویشی ۔

پوئی (پُو۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑے کی بے محابا دوڑ۔ سرپٹ (۲) گھوڑے کی درمیانی چال۔ دُلکی چال (۳) ایک قسم کی ترکاری ۔ **پوئیا** (ہ) مذکر۔ دیکھیے "پوئی" ۱ ۔ **پوئیوں جانا** (دہلی) دُلکی جانا ۔

پوئینش (پُو۔ اِئینش) (ف) دیکھیے "پوش" ۲ ۔

پ۔ ہ

پہ (پَہ) (ہ) (لکھنؤ میں بہ فتح حرف اوّل اور دہلی میں بہ کسر حرف اوّل ہے۔) پر کا مخفف (۱) پر (۲) لیکن۔ الّا۔ مگر ۔

پھاپا (پھاپھا) **کٹنی** (پھا۔ پا) (پھا۔ پھا) (کُٹ۔ نی) (ہ) مؤنث۔ نہایت عیار اور چالاک عورت۔ کٹنی۔ قحبہ۔ دلالہ۔ مشاطہ ۔

پھاٹ (پھاٹ) (ہ) مؤنث (عوام) (۱) حصہ داروں میں معاملے کی تقسیم (۲) چوڑائی۔ عرض ۔

پھاٹک (پھا۔ ٹک) (ہ) (۱) بڑا دروازہ۔ (۲) محراب۔ دروازہ۔ در۔ باب۔ کواڑ (۳) (ہندو) مویشی خانہ۔ احاطہ۔ باڑا۔ کانجی ہاؤس (۴) مدعی اور مدعا علیہ کے کھڑے ہونے کا کٹہرا (۵) روک۔ آڑ ۔ **پھاٹک بند ہونا**۔ دروازہ بند ہونا۔ راہ مسدود ہونا۔ سلسلہ بند ہونا ۔

پھاٹک بندی (ل) مؤنث۔ بندی خانہ۔ قید خانہ۔ حوالات ۔

پھاٹک دار (ل) مذکر۔ دروازے کا پہریدار۔ محافظ۔ ڈیوڑھی بان۔ دربان ۔

پہار (پہار) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "پھوار" ۔

پہاڑ (پہاڑ) (ہ) مذکر (۱) کوہ۔ پربت۔ جبل۔ ٹیلا۔ ڈونگر۔ (۲) پتھر (۳) سنگین چیز (۴) (کنایۃً) دراز۔ طویل۔ وسیع (۵) اونچا۔ مرتفع۔ قدآور۔ (۶) دشوار۔ دوبھر۔ سخت۔ کٹھن۔ مشکل۔ بھاری۔ ناگوار۔ اجیرن ۔

پہاڑ ٹالنا (کنایۃً) مصیبت دفع کرنا ۔ **پہاڑ ٹوٹنا** (کنایۃً) ناگہانی آفت پڑنا۔ سخت مصیبت آجانا۔ رنج و غم کی کثرت ہونا ۔ **پہاڑ ڈھانا**۔ سخت ظلم کرنا ۔ **پہاڑ سا دن**۔ مذکر۔ بہت بڑا دن۔ وہ دن، جو کسی تکلیف یا مصیبت کے سبب سے کٹنا مشکل ہو ۔ **پہاڑ سی رات**۔ مؤنث۔ بڑی رات۔ وہ رات، جو مصیبت کی وجہ سے کٹنی دشوار ہو۔ جدائی کی رات ۔

پہاڑ سے ٹکر لینا (۱) زبردست سے مقابلہ کرنا۔ طاقت ور سے زور آزمانا (۲) ہاتھی سے الجھنا ۔ **پہاڑ کاٹنا**۔ (۱) مشقت کا کام کرنا۔ دشوار کام کرنا (۲) (مجازاً) سختی کے دن گزارنا (۳) مشکل کا حل کرنا ۔ **پہاڑ کا دامن** (ل) مذکر۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان۔ ترائی۔ پہاڑ کی تلیٹی۔ دامنِ کوہ ۔

پہاڑ کی ڈانک (ہ) مؤنث۔ پہاڑوں کی لمبی قطار۔ سلسلۂ کوہ ۔

پہاڑ کی گھاٹی۔ مؤنث۔ پہاڑ کا درمیانی راستہ۔ درۂ کوہ ۔ **پہاڑ گرنا** (عو) اچانک مصیبت آجانا ۔ **پہاڑ گزرنا**۔ دوبھر ہونا۔ دشوار گزرنا۔ ناپسند ہونا۔ سخت ناگوار گزرنا ۔ **پہاڑوا**۔ مذکر (عوام) (۱) آتی پاتی کا کھیل (۲) پہاڑ کی طرف کا۔ پہاڑ کا۔ پہاڑ یا پہاڑی۔ کوہی (۳) پہاڑ کی طرف سے آنے والی ہوا۔ شمالی ہوا (۴) اُتری۔ شمالی (۵) وہ بولی، جو پہاڑ کی طرف بولی جاتی ہے۔ **پہاڑ والی**۔ مؤنث (کنایۃً) (ہندو) (۱) چیچک۔ سیتلا۔ ماتا (۲) دیبی۔ کالکا ۔ **پہاڑ ہو جانا (رہنا)**۔ دشوار ہو جانا۔ کٹھن ہو جانا۔ دوبھر ہو جانا۔ مشکل ہونا ۔ **پہاڑی**۔ مؤنث (۱) چھوٹا پہاڑ۔ ڈونگری (۲) پہاڑ کا رہنے والا (۳) پہاڑی زبان (۴) ایک راگنی ۔ **پہاڑی بکرا**۔ مذکر۔ ایک قسم کا بڑا بکرا، جو پہاڑ پر رہتا ہے ۔ **پہاڑی کوا**۔ مذکر۔ ایک قسم کا نہایت سیاہ اور بھاری آواز والا کوا، جو پہاڑ پر رہتا ہے ۔ **پہاڑیا**۔ پہاڑ کا رہنے والا ۔

پہاڑ بیے میت کس کے بھات کھایا اَور کھسکے ۔مثل ۔ اس جگہ کہتے ہیں جب کوئی شخص کھانا کھاتے ہی جانے لگے ۔

پہاڑا (پہا ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ وہ ضرب دیے ہوئے عدد، جو بچوں کو حفظ کرائے جاتے ہیں ۔ ذہنی ضرب ۔ گنا کا قاعدہ ۔ ضرب کے گر ۔ سنکلن جوڑتی ۔

پھاڑ (پھاڑ) (ہ) (۱) پھاڑنا کا امر (۲) مذکر ۔ کھونچ ۔ چاک ۔ شگاف (۳) درز ۔ دراڑ ۔ **پھاڑا** ۔ پھاڑنا کی ماضی مطلق ۔ **پھاڑ کھانا** (۱) درندے کا کسی کو چیر کر کھا جانا ۔ چیر ڈالنا ۔ بھنبھوڑ لینا ۔ کاٹ کھانا (۲) جھنجھلانا ۔ جھلّانا ۔ ناراض ہونا ۔ غصّے ہونا (۳) ناپسند کلام کرنا ۔ ناگوار بات کہنا ۔ **پھاڑ کھانے کو دوڑنا** ۔ (۱) غصّے میں بھڑک اٹھنا ۔ جھنجھلانا ۔ سخت جھلّانا (۲) کاٹنے کو دوڑنا (۳) ٹیڑھی ٹیڑھی باتیں کرنا ۔ بدمزاجی سے پیش آنا ۔ **پھاڑ کھاؤ** (۱) پھاڑ کھانے والا ۔ چیر پھاڑ کرنے والا ۔ درندہ (۲) غصّہ ور ۔ تیز مزاج ۔ بدمزاج ۔ جھلّا ۔ غصیل (۳) جلاد ۔ خونخوار ۔ **پھاڑنا** ۔ (۱) چاک کرنا ۔ شق کرنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ چیرنا (۲) کسی درندے کا کسی کو چیرنا ۔ کاٹنا ۔ بھنبھوڑنا (۳) (کپڑے کے لیے) کترنا ۔ بیونتنا ۔ قطع کرنا (۴) کسی ترکیب سے کسی رقیق چیز کا پانی جدا کرنا (۵) پھیلانا (۶) ناخوش کرنا ۔ ناراض کرنا ۔ بیزار کرنا (۷) توڑنا (۸) فرق ڈالنا ۔ جدا کرنا ۔ الگ کرنا ۔

پھاگ (پھاگ) (ہ) مذکر (۱) ہولی ۔ بسنت (۲) خوشی ۔ لطف ۔ مزہ ۔ عیش ۔ آنند ۔ سرور ۔ (۳) ہولی کے کھیل تماشے ۔ راگ رنگ ۔ بے فکری (۴) گلال ۔ عبیر ۔ **پھاگ کھیلنا** (۱) ہولی کھیلنا ۔ رنگ پاشی کرنا ۔ رنگ کھیلنا (۲) گلچھرّے اڑانا ۔ خوشیاں منانا ۔ عیش کرنا ۔

پھاگن (پھا ۔ گن) (ہ) مذکر ۔ فصلی چھٹا اور ہندی گیارھواں مہینا ۔

پھال (پھال) (ہ) مؤنث (۱) تیر کے پیکان کی نوک (۲) لوہے کا نوک دار آلہ، جو زمین کھودنے کے لیے ہل میں لگایا جاتا ہے (۳) چھالیا ۔ سپاری ۔ **پھالا** (مذکر) **پھالی** (مؤنث) دیکھیے "پھال" ع۲ ۔

پھان (پھان) (ہ) مذکر ۔ پھندا ۔

پھانا (پھا ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) وہ لکڑی، جو موچی جوتا کشادہ کرنے کے لیے اس میں رکھتے ہیں ۔ (۲) لکڑی یا لوہے کی بڑی کیل جو آرا کش یا لکڑہارے لکڑی چیرنے یا پھاڑنے کے لیے اس میں رکھتے ہیں ۔ پچڑ ۔ فانہ ۔

پھانٹ (پھانٹ) (ہ) مذکر ۔ گاؤں کا افسر ۔

پھاند (پھانْد) (ہ) (۱) پھاندنا کا امر (۲) جال ۔ دام ۔ پھندا (۳) ایک لمبی لکڑی، جس کے آگے پھندا لگا ہوتا ہے (۴) ہاتھی اور دوسرے جانوروں کو پکڑنے کا پھندا (۵) چھلانگ ۔ کلانچ (۶) دشواری ۔ دقت ۔ مشکل (۷) پریشانی ۔ حیرانی ۔ **پھاندا** ۔ مذکر ۔ پھاند ۔ **پھاند لگانا ۔ یا ۔ مارنا** (دہلی) (۱) پھاندے سے پکڑنا (۲) پھندا لگانا ۔ جال بچھانا (۳) (کنایۃً) فریب دینا ۔ دھوکا دینا (۴) پھلانگنا ۔ جست کرنا ۔ کودنا ۔ زقند لگانا ۔ **پھاندنا** (۱) جست کرنا ۔ کودنا (۲) دیوار پر سے کود جانا ۔ پھلانگ جانا (۳) جال میں پھنسانا ۔ پھندا لگانا ۔ پھندے سے پکڑنا ۔

پھاندی (پھاں ۔ دی) (ہ) مؤنث ۔ گنوں کا گٹھا ۔ نیشکر کا پشتارہ ۔

پھانس (پھانْس) (ہ) مؤنث ۔ (۱) بانس یا بان کا کانٹا ۔ لکڑی کا ریشہ (۲) (مجازاً) روحانی تکلیف ۔ باطنی ایذا (۳) (کنایۃً) فکر ۔ کھٹکا ۔ خلش (۴) گھی یا تیل وغیرہ، جو ناخنوں میں جم جائے ۔ **پھانس چبھنا** (۱) لکڑی کے سخت ریشے یا بان کے کانٹے کا بدن میں گڑنا (۲) (کنایۃً) خلش ہونا ۔ صدمہ پہنچنا ۔ **پھانس کھٹکنا** ۔ پھانس چبھنے سے درد ہونا ۔ **پھانس لانا** (۱) پھنسا لانا ۔ پکڑ لانا ۔ گرفتار کر لانا (۲) پھندا مار لینا ۔ دام میں پھنسا لانا ۔ جال میں لے آنا (۳) دھوکا دے کر لانا ۔ فریب میں لے آنا ۔ **پھانس لگنا** (۱) ریشہ گڑ جانا ۔ خار کھب جانا ۔ ٹس گھس جانا ۔ تنکا چبھ جانا (۲) افسوس ہونا ۔ ملال ہونا ۔ غم ہونا ۔ رنج ہونا ۔ فکر ہونا ۔ دکھ ہونا ۔ آزار ہونا ۔ **پھانس لینا** ۔ قابو میں کر لینا ۔ **پھانس مار دینا** ۔ کچھ کہ کر کسی کو نقصان پہنچانا ۔ بات یا کام میں حرج کر دینا ۔ **پھانسا** (س) مذکر (عوام) جال ۔ پھندا ۔

پھانسنا (۱) بہتان جوڑنا ۔ الزام لگانا ۔ تہمت دینا ۔ پھنسانا (۲) محاصرہ کرنا ۔ احاطہ کرنا ۔ گھیرے میں لانا (۳) چکر میں ڈالنا (۴) قید کرنا ۔ پھندے میں لانا ۔ پکڑنا ۔ گرفتار کرنا (۵) دھوکا دینا ۔ فریب کرنا (۶) قبضے میں کرنا ۔ بس میں کرنا ۔ قابو میں کرنا (۷) عاجز کرنا ۔ مجبور کرنا (۸) داؤ کرنا ۔ پیچ میں لانا (۹) کنوئیں میں ڈول ڈالنا ۔

پھانسی (پھاں ۔ سی) (ہ) مؤنث (۱) پھندا ۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنے کا حلقہ (۲) موت کی سزا، جو پھندے کے ذریعے سے دی جاتی ہے ۔ (۳) وہ ستون اور رسّی کا پھندا، جس پر چڑھا کر آدمی کو لٹکا دیتے ہیں ۔ **پھانسی پانا** ۔ پھانسی کے ذریعے سے ہلاک ہونا ۔ پھانسی چڑھنا ۔ **پھانسی دینا** ۔ گلے میں رسّی ڈال کر لٹکانا ۔ مجرم کی گردن میں رسّی کا حلقہ ڈال کر کھینچنا ۔ **پھانسی کھڑی ہونا** ۔ (۱) پھانسی کا وقت آنا (۲) پھانسی کا سامان تیار ہونا ۔ بانس کھڑے کر کے ان میں رسّی وغیرہ ڈالنا ۔ **پھانسی کی ٹکٹکی** ۔ مؤنث ۔ لکڑی کا وہ ستون، جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے ۔ **پھانسی لگانا** (۱) پھانسی دینا (۲) پھانسی کے ذریعے سے موت کی سزا دینا ۔ **پھانسی لگنا ۔ یا ۔ ہونا** ۔ پھانسی پر چڑھنا ۔ گلے میں پھندا ڈال کر مارا جانا ۔ گلا گھونٹ کر مارا جانا ۔ گلے میں رسّی ڈال کر مارا جانا ۔ پھانسی پر چڑھایا جانا ۔ پھانسی دیا جانا ۔ سزائے موت ہونا ۔

پھانک (پھانْک) (ہ) مؤنث (۱) تراشا ہوا ٹکڑا ۔ قاش (۲) لیمو، نارنگی وغیرہ کا وہ ہر قدرتی حصّہ، جو کمان کی شکل کا ہوتا ہے ۔

پھانک (پھانک) (ہ) پھانکنا کا امر ۔ **پھانکا** ۔ پھانکنا کی ماضی مطلق ۔

پھانکنا (۱) ایک دم منہ میں ڈالنا ۔ پھنکی لگانا (۲) اندھا دھند کھانا ۔ جلد کھانا ۔ زیادہ کھانا (۳) بہ عجلت پورا کرنا ۔ جلد ختم کرنا ۔ جلد جلد طے کرنا (۴) بہت صرف کرنا ۔ زیادہ خرچ کرنا (۵) لگاتار بولنا ۔ جلد جلد بولنا ۔

پھانکڑ ۔ پھانکڑا (پھاں ۔ کڑ ، پھانک ۔ ڑا) (ہ) (عوام) (۱) مسٹنڈا (۲) ترچھا ۔ بانکا (۳) دلیر ۔ بہادر ۔

پھانکی (پھا ن - کی) (ہ) مؤنث (۱) دانہ یا سفوف جو ایک دفعہ پھانکا جائے (۲) پھل کا ٹکڑا یا پھانک (۳) (منطق) اعتراض (۴) جھوٹی دلیل (۵) فریب دھوکا، چھل ٭

پھاوڑا (پھا - اَڑا) (ہ) مذکر۔ کسی۔ بیلچہ۔ کدال۔ مٹی صاف کرنے کا آہنی آلہ ٭ **پھاوڑا بجانا** ۔ (۱) پھاوڑے سے آواز پیدا کرنا (۲) مسمار کرنا۔ توڑنا۔ گرانا۔ ڈھانا۔ کھدائی کرنا ٭ **پھاوڑا سے دانت** ۔ مذکر۔ بدنما اور منہ سے باہر نکلے ہوئے دانت۔ چوڑے چوڑے بدصورت دانت ٭ **پھاوڑی** ۔ مؤنث (۱) چھوٹا پھاوڑا (۲) وہ لکڑی جس پر ڈنڈ پیلتے وقت ہاتھ رکھتے ہیں (۳) لید ہٹانے کی لکڑی جس میں تختہ لگا ہوتا ہے (۴) جوگیوں کی وہ ٹیڑھی لکڑی جسے وہ ہاتھ میں رکھتے ہیں۔ ظفر تکیہ۔ بیراگن ٭ **پھاوڑے کے نام گل صفا نہیں جانتا** (ا) مثل۔ الف کے نام بے نہیں جانتا۔ کودن ہے۔ جاہل ہے۔ ناواقف ہے۔ قطعاً بے سمجھ اور نادان ہے ٭

پھاہا (پھا - ہا) (ہ) مذکر (ع) (۱) زخم پر لگانے کی دوا۔ مرہم (۲) گول کترا ہوا کپڑا جس پر مرہم لگا کر زخم پر چپکاتے ہیں ٭ (پھایا غلط ہے ٭) (رکھنا، چھوڑنا، لگانا، لگنا، وغیرہ کے ساتھ) ٭ **پھاہا رکھنا** ۔ مرہم لگا ہوا کپڑے کا گول ٹکڑا زخم پر رکھ کر چپکانا ٭

پھب (پھَب) (ہ) مؤنث (۱) چھب۔ آرائش۔ زیبائش۔ ادا۔ (۲) موزونی۔ تناسب (۳) حسن۔ خوب صورتی (۴) پھبنا کا امر ٭ **پھبا** ۔ (۱) پھبنا کی ماضی مطلق (۲) پھبتا ٭ **پھبتا** ۔ مناسب۔ موزوں ٭ **پھبتی** ۔ مؤنث۔ تشبیہ۔ چسپاں تشبیہ۔ تماقاً ایسی بات جو کسی پر ٹھیک چسپاں ہو ٭ **پھبتی اڑانا** ۔ کسی شخص کو ایسی بات کہنا، جو اس پر عین بہ عین چسپاں ہو۔ ظرافت سے تشبیہ دینا۔ ہنسی اڑانا ٭ **پھبتی سوجھنا** ۔ درست تشبیہ خیال میں آنا ٭ **پھبتی کہنا** ۔ استہزا کے طور پر تشبیہ دینا۔ ظرافت سے تشبیہ دینا ٭ **پھبتی ہونا** ۔ کسی کی شان میں سخن بے ساختہ صحیح وجہ تشبیہ کہا جانا ٭ **پھبن** ۔ مؤنث۔ ادا۔ چھب۔ موزونی۔ تناسب۔ آرائش۔ زیبائش۔ سجاوٹ۔ خوب صورتی۔ (اب یہ لفظ متاخرین کے نزدیک متروک ہے) ٭ **پھبنا** (۱) اچھا لگنا۔ زیب دینا۔ سجنا (۲) ٹھیک ہونا۔ موافق ہونا ٭

پھبدنا (پھَبَد - نا) (ہ) (ہندو) (۱) پھپکنا (۲) بہت سی پھنسیاں پاس پاس نکلنا ٭

پھپک۔ پھپک (پھَپَک۔ پھُپَک) (ہ) پھپکنا، پھپکنا کا امر ٭ **پھپکنا۔ پھپکنا** (پھَپَک - نا ٭ پھُپَک - نا) (ہ) (۱) نشوونما پانا۔ اُگنا۔ بڑھنا۔ انکھوے پھوٹنا (۲) پھیلنا۔ فربہ ہونا۔ موٹا تازہ ہونا (۳) کثرت سے پھنسیاں نکلنا ٭

پھپا (پھُپ - پا) (ہ) مذکر۔ پھوپھا۔ پھوپھی کا شوہر۔ باپ کی بہن کا خاوند ٭

پھپٹ (پھَپ - پَٹ) (ہ) مذکر (ع) (۱) دغا۔ مکر۔ فریب (۲) فتنہ و فساد۔ شور غل ٭ **پھپٹ باز** (ا) (ع) فسادی۔ فریبی۔ مکار ٭ **پھپٹ بازی** (ا) مؤنث۔ فتنہ انگیزی۔ عیاری۔ مکاری ٭ **پھپٹ ہائی** ۔ جھگڑالو عورت۔ فسادن ٭

پھپدنا (ہ) دیکھیے پھبدنا ٭

پھپڑ (پھپھپڑ) دلالے (پھَپَڑ (پھپھڑ) دَلا - لے) (ہ) مذکر (ع) (دہلی) (۱) مکاری اور بناوٹ کی باتیں (۲) جھوٹی خوشامد کی باتیں ٭ (کرنا، مچانا کے ساتھ) ٭ **پھپڑے** ۔ مذکر۔ پھپڑ دلالے (کرنا کے ساتھ) ٭

پھپس (پھَپ - پَس) (ہ) (۱) فربہ۔ موٹا۔ بھدا۔ پھولا ہوا۔ وہ آدمی جس سے مٹاپے کے مارے چلا نہ جائے (۲) وہ چیز جو اندر سے پولی اور خالی ہو (۳) ان پھلوں کے متعلق بولتے ہیں، جو مٹاپے کے ساتھ بیچ میں پول رکھتے ہوں ٭ **پھپسا** (پھَپ - سا) (۱) پولا۔ پھولا ہوا (۲) پھیکا۔ سیٹھا ٭ **پھپسی** ۔ پھپسا کی تانیث ٭

پھپکا (پھَپ - کا) (ہ) مذکر (ہندو) چھالا۔ آبلہ۔ پھپھولا ٭

پھپکار (پھُپ - کار) (ہ) مؤنث (۱) پھپکارنا کا امر (۲) سانپ کی طرح پھنکارنے کی آواز (۳) سٹیم انجن کی آواز ٭ **پھپکارنا** ۔ سانپ کی طرح پھنکارنا ٭

پھپولا۔ پھپھولا (پھَپُو - لا ٭ پھُپھو - لا) (ہ) مذکر۔ آبلہ۔ چھالا ٭ **پھپھولا ابھرنا** ۔ آبلہ اٹھنا ٭ **پھپھولے** ۔ مذکر۔ پھپھولا کی جمع۔ چھالے، آبلے ٭ **پھپھولے پڑنا** (۱) چھالے پڑنا (۲) داغ پڑنا۔ صدمہ ہونا ٭ **پھپھولے پھوٹنا** ۔ (۱) چھالوں سے پانی نکل جانا (۲) (طنزاً) دشمنی نکلنا۔ دلی خواہش پوری ہونا۔ کلیجا ٹھنڈا ہونا (معنی ۲ میں صرف بطور جمع مستعمل ہے) ٭ **پھپھولے پھوڑنا** (۱) چھالے توڑنا (۲) دل کی حسرت نکالنا۔ غصہ نکالنا۔ حسد نکالنا۔ دلی دشمنی ظاہر کرنا۔ بدلا لینا ٭ **پھپھولے والی** ۔ مؤنث (ہندو) چیچک ٭

پھپھوندنا (پھُپھُوند - نا) (ہ) (عوام) پھپھوندی لگنا ٭ **پھپھوندی** (پھُپھُوں - دی) مؤنث۔ سفیدتہ، جو رطوبت کے باعث کسی چیز پر جم جائے (جمنا، لگنا کے ساتھ) ٭ **پھپھوندی لگی** ۔ مؤنث (ع) وہ عورت، جس کے دانتوں پر میل جما رہے یا جو میلی کچیلی رہتی ہو ٭

پھپی۔ پھپھی (پھُپ - پی ٭ پھُپھ - پھی) (ہ) مؤنث۔ باپ کی بہن۔ بوا ٭ **پھپھیا ساس** ۔ مؤنث۔ خسر کی بہن ٭ **پھپھیا خسر یا خسرا** (ہ) مذکر (ع) خسر کا بہنوئی ٭ **پھپیرا** ۔ مذکر۔ پھوپھی کا بیٹا ٭ **پھپیری** ۔ مؤنث۔ پھوپھی کی بیٹی ٭

پھٹ (پھَٹ) (ہ) پھٹنا کا امر ٭ **پھٹا** ۔ (۱) پھٹنا کی ماضی مطلق (۲) (صفت) پھٹا ہوا۔ دریدہ ٭ **پھٹا پڑنا** (۱) نکلا پڑتا (۲) درد سے آنکھوں یا سر کا شق ہونا (۳) نہایت موٹا ہونا (۴) جوبن پر ہونا ٭ **پھٹ پڑنا** (۱) خوب موٹا ہونا۔ بڑھ جانا (۲) زوروں پر ہونا (۳) شدت، کثرت یا افراط سے ہونا ٭ **پھٹ جانا** (۱) پھٹنا (۲) (جی، دل کے ساتھ) بیزار ہو جانا ٭ **پھٹ سے** ۔ بے تامل۔ فوراً ٭ **پھٹ کے چلنا** ۔ الگ راستہ اختیار کرنا۔ علیحدہ ہو کے چلنا (نفرت اور بیزاری ظاہر کرنے کے لیے) ٭ **پھٹنا** (۱) چاک ہونا (۲) سر کے بالوں کا خشکی کے باعث تڑقنا (۳) علیحدہ ہونا۔ ٹکڑوں کا جدا ہونا (۴) شگاف پڑنا (۵) شق ہونا (۶) اجزاء کا الگ الگ ہو جانا (۷) ہٹنا (دل کے ساتھ)

نفرت ہونا (۸) گھوڑے کا باگ کے اشارے کے خلاف جانا ۔
پھٹے پھٹے دیدے ۔ مذکر (لکھنؤ) چپڑے چندھے دیدے ۔ **پھٹے حالوں** (سے) خستہ حال ۔ مفلسی کی حالت میں ۔ **پھٹے میں پاؤں اڑانا (دینا)** (۱) کسی کے معاملے میں دخل دینا ۔ ناحق کسی کی بلا اپنے ذمے لینا (۲) بیچ میں بولنا ۔
پھٹ (پھٹ) (ع) مؤنث ۔ تُف ۔ دھتکار ۔ پھٹکار ۔ لعنت ۔ **پھٹ پھٹ** ۔ مؤنث ۔ دُردُر ۔ لعنت ۔ تُھوتُھو ۔ **پھٹ پھٹ کرنا** ۔ برا بھلا کہنا ۔ لعن طعن کرنا ۔ **پھٹے (سے) منہ** (عو) تف ہے ۔ از دست ہے خدا کی لعنت ۔
پھٹاکا (پھٹا ۔ کا) (ع) مذکر ۔ معاملے کا یک سُو ہو جانا ۔ فیصلہ ۔
پھٹ پھٹ (پھٹ ۔ پھٹ) (ع) مؤنث ۔ پھٹی ہوئی ایڑی کی جوتی کی آواز ۔
پھٹ پھٹانا ۔ (پھٹ ۔ پھٹا ۔ نا) (ع) (۱) پھڑ پھڑانا ۔ وہ آواز نکالنا جو بکری اور کتے کے کانوں کی حرکت سے ہوتی ہے ۔ (۲) (عو) دوڑ دھوپ کرنا ۔ بے چین ہونا ۔
پھٹک (پھٹک) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) کچا ہیرا ۔ بلور (۲) پنجرا (۳) جال (۴) پھٹکنا کا امر ۔
پھٹکا (پھٹ ۔ کا) (ع) مذکر (دہلی) (۱) لحظہ ۔ لمحہ (۲) پنجرا ۔ **پھٹکا نہ کھانا** (عو) فوراً مر جانا ۔ تڑپنے کا موقع بھی نہ ملنا ۔
پھٹکا (پھٹ ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ بتاشے جیسا بسکٹ ۔
پھٹکار (پھٹ ۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) کوڑے کی آواز (۲) پتھر پر کپڑا دھونے کی آواز (۳) اناج پھٹکنے کی آواز (۴) جھڑکی (۵) گھوڑے کو سدھانے کے لیے رسّی کا ایک لمبا کوڑا ۔ بڑا چابک ۔ تازیانہ ۔ **پھٹکارنا** (۱) چابک مارنا (۲) دور کرنا ۔ نکال دینا ۔ سرزنش کر دینا ۔ ملامت کرنا ۔ دُور دَبک کرنا (۳) کپڑے کو دھوتے وقت دے دے مارنا (۴) کمانا ۔ حاصل کرنا ۔ روپیہ پیسا جیتنا (۵) (بازاری) فروخت کرنا ۔ بیچنا (۶) (عو) سُوپ میں پھٹکنا ۔ اس مقام پر پھٹکار لینا زیادہ تر مستعمل ہے ۔
پھٹکار (پھٹ ۔ کار) (ع) مؤنث (۱) لعنت ۔ بددعا (۲) بے رونقی (۳) ذلت و خواری (۴) (دہلی) چاشنی ۔ آمیزش ۔ **پھٹکار برسنا** ۔ رونق جاتی رہنا ۔ لعنت برسنا ۔ اداسی چھانا ۔ **پھٹکار لگنا** ۔ دھتکار پڑنا ۔ بددعا لگنا ۔ **پھٹکارنا** ۔ (۱) لعنت ملامت کرنا (۲) نفرت سے منہ پھیر لینا (۳) نامنظور کرنا (۴) برا بھلا کہنا ۔
پھٹکر (پھٹ ۔ کر) (ہ) (عو) اکیلا ، علیحدہ ۔
پھٹکری ۔ پھٹکڑی ۔ (پھٹ ۔ کری ، پھٹ ۔ کڑی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی نمک کی کنکریوں جیسی سفید دوا ۔
پھٹکل (پھٹ ۔ کل) (ہ) (عو) (۱) تنہا ۔ اکیلا ۔ اکا دکا ۔ واحد (۲) مختلف ۔ متفرق (۳) ریزگاری ۔ خردہ ۔ ریزہ ۔
پھٹکن (پھٹ ۔ کن) (ہ) مؤنث ۔ اناج کا چھلکا ۔ بھوسی اور کوڑا کرکٹ جو غلہ پھٹکنے سے نکلے ، پھوٹن ۔
پھٹکنا (پھٹک ۔ نا) (۱) سوپ سے غلہ صاف کرنا ۔ پھٹک کر کوڑا کرکٹ جدا کرنا ۔ (۲) جھاڑنا (۳) حاضر ہونا ۔ موجود ہونا (۴) بھولے سے چلا آنا ۔ سرسری طور پر آنا ۔ آمد و رفت کرنا ۔ **پھٹکنے نہ پانا** ۔ (لکھنؤ) آنے نہ پانا ۔ **پھٹکنے نہ دینا** (لکھنؤ) گھسنے نہ دینا ۔ آنے نہ دینا ۔
پھٹکی (پھٹ ۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) جھاڑ کی ٹوکری مع ڈھکنے کے جس میں چڑیمار چڑیاں پکڑتے ہیں ۔ ایک قسم کا پنجرا (۲) وہ کھٹکا جو پھل والے درختوں کی حفاظت کے لیے باندھ دیا جاتا ہے ۔
پھٹکی (پھٹ ۔ کی) (ع) مؤنث ۔ (۱) وہ گُتھی ، جو خشک سفوف کے گھولنے میں پڑ جاتی ہے (۲) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا (۳) خون یا پیپ کا دھبا ، جو براز یا کھنکار کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے (۴) وہ گتھی ، جو دہی یا دودھ میں پڑ جاتی ہے ۔
پھٹیل (پھٹ ۔ ٹیل) (ع) جدا ۔ فرد ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔ جوڑے میں سے ایک ۔ طاق سے منسوب ۔
پھچا پھچ (پھچا ۔ پھچ) (ع) مؤنث ۔ کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز ۔
پہچان (پہ ۔ چان) (ہ) (۱) پہچاننا کا امر (۲) نشانی ۔ علامت (۳) سمجھ ۔ تمیز ۔ درک (۴) شناسائی ۔ واقف کاری ۔ شناخت ۔ ان معنی میں زیادہ تر جان پہچان مستعمل ہے ۔ **پہچاننا** ۔ سمجھنا ۔ اچھی طرح جاننا ۔ تمیز کرنا ۔ معلوم کرنا ۔ شناخت کرنا ۔ **پہچنوانا** ۔ پہچاننا کا متعدی ۔
پھد پھدانا (پھد ۔ پھدا ۔ نا) (ہ) (۱) دانوں یا پھنسیوں کا بکثرت نکل آنا (۲) بدن میں بہ افراط بال یا روئیں نکل آنا (۳) درخت سے بہت زیادہ شاخیں پھوٹنا ۔
پھدک (پھدک) (ع) مؤنث ۔ ابال ۔ جوش ۔
پھدک (پھدک) (ع) (۱) پھدکنا کا امر ۔ (۲) مذکر ۔ اچھل کود ۔ **پھدکا** (۱) پھدکنا کی ماضی مطلق (۲) مذکر ۔ ایک پرندہ ۔ **پھدک پھدک کے** ۔ اچھل کود کر ۔ **پھدکنا** (۱) جست بھرنا ۔ کودنا ۔ اچھلنا (۲) خوشی سے کودنا (۳) چھوٹے پرندوں ، مینڈکوں اور بچوں کے لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے ۔ (۴) مجازاً کبھی پست قد آدمی یا نبض کے لیے بھی کہتے ہیں ۔ **پھدکی مارنا** ۔ (دہلی) چھلانگ مارنا ۔ جست بھرنا ۔ اچھلنا ۔ کودنا ۔
پھڈا (پھڈ ۔ ڈا) (ہ) (دہلی) (۱) بیٹھی ہوئی ایڑی کا جوتا (۲) وہ شخص ، جو پاؤں رگڑتا یا لنگ کرتا ہوا چلے (۳) وہ خمیدہ پا آدمی ، جو چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے ۔ **پھڈی** ۔ بیٹھی ہوئی ۔
پہڈا (پہڈ ۔ ڈا) (ہ) مذکر ۔ طاقچہ یا گڑھا ، جو پاؤں رکھنے کی غرض سے کسی دیوار یا کنوئیں میں بنایا جائے تاکہ اترنے چڑھنے میں آسانی ہو ۔
پھر (پھر) (ع) مؤنث ۔ اڑنے کی آواز ۔ **پھر پھر** (ع) مؤنث ۔ چڑیوں کے اڑنے کی آواز ۔ **پھر سے** ۔ فوراً ۔ جلد ۔ **پھر سے اڑ جانا** ۔ ہلکی آواز سے پرواز کرنا ۔ جلد پرواز کرنا ۔

پھر (پھِر) (ع) (۱) پھرنا کا امر (۲) تب تو۔ بعد ازاں، دوبارہ (۳) مزود، مکرّر (۴) تاہم (۵) مزید برآں۔ اَور (۶) ہرگز (۷) اُس وقت۔ اُس دم (۸) اب (۹) مگر۔ پھر بے گھوڑے پیں سے مثل۔ اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو ادھر بات کہے، اُدھر مکر جائے ❊ پھر پھر۔ پھر پھر سے۔ بار بار ❊ پھر جانا (۱) باغی ہوجانا۔ برگشتہ ہوجانا (۲) واپس ہوجانا۔ مُڑ جانا (۳) وعدہ توڑنا ❊
پھر مانگو (ی) (۱) دوبارہ طلب کرو (۲) دوسری جگہ مانگو۔ اَور جگہ مانگو۔ اِدھر اُدھر جاکر مانگو۔ پھر پھر کر مانگو۔ چل پھر کر مانگو (بیشتر اُس وقت کہتے ہیں، جب سائل کو کچھ دینا منظور نہ ہو) ❊ پھرنا (۱) گھومنا۔ گردش میں آنا (۲) بدل جانا (۳) متوجہ ہونا (۴) براز کی حاجت رفع کرنا (۵) کسی خریدی ہوئی چیز کا واپس ہوجانا (۶) ٹیڑھا ہونا (۷) گشت لگانا (۸) واپس آنا (۹) مکرنا (۱۰) سیر ہوجانا (۱۱) مشہور ہونا (۱۲) حالت تغیر ہوجانا (۱۳) رستے کے ساتھ گردش ہونا (۱۴) مارا مارا پھرنا (۱۵) چکر آنا (۱۶) (پانی کے ساتھ) ملمّع ہونا (۱۷) چل جانا ❊
پہر (پَہَر) (ہ) مذکر۔ تین گھنٹے کا وقفہ۔ پاس ❊ پہر بجنا۔ (لکھنؤ) ہر پہر گزرنے پر نوبت یا گھنٹے کا بجنا ❊ پہر کٹنا۔ پہر گزرنا ❊
پہرا (پَہ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) قید۔ حراست (۲) حفاظت۔ چوکی (۳) محافظ۔ دربان۔ سنتری (۴) سپاہیوں کا گشت (۵) (عو) پہر (۶) زمانہ ❊
پہرا بٹھانا۔ حفاظت کے لیے آدمی متعین کرنا ❊ پہرا بدلوانا۔ ایک محافظ کی جگہ دوسرا قائم کرنا ❊ پہرا بیٹھنا۔ (۱) دربان مقرر ہونا۔ چوکی بیٹھنا۔ پہرا لگنا۔ نگرانی ہونا (۲) مقید کرنا۔ نظر بند کرنا۔ حراست میں لینا ❊ پہرا دینا۔ (۱) رکھوالی کرنا (۲) (مجازاً) جاگنا۔ پہرا لگنا (دہلی) پہرا کھڑا ہونا ❊ پہرے دار۔ مذکر۔ پاسبان۔ دربان۔ محافظ۔ چوکیدار۔
پھرّا (پھَرّ۔ رَا) (ہ) مذکر۔ وہ لمبا تختہ جو شہتیر کے چیرنے سے نکلتا ہے ❊
پھرّاٹا (پھَرّ۔ رَا۔ ٹَا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) (۱) پرندے کے تیزی سے اُڑنے کی آواز (دہلی میں فرآٹا بولتے ہیں) (۲) پھرتی۔ جلدی۔ تیزی ❊
پھرّاٹا بھرنا (۱) آواز سے اُڑنا۔ پھرّانا۔ تیزی سے اُڑنا (۲) پھرتی سے دوڑنا (۳) جلد اور صاف پڑھنا (لکھنؤ اور دہلی میں اس مقام پر عموماً "فرّاٹے بھرنا" کہتے ہیں) (۴) موجیں مارنا۔ لہریں اُٹھنا۔
پھرارا (پھِرَا۔ رَا) (ہ) خشک ❊
پھراس (پھَرَاس) (ہ) مذکر۔ جھاؤ کی قسم کا ایک درخت ❊
پھرّانا (پھَرّ۔ رَا۔ نَا) (ہ) (۱) کودنا۔ پھاندنا۔ جست کرنا۔ (متروک) (۲) لہرانا۔ جھنڈے کا پھریرا ہلنا (۳) پروں کو پھٹ پھٹانا ❊
پھرانا (پھِرَانَا) (ہ) (۱) گشت کرانا۔ گھمانا۔ سیر کرانا (۲) چکر دینا (۳) ساتھ لیے پھرنا (۴) پاؤں تڑوانا۔ بھٹکانا۔ حیران و سرگردان کرنا ❊ (نوٹ) پھرانا، پھیرنا کا فرق۔ جب ایک طرف سے دوسری طرف مائل کرنا مقصود ہو تو پھیرنا کہتے ہیں۔ جیسے باگ پھیرنا۔ آنکھ پھیرنا اور جب پھرنے والی چیز کے لیے بولا جائے تو پھرانا کہتے ہیں۔ جیسے چکّی پھرانا۔ سر پھرانا ❊
پھرا ؤ (ہ) (۱) جا کر۔ وہ چیز جس کے واپس کر دینے کا اقرار ہو (۲) پھرتا۔ لوٹتا ہوا ❊ پھرائی۔ مؤنث۔ واپسی۔ واپس کرنے کا تاوان۔ لوٹانے کا ہرجانہ ❊
پہراوا (پَہ۔ رَا۔ وَا) (ہ) مذکر (ہندو) پہناوا۔ پوشاک۔ لباس ❊

پہراونی۔ مؤنث (ہندو) (عو) (۱) پوشاک، جو بیاہ شادی میں رشتہ دار عورتوں کو پہنائی جائے (۲) پوشاک پہنانے والی عورت ❊
پھُرپھُرانا (پھُر۔ پھُرا۔ نَا) (۱) حرکت کرنا۔ ہلنا جلنا۔ پھُر پھُر کرنا (۲) اُڑنا کسی چیز کا ہوا میں حرکت کرنا ❊
پھُرپھُری (پھُر۔ پھُرِی) (ہ) مؤنث (ہندو) تھرتھری۔ لرزہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ کپکپاہٹ ❊
پھرپھند (پھَر۔ پھَنْد) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) مکر۔ فریب۔ چھل۔ حیلہ (۲) قضیّہ۔ بکھیڑا۔ جھگڑا (۳) پیچ۔ داؤ ❊ پھرپھندی (ہندو) عیّار، مکّار۔ چال باز، فریبی (۲) جھگڑالو (۳) داؤ چلانے والا۔ پیچ کرنے والا ❊
پھرپھندوا (پھَر۔ پھَنْد۔ وَا) (ہ) مذکر۔ اندرائن۔ حنظل۔ ایک خوش رنگ کڑوا پھل ❊
پھرت (پھِرَت) (ہ) مؤنث (۱) جنبش۔ گردش۔ حرکت۔ گھوڑے کی گردش (۲) پلٹ پھرت (۳) ناچنے میں پھرنی سے پھر جانا (۴) وہ روپیہ جو دینے کے بجائے کسی سے واپس لے لیا جائے۔ پھرنا ❊
پھرتا (پھِر۔ تَا) (۱) دیکھیے پھراؤ (۲) کمیشن۔ دلّالی۔ بٹّا (۳) دیکھیے پھرت ❊
پھرتا بھاڑا۔ مذکر۔ واپسی کا کرایہ ❊ پھرتا رہنا۔ (۱) ڈانواں ڈول پھرنا۔ واہی تباہی پھرنا (۲) گردش کیے جانا ❊
پھُرتی (پھُر۔ تی) (ہ) مؤنث چستی۔ چالاکی۔ جلدی۔ تیزی ❊ پھُرتی سے۔ فوراً۔ جلدی سے ❊ پھُرتی کرنا۔ جلدی کرنا۔ چابک دستی کرنا، چالاکی کرنا، کسی کام میں چستی دکھانا ❊ پھُرتیلا۔ چست چالاک۔ چلبلا۔ جلدی سے کام کرنے والا۔ چابک دست۔ تیز (مؤنث کے لیے پھُرتیلی) ❊
پھرچا۔ پھرچھا (پھَر۔ چَا، پھَر۔ چھَا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) فیصلہ۔ آخر حکم۔ تجویز (۲) کھرا۔ نرمل۔ صاف (۳) (بادل) کھل گیا۔ پھٹ گیا۔ چھٹ گیا ❊
پھرسا (پھَر۔ سَا) (ہ) مذکر (۱) کدال۔ پھاوڑا (۲) کلھاڑی۔ (۳) تیشہ ❊
پھرکیٔ ڈنڈ۔ (پھِر۔ کِیْ۔ ڈَنْڈ) (ہ) مذکر۔ وہ ڈنڈ، جو ورزش کی وجہ سے پھرتے ہوئے ہوتے ہیں ❊
پھرکی (پھِر۔ کی) (ہ) مؤنث۔ (۱) چھوٹا سا پھرنے والا لٹو۔ گھرنی۔ چکّی (۲) چمڑے کا ٹکڑا، جس پر کاتنے کا تکلا گھومتا ہے (۳) تارکشوں کے استعمال کی گول لکڑی (۴) چھوٹے پہیے کی شکل کی گول لکڑی (۵) چرخی کی گول لکڑی (۶) ایک قسم کا گیندے کا پھول (۷) گھومنے والی۔ چکر کھانے والی ❊
پھرکی کی طرح پھرنا۔ ایک حال پر یا ایک جگہ قرار نہ ہونا ❊
پھُرہرا (پھُرَہ۔ رَا) (ہ) (مؤنث کے لیے پھُرہری) (لکھنؤ) (۱) رطوبت یا تری پہنچنے کے بعد خشک ہونے والا (۲) خشک شدہ زخم (۳) (دال اور چاول) چھٹکا ہوا (۴) مذکر۔ جھنڈا۔ جھنڈے کے اوپر کا کپڑا ❊
پھُرہری (پھُرَہ۔ رِی) (ہ) مؤنث (لکھنؤ) دیکھیے پھریری ❊

پھری (پھرِی) (ہ) مؤنث (۱) گدکا کھیلنے والوں کی ڈھال (۲) حفاظت ۔ بچاؤ ۔ روک ۔

پھریا (پھر۔یا) (ہ) مؤنث (۱) (ہندو) گنوار عورتوں کا دوپٹّا (۲) ہندو عورتوں کا لباس (۳) پوتڑا ۔

پھریرا (پھرے۔را) (ہ) دیکھیے "پھریرا" ۔

پھُریری (پھُرے۔ری) (ہ) مؤنث (۱) کپکپی ۔ خفیف لرزہ ۔ جھرجھری ۔ جسم کے رونگٹے کھڑے ہوجانا (۲) عطر کا پھویا (۳) سینگ، تنکے یا کسی اور پتلی لمبی لکڑی پر رُوئی لپٹی ہوئی (۴) (کنایۃً) جوش ۔ امنگ ۔

پھریری آنا (۱) جسم کے رونگٹے کھڑے ہونا (۲) بیزاری یا نفرت سے جھرجھری آنا ۔ **پھریری چھوٹنا** (دہلی) پھریری آنا ۔ **پھریری لینا** (۱) تھرتھرانا ۔ کانپنا (۲) پرندے کا پر جھاڑنا (۳) کتّے کا پھٹ پھٹانا (۴) (کنایۃً) تازہ دم ہونا ۔ چوکنا ہونا ۔

پھڑ (پھڑ) (ہ) مؤنث (۱) جوا کھیلنے کا اڈّا ۔ قمار خانہ (۲) توپ رکھنے کی جگہ (۳) توپ کی گاڑی (۴) گاڑی کی بانس ۔ بمبو (۵) مذکر (قمار باز) جوا (۶) اسباب رکھ کر بیچنے کی جگہ ۔ **پھڑ باز** ۔ مذکر ۔ جواری ۔ **پھڑ بازی** ۔ مؤنث ۔ قمار بازی ۔ جوا ۔ **پھڑ پھکنا** ۔ قمار بازی ہونا ۔ جوا ہونا ۔ **پھڑ پھینکنا** ۔ قمار بازی کرنا ۔

پھڑپھڑانا (پھڑ۔ پھڑا۔نا) (ہ) (۱) پروں کو پھٹپھٹانا ۔ پھڑکنا (۲) بے چین ہونا ۔ تڑپنا ۔ بے قرار ہونا ۔ **پھڑپھڑاہٹ** ۔ مؤنث ۔ (۱) پھڑپھڑانا ۔ پَر مارنے کی آواز (۲) اضطراب ۔ بیتابی ۔

پھڑک (پھڑک) (ہ) (۱) پھڑکنا کا امر (۲) مؤنث ۔ بے چینی ۔ اضطراب ۔ بے قراری (۳) کبوتر کو تنبیہ کرنا (۴) نتھنوں کی حرکت ۔

پھڑک کا مارنا (کنایۃً) رُلانا ۔ **پھڑکانا** (۱) بیتاب کرنا ۔ تڑپانا (۲) نہایت خوش کرنا (۳) زیب تن کرنا (۴) (عو) ترسانا (۵) بھوک پیاس سے ترسانا (۶) تکلیف دینا ۔ **پھڑک اٹھنا** (۱) بیتاب ہوجانا ۔ بے قرار ہوجانا (۲) خوشی سے بے چین ہوجانا (۳) (کنایۃً) عاشق ہوجانا ۔ **پھڑک جانا** (۱) بے قرار ہوجانا ۔ بیتاب ہوجانا (۲) خوش ہوجانا ۔ (۳) فریفتہ ہوجانا ۔ عاشق ہوجانا ۔ **پھڑکن** ۔ مؤنث ۔ (عو) پھڑک ۔ **پھڑکن کی اولاد** (۱) (عو) (دہلی) بڑی تمنّا کی اولاد ۔ **پھڑکنا** (۱) تلملانا ۔ لوٹنا ۔ تڑپنا (۲) عاشق ہوجانا ۔ فریفتہ ہوجانا (۳) حرکت کرنا ۔ جنبش کرنا ۔ دھڑکنا ۔ (۴) آرزو مند ہونا ۔ بے حد مشتاق ہونا ۔ (۵) خوشی سے بے قرار ہونا (۶) پر جھاڑنا ۔ پھڑپھڑانا ۔ پرندے کا مضطرب ہوکر بال و پر مارنا (۷) بچّے کا پیٹ میں حرکت کرنا ۔

پھڑکی (پھڑ۔کی) (ہ) مؤنث (۱) موٹا پردہ (۲) حدِ فاصل ۔

پھُہڑنا (پھُہڑ۔نا) (ہ) (عوام) سونا ۔ لیٹنا ۔

پھڑوانا (پھڑ۔وا۔نا) (ہ) (۱) پھٹنا کا متعدی المتعدی ۔

پھڑولنا (پھڑ۔ول۔نا) (ہ) (عو) بے ترتیب کرنا ۔

پھڑی (پھڑی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) پتھروں کا ڈھیر (۲) جُل ۔ تڑی ۔

پھڑیا (پھڑ۔یا) (ہ) مذکر (۱) پھڑی لگانے والا (۲) متفرق چیزیں بیچنے والا ۔ خُردہ فروش (۲) جھانسا دینے والا ۔ جُل دینے والا ۔ تڑی دینے والا (۳) وہ شخص جس کے مکان میں جوا ہوتا ہو ۔ مال لینے والا ۔ جس کے مکان میں پھڑ جمے (۴) قمار بازی کا اڈّا (۵) لمبی لکڑی جو ٹہل کے دونوں طرف لگائی جاتی ہے ۔

پھُڑیا (پھُڑ۔یا) (ہ) مؤنث ۔ چھوٹا پھوڑا ۔ پھنسی ۔

پھُس (پھُس) (ہ) مؤنث (۱) خفیف آواز ۔ ہلکی آواز (۲) پھُسکی کی آواز ۔

پھُس دے سے کہنا (عوام ۔ عو) آہستہ کہنا ۔ چپکے سے کہنا ۔

پھُس سے (عو) آہستہ سے ۔

پِھس (پِھس) (ہ) مؤنث ۔ چھی ۔ افسوس ۔ حیف ۔ شرم ۔ ہیچ ۔ جب کسی بچّے سے کوئی کام نہ ہوسکے تو اسے چھیڑنے کے لیے کہا جاتا ہے ۔

پھساکو (پھسا۔کو) (ہ) مذکر ۔ خراب تمباکو ۔

پھساوا (پھسا۔وا) (ہ) مذکر ۔ رنج اور محنت میں پھنسنے کی جگہ، جس سے رہائی مشکل ہو ۔ **پھساؤ** ۔ مذکر ۔ گرفتاری ۔

پِھش پِھش (پِھش پِھش) (ہ) مؤنث ۔ بلّی کے بلانے کی آواز ۔

پھُس پھُس (پھُس ۔ پھُس) (ہ) مؤنث (۱) ہلکی آواز (۲) کانا پھوسی (۳) نرمائی ۔ پلپلا پن ۔

پھُس پھُسا (پھُس ۔ پھُسا) (ہ) (مؤنث کے لیے پھُس پھُسی) (۱) ڈھیلا ۔ نرم ۔ ملائم (۲) کم تیز (کڑوے کے خلاف) (۳) کمزور ۔ بودا (۴) چُست کے برعکس ۔ **پھُس پھُسانا** ۔ (۱) نہایت آہستہ باتیں کرنا ۔ کان میں باتیں کرنا ۔ کانا پھوسی کرنا ۔ سرگوشی کرنا (۲) بُرائی کرنا ۔ چُغلی کھانا (۳) بات سُن کر ضبط نہ کرنا ۔ جگہ جگہ بیان کرتے پھرنا ۔

پِھسڈّی (پھسڈ۔ڈی) (ہ) (۱) پچھلا ۔ آخر (۲) پست ۔ شکست یافتہ ۔ ہارا ہوا (۳) کم درجہ ۔ ناقص ۔ گھٹیل (۴) میری کے برعکس ۔ ناقابل ۔ رہا ہوا ۔ محروم ۔

پھُسر پھُسر (پھُسر پھُسر) (ہ) مؤنث (عو) (۱) کان میں باتیں کرنا ۔ چپکے چپکے باتیں کرنا ۔ (۲) پھوار پڑنا ۔

پھُسکا (پھُس۔کا) (ہ) کمزور ۔ ڈھیلا ۔ (مؤنث کے لیے پھُسکی) ۔

پھسکڑ ۔ **پھسکڑا** (پھسک۔کڑ ، پھسک۔ڑا) (ہ) مذکر و مؤنث ۔ زمین پر پاؤں پھیلا کر بیٹھنے کی حالت ۔ زمین پر چوتڑ ٹیک کر چار زانو بیٹھنے کی حالت ۔ **پھسکڑا مار کر بیٹھنا** ۔ (دہلی) (عو) زمین پر پاؤں پھیلا کر بیٹھنا (لکھنؤ میں اِس مقام پر "چار زانو بیٹھنا" کہتے ہیں) ۔

پھسکنا (پھسک۔نا) (ہ) (ہندو) (۱) دھسکنا ۔ اندر کی طرف بیٹھنا (۲) تڑقنا ۔ پھٹ جانا ۔ کھل جانا ۔

پھُسکنا (پھُسک۔نا) (ہ) چغلی کھانا ۔

پھُسکی (پھُس۔کی) (ہ) مؤنث (۱) بے آواز پادیا گوز (۲) حیوان کا گوز ۔

پھسلا لینا (پھُسْ - لا - لے - نا) (ھ) دم میں لانا - رضا مند کر لینا ٭

پھسلانا (پھُسْ - لا - نا) (۱) اغوا کرنا - بہکانا (۲) دم دینا - جھانسے میں لانا - جُل دینا - فریب کرنا - دھوکا دینا (۳) متوجہ کرنا - راغب کرنا - رغبت دلانا (۴) منانا - راضی کرنا (۵) فریفتہ کرنا - موہنا - دل بستگی کرنا (۶) بہلانا ٭ **پھسلاوا** - مذکر (۱) بہکاوا (۲) بہلاوا (۳) (عو) دم - جھانسا - فریب - دھوکا ٭

پھسل (پھِسَل) (ھ) پھسلنا کا امر ٭ **پھسلا** (۱) پھسلنا کی ماضی مطلق (۲) پھسلانا کا امر ٭ **پھسل پڑنا** (۱) گر پڑنا (۲) (مجازاً) کسی چیز پر مائل ہوجانا - فریفتہ ہوجانا ٭ **پھسل جانا** (۱) رپٹنا (۲) وعدے سے پھر جانا (۳) فریفتہ ہوجانا (۴) دیکھیے پھسلنا ٭ **پھسلن** - مؤنث (عو) لغزش - رپٹنے کی جگہ - پاؤں پھسلنے کی جگہ ٭ **پھسلنا** (۱) لڑھکنا - رپٹنا (۲) گمراہ ہونا - بہکنا - چُوکنا - لغزش ہونا (۳) (کنایۃً) راغب ہونا - مائل ہونا - فریفتہ ہونا (دیکھیے دل پھسلنا) (۴) (صفت) رپٹواں - وہ چیز جس سے پھسل جائیں ٭ **پھسلنا پتھر** - مذکر - چکنا پتھر جس پر بیٹھ کر پھسلتے ہیں ٭

پھسینڈا (پھُسِیں - ڈا) (ھ) (صفت مذکر) (۱) بُسا ہُوا - بساندا - بودار (۲) بے عقلی کی بات کرنے والا - غیر معتبر بات کرنے والا - نا معقول بات کرنے والا ٭ **پھسینڈی** (صفت مؤنث) (۱) بُسی ہوئی - بساندی - بودار (۲) پھوہڑ - نامعقول (۳) مؤنث - بیہودہ گو عورت ٭

پھش (پھِش) (ھ) مؤنث (۱) فِش - چھی - تُف - ہیچ (۲) شرم - لعنت - نفرت - افسوس - حسرت ٭

پھشی (پھِش - شی) (ھ) مؤنث (عو) چھوٹے بچوں کا پیشاب ٭

پھک (پھَک) (ھ) مؤنث - (۱) آواز - شور (۲) ملائم چیز میں سخت چیز کے جلد داخل ہونے کی آواز ٭ **پھک سے** (عوام) پھٹ سے - اِکبارگی - دفعتہً ٭

پھُک (پھُک) (ھ) پھکنا کا امر ٭ **پھُکا** - پھکنا کی ماضی مطلق ٭ **پھُکا جانا** - آگ یا بخار یا عشق کی گرمی سے جلا جانا ٭ **پھُکنا** (۱) سوختہ ہونا - جھلسنا (۲) انگارا ہونا - راکھ ہونا - خاک ہونا - کوئلہ ہونا (۳) داغ لگنا - بریاں ہونا (۴) مرجھانا - پژمردہ ہونا - سوکھ جانا (۵) لُونگ جانا (۶) برباد ہونا - تباہ ہونا - غارت ہونا - مرنا (۷) جاتا رہنا - کھویا رہنا - گم ہونا (۸) کشتہ ہوجانا (۹) غم و غصہ کھانا (۱۰) (کنایۃً) ناحق خرچ ہونا - روپیہ برباد ہونا - رنج کرنا - ملال کرنا (۱۱) پیشاب کی تھیلی - مثانہ جس میں پیشاب جمع ہوتا ہے ٭ **پھُکنی** - مؤنث - (۱) پھونک کر آگ جلانے کا آلہ - دم کش - دھونکنی (۲) پیشاب کی تھیلی ٭ **پھُکوانا** - پھکنا کا متعدی المتعدی ٭

پھکارنا (پھکَار - نا) (ھ) (۱) سرننگا کرنا (۲) مینڈھیاں کھولنا - بال کھلے چھوڑنا - بال کھولنا (۳) کوٹنا - الٹنا - اکھاڑنا (۴) پریشان کرنا - تتر بتر کرنا - پھیلانا - بکھیرنا (۵) بدلحاظ ہونا - بے شرم ہونا - آوارہ ہونا ٭

پھکانا (پھکا - نا) (ھ) دیکھیے پھنکوانا ٭

پھکڑ (پھَک - کَڑ) (ھ) مذکر و مؤنث - گالی گلوچ، فحش، ہزلیات، ناشائستہ گفتگو، گندہ، پوچ، لچر، مغلظات، ہم چخ ٭ **پھکڑ باز** - مغلظات بکنے والا - فحش گو - گالی گلوچ میں بات کرنے والا ٭ **پھکڑ لڑنا** - باہم ہزلیات میں گفتگو کرنا - گالی گلوچ کرنا ٭ **پھکڑ ہونا** - نہایت بے تکلفی ہونا - بیہودہ اور فحش ہنسی ہونا ٭

پھکڑی (پھَک - ڑی) (ھ) مؤنث - (۱) بداخلاقی سے پیش آنے کا فعل (۲) بے عزتی (۳) بدتہذیبی ٭

پھکنی (پھَک - نی) (ھ) مؤنث - دیکھیے "پھنکی" ٭

پھکوڑیا (پھکَوڑ - یا) (ھ) مذکر - پھکڑ باز (۲) بانکا ٭ **پھکوڑ بات** (۱) پھکڑ - ہزلیات (۲) بانکپن ٭

پھکیت (پھکَیت) (ھ) مذکر - پٹے باز - گتکا باز - لکڑی پھینکنے کے فن کا ماہر - پھری گدکے کا فن جاننے والا - بانڈی باز ٭ **پھکیتی** - مؤنث - پٹے کا فن - پٹے بازی - گتکے کی لڑائی - بانڈی بازی - لکڑی بازی ٭

پھکیرنا (پھکیر - نا) (ھ) دیکھیے "پھکارنا" ٭

پھگوا (پھَگ - وا) (ھ) مذکر (ہندو) (۱) ہولی کا انعام - بسنت کی مٹھائی وغیرہ - گڑ کی بھیلی، جو پھاگ کے انعام میں خدمت گار عورتوں کو دی جاتی ہے (۲) ہولی - پھاگ - بسنت ٭

پہل (پَہَل) (ھ) مؤنث - شروع - ابتدا - اوّل - سبقت - پیش قدمی (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

پہل (پَہَل) (ھ) مذکر (۱) روئی کا گالا - دھنکی ہوئی روئی کا چوڑا جمایا ہوا ٹکڑا (۲) گوشہ - کونا - کھونٹ (۳) پَل - رُخ - جانب ٭

پھل (پھَل) (ھ) مذکر (۱) میوہ - بار - ثمر (۲) شگون - فال (۳) خواب کی تعبیر (۴) ستاروں کی گردش کا اثر (۵) ثمرہ - نتیجہ - فائدہ - نفع - ماحصل - لابھ (۶) اولاد - آل - نسل - بنس (۷) سناں، نوک، دھار، انی (۸) عوض - معاوضہ - بدلا - اجر (۹) عطا - انعام - بخشش - صلہ (۱۰) پھالی - پھالا - پھال (۱۱) حاصل قسمت - خارج قسمت ٭ **پھل آنا** - پھل پیدا ہونا - باردار ہونا ٭ **پھل پات** - مذکر - پھل پھلاری، ترکاری میوہ ٭ **پھل پانا** (۱) بدلا ملنا - نتیجہ ملنا (۲) ثمر ملنا - میوہ ہاتھ لگنا (۳) نفع حاصل کرنا - بھلائی پانا (۴) (عو) اولاد ہونا ٭ **پھل پھلاری** - مؤنث - مختلف میوے - طرح طرح کی ترکاریاں ٭ **پھل تاڑ** - مذکر (۱) تاڑ کا درخت (۲) تاڑ کے درخت کا ثمر ٭ **پھل دار** - پھلنے والا - پھلا ہوا - میوہ دار - ثمر دار ٭ **پھل کا نیا کرنا** (عو) موسم میں پھل کو پہلی دفعہ کھانا ٭ **پھل کھانا آسان نہیں** (۱) کہاوت - کوئی کام محنت کے بغیر نہیں ہوتا ٭ **پھل لانا** (۱) باردار ہونا (۲) نتیجہ ظاہر ہونا ٭ **پھل لگنا** - پھل آنا - باردار ہونا ٭ **پھل ملنا** - دیکھیے "پھل پانا" ٭ **پھلے پھولے** - دیکھیے "پھولے پھلے" ٭

پہلا (پَہ - لا) (ھ) (۱) اوّلین - آغاز کا - ابتدائی - شروع کا - اوّل کا (۲)

پرانا - قدیم - پراچین (۳) اچھا - عمدہ - بہترین - اوّل نمبر (۴) پلوٹھا - بڑا ** **پہلا پھل** - مذکر (۱) وہ پھل جو پہلی بار درخت میں آئے - چوٹی کا پھل - پیش رس - نوبر (۲) (مجازاً) وہ بچہ، جو سب سے اوّل پیدا ہو - پہلونٹی کا بچہ ** **پہلا پھول** - مذکر (عو) پہلی مرتبہ کا حمل **

پھلا (پھُلَ - لا) (ہ) مذکر (۱) مکئی کی کھیل (۲) آنکھ کا ٹینٹ یا پھلی - جھلی - جالا (۳) (عوام) پھولا ہوا **

پھلا پھولا (پھَلا، پھُو - لا) (ہ) (مؤنث کے لیے "پھلی پھولی") (۱) مال و دولت والا - صاحب اولاد - بھاگوان - نصیبے والا (۲) ہرا بھرا - تر و تازہ - شاداب - سرسبز (۳) خوش و خرم - آباد شاد - بھرا پُرا (۴) بسا ہوا - معمور **

پھلا سرا (پھُلا س - را) (ہ) مذکر (عو) مکر - دم - جھانسا - چھل - فریب - دھوکا - بھلاوا ** **پھلا سرے میں آنا** - دم میں آنا - جھانسے میں آنا - فریب میں آنا - دھوکے میں آنا **

پھلانا (پھُلا - نا) (ہ) (۱) پھونک بھرنا - پھونک بھر کر کسی چیز کو تاننا (۲) موٹا کرنا (۳) خوشامد سے مغرور کرنا (۴) آلۂ تناسل کو کھڑا کرنا **

پھلانگ (پھَلانگ) (ہ) مؤنث - چھلانگ - جست - کلانچ - ڈگ - زقند (مارنا کے ساتھ) ** **پھلانگنا** - چھلانگ مارنا - پھاندنا - کلانچ مارنا - جست کرنا - زقند بھرنا **

پھلاہی (پھُلا - ہی) (ہ) مؤنث - کیکر کی قسم کا، لیکن اس سے چھوٹا ایک درخت، جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں **

پھلاؤ (پھُلا - آؤ) (ہ) مذکر (عوام) سوجن - ورم **

پھلپھلا (پھُل - پھلا) (ہ) (۱) ڈھیلا - نرم - ملائم - پلپلا - پھسپھسا (۲) پھولا ہوا - موٹا (۳) (عو) ذرا سی بات میں اترا کر خوشی سے کپّا ہو جانے والا - رذیل - کمینہ - کم ظرف - اوچھا **

پھلت (پھَلَت) (ہ) مؤنث (۱) پیداوار - جھڑاؤ - پھل لانا - پھلنا - پیدا ہونا (۲) (ہندو) ستاروں کی گردش کا اچھا اور برا نشان - ستاروں کی چال کا اثر - جوتش کا نتیجہ **

پھلتا (پھَل - تا) (ہ) مذکر - گدکا - گتکا **

پھلٹی (پھُلَٹ - ٹی) (ہ) مؤنث (۱) پھولوں کی دکان (۲) پھولوں کا بازار **

پھلجھڑی (پھُل - جھڑی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں - گل فشاں - گل چکاں - گل ریز (۲) (کنایۃً) فساد کی بات - فتنہ انگیز بات (۳) لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت - فتنہ پرداز عورت ** **پھلجھڑی چھوڑنا** (کنایۃً) فساد کی بات کہنا - فتنہ انگیزی کرنا **

پھلروا (پھُل - روا) (ہ) (عو) پھول جیسا - ناز و نعمت میں پلا ہوا - خوبصورت - نازک ** **پھلروا سا** - پھول جیسا - چھوٹا خوب صورت بچہ - نہایت پیارا بچہ - گل بدن - گل رُو - گل اندام **

پھلڑا (پھَل - ڑا) (ہ) مذکر - پھل - انی - سنان - نوک - دھار (متروک، صرف عورتیں بولتی ہیں) **

پھلسا (پھِل - سا) (ہ) مذکر (گنوار) (۱) پھاٹک - دروازہ (۲) شہر کا حصّہ **

پھلسرا (پھُل - سرا) (ہ) وہ کبوتر جس کا سر سفید ہو اور باقی بدن پر رنگین پَر ہوں **

پھلکا (پھَل - کا) (ہ) مذکر (دہلی) (۱) چھالا - پھپھولا - تبخالہ - آبلہ (پڑنا کے ساتھ) (۲) (عوام) اکھاڑا - دنگل (۳) (ہندو) نرم زمین - پولی زمین (۴) پھل - انی - سنان - نوک - دھار **

پھلکا (پھُل - کا) (ہ) مذکر (۱) (ہلکا کے ساتھ بطور تابع) پھول جیسا ہلکا - سبک - کم وزن (۲) توے پر پکی ہوئی پتلی سبک روٹی (پکانا، ڈالنا کے ساتھ) (۳) **پھلکی** - مؤنث (۱) پھلکا کی تصغیر (۲) (صفتِ مؤنث) (ہلکی کے ساتھ) سبک **

پھلکاری (پھُل - کا - ری) (ہ) (۱) گل بوٹے کا کام - گلکاری (۲) ایک قسم کا کپڑا، جس پر جدا جدا پھول بنے ہوتے ہیں **

پھلکر (پھَل - کَر) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) پھل کی آمدنی - ثمری پیداوار (۲) جاگیر **

پھلنا (پھل جانا) (پھَل - نا) (۱) میوہ لگنا - ثمردار ہونا - بارور ہونا - پھل لگنا (۲) سزاوار ہونا - زیبا ہونا (۳) مبارک ہونا (۴) پکنا - گرمی دانے، چھالے پھوڑے پھنسیاں، چیچک کے دانے بکثرت جسم پر نکل آنا (۵) کثرت سے اولاد ہونا - خاندان بڑھنا (۶) دولت مند ہونا (۷) خوش نصیب ہونا - با اقبال ہونا (۸) فائدہ پہنچنا - منافع ہونا - نفع ملنا (۹) پروان چڑھنا (۱۰) کامیاب ہونا ** **پھلنا پھولنا** (۱) درختوں کا بارور ہونا (۲) (کنایۃً) با اقبال ہونا (۳) صاحبِ اولاد ہونا (۴) صاحب دولت ہونا (۵) کامیاب ہونا (۶) دیکھیے پھلتا **

پھلنگ - پھُننگ (پھُلَنگ، پھُنَنگ) (ہ) مؤنث - (عوام) (۱) درخت کی چوٹی - ٹہنی کا آخری سرا (۲) کودڑے کا پھندنا **

پہلو (پہَ - لو) (ف) مذکر - (۱) پسلی - کولا - بازو - کنار - آغوش - بغل - گود - کروٹ - زانو (۲) رُو - رُخ - طرف - جانب - الماس یا نگینے کی کٹی ہوئی چمکیلی سطح (۴) گوشہ - کونا - کنارہ - کھونٹ (۵) سہارا - تکیہ (۶) سرھانا (۷) کواڑ - چوکھٹ (۸) ڈھب - چال - موقع - تدبیر - ترکیب - صورت (۹) نکتہ - کنایہ - رمز (۱۰) پاس - قرب - پڑوس (۱۱) آگے - برابر - سامنے - مقابل - روبرو (۱۲) بہانہ - حیلہ **

پہلو بچانا (ف) (۱) الگ بھاگے بھاگے پھرنا - دور رہنا (۲) طرح دینا (۳) کنارہ کرنا ** **پہلو بسانا** (عو) (۱) قریب آکر رہنا - ہمسایہ ہونا - پڑوس آباد کرنا (۲) بغل میں لیٹنا - کروٹ میں لیٹنا (۳) بغل گیر ہونا - ملنا - وصل ہونا (۴) بغل گیر ہو کر پہلو کو معطر کرنا (۵) زانو سے زانو ملا کر

بیٹھنا - پہلو بہ پہلو بیٹھنا (۶) قبر کے پہلو میں دفن ہونا - قبر کے برابر قبر بنوانا ÷ **پہلو تہی کرنا** (۱) بغل خالی کرنا - کروٹ خالی کرنا (۲) علیحدہ ہوجانا - جُدا ہو جانا - الگ ہوجانا - بچ جانا - خیال نہ کرنا - دھیان نہ دینا - چشم پوشی کرنا - ٹال مٹول کرنا - آلے بالے بتانا (۵) اجتناب کرنا - پرہیز کرنا - دُور رہنا - سہارا نہ دینا - مدد نہ کرنا ÷ **پہلو دار** - (ف) (۱) کنارہ دار - گوشے والی (۲) سہارے والی - سرھانے والی - تکیہ دار (۳) کنایے کی - رمز کی - دورخی (بات) (۴) مبہم - مشتبہ ÷

پہلو دبانا (ف) (۱) بوجھ ڈالنا - دباؤ دینا - زور دینا - غلبہ کرنا (۲) قابو جانا - توڑ کرنا (۳) ایک جانب سے حملہ آور ہونا - ایک طرف سے چڑھ جانا ÷ **پہلو گرم کرنا** (۱) آغوش میں بیٹھنا یا بٹھانا (۲) کروٹ میں سونا یا سُلانا - بغل میں لیٹنا یا لٹانا (۳) ہم صحبت ہونا ÷ **پہلو مارنا** انداز رکھنا - ہمسری کرنا - برابری کرنا ÷ **پہلو میں بیٹھنا** - قریب رہنا - پاس رہنا - صحبت میں رہنا ÷ **پہلو نکالنا** - معنی نکالنا - تدبیر نکالنا - صورت نکالنا - موقع نکالنا ÷ **پہلو نکلنا** (یا - نکل آنا) (۱) حیلہ نکلنا - موقع نکلنا - تدبیر ہاتھ آنا - مطلب برآری کا ڈھنگ نکل آنا (۲) شبہہ پیدا ہونا - بات نکلنا - رمز نکلنا ÷

پھلوا (پھَلْ - وَا) (ہ) مذکر - گرہ دار پھندنا، جو لوئی یا کھیس وغیرہ میں بٹتے ہیں گپھا، جھالر ÷

پھُلوا (پھُلْ - وَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پان (۲) ایک قسم کی دوا ÷

پھُلواری - پھُلواڑی (پھُلْ - وَا - رِی ، پھُلْ - وَا - ڑِی) (ہ) مؤنث - (۱) چھوٹا سا باغ - باغیچہ - چمن - گلزار - (۲) خاندان - کنبہ - آل اولاد - بال بچے ÷

پہلوان (پَہْ - لْوَان) (ف) (۱) کشتی کے داؤ جاننے والا - لڑنے کے فن سے واقف (۲) جنگ جُو - لڑاکو - ہمّت والا - جری - دلاور - سورما - دلیر - بہادر - (۳) زبردست - قوی - زور آور - طاقت ور - توانا - جسیم - شحیم - لحیم - ڈیل ڈول والا - قوی الجثہ ÷ **پہلوانی** - مؤنث (۱) کشتی لڑنے کا فن - ورزش - (۲) شجاعت - بہادری (۳) قوت - طاقت ÷

پَہْلوٹا - پَہْلوٹھا
پَہْلونٹا - پَہْلونٹھا
پَہْلوٹی - پَہْلوٹھی
پَہْلونٹی - پَہْلونٹھی
(ہ) دیکھیے "پلوٹھا" وغیرہ ÷

پھلوری (پھَلَو - رِی) (ہ) مؤنث - بیسن کی چھوٹی پھلکی، جو روغن میں تلی جاتی ہے - پکوڑی - بیسن کا نمکین گلگلا ÷

پہلوی (پَہْ - لَوِی) (ف) مؤنث - فارس کی پرانی زبان ÷

پہلی (پَہْ - لی) (ہ) پہلا کی تانیث - ابتدائی - سابقہ ÷

پہلی بسم اللہ - پہلی چوک - پہلی خطا ÷ **پہلی بسم اللہ غلط** (ف) مثل - شروع سے کام خراب ÷ **پہلی منزل** (مؤنث) (کنایۃً) قبر ÷

پھلی (پھَلِی) (ہ) مؤنث (۱) بیج کے دانوں کا غلاف (۲) لوبیا - مٹر - باقلا - کیلا - موٹھ - مونگ - املتاس کا پھل ÷ **پھلی بھی نہ پھوڑنا** (دہلی) (مجازاً) بے حد مجہولی کرنا - کچھ کام نہ کرنا ÷

پھُلّی (پھُلْ - لِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک سفید نقطہ، جو آنکھ کے اندر بڑھ جاتا ہے - آنکھ کا ٹینٹ (۲) (عو) بچے کا آلۂ تناسل (۳) (دکن) ناک کا زیور (۴) چاندی سونے کا پھول، جو زیور میں لگایا جاتا ہے (۵) چائے میں ڈالنے کی ایک خوشبودار دوا ÷

پہلے (پَہْ - لے) (ہ) (۱) ابتدا میں - شروع میں (۲) آگے - اگلے زمانے میں (۳) اچھا - بہتر - عمدہ - افضل - مقدم - اوّل ÷ **پہلے پہل** - (۱) شروع شروع (۲) اوّل اوّل - پہلی مرتبہ ÷ **پہلے چوسے گال کاٹا** - مثل (بازاری) پہلی ہی ملاقات میں رنج دیا - شروع ہی میں ایذا دی ÷

پہلے گھر میں پھر (تو پیچھے) مسجد میں (ف) مثل - خالی پیٹ عبادت نہیں ہوتی - گھر سے بچے تو مسجد میں دے - اوّل خویش بعدہٗ درویش ÷ **پہلے لکھ پیچھے دے پھر بھولے تو کاغذ سے لے** - مقولہ - لین دین میں لکھ لینے سے بھول چوک نہیں ہوتی ÷ **پہلے مارے سو میری** - مثل - جو سب سے پہلے کام کرتا ہے - وہی کامیاب ہوتا ہے - جس کا وار پہلے چل جائے وہی اوّل نمبر ہے - جو پہلے وار کرے، وہی بہادر کہلاتا ہے ÷

پھُلیاں دھرنا - (ہ) (عو) دانت نکلنے کے آغاز میں مسوڑھوں میں کھجلی ہوکر ان کا اُبھر آنا ÷

پھَلیر (پھَلیر) (ہ) سفید رنگ میں سیاہ یا سیاہ میں سفید داغ رکھنے والی گائے یا بیل ÷

پھُلیل (پھُلیل) (ہ) مذکر - خوشبودار تیل - پھلوں میں بسائے ہوئے تِلوں کا تیل ÷

پھلیندا (پھَلین - دا) (ہ) مذکر - (لکھنؤ) بڑی جامن ÷

پَہَن (پَہَن) (ف) (۱) کھلا - کشادہ - فراخ (۲) مذکر - عرض (۳) کشادگی - فراخی ÷

پَہَن (پَہَن) (ف) مذکر - (۱) دودھ، جو محبت کے جوش سے عورت کی چھاتیوں میں بھر آئے (۲) جاگ - دودھ کے اوپر کا کف ÷

پھن (پھَن) (ہ) مذکر - سانپ کا پھیلا ہوا سر، جو اس کے کھڑے ہونے کی صورت میں نظر آتا ہے ÷ **پھن پیٹنا** (دہلی) پھن مارنا ÷ **پھن مارنا** (۱) سانپ کا اپنے پھن کو کسی چیز سے مارنا (۲) سانپ کا ڈسنا - کاٹنا (۳) (مجازاً) سخت کوشش کرنا - سر مارنا ÷

پہنا (پَہْ - نا) (ف) (۱) فراخ - چوڑا - عریض (۲) چوڑائی ÷ **پہنائی** - مؤنث (۱) عرض - چوڑائی - پنا - پھیلاؤ - گھیر - وسعت - فراخی (۲) زیب تن کرنے کی اُجرت - پہنانے کی مزدوری ÷

پہنانا (پَہ - نا - نا) (ف) (۱) باندھنا - اُڑھانا - زیب تن کرانا - ڈالنا (۲) آرائش دینا - آراستہ کرنا ٭ **پہناوا** - مذکر (۱) پوشاک - لباس - کپڑے لتّے - پوشش - (۲) گہنا - زیور (۳) پہننے اوڑھنے کا دستور اور رواج - انداز - طرز - قاعدہ - رسم - اصول - ڈھنگ - طور ٭

پھنپھنانا (پھَن - پھَنا - نا) (ف) (۱) سانپ کا غصّے میں پھن ہلا کر پھنکار مارنا - (۲) بے حد غضب ناک ہونا - نہایت غصّہ کرنا - تیز و تند ہونا ٭

پہنچ (پَہُنْچ) (ف) مؤنث (۱) پہنچنا کا امر (۲) اختیار - حوصلہ (۳) باریابی - دخل - رسائی (۴) فکر کی بلندی - عقل کی رسائی (۵) (عوام) رسید - خبر - اطلاع - وصولی ٭ **پہنچا** - (۱) پہنچنا کی ماضی مطلق (۲) پہنچانا کا امر (۳) کلائی - دست - ساعد - بند (۴) ملا - آیا - موصول ہوا (۵) باریاب ہوا - داخل ہوا ٭ **پہنچانا** (۱) لے جانا - ساتھ لے کر جانا - روانہ کرنا - بھیجنا - ملانا - (۲) دسترس کرنا - باریاب کرنا - داخل کرنا ٭ **پہنچا ہوا** (۱) داخل - باریاب - رسا (۲) آیا ہوا - وصول شدہ - ملا ہوا (۳) ولی - برگزیدہ - کامل - خدا رسیدہ - مقبول الہیٰ (۴) باخبر - واقف - آگاہ - (۵) ہوشیار - تجربہ کار - پختہ کار (۶) فاضل - منتہی ٭ **پہنچنا** (۱) گھسنا - اندر آنا (۲) داخل ہونا - باریاب ہونا - رسائی پانا (۳) راستہ طے ہونا - منزل پوری ہونا (۴) جانا - آنا - وصول ہونا - ملنا (۵) حاصل ہونا - معلوم کرنا - خبردار ہونا - آگاہ ہونا - واقف ہونا - بات کی تہ سمجھنا - (۷) سوچنا - بچار کرنا - غور کرنا - خوض کرنا (۸) تمام کرنا - آخر کرنا - منتہی ہونا - فاضل بننا (۹) تجربہ کار بننا - پختہ کار بننا (۱۰) ولی بننا - مقبول الہیٰ ہونا - خدا رسیدہ ہونا (۱۱) اثر کرنا - سرایت کرنا (۱۲) قابو پانا - قبضہ پانا (۱۳) واسطہ ڈالنا - تعلق کرنا (۱۴) ہمسر ہونا - برابر ہونا ٭

پہنچی (پَہُنْچی) (ف) مؤنث - (۱) کلائی (۲) کلائی میں پہننے کا ایک زیور ٭

پھند (پھَنْد) (ف) مذکر (۱) (ہند و) دم - فریب - مکر - فند (۲) جھوٹ ٭ **پھند کٹنا** - (ہندو) (۱) نجات پانا - مصیبت سے رہائی پانا (۲) قرض سے سبک دوش ہونا ٭

پھندا (پھَن - دا) (ف) مذکر (۱) دام - جال - حلقہ - کمند - پھانسا (۲) (کنایۃً) قید - مصیبت - تکلیف (۳) بال، ریشم یا دھاگے میں پڑنے والی گتھی - (۴) دم - فریب (۵) (کنایۃً) قابو - بس ٭ **پھندا پڑنا** (۱) گرہ پڑنا - الجھنا (۲) کھاتے پیتے ہوئے کسی شے کا حلق میں اٹک جانا ٭ **پھندا دینا (لگانا)** (ف) گرہ دینا - پھانسا لگانا ٭ **پھندا ڈالنا** - بکھیڑا اڑانا - الجھا دینا ٭ **پھندا کٹنا** - (۱) مصیبت سے نجات پانا (۲) قرض سے فارغ ہونا ٭ **پھندے** - مذکر - پھندا کی جمع ٭ **پھندے میں پڑنا (پھنسنا)** (۱) جال میں پھنسنا - دام میں گرفتار ہونا (۲) بلا میں گرفتار ہونا - مصیبت میں مبتلا ہونا - (۳) فریب میں آ جانا (۴) قابو میں ہونا - بس میں آ جانا - (۵) عاشق ہونا ٭ **پھندے میں پھنسانا** (۱) فریب میں لانا (۲) جال میں پھانسنا (۳) مصیبت میں ڈالنا (۴) جنجال میں پھانسنا - پھندے میں ڈالنا - قابو میں لانا ٭ **پھندے میں لانا** - دم دینا - فریب میں پھانسنا ٭

پھندانا (پھَنْدا - نا) (ف) پھاندنا کا متعدی ٭

پُھندنا (پُھنْد - نا) (ف) مذکر - دھاگے، ریشم یا کلابتون کا گچھا یا پھول، جو کوڑے کی نوک یا جھالر اور تسبیح وغیرہ کے سرے پر یا ٹوپی میں لگایا جاتا ہے ٭ **پُھندنا سا** - (ع) چھوٹے قد کا ننھا سا ٭

پھندوڑنا (پھَنْد وڑ - نا) (ف) (دہلی) کپڑوں کی گٹھڑی کو الٹ پلٹ کرنا ٭

پھندیت (پھَنْدیت) (ف) مذکر (لکھنؤ) (۱) وہ سدھا ہوا پرندہ یا چوپایہ جو اپنی آواز سے ہم جنسوں کو دھوکا دے کر جال میں پھنسوائے (۲) بٹیر جس کی آواز سے دوسرے بٹیر جمع ہو جائیں (۳) ہاتھیوں کا شکار کرانے والا ہاتھی (۴) (مجازاً) وہ شخص، جو دوسروں کو اپنا ساتھی بنائے ٭

پھنس (پھَنْس) (ف) پھنسنا کا امر ٭ **پھنسا** - (۱) پھنسنا کی ماضی مطلق (۲) پھنسانا کا امر ٭ **پھنسانا** - پھنسنا کا متعدی ٭ **پھنساوا** - مذکر (ع) (۱) وہ مقام جس سے نکلنا مشکل ہو (۲) الجھاوا - دقت (۳) حراست - گرفتاری - قید (۴) بندش - روک ٭ **پھنساؤ** - مذکر (۱) پیچ - جھگڑا - الجھیڑا (۲) پیچ دار یا جھگڑے والا معاملہ (۳) ایسی جگہ، جہاں آدمی پھنس جائے ٭ **پھنس جانا** - **پھنسنا** (۱) الجھنا - اٹکنا (۲) گرفتار ہونا - پکڑا جانا (۳) دام یا جال میں آنا (۴) بس یا قابو میں ہونا (۵) مقید ہونا - (۶) عاشق ہونا - آشنائی ہونا (۷) دبنا - بھنچنا (۸) دلدل یا کیچڑ یا تنگ جگہ میں رک جانا (۹) (تکلیف یا مصیبت میں) مبتلا ہونا ٭ **پھنسوانا** - پھنسنا کا متعدی المتعدی ٭

پُھنسی (پُھن - سی) (ف) مؤنث - چھوٹا پھوڑا ٭

پھنکا (پھَنک - کا) (ف) مذکر - سفوف وغیرہ کے ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار (لگانا، مارنا کے ساتھ) ٭

پُھنکار (پُھنکا ر) (ف) مؤنث (۱) سانپ کا دم - سانپ کے سانس چھوڑنے کی آواز (مارنا کے ساتھ) (۲) حیوانات کی سانس کی آواز ٭

پُھنکنا (پُھنک - نا) (ف) دیکھیے پُھکنا ٭

پھنکنا (پھَنک - نا) (ف) (۱) بکھرنا - گرنا (۲) ضائع ہونا (اب لکھنؤ میں "نون" نہیں لکھا جاتا) ٭

پُھنکنی (پُھنک - نی) (ف) دیکھیے "پُھکنی" ٭

پُھنکوانا (ف) دیکھیے "پُھکوانا" ٭

پھنکوانا - پھکوانا (ف) "پھنکنا" کا متعدی المتعدی ٭

پھنکی (پھَنک - کی) (ف) مؤنث (۱) سفوف - خشک پسی ہوئی دوا (۲) ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار (پھانکنا کے ساتھ) ٭

پھنگا (پھنگ - گا) (ہ) مذکر ۔ پتنگ ۔ پرواز ۔
پھنگی (پھنگ - گی) (ہ) مؤنث (۱) ناک کی نوک (۲) سرشاخ ۔
پھننگ (ہ) دیکھیے "پھنگ" ۔
پہننا (پہن - نا) (ہ) (۱) کپڑا بدن پر ڈالنا (۲) زیور جسم پر سجانا (۳) کسی چیز کا جسم کے کسی حصے پر استعمال کرنا (۴) مذکر ۔ لباس ۔
پھنو (پھن - نو) (ہ) مؤنث ۔ (عو) چھوٹے بچوں کا آلۂ تناسل ۔
پھنی (پھنی) (س) (۱) پھن والا (۲) مذکر ۔ ایک قسم کا سانپ (۳) مؤنث ۔ گوٹا وغیرہ بٹنے کا آلہ ۔
پھنی (پھن - نی) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "پھانا" ۲ ۔
پھنی ۔ پھنیا (پھن - نی ، پھن - یا) (ہ) مؤنث (۱) پھندنا (۲) گانٹھ (۳) بچے کا عضو تناسل ۔
پھو (پھو) (ہ) مؤنث ۔ پھونکنے کی آواز ۔
پھوا (پھوا) (ہ) (ہندو) (عوام) مؤنث ۔ باپ کی بہن ۔
پھوا پھو (پھوا ۔ پھو) (ہ) مذکر ۔ لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں وہ پانچ ہاتھ ملا کر حلقے میں چک پھیریاں لیتی ہیں ۔
پھوار (پھو - آر) (ہ) مؤنث (۱) ننھی ننھی بوندوں کی بارش ۔ ہلکا ہلکا مینہ ۔ ترشح (۲) چھوٹی چھوٹی بندکیوں والا ایک قسم کا "جالی دار" باریک کپڑا (اڑانا ، اڑنا ، پڑنا ، چھوڑنا کے ساتھ) اکثر فصحا "پھوہار" بولتے ہیں ۔
پھوارا (پھو - ا - را) (ہ) مذکر ۔ (عوام) فوارہ ۔
پھوپا ۔ پھوپھا (پھو - پا ، پھو - پھا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "پھپا" ۔ **پھوپھو** (ہندو) مؤنث ۔ دیکھیے "پھپی" ۔ **پھوپھی ، پھوپی** ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "پھپی" ۔
پھولس (پھو - لس) (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) پھوپھیا ساس ۔
پھوٹ (پھوٹ) (ہ) مؤنث (عو) (لکھنؤ) خدا کی لعنت ۔ تف ۔
پھوٹ (پھوٹ) (ہ) مؤنث (۱) بگاڑ ۔ نااتفاقی ۔ نفاق ۔ عداوت (۲) فساد ۔ کینہ (۳) خربوزے جیسا ایک پھل ، جو پک کر کھل جاتا ہے (۴) تفرقہ (۵) شکستگی ۔ ٹوٹ پھوٹ ۔ **پھوٹ آنا** (۱) نمودار ہونا ۔ باہر نکل آنا (۲) گلا نکلنا ۔ **پھوٹ بہنا** (۱) پانی کا دیوار توڑ کر نکل جانا (۲) پھوڑا پھوٹ کر مواد جاری ہونا (۳) (کنایۃً) کینہ ظاہر ہوجانا ۔ بھید کھل جانا (۴) (مجازاً) زار زار رونا (۵) پوشیدہ کینہ ظاہر کرنا ۔ **پھوٹ پڑنا** (۱) دشمنی ہونا ۔ نااتفاقی ہونا ۔ اَن بَن ہونا ۔ نفاق ہونا ۔ (۲) جدائی ہونا ۔ **پھوٹ پھٹک** ۔ مؤنث (عو) جدائی ۔ علیحدگی ۔ **پھوٹ پھٹک رہنا** (عو) (لکھنؤ) جھگڑا اور نااتفاقی رہنا ۔ اَن بَن رہنا ۔ **پھوٹ پھوٹ (کے) رونا ۔ پھوٹ کے رونا** بہت رونا ۔ خوب رونا ۔ جی کھول کے رونا ۔ زار زار رونا ۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا ۔

پھوٹ ڈالنا (۱) جدائی کرانا (۲) باہم دشمنی کرا دینا ۔ نااتفاقی پیدا کرا دینا ۔ **پھوٹ سا کھل جانا** ۔ شق ہو جانا ۔ کھل جانا ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔ خشکی کے مارے پھٹ جانا ۔ **پھوٹ نکلنا** (۱) جسم پر پھنسیاں ہو جانا (۲) کسی سیال چیز کا زور سے بہ نکلنا ۔ ٹپک پڑنا (۳) نکل آنا ۔ ظاہر ہو جانا ۔ نمودار ہو جانا (۴) جاری ہونا (۵) بھید کھل جانا ۔ افشائے راز ہونا ۔ **پھوٹ ہندوستان کا میوہ ہے** (۶) مثل (۱) یہ پھل ہندوستان ہی میں پیدا ہوتا ہے (۲) ہندوستان کی مختلف قوموں میں سخت نااتفاقی ہے ۔ **پھوٹ ہونا** ۔ نااتفاقی ہونا ۔ نفاق ہونا ۔ **پھوٹا** (ہ) ٹوٹا ہوا ۔ شکستہ ۔ **پھوٹا پڑنا** ۔ آپ ہی آپ ظاہر ہوا جانا ۔ **پھوٹا مقدر** (ہ) مذکر ۔ بگڑی ہوئی قسمت ۔ بدنصیبی ۔
پھوٹک (پھو - ٹک) (ہ) مؤنث (۱) ریزہ (۲) وہ چیز جو ریزہ ریزہ ہو جائے ۔
پھوٹن (پھو - ٹن) (ہ) مؤنث (۱) نااتفاقی ۔ ناراضی (۲) اعضا شکنی ۔
پھوٹنا (پھوٹ جانا) [پھوٹ - نا ، پھوٹ - جانا] (ہ) (اکثر مٹی کے برتن کے لیے پھوٹنا اور پھوڑنا آتا ہے ۔ شیشے کے لیے توڑنا ، ٹوٹنا ۔ لکڑی کے واسطے ٹوٹنا ۔ آنکھوں کے واسطے پھوٹنا) (۱) ٹوٹ جانا ۔ ٹوٹ جانا (۲) کھلنا (۳) (آنکھ کے لیے) روشنی جاتی رہنا (۴) بھید کا ظاہر ہونا (۵) (رنگ کے لیے) جھلکنا ۔ ظاہر ہونا ۔ نمایاں ہونا (۶) سر یا گھٹنے کا مجروح ہونا ۔ پھٹنا (۷) چھالے یا پھوڑے میں سوراخ ہو جانا (۸) نابالغی کا زمانہ گزر جانے سے آواز کا صاف ہو جانا (۹) (عو) جذام ہونا (۱۰) پھنسیاں نکلنا (۱۱) کاغذ پر سیاہی کا نہ توڑ کر نمایاں ہونا (۱۲) (شاخ ، پتے ، کونپل کے لیے) دکھائی دینا ۔ برآمد ہونا (۱۳) جدا ہونا ۔ رازدار کا غیر سے سازش کرنا (۱۴) ظاہر ہونا ۔ نکلنا ۔ ابھرنا (۱۵) (تحقیر سے) (عو) بولنا ۔ کہنا (۱۶) پھٹنا (۱۷) (پانی کے لیے) گرم ہو کر پھٹنا ۔ جوش ہو جانا (۱۸) خوشبو کا پھیلنا ۔ بو ظاہر ہونا (۱۹) توڑ کر نکل جانا (۲۰) پھوڑے یا زخم کا پھٹ کر آلائش نکلنا ۔ **پھوٹی** ۔ ٹوٹی ہوئی ۔ **پھوٹی آنکھ کا تارا** ۔ مذکر (عو) بہت سے بیٹوں میں ایک زندہ بیٹا ۔ نہایت عزیز ۔ **پھوٹی آنکھ کا دیدہ** (۱) مذکر (عو) پھوٹی آنکھ کا تارا ۔ **پھوٹی نظروں یا دیدوں نہ بھانا** (عو) بالکل پسند نہ آنا ۔ ذرا اچھا نہ لگنا ۔ **پھوٹی تقدیر (قسمت)** ۔ مؤنث ۔ بدنصیبی ۔ **پھوٹی کوڑی** (ہ) مؤنث (کنایۃً) ادنیٰ سے ادنیٰ رقم ۔ **پھوٹے منہ سے** (تحقیراً) (عو) برے منہ سے ۔ خراب منہ سے ۔ بد دلی سے ۔ (بولنا ۔ نکلنا کے ساتھ) ۔
پھوہڑ (پھو - ہڑ) (ہ) (دہلی) بے سلیقہ ۔ پھوہڑ ۔
پھوڑا (پھو - ڑا) (ہ) مذکر ۔ بڑی اور موٹی پھنسی ۔ دنبل ۔ دُمّل ۔ **پھوڑا پھوٹنا** (۱) پھنسی کا ٹوٹنا (۲) (کنایۃً) بری بات ظاہر ہو جانا ۔ **پھوڑا پکنا**

(لکھنؤ) پھوڑا ٹپکنا - پھوڑے میں جلن ہونا ❊ پھوڑا نکلنا - بڑی پھنسی یا دنبل کا پیدا ہونا - گومڑا ظاہر ہونا ❊

پھوڑنا (پھوڑ۔نا) (ہ) (۱) توڑنا - ٹکڑے کرنا (۲) دیوار میں سوراخ کرنا (۳) (سر کے ساتھ) زخمی کرنا (۴) (آنکھ کے لیے) اندھا کرنا (۵) (قسمت کے لیے) بدقسمت بنانا (۶) ظاہر کرنا ❊

پھوس (پھُوس) (ہ) مذکر (۱) وہ لمبی گھاس جس کا چھپر بنایا جاتا ہے - پرانی گھاس (۲) (صفت) نہایت بوڑھا - بے حد ضعیف (۳) ہلکا تمباکو - وہ تمباکو، جو کڑوا نہ ہو (۴) (کنایۃً) جلد جل جانے والا ❊ **پھوس کا تاپنا** (کنایۃً) (۱) تھوڑی دیر آرام کرنا (۲) بے بنیاد کام کرنا (۳) کمینے سے فائدے کی امید رکھنا ❊ **پھوس میں چنگاری ڈالنا** (مجازاً) اشتعال دینا - فساد بھڑکانا ❊

پھوسڑا (پھُوس۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) ریشم، لکڑی، کاغذ، کپڑے وغیرہ کا ریشہ (۲) (تحقیراً) (عو) بچہ - اولاد ❊

پھُوسی (پھُو۔سی) (ہ) مؤنث (۱) پھُوس (۲) بھُوسا (۳) کوڑا کرکٹ ❊

پھوک (پھُوک) (ہ) مذکر (۱) فُضلہ جو کسی شے کا رس نکال لینے کے بعد بچے (۲) اَنس نکلا ہوا - نچوڑا ہوا - سیٹھا - بے وزن - کھوکھلا - خالی - بدذائقہ (۳) (ہندو) ابالا - بے گھی کا (۴) (دلال) چار ❊

پھوکا (پھو۔کا) (ہ) (۱) سبک - ہلکا (۲) جس میں ذرا طاقت نہ ہو ❊

پھوکٹ (پھو۔کٹ) (ہ) مؤنث (۱) مفت کی شے - بے قیمت کی شے (۲) مذکر - مفلس آدمی - نالائق یا نکما شخص ❊ **پھوکٹ کا** (دہلی) بے قیمت - مفت کا ❊ **پھوکٹ میں** - خرچ کے بغیر - خالی خولی ❊

پھوکل - پھوکلا (پھُو۔کَل، پھُوک۔لا) (ہ) مفلس - خالی - کھکل ❊

پھول (پھُول) (ہ) مذکر (۱) گُل (۲) گُل کی شکل کا نقش، جو کپڑوں پر بنا ہوتا ہے (۳) مسلمانوں میں تیسرے یا پانچویں دن کی فاتحہ - سوم - تیجا - (۴) مذکر و مؤنث - دو آتشہ شراب - نہایت لطیف اور اعلیٰ شراب - (۵) پتنگا - شرارہ - شرر (۶) ایک قسم کی سفید دھات (۷) (کنایۃً) سبک - ہلکا - (۸) نقش و نگار (۹) ہندوؤں کے مُردوں کی جلی ہوئی ہڈیاں (۱۰) (عو) حیض (۱۱) کوڑھ کے سفید داغ (۱۲) (دہلی) سوکھے ہوئے ساگ کے پتے (۱۳) کھانے کے تمباکو کے پتے (۱۴) کسی پتلی شے کے جما کر سکھائے ہوئے ورق (۱۵) گُل کی شکل کا کترا ہوا پان (۱۶) پینل کا نشان، جو ڈھال پر ہوتا ہے - (۱۷) نشتر کی نوک ❊ **پھول آنا** (۱) درخت میں گُل آنا - بہار کا موسم آنا (۲) (عو) حیض آنا - کپڑوں سے ہونا ❊ **پھول اترنا** - پھول ٹوٹنا - درخت سے پھولوں کا چُنا جانا ❊ **پھول اٹھنا** - سوم کی فاتحہ ہونا ❊ **پھول پان** - مذکر (۱) سرانجام کار - اہتمام (۲) بُرائی بھلائی (۳) نازک - نازک اندام ❊ **پھول پان کی گدھی** - مؤنث (دہلی) بچوں کا ایک کھیل ❊ **پھول پتی** - مؤنث - گُل بوٹا، نقش و نگار، بیل بوٹا ❊ **پھول پڑنا** (۱) شرارہ گرنا - آگ کا پتنگا پڑنا (۲) داغ پڑنا - سفید سفید دھبے پڑنا ❊ **پھول جھڑنا** (۱) سوکھے پھولوں کا درخت سے گرنا - خزاں ہونا (۲) فصاحت اور شیریں کلامی سے بولنا (۳) چراغ یا آتش بازی سے شرارے نکلنا (۴) پتھر یا لوہے کی رگڑ سے آگ کی چنگاریاں نکلنا ❊ **پھول چڑھانا** - قبر وغیرہ پر پھول رکھنا ❊ **پھول چُننا** (۱) گُل چُننا - گُل توڑنا - گُل چینی کرنا (۲) مُردے کی جلی ہڈیاں چُن کر دریا میں ڈالنے کی رسم ادا کرنا ❊ **پھول سونگھ کے رہنا** (عو) (طنزاً) صرف پھول کی خوشبو پر رہنا - بہت کم کھانا ❊ **پھول کا ہنسنا** - پھول کا شگفتہ ہونا - پھول کھلنا ❊ **پھول کترنا** (۱) چراغ کا گُل کترنا (۲) (کنایۃً) انوکھا کام کرنا - ان معنی میں بیشتر "گُل کترنا" استعمال میں ہے (۳) قینچی سے کاغذ یا کپڑے کے پھولوں کا کترنا ❊ **پھول کملانا** - پھول کا مرجھانا ❊ **پھول کھلنا** (۱) گُل کا شگفتہ ہونا (۲) (کنایۃً) (عو) شادی ہونا - بیاہ ہونا ❊

پھول کی جگہ پنکھڑی - مثل (۱) بہت چیز کی جگہ تھوڑی سی - بہت نہیں، تھوڑی سہی (۲) وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی کسی امر کے زیادہ کرنے کے مقام پر کمی کرے ❊ **پھول گوبھی** - مؤنث - ایک قسم کا کرم کلا - وہ گوبھی، جس میں بڑا پھول آتا ہے ❊ **پھول مرجانا** - پھول مرجھانا ❊ **پھول نہیں، پنکھڑی سہی - پھول نہیں تو پنکھڑی** - مثل - جو مل جائے غنیمت ہے ❊ **پھول وہی جو مہیش چڑھے** - مثل (دہلی) (۱) پھول وہی، جو کسی مقدس مقام پر چڑھائے جائیں یا کسی بڑے آدمی کی خدمت میں پیش ہوں (۲) تدبیر وہی ٹھیک ہے، جو کام آ جائے - (لکھنؤ میں "پھول وہی جو مہیسر چڑھیں" بولتے ہیں) ❊ **پھول ہونا** (۱) سوم کی فاتحہ ہونا (۲) بہت ہلکا ہونا ❊

پھُول (پھُول) (ہ) (۱) پھولنا کا امر (۲) سوجی ہوئی جگہ ❊ **پھولا** (پھُو۔لا) (ہ) (۱) پھولنا کی ماضی مطلق (۲) سوجا ہوا - ہوا یا پانی سے بھرا ہوا (۳) مذکر - پرندوں کی بیماری، جس میں جانور پھول جاتا ہے (۴) سفیدی کا نشان، جو گھوڑوں کے ٹھوں، پاؤں یا ران پر ہوتا ہے ❊ **پھولا پھولا پھرنا** - خوش خوش پھرنا - بے فکری سے اینٹھے ہوئے پھرنا ❊ **پھولا نہ سمانا** - خوشی کے مارے آپے میں نہ رہنا - بے حد خوش ہونا ❊ **پھول بیٹھنا** (۱) ناراض ہو جانا - روٹھ جانا - اینٹھ جانا (۲) خوش ہو کر بیٹھنا ❊ **پھول پھول کر بیٹھنا** (۱) حد سے زیادہ خوش ہو کر بیٹھنا (۲) مغرور رہنا ❊ **پھول جانا** (۱) ورم ہو جانا - سوجنا (۲) فربہ ہونا - موٹا ہونا (۳) ہوا بھر کر ابھر جانا (۴) اِترا جانا - مغرور ہونا ❊ **پھول کے کُپّا (مٹکا) ہو جانا** - بہت پھول جانا - بہت موٹا ہو جانا ❊ **پھولنا** - (۱) پھول کا کھلنا (۲) (شفق کی نسبت) آسمان پر نمودار ہونا (۳) ہوا بھرنے سے کسی جوف دار چیز کا تن جانا (۴) موٹا ہونا (۵) خوش ہونا - (۶) کامیاب ہونا - بارور ہونا - سرسبز ہونا (۷) سوجنا - ورم ہونا - (۸) نفخ ہونا (۹) اترانا - نازاں ہونا (آپ کے ساتھ) (۱۰) (کنایۃً) خفا ہونا ❊ **پھولنا پھلنا** - (۱) درختوں کا سرسبز ہونا - بارآور ہونا (۲) (کنایۃً) انسان کا

دولت مند اور خوشحال ہونا ۔ (۳) آدمی کا صاحب اولاد ہونا (۴) (مجازاً) (لکھنؤ) آتشک میں مبتلا ہونا (۵) کامیاب اور بامراد ہونا (۶) برکت ہونا ۔ نفع ہونا ۔ **پھولو پھلو** ۔ خوش و خرم رہو ۔ اقبال میں ترقی ہو ۔

پھولا (پھو ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) آنکھ کی پھلی ۔ ایک بیماری جس میں آنکھ کی سیاہی پر ایک سفید دھبا پیدا ہو جاتا ہے ۔ (۲) آبلہ ۔ پھپھولا (۳) روئی کا گالا (۴) کاجل ۔

پھولام (پھو ۔ لام) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں قسم قسم کے پھول بنے جاتے ہیں ۔

پھولوں (پھو ۔ لوں) (ہ) پھول کی جمع ۔ **پھولوں کا دن** ۔ مذکر ۔ تیجے کا دن ۔ **پھولوں کا گہنا** ۔ مذکر (۱) گلوں کا زیور، جو شادی میں دولہا دلھن کو پہنایا جاتا ہے ۔ (۲) پھولوں کا بنا ہوا زیور، جو عورتیں اور معشوق پہنتے ہیں (۳) (مجازاً) سر میں پیدا شدہ مگر نازک چیز (۴) چیچک ۔ ماتا ۔ سیتلا ۔ **پھولوں کی چادر** (۱) مؤنث ۔ (۱) چادرِ گل (۲) پھولوں کی لڑیاں، جو چادر کی شکل میں گوندھ کر بزرگوں کے مزاروں پر چڑھاتے ہیں ۔ **پھولوں کی چھڑی** مؤنث (۱) وہ چھڑی جس میں پھول پروئے گئے ہوں ۔ (۲) (کنایۃً) بہت ہلکی (۳) وہ لکڑی جس میں پھولوں کے ہار چوتھی کھیلنے کے لیے لپیٹ دیتے ہیں (۴) معشوق کے ہاتھ کی مار ۔ **پھولوں کی سیج** ۔ مؤنث ۔ وہ پلنگ، جو پھولوں سے سجایا جائے ۔ بستر راحت ۔ **پھولوں میں تلنا** (۱) (کنایۃً) بے حد نازک بدن ہونا (۲) نہایت سبک ہونا ۔

پھولے پھلے (ہ) (دعا) سرسبز و شاداب ہو ۔ خوش و خرم اور صاحب اولاد ہو ۔

پھول پھاں (پھوں ۔ پھاں) (ہ) مؤنث ۔ شیخی ۔ اکڑفوں ۔

پھوں پھوں (پھوں ۔ پھوں) (ہ) مؤنث (عو) آگ پھونکنا ۔ **پھوں پھوں کرنا** ۔ سانپ کی طرح پھنکار مارنا ۔ غصہ کرنا ۔

پھونپھی (پھوں ۔ پھی) (ہ) مؤنث ۔ نلی ۔

پھونٹ ۔ پھونٹی (پھونٹ ۔ پھوں ۔ ٹی) (ہ) مؤنث ۔ پھوٹ میوہ ۔

پھونچڑا (پھونچ ۔ ڑا) (ہ) (لکھنؤ) دیکھیے "پھونسڑا" ۔

پھونس (پھونس) (ہ) (عوام) مذکر ۔ دیکھیے "پھوس" ۔

پھونسڑا (پھونس ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "پھوسڑا" ۔

پھونک (پھونک) (ہ) (۱) پھونکنا کا امر (۲) مؤنث ۔ منتر ۔ دعا ۔ دم (۳) مذکر ۔ حقے کا کش (۴) ورق سا ہلکا ۔ ہلکا (۵) ہوا، جو منہ سے زور کے ساتھ نکالی جائے ۔ **پھونکا** ۔ پھونکنا کی ماضی مطلق ۔ **پھونک پھونک کر (کے) قدم (پاؤں) رکھنا** (ی) (۱) نہایت احتیاط سے آہستہ آہستہ چلنا (۲) بچ بچ کر کام کرنا ۔ ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا ۔ **پھونک دینا** (ہ) (۱) دم کر دینا (۲) پھونک مار دینا (۳) جلا دینا ۔ برباد کرنا ۔ خاک سیاہ کر دینا (۴) (عو) رنج پہنچانا ۔ ستانا ۔ دق کرنا (۵) حقے کا پانی ٹھیک کرنا (۶) پھیلا دینا ۔ مشہور کر دینا (۷) بہکا دینا (۸) پہنچا دینا ۔ حلول کر دینا (۹) (کان) بھر دینا ۔ **پھونک ڈالنا** ۔ دعا پڑھ کر کسی پر دم کرنا ۔ **پھونک مارنا** ۔ دعا دم کرنے، چراغ بجھانے یا آگ سلگانے وغیرہ کے لیے زور کے ساتھ منہ سے ہوا چھوڑنا ۔ **پھونک نکل جانا** ۔ (عو) سانس نکل جانا ۔ دم نکل جانا ۔ **پھونکنا** (۱) پھونک مارنا (۲) جلانا ۔ مردے کو آگ دینا ۔ آگ لگانا (۳) کشتہ کرنا (۴) حقے کا پانی منہ کے سانس سے نکالنا ۔ (۵) دعا پڑھ کر دم کرنا (۶) دھونکنا ۔ بھڑکانا (۷) اغوا کرنا ۔ بہکانا (۸) شائع کرنا ۔ تشہیر کرنا (۹) ستانا ۔ دل جلانا (۱۰) (عو) اڑانا ۔ برباد کرنا ۔ ضائع کرنا (۱۱) لگائی بجھائی کرنا (۱۲) آواز نکالنا ۔ بجانا ۔ **پھونکی چھری** ۔ مؤنث ۔ دم کی ہوئی چھری ۔

پھونک (پھو ۔ نک) (ہ) مؤنث ۔ (۱) تیر کا سوفار (۲) (صفت) درمیان سے خالی ۔ کھوکھلی (بالعموم جواہرات کے متعلق کہتے ہیں) ۔

پھوہا (پھو ۔ ہا) (ہ) مذکر (۱) روئی کا فتیلہ، جو دودھ میں تر کر کے شیرخوار بچے کے منہ میں رکھا جاتا ہے تاکہ وہ چوسے (۲) روئی کا ٹکڑا، جو عطر میں تر کر کے کان میں رکھا جاتا ہے ۔

پھوہار (پھو ۔ ہار) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "پھوار" ۔

پھوہڑ (پھو ۔ ہڑ) (ہ) (۱) سگھڑ کے برعکس ۔ بے سلیقہ ۔ ناشائستہ ۔ خانہ داری کے معاملات میں کوری عورت (۲) بے ہنر عورت (۳) بے وقوف ۔ **پھوہڑ پن ۔ پھوہڑ پنا** ۔ مذکر (۱) ناشائستگی ۔ بدسلیقگی (۲) بے ہنری (۳) نادانی ۔ بے وقوفی ۔

پھوئی ۔ پھوئی (پھو ۔ ئی ، پھوئی) (ہ) مؤنث (۱) پھپھوندی (۲) گھی کا پھول، جو تاؤ دیتے وقت اوپر آ جاتا ہے ۔ (۳) باریک بوند (۴) عطر چھڑکنے کا آلہ ۔ **پھوئی پھوئی (پھوئیاں پھوئیاں) تالاب بھر جاتا ہے** ۔ (ی) مثل (عو) تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے ۔ **پھوئیاں** ۔ مؤنث (عو) کم کم اور چھوٹی چھوٹی بوندیں ۔ پھوار ۔ تقاطر ۔ **پھوئیاں پھوئیاں** ۔ تھوڑا تھوڑا ۔ کم کم ۔ قطرہ قطرہ ۔ **پھوئیوں پھوئیوں برسنا** ۔ (عو) مینہ کی پھوار پڑنا ۔

پھویا (پھو ۔ یا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) دیکھیے "پھوہا" ۔

پھہار (پھہار) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "پھوار" ۔

پہیا ۔ پہیہ (پہی ۔ یا ، پہی ۔ یہ) (ہ) مذکر (۱) چرخی ۔ چکر ۔ حلقہ (۲) گاڑی کا وہ حصہ، جو زمین پر چلتا ہے ۔ (۳) لکڑی کا حلقہ، جو استحکام کے لیے کنوئیں میں ڈالا جاتا ہے ۔ **پہیے** ۔ پہیا کی جمع ۔

پھیا (پھیا) (ہ) مذکر ۔ منافع یا سود، جو معاملے کے روپے پر نصف آنہ فی روپیہ پٹواری کی خاطر لگایا جاتا ہے ۔

پھیپھڑا (پھیپھ ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ سانس لینے کا عضو ۔ شش ۔

پھپھڑا جلانا (ع) کسی کی خیر خواہی کرنا ٭

پھیٹ - پھینٹ (پھَیٹ ، پھَینٹ) (ہ) (۱) پھیٹنا ، پھینٹنا کا امر (۲) مؤنث - کمر بند - پیٹی ٭

پھیٹا - پھینٹا (پھے - ٹا ، پھَین - ٹا) (ہ) مذکر - چھوٹی پگڑی - دستار - عمامہ ٭

پھیٹنا - پھینٹنا (پھَیٹ - نا ، پھَینٹ - نا) (ہ) حل کرنا - ایک جان کرنا - ملانا - گھینا ٭

پھیر (پھیر) (ہ) مذکر (۱) موڑ - چکر (۲) دُوری - فاصلہ (۳) الٹاؤ - انقلاب (۴) راستے کی ٹیڑھ (۵) فریب - جال - پیچ (۶) دِقت - بکھیڑا - الجھاؤ (۷) فرق - تفاوت (۸) فکر - چنتا (۹) حلقہ - دائرہ - (۱۰) بُرائی - گردش (۱۱) تخمینہ - اندازہ ٭ **پھیر باندھنا** - (عوام) سلسلہ ڈال دینا - محدود کر دینا - تار باندھنا ٭ **پھیر بدل** - مذکر و مؤنث - (۱) اول بدل - معاوضہ - عوض (۲) تبدیلی - انقلاب ٭ **پھیر بندھنا** (ع) ڈور بندھنا - کسی چیز کا تسلسل بندھنا ٭ **پھیر پڑنا** (۱) چکر پڑنا (۲) فرق ہونا (۳) تسلسل بندھنا ٭ **پھیر پھار** - مؤنث (۱) الٹ پلٹ - ہیرا پھیری (۲) فریب - پیچ (۳) چکر ٭ **پھیر دینا** - (۱) لوٹا دینا - واپس کر دینا (۲) رُخ بدلنا - سمت بدلنا (۳) کسی پتلی چیز کا پچارا کر دینا ٭ **پھیر لینا** (۱) لوٹا لینا - واپس لے لینا (۲) (ع) بچے کی پیدائش کے آثار ظاہر ہو کر چند روز تک بچہ پیدا نہ ہونا ٭ **پھیر میں آنا** - (۱) گردش میں آنا - چکر میں آنا - (۲) نقصان ہو جانا (۳) فریب میں آنا ٭

پھیرا (پھے - را) (ہ) مذکر - (۱) دائرہ - حلقہ (۲) چونا ناپنے کا پیمانہ (۳) دورہ - گشت (۴) طواف (۵) موڑ - گھماؤ (۶) فقیروں، گداگروں کا معمولی گشت (۷) (شکاریوں کی اصطلاح) شکار کے جانور کو ہر طرف سے گھیر کر بندوق لگانے والے کی طرف لے جانا (۸) (عوام) آسیب کا خلل (۹) (ع) تیسرے پہر کا ناشتا ، جو بچوں کو دیا جاتا ہے ٭

پھیرا پھاری - پھیرا پھیری - مؤنث - (ع) ہیرا پھیری ٭

پھیرا لگانا (۱) چوکیدار کا گھر گھر پھرنا (۲) گشت کرنا ٭

پھیرنا (پھیر - نا) (ہ) پھرنا کا متعدی (۱) موڑنا - ایک طرف سے دوسری طرف مائل کرنا (۲) پھرانا - چکر دینا - گھمانا (۳) گشت کرانا (۴) واپس کرنا - لوٹانا (۵) رخ بدلنا - پیچھے ہٹنا (۶) گھوڑے کو آگے یا پیچھے موڑنا (۷) روگرداں کرنا - الٹنا - پلٹنا (۸) مُکرنا - زبان بدلنا (۹) کسی چیز پر بار بار چلانا یا رگڑنا (۱۰) بیزار کرنا - ناراض کرنا (۱۱) آموختہ پڑھنا - پڑھا ہُوا سبق دُہرانا (۱۲) (مالا کے ساتھ) جپنا (۱۳) پھیلا دینا - قلعی کرنا - رنگ چڑھانا - پوتنا (۱۴) (گھوڑا) نکالنا ٭

پھیری (پھے - ری) (ہ) مؤنث - (۱) طواف (۲) چکر - گشت (۳) فقیروں کا مقررہ جگہ دورہ کرنا (۴) خُردہ فروش کا گشت (۵) چیت سدی چودس کو ہندوؤں کا اپنے شہر کے اردگرد چکر لگانا ٭

پھیری پھرنا - (۱) بیچنے جانا (۲) بھیک مانگنے جانا (۳) گشت لگانا ٭

پھیری والا - مذکر - گلی کوچوں میں پھر کر سودا بیچنے والا - گھر گھر پھر کر مال فروخت کرنے والا - خُردہ فروش - بساطی - خوانچے والا - (۲) بہت دنوں تک پھیری لگانے والا فقیر ٭

پھیرے (پھے - رے) (ہ) مذکر (۱) پھیرا کی جمع (۲) ہندوؤں میں نکاح کی رسم ٭ **پھیرے ڈالنا** (ہندو) (۱) عقد کرنا - نکاح کرنا (۲) کسی کام کے لیے بار بار جانا ٭

پھیکا (پھی - کا) (ہ) (۱) الونا - بے نمک (۲) کم شیریں (۳) سیٹھا - بدمزہ (۴) خفیف - ہلکا - (۵) اُداس - بدرنگ - بے رونق - ماند - (۶) کج خلق - روکھا (۷) کم شوخ - رنگ میں مدھم (۸) بدمزہ - سست (۹) (طبیعت کے لیے) جس میں امنگ باقی نہ ہو (۱۰) (دل، جی کے ساتھ) کسی شے سے دل بیزار ہونا ٭ **پھیکا پڑ جانا** (۱) رنگ مدھم ہو جانا - شوخی جاتی رہنا - ماند ہو جانا - بے آب ہو جانا (۲) اوس پڑ جانا - شرمندہ ہو جانا ٭ **پھیکا پنڈا** - مذکر (ع) جسم پر خفیف بخار (ہونا کے ساتھ) ٭ **پھیکی** - پھیکا کی تانیث ٭ **پھیکی ہنسی** - مؤنث - بناوٹ کی ہنسی ٭

پھیل (پھَیل) (ہ) پھیلنا کا امر ٭ **پھیلا** (۱) پھیلنا کی ماضی مطلق (۲) پھیلانا کا امر ٭ **پھیلا پڑنا** - بچھا جانا - نہایت خواہش مند ہونا - گرا پڑنا ٭

پھیلانا (۱) کشادہ کرنا - بڑھانا - کھولنا (۲) فرش کرنا - بچھانا (۳) لمبا کرنا - دراز کرنا (۴) حساب کرنا - جانچ پرتال کرنا - تخمینہ کرنا - بانٹنا (۵) رواج دینا - مشتہر کرنا - شائع کرنا (۶) بکھیرنا - (۷) لگا لگانا ٭ **پھیلاوا** - مذکر - (ع) طوالت - درازی ٭

پھیلاوٹ - مؤنث (۱) بانٹ - عمل - تقسیم (۲) حساب کا عمل ٭

پھیلاؤ - مذکر (۱) طول و عرض - طوالت - درازی (۲) فراخی - وسعت - کشادگی - چوڑائی (۳) حساب کی جانچ پرتال (۴) مقدار - تخمینہ - اندازہ ٭ **پھیل پھیل کے** (پھیل کے) **سونا** - فراغت سے سونا - بے حد آرام اور بے فکری سے سونا - خوب ہاتھ پاؤں کشادہ کر کے آرام کرنا ٭ **پھیل کر بیٹھنا** - کھل کر بیٹھنا - فراغت سے بیٹھنا ٭ **پھیلنا** (۱) وسیع ہونا - کشادہ ہونا - کھلنا - بڑھنا (۲) لمبا ہونا - دراز ہونا - فرش ہونا - بچھنا (۳) رائج ہونا - منتشر ہونا - (۴) پراگندہ ہونا - بکھرنا (۵) فربہ ہونا - موٹا ہونا (۶) سایہ دار ہونا - چھانا (۷) (ع) ہٹ کرنا - ضد کرنا (۸) پود بڑھنا - کثیر الاولاد ہونا (۹) زیادہ مانگنا - طمع کرنا - حد سے بڑھنا (۱۰) بکثرت ہونا (۱۱) لگا لگنا (۱۲) بکھرنا ٭

پہیلی (پہے - لی) (ہ) مؤنث - بجھارت - معما - چیستان - **پہیلی بجھانا - بجھوانا** (۱) چیستان کا حل کرانا (۲) اشاروں میں بات کرنا -

گول مول گفتگو کرنا ۔ پہیلی بوجھنا ۔ چیستان حل کرنا ۔ پہیلی بتانا ۔

پھین (پھینْ) (ہ) مذکر (۱) کف ۔ جھاگ (۲) منہ سے نکلنے والی رطوبت ۔ **پھینا** ۔ مذکر (عوام) پھین ۔

پھینٹی (پھین ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (ہندو ۔ عو) ریشم کی لچھی ۔ سوت کی لچھی یا انٹی ۔

پھینچنا (پھینچ ۔ نا) (ہ) کھنگالنا ۔ پانی ڈال کر کپڑے کو صاف کرنا ۔ صابون کے بغیر کپڑا دھونا ۔

پھینک (پھینْک) (ہ) (۱) پھینکنا کا امر (۲) مؤنث (ہندو) نچھاور ۔ بکھیر ۔ **پھینک دینا** (۱) بکھیر دینا ۔ (۲) اچھال دینا (۳) ڈال دینا ۔ گرا دینا (۴) تلف کر دینا ۔ ضائع کر دینا ۔ **پھینکنا** (۱) گرانا ۔ ڈالنا (۲) پٹکنا ۔ دے مارنا (۳) اچھالنا ۔ (۴) بکھیرنا (۵) (پانسے یا قرعے کا) ڈالنا (۶) (گھوڑے کے لیے) بہت تیز دوڑنا (۷) برباد کرنا ۔ ضائع کرنا (۸) (رپٹے کے واسطے) کھیلنا (۹) چلانا ۔

پھینی (پھے ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ گھی میں تلی ہوئی سوت کے لچھوں جیسی میدے کی ٹکیا ، جو دودھ یا چائے میں ڈال کر کھائی جاتی ہے ۔

پھیہا (پھی ۔ ہا) (ہ) مذکر (۱) (عوام) پپیہا (۲) مرغی کا ایک مرض جس سے پیٹ کے نیچے ورم ہو جاتا ہے اور انڈے نہیں دیتی ۔

پ - ی - ے

پی (پِیْ) (ہ) مذکر (۱) معشوق ۔ پیارا ۔ پریتم (۲) شوہر ۔ خاوند ۔ خصم (۳) پینا کا امر ۔ **پی پی** ۔ مؤنث ۔ پپیہے کی آواز ۔ **پی کہاں** ۔ مؤنث پپیہے کی آواز ۔

پی (پِیْ) (ف) مؤنث ۔ چربی ۔

پے (پَے) (ف) مذکر (۱) عصب ۔ پٹھا (۲) کمان یا غلیل پر لپیٹنے کا رودہ ۔ تانت (۳) کھوج ۔ قدم (۴) علامت ۔ نشان (۵) عقب (۶) (اضافت سے) وسیلے سے ۔ طفیل میں ۔ صدقے میں ۔ واسطے ۔ **پیاپے** (ف) پے درپے ۔ **پے درپے** (ف) مسلسل ۔ متواتر ۔ لگاتار ۔ **پے کرنا** (۱) کونچیں کاٹ ڈالنا ۔ **پیہم** (ف) پے درپے ۔

پے (پَے) (ہ) مؤنث ۔ عیب ۔ نقص ۔ تہمت (لگانا ، نکالنا کے ساتھ) ۔

پیا (پِیا) (ہ) پینا کی ماضی مطلق ۔

پیا (پِیا) (ہ) مذکر (۱) معشوق (۲) شوہر ۔ **پیا جسے چاہے ، وہی سہاگن** ۔ مثل (۱) جس عورت سے اس کا خاوند محبت کرے ، وہی سہاگن ہے (۲) محبت ہی سے قدر ، عزت اور وقعت ہوتی ہے ۔

پَیا (پَیْ ۔ یا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے پہیا ۔

پیا بانسا (پیا ۔ بان ۔ سا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا بانس (۲) ایک پودا جس سے سرخ رنگ نکالا جاتا ہے ۔

پیادہ (پیا ۔ دَہ) (ف) (۱) پیدل (۲) مذکر ۔ پیدل سفر کرنے والا آدمی (۳) فوج کا سپاہی جو پیدل چلے (۴) شطرنج کا ایک مہرہ ۔ **پیادہ پا** ۔ پیدل ۔ **پیادہ محاصل** ۔ مذکر (۱) وہ چپراسی جو مقروض کے مکان پر متعین کیا جائے اور اس کے قرض ادا کرنے تک اسی کے خرچ پر وہاں رہے (۲) وہ سپاہی جس کا تقرر بالبہ وصول کرنے کے لیے عمل میں لایا جائے ۔

پیار (پیا ۔ ر) (ہ) مذکر (۱) محبت ۔ حب ۔ پریم ۔ پریت (۲) لاڈ ۔ دُلار (۳) ماتا ۔ مادری محبت (۴) عشق (۵) بچے کا بوسہ (۶) میل جول ۔ دوستی (۷) مہربانی ۔ التفات ۔ **پیار آنا** (۱) محبت ہونا ۔ چاہ ہونا (۲) بوسہ لینے کو جی چاہنا ۔ **پیار کرنا** (۱) محبت کرنا (۲) چمکارنا (۳) بوسہ لینا (۴) عشق رکھنا ۔ **پیار نکالنا** ۔ حسرت نکالنا ۔ چاؤ نکالنا ۔ **پیارا** (۱) چاہیتا ۔ لاڈلا (۲) دوست (۳) معشوق (۴) عزیز ۔ قریبی رشتہ دار ۔ (۵) خوب صورت ۔ سندر (۶) قابل قدر ۔ **پیاروں پیٹی** ۔ مؤنث ۔ عورتوں کا کوسنا ۔ جس کے عزیز مر گئے ہوں ۔ **پیاری** ۔ پیارا کی تانیث (۱) معشوقہ ۔ محبوبہ (۲) عزیزہ (۳) لاڈلی ۔ **پیاری پیاری باتیں** ۔ مؤنث ۔ محبت کی باتیں ۔ بھولی بھالی باتیں ۔ میٹھی میٹھی باتیں ۔

پیارانگا (پیا ۔ راں ۔ گا) (ہ) مذکر ۔ ایک جڑ جو دوا کے طور پر برتی جاتی ہے ۔

پیاز (پیا ۔ ز) (ف) مؤنث ۔ ایک مشہور بو دار اور گانٹھ والی جڑ جسے کھاتے اور سالن میں ڈالتے ہیں ۔ **پیاز کی گٹھی** (۱) مؤنث (عو) پیاز کی گرہ ۔ **پیازی** (ف) (۱) پیاز کے رنگ کا ۔ ہلکا سرخ ۔ گلابی ۔ شربتی (۲) مذکر ۔ ایک نہایت خوب صورت اور رگڑی ہوا لعل ۔

پیاس (پیا ۔ س) (ہ) مؤنث (۱) پانی پینے کی خواہش (۲) (کنایۃً) چاہت ۔ آرزو ۔ تمنا (۳) بچوں کی ایک بیماری جس میں تشنگی بہت زیادہ ہوتی ہے ۔ **پیاس بجھانا** (۱) پانی پلا کر تسلی دینا ۔ تشنگی فرو کرنا (۲) خواہش پوری کرنا ۔ آرزو بر لانا ۔ **پیاس بھڑکنا** ۔ پیاس کی شدت ہونا ۔ **پیاس لگنا** ۔ تشنگی ہونا ۔ پانی پینے کی خواہش ہونا ۔ **پیاس مارنا** ۔ تشنگی کو ضبط کرنا ۔ پانی پینے کی خواہش کو روکنا ۔ **پیاسا** (۱) تشنہ (۲) آرزو مند ۔ مشتاق ۔ حاجت مند ۔ خواہش مند ۔ **پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہے ، کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا** ۔ مثل ۔ طالب مطلوب کے پاس جاتا ہے ، مطلوب طالب کے پاس نہیں آتا ۔

پیال (پیا ۔ ل) (س) مذکر ۔ لکھنؤ ۔ دھان یا کودوں کا بھس ، جو بچھا کر اکثر غریب آدمی سردیوں میں سوتے ہیں ۔ دہلی میں پُوال کہتے ہیں ۔ **پیال کے پاؤں** ۔ ناپائدار ۔

پیالہ (پیا ۔ لہ) (ف) مذکر (۱) کاسہ ۔ ساغر ۔ جام ۔ کٹورا ۔ پیمانہ (۲) رنجک ۔ بندوق یا توپ کی رنجک رکھنے کی جگہ (۳) جلترنگ کا پیالہ (۴) بھیک کا ٹھیکرا ۔ کاسۂ گدائی (۵) (فقرا) عرس ۔ سوم کا فاتحہ (۶) فقیروں کے یہاں فقیروں کی دعوت ۔ **پیالہ بجنا** (۱) دور دورہ ہونا ۔ عیش ہونا ۔ ترقی ہونا (۲) جلترنگ کے پیالوں کا بجنا ۔ **پیالہ بھر جانا** (کنایۃً) عمر تمام

ہو جانا - دن پورے ہو جانا ٭ **پیالہ بھرنا** (۱) پیالے کو پُر کرنا (۲) عمر آخر ہونا - بڑھاپا ہونا ٭ **پیالہ بہنا** (عوام - عو) حمل ساقط ہونا ٭ **پیالہ پینا** (۱) معتقد ہونا - چیلا ہونا - مرید ہونا (۲) آزادوں یا فقیروں کی صحبت میں رہنا (۳) شراب یا بھنگ پینا ٭ **پیالہ ہونا** (فقراء) (۱) مرنا (۲) فاتحہ ہونا - عرس ہونا (۳) آزاد کے تکیے میں آزادوں کی دعوت (۴) پٹے باز کے گھر میں پٹے بازوں کی دعوت ٭ **پیالی** (نرالی اور پالی دونوں کے وزن پر) (ہ) مؤنث - چھوٹا پیالہ ٭

پیام (پَیَام) (ف) مذکر (۱) زبانی بات جو کسی دوسرے سے کہلائی جائے - خبر - پیغام - سندیسا (۲) منگنی - نسبت (۳) زبانی سوال ٭ **پیام بر** (پیامبر) مذکر - زبانی پیغام لے جانے والا - سفیر - ایلچی - قاصد ٭ **پیام سلام** - مذکر (۱) زبانی بات چیت - دوسرے کے ذریعے سے کسی بات کا سوال و جواب کرنا (۲) نسبت کا پیغام (۳) سوال و جواب ٭ **پیام کرنا** (ک) کہلا بھیجنا ٭ **پیامی** (ف) پیام لے جانے والا ٭

پیانسٹ (پِیا - نِسٹ) (انگ - Pianist) مذکر - پیانو بجانے والا ٭

پیانو (پِیا - نُو) (انگ - Piano) مذکر - ہارمونیم جیسا، لیکن اس سے بڑا ایک قسم کا انگریزی باجا ٭

پیاؤ (پِیا - اَؤ) (ہ) مذکر (۱) پانی پینے کی جگہ (۲) سبیل ٭

پیپ (پِیپ) (ہ) مؤنث - مواد - ریم ٭ **پیپ پڑنا** (۱) زخم کا پکنا (۲) روحانی تکلیف ہونا ٭

پیپا (پی - پا) (ر) مذکر - ٹین یا لکڑی کا ڈھول جیسا ظرف ٭

پیپر (پے - پَر) (انگ - Paper) مذکر (۱) کاغذ (۲) پرچہ - پُرزہ - اخبار - گزٹ ٭ **پیپر ویٹ** (انگ - Paper weight) مذکر - کاغذ دبانے کا وزن - کاغذ داب ٭

پیپل (پی - پَل) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا مشہور سایہ دار درخت، جو ہندو متبرک سمجھ کر پوجتے ہیں (۲) ایک دوا - فلفل دراز ٭ **پیپلی** - مؤنث (۱) پیپل کا پھل (۲) پیپل کا چھوٹا درخت ٭

پیپلا (پِیپ - لا) (ہ) مذکر - تلوار کی نوک یا انی ٭

پیت (پِیت) (ہ) مؤنث - (ہندو) دوستی - محبت ٭ **پیت کی ریت نرالی** - مثل - محبت کا انداز انوکھا ہے - عشق کا طریقہ جداگانہ ہے ٭ **پیت نہ جانے جات کجات** - عشق کے جوش میں ذات کا خیال نہیں کیا جاتا ٭

پیتابا - پیتاوا (پَے - تا - بَا ، پَے - تا - وَا) (ف) دیکھیے پاتابہ ٭

پیتامبر (پِیتَا - مْبَر) (ہ) مذکر (۱) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا (۲) زرد پوش (۳) زرد پوشش - ریشمی دھوتی، جو بیشتر ہندو عورتیں پہنتی ہیں ٭

پیترا (پَیت - رَا) (ہ) مذکر (۱) کشتی یا پٹے کا داؤں کرتے وقت ایک خاص انداز کے مطابق قدم رکھنا ٭ **پیترا بدل کر خالی دینا** (و) پاؤں اس انداز سے اِدھر اُدھر رکھنا کہ دشمن کا وار خالی جائے ٭ **پیترا بدلنا** (۱) کشتی یا پٹے کے وقت قاعدے کے مطابق پاؤں کا آگے پیچھے رکھنا - ٹھاٹھ سے کھڑا ہونا (۲) فن سپہ گری دکھانا (۳) نازو انداز سے چلنا ٭

پیتیس (پِی - تِس) (ہ) مؤنث (ہندو - عو) خسر کی بھاوج - پچیاس ٭ **پتیسرا** - مذکر - خسر کا بھائی ٭

پیتل (پِی - تَل) (ہ) مذکر - ایک مشہور دھات، جو تانبے اور جست سے مرکب ہے - برنج ٭ **پیتلی** (۱) پیتل کے رنگ کا (۲) پیتل کا - برنجی (۳) پیتل کی دیگچی - برنجی ہنڈیا ٭

پیتم (پِی - تَم) (ہ) مذکر - دیکھیے "پریتم" ٭

پیتمبر - (ہ) دیکھیے "پیتامبر" ٭

پیٹ (پِیٹ) (ہ) مذکر (۱) بطن - شکم - (۲) بچہ دان - رحم (۳) معدہ (۴) حمل - گربھ (۵) جوف - خلا (۶) توپ کی وہ جگہ جہاں گولہ ٹھہرے (۷) سمائی - گنجائش (۸) ظرف - حوصلہ - (۹) باطن - اندرون (۱۰) دائرے کا اندرونی حصہ (۱۱) ہوس - طمع (۱۲) بھوک (۱۳) پوٹا ٭ **پیٹ اپھرنا** - پیٹ کا پھولنا - نفخ ہونا ٭ **پیٹ باندھنا** (کنایۃً) فاقہ کرنا - بھوک ضبط کرنا - خواہش سے کم کھانا ٭ **پیٹ بجانا** (۱) اصلی معنی میں (۲) (کنایۃً) خوش ہونا - خوشی منانا - **پیٹ بڑھانا** (۱) مقدار سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا - خوراک بڑھانا (۲) دوسرے کے حصے پر دانت رکھنا ٭ **پیٹ بڑھنا** (۱) خوراک بڑھنا (۲) مرض استسقاء کی وجہ سے پیٹ پھول جانا ٭ **پیٹ بولنا** - ریح کے باعث پیٹ سے آواز نکلنا - قراقر ہونا ٭ **پیٹ بھاری ہونا** - بدہضمی ہونا - گرانیٔ شکم ہونا - **پیٹ بھرا** (۱) شکم سیر (۲) فارغ البال - مال دار (۳) بے پروا - خود مختار ٭ **پیٹ بھر جانا** (۱) اُکتا جانا - سیر ہو جانا (۲) مغرور ہونا - اپھر جانا ٭ **پیٹ بھر کر** - خاطر خواہ - بخوبی ٭ **پیٹ بھرنا** (۱) سیر ہونا (۲) گزران ہونا (۳) دولت مند ہونا (۴) طبیعت بھرنا - اکتانا ٭ **پیٹ بھرے کی باتیں** - مؤنث - متکبرانہ باتیں ٭ **پیٹ بھرے کے گن** - مذکر - آزادانہ اطوار - مغرورانہ کلام ٭ **پیٹ پالنا** (۱) دشواری سے گزارہ کرنا - مشکل سے کما کر کھانا (۲) شکم پُری کرنا - پیٹ بھرنا (۳) کھا کر اپنے نفس کی خواہش پوری کرنا ٭ **پیٹ پالو** - بندۂ شکم - نفس پرست ٭ **پیٹ پانی ہونا** - بدہضمی ہونا - دست آنا ٭ **پیٹ پکڑ کر بھاگنا** (۱) گھبرا کر بھاگنا - مضطربانہ بھاگنا (۲) دل پر صدمہ گزرنا - دل کو لگنا ٭ **پیٹ پکڑے یا تھامے پھرنا** (عو) آپ میں نہ رہنا - مضطرب الحال پھرنا ٭ **پیٹ پورا کرنا** (دہلی) پیٹ بھر کھانا ٭ **پیٹ پونچھن (گھرچن)** (ہ) مؤنث - اخیر کا بچہ - وہ بچہ، جس کے پیچھے کوئی اَور بچہ پیدا نہ ہوا ہو ٭ **پیٹ پھاڑنا** (۱) شکم چاک کرنا (۲) حرص کرنا (۳) نظر لگانا (۴) کام میں جلدی کرنا (۵) حسد کرنا (۶) دل کا بھید ظاہر کرنا (۷) انکار کرنا (۸) لڑنے کو تیار رہنا -

پیٹ پھٹنا (۱) شکم چاک ہونا (۲) بے صبر ہونا (۳) بہت زیادہ ہنسنا (۴) (عو) حسد کرنا (۵) رشک کرنا (۶) چاولوں کا پھول کر شق ہونا ۔ **پیٹ پھلانا** (۱) شکم کو سانس سے اُونچا کرنا (۲) (عوام) حمل رکھا لینا (۳) (عو) کھانے کے اشتیاق میں تیار ہو کر بیٹھنا (۴) بہت لالچ کرنا ۔ طمع کرنا (۵) جی جلانا ۔ **پیٹ پھولنا** (۱) نفخ ہونا ۔ پیٹ اپھرنا (۲) حمل سے ہونا (۳) (عو) بے چین ہونا ۔ بیتاب ہونا ۔ **پیٹ پیٹنا** (۱) پیٹ بجانا (۲) (کنایۃً) بھوک کے مارے بیتاب ہونا (۳) بے صبری کرنا ۔ ہوس کرنا ۔ (۴) بے چین ہونا ۔ پھڑپھڑانا ۔

پیٹ پیٹھ سے لگ جانا (لگنا) (۱) نہایت دبلا اور لاغر ہونا (۲) بے حد بھوکا ہونا ۔ **پیٹ تو سب کے ساتھ لگا ہُوا ہے** ۔ مثل ۔ ہر ایک کو کھانے کی ضرورت پڑتی ہے ۔ **پیٹ ٹھنڈا رہنا** (عو) (۱) اولاد سے خوش رہنا ۔ بچّوں کا سُکھ دینا ۔ (۲) اولاد کا زندہ رہنا ۔ **پیٹ جاری ہونا ۔ یا ۔ چھوٹنا** ۔ دست آنا ۔ دستوں کی بیماری ہونا ۔ **پیٹ چپاتی ہو جانا** (۱) پیٹ نہایت ملائم ہو جانا (۲) بھوک سے پیٹ کا بیٹھ جانا ۔ **پیٹ چوٹی** ۔ مؤنث ۔ وہ عورت جس کا حمل جلد نہ پہچانا جائے ، جس کا پیٹ حمل میں کم بڑھے ۔ **پیٹ دکھانا** ۔ (۱) مفلسی اور بھوک کی شکایت کرنا (۲) (عو) پیٹ ملوانا ۔ دائی سے حمل کی پہچان کرانا ۔ **پیٹ ڈالنا** ۔ حمل گرانا ، اسقاطِ حمل کرانا ۔ **پیٹ رکھانا** (۱) حاملہ کر دینا (۲) حاملہ ہونا ۔ **پیٹ رہ جانا** ۔ حمل قرار پانا ۔ حاملہ ہو جانا ۔ **پیٹ سے باہر پاؤں نکالنا** (عو) (۱) بد راہ ہونا ۔ سیدھے آدمی کا ناشائستہ کام کرنے لگنا (۲) اِترانا ۔ بڑھ چلنا ۔ **پیٹ سے ہونا** ۔ حمل ہونا ۔ **پیٹ کا بچّہ (لڑکا)** مذکر (۱) وہ بچّہ ، جو ابھی پیٹ میں ہو ، پیدا نہ ہُوا ہو (۲) سگا بچّہ ۔ حقیقی اولاد ۔ **پیٹ کا پانی نہ ہلنا** ۔ سواری میں جنبش اور تکلیف نہ ہونا ۔ بے تکان جانا ۔ **پیٹ کا پردہ (۱)** مذکر ۔ اوجھڑی ۔ آنتوں کی جھلی ۔ **پیٹ کاٹنا** (۱) کم کھا کر گزر کرنا ۔ اپنی خوراک سے بچانا (۲) بھوکا مارنا ۔ خوراک سے کم دینا ۔ **پیٹ کا دھندا** مذکر (۱) معاش کی فکر ۔ کھانے پینے کی تدبیر (۲) محنت مزدوری ۔ کمائی ۔ روزگار ۔ **پیٹ کا کتا** ۔ مذکر (۱) کھانے پر دم دینے والا ۔ بندۂ شکم ۔ شکم پرور (۲) (کنایۃً) اشتہا ۔ بھوک ۔ **پیٹ کا گڑگڑانا** ۔ خوف سے پیٹ کا بولنا ۔ **پیٹ کا ہلکا** ۔ بھید ظاہر کر دینے والا کم ظرف ۔ تنگ ظرف ۔ اوچھا ۔ **پیٹ کی آگ (آنچ)** مؤنث ۔ (۱) ماں کی ممتا (۲) بھوک (۳) بال بچّے ۔ اولاد ۔ **پیٹ کی بات** ۔ مؤنث ۔ دِل کا بھید ۔ راز ۔ مخفی بات ۔ پوشیدہ بھید ۔ **پیٹ کے بال** ۔ مذکر ۔ وہ بال ، جو ماں کے پیٹ ہی میں بچّے کے سر اور سارے جسم پر نکل آتے ہیں ۔ **پیٹ کے لیے دوڑنا** ۔ روزی کی تلاش میں پھرنا ۔ **پیٹ گدرانا** ۔ حمل کی علامت ظاہر ہونا ۔

پیٹ گرنا ۔ اِسقاطِ حمل ۔ حمل جاتا رہنا ۔ **پیٹ لگ جانا** ۔ بھوک کی وجہ سے شکم کا اندر کی طرف دھنس جانا ۔ **پیٹ مارنا** (عو) (۱) بھوک سے کم کھانا ۔ کھانے میں کمی کرنا (۲) نفس کشی (۳) خودکشی کرنا ۔ **پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت** ۔ مقولہ ۔ نہایت بوڑھا ۔ بے حد ضعیف ۔ بوڑھا پھوس ۔ **پیٹ میں انگارے بھرنا** ۔ (عو) (۱) حرام کا مال کھانا (۲) عاقبت خراب کرنا ۔ **پیٹ میں بل پڑنا** ۔ زیادہ ہنسنے سے پیٹ میں شکنیں پڑنا ۔ ہنستے ہنستے شکم کا دُہرا ہو جانا ۔ **پیٹ میں بیٹھنا** ۔ (۱) پیٹ میں گھسنا (۲) دوست بن کر مطلب نکالنا ۔ **پیٹ میں پڑا چارا تو کودنے لگا بچارا** ۔ مثل (عو) (۱) مال و دولت کے باعث پچھلی حالت کو بھول گیا (۲) کھایا تو طاقت آئی (۳) مدد ملی تو شرارت کی ۔ **پیٹ میں چوہوں کا قلابازی (قلابازیاں) کھانا** ۔ بھوک کی شدّت سے بیتاب ہونا ۔ بے انتہا بھوک لگنا ۔ **پیٹ میں چوہے چھوٹنا (دوڑنا)** (۱) بھوک سے بے چین ہونا (۲) کِسی ڈر کی وجہ سے ازحد اضطراب اور بیتابی کا ہونا ۔ انتہائی تشویش ہونا ۔ سٹ پٹا جانا ۔ **پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا** (۱) (عو) (دہلی) (طنزاً) بے کھائے جینا ۔ کم خوراک ہونا ۔ **پیٹ میں ڈاڑھی ہونا** (ہ) بچپن میں بوڑھوں اور عقلمندوں کی سی باتیں کرنا ۔ **پیٹ میں سے پاؤں نکالنا** (۱) نئے نئے گُن سیکھنا (۲) بد اطواری اور بد راہی میں قدم رکھنے لگنا ۔ **پیٹ میں گیدڑیاں دوڑنا** ۔ دیکھیے "پیٹ میں چوہے دوڑنا" ۔ **پیٹ والی** ۔ مؤنث (عو) (۱) حاملہ (۲) کھانے پینے کی ہر چیز پر دل جلانے والی ۔ **پیٹ ہے یا بے ایمان کی قبر** (و) مثل ۔ بہت بڑے پیٹ والا ۔ **پیٹ ہے یا حضرت خواجہ خضرؑ کی زنبیل** ۔ مثل ۔ اُس آدمی کے متعلق بولتے ہیں ، جو الا بلا سب چٹ کر جائے اور کبھی کھانے سے منہ نہ موڑے ۔

پیٹا (پے ـ ٹَا) (ہ) مذکر (۱) دور ۔ محیط ۔ گولائی (۲) کنکوّے یا تکّل کی ڈور کا جھول (۳) تخمیناً ۔ تقریباً (۴) دریا کے بہنے کا راستہ (۵) حساب کی تفصیل ، جو ایک مد کے اندر لکھی جائے (۶) دریا کا پاٹ (۷) حیوانوں کی اوجھڑی (۸) کتاب کا متن (۹) دُوری ۔ فاصلہ (۱۰) بس ۔ قابو ۔ **پیٹا توڑنا** ۔ اُڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور کو بیچ سے توڑ لینا ۔

پیٹیا (پِی ـ ٹِیَا) (ہ) (لکھنؤ) (عو) (۱) نامناسب بیجا (۲) پیٹنا کی ماضی مطلق ، پِیا ہی پیٹیا ۔ مذکر (عو) زور شور کا مینہ ۔
پیٹیار نخھو (پے ـ ٹَا ر ـ نخو) (ہ) (ہندو) پیٹو ۔
پیٹ پیٹ کر ۔ (ہ) (۱) نہایت دِقّت سے ۔ بڑی مشکل سے (۲) مار مار کر (۳) ماتم میں سر اور سینے پر ہاتھ مار کر ۔
پیٹرن ۔ (پَیٹْ ـ رَن) انگ ۔ Patron) مذکر ۔ حامی ۔ سرپرست ۔ مربّی ۔
پیٹک پیّا (پھیّا) [پِیْ ـ ٹَک ـ پَیْ ـ یَا ، (پھَیْ ـ یَا)] (ہ) مؤنث (عو) (۱) کہرام ۔ ماتم ۔ نوحہ ۔ گریہ و زاری (۲) لڑائی بھڑائی ۔ فساد ۔

جھگڑا ٭ (پڑنا، ڈالنا کے ساتھ) ٭

پیٹل (پےٹ۔ ٹل) (ہ) بڑے پیٹ والا۔ توندل ٭

پیٹنا (پیٹ۔ نا) (ہ) (۱) مارنا۔ چوٹ لگانا۔ کچلنا (۲) رونا۔ ماتم کرنا (۳) چوڑا کرنا (۴) سخت محنت کرنا (۵) حاصل کرنا۔ کمانا (۶) سرزنش کرنا۔ (۷) فکر کرنا۔ اندیشہ کرنا (۸) کسی کی موت چاہنا۔ بُرا چاہنا (۹) مُہرہ مارنا۔ گوٹ مارنا (۱۰) (عو) مذکر۔ آفت۔ مصیبت۔ نوحہ۔ ماتم ٭

پیٹنٹ (پےٹ نٹ) (انگ۔ Patent) (۱) رجسٹری کرائی ہوئی ایجاد، جسے دوسرا نہ بنا سکے (۲) مستند۔ مسلّمہ ٭

پیٹو (پی۔ ٹو) (ہ) ماتم میں سینہ اور سر بہت کوٹنے والا ٭

پیٹو (پےٹ۔ ٹو) (ہ) (لکھنؤ) بہت کھانے والا۔ بسیار خور ٭

پیٹھ (پیٹھ) (ہ) مؤنث (۱) پُشت (۲) مدد۔ حمایت (۳) پناہ۔ سہارا (۴) پیچھے (۵) ہر چیز کے اوپر کا حصّہ ٭ **پیٹھ پر کا** (صفت۔ مذکر) (عو) (۱) اوپر کا۔ بعد کا۔ وہ بچّہ، جو کسی بچّے کے بعد پیدا ہُوا ہو (۲) چھوٹا بھائی ٭ **پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا** (۱) پیار کرنا (۲) ہمّت بڑھانا۔ حوصلہ بڑھانا ٭ **پیٹھ پھیرنا** (۱) جانا۔ پیٹھ موڑنا (۲) انتقال کرنا۔ مرنا (۳) لڑائی سے بھاگنا (۴) بیزاری یا نفرت کی وجہ سے ایک طرف سے دوسری طرف منہ کرلینا ٭ **پیٹھ پیچھے** (۱) غیر حاضری میں۔ غیبت میں (۲) مرنے کے بعد ٭ **پیٹھ پیچھے بادشاہ کو بھی بُرا کہتے ہیں** (ف) مثل۔ غیر حاضری میں بُرا کہنے کا بُرا نہ ماننا چاہیے ٭ **پیٹھ توڑنا** (کنایۃً) مایوس کرنا۔ ہمّت توڑنا۔ کمر توڑنا ٭ **پیٹھ ٹھوکنا (ٹھونکنا)** (۱) شاباش دینا۔ پیار کرنا۔ ہمّت بندھانا۔ حوصلہ بڑھانا (۲) پُشت پر سوار ہونا ٭

پیٹھ چارپائی سے لگ جانا (ف) دیکھیے "چارپائی سے......"

پیٹھ دکھانا (ہ) (۱) منہ موڑنا۔ لڑائی سے بھاگ جانا۔ چھوڑ دینا (۲) سفر کو جانا ٭ **پیٹھ دینا** (۱) منہ موڑنا (۲) دغا دینا (۳) لڑائی سے بھاگ جانا (۴) مرجانا ٭ **پیٹھ سیدھی کرنا** (کنایۃً) آرام لینا۔ دیر تک بیٹھ جھکانے کے بعد آرام لینا ٭ **پیٹھ کا کچّا**۔ پیٹھ کا نازک۔ سواری کا بودا۔ وہ جانور، جس کی پیٹھ سواری لینے سے جلد زخمی ہوجائے ٭ **پیٹھ لگنا**۔ (۱) پیٹھ میں زخم ہوجانا (۲) پچھڑنا۔ کشتی میں چت ہوجانا (۳) چپک جانا۔ چسپاں ہونا ٭ **پیٹھ نہ لگنا** (ع) بے قرار رہنا۔ تڑپنا۔ آرام نہ پانا ٭

پیٹھ (پَیٹھ) (ہ) مؤنث۔ (۱) رسائی۔ دخل (۲) آٹھویں دن مقرر جگہوں پر لگنے والا بازار (۳) نقل۔ گم شدہ ہنڈوی کی نقل ٭

پیٹھا (پےٹ۔ ٹھا) (ہ) مذکر۔ کدو کی قسم کی ایک ترکاری جس کی مٹھائی اور مربّا بنایا جاتا ہے ٭

پیٹھانا (پےٹ۔ ٹھا۔ نا) (ہ) (عوام) پیٹھنا کا متعدی ٭ **پَیٹھنا** (ہ) (عو) (۱) گڑنا۔ جمنا۔ پیوست ہونا۔ گھسنا (۲) درآنا۔ داخل ہونا ٭

پیٹھی (پی۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ مونگ، ماش وغیرہ کی پسی ہوئی دال کی ٹکری ٭

پیٹی (پےٹ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا کمربند۔ پٹکا۔ چمڑے کا چوڑا تسمہ، جو کمر سے باندھا جاتا ہے (۲) نقدی رکھنے کا آہنی صندوق۔ بکس۔ (۳) وہ کپڑا، جو بچّہ ہونے کے بعد زچّہ کی کمر سے باندھا جاتا ہے۔ وہ پارچہ، جو نئے پیدا شدہ لڑکے کے پیٹ سے لپیٹا جاتا ہے۔ (۴) بلبل یا بیے کی کمر میں باندھنے کا ڈورا (۵) جامہ دانی۔ خُرجی (۶) بندوق یا توپ کے سامان رکھنے کا بکس (۷) (عو) (دہلی) تیغے کا استر (۸) (لکھنؤ) (عو) وہ کپڑا، جو عورتیں موباف سے پہلے چوٹی کو گُندھ کرنے کی غرض سے لپیٹ لیتی ہیں ٭ **پیٹی اترنا**۔ سپاہی کا معطّل یا موقوف ہونا ٭ **پیٹی باندھنا** (۱) کمر کسنا۔ سپاہی کا کمر باندھ کر تیار رہنا (۲) ہاتھ پر بٹھانے والے پرندے کی کمر میں ڈورا باندھنا ٭

پیج (پےج) (انگ۔ Page) مذکر (۱) ورق کا ایک رُخ۔ صفحہ۔ (۲) غلام ٭

پیجامہ (ف) مذکر۔ دیکھیے "پاجامہ" ٭

پی جانا (۱) اتار جانا۔ نوش کرلینا (۲) (کنایۃً) درگزر کرنا۔ برداشت کرنا۔ طرح دے جانا۔ ٹال جانا (۳) (کنایۃً) خاموش ہوجانا (۴) کچھ کہنے کا ارادہ کرکے نہ کہنا ٭

پیچ۔ پیچھ (پیچ۔ پیچھ) (ہ) مؤنث۔ اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی ٭

پیچ پی، ہزار نعمت کھائی۔ (ف) مثل۔ (عو) کھانے کو جو کچھ مل گیا، غنیمت ہے۔ اسی پر صبر شکر کرنا چاہیے ٭

پیچ (پیچ) (ف) مذکر۔ (۱) لپیٹ۔ بل (۲) حلقہ۔ کُنڈلی (۳) پھیر۔ چکّر (۴) خم۔ ٹیڑھ (۵) پیٹ کا درد۔ مروڑ (۶) رشک (۷) حسد (۸) عقدہ (۹) ایک قسم کا کھیل (۱۰) دِقّت۔ مشکل (۱۱) کشتی کا داؤں (۱۲) دبانے کی کل (۱۳) پگڑی کی لپیٹ۔ دَور (۱۴) کنکوّوں کا باہم گتھم گتھا ہوجانا (۱۵) کنڈلی۔ سانپ کا چکّر (۱۶) پھندا۔ گرہ (۱۷) پتلی پگڑی (۱۸) دھوکا۔ فریب ٭ **پیچ اٹھنا** (ف) (۱) پیٹ میں مروڑ پیدا ہونا (۲) کنکوّوں کا ایک دوسرے سے الگ ہونا ٭ **پیچ پڑنا** (۱) بکھیڑا پڑنا۔ الجھنا (۲) سخت مشکل پیش آنا (۳) ایک کنکوّے کا دوسرے کنکوّے سے الجھنا (۴) مزاحمت پیش آنا ٭ **پیچ چلنا** (۱) فریب۔ دغا۔ چال اور دھوکے سے کامیاب ہونا (۲) تدبیر کارگر ہونا۔ چال چل جانا (۳) کشتی کے داؤں کا کارگر ہونا (۴) چال چلنا۔ دھوکا دینا ٭ **پیچ چھٹنا**۔ بازی میں ایک کنکوّے کی ڈور کا دوسرے کی ڈور سے الگ ہوجانا ٭ **پیچ دار** (ف) (۱) بل کھایا ہُوا (۲) الجھا ہُوا۔ مشکل۔ پیچیدہ۔ دقیق ٭ **پیچ در پیچ** (۱) بل پر بل پڑا ہُوا۔ بے حد پیچیدہ (۲) بڑا کٹھن۔ نہایت مشکل۔ حل نہ ہونے والا عقدہ ٭ **پیچ ڈالنا**۔ (ف) (۱) فریب کا جال بچھانا (۲) پیچیدگی بڑھانا (۳) مشکل میں ڈالنا (۴) کشتی کا داؤں کرنا (۵) کاٹنے کی غرض سے ایک کنکوّے کی ڈور کا دوسرے کنکوّے کی ڈور پر ڈالنا (۷) خلل ڈالنا۔ جھگڑا پیدا کرنا ٭ **پیچ کرنا** (۱) کشتی میں

واؤں کرنا (۲) چل دینا - فریب دینا - دھوکا دینا (۳) کنکوے میں پیچ ڈالنا۔
پیچ کھانا - (۱) دل ہی دل میں غصہ کرنا (۲) اینٹھنا - بل کھانا (۳) چکر کھانا ٭ **پیچ کھلنا** (۱) لپیٹ یا بل ادھڑ جانا (۲) سلجھنا - بل دُور ہو جانا (۳) مشکل حل ہونا (۴) بھید کھلنا ٭ **پیچ کھیلنا** (۱) داؤں کرنا (۲) فریب دینا ٭ **پیچ لانا** - مصیبت لانا - جھگڑے نکالنا ٭
پیچ لڑانا - کنکوا آڑانے کی حالت میں ایک کی ڈور دوسرے کی ڈور پر ڈالنا ٭ **پیچ میں آنا** - (۱) پھیر میں آنا - مصیبت میں پھنسنا (۲) دھوکے میں پھنسنا (۳) جال میں پھنسنا پھندے میں آنا ٭ **پیچ وتاب** (ف) مذکر (۱) بل (۲) غم و غصہ (۳) خرام ناز (۴) بے چینی - بے قراری (۵) فکر - اندیشہ ٭ **پیچ وتاب کھانا** (ف) (۱) بل کھانا - لپٹنا (۲) حسد یا رشک سے جلنا - اندر ہی اندر غم و غصہ سے گھٹنا (۳) مضطرب ہونا - بے قرار ہونا (۴) فکر و اندیشہ میں رہنا ٭ **پیچ وخم** (ف) مذکر - پھیر - بل - چکر ٭ **پیچاک** - مؤنث (۱) پیچ وخم (۲) زلف و طرہ (۳) گھونگا ٭ **پیچاں** (۱) بل کھائے ہوئے (۲) (غلطاں کے ساتھ) حیران - پریشان ٭ **پیچش** - مؤنث - مروڑ - درد ہو کر دست، پاخانہ یا آنو آنا ٭
پیچک (پے - چک) (ف) مؤنث - (۱) کچے سوت کی گُکڑی - ریل (۲) (۶) چھوٹا بچہ ٭
پیچکش (پیچ ، کش) (ف) مذکر - پیچ یا میخ نکالنے اور پیچ کھولنے کا آلہ ٭
پیچو (پی - چو) (ہ) مذکر (۱) زرد آلو - ایک قسم کا آڑو (۲) (عو) کریل کا کچا پھل ٭
پیچوان (پیچ - وان) (ف) مذکر - بہت لمبی نے والا ایک قسم کا حقہ، جو پیچ در پیچ کر کے رکھا جاتا اور جس کا نیچہ جست یا لوہے کے تاروں سے بنایا جاتا ہے ٭
پیچھا (پی - چھا) (ہ) مذکر (۱) آگا کے برعکس - عقب (۲) پچھلا حصہ (۳) غائبانہ (۴) پیروی - تعاقب (۵) (ہندو) (کنایۃً) مرجانا ٭ **پیچھا بھاری ہونا** - (۱) پس پشت امداد کا موجود ہونا (۲) کسی کام کے آخر میں مشکل پیش آنا (۳) دشمن کی مدد آجانا ٭ **پیچھا پکڑنا** (عو) (۱) کسی کے ساتھ برابر لگا رہنا - لگا لپٹا رہنا (۲) ستانا - سر ہونا - تکلیف پہنچانے کے درپے ہونا (۳) کسی کام کے پیچھے پڑ جانا ٭ **پیچھا چھڑانا** - جان بچانا - مخلصی پانا ٭ **پیچھا کرنا** (۱) تعاقب کرنا (۲) درپے ہونا - سر ہونا (۳) (عو) دق کرنا - ستانا (۴) توپ یا بندوق کا چلتے وقت پیچھے دھکا دینا ٭
پیچھا نہ چھوڑنا (۱) تعاقب سے باز نہ آنا - ساتھ ساتھ رہنا - سر ہونا - ساتھ نہ چھوڑنا (۲) لگاتار رہنا - مسلسل رہنا ٭ **پیچھے** (۱) عقب میں - بعد میں (۲) غیر حاضری میں (۳) پھر (۴) وجہ سے (۵) ہر ایک - فی (۶) پچھلی طرف (۷) اس کے بعد (۸) مرنے کے بعد ٭ **پیچھے پڑنا** (۱) آڑے ہاتھوں لینا (۲) سر ہونا (۳) بار بار مانگے جانا (۴) درپے آزار ہونا - ستانا (۵) عداوت کرنا - دشمنی کرنا (۶) درپے تضحیک ہونا - رسوائی چاہنا ٭ **پیچھے پھرنا** - مڑنا - واپس ہونا - لوٹنا ٭ **پیچھے پیچھے** (۱)
عنقریب - تھوڑی دیر بعد (۲) ساتھ ساتھ ٭ **پیچھے ڈالنا** (۱) تعاقب کرنا (۲) پیچھے چھوڑنا - آگے بڑھ جانا (۳) تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا ٭
پیچھے سے (۱) عقب سے - پشت سے (۲) تھوڑی دیر بعد - بعد ازاں ٭
پیچیدگی (پے - چی - دگی) (ف) مؤنث (۱) بل - مروڑ - لپیٹ (۲) الجھاؤ - الجھڑا مشکل - دقت ٭ **پیچیدہ** (۱) الجھا ہوا - لپٹا ہوا - ملفوف (۲) (مجازاً) وہ معاملہ جو غور و فکر سے معلوم ہو - مشکل - دقت طلب بات ٭
پیخال (پی - خال) (ف) مؤنث - بیٹ - پرند کا فضلہ ٭
پیخانہ (پے - خا - نہ) (ف) مذکر (عو) (۱) گوہ - آدمی کا فضلہ - براز (۲) (عو) ٹٹی - بیت الخلا - جائے ضرور ٭ **پیخانہ آنا** (ف) (عو) اجابت ہونا - پیخانہ ہونا ٭ **پیخانہ پھرنا** - ہگنا ٭ **پیخانہ خطا ہونا** - گوہ یا براز نکل جانا ٭
پیدا (پے - دا) (ف) (۱) آشکارا - ظاہر - موجود (۲) میسر - دست یاب (۳) زائیدہ - جنا ہوا (۴) مؤنث - یافت - حاصل - آمدنی - کمائی (۵) اختراع - ایجاد ٭ **پیدا کرنا** (ف) (۱) موجود کرنا - ظاہر کرنا - عالم وجود میں لانا (۲) تولد کرنا - جننا (۳) کمانا - معاش حاصل کرنا (۴) بہم پہنچانا - حاصل کرنا (۵) بنانا (۶) نکالنا - اختراع کرنا - ایجاد کرنا ٭
پیداوار (لکھنؤ میں مؤنث - دہلی میں مذکر) (۱) نفع - تجارت و زراعت وغیرہ کی آمدنی (۲) فصل کی آمدنی - فصل - زراعت ٭ **پیداوار خودرو** - مؤنث - وہ پیداوار، جو بوئے جوتے بغیر پیدا ہو ٭ **پیداواری** - مؤنث - (عوام) پیداوار ٭
پیدائش (پے - دا - ئش) (ف) مؤنث (۱) آفرینش - خلقت (۲) (ف) (عوام) آمدنی - نفع ٭ **پیدائشی** - جبلی - اصلی - خلقی - فطری ٭
پیدل (پے - دل) (ہ) (۱) سوار کے خلاف - پیادہ پا (۲) شطرنج کا گھٹیا مہرہ (۳) پیادہ (۴) پا پیادہ چلنے والا - جو سوار نہ ہو (۵) پیادوں کا لشکر ٭ **پیدل اور سوار کا کیا ساتھ** (ف) مثل - امیر اور غریب کا کیا مقابلہ ٭
پیڈ (پیڈ) (انگ - Pad) مذکر (۱) سیاہی چوس - جاذب (۲) جاذب رکھنے اور کاغذات رکھ کر لکھنے کا پٹھا یا زیر مشق (۳) بوٹ صاف کرنے کا چھوٹا سا تکیہ (۴) کپڑے کی گدی ٭
پیڈ (پیڈ) (انگ - Paid) ادا کردہ - محصول ادا کیا ہوا ٭
پیر (پَیر) (ہ) مذکر (۱) پاؤں - قدم (اب فصحا اس جگہ پاؤں ہی بولتے ہیں) (۲) نقش پا - سراغ - کھوج (۳) اناج صاف کرنے کی جگہ (۴) کھلیان - انبار - صاف نہ کیے ہوئے غلے کا ڈھیر (۵) (کنایۃً) حیض جاری رہنے کی بیماری - خون حیض (چھوٹنا کے ساتھ) (۶) وہ جگہ جہاں بیل پر کھینچتے وقت بلندی سے نشیب میں جاتے ہیں (چلنا، چلانا کے ساتھ) ٭
پیر (پیر) (ف) (۱) بوڑھا - عمر رسیدہ - مسن (۲) (ف) چالاک - استاد - گرو - شریروں کا سردار - حرام زادہ (۳) مذکر - مرشد - رہنما - ہادی (۴)

بزرگ۔ بڈھا ٭ **پیر آپ ہی درماندہ، شفاعت کس کی کریں گے۔**
(۱) مثل۔ محتاج کسی ناچار کی کیا مدد کرے گا ٭ **پیراں نمی پرند**
(و) **مریداں می پرانند** (ف) مثل۔ پیر تو نہیں اُڑتے، مرید اُڑاتے
ہیں۔ خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں ٭ **پیران پیر**۔ مذکر۔ پیروں
کے پیر۔ بزرگوں کے بزرگ۔ حضرت محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب ٭
پیرانہ۔ بوڑھے کی طرح ٭ **پیرانہ سالی - پیرانہ سری**۔ مؤنث۔
بڑھاپا۔ عہدِ پیری۔ ایامِ پیری ٭ **پیرِ خرابات**۔ مذکر۔ مرشد
کامل، جو قیودِ شرعی سے آزاد اور فنافی اللہ ہو ٭ **پیرزادہ**۔ مذکر (۱)
مُرشد کا بیٹا (۲) وہ شخص جس کے یہاں پیری مریدی ہوتی ہو ٭ **پیر
شو بیاموز**۔ مثل۔ آدمی کو چاہیے کہ عمر بھر سیکھتا رہے۔ بڑھاپے میں
بھی سیکھنا ضروری ہے ٭ **پیرِ فرتوت**۔ مذکر۔ بہت بوڑھا ٭ **پیر کی
چوٹی** (و) مؤنث (طنزاً) عظمت اور بزرگی ٭ **پیرِ مُغاں**۔ مذکر۔
(۱) آتش پرستوں کا پیشوا (۲) شراب خانے کا مالک۔ ساقی (۳) (طنزاً)
گرو گھنٹال (۴) (تصوّف) مرشدِ کامل۔ حضرت علی مرتضیٰؓ (۵) بزرگ ٭
پیرِ نابالغ۔ مذکر۔ وہ بوڑھا، جو نادان بچّوں کی سی باتیں کرے۔ بیوقوف
بُوڑھا ٭ **پیر و مرشد**۔ مذکر (۱) بزرگ۔ استاد (۲) گرو۔ گرو گھنٹال (۳)
چالاکی میں سبقت لے جانے والا (۴) (تعظیماً) بادشاہ اور رئیس ٭

پیر (پِیر) (ہ) (۱) درد۔ دردِ زِہ (۲) دوشنبہ۔ سوموار ٭

پیرا (پَیْ۔ رَا) (ف) پیراستن کا امر۔ مرکبات کے آخر میں مستعمل ہے۔ جیسے
بہشت پیرا۔ بہشت کی رونق بڑھانے والا ٭ **پیراستہ**۔
سنوارا ہُوا۔ سجایا ہُوا۔ آرائش کیا ہُوا ٭ **پیرائش**۔ مؤنث۔
پیراستہ کرنا۔ آرائش۔ آراستگی۔ زیبائش۔ سجاوٹ ٭

پیرا (پَیْ۔ رَا) (ہ) مذکر (عو) قدم کا شگون۔ آنے کا شگون (اکثر غلام،
لونڈی، عورت، گھوڑے کے لیے مستعمل ہے) ٭

پیرا (پِی۔ رَا) (ہ) (عوام) زرد۔ پیلا ٭

پیرا۔ پیراگراف (پَیْ۔ رَا، پَیْ۔ رَا۔ گَراف) (انگ۔
Paragraph) مذکر۔ (۱) عبارت کا وہ ٹکڑا، جس میں ایک ہی
مضمون ہو (۲) فقرہ، عبارت ٭

پیراک (پَیْ۔ رَاک) (ہ) پانی میں تیرنے والا۔ تیراک ٭ **پیراک ہی ڈوبتا
ہے**۔ مثل۔ مشّاق ہی دھوکا کھاتا ہے۔ ہوشیار ہی نقصان اٹھاتا ہے ٭

پیراکی۔ مؤنث۔ تیرنے کا فن۔ شناوری ٭

پیرامن۔ پیرامون (پَیْ۔ رَا۔ مَن، پَیْ۔ رَا۔ مُون) (ف) (۱) اطراف۔ آس پاس۔ اِردگرد
(۲) گھاؤ۔ دائرہ (۳) کپڑے کا دامن ٭

پیراہن۔ پیرہن (پَیْ۔ رَا۔ ہَن، پَیْ۔ رَ۔ ہَن) (ف) مذکر۔ بدن کا کپڑا۔
لباس۔ پوشاک۔ جامہ ٭

پیرا ہُوا (ہ) تجربہ کار۔ ہوشیار۔ ماہر ٭

پیراؤ (پَیْ۔ رَا۔ آؤ) (ہ) ڈباؤ پانی۔ تیرنے کے قابل پانی ٭

پیرائی (پَیْ۔ رَا۔ اِی) (ہ) مؤنث۔ (۱) تیرنے کا ڈھنگ (۲) تیرنا سکھانے
کی اُجرت (۳) پیراکی (۴) تیرنے کی جگہ، جہاں تیرنا اچھی طرح آ جائے ٭

پیرائی (پِی۔ رَا۔ اِی) (ہ) مذکر۔ ڈفالی۔ ڈھولک منڈھنے اور گانے بجانے
والے ٭

پیرایہ (پَیْ۔ رَا۔ یَہ) (ف) مذکر (۱) زیور۔ زینت (۲) پوشاک۔ لباس (۳)
طریقہ۔ ڈھنگ۔ طرز ٭

پیرکوا (پَیْر۔ کَو۔ وَا) (ہ) مذکر۔ مکھی کے برابر کیڑا، جو پانی میں پیدا ہوتا
اور کشتی کے نیچے چمٹا رہتا ہے (۲) وہ چھوچھی یا نرکل کی نلی، جو مچھلی کے شکاری
چھڑ کے سرے سے کچھ ہٹ کر باندھ دیتے ہیں ٭

پیرنا (پَیْر۔ نَا) (ہ) (۱) تیرنا۔ شناوری کرنا (۲) رواں ہونا۔ بہنا (۳) عبور کرنا۔
ماہر ہو جانا۔ کسی فن سے بخوبی واقف ہو جانا (۴) (لکھنؤ) چھری، تلوار، خنجر کا
آر پار ہو جانا ٭

پیرو (پَیْ۔ رَو) (ف) تقلید کرنے والا۔ مقلد۔ مرید۔ چیلا۔ کسی فرقے کا
معتقد ٭ **پیروکار**۔ کسی کی طرف سے کسی معاملے کی نگرانی اور کوشش
کرنے والا ٭ **پیروکار سرکاری**۔ مذکر۔ سرکار کی طرف سے فوجداری
مقدموں کی پیروی اور کارروائی کرنے والا ٭ **پیروی**۔ مؤنث۔ (۱) تقلید
(۲) فرماں برداری۔ اطاعت (۳) (۱) کوشش ٭

پیرو (پِی۔ رُو) (ہ) مذکر (۱) پیر کے دن پیدا ہونے والے لڑکے کا نام (۲)
ایک قسم کا پھل ٭

پیرو (پِی۔ رُو) (انگ۔ Peru) مذکر۔ فیل مرغ ٭

پیروز (پِی۔ رُوز) (ف) فتح مند۔ مظفر و منصور۔ مبارک ٭

پیروں (پَیْ۔ رُوں) (ہ) (۱) پیر کی جمع (۲) سوار کے برعکس۔ پیدل۔ پاؤں
پاؤں ٭ **پیروں پڑنا** (۱) پاؤں پر سر رکھنا۔ منت خوشامد کرنا (۲) قدم
لینا۔ تعظیماً سسرال کے رشتہ داروں کا آداب بجا لانا ٭
پیروں پیروں چلنا۔ اپنے پاؤں سے چلنا۔ سواری کے بغیر راستہ
طے کرنا ٭ **پیروں میں سر دینا** (و) قدموں پر سر رکھنا۔ بے حد عاجزی
کرنا۔ انتہائی خوشامد کرنا ٭ **پیروں میں مہندی لگنا**۔ بے بنیاد حیلہ
کرنا۔ عذرِ لنگ کرنا ٭

پیری (پَیْ۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ (ہندو) (۱) غلّہ، جو صاف کرنے کے بعد باقی
رہے (۲) پازیب (۳) اناج کا بھوسا ملا ہوا ڈھیر ٭

پیری (پِی۔ رِی) (ف) مؤنث (۱) بڑھاپا۔ ضعیفی (۲) ہدایت کا کام۔ مرید بنانے
کا پیشہ (۳) (۱) عیاری۔ چالاکی۔ استادی (اب فصحائے لکھنؤ ان معنی
میں نہیں لکھتے) (۴) (و) دعویٰ۔ حکومت۔ اجارہ (۵) (۱) (طنزاً)
اعجاز۔ کرامت ٭ **پیری و صد عیب چنیں گفتہ اند** (ف) مقولہ۔
ایک بڑھاپا سو روگ۔ سو برائیوں کے برابر بڑھاپا ہے ٭

پیڑ (پَیْڑ) (ہ) مؤنث (۱) قدم کا نشان (۲) چوری کا کھوج (۳) (دہلی) پاڑ۔
معماروں کی نشست، جسے وہ اونچی عمارت بنانے کے لیے کڑی تختہ

گاڑ کر تیار کرتے ہیں ۔

پیڑ (پیڑ) (ہ) مؤنث (۱) (دہلی ۔ عو) (پڑنا کے ساتھ) ضرورت ہونا ۔ حاجت مند ہونا (۲) آفت ۔ ہنگامہ ۔

پیڑ (پیڑ) (ہ) مذکر (۱) درخت (۲) بوٹا ۔ پودا ۔ نہال (جمانا، لگانا کے ساتھ) ۔

پیڑا (پے ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) گندھے ہوئے آٹے کا ایک روٹی کے برابر کا گولا ۔ لوئی (۳) (سبزی فروش) (صفت) گول مول ۔ گول خستہ ۔ **پیڑا توڑنا** ۔ گندھے ہوئے آٹے کا گولا یا لوئی بنانا ۔

پیڑا (پی ۔ ڑا) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) دکھ (۲) درد زہ ۔

پیڑ کالا (ہ) مذکر (گنوار) زینہ ۔

پیڑو (پے ۔ ڑو) (ہ) مذکر ۔ ناف سے نیچے کا حصہ ۔ زہار ۔ **پیڑو کی آنچ** مؤنث ۔ نفسیاتی خواہش سے مرد کے ساتھ عورت کی محبت ۔

پیڑھا (پی ۔ ڑھا) (ہ) مذکر ۔ (دہلی) کرسی جیسا کھٹولا ۔ **پیڑھی** ۔ مؤنث (۱) چھوٹی سی کھٹولی (۲) پشت ۔ نسل ۔ خاندان کا سلسلہ (۳) بہت مدت ، قرن ۔ قدامت ۔ **پیڑھی پُننا** ۔ بزرگوں کو بُرا بھلا کہنا ۔ **پیڑھی در پیڑھی** (و) (عوام) (۱) قدامت سے ۔ پشت در پشت ۔ نسلاً بعد نسل (۲) روایتی ۔ موروثی ۔

پیڑی (پَے ۔ ڑی) (ہ) مؤنث ۔ پاؤں رکھ کر چڑھنے کی جگہ ۔ چھت پر چڑھنے کی سیڑھی ۔

پیڑی (پے ۔ ڑی) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پان (۲) درخت کا تنہ (۳) نیل کا درخت ، جب قلم ہو چکے اور صرف تنہ رہ جائے ۔

پَیز (پَیز) (ہ) مؤنث (دہلی ۔ عو) (پیزار کا مخفف) دشمنی ۔ مخالفت ۔ ضد ۔ **پیز پڑ جانا** (دہلی) دشمنی ہو جانا ۔ ضد ہو جانا ۔

پیزار (پے ۔ زار) (ف) مؤنث (عو) (۱) کفش ۔ پاپوش ۔ نعلین ۔ جوتی (۲) (کنایۃً) بے پروائی ظاہر کرنا ۔ **پیزار پر مارنا** (و) خاطر میں نہ لانا ۔ پروا نہ کرنا ۔ حقیر جاننا ۔ بے حقیقت سمجھنا ۔ **پیزار دکھانا** (عو) (۱) جوتا دکھانا (۲) بے پروائی جتانا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ شوخی سے انکار کرنا ۔ **پیزار سے** (عو) جوتی سے ۔ بلا سے ۔ کیا پروا ہے ۔ **پیزار کی نوک پر (سے)** ۔ جوتی سے ۔

پیس (پیش) (ہ) پیسنا کا امر ۔ **پیسا** ۔ پیسنا کی ماضی مطلق ۔ **پیس پاس کے** (عو) پیس کے ۔ **پیس پاس منہاج مرے، کرامت محمد جھنڈے کو** (۱) مثل ۔ محنت کوئی کرے ، صلہ کوئی پائے ۔

پیس دینا (ڈالنا) (ہ) (۱) ریزہ ریزہ کر ڈالنا (۲) تکلیف اور رنج پہنچا کر تباہ کر دینا ۔ خاک کر دینا ۔ **پیس لوں تو پیٹوں** (ہ) مثل (عو) روزی کی فکر مردے کے ماتم یا سب کاموں پر مقدم ہے ۔ **پیس مارنا** (ع) دق کرنا ۔ بے حد ستانا ۔ **پیس موئی پکا موئی آئے کو بیٹھے کھا گئے** (مثل) (عو) محنت مشقت کوئی کرے ، فائدہ کسی کو حاصل ہو ۔ **پیسنا** (۱) ریزہ ریزہ کرنا ۔ سفوف کرنا (۲) گھسنا ۔ رگڑنا (۳) ستانا ۔ دکھ دینا (۴) تباہ کرنا ۔

برباد کرنا (۵) چلانا (۶) ۔ مذکر (عو) مصیبت ۔ سخت محنت ۔ محنت شاقہ ۔ (۷) مذکر (عو) غلے کی مقدار جو ایک بار پیسنے کو دی جائے ۔ **پیسنا پیسنا** (۱) اناج پیسنا (۲) (مجازاً) نہایت تکلیف سے کمانا ۔ دکھ بھرنا ۔ محنت شاقہ اٹھانا ۔ **پیسنی** ۔ مؤنث ۔ دیکھیے بتسانے ۔

پیسا (پَے ۔ سا) (ہ) مذکر (۱) تین پائی کا سکہ (۲) دولت ۔ زر ۔ مال ۔ **پیسا اٹھانا** (عو) روپیہ خرچ کرنا ۔ **پیسا اٹھنا** (لازم) **پیسا اڑانا** ۔ فضول خرچی کرنا ۔ روپیہ برباد کرنا ۔ **پیسا پیسا کمایا چلنی بھر اٹھایا** ۔ مثل ۔ نہایت محنت سے کمایا ہوا روپیہ تھوڑے وقت میں لٹا دیا ۔ **پیسا ڈبونا** ۔ روپیہ ضائع کرنا یا کھونا ۔ زر برباد کرنا ۔ **پیسا کھوٹا ہونا** ۔ اول دکا بد چلن اور آوارہ ہو جانا ۔ **پیسے** ۔ مذکر ۔ پیسا کی جمع ۔

پیسے کا میت (ہ) (دہلی) روپیہ ۔ روپے کا دوست ۔ دولت کا یار ۔ **پیسے والا** ۔ دولت مند ۔ روپے والا ۔ امیر ۔ مالدار ۔

پیسنجر (پے ۔ سن ۔ جر) (انگ ۔ Passenger) مذکر ۔ مسافر ۔ **پیسنجر ٹرین** (انگ ۔ Passenger train) مؤنث ۔ مسافر گاڑی ۔

پیش (پیش) (ف) مذکر ۔ (۱) ضمہ ۔ نصف واؤ کی آواز کے لیے کسی حرف کے اوپر لکھنے کی علامت (۲) (ہ) انگرکھے وغیرہ کی اگلی ٹل (۳) تسبیح کا امام (۴) (ف) سامنے ۔ آگے (۵) آئندہ ۔ قبل ۔ پہلے ۔ **پیش آنا** (د) (۱) آگے آنا ۔ سامنے آنا ۔ ظہور میں آنا (۲) برتاؤ کرنا ۔ سلوک کرنا ۔

پیش از مرگ واویلا (ف) مثل ۔ کسی حادثے کے پیش آنے سے پہلے ہی تدبیریں سوچنے لگنا ۔ تکلیف سے پہلے ہی شور مچا دینا ۔ **پیش امام** ۔ مذکر ۔ (لکھنؤ) پیش نماز ۔ امام ۔ **پیش بند** ۔ مذکر ۔ زیر بند ۔ وہ چمڑے کا تسمہ وغیرہ ، جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے درمیان گردن جھکی رہنے کے لیے باندھا جاتا ہے ۔ **پیش بندی** ۔ مؤنث ۔ پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا ۔ دور اندیشی (باندھنا ، کرنا کے ساتھ) ۔ **پیش بیں** (کنایۃً) دور بیں ۔ عاقبت اندیش ۔ دانا ۔ **پیش بینی** ۔ مؤنث ۔ دور اندیشی ۔ مآل اندیشی ۔ دانائی ۔

پیش پا افتادہ ۔ سامنے کی بات ۔ نہایت معمولی ۔ **پیشتر** ۔ آگے ۔ پہلے ۔ اوّل ۔ بہت پہلے ۔ سب سے پہلے ۔ **پیش جانا (چلنا)** (د) مؤثر ہونا ۔ قابو چلنا ۔ سبقت لے جانا ۔ سربرہ ہونا ۔ **پیش خدمت** (ف) (۱) مؤنث ۔ امیر عورتوں کی خدمت گار عورت (۲) مذکر ۔ امراء یا فوج کا وہ سامان ، جو کوچ سے آگے بھیجا جاتا ہے ۔ (۳) ملازم ۔ ہرکارہ (۴) ہراول ۔ **پیش خیمہ** ۔ مذکر ۔ (۱) وہ خیمہ جو امراء کے لیے آگے جا کر کھڑا ہوتا ہے (۲) فوج کا وہ سامان ، جو کوچ سے آگے بھیجا جاتا ہے (۳) کسی امر کے آگے آنے کی علامت (۴) ملازم ۔ ہرکارہ ۔ پیادہ (۵) ہراول ۔ مقدمۃ الجیش ۔

پیش دست ۔ مذکر (۱) آگے کام کرنے والا ۔ نائب ۔ پیش کار ۔ اسسٹنٹ (۲) سبقت کرنے والا ۔ مرجح ۔ فائق ۔

پیش دستی ۔ مؤنث ۔ سبقت ۔ **پیش دستی کرنا** (و) پہل کرنا ۔

سبقت کرنا۔ حملہ کرنا ٭ **پیش رفت** (ف) مؤنث (۱) بس۔ قابو (۲) بااثر۔ کارگر (جاتا ہونا کے ساتھ) ٭ **پیش رو**۔ پہلے گزرنے والا۔ آگے آگے چلنے والا ٭ **پیش قبض**۔ مذکر و مؤنث۔ (۱) کٹار۔ چھرا۔ خنجر (۲) کشتی کا ایک پیچ ٭ **پیش قدمی**۔ مؤنث (۱) آگے جانا (۲) چڑھائی۔ حملہ (۳) جرأت۔ دلیری ٭ **پیش کار**۔ مذکر (۱) نائب۔ مددگار۔ مینجر (۲) مسل خوان۔ نائب سررشتہ دار۔ نائب تحصیل دار ٭

پیش کرنا (ف) (۱) موجود کرنا۔ حاضر کرنا (۲) مقدمے کی مسل آگے رکھنا۔ گواہ یا فریق کو عدالت کے روبرو کرنا یا اظہار قلمبند کرانا (۳) نذر کرنا۔ نذر دینا ٭ **پیشکش** (ف) مذکر (۱) وہ شے، جو نذر نیاز کے طور پر دی جاتی ہے۔ تحفہ۔ ہدیہ (۲) محصول۔ خراج ٭ **پیش گاہ** (ف) مؤنث (۱) روبرو (۲) دربار۔ اجلاس (۳) (ف) صدر مجلس (۴) بادشاہ۔ صاحب تخت ٭ **پیش نظر۔ پیش نگاہ**۔ نظر کے آگے۔ نگاہ کے سامنے۔ روبرو ٭ **پیش نماز**۔ مذکر۔ امام ٭ **پیش نہاد**۔ مذکر۔ ارادہ۔ مدنظر ٭

پیشاب (پیْ۔ شَاب) (ف) مذکر (۱) قارورہ۔ بَول (۲) (عو) نطفہ ٭

پیشاب بند ہونا (ف) (۱) بول بند ہونا (۲) (مجازاً) بے حد ڈرنا ٭ **پیشاب خطا ہونا** (۱) موت نکلنا (۲) (مجازاً) از حد ڈرنا ٭ **پیشاب کرنا** (۱) موتنا (۲) بے حقیقت سمجھنا ٭ **پیشاب کی راہ بہانا** (۱) (عوام) کھانے پینے میں اڑانا۔ فضول خرچی کرنا (۲) بدچلنی میں صرف کرنا ٭

پیشاب نہ کرنا۔ بے حد حقیر سمجھنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا ٭

پیشانی (پیْ۔ شَا۔ نِی) (ف) مؤنث (۱) جبیں۔ ماتھا (۲) عنوان۔ اوپر کا حصہ (۳) نصیب۔ قسمت۔ تقدیر (۴) القاب۔ سرنامہ (۵) کاغذ کا حصہ، جو عبارت سے اوپر خالی چھوڑ دیا جاتا ہے ٭ **پیشانی کی تحریر** (ف) مؤنث۔ شدنی۔ تقدیر کا لکھا۔ نوشتۂ قسمت ٭

پیشگی (پیْش۔ گِی) (ترکیب کے اعتبار سے فارسی ہے، لیکن اہل ایران استعمال نہیں کرتے ٭) مؤنث (۱) اجرت، جو کام سے پہلے دی جائے۔ بیعانہ۔ سائی (۲) وہ تنخواہ وغیرہ، جو واجب الادا ہونے سے پہلے دی جائے ٭

پیشوا (پیْش۔ وَا) (ف) مذکر۔ (۱) سردار۔ امام۔ مقتدا۔ رہنما۔ رہبر (۲) (ہ) مرہٹوں کا مورث اعلیٰ ٭ **پیشوائی**۔ (ف) مؤنث (۱) لینے جانا۔ استقبال (۲) رہنمائی۔ رہبری ٭

پیشواز (ف) مؤنث۔ دیکھیے "پشواز" ٭

پیشہ (پیْ۔ شَہ) (ف) مذکر۔ حرفہ۔ شغل۔ روزگار، کام دھندا، کسب۔ عمل ٭

پیشہ ور (۱) کسی قسم کا کسب کرنے والا (۲) دکان دار۔ تاجر ٭

پیشی (پیْ۔ شِی) (ف) مؤنث (۱) زیر تجویز۔ زیر نظر۔ حضوری (۲) مقدمہ سننے کی تاریخ ٭ **پیشی کا محرر** (منشی) (ف)، مذکر۔ مقدمات کے کاغذات پیش کرنے والا شخص۔ پیشکار۔ مسل خوان ٭

پیشین (پیْ۔ شِین) (ف) اگلا، پرانے زمانے کا، پرانا۔ قدیم۔ پہلا ٭ **پیشین گوئی**۔ مؤنث۔ نجوم وغیرہ کے ذریعے سے کسی آئندہ واقعے کا پتا دینا ٭

پیغارہ (پیْ۔ غَا۔ رَہ) (ف) مذکر۔ سرزنش۔ طعنہ ٭

پیغام (پیْ۔ غَام) (ف) مذکر (۱) زبانی بات۔ پیام۔ سندیسا (۲) نسبت، شادی وغیرہ کا سوال ٭ **پیغام بھیجنا** (۱) زبانی بات دوسرے کے ذریعے سے کہنا۔ خبر ارسال کرنا (۲) نسبت یا بیاہ کی درخواست کرنا ٭ **پیغام ڈالنا** (ف) بیاہ یا منگنی کی درخواست کرنا ٭ **پیغام سلام**۔ مذکر۔ دیکھیے "پیام سلام" ٭

پیغمبر (پیْ۔ غَمْ۔ بَر) (ف) مذکر (۱) سفیر۔ ایلچی۔ قاصد (۲) نبی۔ مرسل۔ خدا کا حکم لانے والا ٭ [نوٹ۔ پہلے معنی میں پیغامبر، دوسرے معنی میں پیغمبر خصوصاً بولا جاتا ہے ٭] **پیغمبری**۔ مؤنث۔ خدا کا پیغام پہنچانے کی خدمت۔ نبوت۔ رسالت ٭

پیک (پیْک) (ف) مذکر۔ ہرکارہ۔ قاصد ٭ **پیک بننا** (ف) منتوں سے حاصل کیے ہوئے بچے کا محرم کے مہینے میں قاصد کا لباس پہننا ٭

پیک (پیْک) (انگ۔ Pack) مذکر۔ بوری یا صندوق میں مال اسباب کی بندش ٭

پیک (پیْک) (ہ) مؤنث (۱) چبائے ہوئے پان کا رنگین تھوک۔ پان کا عرق (تھوکنا کے ساتھ) (۲) (دکن) کھیت کی تیار فصل (۳) بوتل میں عرق یا تیل ڈالنے کا آلہ ٭ **پیکدان**۔ مذکر۔ اگالدان ٭

پیکار (پیْ۔ کَار) (ف) (۱) مؤنث۔ جنگ۔ لڑائی (۲) مذکر۔ پھیری سے بیچنے والا (۳) حاصل کرنے والا۔ محصل (۴) دلال۔ ایجنٹ ٭

پیکان (پیْ۔ کَان) (ف)، مذکر۔ تیر یا نیزے کی نوک۔ برچھی یا بھالے وغیرہ کی انی۔ **پیکانی** (۱) لعل، یاقوت، الماس کی ایک قسم (۲) ایک قسم کا نوشادر ٭

پیکٹ (پیْ۔ کَٹ) (انگ۔ Packet) مذکر (۱) ایسا بنڈل، جو دونوں طرف سے کھلا ہو تاکہ چیز نظر آئے (۲) گڈی۔ تھیلی۔ بنڈل ٭

پیکر (پیْ۔ کَر) (ف)، مذکر و مؤنث۔ صورت۔ شکل۔ چہرہ ٭

پیکر (پیْ۔ کَر) (انگ۔ Packer) مذکر۔ اسباب بند کرنے والا ٭

پیکڑا۔ پیکڑی (پیْک۔ ڑا، پیْک۔ ڑِی) (ہ) عا مذکر عا مؤنث (۱) قیدیوں کے پاؤں کی بیڑی (۲) عورتوں کے پاؤں کا نقرئی زیور ٭

پیکھنا (پیکھْ۔ نَا) (ہ) (۱) دیکھنا (۲) خواہش کرنا (۳) مذکر۔ پتلیوں کا تماشا (۴) نظارہ۔ تماشا (۵) نظر کا دھوکا (۶) کھلونا۔ کٹھ پتلی (۷) عورتوں کا مکر یا عیاری (۸) فضول کام ٭ (متروک)

پیل (پیْل) (ف)، مذکر (۱) ہاتھی (۲) شطرنج کا ایک مہرہ ٭ **پیلبان**۔ مذکر۔ ہاتھی کو چلانے والا۔ مہاوت۔ فیل بان ٭ **پیل پا**۔ مذکر۔ ایک بیماری جس میں پاؤں پھول کر موٹا ہو جاتا ہے ٭ **پیل پایہ**۔ مذکر۔ ستون۔ تھم۔ کھم ٭

پیل (پیْل) (ہ) (مرکبات میں مستعمل ہے ٭) دھکا۔ ریلا ٭ **پیلنا** (۱) آگے یا پیچھے ہٹانا۔ دھکیلنا (۲) تیل نکالنا۔ کولھو میں پیسنا (۳) داخل کرنا۔ گھسیڑنا (۴) (ڈنڑ کے ساتھ) ڈنڑوں کی ورزش کرنا ٭ **پیلم پالا** (لکھنؤ) مذکر۔ پہلو سے دھکا دے کر

ایک کا دوسرے کو دھکیلنا ۔

پیلا (پی۔ لا) (ہ) (عو) (۱) زعفرانی ۔ زرد (۲) مذکر ۔ شطرنج کا پیلہ ۔

پیلپڑ (پی۔ لَپڑ) (ہ) مذکر (عوام) فوطہ ۔ خصیہ ۔

پیلک (پی۔ لک) (ہ) مؤنث ۔ (ہندو) (۱) چیونٹا (۲) کوپل ۔

پیلو (پی۔ لو) (ہ) مذکر (۱) ایک درخت جس کی جڑ اور شاخوں سے بیشتر مسواک بنائی جاتی ہے ۔ (۲) فیل مرغ (۳) مؤنث ۔ ایک راگنی ۔

پیلہ (پی۔ لہ) (ف) مذکر (۱) ریشم کا کیڑا یا خول (۲) شطرنج کا مہرہ ۔

پیلی (پی۔ لی) (ہ) (۱) صفت مؤنث ۔ زرد (۲) مؤنث (ہندو ۔ عو) اشرفی ۔

پیم (پیم) (ہ) مذکر (ہندو) یارانہ ۔ محبت ۔ پریم ۔

پیمان (پے۔ مان) (ف) مذکر ۔ (۱) وعدہ ۔ شرط ۔ قسم ۔ عہد ۔ اقرار ۔ قول قرار (۲) اندازہ ۔ **پیمان توڑنا** (ف) عہد شکنی کرنا ۔ وعدہ پورا نہ کرنا ۔

پیمانہ (پے۔ ما۔ نہ) (ف) مذکر (۱) سیال چیزوں کو تولنے کا آلہ (۲) ناپ ۔ ناپنے کا آلہ (۳) شراب کا پیالہ ۔ ساغر ۔ جام ۔ گلاس ۔ **پیمانہ لبریز ہونا** ۔ (کنایۃً) زندگی ختم ہونا ۔

پیمائش (پے۔ ما۔ اِش) (ف) مؤنث ۔ ناپ ۔ اندازہ ۔ زمین کی ناپ ۔ پیمائش کا علم (خصوصاً زمین کی ناپ کے لیے استعمال میں ہے) ۔

پیمبر (ف) دیکھیے "پیغمبر" ۔

پیمک (پے۔ مک) (ہ) مؤنث ۔ (۱) کلابتوں کی ڈوری ۔ کلابتوں کی بنی ہوئی پتلی لیس (ٹانکنا، لگانا کے ساتھ) (۲) سونے چاندی کے بٹے ہوئے تار ۔

پیں (پیں) (ہ) مؤنث ۔ باریک آواز ۔ نفیری یا باجے کی آواز ۔ **پیں بولنا** (عوام) تنگ آجانا ۔ عاجز ہونا ۔ چیں بولنا ۔

پینا (پی۔ نا) (ہ) (۱) رقیق چیز کو حلق سے اتارنا ۔ نوش کرنا (۲) حقے کا دم لگانا (۳) جذب کرنا ۔ چوسنا ۔ سوکھنا ۔ (۵) غصہ ضبط کرنا ۔ برداشت کرنا ۔ جھیلنا

پینتالیس (پین۔ تا۔ لیس) (ہ) چالیس اور پانچ ۔ پانچ کم پچاس ۔ ۴۵ ۔ ۴۵ ۔

پینتیس (پین۔ تیس) (ہ) تیس اور پانچ ۔ پانچ کم چالیس ۔ ۳۵ ۔ ۳۵ ۔

پینٹھ (پَینٹھ) (ہ) مؤنث (ہندو) آٹھویں روز کا بازار ۔ ہاٹ ۔ **پینٹھ ابھی لگی نہیں ہے، گٹھ کترے آموجود ہوئے** ۔ (ف) مثل ۔ (دہلی) معاملہ ابھی طے نہیں ہوا ، خود غرض آگئے ۔ ابھی کوئی انتظام نہیں ہوا ، خود غرض اپنی فکر کرنے لگے ۔

پینجن (پَین۔ جَن) (ہ) مذکر (ہندو) ایک قسم کا پاؤں کا زیور ۔

پینجنی (پَین۔ جَنی) (ہ) مؤنث (۱) پاؤں میں ڈالنے کا ایک جوف دار حلقہ ۔ بجتا ہوا چھوٹا کڑا ، جو بیشتر کبوتروں کے پاؤں میں پہنایا جاتا ہے ۔ (۲) گاڑی کی قوس نما لکڑی جس کے باعث پہیا دھرے سے نکلنے نہیں پاتا ۔

پیندا (پَیں۔ دا) (ہ) مذکر ۔ برتن کے نیچے کا حصہ ۔ تلا ۔ کسی شے کی بیٹھک ۔

پیندی ۔ مؤنث (۱) دیکھیے "پیندا" (۲) بندوق یا توپ کی کوٹھی (۳) مولی یا گاجر کی جڑ ۔ **پیندے کا ہلکا** (۱) اصلی معنی میں (۲) (مجازاً) پیٹ کا ہلکا ۔ غیر مستقل مزاج ۔ اوچھا ۔ بات کا کچا ۔ **پیندے کے بل بیٹھنا** ۔ (۱) غرق ہونا ۔ ڈوبنا (۲) چوتڑوں کے بل بیٹھنا (۳) تھک جانا ۔ عاجز ہوجانا ۔ ہار ماننا (۴) دیوالا نکلنا (۵) گھبرا جانا ۔ بدحواس ہوجانا ۔ پٹ جانا ۔

پَینڈ (پَینڈ) (ہ) مذکر (۱) قدم (۲) پگڈنڈی ۔ راستہ ۔

پینڈ (پینڈ) (ہ) مؤنث ۔ درخت کی جڑ مع متعدد جدا جدا ریشوں کے ۔

پینڈلم (پین۔ ڈُلَم) (انگ ۔ Pendulum) مذکر ۔ گھنٹے کا لٹکن یا لنگر ۔

پینڈی (پیں۔ ڈی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا لڈو ۔

پینس (پی۔ نس) (ہ) مؤنث (۱) ناک کی ایک بیماری (۲) پالکی (۳) ایک قسم کی کشتی ۔

پینسٹھ (پین۔ سٹھ) (ہ) ساٹھ اور پانچ ۔ پانچ کم ستر ۔ ۶۵ ۔ ۶۵ ۔

پینک (پی۔ نک) (ہ) مؤنث افیون یا پوست کے نشے کی اونگھ ۔ **پینک آنا** ۔ اونگھ آنا ۔ **پینک میں ہونا** (مجازاً) بے خبر ہونا ۔ غافل ہونا ۔

پینگ (پینگ) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) جھولے کا لمبا جھونٹا (۲) جھولے کی رسی (۳) مؤنث ۔ ایک قسم کی چڑیا ۔ **پینگ بڑھانا** ۔ (۱) جھولے کا لمبا جھونٹا لینا (۲) زیادہ میل جول کرنا ۔ بے تکلفی بڑھانا ۔

پینی (پے۔ نی) (انگ ۔ Penny) مؤنث ۔ ایک آنے کے برابر ولایتی سکہ ۔

پینے میں نہ کھانے میں (ہ) مقولہ ۔ پہیلی بوجھنے میں کہا جاتا ہے ۔

پیوڑی (پیو۔ ڑی) (ہ) مؤنث ۔ زرد رنگ کی مٹی ۔ زرد رنگ ۔

پیوست (پے۔ وَست) (ف) (۱) جڑا ہوا ۔ ملا ہوا (۲) مؤنث ۔ ملاپ ۔ پیوستگی ۔ جوڑ ۔ **پیوست کرنا** (ف) (۱) چپکانا ۔ ملانا (۲) مستحکم کرنا ۔ مضبوط کرنا (۳) جذب کردینا ۔ کھپا دینا ۔ ملا دینا ۔

پیوستہ (ف) (۱) لگاتار ، مسلسل ، متصل (۲) بیٹھا ہوا (۳) مدام ۔ ہمیشہ (۴) ملا ہوا (۵) (سال کے ساتھ) گزشتہ سال سے پیشتر کا سال (۶) گزشتہ ۔

پیوسی (پیو۔ سی) (ہ) مؤنث ۔ گائے بھینس کا وہ گاڑھا دودھ جو بچہ ہونے کے تین دن بعد تک رہتا ہے ۔ (پنجابی ۔ پوہلی) ۔

پیون (پی۔ اَن) (انگ ۔ Peon) مذکر ۔ خط رساں ۔ ڈاکیا ۔ ہرکارہ ۔

پیوند (پے۔ وَند) (ف) مذکر ۔ (۱) جوڑ (۲) الفاظ کی بندش (۳) مناسبت ۔ میل (۴) جورو ۔ شوہر ۔ عزیز و اقربا ۔ خویش و تبار (۵) ہم جنس درختوں میں قلم لگانا (باندھنا ، دینا ، لگانا کے ساتھ) ۔ **پیوندی** (۱) پیوند لگایا ہوا ۔ قلم لگایا ہوا (۲) پیوند والے درخت کا پھل (۳) شفتالو ۔ بڑا آڑو (۴) (عوام) دورنگا ۔ دوغلا ۔ **پیوندی مونچھیں** (ف) مؤنث ۔ وہ حلقہ نما مونچھیں ، جنھیں بانکے آدمی اکثر گالوں سے چپکا لیتے ہیں ۔

پیہ (پِیْہ) (ف) مؤنث - چربی ۔
پیہر (پِیْ - ہَر) (ہ) مذکر - میکا ۔
پیہو (پِی - ہُو) (ہ) مذکر - پپیہا ۔ **پیہو پیہو** (عو) مؤنث - پپیہے کی آواز ۔
پیئی (پِیْ - اِیْ) (ہ) مؤنث - پاؤ کا مخفف ۔

پیٹی (پے - اِیْ) (ع) مؤنث - پہننے کے کپڑے رکھنے کا چھوٹا صندوق یا پٹارا ۔
پیے رو دھڑ اور کھائے مال (ہ) مثل - اس آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے ، جو عیش و عشرت سے زندگی گزارتا اور مزے اڑاتا ہو ۔
پیے ہونا - شراب کے نشے میں ہونا ۔

ت

ت (تے) (ع) مؤنث (۱) اردو اور فارسی حروفِ تہجی کا چوتھا ، عربی کا تیسرا حرف (۲) ابجد کے حساب سے اس کے عدد ۴۰۰ مقرر ہیں ۔

ت - ا

تا (تا) (ہ) (۱) ایک کلمہ جو بچے دوسروں کو جھانک لینے کے معنی میں بولتے ہیں یعنی میں نے دیکھ لیا (۲) کاغذ کا تختہ ۔ لیکن اِن معنی میں تا غلط اور تاؤ صحیح ہے (۳) (ف) تک ، جب تک ، جس وقت تک ۔ **تا بہ حیات ، تا بہ زیست** (ف - ع) عمر بھر ۔ جنم بھر ۔ جیتے جی ۔ **تا بہ کجا ، تا بہ کے** (ف) کہاں تک ۔ کب تک ۔ **تا بہ مقدور** ۔ مقدور بھر ۔ امکان بھر ۔ حتی الامکان ۔ جہاں تک ممکن ہو ۔ **تا تریاق از عراق آوردہ شود ، مارگزیدہ مردہ شود** (ف) مثل ۔ جب تک عراق سے تریاق لایا جائے گا ، سانپ کا کاٹا مر جائے گا ۔ شدید انتظار کے موقع پر کہتے ہیں ۔ **تا چند** (ف) کب تک ۔ **تا حال** - (ع - ف) اب تک ۔ اس وقت تک ۔ ابھی تک ۔ **تا دمِ زیست ، تا زیست** (ف) زندگی تک ۔ **تا کہ** (ف) اس لیے ۔ اس واسطے ۔ کیونکہ ۔ **تا مرد سخن نگفتہ باشد ، عیب و ہنرش نہفتہ باشد** (ف) جب تک آدمی بات نہ کرے ، اس کا عیب و ہنر چھپا رہتا ہے ۔ **تا وقتیکہ** - جب تک ۔ اس وقت تک ۔ **تا ہم** - تو بھی ۔ اس پر بھی ۔ پھر بھی (ایرانی اس موقع پر " با ایں ہمہ " ، " بازہم " ، " باوجود ایں " کہتے ہیں) ۔

تاب (تاب) (ف) مؤنث (۱) مجال ۔ قدرت ۔ طاقت (۲) نور ۔ روشنی ۔ چمک ۔ رونق (۳) حرارت (۴) پیچ ۔ خم ۔ بل ۔ پیچیدگی (۵) برداشت ۔ تحمل ۔ صبر (۶) (مرکبات میں) روشن کرنے والا (۷) مروڑنے والا ۔ مروڑا ہوا (۸) گرمی پہنچانے والا (۹) رنج و محنت (۱۰) آب ۔ جلا (۱۱) پیچش ۔ مروڑ ۔ **تاب دار ۔ تابدار** (۱) چمکتا ہوا ۔ روشن ۔ براق ۔ تاباں (۲) خم دار ۔ پیچ دار ۔ **تاب نہ لانا** (۱) گھبرا جانا ۔ جھیل نہ سکنا ۔ برداشت نہ کرسکنا ۔ **تاب و تواں** (ف) مذکر و مؤنث (۱) قدرت ۔ مجال (۲) حوصلہ ۔ ظرف (۳) برداشت ۔ قرار ۔ صبر ۔

تاباں (تا - باں) (ف) (۱) نورانی ۔ چمکیلا ۔ درخشاں ۔ روشن (۲) خم دار ۔ بل کھائے ہوئے ۔ [تاباں اور درخشاں میں فرق ۔ جو نور بذاتِ خود قائم ہو ، اس کے متعلق تاباں بولتے ہیں ، جیسے آفتاب تاباں ہے اور جو نور کسی نور کے تابع اور کم روشن ہو ، اسے درخشاں کہتے ہیں ، جیسے ستارے درخشاں ہیں ۔ اُردو میں یہ دونوں لفظ ہم معنی مستعمل ہیں ۔]

تابدان (تاب - دان) (ف) مذکر ۔ روشن دان ۔ دیوار کا روزن ۔
تابڑ توڑ (تا - بڑ - توڑ) (ہ) (عو) اوپر نیچے ۔ لگاتار ۔ متواتر ۔ پیہم ۔
تابستان (تا - بِس - تاں) (ف) مذکر ۔ گرمی کا موسم ۔ گرمی ۔
تابش (تا - بِش) (ف) مؤنث (۱) تپش ۔ گرمی ۔ حرارت (۲) نور ۔ روشنی ۔ دھوپ کی چمک ۔ چمک ۔

تابع (تا - بِع) (ف) (ع) پابند ۔ فرماں بردار ۔ مطیع ۔ ماتحت (۲) نوکر ۔ ملازم (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔ **تابع دار ۔ تابعدار** (ف) (۱) (لغوی) تابع رکھنے والا (۲) (اصطلاحی) فرماں بردار ۔ مطیع (غلط العوام) ۔
تابع داری ۔ تابعداری (ف) مؤنث (۱) اطاعت ۔ فرماں برداری (۲) ملازمت ۔ نوکری (غلط العوام) ۔ **تابع داری (تابعداری) کرنا** (ف) (۱) حکم ماننا ۔ اطاعت کرنا (۲) ملازمت کرنا ۔ نوکری کرنا (غلط العوام) ۔
تابع مرضیٔ مالک (ع) مذکر ۔ وہ کاشتکار جو مالک کی مرضی کے تابع ہو ، خود کسی بات کا مجاز نہ ہو ۔ **تابع مہمل** (ع) مذکر ۔ وہ بے معنی لفظ ، جو بامعنی لفظ کے ساتھ بولا جاتا ہے ، جیسے کھانا وانا میں وانا ۔

تابعی (تا - بِعی) (ع) مذکر ۔ وہ شخص جس نے رسول اللہ صلعم کے اصحاب کو دیکھا ہو ۔
تابعین (تا - بِعِین) (ع) مذکر ۔ (۱) تابع کی جمع ۔ فرماں بردار لوگ (۲) وہ جماعت ، جس نے ایک یا ایک سے زیادہ مرتبہ رسولِ خدا صلعم کے اصحاب کی زیارت کی ہو ۔
تابندہ (تا - بِن - دَہ) (ف) نورانی ۔ روشن ۔ چمکیلا ۔
تابوت (تا - بُوت) (ع) مذکر (۱) مُردے کا صندوق ۔ نعش ۔ جنازہ (۲) ایک قسم کا تعزیہ (۳) صندوق (۴) ایک قسم کا ٹیکس ، جو مرہٹوں کے زمانے میں مسلمانوں کو تابوت نکالنے کے باعث ادا کرنا پڑتا تھا ۔
تابہ (تا - بہ) (ف) مذکر (۱) بل کھایا ہوا ۔ پیچیدہ (۲) روشن ۔ تاباں (۳) توا ۔
تابیدہ (تا - بی - دَہ) (ف) دیکھیے تابہ ۱ ، ۲ ۔

تاپ (تاپ) (ہ) مؤنث (۱) (ہندی) گرمی۔ حرارت (۲) (عوام) بخار۔ تپ ❖ **تاپ تلی**۔ مؤنث (عوام) (۱) ورم طحال۔ تلی کی سوجن (۲) بخار کے باعث بڑھی ہوئی تلی ❖ **تاپا کرنا**۔ **تاپتے رہنا**۔ سینکتے رہنا ❖ **تاپنا** سینکنا۔ آگ سے ہاتھ پاؤں کو گرمی پہنچانا ❖

تات (تات) (س) مذکر۔ باپ ❖

تاتا (تا۔تا) (ہ) (گنوار) گرم۔ گرما گرم ❖

تاتا تھئی (تا۔تا۔ تھئی) (ہ) مؤنث۔ وہ لفظ، جسے ناچنے والے تال پر آنے کے لیے زبان اور ہتھیلی سے ادا کرتے ہیں ❖

تاثر (تا۔ثُر) (ع) مذکر (۱) اثر ہونا۔ متأثر ہونا (۲) اثر۔ تاثیر۔ نشان ❖

تاثیر (تا۔ثیر) (ع) مؤنث (۱) نشان (۲) پھل۔ نتیجہ (۳) گن۔ عمل۔ خاصیت۔ اثر ❖ **تاثیرِ قانون**۔ مؤنث۔ قانون کا اثر یا نتیجہ۔ قانون کارگر ہونا ❖ **تاثیر کرنا** (ف) اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔ خاصیت ظاہر کرنا۔ عمل کرنا ❖

تاج (تاج) (ع) مذکر (۱) شاہی ٹوپی سا افسر۔ مکٹ (۲) پرند کی چوٹی۔ کلغی (۳) فقیروں کی خاص قسم کی ٹوپی (۴) گنجفے کی پہلی بازی (ان معنی میں اہلِ لکھنؤ مؤنث بولتے ہیں) (۵) مکان کا چھجا۔ دیوار کی کنگنی۔ گمٹی دار برجی، جو کسی مکان یا دیوار کے اوپر بنا دی جاتی ہے ❖ **تاج پوشی** (ف) مؤنث۔ تاج پہننا ❖ **تاجِ خروس**۔ مذکر۔ (۱) مرغ کے سر کی کلغی (۲) تاجِ خروس جیسا ایک قسم کا سرخ پھول ❖ **تاج دار**۔ **تاجدار**۔ تاج والا۔ بادشاہ۔ والیٔ ملک ❖ **تاج رکھنا** (ف) (۱) بادشاہی دینا۔ سلطنت بخشنا (۲) بادشاہ بن بیٹھنا۔ تاج پہننا ❖ **تاجِ شمع** (ف) مذکر۔ شمع کا شعلہ ❖ **تاجور** (کنایۃً) تاج رکھنے والا۔ بادشاہ ❖

تاجر (تا۔جِر) (ع) مذکر۔ تجارت کرنے والا۔ بیوپاری۔ سوداگر ❖

تاجو (تا۔جو) (ہ) بھائی سے برا برتاؤ کرنے والی عورت۔ سنگ دل عورت ❖

تاخت (تاخت) (ف) مؤنث (۱) دوڑ۔ دھاوا۔ فوج کا حملہ (۲) تباہی۔ لوٹ۔ غارت ❖ **تاخت وتاراج کرنا** (ف) لوٹ لینا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ تہس نہس کرنا۔ ستیاناس کرنا ❖

تاخر (تا۔خُر) (ع) مذکر (۱) پیچھے ہونا (۲) دیر کرنا ❖

تاخیر (تا۔خیر) (ع) مؤنث۔ دیر۔ ڈھیل۔ وقفہ۔ توقف (کرنا، ہونا کے ساتھ) ❖

تادیب (تا۔دیب) (ع) مؤنث (۱) ادب دینا۔ ادب سکھانا (۲) علمِ زبان سکھانا (۳) چشم نمائی۔ تنبیہ ❖

تاذی (تاذ۔ذی) (ع) مؤنث۔ آزردہ ہونا۔ ایذا اٹھانا ❖

تار (تار) (ف) مذکر (۱) لوہے، پیتل، جست، تانبے وغیرہ کا لمبا اور پتلا ٹکڑا (۲) ڈورا۔ بال۔ دھاگا۔ تاگا (۳) مکڑی کا جالا (۴) تیرہ۔ تاریک (۵) قطار۔ سلسلہ (۶) تانا بانا (۷) پارہ۔ ریزہ (۸) قوام کا چیپ (اٹھنا کے ساتھ) (۹) خطوط یا فائل رکھنے کا تار (۱۰) تار برقی۔ برقی تار کے ذریعے سے آنے والی خبر۔ ٹیلیگرام۔ ٹیلیگرام (۱۱) (عو) زیور کا حصہ۔ انگوٹھی۔ چھلا (۱۲) بادلا ❖ **تار باندھنا** (ف) سلسلہ باندھنا۔ کوئی کام لگاتار کیے جانا ❖ **تار بتار** (۱) غیر مسلسل۔ پراگندہ (۲) غیر مرتب یا پتلے حال والا ❖ **تار برقی** (ف) مؤنث۔ (۱) خاص علاقوں سے خبر بھیجنے والا آلہ (۲) وہ تار، جو بجلی کی قوت پیدا کر دینے کے باعث ایک جگہ کی حرکت کو دوسری جگہ پہنچا دے ❖ **تار تار کرنا** (ف) پھاڑنا۔ کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا ❖ **تار توڑنا** (ف) مذکر۔ ایک قسم کا سوئی کا کام، جو کپڑے پر ہوتا ہے۔ کارچوبی کام ❖ **تار ٹوٹنا** (۱) تار کا شکستہ ہونا (۲) سلسلہ ٹوٹنا (۳) سانس بند ہونا (۴) چلتے کام میں حرج واقع ہونا۔ رخنہ پڑنا ❖ **تار دبکنا**۔ تاروں کو کوٹ کر گوٹے کے لیے چوڑا کرنا ❖ **تار دیکھنا**۔ (حلوائی) چاشنی کے پک جانے کا حال معلوم کرنا ❖ **تار شمار**۔ مذکر۔ ایک کپڑا، جس سے اکثر دھنوں کے دوپٹے بنائے جاتے ہیں ❖ **تارکش** (ف) مذکر۔ وہ آدمی، جو سونے چاندی کے تاروں کو جنتری میں کھینچ کر لمبا اور باریک کرے ❖ **تارکشی** مؤنث۔ تار کھینچنے کا کام یا پیشہ ❖ **تار گھر** (ہ) مذکر۔ تار دینے کا دفتر۔ ٹیلیگراف آفس ❖ **تار نکالنا** (۱) کپڑے میں سے دھاگے نکالنا (۲) (عو) (عوام) سراغ نکالنا۔ پتا لگانا (۳) (ہند۔عو) باریک اور لمبی سوئیاں بٹنا ❖ **تار و پود** (ف) مذکر۔ تانا بانا ❖

تارا (تا۔را) (ہ) مذکر (۱) ستارہ۔ نجم۔ کوکب۔ نیر (۲) آنکھ کی پتلی (۳) نہایت بلند یا نیچے یا دور فاصلے کی چیز، جو ذرا سی معلوم ہو (۴) نہایت باریک ذرہ، جو کسی دماغی صدمے کے باعث آنکھ کے سامنے نظر آئے ❖ **تارا ٹوٹنا**۔ رات کو کسی تارے سے روشنی نکل کر گرنا۔ شہابِ ثاقب کا گرنا ❖ **تارا چمکنا**۔ ترقی ہونا۔ عروج ہونا (۲) (جوتشیوں کی اصطلاح) زہرہ کا غروب ہونا۔ اس دوران میں ہندو کوئی مبارک کام نہیں کرتے ❖ **تارا سی آنکھیں ہو جانا**۔ آنکھوں کی بیماری باقی رہنا ❖ **تارا منڈل**۔ مذکر (۱) ستاروں کا حلقہ یا کنڈل (۲) ایک قسم کی آتش بازی ❖ **تارا ہو جانا**۔ کسی شے کا اتنا بلند ہو جانا یا اتنا نیچے تہ میں چلا جانا یا اتنا دور ہو جانا کہ چھوٹی نظر آنے لگے ❖

تاراج (تا۔راج) (ف) مذکر۔ بربادی۔ غارت۔ لوٹ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ❖

تارپیڈو (تار۔پی۔ڈو) (ہند) (انگ۔ تارپیڈو Torpedo) مذکر۔ جہاز غرق کرنے والی مشین ❖

تارپین (تار۔پین) (ہند) (انگ۔ ٹرپن ٹائن Turpentine) مذکر۔ گندہ بیروزہ ❖ **تارپین کا تیل** (ف) مذکر۔ بیروزے سے نکالا ہوا تیل ❖

تارک (تا۔رک) (ع) ترک کرنے والا۔ چھوڑنے والا۔ تیاگی ❖ **تارک الدنیا** (ع) دنیا کو چھوڑ دینے والا۔ پرہیزگار۔ خلوت نشین۔ گوشہ نشین ❖ **تارک الصلوٰۃ** (ع) نماز ترک کرنے والا۔ نماز نہ پڑھنے والا۔

بے نماز ۔

تارک (تا ۔ رَک) (ف) مذکر (۱) مانگ (۲) ایک خاص قسم کی ٹوپی (۳) سر کا اوپر کا حصہ (۴) پہاڑ کی چوٹی (۵) لوہے کا خود ۔

تارکول (تار ۔ کوُل) (مہند) (انگ ۔ ٹارکول Tar Coal) مذکر ۔ رال ۔ فیرنگ کا تیل ۔

تاروں (تا ۔ رُوں) (ہ) (۱) تار کی جمع (۲) تارا کی جمع ۔ **تاروں بھری رات** (۱) مؤنث (عو) ایسی رات جس میں آسمان صاف اور تارے چھٹکے ہوئے ہوں ۔

تاروں کی چھاؤں ۔ (۱) مؤنث (عو) (۱) ستاروں کی روشنی (۲) نور کے تڑکے ۔ بہت سویرے ۔ گجردم ۔

تارے (تا ۔ رے) (ہ) مذکر (۱) تارا کی جمع ۔ **تارے باندھنا** (عو) ایک قسم کا ٹوٹکا، جو عورتیں مینہ کی جھڑی بند ہونے کے لیے کرتی ہیں ۔

تارے توڑنا (عو) (۱) ایسا کام کرنا جو دوسروں سے نہ ہو سکے (۲) چالاکی کرنا ۔ عیاری کرنا ۔ **تارے دکھانا** (عو) ایک رسم جس میں وہم پرست مسلمان عورتیں زچہ کو چھٹی کے دن تارے دکھاتی ہیں ۔ ان کے خیال میں ایسا کرنے سے زچہ کو جن و پری کا خوف نہیں رہتا ۔

تارے دکھائی دینا (۱) دماغی صدمے یا کمزوری کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے زمرے نظر آنا (۲) چھکے چھوٹ جانا ۔ مصیبت پڑ جانا ۔

تارے دیکھنا ۔ دیکھیے "تارے دکھانا" ۔ **تارے گننا** (۱) اختر شماری کرنا (۲) عاشق کا جدائی میں رات بسر کرنا (۳) رات بھر جاگنا ۔

تاریخ (تا ۔ ریخ) (ع) مؤنث (۱) مہینے کا ہر دن (۲) مقدمے کی سماعت کے لیے مقررہ دن (۳) شعر، مصرع، فقرہ یا جملہ، جس کے حرفوں کے عدد بحساب ابجد جوڑنے سے کسی واقعے وغیرہ کا زمانۂ وقوع ظاہر ہو ۔ (کہنا کے ساتھ) (۴) گزرے ہوئے واقعات کا بیان (۵) بادشاہوں، مشہور آدمیوں یا کسی انسان کی زندگی کا حال (۶) وہ علم جس میں ماضی اور حال کے واقعات سے بحث کی جاتی ہے (۷) افسانے ۔ قصے ۔ روایات (۸) جنگ نامے (۹) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۱۰) کسی امر عظیم کے وقت کا تقرر (۱۱) خلاصہ ۔ ماحصل ۔ **تاریخ ازجاع** ۔ مؤنث ۔ مقدمہ دائر ہونے یا پہلی درخواست گزرنے کا دن ۔ **تاریخ ٹھہرنا** (۱) (عو) نسبت، بیاہ یا کسی اور تقریب کا دن مقرر ہونا ۔ **تاریخ چسپانی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ بورڈ پر تاریخ وار مقدمات کی پیشی کی تاریخیں چسپاں کرنا ۔ **تاریخ ظہور بنائے دعویٰ** (ع) مؤنث ۔ بنائے دعویٰ کے ظاہر ہونے کی تاریخ ۔

تاریخ کہنا ۔ (۱) کسی واقعے کو نظم یا نثر میں ابجد کے حساب سے ظاہر کرنا جس سے اس واقعے کا سنہ معلوم ہو سکے ۔

تاریک (تا ۔ ریک) (ف) (۱) سیاہ ۔ کالا ۔ مکدر (۲) اندھیرا ۔ دھند ۔

تاریکی ۔ مؤنث (۱) سیاہی، ظلمت (۲) اندھیر ۔ دھندلاپن ۔

تاڑ (تاڑ) (ہ) مذکر ۔ کھجور جیسا ایک مشہور اونچا درخت، جس سے تاڑی نکالی جاتی ہے ۔ **تاڑ کا سا قد** (۱) مذکر ۔ بہت لمبا اور ناموزوں قد ۔

تاڑی (ہ) مؤنث (۱) تاڑ کے درخت کا دودھ، جس کے پینے سے نشہ ہوتا ہے (پینا، چڑھانا کے ساتھ) (۲) (لکھنؤ) کٹار کا دستہ ۔

تاڑ (تاڑ) (ہ) (۱) تاڑنا کا امر (۲) فراست ۔ سمجھ ۔ دانائی ۔ تیز فہمی ۔ **تاڑنا** (۱) پہچاننا ۔ بھانپنا ۔ جانچنا ۔ کسی علامت کے بغیر سمجھ جانا (۲) قیافے سے پہچان لینا ۔ علامات سے جان لینا (۳) دریافت کر لینا ۔ معلوم کر لینا (۴) ایک پتھر سے دوسرے پتھر کو ہم وزن کرنا (۵) تولنا (۶) (عو) تنبیہ کرنا (۷) نظر ڈالنا ۔ دیکھنا (۸) ڈانٹنا ۔ پیٹنا ۔ مارنا ۔ (۹) دھتکارنا ۔ نکالنا ۔

تاڑو (تا ۔ ڑو) ۔ تاڑنے والا ۔ بھانپنے والا ۔

تاز (تاز) (ف) (۱) تاختن کا امر (۲) مؤنث ۔ دوڑ ۔ حملہ ۔ **تازونگ** ۔ دیکھیے "تگ و تاز" ۔

تازگی (تا ۔ زگی) (ف) مؤنث (۱) طراوت ۔ سرسبزی ۔ ہراپن (۲) نیاپن ۔ جدت (۳) چہرے کی رونق ۔ **تازہ** (۱) سرسبز ۔ مرطوب ۔ تیز ۔ سبز ۔ ہرا ۔ (۲) غیر مستعمل ۔ نیا ۔ جدید (۳) ڈال کا ٹوٹا (۴) تنومند ۔ فربہ ۔ موٹا (۵) بے تکان ۔ تندرست (۶) خوبخو ۔ گرما گرم (۷) (پانی کے متعلق) باسی کے برعکس ۔ حال کا بھرا ہوا (۸) (وضو کی نسبت) حال کا کیا ہوا (۹) (حقے کے لیے) پانی سے تر کیا ہوا ۔ حقے کا پانی بدلا ہوا (۱۰) حال کا (۱۱) (دل کے ساتھ) خوش ۔ **تازہ بتازہ** (۱) جدید ۔ نیا (۲) گرما گرم (۳) ڈال کا ٹوٹا ۔ **تازہ دم** توانا ۔ چست ۔ مستعد ۔ **تازہ کار** (۱) نیا اور عجیب کام کرنے والا (۲) مبتدی ۔ نوآموز ۔ **تازہ مشق** ۔ نومشق ۔ نیا سیکھا ہوا ۔ **تازہ وارد** ۔ حال کا آیا ہوا ۔ نووارد ۔ **تازہ ولایت** (۱) نووارد ۔ پردیسی (۲) وہ شخص، جو دوسرے کی زبان نہ سمجھے ۔ نوگرفتار ۔ وحشی (۳) سادہ لوح ۔ بے وقوف ۔

تازی (تا ۔ زی) (ف) (۱) عرب کا (۲) مذکر ۔ عرب کا گھوڑا (۳) شکاری کتا (۴) مؤنث ۔ عربی زبان (۵) (قواعد) خالص عربی حرف، جو عجمی نہ ہو (۶) (ا) (صفت مؤنث) باسی کے برعکس ۔ **تازی خانہ** (ف) مذکر ۔ کتوں کا طویلہ ۔ **تازی مارا ترکی کاپنا** (۱) مثل ۔ ایک کی سزا سے دوسرے کو عبرت ہوتی ہے ۔

تازیانہ (تا ۔ زیا ۔ نہ) (ف) مذکر (۱) کوڑا ۔ قمچی ۔ چابک (جڑنا، لگانا، مارنا کے ساتھ) (۲) (قانون) مجرموں کو سزا دینے کا بید ۔ **تازیانہ ہونا** ۔ تنبیہ ہونا ۔ تنبیہ کا سبب ہونا ۔

تاس (تاس) (ف) مذکر ۔ بڑا طشت ۔ تسلا ۔

تاسف (تاَسُّف) (ع) مذکر ۔ افسوس، پچھتاوا، حسرت، ملال، رنج ۔

تاسہ (تا ۔ سہ) (ف) مذکر ۔ دیکھیے "تاشہ" ۔

تاسیس (تا ۔ سیس) (ع) مؤنث (۱) بنیاد رکھنا ۔ مضبوط کرنا (۲) (عروضی اصطلاح) وہ ساکن الف، جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو ۔ جیسے کامل اور شامل میں الف (۳) (علم معانی کی اصطلاح) ایک ایسا لفظ لانا، جو

پہلے لفظ سے زائد معنی رکھتا ہو۔

تاش (تا۔ شؔ) (ف) مذکر (۱) گنجفے کی قسم کا مشہور پتّوں کا کھیل (۲) ایک قسم کا ریشمی زری کا کپڑا۔ بادلہ۔ زربفت (۳) (ت) دوست۔ شریک ۔

تاشا۔ تاشہ (تا۔ شا، تا۔ شہٗ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کی دف، جو گلے میں ڈال کر ڈھول کے ساتھ بجائی جاتی ہے۔

تافتان (تاف۔ تانْ) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی گول سوتے کناروں والی نہایت ملائم خمیری روٹی ۔

تافتہ (تاف۔ تہٗ) (ف) (۱) بٹا ہوا (۲) روشن (۳) گرم (۴) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ استبرق (۵) ایک خاص رنگ کا گھوڑا ۔

تاقی (تا۔ قیٗ) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی ٹوپی (۲) (ف) مختلف رنگ کی آنکھوں کا گھوڑا یا جانور ۔

تاک (تاکْ) (ہ) (۱) تاکنا کا امر (۲) مؤنث۔ نشانہ۔ شست (۳) گھات۔ ٹکٹکی (۴) انتظار (۵) (ع) اوقات کا لحاظ (۶) نظر۔ نگاہ ۔ **تاک باندھنا**۔ (۱) سیدھ باندھنا۔ شست باندھنا (۲) نگاہ لڑانا۔ غور سے دیکھنا۔ ٹکٹکی باندھنا۔ برابر دیکھتے جانا ۔ **تاک جھانک**۔ مؤنث (۱) گھورا گھاری۔ نظربازی (۲) تلاش و تجسّس۔ دیکھ بھال (کرنا، لگانا، ہونا کے ساتھ) ۔ **تاک رکھنا** (۱) قابو ڈھونڈنا۔ گھات میں لگے رہنا (۲) پہچان رکھنا۔ تاڑ رکھنا (۳) جانچ رکھنا (۴) موقع تلاش کر رکھنا (۵) (ع) اوقات کا لحاظ رکھنا ۔ **تاک کر** (۱) سیدھ باندھ کر (۲) موقع ڈھونڈ کر ۔ **تاک لگانا** (۱) نظر رکھنا۔ گھات لگانا (۲) تلاش میں رہنا (۳) انتظار کرنا ۔ **تاک میں رہنا** (۱) تلاش میں رہنا (۲) وقت کا انتظار کرنا۔ منتظر رہنا ۔ **تاک میں لگنا** (۱) گھات میں ہونا (۲) تلاش میں ہونا ۔ **تاکنا** (۱) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ گھورنا۔ (۲) پہلے سے جان رکھنا۔ خیال کرنا (۳) جھانکنا۔ چھپ کر دیکھنا (۴) پہچاننا۔ تاڑنا (۵) شست لگانا۔ نشانہ باندھنا (۶) پسند کرنا (۷) کسی چیز کی خواہش کرنا (۸) تلاش کرنا (۹) انتظار کرنا (۱۰) دیکھنا ۔

تاک (تاکْ) (ف) مؤنث (۱) انگور کی بیل (۲) کوئی بیل (۳) بیل کی طرح بڑھتی ہوئی کسی درخت کی شاخ (۴) انگور ۔

تاکید (تا۔ کیدْ) (ع) مؤنث۔ (۱) ہٹ۔ ضد۔ اصرار (۲) کوشش۔ تقاضا (۳) زور سے کہنا۔ بار بار کہنا۔ سخت حکم کرنا ۔ **تاکید کرنا**۔ سخت حکم دینا۔ تقاضا کرنا۔ زور ڈالنا۔ اصرار سے کہنا ۔ **تاکیداً**۔ زور ڈال کر۔ نہایت اصرار سے ۔ **تاکیدی**۔ سخت۔ ضروری۔ اصرار کا ۔ **تاکیدی حکم**۔ مذکر۔ ضروری حکم ۔

تاگا (تا۔ گا) (ہ) مذکر (۱) دھاگا۔ تار۔ سوت۔ ڈورا (۲) (پورب) ایک قسم کا محصول ۔ **تاگا ڈالنا**۔ سینے کے لیے سوئی میں دھاگا پرونا ۔

تاگڑی۔ تنگڑی (تاگ۔ ڑیٗ، تنگ۔ ڑیٗ) (ہ) مؤنث (۱) دھاگے کا بٹا ہوا ڈورا (۲) زنجیر کی قسم کا ایک زیور، جو کمر میں باندھا جاتا ہے ۔

تاگنا (تاگ۔ نا) (۱) دھاگا ڈالنا (۲) سینا پرونا (۳) کچی سلائی کرنا ۔

تال (تالْ) (ہ) مذکر (۱) تالاب (۲) عینک کا شیشہ۔ چشمہ (۳) گانے بجانے کا وزن (۴) پیتل کی دو کٹوریاں، جو طبلے یا ڈھولک کے ساتھ بجائی جاتی ہیں (۵) (پورب) پہلوانوں کا خم ٹھونکنا ۔ **تال بے تال**۔ بے سرا ۔ **تال دینا** (۱) گانے میں وزن اور سُر قائم رکھنے کے لیے قاعدے سے تالی بجانا۔ سہارا دینا (۲) خم ٹھونکنا ۔ **تال سے بے تال ہونا**۔ سُر سے بے سُر ہو جانا۔ بے موقع تان لینا۔ اصول نغمہ کے مقام سے اکھڑ جانا ۔ **تال کھانا**۔ مذکر۔ ایک قسم کا بیج ۔ **تال میل**۔ مذکر۔ میل جول۔ راہ و رسم۔ ربط ضبط (۲) موزونیت۔ موافقت (۳) اتفاق۔ اتحاد ۔ **تال میل کھانا** (۱) تال کا سُر کے ساتھ مل جانا (۲) سنجوگ ہونا۔ موافقت ہونا (۳) موزون ہونا۔ مناسب ہونا ۔

تالا (تا۔ لا) (ہ) مذکر۔ ایک آلہ جس سے دروازے، صندوق وغیرہ بند کیے جاتے ہیں۔ یہ کنجی سے لگایا اور کھولا جاتا ہے۔ قفل ۔ **تالا بھڑ جانا یا بھڑنا** (عوام) (۱) قفل لگ جانا (۲) (مجازاً) گھر اُجڑ جانا ۔ **تالا توڑنا**۔ قفل توڑنا۔ قفل توڑنے کا جرم کرنا ۔ **تالا کنجی**۔ مذکر (۱) قفل مع کلید (۲) (ہند) بچوں کا ایک کھیل ۔ **تالا لگانا**۔ قفل لگانا ۔

تالاب (تا۔ لابْ) (ف) مذکر۔ چشمہ۔ بڑا حوض۔ آب گیر ۔

تالف (تاَلُ۔ لُفْ) (ع) مذکر (۱) الفت۔ دوستی (۲) باہم محبت کرنا (۳) سازگاری ۔

تالم (تاَلُ۔ لُمْ) (ع) مذکر۔ دکھ پانا ۔

تالو (تا۔ لوٗ) (ہ) مذکر (۱) منہ کے اندر کی چھت (۲) دماغ کے اوپر کی سطح۔ چندیا (۳) گھوڑے کا ایک عیب ۔ **تالو آنا**۔ تالو کا سوج جانا ۔ **تالو سے زبان نہ لگنا** (ف) برابر باتیں کیے جانا۔ بکے جانا۔ خاموش نہ رہنا۔ چپ نہ رہنا ۔ **تالو لٹکنا** (۱) منہ کی بیماری کے سبب تالو کا اپنی جگہ سے نیچے آ جانا ۔

تالی (تا۔ لیٗ) (س) مذکر (۱) وہ شخص جس کے پاس مجرے ہوں (۲) شورجی کا لقب (۳) (ہ) مؤنث۔ کنجی (۴) ایک قسم کا درخت (۵) پہاڑی کھجور ۔

تالی (تا۔ لیٗ) (ہ) مؤنث (۱) کفِ دست (۲) ہتھیلی کو ہتھیلی پر مارنے کی آواز ۔ **تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی** (ہ) مثل۔ محبت یا لڑائی دونوں طرف سے ہوتی ہے۔ ایک طرف سے نہیں ہو سکتی ۔ **تالی بجانا** (۱) ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ مار کر آواز نکالنا (۲) دستک دینا ۔ **تالی بجنا**۔ رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا ۔ **تالی پیٹنا** (مجازاً) (۱) تضحیک کرنا۔ ہنسی اڑانا (۲) داد دینا۔ تحسین کرنا۔ شاباش دینا ۔ **تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے**۔ مثل۔ دیکھو "تالی ایک ---" ۔ **تالیاں**۔ مؤنث۔ تالی کی جمع ۔ **تالیاں بجانا** (۱) خوشی منانا (۲) مسخرہ بنانا۔ ہنسی اڑانا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا ۔

تالیف (تا۔ لیفْ) (ع) مؤنث (۱) مختلف کتابوں کے مضامین کا نئے پیرایے

میں ترتیب دینا (۲) دو دلوں کو ملانا ۔ دوستی پیدا کرنا ۔ باہم الفت ڈالنا (۳) (بمعنی مفعول) مُؤَلَّفہ ۔ مُصَنَّفہ ۔ **تالیفِ قلوب** ۔ مؤنث ۔ لوگوں کے دلوں پر قابو پانا ۔ دلجوئی کرنا ۔ [نوٹ: تالیف اور تصنیف میں فرق ۔ **تالیف**: دوسروں کے خیالات کسی خاص رنگ یا اپنے رنگ میں ظاہر کرنا ۔ **تصنیف**: اپنے دلی اجتہاد کے مطابق کوئی چیز تحریر کرنا ۔]

تامّ (تَامّ) (ع) پورا ۔ مکمل ۔ تمام ۔ کُل ۔

تام (تَام) (س) مذکر (۱) تاریکی ۔ شام (۲) گھبراہٹ (۳) (ہ) تانبا ۔

تام جان ۔ یا ۔ جھام ۔ یا ۔ دان (ہ) مذکر ۔ (۱) جوادار (۲) ایک قسم کی پالکی ۔

تام چینی (ہ) مذکر ۔ مینا کاری کیا ہوا تانبا ۔

تامرس (تَام ۔ رَس) (ہ) مذکر (۱) تانبا (۲) سونا (۳) کنول ۔

تامڑا (تَام ۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) یاقوت کی ادنیٰ قسم کا ایک جواہر (۲) گنجے کی کھوپری (۳) تانبے کے رنگ کا (۴) صاف مطلع (۵) ایک قسم کا کاغذ ۔ **تامڑا نکل آنا** ۔ (۱) تانبے کے رنگ کا ہو جانا ۔ بد رنگ ہو جانا (۲) گنجا ہو جانا ۔ بال اُڑ کر کھوپری صاف نکل آنا ۔

تامل (تَا ۔ مِل) (ہ) مؤنث (۱) جنوبی ہند اور لنکا کی زبان (۲) جنوبی ہند کی ایک ہندو قوم ۔

تامّل (تَاَم ۔ مُل) (ع) مذکر (۱) اندیشہ ۔ فکر ۔ سوچ (۲) (ل) وقفہ ۔ عرصہ (۳) برداشت ۔ صبر و تحمل (۴) تذبذب ۔ شک و شبہ ۔

تاملوٹ ۔ تاملیٹ (تَام ۔ لُوٹ ، تَام ۔ لِیٹ) (ہ) مذکر ۔ پانی پینے کا ٹین کا برتن ۔ ٹونٹی کے بغیر ٹین کا لوٹا ۔ ٹین کا ڈونگا ۔ آبخورہ ۔

تامیسری (تَا ۔ مِیس ۔ رِی) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا گنجا (۲) تانبا ملا ہوا سونا چاندی (۳) تانبے کے رنگ کا ۔ مسی ۔

تان (تَان) (ہ) مؤنث (۱) تال ۔ گت ۔ سُر ۔ الاپ (۲) گاڑی ۔ پالکی ۔ پلنگ وغیرہ کی آہنی سلاخ (۳) ایک قسم کا درخت ۔ **تان اُڑا لینا ۔ یا ۔ اُڑانا** ۔ (۱) الاپنا ۔ گانا (۲) کسی قسم کی لے یا طرز حاصل کر لینا ۔ **تان بھرنا** (ہندو) گانے میں حسن اور دلربایانہ انداز سے بعض سُروں کو دوبارہ سہ بارہ زبان سے نکالنا ۔ **تان توڑنا** (۱) گیت کو سم پر لا کر ختم کرنا (۲) (ل) (عو) طعنہ دینا ۔ **تان کی جان** (۱) (صفت) رسیلی ۔ سُریلی (۲) مؤنث ۔ مغزِ سخن ۔ حاصلِ مدعا ۔ خلاصۂ مقصد ۔ **تان لینا** ۔ تان بھرنا ۔

تان (تَان) (ہ) تاننا کا امر ۔ **تان کے** ۔ کھینچ کر ۔ زور سے ۔ جما کر ۔

تاننا (۱) بڑھانا ۔ پھیلانا ۔ لمبے یا چوڑے کپڑے کو سر پر یا قنات کی طرح کھینچنا (۲) لٹکانا (۳) تار لگانا (۴) کسنا ۔ جھول دُور کرنا ۔ اکڑنا (۵) (عوام) مقدمہ دائر کرنا (۶) قید کرنا (۷) (عوام) ارسال کرنا ۔ بھیجنا (۸) سیدھا کھڑا کرنا (۹) زور سے کھینچنا (۱۰) (جالے کے لیے) جال بنانا (۱۱) اکسانا ۔ (ان معنی میں "تان دینا" بھی بولتے ہیں) ۔

تان (تَان) (ہ) مذکر (طعن کا مخرّب) طعنہ ۔ **تانا** ۔ مذکر ۔ طعنہ ۔ **تان تزونز** (ل) مذکر (عو) طعنہ مہنا ۔ آوازہ و ترانہ ۔ اشارہ کنایہ (تضحیک کی راہ سے) ۔ **تانے تشنے** (طعن و تشنیع کا مخرّب) مذکر ۔ طعنے مہنے ۔

تانا (تَا ۔ نَا) (ہ) مذکر ۔ وہ لمبا تار جسے جلاہے نے بُننے کے لیے ترتیب دیا ہو (تمنا کے ساتھ) ۔ **تانا بانا** ۔ مذکر (۱) وہ دھاگے جو جلاہا کپڑا بُنتے وقت طول و عرض میں دیتا ہے ۔ تار و پود (۲) خواہ مخواہ آنا جانا ۔ **تانا بانا کرنا** ۔ بے فائدہ چکر لگانا ۔ ایرا پھیری کرنا ۔

تانا (تَا ۔ نَا) (ہ) (ہندو) (۱) پگھلانا ۔ گرم کرنا (۲) (عوام) تپانا ۔ تاؤ دینا (۳) آزمانا ۔ تجربہ کرنا ۔

تانبا (تَان ۔ بَا) (ہ) مذکر (۱) ایک دھات ۔ مس (۲) گوشت کا ٹکڑا جو شہباز و شاہین وغیرہ شکاری پرندوں کو کھلایا جاتا ہے ۔ **تانبا سا آسمان ہو جانا** (ل) مینہ نہ برسنا ۔ قحط کی علامات ظاہر ہونا ۔ **تانبے چون** (ہ) مذکر (لکھنؤ) تانبے کا بُرادہ ۔ **تانبے کا تار (چھلا) نہیں** (ل) (عو) بے حد مفلس ہے ۔ نہایت تنگ دست اور قلاش ہے ۔ **تانبے کا چراغ** (کنایۃً) پیسا جو خدا کی راہ میں خرچ کیا جائے ۔

تانت (تَانْت) (ہ) مؤنث (۱) گائے بکری بھیڑ وغیرہ کی وہ انتڑی جو بٹ کر سارنگی کمان وغیرہ میں لگائی جاتی ہے (۲) سارنگی وغیرہ کا تار (۳) (پورب) جلاہے کا راچھ ۔ **تانت باجی راگ بوجھا (پایا)** مثل ۔ قرینے ہی سے مطلب سمجھ لیا جاتا ہے ۔ **تانت سا** (عو) سخنی ۔ از حد دُبلا ۔

تانتا (تَان ۔ تَا) (ہ) مذکر (۱) سلسلہ ۔ قطار (لگانا ، لگنا کے ساتھ) (۲) سواریاں ۔ گروہ ۔ مجمع ۔

تانتڑی (تَانْت ۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) تانت کی تصغیر (۲) (عو) (کنایۃً) منحنی ۔ از حد دُبلا پتلا ۔

تانتوا (تَانْت ۔ وَا) (ہ) مذکر (عوام) آنت اُتر آنے کی بیماری ۔ فتق ۔

تان جان ۔ (ل) مذکر ۔ دیکھیے "تام جان" ۔

تانتی (تَان ۔ تِی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) قطار ۔ سلسلہ (۲) بال بچے ۔ اولاد (۳) (پورب) پارچہ باف ۔ بافندہ ۔ جلاہا ۔

تانسنا (تَانْس ۔ نَا) (ہ) (عو) (۱) گھُرکنا ۔ ڈانٹنا ۔ دھمکانا (۲) خوراک سے کم کھانے کو دینا ۔ بھوکا مارنا (۳) طعنے دینا ۔ بُرا کہنا ۔

تانسین (تَان ۔ سَین) (ہ) مذکر ۔ گوالیار کا ایک مشہور برہمن گویا ، جو راگ کے فن کا استاد تھا ۔ یہ اکبر بادشاہ کے زمانے میں گزرا ہے ۔

تانگا (تَان ۔ گَا) (ہ) مذکر ۔ دو پہیوں کی ایک مشہور گاڑی جس میں چار سواریاں بیٹھتی ہیں ۔

تانی (تَا ۔ نِی) (ہ) مؤنث ۔ تانا کی تانیث ۔ نئے سوتے ۔ دھاگے ، جو بننے کے لیے تیار کیے جاتے ہیں ۔ پود کے برعکس ۔

تانیث (تَا ۔ نِیث) (ع) مؤنث ۔ مؤنث کی علامت لگانا ۔ تذکیر کے برعکس ۔

تانیثِ معنوی ۔ مؤنث ۔ وہ اسم جس میں تانیث کی کوئی علامت نہ ہو، لیکن اہلِ زبان اسے مؤنث بولتے ہوں ۔

تاوا (تا ۔ وا) (ہ) مذکر (۱) گردش ۔ چکر (۲) مکان کے گرد کبوتروں کا اُڑنا (دینا، کرنا، کھلانا کے ساتھ) ۔ **تاوا دینا** ۔ کبوتروں کا چکر دینا ۔

تاوان (تا ۔ وان) (ف) مذکر (۱) بدلا ۔ جرمانہ ۔ ڈانڈ (۲) وہ رقم جو مفتوح ملک فاتح کو ہرجانے کے طور پر ادا کرتا ہے ۔ **تاوان بھرنا** (د) (دہلی) جرمانہ دینا ۔

تاوَل (تا ۔ وَل) (ہ) مؤنث ۔ (گنوار) اُتاوَل کا مخفف ۔ جلدی ۔ **تاوَلا** مذکر ۔ جلد باز ۔ **تاوَلا سو باوَلا** (ہ) مثل ۔ جلد باز دیوانہ ہوتا ہے ۔ جلدی میں کام خراب ہو جاتا ہے ۔

تاویل (تا ۔ وِیل) (ع) مؤنث (۱) کسی بات کو اس کے ظاہری مطلب سے پھیر دینا (۲) بیان ۔ شرح ۔ تشریح ۔ توضیح (۳) حیلۂ شرعی ۔ [**تاویل اور تعبیر میں فرق** ۔ تاویل عام ہے اور تعبیر خواب کی تفسیر کے لیے مخصوص ہے ۔ **تاویل اور تفسیر میں فرق** ۔ تاویل سے مراد یہ ہے کہ ظاہری مطلب سے اس مطلب کی طرف توجہ کی جائے جس کا احتمال ہو اور تفسیر سے مراد صرف معنی کی وضاحت ہے ۔]

تاہّل (تاَہْ ۔ ہُل) (ع) مذکر ۔ شادی کرنا ۔ اہل و عیال والا ہونا ۔

تائب (تا ۔ ئِب) (ع) مذکر ۔ توبہ کرنے والا ۔ جرم یا گناہ سے معافی مانگنے والا ۔

تاؤ (تا ۔ ؤ) (ہ) مذکر (ہندو) باپ کا بڑا بھائی ۔ تایا ۔

تاؤ (تا ۔ ؤ) (ہ) مذکر (۱) حرارت ۔ تاب ۔ گرمی (۲) (گنوار) تپ ۔ بخار (۳) چرخ ۔ کسی دھات کو آگ میں تپانا ۔ چرخ دینا (۴) غضب ۔ غصّہ (۵) پیچ و تاب (۶) پیچ ۔ خم ۔ مروڑ ۔ بل (۷) کاغذ کا تختہ ۔ **تاؤ آنا** (۱) تپانے سے کسی دھات کا سرخ ہو جانا (۲) چرخ کھا جانا (۳) جوش کھانا (۴) چاشنی پکنے پر آنا (۵) غصّہ آنا ۔ **تاؤ بگڑنا** (ع) (۱) پکنے میں کسی چیز کا جوش خراب ہو جانا (۲) (مجازاً) موقع نکل جانا ۔ **تاؤ بند** ۔ مذکر (کیمیا گروں کی اصطلاح) وہ دوا جس کے اثر سے سونے چاندی کا کھوٹ چرخ دینے پر بھی ظاہر نہ ہو ۔ **تاؤ بھاؤ** ۔ خفیف ۔ یونہی سا ۔ کسی قدر ۔ ذرا سا ۔ **تاؤ پیچ** ۔ مذکر ۔ غم و غصّہ ۔ پیچ و تاب (آنا، کھانا کے ساتھ) ۔ **تاؤ دینا** (۱) پگھلانا ۔ آگ میں لال کرنا ۔ گرم کرنا (۲) بل دینا ۔ مروڑنا (۳) غصّہ دلانا ۔ **تاؤ کھانا** (۱) سُرخ ہو جانا (۲) چرخ کھانا ۔ جوش کھانا (۳) قوام یا چاشنی کا جل جانا (۴) پیچیدہ ہونا ۔ اینٹھنا (۵) رقیق ہونا ۔ پگھلنا (۶) کُشتے کا زیادہ آنچ کھا جانا (۷) غصّہ کرنا ۔ غصّے کے مارے پیچ و تاب کھانا ۔

تائی (تا ۔ ئی) (ہ) مؤنث ۔ (ہندو) تاؤ کی بیوی ۔

تائے (تا ۔ ئے) (ف) مذکر (۱) کپڑا (۲) تہ (۳) کاغذ کا تختہ (۴) طاق ۔

تائے تشریف ۔ مذکر ۔ ایک خلعت ۔ پورا خلعت ۔

تائید (تا ۔ ئِید) (ع) مؤنث (۱) مدد ۔ حمایت ۔ تقویت (۲) (ل) رعایت ۔ طرف داری (۳) استحکامِ دعویٰ کی دستاویز ۔ **تائید کرنا** (ل) حمایت کرنا ۔ مدد کرنا ۔ ساتھ دینا ۔ سہارا دینا ۔ **تائیدِ کلام** (ع) مؤنث (۱) دعوے کی مدد ۔ بات کی امداد (۲) بات کی پچ ۔ سخن پروری ۔

تائیدِ مزید (ع) مؤنث ۔ زیادہ مدد ۔ **تائیدی شہادت** (ل) مؤنث (قانون) وہ گواہی جو کسی کے بیان کی تائید کرے ۔

تایا (تا ۔ یا) (ہ) مذکر (ہندو) باپ کا بڑا بھائی ۔ تاؤ ۔

تایا جانا (ہ) (۱) گرم کیا جانا (۲) جلایا جانا (۳) پگھلایا جانا (۴) آزمایا جانا ۔

تایس (تا ۔ یَس) (ہ) مؤنث ۔ خسر کے بڑے بھائی کی بیوی ۔ زوجہ کی تائی ۔

تایھرا (تا ۔ یَھ ۔ رَا) (ہ) مذکر (ہندو) خسر کا بڑا بھائی ۔

ت ۔ ب

تب (تَب) (ہ) (۱) پھر ۔ اُس وقت ۔ جب ۔ بعد ازاں (۲) تو (لکھنؤ کے بعض فصحا اس موقع پر استعمال نہیں کرتے) ۔ **تب بھی** ۔ پھر بھی ۔ اس پر بھی ۔ تاہم ۔ **تب تک** ۔ جب تک ۔ اُس وقت تک ۔ **تب تو** ۔ پھر تو (متروک) **تب ہی** ۔ **تبھی** (۱) جب ہی ۔ جبھی ۔ اُسی وقت ۔ فوراً ۔ (۲) اسی وجہ سے ۔ اسی سبب سے ۔

تب (تَب) (ف) مؤنث ۔ حرارت ۔ بخار ۔ **تبِ دروں** ۔ مؤنث ۔ اندرونی گرمی ۔

تبادل (تَبا ۔ دُل) (ع) مذکر ۔ تبدیل کرنا ۔ باہم بدلنا ۔ **تبادَلہ** (۱) مذکر (۱) تبدیلی ۔ بدلی (۲) (خیالات کے لیے) دو یا زیادہ آدمیوں کا اپنی اپنی رائے ظاہر کرنا ۔ جیسے تبادلۂ خیالات (صحیح مبادلۂ خیالات) (۳) بدل ۔ عوض ۔ معاوضہ ۔

تبار (تَبار) (ف) مذکر ۔ خاندان ۔ گھرانا ۔ نسل ۔ اولاد ۔ کنبہ ۔

تبارا (تِبا ۔ رَا) (ہ) تیسری دفعہ ۔

تبارک (تَبا ۔ رَک) (ع) (۱) بزرگ ۔ عالی ۔ بڑا (۲) قرآن مجید کی ایک سورت (۳) بعض مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم ۔ **تبارکَ اللہ** ۔ خدا بزرگ ہے ۔ پاک ہے ۔

تباسی (تِبا ۔ سی) (ہ) تین دن کی رکھی ہوئی (چیز) ۔

تباشیر (تَبا ۔ شِیر) (ف) مؤنث (۱) بنسلوچن ۔ ایک دوا جو ایک قسم کے بانس کی جڑوں پر جم جاتی ہے (۲) (مجازاً) صبح کا [illegible] ۔

تباغض (تَبا ۔ غُض) (ع) مذکر ۔ باہم بُغض یا دشمنی رکھنا ۔

تباکھیر (تَبا ۔ کھِیر) (ہ) مؤنث ۔ تباشیر (بعض سفید کو تباکھیر اور [illegible] تباشیر بولتے ہیں) ۔

تباہ (تبَاہ) (ف) (۱) اجڑا ہوا۔ ویران۔ برباد (۲) شکستہ (۳) (و) غرقاب ✤ **تباہ حال** (ف۔ع) ذلیل حالت والا۔ خستہ حال ✤ **تباہ کرنا** (و) (۱) اُجاڑنا۔ ویران کرنا۔ برباد کرنا (۲) کھونا۔ رائگاں کرنا۔ ضائع کرنا۔ گنوانا (۳) لُوٹ کھسوٹ کر مفلس بنانا۔ دیوالا نکالنا (۴) ڈبونا۔ غرق کرنا (۵) ستیاناس کرنا۔ بگاڑنا (۶) (کبوتر باز) گم کرنا۔ کھونا ✤ **تباہ ہونا**۔ (۱) تباہ کرنا کا لازم (۲) (پتنگ باز) کنکوّا اُکھڑنا (۳) (کنایۃً) مرمٹنا ✤

تباہی (تبَا۔ ہیْ) (ف) مؤنث (عوام) خرابی۔ بربادی (۲) (و) رسوائی۔ ذلت۔ (۳) مصیبت۔ آفت (آنا، پڑنا کے ساتھ) ✤ **تباہی کا مارا**۔ دکھی مصیبت کا مارا۔ آفت زدہ۔ کم بخت ✤

تباین (تبَا۔ یُنْ) (ع) مذکر۔ ضد۔ فرق۔ جدائی۔ خلاف۔ تفاوت ✤

تبحر (تَبَحْ۔ حُرْ) (ع۔ مذکر۔ کسی علم اور فن میں سمندر کی طرح بے کنارہ ہونا۔ کسی ہنر میں کمال دخل ہونا۔ بڑا عالم ہونا۔ علاّمہ ہونا ✤

تبخال۔ تبخالہ (تَبْ۔ خَالْ، تَبْ۔ خَا۔ لَہْ) (ف) مذکر۔ چھالا جو بخار کی وجہ سے ہونٹ میں نکل آتا ہے ✤

تبختر (تَبَخْ۔ تُرْ) (ع) مذکر۔ (۱) (لغوی) اِترا کر اور ناز سے چلنا (۲) (اصطلاحی) ادا۔ ناز و انداز (۳) غرور۔ تکبر ✤

تبخیر (تَبْ۔ خِیْرْ) (ع) مؤنث (۱) مہک (۲) بھاپ (۳) بخارات، جو کھانے کے بعد یا معدہ خالی ہونے کے باعث دماغ کو چڑھتے اور جسم کو ذرا گرم کر دیتے ہیں ✤

تبدّل (تَبَدْ۔ دُلْ) (ع) مذکر۔ بدل۔ عزل و نصب۔ بدلنا۔

تبدیل (تَبْ۔ دِیْلْ) (ع) مؤنث۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا۔ نقل مکان۔ بدلنا۔ پلٹنا (کرنا، ہونا کے بعد) ✤ **تبدیل آب و ہوا** (ع۔ف) مؤنث۔ پانی اور ہوا کا اثر بدلنے کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ✤ **تبدیل مکان** (ع) مؤنث۔ مکان بدلنا۔ نقل مکان ✤ **تبدیل ناجائز** مؤنث۔ دستاویز وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا ✤

تبدیل ہونا (ل) بدلی ہونا۔ بدلنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ✤ **تبدیل ہیئت کرنا**۔ دھوکا دینے کے لیے صورت بدلنا۔ بھیس بدلنا ✤ **تبدیلی** (د) مؤنث (غلط العوام) بدلی۔ ملازم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا ✤

تبذیر (تَبْ۔ ذِیْرْ) (ع) مؤنث (۱) فضول خرچی کرنا (۲) پراگندہ کرنا ✤

تبر (تَبَرْ) (ف) مذکر (۱) لکڑی چیرنے اور درخت کاٹنے کا ایک آلہ۔ کلہاڑی (۲) ایک ہتھیار ✤ **تبر بردار**۔ تبر رکھنے والا ✤

تبرا (تَبَرْ۔ رَا) (ع) مذکر (۱) بیزاری۔ نفرت (۲) لعن طعن۔ پھٹکڑ ✤ **تبرا بھیجنا** (و) (۱) لعنت بھیجنا (۲) نفرت کرنا ✤ **تبرا کرنا**۔ لعنت ملامت کرنا۔ بُرا بھلا کہنا ✤ **تبرائی** (ع۔ف) مذکر۔ تبرا کرنے والا۔ شیعوں کا وہ فرقہ، جو تبرا کو مذہب میں داخل سمجھتا ہے ✤

تبرج (تَبَرْ۔ رُجْ) (ع) مذکر۔ آرائش کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا ✤

تبرّع (تَبَرْ۔ رُعْ) (ع) مذکر۔ کسی ذاتی فائدے کی امید کے بغیر دے دینا۔ ثواب کے لیے مفت دینا۔ بخشنا۔ دینا ✤

تبرّک (تَبَرْ۔ رُکْ) (ع) مذکر (۱) وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو۔ (۲) پرشاد۔ تحفہ (۳) فاتحہ کی چیز۔ مذہبی پیشواؤں کا عطیہ (۴) قلیل۔ تھوڑا سا ✤ **تبرکاً**۔ (۱) برکت لینے کے خیال سے (۲) (کنایۃً) ذرا سا۔ قدرِ قلیل ✤ **تبرکات**۔ مذکر۔ برکت حاصل کرنے کی چیزیں۔ بزرگوں کے آثار۔ وہ چیزیں، جو بزرگانِ دین کی نشانیاں سمجھ کر رکھی جائیں ✤ **تبرکاً و تیمناً**۔ مبارک اور متبرک جان کر۔ خیر و برکت کے اعتبار سے ✤

تبر گوں (تَبَرْ۔ گُوْں) (ہ) مذکر۔ گھوڑے کا ایک عیب ✤

تبرید (تَبْ۔ رِیْدْ) (ع) مؤنث (۱) ٹھنڈی دوا۔ ٹھنڈائی (۲) ٹھنڈا کرنا ✤

تبسّم (تَبَسْ۔ سُمْ) (ع) مذکر۔ مسکراہٹ۔ ایسی ہنسی، جس میں لب نہ کھلیں ✤ **تبسّم، ضحک، قہقہے کا فرق** (۱) تبسم، مسکرانا جس میں آواز ظاہر نہ ہو (۲) ضحک، جس میں آواز نکلے، مگر کم (۳) قہقہہ جس میں آواز بڑے زور سے نکلے ✤ **تبسّمِ برق** (ع۔ف) مذکر۔ بجلی کی چمک ✤ **تبسّمِ مینا**۔ مذکر (کنایۃً) صراحی سے شراب نکلنے کی آواز ✤

تبصرہ (تَبْ۔ صِرَہْ) (ع) مذکر (۱) تنقید۔ نقد و نظر۔ ریویو (۲) توضیح۔ تفصیل۔ تشریح ✤

تبع (تَبَعْ) (ع) (۱) پیروی کرنا (۲) مذکر۔ پیروی کرنے والا۔ پیروی کرنے والے ✤ **تبع تابعین**۔ مذکر۔ وہ مسلمان جنھوں نے تابعین کو دیکھا ✤ **تبعیّت**۔ مؤنث۔ (۱) اتباع۔ متابعت (۲) تقلید۔ پیروی ✤

تبغیض (تَبْ۔ غِیْضْ) (ع) مؤنث۔ دشمنی ڈال دینا ✤

تبلق (تَبْ۔ لَقْ) (و) (طبلق کا مخرب) مؤنث۔ کاغذوں کا گٹھا یا بنڈل ✤

تبلی (تَبْ۔ لِیْ) (و) مؤنث (پورب) (۱) توشہ دان (۲) وہ چھوٹی سی تھیلی یا بکس، جس میں بندوق کے کارتوس وغیرہ رکھے جاتے ہیں (۳) پردہ۔ وہ تختہ، جو ستار یا طنبورے کے تونبے پر لگایا جاتا ہے ✤

تبلی (تِبْ۔ لِیْ) (ہ) مؤنث۔ ڈور، جو بہت سے دھاگے بٹ کر بنائی جاتی ہے ✤

تبلیغ (تَبْ۔ لِیْغْ) (ع) مؤنث (۱) پہنچانا۔ کہہ دینا (۲) (مجازاً) شرعی احکام کا پہنچانا ✤

تبنّی۔ تبنیت (تَبَنْ۔ نِیْ، تَبْ۔ نِیَتْ) (ع) مؤنث۔ متبنّیٰ بنانا۔ لے پالک بنانا ✤

تبہ (تَبَہْ) (ف) تباہ کا مخفف۔ اجاڑ۔ خراب۔ برباد ✤ **تبہ کار** (۱) بدکار (۲) برباد ✤

تبیین (تَبْ۔ یِیْنْ) (ع) مؤنث۔ بیان کرنا ✤

ت۔پ

تپ (تَپ) (ف) مؤنث (۱) حرارت۔ گرمی۔ بخار (۲) (ہ) پوجا پرستش (۳) تپنا کا امر ⁂ **تپ آنا** (ف) (۱) بخار آنا (۲) (کنایۃً) ڈرنا۔ ترساں ہونا۔ خائف ہونا ⁂ **تپ اترنا** (۱) بخار زائل ہونا (۲) بخار کم یا دھیما ہونا ⁂ **تپ چڑھنا** (ع) (۱) بخار سے بدن کا جلنے لگنا (۲) لرزاں ہونا۔ ترساں ہونا ⁂ **تپ خالہ** تبخالہ۔ دیکھیے "تبخالہ" ⁂ **تپ دِق** (ف۔ ع) مؤنث۔ وہ بخار جس سے بدن کی رطوبت سوکھ جاتی ہے۔ تپ کہنہ ⁂ **تپ لرزہ** (ف) مؤنث۔ وہ تپ، جس کے ساتھ سردی لگے اور کپکپی آئے ⁂ **تپ رکا، موت جانا۔** (۱) بخار اترنے کے بعد لبوں پر پھنسیاں سی نکل آنا ⁂ **تپ نوبت** (ف) مؤنث۔ باری کا بخار ⁂

تپاس (تَپاس) (ہ) مؤنث (۱) دھوپ (۲) محنت (۳) جوگ ⁂

تپاک (تَپاک) (ف) مذکر (۱) التفات۔ خاطر مدارات۔ آؤ بھگت (۲) محبت۔ اخلاص۔ عشق (۳) (طنزاً) ظاہرداری۔ بے پروائی ⁂

تپاں (تَپاں) (ف) (۱) تڑپنے والا (۲) گرم ⁂

تپانا (تَپا۔ نا) (ہ) (۱) گرم کرنا (۲) چاندی سونے وغیرہ کو آگ پر رکھ کر کھوٹا کھرا دیکھنا۔ تاؤ دینا (۳) شراب کو آگ کی لَو پر اٹھا کر خالص اور غیر خالص دیکھنا (۴) (کنایۃً) دُکھ دینا ⁂

تُپانا (تُپا۔ نا) (ہ) (۱) دفن کرانا۔ دبانا (۲) ڈھنپوانا ⁂

تپانچہ (تَپاں۔ چَہ) (ف) مذکر۔ دیکھیے "طمانچہ" ⁂

تپائی (تِپا۔ ائی) (ہ) مؤنث۔ تین پایوں کی چھوٹی میز یا چوکی ⁂

تپچانا (تَپ۔ چا۔ نا) (ہ) (عو) کپڑے کی نوک سے نوک ملا کر سینا ⁂

تپڑ (تَپ۔ پَڑ) (ہ) مذکر و مؤنث (ہندو) ٹاٹ کی گدی، جس پر بنیے بیٹھتے ہیں ⁂

تپسیا۔ تپشیا (تَپَس۔ سیا، تَپَش۔ شیا) (ہ) مؤنث۔ بندگی۔ عبادت ⁂

تپش (تَپِش) (ف) مؤنث (۱) گرمی۔ حرارت۔ گرمی کی شدت (۲) اضطرار۔ بے قراری۔ اضطراب (۳) جلن۔ سوزش ⁂

تُپک (تُپک) (ف) مؤنث۔ (۱) چھوٹی توپ (۲) گول گپھا ⁂

تَپک (تَپک) (ہ) (۱) تپکنا کا امر (۲) ٹیس۔ جلن۔ لپک۔ پھوڑے کا درد، جو دمبدم اٹھتا ہے (ہونا کے ساتھ) ⁂ **تپکنا**۔ زخم میں ٹیس ہونا۔ لپک ہونا ⁂

تپن (تَپَن) (س) مؤنث (عو) جلن۔ سوزش۔ گرمی ⁂ **تپنا** (تَپ۔ نا) (۱) گرم ہونا۔ بھبکنا۔ جلنا (۲) (گنوار) جلال بیٹھنا۔ رعب بیٹھنا (۳) (ہندو) (پورب) صاحب نصیب ہونا۔ بھاگوان ہونا (۴) دھونی رمانا ⁂

تپنچہ (تَپَن۔ چَہ) (ف) مذکر۔ بندوق کی قسم کا چھوٹا سا آلہ۔ پستول ⁂ **تپنچہ چلانا**۔ تپنچہ سر کرنا۔ چھوڑنا ⁂

تپوبن (تَپو۔ بَن) (ہ) مذکر (۱) تپسیا کرنے کا جنگل (۲) ہردوار کے قریب ایک تیرتھ ⁂

تپی۔ تپسی (تَپی، تَپَس۔ سی) (ہ) مذکر۔ تپسیا کرنے والا۔ عبادت گزار ⁂

تپیدہ (تَپی۔ دَہ) (ف) (۱) تڑپا ہوا (۲) جو گرم ہو گیا ہو ⁂

ت۔ت

تت (تَت) (ہ) مذکر (۱) ست۔ لبِ لباب۔ جان۔ روح (۲) راس المال۔ پونجی۔ سرمایہ (۳) نتیجہ۔ پھل (۴) اخیر۔ انجام (۵) اللہ تعالیٰ کی ماہیت۔ خدا کی معرفت ⁂

تتّا (تَت۔ تا) (ہ) (۱) جلتا ہوا۔ گرم (۲) تند۔ تیز مزاج (۳) شجاع۔ بہادر ⁂ **تتّا توا** (۱) گرم توا (۲) (کنایۃً) فسادی۔ جھگڑالو۔ لڑاکا ⁂ **تتّا ہونا**۔ لال پیلا ہونا۔ غضب ناک ہونا۔ گرم ہونا ⁂ **تتّے توے کی بوند**۔ مثل۔ زیادہ خرچ میں تھوڑی آمدنی کسی گنتی میں نہیں ⁂

تتبّع (تَتَب۔ بُع) (ع) مذکر۔ ریس۔ نقل۔ پیروی۔ تقلید ⁂

تتّر بتّر (تِت۔ تَر، بِت۔ تَر) (۱) بے ترتیب۔ الگ الگ۔ پریشان۔ منتشر۔ پراگندہ۔ جدا جدا ⁂

تتری (تَتَری) (ف) تاتار سے منسوب۔ تاتاری ⁂

تتری۔ تتڑی (تَت۔ رِی، تَت۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) بدقسمت۔ جنم جلی (۲) تیز مزاج۔ ناز نخرے والی عورت (۳) بے حد کنجوس عورت ⁂

تُتُق (تُتُق) (ف) مذکر۔ خیمہ۔ پردہ۔ سراپردہ ⁂ **تتقِ نیلی** (کنایۃً) (۱) آسمان (۲) ابرِ سیاہ۔ کالی گھٹا ⁂

تُتک۔ توتک (تُتَک، تو۔ تَک) (ہ) مذکر۔ جہاز کا تختہ ⁂

تُتلا (تُت۔ لا) (ہ) مذکر۔ جس کی زبان میں لکنت ہو۔ رُک رُک کر بولنے والا۔ (مؤنث کے لیے تتلی) ⁂ **تتلانا**۔ رُک رُک کر بات کرنا۔ لکنت کرنا۔ صاف نہ بولنا ⁂

تتلی (تِت۔ لی) (ہ) مؤنث (پورب) (۱) بے حد خوب صورت پروں والا ایک کیڑا۔ تیتری۔ بھنبیری (۲) ایک قسم کی گھاس ⁂

تتمبا (تِتَم۔ با) (ہ) مذکر (عو) (۱) لفظی تکرار۔ طولِ سخن (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا (۳) دقت۔ مشکل ⁂

تتمّہ (تَتِم۔ مَہ) (ع) مذکر (۱) ہر شے کا اخیر۔ باقی۔ بچا ہوا (۲) کتاب وغیرہ کا وہ زائد حصہ، جو آخر میں اس کے ساتھ لگا دیا جاتا ہے۔ خاتمہ۔ ضمیمہ (۳) خط کا ضمیمہ ⁂ **تتمّۂ بیانِ تحریری** (ع) مذکر۔ تحریری بیان کا ضمیمہ ⁂ **تتمّۂ وصیت نامہ** (ع۔ ف) مذکر۔ وصیت نامے کی دستاویز، جس میں اس کے مطالب کی توضیح یا ترمیم و اضافہ کیا جائے ⁂

تتمّے تتمبے (تِتَم۔ مے، تِتَم۔ بے) (ہ) مذکر (عو) (۱) جھگڑے بکھیڑے (۲) لوازم ⁂

تِتْنا (تِت۔نا) (ہ) (ہندو) اِتنا (متروک)۔

تُتُوتَھمبو (تُت۔تُو۔تَھم۔بُو) (ہ) مؤنث (عو) بیچ بچاؤ۔ دم دلاسا۔ روک تھام۔

تِتھ (تِتھ) (س) مؤنث (۱) قمری مہینے کی تاریخ (۲) ہندی مہینے کا دن۔

تِتھا (تِتھا) (ہ) مؤنث (عو) (۱) بُوتا۔ طاقت (۲) قابلیت۔ لیاقت (۳) اس طرح کا۔ ایسا۔

تِتھرا (مذکر) تِتھری (مؤنث) (تِتھ۔را، تِتھ۔ری)

تِتھڑا (مذکر) تِتھڑی (مؤنث) (تِتھ۔ڑا، تِتھ۔ڑی)

تِتیڑا (مذکر) تِتیڑی (مؤنث) (تِتے۔ڑا، تِتے۔ڑی) (ہ) پانی گرم کرنے کا آہنی برتن۔ لوہے کا گھڑا۔ گاگر۔

تُتّی (تُت۔تی) (ہ) مؤنث۔ بچوں کے پانی پینے کا چھوٹا سا لوٹا۔ ٹونٹی والی لُٹیا۔

تِتّیا (تِت۔یا) (ہ) مذکر۔ سُرخ بھِڑ (۲) چھوٹی بِڑکے برابر ازحد کڑوی ہری مرچ (۳) ذکی۔ ذہین (۴) چالاک۔ تیز۔ تِتّیا مرچ۔ مؤنث (۱) ایک قسم کی زرد اور بے حد تیز چھوٹی مرچ (۲) (صفت۔ کنایۃً) چالاک۔ تیز (۳) ذہین۔

ت۔ٹ

تَٹ (تَٹ) (ہ) مذکر۔ کنارہ۔ ساحل۔

ت۔ث

تَثْلیث (تَث۔لِیث) (ع) مؤنث (۱) تین حصّوں میں تقسیم کرنا (۲) عیسائی مذہب کے مطابق خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی باپ، بیٹا، روح القدس (۳) نجومیوں کی اصطلاح میں قمر اور سعد کے درمیان درجات کے حساب کے مطابق آسمان کا تیسرا حصّہ۔

تَثْنِیَہ (تَث۔نِیَہ) (ع) مذکر (۱) دُگنا۔ دوکرنا (۲) وہ صورت جس میں دو سمجھے جائیں، جیسے جانب سے جانبین۔ فریق سے فریقین۔

ت۔ج

تَج (تَج) (ہ) مؤنث (۱) دارچینی کا درخت (۲) دارچینی۔

تَج (تَج) (ہ) (۱) تجنا کا امر (۲) مؤنث۔ دست برداری۔ دست کشی۔ کنارہ کشی۔ تیاگ۔ تج چکنا۔ دست بردار ہو چکنا۔ چھوڑ چکنا۔ تج دینا۔ تجنا۔ دست بردار ہونا۔ کنارہ کش ہونا۔ باز آنا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ چھوڑنا۔ تیاگنا۔

تُجّار (تُج۔جار) (ع) مذکر۔ تاجر کی جمع۔ سوداگر لوگ۔

تَجارِب (تَجا۔رِب) (ع) مذکر۔ تجربہ کی جمع۔

تِجارَت (تِجا۔رَت) (ع) مؤنث۔ بیوپار۔ سوداگری۔ خرید و فروخت۔ تجارتی مال (و) مذکر۔ سوداگری کا اسباب۔ بیوپار کا سامان۔

تِجارِی (تِجا۔رِی) (س) مؤنث (لکھنؤ) تیسرے دن کا بخار۔ باری کی تپ۔

تَجاوُز (تَجا۔وُز) (ع) مذکر (۱) انحراف۔ حد سے گزرنا۔ گزرنا۔ (۲) تفاوت۔ فرق۔

تَجاہُل (تَجا۔ہُل) (ع) مذکر (۱) جان بوجھ کر نادان بننا۔ اپنے آپ کو بے خبر ظاہر کرنا (۲) چشم پوشی کرنا۔ اغماض کرنا۔ ٹالنا۔ تجاہلِ عارفانہ (ع۔ف) مذکر (۱) جان بوجھ کر انجان بننا (۲) (علم بدیع) کسی معلوم بات کو نامعلوم بات کے قائم مقام کرنا یا موصوف کی صفت بیان کرکے اس کی تمیز میں حیرانی اور عدم واقفیت کا اظہار کرنا۔

تَجَدُّد (تَجَد۔دُد) (ع) مذکر۔ نیا ہونا۔

تَجْدِید (تَج۔دِید) (ع) مؤنث۔ ایجاد۔ اختراع۔ نئے سرے سے کام شروع کرنا۔ تجدیدِ بنائے دعویٰ (ع) مؤنث۔ بنائے دعویٰ کو نئے سرے سے پیش کرنا۔

تَجْرِبَہ (تَج۔رِبَہ) (ع) مذکر (۱) جانچ۔ آزمائش۔ امتحان (۲) ثبوت۔ دلیل (۳) سائنس کے اصول کی آزمائش یا امتحان۔ سائنس کا عمل۔

تجربہ کار (ع۔ف) ماہر۔ آزمودہ کار۔ ہوشیار۔ واقف کار۔

تجربہ کاری۔ مؤنث۔ واقفیت۔ مہارت۔

تَجَرُّد (تَجَر۔رُد) (ع) مذکر (۱) (لغوی) عُریانی (۲) (اصطلاحی) علٰحدگی۔ تنہائی (۳) ترکِ دنیا۔ آزادی۔

تَجْرِید (تَج۔رِید) (ع) مؤنث (۱) عُریانی۔ برہنگی (۲) علٰحدگی۔ تنہائی (۳) علم بیان کی ایک صنعت، جس میں زوائد دور کرکے صرف ایک معنی سے غرض رکھی جاتی ہے۔

تَجَزِّی (تَجَز۔زِی) (ع) مؤنث۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فرد فرد کرنا۔ الگ الگ کرنا۔ تَجْزِیَہ (تَج۔زِیَہ) مذکر (۱) ترکیب نحوی۔ فقرے کو علم نحو کے رو سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) تقسیم کرنا۔

تَجَسُّس (تَجَس۔سُس) (ع) مذکر۔ تحقیقات۔ کھوج۔ جستجو۔ تلاش۔

تَجَلّا۔ تَجَلّی (تَجَل۔لا، تَجَل۔لی) [عا۔ مفرس۔ مذکر۔ ع، مؤنث] (۱) آشکارا ہونا۔ پردہ ہٹنا (۲) خدا کا نور۔ چمک۔ روشنی (۳) جھلک۔ جلوہ۔

تَجَمُّل (تَجَم۔مُل) (ع) مذکر (۱) حُسن۔ زیب و زینت۔ جمال کی آرائش (۲) ٹھاٹھ۔ شان و شوکت۔

تَجْنا (تَج۔نا) (ہ) گھلنا۔ دُبلا ہونا۔ ناتواں ہونا۔ کمزور ہونا۔

تَجْنِیس (تَج۔نِیس) (ع) مؤنث (۱) ایک جنس ہونا۔ ہم جنس ہونا (۲) (علم بدیع) دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا۔

تَجْوِید (تَج۔وِید) (ع) مؤنث۔ حروف کو ان کے مخارج سے ادا کرکے پڑھنا۔

تَجْوِیز (تَج۔وِیز) (ع) مؤنث (۱) روا کرنا۔ روا رکھنا (۲) تدبیر۔ رائے (۳) تصفیہ۔ فیصلہ (۴) (ہ) بندوبست۔ انتظام (۵) (ہ) سوچ بچار۔ غور۔ فکر۔ تجویزِ آخر، تجویزِ روئدادی (ف۔ع) مؤنث۔

مقدمے کا اس کے واقعات کے رُو سے فیصلہ ہونا ٭ **تجویزِ اخیر، تجویزِ ثانی** (ع) مؤنث (قانون) فیصلے کی پڑتال ۔ نظرِ ثانی ٭ **تجویزِ ضمنی** (ع - ف) مؤنث ۔ درمیانی تجویز ۔ عارضی فیصلہ ٭ **تجویز کرنا** (۱) قرار دینا ۔ سمجھنا ٭ **تجویزنا** (عو) تجویز کرنا ٭

تجویزِ یک طرفہ (ع - ف) مؤنث ۔ یک طرفہ ڈگری ٭

تجھ (تُجھ) (ہ) (ضمیر واحد حاضر) "تو" "تیرے" کی بدلی ہوئی حالت ۔ میں، سے، پر، کو، تک وغیرہ کے ساتھ "تو" "کو" "تجھ" سے بدل دیا جاتا ہے ٭ **تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے** ۔ (۱) مثل ۔ تجھ سے دغا کرے تو کافر ہو ٭ **تجھ سے تو جائے ضرور میں بھی پانی نہ رکھواؤں** (عو) (تنفر و اکراہ سے) ہم تجھ سے پاخانے میں لوٹا رکھوانا بھی پسند نہیں کرتے ٭ **تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو** (ہ) مثل ۔ اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو خواہ مخواہ دوسروں کی فکر کرے ٭ **تجھ مجھ** (عو) ہر ایک، ہر کس و ناکس، اپنا بیگانہ ٭ **تجھی** ۔ تجھ ہی ٭ **تجھے** ۔ تجھ کو ٭

تجہیز (تَج - ہِیز) (ع) مؤنث (۱) مُردے کو دفن کے لیے تیار کرنا (۲) آراستہ کرنا ۔ مرتب کرنا ۔ تیار کرنا ٭ **تجہیزِ لشکر** (ع - ف) مؤنث ۔ لشکر کا مرتب کرنا ۔ درست کرنا ٭ **تجہیز و تکفین** ۔ مؤنث ۔ مُردے کے کفن دفن کا سامان تیار کرنا ٭ مُردے کا گور گڑھا کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تجہیل (تَج - ہِیل) (ع) مؤنث ۔ نادان بنانا ۔ نادان کہنا ٭

ت - چ

تچ (تَچ) (ہ) تچنا کا امر ٭ **تچانا** ۔ (ہندی) (۱) آگ پر رکھنا ۔ گرم کرنا ۔ سینکنا (۲) جھلسنا ۔ بھونا (۳) تانا ۔ پگھلانا ٭ **تچنا** (ہندی) (۱) تپنا ۔ گرم ہونا (۲) پگھلنا ٭

تچھ (تُچھ) (ہ) (ہندی) (۱) کھوکھلا ۔ خالی (۲) نکما ۔ ناکارہ ۔ ادنیٰ (۳) ذلیل ۔ کمینہ ۔ حقیر ٭

ت - ح

تحارج (تَحارُج) (ع) مذکر ۔ چند وارثوں میں سے ایک یا دو کا مال متروکہ میں سے کچھ لے کر سارے مال سے دست بردار ہو جانا ٭

تحاشی (تَحا - شِی) (ع) مؤنث (۱) بیزاری ظاہر کرنا (۲) ڈر ۔ پروا ٭

تحالف (تَحا - لُف) (ع) مذکر ۔ فریقینِ مقدمہ کا حلف اٹھانا ٭

تحائف (تَحا - اِف) (ع) مذکر (۱) تحفہ کی جمع ۔ نذرانے ۔ ہدیے ۔ تحفے ۔ نادر چیزیں (۲) (ل) قابو ۔ اختیار ٭

تحت (تَحت) (ع) مذکر (۱) نیچے کا حصہ (۲) قابو ۔ تصرف ۔ اختیار ۔ قبضہ (۳) زیر ۔ نیچے ٭ **تحت الثریٰ** ۔ مذکر و مؤنث ۔ زمین کا سب سے نچلا حصہ ۔ پاتال ٭ **تحت اللفظ** (۱) حرف بحرف ۔ لفظی ترجمہ (۲) ترنم کے بغیر نظم پڑھنا (۳) (لکھنؤ) درم نقد ۔ تنہا ۔ جریدہ ۔ اکیلا ٭

تحتانی (ع) (۱) نیچے والا یا والی (۲) وہ (حروف) جن کے نیچے نقطے ہوں ٭ **تحت لفظی** (ع - ف) دیکھیے تحت اللفظ ۱ ، ۲ ٭ **تحت و تصرف میں لانا** (۱) (قانون) کام میں لانا ۔ صرف میں لانا ۔ قبضہ کرنا ۔ قبضے میں لانا ٭

تحجر (تَحَجْ - جُر) (ع) مذکر ۔ پتھر کی طرح سخت ہونا ۔ سختی ٭

تحدیث (تَح - دِیث) (ع) مؤنث (۱) خبر کرنا (۲) بات کرنا ٭

تحدّی (تَحَد - دِی) (ع) مؤنث ۔ للکارنا ۔ لڑائی کرنا ۔ چیلنج کرنا ۔ مقابلے کی دعوت دینا ٭

تحدید (تَح - دِید) (ع) مؤنث (۱) حد لگانا ۔ حد باندھنا (۲) تیز کرنا ٭

تحذیر (تَح - ذِیر) (ع) مؤنث ۔ خوف دلانا ۔ ڈرانا ٭

تحرّی (تَحَر - رِی) (ع) مؤنث ۔ قبلے کی طرف رُخ کرنا ٭

تحریر (تَح - رِیر) (ع) مؤنث (۱) لکھنا (۲) وثیقہ ۔ نوشتہ ۔ تمسک ۔ دستاویز (۳) مضمون ۔ عبارت (۴) مضمون لکھنے کا انداز ۔ ڈھنگ (۵) خط کتابت ۔ رقعہ ۔ خط (۶) ہلکا نقش ۔ ہلکی لکیر ۔ وہ باریک خط، جو مو قلم سے نقوش، تصاویر وغیرہ پر کھینچ دیا جاتا ہے ۔ خط ۔ مطلق لکیر (۷) گوٹے، اطلس وغیرہ کی مغزی، جو کپڑوں میں سنجاف کے نیچے لگائی جاتی ہے ۔ (۸) اقلیدس ۔ علم اشکال (۹) لکھائی، لکھنے کی اُجرت (۱۰) لکھا ہوا (۱۱) راگ کی آواز کا سلسلہ ۔ گانے کی آواز ۔ گٹکری (۱۲) سُرمے کی لکیر، جو آنکھوں کے اندر کھینچی جاتی ہے (۱۳) چھوڑ دینا ۔ رہا کرنا ۔ آزاد کرنا ٭ **تحریرِ اجازی** (ع - ف) مؤنث ۔ مقروض اور قرض خواہ کے درمیان اس مطلب کا اقرار نامہ کہ مؤخر الذکر اپنا دعویٰ ملتوی رکھ کر مقدم الذکر کو اس کی رائے کے مطابق کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دے ٭ **تحریرِ ظہری** ۔ مؤنث ۔ وہ عبارت، جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھ دی جاتی ہے ٭

تحریص (تَح - رِیص) (ع) مؤنث (۱) حرص ۔ لالچ ۔ ترغیب ۔ لوبھ ۔ حرص دلانا (۲) اغوا ۔ بہکانا ۔ ورغلانا ٭

تحریف (تَح - رِیف) (ع) مؤنث ۔ بدل کر کچھ کا کچھ کر دینا ٭

تحریک (تَح - رِیک) (ع) مؤنث (۱) حرکت دینا ۔ ساکن کو متحرک کرنا ۔ (۲) ورغلانا ۔ بہکانا ۔ ترغیب دینا (۳) بات چھیڑنا ۔ کسی بات کو شروع کرنا ۔ سلسلہ جنبانی کرنا (۴) اشتعال دینا ۔ برانگیختہ کرنا (۵) سعی ۔ کوشش (۶) نزلے کی شکایت (۷) ہوا کا چلنا ٭

تحریم (تَح - رِیم) (ع) مؤنث (۱) حرام کرنا (۲) عزت کرنا (۳) نیت باندھنے کے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہنا ٭

تحسّر (تَحَس - سُر) (ع) مذکر ۔ (۱) حسرت ۔ افسوس ۔ رنج ۔ غم (۲) کسی کی موت پر اظہارِ افسوس ٭

تحسین (تَح - سِین) (ع) مؤنث ۔ تعریف ۔ مرحبا ۔ واہ واہ ۔ آفرین ٭

تحسینِ ناشناس (ع - ف)، مؤنث ۔ ناواقف کی واہ واہ ٭

تحشیہ (تَحْ ۔ شِیَہْ) (ع)، مذکر ۔ حاشیہ لکھنا ۔ حاشیہ چڑھانا ٭

تحصیل (تَحْ ۔ صِیْل) (ع)، مؤنث (۱) حاصل کرنا (۲) اکٹھا کرنا ۔ جمع کرنا (۳) علم سیکھنا (۴) نفع ۔ فائدہ ۔ محصول ۔ خراج (۵) تحصیل دار کا دفتر ۔ کچہری ٭ **تحصیلِ حاصل** ۔ مؤنث (۱) موجود چیز کی تلاش (۲) بے فائدہ تگ و دو ۔ بے سُود بات ٭ **تحصیل دار** (ع - ف)، مذکر ۔ وصول کرنے والا ۔ محصل ۔ وہ سرکاری عہدہ دار، جو زمین کی مال گزاری اور محاصل وصول کرتا ہے ٭ **تحصیل داری** ۔ مؤنث (۱) تحصیل دار کا کام (۲) تحصیل دار کا عہدہ ٭ **تحصیل کرنا** (ا)، (۱) وصول کرنا ۔ حاصل کرنا (۲) اکٹھا کرنا ۔ جمع کرنا (۳) کمانا ٭ **تحصیلنا** ۔ تحصیل کرنا ٭

تحفجات (تَحْ ۔ فَجَات) (ف)، مذکر ۔ تحفے ٭

تحفظ (تَحَفْ ۔ فُظْ) (ع)، مذکر ۔ حفاظت ۔ بچاؤ ۔ احتیاط ٭

تحفگی (تَحْ ۔ فَگِی) (ف)، مؤنث (۱) عمدگی ۔ خوبی (۲) فوقیت ۔ بہتری (نکالنا، نکلنا کے ساتھ) ٭ **تحفہ** (ع)، مذکر ۔ (۱) سوغات ۔ ہدیہ (۲) انعام پیشکش ۔ نذر (۳) عجیب ۔ انوکھا (۴) نفیس ۔ بہتر ۔ عمدہ ٭

تحفہ معجون ۔ مذکر ۔ (۱) عجیب شخص ۔ انوکھا آدمی (۲) نُقلِ محفل مسخرہ (اکثر طنزاً بولا جاتا ہے) ٭

تحقیر (تَحْ ۔ قِیْر) (ع) (۱) مؤنث ۔ ذلت ۔ بے قدری ۔ بے حرمتی ۔ حقارت ۔ (۲) حقیر جاننا ۔ ذلیل جاننا ٭ **تحقیرِ عدالت** ۔ مؤنث ۔ عدالت کے رعب داب کی توہین ۔ کچہری کے حاکم کی بے عزتی ٭

تحقیق (تَحْ ۔ قِیْق) (ع)، مؤنث (۱) صحیح ۔ ٹھیک ۔ درست (۲) تصدیق (۳) ثبوت ۔ تسلیم کیا ہوا (۴) اعتبار ۔ یقین (۵) چھان بین ۔ تلاش (۶) پتا ۔ کھوج (۷) پوچھ گچھ ۔ دریافت (۸) جانچ ۔ شناخت (۹) پکی معتبر بات (۱۰) امتحان ۔ تجربہ ٭ [**تحقیق اور تفتیش میں فرق:** تحقیق وہ ہے، جس میں غور و فکر سے کوئی معاملہ دریافت کر کے فیصل کیا جائے ۔ تفتیش صرف شروع کی سرسری پوچھ گچھ کا نام ہے ۔ اسی لیے پولیس کی پوچھ گچھ تفتیش کہلاتی ہے ٭] [**تحقیق اور تدقیق میں فرق** ۔ کوئی مسئلہ دلیل سے ثابت کرنا تحقیق اور دلیل کو دلیل سے ثابت کرنا تدقیق کہلاتا ہے ٭] **تحقیقات** ۔ مؤنث (۱) جانچ پڑتال (۲) مقدمے کی ابتدائی کارروائی جس پر حکم لگانے کی بنیاد قائم ہو ۔ قانونی تفتیش ۔ جھوٹ سچ کا ثبوت ۔ سراغ رسانی ٭ **تحقیقاتِ موقع** ۔ مؤنث ۔ اس جگہ کی تحقیق جہاں واقعہ ہُوا ہو ٭ **تحقیق کرنا** (ا)، دریافت کرنا ۔ حقیقت پوچھنا ۔ امتحان میں لانا ۔ کھوج لگانا ٭ **تحقیقی** ۔ تحقیق شدہ ۔ یقینی ٭

تحکم (تَحَكْ ۔ کُمْ) (ع)، مذکر ۔ زور ۔ آوری ۔ زبردستی ۔ غلبہ ۔ دعویٰ ۔ زبردستی کی حکومت (جتانا، کرنا کے ساتھ) ٭

تحلیل (تَحْ ۔ لِیْل) (ع)، مؤنث (۱) اجزا کا جدا ہونا ۔ گداختگی ۔ ترکیب کے برعکس (۲) لاغر ہو جانا ۔ گھل جانا (۳) ہضم (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۴) (علم معما کی اصطلاح) کسی لفظ کے دو حصے کر کے ہر حصے کے ایک معنی لینا اور بعض جگہ کسی کو اپنے معنی پر قائم رکھنا (۵) (ہونا کے ساتھ) (عو) مر جانا ۔ دم نکل جانا ۔ تمام ہو جانا ٭

تحمل (تَحَمْ ۔ مُلْ) (ع)، مذکر ۔ برداشت ۔ حلم ۔ بُردباری ۔ سہارا ۔ صبر ٭

تحمید (تَحْ ۔ مِیْد) (ع)، مؤنث ۔ حمد ۔ تعریف ٭

تحمیق (تَحْ ۔ مِیْق) (ع)، مؤنث ۔ احمق بنانا ٭

تحویل (تَحْ ۔ وِیْل) (ع)، مؤنث ۔ (۱) پھرنا (۲) لوٹنا (۲) حوالگی ۔ سپردگی ۔ (۳) امانت (۴) پونجی ۔ سرمایہ ۔ خزانہ ۔ جمع (۵) کسی ستارے کا برج میں آنا ۔ کسی ستارے کا عمل ہونا (۶) ایک نام کی رقم دوسرے نام کی رقم میں لے جانا ٭ [**تحویل اور تصریف کا فرق:** تحویل، ماہیت کا تبدیل کرنا ۔ تصریف، شکل اور ہیئت کا تبدیل کرنا] ٭ **تحویلات** ۔ تحویل کی جمع ٭ **تحویلِ امانتی** (ع - ف)، مؤنث ۔ ایک کی طرف سے دوسرے کے پاس کسی غرض سے اس معاہدے پر مال کا حوالے کیا جانا کہ غرض مذکور کے حصول کے بعد واپس دے دیا جائے گا ٭ **تحویل دار** ۔ امین ۔ خزانچی ۔ روکڑیا ٭ **تحویل داری** ۔ مؤنث ۔ تحویل رکھنے کا کام ۔ خزانچی کا کام ٭

تحیات (تَحِیْ ۔ یَات) (ع)، مؤنث ۔ تحیت کی جمع ٭ **تحیت** ۔ **تحیہ** ۔ مؤنث ۔ (۱) سلام ۔ آداب ۔ تسلیمات ۔ سلام کرنا (۲) برکت ۔ دعا ٭

تحیر (تَحَیْ ۔ یُرْ) (ع)، مذکر ۔ حیرانی ۔ اچنبھا ۔ تعجب ۔ حیرت ٭

ت - خ

تخالف (تَخَا ۔ لُفْ) (ع)، مذکر ۔ باہم مخالف ہونا ۔ مخالفت ٭

تخت (تَخْتْ) (ف)، مذکر (۱) چوکی ۔ بادشاہ کے بیٹھنے کی چوکی ۔ گدی ۔ مسند ۔ سنگھاسن (۲) (ل)، (عو) چارپائی ۔ پلنگ (۳) دارالخلافہ ۔ دارالسلطنت (۴) اعلیٰ ۔ کلاں تر (۵) سلطنت ۔ بادشاہی ٭

تخت اترنا (کنایۃً) پریوں کا آنا ٭ **تخت بخت** (ف)، مذکر (عو) راج سہاگ ۔ سہاگ بھاگ ۔ عیش آرام ٭ **تخت پر بیٹھنا** (ل) بادشاہ بننا ۔ حکومت کی باگ ہاتھ میں لینا ۔ تخت نشین ہونا ٭ **تخت پوش** (ف)، مذکر ۔ تخت کی چادر ۔ تخت کا فرش ۔ مسند ٭ **تخت چڑھنا** (ل)، (عو) (۱) پلنگ پر جانا ۔ چارپائی پر چڑھنا ۔ آرام کرنا ۔ سونا (۲) (عو) شادی ہونا ۔ پلنگ پر دلھن کا بیٹھنا ٭ **تخت چھوڑنا** ۔ بادشاہی ترک کرنا ۔ سلطنت چھوڑنا ۔ حکومت سے کنارہ کش ہونا ٭ **تختِ رواں** (ف)، مذکر (۱) وہ تخت، جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا ہے ۔ ہوادار (۲) (ل) وہ تخت، جس پر شادی میں لڑکے ناچتے ہوئے نکلتے ہیں (۳) اڑن کھٹولا (۴) (پنجاب کی اصطلاح) کاغذی گل بوٹوں کا باغ، جو برات کے ساتھ آرائش کے طور پر لے جاتے ہیں ٭ **تختِ سلیمان** (سلیمانؑ) (ف)، مذکر ۔ (۱) حضرت سلیمانؑ کے اڑنے کا تخت (۲) مضافات کشمیر میں ایک پہاڑ ۔

کہا جاتا ہے کہ یہاں تخت سلیمانؑ ٹھہرا تھا ۔ **تختِ طاؤس** (طاؤسی) مذکر۔ وہ تخت، جو شاہ جہان بادشاہ نے چھ کروڑ روپے کی لاگت سے بنوایا تھا۔ ۱۷۳۸ء میں نادر شاہ اسے اپنے ساتھ ایران لے گیا ۔ **تخت کا تختہ ہو جانا (رہونا)** (۱) سلطنت تباہ ہو جانا۔ بادشاہی جاتی رہنا ۔ **تخت کی رات** ۔ مؤنث۔ شادی کی پہلی رات۔ شبِ زفاف ۔ **تخت گاہ** (ف) مؤنث۔ دارالسلطنت۔ دارالخلافہ۔ حکومت کا صدر مقام۔ وہ جگہ، جہاں بادشاہ رہے ۔ **تخت نشینی**۔ مؤنث۔ حکومت کے تخت پر بیٹھنا۔ راج گدی پر جلوس کرنا ۔

تختہ (تَخْ - تَہْ) (ف) مذکر۔ (۱) لکڑی کا مسطح چوڑا چیرا ہوا ٹکڑا۔ پٹڑا (۲) تختی۔ لوح۔ (۳) کاغذ کا تاؤ (۴) جہاز کی لکڑی کا ہر ٹکڑا (۵) لمبی تپائی۔ چوکی (۶) مسطح چبوترا (۷) زمین کا کوئی حصہ۔ خطہ۔ قطعۂ زمین (۸) لکڑی کی تپائی، جس پر مردے کو نہلایا جاتا ہے۔ (۹) اشتہار لگانے یا طلبہ کو سکھانے کا مسطح لکڑی کا ٹکڑا۔ بورڈ (۱۰) باغ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ چمن۔ کیاری۔ خیابان۔ روش۔ کھیت۔ (۱۱) تابوت۔ ارتھی (۱۲) شطرنج کھیلنے کا لکڑی کا مربع ٹکڑا یا کاغذ ۔

تختہ اُلٹنا (۱) شہر کا اجڑ جانا۔ آباد جگہ کا تہ و بالا ہو جانا (۲) آباد جگہ کو ویران کر دینا ۔ **تختۂ اوّل** (ف) مذکر (۱) (کنایۃً) لوحِ محفوظ (۲) لکڑی کی تختی، جس پر الف بے لکھنے کی مشق کی جاتی ہے ۔

تختہ بندی۔ مؤنث (۱) لکڑی کے تختوں کا فرش یا تختوں کی دیوار (۲) کیاریوں کا باقرینہ اور خوش اسلوب ہونا ۔ **تختہ پُل**۔ مذکر۔ تختوں کا پُل، جو قلعے کی خندق پر بنایا جاتا ہے کہ اسے جب چاہیں اپنی طرف کھینچ لیں ۔ **تختۂ تابوت**۔ مذکر۔ مردے کو لے جانے کا تختہ یا صندوق۔ ارتھی ۔ **تختۂ تعلیم یا مشق**۔ مذکر (۱) لڑکوں کے مشق کرنے کی تختی۔ لوح (۲) وہ چیز، جو بہت زیادہ استعمال میں آئے ۔

تختۂ سیاہ۔ مذکر۔ لکڑی کا وہ سیاہ چوکور ٹکڑا، جس پر چاک سے لکھا جاتا ہے ۔ **تختۂ نرد**۔ مذکر (۱) لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا، جس پر نردیں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ (۲) (اردو، بغیر اضافت) ایک کھیل، جو شطرنج کے مقابلے میں ایجاد ہوا تھا (کھیلنا کے ساتھ) ۔ **تختہ ہو جانا**۔ (۱) جسم کا اکڑ جانا۔ سخت ہو جانا ۔

تختی (تَخْ - تِی) (ف) مؤنث (۱) ایک چھوٹا تختہ (۲) لکڑی کا چھوٹا تختہ، جس پر لڑکے لکھنے کی مشق کرتے ہیں (۳) وہ لوح، جس پر دعائیں اور نقش کندہ کر کے گلے میں پہنتے ہیں (۴) (عو) سینہ، کمر اور بازو (۵) (عو) چھب۔ جسم کی وضع۔ جسم کا انداز۔ جامہ زیبی (۶) (کبوتر باز) کبوتر کا چوڑا سینہ (۷) خط صاف کرنے کے لیے مفرد حرفوں اور مرکبات کی مشق ۔ **تختیاں پڑنا**۔ تختیوں کی مار پڑنا ۔

تخدیع (تَخْ - دِیْع) (ع) مؤنث۔ فریب دینا ۔

تخرجہ (تَخْ - رِجَہْ) (ع) مذکر۔ کسی حرف، لفظ یا فقرے کے اعداد گھٹا کر مادۂ تاریخ درست کرنا ۔

تخریب (تَخْ - رِیْب) (ع) مؤنث۔ خرابی۔ بربادی۔ تباہی۔ ویرانی۔ بیخ کنی۔ ابتری ۔

تخریج (تَخْ - رِیْج) (ع) مؤنث۔ خارج کرنا۔ نکالنا ۔

تخصیص (تَخْ - صِیْص) (ع) مؤنث۔ خصوصیت ۔ **تخصیصی**۔ خصوصیت کا ۔

تخطیہ (تَخْ - طِیَہ) (ع) مذکر۔ غلطی پکڑنا۔ کسی کے کام میں خطا پکڑنا ۔

تخفیف (تَخْ - فِیْف) (ع) مؤنث (۱) کمی۔ مصارف میں کمی۔ اختصار (۲) آرام۔ افاقہ (شدت کے برعکس) (۳) (اصطلاح) حرف کو بولنے میں ہلکا یا کم کرنا ۔ **تخفیفِ تصدیع**۔ مؤنث۔ تکلیف دور کرنا۔ ملاقات کے بعد رخصت ہونے کے وقت کا کلمہ ۔ **تخفیفِ جمع**۔ مؤنث۔ مال کی کمی۔ لگان کی کمی ۔ **تخفیف**۔ (ل) (۱) گھٹانا۔ کمی کرنا (۲) توڑنا۔ نوکروں کا موقوف کرنا ۔ **تخفیفِ لگان**۔ (ع - ہ) لگان کی کمی (اِس لفظ کی ترکیب غلط ہے) ۔ **تخفیف میں آنا** (ل) کمی میں آنا۔ ٹوٹ جانا۔ برخاست ہونا ۔

تخلخل (تَخَلْ - خُل) (ع) مذکر۔ کھوکھلا پن ۔

تخلص (تَخَلْ - لُص) (ع) مذکر (۱) بچاؤ۔ چھٹکارا۔ رہائی (۲) وہ مختصر نام، جو شاعر اصلی نام کی جگہ نظم میں لاتے ہیں ۔

تخلّف (تَخَلْ - لُف) (ع) مذکر۔ وعدہ خلافی کرنا ۔

تخلل (تَخَلْ - لُل) (ع) مذکر (۱) فساد۔ جھگڑا (۲) نااتفاقی (۳) مزاحمت (۴) چھید کرنا ۔ **تخللِ آسودگیٔ عام خلائق**۔ (ع - ف) مذکر۔ عام لوگوں کے آرام میں خلل اندازی ۔

تخلیط (تَخْ - لِیْط) (ع) مؤنث۔ کلام میں باطل کا ملانا ۔

تخلیل (تَخْ - لِیْل) (ع) مؤنث۔ وضو کے وقت ڈاڑھی میں انگلیاں ڈالنا ۔

تخلیہ (تَخْ - لِیَہ) (ع) مذکر (۱) انتہائی خلوت (۲) خالی کر دینا ۔

تخم (تُخْم) (ف) مذکر (۱) بیج (۲) بیضہ۔ انڈا (۳) گٹھلی (۴) نسل۔ اولاد (۵) نطفہ ۔

تخمِ بالنگو۔ مذکر۔ تلسی کا بیج ۔ **تخم تاثیر صحبت کا اثر** (مقولہ) نطفے اور پاس اٹھنے بیٹھنے کا اثر کچھ نہ کچھ یقیناً ہوتا ہے ۔ **تخم حرام** (ف) حرام زادہ ۔ **تخمِ ریحان**۔ مذکر۔ نازبو کے بیج ۔ **تخم ریزی**۔ مؤنث۔ بیج بونا۔ بوائی ۔ **تخمِ کتان**۔ مذکر (۱) السی کا بیج (۲) سن کا بیج ۔ **تخمی**۔ جو قلمی نہ ہو اور بیج سے پیدا ہو ۔

تخمہ (تُخْ - مَہ) (ع) مذکر۔ بدہضمی ۔ **تخمہ نکلنا**۔ (ل) کبوتر کے جسم پر مستوں یا پھنسیوں کا ظاہر ہونا ۔

تخمیر (تَخْ - مِیْر) (ع) مؤنث۔ خمیر اٹھانا ۔

تخمیناً (تَخْ - مِیْ - نَنْ) (ع) (۱) اندازے سے۔ اٹکل سے۔ قیاس سے (۲) قریب قریب (۳) کم و بیش ۔ **تخمینہ**۔ مذکر۔ اندازہ۔ قیاس۔ اٹکل۔

... حساب ؛

تخویف (تَخْ - وِیْف) (ع) مؤنث (۱) دھمکی - ڈر (۲) ڈرانا - خوف دلانا - دھمکی دینا ؛ **تخویفِ مجرمانہ** (ع - ف) مؤنث (قانون) (۱) ناجائز دھمکی (۲) بدنیتی سے ڈرانا - دھمکانا ؛

تخئیل (تَخْ - ئِیْل) (ع) مؤنث - خیال ؛

تخیّل (تَخَیْ - یُلْ) (ع) مذکر - قوّتِ متخیلہ - وہ قوّت، جو خیالی صورتیں بنا کر وہم کے آگے کھڑی کر دے - تصور - قیاس ؛

ت - د

تَدّ (تَدْ) (ہ) تب (متروک) ؛

تدابیر (تَدَا - بِیْر) (ع) مذکر و مؤنث - تدبیر کی جمع ؛

تداخل (تَدَا - خُلْ) (ع) مذکر (۱) ایک دوسرے میں داخل ہونا (۲) (اصطلاحِ طب) وہ بدہضمی، جو بار بار کھانے کے باعث ہو جاتی ہے ؛

تدارک (تَدَا - رُکْ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) کھوئی ہوئی چیز کا پانا - قبضے میں لانا (۲) (اصطلاحی) سزا - بدلا - پاداش - تلافی - سرزنش - ناجائز فعل کو روکنے کا انتظام (۳) (ف) بندوبست - تدبیر ؛ **تدارکِ باقیات** (ع) مذکر - باقیات کا انتظام ؛ **تدارکِ خفیف** - مذکر - معمولی سزا دینا ؛ **تدارک کرنا** (ف) (۱) تلافی کرنا - سزا دینا (۲) بندوبست کرنا - تیاری کرنا ؛

تداوی (تَدَا - وِیْ) (ع) مؤنث - علاج کرنا ؛

تدبّر (تَدَبْ - بُرْ) (ع) مذکر - تدبیر کرنا - کام کے انجام پر غور کرنا - عاقبت اندیشی - دور اندیشی ؛

تدبیر (تَدْ - بِیْر) (ع) مؤنث (۱) کسی کام کا آغاز اور انجام سوچنا (۲) درمان - چارہ - علاج (۳) تامّل - غور - اندیشہ - فکر - خیال - منصوبہ (۴) سعی - کوشش (۵) تجویز (۶) کسی کو زک یا تکلیف دینے کا بندوبست ؛ **تدبیر کرنا** (ف) بندوبست کرنا - انتظام کرنا ؛ **تدبیرِ منزل** - مؤنث - خانگی معاملات میں کفایت شعاری کرنا - طریق خانہ داری ؛

تدرو (ف) مذکر - دیکھیے "تذرو" ؛

تدریج (تَدْ - رِیْج) (ع) مؤنث (۱) سلسلہ - درجہ (۲) درجہ بدرجہ - تھوڑا تھوڑا - آہستہ آہستہ ؛

تدریس (تَدْ - رِیْس) (ع) مؤنث - درس دینا - پڑھائی - تعلیم ؛

تدفین (تَدْ - فِیْن) (ع) مؤنث - دفن کرنا - زمین میں دبانا ؛

تدقیق (تَدْ - قِیْق) (ع) مؤنث - غور و فکر ؛

تدویر (تَدْ - وِیْر) (ع) مؤنث (۱) گول بنانا (۲) گرد پھرانا (۳) قرآن مجید کا نہ آہستہ نہ جلد پڑھنا ؛

تدوین (تَدْ - وِیْن) (ع) مؤنث - جمع کرنا - تالیف کرنا - مرتب کرنا ؛

تدھارا (تِدْ ھَا - رَا) (ہ) مذکر (۱) تھوہر کی قسم کا تین شاخوں والا ایک پودا (۲) وہ مقام، جہاں تین دریا ملتے ہوں (۳) تین دھاروں کا ملاپ ؛

تدہین (تَدْ - ہِیْن) (ع) مؤنث - تیل لگانا ؛

تدیّن (تَدَیْ - یُنْ) (ع) مذکر (۱) دین داری - پرہیزگاری - دیانت داری ؛

ت - ذ

تذبذب (تَذَبْ - ذُبْ) (ع) مذکر (۱) شک و شبہ (۲) بے قراری - بے چینی - گھبراہٹ (۳) پریشانی - حیرانی (۴) تردد - متردد ہونا (۵) صحیح طور پر سوچ نہ سکنا (۶) دودلا ہونا ؛

تذرو (تَذَرْ - وْ) (ف) مذکر - ایک قسم کا نہایت خوب صورت اور خوش رفتار جنگلی پرندہ (اس لفظ کو دال سے (تدرو) لکھنا اور چکور کے معنی میں لینا غلط ہے) ؛

تذکار (تَذْ - کَاْر) (ع) مذکر - بیان ؛

تذکرہ (تَذْ - کِرَہْ) (ع) مذکر - (۱) ذکر - بیان - یادگار - یادداشت (۲) افواہ - چرچا (۳) واقعات کی تاریخ - سرگزشت - سوانح عمری (۴) وہ کتاب، جس میں شاعروں کا حال وغیرہ درج کیا جاتا ہے ؛ **تذکرہ چھیڑنا** (ف) ذکر شروع کرنا ؛

تذکیر (تَذْ - کِیْر) (ع) مؤنث - مذکر ہونا - مرد ہونا ؛

تذلّل (تَذَلْ - لُلْ) (ع) مذکر - اپنے آپ کو حقیر سمجھنا - فروتنی کرنا - عجز کرنا ؛

تذلیل (تَذْ - لِیْل) (ع) مؤنث - ذلیل کرنا - خوار کرنا - رسوا کرنا ؛

ت - ر

تَر (تَرْ) (ف) (۱) بھیگا ہوا - گیلا - پُرنم (۲) آب دار - سبز - نیا - تازہ (۳) رسیلا (۴) ملائم - نرم (۵) کھلا ہوا - فراخ - کشادہ - ڈھیلا (۶) بڑھا ہوا - افزوں - زیادہ (۷) گھی ٹپکتا ہوا - چکنا (۸) خوش حال - مال دار - دولت مند (۹) لتھڑا ہوا - آلودہ (۱۰) عمدہ - خوش (۱۱) پُرلطف (۱۲) اظہارِ مبالغہ کی علامت، جیسے خوش تر (۱۳) مانند، جیسے ادنیٰ تر (۱۴) اظہارِ ترجیح و فضیلت کی علامت، جیسے خوب تر ؛ **تر بتر** (۱) شرابور (۲) پانی، پسینا یا گھی ٹپکتا ہوا ؛ **تر بند** - مذکر - پٹی ؛ **تر دامن** - گنہگار - بدکار - مجرم ؛ **تر و تازہ** (۱) وہ پھل، جو ابھی آیا ہو - ڈالی کا ٹوٹا (۲) ہرا بھرا - بارونق (۳) سرخ و سفید (۴) ہرا بھرا - شاداب - سرسبز ؛

تِر (تِرْ) (ہ) تِرنا کا امر ؛ **ترا کرنا** - تیرتے رہنا ؛ **ترانا** (۱) پیرانا - ڈوبتے کو نکالنا (۲) گناہوں سے بچانا ؛ **تر جانا** - ترنا -

(۱) پیرنا۔ پانی کے اوپر آنا (۲) ایک نام ہونا (۳) مالا مال ہونا (۴) عالی رتبہ پانا (۵) ثواب کا کام کرکے نجات حاصل کرنا ۔

تُر (تُر) (ہ) مذکر (۱) وہ لکڑی جس پر جلاہے پیٹرا بُن کر لپیٹتے ہیں (۲) وہ بیلن جس پر گوٹا کناری بُن کر لپیٹا جاتا ہے ۔

تَرا (تَرَا) (ہ) مذکر۔ سرسوں جیسا ایک تخم، جس کا تیل نکالا جاتا ہے ۔

تِرا (تِرَا) (ہ) تیرا کا مخفف۔ نظم میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

تُرا (تُرَا) (ہ)، مذکر (ع)، چنگیز خان کا قانون ۔

تُراب (تُرَا ب) (ع) مؤنث۔ مٹی ۔ **تُرابی** (ف) مٹی کا ۔

تراجم (تَرَا۔ جِم) (ع)، مذکر "ترجمان" کی جمع ۔

تراجم (تَرَا۔ جُم) (ع)، مذکر "ترجمہ" کی جمع ۔

ترارا (تَرَا۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) گھوڑے کی جست۔ چھلانگ۔ کلانچ۔ پھلانگ (۲) چستی۔ تیزی۔ پھرتی (۳) شیخی۔ ڈینگ۔ گپ (۴) ترنگ۔ سرور۔ نشہ (۵) تیز رفتاری ۔ **ترارا بھرنا** (۱) سرپٹ جانا۔ چھلانگیں مارنا۔ تیز دوڑنا۔ زقند بھرنا (۲) جلد کوئی کام کرنا۔ از حد مشتاق ہونا۔ فراٹے بھرنا (اکثر "ترارے بھرنا" استعمال میں ہے) ۔ **ترارا مارنا**۔ شیخی کرنا۔ گپ ہانکنا۔ ڈینگ مارنا ۔

تراز (تَرَاز) (ف) مذکر (۱) کپڑے کے نقش (۲) (مجازاً) آرائش و زینت (طراز اسی کا معرب ہے) ۔

ترازو (تَرَا۔ زُو) (ف) مؤنث (۱) وزن کرنے کا آلہ (۲) برج میزان۔ تلا راس ۔ **ترازو ہو جانا** (ہ) (۱) تیر کا آر پار ہو کر لٹکا رہنا (۲) دو فوجوں کا تعداداً یوں برابر ہو جانا کہ ایک دوسری پر غلبہ نہ پا سکے ۔

ترازوئے قیامت (ع، ف) مؤنث۔ میزان قیامت جس سے لوگوں کے اعمال تولے جائیں گے ۔

تراسی (تِرَا۔ سِی) (ہ) اسّی اور تین۔ ہشتاد و سہ۔ ۸۳ ۔

تراش (تَرَاش) (ف) مؤنث (۱) کاٹ۔ کاٹ چھانٹ۔ کتر بیونت۔ کٹاؤ (۲) تراشنے کا انداز۔ کاٹنے کا ڈھنگ (۳) ایجاد۔ اختراع (۴) طرز۔ وضع۔ قطع۔ ڈھنگ (۵) آراستگی۔ آرائش۔ بناؤ سنگار (۶) (ہ) گنجفے یا تاش کے وہ پتے، جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں (۷) خربوزے یا تربوز کی پھانک (۸) (ف) تراشنا کا امر (۹) اسم سے مل کر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے، جیسے بت تراش ۔ **تراش خراش**۔ مؤنث (۱) قطع و برید (۲) طرز و انداز (۳) زیب و زینت۔ بناؤ سنگار ۔ **تراشنا** (ہ) (۱) قاش اتارنا۔ کاٹ کر صورت گھڑنا۔ قلم کرنا۔ قطع کرنا۔ چھیلنا۔ چھانٹنا۔ کترنا۔ کاٹنا (۲) بانٹنے سے پہلے تاش یا گنجفے کے کل پتوں سے کچھ پتے کھلاڑی کے ہاتھ میں سے اٹھانا (۳) حجامت بنانا۔ مونڈنا (۴) (کنایۃً) بات بنانا ۔

تراشہ (ف) مذکر (۱) کترن۔ چھیلن (۲) پتھر تراشنے کا ایک فولادی اوزار (۳) پھانک (۴) اخبار وغیرہ سے کترا ہوا مضمون ۔

تراضی (تَرَا۔ ضِی) (ع) مؤنث۔ باہم خوش ہونا۔ راضی ہونا ۔ **تراضیٔ طرفین**۔ مؤنث۔ دونوں فریقوں کا راضی ہونا ۔

تراکم (تَرَا۔ کُم) (ع) مذکر (۱) اکٹھا ہونا۔ ڈھیر لگنا (۲) انبار۔ تودہ۔ ڈھیر ۔

تراکیب (تَرَا۔ کِیب) (ع) مذکر و مؤنث۔ ترکیب کی جمع ۔

ترانوے (تِرَا۔ نْوے) (ہ) نوّے اور تین۔ ۹۳۔ نود و سہ ۔

ترانہ (تَرَا۔ نَہ) (ف) مذکر (۱) (لغوی) جوانِ رعنا (۲) (اصطلاحی) الاپ۔ گیت۔ نغمہ۔ راگ (۳) ایک خاص قسم کا گیت۔ لے یا سُر ۔ **ترانہ پرداز۔ ترانہ ریز۔ ترانہ زن۔ ترانہ ساز۔ ترانہ سرا۔ ترانہ سنج**۔ ترانہ گانے والا ۔

تراوت (تَرَا وَت) (طراوت کا مبدل) مؤنث۔ ٹھنڈک۔ تازگی ۔

تراوش (تَرَا۔ وِش) (ف) مؤنث (۱) ٹپکن۔ ٹپکا۔ ٹپکاؤ۔ ترشح۔ تقاطر (۲) اشارے، کنایے یا انداز سے ظاہر ہونا ۔ **تراوش ہونا** (۱) ظاہر ہونا۔ ٹپکنا (۲) انداز سے پایا جانا ۔

تراویح (تَرَا۔ وِیح) (ع) مؤنث "ترویحہ" کی جمع (اصطلاح فقہ) سنت کی وہ بیس رکعتیں، جو رمضان میں نماز عشا کے بعد وتروں سے پہلے پڑھی جاتی ہیں ۔

تراہ (تِرَاہ) (ہ) (۱) (عو) واویلا۔ رحم کرو۔ پناہ دو (۲) ایک شہر، جہاں کی کٹاریں اور تلواریں مشہور ہیں ۔ **تراہ تراہ** (۱) پانی اور ہر چیز کے قحط کے وقت بولا جاتا ہے (۲) دہائی۔ فریاد۔ واویلا (پکارنا، کرنا، مچانا، ہونا کے ساتھ) ۔ **تراہی**۔ مؤنث۔ تراہ کی بنی ہوئی کٹار، تلوار وغیرہ ۔

تراہا (تِرَا۔ ہَا) (ہ) مذکر۔ تین راستوں کے ملنے کا مقام ۔

ترائی (تَرَا۔ ئِی) (ہ) مؤنث (۱) دریا یا ندی وغیرہ کے قریب کی زمین۔ پست اور مرطوب زمین (۲) مرغزار۔ سبزہ زار ۔

تَرَب (تَرَب) (ہ) مذکر۔ وہ تار، جو اصل تار کی مدد کے لیے ستار، سارنگی وغیرہ میں لگایا جاتا ہے ۔

تُرُب (تُرُب) (ف) مؤنث۔ مولی ۔

ترباچک (تِر۔ با۔ چک) (ہ) مذکر۔ تین دفعہ تصدیق کیا ہوا عہد۔ طلاق ۔

تربت (تُر۔ بَت) (ع) مؤنث (۱) مزار۔ گور۔ قبر (۲) (اصطلاحاً) مولانائے روم کی تربت ۔ **تربت خانہ** (ع۔ ف) مذکر۔ مقبرہ ۔

تربد (تُر۔ بُد، تُر۔ بِد) (ف) مؤنث۔ ایک دست آور دوا ۔

تربوز (تَر۔ بُوز) (ف) مذکر۔ ایک عام مشہور پھل، جو گول بڑا، باہر سے سبز، اندر سے سرخ، میٹھا اور ٹھنڈا ہوتا ہے ۔

تربہ (تُر۔ بَہ) (ع) مذکر۔ مدفن۔ گورستان۔ قبرستان ۔

تِتّر بِتّر ہونا (ہ) (عو) (۱) بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا (۲) منتشر ہو جانا ۔

تربھنگا (تِر۔ بھنگ۔ گا) (ہ) جھکا ہوا۔ ترچھا ۔

تربھون (تِر۔ بھَون) (س) مذکر (۱) تینوں لوک۔ سورگ۔ پرتھوی۔ پاتال (۲) (مراداً) سارا جہان۔ کل مخلوق ۔

تربیت (تَر ـ بِیَت) (ع) مؤنث (۱) پرداخت یا پرورش (۲) تعلیم اخلاق و تہذیب ـ تادیب ـ تعلیم ـ (**تربیت اور تعلیم میں فرق**؛ تربیت سے مراد ہے اخلاق، ادب، روش اور عمل کا تزکیہ اور تعلیم کے معنی ہیں مختلف قسم کی معلومات)۔ **تربیت کرنا** (۱) پرورش کرنا ـ پالنا (۲) سکھانا ـ تعلیم دینا ۔

تربیدی (تِر ـ بے ـ دی) (ہ) مذکر ـ تین ویدوں کا جاننے والا برہمنوں کا ایک فرقہ ۔

تربینی ـ تربہنی (تِر ـ بِی ـ نِی ، تِر ـ بِہ ـ نِی) (س) مؤنث (۱) تین دریاؤں کے ملنے کی جگہ (۲) الٰہ آباد کا وہ مقام جہاں گنگا، جمنا اور سرسوتی تینوں دریا ملتے ہیں ۔

ٹرپ (ٹَرَپ) (مہند) (انگ ـ ٹروپ ـ Troop) مذکر ـ اسی سواروں کی جماعت ـ رسالے کا آٹھواں حصہ ۔

ترپال (تِر ـ پال) (مہند) انگ ـ ٹرپالن ـ Tarpaulin) مذکر ـ رال چڑھایا ہوا ٹاٹ ۔

تُرپانا (تُر ـ پا ـ نا) (ہ) تُرپنا کا متعدی ـ **تُرپائی** ـ مؤنث ـ بخیے کے اوپر کی سیون ـ تیپچی (کرنا کے ساتھ) ـ **تُرپن** ـ مؤنث ـ وہ ایک قسم کی سلائی جو بیشتر کنارے پر کوریں دبانے کے لیے کی جاتی ہے ـ **تُرپنا** ـ ترپائی کرنا ـ دبا کر سینا ـ سیون پر ایک اور سلائی کرنا ـ کپڑے کا سرا موڑ کر سینا ۔

ترپد (تِر ـ پَد) (ہ) مؤنث ـ تپائی ۔

ترپن (تَر ـ پَن) (س) مذکر (ہندو) پتّھروں کو جلا دینا ۔

ترپن (تِر ـ پَن) (س) مذکر (ہندو) (۱) دیوتاؤں یا پتریوں کو پانی دینا (۲) پچاس اور تین ـ ۵۳ (۳) تسلّی (۴) خوشی (۵) آسودگی ـ سیری ۔

ترپولیا (تِر ـ پَو ـ لِیا) (ہ) مذکر ـ سہ درہ ـ وہ مقام جہاں ایک سمت میں برابر تین دروازے ہوں ۔

ترپھلا (تِر ـ پھَلا) (ہ) مذکر (۱) ہڑ ـ بہیڑا ـ آنولہ (۲) تین پھل کا چاقو ۔

تُرت (تُرَت) (ہ) (۱) جلد ـ فوراً (۲) اسی وقت ـ ابھی ۔ **تُرتا تُرت** دیکھیے "تُرت" ۔ **تُرت پھُرت** (۱) بہت جلد اور پھرتی سے ـ کمال سرعت سے ـ فوراً (۲) مؤنث ـ طراری ـ چالاکی ـ پھرتی ۔

تُرتُرا ـ تُرتُریا (تُر ـ تُرا ، تُر ـ تُری ـ یا) (ہ) (عو) (۱) چالاک ـ طرار ـ تیز (۲) جلد جلد باتیں کرنے والا ـ بہت باتیں بنانے والا ـ چرب زبان ۔

ترتراتا (تَر ـ تَرا ـ تا) (ہ) گھی میں ڈوبا ہوا ـ چرب ۔

ترتراہٹ (تَر ـ تَرا ـ ہَٹ) (ہ) مؤنث ـ کرکراہٹ ـ سنسناہٹ ۔

ترتیب (تَر ـ تِیب) (ع) مؤنث ـ (۱) درستی ـ آراستگی ـ درجہ بدرجہ ٹھیک رکھنا (دینا، کرنا کے ساتھ) (۲) جبر و مقابلہ میں ہر قاعدے کا نام ۔ **ترتیب ہجی** ـ مؤنث ـ حروف تہجی کا سلسلہ ۔ **ترتیب سے** (۱) قرینے سے ـ سلسلہ وار ۔ **ترتیب وار** (ع ـ ف) درجہ بدرجہ ـ موقع بہ موقع ـ سلسلہ وار ۔

ترتیل (تَر ـ تِیل) (ع) مؤنث ـ قرآن مجید کے حروف مخارج سے ادا کرکے آہستگی سے پڑھنا ۔

ترجمان (تَر ـ جُمان) (ترزبان کا معرّب) مذکر ـ مفسّر ـ شارح ـ مترجم ـ ایک زبان سے دوسری زبان میں ادا کرنے والا ۔ **ترجمہ** (تَر ـ جَمَہ) مذکر ـ ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کیا ہوا ۔

ترجّی (تَرَج ـ جِی) (ع) مؤنث ـ ایسی چیز کا امیدوار ہونا جس کا حصول ممکن ہو ۔

ترجیح (تَر ـ جِیح) (ع) مؤنث (۱) فضیلت ـ فوقیت (۲) افزونی ـ غلبہ (دینا، رکھنا کے ساتھ) ۔ **ترجیح بلا مرجّح** ـ مؤنث ـ کسی سبب ترجیح کے بغیر فضیلت دینا ۔

ترجیع (تَر ـ جِیع) (ع) مؤنث (۱) بازگشت ـ پھیرنا (۲) ستاروں کا اپنی حرکت سے مغرب سے مشرق کی طرف جانے میں رجعت کرنا ۔ **ترجیع بند** (ع ـ ف) مذکر (۱) بند کو پھر بیان کرنا (۲) اصطلاح عروض میں شاعر کا چند ایسے بند، جو بحر میں موافق اور قافیے میں مختلف ہوں، بیان کرنا کہ ایک ہی بیت ہر بند کی بیت آخر کے مضمون سے مربوط ہو ۔

ترچھا (تِر ـ چھا) (ہ) (۱) کج ـ آڑا ـ بینڈا ـ ٹیڑھا ـ بانکا (۲) (کنایۃً) غصّے میں بھرا ہوا ـ ناخوش (۳) مذکر ـ ایک قسم کا کپڑا، جس کے پاجامے بنائے جاتے ہیں ـ (۴) منحرف ـ مخالف ۔

ترچھائی ـ مؤنث (عوام) کسی چیز کی کجی ۔ **ترچھی آنکھ یا نظر یا نگاہ** (ہ) (۱) غصّے کی نظر، قہر کی نگاہ (۲) معشوقانہ انداز سے دیکھنا ۔

ترحّم (تَرَح ـ حُم) (ع) مذکر ـ رحم ـ خوفِ خدا ـ ترس ـ مہربانی ـ دیا ـ کرپا ۔

ترخنا (تَر ـ خَ ـ نا) (ہ) پھٹ جانا ـ شگاف ہونا ۔

ترخیص (تَر ـ خِیص) (ع) مؤنث ـ اجازت ـ رخصت ۔

ترخیم (تَر ـ خِیم) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) دُم کاٹنا (۲) اصطلاح نحو میں کسی کلمے کے آخر سے کسی حرف یا جزو لفظ کو دور کرنا ۔

تردّد (تَرَد ـ دُد) (ع) مذکر (۱) فکر ـ سوچ ـ اندیشہ ـ تشویش ـ پس و پیش ـ تذبذب ـ ادھیڑبن (۲) آمد و رفت (۳) کشت کاری ـ زراعت ۔ **تردّد ناجائز** (ع ـ ف) مذکر ـ خلافِ قانون کاشت ۔

تردید (تَر ـ دِید) (ع) مؤنث ـ رد ـ جواب ـ کسی بات کا جواب دینا ـ کسی بات کو رد کرنا ـ پھیر دینا ۔

ترس (تَرْس) (ف) مذکر ـ ڈر ـ خوف ـ دہشت ۔ **ترسا** ـ وہم کرنے والا ـ ڈرنے والا ۔ **ترساں** ـ ڈرتا ہوا ـ خوف زدہ ۔

ترس (تَرْس) (ہ) مذکر (۱) رحم ـ دیا (۲) خوفِ خدا ـ درد (۳) ترسنا کا امر ۔ **ترس آنا** ـ رحم آنا ۔ **ترس کھانا** ـ رحم کھانا، دیا کرنا ۔ **ترسا ترسا کے دینا** ـ تھوڑا تھوڑا دینا ـ خواہش سے کم دینا ـ

شوق دلا کر تھوڑا سا دینا ۔ **ترسا ترسا کے مارنا** (ع) (۱) بار بار تکلیف دے کر جان لینا ۔ پھڑکا پھڑکا کے مارنا (۲) للچا للچا کر نہ دینا ۔ **ترسا مارنا** ۔ بے قرار کرنا ۔ تڑپانا ۔ **ترسانا** (۱) خواہش دلانا ۔ للچانا (۲) شوق میں مارنا (۳) خواہش سے کم دینا ۔ مشتاق کرنا ۔ بلکانا ۔ **ترس جانا ۔ ترسنا** (۱) خواہش مند ہونا (۲) ندیدہ ہونا (۳) ایسی چیز کی امید رکھنا ، جو ہاتھ نہ آسکے (۴) پھڑکنا ۔ اشتیاق میں رہنا (۵) تنگ ہونا ۔ محتاج ہونا ۔

ترسا (تَر ۔ سا) (رومی) مذکر (۱) نصرانی (۲) آتش پرست ۔

ترسٹھ (تِر ۔ سَٹھ) (ہ) ساٹھ اور تین ۔ ۶۳ ۔ [illegible]

ترسول (تِر ۔ شُول) (ہ) مذکر ۔ (۱) ہندوستان کا ایک قدیم سہ شاخہ ہتھیار (۲) (ہندو) مہادیوجی کا ہتھیار (۳) لوہے کا بنا ہوا نشان ، جو ہندو مندر پر نصب کرتے ہیں (۴) پنجے کی شکل کا بنا ہوا آلہ ، جو ہندو فقیر ہاتھ میں رکھتے ہیں ۔ **ترسول کھینچنا** ۔ ترسول کا نقشہ بنانا ۔

ترسوں ۔ (تَر ۔ سوں) (ہ) (عوام) گزرا ہوا یا آنے والا تیسرا دن ۔ فصیح اَتَرسوں ہے ۔

ترسیل (تَر ۔ سِیل) (ع) مؤنث ۔ بھیجنا ۔ روانہ کرنا ۔ خط بھیجنا ۔ روانگی ۔ ارسال ۔

تُرش (تُر ۔ ش ، تُرُ ش) (ف) (۱) کھٹا (۲) ناخوش ۔ ناراض (۳) بد دماغ ۔ **ترش ابرو ۔ ترش رخسارہ ۔ ترش رو** ۔ چڑچڑا ۔ بدخو ۔ بد مزاج ۔ **ترشائی** (ف) مؤنث ۔ (ع) کھٹائی ۔ ترشی ۔ **ترشی** (ف) مؤنث (۱) کھٹاس کھٹائی (۲) ناخوشی ۔ ناراضی ۔ بد مزگی ۔

ترشح (تَرَ ش ۔ شُح) (ع) مذکر و مؤنث (۱) ننھی ننھی پھوار ۔ تقاطر ۔ بوندا باندی (۲) جھلکنا ۔ ٹپکنا (۳) عیاں ۔ آشکارا ۔ ظاہر ۔ **ترشح ہونا** (ع) (۱) ننھی ننھی پھوار پڑنا ۔ ٹپکنا (۲) پایا جانا ۔ ظاہر ہونا ۔

ترشن (تَر ۔ شن) (ہ) مؤنث (ع) تراشہ ۔ چھیلن ۔ لکڑی کے چھیلنے سے جو کچھ نکلے ۔ **ترشنا** ۔ قلم ہونا ۔ چھری یا چاقو وغیرہ سے کٹنا ۔ **ترشوانا** ۔ قلم کرانا ۔ کٹوانا ۔

ترشیح (تَر ۔ شِیح) (ع) مؤنث ۔ شاعری کی ایک صنعت ، جس میں اشعار اِس طرح لکھے جاتے ہیں کہ ترتیب وار ہر مصرع کا پہلا پہلا حرف ملانے سے کوئی نام بن جاتا ہے ۔

ترصّد (تَرَ ص ۔ صُد) (ع) مذکر (۱) انتظار ۔ امید ۔ آس (۲) گھات لگانا ۔

ترصیع (تَر ۔ صِیع) (ع) مؤنث ۔ شاعری کی ایک صنعت ، جس میں شعر کے دونوں مصرعوں کے تمام الفاظ ترتیب وار ہم وزن اور ہم قافیہ ہوتے ہیں ۔

ترطیب (تَر ۔ طِیب) (ع) مؤنث (۱) تر کرنا (۲) رطوبت پہنچانا ۔ مزاج میں تری پیدا کرنا ۔

ترغیب (تَر ۔ غِیب) (ع) مؤنث (۱) رغبت دلانا ۔ لالچ دلانا ۔ (۲) شوق ۔ خواہش (۳) بہکاوٹ ۔ اِغوا (دینا کے ساتھ) ۔

(**ترغیب اور اغوا میں فرق** ۔ ترغیب ، اچھے اور برے دونوں کاموں کے لیے ہوتی ہے ، اِغوا برے کام کی ترغیب کو کہتے ہیں ۔

ترفان (تَر ۔ فان) (ہ) مذکر ۔ ایک تکونی لمبی ریتی ، جس سے بندوق کی نالی اندر سے صاف کی جاتی ہے ۔

ترفّع (تَرَ ف ۔ فُع) (ع) مذکر (مجازاً) تکبر ۔ غرور ۔

ترفہ (تَر ۔ فہ) (ع) مذکر ۔ آسودگی ، دولت مندی ۔ خوش حالی ۔

ترقانا (تَر ۔ قا ۔ نا) (ہ) شق کرنا ۔ توڑنا ۔ **ترقنا** ۔ پھٹنا ۔ شق ہونا ۔

ترقّب (تَرَ ق ۔ قُب) (ع) مذکر ۔ امید ۔

ترقی (تَرَ ق ۔ قی) (ع) مؤنث (۱) بلندی ۔ اوپر چڑھنا (۲) افزونی ۔ افزائش (۳) اضافہ ۔ زیادتی ۔ **ترقی پانا** ۔ درجہ بڑھنا ۔ عہدہ بڑھنا ۔ **ترقیِ حیثیت** (ع) مؤنث ۔ حالت کی ترقی ۔ **ترقی دینا** ۔ تنخواہ زیادہ کرنا ۔ مرتبہ بڑھانا ۔ درجہ بڑھانا ۔

ترقیم (تَر ۔ قیم) (ع) مؤنث (۱) نوشت ۔ تحریر (۲) لکھنا ۔

تَرک (تَر ک) (ع) مذکر (۱) چھوڑنا ۔ فروگزاشت ۔ درگزر (۲) (ف) سہو ۔ چوک ۔ بھول (۳) (ف) (مجازاً) وہ لفظ یا عبارت ، جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیے پر لکھ دی جائے (۴) (ف) وہ کلمہ ، جو پہلے صفحے کے آخر میں ، پھر دوسرے صفحے کی پہلی سطر کے شروع میں لکھا جاتا ہے ۔ **ترکِ ادب** (ع) مذکر (۱) بد تہذیبی ۔ گستاخی ۔ بے ادبی (۲) جرأت ۔ **ترکِ سلطنت** ۔ مذکر ۔ سلطنت کو خیرباد کہنا ۔ تخت چھوڑنا ۔ حکومت سے دست بردار ہونا ۔ **ترک کرنا** (ف) چھوڑ دینا ۔ **ترکِ وطن** (ع) مذکر ۔ اپنا دیس چھوڑنا ۔ ہجرت کرنا ۔ مہاجرت ۔

تَرَک (تَرَ ک) (ہ) مؤنث ۔ کڑی ۔ شہتیر ۔

تُرک (تُر ک) (ت) مذکر (۱) یافث بن نوح ؑ کا ایک بیٹا ، جس سے ترکوں کا سلسلہ چلا (۲) ترکستان کے باشندے (۳) تاتار خاص کے مسلمان (۴) (مجازاً) معشوق (۵) سپاہی (۶) (ہ) ہندی گیتوں اور گانوں میں ترک بہ معنی مسلمان ۔ **ترکانہ** ۔ ترک سے منسوب ۔ **ترکتاز** (ف) (۱) لشکری ۔ سپاہی (۲) لٹیرا (۳) مؤنث ۔ لوٹ مار ۔ تاراج ۔ تاخت ۔ حملہ ۔ دھاوا ۔ ہلہ ۔ دوڑ دھوپ ۔ **ترکتازی** ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "ترکتاز" ۳ ۔ **ترک تھیا ، تو ترڑانا یہ کسی کے میت ۔ بھیڑ پڑت منہ پھیر لیں راکھیں نہ پریت** (ہ) مثل ۔ مسلمان ، بھڑ اور طوطا کسی کے دوست نہیں ہوتے ۔ مصیبت پڑنے پر الگ ہو جاتے ہیں ۔ **ترکِ فلک (گردوں)** (ف) مذکر (۱) مریخ (۲) آفتاب ۔ **ترک کا کے میت ، سرپ سے کا پیت** (ہ) مثل ۔ مسلمان سے محبت کرنا سانپ سے محبت کرنے کے برابر ہے ۔ **ترکمان** (ف) مذکر ۔ ترکوں کا ایک ادنیٰ فرقہ ۔ **ترکن** (ہ) مؤنث (۱) ترک کی جورو (۲) ترک قوم کی عورت (۳) سپاہی کی بیوی (۴) (ہندو) مسلمان عورت ۔ **ترکنی** (ہ) مؤنث ۔ شاہی محل

میں چوکی پہرا دینے والی عورت ؞
ترکاری (تَرْ۔ کا۔ رِیْ) (ف) مؤنث (۱) سبزی ۔ ساگ پات ۔ بھاجی (۲) پھل پھلاری ۔ سبز میوے (۳) (ہندو) گوشت ؞
ترکُٹا (تِرْ۔ کُٹا) (ہ) مذکر ۔ سونٹھ، پیپلی اور مرچ کا سفوف، جو ہاضمے کے لیے بنایا جاتا ہے ؞
ترکش (تَرْ۔ کَشْ) (ف) مذکر ۔ تیر رکھنے کا آلہ ۔ تیردان ؞
ترکم ترکا (تَرْ۔ کَمْ، تَرْ۔ کا) (ہ) مؤنث (ع) جدائی ۔ اَن بَن ۔ ملنا جلنا چھوڑ دینا ؞
ترکہ (تَرْ۔ کَہْ) (ع) مذکر ۔ ورثہ ۔ چھوڑا ہوا مال ۔ مُردے کی جائداد ؞
ترکۂ پدری (ع ۔ ف) مذکر ۔ مُردہ باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب ؞
ترکی (تُرْ۔ کِیْ) (ف) مؤنث (۱) ترکوں کی زبان (۲) ترکستان کے کھیت کا گھوڑا (۳) بہادری ۔ مردانگی ۔ سپاہی پن (۴) ترکستان (ایشیائی ترکی) یا روم (یورپی ٹرکی) کا باشندہ ؞ **ترکی بہ ترکی جواب دینا** (ف) (۱) جیسا کوئی کہے، ویسا ہی جواب دینا (۲) تلخ اکھڑا اور سخت جواب دینا ؞ **ترکی تمام ہونا** (۱) غرور نکلنا ۔ گھمنڈ جاتا رہنا (۲) کچھ باقی نہ رہنا، ہوچکنا، خاتمہ ہونا (۳) ساری سپاہ گری اور بہادری نکل جانا ؞
ترکیب (تَرْ۔ کِیْبْ) (ع) مؤنث (۱) مرکّب کرنا ۔ کئی چیزیں ملا کر ایک چیز بنانا (۲) ساخت ۔ بناوٹ (۳) (ف) تدبیر ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ ڈھب (۴) کسی چیز کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ (۵) علم نحو میں جملے کا ہر لفظ ملا کر بنانا ؞
ترکیب بند (ع ۔ ف) مذکر ۔ چند بند کی ایک نظم جس میں ہر بند کا آخری شعر جداگانہ ہوتا ہے ؞ **ترکیب دینا** (ف) (۱) بنانا ۔ ملانا (۲) مختلف دوائیں ملا کر ایک خاص مزاج پیدا کرنا ؞ **ترکیب سے چلنا** ہوشیاری سے کام کرنا ۔ ڈھنگ سے چلنا ۔ کفایت شعاری سے گزر کرنا ؞
ترلوک (تِرْ۔ لوکْ) (س) مذکر (ہندو) (۱) آسمان ۔ زمین ۔ زمین کے نیچے کا حصہ ۔ پاتال (۲) سارا جہان ؞
ترُم (تُرْمْ) (مہند) (انگ ۔ ٹرم پٹ Trumpet) مذکر ۔ ایک قسم کا باجا ۔ ترئی ۔ بگل ۔ منہ سے بجانے کا آلہ، جس سے فوج میں قواعد کا حکم سنایا جاتا ہے ؞
ترُمتی (تُرْ۔ مَتی) (ہ) مؤنث ۔ باز یا شکرے کی قسم کا ایک شکاری پرندہ ؞
ترمرا (تِرْمِرا) (ہ) مذکر (۱) چکنائی کا دھبّا، جو پانی یا شوربے پر آجاتا ہے (۲) وہ تارا سا، جو دماغی صدمے یا کمزوری کی وجہ سے آنکھ کے آگے اُڑتا ہوا دکھائی دیتا ہے ؞ **ترمرے** ۔ مذکر ۔ ترمرا کی جمع ۔ اردو میں صرف جمع کے طور پر مستعمل ہے ؞
ترمیم (تَرْ۔ مِیْمْ) (ع) مؤنث (۱) درستی ۔ اصلاح (۲) قانون ۔ تغیر و تبدل ۔ نظرِ ثانی ؞
ترنت (تُرَ نْتْ) (ہ) (ہندو) جلد ۔ فوراً ؞
ترنج (تُرُ۔ نْجْ) (ف) (تُرَ نْجْ) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا بڑا نیبو ۔ چکوترا (۲) بڑا بوٹا، جو چادر، دوشالے، قبا پر ریشم یا کلابتون سے کاڑھا جاتا ہے (بنانا، بنوانا، وغیرہ کے ساتھ) ؞
ترنجبین (تَرَ نْ۔ جُبِیْنْ) (ترنگبین کا معرّب) (تَرَنْج ۔ بِیْنْ) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی قدرتی شکر، جو اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے (۲) نیبو کا نچوڑ، جس میں چینی ملا کر پیتے ہیں ؞
ترنگ (تَرَنْگْ) (ف) مؤنث (۱) تیر کے چھوٹنے کی آواز (۲) ساز بجاتے وقت تار کی صدا ؞
ترنگ (تَرَنْگْ) (ہ) مؤنث (۱) لہر ۔ موج (۲) طبیعت کا جوش ۔ امنگ (۳) دھیان ۔ خیال (۴) وہم (۵) نشے کی حرکت (۶) لاف ۔ تعلی ۔ شیخی ؞ **ترنگ آنا** ۔ حوصلہ ہونا ۔ جوش پیدا ہونا ؞
ترنگ (تُرَنْگْ) (ہ) مذکر ۔ گھوڑا ؞
ترنم (تَرَنْ ۔ نُمْ) (ع) مذکر ۔ گانا ؞
تروٹ (تِرْ۔ وَٹْ) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی راگنی ۔ ترانہ ؞
ترور (تَرْ۔ وَرْ) (ہ) مذکر ۔ درخت ۔ پیڑ ۔ بروا ؞
ترویج (تَرْ۔ وِیْجْ) (ع) مؤنث ۔ رواج ۔ شہرت ۔ اشاعت ۔ رواج دینا ۔ اشاعت کرنا ؞
تروبدی (تِرْ ۔ دِے ۔ دِیْ) (س) مذکر ۔ تین وید جاننے والا ۔ وہ برہمن جس نے تین وید پڑھے ہوں ؞
ترہ (تَرَہْ) (ف) مذکر ۔ ترکاری ۔ سبزی ۔ ساگ ؞
ترہ ترہ کرنا (دیکھیے "تراہ تراہ کرنا") ؞
ترہی ۔ ترئی ۔ تُرئی (تُرْ۔ ہِیْ ؞ تُرْ ۔ اِیْ، تُرِیْ) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی لمبی نفیری ۔ ترُم ۔ بگل ؞
تُرئی (تُرْ ۔ اِیْ) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی ترکاری ؞ **تُرئی کا سا پھول** ۔ مذکر ۔ (ع) (۱) تُرئی کے زرد پھول کی مانند، جس کی زردی آنکھوں کو اچھی معلوم ہوتی ہے (۲) روپے کا یوں خرچ ہونا کہ کم معلوم نہ ہو ؞
تری (تَرِیْ) (ف) مؤنث (۱) خشکی کے برعکس ۔ نمی ۔ رطوبت (۲) سمندر ۔ بحر ؞
تری (تِرِیْ) (ہ) (۱) تیری کا مخفف (۲) مؤنث ۔ تاش کا وہ پتا، جس پر تین نشان ہوں ؞
تریا (تِرْ۔ یا) (ہ) مؤنث (ہندو) عورت ۔ ناری ۔ لگائی ۔ استری ؞
تریا چرتر ۔ تریا چلتر ۔ مذکر ۔ عورتوں کے مکروفریب ۔ عورتوں کی چال بازی ؞ **تریا راج** ۔ مذکر ۔ عورتوں کی حکومت یا زور ۔ جورو کی حکومت ؞ **تریا ہٹ** ۔ مؤنث ۔ عورت کی ضد یا اڑ ؞
تریاق (تِرْ۔ یاقْ) (معرّب) }
تریاک (تِرْ۔ یاکْ) (ف) } مذکر (۱) زہر مہرہ (۲) ایک خاص معجون، جو زہر کے دفع کرنے کے لیے بنائی جاتی ہے (۳) (کنایۃً) افیون ؞
تری بری (تِرِیْ بِرِیْ) (ہ) منتشر ۔ جدا جدا ۔ پریشان ؞
تریتا (تِرِیْ ۔ تا) (س) ہندوؤں کا دوسرا جُگ، جو بارہ لاکھ چھیانوے ہزار

برس کا بتایا جاتا ہے ۔

تریڑا (تَرِیڑے ۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) پانی کا دھار باندھ کر ڈالنا ۔ دواؤں میں جوش دیا ہؤا پانی کسی عضو پر دھار باندھ کر ڈالنا (۲) کسی نجاست بھرے عضو یا پلید کپڑے پر نجاست دُور کرنے کے بعد زور سے پانی ڈالنا (دینا، کرنا کے ساتھ) (۳) پانی کی دھار، جو کسی اُونچی جگہ سے پڑے ۔ **تریڑنا** ۔ دھار باندھ کر پانی ڈالنا ۔

تریز (تَرِیزْ) (ف) مؤنث ۔ کپڑے کا ٹکڑا، جو مثلث کی شکل کا ہوتا ہے ۔ کُرتے کے جوڑے منہ کی کلی، جو بغلے کے نیچے پڑتی ہے ۔

تریل (تَرْ ۔ یَلْ) (ہ) مؤنث ۔ سست ہتھنی، جس پر دوسرے ہاتھیوں کا چارا لاد کر لایا جاتا ہے ۔

تریند ۔ تریندا (تَرِیْنْدْ، تَرِیْن ۔ دَا) (ہ) مذکر ۔ جونک، جو چھوٹی مچھلی کے شکار کے لیے کانٹے میں لگا دی جاتی ہے ۔

ت ۔ ڑ

تڑ (تَڑْ) (ہ) مذکر (۱) تھپڑ کی آواز ۔ چٹاخ (۲) ضرب یا صدمے کی آواز ۔ **تڑ سے** (۱) بے باکی سے ۔ گستاخی سے (۲) فوراً ۔

تڑابھڑی (تَڑَا ۔ بَھڑِی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) شتابی ۔ جلدی (۲) بے قراری ۔ گھبراہٹ (۳) پے درپے مرنا ۔ موت کی گرم بازاری (پڑنا، ہونا کے ساتھ) ۔

تڑاپڑ (تَڑَا ۔ پَڑْ) (ہ) (۱) لگاتار ۔ متواتر ۔ پے درپے (۲) فوراً ۔

تڑاتڑ (تَڑَا ۔ تَڑْ) (ہ) مؤنث (۱) متواتر آواز (۲) پے درپے مارنے کی آواز (۳) ہاتھ سے مارنے کی آواز (۴) لکڑی سے مارنے کی آواز (۵) لگاتار برسنے والی بڑی بڑی بوندوں کی آواز (۶) جوتیوں کی مار کی آواز (۷) زور کا کڑاکا (۸) **تڑاتڑ جواب دینا** ۔ جلد جلد جواب دینا ۔

تڑاخا (تَڑَا ۔ خَا) (ہ) دیکھیے "تڑاقا" ۔

تڑاق (تَڑَاقْ) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) تھپڑ یا جوتے مارنے کی آواز (۲) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۔ چٹاخ ۔ **تڑاق پڑاق** (۱) برابر ۔ متواتر ۔ پے درپے ۔ جلد جلد ۔ فوراً ۔ جلد (۲) کوڑے کی سزہیں ۔ تڑاتڑ ۔ سڑاسڑ (۳) طرار ۔ شوخ مزاج ۔ چلبلا ۔ تیز زبان (۴) ٹوٹنے کی آواز ۔ چٹاخ پٹاخ (۵) بے باکانہ ۔ نڈر ہوکر (۶) دو بدو (۷) پھرتی سے کوئی کام کرنا ۔ **تڑاق تڑاق** ۔ دیکھیے تڑاق پڑاق ۔ **تڑاق سے جواب دینا** ۔ بے تامل جواب دینا ۔ جو منہ میں آئے، کہ دینا ۔ بے سوچے سمجھے جواب دینا ۔ **تڑاقا** ۔ مذکر (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) بیگنیوں کی آواز (۳) بوسے کی آواز ۔ چٹاخا (۴) حقّے کا دم لگانے کی آواز (۵) کڑاکا (۶) چٹخارا ۔ ذائقے کی آواز (۷) دھوپ کی شدت ۔ شدت کی گرمی (۸) پیاس کی شدت (۹) کسی چیز کا قحط ۔ کمی (۱۰) بارش نہ ہونے کا زمانہ (۱۱) وہ چمکیلی چیز، جو لیمپ یا دیوارگیری میں اس کی روشنی بڑھانے کے لیے لگا دی جاتی ہے (۱۲) تیزی ۔ زور ۔ **تڑاقا بیتنا** (عو) کچھ نہ کھانا ۔ فاقہ گزرنا ۔ **تڑاقا کھا جانا** (۱) یکایک چٹخ جانا ۔ پھٹ جانا (۲) غش آ جانا ۔ بے ہوش ہو جانا (۳) مر جانا ۔ **تڑاقا کھانا** ۔ توڑا ہونا ۔ کمی ہونا ۔ **تڑاقے کا** (۱) خوش ذائقہ ۔ لذیذ ۔ مزے دار (۲) چٹ پٹا ۔ بھڑکیلا (۳) زور کا ۔ شدت کا ۔

تڑانا (تَڑَا ۔ نَا) (ہ) (دہلی) زخم کا چرآنا ۔ سوجن کی وجہ سے جسم کا پھٹا جانا ۔

تڑانا (تُڑَا ۔ نَا) (ہ) (۱) جدا کرنا ۔ چھڑانا ۔ علیحدہ کرنا (۲) توڑ لینا ۔ تُڑوا لینا (۳) ریزگاری لینا ۔ روپیہ بھُنانا (۴) قیمت میں کمی کرانا ۔

تڑاوا ۔ تڑایا (تَڑَا ۔ وَا، تَڑَا ۔ یَا) (ہ) مذکر (۱) آرائش کا سامان ۔ رنگیلاپن ۔ خوش پوشاکی ۔ تزئین (۲) خودپسندی ۔ دکھاوا ۔

تڑائی (تُڑَا ۔ اِئی) (ہ) مؤنث (۱) پھل وغیرہ تُڑوانے کی اُجرت (۲) روپیہ خُردہ کرانے کا بٹا ۔

تڑپ (تَڑَپْ) (ہ) مؤنث ۔ (۱) اضطراب ۔ بے چینی ۔ بے قراری ۔ پھڑک (۲) چمک دمک (۳) دیکھیے "تڑاقا" ۱۱ (۴) کود پھاند ۔ جست ۔ اُچھل کود (۵) شوخی ۔ گرماگرمی (۶) گرمی ۔ تپش (۷) تلملاہٹ (۸) (بجلی کے متعلق) جلد جلد چمکنا ۔ کوندنا ۔ **تڑپانا** (۱) بے چین کرنا ۔ بے قرار کرنا ۔ ترسانا ۔ اضطراب میں ڈالنا ۔ پھڑکانا (۲) کدانا ۔ **تڑپڑاہٹ** ۔ مؤنث (۱) زبان پر مرچ وغیرہ کی تیزی کا اثر (۲) (عوام) بے چینی ۔ بے قراری ۔ **تڑپڑی** ۔ مؤنث ۔ (عوام) اضطراب ۔ بے چینی ۔ **تڑپن** ۔ مؤنث ۔ (عو) بے چینی ۔ تڑپ ۔ **تڑپنا** (۱) بے چین ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔ بے تاب ہونا ۔ تلملانا ۔ لوٹنا ۔ پھڑکنا (۲) پر بند سے پرندے کا بند توڑ کر اُڑنا (۳) جست بھرنا ۔ جست کرنا ۔ پھاند کر چلا جانا ۔ فوراً کود کر چلا جانا ۔ اچھلنا کودنا (۴) (دل کے ساتھ) دھڑکنا (۵) جان کنی کی حالت میں ہاتھ پاؤں دے دے مارنا (۶) بے حد آرزومند ہونا ۔ نہایت مشتاق ہونا ۔

تڑپڑ (تَڑْ ۔ پَڑْ) (ہ) (۱) کسی کے جواب میں فوراً کچھ کہنا (۲) (عو) جلد جلد ۔

تڑتڑ (تَڑْ ۔ تَڑْ) (ہ) مؤنث (۱) بندوق یا پٹاخوں کی آواز (۲) جلد جلد ۔ **تڑتڑانا** ۔ تڑتڑ کی آواز دینا ۔

تڑخ تڑخ نور برستا ہے (و) (عو) بدشکل کو مذاقاً کہا جاتا ہے ۔

تڑخنا ۔ تڑقنا (۱) کھِل جانا ۔ بال آنا ۔ کسی خشک چیز کا چٹخنا ۔ شق ہونا ۔ پھٹنا (۲) زخم وغیرہ کا پھٹنا (۳) خفگی سے جواب دینا ۔ ناراض ہو کر سخت سست کہنا ۔ بگڑ کر بولنا ۔

تڑکا (تَڑْ ۔ کَا) (ہ) مذکر ۔ علی الصباح ۔ صبح کا وقت ۔ بہت سویرا ۔ سویرا ۔ فجر ۔ صبح ۔ **تڑکا ہونا** (۱) سویرا ہونا ۔ فجر ہونا (۲) دماغی صدمے کے باعث آنکھوں کے آگے تارے سے نظر آنا ۔

(۳) از حد مار کھانا۔ بہت زیادہ پٹنا (۴) کچھ نہ رہنا۔ دیوالا نکلنا۔ صفایا ہونا ٭

تڑخنا (تَڑَخ۔ نا) (ہ) (مکھنؤ) تولا جانا ٭

تڑوانا (تَڑَ۔ وا۔ نا) (ہ) تڑخنا کا متعدّی المتعدّی ٭

تڑی (تَڑِی) (ہ) مؤنّث (۱) ضرب، مار (۲) دھوکا۔ جھانسا۔ فریب۔ دم (۳) دھونس۔ دھمکی (۴) (بقّال) خسارہ۔ نقصان (۵) تاڑی (تالی کا مخفّف (دینا کے ساتھ) (۶) گیند تڑی کھیلنے میں جب چور کسی کی کمر پر گیند مار دیتا ہے تو زور سے کہتا ہے کہ تڑی ہے، یعنی اب یہ چور ہو گیا ٭ **تڑی دینا** (۱) دھونس دینا۔ دھمکانا (۲) جھانسا دینا۔ دم دینا۔ دھوکا دینا (۳) احمق ٹھہرانا۔ بیوقوف بنانا (۴) ہار کی تالی بجانا ٭

تڑیانا (تَڑَ۔ یا۔ نا) (ہ) پر کٹے پرندے کا اُڑ جانا ٭

تڑی۔ بڑی (تَڑِی۔ بڑِی) (ہ) دیکھیے "تری بری" ٭

تڑ پڑا (تڑِ نے۔ ڑا) (ہ) مذکّر۔ دیکھیے "تریڑا" ٭

ت۔ز

تزک (تُزُک) (ت) مذکّر (۱) قانون۔ قاعدہ (۲) ترتیب (۳) انتظام (۴) ضابطۂ لشکر (۵) ضابطۂ مجلس (۶) شاہی روزنامچہ (۷) اپنی زندگی کے خود لکھے ہوئے حالات (۸) جلوس (۹) شکوہ۔ حشمت۔ نمائش۔ شان و شوکت ٭

تزکیہ (تَز۔ کِیَہ) (ع) مذکّر (۱) پاکی۔ صفائی (۲) پاک کرنا۔ صاف کرنا ٭

تزلزل (تَزَل۔ زُل) (ع) مذکّر (۱) زلزلہ۔ لرزش (۲) گڑبڑ۔ تہلکہ۔ کھلبلی۔ ہلچل (۳) حرکت۔ جنبش ٭ **تزلزل بیاناتی** (ع۔ ف) مذکّر۔ بیانات میں لغزشیں کھانا ٭

تزویج (تَز۔ وِیج) (ع) مؤنّث (۱) نکاح۔ شادی (۲) نکاح کرنا۔ شادی کرنا ٭ **تزویج بذریعۂ ازدواج قانونی** (ع۔ ف) مؤنّث۔ قانونی نکاح کے ذریعے سے شادی، جس کے مطابق یورپ میں دولھا دلھن گرجے میں جاکر رجسٹر میں اپنا اپنا نام درج کراتے ہیں ٭

تزویر (تَز۔ وِیر) (ع) مؤنّث۔ حیلہ۔ فریب۔ مکر ٭

تزئین (تَز۔ ئِین) (ع) مؤنّث۔ زیب و زینت۔ آرائش۔ آراستگی ٭

ت۔س

تِس (تِس) (ہ) مؤنّث۔ پیاس۔ تشنگی ٭

تِس (تِس) (ہ) اِس (متروک) ٭ **تِس پر**۔ اِس پر۔ باوجود اس کے۔ پھر بھی (متروک) ٭

تُس (تُس) (ہ) مذکّر۔ اناج وغیرہ کے اوپر سے اُترا ہوا ریشہ۔ اناج کا چھلکا ٭

تسار (تُسار) (س) مؤنّث (ہندو) (۱) پالا۔ کہر (۲) ٹھنڈ۔ سردی ٭

تِسالا (تِسا۔ لا) (ہ) تین برس کا ٭

تسامح (تَسا۔ مُح) (ع) مذکّر (۱) باہم مہربانی (۲) چشم پوشی (۳) اِس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو (۴) دومعنی رکھنے والی بات کہنا (۵) غلطی ٭

تساہل (تَسا۔ ہُل) (ع) مذکّر (۱) غفلت۔ سستی۔ سہل انگاری (۲) غفلت کرنا (۳) آسان سمجھنا ٭

تسبیح (تَس۔ بِیح) (ع) مؤنّث (۱) خدا کو ہر عیب سے پاک اور ہر چیز سے بڑا سمجھنا (۲) سبحان اللہ (۳) سبحان اللہ کہنا۔ سبحان اللہ کا ورد کرنا۔ خدا کو یاد کرنا۔ اللہ اللہ کہنا (۴) وظیفہ۔ ورد (۵) سو دانوں کی مالا۔ سُبحہ (۶) ایک قسم کا پودا ٭ **تسبیح پھیرنا** (۱) خدا کو یاد کرنا۔ مالا جپنا ٭ **تسبیح خواں** (ع۔ ف) (۱) تسبیح پھیرنے والا۔ ذاکر (۲) عبادت کرنے والا (۳) اجرت پر کسی کے لیے تسبیح پڑھنے والا ٭ **تسبیح سلیمانی** (ع) مؤنّث۔ ایک قسم کی سیاہ پتھر کی تسبیح ٭

تسبیغ (تَس۔ بِیغ) (ع) مؤنّث۔ فنِ عروض کا ایک زحاف ٭

تسخیر (تَس۔ خِیر) (ع) مؤنّث (۱) تابع کرنا۔ فرماں بردار کرنا (۲) گھیرنا۔ محاصرہ کرنا (۳) جنّ یا پری کو قید کرنا (۴) کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا (۵) حاضرات کا علم۔ روحانیت کا عمل ٭ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تسطیر (تَس۔ طِیر) (ع) مؤنّث (۱) (لغوی) سطر بندی (۲) (اصطلاحی) تحریر۔ لکھنا۔ قلمبند کرنا ٭

تسکین (تَس۔ کِین) (ع) مؤنّث (۱) اطمینان۔ ڈھارس۔ دلاسا۔ تسلّی (۲) آرام (کرنا، دینا وغیرہ کے ساتھ) (۳) (اصطلاحی) تندرستی، بیماری میں کمی، افاقہ ٭

تسلا (تَس۔ لا) (ہ) مذکّر۔ پرات۔ تانبے یا پیتل وغیرہ کا طشت، جو آٹا گوندھنے یا ہاتھ پاؤں دھونے کے کام آتا ہے ٭

تسلسل (تَسَل۔ سُل) (ع) مذکّر (۱) لڑی۔ سلسلہ بندی (۲) روانی (۳) کسی کام کا جاری لگا تار یا برابر ہونا ٭

تسلّط (تَسَل۔ لُط) (ع) مذکّر (۱) غلبہ۔ حکومت۔ عمل (۲) دخل۔ قبضہ (بٹھانا۔ بیٹھنا، پانا، جمانا، جمنا کے ساتھ) ٭

تسلّی (تَسَل۔ لِی) (ع) مؤنّث۔ دلاسا۔ ڈھارس۔ دل جمعی۔ خاطر جمع۔ تسکین۔ طمانیت۔ اطمینان۔ سکونِ قلب ٭

تسلیم (تَس۔ لِیم) (ع) مؤنّث (۱) سونپنا۔ سپرد کرنا (۲) سلام۔ آداب۔ بندگی۔ کورنش (۳) منظور۔ قبول (۴) فرماں برداری۔ کسی چیز کے ملنے پر شکریہ ادا کرنے کے وقت بولتے ہیں ٭

تسلیم اور رضا میں فرق ٭ تسلیم کا اطلاق بالعموم انسانی افعال پر ہوتا ہے، جو انسان کے مقابلے میں ہوں۔ رضا کا اطلاق اُن انسانی افعال پر ہوتا ہے، جو خدا کے مقابلے میں ہوں۔ تسلیم میں عموماً مجبوری

نہیں ہوتی، مگر رضا مجبوری کا چارہ ہے ہلاتی ہے ۔ **تسلیم اور تفویض میں فرق**۔ تسلیم نزولِ قضا کے بعد ہوتی ہے اور تفویض اِس سے قبل ۔ **تسلیم کرنا** (۱) منظور کرنا۔ قبول کرنا۔ ماننا (۲) بڑے کو سلام کرنا، آداب بجا لانا، بندگی کرنا ۔

تسمہ (تَس۔ مَہ) (ف) مذکر (۱) چمڑے کا پتلا کم چوڑا اور لمبا ٹکڑا (۲) بُوٹ کا فیتہ ۔ **تسمہ کھینچنا** (۱) پھانسی دینا (۲) ایک خاص طریق سے گلا گھونٹ کر مارنا ۔ **تسمہ لگا نہ رکھنا** (۱) دو ٹکڑے کر دینا۔ جان کاٹ دینا (۲) جان سے مار ڈالنا (۳) فرق کسر نہ رکھنا (۴) دو شخصوں میں بگاڑ پیدا کر دینا ۔

تسمیہ (تَس۔ مِیَہ) (ع) مذکر (۱) نام رکھنا (۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنا ۔ **تسمیہ خوانی** (ع۔ ف) مؤنث (لکھنؤ) بسم اللہ کی تقریب ۔

تسنّن (تَسَن۔ نُن) (ع) مذکر۔ سُنّی ہو جانا ۔

تسنیم (تَس۔ نِیم) (ع) (مؤنث و مذکر) بہشت کی ایک نہر یا چشمہ ۔

تسو (تَس۔ سُو) (ہ) مذکر (۱) چار جَو کا ایک مشہور پیمانہ (۲) گز کا چوبیسواں حصہ (۳) کلمے کی اور درمیانی انگلی کی چوڑائی ۔

تِسوانسی (تِس، وَان، سِی) (ہ) مؤنث۔ بسوانسی کا بیسواں حصہ۔ بجوانسی $\frac{12}{65}$ ۶۵ مربع انچ کی مقدار ۔

تسوید (تَس۔ وِید) (ع) مؤنث۔ لکھنا۔ سیاہ کرنا ۔

تسویہ (تَس۔ وِیَہ) (ع) مذکر۔ برابر کرنا۔ سیدھا کرنا۔ ٹھیک کرنا ۔

تسہیل (تَس۔ ہِیل) (ع) مؤنث۔ آسان کرنا ۔

ت۔ش

تشابُہ (تَشَا۔ بُہ) (ع) مذکر۔ مشابہت۔ مطابقت۔ یکسانی ۔ **تَشَبُّہ**۔ مذکر۔ مانند ہونا۔ مثل ہونا ۔

تشبیب (تَش۔ بِیب) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) جوانی کے زمانے کا یاد کرنا (۲) عہدِ شباب کا ذکر کرنا (۳) (اصطلاحی) قصیدے کے شروع میں مدح سے پہلے عشق و محبت، بہار، گردشِ روزگار وغیرہ کے مضامین لکھنا ۔

تشبیہ (تَش۔ بِیہ) (ع) مؤنث۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند ٹھہرانا۔ مشابہت۔ تمثیل ۔

تشت (تَشْت) (ف) مذکر (۱) تسلا۔ لگن۔ پرات (۲) پاخانے کا برتن۔ بادٹ۔ طشت اِس کا معرّب ہے ۔ **تشت ازبام ہونا** (۱) مشتہر ہونا۔ مشہور ہونا (۲) بھید کھل جانا۔ بھانڈا پھوٹنا۔ ظاہر ہونا۔ آشکارا ہونا ۔ **تشت چوکی** (ف) مؤنث۔ وہ چوکی اور برتن، جو زچہ خانے یا پاخانے میں رکھا جاتا ہے ۔

تشتّت (تَشَت۔ تُت) (ع) مذکر۔ پریشانی۔ پراگندگی۔ بے اطمینانی ۔

تشتری (تَش۔ تَرِی) (ف) مؤنث۔ تھالی۔ چھوٹی رکابی ۔

تشخّص (تَشَخ۔ خُص) (ع) مذکر۔ امتیاز۔ خصوصیت۔ شخصیت۔ ممتاز ہونا ۔

تشخیص (تَش۔ خِیص) (ع) مؤنث۔ جانچ ۔ **تشخیص جمع بندی** (ع۔ ف) مؤنث۔ سالانہ بندوبست کا نقشہ، جو زمینداروں، تعلقہ داروں وغیرہ کے زمین کے معاملے سے متعلق بنایا جاتا ہے ۔ **تشخیص عام**۔ مؤنث۔ کچا اندازہ ۔

تشدّد (تَشَد۔ دُد) (ع) مذکر۔ جبر۔ زیادتی۔ سختی ۔

تشدید (تَش۔ دِید) (ع) مؤنث (۱) ایک جنس کے دو حرفوں کو ایک لکھنا اور دو پڑھنا، جیسے بچّہ کی چ (۲) حرفِ مشدّد کی علامت (ّ) ۔

تشرّع (تَشَر۔ رُع) (ع) مذکر (۱) شرع کی پابندی (۲) شرع پر چلنا۔ شرع کے مطابق کام کرنا۔ متشرّع بننا ۔

تشریح (تَش۔ رِیح) (ع) مؤنث (۱) شرح کرنا۔ بخوبی بیان کرنا (۲) وضاحت۔ تفسیر۔ تفصیل (۳) بدن کے جوڑوں وغیرہ کا پورا حال ۔

تشریف (تَش۔ رِیف) (ع) مؤنث (۱) عزّت۔ شرف۔ بزرگی (۲) بزرگ بنانا۔ تعظیم کرنا۔ عزّت کرنا (۳) خلعت (۴) خلعت پہنانا ۔

تشریف آوری (ع۔ ف) مؤنث۔ آنا۔ بزرگ کا آنا ۔

تشریف ارزانی فرمانا (ف) (۱) (لغوی) بزرگی بخشنا (۲) (اصطلاحی) کسی بزرگ یا امیر کا آنا ۔ **تشریف رکھنا**۔ قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔ بیٹھنا ۔

تشریف لے جانا (۱) سدھارنا۔ رخصت ہونا (۲) باقی نہ رہنا۔ جاتا رہنا ۔

تشرین (تَش۔ رِین) (ف) مذکر۔ دو رومی مہینے۔ پہلے کو تشرینِ اولیٰ (کاتک) اور دوسرے کو تشرینِ آخریٰ (اگھن) کہتے ہیں ۔

تشفّی (تَشَف۔ فِی) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) شفا چاہنا (۲) (اصطلاحی) تسکین۔ تسلّی۔ طمانیت۔ ڈھارس۔ دل جمعی۔ اطمینان (۳) قیام۔ قرار (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

تشکیک (تَش۔ کِیک) (ع) مؤنث (۱) شک میں ڈالنا (۲) شبہ۔ شک ۔

تِشنا (تِش۔ نا) (تشنیع کا بگاڑا ہوا) مذکر۔ طعنہ۔ ملامت۔ لعنت۔ بدگوئی (دینا کے ساتھ) ۔

تشنّج (تَشَن۔ نُج) (ع) مذکر (۱) پٹھوں کا کھنچنا (۲) جکڑ جانا۔ اکڑ جانا (۳) اینٹھن (ہونا کے ساتھ) ۔

تشنگاں (تِش۔ نَگاں) (ف) تشنہ کی جمع ۔ **تشنگی**۔ مؤنث (۱) پیاس۔ عطش (۲) (کنایۃً) شدّتِ شوق۔ شدّتِ آرزو ۔ **تشنہ** (۱) پیاسا (۲) آرزو مند۔ مشتاق۔ خواہش مند ۔ **تشنۂ خون**۔ خون کا پیاسا۔ جانی دشمن ۔ **تشنہ کام**۔ پیاسا ۔ **تشنہ لب** (۱) بے حد پیاسا (۲) نہایت خواہش مند (۳) ناکامیاب ۔

تشنیع (تَش۔ نِیع) (ع) مؤنث۔ بُرا بھلا کہنا۔ ملامت۔ طعنہ۔ لعن طعن۔ (عموماً طعن کے ساتھ بولتے ہیں) ۔

تشویش (تَش۔ وِیش) (ع۔ یہ اصل میں عربی نہیں، عربی دان اہلِ فارس کی ایجاد ہے) مؤنث (۱) گھبراہٹ۔ پریشانی (۲) فکر۔ تردّد۔ سوچ ۔

تشویق (تَش۔ وِیق) (ع) مؤنث (۱) شوق دلانا۔ ابھارنا۔ اکسانا (۲) شوق۔ رغبت ۔

تشویہ (تَش ۔ وِیَہ) (ع (۱) بھونا (۲) (علم کیمیا کی اصطلاح) دوا کو گرم بھوبھل میں بھونا ۔

تشہّد (تَشَہ ۔ ہُد) (ع) مذکر ۔ کلمۂ شہادت پڑھنا ۔

تشہیر (تَش ۔ ہِیر) (ع) مؤنث (۱) شہرت دینا ۔ مشہور کرنا ۔ منادی کرنا (۲) رسوا کرنا ۔ بدنام کرنا (۳) مجرم کا منہ کالا کر کے رسوائی سے گدھے کی سواری پر بازاروں میں پھرانا ۔

تشیّع (تَشَی ۔ یُع) (ع) مذکر ۔ شیعہ ہونا ۔

تشیّن (تَشَی ۔ یُن) (یہ لفظ اصل میں عربی نہیں ، اُردو والوں نے شان سے بہ قاعدۂ عربی مصدر بنا لیا ہے ۔) مذکر ۔ شان ۔ مرتبہ ۔ عظمت ۔

ت ۔ ص

تَصادُم (تَصا ۔ دُم) (ع) مذکر (۱) صدمہ ہونا ۔ باہم ٹکرانا ۔ دھکا لگنا ۔ دھکا دینا ۔ (۲) دھکا (۳) بھیڑ ۔

تصانیف (تَصا ۔ نِیف) (ع) (مؤنث و مذکر) تصنیف کی جمع ۔ طبیعت اور دماغ کے زور سے لکھی ہوئی کتابیں ۔

تصاویر (تَصا ۔ وِیر) (ع) (مؤنث و مذکر) تصویر کی جمع ۔ تصویریں ۔

تصحیح (تَص ۔ حِیح) (ع) مؤنث (۱) درست کرنا ۔ صحیح کرنا ۔ غلطی دور کرنا (۲) صحت ۔ درستی ۔ **تصحیحہ** ۔ مذکر (۱) نشان دینے کے لیے گھوڑوں کا اجتماع (۲) ملازموں کی فہرست اور حلیہ درج کرنے کا رجسٹر ۔

تصحیف (تَص ۔ حِیف) (ع) مؤنث (۱) لکھنے میں غلطی کرنا (۲) تحریر کی غلطی (۳) الفاظ کا اعراب یوں تبدیل کرنا کہ ان کا تلفظ مختلف ہو جائے (۴) (فنِ معمّا کی اصطلاح) کسی لفظ کے حروف گھٹانے بڑھانے یا بدلنے اور مٹانے سے ان کی صورت بدل دینا ۔

تصدّق (تَصَد ۔ دُق) (ع) مذکر (۱) صدقہ دینا ۔ روپیہ ، غلّہ یا جانور کسی پر سے اُتارنا ۔ نثار کرنا ۔ وارنا (۲) قربانی (۳) نثار ۔ صدقے (۴) خیرات ۔ صدقہ (۵) بدولت ۔ طفیل (اُتارنا ، جانا ، کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

تصدیع (تَص ۔ دِیع) (ع) مؤنث ۔ تکلیف ۔ دُکھ ۔ دردِسر ۔ **تصدیعہ** ۔ مذکر (ایک بار) تکلیف دہی ، دردِسر ، دُکھ ، (اُٹھانا ، دینا کے ساتھ) ۔

تصدیق (تَص ۔ دِیق) (ع) مؤنث (۱) سچائی ۔ صحت ۔ صداقت (۲) (منطق) چند تصورات کے ساتھ حکم ہونا (۳) (و) اثبات ۔ ثبوت (۴) شہادت ۔ گواہی (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

تصرّف (تَصَر ۔ رُف) (ع) مذکر (۱) غیر زبان کے لفظ میں کمی بیشی یا تغیّر و تبدّل کر کے اپنی زبان میں استعمال کرنا (۲) دست اندازی (۳) استعمال ۔ اختیار ۔ قبضہ (۴) خرچ ۔ صرف (۵) کچھ کا کچھ کر دینا ۔ اپنی طرف سے کچھ بنانا ۔ تغیّر ۔ تبدّل (۶) کرامت ۔ خرقِ عادت (۷) خیانت ۔ غبن ۔ **تصرّفِ بیجا** ۔ مذکر (۱) ناجائز قبضہ ۔ غبن (۲) خورد بُرد کرنا ۔ ناجائز طریق سے قبضے میں لانا ۔ **تصرّفِ بیجائے مجرمانہ** (ع ۔ ف) مذکر ۔ ناجائز قبضہ ، جو جُرم ہو ۔

تصریح (تَص ۔ رِیح) (ع) مؤنث (۱) تفصیل ۔ شرح ۔ تشریح (۲) واضح طور پر بیان کرنا ۔

تصریف (تَص ۔ رِیف) (ع) مؤنث (۱) گردان کرنا ۔ مصدر کی گردان کرنا (۲) ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھیرنا ۔

تصعید (تَص ۔ عِید) (ع) مؤنث (۱) اُونچی جگہ چڑھنا ۔ بلند ہونا (۲) آگ سے کوئی دوا دیگچی سے اُڑا کر سرپوش پر جما دینا ۔

تصغیر (تَص ۔ غِیر) (ع) مؤنث (۱) خُردی ۔ کوتاہی ۔ چھٹائی ۔ تقلیل ۔ تخفیف (۲) چھوٹا کرنا (۳) (قواعد) وہ اسمِ ذات ، جس میں چھٹائی کے معنی پائے جائیں ، جیسے کھٹیا ۔ گھڑیا ۔

تصفیہ (تَص ۔ فِیَہ) (ع) مذکر (۱) صلح ۔ فیصلہ ۔ صفائی (۲) نیاؤ ۔ بیچ بچاؤ (۳) (و) بیباق ۔ چکوتا ۔ انفصال ۔ **تصفیۂ حساب** ۔ مذکر ۔ حساب کی صفائی ۔ **تصفیہ نامہ** (ف) مذکر ۔ فیصلے کی تحریر ۔

تصمیم (تَص ۔ مِیم) (ع) مؤنث (۱) مضبوطی (ارادے کی) (۲) قصد ۔ ارادہ (۳) پختہ کرنا (۴) خالص کرنا ۔

تصنّع (تَصَن ۔ نُع) (ع) مذکر (۱) ساخت ۔ بناوٹ (۲) بناؤ ۔ آراستگی (۳) ظاہری نمائش ۔ دکھاوا ۔ تکلّف (۴) (قانون) دھوکا ، فریب ۔ جعل ، مکر ۔ تغیّر ۔ تبدیل ۔ تلبیس ۔

تصنیف (تَص ۔ نِیف) (ع) مؤنث (۱) دماغ اور طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا (۲) لکھی ہوئی کتاب (۳) تیار کیا ہوا ۔ بنایا ہوا ۔ ایجاد (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

تصوّر (تَصَو ۔ وُر) (ع) مذکر (۱) خیال ۔ فکر ۔ دھیان (۲) مراقبہ (۳) منصوبہ ۔ سوجھ (۴) (منطق) حکم کے بغیر کسی چیز کا خیال کرنا ۔

تصوّف (تَصَو ۔ وُف) (ع) مذکر (۱) دل سے نفسانی خواہشوں کو دُور کر کے خُدا کی طرف دھیان لگانا (۲) علمِ معرفت (۳) تزکیۂ نفس کا طریق (۴) صوفیوں کا عقیدہ ۔

تصویر (تَص ۔ وِیر) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) صورت گری ۔ صورت بنانا (۲) بُت ۔ نقشہ ۔ نقش ۔ روپ ۔ شبیہ ۔ مورت (۳) (و) نہایت دلکش ۔ بے حد خُوب صُورت ۔ قابلِ تصویر ۔ **تصویر بن (رہ) جانا** (ا) (۱) متحیّر ہو جانا (۲) خاموش ہو جانا ۔ بے حس و حرکت ہو جانا ۔ بُت بن جانا ۔ **تصویر کا دوسرا رخ** (ف) مذکر (۱) تصویر کی دوسری طرف (۲) کسی چیز یا بات کا دوسرا پہلو ۔ **تصویر کھینچنا** ۔ نقشہ بنانا ۔ مورت بنانا ۔ شبیہ اتارنا ۔

ت - ض

تضاد (تَضَا دْ) (ع) مذکر (۱) آپس میں مخالفت ہونا۔ باہم ضد ہونا (۲) مؤنث۔ نظم و نثر کی صنعت، جس میں مخالف الفاظ جمع کیے جاتے ہیں۔

تضاعف (تَضَا۔ عُفْ) مذکر (۱) دوچند ہونا۔ دُگنا ہونا (۲) دوچند۔ دُگنا۔

تضحیک (تَضْ۔ حِیکْ) (ع) مؤنث (۱) مضحکہ۔ مزاح۔ ٹھٹھا۔ ہنسی (۲) ہنسی اُڑانا یا اُڑانا (۳) توہین۔ رسوائی۔ ذلت (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

تضرع (تَضَرْ۔ رُعْ) (ع) مذکر و مؤنث (۱) منت کرنا۔ گڑگڑانا۔ رونا پیٹنا (۲) منت سماجت۔ خوشامد (۳) گریہ و زاری (۴) انکسار۔ عجز (کرنا کے ساتھ)۔

تضعیف (تَضْ۔ عِیفْ) (ع) مؤنث (۱) دوچند کرنا۔ دُگنا (۲) دہرا کرنا۔ تہ کرنا (۳) زیادہ کرنا۔ افزوں کرنا۔

تضمین (تَضْ۔ مِینْ) (ع) مؤنث (۱) شامل کرنا۔ ملانا (۲) کسی شاعر کا مصرع یا شعر اپنے شعروں میں لانا۔ مصرع یا شعر پر مصرع لگانا۔ بند لگانا (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

تضیع (تَضِیْعْ) (ع) مؤنث۔ (اصل میں تضییع ہے، لیکن اُردو میں مخفف کر لیا گیا ہے) ضائع کرنا۔ **تضیع اوقات**۔ مؤنث۔ وقت ضائع کرنا یا گنوانا۔ اوقات خراب کرنا۔ عمر رائگاں کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

ت - ط

تطابق (تَطَا۔ بُقْ) (ع) مذکر (۱) مطابقت۔ موافقت۔ مناسبت۔ مشابہت۔ یکسانی۔ تشبیہ (۲) باہم مطابق ہونا۔

تطاول (تَطَا۔ وُلْ) (ع) مذکر (۱) تعدّی۔ دست درازی۔ ظلم (۲) دست درازی کرنا۔

تطبیق (تَطْ۔ بِیقْ) (ع) مؤنث (۱) مقابل کرنا۔ مطابق کرنا۔ برابر کرنا (۲) موافقت۔ مطابقت۔ میل۔

تطوّع (تَطَوْ۔ وُعْ) (ع) مذکر (۱) حکم کی تعمیل کرنا (۲) مستحبات اور نوافل کا ادا کرنا۔

تطویل (تَطْ۔ وِیلْ) (ع) مؤنث۔ (۱) لمبا کرنا۔ دراز کرنا (۲) دیر لگانا (۳) وسعت۔ لمبائی (۴) دیر۔ التوا۔

تطہیر (تَطْ۔ ہِیرْ) (ع) مؤنث (۱) پاک کرنا۔ صاف کرنا (۲) طہارت۔ پاکی (۳) تزکیہ۔ تنقیہ۔

ت - ظ

تظلّم (تَظَلْ۔ لُمْ) (ع) مذکر (۱) ظلم و ستم سے فریاد کرنا (۲) فریاد (بجور اور ظلم کے معنی میں غلط ہے)۔

ت - ع

تعارض (تَعَا۔ رُضْ) (ع) مذکر (۱) ایک دوسرے کے مقابل ہونا (۲) باہم جھگڑا ہونا (۳) ریس کرنا۔ برابری کرنا (۴) متناقض ہونا۔ مخالف ہونا۔

تعارف (تَعَا۔ رُفْ) (ع) مذکر۔ واقفیت۔ جان پہچان۔ شناسائی۔

تعاقب (تَعَا۔ قُبْ) (ع) مذکر (۱) پیچھا کرنا۔ پیچھے جانا۔ پکڑنے کے لیے بھاگے ہوئے کے پیچھے دوڑنا (۲) پیروی۔

تعال (تَعَالْ) (ع) (۱) آ۔ آجا۔

تعالیٰ (تَعَا۔ لَا) (ع) (۱) (لغوی) بلند ہوا (۲) (اصطلاحی) بلند۔ برتر۔ عالی مرتبہ۔ **تعالیٰ اللہ** (۱) (لغوی) خدا بزرگ ہے (۲) (اصطلاحی) (تعجب اور تعریف کا کلمہ) سبحان اللہ۔ واہ وا۔

تعاون (تَعَا۔ وُنْ) (ع) مذکر (۱) ایک دوسرے کی مدد کرنا (۲) باہمی امداد۔

تعب (تَعَبْ) (ع) مذکر۔ تکلیف، مشقت، محنت، دکھ، رنج، سختی۔

تعبّد (تَعَبْ۔ بُدْ) (ع) مذکر۔ عبادت کرنا۔ بندگی کرنا۔

تعبیر (تَعْ۔ بِیرْ) (ع) مؤنث (۱) عبارت میں لانا۔ بیان کرنا (۲) خواب کا نتیجہ بیان کرنا (۳) خواب کا نتیجہ۔

تعبیہ (تَعْ۔ بِیَہْ) (ع) مذکر (۱) آراستہ کرنا (۲) ترتیب (۳) لڑائی کے لیے تیار ہونا (۴) پچی کاری کرنا (۵) پوشیدہ کرنا (۶) ایک شے کا دوسری شے میں اس طرح مل جانا کہ معلوم نہ ہو۔

تعجّب (تَعَجْ۔ جُبْ) (ع) مذکر۔ انوکھاپن۔ اچنبھا۔ حیرت۔ تحیر۔ اچرج۔

تعجیل (تَعْ۔ جِیلْ) (ع) مؤنث۔ عجلت۔ شتابی۔ جلدی۔

تعداد (تَعْ۔ دَادْ) (ع) مؤنث (۱) گنتی۔ شمار۔ مقدار (۲) تخمینہ۔ اندازہ۔

تعدّد (تَعَدْ۔ دُدْ) (ع) مذکر۔ (۱) تعداد میں زیادہ ہونا (۲) بہتات (۳) گنتی۔ اعداد (۴) ضرب دینا (۵) بڑھنا۔ **تعدّدِ ازواج**۔ مذکر۔ بہت سی بیویاں کرنا۔

تعدّی (تَعَدْ۔ دِی) (ع) مؤنث (۱) ظلم۔ ستم۔ زیادتی (۲) حد سے تجاوز کرنا (۳) فعل کا متعدی ہونا یا بن جانا۔

تعدیل (تَعْ۔ دِیلْ) (ع) مؤنث (۱) راست اور درست کرنا (۲) ایک شے کو دوسری شے کے برابر کرنا۔ **تعدیلِ ارکان**۔ مؤنث۔ (فقہ) نماز کے ارکان کا آہستہ آہستہ ٹھیک ٹھیک ادا کرنا۔

تعذّر (تَعَذْ۔ ذُرْ) (ع) مذکر (۱) عذر کرنا۔ حجت کرنا (۲) معذوری (۳) کسی کام کا مشکل ہونا۔

تعذیب (تَعْ۔ ذِیبْ) (ع) مؤنث۔ عذاب دینا۔ دکھ دینا۔

تعذیر (تَعْ۔ ذِیرْ) (ع) مؤنث (۱) عذر کرنا (۲) معذور رکھنا۔

تعرّض (تَعَرْ۔ رُضْ) (ع) مذکر (۱) مزاحمت کرنا۔ روکنا۔ حائل ہونا۔

(۲) روک ٹوک ۔ مزاحمت ٭

تعرّف (تَعَرْ ۔ رُفْ) (ع) مذکّر (۱) شناخت کرنا (۲) جتانا ٭

تعریب (تَعْ ۔ رِیْب) (ع) مؤنّث ۔ کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا ٭

تعریض (تَعْ ۔ رِیْض) (ع) مؤنّث (۱) اعتراض ۔ گرفت (۲) مزاحمت کرنا ۔ مخالفت کرنا ٭

تعریف (تَعْ ۔ رِیْف) (ع) مؤنّث (۱) توصیف ۔ مدح ۔ ثنا (۲) پہچان ۔ شناسائی ۔ واقفیت (۳) تشریح ۔ بیان ۔ (۴) کسی کو کسی سے شناسا کرنا ٭ **تعریف المجہول بالمجہول** ۔ مؤنّث ۔ نامعلوم بات کا بیان نامعلوم الفاظ میں ٭ **تعریف کرنے منہ سوکھتا ہے** ۔ (۱) تعریف نہیں ہو سکتی ٭

تعرُّق (تَعْ ۔ رُقْ) (ع) مؤنّث ۔ پسینا نکلنا ۔ عرق لانا (یہ لفظ لغات عرب میں موجود نہیں) ٭

تعزیت (تَعْ ۔ زِیَتْ) (ع) مؤنّث ۔ ماتم پرسی ۔ مُردے کے عزیزوں سے ہمدردی کا اظہار ٭

تعزیر (تَعْ ۔ زِیْر) (ع) مؤنّث (۱) سزا ۔ گوشمالی ۔ سیاست (۲) ڈانٹنا ۔ تنبیہ کرنا ٭ **تعزیراتِ ہند** ۔ مؤنّث ۔ ہندوستان کے فوجداری قانون کی کتاب ٭

تعزیل (تَعْ ۔ زِیْل) (ع) مؤنّث ۔ عہدے سے برطرف کرنا ۔ معزول کرنا ۔ موقوف کرنا ٭

تعزیہ (تَعْ ۔ زِیَہ) (ع) مذکّر ۔ حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کی تربتوں کی نقل، جو عاشورۂ محرّم میں بنائی جاتی ہے ٭ **تعزیہ اٹھانا** (۱) تعزیے کو امام باڑے یا تعزیہ خانے سے گشت کرانے یا دفن کرنے کے لیے لے جانا ٭ **تعزیہ ٹھنڈا ہونا** ۔ (۱) تعزیے کا دفن ہونا (۲) کسی بڑے آدمی کا مرنا (۳) (ہندو) دیوالا نکلنا ٭ **تعزیہ دار** (ع ۔ ف) مذکّر ۔ تعزیہ نکالنے والا شخص ۔ سوگوار ٭ **تعزیہ داری** ۔ مؤنّث (۱) تعزیہ نکالنا ۔ تعزیہ بنانا (۲) سوگواری ٭

تعسّر (تَعَسْ ۔ سُرْ) (ع) مذکّر (۱) مشکل ہونا (۲) اِشکال ۔ دشواری ٭

تعشّق (تَعَشْ ۔ شُقْ) (ع) مذکّر (۱) عشق ۔ چاہ ۔ پیار (۲) تمنّا ۔ آرزو ۔ شوق ۔ اشتیاق ٭

تعصّب (تَعَصْ ۔ صُبْ) (ع) مذکّر (۱) طرف داری ۔ پشتی ۔ حمایت (۲) مذہبی رعایت (۳) بے جا حمایت ٭

تعطّف (تَعَطْ ۔ طُفْ) (ع) مذکّر (۱) مہربانی (۲) مہربانی کرنا ٭

تعطّل (تَعَطْ ۔ طُلْ) (ع) مذکّر (۱) بیکاری (۲) بیکار ہونا ٭

تعطیل (تَعْ ۔ طِیْل) (ع) مؤنّث (۱) چھٹی ۔ کام نہ کرنے کا دن ۔ تہوار کا دن (۲) کام سے فارغ کرنا (۳) سنسان کرنا ۔ خالی کرنا ٭

تعظیم (تَعْ ۔ ظِیْم) (ع) مؤنّث (۱) عزّت کرنا ۔ بڑا جاننا (۲) آؤ بھگت ۔ عزّت ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ وقعت ۔ قدر و منزلت ۔ توقیر ۔ حرمت ٭ **تعظیم دینا** (۱) (۱) کسی کے آنے پر کھڑا ہو جانا ۔ کھڑے ہو کر عزت کرنا ۔ استقبال کر کے صدر میں بٹھانا (۲) سلامی اتارنا ٭ **تعظیم کرنا** (۱) آداب بجا لانا ۔ عزّت کرنا (۲) سلامی اتارنا ٭

تعفّف (تَعَفْ ۔ فُفْ) (ع) مذکّر ۔ دین داری ۔ پارسائی ۔ پرہیزگاری ٭

تعفّن (تَعَفْ ۔ فُنْ) (ع) مذکّر ۔ بدبو ۔ سڑاند ٭

تعقّل (تَعَقْ ۔ قُلْ) (ع) مذکّر (۱) کسی کام میں فکر کرنا ۔ سوچنا ۔ سمجھنا (۲) خبر دینا ۔ اطلاع دینا ٭

تعقیب (تَعْ ۔ قِیْب) (ع) مؤنّث (۱) نماز پڑھنے کے بعد وظیفے یا دعا کے لیے بیٹھنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز کے پیچھے کرنا (۳) دیر کرنا ٭

تعقید (تَعْ ۔ قِیْد) (ع) مؤنّث (۱) گرہ دینا ۔ مضبوط باندھنا (۲) جوڑنا ۔ شامل کرنا ۔ ملانا (۳) پوشیدہ بات کہنا ٭ **تعقید لفظی** ۔ مؤنّث ۔ قاعدے کے خلاف لفظوں کا آگے پیچھے کر دینا، جس سے معنی سمجھنے میں دِقّت ہو ٭ **تعقید معنوی** ۔ مؤنّث ۔ ایسا لفظ لایا جائے، جس سے شاعر کی مراد کچھ اَور ہو، لیکن موقع استعمال میں کچھ اَور معنی دے رہا ہو ٭

تعلّق (تَعَلْ ۔ لُقْ) (ع) مذکّر (۱) لگاؤ ۔ علاقہ (۲) میل ۔ مناسبت (۳) رجحان ۔ میلان (۴) رشتہ (۵) واسطہ ۔ سروکار (۶) (۱) خدمت ۔ ملازمت ٭ **تعلّقہ** (۱) مذکّر ۔ علاقہ ۔ جاگیر ۔ حقیّت ۔ ملکیت (۲) (عوام) لگاؤ ٭ **تعلّقہ دار** ۔ مذکّر (۱) جاگیردار ۔ علاقہ دار (۲) وہ رئیس، جو زمینداری میں قانونِ اودھ کے مطابق حقِّ اعلیٰ رکھتا ہو ٭ **تعلّقہ داری** ۔ مؤنّث ۔ تعلقہ دار یا جاگیر دار ہونا ٭

تعلّم (تَعَلْ ۔ لُمْ) (ع) مذکّر ۔ سیکھنا ۔ علم پڑھنا ٭

تعلّی (تَعَلْ ۔ لِیْ) (ع) مؤنّث (۱) لاف ۔ ڈینگ ۔ شیخی (۲) ترقّی ۔ بلندی ٭ **تعلّی کی لینا** (۱) ڈینگ مارنا ۔ شیخی بگھارنا ٭

تعلیق (تَعْ ۔ لِیْق) (ع) مؤنّث (۱) لٹکانا (۲) متعلّق کرنا (۳) ملتوی کرنا ٭ **تعلیق میں رہنا** ۔ (۱) ملتوی رہنا ٭ **تعلیقہ** ۔ مذکّر (۱) مکان کی قرقی ۔ مال اسباب کی ضبطی (۲) قرق شدہ اسباب کی فہرست (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ٭

تعلیل (تَعْ ۔ لِیْل) (ع) مؤنّث (۱) سبب نکالنا ۔ وجہ بیان کرنا (۲) قواعد میں تبدیل حروفِ علّت یا اعراب کا باعث واضح کرنا ٭

تعلیم (تَعْ ۔ لِیْم) (ع) مؤنّث (۱) سکھانا (۲) تادیب ۔ تربیت (۳) ہدایت ، تلقین ، تفہیم (۴) آراستگی ۔ تہذیب (۵) (۱) ناچنے گانے کی مشق (۶) گھوڑا سدھانا ٭ **تعلیم پانا** (۱) (۱) ہدایت پانا ۔ تربیت پانا (۲) ناچ گانا سیکھنا ٭ **تعلیم لینا** ۔ ناچ گانا یا گانا بجانا سیکھنا ٭

تعمّق (تَعَمْ ۔ مُقْ) (ع) مذکّر ۔ غور کرنا ۔ کسی چیز کی تہ کو پہنچنا ٭

تعمیر (تَعْ ۔ مِیْر) (ع) مؤنّث (۱) نئے سرے سے مکان بنانا ۔ مرمّت کرنا (۲) عمارت ٭

تعمیق (تَعْ ۔ مِیْق) (ع) مؤنّث ۔ خوب سوچنا ۔ غور کرنا ۔ کسی کام میں

دُور اندیشی کرنا۔

تعمیل (تَع۔ مِیل) (ع) مؤنث (۱) عمل کرنا۔ عمل میں لانا (۲) حکم پورا کرنا یا بجا لانا (۳) خدمت گزاری۔ فرماں برداری (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

تعمیلِ معاہدہ ۔ مؤنث۔ اقرار کی تعمیل۔

تعمیم (تَع۔ مِیم) (ع) مؤنث۔ عام کرنا۔ سب کو شامل کرنا۔

تعمیہ (تَع۔ مِیَہ) (ع) مذکر (۱) چھپاؤ۔ پوشیدگی (۲) مادۂ تاریخ کی کمی کسی حرف یا لفظ یا فقرے کے اضافے سے پوری کر دینا۔

تعنّت (تَعَن۔ نُت) (ع) مذکر۔ طعنہ۔ عیب۔ بدگوئی۔ عیب جوئی۔

تعوّذ (تَعَو۔ وُذ) (ع) مذکر۔ اعوذ باللہ کہنا۔

تعویذ (تَع۔ وِیذ) (ع) مذکر (۱) بچاؤ۔ امان (۲) پناہ دینا (۳) وہ کاغذ، جس پر کوئی دعا وغیرہ لکھ کر گلے میں ڈالتے یا کسی اَور عضو پر باندھتے یا زمین میں گاڑتے یا کنوئیں میں ڈالتے یا دریا میں بہاتے ہیں۔ حرز۔ نقش (۴) قبر کا پتھر۔ لوحِ مزار۔ **تعویذ چاٹنا** (ف) ذہن بڑھنے کے لیے کوئی نقش یا کلامِ الٰہی کا لکھا ہُوا پُرزہ زبان سے چاٹنا۔ **تعویذ وطومار** (ع۔ ف) مذکر (ع) جادو ٹونا۔ ٹوٹکا۔ تعویذ گنڈا۔ **تعویذی گلوری** ۔ مؤنث۔ پان کا مربّع یا چوکھونٹا بیڑا۔

تعویق (تَع۔ وِیق) (ع) مؤنث۔ لیت ولعل۔ تساہل۔ دیر۔ ڈھیل۔

تعہّد (تَعَہ۔ ہُد) (ع) مذکر۔ عہدنامہ۔ اقرارنامہ۔ **تعہّد دار** (ع۔ ف) اقرارنامہ رکھنے والا۔ پٹے دار۔

تعیّش (تَعَی۔ یُش) (ع) مذکر۔ عیش کرنا۔ مزے اُڑانا۔ عیش کا سامان مہیا کرنا۔

تعیّن (تَعَی۔ یُن) (ع) مذکر (۱) تشخص۔ تقرر۔ ٹھہرانا (۲) انحصار۔ روک۔ قید (۳) (تصوّف) مطلق کے خلاف۔ ہستی۔ وجود۔ **تعیّنات** ۔ (و) تعیّن کی جمع۔ تقررات۔ **تعینات** (تَعی۔ نَات) (و) مسلّط۔ مقرر۔ **تعیناتی** (تَعی۔ نَا۔ تِی) (و) مؤنث۔ تقرر۔

تعیّنِ دعویٰ (ع۔ ف) مذکر۔ دعوے کا مقرر کرنا۔ **تعیین** (تَع۔ یِین) (ع) مؤنث۔ مخصوص کرنا۔ مقرر کرنا۔ معیّن کرنا۔

تعیینات (تَع۔ یِی۔ نَات) (ع) (۱) تعیین کی جمع (۲) (ف) (مجازاً) مقررہ۔ معیّنہ۔

ت۔غ

تغار (تَغَار) (ف) مذکر (۱) مٹی کا کونڈا یا ناند (۲) گارا بنانے یا چونا بھگونے کا گڑھا۔ **تغاری** (ف) مؤنث۔ آٹا گوندھنے کا گِل برتن۔ چھوٹا کونڈا (۲) لوہے یا مٹی کا وہ برتن، جس میں خمیر شدہ چونا رکھا جاتا ہے۔

تغافل (تَغَا۔ فُل) (ع) مذکر (۱) جان بوجھ کر غفلت کرنا (۲) بے خبری۔ غفلت (۳) بے پروائی۔ بے التفاتی۔ کم توجہی (۴) تساہل۔ سستی۔

تغافل پسند۔ تغافل شعار ۔ بے پروا۔ لاابالی۔ غافل۔

تغافل اور غفلت میں فرق :۔ تغافل میں ارادہ ضروری ہے اور غفلت ارادے کے بغیر بھی ہوتی ہے۔

تغایُر (تَغَا۔ یُر) (ع) مذکر (۱) تفاوت۔ فرق۔ پھیر (۲) باہم مغائر ہونا۔ غیریّت۔

تغذیہ (تَغ۔ ذِیَہ) (ع) مذکر (۱) غذا دینا (۲) غذا۔ خورش۔

تغزّل (تَغَز۔ زُل) مذکر۔ غزل گوئی۔

تغلّب (تَغَل۔ لُب) (ع) مذکر (۱) تصرفِ بیجا۔ خیانت۔ غبن (۲) قبضہ کرنا۔ غلبہ کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

تغلیط (تَغ۔ لِیط) (ع) مؤنث۔ کسی کو غلطی میں ڈالنا۔ کسی کو غلطی کی طرف منسوب کرنا۔

تغما۔ تغمہ (تَغ۔ مَا ۔ تَغ۔ مَہ) (و) مذکر۔ دیکھیے "تمغا۔ تمغہ"۔

تغما بٹھانا ۔ دیکھیے "تمغا بٹھانا"۔

تغنّی (تَغَن۔ نِی) (ع) مؤنث (۱) گانا (۲) بے پروا ہونا۔

تغیّر (تَغَی۔ یُر) (ع) مذکر (۱) پلٹنا۔ پلٹا۔ ایک حالت سے دوسری حالت میں جانا (۲) تبدیلِ حالت۔ انقلاب (۳) ابتری۔ **تغیّراتِ ہرسالہ** (ع۔ ف) مذکر۔ ایک کتاب، جو تحصیل دار کے پاس رہتی ہے اور جس میں ہر سال کے تغیرات مثلاً نمبروں کا داخل خارج وغیرہ لکھے جاتے ہیں۔

تغییر (تَغ۔ یِیر) (ع) مؤنث۔ بدل دینا۔

ت۔ف

تَف (تَف) (ف) مؤنث (۱) دھواں۔ بھاپ۔ بخارات (۲) گرمی۔

تُف (تُف) (ف) مذکر و مؤنث (۱) تھوک۔ لعابِ دہن (۲) (و) لعنت۔ ملامت۔

تُف ہے تیری اوقات پر ۔ تیرے طور وطریق پر لعنت ہے۔

تفّاح (تُف۔ فَاح) (ع) مذکر۔ سیب۔

تفاخر (تَفَا۔ خُر) (ع) مذکر۔ دوسروں سے اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔ فخر جتانا۔ ڈینگ مارنا۔

تفاریق (تَفَا۔ رِیق) (ع) مذکر و مؤنث۔ تفریق کی جمع (۱) تفرقے۔ جدائیاں (۲) وقفے (۳) قسطیں۔ بدفعات۔ کئی دفعہ کرکے (۴) فرق۔

تفاسیر (تَفَا۔ سِیر) (ع) مذکر و مؤنث۔ تفسیر کی جمع۔ تفسیریں۔

تفاصیل (تَفَا۔ صِیل) (ع) مذکر و مؤنث۔ تفصیل کی جمع۔ تفصیلات۔

تفاوت (تَفَا۔ وُت) (ع) مذکر (لکھنؤ میں مؤنث بھی بولتے ہیں) (۱) فرق۔ دُوری۔ فاصلہ (۲) جدائی۔

تفاؤل (تَفَا۔ وُل) (ع) مذکر۔ شگون لینا۔ فال لینا۔

تفتہ (تَف۔ تَہ) (ف) (۱) سوختہ۔ جلا بھنا۔ گداختہ (۲) (مجازاً) عاشق۔

تفتہ جگر ۔ تفتہ دل ۔ (۱) عشق کی آگ سے جلا ہوا ۔ اندوہناک ۔ غمگین ۔ دل جلا ۔ سوختہ جگر (۲) (کنایۃً) عاشق ۔

تفتیح (تَفْ ۔ تیح) (ع) مؤنث ۔ کھولنا ۔

تفتیش (تَفْ ۔ تیش) (ع) مؤنث (۱) کھودنا (۲) سراغ ۔ کھوج ۔ چھان بین (۳) دریافت ۔ جستجو ۔ کوشش (۴) پولیس کی سرسری تحقیقات ۔

تفحّص (تَفَ ۔ حُّص) (ع) مذکر ۔ ڈھونڈھ ۔ ٹوہ ۔ تجسس ۔ تلاش ۔ جستجو ۔

تفخیم (تَفْ ۔ خیم) (ع) مؤنث (۱) بزرگ رکھنا ۔ بزرگ کرنا ۔ بڑا کرنا (۲) حروفِ مخصوصہ ۔ پُر کرکے پڑھنا ۔

تفرّج (تَفَرْ ۔ رُج) (ع) مذکر (۱) راحت ۔ خوشحالی ۔ کشائش (۲) (مجازاً) سیر تماشا ۔

تفرّد (تَفَرْ ۔ رُد) (ع) مذکر (۱) یکتائی (۲) خلوت ۔ تنہائی ۔

تفرّس (تَفَرْ ۔ رُس) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کو دیکھتے ہی علامات وغیرہ سے پہچان جانا ۔ قیافے سے پہچان لینا (۲) فہم ۔ فراست ۔ دانائی ۔ سمجھ ۔ عقل ۔

تفرقہ (تَفْ ۔ رِقَہ) (ع) مذکر (۱) فرق ۔ تفاوت ۔ اختلاف (۲) جدائی ۔ فاصلہ (۳) پراگندگی ۔ انتشار ۔ نفاق ۔ نااتفاقی ۔ پھوٹ ۔ (پڑنا ۔ ڈالنا کے ساتھ) ۔

تفرنج (تَفَرْ ۔ نُج) (ع) مذکر ۔ فرنگی ہونا ۔

تفریح (تَفْ ۔ ریح) (ع) مؤنث (۱) مذاق ۔ ٹھٹھا ۔ چہل ۔ ہنسی ۔ خوش طبعی ۔ دل لگی (۲) دل بہلانا ۔ سیر ۔ ہواخوری (۳) فرحت ۔ شگفتگی ۔ تازگی ۔ **تفریحاً** (تَفْ ۔ ری ۔ حَنْ) دل لگی سے ۔ مذاقاً ۔ ہنسی سے ۔ خوش طبعی کے طور پر ۔ مزاح سے ۔ تفریح کے رو سے ۔

تفریح طبع ۔ مؤنث (۱) کھلی ۔ چہل ۔ ہنسی ۔ دل لگی (۲) طبیعت کی فرحت ۔ خوشی ۔ دل بہلاوا ۔

تفریس (تَفْ ۔ ریس) (ع) مؤنث (۱) کسی غیر زبان کا لفظ فارسی بنا لینا (۲) چیرنا ۔ پھاڑنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

تفریط (تَفْ ۔ ریط) (ع) مؤنث (۱) کمی کرنا ۔ غفلت کرنا (۲) کمی ۔ کوتاہی ۔

تفریق (تَفْ ۔ ریق) (ع) مؤنث (۱) فرق ۔ علیحدگی ۔ جدائی (۲) (حساب) کسی بڑے عدد سے چھوٹے عدد کو گھٹانا ۔ منہائی (۳) امتیاز ۔ تمیز (۴) (قانون) بانٹ ۔ بٹائی ۔ **تفریق نامہ** (ع ۔ ف) مذکر (۱) دستاویز جس میں ہر فریق کے حصے درج ہوں (۲) اقرار نامہ جو مختلف اشخاص کے دعویٰ کردہ حصوں کا فیصلہ کر دے ۔

تفسیدہ (تَفْ ۔ سی ۔ دَہ) (ف) جلا ہوا ۔ بہت گرم ۔

تفسیر (تَفْ ۔ سیر) (ع) مؤنث (۱) مغز سخن کو ظاہر کرنا (۲) تصریح ۔ تفصیل ۔ تشریح (۳) (اصطلاحاً) قرآن مجید کی شرح ۔ آسمانی کتاب کی شرح ۔

تفصیل (تَفْ ۔ صیل) (ع) مؤنث (۱) فیصل کرنا ۔ بیان کرنا ۔ علیحدہ کرنا (۲) بیان ، تشریح (۳) (۵) فرد ۔ فہرست (۴) کیفیت ۔

تفضیل (تَفْ ۔ ضیل) (ع) مؤنث (۱) بڑائی دینا ۔ ترجیح دینا ۔ فضیلت دینا (۲) فوقیت ۔ ترجیح ۔ فضیلت ۔ بڑائی ۔ شرف ۔ **تفضیلِ بعض** ۔ مؤنث ۔ بعض پر ترجیح دینا ۔ صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو بعض پر فضیلت دی جائے ۔ **تفضیلِ کُل** ۔ مؤنث ۔ سب پر فوقیت دینا ۔ صفت کی وہ قسم جس میں ایک موصوف کو سب پر ترجیح دی جائے ۔ **تفضیلِ نفسی** ۔ مؤنث ۔ ذاتی فضیلت ۔ صفت کی وہ قسم جس میں ایک موصوف کو دوسرے موصوف پر فوقیت نہ دی جائے ۔

تفقّد (تَفَقْ ۔ قُد) (ع) مذکر ۔ دلجوئی ۔ مہربانی ۔

تفقّہ (تَفَقْ ۔ قُہ) (ع) مذکر (۱) علم فقہ جاننا (۲) عقلمند ہونا ۔

تُفک (تُ ۔ فَک) (ف) مؤنث ۔ تفنگ ۔

تفکّر (تَفَکْ ۔ کُر) (ع) مذکر ۔ اندیشہ ۔ فکر ۔ سوچ بچار ۔

تفکّہ (تَفَکْ ۔ کُہ) (ع) مذکر (۱) میوہ کھانا (۲) مزہ ۔ لطف (۳) تعجب (۴) غم (۵) توبہ ۔ شرمندگی ۔ ندامت ۔ انفعال ۔

تفنگ (تُ ۔ فَنگ) (ف) مؤنث (۱) پھونک کے ذریعے سے تیر یا کنکر پھینکنے کی لمبی نالی (۲) ہوائی بندوق ۔ توڑے دار بندوق ۔

تفنّن (تَفَنْ ۔ نُن) (ع) مذکر (۱) رنگ رنگ کا ہونا ۔ قسم قسم کا ہونا ۔ طرح طرح کا ہونا (۲) دل لگی ۔ چہل ۔ ہنسی ۔ مذاق ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ خوش طبعی ۔ مزاح (۳) مشغلہ ۔ شغل ۔ **تفنّنِ طبع** ۔ مذکر ۔ دل لگی ۔ ہنسی ۔ ظرافت ۔ مزاح ۔ خوش طبعی ۔

تفوّق (تَفَوْ ۔ وُق) (ع) مذکر ۔ فوقیت ۔ ترجیح ۔ برتری ۔

تفویض (تَفْ ۔ ویض) (ع) مؤنث ۔ حوالگی ۔ تحویل ۔ سپردگی ۔

تفہّم (تَفَہْ ۔ ہُم) (ع) مذکر (۱) خود سمجھنا (۲) فہم ۔ عقل ۔ سمجھ ۔

تفہیم (تَفْ ۔ ہیم) (ع) مؤنث ۔ سمجھانا ۔

ت ۔ ق

تُقا (تُ ۔ قا) (تُقاۃ کا مفرس) مذکر ۔ پرہیزگاری ۔

تقابل (تَقَا ۔ بُل) (ع) مذکر (۱) آمنے سامنے کھڑے ہونا (۲) مقابلہ ۔

تقارب (تَقَا ۔ رُب) (ع) مذکر (۱) باہم قریب ہونا ۔ پاس پاس ہونا ۔ ایک دوسرے کے نزدیک پہنچنا (۲) علم عروض کی ایک بحر ۔

تقاریب (تَقَا ۔ ریب) (ع) مذکر و مؤنث ۔ تقریب کی جمع (۱) موقعے (۲) رسمیں ۔

تقاریر (تَقَا ۔ ریر) (ع) مذکر و مؤنث ۔ تقریر کی جمع ۔

تقاضا (تَقَا ۔ ضا) (ع) مذکر (۱) درخواست ۔ مانگ ۔ خواہش ۔ طلبی (۲) تشدد ۔ تاکید (۳) (قانون) دعوے کا مطالبہ (اُٹھنا ۔ اٹھانا ۔ کرنا کے ساتھ) ۔

تقاضائے سن - یا - عمر - یا - وقت - مذکر - عمر یا وقت کی خواہش و ضرورت ۔

تقاطر (تَقا - طُر) (ع) مذکر - پے در پے قطرے گرنا - بوندا باندی ۔

تقاطع (تَقا - طُع) (ع) مذکر (۱) باہم منقطع ہونا - کٹنا (۲) ایک دوسرے کو کاٹنا - قطع کرنا ۔

تقاوی (تَقا - وِی) (ع) مؤنث (۱) ایک دوسرے کو قوت دینا (۲) وہ روپیہ، جو حکومت کی طرف سے غریب کاشت کاروں یا زمینداروں کو زراعت کی درستی کے لیے دیا جاتا ہے ۔

تقاویم (تَقا - وِیم) (ع) مذکر و مؤنث - تقویم کی جمع - جنتریاں ۔

تقبیل (تَق - بِیل) (ع) مؤنث - چومنا ۔

تقدس (تَقَد - دُس) (ع) مذکر - (۱) متبرک ہونا - پاک ہونا (۲) پاکیزگی ۔

تقدم (تَقَد - دُم) (ع) مذکر (۱) آگے بڑھنا (۲) ترجیح ۔

تقدیر (تَق - دِیر) (ع) مؤنث (۱) مقدار - اندازہ (۲) مقسوم - قسمت - نصیب - بخت - مقدر - مشیت - لکھا - ہونی ۔ **تقدیر آزمانا** (ف) (۱) قسمت کے بھروسے کوئی کام کرنا - بخت آزمائی کرنا - مقدر کو دیکھنا ۔ **تقدیر الٹنا - یا - بگڑنا - یا پلٹنا** - حالات موافق نہ رہنا - مقدر کا برگشتہ ہونا - بد اقبالی ہونا ۔ **تقدیر پھرنا** (۱) اقبال نہ رہنا (۲) دن پھرنا - قسمت چمکنا ۔ **تقدیر پھوٹ جانا** (ف) (۱) تقدیر کا بگڑ جانا (۲) (کنایۃً) بڑی جگہ شادی ہونا (۳) معاملے یا مقدمے کا خلاف ہونا ۔ **تقدیر جاگنا - یا چمکنا** - اقبال کا ساتھ دینا - بخت کا یاور ہونا - وقت کا موافق ہونا ۔ **تقدیر کا بدا** - مذکر - نصیبوں کا لکھا - شدنی امر ۔ **تقدیر کا بل** - مذکر - مقدر کا بگاڑ - قسمت کا پھیر ۔ **تقدیر کا پلٹا کھانا** - برے دن آنا - قسمت الٹنا ۔ **تقدیر کا سو جانا** - حالات کا موافق نہ رہنا ۔ **تقدیر کا کھیل** - مذکر - تقدیر کے کارخانے - قسمت کے کرشمے ۔ **تقدیر کا لکھا** - مذکر - کرم - لیکھ - نوشتہ ازلی ۔ **تقدیر کا ہیٹا** - مذکر - بد بخت - بدنصیب ۔ **تقدیر کے آگے تدبیر نہیں چلتی** - مثل - تقدیر کے آگے کچھ بن نہیں پڑتا ۔ **تقدیر لڑنا** - (۱) تقدیر کا موافق ہونا - قسمت کھل جانا (۲) تقدیر کا یکساں ہونا ۔ **تقدیری** (ع - ف) تقدیر کے متعلق - قسمت کا ۔ **تقدیری امر** (ع) مذکر - وہ بات، جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو اور ضرور پوری ہو کر رہے - ہونے والی بات - ہونی ۔

تقدیس (تَق - دِیس) (ع) مؤنث - پاکیزگی ۔

تقدیم (تَق - دِیم) (ع) مؤنث - (۱) پہل - پیش قدمی (۲) ترجیح - برتری - فوقیت (۳) پیش کرنا ۔

تقرب (تَقَر - رُب) (ع) مذکر (۱) قرب - نزدیکی - قربت (۲) قرب ڈھونڈھنا - نزدیک ہونے کی کوشش کرنا ۔

تقرر (تَقَر - رُر) (ع) مذکر (۱) تعین (۲) نوکری - ملازمت (۳) مقرر ہونا - ملازم ہونا ۔

تقریب (تَق - رِیب) (ع) مؤنث (۱) نزدیک آنا (۲) قریب پہنچنے دینا (۳) سبب - باعث - ذریعہ (۴) بیاہ شادی وغیرہ - عزیزوں کے جمع ہونے کا باعث (۵) محل - موقع (۶) سفارش - ذکر - وہ ذکر، جو کسی ملاقات سے پہلے کیا جائے (۷) مقصد - مطلب (۸) ریت - رسم ۔ **تقریباً** (تَق - رِی - بَن) (ع) قریب قریب - تخمیناً ۔ **تقریبات** (مذکر و مؤنث) تقریب کی جمع ۔

تقریر (تَق - رِیر) (ع) مؤنث (۱) ذکر - بیان (۲) بحث - مباحثہ (۳) لیکچر (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **تقریری** (ع - ف) زبانی - تحریری کے برعکس ۔ **تقریریا** (ف) (۱) حجتی - جھگڑالو (۲) بکواسی - باتونی ۔

تقریظ (تَق - رِیظ) (ع) مؤنث (۱) کسی کتاب یا تحریر پر رائے دینا - ریویو - تبصرہ (۲) اپنے دوست یا ساتھی کی تعریف ۔

تقسیم (تَق - سِیم) (ع) مؤنث (۱) قسمت - بانٹ - بٹوارا (۲) حساب کا وہ قاعدہ، جس میں ایک عدد کو دوسرے عدد پر بانٹا جاتا ہے ۔ **تقسیم دیہات خالصہ** - (ع - ف) مؤنث - حکومت کو خراج دینے والی ریاستوں کی تقسیم ۔ **تقسیم مکمل** (ع) مؤنث - پوری پوری تقسیم ۔ **تقسیم نامہ** (ع - ف) مذکر - وہ تحریر، جس میں تقسیم جائداد کی تفصیل لکھی ہو ۔ **تقسیم ہونا** (۱) حصہ رسدی ملنا (۲) حصہ ہونا (۳) بٹنا ۔

تقصیر (تَق - صِیر) (ع) مؤنث (۱) کمی - کوتاہی (۲) قصور - خطا - چوک - سہو (۳) جرم - گناہ ۔ **تقصیر دار** (ع - ف) گناہ گار - مجرم - قصوروار ۔

تقطیر (تَق - طِیر) (ع) مؤنث (۱) بوند بوند ٹپکانا - نکالنا یا ڈالنا (۲) ٹپکاؤ (۳) پیشاب کا بوند بوند کر کے آنا (۴) حبس البول (۵) سوزاک (۶) ذیابیطس ۔

تقطیع (تَق - طِیع) (ع) مؤنث (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) الف، بے تے کے ۵۸ حصے، جن میں حرفوں کو ایک دوسرے سے ملانا سکھایا جاتا ہے (۳) کتاب کا سائز (۴) (عروض) شعر کے متحرک اور ساکن حرفوں کو بحر کے متحرک اور ساکن حرفوں کے مقابل کر کے برابر تولنا ۔

تقلید (تَق - لِید) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) کسی کام کا اپنے ذمے لے لینا (۲) (مجازاً) کسی کے قدم بہ قدم چلنا - پیروی - نقل (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

تقلیل (تَق۔ لِیْل) (ع) مؤنث (۱) تھوڑا کرنا۔ کم کرنا (۲) قلت۔ کمی ٭

تقویٰ (تَق۔ وَا) (ع) مذکر (۱) خدا کا خوف۔ پارسائی۔ پرہیزگاری (۲) اپنے آپ کو گناہ سے بچانا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تقویت (تَق۔ وِیَت) (ع) مؤنث (۱) زور۔ طاقت (۲) سہارا۔ مدد (۳) تسلی۔ تسکین ٭

تقویم (تَق۔ وِیْم) (ع) مؤنث (۱) ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ سیدھا کرنا (۲) قائم کرنا۔ ٹھہرانا۔ مقرر کرنا (۳) قیمت مقرر کرنا۔ تخمینہ لگانا (۴) اندازہ۔ تناسب (۵) پترا۔ جنتری۔ وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں ستاروں کے مقامات اور گہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے ٭

تقویم پارہ۔ یا۔ پارینہ۔ مؤنث (۱) پرانی جنتری (۲) بیکار چیز (۳) بوڑھی بیوی ٭

تقی (تَقِی) (ع) (۱) پرہیزگار۔ خدا سے ڈرنے والا (۲) مذکر۔ نویں امام ٭

تقید (تَقِیْد) (عربی تَقْیِیْد یا تَقَیُّد کا مخرّب) مؤنث (عو) روک ٹوک۔ تنبیہ۔ تاکید۔ (عوام تَقَیُّد بولتے ہیں) ٭

تقیّد (تَقَیْ۔ یُد) (ع) مذکر (۱) تاکید۔ سخت گیری۔ سختی۔ پابندی (۲) مشغولیت۔ تن دہی۔ توجہ (۳) مشقت۔ جدوجہد۔ کوشش۔ محنت (۴) خبرگیری۔ نگرانی۔ نگہبانی (۵) ہدایت۔ حکم (۶) مقید ہونا۔ بند ہونا۔ قید ہونا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تقیہ (تَقِیْ۔ یَہ) (ع) مذکر (۱) پرہیزگاری۔ خدا کا خوف۔ پارسائی (۲) وہ بھید، جو دل میں رکھا جائے اور کسی کے ڈر سے ظاہر نہ کیا جائے (۳) وہ کام، جس کے کرنے کو دل نہ چاہتا ہو، لیکن کسی کے خوف سے کیا جائے (۴) دِل میں دُشمنی ہو، مگر بظاہر دوستی کا اظہار کیا جائے (۵) دھوکا، جو نیک کام کرنے کے لیے دیا جائے (۶) شیعوں کے عقیدے میں کسی ظلم کے ڈر سے حق پوشی ٭

ت۔ک

تک (تَک) (ہ) (۱) نزدیک۔ پاس (۲) بھی۔ نیز (۳) حد ظاہر کرنے کے لیے (اَب، تب، جب، کب کے ساتھ) جیسے اب تک (۴) فاصلہ ظاہر کرنے کے لیے (رستے کے ساتھ) جیسے لاہور سے کراچی تک ٭

تک (تَک) (ہ) تکنا کا امر۔ تکا۔ تکنا سے ماضی مطلق ٭ **تکنا** (۱) دیکھنا (۲) غور سے دیکھنا۔ ٹکٹکی باندھنا (۳) آسرا رکھنا۔ امّید رکھنا (۴) نظر بازی کرنا (۵) بڑی نیت سے دیکھنا (۶) دانت رکھنا۔ کوئی چیز اُڑانے کا موقع دیکھنا (۷) لینا۔ اختیار کرنا (۸) منظور کرنا۔ قبول کرنا (۹) (مجازاً) حسرت سے دیکھنا۔ حیران ہونا (۱۰) (راہ) راستہ دیکھنا۔ انتظار کرنا ٭

تک (تَک) (ہ) مؤنث۔ بڑی ترازو جسے زمین پر نصب کر کے بھاری چیزیں تولی جاتی ہیں ٭

تُک (تُک) (ہ) (مذکر و مؤنث) (۱) سجع۔ قافیہ (۲) اپنی طرف سے بنائی ہوئی بات۔ ڈھل ٭ **تک بندی** (ف) مؤنث (۱) تک سے تک ملانا۔ ڈھل قافیے ہانکنا (۲) بکواس ٭ **تک جوڑنا یا ملانا** (۱) قافیہ ملانا۔ تک ملانا ٭

تکّا (تِک۔ کا) (ہ) مذکر (۱) گوشت کا ٹکڑا۔ بوٹی۔ لمبی یا پتلی بوٹی (۲) لوتھڑا۔ مضغہ (۳) بچہ (۴) تولد شدہ۔ زائیدہ ٭ **تکا بوٹی کرنا** (ف) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) تقسیم کرنا۔ بانٹ لینا ٭ **تکے** مذکر۔ تکا کی جمع ٭ **تکے لگانا** (عو) (۱) کباب لگانا (۲) پھیرنا۔ مرچیں لگانا ٭

تُکّا (تُک۔ کا) (ف) مذکر (۱) وہ تیر جس میں بھال نہ ہو بلکہ تکمہ یا گھنڈی ہو۔ تیر۔ بان۔ ناوک (۲) (عو) سیدھا ٭ **تکا فضیحتی** (ف) مؤنث (عو) دیکھیے "تھکا فضیحتی" ٭

تکالیف (تَکَا۔ لِیف) (ع) مذکر و مؤنث۔ تکلیف کی جمع ٭

تکان (تَکَان) (ف) مؤنث (۱) ماندگی۔ تھکاوٹ (۲) اعضا شکنی۔ کاہلی۔ سستی (۳) ہچکولوں کا صدمہ (۴) نیزے یا برچھی کو جھٹکا دینا ٭ **تکان اتارنا** (ف) (۱) سستی کھونا۔ تازہ دم ہونا (۲) (بازاری) مجامعت کرنا ٭ **تکان چڑھنا** سستی آنا۔ تھکنا ٭

(**تکان اور تھکن میں فرق** : تکان وہ خستگی ہے، جو سواری کی حرکت سے پیدا ہو ٭ تھکن وہ ماندگی ہے، جو صرف سفر کے باعث ہو ٭)

تکبّر (تَکَب۔ بُر) (ع) مذکر (۱) بڑائی کا اظہار (۲) (مجازاً) شیخی۔ رعونت۔ گھمنڈ۔ غرور (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تکبیر (تَک۔ بِیر) (ع) مؤنث۔ اللہ اکبر کہنا۔ خدا کی بڑائی کرنا ٭

تکبیرِ اُولیٰ۔ مؤنث۔ نماز کی پہلی تکبیر۔ تکبیرِ تحریمہ۔ وہ تکبیر جس میں اوّل دفعہ امام کے ساتھ شرکت کی جائے ٭

تِک تِک (تِک تِک) (ہ) مؤنث۔ بیل کے ہانکنے اور چلانے کی آواز ٭

تکثیر (تَک۔ ثِیر) (ع) مؤنث (۱) کثرت (۲) زیادہ کرنا ٭

تکدّر (تَکَد۔ دُر) (ع) مذکر (۱) پریشان ہونا۔ مکدر ہونا (۲) میلا ہونا۔ گدلا ہونا (۳) آلودگی۔ میلا پن (۴) دل کی پریشانی۔ کدورت ٭

تکدمہ (تَک۔ دِمَہ) (عربی تَقْدِمَہ کا مخرّب) مذکر (۱) وہ روپیہ، جو کاریگروں کو پیشگی دیا جائے۔ پیش داد (۲) حساب کی جانچ۔ تخمینہ۔ اندازے کی تفصیل۔ بجٹ (بنانا، لکھنا کے ساتھ) ٭

تکذیب (تَک۔ ذِیب) (ع) مؤنث۔ جھوٹا کرنا۔ جھٹلانا ٭

تکرار (تَک۔ رَار) (ع) مؤنث (۱) دُہرانا۔ مکرر کہنا۔ بار بار کہنا (۲) ردّ و کد۔ بحث۔ حجت (۳) (ف) لڑائی۔ جھگڑا (۴) اصطلاحِ بدیع میں کوئی قافیہ یا مضمون یا مصرع دوبارہ لانا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تکریم (تَک۔ رِیم) (ع) مؤنث (۱) ادب۔ تعظیم۔ عزت (۲) آؤبھگت۔ خاطر تواضع (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تکڑا (تِک ـ ڑا) (ہ) (۱) طاقت وَر ـ کڑا ـ مضبوط (۲) موٹا تازہ (۳) چالاک ـ چُست ✽ **تکڑی** (۱) تکڑا کی تانیث (۲) مؤنّث ـ چھوٹی ترازو ✽

تِکڑا (تِک ـ ڑا) (ہ) مذکّر ـ مثلّث ـ تین مصرعوں کا بند ✽

تِکڑی (تِک ـ ڑی) (ہ) مؤنّث (۱) تین آدمی ـ تین آدمیوں کا اتّفاق (۲) تین گھوڑے، جو ایک ساتھ گاڑی میں جوتے جائیں ✽

تُکّس (تُکّسْ) (ہ) مذکّر ـ وہ پتّا جس میں پان رکھ کر مخروطی شکل کی پُڑیا بنائی جاتی ہے ✽

تکسیر (تَک ـ سِیْر) (ع) مؤنّث (۱) حصّے حصّے کرنا ـ توڑنا (۲) اعداد بانٹ کر تعویذ کے خانوں میں اِس طرح لکھنا کہ ہر طرف کا مجموعہ برابر ہو ✽

تکّش (تَک ـ کَش) (ترکش کا مخرّب) مذکّر (عوام) تیردان ـ تیر رکھنے کا خانہ ـ ترکش ✽

تکشمر (تَکَش ـ مُر) (عربی قاعدے سے فارسیوں کا بنایا ہُوا مصدر) کشمیری بننا ✽

تکفّل (تَکَف ـ فُلْ) (ع) مذکّر ـ ضامن ہونا ـ ذمّہ دار بننا ✽

تکفیر (تَک ـ فِیْر) (ع) مؤنّث ـ کافر بنانا ـ کفر کا فتویٰ دینا ـ کافر کہنا ـ کافر ٹھہرانا ✽

تکفیل (تَک ـ فِیْل) (ع) مؤنّث ـ ضمانت دینا ـ کفالت کرنا ✽

تکفین (تَک ـ فِیْن) (ع) مؤنّث ـ کفن دینا ✽

تکّل (تُک ـ کَل) (ہ) مؤنّث ـ ایک قسم کا پتنگ (اُڑانا، اُڑنا، بڑھانا کے ساتھ) ✽

تکلا (تَک ـ لا) (ہ) مذکّر (۱) چرخے کی وہ آہنی سلائی، جس پر کاتتے وقت کُکڑی بنتی جاتی ہے (۲) وہ آہنی سلاخ، جس سے پکوان نکالا جاتا ہے (۳) کلابتون بٹ کر چڑھانے کا ٹکڑا ✽ **تکلے سے بل نکلنا** ـ (۱) ساری کجی دُور ہو جانا (۲) قرار واقعی سزا ملنا ـ سیدھا بننا ✽

تکلّا (تِکَل ـ لا) (ہ) مذکّر ـ پتنگ کی ڈور، جو ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلیا پر لپیٹ کر اکٹھی کی جاتی ہے ✽

تکلّف (تَکَلْ ـ لُفْ) (ع) مذکّر (۱) تکلیف اٹھا کر کوئی کام کرنا (۲) تصنّع ـ بناوٹ ـ ظاہرداری ـ نمائش (۳) آرائش ـ ٹھاٹھ ـ ٹیپ ٹاپ (۴) مغایرت ـ غیریت (۵) دِقّت (۶) تأمّل ـ ہچکچاہٹ، کھٹکا ✽ **تکلّف برتنا** (ف) مغایرت کا سا برتاؤ کرنا ـ ظاہرداری برتنا ✽ **تکلّف برطرف** ـ (ف) بلا تصنّع ـ بے حجابانہ ـ بے تکلّف ـ کھلے طور پر ـ صاف صاف ✽ **تکلّف کا کھانا** (ف) مذکّر ـ امیرانہ کھانا ـ لذیذ اور قیمتی کھانا ✽ **تکلّف کرنا** (۱) آرائش کا ایسا سازو سامان کرنا، جو سادگی کے خلاف ہو اور جس کا اہتمام تکلیف سے خالی نہ ہو ـ آراستہ کرنا ـ ٹھاٹھ باٹھ دکھانا ـ آراستگی دکھانا ـ ٹیپ ٹاپ کرنا (۲) بناوٹ کرنا ـ حجاب کرنا ـ شرم کرنا ✽

تکلّم (تَکَلْ ـ لُمْ) (ع) مذکّر ـ بات کرنا ـ بولنا ✽

تکلیف (تَک ـ لِیْف) (ع) مؤنّث ـ (۱) درد ـ رنج ـ دُکھ (۲) (ف) مصیبت (۳) مفلسی ـ تنگی (۴) دِقّت ـ دشواری ✽ **تکلیف کرنا** ـ (ف) (۱) تکلیف اٹھانا (۲) قدم رنجہ فرمانا ـ تشریف لانا ✽

تکملہ (تَک ـ مِلَہ) (ع) مذکّر (۱) مکمّل کرنے والی چیز ـ ضمیمہ ـ تتمّہ (۲) اِتمام ـ تکمیل ✽

تُکمہ (تُک ـ مَہ) (ف) مذکّر (۱) گھنڈی (۲) (ف) گھنڈی کے اٹکے رہنے کا حلقہ (۳) کبوتروں کی ایک بیماری، جس سے آنکھ میں سخت دانے نکل آتے ہیں ✽

تکمیل (تَک ـ مِیْل) (ع) مؤنّث (۱) کمال کو پہنچانا ـ انجام دینا ـ پورا کرنا (۲) کمال، انجام، تمام ✽ **تکمیلِ تمسّک** ـ مؤنّث ـ (قانون) تمسّک کی شرائط کا پورا ہو جانا ✽ **تکمیلِ رہن** ـ مؤنّث (قانون) رہن کی میعاد کا پُورا ہو جانا ✽

تکنا (تِکْ ـ نا) (ہ) دیکھیے "تکونا" ✽

تکوا (تِک ـ وا) (ہ) مذکّر (ہندو) تکلا ـ ڈوک ✽

تکون (تِکُوْن) (ہ) مذکّر ـ تین گوشوں کی شکل ـ مثلّث ✽ **تکونا** ـ **تکونیا** ـ مثلّث کی شکل کا ـ تکون جیسا ـ سہ گوشہ ـ تکھونٹا ✽

تکوین (تَک ـ وِیْن) (ع) مؤنّث ـ خلق کرنا ـ عالمِ وجود میں لانا ـ پیدا کرنا ✽

تکھارنا (تِکھا ـ رنا) (ہ) (ف) (۱) دلیل سے ثابت کرنا (۲) اچھی طرح دریافت کرنا (۳) کسی کام کو تین مرتبہ کرنا (۴) تین دفعہ ہل چلانا ✽

تکھڑی ـ **تکھرڑی** (تِکھ ـ ڑی، تِکھ ـ رڑی) (پ) مؤنّث (۱) چھوٹی ترازو (۲) ترازو کے پلّے ✽

تکھنٹا ـ **تکھونٹا** ـ (تِکھن ـ ٹا، تِکھوں ـ ٹا) (ہ) دیکھیے "تکونا" ✽

ٹکی لگانا (ہ) غور سے کسی کی طرف دیکھتے رہنا ـ دیر تک دیکھتے رہنا ـ گھورنا ✽

تکیئی (تَکی ـ ئی) (ہ) مؤنّث ـ چھوٹا تکیہ ✽

تکیہ (تَک ـ یَہ) (ف) مذکّر (۱) آرام کی جگہ (۲) سرھانے رکھنے کی شے (۳) بھروسا ـ پورا اعتماد (۴) فقیر کا گھر ـ فقیر کے رہنے کی جگہ (۵) قبرستان ـ گورستان ✽ **تکیہ دار** (ف) مذکّر ـ قبرستان کا سجّادہ نشین ـ وہ فقیر، جو قبرستان میں رہے ✽ **تکیہ کرنا** (ف) (۱) کسی پر اعتماد کرنا ـ بھروسا کرنا ـ (۲) بیٹھ رہنا ـ تکیہ لگانا ✽ **تکیہ کلام** (ف) مذکّر ـ وہ بات، جو بات چیت کے درمیان عادتاً بار بار کہی جائے ✽ **تکیہ لگانا** (ف) کسی شے کے سہارے سے بیٹھنا ✽

ت۔گ

تگ (تَگ) (ف) مؤنث۔ دوڑنا۔ بھاگنا۔ (اردو میں تنہا استعمال نہیں کیا جاتا) ✽ **تگ و پو، تگ وتاز، تگ و دَو** (ف) مؤنث (۱) کوشش۔ دوڑ دھوپ (۲) تلاش (۳) نوکری یا مزدوری کی جستجو (۴) بے سود تردّد (۵) جلدی سے آمدورفت کرنا ✽

تگّا (تِگ۔گّا) (۵) مذکر۔ دایہ یا انّا کا شوہر۔ انکہ ✽

تگّا (تِگ۔گّا) (ہ) کبڑا۔ خمیدہ۔ ٹیڑھا ✽

تگاپو (تَگا۔ پُو) (ف) مؤنث۔ دیکھیے "تگ وپو" ✽

تگاور (تَگا۔ وَر) (ف) مذکر (۱) تیز دوڑنے والا گھوڑا (۲) گھوڑے کی ٹکر ✽

تگدمہ (تَگ۔ دِمَہ) دیکھیے "تکدمہ" ✽

تگڈّا۔ تگڈّم (تِگَڈ۔ ڈّا، تِگَڈ۔ ڈَم) (ہ) مذکر (۱) تین آدمیوں یا چیزوں کا میل (۲) تین پتنگوں کا پیچ ✽

تگرگ (تَگَر۔گ) (ف) مذکر (۱) اولا (۲) شبنم ✽

تگڑی (تَگ۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ تاگڑی کا مخفف۔ کمربند۔ پٹکا ✽

تگنا (تَگ۔ نا) (ہ) (۱) ڈورے ڈالے جانا (۲) سیا جانا ✽

تگنا (تِگ۔ نا) (ہ) تین گنا۔ سہ چند ✽ **تگنی** (۱) تگنا کی تانیث۔ (۲) ایک سُر ✽ **تگنی کا ناچ نچوانا** (عو) ستانا۔ تنگ کرنا۔ حیران و پریشان کرنا ✽

تگّی (تِگ۔ گّی) (ہ) مؤنث (۱) آدمی کی سواری۔ چڑھی۔ خمیدہ ہو کر کسی کے اوپر چڑھنا (۲) گنجفے یا تاش کا تین نشان والا پتّا ✽

تگیانا (تَگ۔ یا۔ نا) (۱) تاگا ڈالنا (۲) رضائی گندنا (۳) دُور دُور ڈورے ڈالنا ✽

ت۔ل

تل (تَل) (ہ) مذکر۔ تلے۔ نیچے۔ نیچے کا حصّہ۔ نشیب ✽ **تلا**۔ مذکر (۱) جوتی کا نچلا حصّہ (۲) پیندا ✽ **تلا دینا** (عو) ہنڈیا یا پتیلی کے نیچے گیلی مٹی چڑھانا تاکہ آگ کے اثر سے بچی رہے ✽ **تلپٹ** (۱) الٹ پلٹ، نیچے اوپر (۲) تباہ (۳) مویشی کا اجاڑا ہوا (۴) چرایا ہوا۔ اڑایا ہوا (۵) بھولا ہوا (۶) کھویا ہوا (کردینا، کرنا، ہوجانا، ہونا کے ساتھ) ✽ **تلچھٹ**۔ مؤنث۔ (لکھنؤ میں مذکر بھی بولتے ہیں) وہ شے، جو پانی وغیرہ کے برتن میں نیچے بیٹھ جاتی ہے۔ تہ نشین گاد ✽ **تل دھار موسل دھار برسنا** (دہلی) نہایت زور کی بارش ہونا۔ (لکھنؤ میں "موسلا دھار برسنا" کہتے ہیں) ✽ **تل کرنا**۔ چرا لینا۔ غائب کر دینا۔ چھپا لینا ✽

تل نظرا۔ مذکر (عو) (۱) نظر نیچی رکھنے والا شخص (۲) وہ بد نظر، جو کنکھیوں سے دیکھے (۳) وہ شخص، جو بات چیت کے وقت آنکھیں چار نہ کرے ✽

تُل (تُل) (ہ) تلنا کا امر ✽ **تُلا**۔ تلنا سے ماضی مطلق ✽ **تُلانا**۔ تلنا کا متعدی ✽ **تلائی**۔ مؤنث (۱) تلنا (۲) تلنے کی اجرت ✽ **تلنا**۔ تیل یا گھی گرم کر کے اس میں کوئی چیز پکانا ✽ **تلوانا**۔ تلنا کا متعدی ✽

تِل (تِل) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا بیج، جس سے تیل نکلتا ہے۔ کنجد (۲) خال۔ سیاہ نقطہ۔ کاجل کا نقطہ (۳) آنکھ کی پتلی (۴) ذرہ۔ قلیل۔ تھوڑی سی چیز ✽ **تل اوٹ پہاڑ اوٹ**۔ مثل۔ ظاہر میں مشکل، اصل میں آسان، نہایت آسان ✽ **تل برابر** (۱) قلیل۔ ذرا سا۔ ذرہ بھر ✽ **تل بندھنا** (سورج کی کرن کا آتشی شیشے سے نکلنے کے بعد تل کی شکل کا بن کر کسی چیز پر پڑنا) ✽ **تل بھر لہو، پہاڑ بھر محبت**۔ (۵) مثل (عو) خون کے رشتہ دار کو دوست سے زیادہ ہمدردی ہوتی ہے۔ اس موقع پر بولتی ہیں، جب کبھی اپنا دُور کا رشتہ دار دوست کی نسبت زیادہ کام آ سکے ✽ **تل بھگّا**۔ مذکر۔ وہ کٹے ہوئے تل، جن میں کھانڈ ملی ہوئی ہوتی ہے ✽ **تل چاٹنا**۔ دلھن کے ہاتھ سے دولھا کا تل کھانا۔ ایک رسم ✽ **تل چاولی ڈاڑھی**۔ مؤنث۔ وہ ڈاڑھی، جس میں آدھے کالے اور آدھے سفید بال ہوں۔ کھچڑی ڈاڑھی ✽ **تل چٹا**۔ مذکر۔ ایک قسم کا جھینگر ✽ **تل چوری**۔ مؤنث (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) ایک قسم کی ڈور ✽ **تل دھرنے (رکھنے) کی جگہ نہ ہونا** (عو) ذرا جگہ نہ ہونا۔ بالکل جگہ نہ ہونا۔ بہت بھرا ہوا ہونا ✽ **تل شکری** (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی، جو تل اور شکر کی ملاوٹ سے بنائی جاتی ہے۔ گزک ✽ **تل کی اوجھل پہاڑ**۔ مثل (۱) ذرا سے پردے میں کسی بھاری بات کا چھپا ہوا ہونا۔ (۲) کسی شعبدے یا عجیب چیز کا ظاہر ہونا ✽ **تلوں میں سے تیل نکالنا** (عو) (۱) کفایت شعاری سے سلیقہ دکھانا (۲) (کنایۃً) دستوری کے باعث زیادہ قیمت لگانا ✽

تُل (تُل) (ہ) (۱) تلنا کا امر (۲) مانند۔ یکساں۔ برابر (۳) ہم صورت۔ ہم شکل۔ اردو میں تنہا مستعمل نہیں ✽ **تُلا** (۱) تلنا سے ماضی مطلق (۲) ترازو (۳) برج میزان (۴) سونے اور چاندی سے تلنے کی رسم ✽ **تُلا دان**۔ مذکر۔ برہمن کو آدمی کے وزن کے برابر چاندی سونے وغیرہ کا دان ✽ **تُلانا**۔ تلنا کا متعدی المتعدی ✽ **تُلا ہونا**۔ جوش سے تیار ہونا ✽ **تُلائی**۔ مؤنث (۱) تولنے کا کام (۲) تولنے کی اجرت ✽ **تل بیٹھنا** (۱) ہم وزن ہو کر بیٹھنا۔ (۲) بادشاہوں، راجاؤں وغیرہ کا سالانہ جشن یا سال گرہ کے

یدن ترازو میں بیٹھ کر تلا دان کرنا (۳) کسی بات پہ تیار رہنا ۔

تُلنا۔ (۱) بِچنا ۔ وزن ہونا یا کیا جانا (۲) برابر ہونا (۳) کسی کام پر تیار ہونا (۴) پُر ہونا ۔ بھرنا (۵) اٹکل ہونا ۔ اندازہ ہونا (۶) (کنایۃً) (لکھنؤ) غرور کرنا (۷) چکّی سے یا دندانوں کو کھُردرا کرنا ۔

تلوانا۔ تولنا کا متعدّی المتعدّی ۔ **تُلی بولی ٹنیا شوربا** (۷) مثل ۔ خرچ میں روک ٹوک ہونے کے موقع پر کہتے ہیں ۔

تِلا (تِلَا) (ف) طِلا ۔ سونا ۔

تِلّا (تِلْ ۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) سونے کا تار ۔ گوٹا کناری وغیرہ (۲) پگڑی کے دونوں طلائی سرے (۳) تِلّی کا مخرب ۔ **تِلّا گودن کرنا**۔ (ع) (۱) (لغوی) تلّی پر بار بار نشتر لگانا (۲) (کنایۃً) تکلیف دینا۔ دق کرنا ۔ طعنے دینا ۔ طعن و تشنیع سے دل جلانا ۔

تلابیلی (تَلَا ۔ بِے ۔ لِیْ) (ہ) مؤنث ۔ (عو) اضطراب ۔ بے قراری ۔

تلاتل (تَلَا ۔ تُلْ) (س) مذکر ۔ زمین کا چھوٹا طبقہ ۔

تلاچی (تَلَا ۔ چِیْ) (ہ) مؤنث ۔ ساگ ۔ سبزی ترکاری ۔

تِلا دانی (تِلَا ۔ دَا ۔ نِیْ) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "تِلے دانی" ۔

تلازم (تَلَا ۔ زُمْ) (ع) مذکر ۔ باہم لازم ہونا ۔ **تلازِمہ** (ع) مذکر ۔ مضمون کی رعایت سے لفظوں کا استعمال (اصل میں تلازُم تھا) ۔

تلاش (تَلَاشْ) (ت) مؤنث ۔ (۱) کوشش ۔ سعی (۲) ڈھونڈ ڈھانڈ (۳) (ہ) تحقیقات ۔ کھوج (کرانا ، کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

تلاشِ معاش (ت ۔ ع) مؤنث ۔ روزی کی فکر ۔ روزگار کی جستجو ۔

تلاشی (ف) (۱) تلاش کرنے والا ۔ ڈھونڈنے والا (۲) (ہ) مؤنث ۔ جھاڑا ۔ کسی مال کی جستجو (۳) کسی کھوئی ہوئی چیز کے لیے گھر بار کی دیکھ بھال (۴) (قانون) مالِ مسروقہ کے لیے کسی شخص کے کپڑوں یا مکان کی پرتال یا دیکھ بھال (۵) کسی شخص کے لیے مکان کی پرتال یا علاقے میں جستجو (لینا کے ساتھ) ۔

تلاطم (تَلَا ۔ طُمْ) (ع) مذکر (۱) لہر ۔ موج ۔ پانی کے تھپیڑے (۲) ولولہ ۔ جوش ۔

تلافی (تَلَا ۔ فِیْ) (ع ۔ عربی میں تلف کرنا ، ہاتھ میں لانا ، تدارک پانا ، فارسی میں بدل ۔ عوض) مؤنث ۔ کسی نقصان کا عوض یا بدلا ۔

تلافیِ مافات (ف ۔ ع) مؤنث ۔ جو امر فوت ہو گیا ہو یا گزر گیا ہو ، اس کا معاوضہ ۔

تلاقی (تَلَا ۔ قِیْ) (ع) مؤنث ۔ ملاقات کرنا ۔ باہم ملنا ۔

تلامذہ ۔ **تلامیذ** (تَلَا ۔ مِذَہْ ، تَلَا ۔ مِیْذْ) (ع) مذکر ۔ تلمیذ کی جمع ۔ شاگرد ۔ طالب علم ۔

تِلام (تِلَامْ) (ع) تِلْم کی جمع ۔ مذکر ۔ ملازم ۔ خادم ۔ نوکر ۔

تلاملی (تَلَا ۔ مُلِیْ) (ہ) مؤنث (عو) (۱) گھبراہٹ ۔ تلملاہٹ ۔ بے چینی ۔ اضطراب (۲) شتابی ۔ جلدی ۔

تِلاوا (تِلَا ۔ وَا) (طلایہ کا مغرب) مذکر ۔ لشکرگاہ یا شہر کی حفاظت کے لیے رات کو گشت کرنے والا فوج کا دستہ ۔

تُلاوا (تُلَا ۔ وَا) (ہ) مذکر ۔ گاڑی کی لکڑی ، جس پر اُس کا سارا بوجھ تُلا رہتا ہے اور وہ دُھرے کے اُوپر لگائی جاتی ہے ۔

تلاوت (تِلَا ۔ وَتْ) (ع) مؤنث (۱) پڑھنا ۔ مطالعہ کرنا (۲) (اصطلاحاً) قرآن مجید پڑھنا ۔

تلاؤ (تَلَا ۔ اُوْ) (ہ) مذکر (ہندو) جوہڑ ۔ جوہر ۔ تالاب ۔ تال ۔

تِلائی (تِلَا ۔ اِیْ) (ہ) مؤنث (۱) مشعل کو کپّی سے تیل پلانا (۲) (پورب) کڑاہی ۔ تلنے کا برتن ۔ فرائنگ پین (۳) دلھن کو تیل چڑھانے کی رسم ۔

تلبیس (تَلْ ۔ بِیْسْ) (ع) مؤنث ۔ (۱) (لغوی) لباس پہننا (۲) (اصطلاحی) دھوکا ۔ فریب ۔ **تلبیسِ سکّہ** ۔ مؤنث (دہلی میں مذکر) (قانون) سکّہ بدل کر چلانا ۔ **تلبیسِ لباس** ۔ مؤنث (دہلی میں مذکر) (قانون) دھوکا دینے کے لیے سرکاری وردی پہننا ۔

تلبیہ (تَلْ ۔ بِیَہْ) (ع) مذکر ۔ حج میں لبیک کہنا ۔

تلتلی (تَلْ ۔ تُلِیْ) (ہ) مؤنث ۔ پانی ، خون یا کسی اَور رقیق چیز کی دھار ، جو تھوڑی بلندی سے گرے ۔

تِلچھنا (تِلْچَھ ۔ نَا) (ہ) بیتاب ہونا ۔ تڑپنا ۔ بے چین ہونا ۔ **تلچھو پلچھو (تلچھول پلچھول) کرنا** ۔ (ہ) (عو) مضطربانہ کوئی کام کرنا ۔ نچلا نہ بیٹھنا ۔ بیتابانہ پھرنا ۔

تلخ (تَلْخْ) (ف) (۱) کڑوا (۲) بدذائقہ ۔ بدمزہ (۳) کھاری (۴) ناپسند ۔ ناگوار ۔ **تلخاب** ۔ **تلخابہ** (ف) مذکر ۔ کڑوا پانی ۔

تلخی ۔ مؤنث (۱) کڑواہٹ (۲) سختی ۔ شدّت ۔

تلخیص (تَلْ ۔ خِیْصْ) (ع) مؤنث (۱) خلاصہ کرنا (۲) خلاصہ (۳) پاک صاف کرنا ۔

تلذّذ (تَلَذْ ۔ ذُذْ) (ع) مذکر (۱) ذائقہ ۔ مزہ ۔ لذّت (۲) لطف ۔

تلڑ (تَلْ ۔ لَڑْ) (ہ) مذکر (۱) شکم ۔ پیٹ (۲) قبضہ ۔

تِلڑا (تِلَڑَا) (ہ) مذکر
تلڑی (تِلَڑِیْ) (ہ) مؤنث } تین لڑی کا گلے میں پہننے کا زیور ۔

تلسی (تُلْ ۔ سِیْ) (ہ) مؤنث (۱) ایک پودا ، جو ہندو لوگ پوجتے ہیں ۔ ناز بُو ۔ (۲) کرشن جی کی معشوقہ ، جسے انھوں نے پودا بنا دیا تھا (۳) مذکر ۔ ایک مشہور ہندی شاعر (۴) گلے میں پہننے کا ایک زیور ۔ **تلسی دانہ** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا زیور ۔

تلطّف (تَلَطْ ۔ طُفْ) (ع) مذکر ۔ عنایت ۔ مہربانی ۔

تلغراف (تِلْ - غَراف)
تلگراف (تِلْ - گَراف) } (مفرّس) (انگ ٹیلیگراف - TELEGRAPH)
مذکر (۱) تار خبر بھیجنے کا سامان (۲) تار خبر ؂

تلف (تَلَف) (ع) مذکر (۱) خراب - برباد - رائگاں (۲) فنا - ہلاک (۳) ضائع - گم (معنی ۲ میں ہونا اور ۳ میں کرنا ، ہونا کے ساتھ) ؂

تلفّظ (تَلَفْ - فُظ) (ع) مذکر (۱) لفظ کا منہ سے ادا کرنا (۲) لہجہ ؂

تلقین (تَلْ - قِیْن) (ع) مؤنث (۱) موعظت - نصیحت - پند (۲) تعلیم دینا - سکھانا - سمجھانا (۳) مُردے کو قبر میں اتارنے کے وقت آیتیں پڑھنا ؂

تَلک (تَلَک) (ہ) دیکھیے "تک" - (پرانی ہندی کا لفظ تک اسی کا مخفف ہے - نثر میں نہیں لکھا جاتا ، نظم میں بھی بعض فصحاء متاخرین کے نزدیک متروک ہے) ؂

تِلک (تِلَک) (ہ) مذکر (۱) وہ نشان ، جو ہندو لوگ صندل یا سیندور وغیرہ سے ماتھے پر لگاتے ہیں - ٹیکا - قشقہ (۲) ایک قسم کی قدیم زنانہ پوشاک - جامہ (۳) خلعت (۴) مسند نشینی کی رسم - گدّی پر بیٹھنے کا ٹیکا ؂ (۵) ماتھے پر پہننے کا ایک طلائی زیور (۶) وہ روپیہ ، جو شادی سے پہلے دلھن کا باپ داماد کے گھر بھیجتا ہے (۷) پیدائشی نشان ، جو بدن پر ہوتا ہے ؂ **تلک دھاری** - مذکر - وہ آدمی ، جو روزانہ تلک لگائے ؂ **تِلک کرنا** (ہندو) (۱) گدّی پر بٹھانا (۲) شادی کرنا (۳) رخصت کرنا ؂

تلّی (تَلَل - لِیْ) (ہ) مؤنث (۱) دھار (۲) تیل ، پانی ، خون وغیرہ کی دھار (بندھنا کے ساتھ) ؂

تلمّذ (تَلَم - مُذ) (ع) مذکر - شاگرد ہونا ؂

تلملانا (تَل - مَلا - نا یا تِلْ - مِلا - نا) (ہ) (عو) (۱) تڑپنا - بے قرار ہونا - مضطرب ہونا (۲) گھبرانا ؂

تلمیح (تَلْ - مِیْح) (ع) مؤنث - کلام میں کسی قصّے کی طرف اشارہ کرنا ؂

تلمیذ (تِلْ - مِیْذ) (ع) مذکر - شاگرد - طالب علم - مُرید - چیلا ؂

تلنگ (تِلَنگ) (ہ) مؤنث - (۱) ایک راگنی (۲) مذکر - ایک ملک ؂

تلنگا (تِلَنگ - گا) (ہ) مذکر (۱) تلنگ کا رہنے والا (۲) فوج کا باوردی سپاہی (۳) فوج کا سپاہی - پولیس کا سپاہی (۴) ایک قسم کا کنکوّا (۵) بدتہذیب ؂
تلنگنی - مؤنث - (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) سپاہی عورت ؂
تِلنگی (۱) تلنگانہ کا باشندہ (۲) مؤنث - تلنگانہ کی زبان ؂

تَلوا (تَلْ - وَا) (ہ) مذکر - ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصّہ - پاؤں کے نیچے کا حصّہ ؂ **تلوا کھجانا (کھجلانا)** (۱) کفِ پا میں خارش ہونا (۲) سفر کا شگون نکلنا ؂ **تلوا نہ ٹکنا (لگنا)** (عو) ایک جگہ نہ ٹھہرنا - ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا ؂

تِلوا (تِلْ - وَا) (ہ) مذکر - تِل کے لڈو ؂

تلوار (تَلْ - وَار) (ہ) مؤنث (۱) تیغ - شمشیر - سیف - کرپان - کرچ (۲) ہندوؤں کی ایک ذات ؂ **تلوار باندھنا** - تلوار کو کمر میں لٹکانا - تلوار کو زیبِ کمر کرنا ؂ **تلوار برسنا** - لگاتار شمشیر زنی ہونا - شدّت سے تلوار چلنا ؂ **تلوار بند** (و) وہ شخص ، جو ہمیشہ تلوار باندھے رہے ؂ **تلوار پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا** (ہ) (۱) تلوار مارنے کے ارادے سے قبضے پر ہاتھ رکھنا (۲) تلوار کی قسم کھانا ؂ **تلوار چلنا** - لڑائی ہونا - جنگ ہونا - کشت و خون ہونا ؂ **تلوار زیبِ کمر کرنا** - (و) تلوار کمر میں باندھنا ؂ **تلوار سونتنا** (ہ) تلوار کھینچنا - قتل کا ارادہ کرنا ؂ **تلوار کا ابریا - چھالا** (و) مذکر ، وہ نشان ، جو تلوار کے پھل پر بادل یا آبلے کی طرح ظاہر ہو ؂ **تلوار کا کھیت** (ہ) مذکر - میدانِ جنگ - لڑائی کا میدان ؂ **تلوار کا گھاٹ** - مذکر - وہ جگہ ، جہاں سے تلوار میں خم شروع ہوتا ہے ؂ **تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے ، زبان کا گھاؤ نہیں بھرتا** (و) مثل - کسی بدزبانی یا طعن و تشنیع کی شکایت کے موقع پر کہتے ہیں ؂ **تلوار کھینچنا** (ہ) قتل کرنے کو تیار ہونا - تلوار میان سے نکالنا ؂ **تلوار کی آنچ** - مؤنث - تلوار کی ضرب کا مقابلہ - تلوار کا سامنا ؂ **تلوار کے نیچے (تلے) دم (تو) لینے دو** (و) مثل (۱) ذرا انتظار کرو (۲) جو دم بچے ، وہی غنیمت ہے (۳) زندگی ایسی پیاری ہے کہ چاہے کیسی ہی تکلیف ہو ، اس کا ہر لمحہ اچھا معلوم ہوتا ہے ؂ **تلوار مارے ایک بار ، احسان مارے بار بار** - مثل - احسان کی ضرب تلوار سے بھی زیادہ کڑی ہوتی ہے - تلوار تو ایک دفعہ مارتی ہے ، احسان ہر لمحہ مارتا رہتا ہے - احسان کی شرمندگی حد سے زیادہ ہوتی ہے ؂ **تلوار میان (میں) کرنا** - تلوار کو غلاف میں رکھنا - قتل کا ارادہ ترک کر دینا - لڑائی سے باز رہنا ؂ **تلواروں کی چھاؤں (کے سایے) میں** - تلواروں کی حراست میں - نہایت حفاظت میں ؂ **تلوار یا** ، تلوار چلانے والا - بہادر - مسلّح ؂

تلوال (تَلْ - وَال) (ہ) (دہلی) قیمتی ، وزنی ؂

تلسوانسا (تِلْ - وَاں - سَا) (ہ) جھکا ہوا یا اس طرح رکھا ہوا چراغ کہ اس کا تیل بتّی کے قریب رہے (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ؂

تلوری (تِلَوْ - رِی) (ہ) مؤنث - ایک خوش آواز چڑیا ؂

تلوریا (تَلْ - وَرْ - یَا) (ہ) دیکھیے "تلواریا" ؂

تلوّن (تَلَوْ - وُن) (ع) مذکر (۱) تبدیلِ رنگ - رنگ بدلنا (۲) ایک حالت پر نہ رہنا (۳) چھچھورپن ؂ **تلوّن مزاج** - وہ شخص جس کا مزاج ٹھکانے نہ ہو - غیر مستقل مزاج - متلوّن مزاج ، جو ایک بات پر قائم نہ رہے ؂

تلونڈا (تِلَوْں ۔ ڈَا) (ہ) دیکھیے "تلوانسا"۔

تلووں (تَلْ ۔ وُوں) (ہ) مذکر ۔ تلوا کی جمع (حروف جار سے پہلے)۔
تلووں سے آگ لگنا ۔ غضب میں آنا ۔ نہایت غصّے ہونا۔
تلووں سے آنکھیں ملنا ۔ (عو) بے حد عاجزی دکھانا۔
تلووں سے لگنا، سر میں (جاکے) بجھنا ۔ (عو) سراپا جلنا ۔ ازحد برافروختہ ہونا ۔ سر سے پاؤں تک غصّے میں جلنا۔
تلووں سے ملنا (عو) پیس ڈالنا ۔ خاک میں ملانا ۔ پامال کرنا ۔ پاؤں کے نیچے ملنا۔ **تلوے چاٹنا** ۔ چاپلوسی کرنا ۔ حد سے زیادہ خوشامد کرنا۔ **تلوے چھلنی ہو جانا** ۔ کسی کام کے لیے کمال دوڑ دھوپ کرنا۔ **تلوے دھو دھو کر پینا** (عو) نہایت قدر دانی کرنا ۔ کمال اطاعت اور فرماں برداری کرنا۔
تلوے کھجانا (کھجلانا) (۱) دیکھیے "تلوا کھجانا" (۲) دشت نوردی چاہنا۔

تلیّن (تَلْ ۔ یِیْن) اصل میں "تلیین" تھا (ع) (۱) نرم کرنا ۔ مُلَیِّن کرنا (۲) (اصطلاح طب) چھوٹا جلاّب (اُردو میں تَلَیُّن بروزن تمیز کہتے ہیں)۔

تَلی (تَلِی) (ہ) مؤنث ۔ پیندا ۔ پیندی۔

تِلی (تِلِی) (ہ) مؤنث ۔ تِل ۔ کنجد۔ **تِلی کا تیل** ۔ مذکر ۔ میٹھا تیل ۔ روغنِ کنجد۔

تِلی ۔ تلّی (تِلِی ۔ تِلْ ۔ لِی) (ہ) مؤنث ۔ معدے کی بائیں جانب ایک اندرونی عضو جو سودا پیدا ہونے کا مقام ہے۔

تُلی (تُلِی) (ہ) مؤنث ۔ جلاہے کی کوچی۔

تلے (تَلے) (ہ) (۱) اوپر کے برعکس ۔ نیچے ۔ زیر ۔ پائین (۲) ماتحت۔
تلے اوپر (۱) اوپر نیچے ۔ زیر و زبر ۔ تہ و بالا (۲) لگاتار ۔ پے درپے (۳) ایک کے اوپر ایک ۔ یکے بعد دیگرے۔
تلے اوپر کی اولاد (و) مؤنث ۔ وہ بچے، جو ایک دوسرے کے بعد بے واسطہ پیدا ہوں۔ **تلے اوپر ہونا** ۔ درہم برہم ہونا ۔ تہ و بالا ہونا۔ **تلے پڑنا** (ہندو) (۱) زمین پر لیٹنا یا سونا (۲) آگے پڑنا ۔ نیچے لیٹنا (۳) زنا یا اغلام کرانا۔ **تلے کا سانس تلے، اوپر کا اوپر رہنا** ۔ ہکا بکا رہنا ۔ حیران و دم بخود رہنا۔
تلے کی دنیا (زمین) اوپر ہونا (و) (کنایۃً) انقلابِ عظیم برپا ہونا۔

تلیا (تَلَیْ ۔ یا) (ہ) مؤنث ۔ تلاؤ کی تصغیر ۔ چھوٹا تالاب۔

تلیٹی (تَلَیْ ۔ ٹِی) (ہ) مؤنث (۱) پیندا ۔ تلا (۲) نیچے کی زمین ۔ تہ (۳) دامنِ کوہ (۴) پکا فرش ۔ (۵) اطراف ۔ سواد ۔ نواحی (۶) (ہندو) مُردے کے کفن کا وہ کپڑا، جو اس کے نیچے بچھایا جاتا ہے۔

تلے دانی (تِلے ۔ دَا ۔ نِی) (و) مذکر (عو) سینے پرونے وغیرہ کا سامان رکھنے کی چھوٹی تھیلی۔

تلیر (تِلْ ۔ یَر) (ہ) مذکر ۔ ایک چھوٹا سا پرندہ، جو ترت کے موسم میں آتا ہے۔

تلینچا (تِلِیْن ۔ چَا) (ہ) مذکر (دہلی) (معماروں کی اصطلاح) (۱) چھت کی اونچان۔

تلینڈو (تِلِیْن ۔ ڈُو) (ہ) (عو) مغلوب ۔ فرمان بردار ۔ مطیع۔

تلینڈی (تِلِیْن ۔ ڈِی) (ہ) مؤنث (ہندو) ہولی کا تیسرا دن۔

ت - م

تُم (تُم) (ہ) تُو کی جمع ۔ تعظیماً واحد کو بھی کہتے ہیں ۔ برابر والے کو خطاب کرنے کا کلمہ۔ **تم سے اللہ کی پناہ** ۔ (و) کہاوت ۔ تمہاری بدذاتیوں سے خدا بچائے۔
تم سے پھرے تو خدا سے پھرے ۔ مقولہ ۔ تم سے برگشتہ ہونا خدا کے خلاف ہو جانے کے برابر ہے ۔ ایک طرح کی سخت قسم اور واثق عہد۔ **تم کا ٹوناک کا پانی، میں نہ چھوڑوں اپنی بانی** (ہ) کہاوت ۔ (عو) ضدی عورت کے متعلق کہتے ہیں کہ جیسی چاہو سزا دو، میں اپنی عادت سے باز نہ آؤں گی۔
تم نے اڑائیں، ہم (میں) نے بھون بھون کھائیں مثل ۔ ہم تمہاری چالیں خوب سمجھتے ہیں ۔ تمہاری چالاکی ہم سے نہیں چل سکتی ۔ ہم تمہارے بھی استاد ہیں۔ **تمھارا** (تُمْ ۔ ھَا ۔ رَا) (۱) تم سب کا (۲) آپ کا ۔ حضور کا۔ **تمھارا سر تمھارا کلیجا** (و) (کلمۂ نفرین) (عو) جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا یا پوچھتا ہے تو جواب میں یہ کلمہ کہا جاتا ہے۔
تمھارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو میں ہیں ۔ مثل ۔ مطلب پرست آدمی کے متعلق بولتے ہیں، جو دوسرے کا مال تو لے لے اور اپنی دفعہ ہنس کر ٹال دے۔ **تمھارے لڑکے بھی کبھی پاؤں (گھٹنوں) چلیں گے** (ہ) (عو) تمہارا مزاج بھی کبھی راستی پر آئے گا ۔ تم بھی کبھی درست ہو گے۔ **تمھارے منہ میں گھی شکر** (و) مثل ۔ حسبِ مراد بات کے جواب میں کہتے ہیں ۔ خدا تمھارا کہا سچ کرے۔ **تمھیں** (تُمْھیں) (یائے معروف سے) تم ہی۔
تمھیں (تمھیں) (یائے مجہول سے) تم کو۔

تماثل (تَمَا ۔ ثُل) (ع) مذکر ۔ (۱) برابر ہونا (۲) مانند ہونا ۔ مشابہ ہونا (۳) جائداد کے برابر حصّے۔

تماثیل (تَمَا ۔ ثِیْل) (ع) مذکر و مؤنث ۔ تمثال کی جمع (۱) مورتیں ۔ تصویریں (۲) شاہی فرمان۔

تماچا (تَمَا ۔ چَا) (ہ) مذکر (۱) تھپڑ ۔ ہاتھ پھیلا کر مارنا (۲) (پٹے بازوں کی اصطلاح) وہ ہاتھ، جو حریف کی بائیں جانب مارا جائے۔

تماخو (تَما ـ خُوْ) (ہ) مذکر و مؤنث (عوام) تمباکو (دکن کی زبان) ✧

تمادی (تَما ـ دِیْ) (ع) مؤنث (۱) عرصہ ـ دیر ـ دمادمی ـ مدّت (۲) وہ میعاد، جس کے گزر جانے سے نالش کا اختیار نہ رہے ✧ **تمادیِ ایام** (ع) مؤنث ـ میعاد کا گزر جانا ✧

تمارض (تَما ـ رُضْ) (ع) مذکر ـ بیمار بننا ـ بیماری کا بہانہ کرنا ✧

تمازت (تَما ـ زَتْ) (ع) (یہ لفظ اصل میں عربی نہیں، فارسیوں نے عربی کے تموز سے بنا لیا ہے) مؤنث ـ گرمی ـ شدّت کی گرمی ✧

تماشا (تَما ـ شَا) (ع) مذکر (۱) باہم پیدل چلنا (۲) (ف) نظارہ ـ دید (۳) (و) لطف ـ سیر (۴) کھیل ـ بازیچہ (۵) (و ـ ف) ہجوم ـ مجمع (۶) دکھاوا ـ نمود ـ نمائش (۷) عجیب و غریب بات (۸) (و) کرتب ـ سوانگ (۹) مذاق ـ ٹھٹھول ـ دل لگی ـ ہنسی (۱۰) کیفیت (۱۱) ہنگامہ ✧ **تماشا بین** (ف) تماشا دیکھنے والا ✧ **تماشا خانم** ـ مؤنث (عو) (۱) مسخری عورت (۲) بلّی عورت (۳) انوکھی عورت ✧ **تماشا دکھانا** (و) (۱) لطف دکھانا ـ سیر دکھانا ـ بہار دکھانا (۲) مزہ چکھانا ـ مارنا ـ سزا دینا (۳) سر پیٹنا ✧ **تماشا دیکھنا** ـ لازم ✧ **تماشا کرنا** ـ (۱) نقل کرنا ـ سوانگ بھرنا ـ ناٹک کرنا ـ کرتب دکھانا ✧ **تماشا گاہ** (ف) مذکر و مؤنث ـ (۱) بیٹھ کر سیر دیکھنے کی جگہ ـ سیرگاہ (۲) وہ مقام، جہاں تماشا ہو ـ ناچ گھر ـ تھیٹر ✧ **تماشائی** ـ سیر دیکھنے والا ـ تماشا دیکھنے والا ـ نظارہ کرنے والا ـ سیلانی ✧ **تماش بین** (و) آوارہ ـ عیّاش ـ اوباش ـ بدکار ✧ **تماش بینی** ـ مؤنث ـ آوارگی ـ بدکاری ـ عیّاشی ـ رنڈی بازی ✧ **تماشے** ـ مذکر ـ تماشا کی جمع (۱) کھیل تماشے (۲) حیرت انگیز معاملات ✧ **تماشے کی بات** ـ مؤنث ـ عجیب بات ـ انوکھی بات ✧

تماکو (تَما ـ کُوْ) (ہ) مذکر (۱) تمباکو (۲) پان کے ساتھ کھانے والا تمباکو ـ زردہ ✧

تمام (تَمَامْ) (ع) (۱) پورا ـ کامل ـ سالم (۲) بالکل ـ سارا ـ کل (۳) ختم ـ اخیر (۴) لیس ـ تیار ✧ **تمام تر** (ف ـ ع) محض ـ بالکل ـ مطلق ✧ **تمام کرنا** (و) (۱) پورا کرنا ـ ختم کرنا (۲) (عو) کچھ نہ چھوڑنا ـ باقی نہ رکھنا ✧ **تمام و کمال** (ع ـ ف) (۱) سرتاپا ـ کل ـ سب کا سب (۲) ہر طرح ـ پوری طرح (۳) واضح طور پر ـ کھول کر ✧ **تمام ہونا** (و) (۱) آخر ہونا ـ پورا ہونا (۲) جان نکل جانا ـ مرجانا (۳) صرف ہو جانا ـ خرچ ہو جانا (۴) ٹھنڈا ہونا ـ بجھنا ✧ **تمامی** (ف) مؤنث (۱) تکمیل (۲) کمال (۳) خاتمہ ـ انجام ـ آخر (۴) تمام ـ کل (۵) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ـ اطلس ✧

تمباکو (تَمْ ـ بَا ـ کُوْ) (و) مذکر ـ مشہور پودا، جس کے پتّے حقّے میں پینے اور پان کے ساتھ کھانے میں کام آتے ہیں ✧

تمت (تَمْ ـ مَتْ) (ع) پوری ہوئی ـ ختم ہوئی ✧

تمتع (تَمَتْ ـ تُعْ) (ع) مذکر (۱) فائدہ اٹھانا یا حاصل کرنا (۲) استعمال کرنا (۳) پھل پانا (۴) نفع ـ فائدہ (۵) لذّت ـ فرحت ـ خوشی ✧

تمتمانا (تَمْ ـ تَمَا ـ نَا) (ہ) (۱) دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرہ سرخ ہو جانا (۲) جگمگانا ـ چمکنا (۳) گرمانا ـ گرم ہونا ✧

تمتماہٹ (تَمْ ـ تَمَا ـ ہَٹْ) (ہ) مؤنث (۱) چہرے کی سرخی (۲) چمک دمک (۳) حرارت ـ گرمی (۴) سوجن ـ آماس ✧

تمثال (تَمْ ـ ثَالْ) (ف) مؤنث (۱) مشابہت (۲) مطابقت ✧

تمثال (تِمْ ـ ثَالْ) (ف) مؤنث (۱) پیکر ـ تصویر (۲) شکل ـ صورت (۳) شاہی فرمان ✧

تمجید (تَمْ ـ جِیْدْ) (ع) مؤنث (۱) بزرگی، اللہ تعالیٰ کی بزرگی (۲) بزرگ کرنا، بزرگ ماننا ✧

تمثیل (تَمْ ـ ثِیْلْ) (ع) مؤنث (۱) مشابہ کرنا ـ تشبیہ دینا (۲) نظیر ـ مثال ـ تشبیہ (۳) مطابقت ـ مشابہت ـ دینا، لانا کے ساتھ ✧

تمدد (تَمَدْ ـ دُدْ) (ع) مذکر ـ کھچاؤ ✧

تمدن (تَمَدْ ـ دُنْ) (ع) مذکر ـ طرزِ معاشرت ـ مل کے رہنے کا طریقہ ✧

تمر (تَمَرْ) (ع) مؤنث ـ کھجور ✧ **تمرِ ہندی** (ع ـ ف) مؤنث (۱) املی (۲) املی کا درخت ✧

تمرد (تَمَرْ ـ رُدْ) (ع) مذکر (۱) بغاوت ـ سرکشی (۲) گستاخی ـ نافرمانی (۳) ڈھٹائی ـ ہٹ ـ ضد ـ خودسری ✧ **تمرد شعاری** (ع ـ ف) مؤنث ـ گستاخی کرنا ـ سرکشی کرنا ✧

تمسخر (تَمَسْ ـ خُرْ) (ع) مذکر ـ ہنسی ـ مسخرہ پن ـ ٹھٹھول ـ مزاح ـ مذاق ـ ٹھٹھا ✧

تمسک (تَمَسْ ـ سُکْ) (ع) مذکر (۱) پکڑ ـ گرفت (۲) (ف) وہ تحریر، جو قرض دار قرض خواہ کو لکھ دیتا ہے ـ اس میں روپیہ ادا کرنے کا وقت اور طریقہ قلم بند کیا جاتا ہے ✧ **تمسکِ مناطِ دعویٰ** (ع) مذکر ـ وہ تمسک، جس پر دعوے کی بنیاد ہو ✧

تمغا (تَمْ ـ غَا) (ت) مذکر (۱) چنگی کا محصول ـ وہ مہر جو تجارتی مال پر حکومت کی طرف سے لگائی جاتی ہے (۲) عزّت کا نشان ـ شاہی فرمان (۳) جاگیر کی سند (۴) نشان ـ داغ (۵) سکہ ـ ٹھپا (۶) انعام یا کارگزاری وغیرہ کا روپہلی یا سنہری نشان (۷) (عو) حکومت ـ تحکم ✧ **تمغا بٹھانا** (و) تحکم جتانا ـ رعب بٹھانا ـ سکہ بٹھانا ـ حکومت بٹھانا ✧

تمکنت (تَمْ ـ کَنَتْ) (ع) مؤنث (۱) حکومت ـ زور ـ اختیار ـ قدرت (۲) عزّت (۳) عزّت جتانا ـ مرتبہ ظاہر کرنا (۴) تکبر ـ گھمنڈ ـ غرور (۵) دبدبہ ـ شان و شوکت ✧

تمکین (تَمْ ـ کِیْنْ) (ع) مؤنث (۱) زور ـ طاقت (۲) مرتبہ ـ عزّت (۳) شان و شوکت ـ دبدبہ ✧

تملق (تَمَلْ ـ لُقْ) (ع) مذکر (۱) ملایمت ـ نرمی (۲) خوشامد ـ چاپلوسی ✧

تملیک (تَم۔لِیک) (ع) مؤنث۔ کسی شخص کو کسی شے کا مالک بنانا ٭ **تملیک نامہ** (ع۔ ف) مذکر۔ مالک بنانے کی تحریر۔ وصیت نامے کے سوا ہر تحریر جس کے ذریعے سے کسی کو منقولہ یا غیر منقولہ جائداد کا مالک بنایا گیا ہو ٭

تمن (تُمَن) (ت) مذکر (۱) دس ہزار (۲) سو سواروں کا دستہ۔ پلٹن۔ رسالہ (۳) ساڑھے چار روپے کا ایک طلائی سکہ ٭

تمنا (تَمَن۔نا) (ع) مؤنث (۱) آرزو۔ خواہش۔ درخواست (۲) اشتیاق۔ شوق ٭ (رکھنا، کرنا وغیرہ کے ساتھ) ٭

تمنچہ (تَمَن۔چہ) (ت) مذکر (۱) پستول (۲) (و) (لشکری) چھوٹا سا معشوق۔ بچکانا ٭ **تمنچہ داغنا**۔ پستول مارنا۔ پستول چلانا ٭

تموج (تَمَو۔وُج) (ع) مذکر (۱) لہریں اٹھنا۔ پانی کا موجیں مارنا (۲) جوش۔ تلاطم۔ تحریک ٭

تموز (تَمُّوز) (ع) مذکر (۱) سورج کے برج سرطان میں ہونے کا زمانہ تقریباً اساڑھ یا جولائی کے مطابق (۲) (ف) (مجازاً) گرمی کی شدت ٭

تمول (تَمَو۔وُل) (ع) مذکر۔ مال داری۔ دولت مندی ٭

تمہید (تَم۔ہِید) (ع) مؤنث (۱) کسی مضمون کا عنوان۔ کسی معاملے کی تقریب۔ کسی بات کا آغاز (۲) مقدمہ۔ دیباچہ۔ آغاز۔ خطبۂ کتاب ٭ **تمہید اٹھانا** (ا) ابتدا کرنا۔ کسی بات یا مضمون کی تقریب کرنا ٭

تمیز (تَم۔ییز) (عربی میں تمییز بروزن تفعیل ہے۔ فارسی والوں نے ایک ی حذف کر دی) مؤنث (۱) پہچان۔ شناخت (۲) فرق (۳) جانچ (۴) شعور۔ عقل (۵) قاعدہ۔ ادب (۶) علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا ٭

ت۔ن

تن (تَن) (ف) مذکر۔ بدن۔ جسم۔ انگ۔ پنڈا ٭ **تن آسانی**۔ مؤنث۔ آسائش۔ سہل انگاری۔ آرام طلبی ٭ **تن آور، تناور**۔ تن توش والا۔ فربہ۔ موٹا۔ مضبوط ٭ **تن پرور**۔ آرام طلب۔ خودغرض ٭ **تن تنہا**۔ واحد۔ اکیلا ٭ **تن درست۔ تندرست**۔ صحیح وسالم۔ بھلا چنگا ٭ **تندرستی**۔ مؤنث۔ صحت۔ سلامتی ٭ **تندرستی ہزار نعمت ہے** (و) مثل۔ تندرستی تمام نعمتوں پر غالب ہے۔ آدمی لاکھ مال دار اور امیر ہو۔ جب تندرستی ہی نہیں تو کچھ نہیں ٭ **تن دوست** (ف) دیکھیے تن پرور ٭ **تن دہ**۔ (۱) کوشش کرنے والا۔ ساعی۔ متوجہ (۲) زحمت کش۔ محنتی ٭ **تن دہی**۔ مؤنث (۱) کوشش۔ سعی (۲) جان فشانی۔ محنت ٭ **تن دینا** (۱) کوشش کرنا۔ توجہ دینا ٭ **تن ڈھانکنا**۔ ستر پوشی کرنا۔ معمولی کپڑے پہننا ٭ **تن زیب** (ف) (۱) ململ کی قسم کا، لیکن زیادہ باریک ایک نوع کا کپڑا (۲) ایک قسم کی صدری، جو قبا کے نیچے پہنی جاتی ہے ٭ **تن سکھی من سکھی** (و) مثل۔ کھانے کو ملے تو عقل بھی ٹھکانے رہتی ہے ٭ **تن کی تپت بجھانا** (ہندو) اشتہا بجھانا۔ بھوک میں کھانا کھلانا ٭ **تن من**۔ مذکر۔ روح اور قالب۔ جسم اور جان ٭ **تن من مارنا** (۱) جسمانی اور نفسانی خواہشوں کو مارنا (۲) کمال کوشش کرنا (۳) چپ رہنا۔ خاموش رہنا ٭ **تن من وارنا**۔ جان قربان کرنا۔ دل وجان سے نثار ہونا ٭

تن (تَن) (ہ) تننا کا امر ٭ **تنا**۔ تننا سے ماضی مطلق ٭ **تناتنی**۔ مؤنث۔ کھینچا تانی۔ کشیدگی۔ ان بن۔ لڑائی پر آمادگی ٭ **تننا** (۱) دراز ہونا۔ لمبا ہونا (۲) ہوشیار ہونا (۳) کسی صدمے سے جھنجھنانا (۴) زخم کا پھٹا پڑنا ٭ **تناؤ** (۱) کھنچاؤ۔ کسی چیز کی کھینچنے کی قوت (۲) کرختگی۔ سختی ٭ **تن جانا** (۱) کھنچ جانا (۲) خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا ٭ **تننا** (۱) کشیدہ ہونا۔ کھنچنا (۲) سیدھا ہو کر بیٹھنا (۳) پھیلنا (۴) پھولنا (۵) اکڑنا۔ اینٹھنا (۶) گڑنا۔ کھڑا ہونا (۷) طول پکڑنا (۸) گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا (۹) سینہ ابھار کر چلنا (۱۰) مقید ہونا۔ قید ہونا (۱۱) پھیلانا (۱۲) بننا ٭

تن (تِن) (ہ) مؤنث۔ گھاس جس سے چھپر بنائے جاتے ہیں ٭

تن (تُن) (ہ) مذکر (۱) سرخ لکڑی کا ایک درخت (۲) تن کا پھول، جس سے زرد رنگ رنگتے ہیں ٭

تنا (تَنا) (و) درخت کا وہ نچلا حصہ، جہاں تک شاخ نہ نکلی ہو۔ درخت کا دھڑ ٭

تناریری (تَنا۔رِی۔رِی) (ہ) مؤنث۔ (۱) چند خاص کلمے، جو گویّے گانا سیکھنے میں استعمال کرتے ہیں (۲) بے وقت کا گانا۔ بے لطف راگ (۳) کھڑاگ، جھگڑا ٭

تنازع (تَنا۔زُع) (ع) مذکر (۱) تکرار۔ فساد۔ جھگڑا (۲) نفاق۔ عداوت۔ بغض۔ رنجش ٭

تناسب (تَنا۔سُب) (ع) مذکر (۱) مناسبت۔ موافقت۔ مطابقت۔ باہمی تعلق (۲) (علم حساب) دو نسبتوں کا باہم برابر ہونا (۳) باہم نسبت رکھنا ٭ **تناسب اعضا**۔ مذکر۔ تمام اعضا کا اپنے اپنے انداز اور موقع سے ایک دوسرے کے مناسب ہونا ٭

تناسخ (تَنا۔سُخ) (ع) مذکر۔ ایک صورت سے دوسری صورت میں آنا۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں آنا۔ آوا گون ٭

تناسل (تَنا۔سُل) (ع) مذکر۔ نسل بڑھانا۔ اولاد پیدا کرنا ٭

تنافر (تَنا۔فُر) (ع) مذکر (۱) نفرت کرنا۔ بھاگنا (۲) (علم معانی) ہم جنس حروف یا ثقیل الفاظ کا جمع ہونا ٭

تناقض (تَنا۔قُض) (ع) مذکر (۱) ایک دوسرے کے برعکس یا مخالف ہونا (۲) ناموافقت (۳) کسی جائداد پر ایک دوسرے کے خلاف دعویٰ ہونا ٭

تناول (تَنا - وُل) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کا پکڑنا - لینا (۲) (ف) (مجازاً) کھانا کھانا ✽ **تناول فرمانا (کرنا)** - طعام کھانا کھانا نوش فرمانا ✽

تنبا (تَم - با) (ہ) مذکر - دیکھیے "تنبان" ✽

تنباکو (تَم - با - کُو) (ہ) مذکر - دیکھیے "تمباکو" ✽

تنبو (تَم - بُو) (ہ) مذکر - شامیانہ - خیمہ - ڈیرا ✽

تنبور - تنبورہ (تَم - بُور ، تَم - بُو - رَہ) (۱) (ف) مذکر - ایک قسم کا باجا، جس میں ستار کی طرح ایک تار لگا ہوتا ہے (۲) (ہ) مذکر - ایک قسم کا چھوٹا ڈھول ✽ **تنبورچی** - مذکر - تنبور بجانے والا ✽

تنبول (تَم - بُول) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پتا - پان (۲) نیوتا - وہ باہمی لین دین، جو شادی کی تقریب پر ہم قوم ایک دوسرے سے کرتے ہیں (دینا، لینا کے ساتھ) (۳) ایک درخت کا نام ✽ **تنبول آنا** - لگام کے صدمے سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا ✽

تنبولن - مؤنث - پان بیچنے والی عورت پنوارن ✽ **تنبولی** - مذکر - (۱) پان بیچنے والا - پنواڑی (۲) ایک قوم، جس کا پیشہ پان بیچنا ہے ✽

تنبہ (تَنَب - بُہ) (ع) مذکر (۱) عبرت - نصیحت (۲) تنبیہ - دھمکی (۳) خبرداری - آگاہی ✽

تنبیانا (تَنب - یا - نا) (ہ) (۱) تانبے کا زنگ ہو جانا (۲) تانبے کے برتن میں رکھے ہوئے کھانے میں تانبے کا مزہ پیدا ہو جانا (۳) برسات کی ہوا سے گوٹا کناری کا رنگ تانبے کا سا ہو جانا ✽

تنبیلا (تَنبِے - لا) (ہ) (۱) تانبے کے رنگ کا (۲) چہرے کا رنگ، جو گرمی سے سرخی مائل ہو جائے (۳) گندمی (۴) مذکر - سرخ رنگ کے گیہوں ✽

تنبیہ (تَم - بِیہ) (ع) مؤنث (۱) واقفیت - آگاہی - جتانا (۲) عبرت - نصیحت (۳) (ل) تاکید (۴) ملامت - سزا - جھڑکی ✽

تن پھن (رفن) [(تَن - پھَن ، دفَن)] (ہ) مؤنث (۱) غصے اور غرور کا انداز - اکڑفوں (۲) غصے میں جلی کٹی باتیں (کرنا، ہونا کے ساتھ) ✽

تنت (تَنت) (ہ) مذکر (۱) عین موقع - ٹھیک وقت (۲) انجام - اخیر (۳) نازک حالت (۴) تار - ساز کا تار (۵) دھاگا ✽

تنت کار (ہ) مذکر - مغنی - مطرب - سازندہ - کلاونت - گویا - بجنتری ✽

تنتا توڑی (تَن - تا - تُو - ڑی) (ہ) مؤنث - غصے کے ساتھ کسی کا کسی سے علیحدگی چاہنا ✽

تنتر (تَن - تَر) (ہ) مذکر - (۱) ایک شاستر (۲) ٹونا - جادو - منتر ✽

تنتری (تَن - تِری) (ہ) مؤنث (۱) مغنی - گویا - قوال (۲) ایک قسم کا باجا، جس میں تار لگے ہوتے ہیں ✽

تُن تُن (تُن - تُن) (ہ) مؤنث - ستار، تنبور وغیرہ کی آواز ✽

تنتنا (تَن - تَنا) (ا) (صحیح عربی طَنطَنہ) - مذکر (۱) دبدبہ - کرّ و فر (۲) حکومت (۳) غضب - غصہ ✽

تنتنانا (تَن - تَنا - نا) (ا) سنسانا - پھنپھنانا ✽

تُنتُنانا (تُن - تُنا - نا) (ہ) ستار یا سارنگی وغیرہ کا تار بجانا ✽

تنتنی - مؤنث (۱) دو تارا - سارنگی - چھوٹا ستار (۲) بچوں کا ایک کھلونا، جس میں سارنگی کی طرح ایک تار لگا ہوتا ہے ✽

تنتنی بجاتے میاں کھاتے شکر گھی، نوکری کی ایسی تیسی ابکے بچے جی (ا) مثل - بھکاری مزے میں ہیں - مانگ کھاتے ہیں اور عیش کرتے ہیں - ملازمت میں جان کا خطرہ ہوتا ہے ✽

تنتناہٹ (تَن - تَنا - ہَٹ) (ا) مؤنث (۱) ورم - سوجن (۲) درد - سوزش ✽

تنتھا (تَن - تھا) (ہ) مذکر (عو) طاقت - قوت ✽

تنٹا (تَن - ٹا) (ہ) مذکر - فساد - جھگڑا ✽

تنجیم (تَن - جِیم) (ع) مؤنث - (۱) علم نجوم - ستارہ شناسی - ستاروں کے ذریعے سے پیشین گوئی (۲) قواعد نجوم کے مطابق سعد و نحس ساعتوں کا دریافت کرنا ✽

تنخواہ (تَن - خاہ) (ف) مؤنث (۱) طلب - مشاہرہ - مزدوری - وظیفہ - ماہانہ - سالانہ (۲) روپیہ، جو نوکری کے صلے میں دیا جائے - (بانٹنا، بٹنا، پانا، دینا، کرنا، لگانا، لگنا، لینا، مقرر کرنا، ملنا، ہونا کے ساتھ) ✽ **تنخواہ دار** (ف) تنخواہ پانے والا - نوکر - ملازم ✽

تند (تُند) (ف) (۱) تیز (۲) غضب ناک - جھلا - غصیل - خونخوار (۳) کڑا - سخت (۴) دو آتشہ (۵) سریع الاثر (۶) کڑوا - تلخ ✽

تندخو - چڑچڑا - بدخو - بدمزاج ✽ **تندرفتار** - تیز رفتار ✽

تندمزاج - دیکھیے "تندخو" ✽

تندی - مؤنث (۱) تیزی - چڑچڑاہٹ (۲) خشونت - سختی (۳) بدمزاجی - غصہ - (۴) شہوت - استادگی - نعوظ ✽

تندور (تَن - دُور) (ع) مذکر (دہلی) دیکھیے "تنور" ✽

تندیل (تُن - دَیل) (ہ) (۱) توند والا - فربہ - بڑے پیٹ والا (۲) تنومند - طاقت ور ✽

تنزّل (تَنَز - زُل) (ع) مذکر (۱) تخفیف - کمی - گھٹاؤ - زوال (۲) درجہ گھٹنا - اترنا ✽

تنزّہ (تَنَز - زُہ) (ع) مذکر (۱) عیب سے پاک ہونا (۲) باغ کی سیر کرنا (۳) (مجازاً) خوشی - فرحت ✽

تنزیل (تَن - زِیل) (ع) مؤنث (۱) اتارنا - نازل کرنا (۲) مسافر کا اتارنا (۳) خاطر تواضع کرنا - مہمان داری کرنا (۴)

الہام - وحی (۵) قرآن مجید ٭

تنزیہ (تَنْ - زِیْہ) (ع) مذکر (۱) عیب سے پاک کرنا - صاف کرنا - اغلاطِ فاسدہ دُور کرنا (۲) صفائی - پاکیزگی ٭

تنسیخ (تَنْ - سِیْخ) (ع) مؤنث (۱) رد کرنا - منسوخ کرنا - باطل کرنا - فسخ کرنا (۲) رد - منسوخی - تبطلان - انہدام ٭ **تنسیخ تبنیت** مؤنث - متبنّٰی بنانے کو منسوخ کرنا ٭

تنصّر (تَنَص - صُر) (ع) مذکر - عیسائیت اختیار کرنا - نصاریٰ بننا ٭

تنصیف (تَنْ - صِیْف) (ع) مؤنث - دو برابر حصّوں میں تقسیم کرنا - برابر کے حصّوں میں تقسیم کرنا - برابر کے دو ٹکڑے کرنا ٭

تنظیم (تَنْ - ظِیْم) (ع) مؤنث (۱) انتظام (۲) انتظام کرنا - درستی کرنا (۳) موتی پرونا (۴) نظم لکھنا - شعر کہنا ٭

تنعّم (تَنَع - عُم) (ع) مذکر (۱) نازونعمت (۲) نازونعمت سے زندگی بسر کرنا - امن چین سے بسر اوقات کرنا ٭

تنغّص (تَنَغ - غُص) (ع) مذکر - طبیعت کا مکدّر ہونا ٭

تنفّر (تَنَف - فُر) (ع) مذکر - بیزاری - نفرت - بھاگنا ٭

تنفّس (تَنَف - فُس) (ع) مذکر (۱) دم لینا - سانس لینا (۲) ہانپنا ٭

تنقّل (تَنَق - قُل) (ع) مذکر - تھوڑا تھوڑا ٹونگنا ٭

تنقیح (تَنْ - قِیْح) (ع) مؤنث (۱) خالص کرنا - کسی چیز کو زوائد اور عیوب سے پاک و صاف کرنا (۲) صفائی - فیصلہ (۳) کھوج - تفتیش - تحقیق - تفحّص (۴) (قانون) وہ سوال، جو نزاعی امور کا فیصلہ کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں - (کرنا، نکالنا کے ساتھ) ٭ **تنقیح امورِ تصفیہ طلب** مؤنث امور متنازعہ واضح کرنا ٭

تنقید (تَنْ - قِیْد) (ع) مؤنث - جانچ - پرکھ - تمیز - تبصرہ - ریویو - ایسی جانچ، جو کمزور مضبوط، کھرے کھوٹے اور اچھے بُرے میں تمیز کردے ٭

تنقیص (تَنْ - قِیْص) (ع) مؤنث (۱) گھٹانا - کم کرنا (۲) کمی - گھاٹا - نقصان (۳) اعتراض ٭

تنقیہ (تَنْ - قِیَہ) (ع) مذکر (۱) پاک کرنا - صاف کرنا (۲) جلّاب لینا - آنتوں کو صاف کرنا (۳) صفائی - فیصلہ - مقدّمات کا فیصلہ ٭

تنک (تُنَک) (ہ) (گنوار) (۱) ذرا - ذرا سا - تھوڑا (۲) چھوٹا (۳) دُبلا پتلا ٭

تنک (تُنُک) (ف) (۱) لطیف - نازک - کمزور (۲) اوچھا - بے حقیقت (۳) تنگ (۴) کم، خفیف ٭ **تنک ظرف** (ف - ع) (۱) چھچھورا - اوچھا - کم حوصلہ (۲) پیٹ کا ہلکا، جسے بات نہ پچے (۳) تنگ دل - کمینہ (۴) جو زیادہ شراب نہ پی سکے (۵) بیوقوف - سادہ (۶) چغل خور ٭ **تنک مزاج** - زود رنج - چڑچڑا - نازک مزاج - کردھی - تیز مزاج - تیز خُو ٭

تنکا (تِنْ - کا) (ہ) مذکر (۱) سُوکھی گھاس کا ٹکڑا - برگِ کاہ (۲) کوڑا کرکٹ (۳) خس - کسی چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا (۴) (مجازاً) کوئی ذراسی چیز - ذرہ (۵) (صفت) کمزور - نازک - ہلکا ٭ **تنکا اتارنے کا احسان ماننا** (۱) ذرا سے احسان کو بہت بڑا ماننا - خفیف امداد کا شکر گزار ہونا ٭ **تنکا دانتوں میں پکڑنا (لینا)** (کنایۃً) جان بخشی چاہنا - پناہ مانگنا - عاجزی کرنا - گڑگڑانا - مغلوب ہونا ٭ **تنکا سر (پر) سے اتارنا** - تھوڑا سا احسان کرنا ٭ **تنکا منہ میں لینا** - دیکھیے "تنکا دانتوں میں لینا" ٭ **تنکا نہ رہنا** (۱) ایسا لُٹنا کہ کچھ نہ رہے - جھاڑو پھر جانا - بالکل صفائی ہو جانا (۲) مفلس ہو جانا - فقیر ہو جانا ٭

تنکے (تِنْ - کے) (ہ) مذکر - تنکا کی جمع - بہت سے تنکے ٭

تنکے چُننا (۱) بدحواس ہونا - نشے میں دیوانہ ہونا (۲) باؤلا ہونا - پاگل ہو جانا (۳) فریفتہ ہونا - عاشق ہونا ٭ **تنکے چنوانا** (۱) دیوانہ بنانا - پاگل بنانا (۲) فریفتہ کرنا - آوارہ پھرانا ٭

تنکے کا سہارا - مذکر - تھوڑی سی ڈھارس - ذراسی مدد ٭

تنکے کو پہاڑ کر دکھانا (۱) مبالغہ کرنا - بات کا بتنگڑ بنانا - چھوٹی سی بات کو بڑھا کر دکھانا (۲) ادنیٰ کو اعلیٰ بنا دینا ٭

تنکے کی اوٹ (اوجھل) پہاڑ - مثل (عو) (۱) ذراسی بات میں کسی بڑی بات کا چھپا ہونا (۲) مشکل امر کا ذراسی تدبیر سے درست ہو جانا ٭

تنکنا (تِنَک - نا) (ہ) (عو) (۱) خفا ہونا - ناراض ہونا - جھلّانا - بگڑنا (۲) (عوام) بے قرار ہونا - بے چین ہونا (۳) پھڑپھڑانا - پھڑکنا - دھڑکنا ٭

تُنکی (تُن - کی) (س) مؤنث - ایک قسم کی پتلی، خستہ اور میٹھی روٹی ٭

تنکیر (تَنْ - کِیْر) (ع) (۱) اسم نکرہ کرنا (۲) انجان کرنا یا بنانا (۳) اچھی حالت سے بُری حالت کی طرف پھیر دینا (۴) بھیس بدلنا ٭

تنگ (تَنگ) (ف) (۱) فراخ کے برعکس - بھِچا ہُوا - سُکڑا ہُوا (۲) پھنسا ہُوا - چُست (۳) تھوڑا - کم - کوتاہ (۴) محتاج - مفلس - غریب (۵) ناچار - عاجز (۶) دشوار - مشکل (۷) رنجیدہ - ملول (۸) مذکر - زین کسنے کا تسمہ - گھوڑے کی پیٹی - گھوڑے، بیل، گدھے وغیرہ کے کسنے کا کمر بند ٭ **تنگ آنا** (۱) گھبرا جانا - بیزار ہونا - مجبور ہونا - عاجز آنا ٭ **تنگ پکڑنا** (۱) چاروں طرف سے مجبور کرنا - عاجز کرنا (۲) گھوڑے کی لگام کو کھچا ہُوا رکھنا ٭ **تنگ ترش ہونا** - رنجیدہ ہونا - ناراض ہونا ٭ **تنگ چشم** (ف) کنجوس - کمینہ - کم ظرف - کم حوصلہ ٭ **تنگ حال** (ف - ع) (صفت) (۱) محتاج - مفلس - غریب (۲) قریبِ مرگ - جان کنی میں مبتلا (۳) مذکر - نازک حالت - جان کنی ٭ **تنگ حوصلہ** - اوچھا - کم ظرف - کمینہ ٭ **تنگ دست** (ف) محتاج - غریب - مفلس ٭

تنگ دستی (ف) مؤنث - فلاکت - ناداری - مفلسی * تنگ دل - کم ظرف - اوچھا - کنجوس * تنگ دہن - (۱) چھوٹے منہ کا - غنچہ دہن (۲) (مجازاً) معشوق * تنگ طلبی - مؤنث - شدت سے تقاضا کرنا - سختی سے مانگنا - زور دے کر مانگنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) * تنگ کرنا (ف) (۱) عاجز کرنا - دق کرنا - ستانا (۲) چست کرنا * تنگ وقت (ف - ع) مذکر (۱) کم وقت - قلیل فرصت (۲) نازک وقت - مصیبت کا وقت - مشکل کا وقت - ضرورت کا وقت * تنگ ہاتھ ہونا (ف) پیسا پاس نہ ہونا - مفلس ہونا * تنگی (ف) مؤنث (۱) کمی - کوتاہی (۲) غریبی - مفلسی (۳) سختی - مصیبت (۴) دقت - مشکل (۵) اوچھا پن - کم ظرفی * تنگی گئی فراخی آئی (ف) مثل - برے دن گئے - بھلے دن آئے - غریبی دور ہوئی - خوش حالی آئی * تنگی ہونا (۱) کمی ہونا (۲) مصیبت ہونا - سختی ہونا (۳) مفلسی ہونا (۴) گنجائش نہ ہونا *

تنگ (تُنگ) (ف) مذکر (۱) تھیلا - گون - جس میں غلہ وغیرہ ڈالتے ہیں (۲) وہ برتن یا کوزہ جس کا پیٹ بڑا اور دہن چھوٹا اور منہ تنگ ہو *

تنور [عربی میں تَنُّور (تَن - نُور) اور فارسی میں تَنُور (تَ - نُور)] (ع) مذکر (۱) روٹی پکانے کا ظرف (۲) وہ جگہ جہاں سے پانی نکلے (۳) وہ حوض جس میں پانی جمع ہو (۴) وہ حوض جس میں کاغذ کی ردی وغیرہ بھگو کر کاغذ بنایا جاتا ہے (۵) ایک پہاڑ کا نام (۶) ایک جنگل کا نام * (ف) مذکر (۱) وہ گول گڑھا جسے گرم کرکے اس میں روٹیاں پکائی جاتی ہیں (۲) وہ گول لمبوترا کچی مٹی کا برتن جو گڑھے میں لگا کر یا زمین کے اوپر رکھ کر روٹیاں پکاتے ہیں - (۳) ڈبل روٹی، کیک، مٹھائی وغیرہ بنانے کا انگریزی طریقے کا چولھا *

تنور جھونکنا (ف) (۱) تنور گرم کرنا (۲) بھٹیارے کا کام کرنا *

تنوّر (تَنَوْ - وُر) (ع) مذکر (۱) آگ روشن کرنا (۲) جسم پر نورہ لگنا *

تنوّع (تَنَوْ - وُع) (ع) مذکر - قسم قسم کا ہونا - گوناگونی *

تنومند (تَنُو - مَنْد) (ف) (۱) طاقت ور - قوی - زور آور - شہ زور (۲) موٹا تازہ - فربہ * تنومندی - مؤنث (۱) زور آوری - شہ زوری (۲) شاپا - فربہی *

تنویر (تَنْ - وِیْر) (ع) مؤنث - چمک - روشنی *

تنوین (تَنْ - وِیْن) (ع) مؤنث - نون پیدا کرنا - کسی حرف پر دو زبر یا زیر یا پیش لگانے سے نون کی آواز نکالنا * جب دو زبر کی تنوین ہو تو الف بڑھا دیا جاتا ہے - جیسے تقریباً - جب آخر میں ۃ بہ شکل ہ ہو تو الف نہیں بڑھاتے - جیسے کلیۃً - عربی کے سوا اور کسی زبان کے لفظ میں تنوین نہیں آتی - اسی وجہ سے انداذاً غلط اور تخمیناً صحیح ہے *

تنہ (تَنَہ) (ف) مذکر - دیکھیے "تنا" *

تنہا (تَنْ - ہا) (ف) (۱) اکیلا - جدا - فرد (۲) فقط - صرف (۳) بے نظیر - لاثانی * تنہا خوری - مؤنث (۱) اکیلے کھانا (۲) خود غرضی کرنا (۳) کسی کے ساتھ مل کر رشوت نہ لینا (کرنا کے ساتھ) * تنہائی - مؤنث - (۱) گوشہ نشینی - علیحدگی (۲) جدائی (۳) اکیلا رہنا *

تنی (تَنِی) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) کسی چیز کے باندھنے یا کسنے کی ڈوری - ڈوری (۲) (ہندو) (ع) پتی - ساجھا - حصہ * تنی میں گانٹھ دینا (ہندو) (۱) سگائی کرنا - منگنی کرنا - منسوب کرنا (۲) یادداشت کے لیے بند میں گرہ لگانا - یاد رکھنا *

تنی (تِنْ - نِی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا چاول *

تنیا (تَنْ - یا) (ہ) مذکر (گنوار) لنگوٹ - کپڑے کی دھجی، جو کمین قوموں کے مرد ستر پوشی کے لیے باندھتے ہیں *

ت - و

تو (تُو) (ہ) (حرف جزا) (۱) تب - پس (۲) حاصل کلام - الحاصل (۳) پھر - اس وقت * تو بھی - تاہم - پھر بھی - باوجودیکہ * تو سہی (ع) (۱) شرطی - بالضرور (۲) یقیناً - بے شک (۳) دیکھ تو - سمجھوں گا *

تو (تُو) (ہ) (۱) ضمیر واحد حاضر (۲) حرف خطاب، جو ادنیٰ یا کم درجے والے کے متعلق بولا جاتا ہے (۳) حرف خطاب، جو اللہ تعالیٰ کی نسبت استعمال کرتے ہیں * تو بھی رانی میں بھی رانی، کون بھرے پنگھٹ (پر) پانی (ہ) مثل (ع) جب سب کے سب کام سے جی چرائیں تو یہ مثل بولی جاتی ہے - جب ادنیٰ اور اعلیٰ کو برابری کا دعویٰ ہو تو کام کس سے لیا جائے * تو تڑاق کرنا (ف) زبان درازی کرنا - بدزبانی کرنا - گالی گلوچ کرنا * تو تکار (ہ) مؤنث - زبان درازی - بدزبانی - گالی گلوچ * تو تو میں میں (ف) مؤنث (۱) زبان درازی - گالی گلوچ (۲) جھگڑا - حجت (کرنا، ہونا کے ساتھ) * تو چاہے میرے جایے کو، میں چاہوں تیرے کھاٹ کے پایے کو - مثل (ع) اگر تم میری اولاد کو چاہو گی تو میں تمھاری چارپائی کے پایے تک سے محبت رکھوں گی * تو ڈال ڈال تو میں پات پات (ہ) مثل - میں تجھ سے بھی زیادہ ہوشیار ہوں * تو کو نہ بھنائیں، تیرا بھیا اُدّر ملائیں - مثل - ایسے کنجوسوں کے متعلق بولتے ہیں، جو روپے کو بہت عزیز رکھیں اور بالکل خرچ نہ کریں * تو کو نہ مو کو (رہے) چولھے میں جھونکو - مثل (ع) کسی شے کو ایسا ضائع کرنا کہ کسی کے کام کی نہ رہے * تو کیسے سوچ ہے بڑھی تو کیسے سوچ ہے - مثل (۱) وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی کسی کی داد فریاد سننا نہ چاہتا ہو (۲) جب کوئی شخص

گپ ہانکے تو مذاقاً بولتے ہیں ۔ **تو مجھ کو میں تجھ کو** ۔ مثل ۔
(ع) تو میرا ساتھ دے گا تو میں تیرا ساتھ دوں گا ۔ **تو میری گور کھود میں گاڑ آؤں تجھ کو** (و) مثل ۔ جیسی برائی کی ویسی دوسروں کے لیے کی جائے، ویسی اپنے آپ کو پیش آتی ہے ۔

تو (تُو) (ہ) مؤنث ۔ کتے کے بلانے کی آواز ۔

توا (تَوا) (ہ) مذکر (۱) لوہے کا گول ظرف جس پر روٹی پکائی جاتی ہے ۔
(۲) ٹھیکرے کا ٹکڑا، جو تمباکو پر رکھ کر چلم بھری جاتی ہے ۔
(۳) لوہے کا گول سوراخ دار ٹکڑا، جو بڑے کوئیں کی تہ میں نصب کیا جاتا ہے ۔ (۴) بہت سیاہ ۔ بے حد کالا ۔ **توا ہنسنا** (ع)
(۱) جلتے جلتے توے کے نیچے بہت سا کاجل جمع ہو کر روشن ہو جاتا ہے اور اس سے پھول جھڑتے ہیں ۔ اسے توے کا ہنسنا کہتے ہیں ۔ جاہل اس سے شادی ہونے اور رزق کی زیادتی کا شگون لیتے ہیں (۲) کوئی کالا آدمی پان کھا کر ہنستا ہے تو اس پر بھی توے کے ہنسنے کی پھبتی کہی جاتی ہے ۔ **توے کی بوند** ۔ مؤنث (۱) ضرورت سے بہت کم چیز ۔ غیر تسلی بخش (۲) بہت جلد فنا ہونے والی ۔ ناپائدار چیز ۔ **توے کی تیری ہانڈ (تغار) کی میری** ۔ مثل (ع) بہت فائدہ تیرا، تھوڑا میرا ۔

تواب (تَوّا - ب) (ع) مذکر ۔ توبہ منظور کرنے والا ۔ اللہ تعالیٰ ۔

توابع (تَوا - بِع) (ع) مذکر ۔ تابع کی جمع (۱) پیچھے آنے والی چیزیں (۲) پیرو ۔ ماتحت ۔ ملازم ۔

تواتر (تَوا - تُر) (ع) مذکر (۱) پے در پے ہونا ۔ تار بندھ ہونا ۔ لگاتار ہونا (۲) (مجازاً) وقتاً فوقتاً لوگوں کی زبانی کسی بات کا ذکر ہوتے رہنا ۔

توارد (تَوا - رُد) (ع) مذکر (۱) (لغوی) باہم ایک جگہ اترنا (۲) (اصطلاحی) ایک ہی مضمون کا دو شاعروں کے ذہن میں آنا ۔ باہمی اطلاع کے بغیر دو شاعروں کے مصرعے یا شعر لڑ جانا ۔

تواری (تَوا - رِی) (ہ) مذکر ۔ برہمنوں کا ایک فرقہ، جو تین وید پڑھنے کا حق رکھتا تھا ۔

تواریخ (تَوا - رِیخ) (ع) مؤنث ۔ تاریخ کی جمع (۱) مہینے کے دن (۲) زمانے کے گزرے ہوئے واقعات کا علم (۳) داستانیں ۔ کہانیاں ۔ تذکرے ۔ قصے ۔

توازن (تَوا - زُن) (ع) مذکر (۱) ہم وزن ہونا ۔ برابر ہونا ۔ (۲) تناسب ۔

تواضع (تَوا - ضُع) (ع) مؤنث (۱) انکسار ۔ عاجزی (۲) آؤ بھگت ۔ خاطر تواضع (۳) (ہندو) بھینٹ ۔ نذر (۴) (ہندو) دعوت ۔ ضیافت ۔ مہمان داری ۔ **تواضع سمرقندی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ ظاہرداری کی آؤ بھگت ۔ جھوٹی خاطر ۔

تواضع کرنا (و) (۱) خوش اخلاقی سے پیش آنا ۔ عاجزی سے پیش آنا (۲) خاطر مدارات کرنا (۳) نذر کرنا (۴) دعوت دینا ۔ ضیافت کرنا ۔

توافق (تَوا - فُق) (ع) مذکر (۱) مطابق ہونا ۔ موافق ہونا ۔ یک جا ہونا (۲) (اصطلاح حساب) ایسے دو عددوں کی نسبت جن میں کوئی تیسرا عدد برابر تقسیم کر سکے ۔

توالد (تَوا - لُد) (ع) مذکر ۔ اولاد پیدا کرنا ۔ **توالد و تناسل** (ع ۔ ف) مذکر ۔ اولاد پیدا ہونا اور نسل چلنا ۔

توالی (تَوا - لِی) (ع) مؤنث ۔ متواتر ہونا ۔ پے در پے ہونا ۔

توام (تَو - اَم) (ع) (۱) جڑواں، وہ بچہ، جو دوسرے بچے کے ساتھ پیدا ہو (۲) برج جوزا ۔ **توامان** ۔ وہ دونوں بچے، جو حمل سے ایک ساتھ پیدا ہوں ۔

توان (تَوا - ں) (ف) مؤنث ۔ قوت ۔ زور ۔ طاقت ۔ قدرت ۔ بل ۔
توانا (۱) طاقت ور ۔ زور آور ۔ تنومند (۲) ہٹا کٹا ۔ زبردست ۔
توانائی ۔ مؤنث ۔ قدرت ۔ زور ۔ طاقت ۔ بل ۔
توانائے مطلق ۔ مذکر ۔ قادر مطلق ۔ اللہ تعالیٰ ۔ **توانگر** (۱) طاقت والا (۲) (مجازاً) دولت مند ۔ مال دار ۔ **توانگری** ۔ مؤنث ۔ زرداری ۔ مالداری ۔

توبرا (تو - بْ - رَا) (ف)
توبرہ (تو - بْ - رَہ) (ف)
توبڑا (تو - بْ - ڑَا) (و)
مذکر (۱) گھوڑے کو دانہ کھلانے کا ٹاٹ یا چمڑے کا تھیلا (چڑھانا، چڑھنا کے ساتھ) (۲) (تحقیراً) منہ ۔

توبہ (تو - بَہ) (ع) مؤنث (۱) گناہ سے باز آنا ۔ ندامت ۔ استغفار (۲) (و) قسم ۔ قول ۔ عہد (۳) برگشتگی ۔ انحراف (۴) علٰحدگی ۔ ترک (۵) (و) خدا محفوظ رکھے ۔ خدا نہ کرے (۶) (و) اے خدا رحم کر ۔ الٰہی پناہ ۔ **توبہ توبہ** (۱) مقام عبرت و تاسف، عہد واثق یا نفرت کی پر کہتے ہیں (۲) کسی مقدس مقام یا چیز کی نسبت بے تمیزی یا گستاخی کا کوئی کلمہ زبان پر لائیں تو بھی بولتے ہیں ۔ **توبہ توڑنا** (و) قول و قسم سے پھرنا ۔ عہد شکنی کرنا ۔ **توبہ کرانا** ۔ گھبرا دینا ۔ عاجز کر دینا ۔ چیں بلوانا ۔ **توبہ کر بندے اس گندے روزگار سے** ۔ مثل ۔ اس برے پیشے کو چھوڑ دے ۔ **توبہ کرنا** (۱) گناہ سے باز آنا (۲) قسم کھانا (۳) عبرت پکڑنا (۴) فریاد کرنا (۵) چھوڑنا (۶) مغفرت چاہنا (۷) افسوس کرنا ۔ معافی چاہنا ۔

توبیخ (تو - بِیخ) (ع) مؤنث ۔ طعن ۔ جھڑکی ۔ ملامت ۔ زجر ۔ سرزنش ۔ طنز ۔

توپ (تو - پ) (ت) مؤنث (۱) گولہ چلانے کا آلہ (چلانا، چلنا، چھوڑنا، داغنا، سر کرنا، فیر کرنا وغیرہ کے ساتھ) (۲) (مزاحاً) بہت موٹا آدمی ۔ **توپچی** (ت) مذکر ۔ توپ چھوڑنے والا ۔ گولنداز ۔ خلاصی ۔

توپ خانہ ۔ مذکر (۱) توپیں رکھنے کا مقام ۔ میگزین (۲) چھ توپیں مع سامان ٭ **توپ دم کرنا** (۹) (کمینہ) توپ سے اڑانا ۔ تباہ کرنا ۔ غارت کرنا ٭ **توپ کے منہ اڑانا** ۔ موت کی سزا میں مجرم کو توپ کے منہ سے باندھ کر چھوڑ دینا ٭

توپنا (تَوْپ ۔ نَا) (ہ) (۱) گڑھا بند کرنا (۲) زمین میں گاڑنا (۳) چھپانا ٭

توت (تُوْت) (ف) مذکر ۔ شہتوت کا درخت اور اس کا پھل ٭

توتا (تُوْ ۔ تَا) (ف) مذکر (۱) طوطا ۔ مٹھو ۔ ایک مشہور پرندہ ، جس کے پر سبز ، چونچ سرخ اور گلے میں سرخ طوق ہوتا ہے (۲) توڑے دار بندوق کا گھوڑا (۳) خوش گفتار لڑکا ۔ پیار کا کلمہ (۴) بھنگ کی گنڈی ٭ **توتا پالنا** (۱) پھوڑے پھنسی کا علاج نہ کرکے بیماری کو طول دینا (۲) آتشک یا سوزاک کا مرض لگا لینا (۳) ایسا کام ہاتھ سے لینا ، جس سے وہ دوسرے کاموں سے بے کار ہو جائے ٭ **توتا چشم** ۔ بے فیض شخص ۔ بے مروت ٭ **توتا چشمی** ۔ مؤنث ۔ بے وفائی ۔ بے مروتی ٭ **توتے** (تُوْتے) (ہ) مذکر ۔ توتا کی جمع ٭ **توتے اڑ جانا** ۔ ہکا بکا ہو جانا ۔ گھبرا جانا ۔ ششدر رہ جانا ۔ ہوش باختہ ہو جانا ۔ تھکا ماندہ ہو جانا ٭ **توتے کی سی آنکھیں پھیرنا ۔ توتے کی طرح آنکھیں بدلنا** ۔ یک لخت بے دید ہو جانا ۔ دفعتہً بے مروت ہو جانا ٭ **توتے کی طرح پڑھنا (یا یاد کرنا)** بے سمجھے بوجھے پڑھنا ۔ بے سمجھے بوجھے یاد کرنا ٭

توتلا (تُوْت ۔ لَا) (ہ) وہ شخص ، جس کی زبان موٹی ہونے کے سبب لفظ صاف نہ نکل سکیں ٭

توتو (تُوْ ۔ تُو) (ہ) مؤنث (عو) (۱) کتے کو بلانے کی آواز (۲) باتیں کرنا ۔ بولنا (۳) (مجازاً) زبان ۔ جیب (متروک) ٭

توتی (تُوْ ۔ تِی) (ف) مذکر ۔ ایک چھوٹی سی خوش آواز چڑیا ، جو توت کے موسم میں اکثر دکھائی دیتی اور شہتوت نہایت شوق سے کھاتی ہے ٭ **توتی بولنا** (۱) دنیا بھر میں مشہور ہونا ۔ حسن و جمال ۔ مرتبہ ۔ کمال یا ہنر میں دھاک بندھنا ۔ اقبال کا یاور ہونا ۔ دور دورہ ہونا ٭ **توتی کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے** ۔ مثل ۔ بڑے آدمیوں کی رائے کے مقابلے میں چھوٹے آدمیوں کی رائے کو کوئی نہیں پوچھتا ٭

توتیا (تُوْ ۔ تِیَا) (ف) مذکر (۱) نیلا تھوتھا (۲) سرمہ ٭

توتیا (تُوْ ۔ تِیَا) (توطیہ کا مبدل) مذکر ۔ الزام ۔ تہمت ٭ **توتیا باندھنا ۔ توتیا طوفان جوڑنا ۔ توتیے جوڑنا** (۹) (عو) الزام یا تہمت لگانا ۔ بدنام کرنا ٭

توثیق (تَوْ ۔ ثِیق) (ع) مؤنث (۱) استحکام ۔ پختگی ۔ مضبوطی (۲) استحکام کرنا ٭

توجانا (ہ) جانوروں کا حمل گر جانا ٭

توجہ (تَوَجْ ۔ جُہ) (ع) مؤنث (۱) کسی کی طرف منہ کرنا (۲) رغبت ۔ رجحان ۔ میل (۳) لحاظ ۔ خیال (۴) شفقت ۔ عنایت ۔ مہربانی ٭

توجہ باطن ۔ مؤنث (۱) دلی توجہ ۔ دلی رجوع (۲) دلی مہربانی ٭

توجیہ (تَوْ ۔ جِیہ) (ع) مؤنث (۱) چہرے کے خط و خال ۔ حلیہ (۲) سبب کا اظہار کرنا ۔ باعث بتانا ۔ وجہ بیان کرنا ۔ دلیل لانا (۳) (علم قافیہ) ساکن روی کی ماقبل حرکت ٭ **توجیہ نویس** (ع ۔ ف) مذکر ۔ حلیہ لکھنے والا ٭

توحش (تَوَحْ ۔ حُش) (ع) مذکر ۔ نفرت ۔ وحشت ٭

توحید (تَوْ ۔ حِید) (ع) مؤنث (۱) خدا کے ایک ہونے پر یقین کرنا ۔ خدا کو ایک ماننا (۲) یکتائی ۔ وحدانیت ٭

تودہ (تُوْ ۔ دَہ) (ف) مذکر (۱) ڈھیر ۔ انبار ۔ انٹم (۲) مٹی کا ٹیلا یا کچی دیوار ، جس پر نشانہ بازی کی مشق کی جائے (۳) (ق ۔ عو) بہت زیادہ ۔ بکثرت ۔ انقاردن (۴) (ق) مٹی کا ڈھیر ، جو اراضی کی حدود پر حد ظاہر کرنے کے لیے قائم کیا جاتا ہے ٭

تودہ طوفان ۔ مذکر (۱) بہت الزام (۲) بہت الزام لگانے والا آدمی ۔ مکار ۔ شریر ۔ فسادی ۔ فتنہ انگیز ٭

تودیع (تَوْ ۔ دِیع) (ع) مؤنث (۱) وداع کرنا ۔ رخصت کرنا (۲) سونپنا ۔ سپرد کرنا ٭

تور (تُوْر) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا غلہ جس کی دال پکائی جاتی ہے (۲) وہ رسی ، جو زنانہ پینس یا سکھپال یا میانے کے گرداگرد پردہ نہ اڑنے کی غرض سے باندھی جاتی ہے ۔ چوبندی (۳) جالی کی پوشش جو پالکی یا پینس پر ڈالی جاتی ہے ٭

تورات (تَوْ ۔ رَات) (ع) مؤنث ۔ دیکھیے "توریت" ٭

تورع (تَوَرْ ۔ رُع) (ع) مذکر ۔ پرہیزگاری ٭

تورہ (تُوْ ۔ رَہ) (ہ) مذکر (۱) مختلف قسموں کے لذیذ کھانے ، جو خوانوں میں لگا کر بڑے تکلف سے شادی وغیرہ کے موقع پر کچھ دن پہلے تقسیم کیے جاتے ہیں (۲) (عو) گھمنڈ ۔ غرور ۔ ناز نخرہ (۳) (عو) رتبہ ۔ عزت ٭ **تورہ بندی** (ہ) مؤنث ۔ شادی سے پہلے قسم قسم کے کھانوں کے بھیجنے کی تقریب ٭ **تورہ پوش** (ا) مذکر ۔ خوان پوش ٭ **تورہ پیٹی** (ہ) مؤنث ۔ (عو) (طنزاً) شیخی باز عورت ۔ مغرور عورت ۔ نفرت کرنے والی عورت ٭ **تورہ جتانا** (عو) (۱) نخرا کرنا (۲) غرور کرنا (۳) طہارت کی پرہیزگاری جتانا ٭ **تورے والی** (ہ) مؤنث (۱) متکبر عورت ۔ مغرور عورت (۲) (طنزاً) پرہیزگار عورت ٭

پابند شرع عورت ۔

تورہ (تُو۔رَہ) (ت) مذکر (۱) رسم ۔ قانون ۔ سنت ۔ شرع (۲) (مجازاً) چنگیز خان کی وضع کی ہوئی شریعت ۔

توری (تُو۔ری) (ہ) مؤنث ۔ تُرئی ۔ ایک قسم کی ترکاری ۔

توریا (تُو۔ریا) (ہ) مذکر ۔ سرسوں کا پیدا یا بیج ۔

توریت (تَو۔ریت) (عبرانی) مؤنث ۔ وہ آسمانی کتاب، جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی ۔

توڑ (تُوڑ) (ہ) مذکر (۱) ٹوٹ پھوٹ شکستگی (۲) رخنہ شگاف، جو بندوق یا توپ سے پڑ جاتا ہے (۳) آب پاشی (۴) طغیانی ۔ چڑھاؤ (۵) دہی کا پانی (۶) جواب کا رد (۷) گرنے یا گری کی توڑنے کی قوت (۸) فاصلہ جو تیر یا گولہ طے کرے (۹) چارہ ۔ علاج (۱۰) پیچ یا داؤں کا الٹ بدل (۱۱) کسی چیز کی قیمت کا فیصلہ (۱۲) شور غل (۱۳) دیکھیے "تور" (۱۴) توڑنا کا امر ۔ **توڑا** ۔ توڑنا سے ماضی مطلق ۔ **توڑا مروڑی ہونا توڑنا مروڑنا** ۔ **توڑ پھوڑ ۔ توڑ تاڑ** ۔ مؤنث (۱) ٹوٹ پھوٹ شکستگی (۲) انہدام ۔ ویرانی ۔ خرابی (۳) اغوا ۔ سازش ۔ **توڑ جوڑ** ۔ مذکر (۱) لڑائی اور صلح ۔ توڑنا جوڑنا (۲) سازش ۔ تدبیر ۔ داؤ پیچ (۳) مکاری، دانائی ۔ فیلسوفی (۴) دو آدمیوں میں جھگڑا کرا دینے یا نفاق ڈلوا دینے کے ڈھنگ (۵) قطع و برید ۔ کاٹ چھانٹ (۶) الفاظ کی ترکیب کا ڈھنگ (۷) چال ۔ **توڑ دینا ۔ توڑ ڈالنا** ۔ دیکھیے "توڑنا" ۔ **توڑنا** (۱) پھوڑنا پھاڑنا ۔ چیرنا ٹکڑے کرنا (۲) پاش پاش کرنا ۔ چُور چُور کرنا (۳) علیحدہ کرنا ۔ جدا کرنا (۴) قلبہ رانی کرنا ۔ ہل جوتنا (۵) نقب دینا ۔ نقب لگانا ۔ سیندھ لگانا (۶) چیرا اتارنا ۔ ازالہ بکر کرنا (۷) گھٹانا ۔ کم کرنا (۸) نہر سے پانی نکالنا ۔ پانی کاٹنا (۹) فسخ کرنا ۔ منسوخ کرنا (۱۰) گرانا ۔ ڈھانا (۱۱) مٹانا ۔ دُور کرنا (۱۲) قطع تعلق کرنا ۔ دوستی نہ رکھنا (۱۳) موقوف کرنا (۱۴) جیتنا ۔ فتح کرنا (۱۵) کھپنا (۱۶) اپنی طرف کر لینا ۔ ملا لینا (۱۷) کسرت کرنا ۔ ورزش کرنا (۱۸) روپیہ بھنانا ۔ خُردہ کرنا (۱۹) مفت اور بے محنت کھانا (۲۰) اکھاڑنا (۲۱) ناتواں کرنا ۔ کمزور کرنا (۲۲) دل میں فرق کرانا ۔ نفاق کرانا ۔ (۲۳) گھٹانا ۔ ہٹانا (۲۴) بھاگنی مارنا ۔

توڑنے آئے چارا اور کھیت کا اجارہ (ہ) مثل ۔ ایک تو پرائی چیز لینے آئے، دوسرے رعب ڈالتے ہیں ۔

توڑا (تُو۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) چارا ۔ جنس (۲) قلت ۔ قحط ۔ کمی (پڑنا، ڈالنا کے ساتھ) (۳) رسی کا ٹکڑا (۴) ہل کی پھاڑ (۵) بندوق چھوڑنے کی بتی ۔ شتابہ ۔ پلیتہ (۶) گلے میں پہننے کا ایک زیور (۷) تھیلی ۔ روپیوں یا اشرفیوں کی تھیلی ۔ ہزار روپے کی تھیلی (۸) گت کا سلسلہ توڑ کر درمیان میں ایک آدھ حرکت کرنا، پھر گت کے اسی سلسلے میں مل جانا (لینا کے ساتھ) ۔ **توڑے دار بندوق** (ہ) مؤنث ۔ وہ بندوق، جو فتیلے کے ذریعے سے چھوڑی جائے ۔

توڑی (تُو۔ڑی) (ہ) مؤنث (۱) سرسوں ۔ رائی ۔

توڑی (تُو۔ڑی) (ہ) مؤنث ۔ چارا ۔ گیہوں یا جَو کا بھُس ۔

توزک (تُو۔زُک) (ت) مؤنث ۔ دیکھیے "تزک" ۔

توزیع (تَو۔زِیع) (ع) مؤنث (۱) بانٹنا ۔ پراگندہ کرنا (۲) لگان ادا کرنے والے کے نام پر حساب ظاہر کرنا کہ تمہارے ذمے اتنی رقم باقی ہے ۔ **توزیع حال** (ع) مؤنث ۔ ہر مہینے کا حساب جس میں ہر مالک کا زر مطالبہ، تحصیل اور باقی درج ہو ۔

توس (تُوس) (اہند) داغ ۔ ٹوسٹ ۔ Toast مذکر ۔ ڈبل روٹی کا پتلا ٹکڑا، جو چوڑائی کے رخ کاٹا جاتا ہے ۔

توسدان (ق) دیکھیے "توشدان" ۔

توسط (تَ۔وَسْ۔سُط) (ع) مذکر (۱) میانہ روی ۔ اعتدال (۲) درمیان ۔ بیچ (۳) وسیلہ ۔ آسرا ۔ ذریعہ ۔

توسل (تَ۔وَسْ۔سُل) (ع) مذکر (۱) وسیلہ ڈھونڈنا ۔ کسی کو بیچ میں ڈالنا (۲) سفارش ۔ ذریعہ ۔ وسیلہ ۔

توسن (تَو۔سَن) (ف) مذکر ۔ گھوڑا ۔ شوخ، تند اور سرکش گھوڑا ۔

توسیع (تَو۔سِیع) (ع) مؤنث (۱) کشادگی ۔ وسعت (۲) فراخ کرنا ۔

توشدان (تُوش۔دان) (ف) مذکر (۱) توشہ دان ۔ وہ برتن جس میں سفر کی خوراک رکھی جاتی ہے (۲) کارتوس رکھنے کا بکس، جو سپاہیوں کی کمر سے بندھا رہتا ہے ۔

توشک (تُو۔شَک) (ت) مؤنث ۔ بچھونا ۔ گدیلا ۔ رُوئی والا بستر ۔ گھا…

توشک خانہ (ت ۔ ف) مذکر ۔ وہ مکان، جہاں اوڑھنے، پہننے کے کپڑے رکھے جاتے ہیں ۔ پارچہ خانہ ۔ ذخیرہ ۔ جلوس خانہ ۔

توشہ (تُو۔شَہ) (ف) مذکر (۱) وہ کھانا، جو مسافر ساتھ لے جاتے ہیں (۲) وہ کھانا جو مُردے کے ساتھ لے جاتے اور دفن کے بعد فقیروں کو دے دیتے ہیں (۳) کسی بزرگ یا ولی کی فاتحہ کا کھانا، جو عرس کے دن تقسیم کیا جاتا ہے (۴) کھانے پینے کی چیز (۵) زادِ راہ، راستے کا خرچ ۔ **توشہ خانہ** ۔ مذکر ۔ دیکھیے "توشک خانہ" ۔

توشۂ عاقبت یا عقبیٰ (ف ۔ ع) مذکر (۱) اچھے کام ۔ نیک اعمال، جو دوسرے جہان میں کام آئیں گے (۲) وہ معصوم بچہ، جو والدین کے سامنے مر جائے ۔

توشیح (تَو۔شِیح) (ع) مؤنث (۱) آرائش کرنا (۲) علم بیان کی ایک صنعت جس میں ہر مصرع یا شعر کے پہلے پہلے حرف ترتیب پا کر شاعر یا ممدوح کا نام ظاہر کریں ۔

توصیف (تَو۔صِیف) (ع) مؤنث (۱) خوبی ۔ تعریف ۔ وصف

(۲) سراہنا ۔ وصف کرنا ۔

توضیح (تَوْ ۔ ضِیْحْ) (ع) مؤنث (۱) کھول کر بیان کرنا ۔ تشریح ۔ شرح ۔ وضاحت (۲) (قانون) مال گزاری کا نقشہ ۔

توطّن (تَوَط ۔ طُنْ) (ع) مذکر ۔ وطن اختیار کرنا ۔

توطیہ (تَوْ ۔ طِیَہْ) (ع) مذکر (۱) مدعا کی تمہید (۲) شعر میں قافیے کی تکرار (۳) دیکھیے "توتیا" ۔

توغّل (تَوَغْ ۔ غُلْ) (ع) مذکر (۱) دھن ۔ مشق (۲) کسی کام میں بہت مشغول رہنا ۔ پوری مشق کرنا ۔

توفان (تُوْ ۔ فَانْ) (ف) مذکر (۱) دریا کی شورش ۔ تلاطم ۔ موجوں کا زور شور ۔ طوفان (۲) شور و غوغا (۳) (د) دیکھیے "توتیا" ۔

توفان شیطان (د) مذکر ۔ بہتان ۔ جھوٹ ۔

توفیر (تَوْ ۔ فِیْرْ) (ع) مؤنث (۱) فائدہ ۔ بچت ۔ زیادتی (۲) حق المحنت ۔ حق سعی ۔ بالائی یافت ۔

توفیق (تَوْ ۔ فِیْقْ) (ع) مؤنث (۱) موافق اور برابر کرنا (۲) اللہ تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا ۔ (۳) خدا کی مہربانی ۔ اللہ کا فضل ۔ رہنمائی ۔ ہدایت (۴) (ل) لیاقت ۔ قابلیت (۵) وسیلہ ۔ آسرا ۔ مدد (۶) حوصلہ ۔ طاقت ۔ ہمت ۔

توقّع (تَوَقْ ۔ قُعْ) (ع) مؤنث ۔ آرزو ۔ آس ۔ بھروسا ۔ امید ۔ آسرا (رکھنا ، رہنا ، کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

توقّف (تَوَقْ ۔ قُفْ) (ع) مذکر ۔ ڈھیل ۔ تامل ۔ صبر ۔ وقفہ ۔ دیر ۔

توقیر (تَوْ ۔ قِیْرْ) (ع) مؤنث ۔ تعظیم و تکریم ۔ حرمت ۔ عزت ۔ عظمت ۔ وقعت ۔

توقیع (تَوْ ۔ قِیْعْ) (ع) مؤنث (۱) شاہی فرمان (۲) شاہی دستخط (۳) شاہی مہر لگا کر دستخط کرنا ۔

توکّل (تَوَکْ ۔ کُلْ) (ع) مذکر (۱) خدا پر بھروسا کرنا (۲) دنیا کے اسباب سے بیزار ہو کر صرف اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنا (۳) آسرا ۔ بھروسا ۔ اعتماد (۴) تسلیم و رضا ۔ اطاعت (رکھنا ، ہونا کے ساتھ) ۔ **توکل پر بیٹھنا** (د) (۱) خدا پر بھروسا کر کے بیٹھنا ۔ تمام کام اللہ تعالیٰ پر چھوڑ کر بہتری کی امید رکھنا (۲) خالی رہنا ۔ بیکار بیٹھنا ۔

توکھ (تُوْ ۔ کھ) (ہ) مؤنث ۔ وہ بڑا ستون ، جو تین موضعوں کی حد ملنے کے مقام پر گاڑ دیا جاتا ہے ۔

تول (تَوْلْ) (ہ) مذکر (۱) وزن ۔ اندازہ ۔ جانچ (۲) مقررہ وزن ۔

تول لینا ۔ تولنا (ہ) (۱) وزن کرنا ۔ جانچ لینا ۔ آزما لینا (۲) امتحان کرنا ۔ قابلیت اور لیاقت کی جانچ کرنا (۳) محبت کی آزمائش کرنا (۴) بات کو اچھی طرح سمجھنا (۵) تلوار کو ہاتھ میں جانچنا ۔

تولوان (۱) وزنی ۔ بھاری (۲) جس پر بہت سا طلائی کام ہوا ہو (کپڑا) ۔

تولا (تَوْ ۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) بارہ ماشے کا وزن یا بٹ (۲) بارہ ماشے ۔

تولا بھر کی آرسی نانی بولے فارسی (د) مثل (عو) اس موقع پر بولتی ہیں ، جب تھوڑا سا سلوک کر کے بہت سا احسان جتایا جائے ۔ **تولا ماشہ** (۱) وہ بیمار یا نازک مزاج شخص ، جو گھڑی میں کچھ اور گھڑی میں کچھ ہو جائے (۲) غیر مستقل مزاج ۔ بے ثبات ۔ متلون مزاج ۔

توّلا (تَوْ ۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) بڑے منہ کا ہنڈا (۲) ہندوؤں کا ایک پر ۔ تانبے کا برتن ۔ تبیا (۳) مہوا کے پھولوں کی شراب ۔

تولّا (تَوَلْ ۔ لَا) (ع) مذکر (۱) الفت ۔ دوستی ۔ محبت (۲) توقع ۔ امید (۳) محبت رکھنا ۔ (عربی میں تَوَلّیٰ تھا ، فارسی والوں نے تولّا کر لیا) ۔ **تولّائی** (ع ۔ ف) (۱) محبت رکھنے والا (۲) شیعوں کا وہ فرقہ ، جو تبرا نہ کرے ۔

تولّد (تَوَلْ ۔ لُدْ) (ع) مذکر (۱) پیدائش ۔ جنم (۲) پیدا ہونا ۔

تولہ (تَوْ ۔ لَہ) (ہ) دیکھیے "تولا" ۔

تولیا (تَوْ ۔ لِیَا) (بعض اہل لغت کے نزدیک انگریزی لفظ "ٹوول" Towel کا مخفف اور بعض کی رائے میں پرتگالی لفظ "ٹوھو" کا مخرب ہے) ایک قسم کا رومال ، جس سے ہاتھ منہ پونچھا یا نہا کر جسم خشک کیا جاتا ہے ۔

تولیت (تَوْ ۔ لِیَتْ) (ع) مؤنث (۱) ولی یا حاکم بنانا (۲) نگرانی ۔ انتظام ۔ سربراہی ۔ **تولیت نامہ** (ع ۔ ف) مذکر ۔ ولی بنانے کی تحریر ۔

تولید (تَوْ ۔ لِیْدْ) (ع) مؤنث (۱) پیدائش ۔ جنم (۲) جننا ۔ دائی کا کام کرنا (۳) جننا ۔ پیدا کرنا ۔ پرورش کرنا (۴) اگنا ۔ نمو ۔

تومار (تُوْ ۔ مَارْ) (طومار کا مخرب) مذکر ۔ وہ خطوط ، جو جمع کر کے بچوں کے پڑھنے کے لیے ایک دوسرے سے چپکا دیے جاتے ہیں ۔

تومان (تُوْ ۔ مَانْ) (ت) مذکر ۔ دیکھیے "تمن" ۔

تومڑی (تُوْمْ ۔ ڑِیْ) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا تونبا ۔ سوکھے ہوئے تونبے کا فقیروں کا برتن ۔ کشکول (۲) تونبے کا بنا ہوا ایک ساز (۳) سپیروں کی بین (۴) گھڑیال کی کٹوری (۵) چراغ ، جو تونبی یا تربوز کا بنایا جاتا ہے (۶) ایک قسم کی آتش بازی ۔ پھل جھڑی (۷) ایک قسم کی سینگی ، جو چھوٹے کدو سے بنائی جاتی ہے (۸) زنبوری ۔ بتوری ۔

تومنا (تُوْمْ ۔ نَا) (ہ) (۱) روئی صاف یا اس کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) قلعی کھولنا ۔ عیب نکالنا (۳) دست مالی کرنا ۔ ملنا دلنا (۴) سخت گالیاں دینا (۵) بہت زیادہ مارنا (۶) عاجز کر دینا ۔

ناک میں دم کر دینا ٭ تومیا - مذکر - بہت باریک اور عمدہ کتا ہوا سوت، جو انگلیوں سے توم کر کاتا جاتا ہے ٭

توں (تُوں) (ہ)، تُو (متروک) ٭ **توں تاں کرنا** - تُو تُو مَیں مَیں کرنا - گالی گلوچ کرنا ٭

تونا (تُو - نا) (ہ) دیکھیے "توجانا" ٭

تونبا (تُوں - با) (ہ) مذکر - ایک قسم کا تلخ کدو، جو اندر سے خالی کر کے کشکول بنایا جاتا یا ستار میں لگایا جاتا ہے ٭ **تونبی** - مؤنث (۱) چھوٹا تونبا - تونبڑی - چھوٹا کشکول (۲) سپیروں کی بین (۳) دیکھیے "تومڑی" نمبر۳ ٭ **تونبی ہاتھ میں لینا** (کنایۃً) جوگی بننا - فقیری لینا ٭

توند (تُوند) (ہ) مؤنث - بڑا پیٹ ٭ **توندل** - بڑے پیٹ والا ٭

تونس (تُونس) (ہ) مؤنث - وہ پیاس، جو کسی طرح نہ بجھے ٭ **تونسنا** - سورج کی تپش سے مضمحل ہو جانا - بے قرار ہو جانا - پیاس کا بڑھ جانا ٭

توہم (تَوَہ - ہُم) (ع) مذکر (۱) شک - وسواس - وہم - گمان (۲) وہم کرنا - وہم میں پڑنا - وہم ہونا ٭

توہین (تَو - ہِین) (ع) مؤنث (۱) سست کرنا - طنز کرنا - طعن کرنا (۲) بے عزتی - حقارت - اہانت - حاکم کو برا بھلا کہنا ٭

توئی - توئی (تُو - ئی + تُو - ئی) (ہ) مؤنث - کپڑے پر بنی ہوئی ایک قسم کی بیل، جو عورتیں عموماً دوپٹوں، رضائیوں وغیرہ پر لگاتی ہیں ٭

ت - ہ

تہ (تَہ) (ف) مؤنث (۱) نیچے - نشیب (۲) تلا - پیندی (۳) انتہا - تھاہ (۴) سلوٹ - لپیٹ (۵) مخفی بات - بھید (۶) باریکی - نکتہ - رمز (۷) گاد - دُرد - تلچھٹ (۸) زمین - سطح - فرش (۹) باریک اور پتلا ورق (۱۰) تحریر - جھلک (۱۱) قعر چاہ - تہ - قعر دریا ٭

تہ اور تی کا فرق - تی ہمیشہ وہیں بولتے ہیں، جہاں چال، فریب اور ہیر پھیر کا پہلو مراد ہو - تہ کا استعمال وہاں بھی کیا جاتا ہے، جہاں صرف باریک اور پوشیدہ بات ہو ٭ **تہا تہی رکھ چھوڑنا** (ہ) (عو) استعمال میں نہ لانا - احتیاط سے رکھنا ٭ **تہ بازاری** (ف) مؤنث (۱) بازار کا عام محصول (۲) زمین کا محصول ٭ **تہ بہ تہ** (۱) ایک کے نیچے ایک - ہر تہ میں (۲) پیچ در پیچ ٭ **تہ بند** - مذکر - لنگوٹ - لنگی - دھوتی ٭ **تہ پوشی** - مؤنث (دہلی) وہ کپڑا، جو ساڑھی کے نیچے ستر پوشی کے لیے لپیٹ لیا جاتا ہے ٭ **تہ پیچ** - مذکر - پگڑی کے نیچے کا کپڑا ٭ **تہ توڑنا** (ہ) (۱) ختم کر دینا - تمام کر دینا (۲) کنوئیں کا پانی نکال ڈالنا ٭ **تہ تیغ ہونا** - تلوار سے قتل ہونا ٭ **تہ جمانا** (۱) ایک شے کے اوپر دوسری شے ملا کر رکھنا (۲) ایک شے کھا کر اس کے بعد دوسری شے کھانا ٭

تہ خانہ (ف) مذکر (۱) دخمہ (۲) سرد خانہ (۳) وہ مکان، جو زمین کے نیچے بنایا جائے ٭ **تہ درز** (ہ) (عو) نیا کپڑا - وہ کپڑا، جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو - غیر مستعمل ٭ **تہ دیگی** (ف) مؤنث - کھرچن - نیچے کا کھانا ٭ **تہ رو** - مذکر - زین کے نیچے کی گدی ٭ **تہ کا سچا** (ہ) مذکر - وہ کبوتر، جو اپنا گھر نہ بھولے ٭ **تہ کر رکھو** - رکھ چھوڑو - اب نہیں چاہیے ٭ **تہ کرنا** (۱) لپیٹنا (۲) فیصلہ کرنا (۳) چھوڑنا ٭ **تہ کو پہنچنا** - کسی بات کی حقیقت کو پہنچنا - اصل مطلب دریافت کر لینا ٭ **تہ کی بات** - مؤنث - گہری بات - اصل کی بات - انتہا کی بات ٭ **تہ ملنا** - نر کے ساتھ مادہ کو ملانا - جوڑا ملانا ٭ **تہ نشین ہونا** - (۱) دل میں جم جانا (۲) نیچے بیٹھنا ٭ **تہ و بالا** (ف) الٹ پلٹ - زیر و زبر (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تھا (تھا) (ہ) ماضی بعید کی علامت - بُود کا ترجمہ ٭

تھاپ (تھاپ) (ہ) مؤنث (۱) تماچہ - تھپڑ (۲) طبلے کی آواز، جو دونوں ہاتھوں کی پوری انگلیوں کی ضرب سے نکلتی ہے (۳) تھاپنا کا امر ٭ **تھاپ مارنا** (۱) تھپڑ مارنا (۲) پہلوانوں کا چوتڑوں یا ماتھے پر تھپکی دینا (۳) طبلہ بجانا (۴) گوبر تھاپ کر دیوار کی مرمت کرنا (۵) شیر کا منہ پر پنجہ ٭ **تھاپا** - مذکر (۱) چوپایے کے پاؤں کا نشان (۲) (مجازاً) ہاتھ کا پورا نشان ٭ **تھاپنا** (۱) اُپلے بنانا - گوبر پاتھنا (۲) مورتی کی پوجا کرنا ٭ **تھاپی** - مؤنث - (۱) تماچہ (۲) تھپکی (۳) کمہار کا اوزار، جس سے وہ برتن گھڑتا ہے (۴) چونا کوٹنے کا چوبی آلہ (۵) کرکٹ کا بیٹ (۶) ٹینس کا ریکٹ ٭

تھاک (تھاک) (ہ) مذکر و مؤنث - حد کی پتی بُرجی ٭ **تھاک بست** (ہ) مذکر و مؤنث - حد بندی ٭

تھال (تھال) (ہ) مذکر (۱) پیتل یا کانسی وغیرہ کا طشت - سینی - بڑا خوان (۲) بعض تقریبات کا مخصوص کھانا ٭ **تھالا** - مذکر (۱) تھال (۲) درختوں کے گرد پانی دینے کا گڑھا یا نالی (دہلی میں "تھانولا" بولتے ہیں) (۳) وہ گڑھا، جس میں درخت لگایا جائے (۴) مٹی کا ڈھیر، جو درخت کے گرد لگایا جاتا ہے ٭

تھالی - مؤنث - تھال کی تصغیر - چھوٹی رکابی - تشتری ٭

تھالی بجانا (۱) سانپ کے کاٹے ہوئے کے آگے تھالی بجا کر منتر پڑھنا (۲) بچہ پیدا ہونے پر اس کا ڈر دور کرنے کے لیے تھالی یا توا بجانا ٭

تھالی پھرنا - بیان سے باہر انبوہ ہونا - بھاری ازدحام ہونا - کثرت سے ہجوم ہونا ٭

تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے (سر ہی پر گرے) (ہ) سخت بھیڑ ظاہر کرنے کے مقام پر کہتے ہیں ٭

تھالی جوڑ - مذکر - کٹورا مع تھالی کے ٭

تھالی کا بینگن - غیر مستقل مزاج - وہ آدمی جو حرص یا طمع کی وجہ سے ہر ایک کی طرف داری کرنے لگے ٭

تھامنا (تھام - نا) (ہ) (۱) باز رکھنا - روکنا (۲) اڑواڑ لگانا - آڑ لگانا (۳) گرفتار کرنا - پکڑنا (۴) ہاتھ میں لینا (۵) کھڑا کرنا - ٹھہرانا (۶) مدد کرنا - سنبھالنا ٭

تھاں (تھاں) (ہ) اُس جگہ - وہاں ۔

تھان (تھان) (ہ) مذکر (۱) ٹھہرنے کی جگہ - مکان - مقام - استھان (۲) اصطبل - گھوڑا باندھنے کی جگہ (۳) گھوڑے کے نیچے بچھانے کی گھاس (۴) روضہ - مزار - درگاہ (۵) کپڑے، لُگتے، چمڑے کی مقررہ مقدار - اڈّا - طاقہ (۶) عدد - سکّے کا عدد (۷) لجبیت (۸) نسل ۔ **تھان کا ٹرّا** - مذکر (۱) تھان پر شرارت کرنے والا گھوڑا (۲) مجازاً اپنے گھر پر شیر ہونے والا شخص - گلی کا کتّا ۔ **تھان کا سچّا** - عجیب گھوڑا، جو ہر جگہ سے چھوٹ کر اپنے تھان پر آ ٹھہرے ۔ **تھان میں آنا** - تھکاوٹ مٹانے کے لیے گھوڑے کا خاک میں لوٹنا ۔

تھانا (تھا - نا) (ہ) تہ کرنا ۔

تھانگ (تھانگ) (ہ) مؤنث (۱) چوروں کا گھر (۲) سراغ - کھوج - پتا (۳) بھید - سازش (۴) چوروں کی کمین گاہ ۔ **تھانگ دار** - مذکر - وہ آدمی جو چوری کا مال لے کر چپ چاپ بیچنے کا عادی ہو ۔ **تھانگ لگانا** - کھوج لگانا - پتا لگانا ۔ **تھانگی** (۱) پتا لگانے والا (۲) چوروں کی خبر دینے والا (۳) (قانون) چوروں کا مال بیچنے والا (۴) جاسوس - مخبر (۵) مؤنث - تھانگ ۔

تھانولا (تھاں - وُلا) (ہ) مذکر - دیکھیے تھالا ۱، ۳، ۴ ۔

تھانہ (تھا - نہ) (ہ) مذکر (۱) کوتوالی - پولیس کی چوکی - سرکاری سپاہیوں کے رہنے کی جگہ (۲) دوہلی، بانسوں کا ڈھیر (۳) گاؤں میں زمیندار کا مکان ۔

تھانہ بٹھانا - چوکی بٹھانا - پہرا بٹھانا ۔ **تھانے دار** (و) مذکر - چھوٹا کوتوال - پولیس کا افسر - پولیس کا سب انسپکٹر ۔

تھانے داری - مؤنث - تھانے دار کا عہدہ - کوتوالی - سب انسپکٹری ۔

تھاہ (تھاہ) (ہ) مؤنث (۱) تالاب، کنوئیں، دریا، سمندر وغیرہ کی تہ کی زمین (۲) گہرائی - عمق (۳) ٹھکانا - پتا (۴) انجام - انتہا (۵) عندیہ - منشا (پانا، لینا، ملنا وغیرہ کے ساتھ) ۔

تہائی (تہا - ئی) (ہ) مؤنث - ثلث - تیسرا حصّہ ۔

تہبّج (تہ - بج) (ع) مذکر - ورم - سوجن - چہرے کی بھربھراہٹ ۔

تھپ (تھُپ) (ہ) تھپنا کا امر ۔ **تھُپ جانا** - **تھپنا** (۱) گارے، گوبر وغیرہ کا تھوپا جانا (۲) مٹّی کا لیس ہونا (۳) ذمّے پڑنا - الزام لگنا

تھپّڑ (تھپ - پڑ) (ہ) مذکر (۱) دھپ - طمانچہ - لپّڑ (دینا، کھانا، لگانا، مارنا کے ساتھ) (۲) تیز ہوا کا جھونکا (۳) جنگل - پنجہ ۔

تھپڑی - مؤنث - دونوں ہتھیلیاں ملا کر ہاتھ بجانا - تالی ۔

تھپڑی بجانا یا پیٹنا (۱) تالی بجانا (۲) (کنایۃً) بے عزّت کرنا ۔

تھپڑی بجنا یا پٹنا (۱) تالی بجنا (۲) (کنایۃً) بدنامی ہونا - بے عزّتی ہونا ۔

تھپک (تھپک) (ہ) (۱) تھپکنا کا امر (۲) تھپکی دینا (۳) طمانچہ - تھپکی - تھاپ ۔

تھپک تھپک (کر) کے رکھنا (۱) روک تھام کرنا - تھام تھام کر رکھنا (۲) دم دلاسا دے کر رکھنا ۔ **تھپکنا** (۱) بچّے کو سُلانے کے لیے اس کی پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی لگانا (۲) آہستہ آہستہ چوٹ لگانا (۳) دھیما کرنا ۔ **تھپکی** - مؤنث (۱) ضرب، جو ہتھیلی سے کر یا ہاتھ سے لگائی جائے (۲) کشتی اور بانک کا داؤں (۳) حریف کے ہتھیار پر یوں ہاتھ مارنا کہ ہتھیار اُٹھا ہو جائے ۔

تھپیڑ - تھپیڑا (تھپیڑ - تھپے - ڑا) (ہ) (۱) مؤنث، (۲) مذکر (۱) لپڑ، تھپڑ (۲) تیز ہوا کا جھونکا (۳) موجوں کی جھرطپ (۴) آٹے کا پیڑا پھیلانے کا ظرف (۵) چندیا ۔

تہتّر (تہت - تر) (ہ) تین اور ستّر - ۷۳ - معشر ۔

تہتّر کے بیجوں کو پہنچنا (عو) (۱) تباہ ہونا - برباد ہونا - ستیاناس ہونا (۲) فسادی کی بات کو پہنچنا ۔

تہتک (تہت - تک) (ع) مذکر (۱) ذلّت - بے عزّتی - ہتک - پردہ دری (۲) فساد - جھگڑا ۔

تھُتکار (تھُت - کار) (ہ) مؤنث (۱) تھتکارنا کا امر (۲) تھتکارنا کا حاصل مصدر (۳) لعنت - نفرت - تھو تھو ۔ **تھُتکارا** - مذکر (۱) نام لینے کے قابل - تھو تھو کرنے کے قابل (۲) دردِ سر (۳) زکام (۴) ہیضہ (۵) مسان - بچّوں کی ایک بیماری (۶) نالائق ۔ **تھتکارنا** (۱) تھو تھو کرنا (۲) نفرت ظاہر کرنا - (۳) کسی بُری بات یا شے کے اثر سے بچنے کے لیے تھوکنے کی آواز نکالنا (۴) جھوٹی قسم یا غلطی کے بعد تھو تھو کرنا ۔

تھُتکاری - مؤنث (عو) (۱) بیڑی - زنجیر (۲) ڈائن - چڑیل (۳) چھپکلی (۴) بیزار - جوتی ۔

تھتھانا (تھتھا - نا) (ہ) مُنہ سُجانا - خفگی ظاہر کرنا ۔

تھتھی - تھتّی (تھتھ - تھی، تھت - تی) (ہ) مؤنث (۱) ڈھیر - انبار (۲) تودہ ۔

تھتّھے جمانا (ہ) مقروض کرنا ۔

تھٹکنا (تھٹک - نا) (ہ) دیکھیے "ٹھٹکنا" ۔

تہجّد (تہج - جد) (ع) (۱) مذکر (لغوی) رات کو جاگنا (۲) مؤنث (اصطلاحی) آدھی رات کی نماز ۔

تہجّی (تہج - جی) (ع) مؤنث - ہجے کرنا - مفرد حرفوں کا پڑھنا ۔

تہدید (تہ - دید) (ع) مؤنث (۱) تنبیہ - سرزنش - گھُرکی - دھمکی (۲) دھمکانا - ڈرانا ۔ **تہدیدات** - مؤنث - سزائیں - دھمکیاں ۔

تہدیہ (تہ - دیہ) (ع) مذکر (۱) ہدیہ پیش کرنا - ہدیہ کرنا (۲) کسی کتاب وغیرہ کو کسی کے نام سے منسوب کرنا ۔

تہذیب (تہ - ذیب) (ع) مؤنث (۱) اصلاح - صفائی - آراستگی (۲) خوش اخلاقی - شائستگی (۳) لیاقت - اہلیت ۔

تہذیب اخلاق - مؤنث - اخلاق کی درستی - خوش اخلاقی - انسانیت ٭ **تہذیب یافتہ** (ع - ف) شائستہ - مؤدب - تعلیم یافتہ - تربیت یافتہ ٭

تِہرا (تِہْ - رَا) (ہ) تین طرح کا - تگنا - سہ چند ٭ **تِہرانا** (۱) تین تہیں کرنا (۲) تین لڑیں کرنا (۳) تیسری دفعہ کوئی کام کرنا (۴) تیسری دفعہ کہنا ٭

تھرّانا (تھر - رَا - نَا) (ہ) (۱) لرزنا - کانپنا (۲) ڈرنا - خوف کھانا ٭ **تھرّاہٹ** - مؤنث - کانپنا ٭

تھراہنا (تھرَاہ - نَا) (ہندو) بنا رہنا - اٹل رہنا - قائم رہنا ٭

تھرتھر (تھر - تھر) (ہ) کانپتا ہوا - کانپنے والا ٭ **تھرتھرانا** - لرزنا - کانپنا ٭ **تھرتھراہٹ** - مؤنث - جنبش - کپکپی - لرزہ ٭ **تھرتھر کانپنا** - بدن کا بے حد کپکپانا - خوف - بخار یا سردی سے ہلہلانا ٭

تھرتھری - مؤنث (۱) تھرتھراہٹ - لرزہ - کپکپی (۲) تپ لرزہ - جاڑے کا بخار ٭

تھرڈ (تھرڈ) (انگ - Third) تیسرا - سُوم ٭

تھرڈ کلاس (انگ - Third class) مؤنث (۱) تیسرا درجہ (۲) ریلوے مسافروں کا تیسرا درجہ ٭

تھرکنا (تھِرَک - نَا) (ہ) پھڑکنا - اعضا کا حرکت کرنا - ناچنا ٭

تھرمامیٹر (تھرْ - مَا - مِیْ - ٹرْ) (انگ Thermometer) مذکر - حرارت ماپنے کا آلہ - مقیاس الحرارت ٭

تھرنا (تھرْ - نَا) (ہ) پانی کی تہ میں گرد و غبار بیٹھ جانا - میل کچیل سے پانی کا صاف ہونا ٭

تہری (تَہْ - رِی) (ہ) مؤنث - ایک مشہور کھانا - چاولوں میں گوشت ڈال کر پکایا اور اُسے ہلدی کا رنگ دیا جاتا ہے ٭

تہریج (تَہْ - رِیْج) (ع) مؤنث - مال گزاری کے متعلق ایک قسم کا کاغذ ٭

تھڑا (تھڑَا) (ہ) مذکر - جگہ - دکان یا مکان کے آگے کا چبوترا ٭

تھڑ ولا (تھڑْ - دِلَا) (ہ) مذکر (۱) کنجوس - تنگ دل (۲) کم حوصلہ (۳) نامرد - بزدل ٭

تھڑدم تھڑا کرنا (ہ) (عو) تھو تھو کرنا - لعنت ملامت کرنا ٭

تھڑنا (تھڑْ - نَا) (ہ) (۱) تھوڑا ہونا - کم ہونا (۲) تمام ہونا - خاتمہ ہونا ٭

تھڑی (تھڑِی) (ہ) مؤنث (۱) تھوڑا - کمی (۲) (عو) تُف - لعنت - نفرین ٭ **تھڑی تھڑی ہونا** - (عو) لعنت ملامت ہونا - رسوائی ہونا ٭

تہس نہس (تَہَس - نَہَس) (ہ) (عو) غارت - ناس - تباہ و برباد - تہ و بالا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تھک (تھَک) (ہ) تھکنا کا امر ٭

تھکا - ناچار - سُست - عاجز - ماندہ ٭

تھکا اونٹ سرائے کو دیکھتا ہے (ہ) مثل - ناچار آدمی سہارا ڈھونڈتا ہے ٭ **تھکا بیل** (عو) مذکر - حیلہ جو - کام چور - مجہول آدمی - سست آدمی ٭ **تھکا ماندہ** (ہ) تکان کا مارا ہوا - عاجز - سُست ٭

تھکانا (۱) ماندہ کرنا - ہرانا (۲) دق کرنا - سخت محنت لینا - عاجز کرنا ٭ **تھکاوٹ** - مؤنث - تھکن - تکان ٭ **تھک کر چُور ہونا** - جوڑ جوڑ دُکھنا - بے حد مضمحل ہونا ٭ **تھکن** - مؤنث - ماندگی - کوفت ٭

تھکنا (۱) محنت سے ماندہ ہونا - کوفتہ ہونا (۲) عاجز ہونا (۳) ناتواں ہونا (۴) سُست ہونا (۵) مایوس ہونا ٭

تُھک (تُھک) (ہ) مؤنث - تھوک کا مخفف ٭ **تُھکا فضیحتی** (ہ) مؤنث (عو) (۱) گالی گلوچ - لعن طعن (۲) بے عزتی (۳) جھگڑا فساد ٭ **تُھکتھکانا** - کسی بُری بیماری کا نام لینے پر یا نظر بد سے بچنے کو عورتوں کا تھو تھو کرنا ٭ **تُھکم تُھکا** (ہ) مؤنث - دیکھیے "تھکا فضیحتی" ٭

تُھکوانا (۱) تھوکنا کا متعدی (۲) (کنایۃً) ذلیل کرانا - بے عزت کرانا ٭

تُھکیل - مؤنث - قابلِ نفرت عورت ٭

تھکّا (تھک - کَا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) (۱) کوئی جمی ہوئی چیز (۲) ڈھیلا - ڈلا (۳) پگھل کر جما ہوا یا جامد ہونا (۴) جما ہوا دہی (۵) ڈھیر ٭

تھک تھک (تھک - تھک) (ہ) (۱) جما ہوا (۲) جڑا ہوا (۳) اکٹھا (۴) گیلا - بہت تر ٭

تِھگلی (تِھگْ - لِی) (ہ) مؤنث (عو) (۱) کپڑے کا ٹکڑا - ٹکلی - جوڑ - پیوند (۲) ذرا سی جگہ یا مکان - جھونپڑا ٭ **تِھگلی لگانا** (عو) (۱) کپڑے میں پیوند لگانا - جوڑ لگانا (۲) (کنایۃً) پہنچنا - رسائی کرنا (۳) کسی مقام کی خبر لانا (۴) بے حد چالاکی یا دغا بازی کا کام کرنا ٭

تھل (تھَل) (ہ) مذکر (۱) خشک زمین - مضبوط زمین (۲) مقام - جگہ (۳) بالو کی زمین - ریگستان (۴) شیر کے رہنے کی جگہ (۵) (لکھنؤ) کامدار گول چکتی، جو پوشاک میں جہاں چاہیں، ٹانک لیں (۶) منقش کے گول پھول (۷) کبوتر اور مرغ کی اصالت ٭ **تھل بیڑا** - مذکر (۱) کشتی یا جہاز کے ٹھہرنے کی جگہ (۲) ٹھکانا، سراغ - پتا ٭ **تھل بیڑا لگنا** - ساحلِ مراد پر پہنچنا - ٹھکانے لگنا ٭

تھل تھل (تھل - تھل) (ہ) نرم - پولا - پلپلا - ڈھیلا - بے پس - موٹا - پچپچا ٭

تھلتھلانا (۱) ہلنا - لرزنا (۲) موٹاپے کے باعث جسم کے گوشت کا ہلنا (۳) پانی کی وجہ سے مٹی، ریت وغیرہ کا ہلنا ٭

تہلکہ (تَہْ - لُکَہ) (ع) مذکر (۱) موت - ہلاکت (۲) تباہی - غارت ہونا (۳) (ف) وحشت - خوف (۴) بلا - آفت - کہرام - شور و غوغا (پڑنا، مچنا، ہونا کے ساتھ) ٭

تھلی (تھلِی) (ہ) مؤنث - ریگستان کی زمین ٭

تھلیا (تھل - یَا) (ہ) مؤنث - مٹی کی تھالی ٭

تھلیاں دھرنا یا رکھنا (ہ) (عو) دانت نکلنے سے پہلے بچے کے مسوڑوں کا پھولنا ٭

تہلیل (تَہْ - لِیْل) (ع) مؤنث - لا الٰہ الا اللہ کہنا ٭

تھم (تھَم) (ہ) مذکر (۱) پیل پایہ - ستون - کھم (۲) کیلے کے درخت کا تنہ (۳) ایک قسم کی مٹھائی جو ہندو عورتیں مندروں میں چڑھاتی ہیں ٭

تھم (تھَم) (ہ) تھمنا کا امر ٭ تھما دینا - حوالے کر دینا ٭ تھمانا (۱) اٹکانا - ٹھہرانا - ملتوی کرنا - باز رکھنا - روکنا (۲) (عو) دینا - پکڑانا ٭ تھمنا (۱) بند ہونا - رکنا (۲) ٹھہرنا (۳) چپ ہو جانا - خاموش رہنا ٭

تہمت (تُہْ - مَت) (ع) مؤنث - بہتان - الزام - طوفان - افترا - جھوٹا عیب - گمان بد (تراشنا، جوڑنا، دھرنا، دینا، رکھنا، لگانا، لینا کے ساتھ) ٭ تہمت کا گھر (مذکر) تہمت کی ٹٹی (مؤنث) (و) (۱) عیب کی جگہ (۲) وہ چیز، جس میں رسوائی کا اندیشہ ہو (۳) ہر ایک پر الزام لگانے والا (۴) ایسا شخص، جس کی ملاقات سے الزام لگے ٭ تہمت لے مرنا عیب لگا دینا - جھوٹا الزام لگا دینا - بہتان رکھ دینا ٭

تہمتی - عیب یا تہمت لگانے والا ٭

تہمتن (تَہَم - تَن) (ف) (۱) مضبوط اور قوی جسم والا (۲) بہادر، سپہ سالار (۳) مذکر - ایران کے مشہور پہلوان رستم کا لقب ٭

تہمد (تَہْ - مَد) (ہ) دیکھیے "تہ بند" ٭

تھمڑا (تھَم - ڑا) (ہ) (۱) موٹا - دبیز (۲) جسیم فربہ (۳) مذکر ستون - ستون کی وضع کا نشان ٭

تھن (تھَن) (ہ) مذکر - بکری، گائے، بھینس وغیرہ کی پستان ٭ تھنیلا (تھَنے - لا) (ہندو) مذکر - پستان کی سوجن ٭

تھنی (تھَنی) (ہ) مؤنث - گھوڑے کی ایک بیماری ٭

تہنیت (تَہْ - نِیَت) (ع) مؤنث (۱) مبارک باد (۲) مبارک باد دینا یا لینا ٭

تہنید (تَہْ - نِید) (ع) مؤنث - کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنا لینا جیسے "ڈبل" سے "ڈھول" ٭

تھو (تھُو) (ہ) مؤنث (۱) تھوکنے کی آواز (۲) لعنت - تف ٭ تھو تھو - مؤنث (۱) بار بار تھوکنے کی آواز (۲) لعنت - تُف (۳) نوج - خدا نہ کرے ٭ تھو تھو تھُدا - مؤنث (عو) جب کوئی لڑکا کسی کھیل یا شرط میں ہارنے لگتا ہے اور اسے کوئی عذر پیش ہوتا ہے تو وہ یہ لفظ کہہ دیتا ہے یعنی ابھی کچھ نہیں ٭ تھو تھو کرنا - نفریں کرنا - نفرت کرنا ٭ تھو تھو ہونا (ہندو) تھُڑی تھُڑی ہونا - رسوائی ہونا - بدنامی ہونا ٭

تھوا (تھُوا) (ہ) مذکر (۱) گیلی مٹی کا تودہ (۲) (تحقیراً) نکما آدمی ٭

تہوار (تِہْ - وَار) (ہ) (دیکھیے "تیوہار") ٭

تھوبڑ - تھوبڑا (تھُو - بڑ ٭ تھُو - بڑا) (ہ) مذکر (حقارتاً) منہ تھوتھنی ٭

تھوبڑا سجانا (ہ) برا ماننا - خفا ہونا - روٹھنا ٭

تھوپنا (تھُوپ - نا) (ہ) (۱) اکٹھا کرنا - ڈھیری لگانا (۲) لیپنا - لیسنا (۳) کسی کے ذمے ڈالنا - لگانا ٭

تھوترا (تھُوت - رَا) (ہ) (۱) کترا ہوا اناج (۲) خراب - نکما ٭

تھوتڑا (تھُوت - ڑا) (ہ) مذکر - دیکھیے "تھوتھڑا" ٭

تھوتلا (تھُوت - لا) (ہ) (ہندو) دیکھیے "توتلا" ٭

تھوتنا (تھُوت - نا) (ہ) (حقارتاً) دیکھیے "تھوتھنا" ٭ تھوتنی - دیکھیے "تھوتھنی" ٭

تھوتھ (تھُوتھ) (ہ) مذکر (۱) اونٹ، گھوڑے کا منہ یا ناک (۲) سور کا منہ (۳) (تحقیراً) چہرہ - منہ (۴) تھوتھا پن - کھوکھلا پن (۵) گڑھا - غار ٭

تھوتھڑا - مذکر (۱) جانور کا منہ یا تھوتھنی (۲) (تحقیراً) انسان کا منہ ٭

تھوتھا (تھُو - تھا) (ہ) (۱) خالی - کھوکھلا - اندر سے خالی (۲) کُند (۳) نیلا تھوتھا (۴) بے کار - مہمل ٭ تھوتھا چنا باجے گھنا (ہ) مثل (عوام) کم ظرف اور نالائق آدمی بہت شیخی بگھارتا ہے -

تھوتھی بات - مؤنث - بے معنی بات - مہمل بات ٭

تھوتھے تیروں سے اڑانا (و) (عو) (ہندو) کُند تیروں سے اڑانا کہ سخت تکلیف ہو - سخت سزا دینا - الٹی چھری سے حلال کرنا ٭

تھوتھلا (تھُوتھ - لا) (ہ) کُند ٭

تہوّر (تَہَوْ - وُر) (ع) مذکر - شجاعت - بہادری - دلیری - مردانگی ٭

تھورنا (تھُوڑ - نا) (ہ) (تحقیراً) کھانا - ٹھونسنا - نگلنا ٭

تھوڑا (تھُو - ڑا) (ہ) کم - ذرا - خفیف - ذرا سا - قلیل ٭

تھوڑا بہت - تھوڑا سا - کسی قدر - کم و بیش ٭

تھوڑا تھوڑا ہونا (عو) نادم ہونا - شرمندہ ہونا - خفیف ہونا ٭

تھوڑا ہی - بالکل نہیں - ہرگز نہیں ٭

تھوک (تھُوک) (ہ) مذکر (۱) انبار - ڈھیر (۲) یک مشت - اکٹھا (۳) جمع - نقدی (۴) پتی - حصہ (۵) جتھا - گروہ (۶) میزان کُل (۷) وہ مقام جہاں متعدد سرحدیں ملیں (۸) اندازہ - مقدار (۹) سند - پٹا ٭

تھوک بست (و) مؤنث - حد بندی - پیمائش کر کے حد باندھنا ٭

تھوک بندی - مؤنث - اقرار نامہ، جو گاؤں کے بار تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے ٭ تھوک دار - مذکر (۱) کسی گروہ کا سردار (۲) پٹا دار (۳) اکٹھا بیچنے والا ٭

تھوک فروش - مذکر - اکٹھا مال فروخت کرنے والا - یک مشت بیچنے والا - بڑا سوداگر - خردہ فروش کے برعکس ٭

تھوک (تھُوک) (ہ) مذکر (۱) منہ کا لعاب - رال - کف (۲) تُف ٭

تھوک دینا (۱) تھوک ڈالنا (۲) چھوڑ دینا - غرض نہ رکھنا - عاق کر دینا - نفرت سے ترک کرنا ٭

تھوک کر (کے) چاٹنا (۱) کچھ دے کر واپس لے لینا (۲) اقرار سے پھر جانا ٭

تھوک لگا کر (تھوک کر) چھوڑنا - بے عزت کر کے چھوڑنا - ذلیل کر کے چھوڑنا ٭

تھوک لگا کر رکھنا (۱) جوڑ جوڑ کر رکھنا - بہت حفاظت سے رکھنا (۲) زک دے کر رہنا - نقصان پہنچانا ٭

تھوک لگانا (۱) نقصان پہنچانا - شکست دینا - زک پہنچانا (۲) ایک قسم کی گالی ٭ تھوکنا (۱) تھوک پھینکنا - لعاب دہن نکالنا (۲) لعنت ملامت

کرنا - بُرا بھلا کہنا (۳) رسوا کرنا - ذلیل کرنا ٭ تھوک ہے - تُف ہے لعنت ہے - پھٹکے منہ ٭

تھولی (تھو - لی) (ہ) مؤنث - سولیا - میٹھا دلیا ٭

تھونی (تھو - نی) (ہ) مؤنث - ستون - اڑواڑ - تھم - کھم (لگانا کے ساتھ) ٭

تھوہر - تھوہڑ (تھو - ہر ٭ تھو - ہڑ) (ہ) مذکر - ایک قسم کا خاردار زہریلا درخت، جس میں سے دودھ بھی نکلتا ہے ٭

تھوئی (تھو - ائی) (ہ) مذکر - معمار ٭

تھئی (تھئی) (ہ) مؤنث (۱) اوپر نیچے رکھی ہوئی روٹیاں یا پان (۲) تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے - لادی ٭

تھئی تھئی (تھئی - تھئی) (ہ) مؤنث (۱) تالی - سم - تال (۲) ناچنا گانا - ناچنے گانے کی آواز - تھاپ کی آواز (کرنا کے ساتھ) ٭

تھیٹر (تھیے - ٹر) (انگ - Theatre) مذکر - تماشا گاہ - ناچ گھر - ناٹک ٭

تہی (تہی) (ف) خالی ٭

تہییج (تہ - ییج) (ع) مذکر (۱) سوجنا (۲) غبار اٹھنا ٭

تھیلا (تھیے - لا) (ہ) مذکر - بڑی تھیلی - گون ٭ تھیلا کرنا - ہڈی پسلی توڑ کر رکھ دینا ٭ تھیلی - مؤنث (۱) چھوٹا تھیلا (۲) جیب - کیسہ (۳) توڑا (۴) (رواجاً) ہزار روپے کی مقدار ٭

تھینکس (تھینکس) (انگ - Thanks) مذکر - شکریہ - بہت بہت شکریہ ٭ تھینک یو - (Thank you) مذکر - آپ کا شکریہ ٭

تھیوا (تھیے - وا) (ہ) مذکر - انگوٹھی کا نگینہ ٭

تھیوری (تھیو - ری) (انگ - Theory) مؤنث - اصول - اندازہ - خیال - قیاس ٭

تہیہ (تہ - یہ) (ع) مذکر - تیاری - آمادگی - مستعدی - سامان ٭

ت - ع

تئی (تئی) (ہ) مؤنث (۱) چوڑی کڑاہی (۲) وہ چوڑا تھال، جس میں ٹکیا کے کباب وغیرہ تلے جاتے ہیں ٭

تئیں (تئیں) (ہ) کو - واسطے - لیے - تک (متروک) ٭

ت ، ی ، ے

تیا (تی - یا) (ہ) مذکر (۱) تاش یا گنجفے کا پتا، جس پر تین نشان بنے ہوتے ہیں - (۲) چوسر کا داؤں، جسے "تین کانے" بھی کہتے ہیں ٭ تیا پانچا کرنا (۱) بانٹنا - کسی چیز کے حصے تقسیم کرنا (۲) بیچ ڈالنا ٭

تیار (تی - یار) (ع) (۱) آمادہ - مستعد (۲) موجود - مہیا (۳) مکمل - پورا (۴) موٹا تازہ (۵) بلوغت کو پہنچنے والا - بالغ (۶) پکا ہوا - پختہ ٭ تیار کرنا (و) (۱) درست کرنا - لیس کرنا (۲) موجود کرنا (۳) پکانا (۴) سدھانا (۵) موٹا تازہ کرنا (۶) نباہنا - پورا کرنا (۷) جوڑنا - کسنا ٭ تیار ہونا (۱) آمادہ ہونا (۲) موٹا تازہ ہونا (۳) پک چکنا (۴) عمارت کا ختم ہونا ٭ تیاری - مؤنث (۱) مستعدی - آمادگی (۲) موجودگی (۳) آرائش کا سامان - دھوم دھام - شان و شوکت (۴) موٹائی - فربہی ٭ تیاری کا رنگ روغن - مذکر - وہ رنگ یا وارنش، جو گاڑی وغیرہ کے درست ہو جانے پر چمک دمک کے لیے کیا جاتا ہے ٭

تیاگنا (تیاگ - نا) (ہ) (ہندو) ترک کرنا - چھوڑنا ٭

تیپچی (تیپ - چی) (ہ) مؤنث - کھڑی سلائی - کچی سیون ٭ تیپچی کا نکاح - (و) مذکر (مزاحاً) کچا اور بودا نکاح، جس میں بہت جلد طلاق کی نوبت آئے ٭

تینتالیس - تینتالیس (تے - تا - لیس ٭ تین - تا - لیس) (ہ) تین اوپر چالیس - ۴۳ - ٭

تیتر (تی - تر) (ہ) مذکر - ایک قسم کا پرندہ، جو عموماً شوقین لوگ لڑانے کے لیے پالتے ہیں اور کھانے میں بھی آتا ہے - تیہو - دراج ٭ تیتر کے منہ لچھمی (ہ) مثل - قسمت آزمائی کے موقع پر کہتے ہیں، جب کسی نا اہل کو حاکم یا ثالث بنایا جائے - دوسرے کے ہاتھ بات ہے - نصیبوں پر موقوف ہے ٭ تیتری - مؤنث (۱) تیتر کی مادہ (۲) (ہندو) تتلی - ایک قسم کی بھنبیری ٭

تیترا (تیت - را) (ہ) تیسرا لڑکا یا لڑکی ٭

تی تی (تی - تی) (ف) مؤنث - مرغی مرغ کے بلانے کی آواز ٭

تینتیس - تینتیس (تے - تیس ٭ تین - تیس) (ہ) تین اوپر تیس - تیس اور تین - ۳۳ - ٭

تیج (تیج) (ہ) مؤنث (۱) تیسری تاریخ (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار، جو ساون سدی کی تیسری تاریخ کو ہوتا ہے ٭ تیج تہوار - مذکر (۱) کوئی تہوار (۲) تہوار کی شیرینی ٭ تیجا - مذکر (۱) تیسرا (۲) فاتحۂ سوم (۳) کھانا، جو اس روز محتاجوں کو دیا جائے ٭

تیج (تیج) (ہ) مذکر (۱) جوشش - غصہ - رعب داب (۲) آفتاب کی روشنی - سورج کی کرن (۳) تلخی - کڑواہٹ - تیزی ٭ تیج پات - مذکر - ایک خوشبودار پتا - مشہور دوا ٭

تیخی (تی - خی) (ہ) (عو) (صحیح تیکھی) (۱) شوخ - تیز (۲) تیا مرچ (۳) خام پارہ (۴) فتنہ پرداز - بے حیا - زبان دراز ٭

تیر (تیر) (ف) مذکر (۱) لکڑی کا پتلا، سیدھا اور لمبا ٹکڑا، جس کے سرے پر لوہے کی نوک لگی ہوتی ہے اور کمان سے چلایا جاتا ہے - یہ آلۂ جنگ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے - بان، ناوک - خدنگ (۲) ایرانیوں کا چوتھا مہینا، جو ساون کے مطابق ہوتا ہے (۳) عطارد، دبیر فلک (۴) طعن و تشنیع (۵) ہر مہینے کا تیرھواں دن ٭ تیر انداز - کمان دار - قدر انداز - تیر چلانے والا

سپاہی ۔ تیراندازی (مؤنث) تیر چلانے کا فن ۔ کمان داری ۔ ناوک افگنی ۔ تیر بہدف (۱) عین نشانے پر ۔ بے خطا (۲) فوراً اثر کرنے والا ۔ تیر پھینکنا (ف) (۱) تیر چلانا ۔ بان مارنا ۔ ناوک افگنی کرنا (۲) زبان چلانا ۔ تیر تکّوں پر گزارہ (گزران) کرنا (۱) باقاعدہ روزگار نہ ملنے کے باعث مشکل سے گزر کرنا ۔ دربدر پھر کر بسر اوقات کرنا (۲) شکار مار کر کھانا ۔ تیر تہوار ۔ مذکر (ع) دیکھیے "تیج تہوار" ۔ تیر چلانا (۱) تیر پھینکنا ۔ تیر چھوڑنا (۲) کوئی بڑا کام کرنا ۔ تیر تکّلی (ف ۔ ع) مذکر ۔ وہ تیر جو ٹھیک نشانے پر بیٹھے ۔ شرطیہ تیر ۔ دعوے کا نشانہ ۔ تیر سا لگنا (ف) (۱) تیر کی طرح چبھنا (۲) کسی بات کا نہایت برا لگنا ۔ تیر کرنا (ف) (۱) چرا لینا ۔ غائب کر لینا ۔ چھپا لینا (۲) گزرانا ۔ بسر کرنا ۔ تیر کوّے سے تیر ۔ بھاگ کوّے بھاگ ۔ کوّے کو ڈرا کر اڑانے کی آواز ۔ تیر نتھنوں میں دینا (ع) ناک کے راستے نکالنا ۔ ناک چنے چبوانا ۔ جان کو آنا ۔ سخت دق کرنا ۔

تیر (تَیْر) (ہ) تیرنا کا امر ۔ تیرا (۱) تیرنا سے ماضی مطلق (۲) تیرانا کا امر ۔ تیرا دینا ۔ پانی پر بہا دینا ۔ تیراک ۔ تیرنے والا ۔ شناور ۔ تیراک ہی ڈوبتا ہے (ڈوبتے ہیں) ۔ کسی فن کا ماہر ہی اس میں خطا بھی کر سکتا ہے ۔ تیراکی ۔ مؤنث ۔ تیرنے کا فن ۔ شناوری ۔ تیر جانا (۱) کسی دھار والے آلے کا جسم کے پار ہو جانا (۲) گولی کا بدن سے پار ہو جانا (۳) بیٹھ جانا ۔ پار ہو جانا ۔ گھس جانا (۴) نظر کا ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچ جانا ۔ تیرنا (۱) پیرنا ۔ سطح پر آ جانا (۲) شناوری (۳) واقف ہونا ۔ ماہر ہونا ۔

تیر (تِیْر) (ہ) تیرا کا مخفف ۔ تیر میر ۔ مؤنث (۱) غیریت ۔ بیگانگی (۲) اپنی اپنی پیر الگ رکھنا ۔

تیرا (تے ۔ را) (ہ) (۱) ادنیٰ یا چھوٹے کے لیے خطاب کا کلمہ (۲) خدا کو خطاب کرنے کا کلمہ ۔ تیرا میرا (۱) اپنے بیگانے کا (۲) تُو تُو میں میں ۔ جھگڑا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) ۔ تیرا نور اڑ جائے (ع) تیرا منہ کالا ہو ۔ تُو تباہ ہو جائے ۔ تیرا روپ جاتا رہے ۔ تیرے چہرے پر نور نہ رہے ۔ تیری ۔ تیرا کی تانیث ۔ تیرے (۱) تیرا کی جمع (۲) تیرا کے بجائے حروفِ مغیرہ سے پہلے ۔

تیرتھ (تی ۔ رتھ) (ہ) مذکر (۱) دریا کا کنارہ ۔ گھاٹ (۲) زیارت ۔ درشن (۳) مقدس مقام، جو دریا کے کنارے پر واقع ہو ۔ پاک جگہ ۔

تیرج (تی ۔ رج) (ہ) مذکر ۔ ایک نقشہ، جس کے تیسرے خانے میں ہر اسامی پر نام کھیتوں کی گنتی اور چوتھے خانے میں ان کھیتوں کا رقبہ پیمائش کے اعتبار سے درج کیا جاتا ہے ۔

تیرگی (تی ۔ رگی) (ف) مؤنث (۱) سیاہی ۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔ دھندلاپن (۲) رنجش ۔ دل کی کدورت ۔ گدلاپن ۔

تیرہ (تی ۔ رہ) (ف) دھندلا ۔ سیاہ ۔ کالا

تیرہ (تے ۔ رہ) (ہ) دس اور تین ۔ ۱۳ ۔ ۱۳ ۔ تیرہ تیزی (ع) مذکر (ع) صفر کے پہلے تیرہ دن، جن میں رسول اللہ صلعم بیمار پڑے تھے ۔ تیرھواں (ہ) تیرھویں نمبر یا درجے پر ۔ تیرھویں (۱) ہندوؤں کی ایک رسم، جس میں تیرھویں دن مردے کا سوگ چھوڑ کر کاروبار جاری کرتے ہیں (۲) تیرھویں نمبر پر ۔ تیرھویں صدی (ع) مؤنث ۔ سنہ ہجری کی تیرھویں صدی کا زمانہ، جو منحوس سمجھا جاتا ہے ۔

تیز (تیز) (ف) (۱) نوک دار ۔ برّاں ۔ دھار والا (۲) تلخ ۔ تند (۳) شتاب ۔ جلد (۴) (ع) چالاک ۔ ہوشیار ۔ ذہین (۵) ظالم ۔ بدمزاج ۔ غضبناک (۶) قوی ۔ مضبوط (۷) جلد چلنے والا ۔ تیز رو (۸) شریر ۔ شوخ (۹) سخت ۔ شدید (۱۰) زبر ۔ غالب (۱۱) مہنگا ۔ گراں (۱۲) مستعد ۔ سرگرم (۱۳) تتا ۔ گرم (۱۴) مقدار سے زیادہ (۱۵) باریک بین ۔ دوربین ۔ تیز پرواز (ف) تیزی سے اڑنے والا ۔ تیز دستی ۔ مؤنث ۔ چالاکی ۔ پھرتی ۔ جلد کام کرنا ۔ تیز رفتار (۱) جلد چلنے والا (۲) چالاک ۔ تیز کرنا (ف) (۱) باڑھ رکھنا ۔ دھار نکالنا (۲) بڑھانا ۔ زیادہ کرنا (۳) غصہ دلانا ۔ چھیڑنا ۔ خفا کرنا (۴) قوت یا طاقت بڑھانا ۔ تند کرنا ۔ تیز مزاج (ف ۔ ع) غضب ناک ۔ تند مزاج ۔ غصیل ۔ تیزی (ف) مؤنث (۱) کڑواہٹ ۔ تلخی ۔ تندی (۲) (ع) گرم مزاجی ۔ غضب ناکی (۳) ظلم ۔ سختی (۴) حدت ۔ گرمی (۵) مہنگائی ۔ گرانی (۶) ضرورت ۔ خواہش ۔ مانگ (۷) گلنے والی دوا کا اثر ۔

تیزاب (تے ۔ زاب) (ف) مذکر ۔ تیز پانی، جو شورہ، گندھک، نمک وغیرہ سے کیمیائی طریق پر بنایا جاتا اور جسم پر لگنے سے آبلے ڈال دیتا ہے ۔

تیس (تِیْس) (ہ) بیس اور دس ۔ ۳۰ ۔ ۳۰ ۔ تیس (تیسوں) دن (ع) آئے دن ۔ مدام ۔ روزمرہ ۔ ہمیشہ ۔ جیسا بھر ۔ تیس مار خاں (ع) مذکر (طنزاً) نہایت بہادر شخص ۔ تیس مار خاں بنے پھرتے ہیں ۔ ش ۔ بہت اکڑتے ہیں ۔ اپنے آپ کو بڑا بہادر سمجھتے ہیں ۔

تیسا (تے ۔ سا) (ہ) اُس طرح کا ۔ ویسا ۔

تیسرا (تیس ۔ را) (ہ) تین سے نسبت رکھنے والا ۔ تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا ۔ ش ۔ دو شخصوں میں تیسرے کا دخل بہت برا معلوم ہوتا ہے ۔ تیسرا مجھ کو مارے گا ۔ ش ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی ڈرپوک شخص حوصلہ لانے کے باوجود ہمت ہار بیٹھے ۔

تیسی (تی ۔ سی) (ہ) مؤنث (۱) السی ۔ کتان (۲) (صفت) تیس برس کی (۳) مؤنث ۔ تیس برس کا مجموعہ ۔

تیسی (تے ۔ سی) (ہ) (۱) ایسی کے ساتھ (گالی) (۲) ایسی ۔

تیشہ (تے ۔ شہ) (ف) مذکر ۔ بڑھئیوں کا اوزار، جس سے لکڑی چھیلی جاتی ہے ۔

تیغ (تیغ) (ف) مؤنث ۔ خنجر ۔ تلوار ۔ شمشیر (اٹھانا، پکڑنا، تھامنا، چلانا، چلنا، کا وار کرنا یا ہونا، ہاتھ میں لینا وغیرہ کے ساتھ) ۔ تیغ دو دم ۔ مؤنث ۔ دودھاری تلوار ۔ تیغ فلک ۔ مؤنث (۱) مریخ (۲) آسمان (۳) سورج کی کرنیں ۔ تیغ کوہ ۔ مؤنث ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ تیغ ٹپکنا (ع) تلوار ہلنا (متروک) ۔

تیغ وکفن باندھ کے نکلنا ۔ لڑنے مرنے کو تیار ہو کر جانا ؛
تیغِ ہندی ۔ (ف) مؤنث ۔ ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار ، جو تیزی میں مشہور ہے ؛ تیغہ ۔ مذکر (۱) ایک چھوٹی چوڑی تلوار (۲) دروازے یا محراب کی بندش کا اینٹ پتھر (۳) کشتی کا ایک داؤ ؛ تیغہ کرنا (۱) کسی محراب ، دروازے یا سوراخ کو اینٹ پتھروں سے بند کر دینا ۔ چن دینا ؛

تیقن (تَیَقُّن ۔ قُن) (ع) مذکر ۔ یقین ، اعتبار (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ؛

تیکھا (تی ۔ کھا) (ہ) (۱) دھار والا ۔ نوک دار ۔ تیز (۲) موثر ۔ دل میں بیٹھنے والا ۔ (۳) کڑوا ۔ تلخ (۴) غصہ دار ۔ غصیل ۔ تندمزاج (۵) عمدہ ۔ اچھا (۶) چھیلا ، طرح دار ، وضع دار (۷) طرار ۔ تیز زبان ۔ چالاک (۸) جوانی میں سرشار (۹) مذکر ۔ معشوق ۔ حسین اور جوان شخص ؛ تیکھی (۱) بانکی ۔ ٹیڑھی ، ترچھی (۲) دھنا ۔ البیلی (۳) نرم ۔ دھیمی ؛

تیل (تیْل) (ہ) مذکر (۱) پودوں کے بیجوں سے دبا کر نکالا ہوا سیال چکنا مادہ ، روغن (۲) مٹی کا تیل (۳) بعض کیمیائی مرکبات (۴) چکنے پتوں سے دبا کر نکالا ہوا روغن ؛ تیل پانی کا گلاس (ہ) مذکر ۔ وہ گلاس ، جو تیل اور پانی ڈال کر جلایا جاتا ہے ، کنول ؛ تیل پھل (ہ) مذکر ۔ ناریل اور تیل وغیرہ ، جو دولہا کے ہاں سے دلھن کے لیے شادی سے کچھ دن پہلے بھیجا جاتا ہے ؛

تیل تلوں ہی (میں) سے نکلتا ہے ۔ مثل ۔ ہر چیز کا خرچ اسی کی آمدنی میں سے نکالا جاتا ہے ؛ تیل توا کالا ۔ نہایت کالا ۔ ایسا کالا ، جیسے توے کی سیاہی تیل میں ملی ہو ؛ تیل جل چکا (۱) مال نہیں رہا (۲) رس کس جاتا رہا ۔ ست نکل گیا (۳) بڑھاپا آ گیا (۴) روح تحلیل ہو گئی ؛

تیل جلے گھی گھی بجھے تیل ۔ مثل ۔ تیز آگ پر گرم کرنے سے تیل اچھا ہو جاتا ہے اور گھی خراب ؛ تیل چڑھانا ۔ مایوں بٹھانا ۔ ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولھا دلھن کے سر ، گردن ، ہاتھ ، پاؤں میں تیل اور ہلدی ملی جاتی ہے ؛

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو ۔ مثل ۔ معاملے کو دیکھو ، جلدی نہ کرو ، ابھی انتظار کرو ، دیکھو کیا ہوتا ہے ؛ تیل لگانا ۔ تیل ملنا یا چپڑنا ؛ تیل میں ہاتھ ڈالنا (۱) (مجازاً) سخت قسم کھانا (۲) قدیم زمانے میں سچائی ثابت کرنے کے لیے جلتے تیل میں ہاتھ ڈالا جاتا تھا ، اگر ہاتھ نہ جلتا تو ملزم بے قصور سمجھا جاتا ؛

تیل نکالنا (۱) تیل وغیرہ پیلنا ۔ کسی چیز سے روغن نکالنا (۲) پسینے پسینے کر دینا ۔ سخت محنت لینا ؛ تیلاڑی ۔ مؤنث ۔ روغن دان ۔ تیل کا برتن ؛ تیلن ۔ مؤنث (۱) تیلی کی بیوی (۲) تیلی ذات کی عورت ؛ تیلی ۔ مذکر (۱) تیل نکالنے کا کام کرنے والی ایک قوم ۔ روغن نکالنے والا (۲) (مجازاً) نہایت گندہ اور میلے لباس والا شخص ؛ تیلی تمبولی ۔ مذکر (۱) تیل اور پان بیچنے والا (۲) (اصطلاحاً) کمینہ اور ذلیل آدمی ؛ تیلی خصم کیا اور پھر بھی روکھا کھایا ۔ مثل ۔ مال دار کے گھر بیاہ کرنے سے بھی غریب ہی رہے ۔ رواج کے خلاف کام کرنے سے بھی مراد نہ ملی ؛

تیلی راجہ ۔ مذکر (۱) فقیروں کی ایک جماعت (۲) (مجازاً) میلے کپڑے پہننے والا شخص ؛

تیلی کا بیل ۔ مذکر ۔ رات دن ایک ہی جگہ محنت کرنے والا شخص ؛ تیلی کا تیل جلے مشعلچی کی پھٹے (و) مثل ۔ خرچ اور نقصان کسی کا ہو ، غم کوئی کرے ؛ تیلی کا کولھو ہونا (۱) بے حد موٹا تازہ ہونا ؛ تیلی کی جورو ہو کے بھی پانی نہائی ۔ مثل ۔ دولت مند کا ملازم ہو کر بھی ہاتھ نہ لگے تو پھر کب موقع ملے گا ؟

تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس (۱) غریب آدمی گھر ہی میں محنت کر کے تھک جاتا ہے (۲) شمار میں نہ آنے والی محنت ؛ تیلیا (۱) تیل کے رنگ کا ۔ میلا (۲) چکنا (۳) ایک سیاہی مائل رنگ ؛ تیلیا بھیس کرنا ۔ بہت میلے کچیلے کپڑے پہننا ؛ تیلیا رنگ ۔ مذکر ۔ سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا ؛ تیلیا کتھا ۔ مذکر ۔ اندر سے سیاہی مائل کتھا ؛ تیلیا کمیت (و) مذکر ۔ سیاہ بالوں اور زیادہ تر سرخ رنگ والا گھوڑا ؛

تیلی (تی ۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی ، بانس یا دھات کی باریک سیخ (۲) پنجرے کا تار (۳) لمبی دھاری (۴) پنڈلی ؛

تیمار (تی ۔ مار) (ف) مذکر (۱) خیال ، غور ۔ احتیاط ۔ خبرگیری (۲) بیماری (۳) علاج معالجہ (۴) بیمار کی غذا (۵) افسوس ۔ رنج (۶) بیمار پرسی ۔ ہمدردی ؛

تیمارداری ۔ مؤنث (۱) بیمار کی خدمت ، ہمدردی (۲) دوا دارو ؛

تیمم (تَیَمُّم ۔ مُم) (ع) مذکر ۔ پانی نہ ملنے پر وضو کی جگہ دونوں ہتھیلیاں مع انگلیوں کے پھیلا کر منہ اور کہنیوں وغیرہ پر پھیرنا (کرنا کے ساتھ) ؛

تیمن (تَیَمُّن ۔ مُن) (ع) مذکر (۱) برکت (۲) برکت لینا (۳) برکت ہونا (۴) بابرکت ہونا ؛

تیمور (تی ۔ مُور ، تَمُر) (ت) مذکر (۱) فولاد (۲) ایک مشہور بادشاہ ؛

تین (تِین) (ہ) دو اور ایک ۔ ۳ ۔ سے ؛ تین بلائے تیرہ آئے دے دال میں پانی ۔ مثل ۔ جب مطلوبہ تعداد سے زیادہ لوگ آ جائیں تو اسی میں نبٹانا پڑتا ہے ؛ تین بلائے تیرہ آئے دیکھو یہاں کی ریت ، باہر والے کھا گئے اور گھر کے گاویں گیت ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں ، جہاں کسی دعوت پر مقررہ تعداد سے زیادہ آدمی کھانا کھانے کے لیے آ جائیں ، میزبان کا سارا کھانا ختم ہو جائے اور وہ مع اہل و عیال بھوکا رہے ؛ تین پانچ کرنا (۱) تکرار کرنا (۲) کسی کا مال اڑا لینا ؛ تین پیڑ بکائن کے میاں باغبان (د) مثل ۔ تھوڑی چیز پر شیخی بگھارنے والے کے متعلق کہتے ہیں ؛ تین تیرہ کرنا ۔ تتر بتر کرنا ۔ منتشر کرنا ؛ تین ٹانگ کی گدھی اکھوڑی کا من کی لادنی ۔ مثل ۔ طاقت سے زیادہ کام لینے کے موقع پر بولتے ہیں ؛ تین چپاتی نو ترکاری کھاؤ چوہڑم چوہڑ ۔ (ہ) مثل ۔ عورتیں اس موقع پر طنزاً بولتی ہیں ، جب کوئی عورت کسی دعوت وغیرہ پر کنجوسی کرے ؛ تین حرف بھیجنا (د) لعنت کرنا ؛ تین دن قبر میں بھی بھاری ہیں ۔ مثل ۔ مر کر بھی تین روز کے حساب کتاب میں جان دکھی رہتی ہے ۔ دنیا کے مکروہات مرنے کے بعد بھی پیچھا نہیں چھوڑتے ؛

تین کانے (ہ) مذکر (۱) (جواریوں کی اصطلاح) وہ تین نقطے ، جو نرد بازی کے تین پانسوں میں ایک ایک ہوتا ہے ۔ جب پانسے پھینکنے سے دانوں میں یہ تین صفر آ کر پڑتے ہیں تو یہ دانے کمزور خیال کیے جاتے ہیں (۲) (مجازاً)

نامرادی ۔ ناکامی ۔ ٭ تین گناہ خدا بھی بخشتا ہے (۵) مثل۔ کسی سے معافی مانگنے پر بولتے ہیں ٭ تین میں نہ تیرہ میں (ہ) مثل (۱) اُس آدمی کی نسبت بولتے ہیں، جو نہایت معمولی حیثیت کا ہو اور جس کی کوئی عزّت و قدر نہ ہو (۲) نکمّا آدمی ۔ بے وقوف آدمی ٭ تینوں تین کے تین ۔ ہر سہ ٭

تینترا (تِین ۔ تَرا) (ہ) مذکّر ۔ وہ بیٹا، جو تین بیٹیوں کے بعد پیدا ہو ٭

تیند (تَینْدْ) (ہ) مذکّر ۔ ایک جنگلی درخت کی لکڑی ٭

تیندو (تَین ۔ دُوْ) (ہ) مذکّر ۔ ایک درخت کا پھول اور پھل ٭

تیندوا (تَینْدْ ۔ وَا) (ہ) مذکّر ۔ ایک قسم کا چیتا ۔ باگھ ٭

تیور (تِے ۔ وَرْ) (ہ) مذکّر (۱) نگاہ کا انداز ۔ چتون ۔ نظر ۔ روشنیٔ چشم ۔ بینائی (۲) آنکھ ۔ چشم (۳) چہرے کا ڈھنگ یا طور (۴) ابرو ۔ بھوں (۵) غش ۔ دورانِ سر ۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا ۔ تیرگی ٭ تیور آنا ۔ تیورانا ۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا ۔ تیرگی چھانا ۔ غشی کی حالت ہونا ۔ غش آنا ۔ چکرانا ۔ ڈگمگانا ٭ تیور بدل جانا (د) بے مروّت ہو جانا ۔ نگاہ کا انداز اَور ہونا ٭ تیور بُرے نظر آنا ۔ نگاہِ بد معلوم ہونا ۔ نگاہ میں فرق آنا ۔ دشمنِ جان ہونا ٭ تیور بگڑنا ۔ آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا ٭

تیور میلے ہونا ۔ چہرے یا نظر سے ناراضی، ملال اور کدورت ٹپکنا ٭

تیوری (تِیوْ ۔ رِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) ماتھے کا بل ۔ چین جبیں ۔ غصّے سے پڑنے والی ماتھے کی سلوٹ (۲) نگاہ کا انداز ٭ تیوری بدلنا (چڑھانا) تیوری میں بل ڈالنا ۔ ماتھے پر شکن ڈالنا ۔ غصّے ہونا ۔ چیں بجبیں ہونا ٭

تیوری چڑھنا ۔ تیوری میں بل پڑنا ۔ آزردہ ہونا ۔ ماتھے پر شکن پڑنا ٭

تیون (تِیْ ۔ وَنْ) (ہ) مذکّر (۱) اچار ۔ چٹنی (۲) ترکاری ۔ سالن ٭

تیوہار (تِیوْ ۔ ہَارْ) (ہ) مذکّر ۔ جشن ۔ عید ۔ خوشی کا دن ٭ تیوہاری ۔ مؤنّث (۱) تیوہار کا انعام ۔ عیدی (۲) تیوہار سے متعلّق ۔ تیوہار کا ٭

تیہ ۔ تیہا (تیہْ ٭ تِیْ ۔ ہَا) (ہ) مذکّر (۱) حرارت ۔ تیزی (۲) غصّہ (۳) مستقل مزاجی ٭

تیہو (تِیْ ۔ ہُوْ) (ف) مذکّر ۔ تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ ۔ لَوا ٭

تیئیس ۔ تیئیس (تِے ۔ اِئیس ٭ تِیئِیْس) (ہ) بیس اور تین ۔ ۲۳ ۔ ٭

ٹ

ٹ (ٹے) (ہ) مؤنّث (۱) اردو حروفِ تہجّی کا پانچواں اور ہندی کا گیارھواں حرف (۲) ابجد میں ت شمار ہوتا ہے اور اس کے عدد چار سو (۴۰۰) ہیں ٭

ٹ ۔ ا

ٹابر (ٹَا ۔ بَرْ) (ہ) مذکّر (۱) چھوٹی جھیل (۲) چھوٹا ساگھر (۳) خاندان ٭

ٹاپ (ٹَاپْ) (ہ) مؤنّث (۱) گھوڑے کا سُم (۲) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی آواز، جو چلتے وقت نکلتی ہے (۳) ٹاپنا کا امر ٭ ٹاپنا (۱) گھوڑے کا اگلے پاؤں کو زمین پر مارنا (۲) ڈھونڈنا ۔ پاؤں پٹخنا (۳) کوشش کرنا (۴) حیران ہونا ۔ انتظار کرنا (۵) آوارہ اور بے کار پھرنا (۶) بے تاب ہونا ۔ بے قرار ہونا (۷) افسوس کرنا (۸) پھاندنا ٭

ٹاپ دار ۔ آگے سے چوڑا، پیچھے سے پتلا ٭

ٹاپا (ٹَا ۔ پَا) (ہ) مذکّر (۱) مرغیوں کے بند کرنے کا کھانچا (۲) ایک قسم کی کشتی یا بیڑا ٭

ٹاپا ٹوئی کرنا (عو) (۱) ڈھونڈ ڈھانڈ کرنا ۔ چھان مارنا ۔ ڈھونڈنا ۔ ٹٹولنا (۲) ٹپکنے والے مکان کی مرمّت کرنا ٭

ٹاپتی (ٹَاپْ ۔ تِیْ) (ہ) مؤنّث ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ٭

ٹاپو (ٹَا ۔ پُوْ) (ہ) مذکّر ۔ جزیرہ ۔ دریا یا سمندر کے درمیان کی خشک زمین ۔ دیپ ٭

ٹاٹ (ٹَاٹْ) (ہ) مذکّر (۱) سن کا بنا ہوا کپڑا (۲) ساہوکار کے بیٹھنے کی گدّی (۳) بونٹ کا سبز خول جس میں چنا ہوتا ہے ٭ ٹاٹ (نیز ٹاٹ) الٹنا ۔ دکان اٹھ جانا ۔ کاروبار بند ہو جانا ۔ دیوالا نکلنا ٭ ٹاٹ باف (و) (۱) ٹاٹ بُننے والا (۲) کپڑے یا جوتے پر سونے چاندی کے تار ٹانکنے والا (ان معنی میں غالباً "تار باف" کا مخرّب ہے) ٭ ٹاٹ بافی جوتا ۔ مذکّر ۔ کلابتون کے کام کا جوتا ۔ زردوزی کام کا جوتا ۔ کامدار جوتا ٭ ٹاٹ کا لنگوٹا نوّاب سے یاری ۔ مثل (۱) مفلسی میں امیروں سے ملاقات (۲) اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام ٭ ٹاٹ کی انگیا مونج کی تنی ۔ (ہ) مثل ۔ نہایت غریبی اور مفلسی کے اظہار پر بولتے ہیں ٭ ٹاٹ میں مونج کا بخیہ ۔ (و) مثل ۔ موزوں کام ۔ جیسی چیز ویسا اس کا لازمہ ٭

ٹارا (ٹَا ۔ رَا) (ہ) مذکّر ۔ دیر تک اُڑنے والا طاقت ور کبوتر (لکھنؤ) ٭

ٹارا ٹوک (عو) وزن میں پورا یا ٹھیک (لکھنؤ) ٭

ٹال (ٹَالْ) (ہ) مؤنّث (۱) لکڑی، گھاس، اناج وغیرہ کے ذخیرہ کرنے کی جگہ (۲) لکڑیوں یا بھُس کی دکان (۳) لکڑی، گھاس، اناج وغیرہ کا ڈھیر ۔ انبار ۔ تودہ ٭

ٹال (ٹَالْ) (ہ) (۱) ٹالنا کا امر (۲) مؤنّث ۔ بہانہ ۔ لیت و لعل ۔ حیلہ حوالہ ٭ ٹالا بالا ۔ وتیا ٭ ٹال مٹول ۔ مؤنّث ۔ حیلہ حوالہ ۔ بہانہ ٭ ٹال مٹول وقت کا چور ۔ (و) مثل (۱) بہانہ کر کے ٹالنے والا (۲) سُست نوکر ٭ ٹالا ۔ ٹالا بالا (ہ) مذکّر ۔ ٹال مٹول ۔ حیلہ حوالہ ۔ آج کل ٭ ٹالا بالا بتانا یا ٹالم ٹول کرنا ۔ ٹالنا ۔ لیت و لعل کرنا ۔ دھوکا دینا ٭ ٹالنا (۱) بہانہ بنانا (۲) علیحدہ کرنا ۔ ہٹانا (۳) ملتوی کرنا ۔ دیر کرنا (۴) ضائع کرنا ۔ گزارنا (۵) فریب دینا ۔ بہکانا ٭

ٹال (ٹَالْ) (ہ) مؤنّث ۔ کشتی کا ایک داؤ ٭

ٹال (ٹَالْ) (ہ) مؤنّث ۔ ایک قسم کا گھنٹا، جو گائے ہاتھی وغیرہ کے گلے میں باندھا جاتا

ہے ٭ ٹالی - مؤنث - چھوٹی گھنٹی، جو چوپایے وغیرہ کے گلے میں ڈالی جاتی ہے ٭

ٹالی (ٹا - لی) (ہ) مؤنث (دلّالوں کی اصطلاح) اٹھنی - آٹھ آنے ٭

ٹامک ٹوئیے مارنا (ہ) اندازہ کرنا - اندازے پر چلنا - اٹکل پر چلنا ٭

ٹانٹ (ٹانْٹ) (ہ) مؤنث - آدمی کی کھوپری - چندیا ٭ ٹانٹ کھجانا (۱) سر میں کھجلی ہونا (۲) جوتے کھانے کی نیت ہونا ٭ ٹانٹ کے بال اُڑانا - دھپّوں یا جوتوں سے چندیا کے بال اُڑا دینا - دھولیں ملنا ٭ ٹانٹ گنجی ہونا (۱) سر پر بال نہ رہنا (۲) لگاتار جوتے کھانے یا بوجھ اٹھانے سے سر گنجا ہو جانا (۳) فضول خرچی سے مفلس ہو جانا ٭

ٹانٹا - ٹانٹھا (ٹانْ - ٹا ٭ ٹاں - ٹھا) (ہ) (۱) قوی - مضبوط (۲) مسٹنڈا ٭

ٹانچ (ٹانْچ) (ہ) (عوام) (۱) بدمزاج (۲) اپنا مطلب حاصل کرنے کے لیے فریب دینے والا (۳) شوخ - گستاخ (۴) مذکر - تکرار - جھگڑا (۵) ٹیڑھا چلنا (۶) چکر لگانا (۷) مقابلے کو آنا (۸) دشمنی - ضد - کج روی ٭ ٹانچنا (۱) ٹیڑھا چلنا - خراماں خراماں پھرنا (۲) مزے اُڑانا (۳) ٹانگیں مارنا (۴) منڈلانا - چکر لگانا (۵) دھوکا دینا (۶) وصول کرنا (۷) کبوتر کا مستی میں سینہ ابھار کر چلنا ٭

ٹانڈ - ٹانڈھ (ٹانْڈ - ٹانْڈھ) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) مچان (۲) سامان رکھنے کے لیے مکان کے اندر دیوار میں لگا ہوا تختہ (۳) لکڑیوں کا چبوترا سا جس پر کھڑے ہو کر آگ یا پھینکا جاتا ہے ٭

ٹانڈا (ٹاں - ڈا) (ہ) مذکر (۱) سوداگروں کا گروہ - قافلہ (۲) گھر کا سامان (۳) بنجارے کا اسباب (۴) قبیلہ - کنبہ - خاندان (۵) تجارت کا سامان جو ایک دفعہ لاد کر لے جائیں ٭ ٹانڈا لدنا (۱) اسباب لدنا - سفر کا سامان روانہ ہونا (۲) انتقال ہونا - مرنا ٭

ٹانڈا (ٹاں - ڈا) (ہ) دست جاری ہونا ٭

ٹانڈا (ٹاں - ڈا) (ہ) مذکر (۱) ضلع ہوشیارپور (مشرقی پنجاب) کا ایک قصبہ (۲) ضلع فیض آباد کی ایک تحصیل ٭

ٹانک (ٹانْک) (ہ) مؤنث (۱) (جوہریوں کی اصطلاح) چوبیس رتّی کا وزن (۲) کمان جانچنے کا وزن، جو پینتیس سیر کا ہوتا ہے ٭

ٹانک (ٹانْک) (ہ) مؤنث (۱) پتی - حصّہ ٭

ٹانک (ٹانْک) (ہ) مؤنث - اندازہ - جانچ ٭

ٹانک (ٹانْک) (ہ) (۱) ٹانکنا کا امر ٭ ٹانک رکھنا - نوٹ کر لینا یا یادداشت کے لیے لکھ رکھنا ٭ ٹانک لینا - کوئی رقم لکھ لینا ٭ ٹانکا (ٹاں - کا) (ہ) مذکر (۱) سوئی دھاگے کا ایک دفعہ کپڑے میں سے نکلنا - سیون (۲) دھات جوڑنے کا مسالا اور وہ جوڑ جو اس مسالے سے لگایا جائے ٭ ٹانکا بھرنا (۱) سینا - زخم سینا (۲) کسی جگہ موقع پا کر کسی کی سفارش کرنا ٭ ٹانکا ٹوٹنا (۱) سیون اُدھڑنا - زخم کی سیون کا ٹوٹ جانا (۲) چیرا ٹوٹنا - کنوارپن کا زائل ہونا ٭ ٹانکا کاٹ لینا - ٹانکے کی قیمت وضع کر کے پیسے دینا ٭ ٹانکا لگانا - کپڑے یا زخم کا سینا ٭ ٹانکا مارنا - ٹانکا بھرنا ٭

ٹانکنا (۱) سینا - ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے ملا کر ٹانکا بھرنا (۲) چسپاں کرنا - جوڑنا (۳) نتھی کرنا - شامل کرنا (۴) درج کرنا - یادداشت لکھنا (۵) لگاتار داخل کرنا (۶) آویزاں کرنا - لٹکانا ٭ ٹانکے - مذکر - ٹانکا کی جمع ٭

ٹانکے اُدھیڑنا (۱) سلائی اُدھیڑنا - سیون کھولنا (۲) راز فاش کرنا - حقیقت ظاہر کرنا ٭ ٹانکے ٹوٹنا (۱) کپڑے یا زخم کی سلائی کا ٹوٹ جانا (۲) سلے ہوئے کپڑے کا پرانا ہو جانا ٭ ٹانکے دینا (لگانا) کپڑے یا زخم وغیرہ کا سینا ٭

ٹانکے ڈھیلے ہو جانا (ہونا) (۱) بدحواس ہونا (۲) ارادے میں سستی یا کمزوری آنا ٭ ٹانکے کھلنا (۱) سیون اُدھڑنا (۲) بھید ظاہر ہونا ٭

ٹانکے مارنا (عو) جلد جلد سینا - موٹی سیون سینا ٭

ٹانکا (ٹاں - کا) (ہ) مذکر - حوض، تالاب یا کنواں، جس میں برسات کا پانی پینے کے لیے جمع کیا جاتا ہے ٭ ٹانکی - مؤنث - لکڑی یا لوہے کا ظرف، جس میں پانی بھر کر رکھا جاتا ہے ٭

ٹانکی (ٹانْ - کی) (ہ) مؤنث (۱) سنگ تراشوں کا ایک اوزار - چھینی (۲) خربوزے یا تربوز وغیرہ کی تراش (۳) چھید - سوراخ (۴) ایک قسم کا پھوڑا، دنبل ٭

ٹانکی بجنا (۱) سنگ تراشی کا کام ہونا (۲) عمارت کا چُنا جانا ٭ ٹانکی لگانا - (۱) خربوزے وغیرہ کو تراش کر دیکھنا (۲) سوراخ کرنا ٭

ٹانگ (ٹانْگ) (ہ) مؤنث (۱) ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصّہ - لات (۲) پتی - حصّہ (۳) (دلّالوں کی اصطلاح) چوتھا حصّہ ٭ ٹانگ اٹھا کر موتنا (۱) کتّے کی طرح موتنا (۲) (مذاقاً) انگریزوں کی طرح پیشاب کرنا ٭

ٹانگ اٹھانا - جماع کرنا ٭ ٹانگ اَڑانا (۱) پاؤں پھنسانا (۲) بیچ میں بولنا - دخل دینا ٭ ٹانگ اولل کے مر گیا - بے کسی کی حالت میں جان دے دی ٭

ٹانگ برابر (ل) چھوٹا سا ٭ ٹانگ پسار کے سونا (ہ) بے فکر ہو کر سونا ٭

ٹانگ تلے (کے نیچے) سے نکالنا - نیچا دکھانا - کسی کو عاجز اور مغلوب کرنا ٭ ٹانگ تلے سے نکلنا - مطیع ہونا - عاجز ہونا - ہار ماننا ٭

ٹانگ توڑنا (۱) کسی کام کا نہ رکھنا - بے کار کرنا (۲) کسی زبان میں تھوڑی سی واقفیت ہونے سے اس میں دخل دینا ٭ ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا - پہلو میں بٹھانا - اپنے پاس سے ہلنے نہ دینا ٭ ٹانگ لینا (۱) ٹانگ پکڑنا (۲) کاٹنے کو دوڑنا (۳) پیچھے پڑنا ٭ ٹانگیں - مؤنث - ٹانگ کی جمع ٭

ٹانگیں اٹھانا (۱) پاؤں اٹھانا (۲) آسن لینا (۳) جلد چلنا ٭ ٹانگیں توڑنا - (۱) بہت دوڑنا یا پھرنا (۲) بہت دوڑانا یا پھرانا ٭ ٹانگیں رہ جانا (۱) تھک جانا (۲) ٹانگوں کا سوکھ جانا (۳) گٹھیا کے مرض سے ٹانگوں کا بیکار ہو جانا ٭

ٹانگ (ٹانْگ) (ہ) ٹانگنا کا امر ٭ ٹانگ دینا (۱) لٹکا دینا (۲) پھانسی پر چڑھا دینا ٭ ٹانگنا (۱) لٹکانا - دھاگا باندھ کر لٹکانا (۲) پھانسی دینا ٭

ٹائپ (ٹا - ئپ) (انگ - Type) مذکر (۱) چھاپے سے ڈھلے ہوئے حروف (۲) چھاپے کے نقش (۳) چھاپ - ٹھپّا - اسٹامپ (۴) نمونہ - نقشہ (۵) صورت - شکل -

وضع ٭ ٹائپ بکس (Type Box) مذکر۔ مہروں کے حروف وغیرہ رکھنے کا صندوق ٭ ٹائپ رائٹر (Typewriter) مذکر۔ ٹائپ کرنے کی مشین ٭ ٹائپسٹ (Typist -) مذکر۔ ٹائپ کا کام جاننے والا شخص ٹائپ کرنے والا ٭

ٹائٹل (ٹا۔ اِٹل) (انگ - Title) مذکر (۱) نام (۲) خطاب ٭ ٹائٹل پیج۔ (Time piece) مذکر۔ کتاب کا پہلا ورق۔ لوح ٭

ٹائر (ٹا۔ اِر) (انگ re-) مذکر۔ پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ ٭

ٹائم (ٹا۔ اِم) (انگ - Time) مذکر۔ وقت ٭ ٹائم پیس (Time piece) مذکر۔ میز پر رکھنے کی بڑی گھڑی، جو گھنٹا نہ بجائے ٭ ٹائم ٹیبل (Time table) مذکر۔ وقت کی تقسیم کا نقشہ ٭

ٹاؤن (ٹا۔ اُن) (انگ - Town) مذکر۔ قصبہ۔ شہر ٭ ٹاؤن ڈیوٹی (Town dutn) مؤنث۔ چنگی کا محصول ٭ ٹاؤن ہال (Town Hall) مذکر۔ میونسپل کمشنروں وغیرہ کے اجلاس کرنے کا مقام۔ پنچایتی مکان۔ ایوان۔ ایوانِ عام ٭

ٹائی (ٹا۔ اِئی) (انگ - Tie) (۱) باندھنا (۲) مؤنث۔ نکٹائی کا مخفف۔ وہ خاص وضع کا فیتہ، جو سوٹ کے ساتھ گلے میں زینت کے لیے باندھا جاتا ہے ٭

ٹائیں ٹائیں (ٹا۔ اِیں۔ ٹا۔ اِیں) (ہ) مؤنث (۱) طوطے کی آواز (۲) کائیں کائیں۔ چیں چیں۔ بکواس (کرنا۔ بکتے جانا، ہونا کے ساتھ) ٭ ٹائیں ٹائیں فش ٭ باتیں بہت، کام تھوڑا۔ بکواس زیادہ، نتیجہ کچھ نہیں۔ خرچ بہت نتیجہ ہیچ ٭

ٹایر (ٹا۔ یَر) (ہ) مؤنث (گنوار) چوپایہ خصوصاً ٹٹو یا گھوڑا ٭ ٹایری (دہلی) ٹٹوانی یا گھوڑی ٭

ٹ - ب

ٹب (ٹَب) (انگ - Tub) مذکر۔ نہانے کا برتن۔ کٹھرا ٭

ٹبّا (ٹَب۔ بَا) (ہ) مذکر۔ اونچی جگہ۔ ٹیلا ٭

ٹبّر (ٹَب۔ بَر) (ہ) مذکر (۱) قبیلہ۔ کنبہ۔ خاندان (۲) (ہندو۔ عو) کنبے کا خرچ ٭

ٹ - پ

ٹپ (ٹَپ) (ہ) مذکر (۱) گاڑی کا سائبان، جو دھوپ یا بارش کے وقت کھول لیا جاتا ہے (۲) خیمے کے اوپر کا حصہ (۳) مؤنث۔ ٹپکنے کی آواز۔ گرنے کی آواز۔ بوندوں کی آواز (۴) کود پھاند۔ چھلانگ ٭ ٹپ ٹپ۔ مؤنث (۱) آنسوؤں کے گرنے کی آواز (۲) بوندوں کے لگاتار گرنے کی آواز (۳) (صفت) لگاتار ٭ ٹپاٹپ۔ مؤنث (۱) بوندیں گرنے کی آواز (۲) درخت سے پھل کے گرنے کی آواز ٭ ٹپانا (گنوار) کدانا پھندانا ٭ ٹپٹپانا۔ ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ گرنا ٭ ٹپنا (گنوار) (۱) چھلانگ مارنا۔ کودنا۔ پھاندنا (۲) سرپوش سے ڈھانکنا (۳) جوڑا لگنا۔ پرندوں کا جفتی کرنا ٭

ٹپّا (ٹَپ۔ پَا) (ہ) مذکر (۱) زد۔ فاصلہ (۲) ایک راگنی (۳) (دکن) ڈاکخانہ (۴) کود پھاند (۵) پرگنے سے چھوٹا، تحصیل کا حصہ (۶) (عو) دور دور کا بخیہ۔ موٹی سیون (۷) ایک قسم کا کانٹا، کنڈی یا آنکڑ (۸) پالکی لے جانے والوں کی ڈاک یا چوکی (۹) بادبان سے چلنے والی کشتی ٭ ٹپّا بھرنا۔ یا۔ ڈالنا۔ یا۔ مارنا (۱) دور دور سینا۔ موٹی سلائی کرنا (۲) بے ترتیب یا بے ڈھنگ پڑھنا ٭ ٹپّا کھانا (۱) گولی کا ٹکرا کر واپس ہونا (۲) اچھلنا (۳) رکنا ٭

ٹپس (ٹِپ۔ پَس) (ہ) مؤنث (۱) وسیلہ۔ سہارا (۲) دعویٰ (۳) بے بنیاد (۴) ذرا سا تعلق (۵) تاک جھانک (۶) رسائی ٭ ٹپس جمانا۔ یا۔ لگانا (۱) بنیاد ڈالنا (۲) تعلق پیدا کرنا (۳) دعویٰ جمانا (۴) مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا ٭

ٹپک (ٹَپَک) (ہ) (۱) ٹپکنا کا امر (۲) مؤنث۔ پانی کے قطروں یا آنسوؤں کے لگاتار گرنے کی آواز (۳) (گنواروں کی اصطلاح) زخم کی ٹیس۔ درد ٭ ٹپک پڑنا (۱) پھس پڑنا (۲) قطرہ گرنا (۳) نچڑنا۔ عرق نکلنا۔ مقطر ہونا (۴) پھوڑے کا پھوٹ جانا (۵) حیض آنا (۶) ضبط نہ ہو سکنا۔ ظاہر ہو جانا (۷) (بازاری اصطلاح) انزال ہو جانا ٭ ٹپکا (۱) ٹپکنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر۔ قطروں کا لگاتار گرنا (۳) چھت سے پانی ٹپکنا (۴) پسینہ کا قطرہ (۵) آم، جو پک کر گرے (۶) پکے میوے، خصوصاً آم کا درخت سے گرنا (۷) انگلی سے لگایا ہوا رنگ۔ دھبا ٭ ٹپکا پڑنا (۱) کثرت یا زیادتی سے کسی چیز کا رک نہ سکنا۔ نکلا پڑنا۔ ظاہر ہو جانا (۲) مائل ہوئے جانا۔ گرا جانا (۳) نفسانی خواہش سے بیتاب ہونا ٭ ٹپکا ٹپکی۔ مؤنث (۱) ترشح۔ پھوار۔ بوندا باندی (۲) پھلوں کا گرنا (۳) گاہک پر گاہک پڑنا (۴) ایک کے بعد ایک کا مرنا (۵) کبھی کبھی (۶) کوئی کوئی ٭ ٹپکا لگنا (۱) رِسنا۔ چونا (۲) ٹپکنا۔ چھت سے بوندیں گرنا (۳) آم وغیرہ کا پک پک کر درخت سے لگاتار گرنا (۴) ترشح ہونا۔ تقاطر ہونا ٭ ٹپکانا (۱) بوند بوند گرانا۔ تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا (۲) نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔ مقطر کرنا ٭ ٹپکاؤ۔ مذکر (۱) ٹپکنا (۲) مقطر ہونا (۳) عرق کشی۔ عطر کشی ٭ ٹپکنا (۱) چونا۔ نچڑنا۔ رسنا۔ قطرہ قطرہ گرنا (۲) پکے پھل کا گرنا (۳) ظاہر ہونا (۴) کسی کی طرف مائل ہونا (۵) زخمی ہو کر گرنا (۶) زخم میں درد ہونا۔ ٹیس اٹھنا (۷) پھوڑے کا پک کر بہنا (۸) (بازاری) انزال ہونا۔ پانی چھوڑنا ٭

ٹپکی (ٹَپ۔ کِی) (ہ) مؤنث۔ چالاکی۔ شوخی ٭ ٹپکی پڑنا (۱) شوخ ہونا (۲) عورت کا آوارہ ہونا۔ بدچلن ہونا ٭ ٹپکے کا ڈر ہے (ہ) مثل۔ اچانک آنے والی آفت کا خوف ہے ٭

ٹپن (ٹِپَن) (مہند) دیکھیے "ٹِپن" ٭

ٹپے ٹوئی (ٹَپ۔ پے۔ ٹو۔ اِئی) (ہ) مؤنث۔ جستجو۔ تجسس۔ تلاش ٭

ٹ - ٹ

ٹٹّا (ٹَٹ۔ ٹَا) (ہ) مذکر (۱) قنات۔ بڑی ٹٹی (۲) پردہ۔ اوٹ (۳) (پنجابی) فوطہ۔ خصیہ ٭

ٹٹ پونجیا (ٹُٹ۔ پُوں۔ جِیا) (ہ) (۱) کم سرمایہ والا۔ تھوڑی پونجی والا (۲)

دیا لیا ❊

ٹرٹر (ٹرٹر) (ٹُرَ۔ٹُرْ) (ٹَرْ۔ٹَرْ) (ہ) مذکر (۱) دیکھیے ٹنٹا نمبر ۲ (۲) دسلانہ ❊

ٹرٹرا (ٹرٹرا) کھول (کھولو) نکھٹو آئے (ہ) مثل (تنزاً) (۱) ایسے آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو کماؤ تو نہ ہو، لیکن گھر والوں کو ڈانٹتا ہوا آئے کہ تم نے بے وقت بھی دروازہ کیوں نہ کھلا رکھا (۲) شیخی بہت اور حقیقت کچھ بھی نہیں (۳) وہاں بھی بولتے ہیں، جہاں حاکم بے وقوف ہوں اور ظلم کا خوف ہو ❊

ٹرٹروں ٹوں (ٹُرْ۔رُوں۔ٹُوں) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) فاختہ کی آواز۔ ٹوٹرو کی آواز (۲) اکیلا۔ تنہا ❊

ٹرٹری (ٹرٹری) [(ٹُرْ۔رِی) (ٹَرْ۔ٹِرِی)] (ہ) مؤنث (۱) کھوپری۔ چندیا۔ ٹانٹ (گنجی ہونا، مونڈنا، ہونا وغیرہ کے ساتھ) (۲) ٹٹار (۳) باڑ (۴) ڈھانچ ❊

ٹٹکارنا (ٹِٹْ۔کَارْ۔نَا) (ہ) جانوروں کو ٹٹکاری سے آگے بڑھانا ❊ ٹٹکاری۔ مؤنث (۱) جانور کے ہنکانے کی آواز (۲) زبانی جمع خرچ (۳) آواز سیٹی۔ اشارہ ❊

ٹٹکاری پر لگنا (۱) سیٹی یا آواز پر چلا آنا۔ اشارے پر لگنا (۲) ہل جانا۔ آواز پر لوٹنا ❊

ٹٹو (ٹَٹْ۔ٹُو) (ہ) مذکر (۱) چھوٹا گھوڑا۔ یابو۔ ٹایر (۲) قابو۔ طاقت۔ زور ❊

ٹٹو بھڑکنا (۱) سرکشی کرنا (۲) (بازاری) شہوت ہونا ❊ ٹٹو پار ہونا (عو) کام کا پورا ہونا۔ بیڑا پار ہونا ❊ ٹٹو سے۔ بلا سے۔ بیزار سے ❊ ٹٹو کو کوٹنا اور تازی کو اشارہ (و) مثل۔ بے وقوف کو مار کر سمجھانا پڑتا ہے، لیکن عقل مند اشارے پر کام کرتا ہے ❊ ٹٹوا (ہ) مذکر۔ حقیر ٹٹو۔ دبلا پتلا ٹٹو ❊

ٹٹوانی۔ مؤنث۔ چھوٹے قد کی گھوڑی ❊

ٹٹول (ٹٹول) (ہ) مؤنث (۱) ٹٹولنا کا امر (۲) مؤنث۔ جستجو۔ تلاش۔ ڈھونڈ (۳) ہاتھ سے چھونا یا مس کرنا ❊ ٹٹولنا (۱) اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا۔ چھونا۔ مس کرنا (۲) امتشا پانا۔ عندیہ لینا (۳) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا (۴) جانچنا۔ امتحان کرنا۔ آزمانا ❊ ٹٹولواں۔ اندازے سے۔ اٹکل سے۔ اٹکل پچو ❊

ٹٹی (ٹَٹْ۔ٹِی) (ہ) مؤنث (۱) بانس یا سرکنڈوں وغیرہ کا بندھا ہوا جھانپ۔ چق۔ چلمن (۲) پردہ۔ اوٹ۔ آڑ (۳) بیت الخلاء۔ پاخانہ (۴) تختِ رواں۔ آرائش، جو بیاہ شادی میں لے جاتے ہیں (۵) چھت یا چوبی چار دیواری، جس پر انگور کی بیل چڑھائی جاتی ہے (۶) شکار کھیلنے کی آڑ ❊ ٹٹی جانا۔ پاخانے جانا ❊ ٹٹی کا آئینہ۔ مذکر (۱) پتلا قلعی دار شیشہ ❊ ٹٹی کی آڑ یا اوٹ یا اوجھل شکار کرنا یا کھیلنا۔ در پردہ برا کام کرنا۔ چھپ کر گناہ کرنا ❊ ٹٹی لگانا (ہ) (۱) جق ڈالنا (۲) ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا (۳) قنات کھڑی کرنا (۴) اوٹ کرنا۔ آڑ کرنا ❊ ٹٹی میں چھید کرنا (۱) حجاب اٹھانا (۲) کھل کھیلنا۔ فاحشہ ہو جانا ❊ ٹٹیا (ٹَٹْ۔ٹِیَا) مؤنث۔ چھوٹی ٹٹی۔ کبھی تحقیراً بھی بولا جاتا ہے ❊

ٹٹیری (ٹِٹْ۔ٹِی۔رِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک پرندہ، جس کی آواز پر یہ نام رکھا گیا (۲) ایک کھلونا، جسے چکر دینے پر ٹٹیری کی سی آواز نکلتی ہے (۳) بہت دبلا پتلا شخص ❊

ٹ - ج

ٹچا (ٹُچْ۔چَا) (ہ) مذکر (۱) چھچھورا۔ کم ظرف۔ اوچھا (۲) کمینہ۔ رذیل (۳) لچا۔ شہدا۔ اوباش ❊

ٹ - خ

ٹخا سے دیدے کھلنا (و) (عو) آنکھوں کا پوری طرح کھلنا ❊

ٹخ ٹخ (ٹِخْ۔ٹِخْ) (و) مؤنث (تحقیراً) گھوڑے گدھے کو ہانکنے کی آواز۔ ٹک ٹک۔ ٹٹکاری ❊

ٹخر ٹخر (ٹُخْرْ۔ٹُخْرْ) (ہ) مؤنث (عو) (۱) بوڑھیوں کی سی (چال) (۲) آہستہ (چال) ❊

ٹخنا (ٹَخْ۔نَا) (ہ) مذکر۔ ایڑی سے اوپر اٹھی ہوئی ہڈی۔ گٹا۔ کعب ❊

ٹ - ڈ

ٹڈا (ٹِڈْ۔ڈَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پردار کیڑا، جو آک اور گھاس پر رہتا ہے (۲) دبلا پتلا چھوٹے قد کا آدمی ❊

ٹڈی (ٹِڈْ۔ڈِی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا پردار کیڑا، جو زراعت اور درختوں کو سخت نقصان پہنچاتا ہے۔ ٹیڑی۔ ملخ ❊ ٹڈی دل۔ مذکر (۱) ٹڈیوں کا بڑا گروہ (۲) بھیڑ۔ انبوہ۔ زبردست ہجوم (آنا، گزر جانا وغیرہ کے ساتھ) ❊

ٹ - ر

ٹر (ٹُرْ) (ہ) مؤنث (۱) مینڈک کی آواز (۲) بیہودہ بات (۳) ہٹ۔ ضد (۴) عید کے دوسرے دن کا میلا (۵) خودستائی۔ شیخی ❊ ٹرٹر۔ مؤنث (۱) جھک جھک، بک بک، کائیں کائیں، بکواس (۲) گستاخی (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۳) مینڈک کی آواز ❊

ٹرا (ٹُرْ۔رَا) (ہ) (۱) ٹرانا کا امر (۲) بکواسی۔ بک بک کرنے والا (۳) سخت کلام، گستاخ (۴) سرکش۔ شوخ۔ شریر (۵) ہٹیلا۔ ضدی (۶) تناور۔ مسٹنڈا۔ مضبوط (۷) بارود کا دانہ۔ حب۔ دانہ (۸) وہ اناج، جس میں برکت نہ ہو اور زیادہ خرچ ہو ❊ ٹراپن۔ مذکر۔ بدمزاجی۔ اکھڑپن ❊ ٹرانا (۱) غل مچانا۔ بک بک کرنا (۲) شرارت کرنا۔ گستاخی (۳) مینڈک کا بولنا ❊

ٹرالی (ٹْرَا۔لِی) (انگ۔ Trolley) مؤنث۔ ٹھیلا۔ گاڑی، جو ریل کی سڑک پر ہاتھوں سے دھکیل کر چلائی جاتی ہے ❊

ٹرانسپورٹ (ٹْرَانْسْ۔پُورْٹ) (انگ۔ Transport) مؤنث (۱) کشتی۔ جہاز (۲) بار برداری ❊

ٹرانسسٹر (ٹْرَانْ۔سِسْ۔ٹَرْ) (انگ۔ Transistor) مذکر۔ ایک قسم کا ریڈیو، جو تار کے بجائے سیلوں کے ذریعے سے چلایا جاتا ہے ❊

ٹرائیسکل (ٹْرَا۔اِی۔سِکَلْ) (انگ۔ Tricycle) مؤنث۔ پاؤں سے چلانے والی تین پہیوں کی گاڑی ❊

ٹربنگا۔ ٹربنگا (ٹِرْ۔بَنْگْ۔گَا ❊ ٹِرْ۔بَنْگْ۔گَا) (ہ) ٹیڑھا۔ خیدہ۔ ترچھا بانکا ❊

ٹرپھس (ٹِرْ۔پِھسْ) (ہ) مؤنث (۱) فتنہ۔ شرارت (۲) بدمزاجی ❊ ٹرپھس کرنا (۱) دنگا کرنا (۲) اکڑنا۔ بدمزاجی کرنا (۳) شرارت کرنا (۴) ارادہ فسخ کرنا ❊

ٹرٹرانا (ٹرُ۔ٹرا۔نا) (ہ) (۱) (پورب) بک بک کرنا۔بکنا (۲) (تحقیراً) بڑبڑانا۔ رونا ٭

ٹرخانا (ٹرُ۔خا۔نا) (ہ) (۱) بے دلی سے کام کرنا۔ٹالنا (۲) بہانہ کرنا ٭

ٹرغل (ٹرُ۔غَل) (ہ) مؤنث (۱) بیہودہ اور ذلیل عورت۔نالائق اور بدتمیز عورت۔ (۲) بے وقوف عورت (۳) بدچلن عورت۔زانیہ۔فاحشہ ٭

ٹرخو (ٹرُ۔خو) (ہ) (صفت مؤنث) (عو) (۱) بے تمیز۔بوڑھی (۲) پوچ۔ناپائدار (لکھنؤ) ٭

ٹرکانا (ٹرُ۔کا۔نا) (ہ) دیکھئے "ٹرخانا" ٭

ٹرن (ٹرن) (انگ۔Turn) مؤنث۔نوبت۔باری ٭

ٹرنک (ٹرنک) (انگ۔Trunk) مذکر۔لوہے وغیرہ کا ہلکا صندوق ٭

ٹریانا (ٹرُ۔یا۔نا) (ہ) پرند کبوتر کا اُڑ جانا ٭

ٹریٹر (ٹرے۔ٹر) (انگ Traitor) مذکر۔بے وفا۔غدار۔دغاباز۔نمک حرام۔ باغی شخص ٭

ٹریڈ (ٹریڈ) (انگ۔Trade) مؤنث۔سوداگری۔تجارت ٭ ٹریڈ مارک (Trade mark) مذکر۔کسی کارخانے کا اپنا تجویز کیا ہوا نشان۔تجارتی نشان۔مارکہ ٭

ٹریڈل (ٹرے۔ڈل) (انگ۔Treadle) مذکر۔پاؤں سے چلانے کی مشین، جس میں ٹائپ یا بلاک چھاپا جاتا ہے ٭

ٹریر (ٹریر) (ہ) مؤنث۔بال۔درز۔شگاف ٭

ٹریژری (ٹریژ۔ری) (انگ۔Treasury) مذکر۔خزانہ ٭

ٹریس (ٹریس) (انگ۔Trace) مذکر۔خاکہ۔چربہ۔نشان۔کھوج ٭

ٹریفک (ٹرے۔فک) (انگ۔Traffic) مؤنث (۱) ریل گاڑی پر مال کی آمدورفت۔آمدورفت ٭ ٹریفک مینجر (Traffic Manager) مذکر۔مال کی آمدورفت کا مہتمم۔آمدورفت کی حفاظت کرنے والا ٭

ٹریم (ٹریم) (انگ۔Tram) مذکر و مؤنث۔بجلی کی طاقت سے چلنے والی گاڑی ٭ ٹریموے (Tramway) مؤنث۔لوہے کی سڑک جس پر ٹریم چلتی ہے ٭

ٹرین (ٹرین) (انگ۔Train) مؤنث (۱) ریل گاڑی (۲) ریل گاڑیوں کی قطار ٭

ٹرینڈ (ٹرینڈ) (انگ۔Trained) (۱) مشّاق۔واقف کار۔ماہر (۲) جس نے استادی کی سند حاصل کی ہو ٭

ٹریننگ (ٹرے۔ننگ) (انگ۔Training) مؤنث۔تعلیم و تربیت ٭ ٹریننگ سکول (Training school) مذکر۔استادوں کو تعلیم و تربیت دینے کی درس گاہ ٭

ٹ۔ڑ

ٹرڑو (ٹرڑو) (ہ) مذکر (۱) (لغوی) ٹرٹرانے والا (۲) (اصطلاحی) مینڈک (۳) ایک کھلونا، جس پر چمڑا منڈھ کر پھراتے اور گھماتے ہیں ٭

ٹیڑھ منہا۔یا۔موہنا (ٹیڑھ۔منہا۔یا۔موں۔ہا) (ہ) ٹیڑھے منہ کا ٭ ٹیڑھ مُنہی۔ٹیڑھے منہ کی ٭

ٹ۔س

ٹسر (ٹسر) (ہ) مذکر (۱) کچا ریشم۔ایک قسم کا ادنیٰ درجے کا ریشم (۲) اس ریشم کا کپڑا ٭

ٹسر ٹسر رونا (ہ) (عو) پھوٹ پھوٹ کر رونا۔زار زار رونا ٭

ٹسر مسر (ٹسر۔مسر) (ہ) مؤنث۔توقف۔وقفہ۔ڈھیل ٭

ٹس سے مس نہ ہونا (ہ) (عو) بالکل متحرک نہ ہونا۔جنبش نہ کھانا ٭

ٹسک (ٹسک) (ہ) (۱) مؤنث (پورب) ہوک۔درد۔ٹیس۔کسک (۲) ٹسکنا کا امر ٭ ٹسکنا (۱) کسکنا۔درد معلوم ہونا (۲) متاثر ہونا (۳) گداز ہونا۔ گلنا (۴) سرکنا۔ہلنا جلنا ٭

ٹسکا (ٹس۔کا) (ہ) مذکر۔بچوں کی کھانسی، جس میں کھڑکھڑ سی آواز نکلتی ہے ٭

ٹسکنا (ٹسک۔نا) (ہ) (پورب) بسورنا۔آنسو بہانا۔رونا ٭

ٹسن (ٹسن) (ہ) مؤنث (بازاری) (۱) پرخاش۔جھگڑا۔تکرار۔شرارت (۲) بےلیلانی ٭

ٹسوے بہانا (ہ) (عو) رونا۔آنسو بہانا ٭

ٹ۔ف

ٹفن (ٹفن) (انگ۔Tiffin) مذکر و مؤنث۔دوپہر کا کھانا ٭

ٹفن باسکٹ (Tiffin Basket) مذکر۔کھانا رکھنے کا ڈبا ٭

ٹ۔ک

ٹک (ٹک) (ہ) مؤنث (۱) تاک، نظر، ٹکٹکی (۲) خاصیت، مزاج ٭

ٹک (ٹک) (ہ) ٹکنا کا امر۔ٹکا (۱) ٹکانا کا امر (۲) ٹکنا سے ماضی مطلق ٭ ٹکانا (۱) ٹھہرانا۔روکنا۔سہارا دینا (۲) گھر پر ٹھہرانا۔مکان یا سرائے میں اتارنا (۳) لگانا۔مارنا ٭ ٹکاؤ (ٹِکا۔اُو) (عو) مضبوط۔پائدار۔دیرپا ٭

ٹکاؤ (ٹکا۔اُو) مذکر (۱) سکونت۔قیام۔ٹھہراؤ (۲) استقلال۔قرار ٭ ٹکنا (۱) قیام کرنا۔ٹھہرنا (۲) نیچے بیٹھنا (۳) تحمل کرنا۔صبر کرنا (۴) مدت تک رہنا۔جاری رہنا (۵) پابہ گل ہو جانا۔پھنس جانا (۶) (پنجابی) سو جانا ٭

ٹک (ٹِک) (انگ۔Tick) مؤنث (۱) گھڑی کی آواز (۲) گھڑی کی آواز جیسی کوئی اور آواز ٭

ٹِک ٹِک (Ticktick) مؤنث۔دیکھئے "ٹک" ذکر نا، ہونا کے ساتھ

ٹک (ٹک) (ہ) ذرا۔کچھ۔تھوڑا سا (متروک) ٭ ٹک جیا تو کیا جیا مثل (۱) تھوڑی دیر جینے کا کیا مزہ (۲) ذرا سی دیر راحت پائی تو کیا پائی ٭

ٹکا (ٹکا) (ہ) مذکر (۱) ادھنّا۔دو پیسے کا سکہ (۲) دو پیسے (۳) (مجازاً) دولت۔نقدی۔روپیہ ٭

ٹکا پاس نہیں۔مفلس ہے۔کوڑی پاس نہیں ٭

ٹکا سا جواب دینا (ہ) ترت جواب دینا۔قطعاً انکار کر دینا۔صاف جواب

دینا ٭ ٹکا سا دم (مذکر) ٹکا سی جان (مؤنث) (عو) اکیلا دم ۔ تنہا ۔ اکیلی جان ۔ جس کا کوئی متعلق و وارث نہ ہو ٭ ٹکے (ف) مذکر ۔ ٹکا کی جمع ٭ ٹکے کی نہاری میں آدھے کا ٹکڑا (و) مثل ۔ کم خرچ کرنے سے زیادہ فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا ٭ ٹکے گز کی چال چلنا ۔ کفایت شعاری اور اعتدال سے گزارا کرنا ٭ ٹکے گننا ۔ حقے کا کڑا کے سے بولنا ٭

ٹکٹ (ٹِکَٹ) (انگ ۔ Ticket) مذکر (۱) کاغذ یا پٹھے کا مستطیل ٹکڑا (۲) وہ ٹکڑا ، جس پر نام اور پتا لکھا ہو (۳) وہ ٹکڑا ، جسے دکھا کر کہیں جائیں یا گاڑی پر بیٹھیں ۔ پروانۂ راہداری ۔ پاس ۔ اجازت کا پرچہ (۴) پچراس (۵) تمسک ۔ دستاویز ۔ پرچہ (۶) ڈاک خانے کے محصول کا سٹمپ (۷) تجارتی مال کا خاص محصول ۔ ٹیکس (۸) لگان (۹) جزیہ (۱۰) تجارتی مال کے اوپر کا پرچہ ۔ چٹھی (۱۱) (و) بکنے تاگوں کا پتا ۔ ریل ۔ پیچک ٭ ٹکٹ لگانا (۱) خطوط وغیرہ پر ٹکٹ چپکانا (۲) ٹیکس یا محصول لگانا ٭

ٹکٹکی (ٹِک ۔ ٹِکی) (ہ) مؤنث (۱) کسی کی طرف غور یا حیرانی سے برابر دیکھے جانا ۔ گھور ۔ تک ۔ نظارہ ۔ نظر (۲) وہ تپائی ، جس سے مجرموں کے ہاتھ یا پاؤں باندھ کر کوڑے یا بید لگائے جاتے ہیں ٭ ٹکٹکی باندھنا ۔ آنکھیں لڑانا ۔ گھورنا ۔ تاکنا ۔ برابر دیکھے جانا ٭ ٹکٹکی سے باندھنا ۔ تپائی سے باندھ کر بید مارنا ٭

ٹکٹھی (ٹِک ۔ ٹھی) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "ٹکٹکی" ۲ ٭

ٹکر (ٹَکَّر) (ہ) مؤنث (۱) دو چیزوں کا باہم لڑ جانا (۲) ٹھوکر ۔ صدمہ ۔ دھکا ۔ ٹھیس (۳) ہمسری ۔ برابری ۔ مقابلہ (۴) برابر کا جوڑ ۔ ہمسر ۔ مقابل (۵) ٹوٹا ۔ گھاٹا ۔ ضرر ۔ نقصان ٭ ٹکر کھانا (۱) باہم دھکا کھانا ۔ ٹکرانا ۔ لڑ جانا (۲) صدمہ اٹھانا (۳) نقصان اٹھانا (۴) چوٹ لگنا ۔ ضرب کھانا (۵) ہمسر اور مقابل ہونا ۔ لڑنا ۔ بھڑنا ٭ ٹکر لڑانا ۔ ماتھے سے ماتھا لڑانا ۔ سر لڑانا ٭ ٹکر مارنا (۱) سر پٹکنا ۔ سر مارنا (۲) دکھاوے کی نماز پڑھنا (۳) کوشش کرنا ۔ بے سود کوشش کرنا (۴) سر سے لڑنا ٭

ٹکرا (ٹَکْ ۔ رَا) (ہ) ٹکرانا کا امر ٭ ٹکرانا (۱) لڑ جانا ۔ ٹکر کھانا (۲) ٹکر لگانا ۔ کسی چیز سے سر مارنا (۳) تلاش کرنا ۔ ڈھونڈنا (۴) حیران و سرگردان پھرنا (۵) اندھیرے یا اندھیری جگہ میں ڈھونڈنا ٭

ٹکڑ (ٹُک ۔ کڑ) (ہ) مذکر ۔ موٹی اور سخت روٹی ٭ ٹکڑ گدا (و) مذکر ۔ بھیک مانگنے والا ۔ بھکاری ٭

ٹکڑا (ٹُک ۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) پرزہ ۔ پرچہ ۔ بھاگ ۔ حصہ (۲) رزق ۔ لقمۂ نان ۔ روٹی کا نوالہ ٭ ٹکڑا توڑ کر ۔ یا ۔ ٹکڑا سا جواب دینا (و) بے مروت ہو کر جواب دینا ۔ صاف انکار کر دینا ۔ سخت جواب دینا ٭ ٹکڑا دینا (عو) (۱) روٹی کا ٹکڑا محتاج وغیرہ کو دینا (۲) وظیفہ دینا ۔ رزق دینا ٭ ٹکڑا سا توڑ کر ہاتھ میں دینا ۔ ٹکا سا جواب دینا ۔ سخت اور درشت جواب دینا ٭ ٹکڑا مانگنا ۔ گدائی کرنا ۔ بھیک مانگنا ٭ ٹکڑوں ۔ ٹکڑا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ٭ ٹکڑوں پر پڑنا ۔ مفت کی روٹیاں کھانا ۔ پرائی روٹی پر پڑنا ٭ ٹکڑے ۔ ٹکڑا کی جمع ٭

ٹکڑے اڑانا ۔ کھال اڑانا ۔ پرزے اڑانا ٭ ٹکڑے پکانا ۔ خشک روٹی یا نان توڑ کر کھانڈ یا شکر اور گھی میں پکانا ٭ ٹکڑے توڑنا ۔ کسی کے دسترخوان پر ہمیشہ مفت کی روٹیاں کھانا ۔ مفت کی روٹیاں کھانا ٭ ٹکڑے کرنا ۔ توڑنا ۔ پرزے کرنا ٭

ٹکر ٹکر (ٹُکُر ۔ ٹُکُر) (ہ) حیرانی سے ۔ تعجب سے ۔ حیرت سے ٭ ٹکر ٹکر دیدم دم نہ کشیدم (ہ ۔ ف) (عو) حیرت سے کسی امر کو دیکھ کر خاموش ہو جانا ٭ ٹکر ٹکر دیکھنا (عو) (۱) حیرت سے دیکھنا (۲) شوق یا حسرت کی نظر سے دیکھنا ٭

ٹکڑی (ٹُک ۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) آئینے یا شیشے کا ٹکڑا (۲) جانوروں کا غول ۔ کبوتروں کا جھلڑ (۳) دستہ ۔ گروہ (۴) کپڑے کا تھان (۵) پورن ماشی کا میلا ٭

ٹکسا (ٹَک ۔ سَا) (ہ) (گنوار) رتی بھر ۔ ذرا سا ٭

ٹکسال (ٹَک ۔ سَال) (ہ) مؤنث ۔ روپیہ پیسا بنانے کا محکمہ ۔ سکہ خانہ ۔ دار الضرب ٭ ٹکسال باہر (ہ) (۱) وہ سکہ ، جو دار الضرب میں نہ بنایا گیا ہو (۲) غیر مستند ۔ غیر تحریر ٭ ٹکسال چڑھنا (ہ) (۱) کھوٹا کھرا پرکھا جانا (۲) کسی فن میں استاد تسلیم ہونا ٭ ٹکسال کا کھوٹا ۔ کمینہ ۔ بدذات ٭ ٹکسالی ۔ مذکر (۱) ٹکسال کا داروغہ (۲) درست ۔ اصیل ۔ کھرا ۔ آزمایا ہوا ٭ ٹکسالی بولی ۔ یا ۔ زبان (و) مؤنث ۔ مانی ہوئی اور فصحاء اہل زبان کی تسلیم کی ہوئی زبان ٭

ٹکلی (ٹِک ۔ لِی) (ہ) مؤنث (۱) ستارہ ۔ ماتھے کا زیور ۔ بندی (۲) چھوٹی سی روٹی (۳) دھات کا چھوٹا گول ٹکڑا ٭

ٹکنا (ٹُک ۔ نَا) (ہ) (۱) ٹانکا جانا ۔ سِلنا (۲) ریتی سے خار نکلنا ٭

ٹکوا (ٹُک ۔ وَا) (ہ) مذکر (۱) چارا کاٹنے کا اوزار (۲) کلہاڑی جیسا ایک اوزار ٭

ٹکور (ٹَکُوْر) (ہ) مؤنث (۱) چوٹ ۔ ٹھیس (۲) سینک (۳) ٹکورنا کا امر ٭ ٹکورا ۔ مذکر ۔ نوبت کی آواز ۔ ڈنکا ٭ ٹکورنا ۔ پوٹلی سے سینکنا ۔ سینکنا ٭

ٹکہائی ۔ ٹکھیائی (ٹَک ۔ ہا ۔ ای ۔ ٹَکھ ۔ یا ۔ ای) (ہ) مؤنث ۔ ادنیٰ درجے کی رنڈی ٭

ٹکی (ٹِک ۔ کِی) (ہ) مؤنث (۱) ٹکیا ۔ چھوٹی روٹی (۲) گزارا ۔ تھوڑی سی آمدنی (۳) رسوخ ۔ اثر ٭ ٹکی لگانا (۱) روٹی پکانا یا تنور میں لگانا (۲) اپنا کام کیے جانا (۳) تھوڑا کمانا (۴) کسی تعلق کے باعث کچھ حاصل کرنا ٭ ٹکی لگنا ۔ کامیاب ہونا ۔ فائدہ حاصل ہونا ٭ ٹکیا ۔ مؤنث (۱) چھوٹی روٹی (۲) چکتی ۔ قرص (۳) تمباکو کی گول گتی (۴) ٹکڑی (۵) (عو) پیشانی کے اوپر کا حصہ ۔ ماتھا ٭

ٹکینہ (ٹِکی ۔ نہ) (ہ) مذکر ۔ چرائی پر ایک معمولی ٹیکس ٭

ٹ ۔ گ

ٹگھلانا (ٹِگھ ۔ لا ۔ نَا) (ہ) پتلا کرنا ۔ پگھلانا ٭ ٹگھلنا ۔ پگھلنا ۔ گلنا ٭

ٹ ۔ ل

ٹل (ٹَل) (ہ) ٹلنا کا امر ٭ ٹل جانا ۔ غائب ہو جانا ۔ ہٹ جانا ۔ سرک جانا ٭ ٹلانا ۔ دیکھیے ٹالنا ٭ ٹلنا (۱) الگ ہونا ۔ سرکنا ۔ جگہ سے ہٹنا (۲) غائب ہونا (۳) بہانے سے چلا جانا (۴) آہستہ آہستہ چلا جانا (۵) گزرنا (۶) مرنا ٭

ٹلّا (ٹِل۔ لا) (ہ) مذکر۔ مزید ٹکور۔ دھکا ٭ ٹلّا (ٹلّے) نویسی (۱) مؤنث (۱) دھکے لکھنا (۲) ناجائز خدمت (۳) بے فائدہ اور لاحاصل کام (۴) آوارگی۔ بیکاری ٭

ٹلٹلانا (ٹل۔ ٹلا۔ نا) (ہ) گوز کی آواز آنا۔ دست آنا ٭

ٹلکنا (ٹلک۔ نا) (ہ) آہستہ آہستہ چلنا ٭

ٹلّم (ٹِل۔ لَم) (ہ) (۱) بیکار۔ فضول۔ مہمل (۲) مذکر۔ بیکار مرد ٭

ٹلوا (ٹِل۔ وا) (ہ) مذکر (۱) چاپلوس۔ خوشامدی (۲) (تحقیراً) چھوٹا سا آدمی ٭

ٹلی للی (ٹِلی۔ لِلی) (ہ) مؤنث۔ ہاتھ کی درمیانی انگلی نچا کر چڑانے کی آواز ٭

ٹلّیں (ٹل۔ لیں) (ہ) مؤنث۔ ڈِٹل۔ گپیں ٭ ٹلّیں مارنا (عوام) گپیں مارنا۔ ڈِٹل ہانکنا ٭

ٹ۔م

ٹمّا (ٹم۔ ما) (ہ) مذکر۔ کم رُو اور ٹھنگنا آدمی ٭

ٹماخ۔ ٹماک (ٹماخ ٭ ٹماک) (ہ) مؤنث (عوماً) (۱) عورتوں کی نخوت (۲) بناؤ سنگار۔ شان و شوکت ٭

ٹمبر (ٹِم۔ بَر) (انگ - Timber) مؤنث (۱) شہتیر۔ عمارت کی لکڑی (۲) تنہ ٭ ٹمبر مرچنٹ (Timber merchant) مذکر عمارتی لکڑی کا سوداگر ٭

ٹمپرنس (ٹم۔ پرنس) (انگ - Temperance) مؤنث۔ پرہیزگاری۔ پرہیز۔ اعتدال ٭ ٹمپرنس سوسائٹی (Temperance Society) مؤنث۔ نشہ آور چیزوں کے استعمال کی روک تھام کا محکمہ یا ادارہ ٭

ٹمپریچر (ٹم۔ پرے۔ چر) (انگ - Temperature) مذکر (۱) گرمی اور سردی کی کیفیت یا درجہ (۲) موسم ٭

ٹمٹم (ٹم۔ ٹم) (ہند) (انگ - Tumtum) مؤنث۔ سایے وغیرہ کے بغیر دو پہیوں کی انگریزی گاڑی ٭

ٹمٹمانا (ٹِم۔ ٹما۔ نا) (ہ) (۱) کم کم روشنی دینا (۲) چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا ٭ ٹمٹماہٹ۔ مؤنث۔ ہلکی روشنی۔ جھلملاہٹ ٭

ٹ۔ن

ٹن (ٹن) (ہ) مؤنث (۱) گھنٹے یا کسی دھاتی ظرف کی آواز۔ جھنکار (۲) شیخی۔ گھمنڈ۔ غرور (۳) بات کا لحاظ۔ پچ ٭ ٹن ٹن۔ مؤنث۔ دھاتی برتن یا گھنٹے کی آواز ٭ ٹنٹنانا۔ ٹن ٹن کرنا۔ گھنٹا بجانا ٭

ٹن (ٹن) (انگ - Ton) مذکر۔ ۲۸ من یا ۲۲۴۰ پونڈ کا وزن ٭

ٹن (ٹن) (انگ - Tin) مذکر۔ دیکھئے "ٹین" ٭

ٹَنا (ٹَنا) (ہ) مذکر۔ عورت کا اندامِ نہانی۔ فرج ٭

ٹنّا (ٹن۔ نا) (ہ) مذکر۔ وہ لکڑی، جس میں پھل لگا ہوتا ہے۔ پھل کی شاخ۔ ڈالی۔ ٹہنی ٭

ٹنٹا (ٹن۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) قضیہ۔ فساد۔ جھگڑا (۲) ردّ و بدل ٭

ٹنٹا (ٹُن۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ لُنجا۔ ایک ہاتھ کا آدمی۔ ہاتھ کٹا شخص ٭

ٹنچ (ٹنچ) (ہ) (۱) ذرا سا۔ خفیف (۲) حقیر (۳) کم ظرف ٭ ٹنچ بھڑانا یا لڑانا (۱) تھوڑے سرمایہ سے بڑا کام کرنا (۲) آہستہ آہستہ جیتنا ٭

ٹُنچ (ٹُنچ) (ہ) (۱) آمادہ۔ تیار۔ مستعد (۲) سنگ دل (۳) بخیل ٭

ٹنشن۔ ٹنچن (ٹن۔ چن ٭ ٹچن) (انگ - اٹن۔ شن - Attention) کا معرب (۱) (لغوی) خیال۔ توجہ۔ دھیان (۲) (اصطلاحی) آمادہ۔ مستعد۔ تیار۔ لیس (۳) موجودہ۔ حاضر ٭

ٹِنڈ (ٹِنڈ) (ہ) مذکر۔ رہٹ میں کام دینے والا مٹی کا لوٹا ٭

ٹُنڈ (ٹُنڈ) (ہ) مذکر۔ کٹا ہوا ہاتھ یا شاخ ٭ ٹُنڈا۔ ہاتھ کٹا آدمی۔ بے ہاتھ کا ٭ ٹُنڈی (۱) وہ عورت جس کا ایک ہاتھ نہ ہو (۲) ڈنڈ۔ بازو (۳) ناف ٭ ٹُنڈیاں باندھنا یا کسنا۔ ہاتھ اور بازو جکڑنا۔ مشکیں باندھنا ٭

ٹِنڈا (ٹِن۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی گول ترکاری (۲) (طنزاً) موٹا اور ٹھنگنا آدمی ٭

ٹنڈر (ٹن۔ ڈر) (انگ - Tender) مذکر۔ نرخ کی گزارش۔ ٹھیکے کی درخواست ٭

ٹنڈوار (ٹنڈ۔ وار) (ہ) مؤنث۔ لکڑیاں، جو مکان کی دیواروں میں چھت کے نیچے چادر باندھنے کے لیے لگائی جاتی ہیں ٭

ٹنڈیل (ٹن۔ ڈیل) (و) مذکر (۱) میگزین کا داروغہ (۲) خلاصیوں یا قلیوں کا افسر ٭

ٹنک (ٹنک) (ہ) مؤنث (۱) سخت آواز (۲) دھات وغیرہ کے برتن اور گھنٹے کی آواز۔ ٹن ٹن۔ جھنکار (۳) ٹیس۔ تپک (۴) جوش (۵) دلیری (۶) ہمت ٭

ٹنکار (ٹن۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) جھنکار (۲) کمان یا غلیل کی آواز ٭ ٹنکارنا۔ بجانا۔ آواز نکالنا۔ مٹی یا چینی کا برتن بجا کر ٹوٹا اور ثابت دیکھنا ٭

ٹنگ۔ ٹنگڑی (ٹنگ ٭ ٹنگ۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) ٹانگ کا مخفف (۲) ٹانگ کی تصغیر ٭ ٹنگڑی پر آڑانا۔ اڑنگا مارنا۔ ٹانگ کے داؤں سے گرانا ٭

ٹنگنا (ٹنگ۔ نا) (ہ) (۱) لٹکنا (۲) پھانسی پر چڑھنا (۳) (ہندو) مذکر۔ الگنی، جس پر کپڑے وغیرہ لٹکائے جاتے ہیں ٭

ٹنہایا (ٹن۔ ہا۔ یا) (ہ) مذکر۔ ٹونا کرنے والا۔ جادوگر ٭

ٹ۔و

ٹوپ (ٹوپ) (ہ) مذکر (۱) بڑی ٹوپی۔ روئی والی ٹوپی، جو بیشتر سردیوں میں پہنی جاتی ہے (۲) لوہے کی ٹوپی، جو لڑائی کے وقت پہنی جاتی ہے۔ خود (۳) پوشش۔ غلاف (۴) انگشتانہ ٭

ٹوپا (ٹو۔ پا) مذکر (۱) روئی والی ٹوپی۔ کنٹوپ (۲) (پنجابی) اناج ناپنے کا ایک پیمانہ ٭ ٹوپی۔ مؤنث (۱) تاج۔ کلاہ (۲) بندوق کا پٹاخا (۳) تھیلی، جو شکاری جانور کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں (۴) سپاری۔ حشفہ (۵) پھل کا خول ٭

ٹوپی اچھالنا (۱) خوشی میں کودنا (۲) بے عزتی کرنا۔ پگڑی اچھالنا ٭

ٹوپی بدل بھائی (ہ) مذکر۔ دوست جسے ٹوپی بدل کر دینی یا دینی دوست بنایا گیا ہو ٭ ٹوپی بدلنا۔ بھائی چارا کرنا۔ کسی کو بھائی بنانا ٭ ٹوپی دار بندوق۔ مؤنث۔ پٹاخے سے چلنے والی بندوق ٭ ٹوپی دینا (ہ) ٹوپی اُڑھانا ٭ ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیے (د) اش۔ صلاح مشورے کے بغیر کوئی کام نہ کرنا چاہیے، آدمی نہ ہو تو ٹوپی ہی سہی ٭ ٹوپی والا۔ مذکر (۱) ٹوپی پہننے والا (۲) (مجازاً) انگریز۔ فرنگی ٭

ٹوٹ (ٹُوٹ) (ہ) مؤنث (۱) شکستگی۔ پھوٹ (۲) عبارت یا بچا ہُوا فقرہ، جو حاشیے پر لکھا جاتا ہے۔ تکملہ (۳) ٹوٹنا کا امر ٭ ٹوٹ پڑنا (۱) ہمہ تن مصروف ہو کر کسی کام میں لگ جانا (۲) دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا (۳) گِر پڑنا ٭ ٹوٹ پھوٹ کر ملنا یا ایک ہونا۔ ریزہ ریزہ ہو کر ملنا۔ ایک جان ہو کر ملنا ٭

ٹوٹ جانا (۱) پھوٹ جانا۔ شکستہ ہو جانا (۲) جُدا ہو جانا۔ علیحدہ ہو جانا (۳) مرض سے کمزور ہو جانا (۴) کنوئیں میں پانی کم ہو جانا (۵) کمی ہو جانا (۶) دشمن ہو جانا ٭ ٹوٹ کر برسنا۔ موسلا دھار بارش ہونا۔ سخت مینہ پڑنا ٭ ٹوٹ کر گرنا (۱) چاروں طرفوں سے گرنا (۲) ہجوم کر کے حملہ کرنا ٭ ٹوٹا (۱) شکستہ۔ ناقص (۲) تھکا ہُوا۔ خستہ (۳) بے زر۔ مفلس ٭ ٹوٹا باسن کسیرے کے سر (د) مثل خراب برتن فوراً مالک کو واپس کر دیا جاتا ہے ٭

ٹوٹا پھوٹا۔ شکستہ۔ ناقص ٭ ٹوٹن۔ مؤنث (عو) (۱) کسی چیز کا ٹوٹا ہُوا حصّہ۔ (۲) چُورا ٭ ٹوٹنا (۱) ٹکڑے ہونا۔ شکستہ ہونا (۲) مل کر حملہ کرنا (۳) جُھکنا۔ گرنا (۴) الگ ہونا۔ جُدا ہونا۔ علیحدہ ہونا (۵) گم ہونا (۶) پھوٹنا (۷) کمزور ہو جانا (۸) مفلس ہو جانا (۹) اعضا شکنی ہونا (۱۰) پھل اترنا (۱۱) موت آنا (۱۲) کوئی واقعہ ہونا (۱۳) تباہ و برباد ہونا ٭

ٹوٹی بانہہ گلے پڑنا۔ دوسرے کا بوجھ اپنے ذمے لینا۔ کسی اپاہج یا غریب کا خرچ اپنے اوپر لینا ٭

ٹوٹا (ٹُو۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) چربی کی بتی کا بچا ہُوا ٹکڑا (۳) خسارہ۔ نقصان (۴) (ہندو) توڑا۔ کمی (۵) ہرجانہ۔ معاوضہ (۶) ایک قسم کی آتش بازی ٭ ٹوٹا اٹھانا۔ یا۔ سہنا۔ نقصان اٹھانا۔ خسارہ اٹھانا ٭ ٹوٹا بھرنا۔ یا۔ دینا۔ نقصان پورا کرنا۔ تاوان بھرنا ٭ ٹوٹا پڑنا (۱) توڑا ہونا۔ کمی ہونا (۲) خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا ٭

ٹوٹرو (ٹُوٹ۔ رُو) (ہ) مذکر (۱) فاختہ سے چھوٹا اور دُبلا پتلا ایک پرندہ (۲) ایک کا مخفف ٭ ٹوٹرو سا دم (د) مذکر۔ تن تنہا۔ اکیلا دم ٭

ٹوٹکا (ٹُوٹ۔ کا) (ہ) مذکر۔ ٹونا۔ جادو۔ ٹنکا۔ سحر۔ طلسم ٭ ٹوٹکا کرنا۔ ٹونا کرنا۔ جادو کرنا ٭ ٹوٹکا کرنے آنا (محا) کھڑے آنا۔ جلد آ کر چلے جانا ٭ ٹوٹکے ہائی۔ مؤنث۔ وہ عورت جو ہر بچے پر جادو ٹونا کرتی پھرے ٭

ٹوٹل (ٹو۔ ٹل) (انگ۔ Total) مذکر۔ میزان۔ جمع۔ مجموعہ۔ جوڑ ٭
ٹوٹن (ٹُو۔ ٹن) (ہ) مذکر۔ لڑائی کے مرغ کی چونچ ٭
ٹوڈی (ٹو۔ ڈی) (انگ۔ Toady) کاسہ لیس۔ خوشامدی۔ چاپلوس ٭
ٹوڈی بچہ (ا) ٹوڈی ٭

ٹور (ٹُور) (انگ۔ Tour) مذکر۔ گشت۔ دورہ ٭
ٹورا (ٹُو۔ را) (۱) نامعقول۔ بدوضع (۲) بونا۔ ٹھنگنا ٭
ٹورنامنٹ (ٹُور۔ نا۔ مِنٹ) (انگ۔ Tournament) مذکر۔ کھیلوں کی سالانہ تقریب ٭
ٹوری (ٹو۔ ری) (انگ۔ Tory) مؤنث (۱) برطانی پارلیمنٹ کی قدامت پسند جماعت (۲) (ہ) مؤنث۔ ایک راگنی ٭
ٹوڑا (ٹو۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ لکڑی کا ٹکڑا، جو چھجے میں لگایا جاتا ہے ٭
ٹوڑی (ٹوڑی) (ٹو۔ ڑی ٭ ٹو۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ ایک راگنی ٭
ٹوسا (ٹُو۔ سا) (ہ) مذکر (گنوار) (۱) آک کا پھول (۲) پھوسڑا۔ ریشہ ٭
ٹوسٹ (ٹُوسٹ) (انگ۔ Toast) مذکر (۱) ڈبل روٹی کا چوڑا ٹکڑا (۲) صحت کا جام ٭
ٹوک (ٹُوک) (ہ) مذکر (ہندو) پارچہ۔ ٹکڑا ٭
ٹوک (ٹُوک) (ہ) مؤنث (عو) (۱) نظرِ گزر (۲) تعرّض۔ مزاحمت۔ روک ٹوک (۳) ٹوکنا کا امر ٭ ٹوک ٹاک۔ مؤنث (۱) دیکھ بھال (۲) مزاحمت۔ روک ٹوک ٭
ٹوکنا (۱) مزاحم ہونا۔ روکنا (۲) دریافت کرنا۔ پوچھنا (۳) حسد کرنا (۴) نظر لگانا ٭
ٹوکرا (ٹُوک۔ را) (ہ) مذکر (۱) جھاؤ یا بانس وغیرہ کا بنا ہُوا کھانچا (۲) ڈونگا۔ ایک قسم کی چھوٹی کشتی ٭ ٹوکری۔ مؤنث۔ ٹوکرا کی تصغیر۔ جھاؤ یا بانس وغیرہ کی چھوٹی کھانچی۔ ڈلیا ٭ ٹوکری ڈھونا۔ ادنیٰ درجے کی مزدوری کرنا۔ قلی کا کام کرنا ٭ ٹوکرے (۱) مذکر۔ ٹوکرا کی جمع (۲) حروفِ مغیرہ سے پہلے ٹوکرا کی صورت ٭
ٹوکرے پر ہاتھ رہنا (گنوار) بھرم بندھا رہنا۔ عزّت رہنا ٭
ٹوکم ٹاک (ہ) (عو) کم نہ زیادہ۔ ٹھیک وزن میں ٭ ٹوکم ٹوکا۔ مذکر (عو) لڑائی جھگڑے کی بات چیت ٭
ٹوکی (ٹو۔ کی) (ہ) مؤنث (گنوار) (عو) جاکٹ کے اوپر لگانے کا کپڑا ٭
ٹول (ٹُول) (ہ) مذکر (عوام) (۱) دھکّا۔ صدمہ (۲) نطفہ (۳) جتھا۔ گروہ (۴) چھوٹا گاؤں ٭
ٹول (ٹاول) (مہتر) (انگ۔ ٹول۔ Towel) مؤنث۔ کھیس کی وضع کا ایک کپڑا، جس سے بالعموم قمیص وغیرہ بنایا جاتا ہے ٭
ٹول (ٹول) (انگ۔ Toll) مذکر۔ چنگی کا محصول ٭ ٹول کلکٹر (انگ Toll collector) مذکر۔ محصول وصول کرنے والا ٭
ٹولا (ٹو۔ لا) (ہ) مذکر (۱) (پورب) کوچہ۔ محلّہ (۲) روڑا۔ سنگریزہ (۳) کوڑا۔ بڑی کوڑی ٭
ٹولی (ٹو۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) طائفہ۔ جماعت۔ جتھا۔ گروہ (۲) پتھر کی سِل ٭
ٹوم (ٹُوم) (ہ) مؤنث (۱) سنگار۔ زیور۔ گہنا (۲) خوب صورت عورت (۳) مال دار عورت (۴) چلتا پُرزہ۔ ہوشیار اور چالاک آدمی (۵) (بازاری) زچی ٭
ٹوم ٹام۔ مؤنث (۱) چھوٹا موٹا زیور۔ گہنا پاتا (۲) کوئی۔ اِکّا دُکّا ٭ ٹوم چھلّا۔ مذکر۔ ادنیٰ درجے کا زیور ٭

ٹوں (ٹُوں) (ہ) مؤنّث ۔ گوز کی آواز ۔ پُوں ۔

ٹوَن (ٹوَنْ) (انگ) دیکھیے "ٹاؤن" ۔ **ٹوَن ڈیوٹی** ۔ دیکھیے "ٹاؤن ڈیوٹی" ۔

ٹوَن ہال ۔ دیکھیے "ٹاؤن ہال" ۔

ٹونا (ٹُو۔نا) (ہ) مذکّر (۱) سحر ۔ منتر ۔ جادو (۲) (عو) شادی میں گانے کا ایک گیت ۔

ٹونٹ (ٹُونْٹ) (ہ) مؤنّث (عوام) ہچ و پیچ ۔

ٹونٹا (ٹُوں ۔ٹا) (ہ) مذکّر (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) ایک قسم کی آتش بازی ۔

ٹونٹی (ٹُوں ۔ ٹی) (ہ) مؤنّث (۱) پرنالا ۔ آبریز (۲) پانی نکالنے کے لیے لوٹے بدھنے وغیرہ کی نالی ۔

ٹونڈی (ٹُوں ۔ڈی) (ہ) مؤنّث (۱) (پورب) ناف (۲) مولی ۔ گاجر وغیرہ کی ناف ۔

ٹونگنا (ٹُونْگ ۔نا) (ہ) ایک ایک دانہ اٹھا کر کھانا ۔ تھوڑا تھوڑا کھانا ۔

ٹوہ (ٹُوہ) (ہ) مؤنّث (۱) دیکھ بھال ۔ جستجو ۔ ڈھونڈ ۔ تلاش ۔ ٹٹول (۲) ٹوہنا کا امر ۔ **ٹوہ رکھنا** (عو) تلاش رکھنا ۔ خبر رکھنا ۔ خیال رکھنا ۔ **ٹوہ لگانا** ۔ پتا لگانا ۔ خبر لگانا ۔ کھوج لگانا ۔ **ٹوہ میں رہنا** (عو) (۱) تلاش میں رہنا (۲) عیب جوئی کے درپے رہنا ۔ **ٹوہا ٹوہی** ۔ مؤنّث ۔ تجسّس ۔ تلاش ۔ دیکھ بھال چھان بین ۔ **ٹوہنا** (۱) تلاش کرنا ۔ ڈھونڈنا (۲) چھیڑنا ۔ ہاتھ ڈالنا ۔ **ٹوہیا** ۔ مذکّر (۱) خبر رساں ۔ مخبر ۔ جاسوس (۲) تلاش کرنے والا ۔

ٹوئی (ٹُو ۔اِئی) (ہ) مؤنّث (ہندو) نیزے کی پوری ۔ قلم ۔

ٹویاں (ٹُی ۔یاں) (ہ) (۱) بونا ۔ ننھا سا (۲) ایک قسم کا چھوٹا طوطا ۔

ٹ ۔ ہ

ٹھا (ٹھا) (ہ) مؤنّث (۱) (ہندو) مقام ۔ مکان ۔ استھان ۔ جگہ (۲) مدھم آواز (۳) متوسط آواز میں گانا بجانا ۔

ٹھاٹ ۔ ٹھاٹھ (ٹھاٹ ۔ ٹھاٹھ) (ہ) مذکّر (۱) بانس کا چوکھٹا ۔ ڈھانچا (۲) طریقہ ۔ طور ۔ انداز ۔ فیشن (۳) شان و شوکت ۔ زیب و زینت (۴) آرائش (۵) جلوس (۶) پینترا ۔ پٹا بازوں کے پٹا کھیلنے کا انداز (۷) جائداد ۔ مال و متاع ۔ اسباب (۸) خوشی میں کبوتر کا پر جھڑجھڑانا (۹) ستار کی کھونٹی کا درست کرنا (۱۰) مرغ کا مرغ سے لڑنے کو بڑھتے وقت کا انداز (۱۱) افراط ۔ کثرت ۔ بہتات (۱۲) تکلّف ۔ سازو سامان (۱۳) دھوم دھام ۔ ہنگامہ (۱۴) چین ۔ آرام ۔ **ٹھاٹ باندھنا** (۱) ٹٹی باندھنا (۲) پٹا بازوں کا چوب بازی کے قاعدے سے کھڑا ہونا ۔ **ٹھاٹ بدلنا** (۱) نیا انداز بدلنا (۲) دوسرے انداز سے کھڑا ہونا (۳) طرز بدلنا ۔ **ٹھاٹ مارنا** ۔ پانی کا آواز دینا ۔ دریا کی لہروں کا زور سے چلنا ۔

ٹھاٹر (ٹھا ۔ٹَر) (ہ) مذکّر (۱) ٹٹی ۔ ڈھانچ ۔ جعفری (۲) کبوتر خانہ ۔ کبوتروں اور لڑائی کے مرغوں کے رہنے کا جال (۳) روشنی کرنے کی ٹٹی، جو اکثر خوشی یا دیوالی کے موقع پر بنائی جاتی ہے ۔ **ٹھاٹر بندی** (ہ) مؤنّث ۔ روشنی کی ٹٹیوں کا باندھنا ۔

ٹھاڈا ۔ ٹھاڑا (ٹھا ۔ڈا ۔ ٹھا ۔ڑا) (ہ) (۱) استادہ ۔ کھڑا ہوا (۲) زور آور ۔ ہٹا کٹا ۔ مضبوط ۔ طاقت ور ۔

ٹھاڑی (ٹھا ۔ڑی) (ہ) مؤنّث ۔ لکڑی، جو لکڑی پھینکنے والے ایک دوسرے کے سر پر مارتے ہیں ۔

ٹھاکر (ٹھا ۔کُر) (ہ) مذکّر (۱) دیوتا (۲) دیوتا کی مورت (۳) خداوند ۔ مالک ۔ سوامی (۴) سردار (۵) زمیندار (۶) چھتری راجپوت (۷) حجام ۔ نائی (۸) دولت مند ۔ امیر ۔

ٹھاکر دوارہ ۔ مذکّر ۔ مندر ۔ ٹھاکر جی کی مورت رہنے کی جگہ ۔ دیو استھان ۔

ٹھاکر سیوا ۔ مؤنّث (۱) دیوتا کی پوجا (۲) مندر کے لیے وقف زمین یا جاگیر ۔

ٹھال (ٹھال) (ہ) مؤنّث (۱) بے کاری (۲) (گنوار) فرصت ۔ **ٹھالا** (ہندو) (۱) بے کار (۲) جسے چھٹی ہو ۔ **ٹھالی** (ہندو) بے روزگار ۔ بے کار ۔ خالی ۔

ٹھالی بنیا توے باٹ ۔ مثل ۔ بے کاری میں نکمّے کام کرنا ۔

ٹھاں (ٹھاں) (ہ) ۔ بندوق کی آواز ۔ **ٹھاں ٹھاں ۔ یا ۔ ٹھائیں ٹھائیں ہونا** (۱) بندوق چلنا (۲) لگاتار آواز ہونا ۔

ٹھانسنا (ٹھانْس ۔نا) (ہ) (۱) خوب بھرنا ۔ ٹھونسنا (۲) داخل کرنا ۔ گھیڑنا ۔

ٹھاننا (ٹھان ۔نا) (ہ) منصوبہ باندھنا ۔ پکّا ارادہ کرنا ۔

ٹھاؤں (ٹھا ۔اؤں) (ہ) مؤنّث (گنوار) ٹھور ٹھکانا ۔ مقام ۔ جگہ ۔ استھان ۔

ٹھائیں ٹھائیں (ٹھا ۔اِیں ۔ ٹھا ۔اِیں) (ہ) مؤنّث ۔ دیکھیے "ٹھاں" ۔

ٹھپّا (ٹھَپ ۔پا) (ہ) مذکّر (۱) مُہر ۔ سکّہ ۔ نقش ۔ چھاپ (۲) چھاپنے کا آلہ ۔ نقش کرنے کا آلہ ۔ سانچا (۳) لیس ۔ بادلے کا بنا ہوا ایک قسم کا چوڑا، نقش دار گوٹا ۔ **ٹھپّا لگانا** ۔ نقش کرنا ۔ سکّہ لگانا ۔

ٹھٹ (ٹھَٹ) (ہ) مذکّر (عو) اجتماع ۔ انبوہ ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ **ٹھٹ کے ٹھٹ** ۔ مذکّر ۔ گروہ کے گروہ ۔ بھیڑ بھاڑ ۔

ٹھٹری ۔ ٹھٹھری (ٹھَٹ ۔ری ۔ ٹھَٹھ ۔ری) (ہ) مؤنّث ۔ بانس کا ڈھانچا ۔

ٹھٹک (ٹھِٹَک) (ہ) (۱) مؤنّث ۔ جھجک (۲) ٹھٹکنا کا امر ۔ **ٹھٹکنا** ۔ چلتے چلتے حیرانی یا ڈر سے رک جانا ۔ الگ ہونا ۔ ٹھہرنا ۔ رکنا ۔

ٹھٹھا (ٹھَٹھْ ۔ ٹھا) (ہ) مذکّر (۱) ظرافت ۔ تمسخر ۔ مذاق ۔ ہنسی (۲) استہزاء ۔ تضحیک (۳) نہایت آسان کام ۔ **ٹھٹھا اڑانا** ۔ ہنسی اڑانا ۔ مسخرہ بنانا ۔ ذلیل کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ **ٹھٹھا لگانا ۔ یا ۔ مارنا** (۱) قہقہہ مارنا ۔ کھلکھلا کر ہنسنا (۲) ہنسی اڑانا ۔ چھیڑنا ۔

ٹھٹھے بازی (ہ) مؤنّث ۔ مذاق ۔ تمسخر ۔ ہنسی ۔ **ٹھٹھے میں اڑانا** ۔ ہنسی میں اڑانا ۔ مسخرہ بنانا ۔

ٹھٹھرنا ۔ ٹھِٹرنا (ٹھِٹھُر ۔ نا ۔ ٹھِٹُر ۔نا) (ہ) (۱) سرد ہونا ۔ اکڑنا ۔ اینٹھنا (۲) سردی کے مارے بے حس و حرکت اور سُن ہونا (۳) انسان یا پودے یا درخت وغیرہ کا بڑھنے سے رک جانا (۴) مرجھانا ۔ سکڑنا (۵) کپکپانا ۔ کانپنا ۔

ٹھٹھکنا (ٹھِٹھَک ۔ نا) (ہ) دیکھیے "ٹھٹکنا" ۔

ٹھٹھول (ٹھَٹھول) (ہ) مذکّر (۱) مسخرہ ۔ خوش طبع ۔ ظریف (۲) مذاق ۔ ظرافت ۔ ہنسی ۔

ٹھٹیرا ۔ ٹھٹھیرا (ٹھَٹے ۔را ۔ ٹھَٹھے ۔را) (ہ) مذکّر (۱) کسیرا، پیتل، تانبے، کانسی کے

برتن بنانے اور بیچنے والا (۲) باجے یا چولہے کا ڈنٹھل ٭ ٹھٹیرے ٹھٹیرے بدلائی - (۱) مثل - برابر کی ٹکر - ہم فن و ہم پیشہ ہوشیار آدمیوں کا معاملہ ٭

ٹھڈا (ٹھڈْ - ڈا) (ہ) مذکر (۱) اپچا - کنکوے یا پتنگ کی درمیانی موٹی تیلی (۲) ریڑھ کی ہڈی - پیٹھ کی ہڈی ٭ ٹھڈا لوٹی - مؤنث - وہ عورت، جس کی کمر جھک گئی ہو - کبڑی ٭

ٹھڈی (ٹھڈْ ڈِی) (ہ) مؤنث (گنوار) ٹھوڑی - زنخداں - ذقن (۲) بھنے ہوئے اناج کا دانہ جو کھلا نہ ہو اور خستہ نہ ہوا ہو ٭

ٹھر (ٹھَر) (ہ) مؤنث - نہایت سردی - خنکی - پالا - ٹھنڈ ٭

ٹھرّا (ٹھَرْ - رّا) (ہ) مذکر (۱) کم نشے کی گھٹیا اور سستی شراب - دیسی اور خراب شراب (۲) انگیا کے بند (۳) خراب اینٹ - کچی اینٹ (۴) ایک قسم کا گنوار و جوتا ٭

ٹھس (ٹھُس) (ہ) (۱) بنگر - ٹھوس (۲) وزنی - بھاری (۳) سست - جو ایک جگہ بیٹھا رہے (۴) کھوٹا روپیہ، جس میں جھنکار نہ ہو (۵) اڑیل - ضدی ٭ ٹھس پن - مذکر - ایک جگہ جم جانا - بھدا پن ٭

ٹھسا (ٹھَس - سا) (ہ) مذکر (۱) گھمنڈ - غرور (۲) دھوم دھام - ٹھاٹھ - شان و شوکت ٭

ٹھس (ٹھُس) (ہ) ٹھسنا کا امر ٭ ٹھسا ٹھس - لبالب - لبریز - خوب بھرا ہوا - کھچا کھچ ٭ ٹھسنا - ایک چیز کا دوسری چیز میں بہ مشکل سمانا - سمانا - بھرنا ٭ ٹھسوانا - گھسڑوانا - بھروانا ٭

ٹھسک (ٹھُسَک) (ہ) مؤنث (۱) شان و شوکت - بھڑک (۲) خرام ناز - ناز و انداز (۳) کھانسی کی آواز (۴) ٹھسکنا کا امر ٭ ٹھسکنا (ٹھُسَک - نا) (ہ) بچوں کا آواز کے بغیر رونا ٭

ٹھسکا (ٹھَس - کا) (ہ) مذکر - ٹھسک - کھانسی کی آواز ٭

ٹھسکنا (ٹھسَک - نا) (ہ) مٹی کے برتن میں ٹھیس سے دراز پڑ جانا (۲) دے مارنا - گرا دینا ٭

ٹھسکی (ٹھُس - کی) (ہ) مؤنث - پھسکی ٭

ٹھسّی (ٹھُس - سی) (ہ) مؤنث - گلے کا ایک زیور، جس میں کڑیاں اور گھنگرو ہوتے ہیں ٭

ٹھکانا (ٹھِکا - نا) (ہ) مذکر (۱) مقام - جگہ (۲) نشان - پتا (۳) (گنوار) رشتہ داری (۴) بھروسا - اعتبار (۵) مرکز - ملجا و ماوا (۶) جائے وقوع - موقع (۷) انجام - برت (۸) حد - سرحد ٭ ٹھکانا کرنا (۱) ٹھہرنا - جگہ کرنا (۲) موقع تلاش کرنا (۳) بیاہنا - بیاہ کرنا (۴) بندوبست کرنا - انتظام کرنا ٭ ٹھکانا لگانا - سراغ لگانا - پتا لگانا ٭ ٹھکانے (۱) مذکر - ٹھکانا کی جمع (۲) ٹھکانا کی صورت حروف مغیرہ سے پہلے ٭

ٹھکانے چکانا (ہندو) کسی بڈھے کے مرنے پر نوکر چاکر کمین وغیرہ میں روپیہ تقسیم کرنا ٭

ٹھکانے کا آدمی (ہ) مذکر (۱) عقل مند آدمی - ہوشیار آدمی (۲) بھلا مانس - شریف - نیک ٭ ٹھکانے کی بات - مؤنث - ٹھیک بات - معقول بات ٭ ٹھکانے لگانا (۱) تسلی دینا - مطمئن کرنا (۲) کامیاب کرنا (۳) مار ڈالنا (۴) خرچ کرنا (۵) کوئی کام پورا کرا دینا (۶) شادی کر دینا (۷) موقع پر خرچ کرنا (۸) پہنچانا (۹) نوکر کرا دینا ٭ ٹھکانے لگنا (۱) کامیابی حاصل کرنا - مراد کو پہنچنا (۲) ضائع نہ ہونا - کام آنا (۳) مارا جانا - تمام ہونا - مرنا ٭

ٹھک ٹھک (ٹھَک - ٹھَک) (ہ) مؤنث - لڑائی جھگڑا - بک بک ٭

ٹھکرا (ٹھِک - رَا) (ہ) مذکر - ٹھیکرا ٭

ٹھکرانا (ٹھُک - رَا - نا) (ہ) پامال کرنا - روندنا - ٹھوکر مارنا ٭

ٹھکرانی (ٹھَک - رَا - نی) (ہ) مؤنث (۱) ٹھاکر کی بیوی یا بیٹی (۲) اسپتا یا بارادھا وغیرہ کی مورتی (۳) نائن - نائی کی بیوی ٭

ٹھکرائی (ٹھَک - رَا - ئی) (ہ) مؤنث (۱) راج - حکومت - سرداری (۲) دولت مندی - امیری ٭

ٹھکری (ٹھِک - رِی) (ہ) مؤنث - ٹھیکری - چھوٹا ٹھیکرا ٭

ٹھکنا (ٹھُک - نا) (ہ) (۱) اندر گھسنا - گڑنا (۲) سزا پانا - پٹنا (۳) پچھڑنا (۴) شکست کھانا (۵) نقصان اٹھانا (۶) قید خانے میں جانا ٭ ٹھکّو - مذکر (۱) ٹھونکنے والا - مارنے والا (۲) (بازاری) کسی کی آشنا ٭ ٹھکوانا (۱) (بازاری) جماع کرانا - بدفعلی کرانا (۲) جڑوانا ٭

ٹھگ (ٹھَگ) (ہ) مذکر (۱) ٹھگنے والا - فریبی - مکار - چور - دغاباز (۲) قزاق - رہزن (۳) ایک قوم، جس کا پیشہ مسافروں کو زہر یا پھانسی دے کر مار ڈالنا اور ہر طرح لوٹ لینا ہے - دھوکا دینا ٭ ٹھگائی - مؤنث - دھوکا فریب ٭ ٹھگنا (۱) دھوکا دینا - فریب دینا (۲) کوئی شے کم داموں خرید لینا (۳) چوری کرنا ٭ ٹھگنی - مؤنث (۱) ٹھگ کی جورو (۲) قزاقنی (۳) مکارہ - ٹھگنے والی (۴) دلالہ - کٹنی ٭ ٹھگوانا (۱) فریب دلوانا (۲) کم قیمت کی شے کو زیادہ میں دلوا دینا ٭ ٹھگی - مؤنث (۱) رہزنی - قزاقی (۲) ٹھگ کا پیشہ (۳) ٹھگوں کا انسداد کرنے اور انھیں پکڑنے والا محکمہ - محکمہ نگرانی ٭

ٹہل (ٹَہَل) (ہ) مؤنث (۱) خدمت - غلامی - کام کاج - سیوا (۲) ٹہلنا کا امر - دور ہو جا - رخصت ہو جا - چل دے (۳) آہستہ آہستہ چلنا پھرنا - چہل قدمی ٭ ٹہل جانا (۱) چلا جانا - چل دینا (۲) انتقال کرنا - مر جانا ٭ ٹہلانا (۱) پھرانا (۲) گھوڑوں کو پھیرا دینا (۳) رخصت کرنا - ٹالنا (۴) نکالنا - موقوف کرنا ٭ ٹہلنا (۱) آہستہ آہستہ پھرنا - چہل قدمی کرنا (۲) رخصت ہونا - علیحدہ ہونا (۳) انتقال کرنا - مرنا (۴) ہوا کھانا ٭ ٹہلنی - مؤنث - گھر کا کام کاج کرنے والی عورت - باندی - چیری - ملازمہ - خادمہ ٭ ٹہلو - مذکر - نوکر - چاکر - خدمت گار - خادم ٭

ٹھلیا (ٹھِل - یا) (ہ) مؤنث - مٹی کا چھوٹا گھڑا ٭

ٹھمری (ٹھُم - رِی) (ہ) مؤنث (۱) دو بول کا گیت - ایک قسم کا چھوٹا سا گیت (۲) جھوٹی بات - گپ - افواہ ٭ ٹھمری اڑانا (۱) ٹھمری گانا (۲) گپ اڑانا ٭

ٹھمک (ٹھُمَک) (ہ) مؤنث (۱) ناز و انداز کی رفتار (۲) ناچنے کی چال (۳) ٹھمکنا کا امر ٭ ٹھمک ٹھمک کر - خرام ناز سے - مٹک مٹک کر ٭ ٹھمک چال - مؤنث - خرام ناز - رفتار معشوقانہ ٭ ٹھمکنا - ناز و انداز سے چلنا - خرام کرنا ٭

ٹھمکا (ٹھُم - کا) (ہ) ٹھنگنا - پست قد - بھچڑا ٭

ٹھمکی (ٹھُم - کی) (ہ) مؤنث - جھٹکا - کنکوے کی ڈور کو ہوا پر قائم رکھنے کے لیے ہاتھ سے ہلانا ٭

ٹھنا (ٹھَہ - نا) (ہ) مذکر - درخت کی موٹی اور بڑی شاخ ٭

ٹھناکا (ٹھَنا - کا) (ہ) مذکر - کسی بجنے والی چیز کی آواز، جو دوسری کڑی چیز کی ٹھیس لگنے سے

پیدا ہوتی ہے ٭

ٹھنٹھ (ٹھَنٹھ) (ہ) مذکر (۱) سوکھا ہوا درخت (۲) ہاتھ کٹا ہوا پہنچا ٭

ٹھن ٹھن (ٹھَن۔ٹھَن) (ہ) مؤنث۔ گھنٹے، گھڑیال یا گھڑی کی آواز۔ ٹن ٹن ٭

ٹھن ٹھن گوپال۔ مذکر (۱) بے سمجھ۔ مورکھ۔ احمق۔ بے وقوف (۲) خالی خولی۔ کچھ نہیں ٭

ٹھنڈ (ٹھَنڈ) (ہ) مؤنث۔ خنکی۔ سردی۔ گرمی نہ ہونا ٭ **ٹھنڈا** (۱) خنک۔ سرد۔ بارد (۲) چپ۔ خاموش (۳) ہیجڑا۔ نامرد۔ مخنث (۴) کاہل۔ سست (۵) بُردبار۔ متحمل (۶) رحم دِل۔ بے نفس (۷) سنگ دِل۔ بے محبت ٭

ٹھنڈا پڑنا (۱) خنک ہونا۔ سرد ہونا (۲) سست اور بے رونق ہونا (۳) غصے کا دھیما ہونا ٭ **ٹھنڈا رکھنا** (عو) آرام سے رکھنا۔ کسی قسم کا غم یا رنج نہ آنے دینا۔ خوش رکھنا ٭ **ٹھنڈا سانس**۔ مذکر۔ آہ۔ دمِ سرد ٭ **ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے** (و) مثل۔ نرم مزاج آدمی تند مزاج پر غالب آجاتا ہے ٭ **ٹھنڈا ملمع**۔ مذکر۔ وہ ملمع، جو آگ کی مدد کے بغیر تیزاب کی لاگ یا برقی قوت سے چڑھایا جاتا ہے ٭

ٹھنڈا ہونا (۱) خنک ہونا۔ سرد ہونا (۲) غصے کا دھیما ہونا (۳) جان نکلنا۔ مرجانا (۴) بجھنا (۵) دِل مرنا۔ افسردہ ہونا (۶) غرق ہونا۔ ڈوب جانا (۷) آرام پانا۔ خوش ہونا (۸) کسی متبرک چیز کا ٹوٹنا یا دفن ہونا (۹) خرید و فروخت کا کم ہونا۔ مندا ہونا (۱۰) بے رونق ہونا (۱۱) شہید ہونا۔ مارا جانا ٭ **ٹھنڈائی**۔ مؤنث (۱) تبرید۔ گرمی رفع کرنے کے لیے پینے کی دوا (۲) نسخہ۔ مطلق دوا دارو (۳) (عوام) بُوٹی۔ سبزی۔ بھنگ ٭ **ٹھنڈک**۔ مؤنث (۱) خنکی۔ سردی (۲) تسلی۔ آرام۔ خوشی ٭

ٹھنڈک پڑنا (۱) گرمی یا سوزش یا جلن کا رفع ہونا (۲) دل کو آرام ہونا (۳) مراد بر آنا (۴) کسی فتنے، فساد یا خرابی وغیرہ کا کم ہونا (۵) دشمنی جاتے رہنا۔ غصہ فرو ہونا (۶) صبر آنا۔ تسلی ہونا ٭ **ٹھنڈی** (۱) خنک۔ سرد۔ بارد (۲) بامراد۔ خوش و خرم (۳) مؤنث۔ چیچک۔ ماتا ٭ **ٹھنڈی آگ**۔ مؤنث (مراداً) جما ہوا پانی۔ برف ٭ **ٹھنڈی ڈھلنا**۔ چیچک کے دانوں کا مرجھانا۔ ماتا کا زور کم ہونا ٭

ٹھنڈی گرمیاں (۱)۔ مؤنث (۱) اوپری محبت (۲) بے مزہ و بے اثر شوخیاں ٭

ٹھنڈی مار (۱)۔ مؤنث۔ میٹھی مار۔ اندرونی سزا ٭ **ٹھنڈے**۔ ٹھنڈا کی جمع ٭

ٹھنڈے پہرے (۱) تڑکے۔ سویرے ٭ **ٹھنڈے ٹھنڈے** (۱) تڑکے۔ علی الصبح۔ سورج کی گرمی سے پہلے پہلے (۲) خوشی خوشی۔ آرام سے ٭ **ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا** (۱) خوشی خوشی گھر جانا (۲) (طنزاً) جان سلامت لے کر پہنچنا (۳) دفع ہونا ٭ **ٹھنڈے سانس بھرنا**۔ آہِ سرد نکالنا۔ کسی صدمے سے یا اظہارِ عشق کے لیے اُف اُف کرنا۔ افسوس کرنا ٭

ٹھنکانا (ٹھِن۔کا۔نا) (ہ) ٹھنکنا کا متعدی ٭

ٹھنکنا (ٹھَنَک۔نا) (ہ) ٹھن ٹھن کی آواز دینا ٭

ٹھنکنا (ٹھِنَک۔نا) (ہ) (عو) ایں ایں کرنا۔ لاڈ کر کے رونا۔ ناز سے رونا ٭

ٹھنگنا (ٹھِنگ۔نا) (ہ) چھوٹے قد کا ہونا۔ پست قد ٭

ٹھنگیر (ٹھُنگیر) (ہ) مؤنث (۱) نقل۔ گزک (۲) ٹھونگنا ٭ **ٹھنگیرنا**۔ دانہ دانہ کر کے کھانا۔ کسی خشک چیز کو ایک ایک کر کے کھانا ٭

ٹھنا۔ ٹھنّا (ٹھَن۔نا) (ہ) (۱) پکا ارادہ ہونا۔ جمنا (۲) ٹھہرنا۔ قرار پانا ٭

ٹھہنی (ٹھَہ۔نی) (ہ) مؤنث (۱) ڈالی۔ شاخ۔ قلم (۲) کول یا گلاس لگانے کی آہنی شاخ ٭

ٹھہنی ہلانا۔ آتشک کے زخم پر سے مکھیاں اُڑانا ٭

ٹھو (ٹھُو) (ہ) عدد۔ نمبر ٭

ٹھوٹ (ٹھُوٹ) (ہ) (۱) بے وقوف۔ بے مغز (۲) اَن پڑھ۔ جاہل ٭

ٹھور (ٹھَور) (ہ) مؤنث (۱) ٹھکانا۔ موقع۔ جگہ (۲) نشان۔ پتا۔ سراغ ٭ **ٹھور رکھنا** (عوام) جان سے مار رکھنا۔ بچ کر نہ جانے دینا ٭

ٹھوڑی (ٹھوڑ۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ ٹھڈّی۔ زنخدان۔ ذقن ٭ **ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا**۔ فکرمند ہونا۔ مغموم ہو کر بیٹھنا ٭ **ٹھوڑی پکڑنا۔ یا۔ ٹھوڑی میں ہاتھ دینا**۔ منت سماجت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ غصہ دھیما کرنا ٭ **ٹھوڑی تارا**۔ مذکر۔ خوبصورت عورت کی ٹھوڑی میں قدرتی یا مصنوعی تل ٭

ٹھوس (ٹھُوس) (ہ) (۱) بھاری۔ سخت۔ ٹھگر۔ پُر (۲) غبی۔ کند ذہن۔ بھدا ٭

ٹھوسا (ٹھُو۔سا) (ہ) مذکر (ہندو) (عو) ٹھینگا۔ ہاتھ کا انگوٹھا ٭

ٹھوک (ٹھُوک) (ہ) (۱) ٹھوکنا کا امر (۲) مذکر۔ ضرب۔ صدمہ۔ ٹھوکر ٭ **ٹھوک بجا کے** (۱) کھرا کھوٹا اور ٹوٹا پھوٹا دیکھ کر۔ اچھی طرح دیکھ بھال کر (۲) سوچ سمجھ کر (۳) علانیہ۔ کھلم کھلا ٭ **ٹھوکنا** (۱) ہاتھ یا پاؤں سے کسی امر کے جتانے یا ہوشیار کرنے کو دھکا دینا (۲) آگاہ کرنا (۳) گاڑنا (۴) کوٹنا (۵) مارنا (۶) لات مکے سے مارنا ٭

ٹھوکا (ٹھو۔کا) (ہ) (۱) ٹھوکنا کی ماضی مطلق (۲) مذکر۔ دیکھیے "ٹھوک" ۲ (۳) مذکر۔ اشارہ، جو بازو یا انگلی کی خفیف ضرب سے کیا جائے ٭ **ٹھوکا جانا**۔ ٹھکنا ٭ **ٹھوکا دینا**۔ (۱) ہاتھ یا پاؤں سے دھکا دینا (۲) آگاہ کرنا۔ جتانا ٭ **ٹھوکے**۔ مذکر۔ "ٹھوکا" کی جمع ٭

ٹھوکے دینا (۱) آگاہ کرنا (۲) جھنجھوڑنا ٭

ٹھوکر (ٹھو۔کر) (ہ) مؤنث (۱) وہ ضرب، جو پاؤں میں سنگِ راہ وغیرہ سے لگے یا ارادۃً پشت یا نوکِ پا سے کسی چیز کو لگائی جائے (۲) لات۔ لکد (۳) ٹکر۔ ٹھیس (۴) دھکا۔ صدمہ (۵) روڑا۔ سڑک میں اُبھرا ہوا پتھر ٭ **ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا**۔ ضرر پر ضرر اور نقصان پر نقصان اٹھانا۔ صدمے پر صدمہ اٹھانا ٭ **ٹھوکر کھانا**۔ اُلجھ کر گر پڑنا۔ پاؤں کی ٹھوکر کھانا ٭ **ٹھوکر کھائے بدھ پائے**۔ مثل۔ نقصان اٹھا کر عقل آتی ہے ٭ **ٹھوکر لگانا**۔ کسی پڑی ہوئی چیز کو لات مارنا ٭ **ٹھوکر لینا**۔ گھوڑے کا اُلجھ اُلجھ کر گرنا۔ ناخن لینا۔ سکندری کھانا ٭ **ٹھوکروں**۔ ٹھوکر کی جمع حروفِ مغیرہ سے پہلے ٭ **ٹھوکروں پر پڑنا** (عو) کسی کی خدمت اور مار دھاڑ میں رہنا ٭

ٹھوکریں کھاتا پھرنا (۱) مارا مارا پھرنا (۲) صدمے اٹھاتا پھرنا ٭ **ٹھوکریں کھانا** (۱) لاتیں کھانا (۲) ذلت و رسوائی اٹھانا ٭

ٹھولا (ٹھو۔لا) (ہ) مذکر (۱) پرندے کے پنجرے میں رکھنے کا پیالہ (۲) انگلی کے جوڑ کی پچھلی طرف ٭

ٹھوں (ٹھُوں) (ہ) مؤنث۔ نئے پیدا ہوئے بچے کے رونے کی آواز ٭

ٹھونٹھ (ٹھُونٹھ) (ہ) مذکر (۱) شاخوں اور پتوں کے بغیر درخت کا تنہ (۲) دیکھیے "ٹھنٹھ" ۱ ٭

ٹھونٹھا (ٹھُوں۔ٹھا) (ہ) (۱) دیکھیے "ٹُنڈا" (۲) مذکر (ہندو) لمبی خشک لکڑی (۳) حقے کی نیچی ٭

ٹھوں ٹھاں (ٹھُوں۔ ٹھاں) (ہ) مذکر۔ بار بار کھانسنے کی آواز ۔
ٹھونس (ٹھُونْس) (ہ) ٹھونسنا کا امر ۔ ٹھونس ٹھانس۔ مؤنث۔ کسی شے کو کسی شے میں دبا کر بھرنا ۔ ٹھونسنا (۱) زور سے بھرنا (۲) گھسیڑنا (۳) کھانا۔ نگلنا ۔
ٹھونکنا (ٹھُونْک۔ نا) (ہ) دیکھیے "ٹھوکنا" ۔
ٹھونگ۔ ٹھونگا (ٹھُونْگ ۔ ٹھُوں۔ گا) (ہ) مؤنث (۱) چونچ۔ منقار (۲) چونچ سے مارنا ۔
ٹھہاکا (ٹھَہا۔ کا) (ہ) مذکر (عو) قہقہہ ۔
ٹھہر۔ ٹھیر (ٹھَہَر ۔ ٹھَیر) (ہ) ٹھہرنا، ٹھیرنا کا امر ۔ ٹھہرانا۔ ٹھیرانا (۱) تھامنا۔ روکنا (۲) ارادہ کرنا (۳) جمانا۔ قائم کرنا (۴) مکان میں اتارنا۔ ٹکانا ۔ ٹھہراؤ۔ ٹھیراؤ۔ مذکر (۱) قیام۔ وقفہ (۲) قیام۔ جگہ ۔ ٹھہرنا۔ ٹھیرنا (۱) کھڑا رہنا۔ تھمنا۔ رکنا (۲) مضبوط ہونا۔ جمنا (۳) منجمد ہونا۔ قائم ہونا (۴) اترنا۔ فروکش ہونا (۵) تجویز ہونا۔ مقرر ہونا ۔
ٹھیا (ٹھِیا) (ہ) مذکر (۱) حد (۲) تودہ (۳) ڈھیلا (۴) ستون۔ سہارا (۵) بیٹھنے کی جگہ ۔
ٹھیٹ۔ ٹھیٹھ (ٹھیٹ ۔ ٹھیٹھ) (ہ) (۱) خاص الخاص (۲) خالص (۳) عمدہ۔ سچا۔ اصل ۔
ٹھی ٹھی (ٹھی۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "ٹھیں ٹھیں" ۔
ٹھیس (ٹھیس) (ہ) مؤنث۔ ٹھوکر۔ دھکا ۔ ٹھیس لگنا۔ ٹھوکر لگنا۔ دھکا لگنا ۔
ٹھیک (ٹھیک) (ہ) (۱) صحیح۔ درست (۲) چست۔ موزوں (۳) جوں کا توں ہو بہو (۴) پورا پورا (۵) حسب دلخواہ۔ جیسا چاہیے (۶) بالتحقیق (۷) مستقل (۸) مجوزہ۔ مقررہ (۹) مناسب۔ شایان (۱۰) عین موقع پر (۱۱) ہموار۔ باقاعدہ ۔ ٹھیک آنا۔ (۱) موزوں ہونا۔ کپڑے کا بدن پر، جوتے وغیرہ کا پاؤں میں درست آنا (۲) عین وقت اور موقع پر آنا ۔ ٹھیک بنانا (۱) پیٹنا۔ مارنا۔ سزا دینا (۲) کسی کام کے لائق کرنا۔ درست کرنا (۳) تنگ کرنا۔ عاجز کرنا ۔ ٹھیک ٹھاک (۱) ہر طرح درست (۲) تیار۔ لیس ۔ ٹھیک ٹھیک (۱) بے کم وکاست۔ سچ سچ (۲) قریب قریب۔ تقریباً ۔ ٹھیک نہیں ٹھیکے کا کام، ٹھیکا دے کے مت کھو دام (و) مثل۔ ٹھیکے کا کام اچھا نہیں ہوتا، اس طرح روپیہ ضائع نہ کرنا چاہیے ۔
ٹھیک (ٹھیک) (ہ) مؤنث (۱) ٹیک (۲) ڈاٹ (۳) پنیدی۔ تلا (۴) جوتے کی ایڑی (۵) تلوار کی تہ نال (۶) غلے اور لکڑی کا انبار (۷) وہ چیز جس سے لکڑی، انار یا پھلوں کے گلے کے سوراخ بند کیے جاتے ہیں ۔
ٹھیکا۔ ٹھیکہ (ٹھے۔ کا ۔ ٹھے۔ کہ) (ہ) مذکر (۱) آرام۔ سہارا (۲) اجرت۔ پٹا۔ کرایہ۔ اجارہ (۳) بیٹھک۔ نشست گاہ۔ جائے قرار (۴) ڈھولک یا طبلہ بجانے کی ایک خاص طرز ۔ ٹھیکا بجانا۔ گانے والوں کے ساتھ ڈھولک یا طبلہ بجانا کہ ان کی آواز کو سہارا ملے ۔ ٹھیکا بھینٹ۔ مؤنث۔ وہ نذرانہ جو ٹھیکہ لینے پر دیا جائے ۔
ٹھیکا لینا۔ اجارہ لینا۔ کسی میعاد کے لیے کسی شے کا حق استعمال یا حق پیدائش لینا ۔
ٹھیکا مستاجری (و) مذکر۔ کرایے پر لیا ہوا ٹھیکہ ۔ ٹھیکی۔ مؤنث (۱) سہارا۔ بوجھ اتار کر آرام لینا (۲) اناج کی بوری ۔ ٹھیکی لگانا۔ یا۔ لینا (۱) بوجھ اتارنا۔ سہارا لینا (۲) بوروں میں اناج بھرنا ۔ ٹھیکے۔ مذکر (۱) ٹھیکا کی جمع (۲) حروف مغیرہ سے پہلے ٹھیکا کی صورت ۔ ٹھیکے دار (و) مذکر۔ ٹھیکا لینے والا شخص۔ اجارہ دار ۔
ٹھیکیں (ٹھے۔ کیں) (ہ) مؤنث۔ قلیں ۔
ٹھیلا (ٹھے۔ لا) (ہ) مذکر (۱) ریلا۔ دھکا (۲) ایک قسم کی گاڑی جس پر اسباب لاد کر اکثر ہاتھ سے دھکیلتے ہوئے لے جاتے ہیں ۔
ٹھیلنا (ٹھیل۔ نا) (ہ) ٹھوکا مارنا۔ ریلنا۔ دھکیلنا ۔
ٹھینٹھی (ٹھین۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ کان کا جما ہوا میل۔ کان کے میل کی گولی ۔
ٹھیں ٹھیں (ٹھیں ٹھیں) (ہ) مؤنث۔ ہنسی کی آواز۔ بیہودہ ہنسی ۔
ٹھینا (ٹھی۔ نا) (ہ) مذکر (عو) (عوام) طعن و تشنیع ۔
ٹھینٹی (ٹھین۔ ٹی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "ٹھینٹھی" ۔
ٹھینگا (ٹھیں۔ گا) (ہ) مذکر (۱) انگوٹھا (۲) سونٹا۔ لاٹھی (۳) ذکر۔ عضو تناسل ۔
ٹھینگا باجنا۔ ہنسی اڑنا۔ رسوائی ہونا ۔ ٹھینگا دکھانا (۱) انگوٹھا دکھانا (۲) انکار کرنا۔ خاطر میں نہ لانا (۳) چڑانا ۔ ٹھینگے سے۔ بلا سے۔ کچھ پروا نہیں ۔

ٹ۔ ی۔ ے

ٹی (ٹی) (انگ۔ T) مؤنث (۱) انگریزی حروف تہجی کا بیسواں حرف (۲) (Tea) مؤنث۔ چائے ۔
ٹی۔ اے (ٹی۔ اے) (انگ۔ T.A.) (ٹریولنگ الاؤنس کا مخفف) مذکر۔ سفر خرچ۔ بھتا ۔
ٹی۔ بی (ٹی۔ بی) (انگ۔ T.B.) ٹیوبرکولوسس کا مخفف۔ مؤنث (۱) تپ دق (۲) مذکر۔ تپ دق کے جراثیم ۔
ٹی۔ پاٹ (ٹی۔ پاٹ) (انگ۔ Teapot) مذکر۔ چائے دانی ۔
ٹی پارٹی (ٹی۔ پار۔ ٹی) (انگ۔ Tea party) مؤنث۔ چائے وغیرہ کی دعوت ۔
ٹی ٹی (ٹی۔ ٹی) (انگ۔ T.T.) ٹریولنگ ٹکٹ کلکٹر کا مخفف۔ مذکر۔ چلتی گاڑی میں ٹکٹ دیکھنے والا ریلوے ملازم ۔
ٹیاں (ٹی۔ یاں) (ہ) مذکر (۱) دیکھیے "ٹویاں" (۲) ایک قسم کی چھوٹی کوڑی ۔
ٹیبا (ٹی۔ با) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "ٹبا" ۔
ٹیبل (ٹے۔ بل) (انگ۔ Table) مؤنث۔ میز۔ تپائی ۔ ٹیبل کلاتھ (Tablecloth) مذکر۔ میز کی چادر۔ میز پوش ۔
ٹیپ (ٹیپ) (ہ) مؤنث (۱) داب۔ دباؤ (۲) ضمانت۔ تمسک (۳) اونچا سُر (۴) جلدی میں کچھ لکھ لینا۔ یادداشت (۵) مسدس کی تیسری بیت۔ بندش گرہ (۶) فوج کا دستہ (۷) ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں (۸) گنجفے میں حریف کے ایک پتے کو دو پتوں سے مارنا (۹) (عو) اعلیٰ۔ منتخب۔ عمدہ۔ چوٹی کا (۱۰) (ہندو) لڑکے یا لڑکی کی جنم پتری (۱۱) پکی عمارت میں اینٹوں کی درازوں کو چونے وغیرہ سے بند کرنے کا کام ۔ ٹیپ ٹاپ۔ مؤنث (۱) بھڑک۔ زیبائش۔

آرائش (۲) جلوس (۳) تکلف۔ بناوٹ (۴) خود آرائی۔ خود نمائی ٭ **ٹیپنا** (۱) (ہندو) بھینچنا۔ دبانا (۲) یادداشت میں درج کر لینا۔ لکھ لینا (۳) دو پتوں سے ایک پتا جیتنا ٭

ٹیٹا (ٹِی۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "چچا" ٭

ٹیٹک منجھا (ٹِی۔ ٹَک، مُن۔ جھا) (ہ) مذکر (۱) ٹوٹی ہوئی چارپائی (۲) کشمکش۔ دشواری۔ دِقت۔ جھمیلا ٭

ٹیچر (ٹِی۔ چَر) (انگ۔ Teacher) مذکر۔ مدرس۔ معلم۔ استاد ٭

ٹیر (ٹیر) (ہ) مؤنث (گنوار) پکار۔ ہانک۔ آواز ٭ **ٹیرنا** (۱) چلانا۔ آواز دینا۔ بلانا۔ پکارنا (۲) کاٹنا۔ بسر کرنا۔ گزارنا ٭

ٹیروا (ٹیر۔ وا) (ہ) مذکر (۱) نل کا پانی (۲) فوارہ (۳) کل کی وہ نلی، جس پر چلم رکھی جاتی ہے ٭

ٹیڑھ (ٹیڑھ) (ہ) مؤنث (۱) خمیدگی۔ کجی (۲) اینٹھ۔ مروڑ۔ اکڑ (۳) شرارت۔ سرکشی ٭ **ٹیڑھا** (۱) جھکا ہوا۔ ترچھا۔ خمیدہ۔ کج (۲) خلاف۔ مخالف۔ پھرا ہوا (۳) بدمزاج۔ اکھڑ۔ جاہل (۴) ناراض۔ خفا (۵) بدذات۔ شریر ٭ **ٹیڑھا بانکا** (۱) وضع دار۔ طرح دار۔ چھبیلا (۲) سپاہی وضع آدمی ٭ **ٹیڑھا پن**۔ مذکر۔ خمیدگی۔ کجی ٭ **ٹیڑھا ہونا** (۱) خمیدہ ہونا۔ کج ہونا (۲) اکڑنا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا ٭ **ٹیڑھی**۔ ٹیڑھا کی تانیث ٭ **ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا** (۱) ترچھی نظر سے دیکھنا (۲) خفگی سے دیکھنا۔ دشمنی کی آنکھ ڈالنا۔ نظر بد سے دیکھنا ٭ **ٹیڑھی آنکھیں کرنا**۔ بری نگاہوں سے دیکھنا۔ نارضامندی ظاہر کرنا۔ ناراض ہونا ٭ **ٹیڑھی سنانا**۔ الٹ جواب دینا۔ برا بھلا کہنا۔ روکھی سنانا ٭ **ٹیڑھی کھیر**۔ مؤنث۔ مشکل کام ٭

ٹیڑی (ٹِی۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (گنوار) ٹڈی ٭

ٹیس (ٹیس) (ہ) مؤنث (۱) درد۔ تکلیف۔ ہول (۲) (ر) کتاب کی سلائی یا بخیہ ٭ **ٹیس اٹھنا۔ یا۔ مارنا**۔ زخم یا پھوڑے میں ہول اٹھنا۔ درد اٹھنا ٭ **ٹیسنا**۔ ٹپکنا۔ میٹھا میٹھا درد ہونا ٭

ٹیسو (ٹِی۔ سُو) (ہ) مذکر (۱) ڈھاک کا پھول، جس سے زرد رنگ نکلتا ہے۔ پلاس کا پھول (۲) ایک کھیل، جس میں بچے دسہرے کے موقع پر ایک مورت کا سر بنا کر اس کو لیے بجاتے گاتے پھرتے اور دسہرے کے دن اسے توڑ پھوڑ ڈالتے ہیں (۳) ٹیسو کا گیت ٭

ٹیک (ٹیک) (ہ) مؤنث (عوام) جانوروں کی پیشانی ٭

ٹیک (ٹیک) (ہ) مؤنث (۱) سہارا۔ پشتی۔ تھم۔ کھمبا (۲) (پورب) مستقل ارادہ (۳) آبرو۔ عزت۔ بھرم (۴) اقرار۔ قول (۵) انترا۔ گیت کا وہ ٹکڑا، جو بار بار کہا جائے (۶) ٹیپ کا مصرع یا شعر (۷) ٹیکنا کا امر ٭ **ٹیکن**۔ مؤنث۔ سہارا۔ آڑ ٭ **ٹیکنا** (۱) سہارا لینا۔ رکھنا۔ ٹکانا (۲) بازی پر رکھنا۔ داؤں پر رکھنا ٭

ٹیکا (ٹِی۔ کا) (ہ) مذکر (۱) پیشانی پر صندل یا سیندور وغیرہ کا نشان۔ قشقہ (۲) ولی عہد۔ کنور (۳) ایک زیور، جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں (۴) ایک رسم، جو ہندوؤں میں منگنی یا بیاہ کے موقع پر ادا کی جاتی ہے (۵) چیچک وغیرہ کے انسداد کے لیے نشتر کے ذریعے سے بازو وغیرہ کے اندر دوا پہنچانا (۶) (س) شرح۔ تفسیر (۷) خصوصیت کا نشان۔ سرداری کی علامت (۸) داغ۔ دھبا (۹) گدی پر بیٹھنے کی رسم۔ راج تلک (۱۰) وہ نشان یا تلک، جو ہندوؤں میں جاتے وقت نیک شگون سمجھ کر لگایا جاتا ہے ٭

ٹیکر۔ ٹیکرا (ٹِی۔ کَر ٭ ٹیک۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ڈھیر (۲) ٹیلا (۳) پہاڑی کی ڈھلوان سطح ٭ **ٹیکری**۔ مؤنث۔ خراب زمین کا چھوٹا کھیت ٭

ٹیکس (ٹَیکس) (انگ۔ Tax) مذکر۔ محصول ٭ **ٹیکسی** (Taxi) (ٹیکسی کیب کا مخفف) مؤنث۔ کرایے کی موٹر کار ٭

ٹیکسٹ بک (ٹیکسٹ۔ بُک) (انگ۔ Text-book) مؤنث۔ وہ کتاب، جو کسی جماعت کے امتحان کے لیے مقرر کی جائے ٭ **ٹیکسٹ بک کمیٹی**۔ (Text-book committee) درسی کتابیں مقرر کرنے والی جماعت یا گروہ ٭

ٹیکنیکل (ٹیک۔ نِی۔ کَل) (انگ۔ Technical) (۱) اصطلاحی (۲) صنعتی۔ پیشے کا ٭ **ٹیکنیکل سکول** (Technical school) مذکر۔ صنعتی تعلیم کا مدرسہ ٭

ٹیلا (ٹِی۔ لا) (ہ) مذکر۔ ٹیبا۔ تودہ۔ چھوٹی پہاڑی ٭

ٹیلر (ٹے۔ لَر) (انگ۔ Tailor) مذکر۔ درزی ٭ **ٹیلر ماسٹر** (Tailor master) مذکر۔ استاد درزی ٭

ٹیلیفون (ٹے۔ لِی۔ فُون) (انگ۔ Telephone) مذکر۔ برقی طاقت کی وہ کل، جس کے ذریعے سے دور دراز فاصلے سے بات چیت کی جا سکتی ہے ٭

ٹیلیگراف (ٹے۔ لِی۔ گراف) (انگ۔ Telegraph) مذکر۔ تار پر خبر بھیجنے کا آلہ۔ تار برقی ٭

ٹیلیگرام (ٹے۔ لِی۔ گرام) (انگ۔ Telegram) مذکر و مؤنث۔ وہ خبر، جو تار کے ذریعے سے آئی یا گئی ہو ٭

ٹیلی ویژن (ٹے۔ لِی۔ وِی۔ ژن) (انگ۔ Television) مذکر۔ دورِ حاضر کی ایک مشہور ایجاد جس کے ذریعے سے پروگرام میں شامل فن کاروں، اداکاروں، غرض ہر قسم کے لوگوں کی تقریریں، آوازیں سنی جاتی، تصویریں نظر آتی اور مختلف مناظر دکھائی دیتے ہیں ٭

ٹیم (ٹیم) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) چراغ کی بتی کا اگلا حصہ، جو بالکل جل کر سیاہ ہو جائے۔ بتی کا گل (۲) (انگریزی ٹائم کا مخرب) مذکر۔ وقت ٭

ٹیم (ٹِیم) (انگ۔ Team) مؤنث۔ فٹ بال وغیرہ کھیلوں کی جماعت ٭

ٹیم ٹام (ٹیم۔ ٹام) (ہ) مؤنث (گنوار) نمود ٭

ٹیمی (ٹِی۔ مِی) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) چنگاری (۲) شیخی ٭

ٹین (ٹین) (ہند) (انگریزی ٹن Tin) مذکر (۱) ایک سفید نرم معدن۔ قلعی۔ رانگ (۲) لوہے کے پتلے پتلے قلعی دار تختے ٭

ٹیں (ٹیں) (ہ) مؤنث۔ طوطے کی آواز، جو اسے دبائے جانے کے وقت مرتے دم نکلتی ہے ٭ **ٹیں ٹیں**۔ مؤنث (۱) طوطے کی لگاتار آواز (۲) بک بک۔ بکواس۔ بیہودہ بات۔ مہمل بات ٭ **ٹیں ٹیں کرنا** (۱) طوطے کی طرح بولنا (۲) بکنا۔ بڑبڑانا ٭ **ٹیں ہونا** (حقارتاً) طوطے کی طرح مرنا۔ مر کر رہ جانا۔ مر جانا ٭

ٹینٹ (ٹینٹ) (انگ۔ Tent) مذکر۔ خیمہ، ڈیرا ٭

ٹینٹ (ٹینٹ) (ہ) مذکر (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کا وہ ابھرا ہوا دانہ، جو کریل کے پھل کے برابر ہوتا ہے۔ آنکھ کا ٹھیلا (۳) روئی کا پھل۔ کپاس کا ڈوڈا ٭

ٹینٹوا (ٹینٹ۔ وا) (ہ) مذکر۔ نرخرا۔ حلق۔ گلا ٭ **ٹینٹوا دبانا** (۱) گردن دبانا۔ گلا گھونٹنا

(۲) سخت تقاضا کرنا ؛
ٹینٹی (ٹیں۔ٹی) (ہ) مؤنّث۔ ایک جنگلی پھل ؛
ٹینس (ٹے۔نِس) (انگ۔ Tennis) ایک کھیل، جو جال لگا کر ربڑ کی گیندوں اور تانت سے بُنے ہوئے بلّوں سے کھیلا جاتا ہے ؛
ٹینک (ٹینک) (انگ۔ Tank) مذکّر (۱) ایک قسم کی مسلّح موٹر کار (۲) تالاب ؛
ٹینی (ٹے۔نی) (ہ) مذکّر (۱) دوغلی مرغیاں۔ چھوٹے قد کی مرغیوں کی نسل (۲) ٹھنگنا۔ بُونا۔ پست قد ؛
ٹیو۔ ٹیو (ٹیو۔ ٹیو) (ہ) مؤنّث (۱) عادت (۲) رسم (۳) طریقہ (۴) کرتب (۵) فریب (۶) ترنگ۔ خیال ؛

ٹیوا (ٹے۔وَا) (ہ) مذکّر (۱) زائچہ۔ جنم پتری (۲) عادت (۳) مزہ۔ چسکا ؛
ٹیوب (ٹیُوب) (انگ۔ Tube) مذکّر۔ نالی ؛
ٹیوٹر (ٹیُو۔ٹَر) (انگ۔ Tutor) مذکّر۔ اتالیق۔ استاد ؛ **ٹیوشن** (Tuition) مؤنّث۔ اتالیقی، معلّمی، تعلیم دینے کا کام ؛
ٹیوکی (ٹیو۔کی) (ہ) مؤنّث (گنوار) (۱) ٹیک (۲) چھپر کا تھم ؛
ٹیہلا (ٹیہ۔لا) (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) بیاہ کی ہر رسم (۲) تقریب۔ تہوار (۳) شادی کا انعام۔ نیگ ؛ **ٹیہلا پھیرنا۔ یا۔ پھیلانا**۔ شادی رچانا ؛

ث

ث (ثے) (ع) مؤنّث (۱) عربی کا چوتھا۔ فارسی کا پانچواں اور اردو کا چھٹا حرف (۲) حسابِ ابجد میں اس کے عدد پانسو (۵۰۰) ہیں ؛

ث۔ا

ثابت (ثا۔بِت) (ع) (۱) سارا۔ کامل۔ پورا (۲) پائدار۔ مضبوط۔ برقرار۔ مستقل (۳) صداقت کو پہنچا ہوا۔ تصدیق کیا ہوا۔ مستند۔ مصدقہ (۴) وہ ستارہ، جو گردش نہ کرے۔ تارا ؛ **ثابت قدم**۔ وعدے پر قائم اور قول پر پکا رہنے والا ؛ **ثابت قدم کو ہر جگہ ٹھاؤں** (د) مثل۔ مستقل مزاج کو ہر جگہ ٹھکانا ہے ؛ **ثابت قدمی** (ع۔ف) مؤنّث۔ استقلال ؛ **ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان** (د) مثل۔ کام کی لیاقت نہیں، سامان نہ ہونے کا گلہ ہے ؛ **ثابت ہو جانا** (۱) صداقت کو پہنچنا۔ تحقیق ہو جانا (۲) ٹوٹی ہوئی چیز کا جڑ کر پورا ہو جانا ؛
ثاقب (ثا۔قِب) (ع) چمکیلا۔ تاباں۔ روشن ؛
ثالث (ثا۔لِث) (ع) مذکّر (۱) تیسرا۔ تیسرا آدمی (۲) مدّعی و مدّعا علیہ میں فیصلہ کرنے والا (۳) پنچ۔ امپیسر ؛ **ثالث بالخیر**۔ مذکّر۔ وہ پنچ، جو کسی کی رو رعایت نہ کرے ؛ **ثالث حصری** (ع۔ف) مذکّر۔ وہ پنچ، جس پر فریقین نے مقدّمے کا انحصار کر دیا ہو ؛ **ثالث نامہ**۔ مذکّر (قانون) وہ کاغذ، جس میں فریقین ایک یا دو شخصوں کو اپنا ثالث ماننے کا اقرار کریں ؛ **ثالثی**۔ مؤنّث۔ صلح۔ پنچایت ؛
ثامن (ثا۔مِن) (ع) آٹھواں۔ ہشتم ؛
ثانی (ثا۔نی) (ع) (۱) دوسرا (۲) مقابل۔ مانند۔ نظیر۔ برابر کا ؛ **ثانیاً** (ثا۔نِیَن) دوسری دفعہ۔ دوسرے ؛ **ثانی الحال**۔ پھر۔ بعد ازاں۔ دوسرے وقت۔ من بعد ؛
ثانیہ (ثا۔نِیَہ) (ع) مذکّر۔ دقیقہ۔ پل۔ سیکنڈ۔ منٹ کا ساٹھواں حصّہ۔ لحظہ ؛

ث۔ب

ثبات (ثَبات) (ع) مذکّر۔ مضبوطی۔ استقلال۔ پائداری۔ قیام۔ قرار ؛
ثبات رائے۔ مذکّر۔ ایک رائے رکھنا۔ رائے کی پختگی۔ خیال کا استقلال ؛

ثبت (ثَبت) (ع) مذکّر۔ تحریر۔ نوشت۔ مہر۔ نقش۔ ٹھپّا ؛ **ثبت کرنا** (۱) دستخط کرنا (۲) درج کرنا۔ لکھنا (۳) مُہر لگانا ؛
ثبوت (ثُبوت) (ع) مذکّر (۱) اپنی جگہ قرار پکڑنا (۲) استحکام۔ مضبوطی۔ قیام (۳) دلیل۔ تحقیق۔ صداقت (۴) شہادت سے کسی بات کی تصدیق ؛ **ثبوتِ استحقاق**۔ مذکّر۔ حق دار ہونے کا ثبوت ؛ **ثبوتِ تردیدی**۔ مذکّر۔ وہ ثبوت، جو دوسرے کے رد میں ہو ؛ **ثبوتِ ضمنی**۔ مذکّر۔ وہ ثبوت، جو ضمن میں ہو جائے، صریح نہ ہو ؛ **ثبوتِ قانونی**۔ مذکّر۔ قانون کے مطابق صداقت۔ شہادت ؛ **ثبوتِ لسانی**۔ مذکّر۔ زبانی ثبوت ؛ **ثبوتِ مثل**۔ مذکّر۔ جو ثبوت مقدّمے کی مثل سے ہو ؛

ث۔ر

ثروت (ثَر۔وَت) (ع) مؤنّث (۱) تونگری۔ دولت۔ مال کی کثرت (۲) (ل) حکومت۔ اختیار۔ حشمت ؛
ثریٰ (ثَرا) (ع) مذکّر۔ نم ناک خاک۔ زمین کے نیچے کی مٹّی ؛
ثریّا (ثُرَی۔یا) (ع) مذکّر۔ وہ سات ستارے، جو ایک دوسرے کے پاس واقع ہیں۔ جھمکا۔ پروین ؛ **ثریّا جاہ**۔ بلند پایہ۔ عالی مرتبہ ؛

ث۔ع

ثعلب مصری (ثَع۔لَب۔مِص۔ری) (ع) مؤنّث۔ لومڑی کے خصیے جیسی ایک پودے کی جڑ، جو مغلّظ و مبہی ہوتی ہے ؛

ث۔ق

ثقات (ثِقات) (ع) مذکّر۔ ثِقَہ کی جمع۔ معتبر لوگ ؛
ثقالت (ثَقا۔لَت) (ع) مؤنّث (۱) وزن۔ بوجھ۔ گرانی (۲) بدہضمی وغیرہ کے باعث سختی ؛

ثقاہت (ثِقا-ہَت) (ع) مؤنّث - ثقہ یعنی قابلِ اعتبار ہونا ❖
ثِقل (ثِقْل) (ع) مذکّر (۱) گرانی - وزن - بوجھ (۲) (ف) سختی ❖
ثقلین (ثَقَلَین) (ع) مذکّر - دونوں جہان - انسان اور جِنّ ❖
ثِقہ (ثِقَہْ) (ع) مذکّر - مردِ معتبر - بھروسے والا آدمی، جس کے قول وفعل پر اعتماد ہو ❖
ثِقہ بدمعاش (ف) نیک صورت بدمعاش - پرہیزگاروں جیسی شکل بنا کر بدمعاشی کرنیوالا شخص ❖
ثقیل (ثَقِیْل) (ع) (۱) بوجھل - وزنی - بھاری (۲) (ف) ناقابلِ ہضم - دیرہضم ❖

ث - ل

ثلاثی (ثُلا-ثِیْ) (ع) تین حرفوں کا کلمہ ❖
ثلث (ثُلُث - ثُلْث) (ع) مذکّر - ایک تہائی - تیسرا حصّہ - ⅓ ❖

ث - م

ثُمَّ (ثُمْ-مَ) (ع) بعد - پیچھے - پھر ❖ ثُمَّ باللّٰہ (ثُمْ-مَ، بِلْ-لاہ) پھر خدا کی قسم - قسم کی تاکید ❖
ثمار (ثِمارْ) (ع) مذکّر - ثمر کی جمع - بہت سے پھل ❖
ثمانیہ (ثَمَا-نِیَہْ) (ع) مذکّر (۱) آٹھ - ہشت - ۸ (۲) ریاضی کا ایک قاعدہ، جس میں سات معلوم اعداد کے ذریعے سے آٹھواں مجہول عدد دریافت کیا جاتا ہے ❖
ثمر - ثمرہ (ثَمَرْ - ثَمَرَہْ) (ع) مذکّر (۱) پیداوار - میوہ - پھل (۲) فائدہ - حاصل (۳) اولاد (۴) دولت - مال (۵) انجام (۶) عوض - بدلا ❖

ثُمن (ثُمُنْ) (ع) مذکّر - آٹھواں حصّہ - ⅛ ❖
ثمن (ثَمَنْ) (ع) مذکّر - مول - اُجرت - قیمت ❖
ثمین (ثَمِیْن) (ع) قیمتی ❖

ث - ن

ثنا (ثَنَا) (ع) مؤنّث - تعریف - توصیف - مدح - حمد - نعت ❖ ثناگر (ع-ف) تعریف کرنے والا - مدّاح ❖

ث - و

ثواب (ثَوَاب) (ع) مذکّر (۱) کام کی جزا - کافی اجرت - اچھا بدلا (۲) (مجازاً) نیکی کا بدلا، جو عاقبت میں ملے گا (۳) (ف) نیکی - بھلائی ❖ ثواب کمانا - بھلائی حاصل کرنا - نیکی کا کام کرنا ❖ ثواب نہ عذاب ٹکر ٹوٹی مفت میں (ف) مثل - بے فائدہ محنت - بے سود کام ❖
ثوابت (ثَوَا-بِت) (ع) مذکّر - ایک جگہ قائم رہنے والے ستارے - وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے ❖
ثور (ثَوْر) (ع) مذکّر (۱) بیل - نرگاؤ (۲) آسمان کا دوسرا بُرج، جو بیل کی شکل کا قرار دیا گیا ہے - برکھ ❖

ث - ی

ثیّبہ (ثَیْ-یِبَہْ) (ع) مؤنّث - بیاہی ہوئی عورت ❖

ج

ج (جِیْم) (ع) مؤنّث (۱) عربی کا پانچواں، فارسی کا چھٹا، اُردو کا ساتواں اور ہندی کا آٹھواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے تین عدد فرض کیے گئے ہیں ❖

ج - ا

جا (جَا) (ہ) جانا کا امر - چل - چل دے - ہٹ جا ❖ جا بھڑنا (۱) مقابلہ کرنا - مقابل ہونا (۲) ہم پلّہ ہونا - ٹکر کھانا ❖ جاتا - جانا سے ماضی استمراری ❖ جاتا رہنا (۱) گُم ہوجانا - کھویا جانا (۲) باقی نہ رہنا - بالکل دُور ہوجانا (۳) اسقاط ہونا ❖ جاتی دنیا دیکھنا (ف) مرتے مرتے بچ جانا ❖ جاتے جاتے (ہ) (۱) جانے کے وقت (۲) رفتہ رفتہ ❖ جا دھمکنا - جا پہنچنا - آموجود ہونا - کودنا ❖ جالیا - گرفتار کرلیا - پکڑلیا ❖ جالینا - گرفتار کرلینا - پکڑلینا ❖ جانا (۱) رخصت ہونا - سدھانا - چلنا (۲) گزرنا - مرنا (۳) علٰحدہ ہونا - جدا ہونا (۴) داخل ہونا - پہنچنا (۵) دُور ہونا (۶) برباد ہونا ❖ جانے دو (۱) چھینے دو - نہ روکو (۲) خیال نہ کرو - معاف کرو - باز آؤ ❖ جانے دینا (۱) رہائی دینا - نہ روکنا (۲) خیال نہ کرنا - معاف کرنا - باز آنا - درگزر کرنا ❖ جاؤ بھی - (۱) ہٹو بھی (۲) اپنا کام کرو - بہت شیخی نہ بگھارو - چُپ رہو - بیٹھے رہو ❖
جاؤ بیٹھو (۱) اپنے کام سے لگو - اپنا کام کرو (۲) چل دو - ہٹ جاؤ ❖
جاؤ دیوتا (پوت) دکھن وہی کرم کے لچھن - مثل - کہیں جاؤ، قسمت ہر جگہ ساتھ ہے ❖ جائے لاکھ رہے ساکھ - مثل - لاکھ کا نقصان ہو جائے تو مضائقہ نہیں، لیکن اعتبار نہ جانا چاہیے ❖
جا (جَا) (ف) مؤنّث (۱) جگہ - مقام - ٹھکانا (۲) موقع ❖ جابجا - ہر جگہ - ہر مقام پر - ہر موقع پر ❖ جا بے جا - موقع بے موقع - بُرا بھلا - درست نادرست ❖
جا ضرور (ف-ع) مذکّر - ٹٹّی ❖ جانشین (ف) (۱) ولی عہد (۲) قائم مقام ❖
جانشینی - مؤنّث - جانشین ہونے کا فعل - قائم مقامی ❖ جانماز - مؤنّث - نماز پڑھنے کا فرش - مصلّا ❖
جاب (جَاب) (انگ - Job) مؤنّث - اسامی - خدمت ❖
جابر (جَا-بِرْ) (ع) (۱) جبر کرنے والا - ظالم (۲) بااختیار - خود مختار - خودسر (۳) نقصان پہنچانے والا ❖
جاپ (جَاپ) (ہ) مذکّر (گنوار) (۱) دہانہ - مویشی کے منہ کا چھینکا (۲) ایک قسم کی گھاس (۳) وِرد - وظیفہ - جَپ ❖
جاپا (جَا-پا) (ہ) مذکّر - جننا - زچگی ❖
جاپان (جَا-پان) (انگ - Japan) مذکّر - چین کے شمال مشرق کی طرف ایک ملک ❖

جات (جاتْ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) بچہ۔ بالک۔ اولاد۔ آل۔ نسل (۲) ثمر۔ پھل۔ نتیجہ (۳) جتھا۔ جماعت۔ گروہ (۴) رتبہ۔ مرتبہ۔ درجہ (۵) قسم۔ جنس۔ ذات (۶) حصّہ۔ قسمت۔ بھاگ (۷) ڈھنگ۔ طرز۔ طریق۔ طور (۸) بھینٹ۔ نذر نیاز منّت ٭ **جات برادری**۔ مؤنث (ہندو) ذات برادری۔ قوم۔ خاندان۔ نسل ٭

جات پات (ہ) مؤنث۔ ذات پات۔ خاندان۔ قوم ٭

جات سبھاؤ مذکر۔ خاندانی خصلت۔ قومی اثر۔ قومی عادت ٭ **جات پات پوچھے نہ کوئے، جو ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے**۔ مثل۔ اللہ کے نزدیک ذات پات کی کوئی پوچھ گچھ نہیں، جو اس کی عبادت کرے، وہی اچھا ٭

جاترا (جاتْ۔ رَا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) تیرتھ کو جانا۔ تیرتھ۔ زیارت۔ کوچ۔ سفر (۲) دیوتا کی مورت کو رتھ وغیرہ میں سواری کے طور پر لے جانا (۳) تہوار ٭ **جاتری** مذکر (۱) تیرتھ کو جانے والا۔ زیارت کو جانے والا۔ حاجی۔ زائر (۲) رہگیر۔ مسافر ٭

جاٹ (جاٹْ) (ہ) مذکر (۱) کاشت کار ہندو قوم (۲) بگڑے ہوئے چھتری۔ بگڑے ہوئے راجپوت ٭ **جاٹ کی بیٹی برہمن کے گھر آئی** (و) ادنیٰ ہو کر بڑی عزت پانا ٭

جاٹھ (جاٹھْ) (ہ) مذکر۔ کولھو یا گنّے پیلنے کی مشین کا دُھرا ٭

جاجت (جا۔ جُتْ) (ہ) مؤنث۔ جسم کی تختی، جو بچوں کو پڑھائی لکھائی جاتی ہے ٭

جاجم (جا۔ جَمْ) (ت) مؤنث۔ چھپا ہوا فرش۔ ایک قسم کا کپڑا، جس پر بیل بوٹے چھاپ کر فرش بنایا جاتا ہے ٭

جاجونتی (جاج۔ وَنْ۔ تِیْ) (ہ) مؤنث۔ ایک راگنی ٭

جاچک (جا۔ چَکْ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) جانچنے والا۔ پڑتال کرنے والا (۲) امتحان لینے والا۔ ممتحن (۳) منگتا۔ مانگنے والا (۴) ڈوم۔ سازندہ ٭ **جاچکی**۔ مذکر (ہندو) جانچ بجانے والا۔ وہ لوگ، جو طبلہ سارنگی لیے ہوئے برات وغیرہ میں یا کسی بوڑھے کی میّت پر گاتے بجاتے ہیں ٭

جادَو (جا۔ دَوْ) (ہ) مذکر (۱) راجہ یدو کی اولاد کا ایک شخص (۲) کرشن جی کا ایک نام ٭ **جادو بنسی**۔ مذکر۔ راجپوتوں کی ایک شاخ، جس سے کرشن جی پیدا ہوئے تھے۔ چندربنسی خاندان کی ایک شاخ ٭

جادو (جا۔ دُوْ) (ف) مذکر۔ منتر۔ افسون۔ سحر۔ ٹونا ٭ **جادو جگانا** (و) جادو کرنے سے پہلے اس کی آزمائش کرنا۔ منتر یا افسون کا اثر آزما کر دیکھنا ٭ **جادو چلانا**۔ افسون کرنا۔ سحر کرنا ٭ **جادو چلنا**۔ ٹونے کا مؤثر ہونا۔ سحر کا کارگر ہونا ٭ **جادو کا پتلا**۔ مذکر (۱) انسان یا حیوان کی وہ مورت، جو جادوگر عمل کرنے کے لیے بناتے ہیں (۲) معشوق جو عاشق کو پُر اثر نگاہ سے تسخیر کر لیتا ہے ٭

جادوگر (ف) مذکر۔ جادو کرنے والا۔ فسون ساز۔ ساحر ٭ **جادوگرنی** (و) مؤنث جادو کرنے والی عورت۔ ساحرہ ٭ **جادوگری** (ف) مؤنث۔ سحرکاری۔ ساحری ٭ **جادو وہ جو سر پر چڑھ کر بولے** (و) مثل۔ تدبیر وہی، جو کارگر ہو جائے ٭

جادّہ (جادْ۔ دَہْ) (ع) } مذکر۔ وہ تنگ سا راستہ، جو لوگوں کی آمد و رفت سے جنگل میں
جادہ (جا۔ دَہْ) (ف) } پڑ جاتا ہے۔ ڈگر۔ بٹیا ٭

جاذب (جا۔ ذِبْ) (ع) (۱) کشش کرنے والا۔ جذب کرنے والا۔ چوسنے والا (۲) مذکر۔ سیاہی چوس۔ بلاٹنگ پیپر ٭ **جاذبہ**۔ مؤنث (۱) چوسنے والی۔ کشش کرنے والی۔ کھینچنے والی (۲) محبت کی کشش اور تاثیر (۳) اعضا کی ایک قوّت، جو اپنا مناسب و موافق مادّہ جذب کرتی ہے ٭

جار (جَارْ) (ہ) مذکر۔ یار۔ آشنا۔ زانی۔ گواڑ۔ دھگڑا ٭

جار (جَارْ) (ع) مذکر (۱) ہمسایہ۔ پڑوسی (۲) زیر یا کسرہ دینے والا۔ جر دینے والا ٭ **جار ملحق**۔ مذکر۔ حق شفع کی رو سے جائداد کے عین متصل گھر یا جائداد رکھنے والا ہمسایہ ٭

جارج (جارْجْ) (انگ۔ George) مذکر۔ مردانہ نام۔ اس نام کے بہت سے بادشاہ مختلف ملکوں میں ہوئے ہیں، مثلاً انگلستان میں جارج پنجم، جو ہندوستان کے مشہور شہنشاہ تھے ٭

جارجٹ (جارْ۔ جَٹْ) (انگ۔ Georgette) مؤنث۔ دوپٹے بنانے کا ایک باریک ریشمی کپڑا ٭

جاروب (جا۔ رُوْبْ) (ف) مؤنث۔ جھاڑو۔ بہاری۔ ستھرائی ٭ **جاروب کش**۔ خاکروب۔ جھاڑو دینے والا ٭

جاری (جا۔ رِیْ) (ع) (۱) رواں (۲) بہتا ہوا (پانی) (۳) چلتا ہوا (کام) (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

جاریہ (جا۔ رِیَہْ) (ع) مؤنث۔ لونڈی ٭

جاڑا (جا۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) سردی کا موسم (۲) ٹھنڈ۔ خنکی۔ سردی ٭ **جاڑا پڑنا**۔ موسمِ سردی کا زور ہونا ٭ **جاڑا چڑھنا** (۱) سردی لگنا۔ کپکپی ہونا (۲) تپ لرزہ کا اثر

جازم (جا۔ زِمْ) (ا) مؤنث (عوام) جاجم ٭

جازم (جا۔ زِمْ) (ع) جزم دینے والا۔ ساکن کرنے والا ٭

جاسوس (جا۔ سُوْسْ) (ع) مذکر۔ خفیہ نویس۔ بھیدی۔ مخبر ٭ **جاسوسی**۔ مؤنث۔ خفیہ نویسی، مخبری ٭

جاکٹ (جا۔ کَٹْ) (انگ۔ Jacket) مؤنث۔ کرتی۔ نیم آستین۔ واسکٹ۔ سلوکا ٭

جاکر۔ جاکڑ (جا۔ کَرْ ٭ جا۔ کَڑْ) (ہ) مذکر۔ کوئی شے پسند و ناپسند کے اقرار پر خریدنا۔ شرطی۔ بندھک ٭ **جاکڑ بہی**۔ مؤنث۔ وہ بہی، جس میں شرطی بکری کی یادداشت لکھی جاتی ہے۔ روکڑ بہی کے برعکس ٭

جاکھڑ (جا۔ کھَڑْ) (ہ) مذکر۔ جاٹوں کا ایک فرقہ ٭

جاکھن (جا۔ کھَنْ) (ہ) مؤنث۔ لکڑی، جس پر کنوئیں میں اینٹوں کی بنیاد رکھی جاتی ہے ٭

جاکی ہنڈی وا کی منڈی (ہ) مثل۔ جس کا کھائیں گے، اسی کا گائیں گے۔ جس کی داد و دہش، اسی کی اطاعت ٭

جاگ (جاگْ) (ہ) مؤنث (۱) بیداری۔ بے خوابی۔ ہوشیاری (۲) رات بھر جاگنا (۳) رات کی پوجا۔ ہون۔ یگ (۴) جاگنا کا امر ٭ **جاگ اُٹھنا**۔ سوتے سے اُٹھ بیٹھنا۔ بیدار ہو جانا ٭ **جاگتی جوت**۔ مؤنث۔ نمایاں معجزہ۔ ظاہر اور روشن کرامت ٭ **جاگتے رہنا** (۱) نہ سونا۔ بیدار رہنا (۲) چوکیدار کی آواز ٭ **جاگتے کی کٹیا سوتے کا کٹڑا**۔ مثل۔ ہوشیار فائدہ اور غافل نقصان اٹھاتا ہے ٭ **جاگنا** (۱) نیند سے اٹھنا۔ بیدار ہونا (۲) متنبہ ہونا۔ ہوشیار ہونا ٭

جاگے گا سو پائے گا، سوئے گا سو کھوئے گا ۔ ہوشیاری سے کامیابی ہوتی ہے اور غفلت سے نقصان ۔

جاگہ (جا ۔ گَہْ) (ہ) مؤنث ۔ جگہ (متروک) ۔

جاگی (جا ۔ گِیْ) (ہ) مؤنث ۔ بندوق کا فتیلہ ۔

جاگیر (جا ۔ گِیْرْ) (ف) مؤنث ۔ معافی ۔ تعلقہ ۔ پرگنہ ۔ اقطاع ۔ وہ قطعۂ زمین یا گاؤں، جو بادشاہوں یا نوابوں کی طرف سے دیا جائے ۔ **جاگیر احتشام** (ف ۔ ع) مؤنث ۔ وہ جاگیر، جو لشکر کی پرورش کے لیے دی جائے ۔ **جاگیر دار** (ف) مذکر ۔ جاگیر کا مالک ۔ تعلقہ دار ۔

جال (جَالْ) (ہ) مذکر (۱) پھندا ۔ دام (۲) دھوکا ۔ فریب ۔ مکر (۳) طلسم ۔ جادو (۴) پرتلا ۔ پٹکا (۵) دریچہ ۔ کھڑکی (۶) جالی دار (۷) سلسلہ دار ۔ **جال بچھانا** (۱) دام پھیلانا (۲) مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا ۔ **جال پھیلانا** ۔ دیکھیے "جال بچھانا" ۔ **جال پھینکنا** (۱) مچھلیاں پکڑنے کے لیے دریا میں جال ڈالنا (۲) فریب کا ڈھنگ ڈالنا ۔

جال تاننا ۔ کسی کو پھنسانے کے لیے فریب سے کام لینا ۔ **جال دار** (ہ) جالی کار ۔ حلقہ دار ۔ پھندے والا ۔ **جال ڈالنا** (۱) دام بچھانا یا دریا میں پھینکنا (۲) دھوکے یا فریب کا موقع پا کر کام کرنا ۔ **جال کرنج** ۔ مؤنث ۔ پٹّی اور تلوار ۔ **جال میں پھانسنا** کسی شکار کو دام میں یا انسان کو فریب میں لانا ۔

جالا (جا ۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) وہ سفید اور کاغذ کی سی جھلّی، جو مکڑی منہ کے لعاب سے بنائی یا چھند نار، جو وہ تیار کرتی ہے (۲) وہ سفید پردہ یا جھلّی، جو آنکھ میں پیدا ہو جاتی ہے (۳) جالی ۔

جالی (جا ۔ لِیْ) (ہ) مؤنث (۱) خانہ دار کپڑا یا کوئی اور چھید والی چیز ۔ حلقہ دار یا پھندنے والی چیز (۲) بہت سے خانوں والا کڑھا ہوا کپڑا (۳) آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پیدا ہونے والا پردہ، جو بعد میں گٹھلی کی شکل اختیار کر لیتا ہے (۴) برقع یا جھلّی، جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے (۵) بنا ہوا پردہ، جو منہ یا سینے پر ڈال لیا جاتا ہے ۔ نقاب ۔ جال (۶) چھینکا، جو مویشی کے منہ پر لگایا جاتا ہے (۷) پُر فریب ۔ جعلی (۸) مصنوعی ۔ بنایا ہوا ۔

جالی کاڑھنا یا نکالنا (عو) کپڑے وغیرہ پر کچھ کام بنانا ۔ جالی کا کام کرنا ۔

جالی لوٹ (مہند) (انگ ۔ بابنٹ ۔ Bobbinet) مذکر ۔ ایک قسم کا باریک خانہ دار انگریزی کپڑا ۔

جالیا (جَالْ ۔ یَا) (و) (جعلیا کا مخرب) فریبی ۔ جعل ساز ۔

جالینوس (جا ۔ لِیْ ۔ نُوْسْ) (یونانی) مذکر ۔ یونان کا ایک مشہور حکیم، جو فن طبابت میں نام حکمائے یونان پر سبقت لے گیا تھا ۔

جام (جَامْ) (ف) مذکر (۱) پیالہ ۔ شراب پینے کا برتن ۔ پیمانہ ۔ ساغر ۔ گلاس (۲) خراسان کا ایک مشہور شہر ۔

جامِ جم ۔ یا ۔ **جامِ جمشید** ۔ مذکر ۔ جمشید کا پیالہ، جو حکمائے فارس نے بنایا تھا ۔ کہتے ہیں کہ اس کے ذریعے سے آسمان کے ستاروں کا مقام، پھر ان کے وسیلے سے جس چیز کے متعلق سوال کیا جائے، اس کا جواب احکام نجوم کی وساطت سے معلوم ہو جایا کرتا تھا ۔

جامِ جہاں نما (۱) دیکھیے "جامِ جم یا جامِ جمشید" (۲) وہ مینار جس کی روشنی سے جہازوں کو سمندر کا راستہ معلوم ہوتا ہے ۔ **جام چڑھانا** (و) شراب کا پیالہ پینا ۔

جام چلنا ۔ شراب کا دور چلنا ۔ **جامِ صحت پینا** ۔ کسی بڑے آدمی کی تندرستی کا جام پینا ۔ انگلستان میں دستور ہے کہ اپنے دوستوں، حاکموں وغیرہ کی صحت و کامیابی کے لیے عام یا نج کے جلسوں میں جام شراب پیتے ہیں ۔

جام لبریز ہونا ۔ مرنے کے قریب ہونا ۔

جام (جَامْ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) تین گھنٹے کا وقت ۔ دن کا آٹھواں حصہ ۔ پہر رات (۲) نطفہ ۔ بیج ۔ تخم (۳) نسل ۔ اولاد (۴) بیٹا ۔ فرزند ۔ پوت ۔

جام (جَامْ) (انگ ۔ Jam) مذکر ۔ مربا ۔ پھلوں کا شیریں مربا ۔

جامد (جَامِدْ) (ع) (۱) جما ہوا ۔ پتھر (۲) وہ لفظ، جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی اَور لفظ بنے ۔

جامدانی (جَامْ ۔ دَا ۔ نِیْ) (و) (جامہ دانی کا مخفف) مؤنث (۱) چمڑے کا صندوق، جس میں پہننے کے کپڑے رکھے جاتے ہیں ۔ کپڑوں کی پیٹی (۲) ایک قسم کا کپڑا، جس پر پھول بنے ہوئے ہوتے ہیں ۔

جامع (جا ۔ مِعْ) (ع) جمع کرنے والا ۔ تمام ۔ حاوی ۔ شامل ۔ **جامع مسجد** ۔ مؤنث ۔ وہ مسجد، جس میں بہت سے آدمی جمع ہوں ۔ جمعہ مسجد ۔

جامعہ (جا ۔ مِعَہْ) (ع) مؤنث (۱) یونیورسٹی ۔ دارالعلوم (۲) تمام ۔ سب ۔

جامعیت ۔ مؤنث ۔ جامع پن ۔

جامن (جا ۔ مُنْ) (ہ) مؤنث (۱) اودے رنگ کا ایک میٹھا پھل اور اس کا درخت (۲) وہ چیز، جسے دودھ میں ڈال کر دہی جمایا جاتا ہے ۔

جامہ (جا ۔ مَہْ) (ف) مذکر (۱) پیراہن ۔ قبا ۔ لباس ۔ پوشاک (۲) ایک قسم کا گھیر والا چوغہ نما لباس، جو قدیم شرفا اور درباری اشخاص پہنا کرتے تھے ۔

جامہ دار ۔ مؤنث (۱) ایک قسم کی پھول والی چھینٹ (۲) اونی پھول والی چادر (۳) لباس وغیرہ کا انتظام کرنے والا ملازم (۴) محافظ ۔ چوکیدار ۔ **جامہ زیب** ۔ وہ شخص، جسے لباس سجے اور موزون معلوم ہو ۔

جامے سے باہر ہونا (و) (۱) بہت غصّے ہونا (۲) بہت فخر کرنا ۔ **جامے میں پھولا نہ سمانا** ۔ نہایت خوش ہونا ۔ خوشی کی زیادتی سے آپے میں نہ رہنا ۔

جان (جَانْ) (ہ) مؤنث (۱) آگاہی ۔ واقفیت ۔ پہچان (۲) جاننا کا امر ۔

جان بوجھ کر ۔ ارادتاً ۔ دیدہ و دانستہ ۔ قصداً ۔ عمداً ۔ **جان پہچان** ۔ مؤنث (۱) ملاقات ۔ آشنائی ۔ واقفیت (۲) ملاقاتی ۔ واقف کار ۔

جان کر انجان بننا ۔ جھوٹی لاعلمی ظاہر کرنا ۔ دیدہ و دانستہ انکار کر دینا ۔ تجاہل عارفانہ کرنا ۔

جان لینا ۔ معلوم کر لینا ۔ واقف ہو جانا ۔ پہچان لینا ۔ **جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام** ۔ یا ۔ **جان نہ پہچان میں تیرا مہمان** (و) مثل ۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں ذرا سے تعلق یا معمولی واقفیت پر گہرا تعلق جتایا یا خواہ مخواہ تپاک و گرم جوشی کا اظہار کیا جائے ۔

جانا بوجھا (ہ) مذکر (عو) جس سے اچھی طرح واقفیت ہو ۔

جاننا (۱) معلوم کرنا ۔ پہچاننا ۔ واقف ہونا ۔ آگاہ ہونا (۲) بھروسا کرنا ۔ اعتبار کرنا

(۳) ذی تو عار ہونا (۴) تسلیم کرنا (۵) مظلا جانے ہے (۱) گویا سمجھیے (۲) کیا معلوم (۳) خبر نہیں (۴) لا سمجھے ۔

جان (جان) (ف) مؤنث (۱) روح ۔ آتما ۔ زندگی ۔ دم (۲) ہمت ۔ زور ۔ طاقت ۔ بل (۳) گودا ۔ مغز ۔ ست ۔ لُبِّ لباب ۔ عطر (۴) زیب ۔ آرائش ۔ زیبائش (۵) پیار اور تعظیم کا کلمہ (۶) پیارا ۔ معشوق ۔ جانی (۷) نہایت پیارا بیٹا ۔ آنکھ کا تارا ۔ لختِ جگر ۔ **جان آجانا ۔ یا ۔ آنا** (ف) (۱) قوت آنا ۔ طاقت آنا (۲) رونق آنا ۔ تازگی حاصل ہونا (۳) تسلی ہونا ۔ **جان باز** (ف) (۱) جان پر کھیلنے والا ۔ جان نثار (۲) بیباک ۔ دلیر (۳) محنتی ۔ جفاکش (۴) بیدل ۔ عاشق ۔
جان بازی ۔ مؤنث (۱) جاں نثاری (۲) جفاکشی (۳) ہمت ۔ دلیری ۔
جان بازی کرنا (ف) جان پر کھیلنا ۔ جان جوکھوں میں ڈالنا ۔ جرأت کرنا ۔ دلیری کرنا ۔ **جان بچی لاکھوں پائے** ۔ بچ جانا ہی غنیمت ہے ۔ جیتا رہنا ہی غنیمت اور بڑی دولت ہے ۔ **جان بحق (تسلیم) ہونا** ۔ مرجانا ۔
جان بخشی (ف) مؤنث ۔ نجات ۔ رہائی ۔ عفو ۔ معافی ۔ **جان بر ہونا** (ف) جان سلامت لے اٹھنا ۔ جی پڑنا ۔ **جان برلب** (ف) قریبِ مرگ ۔ مرنے کے قریب ۔ **جان پر آسمان ٹوٹنا** ۔ (ف) سخت آفت میں پھنسنا ۔ اچانک مصیبت آجانا ۔ **جان پر بننا** ۔ نہایت تکلیف میں ہونا ۔ جان خطرے میں ہونا ۔
جان پر کھیلنا ۔ اپنے آپ کو ہلاکت میں مبتلا کرنا ۔ جان کو جوکھوں میں ڈالنا ۔
جان پر نوبت آنا ۔ (۱) شدید آفت میں پھنسنا (۲) جان خطرے میں ہونا ۔
جان پڑنا (۱) کسی چیز میں روح پیدا ہونا (۲) مسرور ہونا ۔ خوش ہونا ۔ (۳) تر و تازہ ہونا ۔ **جان تصدق کرنا** ۔ دوسرے کو بچانے کے لیے آپ مرجانا ۔
جان توڑ کر ۔ ہمہ تن معروف ہو کر ۔ انتہائی محنت و مشقت سے ۔ **جان جوکھوں** مؤنث ۔ جانی اور مالی خطرہ ۔ **جان چرانا** ۔ کسی کام سے گریز کرنا ۔ پہلو تہی کرنا ۔ جی چرانا ۔ **جان چھڑکنا** ۔ فریفتہ ہونا ۔ عاشق ہونا ۔ جان دینا ۔
جان دار (ف) (۱) حیوان ۔ ذی روح (۲) قوی ۔ مضبوط ۔ طاقت ور (۳) پھرتیلا ۔ چالاک ۔ **جان دو بھر ہونا** (ف) زندگی سے بیزار ہونا ۔ زندگی کا ناگوار ہونا ۔ **جان دینا** (۱) جان سونپنا ۔ مرنا (۲) جان فدا کرنا ۔ جان نثار کرنا ۔ (۳) بے حد کنجوسی کرنا (۴) زندگی بخشنا ۔ جِلانا ۔ **جان سی نکلنے لگنا** ۔ جان کنی کے برابر تکلیف پہنچنا ۔ جان پر صدمہ پہنچنے لگنا ۔ سخت تکلیف ہونا ۔ **جان سے گذر** (ع) کسی مرے ہوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیز سے تشبیہاً ذکر یا کسی آفت کا بیان کرتے وقت یہ کلمہ زبان پر لایا جاتا ہے ۔ **جان سے گزرنا ۔ یا ۔ جانا** ۔ دم دے دینا ۔ فوت ہو جانا ۔ مرجانا ۔ **جان سے مارنا** ۔ گردن مارنا ۔ ہلاک کرنا ۔ قتل کرنا ۔ مار ڈالنا ۔ **جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا** ۔ مرنے پر تیار ہو جانا ۔ زندگی سے ناامید ہونا ۔ **جان فرسا** (ف) خوفناک ۔ جان کو جلانے والا ۔ **جان فشانی کرنا** ۔ جان توڑ کر کوشش کرنا ۔ سخت محنت و مشقت کرنا ۔ **جان کا بیری ۔ یا ۔ لاگو** ۔ یا ۔ لیوا ۔ جانی دشمن ۔ حاسد ۔ بدخواہ ۔ **جان کا ٹکڑا** مذکر (۱) جگر پارہ (۲) معشوق ۔ **جان کا جنجال** ۔ گرانِ خاطر ۔ دوبھر ۔ وبالِ جان ۔ **جان کا روگ ۔ یا ۔ عذاب** ۔ عیش و آرام میں خلل ڈالنے والا ۔ زندگی کو بے لطف کرنے والا ۔ **جان کاہ** (ف) جان گداز ۔ جان گھلانے والا ۔ بالعموم کسی سخت حادثے یا واقعے پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ **جان کسی پر دینا** ۔ کسی پر مرنا ۔ والہ اور شیدا ہونا ۔ مفتون ہونا ۔ کسی پر فریفتہ یا عاشق ہونا ۔ **جان کندنی یا جان کنی** (ف) مؤنث (۱) دم توڑنے کی حالت ۔ موت کے وقت سانس کا اکھڑنا ۔ نزع (۲) اذیت ۔ عذاب ۔ **جان کو جان نہ سمجھنا** (ف) جان کا خیال نہ کر کے سخت محنت و مشقت کرنا ۔ **جان کو رونا** ۔ کسی سے تکلیف اٹھا کر اسے بددعا دینا ۔ **جان کھانا ۔ یا ۔ جان کو کھانا** ۔ تکلیف دینا ۔ ستانا ۔ تنگ کرنا ۔ **جان کھونا** ۔ (ع) مرنا ۔ جان دینا ۔ ہلاک ہونا ۔
جان کی امان ۔ مؤنث ۔ جان بخشی ۔ رہائی ۔ عفو ۔ معافی ۔ **جان کی جان گئی، ایمان کا ایمان گیا** ۔ مثل ۔ ہر طرح نقصان ہی نقصان ہوا ۔ دین کے رہے نہ دنیا کے ۔ **جان کے برابر رکھنا** ۔ جان سے جدا نہ کرنا ۔ نہایت عزیز رکھنا ۔
جان کے لالے پڑنا ۔ زندگی کی آس نہ رہنا ۔ جینے کی امید نہ رہنا ۔
جان گداز (ف) جان گھلانے والا ۔ جان لینے والا ۔ **جان گدازی** ۔ مؤنث ۔ جان کا گھلانا ۔ جان کی ہلاکت ۔ **جان لڑانا** (ف) جان دینے پر تیار ہونا ۔ دل سے کوشش کرنا ۔ **جان لینا** (۱) مارنا ۔ ہلاک کرنا (۲) دِق کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ **جان لیوا** ۔ دشمن ۔ جان کا خواہاں ۔ **جان مارنا** (۱) بے حد محنت و مشقت کرنا (۲) تکلیف دینا ۔ ستانا ۔ عاجز کرنا ۔ **جانِ من** (ف) (۱) میری جان (۲) (مجازاً) چھیتے بیٹے، بیوی یا معشوق کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ **جان میں جان آنا** (ف) خوشی حاصل ہونا ۔ تسکین ہونا ۔ تسلی و تشفی پانا ۔ **جان نثار** (ف) (۱) جان قربان کرنے والا ۔ جان باز ۔ جو اپنی جان کسی کے لیے عزیز نہ رکھے (۲) وہ مردہ، جو دم نکلنے کے بعد رونے کی چیخ پکار سے یکایک زندہ ہو جائے، پھر نہایت سختی سے جان دے ۔ **جان نثاری** ۔ مؤنث (۱) جان فشانی ۔ جان بازی (۲) خیر خواہی ۔ جفاکشی (۳) تن دہی ۔ **جان نکلنا** (ف) (۱) مرنا ۔ ہلاک ہونا ۔ دم نکلنا (۲) کسی پر عاشق ہونا (۳) ہمت ہارنا ۔ دم خشک ہونا ۔ **جان ور ۔ جانور** (ف) مذکر (۱) کیڑا مکوڑا ۔ ذی روح ۔ جان دار ۔ حیوان (۲) درند ۔ چرند ۔ چوپایہ (۳) پرند ۔ پکھیرو (۴) گھوڑا (۵) وحشی ۔ غیر مانوس (۶) بے وقوف ۔ احمق ۔
جان ور (جانور) ہی تو تھا (ف) مثل ۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی با اختیار حاکم کسی کی طرف داری میں انصاف کا خون کر کے الٹا اور بالکل ناجائز حکم دے ۔
جان ہار (۱) جان دینے کو تیار ۔ جینے کی باتیں نہ کرنے والا (۲) بے حد عقل مند یا بہادر آدمی (۳) عمر اور حیثیت سے بڑھ کر کام کرنے والا (۴) نہایت شریر ۔ آفت کا پرکالہ ۔ **جان ہلکان کرنا** (ع) ہلاک کرنا ۔ تکلیف دینا ۔ ستانا ۔
جان ہے تو جہان ہے ۔ مثل ۔ زندگی ہی کے ساتھ دنیا کا لطف ہے ۔
جانی (۱) جان سے نسبت رکھنے والا (۲) (ف) دلارا، دوست، معشوق، محبوب، پیارا، جانِ من ۔ **جانی دشمن** (ف) مذکر ۔ ہلاک کرنے کے درپے رہنے والا دشمن ۔ **جانی دوست** ۔ مذکر ۔ دلی دوست ۔

جاناں (جا۔ناں) (ف) معشوق ۔ جانِ جان ۔ دلدار ۔ پیارا ۔
جانب (جا۔نب) (ع) مؤنث ۔ طرف ۔ رخ ۔ پہلو ۔ **جانب دار** (ع۔ف)

طرف دار۔ مددگار۔ حمایتی۔ حامیِ کار۔ **جانب داری**۔ مؤنث۔ طرف داری۔ حمایت۔ ساتھ۔ **جانب داری کرنا** (و) ساتھ دینا۔ حمایت کرنا ؛

جانبین (ع) مذکر۔ دونوں طرف کے لوگ۔ طرفین۔ فریقین ؛

جانتا (جان۔ تا) (ہ) مذکر۔ آل اولاد ؛

جانچ (جانچ) (ہ) مؤنث۔ شناخت۔ پرکھ۔ اٹکل۔ پڑتال۔ تخمینہ۔ قیاس ؛ **جانچنا**۔ معلوم کرنا۔ تاڑنا۔ تولنا۔ اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ آزمانا۔ پرکھنا ؛

جانگل (جان۔ گل) (ہ) مذکر (۱) مچھلی کھانے والا ایک پرندہ (۲) تیتر ؛ **جانگلو**۔ (گنوار) جنگلی۔ بے وقوف۔ احمق۔ اجڈ۔ وحشی ؛ **جانگلی**۔ مذکر (۱) ایک درخت (۲) وحشی۔ جنگلی (۳) دیہاتی ؛

جانگھ (جانگھ) (ہ) مؤنث۔ زانو۔ ران ؛ **جانگھیا**۔ مذکر۔ رانوں تک چھوٹا پاجامہ۔ گھٹنا۔ کچھنا ؛

جاوتری (جا۔ وت۔ تری) (ہ) مؤنث۔ جائفل کا پھول ؛

جاودان (جا۔ ودان) (ف) ہمیشہ ؛ **جاودانی** (۱) ہمیشہ۔ مدام۔ نت۔ سدا (۲) ازل سے ابد تک ؛

جاہ (جاہ) (ف) مذکر (۱) مرتبہ۔ منصب۔ درجہ۔ عزت۔ رتبہ (۲) عظمت۔ شان۔ جلال۔ بزرگی۔ شرف ؛ **جاہ وجلال** (ف۔ ع) مذکر۔ شان وشوکت۔ جبروت۔ عظمت۔ رعب داب ؛ **جاہ وحشم**۔ مذکر (۱) شان وشوکت۔ تجمل۔ ٹھاٹھ۔ لاؤ لشکر (۲) رفعت ومنزلت (۳) اقتدار۔ عزت۔ دولت ؛ **جاہ ومنزلت**۔ یا۔ **جاہ ومنصب**۔ مذکر (۱) قدر ومنزلت (۲) مرتبہ۔ رتبہ ؛

جاہل (جا۔ ہل) (ع) (۱) نادان۔ مورکھ (۲) بے علم۔ اَن پڑھ (۳) گستاخ۔ بے ادب۔ اجڈ۔ وحشی ؛ **جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو** (ک) مثل۔ اَن پڑھ فقیر پر شیطان سوار ہوتا ہے۔ علم اور عقل کے نہ ہونے سے جدھر جی چاہا، لے گیا ؛

جاہی جوہی (جا۔ ہی، جو۔ ہی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی چنبیلی (۲) ایک قسم کی آتش بازی ؛

جائداد (جا۔ ئداد) (ف) مؤنث۔ جاگیر۔ ملکیت۔ مال ومتاع۔ پونجی۔ مال اسباب۔ ملک ؛ **جائداد آبائی** (ف۔ ع) مؤنث۔ جدی وراثت۔ باپ دادا کی جاگیر ؛ **جائداد غیر منقولہ**۔ مؤنث۔ وہ جائداد، جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جائی جا سکے۔ مزروعہ یا سکونتی زمین۔ املاک۔ مکانات۔ زمین ؛ **جائداد مکفولہ**۔ مؤنث۔ رہن کی ہوئی جائداد ؛ **جائداد منقولہ**۔ مؤنث۔ وہ چیز، جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جا سکے، مثلاً روپیہ، زیور، بیل، گھوڑا، گاڑی وغیرہ ؛

جائز (جا۔ ئز) (ع) (۱) روا۔ صحیح۔ حق۔ مناسب۔ درست۔ بجا (۲) حسب ضابطہ۔ قانون کے مطابق۔ شرع کے موافق۔ مباح (۳) سگا۔ اصلی۔ صلبی (۴) مقبول۔ مستند (۵) منظوری کے لائق ؛ **جائز رکھنا** (۱) سچ ماننا۔ صحیح قرار دینا۔ منظور کرنا۔ ماننا (۲) حلال جاننا۔ مباح سمجھنا ؛ **جائز ولی**۔ مذکر (قانون) یتیموں کی حفاظت اور نگرانی کرنے والا ؛

جائزہ (جا۔ ئزہ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) انعام۔ بدلا۔ صلہ (۲) پڑتال کی علامت۔ درستی کا نشان (۳) جانچ۔ پڑتال (۴) شمار۔ گنتی۔ حاضری۔ موجودات ؛ **جائزہ دینا** (و) چارج دینا۔ حساب کتاب دینا ؛ **جائزہ لینا** (۱) جانچنا (۲) موجودات لینا ؛

جائفل (جا۔ ئفل) (معرب) (ہندی جائے پھل) مذکر۔ دیکھیے "جائے پھل" ؛

جائی (جا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ بیٹی۔ دختر۔ لڑکی ؛

جائیا (جا۔ ئیا) (ہ) مذکر (عو) (۱) مرنے جوگا (۲) تیز طبع (۳) چالاک۔ شریر ؛

جائی جوئی (جا۔ ئی، جو۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "جاہی جوہی" ؛

جائیسی (جا۔ ئی۔ سی) (ہ) مذکر۔ ملک محمد ساکن قصبہ جائیس، جو ہندی وفارسی کا بہت بڑا شاعر اور سنسکرت کا ماہر تھا ؛

جائے (جا۔ ئے) (ف) مؤنث (۱) جگہ۔ مقام۔ ٹھور ٹھکانا (۲) سمائی۔ گنجائش۔ وسعت ؛ **جائے استاد خالی ست** (ف۔ ع) مثل۔ استاد پھر بھی استاد ہے۔ اُس وقت بولتے ہیں، جب کوئی آدمی اچھی تجویز سجھائے یعنی ہم آپ کے شاگرد ہیں۔ اب آپ ہی کی کسر باقی تھی ؛ **جائے تنگ است ومرداں بسیار** (ف) مثل۔ تنگ جگہ میں بہت سے آدمی۔ چھوٹی مجلس میں زیادہ لوگ ؛ **جائے ضرور** (ف۔ ع) مذکر۔ دیکھیے "جا ضرور" ؛ **جائے ماجرا**۔ مؤنث۔ جرم واقع ہونے کی جگہ ؛

جائے پھل (جا۔ ئے پھل) (ہ) مذکر۔ اخروٹ ؛

جایا (جا۔ یا) (ہ) مذکر۔ بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔ ولد۔ خلف۔ لڑکا۔ پتر۔ پوت ؛

ج۔ب

جب (جَب) (ہ) جس وقت۔ تب۔ درحالیکہ ؛ **جب آنکھ بند کسی پیچھے کچھ ہی ہو** مثل۔ جب خود ہی مر گئے تو بعد میں کچھ ہوا کرے ؛ **جب پار اترے تو جوگی ماردی** مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی شخص کسی کام کے لیے منت مانے اور جب کام پورا ہو جائے تو اس کی نیت بدل جائے۔ پھر مانی ہوئی منت کی چیز خیرات کرنے کے بجائے یوں ہی کوئی نکمی سی چیز خدا کی راہ میں دے دے اور اس طرح دل کو تسلی دے لے کہ بس منت پوری ہو گئی ؛ **جب تک**۔ **جب تلک**۔ جس وقت تک۔ تاوقتیکہ ؛ **جب تک دم ہے تب تک غم ہے** (د) مثل۔ غم زندگی کا لازمہ ہے۔ دنیا میں بے غم نہیں رہا جاتا ؛ **جب تک رکابی میں بھات، تب تک میرا تیرا ساتھ** (ہ) مثل۔ اس خود غرض آشنا کے متعلق کہتے ہیں، جو صرف مطلب کے لیے محبت رکھے ؛ **جب تک سانس تب تک آس**۔ مثل۔ مرتے دم تک زندگی کی امید رہتی ہے ؛ **جب تورڑی** (گنوار) (عو) دیکھیے "جب تک" ؛ **جب دانت نہ تھے تب چنے تھے، جب دانت ہوئے تو چنے نہیں**۔ مثل۔ جب تک اولاد نہ تھی، خوش حال تھے۔ اب جو اولاد ہوئی، مفلسی ساتھ لائی ؛ **جب سر سے اتار لی، پھر کیا غم** (د) مثل۔ جب اپنی عزت نہیں تو دوسرے کی کیا پروا ؛ **جب کمر میں زور ہوتا ہے تب ہی مدار میاں بیٹا دیتے ہیں** مثل۔ جب کوئی شخص

خود ہمت کرتا ہے تو خدا بھی اس کی مدد کرتا ہے ۔ **جب لگی چاٹ تو سوجھی حلوائی کی ہاٹ**۔ مثل۔ کسی چیز کا چسکا لگ جائے تو انسان ناشدنی امور بھی اختیار کر لیتا ہے ۔ **جب ہاتھ میں لیا کانسا تو روٹیوں کا کیا سانسا** (ہ) جب بے عزتی اختیار کی تو روٹی کی کیا کمی ۔ **جب ہی۔ جبھی**۔ اُسی دم۔ اُسی گھڑی۔ اُسی وقت۔ فوراً ۔

جبّار (جَبْ-بَاْرْ) (ع) (۱) جبر یا سختی کرنے والا (۲) بزرگ۔ زبردست (۳) مذکر۔ خدا کا ایک نام ۔

جید۔ جیدّا (جَیْدْ، جَیْدْ-دَا) (ہ) (۱) سُست (۲) بھدّا (۳) بھاری (۴) سخت ۔

جبر (جَبْرْ) (ع) مذکر (۱) دباؤ۔ ستم۔ ظلم۔ زبردستی۔ بے رحمی۔ سختی۔ زیادتی (۲) حساب میں کسرات کا اختصار (۳) معاوضے کے طور پر کچھ زیادہ دینا (۴) کسر۔ ڈنڈ ۔ **جبراً** (جَبْ-رَنْ) ظلم سے۔ مجبور کر کے۔ زبردستی سے ۔ **جبراً لے لینا**۔ زبردستی چھین لینا۔ ناحق لے لینا ۔ **جبراً و قہراً**۔ (ع-ف) مجبوری سے۔ چاروناچار ۔ **جبر کرنا** (ہ) سختی کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ دبانا ۔ **جبر مجرمانہ** (ع-ف) مذکر۔ ایسا جبر، جو جرم قرار دیا جائے ۔ **جبر نقصان** (ع) مذکر۔ تاوان۔ نقصان کا معاوضہ ۔ **جبر و تعدّی**۔ مؤنث۔ زبردستی۔ جور و جفا۔ ظلم و ستم ۔ **جبر و مقابلہ** (ع-ف) مذکر۔ فن ریاضی کی ایک شاخ، جس میں علامات و حروف کے ذریعے سے عمل کر کے معلومہ مقداروں کے وسیلے سے مجہولہ مقداریں دریافت کی جاتی ہیں ۔

جبرائیل۔ جبرَیل۔ جبریل (جِبْ-رَا-اِیْلْ، جِبْ-رَ-اِیْلْ، جِبْ-رِیْلْ) (ع) مذکر۔ وہ خاص فرشتہ، جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے رسولوں کو احکام پہنچایا کرتا تھا ۔

جبروت (جَبْ-رُوْتْ) (ع) مذکر (۱) بزرگی۔ عظمت (۲) تکبر (۳) صفاتِ الٰہی۔ آسمانی عظمت و جلال کا عالم ۔

جبڑا (جَبْ-ڑَا) (ہ) مذکر۔ اوپر نیچے کے دانتوں کی بناوٹ، جس سے غذا کھائی اور ہر سخت و نرم چیز چبائی جاتی ہے۔ جبانہ۔ کلّہ ۔ **جبڑا توڑ**۔ زور آور۔ زبردست۔ منہ توڑ ۔

جبل (جَبَلْ) (ع) مذکر۔ پہاڑ ۔

جبلّت (جِبِلْ-لَتْ) (ع) مؤنث۔ اصلی طبیعت۔ فطرت۔ سرشت ۔ **جبلّی**۔ فطری۔ طبعی۔ اصلی۔ پیدائشی۔ خلقی۔ قدرتی ۔

جبن (جُبْنْ۔ جُبُنْ) (ع) مذکر (۱) کم ہمتی۔ بزدلی (۲) پنیر۔ سفید مادہ، جو دودھ پھاڑ کر نکالا جاتا ہے ۔

جبّو (جَبْ-بُوْ) (ہ) مؤنث۔ زبان ۔

جبّہ (جُبْ-بَہْ) (ع) مذکر۔ علماء کے پہننے کی ایک قسم کی عربی و رومی پوشاک۔ جامہ۔ چوغہ ۔

جبھا (جَبْھَا) (ہ) مذکر (عو) دلیری۔ عالی ہمتی ۔

جبہہ (جَبْ-ہَہْ) (ع) مذکر۔ پیشانی۔ ماتھا۔ جبین ۔ **جبہہ سائی**، (ع، ف) مؤنث۔ ماتھا رگڑنا۔ ناک رگڑنا۔ منت و سماجت کرنا ۔

جبیا (جِبْ-یَا) (ہ) مؤنث (عوام) زبان ۔

جبین (جَبِیْنْ) (ف) مؤنث۔ پیشانی۔ ماتھا ۔

ج-پ

جپ (جَپْ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) تسبیح یا مالا کے ذریعے سے ورد و وظیفہ۔ پرستش۔ بندگی (۲) افسون۔ منتر۔ جادو (۳) جپنا کا امر ۔ **جپ تپ**۔ مؤنث۔ ریاضت۔ عبادت۔ بندگی۔ پوجا ۔ **جپ جی**۔ مؤنث۔ سکھوں کی ایک مقدس کتاب ۔ **جپ کرانا**۔ کسی مراد یا مطلب یا مریض کی صحت کے لیے پوجا پاٹ کرانا یا منتر پڑھوانا ۔ **جپ مالا**۔ مؤنث۔ سُمرن۔ تسبیح۔ پوجا کرنے کی مالا ۔ **جپنا** (۱) مالا پھیرنا۔ تسبیح پھیرنا۔ اللہ تعالیٰ کا نام لینا (۲) ورد کرنا۔ بار بار کہنا۔ رٹنا ۔ **جپنی**۔ مؤنث (۱) مالا۔ تسبیح (۲) (عو) رٹ۔ وظیفہ۔ ورد ۔ **جپی تپی**۔ مذکر۔ پجاری۔ بھگت۔ مرتاض۔ زاہد۔ عابد ۔

ج-ت

جتاساری۔ جتساری (جَتَا-سَا-رِیْ، جَتْ-سَا-رِیْ) (ہ) مؤنث۔ چکی پیستے وقت عورتوں کا گیت ۔

جتانا۔ جتلانا (جَتَا-نَا، جَتْ-لَا-نَا) (ہ) (۱) بتانا۔ ہوشیار کرنا۔ آگاہ کرنا (۲) کان کھولنا۔ فہمائش کرنا (۳) یاد دلانا (۴) اشارہ کرنا۔ ایما کرنا (۵) ہدایت کرنا۔ رہنمائی کرنا (۶) ہوش میں لانا ۔

جِتانا۔ جِتوانا (جِتَا-نَا، جِتْ-وَا-نَا) (ہ) بازی دلوانا۔ غالب کرانا ۔

جُتانا (جُتَا-نَا) (ہ) جوتنا کا متعدی ۔ **جُتائی**۔ مؤنث۔ کھیت کا جوتنا ۔ **جُتاؤ**۔ جوتنے کے قابل ۔

جتن (جَتَنْ) (ہ) مذکر (۱) تدبیر۔ تجویز۔ فکر۔ بندوبست (۲) دوا۔ علاج (۳) مشقت۔ محنت (۴) فعل۔ کرتوت۔ کام (۵) طریقہ۔ ڈھنگ (۶) سنسار۔ دنیا (۷) مکر و فریب۔ بہانہ (۸) کوشش۔ سعی (۹) استقلال۔ استحکام ۔ **جتنی** (۱) جتن کرنے والا۔ تدبیر کرنے والا۔ چالاک۔ محنتی (۲) بالوں کی رسّی یا ڈوری، جو چرخے کی پنکھڑیوں کے کناروں پر مال کے ٹکاؤ کے لیے باندھی جاتی ہے ۔

جتنا (جِتْ-نَا) (ہ) (۱) جو کچھ۔ جس قدر (۲) تمام۔ کُل۔ سارا۔ سب ۔ **جتنا چھانو اتنا ہی کرکرا**۔ مثل۔ جتنا زیادہ وہم ہو، اتنا ہی زیادہ نقص نکلتا ہے ۔ **جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا**۔ مثل۔ پست قد یا کم عمر دشمن کے متعلق کہتے ہیں کہ اس چھوٹے کو چھوٹا نہ جانو، یہی سب سے زیادہ کھوٹا ہے ۔ **جتنا گڑ ڈالو اتنا ہی میٹھا ہوتا ہے**۔ مثل۔ جتنا خرچ کرو گے، اتنا ہی کام اچھا ہوگا ۔ **جتنی چادر دیکھیے اتنے ہی پاؤں پھیلائیے**۔ مثل۔ اپنی آمدنی اور بساط کے مطابق چلنا چاہیے۔ اپنی حیثیت کے موافق کام کرنا چاہیے ۔

جتنی دیگ، اُتنی کھرچن (۹) مثل ۔ جتنا زیادہ مال ہوگا، اُتنا ہی زیادہ نفع ہوگا ﴿ جتنے دم اُتنے ہی غم ۔ مثل ۔ جتنے آدمی زیادہ ہوں، اُتنی ہی فکر زیادہ ہوتی ﴿ جتنے منہ اُتنی ہی باتیں (۹) مثل ۔ ہر شخص کی رائے یا اعتراض الگ ہوتا ہے ﴿

جُتنا (جُت ۔ نا) (ہ) (۱) بیلوں وغیرہ کا ہل یا گاڑی میں لگنا (۲) بہت مصروف ہونا (۳) لڑنا ۔ بھڑنا (۴) محنت کرنا ۔ کوشش کرنا (۵) تھل کرنا ﴿

جتھا (جَتھا) (ہ) مذکر (۱) ٹولی ۔ جماعت ۔ گروہ ۔ منڈلی (۲) مجمع ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ انبوہ (۳) اصل ۔ پونجی ۔ سرمایہ (۴) اتفاق ۔ ایکا (۵) بل ۔ زور ۔ طاقت ﴿ **جتھا باندھنا** ۔ ایکا کرنا ۔ متفق ہونا ۔ جماعت باندھنا ﴿

جتی (جَتی) (ہ) (۱) مجرد ۔ کنوارا ۔ جس نے شادی نہ کی ہو (۲) اپنی بیوی کے سوا دوسری کے پاس نہ جانے والا (۳) جوگی ۔ سنت ۔ سنیاسی ﴿ **جتی ستی** (۱) پارسا ۔ نیک (۲) تارک الدنیا ۔ مجرد ﴿

جُتیانا (جُت ۔ یا ۔ نا) (ہ) جوتیاں مارنا ۔ پیٹنا ۔ زدوکوب کرنا ۔ مارنا ﴿

ج ۔ ٹ

جَٹ (جَٹ) (ہ) مذکر ۔ جاٹ کا مخفف ﴿ **جٹوا** ۔ مذکر ۔ جاٹوں کی ایک گوت ﴿ **جٹوارا** ۔ مذکر ۔ جاٹوں کا علاقہ ۔ جاٹوں کا محلہ ۔ جاٹوں کے رہنے کی جگہ ﴿ **جٹی** ۔ مؤنث (۱) جیٹھی (۲) (پ) جاٹ کی بیوی ﴿

جُٹ (جُٹ) (ہ) مؤنث (۱) جوڑی ۔ جوڑا ۔ جفت (۲) دو متفق اور متحد آدمی یا چیزیں (۳) نظیر ۔ ثانی ۔ ہمسر (۴) جٹنا کا امر ﴿ **جُٹنا** (۱) پیوند ہونا ۔ ملنا ۔ بھڑنا (۲) سازش کرنا (۳) لپٹنا ۔ چمٹنا (۴) مجامعت کرنا ۔ ہم بستر ہونا (۵) پیچھے پڑنا ۔ سر ہونا ﴿ **جُٹی** (جُٹ ۔ ٹی) مؤنث (ہندو) (۱) پیوستہ ۔ پاس پاس (۲) اوپر نیچے رکھے ہوئے روپے یا پیسے (۳) اوپر نیچے رکھی ہوئی بہت سی روٹیاں (۴) سوکھے تمباکو کی گڈی ۔ بنڈل ﴿ **جُٹی بھویں** ۔ مؤنث ۔ جڑی ہوئی بھویں ۔ پیوستہ ابرو ﴿

جٹا (جَٹا) (ہ) مؤنث (۱) لمبے لمبے بال ۔ جوڑا ۔ چوٹی ۔ گندھے ہوئے بال (۲) بڑی رسی ۔ رسا (۳) بڑی ڈاڑھی ۔ جڑ ﴿ **جٹا دھاری** (۱) بالوں کی بڑی بڑی لٹوں والا ۔ لمبے بالوں والا (۲) مذکر ۔ مہادیو ۔ شوجی (۳) مذکر ۔ سر پر بال رکھنے والا بڑا سانپ (۴) مذکر ۔ کیسر ۔ زعفران ﴿ **جٹاماسی** ۔ یا ۔ ماسی ۔ مؤنث ۔ بالچھڑ ۔ سنبل الطیب ﴿

جٹھانی (جِٹھا ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "جیٹھانی" ﴿ **جٹھانی کا بھینسا اگرٹ دھوں دھوں** ۔ مثل ۔ دوسرے کی اولاد موٹی تازی نظر آتی ہے اور اپنی موٹی تازی بھی ہو تو کمزور معلوم ہوتی ہے ﴿

جَٹی بُٹی (جَٹی ۔ بُٹی) (ہ) مؤنث (عو) جڑی بوٹی ﴿

ج ۔ ث

جُثّہ (جُث ۔ ثہ) (ع) مذکر (۱) جسم ۔ بدن ۔ تن ۔ انگ (۲) جسم کی بناوٹ ۔ کاٹھی (۳) نعش ۔ لاش (۴) جسامت ﴿

ج ۔ ج

جج (جَج) (انگ ۔ Judge) مذکر ۔ منصف ۔ فیصلہ کرنے والا ﴿ **ججی** (ف) مؤنث (۱) جج کا عہدہ (۲) جج کا کام (۳) جج کی کچہری ﴿

ججمان (جَج ۔ مان) (ہ) مذکر (۱) ہون کے لیے پانڈوں کو نوکر رکھنے والا ۔ یگیہ کرنے والا (۲) مؤکل ۔ مربی ۔ آقا ۔ مخدوم ۔ وہ شخص جس سے نائی برہمن وغیرہ نفع کا حق رکھیں ﴿ **ججمانی** ۔ مؤنث (۱) ججمان کی بیوی (۲) وہ روپیہ جو ججمان کو دیا جائے ﴿

ججھ (ججھ) (ہ) مذکر ۔ لڑائی ۔ معرکہ ۔ کارزار ۔ جنگ ﴿

ج ۔ چ

جچ (جَچ) (ہ) جچنا کا امر ﴿ **جچا** (۱) جچنا سے ماضی مطلق (۲) جچنا سے اسم مفعول ہوگا کے حذف سے ۔ قیاس میں آیا ہوا ۔ آنکا ہوا ﴿ **جچا تلا** ۔ یا ۔ **جچی تلی** ۔ تولی ہوئی ۔ درست ۔ ٹھیک ﴿ **جچنا** (۱) اندازہ ہونا ۔ آنکنا ۔ تلنا (۲) امتحان ہونا ۔ آزمایا جانا (۳) قیمت لگنا (۴) وقعت ہونا (۵) مشخص ہونا (۶) یقین کو پہنچنا ۔ ثابت ہونا ﴿

جچّا (جَچ ۔ چا) (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) زچّہ ۔ وہ عورت جس کے بچہ پیدا ہوا ہو ﴿

ج ۔ ح

جحیم (جَحیم) (ع) مذکر ۔ دوزخ ﴿

ج ۔ د

جد (جَدّ) (ع) مذکر ۔ باپ کا باپ ۔ دادا ﴿ **جَدّہ** ۔ مؤنث ۔ دادی ۔ نانی ﴿ **جدّی** (۱) ایک دادا کی اولاد (۲) باپ دادا کی ۔ موروثی ۔ آبائی ﴿

جِدّ (جِدّ) (ع) مؤنث ۔ کوشش ۔ جانفشانی ۔ پیروی ۔ دوڑ دھوپ ۔ سعی ۔ محنت ﴿ **جدّ و جہد** ۔ مؤنث ۔ کوشش ۔ سعی ۔ مشقت ۔ محنت ﴿

جُدا (جُدا) (ف) (۱) الگ ۔ علیحدہ (۲) مختلف (۳) نرالا (۴) بچھڑا ہوا ﴿ **جدا جدا** (ف) (۱) ایک ایک کرکے ۔ علیحدہ علیحدہ ۔ الگ الگ (۲) تفصیل وار ﴿ **جدا کرنا** (۱) الگ کرنا ۔ علیحدہ کرنا (۲) ہٹانا (۳) توڑنا ۔ کاٹنا (۴) نکالنا (۵) نفاق ڈالنا ﴿ **جداگانہ** (ف) الگ ۔ علیحدہ ۔ ایک طرف ﴿ **جدائی** ۔ مؤنث ۔ مفارقت ۔ تفرقہ ۔ علیحدگی ﴿

جدّت (جِد ۔ دَت) (ع) مؤنث ۔ تازگی ۔ نیاپن ۔ ندرت ﴿

جدل (جَدَل) (ع) مؤنث ۔ جنگ ، لڑائی ، کارزار ، معرکہ ﴿

جدوار (جَد ۔ وار) (ع) مؤنث ۔ زہر دور کرنے والی گانٹھ کی سی ایک دوا ۔ نرلبسی ﴿

جدول (جَدْ۔ وَل) (ع) مؤنث (۱) ناتی (۲) نہر (۳) روش (۴) سیاہ یا سرخ لکیر جو صفحے کے اردگرد تحریر سے باہر کھینچی جاتی ہے ۔

جدّہ (جِدْ۔ دَہ) (ع) مذکر۔ عرب کا مشہور شہر ۔

جدّھر ۔ جدّھر (جَدْ۔ دَھر ۔ جِدْ۔ دَھر) (ع) مذکر۔ لڑائی۔ جنگ ۔ کارزار ۔ معرکہ ۔

جدھر (جِدھَر) (ہ) جس طرف۔ جس مقام پر ۔ جس جگہ ۔ جہاں ۔ جدھر تدھر ۔ جہاں تہاں ۔ جہاں وہاں ۔ جدھر رب اُدھر سب (۱) مثل ۔ جس طرف خدا ہو جائے ، اسی طرف سب ہو جاتے ہیں ۔

جدی (جَدْ۔ ی) (ع) مذکر (۱) (معنوی) بکرا ۔ بزغالہ (۲) (اصطلاحی) بزغالے کی شکل کا ایک آسمانی برج ، جو ہندی میں مکر کہلاتا ہے (۳) قطب شمالی کے قریب ایک ستارہ ۔

جدید (جَدِیْد) (ع) (۱) نیا ۔ حال کا ۔ تازہ (۲) شعروں کی ایک بحر ۔

ج ۔ ذ

جذام (جُذَام) (ع) مذکر۔ خون کے بگڑنے کی بیماری جس میں بدن گل جاتا ہے ۔ کوڑھ ۔

جذامی (ع۔ ف) مذکر۔ کوڑھی ۔ جذام کا بیمار ۔

جذب (جَذْب) (ع) مذکر (۱) کشش ۔ کھینچ ۔ کھچاؤ (۲) چوسنا ۔ جذب کرنا (۱) کھینچنا ۔ چوسنا (۲) اپنی طرف کھینچنا ۔ مائل کرنا ۔ جذبات (جَذْ۔ بَات) (ع) مذکر۔ جذبہ کی جمع ۔ ولولے ۔ جذباتِ دلی (ع۔ ف) مذکر۔ دلی خواہشیں ۔ دلی کشش ۔ جذباتِ طبعی ۔ مذکر۔ قدرتی خواہشیں ۔ فطری ولولے ۔ جذبہ (ع) مذکر (۱) دلی ولولہ ۔ قلبی کشش ۔ جوشِ دل (۲) سچی توجہ ۔ شوق (۳) غضب ۔ غصہ ۔

جذر (جَذْر) (ع) مذکر (۱) مول ۔ جڑ ۔ اصل (۲) (حساب) دوسرے درجے کا گھاتانک ۔ جس عدد کو اسی سے ضرب دی جائے ، اسے جذر اور اس کے حاصل ضرب کو مجذور کہتے ہیں ۔

ج ۔ ر

جرّ (جَرّ) (ع) مذکر (۱) کھچاؤ ۔ کشش (۲) کسرہ ۔ زیر ۔ جرِّ ثقیل ۔ مذکر (۱) بھاری بوجھ کو آسانی سے اٹھانے کا علم ۔ جر ثقیلوں کا علم (۲) بھاری بوجھ ۔

جُراب (جُرْ۔ رَاب) (ف) مؤنث ۔ موزہ ۔

جرأت (جُرْ۔ اَت) (ع) مؤنث (۱) بہادری ۔ شجاعت ۔ مردانگی ۔ دلیری (۲) چالاکی ۔ بیباکی ۔

جراثیم (جَرَا۔ ثِیْم) (ع) مذکر۔ جرثومہ کی جمع ۔ ننھے ننھے کیڑے ، جو ہر چیز میں موجود ہوتے اور بیماری کا سبب بنتے ہیں ۔

جرّاح (جَرْ۔ رَاح) (ع) مذکر۔ زخم کا علاج کرنے والا ۔ چیرا لگانے والا ۔ فصاد ۔ سرجن ۔ جراحت ۔ مؤنث ۔ گھاؤ ۔ زخم ۔ ریش ۔

جرّاحی ۔ مؤنث ۔ زخم کے علاج کرنے کا پیشہ ۔ ڈاکٹری ۔ چیر پھاڑ ۔ سرجری ۔

جرّار (جَرْ۔ رَار) (ع) (۱) بہت بھاری (لشکر) (۲) (ف) دلیر ۔ دلاور ۔ بہادر ۔ جنگ جو ۔ سورما (۳) کھینچنے والا ۔ تیز رفتاری سے روکنے والا ۔

جرائد (جَرَا۔ اِد) (ع) مذکر۔ جریدہ کی جمع ۔ اخبارات ۔

جرائم (جَرَا۔ اِم) (ع) مذکر۔ جرم کی جمع ۔ بہت سے جرم ۔ گناہ ۔ جرائم خلاف وضع فطری ۔ مذکر۔ قدرتی طریقے کے خلاف کام مثلاً لڑکوں ، چوپایوں وغیرہ سے بدفعلی ۔ جرائم مقابلۂ سرکار ۔ مذکر۔ حکومت کے مقابلے میں جنگ کرنا ۔ ایسے جرم میں سازش کرنا ۔ فوج کے ذریعے سے سرکار کو دھمکانا ۔

جرح (جَرْح) (ع) مذکر (۱) گھاؤ ۔ زخم (۲) (قانون) مؤنث ۔ سوال جواب ۔ گرفت ۔ اعتراض ۔ عذر ۔ جرح کرنا (ف) پوچھنا ۔ اعتراض کرنا ۔ جرح کے سوالات ۔ مذکر۔ گواہ پر وکیل کے سوالات ۔

جرس (جَرَس) (ف) مذکر۔ گھنٹا ۔ گھڑیال ۔ درا ۔

جرعہ (جُرْ۔ عَہ) (ع) مذکر۔ گھونٹ ۔ دوا کی ایک خوراک ۔

جرگر (جَرْ۔ گَر) (ف) مذکر۔ گردہ ۔

جِرم (جِرْم) (ع) مذکر (۱) بدن ۔ جسم ۔ تن ۔ دھڑ (۲) نورانی جسم ۔

جرم (جُرْم) (ع) مذکر۔ خطا ۔ قصور ۔ گناہ ۔ پاپ ۔ دوش ۔ جرم قابلِ دست اندازی (ع۔ ف) مذکر۔ وہ جرم جس میں پولیس کا ملازم قانوناً وارنٹ کے بغیر مجرم گرفتار کر سکتا ہے ۔ جرم قابل ضمانت ۔ مذکر۔ وہ جرم جس میں ضمانت لی جا سکے ۔ جرم کا اقدام (ف) مذکر۔ جرم کرنے میں کوشش کرنا ۔ جرم واجب القتل ۔ مذکر۔ ایسا جرم جس سے مجرم کا قتل ہونا ضروری ہو ۔ جرمانہ (ف) مذکر۔ مالی سزا ۔ تاوان ۔ ڈنڈ ۔

جرمن (جَرْ۔ مَن) (انگ ۔ German) مذکر (۱) جرمنی کا باشندہ (۲) مؤنث ۔ جرمنی کی زبان (۳) جرمنی کا بنا ہوا ۔ جرمن سلور (German silver) مؤنث ۔ ایک سفید مرکب دھات ۔ جرمنی (Germany) مذکر۔ فرانس کے شمال میں ایک ملک ۔

جرنل (جَرْ۔ نَل) (انگ ۔ Journal) مذکر۔ روزانہ اخبار ۔ روزنامچہ ۔ جرنلسٹ (Journalist) مذکر۔ اخبار نویس ۔ صحافی ۔

جروا (جَرْ۔ وَا) (ہ) مؤنث ۔ جورو کی تصغیر ۔ بیوی ۔ استری ۔ لگائی ۔

جرّہ (جُرْ۔ رَہ) (ف) مذکر۔ باز نر ۔

جرّی (جَرِی) (ع) بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع ۔ دل چلا ۔ سورما ۔

جری ۔ جرّی (جِرِی ۔ جَرِی) (ہ) مؤنث ۔ تپ مزمنہ ۔ دائمی بخار ۔

جریان (جَرَیَان) (ع)
جرَیان (جِرْ۔ یَان) (ف) } مذکر (۱) روانی ۔ بہاؤ (۲) ایک بیماری جس میں ذکر سے اپنے آپ منی نکلتی رہتی ہے ۔

جریب (جَرِیْب) (یونانی) مؤنث (۱) ایک خاص پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے ۔ ہندوستانی ساٹھ اور انگریزی چھپن گز کی زنجیر جو بیس گٹھے کی ہوتی ہے ۔

(۲) (ع) چوب ۔ عصا ۔ جریب ڈالنا (ف) کھیت یا زمین کی پیمائش شروع کرنا ۔ زمین ناپنا ۔ جریب کش (ف) جریب کھینچنے والا شخص ۔ زمین ناپنے والا ۔ پیمائش کرنے والا ۔

جریدہ (جَرِیْ ۔ دَہْ) (ع) (۱) اکیلا ۔ تنہا ۔ مفرد ۔ مجرّد (۲) (اصطلاحاً) مذکر ۔ اخبار ۔ رسالہ ۔

ج ۔ ڑ

جَڑ (جَڑْ) (ہ) مؤنث (۱) بیخ ۔ بُن ۔ اصل ۔ مول (۲) بنیاد ۔ بنا ۔ اساس ۔ جڑ اکھیڑنا (۱) بنیاد کھودنا ۔ بیخ کنی کرنا (۲) نیست و نابود کرنا ۔ مٹانا ۔ جڑ بیج ۔ جڑ پیڑ ۔ جڑ مول ۔ مذکر ۔ بیخ و بنیاد ۔ بیخ و بُن ۔ جڑ پکڑنا ۔ مضبوط ہونا ۔ استحکام ہونا ۔ جمنا ۔ جڑ پیڑ سے اُکھاڑنا ۔ یا ۔ کھود کر پھینکنا ۔ بنیاد کھودنا ۔ مٹانا ۔ نیست و نابود کرنا ۔ استیصال کرنا ۔ جڑی ۔ مؤنث (۱) جڑ ۔ وہ دوا، جو کسی درخت کی جڑ ہو (۲) مرچی کھنڈی کی جڑ، جو سانپ کے کاٹے پر تریاق کا اثر رکھتی ہے ۔ جڑی بوٹی ۔ مؤنث ۔ جڑیں، پتے وغیرہ، جو دواؤں کام آتے ہیں ۔ دوا دارو ۔ جَڑِیلا (مذکر) جَڑِیلی (مؤنث) وہ شلغم یا مولی، جس میں جڑیں نکل کر سختی آگئی ہو ۔

جَڑ (جَڑْ) (ہ) جڑنا کا امر ۔ جَڑاؤ ۔ جواہرات سے جڑا ہوا ۔ مرصع ۔ جَڑائی ۔ مؤنث (۱) جواہرات وغیرہ کے لگوانے کی اُجرت ۔ جڑوانے کی مزدوری (۲) جڑنے کا کام ۔ جَڑنا (۱) کسی چیز میں بٹھانا (۲) ملانا ۔ جوڑنا ۔ وصل کرنا ۔ (۳) لگانا ۔ مارنا (۴) شکایت کرنا ۔ بدگوئی کرنا (۵) دعویٰ کرنا ۔ نالش کرنا ۔ جڑیا ۔ مذکر (۱) زیور میں جواہرات جڑنے والا ۔ مرصع ساز (۲) یار ۔ آشنا ۔ بشنی ۔

جُڑ (جُڑْ) (ہ) جڑنا کا امر ۔ جُڑنا (۱) پیوند ہونا ۔ ملنا (۲) چسپاں ہونا ۔ چپکنا ۔ (۳) شریک ہونا ۔ شامل ہونا (۴) مباشرت کرنا ۔ مجامعت کرنا (۵) اکٹھا ہونا، جمع ہونا (۶) (عو) حاصل ہونا ۔ میسر ہونا (۷) گاڑی وغیرہ میں گھوڑے یا بیل کا لگنا ۔ جُتنا ۔ جُڑواں ۔ مذکر ۔ دو بچے، جو اکٹھے پیدا ہوں ۔

جڑاور ۔ جڑاول (جڑا ۔ وَر، جڑا ۔ وَل) (ہ) مؤنث ۔ گرم کپڑے ۔ جاڑے کے کپڑے ۔

ج ۔ ز

جُز (جُزْ) (ف) (۱) سوا ۔ بدوں ۔ ماسوا ۔ بہ استثناء ۔ قطع نظر (۲) (ع) پارہ ۔ ٹکڑا ۔ حصہ ۔ جُز بندی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ کتاب کے اجزا دھاگے سے سینا ۔ جُزدان ۔ مذکر ۔ کتاب رکھنے کا بستہ ۔ جُزرس (۱) کنجوس ۔ بخیل ۔ کم خرچ (۲) ذکی ۔ ذہین ۔ نکتہ رس ۔ جُزرسی ۔ مؤنث (۱) تھوڑی تھوڑی بات کا خیال رکھنا ۔ کنجوسی ۔ بخیلی ۔ کفایت شعاری (۲) ذکاوت ۔ ذہانت ۔ نکتہ رسی ۔ جُز و کُل ۔ سارے کا سارا ۔ پورے کا پورا ۔ سرتاسر ۔ تمام و کمال ۔ بالکل ۔ جُزو (ع) مذکر (۱) پارہ ۔ حصہ ۔ ٹکڑا ۔ ریزہ (۲) (کتب فروشوں کی اصطلاح) سولہ صفحے یا آٹھ ورق کا مجموعہ ۔ جُزوِ بدن ہونا (ف) کسی شے کا اچھی طرح ہضم ہو کر خون میں شامل ہو جانا ۔ انگ لگنا ۔ جُزوِ لا یتجزّیٰ (ع) مذکر ۔ وہ حصہ، جو نہایت باریکی کے سبب جدا نہ ہو سکے ۔ جُزوِ لا ینفک ۔ مذکر ۔ وہ حصہ، جو الگ نہ ہو سکے ۔ جُزوی ۔ جُزئی ۔ قلیل ۔ خفیف ۔ تھوڑا سا ۔ ذرا سا ۔ جُزویات ۔ جُزئیات ۔ مذکر (۱) چھوٹے چھوٹے امور ۔ حصے (۲) افراد ۔

جَزا (جَزَا) (ع) مؤنث (۱) صلہ ۔ عوضانہ ۔ بدلا ۔ تلافی (۲) حاصل ۔ پھل ۔ نتیجہ ۔ جَزاکَ اللہ (ندا) خدا تجھے نیک صلہ دے ۔ مرحبا ۔ شاباش ۔

جزائر (جَزَا ۔ اِرْ) (ع) مذکر ۔ جزیرہ کی جمع ۔

جِزبِز (جِزْ ۔ بِزْ) (ف) آزردہ ۔ ناراض ۔ جِزبِز ہونا ۔ آزردہ ہونا ۔ تنگ ہونا ۔ بھچنا ۔

جزر (جَزْرْ) (ع) مذکر ۔ سمندر کے پانی کا اتار ۔ بھاٹا ۔ جَزر و مَد ۔ مذکر ۔ چاند کی کشش کے باعث سمندر کا اتار چڑھاؤ ۔

جَزَع (جَزْعْ) (ع) مذکر ۔ مہرۂ سلیمانی ۔

جَزَع (جَزَعْ) (ع) مؤنث ۔ گھبراہٹ ۔ بے صبری ۔ جَزَع فَزَع ۔ مؤنث ۔ گریہ و زاری ۔

جَزم (جَزْمْ) (ع) مذکر (۱) پکا ۔ مضبوط ۔ مصمم (۲) حرف کو ساکن کرنا (۳) حرف ساکن کی علامت ۔

جزیرہ (جَزِیْ ۔ رَہْ) (ع) مذکر ۔ وہ زمین، جو سمندر یا دریا کے درمیان اس طرح واقع ہو کہ اس کے چاروں طرف پانی محیط ہو ۔ ٹاپو ۔ جزیرہ نما (ع ۔ ف) مذکر (۱) ٹاپو جیسا (۲) (اصطلاحاً) خشکی کا وہ قطعہ، جس کے عموماً تین طرف پانی اور ایک طرف خشکی ہو ۔

جزیہ (جِزْ ۔ یَہْ) (ع) مذکر ۔ بدلے کا روپیہ ۔ خراج ۔ مقررہ مقدار کا ایک خاص محصول، جو ہر سال غیر مسلم ذمّی سے معاوضۂ حفاظت کے طور پر لیا جاتا ہے ۔

ج ۔ س

جَس (جَسْ) (ہ) مذکر (۱) شہرت ۔ ناموری (۲) عزت ۔ آبرو (۳) اعتبار ۔ ساکھ (۴) نیک نامی ۔ بڑائی (۵) نیکی ۔ ثواب (۶) لیاقت ۔ جَس لینا ۔ شہرت پانا ۔

جِس (جِسْ) (ہ) جونسا ۔

جس برتن میں کھائیں اُسی میں چھید کریں }
جس ڈالی پر بیٹھیں اُسی کی جڑ کاٹیں } (ہ) مثل ۔ نمک حرام اور محسن کُش کے متعلق کہتے ہیں ۔ جس پر ۔ تو بھی ۔ تب ۔ پھر بھی ۔ اس کے بعد ۔

جس تن لگے وہی تن جانے (ہ) مثل ۔ جس شخص کو دکھ یا رنج پہنچتا ہے، وہی اس کا اندازہ جانتا ہے ۔ جس دن کھیل تماشے برسے تھے (ہ) مثل ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی کم عقل آدمی بات نہ سمجھے یا گم آئے تائیں ۔ جس کا بنیا یار اس کو دشمن کیا درکار (ہ) مثل ۔ جو شخص بنیے کی دوستی پر بھروسا کرے اسے دشمن کی ضرورت نہیں، وہی لوٹ لے گا ۔

جس کا دے اس کا کھیلے (ہ) مثل ۔ خرچ کیے بغیر کچھ نہیں بنتا ۔ جس کا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے ۔ مثل ۔ کام کے کرنے والا

یہی کام کرسکتا ہے۔ (دوسرا) اگر مرتبہ تو انگشت نمائی کے سوا کچھ نہیں ملتا۔ جس کو رکھے سائیاں مار سکے نہ کوئی (جسے خدا بچاتے، اسے کون مار سکتا ہے) ✽ جس کی تیغ، اُس (اسی) کی دیگ، جس کی دیگ، اس (اسی) کی تیغ (۱۱) مثل۔ (۱) زبردست کمزور کی جس چیز پر چاہے، قبضہ کرلے۔ زر و مال زبردست کے لیے ہے (۲) جو کھانا دیتا ہے، اسی کے نام کی تلوار باندھتے ہیں۔ جو خرچ کرے اسی کا کام کرتے ہیں ✽ جس کی لاٹھی اُس (اسی) کی بھینس (۵) مثل۔ زبردست کا قبضہ ہر چیز پر ہوتا ہے ✽ جس کے پاس نہیں پیسا وہ بھلا مانس کیسا۔ مثل۔ ساری عزت روپے کی ہے ✽ جس کے پیٹے میں بال وہ بڑا شیطان (۱) مثل۔ گاٹھی بال، فیلبان وغیرہ شرارتی ہوتے ہیں ✽ جس کے چار بھیا، مار یں ڈھول چھین لیں روپیا (۵) مثل۔ جس کے ساتھی زیادہ ہوں، اس کا رعب زیادہ ہوتا ہے ✽ جس کے لیے چوری کی، وہی کہے ہے چور۔ مثل۔ جس کی خاطر رسوا ہوئے، وہی نفرت کرتا ہے۔ احسان فراموشی کی انتہا ہوگئی ✽ جس کے منہ میں چاول ہوتے ہیں، وہی چبا چبا کر باتیں کرتا ہے۔ جس کے گھر کھانے کو ہوتا ہے، وہ اطمینان کی باتیں کرتا ہے جس کے پاس دولت ہو، وہی اتراتا ہے ✽ جس کے ہاتھ ڈوئی، اُس کا سب کوئی۔ مثل۔ جو آدمی کھاتا پیتا ہو یا جو با اختیار ہو، سب اسی کے گُن گاتے ہیں ✽ جس نے اپنی پگڑی اتاری، وہ دوسرے کی اتارتے کیا ڈرتا ہے۔ مثل۔ جسے اپنی آبرو کا خیال نہیں، اسے دوسروں کو بے آبرو کرنے میں کیا تامل ہوسکتا ہے ✽ جس نے بیٹی دی، اس نے کیا رکھا۔ مثل۔ جس نے اولاد جیسی پیاری چیز دے دی، اس نے سب کچھ دے دیا۔ کبھی جہیز کا گلہ کرنے والے کی تسلی کے لیے کہتے ہیں کہ لڑکی والے کو یہی بہتر تھا ✽ جس نے کوڑا دیا، وہ گھوڑا بھی دے گا۔ مثل۔ جس خدا نے تھوڑا دیا ہے، وہ بہت بھی دے گا ✽ جس ہانڈی میں کھائیں اسی میں چھید کریں۔ جس سے پرورش پائیں اسی کو نقصان پہنچائیں ✽ جسے (۵) جس کو جسے پی چاہے، وہی سہاگن۔ مثل۔ جو مالک کو پیارا ہو، وہ سب کا پیارا ہوتا ہے ✽ جسے دیکھ مجھے تپ آوے، وہی مجھے بیاہنے آوے۔ مثل۔ جس سے نفرت ہے، اسی کے قابو میں ہے ✽

جسارت (جَسا۔ رَت) (ع) مؤنث۔ دلیری۔ بیباکی ✽

جسامت (جَسا۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) جسیم ہونا۔ فربہی۔ موٹائی (۲) لمبائی، چوڑائی، گہرائی ✽

جست (جَسْت) (ہ) مذکر۔ ایک دھات۔ جستا ✽

جَست (جَسْت) (ف) مؤنث۔ چھلانگ۔ کود پھاند۔ چوکڑی۔ قلابچ ✽ جَست بھرنا (ف) چوکڑی بھرنا۔ چھلانگ مارنا ✽

جستجو (جُسْت۔ جُو) (ف) مؤنث۔ ڈھونڈ ڈھانڈ۔ تلاش۔ تجسس ✽

جسٹس (جَسْ۔ ٹِس) (انگ ۔ Justice) مذکر۔ اعلیٰ جج ✽

جسد (جَسَد) (ع) مذکر۔ جسم ✽

جسم (جِسْم) (ع) مذکر۔ تن۔ بدن۔ پنڈا۔ انگ۔ سریر ✽ جسمانی (۱) جسم سے متعلق۔ جسمی۔ بدنی (۲) مادّی ✽ جسمی (۱) جسم کا (۲) ذاتی۔ نفسی۔

شخصی ✽ جسیم۔ تن و توش کا۔ فربہ۔ موٹا ✽

جسولنی (جَسُول۔ نِی) (ع) مؤنث (اصل) یسولنی۔ یسادل کی تانیث۔ چوب دارنی۔ بادشاہی محل میں خبر پہنچانے والی عورت ✽

ج۔ش

جشن (جَشْن) (ف) مذکر (۱) خوشی۔ شادی۔ عید۔ مہمانی۔ مجمع (۲) لہر بہر۔ کامیابی (۳) مہمانی کی مجلس (۴) تخت نشینی کا جلسہ ✽ جشن منانا (۵) گلچھرّے اڑانا۔ ناچ رنگ اور عیش و نشاط میں مشغول ہونا۔ خوشی منانا ✽

ج۔ع

جعد (جَعْد) (ع) مؤنث (۱) بالوں کی لٹ۔ گھونگریالے بال (۲) جوڑا۔ چوٹی ✽

جعفر (جَعْ۔ فَر) (ع) مذکر (۱) چھوٹا دریا۔ ندی (۲) بنی عامر کا پدر قبیلہ (۳) بارہ اماموں میں سے ایک (۴) ایک کیمیاگر (۵) خربوزہ ✽ جعفر برمکی (ع۔ ف) مذکر۔ ہارون رشید کا وزیر ✽ جعفر طیار۔ مذکر۔ رسول مقبولؐ کے چچا صاحب ✽ جعفری (ع) مؤنث (۱) ایک قسم کا گیندا (۲) زرد (۳) کھرا سونا (۴) جعفر سے متعلق ✽

جعل (جَعْل) (ع) مذکر (۱) بناوٹ (۲) نقلی چیز کو اصلی چیز ظاہر کرنا (۳) جھوٹ۔ دھوکا۔ فریب۔ مکر ✽ جعل ساز (ع۔ ف) (۱) دھوکا دینے والا۔ فریبی (۲) بد۔ شریر۔ فتنہ انگیز ✽ جعل سازی۔ مؤنث۔ دھوکا۔ بناوٹ۔ فریب۔ مکر ✽ جعلی (ع) (۱) نقلی۔ جھوٹا۔ مصنوعی (۲) مکار۔ فریبی ✽ جعلی دستاویز (ع۔ ف) مؤنث۔ بناوٹی تمسک ✽

ج۔غ

جغرات (جَغْ۔ رَات) (ف) مذکر۔ دہی ✽

جغرافی (جُغْ۔ رَا۔ فِی) (ف) علم جغرافیہ جاننے والا ✽ جُغرافیائی (مفرس) جغرافیے کے متعلق ✽ جغرافیہ (یونانی جیؤ گرافی۔ انگ۔ جیوگریفی) (ف) مذکر۔ وہ علم، جس میں زمین کی خشکی اور تری کی طبعی تقسیم بیان کی جاتی ہے ✽

ج۔ف

جفا (جَفَا) (ف) مؤنث۔ ظلم۔ ستم۔ تعدّی۔ سختی۔ جبر ✽ جفا کفا۔ مؤنث۔ ظلم و جور۔ مصیبت و سختی ✽ جفا کفا اٹھانا (۵) ظلم اور ستم سہنا۔ مصیبت اور سختی اٹھانا۔ جفاکش (ف) محنتی۔ سختی جھیلنے والا۔ زحمت اٹھانے والا ✽

جفت (جُفْت) (ف) مذکر (۱) جوڑ۔ جوڑا (۲) دو پر پورا تقسیم ہوجانے والا عدد (۳) ثانی۔ ہمسر (۴) جوتی کا جوڑا ✽ جُفتی۔ مؤنث۔ نر کا مادہ پر چڑھنا۔ نر اور مادہ کا باہم ملنا ✽ جفتی کھانا (۵) جانوروں کا جفت ہونا۔ جماع کرنا۔ جُڑنا ✽

جفتہ (جُفْ۔ تہ) (ف) مذکر (۱) (لغوی) خمیدگی۔ ٹیڑھ (۲) (اصطلاحی) سلوٹ۔ شکن (۳) بال، جو اکثر جواہرات میں ہوتا ہے (۴) درز۔ شگاف۔ دراڑ (۵)

دھبا ـ داغ ٭ جُفتیں (ن) جفتہ کی جمع ٭ جُفتے پڑنا (و) (۱) سلوٹیں پڑنا ـ شکنیں پڑنا ـ (۲) ڈھلے ہوئے کپڑے کا تار تار ہونا ٭

جفر (جَفْرْ) (ع) مذکر ـ غیب کے حالات معلوم کرنے کا علم ٭

ج ـ ق

جق جق (جِق ـ جِق) (ف) مؤنث ـ بے معنی شور و غوغا ٭

ج ـ ک

جکڑ (جَکَڑْ) (ہ) جکڑنا کا امر ٭ جکڑ بند (۱) مضبوط اور تنگ بندھا ہوا ـ کھچا ہوا ـ کسا ہوا (۲) وجع المفاصل ـ گٹھیا ٭ جکڑ جانا (۱) سخت ہو جانا ـ اکڑنا (۲) کس کر بندھا جانا ٭ جکڑنا (۱) کھینچ کر باندھنا ـ کسنا (۲) مشکیں باندھنا (۳) سخت ہو جانا ـ اکڑنا ٭

ج ـ گ

جگ (جَگْ) (ہ) مذکر (۱) جہان ـ دنیا ـ جگت ـ سنسار (۲) لوگ ـ خلقت ـ مخلوق (۳) پوجا ـ ہَوَن ـ راجاؤں کی ایک جشنی رسم جو سب میں زبردست راجا کیا کرتے تھے (۴) مہمان داری ـ مہمانی ـ دعوت ـ ضیافت ٭ جگ جیتنا (ع) عاجز کر دینا ـ تھکا مارنا ـ دنیا کو ہرا دینا ٭ جگ ہنسائی (مؤنث) بدنامی ـ رسوائی ـ فضیحتی ـ تضحیک ٭ جگ ہنسائی کرنا ـ بدنامی لینا ٭

جگ (جَگْ) (انگ ـ Jug) مذکر ـ کوزہ ـ صراحی ـ گھڑا ـ دودھ رکھنے کا برتن ٭

جُگ (جُگْ) (س) مذکر (۱) وقت ـ عہد ـ زمانہ (۲) پشت ـ پیڑھی (۳) ہمیشہ ٭ جُگ پھوٹنا اور نرد موئی (و) مثل ـ نا اتفاقی سے دونوں حریفوں کا نقصان ہوتا ہے ٭ جُگ ٹوٹنا (۱) دو دوستوں میں موافقت نہ رہنا ـ منڈلی کا اتفاق نہ رہنا (۲) میاں بیوی میں سے ایک کا مر جانا (۳) جدائی ہونا ٭ جُگ جُگ ـ مدام ـ ہمیشہ ـ سدا ـ نت ٭

جُگادری (جُگَا دَ ـ رِیْ) (ہ) نہایت قدیم اور قد آور انسان یا حیوان ـ پرانا گرگا ـ گرگا ٭

جُگالی (جُگَا ـ لِیْ) (ہ) مؤنث ـ حیوانات کا چارے کو معدے سے نکال کر منہ میں چبانا ٭

جُگان (جُگَانْ) (ہ) مذکر ـ دھلے ہوئے کپڑے یا جوڑے ـ دھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی یا لادی ٭

جگانا (جَگَا ـ نَا) (ہ) (۱) نیند سے اٹھانا ـ بیدار کرنا (۲) ہوشیار کرنا ـ خبردار کرنا (۳) روشن کرنا ـ اکسانا ٭

جگت (جَگَتْ) (ہ) (۱) جہان ـ دنیا ـ عالم ـ سنسار (۲) زمانہ (۳) مؤنث ـ کنوئیں کی مینڈ ٭ جگت استاد (گرو) (و) مذکر ـ سب کا مانا ہوا استاد ـ بہت بڑا کاریگر ـ زمانے کا استاد ٭ جگت سالا ـ مذکر (ہ) کسی کا بھائی (۲) ذلیل و حقیر شخص ٭ جگت سیٹھ ـ مذکر ـ سیٹھوں کا سیٹھ ـ بہت بڑا مالدار ـ بھاری ساہوکار ٭ جگت سیٹھ کا سالا ـ مذکر (کالی) بڑے بھاری دولت مند کا رشتہ دار ٭

جُگت (جُگَتْ) (ہ) مؤنث (۱) دانائی ـ چترائی (۲) تدبیر ـ جتن (۳) ڈھنگ ـ طرز (۴) ہوشیاری ـ چالاکی ـ کاریگری ـ استادی (۵) صلاح ـ رائے ـ مرضی (۶) معنی خیز بات (۷) لطیفہ (۸) تجنیس (۹) تُک ـ قافیہ (۱۰) بھید ـ راز (۱۱) تجویز (۱۲) دلیل (۱۳) راہ و رسم ٭ جُگت باز (و) (۱) بذلہ سنج ـ لطیفہ گو (۲) چالوں سے واقف آدمی ـ ڈھنگ کا آدمی ٭ جُگت بازی ـ مؤنث ـ بذلہ سنجی ـ لطیفہ گوئی ٭ جُگت رنگ ـ مذکر (لکھنؤ) ضلع باز ـ بذلہ سنج ـ لطیفہ گو ٭ جُگت لگانا (ہ) راہ و رسم پیدا کرنا، موقع نکالنا، تدبیر لڑانا، توڑ جوڑ بٹھانا ٭ جُگت ملانا (۱) اپنے مطلب پر لانا ـ مطلب گانٹھنا (۲) تُک سے تُک ملانا ـ قافیہ بندی کرنا ٭

جُگتی ـ جُگتیا (۱) جُگت باز (۲) چاتر (۳) شرارتی (۴) کفایت شعار ٭

جگجگا (جَگْ ـ جَگَا) (ہ) (۱) جگجگانا کا امر (۲) مذکر ـ پنّی ـ پیتل کا ورق (۳) جھلمل ٭ جگجگانا ـ ٹمٹمانا ـ جھلکنا ـ چمکنا ٭

جگجگی (جِگْ ـ جِگِی) (ہ) مؤنث (۱) منّت خوشامد (۲) بے حد عاجزی سے مانگنا ٭

جگدا دھار (جَگْ ـ دَا ـ دَھارْ) (ہ) مذکر ـ جہان کو پالنے والا ـ خدا ٭

جگر (جِگَرْ) (ف) مذکر (۱) کلیجا ـ کلیجی ـ اعضاء رئیسہ میں سے ایک عضو (۲) (و) (مراداً) دل ـ من ـ چت (۳) (و) جی ـ جان (۴) (و) ست ـ گودا ـ مغز ـ گری (۵) عزیز ـ پیارا ـ فرزند ـ بیٹا (۶) بہادری ـ حوصلہ ـ ہمت (۷) (و) مجال ـ مقدور ـ قدرت ـ تاب و طاقت ٭ جگر بند ـ مذکر (۱) پھیپھڑے، کلیجے، دل اور تلی کا مجموعہ (۲) (مراداً) پیارا ـ فرزند ـ جگر پارہ ٭ جگر جگر ہے دگر دگر ہے (و) مثل ـ بیگانہ کبھی اپنے کے برابر نہیں ہو سکتا ـ اپنا اپنا ہی ہے، غیر غیر ہی ہے ٭ جگر گوشہ (ف) مذکر ـ جگر کا ٹکڑا ـ لخت جگر ـ پیارا بیٹا ـ عزیز فرزند ٭

جگرا (جِگْ ـ رَا) (و) مذکر ـ دل گردہ ـ دلیری ـ جرأت ـ حوصلہ ـ ہمت ٭

جگری (ف) (۱) دلی ـ اندرونی (۲) دل و جگر سے متعلق (۳) سچا ـ صادق (۴) پیارا ـ عزیز ٭

جگر جگر کرنا (ہ) جگمگانا ـ چمکنا ٭

جُگل (جُگَلْ) (ہ) مذکر (ہندو) دو ـ جفت ـ جوڑا ٭

جگمگ (جَگْ ـ مَگْ) (ہ) مؤنث ـ چندھیا دینے والی روشنی ـ نور ٭ جگمگ کرنا ـ درخشاں ہونا ـ روشن ہونا ـ چمکنا ـ دمکنا ـ جھلکنا ٭ جگمگا ـ جگمگانا کا امر ٭ جگمگانا (۱) روشن ہونا، چمکنا، جھلکنا (۲) روشن کرنا، چمکانا ٭ جگمگاہٹ ـ مؤنث (۱) روشنی، چمک دمک، تجلی، جھلک (۲) آبداری ـ رونق ٭

جگنا (جَگْ ـ نَا) (ہ) (عوام) جاگنا ٭

جگنو (جُگْ ـ نُو) (ہ) مذکر ـ ایک اڑنے والا کیڑا، جو رات کے وقت چمکتا ہے ـ کرم شب تاب ٭

جگنی (جَگ۔نی) (ہ) مؤنث (۱) ایک زیور، جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں (۲) ایک مشہور پنجابی گیت ۔

جگہ (جَگَہ) (ہ) مؤنث (۱) مقام۔ ٹھکانا۔ موقع (۲) سمائی۔ وسعت۔ گنجائش (۳) نوکری۔ منصب۔ عہدہ۔ خدمت۔ تعلق (۴) مانند۔ مثل (۵) بجائے ۔

جگہ جگہ۔ سب جگہ۔ ہر موقع پر۔ ہر جا ۔ **جگہ چھوڑنا** (۱) مقام چھوڑنا (۲) لکھتے لکھتے کاغذ میں سفید جگہ چھوڑ دینا (۳) سرکنا۔ ہٹنا (۴) نوکری یا تعلق چھوڑنا ۔

جگہر (جَگ۔ہَر) (ہ) مؤنث۔ بیداری۔ جاگ ۔

جگی جگی (جِگی۔ جِگی) (ف) مؤنث (۱) خوشی اور حیرانی کے اظہار کا کلمہ (۲) عجز اور اضطراب کے اظہار کا کلمہ (۳) ہائے ہائے (۴) ٹھوڑی کے نیچے کا نرم گوشت۔ غبغب ۔

ج۔ل

جَل (جَل) (ہ) مذکر۔ پانی ۔ **جل پان**۔ مذکر (ہندو) تھوڑا سا کھانا پینا۔ ناشتا۔ **جل ترنگ**۔ مذکر (۱) ایک قسم کا باجا، جو پیالوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے (۲) موج۔ پانی کی لہر ۔ **جل ترئی (توری)** مؤنث (ہندو) مچھلی۔ ماہی ۔ **جل تھل**۔ مذکر۔ خشکی تری۔ بحر و بر ۔ **جل تھل (ایک) ہونا**۔ بہت زیادہ مینہ برسنا۔ زمین اور پانی کا ایک ہونا ۔ **جل جوگنی**۔ مؤنث (عو) (۱) جونک (۲) چیل۔ زغن (۳) بدمزاج۔ جلاتن ۔ **جل چر**۔ مذکر۔ پانی میں چلنے والا جانور ۔ **جل کا، جلکا**۔ مذکر۔ جونک ۔ **جل کاگ**۔ مذکر۔ غوطہ خور آبی کوا ۔ **جل کر**۔ مذکر (۱) پانی کا محصول۔ بحری آمدنی۔ محصول، جو مچھلیاں پکڑنے کی جگہ لگایا جاتا ہے (۲) دیہات کے تالابوں، جوہڑوں وغیرہ کے سنگھاڑوں یا کنولوں وغیرہ کا لگان ۔ **جل ککڑ**۔ مذکر۔ پانی کا پرندہ۔ مرغِ آبی ۔ **جل کی مچھلی جل ہی میں بھلی**۔ مثل۔ ہر شخص کا گزارہ اپنی ہی قوم میں ہو سکتا ہے ۔ **جل مانس**۔ مذکر۔ پانی کا آدمی۔ مردِ آبی ۔ **جلیا**۔ مذکر۔ مچھلی پکڑنے والا ۔

جَل (جَل) (ہ) جلنا کا امر ۔ **جل بجھنا**۔ جل کر خاک ہونا۔ بھسم ہو جانا۔ راکھ ہو جانا ۔ **جل ککڑ۔ یا۔ ککڑا یا ککڑی** (۱) چڑچڑا۔ زود رنج (۲) جلے تن ۔ **جل مرنا** (عو) کسی کی بھلائی نہ دیکھ سکنا۔ حسد کرنا۔ حسد سے جل کر کباب ہو جانا ۔

جَلا (۱) جلنا سے ماضی مطلق (۲) جلانا کا امر ۔ **جلا بلا (بھنا)** (۱) غصے میں بھرا ہوا۔ تند مزاج۔ افروختہ۔ سوختہ (۲) مغموم۔ رنجیدہ خاطر ۔

جلاپا۔ مذکر (عو) (۱) رشک (۲) حسد۔ جلن (۳) رنج و غم اور بغض و عداوت سے سوکن کے حالات پر کڑھنا (۴) ایک دست آور دوا ۔

جلا تن (ہ) (عو) (۱) تیز مزاج۔ غضب ناک۔ جھلا۔ بدمزاج (۲) حسد کرنے والا ۔ **جلا جلا کر مارنا۔ یا۔ خاک کرنا** (ہ) (عو) بے حد دق کرنا۔ بہت زیادہ ستانا۔ غصہ دلا دلا کر ہلاک کرنا۔ تنگ کر کے مارنا ۔

جلانا (۱) آگ دینا۔ پھونکنا۔ سلگانا۔ آگ لگانا (۲) غصہ دلانا۔ بھڑکانا (۳) ستانا۔ دق کرنا ۔ **جلبجلا**۔ غضب ناک ۔ **جلبجلانا**۔ غصے ہونا ۔ **جلبجلاہٹ**۔ مؤنث۔ غصہ ۔ **جلنا** (۱) آگ لگنا۔ روشن ہونا۔ سلگنا (۲) جھلسنا۔ جھلسنا (۳) راکھ ہونا۔ خاکستر ہونا (۴) رشک کرنا (۵) حسد کرنا (۶) سوزش ہونا۔ جلن ہونا (۷) شکستہ دل ہونا۔ غم کھانا (۸) برف یا پالے وغیرہ سے نباتات کا کملا جانا ۔ **جلنا بلنا**۔ جلنا۔ حسد کرنا ۔ **جلوں کو جلانا**۔ مصیبت زدوں پر اور مصیبت لانا ۔ **جلوکیا**۔ مذکر۔ جلانے والا ۔ **جلی کٹی کہنا** (عو) برا کہنا۔ بدی کرنا ۔ **جلے پاؤں کی بلی**۔ جو ایک جگہ نہ بیٹھ سکے۔ آوارہ گرد ۔ **جلے پر نمک چھڑکنا۔ یا۔ لگانا** (ہ) جلے کو جلانا۔ ستائے کو ستانا۔ رنج پر رنج دینا ۔ **جلے پھپھولے پھوڑنا** (۱) حسد نکالنا۔ بدلا لینا (۲) جلی کٹی سنانا۔ طعنے مہنے دینا ۔ **جلے تن** (ہ) (عو) دیکھیے "جلاتن" ۔

جَلّ (جَلّ) (ع) بڑا۔ بزرگ (اصل میں جَلّ ماضی مطلق ہے یعنی بڑا ہوا) ۔ **جلّ تو جلال تو، آئی بلا رکو ٹال تو** (ہ) مثل (عو) (عوام) آفت یا مصیبت کے موقع پر بولتے ہیں ۔ **جلّ جلالہٗ** (ع) اس کی بزرگی اور عظمت بڑی ہے ۔

جُل (جُل) (ہ) مذکر۔ مکر۔ دغا۔ جھانسا۔ دم۔ دھوکا۔ فریب ۔ **جُل باز** (ہ) حیلہ باز۔ دھوکا دینے والا۔ عیار۔ دم باز۔ فریبی ۔

جُلّ (جُلّ) (ع) مذکر و مؤنث۔ اونٹ، گھوڑے، گدھے وغیرہ کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ جھول۔ برگستوان ۔

جِلا (جِلا) (ع) مؤنث (۱) صیقل۔ چمک دمک۔ آب۔ صفائی۔ رونق (۲) جلانا کا امر ۔ **جلا دینا۔ یا۔ کرنا** (ہ) چمکانا۔ صیقل کرنا۔ مانجھنا۔ اجالنا۔ رونق دینا ۔ **جلا کار** (ع۔ ف) اجالنے والا۔ صیقل گر ۔ **جلانا** (۱) روح ڈالنا۔ زندہ کرنا (۲) سرسبز کرنا۔ تازگی بخشنا (۳) مرنے نہ دینا۔ موت سے بچانا (۴) دھات کو کشتہ کرنے کے بعد اس کی اصلی حالت پر لے آنا ۔

جَلا (جَلا) (ع) مذکر (۱) گھر سے نکال دینا۔ دیس نکالا دے دینا (۲) خود بخود وطن چھوڑ دینا ۔ **جلا وطن** (۱) مذکر۔ ہجرت۔ دیس نکالا (۲) (صفت) شہر یا ملک بدر۔ گھر بار یا وطن سے نکالا ہوا ۔ **جلا وطن کرنا** (ہ) (۱) دیس نکالا دینا کالے پانی بھیجنا ۔ **جلا وطنی** (ع۔ ف) مؤنث (۱) ہجرت۔ دیس نکالا (۲) بن باس ۔

جُلّاب (جُل۔لاب) (ع) مذکر (۱) دست لانے والی دوا۔ مسہل (۲) دست ۔ **جلاب لینا** (ہ) دستوں کی دوا پینا یا کھانا۔ مسہل لینا ۔ **جلابی** (ہ) (عو) جس نے جلاب لے رکھا ہو۔ جلاب لینے والا ۔

جَلاجِل (جَلا۔جِل) (ع) مذکر (۱) جھانجھ (۲) دائرہ (۳) دف (۴) گھنگرو، جو چمڑے کے پٹے پر سی کر اونٹ، بیل وغیرہ کی گردن میں ڈالے جاتے ہیں ۔

جلّاد (جَل۔لاد) (ع) مذکر (۱) (لغوی) کھال ادھیڑنے والا۔ درّے لگانے والا (۲) (اصطلاحی) گردن مارنے والا۔ قاتل (۳) ظالم۔ بے درد۔ بے رحم (۴) (عو) غصیل تند مزاج ۔ **جلّادِ فلک**۔ مذکر۔ مریخ یا منگل ستارہ کہ اصطلاحِ نجوم میں قتل و جنگ کا تعلق اسی سے ہے ۔ **جلّادی** (ف) مؤنث۔ بے دردی۔ بے رحمی۔ ظلم ۔

جلادت (جَلا۔دَت) (ع) مؤنث (۱) جوانمردی۔ شجاعت۔ بہادری (۲) پھرتی۔ چالاکی۔ چستی ۔

جلال (جَلال) (ع) مذکر (۱) بڑائی۔ عظمت۔ بزرگی (۲) جاہ۔ شان و شوکت (۳) (ہ)

رعب داب (۴) (۵) غضب ۔ غصّہ (۵) سختی ۔ تندی ۔ تیزی (۶) اردو کے مشہور شاعر سید ضامن علی لکھنوی کا تخلّص ٭ **جلالت** (ع) مؤنث ۔ بزرگی ۔ بزرگ ہونا ٭ **جلالی** (۱) جلال سے متعلق (۲) شانِ غضب کے اظہار والی خدا کی صفتیں (۳) سید جلال الدین بخاریؒ سے منسوب درویشوں کا ایک طریقہ اور سلسلہ (۴) تمام شمسی مہینے ۔ بعض کے نزدیک ماہ فروردین (۵) جلال والا ۔ صاحب جلال (۶) غضب ناک ۔ خوف ناک ٭

جلامیری (جَلْ ۔ لاَ ۔ مِیْ ۔ رِیْ) (ف) مذکر ۔ لڑکوں کا ایک کھیل ۔ اڑان جھلا ٭

جُلاہا (جُلاَ ۔ ہا) (ف) مذکر (۱) کپڑا بُننے والا ۔ پارچہ باف ۔ جامہ باف (۲) پانی کا ایک کیڑا (۳) نادان ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔ مورکھ ٭ **جُلاہے کی عقل گُدّی میں ہوتی ہے** ۔ مثل ۔ جُلاہے عموماً کم عقل ہوتے ہیں ٭ **جُلاہے کی مسخری ماں بہن کے ساتھ** (ہ) کمینہ شخص بزرگوں ہی سے مذاق کرتا ہے ٭

جَلْب (جَلْبْ) (ع) مذکر ۔ کھینچنا ۔ لینا ۔ حاصل کرنا ٭ **جَلبِ منفعت** ۔ مذکر ۔ نفع حاصل کرنا ٭

جَلَب (جَلَبْ) (ع) مذکر (۱) سود ۔ نفع (۲) سودا ۔ بیچنا (۳) تجارتی مال ، جو ایک ملک سے دوسرے ملک کو نفع کی غرض سے لے جائیں ٭

جلباب (جِلْ ۔ بَاب) (ع) مؤنث ۔ چادر ٭

جِلد (جِلْدْ) (ع) مؤنث (۱) پوست ۔ چمڑا ۔ کھال (۲) کتاب کا پٹھا (۳) کتاب کی جزبندی ، سلائی وغیرہ (۴) کتاب ۔ پوتھی (۵) کتاب کا حصّہ ٭ **جِلدساز ۔ جِلدگر** (ف) مذکر ۔ کتاب کی جِلد بنانے والا ٭ **جِلدی** ۔ جِلد کے متعلق ۔ چمڑے کی بیماری یا کوئی چیز ٭

جَلد (جَلْدْ) (ف) فوراً ۔ شتاب ۔ جھٹ پٹ ۔ بے توقّف ۔ تُرت ۔ **جَلد باز** ۔ شتابی کرنے والا ۔ زود کار ۔ چالاک ۔ چُست ۔ پھرتیلا ٭ **جلدی** (۱) مؤنث ۔ پھرتی ۔ چُستی ۔ سرعت ۔ شتابی ٭ **جلدی کام شیطان کا** (۲) مثل جلدی میں کام بگڑ جاتا ہے ٭

جلسہ (جَلْ ۔ سَہ) (ع) مذکر (۱) اجلاس ۔ نشست ۔ بیٹھک (۲) ملاقات ۔ صحبت (۳) انجمن ۔ مجلس ۔ محفل ۔ سبھا (۴) جمگھٹا ۔ مجمع (۵) مہمانی ۔ دعوت ۔ ضیافت (۶) رقص و سرود کی محفل ٭

جلق (جَلَقْ) (ع) مذکر ۔ ہاتھ کی مدد سے انزال ہونا ۔ ہتھرس ٭ **جلق لگانا** (ہ) مشت زنی کرنا ۔ ہتھرس کرنا ٭ **جلقی** ۔ مذکر ۔ ہتھرس کا عادی ٭

جُلنا (جُلْ ۔ نَا) (ہ) مِلنا کے ساتھ تابع مہمل کے طور پر مستعمل ہوتا ہے ۔ جیسے مِلنا جُلنا ٭

جلندر ۔ جلندھر (جَلَنْ ۔ دَرْ ۔ جَلَنْ ۔ دَھَرْ) (ہ) مذکر ۔ پیٹ میں پانی پڑ جانے کی بیماری ۔ استسقاء ٭

جِلَو (جِلَوْ) (ت) مؤنث (۱) لگام ۔ باگ (۲) خالی گھوڑا ، جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لیے سجا کر لے جاتے ہیں (۳) طمطراق ۔ ٹھاٹھ ۔ زینت (۴) معیت ۔ ہم رکابی ۔ ہمراہی ٭ **جِلَوخانہ** (ت ۔ ف) مذکر (۱) آنگن ۔ صحن (۲) ڈیوڑھی (۳) چوک (۴) شاہی دروازے کے سامنے کا میدان ٭ **جِلَودار** ۔ مذکر (۱) مصاحب ۔ ہم نشین (۲) ہمراہی (۳) حاضر باش ۔ بارکاب ۔ خادم ۔ نوکر چاکر ٭ **جِلَوریز** (۱) سرپٹ ۔ تیز (۲) مؤنث ۔ چستی ۔ تیزی ۔ جلدی ٭

جلوت (جَلْ ۔ وَتْ) (ع) مؤنث ۔ خلوت کے برعکس ۔ عام جگہ ۔ بھیڑ ۔ مجمع ٭

جلوس (جُلُوْسْ) (ع) مذکر (۱) بیٹھک ۔ نشست (۲) راج گدی ۔ تخت نشینی (۳) (۴) امیروں اور بادشاہوں کی سواری ۔ شاہانہ حشم (۴) کسی خاص موقع پر بہت سے لوگوں کا اکٹھے ہو کر بازاروں وغیرہ سے گزرنا ٭ **جُلوسی** (۱) شاہی تخت نشینی کے متعلق (۲) جلوس کا سامان (۳) شاہی جلوس کے ملازمین ٭

جلوہ (جَلْ ۔ وَہْ) (ع) مذکر (۱) دیدار ۔ نظارہ ۔ سامنے آنا ۔ نمودار ہونا (۲) (۵) نور ۔ تجلّی (۳) (۵) آرسی مصحف دکھانے کی رسم ٭ **جلوہ دکھانا** (۵) نظارہ دینا ۔ کسی خاص طرز سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا ٭ **جلوہ گر ہونا** (۱) نمودار ہونا ۔ ظاہر ہونا (۲) بادشاہوں کا تشریف فرما ہونا ٭

جلی (جَلِیْ) (ع) (۱) واضح ۔ ظاہر ۔ روشن (۲) موٹا لکھا ہوا ٭

جلیبا (جَلے ۔ بَا) (ہ) مذکر (۱) نوٹ ، شہتوت (۲) بڑی جلیبی ٭ **جَلیبی** ۔ مؤنث ۔ ایک مشہور مٹھائی ٭

جلیری (جَلے ۔ رِیْ) (ہ) مؤنث ۔ لوہاروں کی ناند ٭

جلیس (جَلِیْسْ) (ع) مذکر ۔ ساتھ اٹھنے بیٹھنے والا ۔ رفیق ۔ ساتھی ۔ مصاحب ٭

جلیل (جَلِیْلْ) (ع) (۱) بڑا ۔ افضل ۔ اعلیٰ ۔ بزرگ (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ٭ **جلیل القدر** ۔ عالی رتبہ ۔ معزز ۔ بڑے مرتبے کا ٭

ج ۔ م

جَم (جَمْ) (ف) مذکر (۱) جمشید (شاہِ ایران) کا مخفف (۲) (ہ) (ہندو) دھرم راج ۔ پاتال کا راجا (۳) موت کا فرشتہ ۔ ملک الموت (۴) مرگ ۔ قضا ۔ موت (۵) (ع) ناگوار طبع شخص جو پاس سے نہ ہٹے (۶) توام ۔ جُڑواں ٭ **جم جاہ** (ف) (۱) جمشید بادشاہ کے مرتبے والا (۲) بہت سخی ٭ **جَم دوت** (ہ) موت کا فرشتہ ۔ ملک الموت ٭ **جَم دِیا** ۔ مذکر ۔ جم دیوتا کے نام کا چراغ ، جو دیوالی سے دو دن پہلے جلایا جاتا ہے ٭ **جَم راج** ۔ مذکر ۔ پاتال کا راجا ۔ جم لوک کا بادشاہ ۔ **جَم کا سندیسا** ۔ مذکر ۔ موت کا پیغام ٭ **جَم ہو جانا** ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔ موت کی طرح نہ ٹلنا ٭

جَم (ہ) جمنا کا امر ٭ **جم جنوائی ہو کر بیٹھنا** ۔ خوب جم کر بیٹھنا ۔ چمٹ جانا ٭ **جَما** (۱) جمنا سے ماضی مطلق (۲) جمانا کا امر ٭ **جَمانا** (۱) منجمد کرنا (۲) ٹھہرانا (۳) ڈھنگ سے رکھنا (۴) چسپاں کرنا (۵) آمادہ کرنا (۶) دھرنا ۔ رکھنا (۷) اکٹھا کرنا (۸) مضبوط کرنا (۹) ذہن نشین کرنا (۱۰) ڈھیر لگانا (۱۱) کھانا کھلانا ٭ **جَماوٹ** ۔ مؤنث (۱) انجماد ۔ جمنا (۲) مسی کا جمنا ٭ **جَماؤ** (جَمَا ۔ اؤ) (۱) جمنے کے لائق (۲) مضبوط ۔ پکّا ۔ پائدار ٭ **جَماؤ** (جَمَا ۔ اؤ) مذکر (۱) انجماد (۲) ہجوم ۔ بھیڑ (۳) ٹھہراؤ ۔ قیام (۴) مضبوطی ۔ پختگی (۵) بستگی ۔ چیپ ۔ لیس ٭ **جَمنا** (۱) اکٹھا ہونا ۔ منجمد ہونا (۲) ٹھہرنا ۔ قائم ہونا (۳) اُگنا ، زمین سے نکلنا (۴) چسپاں ہونا ۔ چپکنا (۵) پختہ ہونا ۔ پکّا ہونا ۔ مضبوط ہونا ۔ (۶) اڑنا ۔ رکنا (۷) ذہن نشین ہونا (۸) مؤنث ۔ ایک مشہور دریا ، جس کے کنارے پر دلی ، متھرا ، آگرہ وغیرہ واقع ہیں ٭

جَمّ (جَمّْ) (ع) (۱) بہت (۲) تمام ٭ **جمّ غفیر** ۔ مذکر ۔ بھاری ہجوم ۔ انبوہِ کثیر ٭

رجیم (رَجِیْم) (ع) شیطان کا ایک نام ٭

جُم (جُمْ) (ع) مذکر ۔ سیپ ۔ صدف ٭

جمادات (جَمَا ۔ دَاتْ) (ع) مذکر ۔ جماد کی جمع ۔ بے جان چیزیں ، جن میں حس و حرکت اور نشو و نما کی قوت نہیں ، جیسے دھات ، پتھر وغیرہ ٭

جمادی الاخری (جُمَا، دَلْ، اُخْ، رَا) (ع) مذکر۔ سنہ ہجری کا چھٹا مہینا ؛ **جمادی الاولیٰ** (جُمَا، دَلْ، اُوْ، لَا) مذکر۔ اسلامی سال کا پانچواں مہینا ؛

جمار (جِمَارْ) (ع) مذکر۔ حج میں حاجیوں کا مقررہ مقام پر سنگ ریزے پھینکنا ؛

جماع (جِمَاعْ) (ع) مذکر (۱) عورت کے ساتھ ہم بستر ہونا۔ صحبت کرنا (۲) کھانا پینے کی جمع ؛

جماعت (جَمَا، عَتْ) (ع) مؤنث (۱) گروہ۔ جتھا (۲) بھیڑ (۳) فریق (۴) مجلس (۵) سلسلہ، زمرہ (۶) برادری (۷) رتبہ (۸) نماز کی جماعت ؛ **جماعت سے کرامات ہے** (۹) مثل۔ اتفاق سے تمام مشکلیں دور ہو جاتی ہیں ؛

جماگی (جُمَا، گِی) (صحیح جُمُعگی) (۱) مؤنث۔ جیب خرچ۔ جمعہ کا طفلانہ یا مُلّاجی کا وظیفہ، جو لوگ جمعہ کو دیتے تھے ؛

جمال (جَمَالْ) (ع) مذکر۔ حسن ؛ **جمالی** (۱) جمالِ الٰہی سے منسوب، شانِ رحمت کی تجلی (۲) وہ اسم، جو جلالی نہ ہو (۳) ایک قسم کا سردہ (۴) خربوزہ (۵) وہ عمل یا دُعا، جو خدا کی شانِ رحمت کے مظاہرے کیلیے پڑھی جائے (۶) دعائیں وغیرہ پڑھنے والوں کی اصطلاح، پیاز، لہسن وغیرہ ؛ **جمالیات**۔ مؤنث۔ فنونِ لطیفہ ؛

جمال گوٹا (جَمَالْ۔ گُوْ، ٹَا) (ہ) مذکر۔ پتے جیسا دست آور پھل ؛

جماہنا (جَمَا۔ ہَنَا) (ہ) جماہی لینا ؛ **جماہی**۔ **جمائی**۔ مؤنث۔ انگڑائی۔ جسم میں ذرا تناؤ آ کر منہ کا کھل جانا ؛

جمبو (جَمْ۔ بُوْ) (س) مؤنث (۱) جامن کا درخت (۲) جامن کے درخت کا پھل۔ (۳) (ہ) بڑشا (۴) مذکر۔ گیدڑ ؛

جمبیری (جَمْ۔ بِے۔ رِیْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا لیموں ؛

جم جم (جَمْ۔ جَمْ) (ف) (ع) (۱) مدام۔ ہمیشہ۔ سدا (۲) دولت و اقبال و سلامتی سے (۳) درحقیقت۔ بالضرور ؛

جم خانہ (جِمْ۔ خَا۔ نَہْ) انگ - Gymkhana) مذکر۔ کھیل گھر ؛

جمدھر (جَمْ۔ دَھَرْ) (ہ) مذکر (۱) چھری۔ ایک قسم کا خنجر (۲) ایک طرح کا بادامی کاغذ

جمشید (جَمْ۔ شِیْدْ ؛ جَمْ۔ شَیْدْ) (ف) مذکر۔ ایران کا ایک مشہور بادشاہ ؛

جمع (جَمْعْ) (ع) مؤنث (۱) فراہم۔ اکٹھا (۲) تمام۔ کل (۳) چند رقموں کا مجموعہ۔ میزان (۴) پونجی۔ سرمایہ (۵) زرنقد۔ دولت ؛ **جمع بندی** (ع۔ ف) مؤنث (۱) مالیہ وغیرہ کا حساب (۲) زمین کی پیداوار (۳) سرکاری مالگزاری ؛ **جمع سنگین**۔ مؤنث۔ سخت لگان ؛ **جمع کرنا** (ف) (۱) ایک جگہ کرنا۔ اکٹھا کرنا (۲) رقم کا مجموعہ کرنا۔ میزان کرنا (۳) تحویل میں دینا۔ امانت رکھنا (۴) فردِ حساب میں وصول لکھنا ؛ **جمع کے ڈبو آنکھیں کھولو**۔ مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی چالاک شخص کسی بھولے بھالے کو ٹھگ لے اور وہ بے چارہ ہاتھ ملتا رہ جائے ؛ **جمع والا**۔ مذکر۔ دولت مند ؛

جمع و خرچ (ع۔ ف) مذکر۔ روپے کا آنا اور خرچ ہونا ؛

جمعدار (جَمْعْ۔ دَارْ) (ع۔ ف) مذکر (۱) جماعت کا افسر (۲) سپاہیوں کا عہدہ دار، جس کے ماتحت سپاہی ہوں ؛ **جمعداری**۔ مؤنث (۱) جمعدار کا عہدہ (۲) جماعت یا گروہ کی افسری ؛

جمعرات (جُمْعْ۔ رَاتْ) (ف) مؤنث (۱) پنج شنبہ۔ وِیر وار۔ برہسپت وار (۲) جمعے کی رات۔ شبِ جمعہ ؛ **جمعراتی** (ہ) (۱) مؤنث۔ لڑکوں کا جیب خرچ، جو جمعرات کو ملتا ہے (۲) مذکر۔ وہ شخص، جو جمعرات کی روٹیوں کے لیے ستید کہلائے

جمعراتی سید (ف) مذکر۔ بناوٹی سید ؛

جمعہ (جُمْ۔ عَہْ، جُمْ۔ مَہْ) (ع) مذکر (۱) پنج شنبہ کے بعد کا دن۔ یوم آدینہ۔ شُکر (۲) (ف) جمعہ کی نماز ؛ **جمعہ جمعہ آٹھ دن (روز) کی پیدائش** (ف) مثل (ع) وہاں بولتی ہیں جہاں کوئی چھوٹی عمر کا شخص گستاخی یا چالاکی کی بات کرے ؛ **جمعہ کو نکاح، ہفتہ کو طلاق** (ف) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب بہت جلد جھگڑا فساد ہو جائے ؛

جمعیت (جَمْ۔ عِیْ۔ یَتْ) (ع) مؤنث (۱) اکٹھا ہونا (۲) بھیڑ بھاڑ۔ جمگھٹا۔ گروہ (۳) تسلی۔ اطمینان ؛ **جمعیتِ خاطر**۔ مؤنث۔ بے فکری۔ اطمینانِ دل۔ تسلی تشفی ؛

جمگھٹ۔ جمگھٹا (جَمْ۔ گَھٹْ، جَمْ۔ گَھٹَا) (ہ) مذکر (۱) ہجوم۔ انبوہ (۲) بہت بڑا انبوہ۔ کثیر مجمع ؛

جَمَل (جَمَلْ) (ع) مذکر۔ اونٹ۔ شتر ؛

جُمَل (جُمَلْ) (ع) مذکر (۱) جملہ کی جمع (۲) حروف ابجد کے اعداد کا حساب ؛ **جملگی**۔ (جُمْ۔ لَگِی) (ع۔ ف) مؤنث (۱) عمومیت۔ کلیت (۲) کل۔ تمام ؛ **جملہ** (جُمْ۔ لَہْ) (ع) (۱) کل۔ سب۔ تمام (۲) میزان (۳) مذکر۔ کلام۔ فقرہ۔ کلموں کا مجموعہ ؛ **جملۂ معترضہ**۔ مذکر (۱) وہ زائد فقرہ جس کے دُور کرنے سے مطلب میں خلل نہ واقع ہو (۲) بحث سے خارج ذکر (۳) بات میں بات

جمناسٹک (جِمْ۔ نَاسْ۔ ٹِکْ) (انگ - Gymnastic) مؤنث۔ کھیل۔ ورزش ؛

جموٹ (جَمُوْٹْ) (ہ) مؤنث (۱) کنوئیں کی بنیاد (۲) کنوئیں کی بنیاد کی رسم ؛

جموگا (جَمُوْ۔ گَا) (ہ) مذکر (۱) مرگی (۲) بچوں کی ایک بیماری ؛

جموگدار (جَمُوْگْ۔ دَارْ) (ہ) مذکر۔ قُرقی کا پیادہ ؛

جمھانا (ہ) دیکھیے جماہنا ؛ **جمھائی**۔ دیکھیے جماہی ؛

جمہور (جُمْ۔ ہُوْرْ) (ع) مذکر (۱) تمام۔ سب لوگ۔ عام لوگ (۲) وزرا، امرا اور عوام ؛ **جمہوری سلطنت**۔ مؤنث۔ وہ سلطنت، جس میں بادشاہ خودمختار نہ ہو بلکہ رعایا میں سے ہر قسم کے لوگ شریکِ حکومت ہوں ؛

جم ہی جم (جَمْ۔ ہِیْ۔ جَمْ) (ہ) (۱) بہت زیادہ (۲) (مراداً) نہیں۔ کچھ نہیں۔ ناگفتہ بہ ؛

جمیع (جَمِیْعْ) (ع) تمام۔ سب۔ کل ؛

جمیل (جَمِیْلْ) (ع) (۱) بہت خوب صورت۔ نہایت حسین (۲) نیک ؛ **جمیلہ**۔ مؤنث۔ خوب صورت عورت۔ شکیلہ۔ حسینہ ؛

ج-ن

جَن (جَنْ) (ہ) (۱) مذکر۔ (عوام) آدمی (۲) جننا کا امر ؛ **جنا** (جَنَا) مذکر (۱) شخص۔ آدمی (۲) جنا ہوا۔ پیدا شدہ (۳) جنانا کا امر (۴) جننا سے ماضی مطلق ؛ **جنانا۔ جنوانا**۔ دائی کا عورت کے پیٹ میں سے بچے کے باہر نکلنے میں کام دینا ؛ **جنائی**۔ مؤنث (۱) دائی۔ جنانے والی عورت (۲) جنانے کی اجرت ؛ **جننا**۔ جنا۔ بچہ دینا ؛ **جننی**۔ مؤنث۔ ماں ؛ **جنی**۔ مؤنث (۱) جنا کی تانیث۔ لگائی۔ استری۔ زن۔ عورت (۲) لونڈی۔ ملازمہ۔ خادمہ (۳) لڑکی۔ بیٹی۔ دختر (۴) گڑیاں۔ سہیلی ؛

جِن (جِنْ) (ہ) (۱) جس کی جمع (۲) تعظیم کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ؛ **جنھیں**۔ جن کو ؛

جِنّ (جِنّْ) (ع) مذکر (۱) بھوت پریت کی وہ قسم، جو آگ سے پیدا کی گئی ہے۔

ہمزاد۔ رُوح (۲) (عو) غضب ۔ غصّہ (۳) سخت آدمی ۔ پکّا اور کڑا آدمی (۴) ضدی آدمی ✤ جِنّ اتارنا (و) (۱) کسی کے سر سے بھوت پریت کا آسیب دُور کرنا (۲) کسی کا غصّہ ٹھنڈا کرنا ✤ جِنّ اترنا (۱) آسیب کا اثر دُور ہونا (۲) حواس درست ہونا (۳) غصّہ ہٹ جانا ✤ جِنّ چڑھنا (عو) (۱) ضد چڑھنا ۔ غصّہ چڑھنا (۲) آسیب کا اثر ہونا ✤ **جنّات** (ع) مذکر ۔ جِنّ کی جمع ۔ بہت سے بھوت پریت ✤ جِنّی ۔ بھوت پریت اتارنے والا ۔ عامل ۔ جادوگر ۔ سیانا ✤

جناب (جَنَاب) (ع) مذکر و مؤنث (۱) آستانہ ۔ درگاہ (۲) حضور ۔ صاحب ۔ قبلہ ۔ حضرت (۳) خود بدولت ✤ **جنابِ اقدس** ۔ مذکر ۔ عالی جناب ۔ حضور والا ✤ **جنابِ عالی**۔ خداوندِ نعمت ۔ عالی جناب ✤

جنابت (جَنَا۔ بَت) (ع) مؤنث (۱) ناپاکی ۔ نجاست ۔ آلودگی (۲) وہ ناپاکی، جو احتلام یا مرد و عورت کی صحبت کے باعث ہو ✤

جنازہ (جَنَا۔ زَہ) (ع) مذکر (۱) مُردہ جسم ۔ لاش (۲) ارتھی ۔ مردے کا تابوت ✤ **جنازہ دیکھے** (ل) (عو) سخت قسم یعنی ہمیں مرا ہوا دیکھے، جو یہ بات کرے ✤ **جنازۂ رواں** (ع ۔ ف) مذکر (مراد) گھوڑا ✤ **جنازہ نکلے** (ل) (عو) بد دعا ۔ مرے ۔ مر جائے ✤

جنان (جِنَان) (ع) مذکر ۔ جنت کی جمع، بہت سے باغ ۔ بہشت ✤

جنباں (جُم۔ بَاں) (ف) ہلنے والا ✤

جنبش (جُم۔ بِش) (ف) مؤنث ۔ حرکت ۔ گردش ۔ رفتار ۔ تحریک ۔ ہلنا جُلنا ✤ **جنبش دینا** (ل) ہلانا ۔ جھنجھوڑنا ✤

جنّت (جَن۔ نَت) (ع) مؤنث ۔ باغ ۔ بہشت ۔ سُرگ ✤ **جنّت نصیب کرے** (ل) مردے کے حق میں دعائے خیر ۔ خدا بہشت دے ✤ **جنّتی** (ع) (۱) بہشتی ۔ بہشت میں رہنے والا (۲) (ل) مرحوم ۔ مغفور (۳) رحم دل آدمی ۔ نیک آدمی (۴) احمق ۔ سادہ لوح ۔ بھولا آدمی ✤

جنتر (جَن۔ تَر) (ہ) مذکر (۱) جرِ ثقیل کی کل (۲) ایک قسم کا باجا ۔ بین (۳) منتر ۔ تعویذ ۔ ٹوٹکا (۴) روغن اور عرق نکالنے کا برتن ✤ **جنتر منتر** ۔ مذکر (۱) فریب دہی ۔ جادوگری ۔ نظربندی ۔ بازی گری (۲) رصدگاہ ۔ وہ اونچا مکان جس پر نجومی لوگ بیٹھ کر ستاروں کی گردش معلوم کرتے ہیں ✤ **جنتری** ۔ مؤنث (۱) بہت سے چھیدوں والا ایک اوزار جس میں تار ڈال کر باریک یا لمبا کیا جاتا ہے (۲) مذکر ۔ جادوگر ۔ شعبدہ باز (۳) مؤنث ۔ وہ کتاب جس میں نجومی ستاروں کی گردش اور حال مع یک سالہ تاریخ و سنہ کے درج کرتے ہیں ۔ پترا ۔ تقویم ✤

جنتو (جَن۔ تُو) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) حیوان ۔ جانور ۔ جیو (۲) رینگنے والے جانور ۔ حشرات الارض ۔ کیڑے مکوڑے ✤

جنتی (جَن۔ نِی) (ہ) مؤنث (۱) ماں ۔ اماں ۔ مادر ۔ والدہ (۲) تار کھینچنے کا اوزار ✤

جنٹلمین (جَن۔ ٹَل۔ مَین) (انگ ۔ Gentleman) مذکر ۔ شریف آدمی ۔ بھلا مانس ✤

جنجال (جَن۔ جَال) (ہ) مذکر (۱) تکلیف ۔ مصیبت ۔ آفت ۔ بلا (۲) سختی ۔ دقّت ۔ مشکل (۳) پریشانی ۔ حیرانی (۴) بکھیڑا ۔ جھگڑا ✤ **جنجال میں پڑنا** ۔ یا ۔ پھنسنا ۔ مشکل میں پڑنا ۔ عذاب میں پڑنا ۔ مصیبت میں گرفتار ہونا ✤ **جنجالیا** ۔ مذکر ۔ جھگڑالو ۔ بکھیڑیا ۔ مزاحم ✤

جنچنا (جَنچ۔ نَا) (ہ) دیکھیے "جچنا"

جندا ۔ جندرا (جَن۔ دَا ، جَند۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک آلہ، جس سے مٹی اکٹھی کر کے کیاریاں بنائی جاتی ہیں (۲) (پنجابی) تالا ۔ قفل ✤ **جندرے ڈھیلے ہونا** (۱) (لغوی) کل پرزوں کا نکمّا ہونا (۲) (اصطلاحی) کام کرنے کو جی نہ چاہنا ۔ کاہل ہونا ۔ سست ہونا ✤

جندڑی (جِند۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (عو) روح ۔ جان ۔ آتما ✤

جنڈ (جَنڈ) (ہ) مذکر ۔ ایک مشہور جنگلی درخت سانگر، جس کی پھلیوں کا اچار ڈالا جاتا ہے ✤

جنرل (جَن۔ رَل) (انگ ۔ General) (۱) عام ۔ اکثر (۲) بڑا (۳) مذکر ۔ فوج کا اعلیٰ حاکم ۔ سپہ سالار ✤ **جنرل پوسٹ آفس** ( ) مذکر ۔ بڑا ڈاک خانہ ✤

جنس (جِنس) (ع) مؤنث (۱) شے ۔ چیز (۲) اسباب (۳) سودا ۔ سوداگری کا اسباب (۴) ذات ۔ جماعت ۔ قسم ۔ نوع (۵) پیداوار ۔ غلّہ ۔ اناج (۶) جواہر (۷) گہنا ۔ زیور (۸) تذکیر و تانیث ✤ **جنس خانہ** (ع ۔ ف) مذکر ۔ گودام ✤ **جنس وار** (۱) قسم وار ۔ تفصیل وار (۲) نقشہ، جو پٹواری کاشت شدہ جنسوں کے باب میں ہر ششماہی پر تحصیل میں داخل کرتے ہیں ✤ **جنسیّت** (ع) مؤنث ۔ یکساں ہونا ۔ ایک میل ہونا ۔ ہم قسم ہونا ✤

جنکشن (جَنک۔ شَن) (انگ ۔ Junction) مذکر ۔ وہ مقام، جہاں ریل کی دو یا زیادہ شاخیں آکر ملتی ہوں ✤

جنگ (جَنگ) (ف) مؤنث (۱) لڑائی ۔ رزم ۔ معرکہ (۲) مخالفت ۔ دشمنی ۔ کینہ ۔ عداوت ✤ **جنگ آزمودہ** ۔ جس نے لڑائیاں دیکھی ہوں ۔ بہادر ✤ **جنگ آور** ۔ لڑائی کرنے والا ۔ لڑائی پر چڑھنے والا ۔ لڑنے والا ✤ **جنگ جُو** ۔ لڑاکا ۔ تکراری ۔ جھگڑالو ✤ **جنگِ زرگری** ۔ مؤنث ۔ مصلحت کی لڑائی، جو دشمن کو فریب دینے کے لیے کی جائے ۔ جھوٹ موٹ کی لڑائی ✤ **جنگ کرنا** (و) لڑنا ۔ جھگڑنا ✤ **جنگ و جدل** (ف ۔ ع) مذکر ۔ لڑائی بھڑائی ✤ **جنگا مُشتی** (ل) مؤنث ۔ دھینگا مشتی ۔ مارکٹائی ✤ **جنگی** (ف) مذکر (۱) لشکری ۔ سپاہی (۲) دلیر ۔ بہادر ۔ شجاع (۳) دبنگ ۔ لڑاکا (۴) ملٹری ۔ فوجی (۵) عظیم ۔ بڑا (۶) طویل (۷) وسیع ✤ **جنگی بیڑا** (و) مذکر ۔ سامانِ جنگ اور بحری فوج سے لدے ہوئے جہاز ۔ بحری فوج ✤ **جنگی جہاز** (ف ۔ ع) مذکر (۱) لڑائی کا جہاز (۲) بہت بڑا جہاز ✤ **جنگی فوج** ۔ مؤنث (۱) لڑائی کی سپاہ (۲) بری فوج ✤ **جنگی لاٹ** (ل) مذکر ۔ فوج کا سب سے بڑا افسر ۔ لارڈ ۔ سپہ سالار ۔ کمانڈر انچیف ✤

جُنگ (جُنگ) (ہ) مذکر (۱) گٹھڑ ۔ بنڈل ۔ گٹھا (۲) کئی کتابوں کی ایک جلد (۳) دُھن ۔ جوش ✤

جنگل (جَن۔ گَل) (ف) مذکر (۱) ریگستان ۔ جھاڑی ۔ میدان (۲) بنجر اور ویران جگہ (۳) چوپایوں کے چرنے کی زمین ۔ چراگاہ (۴) درختوں کی کثرت کا مقام ۔ بادشاہی شکارگاہ ✤ **جنگل جانا** (و) (گنوار) بیت الخلا یا جائے ضرور جانا ۔ پاخانے جانا ۔ ٹٹی جانا ✤ **جنگل جلیبی** (ل) مؤنث (اطفال) لینڈی ۔ گوہ ✤ **جنگل کا لیتر** (ل) مذکر ۔ نہایت ڈرپوک ✤ **جنگل کی ہوا** (و) مؤنث ۔ لطیف یا تازہ ہوا ✤ **جنگل میں منگل ہونا** (ل) ویرانے میں آبادی یا رونق ہونا ۔ ویرانے میں عیش و عشرت کا سامان ہونا ✤ **جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا؟** (ل) مثل ۔ ناموری اور عزت وہی ہے،

جو اپنے دیس میں ہو۔ غیر ملک یا پردیس میں امیری، فیاضی اور سخاوت کس کام کی ؟
جنگلا (۱) مذکر (۱) گھنا جنگل۔ جھنڈ (۲) غیر آباد جگہ۔ اجاڑ۔ ویرانہ (۳) جالی۔ لکڑی یا لوہے کی سلاخیں جو صحن کے اردگرد لگائی جاتی ہیں۔ چاردیواری۔ ٹٹی۔ کٹہرا (۴) مختلف رنگوں کے بیل بوٹے۔ دوپٹے وغیرہ پر گوٹے کناری کا حاشیہ ❖ **جنگلی** (ف) (۱) صحرائی۔ وحشی۔ بھڑکنے والا (۲) قدرتی۔ خودرو (۳) بے تمیز۔ جاہل۔ ناشائستہ۔ اُجڈ ❖ **جنگلی سؤر** (۱) مذکر (۱) جنگل کا خنزیر۔ خوکِ صحرائی۔ بعض عورتیں صرف جنگلی یا جنگل والا بھی بولتی ہیں (۲) بدصورت اور موٹا آدمی ❖

جنگھارا۔ جنگھاڑا (جنگ۔گھا۔را، جنگ۔گھا۔ڑا) (ہ) مذکر۔ راجپوتوں کا ایک زورآور فرقہ ❖

جن لوک (جَن۔ لوک) (ہ) مذکر (۱) دنیا کے سات حصوں میں سے ایک حصہ (۲) مرنے کے بعد نیک لوگوں کا مقام ❖

جنم (جَنَم) (ہ) مذکر (۱) پیدائش۔ ولادت (۲) فطرت۔ خِلقت۔ اصل (۳) بنیاد (۴) نسل (۵) روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا (۶) عمر۔ حیات۔ زندگی (۷) خصلت۔ عادت ❖ **جنم اشٹمی**۔ مؤنث (۱) بھادوں کے اندھیرے پاکھ کا آٹھواں دن، جب کرشن جی نے جنم لیا تھا (۲) سال گرہ کا دن ❖ **جنم اندھا**۔ مذکر۔ پیدائشی اندھا۔ مادرزاد اندھا ❖ **جنم بگاڑنا** (۱) گناہ میں زندگی بسر کرنا۔ زندگی بگاڑنا (۲) عادت بگاڑنا (۳) ایمان بگاڑنا۔ دھرم بگاڑنا ❖ **جنم بگڑنا**۔ (۱) زندگی برباد ہونا (۲) بیوہ ہونا (۳) ایمان میں فرق آنا ❖ **جنم بھر**۔ عمر بھر ❖ **جنم بھوم۔ یا جنم استھان**۔ مذکر (۱) مولد۔ جائے پیدائش۔ زاد بوم (۲) مسکن۔ وطن ❖ **جنم پتری** (جنم پترا) مؤنث۔ وہ کاغذ، جو بچے کی پیدائش کے وقت ستاروں کی چال دیکھ کر نجومی احکام کے مطابق تیار کیا جاتا اور جس سے بچے کی عمر و عادات وغیرہ کا تخمینہ لگایا جاتا ہے ❖ **جنم پٹا**۔ مذکر۔ عمر کا اقرارنامہ ❖ **جنم جلا** (صفت مذکر) **جنم جلی** (صفتِ مؤنث) (عو) (۱) پیدائشی بدنصیب۔ بدبخت۔ منحوس (۲) مصیبت زدہ۔ بے چارہ ❖ **جنم جنم** (۱) ہمیشہ۔ نت۔ سدا (۲) روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا۔ تناسخ ❖ **جنم دن**۔ مذکر (۱) روزِ ولادت۔ یومِ پیدائش (۲) سال گرہ کا دن ❖ **جنم ڈبونا**۔ مذہب تبدیل کرنا۔ گناہ کرنا ❖ **جنم روگی** ہمیشہ کا بیمار۔ دائم المرض۔ دائمی علیل۔ سدا کا روگی۔ پیدائشی دکھی ❖ **جنم سدھرنا**۔ اچھی حالت ہونا ❖ **جنم کنڈل**۔ مؤنث (ہندو) چھوٹی جنم پتری۔ روزِ پیدائش کا مختصر زائچہ ❖ **جنم کے اندھے نام نین سکھ** (ل) مثل۔ ناقابلیت میں ناموری کی مثال ❖ **جنم لینا** (۱) پیدا ہونا (۲) تناسخ ❖ **جنم مرن**۔ مؤنث (ہندو) (عو) ابدی موت۔ ہمیشہ کی موت ❖ **جنم میں تھوکنا** (عو) سخت عیب لگانا۔ ذات بنیاد پر لعنت ملامت کرنا ❖ **جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ**۔ مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب مفلسی میں بڑے آدمیوں کی ریس کی جائے ❖ **جنمی**۔ پیدائشی ❖

جننگ فیکٹری (جِننگ، فیکٹ۔ ٹری) (انگ۔) مؤنث۔ رُوئی سے بنولے الگ کرنے کا کارخانہ ❖

جنواسا (جَن۔وا۔سا) (ہ) مذکر۔ دلہن کے گھر کی وہ جگہ، جہاں دولہا اور برات ٹھہرائی جاتی ہے ❖

جنوانسا۔ جواسا (جَنواں۔سا، جَوا۔سا) (ہ) مذکر۔ ایک خاردار پودا، جسے اکثر اونٹ کھاتا ہے اور گرمیوں میں خس کی جگہ ٹٹیوں میں لگایا جاتا ہے ❖

جنوائی۔ جوائی (جَنوا۔ئی، جَوا۔ئی) (ہ) مذکر (۱) بیٹی کا خاوند۔ داماد (۲) (عو) آستین کا سانپ۔ دشمن (۳) بیٹی کی گالی ❖

جنوب (جَنُوب) (ع) مذکر (۱) مشرق و مغرب کا درمیانی گوشہ۔ شمال کی مقابل طرف۔ دکھن (۲) قطبِ شمالی کی دوسری جانب کا ملک یا رخ ❖

جنوری (جَن۔وَری) (مہند) (انگ۔ جینیو۔ آری۔ January) مذکر۔ سنہ عیسوی کا پہلا مہینا ❖

جنون (جُنُون) (ع) مذکر (۱) خبط۔ باؤلاپن۔ سودا۔ دیوانگی (۲) طیش۔ غصہ ❖ **جنون آنا** (ل) (۱) غصہ آنا (۲) حسرت اور افسوس آنا ❖ **جنون اچھلنا** (۱) خبط ہونا (۲) جنوں کا دورہ ہونا ❖ **جنون چڑھنا** (۱) دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا (۲) (عو) طیش آنا۔ غصہ چڑھنا ❖ **جنونی** (ع) (۱) خبطی۔ دیوانہ۔ پاگل (۲) (عو) غصیل (۳) سفاک ❖

جنیا (جَن۔یا) (ل) جانی کی تصغیر۔ جانِ من ❖

جنید (جُنَید) (ع) مذکر۔ بغداد کے ایک ولی اللہ ❖

جنین (جَنِین) (ع) مذکر۔ پیٹ کا بچہ۔ وہ بچہ، جو رحمِ مادر میں ہو۔ لوتھڑا ❖

جینوا (جے۔نِوا) (لاطینی۔ Geneva) مذکر۔ سوئزرلینڈ کا ایک بڑا شہر، جہاں کی گھڑیاں مشہور ہیں ❖

جنیئو (جَنے۔او) (ہ) مذکر (۱) وہ بٹا ہوا دھاگا، جو اکثر برہمن لوگ گلے اور کمر میں آڑا ڈالے رہتے ہیں۔ زنار (۲) وہ ترچھی یا سیدھی لکیر یا بال، جو جواہرات وغیرہ میں نظر آئے ❖ **جنیئو کا ہاتھ**۔ مذکر۔ تیغ بازی یا پٹا بازی کی ضرب، جو حریف کے سینے پر آڑی ہو کر لگے ❖

ج ۔ و

جوّ (جَوّ) (ع) مذکر۔ آسمان اور زمین کا درمیانی فاصلہ۔ خلا۔ ہوا ❖

جو (جو) (ہ) مذکر (۱) جو شخص۔ جو کوئی (۲) اگر (۳) بشرطیکہ (۴) بالفرض ❖ **جو بندھ گیا سو موتی**۔ مثل۔ جو کچھ بھی ہو گیا، سو اچھا ہوا ❖ **جو بولے سو گھی کو جائے**۔ مثل۔ جو شخص کسی بات کا جواب دے، وہی اسے انجام تک پہنچائے ❖ **جو جو** (۱) جو چیز (۲) ہر شخص۔ جو کوئی ❖ **جو چڑھے گا، سو گرے گا**۔ مثل۔ صاحب کمال ہی کے لیے زوال ہے۔ کام کرنے والا ہی اپنے کام میں غلطی یا دھوکا کھاتا ہے ❖ **جو سحری کھائے، وہی روزہ رکھے** (ل) مثل۔ جو فائدہ اٹھائے، وہی تکلیف بھگتے ❖ **جو سر اٹھا کر چلے گا، وہی ٹھوکر کھائے گا** (۱) مثل۔ جو غرور کرے گا، ذلت اٹھائے گا ❖ **جو کہ** (ہ) (حرف شرط) (۱) چونکہ۔ اگرچہ (۲) جونسا ❖ **جو گرجتے ہیں، وہ برستے نہیں** (ہ) مثل۔ جو گپیں ہانکتے ہیں، ان سے کوئی کام نہیں ہوتا ❖ **جو ماں سے زیادہ چاہے، سو پھاپھا کٹنی کہلائے** (ہ) مثل۔ ماں سے زیادہ محبت یکسر بناوٹ اور فریب ہے ❖ **جو من میں بسے، سو سپنے دسے** (ہ) مثل۔ جو بات دل میں ہوتی ہے، وہی خواب میں نظر آتی ہے ❖ **جو میرے بسے، سو راجا کے نہیں**۔ مثل۔ جو شخص میرا ہو گیا، وہ راجا کا بھی نہیں ہو سکتا ❖ **جو ہانڈی میں ہوگا، وہی ڈوئی میں نکلے گا**۔ مثل (۱) جو دل میں ہوتا ہے، وہی زبان پر آتا ہے (۲) جیسا مال ہوگا، ویسا ہی نظر آئے گا ❖ **جو ہو** (۱) جو کچھ ہو۔ کچھ ہی ہو (۲) جتنا ہو، جس قدر ہو ❖ **جو ہو سو ہو**۔ کچھ ہی کیوں نہ ہو ❖

جَو (جَو) (ف) مذکر (۱) ایک مشہور غلہ ۔ شعیر (۲) ذرا ۔ قدرے ۔ **جَو جَو** ۔ رتی رتی ۔ ذرا ذرا ۔ **جَو فروش گندم نما** ۔ وہ شخص جو دکھائے کچھ اور بیچے کچھ ۔ دغاباز ۔ **جَوکُٹ** (ہ) دیکھیے جَوکُوب ۔ **جَوکُوب** (ف) موٹا موٹا کوٹا ہوا ۔ دردرا ۔ **جَوکُوب کرنا** (ہ) موٹا موٹا کوٹنا ۔ **جَوِیں** (ف) جَو کی بنی ہوئی ۔

جَوَا (جَوا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی جَو کی سی پتی ، جو کشیدے میں کاڑھی جاتی ہے ۔ (۲) لہسن کی پوتھی کا ہر حصہ ۔ **جَوَاکھار** ۔ مذکر ۔ جَو کو جلا کر اس کی خاک سے نکالا ہوا شورہ ۔ **جَواہِر** ۔ مؤنث ۔ چھوٹی ہڑ ۔ **جَوَالا** ۔ مذکر ۔ جَو ملے ہوئے گیہوں ۔

جُوَا (جُو ۔ آ) (ہ) مذکر (۱) وہ لکڑی جو ہل یا گاڑی کے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے (۲) قماربازی ۔ شرط بازی ۔ قمار ۔ **جُوا چور** ۔ مذکر ۔ داؤں جیت کر کھسک جانے والا جواری ۔ **جُوا ڈال دینا** ۔ ہمت ہارنا ۔ تھک جانا ۔ **جُوارِیٔ** ۔ مذکر ۔ جُوا کھیلنے والا ۔ قمارباز ۔ **جُواری ڈھنڈاری** ۔ مذکر (عو) بدمعاش ۔ شہدا ۔ لچا ۔ بداطوار ۔ **جُوے خانہ** (ہ) مذکر ۔ جُوا کھیلنے کا مکان ۔ قمارخانہ ۔ **جُوا کھیلنا** ۔ قماربازی کرنا ۔ داؤں لگانا ۔

جواب (جَوَاب) (ع) مذکر (۱) سوال کا الٹ ۔ بات کا اتار (۲) (ل) ثانی ۔ مثل ۔ نظیر ۔ مقابل (۳) (عو) رد ۔ تردید (۴) جزا ۔ عوض ۔ بدلا (۵) موقوفی ۔ معزولی (۶) جفت ۔ جوڑا (۷) ناپسندی ۔ انکار ۔ **جوابُ الجواب** (ع) مذکر ۔ جواب کا جواب ۔ **جواب باصواب** ۔ مذکر ۔ مناسب اور عمدہ جواب ۔ معقول جواب ۔ **جواب پانا** (ل) (۱) موقوف ہونا (۲) بدلا یا سزا پانا (۳) انکار ہونا ۔ **جواب پڑھنا** ۔ مرثیے کا پہلا مصرع دہرانا ۔ **جواب ترکی بہ ترکی** (ف) مثل ۔ جیسا کہو گے ، ویسا سنو گے ۔ **جواب تک نہ دینا** (ل) بات تک نہ کرنا ۔ ناراض ہونا ۔ **جوابِ جاہلاں باشد خموشی** (ف) مثل ۔ جو شخص بے وقوفی کے سبب ماننے میں نہ آسکے ، اس کی بات کا جواب خاموشی ہی بہتر ہے ۔ **جوابِ دعویٰ** ۔ مذکر (قانون) مدعا علیہ کا لکھا ہوا جواب ۔ **جواب دِہ** (ع ۔ ف) (قانون) ضامن ۔ ذمہ دار ۔ **جواب دہی** ۔ مؤنث ۔ ذمہ داری ۔ بازپرسی ۔ **جواب دہی کرنا** (ل) (۱) دعویٰ کرنا (۲) بازپرس کرنا (۳) جواب دینا ۔ **جواب دے دینا** (۱) بالکل انکار کر دینا (۲) موقوف کر دینا (۳) چھوڑ دینا ۔ **جواب دینا** (ل) (۱) سوال کا الٹ کہنا (۲) بات رد کرنا ۔ تردید کرنا (۳) بیکار ہو جانا ۔ رہ جانا (۴) برطرف کرنا ، موقوف کرنا (۵) تیاگنا ۔ چھوڑنا (۶) بے ادبی یا گستاخی سے بات کرنا (۷) انکار کرنا ۔ نہ ماننا ۔ **جواب سوال** (ع) مذکر ۔ تکرار ۔ حجت ۔ مناظرہ ۔ بحث ۔ **جوابِ شافی** ۔ مذکر ۔ پورا جواب ۔ تسلی بخش جواب ۔ **جواب صاف** ۔ مذکر ۔ مطلق انکار ۔ بالکل انکار ۔ **جواب طلب** (۱) بازپرس کے قابل (۲) رسید طلب (۳) دریافت کے قابل ۔ مشکوک ۔ **جواب طلب کرنا** (ل) سبب پوچھنا ۔ وجہ دریافت کرنا ۔ بازپرس کرنا ۔ **جوابِ قطعی** (ع) مذکر (۱) پورا پورا جواب (۲) مطلق انکار ۔ **جواب ملنا** (ہ) دیکھیے جواب پانا ۔ **جواب ہونا** (ل) (۱) انکار ہونا (۲) موقوف ہونا (۳) مقابل ہونا ۔ جوڑ ہونا ۔ **جوابی** (ف) مذکر (۱) وہ شخص ، جو سوزخوانی میں مرثیے کا پہلا مصرع ہر بند کے ختم ہونے پر پڑھے (۲) نظیر ۔ مقابل (۳) مخالف ۔

مدعا علیہ (۴) مجیبی ۔ جھگڑالو ۔

جَوَاد (جَوَاد) (ع) (۱) سخی ۔ داتا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

جِوَار (جِوَار) (ع) مذکر ۔ پڑوس ۔ ہمسائیگی (قرب کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

جُوَار (جُوَار) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا اناج (۲) مکئی (۳) مذکر ۔ جزر ۔ سمندر کا اتار ۔

جُوار بھاٹا ۔ مذکر ۔ سمندر کا اتار چڑھاؤ ۔ جزر و مد ، جو چاند کی کشش کے باعث ہوتا ہے ۔

جَوارِح (جَوَا ۔ رِح) (ع) مذکر ۔ آدمی اور شکاری جانور کے ہاتھ ، پاؤں ، زبان اور دوسرے اعضا ۔

جوارِش (جَوَا ۔ رِش) (معرب) مؤنث ۔ ہاضمے کی ایک لذیذ مرکب دوا ۔

جَواری (جَوَا ۔ رِی) (ہ) مؤنث ۔ ایک ڈورا ، جو ستار یا طنبور کے اوپر بندھا ہوتا ہے اور اسی سے سُر اونچے کیے جاتے ہیں ۔ ستار کی کھرج ۔

جواز (جَوَاز) (ع) مذکر (۱) جائز ہونا (۲) اجازت ۔

جواسیس (جَوَا ۔ سِیس) (ع) مذکر ۔ جاسوس کی جمع ۔ بہت سے مخبر ۔

جوالا (جَوَا ۔ لا) (س) مذکر (۱) لو ۔ لپٹ ۔ شعلہ (۲) آگ (۳) حرارت ۔ حدت (۴) تیزی ۔ تندی (۵) آتشِ عشق ۔ **جوالا مکھی** (ہ) (۱) آگ کے منہ والا ۔ آتش دہان (۲) مذکر ۔ کوہ آتش فشاں ۔ وہ پہاڑ جس کے دہانے سے آگ کے شعلے نکلتے ہیں (۳) درگا جی کا لقب (۴) ضلع کانگڑہ میں درگا جی کا مندر ۔

جوالہ (جَوّا ۔ لَہ) (ع) مؤنث ۔ تیزی سے چکر کھانے والی چیز ۔

جوامع (جَوَا ۔ مِع) (ع) جامعہ کی جمع ۔ یونیورسٹیاں ۔

جوان (جَوَان) (ف) (۱) بچہ ، نوخیز ، کم سن ، نوعمر (۲) (ل) قوی ۔ مضبوط (۳) تازہ ۔ نیا (۴) دلیر ۔ بہادر (۵) مذکر ۔ سیانا ۔ سیانی ۔ بالغ ۔ بالغہ ۔ گبھرو (۶) بہادر سپاہی (۷) لونڈا ۔ چھوکرا ۔ لڑکا ۔ **جوان بخت** (ف) (۱) خوش نصیب ۔ بختاور ۔ اقبال مند ۔ جوان قسمت والا (۲) مذکر خاندان تیمور کے آخری بادشاہ کا ولی عہد ۔ **جوان سال** ۔ نوعمر ۔ **جوان سالی** ۔ مؤنث ۔ نوعمری ۔ **جوان صالح** (ف ۔ ع) مذکر ۔ پرہیزگار جوان ۔ نیک چلن جوان ۔ نیک بخت جوان ۔ **جوان مرد** (ف) (۱) فیاض ۔ سخی (۲) صاحب عزم ، بلند حوصلہ ، عالی ہمت (۳) دل چلا ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ سورما ۔ **جوان مردی** ۔ مؤنث (۱) شجاعت ۔ بہادری (۲) عالی ہمتی (۳) دلیری ۔ جانبازی (۴) فیاضی ۔ سخاوت ۔ **جوان مرگ** ۔ یا ۔ **جوانا مرگ** (۱) جوانی مرنے والا ۔ بڑھاپے سے پہلے ہی فوت ہو جانے والا (۲) جوانی میں مر جانے کے قابل ۔ مرتے جوگا ۔ **جوانی** ۔ مؤنث ۔ جوان ہونے کا زمانہ ۔ شباب ۔ **جوانی اٹھنا** (ل) جوانی کا شروع ہونا ۔ **جوانی چڑھنا** ۔ شباب کا زور دل پر ہونا ۔ **جوانی دیوانی** ۔ جوانی میں آدمی پاگل ہوتا ہے ۔ اسے پاگلوں کی طرح کچھ اونچ نیچ نہیں سوجھتی ۔ **جوانی ڈھلنا** ۔ جوانی کا اترنا ۔ جوبن کا عالم نہ رہنا ۔ **جوانی کا پھل دیا سکھ** (عو) جوانی کا آرام ۔ جوانی کا چین ۔ **جوانی کا سکھ دیکھے** (عو) (نیک دعا) اپنی جوانی کا عیش نصیب ہو ۔ **جوانی کا عالم** ۔ مذکر ۔ جوانی کے دن ۔ جوانی کا سماں ۔ **جوانی کی امنگ** ۔ مؤنث ۔ جوانی کا جوش ۔ جوانی کی ترنگ ۔ جوانی کا ولولہ ۔ **جوانی کی نیند** ۔ مؤنث ۔

گہری نیند، جو بالعموم جوانی میں آتی ہے۔

جواہر (جَوَا - ہِر) (ع) مذکر۔ جوہر کی جمع۔ قیمتی پتھر، ہیرا۔ یاقوت۔ لعل گوہر وغیرہ۔ **جواہرات**۔ مذکر۔ جوہر کی جمع الجمع۔ **جواہر خانہ** (ف) مذکر۔ جواہرات رکھنے کا شاہی مکان۔ توشہ خانہ۔ **جواہر نگار** (۱) جڑاؤ۔ مُرصّع (۲) خوش رقم، خوش خط۔

جوبلی (جُو - بِ - لی) (انگ Jubilee) مؤنث (۱) وہ تہوار جو یہودی اپنی آزادی اور واپسیٔ وطن کی یادگار کے طور پر ہر پچاس سال کے بعد مناتے ہیں (۲) وہ جشن جو بادشاہ کی تخت نشینی کے پچیس، پچاس اور ساٹھ سال بعد منایا جاتا ہے۔ ۲۵ سالہ کو سلور (چاندی کی) جوبلی۔ ۵۰ سالہ کو گولڈن (سونے کی) جوبلی اور ۶۰ سالہ کو ڈائمنڈ (ہیرے کی) جوبلی کہتے ہیں (۳) نہایت خوشی کا موقع یا حالت۔

جوبن (جُو - بَن) (ہ) مذکر (۱) اٹھتی جوانی۔ شباب۔ بلوغ (۲) حسن و جمال۔ خوبصورتی (۳) کیفیت۔ حالت۔ عالم۔ سماں (۴) موج۔ لہر۔ رونق۔ بہار (۵) چوچی۔ پستان۔ چھاتی (۶) سبزہ۔ **جوبن ابھرنا۔ یا۔ امنڈنا**۔ چھاتیاں اٹھنا۔ جوانی ابھرنا۔ **جوبن پر آنا**۔ سرسبز ہونا۔ پھولنا پھلنا۔ بہار پر آنا۔ جوانی پر آنا۔ **جوبن پھٹے پڑنا**۔ حسن و جمال کی افزونی اور کمال کی زیادتی ہونا۔ **جوبن ڈھلنا**۔ خوب صورتی کی کیفیت نہ رہنا۔ **جوبن کا** (۱) رونق کا۔ بہار کا (۲) لذیذ۔ مزے دار۔ **جوبن کی ماتی**۔ مؤنث۔ مستی میں بھری ہوئی عورت۔ بدمست عورت۔ **جوبن لٹنا**۔ چھاتیوں کا ملا دلا جانا۔ بہار لٹنا۔ **جوبن نکالنا**۔ بہار پر آنا۔ رونق پر آنا۔ جوانی نکالنا۔

جُوت (جُوت) (ہ) مؤنث (۱) روشنی۔ نور۔ چاندنی۔ چمک۔ اجالا (۲) آنکھ کی روشنی۔ نگاہ۔ نظر (۳) رونق۔ جلوہ (۴) لَو۔ شعلہ (۵) چمک۔ دمک۔ جھلک (۶) دِیا۔ چراغ (۷) نقدی۔ زر۔ دولت۔ دھن (۸) جان۔ آتما۔ روح۔ **جوت بتی کرنا۔ جوت جگانا۔ یا۔ چڑھانا** (ہندو) کسی بت خانے کا گھی کے چراغ جلا کر اپنے دیوتا کو بلانا۔

جُوت (جُوت) (ہ) مؤنث (۱) زراعت۔ کھیتی۔ کاشت کاری۔ قلبہ رانی (۲) جوتی ہوئی زمین (۳) پٹی۔ کاشت کار کا قبضہ (۴) لگان جو کاشت کار دیتا ہے (۵) بیلوں کے گلے کا تسمہ، جس سے جوا اور بندھا رہتا ہے (۶) رسی، جو قصبا تی کے ڈول یا کی رسی کے پاس ہوتی ہے (۷) دکان کا سامان (۸) ترازو کی ڈوری جو پلڑوں سے بندھی رہتی ہے (۹) جوتنا کا امر۔ **جوتت** جمع (۹) مؤنث۔ محاصل۔ روپیہ، جو کاشت کار ادا کرے۔ لگان۔ **جوتا**۔ مذکر (۱) کاشت کار۔ مزارع (۲) ہل جوتا (۳) کسان (۴) ہم بستر ہونے والا۔ **جوتنا**۔ مذکر (۱) تقسیم ویبار۔ حصہ۔ حاصل (۲) بیلوں کا تسمہ۔ **جوتا ہوا**۔ جوتنے کے لائق۔ کاشت کے قابل زمین۔ **جوتنا** (۱) بیلوں کو گاڑی یا ہل میں لگانا (۲) گھوڑے کو گھوڑے وغیرہ میں جوڑنا (۳) کھیتی باڑی کرنا۔ ہل چلانا (۴) دھنی کرنا (۵) مصروف کرنا۔ **جوتی**۔ مؤنث۔ دیکھیے جوت۔

جُوتا (جُو - تا) (ہ) مذکر (۱) جڑا۔ جوتا۔ (۲) دنگا فساد۔ لڑائی (۳) سرزنش۔ تنبیہ۔ **جوتا** مذکر (۱) کفش۔ پاپوش (۲) گھاٹا۔ نقصان (۳) سلوک۔ بھاری احسان۔ **جوتا اٹھانا** (۱) جوتا مارنے کا ارادہ کرنا۔ جوتا لے کر مقابلہ کرنا (۲) فرماں برداری کرنا۔ اطاعت کرنا۔ کفش برداری کرنا۔ **جوتا اچھلنا**۔ لڑائی فساد ہونا۔ جوتیوں سے لڑنا۔ **جوتا برسنا**۔ جوتیوں سے پٹنا۔ خوب جوتیاں پڑنا۔ **جوتا چلنا** بد تہذیبی کی لڑائی ہونا۔ جوتی پیزار ہونا۔ **جوتا چھپانا**۔ ایک رسم۔ شادی کے وقت پر سالیاں دولہا کا جوتا چھپا لیتی ہیں اور کچھ لے کر واپس دیتی ہیں۔ **جوتا لگنا** (۱) جوتے کی ضرب پڑنا (۲) گھاٹا پڑنا۔ نقصان ہونا (۳) شرمندہ ہونا (۴) نئے جوتے سے پاؤں کا دکھنا۔ **جوتا مارنا** (۱) پاپوش مارنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔ ملامت کرنا (۳) احسان کر کے شرمندہ کرنا۔

جُوتی (ہ) مؤنث۔ پیزار۔ پاپوش۔ کفش۔ **جوتی پر جوتی چڑھنا**۔ جوتی پر جوتی کا آجانا، جسے بعض پرانے لوگ سفر کا شگون جانتے یا جنگ کا پیش خیمہ سمجھتے ہیں۔ **جوتی پر جوتی مارنا یا جوتی کی نوک پر مارنا** (ف) پروا نہ کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ ٹھکرانا۔ **جوتی پہنانا** (۱) دوسرے شخص کے پاؤں میں جوتی ڈالنا (۲) جوتی خرید کر دینا۔ **جوتی پیزار** (ف) مؤنث (عو) (۱) مارکٹائی۔ مارپیٹ (۲) تھکا فضیحتی۔ لڑائی فساد۔ **جوتی چلنا**۔ دیکھیے جوتا چلنا۔ **جوتی چھپائی** (ہ) مؤنث (عو) وہ رقم، جو دولہا کی سالیاں وداع کے وقت اس کی جوتی چھپا کر لیتی ہیں۔ **جوتی خور (خورا)** (ف) بے عزت۔ وہ شخص، جسے پٹنے کی عادت ہو۔ **جوتی سے یا جوتی کی نوک سے** (عو) کچھ پروا نہیں۔ بلا سے۔ **جوتی کاری**۔ مؤنث۔ جوتیوں سے خبر لینا یا مارنا۔ مارپیٹ۔ **جوتی کے برابر نہ سمجھنا** (ف) (عو) ہیچ سمجھنا۔ ذرا خاطر میں نہ لانا۔ کچھ نہ سمجھنا۔ **جوتی کے تلے سے ناک کاٹ لینا** (ہ) نہایت ذلیل کرنا۔ **جوتے**۔ مذکر۔ جوتا کی جمع۔ بہت سی جوتیاں۔ **جوتے سے آنا**۔ مجبور ہو کر آنا۔ جوتے کے زور سے آنا۔ **جوتے سے خبر لینا** (ف) بہت جوتے مارنا۔ **جوتے کا یار**۔ مذکر۔ خوف اور دہشت سے کام دینے والا آدمی۔ جوتے سے کام دینے والا آدمی۔ **جوتیاں** (ہ) مؤنث۔ جوتی کی جمع۔ **جوتیاں اٹھانا، سیدھی کرنا** (۱) نوکری بجا لانا۔ کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت کرنا (۲) بے حد عجز کا اظہار کرنا۔ **جوتیاں بغل میں دبانا۔ یا۔ مارنا** (ف) (۱) جوتیوں کو بغل میں چھپانا (۲) دبک کر نکل جانا۔ **جوتیاں چٹخاتے پھرنا** (ہ) نکما پھرنا۔ خاک چھانتے پھرنا۔ **جوتیاں سیدھی کرنا** (۱) خدمت کرنا۔ تعظیم بجا لانا۔ عظمت کرنا (۲) بے حد عقیدت سے جوتیوں کو سیدھا کرنا۔ **جوتیاں کھانا** (۱) (عو) جوتیوں سے پٹنا (۲) بُرا بھلا سننا۔ طعنے سہنا۔ **جوتیاں گانٹھنا** (۱) جوتیوں میں پیوند لگانا۔ جوتیوں کی مرمت کرنا (۲) نہایت ذلیل کام کرنا (۳) بہت بُرا بیننا۔ **جوتیاں مارنا** (۱) جوتیوں سے مارنا (۲) ذلیل و رسوا کرنا۔ **جوتیوں**۔ جوتی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **جوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا**۔ زبردستی جھٹلانا۔ نہایت ڈھٹائی اور گستاخی سے کسی سچی بات کا انکار کرنا۔ **جوتیوں کا صدقہ** (ف) (۱) آپ کی جوتیوں کے طفیل۔ آپ کی بدولت (۲) انکسار کا کلمہ، جو احسان ماننے کے اظہار پر بولا جاتا ہے۔ **جوتیوں کی پھٹکار سے بچنا**۔ پیدل چلنے سے گھبرانا۔ **جوتیوں میں دال بٹنا**۔ مارکٹائی ہونا۔ لڑائی جھگڑا ہونا۔ آپس میں پھوٹ پڑنا۔

جوتری (جَوْتْ-تَرِیْ) (ہ) مؤنث - جائفل کا پھول ٭
جوتش (جَوْ-تَشْ، جَوْ-تِشْ) (ہ) مذکر - گرہ اور نچھتر وغیرہ جاننے کا شاستر ٭ **جوتشی** (ہ) مذکر - منجم - نجومی ٭
جوٹ (جَوْٹْ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) جفت - جوڑ (۲) نظیر - ہم پلّہ - برابر کا - ہمسر (۳) رفیق - ہمجولی - ساتھی - ہم شکل - ہم قد (۵) بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوتی جاتی ہے ٭ **جوٹ باندھنا** (۱) ہم عمر یا ہم قد سے جوڑا لگانا (۲) ملانا - جوڑا لگانا ٭ **جوٹی - یا - جوٹیا** - مذکر (گنوار) جوڑ - مددگار - ساتھی ٭
جوٹھا (جَوْ-ٹھَا) (ہ) مذکر - مستعمل - پس خوردہ ٭
جوجو (جُوْ-جُوْ) (ہ) مذکر - ایک فرضی ڈراؤنی چیز، جس سے بچّوں کو ڈرایا جاتا ہے ٭
جوجھنا (جَوْجھ-نَا) (ہ) (۱) جنگ کرنا - لڑنا (۲) مار پیٹ کرنا (۳) ہتھیار سنبھالنا ٭
جُود (جُوْدْ) (ع) مذکر - سخاوت - بخشش - کرم ٭
جَودت (جَوْ-دَتْ) (ع) مؤنث (۱) فراست - تیز فہمی - ذہانت - ذکاوت (۲) چالاکی - تیزی ٭
جودھا (جَوْ-دھَا) (ہ) مذکر (ہندو) سپاہی - جنگ آور - پہلوان - غازی - شجاع - بہادر ٭
جوڈیشل (جُوْ-ڈِیْ-شَلْ) (انگ - Judicial) حاکمانہ - عدالتی (صیغۂ فوج داری) ٭ **جوڈیشل اختیارات** (ا) مذکر - فوج داری اختیارات ٭ **جوڈیشل کارروائی** - مؤنث - فوج داری عدالت کی کارروائی ٭
جور (جَوْرْ) (ع) مذکر (۱) ظلم - ستم - زبردستی - بے رحمی (۲) سختی (۳) تیزی (۴) بد اخلاقی ٭
جورو (جُوْ-رُوْ) (ہ) مؤنث - (۱) اہلیہ - بیوی - زوجہ (۲) غیر عورت کے لیے ایک گالی ٭ **جورو خصم کی لڑائی دودھ کی سی ملائی** مثل میاں بیوی کی کشیدگی میں عجب لطف ہوتا ہے ٭ **جورو کا بھائی** (۱) مذکر - سالا (۲) ایک قسم کی گالی ٭ **جورو کا مزدور** (ا) مذکر - بیوی کے اشاروں پر چلنے والا - بیوی کا فرماں بردار - زن مرید ٭
جوڑ (جُوْڑْ) (ہ) مذکر (۱) جفت (۲) مقابل - ہمسر (۳) رفیق - ساتھی (۴) ہم قد - ہم شکل (۵) مذکر - گانٹھ - گرہ - بند (۶) مذکر - لگن - سنجوگ (۷) کل مقدار - میزان (۸) داؤں - چھل - فریب (۹) مذکر - بہتان - افترا (۱۰) مثبت - منفی کے خلاف (۱۱) مذکر - ہم رنگ اور ہم سلسلہ ظروف (۱۲) مؤنث - مرثیہ پڑھنے والوں کی جماعت (۱۳) مذکر - ایک قسم کی جھلّی (۱۴) (ا) ملاپ - آمیزش (۱۵) مذکر - افسانہ - فرضی قصّہ (۱۶) ایک قسم کے چھلّے (۱۷) ٹانکا - سیون - پیوند (۱۸) عضو - پور (۱۹) جوڑنا کا امر ٭ **جوڑ باندھنا** (۱) کشتی کے لیے دو برابر کے پہلوانوں کا مقرر کرنا (۲) جوڑ لگانا ٭ **جوڑ بٹھانا** - جوڑ ملانا - جوڑ بٹھانا - چول بٹھانا ٭ **جوڑ بند** (ا) مذکر - عضو - جوڑ - بندش ٭ **جوڑ دار** (ا) پیوند لگا ہوا - جڑا ہوا ٭ **جوڑ توڑ** (ہ) مذکر (۱) ساز باز (۲) بے بنیاد بات - بہتان (۳) چال - فریب (۴) تدبیر - ترکیب ٭ **جوڑ توڑ کرنا** (۱) تجویز کرنا - تدبیر کرنا (۲) فریب کرنا (۳) کسی کے خلاف سازش کرنا ٭ **جوڑ جوڑ** - مذکر - بند بند - ہر بند - ہر عضو ٭ **جوڑ چلنا** (۱) تدبیر کارگر ہونا (۲) چال چلنا ٭

جوڑ کا - مقابل کا - برابر کا ٭ **جوڑ لگانا** (۱) جوڑ باندھنا (۲) میزان کرنا (۳) پیوند لگانا - گانٹھنا ٭ **جوڑا** - مذکر (۱) جفت - ہمسر - دو چیزیں - جفت (۲) نر مادہ - میاں بیوی (۳) برابر کا - مقابل کا (۴) ہمراہی - ساتھی (۵) لباس - پوری پوشاک (۶) پاپوش - جوتا (۷) ثانی - دوسرا ٭ **جوڑا بڑھانا** (ع) کپڑے اتار کر رکھنا - لباس اتارنا ٭ **جوڑا بنا رہے** (دعا) (۱) میاں بیوی سلامت رہیں (۲) خدا دونوں بھائیوں کو سلامت رکھے (۳) کوئی سے دو آدمیوں کو اکٹھا دیکھ کر فقیروں کی دعا ٭ **جوڑا بنانا** (۱) کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا (۲) پوری پوشاک تیار کرنا (۳) جوتا بنانا (۴) چوڑیاں تیار کرنا ٭ **جوڑا لگانا** - نر کو مادہ سے جفت کرنا ٭ **جوڑنا** (۱) پیوند لگانا - گانٹھنا - ملانا (۲) جمع کرنا - اکٹھا کرنا (۳) جوڑ لگانا - میزان دینا (۴) پس انداز کرنا - بچا بچا کر رکھنا (۵) شمار کرنا - حساب لگانا (۶) تصنیف کرنا - بنانا (۷) سانٹھ ڈالنا - جوتنا (۸) (ہندو) روشن کرنا - جلانا (۹) یارانہ گانٹھنا - دوستی کرنا (۱۰) باندھنا - گرہ دینا (۱۱) جتھا بنانا - گروہ بنانا (۱۲) شامل کرنا - منسلک کرنا (۱۳) دھرنا - لگانا ٭ **جوڑوان** - مذکر - دیکھیے "جڑواں" ٭
جوڑی - مؤنث (۱) برابر کے دو شخص یا دو چیزیں (۲) تال کے مجیرے، جو طبلے کے ساتھ بجائے جاتے ہیں (۳) موگریاں ٭ **جوڑی بنی رہے** - دیکھیے "جوڑا بنا رہے" ٭ **جوڑی دار** (ا) مذکر - ہمراہی - ساتھی - سنگی ٭ **جوڑی والا** (ہ) مذکر - طوائفوں کے پیچھے طبلہ بجانے والا ٭
جُوڑا (جُوْ-ڑَا) (ہ) مذکر (۱) بالوں کی وہ گانٹھ، جو عورتیں پیچھے گدّی پر دے لیتی ہیں (۲) مونج کی بٹی ہوئی رسّی (۳) بلبل کی کلغی یا چوٹی ٭ **جُوڑا باندھنا** - بالوں کو اکٹھا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لینا ٭ **جُوڑا کھولنا** - بالوں کی جٹا کھولنا ٭
جُوڑی (جُوْ-ڑِیْ) (ہ) مؤنث - تپ لرزہ - جاڑے کا بخار ٭ **جُوڑی چڑھنا** - خوف معلوم ہونا ٭
جوز (جَوْزْ) (ع) مذکر (۱) ناریل (۲) اخروٹ (۳) جائفل ٭
جوزا (جَوْ-زَا) (ع) مذکر - تیسرا آسمانی برج، جو دو ننگے پشت سے جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے - متھن راس ٭
جوش (جَوْشْ) (ف) مذکر (۱) اُبال - کھدبدی (۲) برانگیختگی - تحریک (۳) موج - لہر - ولولہ (۴) تندی - تیزی - حرارت (۵) زور - کثرت - زیادتی (۶) شہوت - مستی (۷) غصّہ - غضب (۸) مدد - حمایت (۹) مذہبی حرارت - تعصّب (۱۰) جنون - دیوانگی (۱۱) غلبہ - اشتیاق - سرگرمی - جذبہ (۱۲) محبتِ الٰہی کا زور ٭ **جوشِ جوانی** (ف) مذکر - جوانی کا زور - جوانی کی تیزی - جوانی کا ولولہ ٭ **جوشِ خون** - مذکر (۱) ماں باپ کی محبت یا بھائیوں کی الفت (۲) خون کا غلبہ ٭ **جوشِ دہن** - مذکر - منہ پھولنا، منہ آنا ٭ **جوش دینا** (ا) کھولانا - ابالنا ٭ **جوش کھانا** یا - **مارنا** - کھولنا - ابلنا - کھدبد ہونا ٭ **جوش میں آنا** (۱) ابلنا (۲) طغیانی پر آنا (۳) سوج جانا (۴) لہرانا (۵) غصّے میں آنا (۶) ولولہ اٹھنا ٭ **جوش میں لانا** - ابھارنا - چھیڑنا - بھڑکانا - غصّہ دلانا ٭ **جوش و خروش** (ف) مذکر (۱) کڑک - گرج - غل غپاڑا (۲) طیش، غصّہ ٭ **جوشاندہ** - مذکر - جوش دی ہوئی دوا، جو نزلے میں پلائی جاتی ہے - کاڑھا ٭
جوشش - مؤنث - دیکھیے "جوش" ۱ تا ۴ ، ۱۰ ٭

جوشن (جَو۔شَن) (ف) مذکر (۱) چلتا۔ بکتر۔ زرہ (۲) بازو پر باندھنے کا ایک زیور۔

جوشی (جَو۔شی) (ف) مذکر (۱) نجومی۔ جوتشی (۲) برہمنوں کی ایک ادنیٰ ذات، جو نجومی کا کام کرتی ہے۔

جوع (جُوع) (ع) مؤنث۔ بھوک۔ **جُوعُ الْاَرْض** مؤنث۔ ملک فتح کرنے کی ہوس۔ **جُوعُ الْبَقَر**۔ مؤنث (۱) گائے والی بھوک۔ ہر وقت منہ چلتا رہنے کی عادت۔ بسیار خوری (۲) ایک بیماری، جس میں بھوک بہت لگتی ہے۔ **جُوعُ الْکَلْب**۔ مؤنث (۱) کتے کی بھوک۔ بہت کھانا (۲) بہت کھانے کی بیماری۔

جوف (جَوف) (ع) مذکر (۱) ہر چیز کا اندرونی خلا (۲) برچھی کا زخم، جو پیٹ کے اندر لگے (۳) گڑھا۔ غار (۴) پیٹ۔ شکم۔

جَوْق (جَوق) (ت) مذکر۔ جتھا۔ ہجوم۔ انبوہ۔ گروہ۔ **جوق جوق** ۔ یا ۔ **جوق در جوق** (ف) گروہ در گروہ۔ بہت سے۔ بہت۔

جوکھ (جوکھ) (ہ) مؤنث (۱) اندازہ۔ جانچ۔ پرکھ (۲) وزن۔ تول۔ **جوکھنا** (۱) جانچنا۔ کسنا (۲) وزن کرنا۔ تولنا۔

جوکھوں (جوکھم) (جو۔کھوں) (ہ) مؤنث (۱) خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ خطرہ (۲) قیمتی چیزیں، جواہرات، روپیہ، زیور وغیرہ (۳) بیمہ (۴) خسارہ۔ نقصان (۵) مصیبت۔ آفت۔ **جوکھوں اٹھانا**۔ خسارہ اٹھانا۔ نقصان برداشت کرنا۔ **جوکھوں کا کام**۔ مذکر۔ خوف و خطرہ کا کام۔ **جوکھوں میں پڑنا**۔ آفت میں پڑنا۔ خطرے میں پڑنا۔

جوگ (جوگ) (ہ) مذکر (۱) چاند کی منزلیں (۲) ستاروں کا ملاپ۔ قران (۳) میل ملاپ۔ لگن۔ سنجوگ (۴) سعید وقت۔ نیک ساعت (۵) درویشی۔ زہد۔ صفائے باطن۔ ریاضت۔ دھیان (۶) کفارہ (۷) ایک دائرے کے بہت سے ٹکڑے، جو منطقۃ البروج سے ناپے جاتے ہیں (۸) وہ آدمی جس کے نام کی ہنڈی کی جائے (۹) ساعت۔ وقت۔ موقع (۱۰) درست۔ ٹھیک۔ مناسب۔ مبارک (۱۱) ذریعے سے۔ وجہ سے۔ **جوگ سادھنا** ۔ یا ۔ **لینا** (۱) حبسِ دم کرنا۔ دم کشی کرنا (۲) جوگی یا سنیاسی وغیرہ کی طرح عبادت و ریاضت میں دن گزارنا۔ سنت بننا۔ فقیر ہونا (۳) چلہ کشی کرنا۔ **جوگا** (ہو) (۱) زیبا۔ مناسب۔ قابل۔ لائق (۲) درست۔ مطابق۔ موزوں (۳) بروقت۔ حسبِ موقع (۴) افیون کا فضلہ، جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے۔ **جوگن**۔ مؤنث (۱) جوگی کی تانیث (۲) جوگی کی بیوی (۳) سادھنی۔ فقیرنی۔ **جوگنی**۔ مؤنث (۱) بھوتنی (۲) درگا دیوی کی پجارن (۳) قمری منزلوں کی شکلیں (۴) جوگ یا یوگ جاننے والی عورت۔ **جوگی**۔ مذکر (۱) سنیاسی۔ سنت۔ منی۔ رشی۔ زاہد۔ عابد (۲) مجاور۔ پجاری (۳) ساحر۔ جادوگر۔ **جوگی کس کے میت**۔ مثل۔ فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے۔ **جوگیا**۔ مذکر (۱) سرخی مائل۔ زرد رنگ۔ گیروا رنگ (۲) ایک راگنی (۳) ایک قسم کا کبوتر۔

جَوْلاں (جَو۔لاں) (ف)
جَوَلاں (جَوَ۔لاں) (ع) } مذکر (۱) کود پھاند (۲) گھوڑے کی دوڑ (۳) کاوا۔ کاوا دینا۔ **جَوْلانی** (ف) مؤنث (۱) گھوڑے کی دوڑ (۲) پھرتی۔ چستی۔ تیز رفتاری۔ جلدی۔ چالاکی۔ تیزی (۳) ولولہ۔ امنگ (۴) ذکاوت۔ فراست۔ تیز فہمی۔ طبیعت کی روانی۔

جولان (جَو۔لان)
جُولان (جُو۔لان) } (ف) مؤنث۔ بیڑی۔ مجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی زنجیر۔

جولائی (جُو۔لا۔ اِئی) (انگ) July مذکر۔ سنہ عیسوی کا ساتواں مہینا۔

جون (جُون) (انگ) June مذکر۔ انگریزی سال کا چھٹا مہینا۔

جُوں (جُوں) (ہ) (حرف تشبیہ) مثل۔ نظیر۔ مانند۔ **جُوں تُوں**۔ کسی نہ کسی طرح۔ جس طرح ہو سکے۔ بہر صورت۔ **جُوں تُوں کر کے** (۱) کسی نہ کسی طرح (۲) کسی ڈھب سے (۳) بڑی مشکل سے۔ بہ مشکل تمام۔ **جُوں جُوں**۔ جب تک۔ جہاں تک۔ جس قدر۔ **جُوں کا تُوں۔ جُوں کی تُوں** (۱) ویسے کا ویسا ہی۔ اصل حالت اور ہیئت پر۔ بجنسہٖ (۲) کامل۔ پورا۔ تمام۔ **جوں ہی۔ جونہیں**۔ جس وقت۔ اسی وقت۔ فوراً۔

جُوں (جُوں) (ہ) مؤنث (۱) ایک کیڑا، جو سر کے بالوں یا کپڑوں میں پیدا ہو جاتا ہے (۲) ذرا سی چیز۔ تھوڑی سی چیز۔ **جُوں کی چال**۔ مؤنث۔ بہت آہستہ چال۔ نہایت سست رفتار۔ **جُوں مُونہا**۔ پاکھنڈی۔ غریب صورت۔ **جوئیں** (جوئیں) **دیکھنا** (عو) کپڑوں یا سر کے بالوں میں سے جوئیں چننا۔ **جوئیں** (جوئیں) **مارنا** (۱) ناخن پر رکھ کر جوئیں مارنا (۲) دیر لگانا۔ وقت ضائع کرنا (۳) نحوست پھیلانا۔

جُون (جُون) (ہ) مؤنث (۱) پیدائش۔ ولادت۔ جنم (۲) جسم۔ قالب (۳) آواگون۔ تناسخ (۴) عرصہ۔ وقت۔ زمانہ۔ **جون بدلنا** ۔ یا ۔ **پلٹنا** (۱) ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ چولا بدلنا (۲) حالت بدلنا۔ صورت بدلنا۔ **جون پوری کرنا**۔ زندگی بسر کرنا۔ دن پورے کرنا۔

جونا (جُو۔نا) (ہ) مذکر (۱) برتن مانجنے کے لیے بان یا گھاس کی رسی (۲) لکڑیاں یا گھاس وغیرہ کا گٹھا باندھنے کے لیے گھاس کی رسی۔

جونا۔ جوناں (جَو۔نا، جَو۔ناں) (ہ) مؤنث۔ دعوت۔ شادی۔ ولیمہ۔

جونپور کا قاضی (ق) مذکر (کنایۃً) بے وقوف۔

جونچی (جوں۔چی) (ہ) مؤنث۔ جو یا گیہوں کی ایک بیماری۔

جونڈری (جَونڈ۔ری)
جونڈی (جوں۔ڈی)
جونری (جَوں۔ری) } (ہ) مؤنث۔ جوار۔ ایک قسم کا اناج۔

جونسا (جَوں۔سا) (ہ) جو شخص۔ جو کوئی۔ کوئی۔

جونک (جَونک) (ہ) مؤنث (۱) کیڑا۔ پانی کا کیڑا، جو آدمی کے جسم پر خونِ فاسد نکالنے کے لیے لگایا جاتا ہے (۲) (بازاری) زنِ فاحشہ۔ کسبی عورت۔ رنڈی۔ **جونک ہو کے لپٹنا یا چمٹنا**۔ جونک کی طرح لپٹنا۔ اس طرح چمٹنا کہ پھر چھوٹنا مشکل ہو۔ **جونکیں**۔ مؤنث۔ جونک کی جمع۔ کیڑے۔ **جونکیں لگوانا**۔ کیڑے لگوانا۔ کیڑوں کے ذریعے سے خونِ فاسد نکلوانا۔

جونی (جَو۔نی) (ہ) مؤنث (۱) ترازو کی رسی (۲) جُون۔

جونیر (جُو۔نیر) (انگ) Junior ادنیٰ۔ چھوٹا۔

جوہار (جُو۔ہار) (ہ) مذکر۔ جینیوں کا باہم سلام۔ ٹھاکروں کا سلام۔

جوہر (جَوْ - ہَرْ) (ع) مذکر (۱) قیمتی پتھر ۔ نگ (۲) لبِّ لباب ۔ ست ۔ عطر ۔ خلاصہ (۳) وہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو (۴) تلوار یا فولاد کے وہ نقش جن سے اس کی عمدگی ظاہر ہو (۵) خوبی ۔ عمدگی ۔ گن ۔ خاصیت (۶) لیاقت ۔ کمال ۔ ہنر (۷) مانند بھید (۸) کارستانی ۔ چالاکی (۹) (ہ) خودکشی کرنا (۱۰) قتل ہو جانا (۱۱) راجپوتوں کی ایک رسم ۔ جب وہ جنگ میں ہر طرف سے گھر جاتے تو اپنے بیوی بچوں کو قتل کرنے کے بعد خود لڑ کر جان دے دیتے تھے ۔ **جوہر دکھانا** (ل) (۱) شرافت دکھانا ۔ فضیلت اور لیاقت ظاہر کرنا ۔ ہنر دکھانا (۲) خباثتِ نفس ظاہر کرنا ۔ چالاکی دکھانا ۔ **جوہر فرد** (ف) مذکر ۔ بے نظیر ہوتی ۔ یکتا جوہر ۔ **جوہر کرنا** (ہ) اپنے آپ کو مار ڈالنا ۔ ہلاک کرنا ۔ قتل کرنا ۔ خودکشی کرنا ۔ **جوہر کھل جانا یا کھلنا** (ل) (۱) خوبی اور عمدگی کا نمایاں ہونا ۔ ہنر ظاہر ہونا (۲) بھید ظاہر ہو جانا ۔ قلعی کھل جانا ۔ **جوہری** (ع - ف) مذکر (۱) جواہرات کا کاروبار کرنے والا (۲) شناسا ۔ پرکھنے والا (۳) ہنر شناس ۔

جوہڑ (جَوْ - ہَڑ) (ہ) مذکر ۔ ڈبرا ۔ تال ۔ جھیل ۔ بارانی تالاب ۔

جوہنا (جَوْ - ہْ - نا) (ہ) (گنوار) (۱) دیکھنا (۲) انتظار کرنا (۳) تلاش کرنا (۴) جانچنا ۔

جوہی ۔ جوئی (جُوْ - ہی ، جُوْ - ای) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی جنگلی چنبیلی (۲) ایک قسم کی آتش بازی جس سے متعدد پھول نکلتے ہیں (۳) کھیتی میں لگ جانے والا ایک قسم کا کیڑا ۔

جویبار (جُوْ - یا - بَار) (ف) مذکر (۱) نہروں کی جگہ ۔ پہاڑ کا دامن (۲) مؤنث ۔ بڑی نہر ۔

جوئندہ (جُوْ - اِن - دَہ) (ف) ڈھونڈنے والا ۔ تلاش کرنے والا ۔ کھوجی ۔ متجسس ۔

جوئے ۔ جو (جُوْ - ے ، جُو) (ف) مؤنث ۔ ندی ۔ نہر ۔ **جوئے شیر** ۔ مؤنث ۔ وہ نہر جو فرہاد نے شیریں کے حکم پر پہاڑ سے شہر تک نکالی تھی ۔

جویا ۔ جویاں (جُوْ - یا ، جُوْ - یاں) (ف) دیکھیے جوئندہ ۔

ج - ہ

جھابا (جھَا - بَا) (ہ) مذکر (۱) چمڑے کا ٹونٹی والا ظرف جس میں تیل یا گھی ڈالا جاتا ہے (۲) چمڑے کا گول خوان جس میں آٹا چھانا جاتا ہے (۳) (پوربی) روشنی کے لیے مکان میں لٹکانے کا جھاڑ (۴) تنگ منہ کا دودھ دوہنے کا برتن (۵) روٹیاں رکھنے کے لیے تیلیوں یا پتّے وغیرہ کا بنا ہوا خوان (پنجابی) چھابا ۔

جھابر ۔ جھابڑ (جھَا - بَر ، جھَا - بَڑ) (ہ) مؤنث (گنوار) دلدل ۔ وہ زمین جہاں دلدل ہو ۔

جھابڑ جھلّا (ہ) ڈھیلا ڈھالا ۔ بدنما اور بدہیئت آدمی ۔

جھاپ (جھَاپ) (ہ) مؤنث ۔ اوٹ ۔ پردہ ۔

جھاپا (جھَا - پَا) (ہ) مذکر ۔ تنگ منہ کی کوٹھڑی ۔

جھاجھا (جھَا - جھَا) (ہ) مذکر ۔ پتلی بھنگ ۔

جہات (جِہَات) (ع) مذکر و مؤنث ۔ جہت کی جمع ۔ طرفیں ۔

جہاد (جِہَاد) (ع) مذکر (۱) کوشش کرنا (۲) کافروں سے لڑائی (۳) اس سے جنگ جو فرائضِ اسلام کے ادا کرنے میں حارج ہو ۔ **جہادِ اصغر** ۔ مذکر (صوفیوں کی اصطلاح) کافروں سے جنگ کرنا ۔ **جہادِ اکبر** ۔ مذکر ۔ ریاضتِ شاقہ ۔ نفس کشی ۔

جھارا (جھَا - رَا) (ہ) مذکر (۱) پتلی چھنی ہوئی بھنگ (۲) چھاج یا چھلنا جس میں گیہوں وغیرہ چھان کر چنے علیحدہ کیے جاتے ہیں ۔

جھارنا (جھَار - نَا) (ہ) (۱) چھاننا (۲) روکنا ۔

جھاری (جھَا - رِی) (ہ) مؤنث ۔ لمبی نالی کی ایک قسم کی صراحی جس میں ٹونٹی بھی لگا دی جاتی ہے ۔

جھاڑ (جھَاڑ) (ہ) مذکر (۱) کانٹوں کا درخت ۔ جھنکاڑ ۔ جھاڑی ۔ جھڑبیری کا سوکھا ہوا درخت ۔ بہت سے کانٹوں اور پتوں والا چھوٹا درخت (۲) بلور یا آبگینے کا فانوس جو امیروں کے مکانوں میں روشنی اور سجاوٹ کے لیے لٹکایا جاتا ہے (۳) ایک قسم کی آتش بازی (۴) پنج شاخہ مشعل (۵) قطار ۔ سلسلہ ۔ تار ۔ تسلسل ۔ **جھاڑ باندھنا** ۔ برابر کچھ کہے جانا ۔ تار باندھنا ۔ **جھاڑ بسانا** (ہندو) (عو) جھگڑا خریدنا ۔ لڑائی مول لینا ۔ **جھاڑ بوٹے** ۔ مذکر ۔ بیل بوٹے ۔ **جھاڑ پہاڑ** ۔ بحث سے خارج مضمون ۔ بات کا بتنگڑ ۔ **جھاڑ جھنکاڑ** ۔ مذکر (۱) بہت سی شاخوں کا پیڑ ۔ بے حد گھنا اور خاردار پودا (۲) لپٹنے والا جھاڑ کا کانٹا (۳) شکستہ خط ۔ **جھاڑ سے چھوٹا ، پہاڑ میں اٹکا** ۔ مثل ۔ ایک آفت سے بچا ۔ دوسری میں پھنس گیا ۔ **جھاڑ کا ازاربند** (ل) مذکر ۔ بڑے بڑے پھندنوں وغیرہ کا ایک قسم کا ازاربند ۔ **جھاڑ کا کانٹا** ۔ مذکر (۱) جھاڑی کا کانٹا (۲) وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو ۔ جنگ جو ۔ لڑاکا ۔ **جھاڑ کھنڈ** ۔ مذکر ۔ ویرانہ ۔ جنگل ۔ **جھاڑ ہو کر لپٹنا** ۔ جونک کی طرح چمٹنا ۔ **جھاڑی** ۔ مؤنث (۱) چھوٹا خاردار درخت (۲) صحرا ۔ جنگل ۔ نخلستان ۔ **جھاڑی بوٹی (بوٹی) کا بیر** ۔ مذکر ۔ چھوٹے چھوٹے سرخ جنگلی بیر ۔

جھاڑ (جھَاڑ) (ہ) جھاڑنا کا امر ۔ **جھاڑ پونچھ** ۔ مؤنث ۔ صفائی ۔ جھاڑنا پونچھنا ۔ **جھاڑ پھونک** (پھونکی) مؤنث (۱) دم کرنا اور کچھ پڑھ کر جھاڑنا ۔ تعویذ ۔ گنڈا ۔ منتر ۔ جادو (۲) مکاری ۔ شعبدہ بازی ۔ بازی گری ۔ **جھاڑا** ۔ مذکر (۱) تجسس ، تلاشی (۲) کوڑا کرکٹ (۳) (گنوار) پاخانہ ۔ براز (۴) منتر پڑھ کر پھونکنا ۔ **جھاڑن** ۔ مذکر و مؤنث (۱) صافی ۔ تولیا ۔ جھاڑنے کا کپڑا (۲) مؤنث ۔ چھلنی ۔ غربال (۳) وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے (۴) ریزگاری (۵) کوڑا کرکٹ ۔ **جھاڑن پونچھن** ۔ مؤنث (۱) وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے (۲) وہ بچہ جس کے بعد کوئی اور بچہ پیدا نہ ہو ۔ **جھاڑنا** (۱) پونچھنا ۔ صاف کرنا (۲) جھاڑ و دینا (۳) پھٹکنا ۔ جھٹکنا (۴) توڑنا ۔ پیڑ میں سے پھل گرانا (۵) لگانا ۔ مارنا (۶) فیر کرنا ۔ چھوڑنا (۷) بال صاف کرنا ۔ کنگھی کرنا (۸) پھونکنا ۔ دم کرنا (۹) چقماق سے آگ پیدا کرنا (۱۰) گریز کرنا ۔ پھرانا (۱۱) جھڑک بتانا ۔ سرزنش کرنا ۔ **جھاڑنا جھٹکنا** (۱) جھاڑو بہارو دینا ۔ گرد و غبار صاف کرنا (۲) جو کچھ کسی کے پاس ہے لے لینا ۔ **جھاڑو** ۔ مؤنث ۔ بہاری ۔ جاروب ۔ **جھاڑو پھر جانا** (یو) کچھ نہ رہنا ۔ بربادی ہونا ۔ **جھاڑو پھیر دینا یا پھیرنا** (عو) (۱) کچھ باقی نہ رکھنا ۔ صفایا کرنا (۲) لوٹ لینا ۔ برباد کرنا ۔ اجاڑنا ۔ **جھاڑو تارا** ۔ مذکر ۔ دُم دار ستارہ ۔ دنبالہ دار ستارہ ۔

جہاز (جَہَاز) (ع) مذکر (۱) (لغوی) گھر کا مال اسباب (۲) (اصطلاحی) تجارتی سامان لادنے اور بحری سفر کرنے کی بہت بڑی کشتی (۳) نہایت فراخ ۔ بہت بڑا ۔ **جہاز کا جہاز** (ل) بے حد وسیع اور فراخ ۔ بہت بڑا ۔ **جہاز کا کوا** ۔ مذکر (۱) وہ کوا ،

ڈورے ڈال کر ڈھول اور تاشے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں (۵) شہوت۔ خواہش (۶) پاؤں کا ایک زیور۔ **جھانجھ۔ یا۔ جھانجھ لانا۔** تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ **جھانجن۔ جھانجھن۔** مؤنث۔ پاؤں کا ایک بجنے والا زیور۔ **جھانجیں۔ جھانجھیں۔** مؤنث۔ جھانج یا جھانجھ (پاؤں کا زیور) کی جمع۔

جھانجی۔ جھانجھی (جھاں۔ جی، جھاں۔ جھی) (ہ) مؤنث (۱) ہندو لڑکیوں کا ایک کھیل، جو ٹیسو کے دنوں میں ہوتا ہے۔ ہانڈی میں چھید کر کے اس میں چراغ جلاتی، اسے سر پر رکھے ہوئے گاتی اور اسیس مانگتی پھرتی ہیں (۲) وہ گیت جو جھانجی والیاں گاتی ہیں۔

جھانسا (جھاں۔ سا) (ہ) مذکر۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ دم۔ چھل۔ بُتا۔ **جھانسا بتانا یا دینا۔** دھوکا دینا۔ بُتا دینا۔ چھل دینا۔ **جھانسیا۔** مذکر۔ چھل بٹا کرنے والا۔ فریبی۔ دم باز۔ **جھانسے میں آنا۔** دم میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔

جھانک (جھانک) (ہ) مؤنث (۱) دزدیدہ نظر (۲) جھانکنا کا امر۔ **جھانکا جھانکی۔** مؤنث۔ تاک جھانک۔ دیکھا دیکھی۔ **جھانکنا** (۱) چھپ کر دیکھنا۔ دروازے یا کھڑکی سے منہ نکال کر دیکھنا (۲) (ع) ذرا کی ذرا جانا۔ **جھانکی۔** مؤنث (۱) نظارہ۔ دید (۲) تماشا۔ سوانگ۔ نمائش۔ روپ جو پردے کے اندر سے باہر دکھاتے ہیں (۳) چھید۔ رخنہ۔ سوراخ (۴) روزن۔

جھانکڑ (جھاں۔ کڑ) (ہ) مذکر (۱) جھاڑی (۲) لاغر۔ دُبلا۔

جھانواں (جھاں۔ واں) (ہ) مذکر۔ کھردری اینٹ یا پتھر وغیرہ، جس سے پاؤں یا بدن کا میل اتارا جاتا ہے۔

جھانولی (جھاں۔ ولی) (ہ) مؤنث (۱) آنکھ کا اشارہ۔ جھپکی (۲) ادا۔ ناز (۳) فریب۔ دھوکا۔ چھل۔ **جھانولی دینا۔** (۱) آنکھ کی جھپکی دکھانا (۲) فریب دینا (۳) عشوہ گری کرنا۔

جھاؤ (جھا۔ آؤ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا پیڑ، جو دریا کے کنارے ہوتا ہے۔ اس سے ٹوکرے، ٹوکریاں بنائی جاتی ہیں۔

جھائیاں (جھا۔ ئیاں) (ہ) مؤنث۔ جھائیں کی جمع۔ داغ۔ کلف۔ چھیپ۔ **جھائیاں پڑنا۔** چہرے پر دھبے پڑنا۔ داغ پڑنا۔

جھائیں (جھا۔ ئیں) (ہ) مؤنث (۱) سایہ۔ پرچھائیں۔ عکس (۲) چہرے کے دھبے۔ منہ کے داغ (۳) وہ نشان، جو آئینے کی قلعی اتر جانے سے ظاہر ہوتے ہیں۔

جھائیں جھائیں (جھا۔ ئیں، جھا۔ ئیں) (ہ) مؤنث۔ جھک جھک۔ کائیں کائیں۔

جھائیں جھپا (جھا۔ ئیں، جھپ۔ پا) (۱) (لغوی) جلدی سے جھلک دکھا کر چھپ جانا (۲) (اصطلاحی) جھانسا۔ فریب۔ دم۔ دھوکا۔

جھائیں مائیں (جھا۔ ئیں، ما۔ ئیں) (ہ) مؤنث۔ بچوں کا ایک کھیل، جس میں وہ چک پھیری لیتے جاتے ہیں۔

جھبا (جھب۔ با) (ہ) مذکر (۱) پھندنا (۲) گچھا (۳) آویزہ۔

جھبرا (جھب۔ برا) (ہ) مذکر۔ بڑے بڑے بالوں کا کتا۔

جھبیا (جھب۔ بیا) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا زیور (۲) چھوٹا جھابا۔

جھپ (جھپ) (ہ) بلا توقف۔ فی الفور۔ فوراً۔ جلد۔ **جھپ جھپ۔** جلد جلد۔ جھٹ پٹ۔ **جھپ کھانا۔** کنکوے یا پتنگ کا جلدی جلدی کے بل گر پڑنا۔

جھپاک۔ مؤنث (۱) تیزی۔ جلدی (۲) چالاکی (۳) فوراً۔ جلد۔ **جھپاک جھپاک۔** لپک کر۔ جلد جلد۔ **جھپاک سے** (ع) ترت پھرت۔ جلدی سے۔ **جھپاکا۔** مذکر (ع) شتابی۔ جلدی جلدی سے کوئی کام کرنا۔ **جھپانا۔** دیکھیے "جھپ کھانا"۔

جھپان (جھپ۔ پان) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی پالکی (۲) بیمار کی کمزوری۔ **جھپانی۔** مذکر۔ جھپان اٹھانے والا۔ کہار۔

جھپانا (جھپا۔ نا) (ہ) سونا۔ اونگھنا۔ آنکھ بند کرنا۔

جھپانا (جھپا۔ نا) (ہ) شرمندہ کرنا۔

جھپٹ (جھپٹ) (ہ) مؤنث (۱) زور (۲) چھلانگ۔ زقند۔ دوڑ (۳) جھپٹنا کا امر۔ **جھپٹ لینا۔** جلدی سے چھین کر کوئی چیز لے لینا۔ **جھپٹا** (جھپٹ۔ ٹا) مذکر (۱) آسیب۔ بھوت پریت وغیرہ کا اثر۔ جن پری کا سایہ (۲) چیل یا شیر کا جلدی سے حملہ کر کے کوئی شے لے جانا (۳) جست۔ حملہ۔ **جھپٹا مارنا۔** چنگل مارنا۔ چیل کا جلدی سے حملہ کر کے کوئی شے پنجوں میں لے جانا۔ **جھپٹانا۔** جلدی سے دوڑانا۔ **جھپٹنا** (۱) حملہ کرنا (۲) دوڑنا (۳) ہاتھ مارنا۔ چھیننا۔

جھپک (جھپک) (ہ) مؤنث (۱) شرم۔ حیا (۲) پلکوں کا کھلنا اور بند ہونا (۳) جھپکنا کا امر۔ **جھپکنا** (۱) آنکھوں کا بند ہونا (۲) شرمندہ ہونا (۳) ڈرنا۔ **جھپکی۔** مؤنث۔ (۱) غنودگی۔ نیند (۲) جھلک۔ ذرا کی ذرا صورت دکھانا۔

جھپیٹ (جھپیٹ) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "جھپٹ اور جھپٹا"۔ **جھپیٹ میں آنا** (۱) دوڑتے ہوئے کسی آدمی، جانور یا چیز کی جھپٹ میں آجانا (۲) دھکا لگنا (۳) بھوت پریت کے سایے میں آنا۔ **جھپیٹا۔** مذکر۔ دیکھیے "جھپٹا"۔

جہت (جہت) (ع) مؤنث (۱) سمت۔ جانب۔ طرف (۲) باعث۔ سبب۔ وجہ۔

جھٹ (جھٹ) (ہ) دیکھیے "جھپ"۔ **جھٹ پٹ۔** ترت پھرت۔ جلد تر۔ بہت جلد۔

جھٹاس (جھٹاس) (ہ) مؤنث (۱) موسلا دھار بارش۔ بوچھاڑ (۲) ہوا کا جھونکا (۳) ضرب۔ صدمہ (۴) کھٹکا۔ دستک۔

جھٹال (جھٹال) (ہ) جھٹالنا کا امر۔ **جھٹال دینا۔** جھوٹا کر دینا۔ تھوڑا سا کھا لینا۔ **جھٹالنا** (۱) جھوٹا بنانا۔ جھٹلانا (۲) کسی شے کو چکھ کر یا کھا کر اچھوتا نہ رکھنا۔

جھٹانا (جھٹا۔ نا) (ہ) (۱) جھوٹا بنانا (۲) کسی کا بیان جھوٹا ثابت کرنا (۳) غلط ثابت کرنا (۴) جھوٹا کرنا۔

جھٹ پٹا (جھٹ۔ پٹا) (ہ) مذکر۔ صبح یا شام کا اندھیرا۔ سورج کے چھپ جانے

کا وقت ۔ دونوں وقت ملنے کا سماں ۔

جھٹک (جَھٹَک) (ہ) (۱) جھٹکنا کا امر (۲) مؤنث ۔ ہچکولا ۔ **جھٹک جانا** ۔ دُبلا ہو جانا ۔ **جھٹک لینا** ۔ چھین لینا ۔ **جھٹکا** ۔ مذکر (۱) ٹکر ۔ صدمہ ۔ دھکا (۲) آفت ۔ مصیبت (۳) وہ ذبیحہ جو شرع اسلام کے خلاف گردن پر تلوار کا ہاتھ مار کر کیا جائے ۔ **جھٹکا اٹھانا** (۱) مصیبت اٹھانا ۔ صدمہ اٹھانا (۲) خسارہ اٹھانا ۔ نقصان اٹھانا ۔ **جھٹکا دینا** ۔ جھٹکنا ۔ صدمہ دینا ۔ **جھٹکا کھانا** (۱) مصیبت اٹھانا ۔ صدمہ اٹھانا (۲) نقصان اٹھانا ۔ ٹکرانا ۔ **جھٹکنا** (۱) جھاڑنا (۲) دھکا دینا (۳) دُبلا ہونا (۴) ہاتھ مارنا ۔ چھیننا ۔ **جھٹکے کا مال** (ہ) مذکر ۔ ڈاکے کا مال ۔ چوری کا مال ۔

جھٹّل (جھَٹْ ۔ ٹَل) (ہ) دکھاوے کا ۔ جھوٹ موٹ کا ۔ **جھٹلانا** (۱) جھوٹا ثابت کرنا (۲) جھٹالنا ۔

جھٹیا (جھَٹْ ۔ یَا) (ہ) مؤنث ۔ "جھوٹا" کی تصغیر ۔

جھٹیل (جھُٹَیْل) (ہ) (۱) باسی ۔ جھوٹا ۔ چھوڑا ہوا (۲) مذکر ۔ باسی چیز ۔ جھوٹی چیز (۳) مؤنث ۔ ہر ایک کی جھوٹی کی ہوئی عورت ۔ بدکار عورت ۔

جھجاوَ (جھَجَا ۔ آؤ) (ہ) مذکر ۔ پہننے کا لمبا چوڑا کپڑا ۔

جھجّر (جھَجْ ۔ جَرْ) (ہ) مذکر (۱) مٹی کی ٹھلیا (۲) دہلی کے قریب ایک قصبہ، جو پہلے ریاست تھی ۔

جھجک ۔ جھجھک (جھِجَک ، جھِجھَک) (ہ) مؤنث (۱) حیا ۔ شرم (۲) اندیشہ و وہم ۔ خوف و خطر (۳) جھجکنا اور جھجھکنا کے امر ۔ **جھجکنا ۔ جھجھکنا** ۔ وہم کرنا ۔ خوف کھانا ۔ ڈرنا ۔

جھجّو ۔ جھجّو (جھُجْ ۔ جُوْ ، جھُجُوْ) (ہ) مذکر ۔ پالنا جھلانے والیوں کا کلمہ ۔

جہد (جَہْد) (ع) مؤنث (۱) سعی ۔ کوشش (۲) طاقت ۔

جھڈّو (جھَڈْ ۔ ڈُوْ) (ہ) مذکر (۱) احمق ۔ بے وقوف ۔ بے حیا (۲) (تحقیراً) مردِ بوڑھا ۔ جھڑوس ۔

جھر (جھَرْ) (ہ) مؤنث ۔ کاغذ یا کپڑے کے دفعتاً پھٹنے کی آواز ۔

جھر جھرا (جھَرْ ۔ جھَرَا) (ہ) بے حد باریک کپڑا، جس کے تار فاصلے سے ہوں ۔

جھر جھری (جھُرْ ۔ جھُرِی) (ہ) مؤنث (۱) کپکپی، جو سردی لگ کر بخار چڑھنے سے پہلے معلوم ہو (۲) لرزہ ۔

جھر کٹ (جھُرْ ۔ کُٹْ) (ہ) پژمردہ ۔ بے رونق ۔ مرجھایا ہوا ۔

جھرمٹ (جھُرْ ۔ مَٹْ) (ہ) مذکر (۱) انبوہ ۔ بھیڑ (۲) عورتوں کا حلقہ، گروہ (۳) چادر، دوشالے یا دوپٹے میں سر سے پاؤں تک بدن چھپانا (۴) سر ملک کوٹنے کا آلہ ۔ **جھرمٹ مارنا** (۱) اکٹھا ہو کر جانا ۔ حلقہ باندھ کر جانا (۲) دوشالے، چادر وغیرہ سے منہ اور چہرہ چھپا لینا ۔

جھرنا (جھَرْ ۔ نَا) (ہ) مذکر (۱) ٹپکتے پانی کا چشمہ ۔ پانی کی چادر ۔ آبشار (۲) پانی صاف کرنے کی چھلنی ۔

جھرنا (جھَرْ ۔ نَا) (ہ) جاری ہونا ۔ بہنا ۔ رِسنا ۔ ٹپکنا ۔

جھُرنا (جھُرْ ۔ نَا) (ہ) بیماری کے باعث زرد اور بے طاقت ہو جانا ۔ دُبلا ہونا ۔ کمزور ہونا ۔ مرجھانا ۔ زوال پانا ۔

جھروکا ۔ جھروکھا (جھَرُوْ ۔ کَا ، جھَرُوْ ۔ کھَا) (ہ) مذکر (۱) روشن دان ۔ دریچہ ۔ کھڑکی (۲) تماشا گاہ ۔ سیر گاہ ۔

جھری (جھِرِی) (ہ) مؤنث (۱) شگاف ۔ درز (۲) پانی کا گڑھا جس میں اِدھر اُدھر سے رِس کر پانی جمع ہو جائے ۔

جھُرّی (جھُرْ ۔ رِی) (ہ) مؤنث ۔ شکن یا سلوٹ، جو بڑھاپے میں کھال کے ڈھیلے ہونے پر پڑ جاتی ہے ۔ **جھُرّیاں** ۔ مؤنث ۔ جھُرّی کی جمع ۔ شکنیں ۔ سلوٹیں ۔

جھڑ (جھَڑْ) (ہ) (۱) جھڑنا کا امر (۲) جھاڑ کا مخفف (۳) لگاتار بارش (۴) قفل کا پردہ یا کھٹکا ۔ **جھڑ بدلی** ۔ مؤنث ۔ ساون کی بدلی ۔ بہت مینہ برسانے والی بدلی ۔ **جھڑ بیری** ۔ مؤنث ۔ جھاڑی بوٹی کا درخت ۔ وہ جھاڑی جس میں جنگلی بیر لگتے ہیں ۔ **جھڑ بیری کا کانٹا** ۔ مذکر (عو) الجھنے والا آدمی ۔ لڑاکا ۔ **جھڑا** (۱) تمام ۔ بالکل (۲) جھڑنا سے ماضی مطلق ۔ **جھڑا جھڑ** ۔ لگاتار ۔ پے در پے ۔ متواتر ۔ کثرت سے ۔ **جھڑاکا** ۔ مذکر (۱) دو دو ہاتھ ۔ ہلکی سی لڑائی ۔ جھپٹ (۲) جھڑی ۔ زور کی بارش ۔ **جھڑن** ۔ مؤنث (۱) جھاڑنے کے بعد جو حاصل ہو ۔ کھرچن (۲) سود ۔ نفع ۔ **جھڑنا** (۱) ٹپکنا ۔ گرنا (۲) بچنا ۔ بچ رہنا (۳) کوڑا کرکٹ صاف ہونا (۴) منی نکلنا ۔ انزال ہونا (۵) منتر پڑھ کر پھونکا جانا ۔ **جھڑوانا** (۱) گروانا ۔ درخت سے پھل گروانا (۲) گرد و غبار صاف کرانا (۳) پھنکوانا ۔ دم کرانا (۴) منی نکلوانا ۔ انزال کرانا (۵) نفع دلوانا ۔ بچوانا ۔ **جھڑی** ۔ مؤنث ۔ بجلی اور کڑک کے بغیر آہستہ آہستہ لگاتار ہونے والی بارش ۔ **جھڑی لگنا** ۔ متواتر بارش ہونا ۔ لگاتار مینہ برسنا ۔

جھڑپ (جھَڑَپْ) (ہ) مؤنث (۱) جھپٹ ۔ ہلکی سی لڑائی (۲) جھڑی ۔ زور کی بارش (۳) غصہ ۔ گرمی ۔ جوش ۔ تیزی (۴) لَو ۔ شعلہ (۵) جھڑپنا کا امر ۔ **جھڑپا** (۱) جھڑپنا سے ماضی مطلق (۲) جھڑپانا کا امر ۔ **جھڑپانا** (۱) پرندوں کو لڑانا (۲) دو آدمیوں کو باہم لڑانا ۔ **جھڑپنا** (۱) لڑنا ۔ جھگڑنا (۲) پرندوں کا لڑنا ۔

جھڑ جھڑانا (جھَڑْ ۔ جھَڑَا ۔ نَا) (ہ) (۱) ہلانا ۔ جھنجھوڑنا (۲) خبر لینا ۔ دھمکانا ۔

جھڑک (جھِڑَک) (ہ) (۱) جھڑکنا کا امر (۲) خفگی ۔ دھمکی (۳) جھٹکا (۴) شگون ۔ **جھڑکنا** ۔ ڈانٹنا ۔ برا بھلا کہنا ۔ گھرکنا ۔ دھتکارنا ۔ ملامت کرنا ۔ **جھڑکی** ۔ مؤنث ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔ دھمکی ۔ گھرکی ۔ لعنت ملامت ۔ **جھڑکیاں** ۔ مؤنث ۔ جھڑکی کی جمع ۔ گھرکیاں ۔

جھڑوس (جھَڑُوْ ۔ وُس) (ہ) مذکر (۱) بوڑھا ۔ بوبک (۲) دیوث ۔ بے غیرت ۔ بے حمیت ۔

جھڑیل (جھَڑْ ۔ یَل) (ہ) بکھر ۔ بدمزاج ۔

جھک (جھَک) (ہ) مؤنث (۱) ہذیان ۔ دیوانگی ۔ جنون (۲) بک بک ۔ بڑ ۔ بکواس (۳) بیہودگی ۔ زٹل (۴) مؤنث ۔ مکھیوں کے غول کی سی بو (۵) کرودھ ۔ غصہ ۔

جھک جھک ۔ مؤنث ۔ بک بک ۔ تکرار ۔ جھگڑا ۔ جھک جھوری ۔ مؤنث (۱) چھین جھپٹ (۲) ہاتھا پائی (۳) ہنسی مذاق (۴) شرارت ۔

جھکی ۔ مذکر (۱) یاوہ گو ۔ بکواسی ۔ بکی (۲) ضدی ۔ حجتی ۔ تکراری ۔

جُھک (جُھک) (ہ) جھکنا کا امر ۔ جُھک کر سلام کرنا (۱) نہایت ادب سے گردن جھکا کر سلام کرنا (۲) طنز سے سلام کرنا (۳) شہادت میں استاد ماننا ۔ جُھک کر ملنا ۔ فروتنی سے پیش آنا ۔ عجز و انکسار سے ملنا ۔ جُھکا (۱) جھکانا کا امر (۲) جُھکنا سے ماضی مطلق ۔ جُھکانا (۱) خمیدہ کرنا ۔ نیچا کرنا (۲) شرمندہ کرنا ۔ جُھکاوٹ ۔ مؤنث ۔ جُھکاؤ ۔ خمیدگی ۔

جُھکاؤ ۔ مذکر (۱) خمیدگی ۔ جھکاوٹ (۲) توجہ ۔ رجحان ۔ جُھکنا (۱) خمیدہ ہونا ۔ نیچا ہونا ۔ بل کھانا (۲) متواضع ہونا ۔ فروتن ہونا (۳) نیند سے آنکھ جُھکی پڑنا (۴) مصروف ہونا ۔ متوجہ ہونا (۵) دینا ۔ خیرات کرنا (۶) خرچ ہونا ۔ صرف ہونا (۷) پڑنا ۔ گرنا (۸) تعظیم کرنا ۔

جھکانا (جھکا ۔ نا) (ہ) (۱) حیران کرنا ۔ ستانا (۲) چڑانا (۳) دکھانا ۔

جھکائی (جھکا ۔ ائی) (ہ) مؤنث ۔ دھوکا ۔ مغالطہ ۔ جھکائی دینا ۔ مغالطہ دینا ۔ دھوکا دینا ۔

جھکڑ (جھک ۔ کڑ) (ہ) مذکر ۔ تیز و تند ہوا ۔ صرصر ۔ طوفان باد ۔ جھکڑ چلنا ۔ تیز و تند ہوا کا چلنا ۔ طوفان باد آنا ۔

جھکندن (جھکن ۔ دن) (ہ) مؤنث ۔ جھک جھک ۔ تکرار ۔ عذاب جان ۔

جُھکور (جُھکور) (ہ) مؤنث (۱) ہوا کی لہر (۲) خسارہ ۔ نقصان (۳) آفت ۔ شامت ۔

جھکورا ۔ مذکر (۱) تیز ہوا کا جھونکا (۲) پانی کی زوردار لہر ۔

جھکولا (جھکو ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) (ہندو) پانی کا زور سے آنا ۔ موج ۔ ترنگ ۔ لہر (۲) ڈبکی ۔ غوطہ ۔ جھکولے کھانا (۱) کبھی پانی میں ڈوبنا ، کبھی ابھرنا ۔ غوطے کھانا (۲) زمانے کا گرم و سرد آزمانا ۔ ٹھوکریں کھانا ۔

جھگڑا (جھگ ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) فساد ۔ دنگا (۲) حجت و تکرار ۔ بحث (۳) خرخشہ ۔ مخمصہ ۔ بکھیڑا ۔ جھگڑا پاک ہونا (چکنا) (۱) فساد رفع ہونا (۲) فیصلہ ہونا (۳) مرجانا ۔ جھگڑا چکانا (۱) فساد رفع کرنا ۔ قضیہ فیصل کرنا ۔ فیصلہ کرلینا (۲) قرض ادا کرنا (۳) مار ڈالنا ۔ دنیا کے تعلقات سے چھڑا دینا ۔ جھگڑالو ۔ مذکر ۔ تکراری ۔ حجتی ۔ شریر ۔ لڑاکا ۔ فسادی ۔ مفسد ۔ جھگڑنا (۱) دنگا کرنا ۔ فساد کرنا ۔ لڑنا (۲) مباحثہ کرنا ۔ تکرار کرنا ۔ حجت کرنا ۔ جھگڑے کی باتیں تین ، زن ، زر ، زمین ۔

جھگڑے کی تین جڑ ، زن ، زمین ، زر ۔ (مثل) فساد کا سبب بیشتر یہی تین چیزیں ہوتی ہیں ۔

جہل (جَہل) (ع) مذکر و مؤنث (۱) بے وقوفی ۔ لاعلمی ۔ جہالت ۔ نادانی (۲) جاہلوں جیسی ضد (۳) تکرار ۔ لفظی نزاع ۔ جہل مرکب ۔ مذکر و مؤنث ۔ دو جہالتیں یعنی ایک تو جاہل ہونا ، دوسرے اپنے آپ کو عالم و فاضل سمجھنا ۔

جھل (جَھل) (ہ) مؤنث (۱) گرمی ۔ حرارت (آگ کی) (۲) طیش ۔ خفگی ۔ غصہ (۳) جلن ۔ حسد (۴) رشک (۵) جماع کی خواہش ۔ شہوت کی زیادتی ۔

جھل ہائی ۔ مؤنث (عو) (۱) حاسد ۔ بدمزاج ۔ غصیل (۲) شہوت پرست ۔ چھنال ۔ جماع کی خواہش رکھنے والی ۔ جھلا ۔ مذکر (۱) بدمزاج ۔ غصیل (۲) شہوتی (۳) تیز کھٹوا ۔ مرچ کے مزے کا ۔ جھلا پور (۱) (پورب) چمکیلا ۔ چمکتا دمکتا ۔ تاباں ۔ زرق برق (۲) چڑھاؤ ۔ طوفان ۔ جھلاجھل ۔ مؤنث ۔ چاندی سونے کی چمک دمک ۔ روشنی ۔ جگمگ ۔ جھلانا (۱) غصے ہونا ۔ جلنا (۲) تپنا ۔ جلن ہونا (۳) کسی ضرب کا صدمہ دیر تک رہنا ۔ جھلجھل ۔ مؤنث (۱) چمک دمک (۲) سوزش (۳) پتنگ کی دُم ۔ جھلجھلانا (۱) جلنا ۔ سوزش کرنا ۔ چرچرانا (۲) دیر تک صدمہ رہنا ۔ سنسنانا (۳) چمکنا دمکنا ۔ جھلجھلاہٹ ۔ مؤنث (۱) ٹمٹماہٹ ۔ چمک (۲) وہ جلن جو زخم پر نمک وغیرہ چھڑکنے یا لب و زبان کو مرچ وغیرہ کی تیزی سے محسوس ہوتی ہے ۔ جھلّی ۔ مؤنث ۔ غصیل عورت ۔

جھل (جَھل) (ہ) جھلنا کا امر ۔ جھل دینا ۔ پنکھا جھلنا ۔ ہوا دینا ۔ جھلنا (۱) پنکھا کرنا یا ہلانا (۲) پیوستہ ہونا ۔ جڑنا (۳) برف میں ٹھنڈا کرنا (۴) مکھیاں اڑانا ۔

جھلوانا (۱) پنکھا کرانا (۲) مکھیاں اڑوانا (۳) ٹانکا لگوانا ۔

جُھل (جُھل) (ہ) جُھلنا کا امر ۔ جُھلانا (۱) جھولے میں بٹھا کر حرکت دینا ۔ ہلانا (۲) جھوٹی امید دلانا ۔ کسی کام کو لٹکائے رکھنا ۔ ٹالنا ۔ جُھلنا ۔ جھولنا کا لازم ۔ دیکھیے جھولنا ۔

جُہلا (جُہلا) (ع) مذکر ۔ جاہل کی جمع ۔

جھلا (جَھل ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) ٹوکرا ۔ بڑا ٹوکرا (۲) جھابا ۔ جھلّی ۔ مؤنث ۔ ٹوکری ۔

جھلارا ۔ جھلاری (جھلا ۔ را ، جھلا ۔ ری) (ہ) جھاڑی کی طرح گنجان ۔

جھلڑ (جھل ۔ لڑ) (ہ) مذکر (۱) پرندوں کا جھنڈ ۔ غول ۔ گروہ ۔ ٹکڑی (۲) گلہ ۔ ریوڑ ۔

جھلس (جُھلس) (ہ) جُھلسنا کا امر ۔ جُھلسا (۱) جُھلسانا کا امر (۲) جُھلسنا سے ماضی مطلق (۳) مذکر (عو) شعلہ ۔ آگ (۴) جلا ہوا ۔ سوختہ ۔ جُھلسانا ۔ جُھلسنا کا متعدی ۔ جُھلسنا (عو) (۱) آگ لگنا ۔ جھلکنا ۔ جلنا (۲) پھونکنا ۔ جلانا (۳) کچھ دے کر راضی کرنا (۴) بیاہنا (۵) گھر سے نکلنا ۔

جھلک (جھلک) (ہ) (۱) جھلکنا کا امر (۲) تجلی ۔ چمک دمک ۔ روشنی (۳) رونق ۔ آب و تاب (۴) عکس ۔ پرتو ۔ جلوہ ۔ جھلکا (۱) جھلکانا کا امر (۲) جھلکنا سے ماضی مطلق (۳) مذکر ۔ جھلک ۔ عکس ۔ جلوہ ۔ پرتو ۔ روشنی (متروک) (۴) پھپھولا ۔ آبلہ ۔ جھلکانا ۔ جھلکنا کا متعدی ۔ دیکھیے جھلکنا ۔

جھلکنا ۔ (۱) چمکنا ۔ دمکنا ۔ منور ہونا ۔ درخشاں ہونا ۔ روشن ہونا (۲) کسی چیز کے اندر سے چمک ظاہر ہونا (۳) پانی کا دور سے نظر آنا (۴) نمایاں ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ جھلکی ۔ مؤنث (۱) دیکھیے جھلک (۲) ناتمام جلوہ ۔ ادھوری جھلک ۔

جِھلمِل (جِھل ۔ مِل) (ہ) مؤنث (۱) جگمگاہٹ (۲) سورج کی روشنی میں پانی کی چمک (۳) ستاروں کا ٹمٹمانا (۴) جھلمل ۔ جھلمل جھلمل کرنا ۔ جھلملانا ۔ جگمگانا ۔ جِھلمِلانا ۔ ستارے یا چراغ کا کم کم چمکنا ۔ لہرانا ۔ جھلکنا ۔

جِھلمِلی ۔ مؤنث (۱) چق ۔ چلمن (۲) چھری والا کواڑ یا کھڑکی (۳) کان کا ایک زیور (۴) کم و بیش روشنی ۔ دھیمی دھیمی چمک ۔

جھنواں (جھنْواں) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چاول ٭

جھوّا (جھَو۔ وا) (ہ) مذکر۔ بڑا ٹوکرا ٭

جھوپا (جھُو۔ پا) (ہ) مذکر۔ آم اور دوسرے پھلوں کا ڈھیر ٭

جھوت (جھُوت) (ہ) مؤنث۔ دو دیواروں کی درمیانی گلی جس میں دونوں طرف کے پرنالے گرتے ہوں ٭

جھوٹ (جھُوٹ) (ہ) مذکر (۱) دروغ۔ کذب۔ واقعے کے خلاف۔ غلط (۲) فریب۔ مکر۔ بہانہ۔ دھوکا (۳) کھوٹ ٭ **جھوٹ بنانا**۔ سچ کے خلاف بات کہنا۔ تہمت تراشنا ٭ **جھوٹ بولنا**۔ دروغ گوئی کرنا۔ واقعے کے خلاف کہنا۔ غلط کہنا ٭ **جھوٹ پکڑنا**۔ جھوٹ کی گرفت کرنا۔ جھوٹ ثابت کرنا ٭ **جھوٹ سچ**۔ مذکر۔ کچھ جھوٹ، کچھ سچ۔ جھوٹ ٭

جھوٹ سچ لگانا (۱) جھوٹی شکایتیں کرنا۔ جھوٹ باتیں کہہ کر کان بھرنا۔ بدگوئی کرنا (۲) تہمت تراشنا۔ الزام لگانا (۳) غلط بیانی کرنا (۴) بدی کرنا ٭ **جھوٹ کا پتلا**۔ مذکر۔ بہت جھوٹ بولنے والا آدمی ٭ **جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے**۔ مثل۔ جھوٹ نہیں چلتا۔ جھوٹ کو قیام نہیں ہوتا۔ جھوٹ فوراً ظاہر ہو جاتا ہے ٭ **جھوٹ کے پل باندھنا**۔ جھوٹ پر جھوٹ بولنا۔ بے حد جھوٹ بولنا ٭ **جھوٹ کے دفتر** (۱) مذکر۔ جھوٹی کہانیاں۔ داستانیں۔ افسانے ٭ **جھوٹ موٹ** (ہ) ظرافتاً۔ مذاق سے۔ دروغ۔ غلط ٭ **جھوٹا** (۱) جھوٹ بولنے والا۔ دروغ گو (۲) دھکا۔ جنبش (۳) لٹ۔ عورتوں کے سر کے بال (۴) نیند کا ہچکولا (۵) نقلی۔ جو اصلی نہ ہو ٭ **جھوٹا پڑنا** (۱) وعدہ خلاف ہونا (۲) بیکار ہونا۔ نکما ہونا ٭

جھوٹا جوڑا۔ مذکر۔ کھوٹا جوڑا۔ چوڑیوں کا یا گوٹے کا یا دلھن کی پوشاک کا وہ جوڑا جس میں جھوٹا کام بنا ہو ٭ **جھوٹا کاغذ** (۱) مذکر۔ جعلی دستاویز۔ خود ساختہ تمسک ٭ **جھوٹا کام** (ہ) مذکر۔ زردوزی وغیرہ کا کام، جو جھوٹے مسالے سے بنایا جائے ٭ **جھوٹا کھاتے ہیں میٹھے کے لالچ**۔ مثل۔ مزے کی خاطر قابلِ نفرت چیز بھی نہیں چھوڑی جاتی۔ فائدے کے لیے تکلیف بھی اٹھائی جاتی ہے ٭ **جھوٹوں** (۱) جھوٹ موٹ۔ یونہی (۲) ہنسی سے۔ مذاق سے ٭ **جھوٹوں کا بادشاہ** (پیر۔ سردار) (۱) مذکر۔ سب سے زیادہ جھوٹ بولنے والا۔ بہت بڑا جھوٹا۔ نہایت جھوٹا ٭ **جھوٹوں نہ پوچھنا** (ہ) ظاہرداری یا دکھاوے کو بھی نہ پوچھنا۔ بھول کر بھی نہ پوچھنا ٭ **جھوٹی** (۱) جھوٹا کی تانیث (۲) واقعے کے خلاف (بات) ٭ **جھوٹی خبر** (۱) مؤنث۔ افواہ۔ غلط خبر ٭ **جھوٹی قسم**۔ مؤنث۔ غلط سوگند۔ حلف دروغی ٭ **جھوٹی گواہی**۔ مؤنث۔ دروغ شہادت۔ حلف دروغی ٭ **جھوٹی مہندی** (ہ) مؤنث۔ برتی ہوئی مہندی۔ اتری ہوئی مہندی۔ بے قاعدہ لگائی ہوئی مہندی ٭ **جھوٹی نالش** (۱) مؤنث۔ جھوٹا دعوٰی۔ بناوٹی مقدمہ۔ خواہ مخواہ کی نالش ٭ **جھوٹے** (ہ) (۱) جھوٹا کی جمع (۲) جھوٹا کی صورت حروفِ مغیرہ سے پہلے ٭ **جھوٹے کے آگے سچا رو مرتا ہے**۔ مثل۔ جھوٹے کے آگے سچے کی پیش نہیں جاتی ٭ **جھوٹے وعدے** (۱) مذکر۔ کبھی پورے نہ ہونے والے وعدے ٭ **جھوٹے ہاتھ سے کتا نہ** مارنا۔ سخت کنجوس اور مکھی چوس ہونا۔ لئیم ہونا۔ ممسک ہونا ٭

جھوٹ (جھُوٹ) (ہ) مؤنث۔ بچا ہوا کھانا۔ پس خوردہ ٭

جھوٹا (جھُو۔ ٹا) (ہ) بھینس کا بچہ ٭

جھوجھا (جھُو۔ جھا) (ہ) مذکر (۱) مسلمانوں کا ایک ادنٰی فرقہ (۲) (پورب) ادجھ۔ معدہ ٭

جھوجھرا۔ جھوجرا (جھُو جھ۔ را، جھُو ج۔ را) (ہ) بال پڑا ہوا۔ ٹوٹا پھوٹا۔ شکستہ ٭ **جھوجھری آواز** (۱) مؤنث۔ ٹوٹے ہوئے برتن کی آواز ٭

جھوڑ (جھُوڑ) (ہ) مؤنث (۱) تکرار۔ جھگڑا۔ لڑائی (۲) بحث۔ حجت۔ قضیہ ٭

جھوک (جھُوک) (ہ) مؤنث (۱) ہچکولا۔ دھکا (۲) نشے کی غفلت۔ پینک (۳) ترازو کے ایک پلے کا جھکنا (۴) وزن (۵) جھوکنا کا امر ٭ **جھوک سنبھالنا**۔ ہچکولا سہنا۔ بانس یا لمبی چھڑی کی لچک روکنا ٭ **جھوک مارنا**۔ کم تولنا۔ ڈنڈی مارنا۔ کم تولنے کے لیے ترازو کی ڈنڈی انگلیوں کی حرکت سے جھکا دینا ٭ **جھوکا**۔ مذکر (۱) ہوا کا ریلا یا دھکا (۲) غنودگی کا جھونکا۔ نیند کا ہچکولا ٭ **جھوکنا** (۱) پھینکنا۔ ڈالنا (۲) صرف کرنا۔ اڑانا۔ برباد کرنا (۳) بری جگہ شادی کر دینا۔ بے پروائی سے پلے باندھنا (۴) خطرے میں ڈالنا۔ ہلاکت میں ڈالنا ٭

جھول (جھَول) (ع) سخت جاہل۔ بڑا نادان ٭

جھول (جھُول) (ہ) مؤنث (۱) ہاتھی گھوڑے وغیرہ کے اوپر ڈالنے کا کپڑا (۲) ڈھیلی ڈھالی پوشاک (۳) جھولنا کا امر ٭ **جھولا**۔ مذکر۔ ہنڈولا۔ وہ رسی جس پر بیٹھ کر جھونٹے لیے جاتے ہیں ٭ **جھولن**۔ مؤنث (۱) جھولنا (۲) تھیگی ٭ **جھولن جاترا**۔ مؤنث۔ کرشن جی اور رادھا جی کی یادگار میں ہندوؤں کا ایک تہوار ٭ **جھولنا** (۱) پینگ چڑھانا۔ جھونٹے لینا (۲) آویزاں ہونا۔ لٹکنا ٭

جھول (جھُول) (ہ) مذکر (۱) سلے ہوئے کپڑے کی ناہمواری۔ سلوٹ۔ شکن۔ چین۔ ڈھیلا پن (۲) ہاتھی کا سیدھا نہ چلنا (۳) گلٹ۔ ملمع (۴) ایک دفعہ کئی بچوں کا جننا ٭ **جھول جھال**۔ مذکر (۱) ڈھیل ڈھال۔ التوا (۲) توقف ٭ **جھول نکالنا** (۱) بچے نکالنا۔ مرغی کا بچے دینا (۲) بچے دلوانا (۳) جھول والے کپڑے کو درست کرنا ٭ **جھولا**۔ مذکر (۱) سپاہیوں کا تھیلا (۲) ادھرنگ۔ فالج۔ رعشہ (۳) ہاتھ کا اشارہ (۴) رسی یا اور کسی شے کا ڈھیلا پن۔ ناہمواری ٭ **جھولا زدگی** (۱) مؤنث۔ لو یا گرم ہوا کے باعث پھلوں یا زراعت کا مارا جانا ٭ **جھولا مار جانا** (ہ) (۱) فالج ہو جانا (۲) (ع) بیکار ہو جانا۔ سست ہو جانا ٭ **جھولنا**۔ مذکر (۱) فقیروں کی تھیلی جس میں وہ روٹی اور آٹا مانگ کر رکھتے ہیں۔ خرجی۔ تھیلا (۲) پہلو کا گوشت ٭ **جھولی**۔ مؤنث (۱) خرجی۔ چھوٹی تھیلی (۲) دامن یا دوپٹا جو کوئی شے لینے کے لیے پھیلایا جائے ٭ **جھولی چھوڑنا**۔ جسم کا ڈھیلا پڑ کر دونوں پہلوؤں کا گوشت لٹک پڑنا۔ بڑھاپے کی علامت کا ظاہر ہونا ٭ **جھولی ڈالنا**۔ بھیک مانگنے کھڑا ہونا۔ فقیری کا سامان کرنا ٭

جھوم (جھُوم) (ہ) (۱) جھومنا کا امر (۲) مذکر۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ جھولنا (۳) پتوں کی کثرت ٭ **جھوم جھوم کر** (۱) لہرا لہرا کر۔ جھول جھول کر۔ ہل ہل کر (۲) خوب زور سے۔ گھر گھر کر (۳) نہایت غنودگی سے ٭ **جھومنا** (۱) آویزاں ہونا۔ لٹکنا (۲) اونگھنا۔ مستی کی حالت میں جھونٹے لینا (۳) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا (۴) ہاتھی کی سی

چال چلنا۔ سر ہلانا (۵) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا ؛

جھومر (جھُو۔مَر) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا زیور، جو عورتیں زینت کے لیے ماتھے پر لٹکا لیتی ہیں (۲) ایک طرح کا ناچ، جس میں عورتیں ایک دوسری کا ہاتھ تھامے ہوئے حلقہ باندھ کر ناچتی ہیں (۳) ایک نوع کا زنانہ گیت ؛ **جھومر کا چاند**۔ مذکر۔ جھومر میں لگا ہوا چاند ؛

جھونا (جھُو۔نا) (ہ) مذکر (۱) چھدرا۔ چھدرا بُنا ہوا کپڑا۔ ایک قسم کی باریک دھوتر (۲) نہایت عمدہ قسم کی چھالیا ؛

جھونا (جھُو۔نا) (ہ) (عو) (۱) دکھڑا رونا۔ بیان کرنا (۲) شروع کرنا (۳) مارنا۔ جڑنا۔ لگانا (۴) (پنجابی) دھان ؛

جھونپڑا (جھُونپ۔ڑا) (ہ) مذکر۔ چھپّر یا پھوس کا گھر ؛ **جھونپڑی**۔ مؤنث۔ جھونپڑا کی تصغیر ؛

جھونترٹے (جھُونت۔ڑے) (ہ) مذکر (عو) پھوسڑے۔ ریشے ؛

جھونٹا (جھُوں۔ٹا) (ہ) مذکر (۱) جھولے کی جنبش (۲) سر کو اوپر نیچے ہلانے کا فعل (۳) عورت کے سر کے بال ؛ **جھونٹا لینا**۔ پینگ چڑھانا۔ پینگ لینا ؛ **جھونٹے**۔ مذکر۔ جھونٹا کی جمع ؛ **جھونٹے کھسوٹنا**۔ سر کے بال نوچنا ؛

جھونٹا (جھُوں۔ٹا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "جھونٹا" ؛ **جھونٹیا**۔ مؤنث۔ جھونٹا کی تصغیر ؛

جھونج (جھُونج) (ہ) مؤنث (پورب) (۱) گھونسلا۔ پرندے کا آشیانہ (۲) (ہندو) کھاج۔ کھجلی۔ خارش (۳) (ہندو) خواہش، چسکا۔ مزہ ؛

جھونجل (جھُوں۔جل) (ہ) مؤنث (عو) غضب۔ خفگی۔ کرودھ۔ غصہ ؛ **جھونجل اتارنا** (عو) عداوت نکالنا۔ بدلا لینا۔ غصہ اتارنا ؛

جھونجھ (جھُونجھ) (ہ) مؤنث (ہندو) جھانجھ ؛

جھونک (جھُونک) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "جھوک" ؛ **جھونکا**۔ مذکر۔ دیکھیے جھوکا ؛ **جھونکنا** دیکھیے "جھوکنا" ؛ **جھونکے**۔ مذکر۔ جھونکا کی جمع ؛ **جھونکے آنا** (۱) اونگھنا۔ نیند میں جھونٹے آنا۔ نیند کے سبب بار بار سر کا جھکنا (۲) ہوا کے ہلکے ہلکے تھپیڑے آنا ؛

جھونکنا (جھُونک۔نا) (ہ) (۱) بیل کا سینگ مارنا (۲) بیل کا سینگ مارنے کے لیے دوڑنا (۳) دھمکی دینا (۴) آوازہ کسنا ؛

جھیپنا۔ جھینپنا (جھیپ۔نا، جھینپ۔نا) (ہ) شرمانا۔ لجانا۔ آنکھ چرانا ؛

جھیرا (جھیے۔را) (ہ) مذکر (۱) کنواں (۲) سوتا۔ چشمہ (۳) دہانہ۔ منبع (۴) سوکھا کنواں، جس میں اکثر کبوتر رہتے ہیں ؛

جھیر جھیر (جھیر۔جھیر) (ہ) پرزے پرزے۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ ؛

جہیز (جہیز) (ع) مذکر۔ وہ سامان، جو بیٹی کو شادی میں دیا جاتا ہے۔ سامان۔ اسباب ؛ **جہیز میں آنا** (۱) (عو) شادی پر سامان ملنا۔ ماں باپ کے گھر سے آنا۔ اپنی ملکیت ہونا ؛

جھیل (جھیل) (ہ) مؤنث (۱) پانی کا قطعہ، جو چاروں طرف خشکی سے گھرا ہوا ہو۔ ڈابر۔ ڈل۔ تالاب۔ بڑا چشمہ (۲) کیچڑ۔ دلدل (۳) نیچی زمین (۴) گیت کا وہ حصہ، جو مدھم یا نرم آواز سے کہا جائے ؛

جھیل (جھیل) (ہ) جھیلنا کا امر ؛ **جھیلنا** (۱) سہنا۔ سہارنا۔ برداشت کرنا۔ بیماری یا مصیبت گوارا کرنا (۲) ہضم کرنا۔ پچانا ؛

جھیلنی (جھیل۔نی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا لڑی والا زیور، جو کانوں کے زیور کا بوجھ سہارنے کے لیے سر کے بالوں میں اٹکایا جاتا ہے ؛ **جھیلنی دینا**۔ بچہ جنتے وقت زچہ کو ایک خاص ترکیب سے جنبش دینا ؛

جھینکنا (جھینک۔نا) (ہ) (عو) (۱) گریہ و زاری کرنا۔ رونا (۲) دکھڑا بیان کرنا (۳) پچھتانا۔ افسوس کرنا (۴) پیٹنا۔ ماتم کرنا ؛

جھینگا (جھیں۔گا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ؛

جھینگر (جھیں۔گر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا، جو اکثر دیواروں پر رہتا اور کپڑے وغیرہ چاٹ جاتا ہے ؛

ج۔و

جیتی (جیتی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا چھوٹا جو (۲) چاول کی چھوٹی ہوتی پود ؛

ج۔ی۔ے

جی (جی) (ہ) (۱) ہاں۔ بلے (۲) حضرت۔ جناب (۳) درست۔ بجا (۴) (دعا) زندہ کا بدل۔ جیتا رہ۔ زندہ باش ؛

جی (جی) (ہ) مذکر (۱) جان۔ روح۔ سانس۔ دم۔ پران [illegible] (۳) قلب۔ دل (۴) خواہش۔ طبیعت (۵) آپ۔ بذاتِ خود (۶) دلیری۔ جرأت (۷) حیوان۔ جانور (۸) بھولا بھالا۔ سادہ لوح ؛ **جی آجانا**۔ دل آجانا۔ عاشق ہو جانا ؛ **جی اُٹھنا** (۱) طبیعت نہ لگنا۔ دل بیزار ہونا (۲) زندہ ہو جانا۔ جان پڑ جانا (۳) سیر و تماشا یا کسی کام کے لیے دل نہ چاہنا ؛ **جی اُچٹ جانا۔ یا۔ اُچٹنا**۔ کسی کام پر دل نہ لگنا۔ کسی کام سے دل بیزار ہو جانا ؛ **جی اداس ہونا**۔ دل نہ لگنا۔ دل پریشان ہونا ؛ **جی اُکتا جانا**۔ دل کا بیزار ہو جانا۔ دل کا گھبرا جانا ؛ **جی اُلٹنا**۔ دل پریشان ہونا۔ دل گھبرانا ؛ **جی بجھ جانا**۔ ہمت ٹوٹنا۔ افسردہ ہونا ؛ **جی بُرا کرنا** (عو) (۱) ناراض ہونا۔ ناخوش ہونا (۲) اُگلنا۔ قے کرنا ؛ **جی بڑھانا**۔ ہمت باندھنا۔ دلاسا دے کر مستعد کرنا۔ دلیر کرنا۔ جرأت دینا ؛ **جی بڑھنا**۔ دل تازہ ہونا۔ ہمت بڑھنا۔ جرأت بڑھنا ؛ **جی بکھرنا۔ یا۔ بکھر جانا۔ یا۔ بگڑ جانا**۔ دل بیٹھنا۔ غش آنا۔ دل متلانا ؛ **جی بند ہونا** (۱) کبیدہ خاطر ہونا۔ دل رُکنا ؛ **جی بھاری کرنا** (۱) دل پر بوجھ ڈالنا۔ رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا۔ رونا ؛ **جی بھٹکنا**۔ دل کا کسی چیز کو ڈھونڈنا۔ آرزو مند و مشتاق ہونا ؛ **جی بھر آنا**۔ آنسو بھر آنا۔ رقت آنا۔ ترس آنا۔ رحم آنا ؛ **جی بھر جانا**۔ جی اکتا جانا۔ سیر ہو جانا ؛ **جی بھر کر**۔ حسبِ خواہش۔ سیر ہو کر ؛ **جی بہلانا**۔ دل خوش کرنا۔ دل کا دوسری طرف مشغول و متوجہ کرنا ؛ **جی بہلنا**۔ دل خوش ہونا۔ دل کا دوسری جانب متوجہ ہونا۔ دل لگنا ؛ **جی بیٹھا جانا**۔ دل کا گرا جانا۔ دل کا نا امید ہونا ؛ **جی پر بن جانا**۔ صدمہ ہونا۔ روحانی ایذا پہنچنا ؛ **جی پر کھیلنا**۔ جان پر کھیلنا۔ جان کو خطرے میں ڈالنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا ؛ **جی پڑنا** (۱) جان پڑنا۔ بچے میں روح پڑنا (۲) کرم پڑنا۔ کیڑے پڑنا ؛ **جی پگھلنا**۔ دل آنا۔ میلانِ خاطر ہونا ؛ **جی پھر جانا**۔ نفرت ہونا، دل بیزار ہونا، اُکتا جانا ؛ **جی پھسلنا**۔ دل مائل ہونا، عشق ہونا، دل آنا ؛ **جی ترسنا**۔ دل بھڑکنا، جی چاہنا،

چ

چ (ت) (۱) فارسی حروفِ تہجی کا ساتواں اور اُردو کا آٹھواں حرف (۲) حسابِ جمل میں اس کے عدد "ج" کے برابر تین ہیں ؛

چ - ا

چاب (چَاب) (ہ) (۱) چابنا کا امر (۲) مؤنث (عو) تل، چاول اور شکر ؛ **چابنا** (گنوار) (۱) چبانا (متروک) کسی شے کو دانتوں سے کترنا یا کچلنا (۲) کھانا - چنے کھانا ؛

چابک (چَا-بُک) (ف) (۱) تیز - پھرتیلا - چست و چالاک (۲) مذکر - کوڑا - ہنٹر - قمچی - تازیانہ ؛ **چابک دست** (۱) وہ شخص جو ہاتھ کے کام میں کاریگر ہو (۲) پھرتیلا (۳) خوب صورت ؛ **چابک سوار** - مذکر (۱) گھوڑے پر خوب چڑھنے والا - گھوڑا پھیرنے اور سدھانے والا (۲) گھوڑوں کا سوداگر ؛ **چابکی** - مؤنث - تیزی - چالاکی - چستی ؛

چابی (چَا-بِی) (ہ) مؤنث - کنجی - تالی - کلید ؛

چاپ (چَاپ) (ہ) مؤنث - پاؤں کی آہٹ یا آواز ؛

چاپٹ (چَا-پَٹ) (ہ) مؤنث (۱) بھوسی - چوکر - بورا - چبری (۲) غلے کے ٹکڑے، جو کٹنے سے رہ جائیں ؛

چاپلوس (چَاپ-لُوس) (ف) خوشامد کرنے والا ؛ **چاپلوسی** - مؤنث - بے جا تعریف - خوشامد - میٹھی میٹھی باتوں میں تعریف کرنا ؛

چاتر (چَا-تَر) (ہ) (۱) عیار - ہوشیار - چالاک - تیز (۲) فریبی - مکار (۳) تجربہ کار، عقل مند، دانا (۴) ذہین - ہنرمند (۵) جری - بہادر (۶) چار - اربعہ ؛ **چاتر تو بیری بھلا مورکھ بھلا نہ میت** - مثل - دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے ؛

چاٹ (چَاٹ) (ہ) مؤنث (۱) چسکا - چاٹنے کا مزہ (۲) وہ مزے دار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرنے کے لیے کھائی جائے (۳) شوق - عادت - لت (۴) چاٹنا کا امر ؛ **چاٹ لگنا** (۱) چسکا پڑنا - مزہ پڑنا (۲) شوق لگنا - عادت پڑنا ؛ **چاٹ لگی تو حلوائی کی دکان کی سوجھی** (و) مثل - وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی شخص کو مٹھائی کا چسکا پڑ جائے ؛ **چاٹنا** (۱) زبان سے کھانا - چکھنا (۲) مزہ لینا (۳) کھا جانا - چٹ کر جانا ؛

چاٹی (چَا-ٹِی) (ہ) مؤنث - دودھ کی ہانڈی - مٹی کا بڑا سا ظرف ؛

چاچا (چَا-چَا) (ہ) مذکر (ہندو یا گنوار) چچا - باپ کا چھوٹا بھائی - عمو - عم ؛ **چاچی** - مؤنث - چچا کی بیوی - چچی ؛

چادر (چَا-دَر) (ف) مؤنث (۱) بڑا اور چوڑا دوپٹا - اوڑھنا (۲) پھولوں کی وہ ردا، جو قبروں پر چڑھائی جاتی ہے (۳) پانی کی چوڑی دھار (۴) لوہے وغیرہ کے چوڑے چوڑے پترے ؛ **چادر اتارنا** (و) عورت کو بے پردہ کرنا - عزت اتارنا ؛ **چادر پڑنا** - پوشیدہ ہونا ؛ **چادر تان کر سونا** (کنایۃً) (۱) بے فکر ہو کر سونا (۲) اطمینان سے زندگی بسر کرنا ؛ **چادر جوڑا** - مذکر - دوشالہ - دوہری شال ؛ **چادر چڑھانا** - قبر پر کپڑے یا پھولوں کی چادر ڈالنا ؛ **چادر چھپول** - مذکر - لڑکوں کا ایک کھیل ؛ **چادر چھت** - مؤنث (۱) چھت کا کپڑا (۲) جستی چادر کی چھت ؛ **چادر ڈالنا - یا - اڑھانا** (ہندو) (گنوار) اوڑھنا ڈالنا - بیوہ کی شادی کرنا (۲) مردے پر شال ڈالنا ؛ **چادر سے باہر پاؤں پھیلانا** - اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا ؛ **چادر ہلانا** (۱) لڑائی کی حالت میں مغلوب فوج کا پناہ چاہنا (۲) لوگوں کو جمع کرنے کی نشانی ؛ **چادر سے تھوڑی پیر پسارے بہت** مثل - آمدنی کم، خرچ زیادہ ؛ **چادرا** - مذکر (۱) بڑا اور چوڑا دو پاٹ کا دوپٹا، بڑی چادر (۲) چھوٹی چادر ؛

چار (چَار) (ف) تین اور ایک - ۴ - اربع ؛ **چار آدمی** - مذکر - دو چار بھلے مانس - پنچ ؛ **چار آنکھیں کرنا** (و) آنکھیں ملانا - سامنے آنا - مقابل ہونا ؛ **چار آئینہ** (ف) مذکر - ایک قسم کی زرہ ؛ **چار ابرو کا صفایا** (و) مذکر - سر، دونوں بھویں اور ڈاڑھی مونچھ کا منڈا دینا ؛ **چار اجساد** (ف - ع) مذکر - چار عنصر - آگ - پانی - مٹی - ہوا ؛ **چار انگل کا پرچہ - یا - پرزہ** (و) مذکر - چھوٹا سا پرچہ - خط ؛ **چار انگلیاں سر پر نہ رکھنا** - (عو) سلام تک نہ کرنا - سلام نہ کرنا ؛ **چار باغ** (ف) مذکر - وہ شالی رومال جس کے چاروں کونوں پر چار رنگ کے گل بوٹے بنے یا کڑھے ہوتے ہیں ؛ **چار بالش** - مذکر - مسند - گاؤ تکیہ ؛ **چار بند** (و) مذکر - پشت کا نیچے، اوپر اور چپ و راست کا حصہ ؛ **چار بیتی** (ف) مؤنث - چار مصرعوں کی نظم - رباعی - وہ نظم جس میں صرف دو شعر ہوں ؛ **چارپائی** (و) مؤنث - چھوٹا پلنگ - پلنگڑی ؛ **چارپائی پر پڑنا** (۱) چارپائی پر لیٹنا (۲) صاحبِ فراش ہونا - بیمار ہونا ؛ **چارپائی سے پیٹھ لگ جانا** - کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا - بیمار کا بہت کمزور ہو جانا ؛ **چارپائی میں کان نکلنا** - بسل کے باعث چارپائی کا اونچا نیچا ہونا ؛ **چارپایہ** (ف) مذکر - چار پاؤں والا جانور - چوپایہ - ڈھور ڈنگر ؛ **چار پیسے** (و) مذکر (عو) (۱) چار کپڑے، چار جوڑے (۲) چار زیور، چار گہنے ؛ **چار تال** - مذکر - طبلہ بجانے میں ایک تال - چوتالا ؛ **چار تخم** (ف) مذکر - ریحان، اسبغول، بالنگو اور خرفے کے بیج ؛ **چار تکبیر** (ف - ع) مؤنث - جنازے کی نماز، جو مسلمان مردے پر پڑھی جاتی ہے ؛ **چار ٹوک** (و) مذکر - چار پھانک - چو کھنڈا ؛ **چار جامہ** (ف) مذکر (۱) زین جیسی وہ پوشش، جو گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں (۲) (و) (کنایۃً) صرف تہ بند باندھے ہوئے ؛ **چار چالے** (و) مذکر (عو) مہمانی کی ایک رسم جس

کے مطابق شادی کے بعد دلھن کے چار رشتہ دار دولھا دلھن کو ایک مرتبہ مہمان بلاتے اور کچھ طعام نقدی وغیرہ ساتھ کر دیتے ہیں ۔ **چار چاند لگانا** (ع) (۱) عزت اور مرتبہ بڑھانا (۲) آنکھوں پر بٹھانا ۔ **چار چاند لگنا** (ع) حسن کا دوبالا ہونا ۔ عالی رتبہ ہونا ۔ عزت بڑھنا ۔ **چار چشم** (۱) (ف) بے حد آرزومند (۲) (ف) طوطا چشم ۔ بے مروت ۔ **چار چوٹ کی مار** (ف) مؤنث (ع) لات، مکی، لکڑی وغیرہ سے مارنا ۔ ضرب شدید ۔ **چار حرف بھیجنا** ۔ لعنت بھیجنا ۔ لعنت کرنا ۔ **چار خانہ** (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا لکیر والا کپڑا جس کی لکیروں سے چار خانے پیدا ہوں ۔ **چار دانگ** (۱) چاروں طرف (۲) (مجازاً) سارا عالم ۔ دنیا کی چاروں سمتیں ۔ **چار دن** (ف) تھوڑے دن ۔ چند روز ۔ **چار دن کی بہار** ۔ مؤنث ۔ ناپائداری ۔ چند روزہ رونق ۔ ناپائدار حسن ۔ **چار دن کی چاندنی** ۔ مؤنث ۔ ناپائدار حسن ۔ چند دن کی دولت ۔ چند روزہ عیش و آرام ۔ **چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ** ۔ مثل ۔ جس طرح چاندنی کی چند ہی راتیں روشن ہوکر پھر اندھیرا ہو جاتا ہے ، اسی طرح عیش و آرام بھی ناپائدار ہے ۔ چند روزہ آؤ بھگت ، پھر وہی بے قدری ۔ **چار دن کی کوتوالی ، پھر وہی کھرپا ، وہی جالی** ۔ مثل ۔ واں بولتے ہیں ، جہاں کوئی نالائق شخص کچھ عرصے کے لیے کسی بڑے عہدے پر پہنچ جائے ، پھر اپنی اصلی حالت پر آجائے ۔ **چار دہ** (ف) چودہ ۔ ۱۴ ۔ **چار دہم** ۔ چودھواں ۔ **چار دیوار** ۔ مذکر ۔ کسی رقبے یا احاطے کی چاروں طرف کی دیواریں ۔ **چار دیواری** (ف) مؤنث (۱) گھر کا احاطہ (۲) فصیل ۔ شہر پناہ ۔ **چار زانو بیٹھنا** ۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا ۔ امیرانہ نشست سے بیٹھنا ۔ **چار سالہ** (ف) مذکر (۱) چار برس کا جانور (۲) چار دانت کا ۔ **چار شنبہ** ۔ مذکر ۔ بدھ ۔ بدھ وار ۔ چہار شنبہ ۔ **چار طرف** (۱) چار سو ۔ چار دانگ (۲) ہر جانب ۔ ہر سمت ۔ ہر طرف ۔ **چار عنصر** (ف ۔ ع) مذکر ۔ آگ ، پانی ، مٹی ، ہوا ، جن چاروں اصلی اجزا سے موجودات کی ظاہری صورت نمایاں ہوئی ۔ **چار قل** ۔ مذکر ۔ قرآن عزیز کے آخری سیپارے کی چار سورتیں جو "قل" کے لفظ سے شروع ہوتی ہیں یعنی (۱) قل یا ایہا الکافرون (۲) قل ھو اللہ (۳) قل اعوذ برب الفلق (۴) قل اعوذ برب الناس ۔ **چار کھونٹ** (ف) مؤنث (۱) دیکھیے "چار طرف" (۲) دنیا کی چاروں سمتیں ۔ چار دانگ عالم (۳) ساری دنیا ۔ **چار کے کاندھے پر جانا یا چڑھنا** ۔ مرنے کے بعد چار آدمیوں کے کندھے پر چڑھ کر جانا ۔ تابوت میں جانا ۔ **چار گام** ۔ یا ۔ **چار گامہ** (ف) مذکر ۔ تیز چلنے والا گھوڑا ۔ تیز رفتار رہوار ۔ **چار گنا** (ف) چوگنا ۔ چار چند ۔ **چار مذہب** (ف) مذکر ۔ اہل سنت و جماعت کے چار مذہب یعنی حنفی ، حنبلی ، شافعی ، مالکی ۔ **چار مغز** ۔ مذکر (۱) خربوزہ ، تربوز ، خیارین اور کدو کے مغز ، جو اکثر دواؤں اور ٹھنڈائیوں میں برتے جاتے ہیں (۲) اخروٹ (۳) مٹی کی گولی ، جس سے بچے کھیلتے ہیں ۔ **چار منزل** (ف ۔ ع) مؤنث ۔ شریعت ۔ طریقت ۔ معرفت ۔ حقیقت ۔ **چار یار** (ف) مذکر ۔ حضرت رسول اکرم صلعم کے چار اصحاب کبار یعنی حضرت صدیق اکبرؓ ، حضرت فاروق اعظمؓ ، حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علی مرتضیٰؓ ۔ **چار یاری** ۔ مؤنث ۔ خاص

دوستوں کا مجمع ۔ **چاروں** ۔ چار کے چار ۔ ہر چار ۔ **چاروں شانے (خانے) چت گرنا** (ف) (۱) اس طرح چت گرنا کہ دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں برابر پھیل جائیں (۲) حیران و ششدر ہو جانا ۔ جواب نہ بن آنا ۔

چارا (چا ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ گھاس ، چری وغیرہ ، جو چوپایوں کو دی جاتی ہے ۔

چارج (چَارج) (انگ) Charge مذکر ۔ تفویض ۔ سپردگی ۔ حوالگی ۔

چار و ناچار (چا ۔ رُو ۔ نا ۔ چار) (ف) مجبوراً ۔ جبراً ۔ زبردستی ۔

چارہ (چا ۔ رَہ) (ف) مذکر (۱) تدبیر ۔ علاج (۲) انجام ۔ مدد ۔ **چارہ جوئی** ۔ مؤنث (۱) علاج چاہنا (۲) استغاثہ کرنا ۔ نالش کرنا ۔ **چارہ جوئی قانونی** (ف ۔ ع) مؤنث ۔ قانونی دادرسی ۔ **چارہ ساز** (ف) (۱) کام بنانے اور درست کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ ۔ **چارہ سازی (گری)** مؤنث (۱) علاج معالجہ (۲) مدد ۔ یاری ۔ **چارہ گر** (ف) مذکر (۱) طبیب ۔ معالج ۔ حکیم (۲) مددگار ۔

چاشت (چَاشت) (ف) مذکر (۱) پہر دن چڑھے کا وقت (۲) سورج نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت (۳) صبح کا کھانا ۔ ناشتا ۔ حاضری ۔

چاشنی (چَاش ۔ نی) (ف) مؤنث (۱) ذائقہ ۔ مزہ (۲) شربت کا تار ۔ پت (۳) تھوڑی سی آمیزش (۴) چکھنے کے قابل چیز (۵) مٹھاس کے اندر کی کھٹاس ۔ **چاشنی دار** ۔ کھٹ مٹھا ۔ **چاشنی گیر** ۔ مذکر ۔ خانساماں ۔

چاق (چَاق) (ت) ہوشیار ۔ چست و چالاک ۔ تندرست ۔ مضبوط ۔ **چاق چوبند** (ف) (۱) چاروں گانٹھ مضبوط ۔ موٹا تازہ ۔ توانا (۲) بھلا چنگا ۔ تندرست (۳) پھرتیلا ، چست و چالاک ۔

چاقو (چَا ۔ قُو) (ت) مذکر ۔ بند ہونے والی چھوٹی چھری ۔ قلم تراش ۔

چاک (چَاک) (ف) (۱) پھٹا ہوا ۔ ناچرا ۔ دریدہ (۲) مذکر ۔ دامن یا آستین کا کھلا ہوا حصہ (۳) کمہار کا برتن بنانے کا آلہ ، جسے پھراتے پھراتے لوٹا ، ہانڈی وغیرہ گول برتن بنائے جاتے ہیں (۴) لکڑی کا گول پہیا جس پر کنوئیں کی گول عمارت بنائی جاتی ہے (۵) مصری یا قند جمانے کا گول کونڈا (۶) انگ Chalk ۔ مؤنث ۔ کھریا مٹی ۔ **چاک کرنا** (ف) پھاڑنا ۔ پرزے کرنا ۔ چیرنا ۔

چاکر (چَا ۔ کَر) (ف) مذکر (۱) نوکر ۔ اہل کار ۔ خدمت گار ۔ ملازم (۲) نوکر کا چاکر ۔ **چاکری میں آکری کیا** (ف) مثل ۔ نوکری میں اکڑنا نہ چاہیے ۔

چاکسو (چَاک ۔ سُو) (ف) مذکر ۔ ایک قسم کے کالے بیج ، جو آنکھوں کی بیماری میں کام آتے ہیں ۔

چاکلیٹ (چَاک ۔ لیٹ) (انگ) ۔ Chocolate مذکر ۔ ایک قسم کی انگریزی مٹھائی ، جو بچے اور عورتیں بہت کھاتی ہیں ۔

چاکی (چَا ۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) (پٹے بازوں کی اصطلاح) وہ ضرب ، جو حریف کے سر پر گتکا پھرا کر جہاں جگہ خالی پاتے ہیں ، وہیں مارتے ہیں (۲) (گنوار) چکی ۔ آسیا ۔

چال (چَال) (ہ) مؤنث (۱) رفتار ۔ رفتار کا انداز ۔ حرکت (۲) رویہ ۔ روش (۳) طور و طریق ۔ طرز (۴) سبھاؤ ۔ عادت (۵) گھوڑے کی رفتار (۶) شطرنج کے مہرے یا چوپڑ کی نرد کو ایک گھر سے دوسرے گھر میں لے جانا (۷) دھوکا ۔ مکر ۔ فریب ۔ **چال اڑانا** ۔ انداز کی نقل اتارنا ۔ **چال باز** (ف) ہوشیار ، چالاک ،

فریبی، عیار ✤ **چال بازی**۔ مؤنث۔ شرارت۔ فریب۔ عیاری۔ چالاکی۔ چھل ✤ **چال پڑ جانا۔ یا۔ پڑنا** (و) (۱) تدبیر بن پڑنا (۲) فریب یا دھوکا کارگر ہونا۔ داؤں چل جانا ✤ **چال چلن**۔ مذکر۔ عادت، خصلت، رنگ ڈھنگ۔ طور و طریقہ۔ طریق معاشرت۔ روش ✤ **چال چلنا** (۱) بزناؤ۔ پیش آنا (۲) فریب دینا ✤ **چال ڈھال**۔ مؤنث۔ انداز۔ طور و طریقہ۔ طرز و روش۔ گفتار رفتار ✤ **چال میں آنا**۔ جھانسے میں آنا۔ دھوکے میں آنا ✤ **چالا**۔ مذکر (۱) رخصت۔ روانگی (۲) شادی کے بعد نئی دلھن کا سسرال سے اوّل چار مرتبہ میکے جانا (۳) روانگی کا مہورت۔ رجال الغیب کے حساب سے سفر کرنے کا مبارک دن ✤ **چالا دیکھنا**۔ نجوم کے قاعدے کے مطابق سفر کا وقت قرار دینا۔ مہورت دیکھنا ✤ **چالیا**۔ فریبی۔ دغا باز۔ چال باز ✤

چالاک (چا۔ لاک) (ف) (۱) کام کرنے میں چست۔ پھرتیلا۔ تیز رفتار (۲) ذہین۔ ہوشیار (۳) فریبی۔ مکار۔ عیار ✤ **چالاکی**۔ مؤنث (۱) تیزی۔ پھرتی۔ چستی (۲) زیرکی۔ ہوشیاری (۳) مکاری۔ عیاری ✤ **چالاکی کرنا**۔ عیاری یا بددیانتی کرنا۔ دھوکا دینا ✤

چالان (چا۔ لان) (ہ) مذکر (۱) بھیجی ہوئی چیزوں کی رسید۔ بیجک (۲) روپے کی رسید (۳) تحقیقات کے بعد عدالت کو ملزم کی روانگی (۴) راہ داری کا پروانہ (۵) ایک محکمے سے دوسرے محکمے کو روانگی ✤

چالی (چا۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) بانس کی تیلیوں کا ڈھانچ، جو کشتی کی تہ میں لگایا جاتا ہے (۲) گارد جو کسی نوکری کے لیے لگایا جائے (۳) گھوڑے کا زین (۴) (عو) شریر ✤

چالیس (چا۔ لیس) (ہ) تیس اور دس۔ چہل۔ اربعین۔ ۴۰ ✤ **چالیس سیر**۔ مذکر۔ ایک من ✤ **چالیس سیرا اوت**۔ پورا احمق۔ ازحد بے وقوف ✤ **چالیسا**۔ مذکر (۱) چالیس سال کی عمر کا آدمی (۲) چالیس حریفوں کو پچھاڑنے والا پہلوان (۳) سمت ۱۸۴۰ کا قحط (۴) چالیس چیزوں سے بنایا ہوا ایک چورن ✤ **چالیسواں** (۱) چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲) مذکر۔ مُردے کی سوا مہینے کی فاتحہ۔ چہلم ✤

چام (چام) (ہ) مذکر۔ چمڑا۔ کھال ✤ **چام کے دام** (و) مذکر۔ چمڑے کا روپیہ۔ چمڑے کا سکہ، جو نظام سقے نے ہمایوں بادشاہ سے آدھے دن کی بادشاہی لے کر چلایا تھا ✤ **چام کے دام چلانا**۔ جبراً کام لینا۔ بہ غایت رعب داب اور حکومت سے کام لینا ✤

چانپ (چانپ) (ہ) (۱) مؤنث۔ بندوق کا پرزہ، جس سے کندہ اور نال باہم جڑے رہتے ہیں (۲) (مہند) (انگ۔ چاپ Chop) مذکر۔ ایک خاص قسم کا گوشت کا بھنا ہوا تکا ✤

چانٹا (چاں۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ طمانچہ۔ تھپڑ۔ دھول دھپا ✤

چانچری (چانچ۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) جوار، مونگ وغیرہ (۲) اناج، جو گاہنے کے بعد بالوں میں رہ جاتا ہے ✤

چاند (چاند) (ہ) مذکر (۱) ماہ۔ ماہتاب۔ قمر۔ چندرماں (۲) مہینے کا آخری دن (۳) انتیس یا تیس دن کا زمانہ (۴) ڈھال کا آہنی یا برنجی پھول (۵) جانداروں کی پیشانی کا سفید ٹیکا (۶) پورے چاند کی شکل کا ایک زیور (۷) چاند ماری کا گول نشان، ہدف، نشانہ (۸) مکٹ۔ افسر۔ تاج (۹) (عو) خوب صورت بیٹا (۱۰) مؤنث۔ چندیا۔ کھوپری ✤ **چاند بھر**۔ پورا مہینا ✤ **چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی**۔ مثل۔ اچھوں کو کلنک نہیں لگ سکتا۔ نیک بد نہیں ہو سکتے ✤

چاند تارا (ہ) مذکر (۱) پھولوں والی ململ۔ باریک ململ جس پر چاند تارے کی بوٹیاں کڑھی ہوئی ہوتی ہیں (۲) کنکوا، جس میں رنگین کاغذ کا چاند اور ستارے بنا کر چپکا دیے جاتے ہیں ✤ **چاند چڑھنا** (۱) چاند کا آسمان کے کنارے پر ظاہر ہونا (۲) مہینا پورا ہونا۔ پہلے دن کا چاند دکھائی دینا (۳) (عو) حیض کے دنوں کا مہینا گزر جانا۔ حمل ٹھہرنے کی علامت ظاہر ہونا ✤ **چاند چڑھے کل عالم دیکھے** (و) مثل۔ ظاہر بات کسی پر چھپی نہیں رہتی ✤ **چاند رات** (ہ) مؤنث۔ نیا چاند نکلنے کی تاریخ۔ شب ہلال ✤ **چاند سا مکھڑا۔ چاند سی صورت** (و) چاند سا منہ۔ چاند جیسا خوب صورت چہرہ ✤ **چاند سورج** (ہ) مذکر۔ ماہ و مہر کی شکل کا چاندی یا سونے کا ایک زیور، جو عورتیں چوٹی میں یا ماتھے پر لٹکاتی ہیں ✤ **چاند کا ٹکڑا**۔ مذکر۔ بے حد خوب صورت آدمی۔ ماہ پارہ ✤ **چاند کا کنڈل بیٹھنا**۔ چاند کا اپنے گرد دائرہ بنانا ✤ **چاند کا کھیت کرنا**۔ چھٹکی ہوئی چاندنی کا ہونا۔ چاند کا اپنے گرد حلقہ بنانا ✤ **چاند کو گہن لگ گیا**۔ مثل (۱) چاند کو عیب لگ گیا۔ چاند کا نور کم ہو گیا (۲) خوب صورت کو بد صورت سے واسطہ پڑ گیا (۳) نیک یا لائق آدمی سے بری یا لغو حرکت ہو گئی ✤ **چاند کھلانا**۔ مار کھانے کو جی چاہنا ✤ **چاند گرہن۔ یا۔ گہن**۔ مذکر۔ زمین کے سایے سے چاند کا تاریک پڑ جانا ✤ **چاند ماری**۔ مؤنث۔ نشانہ بازی کی مشق، جس میں سامنے کی دیوار پر کوئی گول سا نشان بنا کر گولیاں لگائی جاتی ہیں ✤ **چاندن**۔ مؤنث۔ چاندنی رات کے پندرہ دن ✤ **چاندنا۔ یا۔ چاننا**۔ مذکر (۱) روشنی۔ اجالا (۲) زیبائش۔ رونق (۳) سفید پروں والا کبوتر ✤ **چاندنا۔ یا۔ چاننا ہو جانا** (۱) پو پھٹنا۔ روشنی کا ظاہر ہونا (۲) دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے تارے سے چھوٹنے لگنا (۳) گھر بار بالکل لٹ جانا (۴) رونق ہو جانا ✤

چاندنی۔ یا۔ چاننی۔ مؤنث (۱) چاند کی روشنی (۲) ایک قسم کا سفید پھول (۳) سفید چادر، جو دری پر بچھائی جاتی ہے۔ سفید فرش ✤ **چاندنی چوک**۔ مذکر۔ دہلی کا مشہور اور بارونق بازار ✤ **چاندنی چھٹکنا**۔ چاند کی روشنی کا پھیلنا ✤ **چاندنی دیکھنا**۔ چاندنی رات میں باغ کی یا کشتی میں بیٹھ کر دریا کی سیر کرنا۔ شب ماہ کی سیر کرنا ✤ **چاندنی رات**۔ مؤنث۔ وہ رات، جس میں صبح تک چاندنی رہے۔ شب ماہتاب ✤ **چاندنی کا پھول**۔ مذکر۔ ایک قسم کا سفید پھول ✤ **چاندنی کا کھیت کرنا**۔ چاروں طرف چاندنی پھیلنا۔ چادر ماہتاب کا بچھنا ✤ **چاندنی کھلنا**۔ چاند کی روشنی کا پھیلنا ✤ **چاندنی مار جانا۔ یا۔ مارنا** (۱) چاندنی کا اثر کرنا (۲) فالج ہو جانا (۳) چاندنی کا زخم کو خراب کر دینا ✤

چاندہ (چاں۔ دہ) (ہ) مذکر (۱) پیمائش کا وہ خاص مقام، جس کے فاصلے کے ذریعے سے حد و د بندی ہوتی ہے (۲) چھتر کا چاند (۳) صوبجات متوسط کا ایک شہر ✤

چاندی (چاں۔ دی) (ہ) مؤنث (۱) سیم۔ نقرہ۔ ایک سفید کانی جوہر، جس سے روپیہ، زیور وغیرہ بنایا جاتا ہے (۲) دولت۔ مال۔ دھن (۳) فائدہ۔ نفع۔ کامیابی ✤ **چاندی کا تار** (ا) مذکر (عو) (حقارتاً) نقرئی زیور ✤ **چاندی کا ورق**۔ مذکر

(۱) چاندی کا باریک سا پتر، جو اکثر دوا میں کھایا یا کھانے پر خوب صورتی کے لیے لگایا جاتا ہے ٭ **چاندی کر دینا** (ہ) تمبا کو جلا کر راکھ کر دینا۔ ایسا دم لگانا کہ سلفا جل کر راکھ ہو جائے ٭ **چاندی کی جوتی**۔ مؤنث (۱) چاندی کا بنا ہوا جوتا (۲) (کنایۃً) رشوت ٭ **چاندی کی ریت نہیں، سونے کی توفیق نہیں** (۶) مثل۔ نہ یہ کر سکتے ہیں، نہ وہ ٭ **چاندی ہونا** (ہ) (۱) جل کر خاک ہو جانا (۲) بہت فائدہ ہو جانا۔ کامیابی ہونا ٭

چانڈو (چاں۔ ڈو) (ہ) دیکھیے "چنڈو" ٭

چانس (چانْس) (انگ۔ Chance) مذکر (۱) اتفاق (۲) موقع (۳) باری، نمبر ٭

چانسلر (چانْس۔ لَر) (انگ Chancellor) مذکر۔ یونیورسٹی کا اعلیٰ عہدہ دار ٭

چانک (چانْک) (ہ) مذکر (۱) ٹھپّا۔ مُہر۔ نقاپی جس پر حرف کھدے ہوئے ہوتے ہیں اور اس سے کھلیان پر ٹھپّا لگایا جاتا ہے (۲) جھاڑ پھونک کرنے کے لیے درد کی جگہ کے چاروں طرف حلقہ کھینچ دینا ٭

چانگلا (چانْگ۔ لا ر) (۱) طاقت ور۔ تندرست۔ بھلا چنگا (۲) چالاک۔ تیز (۳) خوش حال (۴) مذکر۔ گھوڑوں کا ایک رنگ ٭

چاول۔ چانول (چا۔ وَل، چاں۔ وَل) (ہ) مذکر (۱) ایک سفید غلّہ۔ برنج (۲) زیرہ یا گری، جو غلّے یا نباتات سے نکالی جائے (۳) رتّی کا آٹھواں حصّہ ٭ **چاول چبوانا**۔ مشتبہ لوگوں سے چوری کا مال برآمد کرانا ٭

چاہ (چاہْ) (ف) مذکر۔ (۱) کنواں (۲) گڑھا۔ غار ٭ **چاہِ بابل**۔ مذکر۔ شہر بابل کا ایک کنواں جس میں کہا جاتا ہے کہ ہاروت، ماروت دو فرشتے قید ہیں ٭ **چاہِ ذقن۔ یا۔ چاہِ زنخداں** (ف۔ ع) مذکر۔ ٹھوڑی کا گڑھا ٭ **چاہِ رستم** (ف) مذکر۔ وہ کنواں، جس میں رستم قتل کیا گیا تھا ٭ **چاہ کن را چاہ درپیش**۔ مثل۔ دوسرے کے گرانے کو کنواں کھودنے والے کے لیے اپنے گرنے کو گڑھا تیار رہتا ہے۔ جیسا کام کرو گے، ویسا ہی نتیجہ پاؤ گے ٭ **چاہِ نخشب**۔ مذکر۔ وہ کنواں جس سے حکیم عطا ابن مقنع نے سحر و طلسم کے زور سے چاند نکالا تھا، وہ چار فرسنگ تک روشنی پہنچاتا تھا ٭ **چاہِ یوسفؑ**۔ مذکر۔ وہ کنواں جس میں حضرت یوسفؑ کو بھائیوں نے پھینکا تھا۔ وہ نواحِ شام میں طبریہ کے قریب موجود ہے ٭ **چاہی**۔ مؤنث۔ کنوئیں کی زمین۔ بارانی کے خلاف ٭

چاہ (چاہْ) (ہ) مؤنث (۱) طلب۔ ضرورت۔ خواہش (۲) عشق۔ محبّت۔ دوستی (۳) چاہنا کا امر ٭ **چاہت**۔ مؤنث (۱) طلب۔ رغبت۔ خواہش (۲) پیار۔ محبّت۔ عشق ٭ **چاہت کی نوکری کیجیے، اَن چاہت کا نام نہ لیجیے** (۶) مثل۔ قدر دان کے پاس رہنا چاہیے اور نا قدر دان کے پاس تک نہ پھٹکنا چاہیے ٭ **چاہنا** (۱) خواہش کرنا۔ درخواست کرنا۔ مانگنا (۲) پیار کرنا۔ عشق کرنا (۳) قبول کرنا۔ پسند کرنا (۴) رغبت کرنا۔ میل کرنا۔ مائل ہونا ٭ **چاہنے کے نام سے گدھی نے کھیت کھانا چھوڑ دیا تھا** (۶) مثل، اگر کسی سے عشق کیا جائے تو وہ مغرور ہو جاتا ہے اور عاشق کے پاس نہیں آتا ٭ **چاہو۔ یا۔ چاہے** (ہ) جیسا مرضی میں آئے، خواہ ٭ **چہیتا**۔ دل پسند۔ لاڈلا۔ پیارا ٭

چاہیے (۱) باید۔ شاید (۲) واجب۔ مناسب (۳) مطلوب ہے (۴) لازم ہے۔ واجب ہے ٭

چاؤ (چا۔ ؤ) (ہ) مذکر (۱) ارمان۔ ولولہ (۲) تمنّا۔ آرزو۔ شوق (۳) لاڈ۔ نخرا۔ ناز ٭ **چاؤ چوچلا**۔ مذکر (عو) لاڈ پیار۔ ناز نخرا ٭ **چاؤ نکالنا**۔ حسرت پوری کرنا، ارمان نکالنا ٭

چاوش (چا۔ ؤُش) (ف) مذکر۔ چوب دار ٭

چاؤں چاؤں (چاؤں۔ چاؤں) (ہ) مؤنث (عو) چائیں چائیں۔ بے فائدہ شور ٭

چائے (چا۔ ئِ) (ہ) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی پتّی، جو قہوے کی طرح جوش دینے کے بعد دودھ ملا کر پی جاتی ہے ٭ **چائے پانی** (ا) مذکر۔ صبح کے وقت کا ہلکا کھانا ٭ **چائے پوچی**۔ مؤنث۔ چائے رکھنے کا برتن۔ چائے دانی ٭

چائیں چائیں (چا۔ ئِیں۔ چا۔ ئِیں) (ہ) مؤنث۔ بیہودہ شور غل۔ چڑیوں کی آواز ٭

چ۔ب

چبا (چَبا) (ہ) چبانا کا امر ٭ **چبا چبا کر باتیں کرنا**۔ تکلّف سے باتیں کرنا ٭ **چبانا**۔ دانتوں سے کچلنا یا پیسنا ٭ **چبنی**۔ جو چبائی جا سکے ٭ **چبنی ہڈّی**۔ مؤنث۔ بُھربُھری اور پتلی ہڈّی۔ کُرکُری ہڈّی ٭ **چبینا**۔ مذکر (۱) بھنے ہوئے میٹھے چاول (۲) بھنے ہوئے چنے (۳) کوئی چیز، جو چبائی جائے ٭ **چبینی**۔ مؤنث۔ (۱) چبینا (۲) بھنے ہوئے دانے اور مٹھائی، جو ہندو لوگ دوپہر کے وقت برات کو دیتے ہیں (۳) خشک خوراک، جیسے تلی دال، شکر پارے، مٹھائی وغیرہ ٭

چبڑ چبڑ (چَبَڑْ۔ چَبَڑْ) (ہ) مؤنث۔ بکواس۔ بک بک ٭

چبک (چُبَکْ) (ہ) مؤنث (۱) درد۔ ٹیس۔ ہُول۔ پیڑ (۲) چبکنا کا امر ٭ **چبکنا**۔ زخم کا درد کرنا۔ ٹیس مارنا ٭

چبلّا (چِبَلْ۔ لا) (ہ) بچّوں کی سی باتیں کرنے والا۔ بے تمیز۔ سفلہ۔ چھچھورا ٭ **چبلّا پن**۔ مذکر (۱) سفلہ پن۔ چھچھورا پن (۲) مسخرہ پن ٭

چبوترا (چَبُوْتْ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) بیٹھنے اٹھنے کے لیے مستطیل یا مربّع اونچی بنائی ہوئی جگہ (۲) کوتوالی ٭

چبھ (چُبھ) (ہ) چبھنا کا امر ٭ **چبھانا**۔ کسی نوک دار چیز کو جسم کے اندر گھسیڑنا۔ چبھونا ٭ **چبھنا** (۱) گڑنا۔ چھدنا (۲) ناگوار گزرنا۔ کھٹکنا (۳) دل پر اثر کرنا۔ دل لگنا ٭ **چبھونا**۔ کسی نکیلی چیز کا بھونکنا۔ پیوست کرنا ٭

چ۔پ

چپ (چَپْ) (ف) (۱) اُلٹے ہاتھ کی طرف۔ بائیں طرف (۲) اُلٹا۔ بایاں (۳) دو رنگ کا۔ دو رنگا (۴) مذکر۔ بایاں ہاتھ ٭ **چپ و راست**۔ مذکر۔ دائیں بائیں۔ اِدھر اُدھر ٭

چُپ (چُپْ) (ہ) مؤنث (۱) خاموشی۔ سکوت (۲) خاموش۔ جو منہ سے نہ بولے ٭ **چُپ چاپ۔ یا۔ چُپ چُپاتے** (۱) چپکے چپکے۔ خاموشی سے۔ آہستہ آہستہ (۲) خفیہ طور پر ٭ **چُپ چُپ۔ یا۔ چُپ گُپ** (۱) کم باتیں کرنے والا،

خاموش رہ (۲) مت بول۔ خاموش رہ۔ **چُپ چھنال**۔ خفیہ چھنالا کرنے والی۔ عیب صورت بدکار عورت۔ **چُپ سادھنا**۔ خاموشی اختیار کرنا۔
چُپ کرنا (۱) بولنے سے روکنا۔ خاموش کرنا (۲) خاموش ہونا چپ ہونا۔
چُپ کی داد خدا دیتا ہے (۱) مثل۔ صبر کا پھل خدا دیتا ہے۔
چُپ لگانا خاموش رہنا۔ سکوت اختیار کرنا۔ **چُپ ہونا**۔ (۱) خاموش ہونا (۲) جواب نہ بن پڑنا۔ **چُپکی**۔ مؤنث (۱) چپ ہونا۔ خاموش ہونا (۲) کھسیانا۔ جھینپنا۔ شرمندہ ہونا۔ **چُپکی سادھنا**۔ چپ سادھنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔
چُپی۔ مؤنث (عوام) خاموشی۔

چَپّا (چَپ۔ پا) (ہ) مذکر (۱) ہاتھ کی چوڑائی۔ چار انگل کی چوڑائی (۲) چار بالشت چوڑی جگہ۔ ذرا سی جگہ۔ **چپّا بھر**۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ **چپّا چپّا**۔ کوچہ بکوچہ۔ ادنیٰ ادنیٰ جگہ۔ ہر جگہ۔ ذرا ذرا۔ **چپّے جتنی کوٹھڑی اور میاں محلّے دار** (۱) مثل۔ حیثیت معمولی اور اکڑفوں اتنی۔
چپّا (چَپ۔ پا) (ہ) مذکر۔ کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا یا پرزہ۔
چپاتی (چَپا۔ تی) (ف) مؤنث۔ پتلی روٹی جو تھاپے کے زور سے بڑھائی اور پکائی جاتی ہے۔ **چپاتی سا پیٹ**۔ مذکر۔ پتلا اور کمر سے لگا ہوا پیٹ۔
چپانا (چَپکانا) (ہ) شرمانا۔ شرمندہ کرنا۔
چپت (چَپَت) (ہ) مؤنث۔ دھول جو سر پر ماری جائے۔ چانٹا۔ **چپت دھرنا، لگانا، مارنا**۔ چانٹا مارنا۔ تھپڑ لگانا۔
چپٹ (چَپَٹ) (ہ) مؤنث۔ چپٹی کا مخفف۔ صرف مرکبات میں آتا ہے۔ **چپٹ باز** (ف) مؤنث۔ فرج سے فرج لڑانے والی عورت۔ چپٹی کھیلنے والی۔ **چپٹی** (ہ) مؤنث (۱) آلۂ تناسل جیسی کوئی چیز بنا کر فرج میں داخل کرنا اور اسے ہلا کر خلاص ہونا (۲) چوڑی چکلی۔ بیٹھی ہوئی۔ **چپٹی کھیلنا یا لڑانا**۔ فرج سے فرج گھسانا۔ مساحقہ کرنا۔ طبق زنی۔
چپٹ (چَپِٹ) (ہ) چپٹنا کا امر۔ **چپٹانا** (۱) چپکا دینا (۲) لپٹا لینا۔ **چپٹنا** (۱) چپکنا (۲) لپٹنا۔
چپٹا (چَپ۔ ٹا) (ہ) چوڑا چکلا۔ بیٹھا ہوا۔
چپچپا (چِپ۔ چپا) (ہ) (۱) چپکنے والا۔ چیپ والا۔ لیس والا (۲) چپچپانا کا امر۔ **چپچپانا**۔ لیس دار ہونا۔ چپکنا۔ **چپچپاہٹ**۔ مؤنث۔ چیپ۔ لیس۔
چپچخ۔ چپچک چپ۔ چخ۔ چپ۔ چک (ہ) مؤنث (۱) ترمتی۔ باشا۔ شکرا (۲) ایک قسم کی ابابیل (۳) (مجازاً) دُبلا پتلا۔
چپرا (چَپ۔ را) (ہ) رگنوار (۱) گھر جلنے والا (۲) زبردستی سے۔
چپراس (چَپ۔ راس) (ف) مؤنث (۱) چپراسی ہونے کا تمغہ جو پیٹی یا پٹکے میں پیتل کا کُھدا ہوا لگایا جاتا ہے (۲) چوڑی دھجی جو کرتے میں مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے (عوام چپڑاس بولتے ہیں)۔ **چپراسی** (ف) مذکر۔ جس کے چپراس پڑی ہو۔ قاصد۔ پیادہ۔ سپاہی۔ ہرکارہ۔ دفتر کا ایک ادنیٰ نوکر (عوام چپڑاسی بولتے ہیں)۔
چپرانا (چَپ۔ را۔ نا) (ہ) رگنوار جھٹلانا۔
چپرنا (چَپَر۔ نا) (ہ) رگنوار (۱) بھاگ جانا۔ چلا جانا (۲) پوشیدہ ہو جانا۔

چپڑا (چَپ۔ ڑا) (ہ) مؤنث۔ صاف کی ہوئی لاکھ۔ عمدہ لاکھ۔
چپڑا (چِپ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ موتیا بند کی بیماری والا۔ چندھا۔
چپڑ چپڑ (چَپَڑ چَپَڑ) (ہ) مؤنث (۱) کتّے کی طرح کھانے پینے کی آواز (۲) کتّے کے پانی پینے کی آواز۔
چپڑ خندی (چَپَڑ۔ خَن۔ دی) (ہ) مؤنث۔ سفلی عورت۔ بازاری عورت۔ آوارہ گرد۔
چپڑ غٹو (چَپَڑ۔ غٹ۔ ٹو) (ہ) (بازاری) (۱) گرفتارِ بلا (۲) گتھم گتھا۔ غٹ پٹ (۳) مدہوش۔ بیہوش۔
چپڑ قناتیا (چَپَڑ۔ قنا۔ تیا) (ہ) مذکر (۱) بیہودہ۔ سفلہ۔ کمینہ (۲) نادار اور مفلس عاشق۔
چپڑ (چُپَڑ) (ہ) چپڑنا کا امر۔ **چپڑا** (۱) چپڑنا سے ماضی مطلق (۲) تیل یا گھی لگا ہوا۔ چکنا۔ **چپڑنا** (۱) گھی لگانا۔ چرب کرنا (۲) روغن کرنا۔ پالش کرنا (۳) عیب چھپانا (۴) خوشامد کرنا۔ **چپڑی** (۱) روغنی۔ گھی لگائی ہوئی (۲) وہ روٹی جس پر گھی چپڑا ہو۔ **چپڑی اور دو دو** (۱) اچھی اور نہایت عمدہ۔ پھر زیادہ۔
چپقلش (چَپ۔ قَلِش) (ت) مؤنث (۱) تکرار۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ قضیہ (۲) (۱) ٹپ ٹپ (۳) (۱) بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ۔
چپک (چَپَک) (ہ) (۱) چپکنا کا امر (۲) مؤنث۔ چیپ۔ لیس۔ چپچپاہٹ (۳) دباؤ۔ **چپکانا** (۱) چسپاں کرنا۔ چٹانا۔ لئی سے جوڑنا (۲) تعلق پیدا کر دینا۔ نوکری لگانا۔ **چپکنا** (۱) چسپاں ہونا۔ چمٹنا۔ جڑنا (۲) پھنسنا۔ الجھنا (۳) آشنائی ہونا (۴) نوکر ہونا۔
چپل۔ چپلی (چَپ۔ پَل، چَپ۔ لی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا جوتا۔
چپنی (چَپ۔ پَنی) (ہ) مذکر (۱) ہانڈی کا سرپوش (۲) گھٹنے کی ہڈی۔ **چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا**۔ نہایت شرمندہ ہونا۔ شرم اور غیرت دلانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **چپنی چاٹ کر گزران کرنا** (۱) کفایت کرنا۔ بے حد صبر اور قناعت سے گزارہ کرنا۔
چپنا (چَپ۔ نا) (ہ) جھینپنا۔ شرمندہ ہونا۔
چپو (چَپ۔ پو) (ہ) مذکر۔ کشتی چلانے کا ڈنڈا۔
چپوٹا (چَپوٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ چانٹا۔ دھپ۔
چپولٹی (چَپولٹ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) نہایت معمولی ٹوپی۔ چھوٹی سی ٹوپی (۲) چھوٹی پرانی پگڑی۔
چپی (چَپ۔ پی) (ہ) مؤنث۔ اعضا کی مالش۔ آہستہ آہستہ پاؤں دبانا۔ **چپی کرنا**۔ مالش کرنا۔ دبانا۔
چپتی (چَپ۔ تی) (ہ) مؤنث۔ کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
چپیٹ (چَپیٹ) (ہ) مؤنث (۱) دھول۔ تھپڑ (۲) صدمہ۔ دھکا (۳) جھڑپ۔ جھپٹ (۴) اچانک بلا (۵) نقصان۔
چپیکنا (چَپیک۔ نا) (ہ) (۱) چٹانا۔ چپکانا (۲) گلے منڈھنا (۳) نالائقی کے باوجود نوکر کرا دینا۔

چ - ت

چت (چَت) (ہ) (۱) سینے کے رُخ پشت کے بل (۲) کشتی کا ایک کرتب۔

چت بھی میری پٹ بھی میری۔ مثل۔ ہر طرح اپنا ہی فائدہ ڈھونڈتے ہیں۔
چت پٹ۔ مؤنث۔ ایک قسم کی شرط جس میں کسی شے کے چت یا پٹ (سیدھی یا الٹی) گرنے پر بازی لگائی جاتی اور ہار جیت ہوتی ہے۔ چت گرانا۔ پیٹھ کے بل گرانا۔ پچھاڑنا۔ چت لیٹنا۔ پیٹھ کے بل پڑنا۔ چت ہونا (۱) پشت کے بل لیٹ جانا۔ پچھڑنا (۲) نشے میں بے ہوش ہو جانا (۳) مر جانا۔ مرنا۔

چت (چِت) (ہ) مؤنث (۱) چتون۔ نظر (۲) توجہ۔ دھیان۔ خیال (۳) جی۔ من۔ دل (۴) شعور۔ تمیز۔ عقل۔ سمجھ۔ یاد۔ حافظہ۔ چت بٹانا۔ دھیان بٹانا۔ خیال بٹانا۔ دل ڈانواں ڈول کرنا۔ چت بھنگ ہونا۔ سٹپٹانا۔ عقل کا جاتا رہنا، اوسان گم ہونا۔ چت پر چڑھنا۔ دل میں کھبنا۔ نظر پر چڑھنا۔ خیال میں آنا۔ دھیان پر چڑھنا۔ چت چور۔ مذکر (۱) دل رُبا۔ من موہن۔ معشوق (۲) کرشن جی کا ایک نام۔ چت سے اترنا۔ (۱) خیال نہ رہنا۔ دھیان سے اترنا (۲) بے قدر ہونا۔ دل سے اترنا۔

چتا (چِتا) (ہ) مؤنث (ہندو) لکڑیوں کا ڈھیر جو لاش کے نیچے اوپر اور چاروں طرف چنا جاتا ہے۔
چتا پنڈ۔ مذکر۔ چاول اور دودھ یا آٹے کا پنڈ جو عاقبت کا توشہ خیال کر کے تیجے کے دن دریا میں بہایا جاتا ہے۔

چتانا (چِتا۔نا) (ہ) (عو) (۱) اطلاع دینا۔ خبردار کرنا (۲) نصیحت کرنا (۳) خوف دلانا۔

چتر (چَتَر) (ہ) مذکر (۱) سر کے چھوٹے چھوٹے بال (۲) ایک قسم کی بڑی چھتری جو بادشاہوں یا سادھوؤں کے سر پر رہتی ہے (۳) (ت) چھتری۔

چتر (چُتُر) (س) (۱) چالاک (۲) کاریگر (۳) دانا (۴) مکار۔ چترائی (ہ) مؤنث (۱) دانائی۔ ہوشیاری۔ تیزی (۲) چالاکی۔ عیاری (۳) خوش اسلوبی۔ ہنرمندی۔

چترنگ (چت۔رَنگ) (ہ) مذکر (۱) وہ فوج جس میں ہاتھی، رتھ، گھوڑے اور سوار پیادے شامل ہوں۔ چار رنگ کی فوج (۲) شطرنج کا پرانا ہندی نام (۳) ایک قسم کا گیت۔

چتکبرا (چت۔کَب۔رَا) (ہ) (۱) داغ دار۔ دھبے والا (۲) سفید و سیاہ۔ ابلق۔ کڑبڑا۔

چتلا (چت۔لا) (ہ) (۱) مختلف رنگ کے نقطوں والا۔ سیاہ اور سفید رنگ کا۔ داغ دار۔ دھبے والا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا نہایت میٹھا خربوزہ۔

چتون (چت۔وَن) (ہ) مؤنث (۱) نگاہ۔ نظر (۲) تیوری۔ چتون چڑھانا۔ غضب کی نظر ڈالنا۔ تیوری چڑھانا۔ چتون کہے دیتی ہے۔ طرز نگاہ اور انداز ہی سے معلوم ہوتا ہے۔

چتھاڑ (چِتھاڑ) (ہ) مؤنث۔ (۱) خواری۔ ذلت (۲) چتھاڑنا کا امر۔ چتھاڑنا (عوام) (۱) ذلیل و خوار کرنا (۲) پرزے پرزے کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔ چیرنا پھاڑنا۔

چتھڑا۔ چیتھڑا (چِتھ۔ڑا، چیتھ۔ڑا) (ہ) مذکر۔ دھجی۔ گودڑ۔ پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔ چتھڑے لگانا۔ پھٹے کپڑے پہنے پھرنا۔ فقیر بنے پھرنا۔

چتھل (چُتھ۔ھَل) (ہ) (بیگمات قلعہ) مسخرہ۔ ظریف۔ ٹھٹھے باز۔ چتھل بازی (۱) مؤنث۔ تمسخر۔ مذاق۔ ہنسی۔ ٹھٹھے بازی۔

چتی (چِت۔تی) (ہ) مؤنث۔ داغ۔ دھبا۔ بندی۔ چتی پڑنا۔ روٹی کا سِکنا یا سِکتا، روٹی پر پک جانے کی علامت ظاہر ہونا، سرخ نشان پڑنا۔ چتی دار (ف) داغ دار۔

چتیرا (چِتے۔رَا) (ہ) مذکر۔ تانبے اور چاندی کے برتن صاف کرنے اور ان پر نقش و نگار بنانے والا شخص۔

چ۔ٹ

چٹ (چَٹ) (ہ) فوراً۔ تُرت۔ اسی وقت۔ چٹ پٹ (۱) بہت جلد۔ فی الفور۔ تُرت (۲) دفعتاً۔ ناگاہ۔ یکایک۔ چٹ پٹ ہونا (عو) ناگہانی موت ہو جانا۔ جلدی سے مر جانا۔ چٹ منگنی پٹ بیاہ۔ مثل (۱) نسبت اور شادی کا دفعتاً ظہور میں آنا (۲) ارادے کے ساتھ کام کا نتیجہ ظاہر ہونا۔
چٹا پٹی۔ مؤنث (۱) لگاتار انگلیوں کے چٹخنے کی آواز (۲) موت پر موت۔ وبا۔

چٹ (چَٹ) (ہ) مؤنث (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ تڑاخ (۲) پھوڑا۔ زخم۔ کھرونچ۔ خراش۔ چٹ چٹ۔ مؤنث۔ انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔ چٹ چٹ بلائیں لینا (ف) (عو) یوں بلائیں لینا کہ انگلیوں سے چٹخنے کی آواز نکلے۔ چٹا چٹ۔ مؤنث (۱) لگاتار انگلیوں کے چٹخنے کی آواز (۲) لگاتار۔ پے در پے۔ متواتر۔

چٹ (چَٹ) (ہ) (۱) نگل جانا۔ کھا جانا۔ بالعموم مرکبات میں آتا ہے (۲) "چٹنا" کا امر۔ چٹ کر جانا۔ یا۔ کرنا (۱) سب کچھ کھا جانا (۲) اڑا لینا۔ ہضم کر جانا (۳) تباہ و برباد کرنا۔ چٹا (۱) چٹانا کا امر (۲) چٹنا سے ماضی مطلق۔ چٹانا (۱) بچے یا بیمار کو شہد وغیرہ ذرا ذرا کر کے کھلانا (۲) رشوت دینا۔ چٹنا (۱) چاٹنا۔ چکھنا (۲) پیٹو (۳) مذکر۔ بہت کھانے والا شخص۔

چٹ (چِٹ) (ہ) مؤنث (۱) کاغذ یا کپڑے کی دھجی (۲) کاغذ کا پرچہ یا پرچی جو کتاب یا دوا کی شیشی وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔

چٹا (چَٹ۔ٹا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) پاٹ شالا کا طالب علم۔ شاگرد۔ چیلا (۲) اینٹوں کا ڈھیر (۳) کمان کا غلہ، جو ہر بار کم مشقی سے اس کے قبضے پر پڑے (۴) الزام۔ چٹا بٹا۔ مذکر۔ بچوں کا ایک کھلونا۔ چٹے بٹے۔ مذکر۔ وہ گولیاں، جو مداری غائب کرتے ہیں۔ چٹے بٹے لڑانا (۱) مداری کا گولیاں غائب کرنا (۲) لگائی بجھائی کرنا۔ چٹے بٹے ہونا۔ ایک جیسے ہونا۔

چٹا (چِٹ۔ٹا) (ہ) (۱) گورا۔ سفید۔ اجلا۔ برف جیسا (۲) مذکر۔ روپیہ۔ چاندی کا سکہ۔ چٹی۔ گوری۔ اجلی۔ سفید۔ چٹے میں پتوا میرا بیٹا جیوے تیرا۔ مثل۔ دعا دے کر مانگنا۔

چٹاخ۔ چٹاک (چَٹاخ، چَٹاک) (ہ) مؤنث (۱) چانٹے یا لکڑی ٹوٹنے کی آواز (۲) انگلی کے چٹخنے کی آواز۔ چٹاخ پٹاخ۔ تڑاتڑ۔ تڑاق پڑاق۔ چٹاخا چٹاکا۔ مذکر (۱) وہ آواز، جو نرم لکڑی کے ٹوٹنے یا بلائیں لینے سے ظاہر ہو (۲) کثرت۔ شدت۔

چٹان (چَٹان) (ہ) مؤنث (۱) پتھریلی زمین (۲) بڑا اور چوڑا پتھر۔ بڑی سِل۔
چٹائی (چَٹا۔ئی) (ہ) مؤنث (بدب) (۱) صف۔ بوریا (۲) کھجور کے پتوں یا گھاس کا فرش۔

چُٹ پُٹ (چُٹ۔پُٹ) (ہ) مؤنث (عو) (۱) متفرق خرچ (۲) کم قیمت دوائیں، جو تجربہ کار عورتیں بچوں اور بیماروں کو دیتی ہیں ۔

چٹ پٹا (چٹ۔پٹا) (ہ) دیکھیے "چرچٹا" ۔

چٹچٹانا (ہ) "چٹخنا" ۔

چٹخ (چَٹَخ) (ہ) چٹخنا کا امر ۔ **چٹخ جانا** ۔ ٹوٹ جانا ۔ تڑخ جانا ۔ **چٹخ کر بات کرنا** یا **بولنا** (عو) خفا ہو کر بولنا ۔ بگڑ کر بات کرنا ۔ **چٹخانا** ۔ **چٹکانا** (۱) انگلیوں یا کسی اور چیز کی آواز نکالنا (۲) کسی شے کو پتھر یا دیوار پر مار کر اچٹانا (۳) چھوڑنا ۔ جدا کرنا ۔ الگ کرنا ۔ **چٹخنا** (۱) تڑقنا ۔ ٹوٹنا (۲) سخت چیز پر گر کر اچٹنا (۳) آگ پر جل کر کسی شے کا آواز دینا (۴) خفا ہونا (۵) چل دینا ۔ علٰحدگی اختیار کرنا (۶) پھول کھلنا ۔ کلی کھلنا (۷) انگلیوں کا آواز دینا ۔

چٹخارا (چَٹ۔خا۔را) (ہ) مذکر ۔ وہ آواز، جو زبان اور تالو سے کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینے پر نکلتی ہے ۔ **چٹخارے بھرنا** (عو) کسی لذیذ شے کا مزہ لینا ۔ خوب مزے لینا ۔ **چٹخارے کا بھرتا** ۔ مذکر ۔ چٹ پٹا بھرتا ۔ تیز نمک مرچ کا بھرتا ۔ **چٹخارے کا سالن** ۔ مذکر ۔ خوب نمک مرچ پڑا ہوا سالن ۔ مزے دار سالن ۔

چٹخنا (چَٹ۔خ۔نا) (ہ) مذکر ۔ تھپڑ ۔ دھول ۔ دھپا ۔ چانٹا ۔

چٹخنی (چَٹ۔خ۔نی) (ہ) مؤنث (۱) دروازے کو روکنے کی چیز (۲) پرندے کو پکڑنے کے لیے پنجرے میں لگانے کی چیز ۔

چٹر پٹر (چِٹر۔پِٹر) (ہ) (عو) متفرق ۔

چٹک (چَٹَک) (ہ) (۱) چٹکنا کا امر (۲) مؤنث ۔ ٹوٹنے کی آواز (۳) چمک دمک ۔ آرائش ۔ روشنی (۴) رنگ کی تیزی (۵) دھوپ کی تیزی (۶) جوانی (۷) جلدی ۔ پھرتی ۔ **چٹک جانا** ۔ دیکھیے "چٹخ جانا" ۔ **چٹک مٹک** ۔ مؤنث (۱) تمکنت ۔ شان و شوکت ۔ طمطراق (۲) ناز نخرا ۔ غرور (۳) بناوٹ ۔ **چٹک مٹک سے بیٹھنا** (عو) ناز و انداز سے بیٹھنا ۔ بن سنور کر بیٹھنا ۔ **چٹک مٹک سے چلنا** ۔ ناز و انداز سے چلنا ۔ اترا کر چلنا ۔ **چٹکنا** ۔ دیکھیے "چٹخنا" ۔ **چٹکیلا** (۱) شوخ رنگ ۔ بھڑکیلا ۔ بھڑک والا (۲) چٹپٹا ۔ مزیدار ۔ کرارا ۔ خوش ذائقہ ۔ **چٹکیلی دھوپ** ۔ مؤنث ۔ چلچلاتی دھوپ ۔ گرم اور تیز دھوپ ۔

چٹکا (چَٹ۔کا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) چٹخارا ۔ زبان کا چسکا ۔ مزہ ۔ چاٹ ۔

چُٹکا (چُٹ۔کا) (ہ) مذکر (۱) چٹکی (۲) لپ بھر آٹا ۔

چٹکارا (چَٹ۔کا۔را) (ہ) مذکر
چٹکاری (چَٹ۔کا۔ری) (ہ) مؤنث
(۱) چٹخارا (۲) جانوروں کے ہنکانے کی آواز ۔

چُٹکلا (چُٹ۔کُلا) (ہ) مذکر (۱) لطیفہ ۔ مزے دار بات ۔ دلچسپ فقرہ (۲) چھوٹی سی پُرتاثیر دوا ۔ لٹکا (۳) عجیب چیز ۔ نادر چیز ۔ **چٹکلا چھوڑنا** ۔ لطیفہ سنانا ۔ عجیب بات بیان کرنا ۔ شگوفہ چھوڑنا ۔ **چٹکلا سا** ۔ دل پسند ۔ دلچسپ ۔

چُٹکنا (چُٹک۔نا) (ہ) (۱) ڈسنا ۔ سانپ کا کاٹنا (۲) چٹکی بھرنا (۳) پھول توڑنا ۔ ساگ ترکاری وغیرہ کا اوپر سے توڑنا ۔

چٹکنی (چِٹک۔نی) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "چٹخنی" ۔

چٹکی (چَٹ۔کی) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "چٹخنی" ۔

چُٹکی (چُٹ۔کی) (ہ) مؤنث (۱) دو انگلیوں سے گوشت مسلنا (۲) مٹھی بھر آٹا (۳) گوٹے یا پٹھے کی چٹکی سے موڑی ہوئی دھنک (۴) بندوق کے پیالے کا سرپوش (۵) پاؤں کی انگلیوں کے چھلے (۶) کپڑا چھاپنے کا طریقہ (۷) ہاتھ کے انگوٹھے کو درمیانی انگلی سے ملا کر آواز نکالنا ۔ **چٹکی بجاتے میں** ۔ فوراً ۔ پلک مارتے میں ۔ آن کی آن میں ۔ **چٹکی بجانا** (۱) انگوٹھے کو درمیانی انگلی سے ملا کر آواز نکالنا (۲) جمائی آتے وقت چٹکی بجانے کی ہندوانہ رسم ۔ **چٹکی بھرنا** (۱) دو انگلیوں سے گوشت پکڑ کر مسلنا (۲) طعنہ زنی کرنا ۔ چبھتی ہوئی بات کہنا ۔ **چٹکی لینا** (۱) دیکھیے "چٹکی بھرنا" (۲) چٹکی کے اشارے سے کسی بات کو روکنا ۔ **چٹکیوں میں اڑانا** ۔ باتوں میں اڑانا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ **چٹکیوں میں کام کرنا** ۔ آناً فاناً کام کرنا ۔

چُٹلا (چُٹ۔لا) (ہ) مذکر (ہندو) (عو) (۱) چاندی یا سونے کا گپھا سا، جو ہندو عورتیں چوٹی کے پیچھے لگا لیتی ہیں (۲) لمبے بٹے ہوئے بالوں کا جُھٹا، جو سر میں لگا لیتے ہیں ۔

چٹنی (چَٹ۔نی) (ہ) مؤنث (۱) چاٹنے کے قابل چیز (۲) وہ کھٹی چیز، جس میں ہرا دھنیا، پودینہ، نمک مرچ ڈال کر پیس لیتے ہیں ۔ **چٹنی کر ڈالنا** ۔ یا ۔ **کرنا** (۱) چٹنی کی طرح چاٹ لینا ۔ جھٹ پٹ کھا ڈالنا (۲) کچل دینا (۳) جلدی سے مار ڈالنا ۔ **چٹنی ہونا** ۔ جلدی سے کھا جانا ۔ جلد ختم ہو جانا ۔

چٹوا (چَٹ۔وا) (ہ) مذکر ۔ بچوں کا ایک کھلونا ۔

چٹورا (چَٹ۔ورا) (ہ) (۱) زبان کے چسکے والا شخص ۔ چٹو ۔ چاٹو ۔ اڑاؤ ۔ کھاؤ (۲) (پنجابی) آٹا چاول رکھنے کا برتن ۔ **چٹورا پن** ۔ یا ۔ **چٹور پن** (ہ) مذکر ۔ چٹوروں کی سی عادت ۔ اڑاؤ پن ۔ زبان کا چسکا ۔ **چٹوری زبان دولت کا زیان** (ہ) مثل ۔ زبان کا چسکا رکھنے والا امیر نہیں ہو سکتا ۔

چَٹھا (چَٹ۔ٹھا) (ہ) مذکر ۔ وہ داغ، جو خون کی خرابی سے جسم پر پڑ جاتے ہیں ۔ **چٹھے مٹھوں کا مزہ پڑنا** (ہ) (عو) لذیذ غذاؤں کی چاٹ پڑنا ۔ کھٹے میٹھے کا مزہ پڑنا ۔ دونوں کی چاٹ لگنا ۔ زبان کا مزہ پڑنا ۔

چِٹھا (چِٹ۔ٹھا) (ہ) مذکر (۱) روزانہ فرد حساب ۔ چندے یا روزنامچے کی کتاب (۲) قبض الوصول ۔ تنخواہ کی کتاب (۳) وہ روپیہ، جو روز یا ماہانہ کسی کام کی اجرت یا تنخواہ میں تقسیم کیا جائے (۴) حصہ ۔ مقسوم ۔ **چٹھا بانٹنا** ۔ مزدوری یا تنخواہ تقسیم کرنا ۔

چٹھی (چِٹ۔ٹھی) (ہ) مؤنث (۱) رقعہ ۔ مراسلہ ۔ خط (۲) سرٹیفکیٹ ۔ سند (۳) چک ۔ ہنڈی ۔ **چٹھی پڑنا** ۔ کسی چیز پر قرعہ پڑنا ۔ لاٹری پڑنا ۔ **چٹھی رسان** (ہ) مذکر ۔ ڈاکیا ۔ ہرکارہ ۔ قاصد ۔ **چٹھی کرنا** (ہ) کسی کے نام پر ہنڈی کرنا ۔ ہنڈی لکھنا ۔ **چٹھی نویس** (ہ) (۱) مذکر ۔ چٹھی لکھنے والا شخص ۔ کسی چیز کے منگوانے کی چٹھی کرنے والا شخص (۲) مؤنث ۔ لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والی عورت، جو امیروں کے گھر میں نوکر ہوتی ہے ۔ **چٹھی نہ پروانہ ، مار کھائیں ملک بیگانہ** ۔ مثل ۔ حکومت کی ابتری کے سبب بدمعاش لوگ دھوکے سے رعایا کو لوٹتے پھرتے ہیں ۔

چٹی (چَٹ۔ٹی) (ہ) مؤنث (عو) (۱) تاوان ۔ جرمانہ ۔ ڈنڈ (۲) خسارہ ۔ ضرر ۔ نقصان ۔ **چٹی بھرنا** (عو) (۱) ڈنڈ بھگتنا ۔ تاوان دینا (۲) جرمانہ دینا ۔ نقصان اٹھانا ۔

چُٹیا (چُٹ-یا) (ہ) مؤنث (عو) (۱) چوٹی۔ چونڈا کی تصغیر (۲) وہ چند بال، جو منّت مان کر بچے کے سر پر رکھ چھوڑتے ہیں ۔

چُٹیانا (چُٹ-یا-نا) (ہ) گھایل کرنا۔ زخمی کرنا۔ زخم دینا۔ کاٹنا ۔ **چُٹیایا ہوا**۔ مجروح۔ گھایل۔ زخمی۔ زخم رسیدہ ۔

چٹیل (چَٹ-یَل) (ہ) (۱) سبزے کے بغیر۔ صاف۔ خالی۔ کفِ دست (۲) حریص۔ لالچی (۳) مذکر۔ کبوتر، جو مختلف مکانوں سے دانہ کھاتا ہو ۔ **چٹیل میدان** (د) مذکر۔ وہ میدان، جس میں سبزے یا درخت کا نام و نشان نہ ہو ۔

چُٹیلنا (چُٹیل-نا) (ہ) دیکھیے "چُٹیانا" ۔

چ - چ

چچا (چَچا) (ہ) مذکر۔ باپ کا چھوٹا بھائی۔ عمّو۔ چاچا ۔ **چچا بنانا**۔ معقول سزا دینا۔ درست کرنا۔ ٹھیک بنانا ۔ **چچا زاد بھائی** (د) مذکر۔ باپ کے بھائی کا بیٹا۔ چچیرا بھائی ۔ **چچی**۔ مؤنث۔ چچا کی بیوی۔ زوجۂ عم ۔ **چچیا ساس**۔ مؤنث۔ خاوند کی چچی۔ بیوی کی چچی ۔ **چچیرا**۔ مذکر۔ چچا زاد۔ عمّو زاد ۔

چچڑی (چِچ-ڑی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا خون پینے والا کیڑا، جو بیشتر کتّے، گائے، بھینس وغیرہ کے جسم سے چمٹا رہتا ہے ۔ **چچڑی ہو کر چمٹنا**۔ سر ہونا۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔

چُچکارنا (چُچ-کار-نا) (ہ) پچکارنا۔ پیار کرنا ۔ **چُچکاری**۔ مؤنث۔ پیار کی آواز ۔

چچوڑنا (چَچوڑ-نا) (ہ) چوسنا۔ بچے کا چھاتیاں چوسنا ۔

چچیر (چَچیر) (ہ) مؤنث۔ لکیر ۔

چچینڈا (چَچیں-ڈا) (ہ) مذکر۔ ککڑی کی شکل کی ایک لمبی ترکاری ۔

چ - خ

چخ (چَخ) (ف) مؤنث (۱) زبانی جھگڑا۔ قضیہ۔ فساد۔ تکرار (۲) مخالفت۔ دشمنی ۔ **چخ چخ** (د) مؤنث۔ لفظی تکرار۔ بک بک۔ شور و غوغا ۔ **چخے** (د) (عو) کلمۂ نفرت۔ چل دور ہو۔ دفع دفان ۔ **چخیا**۔ مذکر۔ بکواسی۔ بکّی۔ تکراری ۔

چ - د

چُداس (چُداش) (ہ) مؤنث۔ شہوت۔ عورت کی خواہشِ جماع ۔ **چُدانا**۔ جماع کرانا ۔ **چدّو** (چُد-دو) (ہ) مؤنث۔ فاحشہ عورت ۔ **چُدوانا**۔ عورت کا مرد سے جماع کرانا ۔

چدّر (چَد-دَر) (و) مؤنث۔ چادر کا مخفّف ۔ **چدریا**۔ مؤنث۔ چادر کی تصغیر ۔

چ - ڈ

چڈّا (چَڈ-ڈا) (ہ) مذکر (۱) ران۔ جانگھ (۲) چوتیا۔ مسخرہ آدمی ۔ **چڈّا گلجبر** (د) احمق۔ چوتیا۔ مسخرہ۔ نقلِ محفل ۔

چڈّو (چُڈ-ڈو) (ہ) چھنال۔ قحبہ۔ فاحشہ ۔

چڈّھا (چڈ-ڈھا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "چڈّا" ۔ **چڈّھی**۔ مؤنث۔ پیٹھ ۔ **چڈّھی چڑھانا**۔ پیٹھ کی سواری دینا۔ پیٹھ پر لینا ۔ **چڈّھی دینا** (۱) پیٹھ کی سواری دینا (۲) (بازاری) لواطت کرانا۔ اغلام کرانا ۔ **چڈّھی لینا**۔ پیٹھ کی سواری لینا ۔

چ - ر

چَر (چَر) (ہ) (۱) چَرنا کا امر (۲) مؤنث۔ کپڑا پھٹنے کی آواز ۔ **چَرا** (۱) چَرانا کا امر (۲) چَرنا سے ماضی مطلق ۔ **چراگاہ** (ف) مؤنث۔ جانوروں کو چَرانے کی جگہ۔ گھاس والی زمین۔ جنگل۔ سبزہ زار ۔ **چَرانا** (۱) جانوروں کو جنگل میں لے جا کر گھاس کھلانا (۲) زیرِ حکم رکھنا (۳) بے وقوف بنانا ۔ جُل دینا۔ دھوکا دینا ۔ **چَرائی**۔ مؤنث (۱) مویشی چَرانا۔ مویشی چَرانے کے لیے جنگل بھیجنا یا لے جانا (۲) چَرانے کا محصول (۳) چَرانے کی آمدنی ۔ **چَر جانا** (۱) کھانا (۲) رگ رگ میں اتر جانا (۳) بہت دبلا کر دینا ۔ **چَرنا** (۱) جانوروں کا گھاس کھانا یا چگنا (۲) مذکر۔ چھوٹا اور اونچا پاجامہ۔ گھٹنا ۔ **چَرنی**۔ مؤنث (ہندی) جانوروں کو دانہ یا چارہ کھلانے کا ٹوکرا یا برتن ۔ **چَروانا**۔ چرائی پر بھیجنا ۔ **چَرواہا**۔ مذکر۔ مویشی چَرانے والا شخص ۔

چِر (چِر) (ہ) چِرنا کا امر ۔ **چِرا** (۱) چِرانا کا امر (۲) چِرنا سے ماضی مطلق ۔

چِرا دینا۔ چِرانا (۱) لکڑی کٹوانا (۲) چاقو سے پھوڑے وغیرہ کو چیر ادلانا ۔

چِراؤ (چِرا-اؤ) مذکر (۱) درز۔ شگاف۔ چیر (۲) جلانے کے لیے چری ہوئی لکڑی ۔ **چِرائی**۔ مؤنث (۱) لکڑی کٹنا (۲) لکڑی کٹوانے کی مزدوری ۔ **چِرنا** (۱) دو ٹکڑے ہو جانا (۲) کپڑے کا پھٹ جانا ۔ **چِروانا**۔ چیرنا کا متعدی المتعدی ۔ **چِروائی**۔ مؤنث۔ چِرائی ۔

چُر (چُر) (ہ) مؤنث (۱) ٹوٹنے کی آواز۔ پھٹ (۲) سوکھے ہوئے پتّوں کی آواز ۔ **چُرمُر** (۱) چُرا چُرا (۲) مرجھایا ہوا (۳) یونہی اکٹھا کیا ہوا (۴) نزجنہ۔ لاغر۔ سوکھا (۵) بوڑھا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

چرا (چِرا) (ف) کس لیے۔ کیوں ۔ **چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی** (ف) عقل مند ایسا کام نہیں کرتا، جس سے بعد میں پچھتانا ہو ۔

چرّاٹا (چَر-را-ٹا) (ہ) مذکر۔ کاغذ یا کپڑا پھٹنے کی آواز ۔

چراغ (چِراغ) (ف) مذکر (۱) وہ ظرف، جس میں تیل اور بتّی ڈال کر روشن کریں (۲) دیا۔ بتّی۔ شمع۔ لیمپ (۳) (و) بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ لڑکا (۴) روشنی۔ رونق ۔ **چراغ بتّی کرنا** (د) چراغ جلانا۔ روشنی کا سامان کرنا ۔ **چراغ بجھانا۔ یا۔ بڑھانا۔ چراغ ٹھنڈا کرنا۔ یا۔ خاموش کرنا۔ چراغ کو ہاتھ دینا۔ یا۔ چراغ گل کرنا**۔ دیا بجھا دینا۔ اندھیرا کرنا۔ روشنی بند کرنا ۔ **چراغ بجھنا۔ یا۔ بڑھنا**۔ چراغ کا خاموش ہونا ۔ **چراغِ بحری** (ف-ع) مذکر۔ مینار جس پر سمندر میں روشنی کرتے ہیں ۔ **چراغ پا ہونا** (د) (۱) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر سیدھا کھڑا ہو جانا (۲) کھڑا نہ رہنا (۳) خفا ہونا۔ نہایت طیش میں آنا ۔ **چراغ تلے اندھیرا**۔ مثل۔

اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو دوسروں کو فیض پہنچائے اور اپنوں کو محروم رکھے ٭ **چراغ جلنا** (۱) چراغ روشن ہونا (۲) فروغ ہونا ٭ **چراغ جلے**۔ سورج چھپے۔ شام کے وقت ٭ **چراغ دان** (ف) مذکّر۔ دِیوٹ۔ فتیلہ سوز ٭ **چراغ دکھانا** (ہ) روشنی دکھانا ٭ **چراغ روشن کرنا**۔ دِیا جلانا ٭

چراغ روشن مراد حاصل (ف) (دعا) مرادیں بر آئیں۔ خانہ آباد رہے ٭

چراغِ زیرِ (تہِ) داماں (دامن) (مجازاً) مرا ہوا، مُردہ ٭

چراغِ سحری (ع۔ ف) مذکّر (۱) بجھنے کے قریب دِیا (۲) موت سے نزدیکی کا وقت (۳) بہت بوڑھا ہونے کے سانحہ ٭ **چراغ سے پھول جھڑنا** (۱) چراغ سے جلتا ہُوا تیل ٹپکنا۔ اس سے خوشی کا شگون لیا جاتا ہے ٭ **چراغ سے چراغ جلتا ہے**۔ مثل۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کسی فیض رساں سے فیض پہنچے اور ایک صاحب کمال سے دوسرا با کمال ہو جائے ٭

چراغِ صبح (ف۔ ع) مذکّر۔ دیکھیے "چراغِ سحری" ٭ **چراغ کا ہنسنا** (۱) چراغ سے پھول جھڑنا ٭ **چراغ کے نیچے اندھیرا ہونا**۔ غیروں کو فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا۔ منصف حاکم کے قرب میں ظلم ہونا ٭ **چراغ گل پگڑی غائب**۔ مثل۔ غافل پایا اور مال اُڑایا۔ موقع مِلا اور مال مارا ٭

چراغ گل ہونا (۱) چراغ بجھ جانا (۲) بیٹے کا مر جانا (۳) خاندان کا خاندان ہلاک ہو جانا (۴) کسی بڑے آدمی کا نہ رہنا (۵) مقابلے میں فروغ نہ پا سکنا ٭

چراغِ گور (ف) مذکّر۔ وہ چراغ، جو قبر پر جلایا جائے۔ شمعِ مزار ٭ **چراغ لے کر ڈھونڈنا** (ا) نہایت محنت اور تجسس سے تلاش کرنا ٭ **چراغ میں بتی پڑنا**۔ چراغ جلنا۔ شام کا وقت ہونا ٭ **چراغاں** (ف) مذکّر۔ بہت سے چراغوں کا جلنا۔ روشنی۔ دیپ مالا ٭ **چراغی**۔ مؤنّث (۱) وہ نقدی، جو کسی بزرگ کے مزار پر چراغ جلانے کے لیے دی جائے (۲) (مجازاً) بھینٹ۔ نذرانہ ٭

[illegible] (ہ) (۱) چوری کرنا (۲) چھپانا (۳) بچنا (۴) چُوسنا۔ جذب کرنا (۵) سُوکھنا ٭

چرانا (چَرْ۔ رَا۔ نا) (ہ) زخم کا پھٹنا یا تڑخنا ٭

چراند۔ چراندھ۔ چراہند (چَرانْڈ۔ چَرانْدھ۔ چَراہَنْڈ) (ہ) مؤنّث گوشت، بال، گھی، چمڑے، روغن، ہڈی وغیرہ کے جلنے کی بُو ٭ **چراندا۔ چراہندلا** (۱) چراند کا بسا ہُوا۔ بدبودار (۲) (مجازاً) چڑچڑا۔ بدمزاج ٭

چراتنا (چِرا۔ اِتا) (ہ) مذکّر۔ ایک پودا، جس کی لکڑی دوا کے طور پر برتی جاتی ہے۔ یہ چیز خون کو صاف اور بخار کو دُور کرتی ہے ٭

چرب (چَرْب) (ف) (۱) چکنا (۲) جسیم۔ موٹا۔ فربہ ٭ **چرب زبان** (۱) چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ خوشامدی۔ فریبی۔ چالاک۔ لسّان۔ تیز زبان (۲) شیریں کلام ٭

چربہ (ف) مذکّر (۱) کاغذ کو چرب کرکے کسی چیز کے نقش یا تصویر پر رکھتے ہوئے ہوبہو اس کی نقل اتارنا۔ خاکہ ٭ **چربہ اتارنا** (ہ) (۱) خاکہ اُٹھانا۔ ہوبہو نقل اتارنا (۲) ڈھنگ سیکھنا۔ انداز اُڑانا ٭ **چربی** (ف) مؤنّث۔ خون اور رطوبت سے پیدا ہونے والا ایک سفید مادہ ٭

چرپرا (چَرْ۔ پَرا) (ہ) (۱) گرم۔ تند۔ تیز۔ چٹ پٹا۔ مرچوں والا۔ مسالے والا (۲) ہوشیار۔ چالاک ٭ **چرپرانا**۔ زخم کا خشکی کے باعث تڑقنا۔ ٹیس مارنا۔ مرچیں لگنا ٭ **چرپراہٹ**۔ مؤنّث (۱) سوزش۔ جلن (۲) مرچ کی تیزی ٭

چرپوز (چَرْ۔ پُوز) (ف) لچر۔ بیہودہ۔ لغو ٭

چرتر (چَرِتْ۔ تَر) (س) مذکّر (۱) چلتر۔ عادت۔ چال چلن (۲) مذاق (۳) افسانہ، کہانی، قصہ (۴) تاریخ (۵) چالاکی۔ کرتب۔ داؤ ٭

چرٹ (چُرُٹ) (ہ) مذکّر۔ سگار ٭

چرچ (چَرْچ) (انگ۔ Church) مذکّر۔ گرجا۔ کلیسا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ ٭

چرچا (چَرْ۔ چا) (ہ) مذکّر (۱) گفتگو۔ تذکرہ (۲) شہرہ (۳) تکرار۔ بحث ٭ **چرچا کرنا**۔ کسی چیز کا جا بجا ذِکر کرنا۔ کسی کا ذِکر کرنا ٭ **چرچا ہونا** (۱) شہرہ ہونا۔ افواہ ہونا۔ بات پھیلنا (۲) بُرائی سے ذِکر ہونا ٭

چرچبینا (چَرْ۔ چَبِی۔ نا) (ہ) مذکّر۔ بھونا ہُوا غلّہ ٭

چرچٹا (چَرْ۔ چِٹا) (ہ) مذکّر۔ ایک خاردار پودا، جس کی بالیں اکثر چمٹ جاتی ہیں ٭

چرچر (چَرْ۔ چَر) (ہ) مؤنّث (۱) لکڑی ٹوٹنے کی آواز (۲) نئی جوتی کی آواز (۳) لکھنے میں قلم کی آواز (۴) بکواس۔ بک بک۔ گپ۔ گپ شپ ٭ **چرچرانا** (۱) لکڑی کا ٹوٹنا۔ چٹخنا (۲) سوزش کرنا۔ جلن کرنا۔ درد کرنا۔ ٹپکنا ٭ **چرچراہٹ**۔ مؤنّث۔ زخم کا درد۔ سوزش۔ جلن ٭

چرچنا (چَرْ۔ چِ۔ نا) (ہ) (۱) سوچنا سمجھنا (۲) احتیاط سے پڑھنا ٭

چرچنا (چَرْ۔ چَ۔ نا) (ہ) (۱) پوجا کرنا (۲) بدن پر خوشبو وغیرہ مَلنا ٭

چرخ (چَرْخ) (ف) مذکّر (۱) چرخی۔ پھرنے والا پہیا (۲) آسمان۔ فلک (۳) گردش (۴) ایک آلہ، جس پر برتن چڑھا کر صاف کرتے ہیں۔ کمہار کا چاک (۵) وہ لکڑی، جس پر کشمیرا یا اونی کپڑا چڑھا کر درست کرتے ہیں (۶) لگڑ بگڑ۔ چرغ ٭

چرخ پوجا (ہ) مؤنّث۔ پورب کا ایک مشہور تماشا اور رسم، جس میں زمین پر ایک کھم کھڑا کرکے اس میں ایک رسّی لٹکاتے ہیں اور پوجا کرنے والے آدمی کی پیٹھ میں لوہے کے کانٹے لگانے کے بعد انھیں اس رسّی میں باندھ کر خوب چرخ دیتے اور پھراتے ہیں ٭ **چرخ پر چڑھانا** (۱) تانبے وغیرہ کے برتنوں کو خراد چڑھانا (۲) سان چڑھانا ٭ **چرخ چوں۔ چرخ چوں**۔ مؤنّث (۱) گاڑی یا کنوئیں یا چرخے وغیرہ کے چلنے کی آواز (۲) (مجازاً) دھیمی آواز ٭ **چرخہ** (ف) مذکّر (۱) سُوت کاتنے کا آلہ (۲) ایک قسم کا ناچ (۳) (مجازاً) وہ مرد یا عورت، جس کے انجر پنجر بڑھاپے کے باعث ڈھیلے ہو گئے ہوں۔ پیر فرتوت (۴) پرانی اور کمزور گاڑی ٭ **چرخہ پونی** (ہ) مؤنّث (۱) چرخہ اور اس کے کاتنے کا سامان (۲) عورت ذات کا ہنر۔ عورت کا کام ٭ **چرخہ کاتنا**۔ چرخے کے ذریعے سے تاگے بنانا۔ سُوت کاتنا ٭ **چرخہ ہو جانا**۔ پیر و نحیف ہو جانا۔ ضعیف اور فرتوت ہو جانا ٭ **چرخی** (ف) مؤنّث (۱) رُوئی صاف کرنے کا اوزار۔ اوٹنی (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) پانی کھینچنے کا پہیا (۴) ڈوری یا باولہ لپیٹنے کا اوزار (۵) پھرکی ٭

چرخل (چَرْ۔ خَل) (ہ) بڈھا۔ کھوسٹ ٭

چرز (چَرْز) (ف) مذکّر۔ ایک قسم کا جنگلی پرندہ ٭

چرس (چَرَس) (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کی نشے والی چیز، جو تمباکو میں رکھ کر پی جاتی ہے۔

(۲) چمڑے کا بڑا ڈول، جو کھو، زمین کی آب پاشی کے کام آتا ہے۔ **چرسا** مذکر (۱) گائے بیل یا بھینس کا چمڑا۔ ڈھور کا (۲) چمڑے کا بڑا ڈول۔ **چرسا بھر زمین** (ہ) مؤنث۔ گائے یا بھینس کے بیٹھنے کے قابل زمین۔ **چرسی** (ہ) مذکر۔ چرس پینے والا۔

چُرس (چُرَ۔ س) (ہ) مؤنث۔ سلوٹ۔ شکن۔

چرسال (چَرْ۔ سَال) (ہ) مذکر۔ پچھلا معاملہ وصول کرنے کا سال۔

چرغ (چَرْ۔ غ) (ف) مذکر (۱) گدھ۔ گدھڑ (۲) باز اور شکرے کی قسم کا ایک شکاری پرندہ۔

چرغم چرغم کرنا (ہ) (عو) کھسر پھسر کرنا۔ بک بک کرنا۔ چخ چخ کرنا۔

چرغلینہ (چَرْ۔ غَلْ۔ نَہ) (ف) (۱) سفلہ۔ کمینہ (۲) بھینگا (۳) بدمعاش۔

چرک (چِرْ۔ کْ) (ف) مذکر (۱) غلاظت۔ گوہ۔ پاخانہ۔ میل۔ لید۔ گوبر۔ پیپ (۲) زنگ۔

چرک دھانس (ہ) مؤنث (۱) بیماری کا کچھ کچھ خلل۔ ہر روز کی بیماری (۲) ٹنٹا۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ **چرکنا** (۱) تھوڑا سا ہگنا (۲) گپ شپ ہانکنا۔ **چرکین**۔ (ف) (۱) پلید۔ نجس۔ میلا۔ غلیظ۔ گندہ (۲) مذکر۔ گوبر۔ پاخانہ (۳) لکھنؤ کے ایک غلیظ گو شاعر شیخ باقر علی کا تخلص۔

چرکا (چَرْ۔ کَا) (ہ) مذکر (۱) گھاؤ۔ زخم (۲) نقصان (۳) داغ۔ **چرکا دینا۔ یا۔ لگانا** (۱) ہلکا سا زخم لگانا (۲) نقصان پہنچانا (۳) داغ دینا۔

چرکٹا (چَرْ۔ کَٹَا) (ہ) مذکر (۱) چارا کاٹنے والا۔ ہاتھی کا چارا کاٹ کر لانے والا۔ فیل بانوں کا پیش خدمت (۲) رذیل شخص۔ کمینہ آدمی۔

چرکنا (چُرَکْ۔ نَا) (ہ) (حقارتاً) (۱) بولنا۔ بہت باتیں کرنا (۲) پرندوں کا بولنا۔ چہچہانا۔

چرم (چَرْ۔ م) (ف) مذکر۔ چام۔ چمڑا۔ کھال۔ **چرمی**۔ چمڑے کا بنا ہوا۔

چرن (چَرَ۔ نْ) (س) مذکر (۱) پاؤں۔ قدم (۲) نظم۔ **چرن بردار** (ہ) مذکر۔ امیروں کی جوتیاں اٹھانے والا۔ کفش بردار۔ **چرن لینا**۔ قدم لینا۔ قدم کو ہاتھ لگانا۔ پاؤں پڑنا۔

چرند۔ چرندہ (چَرِنْدْ، چَرِنْ۔ دَہ) (ف) مذکر۔ حیوان۔ چوپایہ۔ چگنے والا۔ چرنے والا۔

چرندم خورندم (چَرَنْ۔ دَم۔ خُورَنْ۔ دَم) (ف) مذکر۔ کھانے پینے کا مشغلہ۔ **چرندم خورندم کر جانا**۔ ہضم جانا۔ خورد برد کر جانا۔

چرنے (چُرْ۔ نے) (ہ) مذکر۔ بچوں کے پیٹ کے کیڑے۔

چروا (چَرْ۔ وَا) (ہ) مذکر (ہندو) مٹی کی ہانڈی۔

چرونجی (چِرَوْنْ۔ جی) (ہ) مؤنث۔ ایک مشہور میوہ۔

چرہی (چَرْ۔ ہی) (ہ) مؤنث۔ چوپایوں کو دانہ کھلانے کا بڑا برتن۔

چری (چَرِی) (ہ) مؤنث۔ جوار، باجرے یا مکئی کے ہرے پودے۔

چ ۔ ڑ

چڑ (چَڑْ) (ہ) مؤنث۔ لکڑی وغیرہ کے پھٹنے کی آواز۔ چٹخنے کی آواز۔ **چڑ چڑ**۔ مؤنث (۱) چڑ (۲) بک بک۔

چڑ۔ چڑھ (چِڑْ، چِڑھ) (ہ) (۱) چڑنا کا امر (۲) مؤنث۔ نفرت۔ ناخوشی۔ غصہ۔ **چڑ نکالنا**۔ غصہ نکالنا۔ چھیڑ نکالنا۔ **چڑانا**۔ چھیڑنا۔ طبیعت جلانا۔ کسی بات کی نقل کرکے غصہ دلانا۔ **چڑنا**۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ بگڑنا۔

چُڑ (چُڑْ) (ہ) مؤنث۔ عورت کی شرمگاہ۔ فرج۔ **چڑ مرانی**۔ مؤنث۔ ایک گالی۔

چڑا (چِڑَا) (ہ) مذکر۔ چڑیا کا نر۔

چڑ بڑ (چَڑْ۔ بَڑْ) (ہ) مؤنث۔ بکواس۔ بڑبڑ۔ **چڑ بڑ چڑ بڑ کرنا**۔ بڑبڑانا۔ بھک بھک کرنا۔

چڑچڑا (چِڑْ۔ چِڑَا) (ہ) بد اخلاق۔ تنک مزاج۔ بدخو۔ وہ شخص جس کا مزاج بیماری یا مفلسی یا کسی اور وجہ سے بگڑا ہوا ہو۔ **چڑچڑانا** (۱) جلتے ہوئے تیل یا روغن میں سے پانی کا آواز دینا (۲) جلد غصے میں آجانا۔

چڑوے (چِڑْ۔ وے) (ہ) مذکر۔ گیلے کٹے ہوئے چاول بھون کر بنایا ہوا چبینا، جو ہندو لوگ دسہرے یا لوہڑی کے موقع پر کھاتے ہیں۔

چڑھ (چَڑھ) (ہ) (۱) چڑھنا کا امر (۲) مؤنث (عوام) اونچی زمین۔ **چڑھ آنا**۔ چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔ **چڑھا** (۱) چڑھانا کا امر (۲) چڑھنا سے ماضی مطلق (۳) بڑھا ہوا۔ زیادہ (۴) کسا ہوا (۵) طوفان آیا ہوا۔ پانی بھرا ہوا (۶) کام میں لگا ہوا۔ **چڑھا جانا**۔ پورا پی جانا۔ **چڑھانا** (۱) نیچے سے اوپر لے جانا (۲) سوار کرنا۔ لادنا (۳) نوش کرنا۔ پینا (۴) اونچا کرنا۔ بلند کرنا (۵) سینا۔ جوڑنا۔ لگانا (۶) ذمے لینا۔ **چڑھاوا**۔ مذکر (۱) بھینٹ۔ نذر (۲) وہ زیور، جو منگنی یا برات کے دن دولھا والوں کی طرف سے دلھن کو پہنچایا جاتا ہے (۳) دم۔ بڑھاوا (۴) (ہندو) وہ زیور، کپڑا، مٹھائی۔ کھلونے وغیرہ، جو سسرال والے شادی سے پہلے بھیجتے ہیں۔ **چڑھاوا بڑھاوا دینا**۔ (۱) خوشامد کرکے پھسلانا (۲) اونچ نیچ سمجھانا۔ دم دلاسا دینا۔ **چڑھاؤ**۔ مذکر (۱) جوشش۔ طغیانی (۲) عروج (۳) زیادتی۔ ترقی (۴) دریا کا وہ رخ، جدھر سے پانی آتا ہو (۵) باقی۔ پیشگی۔ **چڑھائی**۔ مؤنث (۱) اونچائی۔ بلندی (۲) یورش۔ دھاوا۔ حملہ۔ **چڑھتا چاند**۔ مذکر۔ بڑھتا چاند۔ عروجِ ماہ۔ **چڑھنا** (۱) نیچے سے اوپر جانا۔ اٹھنا۔ ابھرنا (۲) ترقی کرنا۔ بڑھنا (۳) پرواز کرنا۔ اڑنا (۴) چڑھاؤ پر آنا۔ طغیانی پر آنا (۵) دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا (۶) مہنگا ہونا۔ گراں ہونا (۷) تن جانا۔ کھچ جانا (۸) پھولنا جیسے سانس چڑھنا (۹) بھینٹ ہونا۔ نذر ہونا (۱۰) سوار ہونا (۱۱) بندھنا۔ لٹکایا جانا (۱۲) ذمے ہو جانا (۱۳) سر یا دماغ پر اثر کرنا، جیسے نشہ چڑھنا (۱۴) لکھا جانا۔ درج ہونا (۱۵) چولھے پر رکھا جانا (۱۶) عدالت میں جانا۔ کچہری میں جانا (۱۷) لگنا۔ چمٹنا (۱۸) جسم پر آنا۔ بدن میں آنا۔ **چڑھواں**۔ کھڑی ایڑی کی جوتی۔ کھڑی جوتی۔ **چڑھی**۔ مؤنث۔ لڑائی کی تیاری۔ **چڑھی کھانا**۔ کسی کے کبوتر کا حریف کبوتر باز کے کبوتروں میں بار بار جانا۔ **چڑھیت**۔ مذکر۔ چڑھنے والا۔ سواری لینے والا۔ سوار۔ **چڑھیتیا**۔ مذکر۔ وہ شخص، جو دوسرے کے گھوڑے پر نوکر ہو۔

چڑی (چَڑِی) (ہ) مؤنث۔ لات۔ **چڑی دینا۔ یا۔ مارنا**۔ لات ملنا۔ اچھل کر لات مارنا۔

چڑی (چِڑِی) (ہ) مؤنث (گنوار) چڑیا۔ پرند ۔ **چڑی مار** ۔ مذکر ۔ چڑیا پکڑنے والا ۔ پرند پکڑنے والا صیاد ۔ **چڑی مار ٹولا** ۔ مذکر ۔ جانوروں کے بکنے کی جگہ ۔ گزری ۔ چوک ۔ **چڑیا** ۔ مؤنث (۱) چڑے کی مادہ (۲) طائر ۔ پرند (۳) انگیا کی سیون جس سے کٹوریاں ملی رہتی ہیں (۴) لکڑی کا آڑا ٹکڑا جس میں سوراخ کر کے چھپر کے ستون یا کہاروں کی لاٹھی پر لگا دیتے ہیں (۵) نیفے میں ازار بند ڈالنے کی جگہ ۔ **چڑیا خانہ** (ف) مذکر ۔ چڑیا گھر ۔ وہ مکان جہاں ہر قسم کے پرندے رکھے جاتے ہیں ۔ **چڑیا کی جیب مانڈے کا پھپھولا** (ہ) مثل ۔ اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں جس کی خوراک بہت کم ہو ۔ **چڑیا کے چھنالے میں پکڑا جانا** ۔ ناحق کی مصیبت اور عذاب میں پڑنا ۔ **چڑیا نوچن** ۔ مذکر (ع) بوٹیاں توڑنا ۔ تکلیف ۔ عذاب ۔ ٹکا بوٹی ۔

چڑیل (چُڑَیْل) (ہ) مؤنث (۱) ڈائن ۔ بھتنی (۲) میلی کچیلی عورت (۳) بدصورت عورت ۔

چ - س

چس (چُس) (ہ) چسنا کا امر ۔ **چسا** (۱) چسنا سے ماضی مطلق (۲) چسانا کا امر ۔ چسانا ۔ پلانا ۔ **چسنا** (۱) چوسا جانا (۲) طاقت زائل ہو جانا (۳) مذکر ۔ بچوں کے چوسنے کا کھلونا ۔ **چسنی** ۔ مؤنث (۱) بچوں کے چوسنے کا کھلونا (۲) دودھ پلانے کی شیشی ۔

چسپاں (چَسْ ۔ پاں) (ف) (۱) چپکا ہوا (۲) ٹھیک ۔ موزون ۔ **چسپاں کرنا** (ف) چپکانا ۔ لگانا ۔

چست (چُسْت) (ف) (۱) پھرتیلا ۔ چالاک (۲) کھچا ہوا ۔ تنگ (۳) موزون ۔ ٹھیک (۴) محکم ۔ مضبوط ۔ **چستی** ۔ مؤنث (۱) پھرتی ۔ چالاکی (۲) کھچاوٹ ۔ تنگی (۳) استحکام ۔ مضبوطی (۴) دلیری ۔ جرأت ۔

چستہ (چُسْ ۔ تہ) (ہ) مذکر (۱) مایہ ۔ پنیر (۲) بکری کے بچے کا معدہ ۔

چسک (چَسَک) (ہ) مؤنث (۱) ہلکا سا درد (۲) وہ گوٹ جو سنجاف یا مغزی کے آگے گوٹے یا اطلس وغیرہ سے لگائی جاتی ہے (۳) چسکنا کا امر ۔ **چسکا** ۔ مذکر ۔ (۱) چاٹ ۔ مزہ (۲) لت ۔ عادت (۳) ذوق ۔ شوق ۔ **چسکنا** ۔ میٹھا میٹھا درد ہونا ۔

چسکی (چُس ۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) گھونٹ ۔ کش ۔ جرعہ (۲) افیون کا گھونٹ ، جو مقررہ وقت کے خلاف پیا جائے (۳) حقے کا گھونٹ (لگانا ، لگنا کے ساتھ) ۔

چ - ش

چشت (چِشْت) (ف) مذکر ۔ ایک مقام ۔ **چشتی** (۱) چشت کا باشندہ (۲) مسلمانوں کا ایک فرقہ ۔

چشنک (چَشْنَک) (ف) مؤنث ۔ وہ کھانا ، جو باورچی تقریبوں پر اپنے لیے بطور حصہ صاحب تقریب کے گھر سے لے جاتے ہیں ۔

چشم (چَشْم) (ف) مؤنث (۱) آنکھ ۔ دیدہ ۔ نین (۲) امید ۔ آس ۔ **چشم بد دور** ۔ بری نظر دور رہے ۔ نظر نہ لگے ۔ **چشم براہ** ۔ انتظار کرنے والا ۔

چشم پوشی ۔ مؤنث ۔ آنکھ چرانا ۔ دیکھ کر ٹال جانا ۔ **چشم داشت** ۔ مؤنث ۔ آس ۔ امید ۔ بھروسا ۔ **چشم زخم** ۔ مذکر (۱) بری نظر کا دکھ یا نقصان (۲) آنکھ کا دکھنا ۔ **چشم زدن** ۔ مذکر ۔ آنکھ کی جھپک ۔ لمحہ بھر ۔ طرفۃ العین ۔

چشم نمائی ۔ مؤنث ۔ ملامت ۔ سرزنش ۔ تنبیہ ۔ جھڑکی ۔ **چشم و چراغ** ۔ مذکر ۔ آنکھ کی پتلی ۔ نور چشم ۔ روشنی چشم ۔ نہایت عزیز اور پیارا ۔ **چشمک** (ف) مؤنث (۱) آنکھ کا اشارہ ۔ جھپکی ۔ رمز (۲) شکر رنجی ۔ انقباض (۳) چشمہ ۔ عینک ۔ **چشمک زنی کرنا** (ف) چھیڑنا ۔ طعنہ زنی کرنا ۔ **چشمہ** (ف) مذکر (۱) عینک (۲) تالاب ۔ منبع ۔ پانی کی سوت ۔

چ - غ

چغا (چُغَا) (ت) مذکر ۔ جبہ ۔ عبا ۔

چغتائی (چَغْ ۔ تا ۔ ئی) (ف) مذکر ۔ چغتا بن چنگیز خاں کی نسل سے مغلوں کا خاندان ۔

چغد (چُغْد) (ف) مذکر ۔ الّو ۔ بوم ۔ ایک قسم کا چھوٹا الّو ۔

چغل (چُغُل) (ف) مذکر (۱) چغل خور ۔ غماز (۲) (ف) گٹی ۔ کنکر ، جو چلم میں رکھتے ہیں اور جس پر تمباکو رکھا جاتا ہے ۔ **چغل خور** (ف) مذکر ۔ غماز ۔ لترا ۔ نمام ۔

چغل خوری ۔ مؤنث ۔ غمازی ۔ لتراپن ۔ نمامی ۔ **چغلی** (ف) مؤنث ۔ کسی کی برائی کا اظہار ۔ سخن چینی ۔ **چغلی کھانا** (ف) غمازی کرنا ۔ غیبت کرنا ۔ برائی کرنا ۔ بدی کرنا ۔

چ - ف

چفتی (چَف ۔ تی) (ف) مؤنث ۔ چوبی مسطر ۔ چپٹی لکڑی ، جس سے سیدھی لکیریں کھینچی جاتی ہیں ۔

چ - ق

چق (چِق) (ت) مؤنث ۔ سرکنڈے یا بانس کی تیلیوں کا پردہ ۔ چلمن ۔

چقر (چُق ۔ قُر) (ف) مذکر ۔ ڈابر ۔ چشمہ ۔ جوہڑ ۔

چقماق ۔ چقمق (چَق ۔ ماق ، چَق ۔ مَق) (ت) مذکر و مؤنث ۔ آگ نکالنے کی پتھری ، جو بیشتر بندوق وغیرہ پر لگائی جاتی ہے ۔

چقندر (چُقَن ۔ دَر) (ف) مذکر ۔ شلغم جیسی ایک نہایت سرخ ترکاری ۔

چ - ک

چک (چَک) (ہ) مذکر (۱) زمین کا قطعہ ۔ پٹی (۲) زراعت ۔ کاشت (۳) تنازع ۔ جھگڑا (۴) ہندو قصاب ۔ کھٹیک (۵) (ع) پھیر ۔ جماؤ ۔ **چک بست** (۱) چکوں میں بانٹا ہوا (ریاست) (۲) نقشے میں دکھائے ہوئے گاؤں کے کھیت ۔ **چک بندی** (ف) مؤنث ۔ زمین کی تقسیم چکوں میں ۔ حد بندی ۔ **چک پھیری** (ہ) مؤنث ۔ وہ گردش ، جو دائرے میں ہو ۔ چکر باندھ کر پھرنا ۔ **چک نامہ** (ف) مذکر (۱) ہر طرف کی حدیں ظاہر کرنے والا اصلی اور

داخلی نقشہ (۲) کسی گاؤں میں زمین حاصل کرنے کا حکم۔

چک (چَک) (ہ) مؤنث (۱) کمر یا کولہے کا درد (۲) چِق۔

چک (چیک) (انگ Cheque مذکر (۱) نقدی ملنے کا پرچہ، جو کسی بنک وغیرہ کے نام لکھا جائے۔ ہنڈی (۲) اٹکاؤ۔ روک۔

چکّا (چَک۔کا) (ہ) مذکر (۱) گول چیز (۲) پتھروں کے ناپ کے لیے فٹوں کے حساب سے ڈھیر (۳) اینٹوں وغیرہ کا ڈھیر، جو اس ترکیب سے لگا دیا جائے کہ آسانی سے گنا جا سکے (۴) منجمد۔ جما ہوا۔ **چکّا دہی**۔ مذکر۔ جما ہوا دہی۔

چکّا (چِک۔کا) (س) مذکر (۱) چھچھوندر (۲) چوہا۔

چکا چک۔ یا۔ چک چک (ہ) مؤنث (۱) جسم پر تلواروں کے لگاتار پڑنے کی آواز (۲) تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا۔ **چک چک لوندے چکھنا یا کھانا**۔ گھی میں تر بتر نوالے کھانا۔

چکا چوند (چکا۔چَوند) (ہ) مؤنث (۱) روشنی کے باعث آنکھ کا جھپکنا (۲) تعجب، حیرت (۳) حیران۔ چکا چوندی لگنا۔ یا۔ آنا۔ روشنی کی وجہ سے آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ نظارے کی تاب نہ لانا۔

چکارا (چکا۔را) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا چھوٹا نہایت چالاک اور نازک ہرن (۲) چھوٹی سارنگی۔

چکّان (چِک۔کان) (ہ) (۱) جما ہوا۔ گاڑھا (۲) مذکر۔ کھرنچ۔ زخم کا نشان۔ داغ۔

چکانا (چُکا۔نا) (ہ) (۱) مول کرنا۔ قیمت ٹھہرانا (۲) فیصلہ کرنا (۳) بے باق کرنا۔ نمٹانا (۴) پورا کرنا۔ ختم کرنا۔ **چکائی** (چُکا۔ای) مؤنث چکانے کا کام، فیصلہ۔

چکاوک (چکا۔وُک) (ف) مذکر (۱) چنڈول (۲) سرخاب۔ چکوا۔

چکائی دینا (ہ) (۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) (پنجابی) آمادہ کرنا۔ اکسانا۔

چکٹ (چکیٹ) (ہ) مؤنث۔ کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔ **چکٹ مارنا**۔ دانت مارنا۔ منہ مارنا۔ دانتوں سے کاٹ کھانا۔ **چکتّا**۔ مذکر (۱) دانتوں کے کاٹنے کا نشان (۲) گوشت کا ٹکڑا (۳) بڑا اور گول دھبا۔ گول نشان۔

چکتی (چک۔تی) (ہ) مؤنث (۱) گول چیز۔ قرص۔ ٹکیا (۲) دنبے کی چوڑی دم۔

چکٹ۔ چکٹا (چک۔کٹ، چک۔ٹا) (ہ) (۱) از حد میلا کچیلا (۲) چپچپا (۳) میل اور چکناہٹ سے بھرا ہوا (۴) جما ہوا۔ **چکٹنا**۔ میلا ہونا۔ غلیظ ہونا۔ کثیف ہونا۔

چکچکا (چک۔چکا) (ہ) چمکیلا۔ روشن۔

چکچکی (چک۔چکی) (ہ) مؤنث۔ چپٹی لکڑیوں کی جوڑی جو فقیر اور جوگی ایک ہاتھ میں لے کر بجاتے ہیں۔

چکچوہی (چک۔چو۔ہی) (ہ) مؤنث۔ چرخے کا ایک کھلونا۔

چکڈھیا (چک۔ڈھیا) (ہ) مذکر۔ کوسہ (پنجابی) کھودا۔

چکر (چک۔کر) (ہ) مذکر (۱) پہیا۔ دائرہ۔ حلقہ (۲) محیط۔ احاطہ (۳) گرداب۔ بھنور (۴) گول سڑک (۵) گردش (۶) ایک گول ہتھیار جو سکھ پگڑی میں لگاتے ہیں۔ **چکر آنا**۔ سر گھومنا۔ غش آنا۔ **چکر باندھنا**۔ کسی چیز کو اس طرح گردش دینا کہ دائرہ بندھ جائے۔ **چکر میں آنا**۔ مصیبت میں پھنسنا۔ گردش میں آنا۔

چکر میں ڈالنا (۱) سختی اور مصیبت میں مبتلا کرنا (۲) ہوش بھلانا (۳) راستہ بھلانا۔

چکرانا (۱) سر گھومنا۔ چکر کھانا (۲) گردش کھانا (۳) تکلیف میں پڑنا۔ مصیبت میں پڑنا۔

چکر مکر (چک۔کر۔مَکر) (ہ) مذکر۔ دغا۔ جھانسا۔ دم۔ بہانہ۔ فریب۔

چکریا (چک۔ریا) (ہ) مذکر۔ نوکری پیشہ۔

چکرڑی (چک۔رڑی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی زرد لکڑی، جس سے اکثر کنگھیاں بنائی جاتی ہیں۔

چکس (چکس) (ف) مذکر۔ پرندوں کے بیٹھنے کی لکڑی۔ بلبل کا اڈا۔

چکل۔ چکل (چکل، چک۔کل) (ہ) مذکر۔ جڑوں کے ساتھ کسی پودے کی وہ مٹی، جو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانے کے لیے پودے کے ساتھ جمائی جاتی ہے۔

چکلا (چک۔لا) (ہ) (۱) گول۔ فراخ۔ چوڑا (۲) مذکر۔ دانہ دلنے کی چکی (۳) چکی کا پاٹ (۴) لکڑی کا گول تختہ (۵) صوبہ۔ علاقہ۔ پرگنہ۔ ضلع۔ جاگیر۔ حد بست (۶) رنڈیوں کے رہنے کا مقام۔ **چکلا بندی** (ہ) مؤنث۔ حد بست۔

چکلا دار (۱) جاگیردار۔ صوبہ دار (۲) رنڈیوں کے محلے کا چودھری۔

چکلی (ہ) مؤنث (۱) صندل رگڑنے کا چھوٹا گول پتھر (۲) چرخی۔ گھرنی۔

چکما (چک۔ما) (ہ) مذکر (۱) دھوکا۔ فریب۔ دم (۲) نقصان۔ ضرر (۳) ایک قسم کا کھیل۔ **چکما دینا** (۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) نقصان پہنچانا۔ **چکما کھانا**۔ فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔

چکماک۔ چکمک (چک۔ماک، چک۔مک) (ہ) مذکر و مؤنث۔ دیکھیے "چقماق"۔

چکن (چکن) (ف) مؤنث (۱) سوئی کا کام۔ سوزن کاری۔ ایک قسم کا کشیدہ (۲) پھول بوٹوں والا کپڑا۔ **چکن دوز**۔ مؤنث۔ کپڑے پر چکن بنانے والا۔ **چکن دوزی**۔ مؤنث۔ چکن بنانے کا کام۔

چکن (چکن) (انگ Chicken مذکر۔ مرغی کا بچہ۔ چوزہ۔

چکنا (چک۔نا) (ہ) (۱) تیلیا۔ چرب (۲) روغنی (۳) فربہ۔ موٹا۔ چربی والا (۴) چمکیلا۔ صاف۔ ستھرا (۵) رونق دار۔ خوب صورت۔ **چکنا چپڑا** (۱) تیل لگا ہوا۔ چرب (۲) صاف ستھرا۔ خوش لباس۔ خوش پوش۔ **چکنا دیکھ پھسل پڑے**۔ مثل (۱) خوب صورت دیکھ کر مر گئے (۲) دولت دیکھ کر ریجھ گئے۔ **چکنا گھڑا**۔ مذکر (۱) بے شرم۔ بے غیرت۔ بے حیا (۲) جس پر نصیحت اثر نہ کرے (۳) بدمعاش۔ بدچلن (بننا، ہو جانا، ہونا کے ساتھ)۔ **چکنا گھڑا بوند پڑی ڈھل گئی**۔ بے غیرت پر کتنی ہی لعنت ملامت ہوئی، پھر بھی اثر نہ ہوا۔ **چکنا منہ پیٹ خالی** (ہ) مثل۔ منہ پر رونق اور پیٹ بھوکا۔ **چکناوٹ۔ یا۔ چکناہٹ**۔ مؤنث۔ چکنائی۔ خوب صورتی۔ صفائی۔ چمک۔ **چکنائی**۔ مؤنث (۱) چکناہٹ (۲) روغن۔ گھی۔ تیل۔ چربی (۳) بے وفائی۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔

چکنی چپڑی باتیں۔ مؤنث۔ پرلطف اور بامزہ باتیں۔ خوشامد کے کلمات۔

چکنی ڈلی۔ مؤنث۔ ایک قسم کی کچی چھالیا، جو دودھ میں پکائی جاتی ہے۔

چکنی مٹی ۔ مؤنث ۔ لیس دار مٹی ۔ ایک قسم کی مٹی جو لیپنے کے کام آتی ہے ؛ **چکنے منہ کو سب چومتے ہیں** ۔ مثل ۔ خوب صورت کی قدر و منزلت ہر جگہ ہوتی ہے ۔ امیر کی سبھی خوشامد کرتے ہیں ؛ **چکنیا** (۱) دیکھیے "چکنا" (۲) مذکر ۔ چھیل چھبیلا ۔ چھیلا ۔ بانکا ۔ البیلا ۔

چکنا (چک ۔ نا) (ہ) (۱) خرچ ہو جانا ۔ ختم ہونا (۲) قیمت مقرر ہونا ۔ بھاؤ ٹھہرنا (۳) حساب بے باق ہونا (۴) جھگڑے کا فیصلہ ہونا (۵) (پنجابی) اٹھانا ؛

چکنا چور (چک ۔ نا ۔ چُور) (ہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے ۔ ریزہ ریزہ (۲) ماندہ ۔ تھکا ہوا (۳) تیل میں لتھڑا ہوا ؛ **چکنا چور کرنا** (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) تھکا مارنا (۳) تیل میں لت پت کر دینا ؛

چکو (چک ۔ کو) (ا) مذکر ۔ چاقو کا مخفف ۔ چھوٹا چاقو ؛

چکوا (چک ۔ وا) (ہ) مذکر ۔ ایک آبی پرندہ ۔ سرخاب ؛ **چکوی** ۔ مؤنث چکوے کی مادہ ؛

چکوتا (چکو ۔ تا) (ہ) مذکر ۔ ایک بیماری جو عموماً گھٹنے کے نیچے پھنسیوں کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے اور اس سے ساری ٹانگ پھیلتی جاتی ہے ؛

چکوتا (چکو ۔ تا) (ہ) مذکر ۔ بے باقی ۔ چکوت ۔ فیصلہ ؛

چکوترا (چکوت ۔ را) (ہ) مذکر ۔ ایک پھل جسے لیموں اور نارنگی کا پیوند دیا جاتا ہے ؛

چکور (چکور) (ہ) مذکر ۔ پہاڑی تیتر کی قسم کا ایک خوب صورت پرندہ جس کی چونچ، پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے ۔ اسے چاند کا عاشق کہا جاتا ہے ؛

چکھ (چکھ) (ہ) چکھنا کا امر ؛ **چکھ ڈالنا** ۔ بالکل کھا جانا ۔ اڑا لینا ۔ کھا ڈالنا ؛

چکھا (۱) چکھنا سے ماضی مطلق (۲) چکھانا کا امر ؛ **چکھانا** (۱) ذائقہ کرانا ۔ چاشنی دکھانا (۲) نوش کرانا ۔ کھلانا ؛ **چکھنا** (۱) ذائقہ دیکھنا ۔ لذت اٹھانا ۔ مزہ لینا (۲) کھانا نوش کرنا ؛ **چکھوتیاں** ۔ مؤنث (۱) لذیذ کھانے مزے دار کھانے (۲) چٹورپن ۔ چٹخارے ؛ **چکھی** ۔ مؤنث (۱) چاٹ (۲) بٹیروں کا دانہ کھانا ؛

چکئی (چک ۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی کا ایک گول کھلونا جو بچے اکثر پھراتے ہیں (۲) مذکر ۔ گول ؛ **چکئی آڑو** ۔ مذکر ۔ گول آڑو ۔ شفتالو ؛

چکی (چک ۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ ۔ آسیا (۲) گھٹنے کی ہڈی ؛ **چکی پیسنا** (۱) چکی چلانا ۔ آٹا پیسنا (۲) مصیبت بھگتنا ؛ **چکی جھونا** (۱) آٹا پیسنا (۲) دکھڑا بیان کرنا ۔ چکی کر رہنا ۔ چکی کو گھر ر گرانا ؛ **چکی کا پاٹ** ۔ مذکر ۔ چکی کے دونوں پتھروں میں سے کوئی ایک ۔ بیرۂ آسیا ؛

چکی (چک ۔ کی) (ہ) مؤنث ۔ دھوکا ۔ دغا ۔ فریب ۔ چھل ؛

چکی پکی (ہ) (بچوں کی زبان میں) ختم ہو گئی ؛

چکیدہ (چکی ۔ دہ) (ف) ٹپکا ہوا ۔ بقطرہ ؛

چ - گ

چگ (چگ) (ہ) چگنا کا امر ؛ **چگ ڈڑھیا** ۔ مذکر ۔ چھوٹی سی ڈاڑھی والا ؛

چگا (۱) چگنا سے ماضی مطلق (۲) چگانا کا امر ؛ **چگانا** ۔ پرندوں کو کھلانا ۔ جانوروں کو کھلانا ؛ **چگنا** ۔ چننا ۔ پرندوں کا دانہ کھانا ؛ **چگو** ۔ مؤنث ۔ ٹھوڑی کے نیچے چند بالوں والی ڈاڑھی ؛

چگونگی (چگو ۔ نگی) (ف) مؤنث ۔ کیفیت ؛ **چگونہ** (ف) کس طرح ۔ کس حالت میں ۔ کس قسم کا ۔ کیسا ۔ کیا ؛

چ - ل

چل (چل) (ہ) (۱) چلنا کا امر (۲) دور ہو جا ۔ ہٹ (۳) پراگندگی ۔ برہمی (۴) فرق ، اختلاف ، تفاوت (۵) لغزش ۔ ڈگمگاہٹ ؛ **چل بچل** (۱) بے موقع ، بے جگہ (۲) مؤنث ۔ خطا ۔ غلطی (۳) جدائی ۔ علیحدگی ؛ **چل بسنا** ۔ دنیا سے چلا جانا ۔ مرنا ؛ **چل بسے** ۔ مر گئے ۔ یہ کلمہ نفرت ظاہر کرنے کے لیے زبان پر لایا جاتا ہے ؛ **چل چخ** ۔ **چل چھٹے** ۔ **چل دور** (ا) (ع) چلا جا ۔ دور ہو ۔ ہٹ ؛ **چل چلاؤ** (ہ) مذکر (۱) چلا چلی ۔ روانگی (۲) کوچ ۔ سفر ؛ **چل لونڈی میں آتا ہوں** ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی شخص اپنی سجاوٹ کی کوئی چیز دکھا کر اس کے اشارے سے کوئی بات کرے ؛ **چل ہوا بن** ۔ **چل ہوا ہو** (ا) ہوا کھا ۔ چلتا پھرتا نظر آ ۔ رخصت ہو ؛ **چلا چلی** (ہ) مؤنث (۱) سفر کا تہیہ اور تشریر ۔ ہل چل ۔ روا روی (۲) موت کی گرم بازاری ؛ **چلانا** (۱) روانہ کرنا ۔ ہانکنا (۲) بہانا ۔ جاری کرنا (۳) کاروبار جاری کرنا ۔ بندوبست کرنا (۴) گھسیٹنا (۵) حرکت دینا ۔ ہلانا (۶) کپڑوں کے تار جدا جدا کر دینا ۔ پھاڑنا (۷) پھیلانا (۸) سودا پر دینا (۹) استعمال کرنا (۱۰) رخصت کرنا ۔ نکالنا ؛ **چلتا** (۱) جاری ۔ بہتا (۲) رواجی ۔ مروّج (۳) ہوشیار ۔ چالاک (۴) بھاگتا ہوا (۵) پُر اثر ۔ کارگر ؛ **چلتا پُرزہ** (ا) مذکر ۔ بہت چالاک اور فتنہ انگیز شخص ؛ **چلتا سماں** (ہ) مذکر ۔ بڑھاپے کا زمانہ ؛ **چلت پھرت** ۔ مؤنث (۱) چالاکی اور پھرتی (۲) حرکات (۳) رفتار (۴) گردش (۵) رقص ؛ **چلتی (ڈھلتی) پھرتی چھاؤں** ۔ مثل ۔ دنیا کی دولت ناپائدار اور جاہ و حشمت عارضی ہے ۔ کبھی اس کے پاس ہے کبھی اس کے پاس ؛ **چلتی کا نام گاڑی ہے** (ا) مثل ۔ جب تک کام چل رہا ہے ، اسی وقت تک نام رہتا ہے ؛ **چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا** (ہ) ہوتے ہوئے کام کو روکنا ؛ **چلتی ہوا سے لڑنا** (ا) (ع) خواہ مخواہ لڑائی کرنا ۔ بے حد بد مزاج ہونا ؛ **چلتے پھرتے نظر آؤ** ۔ رفو چکر ہو جاؤ ۔ رخصت ہو جاؤ ؛ **چلتے چور لنگوٹی لابھ** (ہ) مثل ۔ زیادہ نقصان ہونے پر جو کچھ بھی ہاتھ آئے ، غنیمت ہے ؛ **چلن** ۔ مذکر (۱) رفتار ۔ چال (۲) ڈھنگ ۔ طریقہ ۔ طور ۔ روش (۳) رسم ۔ ریت (۴) روپے پیسے کا دستور (۵) برتاؤ ۔ عادت (۶) کفایت شعاری ؛ **چلن ہار** (ا) فنا ہونے والا ۔ مرن ہار ۔ سرن جوگا ۔ رفتنی (۲) پابہ رکاب ۔ کوچ کو تیار ۔ مسافر ؛ **چلنا** (۱) جانا ۔ روانہ ہونا ۔ رخصت ہونا (۲) جنبش کرنا ۔ حرکت کرنا (۳) قبول عام ہونا ۔ رواج پانا (۴) سفر کرنا (۵) بہنا ۔ جاری ہونا (۶) بکنا ۔ نکلنا (۷) مسلنا ۔ پھٹنا (۸) نشہ ہونا (۹) مرنا ۔ انتقال کرنا (۱۰) لڑائی ہونا (۱۱) دھوکا دینا ۔ فریب دینا (۱۲) ترقی ہونا (۱۳) ذکر چھڑنا (۱۴) بندوق یا توپ چھوٹنا (۱۵) اثر ہونا ۔ کارگر ہونا

(۱۶) نوش ہونا ۔ پیا جانا ٭ **چلوانا** ۔ چلنا کا متعدی المتعدی ٭ **چلی چلی بی ماکھو آئیں** ۔ مثل (عو) (۱) بڑھتے بڑھتے بات یہاں تک پہنچ گئی (۲) لڑکوں کا ایک کھیل ٭ **چلے چلنا** (۱) برابر چلے جانا ۔ کہیں نہ ٹھہرنا (۲) جاری رکھنا (۳) کام کیے جانا ٭ **چلیے** (۱) جا بیٹھے (۲) ہمراہ آئیے (۳) بس ۔ اچھا ہوا (۴) چلو کی جگہ تعظیمی لفظ ٭

چل (چِل) (ہ) مؤنث ۔ چیخ ۔ چیخ پکار ۔ شور ٭ **چل پل** ۔ مؤنث (۱) پتلے کی چیخ (۲) بچوں کی گھبرائی ہوئی آواز ٭ **چلچلانا** (۱) شور کرنا ۔ چیخنا ۔ بے فائدہ شور و غوغا کرنا (۲) چیل کا بولنا ٭

چل (چِلّ) (ت) چہل کا مخفف ٭ **چلّہ** ۔ مذکر (۱) چالیس دن کا زمانہ (۲) چالیس روز کا عمل (۳) وہ مکان جس میں کسی بزرگ نے چلہ کشی کی ہو (۴) زچہ کا چالیسویں دن نہانا ٭

چُل (چُل) (ہ) مؤنث (۱) کھجلی ۔ خارش (۲) شہوت ۔ مستیٔ باہ ۔ کام دیو (۳) بے قراری ۔ بے کلی ٭ **چل اٹھنا** (۱) کھجلی ہونا (۲) شہوت ہونا ٭ **چلچلانا** (۱) کھجلانا (۲) جماع کرانے کو دل چاہنا ٭

چلّا (چِل ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ کمان کی تانت ٭ **چلّا چڑھانا** ۔ تیر کو تانت میں رکھنا ، تانت کو تان کر کمان کے اوپر لگانا ٭

چلّا (چِل ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) کلابتونی بنا ہوا پگڑی کا سرا ، جو اس کے اول اور آخر ہوتا ہے (۲) خمیری اور ملائم میٹھی روٹی ، جو آٹا پتلا کر کے کڑاہی میں تلی جاتی ہے ، پوڑا ٭

چلّانا (چِل ۔ لا ۔ نا) (ہ) (۱) پکارنا ۔ غل مچانا ۔ چیخنا (۲) فریاد کرنا ۔ رونا (۳) غصہ کرنا ٭

چُلاؤ (چُلا ۔ ءُ) (ف) مذکر ۔ نمکین خشکہ ۔ گوشت کے بغیر پلاؤ ٭

چلبلا (چُل ۔ بلا) (ہ) (۱) چالاک ۔ شوخ (۲) بے قرار ۔ بے آرام ۔ بے چین (۳) زندہ دل ، کھلاڑی ٭

چلپاسہ (چِل ۔ پا ۔ سہ) (ف) مؤنث (۱) چھپکلی (۲) گرگٹ ٭

چلپرا (چِل ۔ پرا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا رنگین پروں والا کبوتر ٭

چلتّر (چَلِت ۔ تَر) (ہ) مذکر ۔ مکر ۔ فریب ۔ چال ۔ چھل ٭ **چلتّر بازی** (ہ) مؤنث ۔ دغابازی ۔ فریب ۔ چالاکی ٭

چلتہ (چِل ۔ تہ) (ف) مذکر ۔ لڑائی کے وقت کی ایک قسم کی پوشاک ۔ زرہ بکتر ۔ جوشن ٭

چلچل (چِل ۔ چِل) (ہ) مؤنث ۔ ابرق ۔ ابرک ۔ ایک کانی جوہر ، جو عموماً بجری میں چمکتا ہوا نکلتا ہے ٭

چلچلاتا (چِل ۔ چِلا ۔ تا) (ہ) جلانے والا ۔ سخت گرم ٭ **چلچلاتی دھوپ** ۔ مؤنث ۔ نہایت تیز دھوپ ٭

چلڑ (چِل ۔ لَڑ) (ہ) مذکر ۔ (گنوار) چیلڑ کا مخفف ۔ جوں ۔ ڈینگر ۔ سپش ٭

چلغوزہ (چِل ۔ غو ۔ زہ) (ف) مذکر ۔ چیل یا صنوبر کے درخت کا پھل ۔ ایک قسم کا مشہور میوہ ، جو دماغ کو طاقت دیتا ہے ٭

چلک (چِلَک) (ہ) مؤنث ۔ جھلک ۔ چمک ۔ روشنی ۔ تاب ۔ تابش ٭ **چلکنا** ۔ چمکنا ۔ دمکنا ۔ روشن ہونا ٭

چلکا (چِل ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ روپیہ ۔ چاندی کا سکہ ٭

چِلَم (چِلَم) (ہ) } مؤنث ۔ آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف ، جسے حقے پر رکھ کر
چِلم (چِلِم) (ف) }

دم لگایا جاتا ہے ٭ **چلم** (چلموں) پر آگ رکھنا ٭ **چلمیں بھرنا** (ہ) (۱) حقہ پلانے کی خدمت کرنا ۔ چلمیں بھر بھر کر حقہ پلانا (۲) (طنزاً) گھٹیا خدمت گزار ہونا ٭

چلمچی (چِلَم ۔ چی) (ت) مؤنث ۔ ہاتھ دھونے کا برتن ۔ چلپچی ۔ سلفچی ٭

چلمن (چِل ۔ مَن) (ہ) مؤنث ۔ تیلیوں کا بنا ہوا پردہ ۔ چق ٭

چلنی (چِل ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ چھلنی ٭

چلّو (چُل ۔ لو) (ہ) مذکر (۱) ہتھیلی اس طرح بچی کی ہوئی کہ اس میں پانی لیا جا سکے (۲) چلو بھر پانی ٭ **چلو میں الو ہونا** ۔ ذرا سی تند شراب یا تیز بھنگ میں مدہوش ہو جانا ٭ **چلو میں سمندر نہ سمانا** ۔ کم حوصلہ آدمی سے بڑا کام انجام نہ پانا ۔ چھوٹے ظرف والے سے بڑے کام کا انصرام نہ ہونا ٭ **چلوؤں رونا** ۔ زار زار رونا ۔ بے حد رونا ٭ **چلوؤں لہو پینا** (عو) بہت ستانا ۔ بہت ڈرانا ۔ بہت مارنا ٭

چلوا (چَل ۔ وا) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی مچھلی ٭

چلوا (چِل ۔ وا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی جوں ٭

چلوانا (چِل ۔ وا ۔ نا) (ہ) چلّانا کا متعدی ٭

چلوانس (چِل ۔ وانس) (ہ) مؤنث (۱) چلاہٹ (۲) ام الصبیان کی بیماری میں بچے کی چلاہٹ ٭

چلھڑ (چِلھ ۔ لھڑ) (ہ) مؤنث ۔ جوں ٭

چلھوا (چِلھ ۔ وا) (ہ) مؤنث ۔ چیل کے بلانے کی آواز ٭

چلیپا (چَلی ۔ پا) (ف) مؤنث ۔ سولی ۔ دار ۔ صلیب ٭

چ ۔ م

چَم (چَم) (ہ) مذکر ۔ چام کا مخفف ۔ چمڑا ۔ چرم ٭ **چمار** ۔ مذکر (۱) چمڑا بنانے والا (۲) موچی ۔ چرم دوز ۔ چمڑا بیچنے یا جوتیاں سینے اور گانٹھنے والا (۳) نیچ ۔ سفلہ ۔ کمینہ ٭ **چمار چودس** ۔ مؤنث (۱) چماروں کی عید (۲) کم ظرفی کے باعث عارضی خوش حالی پر فخر کرنا ٭ **چماری** ۔ مؤنث (۱) چمار کی جورو (۲) چمار قوم کی عورت (۳) کنول کتے کا پھول ٭ **چمرخ** ۔ مؤنث (۱) چرخے یا مونج کی پتلی سی چیز ، جس کے اندر تکلا پھرتا ہے (۲) کمزور ۔ پتلا ۔ دبلا ٭ **چمرس** ۔ مذکر ۔ چمڑے کا زخم ۔ وہ زخم ، جو جوتی کے چمڑے سے پڑ جاتے ٭ **چمڑا** ۔ مذکر (۱) کھال ۔ ادھوڑی ۔ چرم (۲) نہ گلنے کے لائق ۔ سخت ٭ **چمڑی** ۔ مؤنث ۔ "چمڑا" کی تصغیر ۔ پوست ۔ کھال ٭ **چمڑی جائے دمڑی نہ جائے** ۔ مثل ۔ اس کنجوس کے متعلق کہتے ہیں ، جو پیسا دینے کے بجائے بدنی سزا بھگتنے کو تیار ہو ٭ **چموٹا** ۔ مذکر ۔ استرا صاف کرنے کے لیے چمڑے کا ٹکڑا ٭ **چموٹی** ۔ مؤنث ۔ چمڑا ، جو زنجیر کی رگڑ سے بچنے کے لیے قیدیوں کے پاؤں میں لگا دیا جاتا ہے ٭

چمانی (چَما ۔ نی) (ف) (۱) ناز سے چلنے والا (۲) ساقی ۔ شراب پلانے والا ٭

چمبرلین (چَم۔ بَرْ۔ لِیَنْ) (انگ Chamberlain) مذکر۔ کسی امیر یا بادشاہ کے امورِ خانہ داری کا منتظم ॰

چمبک (چَم۔ بَکْ) (س) مذکر (۱) کتاب کا خلاصہ (۲) خارج قسمت (۳) عالم و فاضل (۴) ترازو کا درمیانی حصہ (۵) دغاباز۔ بدمعاش ॰ چمبک پتھر (۹) مذکر (پورب) مقناطیس۔ آہن رُبا ॰

چمپا (چَم۔ پا) (ہ) مذکر۔ ایک پودا جس کا پھول سفیدی مائل زرد ہوتا ہے ॰ چمپا کلی۔ مؤنث۔ گلے کا ایک زیور جس کے دانے چمپا کے پھول جیسے ہوتے ہیں ॰ چمپئی۔ سونے یا چمپا کے رنگ کا۔ سنہری ॰

چمپت (چَم۔ پَتْ) (ہ) چھپا ہُوا ॰ چمپت ہونا۔ جلد چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ ہوا ہو جانا ॰

چمپو (چَم۔ پُوْ) (س) مؤنث (۱) ایک قسم کی تحریر جو نظم و نثر میں لکھی جائے (۲) (ہ) بڑی کشتی ॰

چمٹ (چِمَٹْ) (ہ) چمٹنا کا امر ॰ چمٹا (۱) چمٹنا سے ماضی مطلق (۲) چمٹانا کا امر ॰ چمٹانا (۱) چپکانا۔ چسپاں کرنا (۲) پیچھے لگانا (۳) لپٹانا ॰ چمٹنا (۱) چسپاں ہونا۔ چپکنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) لپٹنا ॰

چمٹا (چِم۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ آگ پکڑنے کا آلہ، دست پناہ ॰ چمٹی۔ مؤنث۔ چھوٹا چمٹا ॰

چمچ (چَم۔ مَچْ) (ہ) مؤنث (۱) بڑی چونچ والی سفید چڑیا (۲) (عوام) چمچہ ॰

چمچڑ (چَم۔ چَچْ۔ چَڑْ) (ہ) چچڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا ॰

چمچمانا (چَم۔ چَمَا۔ نَا) (ہ) (ہندو) چمکنا ॰ چمچماہٹ۔ مؤنث۔ چمک ॰

چمچہ (چَم۔ چَہْ) (ف) مذکر۔ شربت، شوربا یا کوئی اور رقیق چیز پینے کا ظرف۔ کفچہ۔ ڈوئی ॰ چمچی (۹) مؤنث۔ چھوٹا چمچہ۔ کتھا چونا لگانے کا چھوٹا سا آلہ ॰

چمک (چَمَکْ) (ہ) مؤنث (۱) روشنی۔ جھلک۔ بھڑک (۲) ترقی کرتا ہُوا درد (۳) چمکنا کا امر ॰ چمک پتھر۔ مذکر۔ مقناطیس۔ آہن رُبا ॰ چمک چاندنی (۹) مؤنث (عو) وہ عورت، جو اوباش وضع، نہایت زرق برق اور بنی ٹھنی رہتی ہو ॰ چمک دار۔ چمکیلا۔ جگمگاتا۔ منور۔ درخشاں ॰ چمک دمک (ہ) مؤنث (۱) جھلک (۲) زیب و زینت ॰ چمکار (مذکر) چمک۔ لمعہ۔ روشنی ॰ چمکانا (۱) صیقل کرنا۔ آب دینا (۲) بھڑکانا (۳) گھوڑے کو دوڑانا ॰ چمکنا (۱) کوندنا۔ روشنی دینا (۲) رونق پکڑنا (۳) نام پانا۔ مشہور ہونا (۴) جھلکنا۔ جگمگانا (۵) ڈرنا۔ بھڑکنا (۶) بلند ہونا (۷) زور پکڑنا۔ ترقی پر ہونا (۸) جھگڑا ہونا۔ لڑائی ہونا (۹) جھنجلانا۔ خفا ہونا (۱۰) گھوڑے کا خوب دوڑنا (۱۱) کثرت سے خرید و فروخت ہونا ॰ چمکوال۔ چمک والا۔ چمکتا ہوا۔ درخشاں۔ روشن ॰

چمکو (چَمَکْ۔ کُوْ) (ہ) (عو) (۱) بدکار، فاحشہ، چھنال (۲) چنچل۔ شوخ (۳) عیار (۴) جھگڑالو۔ لڑاکا ॰

چمکی (چَم۔ کِیْ) (ہ) مؤنث۔ جھوٹی مقیش۔ جھوٹا کام ॰

چمگادڑ (چَم۔ گا۔ دَڑْ) (ہ) مؤنث۔ اندھیرے کو پسند کرنے والا ایک پرندہ، جو عموماً چھتوں میں رہتا اور رات کو اڑتا ہے۔ شپّر۔ خفاش ॰ چمگادڑ کے گھر مہمان آئے، ہم بھی لٹکیں، تم بھی لٹکو (۹) مثل۔ جیسا میزبان ہوگا، ویسی ہی مہمان کی عزت ہوگی ॰

چمل۔ چملا۔ چملی (چَم۔ مَلْ، چَم۔ لَا، چَم۔ لِیْ) (ہ) مذکر، مؤنث۔ فقیروں اور غریبوں کا پیالہ ॰

چمن (چَمَنْ) (ف) مذکر (۱) وہ جگہ، جہاں سبزہ، پھول یا کوئی اور شے بوئی جائے۔ باغ کا قطعہ۔ چھوٹا کھیت۔ تختہ۔ سرسبز جگہ (۲) نہایت آباد شہر ॰

چمنی (چِم۔ نِیْ) (انگ۔ Chimney) مؤنث (۱) لیمپ پر لگانے کے لیے شیشے کی نالی (۲) لوہے کی نالی یا خالی مینار، جو کارخانوں میں دھواں نکلنے کی غرض سے لگا ہوتا ہے (۳) وہ سوراخ، جس سے انگیٹھی میں آگ جلنے سے دھواں نکلتا ہے ॰

چموّرانی (چَم۔ مُوْ۔ رَا۔ نِیْ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا کھیل ॰

چمیگوئیاں (چِمے۔ گو۔ ئِیاں) (۹) مؤنث ”چہ می گوئی“ کا مخفف اور جمع (۱) گپ شپ۔ رائے زنی۔ باتیں (۲) شوخیاں (رہنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ॰

چ۔ ن

چُن (چُنْ) (ہ) چننا کا امر ॰ چُن چُن کر۔ چھانٹ کر۔ انتخاب کر کے ॰ چُن چُن کے نام رکھنا (۹) ہر بات پر طعنہ دینا۔ بات بات پر بُرا کہنا ॰ چناؤ۔ مذکر۔ دیکھیے ”چنائی“ ۱ تا ۳ ॰ چُنائی۔ مؤنث (۱) اینٹ پتھر وغیرہ اکٹھے رکھنا (۲) دیوار بنانا (۳) پتھروں وغیرہ سے کوئی سوراخ بھرنا (۴) چننے کی مزدوری ॰ چُننا (۱) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا (۲) انتخاب کرنا۔ پسند کرنا (۳) دیوار بنانا۔ عمارت اٹھانا (۴) سلیقے سے رکھنا۔ ترتیب دینا (۵) دانہ اٹھانا۔ چگنا (۶) کپڑے میں چُنٹ ڈالنا (۷) بننا۔ پھٹکنا ॰ چُنیدہ۔ چُنا ہوا۔ اچھے سے اچھا۔ منتخب۔ چیدہ ॰ چُنواں (عو) دیکھیے ”چنیدہ“ ॰ چُنوانا۔ سمٹوانا۔ اکٹھا کرنا۔ بنوانا ॰ چُنوائی۔ مؤنث (۱) چنوانے کی مزدوری (۲) معماروں کی تنخواہ یا مزدوری (۳) عمارت کے بنانے کی قیمت ॰

چَنا (چَنَا) (ہ) مذکر۔ نخود۔ بوٹ ॰ چنے کا مارا مرنا۔ ذرا سی چوٹ سے مرنا ॰ چنے کے ساتھ گھن بھی پس گیا۔ مثل۔ مجرم کے ساتھ بے جرم کی بھی شامت آگئی ॰

چَنار (ف) مذکر۔ ایک بہت بڑا درخت، جس کی پتیاں سُرخ، سبز اور انسان کے پنجے جیسی ہوتی ہیں۔ بیشتر اس میں خود بخود آگ بھی لگ جاتی ہے ॰

چُنامُنا (ہ) مذکر (بچوں کی زبان) بہت چھوٹا ॰

چناں چنیں (چُناں چُنِیں)
چنان و چنیں (چُنَاں۔ وُ۔ چُنِیں) } (ف) مؤنث (۱) ایسا ویسا۔ اِس طرح اُس طرح (۲) لغت تراشی۔ لسانی (۳) عیب۔ نقص۔ نکتہ چینی (۴) بحثا بحثی۔ چرچا ॰

چنانچہ (چُنَاں۔ چِہْ) (ف) جیسا کہ۔ مثلاً۔ اِس طور سے۔ اِس طرح ॰

چنبر (چَم۔ بَرْ) (ف) مذکر (۱) گھیرا۔ حلقہ۔ سرپوش (۲) چلم کا سرپوش یا ڈھکنا (۳) گردن کی ہنسلی ॰

چنبک (چَم۔ بَکْ) (ف) مذکر۔ مقناطیس ॰

چنبل (چَم۔ بَلْ) (ف) مذکر (۱) بھیک کا پیالہ۔ کاسۂ گدائی (۲) حقے کا سرپوش (۳) دریائے جمنا

میں گرنے والی ایک ندی ، چنبل ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "چمل"۔

چنبیلی (چَنبے۔لی) (ہ) مؤنث ۔ زرد اور سفید دو رنگ کا ایک مشہور پھول ، **چنبیلی چاؤ میں آئی تیل منہ لگی لونڈی سر چڑھی** ، **چنبیلی چاؤ میں آئی، لڑکے بالے ساتھ لائی** ۔ مثل ۔ منہ لگایا ، کمینہ سر چڑھا۔

چُنَت (چُنَت) (ہ) مؤنث ۔ کپڑے وغیرہ کی چین ۔ سلوٹ ،

چنتا (چِن۔تا) (ہ) مؤنث (ہندو) فکر ۔ اندیشہ ۔ خطرہ ۔ خوف ۔ ڈر ،

چنچر (چَن۔چَر) (ہ) مؤنث (۱) وہ زمین ، جو حال میں زراعت سے باہر کی گئی ہو (۲) وہ زمین جس میں دوسرے سال زراعت کی گئی ہو ،

چنچل (چَن۔چَل) (ہ) شوخ ۔ نچلا نہ بیٹھنے والا ۔ بے چین ۔ چست و چالاک ۔ گرم ،

چنچنا (چِن۔چِنا) (ہ) بات بات پر بگڑنے والا ۔ چڑچڑا ۔ بدمزاج ، **چنچنانا** بگڑنا ۔ چیں چیں کرنا ۔ بچے کا رونا ،

چنچنے (چُن۔چُنے) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "چُرنے"،

چند (چَند) (ف) کس قدر ۔ کتنے ۔ کچھ ۔ محدود ۔ قلیل ، **چند بار** (۱) کئی مرتبہ ۔ کئی بار ، **چند روزہ** ۔ عارضی ۔ فانی ۔ بے ثبات ۔ ناپائدار ، **چنداں** ۔ ایسی ۔ اتنی ۔ اس قدر ، **چندے** (۱) کچھ دیر (۲) کچھ روز (۳) کچھ ، **چندے آفتاب چندے ماہتاب** (۱) (عو) حسن و جمال میں سورج اور چاند کے برابر ،

چندا (چَن۔دا) (ہ) مذکر (۱) چاند ۔ مہتاب (۲) مور کی دُم کا چاند ، **چندا ماموں** ۔ مذکر ۔ بچے چاند کو کہتے ہیں ،

چندر (چَن۔دَر) (س) مذکر ۔ چاند ۔ ماہ ۔ ماہتاب ، **چندر بنسی** (ہ) مذکر ۔ ایک مشہور خاندان جس میں پانڈو اور کورو ہوتے ہیں ، **چندر کلا** ۔ مذکر ۔ چاند کے قطر کا سولھواں حصہ ، **چندر ریا** ۔ مذکر ۔ چاند ۔ ماہ ۔ مہتاب ، **چندر ہار** ۔ مذکر ۔ گلے کا ایک زیور ،

چندرا (چَند۔را) (ہ) مذکر ۔ وہ شخص جس کی کھوپڑی پر بال نہ ہوں ،

چندرانا (چَند۔را۔نا) (ہ) (۱) ٹکرانا ۔ جھٹلانا (۲) تجاہل عارفانہ کرنا ۔ جان بوجھ کر کوئی بات پوچھنا ،

چندراولی (چَند۔را۔وَلی) (ہ) مؤنث (۱) ایک یوگنی (۲) کرشن جی کی ایک گوپی (۳) ایک مشہور ناٹک (۴) مذکر ۔ دہلی کے قریب ایک قصبہ ،

چندن (چَن۔دَن) (س) مذکر (۱) صندل کی لکڑی (۲) صندل کا درخت ، **چندن کی چٹکی بھلی ، گاڑی بھر انہ کا کھٹ** (ہ) ذرا سا صندل گاڑی بھر ایندھن سے بہتر ہے ، تھوڑی عمدہ چیز زیادہ خراب چیز سے اچھی ہے ،

چندوا (چَند۔وا) (ہ) مذکر ۔ ٹوپی کے اوپر کا حصہ ۔ گول ٹوپی کے اوپر کا گردہ ،

چندہ (چَن۔دہ) (ف) مذکر (۱) حصہ ۔ بانٹ (۲) مختلف آدمیوں سے لے کر کسی کام کے لیے جمع کیا ہوا روپیہ ،

چندھا (چُن۔دھا) (ہ) بہت چھوٹی آنکھوں والا جو روشنی نہ دیکھ سکے ۔ سبل کی بیماری والا ۔ شپرہ چشم ، **چندھیانا** (۱) تیز روشنی کے باعث آنکھیں جھپکنا (۲) آنکھوں کی کمزوری کے باعث کم نظر آنا (۳) حیرت زدہ ہونا (۴) گھبرا جانا ،

چنڈی (چَن۔ڈی) (ہ) مؤنث ۔ چیتھڑا ۔ پرزہ ۔ چھوٹا ٹکڑا ۔ حصہ ۔ بھاگ ،

چندیا (چَند۔یا) (ہ) مؤنث (عو) (۱) کھوپڑی ۔ سر (۲) بچے ہونے کے وقت کی کمیا ۔ چھوٹی سی روٹی (۳) [illegible] جو روٹی بڑھانے وقت بیچ میں رہ جاتی ہے ، **چندیا پر بال نہ چھوڑنا** (عو) لوٹ کر کھا جانا ۔ کچھ پاس نہ چھوڑنا ۔ مفلس کر دینا ، **چندیا سے پرے سرک** (عو) سر سے اوپر [illegible] کھڑا ہو ۔ پاس سے ہٹ ، **چندیا کھجانا** (عو) (۱) سر کھجانا (۲) جوتیاں کھانے کو جی چاہنا ، **چندیا مونڈنا** (۱) سر مونڈنا (۲) لوٹ کر کھانا (۳) سخت [illegible] ،

چنڈال (چَن۔ڈال) (ہ) مذکر (۱) ادنیٰ ذات کا آدمی ۔ کمینہ ۔ [illegible] (۲) بدبخت ۔ بدنصیب (۳) کنجوس ۔ بخیل ۔ ممسک ، **چنڈال بال** ۔ مذکر ۔ ایک لمبا بال جو ماتھے پر نکل آتا اور منحوس سمجھا جاتا ہے ، **چنڈالنی** ۔ مؤنث (۱) مغلی کمینی (۲) [illegible] ،

چنڈاول (چَن۔ڈا۔ول) (ہ) مذکر (۱) فوج کا آخری [illegible] (۲) پاسبان ۔ چوبدار ۔ [illegible] ،

چنڈو (چَن۔ڈو) (ہ) مذکر ۔ ایک نشے والی چیز جو افیون سے بنائی [illegible] پی جاتی ہے ،

چنڈول (چَن۔ڈول) (ہ) مذکر (۱) چڑیا سے بڑا ایک خوش [illegible] (۲) بے ڈھنگا اور بدشکل آدمی (۳) ایک قسم کی پالکی ۔ [illegible] کھلونا ،

چُنری (چُن۔ری) (ہ) مؤنث (۱) رنگ برنگ کا دوپٹا (۲) کپڑا [illegible] چنکی ،

چنک (چَنک) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی ٹیس ، جو گرمیوں میں نکلتی ہے (۲) [illegible] کمر کا جھٹکا ،

چنگ (چَنگ) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا کنکوا ، جو رات کو غبارے کی طرح [illegible] گنبد روشن کر کے اُڑایا جاتا ہے (۲) گنجفے کی ایک بازی (۳) [illegible] بیماری جس میں پیشاب تکلیف سے آتا ہے ۔ مثانے کی سوزش ،

چنگ (چَنگ) (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا باجا ،

چنگا (چَنگ۔گا) (ہ) (۱) تندرست ۔ اچھا (۲) طاقت ور ۔ سور ، **چنگا ہے مگر ننگا** (۱) مثل ۔ توفیق والا تو ہے مگر نہایت کفایت شعار ہے ،

چنگاری (چِنگ۔گا۔ری) (ہ) مؤنث (۱) آگ کا شرارہ (۲) غصہ اور رنج دلانے والی بات ، **چنگاری ڈالنا** (۱) آگ لگانا (۲) جھگڑا اٹھانا ۔ فساد کرنا ، **چنگاریاں چھوٹنا** (۱) آگ کی لپٹیں اٹھنا ۔ آگ کے شرارے نکلنا (۲) کمال جلال اور غضب کا ظاہر ہونا [illegible]

چنگال (چَنگ۔گال) (ف) مذکر ۔ شکاری پرندوں اور درندوں کا پنجہ ،

چنگل (چَنگ۔گل) (ف) مذکر (۱) آدمی یا جانور کا پنجہ (۲) ہاتھ ۔ مٹھی ،

چنگنا (چِنگ۔نا) (ہ) مذکر ۔ چوزہ ۔ مرغی کا بچہ ،

چنگنا (چِنگ۔نا) (ہ) (ہندو) ناراض ہونا ،

چنگھاڑ (چِنگ۔گھاڑ) (ہ) مؤنث (۱) ہاتھی کی آواز (۲) فریاد و فغاں کی [illegible] شور غل ، **چنگھاڑ مارنا** ۔ ہاتھی یا دیو کا چیخنا ۔ ڈراؤنی آواز نکالنا ، **چنگھاڑنا** (۱) ہاتھی کا چنگھاڑنا (۲) شیر کا دھاڑنا (۳) مور کا بولنا ،

چنگھوٹیاں (چنگ گھوٹیاں) (ہ) مؤنث۔ بچوں یا نئے سیکھنے والوں کے ٹیڑھے حروف ؞
چنگی (چُنگ۔ گی) (ہ) مؤنث (۱) چٹکی بھر (۲) شہری محصول، جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا ہے۔ ٹیکس ؞
چنگیر (چنگ۔ گیر) (ہ) مؤنث (۱) پھول رکھنے کا برتن یا ٹوکری (۲) خوان کا سرپوش ؞
چنگیری۔ مؤنث۔ روٹیاں رکھنے کی ٹوکری ؞
چننگ (چننگ) (ہ) مؤنث۔ پیشاب کی سوزش ؞
چنوٹی (چنوٹ۔ ٹی) (ہ) مؤنث۔ پان کا چونا رکھنے کا برتن ؞
چنور (چنور) (ہ) مذکر۔ بالوں کا گچھا، جس سے مکھیاں اڑائی جاتی ہیں۔ چونری۔ مورچھل ؞
چنی (چن۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) سرخ چھوٹا نگ۔ یاقوت کا ریزہ۔ لالڑی (۲) مذکر۔ ایک چھوٹا کیڑا ؞
چنی منی (چن۔ نی، من۔ نی) (ہ) مؤنث (بچوں کی زبان) بہت چھوٹی ؞
چنیا (چن۔ یا) (ہ) (۱) چھوٹی۔ ذرا سی (۲) نوجوان۔ بچہ (۳) چھوٹی بطخ نُما ؞ **چنیا بطخ**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی چھوٹی بطخ ؞ **چنیا بیگم** (۱) مؤنث۔ افیون ؞ **چنیا گوند**۔ مذکر۔ ڈھاک کا گوند ؞
چنیں (چنیں) (ف) (۱) ایسا۔ اس طرح کا (۲) ایسے۔ اس طرح ؞

چ - و

چو (چو) (ہ) چار۔ چہار۔ اربع ؞ **چوبا**۔ مذکر۔ چار ویدوں کا عالم برہمن۔ متھرا کے برہمنوں کا ایک فرقہ، جو بہت سا کھانا کھانے میں مشہور ہے ؞ **چوبارا**۔ مذکر۔ مکان کے اوپر کا وہ کمرہ، جس کے چار دروازے یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوتی ہیں ؞ **چوبائی**۔ مؤنث۔ چوطرفی ہوا۔ چاروں طرف کی ہوا ؞ **چوبائی ہوا چلا دو** (۱) مثل۔ نہایت دانائی اور عیاری سے کوئی حیرت انگیز تدبیر کر کے کامیاب ہو جاؤ ؞ **چوبچہ**۔ مذکر (چاہ بچہ) گندے پانی کا گڑھا۔ چھوٹا حوض ؞ **چوبرسی** (ہ) مؤنث۔ مُردے کی ایک رسم، جو چار سال بعد اکثر ہندوؤں میں ادا کی جاتی ہے ؞ **چوبغلا** (۱) مذکر (۱) چُغے، انگرکھے وغیرہ کی بغل کے نیچے کا حصہ (۲) ایک قسم کا چُغہ، جو بغلوں کے نیچے سے کھلا نہ ہو ؞ **چوبندی**۔ مؤنث (۱) نعل بندی (۲) محصول۔ خراج ؞ **چوبولا** (ہ) مذکر۔ ہندی کا گیت، چار مصرعوں کا گیت ؞ **چوبیس**۔ چار اوپر بیس۔ بست و چہار۔ ۲۴ ؞ **چوبیسا**۔ مذکر (۱) چوبیس گاؤں کا پرگنہ (۲) ایک قسم کا جنتر یعنی تعویذ۔ چوبیس کا نقش ؞ **چوپال**۔ مؤنث۔ بیٹھک۔ نشست گاہ۔ پنچایتی مکان، جس میں پنچ مل کر بیٹھتے یا مسافر ٹھہرتے ہیں ؞ **چوپالا**۔ مذکر۔ دیکھیے "چوپہلا" ؞ **چوپائی** یا **چوپئی**۔ مؤنث۔ چار مصرعوں کی نظم۔ رباعی ؞ **چوپایہ** (ف) مذکر۔ چار پاؤں کا جانور۔ گدھا۔ بیل وغیرہ ؞ **چوپٹ** (ہ) (۱) چار دروازے کھلے ہوئے۔ کھلا ہوا۔ فراخ (۲) اندھا۔ نابینا (۳) بالکل جاہل (۴) ویران برباد۔ تباہ ؞ **چوپٹ کرنا**۔ غارت کرنا۔ لوٹنا۔ ویران کرنا۔ اجاڑنا ؞
چوپڑ۔ مؤنث (۱) چوسر۔ نرد بازی۔ پچیسی (۲) چوسر کی بساط، جو چار سر اور چار گوشہ ہوتی ہے۔ چوسر کا کپڑا جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں ؞ **چوپڑ کا بازار** (۱) مذکر۔ چار راستوں کا بازار۔ وہ بازار جس کے چاروں طرف دکانیں ہوں۔ چارسو۔ چار بازار ؞ **چوپہرا**۔ چار پہرے کا۔ چار پہروں میں۔ چار پہروں کے لیے ؞ **چوپہل** (ہ) (۱) چار پہلو کی۔ مربع (۲) چوڑی اینٹ ؞ **چوپہلا**۔ مذکر۔ ایک قسم کا ڈولا۔ میانہ ؞ **چوپھلا**۔ چار پھل کا۔ وہ چاقو جس میں چار کارد ہوں ؞ **چوپھیر**۔ چاروں طرف۔ اردگرد ؞ **چوپہیہ** (۱) چار پہیوں کا (۲) مؤنث۔ ایک قسم کی گاڑی ؞ **چوتارا** (ہ) مذکر (۱) چار تار کا بنا ہوا کپڑا (۲) ایک قسم کا باجا ؞ **چوتالا** (ہ) مذکر۔ طبلہ بجانے کا طریقہ ؞ **چوتھ**۔ مؤنث (۱) چوتھا حصہ (۲) ہر پاکھ کی چوتھی تاریخ (۳) ایک قسم کا خراج، جو مرہٹے لیتے تھے (۴) چہار یک۔ ربع۔ (۵) سرکاری مال گزاری کا چوتھا حصہ ؞ **چوتھا** (۱) چہارم۔ رابع (۲) (ہندو) میت کے چوتھے یا تیسرے دن کی رسم رسوم۔ تیجا۔ ٹھاؤنی ؞ **چوتھائی**۔ مؤنث۔ چہارم۔ چوتھا حصہ۔ رُبع ؞ **چوتہی**۔ مؤنث۔ ایک قسم کا سوتی بستر، جو چار تہ کر کے بچھایا جاتا ہے ؞ **چوتھی**۔ مؤنث (۱) چوتھا کی تانیث (۲) بیاہ کی ایک رسم، جو ساچق کے چوتھے دن منائی جاتی ہے ؞ **چوتھی کھیلنا**۔ چوتھی کے دن دلہن کے گھر جا کر چھڑیوں، سبز ترکاریوں اور میووں سے لڑنا۔ ان چیزوں کو ایک کا دوسرے پر پھینکنا ؞ **چوتھے پانچویں**۔ بھولے چوکے کبھی کبھی۔ گاہ بگاہ ؞ **چوتھیا**۔ مذکر (۱) چوتھے دن کا بخار (۲) زمیندار۔ نمبردار ؞ **چوچند** (۱) چوگنا۔ چار چند ؞ **چوڈالی** (ہ) مؤنث۔ کان کا ایک زیور، جس میں موتی کے چار دانے لگے ہوتے ہیں ؞ **چودس**۔ مؤنث۔ چاند کی چودھویں تاریخ۔ ہندی مہینے کے ہر پاکھ کی چودھویں تاریخ ؞ **چودہ**۔ چار اوپر دس۔ چہاردہ۔ ۱۴ ؞ **چودہ بدیا**۔ مؤنث۔ چودہ علم یعنی چار وید، چھ ویدانگ۔ دھرم۔ میمانسا۔ نیائے۔ پران ؞ **چودہ بدیا ندھان**۔ مذکر (۱) چودہ علموں کا عالم۔ بڑا بھاری فاضل (۲) تجربہ کار۔ پختہ کار ؞ **چودہ خانوادے** (ف) مذکر۔ سلسلہ، زہاد کے چودہ خاندان، جو چار پیروں کے سلسلے سے نکلے ہیں ؞ **چودھواں** (ہ) چودہ سے نسبت رکھنے والا۔ چودھویں نمبر کا ؞ **چودھویں رات**۔ مؤنث۔ چاند کی وہ رات جس میں چاند پورا ہو جاتا ہے۔ شب چاردہم ؞ **چودھویں رات کا چاند**۔ مذکر (۱) پورن ماشی کا چاند۔ ماہ کامل۔ بدر ؞ **چوراسی** (۱) چار اوپر اسی۔ ہشتاد و چہار۔ ۸۴ (۲) مذکر۔ ایک قسم کا زیور۔ جھانجن (۳) گھنگروؤں کا ہار، جو بیلوں کی گردن میں ڈالا جاتا ہے ؞ **چوراسیا** (۱) چوراسی برس کا۔ ہشتاد و چہار سالہ (۲) مذکر۔ برہمنوں کی ایک قوم ؞ **چورانوے**۔ **چورانویں**۔ چار اوپر نوے۔ چھ کم سو۔ نود و چہار۔ ۹۴ ؞ **چوراہا**۔ مذکر۔ وہ جگہ، جہاں سے چاروں طرف ایک ایک راستہ جاتا ہو ؞ **چورس**۔ چوکور۔ مربع۔ مسطح۔ ہموار اور چوکون ؞ **چورسانا**۔ ہموار کرنا۔ مربع بنانا۔ چوکور کرنا۔ صاف کرنا ؞ **چورسائی**۔ مؤنث۔ برابری۔ ہمواری۔ برابر ہونا ؞ **چورنگ** (ف) مذکر (۱) وہ چیز، جس پر تلوار کا ہاتھ صاف کیا جائے (۲) تلوار کا ہاتھ۔ تلوار کا وار (۳) ایک وار میں تلوار سے چار ٹکڑے کرنا ؞ **چورنگ کاٹنا**۔ تلوار کے ایک ہاتھ میں چار ٹکڑے کرنا۔ تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؞ **چوسٹھ**۔ یا **چونسٹھ** (ہ) چار اوپر ساٹھ۔ شصت و چہار۔ ۶۴ ؞ **چوسر**۔ مؤنث (۱) پچیسی۔ نرد بازی (۲) بساط، جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں ؞ **چوسرباز** (ف) مذکر۔ چوسر کا کھلاڑی۔ نرد باز ؞ **چوک** (ہ) مذکر (۱) مربع میدان (۲) صحن۔ انگنائی (۳) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں (۴) (گو) سامنے

کے چار دانتوں کی لڑی • چوکا - مذکر (۱) اگلے چار دانتوں کی لڑی (۲) مربع پتھر - سنگ مرمر کی مربع سِل (۳) ہندووؤں کے رسوئی پکانے اور کھانے کا مقام (۴) چار یکساں چیزیں جو باہم پیوستہ اور برابر کی ہوں (۵) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس سے مکان کا فرش بنایا جاتا ہے (۶) ایک قسم کا برتن (۷) ایک پیمانہ • چوکڑی - مؤنث (۱) ہرن کی قلانچ - چھلانگ، زقند (۲) چار گھوڑوں کی بگھی (۳) ایک زیور (۴) حد - حدبست • چوکڑی بھرنا - ہرن کا قلانچیں مارنا - چھلانگ مارنا - اڑنا • چوکڑی بھول جانا - بپتا جانا - گھبرا جانا - ہوش نہ رہنا • چوکس (۱) چوکنا - خبردار - ہوشیار (۲) تول میں پورا - ٹھیک (۳) حوالہ - سپرد • چوکس رہنا - ہوشیار رہنا - خبردار رہنا - نگہبان رہنا • چوکسی - مؤنث - چوکیداری - خبرداری - پاسبانی - احتیاط • چوکنا - خبردار - ہوشیار - باخبر - بیدار مغز - دوراندیش • چوکور (۱) چورس - مربع (۲) (ظرافتاً) نہایت موٹا آدمی • چوکھاٹ (ع) طاقت ور • چوکھٹ - مؤنث - دروازے کی چار لکڑیاں جن میں پٹ لگائے جاتے ہیں • چوکھٹ نہ جھانکنا - کبھی نہ آنا - کسی کے گھر نہ جانا • چوکھٹا - مذکر - وہ چار لکڑیاں جن میں آئینہ جڑا جاتا ہے - آئینے کا گھر - ڈھانچا - تصویر یا قطعے وغیرہ کا فریم • چوکھونٹ - مذکر (۱) چاروں طرف (۲) عالم - دنیا (۳) ہر سمت - ہر طرف • چوکھونٹا (ہ) مربع - چار پہلو - چار گوشہ • چوگڈا - مذکر (۱) چار گاؤں کی حدیں ملنے کا مقام (۲) چار کنکوؤں کا گٹھا • چوگڈی - مؤنث - بانس کی پتلی چھڑیوں کا آلہ جس سے بلبل وغیرہ پکڑتے ہیں • چوگرد (۱) چاروں طرف - گرداگرد • چوگلا - مذکر - چار پنکھڑیوں کا پھول • چوگنا (ہ) چار چند • چوگوشیا (۱) مؤنث - چار گوشے کی ٹوپی (۲) مذکر - ترکی گھوڑا • چوگھڑا - مذکر (۱) چار خانوں والا سونے یا چاندی یا تانبے وغیرہ کا بکس (۲) بچوں کے کھیلنے کا ایک بکس (۳) ساچق کی آرائش کی وہ تھلیاں، جو ایک تختے پر چار چار میوے وغیرہ سے بھری ہوئی رکھی جاتی ہیں (۴) الائچی • چوماسہ - مذکر - برسات کے چار مہینے - برسات - برکھا • چومکھ - مؤنث - چار بتی کا چراغ - وہ چراغ جس کے چاروں طرف بتیاں روشن کی جائیں • چومکھا (۱) چار منہ کا (۲) مذکر - چار بتی کا چراغ (۳) پٹابازی کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اس طرح پھرایا جاتا ہے کہ کسی طرف سے حریف قابو نہ پا سکے (۴) بنکیٹ باز جو اکیلا چار کو جواب دے • چومکھی - مؤنث (۱) ہندوؤں کی ایک دیوی (۲) ایک درخت کا بیج • چومنزلا - (ہ) مذکر - چار منزل کا مکان - وہ اونچا مکان جس کے اوپر تک چار درجے ہوں • چومیخا - مؤنث - ایک قسم کی قدیم سزا جس میں میخیں گاڑ کر مجرم کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے ان کے ساتھ باندھ دیئے جاتے تھے (کر دینا، کرنا، ہونا کے ساتھ) • چوَن (ہ) چار اوپر پچاس - پنجاہ و چہار - ۵۴ • چونتیس (ہ) چار اوپر تیس - سی و چہار - ۳۴ • چونّی - مؤنث (۱) روپے کا چوتھا حصہ - چار آنے - چاندی یا نکل کا سکہ، جو چوتھائی روپے میں چلے • چوہتر - چار اوپر ستر - ہفتاد و چہار - ۷۴ • چوہٹا - مذکر (۱) چوک - وہ بازار جس کے چاروں طرف راستہ ہو (۲) وہ جگہ جہاں چار دکانیں ہوں • چوہرا - مذکر - چار تہ کا •

چُوا (چُوا) (ہ) مذکر (ہندی) (۱) خوشبو کی چیز (۲) پانی کی سوت (۳) بھیگی دال کا چھلکا •

چُوانا (چُوا-نا) (ہ) ٹپکانا - نچوڑنا • چُواؤ - مذکر - ٹپکاؤ - رساؤ - چکیدگی •

چوب (چُوب) (ف) مؤنث (۱) لکڑی - سونٹا - کندہ (۲) آنکھ کی چوٹ (۳) شامیانے یا ڈیرے کی لکڑی (۴) باجا بجانے کی لکڑی • چوب چینی (ہ) مؤنث - ایک مشہور دوا - گل عباسی کی جڑ • چوبدار (ف) مذکر - عصابردار جس کے ہاتھ میں سونے چاندی سے منڈھا ہوا عصا ہوتا ہے - شاہی درباروں کا نقیب • چوب دستی - مؤنث - ہاتھ کی لکڑی - چھڑی • چوبی - لکڑی کا بنا ہوا • چوبی دار نقش و نگار - مذکر - لکڑی پر کھدے ہوئے بیل بوٹے • چوبیں - لکڑی کا •

چوبا (چَو-با) (ہ) مذکر (۱) کیل - کھونٹا - میخ (۲) (پنجابی) ایک قسم کے میٹھے چاول •

چوبے گئے تھے چھبے ہونے، دوبے ہی رہ گئے - (ہ) مثل - وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی شخص فائدے کی امید پر کہیں جائے لیکن الٹا گرہ کا بھی کھو آئے •

چوپان (چَو-پان) (ف) مذکر - گڈریا - چرواہا • چوپانی - مؤنث - چرواہے کا کام •

چوت (چُوت) (ہ) مؤنث - عورت کی شرمگاہ - فرج • چوت مرانی - مؤنث - گالی - کس مرانی - قحبہ - فاحشہ • چُوتیا - مذکر - بے وقوف - احمق - گاؤدی •

چوترہ (چَوت-رَہ) (ف) دیکھیے چبوترا •

چُوتڑ (چُوت-تڑ) (ہ) مذکر - کولا - پٹھا - سرین • چُوتڑ بجانا - بغلیں بجانا - خوش ہونا • چُوتڑ دکھانا - بے شرمی سے بھاگنا - پیٹھ دکھانا • چُوتڑوں کا لہو مرنا - چُوتڑوں کے خون کی حرکت مٹ کر ایسا ہو جانا کہ بیٹھنے کے بعد اٹھنے کو جی نہ چاہے - جم کر بیٹھنے کے قابل ہونا •

چوٹ (چوٹ) (ہ) مؤنث (۱) ضرب - مار - تکلیف - دکھ (۲) حملہ - وار (۳) طعن - تشنیع (۴) عشق و محبت کا صدمہ (۵) آندہ - خواہش (۶) مقابل - جوڑ (۷) چال - گھات - داؤ (۸) ضرر - نقصان • چوٹ آنا (۱) ضرب آنا - صدمہ پہنچنا (۲) طعنہ مارا جانا - آوازہ کسا جانا • چوٹ بچانا - ضرب خالی دینا - حریف کی ضرب سے بچنا • چوٹ پھیٹ یا چوٹ چپیٹ - مؤنث - ضرب - زخم - صدمہ • چوٹ چلنا (۱) حملہ ہونا - وار چلنا (۲) طنز کیا جانا - آوازہ کسا جانا (۳) داؤں کرنا - دو حریفوں کا لڑنا • چوٹ خالی جانا - وار خالی جانا - نشانہ چوکنا • چوٹ کرنا (۱) ضرب پہنچانا - ڈسنا - کاٹنا (۲) وار کرنا - حملہ کرنا - دھوکا دینا (۳) طنز کرنا - طعنہ دینا • چوٹ لگنا (۱) درد ہونا - صدمہ پہنچنا (۲) عشق ہونا (۳) پھانس لگنا •

چوٹا (چوٹ-ٹا) (ہ) مذکر - چور - دزد - اچکا - اٹھائی گیرا • چوٹی - نظر بچا کر مال چرا لینے والی عورت - گٹھ کتری • چوٹی کتیا جلیبیوں کی رکھوالی - مثل - خیانت کار کا کسی دیانت داری کے کام پر مقرر ہونا •

چوٹی (چوٹ-ٹی) (ہ) مؤنث (۱) سر کے بال، جو ہندو سر منڈنے پر درمیان میں چھوڑ دیتے ہیں (۲) عورتوں کے گندھے ہوئے بال - جوڑا (۳) وہ بال، جو بچوں کے سر پر بطور نذر رکھے جاتے ہیں (۴) وہ بال، جو بعض مسلمان فقیر سر پر ایک طرف لمبے چھوڑ دیتے ہیں (۵) جوڑا - چونڈا (۶) پرندوں کے سر پر ابھرے ہوئے بال - کلغی (۷) پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ - قلۂ کوہ (۸) (ع) استاد - سرغنہ - بڑا - سردار (۹) بلند - اونچا (۱۰) منتخب، عمدہ، چیدہ • چوٹی رکھنا - منت کے بال سر پر چھوڑنا • چوٹی کا - اول درجے کا - چنا ہوا - چیدہ - عمدہ • چوٹی کٹ - مذکر - جو شخص بلا چوٹی ہو - غلام • چوٹی کرنا یا - گوندھنا یا کنگھی چوٹی کرنا - بال سنوارنا - بال گوندھنا • چوٹی والا - بلا - سایہ - ہمزاد - بھوت •

چوچڑ (چَو۔ چَڑ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) مودھو - بے وقوف (۲) کم دودھ دینے والی گھسے ؃

چوچلا - چونچلا (چَو نچ ۔لا ، چُونچ ۔لا) (ہ) مذکر - پیار - لاڈ - نخرا - ناز ؃ چوچل ہائی ۔ مؤنث - نازک مزاج - نخرے والی ؃ چوچل ہایا - مذکر (عو) نخریلو - لاڈلا ؃

چوچی (چُو - چی) (ہ) مؤنث (۱) پستان (۲) پستان کا سرا - بھٹنی ؃

چودنا (چَوْد - نا) (ہ) ہم بستر ہونا - مجامعت کرنا - جماع کرنا ؃

چودھر (چَو - دَھر) (ہ) مؤنث - اسلامی حکومت کا ایک عہدہ - چودھری کا عہدہ - چودھری کا اختیار - چودھری کا درجہ، منصب یا رتبہ ؃ چودھرات - چودھرایت - مؤنث - چودھری کا عہدہ - نمبرداری - سرداری - چودھری پنے کا حق یا جنس ؃ چودھری - مذکر (۱) میر محلہ - گاؤں کا سردار - نمبردار - ہم پیشہ لوگوں کا سرگروہ (۲) بنگال کے زمینداروں کا ایک خطاب ؃

چور (چَوْر) (ہ) مذکر (۱) دزد - چوٹا (۲) زخم کے اندر کا چھید جو ہمیشہ باقی رہے اور اوپر سے اچھا ہو جائے - ناسور (۳) وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جاتے (۴) خفیہ راستہ - پوشیدہ سوراخ (۵) برائی - بدگمانی (۶) خطرہ - خوف - اندیشہ (۷) گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں وہ پتا جو کھلاڑی سے چھپائے رکھتے ہیں (۸) خفیہ - پوشیدہ (۹) دغاباز - جھوٹا ؃ چوراکاری - مؤنث - چوری چوری کی شہرت ؃ چور انعام - مذکر - وہ زمین جو مال گزاری ادا کیے بغیر کاشت کی جاتی ؃ چور اور چتر - مذکر - خود ہی چور اور خود ہی شاہد ؃ چور بالو - مذکر - ریت - سراب - دلدل ؃ چور بدن (ا) مذکر - وہ جسم جس کی موٹائی معلوم نہ ہو ؃ چور بیٹھنا (ہ) (۱) برائی ہونا (۲) خوف ہونا (۳) بدگمانی ہونا ؃ چور پانی - مذکر - وہ پانی جو دریا کے کنارے پر یا خشک تہ میں ریت کھود کر نکالا جاتا ہے ؃ چور پر مور پڑنا - چور کے گھر میں چور پڑنا - ٹھگ کا ٹھگا جانا ؃ چور پہرا - مذکر - خفیہ پہرا - پوشیدہ پاسبانی ؃ چور پیٹ - مذکر (عو) وہ حمل جو دکھائی نہ دے ؃ چور جاتے رہے کہ اندھیاری - مثل - بدکار موقع پاکر مزید بدکاری کرتے ہیں ؃ چور چرا وے اور گردن ہلاوے (د) مثل - برا کام کرکے مکر جانے کے متعلق کہتے ہیں ؃ چور چکار (ہ) مذکر - چور اچکا - چور بدمعاش ؃ چور چوری سے جاتا ہے، ایرا پھیری سے نہیں جاتا - مثل - بری عادت نہیں بدلتی ؃ چور خانہ (ہ) مذکر (۱) صندوقچے کا پوشیدہ خانہ (۲) پنجرے کے اندر کا خانہ، جو دوسرے خانے میں ہو (۳) خلوت کی جگہ ؃ چور دروازہ - مذکر - وہ راستہ، جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو ؃ چور دھج (ہ) مؤنث (تلواریوں کی اصطلاح) حریف کے مقابل آکر میدان میں آگے پیچھے قدم ہٹانا اور تلوار، ڈھال کو اوپر لے جاکر حریف پر وار کرنا ؃ چور راستہ (ا) مذکر - دیکھیے چور دروازہ ؃ چور زمین - مؤنث - دلدل ؃ چور سے کہے چوری کر اور شاہ سے کہے تیرا گھر لٹا (د) مثل - اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو آپ ہی نقصان کرے اور آپ ہی ہمدرد بنے ؃ چور کا بھائی گٹھ کترا - مثل - بد کا ساتھی بد ؃ چور کا شاہد چراغ - مثل - وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی راز دار کسی کا بھید کھول دے ؃ چور کا مال سب کوئی کھائے، چور کی جان اکارت جائے - مثل - برے کو نقصان کے سوا کچھ فائدہ نہیں ملتا ؃ چور کچہری (ہ) مؤنث - وہ عدالت، جو خفیہ طور پر بدمعاشوں کا انسداد کرے - سراغ رسانی کا محکمہ - خفیہ پولیس ؃ چور کو چور ہی پہچانے - مثل - جیسے کو ویسا ہی پہچانتا ہے ؃ چور کو چوری سوجھتا ہے - مثل - ہر شخص دوسرے کو اپنے ہی جیسا سمجھتا ہے ؃ چور کھڑکی - مؤنث - پوشیدہ دریچہ ؃ چور کی داڑھی میں تنکا - مثل - چور خود اپنے چورکے پن سے پہچان لیا جاتا ہے ؃ چور کی ماں کوٹھی میں سر دے کر روتی ہے (د) مثل - چور کی ماں اپنے رنج پر چھپ کر بھڑاس نکال لیتی ہے، کسی کے سامنے کیا کہے - برے کا راز دار دل ہی میں گھٹتا ہے ؃ چور کے پیر کہاں (ہ) چوروں میں استقلال نہیں ہوتا - ذرا سی بات پر گھبرا جاتا ہے ؃ چور کے گھر مور - یا - چور کے گھر میں مور پڑے - مثل - وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی شخص چالاک کو بھی دھوکا دے یا کوئی شخص کسی سے کوئی چیز اڑا لائے اور اس چیز کو اس سے کوئی اور جھپٹ لے جائے ؃ چور گلی - مؤنث (۱) خفیہ کوچہ (۲) پاجامے کا وہ کپڑا، جو رانوں کے درمیان رہتا ہے ؃ چور لیک - مؤنث - خفیہ راستہ - چور راستہ ؃ چور محل (ف) (۱) وہ بیوی جو بیاہتا نہ ہو (۲) وہ محل جہاں امیر لوگوں کی آشنائیں رہیں ؃ چور منڈلی (ہ) مؤنث - بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ ایک کنکر گوبر کے کسی ڈھیر میں چھپا دیتے ہیں - جو اسے ڈھونڈ پائے، وہ سارا گوبر لے جاتا ہے ؃ چور ھٹیا - مذکر - چوروں سے مال خریدنے والا دکاندار ؃ چوری - مؤنث - ٹھگی - سرقہ ؃ چوری اور چترائی - ایک تو چوری کرنا، دوسرے حیلہ بازی دکھانا ؃ چوری اور سرزوری - چوری اور سینہ زوری (د) سرکشی سے چوری کرنا - اپنے قصور پر پشیمان ہو کر الٹا دوسرے کو قصوروار ٹھہرانا ؃ چوری چوری (ہ) چھپے چھپے، در پردہ ؃ چوری چھپے - خفیہ - بے خبری کی حالت میں - چپکے سے - درپردہ ؃ چوری سے (۱) سرقے اور دزدی سے (۲) چھپا کر (۳) بے خبری سے چپکے سے ؃ چوری کا گڑ میٹھا - مثل - چوری کا مال سب کو پیارا لگتا ہے ؃ چوری کی علت کبھی نہ جائے اور سمدھن کا ٹکا چھچھ جاتے (د) مثل - چور کو خواہ کتنی ہی تکلیف پہنچے، چوری کی عادت کبھی نہیں جاتی ؃ چوری لگانا - چوری کا الزام لگانا ؃

چُور (چُوْر) (ہ) مذکر (۱) ریزہ ریزہ (۲) سرشار - بدمست - مدہوش ؃ چورا - مذکر - ریزہ - برادہ ؃ چورا کرنا (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پیسنا (۲) زدوکوب کرنا - خوب مارنا ؃ چورما - مذکر (ہندو) ملیدہ ؃ چورن - مذکر - ایک قسم کا سفوف جو ہضم کے لیے بنایا جاتا ہے - پھکی - چکی ؃ چورنا - ٹکڑے ٹکڑے کرکے گھی یا کسی رقیق چیز میں ڈبونا ؃

چَوڑ (چَوْڑ) (ہ) (۱) تباہ - برباد - خراب - گرا ہوا (۲) سڑا ہوا - بدکار (۳) بدذات - شریر (ہو جانا، ہونا کے ساتھ) (۴) چوڑا ؃ چوڑ چوپٹ - دیکھیے چوپٹ ؃

چَوڑا (چَو - ڑا) (ہ) فراخ - کشادہ - وسیع - عریض ؃ چوڑان - مؤنث - چوڑائی - عرض - کشادگی - وسعت - فراخی ؃ چوڑانا - کشادہ کرنا - فراخ کرنا - پھیلانا ؃ چوڑاؤ - مذکر - پھیلاؤ - پاٹ ؃ چوڑائی - مؤنث - دیکھیے چوڑان ؃

چُوڑا (چُو - ڑا) (ہ) مذکر (۱) مویشی کے پیشاب، گوبر وغیرہ سے بھیگی ہوئی کیچڑ (۲) بھیگا ہوا - گیلا ؃ چوڑا کر دینا (عو) بھگو دینا - گیلا کر دینا ؃

چُوڑا (چُو - ڑا) (ہ) مذکر - لاکھ کی چوڑیاں، کلائی سے کہنی تک ؃ چوڑی - مؤنث (۱) لاکھ، کانچ یا سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ، جو عورتیں اکثر ہاتھ میں پہنتی ہیں (۲) وہ پیچ،

جو کسی چند سے میں کٹا ہو یعنی بہت نازک۔ وہ چیز جو معمولی سی ضرب سے ٹوٹ جاتے ۔
چوڑی دار پاجامہ (ہ) مذکر۔ وہ تنگ پاجامہ جس کی مہریاں لمبی ہونے سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑ جاتی ہیں ۔ چوڑیاں (ہ) مؤنث۔ چوڑی کی جمع ۔ چوڑیاں بڑھانا (عو) چوڑیاں اتارنا۔ چوڑیاں اتار کر رکھنا ۔ چوڑیاں پہنانا (ہندو) (عو) (۱) کسی کے ہاتھ میں چوڑیاں ڈالنا (۲) عورت کی شادی کرنا ۔ چوڑیاں پہننا (۱) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (۲) عورت بن کے پردے میں بیٹھنا (۳) شادی کرنا ۔ چوڑیاں ٹھنڈی کرنا ۔ (۱) چوڑیاں توڑنا (۲) شوہر کی وفات پر چوڑیاں اتار کر سہاگ اتارنا ۔
چوڑھا (چُوڑ۔ ڑھا) (ہ) مذکر (۱) خاکروب (۲) چمار (۳) کمینہ ۔ چوڑھی۔ مؤنث (۱) خاکروبن۔ بھنگن (۲) چوڑھے کی بیوی ۔
چوڑیا (چُوڑ۔ ڑیا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا دھاریوں والا کپڑا ۔
چوزہ (چُوز۔ زَہ) (ہ) مذکر (۱) مرغی کا بچہ۔ پٹھا (۲) نوعمر لڑکا ۔ نوجوان لڑکی ۔ چوزہ باز (ہ) مؤنث۔ بچوں سے زیادہ رغبت رکھنے والی عورت ۔
چوس (چُوس) (ہ) چوسنا کا امر ۔ چوس ڈالنا (۱) اتنا چوس لینا کہ خشک ہو جائے (۲) پوری طرح جذب کر لینا ۔ چوس لینا۔ دیکھئے "چوسنا" ۔ چوسنا (۱) ہونٹوں سے دبا کر رس نکال لینا (۲) نچوڑنا۔ جذب کرنا (۳) پینا۔ دودھ پینا (۴) عرق نکال لینا۔ نچوڑنا (۵) لے لینا (۶) بوسہ لینا (۷) کچھ نہ چھوڑنا ۔ چوسنی۔ مؤنث۔ دیکھئے "چسنی" ۔
چوغہ (چُو۔ غَہ) (ف) مذکر (۱) لبادہ۔ عبا (۲) جبہ۔ ایک قسم کا لباس ۔
چوک (چُوک) (ہ) مؤنث (۱) سہو۔ بھول (۲) غلطی (۳) خطا۔ قصور (۴) نشانہ خطا ہونا (۵) ناکامی (۶) چوکنا کا امر ۔ چوکنا (۱) سہو کرنا۔ بھولنا (۲) غلطی کرنا (۳) خطا کرنا۔ قصور کرنا (۴) باز آنا۔ باز رہنا (۵) نشانہ خطا ہو جانا (۶) ناکام ہونا (۷) رہ جانا (۸) کم ہو جانا۔ کوئی چیز نہ ہونا ۔
چوک (چَوک) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا کھٹا ساگ (۲) کھٹا۔ ترش (۳) کھٹائی۔ ترشی ۔ چوکا۔ مذکر۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ ۔
چوکر۔ چوکڑ (چَو۔ کَر، چَو۔ کَڑ) (ہ) مؤنث (پوربی) بھوسی۔ چوکھر ۔
چوکڑ (چَو۔ کَڑ) (ہ) عمدہ۔ اچھا۔ نادر ۔
چوکھا (چَو۔ کھا) (۱) صاف۔ اصل۔ کھرا۔ خالص (۲) خوب۔ اچھا (۳) پسندیدہ۔ نادر۔ عمدہ ۔
چوکی (چَو۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا تخت۔ کرسی (۲) پاسبانی۔ پہرا (۳) پڑاؤ۔ سٹیشن (۴) باری (۵) نوکری۔ سیوا۔ خدمت (۶) فاتحہ۔ نذر۔ نیاز (۷) ٹونا۔ جادو۔ موکل (۸) قوالوں کا گروہ (۹) گلے کا ایک طلائی زیور ۔ چوکی بٹھانا (۱) نگہبانی کرنا۔ پہرا بٹھانا (۲) موکل بٹھانا۔ جادو کرنا ۔ چوکی بھرنا (۱) نوچندی جمعرات کو قبرستان میں جا کر دعا مانگنا (۲) گھر میں یا کسی قبر پہ قوالی کرنا (۳) نذر نیاز دینا (۴) دیوتا کے استھان پر جا کر بھینٹ چڑھانا (۵) باری باری سے پہرا دینا ۔ چوکی دار (ہ) مذکر۔ نگران، نگہبان، محافظ پاسبان ۔ چوکی دارا۔ مذکر۔ پاسبانی کا حق۔ چوکی داروں کا ٹیکس ۔
چوکی داری۔ مؤنث (۱) چوکی داری کا پیشہ۔ نگہبانی کا کام (۲) نگہبانی (۳) چوکی دارا ۔

چوگا (چُو۔ گا) (ہ) مذکر۔ پرندوں کی غذا۔ دانہ ۔
چوگان (چَو۔ گان) (ف) مذکر (۱) گیند کا ایک کھیل، جو گھوڑوں پر چڑھ کر لکڑی کے لمبے بلوں سے کھیلا جاتا ہے۔ پولو (۲) چوگان کھیلنے کا بلا (۳) گیند کا بلا (۴) گلی کا ڈنڈا (۵) نقارے کی چوب (۶) سر کی طرف سے ٹیڑھا ڈنڈا (کھلاڑی، کھیلنا کے ساتھ) ۔
چول (چُول) (ہ) مؤنث (۱) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے (۲) لکڑی کا وہ سرا، جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے (۳) جوڑ۔ قفل۔ بند ۔ چول بیٹھ جانا (۱) زائچے کا مطابق ہونا (۲) متفق ہونا ۔ چولیں ڈھیلی ہونا۔ زیادہ کام کرنے یا چلنے پھرنے سے تھک کر چور چور ہو جانا ۔
چولا (چُو۔ لا) (ہ) مذکر (۱) قالب۔ جسم (۲) ایک قسم کی پوشاک، جو برات کے روز دلھن کو پہنائی جاتی ہے (۳) انگرکھے کا بالائی حصہ۔ چولی ۔ چولا بدلنا۔ قالب بدلنا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا ۔ چولا چھوڑنا۔ قالب چھوڑنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا ۔
چولائی (چَو۔ لا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا ساگ ۔
چولھا (چُول۔ ھا) (ہ) مذکر۔ ہنڈیا پکانے کی جگہ۔ آگ کے رہنے کی جگہ۔ آتش دان ۔ چولھا پھونکنا (عو) (حقارتاً یا غصے سے) چولھا گرم کرنا۔ آگ سلگا کر روٹی پکانا ۔ چولھے آگ نہ گھڑے پانی۔ مثل۔ کھانے پینے کا کوئی سامان نہیں۔ بالکل صفائی ہے۔ نہایت افلاس ہے ۔ چولھے میں پڑے یا چولھے میں جائے (عو) آگ لگے۔ خاک میں ملے۔ ہمیں اس سے کچھ سروکار نہیں۔ بلا سے ۔
چولی (چُو۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) انگرکھے کے دامن سے اوپر کا حصہ (۲) اوپر کے دھڑ کا حصہ ۔ چولی دامن کا ساتھ (۱) قدیم ساتھ۔ لازمی ساتھ۔ وہ شخص یا چیزیں، جو ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ رہیں ۔
چوم (چُوم) (ہ) چومنا کا امر ۔ چوما۔ مذکر (گنوار) بوسہ۔ پپی۔ مٹھی ۔ چوما چاٹی۔ مؤنث۔ بوس و کنار۔ نازو نیاز۔ اختلاط ۔ چوم چاٹ کے چھوڑنا (۱) اپنے قابو اور تصرف سے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے حصول کے خیال سے باز آنا۔ سلام کرنا۔ ہاتھ اٹھانا (۲) کام نکال کر چھوڑنا ۔ چومنا (۱) بوسہ دینا۔ کسی بزرگ کے مزار کو تعظیماً منہ لگانا (۲) بوسہ لینا۔ پیار کرنا۔ چمکارنا (۳) ادباً تعظیم دینا ۔
چون (چُون) (ہ) مذکر (گنوار) (۱) آٹا۔ آرد (۲) چورا ۔
چوں (چُوں) (ہ) مؤنث (۱) گوز کی آواز (۲) چمڑے وغیرہ کی آواز ۔ چوں چوں۔ مؤنث (۱) چڑیوں کی آواز (۲) گاڑی کے چلنے کی آواز (۳) نئے جوتے کی آواز (۴) بچوں کا ایک کھلونا، جو کھینچنے سے یہ آواز نکالتا ہے (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ چوں نہ کرنا۔ اف نہ کرنا۔ خاموش رہنا۔ جواب نہ دینا۔ انکار نہ کرنا۔ چپ چاپ کوئی کام کر دینا ۔
چوں (چُوں) (ف) (۱) جب (۲) مانند (۳) کس طرح (۴) کس لیے ۔ چوں و چرا۔ مذکر۔ تکرار۔ بحث۔ اگر مگر۔ حیلہ بہانہ ۔ چونکہ۔ کیونکہ، اس لیے کہ، اس واسطے کہ ۔
چونا (چُو۔ نا) (ہ) (۱) ٹپکنا۔ رسنا (۲) پھل کا پک کر خود بخود زمین پہ گر پڑنا (۳) حیض کا خون آنا ۔

چونا (چُو۔نا) (ہ) مذکر (۱) سفیدی۔ قلعی۔ وہ پتھر یا کنکر جو کوٹلوں میں پکایا جاتے (۲) تند۔ تیز ٭

چونپ (چَونپ) (ہ) مؤنث (۱) امنگ۔ خواہش۔ چاؤ۔ شوق (۲) بڑھاوا (۳) سونے کی کیل، جو دانت میں لگائی جاتی ہے (۴) ہٹ۔ ضد ٭

چونچ (چونچ) (ہ) مؤنث (۱) پرندوں کا منہ۔ منقار (۲) سرا۔ نوک (۳) زبان۔ جیب (۴) جھڑپ۔ لفظی تنازع ٭ **چونچ سنبھالو**۔ زبان روکو۔ بدزبانی نہ کرو۔ چپ رہو ٭ **چونچ مارنا** (۱) ٹھونگ مارنا (۲) واہی تباہی زبان سے نکالنا۔ بیہودہ بکنا ٭

چونچال (چَون۔چال) (ہ) (ع و) (۱) مستعد۔ چالاک۔ ہوشیار (۲) سیانا۔ دانا ٭

چوندھ (چَوندھ) (ہ) مؤنث۔ چندھیانا۔ خیرگیٔ چشم ٭ **چوندھیانا**۔ دیکھیے "چندھیانا" ٭

چونڈا (چوں۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) سرمنڈیا (۲) سر کے لمبے بالوں کا گچھا، جو عورتیں سر پر لا کر باندھ لیتی ہیں (۳) پرندوں کی چوٹی۔ کلغی (۴) کچا کنواں ٭ **چونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا** (د) مثل (ع و) ناتجربہ کار نہیں ٭ **چونڈے پر ڈولا اچھلنا** (ہ) سوکن کا آنا ٭

چونر (چَو۔نَر) (ہ) مؤنث۔ مختلف رنگوں کا رنگا ہوا دوپٹا ٭

چونری (چَوں۔ری) (ہ) مؤنث۔ مورچھل۔ مگس ران ٭

چونک (چَونک) (ہ) مؤنث (۱) جھجک۔ چمک۔ وحشت۔ بھڑک (۲) چونکنا کا امر (۳) (پنجابی) سر کا ایک طلائی زیور ٭ **چونک اٹھنا** (۱) دفعتًہ گھبرا کر جاگ اٹھنا (۲) چونکتا ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ بدک جانا ٭ **چونکا دینا۔ چونکانا** (۱) ہوشیار کرنا۔ جگانا (۲) ڈرا دینا۔ بھڑکا دینا ٭ **چونکنا** (۱) سوتے سوتے جاگ اٹھنا (۲) بھڑکنا۔ بدکنا (۳) بیدار ہونا۔ جاگنا۔ ہوشیار ہو جانا (۴) ہکا بکا ہونا۔ گھبرانا ٭

چونکیل (۱) ڈرپوک (۲) بھجکنے والا (۳) مذکر۔ ڈرنے یا بھجکنے والا جانور یا آدمی ٭

چونگا (چوں۔گا) (ہ) مذکر (۱) فریب (۲) چاپلوسی۔ خوشامد (۳) بانس کا نل ٭

چونی (چو۔نی) (ہ) مؤنث۔ دال کا برادہ۔ وہ موٹا موٹا آٹا، جو دال دلنے میں نکلتا ہے ٭ **چونی بھی کہے، مجھے گھی سے کھاؤ**۔ مثل۔ ادنیٰ آدمی بھی بڑوں کی برابری کرنے لگا ٭

چونے والیاں (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی ڈومنیاں، جو بچہ پیدا ہونے میں ناچنے گانے آتی ہیں ٭

چوہا (چُو۔ہا) (ہ) مذکر (۱) موش۔ گھونس۔ موسا (۲) ناک کا سوکھا ہوا رینٹ۔ ناک کا میل ٭ **چوہا بل میں سماتا نہیں، دم سے باندھا چھاج** (د) مثل۔ اپنی تو گزر ہوتی نہیں، دوسروں کا بوجھ سر پر اٹھا لیتے ہیں ٭ **چوہا کنی** (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں چوہے کے کان کی مانند ہوتی ہیں ٭ **چوہی**۔ مؤنث۔ چوہا کی تانیث۔ چوہیا ٭ **چوہے**۔ مذکر (۱) چوہا کی جمع (۲) چوہا کی صورت حرفِ ربط سے پہلے ٭ **چوہے دان** (د) مذکر۔ چوہے پکڑنے کا پنجرہ ٭ **چوہے دنتی** (ہ) مؤنث۔ عورتوں کا ایک دستی زیور، جس کے دندانے چوہے کے دانتوں جیسے ہوتے ہیں۔ کنگن ٭ **چوہے کا بچہ بھی** نہیں (د) مثل۔ بے اولاد ہیں ٭ **چوہے کا جنا بل ہی ڈھونڈتا ہے** (ہ) مثل۔ ہر شخص اپنی اصل پر جاتا ہے ٭ **چوہے کے ہاتھ ہلدی کی گرہ لگی، وہ بھی پنساری بن بیٹھا** (د) مثل۔ کمینے کے ہاتھ معمولی چیز لگ جائے تو اسی پر اتراتا ہے ٭

چوہان (چَو۔ہان) (ہ) مذکر۔ سورج بنسی راجپوتوں کی ایک گوت ٭

چوہڑا (چُوہ۔ڑا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "چوڑھا" ٭ **چوہڑی**۔ مؤنث۔ دیکھیے "چوڑھی" ٭

چویا (چَو۔یا) (ہ) مذکر۔ دریا وغیرہ کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی بھر بھر کر ٹھہر جائے ٭

چ - ہ

چَہ (چَہ) (ف) مذکر (۱) چاہ کا مخفف۔ کنواں۔ گڑھا (۲) پل کے دونوں سرے ٭

چِہ (چِہ) (ف) کیا ٭ **چہ خوش**۔ (کلمۂ طنز) کیا خوب۔ کیا بات ہے۔ واہ کیا کہنا ہے ٭ **چہ خوش، چرا نباشد**۔ (کلمۂ طنز) ہاں، کیوں نہ ہو، کیا کہنے ہیں! **چہ داند بوزنہ لذاتِ ادرک**۔ مثل۔ بندر کیا جانے ادرک کا مزہ۔ نالائق شخص کسی طرح قابل آدمی کے کمال کی قدر نہیں کر سکتا ٭ **چہ کند بے نوا ہمیں دارد**۔ مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی چیز کسی شخص کی خدمت میں پیش کرتے وقت انکسار کا اظہار مقصود ہو ٭ **چہ معنی دارد** (ف۔ ع) کیا سبب ہے۔ کیا وجہ؟ **چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک؟** مثل۔ چھوٹے کا بڑے سے کیا مقابلہ؟

چھ (چھے) (ہ) شش۔ تین اور تین۔ ۶ ٭ **چھ بند کیا**۔ مذکر۔ ایک زہریلا جانور جس کی پشت پر چھ بند کیاں ہوتی ہیں ٭ **چھٹا**۔ چھ سے نسبت رکھنے والا۔ چھواں۔ ششم ٭ **چھٹے چھماس یا چھماہے**۔ گاہ گاہ۔ گاہے گاہے۔ کبھی کبھی ٭

چھاپ (چھاپ) (ہ) (۱) مؤنث۔ مہر۔ علامت۔ نشان۔ ٹھپا (۲) چھاپنا کا امر ٭ **چھاپا**۔ مذکر (۱) مہر۔ ٹھپا (۲) وہ نشان جو ہندو تیرتھوں میں جا کر اپنے بازوؤں اور کندھوں پر لگواتے ہیں (۳) چھاپنے کا آلہ (۴) چھپا ہوا۔ مطبوعہ (۵) رات کو دشمن پر یکایک حملہ۔ شب خون (۶) تجارت کے مال کا وہ نشان، جو محصول لینے کی علامت ہے (۷) تصویر۔ صورت۔ نقشہ (۸) سانچا۔ ڈھالنے کا ظرف (۹) کھلیان پر ٹھپا لگانے کا آلہ۔ چاک (۱۰) چھاپا خانہ۔ مطبع ٭ **چھاپا مارنا**۔ رات کو دشمن پر چڑھ کر قتلِ عام کرنا۔ شب خون مارنا ٭ **چھاپنا** (۱) نقش کرنا۔ مہر لگانا (۲) شائع کرنا۔ طبع کرنا (۳) مشہور کرنا (۴) بیاہ کی رسم میں دیواروں کو صندل کے نشانوں سے آراستہ کرنا ٭ **چھاپے خانہ** (د) مذکر۔ کتابوں کے چھاپنے کا کارخانہ۔ مطبع ٭ **چھاپے خانے والا**۔ مذکر (۱) چھاپے خانے کا مالک۔ مالک مطبع (۲) مطبع کا منتظم ٭

چھاتا (چھا۔تا) (ہ) مذکر (۱) چھتری۔ چھتر (۲) بڑا سینہ۔ سینۂ کشادہ ٭ **چھاتم چھاتا**۔ مذکر (۱) سینے کو سینے سے گوشنا (۲) ایک کنکوّے کا دوسرے سے لڑانا ٭

چھاتی (چھا۔تی) (ہ) مؤنث (۱) سینہ (۲) پستان۔ چوچی (۳) دل۔ حوصلہ۔ جرأت (۴) مضبوطی۔ استقلال (۵) سخاوت ٭ **چھاتی بھر آنا** (ع و) (۱) آنسو بھر آنا (۲) چھاتی کا گوشت سے پُر ہو جانا (۳) ترس آنا۔ رحم آنا (۴) چھاتی میں مادری محبت کے باعث دودھ اتر آنا ٭ **چھاتی بھر جانا**۔ گھوڑے کے سینے میں خون کا اکٹھا ہو جانا ٭

چھاتی پر بال ہونا۔ مروّت، مردانگی، رحم دلی اور شجاعت کا نشان ٭ چھاتی پر پتھر رکھنا (عو) سخت دلی اختیار کرنا۔ صبر کرنا ٭ چھاتی پر بیٹھ کر ڈاڑھی میں چلّو لہو پینا (عو) جان سے مار ڈالنا۔ سخت سزا دینا ٭ چھاتی پر دھر کے لے جانا (عو) مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا ٭ چھاتی پر سانپ پھر جانا (عو) (۱) رشک آنا (۲) حسرت آنا۔ افسوس آنا (۳) رنج گزرنا ٭ چھاتی پر سانپ لوٹنا (عو) (۱) حسرت آنا۔ افسوس آنا (۲) صدمہ اور رنج ہونا (۳) رشک آنا ٭ چھاتی پر سل دھرنا (۱) آدمی کو لٹا کر اس کے سینے پر بوجھ رکھ دینا [قدیم زمانے میں مجرموں کو اس قسم کی سزا دی جاتی تھی] ٭ چھاتی پر مونگ دلنا (عو) (۱) غیرت کی آگ سے جلانا۔ رشک دلانا (۲) سزا دینا۔ عذاب دینا ٭ چھاتی پک جانا (عو) (۱) چوچی میں زخم ہو جانا (۲) عاجز ہو جانا۔ تکلیف سہتے سہتے عاجز آ جانا ٭ چھاتی پکڑ کر رہ جانا (عو) کسی رنج پر آہ نہ کرنا۔ دل ہی دل میں غم و افسوس کر کے بیٹھ رہنا ٭ چھاتی پھٹنا (عو) (۱) دل پر بھاری صدمہ گزرنا۔ سینہ شق ہونا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر حسد ہونا ٭ چھاتی پیٹنا (۱) سینہ کوبی کرنا (۲) رونا پیٹنا (۳) غصے میں پیٹنا۔ ماتم کرنا (۴) کسی کی دولت دیکھ کر حسد کرنا ٭ چھاتی تلے رکھنا (عو) بغل میں رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔ پاس رکھنا ٭ چھاتی ٹھکنا۔ یقین ہونا۔ بھروسا ہونا ٭ چھاتی ٹھنڈی کرنا (عو) (۱) جی خوش کرنا (۲) دشمنی نکال کر خوش ہونا ٭ چھاتی جلانا (۱) رنج دینا۔ دل جلانا (۲) حسد کرنا ٭ چھاتی جلنا (عو) (۱) سینے میں سوزش ہونا (۲) غم یا حسد سے دل جلنا ٭ چھاتی چھٹنا۔ چھلنی جانا یا چھلنی جانا۔ غم یا صدمے کے باعث سینے کا پُر داغ اور دل کا پاش پاش ہو جانا ٭ چھاتی درکنا۔ سخت صدمہ ہونا۔ سینہ پھٹ جانا ٭ چھاتی دھڑکنا (عو) (۱) دل کانپنا (۲) خوف چھانا (۳) دل پر صدمہ گزرنا ٭ چھاتی دینا۔ بچّے کو دودھ پلانا ٭ چھاتی سراہنا (عو) (۱) بُردباری کی تعریف کرنا (۲) آفرین کہنا۔ ستائش کرنا ٭ چھاتی سے لگانا (عو) (۱) جوشِ محبت کے باعث سینے سے چمٹانا۔ گلے سے لگانا۔ پیار کرنا (۲) دلاسا دینا۔ تسلّی دینا ٭ چھاتی کا ابھار۔ مذکر۔ بالغ ہونے کے باعث عورت کی چھاتیوں کا اوپر کو ابھرنا ٭ چھاتی کا پتھر یا پہاڑ (ہ) مذکر (۱) خلاف طبع۔ بارِ خاطر۔ گرانیِ دل (۲) اندوہِ خاطر۔ بارِ غم (۳) جوان بے بیاہی یا رانڈ بیٹی جس کا خرچ ماں باپ کے سر ہو ٭ چھاتی کا چھوڑا۔ مذکر۔ بارِ خاطر۔ جان کا عذاب ٭ چھاتی کا جم۔ مذکر (۱) جان قبض کرنے والا۔ موت کا فرشتہ (۲) بارِ خاطر۔ ناگوارِ طبع آدمی جو پاس سے نہ ٹلے ٭ چھاتی کوٹنا (۱) ماتم کرنا۔ سینہ کوبی کرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر حسد کے مارے چھاتی پیٹنا ٭ چھاتی کے کواڑ۔ مذکر۔ سینے کے دونوں پہلو ٭ چھاتی کے کواڑ کھولنا (۱) سینہ چاک کرنا (۲) دل کے آئینے کو کدورت کے زنگ سے پاک کرنا ٭ چھاتی مسلنا۔ چھاتی ملنا۔ چھاتی مروڑنا ٭ چھاتی مسوسنا (۱) دل پکڑ کر رہ جانا۔ افسوس کرنا (۲) دل دکھانا۔ صدمہ دینا ٭ چھاتی میں گھونسا مار کر رہ جانا۔ دیکھیے "چھاتی پکڑ کر رہ جانا" ٭ چھاتی نکال کر

چھلنا (اسا) چھانا [illegible]
چھاج (چھاج) [illegible] مذکر [illegible] جس سے نیچے رہ جاتا [illegible]
چھاج بھلے تو بھلے، چھلنی بھی [illegible]
جو خود عیب دار ہے [illegible]
ڈاڑھی۔ مؤنث [illegible] چھاج میں (۱) [illegible]
میں اُڑانا (۱) [illegible]
بلکہ برسنا۔ موسلا دھار مینہ برسنا [illegible]
چھاچھ (چھاچھ) (ہ) مؤنث (۱) وہ سفید پانی جو دہی [illegible] رہ جاتا ہے۔ لسّی۔ مٹھا (۲) وہ ترش سفید [illegible]
چھاڈنا (چھاڈ۔نا) (ہ) الٹی کرنا۔ قے کرنا ٭
چہار (چہار) (ف) چار۔ اربع۔ گنڈا [illegible] ٭ چہار شنبہ [illegible] مذکر۔ بدھ کا دن ٭ چہارم (۱) چوتھا (۲) چوتھائی ٭
چھاڑا (چھا۔ڑا) (۱) مذکر (۱) دریا کا کنارہ۔ کراڑا (۲) [illegible] چھاڑنا۔ دیکھیے چھاڑنا ٭
چھاگل (چھا۔گل) (ہ) مؤنث (۱) پکھال چھوٹی سی مشک [illegible] برتن جس میں اکثر مسافر پانی بھر لیتے ہیں (۲) جھانجن۔ پاؤں کا [illegible]
چھال (چھال) (ہ) مؤنث۔ پوست۔ درخت کے اوپر کا پوست۔ چھلکا [illegible]
چھالا (چھا۔لا) (ہ) مذکر (۱) آبلہ۔ پھپھولا (۲) وہ داغ، جو تلوار کے لوہے یا شیشے وغیرہ میں [illegible]
چھالیا (چھا۔لیا) (ہ) مؤنث۔ سپاری۔ ڈلی ٭
چھاں (چھاں) (ہ) مؤنث۔ چھاؤں۔ سایہ ٭
چھان (چھان) (ہ) (۱) چھاننا کا امر (۲) مؤنث۔ چھت (۳) بانس کا ڈھانچا جس پر چھت ڈالی جاتی ہے (۴) پھوس کی چھت۔ چھپّر (۵) پھوس کی چھت والی عمارت ٭
چھان بین۔ مؤنث (عو) کھوج۔ دریافت۔ تحقیق ٭ چھان ڈالنا۔ چھان مارنا (۱) کسی کی جستجو میں چپا چپا دیکھ ڈالنا۔ تلاش کر لینا۔ ڈھونڈ لینا (۲) [illegible] چھلنی کر دینا ٭ چھانا (ہ) پھوس یا کھپریل کی پوشش کرنا۔ [illegible] کرنا۔ اندھیرا کرنا (۳) بادلوں کا ہجوم کرنا (۴) طاری ہونا۔ غالب ہونا (۵) محیط ہونا۔ گھیرنا ٭ چھاننا (۱) چھلنی سے آٹا نکالنا۔ پھاڑنا (۲) نتھارنا۔ صاف کرنا (۳) پرکھنا۔ جانچنا (۴) دیکھنا (۵) کھوج لگانا۔ تحقیقات کرنا (۶) تلاش کر کے ڈھونڈنا ٭
چھانٹ (چھانٹ) (ہ) (۱) "چھانٹنا" کا امر (۲) مؤنث۔ ریزگی۔ [illegible] چھیچھڑے (۳) کترن۔ کتر بیونت۔ کتر بیونت کا اندازہ (۵) انتخاب ٭ چھانٹنا (۱) چھانٹنا (۲) اخذ کرنا (۳) پسند کرنا (۴) کاٹنا۔ تراشنا (۵) سر کے بال کترنا (۶) صاف کرنا (۷) مواد خارج کرنا (۸) مختصر کرنا (۹) گوشت کے ٹکڑے کرنا (۱۰) الگ کرنا (۱۱) سجاوٹ کے لیے قلم کرنا (۱۲) کپڑا اوں دھونا کہ اس کا میل یا کلف نکل جائے (۱۳) چرب زبانی کرنا ٭ چھانٹی۔ مؤنث۔ تخفیف کرنا۔ ہونا کے ساتھ ٭
چھانڈنا (چھانڈ۔نا) (ہ) چھوڑنا ٭

چھاؤں (چھا۔ آؤں) (ہ) مؤنث (۱) سایہ۔ چھاں (۲) کرن۔ پرچھاواں۔ پرتو ؛
چھاؤنی (چھا۔ آئی) (ہ) مؤنث (۱) چھاؤں کرنے کی چیز۔ کھپریل (۲) لشکرگاہ۔ کیمپ سپاہیوں کی بارکیں ؛ چھاؤنی چھانا۔ یا۔ ڈالنا (۱) مسکن بنا لینا۔ مقام کرنا (۲) فوج رکھنا۔ کیمپ ڈالنا ؛ چھاؤنی کرنا۔ ڈیرا ڈالنا ؛
چھائیاں (چھا۔ ایاں) (ہ) مؤنث۔ کلف۔ وہ سیاہ داغ، جو آدمی کے چہرے پر پڑ جاتے ہیں ؛
چھائیں پھوئیں (چھا۔ ایں، پھو۔ ایں) (ہ) (عو) (۱) خدا پرے ہی رکھے۔ خدا بچائے (۲) جن و پری۔ بھوت پریت ؛
چھائیں مائیں (چھا۔ ایں، ما۔ ایں) (ہ) مؤنث۔ بچوں کا ایک کھیل، جو چکر کھا کر کھیلا جاتا ہے۔ جھائیں مائیں ؛
چھایا (چھا۔ یا) (ہ) مؤنث (ہندو) چھاؤں۔ سایہ ؛ چھایا بڑی مایا ہے۔ مثل۔ سایہ بہت اچھی چیز ہے۔ اپنا مکان ہونا بہت اچھا ہے ؛
چھب (چھب) (ہ) مؤنث (۱) زیب و زینت۔ آرائش (۲) معشوقانہ ادا۔ ناز و انداز (۳) خوب صورتی۔ اعضا کی بناوٹ۔ جسامت ؛ چھب تختی (۱) مؤنث (عو) سینے اور جسم کی خوب صورتی۔ گات اور جسامت کی خوش وضعی ؛ چھب گٹھڑی میں اور صورت طباق میں۔ مثل۔ بناؤ سنگار لباس سے اور خوب صورتی غذا سے ہوتی ہے ؛ چھبیلا۔ چھب والا۔ خوش اندام۔ خوش وضع۔ وجیہ۔ رنگیلا ؛
چھبڑا (چھب۔ ڑا) (ہ) (۱) ٹوکرا (۲) جھابا ؛
چھبی (چھب۔ بی) (ہ) مؤنث (دلالوں کی اصطلاح) پیسا۔ فلوس ؛
چھبیس (چھب۔ بیس) (ہ) چھ اور بیس۔ بست و شش۔ ۲۶ ؛
چھپ (چھپ) (ہ) مؤنث۔ پانی کی آواز۔ پانی پر ہاتھ مارنے یا اس میں کسی چیز کے گرنے کی آواز (۲) چھلک ؛ چھپ چھپ۔ مؤنث۔ پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز۔ پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز ؛ چھپاکا (چھپا۔ کا) مذکر (۱) پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز (۲) چھینٹا۔ تریڑا ؛ چھپکا۔ چھپکا۔ مذکر۔ پانی کا بڑا چھینٹا ؛
چھپ (چھپ) (ہ) چھپنا کا امر ؛ چھپ گر۔ مذکر۔ کپڑے چھاپنے والا ؛ چھپانا۔ چھاپنا کا متعدی ؛ چھپائی۔ مؤنث (۱) چھاپنے کا فعل۔ چھاپا (۲) چھاپنے کی اجرت۔ طبع کرانے کی مزدوری (۳) چھپنے کا انداز ؛ چھپنا (۱) طبع ہونا۔ شائع ہونا (۲) نقش و نگار بننا (۳) مہر لگنا۔ ٹھپا لگنا (۴) عکس اترنا ؛
چھپ (چھپ) (ہ) چھپنا کا امر ؛ چھپا (۱) چھپنا سے ماضی مطلق (۲) پوشیدہ۔ مخفی۔ نامعلوم۔ خفیہ۔ نہاں۔ پنہاں۔ مکنون۔ گپت ؛ چھپا رستم۔ یا۔ چھپے رستم (۱) مذکر (۱) وہ شخص، جو کسی ہنر اور بات میں کامل ہو، لیکن لوگوں کو معلوم نہ ہو (۲) چھپا ہوا بدمعاش۔ ظاہر میں غریب، باطن میں سخت شریر ؛ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ ڈھانپنا۔ ڈھانکنا ؛ چھپاؤ۔ مذکر (عو) پوشیدگی ؛ چھپنا (۱) پوشیدہ ہونا (۲) آنکھ بچانا۔ بچنا (۳) چاند یا سورج کا غروب ہونا (۴) پردہ کرنا ؛
چھپٹی (چھپ۔ پٹی) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی کی چھیلن۔ برادۂ چوب (۲) لاغر۔ دبلا۔ پتلا ؛
چھپر (چھپ۔ پر) (ہ) مذکر (۱) پھوس سے ڈالا ہوا سائبان۔ پھوس کی چھت (۲) بوجھ۔ بار (۳) برساتی پانی کا گڑھا۔ ڈابر ؛ چھپربند (۱) مذکر۔ چھپر بنانے والا۔ سائبان بچھانے والا ؛ چھپر پر پھوس نہ ہونا (ہ) نہایت تنگ حال اور تنگ دست ہونا۔ بے حد مفلس ہونا ؛ چھپر پر پھوس نہیں، ڈیوڑھی پر نقارہ (ہ) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کوئی مفلس اور کنگال ہو کر نمود اور بڑائی دکھائے ؛ چھپر پر رکھنا (ہ) طاق پر رکھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ چھوڑ دینا۔ الگ کرنا ؛ چھپر پھاڑ کر دینا۔ غیب سے دینا۔ گھر بیٹھے دولت دینا ؛ چھپر رکھنا (۱) بھاری احسان کرنا۔ بارِ احسان رکھنا (۲) بوجھ رکھنا (۳) الزام رکھنا ؛ چھپر کھٹ (چھپر۔ کھٹ) مذکر و مؤنث (۱) وہ چارپائی یا پلنگ جس پر چھت یا مسہری ہو (۲) دلھن کا چھتری والا پلنگ (۳) امیروں کا چھتری والا پلنگ ؛
چھپکا (چھپ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا چھوٹا سا جال، جو دو لکڑیوں میں لگا ہوتا ہے اور اس سے کبوتر پکڑتے ہیں (۲) ایک زیور، جو عورتیں بالوں میں باندھ کر ماتھے پر لٹکاتی ہیں (۳) پگھلائی ہوئی رانگ کا چوڑا ٹکڑا (۴) لوہے کا چوڑا پترا، جو کنڈی میں لگا کر بند کر دیا جاتا ہے ؛
چھپکلی (چھپ۔ کلی) (ہ) مؤنث (۱) وہ جانور، جو اکثر دیواروں پر رہتا اور مکھیاں کھاتا ہے (۲) دبلی پتلی عورت (۳) (پنجابی) کرلی ؛
چھپن (چھپ۔ پن) (ہ) چھ اور پچاس۔ پنجاہ و شش۔ ۵۶ ؛
چھت (چھت) (ہ) مؤنث (۱) سقف۔ سائبان (۲) بام۔ کوٹھا (۳) چھت گیری ؛
چھت گیری (۱) مؤنث۔ وہ کپڑا، جو چھت کے نیچے خاک وغیرہ کے نہ گرنے کے لیے لگا دیا جاتا ہے ؛
چھتا (چھت۔ تا) (ہ) مذکر (۱) دور تک پٹا ہوا راستہ (۲) شہد کی مکھیوں یا بھڑوں وغیرہ کا گھر۔ خانۂ زنبور (۳) جماعت۔ گروہ (۴) گھاس کا پھیلاؤ ؛
چھتر (چھتر) (ہ) مذکر (۱) بڑا چھاتا۔ چتر (۲) شامیانہ (۳) جائے پناہ۔ ملجا۔ ماوا ؛
چھتری (چھت۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا چھاتا۔ دھوپ اور بارش سے بچاؤ کی چیز، جو سر پر لگائی جاتی ہے (۲) کبوتروں کے بیٹھنے کا ٹھٹر (۳) ایک قسم کا گنبددار محل (۴) ڈولی کے اوپر کا ٹھٹر (۵) (عو) سر کے بڑے بڑے اور گھنے بال (۶) وہ مکان جس میں کسی ہندو فقیر، امیر، جوگی یا راجا وغیرہ کی ہڈیاں دفن ہوں۔ مقبرہ۔ سمادھ ؛
چھتری (چھت۔ تری) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک اعلیٰ قوم ؛
چھتیانا (چھت۔ یا۔ نا) (ہ) بندوق کی شست باندھنا ؛
چھتیس (چھت۔ تیس) (ہ) چھ اور تیس۔ سی و شش۔ ۳۶ ؛ چھتیسا (عو) چھتیس ہنر جاننے والا مرد۔ بہت تجربہ کار اور تمام عیب و ہنر سے واقف ؛ چھتیسی۔ مؤنث (عو) تمام عیب و ہنر سے واقف۔ چالاک۔ عیار۔ اوباش وضع عورت، جو بہت ہوشیار ہو ؛
چھٹ (چھٹ) (ہ) چھٹنا کا امر ؛ چھٹا (۱) چھٹانا کا امر (۲) چھٹنا سے ماضی مطلق (۳) منتخب۔ چھنا ہوا (۴) بڑا بدمعاش ؛ چھٹا ہوا۔ بڑا بدمعاش ؛ چھٹنا (۱) سوار یا ملبا نکلنا۔ صاف ہونا (۲) لاغر ہونا۔ دبلا ہونا (۳) چھانا جانا۔ منتخب ہونا

(۴) ترشنا۔ قلم ہونا (۵) جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔

چھُٹ (چھُٹ) (ہ) چھوٹا کا مخفف، جو مرکبات میں مستعمل ہوتا ہے۔ **چھُٹ بھیّا**۔ مذکر (۱) ادنیٰ دکان دار (۲) نیچ قوم کا آدمی۔ **چھُٹ پن یا پنا**۔ مذکر۔ بچپن۔ لڑکپن۔ **چھُٹاپا**۔ مذکر۔ خردی۔ **چھُٹائی**۔ مؤنث۔ چھوٹاپن۔ خردی۔ **چھُٹکا**۔ چھوٹا۔ خرد۔

چھُٹ (چھُٹ) (ہ) (۱) چھُٹنا کا امر (۲) بغیر۔ سوا۔ بجز (۳) بجائے (۴) لیکن۔ **چھُٹاون**۔ مذکر۔ چھُٹکن۔ **چھُٹکارا**۔ مذکر (۱) چھُٹی۔ خلاصی۔ مخلصی۔ رہائی۔ نجات۔ براءت (۲) مہلت۔ فرصت (۳) آزادگی۔ آزادی (۴) طلاق (پانا، دینا، ہونا کے ساتھ)۔ **چھُٹنا** (۱) آزاد ہونا۔ رہا ہونا (۲) دست لگنا۔ پیٹ جاری ہونا (۳) موقوف ہونا۔ برطرف ہونا (۴) باقی رہنا۔ بچنا (۵) سُست ہونا (۶) تتر بتر ہونا۔ بکھرنا (۷) جاری ہونا۔ نکلنا (۸) سرہونا۔ دغنا (۹) جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا (۱۰) روانہ ہونا۔ چلنا۔ **چھُٹوانا** (۱) رہا کرانا (۲) جدا کرانا (۳) موقوف کرانا۔ **چھُٹوتی**۔ مؤنث (عوام) تخفیف۔ رعایت۔

چھَٹانک (چھَٹانک) (ہ) مؤنث۔ سیر کا سولھواں حصّہ۔ پانچ تولے۔

چھٹانک دھنیا، خیر آبادی کوٹھی۔ مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص بہت شیخی بگھارے۔

چھٹکا (چھٹ۔کا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) چِق کا رنگین اور نقش والا پردہ۔

چھٹکانا (چھُٹ۔کا۔نا) (ہ) پھیلانا۔ پراگندہ کرنا۔

چھِٹکنا (چھِٹک۔نا) (ہ) (ہندو) (۱) تتر بتر ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا (۲) تاروں سے چمکنا۔ تاروں کا کھلنا۔

چھٹنکی (چھٹنَ۔کی) (ہ) مؤنث۔ پانچ تولے کا باٹ۔

چھٹولا (چھٹو۔لا) (ہ) مذکر۔ وہ لباس، جو عورتیں زچگی کے دنوں میں پہنتی ہیں۔

چھٹھ (چھٹھ) (ہ) مؤنث (ہندو) ہندی مہینے کے ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔

چھٹی (چھٹی) (ہ) (۱) چھ سے نسبت رکھنے والی (۲) مؤنث۔ بچہ پیدا ہونے کے چھ دن بعد کی رسم۔ **چھٹی کا دودھ یاد آنا**۔ (۱) مثل۔ مصیبت میں گزرا ہوا عیش و آرام یاد آنا۔ اس کا زمانہ افسوس سے یاد آنا۔ **چھٹی کا راجہ**۔ یا۔ رئیس (ہ) مذکر۔ پوتڑوں کا امیر۔ خاندانی امیر۔ اصل میں وہ شخص جس کی چھٹی میں نانک کے گھر سے اس قدر دولت آئے کہ کئی نسلوں تک کافی ہو۔ **چھٹی کا کھایا پیا نکلنا** (عو) سارا عیش و آرام جاتا رہنا۔ گزشتہ آرام و راحت کا کسر نکل جانا۔ **چھٹی کے پوتڑے اب تک نہیں سوکھے**۔ مثل۔ اِس وقت تک بچہ اور ناتجربہ کار ہے۔

چھُٹی (چھُٹ۔ٹی) (ہ) مؤنث (۱) تعطیل۔ رخصت (۲) فرصت (۳) اجازت (۴) برطرفی۔ موقوفی (۵) مرنا (۶) نقالوں کا چٹکلا یا لطیفہ۔ **چھُٹی ملنا** (۱) رخصت ملنا۔ فراغت پانا (۲) برخاست ہونا۔ موقوف ہونا۔ **چھُٹّیاں**۔ مؤنث (۱) چھُٹی کی جمع۔ تعطیلیں۔ رخصت کے دن (۲) نقالوں کے چٹکلے اور لطیفے۔

چھُٹیا (چھُٹ۔یا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا نمک۔

چھجّا (چھج۔جا) (ہ) مذکر (۱) چھت کا وہ آگے بڑھا ہوا حصّہ، جو مینہ سے حفاظت یا دھوپ سے بچاؤ کے لیے لگایا جاتا ہے۔ برآمدہ (۲) انگریزی ٹوپی کا اگلا حصّہ، جو دھوپ سے بچاؤ کے لیے ہوتا ہے۔

چھجانا (ہ) چھیجنا کا متعدی۔ کم کرنا۔

چھچھڑا۔ چھیچھڑا (چھچ۔ڑا، چھیچھ۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) گوشت کا نکما حصّہ۔ غدود (۲) لیچڑ۔

چُچکارنا (چُچ۔کار۔نا) (ہ) (ہندو) (۱) سیٹی بجا کر کُتّے کو بلانا (۲) کُتّے کو آواز دے کر کسی کے پیچھے لگانا (۳) ملامت کرنا۔

چہچہا (چہ۔چہا) (ہ) مذکر۔ پرندوں کا خوشی میں آکر بولنا۔ خوش الحانی۔ **چہچہانا** (۱) چہکنا۔ نغمہ سرائی کرنا (۲) خوش آوازی سے باتیں کرنا۔ خوشی میں آکر بولنا۔

چُہچُہا (چُہ۔چُہا) (ہ) نہایت سرخ اور شوخ رنگ۔ **چُہچُہانا**۔ شوخی برسنا۔ شوخی ٹپکنا۔

چھچھل (چھچھل) (ہ) چھچھلنا کا امر۔ **چھچھلا**۔ کم گہرا (برتن یا پانی)۔ **چھچھلتی ہوئی** (۱) دوسری چیز کو چھوڑ کر گزرتی ہوئی (۲) سرسری۔ **چھچھلنا**۔ کسی چیز کا دوسری کے اوپر سے چھوتے ہوئے گزر جانا۔

چھچھو (چھچھُو۔ چھچھُو) (ہ) مذکر (بچّوں کی زبان) پیشاب۔

چھچھورا (چھچھو۔را) (ہ) مذکر۔ بچّوں کی سی عادت والا۔ کمینہ۔ سفلہ۔ پیٹ کا ہلکا۔ **چھچھورا پن**۔ یا۔ **چھچھورپن**۔ مذکر۔ کمینہ پن۔ سفلہ پن۔

چھچھوندر (چھچھوں۔دَر) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا بڑا چوہا، جو رات کو نکلتا ہے اور اس کے جسم سے بدبو آتی ہے۔ موش کور (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) وہ عورت جو اِدھر اُدھر لڑائی کراتی پھرے۔ **چھچھوندر چھوڑنا** (۱) آتش بازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا (۲) شگوفہ چھوڑنا۔ نئی بات اختراع کر کے بیان کرنا۔ **چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل** (۱) مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی کم رتبہ شخص اچھی چیز استعمال کرے۔

چھچھی (چھچھی) (ہ) مؤنث۔ بچّوں کا پیشاب یا پاخانہ۔

چھُدّا (چھُد۔دا) (ہ) مذکر (۱) بہتان۔ تہمت۔ الزام (۲) شکوہ۔ گلہ (۳) باراحسان۔ **چھُدّا اتارنا** (عو) (۱) شکوہ اتارنا۔ گلہ اتارنا (۲) سر سے بوجھ اتارنا (۳) جلد آکر چلا جانا۔

چھدام (چھدام) (ہ) مذکر۔ دمڑی۔

چھدرا (چھد۔را) (ہ) مذکر۔ فرق فرق سے۔ چھیدوالا۔ جھر جھرا۔ **چھدرا کر چلنا**۔ ٹانگوں کو فرق سے رکھ کر چلنا۔ ٹانگیں کھول کر چلنا۔

چھدنا (چھد۔نا) (ہ) (۱) سوراخ ہونا (۲) بِدھنا۔

چھُدّے مُدّے (چھُد۔دے، مُد۔دے) (ہ) مذکر (عو) پیار کا کلمہ، جو ماں بچے کو صدقے قربان کی جگہ کہتی ہے۔

چھر (چھر) (ف) مذکر۔ چہرہ۔

چھرّا (چھر۔را) (ہ) مذکر (۱) ایک چھوٹی سی گولی، جو بندوق میں رکھ کر چھوڑی جاتی

ہے۔ سنگ ریزہ (۲) وہ کنکر، جو گھنگروؤں وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے ؛

چھرّا چلنا (۱) سنگ ریزوں کی بوچھاڑ ہونا (۲) گالیوں اور آوازوں تو ازوں کا لگاتار ہونا ؛

چھُرا (چھُرا) (ہ) مذکر۔ بڑا چاقو۔ چھوٹی تلوار ؛ **چھُری**۔ مؤنث سلیا چاقو، جو بند نہ ہو سکے۔ چھوٹا چھرا ؛ **چھُری بند بھائی** (ہ) مذکر (۱) قصائی۔ بوچڑ (۲) ہم پیشہ۔ ہم قوم ؛ **چھُری بھلی نہ کٹاری**۔ مثل۔ مصیبتیں چھوٹی بڑی سب برابر ہیں۔ دشمن معمولی ہو یا سخت سب بُرے ہیں ؛ **چھُری بھونکنا** (۱) چھُری مارنا یا گھسیٹرنا ؛ **چھُری پھیرنا** (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ جان سے مارنا (۲) تکلیف دینا۔ ظلم کرنا ؛ **چھُری تلے دم لینا** (ہ) (عو) (۱) صبر کرنا۔ ٹھہرنا۔ تامّل کرنا (۲) مصیبت برداشت کرنا۔ تکلیف سہارنا ؛ **چھُری تیز ہونا** (۱) لوہا تیز ہونا (۲) زور چلنا۔ قابو ہونا ؛ **چھُری چلنا** (۱) چھُریوں سے مار کٹائی ہونا (۲) اَن بَن رہنا (۳) کسی کو رنج یا صدمہ پہنچنا ؛ **چھُری دینا**۔ قتل کرنا، ذبح کرنا ؛ **چھُری کٹاری**۔ مؤنث (عو) (۱) لڑائی جھگڑا (۲) چھُریوں خنجروں کی لڑائی (۳) عداوت۔ دشمنی ؛ **چھُری کٹاری ہونا** (۱) لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا (۲) سخت دشمنی ہونا ؛ **چھُری مارنا** (۱) چھُری بھونکنا، خنجر مارنا، زخمی کرنا (۲) ناگوار بات کہنا (۳) طعن و تشنیع کرنا ؛ **چھُریاں**۔ مؤنث چھُری کی جمع ؛ **چھُریوں کا غسل دینا** (ہ) (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا (۲) گھایل کرنا۔ زخمی کرنا (۳) بڑی بھاری سزا دینا ؛

چھرنا (چھَرنا) (ہ) اناج صاف کرنا۔ چھلکا اتارنا ؛

چہرہ (چِہ۔ رَہ) (ف) مذکر (۱) صورت۔ مُنہ۔ مُکھڑا۔ رخسارہ (۲) مُہرہ۔ سامنے کا رُخ (۳) خط و خال۔ حلیہ ؛ **چہرہ اُترنا** (ہ) صورت کا مرجھانا۔ مُنہ اُترنا ؛ **چہرہ بگاڑنا**۔ ایسی بُری طرح مارنا کہ شکل پہچانی نہ جائے۔ بدصورت بنا دینا ؛ **چہرہ بنانا**۔ مُنہ چڑانا۔ منہ بنانا ؛ **چہرہ تمتمانا**۔ چہرے کا غصّے، بخار یا گرمی سے سُرخ ہو جانا ؛ **چہرہ شاہی روپیہ**۔ مذکر۔ سرکاری سکّہ، جس پر وقت کے بادشاہ کا چہرہ نقش ہو۔ چہرہ دار روپیہ ؛ **چہرہ مُہرہ**۔ مذکر۔ خط و خال۔ شکل و صورت ؛ **چہرہ ہونا**۔ فوج میں نام لکھا جانا ؛

چہرے پر ہوائیاں اُڑنا۔ چہرے کا رنگ زرد ہونا ؛

چھریرا (چھَرِیرے۔ رَا) (ہ) دُبلا پتلا۔ لاغر۔ ہلکا پھلکا۔ اکہرا بدن ؛

چھَڑ (چھَڑ) (ہ) مؤنث۔ پتلا اور لمبا بانس ؛

چھَڑ (چھَڑ) (ہ) چھڑنا کا امر ؛ **چھَڑنا**۔ غلّہ کوٹ کر صاف کرنا۔ اوکھلی میں غلّہ کوٹنا ؛

چھِڑ (چھِڑ) (ہ) چھِڑنا کا امر ؛ **چھِڑنا** (چھِڑنا) (۱) آغاز ہونا۔ شروع ہونا (۲) بجنا ؛ **چھِڑوانا**۔ چھیڑخانی کرانا۔ غصّہ دلوانا۔ آوازہ توازہ پھکوانا ؛

چھَڑا (چھَڑا) (ہ) (۱) اکیلا۔ تنہا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا پاؤں کا کڑا۔ پاؤں کی چوڑی یا کان میں پہننے کا موتیوں کا ایک زیور ؛ **چھَڑے**۔ مذکر۔ پاؤں کا ایک زیور ؛

چھَڑے چھٹانک۔ دم نقدہ تنہا ؛

چھُڑا (چھُڑا) (ہ) چھُڑانا کا امر ؛ **چھُڑانا** (۱) علٰحدہ کرانا۔ جُدا کرانا (۲) آزاد کرانا۔ رہا کرانا (۳) موقوف کرانا۔ ترک کرانا (۴) وا کرنا۔ کھولنا ؛ **چھُڑائی**۔ مؤنث (۱) رہائی کا عوضانہ۔ جرمانہ (۲) وہ دام، جو شکاری جانور چھوڑنے سے پہلے لے جاتا ہے (۳) وہ نقدی، جو چڑیمار کو دے کر پرندوں کے چھوڑنے کی اجازت دی جائے ؛ **چھُڑوانا** (۱) جُدا کرانا (۲) رہا کرانا ؛

چھِڑک (چھِڑَک) (ہ) چھِڑکنا کا امر ؛ **چھِڑکانا**۔ چھِڑکنا کا متعدی ؛ **چھِڑکاؤ**۔ مذکر (۱) پانی وغیرہ کا زمین پر چھِڑکنا (۲) آب پاشی ؛ **چھِڑکائی**۔ مؤنث۔ پانی چھِڑکنے کی اُجرت ؛ **چھِڑکنا** (۱) زمین وغیرہ پر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر اسے تر کرنا (۲) آبپاشی کرنا (۳) تصدّق کرنا (۴) رنگ ڈالنا ؛ **چھِڑکوانا**۔ چھِڑکنا کا متعدی المتعدی ؛

چھَڑی (چھَڑِی) (ہ) مؤنث (۱) پتلی لکڑی۔ بید۔ قمچی (۲) وہ جھنڈی، جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے (۳) چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قمچی (۴) گوکھرو اور چکّی وغیرہ کی سیدھی ٹکن، جو عورتیں اکثر پاجامے وغیرہ میں ٹانکتی ہیں (۵) اکیلی۔ تنہا ؛

چھَڑی سواری (ہ) تنہا۔ بہ یک بینی و دوگوش۔ جریدہ ؛ **چھَڑیوں کا میلا**۔ مذکر۔ وہ میلا، جو کسی بزرگ کی جھنڈیوں کے نام سے کیا جاتا ہے ؛

چھَڑیلا (چھَڑِیلے۔ لَا) (ہ) مذکر۔ ایک خوش بودار دوا ؛

چھَک (چھَک) (ہ) چھکنا کا امر ؛ **چھکا چھک** (۱) بھرا ہوا (۲) سیر (۳) سیاہ مست۔ مدہوش ؛ **چھکا دینا** (۱) سیر کر دینا (۲) بے نیاز اور بے پروا کر دینا ؛ **چھکانا** (۱) بھر دینا (۲) کھلانا (۳) سیر کرنا (۴) خوب شراب پلانا (۵) کھلا پلا کر آسودہ کر دینا ؛ **چھکنا**۔ جی بھر کے کھا پی لینا ؛

چہک (چِہَک) (ہ) (۱) چہکنا کا امر (۲) مؤنث۔ چہچہا ؛ **چہکنا** (۱) خوش الحانی کرنا۔ چہچہانا۔ نواسنجی کرنا (۲) نہایت خوشی کی باتیں کرنا ؛

چہکا (چِہ۔ کَا) (ہ) مذکر (۱) اینٹوں، پتھروں وغیرہ کا فرش، جو اکثر چھتوں، صحنوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے (۲) داغ ؛

چھکّا (چھَک۔ کَا) (ہ) مذکر (۱) چھ سے نسبت رکھنے والا (۲) تاش یا گنجفے کا پتّا، جس پر چھ نقطے یا علامتیں ہوں ؛ **چھکّے چھوٹ جانا**۔ یا چھوٹنا۔ حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا ؛

چہکارنا (چِہ۔ کَار۔ نَا) (ہ) (لکھنؤ) چہچہا کرنا۔ چہچہانا ؛

چھکڑ (چھَک۔ کَڑ) (ہ) مذکر۔ پپڑ۔ چھچھڑ ؛

چھکڑا (چھَک۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) اسباب لادنے کی بڑی گاڑی۔ گڈّا (۲) وہ چیز، جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں ؛

چھَل (چھَل) (ہ) مذکر (۱) دھوکا۔ فریب۔ مکر۔ عیّاری (۲) مذکر و مؤنث۔ دیوار کا کوئی ٹکڑا، جو گر پڑا ہو (۳) چھلنا کا امر ؛ **چھل بتّا**۔ یا۔ بتّے۔ مذکر۔ دھوکا۔ دم۔ فریب ؛ **چھل بل**۔ مذکر (۱) دیکھیے چھل بتّا (۲) چالاکی۔ شوخی ؛ **چھل کرنا**۔ چالاکی کرنا۔ فریب کرنا۔ دھوکا دینا ؛ **چھلنا**۔ پھسلانا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا ؛ **چھلیا**۔ دغا باز۔ فریبی ؛

چُہل (چُہَل) (ہ) مؤنث۔ خوش مزاجی۔ دل لگی۔ خوش طبعی۔ ہنسی ؛ **چُہل باز** (ہ) خوش مزاج۔ زندہ دل۔ مسخرہ۔ ظریف ؛

چِہل (چِہِل) (ف) چالیس۔ ۴۰ ؛ **چہل ابدال** (ف۔ ع) مذکر۔ وہ چالیس پاک نفس بزرگ، جنھیں خدا نے دنیا کے انتظام کی دیکھ بھال کے لیے مقرر کیا ہے ؛

چہل چراغ (ف) مذکر۔ چالیس چراغوں والا بڑی جھاڑ۔ چہل قدمی۔ مؤنث۔ سیر گشت۔ ہواخوری۔ سیر۔ ٹہلنا کرنا، ہونا کے ساتھ۔ چہل کاف۔ مؤنث۔ ایک دعا جس میں چالیس کاف ہیں۔ چہلم (۱) چالیسواں۔ چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲) (ف) مذکر۔ وہ رسم، جو میت کے متعلق مہینے کے بعد ادا کی جاتی ہے (۳) مذکر۔ شہدائے کربلا کا چالیسواں، جو ہر عشرۂ محرم کے چالیس روز بعد کیا جاتا ہے۔

چہلا (چہ۔ لا) (ف) مذکر (۱) دلدل۔ کیچڑ (۲) کیچڑ والی زمین۔ وہ زمین، جو ہر وقت پانی کے باعث دلدل بنی رہے (کر دینا، کرنا، ہو جانا، ہونا کے ساتھ)۔

چھلا (چھل۔ لا) (ہ) مذکر (۱) انگلی میں پہننے کا دھات کا سادہ حلقہ۔ بے نگینہ انگوٹھی (۲) کڑا۔ کنڈلی۔ حلقہ (۳) کلابتون یا ریشم کا گول نشان (۴) ایک پنجابی گیت (۵) گھر کی وہ دیوار، جو ایک طرف سے پکی اور دوسری طرف سے کچی ہو۔ چھلا چھپول۔ مذکر۔ ایک کھیل جس میں ہاتھ کا چھلا اتار کر کسی کی مٹھی میں چھپا دیتے اور مٹھیاں بند کر لیتے ہیں۔ جو شخص چھلے والی مٹھی پکڑ لیتا یا اس کی طرف اشارہ کرتا ہے، اسی کا چھلا ہو جاتا ہے۔ چھلا دھو کر اٹھانا (عو) منت کا چھلا پاک کر کے رکھنا تاکہ کامیابی پر للّٰہ دیا جائے۔ چھلّے کا گل۔ مذکر۔ وہ داغ، جو محبت جتانے کی غرض سے معشوق کا چھلا تپا کر جسم پر لگا لیا جاتا ہے۔

چھلانگ (چھلا۔ نگ) (ہ) مؤنث۔ پھلانگ۔ زقند۔ جست۔ چوکڑی۔ پھاند۔

چھلاوا (چھلا۔ وا) (ہ) مذکر (۱) (لغوی) چھل دینے والا (۲) (اصطلاحی) بھوت پریت۔ آسیب۔ غول بیابانی۔ شہابہ۔ آگیا بیتال (۳) طلسم دکھانے والا۔ شعبدہ باز۔

چھلبدار (چھل۔ بدار) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کے ڈوم، جو اکثر دائرہ بجا کر پیروں کے گیت گاتے ہیں۔

چھل پلانا (ہ) بازار میں کھڑے ہو کر کٹورے بجاتے ہوئے پانی پلانا۔

چہل پہل (چہل۔ پہل) (ہ) مؤنث (۱) رونق۔ آبادی (۲) زندہ دلی۔ خوشی۔ خرمی۔

چھلچھل (چھل۔ چھل) (ہ) مؤنث۔ زور سے پیشاب کرنے کی آواز۔ چھلچھلانا (۱) پانی چھوڑنا (۲) پیشاب کرنے کی آواز (۳) (گنوار) اترانا۔

چھلک (چھلک) (ہ) چھلکنا کا امر۔ چھلکانا۔ بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا۔ ڈھلکانا۔ چھلکتا ہوا۔ بھرا ہوا۔ لبریز۔ لبالب۔ چھلکنا (۱) بھر کے نیچے گرنا۔ باہر نکلنا۔ ڈھلکنا (۲) تھوڑے سے عروج پر غرور کرنا۔

چھلک (چھلک) (ہ) چھلکنا کا امر۔ چھلکنا (۱) عورت کا موتنا (۲) خوف یا کسی اور وجہ سے بے ارادہ پیشاب نکل جانا۔ چھلکی۔ مؤنث۔ عورت کا پیشاب، جو ایک دفعہ نکلے۔ چھلکیوں موتنا (۱) چلوؤں موتنا۔ بہت سا موتنا (۲) ڈر کے مارے بہت سا پیشاب نکل جانا (۳) نہایت رعب میں آنا۔

چھلنا (چھل۔ نا) (ہ) مذکر۔ بڑی چھلنی۔ چھلنی۔ مؤنث۔ چھاننے کا آلہ۔ غربال۔ چھلنی کر دینا۔ یا۔ کرنا (۱) بے انتہا سوراخ کر دینا (۲) بہت سے زخم لگانا۔ چھلنی میں ڈال چھاج میں اڑانا (عو) (۱) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ ڈھنڈی پیٹنا (۲) تھوڑی سی برائی کو بڑھا کر بیان کرنا۔ چھلنی ہو جانا۔ یا۔ ہونا (۱) سوراخ سوراخ ہو جانا (۲) تیروں سے بندھ جانا۔ بہت زخمی ہو جانا (۳) چھت کا بہت ٹپکنا۔

چھلّو (چھل۔ لو) (ہ) (۱) بے وقوف (۲) لڑکپن کا۔ طفلانہ۔

چھلوری (چھلو۔ ری) (ہ) مؤنث۔ وہ چھالا، جو انگلی یا کبھی ناخن کے اندر ہو جاتا ہے اور چیر اوپے بغیر اچھا نہیں ہوتا۔

چہلی (چہ۔ لی) (۱) مؤنث۔ کنوئیں کی چرخی۔

چھلی (چھل۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) چھلکا۔ پوست (۲) (پنجابی) مکئی کا بھٹا (۳) (پنجابی) سوت کی لکڑی۔

چھلی چھلیا (چھل۔ چھل۔ یا) (ہ) مؤنث۔ لڑکوں کا ایک کھیل۔

چھما (چھما) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) معافی۔ بخشش۔ درگزر (۲) رہائی۔ چھٹکارا (۳) شانتی (۴) صبر۔ تحمل۔ برداشت (۵) نوازش۔ عنایت۔ مہربانی۔ کرپا۔ رحم۔

چھما چھم (چھما۔ چھم) (ہ) (۱) خوب۔ بے حد۔ بہت (۲) مؤنث۔ بارش کی آواز۔

چھمچھم (چھم۔ چھم) (ہ) مؤنث (۱) مینہ کے برسنے کی آواز (۲) جھنکار۔ گھنگروؤں کی آواز۔ گہنے کی آواز۔

چھمچھما (چھم۔ چھما) (ہ) مؤنث (عو) انوکھی بات۔ لطیفہ۔ شگوفہ۔

چہ میگوئیاں (ف) دیکھیے "چمیگوئیاں"۔

چھن (چھن) (ہ) مذکر (۱) روپے کی آواز (۲) گھنگرو کی آواز (۳) کسی جلتی ہوئی چیز پر پانی پڑنے کی آواز (۴) کنکر۔ سنگ ریزہ (۵) (ہندو) کنگن۔ ہاتھ میں چوڑیوں کے درمیان پہننے کا زیور (۶) ایک قسم کے ٹکے، جو دولہا سسرال میں سنا کر انعام لیتا ہے۔ چھن چھن۔ مؤنث (۱) روپے کی آواز (۲) لوہے کی زنجیر کی آواز۔ چھنچھنانا۔ چھن چھن کی آواز نکلنا۔ جھنکار ہونا۔ چھنچھناہٹ۔ مؤنث (۱) چھن چھن (۲) تپک۔ جلن۔

چھن (چھن) (ہ) چھننا کا امر۔ چھننا (۱) چھاننا کا لازم۔ دیکھیے "چھاننا" (۲) جھگڑا ہونا۔ لڑائی ہونا (۳) روشنی کا باہر نکلنا (۴) بڑی چھلنی۔ چھلنا۔ چھنوانا۔ چھننا کا متعدی المتعدی۔

چھن (چھن) (ہ) چھننا کا امر۔ چھن جانا۔ یا۔ چھننا۔ زبردستی چھینا جانا۔ جبراً لیا جانا۔ چھنوانا۔ چھننا کا متعدی المتعدی۔

چھن (چھنّاہ) مؤنث (۱) تلنے کی آواز۔ کڑکڑاتے تیل یا گھی میں کسی چیز کے پڑنے کی آواز (۲) گھنگروؤں کی آواز۔ چھن چھن۔ مؤنث۔ دیکھیے آخری۔ چھنچھنانا۔ چھن چھن کی آواز نکلنا۔ چھنچھناہٹ۔ مؤنث۔ وہ آواز، جو کسی چیز کے تیل یا گھی میں داغ ہونے سے نکلتی ہے۔ چھنچھن۔ چھنننن۔ مؤنث۔ (عو) تلنے یا بگھارے جانے کی آواز۔

چھناک (چھناک) (ہ) مؤنث۔ گرم چیز پر پانی گرنے کی آواز۔

چھناکا (چھنا۔ کا) (ہ) مذکر۔ جھنکار۔ روپے کی آواز۔ دولت کی آواز۔

چھنال (چھنال) (ہ) مؤنث (۱) خراب عورت۔ بدکار و فاحشہ عورت۔ زانیہ (۲) شہوت پرست (۳) بے شرم۔ شوخ (۴) عیارہ۔ چالاک۔ ہوشیار۔

بدذات ⊙ چھنال پن ۔ چھنال پنا ۔ مذکر (۱) اوباشی ۔ زنا کاری ۔ بدکاری
(۲) شہوت پرستی (۳) بے شرمی (۴) مکاری ۔ عیاری ⊙ چھنالا ۔ مذکر ۔
زنا کاری ۔ بدکاری ⊙ چھنالا کرنا ۔ حرام کاری کرنا ۔ کسب کمانا ۔ زنا کرنا ۔
بدکاری کرنا ⊙
چھنا و چھننا ۔ اُو (ہ) مذکر ۔ چھانٹ ۔ تراش ⊙ چھنٹائی ۔ مؤنث (۱) چھنٹ جانا ،
چھانٹی (۲) چھانٹنے کی اُجرت ⊙ چھنٹنا ۔ دیکھیے "چھٹنا" ⊙
چھنٹیل ۔ مؤنث (عوام) باقی بچی ہوئی خراب چیز ⊙
چھند (چھند) (ہ) مذکر (۱) دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف ظاہر کرنا (۲) (عو)
چھل ۔ مکر و فریب (۳) نظم ۔ ایک خاص قسم کے اشعار (۴) وزن ۔ بحر (۵)
سُر ۔ تال (۶) مطالب ۔ معانی ⊙ چھند بند (ہ) مذکر ۔ عیاری ۔ چالاکی ۔
مکر ۔ فریب ۔ فند ⊙ چھند ماترا ۔ مذکر ۔ تقطیع ۔ بحروں کے وزن ⊙
چھنرا (چھن ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) چھنال ۔ عیاش ۔ بدکار ۔ زانی (۲) شرابی ۔ شہدا ۔ لچا
چھنگا (چھن ۔ گا) (ہ) مذکر ۔ چھ انگلیوں والا آدمی ⊙
چھنگلی ۔ چھنگلیا (چھنگ ۔ لی ، چھنگل ۔ یا) (ہ) مؤنث ۔ ہاتھ یا پاؤں کی سب
سے چھوٹی انگلی ۔ من انگلی ⊙
چھو (چھو) (ہ) مذکر (۱) محبت ۔ پیار (۲) مہربانی ۔ لطف ۔ رحم (۳) خفگی ۔ غصہ
(۴) دم کرنے یا پھونکنے کی آواز ⊙ چھو بننا یا ہو جانا ۔ چمپت ہونا ۔
چل دینا ۔ چلتا بننا ۔ رخصت ہونا ۔ ہوا ہونا ⊙ چھو کرنا ۔ دعا پڑھ کر
پھونکنا ۔ دم کرنا ⊙ چھو منتر ۔ مذکر ۔ جادو یا افسون پڑھ کر پھونکنا ⊙
چھوا چھو (چھوا ۔ چھو) (ہ) مؤنث ۔ دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی آواز ⊙
چھوارا ۔ چھہارا (چھوا ۔ رَا ، چھہا ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ خرما ۔ ایک قسم کی بڑی
سوکھی کھجور ۔ تمر ⊙
چھوانا (چھوا ۔ نا) ۔ مَس کرنا ۔ لگانا ⊙
چھوپ (چھوپ) (ہ) (۱) چھوپنا کا امر (۲) گھوڑے کے زخم پر لگانے کی دوا ⊙
چھوپنا ۔ گیلی مٹی سے دیوار وغیرہ کے سوراخ بھرنا ۔ کچی دیوار کی مرمت کرنا ⊙
چھوت (چھوت) (ہ) مؤنث (۱) چھوا چھوت ۔ مَس (۲) ناپاک آدمی کا سایہ (۳) ناپاکی ۔ پلیدی ⊙
چھوت چھات ۔ مؤنث ۔ چھوت ⊙
چھوٹ (چھوٹ) (ہ) مؤنث (۱) آزادی ۔ رہائی (۲) چھٹکارا ۔ فرصت (۳) تخفیف ۔ کمی
(۴) بے تکلفانہ پھکڑ ۔ گالی گفتار (۵) طلاق (۶) مستثنیٰ (۷) وہ جگہ جہاں سے
کبوتروں کے چھوڑنے کی شرط ہو (۸) چھوٹنا کا امر ⊙ چھوٹ لڑنا ۔ فن چوب بازی
کے کسی کامل شخص سے متعدد آدمیوں کا ہتھیاروں کے ساتھ مقابلہ کرنا اور اُس
کا سب کو جواب دینا (۲) گالی گلوچ سے لڑنا ⊙ چھوٹ ہونا (۱) وقت ملنا ۔ فرصت
ہونا (۲) بے تکلفانہ مزاج ہونا ۔ پھکڑ ہونا (۳) چوب بازی میں بے قید ہو کر پھری گرکوں
سے لڑنا ⊙ چھوٹتے ہی ۔ اسی وقت ۔ فوراً ⊙ چھوٹنا (۱) دیکھیے "چھٹنا" (۲)
رسی تڑانا ۔ کھلنا (۳) گھوڑے کا گھوڑی پر دوبارہ چڑھنا ⊙ چھوٹے گاؤں سے
ناتا کیا ⊙ مثل ۔ جس گاؤں کو چھوڑ دیا ، اُس سے رشتہ داری کیسی ؟
چھوٹا (چھو ۔ ٹا) (ہ) (۱) کوتاہ ۔ تنگ (۲) خُرد ۔ اصغر ۔ قد یا عمر میں کم (۳) تھوڑا ۔
کہتر ۔ کمتر (۴) نیچ ۔ کمینہ (۵) قلیل ۔ کم (۶) اعلیٰ کا نقیض ۔ ادنیٰ ⊙ چھوٹا
سب سے کھوٹا ۔ مثل ۔ چھوٹے قد کا آدمی بہت شریر ہوتا ہے ⊙
چھوٹا صاحب (ہ) مذکر ۔ بڑے افسر سے چھوٹا افسر ۔ اعلیٰ افسر کا نائب ⊙
چھوٹا منہ بڑی بات (ہ) مثل ۔ حوصلے سے بڑھ کر بات کرنا ۔ لیاقت
سے زیادہ بات کرنا ⊙ چھوٹی ۔ چھوٹا کی تانیث ⊙ چھوٹی الائچی (ہ) مؤنث ۔
سفید الائچی ۔ ہیل خُرد ⊙ چھوٹی اُمت ۔ مؤنث ۔ نیچ لوگ ۔ کمینے آدمی ⊙
چھوچھک (چھو ۔ چھک) (ہ) مؤنث ۔ زچہ خانے کی رسم ۔ چھٹی ⊙
چھوچھو ۔ چھوچھو (چھو ۔ چھو) (ہ) مؤنث (عو) کھلائی ۔ دایہ ۔ لڑکیوں کی خدمت کے لیے
مقرر کی ہوئی عورت ⊙
چھورا (چھو ۔ رَا) (ہ) مذکر (ہندو) چھوکرا ⊙
چھوڑ (چھوڑ) (ہ) (۱) چھوڑنا کا امر (۲) بجائے ۔ سوا (۳) ایک طرف کر کے ۔
علیحدہ کر کے (۴) ناقابلِ ذکر (۵) مذکر ۔ آزادی ۔ خلاصی ۔ رہائی (۶) احتراز ۔
اعراض ۔ ترک ۔ تیاگ (۷) چھوٹ ۔ غلطی ⊙ چھوڑنا (۱) رد کرنا ۔ ترک کرنا (۲)
آزاد کرنا ۔ رہا کرنا (۳) معاف کرنا ۔ بخشنا (۴) بندوق چلانا (۵) بچانا (۶) علیحدگی
اختیار کرنا ۔ استعفا دینا (۷) طلاق دینا (۸) دوڑانا (۹) مکان خالی کرنا (۱۰) بچا رکھنا
(۱۱) پانی بہانا (۱۲) نر کو مادہ پر ڈالنا ⊙ چھوڑو بی بلی ، چوہا لنڈورا ہی
بھلا ۔ مثل ۔ مجھے تم سے جو نقصان پہنچا ، سو پہنچا ۔ اب میرا پیچھا چھوڑو ⊙
چھوکرا (چھوک ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) لڑکا (۲) چیلا ۔ غلام (۳) ناتجربہ کار ۔ نادان ⊙
چھوکری ۔ مؤنث (۱) لڑکی ۔ چھوری (۲) کنیز ۔ لونڈی ⊙
چھول داری (چھول ۔ دا ۔ ری) (ہ) مؤنث ۔ سپاہیوں کے رہنے کا چھوٹا سا
جھونپڑا ⊙
چھولنا (چھول ۔ نا) (ہ) مؤنث (عوام) (۱) چھلکا اتارنا (۲) چھیلنا ⊙
چھولنی (چھول ۔ نی) (ہ) مؤنث (عوام) کھرپی ⊙
چھونا (چھو ۔ نا) (ہ) (۱) ہاتھ لگانا ۔ مَس کرنا (۲) چھیڑنا ۔ ٹھونا (۳) گود میں لینا ⊙
چھوچھا (چھوں ۔ چھا) (ہ) (ہندو) (۱) خالی چیز (۲) مفلس ۔ تہی دست ۔ محتاج ۔
مسکین ⊙ چھوچھی ۔ مؤنث (ہندو) (۱) نرکل کی نلی (۲) سوئیوں کی نلی (۳)
سُوا ۔ بڑی سوئی (۴) بچوں کے لیے چھوٹا پیالہ ⊙
چھونک (چھونک) (ہ) مذکر (۱) بگھار ۔ داغ (۲) چھونکنا کا امر ⊙ چھونکن ۔
مذکر ۔ بگھارنے کا آلہ ⊙ چھونکنا (ہندو) بگھارنا ۔ گھی داغ کرنا ⊙
چھوئی موئی (چھو ۔ ای ، مُو ۔ ای) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی بوٹی جس کے
پتے آدمی کے ہاتھ لگانے ، بلکہ سایہ تک پڑنے سے مرجھا جاتے ہیں ۔
لاجونتی (۲) چڑچڑا شخص ۔ نازک مزاج شخص (۳) نہایت نازک یا کمزور چیز ⊙
چھہتر (چھہ ۔ تر) (ہ) چھہ اوپر ستر ۔ ہفتاد و شش ۔ ۷۶ ⊙
چھیّ (چھیّ) (ہ) مؤنث ۔ ایک پرندہ ⊙
چھی (چھی) (ہ) مؤنث (حرفِ نفرت) (۱) تھوتھو ۔ تُف (۲) خراب ۔ نکما ۔ بُرا (۳)
چھینکنے کی آواز ⊙ چھی چھی ۔ مؤنث ۔ بچے کا پاخانہ ۔ گوہ ۔ براز ⊙
چھی چھی پھرنا ۔ بچے کا پاخانہ پھرنا ⊙

چھے (چھے) (ہ) چھیناکا امر۔ چھے جانا۔ کان کے چھید کا پھٹ جانا۔ چھینا کان کا چھید پھٹنا۔ سوراخ کا بڑھ جانا۔

چھیاسٹھ (چھیا سٹھ) (ہ) چھ اوپر ساٹھ۔ شصت و شش۔ ۶۶۔

چھیاسی (چھیا سی) (ہ) چھ اوپر اسی۔ ہشتاد و شش۔ ۸۶۔

چھیالیس (چھیا لیش) (ہ) چھ اوپر چالیس۔ چہل و شش۔ ۴۶۔

چھیانوے (چھیان وے) (ہ) چھ اوپر نوے۔ نود و شش۔ ۹۶۔

چھیپ (چھیپ) (ہ) مؤنث (۱) داغ۔ دھبا۔ چھائیں (۲) ایک قسم کا میوہ (۳) مچھلیاں پکڑنے کی چھڑی۔ چھیپی (۱) مذکر۔ کپڑا چھاپنے والا (۲) مؤنث۔ وہ کپڑا بندھی چھڑی، جس سے کبوتر اڑائے جاتے ہیں۔

چھیتا (چھے تا) (ہ) (صفت مذکر) (ع) عزیز۔ پیارا معشوق۔ چھیتی (صفت مؤنث) معشوقہ۔ پیاری۔

چھیج (چھیج) (ہ) (۱) مؤنث۔ زوال۔ نقصان۔ کمی (۲) چھیجنا کا امر۔ چھیجنا (۱) گھٹنا۔ کم ہونا (۲) مرنا (۳) خراب ہونا۔ ضائع ہونا (۴) ہٹنا۔ اترنا۔

چھیچھڑا۔ چھیچھڑا (چھیچھ ڑا، چھیچھ ڑا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "چھچھڑا"۔

چھید (چھید) (ہ) مذکر (۱) رخنہ۔ سوراخ (۲) بل۔ گڑھا (۳) چھیدنا کا امر۔ چھیدنا۔ سوراخ کرنا۔

چھیر (چھیر) (ہ) مذکر۔ لال کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔

چھیڑ (چھیڑ) (ہ) مؤنث۔ ہجوم کا زوال۔ آدمیوں کی کمی۔

چھیڑ (چھیڑ) (ہ) مؤنث (۱) چھونا (۲) گدگدی (۳) چھیڑخانی۔ ہنسی ٹھٹھا (۴) فساد۔ مخالفت (۵) چڑ۔ چڑانے کی بات (۶) نشترزنی (۷) کسی باجے کی حرکت (۸) چھیڑنا کا امر۔ چھیڑ چھاڑ۔ مؤنث (۱) تعرض۔ طعن۔ مذاق۔ ہنسی (۲) بات چیت (۳) خط کتابت (۴) لڑائی بھڑائی۔ چھیڑخانی۔ مؤنث (۱) مخول۔ ٹھٹھا۔ دل لگی (۲) کاوش۔ رنج (۳) اشتعال طبع۔ چھیڑنا (۱) چھونا۔ ہاتھ لگانا (۲) گدگدانا (۳) اشتعال دینا۔ چڑانا۔ بھڑکانا (۴) گھوڑا دوڑانا (۵) ٹھٹھا کرنا۔ مذاق کرنا (۶) کوئی بات یاد دلانا۔ ذکر کرنا (۷) دق کرنا۔ ستانا (۸) آگاہ کرنا۔ جتانا (۹) زخم کو چیرا لگانا۔ نشتر لگانا (۱۰) باجا بجانا (۱۱) ابتدا کرنا (۱۲) الاپنا۔ گانا۔

چھیک (چھیک) (ہ) مذکر (ہندو) دیکھیے "چھید"۔

چھیل (چھیل) (ہ) مذکر۔ بانکا جوان۔ رنگیلا آدمی۔ خوش پوشاک آدمی۔ چھیل چھبیلا۔ مذکر (۱) ایک قسم کی خوشبودار گھاس (۲) چھیلا۔ رنگیلا آدمی۔ چھیلا۔ مذکر۔ دیکھیے "چھیل"۔

چھیل (چھیل) (ہ) چھیلنا کا امر۔ چھیلن۔ مؤنث۔ جو کچھ چھیلنے سے نکلے۔ تراشہ۔ چھیلنا (۱) کھرچنا۔ پوست اتارنا (۲) کھجلی کرنا۔ خراش کرنا (۳) حرف اڑانا۔

چھیلی۔ چھیری (چھی۔ لی، چھی۔ ری) (ہ) مؤنث (گنوار) بکری۔ گوسفند۔

چھین (چھین) (ہ) چھیننا کا امر۔ چھین لینا۔ زبردستی سے لینا۔ جھپٹ لینا۔ چھینا جھپٹی۔ یا۔ چھین جھپٹ۔ مؤنث۔ زبردستی چھیننا۔ کشمکش۔ نوچا کھسوٹی۔ چھیننا۔ زبردستی لینا۔ جھپٹا مارنا۔ غصب کرنا۔

چھینٹ (چھینٹ) (ہ) مؤنث (۱) قطرہ۔ بوند (۲) ایک قسم کا بیل بوٹے والا کپڑا۔ رنگین چھپا ہوا کپڑا (۳) دھبا۔ داغ۔ چھینٹا۔ مذکر (۱) پانی کا چھینٹا (۲) تھوڑا سا مینہ۔ ہلکی بارش (۳) دھوکا۔ فریب (۴) چنڈو یا مدک کا ایک دم (۵) نوک جھونک۔ طعنہ۔ چھینٹا دینا (۱) کسی پر چھینٹو بھر پانی وغیرہ چھڑکنا (۲) چیچک کے مرجھانے پر سونے کے پانی کا چھینٹا چھڑکنا (۳) لالچ دینا۔ فریب دینا۔

چھینک (چھینک) (ہ) مؤنث (۱) وہ آواز، جو زکام کی حالت میں یا کسی سلسلاہٹ کے باعث ناک سے نکلے۔ عطسہ (۲) چھینکنا کا امر۔ چھینکتے ہی ناک کٹی۔ مثل۔ سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔ بدشگونی ہوتے ہی نقصان ہوا۔ چھینکنا۔ چھینک آنا۔

چھینکا (چھین کا) (ہ) مذکر (۱) وہ جالی یا ٹھکن، جو کھانا وغیرہ رکھنے کے لیے چھت میں لٹکا دیتے ہیں (۲) وہ جالی، جو چوپایوں کے منہ پر لگا دی جاتی ہے۔

چھینی (چھے۔ نی) (ہ) مؤنث۔ لوہا کاٹنے کا اوزار۔ ٹانکی۔

چ - ی - ے

چیاں (چیاں) (ہ) مذکر۔ املی کا بیج۔ چیاں سا۔ یا۔ چیاں سی (ہ) چھوٹا سا یا چھوٹی سی۔

چیپ (چیپ) (ہ) مذکر (۱) لیس (۲) چپکنے والی چیز۔ لاسا (۳) زخم کی پیپ (۴) رطوبت، جو اکثر پکے ہوئے آموں سے نکلتی ہے (۵) چیپنا کا امر۔ چیپ دار (ہ) چپکتا ہوا۔ لیس دار۔ چیپنا (ہندو) (۱) جوڑنا۔ چپکانا (۲) سر منڈھنا (۳) نوکر دکھوا دینا۔ چیپی۔ مؤنث (۱) کاغذ کی دھجی، جو چپکائی جائے (۲) پیوند، جو پتنگ میں دیا جائے۔

چیت (چیت) (ہ) مذکر۔ ہندی سال کا بارھواں مہینہ، جو مارچ، اپریل میں واقع ہوتا ہے۔

چیت (چیت) (ہ) مذکر (۱) سوچ۔ فکر۔ دھیان۔ خیال (۲) سمجھ۔ حس۔ ادراک (۳) ذہن۔ حافظہ۔ یاد (۴) چیتنا کا امر۔ چیتا۔ مذکر (ع) (۱) دیکھیے "چیت" (۲) ہادی۔ صلاح کار۔ مشیر۔ چیتنا (۱) خیال کرنا۔ سوچنا (۲) یاد کرنا۔ سمجھ میں آنا (۳) جاگنا۔ ہوشیار ہونا۔

چیتا (چی۔ تا) (ہ) مذکر۔ شیر کی قسم کا پتلی کمر والا ایک درندہ، جس کے جسم پر چتیاں ہوتی ہیں۔

چیتل (چی۔ تل) (ہ) (۱) داغ دار (۲) مذکر۔ ایک قسم کا ہرن (۳) چیتا (۴) ایک قسم کا سانپ (۵) کوئی گل دار جانور۔

چیتھڑا (چیتھ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ لیر۔ لتا۔ چیتھڑے لگنا (ہ) مفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا۔

چیٹک (چے۔ ٹک) (ہ) مؤنث (ع) (۱) لگن۔ لاگ (۲) لے۔ دھن (۳) عشق۔ شوق۔

چیچا (چی۔ چا) (ہ) مذکر۔ فرج کے اندر ابھرا ہوا گوشت۔

چیچڑی (چیچ۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ کیڑا، جو کتے، گائے، بھینس وغیرہ کے جسم میں پڑ جاتا ہے۔

چیچک (چی۔ چک) (ت) مؤنث۔ سیتلا۔ ماتا۔ چیچک رو۔ وہ شخص، جس کے چہرے پر سیتلا کے نشان ہوں۔

چیخ (چیخ) (ہ) مؤنث (۱) شور اور فریاد، جو خوف یا تکلیف کی حالت میں زبان سے نکلے (۲)

چنگھاڑ (۳) زور کی آواز (۴) درد کی آواز (۵) غُل غپاڑا (۶) چیخنا کا امر ٭ چیخ اُٹھنا (۱) چلّا اُٹھنا (۲) عاجز آجانا۔ گھبراجانا ٭ چیخم چاخ مچنا (عو) (۱) پکار پڑنا۔ شور غل ہونا (۲) نالہ و فریاد کرنا ٭ چیخم دھاڑ مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ دھوم مچانا ٭ چیخنا (۱) شور کرنا۔ چلّانا (۲) نالہ و فغاں کرنا ٭

چیدہ (چی۔ دہٗ) (ف) انتخاب کیا ہوا۔ چُنا ہوا ٭ چیدہ چیدہ۔ عمدہ عمدہ۔ اچھے اچھے۔ منتخب ٭

چیر (چیرٗ) (ہ) مؤنّث (۱) شگاف۔ زخم (۲) کترن۔ کپڑے کی پٹّی۔ دھجّی (۳) دوپٹّا (۴) چیرنا کا امر ٭ چیر آنا (عو) شگاف ہوجانا۔ زخم آجانا ٭ چیر پھاڑ۔ مؤنّث (۱) عملِ جرّاحی (۲) کاٹ چھانٹ۔ کاٹ کوٹ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ چیرا۔ مذکّر (۱) شگاف۔ زخم (۲) ایک قسم کی نقش دار پگڑی (۳) دوشیزگی۔ بکارت ٭ چیرا اُتارنا (۱) کنوارپن اُتارنا۔ ازالۂ بکارت ٭ چیرا بند (ق) (۱) کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ (۲) چیرا باندھنے والا۔ دستار بند ٭ چیرا دینا۔ یا۔ لگانا (ہ) شگاف دینا۔ زخم لگانا۔ نشتر مارنا ٭ چیرنا (۱) پھاڑنا (۲) تراشنا ٭ چیرے۔ مذکّر (۱) چیرا کی جمع (۲) چیرا کی صورت حرف ربط سے پہلے ٭ چیرے بند (ق) مؤنّث۔ کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ ٭

چیرا (چے۔ رَا) (ہ) مذکّر (۱) ملازم۔ نوکر (۲) خادم۔ غلام ٭ چیری۔ مؤنّث۔ کنیز۔ باندی ٭

چیرز (چی۔ اَرْز) (انگ۔ Cheers) مذکّر۔ تالیاں بجانا۔ واہ وا۔ نعرہ ہائے آفرین۔ ہُرّے ٭

چیرمین (چے۔ اَر۔ مَین) (انگ۔ Chairman) مذکّر۔ کمیٹی یا جلسے کا صدر۔ میرِ مجلس۔ پردھان۔ پریذیڈنٹ ٭

چیرو (چے۔ رُوْ) (ہ) مذکّر (۱) سرخ رنگ کا ایک کچا سوت، جو ولایت سے آتا ہے (۲) ایک جنگلی قوم ٭

چیرہ (چی۔ رَہْ) (ف) (۱) زور آور (۲) بہادر (۳) غالب (۴) (ہ) ایک قسم کی نقش دار پگڑی ٭ چیرہ دست (۱) غالب (۲) سرکش (۳) زبردست ٭ چیرہ دستی۔ مؤنّث (۱) زبردستی (۲) سرکشی (۳) طاقت (۴) فتح (۵) برتری ٭

چیڑ (چیڑْ) (ہ) مذکّر۔ اونچے قد کا ایک پہاڑی درخت۔ دیار۔ یا دیودار کی قسم کا ایک درخت ٭

چیز (چیزْ) (ف) مؤنّث (۱) شے۔ جنس۔ اسباب (۲) (ق) گہنا پاتا۔ زیور (۳) راگ۔ گیت (۴) اصل۔ حقیقت (۵) شیرینی۔ مٹھائی (۶) امانت ٭ چیز بست (ق) مؤنّث۔ اٹالا۔ اثاثہ۔ اسباب ٭ چیزی۔ مؤنّث۔ دیکھیے "چیز" ٭

چیس (چیسْ) (ہ) مؤنّث (ہندو) درد۔ ٹیس ٭

چیسا (چی۔ سَا) (ہ) جوان۔ گبرو۔ خوش وضع ٭ چیسی۔ مؤنّث۔ خوش وضع عورت۔ وضع دار عورت ٭

چیستان (چیس۔ تان) (ف) اصل میں چیست، آن تھا۔ مؤنّث۔ بجھارت، پہیلی، معمّا ٭

چیف (چیفْ) (انگ۔ Chief) (۱) بڑا۔ افضل۔ اعلیٰ (۲) محکمے کا اعلیٰ عہدہ دار۔ افسر۔ سردار ٭ چیف جسٹس (Chief Justice) مذکّر۔ عدالتِ عالیہ کا بڑا جج۔ اعلیٰ جج ٭ چیف کورٹ (Chief Court) مذکّر۔ بڑی عدالت۔ عدالتِ عالیہ ٭ چیفس کالج Chief's College مذکّر۔ نوابوں، راجاؤں اور رئیسوں کے لڑکوں کے پڑھنے کا کالج ٭

چیک (چیکْ) (ہ) مذکّر (۱) کیچڑ (۲) چکنی مٹی (۳) گاڑھا دودھ ٭

چیکٹ (چی۔ کَٹْ) (ہ) مذکّر (۱) چراغ کی گاد۔ وہ مٹی، جو تیل کے باعث سیاہ اور چکنی ہوجاتی ہے (۲) کالا چکٹ ٭

چیکڑ (چی۔ کَڑْ) (ہ) مذکّر و مؤنّث (۱) کیچڑ (۲) چکنی مٹی ٭

چیل (چیلْ) (ہ) مؤنّث۔ مُردار کھانے والا ایک مشہور پرندہ۔ زغن ٭ چیل انڈا چھوڑتی ہے۔ مثل۔ سخت گرمی ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ٭ چیل جھپٹّا۔ مذکّر (۱) چیل کا جھپٹّا (۲) کوئی شے اس طرح لے جانا جس طرح چیل جھپٹّا مار کر لے جاتی ہے (۳) بچّوں کا ایک کھیل ٭ چیل چلو۔ مؤنّث (۱) چیل کو بُلا کر گوشت کھلانے کی آواز (۲) بچّوں کا ایک کھیل ٭ چیل کا پٹّھا۔ مذکّر (۱) چیل کا بچّہ (۲) احمق ٭ چیل کا مُوت۔ مذکّر۔ نایاب چیز۔ عنقا چیز ٭ چیل کی طرح منڈلاتے پھرنا (ق) کسی شے کی آرزو میں بے چین پھرنا۔ بے حد خواہش ہونا ٭ چیل کے گھر پارس ہوتا ہے (ہ) مثل (۱) کبھی کبھی وہاں سے بھی، جہاں قطعاً اُمید نہیں ہوتی، ازحد قیمتی چیزیں نکل آتی ہیں (۲) چالاک کے پاس دولت ضرور ہوتی ہے ٭ چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں؟ (ہ) مثل۔ کھانے اُڑانے والے اور فضول خرچ کے پاس روپیہ کہاں؟

چیلا (چے۔ لَا) (ہ) مذکّر (ہندو) جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا ٭

چیلا (چے۔ لَا) (ہ) مذکّر (۱) غلام۔ داس (۲) شاگرد (۳) پیرو۔ مرید (۴) ٹہل کرنے والا۔ خدمتی ٭ چیلی۔ مؤنّث۔ مریدنی ٭

چیلک (چی۔ لَکْ) (ہ) مؤنّث۔ کسی لفظ وغیرہ کے ناپسند ہونے پر کوئی نشان کر دینا ٭

چیلنج (چے۔ لَنْجْ) (انگ۔ Challenge) مذکّر (۱) مقابلے کے لیے بلانا (۲) سنتری کا پکارنا ٭

چیلو (چی۔ لُوْ) (ہ) مذکّر۔ آڑو جیسا ایک پہاڑی میوہ۔ زرد آلو ٭

چیلھڑ (چی۔ لھَڑْ) (ہ) مؤنّث۔ دیکھیے "چِلھڑ" ٭

چیمبر آف کامرس (انگ۔ Chamber of Commerce) مذکّر۔ مجلسِ تجارت ٭

چین (چینْ) (ہ) مذکّر۔ آرام۔ سکھ۔ راحت۔ عیش۔ اطمینان ٭

چیں (چیں) (ہ) مؤنّث۔ چڑیا کی آواز ٭ چیں بولنا۔ عاجز آنا۔ ہار ماننا ٭ چیں چپڑ کرنا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا ٭ چیں چیں۔ مؤنّث (۱) چوں چوں۔ شور غل (۲) لفظی تکرار (۳) پرندوں کے چلّانے کی آواز ٭

چین (چینْ) (ف) مذکّر۔ ہندوستان کے شمال مشرق میں ایک ملک ٭ چینی (۱) چین کا (۲) چین کا باشندہ (۳) مؤنّث۔ چین کی زبان (۴) (ہ) مؤنّث۔ سفید کھانڈ (۵) چین کی مٹی کا برتن ٭

چین (چینْ) (ف) مؤنّث۔ بل۔ شکن ٭ چین برابرو ہونا۔ چین بہ جبین ہونا (ق) تیوری پر بل ڈالنا۔ تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا ٭

چین (چینْ) (انگ۔ Chain) مؤنّث۔ زنجیر۔ گھڑی کی زنجیر۔ لڑی ٭

چینا (چی۔ نَا) (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کا چھوٹا غلّہ ٭ چینا گوند۔ مذکّر۔ ڈھاک کا گوند ٭

چینٹ (چینْٹْ) (ہ) مؤنّث۔ خراش۔ رگڑ۔ کھرونچ ٭

چینٹا (چینْ۔ ٹَا) (ہ) مذکّر (ہندو) بڑی چیونٹی ٭

چینچ (چینْچْ) (ہ) مذکّر۔ کبوتروں کو کھلانے کا چھوٹا سا دانہ ٭

چینچلا (چِیْنْ چْ - لا) (ہ) مذکر (۱) پسند نے کا وہ بچّہ جس کے پر نہ نکلے ہوں (۲) الھڑ الھا سوُرت ۔

چیند (چِیْنْدْ) (ہ) مؤنث ۔ گڑبڑ ۔ بدمعاملگی ۔ چیند بازی (۱) مؤنث (۱) بے ایمانی ۔

چیندی (چِیْن - دِیْ) (ہ) مؤنث (۱) چندی ۔ چھوٹا سا ٹکڑا (۲) چمڑے کا گول ٹکڑا، جو گاڑی کے دُھرے پر چڑھایا جاتا ہے ۔

چینگنا (چِیْنْگْ - نا) (ہ) چلّانا ۔ پکارنا ۔

چینگی پوٹے (چِیْن - گِیْ، پوٗ - ٹے) (ہ) مذکر (۱) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے (۲) بال بچے ۔

چیولی (چِیْو - لِیْ) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔

چیونٹا (چِیُوں - ٹا) (ہ) مذکر ۔ بڑی چیونٹی ۔ چینٹا ۔ مورِ کلاں ۔ چیونٹی ۔ مؤنث ۔ چینٹی ۔ مور ۔ چیونٹی کی آواز عرش تک (۱) مثل ۔ غریب اور مظلوم کی آہ عرش تک پہنچتی ہے ۔ چیونٹے ۔ مذکر (۱) چیونٹا کی جمع (۲) چیونٹا کی صورت حرف ربط سے پہلے ۔ چیونٹے کو پر لگنا ۔ یا ۔ نکلنا (ل) موت کا وقت قریب آنا کیونکہ چیونٹے کے پر نکلنے پر جب وہ اُڑتا ہے تو چڑیا اُسے پکڑ کر چٹ کر جاتی ہے ۔ چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا ۔ پھول سونگھ کر جینا ۔ نہایت کم خوراک ہونا ۔ چیونٹیاں ۔ مؤنث ۔ چیونٹی کی جمع ۔ چیونٹیاں لگنا ۔ گرمی کی تیزی کے باعث بدن سے چنگاریاں نکلنا ۔ چیونٹیوں بھرا کباب (مح) مذکر (۱) جھگڑے کی چیز (۲) آل اولاد والا مرد (۳) مصیبت زدہ آدمی ۔

ح

ح (حے) (ع) مؤنث (۱) عربی کا چھٹا، فارسی کا آٹھواں اور اُردو کا نواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے آٹھ عدد مقرر ہیں ۔

ح - ا

حاتم (حا - تِم) (ع) مذکر (۱) عرب کا ایک مشہور سخی، جو قبیلۂ طے سے تعلق رکھتا تھا (۲) (مجازاً) ہر سخی ۔ کریم ۔ بلند حوصلہ شخص ۔ حاتم کی گور پر لات مارنا (ل) حاتم سے بڑھ کر سخاوت کرنا ۔ کنجوس سے اتفاقاً سخاوت ہو جانا ۔

حاجات (حا - جات) (ع) مؤنث ۔ حاجت کی جمع ۔

حاجب (حا - جِب) (ع) مذکر ۔ داروغہ ۔ پاسبان ۔ ڈیوڑھی کا محافظ ۔ نگہبان ۔

حاجت (حا - جَت) (ع) مؤنث (۱) ضرورت ۔ خواہش ۔ مطلب (۲) آرزو ۔ امید (۳) التجا ۔ حاجت رفع کرنا (ل) (۱) مطلب نکالنا (۲) ضرورت پوری کرنا (۳) بیت الخلا جانا ۔ پاخانے جانا ۔ حاجتِ مشاطہ نیست روئے دلآرام را (ف) مثل ۔ خوب صورت کو سجاوٹ کی ضرورت نہیں ۔ حاجت مند (ع - ف) (۱) غرض مند ۔ خواہش مند (۲) مفلس ۔ تنگ حال ۔ محتاج ۔ حاجتی (و) (۱) مؤنث ۔ وہ برتن جس میں بیمار چارپائی پر پڑے پڑے پیشاب کر لیتا ہے (۲) (صفت) غرض مند ۔ ضرورت مند ۔

حاجی (حا - جی) (ع) مذکر ۔ وہ شخص جس نے کعبۃ اللہ کا حج کیا ہو ۔ حاجی الحرمین ۔ مذکر ۔ مکۂ معظمہ اور مدینۂ منورہ کا حاجی ۔

حادث (حا - دِث) (ع) (۱) نیا ۔ نئی چیز جو پہلے نہ ہو (۲) فانی ۔ فنا ہونے والا ۔ حادثہ ۔ مذکر (۱) (لغوی) نئی بات (۲) (اصطلاحی) واردات ۔ وقوعہ (۳) صدمہ ۔

حادّہ (حا - دْ دَہ) (ع) (۱) تیز (۲) شگفتہ ہوا (۲) وہ زاویہ جو زاویۂ قائمہ سے چھوٹا ہو ۔

حاذق (حا - ذِق) (ع) (۱) دانا ۔ ذہین ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ چاتر (۲) عالم ۔ فاضل، ماہرِ فن، کامل، استاد، تجربہ کار ۔

حارّ (حارّ) (ع) حرارت رکھنے والا ۔ گرمی کرنے والا ۔

حارج (حا - رِج) (ع) حرج کرنے والا ۔ متعرض ۔ مزاحم ۔

حارونی (حا - رُو - نی) (ہندی - مو) شرارت - شرارت ۔

حاسد (حا - سِد) (ع) حسد کرنے والا ۔ کسی کی ترقی سے جلنے والا ۔

حاسّہ (حاس - سَہ) (ع) مذکر ۔ محسوس کرنے کی قوت ۔

حاشا (حا - شا) (ع) (۱) بالکل نہیں ۔ ہرگز نہیں (۲) مدگو ۔ دیکھ پار ۔ حاشا للہ ۔ یا ۔ حاشا رحمان ۔ یا ۔ حاشا وکلّا ۔ کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنے ۔ قسم کھانے اور لاعلمی ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ۔ خدا نہ کرے ۔ ہرگز نہیں ۔

حاشیہ (حا - شِیَہ) (ع) مذکر (۱) سنجاف ۔ گوٹ ۔ کنارہ (۲) شرح یا نوٹ جو کسی کتاب کے متن سے باہر ہو ۔ حاشیہ چڑھانا (و) (۱) گوٹ لگانا ۔ نئے سرے سے سنجاف لگانا (۲) کسی کتاب کی شرح یا تفسیر لکھنا (۳) اپنی طرف سے کوئی بات بڑھا کر بیان کرنا ۔ حاشیہ چھوڑنا ۔ لکھتے وقت چاروں طرف سے کاغذ پر خالی جگہ چھوڑنا ۔ حاشیہ نشین (ع - ف) مذکر ۔ معزز ملازم ۔ مصاحب ۔ پاس بیٹھنے والا ۔ حاشیے کا گواہ (و) مذکر ۔ وہ گواہ جو کسی تحریر کے کنارے پر دستخط کرے ۔

حاصل (حا - صِل) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کا بقیہ (۲) بچری ۔ آمدنی ۔ نقدی (۳) فائدہ ۔ منافع (۴) نتیجہ ۔ پھل (۵) خلاصہ ۔ مطلب (۶) زراعت ۔ پیداوار ۔ حاصل تفریق ۔ مذکر ۔ وہ رقم جو منہائی کے بعد باقی رہے ۔ حاصل تقسیم ۔ مذکر ۔ وہ رقم جو تقسیم کے بعد باقی رہے ۔ خارج قسمت ۔ حاصل جمع ۔ مذکر ۔ وہ رقم جو جمع کرنے سے آئے ۔ میزان ۔ مجموعہ ۔ حاصل ضرب ۔ مذکر ۔ وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو ۔ حاصل کرنا (ل) (۱) پانا ۔ بہم پہنچانا (۲) پیدا کرنا ۔ کمانا (۳) اکٹھا کرنا ۔ جمع کرنا ۔ حاصل کلام (ع) مذکر ۔ خلاصۂ کلام ۔ الغرض ۔ القصہ ۔ حاصل مطلب ۔ مذکر ۔ نتیجہ جو نصب سے نکلے ۔ حاصل نہ حصول (و) مذکر ۔ کام نہ کاج ۔ بے فائدہ ۔

حاضر (حا - ضِر) (ع) (۱) موجود ۔ سامنے کھڑا (۲) مستعد ۔ آمادہ ۔ تیار (۳)

صیغہ مخاطب ؛ حاضر باشی (ع-ف) مؤنث ۔ حاضری ۔ موجودگی ؛ حاضر جواب (و) بات سنتے ہی معقول جواب دینے والا ۔ فی البدیہہ جواب دینے والا ؛
حاضر رہنا (و) کھڑا رہنا ۔ موجود رہنا ؛ حاضر ضامنی (و) مؤنث ۔ کسی شخص کو پیشی کے وقت حاضر کر دینے کی ضمانت ؛ حاضر میں حجت نہیں ، غیب کی تلاش نہیں (و) مثل ۔ جو موجود ہے ، نذر ہے ، لاکر دینے کا اقرار نہیں ؛
حاضر ہونا ۔ سامنے ہونا ۔ آنا ۔ موجود ہونا ؛ حاضرات (ع) مؤنث (۱) جن بھوت ، بد روحوں کو بلانا (۲) انھیں نکالنا (۳) انھیں قید کرنا یا حکم دینا (۴) ان کا جلسہ (کرنا ، ہونا) کے ساتھ ؛ حاضری (ع) مؤنث (۱) موجودگی (۲) وہ کھانا یا نقد روپیہ جو میت والوں کو رشتہ داروں کی طرف سے دیا جائے (۳) صاحب لوگوں کا صبح کا کھانا ۔ ناشتا (۴) حلوا ، شیرمال ، کباب وغیرہ جس پر شہید کربلا یا حضرت عباسؓ کی فاتحہ دی جاتی ہے ؛ حاضری اصالتاً (ع-ف) مؤنث ۔ خود حاضر ہونا ۔
حاضری دینا (و) (۱) موجودات دینا (۲) متوفی کے گھر والوں کو کھانا یا کچھ نقدی دینا (۳) صاحب لوگوں کو صبح کا کھانا کھلانا ؛ حاضری لینا ۔ نام پکارنا ۔ گنتی کرنا ؛

حاطہ (حَا-طَہْ) (احاطہ کا مخرب) مذکر (عو) دیواروں سے گھری ہوئی جگہ ؛
حافظ (حَا-فِظْ) (ع) (۱) پاسبان ، حفاظت کرنے والا ۔ نگہبان (۲) وہ شخص ، جسے قرآن مجید ازبر ہو (۳) اندھا ۔ نابینا (۴) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ؛ حافظِ حقیقی ۔ مذکر ۔ اصلی نگہبان ۔ خدا تعالیٰ ؛ حافِظَہ ۔ مذکر ۔ یاد رکھنے کی قوت ۔ یاد ۔ چیتا ؛
حاکم (حَا-کِمْ) (ع) مذکر (۱) حکومت کرنے والا ۔ سردار (۲) بادشاہ ۔ فرمانروا (۳) مالک ۔ آقا (۴) نمبردار ۔ زمیندار ؛ حاکمِ اعلیٰ (ع) حاکمِ بالا (ع-ف) مذکر (۱) بڑا حاکم ۔ اعلیٰ حاکم (۲) اللہ تعالیٰ ؛ حاکمِ ضلع (ع) مذکر ۔ ضلع کا افسر ۔ ضلع کا حاکم اعلیٰ ۔ ڈپٹی کمشنر ؛ حاکمِ وقت (ع) مذکر ۔ اس وقت کا حاکم ۔ فرمانروائے حال ؛ حاکمانہ ۔ (ع-ف) حاکم کی مانند ۔ حاکم کے طور پر ؛
حاکمی (و) مؤنث (گنوار) فرمانروائی ۔ حکومت ۔ سرداری ۔ چودھرایت ؛
حال (حَالْ) (ع) مذکر (۱) موجودہ زمانہ ۔ اِس وقت کا زمانہ (۲) کیفیت ۔ حالت (۳) طور طریق ۔ حیثیت (۴) رقت ۔ جذبۂ الٰہی (۵) احوال ۔ ذکر (۶) دم طاقت (۷) اِس وقت ۔ فی الحال ؛ حال آبادی (ع-ف) مؤنث (۱) جو زمین ابھی مزروعہ بنائی گئی ہو (۲) جو آبادی ابھی ہوئی ہو ؛ حال آنا (و) راگ سن کر وجد آنا ۔ رقت ہونا ؛ حال آنکہ (ع-ف) درحالیکہ ۔ باوجودیکہ ؛ حال سے بےحال ہونا (و) حیثیت بگڑنا ۔ اچھی حالت سے بُری حالت ہونا ؛ حال گیا احوال گیا ، دل کا نہ خیال گیا (و) مثل ۔ صحت گئی ، دولت گئی ، بُری عادت نہ چھوٹی ؛ حَالاً (ف) ابھی ؛ حالات (ع) مذکر ۔ حال کی جمع ؛
حالت ۔ مؤنث (۱) حال (۲) درجہ ۔ گت (۳) طاقت ۔ جان ؛ حالتِ موجودہ (ع-ف) مؤنث ۔ اِس وقت کی حالت ۔ موجودہ کیفیت ؛ حالتِ نزع (ع) مؤنث ۔ دم توڑنے کی کیفیت ۔ جان کنی کا عالم ؛ حالی (۱) حال کا ۔ دقتی (۲) مذکر ۔ خواجہ الطاف حسین پانی پتی کا تخلص ؛

حامد (حَا-مِدْ) (ع) حمد کرنے والا ۔ تعریف کرنے والا ؛
حامض (حَا-مِضْ) (ع) کھٹا ۔ ترش ؛
حامل (حَا-مِلْ) (ع) مذکر ۔ بوجھ اٹھانے والا ۔ کوئی شے اٹھانے یا لے جانے والا ؛ حاملہ ۔ مؤنث ۔ پیٹ والی عورت ۔ وہ عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو ؛
حامی (حَا-مِیْ) (ع) مذکر (۱) مددگار ۔ معاون (۲) اونٹ جس سے باربرداری کا کام نہ لیا جائے (۳) اقرار ، تیقن یا ضمانت ، جو تیسرا شخص دے ؛ حامی بھرنا (صحیح ہامی بھرنا) (و) (۱) ارادہ کرنا ۔ ہمت کرنا (۲) ہاں کرنا ۔ اقرار کرنا (۳) دلاسا دینا ۔ ہمت باندھنا ؛ حامی کار (و) مذکر ۔ کسی کام کی حمایت کرنے والا ۔ حمایتی ۔ اقرار کرنے والا ۔ مددگار ؛
حاوی (حَا-وِیْ) (ع) (۱) احاطہ کرنے والا ۔ گھیرنے والا (۲) قابو کرنے والا (۳) کسی فن میں ماہر ۔ کامل ؛
حائل (حَا-اِلْ) (ع) (۱) بیچ میں آنے والا (۲) روک ۔ آڑ ۔ باز رکھنے والا ؛

ح-ب

حُبّ (ع) مؤنث (۱) پیار ۔ انس ۔ محبت (۲) (و) آشنائی ۔ دوستی (۳) (و) آرزو ۔ شوق (۴) (و) مرضی ۔ توفیق ؛ حُبّ الوطن (ع) مؤنث ۔ وطن کی محبت ؛ حُبِّ ذات (ع) مؤنث ۔ خودی ۔ خود پسندی ۔ اپنی ذات کا عشق ہونا ؛ حُبّ کا عمل (و) مذکر ۔ وہ دعا یا عمل ، جس کے ذریعے سے باہم محبت والفت پیدا ہو ؛
حَبّ (حَبّْ) (ع) مذکر (۱) دانہ ۔ گولی (۲) تخم ۔ بیج ؛ حُبُوب ۔ مذکر ۔ گولیاں ۔ دانے ؛ حَبَّہ (ع) مذکر (۱) دانہ ۔ غلہ (۲) رتی ۔ ذرا ؛ حَبّہ بھر (و) ذرا سا ۔ رتی بھر ؛
حُباب (حُبَابْ) (ع) مذکر (۱) پانی کا بلبلا (۲) (و) ہاتھ میں پہننے کا ایک زیور (۳) شیشے کے گوسے (۴) روشنی کے باریک کنول ؛
حبالہ (حِبَالَہْ) (ع) مذکر ۔ پھندا ۔ جال ۔ رسی ؛
حبذا (حَبْ-بَذَا) (ع) مذکر و مؤنث ۔ آفرین ۔ واہ وا ۔ مرحبا ۔ شاباش ؛
حبس (حَبْسْ) (ع) مذکر (۱) قید ۔ بند (۲) قید خانہ (۳) گھمس ۔ انقباض ؛
حبسِ بےجا (ع-ف) مذکر ۔ ناجائز قید ۔ کسی شخص کو مکان میں جبراً بند کرنا ؛
حَبْسِ دَم (ع-ف) مذکر (۱) ضیق النفس ۔ دمہ (۲) سانس کو قابو کرنا ۔ دم روکنا ؛ حبس دوام بہ عبور دریائے شور (ع-ف) مذکر ۔ ہمیشہ کی قید ، جو کالے پانی جا کر بھگتی جائے ۔ عمر قید ؛ حَبْسِیَات (ع) مؤنث ۔ قید سے نسبت رکھنے والی چیزیں ؛
حبش ۔ حبشہ (حَبَشْ ، حَبْشَہ) (ع) مذکر ۔ حبشیوں کا ملک ۔ زنگبار ، سوڈان ۔ ابی سینیا وغیرہ ؛ حَبْشَن (و) مؤنث (۱) حبش کی رہنے والی عورت (۲) شاہی محل کی چوکیدارنی (۳) کالی کلوٹی ؛ حَبْشی (ع) مذکر (۱) حبش کا رہنے والا (۲) کالا آدمی (۳) کالا کلوٹا ۔ سیاہ ؛ حَبْشی کی ٹوپی (و) مثل ۔ ہر شخص کو اپنی ہی عقل اور اپنا ہی بیٹا سب سے اچھا معلوم ہوتا ہے ؛

حبل (حَبْلْ) (ع) مؤنث (۱) رسّی (۲) موٹا دھاگا (۳) رگ (۴) جوڑ (۵) اتحاد ✽ حَبْلُ الْمَتِیْن۔ مؤنث (۱) مضبوط رسّی (۲) محکم وسیلہ ✽ حَبْلُ الْوَرِیْد۔ مؤنث۔ شاہ رگ ✽

حبیب (حَبِیْب) (ع) مذکر۔ پیارا۔ دوست۔ معشوق۔ محبوب ✽

ح۔ت

حتم (حَتْم) (ع) مذکر (۱) قانونی حکم۔ فیصلہ (۲) ارادہ ✽ حَتْمی (۱) ضروری (۲) مضبوط۔ مستقل ✽

حتّیٰ (حَتّٰی) (ع) یہاں تک۔ جب تک۔ اس قدر۔ جس قدر ✽ حَتَّی الْاِمْکَان۔ حَتَّی الْمَقْدُوْر۔ حَتَّی الْوُسْع۔ جہاں تک ہو سکے۔ جس قدر ممکن ہو۔ بہ مقدور ✽

ح۔ج

حج (حَجّ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) ارادہ کرنا (۲) (اصطلاحی) عبادت کی نیّت سے کعبے کے طواف کا قصد کرنا (۳) مقررہ دنوں میں مکّہ معظّمہ کی زیارت کرنا اور معیّنہ ارکان بجالانا ✽ حجِّ اصغر۔ مذکر (۱) چھوٹا حج۔ عمرہ، معمولی حج، جو حج کے سوا اور دنوں میں ہو (۲) صوفیوں کی (اصطلاح) عام حج ✽ حجِّ اکبر۔ مذکر۔ بڑا حج۔ وہ حج، جو جمعہ کے روز ہو ✽ حج کا حج، بنج کا بنج (د) مثل۔ نیک کام بھی، نفع بھی ✽

حجاب (حِجَاب) (ع) مذکر (۱) پردہ۔ چلمن۔ آڑ (۲) لحاظ۔ شرم۔ حیا ✽ حجاب اٹھنا۔ یا۔ ٹوٹنا (د) (۱) پردہ اٹھنا۔ روک نہ رہنا (۲) شرم دُور ہونا۔ لاج نہ رہنا ✽

حجاج (حُجّ۔ جَاج) (ع) مذکر۔ حاج کی جمع۔ حاجی لوگ ✽

حجام (حَجّ۔ جَام) (ع) مذکر (۱) پچھنے لگانے والا (۲) (مجازاً) نائی۔ بال مونڈنے والا۔ مُوتراش۔ خلیفہ ✽ حجام کے آگے سب کا سر جھکتا ہے (د) مثل۔ بعض کام ہر ایک کو مجبوراً کرنے پڑتے ہیں ✽ حجامت (ع) مؤنث (۱) ڈاڑھی مونڈنا۔ بال کاٹنا۔ سر مونڈنا (۲) حجام کا پیشہ (۳) درستی۔ صفائی ✽ حجامت بنانا (د) (۱) سر مونڈنا (۲) ٹھگنا۔ لوٹنا ✽ حجامت بننا (۱) سر منڈنا (۲) لٹنا ✽

حجب (حَجْب) (ع) مؤنث (۱) پوشیدگی۔ چھپاؤ (۲) ورثے سے محرومی (۳) روک (۴) استتار (۵) منہائی ✽ حجبِ حرمان۔ مؤنث۔ وہ وراثت، جس سے بالکل محروم ہونا پڑے ✽ حجبِ نقصان (ع) مؤنث۔ وراثت کی وہ محرومی جس سے جزوی نقصان ہو ✽

حجب (حُجُب) (ع) مذکر۔ حجاب کی جمع۔ پردے ✽

حجت (حُجّ۔ جَت) (ع) مؤنث (۱) برہان۔ دلیل (۲) جھگڑا۔ تکرار۔ بحث ✽ حجتِ تائیدی (ع) مؤنث۔ ایسی بحث، جو کسی فریق کی مدد کے لیے ہو ✽ حجتِ تردیدی۔ مؤنث۔ ایسی بحث، جو کسی فریق کی تردید میں ہو ✽ حجت کرنا (د) نزاع کرنا، جھگڑنا، لڑنا، بحث کرنا، تکرار کرنا ✽ حجت نکالنا۔ اعتراض کرنا ✽ حجتی۔ جھگڑالو۔ تکراری ✽

حجر (حَجَر) (ع) مذکر۔ پتھر ✽ حَجَرِ اَسْوَد۔ مذکر۔ سیاہ پتھر، جو کعبے کی دیوار میں ہے اور حاجی اسے بوسہ دیتے ہیں ✽

حجرہ (حُجْ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) کوٹھڑی۔ عبادت کی تنہا کوٹھڑی۔ مسجد کی کوٹھڑی ✽

حجم (حَجْم) (ع) مذکر۔ جسامت۔ موٹائی۔ ضخامت ✽

ح۔د

حد (حَدّ) (ع) مؤنث (۱) سرحد۔ کنارہ (۲) انتہا (۳) تعریف (۴) اقلیدس کے مقررہ اصول (۵) وہ سزا، جو شریعت اسلامی کے مطابق دی جائے (۶) روانہ ہونے کی جگہ (۷) احاطہ۔ باڑا (۸) (د) بہت۔ بسیار ✽ حد باندھنا۔ یا۔ حد بست کرنا (د) حد بندی کرنا۔ سرحد باندھنا ✽ حَدِّ بُلُوْغ (ع) مؤنث۔ بالغ ہونے کی عمر ✽ حدِ بلوغ کو پہنچنا (د) جوان ہونا۔ بالغ ہونا ✽ حد سے بڑھنا (د) اپنی جگہ سے باہر قدم رکھنا۔ حیثیت سے بڑھ کر چلنا ✽ حد سے زیادہ (د) از حد۔ نہایت۔ اَت گَت ✽ حد کرنا (د) ایسی بات کرنا کہ اس سے آگے ناممکن ہو ✽ حدِ وصیّت (ع) مؤنث۔ وصیّت کی حد، جو قانون میں صرف تہائی مال تک ہو ✽

حُدا۔ حُدیٰ (حُدَا) (ع) مذکر۔ عربی شتربانوں کا گیت، جس سے اونٹ مست ہو کر تیز چلتا ہے ✽

حداثت (حَدَا۔ ثَت) (ع) مؤنث (۱) نیاپن (۲) نوعمری۔ نوجوانی (۳) آغاز۔ شروع ✽ حداثتِ سن۔ مؤنث۔ بچپن۔ لڑکپن۔ نوجوانی ✽

حدّاد (حَدْ۔ دَاد) (ع) مذکر (۱) لوہار (۲) جیل کا داروغہ ✽

حِدّت (حِدْ۔ دَت) (ع) مؤنث (۱) تندی۔ تیزی (خصوصاً گرمی کی) تلوار کی تیزی (۳) طبیعت کی تیزی (۴) جوش۔ زور ✽

حدث (حَدَث) (ع) مذکر (۱) وضو ٹوٹ جانا (۲) اعجوبہ۔ ایجاد۔ نئی چیز (۳) وضو توڑنے والا۔ پاخانہ ✽

حدقہ (حَدَ۔ قَہ) (ع) مذکر۔ آنکھ کی سیاہی۔ پتلی ✽ حَدْقَہ (حَدْ۔ قَہ) (ع) مذکر۔ آنکھ کا حلقہ ✽

حدوث (حُدُوْث) (ع) مذکر۔ نیا پیدا ہونا (قدیم کی ضد) ✽

حدود (حُدُوْد) (ع) مذکر و مؤنث۔ حد کی جمع ✽ حدودِ اربعہ ✽ مذکر و مؤنث۔ چاروں طرفیں۔ شمال، جنوب، مشرق، مغرب ✽ حدودِ ارضی۔ مذکر و مؤنث۔ زمین کی حد بندی ✽

حدیث (حَدِیْث) (ع) مؤنث (۱) بات (۲) (اصطلاحاً) رسولِ مقبولؐ کے قول اور فعل کی خبر (۳) ذکر۔ بیان (۴) خبر۔ سند یا (۵) تاریخ۔ روایت۔ نقل۔ کہانی۔ قصّہ ✽ حدیث کھینچنا (د) (عو) عہد کرنا۔ توبہ کرنا۔ قسم کھانا ✽

حدید (حَدِیْد) (ع) مذکر۔ لوہا ✽

حدیقہ (حَدِیْ۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) باغ، جس کے گرد چار دیواری ہو۔ محدود چمن (۲) پھلوں کا باغ (۳) کھجور کے درختوں کا باغ (۴) مدینہ منورہ کے قریب ایک گاؤں ✽

ح۔ذ

حذاقت (حَذَا۔ قَت) (ع) مؤنث (۱) زیرکی۔ دانائی۔ عقلمندی (۲) مہارت۔ تیزی۔ چالاکی ✽

حذر (حَذَر) (ع) مذکر (۱) خطرہ۔ خوف۔ ڈر (۲) پرہیز۔ احتیاط۔ اجتناب (۳) انکار (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

حذف (حَذف) (ع) مذکر۔ دُور کرنا۔ الگ کرنا۔ نکالنا۔

ح۔ر

حُر (حُر) (ع) مذکر۔ آزاد۔ حُرِّیّت۔ مؤنث۔ آزادی کسی کا غلام نہ ہونا۔ غلامی کے بعد آزادی۔

حرارت (حَرا۔رَت) (ع) مؤنث (۱) گرمی۔ حدّت (۲) تیزی۔ جوشش (۳) کرودھ۔ غصّہ (۴) تپ۔ بخار۔ حرارتِ دین۔ مؤنث۔ مذہبی جوش۔ حرارتِ غریزی۔ مؤنث۔ فطری حرارت جس پر انسان کی زندگی موقوف ہے۔ اصلی حرارت۔

حرارہ (حَرا۔رَہ) (ع) مذکر (۱) دیکھیے "حرارت" (۲) فریب۔ دھوکا۔ چھل۔ حرارہ لانا۔ یا۔ لینا (ف) (۱) گرم ہونا۔ تیز ہونا (۲) زور دکھانا۔ غصّہ دکھانا۔

حراست (حِرا۔سَت) (ع) مؤنث (۱) نگہبانی۔ نگرانی (۲) حوالات۔ حراستِ جائز۔ مؤنث۔ قانونی حراست۔ حراست میں رہنا (ف) (۱) نگہبانی میں رہنا (۲) حوالات میں رہنا۔

حرّاف (حَرّ۔را ف) (ع) (۱) خوب چالاک۔ مکّار (۲) طرّار۔ عیّار۔ شوخ دیدہ۔

حرام (حَرام) (ع) مذکر۔ بڑائی والا۔ عظمت والا۔ حرمت والا۔

حَرام (حَرام) (ع) (۱) شرع کے خلاف۔ ناجائز۔ ناروا۔ غیر مباح (۲) پلید۔ نجس۔ ناپاک (۳) بدکاری۔ زنا۔ حرام خور (ع۔ف) (۱) رشوت خوار۔ مُردار خوار (۲) نمک حرام۔ بے دید۔ بے وفا۔ مفت خوار۔ حرام خوری۔ مؤنث۔ بے وفائی۔ بدذاتی۔ نمک حرامی۔ حرام زادہ (ع۔ف)۔ یا حرام کا (ف) مذکر۔ وہ شخص، جو بے نکاح پیدا ہُوا ہو۔ ولدالزّنا (۲) فسادی۔ فتنہ پرداز۔ بدذات۔ شریر۔ حرام زادی (ع۔ف) مؤنث (۱) وہ عورت، جو بے نکاحی ماں سے پیدا ہوئی ہو (۲) چالاک۔ شریر۔ حرام کار (ع۔ف) بدکار۔ زانی۔ حرام کاری۔ مؤنث۔ بدکاری۔ زنا۔ حرام کا مال (ف) مذکر۔ حرام یا رشوت کی کمائی، مال مفت۔ حرام کر دینا (ف) ناگوار کر دینا۔ تلخ کر دینا۔ حرام کرنا۔ بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔ حرام مغز (ع۔ف) مذکر۔ وہ گودا، جو ریڑھ کی ہڈی یا پشت کے مُہروں میں ہوتا ہے۔ اس کا کھانا جائز نہیں۔ حرام موت مرنا (ف) زہر یا کسی اَور مہلک چیز سے جان دینا۔ حرامی (ع) مذکر (۱) چور۔ دُزد (۲) بدذات۔ شریر (۳) حرام کا جنا ہُوا۔ ولدالزّنا۔ حرامی پِلّا (ف) مذکر (۱) حرام کا جنا۔ حرام کا بچّہ (۲) فسادی۔ شریر۔ بدذات۔

حرب (حَرب) (ع) مؤنث۔ لڑائی۔ جنگ۔ حربہ۔ مذکر (۱) لڑائی کا ہتھیار (۲) دھاوا۔ حملہ (۳) جھپٹا۔ جست۔ حربہ کرنا (ف) حملہ کرنا۔ مارنے کا ارادہ کرنا۔ چوٹ کرنا۔

حِربا (حِر۔با) (ع) مذکر۔ گرگٹ۔

حرج (حَرَج) (ع) مذکر (۱) سختی۔ تنگی (۲) (ف) ضرر۔ نقصان (۳) کمی۔ دیر۔ تضییعِ اوقات (۴) جھگڑا۔ بکھیڑا (۵) روک ٹوک۔

حرج مرج۔ مذکر (۱) فساد۔ دنگا (۲) (ف) نفع نقصان۔ دیر سویر

حِرز (حِرز) (ع) مذکر (۱) جائے پناہ (۲) تعویذ۔ جنتر۔

حرص (حِرص) (ع) مؤنث (۱) لوبھ۔ لالچ۔ طمع (۲) رغبت۔ خواہش۔ چاہ۔ اِچھّیا۔

حرصا حرصی (ف) مؤنث۔ دیکھا دیکھی۔ حرصی (ف) مذکر۔ لالچی۔ حریص۔ طامع۔

حرف (حَرف) (ع) مذکر (۱) آواز ظاہر کرنے والا نشان۔ حرفِ تہجّی۔ اَنچھر (۲) وہ کلمہ، جس کے معنی دوسرے لفظ کے ملے بغیر سمجھ میں نہ آئیں (۳) بات۔ سخن۔ لفظ۔ کلمہ (۴) طنز۔ عیب۔ نقص (۵) پہاڑ کی چوٹی۔ قلّہ (۶) کنارہ۔ طرف۔ حرف آنا (ف) (۱) عیب لگنا۔ الزام آنا (۲) حرفوں کی پہچان ہونا۔ کچھ لکھنا پڑھنا آنا۔ حرف اٹھانا (۱) پڑھنا (۲) حرف کو یوں چھیلنا کہ نشان باقی نہ رہے۔ حرف اٹھنا (۱) حرف دُور ہونا (۲) پڑھ جانا۔ حرف بحرف (ع) لفظ بہ لفظ۔ حرفاً حرفاً۔ حرف بنانا (ف) (۱) حرفوں کو درست کرنا (۲) چھاپے کے پتھر پر حرف درست کرنا (۳) حرف کھودنا (۴) خط میں تبدیلی کرنا۔ جعل کرنا۔ حرف پکڑنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب پکڑنا۔ ٹوکنا۔ غلطی پکڑنا۔ حرف شناس (ع۔ف) حروفِ تہجّی پہچاننے والا۔ ابجد خواں۔ حرف گیری۔ مؤنث۔ نکتہ چینی۔ عیب گیری۔ حرف لانا (ف) الزام لگانا۔ عیب رکھنا۔ حرف نہ اٹھ سکنا۔ پڑھ نہ سکنا۔ پڑھا نہ جانا۔

حِرفت (حِر۔فَت) (ع) مؤنث (۱) کاریگری۔ پیشہ۔ کسب۔ حِرفہ (۲) علم۔ گُن۔ ہنر (۳) مکّاری۔ عیّاری۔ چالاکی۔

حرفہ (حِر۔فَہ) (ع) مذکر (۱) کاریگری۔ کسب۔ پیشہ (۲) ہنر۔ صنعت۔

حُرقت (حُر۔قَت) (ع) مؤنث۔ سوزش۔ جلن۔

حرکات (حَرَ۔کات) (ع) مذکر و مؤنث۔ حرکت کی جمع۔ حرکتیں۔

حرکت (حَرَ۔کَت) (ع) مؤنث (۱) رفتار۔ چال۔ جنبش (۲) اضطراب۔ تڑپ۔ دھڑکن (۳) اعراب۔ زبر، زیر، پیش (۴) (ف) کردار۔ فعل۔ کام (۵) بے جا کام۔ ناپسندیدہ بات (۶) گناہ۔ پاپ۔ خطا۔ جُرم۔ قصور۔ تقصیر (۷) (ہندو) ضرر۔ نقصان۔ حرج (۸) روک۔ وقفہ۔ دیر (۹) آمد و رفت۔ کوچ۔ سفر (۱۰) صحبت داری، جماع۔ حرکت کرنا (ف) (۱) ہلنا جلنا (۲) خطا کرنا۔ قصور کرنا (۳) دیر کرنا۔ حرج کرنا۔ نقصان کرنا (۴) جماع کرنا۔ حرکت ہونا (۱) ہلنا (۲) قصور ہونا (۳) دیر ہونا (۴) ہلکا سا بخار ہونا۔

حرم (حَرَم) (ع) مذکر (۱) چار دیواری۔ احاطہ (۲) کعبے کی چار دیواری (۳) شریفوں کا زنان خانہ (۴) مؤنث۔ بیوی (۵) مؤنث۔ وہ کنیز، جس سے صحبت کی گئی ہو۔ منکوحہ (۶) مؤنث۔ خادمہ۔ باندی۔ لونڈی۔ حرم سرائے (ع، ف) مؤنث۔ زنان خانہ۔ بیگموں اور حرموں کے رہنے کا مکان۔ حرمین (ع) مذکر۔ مکّہ معظمہ اور مدینہ منوّرہ۔

حِرمان (حِر۔مان) (ع) مذکر۔ محرومی۔ نااُمیدی۔

حرمت (حُر۔مَت) (ع) مؤنث (۱) عظمت۔ بڑائی۔ آبرو۔ عزّت (۲) حرام ہونا۔ حُرمت بہا (ع۔ف) مؤنث۔ ہتکِ عزّت کا تاوان۔ حُرمت جانا (ف) عزّت میں فرق آنا۔ حُرمت لینا۔ عزّت بگاڑنا۔ گستاخی کرنا۔ حرمت والا۔ عزّت والا۔ معتبر۔ شریف۔ معزّز۔ دیانت دار۔

حرمزدگی (حَرَم۔زَدگی) (ف) مؤنث۔ شوخی۔ بدذاتی۔ شرارت۔

حرمل (حَرْ۔مَلْ) (ع) مذکر۔ کالا دانہ۔ سپند۔
حروف (حُرُوْف) (ع) مذکر۔ حرف کی جمع۔
حریر (حَرِیْر) (ع) مذکر (۱) ریشم (۲) ریشمی کپڑا۔ حریری (۱) ریشم کا۔ ریشمی (۲) مہین، پتلا، باریک (۳) دبلا پتلا آدمی (۴) عرب کا ایک مصنف، مؤرخ اور شاعر ابو محمد قاسم۔
حریرہ (حَرِیْ۔رَہْ) (ع) مذکر۔ ایک میٹھی سی پینے کی چیز جو میدے کو کھانڈ میں گھول کر پکائی جاتی ہے۔
حریص (حَرِیْص) (ع) (۱) طامع۔ لالچی (۲) حاسد (۳) کھاؤ۔ پیٹو۔
حریف (حَرِیْف) (ع) مذکر (۱) ہم پیشہ (۲) دشمن (۳) ہوشیار۔ چالاک (۴) دو آدمی باہم لڑیں تو ایک کو دوسرے کا حریف کہتے ہیں (۵) ہمسر۔ ہمتا۔
حریم (حَرِیْم) (ع) مذکر (۱) گھر کی چار دیواری (۲) خانۂ کعبہ کی دیوار (۳) مکان۔ گھر۔

ح ۔ ز

حزب (حِزْب) (ع) مذکر (۱) گروہ۔ جتھا (۲) تقسیم (۳) ورد (۴) قرآنِ مجید کا ساٹھواں حصہ۔ حزبُ الاحرار۔ مذکر۔ آزادوں کی جماعت۔ لبرل پارٹی۔
حزبُ العُمّال۔ مذکر۔ مزدوروں کی جماعت۔ لیبر پارٹی۔ حزبُ المستبدین مذکر۔ قدامت پسند جماعت۔ کنزرویٹو پارٹی۔ حزبُ اللہ۔ مذکر۔ اللہ والوں کی جماعت۔
حزم (حَزْم) (ع) مذکر۔ احتیاط۔ مآل اندیشی، خبرداری، مستعدی۔
حزن (حُزْن) (ع) مذکر۔ غم۔ رنج۔ ملال۔
حزیں (حَزِیْن) (ع) (۱) غمگین۔ ملول۔ رنجیدہ۔ غمناک (۲) ایران کے ایک مشہور شاعر کا تخلص۔

ح ۔ س

حس (حِسّ) (ع) مؤنث (۱) حواس کے ذریعے سے جاننا (۲) حرکت۔ جنبش۔
حساب (حِسَاب) (ع) مذکر (۱) شمار۔ گنتی (۲) علم ریاضی (۳) بھاؤ۔ نرخ (۴) طور۔ ڈھنگ۔ قاعدہ (۵) لین دین (۶) ... ۔ سمجھ بوجھ۔ حساب بے باق کرنا (۱) لین دین کا فیصلہ کرنا۔ قرض ادا کرنا۔ اگلا پچھلا چکا کر فارغ ہونا۔
حساب جَو جَو بخشش سو سو (و) مثل۔ معاملہ ذرا ذرا پوری طرح طے ہونا چاہیے، ویسے جتنا دے دو، اختیار ہے۔ حساب جوڑنا۔ میزان کرنا۔ میزان دینا۔ متفرق رقمیں یک جا کرنا۔ جمع کرنا۔ حساب جوں کا توں، کنبہ ڈوبا کیوں۔ مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں تمام ظاہری تدبیریں اور قرینے تو ٹھیک ہوں، لیکن نقصان ہونے کی وجہ سمجھ میں نہ آئے۔ حساب دار۔ مذکر۔ بنک یا کسی دکان میں حساب رکھنے والا۔ حسابِ دوستاں در دل (ف) مثل۔ دوستوں کا حساب دل ہی دل میں ہو جاتا ہے۔ جو دے دیا، سو درست، دیا ہوا آ گیا ہو آ گیا۔ حساب دینا (۱) حساب سمجھانا۔ چارج دینا (۲) قصے پڑنا۔ مذمہ دار ہونا۔
حساب رکھنا (۱) لین دین رکھنا (۲) فہرست میں درج کرنا (۳) ربط رکھنا۔ آشنائی رکھنا۔ حساب کتاب (ع) مذکر (۱) لین دین (۲) مال گزاری کا حساب (۳) میل ملاپ۔ ربط۔ حساب لڑنا (۱) آنکھ لڑنا۔ آشنائی ہونا۔ حساب لگانا (۱) حساب پھیلانا۔ شمار کرنا (۲) آشنائی کرنا۔ گانٹھنا (۳) نوکری کرنا (۴) سازش کرنا (۵) باز پرس کرنا۔ حساب میں جمع کرنا۔ کھاتے میں چڑھانا۔ بہی کھاتے میں درج کرنا۔ حسابی (۱) حساب دان (۲) قاعدے کی بات۔ حساب کی بات۔
حُسّاد (حُسْ۔سَادْ) (ع) مذکر۔ حاسد کی جمع۔
حسّاس (حَسْ۔سَاسْ) (ع) (۱) محسوس کرنے والا (۲) پانچ حواس والا (۳) دانا۔ ہوشیار۔
حسام (حُسَام) (ع) مؤنث۔ تلوار۔ تیغِ برّاں۔
حسّان (حَسْ۔سَانْ) (ع) (۱) بہت اچھا۔ بڑا عقل مند (۲) مذکر۔ عرب کے مشہور شاعر اور مدّاحِ رسولؐ حضرت حسّان بن ثابت انصاریؓ۔
حَسَب (حَسَبْ) (ع) مطابق۔ موافق۔ بموجب۔ حسبِ اتّفاق۔ ناگاہ۔ ناگہاں۔ اتّفاقاً۔ حسبِ ارشاد۔ کہنے کے مطابق۔ حسبِ حکم۔ حسبِ توفیق۔ خدا کی ہدایت کے موافق۔ اپنی حیثیت کے مطابق۔ حسبِ حال۔ حال کے مطابق۔ ٹھیک موقع سے۔ حسبِ دل خواہ (ع۔ف) دلی منشا کے مطابق۔
حسبِ ذیل (ع) نیچے لکھے ہوئے کے مطابق۔ تفصیلِ ذیل کے موافق۔ حسبِ ضابطہ۔ حسبِ قاعدہ۔ ضابطے کے موافق۔ قاعدے کے مطابق۔
حسبِ مراد۔ خواہش اور آرزو کے مطابق۔ حسبِ منشا۔ حسبِ معمول۔ دستور کے مطابق۔ حسبِ مقدرت۔ حیثیت کے مطابق۔ حسبِ منشا۔ ارادے اور خواہش کے مطابق۔ حسبِ مراد۔
حَسَب (حَسَبْ) (ع) مذکر (۱) نسل۔ خاندان کا سلسلہ (۲) ماں کی طرف کا سلسلہ (۳) دینی بزرگی۔ حسب نسب۔ مذکر۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔ سلسلۂ خاندان۔
حسد (حَسَدْ) (ع) مذکر (۱) جلن۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔ کینہ۔ بغض۔ عداوت۔ ڈاہ (۲) رشک (رکھنا، کرنا، ہونا کے ساتھ)۔
حسرت (حَسْ۔رَتْ) (ع) مؤنث (۱) افسوس۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس۔ پشیمانی (۲) شوق۔ ارمان۔ آرزو۔ حسرت آنا (۱) تاسّف آنا۔ افسوس آنا۔
حسرت برسنا۔ یا ٹپکنا۔ حسرت اور افسوس کے نشان ظاہر ہونا۔
حسرت بھرا۔ پُرشوق۔ پُرارمان۔
حسن (حَسَنْ) (ع) (۱) خوب صورت۔ اچھا۔ نیک (۲) مؤنث۔ خوب صورتی۔ خوبی۔ عمدگی۔ نیکی (۳) مذکر۔ امام دوم حضرت ابو محمدؓ ابن حضرت علیؓ کا اسمِ گرامی (۴) مذکر۔ میر غلام حسن دہلوی مصنف مثنوی "سحر البیان" کا تخلص۔
حُسن (حُسْنْ) (ع) مذکر (۱) بھلائی۔ عمدگی۔ خوبی (۲) جمال۔ خوب صورتی (۳) دل ربائی۔ خوش نمائی (۴) بہار۔ جوبن۔ رونق۔ حُسنِ انتظام۔ مذکر۔ بندوبست کی خوبی۔ خوش انتظامی۔ حُسنِ تدبیر۔ مذکر۔ اچھی تدبیر اور مشورہ۔ خوش تدبیری۔
حُسن دان (ف) مذکر (۱) چھوٹا پان دان (۲) ننھی سی پٹاری۔
حُسنِ صبیح (ع) مذکر۔ سفید حُسن۔ بے حد دل کش حُسن۔ حُسنِ طلب۔ مذکر۔ کسی چیز کو عمدہ اشارے اور پاکیزہ کنایے سے مانگنا۔ حُسنِ ظن۔ مذکر۔ نیک گمان۔ حُسنِ محفل۔ مذکر (۱) مجلس کی رونق (۲) پیکرِ ان ... حُسنِ مطلع۔ مذکر۔

غزل یا قصیدے کا دوسرا مطلع ۔

حَسِین (حَسِیْن) (ع) حسن والا۔ خوب صورت۔ من موہنی صورت والا۔ جمیل۔ شکیل ۔

حسینہ۔ مؤنث۔ خوب صورت عورت ۔

حُسَینؓ (حُسَیْنؓ) (ع) مذکر۔ حضرت امام حسنؓ کے چھوٹے بھائی، جو ۱۰ محرم ۶۱ھ کو کربلا میں شہید ہوئے۔ مسلمان ہر سال محرم کے دنوں میں ان کی یاد تازہ کرتے ہیں ۔ حُسَین بند (ف) مذکر۔ چاندی کی دو بے نگینہ انگوٹھیاں، جو عاشورے کے دن بچوں کے ہاتھ میں پہنائی جاتی ہیں ۔

ح۔ش

حشر (حَشْر) (ع) مذکر (۱) قیامت۔ روزِ حساب (۲) غوغا۔ شور غل (۳) (۱) بُرا نتیجہ۔ بُرا خاتمہ ۔ حشر برپا کرنا۔ یا۔ توڑنا (و) (عو) (۱) فساد اٹھانا۔ آفت ڈھانا (۲) جھنجلانا۔ بے حد خفا ہونا ۔ حشری (ع۔ف) (۱) ہیبتناک (۲) شریر اور تند (گھوڑا) (۳) مؤنث۔ گھوڑے کا ایک عیب ۔

حشری باغی (و) مذکر۔ اتفاقی سرکش۔ وہ باغی، جو دوسروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کرنے کو کھڑا ہو جائے ۔

حشرات (حَشَرَات) (ع) مذکر۔ کیڑے مکوڑے ۔ حشرات الارض۔ مذکر۔ برساتی کیڑے۔ زمین میں بل بنا کر رہنے والے کیڑے مکوڑے ۔

حشفہ (حَشَفَہ۔ حَش۔ فَہ) (ع) مذکر۔ ذکر کا سرا۔ آلۂ تناسل کی سپاری ۔

حشم (حَشَم) (ع) مذکر۔ خدمت گار لوگ۔ نوکر چاکر ۔ حَشمت (حَش۔ مَت) مؤنث۔ مطیع اور خدمت گار لوگ ۔

حِشمت (حِش۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) دبدبہ۔ بزرگی (۲) غصہ (۳) شرم ۔

حُشمت (حُش۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) جورو۔ قبیلہ (۲) اونٹ کی مہار ۔

حشو (حَشْو) (ع) مذکر (۱) اندر بھرنے کی چیز۔ بھرتی (۲) بیہودہ کلام۔ زائد کلام (۳) بے ضرورت۔ زیادتی ۔

حشیش (حَشِیْش) (ع) مؤنث (۱) سوکھی گھاس (۲) بھنگ ۔

ح۔ص

حصار (حِصَار) (ع) مذکر (۱) شہر پناہ۔ چار دیواری۔ گھیرا۔ احاطہ (۲) کوٹ۔ قلعہ ۔ حصار باندھنا (و) (۱) چاروں طرف سے گھیرا ڈالنا (۲) عمل یا جادو کے ذریعے سے چاروں طرف لکیر کھینچ دینا ۔

حصر (حَصْر) (ع) مذکر (۱) گھیرنا (۲) منحصر کرنا۔ موقوف کرنا۔ ٹھہرانا ۔

حصص (حِصَص) (ع) مذکر۔ حصّہ کی جمع ۔

حِصن (حِصْن) (ع) مذکر (۱) قلعہ۔ جائے پناہ (۲) حراست (۳) اسلحہ (۴) تباہی ۔ حِصنِ حَصِین۔ مذکر (۱) مضبوط قلعہ (۲) مؤنث۔ ایک کتاب کا نام ۔

حصول (حُصُوْل) (ع) مذکر۔ حاصل۔ فائدہ ۔

حصّہ (حِص۔ صَہ) (ع) مذکر (۱) ٹکڑا (۲) تقسیم۔ بانٹ (۳) بھاجی۔ بخرہ (۴) کمرہ۔ درجہ (۵) کتاب کا جزو (۶) صیغہ۔ علاقہ ۔ حصّہ بخرہ (و) مذکر (عو) (۱) کھانے پینے کی چیز کا حصّہ (۲) میل ملاپ ۔ حصّہ دار (ف) مذکر۔ ساجھی۔ شریک ۔ حصّہ داری۔ مؤنث۔ زمین کی پتی۔ ساجھا۔ شرکت ۔ حصّہ رَسَد۔ رَسَدی (ع۔ف) مذکر۔ جتنا جتنا حصّے میں آئے۔ بانٹ کے مطابق تقسیم کے موافق ۔

حصّے (و) (۱) حصّہ کی جمع (۲) حصّہ کی صورت حرف ربط سے پہلے ۔

حصّے کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا ۔

حصیر (حَصِیْر) (ع) مذکر۔ بوریا۔ چٹائی ۔

حصین (حَصِیْن) (ع) (۱) مضبوط (۲) محفوظ ۔

ح۔ض

حضر (حَضَر) (ع) مذکر۔ سفر کے برعکس۔ ایک جگہ کا قیام ۔

حضرات (حَضَرَات) (ع) مذکر۔ حضرت کی جمع۔ بزرگ۔ مخدوم ۔

حضرت (حَض۔ رَت) (ع) مذکر (۱) درگاہ۔ نزدیکی۔ قرب (۲) عزت اور تعظیم کا خطاب۔ قبلہ۔ حضور۔ جناب (۳) رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب ۔ حضرت سلامت۔ مذکر (۱) قبلہ۔ جناب عالی۔ حضور عالی۔ تعظیم کا خطاب (۲) طنزاً برابر والے کا خطاب (۳) دوست۔ یار ۔ حضرت فاطمہؓ کی جھاڑو پھرے (و) (دعائے بد) (عو) تباہ ہو جائے۔ کچھ نہ رہے۔ کوئی نہ رہے ۔

حضور (حُضُوْر) (ع) مذکر (۱) حاضر باشی۔ موجودگی۔ حاضری (۲) خداوند۔ قبلہ۔ حضرت۔ جناب (۳) اجلاس۔ مجلس۔ دربار (۴) سامنے۔ روبرو ۔

حضور کا نوکر ہوں، بینگن کا نوکر نہیں (و) مثل۔ آقا کی ہاں میں ہاں ملانے کے موقع پر کہتے ہیں ۔ حضورِ والا (ع۔ف) مذکر۔ حضور اقدس۔ جناب عالی ۔

حضوری (ع) مؤنث (۱) نزدیکی۔ قربت۔ حاضری (۲) بادشاہی دربار یا اجلاس ۔

حضیض (حَضِیْض) (ع) مذکر۔ گڑھا۔ پستی ۔

ح۔ط

حطیم (حَطِیْم) (ع) (۱) ٹوٹا ہوا (۲) مؤنث۔ خانۂ کعبہ سے باہر مغربی جانب ایک دیوار (۳) رکن اور زمزم کا درمیانی پتھر (۴) پچھلے سال کا پودا ۔

ح۔ظ

حظّ (حَظّ) (ع) مذکر (۱) مزہ۔ لطف (۲) (ف) خوشی۔ انبساط (۳) ذائقہ۔ لذت ۔ حظ اٹھانا۔ لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔ خوشی منانا۔ عیش کرنا۔ مزے اڑانا ۔ حظ خلافِ وضعِ فطری (ع) مذکر۔ قدرتی قاعدے کے خلاف لذت اٹھانا یعنی لڑکے یا حیوان سے جماع کرنا ۔ حظِ نفسانی۔ مذکر۔ حیوانی مزہ نفس کی لذت۔ جماع۔

حظوظ (حُظُوْظ) (ع) مذکر۔ حظ کی جمع ۔

ح۔ف

حف (حَف) (ع) زمین کی گھاس کا خشک ہو جانا (۲) کسی چیز کا بے کار ہو جانا ۔

حف نظر (و) (عو) چشم بد دور ۔

حفّاظ (حُف۔ فَاظ) (ع) مذکر۔ حافظ کی جمع ۔

حفاظت (حِفَا۔ ظَت) (ع) مؤنث (۱) سلامتی۔ بچاؤ (۲) پاسبانی۔ نگرانی

(کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ حفاظت خود اختیاری (ع۔ف) مؤنث۔ اپنا بچاؤ۔ اپنے آپ کو نقصان سے بچانا۔ ذاتی خبرداری ٭

حفظ (حِفْظ) (ع) (۱) زبانی۔ ازبر (۲) ادب۔ لحاظ۔ پاس (۳) حفاظت ٭ حفظِ امن۔ مذکر۔ امن قائم رکھنا ٭ حفظ پڑھنا (۱) دیکھے بغیر پڑھنا۔ ازبر کرنا۔ یاد کرنا ٭ حفظِ صحت (ع) مذکر۔ تندرستی کی حفاظت۔ صحت کا قیام اور بچاؤ ٭ حفظ ماتقدم (ع) مذکر۔ وہ بچاؤ، جو پہلے سے کیا جائے۔ پہلے سے کسی امر کی پیش بندی کرنا ٭ حفظِ مراتب۔ مذکر۔ مرتبے کا لحاظ۔ ادب کا پاس ٭ حفظِ نظر (۱) (ع) دیکھیے "حفظ نظر" ٭

حفیظ (ع) مذکر (۱) نگہبان۔ محافظ (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ٭

ح۔ق

حق (حَقّ) (ع) مذکر (۱) خدا۔ اللہ (۲) سچ۔ صدق (۳) واجب۔ لائق (۴) ٹھیک۔ بجا۔ درست (۵) قائم۔ ثابت (۶) (۱) ذمہ داری۔ فرض (۷) مباح۔ جائز (۸) نیاؤ۔ انصاف (۹) معاوضہ۔ بدلا۔ صلہ (۱۰) حصہ (۱۱) مزدوری (۱۲) انعام ٭

حق آسائش (ع۔ف) مذکر۔ وہ حق جس کے رو سے کوئی شخص اپنی زمین پر ایسا فعل نہیں کر سکتا، جس سے ہمسایے کو نقصان پہنچے ٭ حق آسائش موجبہ۔ مذکر۔ وہ حق جس کے رو سے کسی کی ملک یا زمین پر کوئی فعل کیا جا سکتا ہے ٭ حق ادا کرنا (۱) فرض ادا کرنا (۲) نوکری یا خدمت یا کوئی کام بجالانا ٭

حق ارجاع نالش (ع۔ف) مذکر۔ نالش اور استغاثہ دائر کرنے کا حق ٭

حق اللہ پاک ذات اللہ (۱) خدا برحق ہے اور اس کی ذات پاک ہے ٭

حق پرست (ع۔ف) (۱) خدا کی عبادت کرنے والا (۲) سچ کو پسند کرنے والا۔ سچا (۳) منصف ٭ حق پر لڑنا (۱) استحقاق پر جھگڑا کرنا۔ سچ پر لڑنا ٭

حق تعالیٰ (ع) مذکر۔ بزرگ اور برتر خدا ٭ حق تلفی (ع۔ف) مؤنث۔ حق مارنا۔ بے انصافی ٭ حق ثابت کرنا (۱) (۱) استحقاق کا تسلیم کرانا (۲) دعوے کا ثبوت پہنچانا ٭ حق حق کرنا (۱) خدا کا نام لینا (۲) منصفی کرنا۔ انصاف کرنا ٭

حق دار اراضی (ع۔ف) مذکر۔ زمین کا حق دار ٭ حق دخیل کاری۔ مذکر۔ حصہ پانے کا حق۔ دخل یابی کا حق ٭ حق دستور (ع) مذکر۔ دسویں حصے کا حق ٭ حق رائے دہی (ع۔ف) مذکر۔ رائے یا ووٹ دینے کا حق ٭ حق رسی (ع۔ف) مؤنث۔ نیاؤ۔ عدل۔ انصاف ٭ حق سرکار (ع۔ف) مذکر۔ مال گزاری۔ خراج ٭ حق سے راضی خدا ہے (۱) مثل۔ سچائی سے خدا بھی خوش ہوتا ہے ٭ حق شفعہ (ع) مذکر۔ پڑوس کا حق۔ ملحقہ جائداد کے خریدنے کا استحقاق ٭ حق شفعہ بربنائے جار ملحق (ع۔ف) مذکر۔ متصل ہمسایے کے ہونے سے حق شفعہ ٭ حق شناس (۱) حق دار کو حق دینے والا (۲) جوہر شناس۔ قدر دان (۳) منصف (۴) اپنے فرائض ادا کرنے والا ٭

حق عصوبت (ع) مذکر۔ رشتہ داری کا حق ٭ حق مترجح۔ مذکر۔ غالب حق ٭ حق ناحق (۱) (ع) خواہ مخواہ۔ بے وجہ۔ بے سبب ٭ حق نام اللہ کا۔ سچا نام خدا کا ہے ٭ حق نصرت قدیم (ع) مذکر۔ قدیم حصے کا حق ٭

حق نمک ادا ہونا (۱) نمک خواری [illegible]
(۱) سچ ہونا۔ راست ہونا (۲) نیاؤ ہونا۔ انصاف [illegible]

حقا (حَقّ۔قا) (ع) (۱) خدا کی قسم (۲) حق ہے [illegible]

حقارت (حَقا۔رَت) (ع) مؤنث (۱) نفرت۔ گھن (۲) [illegible] ہلکی ٭ حقارت کی نظر سے دیکھنا (۱) ذلیل سمجھنا [illegible] کو ذلیل و خوار سمجھ کر کم توجہی کرنا ٭

حقانی (حَقّ۔قا۔نِی) (ف) حق سے منسوب ٭ حقانیت (ف) مؤنث۔ [illegible] منسوب ہونا۔ سچائی ٭

حقائق (حَقا۔اِق) (ع) مذکر۔ حقیقت کی جمع ٭

حقنہ (حُقْ۔نَہ) (ع) مذکر۔ پچکاری۔ کسی دوا کی بتی یا پچکاری جو پاخانے کے لیے سفرے میں چڑھائی جائے ٭ حقنہ کرنا (۱) سفرے میں پچکاری یا بتی چڑھانا جس سے پاخانہ آ جائے ٭

حقوق (حُقُوق) (ع) مذکر۔ حق کی جمع ٭

حقہ (حُقْ۔قَہ) (ع) مذکر (۱) ڈبا۔ جواہرات رکھنے کی ڈبیا (۲) (۱) مذکر۔ قلیان۔ وہ نل، جس میں تمباکو بھر کر پیا جاتا ہے ٭ حقہ باز (ع۔ف) مذکر (۱) مداری۔ بازی گر۔ بھان متی (۲) (۱) بہت حقہ پینے والا ٭ حقہ بھرنا (۱) حقے پر آگ رکھنا۔ چلم پر آگ رکھ کر حقہ تیار کرنا ٭ حقہ پانی بند کر دینا۔ ذات یا برادری سے خارج کر دینا ٭ حقہ تازہ کرنا۔ حقے کا پانی بدلنا اور نیچہ وغیرہ تر کرنا ٭

حقیت (حَقّ۔قِی۔یَت) (ع) مؤنث۔ حق۔ ملکیت ٭ حقیت محتمل الوقوع۔ مؤنث۔ عارضی حق ٭

حقیر (حَقِیر) (ع) (۱) ادنیٰ۔ چھوٹا (۲) بے قدر۔ اوچھا۔ خوار۔ ذلیل ٭

حقیقت (حَقِی۔قَت) (ع) مؤنث (۱) اصلیت۔ ماہیت (۲) بنیاد۔ جڑ۔ اصل (۳) حال۔ کیفیت (۴) سچ۔ صداقت (۵) حیثیت۔ بساط (۶) سرگزشت۔ ماجرا ٭ حقیقت کھل جانا (۱) (۱) بھید ظاہر ہو جانا (۲) حال معلوم ہو جانا ٭

حقیقی (حَقِی۔قِی) (ع) (۱) اصلی (۲) سگا۔ سگی۔ اپنا۔ اپنی ٭ حقیقی بھائی (۱) مذکر۔ سگا بھائی۔ ایک ماں باپ سے دوسرا یا تیسرا بیٹا ٭

ح۔ک

حک (حَک) (ع) مذکر۔ کھرچنا۔ چھیلنا۔ دور کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

حکاک (حَک۔کاک) (ع) مذکر۔ نگینے کو جلا دینے والا۔ مہرکن۔ حرف کھودنے والا ٭

حکام (حُک۔کام) (ع) مذکر۔ حاکم کی جمع ٭

حکایت (حِکا۔یَت) (ع) مؤنث (۱) قصہ۔ داستان۔ کہانی (۲) بات۔ بیان (۳) حدیث (کرنا کے ساتھ) ٭ حکایتاً۔ ذکر کے طور پر۔ تذکرے کی طرح ٭

حکم (حَکَم) (ع) مذکر۔ منصف۔ ثالث۔ پنچ۔ فیصلہ کرنے والا۔ حکم کرنے والا ٭

حکم (حِکَم) (ع) مذکر۔ حکمت کی جمع ٭

حکم (حُکْم) (ع) مذکر (۱) ارشاد۔ فرمان (۲) شرعی فیصلہ۔ فتویٰ (۳) فرمان روائی۔

حکومت (۴) پروانگی ۔ اجازت (۵) تاش میں سیاہ پان کا نشان (۶) تاش یا گنجفے میں پہلا پتا جو پھینکا جاتے (۷) حکم کا یکا (۸) جبر ؛ حُکمِ امتناعی (ع ۔ ف) مذکر ۔ کسی کام سے باز رکھنے کا حکم ۔ ممانعت کا فرمان ؛ حُکم انداز ۔ مذکر ۔ کہ کر نشانہ لگانے والا ۔ تیر انداز ۔ تیر انداز ؛ حُکمِ انفساخِ بندوبست ۔ مذکر ۔ بندوبست توڑ دینے کا حکم ؛ حُکم بردار ۔ حکم ماننے والا ۔ فرمان بردار ؛ حُکم جاری کرنا (۱) حکم صادر کرنا ۔ اشتہار دینا ۔ ڈھنڈی پٹوانا ؛

حُکمِ حاکم مرگِ مفاجات (ف) مثل ۔ حاکم کا حکم ماننا ہی پڑتا ہے ۔ حاکم کا حکم ایک دم جاری ہو جاتا ہے ؛ حُکم دینا (ل) (۱) کام فرمانا (۲) ارشاد فرمانا (۳) فتویٰ دینا (۴) فیصلہ کرنا (۵) اشتہار دینا (۶) اجازت دینا ؛ حُکمِ ڈِسمِش (ع ۔ انگ ۔ ف) مذکر (عوام) منسوخ کرنے یا رد ہونے کا حکم (ترکیب غلط ہے) ؛ حُکم ران (ع ۔ ف) مذکر ۔ بادشاہ ۔ فرماں روا ؛ حُکم رانی ۔ مؤنث ۔ بادشاہی ۔ سلطنت ۔ حکومت ۔ فرماں روائی ؛ حُکمِ ظہری (ع) مذکر ۔ وہ حکم ، جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھا جائے ؛ حُکمِ قطعی ۔ مذکر ۔ آخری فیصلہ ۔ حُکم ناطق ؛ حُکم کرنا (ل) (۱) ارشاد کرنا ۔ فرمانا ۔ حکم چلانا (۲) اجازت دینا (۳) سختی کرنا ؛ حُکمِ گشتی (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ حکم ، جو سب جگہ بھیجا جائے ۔ سرکلر ؛ حُکم لگانا (ل) (۱) پختہ رائے ظاہر کرنا (۲) دعویٰ جمانا (۳) دفعہ لگانا (۴) پیش گوئی کرنا (۵) فیصلہ کرنا ؛ حُکمِ مطلق (ع) مذکر (۱) قطعی حکم (۲) عام حکم ؛ حُکم ناطق ۔ مذکر ۔ قطعی حکم ؛

حُکم نامہ (ع ۔ ف) مذکر (۱) وہ حکم ، جو جج کی طرف سے لکھا جائے ۔ فرمان ۔ تحریری حکم ۔ پروانہ (۲) اختیار دینے والی دستاویز ۔ لائسنس ؛ حُکمی (۱) یقینی (۲) بے خطا (۳) (ل) ضروری (۴) فرمان بردار (۵) ہمیشہ ؛ حُکمی بندہ ۔ مذکر ۔ فرمان بردار ؛

حکما (حُکَمَاء) (ع) مذکر ۔ حکیم کی جمع ؛

حکمت (حِکْ ۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) دانش ۔ دانائی ۔ عقل (۲) ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم ۔ فلسفہ ۔ منطق (۳) ترکیب ۔ تدبیر (۴) معالجہ ۔ علاج (۵) (ل) غرض ۔ مطلب ۔ ڈھنگ ؛ حکمتِ عملی ۔ مؤنث (۱) اخلاق ۔ تہذیب (۲) تدبیر ۔ چالاکی ۔ دُور اندیشی ۔ ہوشیاری ۔ پالیسی (۳) سیاست مدن اور تدبیر منازل کی واقفیت (۴) ملکی مصلحت (۵) چھل بل ؛ حکمت کرنا (ل) (۱) طبابت کرنا ۔ ڈاکٹری کا پیشہ کرنا (۲) تدبیر کرنا ۔ دانائی کرنا ؛ حکمتِ مدنی (ع) مؤنث ۔ شہری انتظام اور اس کے قوانین ؛ حکمتی (ل) (۱) فیلسوف ۔ فلسفی (۲) ہوشیار ۔ چالاک ؛

حکومت (حُکُو ۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) راج ۔ سلطنت ۔ حکم رانی ۔ فرماں روائی (۲) زبردستی ۔ جبر ۔ سختی (۳) (ل) اختیار ؛ حکومتِ آزاد (ع ۔ ف) مؤنث ۔ خود مختار حکومت ؛ حکومتِ امرائی (ع) مؤنث ۔ امیر لوگوں کی کونسل کی حکومت ؛ حکومتِ جمہوری ۔ مؤنث ۔ رعایا کی حکومت ۔ وہ حکومت ، جس میں کوئی بادشاہ نہ ہو ، بلکہ ایک شخص کو صدر بنا کر خود رعایا انتظام کرے ؛ حکومتِ شخصی ۔ مؤنث ۔ شاہی حکومت ، جس میں بادشاہ خود مختار ہوتا ہے ؛

حکومت کرنا (ل) (۱) راج کرنا ۔ سلطنت کرنا (۲) سختی کرنا ۔ دبانا (۳) رعب ڈالنا ۔ زور دکھانا ؛

حکیم (حَکِیْم) (ع) مذکر (۱) ہوشیار ۔ عقلمند ۔ دانا (۲) محقق ۔ فلاسفر (۳) (ل) طبیب ۔ ڈاکٹر ؛ حکیمی (ل) مؤنث ۔ طبابت ۔ ڈاکٹری ؛

ح ۔ ل

حل (حَلّ) (ع) مذکر (۱) کھولنا ۔ مشکل کام کو آسان کرنا ۔ انکشاف (۲) پگھلنا ۔ تحلیل ہونا ۔ گھلنا (۳) حساب کا سوال نکالنا ؛ حل کرنا (ل) (۱) آسان کرنا ۔ کھولنا ۔ سلجھانا (۲) حصے جدا کرنا (۳) ملانا ۔ پیسنا ۔ گھوٹنا (۴) حساب کا سوال نکالنا ؛ حل و عقد (ع ۔ ف) مذکر ۔ کھولنا اور باندھنا ۔ انتظام ۔ عزل و نصب ۔ اُدھیڑ بُن ؛

حلّاج (حَلْ ۔ لَاج) (ع) مذکر (۱) دُھنیا (۲) منصورؒ کا لقب ؛

حلال (حَلَال) (ع) (۱) جائز ۔ مباح ۔ درست (۲) ذبیحہ ۔ ذبح کیا ہُوا (۳) شرع کے مطابق ؛ حلال خور (ل) مذکر (۱) حق حلال کی اُجرت کھانے والا (۲) (مجازاً) بھنگی ۔ مہتر ۔ خاکروب ؛ حلال کر کے کھانا ۔ محنت کر کے کھانا ۔ جائز طور پر کھانا ؛ حلال کرنا (۱) ذبح کرنا ۔ شریعت کے مطابق چھری پھیرنا (۲) (عو) قتل کرنا ۔ کاٹنا (۳) (عو) مارنا پیٹنا ؛ حلال میں حرکت حرام میں برکت ۔ مثل ۔ الٹی بات ۔ زمانے کی نیرنگی ؛

حلالہ (حَلَا ۔ لَہ) (ع) مؤنث ۔ ایک طلاق دی ہوئی عورت کا دوسرے شخص سے نکاح کرنے کے بعد اپنے پہلے خاوند سے پھر نکاح کرنا ؛

حلاوت (حَلَا ۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) مٹھاس ۔ شیرینی پکے پھل کی مٹھاس (۲) (ل) ذائقہ ۔ مزہ ۔ لذت (۳) (ل) (عو) آرام ۔ راحت ۔ سکھ ؛

حلب (حَلَب) (ع) مذکر ۔ ایشیائی روم کا ایک شہر ، جہاں کے آئینے بہت مشہور ہیں ؛

حِلّت (حِلْ ۔ لَت) (ع) مؤنث ۔ حلال ہونا ۔ جائز ہونا ؛

حلجان (حَل ۔ جَان) (ل) مؤنث (عو) شادی کے بعد گھر کی بی بی کا تمام مہمانوں سے پیسے جمع کر کے پوریاں ، قیمہ ، ساگ پکانا اور سب میں تقسیم کرنا ؛

حلف (حَلَف) (ع) (۱) قسم کھانا (۲) مؤنث ۔ قسم ۔ سوگند ؛ حلف اٹھانا (ل) قسم کھانا ۔ قرآن اٹھانا ۔ مذہبی کتاب کی قسم کھانا ؛ حلف دروغی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ جھوٹی قسم کھانا ؛ حلفِ منصب (ع) مؤنث ۔ کوئی منصب یا عہدہ لیتے وقت سرکاری افسر کے ہاتھ پر قسم کھانا کہ میں حکومت کا وفادار اور خیر خواہ رہوں گا ؛ حلفاً ۔ قسمیہ ۔ از روئے قسم ؛

حلق (حَلْق) (ع) مذکر (۱) گلا ۔ ٹینٹوا (۲) (ل) نالی ۔ گردن (۳) ملا ۔ منہ ۔ زبان ؛ حلق بند کرنا (ل) زبان بندی کرنا ۔ خاموش کرنا ؛ حلق پر چھری پھیرنا (۱) حلال کرنا ۔ ذبح کرنا (۲) ستم کرنا ۔ ظلم کرنا ۔ جبر کرنا ؛ حلق کا نہ تالو کا ، بہ مال میاں لالو کا ۔ مثل ۔ کھایا نہ پیا ، یوں ہی کتوں کو دے کر ضائع کیا ؛ حلق میں نوالہ پھنسنا (عو) کوئی عمدہ شے کھاتے وقت بچے یا دوست کا یاد آنا ؛

حلقوم (حُل۔ قُوم) (ع) مذکر۔ حلق۔ گلو۔ ٹینٹوا۔ گلے کا گھنگرو ۔

حلقہ (حَل۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) گھیرا۔ احاطہ (۲) مجلس۔ منڈلی (۳) لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول کنڈا (۴) تکمہ۔ گھنڈی کا گھر (۵) ضلع۔ علاقہ ۔ **حلقہ باندھنا** (ف) گھیرا ڈالنا۔ چاروں طرف کھڑے ہو کر گھیر لینا ۔ **حلقہ بگوش** (ع۔ ف) مذکر۔ غلام۔ فرمان بردار ۔ **حلقہ ڈالنا** (ف) (۱) گھیر لینا۔ گھیرا ڈالنا (۲) دائرہ بنانا۔ حصار باندھنا ۔

حلل (حُلَل) (ع) مذکر۔ حُلّہ کی جمع (۱) جُبّے۔ چادریں۔ عمدہ پوشاک (۲) بہشتی لباس ۔

حلم (حِلْم) (ع) مذکر (۱) بُردباری۔ برداشت۔ سمائی (۲) نرم دلی۔ نرمی (۳) کسی کی سزا میں نرمی کرنا ۔

حلوا (حَل۔ وَا) (ع) مذکر (۱) ایک میٹھی چیز، جو سوجی، گھی، کھانڈ وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔ (۲) نرم چیز ۔ **حلوا خاتون** (ف) مؤنث (۱) حلوا خور بیگم (۲) کاٹھ کی پتلیاں، جنھیں فقیر لباس پہنا کر بچوں کے آگے انگلیوں سے نچاتے اور لڑاتے پھرتے ہیں۔ اختو بختو۔ **حلوا خوردن را روئے باید** (ف) مثل۔ عزت کے لیے لیاقت چاہیے ۔ **حلوا سمجھنا** (ف) (۱) کسی شخص کو حلوے کی طرح بہت نرم سمجھنا۔ کمزور جاننا (۲) کسی کام کو آسان جاننا ۔ **حلوا کھائیے** (ع) ایک سخت قسم ہمیں مرا ہوا دیکھے ۔ **حلوا نکل جانا**۔ بے حد سختی سے بدحال ہونا۔ پتلا حال ہو جانا ۔

حَلوائی (ع) مذکر (۱) حلوا فروش۔ مٹھائی بنانے اور بیچنے والا (۲) ہندوؤں کی ایک ذات ۔ **حلوائی کی دکان اور دادا جی کی فاتحہ** (ف) مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں پرایے مال کو اپنا سمجھ کر صرف میں لایا یا غیر کا مال بے دریغ خرچ کیا جائے ۔ **حلوائے بے دود** (ع۔ ف) مذکر (۱) پیڑ کا پکا میوہ۔ قدرتی حلوا (۲) (ف) نرم چارا (۳) ملائم چیز ۔ **حلوائے مرگ** (ع۔ ف) مذکر۔ موت کا حلوا۔ کڑوی کھچڑی۔ بھتی۔ حاضری ۔ **حلوائے مغزی** (ع) مذکر۔ ایک قسم کا حلوا جس میں بہت سا بادام اور پستہ ڈالا جاتا ہے ۔ **حلوائے مقراضی** (ع) مذکر۔ ایک قسم کا حلوا، جس میں میوہ باریک کتر کر ڈالا جاتا ہے ۔ **حلوے مانڈے سے کام رکھنا** (ف) ہر حال میں اپنا بھلا چاہنا ۔

حلول (حُلُول) (ع) مذکر (۱) داخل ہونا۔ گھسنا (۲) ایک شے کا دوسری میں اس طرح داخل ہو جانا کہ دونوں میں تمیز نہ ہو سکے (۳) آواگون۔ تناسخ ۔

حلّہ (حُل۔ لَہ) (ع) مذکر (۱) جُبّہ۔ جامہ۔ چغہ۔ کپڑا۔ چادر (۲) بہشتی لباس ۔

حلیف (حَلِیف) (ع) مذکر۔ معاہدہ کرنے والے فریقوں میں سے کوئی ایک ۔

حلیم (حَلِیم) (ع) (۱) نرم مزاج۔ بُردبار (۲) مذکر۔ خدا کا ایک صفاتی نام (۳) ایک قسم کا کھانا، جو گیہوں، چاول، چنے وغیرہ سات اناج، چاروں دالیں، گوشت، گرم مسالا وغیرہ ڈال کر پکایا جاتا ہے ۔

حُلیہ (حُل۔ یَہ) (ع) مذکر۔ گہنا۔ زیور ۔

حِلیہ (حِل۔ یَہ) (ع) مذکر (۱) شکل و صورت، چہرہ مہرہ، سراپا، خط و خال (۲) شکل و صورت کا حال، جو شناخت کے لیے لکھا جائے ۔

ح ۔ م

حمار (حِمَار) (ع) مذکر۔ گدھا ۔

حماقت (حَمَا۔ قَت) (ع) مؤنث۔ احمق پن۔ بے وقوفی۔ نادانی ۔

حمّال (حَم۔ مَال) (ع) مذکر۔ بوجھ اٹھانے والا۔ مزدور۔ باربردار (پنجابی) پانڈی ۔ **حمّالہ**۔ مؤنث (۱) بوجھ اٹھانے والی (۲) ریل کی لائنوں وغیرہ سے بڑے بڑے بوجھ اٹھا لینے والی مشین ۔

حمّام (حَم۔ مَام) (ع) مذکر (۱) نہانے کی جگہ (۲) وہ جگہ جہاں پانی گرم کر کے نہانے کے لیے دیا جاتا ہے، گرمابہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **حمّام کی لُنگی** (ف) مؤنث۔ وہ شے، جو ہر ایک کے استعمال میں آئے ۔ **حمّام میں سب ننگے**۔ مثل۔ اس کام کے متعلق کہتے ہیں جس میں اکثر لوگ مبتلا ہوں ۔ **حمّامی** (ع) مذکر (۱) غسل کرانے والا۔ نہلانے والا (۲) نائی۔ حجّام ۔

حمائل (حَمَا۔ اِل) (ع) مؤنث (۱) گلے میں ڈالنے کی چیز (۲) چھوٹا قرآن شریف، جو گلے میں ڈالتے ہیں (۳) گلے میں پڑا ہوا (۴) گلے کا ایک زیور (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

حمایت (حِمَا۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) مدد۔ طرف داری (۲) بچاؤ۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ سایہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **حمایتی**۔ مددگار۔ طرف دار۔ معاون۔ حامی ۔ **حمایتی کا ٹٹو** (ف) مذکر۔ کسی کی مدد پر کام کرنے والا۔ دوسرے کے بل پر کودنے والا ۔ **حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے**۔ مثل۔ جس کا کوئی مددگار ہو، وہ کمزور ہو کر بھی طاقت ور کا مقابلہ کر بیٹھتا ہے ۔

حمد (حَمْد) (ع) مؤنث۔ خدا کی تعریف (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **حمد و ثنا** (ع۔ ف) مؤنث۔ خدا کی تعریف ۔ (حمد صرف خدا کے لیے مخصوص ہے، لیکن ثنا انسان کی بھی ہو سکتی ہے ۔)

حمرا (حَم۔ رَا) (ع) سرخ رنگ کی ۔

حُمق (حُمْق) (ع) مذکر۔ بے وقوفی۔ نادانی ۔

حَمل (حَمْل) (ع) مذکر (۱) بوجھ۔ وزن۔ بار (۲) پیٹ۔ گربھ (۳) (ف) قیاس، بھرم۔ گمان ۔ **حمل اسقاط ہونا** (ف) پیٹ گرنا۔ وقت سے پہلے بچّہ پیدا ہونا ۔

حَمَل (حَمَل) (ع) مذکر۔ مینڈھے کی شکل پر آسمان کا پہلا بُرج۔ میکھ ۔

حملہ (حَم۔ لَہ) (ع) مذکر (۱) دھاوا۔ ہلّہ۔ یورش۔ چڑھائی (۲) چوٹ، وار۔ حربہ (کر دینا، کرنا، ہو جانا، ہونا کے ساتھ) ۔ **حملہ آور** (ع۔ ف)۔ حملہ کرنے والا (ہونا کے ساتھ) ۔ **حملۂ معمولی** (ع۔ ف) مذکر۔ سرسری حملہ ۔

حمیّت (حَمِیْ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) شرم۔ غیرت۔ ننگ (۲) جوش (۳) غصہ (۴) نفرت ۔

حمید (حَمِید) (ع) (۱) تعریف کیا ہوا۔ عمدہ، خوب (۲) مذکر۔ خدا کا ایک صفاتی نام ۔

حمیم (حَمِیم) (ع) (۱) گرم (۲) مذکر۔ گرم و سرد پانی (۳) رشتہ دار۔ دوست (۴) موسم گرما کا درمیانی حصہ (۵) گرمیوں کی بارش ۔

ح ۔ ن

حِنا (حِنَا) (ع) مؤنث۔ مہندی ۔ **حنابندی** (ع۔ ف) مؤنث۔ مسلمانوں کی

ایک رسم، جو ساچق سے پہلے منائی جاتی ہے - منہدی - منہدی لگانا۔ ہاتھوں پر منہدی باندھنا ۔ **حنا لگانا** (ف) ہاتھوں یا پاؤں پر منہدی لگانا ۔ **حنائی** (ف) (۱) منہدی کے رنگ کا (۲) منہدی لگا ہوا ۔

حنّان (حَن۔ نان) (ع) (۱) رحمت والا ۔ بخشنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔

حنّانہ (حَن۔ نا۔ نہ) (ع) رونے والا ۔

حنبلی (حَم۔ بَلی) (ع) (۱) سُنّی مسلمانوں کا وہ فرقہ، جو اپنے چوتھے امام حضرت حنبلؒ کا پیرو ہے (۲) اسی فرقے کا ایک فرد ۔

حنجرہ (حَن۔ جَرَہ) (ع) مذکر - حلق - نرخرہ - گلا ۔

حنظل (حَن۔ ظَل) (ع) مذکر - اندرائن کا پھل - پھر پھیندا ۔

حنفی (حَنَفی) (ع) سُنّی مسلمانوں کا وہ فرقہ، جو امام اعظم حضرت ابو حنیفہؒ کا پیرو ہے ۔

حنوط (حَنُوط) (ع) مذکر - چند خوشبودار چیزوں کا مرکب، جو مردے کو غسل دینے کے بعد مَلا جاتا ہے ۔

حنیف (حَنیف) (ع) مذکر (۱) حضرت ابراہیمؑ کے دین کا ماننے والا (۲) مومن - پکا مسلمان (۳) مذہبی عقائد کا مضبوط - دین میں سچا ۔

ح - و

حوّا (حَو۔ وَا) (ع) مؤنث (۱) حضرت آدمؑ کی بیوی - سب آدمیوں کی ماں (۲) (ف) مذکر - سیاہ، خوفناک ہونٹوں یا چہرے والا - ان معنی میں "ہَوّا" صحیح ہے ۔

حواجب (حَوَا۔ جِب) (ع) مذکر - حاجب کی جمع - دربان ۔

حوادث (حَوَا۔ دِث) (ع) مذکر - حادثہ کی جمع - حادثے - مصیبتیں ۔

حواری (حَوَا۔ رِی) (ع) مذکر - حضرت عیسیٰؑ کے اصحاب - حضرت مسیحؑ کے شاگرد ۔

حواس (حَوَاس) (ع) مذکر (۱) حاسّہ کی جمع - حِس کرنے کی قوتیں (۲) ہوش - سمجھ - عقل - اوسان (آنا، اُڑانا، اُڑنا، بگڑنا، جاتے رہنا، جانا کے ساتھ) ۔ **حواس باختہ** (ع - ف) بے اوسان - ہکّا بکّا - حیران - سخت گھبرایا ہوا - مخبوط الحواس (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **حواسوں پر سے صدقہ دینا** (ف) عقل کے ناخن لینا - عقل کی خبر لینا - ہوش درست کرنا ۔

حواشی (حَوَا۔ شِی) (ع) حاشیہ کی جمع (۱) کنارے (۲) یادداشتیں، جو کتاب کے حاشیے پر لکھی جائیں (۳) پاس بیٹھنے والے - ہم نشین - مصاحب ۔

حواصل (حَوَا۔ صِل) (ع) مذکر و مؤنث - ایک سفید آبی پرندہ - ماہی خور ۔

حوالات (حَوَا۔ لَات) (ع) مؤنث (۱) نگرانی - حراست - قید - تحویل - سپردگی (۲) وہ مکان، جس میں مجرم مقدمے کی تفتیش تک نظر بند رکھے جاتے ہیں ۔ **حوالات کرنا** ۔ حوالات میں دینا - نگرانی میں کرنا - نظر بند کرنا - قید کرنا ۔

حوالہ (حَوَا۔ لَہ) (ع) مذکر (۱) سپردگی - تحویل (۲) (ف) نشان - پتا ۔ **حوالہ دار - حوالدار - حولدار** (ف) مذکر (۱) پولیس کا ہیڈ کانسٹیبل (۲) ایک فوجی عہدہ دار (۳) چوکیداروں کا افسر ۔ **حوالے کرنا** - سپرد کرنا - سنبھالنا ۔

حوالی (حَوَا۔ لِی) (ع) مذکر و مؤنث - نواح - گرد - آس پاس ۔ **حوالی موالی** - مذکر - دوست - یار - ساتھی ۔

حوائج (حَوَا۔ ئِج) (ع) مذکر و مؤنث - حاجت کی جمع - ضروریات ۔

حوت (حُوت) (ع) مؤنث (۱) بڑی مچھلی (۲) مذکر - آسمان کا بارھواں بُرج ۔

حور (حُور) (ع) مؤنث - حورا کی جمع، جو اردو میں مستعمل نہیں - فارسی اور اردو میں یہ لفظ واحد آتا ہے (ف) (ف) (۱) بہشت کی نہایت خوب صورت عورت (۲) (صفت) نہایت حسین - بے حد خوب صورت (۳) مؤنث - معشوق ۔ **حور کا بچہ** (ف) مذکر - نہایت خوب صورت آدمی ۔

حوصلہ (حَو۔ صَلَہ) (ع) مذکر (۱) پرندے کا پوٹا (۲) دلیری - جرأت - دل - مقدور (۳) (ف) بُردباری - سمائی (۴) آرزو - ارمان ۔ **حوصلہ نکالنا** (ف) (۱) ارمان پورا کرنا - ہوس نکالنا (۲) خوب خرچ کرنا (۳) ہمت کرنا ۔

حوض (حَوض) (ع) مذکر (۱) پانی جمع کرنے کی چھوٹی جگہ، جو زمین میں پختہ بنائی جائے، بڑے کو تالاب کہتے ہیں (۲) (ف) حاشیے کے اندر کی جگہ - متن ۔ **حوض بھرے فوارہ چھوٹے** (ف) مثل - آمدنی ہو تو خرچ بھی کرو ۔

حوضہ (حَوض۔ ضَہ) (ف) مذکر - ہاتھی کی عماری - ہودج - ہودہ ۔

حونق (حَو۔ نَق) (ف) مذکر - احمق ۔

حویلی (حَوے۔ لِی) (ف) مؤنث (۱) چار دیواری کا مکان - محل سرا (۲) بڑا اور پختہ مکان [illegible] ۔

ح - ی

حی (حَیّ) (ع) (۱) زندہ (۲) مذکر - عرب کا ایک قبیلہ (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

حیا (حَیَا) (ع) مؤنث (۱) شرم - لاج - غیرت - حجاب (۲) لحاظ (آنا کے ساتھ) ۔ **حیادار - حیامند** (ف) (۱) غیرت مند - شرم دار - نیک بخت (۲) لحاظ والا ۔ **حیا والا اپنی حیا سے ڈرا اور بے حیا جانے مجھ سے ڈرا** (ف) مثل - کمینے کے ساتھ شرافت سے پیش آؤ تو وہ سمجھتا ہے کہ مجھ سے ڈر گیا ۔

حیات (حَیَات) (ع) مؤنث (۱) زندگی - عمر - زیست (۲) روح - جان ۔ **حیاتِ مستعار** (ع) مؤنث (۱) مانگے کی زندگی - بے بنیاد زندگی - بے ثبات عمر (۲) (ف) غریبانہ گزارہ - معمولی گزارہ ۔

حیثیّت (حَے۔ ثِی۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) مقدور - بساط (۲) عزت - آبرو (۳) دولت - جائداد - ملکیت - آمدنی (۴) ظرف - حوصلہ (۵) طور طریق (۶) لیاقت (۷) درجہ - رتبہ (۸) خاصیت - خصوصیت ۔ **حیثیّتِ عُرفی** - مؤنث - مانی ہوئی عزت - اعتبار - ساکھ ۔

حیدر (حَے۔ دَر) (ع) مذکر (۱) پھاڑنے والا شیر (۲) حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا لقب ۔

حیران (حَے۔ رَان) (ع) (۱) ہکّا بکّا - دنگ - متحیر - سٹ پٹایا ہوا - گھبرایا ہوا (۲) پریشان - خراب - سرگشتہ - بھٹکنے والا (کر دینا، کرنا، ہو جانا، -

ہونا کے ساتھ) ٭ **حیرانی** (ف) مؤنث (۱) حیرت۔ تحیّر (۲) پریشانی۔ گھبراہٹ ٭

حیرت (حَیْ۔ رَتْ) (ع) مؤنث (۱) حیرانی۔ تحیّر۔ تعجب۔ اچنبھا (۲) پریشانی، گھبراہٹ ٭

حیص بیص (حَیْصْ۔ بَیْصْ) (ع) مؤنث۔ لڑائی جھگڑا۔ شوروغوغا۔ تکرار ٭

حیض (حَیْضْ) (ع) مذکر۔ وہ خون، جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔ کپڑے۔ ماہوار۔ ایّام (آنا کے ساتھ) ٭ **حیض کا لتّہ** (۱) مذکر (۱) حیض کی گدّی۔ خونِ حیض صاف کرنے کا کپڑا (۲) قابلِ نفرت۔ بے قدر۔ نہایت ذلیل ٭ **حیضی**۔ **حیضی بچّہ** (۱) مذکر (۱) حرام کا۔ حرامی۔ ولدالزّنا (۲) حرام زادہ۔ شریر۔ دنگئی ٭

حیطہ (حِیْ۔ طَہْ) (ع) مذکر۔ چار دیواری۔ احاطہ ٭

حیف (حَیْفْ) (ع) مذکر (۱) افسوس۔ دریغ۔ ہائے (۲) تعدّی۔ جبر۔ ظلم وستم ٭

حیل (حِیَلْ) (ع) مذکر۔ حیلہ کی جمع ٭

حیلہ (حِیْ۔ لَہْ) (ع) مذکر (۱) بہانہ۔ دھوکا۔ فریب۔ مکر (۲) نوکری۔ کام۔ روزگار ٭ **حیلہ باز۔ حیلہ ساز۔ حیلہ گر** (ع۔ ف) فریبی۔ مکّار۔ دغاباز۔ کام چور ٭ **حیلہ حوالہ** (۱) مذکر۔ آلا بالا۔ ٹال مٹول۔ لیت ولعل (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **حیلہ کرنا** (۱) فریب کرنا۔ بہانہ کرنا (۲) ہمّت کرنا۔ کوشش کرنا (۳) نوکری کرنا ٭ **حیلے رزق بہانے موت**۔ مثل۔ رزق اور موت کے لیے تھوڑا سا بہانہ درکار ہے ٭

حین (حِیْنْ) (ع) مذکر (۱) زمانہ۔ وقت (۲) نصف سال۔ سات سال۔ چالیس سال (۳) صبح شام (۴) قیامت ٭ **حینِ حیات**۔ مؤنث (۱) ساری زندگی (۲) عمر بھر۔ زندگی بھر ٭ **حینِ دورانِ مقدّمہ** (ع) مذکر۔ مقدّمہ دائر رہنے کا عرصہ ٭

حیوان (ع۔ حَیَوَانْ) (ف۔ ۹ حے۔ وَانْ) مذکر (۱) (لغوی) زندگی (۲) (مجازی) جان دار۔ ذی روح جانور (۳) وحشی۔ بے وقوف۔ نادان ٭ **حیوانِ مطلق** (ع، ف) (۱) چوپایہ۔ جانور (۲) بدتمیز۔ بے سلیقہ ٭ **حیوانِ ناطق**۔ مذکر۔ بولنے والا حیوان۔ انسان۔ آدمی ٭ **حیوانِ ناہق**۔ مذکر۔ گدھا ٭ **حیوانی** (۱) انسانی کے برعکس (۲) نفسانی۔ شہوانی (۳) حیوان کے متعلق (۴) عامل لوگ اس سے گوشت کھانا اور ہر شے، جو حیوان سے نکلی ہو، اسے کام میں لانا مراد لیتے ہیں ٭ **حیوانیّت** (ع) مؤنث (۱) حیوان کی خاصیت۔ حیوان کا فعل (۲) وحشی پن۔ رمیدگی۔ وحشت (۳) بے وقوفی۔ نادانی (۴) بے حیائی۔ بے شرمی ٭

خ

خ (خے) (ع) مؤنث (۱) اردو کا دسواں، فارسی کا نواں اور عربی کا ساتواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے عدد چھ سو (۶۰۰) فرض کیے گئے ہیں ٭

خ۔ا

خاتِم (خَا۔ تِمْ) (ع) مذکر (۱) ختم کرنے والا (۲) اخیر یا انجام کو پہنچانے والا ٭ **خاتِم الانبیاء**۔ مذکر۔ تمام نبیوں کی نبوت ختم کرنے والے آخری پیغمبر حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ٭

خاتَم (خَا۔ تَمْ) (ع) مؤنث۔ انگوٹھی۔ مُہر۔ چھاپ ٭ **خاتم بندی۔ یا۔ کاری**۔ مؤنث۔ لکڑی، ہاتھی دانت یا اونٹ کی ہڈی وغیرہ پر گُل کاری۔ تختہ بندی ٭

خاتمہ (خَا۔ تِمَہْ) (ع) مذکر (۱) انجام۔ نتیجہ۔ اخیر (۲) (۹) انتقال۔ موت (۳) کتاب یا کسی چیز کا آخری حصّہ۔ تتمّہ (۴) کتاب کا وہ حصّہ، جو اسے ختم کرنے کے بعد لکھا جائے ٭ **خاتمہ بالخیر**۔ مذکر (۱) نیک انجام (۲) ایمان کی سلامتی اور دینداری سے گزرنے کی دعا ٭ **خاتمہ ہونا** (۹) (۱) انجام کو پہنچنا۔ ختم ہونا (۲) مرجانا۔ فوت ہونا ٭

خاتون (خَا۔ تُوْنْ) (ت) مؤنث (۱) امیر گھر کی عورت۔ عالی خاندان عورت (۲) عورتوں کے نام کا آخری جزو (۳) عورتوں کا ایک نام ٭ **خاتونِ جنّت** (ت۔ ع) مؤنث۔ بہشت کی شہزادی۔ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا لقب ٭ **خاتونِ عرب**۔ مؤنث (۱) حضرت فاطمہؓ (۲) کعبہ ٭ **خاتونِ فلک**۔ مؤنث (۱) سورج (۲) چاند (۳) زہرہ ٭

خادم (خَا۔ دِمْ) (ع) مذکر (۱) خدمت کرنے والا۔ خدمت گار۔ نوکر چاکر (۲) (۹) کسی درگاہ یا عبادت خانے کی خدمت کرنے والا۔ مجاور ٭ **خادمِ درگاہ** (ع۔ ف) مذکر۔ آستانے کا ملازم۔ مجاور ٭

خار (خَارْ) (ف) مذکر (۱) کانٹا۔ پھانس (۲) (۱) مرغ کے پاؤں کا کانٹا (۳) حسد (۴) رشک (۵) ڈاڑھی کے بال ٭ **خارپشت** (ف) مذکر (۱) جنگلی چوہا، جس کی پیٹھ پر کانٹے ہوتے ہیں (۲) پیٹھ کھجانے کا آہنی آلہ (۳) ایک قسم کا پھل۔ کٹھل ٭ **خار خار**۔ مذکر (۱) بے کلی۔ بے چینی۔ پریشانی (۲) بکثرت (رنج، حسد یا رشک کے موقع پر) ٭ **خار دار** (۱) کانٹوں والا (۲) (۹) ڈاڑھی والا ٭ **خار کھانا** (۹) (عو) دشمنی کرنا۔ جلنا، حسد کرنا ٭ **خار گزرنا۔ یا۔ لگنا** (عو) کھٹکنا ٭ **خاروخس۔ یا۔ خاشاک** (ف) مذکر۔ کوڑا کرکٹ ٭ **خار ہونا** (۱) (۱) بُرا معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا (۲) جلن ہونا۔ حسد ہونا ٭

خارا (خَا۔ رَا) (ف) مذکر۔ سخت پتھر۔ نیلا پتھر ٭

خارج (خَا۔ رِجْ) (ع) نکلا ہوا۔ علیحدہ ٭ **خارج از اختیار** (ع۔ ف) اختیار سے باہر ٭ **خارج از بحث** (۱) بحث سے الگ۔ فضول۔ ناقابلِ سماعت۔ سننے کے ناقابل۔ حدِّ سماعت سے باہر (۲) جملۂ معترضہ ٭ **خارج از عقل** (۱) عقل کے خلاف (۲) گاؤدی۔ احمق ٭ **خارج قسمت** (ع) مذکر۔ وہ عدد، جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ حاصل قسمت ٭ **خارج کرنا** (۱) (۱) علیحدہ کرنا۔ باہر کرنا۔ نکالنا (۲) مقدّمے کو سماعت کے

قابل نہ سمجھنا ٭ **خارج ہونا** (۱) جدا ہونا - باہر ہونا - نکلنا (۲) مقدمے کا ڈسمس ہونا ٭ **خارجہ** (ع) مذکر - خارج شدہ - باہر کا ٭ **خارجی** - مذکر (۱) دینِ اسلام سے نکلا ہوا - بے ایمان (۲) مسلمانوں کا ایک فرقہ، جو حضرت علی مرتضیٰؑ کو خلیفۂ برحق نہیں مانتا ٭

خارش - خارشت (خا - رِش، خا - رِشت) (ف) مؤنث (۱) کھجلی - کھاج (۲) ایک سوداوی بیماری، جس سے سارا جسم پھل جاتا اور اس میں کھجلی ہوتی ہے ٭ **خارشتی** - کھجلی والا - کھجلی بھرا ٭ **خارشتی کُتیا مخمل کی جھول** (ہ) مثل - وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی بدصورت آدمی عمدہ لباس پہنے ٭

خارقِ عادات (ع) (۱) عادت اور قدرتی قاعدے کو توڑ دینے والا (۲) مذکر (کنایۃً) ولیوں کی کرامتیں - نبیوں کے معجزے ٭

خازن (خا - زِن) (ع) مذکر - خزانچی ٭

خاستائی (خاس - تا - اِئی) (ہ) مذکر - کبوتر کا ایک رنگ ٭

خاشاک (خا - شاک) (ف) مذکر - دیکھیے "خار وخس" ٭

خاص (خاص) (ع) (۱) مخصوص - اپنا - ذاتی - نج کا (۲) (ا) فقط - صرف (۳) (ا) منتخب - عمدہ (۴) (ا) ٹھیک - ٹھیٹ (۵) (ا) چاہیتا - پیارا - مرغوب ٭ **خاص بازار** (ع - ف) مذکر (۱) شاہی بازار - وہ بازار، جو بادشاہ کے محل کے سامنے ہو (۲) دہلی کا ایک بازار ٭ **خاص بردار** (ع - ف) مذکر (۱) وہ سپاہی، جسے مالک ہتھیار دے (۲) وہ سپاہی، جو بندوق اٹھا کر بادشاہوں یا امیروں کے آگے چلے (۳) بندوقچی سپاہی (۴) وہ شخص، جس کے پاس پان دان رہے ٭ **خاص تحصیل** (ع) مؤنث (۱) وہ تحصیل، جو حاکم ضلع کے قریب ہو - حضور تحصیل (۲) وہ تحصیل جس میں حاکمِ ضلع یا حاکمِ صوبہ کا اجلاس ہوتا ہے ٭ **خاص تراش** (ع - ف) مذکر - بادشاہ یا امیروں کا حجام ٭ **خاص خاص لوگ** (ہ) مذکر (۱) چنے ہوئے اشخاص - ذی عزت اور رئیس آدمی (۲) اولیاء اللہ ٭ **خاص دان** - مذکر - گلوریوں کے رکھنے کا گنبد جیسا برتن - گلوری دان ٭ **خاص کر** - خاص طور پر - خصوصاً - بالخصوص ٭ **خاص نویس** (ع - ف) مذکر - نج کا منشی - ذاتی منشی - پرائیویٹ سکرٹری ٭ **خاص وعام** - امیر اور غریب - چھوٹے بڑے - سب - تمام ٭ **خاصا** (ہ) (۱) خوش نما - موزوں - اچھا - خوب (۲) اچھا نہ برا - درمیانی - متوسط ٭ **خاصگی** (ع - ف) مذکر (۱) بادشاہ اور امیروں کا مصاحب (۲) رسالدار (۳) خزانچی (۴) مؤنث - مالک کی مدخولہ لونڈی (۵) ہر عمدہ چیز ٭ **خاصّہ** (خاص - صَہ) (ع) مذکر - خُو - خصلت - عادت ٭ **خاصّہ** (خاص - صَہ) (ع) مذکر (۱) بادشاہوں یا امیروں کا کھانا (۲) بادشاہ کی سواری کا گھوڑا (۳) ایک قسم کا سفید سوتی کپڑا ٭ **خاصی** (ہ) (۱) عمدہ - اچھی (۲) اچھی نہ بری - متوسط درجے کی (۳) امیروں کی بندوق ٭ **خاصی پیاری** - مؤنث - زنخہ - زنانہ - بہرجی - بی جی - ہتوجان ٭ **خاصیّت** (خا - صِی - یَت) (ع) مؤنث (۱) عادت - خصلت - طبیعت - مزاج (۲) تاثیر - اثر ٭

خاطر (خا - طِر) (ع) مؤنث (۱) جو دل میں گزرے (۲) دل - من (۳) (ہ) کلیجا - جگر (۴) دھیان - چت (۵) ارادہ - قصد (۶) لحاظ - پاس - مروّت (۷) خوشی، مرضی (۸) آؤ بھگت - تواضع (۹) مزاج - طبیعت (۱۰) واسطے - لیے (۱۱) طرف داری - پاس داری ٭ **خاطر آزردہ** (ع - ف) ناراض - رنجیدہ - ملول - کبیدہ خاطر ٭ **خاطر جمع** (ع) مؤنث - تسلی - تسکین - اطمینان - دل جمعی ٭ **خاطر خواہ** (ع - ف) مرضی کے مطابق - دل پسند - مرغوب - حسب دلخواہ ٭ **خاطر داری** (ع) مؤنث - مہمان نوازی - تواضع - مدارات ٭ **خاطر میں نہ لانا** - عزت نہ کرنا - بات نہ پوچھنا - خیال نہ کرنا ٭ **خاطر نشان** - مؤنث (ہند) خاطر جمع - تسکین - اطمینان - تسلی ٭

خاطف (خا - طِف) (ع) اچک لے جانے والا ٭

خاطی (خا - طی) (ع) بالارادہ خطا کرنے والا - گناہ گار - پاپی - خطا کار ٭

خاقان (خا - قان) (ت) مذکر (۱) چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب (۲) بڑا بادشاہ - سلطان ٭

خاک (خاک) (ف) مؤنث (۱) مٹی - گرد - دھول (۲) (ہ) خاکستر - راکھ (۳) زمین - دھرتی (۴) ذرا - کچھ (۵) بالکل نہیں - کچھ نہیں ٭ **خاک اڑانا** (ہ) (۱) گرد اڑانا (۲) بدنام کرنا (۳) آوارہ پھرنا ٭ **خاک انداز** (ف) مذکر - کوڑا ڈالنے کا برتن ٭ **خاک بازی** - مؤنث - کھیل کود ٭ **خاک برسنا** (ہ) (۱) ریت اڑنا (۲) ویرانی چھانا - بے رونق ہونا ٭ **خاک بسر** (ف) خراب وخستہ - پریشان حال ٭ **خاکِ پا** - مؤنث (۱) پاؤں کے نیچے کی مٹی (۲) نہایت حقیر شئے ٭ **خاک پھانکنا** (ہ) (۱) آوارہ پھرنا (۲) جھوٹ بولنا ٭ **خاک تودہ** (ف) مذکر - نشانہ لگانے کی مٹی کا ڈھیر - چاند ماری کا ڈھانچا - آماج گاہ ٭ **خاک چاٹ کر بات کہنا** (۱) دعوے کی بات عجز سے ظاہر کرنا - عجز وانکسار سے کچھ کہنا ٭ **خاک چھاننا** (۱) بے حد تلاش کرنا (۲) آوارہ پھرنا (۳) تباہ وبرباد ہونا ٭ **خاک دان** (ف) مذکر (۱) مٹی اور کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ (۲) (مجازاً) دنیا ٭ **خاک دھول** (ہ) مؤنث (عو) کچھ نہیں ٭ **خاک ڈالنا** (۱) چھپانا - دبانا (۲) خیال نہ کرنا - توجہ نہ کرنا ٭ **خاک روب** (ف) مذکر - مہتر - بھنگی - حلال خور - جاروب کش ٭ **خاک سار** - مذکر (۱) مٹی میں ملا ہوا (۲) عاجز - حقیر - ذلیل - غریب ٭ **خاک ساری** - مؤنث - عاجزی - غریبی - عجز وانکسار ٭ **خاک سیاہ ہو جانا** (ہ) (عو) (۱) جل کر راکھ ہو جانا (۲) تباہ وبرباد ہو جانا ٭ **خاکِ شفا** (ف - ع) مؤنث (۱) صحت بخشنے اور تندرست کر دینے والی مٹی (۲) شہدائے کربلا کے مدفن کی خاک ٭ **خاک کا پتلا** (ہ) مذکر - آدمی - مشتِ خاک ٭ **خاک کا پیوند ہونا** - خاک میں ملنا - زمین میں دفن ہونا ٭ **خاک کرنا** (۱) جلا کر راکھ کرنا (۲) تباہ کرنا - اجاڑنا ٭ **خاک لے ڈالنا** - بار بار جانا - دروازے کی مٹی اڑانا ٭ **خاک میں ملانا** (۱) خراب کرنا - اجاڑنا - برباد کر ڈالنا (۲) پامال کرنا - ناپید کرنا ٭ **خاک میں مل جائیے** (عو) مر جائیے - دفن ہو جائیے ٭ **خاک نائے** (ف) مؤنث - خشکی کا وہ تنگ قطعہ، جو خشکی کے دو بڑے قطعوں کو ملائے ٭ **خاک نہ دھول بکائن کے پھول** (ہ) مثل - کام کے نہ کاج کے،

منت کے شیخ خورسے ⁕ **خاک نہیں** ۔ ذرا نہیں ۔ کچھ نہیں ⁕ **خاکا** ۔ مذکرّ دیکھیئے "خاکہ" ⁕ **خاکِستر** (ف) مؤنّث ۔ راکھ ۔ جلی ہوئی چیز کی بھبوت ⁕ **خاکسی** (و) مؤنّث (۱) خاکستر (۲) خوب کلاں ۔ ایک نہایت باریک تخم ⁕ **خاکش بدہن** (ف) (۱) اس کے منہ میں خاک ۔ کسی نے کوئی بُری بات کہی ہو تو اس کے متعلق بولتے ہیں (۲) اس کا ستیا ناس ہو ⁕ **خاکم بدہن** ۔ میرے منہ میں خاک ۔ جب اپنے منہ سے کوئی بُری یا بدشگونی کی بات نکل جائے تو بولتے ہیں ⁕ **خاکی** (۱) خاک کی پیدائش ۔ خاک آلودہ (۲) مٹیالا (۳) خاک کے رنگ کا کپڑا ۔ مٹیالے رنگ کی وردی (۴) مذکرّ ۔ فقیروں کا ایک فرقہ، جو خاکی شاہ کا پیرو ہے ⁕ **خاکی انڈا** (و) مذکرّ (۱) وہ انڈا، جو مرغی جفتی کے بغیر خاک میں لوٹ کر دے (۲) حرامی ⁕

خاکہ (خَا ۔ کَہْ) (ف) مذکرّ (۱) پنسل یا چاک سے نقشے وغیرہ کا نشان ڈالنا (۲) (مجازاً) چربہ ۔ نقشہ ۔ ڈھانچا ⁕ **خاکہ اُتارنا** ۔ کچا نقشہ بنانا ۔ مسوّدہ کرنا ⁕ **خاکہ اُڑانا** (۱) نقشہ کھینچنا ۔ نقل اُڑانا (۲) نام نکالنا ۔ بدنام کرنا طور سیکھنا ۔ ڈھنگ اُڑانا ⁕ **خاکہ کھینچنا** ۔ خاکہ اُتارنا ۔ نشان ڈالنا ۔ مسوّدہ کرنا ⁕

خاگینہ (خَا ۔ گِی ۔ نَہْ) (ف) مذکرّ (۱) پکے ہوئے انڈے ۔ انڈوں کا سالن (۲) تلے ہوئے انڈے اور کتری ہوئی پیاز ملا کر قیمے کی طرح پکایا ہُوا سالن ⁕

خال (خَالْ) (ع) مذکرّ ۔ ماموں ۔ خالو (۲) وہ قدرتی سیاہ نقطہ، جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے (۳) (و) دو رنگا کبوتر، جس میں ایک رنگ سفید ہو (۴) (و) کاجل کا وہ نشان، جو خوب صورتی یا دفع نظر کے لیے چہرے پر بنایا جاتا ہے ⁕ **خال خال** (و) اِکا دُکا ۔ کہیں کہیں ۔ بہت کم ۔ کوئی کوئی ۔ بعض بعض ۔ شاذونادر ⁕ **خالو** ۔ مذکرّ ۔ خالہ کا شوہر ۔ ماں کی بہن کا خاوند ⁕

خالَہ (ع) مؤنّث ۔ ماں کی بہن ۔ مَوسی ⁕ **خالہ جایا** (و) مذکرّ (عو) خالہ کا بیٹا ۔ خالہ زاد ⁕ **خالہ جی کا گھر** ۔ مذکرّ (۱) بہت ہی آسان کام (۲) وہ چیز، جس پر دعویٰ ہو سکے ⁕ **خالہ چاندنی کا کنبہ ہے** ۔ مثل ۔ مذکرّ ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں گھر کا گھر ہی نالائق ہو ⁕ **خالہ زاد بھائی** ۔ مذکرّ ۔ خالہ کا بیٹا ۔ خالہ جایا ⁕ **خالہ زاد بہن** ۔ مؤنّث ۔ خالہ کی بیٹی ۔ خالہ جائی ⁕ **خالہ کی مہمانی، ہاتھ ڈال پہچانی** ۔ مثل ۔ خالہ کے گھر بہت دفعہ جائیں تو خاطر تواضع نہیں ہوتی ۔ بہت دفعہ کہیں نہ جانا چاہیے ⁕

خالدہ ادیب خانم (خَا ۔ لِدَہْ ۔ اَدِیْبْ ۔ خَا ۔ نُمْ) (ع ۔ ف) مؤنّث ۔ ترکی کی ایک مشہور خداے وطن بلند پایہ مصنّفہ اور فاضل خاتون ⁕

خالص (خَا ۔ لِصْ) (ع) کھرا ۔ اصل ۔ صاف ۔ نِہتل ⁕ **خالِصَہ** (۱) جو کسی سے ملا ہُوا نہ ہو (۲) سرکاری زمین، جس میں کسی دوسرے کا حق نہ ہو (۳) عزّت والا (۴) (و) مذکرّ ۔ سکھ سردار ۔ سکھوں کی فوج ⁕ **خالصے لگنا** (و) (عو) (۱) ضبط ہونا (۲) برباد ہونا ۔ ضائع ہونا ⁕

خالق (خَا ۔ لِقْ) (ع) مذکرّ (۱) پیدا کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ⁕

خالی (خَا ۔ لِیْ) (ع) (۱) جس میں کوئی چیز نہ ہو (۲) کھوکھلا (۳) (و) نکمّا ۔ بے کار (۴) تنہا ۔ اکیلا ۔ صرف (۵) غیر آباد ۔ غیر مقبوضہ (۶) فارغ ۔ بے مشغلہ ⁕ **خالی جانا** (و) (۱) نشانے پر نہ لگنا ۔ بندوق وغیرہ کا خطا کرنا ۔ گولی نہ لگنا (۲) بے نتیجہ جانا (۳) بے اثر ہونا (۴) ناغہ ہونا ⁕ **خالی خریطی پوری فضیحتی** ۔ مثل ۔ جیب میں کچھ نہ ہو تو آدمی ذلیل ہی رہتا ہے ۔ مفلسی بُری بلا ہے ⁕ **خالی سے بیگار بھلی** ۔ مثل ۔ بے کاری سے مفت یا مشقّت کا کام اچھّا ہوتا ہے ۔ بیکار نہ بیٹھنا چاہیے ⁕ **خالی کا چاند یا مہینا** ۔ مذکرّ (عو) مسلمانوں کے گیارھویں مہینے کا چاند ۔ ماہ ذی قعدہ ⁕ **خالی ہاتھ** ۔ نہایت غریب ۔ نادار ۔ مفلس ⁕

خام (خَامْ) (ف) (۱) کچّا ۔ نہ پکا ہُوا ۔ ناپختہ (۲) کمزور (۳) ناتجربہ کار (۴) سربستہ ۔ بند ⁕ **خام پارہ** ۔ یا ۔ **خم پارہ** (ف) (۱) کچّی ٹوٹی ہوئی ۔ ایک گالی ۔ جس سے قبل بلوغت جماع ہو جائے (۲) فاحشہ ۔ چھنال ۔ مکّارہ (۳) مؤنّث ۔ ایک قسم کی چھوٹی توپ ⁕ **خام خیالی** ۔ مؤنّث ۔ وہم ۔ جھوٹا خیال ۔ غلط گمان ⁕ **خام کرنا** (و) (۱) بند کرنا (۲) آٹا لگا کر ہانڈی کا منہ بند کرنا ⁕ **خام کو کام سکھا لیتا ہے** ۔ مثل ۔ ناواقف آدمی تجربے سے ماہر ہو جاتا ہے ⁕ **خامی** (ف) مؤنّث (۱) کچّا پن (۲) ناتجربہ کاری (۳) نقص (۴) نقصان (۵) کمزوری ⁕

خاموش (خَا ۔ مُوْشْ) (ف) چُپ ۔ ساکت ۔ دم بخود ⁕ **خاموشی** ۔ مؤنّث ۔ چُپ ۔ سکوت ⁕

خامہ (خَا ۔ مَہْ) (ف) مذکرّ ۔ قلم ۔ کلک ⁕ **خامہ فرسا** ۔ لکھنے والا ⁕

خان (خَانْ) (ف) مذکرّ (۱) آقا ۔ مالک (۲) پٹھانوں کا خطاب (۳) پٹھانوں کے نام کا آخری جزو (۴) نمبردار ۔ چودھری (۵) امیر ۔ شہزادہ ۔ بادشاہ ۔ رئیس ۔ سردار (۶) خطا و تاتار کے بادشاہوں کا پہلا لقب (۷) نوّاب قلات کا لقب (۸) "خانہ" کا مخفّف ۔ گھر (۹) چھتّا (۱۰) خاندان (۱۱) ملازم (۱۲) سازوسامان (۱۳) گھر کے متعلّق کوئی چیز (۱۴) کارواں سرائے ۔ سرائے (۱۵) منڈی (۱۶) دکان (۱۷) "خوان" کا مخفّف (۱۸) خانساماں کا خطاب (۱۹) ڈوم کا خطاب ⁕ **خان بہادر** ۔ مذکرّ ۔ عزّت کا خطاب، جو انگریزی حکومت کی طرف سے مسلمانوں کو دیا جاتا تھا ⁕ **خانخاناں** ۔ مذکرّ (۱) امیروں کا امیر ۔ سرداروں کا سردار (۲) عبدالرحیم بن بیرم خاں اکبری نورتن کا خطاب ⁕ **خانخاناں جن کے کھانے میں پتا نا ربطانہ ۔ چھپی ہوئی چیز** (و) مثل ۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی شخص پوشیدہ طور سے کسی پر احسان کرے ⁕

خاندان (ف) مذکرّ (۱) گھرانا ۔ نسل ۔ گوت (۲) قبیلہ ⁕ **خاندانی** (۱) اعلیٰ نسل کا ۔ قدیم شریف یا رئیس ۔ نسبی (۲) گھرانے کا (۳) نسلی ۔ موروثی ⁕

خانساماں (۱) گھر کا سامان کرنے والا ۔ میر سامان ۔ داروغہ (۲) کھانے پکانے والا ۔ باورچی ۔ انگریزوں اور امیر لوگوں کا باورچی ⁕ **خانقاہ** (ف) مؤنّث (۱) صوفیوں اور درویشوں کے رہنے کی جگہ ۔ دھرم سالہ ۔ مٹھ ۔ ڈیرا (۲) پیر یا درویش کا مقبرہ ⁕ **خانگی** (ف) (۱) گھر کا ۔ گھریلو (۲) خاص ۔ ذاتی ۔ اپنا ۔ نج کا (۳) (و) مؤنّث ۔ پوشیدہ طور پر پیشہ کرانے والی پردہ نشین عورت ⁕

خانگی جھگڑا (ف) مذکر۔ گھر کا فساد۔ آپس کا جھگڑا ٭ **خانم** (ف) مؤنث (۱) خان کی بیوی (۲) بڑے گھر کی عورت (۳) شہزادی۔ بیگم۔ امیرزادی ٭
خانماں (ف) مذکر (۱) گھر کا اسباب۔ مال و متاع۔ اثاثہ (۲) گھرانا۔ گھر (۳) خاندان۔ قبیلہ (۴) گھر کے متعلق کوئی چیز ٭ **خانماں برباد۔ یا خراب** (۱) برباد۔ تباہ۔ سرگشتہ (۲) رنڈوا ٭ **خانوادہ**۔ مذکر (۱) خاندان۔ گھرانا (۲) قبیلہ (۳) فقرا کا سلسلہ (۴) درویشوں یا مشائخ کا وہ خاندان جس سے انھیں توسّل ہو ٭

خانہ (خَا۔ نَہ) (ف) مذکر (۱) گھر۔ مکان (۲) (ل) مرغیوں یا کبوتروں کے رہنے کا ڈربا۔ کابک (۳) گھونسلا (۴) صندوقچے کے اندر کا گھر (۵) شطرنج کے مہرے کا گھر ٭ **خانہ آباد دولت زیادہ** (ف) (دُعا) دولت وافر اور گھر بھرا رہے ٭ **خانہ باغ**۔ مذکر۔ مکان کے اندر کا باغ ٭ **خانہ بدوش** (۱) پریشان۔ آوارہ۔ مسافر (۲) جس کا کوئی خاص گھر یا ٹھکانا نہ ہو (۳) مذکر۔ وہ قوم، جو چھپروں یا خیموں میں رہے ٭ **خانہ برانداز** (۱) گھر بار اجاڑ دینے والا (۲) (کنایۃً) معشوق ٭ **خانہ بربادی**۔ مؤنث (۱) بیوی کا مرجانا (۲) گھر یا خاندان کی تباہی (ہونا کے ساتھ) ٭ **خانہ پُری** (ل) مؤنث (۱) نقشہ بھرنا (۲) سرکاری مقررہ نقشے پُر کرنا ٭ **خانہ تلاشی** (ف۔ت) مؤنث۔ گھر کی تلاشی۔ کوئی شے ڈھونڈنے کے لیے مکان کا سارا سامان الٹ پلٹ کر دینا ٭ **خانہ جنگی** (ف) مؤنث۔ گھر کی لڑائی۔ آپس کی لڑائی۔ جھگڑا۔ دنگا۔ فساد ٭ **خانۂ خدا**۔ مذکر (۱) عبادت کی جگہ۔ مسجد۔ مندر۔ گرجا (۲) کعبہ۔ بیت اللہ ٭ **خانہ خراب**۔ مذکر (۱) رنڈوا (۲) تباہ و برباد۔ اجڑا ہوا (۳) ہرجائی۔ آوارہ گرد۔ بدوضع ٭ **خانۂ خمّار** (ف۔ع) مذکر۔ مے خانہ۔ شراب خانہ۔ بھٹی ٭ **خانہ داری** (ف) مؤنث۔ گھر بار کا کام کاج۔ گھر کے معاملات ٭ **خانہ زاد** (۱) جو کسی کے گھر پیدا ہوا ہو (۲) لونڈی غلاموں کی اولاد (۳) قدیم ٭ **خانہ ساز** (۱) گھر کی بنی ہوئی چیز (۲) مکان بنانے والا۔ معمار ٭ **خانہ شماری**۔ مؤنث (۱) گھروں اور مکانوں کا شمار کرنا (۲) (مجازاً) آدمیوں کا شمار کرنا۔ مردم شماری ٭ **خانہ نشین** (۱) گھر بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین (۲) بے کار۔ معطّل ٭

خاور (خَا۔ وَر) (ف) مذکر (۱) مشرق۔ پورب (۲) خراسان ٭
خاوند (خَا۔ وَنْد) (ف) مذکر۔ خداوند کا مخفف (۱) آقا۔ مالک (۲) شوہر۔ گھر والا۔ پتی۔ زوج ٭ **خاوندی**۔ مؤنث۔ عنایت۔ پرورش۔ بندہ نوازی ٭
خائف (خَا۔ اِف) (ع) مذکر۔ ڈرنے والا۔ ڈرپوک۔ ترسان ٭
خائن (خَا۔ اِن) (ع) مذکر۔ خیانت کرنے والا۔ بددیانت ٭
خایہ (خَا۔ یَہ) (ف) مذکر (۱) انڈا۔ بیضہ (۲) فوطہ۔ خصیہ (۳) (ل) آلۂ تناسل، ذکر، قضیب، اِندری ٭

خ-ب

خباثت (خَبَا۔ ثَت) (ع) مؤنث (۱) گندگی۔ ناپاکی۔ پلیدی (۲) شرارت۔ بدباطنی ٭
خُبث (خُبْث) (ع) مذکر۔ گندگی۔ پلیدی ٭
خبر (خَبَر) (ع) مؤنث (۱) اطلاع۔ آگاہی (۲) سندیسا۔ پیغام (۳) شہرت۔ افواہ (۴) حدیثِ نبویؐ (۵) (ل) نشان۔ پتا (۶) مرنے کی اطلاع (۷) عقل۔ سمجھ۔ ہوش ٭ **خبر اڑانا** (ل) افواہ پھیلانا۔ جھوٹی بات مشہور کرنا ٭ **خبردار** (ع۔ف) (۱) آگاہ۔ واقف کار (۲) چوکس۔ ہوشیار (۳) مذکر۔ جاسوس۔ مخبر (۴) ہرگز۔ زنہار ٭ **خبرداری**۔ مؤنث۔ احتیاط۔ ہوشیاری۔ نگہبانی ٭ **خبر رساں**۔ مذکر۔ خبر لے جانے والا۔ نامہ بر۔ قاصد۔ ہرکارہ ٭ **خبر کو بھیجنا** (ل) بیمارپرسی یا مزاج پُرسی کے لیے کسی کو بھیجنا ٭ **خبرگیری** (ع۔ف) مؤنث (۱) خبرداری (۲) سلوک۔ مدد ٭ **خبر لینا** (ل) (۱) دست گیری کرنا (۲) دریافت کرنا۔ پوچھنا (۳) نظر رکھنا۔ دیکھنا (۴) مارنا۔ ٹھیک بنانا۔ سزا دینا۔ درست کرنا ٭ **خبر نہ ہونا** (۱) اطلاع کا نہ ہونا۔ واقف نہ ہونا (۲) چپ رہنا۔ خاموش رہنا (۳) خیال نہ کرنا (۴) ہوش نہ آنا ٭
خبط (خَبْط) (ع) مذکر۔ سودا۔ جنون۔ دیوانگی ٭ **خبطی** (ع۔ف) (۱) مجنون۔ پاگل۔ دیوانہ۔ سودائی (۲) بدحواس۔ حواس باختہ (۳) بے وقوف ٭
خبیث (خَبِیْث) (ع) مذکر (۱) پلید۔ نجس۔ ناپاک (۲) (ل) بدباطن۔ شریر (۳) (مذکر) بھوت پریت ٭
خبیر (خَبِیْر) (ع) (۱) خبر دینے والا۔ اطلاع پہنچانے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ ہر چیز کی خبر رکھنے والا۔ عالم الغیب ٭

خ-ت

ختا (خَتَا) (ف) دیکھیے "خطا ۲" ٭
ختک (خُتْ۔ تَک) (ل) مذکر (۱) سونٹا (۲) انگوٹھا ٭
ختکا (خُتْ۔ کَا) (ل) مذکر (۱) سونٹا (۲) گدکا (۳) انگوٹھا۔ ٹھینگا (۴) بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا (۵) آلۂ تناسل ٭
ختم (خَتْم) (ع) مذکر (۱) اِتمام۔ انتہا۔ تمام۔ انجام۔ اخیر (۲) قرآن شریف کے ختم ہونے کی رسم (۳) نذر نیاز۔ فاتحہ ٭
ختم کرنا (ل) (۱) انجام کو پہنچانا۔ تمام کرنا (۲) نیاز دلوانا (۳) قرآن مجید کو تمام کرنا ٭ **ختم ہونا** (۱) نبڑنا۔ انجام کو پہنچنا۔ تمام ہونا (۲) نیاز ہونا۔ فاتحہ ہونا (۳) قرآن عزیز کا پورا ہونا ٭
ختن (خُتَن) (ع) مذکر (۱) تاتار (۲) تاتار میں ایک علاقہ جہاں کا مُشک مشہور ہے (۳) تاتار کا دارالخلافہ ٭
ختنہ (خَتْ۔ نَہ) (ع) مذکر۔ مسلمانوں میں حضرت ابراہیمؑ کی قائم کی ہوئی

دہ رسم جس میں بچے کے عضوِ تناسل کا زائد گوشت کاٹا جاتا ہے ۔ سُنّت ۔

خ ۔ ٹ

خٹّا (خَٹ ۔ ٹا) (ہ) مذکر ۔ آلۂ تناسل ۔ خایہ ۔

خ ج

خجالا (خَجا ۔ لا) (ہ) بکواس ۔ بیہودہ ۔

خجالت (خَجا ۔ لَت) (ع) مؤنث ۔ شرمندگی ۔ ندامت ۔ شرم ۔ حیا ۔ غیرت ۔

خجستہ (خُجَس ۔ تَہ) (ف) مبارک ۔ مسعود ۔ فرخندہ ۔

خجل (خَجِل) (ع) شرمندہ ۔

خ ۔ چ

خچاخچ (خَچا ۔ خَچ) (ہ) مؤنث (۱) نیزے یا چھرے کی آواز (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز ۔

خچر (خَچ ۔ چَر) (ہ) مذکر (۱) وہ چوپایہ جو گدھے اور گھوڑی سے پیدا ہوتا ہے (۲) دغا باز ۔ فریبی ۔ مکّار ۔

خچر خچر ۔ خچڑ خچڑ (خَچَر ۔ خَچَر ، خَچَڑ ۔ خَچَڑ) (ہ) مذکر ۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز ۔

خ ۔ د

خُدا (خُدَا) (ف) مذکر (۱) اللہ ۔ ایشور ۔ نارائن (۲) خداوند ۔ آقا ۔ صاحب ۔ مالک ۔ **خدا اُس کا سہرا دکھائے** (ہ) (عو) خدا اُسے دولھا بنا کر دکھائے ۔ خدا اُس کا بیاہ دکھائے ۔ **خدا امیر کے پاس قبر بھی نہ بنوائے** (ہ) مثل ۔ امیر کا پڑوسی بھی تکلیف میں رہتا ہے ۔ **خدا بچائے** ۔ **خدا بخشے** (ہ) خدا گناہ معاف کرے ۔ اللہ مغفرت کرے ۔ **خدا پر چھوڑ دینا** (ہ) (۱) کوئی کام خدا کے بھروسے پر چھوڑنا ۔ توکّل پر بیٹھنا (۲) خدا پر بھروسا کرکے بیمار کا علاج ترک کر دینا ۔ **خدا پرست** (ف) خدا کو پوجنے والا ۔ عابد ۔ زاہد ۔ حق پرست ۔ **خدا ترس** ۔ خدا سے ڈرنے والا ۔ نرم دل ۔ رحم دل ۔ **خدا جانے** (ہ) خدا کو خبر ہے ۔ واللہ اعلم ۔ **خدا جھوٹ نہ بلوائے** ۔ کوئی غیر معمولی بات کہنے سے پہلے بولتے ہیں ۔ **خدا چاہے** ۔ اگر خدا کی مرضی ہو ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ **خدا حافظ** (ف ۔ ع) مذکر ۔ اللہ نگہبان ۔ تمھیں خدا کی حفاظت میں سونپا ۔ اللہ بیلی ۔ فی امان اللہ ۔ رخصت کے وقت کا دعائیہ کلمہ ۔ **خدا خدا کرکے** (ہ) بڑی مشکل سے ۔ دشواری سے ۔ دقّت سے ۔ **خدا خدا کرنا** (۱) اللہ کا نام لینا ۔ اللہ کی عبادت کرنا (۲) باز آنا ۔ توبہ توبہ کرنا ۔ **خدا خدا کرو** ۔ توبہ توبہ کرو ۔ خدا سے ڈرو ۔ جھوٹ نہ بولو ۔ **خدا داد** (ف) (۱) خدا کا دیا ہوا ۔ اللہ کی طرف

[illegible] نام ۔ **خدا دیتا ہے تو چھپّر پھاڑ کر دیتا ہے** [illegible] پرانے زمانے [illegible] کا محتاج نہیں ۔ **خدا را** [illegible] **خدا رسیدہ** ولی ۔ پرہیزگار ۔ نیک ۔ **خدا رکھے** [illegible] غیب میں کسی عزیز کا ذکر کرتے وقت [illegible] اُسے زندہ رکھے ۔ **خدا سلامت رکھے** [illegible] رکھے ۔ طنزاً بھی کہا جاتا ہے [illegible] **خدا سمجھے** ۔ خدا اسے بدلا یا سزا دے ۔ **خدا سے ڈرو** [illegible] کرو ۔ بُرے کاموں سے باز آؤ [illegible] **خدا سے لڑنا** [illegible] شامت آپ لانا ۔ زبردستی [illegible] **خدا سے لو لگنا** [illegible] خدا کی طرف دھیان بندھنا (۲) جان لبوں پر آنا [illegible] **خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے** ۔ خدا ہر شخص کو اس کی [illegible] کے مطابق دیتا ہے ۔ **خدا شناس** (ف) خدا کو پہچاننے والا [illegible] بزرگ ۔ نیک ۔ **خدا غارت کرے** [illegible] خدا کھو دے ۔ **خدا کا دیا سر پر** (ہ) مثل ۔ [illegible] کرنا چاہیے ۔ ہر آفت و مصیبت کو جھیلنا لازم ہے ۔ **خدا کا قہر ٹوٹے** (عو) خدا کا غضب نازل ہو ۔ **خدا کا کارخانہ** ۔ مذکر ۔ دنیا کا بندوبست ۔ **خدا کا گھر** ۔ مذکر ۔ مسجد ۔ خانۂ خدا ۔ **خدا کا نام لو** ۔ اللہ اللہ کرو ۔ انصاف کرو ۔ سچ بولو ۔ **خدا کو مان** [illegible] خدا کی قسم اِس بات کا خیال نہ کر ۔ یہ کام نہ کر ۔ **خدا کی باتیں خدا ہی جانے** ۔ مثل ۔ خدا کی حکمت خدا ہی کو معلوم ہے ۔ خدا کے بھیدوں کی کسی کو خبر نہیں ۔ **خدا کی پناہ** ۔ خدا بچائے ۔ معاذ اللہ ۔ **خدا کی دین** ۔ مؤنث ۔ خدا کی عنایت ۔ بخششِ الٰہی ۔ **خدا کی راہ کا سودا** ۔ مذکر ۔ ثواب کا کام ۔ کسی کا کام خدا کے لیے پورا کر دینا ۔ **خدا کی سنوار** (عو) خدا تجھے عقل دے ۔ خدا سزا دے ۔ تجھے خدا سمجھے ۔ **خدا کی گر نہیں چوری تو پھر بندے کی کیا چوری** ۔ مثل ۔ جب بندے کے گناہ خدا سے چھپ نہیں سکتے تو بندوں سے کیا چھپانا ۔ **خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی** ۔ مثل ۔ خدا فوراً سزا نہیں دیتا ، بلکہ جب بندہ اپنے گناہ کو بھول جاتا ہے ، اُس وقت پکڑ لیتا ہے ۔ **خدا کی مار** ۔ خدا کا غضب ۔ غیب کی سزا ۔ **خدا کے پاس جانا** ۔ وفات پانا ۔ مرنا ۔ **خدا کے گھر جانا** ۔ انتقال کرنا ۔ مرنا ۔ **خدا کے گھر سے پھرنا** ۔ سخت مہلک بیماری سے نجات پانا ۔ مرکر بچنا ۔ **خدا گنجے کو ناخن نہ دے** ۔ مثل ۔ خدا کم حوصلہ اور کمینے آدمی کو با اختیار نہ کرے ۔ **خدا لڑائی رات کرے ، بچھڑائی نہ کرے** ۔ مثل ۔ لڑائی بھڑائی کی پروا نہیں ، لیکن خدا جدائی کی مصیبت نہ ڈالے ۔ **خدا لگتی کہنا** ۔ سچ کہنا ۔ طرف داری نہ کرنا ۔ انصاف کی کہنا ۔ **خدا مارے یا چھوڑے** ۔

کبھی ہو، ہرچہ بادا باد۔ اس میں خدا بخشے یا نہ بخشے ۔ **خدا مہربان تو جگ (کل) مہربان** ۔ مثل۔ خدا کی مہربانی ہو تو سب دوست بن جاتے ہیں۔ جدھر رب، اُدھر سب ۔ **خدانخواستہ** (ف) خدا نہ کرے (و) خدا ایسا نہ کرے۔ ایسا نہ ہو ۔ **خدا واسطے بلی بھی چوہا نہیں مارتی** (و) مثل۔ انسان جو کام کرتا ہے، ذاتی فائدے کے لیے کرتا ہے ۔ **خدا واسطے کا بیر (کی دشمنی)** مذکر۔ ناحق کی دشمنی۔ للّٰہی بُغض۔ خواہ مخواہ کی عداوت ۔ **خدا یاد آنا**۔ سخت مصیبت کے وقت اللہ کا دھیان آنا ۔

خداوند (ف) مذکر (۱) صاحب، آقا، مالک (۲) خاوند ۔ **خدایگاں**۔ مذکر۔ بڑا بادشاہ۔ خداوند ۔ **خدائی**۔ مؤنث (۱) صاحبی (۲) خدا ہونا (۳) دنیا ۔ **خدائی خوار**۔ مذکر (۱) خانہ خراب۔ آوارہ (۲) ذلیل و رسوا ۔ **خدائی خوار گدھے سوار** (و) مثل۔ آوارہ و سرگرداں۔ خراب و خستہ ۔ **خدائی رات**۔ مؤنث۔ رت جگا۔ منّت پوری ہونے پر رات کو جاگنا اور نذر نیاز دینا ۔ **خدائی کا جھوٹا**۔ مذکر۔ زمانے کا جھوٹا۔ دغا باز۔ فریبی ۔ **خدائی کا دعویٰ کرنا**۔ تکبّر کرنا۔ غرور کرنا ۔ **خدائے مجازی** (ف۔ ع) مذکر (مراداً) (۱) حاکم وقت۔ بادشاہِ وقت (۲) شوہر ۔ **خدایا** (ف) اے خدا۔ یا الٰہی ۔

خدّام (خُد۔ دَام) (ع) مذکر۔ خادم کی جمع۔ خدمت کرنے والے ۔

خدشہ (خَد۔ شَہ) (ف) مذکر (۱) خطرہ۔ خوف۔ ڈر۔ فکر۔ اندیشہ (۲) شک۔ شبہہ (۳) دل کی تکلیف ۔

خدع (خَدْع) (ع) مذکر۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا ۔

خُدکا (خُد۔ کَا) (و) دیکھیے "خُشکا" ۔

خدم (خَدَم) (ع) مذکر۔ خادم کی جمع ۔

خدمات (خِد۔ مَات) (ع) مؤنث۔ خدمت کی جمع۔ کارگزاریاں ۔

خدمت (خِد۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) سیوا۔ چاکری۔ نوکری (۲) کام کاج ۔ **خدمت سے عظمت ہے** (و) مثل۔ کارگزاری سے مرتبہ ملتا ہے۔ محنت سے کام کرنے پر کامیابی ہوتی ہے ۔ **خدمت گار** (ع۔ ف) مذکر۔ نوکر۔ خادم۔ خدمتی۔ سیوک ۔ **خدمت گاری** (و) مؤنث۔ ملازمت کا پیشہ۔ نوکری ۔ **خدمت گزار** (ف) نوکر۔ محنتی۔ خدمت ادا کرنے والا ۔ **خدمتِ منصبی** (ع) مؤنث۔ متعلقہ کام۔ فرضِ منصبی ۔ **خدمتی** (ف) نوکر چاکر۔ ٹہلوا ۔

خدنگ (خَدَنگ) (ف) مذکر (۱) تیر۔ چھوٹا تیر۔ بان (۲) ایک درخت کی لکڑی جس سے تیر بنتے ہیں (۳) چنار (۴) جنگلی چوہا (۵) کیکڑا ۔

خدیجہ (خَدِی۔ جَہ) (ع) مؤنث۔ حضرت رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی پہلی بیوی ۔

خدیو (خَدِیْو) (ف) مذکر (۱) خداوند (۲) مصر کے بادشاہ کا لقب (۳) بڑا بادشاہ (۴) امیر آدمی۔ بڑا آدمی (۵) آقا۔ مالک ۔

خ۔ذ

خذ ما صفا ودع ما کدر (خُذ۔ مَا۔ صَفَا۔ دَ۔ دَعْ۔ مَا۔ کَدِرْ) (ع) مقولہ۔ جو صاف ہے، وہ لے لے اور جو گدلا ہے، وہ چھوڑ دے۔ اچھی بات اختیار کرو اور بُری ترک کر دو ۔

خ۔ر

خر (خَر) (ف) مذکر (۱) گدھا (۲) (صفت) سب سے بڑا ۔ **خراس**۔ مذکر۔ بڑی چکی، جو بیل یا اونٹ چلاتے ہیں ۔ **خرِ دجّال** (ف۔ ع) مذکر۔ دجّال کی سواری کا گدھا ۔ **خر دماغ** (و) (۱) بے وقوف (۲) ہٹیلا۔ ضدّی (۳) متکبّر۔ غرور ۔ **خرِ عیسیٰؑ اگر بہ مکّہ رود، چوں بیاید ہنوز خر باشد** (ف) مثل۔ حضرت عیسیٰؑ کا گدھا مکّہ میں بھی ہو آئے تو اس کی صورت اور سیرت نہیں بدلتی۔ نالائق کی اصلاح نہیں ہو سکتی، خواہ وہ کسی اچھی صحبت ہی میں کیوں نہ رہے ۔ **خرگاہ**۔ مذکر و مؤنث (۱) بہت بڑا خیمہ۔ خیمۂ شاہی (۲) بہت بڑا مکان۔ محل ۔ **خرگوش**۔ مذکر۔ چھوٹے قد اور لمبے کانوں والا بلّی کے برابر ایک جانور ۔ **خرمست** (۱) متوالا۔ بدمست (۲) مست (۳) بے پروا (۴) احمق۔ بے وقوف (۵) شہوت پرست (۶) ضدّی ۔ **خرمستی**۔ مؤنث (۱) گدھے کی سی مستی۔ شہوت پرستی۔ نفس پرستی۔ بدمستی (۲) کود پھاند ۔ **خرمُہرہ**۔ مذکر (۱) کوڑی (۲) کوڑا (۳) ناقوس۔ سنکھ ۔ **خروار**۔ مذکر۔ گدھے کا بوجھ ۔

خراب (خَرَاب) (ع) (۱) اُجڑا ہوا۔ برباد۔ تباہ۔ ویران (۲) اکارت۔ ضائع (۳) نکمّا۔ بُرا (۴) پریشان (۵) مست ۔ **خراب حال**۔ بدحال۔ پریشان حال ۔ **خراب خستہ اناج سستا** (و) مثل۔ نہایت تباہ حال اور غریب آدمی ۔ **خراب کرنا** (۱) اُجاڑنا۔ برباد کرنا (۲) نکمّا کرنا۔ بگاڑنا (۳) پریشان کرنا۔ ویران کرنا (۴) زنا کرنا ۔ **خراب ہونا** (۱) اجڑنا۔ برباد ہونا (۲) بگڑنا۔ نکمّا ہونا (۳) پریشان ہونا۔ حیران ہونا (۴) کسی سے بدفعلی ہونا (۵) مفت کا سفر ہونا جس میں مطلب بر نہ آئے (۶) بدچلن ہونا۔ آوارہ ہونا ۔ **خرابہ** (ع) مذکر۔ کھنڈر۔ ویران مکان ۔ **خرابی** (ف) مؤنث (۱) بربادی۔ تباہی (۲) دقّت۔ مشکل (۳) بدی۔ بُرائی (۴) بگاڑ ۔

خرابات (خَرَا۔ بَات) (ع) مؤنث (۱) شراب خانہ (۲) جوئے خانہ (۳) فحش کاری کا اڈّا (۴) بُت خانہ ۔ **خراباتی** (ف) مذکر (۱) شرابی (۲) جواری ۔

خرّاٹا (خَرْ۔ رَا۔ ٹَا) (و) مذکر۔ خُر خُر کی آواز، جو عموماً سوتے وقت بلغمی مزاج آدمیوں کے حلق سے نکلتی ہے (آواز سے بنایا گیا ہے) ۔ **خرّاٹے لینا**۔ سوتے میں خُر خُر کرنا۔ بے خبر ہو کر سونا ۔

خراج (خَرَاج) (ع) مذکر (۱) مال گزاری۔ محصول۔ لگان۔ ملک کی آمدنی۔ مداخل (۲) وہ روپیہ، جو ایک کمزور بادشاہ زبردست کو ادا کرے ۔ **خراج گزار** (ع۔ ف) مذکر (۱) زمین کا خراج ادا کرنے والا (۲) ماتحت بادشاہ، راجہ، نواب یا رئیس۔ باج گزار ۔

خراد (خَر۔ رَادْ) (ف) مذکر (۱) ایک آلہ جس سے لکڑی یا لوہا چھیل کر درست، صاف اور گول بنا دیا جاتا ہے (۲) دیکھیے "خرادی" ٭ **خراد چڑھنا یا اترنا** (ل) (۱) سنورنا، درست ہونا (۲) زمانے کا سرد و گرم دیکھنا۔ تجربہ کار ہونا ٭ **خرادی**۔ مذکر۔ خراد کا کام کرنے والا ٭ **خرادی مرادی** (ل) مطلبی۔ خود غرض ٭

خراش (خَرا۔ شْ) (ف) مؤنث۔ رگڑ۔ کھجلی ٭

خراط (خَر۔ رَاطْ) (ع) مذکر۔ دیکھیے "خراد" ٭

خرافات (خُرا۔ فَاتْ) (ع) مؤنث۔ بیہودہ باتیں ہنسی کی باتیں۔ گالی گلوچ (بکنا کے ساتھ) ٭

خرام (خِرَامْ) (ف) مذکر۔ ناز و انداز کی نرم چال۔ وہ چال، جو مٹک مٹک کر چلی جائے۔ رفتارِ ناز ٭ **خرامِ ناز**۔ مذکر۔ نخرے کی چال ٭ **خراماں**۔ ناز کی چال چلنے والا یا چلتا ہوا۔ **خراماں خراماں**۔ ٹہلتے ہوئے۔ ناز نخرے سے چلتے ہوئے ٭ **خراماں خراماں چلنا** (ل) ناز و انداز سے چلنا۔ مٹک مٹک کر چلنا ٭

خرانٹ (خَر۔ رَانْٹ) (ل) (۱) تجربہ کار (۲) بوڑھا (۳) سخت۔ مضبوط ٭

خربزہ۔ خربوزہ۔ خرپزہ (خَر۔ بُزَہ، خَر۔ بُو۔ زَہْ، خَر۔ پُزَہْ) (ف) مذکر۔ ایک مشہور پھل (اتارنا، اترنا، لگنا کے ساتھ) ٭ **خربوزہ چھری پر گرے تو اور چھری خربوزے پر گرے تو نقصان خربوزے ہی کا ہے** (ل) مثل۔ کمزور ہر طرح نقصان اٹھاتا ہے ٭ **خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے**۔ مثل۔ انسان جیسی صحبت میں رہے، ویسا ہی ہو جاتا ہے ٭

خرج (خَرْجْ) (ع) مذکر (۱) مذکر (۱) باہر نکلنا (۲) صرف ہونا ٭

خرجی (خُر۔ جی) (ل)
خرجین (خُر۔ جِینْ) (ف) } مؤنث۔

(۱) تھیلا۔ جھولا۔ زنبیل۔ بیگ (۲) دُہرا تھیلا جو ضروری اسباب کے لیے ٹٹو کی پیٹھ پر ڈالا جاتا ہے ٭

خرچ (خَرْچْ) (ل) مذکر (۱) آمد کے برعکس۔ صرف۔ اٹھاؤ۔ لاگت (۲) زر۔ روپیہ ٭ **خرچ اٹھانا**۔ روپیہ خرچ کرنا ٭ **خرچ دینا** (۱) صرف کے لیے روپیہ دینا (۲) روزینہ دینا۔ مزدوری دینا ٭ **خرچ روزمرہ**۔ مذکر۔ روز کا حساب۔ روزانہ خرچ ٭ **خرچنا** (۱) اٹھانا۔ صرف کرنا۔ بیاہ شادی میں دینا (۲) استعمال کرنا۔ کام میں لانا ٭ **خرچہ**۔ مذکر۔ اٹھاؤ۔ لاگت۔ مقدمے کا صرف ٭ **خرچہ بحساب رسدی** (ل) مذکر۔ حصے کے مطابق خرچہ ٭ **خرچہ دلانا**۔ انصافاً مدعی یا مدعا علیہ کو اس کا قانونی جائز صرف دلانا ٭ **خرچہ عدالت**۔ مذکر۔ مقدمے کا صرف ٭ **خرچی** (۱) خرچ کرنے والا (۲) مؤنث۔ خرچ (۳) مؤنث۔ زنا کی اجرت۔ حرام (دلانا، لینا وغیرہ کے ساتھ) ٭

خرخر (خَر۔ خَرْ) (ل) مؤنث۔ وہ آواز، جو سوتے میں انسان کے منہ سے نکلتی ہے۔ خراٹے کی آواز ٭

خُرخُر (خُر۔ خُرْ) (ل) مؤنث (۱) بلی کی آواز، جو عموماً آپ ہی آپ نکلتی رہتی ہے (۲) ریچھ کی آواز ٭

خرخشہ (خُر۔ خَشَہْ) (ف) مذکر (۱) فتنہ۔ فساد (۲) بلا (۳) جھگڑا (۴) اندیشہ (۳) ہجوم۔ انبوہ (۴) فضول بحث (۵) جھنجھٹ (۶) ملال۔ غم (۷) پریشانی۔ خلجانِ خاطر ٭

خِرد (خِرَدْ) (ف) مؤنث۔ سمجھ۔ دانائی۔ عقل ٭ **خردمند**۔ عقلمند (۱) دانش مند ٭ **خردمندی**۔ مؤنث۔ عقل مندی۔ دانائی ٭

خُرد (خُرْدْ) (ف) کم عمر۔ چھوٹا ٭ **خُردبین**۔ مؤنث۔ چھوٹی چیز بڑی دکھانے والا شیشہ ٭ **خُردسال**۔ کم سن۔ کم عمر۔ بچہ ٭ **خُردسالی**۔ مؤنث۔ کم سنی۔ لڑکپن۔ بچپن ٭

خُرداد (خُر۔ دَادْ) (ف) مذکر۔ تیسرا شمسی مہینا ٭

خردل (خَر۔ دَلْ) (ع) مؤنث۔ رائی ٭

خُردہ (خُر۔ دَہْ) (ف) مذکر (۱) پارچہ۔ ٹکڑا (۲) (۱) جھڑن۔ چھیچھڑن (۳) ریزہ (۴) ریزہ (۴) فروخت۔ بیع (۵) باریکی۔ عیب۔ نکتہ ٭ **خُردہ بین** (ف) بُرائی دیکھنے اور نکالنے والا۔ نکتہ چین۔ عیب جُو۔ باریک بیں ٭ **خُردہ فروش** مذکر۔ پرچون بیچنے والا۔ پھیری سے بیچنے والا۔ بساطی ٭ **خُردہ کرنا** (ل) (۱) روپیہ بھنانا (۲) فروخت کرنا۔ بیچنا ٭ **خُردہ گیری** (ف) مؤنث۔ عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ عیب گیری ٭

خرس (خِرْسْ) (ف) مذکر۔ ریچھ ٭

خرسند (خُر۔ سَنْدْ) (ف) خوش۔ شادماں۔ خرم۔ سکھی۔ آنند ٭

خرطوم (خُر۔ طُومْ) (ع) مؤنث (۱) ہاتھی کی سونڈ (۲) تونتی (۳) سردارِ قوم ٭

خرف (خَرِفْ) (ع) (۱) بڈھا کھوسٹ (۲) بیہودہ ٭

خرفہ (خُر۔ فَہْ) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا ساگ (۲) (ع) موسم خزاں کا میوہ (۳) درختوں سے چنا ہوا میوہ ٭

خرق (خَرْقْ) (ع) مذکر۔ پھاڑنا ٭ **خرقِ عادت**۔ مذکر (۱) عادت اور قانونِ قدرت کے خلاف انوکھی بات (۲) (کنایۃً) نبی کا معجزہ۔ ولی کی کرامت ٭

خرقہ (خِر۔ قَہْ) (ع) مذکر (۱) گدڑی۔ پیوند لگا ہوا کپڑا (۲) درویشوں کا لباس ٭ **خرقہ پوش** (ع۔ ف) صوفی درویش ٭

خرم (خُر۔ رَمْ) (ف) (۱) شادماں۔ خوش (۲) تروتازہ۔ سرسبز۔ شاداب ٭ **خرمی**۔ مؤنث۔ خوشی۔ فرحت۔ شلمانی ٭

خرما (خُر۔ مَا) (ف) مذکر (۱) کھجور۔ چھوہارا (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔ بالوشاہی ٭

خروج (خُرُوجْ) (ع) مذکر (۱) باہر نکلنا۔ برآمد ہونا (۲) فتنہ۔ شورش۔ حملہ ٭

خروس (خُرُوسْ) (ف) مذکر۔ مرغا ٭

خروش (خُرُوشْ) (ف) مذکر۔ شور۔ غل ٭

خرید (خَرِیدْ) (ف) مؤنث (۱) قیمت۔ مول (۲) مول لی ہوئی۔ خریدی ہوئی ٭ **خرید کے مول** (ل) مذکر۔ اصل قیمت، جس پر کوئی چیز خریدی جائے ٭ **خرید و فروخت** (ف) مؤنث۔ لین دین۔ لینا۔ بیچنا۔ بیع و شرا ٭ **خریدار**۔ مذکر (۱) مول لینے والا۔ گاہک (۲) خواہاں۔ طلب گار ٭ **خریدار خوش قبالہ**

(ف۔ع) مذکر۔ بیع کے طور پر خریدنے والا ۔ **خریداری** (ف) مؤنث (۱) گاہکی (۲) بکری ۔

خریطہ (خَرِی طَہ) (ع) مذکر (۱) کیسہ۔ تھیلی (۲) سرکاری حکم، جو امیروں کے نام جاری کیا جائے (۳) سوئی دھاگا رکھنے کی تھیلی ۔ **خریطی** (د) مؤنث (عو) (۱) چھوٹی تھیلی (۲) تیلے دانی ۔

خریف (خَرِیف) (ع) مؤنث۔ وہ فصل جس میں جوار، مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے۔ ساونی ۔

خ۔ز

خزادہ۔ خوزادہ (خَزَا۔ دَہ، خُوْ۔ زَا۔ دَہ) (ف) مذکر۔ خواجہ زادہ کا مخفف۔ صاحب زادہ۔ سردار ۔

خزاں (خَزَاں) (ف) مؤنث (۱) وہ موسم جس میں درختوں کے پتے زرد ہو کر جھڑ جاتے ہیں۔ سردیوں کا موسم۔ پت جھڑ ۔ **خزاں آنا** (د) (۱) موسمِ بہار کا جانا (۲) زوال آنا (۳) حسن نہ رہنا ۔

خزانچی (خَزَا نْ۔ چی) (ف) مذکر۔ خزانہ رکھنے والا۔ تحویل دار۔ روکڑیا ۔

خزانہ (خَزَا۔ نَہ) (ف) مذکر (۱) وہ جگہ، جہاں روپیہ وغیرہ جمع رہے۔ گنج (۲) گودام۔ ذخیرہ۔ کھتا (۳) پانی جمع ہونے کی جگہ۔ جھیل۔ تالاب۔ حوض وغیرہ (۴) بندوق وغیرہ کی وہ جگہ، جہاں بارود ہوتی ہے۔ کوٹھی (۵) روپیہ، مال و دولت ۔

خزف (خَزَف) (ف) مؤنث۔ ٹھیکری ۔

خزینہ (خَزِی۔ نَہ) (ف) مذکر۔ خزانہ۔ مخزن ۔

خ۔س

خس (خَس) (ف) مذکر و مؤنث (۱) پھوس۔ کوڑا کرکٹ۔ سوکھی گھاس (۲) خوشبودار جڑوں کی گھاس جس کی ٹٹیاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں (۳) پہاڑی آدمی (۴) ایک پہاڑی قوم (۵) کنجوس شخص ۔ **خس کم جہاں پاک**۔ مثل۔ یہ کوڑا ابھی کم ہوا۔ نالائق یا بے کار شخص کے کہیں چلے جانے یا مرجانے پر کہتے ہیں ۔ **خس و خاشاک**۔ مذکر (۱) کوڑا کرکٹ (۲) بُرا بھلا ۔

خسارہ (خَسَا۔ رَہ) (ع) مذکر۔ ضرر۔ نقصان۔ گھاٹا ۔

خساندہ (خَسَاں۔ دَہ) (ف) مذکر۔ پانی میں بھگو کر اور نتھار کر پینے کی دوا ۔

خسّت (خِسْ۔ سَت) (ع) مؤنث (۱) کمینگی (۲) کنجوسی۔ بخیلی ۔

خستہ (خَسْ۔ تَہ) (ف) (۱) گھایل۔ زخمی (۲) دل گیر۔ رنجیدہ (۳) مُرمُرا۔ بھُربھُرا (۴) ذلیل۔ بدحال (۵) نادار۔ مفلس (۶) بادام کی گری (۷) خوبانی کی گری ۔ **خستہ حال**۔ بُرے حال والا۔ پریشان احوال ۔ **خستہ دل**۔ شکستہ دل۔ عاشق ۔

خسر (خُسُر) (ف) مذکر۔ بیوی یا خاوند کا باپ۔ سُسر۔ سُسرا ۔ **خُسر پُورہ**۔ مذکر۔ سُسر کا بیٹا۔ بیوی کا بھائی۔ سالا ۔

خسران (خُسْ۔ رَان) (ع) مذکر۔ نقصان ۔

خسرو (خُسْ۔ رَوْ، خُسْ۔ رَوْ، خِسْ۔ رَوْ) (ف) مذکر (۱) خوب صورت۔ خوب رُو (۲) پرویز یعنی ہرمز کا بیٹا اور نوشیرواں کا پوتا (۳) (مجازاً) ہر بادشاہ (۴) خواجہ ابوالحسن امیر خسرو کا تخلص ۔

خسرہ (خَسْ۔ رَہ) (د) مذکر (۱) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست۔ نقشہ۔ دہ کی فہرست (۲) بچوں کی ایک بیماری، جس سے سارے بدن پر دانے نکل آتے ہیں ۔

خسک (خَسَک) (ف) مذکر (۱) خس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ (۲) ایک خاردار جھاڑی (۳) لوہے کے کانٹے، جو دشمن کے راستے میں بچھائے جاتے ہیں ۔

خسوف (خُسُوف) (ع) مذکر۔ چاند گہن ۔

خسیس (خَسِیس) (ع) (۱) کمینہ (۲) کنجوس (۳) نالائق ۔

خ۔ش

خشت (خِشْت) (ف) مؤنث۔ اینٹ ۔ **خشتک**۔ مؤنث (۱) چھوٹی اینٹ (۲) پاجامے کا وہ ٹکڑا جو بغل ۔

خشخاش (خَشْ۔ خَاش) (ف) مؤنث (۱) پوست کے دانے (۲) پوست کا پودا (۳) مقدار اور وزن میں چاول کا آٹھواں حصہ ۔ **خشخش** (د) مؤنث۔ خشخاش کا مخفف ۔ **خشخش برابر**۔ ذرا سا ۔

خشخت (خَشْ۔ خَت) (د) مؤنث (عوام) دیکھیے "خشک" ۔

خشک (خُشْک) (ف) (۱) سُوکھا (۲) کج اخلاق۔ روکھا (۳) فقط۔ صرف ۔ **خشک دماغ۔ یا۔ مغز** (ف) (۱) کوڑ مغز (۲) بے مروت (۳) دیوانہ۔ پاگل ۔ **خشک سالی**۔ مؤنث (۱) قحط۔ سوکھا۔ کال (۲) وہ موسم جس میں حسبِ معمول بارش نہ ہو ۔ **خشک ہونا** (د) (۱) سوکھنا (۲) جھڑنا۔ مرجانا (۳) دودھ کے بغیر ہونا۔ (۴) روکھا ہونا ۔ **خشکہ** (ف) مذکر۔ پھیکے اُبلے ہوئے چاول ۔ **خشکہ کھاؤ** (د) جاؤ، رخصت ہو۔ جب کوئی شخص کسی کام میں بے جا دخل دے تو حقارتاً کہا جاتا ہے ۔ **خشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ** (د) (۱) رخصت ہو۔ چلو ہٹو۔ اپنا راستہ لو (۲) خود کماؤ۔ خود مزے سے کھاؤ ۔ **خشکی** (ف) مؤنث (۱) سُوکھاپن۔ سُکھاوٹ (۲) روکھاپن (۳) قحط۔ کال (۴) پلیتھن ۔

خشم (خَشْم) (ف) مذکر۔ غصہ ۔ **خشمگیں**۔ غصے سے بھرا ہوا ۔ **خشم ناک**۔ غضب ورہ

خشوع (خُشُوع) (ع) مذکر۔ گڑگڑانا۔ عاجزی۔ فروتنی ۔

خشونت (خُشُو۔ نَت) (ع) مؤنث (۱) سختی (۲) ریاضت (۳) دشمنی (۴) اکھڑپن۔ تندی (۵) غصہ (۶) نفرت

خشیت (خَشْ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) ڈر۔ خوف (۲) ڈرنا۔ ڈرانا ۔

خ۔ص

خصال (خِصَال) (ع) مؤنث۔ خصلت کی جمع۔ عادتیں ۔

خصائص (خَصَا۔ اِص) (ع) مذکر و مؤنث (۱) خاصیتیں (۲) عادتیں ۔

خصائل (خَصَا۔ اِل) (ع) مذکر و مؤنث۔ خصلت کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں ۔

خصلت (خَص۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) عادت۔ خُو (۲) گُن۔ تاثیر۔ خاصیت (۳) مزاج۔ سیرت۔ طبیعت (۴) قابلیت۔ لیاقت۔ خُوبی ۔

خصم (خَصْم) (ع) مذکر (۱) دشمن۔ بدخواہ۔ بَیری (۲) آقا۔ مالک (۳) خاوند۔ پتی ۔

خصم پٹی۔ یا۔ روئی (د) مؤنث (عو) (۱) بیوہ۔ رانڈ (۲) ایک قسم کا کوسنا۔ تو اپنے خاوند کا ماتم کرے ٭ خصم کرنا۔ شوہر کرنا۔ عورت کا شادی کرنا۔ آپ خاوند کر لینا۔ اپنا بیاہ آپ کر لینا ٭ خصم مار کر ستی ہوئی۔ مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں، جب کوئی دغا کر کے ظاہری افسوس کرے ٭ خصموں جلی۔ مؤنث۔ وہ عورت، جس نے خاوند کا سُکھ نہ دیکھا ہو۔ مصیبت کی ماری ٭

خصوص (خُصُوص) (ع) مذکر (۱) خاصہ (۲) خاص کر ٭ خصوصاً۔ خاص کر ٭ خصوصی۔ خاص ٭ خصوصیات۔ مذکر و مؤنث خصوصیت کی جمع ٭ خصوصیت۔ مؤنث (۱) تخصیص۔ نرالاپن۔ خاصہ (۲) اخلاص۔ دوستی۔ میل ملاپ۔ ذاتی تعلق ٭

خصومات (خُصُو۔ مَات) (ع) مذکر و مؤنث (۱) خصومت کی جمع ٭

خصومت (خُصُو۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) دشمنی۔ عداوت۔ کینہ (۲) تکرار۔ قضیہ۔ فساد۔ جھگڑا ٭

خصی (خَصِیّ) (ع)
خصی (خَص۔ سِی) (ا) } مذکر

(۱) وہ جانور جس کے خصیے نکال دیے گئے ہوں۔ آختہ (۲) ہیجڑا۔ نامرد۔ زنخہ۔ خواجہ سرا۔ مخنث (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ خصی پرنالا (د) مذکر (۱) وہ پرنالا، جو دیوار کے اندر ہو (۲) بازاری عورت کی شرمگاہ ٭

خصیہ (خُص۔ یَہ) (ع) مذکر۔ خایہ۔ بیضہ۔ فوطہ ٭

خ۔ض

خضاب (خِضَاب) (ع) مذکر (۱) (عموماً) ہر رنگ اور گلگونہ (۲) (خصوصاً) مہندی وسمہ، جس سے بال سیاہ کیے جاتے ہیں ٭

خضر (خِضر۔ خِضَر) (ع) مذکر (۱) ایک پیغمبر، جن کے متعلق مشہور ہے کہ انھوں نے آبِ حیات پیا ہے اور وہ قیامت تک زندہ رہیں گے، نیز وہ دریاؤں اور صحراؤں پر حکومت کرتے ہیں (۲) رہنما۔ رہبر ٭ خضر مل گئے، یا۔ ملے (د) (۱) رہنما مل گیا (۲) کام بن گیا۔ ذریعہ بن گیا ٭

خضوع (خُضُو ع) (ع) مذکر (۱) عاجزی، فروتنی، انکسار (۲) عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا ٭

خ۔ط

خط (خَط۔ خَطّ) (ع) مذکر (۱) تحریر۔ نوشتہ (۲) سند۔ تمسک۔ دستاویز (۳) لکیر۔ لائن (۴) (و) رقعہ۔ چٹھی۔ مکتوب۔ نامہ (۵) ریش۔ ڈاڑھی (۶) دستخط۔ ہاتھ کا لکھا (۷) علامت۔ نشان (۸) اصلاح۔ حجامت ٭ خطِ آزادی (ع۔ ف) مذکر۔ وہ تحریر، جو غلام کو آزاد کرتے وقت دی جائے ٭ خط آنا (د) (۱) چٹھی آنا۔ نامہ آنا (۲) مونچھوں اور ڈاڑھی کا آغاز ہونا۔ سبزہ آغاز ہونا ٭ خطِ استوا (ع) مذکر۔ ایک فرضی لکیر، جو زمین کے وسط میں قطبین کے درمیان مانی جاتی ہے ٭ خط بنانا (د) (۱) رخسار کے بال مونڈنا۔ حجامت بنانا (۲) خط درست کرنا۔ خوش خطی کی مشق کرنا ٭ خطِ جدی (ع) مذکر (۱) وہ خط، جو خطِ استوا سے ½۲۳ درجے جنوب کی طرف واقع ہے (۲) لکیر۔ ریکھا ٭ خطِ سرطان۔ مذکر (۱) وہ خط جو خطِ استوا سے ½۲۳ درجے شمال کی طرف واقع ہے (۲) کرک ریکھا ٭

خطِ صراف۔ مذکر۔ ہنڈی۔ چک۔ بل ٭ خطِ عمود۔ مذکر۔ وہ کھڑی لکیر جو دوسری لکیر کے ساتھ زاویۂ قائمہ بنائے۔ سیدھا خط ٭ خط کتابت (ع۔ ف) مؤنث۔ مراسلت۔ چٹھیاں، جو ایک دوسرے کو لکھی جائیں ٭ خطوط۔ مذکر۔ خط کی جمع ٭ خطِ متوازی۔ مذکر۔ وہ دو سیدھے خط جن کا فاصلہ ہر جگہ برابر ہو یا جو بڑھنے سے نہ ملیں ٭ خطِ مستقیم۔ مذکر۔ سیدھی لکیر۔ سیدھا خط ٭ خطِ منحنی۔ مذکر۔ ٹیڑھا خط ٭ خطِ نستعلیق۔ مذکر۔ وہ ایرانی خط، جو خطِ نسخ اور تعلیق سے ملا کر نکالا گیا ہے۔ خوب صورت گول حرفوں والا خط جس میں آج کل اردو زبان لکھی جاتی ہے ٭ خطِ نسخ۔ مذکر۔ اچھے خطوں میں سے ایک [illegible] ٭

خطا (خَطَا) (ف) مذکر (۱) پرانے زمانے میں ترکستان کا ایک صوبہ (۲) شمالی چین ٭

خطائی (۱) خطا کے متعلق (۲) خطا کا بنا ہوا (۳) خطا کا رہنے والا (۴) زبان، ایک قسم کی مٹھائی ٭

خطا (خَطَا) (ع) مؤنث (۱) گناہ۔ جرم۔ پاپ۔ قصور۔ تقصیر (۲) غلطی (۳) بھول چوک۔ سہو ٭ خطا کرے بیوی، پکڑی جائے باندی (د) مثل۔ قصور تو امیر کرے اور سزا غریب کو ملے ٭ خطا وار (ع۔ ف) [illegible]۔ مجرم۔ تقصیر والا۔ قصوروار ٭ خطا ہونا (د) (۱) گناہ ہونا۔ قصور ہونا (۲) چوک ہونا۔ بھول جانا (۳) غلطی ہونا (۴) (پیشاب، پاخانہ) نکل جانا ٭ خطائی (ف) خطاکار۔ گنہگار ٭ خطائے بزرگاں گرفتن خطا ست۔ مثل۔ بزرگوں پر اعتراض کرنا غلطی ہے ٭

خطاب (خِطَاب) (ع) مذکر (۱) بات چیت۔ کلام۔ گفتگو۔ مکالمہ (۲) مخاطب ہونے کا فعل۔ روئے سخن (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۳) عزت کا نام۔ توصیفی لقب (۴) اعزازی نام، جو حکومت کی طرف سے عطا ہو (پانا، دینا، ملنا وغیرہ کے ساتھ) (۵) عتاب۔ غصہ ٭ خطابت (ع) مؤنث (۱) خطبہ پڑھنے کا فعل (۲) خطبہ پڑھنا۔ وعظ کرنا (۳) خوش بیانی۔ فصاحت ٭

خطامہ (خُط۔ طَا۔ مَہ) (ع) مؤنث (غلط العوام) دیکھیے "تقامہ" ٭

خطبہ (خُط۔ بَہ) (ع) مذکر (۱) تقریر۔ لکچر۔ وعظ (۲) حمد و نعت۔ وعظ و نصیحت جو نمازِ جمعہ یا عیدین کے موقع پر لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جاتی ہے اور آخر میں خلیفۃ المسلمین کے لیے دعا ہوتی ہے (پڑھنا، سنانا، سننا کے ساتھ) (۳) کتاب کا مقدمہ یا دیباچہ (۴) سپاس نامہ۔ ایڈریس ٭

خطر۔ خطرہ (خَطَر، خَط۔ رَہ) (ع) مذکر۔ خوف۔ ڈر۔ اندیشہ (۲) آفت۔ ضرر (۳) مشکل۔ دشواری ٭ خطرناک (ف) (۱) خوفناک۔ ہولناک (۲) ایسی بیماری وغیرہ جس میں جان جانے کا اندیشہ ٭ خطرے (د) مذکر (۱) خطرہ کی جمع (۲) خطرہ کی صورت حرفِ ربط سے پہلے ٭ خطرے میں ڈالنا۔ آفت میں پھنسانا۔ جوکھوں میں ڈالنا ٭ خطرے میں نہ لانا (د) خاطر میں نہ لانا۔ وقعت۔ جاننا۔ کسی امر کا خیال نہ کرنا۔ حقیر سمجھنا ٭

خطمی (خَط۔ مِی) (ع) مؤنث۔ گل خیرو ٭

خطہ (خِط۔ طَہ) (ع) مذکر (۱) ملک کا حصہ یا قطعہ۔ ملک۔ سرزمین (۲) بڑا شہر (۳) زمین کا ٹکڑا۔ زمین کا حصہ، جس پر نشان لگے ہوں ٭

خطیب (خَطِیب) (ع) مذکر۔ خطبہ پڑھنے والا۔ وعظ سنانے والا۔ مخاطب کرنے والا ٭

خطیر (خَطِیْر) (ع) (۱) بہت۔ کثیر۔ بڑا (۲) عالی رتبہ۔ امیر (۳) خطرناک۔ جس میں نقصان کا اندیشہ ہو۔

خ - ف

خَفَا (خَفَا) (ع) مؤنث۔ پوشیدگی۔
خِفَا (خِفَا) (ع) مؤنث۔ پوشیدہ ہونا۔
خَفَا (خَفَا) (ف) ناراض۔ آزردہ۔ غضب ناک۔ ناخوش و برہم (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔
خفّاش (خُفْ۔ فَاش) (ع) مذکر۔ چمگادڑ۔
خفّت (خِفْ۔ فَت) (ع) مؤنث (۱) ہلکاپن۔ سُبکی۔ اوچھاپن (۲) خجالت۔ شرم۔ شرمندگی (۳) ہتک۔ بے عزّتی۔ ذلّت (اٹھانا، اٹھنا، کھینچنا، ہونا کے ساتھ)۔ **خفّت کرنا** (۱) ہتک کرنا۔ بے عزّتی کرنا (۲) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔
خفتان (خَفْ۔ تَان) (ع) مذکر و مؤنث (۱) ایک قسم کا جُبّہ (۲) زِرہ۔
خفتہ (خُفْ۔ تَہ) (ف) (۱) سویا ہوا (۲) غافل (۳) جاہل۔ **خفتہ را خفتہ کے کند بیدار** (مقولہ) غافل غافل کی اصلاح نہیں کر سکتا۔
خفقان (خَفَقَان) (ع) } مذکر۔
خفقان (خَفْ۔ قَان) (ف) }
(۱) دل کا دھڑکنا۔ ایک مرض، جس میں دل کی حرکت تیز ہوتی ہے (۲) گھبراہٹ (۳) وحشت۔ سودا۔ جنون۔ مالیخولیا۔
خفگی (خَفْ۔ گِی) (ف) مؤنث (۱) (لغوی) گلا گھٹنا (۲) (مجازاً) غصّہ۔ ناراضی۔
خفی (خَفِی) (ع) (۱) پوشیدہ۔ پنہاں۔ مخفی (۲) باریک خط میں لکھائی۔
خفیف (خَفِیْف) (ع) (۱) سبک۔ ہلکا (۲) کم ظرف۔ اوچھا (۳) (ف) رسوا۔ ذلیل (۴) بے حقیقت۔ بے قدر (۵) تھوڑا۔ کم۔ **خفیف ہونا** (ف) (۱) شرمندہ ہونا (۲) ذلیل ہونا (۳) ہلکا ہونا (۴) کم ہونا۔ **خَفِیْفَہ** (ع) مؤنث (۱) چھوٹی، مثلاً عدالت، مطالبات خفیفہ۔ نجاست خفیفہ (۲) بدچلن عورت۔ **خفیفہ عدالت** (ف) مؤنث۔ جج صاحب کی کچہری۔ وہ عدالت۔ جس میں نقدی کے چھوٹے چھوٹے مقدمے ہوں۔
خفیہ (خُفْ۔ یَہ) (ع) چھپا ہوا۔ در پردہ۔ پوشیدہ۔ **خفیہ پولیس** (ف) مذکر و مؤنث۔ پولیس کا محکمہ جس کا کام در پردہ خبر لگانا ہے۔ سی۔ آئی۔ ڈی۔ **خفیہ خبر** (ع) مؤنث۔ پوشیدہ خبر۔ **خفیہ نویس** (ع۔ ف) پوشیدہ خبر دینے والا۔ مخبر۔ جاسوس۔

خ - ل

خلا (خَلَا) (ع) مذکر (۱) خالی جگہ۔ خلو۔ جوف (۲) وہ جگہ، جہاں ہوا نہ ہو (۳) زمین اور آسمان کے درمیان کی خالی جگہ۔ **خلا ملا** (ع) (۱) خالی اور بھرا ہوا (۲) (ف) مذکر۔ دوستی۔ میل جول۔ ربط ضبط۔ خلط ملط (رہنا کے ساتھ)۔

خلاص (خَلَاص) (ع) مذکر (۱) آزاد۔ رہا (۲) آزادی۔ رہائی (۳) (ف) فارغ (۴) انزال۔ **خلاصی** (ف) مؤنث (۱) چھٹکارا۔ آزادی۔ رہائی (۲) مذکر۔ توپ خانے یا جہاز کے کارخانے۔
خلاصہ (خُلَا۔ صَہ) (ع) (۱) فراخ۔ چوڑا۔ وسیع (۲) ڈھیلا (۳) (ف) دُور دُور، جُدا جُدا (۴) پاک صاف۔ چُنا ہوا۔ چیدہ (۵) مجمل۔ مختصر (۶) مذکر۔ ست۔ لبّ لباب۔ اصل (۷) مذکر۔ اختصار (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔ **خلاصہ یہ ہے** (ف) صاف مطلب یہ ہے۔ الحاصل۔
خلاف (خِلَاف) (ع) (۱) برعکس۔ ناموافق۔ الٹا (۲) مذکر۔ دروغ۔ جھوٹ (۳) دشمن۔ حریف۔ **خلاف بیانی** (ف) مؤنث۔ غلط کہنا۔ جھوٹ بولنا۔ **خلافِ دستور۔ خلافِ سررشتہ۔ خلافِ ضابطہ** (ع۔ ف) رواج کے خلاف اور ضابطے کے برعکس۔ **خلاف سمجھنا** (ف) برعکس جاننا۔ جھوٹ خیال کرنا۔ **خلافِ شرع** (ع) شریعت کے برعکس۔ قانون محمدیؐ کے خلاف۔ **خلافِ طبع**۔ مزاج کے ناموافق۔ طبیعت کے برعکس۔ **خلافِ عقل**۔ عقل سے بعید۔ دانش مندی کے برعکس۔ **خلافِ قیاس** عقل کے خلاف۔ ناممکن۔ **خلاف کہنا** (ف) (۱) جھوٹ بولنا (۲) طبیعت کے ناموافق بات کہنا۔ **خلاف ورزی** (ع۔ ف) مؤنث۔ خلاف کرنا۔ توڑنا۔ **خلاف ورزی با سرکار**۔ مؤنث۔ حکومت کا اقتدار قبول نہ کرنا اور اس سے سرکش ہونا۔ **خلاف وضع** (ع) رسم و رواج کے خلاف۔ **خلاف وضع فطری**۔ لونڈے یا جانور سے فعل بد۔ **خلاف ہونا** (ف) (۱) مخالف ہونا۔ دشمن ہونا (۲) ناموافق ہونا (۳) کسی کی رائے سے اتفاق نہ کرنا۔
خلافت (خِلَا۔ فَت) (ع) مؤنث (۱) نیابت۔ نبی یا بادشاہ کی جانشینی (۲) خلیفہ کا عہدہ (۳) مسلمانوں کی بادشاہی۔
خلّاق (خَلْ۔ لَاق) (ع) مذکر (۱) بہت پیدا کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔
خلال (خِلَال) (ع) مذکر (۱) دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ (۲) (مجازاً) دانت کریدنے کا آلہ یا تنکا (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۳) (ف) گنجفے میں بازی دینا۔ ہار۔ شکست۔ مات (دینا، کرنا، لینا کے ساتھ)۔
خلائق (خَلَا۔ ئِق) (ع) مؤنث۔ خلق کی جمع۔ مخلوقات۔ آفرینش۔
خلّت (خُلْ۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) بے حد دوستی (۲) دوست۔
خلجان [خَلَجَان (ع)، خَلْجَان (ف)] مذکر (۱) خلش۔ دھڑک۔ تپک (۲) گھبراہٹ۔ فکر۔ اندیشہ۔ وسواس۔ تردّد۔ چنتا۔
خلخال (خَلْ۔ خَال) (ع) مؤنث۔ پازیب۔ پاؤں کا ایک زیور۔
خلخل۔ خلخلا (خَلْ۔ خَل، خَلْ۔ خَلَا) (ف) ڈھیلا ڈھالا۔ متخلخل۔
خلخول (خَلْ۔ خُول) (ف) ڈھیلا ڈھالا۔
خُلد (خُلْد) (ع) مذکر و مؤنث۔ بہشت، فردوس، جنّت۔ **خُلد آشیاں** بہشت میں سکونت رکھنے والا۔

بہشتی۔ جنتی۔ مرحوم۔ مغفور (تعظیماً متوفی بادشاہوں اور بڑے آدمیوں کے متعلق کہتے ہیں) ؛ **خلدِ بریں** (ع۔ف) مذکر و مؤنث۔ بہشت کا سب سے اونچا طبقہ۔ فردوسِ اعلیٰ ؛

خلش (خَلِش) (ف) مؤنث (۱) چبھن۔ کھٹک (۲) مناقشہ۔ جھگڑا ؛

خَلط (خَلْط) (ع) مذکر۔ ملاوٹ۔ آمیزش ؛ **خلطِ مبحث**۔ مذکر۔ بے فائدہ الجھاؤ۔ دخل در معقولات ؛ **خَلط مَلط** (ع) گھلا مِلا۔ مِلا جُلا۔ درہم برہم۔ گڈمڈ ؛

خِلط (خِلْط) (ع) مذکر (۱) ملاوٹ۔ آمیزش (۲) بدن کی چار رطوبتوں میں سے کوئی ایک۔ صفرا۔ سودا۔ خون۔ بلغم ؛

خَلطہ (خَل۔طَہ) (و) خریطہ کا مخرّب۔ مذکر۔ تھیلی ؛

خِلطہ (خِل۔طَہ) (و) مذکر۔ پیراہن۔ لمبا کُرتا ؛

خُلع (خُلْع) (ع) مذکر۔ عورت کا مہر کے عوض طلاق لینا ؛

خِلعت (خِل۔عَت) (ع) مذکر (۱) عزّت کی پوشاک۔ وہ پوشاک، جو بادشاہ عزّت افزائی کے طور پر لوگوں کو عطا کرتے تھے (۲) عطیہ۔ تحفہ (۳) تحسین۔ آفرین (پانا، پہناتا، پہننا، دینا، ملنا وغیرہ کے ساتھ) ؛

خَلف (خَلْف) (ع) (۱) پیچھے (۲) بُری بات (۳) بدنسل، بداطوار اور نالائق فرزند (۴) مردِ بے خبر (۵) پانی بھرنا (۶) قے کرنا ؛

خَلَف (خَلَف) (ع) مذکر (۱) جانشین (۲) قائم مقام (۳) وارث (۴) بیٹا۔ نیک اور لائق فرزند (۵) فرمان بردار ؛ **خَلَفُ الرَّشید۔ یا۔ خَلَفُ الصّدق**۔ مذکر۔ فرمان بردار بیٹا۔ سچا وارث ؛

خلفا (خُلَفَا) (ع) مذکر۔ خلیفہ کی جمع ؛ **خلفائے راشدین**۔ مذکر۔ ہدایت والے خلیفے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چار خلفاء حضرت ابوبکر صدیق رض، حضرت عمر فاروق رض، حضرت عثمان غنی رض اور حضرت علی مرتضیٰ رض سے مراد ہے ؛

خَلق (خَلْق) (ع) مؤنث (۱) آفریدہ۔ آفرینش۔ پیدائش (۲) خلقت۔ مخلوق۔ لوگ۔ نوعِ انسان۔ بنی آدم ؛ **خلق کا حلق کس نے بند کیا ہے؟** (و) مثل۔ لوگوں کی زبان کوئی نہیں روک سکتا ؛

خُلق (خُلُق) (ع) مذکر (۱) عادت۔ خصلت۔ خُو (۲) ملنساری۔ خوش مزاجی ؛ **خُلقِ محمّدی**۔ مذکر۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق۔ بے مثل اخلاق ؛ **خُلق والا**۔ خوش اخلاق۔ ملنسار ؛

خَلقت (خَل۔قَت) (ع) مؤنث۔ لوگ۔ مخلوق ؛

خِلقت (خِل۔قَت) (ع) مؤنث۔ پیدائش۔ خمیر۔ سرشت۔ فطرت۔ آفرینش ؛

خِلقی (خِل۔قِی) (ع) قدرتی۔ پیدائشی۔ فطری ؛

خلل (خَلَل) (ع) مذکر (۱) درز۔ سوراخ۔ رخنہ۔ شگاف (۲) بگاڑ۔ فتور۔ اختلال (آنا، پڑنا، ڈالنا، ہونا وغیرہ کے ساتھ) (۳) (و) خسارہ۔ ضرر۔ نقصان (۴) پیٹ کی خرابی۔ بدہضمی (۵) (ع و) آسیب۔ جن و پری کا سایہ (۶) روگ۔ دُکھ۔ بیماری ؛ **خلل انداز** (ع۔ف) (۱) فتور ڈالنے والا۔ شرارت کرنے والا۔ خرابی پیدا کرنے والا۔ مزاحم۔ فتنہ پرداز۔ جھگڑالو۔ فسادی (۲) خواہ مخواہ دخل دینے والا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

خللِ دماغ۔ مذکر۔ دماغ کا فتور۔ جنون۔ دیوانگی۔ سودا۔ مالیخولیا ؛ **خلل کرنا** (و) (۱) مخل ہونا۔ مزاحم ہونا۔ حرج کرنا (۲) ضرر دینا۔ نقصان کرنا (۳) بدہضمی کرنا۔ درد کرنا ؛

خلوت (خَل۔وَت) (ع) مؤنث (۱) علیحدگی۔ تنہائی (۲) تنہائی کی جگہ۔ خالی جگہ (۳) خواب گاہ۔ سونے کا کمرہ (۴) (و) پوشیدگی ؛ **خلوت کرنا** (و) (۱) تنہا ہونا (۲) عورت سے ہم بستر ہونا ؛ **خلوت کے وقت** (۱) علیحدگی میں۔ تنہائی میں (۲) ملاقات کے وقت (۳) ہم صحبت ہونے کے وقت ؛ **خلوت گاہ** (ع۔ف) مؤنث۔ تنہائی کی جگہ ؛

خلوص (خُلُوْص) (ع) مذکر (۱) صفائی۔ سادگی (۲) صادق محبت۔ سچی دوستی (۳) راستی۔ سچائی ؛ **خلوصِ نیّت**۔ مذکر۔ صفائیِ ارادہ۔ خالص نیت۔ پاک نیتی ؛

خلیاساس (خَلْ۔یا۔سا س) (و) مؤنث۔ ساس کی بہن ؛

خلیتا۔ خلیبطہ (خَلْ۔یتا، خَلْ۔طَہ) (و) مذکر۔ تھیلا۔ تھیلی ؛ **خلیتی۔ خلیبطی**۔ مؤنث (۱) تھیلی (۲) گھروالی۔ جورو۔ زن ؛

خلیج (خَلِیْج) (ع) مؤنث (۱) پانی کا وہ قطعہ، جو خشکی کو دُور تک کاٹتا چلا گیا ہو (۲) ندی۔ نہر۔ شاخ۔ دریا ؛

خلیرا بھائی (خَلیے۔را۔ بھا۔ ای) (و) مذکر۔ خالہ جایا۔ ماں کی بہن کا بیٹا۔ موسی کا بیٹا ؛

خلیفہ (خَلِی۔فَہ) (ع) مذکر (۱) قائم مقام۔ بادشاہ کا قائم مقام (۲) حضرت رسول اکرم صلعم کا قائم مقام۔ امیر المومنین (۳) (و) استاد کا نائب۔ مانیٹر (۴) باورچی۔ درزی۔ نائی۔ موچی ؛

خلیق (خَلِیْق) (ع) خوش اخلاق۔ ملنسار۔ خوش مزاج۔ اچھے سبھاؤ والا ؛

خلیل (خَلِیْل) (ع) مذکر۔ سچا دوست۔ یارِ صادق ؛ **خلیل اللہ**۔ مذکر (۱) خدا کا دوست (۲) حضرت ابراہیمؑ کا لقب ؛

خ۔م

خم (خَم) (ف) مذکر (۱) ترچھاپن۔ کجی۔ ٹیڑھ۔ جھکاؤ (۲) بَل۔ پیچ۔ تاب (۳) بازو ؛ **خم ٹھونکنا** (و) ڈنڈوں یا بازوؤں پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ حریف جان لے، اب یہ کشتی کو تیار ہے۔ لڑنے یا کشتی کرنے کو مستعد ہو جانا ؛

خم دار (ف) ترچھا۔ ٹیڑھا۔ کج۔ خمیدہ۔ پیچیدہ۔ پیچ دار ؛ **خم و چم** مذکر (۱) معشوق کی چال۔ خرامِ ناز (۲) نخرا۔ نازِ معشوقانہ (۳) (صفت) وضع دار۔ طرح دار ؛ **خمیدہ**۔ جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ کبڑا ؛

خُم (خُم) (ف) مذکر (۱) شراب کا مٹکا (۲) گھڑا۔ مٹکا (۳) جوش۔ خمیر ؛ **خم خانہ**۔ مذکر۔ شراب خانہ۔ مے خانہ۔ مے کدہ۔ خرابات۔ شراب بیچنے یا کشید کرنے کی جگہ ؛ **خم کدہ**۔ مذکر۔ شراب خانہ ؛

خَمّار (خَم۔مار) (ع) مذکر (۱) شراب بیچنے والا (۲) بہت شراب پینے والا (۳) معشوق کی آنکھ ؛

خُمار (خُمار) (ع) مذکر (۱) شراب کی مستی۔ سرور۔ نشہ (۲) نشہ اترنے کا کسل (۳)

(۵) غنودگی۔ نیند کا زور (۴) نشے کا اتار ۔ **خمار آلودہ** (ع-ف) مخمور۔ نشے میں چور۔ مست۔ متوالا ۔

خماسی (خُما۔سِیْ) (ع) مؤنث۔ پانچ حرفوں کا لفظ ۔

خمر (خَمْرْ) (ع) مذکر۔ شراب۔ انگوری شراب ۔

خمرا (خَمْ۔رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کے مسلمان فقیر جو اکثر تکیوں میں بیٹھتے یا میلوں تماشوں میں مانگتے پھرتے ہیں (۲) مسلمانوں کی ایک ذات، جو بوریے بُنتی ہے ۔

خمس (خَمْسْ) (ع) پانچ۔ پنج۔ ۵ ۔ **خمسہ** (۱) پانچ سے نسبت رکھنے والا (۲) مذکر۔ وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا بند ہو ۔

خُمس (خُمْسْ) (ع) پانچواں حصہ۔ پنجم ۔

خموش (خَمُوْشْ) (ف) خاموش کا مخفف۔ چُپ۔ چُپکا ۔ **خموشی**۔ مؤنث۔ خاموشی کا مخفف۔ چُپ ہونے کی حالت۔ چُپ ۔

خمول (خُمُوْلْ) (ع) مذکر۔ گم نامی ۔

خمیازہ (خَمْ۔یَا۔زَہ) (ف) مذکر (۱) انگڑائی (۲) بدلا۔ مکافات (۳) (ہ) دُکھ۔ رنج (۴) افسوس۔ پشیمانی ۔ **خمیازہ اُٹھانا۔ یا۔ بھرنا۔ یا بُھگتنا** (ہ) (۱) نقصان اُٹھانا۔ تاوان بھرنا (۲) قصور کی سزا بُھگتنا۔ معاوضہ دینا (۳) مصیبت بھرنا (۴) پچتانا ۔ **خمیازہ کھینچنا** (۱) رنج اُٹھانا۔ تکلیف اُٹھانا (۲) افسوس کرنا۔ پچتانا۔ پشیمان ہونا ۔

خمیر (خَمِیْرْ) (ع) مذکر (۱) گندھے ہوئے آٹے کا سڑا کر پھلانا۔ اُبال۔ جوش (۲) طبیعت۔ مزاج۔ فطرت۔ سرشت۔ خلقت۔ عناصر کی ترکیب (۳) مٹی۔ جسم کی مٹی ۔ **خمیر اُٹھنا** (ہ) (۱) خمیر تیار ہونا۔ جوش میں آنا۔ سڑنا (۲) آٹے کا کھٹا ہو جانا (۳) سرشت میں فرق آنا (۴) شامت آنا ۔ **خمیرہ** (ع) مذکر (۱) مصری یا کھانڈ میں پکائی ہوئی دوا (۲) خوش بودار پینے کا تمباکو (۳) (صفت) خمیر کیا ہوا ۔ **خمیری**۔ مؤنث (۱) خمیر کے آٹے کی روٹی (۲) (صفت) خمیر کی ہوئی ۔

خ-ن

خَنا (خَ۔نَا) (ع) مذکر۔ فضول بات ۔

خُنّا (خُنْ۔نَا) (ہ) مذکر (۱) بے وقوف مرد (۲) بوچڑ (۳) مؤنث۔ بدمزاج عورت (۴) مسخری عورت ۔ **خُنّا بہکنا**۔ تکبر کرنا۔ اترانا۔ مغز چلنا۔ دماغ چلنا ۔

خنازیر (خَنَا۔زِیْرْ) (ع) مذکر (۱) خنزیر کی جمع۔ سؤر (۲) گلٹیاں جو گردن میں ہو جاتی ہیں۔ کنٹھ مالا ۔

خنّاس (خَنْ۔نَاسْ) (ع) (۱) شیطان۔ خبیث روح۔ سرکش جن۔ مردود (۲) وسوسہ ڈالنے والا۔ بدذات۔ شریر (۳) کنجوس ۔

خُناق (خُنَاقْ) (ع) مذکر (۱) گلے کی ایک بیماری (۲) گلا گھونٹنا (۳) دل کی دھڑکن ۔

خنثیٰ (خُنْ۔ثَا) (ع) مذکر۔ خواجہ سرا۔ ہیجڑا۔ مخنث ۔

خنجر (خَنْ۔جَرْ) (ف) مذکر۔ بڑے چھرے کی قسم کا ایک ہتھیار۔ کٹار۔ بچھوا۔ کگری۔ تلوار ۔ **خنجر بیگ**۔ مذکر۔ ایک مہلک پھوڑا، جو اکثر پیٹھ کے پیچھے ہونے کے باعث نظر نہیں آتا ۔ **خنجری** (ہ) مؤنث (۱) کٹار جیسی بناوٹ والا کپڑا۔ ایک ریشمی کپڑا (۲) ڈفلی۔ چھوٹی دف ۔

خنخنانا (خَنْ۔خَنَا۔نَا) (ہ) گنگنانا۔ غنغنانا۔ منمنانا۔ ناک میں بولنا ۔

خنداں (خَنْ۔دَاں) (ف) ہنستا ہوا۔ خوش ۔

خندق (خَنْ۔دَقْ) (ع) مؤنث (۱) گڑھا۔ غار (کھدا ہوا۔ کھودنا کے ساتھ) (۲) کھائی ۔

خندہ (خَنْ۔دَہ) (ف) (۱) ہنسی (۲) ہنستا ہوا۔ مسکراتا ہوا (۳) مسخرہ ۔ **خندہ پیشانی۔ یا۔ خندہ رُو**۔ ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ ہر وقت ہشاش بشاش رہنے والا ۔

خندی (خَنْ۔دِیْ) (ہ) مؤنث (۱) بیہودہ ہنسنے والی عورت (۲) بدکار عورت۔ فاحشہ ۔

خنزیر (خَنْ۔زِیْرْ) (ع) مذکر۔ سؤر۔ جنگلی سؤر۔ بنیلا۔ بارا ۔

خِنصر (خِنْ۔صَرْ) (ع) مؤنث۔ سب سے چھوٹی انگلی۔ چھنگلیا ۔

خُنک (خُنُکْ) (ف) ٹھنڈا۔ سرد ۔ **خُنکی**۔ مؤنث۔ ٹھنڈک۔ سردی۔ برودت ۔

خنگ (خِنْگْ) (ف) مذکر۔ تیز گھوڑا ۔

خنگا (خِنْگْ۔گَا) (ہ) (عو) (۱) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔ مشٹنڈا (۲) مذکر۔ موٹا مسخرہ آدمی ۔

خُنیا (خُنْ۔یَا) (ف) (۱) سرود۔ نغمہ۔ راگ (۲) مؤنث۔ میراثن۔ ڈومنی ۔ **خُنیاگر**۔ مذکر۔ گویّا۔ مطرب ۔ **خُنیاگری**۔ مؤنث۔ گویّے کا پیشہ ۔

خ-و

خُو (خُوْ) (ف) مؤنث۔ عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ (پڑنا، چھوڑنا، ڈالنا وغیرہ کے ساتھ) ۔ **خُوبُو** (ہ) مؤنث (۱) سبھاؤ۔ خصلت۔ عادت (۲) طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ چلن (۳) رسم۔ رواج۔ ریت ۔ **خوگیر** (ف) (۱) عادی (۲) مذکر۔ دیکھیے علیحدہ ۔ **خوئے بد را بہانۂ بسیار**۔ مثل۔ کام کرنے کا ارادہ نہ ہو تو بہت سے بہانے بنائے جاتے ہیں ۔

خواب (خَابْ) (ف) (۱) نیند۔ نوم۔ قیلولہ (۲) رؤیا۔ سپنا۔ جو بات نیند میں دیکھی جائے (۳) گمان۔ وہم۔ تصور۔ خیال (۴) خوش خبری۔ بشارت ۔ **خواب آلودہ**۔ نیند میں بھرا ہوا ۔ **خوابِ پریشان۔ یا۔ آشفتہ**۔ مذکر۔ ڈراؤنا سپنا ۔ **خواب دیکھنا۔ یا۔ ہونا** (ہ) (۱) سوتے میں کچھ دیکھنا۔ سپنا دیکھنا (۲) خیال میں ہونا۔ آرزو رکھنا۔ خواہش رکھنا ۔ **خواب کی باتیں**۔ مؤنث۔ بے اصل باتیں۔ خیالی باتیں ۔ **خواب گاہ** (ف) مؤنث۔ سونے کا کمرہ یا جگہ۔ خلوت گاہ ۔ **خواب و خیال** (ف۔ع) مذکر۔ بھولی ہوئی بات۔ سپنے کی مایا ۔

خواتین (خَوَا۔تِیْنْ) (ع) مؤنث۔ خاتون کی جمع۔ بیگمات۔ عورتیں ۔

خواجہ (خَا۔جَہ) (ف) مذکر (۱) آقا۔ سردار۔ صاحب۔ خداوند (۲) توران میں سادات کا لقب (۳) ہندوستان میں وہ شخص، جس کی ماں سیدانی اور

باپ شیخ ہو (۵) ہیجڑا ۔ مخنث ۔ خصی ◆ **خواجہ سرا** ۔ مذکر (۱) ہیجڑا ۔ نامرد (۲) وہ خصی غلام جو گھر میں آ جا سکے ◆ **خواجہ معین الدین چشتی** (اسم معرفہ) مذکر ۔ خواجہ سلطان الہند غریب نواز اجمیری ◆ **خواجہ معین الدین کا چاند یا مہینا** (و) مذکر (عو) چھٹا قمری مہینہ ۔ جمادی الاخریٰ ◆ **خواجگان** (ف) مذکر ۔ "خواجہ" کی جمع ◆

خوار (خاز) (ف) (۱) بے عزت ۔ رسوا ۔ ذلیل ۔ بے اعتبار (۲) پریشان ۔ سرگرداں ۔ آوارہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ◆ **خواری** ۔ مؤنث (۱) رسوائی ۔ ذلت ۔ بے عزتی ۔ فضیحت (۲) پریشانی ۔ سرگردانی ۔ آوارگی ◆

خوارج (خَوا ۔ رِج) (ع) مذکر ۔ خارجہ اور خارجی کی جمع ◆

خوارق (خَوا ۔ رِق) (ع) مذکر ۔ خارق کی جمع ۔ کرامتیں ۔ معجزے ◆

خواست (خاسْت) (ف) مؤنث (۱) سوال ۔ التجا ۔ التماس ۔ عرض ۔ گزارش (۲) آرزو ۔ خواہش ◆ **خواستگار** ۔ طلبگار ۔ امیدوار ◆ **خواستگاری** ۔ مؤنث (۱) خواہش (۲) شادی کا پیغام

خواص (خَوا ۔ صّ ۔ خَوا صّ) (ع) مذکر (۱) خاص کی جمع ۔ بڑے لوگ (۲) خاصیت کی جمع ۔ تاثیرات ۔ اثرات (۳) خاصہ کی جمع ◆ اعلیٰ درجے کے خدمت گار ۔ ممتاز ملازم (۴) جلیس ۔ مصاحب (۵) غلام (۶) کیفیت ۔ اثر (۷) مؤنث ۔ سہیلی ۔ لونڈی ۔ کنیز ۔ مدخولہ ◆ **خواصی** ۔ مؤنث (۱) ملازمت ۔ خدمت گاری (۲) ہم نشینی ۔ مصاحبت (۳) عماری کی پچھلی نشست (۴) (و) (عو) انگیا کا جوڑ، جو بغل کی طرف ہوتا ہے ◆ **خواصی میں بیٹھنا** (کسی بادشاہ یا امیر کے) پیچھے سواری میں بیٹھنا ◆ **خواصیں** (ر) مؤنث (۱) وہ ملازم یا مصاحب عورتیں، جو امیر زادیوں کے ساتھ رہتی ہیں (۲) ہمجولیاں ۔ سہیلیاں ◆

خوان (خان) (ف) مذکر (۱) کھانا لگا کر لے جانے کا برتن ۔ طشت ۔ تھال ۔ طباق ۔ سینی ۔ چنگیر (۲) دسترخوان ۔ سفرہ ۔ مائدہ ◆ **خوان بڑا خوان پوش بڑا کھول کر دیکھو تو آدھا بڑا ۔ یا ۔ خوان پاک خوان پوش پاک کھول کر دیکھو تو خاک ہی خاک** (و) مثلیں ۔ ظاہر میں بہت کچھ، حقیقت میں کچھ بھی نہیں ۔ ظاہر اچھا، باطن برا ۔ ڈھول میں پول ◆ **خوان پوش** (ف) مذکر ۔ خوان کے ڈھکنے کا کپڑا ◆ **خوان سالار** ۔ مذکر ۔ خانساماں ◆ **خوانِ کرم ۔ خوانِ یغما** ۔ مذکر ۔ عام لنگر ◆ **خوانِ نعمت** ۔ مذکر ۔ لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان ◆ **خوانچہ** ۔ مذکر ۔ چھوٹا خوان یا سینی ۔ تھال ◆ **خوانچہ اٹھانا ۔ یا ۔ لگانا** (و) تھال میں رکھ کر بیچتے پھرنا ◆

خواندگی (خاں ۔ دَگی) (ف) مؤنث ۔ پڑھائی ۔ پڑھنا ◆ **خواندہ** (۱) پڑھا ہوا ۔ پڑھا لکھا (۲) بلایا ہوا ◆

خوانین (خَوا ۔ نِین) (ف) مذکر ۔ خان کی جمع ◆

خواہ (خاہ) (ف) (۱) چاہو ۔ چاہے ۔ یا (۲) درخواست ۔ خواہش ◆ **خواہ مخواہ ۔ خواہ نخواہ** ۔ چار و ناچار ۔ مجبوراً ۔ زبردستی ۔ ناچار ◆ **خواہاں** ۔ چاہنے والا ۔ طلبگار ۔ آرزومند ۔ خواہش مند ۔ طالب ◆ **خواہش** ۔ مؤنث (۱) شوق ۔ رغبت ۔ ارمان ۔ تمنا ۔ آرزو (۲) مرضی ۔ اِچّھیا (۳) مراد ۔ مدعا ۔ مطلب ◆ **خواہش مند** ۔ شائق ۔ طالب ۔ آرزومند ◆ **خواہی نخواہی** ۔ دیکھیے "خواہ مخواہ" ◆

خواہر (خا ۔ ہَر) (ف) مؤنث ۔ بہن ۔ ہمشیر ◆

خوب (خُوب) (ف) (۱) اچھا ۔ عمدہ (۲) حسین ۔ شکیل ۔ خوب صورت (۳) نفیس (۴) پسندیدہ ۔ زیبا ◆ **خوب رو** ۔ حسین ۔ شکیل ۔ خوب صورت ۔ پری چہرہ ◆ **خوب صورت** (ف ۔ ع) شکیل ۔ حسین ۔ موہنا ۔ سندر ◆ **خوب صورتی** ۔ مؤنث ۔ حسن و جمال ۔ خوش اندامی ◆ **خوبی** (خُو ۔ بی) (ف) مؤنث (۱) حسن ۔ خوب صورتی ۔ بھلائی ۔ عمدگی (۲) فوقیت ۔ ترجیح ۔ شرف ۔ بڑائی (۳) گن ۔ جوہر ◆

خوبانی (خُو ۔ با ۔ نی) (ف) مؤنث ۔ زرد آلو ۔ ایک مشہور پھل ◆

خوب کلاں (خُوب ۔ کَلاں) (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کی گھاس جس کے بیج دواؤں میں کام آتے ہیں ◆

خوجہ (خُو ۔ جَہ) (و) مذکر (۱) زنانہ ۔ ہیجڑا (۲) مسلمانوں کی ایک تجارت پیشہ قوم ◆

خوجیانا (خُو ۔ جِیا ۔ نا) (و) (۱) چیخنا ۔ جھڑکی دینا (۲) ناراض ہونا ◆

خود (خُود) (ف) مذکر ۔ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنی جاتی ہے ◆

خود (خُد) (ف) (۱) آپ ۔ اپنا آپ (۲) بذاتِ خاص ۔ اپنے آپ (۳) اپنا ۔ ذاتی ۔ نج کا (۴) وہ، تم اور میں کے ساتھ تاکید کے لیے ◆ **خود آرا** (۱) اپنے آپ کو سنوارنے والا ۔ بناؤ سنگار کرنے والا (۲) گھمنڈی ۔ مغرور ۔ متکبر ◆ **خود آرائی** ۔ مؤنث (۱) اپنے آپ کو بنانا ۔ سنوارنا ۔ خودنمائی ۔ بناؤ سنگار (۲) گھمنڈ ۔ غرور ۔ تکبر ۔ فخر ◆ **خود بخود** ۔ آپ ہی آپ ۔ از خود ۔ بے بلائے ۔ بے کہے ◆ **خود بدولت** ۔ مذکر ۔ آپ ۔ عالی جناب ۔ حضور ۔ بذاتِ خاص ◆ **خود بین** ۔ گھمنڈی ۔ مغرور ۔ متکبر ◆ **خود بینی** ۔ مؤنث ۔ گھمنڈ ۔ فخر ۔ تکبر ۔ غرور ◆ **خود پرست** ۔ متکبر ۔ مغرور ◆ **خود پرستی** ۔ مؤنث ۔ تکبر ۔ غرور ۔ خود بینی ◆ **خود پسند** ۔ اپنے آپ کو بہتر سمجھنے والا ۔ خود رائے ۔ دوسرے کی رائے پر نہ چلنے والا ۔ اپنی کرنے والا ◆ **خوددار** (۱) ضبط کرنے والا ۔ رکھ رکھاؤ والا (۲) صابر ◆ **خودداری** ۔ مؤنث (۱) ضبط ۔ رکھ رکھاؤ (۲) قناعت ۔ صبر ◆ **خود رائے** ۔ کسی کی نہ ماننے والا ۔ اپنی رائے پر چلنے والا ◆ **خود رفتگی** ۔ مؤنث ۔ بے خبری ۔ مدہوشی ۔ بے خودی ◆ **خود رو** ۔ اپنے آپ اگا ہوا ◆ **خود ستا** ۔ اپنی تعریف آپ کرنے والا ۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننے والا ◆ **خود ستائی** ۔ مؤنث ۔ اپنی تعریف آپ کرنا ۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننا ◆ **خود سر** ۔ ہٹیلا ۔ ضدی ۔ سرکش ◆ **خود سری** ۔ مؤنث ۔ ہٹ ۔ ضد ۔ سرکشی ◆ **خود غرض** (ف ۔ ع) مطلب کا آشنا ۔ مطلبی ۔ خود کام ۔ نفس پرور ◆ **خود غرضی** ۔ مؤنث ۔ خود مطلبی ۔ نفسا نفسی ۔ آپا دھاپی ◆ **خود کاشت** (ف) مؤنث (۱) وہ زمین، جسے مالک خود بوئے جوتے (۲) وہ شخص، جو اپنی زمین آپ ہی بوئے ◆ **خود کشی** ۔ مؤنث ۔ اپنے آپ کو مار ڈالنا ◆ **خود مختار** (ف ۔ ع) (۱) بااختیار ۔ آزاد (۲) خود رائے ۔ خود سر ◆ **خود مختاری** ۔ مؤنث (۱) آزادی ۔ بااختیاری (۲) خود سری ۔ خود رائی ◆ **خود نما** (ف) متکبر ۔ مغرور ◆ **خود نمائی** ۔ مؤنث ۔ نمود ۔ نمائش ۔ شیخی ۔ خودی ۔ خود پسندی ◆

خودی ۔ مؤنث (۱) نفس ۔ اپنی ذات ۔ آتما (۲) خود سری ۔ خود مختاری

(۳) خود غرضی (۴) گھمنڈ۔ تکبر۔ غرور۔ خود بینی ٭ **خودی اور خدائی میں بیر ہے** (۱) مثل۔ غرور خدا کو پسند نہیں ٭

خور (خُرْ) (ف) مذکر۔ خورشید کا مخفف۔ سورج ٭

خور (خُرْ) (ف) (۱) خوردن کا امر۔ کھا (۲) مذکر۔ تھوڑا سا کھانا ٭ **خورد نوش**۔ مؤنث۔ کھانا پینا۔ دانہ پانی ٭ **خوراک**۔ مؤنث (۱) کھانے کی چیز۔ کھانا۔ غذا (۲) چارا۔ کھاجا۔ راتب۔ روزینہ (۳) رسد۔ بھتّا۔ سفر خرچ ٭ **خوراکی** (ف) مؤنث (۱) وظیفہ۔ روزینہ (۲) کھانے کی چیز ٭ **خورد** (خُرْدْ) (ف) (۱) خوردن سے ماضی مطلق۔ کھایا (۲) طعام۔ کھانا ٭ **خورد برد**۔ مؤنث (۱) کھانا اڑانا (۲) بے جا تصرف۔ دست برد۔ بددیانتی۔ خیانت۔ غبن (۳) رشوت (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **خورش** (خُرِشْ) مؤنث۔ دیکھیے "خوراک" ٭ **خورندہ** (۱) کھانے والا۔ کھاؤ۔ فضول خرچ۔ پیٹو (۲) دوسروں کا مال ہضم کر جانے والا ٭

خور داد (خُرْ۔ دَادْ) (ف) دیکھیے "خرداد" ٭

خورشید (خُرْ۔ شِیدْ) (ف) مذکر۔ سورج۔ آفتاب۔ شمس ٭

خوش (خُشْ) (ف) (۱) شاد۔ شادماں۔ مسرور۔ خرسند۔ مگن (۲) (۱) راضی۔ تندرست۔ بھلا چنگا (۳) تروتازہ۔ سرسبز۔ شاداب (۴) کامیاب۔ بامراد (۵) اچھا۔ عمدہ ٭ **خوش آمدید** (ف) آپ خوش آئے۔ خیر مقدم کا کلمہ (کہنا، لگانا، لگنا کے ساتھ) ٭ **خوش آئند**۔ اچھا لگنے والا ٭ **خوش اسلوب** (ف۔ ع) (۱) خوش وضع۔ خوب صورت۔ عمدہ۔ دل پسند۔ خوب (۲) اچھے طریقے والا۔ خوش انتظام ٭ **خوش اقبال** (ف) خوش نصیب۔ بامراد۔ اقبال مند ٭ **خوش الحان** (ف۔ ع) اچھی آواز والا۔ سریلا۔ خوش گلو ٭ **خوش الحانی**۔ مؤنث (۱) خوش آوازی (۲) نغمہ سرائی ٭ **خوش انتظامی**۔ مؤنث۔ خوش نظمی۔ عمدہ بندوبست ٭ **خوش باش** (ف) (۱) خوش رہنے والا، بے فکر، آزاد (۲) مذکر۔ وہ شخص جو دوسری جگہ سکونت اختیار کرے ٭ **خوش بو**۔ مؤنث۔ مہک ٭ **خوش بودار**۔ عمدہ خوش بو والا۔ معطر ٭ **خوش بیان** (ف۔ ع) شیریں گفتار۔ خوش کلام۔ خوش تقریر ٭ **خوش بیانی**۔ مؤنث۔ فصاحت۔ خوش گفتاری ٭ **خوش پوشاک** (ف) خوش لباس۔ عمدہ پوشاک پہننے والا۔ سفید پوش ٭ **خوش تقریر** (ف۔ ع) اچھی تقریر کرنے والا۔ خوش بیان۔ خوش گفتار ٭ **خوش حال** (ف۔ ع) (۱) خوش۔ شاد (۲) آسودہ۔ مال دار (۳) اقبال مند۔ خوش نصیب ٭ **خوش خبری**۔ مؤنث۔ بشارت۔ مژدہ۔ نوید ٭ **خوش خرام** (ف) (۱) خوش رفتار۔ اچھا چلنے والا۔ آہستہ چلنے والا (۲) محبوب۔ معشوق ٭ **خوش خط** (ف۔ ع) (۱) عمدہ لکھا ہوا (۲) اچھا لکھنے والا (۳) مذکر۔ خوش نویس (۴) خوب صورت خط۔ اچھا خط (۵) حسین۔ بشکیل۔ جمیل۔ خوب صورت ٭ **خوش خلق**۔ اچھی خصلت والا۔ بامروت۔ خلیق۔ خندہ رو ٭ **خوش خواں** (ف) مذکر (۱) اچھی طرح پڑھنے یا گانے والا (۲) وہ طالب علم، جو وظیفہ خوار نہ ہو ٭ **خوش خوراک**۔ لذیذ اور عمدہ کھانا کھانے والا۔ خوش غذا۔ خوش گزران ٭ **خوش خیال** (ف۔ ع) عمدہ خیالات والا۔ خوش فکر ٭ **خوش دامن** (ف) مؤنث۔ ساس۔ بیوی کی ماں ٭ **خوش دل**۔ شادماں۔ بشاش۔ مگن ٭ **خوش ذائقہ**۔ خوش مزہ۔ مزے دار۔ لذیذ ٭ **خوش رنگ** (۱) اچھے رنگ کا۔ شوخ رنگ کا (۲) مذکر۔ اچھا یا شوخ رنگ ٭ **خوش سلیقہ**۔ اچھے سلیقے والا۔ مہذب۔ سگھڑ۔ نیک خصلت۔ خوش سیرت۔ تربیت یافتہ ٭ **خوش طالع** (ف۔ ع) اچھی تقدیر والا۔ قسمت کا دھنی۔ نیک نصیب ٭ **خوش طبع**۔ خوش رہنے والا۔ ظریف۔ زندہ دل ٭ **خوش طبعی**۔ مؤنث۔ ہنسی مذاق۔ دل لگی۔ ظرافت ٭ **خوش طینت**۔ نیک خصلت ٭ **خوش عنان** فرماں بردار گھوڑا، جو اشارے پر کام کرے ٭ **خوش غلاف** (ف) (۱) وہ تلوار، جو ذرا سے اشارے میں میان سے نکل آئے (۲) (۱) بدچلن (عورت) (۳) ننگا۔ عریاں ٭ **خوش فکر** (ف۔ ع) اچھے شعر کہنے والا۔ خوش خیال ٭ **خوش قلم**۔ خوش نویس۔ عمدہ لکھنے والا ٭ **خوش کرنا** (۱) (۱) راضی کرنا۔ مسرور کرنا (۲) تسکین دینا۔ تسلّی دینا ٭ **خوش گپیاں**۔ مؤنث۔ ہنسی مذاق کی باتیں ٭ **خوش گزران** (۱) اچھی طرح گزر اوقات کرنے والا ٭ **خوش گلو** (ف) دیکھیے "خوش الحان" ٭ **خوش گو**۔ شیریں بیان ٭ **خوش گوار** (۱) من بھاتا۔ پسندیدہ۔ دل پسند (۲) خوش ذائقہ۔ مزیدار (۳) زود ہضم ٭ **خوش لباس** (ف۔ ع) دیکھیے "خوش پوشاک" ٭ **خوش نصیب**۔ خوش قسمت۔ صاحب نصیب۔ بختاور ٭ **خوش نصیبی**۔ مؤنث۔ خوش اقبالی۔ خوش قسمتی ٭ **خوش نما** (ف) (۱) زیبا۔ موزوں (۲) دل چسپ۔ دل کش (۳) خوب صورت۔ خوش منظر ٭ **خوش نمائی**۔ مؤنث (۱) زیبائش۔ بھڑک (۲) دل چسپی (۳) خوب صورتی ٭ **خوش نویس**۔ عمدہ لکھنے والا۔ خوش رقم۔ خوش خط ٭ **خوش و خرم**۔ دلشاد۔ شاداں۔ فرحاں۔ آنند ٭ **خوش وقت** (۱) (۱) شاد۔ مسرور۔ خرسند (۲) آسودہ حال۔ خوش حال ٭ **خوشامد** (خُشَامَدْ) (ف) مؤنث۔ جھوٹی تعریف۔ چاپلوسی ٭ **خوشامد سے آمد ہے** (۱) مثل۔ خوشامد سے اکثر فائدہ ہوتا ہے ٭ **خوشامدی** (ف) جھوٹی تعریفیں کرنے والا۔ چاپلوس ٭ **خوشنود**۔ راضی۔ خوش ٭ **خوشنودی**۔ مؤنث۔ خوشی۔ رضامندی۔ خرمی ٭ **خوشی**۔ مؤنث۔ سرور۔ شادمانی۔ نشاط۔ طرب۔ انبساط ٭ **خوشی کرنا، یا منانا** (۱) (۱) خوش ہونا۔ لطف اٹھانا۔ مزے اڑانا (۲) کسی اچھی بات کے ہونے پر دعوت وغیرہ دینا۔ جشن کرنا ٭

خوشہ (خُوشَہْ) (ف) مذکر (۱) پھل کا گچھا (۲) اناج کی بال۔ بٹّا (۳) بھٹّا ٭ **خوشہ چیں** (۱) کھیت کٹنے کے بعد گرے پڑے خوشے چننے والا (۲) فیض حاصل کرنے والا ٭

خوض (خَوْض) (ع) مذکر (۱) غور۔ سوچ۔ فکر (۲) تجسس۔ تحقیق ٭

خوف (خَوْف) (ع) مذکر۔ ڈر۔ ہراس۔ دہشت۔ اندیشہ۔ باک۔ بیم۔ ہول۔ بھے (آنا، دلانا، کرنا، کھانا، ہونا کے ساتھ) ٭ **خوف ناک** (ع۔ ف) ڈراؤنا۔ بھیانک۔ خطرناک۔ ہول ناک۔ دہشت ناک ٭

خوک (خُوکْ) (ف) مذکر۔ سؤر۔ خنزیر ٭

خوگیر (خُو۔گِیر) (ف) مذکر (۱) زین کی بھرتی (۲) گدا۔ گدیلا (۳) زین کے نیچے کا کپڑا۔ نمدا ✦ **خوگیر کی بھرتی** (ا) مؤنث (۱) خراب چیزیں۔ نکما اسباب (۲) نکمے اور بے کار آدمی (۳) بھرتی کے شعر ✦

خول (خُول) (ا) مذکر (۱) کھوکھلا پن۔ خلا (۲) اوپر کا غلاف۔ چھلکا (۳) میان۔ نیام (۴) پترا ✦ **خول چڑھانا**۔ پترا چڑھانا۔ غلاف چڑھانا ✦

خولنجان (خُو۔لِن۔جَان) (ف) مذکر۔ پان کی جڑ ✦

خون (خُون) (ف) مذکر (۱) لہو (۲) ہلاکت۔ قتل ✦ **خون آلودہ**۔ لہو میں بھرا ہوا۔ لہو لہان ✦ **خون آنکھوں میں اُترنا** (ا) غصّے سے آنکھوں کا سرخ ہو جانا۔ کسی کو دیکھ کر غضب ناک ہو جانا۔ غصّہ آنا ✦ **خون بار** (ف) لہو برسانے والا ✦ **خوں باری** مؤنث۔ لہو کی بارش۔ لہو برسانا ✦ **خون بگڑنا** (ا) (۱) خون میں فساد آنا۔ خون کا خراب ہو جانا (۲) بد نصیبی کا سامنا ہونا۔ شامت آنا ✦ **خوں بہا** (ف) مذکر۔ وہ رقم، جو مقتول کے عوض لی یا دی جاتی ہے۔ دیت ✦ **خون بہانا** (۱) خون چوسنا (۲) قتل کرنا۔ مار ڈالنا (۳) تنگ کرنا۔ ستانا ✦ **خون پانی ایک کرنا**۔ خون کو پانی کی طرح بہانا ✦ **خون پانی ہونا**۔ نہایت تکلیف پہنچنا ✦ **خون پینا** (۱) لہو نوش کرنا۔ خون چوسنا (۲) (عوام) قتل کرنا (۳) (کنایۃً) دِق کرنا ✦ **خون تھوکنا** (۱) لہو کی قے کرنا (۲) (کنایۃً) شدید صدمہ برداشت کرنا ✦ **خون جگر پینا** (۱) غم و غصّہ ضبط کرنا (۲) سخت مصیبت اٹھانا ✦ **خون جگر کھانا** (۱) انتہائی محنت سے کوئی کام کرنا (۲) رنج اٹھانا ✦ **خون چاٹنا** تلوار کیلیے، خون آلودہ ہونا ✦ **خون چٹانا**۔ تلوار یا چھری لہو میں بھرنا ✦ **خوں چکاں** (ف) لہو ٹپکتا ہوا ✦ **خون خرابا** (ا) مذکر۔ خونریزی۔ کشت و خون۔ جنگ و جدال۔ مار دھاڑ ✦ **خون خشک ہونا**۔ خوف چھانا۔ دم خشک ہونا ✦ **خوں خوار** (ف) خون پینے والا۔ غضبی۔ جلاد۔ ظالم ✦ **خوں خواری**۔ مؤنث (۱) جلادی۔ بے رحمی۔ ظلم (۲) خون بہانا۔ قتل ✦ **خون دل پینا** (ا) (۱) غصّہ کھانا۔ غم و غصّہ میں گھٹنا (۲) نہایت ناگوار گزرنا ✦ **خوں ریز** (ف) (۱) خون بہانے والا۔ قاتل (۲) ایسی جنگ وغیرہ، جس میں بہت کشت و خون ہو ✦ **خوں ریزی** مؤنث۔ کشت و خون۔ لڑائی۔ جنگ۔ جنگ و جدل۔ گھمسان ✦ **خون سر چڑھنا۔ یا۔ سر پر سوار ہونا** (ا) کسی کو ہلاک کرنے پر تیار ہونا ✦ **خون سفید ہونا**۔ بے مہر ہونا۔ الفت اور محبت نہ رکھنا ✦ **خون کا پیاسا**۔ مذکر۔ جان کا لاگو۔ جانی دشمن۔ تشنۂ خوں ✦ **خون کا جوش**۔ مذکر۔ رشتہ داری کا جوش۔ خاندانی محبت ✦ **خون کا دورہ**۔ مذکر۔ جسم میں خون کا گردش کرنا۔ خون کا چکر ✦ **خون کا عوض**۔ مذکر۔ جان کے بدلے جان۔ قصاص ✦ **خونِ کبوتر** (ف) مذکر (۱) سرخ شراب (۲) کبوتر کے خون کی طرح سرخ۔ بے حد سرخ ✦ **خون کرنا** (ا) جان لینا۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا ✦ **خون گردن پر سوار ہونا**۔ دیکھیے خون سر چڑھنا یا سر پر سوار ہونا ✦ **خون گرفتہ** (ف) قتل کے قابل۔ اجل گرفتہ۔ اجل رسیدہ ✦ **خون لینا** (ا) خون کم کرنا۔ فصد کھولنا ✦ **خون ہونا** (۱) تلوار سے مارا جانا۔ قتل ہونا (۲) زخمی ہونا ✦ **خوناب۔ خُونابہ** (ف) مذکر (۱) خون کے آنسو۔ پانی ملا ہوا خون (۲) سرخ۔ لال ✦ **خونابہ فشانی**۔ مؤنث۔ خوناب بکھیرنا ✦ **خونناب۔ خونتابہ**۔ مذکر۔ دیکھیے خوناب، خونابہ ✦

خونی۔ مذکر (۱) وہ شخص جس نے کسی کو مار ڈالا ہو۔ قاتل۔ سفاک (۲) ظالم۔ جلاد ✦ **خونی دست** (ا) مذکر۔ لہو کے دست۔ پیچش۔ اسہال خونی ✦ **خونیں** (ف) خون سے نسبت رکھنے والا۔ لال۔ سرخ۔ خون آلود ✦ **خونیں جامہ پہننا** (ا) قتل کا حکم دینے یا غصّہ ظاہر کرنے کے لیے بادشاہ کا سرخ جامہ پہننا ✦ **خونیں جگر** (ف) (کنایۃً) عاشق ✦

خوید (خُوِید) (ف) مؤنث۔ ہرے جَو یا گیہوں ✦

خویش (خِیش) (ف) (۱) آپ۔ خود (۲) اپنا۔ رشتہ دار۔ قریبی (۳) (ا) مذکر۔ داماد۔ جنوائی ✦

خ۔ہ

خہے (خَہے) (ف) واہ وا۔ آفریں۔ مرحبا ✦

خ۔ی۔ے

خیابان (خِیَا۔بَان) (ف) مذکر۔ کیاری۔ پھلواڑی ✦

خیار۔ خیارین (خِیَار، خِیَا۔رَین) (ع) مذکر۔ ککڑی ✦

خیاط (خَیْ۔یَاط) (ع) مذکر۔ کپڑے سینے والا۔ درزی ✦ **خیاطہ** (خِیَا۔طَہ) مذکر۔ کپڑا سینے کا پیشہ۔ درزی کا پیشہ ✦

خیال (خَیَال) (ع) مذکر (۱) گمان۔ وہم۔ تصوّر۔ وہ صورت، جو انسان جاگتے میں تصوّر کرے یا سوتے میں دیکھے (۲) سوچ بچار۔ اندیشہ۔ فکر (۳) (ا) رائے۔ سمجھ بوجھ (۴) عبادت۔ معنی۔ مضمون (۵) التفات۔ توجّہ (۶) ارادہ۔ منشا (۷) موج۔ لہر (۸) جنون۔ خبط (۹) ایک قسم کے گیت۔ ہندی شاعری کی ایک قسم ✦ **خیالِ باطل**۔ مذکر۔ جھوٹا خیال۔ واقع نہ ہو سکنے والی بات کا خیال ✦ **خیال باندھنا** (ا) (۱) دل ہی دل میں کوئی بات پیدا کرنا۔ منصوبہ باندھنا (۲) تصوّر کرنا۔ سوچنا (۳) کسی بات کا برابر خیال رکھنا ✦ **خیال بندی** (ع۔ف) مؤنث۔ خیالات کا سلسلہ۔ سوچ۔ خیالی تصویر ✦ **خیال پر چڑھنا** (ا) (۱) ذہن میں بیٹھنا۔ سمجھ میں آنا (۲) یاد آنا ✦ **خیال پڑنا**۔ خیال ہونا۔ یاد آنا ✦ **خیالِ خام** (ع۔ف) مذکر۔ کچا خیال۔ بیہودہ خیال۔ وہ خیال، جس کے پورا ہونے کی امید نہ ہو ✦ **خیال رکھنا** (ا) یاد رکھنا ✦ **خیالِ فاسد** (ع) مذکر۔ بُرا خیال۔ بیہودہ خیال۔ ناقص خیال ✦ **خیال کرنا** (ا) (۱) فکر کرنا۔ سوچنا (۲) قیاس کرنا۔ تصوّر کرنا (۳) مضمون تراشنا۔ تجویز کرنا (۴) توجّہ کرنا۔ رعایت کرنا ✦ **خیال میں نہ لانا** (۱) لحاظ نہ کرنا۔ توجّہ نہ کرنا (۲) دھیان میں نہ لانا ✦ **خیال نہ رہنا**۔ دھیان نہ رہنا۔ یاد نہ رہنا۔ فراموش ہونا۔ بھول جانا ✦ **خیالات** (ع) مذکر۔ خیال کی جمع۔ تصوّرات ✦ **خیالی** (ع) ظنی۔ قیاسی۔ وہمی ✦ **خیالی پلاؤ پکانا** (ا) ایسی باتیں تصوّر کرنا، جو واقع نہ ہو سکیں ✦

خیانت (خِیَا۔نَت) (ع) مؤنث (۱) دھوکا۔ دغا (۲) غبن۔ تغلب (۳) چوری۔ بد دیانتی۔ بے ایمانی (کرنا، ہونا کے ساتھ) ✦ **خیانتِ مجرمانہ** (ع۔ف) مؤنث۔ قانون کے خلاف خیانت کرنا۔ وہ خیانت، جو سرکاری جرم میں داخل

ہو۔ سرکاری غبن ؛

خیر (خَیْرْ) (ع) مؤنث (۱) اچھائی۔ بھلائی۔ نیکی (۲) (و) درست۔ بجا۔ ٹھیک (۳) کچھ پروا نہیں (۴) تندرستی۔ سلامتی ؛ **خَیْرُالْاُمُوْرِ اَوْسَطُھَا** (ع) مثل۔ ہر کام کا اوسط بہتر ہوتا ہے ؛ **خیرالانام۔ خیرالبشر**۔ مذکر (۱) بہترین انسان (۲) رسول اللہ صلعم کا لقب ؛ **خیراندیش** (ع۔ف) خیرخواہ۔ وہ شخص، جو کسی کی بھلائی چاہے ؛ **خیرباد**۔ مؤنث۔ رخصت کے وقت کا کلمہ۔ خدا حافظ ؛ **خیرباشد** (۱) خیر تو ہے۔ خیر ہے؟ (۲) تجاہلِ عارفانہ اور شکایتِ دوستانہ کے موقع پر بھی کہتے ہیں ؛ **خیرباشد کدھر کرم کیا** (و) کیونکر آنا ہوا؟ کیا رستہ بھول گئے؟ **خیربرکت**۔ مؤنث۔ برکت۔ بہبود۔ عروج ؛ **خیر تو ہے**۔ دیکھیے "خیرباشد" ؛ **خیرچاہنا**۔ عافیت چاہنا۔ سلامتی یا بہتری چاہنا ؛ **خیرخبر**۔ مؤنث (عو) نیک خبر۔ اچھی خبر۔ خیر و عافیت۔ خیریت (بھیجنا، پوچھنا، لکھنا، ملنا کے ساتھ) ؛ **خیرخواہ** (ع۔ف) دیکھیے "خیراندیش" ؛ **خیرخواہی**۔ مؤنث (۱) بہتری۔ اچھائی۔ سلامتی (۲) نمک حلالی ؛ **خیرصلا** (و) مؤنث (عو) خیر و عافیت۔ مزاج پرسی (پوچھنا، دریافت کرنا کے ساتھ) ؛ **خیر سے رات کٹنا**۔ شب کا سلامتی سے بسر ہونا ؛ **خیر سے گھر کو سدھارو**۔ اتنا نہ لگ چلو۔ زیادہ مصاحب نہ ہو۔ زبان دراز اور بے ادب آدمی کے متعلق یا بے تکلف دوست کے باب میں کہا جاتا ہے ؛ **خیر گزرنا۔ یا۔ ہونا**۔ اچانک صدمے یا حادثے سے جان بچنا۔ آفت سے بچنا ؛ **خیر مانگنا** (۱) بہتری چاہنا۔ سلامتی چاہنا (۲) مغفرت چاہنا۔ توبہ کرنا ؛ **خیرمحض** (ع) مؤنث۔ سر سے پاؤں تک بہتری۔ سراپا نیکی۔ ہمہ تن خیر۔ سرتاسر خیر ؛ **خیرمقدم**۔ مذکر۔ آپ کا آنا مبارک۔ بہت اچھے آئے۔ خوش آمدید۔ وہ کلمہ، جو کسی بزرگ یا بلند مرتبہ شخص کی آمد پر کہا جاتا ہے ؛ (کرنا، کہنا، ہونا کے ساتھ) ؛ **خیرمنانا** (و) نیک دعا کرنا۔ سلامتی چاہنا۔ بہتری چاہنا ؛ **خیروعافیت** (ع۔ف) مؤنث۔ خیریت۔ خیرصلا۔ تندرستی۔ سلامتی ؛ **خیر ہے** (ا) (۱) خیریت ہے۔ صحت و سلامتی ہے (۲) کسی کو گھبرایا ہوا دیکھ کر بطور سوال کہتے ہیں (۳) کسی کے برا کام کرنے پر اسے کہتے ہیں ؛ **خیرات** (خَے۔رَاتْ) (ع) مؤنث (۱) نیکیاں۔ نیک اعمال (۲) (و) صدقہ۔ زکوٰۃ۔ دان (دینا، لینا کے ساتھ) ؛ **خیرات خانہ** (و) مذکر۔ سدا برت بٹنے کی جگہ۔ لنگرخانہ۔ محتاج خانہ ؛ **خیرات داخل**۔ خیرات کی مانند ؛ **خیرات دینا**۔ دان دینا۔ صدقہ کرنا۔ خدا کی راہ پر دینا۔ مفت دینا ؛ **خیراتی**۔ زکوٰۃ کی۔ دان کی۔ مفت کی ؛ **خیریّت** (ف) مؤنث (۱) اچھائی۔ نیکی (۲) صحت۔ سلامتی۔ تندرستی ؛

خیر (خِیْرَہ) (ف) مؤنث (۱) آنکھوں کے آگے اندھیرا (۲) آنکھوں کے آگے اڑنے والا ذرّہ یا سیاہی (۳) (صفت) پریشان۔ حیران (۴) گستاخ۔ بے شرم (۵) بہادر (۶) فضول۔ بے فائدہ (۷) بے سبب۔ بے وجہ ؛ **خیرگی**۔ مؤنث (۱) چکاچوند۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانے کی کیفیت۔ حیرت۔ تعجب (۲) بے حیائی ؛ **خیرہ** (۱) تاریک (۲) بے حیا (۳) بدخواہ (۴) مغرور (۵) گستاخ (۶) حیران و پریشان (۷) جس کی آنکھوں میں چکاچوند ہو ؛

خیرو (خِیْ۔رُوْ) (ف ہ خَے۔رُوْ) (و) مذکر۔ زرد رنگ کا ایک پھول۔ خطمی ؛

خیز (خِیْزْ) (ف) (۱) خاستن کا امر۔ اُٹھ (۲) مذکر۔ اٹھنا (۳) کودنا (۴) چھلانگ۔ کود ؛ **خیزش۔ خیزی**۔ مؤنث (۱) ذکر کی ایستادگی۔ شہوت (۲) اٹھنا۔ کودنا۔ نکلنا ؛

خیفا (خِیْ۔فَا) (ع) مؤنث (۱) وہ گھوڑی، جس کی ایک آنکھ نیلی، ایک سیاہ ہو (۲) نظم یا نثر میں ایک لفظ نقطہ دار اور دوسرا بے نقطہ لانا ؛

خیل (خَیْلْ) (ع) مذکر (۱) بہت سے سوار (۲) بہت سے گھوڑے (۳) (ف) گروہ ؛

خیلا (خَے۔لَا) (و) (عو) (۱) بیہودہ۔ لغو (۲) بے وقوف۔ احمق۔ پھوہڑ ؛ **خیلا پائنچا**۔ مؤنث (عو) لغو اور بیہودہ عورت، جسے کوئی سُدھ نہ ہو ؛ **خیلاپن**۔ مذکر۔ بے وقوفی۔ بے سلیقگی۔ پھوہڑپن ؛ **خیلا جان بیلا**۔ مؤنث (عو) دیکھو "خیلا پائنچا" ؛

خیلے (خَے۔لے) (ف) بہت زیادہ ؛

خیمہ (خَے۔مَہْ) (ع) مذکر۔ تنبو۔ ڈیرا۔ خرگاہ ؛ **خیمہ دوز** (ع۔ف) مذکر۔ تنبو سینے اور بنانے والا ؛ **خیمہ گاہ**۔ مذکر و مؤنث۔ لشکرگاہ۔ کیمپ۔ اردو ؛

د

د (دَالْ) (ع) مؤنث (۱) اردو کا گیارھواں، فارسی کا دسواں، عربی کا آٹھواں اور ہندی کا اٹھارھواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے چار عدد فرض کیے گئے ہیں ؛

د-ا

داب (دَابْ) (ہ) مؤنث (۱) دباؤ۔ بوجھ۔ زور (۲) مطبع والوں کی اصطلاح میں کاغذ کا ایک بار چھپنا (۳) پیچ گھماؤ۔ ایک دفعہ کل سے نکلنا (۴) دابنا کا امر ؛ **داب بیٹھنا** (۱) سواری کسنا۔ چڑھ بیٹھنا (۲) کسی کا حق نہ دینا۔ مال مار لینا ؛ **داب چوک**۔ مؤنث۔ جب چھاپتے وقت کسی کاغذ کا کوئی حصہ پتھر کے اوپر ٹھیک نہ بیٹھنے سے خالی رہ جائے تو اسے داب چوک کہتے ہیں ؛

داب دینا۔ گاڑ دینا۔ دفن کر دینا۔ چھپا دینا ؛ **داب رکھنا** (۱) پکڑ رکھنا (۲) روپیہ مار رکھنا (۳) کسی چیز کو روک رکھنا ؛ **داب لینا** (۱) قابو میں لے آنا۔ دبوچ لینا (۲) مجبور کرنا۔ زیر کر لینا (۳) مال مار لینا ؛ **دابنا** (۱) کسی چیز کو ہاتھوں کے زور سے نیچے بٹھانا (۲) جسم دبانا۔ چپی کرنا (۳) دفن کرنا۔ گاڑنا (۴) بھینچنا۔ دبوچنا ؛

داب (دَابْ) (ع) مذکر (۱) طور۔ طریق۔ طرز۔ ڈھنگ (۲) دستور۔ قاعدہ (۳) خصلت۔ خو (۴) (ف) کرّوفر۔ دبدبہ۔ رعب ؛ **دابِ سلطنت**۔ مذکر۔ حکومت کا دستور۔ سلطنت کے قواعد ؛ **دابِ صحبت**۔ مذکر (۱)

بل بیٹھنے کا ڈھنگ ۔ علم مجلس (۲) شائستگی ۔ تہذیب (۳) دوستی کے حقوق ۔
داب ناجائز (ف ع) مذکر ۔ ناجائز رعب ۔ ناروا دباؤ ۔

داتا (دَا۔تَا) (ہ) مذکر (۱) دینے والا ۔ فیاض ۔ سخی (۲) رازق ۔ خدا (۳) سائیں ۔ فقیر ۔ درویش ۔ **داتا داتا مر گئے اور رہ گئے مکھی چوس** ۔ مثل ۔ سخی مر گئے اور کنجوس رہ گئے ۔ **داتا دے، بھنڈاری کا پیٹ پھٹے ۔ یا ۔ داتا دان کرے، بھنڈاری کا پیٹ پھوٹے** ۔ مثل ۔ سخی سخاوت کرے، شوم بخیل جل جل کر مرے ۔ **داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے** ۔ مثل ۔ سخی کی مشکلات آسان ہوتی ہیں ۔ سخی کبھی ناکام نہیں رہتا ۔

داخل (دَا۔خِل) (ع) (۱) اندر آنے والا ۔ پہنچنے والا (۲) شامل (۳) (ق) اندر ۔ بھیتر ۔
داخل خارج کا مقدمہ (ق) مذکر ۔ وہ مقدمہ جس میں ایک کا نام دوسرے مالک کے بجائے داخل کرنے کا جھگڑا ہو ۔ **داخل خارج ہونا** ۔ مال کے محکمے میں کسی زمیندار کا نام ملکیت سے خارج ہو کر دوسرے نام کا درج ہونا ۔ پہلے شخص کی جگہ دوسرے مالک کا قرار دیا جانا ۔ **داخل دفتر کرنا** (۱) مسل میں شامل کرنا ۔ فائل کرنا ۔ کارروائی کے بغیر کوئی کاغذ دفتر میں رکھ دینا (۲) کوئی بات دبا دینا ۔ **داخل کرنا** (۱) اندر کرنا ۔ گھسیڑنا (۲) ملانا ۔ شامل کرنا (۳) سونپنا ۔ سپرد کرنا (۴) سرکاری خزانے میں روپیہ جمع کرنا (۵) نام لکھوانا ۔ درج کرانا (۶) نوکر رکھنا ۔ بھرتی کرنا ۔ **داخلہ** (ع) مذکر (۱) کسی مکان، مقام، درجے یا مرتبے میں شامل ہونا (۲) حوالگی ۔ سپردگی (۳) روپے کی رسید (۴) داخل کرنے کی فیس ۔ **داخلہ بہی** (ع ۔ ہ) مؤنث ۔ وہ کتاب جس میں داخلے کی رسوم بجنسہٖ درج ہوتی ہیں ۔ **داخلی** (ع) مؤنث (۱) باریابی (۲) کسی مقدس جگہ یا مقبرہ وغیرہ میں داخل ہونے کا دن (۳) (ق) شامل ۔ داخل ۔ ملحقہ ۔

داد (دَاد) (ہ) مذکر ۔ پھنسیوں کے چھتے، جو فسادِ خون سے جسم پر ہو جاتے اور نہایت کھجلاتے ہیں ۔ قوبا (۲) گنج ۔

داد (ف) مؤنث (۱) نیاؤ ۔ انصاف ۔ عدل (۲) بخشش ۔ عطا ۔ انعام و خلعت ۔ داد و دہش (۳) (ق) تحسین ۔ آفرین ۔ واہ وا (۴) فریاد ۔ نالش (۵) پاداش ۔ سزا ۔
داد پانا (و) (۱) تعریف کا حق دار ہونا (۲) انصاف کو پہنچنا ۔ **داد چاہنا** (۱) انصاف کی خواہش کرنا (۲) تعریف چاہنا ۔ **دادخواہ** (ف) مذکر (۱) فریادی (۲) مدعی ۔ دعویٰ دار ۔ نالشی ۔ **دادخواہی** ۔ مؤنث (۱) فریاد (۲) دعویٰ ۔ نالش ۔ استغاثہ ۔ ۔ ۔ ۔ **داددہی ۔ دادگستری** ۔ مؤنث ۔ انصاف کرنا ۔ فریاد سننا ۔ **داد دینا** (و) (۱) عدل کرنا ۔ انصاف کرنا (۲) تحسین و آفرین کرنا ۔ **دادرسی** (ف) مؤنث ۔ حق رسی ۔ انصاف ۔ **داد فریاد** ۔ مؤنث (۱) واویلا (۲) نالش ۔ استغاثہ ۔
داد کو پہنچنا (و) (۱) انصاف پالینا (۲) دوسرے کا ٹھیک انصاف کرنا (۳) اپنے کمال یا ہنر کی تعریف سن کر خوش ہونا ۔ **داد لینا** (۱) انصاف چاہنا (۲) کسی سے اپنے ہنر یا کمال کی تعریف کرانا ۔ **داد نہ فریاد** ۔ بے انصافی میں پکار کیسی؟ ظلم ۔ اندھیر ۔ **داد و دہش** (ف) مؤنث ۔ دان پن ۔ سخاوت ۔ فیاضی ۔ خیر خیرات ۔ **داد و ستد** ۔ مؤنث ۔ لین دین ۔ باہمی حساب کتاب ۔ معاملہ ۔
دادنی ۔ مؤنث (۱) دینے کے لائق چیز (۲) پیشگی قرض ۔

دادا (دَا۔دَا) (ہ) مذکر (۱) باپ کا باپ ۔ جد (۲) بنگالی بڑے بھائی کو اور رجاٹ، گوجر برہمن کو کہتے ہیں (۳) بوڑھا ۔ بڑی عمر والا ۔ **دادَس** ۔ مؤنث ۔ خوش دامن کی ساس ۔ **دادَسرا** ۔ مذکر ۔ خسر کا باپ ۔ **دادی** ۔ مؤنث (۱) باپ کی ماں ۔ دادا کی بیوی (۲) (تعظیماً) ہر بوڑھی عورت ۔

دادر (دَا۔دُر) (ہ) مذکر ۔ مینڈک ۔ غوک ۔

دادرا (دَادْ۔رَا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا گیت ۔ چلتی لے کا گیت ۔ گدا ۔

دار (دَار) (ف) مؤنث ۔ سولی ۔ پھانسی ۔ وہ نوک دار لکڑی جو زمین میں میخ کی طرح گاڑ کر مجرم کی جان لیتے ہیں ۔ **دار پر چڑھانا** (و) سولی دینا ۔ سولی پر چڑھانا ۔

دار (دَار) (ع) مذکر ۔ گھر ۔ مقام ۔ جگہ ۔ محلہ ۔ **دارالاقامہ** ۔ مذکر ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔ بورڈنگ ہاؤس ۔ **دارالامارت** ۔ مذکر ۔ کسی بادشاہ یا حاکم اعلیٰ یا امیر کے رہنے کا مقام ۔ پایۂ تخت ۔ دارالخلافہ ۔ صدر مقام ۔ **دارالامن** ۔ مذکر ۔ امن کا گھر ۔ وہ ملک جہاں آرام اور چین سے گزر ہو ۔ **دارالبقا ۔ یا ۔ دارالآخرت** ۔ مذکر ۔ قائم رہنے والا جہان ۔ دوسرا جہان ۔ جہاں موت نہیں ۔ **دارالجزا** ۔ مذکر ۔ بدلے کا گھر ۔ عالم آخرت ۔ **دارالحرب** ۔ مذکر ۔ لڑائی کا گھر ۔ ایسا ملک، جہاں لڑائی جائز ہو ۔ مسلمانوں میں اس وقت حکومت کے خلاف لڑائی جائز ہے، جب ان کے مذہبی احکام میں کسی قسم کی مداخلت ہو ۔ **دارالحکومت ۔ دارالخلافہ ۔ دارالسلطنت ۔ دارالملک** ۔ مذکر ۔ پایۂ تخت ۔ صدر مقام ۔ راج دھانی ۔ **دارالسلام** ۔ مذکر (۱) سلامتی کا گھر (۲) بہشت ۔ **دارالشفا** ۔ مذکر ۔ صحت حاصل کرنے کا گھر ۔ شفاخانہ ۔ بیمارخانہ ۔ ہسپتال ۔ **دارالضرب** ۔ مؤنث ۔ ٹکسال ۔ **دارالعدالت** ۔ مذکر ۔ انصاف کا گھر ۔ کچہری ۔ **دارالعلوم** ۔ مذکر ۔ کالج ۔ یونیورسٹی ۔ **دارالعمل** ۔ مذکر ۔ عمل کرنے کی جگہ ۔ دنیا ۔ **دارالعیار** ۔ مذکر ۔ کھوٹا کھرا روپیہ پرکھنے کی جگہ ۔ **دارالقمار** ۔ مذکر ۔ چکلا ۔ قحبہ خانہ ۔ **دارالمکافات** ۔ مذکر ۔ بدلا ملنے کا گھر ۔ جزا و سزا کا مقام ۔ دنیا ۔ **دارالنعیم** ۔ مذکر ۔ بہشت ۔ **دارین** ۔ مذکر ۔ دونوں جہان ۔

دارا (دَا۔رَا) (ف) مذکر (۱) ایران کا ایک مشہور بادشاہ، جو سکندر سے لڑ کر مارا گیا تھا (۲) (مجازاً) ہر بادشاہ ۔ **دارائی** ۔ مؤنث ۔ بادشاہی ۔ حکومت ۔

داراب (دا۔راب) (ف) مذکر ۔ بہمن بادشاہ کا بیٹا ۔

دارابی (دَا۔رَا۔بِی) (و) مؤنث ۔ توپ کھینچنے کی رسی ۔

دارائی (دَا۔رَا۔ئی) (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ دریائی ۔

دارچینی (دَار۔چِی۔نی) (ف) مؤنث ۔ ایک درخت اور اس کی چھال ۔

دارو (دَا۔رُو) (ف) مؤنث (۱) دوا (۲) (عوام) بارود (۳) (ق) (ہندو) شراب ۔ مے ۔ بادہ ۔ **دارو درمان** (ف) مذکر ۔ علاج ۔ معالجہ ۔ دوا دارو ۔
داروئے بیہوشی ۔ مؤنث ۔ بے ہوش کر دینے کی دوا ۔ کلوروفارم ۔

داروغا ۔ داروغہ (دَا۔رُو۔غا، دَا۔رُو۔غہ) (ف) مذکر ۔ کسی جماعت کا سردار ۔ کسی کام کا اہتمام کرنے والا ۔ نگران ۔ محافظ ۔ **داروغۂ آب کاری** ۔ مذکر ۔ نشے والی چیزوں کی نگرانی رکھنے والا ۔ مسکرات کا داروغہ ۔ **داروغہ پولیس** (د) مذکر ۔ اعلیٰ درجے کا سارجنٹ، جسے کوتوالی کا کام اور شہر کا انتظام

سپرد ہو۔ کوتوال۔ **داروغۂ توپ خانہ** (ف) مذکر۔ توپ خانے کا افسر۔ میر آتش۔ **داروغہ جیل** (و)، مذکر۔ قید خانے کا افسر۔ بندی خانے کا نگران، جیلر۔ **داروغہ گھاٹ** ۔ وہ افسر، جو دریا کے پلوں کا محصول لیتا اور انتظام کرتا ہے۔ میر بحری۔

دارو گیر (دَا۔ رُو۔ گِیر) (ف)، مؤنث (۱) پرسش۔ پکڑ دھکڑ (۲) لڑائی کا شور و غل (۳) دِقت۔

دار و مدار (یا۔ دار مدار) (دَا۔ رُو۔ مَدَار) (ف) مذکر (۱) ٹھہراؤ۔ انحصار (۲) فیصلہ۔ صفائی۔ بیچ بچاؤ۔ تصفیہ۔ (یہ لفظ غلط العام ہے۔ اصل میں "دائر مدار" تھا۔ بعض فصحا اسے غلط العوام سمجھ کر غلط قرار دیتے ہیں۔)

داری (دَا۔ رِی) (ہ)، مؤنث (۱) باندی۔ کنیز۔ لونڈی، جو لڑائی میں ہاتھ آئی ہو (۲) فاحشہ عورت۔

داڑھ (دَاڑھ) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "ڈاڑھ"۔

داس (دَاس) (۱)(ہ) مذکر۔ نوکر چاکر۔ خادم۔ چیلا۔ غلام۔ خدمتی (۲) (ف) درانتی۔ ہنسیا۔

داسا۔ داسہ (دَا۔ سَا، دَا۔ سَہ) (ہ) (۱) مذکر۔ کڑی کا ٹکڑا یا لمبی سِل، جو دیوار پر رکھ کر اوپر سے کڑیاں ڈالتے یا ستونوں کے نیچے خواہ اوپر ادھر ادھر لگاتے ہیں (۲) درانتی (۳) خنجر۔

داستان (دَاس۔ تَان) (ف) مؤنث (۱) کہانی۔ قصہ۔ نقل۔ روایت۔ حکایت (۲) لمبی کہانی۔ طویل قصہ۔ **داستان گو**۔ مذکر۔ وہ شخص، جس کا پیشہ امیروں کو قصہ سنانے کا ہو۔ قصہ خواں۔

داستانہ (دَاس۔ تَانَہ) (ف) مذکر (۱) ہاتھ کی پوشش، جو عموماً سردیوں میں پہنتے ہیں۔ دستانہ (۲) وہ چمڑا، جو میر شکار شکاری پرندہ بٹھانے کے لیے ہاتھ میں پہن لیتے ہیں کہ اس کے پنجے نہ چبھیں۔

داشت (دَاشْت) (ف) مؤنث (۱) خبر گیری۔ نگرانی (۲) داشتن سے ماضی مطلق۔ رکھا۔ **داشتہ** (۱) رکھا ہوا (۲) مؤنث۔ ناجائز بیوی۔ **داشتہ آید بکار** مثل۔ رکھی ہوئی چیز کام آ ہی جاتی ہے۔

داعی (دَا۔ عِی) (ع) (۱) بلانے والا (۲) دعا کرنے والا (۳) مذکر۔ مدعی (۴) دوسرے کو کوئی کام کرنے کے لیے اکسانے والا شخص (۵) وجہ (۶) ذریعہ۔ **داعیہ**۔ مؤنث (۱) دعویٰ کرنے والی عورت (۲) ارادہ (۳) درخواست۔ دعویٰ۔

داغ (دَاغ) (ف) مذکر (۱) دھبا۔ نشان۔ جھائیں (۲) عیب۔ کلنک کا ٹیکا (۳) جلے کا نشان (۴) ناسور۔ زخم (۵) صدمہ۔ رنج (۶) کسی عزیز کے مرنے کا غم (۷) حسد (۸) رشک (۹) فصیح الملک نواب میرزا خاں دہلوی مرحوم کا تخلص (۱۰) داغنا کا امر۔ **داغ اٹھانا** (۱) صدمہ اٹھانا۔ رنج اٹھانا۔ **داغ بیل**۔ مؤنث (۱) نشان، جو سڑک یا روش کھودنے کے لیے پھاوڑے سے ڈالا جاتا ہے (۲) عمارت کا نشان، جو معمار زمین پر لگاتے ہیں۔ **داغ بیل ڈالنا**۔ کسی کام کی بنیاد رکھنا۔ کوئی کام کرنا۔ کسی کام کو خاص طریق سے کرنا۔ **داغِ جگر** (ف)، مذکر۔ جگر کا زخم۔ دل کا زخم۔ **داغ دار** (۱) داغی۔ وہ چیز، جس میں دھبے ہوں (۲) وہ پھل، جو کہیں کہیں سے گل گیا ہو۔ **داغ دینا** (۱) صدمہ دینا۔ رنج دینا (۲) جھلسا دینا۔ جلا دینا (۳) کسی چیز کو گرم کر کے اس کا نشان ڈالنا (۴) مُردے کو جلانا۔ **داغ کھانا**۔ رنج اٹھانا۔ صدمہ اٹھانا۔ **داغ لگانا** (۱) گل دینا۔ جلانا (۲) بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔ **داغ لگنا** (۱) جل جانا۔ جلنا (۲) بدنامی آنا۔ عیب لگنا (۳) کپڑے یا کاغذ وغیرہ پر سیاہی یا تیل وغیرہ کا نشان پڑ جانا۔ **داغنا** (۱) چرکا دینا۔ گرم لوہے سے نشان ڈالنا (۲) توپ سر کرنا۔ توپ یا بندوق چھوڑنا۔ **داغی** (۱) جلایا ہوا۔ داغ دار (۲) معیوب۔ عیب دار (۳) قید بھگتا ہوا۔ سزا یافتہ (۴) احسان مند۔ شرمندہ۔

دافع (دَا۔ فِع) (ع) دفع کرنے والا۔

داکھ (دَاکھ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا ترش انگور۔

دال (دَال) (ہ) مؤنث (۱) دلے ہوئے چنے، مونگ، ارد وغیرہ، جو سالن کے طور پر پکائے جاتے ہیں (۲) زخم کا انگور۔ کھرنڈ (۳) انڈے کی زردی (۴) آتشی شیشے کا وہ عکس جس سے آگ لگتی ہے (۵) وہ زردی، جو پرندے کی باچھوں میں ہوتی ہے۔ **دال بندھنا** (۱) کھرنڈ بندھنا۔ زخم کا انگور بندھنا (۲) آتشی شیشے کا عکس پڑنا۔ **دال جوتیوں میں بٹنا**۔ نااتفاقی ہونا۔ خانگی جھگڑا ہونا۔ لڑائی ہونا۔ **دال چپاتی**۔ مؤنث (۱) دال روٹی (۲) بچوں کے ڈرانے کا ایک فرضی نام۔ **دال چپو ہونا** (۱) دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر زمین پر گر پڑنا (۲) گتھم گتھا ہونا۔ باہم لپٹنا۔ **دال دلیا**۔ مذکر۔ غریبوں کا سا کھانا۔ نہایت معمولی خوراک۔ **دال روٹی**۔ مؤنث۔ درمیانے درجے کی وجہ معاش۔ غریبانہ خوراک۔ **دال روٹی سے خوش** (۱) آسودہ حال۔ کھاتا پیتا۔ **دال روٹی کھاتے ٹوٹا پڑے تو بھاڑ میں جائے** (ہ) مثل۔ کفایت شعاری اور احتیاط سے بسر کرنے میں بھی نقصان ہو تو ہوا کرے۔ **دال گلنا** (۱) دال کا گھل مل کر پک جانا (۲) کامیاب ہونا۔ مراد کو پہنچنا (۳) باریاب ہونا۔ **دال میں کچھ کالا۔ یا۔ کالا کالا ہونا**۔ کسی طرف سے کچھ شبہ گزرنا۔ بدگمانی ہونا۔ کوئی راز ہونا۔ **دال نہ گلنا** (۱) دال کا نہ پکنا (۲) پہنچ نہ ہونا۔ قابو نہ چلنا۔ کامیاب نہ ہونا۔

دالّ (دَالّ) (ع) (۱) دلالت کرنے والا (۲) راہ دکھانے والا (۳) معنی خیز۔

دالان (دَا۔ لَان) (ف) مذکر۔ بڑا اور لمبا کمرہ، جس میں سہ درہ لگایا جاتا ہے یا محراب دار دروازے ہوتے ہیں۔ **دالان در دالان**۔ مذکر۔ دہرا دالان۔ آگے پیچھے دو برابر کے کمرے۔

دام (دَام) (ہ) مذکر (۱) کوڑی۔ چھدام۔ دمڑی (۲) چار کوڑیاں۔ گنڈا (۳) بھاؤ۔ نرخ۔ مول۔ قیمت (۴) زرِ نقد۔ نقدی (۵) دوائیں تولنے کا باٹ، جو پختہ اٹھارہ ماشے اور خام اکیس ماشے کا ہوتا ہے۔ **دام بھرنا** (۱) تاوان دینا۔ قیمت دینی آنا۔ **دام چکانا** (۱) قیمت طے کرنا۔ نرخ مقرر کرنا (۲) مول دے دینا۔ قیمت ادا کرنا۔ **دام دام**۔ پیسا پیسا۔ کوڑی کوڑی۔ **دام دینا**۔ مول ادا کرنا۔ قیمت دینا۔ **دام دینے آگئے** (۱) تاوان بھرنا پڑا (۲) زرِ قیمت ادا کرنا پڑا۔ **دام کھرے کرنا**۔ چیز بیچ کر نقدی لینا۔ **داموں کا روٹھا باتوں سے نہیں منتا**۔ مثل۔

روپے کا کام روپے ہی سے چلتا ہے، خالی باتوں سے کام نہیں نکلتا ۔ **دامی**۔ مؤنث (۱) محصول (۲) پٹواری کی تنخواہ ۔ **دامے، درمے، قدمے، سخنے** (ف) روپے پیسے، ہاتھ پاؤں یا زبانی امداد کے موقع پر کہتے ہیں ۔

دام (دَام) (ف) مذکر (۱) چوپایہ (۲) پھندا۔ جال ۔ **دام میں لانا** (ف) جال میں پھنسانا۔ قابو میں لانا۔ مکر و فریب میں لانا ۔

دَامَ (دَامَ) (ع) ہمیشہ رہا۔ ہمیشہ رہے ۔ **دَامَ ظِلُّہٗ**۔ اس کا سایہ ہمیشہ رہے ۔

داماد (دَا۔ ماد) (ف) مذکر۔ بیٹی کا خاوند۔ جنوائی ۔

دامان (دَا۔ مان) (ف) مذکر (۱) دامن۔ آنچل (۲) حاشیہ۔ کنارہ (۳) پہاڑ کے نیچے کی زمین ۔

دامن (دَا۔ مَن) (ف) مذکر (۱) دیکھیے "دامان" (۲) جہاز کا پال ۔ **دامن اٹھا کر چلنا** (۱) دامن سمیٹ کر چلنا۔ آنچل سنبھال کر چلنا۔ آنچل اونچا کر کے چلنا ۔ **دامن پر فرشتے نماز پڑھیں**۔ مقولہ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی کی پاک دامنی اور نیکی کی بہت زیادہ تعریف کرنا مراد ہو ۔ **دامن پکڑنا** (۱) مانگنا (۲) باز رکھنا۔ روکنا (۳) حمایت میں آنا۔ پناہ لینا (۴) حفاظت کرنا ۔ **دامن پھیلانا** (۱) گود پھیلانا (۲) خدا سے التجا کرنا۔ دعا مانگنا (۳) بھیک مانگنا ۔ **دامن تلے چھپانا۔ یا۔ ڈھانکنا۔ یا۔ ڈھکنا** (۱) سایے میں لینا۔ پناہ میں لینا (۲) بیٹی کا نکاح کر دینا۔ بیٹی دینا (۳) پالنا۔ پرورش کرنا ۔ **دامن جھاڑ کر اٹھنا۔ یا۔ کھڑا ہونا** (۱) پاک و آزاد بن کر کھڑا ہونا (۲) دنیوی تعلقات سے آزاد ہونا ۔ **دامن جھٹک لینا** (۱) دامن چھڑا لینا (۲) انکار کرنا (۳) پیچھا چھڑا لینا۔ الگ ہو جانا ۔

دامن چھڑانا۔ بھاگنا۔ پیچھا چھڑانا ۔ **دامن سے لگنا**۔ کسی کے سایے میں ہونا۔ حمایت میں ہونا ۔ **دامنِ کوہ** (ف) مذکر۔ پہاڑ کا نچلا وسیع میدان۔ پہاڑ کے آس پاس کی زمین ۔ **دامن گیر ہونا** (ف) (۱) درپے ہونا۔ پیچھا کرنا (۲) دعویٰ کرنا (۳) تکلیف دینا۔ ستانا۔ تنگ کرنا ۔ **دَامَنی** (ف) مؤنث (۱) وہ چھوٹا کپڑا، جو گھوڑے کے پٹھے پر دامنوں کو پسینے سے بچانے کے لیے پڑا رہتا ہے۔ زین پوش (۲) ایک پاٹ کی باریک چادر، جو عورت کے جنازے پر ڈالی جاتی ہے۔ اوڑھنی ۔

دامنی (دَا۔ مِنی) (ہ) مؤنث (۱) بجلی۔ برق (۲) شاعر۔ کبیشر ۔

دان (دَان) (ہ) مذکر (۱) خیرات۔ صدقہ۔ زکوٰۃ (۲) بھیک (۳) جہیز (۴) عطا۔ بخشش ۔ **دان پن**۔ مذکر (۱) صدقہ۔ خیر خیرات (۲) سدابرت۔ لنگر ۔ **دان وِتار** (ہ) دریا دل۔ فیض رساں۔ فیاض۔ سخی ۔ **دان دہیز** (ہ) وہ سامان، جو دلھن کو اس کی ماں کے گھر سے دیا جاتا ہے۔ جہیز ۔

دان (دَان) (ف) رکھنے کی جگہ، جیسے پان دان، چراغ دان۔ قلم دان وغیرہ ۔

دانا (دَا۔ نا) (ف) (۱) ہوش مند۔ عاقل۔ سیانا (۲) عالم۔ حکیم۔ فلسفی (۳) ہوشیار۔ چالاک (۴) عمر رسیدہ ۔ **دانا بینا**۔ عقل مند۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ کار آزمودہ۔ سنجیدہ۔ فہمیدہ ۔ **دانائی**۔ مؤنث (۱) عقل مندی۔ دانش مندی۔ (۲) ہوشیاری (۳) تیز فہمی۔ زیرکی ۔ **دانایانِ فرنگ**۔ مذکر۔ حکمائے مغرب۔ عقلائے یورپ ۔

دانت (دَانت) (ہ) مذکر (۱) چبانے کاٹنے کا عضو۔ دندان (۲) ارادہ۔ قصد۔ خواہش۔ رغبت۔ میل (۳) دانتا۔ دندانہ ۔ **دانت اکھاڑنا۔ یا۔ اکھیڑنا** (۱) دانت توڑنا۔ دانتوں کو مسوڑھوں میں سے نکال لینا (۲) دانتوں کی سزا دینا ۔ **دانت بجانا**۔ دانتوں سے آواز نکالنا ۔ **دانت بجنا**۔ بے حد سردی کے باعث دانتوں کا باہم ٹکرا کر آواز دینا ۔ **دانت بنانا** (۱) ہڈی یا سیپ کے بناوٹی دانت گھڑنا (۲) مصنوعی دانت لگانا ۔ **دانت بنوانا**۔ بناوٹی دانت لگوانا ۔ **دانت بیٹھ جانا۔ یا۔ بیٹھنا**۔ غش آنے کی حالت یا مرگی کی بیماری میں دانتوں کا جکڑ جانا۔ دانت بستہ ہو جانا ۔ **دانت پر میل نہ ہونا**۔ کوڑی پاس نہ ہونا۔ بے حد مفلس اور نادار ہونا ۔ **دانت پیسنا** (۱) چبانا۔ دانت کچلنا (۲) جھلانا۔ سخت غصے میں ہونا ۔ **دانت تلے انگلی دبانا** (۱) حیرانی میں ہونا (۲) افسوس کرنا ۔ **دانت توڑنا** (۱) دانت اکھاڑنا۔ دانت نکالنا (۲) کام کا نہ رکھنا۔ عاجز کرنا ۔ **دانت تھے تو چنے نہ پائے، چنے ملے تو دانت گنوائے**۔ مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب بے اختیاری کے وقت آرزو بر آئے۔ یعنی دولت تھی تو اولاد نہ تھی، اب جو اولاد ہوئی تو دولت نہیں ۔

دانت ٹوٹنا (۱) دانت کا گر جانا (۲) دودھ کے دانت نکل جانا (۳) بڑھاپے سے دانت جھڑ جانا ۔ **دانت دکھانا** (ہندو) دہشت دلانا۔ ڈرانا ۔ **دانت دیکھنا**۔ حیوانوں کی عمر پہچاننا ۔ **دانت رکھنا** (۱) قصد رکھنا۔ ارادہ رکھنا (۲) عوض لینے کا ارادہ رکھنا ۔ **دانت سلسلانا**۔ دانتوں میں درد ہونا ۔

دانت سے دانت بجنا۔ سخت سردی کی وجہ سے جسم کانپ کر دانتوں کا باہم ٹکرانا۔ بے حد جاڑا لگنا ۔ **دانت کاٹی روٹی کھانا**۔ ایسی محبت رکھنا کہ ایک نوالے میں آدھا وہ کھائے اور آدھا یہ۔ انتہائی محبت رکھنا۔ گہرے تعلقات اور اتحاد رکھنا ۔

دانت کٹکٹانا۔ یا۔ کچکچانا۔ غصے سے دانت پیسنا۔ نہایت خفا ہونا ۔ **دانت کرکرے ہونا** (۱) کرکراہٹ کے باعث دانتوں کا کام نہ دینا (۲) عاجز ہونا۔ ہار ماننا ۔ **دانت کریدنے کو تنکا نہ رہنا**۔ مال اسباب پر جھاڑو پھر جانا۔ بالکل لٹ جانا ۔ **دانت کڑکڑانا**۔ دیکھیے "دانت بجنا" ۔ **دانت کھٹے کرنا** (۱) دانتوں کو کسی لائق نہ رکھنا (۲) مات کرنا۔ تھکانا۔ عاجز کرنا ۔ **دانت کھٹے ہو جانا** (۱) ترشی کے سبب دانتوں کا کام نہ دے سکنا (۲) ہار جانا۔ عاجز ہو جانا ۔ **دانت مارنا** (۱) کاٹنے کے لیے دانت لگانا (۲) (کنایۃً) بھانجی مارنا ۔ **دانت نکالنا** (۱) دانت اکھاڑنا (۲) پھوڑے سے نکل آنا (۳) بچے کے دانت ظاہر ہونا (۴) بے موقع منت سماجت کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا (۵) بیہودہ طریق سے ہنسنا۔ ہنسنا ۔ **دانْتا** ۔ مذکر۔ دندانہ۔ خار ۔ **دانتا کِلکِل**۔ مؤنث۔ دنگا فساد۔ قضیہ۔ سخاتگی تکرار۔ آئے دن کا جھگڑا ۔ **دَانْتَن**۔ مؤنث (ہندو) دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مسواک ۔ **دَانْتُو**۔ مذکر۔ آگے کو نکلے ہوئے دانتوں والا مرد ۔ **دَانْتُو**۔ مؤنث۔ آگے کو نکلے ہوئے دانتوں والی عورت ۔ **دَانْتوں**۔ مذکر۔ دانت کی جمع حرفِ ربط سے پہلے ۔

دانتوں انگلی کاٹنا (۱) حیران ہونا (۲) افسوس کرنا ۔ **دانتوں پر ہونا**۔ بچّے کے دانت نکلنے پر ہونا ۔ **دانتوں سے اٹھانا**۔ بے حد قدر سے اٹھانا ۔ **دانتوں سے ہاتھ کاٹنا** (۱) غصّہ ظاہر کرنے کے لیے اپنا ہی ہاتھ کاٹ کر آپ ہی اس کا دفعیّہ کرنا (۲) بے حد افسوس کرنا (۳) کسی کو چڑانے کے لیے ہاتھ منہ میں دبا کر کھا جانے کا اشارہ ظاہر کرنا ۔ **دانتوں میں انگلی دبانا** (۱) سخت افسوس ظاہر کرنا (۲) کسی کام سے باز رکھنا ۔ روکنا (۳) حیران ہونا ۔ متعجب ہونا ۔ **دانتوں میں تنکا لینا۔ یا ۔ پکڑنا**۔ جان کی پناہ اور امان چاہنا ۔ عجز و زاری کرنا ۔ **دانتوں میں (جیسے) زبان ہونا** (ل) دشمنوں میں گھرا رہنا ۔ **دانتی**۔ مؤنث (ہندو) (۱) دانتوں کا چوکا ۔ بتیسی (۲) گھاس کاٹنے کا آلہ ۔

دانتوا (دَانْتْ ۔ وَا) (ہ) مذکر ۔ چھکڑے کے پچھلے حصّے میں سامان رکھنے کی جگہ ۔

دانتیا (دَان ۔ تِیَا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا نمک، جو عموماً پینے کا تمباکو تیز کرنے کے لیے فریب کار دکان دار کام میں لاتے ہیں ۔

دانست (دَا ۔ نِسْتْ) (ف) مؤنث (۱) دانش ۔ سمجھ ۔ علم ۔ واقفیّت (۲) رائے ۔ **دانستہ**۔ جان بوجھ کر ۔ سمجھ بوجھ کر ۔

دانش (دَا ۔ نِشْ) (ف) مؤنث ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ دانائی ۔ علم ۔ **دانش مند** (۱) عقل مند ۔ سمجھ والا ۔ ہوشیار (۲) عالم ۔ **دانش مندی**۔ مؤنث ۔ عقل ۔ دانائی ۔ فہم ۔

دانگ (دَانْگْ) (ف) مؤنث (۱) مثقال یا دام کا چوتھا حصّہ ۔ چھ رتّی کا وزن (۲) سمت ۔ طرف (۳) کسی چیز کا چھٹا حصّہ (۴) ٹکڑا ۔

دانو (دَانُو) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "داؤں" ۔

دانوری (دَان ۔ وَرِیْ) (ہ) مؤنث ۔ وہ رسّی، جس سے غلّہ مانڈتے وقت بیل باندھے جاتے ہیں ۔

دانہ (دَا ۔ نَہْ) (ف) مذکر (۱) بیج ۔ تخم (۲) اناج ۔ غلّہ ۔ اَن ۔ **دانہ بدلنا** (ل) پرندوں کا آپس میں ایک دوسرے کو اپنے منہ کا دانہ کھلانا ۔ **دانہ بدلی**۔ مؤنث (۱) کبوتروں کا ایک دوسرے کو دانہ کھلانا (۲) گہری محبت کی علامت ظاہر کرنا ۔ **دانہ بندی** مؤنث ۔ کچی پیمائش ۔ کھڑی کھیتی آنکنا ۔ **دانہ بھرانا**۔ پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں چوگا ڈالنا ۔ **دانہ پانی**۔ مذکر (۱) آب و دانہ ۔ اَن جل (۲) (مراداً) اقامت ۔ بود و باش ۔ **دانہ دار** (ف) جس پر دانے سے ہوں ۔ دانوں کی طرح ۔ **دانہ دانہ (دانے دانے) پر مُہر ہونا** (ل) جو دانہ جس کے نصیبوں میں ہو، اسی کو ملتا ہے ۔ جو رزق قسمت میں لکھا ہو، وہی ملتا ہے ۔ **دانہ ڈنکا**۔ مذکر ۔ ایک آدھ دانہ ۔ ٹکڑا ٹیرا ۔ **دانہ دینا ۔ یا ۔ ڈالنا** (۱) دانہ بکھیرنا ۔ مرغیوں یا کبوتروں کو دانہ کھلانا ۔ گھوڑے کو دانہ کھلانا ۔ **دانہ زد**۔ مذکر (۱) کمینہ (۲) ہر بات میں اعتراض کرنے والا (۳) کنجوس ۔ **دانہ نہ گھاس، پانی چھ چھ وقت۔ دانہ نہ گھاس، کھریرا تین تین بار**۔ مثل ۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو خاطرداری تو بہت کرے، لیکن دے دلائے کچھ نہیں ۔ **دانہ نہ گھاس، گھوڑے تیری آس**۔ مثل ۔ دینا نہ لینا، مفت میں کام کرانا ۔

دانیالؑ (دَا ۔ نِیَالْ) (ف) مذکر ۔ ایک مشہور پیغمبر ۔

داوا (دَا ۔ وَا) (ہ) مذکر ۔ انّا کا خاوند ۔

داور (دَا ۔ وَرْ) (ف) مذکر (۱) خدا (۲) منصف بادشاہ یا حاکم ۔ **داورِ محشر** (ف ۔ ع) مذکر ۔ قیامت کے دن انصاف کرنے والا یعنی خدا ۔ **داوری** (ف) مؤنث ۔ انصاف ۔ حکومت ۔

داہ (دَاہْ) (ہ) مؤنث (ہندو) مُردے کو جلانا ۔ **داہ دینا**۔ مُردے کی لاش میں آگ لگانا ۔

داہنا (دَاہْ ۔ نَا) (ہ) سیدھا ۔ راست ۔ **داہنے ہاتھ کا کھایا حرام ہے** (ل) (عو) سخت قسم یعنی اگر تم یہ کام نہ کرو تو جو کچھ اپنے سیدھے ہاتھ سے کھاؤ، حرام ہوگا ۔

دائر (دَا ۔ اِئر) (ع) (۱) دورہ کرنے والا ۔ پھرنے والا (۲) (قانون) در پیش ۔ زیرِ تجویز ۔ **دائر کرنا**۔ سلسلہ شروع کرنا ۔ در پیش کرنا ۔ چلانا ۔ **دائرہ**۔ مذکر (۱) حلقہ ۔ محیط ۔ دَور ۔ چکّر ۔ کُنڈل (۲) مجلس (۳) (و) محلّہ (۴) ایک باجا ۔ (۵) حرفوں کی گولائی ۔

دائک (دَا ۔ اِکْ) (س) مذکر ۔ دینے والا ۔

دائم (دَا ۔ اِمْ) (ع) ہمیشہ ۔ مدام ۔ سدا ۔ **دائم الحبس**۔ عمر قید ۔ **دائم الخمر** ہمیشہ شراب پینے والا ۔ نت نشیلا ۔ سدا شرابی ۔ **دائم المرض**۔ ہمیشہ بیمار رہنے والا ۔ جنم روگی ۔ **دائماً**۔ ہمیشہ ۔ **دائمی** (ع ۔ ف) ہمیشہ کا ۔ مدامی ۔ جنم کا ۔

دائن (دَا ۔ اِنْ) (ع) مذکر ۔ قرض دینے والا ۔ قرض خواہ ۔ لین دار ۔

داؤ (دَا ۔ اُوْ) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "داؤں" ۔

داؤ (دَا ۔ اُوْ) (ہ) مذکر (ہندو) بڑا بھائی ۔

داؤد (دَا ۔ اُوْدْ) (ع) مذکر (۱) عزیز و محبوب ۔ خدا کا پیارا (۲) ایک مشہور پیغمبر، جو بادشاہ بھی تھے اور نبی بھی ۔ ان کی آواز نہایت سریلی اور دلکش تھی ۔

داؤدخانی ۔ داؤدی (دَا ۔ اُوْدْ ۔ خَا ۔ نِیْ، دَا ۔ اُوْ ۔ دِیْ) (و) مذکر ۔ داؤد خان سے منسوب سفید گیہوں ۔

داؤدی (دَا ۔ اُوْ ۔ دِیْ) (و) مذکر ۔ ایک زرد و سفید پھول، جسے گلِ داؤدی بھی کہتے ہیں ۔

داؤں (دَا ۔ اُوْں) (ہ) مذکر ۔ قوس کی شکل کا ایک چھُرا ۔

داؤں (دَا ۔ اُوْں) (ہ) مذکر (۱) وار ۔ باری ۔ نوبت (۲) قابو ۔ موقع ۔ گھات (۳) فریب ۔ مکر ۔ چال بازی (۴) کشتی کا پیچ (۵) قرعہ ۔ پانسا ۔ **داؤں پر چڑھنا**۔ بس میں آنا ۔ قابو پر چڑھنا ۔ **داؤں پر رکھنا** (۱) شرط پر رکھنا ۔ بازی پر لگانا (۲) کشتی کا پیچ کرنا ۔ **داؤں پڑنا**۔ بازی آنا ۔ حسبِ مراد پانسا پڑنا ۔ **داؤں پھینکنا**۔ بازی کی کوڑیاں پھینکنا ۔ پانسا پھینکنا ۔ **داؤں پیچ** (ل) مذکر (۱) دم جھانسا ۔ مکر و فریب (۲) کشتی یا بازی کے ڈھنگ اور قاعدے ۔ **داؤں تاکنا ۔ یا ۔ لگانا**۔ تاک لگانا ۔ موقع دیکھنا ۔ گھات لگانا ۔ **داؤں کرنا** (۱) پیچ کھیلنا (۲) شکاری کا گھات میں بیٹھنا ۔ گھات لگانا ۔

داؤں کھیلنا۔ دھوکا دینا۔ چل دینا۔ پیچ کھیلنا ٭ داؤں لگانا (۱) قابو پانا۔ موقع دیکھنا۔ گھات لگانا (۲) شرط لگانا۔ بازی لگانا ٭ داؤں میں آنا۔ بس میں ہو جانا۔ فریب سے قابو میں آجانا ٭

دائی (دا - اِیْ) (ہ) مؤنث (۱) جنانے کا فن جاننے والی عورت۔ قابلہ۔ دایہ (۲) دودھ پلانے والی۔ انّا (۳) ماما۔ خادمہ ٭ **دائی پلائی**۔ دودھ پلانے والی عورت۔ انّا ٭ **دائی جانے اپنی بلائی**۔ مثل۔ دائی کو جننے والی کی تکلیف معلوم نہیں ہوتی۔ ہر شخص دوسرے کا حال اپنا سا جانتا ہے ٭ **دائی جنائی**۔ مؤنث۔ بچہ جنانے کا فن۔ دایہ گری ٭ **دائی پنبیل کے مرزا موگرا**۔ مثل۔ اس شخص کے متعلق طنزاً بولتے ہیں، جو کمینے گھر میں پیدا ہو کر عالی خاندان ہونے کی ڈینگ مارے ٭ **دائی دائی تیرے ساتوں بھائی**۔ آنکھ مچولی کے کھیل کا فقرہ ٭ **دائی دوا والے**۔ مذکر۔ دائی دوا کے ذریعے سے روزی حاصل کرنے والے۔ کمینے لوگ، سفلے آدمی ٭ **دائی سے پیٹ چھپانا**۔ بھید جاننے والے سے کسی بات کا پردہ رکھ کر جھوٹا بننا ٭ **دائی سے یا دائی کے آگے پیٹ نہیں چھپتا**۔ مثل۔ راز داں اور واقف کار سے بھید پوشیدہ نہیں رہتا ٭ **دائی کے سر پھول پان**۔ مثل۔ نیکی بدی کا سب دائی کے سر پر۔ ہر بلا اور بہتان بے چارے غریب اور بے زبان آدمی پر پڑتا ہے ٭

دائیں (دا - اِیں) (ہ) مؤنث۔ بندوق یا توپ کے لگاتار چھوٹنے کی آواز۔ دنادن ٭

دائیں (دا - اِیں) (ہ) مؤنث (۱) دو یا کئی بیلوں کو اناج گاہنے کے لیے ایک ساتھ جوتنا (۲) ہمسر۔ برابر ٭ **دائیں چلانا** - اناج روندنا۔ اناج گاہنا ٭

دائیں (دا - اِیں) (ہ) سیدھے ہاتھ کی طرف۔ داہنی جانب ٭ **دائیں بائیں**۔ اِدھر اُدھر۔ چپ و راست ٭ **دائیں بائیں کر دینا**۔ غائب کر دینا۔ چھپا دینا ٭

دایاں (دا - یاں) (ہ) مذکر۔ داہنا۔ راست ٭

دایہ (دا - یَہ) (ف) مؤنث۔ بچے کو پرورش کرنے والی۔ انّا۔ کھلائی۔ ماما۔ خادمہ ٭ **دایہ گری**۔ مؤنث۔ جنائی کا فن۔ کارِ دایہ ٭

د-ب

دُبّ (دُبّ) (ع) مذکر۔ ریچھ ٭ **دُبِّ اصغر۔ دُبِّ اکبر**۔ مذکر۔ قطب شمالی کے قریب چند ستاروں سے ترکیب پاکر جو ریچھ کی سی دو صورتیں بن گئی ہیں، ان میں سے چھوٹی کو دُبِّ اصغر اور بڑی کو دُبِّ اکبر کہتے ہیں ٭

دب (دَبْ) (ہ) دبنا کا امر ٭ **دب آنا**۔ بڑھ آنا ٭ **دب جانا** (۱) کسی چیز کے نیچے آجانا (۲) مغلوب ہو جانا ٭ **دبا** (۱) دبنا سے ماضی مطلق (۲) دبانا کا امر ٭ **دبا بیٹھنا۔ یا۔ دبا لینا** (۱) زبردستی مال مارنا۔ قبضہ کر لینا (۲) عورت پر سوار ہونا۔ مجامعت کرنا ٭ **دبا کر** (۱) جم کر۔ زور سے۔ بخوبی (۲) حکومت سے۔ زبردستی سے ٭ **دبانا** (۱) دفن کرنا۔ گاڑنا (۲) نیچے لانا (۳) زبردستی قبضہ کرنا (۴) بھینچنا۔ دبوچنا (۵) شکست دینا۔ عاجز کرنا (۶) دباؤ ڈالنا۔ زور ڈالنا (۷) مٹھیاں بھرنا۔ چپی کرنا (۸) خسارہ دینا۔ نقصان دینا (۹) ٹھونسنا۔ بھرنا (۱۰) مخفی کرنا۔ چھپانا ٭ **دباؤ** (مذکر) (۱) داب۔ زور۔ بوجھ (۲) ڈر۔ دہشت۔ خوف (۳) سختی۔ جبر (۴) رعب۔ داب (۵) حکومت۔ زور۔ حکم (۶) خیال۔ لحاظ ٭ **دباؤ ڈالنا** (۱) بوجھ ڈالنا (۲) زور ڈالنا۔ عاجز کرنا ٭ **دبنا** (۱) بوجھ کے نیچے آنا (۲) گڑنا۔ دفن ہونا (۳) پوشیدہ ہونا۔ چھپنا (۴) مغلوب ہونا۔ زیر ہونا (۵) سمٹنا۔ سکڑنا (۶) بچنا۔ ہٹنا (۷) عجز و انکسار کرنا (۸) پسنا۔ بھچنا (۹) شرمانا۔ کنیانا ٭ **دبے پاؤں آنا**۔ چپکے سے آنا۔ اس طرح آنا کہ پاؤں کی آہٹ نہ ہو ٭ **دبے پاؤں نکل جانا**۔ چپکے سے چلا جانا۔ کان دبا کر نکل جانا ٭ **دبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے**۔ کہاوت۔ تنگ آکر کمزور بھی حملہ کر بیٹھتا ہے ٭ **دَبَیل** (۱) دبنے والا۔ مغلوب۔ زیر دست۔ کمزور۔ فرماں بردار (۲) عیب دار ٭

دبّا (دَبْ - با) (ہ) مذکر۔ درخت کی شاخ، جو کاٹ کر زمین میں لگا دی جاتی ہے کہ جڑیں نکال کر نیا پودا بن جائے (۲) (عوام) گھات (۳) غوطہ ٭

دبّاغ (دَبْ - باغ) (ع) مذکر۔ چمڑا رنگنے یا پکانے والا۔ کھٹیک ٭ **دباغت** (ع) مؤنث۔ چمڑا کمانا ٭

دبدبہ (دَبْ - دَبَہ) (ف) مذکر۔ رعب داب۔ شان و شوکت۔ کرّ و فر ٭

دبدھا (دُبْ - دَھا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے دُگدا ٭

دُبر (دُبُر۔ دُبْر) (ع) مؤنث (۱) پیچھا۔ پُشت (۲) (مجازاً) سفرہ۔ مقعد۔ گانڈ ٭

دُبڑ دُگھسڑ (دُبْ - ڑَو۔ گُھس - ڑَو) (ہ) (۱) تنگی۔ مذبذب (۲) مصیبت۔ مشکل ٭

دبستان (دَبِس - تان) (ف) مذکر۔ مدرسہ ٭

دبک (دَبَک) (ہ) (۱) دبکنا کا امر (۲) دھمکی۔ ڈانٹ ٭ **دبک بیٹھنا**۔ چھپ بیٹھنا۔ زمین سے پیٹھ لگا کر بیٹھ جانا۔ دبکی لگا جانا۔ روپوش یا مخفی ہو جانا ٭ **دبک جانا**۔ ڈر جانا۔ چھپ جانا ٭ **دَبکا** (۱) دبکنا سے ماضی مطلق (۲) دبکانا کا امر (۳) مذکر۔ چوہے مارنے کا آلہ ٭ **دبکانا**۔ دھمکانا۔ ڈرانا ٭ **دبکنا** (۱) خوف کھانا۔ ڈرنا (۲) چاندی سونے کے تار کوٹ کر انھیں چوڑا کرنا ٭ **دبکی**۔ مؤنث (۱) کسی جانور کا زمین میں چھپ جانا۔ روپوشی (۲) داؤں گھات ٭ **دبکیا۔ یا۔ دبکئی**۔ مذکر۔ تار دبکنے والا۔ تار کوٹ کر چوڑا کرنے والا ٭

دبگر (دَبْ - گَر) (ہ) مذکر۔ کپّا بنانے والا۔ ڈھال بنانے والا ٭

دُبلا۔ یا۔ دُبلا پتلا (ہ) مذکر۔ لاغر۔ پتلا۔ ہلکا پھلکا۔ چھریرے جسم کا۔ نحیف۔ کمزور ٭ **دبلاپا۔ یا۔ دبلاپن**۔ مذکر۔ کمزوری۔ لاغری۔ نحافت ٭ **دُبلی بلی چوہوں سے کان کٹواتی ہے**۔ مثل۔ زبردست قابو میں آکر زیر دست کا تابع ہو جاتا ہے ٭

دبنگ۔ دبنگا (دَبَنگ، دَبَنگ - گا) (ہ) (۱) زبردست۔ ہٹا کٹا (۲) بے رحم۔ سخت دل ٭ **دبنگی**۔ مؤنث۔ زور آور عورت۔ ہٹی کٹی۔ موٹی تازی ٭

دبوچنا (دَبوچ - نا) (ہ) قابو میں کرنا۔ بھینچنا۔ دبانا ٭

دُبُڑ دُبُڑ کرنا (ہ) کسی بات کو دبا دینا۔ کسی معاملے کو چھپا دینا ٭

دبور (دَبُور) (ع) مؤنث۔ پچھوا ہوا ٭

دبوسہ (دَبو - سَہ) (ف) مذکر۔ جہاز کا زنانہ کمرہ یا کوٹھڑی ٭

دُبّہ (دُبْ - بَہ) (ہ) مذکر۔ چرمی ظرف۔ کپّا (متروک) ٭

دُبے (دُبْ - بے) (ہ) مذکر۔ دو وید جاننے والے برہمن کا لقب ٭

دبیر (دَبِیْر) (ف) مذکر۔ انشا پرداز۔ منشی۔ کاتب ٭ **دبیرِ فلک** (ف۔ ع) مذکر۔ عطارد ستارہ۔ بدھ ٭

دبیز (دَبِیْز) (ف) (۱) دَل دار۔ گاڑھا۔ موٹا (۲) سنگین ٭

د۔پ

دپٹ (دَپَٹ) (ہ) مؤنث (۱) دپٹنا کا امر۔ دوڑ (۲) حملہ (۳) جھپٹ (۴) گھرکی ٭ **دپٹا** (۱) دپٹنا سے ماضی مطلق (۲) دپٹانا کا امر ٭ **دپٹانا** ۔ تیز چلانا ٭ **دپٹنا** (۱) تیز چلنا (۲) گھرکی دینا ٭

د۔ت

دَت (دَت) (ہ) دیا ہُوا ٭

دُت (دُت) (ہ) مؤنث (کلمۂ حقارت) (۱) کُتّے کو دھتکارنے کی آواز (۲) دُور ہو ٭ **دُت تیرے کی** (کلمۂ حقارت) بہت تیرے کی ٭ **دُتکار** ۔ مؤنث (۱) دھتکار۔ جھڑکی۔ لعنت ملامت (۲) دُتکارنا کا امر ٭ **دُتکارنا** ۔ دھتکارنا۔ گھُرکنا۔ جھڑکنا۔ لعنت ملامت کرنا ٭

دُتو (دُت۔ تُو) (ہ) مؤنث۔ بچوں کا ایک دُہرا رُوئی والا کپڑا ٭

دتون، دتوان (دَتَوْن، دَت۔ وَان) (ہ) مؤنث۔ مسواک ٭

د۔ٹ

دٹھون (دَٹْھَوْن) (ہ) مذکر (۱) ماگھ (۲) ایک تہوار ٭

دٹھویا (دَٹْھو۔ یا) (ہ) مذکر (۱) پیوند (۲) ماتھے کا کالا ٹیکا ٭

د۔ج

دجّال (دَج۔ جَال) (ع) مذکر (۱) بہت جھوٹ بولنے والا (۲) ایک بہت جھوٹے کا لقب، جو قیامت سے کچھ عرصہ پہلے پیدا ہوگا (۳) زر۔ سونا۔ طلا (۴) تیغ جوہر دار ٭

دجل (دَجْل) (ع) مذکر۔ جھوٹ۔ مکر و فریب ٭

دجلہ (دِج۔ لَہ) (ع) مذکر۔ عراق کا مشہور دریا ٭

د۔چ

دُچیت۔ دُچِتا (دُچیت، دُچِتّا) (ہ) مذکر۔ دو دِلا ٭

دچھنا (دَچھ۔ نَا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) دکشنا۔ بھینٹ۔ نذر (۲) تحفہ۔ ہدیہ (۳) انعام۔ شکرانہ ٭

د۔خ

دُخان (دُخَان) (ع) مذکر۔ دھواں۔ بخار۔ بھاپ۔ سٹیم ٭ **دُخانی** (ع۔ ف) (۱) دھوئیں کا (۲) وہ چیز، جو بھاپ یا دھوئیں کے زور سے چلے ٭

دخت (دُخْت) (ف) مؤنث۔ دختر کا مخفف۔ بیٹی ٭ **دخترِ رز** ۔ دخترِ رز۔ مؤنث۔ انگور کی بیٹی۔ انگوری شراب۔ شراب ٭ **دُختر** ۔ بیٹی۔ لڑکی۔ صبیہ ٭ **دُخترِ رشیدہ** (ف۔ ع) مؤنث۔ سُوشیل بیٹی ٭

دخل (دَخْل) (ع) مذکر (۱) اندر آنا۔ داخلہ (۲) آمدنی (۳) قبضہ۔ پہنچ۔ رسائی۔ عمل (۴) ممکن۔ امکان (۵) مزاحمت۔ دست اندازی (۶) واقفیت۔ مہارت ٭ **دخل بے جا** (ع۔ ف) مذکر۔ بے اجازت کسی کے مکان میں چلا جانا ٭ **دخل پانا** (۱) پہنچ ہونا۔ راہ پانا۔ گزر ہونا (۲) زمین پر قبضہ پانا ٭ **دخل در معقولات** (ع۔ ف) مذکر۔ بیچ میں بولنا۔ کسی امر میں خواہ مخواہ دخل دینا ٭ **دخل دہانی** (ف) مؤنث۔ قابض کرانا۔ قبضہ دلانا ٭ **دخل دینا** (۱) بیچ میں بولنا (۲) سدِّ راہ ہونا ٭ **دخل فی الحال** (ع) مذکر۔ موجودہ قبضہ ٭ **دخل کرنا** (۱) اختیار میں لانا۔ قبضہ کرنا (۲) دست اندازی کرنا ٭ **دخل میں رکھنا** ۔ تصرف میں لانا۔ قبضے میں رکھنا۔ قابو میں رکھنا ٭ **دخل نامہ** (ع۔ ف) مذکر (قانون) قبضے کی سند یا پروانہ ٭ دخل یابی۔ قابض ہونے کا سرکاری حکم ٭ **دخل یابی** ۔ مؤنث (۱) پہنچ۔ رسائی۔ باریابی (۲) تصرف۔ قبضہ ٭

دخمہ (دَخ۔ مَہ) (ف) مذکر (۱) پارسیوں کا تہ خانہ جس میں مُردے دفن کیے جاتے ہیں (۲) (مجازاً) تابوت (۳) قبر (۴) مقبرہ (۵) وہ گوشت، جو اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلتا ہے ٭

دخول (دُخُول) (ع) مذکر (۱) رسائی۔ گزر۔ دخل۔ درآمد (۲) داخل کرنا۔ گھسیڑنا ٭

دخیل (دَخِیْل) (ع) (۱) دخل دینے والا (۲) پہنچنے والا (۳) قابض ٭ **دخیل کار** (ع۔ ف) کام کاج میں دخل دینے والا (۲) صلاح کار (۳) قبضے کا حق رکھنے والا کاشتکار ٭ **دخیل کاری** ۔ مؤنث۔ قبضہ۔ تصرف ٭ **دخیل ہونا** (۱) کسی کے کاروبار یا مزاج پر قابو رکھنا (۲) مصاحب ہونا ٭

د۔د

دد (دَد) (ف) مذکر۔ درندہ۔ پھاڑنے والا جانور ٭

ددا (دَدَا) (ہ) مؤنث۔ وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے لیے نوکر ہو۔ کھلائی ٭

ددھار (دُدْھَار) (ہ) دودھ دینے والی ٭ **دُدھاری** ۔ مؤنث۔ دودھ دینے والی گائے وغیرہ ٭

ددّھڑ (دُدّھَڑ، دُھڑ) (ہ) مؤنث (ع) دو طرفہ کارروائی۔ تذبذب ٭

دُدّھی (دُدّھی، دِھی) (ہ) مؤنث (۱) شیر گیاہ۔ ایک بُوٹی، جس کے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے (۲) ایک قسم کا سفید اور سرخ پتھر (۳) چھاتی۔ پستان۔ چوچی ٭

ددھیال (دَدْھ۔ یَال) (ہ) مذکر و مؤنث۔ دادا کا گھر ٭

ددھیل (دُدْھِیْل) (ہ) دودھ دینے والی۔ دُدھار ٭

ددیا خسر (دَد۔ یا۔ خُسُر) (ہ) مذکر۔ بیوی کا دادا۔ شوہر کا دادا ٭

د۔ر

دُر (دُر) (ف) مذکر (۱) بھاری قیمت موتی (۲) مؤنث۔ آبرو۔ عزت۔ قدر ٭

در (دَر) (ف) مذکر۔ دروازہ۔ چوکھٹ ٭ **دربدر** ۔ ہر ایک کے دروازے اور گھر پر

سرگشتہ ۔ آوارہ ۔ **دربدر خاک بسر** ۔ سرگرداں ۔ آوارہ ۔ **دَرْ دَرْ** ۔ ہر دروازے اور گھر پر ۔ گھر گھر ۔ دربدر ۔ **در در مارا پھرنا** (ل) خواب و خستہ پھرنا ۔ تباہ و برباد پھرنا ۔ آوارہ و سرگرداں پھرنا ۔ **در در مانگنا** ۔ ہر دروازے پر سوال کرنا ۔ ہر گھر پر بھیک مانگنا ۔ **دربار** (ف) مذکر (۱) آستانہ ، بارگاہ ، درگاہ (۲) (۹) شاہانہ جشن ۔ شاہی عدالت ۔ کچہری (۳) خدمت ۔ حضوری ۔ حاضری (۴) لاہور میں داتا گنج بخشؒ کا مزار (۵) امرت سر میں سکھوں کا ایک مشہور تیرتھ ۔ **دربار باندھنا** (ل) منہ بھرنا ۔ رشوت مقرر کرنا ۔ **دربار خاص** (ف ۔ ع) مذکر ۔ اجلاس خاص ۔ وہ دربار ، جس میں عام لوگوں کو جانے کی اجازت نہ ہو ۔ **دربارداری کرنا** (ل) (۱) کسی امیر ، حاکم یا بادشاہ کے حضور میں روزانہ حاضری بھرنا (۲) خوش کرنے کے لیے ہر روز گھر پر جانا ۔ **دربار عام** (ف ۔ ع) مذکر ۔ عام عدالت ۔ وہ اجلاس ، جس میں سب لوگ حاضر ہو سکیں ۔ **دربار کرنا** (ل) عدالت کرنا ۔ کچہری کرنا ۔ بادشاہوں کا امراء و شرفاء سے سلام لینا ۔ **دربار لگنا** (۱) مجلس شاہی میں ملازموں وغیرہ کا اکٹھا ہونا (۲) ہجوم ہونا ۔ بھیڑ لگنا ۔ **درباری** (ف) مذکر (۱) مصاحب (۲) سلام کرنے والا ۔ **درگاہ** ۔ مؤنث (۱) آستانہ ۔ چوکھٹ (۲) محل ۔ کچہری ۔ دربار ۔ دربارِ شاہی (۳) مقبرہ ۔ کسی بزرگ کا مزار ۔ خانقاہ (۴) عبادت گاہ ۔ مندر ۔ **دروازہ** ۔ مذکر ۔ پھاٹک ۔ ڈیوڑھی ۔ **دروازہ بھیڑنا** (ل) دروازہ بند کرنا ۔ پٹ بند کرنا ۔ **دروازہ کھولنا** ۔ کواڑ کھولنا ۔ کنڈی کھولنا ۔ **دروازے کی مٹی لے ڈالنا** ۔ بار بار آنا ۔ پھیرے کرنا ۔ **درویش** (ف) مذکر (۱) سائل ۔ گدا ۔ فقیر (۲) مسکین ۔ غریب (۳) خدا رسیدہ ۔ **درویشانہ** غریبانہ ۔ فقیرانہ ۔ **درویشی** ۔ مؤنث ۔ مسکینی ۔ فقیری ۔ **دریچہ** ۔ مذکر ۔ چھوٹا دروازہ ۔ کھڑکی ۔ غرفہ ۔ **دریوزہ** ۔ مذکر ۔ گدائی ۔ بھیک ۔ **دریوزہ گر** ۔ بھک منگا ۔ گداگر ۔ فقیر ۔ **دریوزہ گری** ۔ مؤنث ۔ گداگری کرنا ۔ بھیک مانگنا ۔

در (دَرْ) (ف) میں ۔ بیچ ۔ اندر ۔ **درآمد برآمد** ۔ مؤنث ۔ آنا جانا ۔ آمد و رفت ۔ **درآنا** (ل) داخل ہونا ۔ پہنچنا (۲) کسی چیز کا کسی کے اندر سمانا ۔ **درانداز** (ف) بدگو ۔ چغل خور ۔ دو شخصوں میں لڑائی کرا دینے والا ۔ **دراندازی** ۔ مؤنث ۔ چغل خوری ۔ بدگوئی ۔ **درباب** (۱) نسبت ۔ بابت (۲) مذکر ۔ معاملہ ۔ مقدمہ (۳) باعث ۔ سبب ۔ **دربارہ** ۔ دیکھیے "درباب" ۔ **دَرْبَسْت** ۔ یا ۔ **دَرُوبَسْت** (۱) غیر کے دخل اور تصرف کے بغیر ، تمام ، بالکل (۲) حفاظت میں ، محفوظ ۔ **دربست** ۔ یا ۔ **دروبست ایمہ** (ف ۔ ت) مذکر ۔ عام زمین کا انعام جس کا محصول معاف ہو ۔ **درپردہ** (ف) (۱) غائبانہ ۔ پیٹھ پیچھے (۲) مخفی ۔ پوشیدہ ۔ خفیہ ۔ **درپے** (۱) عقب میں ۔ پیچھے (۲) خواہاں ۔ لاگو ۔ **درپے ہونا** (ل) (۱) سراغ لگانا ۔ تعاقب کرنا ۔ پیچھا کرنا (۲) سر ہونا ۔ **درپیش** (ف) پیش میں ۔ روبرو ۔ سامنے ۔ آگے ۔ **درپیش کرنا** (ل) آگے رکھنا ۔ سامنے کرنا ۔ **درحقیقت** (ف ۔ ع) (۱) اصل میں ۔ حقیقت میں ۔ دراصل ۔

فی الواقع (۲) بے شبہہ ۔ بے شک ۔ **درعمل کوش ہر چہ خواہی پوش** (ف) مثل ۔ پوشاک خواہ کیسی ہو ، لیکن عمل اچھے ہوں ۔ **درکار** ۔ مطلوب ۔ ضروری ۔ **درکار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست** ۔ مثل ۔ نیک کام میں سوچ بچار کی ضرورت نہیں ۔ **درکنار** (۱) جدا ۔ علیحدہ ۔ ایک طرف (۲) سوا ۔ **درگزر** ۔ مؤنث ۔ چشم پوشی ۔ معافی ۔ **درگزر کرنا** (ل) بھلانا ۔ چھوڑنا ۔ معاف رکھنا ۔ **درگور** (عو) (۱) مر جائے ۔ قبر میں جائے (۲) گم ہو ۔ غارت ہو ۔ **درماندگی** (ف) مؤنث ۔ بدحالی ۔ مجبوری ۔ ناچاری ۔ **درماندہ** ۔ بے کس ۔ مجبور ۔ عاجز ۔ **درماہہ** ۔ ماہانہ ۔ ماہوار طلب ۔ مہینا تنخواہ ۔ **درمیان** ۔ مذکر ۔ اندر ۔ وسط ۔ بیچ ۔ **درمیانی** ۔ اندرونی ۔ متوسط ۔ بیچ کا ۔ **درہم** ۔ اُلٹ پلٹ ۔ تتر بتر ۔ تہ و بالا ۔ **درہم برہم** (۱) گڈ مڈ ۔ الٹ پلٹ ۔ تہ و بالا (۲) ناراض ۔ خفا ۔ **درہم برہم کرنا** (ل) (۱) تتر بتر اور تہ و بالا کرنا (۲) برافروختہ کرنا ۔ خفا کرنا ۔ **درہم کرنا** (۱) خراب کرنا ۔ بگاڑنا (۲) ناراض کرنا ۔ خفا کرنا ۔ **دریافت** (ف) مؤنث (۱) جانچ ۔ پہچان (۲) تفتیش ۔ جستجو ۔ تحقیق (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔ **دریں چہ شک** ۔ مثل (۱) اس میں کیا شک ہے ؟ بجا ۔ درست ۔ بلاشبہہ ۔ بے شک ۔ اُس وقت کہتے ہیں ، جب کوئی آدمی کسی غیر زبان کا صرف ایک لفظ یا محاورہ یاد کر لے اور اُس زبان میں گفتگو کرتے وقت وہی لفظ وغیرہ جا و بے جا دہراتا رہے (۲) لالچ سے نقصان کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔ **دریں صورت** ۔ اس صورت میں ۔ اس حالت میں ۔ **درخواست** ۔ مؤنث (۱) التماس ۔ گزارش ۔ عرض (۲) تمنا ۔ آرزو ۔ خواہش ۔ سوال (۳) عرضی ۔ عرض داشت (دینا ، کرنا کے ساتھ) ۔ **درخواست عذرداری** ۔ مؤنث ۔ مدعا علیہ کی طرف سے عذر پیش کرنے کی درخواست ۔ **درخور** ۔ درخورد ۔ سزاوار ۔ لائق ۔

دُر (دُرْ) (ہ) کلمۂ تحقیر ۔ دُور ہو ۔ نکل ۔ ہٹ ۔ **دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا** ۔ دھتکارنا ۔ نفرت سے نکالنا ۔ **دُر دُر ہونا** ۔ نفرت ہونا ۔ نکالا جانا ۔ دھتکار پڑنا ۔ **دُرگت** ۔ مؤنث (ہندو) بُرا انجام ۔ پتلا حال ۔ بدحالی ۔ **دُرگت کرنا** ۔ یا ۔ بنانا ۔ پتلا حال کرنا ۔ بُری گت بنانا ۔ **دُرگند** ۔ مؤنث (ہندو) بدبو ۔ عفونت ۔ **دُرمتی** ۔ احمق ۔ نادان ۔ بے وقوف ۔ کم عقل ۔

دُرّ (دُرّ) (ف) مذکر ۔ موتی ۔ **دُرّہ** (دُرّہ) (ع) مذکر ۔ بڑا موتی ۔ **دُرافشانی** (ف) مؤنث ۔ موتی بکھیرنا ۔ کسی بڑے سخی ، بلند پایہ شاعر اور خوش بیان مقرر کی تعریف میں کہتے ہیں ۔ **دُربچہ** ۔ مذکر ۔ گوشوارہ جس میں ایک موتی ہوتا ہے ، مُرکی ۔ **دُربہشت** ۔ **دُربہشت** (ل) مؤنث ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔ **دُرِ خوش آب** (ف) مذکر (۱) بے حد چمکیلا موتی (۲) عمدہ شعر ۔ **دُرِ شہوار** ۔ مذکر ۔ بادشاہوں کے لائق موتی ۔ بہت بڑا موتی ۔ **دُرِ ناسفتہ** ۔ مذکر (۱) اَن چھدا موتی (۲) کنواری ۔ دوشیزہ ۔ **دُرِ نجف** ۔ مذکر (۱) سفید و شفاف بلور جیسا پتھر ، جس میں کچھ سیاہ بال معلوم ہوتے ہیں ۔ چنانچہ ان بالوں کو حضرت علی مرتضیٰؑ کی طرف منسوب کر کے اس کی تعظیم بجا لاتے ہیں (۲) شریف ۔ نجیب ۔ اصلی نسبی سید ۔ **دُرِ یتیم** (ع) **دُرِ یکتا** (ع ۔ ف) مذکر ۔ موتی کا بڑا دانہ ، جو سیپی کے اندر سے اکیلا ہی نکلے ۔ بیش قیمت موتی ۔

دُرا (دُرا) (ف) مذکر ۔ گھنٹی ۔ جرس ۔

دُرّاج (دُرْ۔رَاج) (ع) مذکر۔ تیتر ٭
دراڑ۔ دَڑاڑ (دَرَا ڑ۔ دَڑَاڑ) (ہ) مؤنث۔ رخنہ۔ شگاف۔ درز۔ تریڑ ٭
دراز (دَرَاز) (ف) طویل۔ لمبا٭ درازقد (ف۔ع) قدآور۔ لمبے قد کا ٭
درازگوش (ف) (۱) بڑے بڑے کانوں والا۔ بڑکنا (۲) مذکر۔ خرگوش ٭
دراز ہونا (و) لمبا ہونا۔ استراحت فرمانا۔ لیٹنا٭ درازی (ف) مؤنث۔ طوالت۔
لمبائی ٭
دراز (دَرَاز) (ہند) مذکر و مؤنث (۱) الماری یا میز کا باہر کھنچ آنے والا خانہ (۲)
مذکر۔ نیچے پہننے کا تنگ پاجامہ ٭
درّاں (دَرْ۔رَاں) (ف) پھاڑنے والا ٭
درّانا (دَرْ۔رَا۔نَا) (و) (عو) بے اجازت۔ بے خوف وخطر۔ بے دھڑک ٭
درانتی (دَرَان۔تی) (ہ) مؤنث۔ گھاس کاٹنے کا اوزار ٭ درانتی پڑنا (ہ)
کھیتوں میں کٹائی شروع ہونا ٭
دُرّانی (دُرْ۔رَا۔نی) (ف) مذکر۔ احمد شاہ دُرّانی کی قوم۔ پٹھانوں کا ایک فرقہ ٭
دراوڑ (دَرَا۔وَڑ) (ہ) مذکر۔ ایک قوم جو مدراس سے راس کماری تک آباد ہے ٭
دراہم (دَرَا۔ہِم) (ع) مذکر۔ درہم کی جمع ٭
دراڑ (دَرَا۔آڑ) (و) مذکر (عو) (۱) جدائی۔ دُوری (۲) نفاق (۳) بیگانگی ٭
درایت (دِرَایَت) (ع) مؤنث۔ سمجھ۔ عقل۔ دانائی ٭
دربا (دَرْ۔بَا) (ہ) مذکر۔ دیکھئے "ڈربا" ٭
درپن (دَرْ۔پَن) (س) مذکر }
درپنی (دَرْ۔پَنی) (س) مؤنث } (ہندو) آرسی۔ آئینہ۔ شیشہ ٭
درج (دَرْج) (ع) مذکر (۱) لکھائی۔ تحریر۔ کتاب میں لکھنا۔ رجسٹر میں تحریر کرنا
(۲) وہ چیز جس پر لکھا جائے ٭ درج کرنا (و) لکھنا۔ کسی رجسٹر میں
چڑھانا۔ داخل کرنا ٭ درج ہونا (و) لکھا جانا۔ فہرست میں داخل ہونا ٭
دُرج (دُرْج) (ف) مذکر (۱) ڈبا (۲) زیور یا جواہرات کا ڈبا (۳) صندوقچہ ٭
درجات (دَرَ۔جَات) (ع) (دَرْ۔جَات) (ف) مذکر۔ درجہ کی جمع۔ درجے ٭
درجن (دَرْ۔جَن) (و) مؤنث۔ بارہ کا مجموعہ۔ ایک جنس کی بارہ چیزیں۔ بارہ کا
تھوک۔ بارہ۔ دوازدہ ٭
دُرجن (دُرْ۔جَن) (س) مذکر (ہندو) بدخواہ۔ دشمن۔ بُرا آدمی ٭
درجہ (دَرَ۔جَہ) (ع) (دَرْ۔جَہ) (ف) مذکر (۱) (لغوی) سیڑھی کا سب سے اوپر کا ڈنڈا۔
اوپر کی سیڑھی۔ زینہ (۲) (اصطلاحی) رتبہ۔ پایہ (۳) منصب۔ عہدہ (۴)
مکان کا حصہ۔ کمرہ (۵) دقیقہ۔ ثانیہ۔ منٹ (۶) (و) دفعہ۔ نوبت۔ بار (۷)
جماعت۔ کلاس (۸) (عو) کیفیت۔ حالت۔ گت (۹) (عو) وقار۔ عزت ٭
درجہ بدرجہ (۱) سیڑھی سیڑھی۔ بتدریج (۲) رفتہ رفتہ (۳) حسب رتبہ۔
علی قدر مراتب ٭ درجہ وار (۱) رتبے کے مطابق (۲) سلسلہ وار ٭
درخت (دَرَخْت) (ف) مذکر۔ پیڑ۔ رُوکھ۔ بُوٹا۔ نہال۔ شجر ٭
درخشاں (دُرَخْ۔شَاں) (ف) چمکیلا۔ روشن ٭
درد (دَرْد) (ف) مذکر (۱) پیڑ۔ تکلیف۔ دُکھ (۲) (و) ترس۔ رحم (۳) افسوس۔
دریغ (۴) ہوک۔ ٹیس (۵) سوز وگداز (۶) خواجہ میر دہلوی کا تخلص ٭
درد آمیز (ف) درد بھرا۔ مؤثر۔ سوز وگداز والا۔ رقت انگیز ٭
درد آنا (ہ) (۱) دریغ ہونا۔ افسوس ہونا (۲) رحم آنا۔ ترس آنا ٭ درد اٹھنا۔
ٹیس پڑنا۔ ہوک اٹھنا ٭ درد انگیز (ف) دل پر اثر کرنے والا۔ جاں گداز۔
رقت انگیز ٭ دردِ دل۔ مذکر۔ دلی صدمہ۔ تکلیف اور دکھ۔ غم ورنج ٭
دردِ زہ۔ جننے کا درد۔ بچہ ہونے کا درد ٭ دردِ سر۔ مذکر (۱) سر
کا درد (۲) عذاب۔ تکلیف (۳) مشکل۔ دقت (۴) محنت ٭ دردِ سر
لینا۔ یا۔ دردِ سری مول لینا (و) تکلیف مول لینا۔ عذاب خریدنا ٭
درد شریک (۱) دکھ کا ساتھی۔ غم گسار۔ غم خوار (۲) دردمند ٭
درد کرنا (۱) تکلیف ہونا (۲) ہمدردی کرنا ٭ درد لگنا (۱) بچہ جننے کا درد
شروع ہونا (۲) درد ہونا ٭ دردمند (ف) (۱) مصیبت کا مارا۔ دکھیا۔
دکھی (۲) ہمدرد۔ غمخوار۔ شریکِ غم (۳) رحم دل ٭ دردمندی۔ مؤنث
(۱) ترس۔ خدا کا خوف۔ رحم دلی (۲) غمخواری ٭ دردا۔ ہائے،
آہ، افسوس ٭
دُرد (دُرْد) (ف) مؤنث۔ تلچھٹ ٭
درز (دَرْز) (و) مؤنث۔ دراڑ۔ جھری۔ شگاف ٭
درزن (دَرْ۔زَن) (و) مؤنث (۱) کپڑا سینے والی۔ یغلانی (۲) درزی کی بیوی ٭
درزی (ف) مذکر۔ کپڑا سینے والا۔ خیاط ٭ درزی کی سوئی، کبھی ٹاٹ
میں، کبھی کمخاب میں (و) مثل۔ انسان کو ادنیٰ کام سے شرم نہ کرنی چاہیے،
کبھی تنگی بھی آ ہی جاتی ہے ٭
درس (دَرْس) (ع) مذکر (۱) سبق۔ پاٹھ (۲) (۱) وعظ۔ کتھا ٭
درس دینا (و) سبق دینا۔ پڑھانا ٭ درس کہنا۔ نصیحت کرنا۔ وعظ
سنانا۔ کتھا کہنا ٭ درس وتدریس (ع) مذکر۔ پڑھنا پڑھانا ٭
درست (دُرُسْت) (ف) (۱) بجا۔ صحیح۔ ٹھیک۔ واجبی (۲) چست۔ موزوں۔
(۳) پورا۔ تمام (۴) درم۔ دینار۔ اشرفی (۵) بھلا چنگا۔
تندرست ٭ درست کرنا (و) (۱) ٹھیک بنانا (۲) ادب دینا۔ سنوارنا۔
سدھارنا (۳) تادیب کرنا۔ گوشمالی کرنا ٭ درستی (ف) مؤنث (۱)
اصلاح۔ ترمیم (۲) ترتیب (۳) گوشمالی ٭
درشت (دُرُشْت) (ف) سخت۔ کرخت ٭ درشتی۔ مؤنث (۱) سختی (۲)
بدخلقی۔ بے رحمی ٭
درشٹ (دَرِشْٹ) (س) مؤنث۔ نگاہ۔ نظر ٭
درشن (دَرْ۔شَن) (س) مذکر (۱) دیدار۔ نظارہ (۲) زیارت۔ ملاقات ٭
درشن دینا (ہ) (۱) صورت دکھانا۔ دیدار دکھانا (۲) ملاقات کرنا۔ ملنا ٭
درشنی (ہ) (۱) دیکھنے کے لائق۔ خوب صورت (۲) فوراً قابل ادا (۳)
مؤنث۔ ملاقات کا تحفہ (۴) نذر ٭ درشنی ہنڈی۔ مؤنث۔ وہ
ہنڈی، جس کا روپیہ دیکھتے ہی مل جائے ٭
درعہ (دَرْ۔عَہ) (ع) مذکر۔ کپڑا یا زمین ناپنے کا آلہ۔ گز ٭

درفش (دَرَفْش) (ف) مذکر (۱) جھنڈا (۲) پھریرا ۔ **دُرَفشِ کاویانی** (ف) مذکر۔ کاوہ کا جھنڈا ۔ کاوہ ایک لوہار تھا، جس نے ضحاک پر حملہ کرکے فریدون کو تخت پر بٹھایا تھا ۔

درک (دَرْک) (ع) مذکر (۱) عقل ۔ سمجھ ۔ تمیز (۲) واقفیت (۳) دریافت (۴) مداخلت ۔

درگا (دُرْ۔گا) (ہ) مؤنث (ہندو) ایک دیوی ۔ کالی ۔

درم **دِرْہَم** (دِرَم ، دِرْ۔ہَم) (ع) مذکر (۱) چَوَنّی جیسا چاندی کا ایک سکہ (۲) ساڑھے تین ماشے کا وزن (۳) (فقرا) ہتھیلی کے گہراؤ کے برابر چوڑا سکہ ۔

درمان (دَرْ۔مان) (ف) مذکر۔ دوا دارو ۔ علاج معالجہ ۔

درماندگی (دَرْ۔ماں۔دَگی) (ف) مؤنث ۔ مجبوری ۔ ناچاری ۔ بدحالی ۔ **درماندہ** ۔ بےکس ۔ مجبور ۔ عاجز ۔

درمن (دَرْ۔مَن) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "درمان" ۔

درندہ ۔ **درندہ** (دَرِنْدَہ، دَرِنْ۔دَہ) (ف) (۱) چیرنے والا ۔ پھاڑنے والا (۲) مذکر۔ چیرنے پھاڑنے والا جانور مثلاً شیر چیتا وغیرہ ۔

درنگ (دَرَنْگ) (ف) مؤنث ۔ تاخیر ۔ دیر ۔ توقف ۔

درو (دِرَوْ) (ف) مذکر۔ کٹائی ۔ فصل کاٹنا ۔

درود (دُرُوْد) (ف) مذکر و مؤنث (۱) دعا ۔ حمد (۲) تحفہ (۳) سلام (۴) (اصطلاحاً) وہ دعا اور سلام، جو رسول اللہ صلعم پر پڑھا جائے ۔ **درود بھیجنا** (ہ) (۱) رسول کریم صلعم کی تعریف کرنا (۲) کوئی خوب صورت چیز دیکھ کر خدا کو یاد کرنا ۔

دروغ (دُرُوْغ) (ف) مذکر (۱) جھوٹ ۔ کذب (۲) بہتان ۔ **دروغ برگردنِ راوی** مثل ۔ جھوٹ کا گناہ روایت کرنے والے کی گردن پر ۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کوئی جھوٹا قصہ بیان کیا جائے ۔ **دروغ حلفی** (ف) مؤنث (قانون) جھوٹی قسم ۔ قانون کے خلاف جھوٹ بولنا ۔ **دروغ گو** (ف) مذکر۔ جھوٹا ۔ کاذب ۔ **دروغ گو را حافظہ نہ باشد** ۔ مثل ۔ جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا ۔ **دروغ گوئی** ۔ مؤنث ۔ جھوٹ کہنا ۔ کذب ۔ **دروغ گویم بر روئے تو** ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی صریح جھوٹ کہے ۔ **دروغِ مصلحت آمیز بہ از راستیٔ فتنہ انگیز** ۔ مثل ۔ جس جھوٹ سے فساد رک جائے، وہ فساد ڈالنے والے سچ سے بہتر ہے ۔

درون (دَرُوْن) (ف) مذکر (۱) دل (۲) اندر ۔ **دروں مُنہ** گروہ زخم یا پھوڑا جس کا منہ اندر کی طرف ہو ۔ **دَرُوْنَہ** ۔ مذکر۔ دِل ۔

دَرَہ ۔ **دَرّہ** (دَرَہ، دَرْ۔رَہ) (ف) مذکر۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ ۔ **دری** (۱) درہ سے منسوب (۲) ایک قسم کی فارسی زبان ۔

دِرّہ (دِرْ۔رَہ) (ع) (اردو میں دُرّہ کہتے ہیں) مذکر (۱) کوڑا ۔ تازیانہ ۔ چمڑے کا چابک (۲) چمڑے کا تسمہ جس سے شرعی سزا دی جاتی ہے ۔

دری (دَرِی) (ہ) مؤنث ۔ ایک موٹے سوتی کپڑے کا فرش ۔ شطرنجی ۔

دریا (دَرْ۔یا) (ف) مذکر (۱) پانی کی وہ دھار، جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر خشکی پر بہتی ہوئی کسی دوسرے دریا یا سمندر میں جا ملے ۔ دریاؤ (۲) ہر وقت بہنے والا بڑا نالا (۳) ندی (۴) رود (۵) بحر ۔ سمندر (۶) سیلاب ۔ رَو ۔ **دریا برآمد** ۔ مؤنث ۔ وہ زمین، جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئی ہو ۔ **دریا بُرد** ۔ مؤنث ۔ وہ زمین جو دریا کے سیلاب سے ڈوب یا بہ گئی ہو ۔ **دریا بُرد ہو جانا** (ہ) (۱) کسی زمین کو دریا کا بہا لے جانا (۲) دریا میں ڈوب جانا ۔ **دریا پر جانا اور پیاسے آنا** ۔ مثل ۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی شخص حصولِ مطلب کے مقام پر جائے، لیکن بدقسمتی سے ناکام واپس آئے ۔ **دریا چڑھنا** ۔ دریا میں سیلاب آنا ۔ دریا کا طغیانی پر آنا ۔ دریا کا چڑھاؤ ہونا ۔ **دریا دل** (ف) فیاض ۔ سخی ۔ **دریا دلی** ۔ مؤنث ۔ فیاضی ۔ سخاوت ۔ **دریا کو کوزے میں بند کرنا** (ہ) (۱) کسی بہت بڑے مضمون کو تھوڑے سے لفظوں میں بیان کر دینا (۲) مشکل یا ناممکن کام کرنا ۔ **دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر** ۔ مثل (۱) جہاں رہنا، وہاں کے لوگوں سے بگاڑ کرنا (۲) اپنے سے بڑے کے ساتھ بگاڑ رکھنا ۔ **دریائی** (ف) (۱) دریا سے تعلق رکھنے والی چیز ۔ بحری ۔ آبی (۲) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ دارائی (۳) پتنگ کو ہوا میں دُور تک لے جا کر چھوڑنا ۔ **دریائی آدمی** (ف) مذکر (۱) آدمی کی شکل کا بحری جانور ۔ جل مانس (۲) دریا میں رہنے والا آدمی ۔ **دریائی گھوڑا** (ہ) مذکر۔ دریا میں رہنے والا ایک جانور، جو گھوڑے سے ملتا جلتا ہے ۔ **دریائی نارجیل** (ہ) مذکر۔ سمندری ناریل ۔ ایک دوا ۔ **دریائے شور** (ف) مذکر۔ سمندر ۔ کالا پانی ۔

دریبا (دَرِی۔با) (ہ) مذکر (۱) پانوں کا بازار ۔ تنبواڑیوں کا محلہ (۲) دہلی کا ایک بازار ۔

دریدہ (دَرِی۔دَہ) (ف) پھٹا ہوا ۔ **دریدہ دہن** ۔ منہ پھٹ ۔ گستاخ ۔

دریس (دَرِیس) (ہ) (۱) مؤنث ۔ ایک قسم کی چھینٹ، جو ململ پر ہو (۲) (صفت) سیدھا ۔ ہموار ۔ باقاعدہ (۳) ہوشیار ۔ چوکس (انگریزی لفظ ڈریس (Dress) سے ماخوذ ہے) ۔

دریغ (دَرِیْغ) (ف) مذکر۔ افسوس ۔ پچھتاوا ۔ غم ۔ حسرت ۔ **دریغ رکھنا یا کرنا** (ہ) (۱) افسوس کرنا (۲) کنجوسی کرنا ۔ **دریغ ہونا** (۱) افسوس ہونا (۲) تامل ہونا (۳) بخل ہونا ۔ **دریغا** (ف) افسوس ہے ۔ غم ہے ۔

د ۔ ڑ

دڑبا (دَڑْ۔با) (ہ) مذکر۔ مرغیوں یا کبوتروں کا گھر ۔ کابک ۔ **دڑبے** ۔ مذکر (۱) دڑبا کی جمع (۲) دڑبا کی صورت حرفِ ربط سے پہلے ۔ **دڑبے دڑبے کرنا** ۔ مرغیوں کو آواز دے کر دڑبے میں بند کرنا ۔

دڑبڑانا (دَڑْ۔بَڑا۔نا) (ہ) (عو) (۱) جھڑکنا ۔ دھمکانا ۔ جھوٹا ٹھہرانا (۲) مغلوب کرنا ۔ دبانا ۔

دڑنگا (دَڑَنْگ۔گا) (ہ) مذکر (۱) لمبا قدم (۲) لمبا ٹانگا ۔ **دڑنگے** ۔ مذکر (۱) دڑنگا کی جمع (۲) دڑنگا کی صورت حرفِ ربط سے پہلے ۔ **دڑنگے لگانا** (عو) (۱) کودنا ۔ آوارہ پھرنا (۲) لمبے لمبے ٹانگے بھرنا ۔

دڑوکنا (دَڑُوْک۔نا) (ہ) شیر کا بولنا ۔ دہاڑنا ۔ گرجنا ۔

دڑھیل (دَڑْھیل) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "ڈڑھیل" ۔

وڈیرا (وِڈیرے۔ ڈا) (ہ) مذکر (کلمنٹو) (۱) زور کا مینہ (۲) دریا کے بہاؤ کا زور ●

د۔ ز

دزد (دُزْدْ) (ف) مذکر۔ چور۔ سارق ● **دُزدِ حنا** (ف۔ ع) مذکر۔ مہندی کا چور۔ وہ سفیدی، جو مہندی لگنے میں چھوٹ جاتی ہے ● **دزدی** (ف) مؤنث۔ چوری۔ سرقہ ●

د۔ س

دس (دَس) (ہ) دَہْ۔ ۱۰۔ عشر ● **دس جنے کی لاٹھی، ایک جنے کا بوجھ۔** مثل۔ دس آدمی اپنی اپنی لاٹھی اٹھوائیں تو ایک شخص کا بوجھ بن جاتا ہے۔ بہت آدمیوں کے لیے ایک آدمی کا کام پر لگا دینا بڑی بات نہیں ●

دس گز۔ یا۔ دس ہاتھ کی زبان (و) مؤنث۔ زبان درازی اور بدزبانی کی تمثیل ● **دَشواں۔** مذکر۔ دس سے منسوب۔ دَہُم ● **دَسْوَیں۔** دس کے دس۔ کُل دس ● **دسوں انگلیاں دسوں چراغ** (و) (عو) ایک ایک انگلی ایک ایک ہنر سے روشن۔ ہنرمند، سگھڑ، لیاقت والی اور سلیقہ مند لڑکی ●

دَشوِیں (ہ) مؤنث۔ دس سے نسبت رکھنے والی۔ دَہُم ●

دِسا۔ دِشا (دِسَا۔ دِشَا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) سمت۔ جانب۔ طرف (۲) وقت (۳) پاخانہ۔ ٹٹی۔ فراغت (۴) کیفیت۔ حالت (۵) بنیوں کی ایک قوم ●

دساتیر (دَسَا۔ تِیْر) (ع) مذکر۔ دستور کی جمع (۱) رسمیں۔ قانون۔ طریقے۔ قاعدے (۲) مسند نشین۔ امیر وزیر (۳) اجازت۔ رخصت (۴) (ف) پارسیوں کی مذہبی کتاب (۵) زردشتیوں کے پیشوا ●

دساد (دَسَاد) (ہ) مذکر۔ ایک نیچ ہندو قوم، جو سؤر پالتی ہے ●

دساسول (دِسَا۔ سُوْل) (ہ) مذکر۔ وہ غائب وجود، جو دنیا کے دائرے میں حرکت کرتے رہتے ہیں اور جس طرف وہ واقع ہوں، اُدھر اُن دنوں احکامِ نجوم کے مطابق سفر کرنا منحوس خیال کیا جاتا ہے ●

دساور (دِسَا۔ وَر) (ہ) مذکر (۱) پردیس (۲) باہر کا مالِ تجارت (۳) موسم۔ آب و ہوا (۴) ولایت۔ ملک (۵) وہ مقام، جہاں ہر شے افراط سے بیچنے کے لیے جمع کی جائے ● **دساور چڑھنا۔** تجارت کے مال کا دوسرے ملک کو روانہ ہونا۔ مال بھرنا ● **دساوری** (۱) ایک قسم کا عمدہ پان (۲) باہر جانے والا مال۔ پردیس میں جانے والا سوداگری کا اسباب (۳) ایک قسم کا کبوتر ● **دساوری مال۔** مذکر۔ باہر جانے والا سوداگری کا مال ●

دسپناہ (دَسْ۔ پَنَا) (ف) (اصل دست پناہ) مذکر۔ آگ پکڑنے کا آلہ۔ چمٹا ●

دست (دَسْت) (ف) مذکر (۱) ہاتھ۔ پنجہ (۲) قابو۔ طاقت۔ قدرت (۳) دفعہ۔ نوبت (۴) (طبیبوں کی اصطلاح) اسہال۔ پتلا پاخانہ۔ اجابت (۵) تعداد۔ عدد (۶) بالکل۔ تمام ● **دست آموز۔** ہاتھوں سدھایا ہوا، ہلایا ہوا، پالتو، گھریلو، دست پروردہ ● **دست آنا** (و) جلاب لگنا۔ اسہال آنا۔ پیٹ چلنا۔ بدہضمی۔ سنگ رہنی ● **دست آور** (ف) دست لانے والی (دوا) ● **دست آویز۔ دستاویز۔** مؤنث۔ تمسک۔ عہدنامہ۔ نوشتہ۔ قبالہ ● **دست آویز (دستاویز) انتقال** (ف۔ ع) مؤنث۔ جائداد کے منتقل ہونے کی تحریر ● **دست آویز (دستاویز) بیع بالوفا۔** مؤنث۔ شرطیہ فروخت کی تحریر ● **دست انداز** (ف) مزاحم۔ مخل۔ مداخلت کرنے والا۔ مزاحمت کرنے والا ● **دست اندازی۔** مؤنث (۱) ہاتھ ڈالنا (۲) مخالفت کرنا۔ مداخلت کرنا۔ مزاحمت کرنا ●

دست بدست (۱) ہاتھوں ہاتھ (۲) اسی وقت۔ جلد ● **دست بُرد۔** مؤنث (۱) خورد بُرد۔ لوٹ۔ خیانت۔ غبن (۲) قدرت۔ غلبہ۔ بازی ●

دست بردار ہونا (و) ہاتھ اٹھانا۔ چھوڑنا۔ باز آنا ● **دست بستہ** (ف) ہاتھ باندھ کر، ہاتھ جوڑ کر ● **دَشت بُقچہ** (ف۔ ت) مذکر۔ کپڑوں یا سینے پرونے کی چھوٹی سی گٹھڑی۔ بقچی ● **دست بند ھک** (و) مؤنث۔ امانت یا گرو ● **دست بوس ہونا۔** ہاتھ چومنا۔ تسلیم بجا لانا ●

دست بیع کرنا۔ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔ مرید ہونا ● **دست پاک** (ف) مذکر۔ رومال۔ تولیا۔ انگوچھا ● **دست چالاک** (و) وہ شخص، جسے چوری کا لپکا ہو۔ چور ● **دست خط۔ دستخط** (ف۔ ع) مذکر۔ اپنے ہاتھ کا لکھا۔ اپنے ہاتھ کی علامت یا نشانی ● **دست خطی۔ دستخطی** (و) ہاتھ کا لکھا ہوا۔ ہاتھ کے دستخط کیے ہوئے ● **دستِ خود دہانِ خود، گرسنگی زیانِ خود** (ف) مثل۔ موجود اور مختار ہوتے ہوئے نہ کھانا اپنا آپ نقصان کرنا ہے ● **دست دراز** (۱) جو ہر کسی کو مارے پیٹے (۲) نڈر (۳) ظالم ● **دست درازی۔** مؤنث (۱) ہاتھ چالاکی (۲) مارپیٹ۔ لوٹ مار (۳) عہدشکنی۔ زیادتی ● **دست رس۔ دسترس** (مذکر و مؤنث) (۱) پہنچ۔ رسائی (۲) طاقت (۳) توانگری (۴) بساط۔ حیثیت ●

دستِ شفا (ف۔ ع) مذکر۔ صحت بخشنے والا ہاتھ ● **دستِ غیب۔** مذکر۔ وہ آمدنی، جو کسی ظاہری وسیلے کے بغیر غیب سے حاصل ہو ●

دست فروش (ف) مذکر۔ چیزیں ہاتھ میں لے کر بیچنے والا شخص ●

دستِ قدرت (ف۔ ع) مذکر۔ اختیار۔ قابو۔ بس۔ مقدور ● **دست قلم** (۱) ہاتھ کٹا ہوا (۲) محرر (۳) کاتب (۴) مصنف (۵) پڑھا لکھا ● **دست کار** (ف) مذکر۔ وہ شخص، جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو۔ کاریگر ● **دست کاری۔** مؤنث (۱) ہاتھ کا کام۔ کاریگری (۲) (اصطلاحاً) آہن گری۔ نجاری وغیرہ، جو تمام کام ہاتھ سے کرنے کے ہیں ● **دست گاہ۔** مؤنث۔ مقدور۔ طاقت ● **دست گرداں۔** مذکر۔ چلتا چلاتا اُدھار جو ابھی لیا اور ابھی دیا جائے ● **دست گیر** (۱) مددگار۔ معاون (۲) حضرت محبوب سبحانی غوث الاعظم کا لقب ● **دست گیری۔** مؤنث۔ پناہ۔ حمایت۔ مدد۔ معاونت ●

دست لگنا (و) لگاتار دست آنا۔ دست چھوٹنا ● **دست مال** (ف) مذکر۔ ہاتھ کا رومال۔ جیبی رومال ● **دست نگر۔** ہاتھ تکنے والا، مفلس، حاجت مند، محتاج ● **دست و گریباں ہونا** (و) لپٹ جانا۔ لڑنا۔ گتھم گتھا ہونا ●

دست یاب ہونا (ہ) مِلنا۔ ہاتھ لگنا۔ حاصل ہونا۔ بہم پہنچنا ٭ دستانہ (ف) مذکر (۱) دیکھیے "دستانہ" (۲) تلوار یا بڑی کرچ کا قبضہ ٭ دستک۔ مؤنث (۱) تالی۔ ہاتھ مارنا (۲) (مجازاً) دروازہ کھٹکھٹانا۔ بلانا (۳) (ہ) محصول ٹیکس (۴) پروانۂ راہ داری ٭ دستک پیادہ (ف) مذکر۔ وہ چپراسی، جو مال گزاری وصول کرنے، قرقی کرنے اور سمن یا وارنٹ کی تعمیل کرانے جاتا ہے ٭ دستک دینا (ہ) (۱) کنڈی کھٹکھٹانا۔ پکارنا (۲) تالی بجانا ٭ دستک لگانا، محصول لگانا۔ ٹیکس لگانا ٭ دستکی (ف) مؤنث (۱) یادداشت کی چھوٹی سی کتاب۔ پاکٹ بک (۲) صندوق وغیرہ کی آہنی کڑی، جو اٹھانے میں آسانی کے لیے دونوں طرف لگا لی جاتی ہے ٭ دستگی (ہ) مؤنث۔ تلوار کے قبضے کا تسمہ ٭ دستہ (ف) مذکر (۱) تلوار یا چھری وغیرہ کا قبضہ (۲) فوج کا ایک حصہ۔ گارد (۳) گل دستہ (۴) ایک قسم کی گھنڈی، جو عموماً قبا پر لگائی جاتی ہے (۵) سنجاف (۶) (ہ) کاغذ کے چوبیس یا پچیس تختوں کا مجموعہ (۷) ڈنڈا۔ سونٹا ٭ دستی (ہ) (۱) ہاتھ کے متعلق (۲) مؤنث۔ ہاتھ کا شمع دان۔ فتیلہ۔ مشعل (۳) چھوٹا سا قبضہ (۴) کشتی کا ایک داؤں، جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے (۵) چھوٹا سا قلمدان، جو ہر وقت ہاتھ میں رہے (۶) وہ تحفہ، جو دسہرے کے دن راجہ مہاراجہ، سرداروں اور عہدہ داروں کو دیتے ہیں ٭ دستی کرنا (ہ) ہاتھ سے ہاتھ ملا کر زور کرنا ٭

دستا (دَس۔تَا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) (۱) حاشیہ۔ سنجاف (۲) (ہ) لوہے کا گول اوزار، جو کوٹنے کے کام آتا ہے (۳) جست ٭

دستار (دَس۔تَار) (ف) مؤنث۔ پگڑی۔ عمامہ۔ سرپیچ ٭ دستار اور گفتار اپنی ہی کام آتی ہے (ف) مثل۔ اپنی پگڑی آپ ہی باندھنا اور اپنی بات آپ ہی کہنا مناسب ہے۔ یہ دونوں کام کسی دوسرے کے ذریعے سے درست نہیں ہوتے ٭ دستار بند (ف) مذکر۔ پگڑی باندھنے والا۔ چیرا بند ٭ دستارِ فضیلت (ف۔ع) مؤنث۔ فاضل ہو جانے کی پگڑی۔ عمامۂ فضیلت ٭

دسترخوان (دَس۔تَر۔خَان) (ف) مذکر۔ کھانا کھانے کی چادر یا کپڑا۔ میز کی چادر ٭ دسترخوان بچھانے میں سو عیب، نہ بچھانے میں ایک عیب۔ مثل۔ دعوت نہ دی جائے تو صرف کنجوسی کا عیب لگے گا، لیکن دعوت دی جائے تو سو عیب نکلیں گے۔ کھلانے سے نہ کھلانا بہتر ہے ٭ دسترخوان بڑھانا۔ دسترخوان اٹھانا یا سمیٹنا ٭ دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا (عو) اُس وقت کہتی ہیں، جب دسترخوان پر کھانا چنا رکھا ہو اور کوئی نہ بیٹھے ٭ دسترخوان کی بلّی۔ یا۔ مکھی۔ مؤنث۔ ہر وقت دسترخوان پر شریک ہو کر کھانے والے لوگ۔ ہری چگ ٭

دستور (دَس۔تُور) (ف) (دُس۔تُور) (ع) مذکر (۱) طریقہ۔ طرز۔ روش۔ رسم (۲) عادت (۳) قانون (۴) مدار المہام۔ وزیر۔ امیر۔ صاحب قدرت۔ صاحب مسند ٭ دستور العمل (ع) مذکر (۱) معمول۔ قاعدہ (۲) قانون (۳) ہدایت نامہ ٭ دستور باندھنا (ہ) (۱) قانون ٹھہرانا۔ قاعدہ مقرر کرنا (۲) عادت ڈالنا ٭ دستوری (ہ) مؤنث (۱) فیس۔ دلالی۔ کمیشن (۲) (ف) رخصت۔ اجازت (۳) وزارت ٭

دسمال (دَس۔مَال) (ہ) مذکر (اصل دست مال) (عو) برتن پونچھنے کی صافی۔ رومال ٭

دسمبر (دِسَم۔بَر) (مستند) (انگ۔ ڈی سمبر December) مذکر۔ انگریزی سال کا آخری اکتیس دن کا مہینا ٭

دسوکھا (دَسُو۔کھَا) (ہ) مذکر (۱) پرندوں کا پر جھاڑنا (۲) اُڑنے کا پَر ٭

دسہرہ (دَسَہ۔رَہ) (ہ) مذکر۔ اسوج مہینے کی دسویں تاریخ کا بڑا بھاری تہوار، جس پر ہندو پوجا وغیرہ کرتے، رام چندر جی کی لیلا رچاتے اور بڑی خوشی مناتے ہیں ٭

د-ش

دشت (دَشت) (ف) مذکر۔ جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔ میدان ٭ دشت پیما، جنگل بیابان میں پھرنے والا ٭ دشت پیمائی۔ مؤنث۔ جنگلوں میں پھرنا ٭ دشت نورد۔ جنگلوں میں پھرنے والا ٭ دشت نوردی۔ مؤنث۔ جنگل جنگل پھرنا ٭

دشٹ (دُشٹ) (س) (۱) بُرا، خراب، بدذات۔ شریر۔ بدکار (۲) بے رحم، ظالم ٭

دشمن (دُش۔مَن) (ف) مذکر (۱) بدخواہ۔ مخالف۔ بیری (۲) (ہ) رقیب۔ حریف ٭ دشمن اگر قوی ست نگہبان قوی تراست (ف) دشمن بھاری ہے تو پروا نہیں خدا اس سے بھی زیادہ طاقت والا ہے ٭ دشمن جانی۔ مذکر۔ جان لیوا۔ جان کا لاگو۔ خون کا پیاسا ٭ دشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست۔ مثل۔ دشمن کی کیا چلے گی، جب دوست (خدا) مہربان ہو؟ ٭ دشمن زیر در زیر پا (کلمۂ دعا)۔ نئی جوتی پہننے کے وقت کہا جاتا ہے ٭ دشمن سوتے نہ سونے دے (ہ) مثل۔ دشمن نہ آپ چین پاتا ہے، نہ دوسرے کو آرام لینے دیتا ہے ٭ دشمن کہاں؟ بغل میں۔ مثل۔ دشمن پاس ہی کے ہوا کرتے ہیں ٭ دشمن نتواں حقیر و بے چارہ شمرد (ف) مثل۔ دشمن خواہ کمزور ہی کیوں نہ ہو اس کی طرف سے ہوشیار رہنا چاہیے ٭ دشمنوں کے من کا چیتا ہوا (ہ) (محاورہ۔ عو) دشمنوں کی مراد بر آئی ٭ دشمنوں میں ایسے رہیے، جیسے دانتوں میں زبان۔ مثل۔ دشمنوں میں ملے اور الگ بچے ہوئے رہنا چاہیے ٭ دُشمنی (ف) مؤنث۔ عداوت۔ بَیر ٭ دشمنی نکالنا (ہ) دشمن کو تکلیف دینا۔ بدلا لینا ٭

دشنام (دُش۔نَام) (ف) مؤنث۔ گالی گلوچ ٭

دشنہ (دَش۔نَہ) (ف) مذکر۔ کٹاری۔ خنجر ٭

دشوار (دُش۔وَار) (ف) مشکل۔ دوبھر ٭ دشواری۔ مؤنث (۱) مشکل۔ سختی۔ دقت (۲) (عو) بارِ خاطر۔ ناگوار ٭ دشواری پڑنا (ہ) دقت پڑنا۔ مشکل پڑنا ٭

د-ع

دعا (دُعَا) (ع) مؤنث (۱) التجا۔ التماس۔ درخواست۔ عرض (۲) وظیفہ۔ منتر (۳) مناجات۔ مغفرت کی طلب (۴) بہتری۔ بھلائی۔ نیکی ٭ دعا کرنا (ہ) خدا سے التجا کرنا۔ نیکی چاہنا۔ بہتری چاہنا ٭ دعا لگنا۔ دعا کا اثر کرنا۔ مراد بر آنا ٭ دعا مانگنا۔ خدا سے مراد مانگنا۔ حاجت چاہنا۔ خدا سے بہتری چاہنا ٭

دعائے خیر (ع۔ف) مؤنث (۱) خدا کی جناب میں نیک دعا، اچھی التجا۔ اپنے

متعلق ہو یا دوسرے کے متعلق (۲) فاتحہ۔ نکاح ٭ **دعائے دولت**۔ مؤنّث۔ کسی کی ترقّیِ دولت یا اقبال مندی کی دعا مانگنا ٭ **دعائیہ** (ع) دعا سے منسوب ٭

دعوا۔ دعویٰ (دَعْ۔وَا) (ع) مذکّر (۱) مانگ۔ مطالبہ (۲) استحقاق۔ نالش (۳) خواہش۔ درخواست ٭ **دعویٰ جمانا** (ہ) (۱) قبضہ جتانا۔ ملکیت ظاہر کرنا (۲) دلیل قائم کرنا (۳) مقدمہ جمانا ٭ **دعویٰ دار (دعویدار)** (عوام) (۱) مُدّعی۔ فریادی۔ نالشی (۲) رقیب۔ دشمن ٭ **دعویٰ زائد المیعاد** (ع) مذکّر۔ وہ دعویٰ، جس کی میعاد گزر گئی ہو ٭ **دعویٰ کرنا** (ہ) (۱) نالش کرنا (۲) درخواست کرنا (۳) مطالبہ کرنا ٭ **دعوائے مہر** (ع۔ف) مذکّر۔ اس روپے کا دعویٰ کرنا، جو عورت کا نکاح ہوتے وقت قرار پاتا ہے ٭

دعوت (دَعْ۔وَت) (ع) مؤنّث (۱) کھانے کے لیے بُلانا (۲) ضیافت (۳) طلبی۔ بُلاوا ٭ **دعوتِ اسلام دینا** (ہ) اسلام لانے یا مسلمان ہونے کی درخواست کرنا۔ گمراہی سے سیدھے راستے کی طرف بُلانا ٭ **دعوتِ جنگ** (ع) مؤنّث۔ لڑنے کی درخواست۔ جنگ کی منادی۔ لڑائی کا اشتہار ٭ **دعوتِ سمرقندی**۔ مؤنّث۔ وہ دعوت، جو دلی محبت سے نہ ہو۔ ظاہری صلاح۔ منہ جھٹلانا ٭ **دعوتِ شیراز** (ع۔ف) مؤنّث۔ بے تکلفی کی دعوت، جس سے تکلیف نہ ہو۔ موجود اور حاضر چیز کھلا دینے کی ضیافت ٭

د۔غ

دغا (دَغَا) (ف) مؤنّث۔ فریب۔ دم۔ دھوکا۔ جھانسا ٭ **دغا باز**۔ مذکّر۔ فریبی۔ مکّار۔ دھوکا دینے والا۔ جعل ساز۔ دم باز۔ چھلیا۔ ٹھگ ٭ **دغا بازی**۔ مؤنّث۔ فریب کاری۔ مکّاری۔ بے ایمانی۔ جعل سازی ٭ **دغا دینا۔ یا۔ کرنا** (ہ) دم دینا۔ دھوکا دینا ٭

دغدغا (دَغْ۔دَغَا) (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل۔ کنول (۲) چمکتا ہوا۔ روشن ٭ **دغدغانا** (۱) روشن ہونا۔ چمکنا (۲) دہکنا۔ سرخ ہونا ٭ **دغدغاہٹ**۔ مؤنّث (۱) چمک دمک (۲) تمتماہٹ۔ سرخی ٭

دغدغہ (دَغْ۔دَغَہ) (ف) مذکّر۔ ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ کھٹکا۔ خدشہ ٭

دغنا (دَغْ۔نَا) (ہ) (۱) بندوق یا توپ کا چلنا۔ سر ہونا۔ چھوٹنا (۲) کسی شے کو گرم کرکے نشان دیا جانا ٭

دغیلا (دَغِیْ۔لَا) (ہ) (۱) دھبّے والا۔ داغ دار (۲) چوٹ لگا ہوا یا سڑا ہوا پھل (۳) کنونڈا۔ عیب دار ٭

د۔ف

دف (دَف) (ف) مذکّر۔ ایک چوبی حلقہ، جس کا منہ ایک طرف کھال سے منڈھا ہوتا ہے اور ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔ بعض میں جھانجھ بھی لگا دیتے ہیں۔ ڈفلی۔ ڈفلا۔ ڈف۔ دائرہ ٭ **دفالی** (ہ) مذکّر۔ دف بجانے والا ٭

دف (دَف) (ہ) مذکّر (۱) زہر (۲) غصّہ۔ تیزی۔ زور۔ چڑھاؤ۔ جوش۔ پتّا ٭ **دَف مرنا** (۱) زہر کا دُور ہونا (۲) پتّا مرنا۔ غصّہ رفع ہونا۔ تیزی دفع ہونا۔ جوش کم ہونا ٭

دفاتر (دَفَا۔تِر) (ع) مذکّر۔ دفتر کی جمع ٭

دفان (دَفَان) (ہ) مذکّر (عو) دفع دُور ٭

دفتر (دَفْ۔تَر) (ع) مذکّر (۱) مجموعۂ حساب وغیرہ۔ کچہری کے کاغذات کا مجموعہ (۲) بڑا بھاری خط۔ طومار (۳) لمبی کہانی (۴) محکمہ۔ آفس ٭

دفترِ استمراری (ع) مذکّر۔ ڈاک خانے کے وہ کاغذات، جو تین سال تک تلف نہیں ہوتے۔ آرڈر وغیرہ ٭ **دفتری** (ف) مذکّر۔ دفتر کے کاغذات درست کرنے، جلد وغیرہ بنانے اور رُول کرنے والا ٭

دفتی (دَفْ۔تِی) (ہ) مؤنّث۔ کاغذ رکھنے کا پٹھا۔ فائل رکھنے کا پٹھا۔ مقوّا ٭

دفرقلیہ (دَفَرْ۔قَل۔یَہ) (ہ) مذکّر۔ خراب پکا ہوا قلیہ ٭

دفع (دَفْع) (ع) مذکّر و مؤنّث۔ دُور۔ الگ۔ رد ٭ **دفع الوقتی** (ہ) مؤنّث۔ وقت گزاری۔ ٹال مٹول ٭ **دفع دفان ہونا** (عو) (حقارتاً) رخصت ہونا ٭ **دفعیّہ** (ع) مذکّر۔ برائی روکنے کی تدبیر۔ تدبیر۔ علاج ٭

دفعۃً (دَفْ۔عَتَن) (ع) فوراً۔ ناگاہ۔ اچانک۔ یک بارگی ٭ **دفعہ** (دَفْ۔عَہ) مؤنّث (۱) ایک بار۔ نوبت۔ باری (۲) حد۔ قانون کا فقرہ۔ مضمون کا نمبر (۳) جماعت۔ زمرہ۔ درجہ ٭ **دفعہ دار۔ دفعدار** (ہ) مذکّر۔ سپاہیوں کے چھوٹے سے گروہ کا سردار ٭

دفن (دَفْن) (ع) مذکّر۔ زمین میں چھپانا۔ گاڑنا۔ تجہیز و تکفین کرنا ٭ **دفن کرنا** (ہ) زمین میں پوشیدہ کرنا۔ گاڑنا۔ تجہیز و تکفین کرنا ٭ **دفنانا**۔ مردے کا قبر میں دبانا ٭ **دَفِینہ** (ع) مذکّر۔ چھپا ہوا خزانہ۔ گڑا ہوا مال ٭

د۔ق

دِق (دِق) (ع) مؤنّث (۱) باریک۔ پتلا۔ دُبلا (۲) تپِ کہنہ۔ ایک قسم کا اندرونی ہلکا سا بخار، جس کے ساتھ معمولی سی کھانسی بھی ہوتی ہے ٭ **دِق کرنا** (ہ) تنگ کرنا۔ ستانا۔ چھیڑنا ٭

دقائق (دَقَا۔اِق) (ع) مذکّر۔ دقیقہ کی جمع۔ نکتے۔ باریکیاں ٭

دقّت (دِقْ۔قَت) (ع) مؤنّث (۱) باریکی (۲) مشکل۔ دشواری (۳) تنگی۔ تکلیف ٭ **دقّت میں پڑنا** (ہ) مشکل یا صعوبت میں مبتلا ہونا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا ٭

دقیانوس (دَقْ۔یَا۔نُوس) (ع) مذکّر۔ فارس کا ایک ظالم اور بت پرست بادشاہ، جس کے خوف سے اصحابِ کہف اپنا شہر چھوڑ کر پہاڑ کے غار میں جا چھپے تھے ٭ **دقیانوسی** (ع۔ف) (۱) دقیانوس سے نسبت رکھنے والا (۲) پرانے زمانے کا۔ بہت پرانا ٭ **دقیانوسی خیال** (ہ) مذکّر۔ پرانا خیال۔ پرانی روشنی۔ حال کے تجربے اور تحقیق کے خلاف ٭

دقیق (دَقِیْق) (ع) (۱) ذراسی چیز۔ نازک۔ باریک (۲) کٹھن۔ مشکل ٭ **دقیقہ**۔ مذکّر (۱) نکتہ۔ باریکی (۲) گھنٹے کا ساٹھواں حصّہ۔ منٹ۔ لحظہ ٭

دقیقہ رس (ع۔ ف) باریک بین۔ نکتہ رس۔ تیز طبع۔ زیرک ۔

د۔ک

دکان (دُکان) (ف) مؤنث۔ ہاٹ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ کارخانہ ۔ **دکان بڑھانا** (ا) دکان بند کرنا ۔ **دکان چلنا**۔ خوب بکری ہونا۔ گرم بازاری ہونا ۔ **دکان کھولنا۔ کرنا۔ یا۔ لگانا**۔ بیچنے کی چیزیں پھیلا دینا۔ چیزوں کو پھیلا کر بیٹھنا ۔

دکڑا (دُک۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ دمڑی۔ چھدام ۔

دکڑی (دُک۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) دوکا پتا۔ دُکی (۲) دو گھوڑوں کی گھتی ۔

دُکھ (دُکھ) (ہ) مذکر (۱) تکلیف۔ درد (۲) عذاب۔ رنج (۳) بیماری۔ مرض (۴) بلا۔ مصیبت (۵) دُکھنا کا امر ۔ **دُکھ بٹانا**۔ غم خواری کرنا۔ شریکِ غم ہونا ۔ **دُکھ بھرنا۔ یا۔ بھگتنا**۔ تکلیف سہنا۔ مصیبت اٹھانا ۔ **دُکھ درد کا شریک** (ا) (ع) رنج و غم کا ساتھی۔ غم و درد کا شریک ۔ **دُکھ درد میں شریک ہونا**۔ غم و رنج میں ساتھ دینا۔ دُکھ بٹانا ۔ **دُکھ دینا**۔ ستانا۔ تکلیف پہنچانا ۔ **دُکھ سُکھ**۔ مذکر۔ رنج و راحت۔ غم و شادی ۔ **دُکھ سُکھ (سب کے) ساتھ لگا ہُوا ہے**۔ مثل۔ ہر شخص کو خوشی بھی ہوتی ہے، غم بھی ۔ **دُکھ کی پوٹ**۔ سراپا دُکھ۔ سدا روگی۔ دائم المرض ۔ **دُکھ لگنا** (۱) روگ لگنا (۲) مصیبت پڑنا ۔ **دُکھتے چوٹ کونڈے بھینٹ**۔ مثل۔ عموماً دُکھتی ہی جگہ چوٹ لگتی ہے اور جس سے ملنا نہ چاہو، وہ ضرور ملتا ہے ۔ **دُکھڑا**۔ مذکر (ع) (۱) بلا۔ آفت۔ بپتا (۲) بیماری۔ مرض۔ روگ (۳) مزدوری۔ محنت (۴) درد بھرا قصہ ۔ **دُکھڑا پڑنا** (ہندی) (ع) (۱) دُکھڑا اٹھانا۔ مصیبت زدہ ہونا (۲) رانڈ ہوجانا۔ بیوہ ہوجانا ۔ **دُکھڑا رونا**۔ غم کی کہانی سنانا۔ مصیبت دُہرانا ۔ **دُکھنا**۔ درد کرنا۔ درد ہونا ۔ **دُکھی** (۱) دردمند۔ رنجیدہ۔ مصیبت زدہ (۲) مریض۔ بیمار ۔ **دُکھی ہونا** (۱) نہایت تکلیف میں ہونا۔ عاجز آنا۔ رنجیدہ ہونا (۲) روگی ہونا۔ مریض ہونا۔ بیمار ہونا ۔ **دُکھیا**۔ مؤنث (۱) دردمند عورت۔ دُکھیاری (۲) بیوہ۔ رانڈ ۔ **دُکھیا دُکھ روئے سُکھیا کمر توڑے** (د) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں، جب کوئی شخص کسی مصیبت زدہ کے بیان پر بے دردی سے پیش آئے ۔ **دُکھیارا** (ہ) (۱) مصیبت زدہ۔ درد رسیدہ (۲) مریض۔ بیمار۔ علیل ۔ **دُکھیاری**۔ مؤنث۔ دیکھیے "دُکھیا" ۔

دکھا (دِکھا) (ہ) دکھانا کا امر ۔ **دِکھانا**۔ دیکھیے "دِکھلانا" ۔ **دکھاوا**۔ مذکر (۱) بناوٹ۔ تکلف۔ نمود (۲) معلوم ہونا۔ ظاہر ہونا ۔ **دِکھاوٹ**۔ مؤنث۔ نمائش۔ ظاہرداری ۔ **دِکھاؤ** (۱) ظاہر۔ دکھائی دینے والا (۲) خوب صورت (۳) دکھانے کے لیے (۴) نمائشی (۵) کھلا ۔ **دِکھاؤ** (۱) مذکر۔ سامنا ہونا۔ دُور کی چیز کا نظر آنا (۲) دکھانا سے امر جمع حاضر ۔ **دِکھائی دینا**۔ دیکھنے میں آنا۔ نظر آنا ۔

دکھلا (دِکھ۔ لا) (ہ) دکھلانا کا امر ۔ **دِکھلانا** (۱) ملاحظہ کرانا۔ دکھانا (۲) آگاہ کرنا۔ جتانا (۳) روبرو کرنا۔ پیش کرنا (۴) راستہ بتانا۔ رہنمائی کرنا ۔ **دکھلاوا**۔ دیکھیے "دکھاوا" ۔

دکھن۔ دکن (دَکھ۔ کَھن، دَک۔ کَن) (ہ) مذکر۔ جنوب ۔ **دکھن گئے نہ**

باہوڑے رہے چندیری چھاؤ۔ مثل۔ جو دکن گیا، واپس نہ آیا۔ چندیری میں رہ گیا۔ اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں، جو پردیس میں جاکر آباد ہو جاتے ۔ **دَکھنا** (دَکھ۔ نا)۔ مؤنث۔ جنوبی ہوا ۔ **دَکھنی**۔ دکھن سے نسبت رکھنے والا۔ جنوبی ۔

دُکی (دُک۔ کی) (ہ) مؤنث۔ تاش یا گنجفے کا پتا جس میں دو نشان ہوتے ہیں ۔

د۔گ

دگاڑا (دُگا۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "دوگاڑا" ۔

دگانہ (دُگا۔ نہ) (ف) مذکر۔ دیکھیے "دوگانہ" ۔

دگدا (دُگ۔ دا) (ہ) مذکر۔ کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے میں سوچنا۔ تذبذب ۔ **دُگدا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام**۔ مثل۔ دو کاموں میں ایک ہی وقت انتظام کرنے سے ایک بھی کام ٹھیک نہیں ہوتا۔ تذبذب میں کوئی بھی کام پورا نہیں ہو سکتا ۔

دگدگا (دُگ۔ دُگا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "دغدغا" ۔ **دگدگانا**۔ دیکھیے "دغدغانا" ۔ **دگدگاہٹ**۔ مؤنث۔ دیکھیے "دغدغاہٹ" ۔

دگدگی (دُگ۔ دُگی) (ہ) مؤنث (۱) گلا۔ حلق۔ حلقوم (۲) جگنی۔ گلے کا ایک زیور (۳) ہانس۔ سینے کی ہڈی ۔ **دگدگی میں دم ہونا** (د) صرف گلے میں سانس ہونا۔ دم نکلنے کا اخیر وقت ہونا۔ گھنگرو بولنا ۔

دگر (دِگر) (ف) دوسرا۔ غیر ۔ **دِگرگوں**۔ رنگ بدلا ہوا۔ الٹ پلٹ۔ متغیر ۔ **دِگرگوں ہونا** (د) (۱) رنگ بدلنا۔ الٹ پلٹ ہونا (۲) غصے ہو جانا ۔

دگڑا (دَگ۔ ڑا) (ہ) مذکر (گنوار) پگ ڈنڈی۔ سڑک۔ راہ۔ راستہ ۔

دگلا (دَگ۔ لا) (ہ) مذکر۔ روئی والا انگرکھا۔ لبادہ ۔

دگن (دُگن) (ہ) مؤنث۔ باجے یا ساز کی دوسرے درجے کی آواز ۔

دگنا (دُگ۔ نا) (ہ) دونا۔ دُہرا۔ دوچند۔ ڈبل ۔

د۔ل

دَل (دَل) (ہ) مذکر (۱) موٹائی۔ ضخامت (۲) لشکر۔ فوج (۳) انبوہ (۴) پتا۔ برگ ۔ **دَل بادل** (۱) بہت سی فوج (۲) گھنے بادل (۳) خرگاہ۔ بڑا خیمہ۔ درباری خیمہ (۴) شاہجہان کا بڑا خیمہ (۵) شاہجہان کے ہاتھی کا نام ۔ **دَل دار۔ دَلدار** (د) موٹا۔ دبیز ۔

دِل (دِل) (ف) مذکر (۱) قلب۔ ضمیر۔ من (۲) جگر۔ کلیجا (۳) فیاضی۔ سخاوت (۴) دلیری۔ شجاعت۔ ہمت (۵) خواہش۔ رغبت (۶) اندرونا۔ باطن (۷) رُخ۔ توجہ ۔ **دِل آب آب ہونا** (د) (کنایۃً) دل کا نرم ہونا ۔ **دِل آرام۔ یا۔ دِلارام** (ف) دل کو آرام دینے والا۔ محبوب۔ پیارا۔ معشوق ۔ **دِل آزار**۔ دل دُکھانے والا۔ ظالم ۔ **دِل آزاری**۔ مؤنث۔ دل دُکھانا۔ دُکھ پہنچانا۔ ستم۔ ظلم ۔ **دِل آزردہ**۔ رنجیدہ۔ ناراض۔ غصے ۔ **دِل آنا۔ یا۔ آجانا** (د) کسی پر دل کا مائل ہو جانا۔ عاشق ہو جانا ۔

دِل آور۔ دِلاور (ف) مَن چلا۔ جواں مرد۔ سورما۔ شجاع۔ بہادر ۔
دِل آوری۔ دِلاوری۔ مؤنث (۱) جواں مردی۔ بہادری۔ شجاعت (۲)
دلیری۔ جرأت ۔ **دِل آویز۔ دلاویز**۔ دِل کو اچھا لگنے والا۔ دِل پسند ۔
دِل اٹکنا (و) دِل اُلجھنا۔ محبت ہونا۔ عشق ہونا ۔ **دِل اُٹھ جانا۔ یا۔
اُٹھنا** (۱) جی نہ لگنا۔ جی اُچٹ جانا (۲) دوسری جگہ جانے کو جی چاہنا ۔
دِل اچاٹ ہونا۔ دِل بیزار ہونا۔ جی اُکتانا ۔ **دِل افتادہ** (ف) شکستہ دِل۔
بددِل ۔ **دِل افروز**۔ دل کو روشن کرنے والا ۔ **دِل افگار**۔ زخمی دل والا۔
غمگین ۔ **دِل اُلٹنا** (و) (۱) جی گھبرانا (۲) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا ۔ **دِل امنڈنا**۔
رونے کے قریب ہونا۔ جی بھر آنا ۔ **دِل باغ باغ ہونا**۔ بے حد خوش ہونا۔
نہایت شاد ہونا ۔ **دِل باندھنا**۔ دِل مائل کر لینا ۔ **دِل بُجھنا**۔ دِل پژمردہ ہونا۔
دِل مرنا۔ طبیعت کا افسردہ ہونا ۔ **دِل بر۔ دِلبر** (ف) دل لے جانے والا۔
دِل رُبا۔ معشوق۔ حبیب۔ پیارا ۔ **دِل بُرا ہونا** (و) دِل کھٹا ہونا۔ دِل
ناراض ہونا ۔ **دِل برداشتہ ہونا**۔ دِل اُچٹنا۔ بیزار ہونا۔ دِل اُکتانا ۔
دِل بڑھانا (۱) دلیر کرنا۔ ہمت بندھانا (۲) خوش کرنا (۳) واہ وا کرنا (۴)
کسی کو بہادر کہنا تاکہ وہ لڑائی میں دلیری کا اظہار کرے ۔ **دِل بَلّیوں اُچھلنا**۔
سخت گھبرانا۔ نہایت بے قرار ہونا ۔ **دِل بند۔ دِلبند** (ف) بیٹا۔ لختِ جگر۔
نورِ نظر ۔ **دِل بند ہونا** (و) دِل رُکنا۔ دم گھٹنا۔ انقباضِ خاطر ہونا ۔ **دِل بھر آنا**۔
کسی کا دُکھ سُن کر رونے لگنا۔ دل امنڈ آنا ۔ **دِل بہلانا**۔ دوسری طرف دِل
لگانا۔ دِل کو سیر تماشے میں مصروف کرنا ۔ **دِل بیٹھ جانا**۔ خوشی نہ رہنا۔
ہمت ٹوٹ جانا ۔ **دِل پذیر۔ دلپذیر** (ف) دلاویز۔ دِل کو اچھا لگنے والا ۔
دِل پر سانپ لوٹنا (و) (۱) پچھتاوا آنا۔ افسوس آنا (۲) رنج و صدمہ گزرنا
(۳) جلنا۔ حسد ہونا ۔ **دِل پر مَیل آنا**۔ دِل پر رنج آنا۔ دِل کو ناگوار گزرنا ۔
دِل پر نقش ہونا۔ خوب یاد رہ جانا۔ کسی بات کا دِل میں جم جانا ۔ **دِل پر
ہاتھ رکھتے پھرنا**۔ دل پکڑے پھرنا۔ عشق کا اظہار کرتے پھرنا۔ بیتاب نہ
پھرنا ۔ **دِل پسند۔ دِلپسند** (ف) طبیعت کو پسند آنے والا ۔ **دل پسیجنا** (و)
(۱) ترس آنا۔ دل نرم ہونا (۲) سلوک کرنا۔ سخاوت پہ آمادہ ہونا ۔
دِل پک جانا۔ سخت کلامیوں یا صدموں سے دل اُکتا جانا ۔ **دِل پکڑا جانا**۔
دِل میں شبہہ گزرنا ۔ **دِل پکڑ کر۔ یا۔ تھام کر بیٹھ جانا**۔ ہائے کرکے بیٹھ
جانا۔ صدمے کے مارے بول نہ سکنا ۔ **دِل پکڑ لینا**۔ بیتاب ہو جانا۔ کسی
رنج یا صدمے کی تاب نہ لانا ۔ **دِل پکڑے پھرنا** (عو) بے قرار پھرنا ۔
دِل پھٹنا۔ طبیعت کا ہٹ جانا۔ دِل بیزار ہونا ۔ **دِل پھرنا** (۱) متنفر ہونا۔
دل بیزار ہونا (۲) طبیعت بھر جانا۔ سیر ہو جانا ۔ **دِل پھیرنا** (۱) نفرت دلانا۔
دل بیزار کرنا (۲) بیزار کرنا۔ چھکانا ۔ **دِل پھیکا ہو جانا**۔ خیال جاتا رہنا۔
توجہ نہ رہنا۔ کسی چیز سے دِل ہٹ جانا ۔ **دِل تڑپنا** (۱) دل بے قرار رہنا۔
دِل ٹوٹنا (۲) کسی کے دیکھنے یا ملنے کی بے حد خواہش ہونا ۔ **دِل توڑنا** (۱)
ناامید کرنا۔ ہمت توڑنا (۲) بے تعلق ہو جانا ۔ **دِل تولنا**۔ دِل کی آزمائش کرنا ۔
دِل ٹھکانے لگنا۔ یا۔ ہونا۔ ڈھارس بندھنا۔ تسلی ہونا۔ اطمینان ہونا۔

دِل ٹھہرنا ۔ **دِل ٹِکنا**۔ (۱) کسی کام پر آمادہ ہونا (۲) دِل جمعی ہونا۔ اطمینانِ خاطر
ہونا ۔ **دِل جلا**۔ دِل سوختہ۔ فریفتہ۔ عاشق ۔ **دِل جل کر کباب ہونا** (۱)
نہایت رنج یا صدمہ ہونا (۲) حسد سے جلنا ۔ **دِل جمعی**۔ مؤنث۔ اطمینان۔
بے فکری ۔ **دِل جمنا**۔ دِل لگنا۔ توجہ ہونا ۔ **دِل جُو۔ دِلجُو** (ف) محبوب۔ پیارا ۔
دِل جوئی۔ دِلجوئی (مؤنث) تسلی۔ تسکین۔ دِلداری ۔ **دِل چُرانا** (۱) دِل
چھیننا۔ دِل لینا (۲) جی چھپانا۔ کسی کام سے پہلو تہی کرنا ۔ **دِل چسپ۔ دِلچسپ**
(ف) (۱) دِل لبھانے والا۔ دِل پسند (۲) خوش نما۔ خوب صورت ۔ **دِل چسپی۔
دِلچسپی**۔ مؤنث (۱) چاہت۔ شوق (۲) لطف۔ مزہ ۔ **دِل چلا** (و) (۱) بہادر۔
دلیر۔ جواں مرد (۲) ہمت ور۔ داتا۔ سخی۔ فیاض (۳) پاگل۔ دیوانہ ۔ **دل چلنا**
(۱) مائل ہونا۔ خواہش ہونا (۲) پاگل یا دیوانہ ہونا ۔ **دِل حاضر ہونا**۔ دِل ٹھکانے
ہونا۔ طبیعت کا درست ہونا ۔ **دِل خراش** (ف) دُکھ پہنچانے والا۔ جانکاہ ۔
دِل خستہ۔ غم زدہ۔ رنجیدہ۔ مصیبت زدہ۔ آفت زدہ۔ دُکھی ۔ **دِل خواہ**۔
مرضی کے مطابق۔ پسندیدہ۔ دِل پسند ۔ **دِل خوش کرنا** (و) آنند کرنا۔
راضی کرنا ۔ **دِل دادہ۔ دِلدادہ** (ف) فریفتہ۔ عاشق ۔ **دِل دار۔
دِلدار**۔ مذکر (۱) معشوق۔ دِلبر۔ پیارا۔ جانی (۲) تسکین دینے والا۔ تسلی بخش ۔
دِل داری۔ دلداری۔ مؤنث (۱) تسکین۔ تسلی (۲) وفاداری۔ ہمدردی ۔
دِل دُکھانا (و)، دِل کڑھانا۔ رنج اور صدمہ پہنچانا ۔ **دِل دوز۔ دِلدوز**
(ف) (۱) دل کو چھید ڈالنے والا (۲) دل پر اثر کرنے والا (۳) پسندیدہ ۔
دِل دھڑکنا (و) (۱) دِل کانپنا۔ دِل لرزنا (۲) دِل کڑھنا ۔ **دِل دھک
دھک کرنا** (۱) بے قراری، ڈر یا بیماری سے دل کا تیزی سے حرکت کرنا (۲)
بیتاب ہونا ۔ **دِل دھک سے ہو جانا**۔ اچانک صدمے سے دِل پہ
چوٹ لگنا۔ دفعتہً صدمہ ہونا ۔ **دِل دھکڑ پکڑ کرنا**۔ دِل کا ہچر مچر کرنا،
دِل کا اندیشہ کرنا۔ دِل کا تذبذب میں ہونا ۔ **دِل دہلنا**۔ دِل دھڑکنا۔
ڈرنا۔ خوف کھانا ۔ **دِل دہی** (ف) مؤنث (۱) ڈھارس۔ دِل جوئی۔
تشفی۔ تسلی (۲) دھیان۔ توجہ ۔ **دِل دیکھنا** دو مرضی ٹٹولنا۔ منشا دریافت
کرنا۔ عندیہ لینا۔ آزمانا ۔ **دِل دینا**۔ کسی جگہ دِل پھنسا دینا۔ کسی پہ عاشق
ہو جانا ۔ **دِل ڈوبنا**۔ کمزوری کے سبب دِل کا گرا پڑنا۔ دِل کا بیٹھ جانا ۔
دِل رُبا (ف) مذکر۔ دِل لے جانے والا۔ معشوق۔ دلبر ۔
دِل رُبائی۔ مؤنث۔ معشوقی۔ دلبری ۔ **دِل رُکنا** (و) دِل کا آزردہ ہونا۔
دِل نہ ملنا ۔ **دِل رکھ لینا۔ دِل رکھنا** (۱) دلاسا دینا۔ تسلی دینا (۲)
پاسِ خاطر اور دِلداری کرنا۔ خوش رکھنا (۳) اُمید بر لانا ۔ **دِل زدہ** (ف)
(۱) غم رسیدہ (۲) افسردہ دِل۔ غم زدہ ۔ **دِل سنبھالنا**۔ دِل قابو میں رکھنا یا
لانا ۔ **دِل سوز۔ دِلسوز** (ف) (۱) غم خوار۔ خیر خواہ۔ دردمند۔ رفیق۔
دوست (۲) دِل گداز۔ درد انگیز ۔ **دِل سوزی۔ دِلسوزی**۔ مؤنث۔
(۱) خیر خواہی۔ ہمدردی (۲) دردمندی ۔ **دِل سے اُترنا۔ یا۔ گرنا** (و)
دِل کو پسند نہ آنا۔ حقیر ہونا۔ نظروں سے گرنا ۔ **دِل سے دھواں اُٹھنا**
دِل سے آہ نکلنا ۔ **دِل سے کام کرنا**۔ دِل لگا کر کام کرنا۔ شوق سے کام کرنا ۔

دِل شاد (ف) خوش۔ مگن۔ آنند۔ خوش وخرّم ؛ **دِل شکستہ**۔ دِل خستہ۔ دل افسردہ۔ دِل آزردہ۔ رنجیدہ۔ ہنانا ؛ **دِل شکن**۔ دِل توڑنے والا۔ دِل کو دُکھ دینے والا ؛ **دل شکنی**۔ مؤنث۔ دل توڑنا۔ کسی کا دِل ناراض اور آزردہ کرنا ؛ **دِل فریب**۔ **دِلفریب**۔ دِل کو فریفتہ کرنے والا۔ مَن موہن ؛

دِل کا بخار نکلنا (ف) (۱) دلی رنج ظاہر ہونا (۲) دِل کا جوش فرو ہو جانا ؛ **دِل کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ**۔ مثل۔ دِلی رنج میاں بی بی ہی خوب جانتے ہیں ؛

دِل کا مالک اللہ ہے۔ کہاوت (۱) دِل کی خبر خدا ہی کو ہے (۲) خدا ہی دِل پھیر سکتا ہے ؛ **دل کباب ہونا**۔ دِل کا سوختہ ہونا۔ دِل جلنا۔ دِل کو بے حد رنج پہنچنا ؛ **دِل کٹنا**۔ شرمندہ ہونا ؛ **دل کرنا** (۱) جرأت کرنا۔ ہمّت کرنا (۲) سخاوت کرنا ؛ **دل کڑکڑانا**۔ دِل سخت یا مضبوط کرنا۔ ہمّت باندھنا ؛

دِل کڑھنا۔ افسوس ہونا۔ غم ہونا ؛ **دِلکش**۔ (ف) (۱) دِل لبھانے والا۔ دِل پسند (۲) خوش نما ؛ **دِلکشا** (۱) دِل کو خوش کرنے والا (۲) فراخ (۳) روشن ؛

دِل کشیدہ ہونا (ف) بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا ؛ **دِل کملانا**۔ دِل پژمردہ ہونا۔ دِل مرجھانا ؛ **دِل کو پنکھا لگنا (ہونا)** بے قرار ہونا۔ بیتاب ہونا ؛ **دل کو دل سے راہ ہونا**۔ دونوں طرف سے محبت ہونا۔ جانبین سے الفت ہونا۔ محبت کرنے والے سے محبت ہونا ؛ **دِل کو ڈھالنا**۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا ؛ **دِل کو قرار ہونا**۔ یک سُوئی ہونا۔ اطمینانِ خاطر ہونا ؛ **دل کو لگنا** (۱) دِل پر واقع ہونا۔ دل پر اثر ہونا (۲) دل کو یقین ہونا۔ دل میں کھبنا (۳) دِل پر صدمہ گزرنا (۴) ناگوار گزرنا۔ غصّہ آنا ؛

دِل کو ہو قرار تو سوجھیں سب تیوہار۔ مثل۔ دل جمعی ہی میں آدمی کو خوشی اور ہر کام سوجھتا ہے ؛ **دِل کھٹا ہونا**۔ دِل ناراض ہونا۔ دِل بیزار ہونا ؛ **دِل کھٹکنا**۔ دِل میں شبہہ گزرنا ؛ **دِل کِھلنا** طبیعت خوش ہونا۔ شگفتگیٔ خاطر کا حاصل ہونا ؛

دِل کھلنا (۱) خوش ہو جانا (۲) روشن ضمیر ہونا ؛ **دِل کھول کے** حسبِ دلخواہ، خاطر خواہ۔ بخوبی ؛ **دِل کی پھانس**۔ مؤنث۔ دردِ دِل کی تکلیف یا رنج ؛

دِل کی دِل میں رہنا۔ ارمان رہنا۔ حسرت رہنا۔ دِل کی آرزو کا بر نہ آنا ؛ **دِل کی کنجی**۔ مؤنث (ع) مُشیر۔ صلاح کار۔ ہم راز ؛ **دِل کی لاگ**۔ مؤنث۔ محبت۔ عشق۔ عاشقی ؛ **دِل کے پھپھولے پھوڑنا**۔ بُرا بھلا کہہ کر دِل ٹھنڈا کرنا۔ زہر اُگلنا۔ غصّہ نکالنا۔ جلن نکالنا۔ حسرت نکالنا ؛ **دِل گردہ** (ف) مذکر (۱) جگرا۔ ہمّت۔ بہادری۔ جرأت۔ تاب وطاقت (۲) برداشت۔ بُردباری ؛ **دِل گرمی**۔ مؤنث (۱) شوق۔ گرم جوشی (۲) دوستی ؛ **دِل گیر۔ دِلگیر** (۱) رنجیدہ۔ غم زدہ۔ اندوہگیں۔ مغموم (۲) سوگوار ؛ **دِل لگانا** (ف) (۱) محبت کرنا۔ عشق کرنا (۲) دِل جمانا۔ توجّہ سے کوئی کام کرنا ؛ **دِل لگنا** (۱) دِل کا مشغول ہونا۔ طبیعت کا متوجہ ہونا (۲) محبت ہونا۔ عشق ہونا۔ عاشق ہونا ؛ **دِل لگی**۔ مؤنث (۱) ہنسی مذاق (۲) آشنائی۔ دوستی۔ محبت (۳) مشغلہ۔ شغل ؛ **دِل لگی باز**۔ مذکر۔ مسخرہ۔ ظریف۔ خوش طبع ؛ **دِل لوٹنا** (۱) دِل کا تڑپنا۔ بے قرار ہونا (۲) کسی شے کی آرزو میں دِل کا بے چین رہنا ؛ **دِل مارنا**۔ دِل کو نفسانی خواہشوں سے روکنا ؛ **دِل مرجانا**۔ دِل کا مُردہ ہونا۔ تمام خواہشوں سے منہ موڑ لینا ؛ **دِل مسوس کر رہ جانا**۔ دِل پکڑ کر رہ جانا۔ کسی صدمے سے چُپ کا چُپ رہ جانا ؛ **دِل مَلنا** (۱) دِل پامال کرنا۔ رنج پہنچانا (۲) (ع) نہایت مشتاق ہونا ؛ **دِل مِلنا**۔ دِل کا موافق ہونا۔ کسی سے ایک جان دو قالب ہونا ؛

دِل موہ لینا (۱) کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا۔ عاشق بنا لینا (۲) غشا دریافت کر لینا ؛ **دِل میلا کرنا** (ع) دِل بھاری کرنا۔ رنج میں رہنا ؛ **دِل میں آنا**۔ خیال گزرنا ؛ **دِل میں چُبھنا** (۱) دل پر اثر کرنا (۲) بے حد پسندیدہ اور خوش نما ہونا ؛

دِل میں چٹکیاں لینا (۱) دِل دُکھانا۔ طعنے مارنا (۲) دِل میں بیٹھنا ؛ **دِل میں چور بیٹھنا** (ع) بدگمانی ہونا۔ دل میں فرق پڑنا ؛ **دِل میں ڈالنا** (۱) دل میں کسی بات کا پیدا کرنا (۲) اِلقاء کرنا ؛ **دِل میں راہ کرنا**۔ دِل میں بیٹھنا۔ دل میں جگہ کرنا ؛

دِل میں رکھنا (۱) پوشیدہ رکھنا۔ ظاہر نہ کرنا (۲) بُرائی کی گرہ باندھنا (۳) دِل کی نہ کہنا ؛ **دل میں فرق آنا** (۱) دِل سے اعتبار اٹھنا۔ دِل میں شبہہ پڑنا ؛

دِل میں کانٹا سا کھٹکنا۔ بارِ خاطر ہونا۔ ناگوار گزرنا ؛ **دِل میں کپٹ ہونا**۔ دِل میں دشمنی اور کینہ ہونا ؛ **دل میں کھبنا**۔ دِل میں بیٹھنا۔ دِل کے اندر بیٹھنا۔ دِل میں اثر کرنا ؛ **دِل میں گرہ پڑنا**۔ دِل میں فرق آنا۔ کسی کی طرف سے رنج بیٹھنا ؛

دِل میں گڑ جانا۔ پسند آ جانا۔ دِل میں بیٹھ جانا ؛ **دِل میں گھر کرنا** (۱) دِل میں گھسنا۔ دِل میں بیٹھنا (۲) خصوصیت پیدا کرنا (۳) دوست بنانا۔ محبت بڑھانا ؛

دِل نشین۔ دِلنشین (ف) دِل میں بیٹھ جانے والا۔ مؤثّر ؛ **دِل نشین ہونا** (ف) دِل میں بیٹھنا۔ دِل میں جمنا ؛ **دِل نشینی۔ دِلنشینی** (ف) مؤنث۔ دِل میں بیٹھ جانا ؛

دِل نواز۔ دِلنواز۔ دِل خوش کرنے والا۔ محبوب ؛ **دِل نوازی۔ دِلنوازی**۔ مؤنث۔ دِل خوش کرنا ؛ **دِل والا** (ف) مذکر (۱) فیّاض۔ سخی (۲) دلیر۔ بہادر۔ سورما ؛

دل وجان سے (۱) شوق سے۔ بڑی خوشی سے۔ سر آنکھوں سے (۲) ازحد۔ نہایت۔ بخوبی ؛ **دل ہاتھ میں لینا** (۱) تسلّی دینا (۲) اپنا فرمان بردار رکھنا ؛ **دِل ہٹ جانا**۔ رغبت نہ رہنا۔ طبع کا ناراض ہو جانا ؛ **دِل ہلنا**۔ دِل لرز جانا۔ ڈر یا دہشت سے دل کا کانپ اٹھنا ؛ **دِل ہی دل میں۔ چپکے چپکے**۔ اندر ہی اندر ؛ **دِلی** (ف) (۱) جگری۔ باطنی۔ جانی (۲) پکّا۔ خالص (۳) دِل سے منسوب ؛

دُلار (دُلاَر) (ہ) مذکر۔ لاڈ۔ پیار۔ محبت ؛ **دُلارا**۔ مذکر۔ لاڈلا۔ عزیز۔ پیارا ؛ **دُلاری**۔ مؤنث (۱) لاڈلی۔ پیاری (۲) معشوقہ ؛

دلاسا (دِلا۔سا) (ف) مذکر (۱) تسکین۔ تشفّی۔ تسلّی (۲) تقویت ؛

دلاک (دَلْ۔ لاک) (ع) مذکر۔ حمّام میں بدن ملنے والا شخص۔ حمّامی ؛

دَلال (دَلاَل) (ع) مذکر۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ غمزہ ؛

دِلال (دِلاَل) (ع) مذکر۔ ناز۔ نخرا ؛

دلّال (دَلْ۔ لاَل) (ع) مذکر (۱) سودا کرنے والا۔ آڑھتیا (۲) بھڑوا۔ دیّوث (۳) رہنما ؛ **دلّالہ**۔ مؤنث۔ کٹنی۔ مشّاطہ ؛ **دلّالی**۔ مؤنث (۱) دلّال کا پیشہ۔ آڑھت (۲) بکوائی کا حق۔ دستوری (۳) کٹناپا ؛

دلالت (دَلاَ۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) رہنمائی۔ ہدایت (۲) پتا۔ علامت۔ نشان (۳) ثبوت۔ دلیل (۴) (ع) شان۔ رُعب ؛ **دلالت کرنا** (ف) ثابت ہونا۔ دلیل ہونا ؛

دِلانا (دِلاَنا) (ہ) (۱) عنایت کرانا۔ دِلوانا (۲) پیدا کرنا (۳) سپرد کرانا ؛

دلائل (دَلاَ۔ اِل) (ع) مذکر ومؤنث۔ دلیل کی جمع ؛

دُلائی (دُلا-ئی) (ہ) مؤنث۔ دُہری چادر۔ رُوئی کے بغیر دُہری رضائی ۔

دلبا (دَل-با) (ہ) مذکر (۱) لڑنے والا پرندہ، جو دوسرے پرندوں سے بھڑوا کر دلیر بنایا جاتا ہے (۲) دبیل ۔

دلتی (دُلَت-تی) (ہ) مؤنث۔ جانور کا پچھلی دونوں ٹانگیں اٹھا کر مارنا (چلانا، مارنا کے ساتھ) ۔

دلداپیش گیر (دَل-دا-پیش-گیر) (ہ) مذکر۔ پلنگ یا چھپر کھٹ کے آگے لگانے کا چھوٹا سا نگیرا ۔

دلدّر (دَلِد-دَر) (ہ) مذکر (۱) نحوست (۲) محتاجی - افلاس ۔ **دلدّر دُور ہونا** (ہ) تنگ حالی کا خوش حالی سے بدل جانا۔ نحوست یا افلاس کا دُور ہونا ۔

دلدّری (ہ) مذکر (۱) غریب اور مفلس آدمی (۲) منحوس آدمی (۳) میلا کچیلا آدمی (۴) (صفت) مفلس۔ کنگال (۵) بدقسمت منحوس ۔

دَلدَل (دَل-دَل) (ہ) مؤنث۔ کیچڑ۔ دھسان ۔

دُلدُل (دُل-دُل) (ع) مذکر (صحیح مؤنث) وہ سیاہی مائل سفید خچری، جو مقوقس حاکم اسکندریہ نے رسول اللہ (صلعم) کی خدمت میں بطور نذر بھیجی اور حضور ص نے حضرت علی مرتضیٰ کو عطا فرمائی ۔ **دُلدُل سوار** (ع-ف) مذکر۔ حضرت علی مرتضیٰ کا لقب ۔ **دُلدُل نکالنا** (ہ) شیعوں کی ایک رسم جس کے مطابق وہ محرّم کی آٹھویں کو حضرت عباس رض کے نام کا اور نویں کو حضرت امام حسین رض کے نام کا ایک گھوڑا ماتم کرتے ہوئے نکالتے ہیں ۔

دُلڑا (ہ) دو لڑی والا۔ دو لڑ کا۔ دُہرا ۔

دلق (دَلْق) (ع) مؤنث۔ گدڑی۔ صوفیوں اور درویشوں کا لباس ۔ **دلق پوش** (ع-ف) مذکر۔ گدڑی پہننے والا۔ صوفی۔ درویش ۔

دلک (دَلَک) (ہ) مؤنث (۱) کپکپی۔ جنبش (۲) چمک دمک (۳) دلکنا کا امر ۔ **دلکنا** (۱) لرزنا۔ جنبش ہونا۔ ہلنا۔ تصادم ہونا (۲) چمکنا۔ دمکنا ۔

دُلکھنا (دُلکھ-نا) (ہ) (۱) بات کاٹنا (۲) اعتراض کرنا ۔

دلکی (دُل-کی) (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کی درمیانی چال ۔

دَلمہ (دَل-مہ) (ہ) مذکر۔ نیا پنیر ۔

دُلمہ (دُل-مہ) (ہ) مذکر (۱) سالن (۲) ایک قسم کا سالن، جو بینگن یا گاجر وغیرہ میں قیمہ اور پنیر بھر کر پکایا جاتا ہے ۔

دلنا (دَل-نا) (ہ) درردا کرنا۔ موٹا موٹا پیسنا ۔ **دَلوانا** ۔ دَلنا کا متعدی ۔ **دَلوائی** ۔ مؤنث۔ دَلنے کی اُجرت ۔

دلو (دَلْو) (ع) مذکر (۱) ڈول (۲) آسمان کا گیارھواں برج ۔

دِلوانا (دِل-وا-نا) (ہ) دیکھیے "دِلانا" ۔

دَلو کا دس سیرا (ہ) مذکر۔ بیجا دخل دینے والا شخص ۔

دلھا (دُلھا) (ہ) مذکر (۱) دُولھا۔ نوشہ۔ بَنا (۲) جانی۔ پیارا ۔ **دُلھن** ۔ مؤنث (۱) بنی۔ عروس (۲) سہاگن (۳) پیاری ۔

دلھنڈی (دُلھن-ڈی) (ہ) مؤنث (ہندو) چیت کا پہلا اور ہولی کا دوسرا دن جب میں رنگ سے کھیلتے ہیں ۔

دِلّی (دِل-لی) (ہ) مؤنث۔ دہلی۔ ہندوستان کا دارالحکومت ۔ **دِلّی دُور ہے** (ہ) مثل۔ منزل مقصود مُتعذر ہے ۔ **دِلّی سے میں آؤں، خبر کہے میرا بھائی** (ہ) مثل (۱) اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص پرانی خبر سنائے (۲) وہاں بھی بولتے ہیں، جہاں کسی کو ایک بات کا علم ہونا ضروری سمجھا جائے، لیکن وہ کم عقلی کے سبب اس سے لاعلم ہو ۔ **دِلّی کی کمائی کماندو کے نالے میں بہائی** (گنوائی) (ہ) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کوئی شخص باہر کمائی کر کے وہیں خرچ کر دے اور خالی ہاتھ گھر واپس آ جائے ۔

دلیا (دَل-یا) (ہ) مذکر۔ دلا ہوا کچا یا پکا اناج ۔

دَلیے پنج (دَلیے-پَنج) (ہ) مذکر۔ عمر سے ڈھلا ہوا گھوڑا ۔

دلیر (دِلیر) (ف) (۱) بہادر۔ جری۔ دِل چلا۔ شُور بیر (۲) بے خوف۔ نڈر ۔

دلیرانہ (۱) بہادروں کی طرح (۲) گستاخوں اور بیباکوں کی طرح ۔ **دلیری** ۔ مؤنث (۱) دلاوری۔ بہادری۔ شجاعت۔ جُرأت (۲) بے خوفی (۳) چالاکی ۔

دلیل (دَلیل) (ع) مؤنث (۱) حُجّت۔ وجہ۔ ثبوت (۲) رہبر۔ رہنما۔ راستہ دکھانے والا ۔ **دلیلِ کامل** ۔ مؤنث۔ پوری دلیل۔ بیّن دلیل۔ پورا ثبوت ۔ **دلیل لانا** (ہ) (۱) وجہ ثبوت دینا۔ حجت پیش کرنا (۲) بحث کرنا ۔ **دلیلِ ناقص** (ع) مؤنث۔ کچا ثبوت۔ بودی بات ۔

دلیل (دَلیل) (ا) مؤنث۔ فوجی سپاہیوں کی وہ سزا، جس میں ان کا سامان اور ہتھیار کمر پر باندھ کر کچھ وقت ٹہلاتے یا قواعد کراتے ہیں ۔ **دلیل بولنا**۔ کھڑا رہنے یا ٹہلنے یا قواعد کرنے کی سزا ملنا ۔

د-م

دم (دَم) (ع) مذکر (۱) لہو۔ خون (۲) روح۔ جان۔ حیات۔ زندگی (۳) (ف) پھونک۔ سانس (۴) منتر۔ افسون۔ دعا یا جادو کی پھونک (۵) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ پٹّی (۶) تلوار کی باڑھ یا دھار (۷) نفس۔ ذات (۸) (ہ) حقے کا کش (۹) لحظہ۔ لمحہ۔ پل۔ منٹ (۱۰) پخت۔ دم پخت ۔

دَمُ الاَخوَین (ع) مؤنث (۱) (لغوی) دو بھائیوں کا خون (۲) (اصطلاحی) ایک قسم کا سرخ گوند، جو عموماً رنگنے اور دوا میں ڈالنے کے کام آتا ہے ۔

دم اُلٹنا (ہ) (۱) سانس رُکنا۔ دل گھبرانا (۲) جان کنی کے وقت دم اُکھڑنا ۔

دم باز (۱) مکار۔ فریبی (۲) حیلہ ساز۔ جھوٹا ۔ **دم بخود** (ف) (۱) چپ۔ خاموش (۲) حیران۔ ششدر ۔ **دم بدم** ۔ ہر لحظہ۔ برابر۔ ہر وقت۔ گھڑی گھڑی ۔ **دم بند کرنا** (ہ) (۱) خاموش کرنا۔ خوف کے مارے بات نہ نکلنے دینا (۲) سانس روکنا ۔ **دم بھر**۔ ایک لحظہ۔ پل بھر۔ ذرا ۔ **دم بھرانا** (۱) پہلوانوں کا شاگردوں سے زور کر کے انھیں تھکانا (۲) کبوتر کے پر ٹے میں ہوا بھرنا ۔ **دم بھرنا** (ہ) (۱) سانس چڑھنا۔ سانس پھولنا (۲) کسی بات کا مدّعی ہونا (۳) محبت کا دعویٰ کرنا ۔ **دم پخت** (ف) دیگ یا تنور کی بھاپ روک کر یا منہ بند کر کے پکایا ہوا کھانا ۔ **دم پر آنا** (ہ) کھلنے کا تیاری پر آنا۔ پک جانے کے قریب ہونا ۔ **دم پر بن جانا**۔ ہلاکت کے قریب پہنچنا۔

جان پر آ بننا ﴿ **دم پھڑکنا** (۱) بے قرار اور بیتاب ہونا (۲) جی لوٹ ہو جانا جی پھڑکنا ﴿ **دم پھولنا** ۔ سانس نہ سمانا ۔ سانس چڑھنا ﴿ **دم پھونکنا** ۔ جسم میں جان ڈالنا ۔ روح ڈالنا ﴿ **دم توڑنا** (۱) جان دینا ۔ مرنا (۲) جان کنی کے وقت سانس اکھڑنا ﴿ **دم تیغ** (ف) مذکر ۔ تلوار کی کاٹ تیزی یا دھار ﴿ **دم ٹوٹنا** (و) (۱) جان کنی کی حالت میں ہونا ۔ سانس اکھڑنا (۲) مرنا (۳) بھاگنے والے یا تیرنے والے کا سانس پھولنا ﴿ **دم ٹھہرنا** ۔ سانس کا قرار پکڑنا ۔ سانس جمنا ﴿ **دم جھانسا دینا** ۔ فریب دینا ۔ دھوکا دینا ۔ چال کرنا ﴿ **دم چرانا** (۱) اپنے آپ کو مردہ ظاہر کرنے کے لیے سانس روک لینا (۲) کسی کام سے پہلو تہی کرنا ﴿ **دم چڑھنا** ۔ ہانپنا ۔ سانس چڑھنا ﴿ **دم چھوڑ دینا** (۱) دم دینا ۔ جان دے دینا ۔ مرجانا ۔ ہو چکنا (۲) حوصلہ چھوڑنا ۔ ہمت ہارنا ﴿ **دم خشک ہونا** ۔ خوف سے دم فنا ہونا ۔ نہایت ڈرنا ۔ خوف کھانا ﴿ **دم خم** (و) مذکر (۱) زور و قوت ۔ تاب و طاقت ۔ مضبوطی (۲) تلوار کی دھار اور خمیدگی (۳) حواس ۔ اوسان ﴿ **دم داعیہ** (ف ۔ ع) مذکر ۔ حوصلہ ۔ دعویٰ ﴿ **دم دلاسا** (و) مذکر (۱) دھوکا ۔ دم جھانسا (۲) خوشامد ﴿ **دم دینا** (و) (۱) دھوکا دینا ۔ بہکانا ۔ فریب دینا (۲) جان دینا ۔ مرجانا (۳) فدا ہونا ۔ عاشق ہونا (۴) چاولوں کو دم پخت کرنا ﴿ **دم رکنا** (۱) دم گھٹنا (۲) دل گھبرانا ﴿ **دم سادھنا** ۔ سانس کا دماغ میں چڑھانا ۔ نفس کا ضبط کرنا ۔ حبس دم کرنا ۔ سانس روکنا ﴿ **دم ساز** (ف) مذکر (۱) دوست ۔ ہمراز ۔ ہمدم (۲) گانے یا نفیری میں ساتھ کا مدد دینے والا ﴿ **دم سولی پر ہونا** (و) (۱) نہایت پریشان ہونا (۲) جان خطرے میں ہونا (۳) از حد منتظر ہونا ﴿ **دم طمانچہ** ۔ مذکر ۔ تپنچہ ۔ پیش قبض ﴿ **دم عیسیٰؑ** (ف ۔ ع) مذکر (۱) حضرتِ عیسیٰؑ کی پھونک جس سے وہ مردے کو زندہ کر دیتے تھے (۲) تندرست کر دینے والا ۔ جان ڈالنے والا ﴿

دم غنیمت ہونا (د) (۱) قابلِ قدر ہونا (۲) متبرک ہونا ﴿ **دم فنا ہونا** (۱) جان نکلنا (۲) خوف کھانا ۔ ڈرنا ﴿ **دم قدم کی خیر** ۔ جان کی سلامتی کی دعا ﴿ **دم کرنا** (۱) پلاؤ پکانا (۲) جھاڑنا پھونکنا ﴿ **دم کھانا** (۱) بکواس کر کے دق کرنا ۔ جان کھانا (۲) خاموش رہنا ۔ چپ رہنا (۳) تحمل کرنا ۔ صبر کرنا (۴) کھانے کا ہلکی آنچ پر چھوڑا جانا (۵) دھوکے میں آجانا ﴿ **دم کھینچنا** (۱) چپ رہنا (۲) حقے کا گھونٹ لینا ﴿ **دم کے دم میں** ۔ پل بھر میں ۔ ذرا سی دیر میں ﴿ **دم گھٹنا** ۔ دم رکنا ۔ جی گھبرانا ﴿ **دم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا** (۱) مرضی کے خلاف اور زبردستی رکھنا (۲) تنگی میں رکھنا ﴿ **دم گھونٹ گھونٹ کر مارنا** (۱) جلا جلا کر مارنا (۲) سخت تنگ کرنا ﴿ **دم لگانا** (۱) حقے کا گھونٹ لینا (۲) چرس اڑانا ﴿ **دم لینا** (۱) سانس لینا (۲) ٹھہرنا ۔ آرام لینا (۳) باز آنا ۔ ماننا ﴿ **دم مارنا** دعویٰ کرنا ۔ شیخی مارنا ۔ **دم مارنے کی مجال نہیں** ۔ خاموشی اور صبر کے سوا چارہ نہیں ﴿ **دم میں** ۔ پل بھر میں ۔ لمحہ بھر میں ۔ لحظہ بھر میں ﴿ **دم میں آنا** ۔ دھوکے میں آنا ۔ فریب میں آنا ﴿ **دم میں دم آنا** ۔ جان میں جان آنا ۔ زندگی کی امید بندھنا ﴿ **دم میں لانا** ۔ دھوکا دینا ۔ بہکانا ۔ فریب دینا ﴿

دم ناک میں آنا ۔ تنگ ہو جانا [illegible] ﴿ [illegible] (۱) اکیلا ۔ تنہا (۲) اسی وقت ﴿ **دم نکلنا** (۱) [illegible] (۲) عاشق ہونا ﴿ **دم نہ مارنا** ۔ خاموش رہنا [illegible] ﴿ **دم واپسیں** (ف) مذکر ۔ آخری دم ﴿ **دم ہونا** ۔ دم [illegible] ﴿ **دم میں دم رکھنا** ۔ دھوکے میں رکھنا ۔ حیلہ حوالہ بتانا ﴿ [illegible] ﴿

دَمَوِی (ع) خونی مزاج کا آدمی جس کی طبیعت میں خون کا [illegible] ﴿ **دَمَوِی مزاج** ۔ مذکر ۔ وہ شخص جس میں خون کی خلط بڑھ جائے ﴿ [illegible] (ف) مذکر (۱) دھونکنی ۔ دھونکنی کا جوڑا (۲) [illegible] سانس [illegible] ﴿

دَمی (و) مؤنث ۔ ایک قسم کا چھوٹا حقہ ۔ چھوٹی سی [illegible] ﴿

دُم (دُم) (ف) مؤنث (۱) پونچھ ۔ دنبالہ (۲) پچھلا حصہ (۳) انجام (۴) [illegible] ﴿ **دُم پکڑی بھیڑ کی وار ہوئے نہ پار** (و) مثل ۔ ناچیز کا سہارا لینے سے کچھ نہیں بنتا ﴿ **دُم چھلا** ۔ مذکر ۔ چھبا ۔ دنبالہ ﴿ **دُم دار** (ف) پونچھ والا ۔ پونچھل والا ۔ دنبالہ دار ﴿ **دُم دار تارا** (ف) مذکر ۔ دنبالہ دار ستارہ ۔ پونچھل والا ستارہ ۔ ہیلی کا دُم دار ستارہ ﴿ **دُم دبا کر** ۔ جھکے ہیے ﴿ **دُم دبا کر بھاگنا** ۔ ڈر کے مارے بھاگ جانا ﴿ **دُم سُم سے اچھا** ۔ عام مویشی کی تعریف میں کہا جاتا ہے ۔ دُم سے سُم تک برابر اچھا ہے ﴿ **دُم کے پیچھے پھرنا** ۔ پیچھے پیچھے پھرنا ۔ ساتھ ساتھ لگا پھرنا ﴿ **دُم میں گھسنا** ۔ خوشامد میں رہنا ﴿ **دُم ہلانا** (۱) کتے کا خوشامد کی علامت ظاہر کرنا (۲) خوشامد کرنا (۳) صاف کرنا ۔ جھاڑ دینا ﴿ **دُمچی** (ف) مؤنث ۔ ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے نیچے رہتا ہے ﴿

دماغ (دِماغ) (ع) مذکر (۱) بھیجا ۔ مغز ۔ گودا (۲) (ف) ابر فتح وال گھمنڈ ۔ تکبر ۔ غرور (۳) (و) فہم ۔ سمجھ ۔ دانائی ۔ عقل (۴) برداشت ۔ تاب (۵) حواس ۔ ہوش ﴿ **دماغ پریشان کرنا** (و) (۱) حواس باختہ کرنا ۔ اوسان اڑانا (۲) طبیعت مکدر کرنا ﴿ **دماغ چاٹنا** ۔ مغز کھانا ۔ بکنا ۔ بکواس کرنا ﴿ **دماغ چٹ** ۔ مذکر ۔ بکی ۔ بکواسی ﴿ **دماغ چل جانا** ۔ سڑی ہونا ﴿ **دماغ چلنا** ۔ **یا ۔ آسمان پر ہونا** ۔ گھمنڈ ہونا ۔ غرور ہونا ۔ اترانا ﴿ **دماغ رکھنا** ۔ متکبر ہونا ۔ مغرور ہونا ﴿ **دماغ روشن** مذکر ۔ نسوار ۔ ہلاس ۔ ناس ﴿ **دماغ کرنا** ۔ مغرور ہونا ۔ اترانا ﴿ **دماغ میں خلل ہونا** ۔ عقل میں فتور پڑنا ۔ دماغ میں فرق آنا ۔ سڑی ہونا ۔ مالیخولیا ہونا ﴿

دمامہ (دَ ۔ مَا ۔ مَہ) (ف) مذکر ۔ دھونسا ۔ نقارہ ﴿

دَمان (دَمان) (ف) (۱) تیز چلنے والا (۲) طاقت ور (۳) خونخوار (۴) ڈراؤنا ﴿

دَمانا (دَ ۔ ما ۔ نا) (و) تلوار کو جھکانا ﴿

دمانک (دَ ۔ ما ۔ نک) (ہ) مؤنث ۔ گھوڑے پر بیٹھ کر چلانے والی ایک قسم کی نازک بندوق ﴿

دمدمہ (دَم ۔ دَمَہ) (ف) مذکر ۔ مورچہ ۔ وہ قلعہ جو لڑائی کے وقت تھیلوں میں مٹی بھر کر بنایا جاتا ہے ۔

دمرک ۔ دمرکا (دَم ۔ رَک ، دَم ۔ رَکا) (ہ) مذکر ۔ چمڑے کا گول ٹکڑا جو تکلے

میں لگایا جاتا ہے ۔ دکھڑا ۔

دمریز ۔ دمریزی (دَم ۔ رِیز ، دَم ۔ رِیـ ۔ زِی) (ف) مذکر ۔ وہ پھل ، جو درخت میں موسم کے بعد یا پھل توڑنے کے پیچھے آئے ۔

دمڑچار (دَمڑ ۔ چا) (ہ) مذکر ۔ دمڑی میں بکنے والا پتنگ ۔

دمڑی (دَم ۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) پیسے کا چوتھا حصّہ ۔ چھدام (۲) ہیچ ۔ کم قیمت (۳) کچّے پچیس بیگھے ۔ **دمڑی کا شوربا اور چوہے کی دُم** (ہ) مثل ۔ اُس وقت ظرافت سے کہتے ہیں ، جب کھانے پینے کی ذرا سی چیز میں کوئی تھوڑی سی کراہت والی چیز پڑ جائے ۔ **دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی ۔** مثل ۔ وہ چیز ، جس کے اوپر قیمت سے زیادہ خرچ بیٹھے ۔ اصلی قیمت کم اور خرچ زیادہ ۔ **دمڑی کی دال بڑا پتلی نہ ہو** (ہ) کہاوت ۔ ذرا سی خریداری پر اتنی شرطیں ۔ **دمڑی کی ہانڈی گئی ، کُتّے کی ذات پہچانی گئی** (ہ) کہاوت ۔ نقصان ہوا ، لیکن آدمی کو آزما لیا گیا ۔ **دمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں تو اسے بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں** (ہ) کہاوت ۔ ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے ۔ **دمڑی کے تین تین** (ہ) کہاوت ۔ بے حد سستے ۔ کوڑیوں کے مول ۔

دمڑے ۔ مذکر (جمع ناً) روپے ۔ دام ۔ **دمڑے خرچنا** ۔ دام لگا کر مول لینا ۔

دمک (دَمَک) (ہ) مؤنث (۱) چمک ۔ درخشندگی (۲) دمکنا کا امر ۔ **دمکنا** ۔ چمکنا ۔ جھلکنا ۔ نمایاں ہونا ۔

دمکلا (دَم ۔ کَلا) (ہ) مذکر (۱) پانی چڑھانے کی کل (۲) پچکاری (۳) گوپیا ۔

دُمل (دُم ۔ مَل) (ع) مذکر ۔ دیکھیے "دُنبل" ۔

دَمن (دَمَن) (ف) مؤنث ۔ نل کی معشوقہ ۔

دِمن (دِمَن) (ع) مذکر ۔ گوبر وغیرہ کا ڈھیر ۔

دمنا (دَم ۔ نا) (ہ) (۱) چمکنا دمکنا (۲) لچکنا ۔ لوہے کا ملائم ہونا (۳) دُبرا ہونا ۔ مُرجھانا (۴) تلوار کا جھکنا ۔

دُمنھا (دُمنْھا) (ہ) (۱) دو مُنہ کا (۲) دو مُنہ کا سانپ ۔

د ـ ن

دِن (دِن) (س) مذکر (۱) یوم ۔ روز (۲) فجر ۔ تڑکا ۔ صبح (۳) وقت ۔ دَور ۔ زمانہ (۴) نصیب ۔ طالع ۔ **دن آنا** (ہ) (۱) موسم آنا (۲) وقت آنا (۳) موت کا وقت آنا (۴) حیض آنا ۔ ایّام ہونا (۵) بُرے دن آنا ۔ کم بختی آنا ۔

دن بدن (۱) ہر روز ۔ روز بروز ۔ روز مرّہ (۲) رفتہ رفتہ (اکثر فصحا اس لفظ کو ہندی اور فارسی ترکیب کے باعث جائز نہیں سمجھتے) **دن بھاری ہونا ۔ یا ۔ رہنا** ۔ تنگ دستی ہونا ۔ سختی کے دن آنا ۔ **دن بھر** ۔ سارا دن ۔ **دن بھرنا** ۔ عمر کے دن پورے کرنا ۔ مصیبت میں بسر کرنا ۔ مصیبت کے دن پورے کرنا ۔ **دن پڑنا** (۱) بُرا وقت آنا ۔ مصیبت آنا (۲) بیوہ ہونا ۔ رانڈ ہونا ۔ **دن پورے کرنا** ۔ جوں توں کر کے عمر پوری کرنا ۔ مصیبت کے دن کاٹنا ۔ **دن پھرنا** ۔ تنگی اور نحوست کا دُور ہونا ۔ اچھے دن آنا ۔

دن چڑھنا ۔ صبح کا وقت گذرنا ۔ سورج کا اونچا ہونا ۔ **دن چڑھے** ۔ سورج کے اونچا ہو جانے پر ۔ آفتاب نکلنے پر ۔ **دن دُونا ، رات چوگنا** ۔ زیادہ سے زیادہ ترقی کا اظہار یا آرزو ۔ **دن دہاڑے ، دن دھوتے ، دن دوپہر ، دن دنے** ۔ روزِ روشن میں ۔ علانیہ ۔ کھلے خزانے ۔ سب کے سامنے ۔ **دن ڈھلنا** ۔ دن گھٹنا ۔ دن گزرنا ۔ **دن ڈھلے** ۔ دوپہر کے بعد ۔ **دِن سِن** ۔ مذکر ۔ سن و سال ۔ **دن سے** ۔ سرِ شام ، دن چھپنے سے پہلے ، غروب سے قبل ۔ **دن سیدھے ہونا** ۔ اچھے دن آنا ۔ **دن عید رات شب برات ہونا** ۔ دن کو عید کی سی خوشی اور رات کو شب برات کا سا جلسہ رہنا ۔ رات دن عیش و نشاط میں گزرنا ۔ **دن کاٹنا** ۔ دن پورے کرنا ۔ دن بھرنا ۔ مصیبت سے بسر کرنا ۔ **دن کٹنا** ۔ دن گزرنا ۔ دن بسر ہونا ۔ **دن کو اُولی اُولی رات کو چرخہ پونی** ۔ کہاوت ۔ بے موقع اور بے وقت کام ۔ **دن کو تارے دکھانا** ۔ دماغی صدمہ پہنچانا ، جس سے آنکھوں کے آگے ترمرے سے آ جائیں ۔ **دن کو دن ، رات کو رات نہ جاننا ۔ یا ۔ نہ سمجھنا** ۔ کسی کام میں دن یا رات کی پروا نہ کرنا ۔ **دن گنوانا** ۔ عمر گزارنا ۔ بیہودہ وقت کھونا ۔ **دن گئے** ۔ موقع گزر گیا ۔ بلند اقبالی اور دولت و خوش حالی کا وقت چلا گیا ۔ **دن گیا کہ رات** ۔ کہاوت ۔ دنیا سے نہ تو دن کا ہونا جاتا رہا اور نہ رات کا آنا ۔ ہر کسی کو کام کرنے کا موقع حاصل ہے ۔ **دن مان** ۔ دن کا اندازہ ۔ دن کا بڑھنا گھٹنا ۔ **دن نکلنا** (۱) پَو پھٹنا ۔ صبح ہونا (۲) سورج نکلنا ۔ **دنوں** ۔ مذکر ۔ دن کی جمع (۱) ایّام (۲) چوپایے کی عمر ۔ **دنوندا** (دِنَوں ۔ دا) مذکر ۔ ایک بیماری ، جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے ۔

دَنّا (دَنْ ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) بڑا (۲) لمبا (۳) موٹا (۴) مضبوط (۵) ڈینچو ۔ موٹی گیڑی ۔

دُنّاب (دُنْ ۔ ناب) (ہ) سُوجا ہُوا ۔ کُپّا ۔ فربہ ۔ موٹا ۔

دنادن (دَنا ۔ دَن) (ہ) مؤنث (۱) توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز (۲) صدمے یا ضرب کی متواتر آواز ۔

دَنادِن کا تیل (ہ) مذکر ۔ سختی اور شہوت بڑھانے والا طلا ۔ سانڈے کا تیل وغیرہ ۔

دنانیر (دَنا ۔ نِیر) (ع) مذکر ۔ دینار کی جمع ۔

دَنایت (دَنا ۔ یَت) (ع) مؤنث ۔ کمینگی ۔

دنبالہ (دُم ۔ با ۔ لَہ) (ف) مذکر (۱) دُم ۔ پیچھا (۲) سرمے کی لکیر ، جو آنکھ کے کونے سے آگے تک بڑھی ہوئی خوب صورتی کے لیے چھوڑ دی جاتی ہے (۳) کشتی یا جہاز کا پچھلا حصّہ ۔ **دنبالہ دار** ۔ دُم دار ۔ پیچھے دار ۔

دنبل (دُم ۔ بَل) (ف) مذکر ۔ پھوڑا ۔

دنبہ (دُم ۔ بہ) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا مینڈھا ، جس کی دُم بڑی چوڑی اور موٹی ہوتی ہے (۲) موٹا ۔

دنت (دَنْت) (س) مذکر (۱) دانت (۲) ہاتھی یا سؤر کا باہر کو نکلا ہُوا دانت (۳) نیزے کی نوک (۴) پہاڑ کی چوٹی ۔ **دَنت کھودنی** (ہ) مؤنث ۔ خلال ۔

دَنتوُ۔ مذکر۔ وہ آدمی جس کے اگلے دانت بڑے بڑے ہوں۔ دانتو ٭ **دَنتیل**۔ دانتوں والا ٭ **دَنتیلا** (۱) بڑے بڑے دانتوں والا (۲) دندانہ دار ٭

دُند (دُنْدْ) (ہ) مذکر (۱) ہو ماہو۔ بڑا نقارہ (۲) شور۔ غل (۳) ظلم۔ ستم۔ اندھیر ٭ **دُند مچانا** (۱) شور غل مچانا (۲) ظلم ڈھانا۔ اندھیر کرنا ٭

دندان (دَن۔ دَان) (ف) مذکر۔ دانت ٭ **دندان شکن جواب دینا** (د) منہ توڑ جواب دینا۔ ایسا جواب دینا جس کا جواب نہ بن پڑے ٭

دَندانِ مصری۔ مؤنث۔ ایک قسم کی ولایتی مٹھائی جس کی شاخیں سی بنی ہوتی ہیں ٭ **دَندانہ** (ف) مذکر۔ آرے کا خار۔ دانتا ٭

دند تانا (دَنْ۔ دَنا۔ نا) (ہ) عیش کرنا۔ مزے اڑانا۔ خوشی منانا ٭

دُنکا (دُنْ۔ کَا) (ہ) مذکر (حقارتاً) دانہ۔ اناج کا دانہ ٭

دنگ (دَنگ) (ف) ہکا بکا۔ ششدر۔ متعجب۔ حیران ٭ **دنگ رہنا** (د) متحیر رہنا۔ حیران رہنا ٭

دنگا (دَنگ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) فساد۔ جھگڑا۔ لڑائی (۲) شور۔ ہنگامہ۔ بلوہ (۳) بد ذاتی۔ شرارت (کرنا کے ساتھ) ٭ **دَنگئی** (د) (۱) جنگ جو۔ لڑاکا (۲) بدذات۔ شریر ٭

دنگل (دَنگ۔ گَل) (ف) مذکر (۱) اکھاڑا۔ کشتی لڑنے کی جگہ (۲) انبوہ۔ مجمع۔ بھیڑ ٭

دنی (دَنِی) (ع) پاجی۔ کمینہ۔ سفلہ۔ رذیل ٭

دنیا (دُنْ۔ یَا) (ع) مؤنث (۱) (لغوی، دُنُوّ سے مشتق) بہت نزدیک ہونے والی عورت (۲) (دَنَاءَت سے مشتق۔ ادنیٰ کی تانیث) خسیس۔ نالائق اور کمینی عورت (۳) یہ جہان۔ عالم۔ سنسار۔ جگ (۴) (د) دنیا دار۔ دنیا کے لوگ (۵) روپیہ پیسا۔ دولت (۶) طمع۔ حرص۔ لالچ ٭ **دنیا بہ امید قائم** (ع۔ ف) مثل۔ انسان امید ہی پر زندگی بسر کرتا ہے ٭ **دنیا ٹھگئے مکر سے، روٹی کھائے شکر سے** (د) مثل۔ فریبی آدمی دنیا میں مزے اڑاتا ہے ٭ **دنیا دار** (ع۔ ف) دنیا کے تعلقات میں گھرا ہوا شخص ٭ **دنیا داری**۔ مؤنث (۱) دنیا کے تعلقات۔ خانہ داری۔ رشتہ۔ کنبہ۔ ملنساری (۲) مجامعت۔ صحبت ٭ **دنیا ساز**۔ ظاہر داری کرنے والا ٭ **دنیا سازی**۔ مؤنث (۱) ظاہر داری کی باتیں (۲) بناوٹ، نمائش، ظاہرداری ٭ **دنیا عجب جگہ ہے** (د) کہاوت۔ دنیا انوکھی تماشا گاہ ہے ٭ **دنیا کی ہوا لگنا**۔ دنیا میں آنا ٭ **دنیا کے پردے سے اٹھ جانا**۔ دنیا پر نہ رہنا۔ جہان سے گزر جانا۔ مر جانا ٭ **دنیا ہو اور تم ہو**۔ کہاوت، جب تک دنیا قائم رہے، تم زندہ رہو ٭ **دنیا ہے اور خوشامد ہے**۔ کہاوت۔ دنیا میں چاپلوسی سے کام چلتا ہے ٭ **دنیوی** (دُنْ۔ یَوِی) (ع) دنیا سے منسوب یا متعلق (ابن حاج نے لکھا ہے کہ دنیائی اور دنیاوی دونوں غلط ہیں) ٭

د۔ و

دو (دُوْ) (ف) (۱) ایک اور ایک کا مجموعہ۔ جوڑا۔ جفت۔ ۲۔ ٢ (۲) چند ٭ **دوآبہ**۔ مذکر۔ دو دریاؤں کا درمیانی علاقہ ٭ **دوآتشہ**۔ دو دفعہ کھچی ہوئی۔ دُہری کشید کی ہوئی۔ تند۔ تیز (شراب وغیرہ) ٭ **دوآشیانہ خیمہ**۔ مذکر۔ دو کمروں کا ڈیرا۔ دُہرا خیمہ ٭ **دوآنسو ڈالنا**۔ یا۔ گرانا۔ یا بہانا (د) تھوڑا سا رونا ٭ **دواسپہ** (ف) مذکر (۱) دو گھوڑوں کی جوت کی سواری (۲) دو گھوڑوں کی ڈاک (۳) فوراً۔ جلد۔ تُرت ٭ **دوانگ** (ہ) مذکر۔ تلوار اور ڈھال سے کر یا گھوڑے پر سوار ہو کر لڑائی کرنا ٭ **دوانگل کی بچی** (د) مؤنث (عو) چھوٹی عمر کی لڑکی۔ ننھی سی جان ٭ **دوانگلیاں مستی لگانا** (عو) ذرا سی مستی کرنا ٭ **دوانی**۔ دَوَنی۔ مؤنث۔ دو آنے کا سکہ۔ روپے کا آٹھواں حصہ ٭ **دوایک** (۱) دو تین۔ دو چار۔ چند (۲) قلیل۔ قدرے ٭ **دوبارہ**۔ دوسری مرتبہ۔ پھر۔ مکرر ٭ **دوباز**۔ مذکر (۱) دو رنگے بازو کا کبوتر یا کنکوا (۲) وہ کبوتر جس کے دونوں بازوؤں کے پر سفید ہوں ٭

دوبدو (ف) روبرو۔ مقابل۔ آمنے سامنے (ہونا کے ساتھ) ٭ **دوبلدا** (د) دو بیلوں کا چھکڑا ٭ **دوبلدی**۔ مؤنث۔ دو بیلوں کی گاڑی ٭ **دوبول پڑھانا**۔ غریبی کی حیثیت سے لڑکی کا نکاح کر دینا۔ نکاح پڑھانا ٭ **دوبھیسیا** (۱) دو رنگا۔ دو رو۔ دو رخہ۔ منافق (۲) رکابی مذہب ٭ **دوپانی کا نقش یا تعویذ**۔ مذکر۔ نوخانے کا مثلثی نقش ٭ **دوپایہ** (ف) دو پاؤں کا۔ دو ٹانگوں کا ٭ **دوپٹا** (د) مذکر (لغوی) (۱) دو پاٹ کا چادرا۔ اوڑھنی (۲) کمربند۔ پٹکا ٭ **دوپٹا بدلنا** (۱) اوڑھنی تبدیل کرنا (۲) سہیلی بنانا۔ بہنا پا جوڑنا ٭ **دوپٹا تان کے سونا**۔ بےفکری سے سونا ٭ **دوپٹا ہلانا**۔ صلح کی علامت ظاہر کرنے کی غرض سے لڑائی میں چادر ہلانا ٭ **دوپشتہ کرنا**۔ کاغذ کو ایک رُخ سے چھاپ کر دوسرے رُخ سے چھاپنا۔ دو رخہ بنانا ٭ **دوپلڑی**۔ مؤنث۔ دو پلڑوں کی چھوٹی ٹوپی ٭ **دوپلکا**۔ مذکر (۱) ایک قسم کا نگینہ (۲) ایک قسم کا کبوتر (۳) ایک قسم کا پتنگ ٭ **دوپنتھی**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی دُہرے خانے کی جالی جس سے عورتیں کرتیاں بناتی ہیں ٭ **دوپہر**۔ مؤنث۔ دن کے بارہ بجے کا وقت۔ نیم روز ٭ **دوپہر بجنا**۔ بارہ بجنا۔ دوپہر کی توپ چھوٹنا ٭ **دوپہر ڈھلنا**۔ دن ڈھلنا۔ زوال کا وقت ہونا ٭ **دوپہریا**۔ مذکر۔ ایک قسم کا پھول، جو عموماً دوپہر کو کھلتا ہے ٭ **دوپیازہ** (ف) مذکر۔ سبزی کے بغیر گوشت، جس میں دو دفعہ پیاز استعمال کی جاتی ہے ٭ **دوتا** (۱) دُہرا۔ دُگنا (۲) ٹیڑھا (۳) کبڑا ٭ **دوتارا** (د) مذکر۔ ایک وضع کی چھوٹی سی سارنگی، جس میں دو تار ہوتے ہیں ٭ **دوتہی**۔ مؤنث۔ موٹا کپڑا، جو بستر کے بجائے دُہرا بچھایا جاتا ہے ٭ **دوٹوک**۔ دو ٹکڑے۔ القط ٭ **دوٹوک جواب دینا**۔ صاف انکار کر دینا ٭ **دوجی سے ہونا**۔ پیٹ سے ہونا۔ حاملہ ہونا ٭ **دوچار**۔ دو تین۔ دو ایک۔ چند ٭ **دوچار ہونا**۔ چار آنکھیں ہونا۔ مقابل ہونا ٭ **دوچت**۔ **دوچتا** (ہندو) (۱) دودلا۔ وہمی (۲) پریشان ٭ **دوچشمی** (ف) (۱) ہمہ تو، مخلوط (ھ) (۲) وہ تصویر جس میں پورے چہرے کا عکس ہوتا ہے ٭ **دوچند**۔ دُگنا۔ دُونا۔ دُہرا ٭ **دوچوبہ**۔ مذکر۔ دو چوب کا خیمہ ٭ **دوچھریوں کا ایک میان میں نہ رہنا** (د) دو بیریوں کا ایک گھر میں یا دو بشنیوں کا ایک کسی کے ہاں رہنا دشوار ہوتا ٭ **دوحرف بھیجنا**۔ لعنت کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ تف کہنا ٭ **دوخاتون** (بینش) (ف۔ ت) مؤنث (۱) آنکھوں کی دونوں پتلیاں (۲) دن اور رات ٭ **دوخصمی** (د) دو شوہروں والی۔ دو عورت،

جس نے دوسرا بیاہ کیا ہو ۔ **دودستہ خلال** ۔ مؤنث ۔ تاش کے کھیل میں دو شخصوں کو ایک بازی میں خلال رہنا ۔ **دودستی** ۔ مؤنث ۔ کشتی کا ایک داؤں ، جس میں حریف کو دونوں ہاتھوں سے گھسیٹ لاتے ہیں ۔ **دودِلا** ۔ وسواسی ۔ وہمی ۔ شکی ۔ مذبذب ۔ **دودل راضی کیا کرے گا قاضی** ۔ کہاوت ۔ فریقین کی رضامندی میں حاکم بھی دخل نہیں دیتا ۔ **دودن کا مہمان** ۔ مذکر (۱) تھوڑے دنوں کا مہمان (۲) ناپائدار ۔ فانی ۔ **دودن کی بہار** ۔ مؤنث ۔ تھوڑے دنوں کی رونق ۔ **دودن کی چاندنی** ۔ مؤنث (۱) چند روز کا حسن (۲) قائم نہ رہنے والی دولت ۔ **دو دو باتیں** ۔ مؤنث ۔ مختصر سوال و جواب ۔
دو دو دانے کو پھرنا ۔ ایک ایک ٹکڑے کو محتاج پھرنا ۔ بھیک مانگتے پھرنا ۔
دو دو ہاتھ اچھلنا ۔ سخت بے قرار ہونا ۔ نہایت بیتاب اور مضطرب ہونا ۔
دودھارا (۱) دوہری دھار کی تلوار ۔ تیغ دو دم (۲) وہ جگہ ، جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہوں (۳) ایک قسم کا تھوہر ، جس کی شاخ دوہری ہوتی ہے ۔
دودھاری تلوار ۔ مؤنث ۔ وہ سیدھی تلوار ، جس کی باڑھ دونوں طرف ہو ۔ سَیف ۔ **دوراہا** ۔ مذکر ۔ وہ جگہ ، جہاں سے دو راستے نکلتے ہوں ۔ **دورُخا** (۱) دو بھیسیا ۔ دورویہ (۲) وہ شخص ، جو دونوں طرف ہو ۔ منافق ۔ دورنگا ۔
دورسا ۔ مذکر ۔ دو قسم کا ملا ہوا تمباکو ۔ خمیر ملا ہوا تمباکو ۔ **دورگا** ۔ دوغلا ۔ وہ شخص جس کے ماں باپ دو ذاتوں کے ہوں ۔ **دورنگا** ۔ دورنگ کا ۔ دو بھیسیا ۔ **دورنگی** ۔ مؤنث (۱) دورنگوں کی (۲) دو مختلف حالتیں ہونا (۳) بیگانگی ۔ مغایرت ۔ غیریت (۴) مکاری ۔ **دورویہ** (۱) دورُخا ۔ دورنگا (۲) دوطرفہ (۳) منافق ۔ **دوزانو بیٹھنا** (۱) گھٹنوں کے بل بیٹھنا ۔ ادب سے بیٹھنا ۔
دوسار ہونا ۔ نیزے یا تیر کا جسم سے پار ہو جانا ۔ **دوساکھی** ۔ **دوساہی** ۔ **دوسائی** ۔ مؤنث (۱) وہ زمین ، جس میں دو فصلیں ہوں ۔ دو فصلی (۲) وہ زمین ، جس کے نیچے سخت مٹی اور اوپر ریت ہو ۔ **دوسالہ** (ف) مؤنث (۱) وہ زمین ، جو دو برس میں بوئی جوتی گئی ہو (۲) دو برس کا (۳) (اصطلاحاً) دو برس کی شراب ۔ **دوسوتی** (ا) مؤنث ۔ دوہرے سوت کا بنا ہوا کپڑا ۔ **دوسیری** ۔ مؤنث ۔ دو سیر کا باٹ ۔ **دوشاخہ** (۱) دو شاخوں کی لکڑی یا درخت یا شمع دان (۲) دونوں ٹانگیں ۔ **دوشالہ** (ف) مذکر ۔ پشمینے کی چادر کا جوڑا ۔ اعلیٰ درجے کی شال ۔ **دوشالے میں لپیٹ کر لگانا** (و) (۱) اچھے الفاظ میں ہجو کرنا (۲) درپردہ ذلیل کرنا ۔ **دوشنبہ** (ف) مذکر ۔ پیر کا دن ۔ سوموار ۔ **دوطرفہ** (ف ۔ ع) (۱) دو رویہ (۲) باہمی (۳) طرفین ۔ **دوعملہ** ۔ مذکر ۔ وہ چیز یا مکان ، جس پر دو آدمیوں کا قبضہ ہو ۔ **دوعملی** ۔ مؤنث (۱) دو حکومتیں ہونا (۲) بدانتظامی (۳) رائے کا اختلاف ۔ **دوغزلہ** (ف ۔ ع) مذکر ۔ ایک ہی بحر اور ردیف و قافیہ میں دو غزلیں ۔ **دوفصلی** (ا) مؤنث (۱) دو موسمی (۲) موسم میں دو پھل دینے والا درخت (۳) زمین ، جو سال میں دو دفعہ بوئی جائے ۔
دوکرنا (۱) دو ٹوک کرنا ۔ دو حصے کرنا (۲) دو برابر ٹکڑے کرنا ۔ **دوکوڑی کی بات ۔ یا ۔ آبرو کر دینا** ۔ عزت بگاڑ دینا ۔ ذلیل کر دینا ۔ **دوگاڑا** ۔ مذکر ۔ دو نالی بندوق ۔ وہ بندوق ، جس میں دو گولیاں بھری جاتی ہیں ۔

رہا کرتا کے ساتھ) ۔ **دوگانہ** (ف) مذکر (۱) نماز کی دو رکعتیں شکرانے کی نماز (۲) دوہری یا جڑواں چیز ۔ **دوگھڑی کا تڑکا** (و) مذکر ۔ سورج نکلنے سے پہلے کا وقت ۔ صبح کاذب ۔ **دوگھڑی کی بے حیائی ، سارے دن کا آرام** ۔ مثل ۔ ذرا سی ڈھٹائی اور بے مروتی سے مدت کے لیے آرام ہو جاتا ہے ۔ **دولتی** ۔ مؤنث ۔ دیکھیے دُلتی ۔ **دولڑا** ۔ مذکر ۔ دیکھیے دُلڑا ۔ **دولھڑا** ۔ مذکر ۔ ایک وضع کا موٹا فرشی کپڑا ۔ **دومنزلہ** (ف) مذکر ۔ دو درجے کا مکان ۔ **دومعنی** ۔ وہ بات ، جس کے دو معنی ہوں ، پہلو دار بات ، دو پہلو کی بات ، ذو معنیین ۔ **دو ملاؤں میں مرغی حرام** (و) مثل (۱) دو دعویٰ داروں اور ہم پیشہ آدمیوں میں کام بگڑ جاتا ہے (۲) ضد میں حلال چیز پر بھی حرام کا فتویٰ لگ جاتا ہے ۔ **دو منہ ہنس لینا** (ع) قدرے ہنس لینا ۔ ذرا ہنسنا ۔
دو میں تیسرا ، آنکھوں میں ٹھیکرا ۔ ساجھا دو ہی کا اچھا ، تیسرا شخص ناگوار ہوتا ہے ۔ **دوورقی** ۔ مؤنث (۱) دو ورق کی کتاب ۔ چھوٹی کتاب (۲) عورت کا اندام نہانی ۔ فرج ۔ **دوہاجن** ۔ مؤنث ۔ رانڈ عورت جس نے دوسرا نکاح کر لیا ہو ۔ **دوہاجو** ۔ وہ رنڈوا ، جس نے دوسرا بیاہ کیا ہو ۔ دوسری عورت والا شوہر ۔ **دوہتڑ** ۔ مذکر ۔ دونوں ہاتھوں کی ضرب ، جو اکثر عورتیں بچوں کے سر یا پیٹھ پر مارتی ہیں ۔ **دونوں** ۔ دو کے دو ۔ ہر دو (اسے دونوں غنہ کے بغیر لکھنا غلط ہے ، کیونکہ یہاں جمع کی علامت "وں" ہے ۔ صرف "و" نہیں ، جیسے تینوں ، چاروں ، پانچوں وغیرہ) ۔ **دونوں باگیں کسنا** ۔ تلوار کا دونوں طرف سے ٹیڑھا ہونا ۔ **دونوں ٹانگوں میں سر دینا** ۔ ٹھیک بنانا ۔ سزا دینا ۔ **دونوں جہان سے کھونا** ۔ دنیا کا رکھنا ، نہ دین کا ۔ **دونوں طرف** ۔ ہر دو جانب ۔ **دونوں وقت ملنا** ۔ دن اور رات کا ملنا ۔ روشنی ، نہ اندھیرا ، سورج ڈوبنا ۔ **دونوں وقت ملے** ۔ مغرب کے وقت ۔ شام کے وقت ۔
دونوں ہاتھ سے تالی بجنا ۔ دونوں طرف سے لڑائی ہونا ۔ دوستی سے دوستی ، دشمنی سے دشمنی ۔ **دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا** ۔ کسی کی چالاکی کو مان جانا ۔ شرارت یا برائی میں استاد تسلیم کرنا ۔ سخت نفرت ظاہر کرنا ۔ **دوئی** (ف) مؤنث (۱) شرک ۔ وحدت کے خلاف (۲) فراق ، جدائی ، علیحدگی ۔

دوآ (دَوَ ۔ آ) (ہ) (۱) دوسرا (۲) تاش کا پتا جس پر دو نشان ہوں ۔ دُکی (۳) جوئے کا ایک داؤں ۔

دوا (دَوَا) (ع) مؤنث ۔ دارو ۔ علاج ۔ معالجہ ۔ درماں ۔ **دواخانہ** (ف) مذکر (۱) شفاخانہ (۲) وہ الماری یا کمرہ ، جس میں دوائیں رکھی جاتی ہیں ۔
دوادارو (ا) مؤنث ۔ علاج معالجہ ۔ **دوا درمن** ۔ مؤنث (ع) علاج معالجہ ۔ دوادارو ۔ **دوا کو نہ ملنا** ۔ کسی شے کا قطعاً حاصل نہ ہونا ۔ ذرا نہ ملنا ۔

دواب (دَوَاب) (ع) مذکر ۔ حیوان ۔ چوپایے ۔ مویشی ۔

دواپر (دَوَا ۔ پَر) (س) مذکر ۔ ہندوؤں کا تیسرا جگ ، جو آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار سال کا سمجھا جاتا ہے ۔

دوات (دَوَات) (ع) مؤنث ۔ سیاہی رکھنے کا ظرف ۔

دوادشی (دُوَا۔ دَشی) (ہ) مؤنث۔ ہر پاکھ کی بارھویں تاریخ ۔

دَوَادَو۔ دَوَادوِش (دَوَا۔ دَوْ، دَوَا۔دَوِش) (ف) مؤنث۔ دوڑ دھوپ۔ کوشش ۔

دَوّار (دَوْ۔ وَار) (ع) (۱) بہت پھرنے والا۔ بہت گردش کرنے والا (۲) بدلنے والا ۔

دوار۔ دوارا (دُوَار، دُوَا۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ڈیوڑھی۔ دروازہ (۲) راستہ (۳) ذریعہ۔ وسیلہ (۴) چوکھٹ۔ آستانہ۔ جگہ ۔

دوازدہ (دُوَازْ۔ دَہ) (ف) بارہ۔ ۱۲ ۔ **دوازدہ امام** (ف۔ ع) مذکر۔ اثنا عشری کے بارہ امام (۱) حضرت علیؓ (۲) حضرت امام حسنؓ (۳) حضرت امام حسینؓ (۴) حضرت امام زین العابدینؓ (۵) حضرت امام محمد باقرؓ (۶) حضرت امام جعفر صادقؓ (۷) حضرت امام موسیٰ رضاؓ (۹) حضرت امام محمد تقیؓ (۱۰) حضرت امام علی نقیؓ (۱۱) حضرت امام حسن عسکریؓ (۱۲) حضرت امام محمد مہدیؓ ۔

دُوال (دُوَال) (ف) مذکر۔ تسمہ۔ رکاب کا تسمہ ۔ **دُوَالی** (۱) تسمہ لگانے والا سپاہی (۲) مؤنث۔ تسمہ۔ پٹراس۔ چمڑے کی پیٹی ۔

دِوال (دِوَال) (ہ) دینے والا۔ دینے والی ۔ **دِوال نہیں ہے** (ہندو) لے کر دینے والا نہیں۔ نادہندہ ہے ۔

دِوال (دِوَال) (ہ) مؤنث۔ دیوار۔ پاکھا۔ بھیت (غلط العوام) ۔ **دِوَالیں**۔ مؤنث (ع) (۱) انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے (۲) دِوال کی جمع۔ دیواریں (غلط العوام) ۔

دِوالا (دِوَا۔ لَا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "دیوالا" ۔ **دِوالا نکالنا**۔ دیکھیے دیوالا نکالنا"۔

دِوالیا۔ مذکر۔ دیکھیے دیوالیا"۔

دوام (دَوَام) (ع) مذکر (۱) ہمیشگی (۲) ہمیشہ۔ سدا۔ نت ۔ **دوامی**۔ ہمیشہ کے لیے۔ دائمی ۔ **دوامی بندوبست** (ع۔ ف) مذکر۔ زمین کا وہ انتظام، جو ہمیشہ کے لیے ایک ہی بار کر دیا جائے ۔

دَوَاں (دَوَاں) (ف) دوڑتا ہوا۔ بھاگتا ہوا ۔

دواوین (دَوَا۔ وِین) (ع) مذکر۔ دیوان کی جمع ۔

دوائر (دَوَا۔ اِر) (ع) مذکر۔ دائرہ کی جمع ۔

دوب (دُوْب) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی باریک، نرم اور عمدہ گھاس ۔

دوبھر (دُوْ۔ بَھر) (ہ) (۱) سخت۔ مشکل (۲) بار خاطر۔ ناگوار ۔

دوت۔ دُوتا (دُوْت، دُوْ۔ تَا) (ہ) مذکر (۱) سفیر۔ ایلچی۔ قاصد (۲) پیشکار۔ نائب (۳) موت کا فرشتہ۔ روح قبض کرنے والا۔ ملک الموت (۴) غماز۔ چغل خور ۔ **دُوتی**۔ مؤنث (۱) چغل خور عورت (۲) کٹنی ۔

دوت دبک (دُوْت۔ دَبک) (ہ) مؤنث۔ لعنت۔ ملامت۔ پھٹکار۔ دھتکار ۔

دوج (دُوْج) (ہ) مؤنث (ہندو) قمری مہینے کی دوسری اور سترھویں تاریخ ۔

دوجا (دُوْ۔ جَا) (ہ) دوسرا۔ دوم۔ ثانی ۔

دوخت (دُوْخت) (ف) مؤنث۔ سیون۔ سلائی ۔

دود (دُوْد) (ف) مذکر (۱) دھواں۔ دخان (۲) بھاپ ۔ **دُودکش**۔ مذکر۔ دھواں نکلنے کا سوراخ۔ چمنی ۔ **دودہ**۔ مذکر (۱) دھواں (۲) کاجل (۳) دھند۔ غبار (۴) بھاپ ۔

دودمان (دُوْد۔ مَان) (ف) مذکر۔ خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ ۔

دودہ (دُوْ۔ دَہ) (ف) مذکر (۱) خاندان (۲) کیڑا ۔

دودھ (دُوْدھ) (ہ) مذکر (۱) شیر۔ لبن (۲) درخت یا کسی شے کا گاڑھا سفید عرق ۔ **دودھ اترنا**۔ دودھ پلاتے وقت چھاتیوں میں دُودھ بھر آنا ۔ **دودھ ادھاری** (ہندو) صرف دودھ پر رہنے والا۔ وہ شخص جس نے اناج وغیرہ چھوڑ کر صرف دودھ پر گزارہ ٹھہرایا ہو ۔ **دودھ اگلنا**۔ دودھ کی قے کرنا۔ بچے کا دودھ ڈالنا ۔ **دودھ بخشنا** (ہ) دودھ پلانے کا حق معاف کرنا ۔ **دودھ بڑھانا** (ہ) بچے کا دودھ چھڑانا ۔ **دودھ بھائی**۔ مذکر۔ دودھ شریک بھائی۔ برادرِ رضاعی۔ کوکا ۔ **دودھ بھر آنا**۔ بچے کی محبت کے سبب ماں کی چھاتیوں میں دودھ اتر آنا ۔ **دودھ بھری کٹوریاں**۔ مؤنث۔ دودھ بھری چھاتیاں ۔ **دودھ بہنیں**۔ مؤنث۔ دو جدا جدا ماں باپ کی بیٹیاں، جنھوں نے ایک ہی ماں کا دودھ پیا ہو ۔ **دودھ بھی پیارا، پوت بھی پیارا، قسم کس کی کھاؤں** (ہ) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کوئی کام نہ کرتے ہی بنے، نہ چھوڑتے۔ کیا کروں، کیا نہ کروں ۔ **دودھ پڑنا** (ہ) اناج میں رس پڑنا ۔ **دودھ پلانا**۔ بچے کو دودھ دینا۔ چھاتی منہ میں ڈال دینا ۔ **دودھ پلائی**۔ مؤنث (۱) دایہ۔ انّا (۲) وہ نقدی، جو ساچق کے روز دلھن کے گھر سے دولھا کو آتی ہے (۳) وہ نقدی، جو دولھا گھوڑ چڑھی کے وقت اپنی ماں کو دُودھ پلانے کے عوض میں دیتا ہے ۔ **دودھ پوت**۔ مذکر۔ مال اولاد۔ دھن دولت ۔ **دودھ پوت والی**۔ مؤنث۔ خوش نصیب۔ دھن دولت اور آل اولاد والی ۔ **دودھ پھاڑنا**۔ کسی دوا سے دودھ کا پانی الگ کر دینا ۔ **دودھ پیتا بچہ** (ہ) مذکر (۱) گود کا بچہ۔ شیر خوار (۲) نادان۔ بے سمجھ۔ ناتجربہ کار۔ بھولا ۔ **دودھ پیتے روپے** (ہ) مذکر۔ روپے مع سود ۔ **دودھ چرانا**۔ دوہتے وقت گائے بھینس کا تھنوں میں سے دودھ اوپر کو چڑھا جانا ۔ **دودھ چڑھانا** (۱) دودھ چرانا (۲) کسی دیوتا یا پیر کی نذر کے طور پر دودھ چڑھانا ۔ **دودھ چڑھنا** (۱) دودھ جذب ہونا۔ دودھ خشک ہونا (۲) چھاتیوں کا دودھ سے تن جانا ۔ **دودھ چھٹانا یا۔ چھڑانا**۔ دیکھیے "دودھ بڑھانا" ۔ **دودھ دوہنا۔ یا۔ دُہنا**۔ دودھ نکالنا۔ دھار نکالنا ۔ **دودھ دیکھنا** (۱) دودھ کو پرکھ کر دیکھنا کہ وہ کھرا ہے یا کھوٹا (۲) اناج میں رس پیدا ہونا ۔ **دودھ سا**۔ دودھ کی مانند۔ بے حد سفید ۔ **دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے**۔ مثل۔ ایک شے سے ڈرا ہوا اس کی ہم صورت شے سے بھی ڈرتا ہے ۔ **دودھ کا دودھ پانی کا پانی**۔ مثل (۱) پورا پورا انصاف (۲) ہر جنس جدا جدا ۔ **دودھ کا سا ابال**۔ مذکر۔ غصہ، جو ایک ہی بار آ کر اتر جائے ۔ **دودھ کی بو منہ سے آنا** (ہ) بچہ اور ناتجربہ کار ہونا ۔ **دودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا** (ہ) کسی کو تعلق والا اور عزیز ہونے کے باوجود بالکل بے دخل و بے تعلق کر دینا ۔ **دودھ کی مکھی**۔

مؤنث۔ وہ مکھی، جو دودھ میں گر پڑے اور اسے نکال کر پھینک دیا جائے ॰ **دودھ کے دانت**۔ مذکر۔ وہ نرم اور ملائم دانت، جو شیر خوارگی کے زمانے میں نکلتے ہیں ॰ **دودھ کے دانت نہ ٹوٹنا**۔ کم عمر ہونا ॰ **دودھ مال**۔ مؤنث۔ انّا ॰ **دودھ مسہری**۔ مؤنث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ॰ **دودھ والی**۔ مؤنث (۱) گوالن۔ شیر فروش (۲) وہ عورت، جو بچے کو دودھ پلاتی ہو۔ زچّہ ॰ **دودھوں کلّیاں کرو** (کلمۂ دعا) اللہ تعالیٰ تمھیں اتنی دولت دے کہ پانی کے بجائے دودھ سے کلّیاں کیا کرو ॰ **دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو** (دعا) (ع) ہمیشہ دولت اور اولاد میں کھیلتی رہو ॰ **دُودھی**۔ مؤنث۔ دیکھیے "دُدّھی" ॰ **دُودِھیا** (۱) دودھ کا۔ دودھ بھرا۔ رس سے بھرا ہوا۔ رسیلا (۲) چٹّا۔ سفید (۳) سبز۔ ہرا۔ کچّا (۴) ایک قسم کا پتھر۔ ایک وضع کا نرم حلوا۔ سوہن ॰ **دودَھیل**۔ دیکھیے "دُدَھیل" ॰ **دودَھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی**۔ مثل۔ جس سے نفع حاصل ہو، اس کی سخت بات بھی سہنی پڑتی ہے ॰

دَور (دَوْر) (ع) مذکر (۱) گردش۔ چکر۔ چرخ (۲) کسی شے کا دورہ کرتے ہوئے اپنی ہی ذات پر ٹھہرنا (۳) چال۔ رفتار۔ روش (۴) راج۔ حکومت۔ سلطنت (۵) شراب کے پیالے کی گردش (۶) گھیرا۔ کنارہ۔ حاشیہ (۷) نوبت۔ باری (۸) گرداگرد (۹) عرصہ۔ زمانہ (۱۰) تغیّر و تبدّل۔ انقلاب ॰ **دَور دَورا**۔ مذکر (۱) عمل دخل۔ اختیار (۲) اقبال (۳) راج، حکومت ॰ **دَور کرنا**۔ دو آدمیوں کا بیٹھ کر باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن عزیز سنانا ॰ **دَور ہونا**۔ زمانہ ہونا ॰ **دوران** (دَوَ۔ رَانْ) (ف) (عربی میں دَوَرَان ہے، فارسی والوں نے دَوْرَان بنا لیا) مذکر (۱) چکر۔ گردش (۲) وقت۔ زمانہ (۳) عمر ॰ **دورانِ سر**۔ مذکر۔ سر کا چکر۔ سر گھومنا۔ دردِ سر ॰ **دورہ** (ع) مذکر (۱) چکر۔ گردش (۲) نوبت۔ باری (۳) حاکموں کا اپنے علاقے کو دیکھنا۔ گشت ॰ **دورہ سپرد کرنا** (۱) عدالت کے حوالے کرنا (۲) فوجداری کے سخت مقدّمے کو تجویز کے لیے سشن جج کے حوالے کرنا ॰ **دورہ کرنا** (۱) چکر لگانا (۲) حاکموں کا اپنا ضلع یا علاقہ دیکھنے جانا ॰

دُور (دُوْر) (ف) (۱) فاصلہ۔ بُعد (۲) الگ۔ جدا۔ علیحدہ (۳) چل۔ سرک۔ ہٹ ॰ **دُور از کار** (ف) (۱) مطلب سے دُور (۲) خلاف (۳) مرضی کے خلاف ॰ **دُور افتادہ** (۱) دُور (۲) غصّے اور ملامت کا نشانہ (۳) دُور مقام پر رہنے والا ॰ **دُور اندیش**۔ آگا پیچھا سوچ کر چلنے والا۔ ہوشیار۔ دُور کی بات سوچنے والا ॰ **دُور اندیشی**۔ مؤنث۔ دُور بینی۔ سوجھ بچار۔ دانائی۔ عقل مندی ॰ **دُور باش** (۱) دُور ہو۔ چوبداروں کا کلمہ، جو وہ بادشاہوں کے آگے کہا کرتے تھے (۲) دو شاخہ نیزہ، جو بادشاہوں کی سواری کے آگے ہوتا تھا ॰ **دُور بھاگنا**۔ نفرت کرنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ الگ رہنا ॰ **دُور بین** (ف) مؤنث (۱) دُور کی چیز دیکھنے کا آلہ (۲) دُور فاصلے کی چیز دیکھنے والا (۳) دُور اندیش ॰ **دُور پار** (ف) (ع) (۱) نصیبِ دشمناں۔ خدا نہ کرے۔ نوج (۲) بیجڑا۔ زنانہ۔ زنخہ ॰ **دُور پہنچنا** (۱) دُور نکل جانا (۲) بلند خیالی اور درجۂ کمال پر پہنچنا ॰ **دُور تک پہنچنا** (۱) بڑوں تک جانا۔ بڑوں کی گالی دینا (۲) بہت فاصلے تک چلا جانا ॰ **دُور دراز** (ف) بہت دُور۔ بہت فاصلے پر ॰ **دُور دست**۔ نہایت دُور۔ وہ جگہ، جہاں پہنچنا مشکل ہو ॰ **دُور دُور** (ف) (ندا) (ع) (کلمۂ نفرت) دُور ہو۔ چل ہٹ ॰ **دُور دُور پہنچنا** (۱) دُور کے مقاموں پر جانا (۲) وسیع نظر ہونا۔ بلند پروازی (۳) شہرت ہونا ॰ **دُور رہنا**۔ جُدا رہنا۔ الگ رہنا ॰ **دُور کا رشتہ۔ یا۔ ناتا**۔ مذکر۔ دُور کی رشتہ داری۔ دُور کا واسطہ ॰ **دُور کا مضمون**۔ مذکر۔ گہرا، نازک مضمون۔ نہایت اچھا مضمون ॰ **دُور کرنا** (۱) ہٹانا۔ جدا کرنا۔ الگ کرنا (۲) آنکھوں سے علیحدہ کرنا۔ غائب کرنا (۳) نوکری سے برطرف کرنا۔ موقوف کرنا (۴) بیچنا۔ فروخت کرنا ॰ **دور کھچنا۔ یا۔ کھنچنا** غرور اور نخوت کرنا۔ الگ رہنا ॰ **دُور کی بات**۔ مؤنث۔ نکتہ۔ گہرا خیال۔ سمجھ کی بات ॰ **دُور کی سوجھنا**۔ دُور اندیش ہونا۔ گہرا خیال آنا ॰ **دُور کی کوڑی لانا**۔ قابلِ فخر کام کرنا۔ بڑا کام کرنا ॰ **دُور کی کہنا** (۱) سمجھ سے باہر بات کہنا (۲) از حد سمجھ کی بات کہنا ॰ **دُور کی ہانکنا** (۱) شیخی یا گپ مارنا (۲) لیاقت سے بڑھ کر دعویٰ کرنا ॰ **دُور کے ڈھول سہانے**۔ مثل۔ دُور سے سُنی ہوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے، پاس جانے پر حقیقت کھل جاتی ہے ॰ **دُور ہو** (کلمۂ نفرت) سرک۔ ہٹ۔ منہ نہ دکھا ॰ **دُور ہونا** (۱) جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا (۲) فاصلے پر ہونا (۳) بے حد سمجھ والا اور سنجیدہ ہونا (۴) نہایت بد ذات اور شریر ہونا (۵) نظر سے غائب ہونا۔ سرکنا ॰ **دُوری** (ف) مؤنث (۱) جدائی۔ فرق۔ تفاوت (۲) فاصلہ، بُعد ॰

دَوری (دَوْ۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹی ٹوکری ॰

دوڑ (دَوْڑ) (ہ) مؤنث (۱) دوڑنے کا عمل (۲) چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ (۳) رسائی۔ پہنچ (۴) جدوجہد۔ کوشش (۵) دوڑنا کا امر ॰ **دوڑ دوڑ۔ یا۔ دوڑ دوڑ کے جانا** (۱) جلد جلد جانا (۲) گھڑی گھڑی جانا ॰ **دوڑ دھوپ**۔ مؤنث (۱) تلاش اور جستجو (۲) محنت و مشقت (۳) دَوا دَوش ॰ **دوڑ کر چلنا** (۱) بھاگ کر چلنا (۲) سوچے بغیر کوئی کام جلد کرنے پر تیار ہو جانا ॰ **دوڑ مارنا** (۱) اچانک حملہ کر دینا۔ دھاوا کرنا (۲) لمبا سفر کرنا (۳) مشکل کام کا پورا کرنا (۴) بے حد کوشش اور دوڑ دھوپ کرنا ॰ **دوڑا دوڑی**۔ مؤنث۔ بھاگا بھاگ۔ دوڑ بھاگ ॰ **دوڑاک**۔ مذکر۔ بہت دوڑنے والا ॰ **دوڑانا** (۱) جلد جلد چلانا۔ بھگانا (۲) جلد بھیجنا (۳) چپکانا۔ لگانا (۴) بچھانا۔ پھیلانا (۵) تھکانا۔ محنت کرانا ॰ **دوڑنا** (۱) لپکنا۔ بھاگنا (۲) جلد جانا (۳) بچھنا۔ پھیلنا (۴) محنت اور کوشش کرنا (۵) ہکّا بکّا ہونا (۶) دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا ॰

دوزخ (دُو۔ زَخْ) (ف) مذکر و مؤنث (۱) نرک۔ جہنّم۔ وہ ساتوں طبقے، ج

تحت الثریٰ میں گنہگاروں کی سزا کے لیے بنائے گئے ہیں (۲) پیٹ - شکم ٭ **دوزخ بھرنا** (۱) پیٹ بھرنا ٭ **دوزخ کا کُندا** - مذکر - سخت گنہگار ٭ **دوزخی** (ف) جہنمی - پاپی ٭

دوس (دُوْس) (ہ) مذکر (۱) گناہ - جرم - قصور (۲) الزام (۳) نقص - عیب ٭ **دوس دینا** (۱) قصوروار قرار دینا (۲) الزام لگانا (۳) عیب لگانا ٭

دوست (دُوْشْت) (ف) مذکر (۱) یار - خیرخواہ - رفیق - آشنا (۲) محبوب - معشوق ٭ **دوست دار - دوستدار** (ع و) مشفق - ہمراز - خیرخواہ ٭ **دوست داری - دوستداری** - مؤنث - دوستی - خیرخواہی ٭ **دوستانہ** - مذکر (۱) دوستی - یاری (۲) یارانہ - محبت ٭ **دوستی** - مؤنث (۱) یارانہ - دوستانہ - آشنائی (۲) محبت - پیار (۳) اتحاد ٭ **دوستی کا دم بھرنا - یا - مارنا** (و) دوستی کا حق جتانا - دوست ہونے کا بیڑا اٹھانا - دوستی کا دعویٰ کرنا ٭

دوسرا (دُوْسْ - رَا) (و) (۱) دوم - ثانی (۲) دیگر - اَور (۳) مثنیٰ (۴) غیر - اجنبی - (۵) مقابل کا ٭ **دوسری** - دوسرا کی تانیث ٭ **دوسری ماں** - مؤنث - سوتیلی ماں ٭

دوش (دُوْش) (س) مذکر - دیکھیے "دوس" ٭

دوش (دُوْش) (ف) مذکر - کندھا - شانہ ٭ **دوش بدوش** (۱) کندھے سے کندھا ملا کر (۲) اتفاق سے ٭

دوش (دُوْش) (ف) گذری ہوئی رات ٭ **دُوْشِینَہ** - پچھلی رات کا ٭

دوشیزگی (دُوْ - شِیْ - زَگِیْ) (ف) مؤنث - کنوارپن - بکارت - چیرا بند ہونا ٭ **دُوْشِیْزَہ** - مؤنث - کنواری - بن بیاہی - پاکیزہ - چیرا بند ٭

دوغ (دُوْغ) (ف) مذکر و مؤنث (۱) دہی (۲) چھاچھ (۳) رائتا ٭

دوغلا (دُوْغ - لَا) (و) (۱) وہ مرد، جس کے ماں باپ ایک ذات کے نہ ہوں - دونسلا (۲) کم ذات - کمینہ - کم اصل ٭ **دوغلی** (۱) وہ عورت، جس کے ماں باپ ایک ذات کے نہ ہوں - دونسلی (۲) کمینی - کم ذات ٭ **دوغلی بات** - مؤنث - وہ بات، جو صاف اور یک رخی نہ ہو - دورُخی بات ٭

دُوک (دُوْک) (ہ) مذکر - دو سال کا بچھڑا ٭

دُوک (دُوْک) (ف) مذکر - چرخے کا تکلا ٭

دوکھنا (دُوْکھ - نَا) (ہ) (۱) طعنہ دینا - عیب لگانا (۲) بہتان جوڑنا - الزام دھرنا (۳) چھپا ہوا عیب ظاہر کرنا (۴) حرف رکھنا - برا کہنا (۵) قطع کلام کرنا - بات کاٹنا ٭

دول (دُوَل) (ع) مذکر - دولت کی جمع سلطنتیں ٭

دولاب (دولاب) [(دُوْ - لَاب) (دُوْ - لَا - بَہ)] (ع) مذکر (۱) چرخ - رہٹ - گراری (۲) (ف) الماری (۳) ذخیرہ (۴) دھوکا (۵) ڈھول (۶) کھائی (۷) تجارت (۸) نفع (۹) استعمال (۱۰) دنیا بیطس ٭

دولت (دَوْ - لَت) (ع) مؤنث (۱) اقبال - نصیبہ - فتح مندی (۲) نقدی - زر - مال (۳) حکومت - سلطنت (۴) (ع و) بیٹا - بیٹی - اولاد ٭ **دولت خانہ - یا - دولت سرا** (ع - ف) (و) مذکر (ب) مؤنث (۱) محل سرائے (۲) (تعظیماً) بادشاہوں یا امیروں کے رہنے کا مکان ٭ **دولت مند** - روپے پیسے والا - مال دار - امیر ٭ **دولت مندی** - مؤنث - مال داری - امیری ٭

دولھا (دُوْ - لْھَا) (ہ) مذکر - نوشہ - بنا ٭ **دولھا بھائی** - مذکر - بہن کا خاوند - بہنوئی ٭ **دولھا دلھن مل گئے جھوٹی پڑی برات** - مثل - دوست دوست ایک ہو گئے - بدگوئی کرنے والے مفت میں برے بنے ٭ **دولھا کے سر برات - یا - دولھا کے سر سہرا** (و) کہاوت - سردار کے ساتھ ہی ساتھی زیب دیتے ہیں ٭

دوم - دویم (دُوْم - دُوْیُم) (ف) دوسرا - ثانی ٭

دَوَن (دَوْن) (ہ) مؤنث (۱) آگ (۲) شدید گرمی (۳) گرمی یا پیاس کی تیزی (۴) جلن - سوزش (۵) ولولہ، جوش (۶) شہوت ٭ **دَون لگنا** (۱) آگ لگنا (۲) پیاس لگنا (۳) آتشِ عشق کا بھڑکنا ٭

دُون (دُوْن) (ہ) مؤنث (۱) شیخی - لاف گزاف (۲) الاپ - اونچے سُر کی آواز یا تیز گت (۳) پہاڑ کی تلیٹی ٭ **دُون کی لینا** - ڈینگ مارنا - اترانا - شیخی بگھارنا ٭

دُون (دُوْن) (ع) (۱) پاجی - ادنیٰ - کمینہ (۲) سوا - بغیر - بجز (ان معنی میں ب بڑھا کر بولتے ہیں، جیسے بدون) (۳) نیچے - زیر ٭

دَونا (دَوْ - نَا) (ہ) مذکر (۱) پتوں کا پیالہ (۲) نیاز کی مٹھائی جس میں لائی جاتی ہے ٭ **دَونا چڑھانا** - پھول اور مٹھائی کا دونا مزار وغیرہ پر دینا ٭ **دَونا ماننا** (ع و) نذر ماننا - نیاز ماننا - شیرینی ماننا ٭

دُونا (دُوْ - نَا) (ہ) (۱) دوچند - دُگنا (۲) زیادہ - بیش (۳) دُہرا - ڈبل ٭

دُونا (دُوْ - نَا) (ہ) مذکر - ایک قسم کی خوش بودار بڑے پھول کی گھاس ٭

دُونگڑا (ہ) (بالفتح و بالضم) (اردو میں بالفتح بولتے ہیں) مذکر - برسات کے شروع کی وہ بارش، جو زور شور سے ہو ٭

دوہا - یا - دوہرا - (دُوْ - ہَا، یا، دُوْ - ہ - رَا) (ہ) مذکر - دو مصرعوں کا ہندی شعر - بیت ٭

دوہائی - (دُوْ - ہَا - اِیْ) (ہ) دیکھیے "دہائی" ٭ **دوہائی دینا** - دیکھیے "دہائی دینا" ٭ **دوہائی ہے** - دیکھیے "دہائی ہے" ٭

دوہتا (دُوْہ - تَا) (ہ) مذکر - بیٹی کا بیٹا ٭ **دوہتی** - مؤنث - بیٹی کی بیٹی ٭

دوہر (دُوْ - ہَر) (ہ) مؤنث (۱) دُلائی - دُہری چادر (۲) دریا کی پرانی تہ (۳) دو فصلی ٭

دوہرا (دُوْ - ہ - رَا) (ہ) دیکھیے "دُہرا" ٭ **دوہرا تہرا** - دیکھیے "دُہرا تہرا" ٭ **دوہرانا** - دیکھیے "دہرانا" ٭

دوہلی (دُوْ - ہ - لِیْ) (ہ) مؤنث - وہ زمین، جو فقیروں کو مال گزاری کے بغیر مذہبی طور پر دی جائے ٭

دوہنا (دُوْہ - نَا) (ہ) دودھ نکالنا ٭ **دوہنی** - مؤنث - دودھنے کا برتن ٭

د - ہ

دَہ (دَہ) (ہ) مؤنث (ہندی) (۱) نالا - ندی (۲) بہت گہرا پانی (۳) بھنور - گرداب ٭

دَہ (دَہ) (ف) دَس - عشر - ۱۰ - عہ ٭ **دَہ چند** (ف) دس گنا - دس حصے ٭ **دَہ در دنیا ستّر در آخرت** (ف) مثل - دنیا میں دس خرچ کرو تو آخرت میں ستّر ملیں گے ٭ **دَہ در دَہ** (ف) دس گز شرعی مربع - دس گز مربع اور بالشت بھر گہرا پانی، جو شرعِ اسلام کے مطابق پاک مانا جاتا ہے ٭ **دَہ یک - یا - دَہ یکی** - مذکر و مؤنث (۱) دسواں حصّہ (۲) دس میں سے ایک (۳) دسواں حصہ

دَہارو، مذکر (ع) محرم جس سے سنہ ہجری شروع ہونے کا مہینہ ؛ دُہم (ف) دسواں ؛ دَسہے (و) مذکر (ع) (۱) محرم کے دس دن (۲) تعزیے ؛

دِہ (دِہْ) (ہ) مؤنث۔ بدن۔ جسم۔ تن ؛ دِہ دھارنا (ہندو) جنم لینا۔ پیدا ہونا؛ دِہ ڈنڈ۔ مذکر (ہندو) جسمانی سزا۔ بدنی سزا ؛

دِہ (دِہْ) (ف) مذکر۔ گاؤں۔ بستی۔ موضع۔ قریہ ؛ دِہ بندی۔ مؤنث۔ حلقہ بندی۔ نقشۂ مفصّلات۔ تفصیل بندی ؛ دِہات۔ یا۔ دیہات۔ مذکر۔ دِہ کی جمع۔ بہت سے گاؤں ؛ دِہاتی۔ یا۔ دیہاتی (و) گاؤں کا رہنے والا۔ گنوار ؛

دھا (دَھا) (ہ) مذکر (۱) سُر۔ سَے۔ ترانہ (۲) انّا۔ دودھ پلانے والی ؛ دھابھائی۔ مذکر۔ دودھ بھائی ؛

دھابا (دَھا۔بَا) (ہ) مذکر (۱) کچّی چھت۔ اناڑیوں کا چُنا ہُوا مکان (۲) (ہندو) ہندوؤں کا ہوٹل ؛

دھابلی (دَھاب۔ لِیْ) (ہ) مؤنث۔ کبوتروں کا دڑبا ؛

دھاپ (دَھاپْ) (ہ) مؤنث۔ وہ فاصلہ جو انسان ٹھہرے بغیر دوڑ سکے نصف میل کے قریب ؛

دھات (دَھاتْ) (ہ) مؤنث (۱) وہ کانی جوہر جس میں پگھلنے کی خاصیّت ہو، جیسے سونا، چاندی، قلعی، پارا، سیسہ، تانبا، پلاٹینم وغیرہ (۲) منی۔ وہ سفید پانی جس سے نطفہ قرار پاتا ہے ؛ دھات چھن۔ مؤنث (ہندو) جریان۔ ذکر سے منی کا آپ ہی آپ بہنا ؛

دھار (دَھارْ) (ہ) مؤنث (۱) خط۔ لکیر (۲) فوّارہ۔ کسی پتلی چیز کی تلّی (۳) تلوار وغیرہ کی آب۔ باڑھ (۴) دریا کی وہ جگہ، جہاں پانی زور سے بہتا ہو۔ پانی کا بہاؤ ؛ دھار باندھنا۔ جادو یا منتر کے زور سے تلوار وغیرہ کی دھار کُند کر دینا ؛ دھار پر مارنا (۱) پیشاب کی دھار پر مارنا۔ کچھ پروا نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا (۲) نفرت کرنا۔ حقیر جاننا ؛ دھار چڑھانا (ہندو) (ع) منّت مان کر گنگا جمنا یا دیوتا پر دودھ کی دھار ڈالنا ؛ دھار دار (و) باڑھ والا۔ تیز ؛ دھار رکھنا۔ باڑھ رکھنا۔ تیز کرنا ؛ دھار مارنا۔ پیشاب کرنا ؛ دھار نکالنا۔ دودھ نکالنا۔ دودھ دوہنا ؛ دھارا۔ مذکر و مؤنث (۱) پانی بہنے کی جگہ۔ آبشار۔ منبع۔ دہانہ۔ سوتا۔ چشمہ (۲) سلسلۂ کوہ۔ قلّہ۔ پہاڑ کی چوٹی ؛ دھارم دھار۔ یا۔ دھاروں دھار رونا (ع) بہت زیادہ رونا ؛

دھارمک (دَھارْ۔مِکْ) (ہ) (۱) نیک (۲) منصف (۳) بھگت۔ مذہب کا پابند ؛

دھارن (دَھا۔رَنْ) (س) مذکر (۱) پکڑنا (۲) لے جانا (۳) اٹھانا (۴) رکھنا (۵) پہننا (۶) بچانا (۷) پالنا (۸) قبضہ کرنا۔ لینا (۹) حاصل کرنا (۱۰) ذمّے لینا ؛ دھارن کرنا (ہ) (ہندو) (۱) قبول کرنا۔ اختیار کرنا (۲) تولنا ؛ دھارنا (۱) رکھنا۔ اختیار کرنا (۲) کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا (۳) سنبھالنا۔ پالنا۔ پرورش کرنا ؛

دھاری (دَھا۔رِیْ) (ہ) مؤنث (۱) سیدھا خط۔ خط۔ لکیر (۲) سہارنے والا۔ رکھنے والا ؛ دھاری دار (و) (۱) خط دار۔ لکیروں والا (۲) وہ کپڑا، جس پر سیدھی سیدھی لکیریں ہوں ؛

دھاڑ (دَھاڑْ) (ہ) مؤنث (ع) (۱) جتھا۔ انبوہ۔ ہجوم (۲) اولاد کی زیادتی (۳) جلدی (۴) اشد ضرورت ؛ دھاڑ پڑنا (۱) چوروں کے گروہ کا حملہ کرنا (۲) (ع) شتابی پڑنا۔ جلدی پڑنا ؛ دھاڑ کی دھاڑ۔ مؤنث۔ جتھے کا جتھا۔ انبوہ کا انبوہ۔ گروہ کا گروہ ؛ دھاڑ مار کر رونا۔ کثرت سے رونا۔ زور سے رونا۔ واویلا کرنا۔ بے حد چلّا کر رونا ؛ دھاڑی۔ مذکر۔ نامی چور۔ ڈاکو۔ لٹیرا ؛

دہاڑ (دَہاڑْ) (ہ) مؤنث (۱) شور (۲) گرج (۳) شیر کی آواز (۴) دہاڑنا کا امر ؛ دہاڑنا (۱) شیر کا گرجنا۔ گرجنا۔ غرّانا (۲) غُل مچانا۔ چلّانا (۳) بچوں کا سخت آواز سے رونا ؛

دہاڑا (دَہا۔ڑَا) (ہ) مذکر (ع) (۱) حالت۔ گت۔ حال۔ درجہ (۲) دُرگت۔ بُرا درجہ ؛

دہاڑی (دِہا۔ڑِیْ) (ہ) مؤنث۔ ایک دن کی مزدوری۔ یومیہ۔ روزینہ ؛

دھاک (دَھاکْ) (ہ) مؤنث (۱) ڈر۔ خوف۔ رُعب (۲) دھوم۔ دبدبہ۔ شہرت ؛ دھاک بندھنا۔ رعب بیٹھنا۔ شہرت ہونا ؛

دہکا (دَہَا۔کَا) (ہ) مذکر (۱) دس۔ دس کا مجموعہ (۲) دہائی (۳) صدمہ (۴) خوف۔ رعب (۵) نقصان (۶) غم ؛ دہکا بیٹھنا (ع) دہشت بیٹھنا۔ صدمہ گزرنا۔ دہکے دینا (۱) ڈرا دینا (۲) فریب دینا ؛

دھاگا (دَھا۔گَا) (ہ) مذکر۔ کچے سُوت کا ڈورا۔ تاگا ؛ دھاگا پرونا۔ سوئی کے ناکے میں تاگا ڈالنا ؛ دھاگا دینا (لکھنؤ) دھوکا دینا۔ فریب دینا ؛

دھام (دَھامْ) (ہ) مذکر۔ جگہ۔ گھر۔ استھان ؛

دھامن (دَھا۔مَنْ) (ہ) مؤنث (۱) ایک وضع کا لمبا سانپ، جو عموماً گائے بھینس کی ٹانگیں جکڑ کر دودھ پی جاتا ہے (۲) ایک قسم کا بانس، جس کی غلیل، کمان وغیرہ بنائی جاتی ہے (۳) ایک وضع کی اعلیٰ گھاس (۴) ایک، قاصد ؛

دھال (دَھالْ) (ہ) مذکر (۱) بڑی آواز (۲) توپ کی آواز ؛

دھان (دَھانْ) (ہ) مذکر (۱) چاول مع چھلکوں کے۔ شالی (۲) چاول کا پودا ؛ دھان پان (۱) (لغوی) چاول کے پودے اور پان جیسا (۲) پتلا۔ دُبلا۔ نازک۔ نازک اندام ؛ دھانی۔ مؤنث (۱) ایک وضع کے چاول (۲) دھان بونے کے قابل زمین (۳) زردی مائل سبز رنگ۔ ہلکا سبز رنگ ؛

دہان (دَہَانْ) (ف) مذکر (۱) مُنہ۔ مکھ (۲) چھید۔ سوراخ (۳) زخم ؛

دھانا (دَھَا۔نَا) (ہ) (ہندو) (۱) بھاگنا۔ دوڑنا (۲) چلا جانا (۳) کوشش کرنا (۴) عبادت کرنا ؛

دہانا (دَہَا۔نَا) (ہ) (ہندو) پھونکنا۔ جلانا۔ چتا میں رکھنا ؛

دھاندل (دَھاں۔دَلْ) (ہ) مؤنث (۱) فریب۔ مکر۔ بے ایمانی (۲) تکرار۔ حُجّت۔ ٹنٹا۔ جھگڑا کرنا، لانا کے ساتھ ؛ دھاندلی (۱) حُجّتی۔ تکراری۔

جھگڑالو (۲) مکّار۔ فریبی ۔

دھانس (دَھانْس) (ہ) مؤنّث (۱) سُوکھی مرچ یا تمباکو وغیرہ کی تیز بو، جس سے کھانسی آنے لگے (۲) معمولی کھانسی ۔ **دھانسنا**۔ گھوڑے کا کھانسنا ۔ **دھانسی**۔ مؤنّث۔ گھوڑے کی کھانسی ۔

دھانک (دَھانَک) (ہ) مذکّر (۱) تیرانداز۔ کماندار (۲) ایک پہاڑی قوم ۔

دھانگر (دَھان۔ گَر) (ہ) مذکّر۔ ایک قوم، جو عموماً کنوئیں اور تالاب کھودنے کا کام کرتی ہے ۔

دہانہ (دَہا۔ نَہ) (ف) مذکّر (۱) مُنہ۔ مُکھ (۲) دریا کے سمندر میں گرنے یا ختم ہونے کی جگہ (۳) مَشک کا مُنہ (۴) موری۔ نال (۵) لگام کا وہ آہنی حصّہ، جو گھوڑے کے مُنہ میں رہتا ہے ۔

دھاوا (دَھا۔ وَا) (ہ) مذکّر (۱) حملہ۔ چڑھائی۔ ہلّا۔ یورش (۲) حملے کا ارادہ (۳) گردآوری (۴) چکّر ۔ **دھاوا کرنا**۔ حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا ۔ **دھاوا مارنا** (۱) بہت لمبا سفر طے کرنا (۲) چڑھتے چلے جانا (۳) چکّر لگانا ۔

دھاوا (دَھا۔ وَا) (ہ) مذکّر۔ ایک درخت، جو رنگنے کے کام آتا ہے ۔

دَہائی (دَہا۔ اِئی) (ہ) مؤنّث۔ دس کے عدد کا درجہ ۔

دُہائی (دُہا۔ اِئی) (ہ) مؤنّث (۱) امن۔ پناہ۔ امن خواہی (۲) داد خواہی۔ فریاد (۳) قسم۔ واسطہ (۴) نالش۔ استغاثہ (۵) منادی ۔ **دُہائی دینا** (۱) مظلوم کا انصاف طلبی کے لیے آواز نکالنا۔ مدد مانگنا (۲) واسطہ دینا۔ قسم دینا (۳) غُل مچانا۔ شور کرنا (۴) منادی کرنا ۔ **دُہائی ہے**۔ پناہ ہے۔ فریاد ہے۔ الامان ۔

دھائے (دَھا۔ ئے) (ہ) مؤنّث (ہندو) (۱) انّا۔ دودھ پلانے والی عورت۔ پلائی (۲) دایہ ۔

دھائے پوجنا (ہ) دُور سے سلام کرنا۔ باز آنا ۔

دھائیں (دَھا۔ اِیں) (ہ) مؤنّث۔ توپ کی آواز ۔ **دھائیں دھائیں**۔ مؤنّث۔ توپوں کی لگاتار آواز۔ دھاں دھاں ۔

دھبّا (دَھب۔ بَا) (ہ) مذکّر (۱) نشان۔ داغ (۲) نقص۔ عیب ۔ **دھبّا لگانا** (۱) داغ لگانا (۲) عیب لگانا ۔ **دھبّا لگنا** (۱) داغ لگنا (۲) عیب لگنا ۔

دھب دھب (دَھب۔ دَھب) (ہ) مؤنّث۔ بھدّے شخص کے پاؤں کی آواز ۔

دھبلا (دَھب۔ لَا) (ہ) مذکّر۔ گھگرا۔ لہنگا۔ عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا تہبند ۔

دھپ۔ دھپّا (دَھپ، دَھپ۔ پَا) (ہ) مذکّر۔ چانٹا۔ طمانچہ۔ دَھول ۔ **دھپّا لگنا** (۱) طمانچہ لگنا (۲) خسارہ ہونا۔ نقصان پہنچنا (۳) صدمہ پہنچنا ۔

دھت (دَھت) (ہ) مؤنّث (۱) بُری عادت۔ لَت۔ عادت (۲) ہاتھی کے چلانے اور ہمّت دلانے کی آواز ۔ **دھتیا**۔ مذکّر۔ بُری عادت والا۔ عادی۔ لتیا ۔

دُھت (دُھت) (ہ) (۱) بدمست، نشے میں چُور (۲) دھتّا۔ دھتکار ۔

دھتّا (دَھت۔ تَا) (ہ) مذکّر (۱) دھوکا۔ مکر و فریب۔ ٹال مٹول (۲) دھتکار ۔ **دھتّا بتانا**۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا ۔

دَھتکار (دَھت۔ کَار) (ہ) مؤنّث۔ لعنت ملامت ۔ **دَھتکارنا** (۱) لعنت ملامت کرنا (۲) نکالنا ۔

دھتورا (دَھتُو۔ رَا) (ہ) مذکّر۔ ایک کانٹوں بھرا زہریلا پودا اور اُس کا پھل ۔

دھج (دَھج) (ہ) مذکّر و مؤنّث۔ شکل۔ صورت۔ انداز۔ روش۔ طرز ۔ **دَھجیلا**۔ وضع دار۔ خوش اندام۔ سجیلا ۔

دھجا (دَھجَا) (ہ) مذکّر و مؤنّث (۱) جھنڈے کا کپڑا۔ پھریرا (۲) نشان۔ عَلَم۔ جھنڈا (۳) رحیپ (۴) دھجی۔ کترن ۔ **دھجّی**۔ مؤنّث۔ کترن۔ چیتھڑا۔ لیر ۔ **دھجّی ہو جانا**۔ بیماری کے سبب سفید یا زرد رنگ نکل آنا۔ بے حد لاغر اور کمزور ہو جانا ۔ **دھجّیاں**۔ مؤنّث۔ دھجّی کی جمع ۔ **دھجّیاں اُڑانا۔ یا۔ لینا** (۱) پاش پاش کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) شرمندہ کرنا۔ ذلیل و رسوا کرنا ۔ **دھجیر**۔ مؤنّث (عو) دھجّی ۔

دھچکا (دَھچ۔ کَا) (ہ) مذکّر (۱) دھکّا۔ جھٹکا (۲) صدمہ ۔

دَہر (دَہْر) (ع) مذکّر (۱) وقت۔ زمانہ (۲) دنیا۔ جگ ۔ (دَہ۔ رِی۔ یَہ) مذکّر (۱) زمانے کو ماننے والا (۲) لا مذہب۔ ملحد۔ خدا کی ذات کا منکر ۔

دَہَر (دَہَر) (س) (۱) نفیس۔ پتلا۔ چھوٹا (۲) مذکّر۔ دل کا خلا (۳) آگ (۴) جلتا ہُوا جنگل ۔ **دہر دہر جلنا** (عو) شعلہ زن ہونا۔ زور شور سے جلنا ۔

دَھر (دَھر) (ہ) دھرنا کا امر۔ رکھ ۔ **دھر دھمکنا** (۱) آ پہنچنا۔ آ موجود ہونا (۲) لپکنا۔ دوڑنا ۔ **دھر رکھنا** (۱) رکھ چھوڑنا (۲) چھپا رکھنا (۳) پکڑ رکھنا (۴) روک لینا ۔ **دَھرا** (۱) دھرنا سے ماضی مطلق۔ رکھا (۲) دھرانا کا امر ۔ **دھرا جانا**۔ گرفتار ہونا۔ پکڑا جانا ۔ **دھرا ڈھکا**۔ مذکّر۔ بچا کھچا۔ رکھا رکھایا ۔ **دھرا رہتا ہے**۔ بالکل نکمّا اور بے فائدہ ہے۔ کسی کام کا نہیں ۔ **دھرا رہے گا۔ یا۔ دھرا ہی رہے گا**۔ کچھ کام نہ دے گا۔ کسی کام نہ آئے گا ۔ **دھرانا**۔ رکھوانا ۔ **دھرنا** (۱) رکھنا۔ بٹھانا۔ قائم کرنا (۲) سپرد کرنا (۳) امانت رکھنا (۴) قبضہ کرنا ۔ **دھروا**۔ دھروانا کا امر۔ رکھوا ۔ **دھروا دینا** (۱) رکھوا دینا (۲) گرفتار کرا دینا ۔ **دھروانا**۔ رکھوانا ۔

دُھر (دُھر) (ہ) مذکّر (۱) سِرا۔ شروع۔ ابتدا (۲) ازل (۳) دُوری کی انتہا۔ حد۔ ابد ۔ **دُھرا**۔ مذکّر (۱) وہ فرضی خط، جس کے گرد زمین گھومتی ہے۔ محور (۲) حد ۔ **دُھرا دُھر**۔ اِس سرے سے اُس سرے تک ۔ **دُھرو**۔ مذکّر (۱) وہ کیل، جس پر چکّی پھرتی ہے (۲) زمین کا وہ نقطہ، جو شمال اور مغرب پر ساکن ہے ۔ **دُھری**۔ مؤنّث۔ لوہے کی وہ سلاخ، جس پر پہیا پھرتا ہے ۔

دِہرا (دِہ۔ رَا) (ہ) مذکّر۔ بُت خانہ۔ شوالہ۔ مندر ۔

دُہرا (دُہ۔رَا) (ہ) مذکر (۱) دوتہ کا (۲) دُگنا (۳) فربہ۔موٹا (۴) دُہرانا کا امر۔ **دُہرا تہرا**۔ دُگنا تگنا۔ **دُہرانا** (۱) پھر بیان کرنا۔ دوبارہ کہنا (۲) آموختہ کرنا۔ پھیرنا (۳) دُہرا کرنا۔ **دُہری** (۱) دوتہ کی (۲) دُگنی (۳) موٹی۔ **دُہری بات**۔ مؤنث۔ پہلودار بات۔

دُھرّا (دُھرّ۔رَا) (ہ) مذکر۔ دھجّی۔

دِھرانا (دِھرَا۔نا) (ہ) دھمکی دینا۔ دھمکانا۔ ڈرانا۔

دھرپت۔ دھرپد (دُھر۔پَت، دُھر۔پَد) (ہ) مؤنث (۱) وہ ہندی شعر جس کے مصرع میں بتّیس رُکن ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا ہندی راگ۔

دھرتا (دَھر۔تَا) (ہ) مذکر (ہندو) کھوتی۔منہائی۔بٹّا۔کمیشن۔

دھرتی (دَھر۔تی) (ہ) مؤنث (۱) زمین (۲) جہان۔دُنیا۔ **دھرتی کا پھول**۔ مذکر (۱) کھُمبی۔ ایک قسم کی سفید نباتات، جو اکثر برسات کے موسم میں زمین پر پھوٹ آتی ہے۔

دھرکار (دَھر۔کَار) (ہ) مذکر۔ نرکل سے چیزیں بنانے والا شخص۔

دھرم (دَھرَم۔ دَھرَم) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ایمان۔اعتقاد (۲) حق (۳) فرض (۴) نیکی (۵) انصاف (۶) راستی (۷) قاعدہ۔دستور (۸) مشق (۹) مذہب۔پنتھ۔ **دھرم آتما** (۱) ایمان دار آدمی (۲) فیاض۔سخی۔ **دھرم اپدیش**۔ مذکر (ہندو) (۱) مذہبی وعظ (۲) ادب۔اخلاق۔ **دھرم ارتھ**۔ مذکر (۱) مالِ وقف (۲) خیراتی روپیہ۔ **دھرم اوتار**۔ پاک۔پوتّر۔مقدّس۔ **دھرم بگاڑنا**۔ دین برباد کرنا۔ایمان کھونا۔ **دھرم چاری**۔ دھرمی۔دھرم والا۔پارسا۔صالح۔نیک۔ **دھرم دھکا**۔ مذکر۔ وہ صدمہ، جو دین کے باعث پہنچے۔ناحق کا دکھ۔ **دھرم راج**۔ مذکر (۱) وہ حکومت، جس میں پُر انصاف ہو (۲) منصف بادشاہ۔ **دھرم ریت**۔ مؤنث۔ مذہبی رسم۔ **دھرم سالہ۔یا۔دھرم شالہ**۔ مذکر۔مفت کا مسافر خانہ۔خیراتی سرائے۔ **دھرم سبھا۔یا۔سماج**۔ مؤنث۔ دینی انجمن۔ مذہبی مجلس۔ **دھرم سے**۔ ایماناً۔حق حق۔ **دھرم شاستر**۔ مذکر (۱) مذہب خصوصاً ہندو مذہب کا مجموعۂ قانون (۲) منو کی کتاب قانون۔ **دھرم کوئی کھوئے دھن کوئی لے**۔ مثل۔ ایمان کسی کا جائے، نفع کوئی اٹھائے۔ **دھرم گیانی**۔ مذکر۔ دین کا عالم۔فقیہ۔ **دھرم لگتی کہنا**۔ انصاف کی کہنا۔خدا لگتی کہنا۔ **دھرم مورت**۔ مؤنث (۱) ایمان کی پتلی (۲) مجسّم انصاف۔ **دھرم مول**۔ مذکر۔ مذہب کا اصول۔ **دھرما دھرمی**۔ مؤنث۔ پیمان۔عہد۔قسما قسمی۔

دُہرم (دُہ۔رَم) (ہ) مذکر۔ پتنگ کا دُہرا پیچ۔

دھرن (دَھرَن) (ہ) مؤنث (۱) زمین۔ دھرتی (۲) حمل رہنے کی جگہ۔ بچّہ دان (۳) ٹلا۔ناف۔

دھرنا (دَھر۔نَا) (ہ) مذکر (۱) دھَرنی (۲) دستک۔ **دھرنا دینا** (۱) دھرنی دینا۔ جم کر بیٹھنا۔ قرض خواہ کی طرح جم جانا (۲) دستک دینا۔

دھرونا (دَھرُو۔نَا) (ہ) مذکر۔ ہندو لڑکی کی دوسری شادی۔

دھروہر (دَھرُو۔ہَر) (ہ) مؤنث۔ امانت۔

دُھرّے اُڑانا۔ دُھرّیاں اُڑانا (ع) (۱) چابک مارنا۔دُرّے لگانا (۲) ذلیل و رسوا کرنا۔

دھریچا (دَھری۔چَا) (ہ) مذکر۔ ہندو بیوہ کا دوسرا شوہر۔

دھریل (دَھرَیل) (ہ) مؤنث۔ داشتہ۔

دھڑ (دَھڑ) (ہ) مذکر (۱) سر کے نیچے کا جسم (۲) لاش۔نعش۔ **دھڑ رہ جانا**۔ ادھرنگ ہو جانا۔ جسم کا حرکت نہ کر سکنا۔ فالج ہو جانا۔

دھڑ (دَھڑ) (ہ) مؤنث (۱) گرنے کی آواز (۲) آواز سے گرنا (۳) گھونسا یا تھپیڑ، جس سے آواز آئے (۴) سخت (۵) مضبوط۔ **دھڑ دھڑ** (ہ) مؤنث (۱) کواڑوں کے متواتر پیٹنے یا کنڈی کھٹکھٹانے کی آواز (۲) دل کے دھڑکنے کی آواز۔ دھک دھک۔ **دھڑا دھڑ** (۱) کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز (۲) ماتم کی آواز (۳) متواتر۔پے در پے۔

دھڑا (دَھڑَا) (ہ) مذکر (۱) گروہ۔جتھا (۲) پاسنگ۔وزن۔بوجھ برابر کرنے کا وزن (۳) پانچ سیر کا وزن۔دھڑی۔ **دھڑا باندھنا** (۱) جتھا باندھنا۔ دو گروہ ہو جانا (۲) پاسنگ یا کسی چیز کا وزن برابر کرنا۔ **دھڑا کرنا**۔ ترازو کے دونوں پلڑوں کو کسی وزن سے برابر کرنا۔

دھڑاکا (دَھڑَا۔کَا) (ہ) مذکر (۱) دھماکا (۲) گونج کی آواز، جو زور سے سرزد ہو (۳) بندوق کی آواز (۴) زور کی بارش۔

دھڑاکے سے (دَھڑا۔کے۔سے) (ہ) جلدی سے۔پھرتی سے۔

دھڑام (دَھڑَام) (ہ) مؤنث۔ پانی میں کسی بھاری شے کے گرنے کی آواز۔

دھڑک (دَھڑَک) (ہ) مؤنث (۱) دھڑکن۔تڑپ (۲) بے قراری (۳) دہشت۔خوف۔ڈر (۴) دھڑکنا کا امر۔ **دھڑکا**۔ مذکر (۱) دل کی دھڑک۔ اختلاجِ قلب۔خفقان (۲) اندیشہ۔خوف (۳) دھڑکنا سے ماضی مطلق۔ **دھڑکن**۔ مؤنث (ع) اضطراب۔بے قراری۔تڑپ۔ **دھڑکنا** (۱) بے قرار ہونا۔تڑپنا (۲) ڈرنا۔خوف کھانا۔

دھڑلّا (دَھڑَل۔لَا) (ہ) مذکر (۱) زور (۲) بہادری (۳) بھیڑ۔ہجوم۔انبوہ۔ **دھڑلّے سے** (۱) زور سے (۲) بے خوفی سے۔ کھلم کھلا۔

دھڑی (دَھڑی) (ہ) مؤنث (۱) پانچ سیر کا باٹ۔پنسیری (۲) پان خوردپے کا وزن (۳) مسّی کی تہ، جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں (۴) خط۔لکیر۔ ریکھا۔ **دھڑی جمانا** (عو) مسّی لگانا۔ ہونٹوں پر مسّی کی تہ جمانا۔ **دھڑی دھڑی کر کے لوٹنا**۔ صفایا کر دینا۔ بالکل تباہ و برباد کر دینا۔

دھڑلوں (عو) بہ کثرت۔بہت۔بہ افراط۔

دھس۔ دھنس (دَھس، دَھنس) (ہ) دھسنا اور دھنسنا کا امر۔ **دھسا۔ دھنسا** (۱) دھسنا اور دھنسنا سے ماضی مطلق (۲) دھسانا اور دھنسانا کا امر۔ **دھسان**۔ مؤنث۔ دھنسنے کی جگہ۔کیچڑ۔دلدل۔ **دھسانا۔ دھنسانا** (۱) کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا (۲) ٹھونسنا۔گھسیڑنا۔

بھرنا۔ دھسنا۔ دھنسنا (۱) پھنسنا (۲) دلدل میں گھسنا (۳) ڈوبنا۔ داخل ہونا

دُھس (دُھس) (ہ) مذکر (۱) قلعہ۔ پشتہ۔ گڑھ (۲) وہ مٹی، جو چاروں طرف چڑھاوی جاتی ہے۔ گڑھی۔ دمدمہ۔

دُھسّا (دُھس۔ سا) (ہ) مذکر (عوام) شال۔ طوس۔

دھسک (دَھسک) (ہ) مؤنث (۱) دھانس۔ کھانسی (۲) دھسکنا کا امر۔ **دھسکا**۔ مذکر۔ دھانس۔ کھانسی۔

دہش (دِہش) (ف) مؤنث۔ بخشش۔

دہشت (دَہ۔ شت) (ف) مؤنث۔ خطر۔ خوف۔ ڈر۔ **دہشت انگیز**۔ بھیانک۔ خطرناک۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ **دہشت زدہ**۔ سہما ہوا۔ خوف زدہ، ڈرا ہوا۔ خوف کا مارا۔ **دہشت ناک**۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔

دہقان (دِہ۔ قان) (معرب) (اصل میں دہگان تھا) مذکر۔ گاؤں کا مالک۔ زمیندار۔ **دہقانی**۔ صفت (۱) گنواری۔ دیہاتی۔ روستائی (۲) اجڈ۔ جانگلو (۳) مذکر۔ دہقان۔ گنوار۔

دہک (دَہک) (ہ) مؤنث (۱) جلنے کی روشنی (۲) سوزش (۳) جوش (۴) دہکنا کا امر۔ **دہکنا** (۱) آگ جلنا۔ بھڑکنا (۲) جسم گرم ہو جانا (۳) جھلسنا۔ سلگنا (۴) چمکنا۔ روشن ہونا۔

دھک (دَھک) (ہ) مؤنث۔ دل کی اچانک دھڑکن۔ **دَھک دَھک**۔ مؤنث۔ دل کی دھڑکن، گھبراہٹ۔ **دَھک دَھک کرنا**۔ دھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ تڑپنا۔ **دھک دھکا**۔ مذکر۔ دل کی دھڑکن۔ **دھک دھکی**۔ مؤنث (۱) دیکھیے "دھک دھک" (۲) سوچ۔ غور و فکر۔

دھک (دَھک) (ہ) مؤنث۔ حیرت۔ حیرانی۔ تحیر۔ **دھک سے رہ جانا**۔ حیرت زدہ ہو جانا۔ متحیر ہو جانا۔

دھک (دَھک) (ہ) مؤنث۔ چھوٹی جوں۔

دھک (دَھک) (ہ) مؤنث (ہندو) حیا۔ شرم۔

دھکّا (دَھک۔ کا) (ہ) مذکر (۱) ہچکولا۔ صدمہ (۲) ضرر۔ نقصان (۳) بلا۔ آفت۔ **دھکا پیل**۔ مؤنث۔ دھکم دھکا۔ ریلا پیلی۔ **دھکا پیل کرنا**۔ دھکیانا۔ ریلنا۔ **دھکا شیطان کا** (۱) مذکر۔ شیطان کی مار۔ شیطان کا ورغلا کر خوار کرنا اور دوزخ میں ڈلوانا۔ **دھکّا کھانا**۔ نقصان اٹھانا۔ صدمہ اٹھانا۔ **دھکم دھکّا**۔ مذکر۔ لوگوں کی بھیڑ سے لگاتار دھکوں کی کثرت۔ دھکا پیل۔ **دھکیانا**۔ دھکّا دینا۔ **دھکیلنا**۔ دھکّا دینا۔ ٹھیلنا۔ ریلنا۔

دُھکڑ پکڑ (دُھکڑ۔ پکڑ) (ہ) مؤنث (۱) دھک دھک (۲) تردد۔ گھبراہٹ۔ بے قراری (۳) امید و بیم۔ خوف و رجا۔

دھگدگی (دَھگ۔ دگی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "دھک دھکی"۔

دھگڑا (دَھگ۔ ڑا) (ہ) مذکر (عو) (۱) شوہر (۲) آشنا۔ یار۔

دہل (دَہل) (ہ) مؤنث (۱) ڈر (۲) کانپنا۔ ہلنا (۳) گھبراہٹ (۴) دَہلنا کا امر۔ **دہل جانا**۔ ڈر جانا۔ رعب میں آ جانا۔ خوف کھا جانا۔ **دہلا** (۱) دہلنا سے ماضی مطلق (۲) دہلانا کا امر۔ **دہلا دینا**۔ دہلانا۔ دفعتہً چونکا دینا۔ خوف دلانا۔ ڈرانا۔ **دَہلنا**۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔

دُہل (دُہل) (ف) مذکر۔ ڈھول۔ نقارہ۔

دُھل (دُھل) (ہ) دُھلنا کا امر۔ **دُھلا** (۱) دُھلنا سے ماضی مطلق (۲) دُھلانا کا امر۔ **دُھلانا**۔ دھونا کا متعدی۔ صاف کرانا۔ **دُھلائی**۔ مؤنث۔ کپڑوں کے دھونے کی اجرت۔ دُھلوائی۔ **دُھلنا**۔ دھویا جانا۔ **دُھلیا مٹیا کرنا**۔ کسی جھگڑے پر خاک ڈال دینا۔ جھگڑا مار دینا۔

دہلا (دَہ۔ لا) (ہ) مذکر۔ تاش کا پتا، جس پر دس نشان ہوں۔

دہلوی (دِہلَ۔ وی) (ف) دہلی کا رہنے والا۔ **دہلی**۔ (ہ) مؤنث (۱) ہندوستان کا دارالحکومت۔ دِلّی۔ اسے سب سے پہلے راجہ دہلو نے بسایا تھا (۲) (گنوار) چوکھٹ۔ دہلیز۔ آستانہ۔

دہلیز (دِہ۔ لیز) (ف) مؤنث۔ آستانہ۔ چوکھٹ۔ **دہلیز کا کتا**۔ مذکر (۱) وہ کتا، جو ہر وقت دروازے پر بیٹھا رہے۔ گھر کا کتا (۲) طفیلی۔ پچھلگو۔ **دہلیز کی مٹی لے ڈالنا**۔ لگاتار گھر پر آ کر تقاضا کرنا۔ پھیرے پر پھیرے ڈالنا۔ بہت سے پھیرے کرنا۔ کثرت سے آنا۔ **دہلیز کے لگے سے بیر نہیں جاتا**۔ مثل۔ احمقانہ حرکتوں سے رنج دور نہیں ہوتا۔ **دہلیز نہ جھانکنا**۔ کبھی گھر پہ نہ آنا۔

دہم (دَہَم) (ہ) (۱) آگ بجھنا۔ کجلانا۔ افسردگی (۲) حیرت زدہ۔ جھجک (۳) (س) مذکر۔ پھونک مارنے والا (۴) پگھلانے والا۔ **دَہم ہونا** (ہ) (۱) آگ بجھنا۔ گل ہونا (۲) افسردہ اور پژمردہ ہونا۔ ٹھٹھرنا (۳) حیران اور دم بخود ہونا۔

دھم (دَھم) (ہ) مؤنث (۱) کودنے کی آواز (۲) گرنے کی آواز۔ دھماکا۔ **دھم دھم پیچ نہ غم مرے سو ہم** (۱) مثل۔ سب سے زیادہ مصیبت غریب کے لیے ہے۔ **دھم سے کودنا یا گرنا**۔ زور سے زمین پر کودنا یا گرنا۔ **دھما چوکڑی** (ہ) مؤنث (۱) اچھل کود۔ بچوں کا اچھلنا (۲) شورش۔ ہنگامہ۔ اودھم (۳) دھوم۔ **دھما دھم**۔ مؤنث (۱) کودنے اور گرنے کی آواز (۲) لگاتار پیٹنے کی آواز۔ **دھماکا**۔ مذکر (۱) بندوق کی آواز (۲) کودنے کی آواز (۳) تصادم۔ صدمہ (۴) ہاتھی پر توپ لادنے کی آواز۔

دھمال (دَھم۔ مال) (ہ) مؤنث (۱) کود پھاند۔ اچھل کود۔ قلندر فقیروں کا کودنا (۲) دھوم۔ شور غل (۳) ایک قسم کا راگ (۴) دلھنڈی کے دن کا گیت (کرنا، کھیلنا کے ساتھ)۔ **دَھمالیا**۔ مذکر (۱) دھمال کرنے والا فقیر (۲) آگ میں کودنے والا فقیر۔

دھمک (دَھمک) (ہ) مؤنث (۱) آہٹ۔ پاؤں کی آواز (۲) صدمہ، جو سخت آواز سے دل و دماغ کو پہنچے (۳) دھمکنا کا امر۔ **دھمکا** (۱) دھمکنا سے ماضی مطلق (۲) دھمکانا کا امر۔ **دھمکانا** (۱) خوف دلانا۔ ڈرانا (۲) سرزنش کرنا۔ ڈانٹنا۔ **دھمکنا**۔ ٹیس ہونا۔ ہوک اٹھنا۔ درد ہونا۔ **دھمکی**۔ مؤنث۔ تنبیہ۔ گھُرکی۔

دھمکا (دَھم۔ کا) (ہ) مذکر (۱) دیکھیے "دھماکا ع۱، ۲، ۳" (۲) دوپہر کی گرمی۔ حدّت۔

دھملا (دُھم - لا) (ہ) (ہندو) دھندلا ؛

دھوکا (دَھو - کا) (ہ) مذکر (عو) (۱) صدمہ (۲) گھونسا - مُکا ؛

دَھن (دَھن) (ہ) مذکر (۱) جائداد - دولت - مال (۲) نصیبا - بخت (۳) صدرحمت - شاباش (۴) مولیشی - گائے ، بھینس (۵) برج قوس (۶) منطقۃ البروج - چکر - راس (۷) توپ کی آواز ؛ **دَھن بھاگ** - یا - **دھن نصیب** (ہ) (۱) خوش اقبالی - خوش قسمتی (۲) مرحبا - شاباش (۳) (طنزاً) بدقسمتی ؛ **دَھنّا سیٹھ** (۱) دولت مند - دھنی (۲) سرکش - مفسد ؛ **دَھنتّر** - مذکر (۱) مال دار (۲) زور آور - زبردست (۳) سرکش (۴) ایک قسم کا پودا ؛ **دَھنی** (۱) خوش قسمت - بلند اقبال - دولت مند - مال دار (۲) کسی فن میں پوری پوری مہارت رکھنے والا - کامل اُستاد (۳) (ہندو) مذکر - آقا - مالک (۴) گھر والا - شوہر - پتی ؛

دُھن (دُھن) (ہ) مؤنث (۱) ہوا - پوَن (۲) گیت - راگ - راگ کی آواز - سُر (۳) تصور - دھیان (باندھنا ، بندھنا ، لگنا کے ساتھ) (۴) گرم جوشی - سرگرمی - لگن - شوق (۵) عادت - لت (۶) ہڈیوں کا درد ؛

دُھن (دُھن) (ہ) دُھننا کا امر ؛ **دُھنا - دُھنّا** - مذکر - روئی دُھنکنے والا - دُھنیا ؛ **دُھننا** (۱) دُھنکنا - روئی صاف کرنا (۲) مارنا - پیٹنا (۳) ضرب لگانا - بجانا (۴) دے دے مارنا - جھکنا (۵) نصیحت دینا ؛ **دُھنیا** - مذکر - روئی دُھنکنے والا ؛ **دُھنیے کی کھوپری میں پانی پلانا** (عو) (۱) شدید سزا دینا (۲) ازحد تکلیف دینا - نہایت ستانا ؛

دھناسری (دَھنا - سَری) (ہ) مؤنث - مالکوس کی ایک راگنی ؛

دُھند (دُھند) (ہ) مؤنث (۱) کُہر (۲) دھندلا پن - کم نظری - ایک بیماری ، جس سے آنکھوں کی روشنی میں کمی آجاتی ہے ؛ **دُھند کاڑ** - مذکر - تاریکی - اندھیرا ؛ **دُھندلا** (۱) اندھیرا - تاریک (۲) گدلا - بے نور (۳) دھوئیں ساء کم چمک کا ، ماند ؛ **دھندلا دکھائی دینا** - صاف نظر نہ آنا - کم نظر آنا ؛ **دُھندلکا** - مذکر (ہندو) (۱) نور کا تڑکا - مُنہ اندھیرا - علی الصباح (۲) مغرب کی سیاہی ؛ **دُھندلے کا وقت** (ہ) مذکر (۱) شام کی سیاہی - سوادِ شام (۲) صبح کاذب ؛

دَھندا (دَھن - دا) (ہ) مذکر (۱) کاروبار - کام کاج (۲) مشغولی - مصروفیت (۳) ہنر - پیشہ ؛

دَھندلا (دَھند - لا) (ہ) فریب - مکر - دھوکا ؛ **دَھندلے** - مذکر (عو) دَھندلا کی جمع - حیلے - دھوکے - مکروفریب ؛

دَھنک (دَھنک) (ہ) مؤنث (۱) کمان - قوس (۲) قوس قزح (۳) پتلا گوٹا (۴) ایک وضع کی اوڑھنی ؛ **دَھنک دھاری** - مذکر (ہندو) تیر و کمان سے مسلح آدمی - کماندار ؛

دُھنک (دُھنک) (ہ) دُھنکنا کا امر ؛ **دُھنکنا** (۱) روئی صاف کرنا (۲) بُری طرح مارنا ؛ **دُھنکی** - مؤنث - روئی دُھنکنے کی کمان ؛

دَھن کُٹا (دَھن - کُٹا) (ہ) مذکر - دھان کوٹنے والا ؛ **دَھن کُٹی** - مؤنث - دھان کوٹنے کی اوکھلی اور مُوسل ؛ **دَھن کُٹی کرنا** (۱) دھان کوٹ کر چاول نکالنا (۲) مار مار کر کچومر نکال دینا - سخت پیٹنا - پلیتھن نکالنا ؛

دُھنی (دُھنی) (ہ) مؤنث - دیکھیے "دوہنی" ؛

دَھنیا (دَھن - یا) (ہ) مذکر - کشنیز - کوتھمیر ؛

دُہنیت (دُہ - نِی - یَت) (ع) مؤنث - چکنائی - روغن - شحم - چربی ؛

دَھو (دَھو) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا درخت ، جس کی لکڑی بہتر جلائی جاتی ہے (۲) لوہے کا حلقہ ، جو پہیوں پر چڑھاتے ہیں ؛

دھو (دُھو) (ہ) دھونا کا امر ؛ **دھو کر چھلّا یا پیسا اُٹھانا** (عو) نیاز ماننا - منت ماننا - منت مانتے وقت نیاز دلانے کی غرض سے چھلا یا پیسا پاک کر کے رکھنا تاکہ مراد پوری ہونے پر اس کی شیرینی تقسیم کی جائے ؛ **دھونا** (۱) پانی سے صاف کرنا (۲) زائل کرنا ؛ **دھووَن** - مذکر - وہ پانی ، جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو - دُھلی ہوئی چیز کا پانی ؛ **دھویا دھایا** - مذکر (۱) صاف ستھرا (۲) بے شرم - بے غیرت (۳) سادہ لوح (۴) پاک صاف ؛ **دھویا دیدہ** (ہ) (عو) بے حیا - بے شرم - بے لحاظ - شوخ چشم ؛

دھُواں (دُھو - آں) (ہ) مذکر - وہ کثیف سیاہ بخارات ، جو کسی چیز کے جلانے سے اوپر اُٹھتے ہیں - دُود - دُخان ؛ **دھُواں دھار** (۱) دُخانی (۲) نہایت کالا - ازحد سیاہ (۳) ستم - غضب (۴) بے حد - بے اندازہ (۵) غصے میں بھرا ہُوا ؛ **دھُواں دھار برسنا** - شدت سے برسنا - چھاجوں مینہ پڑنا ؛ **دھُواں دھار ہونا** - گھٹا ٹوپ اندھیرا ہو جانا - بے حد تاریکی چھا جانا ؛ **دھُواں دینا** - کسی چیز کے جلنے سے دھُواں نکلنا ؛ **دھُواں گھٹنا** - کسی بند مکان میں دھُواں جمع ہو جانا ؛ **دھُواں نکلنا** - دھُواں اُٹھنا - جلنا - سُلگنا ؛ **دُھوانسا** - یا - **دُھوانْنا** - مذکر - وہ کھانا جس میں دھُواں رچ گیا ہو ؛ **دھوئیں** - مذکر - دھُواں کی جمع (اکیلا مستعمل نہیں ہوتا) ؛ **دھوئیں اُڑانا** (۱) پرزے اُڑانا - دھجیاں اُڑانا (۲) جلا کر خاک سیاہ کرنا - تباہ و برباد کرنا ؛ **دھوئیں بکھیرنا** (۱) کڑی نکتہ چینی کرنا (۲) خوب خبر لینا ؛ **دھوئیں کے بادل اُڑانا** (۱) حقے کا کش لگا کر منہ سے بہت سا دھُواں نکالنا (۲) بے بنیاد خبریں پھیلانا ؛

دھوبن (دُھو - بَن) (ہ) مؤنث (۱) کپڑے دھونے والی عورت (۲) دھوبی کی بیوی (۳) ایک چڑیا ؛ **دھوبی** - مذکر - کپڑے دھونے والا ؛ **دھوبی پاٹ** - یا - **پٹڑا** - مذکر (۱) کپڑا دھونے کی سل یا تختہ (۲) کشتی کا ایک پیچ ، جس میں مقابل کو کمر پر لاد کر دے پٹکتے ہیں ؛ **دھوبی پر بس نہ چلے گدھیا کے کان کاٹے** - مثل - زبردست کے آگے تو کچھ بن نہیں پڑتی ، کمزور پر غصہ نکالتے ہیں ؛ **دھوبی کا چھیلا** - بیگانے مال پر اترانے والا ؛ **دھوبی کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا مَیلا** - مثل - لباس اپنا نہ ہو تو انتظام درست نہیں رہتا - کبھی ایک چیز میلی مل گئی ، ایک اُجلی ؛ **دھوبی کا کُتا** - مذکر - بیکار اور نکما آدمی - اِدھر کا نہ اُدھر کا ؛ **دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا** - مثل - بے ٹھکانا آدمی کسی کام کا نہیں ؛

دھوبی کے گھر پڑے چور، وہ نہ لٹا، لٹے اَور۔ مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں، جب پرایا مال لٹ جائے۔

دھوپ (دُھوپ) (ہ) مؤنث۔ سورج کی روشنی یا گرمی۔ **دھوپ چڑھنا۔** سورج نکلنا۔ دن چڑھنا۔ **دھوپ چھاں۔ یا۔ چھاؤں۔** مؤنث (۱) روشنی اور سایہ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا، جس میں سایہ پڑتا ہے۔ **دھوپ دان۔ یا۔ دھوپ دانی** (ہ) (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ وہ ظرف، جس میں آگ رکھنے کے بعد خوشبودار چیزیں ڈال کر جلائی جاتی ہیں۔ **دھوپ دینا۔ یا۔ دکھانا۔** دھوپ میں رکھنا۔ دھوپ میں خشک کرنا یا سکھانا۔ **دھوپ کھانا۔ یا۔ لینا۔** دھوپ میں سینکنا یا گرم ہونا۔ **دھوپ گھڑی۔** مؤنث۔ ایک قسم کی گھڑی، جس پر سورج کی روشنی پڑنے سے وقت ظاہر ہوتا ہے۔ **دھوپ میں بال۔ یا۔ سر۔ یا۔ چونڈا سفید کرنا** (ہ) جہالت میں عمر گزارنا۔ ناکردہ کاری اور ناتجربہ کاری میں بوڑھا ہونا۔ **دھوپ نکلنا۔** سورج نکلنا۔ افق پر ابر سے آفتاب کا نمایاں ہونا۔

دھوت (دُھوت) (ہ) کتے کے ہنکانے کی آواز۔ ہٹ۔ دُور۔

دھوتر (دُھو۔ تَر) (ہ) مؤنث۔ ایک ہندوستانی موٹا چھدرا کپڑا۔

ڈھوتو (ڈُھو۔ تُو) (ہ) مذکر۔ منہ سے بجانے کا باجا۔ تُرئی۔ بگل۔ تُرم وغیرہ۔

دھوتی (دُھو۔ تی) (ہ) مؤنث۔ تہ بند۔ ساڑھی۔ **دھوتی بند** (ہ) مذکر (۱) دھوتی باندھنے والا (۲) بقال۔ بنیا۔ **دھوتی میں سب ننگے۔** مثل۔ اندرونی حالت سب کی یکساں ہے۔

ڈھورا (ڈُھو۔ رَا) (ہ) مذکر۔ پسی ہوئی خشک دوا، جو زخم وغیرہ پر چھڑکی جاتی ہے۔

ڈھورے (ڈُھو۔ رے) (ہ) پاس۔ قریب۔ متصل۔ نزدیک۔ **ڈھورے دھارے۔** قرب وجوار۔ آس پاس۔

دھوسنا (دُھوس۔ نَا) (ہ) (۱) ٹھونسنا۔ ٹھانسنا (۲) سینگوں سے ٹکر مارنا (۳) مارنا پیٹنا (۴) (عو) برتنا۔ استعمال کرنا۔

دھوک (دُھوک) (ہ) مؤنث۔ کلابتون بٹنے کی تیلائی۔

دھوکا (دُھو۔ کَا) (ہ) (۱) مذکر (۱) دغا۔ فریب۔ مکر۔ حیلہ۔ چھل (۲) غلط فہمی۔ مغالطہ۔ **دھوکا اٹھانا۔** دھوکا کھانا۔ **دھوکا دھڑی۔** مؤنث۔ مکروفریب۔ مغالطہ۔ **دھوکا دہی** (ہ) مؤنث (قانون) حلف دروغی۔ فریب بازی۔ **دھوکا کھانا** (ہ) فریب میں آنا۔ خطا کرنا۔ غلطی میں پڑنا۔ **دھوکے۔** مذکر۔ دھوکا کی جمع۔ **دھوکے باز** (ہ) دغاباز۔ مکار۔ فریبی۔ دم باز۔ **دھوکے کی ٹٹی** (ہ) مؤنث (۱) وہ ٹٹی، جس کی اوٹ میں شکار کھیلا جاتا ہے (۲) فریب میں لانے والی چیز۔ دکھاوے کی چیز (۳) نازک چیز۔

دُھول (دُھول) (ہ) مؤنث (۱) مٹی۔ خاک۔ گرد (۲) ریگ۔ ریت (۳) راکھ۔ **دُھول اڑانا** (۱) گرد اڑانا (۲) بدنام کرنا (۳) آوارہ پھرنا۔ **دُھول جھاڑنا** (۱) خاک جھاڑنا (۲) جوتے سے خبر لینا۔ پیٹنا۔ **دُھول کی رسی بٹنا** (ہند) ناممکن بات کی کوشش کرنا۔ بے سود محنت کرنا۔

دَھول (دَھول) (ہ) مؤنث (۱) تھپڑ۔ دھپا (۲) خسارہ۔ نقصان (۳) جوار کا ہرا پٹھا، جو گنے کی طرح چوسا جاتا ہے۔ **دَھول جڑنا۔** تھپڑ مارنا۔ دھپا لگانا۔ **دَھول دھپا۔** مذکر۔ چانٹا چٹول۔ **دَھول کھانا۔** چانٹا کھانا۔ دھپا کھانا۔ **دَھول لگنا** (۱) چانٹا لگنا (۲) نقصان ہونا۔ خسارہ ہونا۔

دَھولا (دَھو۔ لا) (ہ) چٹا۔ سفید۔ ابیض۔

دھولیا پیر (دُھو۔ لِیا۔ پیر) (ہ) مذکر۔ بچوں کا ایک فرضی پیر۔ **دُھولیا پیر کی قسم۔ دھولیا قسم۔** مؤنث۔ ایک طرح کی قسم، جو بچے کھلواتے ہیں۔

دھوم (دُھوم) (ہ) مؤنث (۱) ہنگامہ۔ غوغا۔ غل۔ شور (۲) دھاک۔ شہرت (۳) خبر۔ افواہ۔ **دھوم دھام۔ دھوم دھڑکا** (۱) مؤنث (۲) مذکر (۱) بھیڑ بھڑکا۔ شان وشوکت۔ دبدبہ۔ کرّوفر (۲) زور شور (۳) آوازہ، دھاک، شہرہ۔ **دھوم مچانا** (۱) چلانا۔ شور غل کرنا (۲) فریاد کرنا۔ دہائی دینا۔ **دھومک دھیا۔** مؤنث (عو) (۱) شور غل۔ ہنگامہ (۲) واویلا۔

دَھوں (دَھوں) (ہ) مؤنث۔ کھانسنے کی آواز۔ **دَھوں دَھوں کرنا۔** بار بار کھانسنا۔

دَھون (دَھون) (ہ) مذکر۔ آدھا من۔ بیس سیر۔

ڈھوں (ڈُھوں) (ہ) مؤنث۔ بندوق یا توپ کی آواز۔ **ڈھوں ڈھوں۔** مؤنث۔ بندوق یا توپ کی لگاتار آواز۔

ڈھونا (ڈُھو۔ نَا) (ہ) مذکر (پورب) ایک قسم کا گوند، جسے بہت جلد آگ لگ جاتی ہے۔ رال۔

دھونتال (دَھون۔ تال) (ہ) مؤنث (عو) (۱) دولت (۲) سخی (۳) قوی (۴) دلیر (۵) ہوشیار۔ جلد کام کرنے والا (۶) عیاش (۷) شریر۔

دھونس (دَھونس) (ہ) مؤنث (۱) دھمکی۔ تہدید (۲) دھوکا۔ جھانسا۔ دم (۳) دھونسنا کا امر۔ **دھونس دینا** (۱) فریب دینا (۲) دھمکی دینا۔ **دھونسنا** (۱) مارنا پیٹنا۔ سزا دینا (۲) دبانا۔ ٹھونسنا۔ **دھونسیا۔** مذکر۔ فریبی۔ مکار۔

دھونس (دَھونس) (ہ) مؤنث۔ وہ خرچ، جو باقی وصول کرنے کے متعلق زمیندار سے دلوایا جائے۔ **دھونسیا۔** مذکر۔ وہ شخص، جو مال گزاری وصول کرنے کی غرض سے جائے اور اپنا خرچ مال گزار سے لے۔

دھونسا (دَھوں۔ سَا) (ہ) مذکر۔ بڑا نقارہ۔ دمامہ۔

دھونک (دَھونک) (ہ) (۱) دھونکنا کا امر (۲) مؤنث۔ دل کی گرمی کے سبب پیاس کا زور (۳) دمہ۔ **دَھونکن۔** مؤنث۔ دیکھیے "دھونک ع ۲"۔ **دھونکنا۔** آگ جلانا۔ آگ پھونکنا۔ **دھونکنی۔** مؤنث۔ وہ کھال جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں۔ آگ پھونکنے کا آلہ۔

ڈھونی (ڈُھو۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) کسی چیز کو جلا کر دھواں لینا۔ دھواں (۲) ہندو فقیروں کی آگ کا ڈھیر۔ **ڈھونی جگانا۔ یا۔ رمانا۔ یا۔ لگانا۔**

فقیر ہو بیٹھنا۔ کسی جگہ آگ جلا کر جوگیوں کی طرح ہو بیٹھنا ؛

دِھی (دِھی) (ہ) مؤنث (ہندو) بیٹی۔ دختر ؛ **دھیانی**۔ مؤنث۔ بیٹی۔ بھتیجی۔ بیٹی یا بہن کی اولاد ؛

دہی (دَہی) (ہ) مذکر۔ جما ہوا دودھ۔ جغرات ؛

دھیان (دِھیان) (ہ) مذکر (۱) تصور۔ خیال۔ سوچ بچار (۲) مراقبہ (۳) توجہ۔ لحاظ ؛ **دھیان دینا۔ یا۔ لگانا**۔ کوئی کام دل لگا کر کرنا۔ توجہ کرنا ؛ **دھیان سے**۔ خیال سے توجہ سے ؛ **دھیان سے اُترنا**۔ بھول جانا۔ یاد نہ رہنا۔ خیال سے اُترنا ؛ **دھیان کرنا**۔ خیال کرنا۔ توجہ کرنا۔ سوچنا سمجھنا ؛ **دھیان لگنا**۔ توجہ ہونا۔ خیال ہونا ؛ **دھیان میں آنا**۔ ذہن پر چڑھنا۔ خیال میں آنا ؛ **دھیان میں نہ لانا**۔ توجہ نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا ؛

دھیانی (ہندو) صاحب تصور۔ خدا سے لَو لگانے والا ؛

دھیانگی (دِھیان۔ گی) (ہ) مؤنث (۱) ایک دن کی اُجرت (۲) دن بھر کا کام ؛

دھیر (دِھیر) (ہ) (مؤنث) (ہندو) (۱) تحمل۔ صبر۔ استقلال (۲) دلیری۔ جرأت۔ ہمت ؛ **دِھیرا** (پورب) صابر۔ نرم۔ متحمل۔ دِھیما ؛ **دِھیرج** (ہندو) مؤنث (۱) دیکھیے "دِھیر" (۲) مضبوطی۔ مستعدی ؛ **دِھیرج دھرنا** (ہندو) صبر کرنا ؛ **دھیرج کی پہاڑی**۔ مؤنث۔ دہلی کے پاس ایک آباد پہاڑی ؛

دِھیرے دِھیرے (ہندو) (۱) دِھیمے دِھیمے۔ ہلکے ہلکے۔ آہستہ (۲) درجہ بدرجہ ؛

دھیری (دِھی۔ ری) (ہ) مؤنث۔ پتنگ بازی میں ہار مان لینے کا اعلان ؛

دہیز (دَہیز) (ر) مذکر۔ جہیز ؛

دھیلا (دِھے۔ لا) (ہ) مذکر۔ آدھا پیسا۔ ادھیلا ؛ **دھیلی** (دِھے۔ لی) مؤنث۔ آدھا روپیہ۔ اٹھنی ؛

دھیما (دِھی۔ ما) (ہ) (۱) ہلکا۔ مدھم۔ سست۔ نرم۔ آہستہ (۲) کم آواز ؛ **دھیما کرنا** (۱) نرم کرنا۔ زور گھٹانا (۲) غصہ دُور کرنا۔ ٹھنڈا کرنا ؛

دھیمر (دِھی۔ مَر) (ہ) مذکر (۱) کہار۔ مچھوا (۲) حبشی۔ کالا کلوٹا ؛

دھین (دِھین) (ہ) مؤنث۔ سستی (اکیلا استعمال میں نہیں آتا) ؛ **دِھین دَھوکر** (دھوکر) اللہ میاں کے نوکر (ر) (عو) خود سر۔ آزاد ؛ **دِھین دھوکڑی** (ہ) مؤنث۔ زبردستی ؛

دِھینگ۔ دھینگا (دِھینگ ، دِھین۔ گا) (ہ) (۱) موٹا۔ مسٹنڈا (۲) طاقت والا ؛ **دِھینگا دِھینگی**۔ مؤنث۔ زور سے تعدی سے۔ جبر سے۔ زبردستی ؛ **دِھینگا مُشتی** (ر) مؤنث۔ کُشتی۔ ہاتھا پائی ؛ **دِھینگڑ** (صفت) (۱) گنوار کا لٹھ۔ تن توانا۔ موٹا تازہ (۲) حرام کار۔ حرامی ؛ **دِھینگڑا**۔ مذکر (۱) موٹا تازہ آدمی۔ چھپڑ دنا آدمی (۲) حرام کا لڑکا۔ حرامی آدمی ؛

دھینور (دِھی۔ نَوْر) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "دھیمر" ؛

دھیوت (دَھے۔ وَت) (س) مذکر۔ سات سُروں میں سے ایک سُر ؛

د ۔ ھ

دئی (دَئی) (ہ) مذکر (۱) خدا (۲) دیوتا (۳) مؤنث۔ نذر۔ تحفہ ؛ **دئی مارا** (۱) خدا کا مارا (۲) بدنصیب (۳) مذکر۔ بدنصیب شخص ؛

د ۔ ی ۔ ے

دِی (دِی) (ف) مذکر۔ گزرا ہوا کل۔ دیروز ؛

دَے (دَے) (ف) مذکر۔ دسواں شمسی مہینا ؛

دے (دے) (ہ) دینا کا امر ؛ **دے ڈالنا**۔ بخش دینا۔ عطا کرنا۔ دے دینا ؛ **دے مارنا** (۱) پٹک دینا (۲) زمین پر ڈال دینا۔ پھینک دینا ؛

دِیا (۱) دینا سے ماضی مطلق (۲) مذکر۔ بخشش۔ نذر۔ تحفہ۔ عطا ؛ **دیتا بھولے نہ لیتا**۔ مثل۔ صاف اور سیدھا معاملہ ؛ **دینا** (۱) عطا کرنا۔ بخشنا (۲) سونپنا۔ حوالے کرنا (۳) فروخت کرنا۔ بیچنا۔ جدا کرنا (۴) مقرر کرنا (۵) پیش کرنا۔ نذر کرنا (۶) بچے نکالنا۔ جننا (۷) بیباق کرنا۔ ادا کرنا (۸) مارنا (۹) ڈنڈ بھگتنا۔ بھرنا (۱۰) سر پر ڈالنا۔ لگانا ؛ **دینا نہ لینا**۔ بے فائدہ۔ ناحق ؛

دَیا (دَیا) (ہ) مؤنث (۱) ہمدردی (۲) بخشش ؛ **دَیال**۔ سخی۔ عطا و بخشش کرنے والا ؛ **دَیالو**۔ مذکر۔ بہت سخی ؛ **دَیاونت**۔ مہربان۔ رحم دل ؛

دِیا (دِیا) (ہ) مذکر (ہندو) چراغ ؛ **دِیابتی کرنا**۔ چراغ جلانا ؛ **دِیاسلائی**۔ مؤنث (۱) چراغ جلانے کی مسالے والی تیلی (۲) وہ عورت، جو لڑائی کی آگ لگاتی پھرے ؛

دیار (دِیار) (ع) مذکر (۱) بلاد۔ ملک (۲) ایک قسم کی عمارتی لکڑی۔ دیودار ؛

دیارا (دَیا۔ رَا) (ر) مذکر (پورب) وہ زمین، جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئے۔ دریا برآمد ؛

دیاقوزہ (دَیا۔ قو۔ زَہ) (ف) مذکر۔ خشخاش کا شربت ؛

دیانت (دِیا۔ نَت) (ع) مؤنث (۱) ایمان داری۔ امانت (۲) صدق۔ راستی (۳) دین داری ؛ **دیانت دار** (ع۔ ف) (۱) ایمان دار۔ امین (۲) صادق۔ سچا ؛ **دیانت داری**۔ مؤنث (۱) ایمان داری (۲) صداقت ؛

دیبا (دِی۔ با) (ف) مذکر۔ ایک باریک ریشمی کپڑا، جس پر نقش و نگار بنے ہوتے ہیں۔ اطلس ؛

دیباجہ۔ دیباچہ (دِی۔ با۔ جَہ ، دِی۔ با۔ چَہ) (معرب۔ ف) مذکر (۱) تمہید۔ کتاب کا مقدمہ۔ سرنامہ (۲) آراستہ ؛

دیبی (دِے۔ بی) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) دیوی (۲) رانی۔ ملکہ ؛ **دیبی اپنے دن بھرے لوگ مانگیں پرچار**۔ مثل۔ پیر خود ہی مصیبت بھریں اور مرید مرادیں مانگیں ؛

دیپ (دِیپ) (ہ) مذکر (۱) ٹاپو۔ جزیرہ (۲) برِاعظم (۳) (س) چراغ۔ چمک۔ روشنی (۴) چھوٹی دیوالی (۵) ہندوؤں میں کسی مُردے کے دس دن بعد تک چراغ جلانے کی رسم (۶) دیپک راگ ؛ **دیپ مالا**۔ مذکر۔ چراغوں کی قطار ؛

دیپک ۔ مذکر (۱) چراغ ۔ روشنی (۲) ایک راگ، جس کے اثر سے آگ لگ جاتی ہے (۳) ایک قسم کی آتش بازی ﴿

دیجور (دَ ۔ جُوْر) (ف) مذکر (۱) تاریک ۔ سیاہ (۲) اندھیرا (۳) اندھیری رات ﴿

دید (دِیْد) (ف) مؤنث (۱) نظارہ ۔ دیدار (۲) نظر ۔ نگاہ ﴿ دید نہ شنید ۔ دیکھا نہ سُنا ۔ نایاب ۔ انوکھا ﴿ دیدار ۔ مذکر (۱) نظارہ ۔ جلوہ ۔ درشن (۲) چہرہ ۔ صورت ﴿ دیدارو (دِیْ ۔ دا ۔ رُوْ) (ف) خوب صورت ۔ وجیہ ۔ شکیل ۔ حسین ﴿ دیدوں ۔ مذکر ۔ دیدہ کی جمع حرف ربط سے پہلے ﴿ دیدوں کی صفائی ۔ مؤنث (ع) بے حیائی ۔ بے شرمی ۔ بے غیرتی ۔ بے باکی ﴿ دیدوں کی قسم ۔ مؤنث (ع) آنکھوں کی قسم ﴿ دیدوں گھٹنوں کے آگے آنا ۔ یا ۔ پانا (ع) کسی کے ستانے کی سزا میں خدا کی طرف سے اندھا یا لنگڑا ہو جانا ﴿ دیدہ (ف) مذکر (۱) آنکھ ۔ چشم (۲) (ع) جرأت ۔ دلیری ۔ (۳) دیکھی ہوئی چیز ﴿ دیدہ پھٹی (۱) مؤنث ۔ بڑی بڑی آنکھوں والی ﴿ دیدہ دلیل ۔ دیدہ دھوئی ۔ دلیر ۔ نڈر ۔ شوخ چشم ﴿ دیدہ ریزی ۔ مؤنث ۔ باریک کام، جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑتا ہے ۔ مینا کاری ﴿ دیدہ و دانستہ (ف) جان بوجھ کر ۔ معلوم ہونے کے باوجود ﴿ دیدہ ور ۔ دانا ۔ صاحب نظر ۔ گہری نظر رکھنے والا ﴿ دیدہ وری ۔ مؤنث (۱) بینائی (۲) دانائی ﴿ دیدے (۱) مذکر ۔ دیدہ کی جمع ﴿ دیدے پٹم ہونا (ع) نظر نہ رہنا ۔ اندھا ہونا ﴿ دیدے پھاڑ کر دیکھنا ۔ یا ۔ گھورنا ۔ آنکھیں کھول کر دیکھنا ۔ غور سے دیکھنا ﴿ دیدے کا پانی ڈھل جانا ۔ بے غیرت اور بے حیا ہو جانا ﴿ دیدے کی صفائی ۔ مؤنث ۔ بے شرمی ۔ شوخ چشمی ۔ بیباکی ﴿ دیدے مٹکانا ۔ آنکھیں چمکانا ﴿ دیدے نکالنا (۱) غیظ و غضب کی نگاہوں سے دیکھنا (۲) آنکھوں کے ڈھیلے نکالنا ﴿

دیدان (دِیْ ۔ دَان) (ف) مذکر (۱) دودہ کی جمع ۔ کیڑے (۲) سردیوں کا پہلا مہینا ﴿

دَیر (دَیْر) (ف) مذکر ۔ بت خانہ ۔ بت کدہ ۔ مندر ﴿

دِیر (دِیْر) (ف) مؤنث ۔ توقف ۔ عرصہ ۔ وقفہ ﴿ دیر آئے، درست آئے (۱) مثل ۔ فارسی کی کہاوت " دیر آید درست آید" کا ترجمہ ۔ دیر میں یعنی آرام اور آسانی سے ہونے والا کام درست اور عمدہ ہوتا ہے ﴿ دیرپا (ف) مستحکم، مضبوط اور پائدار ﴿ دیر ہونا (۱) (۱) عرصہ ہونا (۲) اویر کر کے آنا ﴿ دیرینہ (ف) (۱) کہنہ ۔ پرانا ۔ قدیم (۲) خرانٹ ۔ تجربہ کار (۳) بوڑھا ۔ بزرگ ﴿

دیرہ ۔ دہرہ (دِےْ ۔ رَہْ ، دِہْ ۔ رَہْ) (ہ) مذکر ۔ سکھوں کا مندر ﴿

دیتڑ (دَیْ ۔ یَڑْ) (ہ) مذکر (۱) ایک مشہور خوش آواز پرندہ (۲) ایک قسم کا کبوتر ﴿

دیس ۔ دیش (دِیْس ۔ دِیْش) (ہ) مذکر (۱) ملک ۔ ضلع ۔ صوبہ ۔ ولایت ۔ اقلیم (۲) وطن ۔ پیدا ہونے کی جگہ (۳) ایک راگ، جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے ﴿ دیس بدیس پھرنا (۱) ملک ملک پھرنا ۔ سیر و سیاحت کرنا (۲) مارا مارا پھرنا ﴿ دیس بھاشا ۔ یا ۔ بھاکا ۔ مؤنث ۔ دیسی زبان ۔ اپنے ملک کی بولی ﴿ دیس بھائی ۔ مذکر (ہندو) ہم وطن ﴿ دیس چوری پردیس بھیک ۔ مثل ۔ بدیس میں چوری کرنے سے پردیس میں بھیک مانگنا اچھا ہے، کیونکہ دیس میں چوری کرنے وقت کوئی نہ کوئی واقف آ پہنچتا (ہے) اور پردیس میں بھیک مانگی جائے تو کوئی اپنا نہیں دیکھتا ﴿ دیس نکالا ۔ مذکر ۔ جلا وطنی ۔ وطن سے نکالا جانا ﴿ دیسی (۱) وطنی ۔ وطن و شہر کا ۔ ملک کا (۲) وہ چیز، جو وطن میں پیدا ہو ﴿

دیسا (دِیْ ۔ سَا) (ہ) مذکر ۔ مُردے کی سالانہ فاتحہ ۔ برسی ۔ عُرس ﴿

دیکھ (دِیْکھ) (ہ) دیکھنا کا امر ﴿ دیکھ بھال ۔ مؤنث (۱) جستجو ۔ تلاش (۲) نظارہ ۔ دید (۳) پڑتال ﴿ دیکھ بھال کر (۱) جان بوجھ کر (۲) اطمینان سے ۔ سوچ سمجھ کر ﴿ دیکھ عورتوں کا چالا، سر منڈا من کالا، دیکھ مردوں کی پھیری اماں میری کہ تیری (د) مثل ۔ عقل مند ہر طرح اپنا بدلا لے ہی لیتا ہے ۔ عورتوں کی چالا کی جتانے کے لیے اس مثل کا پہلا حصہ اور مردوں کی چالا کی ظاہر کرنے کی غرض سے دوسرا حصہ استعمال کیا جاتا ہے ﴿ دیکھا (ہ) (۱) دیکھنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر ۔ نظر ۔ دیکھنا ﴿ دیکھا بھالا ۔ تجربہ کیا ہُوا ۔ آزمایا ہُوا ﴿ دیکھا بھالی ۔ مؤنث (۱) جستجو ۔ تلاش (۲) نظارہ ﴿ دیکھا جائے گا (۱) سمجھا جائے گا ۔ سمجھ لیں گے (۲) بدلا لیا جائے گا (۳) خیال رکھیں گے ﴿ دیکھا چاہیے (۱) دیکھیے ۔ شاید ۔ امید نہیں ۔ دیدہ باید (۲) تعریف کے لائق ﴿ دیکھا دیکھی (۱) دیکھ کر (۲) ریس کر کے ﴿ دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ ۔ خواہ مخواہ کی خوشامد ﴿ دیکھا نہ سُنا (۱) انوکھا ۔ لاثانی (۲) آنکھوں دیکھا نہ کانوں سُنا ﴿ دیکھتے دیکھتے ۔ روبرو ۔ آنکھوں کے سامنے ﴿ دیکھتے رہ جانا ۔ حیران رہ جانا ﴿ ہکا بکا ہو جانا ﴿ دیکھتے کا دیکھتا رہ جانا ۔ دیکھتے کے دیکھتے رہ جانا (۱) قابو نہ چلنا (۲) سکتے میں رہ جانا ۔ حیرت میں رہ جانا ﴿ دیکھتے ہی ۔ نظر ڈالتے ہی ۔ نگاہ کے ساتھ ۔ فوراً ﴿ دیکھنا (۱) ملاحظہ کرنا ۔ نظر کرنا (۲) خیال رکھنا (۳) غور کرنا (۴) ڈھونڈنا (۵) جانچنا ۔ آزمانا (۶) خبردار رہنا (۷) لحاظ کرنا (۸) سمجھنا ۔ سوچنا ﴿ دیکھنا یہ ہے، منہ کس کا کالا ہوا؟ مثل ۔ جب کوئی شریر آدمی خود ہی کسی بزرگ کو نقصان پہنچائے اور خود ہی کہے کہ یہ تو خدا کی طرف سے ہے تو بزرگ اس کے جواب میں یہ مثل کہتا ہے، یعنی دیکھنے کی بات یہ ہے کہ پاپ کس نے کمایا؟ ﴿ دیکھنے کو نہیں ۔ نایاب ہے ۔ کمیاب ہے ﴿ دیکھو دیکھو ۔ ہوشیار ۔ خبردار ﴿ دیکھیے ۔ دیکھا چاہیے ۔ خدا جانے ۔ واللہ اعلم ﴿ دیکھیے اونٹ کس کروٹ (کل) بیٹھتا ہے (بیٹھے) مثل ۔ خدا جانے نتیجہ کیا نکلے ﴿ دیکھیے شیر کی نظر، کھلائیے سونے کا نوالہ (۱) مثل ۔ اولاد کو رعب میں رکھنا چاہیے، جو چاہیں کھائیں، لیکن ہر وقت زیر اثر رہیں ﴿

دیگ (دِیْگ) (ف) مؤنث ۔ کھانا پکانے کا بڑا تانبے کا برتن ﴿ دیگچہ ۔ مذکر ۔ پتیلا ۔ چھوٹی دیگ ﴿ دیگچی (ف) مؤنث ۔ پتیلی ﴿

دیمک (دِیْ ۔ مَک) (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کی سفید چیونٹی (پ) سیونک ﴿ دیمک سے دانت ۔ مذکر ۔ نہایت تیز دانت ﴿ دیمک لگنا (۱) (۱) کسی چیز میں دیمک کا شروع ہونا (۲) جسم میں چیونٹیاں سی لگنا (۳)

گھن سا لگنا ۔

دَین (دَینْ) (ع) مذکر۔ اُدھار۔ قرض ۔

دِین (دِینْ) (ع) مذکر (۱) مذہب۔ ملت (۲) (و) ایمان۔ دھرم (۳) آخرت۔ عاقبت ۔ **دِین پناہ** (ع۔ ف) دین کا مددگار (مسلمان بادشاہوں کا لقب ۔ **دِین دار**۔ شرع پر عمل کرنے والا۔ پرہیزگار (متقی ۔ **دِین داری**۔ مؤنث۔ شرع کی پابندی۔ پرہیزگاری۔ اِتقا ۔ **دِین کا جھنڈا** (و) مذکر۔ مذہبی جھنڈا ۔ **دِینی** (ع۔ ف) دین سے نسبت رکھنے والا۔ دین کا۔ مذہبی ۔ **دِینی باپ** (و) مذکر۔ وہ شخص، جسے عیسائی لڑکے کو اصطباغ (بپتسمہ) دیتے وقت مذہبی لحاظ سے باپ بنایا جائے ۔ **دِینی بھائی**۔ مذکر۔ ہم مذہب۔ ہم اعتقاد ۔ **دِینی بہن**۔ مؤنث (ع و) وہ عورت، جسے ہم مذہب ہونے کے باعث بہن بنالیا جائے ۔ **دِینیات** (ع) مؤنث۔ دین سے تعلق رکھنے والی باتیں ۔

دین (دینْ) (ہ) مؤنث (۱) عطیہ۔ بخشش۔ احسان وکرم (۲) دینا ۔ **دین دار**۔ مقروض۔ قرض دار ۔

دینار (دیْ۔ نارْ) (ع) مذکر۔ سونے کا ایک سکہ، جو ڈھائی روپے کا ہوتا اور عرب میں چلتا ہے ۔ **دینارِ سرخ** (ع۔ ف) مذکر۔ سونے کا سکہ ۔

دیو (دیْوْ) (ف) مذکر (۱) جن۔ بھوت (۲) پہلوان۔ قوی ہیکل ۔ **دیو زاد**۔ مذکر۔ دیو کا جنا۔ زور آور۔ قد آور ۔ **دیونی** (و) مؤنث (۱) دیو کی تانیث (۲) موٹی تازی عورت ۔

دیو (دیْوْ) (ہ) مذکر۔ دیوتا۔ پوجا کے لائق۔ متقدس۔ بزرگ ۔ **دیو بانی**۔ مؤنث۔ دیوتاؤں کی پوتر زبان سنسکرت ۔ **دیو لوک**۔ مذکر۔ دیوتاؤں کے رہنے کا مقام۔ بہشت۔ سُورگ۔ بیکنٹھ ۔ **دیو ناگری**۔ مؤنث۔ ناگری زبان۔ ہندی زبان۔ سنسکرت کے حروف۔ ہندی حروف ۔ **دیوتا**۔ مذکر (۱) خدا کا اوتار۔ بزرگ (۲) سادہ لوح۔ بھولا بھالا (۳) متقی۔ شریر (۴) ناگ۔ سانپ ۔ **دیوی**۔ مؤنث (۱) دیوتا کی تانیث۔ دیبی (۲) کنواری۔ کنیا ۔

دِیوا (دِیْ۔ وَا) (ہ) مذکر۔ دِیا۔ چراغ ۔ **دیوالی**۔ مؤنث۔ چراغاں۔ دیپ مالا۔ ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار، جس میں لچھمی کی پوجا ہوتی اور خوب روشنی کی جاتی ہے ۔ **دیوٹ**۔ مؤنث۔ شمع دان۔ چراغ دان ۔ **دِیولا**۔ مذکر۔ دِیا۔ چھوٹا سا چراغ ۔ **دِیولی**۔ مؤنث۔ چھوٹا چراغ ۔

دیوار (دیْ۔ وَارْ) (ف) مؤنث۔ مٹی، اینٹ، پتھر وغیرہ سے بنایا ہوا مکان کا ایک پہلو (۲) پردہ۔ اوٹ ۔ **دیوار اُٹھانا۔ یا۔ چُننا**۔ دیوار بنانا یا کھڑی کرنا ۔ **دیوارِ چین۔ یا۔ ختا**۔ مؤنث۔ ایک مشہور دیوار، جو تاتار اور ختا کی سرحد پر واقع ہے ۔ **دیوارِ قہقہہ** (و) مؤنث (۱) دیوارِ چین۔ سدِ سکندری۔ کہتے ہیں کہ اس کے اندر سے ہنسنے کی آواز آتی ہے اور جو شخص دریافتِ حال کو چڑھتا ہے، وہ ہنستے ہنستے اندر کی طرف گر جاتا ہے (۲) بہت لمبی یا اونچی دیوار (۳) حد سے زیادہ ہنسی ۔ **دیوار گیری**۔ مؤنث (۱) وہ کپڑا، جو خوش نمائی کے لیے دیواروں میں لگایا جاتا ہے (۲) دیواروں میں لگانے کا لیمپ ۔

دیوالا (دیْ۔ وَا۔ لَا) (ہ) مذکر۔ قرض ادا نہ ہو سکنے پر سرکار میں اپنی مفلسی کا ثبوت ۔ **دیوالا نکالنا**۔ قرض ادا نہ ہو سکنے کی صورت میں عدالت کے سامنے اپنی غریبی کا ثبوت پیش کرنا ۔ **دیوالیا**۔ مذکر۔ وہ شخص، جس نے اپنا دیوالا نکال دیا ہو ۔

دیوان (دیْ۔ وَانْ) (ف) مذکر (۱) کچہری۔ عدالت۔ شاہی دربار (۲) مال کے محکمے کا بڑا افسر (۳) رکن سلطنت۔ وزیر (۴) دفتر محاسبہ (۵) اجلاس کا مقام۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ (۶) غزلوں کی کتاب ۔ **دیوانِ اعلیٰ** (ف۔ ع) مذکر۔ وزیر اعظم ۔ **دیوانِ خاص**۔ مذکر۔ خاص لوگوں کا دربار۔ دربارِ خاص۔ شاہی خلوت خانہ ۔ **دیوانِ خالصہ**۔ مذکر۔ معتمد الدولہ۔ وہ شخص، جس کے پاس شاہی مہر رہے۔ سلطانی مہر کا محافظ ۔ **دیوان خانہ** (ف) مذکر۔ بیٹھک۔ امیروں کے بیٹھنے کی جگہ ۔ **دیوانِ عام** (ف۔ ع) مذکر (۱) بڑے یا عام دربار کا مکان (۲) دربارِ عام ۔ **دیوانی**۔ مؤنث (۱) وزارت۔ دیوان کا عہدہ (۲) ججی۔ مطالباتِ خفیفہ کی عدالت ۔

دیوانگی (دیْ۔ وَا۔ نَگی) (ف) مؤنث (۱) سودا۔ جنون۔ پاگل پن (۲) بے وقوفی۔ نادانی ۔ **دِیوانہ**۔ مذکر۔ سودائی۔ پاگل۔ مجنون ۔ **دیوانہ بکارِ خویش (خود) ہشیار**۔ مثل۔ دیوانہ اپنے مطلب کے لیے ہوشیار رہتا ہے ۔ **دیوانی** (و) مؤنث۔ پگلی۔ خبطن۔ باولی ۔ **دیوانی ماں کا خبطی بیٹا**۔ مثل۔ بدی احمق۔ خاندانی بے وقوف ۔

دیّوث (دَیْ۔ یُوثْ) (ع) مذکر (۱) بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ بے حمیت (۲) (و) بھڑوا۔ وہ شخص، جو اپنی بیوی سے کسب کرائے ۔

دیو دار (دیْوْ۔ دَارْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا درخت۔ دیار ۔

دیور (دیْ۔ وَرْ) (ہ) مذکر۔ شوہر کا چھوٹا بھائی ۔ **دیورانی**۔ مؤنث۔ دیور کی بیوی۔ خاوند کے چھوٹے بھائی کی جورو ۔

دیول (دیْ۔ وَلْ) (ہ) مذکر (ہندو) چھوٹا مندر ۔

دیولی (دیْوْ۔ لِی) (ہ) مؤنث (۱) آنکھ کا گڑھا (۲) چیچک کے دانوں کا کھرنڈ ۔

دیوہرا (دیْوْ۔ ہَرا) (ہ) مذکر (ہندو) بت خانہ ۔

دیہ۔ دیہی (دیْہ، دیْ۔ ہی) (ہ) مؤنث (ع و) بدن۔ جسم۔ شریر۔ قالب۔ وجود ۔

دیہ (دیْہْ) (ف) مذکر۔ گاؤں ۔ **دیہات**۔ مذکر۔ دیہ کی جمع۔ بہت سے گاؤں ۔ **دیہاتِ خالصہ** (ف۔ ع) مذکر۔ سرکاری گاؤں ۔

دیہیم (دَ۔ ہِیْمْ) (ف) مذکر۔ تاج شاہی۔ کلغی۔ جیغہ۔ مکٹ۔ افسر ۔

ڈ

ڈ (ڈال) (ہ) مؤنث - اُردو حروف تہجی کا بارھواں حرف - حساب ابجد میں اس کے عدد (دال کے برابر) چار ہیں ؛

ڈ - ا

ڈا (ڈا) (ہ) مؤنث ستار کی گت کا ایک توڑا ؛

ڈاب (ڈاب) (ہ) مذکر (۱) بان بٹنے کی لمبی گھاس (۲) (پوربی) پرتلا (۳) (پوربی) کچا ناریل ؛

ڈابر (ڈا - بَر) (ہ) مذکر (۱) نیچی زمین جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے - جوہڑ (۲) جھیل (۳) چھوٹا تالاب (۴) (پوربی) سیلاپچی - ہاتھ دھونے کا برتن ؛

ڈابک (ڈابَک) (ہ) مذکر (پوربی) کنوئیں کا تازہ پانی ؛

ڈاٹ (ڈاٹ) (ہ) مؤنث (۱) کاگ (۲) سوراخ روکنے یا بند کرنے کی چیز (۳) کیل - میخ (۴) محراب کے بیچ کا پتھر (۵) محراب دار پکا دروازہ (۶) ڈاٹنا کا امر ؛ **ڈاٹ کر بھرنا** - داب داب کر بھرنا - کھچاکھچ بھرنا - ٹھونس کر بھرنا ؛ **ڈاٹ لگانا** (۱) بند کرنا - روکنا (۲) محراب بنانا ؛ **ڈاٹنا** - دیکھیے "ڈانٹنا" ؛

ڈار (ڈار) (ہ) مؤنث - پرندوں کا پرا - جانوروں کا جھنڈ - ہرنوں کی قطار ؛

ڈارلنگ (ڈار - لِنگ) (انگ - Darling) پیارا - پیاری ؛

ڈاروِن (ڈار - وِن) (انگ - Darwin) مذکر - ایک مشہور انگریز عالم طبعیات، فلسفی اور سیاح، جو اصولِ ارتقاء کا موجد تھا - اس کی رائے میں انسان پہلے بندر تھا، پھر اس سے ترقی کرتے ہوئے آدمی بن گیا ؛

ڈاڑھ (ڈاڑھ) (ہ) مؤنث - جبڑے کا موٹا دانت، جس سے غذا چبائی جاتی ہے ؛ **ڈاڑھ گرم ہونا** (۱) کلّہ گرم ہونا - کھانا کھایا جانا (۲) رشوت ملنا ؛ **ڈاڑھ نہ لگانا** - چبائے بغیر نگل جانا ؛ **ڈاڑھیں** - مؤنث - ڈاڑھ کی جمع ؛ **ڈاڑھیں مار کر - یا - مار مار کر رونا** - ہچکیاں لے لے کر رونا، اونچی آواز سے [illegible] ری کرنا ؛

ڈاڑھا (ہ) مذکر (۱) بھاری اور لمبی ڈاڑھی (۲) بڑھی ہوئی اینٹیں، جو بننے والی دیوار سے ملانے کے لیے کھلی چھوڑ دی جاتی ہیں (۳) باہر نکلا ہوا دانت (۴) نیا دل ؛

ڈاڑھی - مؤنث (۱) ٹھوڑی اور رخساروں کے بال - ریش (۲) پیپل یا بڑ کی ڈاڑھی ؛ **ڈاڑھی پیٹ میں ہونا** - کم عمری میں عقلمند ہونا - چھوٹی سی عمر میں بڑوں کی سی باتیں کرنا ؛ **ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا** (۱) قائل ہونا - ذلیل ہونا (۲) عزت لینا - بے عزتی کرنا ؛ **ڈاڑھی چھوڑنا** (۱) ڈاڑھی بڑھانا - ڈاڑھی رکھنا - ڈاڑھی کا منڈوانا یا کتروانا ترک کر دینا ؛ **ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا** (۱) ڈاڑھی نوچنا (۲) عزت بگاڑنا ؛

ڈاک (ڈاک) (ہ) مؤنث (۱) خطرسانی کا محکمہ - ٹپا (۲) سفر کے لیے گھوڑے یا پالکی وغیرہ کا سلسلہ وار انتظام (۳) لگاتار سلسلہ (۴) اُلٹی - قے (۵) ڈاکنا کا امر ؛ **ڈاک بٹھانا - یا - بٹھلانا** - ہرکاروں کے آنے جانے کا سلسلہ برابر جاری کر دینا - چوکی بٹھانا ؛ **ڈاک بنگلا** (ہ) مذکر - مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان جو سرکار کی طرف سے مقرر ہو - سرکاری مسافرخانہ ؛ **ڈاک بولنا** (ہ) نیلام کی بولی دینا ؛ **ڈاک چوکی** - مؤنث - وہ مقام، جہاں ایک ہرکارہ دوسرے ہرکارے کو چٹھیوں کا تھیلا دے یا گھوڑوں کی بدلی ہو ؛ **ڈاک خانہ** (ف) مذکر - ڈاک گھر - پوسٹ آفس - ٹپا خانہ ؛ **ڈاک کا گھوڑا** (ہ) مذکر (۱) ڈاک لے جانے والا گھوڑا (۲) بہت چلنے والا آدمی - تیز رفتار آدمی ؛ **ڈاک گاڑی** - مؤنث - وہ تیز رفتار ریل گاڑی، جس میں ڈاک جاتی ہے ؛ **ڈاک لگنا** (۱) ہرکاروں یا خبروں کا لگاتار آنا جانا (۲) مسلسل قے ہونا ؛ **ڈاک والا** - مذکر - ہرکارہ - ڈاکیا ؛ **ڈاکیا** - مذکر - ڈاک کا ہرکارہ - خطرساں - پیک - قاصد ؛

ڈاکا (ڈا - کا) (ہ) مذکر (۱) قزاقوں کا دھاوا - ڈاکوؤں کا حملہ (۲) (قانوناً) چار سے زیادہ چوروں کا مل کر چوری کرنا ؛ **ڈاکا ڈالنا - یا - مارنا** - زبردستی چھیننا - لوٹنا ؛ **ڈاکو** - مذکر (۱) دھاڑا مارنے والا - راہزن - قزاق - لٹیرا (۲) پیٹو - بہت کھانے والا - پُرخور ؛

ڈاکٹر (ڈاک - ٹَر) (انگ - Doctor) مذکر (۱) علم طب کا جاننے والا - طبیب - حکیم - جرّاح (۲) علامہ - فیلسوف ؛

ڈاکن (ڈا - کَن) (ہ) مؤنث - بہت سا کھانے والی ؛

ڈاکنا (ڈاک - نا) (ہ) (ع و) قے کرنا ؛

ڈال (ڈال) (ہ) مؤنث (۱) ٹہنی - شاخ (۲) آب پاشی کا ٹوکرا یا ڈول (۳) تلوار کا پھل ؛ **ڈال کا پکا** - پیڑ کا پکا ہوا ؛ **ڈال کا ٹوٹا** (۱) ٹہنی سے پک کر گرا ہوا - عمدہ پھل - تازہ پھل (۲) انوکھا - نادر - قابل قدر ؛ **ڈال والا** - مذکر (ع و) بندر - بیمون - بوزنہ ؛ **ڈالا** - مذکر - بڑی اور موٹی شاخ - ٹہنا ؛ **ڈالی** - مؤنث (۱) ٹہنی - شاخ (۲) حاکم وغیرہ کو نذر کرنے والی پھول پھل کی ٹوکری (۳) وہ پھل، جو پھلت کا خریدار فصل کی قیمت کے علاوہ بیچنے والے کو دیتا ہے ؛

ڈال (ڈال) (ہ) ڈالنا کا امر ؛ **ڈالنا** (۱) گرانا - پھینکنا (۲) دھرنا - رکھنا (۳) حمل گرانا (۴) اُلٹی کرنا - قے کرنا (۵) داخل کرنا - اندر کرنا (۶) پرونا (۷) پہنانا (۸) اُڑھانا (۹) آشنائی سے بیوی بنانا (۱۰) فرقے کرنا - لگانا (۱۱) کرنا (۱۲) ملانا - لگانا ؛

ڈالر (ڈا - لَر) (انگ - DOLLOR) مذکر - امریکہ کا ایک طلائی سکہ ؛

ڈامچا (ڈام - چا) (ہ) مذکر - وہ مچان، جو کھیتوں کی رکھوالی یا پھرانے کیلئے بنایا جاتا ہے ؛

ڈانٹ (ڈانٹ) (ہ) (۱) مؤنث - دھمکی - جھڑکی - سرزنش - ڈراوا (۲)

ڈانٹنا کا امر۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ مؤنث۔ دیکھیے "ڈانٹ ۱ع"۔ ڈانٹنا (۱) جھڑکنا۔ دھمکانا۔ غرّانا۔ چشم نمائی کرنا (۲) سختی سے منع کرنا۔ روکنا۔

ڈانڈا (ڈاں۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) چھڑی۔ لکڑی۔ نیزے کی لکڑی (۲) (گنوار) تاوان۔ جرمانہ۔ ڈنڈ (۳) ناؤ کھینے کا بانس۔ چپّو (۴) ریڑھ کی ہڈی (۵) کھیت کی حد۔ خشک زمین (۶) طولانی پیمانہ۔ ڈانڈی۔ مؤنث (۱) ایک قسم کی پہاڑی سواری، جس کے دونوں طرف لکڑی اور بیچ میں دری لگی ہوتی ہے (۲) کھینے والا۔ ملّاح۔

ڈانڈا (ڈاں۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) سرحد (۲) (گنوار) ہولی جلانے کی جگہ، جہاں ایندھن وغیرہ رکھا جاتا ہے۔ ڈانڈا مینڈا۔ مذکر (۱) دو ملکوں کی سرحد (۲) دو ہمسروں کی دشمنی۔ لڑائی جھگڑا (۳) راہ و رسم۔ میل ملاپ۔

ڈانس (ڈانس) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا بڑا مچھر۔

ڈانس (ڈانس) (انگ۔ Dance) مذکر۔ ناچ۔ رقص۔

ڈانک (ڈانک) (ہ) مؤنث۔ سنہری یا روپہلی ورق، جو نگینے کے نیچے چمک کی غرض سے لگا دیا جاتا ہے۔

ڈانگ (ڈانگ) (ہ) مؤنث (۱) پہاڑ کی اونچی چوٹی (۲) سب سے اونچی پہاڑی (۳) زقند۔ چھلانگ (۴) (پ) لٹھ۔ ڈنڈا۔

ڈانگر (ڈاں۔ گر) (ہ) مذکر (۱) مویشی۔ چوپایہ (۲) بے وقوف۔ احمق (۳) ہندوستان کی ایک قدیم قوم۔

ڈانواں ڈول۔ ڈاواں ڈول (ڈاں۔ واں۔ ڈول، ڈا۔ واں۔ ڈول) (ہ) (۱) مذبذب۔ ڈگمگاتا ہوا (۲) خراب و خستہ۔ پریشان۔ آوارہ۔

ڈانیل (ڈا۔ نیل) (انگ۔ Daniel) مذکر۔ حضرت دانیالؑ کا انگریزی نام۔

ڈاہ (ڈاہ) (ہ) مؤنث (۱) جلن۔ حسد (۲) دشمنی۔ بَیر۔ عداوت۔ کینہ۔

ڈائجسٹ (ڈا۔ اِجسٹ) (انگ۔ Digest) مذکر (۱) خلاصہ (۲) قانونی نظیروں کے خلاصے کا مجموعہ۔

ڈائرکٹر (ڈِ۔ رَیک۔ ٹر) (انگ۔ Director) مذکر۔ منتظم۔ سربراہ کار۔ اعلیٰ رکن۔ ڈائرکٹری (و) مؤنث۔ ڈائرکٹر کا عہدہ۔

ڈائرکٹری (ڈِ۔ رَیک۔ ٹری) (انگ۔ Directory) مؤنث۔ کتاب ہدایت۔ سرناموں کا مجموعہ۔ وہ کتاب، جس میں ناموں کی فہرست اور پتے درج ہوں۔

ڈائری (ڈا۔ اِری) (انگ۔ Diary) مؤنث۔ روزنامچہ۔ روزمرّہ کی یادداشت۔

ڈائل (ڈا۔ اِل) (انگ۔ Dial) مذکر۔ گھڑی کا چہرہ۔ حلقہ۔

ڈائمنڈ (ڈا۔ اِمنڈ) (انگ۔ Diamond) مذکر (۱) الماس۔ ہیرا (۲) تاش کی ایک بازی۔ ڈائمنڈ جوبلی (Diamond Jubilee) مؤنث۔ وہ جشن، جو ساٹھ سال کے بعد منایا جاتا ہے۔

ڈائن (ڈا۔ اِن) (ہ) مؤنث (۱) جادوگرنی۔ ساحرہ۔ کلیجا کھانے والی عورت (۲) ڈراؤنی شکل کی عورت۔ ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے۔ مثل۔ ظالم کو بھی محلے اور ہمسایوں کا کچھ لحاظ ہوتا ہے۔ ڈائن کھائے تو مُنہ لال، نہ کھائے تو مُنہ لال۔ مثل۔ ظالم ظلم کرے یا نہ کرے، اس کے چہرے سے ظلم برستا ہے۔

ڈائنامیٹ (ڈا۔ اِنا۔ میٹ) (انگ۔ Dynamite) مذکر۔ ایک قسم کی بارود۔

ڈائننگ ہال (ڈا۔ اِننگ۔ ہال) (انگ۔ Dining Hall) مذکر۔ کھانا کھانے کا کمرہ۔

ڈ-ب

ڈَب (ہ) مؤنث (۱) کیسہ۔ جیب (۲) قبضہ۔ قابو (۳) کپّا بنانے کا چمڑا۔ ڈِبّی۔ مؤنث۔ چھوٹی کپّی۔

ڈبّا (ڈِب۔ با) (ہ) مذکر (۱) بڑی ڈبیا (۲) پسلی کی بیماری، جو عموماً بچوں کو ہوتی ہے۔ ڈبیا۔ مؤنث۔ چھوٹا ڈبا۔

ڈباؤ (ڈُبا۔ اؤ) (ہ) ڈبو دینے والا۔ ڈبو دینے کے لائق۔ ڈباؤ پانی۔ مذکر۔ انسان کے قد سے زیادہ پانی۔

ڈبڈبانا (ڈَب۔ ڈبا۔ نا) (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

ڈبرا (ڈَب۔ را) (ہ) مذکر (۱) لہو یا پانی جمع ہونے کی جگہ (۲) خون کا گڑھا۔

ڈبکا (ڈَب۔ کا) (ہ) مذکر۔ تازہ پانی، جو اسی وقت کنوئیں سے نکال کر پیا جائے۔

ڈُبکا (ڈُب۔ کا) (ہ) مذکر۔ خطرہ۔ اندیشہ۔ خوف۔

ڈُبکی (ڈُب۔ کی) (ہ) مؤنث۔ پانی میں سر دبانا۔ غوطہ۔

ڈبل (ڈَبل) (انگ۔ Double) مذکر (۱) دُگنا۔ دوچند (۲) موٹا۔ دُہرا۔

ڈبل روٹی (و) مؤنث۔ انگریزی روٹی، جو خمیر کے سبب موٹی ہوتی ہے۔ موٹی روٹی۔ نان پاؤ۔ ڈبل کوچ۔ مذکر (۱) جلد جلد چلنا (۲) دُگنا سفر۔ دُگنی منزل۔

ڈبو (ڈُبو) (ہ) ڈبونا کا امر۔ ڈبونا (۱) غرق کرنا۔ غوطہ دینا (۲) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۳) بنی بات بگاڑنا۔ بگاڑنا۔

ڈ-پ

ڈپارٹمنٹ (ڈِپا رٹ۔ مینٹ) (انگ۔ Department) مذکر۔ سررشتہ۔ محکمہ۔

ڈپازٹ (ڈِپا۔ زٹ) (انگ۔ Deposit) مؤنث۔ جمع۔ امانت۔

ڈپٹ (ڈَپٹ) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑے کی دوڑ (۲) حملہ (۳) دھڑ۔ تیز رفتاری (۴) دھمکی (۵) ڈپٹنا کا امر۔ ڈپٹا (۱) ڈپٹنا سے ماضی مطلق (۲) ڈپٹانا کا امر۔ ڈپٹانا۔ گھوڑا دوڑانا۔ پویہ دوڑانا۔ ڈپٹنا (۱) تیز جانا۔ دوڑنا (۲) غصہ ظاہر کرنا۔ دھمکانا (۳) حملہ کرنا۔

ڈپٹی (ڈِپ۔ ٹی) (مستند) (انگریزی ڈپیوٹی۔ Deputy) مذکر۔ نائب۔ ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل (Deputy Post Master General) مذکر۔ ڈاک خانے کے اعلیٰ حاکم کا نائب۔

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (Deputy Superintendent Police) مذکر۔ کپتان کا نائب، پولیس کا ایک اعلیٰ حاکم ۔ ڈپٹی کمشنر (Deputy Commissioner) مذکر۔ ضلع کا اعلیٰ افسر۔ حاکم ضلع ۔

ڈپلوما (ڈِپ۔ لو۔ ما) (انگ۔ Diploma) مذکر۔ سند۔ دستاویز۔ سرٹیفکیٹ۔ ڈگری ۔

ڈپلومیسی (ڈِپ۔ لو۔ مے۔ سی) (انگ۔ Diplomacy) مؤنث۔ حکمتِ عملی۔ معاملہ رسی۔ جوڑ توڑ ۔

ڈپو (ڈَپ۔ پو) (ہ) (۱) بہت موٹا۔ بہت بڑا (۲) معاون۔ مددگار (۳) مذکر۔ امین۔ گماشتہ ۔

ڈپو (ڈِپو) (انگ۔ Depot) مذکر۔ کارخانہ۔ دکان۔ تجارت گاہ۔ کوٹھی ۔

ڈپوٹیشن (ڈِپو۔ ٹے۔ شن) (انگ۔ Deputation) مذکر (۱) وہ جماعت، جو کسی خاص کام کے لیے بھیجی جائے۔ وفد (۲) وہ عہدہ دار، جو کسی دوسری جگہ عارضی طور پر بھیجا جائے ۔

ڈ۔ ٹ

ڈٹ (ڈَٹ) (ہ) ڈٹنا کا امر۔ ڈٹ جانا۔ حریف کے سامنے جم کر کھڑا ہو جانا۔ ڈٹ کر کھانا۔ جم کر کھانا۔ اچھی طرح سیر ہو کر کھانا۔ ڈٹنا (۱) جمنا۔ مقابلہ کرنا (۲) رکنا۔ ٹھہرنا۔ دیر تک ٹھہرے رہنا ۔

ڈٹکٹو پولیس (ڈِٹک۔ ٹو۔ پو۔ لیس) (انگ۔ Detective police) مؤنث۔ خفیہ پولیس ۔

ڈٹھ (ڈِٹھ) (ہ) دیکھیے "ڈیٹھ"۔ ڈٹھ بند۔ دیکھیے "ڈیٹھ بند"۔ ڈٹھیارا۔ مذکر۔ آنکھوں والا ۔ ڈٹھیاری۔ مؤنث (۱) آنکھوں والی عورت (۲) ایک قسم کی پہیلی ۔

ڈٹھون (ڈِٹھون) (ہ) مذکر۔ دیوالی کے بعد بارھواں دن ۔

ڈ۔ ر

ڈر (ڈَر) (ہ) مذکر (۱) خوف۔ خطرہ۔ اندیشہ (۲) ڈرنا کا امر ۔ ڈرپوک۔ کم ہمت۔ بزدل۔ بودا ۔ ڈرا (۱) ڈرنا سے ماضی مطلق (۲) ڈرانا کا امر ۔ ڈرانا۔ دھمکی دینا۔ دھمکانا ۔ ڈراوا۔ مذکر۔ ڈر۔ خوف۔ دھمکی ۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔ بھیانک ۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دھمکی میں آنا ۔ ڈری۔ مؤنث (دکن) ڈر۔ خوف ۔ ڈریں لومڑی سے نام دلیر خاں (رو مثل)۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں نام اور شہرت کے خلاف کم ہمتی ظاہر کی جائے ۔

ڈرافس مین (ڈرافٹس۔ مین) (انگ۔ Draftsman) مذکر۔ نقشہ نویس ۔

ڈراما۔ ڈرامہ (ڈرا۔ ما، ڈرا۔ مہ) (انگ۔ Drama) مذکر۔ ناٹک۔ نقل۔ سوانگ۔ دلچسپ واقعہ ۔ ڈراماٹسٹ (Dramatist) مذکر۔ ناٹک لکھنے والا۔ ڈراما تحریر کرنے والا ۔

ڈرائنگ (ڈرا۔ اِنگ) (انگ۔ Drawing) مذکر و مؤنث۔ نقشہ کشی ۔ ڈرائنگ روم۔ ڈرائنگ ہال (۱) (Drawing-room) (۲) (Drawing Hall) مذکر۔ ملاقات کا کمرہ ۔ ڈرائنگ ماسٹر (Drawing Master) مذکر۔ نقشہ کشی سکھانے والا ۔

ڈرائیور (ڈرا۔ اِی۔ وَر) (انگ۔ Driver) مذکر۔ ہانکنے والا۔ چلانے والا ۔

ڈرل (ڈرِل) (انگ۔ Drill) مؤنث۔ قواعد۔ فوجی قواعد۔ صف آرائی ۔ ڈرل ماسٹر (Drill Master) مذکر۔ قواعد سکھانے والا ۔

ڈریرا (ڈریر۔ را) (ہ) مذکر۔ زور کی بارش ۔

ڈریس (ڈریس) (انگ۔ Dress) مذکر۔ پوشاک۔ لباس۔ پوشش ۔

ڈ۔ ڑ

ڈڑھ (ڈِڑھ) (ہ) ڈیڑھ کا مخفف ۔ ڈڑھ پٹی۔ ڈڑھ پوا (۱) مؤنث (۲) مذکر۔ ڈیڑھ پاؤ کا باٹ ۔

ڈڑھیالا۔ ڈڑھیل (ڈَڑھ۔ یا۔ لا، ڈَڑھ۔ ییل) (ہ) مذکر۔ داڑھی والا۔ ریش دار ۔

ڈ۔ ز

ڈزائن (ڈِزا۔ اِن) (انگ۔ Design) مذکر۔ خاکہ۔ نقشہ ۔

ڈ۔ س

ڈس (ڈَس) (ہ) مؤنث۔ ترازو کی ڈوری جس میں پلڑے باندھے جاتے ہیں ۔

ڈس (ڈَس) (ہ) ڈسنا کا امر ۔ ڈسنا۔ کسی زہریلے جانور اور خاص کر سانپ کا کاٹنا ۔

ڈسپنسری (ڈِس۔ پِن۔ سری) (انگ۔ Dispensary) مؤنث۔ دواخانہ۔ دواؤں کی دکان ۔

ڈسپیچ (ڈِس۔ پیچ) (انگ۔ Despatch) مؤنث۔ ارسال۔ ترسیل۔ روانگی ۔

ڈسٹرکٹ (ڈِس۔ ٹرکٹ) (انگ۔ District) مذکر۔ ضلع ۔ ڈسٹرکٹ انسپکٹر (District Inspector) مذکر۔ ضلع کے اندر کام کرنے والا مدارس یا پولیس کا انسپکٹر ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ (District Board) مذکر۔ وہ جماعت، جو ضلع کی تعلیم وغیرہ کا انتظام کرتی ہے ۔ ڈسٹرکٹ فنڈ (District fund) مذکر۔ وہ روپیہ، جو ڈسٹرکٹ بورڈ کی تحویل میں ہو ۔ ڈسٹرکٹ کمیٹی (District Committee) مؤنث۔ ضلع کی کمیٹی ۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (District Magistrate) مذکر۔ ڈپٹی کمشنر مجسٹریٹ کی حیثیت سے ۔

ڈسک (ڈَسک) (انگ۔ Desk) مذکر۔ ڈھلواں میز ۔

ڈسکورڈ (ڈِس۔ کورڈ) (انگ۔ Discord) مؤنث (۱) اختلاف۔ پھوٹ۔ ترشی (۲) ناموافقت۔ غیر موزونی۔ ناہمواری ۔

ڈسکونٹ (ڈِس۔ کونٹ) (انگ۔ Discount) مذکر۔ کٹوتی۔ بٹا ۔

کیپٹن ۔

ڈسمس (ڈِس۔مِس) (انگ۔ Dismiss) برطرف۔ معزول۔ خارج۔ برخاست ۔

ڈ۔ف

ڈف (ڈَف) (۱) مذکر۔ ایک قسم کا باجا۔ ڈفلی۔ دائرہ ۔ **ڈفالی۔ ڈفالچی۔ ڈفالی** ۔ مذکر (۱) ڈفلی بجانے والا (۲) ایک قوم ۔ **ڈفلی** ۔ مؤنث ۔ چھوٹا دف ۔ دائرہ ۔

ڈ۔ک

ڈک (ڈَک) (ہ) مذکر۔ گھونسا۔ مُکّا ۔

ڈکار (ڈَکار) (ہ) مؤنث (۱) معدے سے کی ہوا، جو منہ کی راہ سے نکلے (۲) ڈکارنا کا امر ۔ **ڈکار نہ لینا** ۔ پتا نہ لگنے دینا ۔ ہضم کر جانا خبر نہ ہونے دینا ۔ **ڈکارنا** (۱) معدے کی ہوا منہ سے نکالنا (۲) قبضہ کرنا رکھنا ۔ ہضم کرنا (۳) شیر کا گرجنا ۔ گرجنا ۔

ڈکٹیٹر (ڈِک۔ٹے۔ٹر) (انگ۔ Dictator) مذکر۔ آمر مطلق العنان حاکم۔ اعلیٰ افسر ۔

ڈکٹیشن (ڈِک۔ٹے۔شَن) (انگ۔ Dictation) مؤنث (۱) ہدایت (۲) املا ۔

ڈکرا (ڈُک۔رَا) (ہ) مذکر (پوربی) بڈھا کھوسٹ۔ پیر فرتوت۔ نہایت بوڑھا۔ بوڑھا ۔ **ڈکریا**۔ مؤنث (پوربی) نہایت بوڑھی عورت ضعیفہ۔ بڑھیا۔ بوڑھی عورت ۔

ڈکرانا (ڈُک۔رَا۔نَا) (ہ) (۱) فریاد کرنا۔ چلّانا۔ کراہنا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا (۲) شیر کا بولنا ۔

ڈکشنری (ڈِک۔شَ۔نَری) (انگ۔ Dictionary) مؤنث۔ لغات۔ کتاب لغت ۔

ڈکوت (ڈَکوت) (ہ) مذکر۔ ایک قوم جس کے افراد باپ کی طرف سے برہمن اور ماں کی طرف سے گوالے ہوتے ہیں ۔

ڈکوس (ڈَکوس) (ہ) (عو) ڈکوسنا کا امر ۔ **ڈکوسنا**۔ پینا۔ نگلنا (حقارت سے) ۔

ڈکیت (ڈَکَیت) (ہ) مذکر۔ ڈاکو۔ رہزن۔ لٹیرا ۔ **ڈکیتی**۔ مؤنث (۱) رہزنی۔ قزاقی۔ بٹ ماری (۲) (قانونی) چار سے زیادہ آدمیوں کا مل کر چوری کرنا ۔

ڈ۔گ

ڈگ (ڈَگ) (ہ) مذکر۔ لمبا قدم ۔ **ڈگ بھرنا**۔ قدم رکھنا۔ قدم اٹھانا ۔

ڈگ (ڈِگ) (ہ) ڈگنا کا امر ۔ **ڈگا** (۱) ڈگنا سے ماضی مطلق (۲) ڈگانا کا امر ۔ **ڈگانا**۔ پھسلانا۔ جگہ سے بے جگہ کرنا۔ ہٹانا ۔ **ڈگنا**۔ پھسل کر نیچے گرنا۔ ڈگمگانا۔ ہلنا۔ ہٹنا۔ جگہ سے بے جگہ ہونا ۔

ڈگڈگا (ڈُگ۔ڈُگا) (ہ) ڈگڈگانا کا امر ۔ **ڈگڈگا کر پانی پینا**۔ بڑے بڑے گھونٹ لینا۔ ایک دم بہت سا پانی پینا ۔ **ڈگڈگانا**۔ لمبے گھونٹ بھر کر پینا ۔

ڈگڈگی (ڈُگ۔ڈُگی) (ہ) مؤنث (۱) بندر والوں کی ڈفلی۔ ڈورو (۲) منادی۔ ڈھنڈورا۔ ڈھنڈی ۔

ڈگر (ڈَگَر) (ہ) مؤنث۔ راہ۔ سڑک۔ راستہ ۔

ڈگرا (ڈَگ۔رَا) (ہ) مذکر (پوربی) ٹوکرا۔ بانس کا چھبڑا ۔

ڈگری (ڈِگ۔رِی) (انگ۔ Degree) مؤنث (۱) کامیابی کی سند (۲) درجہ۔ منزل ۔ **ڈگری اگریمینیشن**۔ (Degree examination) مذکر۔ بی۔ اے کے درجے کا امتحان ۔

ڈگری (ڈِگ۔رِی) (مہند) (انگ۔ ڈکری Decree) مؤنث۔ عدالت کا فرمان۔ فیصلہ۔ حکم ۔ **ڈگری اجمالی** (ف) مؤنث۔ مشترک ڈگری ۔ **ڈگری اقبالی**۔ مؤنث۔ اقبال پر دی ہوئی ڈگری ۔ **ڈگری پانا**۔ مقدمہ جیتنا۔ فتح پانا قطعی فیصلہ حاصل کرنا ۔ **ڈگری دار**۔ وہ شخص جس نے مقروض پر ڈگری حاصل کی ہو ۔

ڈگمگ (ڈَگ۔مَگ) (ہ) کانپتا ہوا۔ ہلتا ہوا۔ لرزاں ۔ **ڈگمگا**۔ ڈگمگانا کا امر ۔ **ڈگمگانا**۔ ہلنا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ لڑکھڑانا ۔

ڈگن (ڈَگَن) (ہ) مؤنث۔ مچھلی کے شکار کا آلہ ۔

ڈگی (ڈُگ۔گِی) (ہ) مؤنث (کنایۃً) اعلان۔ ڈھنڈورا۔ ڈونڈی۔ منادی ۔

ڈ۔ل

ڈل (ڈَل) (ہ) مذکر (۱) گروہ۔ دستہ (۲) دولت (۳) کشمیر کی مشہور جھیل (۴) پرانا گرا ہوا کنواں ۔

ڈل (ڈَل) (ہ) ڈلنا کا امر ۔ **ڈلنا**۔ گرنا۔ پڑنا ۔

ڈلا (ڈَلا) (ہ) مذکر (۱) ڈھیلا۔ کلوخ (۲) بڑا ٹکڑا۔ بڑے حجم کی شے ۔ **ڈلا سا** (عو) (۱) بڑا سا (۲) سونے کے ڈلے جیسا (۳) زرد چمکیلا رنگ (۴) خالص چیز ۔ **ڈلی**۔ مؤنث۔ کسی شے کا ٹکڑا ۔ **ڈلیا**۔ مؤنث۔ ذرا سا ٹکڑا ۔

ڈلّا (ڈَل۔لا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ٹوکرا (۲) شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا (۳) ٹوکرا جو بیاہ کے روز دولہا دلھن کے لیے لاتا ہے ۔ **ڈلیا**۔ مؤنث۔ چھوٹی ٹوکری ۔

ڈلانا (ڈُلا۔نا) (ہ) (۱) حرکت دینا۔ ہلانا (۲) پھرانا۔ حیران کرنا ۔

ڈلاؤ (ڈَلا۔ؤ) (ہ) مذکر۔ گھورا۔ گندگی پڑنے کی جگہ ۔

ڈلک (ڈَلَک) (ہ) مؤنث (۱) آب و تاب۔ چمک دمک۔ جھلک (۲) ڈلکنا کا امر ۔ **ڈلکنا**۔ چمکنا۔ دمکنا ۔

ڈلوری (ڈِلِیوَ۔رِی) (انگ۔ Delivery) مؤنث (۱) تفویض۔ تحویل (۲) تقسیم (۳) وضع حمل ۔

ڈلی (ڈَلی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی چکنی چھالیا (۲) کمی ہوئی چیز (۳) خربوزہ (۴) بالو شاہی (۵) مصری کا ٹکڑا ۔

ڈ۔م

ڈمرو (ڈَم۔رُو) (ہ) مذکر (ہندو) ایک قسم کا باجا۔ ڈگڈگی ۔

ڈ۔ن

ڈنٹسٹ (ڈَن۔ٹِسْٹ) (انگ Dentist) مذکر۔ مصنوعی دانت بنانے والا۔ دندان ساز ٭

ڈنٹل ہاسپٹل (انگ Dental Hospital) مذکر۔ دانتوں کا ہسپتال۔ وہ ہسپتال، جہاں خاص کر دانتوں کا علاج ہوتا ہو ٭

ڈنٹھل (ڈَن۔ٹھَل) (ہ) مذکر (۱) ٹہنی (۲) صولی کی شاخ، جس پر پھول آتا ہے ٭

ڈنڈ (ڈَنْڈ) (ہ) مذکر (۱) بازو۔ ڈنڑ (۲) ایک قسم کی ورزش ٭ **ڈنڈ پیل**۔ مذکر۔ ڈنڑ پیلنے والا پہلوان۔ وہ شخص، جو صرف ڈنڑوں کی ورزش کرتا ہو ٭ **ڈنڈ پیلنا**۔ ڈنڑوں کی ورزش کرنا ٭

ڈنڈ (ڈَنْڈ) (ہ) مذکر (۱) جرمانہ۔ تاوان (۲) فدیہ ٭ **ڈنڈ بھرنا۔ یا۔ دینا**۔ تاوان ادا کرنا۔ جرمانہ دینا ٭ **ڈنڈ ڈالنا**۔ تاوان ڈالنا۔ محصول لگانا۔ ٹیکس عائد کرنا ٭

ڈنڈا (ڈَن۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) سونٹا۔ لکڑی کا سونٹا، جو ہاتھ میں رکھا جاتا ہے (۲) جنڈ کی لکڑی ٭ **ڈنڈا ڈولی کرنا**۔ ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اُدھر اٹھا لینا ٭ **ڈنڈا سی پوچھ برہان پور (بڈھانہ) کا راستہ** (۱) مثل۔ بے سرو سامانی کی حالت میں سفر کرنا ٭ **ڈنڈے** (ہ) مذکر۔ ڈنڈا کی جمع۔ چھوٹی چھوٹی گول لکڑیاں ٭ **ڈنڈے بجاتے پھرنا**۔ مارے مارے پھرنا۔ بیکار پھرنا۔ آوارہ و سرگرداں پھرنا ٭

ڈنڈا (ڈَن۔ڈا) (ہ) مذکر۔ احاطہ، چار دیواری ٭ **ڈنڈا کھینچنا**۔ حد مقرر کرنا۔ دیوار کھینچنا۔ جدا کر دینا ٭

ڈنڈوت (ڈَنْڈ۔وَت، ڈَن۔ڈَوْت) (ہ) (۱) ماتھا ٹیکنا۔ جبہہ سائی۔ سجدہ (۲) بندگی۔ تسلیم۔ آداب (کرنا کے ساتھ) ٭

ڈنڈوکا (ڈَنْڈ۔و۔کا) (ہ) مذکر۔ ٹوٹی ہوئی تلوار، جس کا کوئی ٹکڑا قبضے میں لگا رہ گیا ہو ٭

ڈنڈی (ڈَن۔ڈی) (ہ) مؤنث (۱) قبضہ۔ دستہ (۲) ترازو کی لکڑی، جس میں دونوں پلڑے باندھے جاتے ہیں۔ شاہین (۳) ڈال۔ ٹہنی (۴) ہارسنگار کے پھول (۵) پھول کا ڈنٹھل۔ پھول کی شاخ (۶) عضو تناسل ٭ **ڈنڈی مارنا**۔ چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی جھکا دینا۔ کم تولنا ٭

ڈنڈیا (ڈَن۔ڈیا) (ہ) مذکر۔ بازار کی آمدنی وصول کرنے والا ٭

ڈنڈیر (ڈَن۔ڈیر) (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) سیدھا خط۔ سیدھی لکیر ٭

ڈنر (ڈِنَر) (انگ - Dinner) مذکر۔ کھانا۔ ضیافت ٭

ڈنڑ (ڈَنْڑ) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "ڈنڈ" (بازو) ٭

ڈنک (ڈَنْک) (ہ) مذکر (۱) کانٹا۔ زہریلا کانٹا۔ خار۔ نیش (۲) جونک کے کاٹنے کا نشان (۳) لوہے کا قلم (۴) نب۔ لوہے کے قلم کا وہ حصہ، جس سے لکھا جاتا ہے ٭ **ڈنک مارنا** (۱) کسی زہریلے جانور کا کانٹا مارنا۔ کاٹنا (۲) دشمن کا نیش زنی کرنا ٭

ڈنکا (ڈَنْ۔کا) (ہ) مذکر (۱) دھونسا۔ نقارہ (۲) سحری کا دھونسا (۳) نقارہ بجانے کی لکڑی۔ چوب (۴) شہرت۔ عروج ٭ **ڈنکا بجنا**۔ دھوم مچنا۔ دھوم ہونا۔ نام پانا۔ مشہور ہونا ٭ **ڈنکا ڈالنا** (۱) مرغ کی بازی مقرر ہونا۔ مرغ کو مرغ سے لڑانا (۲) مرغ کا چونچ مارنا ٭ **ڈنکا ہونا**۔ نقارہ بجنا ٭

ڈنکے۔ مذکر (۱) ڈنکا کی جمع (۲) ڈنکا کی صورت حرف ربط سے پہلے ٭ **ڈنکے کی چوٹ کہنا** (۱) ڈھنڈوری پیٹنا۔ منادی کرنا (۲) کھلم کھلا کہنا۔ صاف صاف کہنا۔ علانیہ کہنا۔ ہانکے پکارے کہنا ٭

ڈنکنی (ڈَنْک۔نی) (ہ) مؤنث (۱) عورت کی ایک قسم (۲) ڈائن (۳) لڑاکا اور جھگڑالو عورت ٭

ڈنگر (ڈَنْگ۔گَر) (ہ) مذکر۔ حیوان۔ مویشی ٭

ڈنگیا (ڈَنْگ۔یا) (ہ) مؤنث (۱) تانبے وغیرہ کا دستہ دار چھوٹا برتن، جس سے پانی بھرا اور پیا جاتا ہے (۲) ڈونگا۔ ناؤ۔ چھوٹی کشتی ٭

ڈنمارک (ڈِن۔مارک) (انگ۔ Denmark) مذکر۔ ایک ملک، جو جرمنی کے شمال میں واقع ہے ٭

ڈ۔و

ڈوا (ڈَو۔وا) (ہ) مذکر۔ لکڑی کا بڑا چمچہ۔ بڑی ڈوئی ٭

ڈوب (ڈُوب) (ہ) مذکر (۱) ڈبکی۔ غوطہ (۲) ڈوبنا کا امر ٭ **ڈوبا بنس کبیر کا جو جائے پوت کمال، رام رام دھن بیچ کے لاتے چار ہنوال** (۱) مثل (ترجمہ) کبیر کا وہ خاندان ڈوب گیا، جس میں کمال جیسا بیٹا پیدا ہوا، کیونکہ وہ دھرم کی دولت بیچ کر چار خچر (اشرفیوں سے لدے ہوئے) لے آیا ٭ اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی نالائق بیٹا خاندان کو ذلیل و رسوا کر دے ٭ **ڈوبا نام اچھالنا**۔ نام روشن کرنا۔ گمنامی کی حالت سے نکلنا۔ نئے سرے سے عزت و توقیر اور ناموری پیدا کرنا ٭ **ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ہونا** (ہ) مصیبت کے مارے کو تھوڑا سا سہارا بھی امداد دے جاتا ہے۔ ناامید کو تھوڑی مدد بھی بہت کام دے جاتی ہے ٭ **ڈوب جانا** (۱) غرق ہو جانا (۲) دریا میں بہ جانا (۳) غائب ہو جانا (۴) روپیہ مارا جانا (۵) تباہ و برباد ہونا (۶) بدنام ہو جانا (۷) عزت جاتی رہنا (۸) کام کا مندہنا۔ نکما ہونا (۹) (عو) لڑکی یا لڑکے کا بری جگہ بیاہا جانا (۱۰) ناکام ہونا ٭ **ڈوب مرنا**۔ شرم و غیرت یا رسوائی کے سبب پانی میں غرق ہونا۔ مر جانا۔ جان دے دینا ٭ **ڈوبنا** (۱) غرق ہو جانا (۲) دریا برد ہونا (۳) غروب ہونا۔ چھپنا (۴) رقم وصول نہ ہونا۔ ضائع جانا (۵) نیست و نابود ہونا (۶) تباہ و برباد ہونا (۷) نقصان ہونا۔ دیوالا نکلنا (۸) رسوا ہونا (۹) گیا گزرا ہونا (۱۰) (عو) بُرے خاندان سے یا بُری جگہ واسطہ پڑنا (۱۱) ناکام ہونا ٭ **ڈوبی ہوئی رقم ہری ہونا** (۱) ایسی رقم ہاتھ آنا جس کے ملنے کی کوئی امید نہ ہو ٭

ڈوب (ڈُوب) (ہ) مذکر (۱) شوب۔ ڈبکی۔ غوطہ۔ کپڑے کو رنگ میں ڈبونا (۲) قلم کو سیاہی میں بھرنا ٭ **ڈوبا**۔ مذکر (۱) قلم کو سیاہی میں بھرنا (۲) ڈبکی ٭ **ڈوبا بھرنا۔ یا۔ لینا**۔ قلم کو سیاہی میں ڈبونا ٭

ڈوڈا (ڈُو۔ڈا) (ہ) مذکر۔ خول۔ وہ چیز، جس کے اندر بیج رہتے ہیں۔ کوکنار ٭

ڈور (ڈَوْر) (ہ) مؤنث (۱) بٹا ہوا تاگا ۔ رشتہ ۔ سُتلی ۔ دھاگا (۲) سُوت کی باریک رَسّی (۳) پتنگ کی رسّی ۔ ڈورا ۔ مذکر (۱) ڈور ۔ تار ۔ رسّی ۔ دھاگا ۔ تاگا (۲) لکیر ۔ خط ۔ ریکھا (۳) آنکھ کی رگیں یا سرخی (۴) تلوار کی دھار (۵) گھی ڈالنے یا پانی نکالنے کا ایک ظرف ۔ ڈنڈی والا کٹورا (۶) پکے ہوئے چاولوں میں گرم گھی ڈالنا (۷) دامِ محبت ۔ تارِ نظر (۸) دنبالۂ چشم ۔ سُرمے کی لکیر، جو آنکھوں کی خوب صورتی کے لیے باہر تک کھینچ دیتے ہیں (۹) ڈورے سے لیا ہوا ناپ (۱۰) معشوق یا ناچنے والے کی گردن کی حرکت (۱۱) دامِ فریب ۔ جال (۱۲) (لکھنؤ) ڈوڈا ۔ پوست ۔ کوکنار ۔ ڈورا ڈالنا ۔ مائل کرنا ۔ محبت کے جال میں پھنسانا ۔ ڈوری ۔ مؤنث (۱) پتلی رسّی (۲) رسن ۔ پانی بھرنے کی رسّی (۳) طناب ۔ خیمے کی رسّی (۴) ریشم وغیرہ کا بٹا ہوا ڈورا، جو اکثر عورتیں انگیا وغیرہ کے سرے پر ٹانکتی ہیں (۵) وہ رسّی، جس سے پلنگ کی چادر کسی جاتی ہے (۶) زمین ناپنے کی رسّی ۔ جریب (۷) دودھ ڈالنے یا ملائی اتارنے کا دستی کٹورا ۔ ڈوری ڈھیلی چھوڑنا (ع) کسی کی طرف سے غافل ہو جانا ۔ ڈوری کھینچنا (ہندو) (ع) طلب کرنا ۔ بلانا ۔ یاد کرنا ۔ ڈورے (۱) ڈورا کی جمع (۲) ڈورا کی صورت حرفِ ربط سے پہلے ۔ ڈورے ڈالنا (۱) تاگے ڈالنا ۔ نگندے ڈالنا (۲) مائل کرنا ۔ یار بنانا (۳) (ع) مینڈھیاں گوندھنا ۔ سر گوندھنا (۴) چڑیا یا مینا کا لگاتار چہچہانا ۔

ڈوریا (ڈَوْ ۔ رِیا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا دھاری والا باریک ولایتی کپڑا (۲) شکاری کتوں کو سدھانے والا آدمی ۔ کتوں کا محافظ ۔

ڈوک (ڈُوْک) (ہ) مؤنث ۔ چوپایوں کی ایک بیماری، جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے ۔

ڈوک (ڈَوْک) (ہ) ڈوکنا کا امر ۔ ڈوکنا (پورب) (۱) قے کرنا (۲) بہت سا پینا ۔ چوسنا ۔

ڈوکر ۔ ڈوکرا (ڈُوْ ۔ کَر ، ڈَوْک ۔ رَا) (ہ) مذکر (پورب) بوڑھا ۔ بوبک ۔
ڈوکری ۔ مؤنث ۔ بڑھیا ۔

ڈوگر (ڈُوْ ۔ گَر) (ہ) مذکر (۱) مسلمانوں اور ہندوؤں میں ایک ذات (۲) دیکھیے "ڈونگر"

ڈوگرا (ڈُوْگ ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ راجپوتوں کی ایک قوم، جو پنجاب کی شمالی پہاڑیوں میں رہتی ہے ۔

ڈول (ڈَوْل) (ہ) (۱) مذکر ۔ طریقہ ۔ طور ۔ ڈھنگ (۲) وضع قطع ۔ انداز ۔ فیشن (۳) کسی چیز کے بنانے کا کچا نقشہ ۔ ڈھانچا ۔ خاکہ (۴) انداز ۔ نمونہ (۵) ڈھنگ ۔ قسم (۶) شکل ۔ صورت (۷) تخمینہ ۔ تقدمہ (۸) مؤنث ۔ باڑھ ۔ کھیت کی اونچی حد (۹) ڈولنا کا امر ۔ ڈول پر لانا (۱) سڈول بنانا (۲) کام کا بنانا ۔ ڈھب پر لانا ۔ ڈول ڈالنا (۱) بنیاد قائم کرنا ۔ ڈھچر ڈالنا (۲) ڈھب نکالنا ۔ موقع نکالنا ۔ ڈول واصل باقی (۶) مذکر ۔ مجموعی اور بقیہ معاملے کا نقشہ ۔
ڈولنا ۔ ڈول ڈالنا ۔ گھڑنا ۔

ڈول (ڈُوْل) (ہ) مذکر ۔ کنوئیں سے پانی بھرنے کا آہنی یا چرمی ظرف ۔ ڈولچی ۔ مؤنث ۔ ڈول کی تصغیر ۔ چھوٹا ڈول ۔

ڈول (ڈَوْل) (ہ) ڈولنا کا امر ۔ ڈولنا (۱) (گنوار) ٹہلنا ۔ چلنا ۔ پھرنا (۲) بھٹکنا ۔ آوارہ پھرنا (۳) متحرک ہونا ۔ حرکت کرنا ۔

ڈولا (ڈَوْ ۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) کھیت کی باڑھ ۔ مینڈ ۔ کھیت کی چار دیواری (۲) خراج کا تخمینہ (۳) (گنوار) مجامعت ۔ جماع (۴) (پ) کہنی اور شانے کا درمیانی حصہ ۔

ڈولا (ڈُوْ ۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی گول پالکی ۔ میانہ ۔ محافہ ۔ سکھپال (۲) زنانہ سواری ۔ سواری ۔ ڈولا اچھلنا (۱) (ع) (لکھنؤ) کسی عورت کا دوسری عورت کے شوہر سے آشنائی یا بیاہ کر لینا (۲) (حقارتاً) ڈولی پر چڑھ کر جانا ۔ ڈولا دینا (۱) بیٹی کو کسی سردار یا بادشاہ کی زوجیت میں فخریہ نذر دینا (۲) غریب آدمی کا کسی امیر آدمی سے بیٹی بیاہنا ۔ ڈولی ۔ مؤنث ۔ محافہ ۔ زنانہ پردہ دار سواری ۔ ڈولی آئی ڈولی میرے من میں چاؤ، ڈولی میں سے نکل پڑا بھونگڑا بلاؤ ۔ مثل (۱) اس وقت مذاقاً کہتے ہیں، جب بدصورت بیوی بیاہ کر لائی جائے (۲) اس محل پر بھی عورتیں یہ مثل بولتی ہیں، جب کسی بات کا شوق بہت ہو، لیکن وہ امید کے خلاف ظاہر ہو ۔ ڈولی نہ کہار، بی بی بیٹھی ہیں تیار (۲) مثل ۔ سامان ذرا بھی نہیں، ارادے بڑے بڑے ۔

ڈولنا (ڈُوْل ۔ نَا) (ہ) مذکر (۱) گہوارہ (۲) ڈولا (۳) ایک قسم کا برتن ۔

ڈوم (ڈُوْم) (ہ) مذکر (۱) گانا گانے والا ۔ قوال ۔ میراثی ۔ مغنی (۲) ایک قوم، جو گانے بجانے کا پیشہ کرتی ہے (۳) (پورب) ایک نیچ قوم، جو اکثر بھابے وغیرہ بناتی ہے (۴) سنگیتا ۔ سازنواز ۔ کنجر ۔ ڈوم پنا ۔ مذکر (۱) ڈوم کا پیشہ (۲) بے جا خوشامد ۔ ڈومنی ۔ مؤنث (۱) میراثن ۔ مغنیہ (۲) ڈوم کی بیوی (۳) پردہ دار عورتوں میں ناچنے گانے والی عورت (۴) ایک چڑیا ۔ ڈومنی پنا کرنا (۱) ناچنے گانے کا کام کرنا ۔ ناچنا گانا (۲) دل فریب و معشوقانہ حرکات کرنا ۔

ڈونڈ (ڈُوْنْڈ) (ہ) مذکر (۱) ایک سینگ کا بیل (۲) مڑے ہوئے سینگوں والا بیل ۔ ڈونڈا ۔ مذکر ۔ وہ بیل، جس کا ایک سینگ ٹوٹا یا مڑا ہوا ہو ۔

ڈونڈی (ڈَوْن ۔ ڈِی) (ہ) مؤنث ۔ منادی ۔ ڈھنڈورا ۔ شہرت ۔ ڈونڈی پھیرنا یا پیٹنا ۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۔ منادی کرنا ۔ اعلان کرنا ۔

ڈونگا (ڈُوْں ۔ گَا) (ہ) (گنوار) گہرا ۔ عمیق ۔

ڈونگا (ڈُوْں ۔ گَا) (ہ) مذکر (۱) بجرا ۔ چھوٹی ناؤ ۔ ایک قسم کی چھوٹی کشتی (۲) آبخورا ۔ پانی بھرنے کا ڈنڈی والا برتن (۳) ڈوئی ۔ ڈونگی ۔ مؤنث (۱) وہ چھوٹی سی کشتی، جو بڑی کشتی یا جہاز کے ساتھ وقت بے وقت اترنے کے لیے بندھی رہتی ہے (۲) ڈوئی ۔

ڈونگر (ڈُوْں ۔ گَر) (ہ) مذکر (۱) بلند سطح ۔ اونچی زمین (۲) پہاڑ ۔ پربت ۔ ٹیلا ۔ کوہ (۳) پہاڑی ملک ۔ ڈونگر پھل ۔ مذکر ۔ ایک نہایت تلخ گھاس کا پھل، جو گھوڑوں کو دی جاتی ہے ۔ ڈونگری ۔ مؤنث ۔ چھوٹی پہاڑی ۔

ڈوئی (ڈُوْ ۔ اِی) (ہ) مؤنث ۔ لکڑی کا چمچہ، جس سے پکا ہوا کھانا نکالتے یا ہانڈی میں چلاتے ہیں ۔ چوبی کفچہ ۔

ڈویژن (ڈِوی۔ ژن) (انگ۔ Division مذکر (۱) علاقہ (۲) حصّہ (۳) فوج کا حصّہ۔ **ڈویژنل جج** (انگ۔ Divisional Judge مذکر۔ ایک علاقے کا جج۔

ڈ۔ھ

ڈھابا (ڈھا۔ با) (ہ) مذکر (۱) اولتی۔ پرچھتی (۲) دام۔ جال (۳) (ہندو) باورچی کی دکان۔

ڈھاپنا (ہ) دیکھیے "ڈھانپنا"۔

ڈھاٹا (ڈھا۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) کپڑے کی پٹی، جو منہ کے گرد اگرد باندھ کر ڈاڑھی چڑھائی جاتی ہے (۲) وہ کپڑا جس سے مردے کا منہ باندھا جاتا ہے۔ **ڈھاٹا باندھنا** منہ کے اردگرد پٹی باندھنا۔ **ڈھاٹی**۔ مؤنث (۱) وہ کپڑا، جو گھوڑے کے منہ میں لگام کے بجائے دیا جاتا ہے (۲) پھندا۔ پھانسی۔ **ڈھاٹی چڑھانا۔ یا۔ دینا۔ یا۔ لگانا** (۱) گھوڑے وغیرہ کے منہ سے لگام کے بجائے کپڑا باندھنا (۲) منہ بند کرنا (۳) میّت کے منہ کو کپڑا باندھنا۔

ڈھارس (ڈھا۔ رَس) (ہ) مؤنث۔ پشتی۔ مدد۔ تسلّی۔ یاوری۔ **ڈھارس بندھنا**۔ دل کی مضبوطی ہونا۔ ہمّت بندھنا۔ دلیری ہونا۔ استقلال ہونا۔ **ڈھارس دینا**۔ ہمّت باندھنا۔ تسلّی دینا۔ دلاسا دینا۔ تقویت دینا۔

ڈھاڑی (ڈھا۔ ڑی) (ہ) مذکر۔ گویا۔ میراثی۔ سازندہ۔ ڈوم۔ سنگیتا۔

ڈھاک (ڈھاک) (ہ) مذکر۔ ایک درخت جس کے بڑے بڑے تین پتّے ہوتے اور بے حد خوب صورت پھول کھلتے ہیں۔ اسے پھل نہیں لگتا۔ **ڈھاک پھولنا**۔ ڈھاک کا پھول کھلنا، جس سے سارا جنگل سُرخ نظر آتا ہے۔ **ڈھاک تلے کی بیباتی شہر میں لینا دینا** (۱) مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کسی بات کا فیصلہ ہو جانے کے باوجود کوئی نہ کوئی ایسی بیخ لگی رہے، جس سے وہ فیصلہ بیکار ہو جائے۔ **ڈھاک کے تین پات** (ہ) مثل (۱) ہمیشہ غریب اور محتاج نظر آنا (۲) ہر وقت ایک حال پر رہنا (۳) وہاں بھی کہتے ہیں، جہاں کوئی شخص اپنی بات پر اڑا رہے اور قائل نہ ہو۔

ڈھاکہ (ڈھا۔ کہ) (ہ) مذکر۔ مشرقی پاکستان کا دارالحکومت۔ **ڈھاکہ پاٹن**۔ مؤنث۔ ڈھاکہ کا بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا۔

ڈھال (ڈھال) (ہ) مؤنث (۱) پستی۔ نشیب (۲) تلوار، تیر وغیرہ کے روکنے کا آلہ۔ سپر۔ **ڈھال تلوار سرھانے اور چور بندی خانے** (ف) مثل۔ چور ابھی قید خانے میں سڑ رہے ہیں اور یہاں ڈھال تلوار سرھانے رکھ کر سوتے ہیں کہ وہ آئیں گے تو لڑیں گے۔ **ڈھالو۔ ڈھالواں**۔ ترچھا۔

ڈھال (ڈھال) (ہ) (گنوار) مثل۔ مانند۔

ڈھال (ڈھال) (ہ) ڈھالنا کا امر۔ **ڈھالنا** (۱) دھات کو پگھلا کر قالب میں ڈالنا۔ سانچے میں ڈالنا (۲) سستا بیچنا۔ لُٹانا۔

ڈھانا (ڈھا۔ نا) (ہ) (۱) مکان توڑنا۔ گرانا (۲) برباد کرنا۔ مٹانا (۳) (آفت، ستم وغیرہ) برپا کرنا۔

ڈھانپ (ڈھانپ) (ہ) ڈھانپنا کا امر۔ **ڈھانپا**۔ ڈھانپنا سے ماضی مطلق۔ **ڈھانپنا**۔ چھپانا۔ ڈھانکنا۔

ڈھانچ (ڈھانچ) (ہ) مذکر۔ بے بُنے پلنگ، چارپائی، کرسی وغیرہ کا چوکھٹا۔ ڈول۔ خاکہ۔ قالب۔

ڈھانڈا (ڈھان۔ ڈا) (ہ) مذکر (گنوار) (۱) پیٹ۔ شکم (۲) بوڑھا بیل (۳) (پ) آگ کا ڈھیر۔ **ڈھانڈا چلنا**۔ (گنوار) دست آنا۔ پیٹ چلنا۔

ڈھانڈنا (ڈھانڈ۔ نا) (ہ) مذکر۔ جوان کبوتر۔

ڈھانک (ڈھانک) (ہ) ڈھانکنا کا امر۔ **ڈھانکا**۔ ڈھانکنا سے ماضی مطلق۔ **ڈھانکنا** (۱) ڈھکنا۔ چھپانا۔ ڈھانپنا (۲) پردہ ڈالنا۔

ڈھائی (ڈھا۔ ای) (ہ) اڑھائی۔ دو اور آدھا۔ ۲½۔ **ڈھائی چلّو لہو پینا** (ع) غیظ و غضب کے جوش میں کسی کو مار کر غصّہ ٹھنڈا کرنے کے لیے لہو پینا۔ **ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا** (ف) (۱) تھوڑے دن عروج پر رہنا۔ چند روز حکومت کرنا (۲) نوشہ بننا۔ دولھا بننا۔ **ڈھائی گھڑی کی آنا** (ع) ڈھائی گھڑی کے اندر مر جانا۔

ڈھائیں (ڈھا۔ ایں) (ہ) مؤنث (عوام) بیل چڑھانے کے لیے لکڑیوں کا ٹھاٹھر۔

ڈھب (ڈھب) (ہ) مذکر (۱) ڈھنگ۔ طریقہ۔ طور۔ روش (۲) صورت۔ موقع (۳) عادت۔ لپکا (۴) طرز۔ قسم۔ **ڈھب پر چڑھانا۔ یا۔ لگانا**۔ اپنے مطلب کا بنانا۔ قابو میں لانا۔ دم میں لانا۔ **ڈھب پر چڑھنا**۔ بس میں آنا۔ قابو میں آنا۔ ہتّے چڑھنا۔ **ڈھب ڈالنا** (۱) عادی بنانا۔ عادت ڈالنا (۲) تربیت کرنا۔ سکھانا (۳) رسائی پیدا کرنا۔ راستہ نکالنا۔ **ڈھب ڈھب قلیہ** (ف) مذکر۔ شوربا دار سالن۔ بہت سے شوربے کا پتلا اور بے مزہ سالن۔ **ڈھب ڈھب کی بات**۔ مؤنث۔ راہ راہ کی بات۔ موقع موقع کی اور معقول گفتگو۔

ڈھبڈھبانا۔ ڈھبڈبانا (ڈھب۔ ڈھبا۔ نا، ڈھب۔ ڈبا۔ نا) (ہ) تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔

ڈھبری (ڈھب۔ ری) (ہ) مؤنث۔ پیچ کے اوپر کا لوہا، جو اس کے نکل جانے کے اندیشے سے کسا جاتا ہے۔ نٹ۔

ڈھبّس (ڈھب۔ بس) (ہ) بد وضع (جانور)۔

ڈھبوس (ڈھبّوس) (ہ) (۱) بھدا۔ موٹا۔

ڈھبیلا (ڈھبی۔ لا) (ہ) خوش شکل۔ سجیلا۔ سڈول۔

ڈھپ (ڈھپ) (ہ) مذکر۔ دف۔ **ڈھپالی**۔ مذکر۔ دف بجانے والا۔ ڈفالچی۔ ڈفالی۔ **ڈھپڑ پانا**۔ ڈھول پر ہاتھ مارنا۔

ڈھپ (ڈھپ) (ہ) ڈھپنا کا امر۔ **ڈھپنا** (عوام) (۱) چھپنا۔ ڈھکنا (۲) مذکر۔ ڈھکن۔

ڈھپو (ڈھپ۔ پو) (ہ) موٹا اور بڑا۔

ڈھٹ (ڈھٹ) (ہ) (ع) (۱) کڑا۔ مضبوط (۲) غفس کپڑا۔

ڈھٹائی (ڈھٹا۔ ای) (ہ) مؤنث (۱) بے حیائی۔ بے شرمی (۲) ضد۔ ہٹ (۳) بے ادبی۔ گستاخی۔

ڈھٹبندی (ڈَھٹ۔ بَن۔ دِی) (ہ) مؤنث۔ نظربندی ٭

ڈھٹینگر۔ ڈھٹینگرا { ڈَھٹِیں۔ گَر، ڈَھٹِینگ۔ رَا }
ڈھٹینگڑ۔ ڈھٹینگڑا { ڈَھٹِیں۔ گَڑ، ڈَھٹِینگ۔ ڑَا }
(ہ) مذکر (۱) آدمی۔ ڈھٹا (۲) (پ) غیر۔ بیگانہ ٭

ڈھڈّو (ڈَھڈْ۔ ڈُو) (ہ) مؤنث (۱) بڑھی عورت۔ زنِ کہن سال (۲) بکی۔ بکواسی (۳) ایک شور مچانے والی ٹٹیالی چڑیا۔ ڈومنی ٭ **ڈھڈّو کا۔ یا۔ ڈھڈّو والا**۔ مذکر۔ بے وقوف۔ گدھا۔ اُلّو۔ احمق ٭

ڈھڈھ (ڈَھڈْھ) (ہ) مذکر۔ جانوروں کی دُم کے پر نکلنے کی جگہ ٭

ڈہڈہا (ڈَہْ۔ ڈَہا) (ہ) (۱) سرسبز۔ تر و تازہ۔ شاداب (۲) خرّم (۳) بے حد زرد یا سرخ چہچہاتا شوخ رنگ (۴) چمکیلا۔ بھڑکیلا۔ تاباں (۵) ڈہڈہانا کا امر ٭ **ڈہڈہانا**۔ شاداب ہونا۔ سرسبز ہونا۔ پھولنا۔ کِھلنا ٭

ڈھڈّھی۔ ڈھڈّی (ڈَھڈْھ۔ ڈِھی، ڈَھڈْ۔ ڈِی) (ہ) مؤنث (۱) ڈبر کے اوپر کی ہڈّی (۲) ایک قسم کا حقّہ ٭

ڈہر (ڈَہَر) (ہ) مذکر (۱) برساتی پانی کا تالاب۔ جوہڑ (۲) نیچی زمین۔ نشیب (۳) کشتی یا جہاز کا پیندا (۴) کُسم کا وہ زرد رنگ، جو شہاب سے پہلے نکلتا ہے ٭

ڈہرا (ڈَہْ۔ رَا) (ہ) مذکر۔ کشتی کی وہ جگہ، جہاں تختوں کی درزوں سے پانی آکر جمع ہو ٭

ڈھرّا (ڈَھرْ۔ رَا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) وہ راستہ، جو رات دن چلے۔ شاہراہ۔ راستہ ٭

ڈھڑ (ڈَھڑ) (ہ) مذکر۔ پٹھا۔ کولا۔ چوتڑ کے اوپر کا حصہ، جس پر اکثر پہلوان حریف کو چڑھا کر دے مارتے ہیں ٭

ڈھسلنا (ڈِھسَل۔ نَا) (ہ) (۱) ڈھلنا۔ پھسلنا (۲) جھکنا (۳) مائل ہونا ٭

ڈھسنی (ڈَھس۔ نِی) (ہ) (عوام) (۱) بیہودہ (۲) کمینہ ٭

ڈہکانا (ڈَہْ۔ کَا۔ نَا) (ہ) ترسانا ٭

ڈھکنا (ڈَھک۔ نَا) (ہ) مذکر (۱) ڈھکن۔ چپنی۔ سرپوش (۲) پوشیدہ کرنا۔ ڈھانکنا۔ چھپانا ٭

ڈھکوس (ڈَھکُوس) (ہ) (۱) ڈھکوسنا کا امر (۲) مؤنث۔ پیاس ٭ **ڈھکوسنا**۔ بہت کھانا یا پینا ٭

ڈھکوسلا (ڈَھکُوس۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) دھوکا۔ دم (۲) لغو اور بے معنی بات ٭

ڈھکی (ڈُھک۔ کِی) (ہ) مؤنث۔ شکار وغیرہ کے لیے جُھک کر اور چھپ کر بیٹھنا ٭

ڈھکیل (ڈَھکیل) (ہ) ڈھکیلنا کا امر ٭ **ڈھکیل دینا۔ ڈھکیلنا**۔ دیکھیے "دھکیلنا" ٭

ڈھگ (ڈِھگ) (ہ) (پوربی) (۱) نزدیک۔ قریب۔ پاس (۲) جانب۔ طرف (۳) اور چھور ٭

ڈھگّا (ڈَھگْ۔ گَا) (ہ) مذکر (۱) دبلا اور لمبی ٹانگوں کا گھوڑا۔ اسپِ لاغر (۲) (پ) بیل (۳) احمق۔ بے وقوف ٭

ڈھل (ڈَھل) (ہ) ڈھلنا کا امر ٭ **ڈھلاؤ۔ ڈھلان**۔ مؤنث (۱) پستی۔ نشیب۔ ڈھال (۲) رجحان۔ میلانِ خاطر ٭ **ڈھلانا** (عوام) دیکھیے "ڈھلوانا"

ڈھلت۔ مؤنث۔ سانچے یا قالب کی ڈھلی ہوئی چیز ٭ **ڈھلتی پھرتی چھاؤں کبھی اِدھر کبھی اُدھر**۔ مثل۔ دولت اور زمانہ کبھی ایک حال پر نہیں رہتے۔ کبھی ایک کے موافق کبھی دوسرے کے موافق ٭ **ڈھلنا** (۱) گرنا۔ رواں ہونا۔ بہنا (۲) اترنا۔ گھٹنا (۳) حسن و جمال یا جوانی کا گھٹنا (۴) جھول جانا۔ لٹک پڑنا (۵) غلطاں ہونا۔ لڑھکنا (۶) گزرنا (۷) سورج کا نصف النہار سے گزرنا (۸) قالب یا سانچے کے ذریعے سے تیار ہونا (۹) عمدہ مضمون اور شعر کا موزون ہونا (۱۰) انڈیلا جانا ٭ **ڈھلواں** (۱) پھسلواں (۲) جھکواں۔ سلامی (اصل میں ڈھالواں کا مخفف ہے) ٭ **ڈھلوانا**۔ قالب یا سانچے میں بنوانا ٭ **ڈھلوائی۔ یا۔ ڈھلائی**۔ مؤنث۔ ڈھلوانے کی اُجرت ٭ **ڈھلتیا**۔ مذکر (ع) ڈھالنے والا ٭ **ڈھلیت**۔ مذکر (۱) سانچے میں ڈھالنے والا۔ ڈھلائی کا کام کرنے والا (۲) وہ شخص، جو ڈھال تلوار باندھے رہے (۳) گاؤں کا چوکیدار ٭

ڈُھل (ڈُھل) (ہ) ڈُھلنا کا امر ٭ **ڈُھلنا** (۱) پھسلنا۔ لڑھکنا۔ نیچے کی طرف جانا (۲) متوجہ ہونا۔ مائل ہونا ٭ **ڈُھلوانا**۔ بوجھ ایک جگہ سے دوسری جگہ لوا لے جانا۔ اسباب اٹھوانا ٭ **ڈُھلوائی۔ یا۔ ڈُھلائی**۔ مؤنث۔ بوجھ اُٹھوانے یا ڈُھلوانے کی مزدوری ٭

ڈھلّر (ڈَھلْ۔ لَر) (ہ) ڈھیلا ڈھالا ٭

ڈھلک (ڈَھلَک) (ہ) ڈھلکنا کا امر ٭ **ڈھلکانا**۔ بہانا۔ لنڈھانا ٭ **ڈھلکنا**۔ ٹپکنا۔ بہنا۔ اوپر سے نیچے آنا ٭

ڈُھلک (ڈُھلَک) (ہ) ڈُھلکنا کا امر ٭ **ڈُھلکانا**۔ غلطاں کرنا۔ لڑھکانا ٭ **ڈُھلکنا**۔ غلطاں ہونا۔ لڑھکنا ٭

ڈھلکا (ڈَھل۔ کَا) (ہ) مذکر۔ آنکھ سے پانی بہنے کی بیماری (ڈلکنا کے ساتھ) ٭

ڈھل کمرا (ڈَھل۔ کَم۔ رَا) (ہ) نامرد ٭

ڈِھلمل (ڈِھل۔ مِل) (ہ) (۱) ڈِھلملانا کا امر (۲) لڑکھڑاتا ہوا۔ ہلتا ہوا (۳) مذبذب ٭ **ڈِھلمل یقین** (ف) (عوام) متلوّن مزاج۔ ضعیف الاعتقاد۔ مذبذب ٭ **ڈِھلملانا** (۱) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔ جنبان و لرزاں ہونا (۲) ڈانواں ڈول ہونا (۳) متردد ہونا۔ مذبذب ہونا (۴) پس و پیش کرنا ٭

ڈھلوانسی (ڈَھل۔ وَاں۔ سِی) (ہ) مؤنث۔ گرپیا ٭

ڈِھمڈِمی۔ ڈِھمڈِھمی (ڈِھم۔ ڈِمی، ڈِھم۔ ڈِھمی) (ہ) مؤنث۔ ڈفلی ٭

ڈھنڈار (ڈَھن۔ ڈَار) (ہ) بہت بڑا اور ویران مکان ٭

ڈُھنڈنا (ڈُھنڈ۔ نَا) (ہ) جستجو ہونا۔ تلاش ہونا ٭ **ڈُھنڈوانا**۔ کھوج لگوانا۔ تلاش کرانا ٭

ڈھنڈورا (ڈَھنڈ۔ ڈُو۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ڈونڈی۔ تشہیر۔ منادی (۲) ڈھول۔ ڈگڈگی ٭ **ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں** (ف) مثل۔ اپنے پاس چیز رکھتے ہوئے اِدھر اُدھر تلاش کرنا ٭ **ڈھنڈورچی۔ ڈھنڈوریا** (ف) مذکر۔ مشتہر۔ منادی کرنے والا۔ ڈونڈی پیٹنے والا ٭

ڈھنگ (ڈَھنگ) (ہ) مذکر (۱) طور۔ طریقہ۔ روش (۲) رویہ۔ چال چلن

(۳) وضع قطع۔ طرز (۴) عادت۔ سیرت (۵) سلیقہ۔ ہنر (۶) انداز ۔

ڈھنگ ڈالنا۔ کوئی کام شروع کرنا۔ بنیاد ڈالنا۔ راستہ ڈالنا ۔

ڈھو (ڈھو) (ہ) ڈھونا کا امر ۔ **ڈھونا** (۱) لادنا۔ بوجھ کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ بوجھ اٹھانا (۲) (ع) چوری سے لے جانا۔ اٹھا لے جانا ۔

ڈھوانا (ڈھوا۔نا) (ہ) منہدم کرانا۔ گروانا ۔

ڈھوبرا (ڈھوب۔را) (ہ) مذکر (ع) (۱) مٹی کا ایک برتن۔ ٹھیکرا (۲) (ع) پرانا اور کچا گھر ۔

ڈھوٹا (ڈھوٹا) (ہ) مذکر۔ لڑکا۔ پسر۔ بیٹا ۔

ڈھوڈا (ڈھو۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) قالب۔ ڈھانچا (۲) تعزیہ (۳) جھونپڑا۔ گھر (۴) کاروبار۔ کارخانہ (۵) ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ دکھاوا ۔

ڈھو ڈھو (ڈھو۔ڈھو) (ہ) مذکر (گنوار) کبڈی۔ لڑکوں کا ایک مشہور کھیل ۔

ڈھور (ڈھور) (ہ) مذکر (ہندو) ڈنگر۔ مویشی ۔

ڈھوسر (ڈھو۔سر) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک ذات ویش۔ بنیا ۔

ڈھوکا (ڈھو۔کا) (ہ) مذکر۔ پانچ گنڈوں کا مجموعہ ۔

ڈھوکنا (ڈھوک۔نا) (ہ) چھپ کر شکار کرنا ۔

ڈھول (ڈھول) (ہ) مذکر۔ طبل۔ ایک مشہور باجا۔ تنبور۔ مردنگ ۔ **ڈھول ڈھمکا**۔ مذکر۔ باجا گاجا۔ دھوم دھام۔ دھوم دھڑکا ۔ **ڈھول سے کھال بھی گئی**۔ کہاوت۔ جو کچھ باقی بچا تھا، وہ بھی جاتا رہا ۔ **ڈھول کے اندر پول** (ہ) مثل۔ نرا دکھاوا، اصل میں کچھ نہیں ۔ **ڈھولک۔ ڈھولکی**۔ مؤنث۔ چھوٹا ڈھول ۔ **ڈھولکیا**۔ مذکر۔ ڈھول بجانے والا ۔

ڈھولا (ڈھو۔لا) (ہ) مذکر (۱) کھیتوں اور زمین کی سرحد جتانے کے لیے بنایا ہوا نشان (۲) طاق یا گنبد کا قالب (۳) (ع) احمق ۔

ڈھولا (ڈھو۔لا) (ہ) مذکر (۱) ایک مشہور پنجابی عاشق (۲) ایک پنجابی گیت (۳) عاشق۔ دھوکا دینے والا عاشق (۴) پیارا (۵) بیٹا۔ لڑکا۔ بچہ ۔

ڈھولنا (ڈھول۔نا) (ہ) مذکر (۱) گلے کا ایک چھوٹا سا زیور (۲) (لکھنؤ۔ع) قرآن شریف ۔

ڈھولی (ڈھو۔لی) (ہ) مؤنث۔ زیادہ سے زیادہ ہزار، کم سے کم دو سو یا ایک سو پانوں کا گٹھا ۔

ڈھونچا (ڈھوں۔چا) (ہ) مذکر۔ ساڑھے چار کا پہاڑا ۔

ڈھونڈ (ڈھوںڈ) (ہ) مؤنث (۱) جستجو۔ تلاش (۲) ڈھونڈنا کا امر ۔ **ڈھونڈ ڈھانڈ**۔ مؤنث۔ تلاش۔ کھوج۔ سراغ ۔ **ڈھونڈنا**۔ تلاش کرنا۔ پتا لگانا۔ کھوج لگانا ۔

ڈھونڈ (ڈھونڈ) (ہ) (۱) خراب۔ خستہ (۲) ضعیف ۔

ڈھئو (ڈھئو) (ہ) تنومند۔ بڑے قد کا۔ دراز قامت ۔

ڈھئی (ڈھئی) (ہ) مؤنث۔ دھرنا دے کر بیٹھ جانا۔ ایک جگہ جم جانا ۔ **ڈھئی دینا** (۱) یوں بیٹھنا کہ اٹھنے کا نام نہ لینا۔ جم کر بیٹھنا (۲) مفت کھانے کے لیے اڑ بیٹھنا (۳) بوجھ ڈالنا۔ زبردستی رہنا ۔

ڈھی (ڈھی) (ہ) مذکر (گنوار) دریا کا اونچا کنارہ۔ کڑاڑا ۔

ڈھے (ڈھے) (ہ) ڈھینا کا امر ۔ **ڈھے پڑنا۔ یا ڈھے جانا** (۱) مکان کا گر پڑنا۔ گر پڑنا (۲) اتر پڑنا۔ رہ پڑنا ۔ **ڈھینا** (۱) مسمار ہونا۔ اینٹ سے اینٹ بجنا۔ گرنا (۲) دل بیٹھنا۔ تھکنا (۳) کمزور اور دبلا ہونا ۔

ڈھیا (ڈھی۔یا) (ہ) مؤنث (۱) اڑھائی سیر کا باٹ۔ اڑھائی سیر وزن (۲) مذکر۔ گاؤں۔ پاس کا گاؤں۔ قریہ۔ دیہ (۳) اڑھائی کا پیمانہ ۔

ڈھیٹ۔ ڈھیٹھ (ڈھیٹ، ڈھیٹھ) (ہ) (۱) سرکش۔ اڑیل۔ ضدی (۲) بیباک (۳) جو کسی کا کہا نہ مانے۔ شوخ (۴) بے شرم۔ بے حیا ۔

ڈھیر (ڈھیر) (ہ) مذکر (۱) انبار۔ اٹالا۔ کھلیان۔ تودہ (۲) مجمع۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ (۳) قبر (۴) (ع) بہت۔ بہ افراط۔ بکثرت ۔ **ڈھیر کرنا** (۱) فراہم کرنا۔ جمع کرنا (۲) لاش ڈال دینا۔ مار ڈالنا (۳) خاک کا تودہ بنانا ۔ **ڈھیر ہو جانا** (۱) تھک جانا (۲) مکان کا ٹوٹ پھوٹ کر گر پڑنا (۳) مرجانا۔ مر کر قبر بن جانا (۴) انبار لگ جانا ۔

ڈھیری۔ مؤنث۔ ڈھیر کی تصغیر ۔

ڈھیرا (ڈھی۔را) (ہ) (پورب) بھینگا۔ کج بیں۔ احول ۔

ڈھیڑ (ڈھیڑ) (ہ) مذکر و مؤنث (گنوار) (۱) آنکھ کا میل (۲) ڈھیر ۔

ڈھیڑ۔ ڈھیڑھ (ڈھیڑ۔ ڈھیڑھ) (ہ) مذکر (۱) کوا (۲) ہندوؤں کی ایک نیچ قوم، جو مردار کھاتی ہے (۳) اس قوم کا ایک آدمی (۴) چمار (۵) کمینہ (۶) بے وقوف۔ احمق ۔

ڈھیل (ڈھیل) (ہ) مؤنث (۱) دیر۔ وقفہ۔ عرصہ۔ درنگ (۲) تامل (۳) کاہلی۔ سستی (۴) مہلت۔ فرصت (۵) بے پروائی (۶) بھول ۔ **ڈھیل دینا** (۱) ڈوری چھوڑنا (۲) کنکوے کو ڈور دے کر بڑھانا (۳) مہلت دینا (۴) توجہ نہ رکھنا۔ بے پروائی برتنا ۔ **ڈھیل کرنا** (۱) دیر کرنا (۲) تضیع اوقات کرنا۔ وقت گزارنا (۳) تامل کرنا ۔ **ڈھیلا** (۱) اندر سے خالی۔ پولا۔ متخلخل (۲) کاہل۔ سست (۳) کھلا ہوا۔ فراخ (۴) کم شہوت۔ نامرد ۔ **ڈھیلا پاجامہ**۔ مذکر۔ غرارہ دار پاجامہ۔ کھلا ہوا پاجامہ ۔ **ڈھیلا پڑ جانا۔ یا ہو جانا** (۱) چست یا تنگ نہ رہنا۔ کشادہ ہونا (۲) غصہ کم ہو جانا۔ نرم پڑ جانا۔ دھیما ہو جانا (۳) ٹھیک ہو جانا (۴) شہوت نہ رہنا۔ نامرد ہو جانا (۵) کمزور یا سست ہو جانا ۔ **ڈھیلا پن**۔ مذکر (۱) کشادگی۔ فراخی (۲) کاہلی۔ سستی (۳) نامردی۔ زنانہ پن ۔ **ڈھیلا پیچ** (د) مذکر (۱) گندھے ہوئے بال، جو بھووں تک ہوں (۲) پگڑی کا پیچ، جو بھووں پر پڑا ہو ۔ **ڈھیلی**۔ مؤنث (۱) فراخ۔ کشادہ (۲) کاہل۔ سست (۳) ناتواں۔ کمزور۔ نازک ۔ **ڈھیلی چھوڑنا۔ یا۔ دینا۔ یا۔ ڈالنا**۔ (ع) (۱) مہلت دینا (۲) خبر نہ لینا (۳) تاخیر کرنا (۴) آزادی دینا ۔ **ڈھیلی زناخ۔ ڈھیلے زناخ** (د) (۱) مؤنث۔ کاہل اور سست عورت (۲) مذکر۔ زنانہ مزاج آدمی ۔

ڈھیلا (ڈھے۔لا) (ہ) مذکر (۱) مٹی کا بڑا ٹکڑا۔ ڈلا۔ ڈھیم۔ کلوخ (۲) آنکھ کے اندر کا گول حصہ ۔ **ڈھیلا لینا**۔ پیشاب کے بعد ڈھیلے سے نمی خشک کرنا ۔

ڈھیم (ڈھیم) (ہ) مذکر۔ (گنوار) مٹی کا بڑا ڈلا۔ کلوخ ۔

ڈھینڈ۔ ڈھینڈا (ڈھینڈ ۔ ڈھیں۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) بڑا پیٹ۔ توند (۲) کابھ۔

حمل (۳) حرامی حمل۔ حرام کا پیٹ ٭ **ڈھینڈا اچھالنا** (ع) حمل رکھوانا۔ حاملہ ہونا ٭

ڈھینڈس (ڈِھین۔ ڈس) (ہ) مذکر (۱) ٹینڈا۔ ایک قسم کا گول کدو (۲) (تشبیہاً) خصیہ۔ خایہ ٭

ڈھینک (ڈِھینک) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "ڈھینگ" ٭ **ڈھینکا**۔ مذکر (۱) بڑی ٹانگوں والا ایک مردار خوار جانور۔ کلنگ۔ سارس (۲) کولھو کی لاٹھ ٭

ڈھینکلی (ڈِھینک۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) آب کش۔ پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی (۲) کپڑا سینے کا ایک طریقہ۔ آڑی سیون (۳) دھان کوٹنے کا آلہ (۴) قلابازی ٭

ڈھینکی (ڈِھین۔ کی) (ہ) مؤنث (پوربی) دھان کوٹنے کا آلہ ٭

ڈھینگ (ڈِھینگ) (ہ) مذکر۔ لم ڈھینگ کا مخفف۔ ایک دریائی جانور ٭

ڈھینگر (ڈِھین۔ گر) (ہ) دُبلا۔ کمزور ٭

ڈ۔ی سے

ڈی (ڈی) (انگ۔ D مؤنث۔ انگریزی کا چوتھا حرف ٭ **ڈی۔ ایس پی** D.S.P. مذکر۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کا مخفف ٭ **ڈی۔ سی** D.C۔ مذکر۔ ڈپٹی کمشنر کا مخفف ٭

ڈیٹھ (ڈِیٹھ) (ہ) مؤنث نگاہ۔ نظر۔ بصارت۔ بینائی ٭ **ڈیٹھ بند**۔ مذکر۔ جادوگر۔ ساحر۔ شعبدہ باز ٭

ڈیڈ لیٹر آفس (ڈَیڈ۔ لَے۔ ٹَرْ۔ آف۔ فِس) (انگ۔ Dead Letters Office مذکر۔ ڈاک کا وہ دفتر جس میں لاوارثی یا واپسی چٹھیاں کھول کر کاتب کو ارسال کی جاتی یا بصورت دیگر جلا دی جاتی ہیں ٭

ڈیڈی کیٹ (ڈَے۔ ڈِی۔ کیٹ) (انگ۔ Dedicate کسی چیز یا کتاب کو کسی کے نام پر نامزد کرنا۔ منسوب کرنا۔ معنون کرنا ٭ **ڈیڈی کیشن** Dedication مؤنث۔ نذر گزارنا۔ نامزدگی۔ انتساب ٭

ڈیر (ڈِیَر) (انگ۔ Dear (۱) پیارا۔ عزیز (۲) قیمتی ٭

ڈیرا (ڈیے۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) تنبو۔ خیمہ۔ خرگاہ (۲) قیام گاہ۔ عارضی مکان (۳) مکان۔ خانہ۔ گھر ٭ **ڈیرا ڈالنا**۔ خیمہ ڈالنا۔ چھاؤنی ڈالنا۔ رہ پڑنا ٭ **ڈیرا کرنا**۔ ٹھہرنا۔ رہنا۔ اترنا۔ فروکش ہونا ٭

ڈیری (ڈیے۔ رِی) (انگ۔ Dairy مؤنث۔ دودھ اور مکھن بنانے یا رکھنے کا سامان ٭ **ڈیری فارم** Dairy Farm مذکر۔ ڈیری کے مویشی پالنے کی زمین ٭

ڈیڑھ (ڈیڑھ) (ہ) مذکر۔ ایک اور آدھا۔ یک نیم۔ ½۱ ٭ **ڈیڑھ اینٹ کی (جدا) مسجد بنانا۔ یا۔ چننا** (ف) (۱) اپنی چھوٹی سی مسجد علیحدہ بنانا (۲) شرکت پسند نہ کرنا (۳) کسی کی وجہ سے اتفاق نہ کرنا (۴) تھوڑا سا کام کرکے دل کا حوصلہ نکالنا ٭ **ڈیڑھ بکائن میاں باغ میں**۔ مثل۔ تھوڑی سی پونجی پر اترانا ٭ **ڈیڑھ پا۔ یا۔ ڈیڑھ پاؤ**۔ مذکر۔ آدھ پاؤ اور پاؤ سیر۔ ⅜ سیر ٭ **ڈیڑھ پاؤ چون چوبارے رسوئی**۔ مثل۔ ذرا سا کام اور بہت بڑا اہتمام ٭ **ڈیڑھ چلو لہو پینا** (ع) دیکھیے ڈھائی چلو لہو پینا ٭ **ڈیڑھ گرہ** (ف) مؤنث (۱) ½۱ گرہ (۲) آسانی سے کھل جانے والی گرہ ٭

ڈیفنس (ڈِی۔ فِنْس) (انگ۔ Defence مذکر (۱) حفاظت۔ مقابلہ (۲) مدافعت۔ بچاؤ۔ عذر ٭

ڈیک آنہ (ڈِیک۔ آ۔ نَہ) (ہ) مذکر (دلال) چھ آنے ٭ **ڈیک روپن**۔ مذکر (دلال) چھ روپے ٭

ڈیل (ڈِیل) (ہ) مذکر (ع) (۱) جسم۔ تن۔ انگ۔ سراپا۔ پنڈا (۲) کاٹھی۔ ڈھانچہ (۳) جسامت۔ قد و قامت (۴) گھٹا۔ پاؤں کی انگلیوں کی وہ گانٹھ جو جوتی کی رگڑ سے ہو جاتی ہے ٭ **ڈیل ڈول**۔ مذکر (۱) قد و قامت۔ تن و توش (۲) شکل و صورت ٭

ڈیلا۔ ڈیلیا (ڈِی۔ لَا، ڈِی۔ لِیَا) (ہ) مذکر۔ ایک پہاڑی درخت، جس کا زرد یا سرخ بڑا پھول ہوتا ہے ٭

ڈیلی گیٹ (ڈَے۔ لِی۔ گیٹ) (انگ۔ Delegate مذکر۔ نمائندہ۔ وکیل۔ مختار۔ ایلچی۔ سفیر۔ مندوب ٭

ڈیمرج (ڈَیم۔ رِج) (انگ۔ Demurrage مذکر۔ وہ محصول جو ریل یا جہاز کی حدود کے اندر مقررہ وقت کے بعد مال لے جانے پر لگتا ہے ٭

ڈیم فول (ڈَیم۔ فُول) (انگ۔ Damn fool مذکر۔ احمق۔ نالائق۔ گدھا۔ پاجی ٭

ڈیمی (ڈَے۔ مِی) (انگ۔ Demi آدھا ٭ **ڈیمی آفیشل** Demi official نیم سرکاری ٭

ڈیمیج (ڈَے۔ مِیج) (انگ۔ Damage مذکر (۱) خسارہ۔ نقصان۔ خرابی (۲) (و) بگڑا مال۔ ٹوٹا پھوٹا مال ٭

ڈین (ڈِین) (انگ۔ Dane ڈنمارک کا باشندہ ٭

ڈینا (ڈِی۔ نَا) (ہ) مذکر (گنوار) وہ ڈنڈا، جو بیل کی گردن میں باندھ دیا جاتا ہے ٭

ڈینگ (ڈِینگ) (ہ) مؤنث۔ بڑائی۔ شیخی۔ تعلی ٭ **ڈینگ کی لینا۔ ڈینگ مارنا۔ یا۔ ہانکنا**۔ اترانا۔ شیخی بگھارنا ٭ **ڈینگیا**۔ بڑبولا۔ شیخی خورا۔ لاف زن۔ گپی ٭

ڈیو (ڈِیُو) (انگ۔ Due (۱) واجب الادا (۲) ضروری۔ لازم (۳) درست ٭

ڈیوٹی (ڈِیُو۔ ٹِی) (انگ۔ Duty مؤنث (۱) فرض۔ خدمت۔ کام۔ اطاعت (۲) رسوم۔ چنگی کا محصول ٭

ڈیوڑھا (ڈِیو۔ ڑھا) (ہ) مذکر (۱) ایک اور آدھا۔ یک و نیم (۲) ایک قسم کا سود، جو پچاس فی صد لیا جاتا ہے (۳) ریل کا ڈیوڑھا درجہ ٭ **ڈیوڑھا لیکھا۔ یا۔ لیکھا ڈیوڑھا برابر ہونا**۔ (ف) حساب بے باق ہونا ٭ **ڈیوڑھی** (ہ) مؤنث۔ ڈیڑھ حصہ۔ یک و نیم ½۱ ٭

ڈیوڑھی (ڈِیو۔ ڑھی) (ہ) مؤنث (۱) مکان میں داخل ہونے کا کمرہ (۲) درگاہ، آستانہ، دہلیز (۳) دربارداری۔ آمد و رفت۔ دخل باریابی ٭

ڈیوڑھی بند ہونا (ف) باریابی سے روکا جانا۔ شاہی دربار یا امیروں کے

دروازے پر آنا جانا بند ہونا ۔ **ڈیوڑھی دار** ۔ مذکر ۔ پہرے دار ۔ دربان ۔ حاجب ۔ **ڈیوڑھی کھلنا** ۔ باریابی کی اجازت ملنا ۔ باریاب ہونا ۔ سرکار میں آنے جانے کی اجازت ملنا ۔

ڈیوک (ڈیُوک) (انگ) Duke مذکر ۔ [illegible] امیر ۔ نواب ۔

ڈبیہ (ڈِبْیَہ) (ا) مذکر ۔ [illegible] کا ڈبا ۔

ذ

ذ (ذَال) (ع) مؤنث ۔ اردو کا تیرھواں ، فارسی کا گیارھواں اور عربی کا نواں حرف ۔ حساب ابجد میں اس کے سات سو عدد لیے جاتے ہیں ۔

ذ-ا

ذابح (ذَا ۔ بِحْ) (ع) مذکر ۔ ذبح کرنے والا ۔

ذات (ذَات) (ع) مؤنث (۱) ہستی ۔ سرشت ۔ اصلیت (۲) جوہر ۔ مادہ (۳) بنیاد (۴) شخص ۔ وجود ۔ جسم ۔ سرمایہ (۴) نوع ۔ قسم (۵) نسل ، خاندان ، نکاس ، پیدائش ، گوت ، قوم (۶) دین ۔ مذہب ۔ کیش (۷) خصلت ۔ عادت ۔ کیفیت ۔ حال (۸) ظرف ۔ حوصلہ (۹) پایہ ۔ رتبہ ۔ منصب ۔ عہدہ ۔ **ذات الجنب** (ع) مذکر ۔ پسلی کا درد ۔ پہلو کا درد ۔ **ذات الرِّیَہ** ۔ مذکر ۔ پھیپھڑے کی سوزش یا ورم ۔ نمونیا ۔ **ذات الصّدر** ۔ مذکر ۔ سینے کا ورم یا درد ۔ **ذات پات** (ا) مؤنث ۔ ذات کا سلسلہ ۔ ذات گوت ۔ **ذات پات نہ پوچھے کو، ہر کو بھجے سو ہر کا ہو** ۔ مثل ۔ گُن اچھے ہوں تو ذات کوئی نہیں پوچھتا ۔ **ذات رات** ۔ مؤنث ۔ حسب و نسب ۔ **ذات سے** ۔ دم سے ۔ وجہ سے ۔

ذات سے گرا ہُوا (۱) ذات سے خارج (۲) بے دین ۔ مردود (۳) نالائق ۔ نکما ۔ ناکارہ ۔ **ذات شریف** (۱) چالاک اور استاد ۔ بڑے حضرت ۔ بیباک (۲) فسادی ۔ بدذات ۔ شریر ۔ **ذات کی کبلائی برابر بیٹھے، کم ذات کی کبلائی نیچے بیٹھے** ۔ مثل ۔ ہم قوم کی عزت سب سے زیادہ ہوتی ہے ۔ **ذات کی بیٹی ذات ہی میں جاتی ہے** ۔ مثل ۔ شریف کا پیوند شریف ہی میں ہوتا ہے ۔ جنس کا لحاظ ضروری ہے ۔ **ذات میں بٹا لگنا** ۔ نسل میں عیب لگنا ۔ خاندان میں فرق آنا ۔ **ذات دنتا ۔ ذات دنتی** ۔ (ع) کلونتا کلونتی ۔ شریف ۔ خاندانی ۔ **ذاتی** (ع) (۱) حقیقی ۔ اصلی (۲) (ا) نج کا ۔ اپنا ۔

ذاتی تعلّق (ع) مذکر (۱) نج کا علاقہ ۔ خانگی معاملہ (۲) خاص تعلق ۔ **ذاتی جوہر** ۔ مذکر ۔ حقیقی ہنر ۔ اصلی خوبی ۔ **ذاتی حقوق بلکِ غیر** (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ حقوق ، جو کسی شخص کو ایک چیز پر دوسری چیز کی ملکیت سے تعلق کے بغیر حاصل ہوں ۔ **ذاتی حیثیت** (ع) مؤنث (۱) خاص سرمایہ ۔ اصل پونجی (۲) خاص وصف ۔ خاص قابلیت ۔ **ذاتی لیاقت** ۔ اصل قابلیت ۔ خاص اہلیت یا جوہر ۔ **ذاتی معاملات** (ا) مذکر ۔ خانگی امور ۔ نج کے معاملات ۔

ذاکر (ذَا ۔ کِرْ) (ع) مذکر ۔ ذِکر کرنے والا ۔ خُدا کو یاد کرنے والا ۔ شاغل ۔

ذائقہ (ذَا ۔ اِقَہ) (ع) مذکر (۱) لذت ۔ مزہ (۲) چکھنے کی قوت (۳) چسکا ۔ لطف ۔ **ذائقہ پڑنا** (ا) چسکا پڑنا ۔ **ذائقہ دار** ۔ مزے دار ۔ لذیذ ۔ خوش مزہ ۔ خوش گوار ۔

ذ-ب

ذبح (ذَبْح) (ع) مذکر (۱) شرعی طور پر حلال کرنا (۲) گلا کاٹنا ۔ چھُری پھیرنا ۔ **ذبح کرنا** (ا) (۱) حلال کرنا (۲) چھُری پھیرنا (۳) قربانی کرنا (۴) مار ڈالنا ۔ ہلاک کرنا ۔

ذبیح ۔ ذبیحَہ (ع) مذکر ۔ وہ جانور ، جو شرعی طریق سے ذبح کیا جائے ۔

ذبیح اللہ حضرت اسمٰعیلؑ کا لقب ۔

ذ-خ

ذخیرہ (ذَخِیْ ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) گنجینہ ۔ خزانہ (۲) گودام ۔ سٹاک (۳) پونجی ۔ جمع ۔ **ذخیرہ کرنا** (ا) (۱) جمع کرنا ۔ ڈھیر لگانا (۲) گودام بھرنا (۳) آئندہ کی آسائش کے لیے سامان کرنا ۔

ذ-ر

ذرا (ذَرَا) (ا) (۱) کم ۔ تھوڑا (۲) ٹکڑا ۔ جزو (۳) یک لحہ ۔ یک آن ۔ **ذرا ذرا** (۱) تھوڑا تھوڑا ۔ ایک ایک جزو (۲) حبّہ حبّہ ۔ رتّی رتّی ۔ **ذرا سا** ۔ بہت تھوڑا ۔ قلیل مقدار میں ۔ رتی بھر ۔ **ذرا سا مُنہ نکل آنا** ۔ ڈر یا بیماری وغیرہ سے منہ پر دبلا پن ظاہر ہونا ۔ **ذرا عقل کے ناخن لو ، ذرا ہوش میں آؤ** ۔ ذرا سمجھ سے بات کرو ۔ احمق نہ بنو ۔ غفلت چھوڑو ۔

ذرّات (ذَرْ ۔ رَات) (ع) مذکر ۔ ذرّہ کی جمع ۔

ذرائع (ذَرَا ۔ اِعْ) (ع) مذکر ۔ ذریعہ کی جمع ۔

ذرّہ (ذَرْ ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) ان چھوٹے چھوٹے اجزا میں سے ایک ، جو سورج کی کرن کے ساتھ روزن میں سے نظر آتے ہیں (۲) ایک جَو کا سواں حصّہ (۳) (ا) قلیل ۔ کم ۔ تھوڑا (۴) وہ جزو ، جو تقسیم نہ ہو سکے (۵) ریزہ ۔ ٹکڑا ۔ ذرّہ بھر ۔ ذرا سا ۔ شمّہ بھر ۔

ذری (ذَرِی) (ا) مؤنث ۔ دیکھیے "ذرا" ۔

ذرّیت (ذُرْ ۔ رِیْ ۔ یَتْ) (ع) مؤنث (۱) نسل ۔ بال بچے ۔ آل اولاد (۲) سلسلہ ۔

ذریعہ (ذَرِیْ ۔ عَہ) (ع) مذکر (۱) واسطہ ۔ وسیلہ (۲) بدولت ۔ طفیل (۳) (ا) لگاؤ ۔ تعلق ۔ علاقہ (۴) وجہ ۔ باعث ۔ سبب (۵) رسوخ ۔ **ذریعہ پیدا کرنا** ۔ وسیلہ نکالنا ۔ سبب نکالنا ۔ مددگار یا حامی پیدا کرنا ۔

ذ۔ق

ذقن (ذَقَن) (ع) مذکر۔ ٹھوڑی۔ زنخداں ٭

ذ۔ک

ذکا (ذَکَا) (ع) مذکر۔ دانائی۔ ذہانت۔ تیزیٔ طبع۔ زیرکی۔ فراست ٭ **ذکاوت**۔ مؤنث۔ دانائی۔ ذہانت۔ فراست ٭

ذَکَر (ذَکَر) (ع) مذکر (۱) آلۂ تناسل۔ لِنگ (۲) مرد۔ نر۔ منش ٭

ذِکر (ذِکْر) (ع) مذکر (۱) یاد۔ یادداشت (۲) تذکرہ۔ چرچا۔ بیان (۳) شغل۔ خدا کا نام لینا ٭ **ذِکر آنا۔ چلنا۔ نکلنا۔ ہونا** (ل) تذکرہ ہونا۔ کسی آدمی کے متعلق کچھ بات چیت ہونا ٭ **ذِکر چھڑنا**۔ بات چیت شروع ہونا۔ سخن کا آغاز ہونا۔ حال کی ابتدا ہونا ٭ **ذِکر چھیڑنا**۔ "ذکر چھڑنا" کا متعدّی ٭ **ذِکرِ خیر** (ع) مذکر (۱) اچھائی سے یاد۔ نیکی سے تذکرہ (۲) بات چیت۔ تذکرہ ٭ **ذِکر کرنا** (ل) (۱) خدا کا نام لینا (۲) تذکرہ کرنا۔ بیان کرنا ٭ **ذِکر مذکور** (ع) مذکر۔ گفتگو۔ ذکر اذکار۔ بات چیت ٭

ذکور (ذُکُوْر) (ع) مذکر۔ ذَکَر کی جمع۔ بہت سے مرد ٭

ذکی (ذَکِی) (ع) ذہین۔ زود فہم۔ تیز طبع۔ تیز فہم ٭

ذ۔ل

ذلالت (ذَلا۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) خواری۔ ذلّت (۲) ہتک۔ توہین (۳) کمینہ پن۔ رذالت (۴) حقارت (۵) رسوا کرنا۔ خوار کرنا ٭

ذلّت (ذِل۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) رسوائی۔ خواری۔ بے قدری (۲) توہین۔ بے عزّتی۔ ہتک (۳) حقارت ٭ **ذلّت اٹھانا** (۱) ذلیل و رسوا ہونا (۲) شرمندہ ہونا ٭

ذلیل (ذَلِیْل) (ع) (۱) خوار۔ بے عزّت (۲) حقیر (۳) (ل) رسوا۔ پاجی۔ سفلہ۔ کمینہ۔ نیچ (۴) (ل) خفیف ٭

ذ۔م

ذمّ (ذَمّ) (ع) مؤنث (۱) برائی۔ ہجو (۲) بدی۔ پاپ (فارسی میں تشدید کے بغیر مستعمل ہے ٭) **ذَمیم**۔ **ذَمیمہ**۔ خراب اور بُری چیز۔ زشت ٭

ذمّہ (ذِم۔ مَہ) (ع) مذکر (۱) پیمان۔ عہد (۲) کفالت۔ ضمانت (۳) امانت (۴) مواخذہ۔ جواب دہی ٭ **ذمّہ دار یا ذمّہ وار** (ع۔ ف) کفیل۔ ضامن۔ جواب دِہ (۲) (ل) مذکر۔ اعتبار والا۔ معتبر (۳) مذکر۔ دلی، کارکن، منتظم ٭ **ذمّہ داری** (ع۔ ف) مؤنث (۱) کفالت۔ ضمانت (۲) پاسبانی۔ خبرداری۔ نگہبانی۔ جواب دہی ٭ **ذمّہ کرنا۔ یا۔ لینا**۔ (ل) (۱) جواب دہ ہونا۔ ضامن ہونا (۲) ہامی بھرنا۔ اقرار کرنا ٭

ذمّی (ذِم۔ مِی) (ع) مذکر۔ وہ غیر مسلم، جو اسلامی حکومت میں رہے اور جزیہ ادا کرے ٭

ذ۔و

ذو (ذُو) (ع) مذکر۔ مالک۔ خداوند۔ صاحب ٭ **ذوازناب**۔ مذکر۔ جھاڑو ستارہ۔ دُم دار ستارے۔ دُم دار ٭ **ذوالاربعۃ الاضلاع**۔ مؤنث (اقلیدس) چار ضلعوں کی شکل۔ چوبکیری شکل ٭ **ذواضعاف**۔ مذکر۔ جب ایک عدد کئی عددوں پہ پورا تقسیم ہو سکے تو وہ ان عددوں کا ذواضعاف کہلاتا ہے ٭ **ذواضعاف اقل** مذکر۔ سب سے چھوٹا ذواضعاف۔ جو عدد کئی عددوں پہ پورا تقسیم ہو سکے اور اس سے کوئی چھوٹا عدد ایسا نہ ہو کہ ان عددوں پہ پورا تقسیم ہوتا ہو تو اس عدد کو ذواضعاف اقل کہتے ہیں ٭ **ذوالجلال**۔ مذکر (۱) عزّت اور دبدبے والا۔ صاحبِ جلال و شوکت۔ معزّز۔ جلیل القدر (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام ٭ **ذوالفقار**۔ مؤنث۔ وہ تلوار، جو حضرت علی مرتضیٰؑ کو حضرت رسول اکرم صلعم سے ملی تھی ٭ **ذوالقرنین**۔ مذکر (۱) دو گیسوؤں یا دو سینگوں والا (۲) سکندرِ اعظم کا لقب، لیکن اس میں اختلاف ہے کہ وہ یونانی ہی تھا یا کوئی اَور ٭ **ذوفنون** (۱) متعدد ہنروں سے واقف۔ بہت سے فن جاننے والا۔ ہر فن مولا (۲) (ل) عیّار۔ مکّار۔ فریبی۔ چال باز ٭ **ذومعنی** (ع) وہ بات جس میں کئی معنی یا پہلو نکلتے ہوں ٭ **ذَوِی الْاَرْحَام** (ذَوِی۔ اَر۔ حَام) مذکر۔ وہ رشتہ دار، جو شرعی وارث اور باپ کی طرف سے منسوب نہ ہوں ٭ **ذَوِی الْفَرائِض** مذکر۔ شرعی وارث ٭

ذوق (ذَوْق) (ع) مذکر (۱) چاشنی۔ چکھنے کی قوّت۔ مزہ چکھنا (۲) (ف) ذائقہ۔ مزہ۔ لذّت۔ حظ (۳) (ل) خوشی۔ نشاط۔ شوق (۴) کیفیت۔ لطف (۵) شیخ محمد ابراہیم دہلوی خاقانیٔ ہند کا تخلّص، جو بہادر شاہ (دہلی) کے استاد بھی تھے ٭ **ذوقِ سلیم**۔ مذکر۔ صحیح ذوق۔ درست مذاق ٭

ذ۔ہ

ذہانت (ذَہَا۔ نَت) (ع) مؤنث۔ کسی چیز کو فوراً سمجھ کر اس کی تہ تک پہنچ جانا ٭

ذہب (ذَہَب) (ع) مذکر۔ سونا۔ طلا۔ زر ٭

ذہن (ذِہْن) (ع) مذکر (۱) دانائی۔ عقل۔ سمجھ۔ ذکا۔ ادراک۔ استعداد۔ لیاقت۔ فراست۔ قوّتِ مدرکہ۔ زیرکی (۲) یادداشت۔ حافظہ ٭ **ذہن کھلنا** (ل) فہم رسا ہونا۔ عقل کا تیز ہو جانا ٭ **ذہن لڑانا**۔ عقل دوڑانا۔ سوچنا۔ سوچ بچار کرنا ٭ **ذہن نشین کرنا** (ل) ذہن میں بٹھانا۔ سمجھانا۔ تسلّی کر دینا ٭ **ذہنی** (ع) (۱) ذہن کے متعلق (۲) عقلی۔ دماغی ٭ **ذِہنیّت**۔ مؤنث۔ سبھاؤ۔ طبیعت کا میلان ٭

ذہین (ذَہِیْن) (ع) تیز فہم۔ تیز طبع۔ ہوشیار۔ ذکی ٭

ذ۔ی

ذی (ذِی) (ع) مذکر۔ دیکھیے "ذو" ٭ **ذی اختیار**۔ مذکر۔ اختیار والا۔ مختار۔ حکومت والا۔ صاحبِ حکومت۔ عالی منصب ٭ **ذی استعداد**۔ مذکر

(۱) قابل ـ لائق (۲) عالم ـ فاضل ۔ **ذی الحجہ** ـ مذکر ـ حج کا مہینا ـ بارھواں اسلامی قمری مہینا جس کی دسویں تاریخ کو عید قربان ہوتی اور نویں کو حج ہوتا ہے ۔ **ذی حرمت** ـ باوقار ـ عزت دار ۔ **ذی رتبہ** ـ مذکر ـ عہدہ دار ـ صاحب منصب ۔ **ذی روح** ـ جان دار ۔ **ذی عزت** ـ عزت والا ـ معزز ـ شریف ۔ **ذی قعد** ـ مذکر ـ گیارھواں اسلامی قمری مہینا ، جو شوال کے بعد اور ذی الحجہ سے پہلے آتا ہے ـ خالی کا مہینا ۔ **ذی وقار** ـ مرتبے والا ـ جاہ و جلال والا ـ معزز ۔ **ذی ہوش** ـ سمجھ والا ـ ہوشیار ـ ذہین ـ فہیم ـ عاقبت اندیش ۔

ذیابیطس (ذِ یَا ـ بِیْ ـ طُس) (ع) مذکر ـ بار بار پیشاب آنے کا مرض ـ سلسل بول ۔

ذیل (ذَیْل) (ع) مذکر (۱) دامن ـ نیچے ـ نیچے کا حصہ (۲) (۳) منڈلی ـ گروہ ـ جرگہ (۴) حلقہ ـ علاقہ ۔ **ذیل دار** ـ مذکر ـ وہ سرکاری عہدہ دار ، جس کے ماتحت چند گاؤں یا قصبے ہوتے ہیں ۔ **ذیل میں** ـ تحت میں ـ نیچے ۔

ر

ر (رے) (ع) مؤنث ـ اُردو کا چودھواں ، فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں حرف ـ بحساب ابجد میں اس کے دو سَو عدد قرار دیے گئے ہیں ۔

ر ـ ا

راب (رَاب) (ہ) مؤنث (۱) پتلا گڑ ، جو عموماً تمباکو میں ڈالا جاتا ہے ـ شیرہ (۲) گنے کا رس ۔

رابڑی (رَا بْ ـ ڑِی) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) مکئی ، باجرے یا جوار کا ملین ترش چھاچھ میں پکا ہوا آٹا (۲) دیکھیے "رَبڑی" ۔

رابطہ (رَا ـ بِطَہ) (ع) مذکر ـ میل جول ـ تعلق ۔

رابع (رَا ـ بِع) (ع) چوتھا ۔ **رابعاً** ـ چوتھے مرتبہ ۔ **رابعہ** ـ چوتھی ۔

رابعہ بصریؒ (رَا ـ بِعَہ ، بَص ـ رِی) (ع ـ ف) مؤنث ـ بصرہ کی ایک بے حد پرہیزگار ، پاک دامن اور اللہ والی خاتون ، جنھیں بہت سی حدیثیں یاد تھیں ـ انھوں نے بغداد سے ـ مدینہ تک ایک نہر بنوائی تھی ۔

راپڑ (رَا پَڑ) (ہ) بنجر ۔

راپی ـ رانپی (رَا ـ پِی ، رَاں ـ پِی) (ہ) مؤنث ـ چمڑا چھیلنے اور صاف کرنے کا اوزار ـ چمڑا تراشنے کی کھرپی ۔

رات (رَات) (ہ) مؤنث (۱) شب ـ لیل (۲) مغرب ـ شام (۳) سیاہی ـ تاریکی ـ اندھیرا ۔ **رات بھاری ہونا** (۱) غم یا بیماری کی رات کا لمبا اور ناگوار معلوم ہونا (۲) رات کا منحوس اور خطرناک ہونا ۔ **رات بھر** ـ ساری رات ۔ **رات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی** (۱) مثل ـ محنت تو بہت کی ، لیکن فائدہ گویا کچھ نہ ہوا ۔ **رات تھوڑی سوانگ بہت** (۵) (۱) فرصت کم اور کام زیادہ (۲) عمر کم اور دنیا کے بکھیڑے بہت ۔ **رات دن** ـ مذکر ـ آٹھوں پہر ـ شب و روز ۔ **رات کا پیٹ بھاری ہے** ـ کہاوت (گنوار) رات میں بہت کچھ اور ہر طرح کی سمائی ہے ـ رات سب کے عیب چھپانے والی ہے (فارسی مثل "شب آبستن است" کا ترجمہ) ۔ **رات کی رات** (۱) صرف ایک شب (۲) آج کی رات ۔ **رات گئی بات گئی** ـ مثل ـ وقت ہاتھ سے نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا ۔ **رات ماں کا پیٹ ہے** ـ رات عیب چھپانے والی اور پردہ نشین عورتوں کا پردہ ہے ۔ **رات والا** ـ مذکر (عو) (۱) اُلّو ـ بوم ـ چغد (۲) ہیضہ (۳) ماہتاب ـ چاند ۔ **راتوں رات** ـ رات بھر میں ۔

راتب (رَا ـ تِب) (ع) مذکر (۱) روزانہ خوراک (۲) کتے ، بلی ، گھوڑے کی روزانہ خوراک (۳) وظیفہ ـ روزینہ ۔

راج (رَاج) (ہ) مذکر (۱) شاہی ـ حکومت ـ سلطنت ـ فرماں روائی ـ سرکار ـ گورنمنٹ (۲) خود مختاری ـ اختیار (۳) زمانہ ـ وقت ۔ **راج استھان** ـ مذکر (۱) راج دھانی ـ دارالحکومت (۲) شاہی محل (۳) راج منڈل (۴) دیوانِ عام ـ دربارِ عام ۔ **راج بنسی** ـ مؤنث (۱) راجے کے خاندان کا ـ شاہی خاندان کا آدمی (۲) ناگ ـ سانپ (۳) ایک راجپوت قوم ۔ **راج بہا** ـ مذکر ـ نہر کی چھوٹی شاخ ـ چھوٹی نہر جو کسی نہر یا منبع سے نکالی جائے ـ رجباہا ۔ **راج بھنڈار** ـ مذکر (ہندو) شاہی خزانہ ـ سرکاری مال خانہ ـ بیت المال ـ خزانۂ عامرہ ۔ **راج بھنگ ہونا** ـ حکومت پامال ہونا ـ سلطنت میں زوال آنا ـ سلطنت کا تہ و بالا ہونا ۔ **راج پاٹ** ـ مذکر (ہندو) بادشاہی ـ حکومت ـ سلطنت ۔ **راج پتی** ـ مذکر (ہندو) ہندو راج کماروں کا لقب ـ راج کنور ۔ **راج پتنی** ـ مؤنث (ہندو) رانی ـ ملکہ ۔ **راج پوت** ـ مذکر (ہندو) (۱) بادشاہ زادہ ، شہزادہ (۲) ہندو راجے کی اولاد ـ چھتری (۳) پرانے راجوں کی اولاد سے ایک مشہور ذات ، جو ہندو اور مسلمان دونوں قوموں میں موجود ہے ۔ **راج پھوڑا** ـ مذکر (ہندو) وہ بڑا پھوڑا ، جو عموماً پیٹھ پر ہوتا اور اس سے آدمی کم بچتا ہے ـ لاہوری پھوڑا ـ ملتانی پھوڑا ـ مغلئی پھوڑا ـ کاربنکل ۔ **راج تلک** ـ مذکر (ہندو) وہ قشقہ ، جو راج گدی یا ولی عہدی ظاہر کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے ـ بادشاہی کا ٹیکا ۔ **راج دربار** (۱) مذکر (ہندو) شاہی دربار ـ بارگاہِ خسروی ۔ **راج دلاری** (ہ) مؤنث (ہندو) راج کماری ـ شہزادی ۔ **راج دھانی** ـ مؤنث (ہندو) دارالحکومت ـ پایۂ تخت ـ صدر مقام ۔ **راج دھرم** ـ مذکر (ہندو) (۱) شاہی مذہب (۲) شاہی فرائض ـ

شاہی کام۔ سرکاری فرض ؛ **راج ڈنڈ** - مذکر (ہندو) (۱) سرکاری رسوم۔ ٹیکس (۲) محصول۔ سرکاری جرمانہ ؛ **راج رانی** - مؤنث (۱) دیکھیے "راج پتنی" (۲) (تعظیماً) دیوتا کی استری۔ کالکا۔ درگا۔ دیوی ؛ **راج روگ** - مذکر (ہندو) (۱) بڑی بیماری۔ مہلک مرض۔ تپ دق۔ کوڑھ۔ برص (۲) عرصے تک زیر تجویز رہنے والا مقدمہ (۳) عمارت بنوانے کی لت ؛ **راج سبھا** - مؤنث (ہندو) شاہی مجلس۔ شاہی دربار ؛ **راج کرنا** (۱) بادشاہی کرنا۔ سلطنت کرنا۔ حکومت کرنا (۲) خوش رہنا۔ آرام کرنا۔ عیش کرنا ؛ **راج کمار** - مذکر۔ راجے کا بیٹا۔ راجپوت۔ شہزادہ۔ کنور ؛ **راج کوی** - یا - **راج کبی** - مذکر (ہندو) سب شاعروں سے اعلیٰ شاعر۔ ملک الشعراء ؛ **راج گدی** - مؤنث (ہندو) تخت سلطنت۔ تخت شاہی ؛ **راج ہٹ** - مؤنث۔ راجے کی اَڑ جو کسی طرح نہ ہٹے۔ بادشاہ کی ضد ؛ **راج ہنس** - مذکر۔ ایک قسم کی مرغابی۔ بڑی بط۔ قاز ؛ **راجا** - **راجہ** - مذکر (۱) بادشاہ۔ فرماں روا (۲) فیاض۔ سخی (۳) نادان۔ بھولا بھالا (۴) (مجازاً) دولت مند۔ امیر ؛ **راجا اندر کا اکھاڑا** - مذکر (۱) راجا اندر کی مجلس۔ راجا اندر کی محفلِ رقص و سرود، جو تمام دیوتاؤں اور پریوں کا بادشاہ مانا جاتا ہے (۲) عیش و نشاط (۳) خوب صورت عورتوں کا مجمع ؛ **راجا راج پر جا سکھی** - مثل۔ جہاں کا حاکم اچھا ہو، وہاں کی رعایا خوش رہتی ہے ؛ **راجا روٹھے گا، اپنی نگری لے گا** - مثل۔ آقا روٹھ کر زیادہ سے زیادہ موقوف کر دے گا اور راجا ریاست سے نکال دے گا ؛ **راجا کے گھر آئی، رانی کہلائی** - مثل۔ اُس موقع پر کہتے ہیں، جب کسی غریب آدمی کی بیٹی کسی امیر کے گھر بیاہی جائے ؛ **راجا کے گھر موتیوں کا کال ؟** مثل (۱) کیا کمی ہے۔ کیا پروا ہے (۲) جس کے پاس کوئی شے کثرت سے ہو اور وہی نہ ملے تو تعظیماً جھنجلاتے ہوئے کہتے ہیں۔ بھلا یہ بھی کیا بات ہے کہ یہ شے آپ کے بس کی نہیں ؛ **راجائی** - مؤنث (۱) بادشاہی۔ حکومت۔ سلطنت۔ فرماں روائی (۲) دولت مندی۔ امیری ؛

راج (رَاج) (ہ) مذکر۔ مکان بنانے والا۔ معمار ؛ **راج گری** - یا - **راج گیری** (ہ) مؤنث۔ عمارت یا تعمیر کا کام۔ معماری ؛

راجح (رَا- جِحْ) (ع) فائق۔ غالب۔ بہتر ؛

راجس (رَا- جَسْ) (مستند) (انگ- راجرس- Rogers) مذکر۔ لوہے کے ایک انگریزی کارخانے کا مالک۔ وہاں کے بنے ہوئے چاقو بہت مشہور ہیں ؛

راجع (رَا- جِعْ) (ع) رجوع کرنے والا ؛

راجی (رَا- جِیْ) (ع) امیدوار ؛

راچھ (رَا چھْ) (ہ) مذکر (۱) کپڑا بُننے کا آلہ (۲) بڑھئی، راج وغیرہ پیشہ وروں کے اوزار (۳) لکڑی یا شہتیر کے اندر کا پکا حصّہ ؛

راچھس (رَا چھَسْ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) راکشس (۲) جن۔ بھوت پریت (۳) ظالم۔ زبردست سرکش لوگ (۴) ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق سینگوں والی ایک قوم، جو راجاؤں کے خلاف رہتی تھی ؛

راحت (رَا- حَتْ) (ع) مؤنث (۱) سکھ۔ آسائش۔ آرام (۲) خوشی (۳) ہاتھ کی ہتھیلی ؛ **راحتِ جان** (ع- ف) (۱) دل خوش کرنے والا۔ معشوق، بیوی اور اولاد کے لیے مستعمل ہے (۲) ایک قسم کا کھانا ؛

راحل (رَا- حِلْ) (ع) کوچ کرنے والا ؛ **راحلہ** (مذکر) سواری کا جانور ؛

راد (رَادْ) (ہ) مؤنث۔ زخم کی پکی ہوئی آلائش۔ مواد۔ پیپ ؛

راد (رَادْ) (ف) (۱) سخی (۲) بہادر ؛

رادّ (رَادّ) (ع) رد کرنے والا۔ روکنے والا ؛

رادھا (رَا- دھا) (ہ) مؤنث (۱) کرشن جی کی ایک نہایت پیاری گوپی۔ رادھکا (۲) (مجازاً) فطرت۔ قدرت ؛ **رادھا کو یاد کرو** (۱) اپنا کام کرو۔ ہمیں کچھ پروا نہیں۔ جاؤ، ہوا کھاؤ ؛

راڑ (رَاڑْ) (ہ) مؤنث (۱) دنگا۔ لڑائی۔ فساد (۲) ٹنٹا۔ جھگڑا ؛

راز (رَازْ) (ف) مذکر۔ چھپی ہوئی بات۔ بھید ؛ **رازداری** - مؤنث۔ راز کا خفیہ رکھنا۔ بھید چھپانا ؛ **راز فاش کرنا** (ف) پوشیدہ بات کا ظاہر کرنا۔ بھید کھولنا ؛ **راز و نیاز** (ف) مذکر (۱) پیار محبت۔ ناز نخرا۔ عاشق و معشوق کی پوشیدہ باتیں (۲) عجز و نیاز۔ خلوص۔ مناجات۔ بندگی۔ دُعا ؛ **راز و نیاز کی باتیں** - مؤنث۔ عاشق و معشوق کی رمزیں اور کنایے۔ پیار محبت کی باتیں ؛

راس (رَاسْ) (ع) مذکر (۱) سر، خصوصاً چوپایے کا سر۔ جانور کا سر۔ وہ لفظ، جو مویشی کی گنتی کے ساتھ بطور تعداد آتا ہے (۲) مؤنث۔ خشکی کا گوشہ، جو پانی میں دور تک چلا جائے (۳) (ریاضی) زاویے کا سر یا نوک (۴) راہو نیم ستارہ، جس کی مدت ہر بُرج کے دورے میں اٹھارہ مہینے قرار دی گئی ہے (۵) آسمانی بُرج (۶) (ہ) کھیل تماشا۔ ناچ (۷) (ف) گھوڑے کی لگام یا باگ ڈور (۸) کھلیان ؛ **راس الجدی** (ع) مذکر۔ خط جدی کا وہ نقطہ، جہاں سورج پہنچنے سے ہمارے ہاں جاڑا شروع ہو جاتا ہے ؛ **راس السرطان** - مذکر۔ خط سرطان کی وہ جگہ، جہاں سورج کے پہنچنے سے ہمارے ہاں گرمی شروع ہو جاتی ہے۔ کرک ریکھا ؛ **راس چکر** (ہ) مذکر۔ وہ دائرہ، جس پر آسمان کے بارہ برج قیاس کیے گئے ہیں۔ منطقۃ البروج ؛ **راس دھاری** - (ہ) مذکر۔ وہ ناچنے والا شخص، جو کرشن جی اور ان کی گوپیوں کے کھیل کی نقل کرے ؛ **راس لیلا** - مؤنث۔ کرشن جی اور ان کی گوپیوں کا کھیل ؛ **راس ملنا** - (۱) دو شخصوں کے نام کے پہلے حرفوں کا ملنا (۲) دو آدمیوں کی قسمت کا ایک سا ہونا ؛ **راس و ذنب** - (ع) مذکر۔ دو ستارے راہو اور کیتو جن کے باعث سورج گہن اور چاند گہن واقع ہوتا ہے ؛

راس (رَاسْ) (فا- راست کا مخفف) (۱) موافق۔ سازگار۔ طبیعت کے مناسب (۲) مبارک ؛ **راس آنا** (۱) آب و ہوا کا طبیعت کے مناسب ہونا۔ موافق ہونا۔ سازگار ہونا۔ مفید پڑنا۔ مؤثر ہونا (۲) مبارک ہونا ؛ **راس ملنا** - موافقت ہونا۔ سازگاری ہونا ؛ **راس نہ آنا** - یا - **نہ ہونا** (۱) مزاج کے خلاف ہونا۔ ناموافق ہونا (۲) نامبارک اور منحوس ہونا ؛

راست (رَاسْتْ) (ف) (۱) صحیح۔ ٹھیک۔ درست (۲) سیدھا (۳) سازگار۔ موافق۔ مؤثر ؛ **راست باز** (۱) سچا (۲) دیانت دار۔ ایمان دار ؛

راست بازی ۔ مؤنث (۱) سچائی (۲) دیانت داری۔ ایمان داری ﴿ **راست گو** سچا۔ صاف گو ﴿ **راستی** ۔ مؤنث (۱) صدق۔ سچائی (۲) امانت داری۔ دیانت داری ﴿

راستہ (رَاس۔تَہ) (ف) مذکر (۱) (لغوی) بازار کی قطار (۲) (اصطلاحی) سڑک۔ طریق۔ راہ (۳) (ر) ڈھنگ۔ طریقہ۔ رسم و قاعدہ ﴿ **راستہ دیکھنا** ۔ انتظار کرنا ﴿

راسخ (رَا۔سِخ) (ع) پکا۔ مستقل۔ دیرپا۔ مضبوط ﴿

راسی (رَا۔سی) (ہ) (۱) اوسط نسل کا گھوڑا (۲) معمولی (۳) بے پروا ﴿

راشد (رَا۔شِد) (ع) ہدایت پانے والا ﴿

راشن (رَا۔شَن) (انگ۔ Ration) مذکر (۱) رسد۔ راتب (۲) فوجی خوراک ﴿

راشی (رَا۔شی) (ع) مذکر۔ رشوت دینے والا۔ "رشوت لینے والا" کے معنی میں غلط ہے ﴿

راضی (رَا۔ضی) (ع) (۱) رضامند۔ خوش۔ شاد (۲) (و) شاکر۔ صابر (۳) بھلا چنگا۔ تندرست ﴿ **راضی برضا** (ع۔ف) خدا کے حکم پر راضی۔ تسلیم کرنے والا ﴿ **راضی کرنا** (د) (۱) رضامند کرنا۔ آمادہ کرنا (۲) خوش کرنا ﴿

راضی نامہ (ع۔ف) مذکر۔ صلح نامہ۔ باہمی فیصلے کی تحریر، جو فریقین کی رضامندی سے سرکار میں داخل کی جاتی ہے ﴿

راعی (رَا۔عی) (ع) مذکر (۱) چرواہا (۲) (کنایۃً) بادشاہ (۳) ارائیں ﴿

راغ (رَاغ) (ف) مذکر (۱) پہاڑ کے نیچے کا میدان۔ سبزہ زار (۲) جنگل ﴿

راغب (رَا۔غِب) (ع) مذکر۔ خواہش مند۔ مائل ﴿

رافت (رَا۔فَت) (ع) مؤنث۔ مہربانی ﴿

رافضی (رَا۔فِضی) (ع) مذکر (۱) وہ جماعت، جو اپنے سردار کو چھوڑ دے (۲) (اصطلاحاً) حضرت علی مرتضیٰؑ کے وہ پیرو، جنھوں نے جنگِ جمل میں آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا ﴿

رافع (رَا۔فِع) (ع) (۱) بلند کرنے والا (۲) حرف کو پیش دینے والا ﴿

راقم (رَا۔قِم) (ع) مذکر۔ لکھنے والا۔ نویسندہ۔ کاتب ﴿

راکب (رَا۔کِب) (ع) مذکر۔ سوار۔ جانور یا جہاز پر سوار ہونے والا ﴿

راکھ (رَاکھ) (ہ) مؤنث (۱) کسی جلی ہوئی چیز کی خاک۔ بھوبل (۲) بھبوت۔ خاکستر۔ بھسم ﴿

راکھی (رَا۔کھی) (ہ) مؤنث۔ ہاتھ رکشا یعنی حفاظت کرنے والا ڈورا۔ ہندو لوگ یہ ڈورا سلونو کے تہوار میں کلائی پر باندھتے ہیں۔ رکھڑی ﴿

راگ (رَاگ) (ہ) مذکر (۱) ترانہ۔ نغمہ۔ سماع۔ سُر۔ لَے (۲) کہانی۔ قصہ (۳) فساد۔ جھگڑا ﴿ **راگ دینا** (۱) (ہندو) (عو) کسی کے نام گالا ناکرانا۔ بیٹھک دینا (۲) دھوکا دینا۔ دم دینا۔ جتا دینا ﴿ **راگ رنگ** ۔ مذکر (۱) کھیل۔ تماشا (۲) عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں ﴿ **راگ لانا** (۱) بکھیڑا پھیلانا۔ ستانا۔ جھگڑا نکالنا (۲) کھیلنا (۳) ولولے اور جوش میں آنا ﴿ **راگ مالا** ۔ مؤنث (۱) وہ کتاب، جس میں راگ کے اصول اور مختلف راگنیوں کا حال لکھا ہو (۲) لمبا قصہ ﴿ **راگنی** ۔ مؤنث (۱) راگ کی تانیث (۲) راگ کا ہر شعبہ۔ کُل راگوں کی چھتیس راگنیاں ہیں (۳) بدکار عورت ﴿

رال (رَال) (ہ) مؤنث (۱) منہ کا چیپ۔ لعابِ دہن، جو عموماً بڈھوں یا بچوں کے منہ سے بہا کرتا ہے (۲) چیڑ کا گوند ﴿ **رال ٹپکنا** (۱) منہ سے رطوبت کا نکلنا (۲) مزے کے سبب منہ میں پانی بھر آنا (۳) عاشق ہونا ﴿

رام (رَام) (ف) فرماں بردار۔ مطیع۔ تابع ﴿ **رام بنانا۔ یا۔ کرنا** (د) قابو میں لانا ﴿

رام (رَام) (س) مذکر (۱) خدا۔ پروردگار۔ پرمیشور (۲) پرسرام، دشنو اور رام چندر جی کا خطاب (۳) (صفت) خوش گوار (۴) خوب صورت (۵) سیاہ ﴿ **رام بھجن** (ہ) مذکر۔ مناجات۔ خدا کی یاد ﴿ **رام بھجو** (ہندو) (۱) خدا کا نام لو (۲) باز آؤ ﴿

رام پھل ۔ مذکر۔ ایک قسم کا سرخ ترشی مائل شریفہ، جو رام چندر جی کو بہت پسند تھا ﴿

رام تورئی ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا کدو۔ گھیا ﴿ **رام جانے** (قسمیہ) (ہندو) (۱) خدا جانے (۲) خدا کو گواہ کرتا ہوں۔ خدا کی قسم ﴿ **رام جنی** ۔ مؤنث۔ ہندو رنڈی۔ کسبی۔ بیسوا ﴿ **رام چھوڑی اجودھیا من بھاوے سو لے** ۔ مثل۔ جو شے چھوڑ دی، اس سے کچھ مطلب نہیں۔ خواہ اسے کوئی لے لے ﴿

رام رام ۔ مذکر (۱) ہندوؤں کا باہم سلام (۲) صاحب سلامت (۳) توبہ توبہ ﴿

رام رام جپنا پرایا مال اپنا (ر) مثل۔ بظاہر پرہیزگاری اور باطن میں بے ایمانی ﴿

رام دانہ (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا بیج، جس کی مالا بنائی جاتی ہے ﴿ **رام دہائی** ۔ مؤنث (ہندو) (۱) خدا کی پناہ (۲) خدا کی قسم ﴿ **رام رس** ۔ مذکر (ہندو) (۱) ذوقِ الٰہی (۲) نمک۔ لون۔ نون ﴿ **رام رولا** ۔ مذکر (ہندو) (۱) مذہبی جوش۔ مناجات خوانی (۲) شور۔ غل ﴿ **رام کہانی** ۔ مؤنث (۱) رام چندر جی کی بڑی اور طولانی داستان (۲) طویل سرگزشت ﴿ **رام کی مایا** ۔ مؤنث (۱) قدرتی نمائش۔ خدا کے کھیل (۲) فطرت۔ نیچر ﴿ **رام لیلا** ۔ مؤنث۔ دسہرے کا تہوار۔ رام چندر جی کی فتح مندی اور جنگ کی نقل ﴿ **رام نومی** ۔ مؤنث۔ رام چندر جی کی پیدائش کا دن اور ہندوؤں کا وہ تہوار، جو ہمیشہ چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں تاریخ کو منایا جاتا ہے ﴿ **رامانندی** مذکر۔ ہندو فقیروں کا وہ فرقہ، جو رام کے سوا دوسرے کو نہیں مانتا ﴿ **رامائن** ۔ مؤنث۔ رزمیہ نظم کی کتاب، جو پہلے بالمیک جی نے سنسکرت میں، پھر تلسی داس نے ہندی بھاشا میں رام چندر جی کے حالات میں لکھی ﴿

رامش (رَا۔مِش) (ف) مؤنث (۱) آرام (۲) خوشی (۳) خوشی میں گانا (۴) نصیحت (۵) سُروں کا میل ﴿ **رامش گر** ۔ مذکر (۱) گویا (۲) عیاش ﴿ **رامش گری** ۔ مؤنث (۱) گانا بجانا (۲) گفتگو ﴿

ران (رَان) (ف) مؤنث (۱) ٹانگ کا گھٹنے سے اوپر کا حصہ (۲) (ہ) بیٹھک۔ آسن ﴿ **ران تلے آنا** (۱) زانو کے نیچے آنا۔ سواری دینا (۲) آسن کے نیچے آنا (۳) قابو میں آنا ﴿ **ران سے ران باندھنا** ۔ زانو سے زانو باندھ کر بٹھانا۔ گھٹنے سے لگا کر بٹھانا۔ دور نہ ہونے دینا ﴿ **رانوں** ۔ ران کی جمع حرفِ جار سے پہلے ﴿ **رانوں پر ہاتھ دے دے مارنا** ۔ ہاتھ ملنا۔ افسوس کرنا ﴿

رانا (رَا۔نا) (ہ) مذکر (۱) ٹھاکر۔ چھوٹا سا راجا (۲) راجپوتوں کا فرقہ (۳) راجپوتوں کا ایک خطاب، جو راجے کے بیٹے کہلاتے ہیں ﴿ **رانی** ۔ مؤنث (۱) راجے کی بیوی۔ ملکہ۔ شہزادی (۲) ہندو عورتوں کا معزز خطاب ﴿ **رانی خاں کا سالا** (د) مذکر (حقارتاً) رستم کا سالا۔ چکتہ۔ زبردست ﴿ **رانی روٹھے گی، اپنا سہاگ لے گی، کیا کسی کا بھاگ لے گی؟** (د) مثل۔ رانی ناراض ہوگی تو کسی کا نصیبا نہیں چھین سکتی، بلکہ کچھ اپنا ہی اخلاص کم کرے گی ﴿ **رانی کو باندی کہا، ہنس دی، باندی کو باندی**

کہا، رودی۔ مثل۔ شریف کو کمینہ کہا جائے تو وہ پروا نہیں کرتا، لیکن کمینے کو کمینہ کہا جائے تو اسے بڑا معلوم ہوتا ہے ٭ **رانی کو راتا پیارا، کانی کو کانا پیارا۔** مثل۔ ہر شخص کو اپنے ہم جنس سے محبت ہوتی ہے ٭

رانبھنا (رَانبھ۔ نَا) (ہ) (ہندو) گائے کا صبح کے وقت بولنا۔ گائے کا چلّانا ٭

رانجھا (رَاں۔ جَھا) (ہ) مذکّر۔ ایک پنجابی عاشق، جو تخت ہزارے کے رئیس کا بیٹا اور رئیس جھنگ کی حسینہ و جمیلہ بیٹی ہیر کا عاشق تھا ٭ **رانجھن۔ رانجھنا۔** مذکّر (۱) عاشق (۲) معشوق۔ پیارا۔ محبوب (۳) عزّت والا شخص ٭

رانجھن (رَاں۔ جَھن) (ہ) مذکّر۔ مٹّی کا بڑا مٹکا ٭ **رانجھن گول۔** دیکھیے "رانجھن" ٭

راند۔ راندھ (رَانْد، رَانْدھ) (ہ) مؤنّث (ہندو) بکھیڑا۔ ٹنٹا۔ جھگڑا ٭

رانده (رَاں۔ دَہ) (ف) (۱) دھتکارا ہوا۔ نکالا ہوا (۲) ذات باہر ٭ **راندۂ درگاہ۔** مذکّر۔ درگاہِ الٰہی یا دربارِ شاہی سے نکالا ہوا شخص۔ مردود ٭

راندھنا (رَانْدھ۔ نَا) (ہ) (ہندو) ریندھنا۔ پکانا۔ ابالنا ٭

رانڈ (رَانْڈ) (ہ) مؤنّث (۱) وہ عورت، جس کا خاوند مر گیا ہو۔ بیوہ عورت (۲) دست نگر۔ محتاج (۳) طنز اور تحقیر کا کلمہ (۴) ملیسوا۔ کسبی۔ رنڈی (۵) کنیز۔ لونڈی ٭

رانڈ بھانڈ سانڈ بگڑے بُرے۔ مثل۔ ان تینوں سے دشمنی نہ رکھنی چاہیے۔ رانڈ بھاگ جاتی ہے، بھانڈ بدنام کرتا ہے، سانڈ مارتا ہے ٭

رانڈ رونا۔ مذکّر (عو) (۱) بیوہ کی طرح رونا۔ عورتوں کا سا رونا (۲) بے مزہ اور بے لطف کہانی (۳) دکھ بھرا قصہ۔ بپتا ٭ **رانڈ کا سانڈ** (۱) وہ شخص، جو بیوہ ماں کی کمائی کھا کھا کر پلا ہو۔ غم و فکر سے آزاد۔ بیباک۔ نڈر۔ بے پروا (۲) نالائق بیٹا۔ آوارہ۔ بد اطوار۔ بد طینت۔ حرام زادہ ٭

رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا کھاوے بہت چلے تھوڑا (و) بے سر اور ناز پرور وہ آدمی اور سوداگر کا گھوڑا دیکھنے کی چیزیں ہیں، کام کی نہیں ٭ **رانڈ ہونا۔** بے شوہر ہونا۔ بیوہ ہونا ٭ **رانڈا۔** مذکّر (پورب) (۱) وہ شخص جس کی بیوی مر گئی ہو (۲) بنجر زمین ٭

رانگ (رَانگ) (ہ) مذکّر (۱) ایک نرم دھات۔ رانگا۔ قلعی (۲) ایک قسم کا عمدہ سیسہ ٭

رانگ بھریا۔ یا۔ رنگ بھریا۔ مذکّر۔ وہ شخص، جو رانگ کا زیور اور کھلونے ڈھال کر بیچتا ہو ٭ **رانگ ہونا** (۱) پگھلنا۔ نرم ہونا (۲) غصّہ دُور ہونا ٭

رانگھڑ (رَاں۔ گھڑ) (ہ) مذکّر۔ ایک نومسلم قوم، جو پہلے راجپوتوں میں شمار کی جاتی تھی ٭

رانگھڑ گوجر دو، کُتا بلی دو، یہ چاروں نہ ہوں تو کھلے کواڑ وں سو (و) مثل۔ ان چاروں کو چوری کرنے کی عادت ہے ٭

راوت (رَا۔ وَت) (ہ) مذکّر (۱) سُورما۔ شجاع۔ بہادر (۲) راجپوتوں کا ایک فرقہ (۳) خاکروبوں کا ایک اعلیٰ فرقہ، جو دوسروں کا جھوٹا نہیں کھاتا ٭

راول (رَا۔ وَل) (ہ) مذکّر (۱) افسر۔ سردار۔ زور آور (۲) پیادہ سپاہی (۳) (پ) جوگی (۴) جوتشی۔ رمّال ٭

راون (رَا۔ وَن) (ہ) مذکّر۔ لنکا کا ایک راجا، جو سیتا کو اٹھا لے گیا تھا اور رام چندر جی کے ہاتھ سے مارا گیا تھا ٭ **راون کی چھپے۔** مؤنّث۔ راون کو شکست ہو ٭

راوی (رَا۔ وِی) (ع) مذکّر (۱) روایت کرنے والا۔ ناقل۔ سن کر کہنے والا (۲) مصنّف۔ مؤرّخ (۳) پنجاب کا ایک دریا، جس کے کنارے پر شہر لاہور آباد ہے ٭

رَاہ (رَاہْ) (ف) مؤنّث (۱) راستہ۔ طریق۔ سڑک (۲) (ہ) راہو۔ ایک ستارہ، جو عربی میں ذنب کہلاتا اور ہر بُرج کو تیرہ مہینوں میں طے کرتا ہے ٭

راہ بتانا (و) (۱) راستہ سمجھانا۔ ہدایت کرنا (۲) ٹال دینا (۳) موقوف کر دینا۔ نکال دینا (۴) دم دینا۔ دھوکا دینا ٭ **راہ بر۔ راہبر** (ف) مذکّر۔ رہنما۔ ہادی۔ پیشوا۔ سردار ٭ **راہ بری۔ راہبری۔** مؤنّث۔ راستہ دکھانا۔ رہنمائی۔ ہدایت ٭ **راہ پر لانا** (و) (۱) ڈھب پر لانا۔ سیدھا راستہ بتانا (۲) نیک بنانا۔ اصلاح کرنا (۳) یار بنانا۔ راضی کرنا ٭

راہ پڑے جانیے یا باہ پڑے جانیے۔ مثل۔ انسان کی اچھائی برائی اس کے ساتھ سفر کرنے یا واسطہ پڑنے سے معلوم ہوتی ہے ٭ **راہ پیدا کرنا** (۱) راستہ دریافت کرنا (۲) ربط بڑھانا۔ ملاقات یا دوستی بہم پہنچانا (۳) کسی کام میں آگاہی حاصل کرنا ٭ **راہ تکنا۔** راستہ دیکھنا۔ منتظر رہنا۔ انتظار کرنا ٭ **راہ چبینی۔** مؤنّث (ہندو) وہ مٹھائی، جو ہندو لوگ کسی مردے کی مکتی کے لیے برہمنوں کو دیتے ہیں۔ آخرت کا توشہ ٭

راہ چلتا۔ مذکّر۔ راہ رَو۔ راہ گیر۔ مسافر ٭ **راہ چلتوں کا پلا پکڑنا** (عو) (۱) راہ گیروں کے سر ہونا (۲) خواہ مخواہ ہر شخص سے لڑنا ٭ **راہ خرچ۔** مذکّر۔ سفر خرچ۔ توشہ۔ زادِ راہ ٭ **راہ دار** (ف) مذکّر (۱) سڑک کا رکھوالا (۲) راستے کا محصول لینے والا ٭ **راہ داری۔** مؤنّث۔ محصولِ راہ۔ سڑکانہ ٭ **راہ داری کا پروانہ** (و) مذکّر۔ وہ تحریر، جو کوئی حاکم کسی شخص کو راستے سے گزر جانے کے لیے محافظانِ راہ کے نام لکھ کر دے ٭

راہ دکھانا۔ یا۔ دکھلانا (۱) راستہ بتانا (۲) انتظار کرانا ٭ **راہ دیکھنا** (۱) منتظر رہنا۔ انتظار کرنا (۲) آسرا کرنا ٭ **راہ دینا** (۱) آنے جانے کا راستہ چھوڑنا (۲) راستہ بتانا (۳) کسی کا آنا جانا جائز کرنا ٭ **راہ رَو** (ف) مذکّر۔ راہی۔ راہگیر۔ مسافر ٭ **راہ روش۔** مؤنّث (۱) چال چلن (۲) ادب قاعدہ۔ ڈھنگ (۳) برتاؤ (۴) خصلت ٭ **راہ رِیت** (و) مؤنّث (۱) رسم و رواج (۲) معمول اور ضابطہ ٭ **راہ زن** (ف) **راہ مار** (ؤ) مذکّر۔ لٹیرا۔ قزّاق۔ بٹ مار۔ ڈاکو ٭ **راہ زنی** (ف)، **راہ ماری** (و) مؤنّث۔ بٹ ماری۔ ڈکیتی۔ قزّاقی ٭ **راہ سر۔ راہ سے** (و) (ہندو) (۱) رسم و رواج کے مطابق (۲) سیدھی طرح۔ ڈھنگ سے (۳) اتفاقاً ٭ **راہ سے بے راہ ہونا** (۱) سیدھا راستہ چھوڑ کر ٹیڑھا راستہ اختیار کرنا۔ گمراہ ہونا (۲) بدراہ، بدوضع اور اوباش ہو جانا ٭ **راہ کاٹنا** (۱) راستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا (۲) ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے سے جانا ٭ **راہ کھوٹی کرنا** (۱) راستے میں روکنا۔ چلنے میں دیر لگانا (۲) کسی کا کام بگاڑنا۔ خلل انداز ہونا۔ حرج کرنا ٭ **راہ گزر** (ف) مذکّر و مؤنّث۔ راستہ۔ شارعِ عام۔ سڑک ٭ **راہ گیر۔** مذکّر۔ راہ رَو۔ راہی۔ مسافر ٭ **راہ لگانا** (و) (۱) رہنمائی کرنا۔

راستہ بتانا (۲) ڈھنگ پر ڈالنا ۔ راہ لینا ۔ (۱) چل دینا ۔ روانہ ہونا ۔ راہی ہونا (۲) پرسے مرکنا ۔ اپنا کام کرنا ۔ اپنے کام لگنا ۔ راہ ناپنا (۱) آکر جلد چلے جانا ۔ کھڑے کھڑے آنا (۲) مارے مارے پھرنا (۳) فضول کام کرنا ۔ راہِ نجات ۔ (ف ۔ ع) مؤنث ۔ خلاصی کا ذریعہ ۔ مکتی کا طریقہ ۔ راہ نکالنا (ؤ) (۱) راستہ نکالنا (۲) سبب پیدا کرنا ۔ تجویز کرنا (۳) یارانہ گانٹھنا ۔ ملاقات پیدا کرنا ۔ راہ نما ۔ راہنما (ف) مذکر ۔ راستہ دکھانے والا ۔ راہبر ۔ ہادی ۔ راہ نمائی ۔ راہنمائی ۔ مؤنث ۔ راہبری ۔ ہدایت ۔ راہ وار ۔ راہوار ۔ مذکر (۱) بادپا ۔ قدم باز گھوڑا (۲) گھوڑے کی ایک چال ۔ راہ و ربط ۔ راہ و رسم (ف ۔ ع) (۱) مذکر (۲) مؤنث میل جول ۔ تعلقات ۔ صاحب سلامت ۔ واقفیت ۔ آمدورفت ۔ راہ ہونا (ؤ) (۱) رستہ ہونا ۔ چلنے کو جگہ ہونا (۲) معاملہ ہونا ۔ دوستی ہونا ۔ محبت ہونا ۔ راہی (ف) مذکر ۔ راہ گیر ۔ مسافر ۔ سیاح ۔

راہب (رَا ۔ ہِب) (ع) مذکر (۱) عیسائیوں کا پادری (۲) جوگی ۔ تارک الدنیا ۔

راہن (رَا ۔ ہِن) (ع) مذکر ۔ گرو یا رہن رکھنے والا ۔

راہو (رَا ۔ ہُو) (ہ) مذکر (۱) جن ۔ بھوت ۔ دیو (۲) ایک ستارہ ۔ راس ۔

رائتا (رَا ۔ اِتَا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی خوراک ، جو اس طرح تیار کی جاتی ہے کہ کدو یا بینگن وغیرہ ابال کر باریک باریک کتر لیے جاتے ہیں ، پھر ان میں نمک مرچ ملا کر دہی ڈال دیا جاتا ہے ۔ رائتا بنانا ۔ یا ۔ کرنا ۔ (ہندی) (۱) مذکورہ ترکیب سے بھرتا بنانا (۲) کچومر نکالنا ۔ بری طرح مارنا پیٹنا ۔ بھرکس نکالنا ۔

رائٹ (رَا ۔ اِٹ) (انگ ۔ Right) صحیح ۔ بجا ۔ ٹھیک ۔ درست ۔

رائٹر (رَا ۔ اِٹَر) (انگ ۔ Writer) مذکر (۱) لکھنے والا ۔ راقم ۔ کاتب ۔ منشی ۔ محرر ۔ کلرک (۲) مصنف ۔ ادیب ۔

رائج (رَا ۔ اِج) (ع) جاری ۔ رسمی ۔ عام ۔ چلتا ۔ مروج ۔ رواں ۔ رائج الوقت ۔ مروجہ حال ۔ جاری سکہ ۔ رائج کرنا (ؤ) رواج دینا ۔ جاری کرنا ۔

رائحہ (رَا ۔ اِحَہ) (ع) مذکر ۔ خوش بو ۔

رائفل (رَا ۔ اِفَل) (انگ ۔ Rifle) مؤنث ۔ ایک قسم کی انگریزی بندوق ۔

رائگاں (رَا ۔ اِگَاں) (ف) (۱) بلا قیمت ۔ مفت (۲) (ؤ) عبث ، لاحاصل ، ضائع (جانا ، کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

رائل (رَا ۔ اِل) (انگ ۔ Royal) (۱) شاہی (۲) نہایت عمدہ ۔ رائل فیملی (Royal family) مذکر ۔ شاہی خاندان ۔ رائلٹی (Royalty) مؤنث (۱) بادشاہی ۔ شاہانہ منصب ۔ حضرت ظل اللٰہی (۲) حق ۔ حصہ ۔ کسی کتاب کے حق تصنیف یا تالیف دینے کا معاوضہ ۔

راؤ (رَا ۔ ءُ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) راجہ کا بیٹا ۔ کنور (۲) ہندوؤں کے لیے ایک سرکاری خطاب (۳) کلاں ۔ بڑا (۴) سردار ۔ راؤ بہادر ۔ راؤ صاحب (ؤ) مذکر ۔ سرکاری خطاب ، جو ہندوؤں کو دیے جاتے تھے ۔

راوٹی (رَا ۔ اُٹی) (ہ) مؤنث (۱) چھولداری ۔ چھوٹا تنبو (۲) چوبارا ۔ بالاخانہ ۔

راؤلا (رَا ۔ اُلَا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے رولا ۔

راؤنڈ ٹیبل کانفرنس (رَا ۔ اُنڈ ۔ ٹے ۔ بَل ۔ کان ۔ فرنس) (انگ Round Table Conference) مؤنث (۱) گول میز کانفرنس ۔ ایسی کمیٹی جس کے ممبر گول میز پر بیٹھ کر متفقہ کارروائی کریں (۲) (اصطلاحاً) وہ کانفرنس جو انگریز اور ہندوستانی ممبروں کو یک جا کر کے دستور ہند کے آئین وضع کرنے سے متعلق منعقد کی گئی تھی ۔

رائی (رَا ۔ اِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی سرسوں ۔ خردل (۲) ذرا سی مقدار ۔ رائی بھر ۔ قلیل ۔ قدرے ۔ ذرا سا ۔ رائی بھر ناتا اور گاڑی بھر آشنائی (د) مثل ۔ تھوڑا رشتہ بھی بہت سی ملاقات سے بہتر ہوتا ہے ۔ رائی سے پربت ہونا ۔ نہایت چھوٹے سے بہت بڑا ہو جانا ۔ رائی کائی ۔ چورا چورا ۔ ریزہ ریزہ ۔ رائی کائی ہو جانا (۱) چور چور ہو جانا ۔ بے حد گل جانا (۲) پھٹ جانا ۔ رائی نون تیرے دیدوں ۔ یا ۔ آنکھوں میں (ؤ) (عو) چشم بد دور ۔ نصیب اعدا ۔ حف نظر ۔

رائے (رَا ۔ ءِ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) راؤ ۔ راجہ ۔ سوامی ۔ سردار ۔ شہزادہ ۔ (۲) وہ خطاب ، جو حکومت کی طرف سے اعزازی یا بہ لحاظ عہدہ کسی ہندو کو دیا جائے ۔ رائے بہادر (ؤ) ہندو معزز عہدہ دار یا رئیس کا خطاب ، جو حکومت سے ملا ہو ۔

رائے (رَا ۔ اِے) (ع) مؤنث (۱) عقل ۔ دانائی (۲) خیال ۔ قیاس ۔ مشورہ ۔ تجویز (لگانا ، لینا ، ملانا کے ساتھ) رائے دینا (ؤ) مشورہ دینا ۔ صلاح دینا ۔ تجویز بتانا ۔ رائے عامہ ۔ مؤنث ۔ عوام کا خیال ۔ جماعت کی صلاح ۔ پبلک کی رائے ۔

رائے (رَا ۔ ءِ) (ہ) بڑا ۔ کلاں ۔ موٹا ۔ اعلیٰ ۔ رائے بیل ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی چنبیلی کے پھول اور اس کا پودا ۔ رائے جامن ۔ مؤنث ۔ موٹی اور بڑی جامن ۔ رائے مینا کی چوڑیاں ۔ مؤنث (عو) ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں ۔

رایات (رَا ۔ یَات) (ع) مذکر ۔ رایت کی جمع ۔ جھنڈے ۔ رَایَت ۔ مذکر ۔ جھنڈا ۔

ر ۔ ب

رَبّ (رَبّ) (ع) مذکر ۔ پالنے والا ۔ پروردگار ۔ تربیت کرنے والا ۔ مالک ۔ خدائے تعالیٰ ۔ رَبُّ العَالَمِین ۔ مذکر ۔ جہانوں کا پالنے والا ۔ ساری کائنات کا پروردگار ۔ رَبُوبِیّت ۔ مؤنث ۔ پروردگاری ۔

رُبّ (رُبّ) (ع) مذکر ۔ پکا کر گاڑھا کیا ہوا شربت ۔

ربا (رِبَا) (ع) مذکر ۔ بیاج ۔ سود ۔

رباب (رَبَاب) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی سارنگی (۲) رعد کی معشوقہ (۳) مکہ معظمہ میں ایک مقام (۴) مدینہ منورہ کا ایک پہاڑ (۵) ابر سفید (فارسی میں بالضم (رُبَاب) ہے) ۔

رَباط (رَبَاط) (ع) مذکر ۔ مسافر خانہ ۔ سرائے ۔

رباط (رِبا طْ) (ع) مذکر۔ بندھن ⁂

رباعی (رَبا۔ عِیْ) (ع) مذکر (۱) سات برس کا اونٹ (۲) چار برس کا بکرا، بیل اور گھوڑا ⁂

رُباعی (رُبا۔ عِیْ) (ع) مؤنث۔ وہ چار مصرعے، جو مخصوص بحروں میں ہوں۔ چومصرع، چوبولا ⁂

ربانا (رَبا۔ نا) (ا) مذکر۔ ایک قسم کا چھوٹا دف یا دائرہ، جس میں جھانج وغیرہ لگے ہوتے ہیں ⁂

ربڑ (رَبَڑْ) (مہند) (انگ۔ رَبَر۔ Rubber) مذکر۔ حرف مٹانے کی شے، جو ایک درخت کا دودھ پکا کر جما لینے سے بنائی جاتی ہے۔ یہ لچکیلی چیز کچی سیاہی اور پنسل کے نشان مٹا دیتی ہے اور مشینری وغیرہ سیکڑوں چیزوں میں استعمال کی جاتی ہے ⁂

ربڑ (رَبْ۔ بَڑْ) (ہ) مذکر۔ قسائی۔ قصاب۔ بوچڑ ⁂

ربڑی (رَبْ۔ ڑِیْ) (ہ) مؤنث۔ گاڑھا کیا ہُوا دودھ۔ رابڑی ⁂

ربط (رَبْطْ) (ع) مذکر (۱) تعلق۔ لگاؤ۔ بندش (۲) (و) راہ و رسم۔ میل ملاپ (۳) تناسب۔ نسبت (۴) ڈھب۔ عادت۔ مہارت۔ مشق (۵) دوستی۔ محبت (۶) اخلاص۔ پیار ⁂ **ربط ضبط**۔ مذکر۔ راہ و رسم۔ آمد و رفت۔ میل ملاپ ⁂ **ربط ہونا** (۱) دوستی ہونا۔ آشنائی ہونا (۲) مشق ہونا۔ عادت ہونا ⁂

ربع (رُبْعْ) (ع) مذکر۔ چوتھا۔ چہارم۔ ¼۔ چہاریک ⁂ **رُبعِ مَسکوُن**۔ مذکر۔ دنیا کا چوتھا حصہ، جو خشکی پر ہے اور آباد خیال کیا جاتا ہے ⁂

ربودگی (رُبُوْ۔ دِگِیْ) (ف) مؤنث (۱) بیماری کی غفلت (۲) لوٹ۔ لوٹ کھسوٹ ⁂

رَبیب (رَبِیْبْ) (ع) مذکر (۱) پالا پوسا لڑکا (۲) سوتیلا بیٹا۔ پہلے شوہر کا لڑکا ⁂

ربیع (رَبِیْعْ) (ع) مؤنث (۱) موسم بہار (۲) اساڑھی۔ وہ فصل، جو اکتوبر، نومبر میں بوئی اور مارچ، مئی میں کاٹی جائے ⁂ **ربیع الآخر**۔ مذکر۔ ربیع کا دوسرا اور عربی سال کا چوتھا مہینا۔ اساڑھ ⁂ **ربیع الاوّل**۔ مذکر۔ ربیع کا پہلا اور عربی سال کا تیسرا مہینا ⁂ **ربیع الثانی**۔ مذکر۔ دیکھیے "ربیع الآخر" ⁂

ر۔پ

رَپ (رَپْ) (ہ) مؤنث (۱) تیز چلنے میں پاؤں کی آواز (۲) قینچی سے کسی چیز کے کاٹنے کی آواز ⁂ **رَپ رَپ**۔ مؤنث۔ ڈلکی چال ⁂

رپٹ (رَپَٹْ) (ہ) مؤنث (۱) رپٹن۔ پھسلن (۲) رپٹنا کا امر ⁂ **رپٹا** (۱) رپٹنا سے ماضی مطلق (۲) رپٹانا کا امر ⁂ **رپٹانا** (۱) پھسلانا (۲) دوڑانا ⁂ **رپٹن**۔ مؤنث۔ پھسلاہٹ۔ لغزش۔ پھسلن ⁂ **رپٹنا**۔ کھسکنا۔ لڑھکنا۔ پھسلنا ⁂

رپٹ (رَپَٹْ) (مہند) (انگ۔ رپورٹ۔ Report) (۱) کسی جرم یا وقوعے کی خبر، جو پولیس کو دی جائے (۲) اطلاع ⁂

رپلی (رُپَلْ۔ لِیْ) (ہ) مؤنث (عو) روپے کی تصغیر بالتحقیر ⁂

رپورٹ (رِپُوْرْٹْ) (انگ۔ Report) مؤنث۔ دیکھیے "رپٹ (مہند)" ⁂

رپورٹ ضمنی (ہ) مؤنث۔ وہ رپورٹ جس سے پہلے اور رپورٹ بھی ہو چکی ہو ⁂ **رپورٹر** (انگ۔ Reporter) کیفیت نویس۔ اطلاع رساں۔ مخبر ⁂

رپہلی (رُپَہْ۔ لِیْ) (ہ) دیکھیے "روپہلی" ⁂

رپیہ (رُپَیَہْ) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "روپیہ" ⁂

ر۔ت

رَت (رَتْ) (ہ) "رات" کا مخفف۔ تنہا مستعمل نہیں ⁂

رت جگا۔ مذکر (۱) "رت" رات کا اور "جگا" جاگنا کا مخفف یعنی شب بیداری۔ خوشی میں رات بھر جاگنا (۲) (عو) ایک قسم کی خوشی کی نیاز، جو عورتیں دلواتی ہیں (۳) ہندوؤں کی ایک عبادت، جو رات بھر جاگنے اور کتھا کے ذریعے سے کی جاتی ہے ⁂ **رَتواہی**۔ مؤنث (۱) رات کا حملہ (۲) رات کو آنے والی سہیلی ⁂ **رَتوندھا**۔ مذکر۔ آنکھ کی ایک بیماری، جس کے باعث رات کو نظر نہیں آتا۔ شب کوری ⁂ **رتوندھیا**۔ مذکر۔ رتوندھے کا بیمار۔ شب کور ⁂

رِت (رِتْ) (ہ) رِتنا کا امر ⁂ **رِتنا** (۱) ریتی سے رگڑا جانا (۲) خالی ہونا (۳) سارنگی بجنا ⁂ **رِتوانا**۔ ریتی سے صاف کرانا۔ کسی چیز کو خاردار آہنی اوزار سے چھلوانا ⁂

رُت (رُتْ) (ہ) مؤنث۔ ہر چیز کا زمانہ۔ فصل۔ موسم ⁂ **رُت بدلنا۔ یا۔ پھرنا** موسم بدلنا۔ تبدیل موسم ہونا ⁂

رتنا (رَتْنا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کیڑا ⁂

رتنالو (رَتْنا۔ لُوْ) (ہ) مذکر۔ اروی جیسی جڑ ⁂

رتناوا (رَتْنا۔ وا) (ہ) مذکر۔ حملہ ⁂

رتبہ (رُتْ۔ بَہْ) (ع) مذکر (۱) مرتبہ۔ درجہ (۲) عہدہ (۳) بڑائی۔ بزرگی۔ حرمت۔ عزت ⁂ **رتبہ بڑھانا**۔ درجہ زیادہ کرنا۔ ترقی دینا ⁂

رتق و فتق (رَتْ۔ قُو۔ فَتْقْ) (ع) مذکر۔ باندھنا اور کھولنا۔ بست و کشاد۔ انتظام۔ اہتمام۔ بندوبست ⁂

رتن (رَتَنْ) (ہ) مذکر (۱) قیمتی پتھر۔ جواہرات۔ نگ (۲) آنکھ کی پتلی (۳) نطفہ۔ وحات۔ منی (۴) لُبِّ لباب۔ خلاصہ۔ نچوڑ۔ ست۔ عطر (۵) جوبن ⁂ **رتن جوت**۔ مؤنث (۱) آنکھوں کی ایک دوا (۲) ایک پودا اور اس کا پھل ⁂

رتوا (رَتْ۔ وا) (ہ) مذکر (۱) ایک سرخ دانہ، جو عموماً بچوں کی بیماریوں میں گلے سے باندھ دیتے ہیں (۲) ایک سرخ کیڑا، جو گیہوں یا جَو کے پیڑوں میں لگ جاتا ہے ⁂

رتھ (رَتھْ) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) ایک قسم کی دیسی گاڑی، جس کے اوپر برج سی بنی ہوتی ہے (۲) دیوتاؤں کی ایک قسم کی عمدہ گاڑی (۳) حصار۔ کوٹ۔ قلعہ ⁂ **رتھ بان۔ یا۔ رتھ وان**۔ مذکر۔ رتھ چلانے والا۔ گاڑی بان ⁂ **رتھ جاترا**۔ مؤنث (۱) گاڑیوں کی دھوم دھام، جو کسی دیوتا کی سواری میں ہو (۲) ہندوؤں کا ایک میلا، جو دوسری اساڑھ کو جگن ناتھ جی کے نام سے ہوتا ہے ⁂

رَتّی (رَت۔ تی م) (ہ) مؤنث (۱) تقدیر۔ قسمت۔ نصیب۔ بھاگ (۲) گھنگچی۔ گمچی۔ چرمٹی۔ آٹھ چاول کا وزن۔ ماشے کا آٹھواں حصّہ (۳) ذرّہ۔ حبّہ۔ قلیل مقدار ٭ **رتّی بھر**۔ قلیل۔ قدرے۔ حبّہ بھر۔ ذرا سا ٭ **رتّی جاگنا۔ یا۔ چمکنا**۔ قسمت کھلنا۔ اقبال یاور ہونا۔ نصیبا جاگنا۔ پھلنا پھولنا۔ سرسبز اور مالا مال ہونا ٭ **رتّی رتّی** (۱) ایک ایک حبّہ۔ ذرا ذرا (۲) سرتاپا۔ سراسر۔ تمام۔ بالکل ٭

ر۔ٹ

رٹ (رَٹ) (ہ) مؤنث (۱) دہراؤ۔ تکرار۔ لفظی تکرار۔ ہر وقت ایک ہی بات کہے جانا۔ ہر دم نام لینا۔ لگاتار کسی کا ذکر کرنا (۲) تسبیح۔ جینی (۳) رٹنا کا امر ٭ (لگنا کے ساتھ) ٭ **رٹنا** (۱) بار بار ذکر کرنا یا نام لینا۔ جپنا۔ اعادہ کرنا۔ مکرّر کہے جانا۔ دُہرانا (۲) جینی لگنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا ٭

ر۔ج

رج (رَج) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) دریا کا ریتا (۲) ریگ۔ ریت۔ بالو (۳) ایام حیض (۴) دَلدَل (۵) پھول کا زیرہ۔ وہ آٹا، جو پھول کے اندر سے نکلتا ہے (۶) رجنا کا امر ٭ **رَجا** (۱) پیٹ بھرا۔ سیر (۲) مال دار۔ دولت مند۔ بے پروا ٭ **رَجا بَجا** (۱) بھرا پُرا (۲) آباد (۳) مال دار۔ دھنی۔ دولت مند۔ غنی ٭ **رجنا**۔ پیٹ بھرنا۔ سیر ہونا ٭

رجا ۲ (رَجا) (ع) مؤنث۔ اُمّید۔ بھروسا۔ آسرا۔ آس۔ آرزو ٭ **رجائیّت** مؤنث۔ اُمّید اور آرزو سے پُر ہونا۔ ہر وقت اچھے خیالات رکھنا ٭

رجال (رِجال) (ع) مذکر۔ رجل کی جمع۔ بہت سے مرد۔ لوگ ٭ **رِجال الغیب**۔ مذکر۔ دیکھیے "ساسول" ٭

رجب (رَجَب) (ع) مذکر۔ ساتواں اسلامی مہینا ٭

رُجحان (رُج۔ حان) (ع) مذکر (۱) میلان (۲) زیادتی۔ ترقّیت ٭ **رُجحانات**۔ مذکر۔ رجحان کی جمع ٭

رَجَز (رَجَز) (ع) مؤنث (۱) جنگ میں پڑھنے کے اشعار (۲) عروض کی ایک بحر ٭

رِجز (رِجز) (ع) (۱) شرک (۲) عذاب (۳) پلیدی ٭

رِجس (رِجس) (ع) (۱) گناہ۔ عذاب (۲) پلیدی ٭

رجسٹر (رَجِس۔ ٹَر) (انگ۔ Register) مذکر (۱) حاضری کی کتاب (۲) روزنامچہ۔ یادداشت۔ بہی ٭ **رجسٹرار** (Registrar) مذکر (۱) رجسٹر میں درج کرنے والا (۲) رجسٹری کرنے والا (۳) دفتر کا حافظ ٭ **رجسٹری شدہ** (انگ۔ ف) وہ چیز جس کی رجسٹری قانون کے مطابق ہوئی ہو ٭ **رجسٹری کرانا** (۱) فہرست میں درج کرانا۔ سرکاری بہی یا رجسٹر میں درج کرانا ٭ **رجسٹریشن** (Registration) مؤنث۔ رجسٹر میں درج کرانا۔ رجسٹری کرانا ٭

رجعت (رَج۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) واپسی۔ بازگشت۔ عَود۔ اعادہ (۲) عورت کو طلاق رجعی دینے کے بعد پھر زوجیت میں لانا (۳) سورج اور چاند کے سوا کسی اور ستارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا (۴) (ل) ہٹ۔ ضد۔ اَڑ ٭ **رجعتِ قہقری**۔ مؤنث۔ اُلٹے قدموں پھرنا ٭

رجمنٹ (رَج۔ مَنٹ) (انگ۔ Regiment) مؤنث۔ فوج۔ پلٹن۔ آٹھ سو یا ہزار جوانوں کا دستہ ٭

رجواڑا (رَج۔ وا۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ ہندو راجاؤں کا ملک۔ راجے کی عمل داری ٭

رجوح (رُجُوح) (ع) مذکر (۱) میل۔ میلان (۲) رجحان۔ توجّہ (۳) فضیلت۔ ترجیح ٭

رجوع (رُجُوع) (ع) مذکر و مؤنث (۱) واپسی۔ بازگشت۔ عَود (۲) (قانون) نظرثانی۔ مرافعہ۔ اپیل ٭ **رجوع کرنا** (ل) (۱) متوجّہ ہونا۔ مائل ہونا (۲) پیش ہونا ٭

رجولت۔ رجولیّت (رُجُو۔ لَت، رُجُو۔ لی۔ یَت) (ع) مؤنث۔ جماع کی قوّت۔ مردمی۔ باہ ٭

رجوم (رُجُوم) (ع) مذکر۔ شیطانوں کو بھگانے کے ستارے ٭

رجھانا (رِجھا۔ نا) (ہ) (۱) مسرور کرنا۔ خوش کرنا (۲) مائل کرنا۔ لبھانا۔ فریفتہ کرنا ٭

رجیم (رَجیم) (ع) پتھر مارا ہوا۔ ہنکایا ہوا۔ مردود ٭

ر۔چ

رَچ (رَچ) (ہ) رچنا کا امر ٭ **رچا** (۱) رچنا سے ماضی مطلق (۲) رچانا کا امر ٭ **رچانا** (۱) معطّر کرنا۔ بسانا (۲) رونق دینا ٭ **رچنا** (۱) تیار ہونا۔ بننا (۲) خوگر ہونا۔ عادی ہونا (۳) سمانا۔ بسنا۔ خوش بودار ہونا۔ معطّر ہونا (۴) سرخ ہونا۔ رنگ لانا (۵) جلسہ جمانا (۶) ربط ہونا۔ آشنائی ہونا (۷) تالیف کرنا۔ تصنیف کرنا (۸) روپ بھرنا۔ لباس بدلنا (۹) منقّش کرنا۔ مرتسم کرنا۔ منقوش کرنا (۱۰) روغن چڑھانا۔ وارنش کرنا ٭ **رچا پچا**۔ جزو بدن ہونے والا۔ خوش گوار ٭ **رچنی منہدی**۔ مؤنث۔ وہ منہدی، جو اچھا رنگ دے۔ رنگ دار حنا ٭

رُچ (رُچ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) خواہش۔ چاہ۔ رغبت (۲) بھوک۔ اشتہا (۳) رُچنا کا امر ٭ **رُچنا** (۱) اچھا لگنا۔ پسند ہونا (۲) میلان ہونا۔ خواہش ہونا ٭

رَچنا (رَچ۔ نا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) قدرت۔ فطرت (۲) خلق۔ خلقت (۳) ساخت۔ بناوٹ (۴) دُنیا ٭

رِچّھا۔ رِچّھیا (رِچھ۔ چھا، رِچھ۔ چھیا) (ہ) مؤنث (۱) پناہ۔ محافظت (۲) حمایت۔ سرپرستی۔ مدد (۳) صلح۔ آرام۔ امن۔ چین (۴) عنایت۔ مہربانی ٭

ر۔ح

رح (رَح) (ع) رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف ٭

رَحل (رَحل) (ع) مؤنث (۱) منزل۔ مسکن (۲) سامان۔ اسباب (۳) کوچ کرنا (۴) اونٹ کا پالان ٭

رِحل (رِحل) (صحیح رَحل) (ع) مؤنث۔ لکڑی کی گھوڑی، جس پہ قرآن شریف رکھ کر پڑھا جاتا ہے ٭

رحلت (رِح۔لَت) (ع) مؤنث (۱) روانگی۔ کوچ (۲) انتقال۔ موت ÷ **رحلت کرنا** (و) (۱) رخصت ہونا۔ کوچ کرنا (۲) فوت ہونا۔ انتقال کرنا۔ مرنا ÷

رحم (رَحْم) (ع) مذکر (۱) مہربانی۔ کرم۔ دیا (۲) (و) بخشش۔ عفو (۳) ہمدردی۔ دردمندی۔ ترس ÷ **رحم دل** (ع۔ف) ہمدرد۔ مہربان۔ رقیق القلب ÷ **رحم دلی**۔ مؤنث۔ ہمدردی۔ دردمندی۔ مہربانی ÷ **رحم کھانا** (و) خدا کا خوف کرنا۔ ترس کھانا ÷ **رحمان** (ع) (۱) نہایت مہربانی کرنے والا۔ غفور۔ رحیم۔ شفیق (۲) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام (اس لفظ کا استعمال خدا کے سوا اَور کسی کے متعلق جائز نہیں) ÷ **رحمت**۔ مؤنث (۱) مہربانی، کرم (۲) (و) مینہ۔ بارش (۳) صلوٰۃ۔ درود۔ سلام (۴) تعریف کا کلمہ۔ شاباش ÷ **رحمت خدا کی**۔ شاباش۔ آپ کا کیا کہنا۔ آفرین ہے ÷ **رحیم** (ع) (۱) نہایت مہربان، نہایت مہربانی کرنیوالا (۲) مذکر۔ خدا کا ایک صفاتی نام ÷

رحم (رَحَم) (ا) مذکر (عو) چاولوں کا کچا حلوا، جو خاص اللہ میاں کی نیاز کے لیے کسی بیاہ یا خوشی کی تقریب پر بنایا جاتا ہے ÷

رحم (رِحْم) (ع) مذکر۔ بچہ دان۔ گربھ۔ استھان ÷

رحیق (رَحِیق) (ع) مؤنث۔ خالص شراب ÷

رحیل (رَحِیل) (ع) مذکر۔ کوچ۔ کوچ کرنا ÷

ر۔خ

رخ (رُخ) (ف) مذکر (۱) گال۔ منہ۔ رخسارہ (۲) سمت۔ جانب۔ طرف (۳) (و) افق۔ حاشیہ۔ کنارہ (۴) شطرنج کا ایک مہرہ (۵) رُجحان۔ التفات۔ توجہ (۶) آگا۔ سامنا ÷ **رخ بدلنا۔ یا۔ پھیرنا** (و) (۱) کم توجہی کرنا۔ منہ نہ لگانا (۲) سمت بدلنا (۳) دوسری طرف ہونا ÷ **رخ دے کر بات نہ کرنا** (عو) خاطر میں نہ لانا۔ دل دے کر نہ بولنا۔ توجہ سے بات نہ کرنا ÷ **رخ کرنا** (۱) منہ کرنا (۲) توجہ کرنا (۳) لوٹنا۔ پھرنا ÷ **رخسار** (ف) مذکر۔ گال۔ عذار ÷ **رخسارہ**۔ مذکر۔ رخسار کے اوپر کا حصہ ÷

رخت (رَخْت) (ف) مذکر (۱) سامان، اسباب (۲) لباس ÷ **رخت سفر باندھنا** (و) (۱) سفر کا سامان باندھنا، سفر کے لیے تیار ہونا (۲) مرنے کی تیاری کرنا ÷

رخش (رَخْش) (ف) مذکر (۱) گھوڑا (۲) رستم کا گھوڑا (۳) سرخ اور سفید ملا ہوا رنگ (۴) کرن (۵) چمک ÷

رخشاں (رَخ۔شاں) (ف) چمکنے والا ÷

رخصت (رُخ۔صَت) (ع) مؤنث (۱) اجازت۔ رضا۔ منظوری (۲) (و) جانا۔ چلنا۔ کوچ۔ روانگی (۳) جنازہ اٹھنے کا وقت۔ وداع (۴) فرصت۔ مہلت۔ وقفہ (۵) اجازت ہے؟ جائیں؟ **رخصتِ اتفاقی** (ع ف) مؤنث۔ غیر مقررہ رخصت ÷ **رخصتِ رعایتی**۔ مؤنث۔ حقی چھٹی ÷ **رخصت کرنا** (و) (۱) اجازت دینا (۲) بھیجنا۔ روانہ کرنا (۳) موقوف کرنا (۴) ٹالنا ÷ **رخصتانہ** (ف) مذکر۔ وہ نقدی، جو چلتے وقت کسی رئیس کے دربار سے عطا ہو۔ انعام رخصت ÷ **رخصتی** (و) (۱) چھٹی پر (۲) (پورب) وہ روپیہ، جو وداع ہوتے وقت دیا جائے۔ سلامی ÷

رخنہ (رَخ۔نَہ) (ف) مذکر (۱) سوراخ۔ چھید۔ دیوار کا چھوٹا ہوا راستہ (۲) کھڑکی۔ دریچہ۔ روزن (۳) درز۔ شگاف۔ چاک (۴) (و) اٹکاؤ۔ تعرض۔ مزاحمت (۵) نقص۔ خلل (۶) فتنہ۔ فساد۔ جھگڑا ÷ **رخنہ اندازی** (ف) مؤنث۔ مزاحمت۔ خلل۔ تعرض۔ بھانجی ÷ **رخنہ پڑنا** (و) (۱) خلل پڑنا (۲) عیب نکلنا۔ جھگڑا پڑنا ÷ **رخنہ ڈالنا**۔ خلل انداز ہونا۔ بھانجی مارنا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا ÷ **رخنہ نکالنا۔ یا۔ رخنے نکالنا** (۱) نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا (۲) جھگڑا نکالنا۔ فتنہ اٹھانا (۳) عذر کرنا ÷

ر۔د

رد (رَدّ) (ع) مذکر (۱) پھیرنا۔ موڑنا۔ واپس کرنا (۲) ...یں توڑنا۔ تردید۔ انکار (۳) (و) اُلٹی۔ قے ÷ **رد کرنا** (و) (۱) پھیرنا۔ واپس کرنا (۲) اعتراض اٹھانا۔ تردید کرنا (۳) نامنظور کرنا۔ ترک کرنا (۴) اُلٹی کرنا۔ قے کرنا ÷ **رد و بدل** (ع) مذکر و مؤنث (۱) الٹ پلٹ (۲) تکرار (۳) واپس کرنا (۴) بدلنا (۵) دفع کرنا (۶) تبدیلی (۷) لڑائی میں حملہ اور اس کا توڑ ÷ **رد و قدح** مؤنث۔ تکرار۔ بحث۔ حجت ÷ **رد و کد**۔ مؤنث۔ حجت۔ بحث مباحثہ ÷

ردا (رِدَا) (ع) مؤنث (۱) چادر۔ چادرا (۲) چُغہ ÷

ردوا کھدوا (رَد۔وَا، کھَد۔وَا) (ہ) (۱) برادری سے نکالا ہوا (۲) خراب (۳) کمینہ ÷

ردہ (رَدَہ) (ف) مذکر (۱) ایک چُنائی کے بعد دوسری چُنائی کے لیے اینٹ رکھنا۔ ردا (۲) قطار۔ صف ÷

ردی (ع) **ردی** (و) (رَدِی ÷ رَد۔دِی) مؤنث (۱) نکما کاغذ خراب کاغذ (۲) بگڑا ہوا۔ نکما۔ ناکارہ۔ خراب ÷

ردیف (رَدِیف) (ع) مؤنث (۱) وہ شخص، جو گھوڑے یا اونٹ وغیرہ پر کسی سوار کے پیچھے بیٹھے (۲) وہ لفظ، جو غزل یا قصیدے وغیرہ کے مصرعوں یا بیتوں کے اخیر میں قافیے کے پیچھے بار بار آئے (۳) پیچھے کی فوج ÷ **ردیف وار** (ع۔ف) حروف تہجی کی ترتیب سے ÷

ر۔ذ

رذالپن (رَذَال۔پَن) (و) مذکر۔ پاجی پن۔ کمینگی۔ سفلہ پن ÷

رذالت (رَذَا۔لَت) (ع) مؤنث۔ اوچھا پن۔ کمینہ پن ÷ **رذالہ**۔ مذکر (۱) کم ذات۔ کمینہ (۲) بے شرم۔ بدمعاش۔ بدذات۔ شریر ÷ **رذالے کی جورو کو سدا طلاق** (و) مثل۔ کمینے اور سفلے کو اپنے عہد کا کچھ پاس نہیں ہوتا ÷

رذیل (رَذِیل) (ع) مذکر۔ پاجی۔ فرومایہ۔ سفلہ ÷

ر۔ر

رریانا (رِرِ۔یَا۔نَا) (ہ) مذکر (۱) گڑگڑانا (۲) چیخنا۔ رونا (۳) مانگنا ÷

ر۔ڑ

رَڑک (رَڑَک) (ہ) (۱) مؤنث۔ چبھن۔ خلش۔ کھٹک (۲) رڑکنا کا امر۔ **رَڑکنا**۔ چبھنا۔ کھٹکنا۔ درد ہونا۔

رِڑک (رِڑَک) (ہ) رڑکنا کا امر۔ **رِڑکنا**۔ دوہنا۔

ر۔ز

رِز (رَزْ) (ف) مذکر۔ انگور۔

رزّاق (رَزْ۔زاق) (ع) مذکر۔ رزق پہنچانے والا۔ روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کا اسمِ صفاتی۔ **رَزّاقی** (ع۔ف) رزق دینا۔

رزق (رِزْق) (ع) مذکر (۱) روزی۔ وظیفہ (۲) اناج (۳) روٹی۔ کھانا۔ خوراک۔

رِزق کا کیڑا (د) مذکر (۱) اَن کا کیڑا۔ اناج کھانے والا (۲) (مجازاً) انسان۔

رزائی (رَزا۔اِئی) (د) مؤنث۔ دیکھیے "رضائی"۔

رِزلٹ (رِزَلْٹ) (انگ۔ Result) (۱) نتیجہ۔ ثمرہ (۲) امتحان کا نتیجہ۔

رزم (رَزْم) (ف) مؤنث۔ جنگ۔ لڑائی۔ رَن۔ **رزم گاہ**۔ مؤنث۔ لڑائی کی جگہ۔ جنگ کا میدان۔ **رزمیہ**۔ جنگی داستان یا نظم وغیرہ۔

ر۔س

رَس (رَس) (ہ) مذکر (۱) عرق۔ شیرہ۔ دودھ۔ نچوڑ۔ افشردہ (۲) عطر۔ ست۔ جوہر (۳) سیماب۔ پارا (۴) نطفہ۔ منی (۵) لذت۔ ذائقہ۔ مزہ (۶) بہار۔ لطف (۷) عشق۔ محبت (۸) ولولہ۔ جوش (۹) عیش۔ خوشی (۱۰) حلاوت۔ شیرینی (۱۱) سیال چیز۔ رقیق چیز۔ **رس بھری** (۱) رس دار۔ مزیدار۔ خوش ذائقہ۔ شیریں (۲) مستی بھری۔ نشیلی (۳) ایک پھل، جس کا ذائقہ چیلی جیسا ہوتا ہے (۴) ایک قسم کا انگریزی شربت، جو بوتلوں میں بھرا جاتا ہے۔ **رس ٹپکنا** (۱) دودھ ٹپکنا (۲) جوانی کے جوش میں بھرنا۔ **رس کی باتیں**۔ مؤنث (۱) میٹھی میٹھی باتیں۔ عشق و محبت کی باتیں (۲) لگاوٹ کی باتیں۔ **رسیا** (۱) رس لینے والا۔ مزہ لوٹنے والا (۲) وضع دار۔ رنگیلا۔ شوقین (۳) مسٹنڈا۔ **رسیلا** (۱) رس بھرا۔ عرق دار (۲) لذیذ۔ خوش ذائقہ (۳) رنگیلا۔ شیریں ادا۔ بانکا۔ **رسیلی**۔ مؤنث (۱) رس دار (۲) رنگیلی۔ بانکی۔ **رسیلی آنکھ**۔ مؤنث (۱) نشیلی آنکھ۔ مست آنکھ۔ چشمِ سے گوں (۲) خوب صورت آنکھ۔

رِس (رِس) (ہ) رِسنا کا امر۔ **رِسنا** (۱) ٹپکنا (۲) (ہندو) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔

رَسا (رَسا) (ہ) مذکر (ہندو) یخنی۔ شوربا۔

رُسا (رَسا) (ف) (۱) پہنچنے والا۔ صائب (۲) (و) بلند ہونے والا (۳) دُور جانے والا۔ **رَسائی** (ف) مؤنث (۱) پہنچ۔ گزر۔ دخل (۲) (و) میل ملاپ۔ ربط ضبط (۳) شناخت۔ واقفیت (۴) دھیرج۔ آہستگی۔

رسّا (رَس۔سا) (ہ) مذکر۔ موٹی رسّی۔ ریسماں۔

رسالت (رِسا۔لَت) (ع) مؤنث۔ پیغام بری۔ سفارت۔ ایلچی گری۔

رِسالدار (رِسال۔دار) (و) مذکر۔ ایک رسالے کا افسر۔ ہزار سواروں کا ہندوستانی افسر۔ **رسالداری**۔ مؤنث۔ رسالے کی افسری۔ **رِسالہ** (۱) (و) مذکر۔ آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ (۲) (ع) مذکر۔ مکتوب۔ نامہ (۳) چھوٹی سی کتاب (۴) مختلف حضرات کے مضامین کا مجموعہ، جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہو۔

رَسانا (رَسا۔نا) (ہ) (ہندو) (۱) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا (۲) ناراض کرنا۔ خفا کرنا۔

رساول (رَسا۔وَل) (ہ) مذکر۔ گنے کے رس کی کھیر۔

رسائل (رَسا۔اِل) (۱) (س) مذکر۔ پاتال۔ زمین کا ساتواں طبقہ (۲) (ع) رسالہ کی جمع۔

رسائن (رَسا۔اِن) (س) مذکر۔ وہ دوا، جو پارا یا کوئی اَور دھات مار کر بنائی جائے۔ اکسیر۔ کیمیا۔

رِسپانڈنٹ (رِس۔پان۔ڈَنٹ) (انگ۔ Respondent) مذکر۔ جواب دِہ۔ اپیلانٹ کا مقابل فریق۔

رستاخیز۔ رستخیز (رَس۔تا۔خیز۔ رَسْت۔خیز) (ف) مؤنث۔ قیامت۔

رستگار (رَسْت۔گار) (ف) رہائی پانے والا۔ **رستگاری**۔ مؤنث۔ رہائی۔

رُستم (رُس۔تَم) (ف) مذکر (۱) فارس کا ایک مشہور بہادر پہلوان، جس کی بہادری کے حالات شاہنامہ میں درج ہیں (۲) (مجازاً) بہادر۔ شجاع (۳) زبردست۔

رُستم خاں (د) مذکر (۱) شجاع۔ بہادر یا بڑے آدمی کی رشتہ داری پر شیخی بگھارنے والا۔ رانی خاں کا سالا۔ **رستمی**۔ مؤنث (۱) بہادری۔ مردانگی۔ شجاعت۔ جرأت (۲) زور آوری۔ زبردستی۔

رستہ (رَس۔تہ) (ف) مذکر (۱) راہ (۲) قطار۔ صف (۳) (و) شاہ راہ۔ شارعِ عام۔ سڑک۔ عام راہ (۴) رَوِش۔ طرز۔ وضع۔ ڈھنگ۔ طَور (۵) آئین۔ قانون۔ قاعدہ۔ **رستہ بتانا** (۱) دیکھیے "راستہ بتانا" (۲) رخصت کرنا۔ ٹالنا۔ **رستہ چلتا**۔ راہگیر۔ مسافر۔ بٹوئی۔ جاتری۔ راہی۔ **رستہ دیکھنا**۔ راہ تکنا۔ راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ چشم براہ ہونا۔ منتظر رہنا۔

رسٹارنٹ (رِس۔ٹا۔رَنٹ) (انگ۔ Restaurant) مذکر۔ رستوران۔ طعام خانہ، جہاں کھانے پینے کی چیزیں مہیا ہو سکیں۔

رسد (رَسَد) (ف) مؤنث (۱) قسمت۔ بھاگ۔ نصیب۔ حصہ (۲) جنس۔ غلّہ (۳) مناسب۔ لائق (۴) (و) آذوقہ، جو قافلے یا لشکر کے ساتھ ہو۔ ذخیرہ (۵) زادِ راہ۔ خوراک۔ راتب۔ بھوجن۔ راشن۔ **رسد رسانی**۔ مؤنث۔ کسی فوج یا محکمے میں غلّہ، جنس وغیرہ پہنچانا۔

رُسل (رُسُل) (ع) مذکر۔ رسول (قاصد) کی جمع۔

رسم (رَسْم) (ع) مؤنث (لغوی) (۱) نشان۔ نقش (۲) نوشت۔ تحریر (۳) (مجازاً) رواج۔ قانون۔ دستور (۴) (و) طور طریق۔ چال چلن۔ عادت (۵) وظیفہ۔ تنخواہ (۶) اُجرت۔ محنتانہ (۷) (منطق) عرضیات کے ساتھ کسی شے کی تعریف (۸) بچوں کا ایک کھیل۔ **رسم الخط**۔ مذکر۔ طرزِ تحریر۔ **رسم و رواج** (۱) مذکر۔ قاعدہ۔ دستور۔ رسم۔ ریت۔ **رسمی** (ف) رواجی۔ درمیانی۔ معمولی۔

رسا (رَس۔سَا) (ہ) پانی وغیرہ سے تر ۔

رسن (رَسَن) (ف) مؤنث۔ رسّی ۔

رَسنا بَسنا نصیب ہو (و) (عو) رہنا سہنا، پھولنا پھلنا نصیب ہو۔

رسوا (رُس۔وَا) (ف) بدنام۔ خوار۔ ذلیل۔ بے عزت ۔ **رسوائی**۔ مؤنث۔ ذلت۔ بدنامی۔ بے عزتی۔ فضیحت ۔

رسوت (رَسَوْت) (ہ) مؤنث۔ ایک تلخ دوا، جو عموماً پھنسیوں یا آنکھوں کی دوا میں ڈالی جاتی ہے ۔

رُسوخ (رُسُوخ) (ع) مذکر (۱) استواری۔ مضبوطی (۲) استقلال۔ ثبات۔ قیام (۳) (و) اعتبار۔ اعتماد۔ ربط ضبط۔ رسائی ۔

رسول (رَسُوْل) (ع) مذکر (۱) (لغوی) بھیجا ہوا (۲) (اصطلاحی) خدا کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر، جو کتابِ الٰہی بھی لائے (۳) ایلچی۔ پیغمبر۔ قاصد (۴) پیشوا۔ ہادی ۔

رسول اور نبی میں فرق: "رسول" خاص ہے اور صرف صاحب کتاب و شریعت پیغمبر کو کہتے ہیں۔ "نبی" عام ہے، جو صاحب کتاب و شریعت اور غیر صاحب کتاب و شریعت دونوں قسم کے پیغمبروں کے لیے مستعمل ہے ۔

رسول شاہی (رَسُوْل۔شَاہِی) (و) مذکر۔ آزاد منش فقراء کا ایک فرقہ، جس کے بانی رسول شاہ نامی ایک درویش کامل تھے۔ یہ لوگ چار ابرو کا صفایا رکھتے، صرف ایک لنگوٹی باندھتے اور شراب کو حلال سمجھتے ہیں ۔

رسولی (رَسَو۔لِی) (ہ) مؤنث۔ گلٹی۔ وہ گرہ، جو مواد سے ہو جاتی ہے ۔

رُسوم (رُسُوْم) (ع) مذکر و مؤنث۔ رسم کی جمع (۱) نقوش۔ نشان (۲) قوانین۔ آئین (۳) تنخواہ (۴) عادتیں (۵) (و) اسٹام کی فیس (۶) سرکاری خرچہ (۷) کورٹ فیس (۸) حقہ زمینداری سے واجب الوصول محصول (۹) بکے ہوئے مال پر کمیشن یا دستوری ۔ **رسوم اعلیٰ نمبردار**۔ مؤنث۔ نمبردار کا کمیشن اور رعایت ۔ **رسوم عدالت**۔ مؤنث (۱) سرکاری خرچہ (۲) کورٹ فیس (۳) اسٹام ۔ **رسوم محترفہ**۔ مؤنث۔ تجارت اور حرفہ کا محصول ۔

رسوئی (رَسَو۔اِی) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) کھانا۔ طعام۔ بھوجن (۲) چوکا۔ باورچی خانہ ۔

رسّی (رَس۔سِی) (ہ) مؤنث (۱) موٹی ڈوری۔ رسن۔ ریسماں۔ طناب۔ جبل (۲) (عو) سانپ۔ ناگ۔ مار ۔ **رسّی جل گئی پر بل نہیں گیا** (ہ) مثل (۱) دولت اور عزت جاتی رہی، لیکن غرور نہ گیا (۲) سزا بھگتنے پر بھی بُری عادت نہ گئی ۔ **رسّی دراز ہونا** (و) (۱) رسّی کا لمبا اور طویل ہونا (۲) دُور تک پہنچ جانا (۳) مہلت ملنا (۴) بڑی عمر والا ہونا ۔ **رسّی ڈھیلی چھوڑنا** (۱) لگام ڈھیلی چھوڑنا (۲) خودمختار کرنا۔ آزادی بخشنا (۳) چشم پوشی کرنا ۔ **رسّی کا سانپ بنانا**۔ غلط خیال کو فروغ دینا۔ بے اصل بات کی دھوم مچانا ۔

رسید (رَسِیْد) (ف) مؤنث (۱) رسائی۔ پہنچ (۲) کسی چیز کے موصول ہونے کی دستخطی تحریر۔ پہنچنے کا اقرار (۳) سراغ۔ خبر۔ پتا ۔ **رسید کرنا**۔ (ر) (بازاری) (۱) مارنا۔ لگانا۔ جڑنا (۲) پہنچانا۔ دخول کرنا ۔ **رسیدہ** (ف) (۱) پہنچا ہوا (۲) بالغ (۳) خدا کو پہنچا ہوا ۔ **رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گزشت**۔ مثل۔ مصیبت تو آئی تھی، لیکن بچ گئے ۔

رسیور (رِیسِی۔وَر) (انگ۔ Receiver) مذکر (۱) کان کو لگانے کا ٹیلیفون کا آلہ (۲) وہ شخص، جس کے سپرد عدالت کے حکم سے دیہات کی آمدنی وصول کرنا اور حساب داخل کرنا ہو ۔

ر-ش

رشتہ (رِش۔تَہ) (ف) مذکر (۱) دھاگا۔ تاگا۔ ڈورا۔ کاتا ہوا سوت (۲) رسّی (۳) سوتیاں (۴) (و) سلک۔ نظم۔ لڑی (۵) تعلق۔ برادری۔ قرابت (۶) سلسلہ (۷) (مجازاً) بزرگوں کے نام کی ترتیب (۸) (مجازاً) خاندان۔ نسل (۹) (ف) ایک بیماری، جس سے اکثر پاؤں میں زخم ہو جاتا ہے اور اس سے سوت کی طرح تار نکلتا ہے۔ نارو ۔ **رشتہ دار** (و) مذکر۔ برادری والے۔ قریبی۔ متعلقین ۔ **رشتہ داری**۔ مؤنث۔ برادری۔ قرابت ۔ **رشتہ کرنا** (۱) تعلق پیدا کرنا۔ نسبت کرنا (۲) نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا ۔ **رشتہ ناتا**۔ مذکر (۱) رشتہ داری۔ قرابت (۲) میل ملاپ۔ میل جول ۔

رشح (رَشْح) (ع) مذکر۔ کسی جگہ پانی کا ٹپکنا ۔ **رَشَحات**۔ مذکر۔ رَشحہ کی جمع ۔ **رَشحہ**۔ مذکر (۱) پانی کا ٹپکنا۔ ٹپکن (۲) بوند (۳) رس (۴) پسینا ۔

رشد (رُشْد) (ع) مذکر (۱) ہدایت (۲) ہوش سنبھالنا۔ بالغ ہونا (۳) سچائی ۔

رشک (رَشْک) (ف) مذکر (۱) جلن۔ ڈاہ۔ حسد (۲) دشمنی۔ عداوت (۳) شرم۔ غیرت (۴) حریف ہونے کا حسد۔ رقابت ۔ **رشکِ پری**۔ **رشکِ حور**۔ **رشکِ یوسفؑ** (ف۔ع) ایسا خوب صورت، جس کے حسن و جمال پر پری، حور اور حضرت یوسفؑ کو بھی رشک آئے۔ بے حد خوب صورت ۔

رشوت (رِش۔وَت) (ع) مؤنث۔ ناجائز نذرانہ۔ کسی کا کام کرنے کے لیے ظلم سے رقم لینا ۔ **رشوت خوار**۔ یا۔ **رشوت خور** (ع۔ف) مذکر۔ رشوت لینے والا۔ رشوت کھانے والا ۔ **رشوت ستانی**۔ مؤنث۔ رشوت لینا۔ ناجائز طریقے سے روپیہ حاصل کرنا ۔ **رشوت کھانا۔ یا۔ لینا**۔ (و) ناجائز اُجرت لینا۔ ناروا روپیہ لینا ۔

رشی (رِشِی) (س) مذکر (ہندو) سادھو۔ جوگی۔ درویش۔ عابد۔ خداپرست ۔

رشید (رَشِیْد) (ع) (۱) ہدایت کیا ہوا۔ ہدایت یافتہ (۲) تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

ر-ص

رصاص (رَصَاص) (ع) مذکر (۱) قلعی (۲) سیسہ (۳) ٹین ۔

رصد (رَصَد) (ع) مذکر (۱) ستاروں کی گردش دیکھنے کا مینار۔ چبوترا (۲) جنتر منتر ۔ **رَصَدخانہ**، **رَصَدگاہ**۔ (ع۔ف) (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ ستاروں کی گردش دیکھنے کی جگہ ۔

ر-ض

رضؓ (ع) رضی اللہ عنہ کا مخفف ۔

رَضا (رِضَا) (ع) مؤنث۔ راضی ہونا۔ خوش ہونا ۔

رضا (رِ-ضَا) (ع) مؤنث (۱) مرضی۔ خوشی۔ خوشنودی (۲) رخصت۔ حلف۔ اجازت (۳) وہ چھٹی جس کی تنخواہ نہیں کاٹی جاتی ۔ **رضا کار** (ف) مذکر۔ اپنے آپ کو اپنی مرضی سے ملک و قوم کی خدمت کے لیے پیش کرنے والا۔ والنٹیر ۔

رضا مند (ع-ف) راضی۔ منظور کرنے والا۔ خوش ۔ **رضا مندی**۔ مؤنث۔ منظوری۔ خوشنودی ۔ **رضا ہونا** (ف) فوت ہونا۔ مر جانا ۔

رضاعت (رَضَا-عَت) (ع) مؤنث۔ دودھ پلانا۔ شیرخواری۔ بچوں کے دودھ پلانے کا زمانہ جو دو سال کا ہے ۔ **رَضَاعی**۔ دودھ شریک ۔ **رضاعی بھائی** (۱) مذکر۔ دودھ شریک بھائی۔ کوکا ۔

رضائی (رِ-ضَا-اِی) (ف) مؤنث (۱) چھوٹا لحاف (۲) رنگے ہوئے کپڑے کی روئی والی دُلائی (۳) گدڑی ۔

رضوان (رِض-وَان) (ع) مذکر (۱) ایک فرشتہ، جو بہشت کا دربان اور مؤکل ہے (۲) بہشت (۳) برکت (۴) رضا مندی ۔

رضوی۔ رضویہ (رِض-وِی ۔ رِض-وِی-یَہ) (ع) امام موسیٰ علی رضا سے نسبت رکھنے والا ۔

ر-ط

رَطب (رَطب) (ع) تر۔ نرم۔ تازہ ۔ **رَطب و یابس** (ع-ف) (۱) تر اور خشک (۲) نیک اور بد۔ اچھا اور برا ۔

رُطَب (رُطَب) (ع) مذکر۔ ہریاول۔ سبزہ ۔

رُطَب (رُطَب) (ع) مذکر۔ تازہ اور تر کھجور ۔

رطل (رَطل) (ع) مذکر (۱) شراب کا پیالہ (۲) آدھے سیر کا وزن ۔

رطوبت (رُطو-بَت) (ع) مؤنث (۱) تری۔ گیلا پن۔ نمی (۲) تھوک (۳) تازگی۔ نرمی ۔

ر-ع

رعایا (رَعَا-یَا) (ع) مؤنث (۱) کسی حاکم کے زیر فرمان رہنے والے لوگ۔ محکوم (۲) کرایہ دار ۔

رعایت (رِعَا-یَت) (ع) مؤنث (۱) لحاظ۔ نگہبانی۔ نگہداشت۔ پاس۔ خیال (۲) حمایت۔ بخشش (۳) کمی۔ تخفیف ۔ **رعایتی** (۱) وہ شخص جس سے کچھ لحاظ کیا جائے۔ رعایت کا (۲) سفارشی (۳) کم کیا ہوا ۔ **رعایتی پٹا** (ف) مذکر۔ کاشت کاروں کو دی ہوئی رعایتی تحریر جس میں لگان کی تخفیف درج ہوتی ہے ۔

رُعب (رُعب) (ع) مذکر (۱) ترس۔ خوف۔ ڈر (۲) دبدبہ۔ جلال۔ شکوہ۔ شان و شوکت۔ دھاک ۔ **رعب بٹھانا** (۱) ہیبت بٹھانا۔ خوف بٹھانا (۲) دھاک باندھنا ۔ **رُعب چھانا**۔ ہیبت آنا۔ دہشت غالب ہونا۔ خوف غالب ہونا ۔ **رُعب داب**۔ مذکر۔ تجمل۔ جاہ و جلال۔ شان و شوکت۔ دبدبہ ۔

رعب دار (ع-ف) بھیانک۔ ڈراؤنا۔ خوفناک ۔

رعد (رَعد) (ع) مذکر۔ بادل کی گرج۔ ابر کی گڑگڑاہٹ۔ بجلی کی کڑک۔ بادلوں کو چلانے والے فرشتے کی آواز ۔

رعشہ (رَع-شَہ) (ع) مذکر (۱) کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ لرزہ (۲) ایک مرض، جس میں ہاتھ آپ ہی آپ کانپتے ہیں ۔

رعنا (رَع-نَا) (ع) (۱) بانکا۔ بناؤ سنگار سے رہنے والا۔ وضع دار۔ سجیلا۔ رنگیلا (۲) دلچسپ (۳) زیبا۔ خوش نما (۴) طرار۔ چالاک (۵) دورنگا (۶) ایک پھول، جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے (۷) خوش رفتار۔ خوش خرام ۔ **رعنائی**۔ مؤنث (۱) وضع داری۔ خود آرائی (۲) دورنگی (۳) طراری۔ چالاکی ۔

رعونت (رُعُو-نَت) (ع) مؤنث۔ گھمنڈ۔ سرکشی۔ غرور۔ شیخی۔ دماغ ۔

رعی بندہ (رَعی، بَن-دَہ) (ف) مذکر۔ زمینوں کے نرخوں کا نقشہ ۔

رعیت (رَعِی-یَت) (ع) مؤنث (۱) رعایت کیا گیا۔ محکوم (۲) اسامی (۳) کرایہ دار (۴) کاشت کار (۵) دنیا کے لوگ، جو کسی حاکم کے ماتحت ہوں ۔

ر-غ

رغبت (رَغ-بَت) (ع) مؤنث۔ خواہش۔ چاؤ۔ پیار۔ شوق۔ توجہ۔ رجحان۔ میل ۔ **رغبت کرنا** (ف) خواہش کرنا ۔

ر-ف

رف (رَف) (انگ) کانٹ چھانٹ کیا ہوا مسودہ۔ نامکمل ۔

رفاقت (رِفَا-قَت) (ع) مؤنث (۱) ساتھ۔ ہمراہی (۲) (ف) اتحاد۔ دوستی۔ محبت (۳) خیرخواہی۔ وفاداری (۴) معاونت۔ ہمدردی ۔

رفاہ (رِفَاہ) (ع) مؤنث۔ بہتری۔ نیکی۔ آرام۔ چین۔ وہ کام، جس سے لوگوں کو آرام ملے ۔ **رِفاہِ عام۔ یا خلائق**۔ مؤنث۔ عام لوگوں کے آرام کا کام۔ سب کی بہتری ۔ **رِفاہِ قومی**۔ مؤنث۔ ملت کی خدمت۔ عام لوگوں کی بہبود ۔ **رِفاہیت**۔ مؤنث۔ بہتری۔ آرام۔ بہبود۔ خوشی ۔

رفت (رَفت) (ف) (۱) گیا (۲) مؤنث۔ رفتار۔ جانا۔ چلنا ۔ **رَفت و گُزشت**۔ مؤنث۔ گئی گزری۔ ٹال مٹول۔ رفع دفع ۔ **رفت و گزشت کرنا** (ف) (۱) خیال نہ کرنا۔ معاف کرنا۔ جانے دینا (۲) دبانا (۳) خاک ڈالنا۔ آیا گیا کرنا۔ پنڈ چھوڑنا ۔ **رفتار**۔ مؤنث۔ روش۔ چال ۔ **رفتار و گفتار**۔ مؤنث۔ چال چلن۔ طور طریق۔ چال ڈھال ۔ **رفتگی** (ف) مؤنث۔ بیخودی ۔ **رَفتنی**۔ مؤنث۔ نہ جانے کے لائق۔ جانے پر مجبور (۲) جانے والا (۳) عارضی ۔ **رَفتہ** (۱) بیخود (۲) عاشق (۳) گیا ہوا (۴) مرا ہوا (۵) کھویا ہوا ۔ **رفتہ رفتہ**۔ ہولے ہولے۔ آہستہ آہستہ۔ بتدریج ۔

رفرف (رَف-رَف) (ع) مذکر (۱) وہ سواری، جس پر رسول اللہ صلعم معراج میں بارگاہِ الٰہی تک تشریف لے گئے تھے (۲) حضرت اسرافیل کے رہنے کا مقام ۔

رفض (رَفض) (ع) مذکر (۱) چھوڑنا (۲) رافضی ہونا (۳) بدعت۔ اختلاف ۔

رفع (رَفع) (ع) مذکر (۱) اٹھانا (۲) اٹھان۔ اونچائی۔ بلندی (۳) چھوڑنا۔ باز رہنا (۴) پیش۔ ضمہ ۔ **رفع دفع** (ف) (۱) دور کرنا۔ ہٹانا (۲) معاف کرنا ۔

باز رہنا (۳) دبانا ٭ **رفعت** (رِف۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) اونچائی۔ بلندی (۲) مرتبے کی بلندی۔ ترقی (۳) شان۔ عزت۔ بزرگی ٭

رفقا (رُ۔ فَقا) (ع) مذکر۔ رفیق کی جمع ٭

رفل (رَ۔ فَل) (ف) مذکر۔ ایک قسم کی نہایت باریک ململ (۲) (رائفل کا مخرّب) مذکر و مؤنث۔ ایک قسم کی بندوق ٭

رفو (رَ۔ فو) (ع) مذکر۔ دھاگوں سے کپڑے کے چھید بند کرنے کا کام۔ کپڑے کی مرمت کرنے کا کام ٭ **رفوچکر ہونا** (ف) ہوا ہونا۔ چل دینا۔ بھاگ جانا ٭ **رفو کرنا**۔ کپڑے کے سوراخ کو دھاگوں سے پیوند لگانا ٭ **رفوگر** (ع۔ ف) مذکر۔ رفو کرنے والا۔ وہ شخص، جو شال دوشالے وغیرہ میں رفو کرتا ہے ٭ **رفوگری**۔ مؤنث۔ رفو کا کام۔ رفو کرنے کا پیشہ ٭

رفیدہ (رَ۔ فِی۔ دَہ) (ع) مذکر (۱) پھوس بھری گول گدّی جس پر روٹی رکھ کر تنور میں لگائی جاتی ہے (۲) (ف) (طنزاً) گول اور بدوضع پگڑی ٭

رفیع (رَ۔ فِیع) (ع) بلند۔ اونچا ٭ **رفیع الشّان**۔ بڑے رتبے والا ٭

رفیق (رَ۔ فِیق) (ع) مذکر (۱) ہمراہی۔ ہم سفر۔ ساتھی (۲) (ف) دوست۔ مددگار (۳) خیرخواہ (۴) جلیس۔ مصاحب۔ ہم نشیں ٭

ر-ق

رقابت (رَ۔ قا۔ بَت) (ع) مؤنث (۱) نگہبانی۔ انتظار (۲) محبت میں شرکت (۳) چشمک۔ مخالفت ٭

رقّاص (رَق۔ قاص) (ع) مذکر۔ ناچنے والا ٭ **رقّاصہ**۔ مؤنث۔ ناچنے والی ٭

رقبہ (رَق۔ بَہ) (ع) مذکر (۱) گاؤں کے متعلق زمین (۲) وہ مقدار، جو زمین کے طول و عرض کو ضرب دینے سے حاصل ہو (۳) احاطہ ٭ **رقبہ بندی** (ع۔ ف) مؤنث۔ کسی جائداد یا ضلع وغیرہ کا رقبہ مقرر کرنا ٭ **رقبہ قابل تشخیص جمع** (ع) مذکر۔ وہ رقبہ، جس پر محصول لگا ہوا یا لگنے کو ہو ٭

رقّت (رِق۔ قَت) (ع) مؤنث (۱) ملایمت۔ نرمی (۲) پتلا پن (۳) (مجازاً) گریہ۔ رونا۔ دل بھر آنا (۴) (ف) وجد۔ حال (۵) رحم دلی۔ دردمندی۔ ہمدردی۔ ترس۔ رحم ٭ **رقّت آنا یا ہونا** (۱) دل بھر آنا (۲) وجد آنا۔ حال ہونا ٭ **رقّتِ منی** (ع) مؤنث۔ منی کا رقیق ہونا۔ دھات کا پتلا پڑنا ٭

رقص (رَقص) (ع) مذکر (۱) اچھلنا۔ کودنا (۲) ناچ۔ علم موسیقی کے مطابق حرکت کرنا ٭ **رقص و سرود** (ع۔ ف) مذکر۔ ناچ گانا۔ راگ رنگ۔ گانا بجانا ٭

رقعہ (رُق۔ عَہ) (ع) مذکر (۱) پرچہ۔ پرزہ (۲) چیتھڑا۔ پیوند۔ دھجی (۳) چٹھی۔ خط (۴) وہ کاغذ، جو پیام نسبت کے لیے شجرہ اور حسب و نسب لکھ کر دلھن کے گھر جاتا ہے (۵) کسی تقریب یا شادی میں بلانے کا اطلاع نامہ ٭

رقم (رَقَم) (ع) مؤنث (۱) نوشتہ۔ خط۔ تحریر (۲) چھاپا۔ نشان۔ نقش (۳) (ف) عدد۔ ہندسہ (۴) گہنا پاتا۔ زیور (۵) دولت مند۔ مال دار آدمی (۶) چالاک۔ ہوشیار۔ عجیب آدمی (۷) نوچی۔ کسبی۔ کسبن (۸) جنس۔ قسم (۹) طور طریق (۱۰) لگان کی شرح (۱۱) جواہر۔ جواہرات (۱۲) مال و دولت۔ قیمتی چیز ٭ **رقم جمع** (ع) مؤنث۔ وصول شدہ رقم ٭ **رقم سائر**۔ مؤنث۔ متفرق رقم ٭ **رقم سوائی** (ف) مؤنث۔ وہ آمدنی جو زمیندار کو لگان کے علاوہ موصول ہوتی ہے ٭ **رقم کرنا**۔ تحریر کرنا۔ لکھنا ٭ **رقم مشتبہ الوصول** (ع) مؤنث۔ وہ رقم جس کا موصول ہونا مشکوک ہو ٭

رقیب (رَ۔ قِیب) (ع) مذکر (۱) محافظ۔ پاسبان۔ نگہبان (۲) حریف۔ ہم پیشہ (۳) (ف) دشمن۔ مخالف (۴) جب ایک معشوق کے بہت سے عاشق ہوں تو ان میں ہر ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے ٭

رقیق (رَ۔ قِیق) (ع) (۱) ملائم۔ نرم (۲) باریک۔ پتلا۔ پانی کی مانند ٭ **رقیق القلب**۔ رحم دل۔ نرم دل۔ ترس کھانے والا۔ وہ شخص جس کا دل جلد بھر آتے ٭

رقیمہ (رَ۔ قِی۔ مَہ) (ع) مذکر۔ خط۔ رقعہ۔ چٹھی ٭

ر-ک

رُک (رُک) (ہ) (۱) رکنا کا امر (۲) مذکر۔ روک ٭ **رُک رُک کر** (۱) گھٹ گھٹ کر (۲) ٹھہر ٹھہر کر (۳) ہکلا کر۔ لکنت سے ٭ **رکاوٹ**۔ مؤنث۔ ٹھہراؤ۔ اٹکاؤ ٭ **رکاؤ** مذکر (۱) توقّف۔ روک۔ ٹھہراؤ (۲) مزاحمت۔ تعرض ٭ **رُکنا** (۱) تھمنا۔ ٹھہرنا (۲) لکنت کرنا۔ ہکلانا۔ تتلانا (۳) کھچنا۔ کشیدہ ہونا (۴) باز رہنا (۵) اٹکنا۔ ٹھٹکنا (۶) توقف کرنا۔ دم لینا (۷) پس و پیش کرنا۔ کشمکش و پیچ میں ہونا (۸) ڈٹنا۔ جمنا (۹) پُر ہونا۔ معمور ہونا (۱۰) مسدود ہونا۔ بند ہونا (۱۱) (عو) حیض نہ آنا (۱۲) جماع نہ کرنا (۱۳) بدکنا۔ بھڑکنا۔ جھجکنا (۱۴) چلنے یا بہنے سے رہ جانا (۱۵) پیچ و تاب کھانا (۱۶) ملاقات ترک کرنا۔ خفا ہونا (۱۷) روگرداں ہونا۔ اعتراض کرنا ٭

رکاب (رِ۔ کاب) (ع) مؤنث (۱) لوہے کا حلقہ، جو گھوڑے کے زین میں دونوں طرف لٹکتا رہتا ہے اور سوار اس پر پاؤں رکھ کر گھوڑے پر چڑھتا ہے (۲) (ف) رکابی (۳) پیالہ (۴) تھالی (۵) طباق ٭ **رکاب دار**۔ مذکر (۱) ماہر باورچی (۲) گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر ٭ **رکابی**۔ مؤنث۔ طشتری۔ تھالی ٭ **رکابی مذہب** (ف) بےپیندا۔ ہر رنگی چمچہ۔ طعام تلاش۔ خوشامدی۔ لالچی۔ طفیلی ٭

رکاکت (رَ۔ کا۔ کَت) (ع) مؤنث (۱) کمزوری۔ سستی (۲) بےعزتی (۳) کمینگی ٭

رکت (رَ۔ کَت) (س) مذکر (ہندو) خون۔ لہو ٭

رکشا (رَک۔ شا) (س) مؤنث (ہندو) بچاؤ۔ نگہبانی۔ پناہ۔ حفاظت۔ امان (۲) راکھی ٭ **رکشا بندھن** (ہ) مؤنث (۱) راکھی باندھنے کی رسم (۲) وہ تہوار، جس میں ہندو لوگ ہاتھوں پر راکھی باندھتے ہیں ٭

رکشا (رِک۔ شا) (ا) مؤنث (۱) ایک قسم کی گاڑی، جسے گھوڑے بیل وغیرہ کے بجائے آدمی جوتتے ہیں (۲) (انگ Rickshaw) موٹر کار وغیرہ کی طرح پیٹرول سے چلنے والی کرایے کی گاڑی۔ ٹیکسی ٭

رکعت (رَک۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) خمیدگی۔ جھکاؤ (۲) نماز کا آدھا یا تہائی یا چوتھائی حصہ جس میں رکوع اور سجود بھی شامل ہو۔ نماز کا رکن ٭

رُکن (رُکن) (ع) مذکر (۱) پیل پایہ۔ تھم۔ ستون (۲) ضروری حصہ (۳) (ف) سربراہ کار۔ کارندہ۔ ممبر (۴) اژدہا ٭ **رکنِ سلطنت** (ع) مذکر۔ حکومت کے امیروں

وزیروں میں سے ایک ہے ۔

رکوع (رُکُوع) (ع) مذکر ۔ نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنا ۔

رَکھ (رَکھ) (ہ) (۱) رکھنا کا امر (۲) (ع) جنگل ۔ **رَکھ پت ، رکھا پت** ۔ مثل ۔ عزت کرو ، عزت پاؤ ۔ **رکھ رکھاؤ** ۔ مذکر ۔ دیکھ بھال ۔ حفاظت ۔ **رَکھا رکھایا** (۱) رکھا ہوا (۲) باسی ۔ **رکھنا** (۱) لگانا ۔ دھرنا (۲) خبرداری کرنا ۔ بچانا (۳) اکٹھا کرنا ۔ جمع کرنا (۴) موقوف کرنا ۔ چھوڑنا (۵) قبر میں اتارنا ۔ دفن کرنا (۶) رہن کرنا (۷) خیال کرنا (۸) مار لینا ۔ دبا لینا (۹) ٹھہرانا ۔ روکنا (۱۰) مقرر کرنا (۱۱) نطفہ ڈالنا (۱۲) کھڑا کرنا ۔ نصب کرنا (۱۳) مارنا ۔ لگانا (۱۴) انڈے دینا (۱۵) قرض دار ہونا ۔ مقروض ہونا (۱۶) پیش کرنا ۔ حوالے کرنا (۱۷) بھینٹ چڑھانا ۔ نذر کرنا (۱۸) آلا بالا بتانا ۔ ٹالنا (۱۹) درجہ نہ بڑھنے دینا ۔ ترقی نہ ہونے دینا (۲۰) سپرد کرنا (۲۱) بازی لگانا ۔ شرط بدنا (۲۲) برتن میں ڈالنا (۲۳) پالنا ۔ پرورش کرنا (۲۴) قبول کرنا (۲۵) ذمے ڈالنا (۲۶) خیانت کرنا ۔ چرانا ۔ **رکھوالا** ۔ مذکر ۔ چوکیدار ۔ نگہبان ، محافظ ، نگران ، چوکسی کرنے والا ۔ **رکھوالی** ۔ مؤنث (۱) پاسبانی ۔ حفاظت (۲) چوکیداری کی تنخواہ ۔ **رکھوانا** (۱) جمع کرانا (۲) دھرانا (۳) ملتوی کرانا (۴) گرو کرانا (۵) ساتھ سُلانا (۶) نوکر کرانا ۔

رُکھ (رُکھ) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "رُوکھ" ۔ **رُکھ چڑھا** ۔ مذکر ۔ بندر ۔

رُکھانی ، رُوکھانی (رُکھا ۔ نی ، رُو ۔ کھا ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ بڑھئی کا ایک اوزار ۔ نہانی ۔ چھینی ۔

رُکھائی (رُکھا ۔ ای) (ہ) مؤنث (۱) روکھا پن ۔ بداخلاقی ۔ بے التفاتی (۲) بے مروتی ۔ بے وفائی ۔ انکار ۔ اعراض ۔

رکھونچا (رکھوں ۔ چا) (ہ) مذکر ۔ بڑیاں ۔ وہ ٹکڑے ، جو مونگ یا ماش کی دھوئی ہوئی دال پیس کر بناتے ہیں ۔

رکیک (رَکیک) (ع) (۱) سُست (۲) دبلا پتلا (۳) باریک (۴) ذلیل ۔ حقیر ۔

رکین (رَکین) (ع) مضبوط ۔

ر-گ

رگ (رَگ) (ف) مؤنث (۱) نس ۔ نبض ۔ عرق ۔ جسم کی وہ نلیاں جن میں خون رہتا ہے (۲) (ف) پٹھا ۔ عصب (۳) پتے یا پھول کا ریشہ (۴) آنکھ کا ڈورا (۵) ذات ۔ اصل نسل (۶) دھاگا ۔ تاگا ۔ تار ۔ **رگ اترنا** (۱) غصہ فرو ہونا ۔ ضد اترنا (۲) آنت کا فوطے میں اتر آنا ۔ **رگ پٹھے سے واقف ہونا** ۔ ذات بنیاد سے آگاہ ہونا ۔ اصل نسل اور عادت سے واقف ہونا ۔ **رگ پھڑکنا** ۔ کسی ہونے والی بات سے باخبر ہونا ۔ شدنی امر سے آگاہ ہونا ۔ ماتھا ٹھنکنا ۔ **رگِ جان** (ف) مؤنث ۔ وہ بڑی رگ ، جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا ہے اور یہ دل سے تعلق رکھتی ہے ، شاہ رگ ۔ **رگ زن** ۔ فصد کھولنے والا ۔ جراح ۔ **رگِ غیرت** (ف ۔ ع) مؤنث ۔ حمیت کا جوش ۔ غیرت کا جوش ۔ **رگ و پے** (ف) مذکر ۔ رگ پٹھا ۔ **رگ و ریشہ** ۔ مذکر (۱) گوشت پوست ۔ رگ پٹھا (۲) ذات ۔ اصل نسل (۳) خو بو (۴) بنیاد ۔ **رگ و ریشہ میں پڑنا** (۱) گھٹی میں پڑنا ۔ گوشت پوست اور خمیر و سرشت میں داخل ہونا ۔

رگڑ (رَگَڑ) (ہ) مؤنث (۱) معمولی سا زخم ۔ وہ نشان ، جو دو چیزوں کے باہم ٹکرانے یا لڑنے سے پڑ جائے (۲) رگڑنا کا امر ۔ **رگڑنا** (۱) گھسنا (۲) ملنا (۳) صاف کرنا (۴) گھوٹنا (۵) کھال کھینچنا (۶) حیران کرنا ۔ ستانا (۷) حرکت دینا ۔ متحرک کرنا (۸) آہستہ آہستہ ملنا ۔

رگڑا (رَگ ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) پیسنا (۲) بھنگ گھوٹنا (۳) خراش ۔

رگڑا جھگڑا (رَگ ۔ ڑا ، جھَگ ۔ ڑا) بحث و تکرار ۔ فساد ۔ لڑائی بھڑائی ۔ جھگڑا ۔

رِگ وید ۔ یا ۔ رِگ بید (رِگ ۔ وید ، یا ، رِگ ۔ بید) (س) مذکر ۔ چار ویدوں میں سے پہلا وید ۔

رگیدنا (رَگید ۔ نا) (ہ) (۱) پیچھا کرنا ۔ بھگانا (۲) استعمال میں رکھنا ۔ کام میں لانا (۳) رگڑنا ۔ مجامعت کرنا (۴) حیران کرنا ۔ تنگ کرنا ۔

ر-ل

رَل (رَل) (ہ) رَلنا کا امر ۔ **رَلا** (۱) رَلنا سے ماضی مطلق (۲) رَلانا کا امر (۳) مذکر (ہندی) ملاؤ ۔ آمیزش (۴) بکھیڑا ۔ جھمیلا (۵) مغالطہ ۔ بھول ۔ **رَلا پڑنا** (۱) حساب میں بھول پڑنا ۔ مغالطہ پڑنا (۲) بکھیڑا ہونا ۔ **رَلا ڈالنا** (۱) مغالطہ ڈالنا (۲) جھگڑا ڈالنا (۳) ملا دینا ۔ آمیزش کرنا ۔ **رَلا مِلا** ۔ ملا جلا ۔ **رَلانا** (ہندی) (۱) شامل کرنا ۔ آمیز کرنا ۔ ملانا (۲) گڑبڑ کرنا ۔ **رَلنا** (۱) آمیز ہونا ۔ ملنا (۲) شامل ہونا (۳) سازش ہونا (۴) گڑبڑ ہونا ۔

رُل (رُل) (ہ) رُلنا کا امر ۔ **رُلنا** (۱) تباہ ہونا (۲) ہموار ہونا (۳) زندہ پھرنا (۴) بکھرنا (۵) آوارہ ہو جانا ۔

رُلا (رُلا) (ہ) رُلانا کا امر ۔ **رُلانا** ۔ رونا کا متعدی ۔ گریہ و زاری کرانا ۔ رقت دلانا ۔

ر-م

رَم (رَم) (ف) مذکر (۱) وحشت (۲) ڈر (۳) گریز ۔ **رَمیدگی** ۔ مؤنث (۱) بھاگنا ۔ وحشت (۲) نفرت ۔ تنفر ۔ **رَمیدہ** ۔ بھاگا ہوا ۔

رَم (رَم) (انگ ۔ Rum) مؤنث ۔ گڑ کی شراب ۔

رِم (رِم) (ہند) مذکر ۔ دیکھیے "ریم ، انگ" ۔

رَمّال (رَم ۔ مال) (ع) مذکر ۔ نجومی ۔ جوتشی ۔ رمل کا علم جاننے والا ۔

رُمّان (رُم ۔ مان) (ع) مذکر ۔ انار ۔

رمانا (رَما ۔ نا) (ہ) (۱) گھمانا ۔ پھرانا (۲) رچانا (۳) اختیار کرنا ۔

رمبھانا (رَمبھا ۔ نا) (ہ) (گنوار) (۱) گائے کا بولنا (۲) بھینس کا ڈکرانا ۔

رمتا (رَم ۔ تا) (ہ) چلتا پھرتا ۔ گھومنے والا ۔ **رمتا جوگی** ۔ مذکر ۔ پھرتا پھراتا جوگی ۔ درویش ۔ سیاح ۔

رم جھم (رِم۔جھِم) (ہ) (پوربی) مینہ کی ہلکی آواز ؛

رمد (رَمَد) (ع) مذکر۔ ایک مرض جس سے آنکھیں سرخ رہتی ہیں ؛

رمز (رَمْز) (ع) مؤنث (۱) عشوہ۔ غمزہ۔ آنکھوں، بھووں یا ہونٹوں کا اشارہ (۲) اشارہ۔ ایما (۳) (ل) پیچ دار بات۔ پہیلی۔ معمّا (۴) طنز۔ بھید (۵) باریکی۔ نکتہ (۶) نوک جھونک (۷) طعنہ۔ بہنا (۸) نشان۔ علامت (۹) معاملہ۔ بات (۱۰) مخفی بات۔ پوشیدہ بات (۱۱) پہلو دار بات۔ ایک سے زیادہ معنی رکھنے والی بات (۱۲) مراد۔ مفہوم۔ بات کی جڑ ؛ **رمز پھینکنا۔ یا۔ مارنا** (ہ) (۱) اشارہ کنایہ کرنا (۲) بھید کی بات کہنا (۳) آوازہ توازہ کسنا ؛ **رمز شناس** (ع۔ ف) اشارہ پہچاننے والا ؛ **رمز کی باتیں** (ہ) مؤنث (۱) بھید کی باتیں (۲) اشارے کنایے کی باتیں (۳) طعنے مہنے (۴) نکتے کی باتیں ؛

رمضان (رَمَضان) (ع) (رَم۔ضان) (ف) (۱) (لغوی) جلانے والا (۲) (اصطلاحی) نواں اسلامی مہینا۔ ماہِ صیام۔ وہ مہینا جس میں مسلمان روزے رکھتے، راتوں کو تراویح پڑھتے اور اکثر خدا کی عبادت میں مصروف رہتے ہیں، چونکہ اس عمل سے گناہ جل جاتے ہیں، اس لیے رمضان نام رکھا گیا ؛ **رمضان کے نمازی**۔ مذکر۔ عارضی نمازی۔ تھوڑے دنوں کے نمازی ؛

رمق (رَمَق) (ع) مؤنث (۱) تھوڑی سی جان۔ رہی سہی جان۔ آخری سانس (۲) (ل) ذرا سا (۳) چاشنی کا کچھ اثر ؛

رَمل (رَمْل) (ع) مذکر (۱) بالو۔ ریت۔ ریگ (۲) ایک علم جس کے ذریعے سے غائب کی بات بتاتے ہیں ؛

رَمَل (رَمَل) (ع) مؤنث (۱) علم عروض کی ایک بحر (۲) اِٹھلا کر چلنا ؛

رمنا (رَم۔نا) (ہ) (۱) سیر کرنا۔ گشت کرنا۔ ڈولنا۔ گھومنا۔ پھرنا (۲) جاتا رہنا۔ کھویا جانا۔ گم ہونا (۳) سرگرداں پھرنا۔ آوارہ پھرنا (۴) سرایت کرنا۔ بسنا۔ سمانا (۵) روانہ ہونا۔ جانا (۶) ملک ملک پھرنا۔ زمین ناپنا۔ سیاحت کرنا (۷) کہیں کا کہیں چلا جانا۔ بھٹکنا۔ بھولنا (۸) فریفتہ ہونا۔ موہا جانا۔ لٹو ہونا۔ محو ہونا (۹) مقیم ہونا۔ چھاؤنی چھانا۔ رہ پڑنا ؛

رمنا (رَم۔نا) (ہ) مذکر (۱) سبزہ زار۔ مرغزار۔ چراگاہ۔ وہ جگہ، جہاں جانوروں کی بہت آمد و رفت رہے (۲) صید گاہ۔ شکار گاہ۔ وہ جنگل، جہاں بادشاہ وحشی جانوروں کو سیر و شکار کے لیے چھڑوا دیتے ہیں ؛

رموز (رُمُوز) (ع) مؤنث۔ رمز کی جمع ؛

رمیم (رَمِیم) (ع) پرانا۔ کہنہ۔ بوسیدہ۔ گلا ہوا ؛

ر۔ ن

رن (رَن) (ہ) مذکر (۱) لڑائی۔ معرکہ۔ جنگ (۲) گھمسان کی لڑائی۔ جنگِ عظیم (۳) قتل گاہ۔ میدانِ جنگ (۴) داغ۔ آبلہ (۵) ویرانہ۔ جنگل (۶) (رپ) مؤنث۔ عورت ؛ **رن بولنا** (۱) میدانِ جنگ سے آواز نکلنا (۲) دوڑ بولنا ؛ **رن بہادر** (ہ) مذکر۔ جنگ بہادر۔ بہادر۔ سپہ سالار کا خطاب ؛ **رن پڑنا** (ہ) جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا ؛ **رن جیت۔ رنجیت**۔ مذکر (ہندی) فتح مند۔ فاتح۔ ملک گیر ؛ **رن دھیر۔ رندھیر** (ہندی) دلیر۔ شجاع۔ بہادر ؛

رن (رَن) (انگ) Run مؤنث۔ دوڑ (کرکٹ کھیلنے والے بولتے ہیں) ؛

رنج (رَنْج) (ف) مذکر (۱) بیماری۔ درد۔ دکھ (۲) غضب۔ غصہ۔ کدورت (۳) (ل) اندوہ۔ ملال۔ غم (۴) ماتم۔ سوگ (۵) پچھتاوا۔ افسوس ؛ **رنج مول لینا**۔ خدا واسطے اپنے سر کوئی دکھ لینا ؛ **رنج و محن** (ف۔ ع) مذکر (۱) درد۔ دکھ (۲) مصیبت۔ تکلیف ؛ **رنج ہونا** (ہ) (۱) افسوس ہونا۔ غم ہونا (۲) (پوربی) ناراض ہونا۔ خفا ہونا ؛ **رنجش** (ف) مؤنث (۱) ناخوشی۔ آزردگی۔ غم (۲) اَن بَن۔ بگاڑ ؛ **رنجور** بیمار۔ ملول ؛ **رنجوری**۔ مؤنث۔ روگ۔ بیماری ؛ **رنجیدگی** مؤنث۔ دیکھیے "رنجش" ؛ **رنجیدہ** (۱) اداس۔ مغموم۔ غمگین۔ دکھی (۲) بیزار۔ ناخوش۔ ناراض۔ خفا ؛ **رنجیدہ خاطر** (ف۔ ع) (۱) ناخوش۔ ناراض (۲) دکھیا ؛

رنجک (رَنْج۔جَک) (ف) مؤنث (۱) بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے لیے رکھی جاتی ہے (۲) اغوا۔ تحریک (۳) سفوف۔ چورن ؛ **رنجک اڑانا** (ہ) (۱) بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا (۲) فتیلہ دینا۔ بتی لگانا (۳) چمکانا (۴) پھسکی لگانا۔ گوز اڑانا ؛ **رنجک پلانا، ڈالنا، رکھنا**۔ بندوق یا توپ کے پیالے میں بارود رکھنا ؛ **رنجک چاٹ جانا** (۱) بندوق یا توپ کا سر نہ ہونا (۲) رنجک کا دھواں دے کر رہ جانا ؛

رَند (رَنْد) (ہ) مذکر۔ قلعے کی دیوار یا شہر کی فصیل کے وہ سوراخ، جو دشمن پر اندر سے بندوقیں چلانے کے لیے چھوڑ دیے جاتے ہیں ؛

رِند (رِنْد) (ف) مذکر (۱) وہ شخص، جو مذہب کا پابند نہ ہو۔ آزاد (۲) (ل) اوباش۔ نشہ باز۔ متوالا (۳) نواب سید محمد خاں فیض آبادی کا تخلص ؛ **رند مذہب۔ یا۔ رند مشرب** (ف۔ ع) مذکر (۱) آزاد (۲) اوباش وضع ؛ **رندانہ** (ف) (۱) رند سے نسبت رکھنے والا۔ آزادانہ (۲) اوباشانہ ؛ **رندی**۔ مؤنث۔ رندوں کا کام۔ اوباشی ؛

رندہ (رَن۔دَہ) (ف) مذکر۔ لکڑی چھیلنے اور صاف کرنے کا اوزار ؛

رُندھنا (رُنْدھ۔نا) (ہ) (۱) پِٹنا۔ پامال ہونا (۲) امنڈنا۔ بھر آنا ؛

رَنڈ (رَنْڈ) (ہ) مؤنث (پوربی) ارنڈ کا درخت ؛

رَنڈ (رَنْڈ) (ہ) مؤنث۔ رانڈ کا مخفف ؛ **رنڈ سالا**۔ مذکر (۱) بیوہ کا جوڑا۔ ماتمی لباس ؛ **رنڈ سالا پہننا**۔ رانڈ ہو جانے کا لباس پہننا۔ رانڈ ہونا۔ بیوہ ہونا ؛ **رنڈاپا**۔ مذکر (۱) بیوہ پن۔ بیوگی (۲) بیوگی کا زمانہ ؛ **رنڈوا**۔ مذکر۔ وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو ؛ **رنڈوا بھنڈوا**۔ مذکر (عو) خانہ ویران۔ خانہ خراب ؛

رُنڈ (رُنْڈ) (ہ) (۱) سر کے بغیر جسم۔ دھڑ (۲) شاخوں کے بغیر درخت کا تنہ ۔ **رُنڈ مُنڈ**۔ چاروں ابرو کا صفایا کیے ہوئے۔ صفاچٹ ۔

رنڈی (رَنْ۔ڈِی) (ہ) مؤنث (۱) عورت۔ زن۔ اِستری۔ نار (۲) (مجازاً) بازاری عورت۔ فاحشہ۔ کسبی۔ چاتر (۳) ناچنے والی۔ رقاصہ ۔ **رنڈی باز** (ہ) مذکر۔ زناکار۔ تماش بین۔ عیاش۔ زانی ۔ **رنڈی بازی** مؤنث۔ زناکاری۔ عیاشی۔ تماش بینی ۔

رنگ (رَنْگ) (ف) مذکر (۱) رنگت۔ روپ۔ فام (۲) کھیل کود (۳) راگ گانا۔ ناچ (۴) طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ انداز۔ روش۔ طرز (۵) حالت۔ احوال۔ حال (۶) درجہ۔ کیفیت (۷) جوبن۔ بہار (۸) گونج۔ چرچا۔ سماں (۹) نظیر۔ مثل۔ مانند (۱۰) وارنش۔ روغن (۱۱) خوش حالی۔ خوشی (۱۲) قانون۔ قاعدہ۔ رسم۔ دستور (۱۳) نوع۔ قسم (۱۴) خوب صورتی۔ چمک۔ رونق (۱۵) سیر۔ تماشا (۱۶) چہل۔ مذاق۔ ہنسی (۱۷) گنجفے کی ہر بازی (۱۸) جوڑ۔ ہمسر (۱۹) دھوم دھام۔ رونق (۲۰) شغل (۲۱) مزہ۔ لطف (۲۲) نشہ۔ مستی (۲۳) لہو۔ خون (۲۴) رنگنا کا امر ۔ **رنگ آشنا** (ف) چہرہ دیکھ کر حال معلوم کرنے والا ۔ **رنگ آمیزی**۔ مؤنث (۱) رنگ سازی۔ رنگ کا کام (۲) مصوری۔ نقاشی (۳) عبارت آرائی (۴) مبالغہ ۔ **رنگ اُڑجانا۔ یا۔ اُڑنا** (ہ) (۱) رنگ جاتا رہنا (۲) غیرت و شرم یا خوف سے رنگ زرد ہوجانا ۔ **رنگ اکھڑنا**۔ محفل میں بے رونقی ہونا۔ بے رنگی ہونا۔ رنگ نہ جمنا ۔ **رنگ باندھنا**۔ سماں باندھنا ۔ **رنگ بدلنا** (۱) رنگ اُڑنا۔ رنگ پلٹنا (۲) حال بدلنا۔ ڈھنگ بدلنا۔ طرز بدلنا (۳) کایا پلٹنا (۴) خفا ہونا۔ بگڑنا ۔ **رنگ برنگ کا**۔ طرح طرح کا۔ گوناگوں۔ بوقلموں ۔ **رنگ بندھنا**۔ رنگ قائم ہونا۔ مزین ہونا۔ رنگ پکڑنا ۔ **رنگ بھرنا**۔ رنگین بنانا۔ تصویر یا کسی شے میں رنگ لگانا ۔ **رنگ بھنگ کرنا**۔ لطف بگاڑنا۔ مزہ کھنڈت کرنا ۔ **رنگ بے رنگ ہونا**۔ حالت خراب ہونا۔ حال بے حال ہونا ۔ **رنگ پاشی** (ف) مؤنث (۱) رنگ چھڑکنا (۲) رنگ کھیلنے کی رسم، جو ہولی کے دوسرے دن منائی جاتی ہے ۔ **رنگ پر آنا** (ہ) (۱) رونق پر آنا، جوبن پر آنا۔ بہار پر آنا (۲) تیز ہونا۔ زوروں پر آنا ۔ **رنگ پکڑنا** (۱) رنگ چڑھنا۔ رنگین ہونا۔ رنگ آنا (۲) ترو تازگی حاصل کرنا۔ چمکنا۔ رونق پکڑنا ۔ **رنگ پھیکا ہونا** (۱) شرم یا غیرت سے چہرے کا رنگ فق ہونا۔ رنگ اُداس ہونا (۲) بے لطف ہونا ۔ **رنگ پیدا کرنا**۔ نئی وضع یا طرز یا ڈھنگ اختیار کرنا ۔ **رنگ ٹپکنا** (۱) رس ٹپکنا۔ رنگ برسنا (۲) روشنی جھلکنا۔ نور برسنا ۔ **رنگ جل جانا**۔ یعنی سیاہ پڑ جانے کے باعث منہ پر کالک چھا جانا۔ رنگ سانولا ہوجانا ۔ **رنگ جمانا** (۱) رنگنا۔ رنگ چڑھانا (۲) بنیاد ڈالنا (۳) اثر ڈالنا (۴) رونق دینا ۔ **رنگ جمنا** (۱) رنگ آنا۔ رنگ قائم ہونا۔ رنگ چڑھنا (۲) فروغ پانا۔ بڑھنا۔ زینت پانا۔ رونق پکڑنا (۳) سماں بندھنا۔ رنگ گٹھنا (۴) آنکھوں میں کھبنا۔ سمانا۔ چبھنا (۵) رنگ کی گوٹ یا نرد کا حسب منشا اپنے گھر پر بیٹھنا ۔ **رنگ چڑھانا** (۱) رنگ نکالنے کے لیے کسم بھگو کر چڑھانا۔ ریتی چڑھانا (۲) رنگین کرنا۔ رنگ دینا۔ رنگنا (۳) روغن کرنا۔ وارنش کرنا (۴) رونق دار بنانا (۵) مست کرنا (۶) سماں باندھنا (۷) اپنا سا بنانا (۸) خدا کی پہچان کا مزہ ڈالنا ۔ **رنگ چڑھنا** (۱) رنگا جانا۔ رنگ آنا (۲) نشیلا ہونا (۳) رنگ چمکنا۔ رنگ پر آنا (۴) روغن چڑھنا۔ وارنش ہونا (۵) معرفت میں رنگا جانا (۶) ہم رنگ ہونا ۔ **رنگ دار** (ف) (۱) رنگا ہوا۔ رنگین (۲) چمکیلا۔ مجلا ۔ **رنگ دکھانا۔ یا۔ دکھلانا** (ہ) (۱) لطف دکھانا۔ جوبن دکھانا (۲) ہنر ظاہر کرنا (۳) بُری عادت کا ظاہر کرنا (۴) شعبدہ بازی کرنا ۔ **رنگ دیکھنا** (۱) بہار دیکھنا۔ سیر دیکھنا (۲) نتیجے پر نظر ڈالنا (۳) رخ دیکھنا، موقع دیکھنا (۴) کیفیت دیکھنا ۔ **رنگ دینا** (۱) رنگ کر دینا (۲) مزہ دینا۔ لطف دینا ۔ **رنگ ڈھنگ**۔ مذکر (۱) چال چلن (۲) خصلت۔ عادت۔ برتاؤ (۳) کیفیت۔ حالت ۔ **رنگ رس** (مذکر) **رنگ رلیاں** (مؤنث) گانے بجانے کی خوشی۔ عیش و نشاط۔ مذاق۔ کھیل تماشا۔ عیش و عشرت ۔ **رنگ رنگنا** (۱) کوئی رنگ چڑھانا (۲) کسی رنگ میں کپڑا رنگین کرنا ۔ **رنگ رنگیلا** (۱) رنگین (۲) عیاش۔ نالائق ۔ **رنگ روپ۔ رنگ روغن**۔ مذکر (۱) آب و تاب۔ چمک دمک (۲) چہرا مہرا۔ خط و خال۔ حلیہ ۔ **رنگ ریز۔ رنگریز**۔ مذکر۔ کپڑا رنگنے والا ۔ **رنگ زرد۔ یا۔ سفید۔ یا۔ فق ہونا** (۱) کسی وجہ سے چہرے کی سرخی کا جاتا رہنا۔ منہ کا رنگ زرد پڑنا (۲) خون خشک ہوجانا (۳) حیرت میں ہونا ۔ **رنگ ساز** (ف) مذکر (۱) رنگ یا وارنش بھرنے والا۔ رنگ کرنے والا (۲) نقاش۔ مصور (۳) رنگ بنانے اور تیار کرنے والا (۴) کیمیاگر ۔ **رنگ سفید پڑنا۔ یا۔ ہونا**۔ نزاکت یا ڈر کے سبب چہرہ سفید ہونا (۲) کسی تکلیف یا صدمے سے چہرے کا سفید ہونا ۔ **رنگ کاٹنا** (۱) ترشی یا کھار کام میں لاکر کسی چیز میں سے رنگ جدا کرنا۔ رنگ دور کرنا (۲) مقابل کی رنگ کی نرد مارنا (۳) دوسرے کا جما ہوا اعتبار اٹھا دینا ۔ **رنگ کٹنا** (۱) رنگ زائل ہونا۔ رنگ اُڑانا (۲) شرم یا پشیمانی سے رنگ بدل جانا ۔ **رنگ کرنا** (۱) رنگنا۔ رنگ چڑھانا (۲) جشن کرنا۔ خوشی منانا ۔ **رنگ کھیلنا۔ یا۔ ڈالنا**۔ خوشی کی تقریب میں ایک دوسرے پر رنگ پھینکنا۔ ہولی کھیلنا ۔ **رنگ لانا** (۱) رنگین ہونا (۲) بُرائی کرنا (۳) ناراض ہونا (۴) تماشا دکھانا (۵) سزا دینا۔ مزہ چکھانا (۶) عجیب عجیب روپ بھرنا۔ نیا نیا روپ دکھانا (۷) واویلا کرنا۔ فساد مچانا (۸) اپنی اصل پر آجانا (۹) جھگڑا تکرار کرنا (۱۰) فریب کرنا (۱۱) تکلیف دینا۔ ستانا۔ (۱۲) رنگینی ظاہر کرنا۔ رنگ دکھانا (۱۳) چوسر میں رنگ کی نردوں کا پہلے گھر میں آکر اکٹھا جانا ۔ **رنگ لینا** (۱) اپنے ڈھنگ پر لے آنا (۲) مذہب میں داخل کر لینا (۳) ہم رنگ بنا لینا ۔ **رنگ مارنا**۔ بازی لینا۔ رنگ کی نرد مارنا ۔ **رنگ محل** (ف۔ ع) مذکر (۱) وہ مکان، جس میں بادشاہ یا امراء عیش مناتیں۔ عشرت گاہ۔ عیش و عشرت کا گھر (۲) سجا ہوا مکان (۳) لاہور کا ایک بازار ۔ **رنگ میں بھنگ ہونا** (ہ) خوشی میں رنج ہونا ۔ **رنگ میں ڈوبنا** (۱) عیش و عشرت میں غرق ہونا (۲) عشق و محبت یا جام وحدت

کا متوالا ہونا ٭ **رنگ نکلنا** (۱) رنگ باہر آنا (۲) چہرے کا صاف اور شفّاف
ہونا۔ منہ پر رونق آنا ٭ **رنگا رنگ** (ف) مختلف رنگوں کا۔ رنگ برنگ۔
گوناگوں ٭ **رنگانا** (ہ) رنگت دلوانا۔ رنگ کرانا ٭ **رنگا ہُوا** (۱) رنگین۔
رنگ کیا ہُوا (۲) عارف کامل ٭ **رنگائی**۔ مؤنّث (۱) رنگوائی (۲) رنگوانے
کی اُجرت ٭ **رنگت**۔ مؤنّث (۱) رنگ (۲) چہرے کا رنگ (۳) کپڑے کے
اوپر کا رنگ (۴) روپ (۵) کیفیت۔ حالت ٭ **رنگنا** (۱) رنگ چڑھانا۔
رنگ کرنا (۲) ہم رنگ کرنا۔ اپنا سا بنانا (۳) عارف بنانا ٭ **رنگوانا**
دیکھیے "رنگانا" ٭ **رنگوائی**۔ مؤنّث۔ دیکھیے "رنگائی" ٭ **رنگیلا** (۱) رنگین مزاج
(۲) خوش پوشاک۔ بانکا (۳) زندہ دل (۴) وضع دار (۵) عیّاش ٭ **رنگین**
(ف) (۱) رنگ دار۔ رنگا ہُوا (۲) (ف) چھیلا۔ رنگیلا (۳) خوش طبع۔ زندہ دل
(۴) سجا ہُوا۔ مزیّن (۵) رنگ برنگ کا (۶) گُل رنگ۔ سُرخ ٭ **رنگین ادا**
(ف) خوش ادا۔ طرح دار۔ وہ شخص، جو نئی نئی وضع اور نئے نئے انداز نکالے ٭
رنگین عبارت (۱) دلچسپ مضمون۔ وہ عبارت، جس میں باغ کا تلازمہ ہو
(۲) (مجازاً) مقفّٰی و مسجّع عبارت ٭ **رنگین مزاج** (ف۔ع) ہنس مُکھ۔
خوش طبع۔ رنگیلا۔ زندہ دل۔ خوش مزاج ٭ **رنگینی** (ف) مؤنّث (۱) تلوّن
(۲) بناؤ سنگار۔ نمائش۔ آرائش۔ بھڑک (۳) خوش طبعی۔ خوش مزاجی (۴)
چھیل پن۔ بانکپن ٭

رنگ (رَنگ) (ہ) مذکّر۔ رانگ کا مخفّف۔ رانگا۔ قلعی ٭ **رنگ بھریا**۔ مذکّر۔
رانگ کا زیور بنانے اور کھلونے ڈھالنے والا ٭

رنگترہ (رَنگ۔ تَرہ) (ہ) مذکّر۔ سنترا۔ سنگترہ۔ نارنج۔ ایک قسم کی بڑی
نارنگی ٭

رنگروٹ (رَنگ۔ رُوٹ) (مہنّد) رانگ۔ رکروٹ مذکّر
(۱) نیا بھرتی کیا ہُوا۔ نیا سپاہی (۲) نوآموز ٭

رنگن (رَنگ۔ گَن) (ہ) مذکّر۔ سبز پتّے کا عرق ٭

ر۔و

رَو (رَو) (ہ) مؤنّث (۱) دھار۔ سیلاب۔ پانی کا بہاؤ (۲) غصّہ۔ ولولہ۔ جوش۔
کرودھ (۳) خیال۔ دُھن (۴) لشکر۔ فوج (۵) انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ ٭

رُو (رُو) (ف) (۱) مذکّر۔ مُنہ۔ چہرہ۔ شکل۔ صورت۔ رخ۔ مُکھڑا (۲) (مذکّر و
مؤنّث) سبب۔ باعث۔ وجہ (۳) تختہ۔ سطح۔ بساط (۴) آگا۔ سامنا
(۵) (ہ) تمنّا۔ اُمّید (۶) رعایت ٭ **رُوبراہ** (ف) (۱) کمربستہ۔ مستعد۔
تیار (۲) درست۔ اصلاح کیا ہُوا ٭ **روبرو**۔ آمنے سامنے۔ مقابل۔
مُنہ در مُنہ ٭ **روبرو کرنا** (ہ) (۱) مقابل کرنا۔ سامنے کرنا (۲) ہاتھ پکڑنا۔
سپرد کرنا (۳) پردہ اٹھانا۔ صورت دکھانا (۴) پیش کرنا۔ حاضر کرنا ٭
روبرو لانا۔ آگے لانا۔ پیش کرنا۔ حاضر کرنا۔ سامنے لانا ٭ **روبصحت**
(ف) تندرست ہونے کی طرف مائل ٭ **روبکار**۔ مؤنّث (۱) سامنا (۲)
(مجازاً) پیشی۔ مقدمے کی تاریخ (۳) وہ فیصلہ، جو کسی حاکم کے سامنے
لکھا جائے (۴) وہ حکم، جو عدالت کی طرف سے لکھا جائے ٭ **روبکاری**۔
مؤنّث (۱) مقدمے کی پیشی یا تاریخ (۲) مقدمے کی کارروائی ٭ **روپوش** (۱)
مُنہ چھپائے ہوئے۔ پوشیدہ۔ مخفی (۲) بھاگا ہُوا۔ مفرور۔ چھپا ہُوا ٭
روپوش ہونا (ہ) (۱) مفرور ہونا۔ غائب ہونا (۲) پوشیدہ ہونا۔ مخفی ہونا ٭
روداد۔ رُوئداد (ف) مؤنّث (۱) حقیقت۔ حالت۔ کیفیت (۲) ماجرا۔ کہانی۔
سرگزشت (۳) کارروائی۔ رپورٹ (۴) عدالت کی کارروائی ٭ **روداد مقدمہ**۔
مؤنّث۔ مقدمے کی کیفیت۔ عدالت کی کارروائی ٭ **رودار** (ہ) (۱) شکیل۔
وجیہ۔ خوب صورت (۲) باوضع۔ جوان ٭ **رورعایت** (ف۔ع) مؤنّث۔
لحاظ۔ پاسِ خاطر۔ طرف داری ٭ **روسیاہ** (ف) (۱) کالے مُنہ کا (۲) عاصی۔
گنہگار (۳) بے عزّت۔ حقیر۔ ذلیل ٭ **روسیاہی**۔ مؤنّث۔ رسوائی۔ ذلّت۔
بدنامی۔ داغ ٭ **روشناس**۔ جان پہچان والا۔ واقف کار ٭ **روشناسی**۔
مؤنّث۔ صاحب سلامت۔ ملاقات۔ جان پہچان۔ واقفیت ٭ **رُوکش**
(۱) شرمندہ کرنے والا (۲) مقابل (۳) مشابہ۔ مانند۔ ہمسر۔ نظیر ٭
روگرداں۔ اُلٹا ہُوا۔ پلٹا ہُوا ٭ **رومال**۔ مذکّر۔ منہ پونچھنے کا کپڑا۔
دست مال۔ انگوچھا۔ تولیا ٭ **رومال پر رومال بھگونا** (ہ) اتنا رونا کہ
رومال بھیگ جائے۔ زار زار رونا ٭ **رومالی**۔ مؤنّث (۱) وہ رومال، جو
عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں (۲) وہ کھونٹا سا کپڑا، جو پہلوان لوگ کسرت کے
وقت باندھتے ہیں (۳) گلے میں باندھنے کا کپڑا۔ گلوبند (۴) لڑکیوں کے اوڑھنے
کا دوپٹّا۔ اوڑھنی (۵) میانی کا کپڑا ٭ **رومالی چاول**۔ مذکّر۔ وہ نہایت باریک
اور عمدہ چاول، جو رومال میں باندھ کر گرم پانی میں ڈالنے سے فوراً اُبل جاتے ہیں ٭
رومالی سوّیاں۔ مؤنّث۔ وہ نہایت باریک سوّیاں، جو رومال میں باندھ کر کھولتے
پانی میں غوطہ دینے سے فوراً تیار ہو جاتی ہیں ٭ **رونمائی** (ف) مؤنّث۔ سلامی۔
دیدار کی نذر۔ وہ نقدی، جو دلہن کا مُنہ دیکھ کر اس کے خاوند کے رشتہ دار
دیتے ہیں ٭ **رونمائی دینا** (ہ) سلامی دینا۔ دیدار کی نذر دینا۔ دلھن کا منہ
دیکھنے کے صلے میں نقدی دینا۔ مُنہ دکھائی دینا ٭ **رُوئے** (ف) مذکّر۔
دیکھیے "رُو" ٭ **روئے سخن**۔ مذکّر۔ خطابِ سخن۔ بات کا رخ۔ اشارہ ٭
رویش ببیں حالش مپرس۔ مثل۔ صورت دیکھنے سے حال ظاہر ہے۔
دریافت کرنے کی ضرورت کیا؟

رُو (رُو) (ہ) رونا کا امر ٭ **رو بیٹھنا** (۱) مایوس ہونا۔ ناامید ہونا (۲) ضائع کر دینا۔
کھو دینا (۳) صبر کرنا ٭ **رو پڑنا**۔ رونے لگنا ٭ **رو پیٹ کر بیٹھ رہنا**۔
صبر کر لینا ٭ **رو دینا** (۱) آنسو بھر لانا۔ رونے لگنا (۲) ہمّت ہار دینا۔ جی چھوڑ دینا
(۳) ہار مان جانا۔ چیخ اٹھنا (۴) غصّے ہونا۔ ناراض ہونا ٭ **رو رو کے**۔ بڑی
دِقّت اور مصیبت سے۔ نہایت مشکل سے ٭ **روتے کیوں ہو؟ صورت ہی
ایسی ہے** (ہ) مثل۔ پیدا ہی دُکھی ہوئے ہیں۔ صورت ہی منحوس ہے ٭
روتے گئے مرے کی خبر لائے۔ مثل۔ جیسی بدشگونی سے گئے، ویسی
ہی بد خبر لائے ٭ **رُونا** (ہ) مذکّر (۱) گریہ کرنا۔ آنسو بہانا (۲) گلہ کرنا۔ شکایت
کرنا (۳) سوگ کرنا۔ غم کرنا (۴) ہائے ہائے کرنا۔ واویلا کرنا (۵) کڑھنا۔

افسوس کرنا (۶) افواہ ہونا۔ ذکر پھیلنا (۷) پچھتاوا کرنا (۸) مصیبت بھرنا۔ صدمہ اٹھانا (۹) دُکھ بیان کرنا (۱۰) رونے کی شکل بنانا۔ بسورنا (۱۱) بدآوازی سے بولنا۔ بُری طرح پڑھنا ٭ **رونا پیٹنا۔ رونا چھونا** ۔ مذکر (۱) گریہ وزاری (۲) کہرام۔ ماتم۔ آہ وبکا۔ واویلا ٭ **رونا پڑنا** ۔ کہرام مچنا۔ ماتم ہونا ٭ **رونا رونا** ۔ مصیبت دُہرانا۔ دُکھڑا بیان کرنا ٭ **رونے سے روزی نہیں ملتی** (و) مثل۔ افسوس کرنے سے دولت نہیں ملتی ٭ **رونے کو تھی ہی اتنے کو آگیا بھائی** (ہ) مثل (ع) رونے کو تو پہلے ہی تیار تھی، حمایتی آگیا تو اَور بھی سہارا پاکے زیادہ غُل مچادیا ٭

روا (رَوَا) (ہ) مذکر (۱) سُوجی (۲) بارود کا دانہ (۳) چاندی یا سونے کا ذرّہ (۴) دانہ۔ ریزہ (۵) ریت کا ذرّہ ٭

روا (رَوَا) (ف) (۱) جائز۔ درست۔ ٹھیک (۲) مباح۔ حلال (۳) جاری۔ مروّج۔ رائج ٭ **روادار** (۱) قبول کرنے والا (۲) ساتھی۔ طرف دار۔ خیرخواہ۔ ہواخواہ ٭ **روا رکھنا** ۔ جائز رکھنا۔ ماننا۔ منظور کرنا ٭

روابط (رَوَا۔ بِط) (ع) مذکر۔ رابطہ کی جمع۔ تعلقات ٭

رواج (رِوَاج) (ع) مذکر (۱) رسم۔ ریت۔ عام دستور (۲) معمول۔ قاعدہ۔ ضابطہ ٭ **رواج پڑنا** (و) (۱) رسم بندھنا۔ دستور پڑنا (۲) عمل میں آنا۔ جاری ہونا۔ رائج ہونا ٭ **رواج دینا** ۔ پھیلانا۔ رسم ڈالنا۔ جاری کرنا ٭

رواروی (رَوَا۔ رَوِی) (و) مؤنث (۱) شتابی۔ جلدی (۲) بھاگم بھاگ۔ دوڑا دوڑ (۳) گھبراہٹ (۴) سرِدست۔ سرسری (۵) ہلچل۔ بھاگڑ ٭

رواسا (رُوَا۔ سَا) (ہ) مذکر (ہندی) (۱) رونے کے قریب (۲) بے حد رنجیدہ ٭

رواسن (رَوَا۔ سَن) (ہ) مذکر۔ ایک درخت، جس کے بیج اور پتّے عموماً دواؤں میں کام آتے ہیں ٭

رواق (رُوَاق) (ع) مذکر (۱) مکان کا چھجّا (۲) سائبان (۳) محل ٭

روال (رَوَال) (ہ) مذکر۔ چاندی یا سونے کا ذرّہ ٭

رُواں (رُوَاں) (ہ) مذکر۔ (۱) جسم کے اوپر کے باریک بال، جو مسامات میں ہوتے ہیں۔ رونگٹا۔ موئے تن (۲) پشمینہ۔ باریک پشم (۳) سبزی یا پھل کے اوپر کا باریک خار ٭ **رُواں بدلنا** (۱) بال جھاڑنا۔ پر پرندہ بدلنا (۲) کینچلی بدلنا ٭ **رُواں رُواں دعا دیتا ہے** (و) ہر رُوئیں سے دعا نکلتی ہے۔ نہایت ممنون ہوں ٭ **رُواں رُواں کانپنا** (ہ) ہر رونگٹے کا لرزنا۔ جسم کا نپنا ٭ **رُواں میلا نہ ہونا** ۔ کسی قسم کا رنج یا صدمہ نہ پہنچنا۔ بال بیکا نہ ہونا ٭

رواں (رَوَاں) (ف) (۱) بہتا ہُوا۔ جاری (۲) (و) بُرّاں۔ تیز (۳) معنی کے بغیر کسی کتاب کا پڑھنا (۴) (ف) چلتا ہُوا۔ موجودہ (۵) رخصت ٭ **رواں ہونا** (و) (۱) جاری ہونا۔ تیز ہونا (۲) زبان پر چڑھنا۔ مشق ہونا (۳) چلتا بننا۔ روانہ ہونا ٭ **روانگی** (ف) مؤنث (۱) ارسال۔ ترسیل۔ بھیجنا (۲) چالان ٭ **روانگی چھٹی** (و) مؤنث۔ راہ داری کا پروانہ ٭ **روانہ** (ف) (۱) چلنے والا۔ جانے والا (۲) بھیجا ہُوا (۳) گیا ہُوا (۴) مذکر۔ راہ داری کا پروانہ ٭ **روانہ ہونا** (و) (۱) بھیجا جانا۔ ارسال کیا جانا (۲) سدھارنا۔ رخصت ہونا (۳) وفات پانا۔ مرجانا ٭ **روانی** (ف) مؤنث۔ تیزی۔ بہاؤ ٭

روایات (رِوَا۔ یَات) (ع) مذکر ومؤنث۔ روایت کی جمع ٭ **روایت** ۔ مؤنث (۱) کسی بات کی نقل (۲) (و) حکایت۔ ذکر۔ بیان۔ اظہار (۳) سرگزشت۔ قصہ۔ پُرانا ذکر ٭

روباہ (رُوْ۔ بَاہ) (ف) مؤنث۔ لومڑی ٭ **روباہ بازی** ۔ مؤنث۔ فریب دہی۔ مکاری۔ دھوکا دینا ٭

روبل (رُوْ۔ بَل) (روسی) Rouble مذکر۔ روس کا ایک سکہ جو امریکہ کے ڈالر کے برابر ہوتا ہے۔ پاکستانی تین روپے ٭

روپ (رُوْپ) (ہ) مذکر (۱) مُنہ۔ مُکھڑا۔ چہرا مُہرا۔ شکل۔ صورت (۲) رنگ ڈھنگ۔ طور۔ وضع (۳) جوبن۔ حسن وجمال۔ خوب صورتی (۴) چمک دمک۔ آب وتاب۔ رونق (۵) تجلّی۔ جلوہ (۶) جوانی (۷) مُورت۔ تصویر (۸) سوانگ (۹) رُوپا (چاندی) کا مخفّف ٭ **روپ بدلنا** ۔ صورت اور وضع کا تغیّر کرنا۔ بھیس بدلنا ٭ **روپ بگاڑنا** (۱) چہرہ بگاڑنا۔ بدصورت کرنا (۲) بے رونق کرنا ٭ **روپ بنانا۔ یا۔ بھرنا** (۱) سوانگ بھرنا (۲) بہت حسین یا خوب صورت بنانا (۳) صورت بدلنا (۴) ہیئت درست کرنا ٭ **روپ درشن** ۔ مذکر (۱) چاندی کی کسی چیز کا نظارہ (۲) وہ روپیہ، جو دلھن کو چڑھایا جائے (۳) روپے کا نذرانہ ٭ **روپ دکھانا** ۔ صورت دکھانا۔ درشن دینا ٭ **روپ دھاری** (۱) شکل بدلنے والا۔ بھیس بدلنے والا (۲) وہ شخص جس نے بھیس بدلا ہو ٭ **روپ رس** ۔ مذکر (ہندو) چاندی کا کُشتہ ٭ **روپ روئیں بھاگ کھائیں** مثل۔ بدقسمت حسین تو مصیبت اٹھاتے ہیں اور خوش نصیب بدصورت عیش کرتے ہیں ٭ **روپ وان۔ یا۔ ونت** (ہندو) (۱) خوش جمال، حسین، خوب صورت (۲) ستھرا ٭ **روپ ونتی** ۔ مؤنث (ہندو) (ع) شکیلہ۔ جمیلہ۔ حسینہ۔ موہنی۔ سوہنی ٭ **روپا** ۔ مذکر۔ چاندی۔ نقرہ۔ سیم ٭ **روپلی** (رُوْپَلی۔ لِی) مؤنث (ع) (استفارتاً) روپیہ ٭ **رُوپہلا۔ رُوپہلی** (۱) چاندی کے رنگ کا (۲) چاندی کا بنا ہُوا۔ نقرئی ٭ **روپے** (رُوْ پَے) (ہ) مذکر۔ روپیہ کی جمع۔ بہت سے روپے ٭ **روپے کو روپیہ کماتا ہے** ۔ مثل۔ روپیہ خرچ کرنے سے اَور روپیہ ہاتھ آتا ہے ٭ **روپے والا** ۔ مال دار۔ دولت مند۔ متموّل۔ تونگر ٭ **روپیا۔ یا۔ روپیہ** ۔ مذکر۔ روپے یعنی چاندی کا بنا ہُوا سولہ آنے کا سکّہ ٭ **روپیہ بھنانا۔ یا۔ تڑوانا۔ یا۔ خُردہ کرانا** (و) روپے کو ریزگاری یا پیسوں سے بدلنا ٭ **روپیہ پرکھن بار بار، آدمی پرکھن ایک بار** ۔ روپے کو ہر دفعہ اور آدمی کو ایک ہی مرتبہ آزمانا کافی ہے ٭ **روپیہ پیسا** ۔ مذکر۔ دولت۔ مال۔ زر۔ دَھن ٭ **روپیہ ٹھیکری۔ یا۔ کنکریاں کردینا** ۔ بیماری یا فضول خرچی میں کثرت سے روپیہ صرف کردینا ٭

روٹ۔ روٹا (رُوْٹ۔ رُوْ۔ ٹَا) (ہ) مذکر۔ موٹی روٹی۔ بڑی روٹی ٭

روٹھ (رُوْٹھ) (ہ) روٹھنا کا امر ٭ **روٹھا** (روٹھنا سے ماضی مطلق (۲) آزردہ۔ رنجیدہ۔ ناراض۔ خفا ٭ **روٹھا راٹھی** ۔ مؤنث۔ آزردگی۔ رنجیدگی۔ خفگی۔ اَن بَن ٭ **روٹھنا** ۔ آزردہ ہونا۔ بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا ٭

روٹھے کو منائیے ، پھٹے کو سلائیے ۔مثل ۔ اتحاد اور صلح ہی رکھنا بہتر ہے ٭

روٹی (رُو ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) چپاتی ۔ نان ۔ پھلکا (۲) روزی ۔ رزق ۔ اناج ۔ ان (۳) مُردے کے جہلم کا کھانا ٭ **روٹی بنانا** (ہندو) روٹی پکانا ۔ رسوئی کرنا ٭ **روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا** (عو) آسودگی سے با فراغت کھانا ٭ **روٹی دینا** (گنوار) (۱) دعوت دینا ۔ کھانا کھلانا (۲) پالنا ۔ کھانے کو دینا ٭ **روٹی کا مارا** ۔ کنگال ۔ بھوکا ۔ فاقہ زدہ ٭ **روٹی کپڑا** ۔ مذکر ۔ روٹی اور کپڑے کا خرچ ، جو عورت کے متعلق مرد پر واجب الادا ہے ۔ نان و نفقہ ٭ **روٹی کرنا** (۱) (ہندو) روٹی پکانا (۲) (گنوار) ضیافت کرنا ۔ دعوت دینا ٭ **روٹی کو رونا** (۱) روٹی نہ ملنے کا افسوس کرنا (۲) روٹی تلاش کرتے پھرنا ۔ بھوکوں مرنا ٭ **روٹی والا** ۔ مذکر ۔ خمیری روٹی پکانے اور بیچنے والا ۔ نانبائی ٭ **روٹیاں** ۔ مؤنث ۔ روٹی کی جمع ٭ **روٹیاں توڑنا** ۔ دوسرے کی کمائی کھانا ۔ مفت کی روٹیاں کھانا ٭ **روٹیاں لگنا** (۱) تنور میں روٹیاں پکنا (۲) کم ظرف کا فراغ بالی کے باعث غرور کرنا (۳) شامت یا ادبار آنا ٭ **روٹیوں کا مارا** ۔ قحط زدہ ۔ کنگال ۔ بھوکا ٭ **روٹیوں پر پڑنا** ۔ دوسرے کی روٹی پر رہنا ۔ روٹی کے لالچ سے غیر کے گھر جا پڑنا ٭

روح (رُوْ ح) (ع) مؤنث (۱) جان ۔ پران ۔ آتما (۲) امر الٰہی (۳) (طبّی اصطلاح) وہ لطیف بھاپ ، جو زندگی کا باعث ہوتی ہے (۴) (۱) جوہر ۔ خلاصہ ۔ عطر ۔ لُبّ لُباب ۔ ست (۵) (۱) قلب ۔ دل ۔ مَن (۶) (۱) نیّت ۔ اندرونی خواہش ٭ **روح آنا** (۱) جان پڑنا ٭ **روح افزا** (ع ۔ ف) تازگی بخشنے والا ۔ فرحت بڑھانے والا ۔ مفرّح ٭ **روح الامین** (ع) مذکر ۔ امانت دار روح ۔ حضرت جبریلؑ کا لقب ، جو اللہ تعالیٰ کے احکام رسول اکرم صلعم کے پاس پہنچاتے تھے ٭ **روح القدس** ۔ مذکر ۔ پاک روح ۔ مسلمانوں کے نزدیک حضرت جبریلؑ اور عیسائیوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی وہ حالت ، جب وہ روحوں کو ہدایت بخشتا اور نیک ترغیب دیتا ہے ٭ **روح اللہ** ۔ حضرت عیسیٰؑ کا لقب ، جو خدا کی قدرت سے باپ کے بغیر پیدا ہوئے تھے ٭ **روح بھٹکنا** (۱) (۱) روح کا کسی شے کے دیکھنے یا کسی سے ملنے کو جی چاہنا (۲) روح کا آمد و رفت رکھنا ٭ **روح پرواز کرنا** (۱) جان نکلنا (۲) کسی سے بہت زیادہ ڈرنا ٭ **روح پھونکنا** ۔ جان ڈالنا ٭ **روح تھرّانا** ۔ یا ۔ **کانپنا** ۔ رعب یا خوف سے جان کا نکلا جانا ٭ **روح را صحبتِ ناجنس عذابیست الیم** (ف) مثل ۔ مختلف مذاق ، خیالات اور عادات کے لوگوں میں رہنا سہنا روح کے لیے بڑی بھاری مصیبت ہے ٭ **روحِ رواں** ۔ **روح و رواں** (ع ۔ ف) مؤنث (۱) زندہ روح (۲) وہ آدمی یا شے ، جس پر کوئی کام موقوف ہو ۔ اصل چیز ٭ **روح کھچنا** (۱) (۱) ست کھچنا ۔ عطر نکلنا (۲) دم فنا ہونا ۔ جان نکلنا ٭ **روح نکالنا** (۱) جان کھینچنا ۔ مار ڈالنا (۲) جوہر نکالنا ۔ عطر کھینچنا ٭ **روحانی** (ع) (۱) روح سے منسوب ۔ روح کے متعلق (۲) مقدّس ۔ پاک صاف ٭ **روحانیّت** ۔ مؤنث ۔ روح کی خاصیّت یا قوّت ٭

رود (رُوْ د) (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا باجا ٭

رود (رُوْ د) (ف) مذکر (۱) دریا ۔ نالہ ۔ ندی ٭ **رود بار** ۔ مذکر (۱) پانی کا وہ بڑا حصّہ جو عموماً آبنائے سے چوڑا ہوتا اور دو سمندروں کو ملاتا ہے (۲) سمندر کا حصّہ (۳) بڑی جھیل ٭

رودہ (رُوْ ۔ دَہ) (ف) مذکر (۱) انتڑی (۲) ساز کی تانت (۳) درخت کی شاخ یا بیل ٭

روڈ (رُوْڈ) (انگ ۔ Road) مؤنث ۔ راستہ ۔ سڑک ۔ شارعِ عام ٭

رَوڈ (رَوْڈ) (انگ ۔ Rod) مذکر (۱) ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ ۔ جریب (۲) ایک بیگھ بارہ بسوے ۔ ایکڑ کی چوتھائی (۳) چھڑی ۔ ڈنڈا ٭

روڑا (رُوْ ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) اینٹ یا مٹی کا ٹکڑا ۔ سنگ ریزہ (۲) پنجاب کے کھتریوں کا ایک فرقہ ٭ **روڑی** ۔ مؤنث (۱) چونے یا پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ، جو مکان کی منڈیروں ، پکے فرشوں وغیرہ اور پکی سڑکوں کے اوپر کنکروں کے نیچے بچھائے یا عمارتوں کی بنیاد کے نیچے کوٹے جاتے ہیں (۲) گڑ کی بھیلی ٭

روز (رُوْز) (ف) مذکر (۱) دن ۔ یوم ۔ وار ۔ تاریخ ۔ بار ۔ تہوار (۲) روزینہ ۔ دن بھر کی اُجرت ۔ مزدوری (۳) یومِ فاتحہ ۔ تاریخ وفات ۔ مرنے کا دن (۴) (۱) ہر روز ۔ ہمیشہ ۔ سدا ٭ **روز افزوں** ۔ روز بروز بڑھنے اور ترقی کرنے والا ٭ **روز بٹنا** ۔ مزدوری ملنا ۔ یومیّہ تقسیم ہونا ٭ **روز بروز** ۔ آئے دن ۔ ہر روز ٭ **روزِ جزا** (ف ۔ ع) مذکر ۔ قیامت کا دن ۔ اعمال کا حساب پیش ہونے ، بدلا ملنے اور انصاف کا آخری دن ٭ **روزِ حساب** ۔ یا ۔ **روزِ حشر** ۔ یا ۔ **روزِ قیامت** ۔ مذکر ۔ وہ دن ، جب اعمال کا بدلا ملے گا ، روزِ انصاف ٭ **روزِ داد** ۔ مذکر ۔ دیکھیے "روزِ جزا" ٭ **روز روز** (۱) ہر روز ۔ آئے دن ۔ ہمیشہ ٭ **روزِ روشن** (ف) مذکر ۔ دن ۔ صبح ٭ **روزِ روشن میں** (۱) دن دہاڑے ۔ عین دن کے وقت ٭ **روزِ سیاہ** (ف) مذکر (۱) مصیبت کا دن (۲) بدنصیبی کا زمانہ ٭ **روزِ شمار** ۔ مذکر ۔ روزِ حساب ۔ قیامت کا دن ٭ **روز مرّہ** (۱) آئے دن ۔ ہر روز ۔ متواتر ۔ ہمیشہ (۲) مذکر ۔ بول چال ۔ ہر روز کی گفتگو ۔ اصطلاح (۳) تکیہ کلام ٭ **روزنامچہ** ۔ مذکر (۱) روز کا حال لکھنے کی کتاب ۔ ڈائری (۲) روزانہ حساب لکھنے کی بہی ۔ کھاتا ٭ **روزنامہ** ۔ مذکر (۱) ہر روز شائع ہونے والا اخبار (۲) روزنامچہ (۳) کیلنڈر (۴) جنتری ٭ **روز و شب** ۔ مذکر ۔ رات دن ۔ ہمیشہ ۔ مدام ۔ سدا ٭ **روزِ ولادت** (ف ۔ ع) مذکر (۱) جنم دن ۔ پیدا ہونے کا دن (۲) سال گرہ ٭ **روزانہ** (ف) (۱) ہر روز ۔ ہمیشہ ۔ نت (۲) روزینہ ۔ یومیّہ ٭

روزگار (رُوْ ز ۔ گَار) (ف) مذکر (۱) وقت ۔ زمانہ (۲) جہان ۔ دنیا ۔ عالم ۔ سنسار (۳) عرصہ ۔ مدّت (۴) (۱) پیشہ ۔ نوکری ۔ کام ۔ دھندا ٭ **روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتا** ۔ مثل ۔ موقع ہاتھ سے چھوڑنا نہ چاہیے کہ شاید دوبارہ ہاتھ آئے ٭ **روزگار پیشہ** ۔ مذکر ۔ وہ شخص ، جس کا کام نوکری چاکری ہو ۔ نوکری پیشہ ٭ **روزگار سے ہونا** ۔ ملازم ہونا ٭ **روزگار کرنا** (۱) ملازمت کرنا ۔ نوکری کرنا (۲) کوئی پیشہ یا تجارت کرنا ٭ **روزگار لگنا** ۔ نوکر ہونا ۔ نوکری لگنا ۔

مزدوری لگنا ۔

روزن (رَوْ ۔ زَنْ) (ف) مذکر (۱) کھڑکی (۲) روشن دان (۳) شگاف ۔ درز ۔ چھید ۔ بِل ۔ سوراخ (۴) دھوآں نکلنے کے لیے چھت کا سوراخ ۔

روزہ (رُوْ ۔ زَہْ) (ف) مذکر (۱) صوم ۔ برت (۲) کڑاکا ۔ فاقہ ۔ **روزہ دار** ۔ روزہ رکھنے والا ۔ روزے سے ۔ **روزہ توڑنا** (۱) روزے میں کچھ کھا پی لینا ۔ **روزہ خور** ۔ مذکر ۔ روزہ نہ رکھنے والا ۔ **روزہ رکھنا** ۔ صبح صادق سے سورج کے چھپنے تک روزے کی نیت کر کے کھانے پینے اور فضول کاموں سے باز رہنا ۔ **روزہ کشائی** (ف) (۱) روزہ کھولنے کی چیزیں ۔ افطاری (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب ۔ **روزہ کھانا** (۱) روزوں کے دنوں میں کوئی روزہ چھوڑ دینا ۔ روزہ نہ رکھنا ۔ **روزہ کھولنا** (۱) روزہ افطار کرنا ۔ سورج چھپنے پر کھانا پینا (۲) بندش توڑنا ۔

روزی (رُوْ ۔ زِیْ) (ف) مؤنث (۱) روز کی خوراک ۔ رزق ۔ روٹی ۔ راتب (۲) (۱) ملازمت ۔ نوکری ۔ روزگار ۔ **روزی رساں** (ف) مذکر ۔ رزق پہنچانے والا ۔ روٹی دینے والا ۔ پروردگار ۔ رزاق ۔ **روزینہ** ۔ مذکر (۱) ہر روز کی اجرت یا مزدوری ۔ خرچ ۔ روزمرہ کا خرچ ۔ یومیہ (۲) تنخواہ ۔ مشاہرہ ۔ ماہانہ ۔ پنشن ۔ وظیفہ ۔

روستا (رُوْ ۔ سْ ۔ تَا) (ف) مذکر (۱) گاؤں ۔ دِہ (۲) گنوار ۔ دہقان ۔ **روستائی** ۔ مذکر ۔ دہقان ۔ گاؤں کا رہنے والا ۔

روسلی (رُوْ ۔ سْ ۔ لِیْ) (ہ) (۱) کم اور ہلکی (زمین) (۲) مؤنث ۔ وہ زمین جو اچھی فصل نہ دے ۔

روش (رَوِشْ) (ف) مؤنث (۱) چال ۔ رفتار (۲) ڈھنگ ۔ طور طریق ۔ طرز (۳) باغ کی پٹڑی ۔

روشن (رَوْ ۔ شَنْ) (ف) (۱) چمکیلا ۔ چمکتا ہوا ۔ نورانی (۲) صاف (۳) (۱) کشادہ ، کھلا ہوا (۴) واضح ۔ عیاں ۔ ظاہر ۔ **روشن چوکی** ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی ۔ **روشن دان** (ف) مذکر ۔ روزن ۔ دھوآں نکلنے یا روشنی آنے کا موکھا ۔ **روشن دماغ** ۔ مذکر (۱) ذہین ۔ ذکی ۔ عالی دماغ (۲) (۱) نسوار ۔ ہلاس ۔ ناس ۔ **روشن ضمیر** (ف ۔ ع) (۱) صاحب دل ۔ صاحب بصیرت (۲) ماہر (۳) زود فہم ۔ دانا ۔ عاقل ۔ گیانی ۔ **روشن کرنا** (۱) (۱) تاباں کرنا ۔ چمکانا (۲) چراغ روشن کرنا ۔ جلانا (۳) کھولنا ۔ ظاہر کرنا ۔ **روشنائی** (ف) مؤنث (۱) شعاع ۔ بجلی ۔ نور (۲) لکھنے کی سیاہی ۔ **روشنک** (۱) مشعلچی (۲) مؤنث ۔ ایک دوا (۳) سکندر کی بیوی ۔ **روشنی** ۔ مؤنث (۱) چمک ۔ نور (۲) (۱) بصارت ۔ بینائی ۔ **روشنیٔ طبع** (ف ۔ ع) مؤنث ۔ ذہن کی تیزی ۔ طباعی ۔ ذکاوت ۔ ذہانت ۔

روضہ (رَوْ ۔ ضَہْ) (ع) مذکر (۱) باغیچہ ۔ سبزہ زار ۔ باغ ۔ لالہ ربت ۔ بزرگوں کا مقبرہ ۔ مزار ۔ **روضہ خواں** (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ شخص جو منبر پر چڑھ کر کتاب روضۃ الشہداء پڑھے ۔ مرثیہ خواں ۔ **روضۂ رضواں** (ع) مذکر ۔ فردوس بریں ۔ باغِ جنت ۔ سُرگ ۔

روغن (رَوْ ۔ غَنْ) (ف) مذکر (۱) تیل ۔ کسی چیز کا چکنا عرق (۲) مکھن ۔ گھی (۳) چمکیلا تیل ۔ وارنش ۔ تمک (۴) آب و تاب ۔ چمک دمک ۔ **روغنِ تلخ** ۔ مذکر ۔ روغن سیاہ ۔ کڑوا تیل ۔ **روغنِ زرد** (ف) مذکر ۔ گھی ۔ **روغنِ قاز ملنا** (ہ) (۱) چکنانا ۔ چاپلوسی کرنا ۔ خوشامد کرنا (۲) زمانہ سازی کرنا (۳) شیشے میں اتارنا ۔ یار بنانا ۔ **روغنی** (ف) (۱) چکنا ۔ چپڑا ہوا ۔ روغن دار (۲) وارنش کیا ہوا ۔ **روغنی روٹی** (ہ) مؤنث ۔ وہ روٹی جو آٹے میں گھی ڈال کر پکائی جائے ۔

روک (رُوْکْ) (ہ) مؤنث (۱) رکاوٹ ۔ اٹکاؤ ۔ مناہی ۔ مزاحمت ۔ ممانعت ۔ انحصار ۔ (۲) تعرض ۔ انسداد (۳) بند ۔ احاطہ بندی (۴) روکنا کا امر ۔ **روک تھام** ۔ مؤنث ۔ انسداد ۔ عارضی بچاؤ ۔ روک رکاؤ ۔ **روک ٹوک** ۔ مؤنث ۔ اٹکاؤ ۔ مزاحمت ۔ ممانعت ۔ مناہی ۔ **روک رکھنا** (۱) باز رکھنا ۔ ٹھہرا لینا (۲) کسی مال کو فائدے سے بیچنے کے لیے ڈال رکھنا ۔ **روکنا** (۱) مانع آنا ۔ باز رکھنا (۲) ٹھہرانا ۔ اٹکانا ۔ گھیرا کرنا ۔ بند کرنا (۳) بات کاٹنا ۔ منع کرنا (۴) احاطہ کرنا ۔ پردہ کرنا ۔ باڑ لگانا (۵) تھام رکھنا (۶) وار بچانا ۔ بچاؤ کرنا (۷) قبضہ کرنا (۸) دیر میں دینا (۹) راستہ بند کرنا (۱۰) الجھانا ۔ پھانسنا (۱۱) بچانا ۔ حفاظت کرنا (۱۲) راستے میں پکڑنا ۔ چھیڑنا (۱۳) ساکن کرنا (۱۴) سگائی کرنا ۔ مقرر کرنا (۱۵) معاملہ ہاتھ سے جانے نہ دینا (۱۶) سہارنا ۔ اٹھانا (۱۷) قابو میں لانا ۔ سنبھالنا (۱۸) معمور کرنا ۔ بھرنا (۱۹) ڈھانکنا ۔ چھپانا ۔

روکڑ ۔ روکڑی (رُوْ ۔ کَڑْ ، رُوْکْ ۔ ڑِیْ) (ہ) مؤنث ۔ دھن دولت ۔ زرِ نقد ۔ روپیہ پیسا ۔ نقدی ۔ **روکڑ بکری** ۔ مؤنث ۔ وہ فروخت جو نقد ہوئی ہو ۔ نقد بکری ۔ **روکڑ بہی** ۔ مؤنث ۔ آمدنی کی کتاب ۔ وہ بہی جس میں نقدی کا حساب کتاب درج ہو ۔ **روکڑیا** ۔ مذکر (ہندی) نقدی رکھنے والا ۔ تحویل دار ۔ خزانچی ۔

روکن (رُوْ ۔ کَنْ) (ہ) مذکر (۱) علاوہ ۔ اوپر (۲) کسی چیز کی وہ مقدار جو اس کے خریدنے کے بعد مفت اوپر سے لے لیں ۔ گھاتا ۔

روکھ (رُوْکھْ) (ہ) مذکر ۔ پیڑ ۔ درخت ۔ شجر ۔ برچھ ۔

روکھا (رُوْ ۔ کھَا) (ہ) (۱) سوکھا ۔ خشک (۲) سادہ (۳) بے لطف ۔ بے رس (۴) پھیکا (۵) خشک دماغ ۔ بے لگاؤ (۶) بدخلق ۔ کج اخلاق (۷) سنگ دل ۔ بے رحم ۔ بیدادگر (۸) کھردرا (۹) بے روغن ۔ **روکھا جواب** (ہ) مذکر ۔ صاف انکار ۔ **روکھا سوکھا** (ہ) مثل (۱) خوش اخلاقی سے پیش نہ آنے والا بھوکا رہتا ہے (۲) روکھی روٹی کھانے والے کا پیٹ نہیں بھرتا ۔ **روکھا سوکھا** (۱) بے سالن کا (۲) دال دلیا (۳) برا بھلا ۔ **روکھائی** ۔ مؤنث (۱) دیکھیے "رکھائی" (۲) کھردراپن ۔ ناہمواری (۳) درشتی ۔ سختی (۴) سوکھا ۔ خشکی ۔ **روکھے سوکھے ٹکڑے** ۔ مذکر ۔ مفلسی کے ٹکڑے ۔ نہایت معمولی غذا ۔

روکھالی (رُوْ ۔ کھَا ۔ لِیْ) (ہ) مؤنث ۔ لکڑی کھودنے کا اوزار ۔ چھینی ۔

روگ (رُوْگْ) (ہ) مذکر (۱) مرض ۔ بیماری ۔ درد ۔ دکھ (۲) مری ۔ وبا (۳)

جنجال ۔ وبال (۴) فساد ۔ فتنہ (۵) ردو بدل (۶) نقص ۔ برائی ۔ عیب ٭
روگ پالنا ۔ یا ۔ لگا لینا (۱) بکھیڑے میں پڑنا ۔ جھگڑے میں پڑنا (۲) بری عادت ڈال لینا ۔ دشمن کر لینا (۳) دائم المرض رہنا ۔ کوئی بیماری پیچھے لگا لینا ٭
روگ دھوگ ۔ مذکر (۱) بیماری (۲) جھگڑا (۳) مصیبت ٭ روگ کا گھر ۔ یا ۔ روگ کی جڑ ۔ مذکر ۔ مؤنث (۱) دکھ کی پوٹ (۲) بیماری کا باعث ۔ بیماری پیدا کرنے والی چیزیں ٭ روگ کا گھر کھانسی اور لڑائی کا گھر ہانسی ۔ مثل ۔ کھانسی تمام بیماریوں کی جڑ اور ہنسی دل لگی جنگ کا باعث ہے ٭
روگ لگ جانا ۔ یا ۔ لگنا (۱) کسی بیماری کا پیچھے لگ جانا ۔ بیمار ہو جانا (۲) جھگڑا پیچھے لگنا (۳) عادی ہونا ۔ لت پڑنا ٭ روگی ۔ روگیا ۔ روگیلا (۱) بیمار ۔ دائمی مریض ۔ دکھی (۲) جھگڑالو (۳) جذامی ۔ کوڑھی ٭

رُول (رُوْل) (انگ ۔ Rule) مذکر (۱) دستور ۔ ضابطہ ۔ قانون ۔ قاعدہ (۲) جدول، جو کتاب کے حاشیے پر کھینچا جائے ۔ لکیر (۳) (۱) جدول کش ۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا ٭ رُولر ۔ (Ruler) مذکر ۔ دیکھیے رُول ۳ ٭

رُول (رُوْل) (انگ ۔ Roll) مذکر ۔ فرد اسما ۔ دفتر کی وہ فہرست، جس میں ترقی اور مدارج و مناصب کے لیے ملازموں کے نام نمبر وار لکھے ہوتے ہیں ٭
رُول (رُوْل) (ہ) رولنا کا امر ٭ رولن ۔ مؤنث ۔ چھٹن ۔ وہ چیز، جو رولنے کے بعد رہ جائے ٭ رولنا (۱) چھانٹنا ۔ جدا کرنا ۔ پھٹکنا (۲) بٹورنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ جمع کرنا (۳) رندہ کرنا ۔ چکنانا ۔ ہموار کرنا (۴) حاصل کرنا ۔ کمانا ٭
رولا (رَوْ ۔ لَا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) غوغا ۔ شور ۔ غل (۲) بکھیڑا ۔ جھگڑا (۳) بغاوت ۔ بلوہ ۔ غدر ٭ رولا ڈالنا ۔ یا ۔ کرنا ۔ یا ۔ مچانا (۱) غل مچانا ۔ ہلچل ڈالنا (۲) بغاوت کرنا ۔ بلوہ کرنا ۔ غدر کرنا ٭
رَولر (رَوْ ۔ لَر) (انگ Roller) مذکر ۔ بیلن (مختلف قسم کا) ٭
رَولی (رُوْ ۔ لی) (ہ) مؤنث ۔ کنگو ۔ ایک قسم کی سرخ اور خشک چیز، جس سے ہندو تلک لگاتے ہیں ٭
رُوم (رُوْم) (ع) مذکر (۱) مشرقی بادشاہوں کی سلطنت، جس کا دار الخلافہ قسطنطنیہ تھا (۲) ترکوں کی مملکت ٭ رومی (۱) روم کا باشندہ (۲) روم سے منسوب ٭
رُوم (رُوْم) (ہ) مذکر ۔ رُواں ۔ رونگٹا ۔ جسم کا بال ۔ موٹے بدن ٭
رُوم (رُوْم) (انگ ۔ Rome) مذکر (۱) مغربی بادشاہوں کی سلطنت، جس کا صدر مقام رومہ تھا (۲) شہر رومہ ٭ رومن (۱) رومہ (اٹلی) کا (۲) مؤنث ۔ انگریزی حروف میں اردو وغیرہ کا لکھنا ٭ رومن کیتھولک (Roman Catholic) مذکر ۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ، جو حضرت مسیحؑ اور حضرت مریمؑ کے بتوں یا تصویروں کی پرستش کرتا ہے ٭ رومن کیرکٹر (Roman Character) مؤنث ۔ انگریزی حروف میں اردو وغیرہ لکھنا ٭
رونا (رُوْ ۔ نَا) (ہ) مذکر (۱) چھترا (۲) گھنگرو یا جھانجن کے اندر کے دانے جنھیں بجانے سے آواز نکلتی ہے (۳) (ہندو) بیاہ کے بعد تیسری بار دلھن کو اپنے گھر لانا ٭
روند (رَوْنْڈ) (معنی انگریزی راؤنڈ ۔ Round) مؤنث ۔ سپاہیوں یا چوکیداروں کا دورہ ٭
روند (رَوْنْد) (ہ) روندنا کا امر ٭ روندنا ۔ پاؤں میں کچلنا ۔ پاؤں سے ملنا ۔ پامال کرنا ۔ کھوندنا ٭
رون ۔ رَوْن (رُوْن ۔ رُوْں) (ہ) مؤنث (۱) سارنگی کی آواز (۲) بچے کے رونے کی آواز ٭
رونق (رَوْ ۔ نَق) (ف) مؤنث (۱) چمک دمک ۔ خوب صورتی ۔ روپ (۲) (۱) طراوت ۔ تازگی (۳) چہل پہل ۔ آبادی (۴) لطف ۔ جوبن ۔ بہار (۵) آرائش ۔ زیب و زینت (۶) شان و شوکت ۔ دھوم دھام ٭ رونق افروز ۔ (ف) رونق بڑھانے والا ۔ بڑے آدمیوں کے آنے پر کہتے ہیں ٭ رونق افروز ہونا (۱) کسی بڑے آدمی کا تشریف لانا ۔ جلوہ افروز ہونا ٭ رونق افزا (ف) رونق بڑھانے والا ۔ جلوہ فرما ٭ رونق دار ۔ آراستہ ۔ خوب صورت ۔ چمکیلا ٭
رونگ (رَوْنْگ ۔ رُوْنْگ ۔ رُوْنْگ) (ہ) مذکر ۔ رُوم ۔ رونگٹا ۔ آدمی کے بدن کا ملائم بال ٭ رونگ رونگ میں بسنا ۔ روئیں روئیں میں سمانا ٭
رونگٹا ۔ مذکر (۱) رُواں ۔ رونگ ۔ وہ چھوٹے ملائم بال، جو آدمی کے جسم پر ہوتے ہیں (۲) پشم ۔ اُون ٭ رونگٹے ۔ مذکر ۔ رونگٹا کی جمع ٭ رونگٹے کھڑے ہونا (۱) سردی یا رعب سے بدن کے روئیں کھڑے ہو جانا ، کانپنا ، ڈرنا ، سہمنا (۲) چونکنا ۔ حیرت میں رہنا ٭
رونہ ، رونا (رَوْنْ ۔ نَہ ، رَوْنْ ۔ نَا) (ف) مذکر ۔ وہ کاغذ جس پر مال کی تعداد لانے والے کا نام مع نام چیز و محصول درج ہو (۲) اجازت نامہ ۔ پروانۂ راہ داری (۳) ہرکارہ ۔ پیادہ (۴) عورتوں کا کام کاج کرنے والا چھوکرا (۵) چوکیدار ٭
روہت (رُوْ ۔ ہَت) (ف) مؤنث ۔ تروتازگی ۔ نرمی ٭
روہتا (رُوْ ۔ ہَتْ ۔ تَا) (ہ) مذکر ۔ روئی کا بازار ٭
روہڑ (رُوْ ۔ ہَڑ) (ہ) (۱) بھدا ۔ بدصورت (۲) مذکر ۔ موٹا دھاگا ٭
روہو (رُوْ ۔ ہُو) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی مچھلی ٭
روئدار (رُوْ ۔ اِدَار) (ف) خبر بھرا ۔ خستہ ۔ دانہ دانہ ٭
رُوئی (رُوْ ۔ اِی) (ہ) (۱) مؤنث ۔ صاف کی ہوئی کپاس ۔ پنبہ (۲) گدگدا ۔ نرم ۔ ملائم ٭ رُوئی تومنا ۔ روئی کو انگلیوں سے تار تار کرنا ٭ رُوئی دار (ف) (۱) روئی کا بھرا ہوا (۲) وہ کپڑا جس کے اندر روئی پڑی ہو ٭ رُوئی دھننا ۔ یا ۔ دھنکنا (ہ) روئی کے روئیں جدا جدا کرنا ۔ روئی کو تانت سے صاف کرنا ٭ رُوئی کا سا گالا ۔ بے حد سفید اور ملائم ٭ رُوئی کا گالا مذکر (۱) صاف روئی کا بنایا ہوا گولا ۔ روئی کا بڑا اچھوٹا (۲) سفید سر برد یا بوڑھی عورت کی تشبیہ ٭ رُوئی کی طرح توم ڈالنا (ف) (عو) (۱) دھجیاں اڑانا ۔ خوب خبر لینا (۲) ایک ایک عیب کھول کر رکھ دینا ٭
روئیدگی (رُوْ ۔ اِیْ ۔ دَگی) (ف) مؤنث ۔ اُگنا ۔ نباتات کا اگنا ۔ بڑھنا ٭
روئیں (رُوْ ۔ اِیں) (ف) مؤنث (۱) کانسی ۔ دھات (۲) پیتل یا کانسی کا ۔ دھات کا ٭
روئیں (رُوْ ۔ اِیں) (ہ) مذکر ۔ رُواں کی جمع ۔ رونگٹے ٭
روی (رَوِی) (ع) مؤنث ۔ قافیے کا سب سے پچھلا ، بار بار آنے والا حرف ٭

رویاں (رُوْ-یاں) (ہ) مذکر (لکھنؤ) دیکھیے "رُوْاں" ٭
رویو۔ دیکھیے "ریویو" ٭
رویّہ (رَوِیْ-یَہ) (ف) مذکر (۱) چال چلن (۲) قاعدہ۔ دستور (۳) برتاؤ ٭

ر-ہ

ره (رَہْ) (ف) مذکر (۱) راہ کا مخفف ٭ رہ بر۔ رہبر۔ مذکر۔ دیکھیے "راہبر" ٭ رہ بری۔ رہبری۔ مؤنث۔ دیکھیے "راہبری" ٭ رہ گزر۔ رہگذر۔ مذکر و مؤنث۔ سڑک۔ راستہ۔ شارعِ عام ٭ رہ زن۔ رہزن۔ مذکر۔ دیکھیے "راہزن" ٭ رہ زنی۔ رہزنی۔ مؤنث۔ دیکھیے "راہزنی" ٭ رہ نما۔ رہنما۔ دیکھیے "راہنما" ٭ رہ نمائی۔ رہنمائی۔ مؤنث۔ دیکھیے "راہنمائی" ٭ رہ نموں۔ رہنموں۔ راستہ دکھانے والا۔ ہادی ٭ رہ نمونی۔ رہنمونی۔ مؤنث۔ رہنمائی۔ ہدایت ٭ رہوار۔ مذکر۔ دیکھیے "راہوار" ٭

ره (رَہ) (ہ) رہنا کا امر۔ کھڑا ہو۔ ٹھہر۔ صبر کر ٭ رہ جانا (۱) ساقط نہ آنا۔ ٹھہر جانا (۲) دیر کرنا (۳) بچ رہنا۔ باقی رہنا (۴) نامکمل رہنا۔ ناتمام رہنا (۵) ناکامیاب ہونا (۶) پیچھے رہ جانا (۷) عاجز ہو جانا۔ تھک جانا (۸) قیام کرنا ٭ رہ رہ کر۔ رہ رہ کے (۱) گھڑی گھڑی۔ بار بار۔ ٹھہر ٹھہر کے (۲) پچھتا پچھتا کے ٭ رہا سہا (۱) بچا کھچا۔ باقی ماندہ (۲) رشتے ناتے کا۔ رشتہ دار (۳) خبر گیراں۔ مددگار۔ حامی ٭ رہائش (ن) (غلط العام) مؤنث۔ ٹھکانا۔ گھر۔ قیام۔ مسکن۔ سکونت ٭ (بعض فصحا کے نزدیک غلط العوام ہونے کی وجہ سے نادرست ہے ٭) رہاؤ (ہ) دیرپا۔ مضبوط۔ مستحکم ٭ رَہاؤ۔ مذکر۔ ٹکاؤ۔ وقفہ۔ ٹھہراؤ ٭ رہنا (۱) ٹھہرنا۔ ٹکنا۔ بسنا (۲) جیوتنا۔ باقی بچنا (۳) پائدار ہونا۔ خوب چلنا۔ برقرار رہنا (۵) قائم رہنا۔ کھڑا رہنا (۶) شل ہو جانا۔ سُن ہو جانا (۷) بسر ہونا (۸) حساب میں آنا۔ گنا جانا (۹) دستے ہونا۔ باقی رہنا (۱۰) عورت کا مرد کے پاس یا مرد کا عورت کے پاس شب باش ہونا ٭ رہنے دینا (۱) رکھ چھوڑنا (۲) قائم رکھنا (۳) پیچھے چھوڑنا (۴) ہاتھ نہ لگانا (۵) چپ رہنا۔ جانے دینا ٭ رہے نام اللہ کا (۱) خدا ہی کو قیام ہے۔ کسی کے مرتے وقت یا کسی شے یا مرتبے کے زوال پر بولا جاتا ہے ٭ رہیں جھونپڑوں میں خواب دیکھیں محلوں کا۔ مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی غریبی میں امیری کا چاؤ کرے ٭

رہا (رِہَا) (ف) (۱) چھوٹا ہوا۔ آزاد۔ خلاصی پایا ہوا۔ نجات پایا ہوا (۲) قانونی اصطلاح میں جب ملزم پر ثبوت استغاثہ کافی نہ پایا جائے، اسے چھوڑ دینے کو رہا کرنا کہتے ہیں ٭ رہائی۔ مؤنث (۱) آزادی۔ نجات۔ خلاصی (۲) معافی (۳) چھٹی۔ فراغت ٭ رہائی دینا (ن) آزادی بخشنا۔ چھوڑنا ٭

رہانا (رَہا-نا) (ہ) سِل یا چکی کو کھُردرا کرنا ٭

رُہبان (رُہ-بان) (ع) مذکر (۱) ڈرنا (۲) عیسائیوں کا زاہد۔ پادری (۳) راہب کی جمع ٭ رُہبانیت۔ مؤنث۔ راہبوں کی طرح عبادت۔ دنیا چھوڑ دینا ٭

رہٹ (رَہَٹ) (ہ) مذکر (۱) چرخ۔ کنوئیں سے پانی باہر نکالنے کا چرخ (۲) ہنڈولا ٭ رہٹ لگانا۔ تار باندھنا۔ بار بار آنا جانا ٭ رہٹی۔ مؤنث (۱) چھوٹا رہٹ (۲) معمول۔ طریقہ ٭ رہٹی باندھنا (۱) قسط مقرر کرنا (۲) معمول باندھنا ٭ رہٹی چلانا۔ قسط پر دینا۔ ایک رقم کو بدفعات ادا کرنا ٭

رہچلا (رَہ-چَہ-لا) (ہ) مذکر (۱) خوشامد (۲) خوشامدیوں جیسی بات چیت۔ نرم الفاظ ٭

رہڑو (رَہ-ڑُو) (ہ) مذکر۔ بچوں کو کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی۔ گڑولنا ٭

رہس (رَہس) (س) مذکر (۱) دل بہلانے کی بات چیت یا شے (۲) دل لگی۔ دل بہلاوا۔ خوشی۔ چہل (۳) کرشن لیلا ٭

رہکلا (رَہ-کَلا) (ہ) مذکر (۱) چھوٹی توپ۔ گھُڑچڑھی (۲) بغور کی (۳) توپ رکھنے کی گاڑی ٭

رہن (رَہْن) (ع) مذکر۔ گرو۔ گروی۔ کفالت ٭ رہنِ اراضی۔ مذکر۔ زمین کا گرو رکھنا ٭ رہنِ انتفاعی۔ مذکر۔ وہ گرو جس میں فائدہ اٹھانے کی صورت ہو ٭ رہنِ جماعی۔ مذکر۔ مشترک گرو ٭ رہن در رہن (ع-ف) گرو در گرو۔ ایک شخص سے کوئی چیز آپ رہن لے کر دوسرے کے پاس رہن کر دینا ٭ رہنِ متمادی۔ مذکر۔ مقررہ مدت تک کا گرو ٭ رہنِ مطلق۔ مذکر۔ دست بند حک ٭ رہن نامہ (ن) مذکر۔ تمسک۔ وہ تحریر، جو کوئی شے کفالت میں دینے کے متعلق اشٹامپ پر لکھ کر دی جائے۔ کفالت نامہ ٭ رہین۔ مذکر (۱) وہ شے، جو رہن رکھی جائے (۲) ماتحت۔ تابع (۳) تعلق ٭ رہینِ منّت۔ ممنون۔ شکرگزار۔ احسان مند ٭

ر-ء

رؤسا (رُؤَسا) (ع) مذکر۔ رئیس کی جمع ٭

رؤف (رَؤُف) (ع) (۱) بہت مہربانی کرنے والا (۲) مذکر۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ٭

رؤیا (رُؤ-یا) (ع) مذکر۔ خواب۔ سپنا۔ جو کچھ خواب میں دیکھا جائے ٭ رؤیائے صادقہ۔ مذکر۔ سچا خواب۔ وحی کی ایک قسم ٭ رؤیت (رُؤ-یَت)۔ مؤنث۔ پہلے دن کا چاند نظر آنا ٭

رئی (رَئی) (ہ) مؤنث۔ دہی بلونے کا آلہ۔ بلونی۔ (پ) مدھانی ٭

رئیس (رَئِیس) (ع) مذکر۔ فرماں روا۔ سردار ٭

ر-ی

ری۔ رے (رِی، رے) (ہ) اری، ارے کا مخفف ٭

ریا (رِیا) (ع) مؤنث۔ دھوکا۔ مکر و فریب۔ زمانہ سازی۔ ظاہرداری۔ پیچ کی بات ٭ ریاکار (ع-ف) فریبی۔ زمانہ ساز۔ مکار۔ منافق ٭ ریاکاری۔ مؤنث۔ نفاق۔ فریب۔ مکاری ٭ ریائی (ع) فریبی۔ مکار۔ ریاکار ٭

ریاح (رِیاح) (ع) مؤنث (۱) ریح کی جمع۔ ہوائیں۔ بائیں (۲) باد۔ گوز۔ معدے کی ہوا ٭

ریاست (رِیا-سَت) (ع) مؤنث (۱) امارت۔ افسری۔ سرداری (۲) (ن)

عالی ہمتی۔ عالی حوصلگی (۳) عمل داری۔ حکومت ٭ **ریاست بے سیاست** نہیں ہوتی۔ مثل۔ حکومت کے لیے انتظام اور رعب ہونا ضروری ہے ٭
ریاستِ جمہوری (ع) مؤنث۔ وہ سلطنت جس میں بادشاہ بالکل نہ ہو۔ پنچایتی سلطنت، جس میں رعیت اپنا بادشاہ خود چُن کر اس کا نام پریزیڈنٹ یا صدرِ مجلس رکھے۔ ایسی سلطنت جس میں رعایا کو اپنا بادشاہ آپ تجویز کرنے کا اختیار حاصل ہو ٭

ریاض (رِیَاض) (ع) مذکر (۱) روضہ کی جمع۔ بہت سے باغ (۲) (ل) مشقت۔ محنت ٭ **رِیَاضت** (ع) مؤنث (۱) سختی۔ مشقت۔ محنت (۲) نفس کشی۔ زہد (۳) (ل) ورزش۔ کسرت (۴) پیشہ وری۔ مزدوری ٭ **ریاضت کش** (ع۔ ف) محنتی۔ سختی اٹھانے والا۔ رنج کش ٭ **ریاضتی** (ع) (۱) محنت کش۔ جفاکش (۲) بیراگی۔ مُنی۔ رِشی۔ زاہد ٭

ریاضی (رِیَا۔ضِی) (ع) مؤنث۔ حکمت کے تین علموں میں سے ایک علم۔ ہندسہ، علم عدد، نجوم، موسیقی، مناظرہ، جبر و مقابلہ، جرِّ ثقیل وغیرہ سب ریاضی میں داخل ہیں، یعنی وہ عقلی علوم جو وجودِ خارجی میں مادّے کے محتاج ہیں ٭
ریاضی دان (ع۔ ف) مذکر۔ ریاضی جاننے والا ٭

ریب (رَیْب) (ع) مذکر۔ شک۔ شبہ ٭

ریپبلک (رِیْ۔پَب۔لِک) (انگ۔ Republic) مؤنث۔ جمہوری سلطنت ٭

ریپورٹر۔ دیکھیے "رپورٹر" ٭

رِیت (رِیْت) (ہ) مؤنث (۱) قانون۔ قاعدہ (۲) دستور۔ رواج۔ رسم (۳) عام طریق (۴) چلن۔ وضع۔ تراش (۵) طور طریق (۶) ترکیب۔ تدبیر۔ تجویز (۷) پڑتا۔ لگان کی شرح (۸) بیوہار۔ لین دین ٭ **رِیت رسم** (ل) مؤنث (۱) طور طریق۔ قاعدہ و قانون (۲) (عو) وہ خاص رسم جو نکاح کے بعد یا وداع کے وقت دولہا دلھن کے ساتھ برتی جاتی ہے ٭

رَیت، رِیتا (رِیْت، رِے تا) (ہ) مؤنث۔ مذکر۔ ریگ۔ سراب۔ بالو۔ دریا کی ریت اور چھوٹے سنگریزے ٭ **ریت آنا**۔ پیشاب میں ریت جیسے ذرّوں کا آنا۔ پیشاب میں سنگریزوں کا آنا ٭ **رتیل**۔ **رتیلا**۔ ریت والا ٭ **رتیلی**۔ ریت والی۔ بنجر۔ کلر۔ غیر مزروعہ (زمین وغیرہ) ٭ **ریتی**۔ مؤنث۔ ریتلی زمین۔ دریا کے کنارے کی ریتلی دھرتی ٭ **ریتیلا**۔ **رتیلا**۔ کرکرا۔ بھربھرا ٭

ریت (رِیْت) (ہ) ریتنا کا امر ٭ **ریتنا** (۱) ریتی سے گھسنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (۲) جلا کرنا۔ رندہ کرنا۔ صاف کرنا (۳) رگڑنا (۴) ریگ مال کرنا ٭ **ریتی**۔ مؤنث۔ ریتنے کا اوزار۔ سوہن ٭

ریٹ (رِیْٹ) (انگ۔ Rate) مذکر۔ نرخ ٭

ریٹھا (رِیْ۔ٹھَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا درخت اور اس کا پھل جس سے اُونی، ریشمی کپڑے، بال وغیرہ صاف ہوتے ہیں اور اس کے اندر سے کالی گولی نکلتی ہے ٭

ریجھ (رِیْجھ) (ہ) مؤنث (۱) شوق۔ چاہت۔ رغبت (۲) خُو۔ خصلت۔ عادت (۳) ریجھنا کا امر ٭ **ریجھنا** (۱) راغب ہونا۔ مائل ہونا (۲) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا ٭

ریچھ (رِیْچھ) (ہ) مذکر۔ بھالو۔ خرس ٭

ریح (رِیْح) (ع) مؤنث (۱) ہوا۔ پَوَن۔ باد (۲) (ل) ریاح۔ پاد۔ گوز ٭

ریحان (رَے۔حَان) (ع) مذکر (۱) ایک خوش بودار پودا۔ ناز بو۔ بابُری (۲) مؤنث۔ تخمِ ریحان۔ ریحان کے بیج (۳) ایک خوش بودار ہری گھاس (۴) گُلِ سُرخ کے سوا تمام پھول (۵) ایک قسم کا خط ٭

ریخ (رِیْخ) (ل) مؤنث (۱) لکیر۔ ریکھا (۲) مسّی کی وہ سیاہ لکیر جو دانتوں میں پڑ جاتی ہے (۳) جڑ۔ بنیاد۔ چُول ٭ **ریخیں**۔ مؤنث۔ ریخ کی جمع (۱) لکیریں (۲) درزیں (۳) چُولیں ٭ **ریخیں ڈھیلی ہونا** (۱) چُولیں ڈھیلی ہونا۔ تھک جانا۔ جوڑ جوڑ ہل جانا (۲) خوف یا دہشت سے بے طاقت اور بدحواس ہو جانا ٭

ریختہ (رِیْخ۔تَہ) (ف) (۱) گرا ہوا۔ تکلّف اور تصنّع کے بغیر زبان سے نکلا ہوا۔ بے ساختہ نکلا ہوا (۲) پکا۔ مضبوط۔ پختہ (۳) پریشان۔ منتشر۔ بکھرا ہوا (۴) مذکر۔ مکان بنانے کا مسالا (۵) پختہ عمارت (۶) مذکر۔ اردو زبان۔ اردو کے ابتدائی زمانے کی نظمیں وغیرہ ٭ **ریختی** (ل) مؤنث۔ وہ نظم جو عورتوں کی زبان میں کہی جائے ٭

ریداس (رَے۔دَاس) (ہ) مذکر۔ چماروں کے فرقے کا بانی، جو بڑا گیانی مشہور تھا ٭ **ریداسی**۔ ریداس کو ماننے والا فرقہ ٭

ریڈ (رَیْڈ) (انگ۔ Red) سرخ ٭ **ریڈ کراس سوسائٹی** (Red Cross Society) مؤنث۔ عیسائیوں کی ایک جماعت، جو لڑائی کی حالت میں زخمیوں کی اور امن کی صورت میں بیماروں کی خدمت کرتی ہے۔ انجمن صلیب احمر ٭

ریڈر (رِیْ۔ڈَر) (انگ۔ Reader) (۱) مذکر۔ پڑھنے والا (۲) پروف دیکھنے والا (۳) مؤنث۔ درسی کتاب ٭

ریڈیکل (رَے۔ڈِی۔کَل) (انگ۔ Radical) مذکر۔ انگلستان کے مدبّروں کا ایک نہایت آزاد سیاسی فرقہ ٭

ریڈیم (رِے۔ڈِیَم) (انگ۔ Radium) مؤنث۔ ایک دھات، جو جست کے ذاتی ابال سے بنتی ہے اور ۱۸۹۸ء میں دریافت ہوئی۔ دنیا میں اس کی نہایت تھوڑی مقدار موجود ہے۔ جہان کی سب سے زیادہ قیمتی چیز یہی ہے ٭

ریڈیو (رِے۔ڈِیو) (انگ۔ Radio) مذکر۔ لاسلکی تار اور ٹیلیفون۔ موجودہ زمانے کی مشہور ایجاد، جس کے ذریعے سے گھر بیٹھے دنیا بھر کی خبریں، گانا وغیرہ سنا جاتا ہے ٭

ریڑھ (رِیْڑھ) (ہ) مؤنث۔ پیٹھ کے بیچ کی ہڈی۔ استخوانِ پشت۔ کمر کی درمیانی ہڈی ٭

ریز (رِیْز) (ف) مؤنث۔ چہچہانا۔ ناز نخرا کرنا ٭

ریزر (رِے۔زَر) (انگ۔ Razor) مذکر۔ استرا ٭

ریزرو (ری۔ زَرْوْ) (انگ۔ Reserve) مخصوص ۔

ریزش (ریسے۔ زِش) (ف) مؤنث۔ نزلہ۔ زکام۔ ناک سے پانی بہنے کی بیماری ۔

ریزگاری (ریزْ۔ گا۔ ری) (ف) مؤنث۔ روپے کے حصے۔ خُردہ ۔ **ریزگی** ۔ مؤنث (۱) ریزگاری۔ خُردہ (۲) قصائی کی چھانٹ۔ کھرچن۔ کترن۔ چھیچھڑے ۔

ریزہ (ف) مذکر (۱) ٹکڑا۔ ذرّہ (۲) پارچہ۔ قطعہ۔ پُرزہ (۳) (ف) سڈول اور عمدہ صندوق (۴) توپچی ۔

ریزیڈنٹ (رَسے۔ زِی۔ ڈَنْٹ) (انگ۔ Resident) مذکر (۱) رہنے والا مقیم۔ ساکن (۲) شاہی وکیل، جو غیر ریاست کے دربار میں رہے ۔ **ریزیڈنسی** (Residency) مؤنث (۱) گھر۔ ٹھکانا۔ مقام (۲) وہ جگہ جہاں ریزیڈنٹ رہتا ہو ۔

ریس (ریْس) (ہ) مؤنث (۱) رقابت۔ ہم چشمی۔ مقابلہ۔ برابری (۲) ہوس۔ حرص ۔ ریس بھلی ہَوَس بُری (ف) رشک اچھا اور حسد بُری چیز ہے ۔

ریسٹ (رَیْسْٹ) (انگ۔ Rest) مذکر (۱) چین۔ سکون۔ آرام (۲) خواب ۔ **ریسٹ ہاؤس** (Rest house) مذکر۔ وہ مقام، جو سرکار یا محکمے کی طرف سے افسروں کے رہنے کے لیے بنایا گیا ہو ۔

ریسمان (ریْس۔ مان) (ف) مؤنث۔ رسّی۔ رسن۔ ڈوری ۔

ریش (ریْش) (ف) مؤنث۔ ڈاڑھی۔ مرد کے چہرے کے بال۔ خط ۔ **ریش قاضی** (ف۔ ع) مؤنث (۱) قاضی جی کی ڈاڑھی (۲) بنگ یا شراب کی صافی۔ بھنگ چھاننے کا کپڑا ۔ **ریشائیل** (ف) مذکر۔ بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا۔ درازریش ۔ **ریشخند** (ف) مذکر۔ ٹھٹھا۔ مسخرگی ۔

ریشم (ریسے۔ شَم) (ف) ابریشم کا مخفف۔ مذکر۔ وہ تار، جو ریشم کے کیڑوں کے پیٹ سے نکلتا ہے۔ ابریشم۔ حریر۔ ٹسر ۔ **ریشمی** ۔ ریشم کا بنا ہوا۔ حریری ۔

ریشہ (ریسے۔ شَہ) (ف) مذکر۔ رگ۔ نس۔ سُوت۔ پٹھا۔ عصب ۔ **ریشہ خطمی ہونا** (ف) بہت ہنسنا ۔ **ریشہ دار** (ف) وہ چیز جس میں سوت سا نکلے۔ پھونسڑے والا ۔ **ریشہ دوانی** ۔ مؤنث۔ فساد ڈالنا۔ شرارت کرنا ۔

ریع (رَیْع) (ع) مؤنث۔ نرخ۔ عام نرخ۔ شرح۔ شرح محصول ۔ **ریع بندی** (ع۔ ف) مؤنث۔ لگان کی شرح کا نقشہ ۔

ریعان (رَیْ۔ عَان) (ع) مذکر (۱) اٹھتی جوانی۔ شباب کا آغاز (۲) کسی چیز کا بہترین حصہ ۔

ریفارم (ری۔ فارْم) (انگ۔ Reform) مؤنث۔ اصلاح۔ ترمیم ۔ **ریفارمر** (Reformer) مذکر۔ اصلاح کرنے والا۔ مصلح ۔

ریفرشمنٹ (ری۔ فْرَش۔ مَنْٹ) (انگ۔ Refreshment) مؤنث۔ تھوڑی سی چیز جو تفریح طبع کے لیے کھائی یا پی جائے ۔ **ریفرشمنٹ روم** (Refreshment-room) مذکر۔ وہ جگہ جہاں تفریح طبع کے لیے کچھ کھایا پیا جائے۔ قہوہ خانہ۔ ہوٹل ۔

ریفیوزڈ (ری۔ فیوزْڈْ) (انگ۔ Refused) (۱) انکار کیا گیا (۲) وہ چٹھی یا پارسل وغیرہ جس کے وصول کرنے سے مکتوب الیہ انکار کرے ۔

ریکارڈ (ری۔ کارْڈْ) (انگ۔ Record) مذکر۔ اندراج۔ یادداشت۔ مسل ۔

ریکان (ریسے۔ کان) (ہ) مؤنث۔ وہ زمین، جو دریا کے پانی کی پہنچ سے باہر ہو ۔

ریکٹ (رَیسے۔ کَٹْ) (انگ۔ Racquet) مذکر۔ ٹینس کھیلنے کا ڈنڈا ۔

ریکن کرتی (ریسے۔ کَن ، کرْ۔ تی) (ہ) مؤنث۔ اس محصول کی شرح، جو فی بیگھہ پیداوار کے حساب سے لگایا جائے ۔

ریکھ۔ ریکھا (ریکْھ ، ریسے۔ کھا) (ہ) مؤنث (۱) لکیر۔ خط۔ نشان۔ تحریر (۲) نصیب۔ بخت۔ بھاگ۔ تقدیر۔ قسمت کا لکھا ۔ **ریکھا گنیت** ۔ مؤنث (ہند) (۱) اقلیدس کی تحریر ۔

ریگ (ریْگ) (ف) مؤنث۔ ریت۔ سراب۔ بالو ۔ **ریگِ رواں** مؤنث۔ اُڑنے والی ریت۔ افریقہ اور عرب کے ریگستانوں میں ہوا کے زور سے ریت بھی چلتی ہے، جس سے ریت کے ٹیلے آج اِدھر ہوتے ہیں تو کل اُدھر۔ اسے ریگِ رواں کہتے ہیں ۔ **ریگ ماہی** ۔ مؤنث۔ ریت کی مچھلی۔ سقنقور ۔ **ریگستان** ۔ مذکر۔ ریتلا میدان۔ ریت کا ملک ۔

ریگولیشن (رَیسے۔ گوْ۔ لیے۔ شَن) (انگ۔ Regulation) مذکر۔ ضابطہ۔ قاعدہ ۔

ریل (ریْل) (انگ۔ Reel) مؤنث۔ پھرکی، جس پر سوت یا تاگے لپٹے ہوئے ہوں۔ پیچک ۔

ریل (ریْل) (ہ) مؤنث (۱) ریلنا کا امر (۲) مؤنث (ف) بہتات ، بھیڑ ۔ **ریل پیل** ۔ مؤنث (۱) دھکا پیل۔ دھکم دھکا (۲) بھرمار۔ زیادتی۔ کثرت۔ بہتات ۔ **ریلا** ۔ مذکر (۱) سیلاب۔ طغیانی۔ پانی کا چڑھاؤ۔ زور (۲) دھکا (۳) دھار (۴) ہجوم۔ بھیڑ ۔ **ریلنا** (۱) دھکا دینا۔ دھکیلنا (۲) سرکانا (۳) دوڑانا۔ چلانا ۔

ریل (ریْل) (انگ۔ Rail) مؤنث (۱) لوہے کی سڑک (۲) (اصطلاحاً) ریل گاڑی ۔ **ریلوے** (Railway) مؤنث (۱) ریل کی سڑک (۲) ریل کا محکمہ ۔

ریم (ریْم) (ف) مؤنث (۱) پھوڑے کی پیپ۔ پکا ہوا مواد (۲) جسم یا کپڑے کا میل (۳) لوہے، چاندی وغیرہ کی کثافت ۔

ریم (ریْم) (انگ۔ Ream) مذکر۔ کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل۔ چار سو اسّی یا پانچ سو تختوں کا مجموعہ ۔

ریمارک (ری۔ مارْکْ) (انگ۔ Remark) مذکر۔ رائے۔ خیال ۔

ریمانڈ (ری۔ مانْڈْ) (انگ۔ Remand) مذکر۔ تفتیشِ مقدمہ کی مہلت ۔

ریمائنڈر (ری۔ ما۔ اِئن۔ ڈَرْ) (انگ۔ Reminder) مذکر۔ یاددہانی کی چٹھی ۔

ریمیا (ری۔ میا) (ف) مؤنث۔ ایک علم جس کے عمل سے انسان جہاں چاہے، جا سکتا ہے ۔

رَین (رَین) (ہ) مؤنث۔ رات۔ شب۔ لیل ٭ **رین بسیرا** ۔ مذکر (ہندی) (۱) شب باشی۔ رات کاٹنا (۲) رات بسر کرنے کی جگہ ٭ **رَینی** ۔ مؤنث۔ (الکھنؤ) رات کو بولنے والا سیدھا ہوا پرندہ ٭ **رینی بلبل** (۱) مذکر۔ ساری رات چہچہانے والا گلدم۔ رات بھر بولنے والا ہزار داستان۔ بلبلِ شب آہنگ ٭

رینٹھ (رِینٹھ) (ہ) مذکر۔ ناک کی غلاظت۔ ناک کا سفید لیس دار مادہ ٭

ریندھ (رِیندھ) (ہ) ریندھنا کا امر ٭ **ریندھنا** (ہندی) کھانا تیار کرنا۔ ابالنا۔ پکانا ٭

ریندھی ۔ **ریندی** (ری۔ دِھی، ری۔ دِی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا سا خربوزہ یا پھوٹ۔ ککڑی (۲) خربوزے کے بیجوں کا گچھا ٭

رینڈی (رِی۔ ڈِی) (ہ) مؤنث (پورب) دیکھیے "ارنڈی" ٭

رینڈیر (رِین۔ ڈِیر) (انگ۔ Reindeer) مذکر۔ برفانی ملک کا ایک قسم کا ہرن، جو گاڑی کے آگے جوتا جاتا ہے ٭

ریں ریں (رِیں۔ رِیں) (ہ) مؤنث (۱) بچوں کے رونے کی آواز۔ ٹوں ٹوں (۲) سارنگی کی آواز ٭

رینک (رِینک) (ہ) رینکنا کا امر ٭ **رینکنا** (رینک۔ نا) (ہ) گدھے کا بولنا۔ گدھے کی بولی بولنا ٭

رینگ (رِینگ) (ہ) رینگنا کا امر ٭ **رینگنا** (۱) حشرات الارض کا چلنا، کیڑوں کا چلنا (۲) گھسٹ گھسٹ کر چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا ٭

رینگٹ (رِینگٹ) (ہ) مؤنث۔ باریک ململ۔ تن زیب۔ ایک قسم کا باریک کپڑا۔ شبنم ٭

رینگٹا (رِینگ۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) گدھے کا بچہ (۲) جانور کا دبلا پتلا چھوٹا بچہ ٭

رینگنی (رِینگ۔ نی) (ہ) مؤنث (پورب) ایک درد جو چوتڑوں سے اٹھ کر ٹخنوں تک پہنچتا ہے۔ عرق النسا ٭

رینی (رَے۔ نی) (ہ) (۱) کسم کا رنگ (۲) (پ) سونے چاندی کی ڈلی ٭ **رینی چڑھنا** (۱) کسم کا رنگ کے لیے لٹکایا جانا۔ رنگ کا چڑھنا (۲) ماہانہ حیض آنا ٭

ریوالور (رِی۔ وال۔ وَر) (انگ۔ Rovolver) مذکر کئی فیر کا پستول۔ تمنچہ ٭

رِسے وَاڈِزبرہ رَ فُوہو (ف) جا۔ دور ہو۔ رخصت ٭

ریوٹر (رِیو۔ ٹر) (صحیح رائیٹر) (انگ۔ Reuter) مذکر۔ اخبارات کو تار کی خبریں دینے والی ایجنسی ٭

ریوڑ (رے۔ وَڑ) (ہ) مذکر۔ بھیڑ بکریوں کا گلہ ٭

ریوڑی (ریو۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ وہ شیرینی، جو کھانڈ وغیرہ کے قوام سے بنائی جاتی ہے اور اس پر تِل لگائے جاتے ہیں ٭ **ریوڑی کے پھیر میں آنا۔ یا۔ پڑنا** ۔ کسی طمع یا فریب کے باعث مصیبت میں پھنسنا۔ آفت میں مبتلا ہونا ٭

ریول (رَے۔ وَل) (ہ) مذکر۔ پالتو کبوتروں کا جنگل میں جاکر دانہ چگنا ٭ **ریولیا** ۔ مذکر۔ پالتو کبوتر، جو جنگل میں جاکر دانہ کھانے کے بعد واپس آتے ٭

ریوند (ری۔ وَند) (ف) مذکر و مؤنث۔ ایک قسم کا پودا ٭ **ریوند چینی** ۔ مذکر و مؤنث (۱) چین کا ریوند (۲) ایک سست آور دوا ٭

ریونیو (رَے۔ وِی۔ نیو) (انگ۔ Revenue) مذکر۔ مالیہ ٭ **ریونیو آفیسر** (Revenue Officer) مذکر۔ مال افسر ٭

ریویو (ری۔ ویو) (انگ۔ Review) مذکر۔ تنقید۔ کسی کتاب وغیرہ پر رائے کا اظہار۔ تبصرہ۔ تقریظ ٭

ریہ (ریَہ، ری۔ یَہ) (ع) مذکر۔ پھیپھڑا۔ شُش ٭

ریہ (ریہ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی کھاری مٹی۔ شوردار ریتا، جو عموماً کھانڈ صاف کرنے، کپڑا دھونے اور صابون بنانے کے کام آتا ہے ٭ **ریہڑ** ۔ مذکر۔ بنجر اراضی جس میں ریہ ہو ٭

ریہو (رے۔ ہو) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "روہو" ٭

ڑ

ڑ (ڑے) (ہ) مؤنث۔ اردو اور ہندی زبان کا پندرھواں حرف۔ یہ حرف کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔ حساب ابجد میں اس کے عدد ر کے برابر یعنی دو سو قرار دیے گئے ہیں۔

ز

ز (زے) (ع) مؤنث (۱) اردو کا سولھواں، فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف (۲) حسابِ ابجد میں اس کے سات عدد قرار دیے گئے ہیں ٭

ز۔ا

زاج (زاج) (ف) مؤنث۔ سجی ٭ **زاجِ سفید** ۔ مؤنث۔ پھٹکڑی ٭

زاجر (زا۔ جِر) (ع) جھڑکنے والا ٭

زاد۔ زادہ (زاد، زا۔ دَہ) (ف) مذکر۔ جنا ہوا۔ جنا۔ زائیدہ ٭ **زاد بوم** ۔ مؤنث۔ جائے پیدائش، جنم بھوم، وطن، دیس ٭ **زادی** ۔ مؤنث۔ جنی۔ جنی ہوئی ٭

زاد (زاد) (ع) مذکر۔ راستے کا خرچ۔ توشہ ٭ **زادِ راہ** (ع۔ ف) مذکر۔ راہ کا خرچ، کھانا وغیرہ ٭

زار (زار) (ف) مذکر (۱) مقام۔ مکان۔ جگہ (۲) افراط۔ کثرت (۳) نالہ و فریاد (۴) ضعیف۔ لاغر (۵) رسوا، خوار۔ ذلیل ٭ **زار زار یا زار و قطار رونا** (ف) بے حد رونا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا ٭ **زار و نزار** (ف) لاغر۔ ناتواں۔ کمزور۔ پتلا۔ دبلا ٭ **زاری** ۔ مؤنث (۱) پیٹنا۔ رونا۔ گریہ (۲) عاجزی۔ عجز و نیاز ٭

زاغ (زاغ) (ف) مذکر (۱) کوا۔ کاگ (۲) کمان کے گوشے کی نوک (۳) ایک قسم کا راگ ٭ **زاغِ آبی** ۔ مذکر۔ جل کوا۔ پن ڈبی ٭

زال (زَالْ) (ف) (۱) مذکر (۱) رستم کا باپ جس کے بال پیدائشی سفید تھے (۲) بوڑھا۔ بڈھا پھونس۔ سفید بالوں والا (۳) بڑھیا۔ بڈھی پھونس ٭ **زانو** (زَا۔نُوْ) (ف) مذکر۔ گھٹنا۔ آسن جانگھ ٭ **زانو پوش** ۔ مذکر۔ وہ کپڑا جو کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لیا جاتا ہے، تاکہ جو کچھ منہ سے گرے، اسی پر رہے ٭ **زانو پیٹنا** (و) افسوس کرنا۔ غم و ماتم کی کیفیت کا اظہار کرنا ٭ **زانو توڑنا**۔ ادب سے بیٹھنا ٭ **زانو تولنا**۔ گھٹنا بدلنا ٭

زانی (زَا۔نِیْ) (ع) مذکر۔ زنا کرنے والا۔ بدراہ۔ فاجر۔ فاسق ٭ **زانیہ**۔ زنا کار عورت۔ چھنال۔ فاحشہ ٭

زاویہ (زَا۔وِیَہْ) (ع) مذکر (۱) گوشہ۔ کونا۔ کھونٹ (۲) مخالف طرفوں سے دو مستقیم خطوں کے ایک نقطے پر ملنے سے جو کونا پیدا ہو، وہ زاویہ کہلاتا ہے۔ اقلیدس میں زاویے کی مشہور قسمیں یہ ہیں (۱) زاویۂ منفرجہ (۲) زاویۂ قائمہ (۳) زاویۂ منفرجہ (۴) زاویۂ حادّہ ٭

زاہد (زَا۔ہِدْ) (ع) مذکر (۱) پرہیزگار (۲) دنیا سے الگ رہ کر خدا کی عبادت کرنے والا ٭

زائچہ (زَا۔اِچَہْ) (ف) مذکر (۱) وہ کاغذ، جو نجومی لوگ بچے کی پیدائش کے وقت تیار کرتے ہیں۔ اس میں ولادت کی تاریخ، وقت، ماہ، سال وغیرہ درج ہوتا اور وقتِ پیدائش کے مطابق اس کی ساری عمر کے نیک و بد کا حال بتایا جاتا ہے۔ کنڈلی۔ جنم پترا (۲) رمل کی شکلیں، جو رمال قرعہ ڈال کر بناتے ہیں ٭ **زائچہ بنانا۔ یا۔ کھینچنا** (و) لگن کنڈلی کھینچنا۔ جنم پتری بنانا ٭

زائد (زَا۔اِدْ) (ع) (۱) زیادہ۔ فضول (۲) بڑھا ہوا۔ بچا ہوا (۳) فالتو ٭ **زائد الوصف**۔ تعریف سے باہر ٭

زائر (زَا۔اِرْ) (ع) مذکر۔ زیارت کو جانے والا۔ حج کو جانے والا۔ حاجی۔ جاتری ٭

زائل (زَا۔اِلْ) (ع) زوال قبول کرنے والا۔ کم ہونے والا۔ ضائع ہونے والا ٭

زائیدہ (زَا۔اِیْ۔دَہْ) (ف) جنا ہوا۔ نطفے کا ٭

ز-ب

زبان (زَبَا۔نْ) (ف) مؤنث (۱) لسان۔ جیبھ (۲) بولی۔ گفتگو۔ بات۔ محاورہ۔ نطق۔ بول چال (۳) وعدہ۔ قول۔ اقرار (۴) بیان ٭ **زبان آبِ کوثر سے دھوئی ہونا** (و) (کنایۃً) زبان کا پاکیزہ ہونا ٭ **زبان آور** (ف) مذکر (۱) شیریں زبان۔ خوش بیان (۲) طرّار ٭ **زبان افگن**۔ شعلہ زن۔ لپٹیں مارنے والا ٭ **زبان الٹنا** (و) (۱) زبان کا حرکت کرنا (۲) بات ہونا۔ زبان سے بات نکلنا (۳) اقرار سے پھر جانا۔ زبان بدلنا ٭ **زبان بدلنا۔ یا۔ پلٹنا۔ یا۔ پھیرنا**۔ اقرار سے پھرنا۔ کہ کر نہ کرنا ٭ **زبان بگاڑنا**۔ زبان کو فضول لفظوں سے گندہ کرنا۔ زبان خراب کرنا ٭ **زبان بگڑنا**۔ گالی گفتار کی عادت ہونا۔ زبان کا گندہ ہونا ٭ **زبان بند** (ف) مذکر۔ وہ تعویذ، جو دشمنوں کی زبان روکنے کے لیے لکھا جائے ٭ **زبان بند کرنا** (و) خاموش ہونا یا کرنا۔ بولنے سے رکنا یا روکنا ٭ **زبان بند ہونا** (۱) خاموش ہونا۔ بولنے یا بات کرنے سے عاجز ہونا (۲) کسی کے سامنے رعب کے مارے بات نہ کر سکنا (۳) زبان اینٹھ جانا (۴) تعویذ یا جادو کے زور سے کسی کے خلاف کچھ نہ کر سکنا ٭ **زبان بندی** (ف) مؤنث (۱) (قانون) حلف نامہ۔ حلف۔ شہادت۔ گواہی (۲) سکوت۔ خاموشی ٭ **زبان پر چڑھ جانا۔ یا۔ چڑھنا** (و) (۱) زبانی یاد ہونا (۲) تکیہ کلام ہونا (۳) بولنے کی مشق ہونا ٭ **زبان پر دھرنا۔ یا۔ رکھنا** (۱) زبان لگا کر دیکھنا۔ چکھنا (۲) تھوڑا سا کھانا ٭ **زبان پر لانا**۔ منہ سے کہنا۔ ظاہر کرنا۔ منہ پر رکھنا۔ بیان کرنا۔ کہنا ٭ **زبان پکڑنا** (۱) بولنے سے بند کرنا۔ زبان روکنا (۲) حرف گیری کرنا۔ عیب پکڑنا۔ نکتہ چینی کرنا ٭ **زبان تراشنا**۔ زبان کو شستہ بنانا۔ زبان آراستہ کرنا ٭ **زبان تتلانا**۔ ہکلانا۔ زبان کا لکنت کرنا ٭ **زبان تڑاق پڑاق (تڑتڑ) چلنا**۔ باتوں کا تار باندھ دینا۔ جلد جلد بولنا ٭ **زبان تلے (کے نیچے) زبان ہونا**۔ متلون مزاج ہونا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا ٭ **زبان جنے ایک بار، ماں جنے بار بار**۔ مثل۔ زبان کا اقرار ایک ہی دفعہ ہوتا ہے ٭ **زبان چلنا** (۱) بڑبڑانا۔ جلدی سے بول اٹھنا (۲) کھانا نوش کرنا (۳) گالیاں دینا (۴) بات کرنا۔ بولنا ٭ **زبانِ حال** (ف۔ع) مؤنث۔ موجودہ کیفیت ٭ **زبانِ حال سے کہنا** (و) موجودہ صورت سے بولے بغیر موجودہ کیفیت ظاہر ہونا ٭ **زبانِ خلق نقارۂ خدا**۔ مثل۔ جو بات دنیا میں مشہور ہو جائے، وہ ہو کر ہی رہتی ہے ٭ **زبان داب کے۔ یا۔ دبا کے کچھ کہنا**۔ دبی زبان سے بولنا۔ چپکے سے کچھ کہنا ٭ **زبان دان** (ف) مذکر۔ زبان جاننے والا۔ زبان کا ماہر۔ بہت سی زبانیں جاننے والا۔ شاعر۔ فصیح۔ بلیغ۔ عالم۔ فاضل ٭ **زبان دانی**۔ مؤنث۔ علم زبان سے خوب آگاہی اور اس کا کمال ٭ **زبان دراز**۔ (۱) بدلگام۔ منہ پھٹ۔ دلیر۔ بے باک۔ گستاخ۔ زیادہ باتیں کرنے والا (۲) گالی گلوچ بکنے والا۔ پاجی ٭ **زبان درازی**۔ مؤنث۔ بدزبانی۔ فحش بیانی۔ بدلگامی۔ گستاخی۔ بیہودہ گوئی ٭ **زبان دینا** (و) وعدہ کرنا۔ عہد کرنا۔ اقرار کرنا۔ قول ہارنا ٭ **زبان روکنا** (۱) برا کہنے سے منع کرنا (۲) کہتے کہتے رک جانا (۳) خاموش کرنا ٭ **زبان زد ہونا**۔ ہر ایک کی زبان پر ہونا۔ پھیلنا۔ مشہور و معروف ہونا ٭ **زبان سمجھنا**۔ کسی کی بولی سے واقف ہونا ٭ **زبان سنبھال کر بات کرنا۔ یا۔ بولنا**۔ منہ کو لگام دے کر بولنا۔ سوچ کر بات کرنا ٭ **زبان سنبھالنا** (۱) زبان کو قابو میں رکھنا (۲) چپ رہنا۔ خاموش رہنا ٭ **زبان سوکھنا** (۱) بیان نہ کر سکنا۔ زبان خشک ہونا (۲) پیاس کی شدت سے زبان کا خشک ہونا ٭ **زبان سے خندق پار**۔ مثل۔ زبان ہی سے بہادر ہیں اور کرتے کچھ بھی نہیں۔ شیخی ہی شیخی ٭ **زبان سینا**۔ بات نہ کہنا۔ چپ رہنا ٭ **زبان سے نکالنا** (۱) کہنا۔ بیان کرنا۔ زبان پر لانا (۲) تلفظ کرنا ٭ **زبانِ شمع** (ف) مؤنث۔ چراغ کی لَو ٭ **زبان شیریں ملک گیری، زبان ٹیڑھی ملک بانکا** (و) مثل۔ میٹھی زبان سے سب اپنے ہو جاتے ہیں اور بدزبانی سے اپنے بھی بیگانے

زبانِ شیشہ (ف) مؤنث۔ بوتل کے منہ سے عرق یا شربت وغیرہ نکلتے وقت بندھی ہوئی دھار ؛ **زبان فر فر چلنا** (۱) بڑی تیزی سے اور زیادہ بولنا ؛ **زبان قینچی سی (کی طرح) چلنا**۔ (کنایۃً) لگاتار بولے جانا ؛ **زبان کا پھوہڑا** (۱) گالی گلوچ بکنے والا۔ زبان دراز۔ بدزبان (۲) بدلگام۔ بدتہذیب ؛ **زبان کا تڑ تڑ۔ یا۔ تڑاق پڑاق چلنا**۔ باتوں کا تار باندھ دینا۔ جلد جلد بولنا ؛ **زبان کا چسکا**۔ مذکر۔ زبان کا مزہ۔ مزیدار چیزوں کے کھانے کی عادت ؛ **زبان کا میٹھا**۔ مذکر (۱) میٹھی چھری۔ خوشامدی (۲) شیریں کلام ؛ **زبان کرنا** (ع) بدکلامی سے پیش آنا۔ زبان درازی کرنا۔ بدزبانی کرنا ؛ **زبان کو کوسے گئی**۔ یہ فقرہ اس شخص کے متعلق بولا جاتا ہے ، جو بات کا جواب نہ دے ؛ **زبان کو لگام دو**۔ سوچ سمجھ کر بات کرو۔ چپ رہو ؛ **زبان کو منہ میں رکھنا**۔ زبان کو قابو میں رکھنا ؛ **زبان کھلوانا**۔ گالیوں پر اتروانا۔ بے ادب ، گستاخ اور بدزبان بنوانا ؛ **زبان کھولنا** (۱) جھڑکنا۔ برا بھلا کہنا (۲) جو منہ میں آئے سو کہہ دینا (۳) عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا (۴) زبان درازی کرنا (۵) گلہ یا شکوہ کرنا (۶) بات کرنا (۷) کلام کو طول دینا۔ بات کو بڑھا کر کہنا ؛ **زبان کھینچنا**۔ گدّی کے پیچھے سے زبان نکالنا۔ زبان کاٹنے کی سزا دینا ؛ **زبان کے منہ سے (چٹخارے) لینا**۔ بے حد خوش ذائقہ اور لطیف چیزیں کھا کر زبان چاٹنا ؛ **زبان کے نیچے زبان ہونا**۔ دیکھیے "زبان تلے زبان ہونا" ؛ **زبان گھس جانا**۔ عاجزی یا نزاکت کے باعث دعا کرتے کرتے زبان تھک جانا ؛ **زبان لڑکھڑانا** (۱) رعب یا خوف کے مارے زبان کا قابو میں نہ رہنا (۲) زبان کا لکنت یا لغزش کرنا ؛ **زبان لڑانا** (۱) کہنا سننا۔ بولنا چالنا۔ باتیں کرنا (۲) (ع) برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جواب دینا ؛ **زبان منہ میں رکھنا**۔ بولنے کی طاقت رکھنا۔ زبان والا ہونا ؛ **زبان میں (پر) کانٹے پڑنا**۔ پیاس کی شدت کے باعث زبان کا کھردرا اور خشک ہو جانا ؛ **زبان نکالنا** (۱) دیکھیے "زبان کھینچنا" (۲) بدزبانی کرنا۔ زبان درازی کرنا (۳) بیہودہ باتیں منہ سے نکالنا۔ بکواس کرنا ؛ **زبان نکلنا۔ یا۔ نکل پڑنا**۔ بے حد پیاس یا کسی صدمے کے سبب زبان کا منہ سے باہر آ جانا ؛ **زبان ہارنا**۔ **وعدہ کرنا**۔ اقرار کرنا۔ قول ہارنا ؛ **زبان ہلانا**۔ (۱) کہنا۔ بات کرنا۔ بولنا (۲) مانگنا۔ سوال کرنا ؛

زبانہ (ف) مذکر۔ آگ کی لپٹ۔ لَو۔ شعلہ ؛ **زبانی** (۱) منہ سے کہی ہوئی۔ تقریری (۲) منقول۔ سُنی سُنائی۔ روایتی ؛ **زبانی امتحان** (۱) مذکر۔ تقریری امتحان۔ وہ امتحان ، جو پڑھوا کر لیا جائے ؛ **زبانی پڑھنا**۔ حفظ پڑھنا۔ ازبر پڑھنا۔ دیکھے بغیر پڑھنا ؛ **زبانی جمع خرچ**۔ مذکر۔ خیالی پلاؤ۔ باتیں ہی باتیں ؛ **زبانی جمع خرچ کرنا**۔ خیالی پلاؤ پکانا۔ صرف باتیں ہی باتیں بنانا ؛ **زبانی حساب**۔ مذکر۔ ذہنی حساب۔ تقریری حساب ؛

زبدہ (زُبْ۔ دَہْ) (ع) مذکر (۱) مسکہ۔ مکھن (۲) چنا ہوا۔ منتخب۔ چیدہ۔ عطر ؛ **زُبْدَۃُ الْحُکَمَاء**۔ مذکر۔ ایک قسم کی ڈگری ، جو طبیبوں کو دی جاتی ہے ؛

زبر (زَبَرْ) (ف) (۱) اوپر والا۔ اونچا (۲) (۱) غالب۔ طاقت ور۔ زبردست (۳) گراں۔ بوجھل۔ بھاری (۴) (ف) ازبر کا مخفف (۵) مذکر۔ حرف کے اوپر کی حرکت۔ فتح۔ وہ چھوٹی سی آڑی لکیر ، جو کسی حرف کے اوپر آدھے الف کی سی آواز ظاہر کرنے کے لیے لگائی جائے ؛ **زبر ہونا** (۱) بھاری ہونا۔ فتح پانا۔ غالب ہونا ؛ **زبردست** (ف) (۱) شہ زور۔ قوی۔ توانا۔ طاقت ور (۲) بہت بڑا۔ لائق (۳) غالب (۴) مستحکم۔ پختہ۔ پکا (۵) ذی مقدور۔ مقدرت والا (۶) ظالم۔ جابر ؛ **زبردست سب کا جنوائی** (۱) مثل۔ زبردست کا حکم سب مانتے ہیں ؛ **زبردست کا ٹھینگا سر پر**۔ مثل۔ زبردست سے زور نہیں چلتا ، اس کی ماننی ہی پڑتی ہے ؛ **زبردست کی جورو ، سب کی دادی**۔ مثل۔ زبردست کے متعلق کو بھی سب بڑا ہی مانتے ہیں ؛ **زبردست کے بیس بسوے**۔ مثل۔ زبردست ہمیشہ ہی غالب رہتا ہے ؛ **زبردست مارے اور رونے نہ دے**۔ مثل۔ ظالم کے آگے بس نہیں چلتا ؛ **زبردستی** (ف) مؤنث۔ (۱) زور آوری۔ سرزوری۔ زیادتی۔ جبر۔ سینہ زوری (۲) چھین جھپٹ کر۔ مرضی کے خلاف کوئی کام کرنا (۳) یونہی۔ ناحق۔ بے سبب ؛ **زبردستی پکڑ لانا** (۱) حکومت کے زور سے گرفتار کرا لانا ؛ **زبردستی قبول کرانا**۔ دھمکی دے کر یا دباؤ ڈال کر اقرار لینا ، زور و ظلم سے منوانا ؛ **زبردستی کرنا**۔ زور آوری کرنا۔ زیادتی کرنا۔ جبر کرنا ؛

زبرجد (زَبَرْ۔ جَدْ) (ع) مذکر۔ ایک سبز رنگ کا زردی مائل جواہر۔ ایک قسم کا زمرد۔ پنّا ؛

زبس (زِ۔ بَسْ) (ف) دیکھیے "ازبس" ؛

زبور (زَ۔ بُوْرْ) (ع) مؤنث (۱) کتاب۔ نوشتہ (۲) زمزمہ۔ بھجن (۳) وہ الہامی کتاب ، جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی ؛

زبون (زَ۔ بُوْنْ) (ف) (۱) ضعیف۔ عاجز (۲) ذلیل و رسوا۔ بے چارہ۔ خوار (۳) زشت۔ برا (۴) تباہ (۵) (۱) (ع) منحوس۔ نحس ؛ **زبونی** (ف) مؤنث۔ خرابی۔ تباہی۔ خواری ؛

ز۔ ٹ

زٹل (زَ۔ ٹَلْ) (۱) مؤنث۔ گپ۔ بیہودہ اور لغویات ؛ **زٹل قافیہ**۔ مذکر۔ بے اصل باتیں۔ واہی تباہی۔ گپ شپ ؛ **زٹل مارنا**۔ جھوٹی باتیں بکنا۔ گپ ہانکنا ؛ **زٹل ہانکنا**۔ شیخی مارنا۔ جھوٹی سچی باتیں کرنا۔ گپ مارنا ؛ زٹلی۔ بکی۔ بکواسی ؛

ز۔ ج

زجاج (زُ۔ جَاجْ) (ع) مذکر (۱) شیشہ۔ آبگینہ۔ کانچ (۲) شیشے کا ٹکڑا (۳) شیشے کا پیالہ یا گلاس (۴) شیشے کی بوتل ؛

زجر (زَ۔ جْرْ) (ع) مذکر (۱) ڈانٹ ڈپٹ۔ روک (۲) (۱) جھڑکی۔ تنبیہ۔ دھمکی۔ ملامت ؛ **زجر و توبیخ** (ع) مؤنث۔ دھتکارنا۔ جھڑکنا۔ لعنت ملامت۔ ڈانٹ ڈپٹ ؛

ز-ج

زچ (زَچْ) (ف) (۱) بے بس۔ مجبور۔ تنگ۔ عاجز (۲) مؤنث۔ شطرنج میں جب بادشاہ کو شہ کے بغیر اور اس کے دوسرے مہرے یا مہروں کو چلنے کے لیے کوئی گھر نہ رہے تو اسے زچ کہتے ہیں ÷ **زچ کر دینا**۔ عاجز کر دینا۔ مجبور کر دینا۔ مات کر دینا۔ قافیہ تنگ کر دینا ÷ **زچ ہو جانا**۔ دق ہو جانا۔ تنگ ہو جانا۔ ناک میں دم آجانا ÷

زچہ (زَچْ۔ چَہْ) (ف) مؤنث۔ وہ عورت جس نے ابھی بچا جنا ہو۔ زن نوزائندہ ÷ **زچہ خانہ**۔ مذکر۔ زچہ کا گھر ÷ **زچہ رانی**۔ مؤنث۔ زچہ کا خطاب ÷ **زچہ گیریاں** (ہ) مؤنث۔ زچہ خانے کے گیت ÷

ز-ح

زحاف (زِ حَافْ) (ع) مذکر۔ عروض کی بحروں کے ارکان کا تغیر ÷

زحل (زُحَلْ) (ع) مذکر۔ وہ ستارہ، جو ساتویں آسمان پر نہایت شست رفتار اور نحس خیال کیا جاتا ہے ÷

زحمت (زَحْ۔ مَتْ) (ع) مؤنث۔ تکلیف۔ رنج۔ درد۔ دکھ۔ محنت۔ مشقت۔ سختی۔ مصیبت ÷ **زحمت اٹھانا**۔ تکلیف برداشت کرنا۔ دکھ بھوگنا ÷

زحیر (زَ۔ حِیْرْ) (ع) مؤنث (۱) پیچش (۲) آزردہ ÷

ز-خ

زخار (زَخْ۔ خَارْ) (ع) لبالب۔ پانی سے نہایت بھرا ہوا۔ چڑھا ہوا ÷

زخم (زَخْمْ) (ف) مذکر (۱) ناسور۔ گھاؤ (۲) (ہ) ضرر۔ خسارہ۔ نقصان ÷ **زخم بھر جانا یا بھرنا** (۱) گھاؤ کا اچھا ہو کر برابر ہو جانا (۲) نقصان کا عوض ملنا۔ نقصان کی تلافی ہو جانا ÷ **زخم پر نمک چھڑکنا**۔ رنج پر رنج دینا۔ مرے کو مارنا۔ جلے کو جلانا۔ تکلیف میں تکلیف اور دکھ میں دکھ دینا ÷ **زخم دینا** (۱) مجروح کرنا۔ زخمی کرنا (۲) نقصان پہنچانا (۳) صدمہ پہنچانا ÷ **زخم کاری** (ف) مذکر۔ گہرا زخم۔ مہلک زخم ÷ **زخم کھانا** (ہ) (۱) مجروح ہونا۔ زخم اٹھانا (۲) نقصان اٹھانا (۳) صدمہ اٹھانا ÷ **زخم ہرا کرنا** (۱) زخم تازہ کرنا (۲) رنج دلانا یا صدمہ پہنچانا ÷ **زخم ہرا ہو جانا** (۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا (۲) گزشتہ صدمے یا حادثے کا یاد آجانا ÷ **زخمی** (ف) چوٹ کھایا ہوا۔ مجروح۔ گھائل ÷

زخمہ (زَخْ۔ مَہْ) (ف) مذکر (۱) مضراب۔ ساز بجانے کا آلہ (۲) نقارے کی چوب ÷

ز-د

زد (زَدْ) (ف) مؤنث (۱) مار۔ نشانہ (۲) صدمہ۔ چوٹ۔ ضرب (۳) (ہ) خسارہ۔ ضرر۔ نقصان ÷ **زد پر ہونا**۔ مار کی جگہ یا ٹھیک نشانے پر ہونا ÷ **زد پڑنا**۔ خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا ÷ **زد و کوب** (ف) مؤنث۔ مار کٹائی۔ ہاتھا پائی۔ جوتی پیزار۔ مارپیٹ ÷ **زدہ** (۱) مارا ہوا۔ ضرب رسیدہ (۲) (ہ) مفلوک۔ مصیبت کا مارا (۳) (ہ) کمزور۔ گلا ہوا۔ بوسیدہ ÷ **زدہ حال**۔ تباہ حال۔ سوگوار۔ غمگین۔ پریشان حالت۔ خستہ حال ÷

ز-ر

زر (زَرْ) (ف) مذکر (۱) سونا۔ طلا (۲) روپیہ پیسا۔ مال و متاع۔ دھن۔ دولت (۳) پھول کے اندر کا زرد زر د زیرہ (۴) (ہ) سونے چاندی کے تار یا کلابتون۔ تار زر ÷ **زرِ اصل** (ف۔ ع) مذکر۔ وہ روپیہ، جو قرض دیا جائے۔ سرمایہ۔ مول ÷ **زرباف**۔ مذکر۔ تاروں کا بنا ہوا کمخواب ÷ **زربافی**۔ بافتۂ زر۔ تاربانی۔ سنہرا ÷ **زرِ باقی** (ف۔ ع) مذکر۔ وہ روپیہ، جو وصول ہونے سے باقی رہ گیا ہو ÷ **زربفت** (ف) مذکر۔ زری۔ دیبا۔ کمخواب۔ ایک قسم کا کپڑا، جو کلابتون سے بنا جاتا ہے ÷ **زر بل نہ زور بل** (ہ) مثل۔ روپیہ نہ طاقت ÷ **زرِ بیعانہ** (ف۔ ع) مذکر۔ وہ روپیہ، جو بائع کو بیع پختہ کرنے کی بابت چیز کی قیمت میں سے کسی قدر پیشگی دیا جائے ÷ **زرِ پیشگی** (ف) مذکر (۱) فاضل۔ باقی (۲) وہ روپیہ، جو کسی شے یا محنت کے عوض پہلے ہی دے دیا جائے ÷ **زرِ توفیر** (ف۔ ع) مذکر۔ بہت روپیہ۔ فالتو یا فاضل روپیہ ÷ **زرِ ثمن**۔ مذکر۔ قیمت کا روپیہ۔ اسباب کے نیلام کا روپیہ ÷ **زر خرید** (ف) (۱) روپیہ دے کر مول لیا ہوا (۲) ذاتی خریدا ہوا ÷ **زرخیز**۔ شاداب۔ سیراب۔ پیداوار کی زمین ÷ **زردار**۔ امیر۔ دولت مند۔ مال دار ÷ **زردوز**۔ مذکر۔ زری کا کام کرنے والا شخص۔ کارچوب ÷ **زردوزی**۔ مؤنث۔ کامدانی۔ کارچوبی ÷ **زردوست**۔ لالچی۔ طامع۔ بخیل۔ روپے کو عزیز رکھنے والا ÷ **زرڈگری** (ہ) مذکر۔ ڈگری کا روپیہ۔ وہ رقم جس کی ڈگری ہوئی ہو ÷ **زررہن** (ف۔ ع) مذکر۔ گروی کا روپیہ ÷ **زرِ سرخ** (ف) مذکر۔ طلا۔ سونا۔ زر خالص ÷ **زر سفید**۔ مذکر۔ نقرہ۔ چاندی ÷ **زرِ ضامنی** (ف۔ ع) مذکر۔ ضمانت کا روپیہ ÷ **زرِ فاضل**۔ مذکر۔ زائد روپیہ ÷ **زرِ قرض**۔ مذکر۔ قرض کا روپیہ ÷ **زرِ قلب**۔ مذکر (۱) ناقص سونا۔ کھوٹا سونا (۲) کھوٹا سکہ۔ کھوٹا روپیہ ÷ **زر کا جوتا** (ہ) مذکر (۱) کا مدار جوتا (۲) رشوت ÷ **زرکار** (ف) (۱) جس پر ملمع یا سنہری کام کیا ہوا ہو (۲) سنار ÷ **زرکوب**۔ مذکر۔ چاندی سونا کوٹ کر ورق بنانے والا۔ ورق ساز ÷ **زرکوبی**۔ مؤنث۔ ورق سازی ÷ **زرگر**۔ مذکر۔ سنار ÷ **زرگری**۔ مؤنث (۱) سنار کا پیشہ۔ سنار کا کام (۲) ایک خاص قسم کی بنائی ہوئی زبان، جو چند آدمی آپس میں مقرر کر لیں ÷ **زرگری جنگ** (ہ) مؤنث۔ بناوٹی لڑائی۔ جنگِ زرگری ÷ **زرِ گل** (ف) مذکر۔ پھول کے اندر کا زیرہ ÷ **زر لگان** (ہ) **زرِ مال گزاری** (ف) مذکر۔ زمین کا سرکاری خراج۔ مالیہ۔ مال گزاری ÷ **زرِ مطالبہ** (ف۔ ع) مذکر۔ واجب الادا سرکاری روپیہ۔ بقایا ÷ **زرِ منافع**۔ مذکر۔ بیاج۔ سود۔ فائدے کا روپیہ۔ نفع کا روپیہ ÷ **زرفشاں** (ف) مذکر۔ سونے کے پھول یا تصویریں، جو لوہے پر بنائی جائیں ÷

زرِ نقد (ف۔ ع) مذکر۔ وہ روپیہ، جو کٹوتی کاٹ کرکے لیا جائے۔ روکڑ۔
زرنگار (ف) سنہرا۔ منقش۔ مجلاّ۔ وہ چیز جس پر سنہری نقش بنے ہوئے ہوں۔ زر نیست عشق ٹیں ٹیں (و) مثل۔ غریبی میں محبت کا لطف نہیں۔
زرِ یافتنی (ف) مذکر۔ قابلِ وصول روپیہ۔ زری۔ مؤنث۔ سونے کا تار۔ سنہری تار۔ کلابتون کا بنا ہوا کپڑا۔ بادلہ۔ گوٹا کناری وغیرہ۔ زرّیں۔ سونے کا۔ سنہری۔ سنہرا۔

زرا۔ دیکھیے "ذرا"۔

زراعت (زِرَا۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) کھیتی باڑی۔ کشت (۲) بونا۔ کشت کاری۔
زراعت پیشہ (ع۔ ف) مذکر۔ کاشتکار۔ زمیندار۔ کسان۔ مزارع۔
زراعت کرنا (و) کاشتکاری کرنا۔ کھیتی باڑی کرنا۔ جوتنا۔ بونا۔

زُرّافہ (زُرْ۔ رَا۔ فَہ) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا جنگلی جانور۔ پلنگ۔ شتر گاؤ۔

زرد (زَرْد) (ف) پیلا۔ سنہرا۔ زرد آلو۔ مذکر (۱) خوبانی (۲) ایک قسم کا زرد آڑو جو عموماً پہاڑوں میں ہوتا ہے۔ زرد پڑنا (و) کسی بیماری، دہشت یا خوف کے باعث چہرے وغیرہ کا زرد پڑ جانا۔ زرد رُو (ف) (۱) شرمسار۔ شرمندہ۔ خجل۔ منفعل (۲) ڈرا ہوا (۳) کمزور۔ نحیف (۴) جس کا چہرہ کسی تکلیف کے باعث پیلا پڑ گیا ہو۔ زرد رُوئی۔ مؤنث (۱) شرمساری۔ شرمندگی۔ خجالت (۲) ضعف۔ کمزوری۔ زرد ہو جانا یا ہونا (و) (۱) بیماری کے لمبا ہو جانے، تکلیف یا عشق سے زرد پڑ جانا۔ خون خشک ہو جانا (۲) شرما جانا (۳) خوف یا رعب میں آ جانا۔ زردہ (ف) مذکر (۱) زرد رنگ کا گھوڑا (۲) پت۔ صفرا (۳) انڈے کی زردی (۴) (و) مزعفر۔ میٹھے زرد رنگ کے چاول (۵) پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو (۶) زرد کوڑی۔
زردی (ف) مؤنث (۱) پیلاہٹ۔ پیلا رنگ (۲) (و) انڈے کی زردی (۳) یرقان (۴) اشرفی (۵) پھول کے اندر کا زیرہ۔

زردشت۔ زرتشت (زَرْ۔ دُشْت، زَرْ۔ تُشْت) (ف) مذکر۔ آتش پرستوں کا پیغمبر۔ منوچہر کی نسل سے وہ مشہور حکیم جو فیثا غورس کا شاگرد تھا۔ اس نے گشتاسپ کے زمانے میں آتش پرستی جاری کی۔ لوگوں نے اسے پیغمبر مان کر ابراہیم کے لقب سے ملقب کیا اور کتاب "ژند" جو اس نے لکھی تھی اسے آسمانی کتاب تسلیم کرنے لگے۔

زردک (زَرْ۔ دَک) (ف) مذکر۔ گاجر۔ گزر۔

زرغل (زَرْ۔ غَل) (و) نکما۔ ناکارہ۔ خراب۔

زَرْق بَرْق۔ یا۔ زَرْق و بَرْق (ف۔ ع) (۱) مؤنث۔ کرّوفر۔ ٹیپ ٹاپ۔ شان و شوکت (۲) (صفت) مجلاّ۔ آراستہ پیراستہ۔ بنا ٹھنا۔ سجا سجیلا۔

زرہ (زِرِہ) (ف) مؤنث۔ جنگ کے وقت پہننے کا ایک لباس، جو لوہے کی کڑیوں سے بنا ہوتا ہے۔ بکتر۔ جوشن۔ زرہ پوش۔ مذکر۔ وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہوئے ہو۔

ز۔ڑ

زٹر (زِٹّر) (ف) مؤنث (۱) بکواس۔ بے فائدہ بات کو لمبا کرنا۔ ٹر۔ یاوہ گوئی۔ زٹر مارنا۔ یا۔ ہانکنا (و) یاوہ گوئی کرنا۔ بکواس کرنا۔ زٹری (و) مذکر۔ یاوہ گو۔ بکواسی۔

ز۔ش

زشت (زِشْت) (ف) (۱) بُرا (۲) بھونڈا۔ بدشکل۔ زشت رُو۔ بُری صورت والا۔ بدشکل۔

ز۔ع

زعفران (زَعْ۔ فَ۔ رَان) (ع) مؤنث۔ ایک قسم کا زرد خوشبودار پھول، کیسر۔ زعفران کا کھیت (و) مذکر (۱) کیسر کی کیاری۔ کشتِ زعفران (۲) ایسی جگہ جہاں جوشِ مسرت سے خود بخود ہنسی آ جائے۔ ہنسانے کا مقام۔
زعفرانی (ع) پیلا۔ زرد۔ کیسری۔ زعفران کے رنگ کا۔

زعم (زَعْم) (ع) مذکر۔ گمان۔ ظن۔ خیال۔

زعما (زُعَمَا) (ع) مذکر۔ زعیم کی جمع۔ سردار۔ رہنما۔ لیڈر۔

زعیم (زَعِیْم) (ع) مذکر۔ لیڈر۔ سردار۔

ز۔غ

زغال (زُغَال) (ف) مذکر۔ کوئلہ۔

زغن (زَغَن) (ف) مؤنث۔ چیل۔

زغند (زَغَنْد) (ف) مؤنث۔ کود پھاند۔ چوکڑی۔ چھلانگ۔ جست۔

ز۔ف

زفاف (زِفَاف) (ع) مذکر (۱) دولہا کے گھر دلہن کی روانگی۔ مکلاوا (۲) (و) ہم بستری۔ سہاگ کی رات۔

زفیر (زَفِیْر) (ع)
زفیل (زَفِیْل) (و) } مؤنث۔ سیٹی۔ زفیل دینا (و) سیٹی دینا۔ سیٹی بجانا۔

ز۔ق

زقند (زَقَنْد) (ف) مؤنث۔ دیکھیے "زغند"۔

زقوم (زَقّوم، زَق۔ قُوم) (ع) مذکر۔ تھوہر۔

ز۔ک

زک (زَک) (و) مؤنث (۱) شرمندگی۔ ذلت۔ خفت۔ سبکی (۲) شکست۔ ہار (۳) خسارہ۔ نقصان (۴) (ف) الزام دینا (۵) ہرا دینا۔ زک اٹھانا۔ یا۔ پانا۔ یا۔ کھانا (و) (۱) شرمندگی اٹھانا (۲) ذلیل ہونا۔ ہار جانا (۳) خسارہ یا نقصان اٹھانا۔ زک دینا (۱) شکست دینا۔ ہرانا (۲) شرمندہ کرنا

(۳) ذلیل و رسوا کرنا ٭

زکا (زَکا) (ع) مؤنث (۱) بڑھنا (۲) پاکیزگی (۳) دولت مند (۴) جلد ادا کر دینے والا ٭ **زکاوت** (مؤنث) پاکیزگی۔ نیکی ٭ **زکی** (۱) نیک۔ پاک (۲) زکوٰۃ دینے والا ٭

زکام (زُکام) (ع) مذکر۔ سردی کی وہ بیماری جس میں ناک بہے۔ نزلہ۔ ریزش ٭ **زکام بگڑنا** (۱) نزلے کے پانی کا سڑ جانا۔ ریزش بند ہو کر دوسری بیماری ہو جانا ٭

زکریا (زَکَرِیّا۔ یا) (ع) مذکر۔ ایک پیغمبر، جو آرے سے چیر دیے گئے تھے ٭

زکوٰۃ (زَکات) (ع) مؤنث (۱) مال کا چالیسواں حصہ، جو ہر سال خدا کی راہ میں دیا جائے (۲) خیرات۔ صدقہ ٭

ز-ل

زلال (زُلال) (ع) مذکر (۱) صاف اور میٹھا پانی (۲) ایک سفید کیڑا، جو برف میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کے مر جانے پر اُسے پانی میں ڈال دیتے ہیں اور اس کی تاثیر سے پانی ٹھنڈا ہو جاتا ہے ٭

زلزلہ (زَلْ۔ زَلَہ) (ع) مذکر (۱) بھونچال۔ جنبش۔ لرزہ (۲) تہلکہ۔ کھلبلی۔ ہلچل ٭ **زلزلہ پڑ جانا** (ل) تہلکہ مچ جانا۔ کھلبلی پڑ جانا۔ ہلچل پڑ جانا ٭

زلف (زُلف) (ف) مؤنث۔ بالوں کی لٹ، جو کنپٹی کے پاس لٹکتی ہے۔ گیسو۔ کاکل ٭

زلو۔ زلوک (زَلُو۔ زَلُوک) (ف) مؤنث۔ جونک ٭

زلہ (زَلْ۔ لَہ) (ع) مذکر۔ وہ جھوٹا کھانا، جو کسی شخص کے لیے بچا رکھا جائے۔ پس خوردہ ٭ **زلہ ربا** (ع۔ ف) (۱) جھوٹا کھانے والا (۲) (مراداً) خوشہ چین۔ ریزے چننے والا ٭

زلیخا (زُلَے۔ خا) (ع) مؤنث (۱) ایسی حسین عورت جسے دیکھ کر لوگ پھسل پڑیں (۲) عزیز مصر کی بیوی، جو حضرت یوسفؑ پر عاشق ہوئی تھی ٭

ز-م

زمام (زِمام) (ع) مؤنث۔ باگ۔ نکیل۔ مہار ٭

زمان (زَمان) (ع) مذکر۔ وقت ٭

زمانہ (زَمانَہ) (ف) مذکر (۱) وقت۔ سماں۔ ہنگام۔ آسمانی حرکت کی مقدار (۲) میعاد۔ عرصہ۔ وقفہ۔ مدت (۳) فصل۔ رُت۔ موسم (۴) حکومت۔ راج۔ عہد (۵) قرن۔ جُگ (۶) گردش۔ دَور (۷) دہر۔ عالم۔ دُنیا (۸) مخلوق۔ دنیا کے لوگ۔ جگ ٭ **زمانہ بھر** (ل) ساری دنیا ٭ **زمانہ پھر جانا** (۱) لوگوں کا کسی کے خلاف اور دشمن ہو جانا (۲) زمانہ بدل جانا۔ زمانے کا الٹ جانا ٭ **زمانہ دیکھنا** (۱) دُنیا کو دیکھ ڈالنا (۲) تجربہ حاصل کرنا ٭ **زمانہ ساز** (ف) خود غرض۔ مطلب کا یار۔ ہوا کا رخ دیکھنے والا ٭ **زمانہ سازی**۔ مؤنث۔ مکاری۔ بناوٹ۔ دنیا داری۔ ظاہر داری۔ خوشامد ٭

زمانۂ عدت (ف۔ ع) مذکر۔ وہ میعاد جس میں عورت طلاق ملنے یا رانڈ ہونے کے بعد دوسرا نکاح نہ کر سکے ٭ **زمانہ (زمانے) کا لہو سفید ہونا** (ل) دنیا کی محبت کا جاتا رہنا۔ آپس میں محبت نہ رہنا ٭ **زمانہ موافق ہونا**۔ نصیب کا سازگار اور بخت کا یاور ہونا ٭

زمرد (زُمُرُّد۔ رُّد) (ف) مذکر (۱) ایک سبز قیمتی پتھر (۲) سبز پتا ٭ **زمردیں** (ف) ہرا۔ سبز ٭

زمرہ (زُم۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) جماعت۔ جتھا۔ گروہ (۲) (ل) ہمراہی۔ ساتھ (۳) فوج (۴) بھیڑ ٭

زمزم (زَم۔ زَم) (ع) مذکر۔ حضرت ہاجرہؑ کا کنواں، جو اب تک کعبے میں موجود ہے ٭ **زمزمی**۔ مؤنث (۱) آبِ زمزم رکھنے کا برتن (۲) حاجیوں کو آبِ زمزم دینے والا شخص ٭

زمزمہ (زَم۔ زَمَہ) (ف) مذکر (۱) گیت۔ ترانہ۔ نغمہ۔ ترنم (۲) وہ الفاظ، جو پارسی لوگ آگ پوجتے وقت سریلی آواز سے کہتے ہیں ٭ **زمزمہ پرداز۔ پیرا۔ خواں۔ سنج**۔ گیت گانے والا ٭

زمستان (زَمِس۔ تان) (ف) مذکر۔ سردی۔ جاڑا۔ موسم سرما ٭

زمن (زَمَن) (ع) مذکر۔ وقت۔ زمانہ ٭

زمہریر (زَم۔ ہَرِیر) (ع) مذکر (۱) نہایت سردی۔ سخت جاڑا (۲) کرۂ ہوا کا نہایت سرد طبقہ (۳) دوزخ کا طبقہ، جس میں سردی کا عذاب دیا جائے گا ٭

زمین (زَمِین) (ف) مؤنث (۱) دھرتی۔ ارض۔ بھوم۔ خاکی کرہ، جس پر ہم رہتے ہیں (۲) غزل کی ردیف، قافیہ اور بحر یا وزن (۳) (ل) جہان۔ دنیا۔ سنسار۔ عالم (۴) خطہ۔ تختہ۔ سطح زمین (۵) دیس۔ ملک۔ ولایت (۶) مٹی۔ خاک۔ گرد۔ دھول (۷) جڑ۔ بنیاد۔ نیو (۸) نیچے کا حصہ۔ تہ۔ تلا۔ طبق (۹) کپڑے یا کاغذ کی اصل سطح یا اصل رنگ (۱۰) عورت۔ اولاد کی ماں ٭ **زمین آسمان ایک کر دینا** (ل) کسی شخص یا شے کی تلاش میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا۔ ڈھونڈ مارنا۔ چھان مارنا ٭ **زمین آسمان کا فرق** (ل) مذکر۔ عظیم اختلاف۔ بہت زیادہ فرق ٭ **زمین آسمان کے قلابے ملانا** (ل) (۱) بہت باتیں بنانا۔ جھوٹی سچی باتیں بنانا (۲) لاف زنی کرنا۔ شیخی مارنا ٭ **زمین اٹھنا** (۱) زمین کا ٹھیکے پر جانا (۲) زمین کا بویا جانا (۳) زمین کا سرسبز ہونا ٭ **زمین بلند ہونا**۔ غزل کی بحر اور ردیف و قافیہ کا سخت و دشوار ہونا ٭ **زمین بوس ہونا** (۱) زمین چومنا۔ آستانہ بوسی کرنا (۲) حاضر خدمت ہونا ٭ **زمین بیٹھنا**۔ زمین کا نیچے دب جانا۔ زمین دھنسنا ٭ **زمین پر پاؤں نہ رکھنا**۔ زمین کو اپنا قدم رکھنے کے لائق نہ جاننا۔ بے حد اترانا ٭ **زمین پر چڑھنا۔ یا۔ زمین چڑھنا**۔ گھوڑے کا روز بروز تیز رفتاری میں ماہر ہونا ٭ **زمین پکڑنا** (۱) کسی جگہ سے نہ ٹلنا۔ جم جانا۔ جم کر بیٹھنا (۲) کسی جگہ رہنے پر اصرار کرنا ٭ **زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں**۔ مثل۔ جیتے جی مر جانے کو جی چاہتا ہے۔ سخت شرمندگی اور زندگی سے بیزار ہو جانے کے موقع پر کہتے ہیں ٭ **زمین خالصہ** (ف۔ ع) مؤنث۔ بادشاہی زمین، جس پر معاملہ نہ ہو ٭ **زمین دار۔ زمیندار**

(و) مذکر (۱) کھیتی باڑی کرنے والا۔ دہقان۔ کسان۔ ہل جوتا۔ ساتی (۲) (ف)
اراضی کا مالک۔ جاگیر دار۔ ٹھاکر ٭ زمین دارا۔ زمیندارا (و) مذکر (دیہات)
زمینداری کا حق۔ مالکانہ ٭ زمین دارنی۔ زمیندارنی (و) مؤنث۔ زمیندار
کی عورت ٭ زمین دار ہم سوانہ (ف) مذکر۔ وہ زمیندار جس کی اراضی کی حدیں
دوسرے کی حدوں سے ملتی ہوں ٭ زمین داری۔ زمینداری (ف) مؤنث (۱)
کسان پن (۲) (ف) جاگیرداری ٭ زمین دکھانا۔ یا۔ دکھلانا (و) (۱) دے مارنا۔
گرا دینا۔ پٹکنا (۲) پچھاڑنا۔ نیچا دکھانا ٭ زمین دوز (ف) (۱) زمین کے برابر
وہ کنواں جس کی منڈیریں نہ ہوں (۲) زمین میں دھنسا ہوا (۳) وہ خیمہ جس
کے چاروں طرف کا کپڑا زمین میں دبا دیا جاتا ہے ٭ زمین دیکھنا (و) (۱)
اُلٹی کرنا۔ قے کرنا (۲) ذلیل ہونا۔ شرمندگی اٹھانا۔ نیچا دیکھنا ٭ زمین
سخت ہے، آسمان دُور ہے (و) مثل۔ جان سے تنگ اور مرنے کو تیار
ہوں، لیکن نہ دفعتہً زمین میں گڑ سکتا ہوں، نہ دُوری کے سبب آسمان تک
پہنچ سکتا ہوں۔ دونوں مصیبتوں کا سامنا ہے ٭ زمینِ غیر مزروعہ (ف۔ع)
مؤنث۔ وہ زمین جس میں زراعت نہ کی جائے۔ افتادہ اور بنجر زمین ٭
زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا۔ یا۔ نکل جانا (و) کسی صدمے یا حادثے
کی خبر سن کر ہوش نہ رہنا۔ تھرّانا۔ کانپنا۔ لرزہ آجانا۔ بے حواسی کے
باعث پاؤں کا ڈگمگا جانا۔ حواس کا ٹھکانے نہ رہنا ٭ زمین کا پیوند ہو
(و) (ع) (دعائے بد) زمین میں گڑ جائے۔ مر جائے ٭ زمین کا پیوند ہونا
(و) (۱) خاک میں مل جانا۔ ناپید ہونا (۲) انتقال کرنا۔ فنا ہونا۔ مر جانا ٭
زمین کا گز۔ مذکر۔ سیّاح۔ ہمیشہ سفر اور سیاحت میں رہنے والا ٭
زمین کا گز بننا۔ یا۔ ہو جانا۔ جہان گردی اور سیّاحی کرنا۔ دنیا جہان
کو چھان مارنا ٭ زمین کھا گئی کہ آسمان۔ مثل۔ کسی چیز کے دفعتہً غائب
ہو جانے پر بولتے ہیں ٭ زمین کی پوچھنا، آسمان کی کہنا۔ سوال کچھ،
جواب کچھ۔ سوال از آسمان، جواب از ریسمان ٭ زمینِ مرہونہ (ف۔ع)
مؤنث۔ گرو رکھی ہوئی زمین ٭ زمینِ مزروعہ۔ مؤنث۔ زراعت
شدہ زمین۔ بوئی ہوئی زمین ٭ زمین میں سمانا (و) (۱) زمین میں گڑنا (۲)
شرم یا غیرت کے مارے زمین میں گڑ جانے کی تمنا کرنا ٭ زمین میں گڑ جانا
(۱) زمین میں دھنس جانا (۲) شرم سے پانی پانی ہو جانا۔ بے حد شرمندہ
ہونا ٭ زمین نکالنا۔ غزل کے لیے ردیف، قافیہ اور بحر تلاش کرنا ٭
زمین و زمان (ف۔ع) مذکر۔ سارا زمانہ ٭

ز۔ن

زن (زَن) (ف) مؤنث (۱) عورت۔ استری (۲) بیوی۔ جورو۔ اہلیہ۔
زوجہ ٭ زن زمین زر تینوں لڑائی کے گھر (و) مثل۔ عورت، زمین
اور روپیہ تینوں سے لڑائی جھگڑے پیدا ہوتے ہیں ٭ زنِ مدخولہ
(ف۔ع) مؤنث۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت۔ وہ عورت جس کا نکاح اس
کے ماں باپ نے نہ کیا ہو اور اس نے خود ہی کسی وجہ سے عقد کر لیا ہو ٭

زن مرید۔ مذکر۔ بیوی کے کہے پر چلنے اور اس کا حکم ماننے والا۔ جورو
کا غلام ٭ زنِ منکوحہ۔ مؤنث۔ بیاہتا بیوی۔ نکاحی بیوی۔ وہ عورت،
جس سے نکاح ہو چکا ہو ٭ زَنَاشُوئی (ف) مؤنث۔ میاں بیوی کے تعلقات۔ مباشرت ٭
زَنانہ (ف) مذکر (۱) ہیجڑا۔ مخنث۔ زنخا۔ عورتوں جیسی حرکتیں کرنے والا
مرد (۲) بھانڈ (۳) حرم سرائے (۴) بزدل۔ سست۔ ڈھیلا۔ نامرد ٭
زنانہ کرنا (و) (۱) غیر مردوں کو ہٹانا۔ پردہ کرنا (۲) نامرد بنانا ٭ زنانی۔ مؤنث۔
عورت۔ زن۔ استری ٭ زنانی بولی۔ مؤنث۔ عورتوں کی زبان۔ ریختی ٭
زنانی پوشاک۔ مؤنث۔ عورتوں کا لباس، انگیا، کُرتی وغیرہ ٭
زَن زَن۔ زَن سے (و) تیزی سے ٭
زِنا (زِنا) (ع) مذکر۔ کسی کی بیوی یا ملوکہ یا غیر عورت سے صحبت کرنا۔ بدکاری۔
حرام ٭ زِنا بالجبر۔ مذکر۔ کسی عورت کی مرضی کے بغیر اس سے حرام کاری کرنا ٭
زِناکار (ع۔ف) بدکار۔ حرام کار۔ زانی۔ فاجر ٭ زِناکاری۔ مؤنث۔
بدکاری۔ حرام کاری ٭
زنّاٹا (زَن۔ ناٹا) (ہ) مذکر۔ سائیں سائیں۔ سنساہٹ۔ بھنبھناہٹ۔ سنّاٹا۔
کسی چیز کے زور سے ہوا چیرتے ہوئے جانے کی آواز ٭
زناخ (زَناخ) (و) مؤنث۔ کبوتر یا مرغ وغیرہ کے سینے کی دو شاخہ ہڈی ٭
زناخی (زَنا۔ خی) (و) مؤنث۔ سہیلی۔ بہنیلی۔ قلعۂ دہلی کی بیگمات کا دستور تھا
کہ وہ باہم ایسے رشتے مقرر کر کے ایک دوسری کو خطاب کیا کرتی تھیں ٭
زُنّار (زُن۔ نار) (ف) مذکر و مؤنث (۱) وہ تاگا، جو ہندو لوگ آڑا ترچھا گلے میں
ڈالے رہتے ہیں۔ جنیو۔ سُوتر۔ یگ (۲) پتھر کا جنیو ٭ زنّار بند۔
زنّار دار۔ مذکر۔ جنیو پہننے والا۔ برہمن ٭
زناز ن (زَنا۔ زَن) (و) دیکھیے "زن زن" ٭
زنبق (زَم۔ بَق) (ع) مذکر (۱) چمپا کا پھول (۲) چنبیلی کا تیل (۳) شراب ٭
زُنبور (زُم۔ بُور) (ف) مذکر (۱) بھڑ۔ تتیا (۲) سنسی جیسا ایک اوزار جس کا منہ آگے
سے گول ہوتا ہے۔ سنڈاسی (۳) چھوٹی توپ ٭ زنبورچی۔ مذکر۔ زنبور چلانے
والا۔ بندوقچی۔ توپچی ٭ زنبورک۔ مؤنث۔ چھوٹی توپ ٭
زنبیل (زَم۔ بیل) (ف) مؤنث۔ فقیروں کی چمڑے کی جھولی۔ بھیک کا ٹھیکرا۔
کشکول۔ جھولی ٭
زنجبیل (زَن۔ جَ۔ بیل) (ع) مؤنث (۱) سونٹھ (۲) بہشت کی ایک نہر ٭
زنجیر (زَن۔ جیر) (ف) مؤنث (۱) کنڈی (۲) بیڑی۔ سلاسل (۳) گلے کی زنجیر۔
توڑا۔ لڑی ٭ زنجیر ڈالنا (و) پابہ جولاں کرنا۔ بیڑی ڈالنا ٭ زنجیر
کھٹکھٹانا۔ یا۔ مارنا۔ کنڈی کھٹکھٹانا یا مارنا ٭ زنجیرا۔ مذکر (۱) توڑا۔
کنٹھی۔ ہار (۲) حلقہ دار کڑھائی یا کڑھنت۔ لہریا ٭ زنجیری (ف) (۱)
زنجیر میں بندھا ہوا (۲) پاگل (۳) (مذکر) قیدی (۴) دیوانہ شخص ٭
زنخ۔ زنخدان (زَنَخ، زَنَخ۔ دان) (ف) مؤنث۔ ٹھوڑی۔ ذقن ٭
زنخا (زَن۔ خا) (و) مذکر (۱) عورتوں جیسی باتیں اور حرکات و سکنات کرنے
والا۔ زنانہ (۲) ہیجڑا (۳) بھانڈ (۴) بزدل۔ نامرد۔ ہیز (۵) پتلی کمر والا۔

نازک کمر ٭

زندان (زِن۔ دان) (ف) مذکر۔ قید خانہ۔ بندی خانہ۔ جیل ٭ **زندانی**۔ قیدی ٭

زندقہ (زَن۔ دِقَہ) (ع) مذکر۔ الحاد۔ شرک۔ بے دینی۔ کفر۔ منافقت ٭

زندگانی۔ زندگی (زِن۔ دَگا۔ نی ، زِن۔ دَگی) (ف) مؤنث۔ زیست۔ عمر۔ حیات ٭ **زندگی بھر** (و) جیتے جی۔ ساری عمر۔ تا عمر۔ تا حیات ٭ **زندگی تلخ ہونا**۔ جینے کا مزہ نہ رہنا۔ جینا دوبھر ہونا ٭ **زندگی سے تنگ آنا**۔ جینے سے بیزار ہونا ٭ **زندگی سے ہاتھ اٹھانا۔ یا۔ دھونا**۔ جینے کی امید نہ رکھنا۔ جینے سے مایوس ہونا ٭ **زندگی کا جام پینا**۔ کسی کی یاد میں شربت یا شراب کا پیالہ پی کر اس کی سلامتی کی دعا مانگنا۔ کسی کی تندرستی یا سلامتی کا جام پینا ٭ **زندہ** (زِن۔ دَہ) (ف) (۱) جیتا۔ ذی روح۔ ذی حیات۔ ذی حس (۲) جاگتا (۳) تازہ۔ خوشش ٭ **زندہ باش** (دعا) (۱) جیتا رہ۔ سلامت رہ (۲) مرحبا۔ شاباش ٭ **زندہ دار**۔ بہت جاگنے والا ٭ **زندہ درگور**۔ جیتے جی قبر میں۔ جس کی زندگی سخت مصیبتوں اور دکھوں کی وجہ سے عذاب جان ہو ٭ **زندہ درگور ہونا** (و) جیتے جی مرنا۔ موت سے پہلے مرنا ٭ **زندہ دل** (ف) خوش مزاج۔ خوش طبع۔ ظریف ٭ **زندہ دلی**۔ مؤنث۔ دل لگی۔ خوش طبعی۔ چہل۔ ظرافت ٭

زندیق (زِن۔ دِیق) (معرب) مذکر۔ مشرک۔ کافر۔ ملحد۔ بے دین۔ منافق ٭

زنگ (زَنگ) مذکر (۱) لوہے کا میل۔ کدورت (۲) گھنگرو (۳) گھنٹی ٭ **زنگ آلود۔ یا۔ آلودہ**۔ زنگ لگا ہوا۔ کند ٭

زنگار (زَنگ۔ گار) (ف) مذکر۔ تانبے کا کساؤ۔ نیلا تھوتھا۔ طوطیا۔ سبز ٭ **زنگاری**۔ زنگار کے رنگ کا۔ ہرا۔ سبز ٭

زنگولہ (زَنگ۔ گو۔ لَہ) (ف) مذکر (۱) گھنٹا۔ جرس (۲) گھنگرو (۳) تال ٭

زنگی (زَنگ۔ گی) (ف) زنگبار کا باشندہ۔ حبشی ٭ **زنگی ہڑ** (و) مؤنث۔ کالی ہڑ۔ ہلیلہ سیاہ ٭

زنہار (زِن۔ ہار) (ف) مؤنث (۱) بچاؤ۔ پناہ (۲) ہرگز (۳) خبردار ٭

ز۔و

زوّار (زُوّ۔ وار) (ع) مذکر۔ زائر کی جمع۔ زیارت کرنے والے ٭

زوال (زَوال) (ع) مذکر (۱) گھٹاؤ۔ کمی۔ اتار (۲) اِدبار۔ تنزل (۳) فسردگی ٭ **زوال کا وقت** (و) مذکر۔ دوپہر کے بعد کا وقت۔ تیسرا پہر۔ ظہر۔ دھوپ ڈھلنے کا وقت۔ گھٹتی کا وقت ٭ **زوالِ ماہ** (ع۔ ف) مذکر۔ چاند کا بدر ہونے کے بعد گھٹنا۔ اندھیرا پاکھ ٭

زوائد (زَوا۔ اِئد) (ع) مذکر۔ زائد کی جمع (۱) فضول (۲) زیادہ (۳) بحث سے خارج باتیں ٭

زوج (زَوج) (ع) مذکر (۱) جوڑا۔ جفت ٭

زوج (زَوج) (ع) مذکر۔ خاوند۔ بیوی ٭ **زوجہ**۔ مؤنث۔ بیوی۔ جورو۔ اہلیہ۔ استری ٭ **زوجۂ مطلقہ**۔ مؤنث۔ طلاق دی ہوئی عورت ٭ **زوجۂ منکوحہ**۔ مؤنث۔ دیکھیے "زنِ منکوحہ" **زوجۂ ہم عصر** (ع۔ ف) مؤنث۔ سوکن ٭ **زوجیّت** (ع) مؤنث (۱) بیاہ۔ نکاح۔ عقد (۲) بیوی بننے کا حق ٭ **زوجیت میں لانا** (و) عقد کرنا۔ نکاح میں لانا۔ جورو بنانا ٭ **زَوجَین** (ع) مذکر۔ میاں بیوی ٭

زوج (زَوج) (ع) مذکر۔ وہ عدد، جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے ٭ **زوج الزّوج**۔ مذکر۔ وہ عدد، جو دو پر تقسیم ہو کر پھر دو پر بٹ سکے ٭ **زوج الفرد**۔ مذکر۔ وہ عدد، جو طاق و جفت دونوں پر بٹ سکے ٭

زود (زُود) (ف) جلد۔ شتاب۔ ابھی۔ فوراً۔ معاً ٭ **زود آشنا**۔ بہت جلد دوست بن جانے والا ٭ **زود رس۔ یا۔ زود فہم**۔ بات کی تہ کو جلد پہنچنے والا۔ ذکی۔ تیز فہم ٭ **زود رنج**۔ بہت جلد ناراض ہو جانے والا۔ تیز مزاج۔ تنگ مزاج۔ تنک مزاج۔ مغلوب الغضب۔ جلاتن ٭ **زود نویس**۔ جلد لکھنے والا ٭ **زودی**۔ مؤنث۔ جلدی ٭

زُور (زُور) (ع) مذکر۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ جھوٹ۔ دروغ ٭

زور (زُور) (ف) مذکر (۱) قوت۔ طاقت۔ توانائی۔ بل (۲) افراط۔ کثرت۔ زیادتی (۳) غلبہ (۴) بہت۔ از حد (۵) بے ڈھب۔ غضب۔ قیامت (۶) عمدہ۔ اچھا۔ خوب (۷) قدرت۔ اختیار۔ قابو۔ بس (۸) طرفہ معجون۔ انوکھا آدمی (۹) سختی۔ ظلم و ستم (۱۰) حکومت۔ حکم۔ جبر (۱۱) سعی۔ کوشش ٭ **زور آزمانا** (و) زور دکھانا۔ طاقت دکھانا۔ طاقت آزمائی کرنا ٭ **زور آزمائی** (ف) مؤنث۔ بل دکھانا۔ کشتی۔ طاقت آزمائی ٭ **زور آنا** (۱) قوی ہونا۔ طاقت بڑھنا ٭ **زور آور** (ف) قوی۔ طاقت ور۔ بلی ٭ **زور آوری**۔ مؤنث (۱) توانائی۔ طاقت۔ قوت (۲) زبردستی ٭ **زورِ بازو سے** (و) اپنی قوت سے۔ اپنی محنت و مشقت سے ٭ **زور پر**۔ اخیر درجے پر۔ انتہا پر۔ کمال پر۔ بر سر ترقی ٭ **زور پڑنا** (۱) دباؤ پڑنا۔ بوجھ پڑنا (۲) زیادہ محنت پڑنا۔ طاقت صرف ہونا (۳) دبایا جانا۔ مجبور کیا جانا ٭ **زور جتانا۔ یا۔ دکھانا**۔ طاقت ظاہر کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔ حکومت دکھانا ٭ **زور چلانا**۔ رعب یا زبردستی سے کوئی کام لینا۔ حکومت چلانا ٭ **زور چلنا**۔ اختیار چلنا۔ حکم چلنا۔ قابو چلنا۔ بس چلنا ٭ **زور دار** (ف) قوی۔ توانا۔ طاقت ور ٭ **زور دینا** (و) (۱) بوجھ ڈالنا۔ دباؤ ڈالنا (۲) حمایت کرنا۔ مدد دینا (۳) ناچار کرنا۔ مجبور کرنا (۴) زور بڑھانا۔ قوت دینا (۵) سخت کرنا (۶) کسی تلفظ کو زیادہ آواز سے ادا کرنا ٭ **زور ڈالنا** (۱) تنگ کرنا۔ مجبور کرنا۔ دبانا (۲) مدد کرنا (۳) طاقت دکھانا۔ دباؤ ڈالنا ٭ **زور سے** (۱) طاقت سے (۲) جلدی سے۔ تیزی سے (۳) بہ مشکل۔ سختی سے (۴) بہ کثرت۔ بہ شدت ٭ **زور شور** (ف) شدت۔ چڑھاؤ۔ تیزی ٭ **زور شور سے** (و) (۱) جوش و خروش سے۔ بڑی طاقت سے (۲) دھوم دھڑکے اور بھیڑ بھڑکے سے۔ شان و شوکت سے ٭ **زور شور کا**۔ نہایت شدت کا۔ بھاری ٭ **زور ظلم**

(ف۔ ع) مذکر (ع) زیادتی۔ سختی ؛ **زور کرنا** (ف) (۱) زور لگانا۔ طاقت آزمانا (۲) سعی کرنا۔ کوشش کرنا (۳) دو پہلوانوں کا باہم داؤ پیچ کرنا (۴) ترقی کرنا۔ بڑھنا ؛ **زور لگانا** (۱) طاقت خرچ کرنا (۲) ہاتھ لگانا۔ آگے کو بڑھانا (۳) مدد کرنا (۴) کوشش کرنا۔ سعی کرنا (۵) ہمّت کرنا (۶) جماع کرنا ؛ **زور مارنا** (۱) نہایت کوشش کرنا (۲) ساری طاقت کھپا دینا ؛ **زور مند** (ف) طاقت والا۔ بلونت ؛ **زور میں آنا۔ یا۔ بھرنا** (ف) (۱) طاقت میں بھرنا (۲) جوبن یا جوانی میں بھرنا ؛ **زور نکالنا** (۱) کم طاقت کرنا۔ کمزور کرنا (۲) کسی کمزور پر طاقت آزمائی کرنا ؛ **زورا زوری**۔ مؤنث (گنوار) دھینگا دھینگی، زبردستی ؛ **زوروں**۔ مذکر۔ زور کی جمع ؛ **زوروں پر چڑھنا** (۱) بے حد زور آور اور تیار ہونا۔ قوت میں بھرنا (۲) جوش و خروش پر ہونا۔ طغیانی پر آنا (۳) حدِ کمال کو پہنچنا (۴) موٹا تازہ ہونا، جوانی میں بھرنا (۵) زیادہ ہونا۔ بڑھنا (۶) گھمنڈ پر ہونا۔ اِترانا ؛

زورق (زَوْ۔ رَق) (ف) مؤنث (۱) چھوٹی کشتی (۲) کشتی نما ٹوپی ؛

زوف (زُوْف) (ف) تُف۔ لعنت ؛ **زوف زاف کرنا**۔ لعنت ملامت کرنا ؛ **زوف ہے**۔ تُف ہے۔ لعنت ہے ؛

زوفا (زُوْ۔ فَا) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا پھول، جس سے شربت بنایا جاتا ہے ؛

ز ۔ ہ

زہ (زِہْ) (ف) مؤنث (۱) منڈیر۔ کنارہ (۲) وضعِ حمل ہونا۔ بچّہ دینا۔ جننا ؛

زہ (زِہْ) (ف) واہ وا ؛ **زِہے**۔ واہ وا۔ شاباش ؛ **زِہے نصیب** (ف۔ ع) واہ خوش نصیبی ؛

زہار (زِہَار) (ف) مذکر (۱) مرد یا عورت کا اندامِ نہانی۔ ذکر۔ فرج۔ شرم گاہ (۲) (ف) جھانٹیں۔ ناف سے نیچے کے بال۔ پیڑو کے بال ؛

زہد (زُہْد) (ع) مذکر۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔ تقویٰ ؛

زہر (زَہْر) (ف) مذکر (۱) سَم۔ بِس۔ وہ چیز، جس کے کھانے سے آدمی مر جائے (۲) کڑوا۔ تلخ (۳) (ف) خلاف۔ بُرا۔ ناگوار (۴) ہلاک کر دینے والا۔ مُہلک۔ مُضر۔ قاتل (۵) (ف) خشم۔ غصّہ (۶) بد ذائقہ۔ بے مزہ۔ بے لطف ؛ **زہر آلود** (ف) (۱) زہر کا بھرا ہوا۔ بِس بھرا۔ زہریلا (۲) زہر میں بجھا ہوا ؛ **زہر اُگلنا** (ف) (۱) زہر منہ سے نکالنا۔ بِس ڈالنا (۲) طعنہ دینا۔ بُرا بھلا کہنا (۳) فتنہ انگیز باتیں زبان پر لانا (۴) بدلا لینا۔ غصّہ نکالنا (۵) کسی بات کے چلنے پر اس کے بالکل مخالف رائے دینا ؛ **زہر باد** (ف) مذکر (۱) انتڑیوں کی خشکی کے سبب گلے کا خشک ہو جانا۔ خناق (۲) (ف) ایک خطرناک بیماری، جو گھوڑے یا ہاتھی کے فوطے پر ہوتی ہے۔ باد زہر (۳) کسی قسم کا زہر، جو سانس کے ذریعے سے اثر کرے ؛ **زہر بونا**۔ بُرائی یا فساد کی بنا ڈالنا۔ بُرائی کرنا ؛ **زہر چڑھانا** (۱) زہر چڑھنا۔ زہر پھیلنا (۲) زہر چڑھانا۔ زہر پھیلانا ؛ **زہر خند** (ف) مذکر۔ شرمندگی یا غصّے کی ہنسی ؛ **زہر دار**۔ بِس بھرا۔ سمّی۔ زہریلا ؛ **زہر دینا** (ف) زہر سے مارنا۔ زہر کھلانا ؛

زہرِ قاتل (ف۔ ع) مار ڈالنے والا زہر۔ مہلک زہر۔ زہر ہلاہل ؛ **زہر کر دینا۔ یا۔ زہر کرنا** (ف) (ع) تلخ کر دینا۔ کڑوا کر دینا۔ بدمزہ کر دینا۔ ناگوار کر دینا ؛ **زہر کھانا** (۱) جان لینے والی کوئی چیز کھانا۔ مرنا۔ جان دینا (۲) کسی پر عاشق ہونا (۳) جلنا۔ حسد سے مرنا۔ رشک کھانا (۴) حسد رکھنا۔ دشمنی کرنا ؛ **زہر کی چھری**۔ مؤنث۔ زہریلا۔ فتنہ انگیز۔ بِس کی گانٹھ ؛ **زہر کی گانٹھ**۔ مؤنث۔ شر انگیز۔ فتنہ پرداز ؛ **زہر کے گھونٹ پینا**۔ دل ہی دل میں پیچ و تاب کھانا۔ اندر ہی اندر جلنا۔ مجبور ہو کر غصّہ ضبط کرنا ؛ **زہر لگنا**۔ سخت بُرا معلوم ہونا۔ بُرا لگنا ؛ **زہر مار کرنا** (حقارتاً) چار و ناچار نگلنا۔ کھانا ؛ **زہر مہرہ** (ف) مذکر۔ زہر کو جذب کر لینے والا ایک پتھر۔ بِس مار۔ تریاق (۲) ایک سبز پتھر، جو سردیوں میں بچّوں کو ٹھنڈک کے لیے پلایا جاتا ہے ؛ **زہر مہرہ خطائی**۔ مذکر۔ شہر خطا کا زہر مہرہ، جو بے حد نفیس اور خوش رنگ ہوتا ہے ؛ **زہر میں بجھا ہوا** (ف) (۱) وہ ہتھیار جس کا زخم کبھی اچھا نہ ہو۔ زہر آلود (۲) فتنہ انگیز ؛ **زہر ہتھیلی پر رکھا ہو، بے کھائے نہیں مرتا** (ف) مثل۔ کوئی بُرا کام کیے بغیر سزا کا ڈر نہیں ہوتا ؛ **زہر ہو جانا۔ یا۔ ہونا** (۱) تکلیف کا موجب ہونا۔ بُرا ہونا (۲) کڑوا ہونا۔ تلخ ہونا۔ نمک بہت پڑ جانا۔ نمک زیادہ ہو جانا ؛ **زہر ہے** (۱) سَمِّ قاتل ہے۔ نقصان و تکلیف پہنچانے والا ہے (۲) بے لطف ہے (۳) کڑوا ہے۔ تلخ ہے ؛ **زہریلا** (مذکر) **زہریلی**۔ مؤنث (ف) (۱) بِس بھرا۔ زہر دار (۲) غضب ناک۔ فتنہ انگیز۔ شریر ؛

زہرا (زَہْ۔ رَا) (ع) (۱) چمکیلا۔ روشن (۲) مؤنث۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب ؛

زَہرہ (زَہْ۔ رَہْ) (ف) مذکر (۱) ایک اندرونی عضو، جس میں زرد اور نیلا تلخ پانی بھرا ہوتا ہے۔ پتّا (۲) حوصلہ۔ ہمّت۔ مردانگی۔ قوت۔ دلیری۔ جگر۔ گُردہ ؛ **زَہرہ آب ہونا** (ف) رعب اور خوف طاری ہونا۔ نامردی چھا جانا ؛ **زَہرہ پھٹنا** (۱) دہشت یا خوف کے مارے جگر ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ دل دھڑکنا۔ رعب چھانا (۲) حیران ہونا۔ حیرت میں رہنا (۳) حسد کرنا۔ جلنا ؛

زُہرہ (زُہْ۔ رَہْ) (ع) مؤنث (۱) تیسرے آسمان پر ایک ستارہ (۲) ایک حسین عورت، جس پر ہاروت اور ماروت، دو فرشتے عاشق ہو کر عذابِ الٰہی میں مبتلا ہوئے ؛ **زُہرہ جبیں** (ع۔ ف) زُہرہ کی سی پیشانی والا۔ چاند جیسے مکھڑے والا۔ ماہ رُو۔ خوب صورت ؛

ز ۔ ی

زیاد (زِیَاد) (ع) (۱) نرد کی سات بازیوں میں سے ایک بازی (۲) آنحضرتؐ کے ایک دشمن کافر کا نام (۳) کنایہ عبداللہ ابن زیاد سے، جس نے حضرت امام حسینؓ کو شہید کرایا تھا ؛

زیاد (زِیَاد) (ع) (۱) زیادہ (۲) زیادہ رہنا ؛ **زیادت** (ع) مؤنث۔ افزونی۔ زیادتی ؛ **زیادتی** (ف) مؤنث (۱) بہتات۔ کثرت۔ افراط (۲) شدّت۔ سختی (۳) جبر۔ ظلم۔ غلبہ۔ زبردستی ؛ **زیادتی کرنا** (ف) زبردستی کرنا۔

سختی کرنا۔ جبر کرنا ٭ **زِیَادَہ** (ع) (۱) بہت۔ بیش۔ افزوں۔ بڑھا ہُوا (۲) فالتو۔ فاضل۔ سَوا ٭ **زیادہ تر** (ف) بہت زیادہ۔ بیشتر اور سَوا ٭ **زیادہ حدِ ادب** (ف۔ ع) زیادہ لکھنے سے ادب مانع ہے۔ یہ دعا عرضی وغیرہ کے آخر میں لکھی جاتی ہے ٭ **زیادہ خیریت ہے** (۱) (خاتمۂ خط) باقی خیریت ہے ٭ **زیادہ ستانی** (ف) مؤنث (قانون) سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لینا۔ زیادہ طلبی ٭ **زیادہ سے زیادہ** (۱) بہت سے بہت۔ حد درجے کا ٭ **زیادہ کرنا** (۱) بڑھانا۔ پہلے سے زیادہ کرنا (۲) پوشاک وغیرہ اتارنا یا دسترخوان اٹھانا (۳) کم کرنا ٭ **زیادہ گو** (ف) جھوٹا۔ دروغ گو۔ یادہ گو۔ فضول گو ٭ **زیادہ گوئی**۔ مؤنث (۱) بیہودہ بکنا۔ فضول باتیں (۲) مبالغہ ٭ **زیادہ گوئی کرنا** (۱) فضول بکنا۔ بڑ ہانکنا (۲) بات بڑھا کر کہنا۔ مبالغہ کرنا ٭ **زیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں**۔ مثل۔ زیادہ محبت غم والم کا سبب ہوتی ہے ٭ **زیادہ ہے**۔ بہت ہے۔ برکت ہے۔ نہیں۔ فقیر کو جواب دیتے وقت یہ جملہ زبان پر لایا جاتا ہے ٭

زیارت (زِیَا۔رَت) (ع) مؤنث (۱) کسی بزرگ یا مقدس مقام کا دیکھنا (۲) درگاہ۔ آستانہ۔ کسی بزرگ کا مقبرہ۔ پرستش گاہ ٭ **زیارتِ بزرگاں کفارۂ گناہ** (ف) مثل۔ بزرگوں کے دیدار سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں ٭ **زیارت کرنا**۔ کسی بزرگ کا دیدار یا مقدس مزار کا نظارہ کرنا۔ بزرگ سے ملنا ٭ **زیارت گاہ** (ع۔ ف) مؤنث۔ آستانہ۔ درگاہ۔ متبرک مقام۔ مقدس جگہ ٭

زیان (زِیَاں) (ف) مذکر۔ نقصان۔ ضرر۔ ٹوٹا۔ گھاٹا۔ خسارہ ٭ **زیاں کار**۔ نقصان دینے یا پہنچانے والا ٭

زیب (زِیْب) (ف) مؤنث۔ سنگار۔ بناؤ۔ رونق۔ خوش نمائی۔ خوب صورتی۔ زیبائش۔ آرائش ٭ **زیب تن کرنا** (۱) کسی چیز کو بدن پر سجانا۔ پہننا ٭ **زیب دینا**۔ اچھا لگنا۔ خوش نما ہونا۔ موزوں ہونا۔ کھلنا ٭ **زیب و زینت** (ف) مؤنث۔ سجاوٹ۔ بناؤ سنگار۔ آرائش و زیبائش۔ آراستگی ٭ **زیبا** (۱) زیب دینے والا۔ خوب صورت۔ خوش نما۔ اچھا۔ موزوں۔ آراستہ (۲) مناسب۔ لائق ٭ **زیبائش**۔ مؤنث۔ سجاوٹ۔ خوش نمائی۔ زینت۔ آرائش ٭ **زیبندہ**۔ زیب دینے والا ٭

زیبق (زِیْ۔بَق) (ع) مذکر۔ سیماب۔ پارا ٭

زیپلن (زِیْپ۔لِن) (انگ Zeppelin) مذکر (۱) ایک جرمن موجد، جس نے ایک خاص قسم کا بڑا فوجی ہوائی جہاز بنایا تھا (۲) اس کا ایجاد کیا ہُوا جہاز ٭

زیتون (زَیْ۔تُوْن) (ع) مذکر۔ ایک مشہور درخت جس کا روغن زیت کہلاتا ہے ٭

زیٹ (زِیْٹ) (ہ) مؤنث۔ بکواس ٭ **زیٹ اُڑانا**۔ بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا ٭

زیٹک (زِیْ۔ٹَک) (ہ) (۱) بے حمیت (۲) کوتاہ قد ٭

زید (زَیْد) (ع) مذکر۔ ایک فرضی نام ٭

زیر (زِیْر) (ف) مؤنث۔ نیچا سُر۔ دھیمی آواز ٭ **زیر و بم**۔ مذکر (۱) نیچا اور اونچا سُر (۲) طبلے یا ڈھولک کا دایاں بایاں رخ ٭

زیر (زِیْر) (ف) مذکر۔ کسرہ۔ جر۔ وہ آڑی لکیر جو حرف کے نیچے دی جاتی ہے (۲) تحت۔ نیچے۔ پائیں (۳) کم طاقت۔ کم زور ٭ **زیر انداز**۔ مذکر (۱) غالیچہ (۲) وہ کپڑا، جو حقّے کے نیچے پانی وغیرہ کے بچاؤ کے لیے رکھا جاتا ہے ٭ **زیر بار** (ف) (۱) قرض دار۔ مقروض (۲) بوجھ میں دبا ہُوا ٭ **زیر بار ہونا** (ہ) مقروض ہونا۔ قرض کے نیچے دبنا ٭ **زیر باری** (ف) مؤنث۔ دیون داری۔ قرض داری ٭ **زیر بند**۔ مذکر۔ گھوڑے کے پیٹ کے نیچے باندھنے کا تسمہ۔ گھوڑے کا تسمہ۔ پیش بند ٭ **زیر بند لگانا یا مارنا** (ہ) تسمے سے خبر لینا۔ کوڑے مارنا ٭ **زیر تجویز** (ف۔ ع) کسی امر کا غور یا سوچ بچار کے تحت ہونا ٭ **زیر حراست**۔ حوالات میں بند ٭ **زیر حکومت**۔ زیر فرمان۔ رعیت۔ ماتحت ٭ **زیر دست** (ف) مذکر۔ کم طاقت۔ کم زور۔ غریب۔ ماتحت ٭ **زیر سایہ** (۱) پناہ میں۔ حمایت میں (۲) (۱) پاس۔ قریب (۳) پائیں۔ نیچے ٭ **زیر کرنا** (۱) ماتحت کرنا۔ فتح کرنا۔ قابو میں لانا۔ دبانا۔ مغلوب کرنا ٭ **زیر لب** (ف) ہونٹوں ہونٹوں میں۔ پوشیدہ ٭ **زیر مشق** (ف۔ ع) مذکر (۱) لکھنے کی مشق کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھنے کا چمڑا یا وصلی (۲) زیر نظر۔ بُرا کام دینے والا۔ مفعول (۳) (ہ) رواں۔ ہاتھ پر چڑھا ہُوا ٭ **زیر و زبر** (ف) اوپر نیچے۔ تلے اوپر۔ الٹ پلٹ۔ درہم برہم۔ تہ و بالا۔ تتر بتر ٭ **زیر و زبر کرنا** (ہ) الٹ پلٹ کرنا۔ تہ و بالا کرنا۔ تباہ و برباد کرنا ٭ **زیرین** (ف) تلے کا۔ نیچے کا۔ پائیں ٭

زیرک (زِیْ۔رَک) (ف) عقل مند۔ دانا۔ ہوشیار ٭ **زیرکی**۔ مؤنث۔ عقل مندی۔ دانائی۔ تیز فہمی۔ چترائی ٭

زیرہ (زِیْ۔رَہ) (ف) مذکر (۱) ایک خوش بُودار باریک بیج، جو عموماً گرم مسالے میں ڈالا جاتا ہے (۲) پھول کے اندر کا باریک باریک رواں۔ زرِ گل ٭ **زیرۂ سفید**۔ مذکر۔ دھولے رنگ کا زیرہ ٭ **زیرۂ سیاہ**۔ مذکر۔ کالے رنگ کا باریک باریک زیرہ ٭

زیست (زِیْست) (ف) مؤنث۔ زندگی۔ عمر۔ حیات۔ جینا ٭ **زیست کا حظ اُٹھ چکنا۔ یا۔ اُٹھنا** (ہ) جینے کا مزہ نہ رہنا۔ لطفِ زندگی جاتا رہنا ٭ **زیست کرنا**۔ زندگی بسر کرنا۔ جینا ٭ **زیست مشکل پڑنا**۔ جینا دوبھر ہونا۔ زندگی دشوار ہونا ٭

زیل (زِیْل) (زیر کا معرّب) مؤنث۔ چیخنی آواز۔ لڑکوں کی آواز سے ملتی جلتی آواز ٭

زین (زَیْن) (ع) مذکر (۱) خوب صورتی (۲) سجانا ٭ **زین خاں** (ہ) مذکر۔ عورتوں کا ایک فرضی جن ٭

زین (زِیْن) (ف) مذکر (۱) کاٹھی - چار جامہ - سرج (۲) کجاوہ - پالان ٭

زین پوش - مذکر - زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ٭ **زین دھرنا یا کسنا** (۱) گھوڑے پر کاٹھی ڈالنا - چار جامہ لگانا ٭

زینت (زِیْ - نَتْ) (ع) مؤنث - دیکھیے "زیب" ٭ **زینت بخشنا یا دینا** (و) رونق دینا - سجانا - مزیّن کرنا ٭

زین زپٹ (زِیْن - زَپَٹ) (و) مؤنث (کنایۃً) بکواس ٭

زینہ (زِیْ - نَہْ) (ف) مذکر - سیڑھی ٭

زینہار (زِیْنْ - ہَا ر) (ف) دیکھیے "زنہار" ٭

زیور (زِیْ - وَرْ) (ف) مذکر (۱) گہنا پاتا - چیز (۲) بناؤ سنگار - زیب و زینت ٭

زیورات - مذکر - زیور کی جمع ٭

ژ

ژ (ژے) (ف) مؤنث (۱) فارسی کا چودھواں اور اُردو کا سترھواں حرف ، عربی میں نہیں آتا - حساب ابجد میں ز کی طرح اس کے سات عدد فرض کیے گئے ہیں ٭

ژ-ا

ژاژ (ژَاژْ) (ف) مذکر (۱) ایک سفید ، سخت ، کانٹوں والی اور بدمزہ گھاس ، جو اونٹ بھی مشکل سے کھاتا ہے (۲) بے فائدہ بات - بیہودہ بات ٭ **ژاژ خا** - بکواسی - بیہودہ گو ٭ **ژاژ خائی** - مؤنث - بکواس - بیہودہ گوئی ٭

ژالہ (ژَا - لَہْ) (ف) مذکر (۱) اولا (۲) اوس ٭ **ژالہ باری** - مؤنث (۱) اولے برسنا (۲) اولوں سے پہنچا ہوا نقصان ٭

ژ-ر

ژرف (ژَرْفْ) (ف) گہرا ٭

ژ-ن

ژند (ژَنْدْ) (ف) مذکر (۱) پھٹا ہوا کپڑا - گدڑی - دلق (۲) قلندر - بزرگ (۳) مؤنث - زرتشت کی ایک کتاب ، جسے آتش پرست آسمانی صحیفہ سمجھتے ہیں (۴) بہت پرانی فارسی - زرتشت کے زمانے کی زبان ٭ **ژندگی** - مؤنث (۱) کہنگی (۲) مستی ٭ **ژندہ** - مذکر - پیوند لگا ہوا جامہ - پرانا خرقہ - گدڑی (۲) مست (۳) ہر بڑی ، عظیم ، بزرگ اور خوفناک چیز ٭

ژ-و

ژولیدگی (ژُو - لِیْ - دَگی) (ف) مؤنث (۱) پریشانی (۲) الجھاؤ ٭

ژولیدہ (۱) درہم برہم - الجھا ہوا (۲) پریشان ٭ **ژولیدہ حال** (ف - ع) خستہ حال - پریشان حال ٭ **ژولیدہ مو** (ف) مذکر (۱) بکھرے ہوئے بال ، الجھے ہوئے بال (۲) بکھرے یا الجھے ہوئے بالوں والا ٭

ژ-ی

ژیان (ژِیَانْ) (ف) غضب ناک - خشم ناک ٭

س

س (سِیْن) (ع) مذکر - اردو کا اٹھارھواں فارسی کا پندرھواں اور عربی کا بارھواں حرف حساب ابجد میں اس کے آٹھ عدد مقرر ہیں ٭

س-ا

سا (سَا) (و) حرف تشبیہ - جیسا - مثل - مانند - مشابہ - مطابق ٭

سابدھان (سَا - بَدْھَانْ) (ہ) (۱) ہوشیار - چوکس (۲) مدبّر ٭

سابر (سَا - بَرْ) (ہ) مذکر (۱) بارہ سنگھا (۲) بارہ سنگھے یا ہرن کی کھال کا چمڑا ، جو سفید یا زرد ہوتا ہے (۳) نقب زنی کا آلہ ٭

سابق (سَا - بِقْ) (ع) (۱) پہلا - اوّل - اگلا - اگلے وقت کا ٭ **سابق الذکر** - جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو - متذکرۂ بالا - مذکورۂ بالا ٭ **سابق دستور** (ع - ف) پہلے کے موافق - قدیم دستور یا رسم کے مطابق ٭ **سابق میں** (و) پہلے - گزشتہ زمانے میں ٭ **سابقاً** (سَا - بِقَنْ) (ع) (۱) پہلے گزرے ہوئے زمانے میں (۲) پہلی مرتبہ ٭ **سابقہ** (۱) پہلا - اگلا - اگلے زمانے کا (۲) قدیم جان پہچان (۳) معاملہ - واسطہ ٭ **سابقہ پڑنا** (و) کام پڑنا - معاملہ پڑنا - واقفیت ہونا ٭ **سابقین** (ع) مذکر - اگلے زمانے کے لوگ ٭

سابن (سَا - بَنْ) (و) مذکر - صابن - صابون ٭ **سابن کے مول پڑنا** - کثرت سے

جوتے کھانا ۔ بہت سی جوتیاں پڑنا ۔

سات (سَات) (ہ) پانچ اور دو ۔ ہفت ۔ سبع ۔ ۷ ۔ **سات بھائی** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کی چھوٹی چڑیاں، جو عموماً اکٹھی رہتی ہیں ۔ **سات پانچ** ۔ مؤنث ۔ دغا ۔ چالاکی ۔ مکر و فریب ۔ **سات پانچ کرنا** ۔ تکرار کرنا ۔ حجت کرنا ۔ جھگڑا نکالنا ۔ بہانہ ڈھونڈنا ۔ **سات پانچ نہ جاننا** (ہ) (کنایۃً) سیدھا سادہ ہونا ۔ **سات پردوں میں چھپا کر رکھنا** (ہ) بے حد حفاظت اور احتیاط سے چھپا رکھنا ۔ نہایت نگہبانی کرنا ۔ ہوا نہ لگنے دینا ۔ **سات پردے لگنا** ۔ بے حد پردہ کرنے لگنا ۔ بہت سے پردوں میں بیٹھنا ۔ طنزاً اس عورت کو کہتے ہیں، جو پہلے تو سارے شہر میں چکر لگائے اور جب دولت مند ہو جائے تو سخت پردہ کرنے لگے ۔ **سات پشت** ۔ مؤنث ۔ سات پیڑھی ۔ آخری سات پشتیں ۔ **سات پھیرے** (ہ) مذکر ۔ سات طواف، جو آگ کے گرد کیے جاتے ہیں ۔ وہ سات چکر، جو ہندو دولہا دلھن بیاہ کے وقت کاٹتے ہیں اور ان سے عقد بندھنا مراد ہوتی ہے ۔ **سات توؤں سے منہ کالا کرنا** (عو) (۱) سات توؤں کی کالک چہرے پر ملنا (۲) نہایت ذلیل کرنا (۳) بات نہ پوچھنا ۔ خاطر میں نہ لانا (۴) نکال دینا ۔ **سات دھار ہو کر نکلنا** (۱) خوراک کا نہ پچنا اور قے دست سے نکل جانا (۲) پھوٹ پھوٹ کر رونا ۔ **سات سمندر** ۔ مذکر (مجازاً) ساری دنیا کے سمندر ۔ **سات سنگار** ۔ مذکر ۔ عورتوں کی سات زینتیں، جیسے سرمہ[۱] لگانا، مہندی[۲] لگانا، پان[۳] کھانا، مسی[۴] لگانا، سر گوندھنا[۵]، زیور[۶] پہننا، افشاں[۷] چننا یا چوڑیاں پہننا، لیکن ہندوؤں میں سولہ سنگار مشہور ہیں ۔ **سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی** (ل) کہاوت ۔ بہت سے گناہ کر کے نیک کام کا ارادہ کیا ۔ **سات سہاگنوں کا ہاتھ لگوانا ۔ یا ۔ سات سہاگنوں کو کھلانا** (ہ) (عو) زندہ خاوند والی سات عورتوں سے نیک شگون کی خاطر بیاہ کا جوڑا سلوانا یا انھیں منت کا کھانا کھلانا ۔ **سات سہیلیوں کا جھمکا** ۔ سات چھوٹے چھوٹے ستاروں کا گچھا، جو اکثر سردیوں میں آسمان پر دکھائی دیتا ہے ۔ پروین ۔ ثریا ۔ **سات ماموؤں کا بھانجا** ۔ مذکر ۔ سارے کنبے کا لاڈلا بچہ ۔ **ساتا روہن** ۔ مؤنث (۱) سات بھیڑیوں کا اکٹھے ہو کر کسی کو گھیر لینا (۲) چاروں طرف ہجوم کر کے لوگوں کو تکلیف پہنچانا ۔ **ساتوں** ۔ پورے سات، سات کے سات ۔ **ساتواں ۔ یا ۔ ساتویں** ۔ ہفتم ۔ سات سے نسبت رکھنے والا ۔ سات سے متعلق ۔ **ساتویں آسمان پر مزاج ہونا** (ہ) (عو) بڑا گھمنڈ کرنا ۔ بیحد اترانا ۔

ساتر (سَا ۔ تِرْ) (ع) چھپانے والا ۔

ساتگین (سَاتْ ۔ گِیْن) (ف) مذکر (۱) شراب کا پیالہ (۲) محبوب ۔

ساتھ (سَاتھْ) (ہ) مذکر (۱) ہمراہی ۔ معیت ۔ سنگت ۔ رفاقت ۔ شمولیت (۲) ہمراہ ۔ بہ شمول (۳) سنگ ۔ بمعیت (۴) ایک جگہ (۵) ایک ہی وقت (۶) باہمی (۷) ساتھی ۔ سنگتی (۸) انجمن ۔ گروہ ۔ فرقہ (۹) ساجھا ۔ شرکت (۱۰) میل ملاپ (۱۱) کبوتروں کا جھلڑ یا ٹکڑی ۔ **ساتھ چھوٹنا** ۔ جدا ہونا ۔ ملاپ نہ رہنا ۔ الگ ہونا ۔ بچھڑنا ۔ سنگ چھوٹنا ۔ **ساتھ دینا** ۔ مدد دینا ۔ حمایت کرنا ۔ رفاقت کرنا ۔ نباہنا ۔ **ساتھ رہنا** (۱) ہمراہ رہنا ۔ ایک جگہ رہنا ۔ اکٹھا رہنا (۲) عورت کا مرد سے آشنائی رکھنا ۔ **ساتھ سو کر منہ چھپانا ۔ یا ۔ ساتھ سونا اور منہ چھپانا** ۔ اقرار میں انکار یا انکار میں اقرار کرنا ۔ بے تکلفی میں تکلف کرنا ۔ **ساتھ کا کھیلا** ۔ مذکر ۔ لنگوٹیا یار ۔ بچپن کا دوست ۔ **ساتھ کو** ۔ سالن ۔ وہ شے جس سے روٹی لگا کر کھائی جائے ۔ **ساتھ لگے پھرنا** ۔ ہمراہ رہنا ۔ پیچھے پیچھے پھرنا ۔ ہمیشہ کسی کے ساتھ ساتھ پھرنا ۔ **ساتھی** ۔ مذکر ۔ سنگی ۔ رفیق ۔ ہمراہی ۔

ساٹا (سَا ۔ ٹا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) عوض ۔ معاوضہ (۲) ہنڈی کا باہمی لین دین ۔

ساٹھ (سَاٹھْ) (ہ) اُنسٹھ اور ایک ۔ ۶۰ ۔ شصت ۔ ۶۰ ۔ **ساٹھ گاؤں بکری چر گئی** ۔ مثل ۔ بے حد نقصان ہوا ۔ **ساٹھا** ۔ مذکر ۔ ساٹھ سال کا مرد ۔ **ساٹھا پاٹھا** ۔ مذکر (۱) عموماً ایسا شخص جس کے قوی اس عمر میں اچھے ہوں ۔ (۲) عموماً ہاتھی، جو ساٹھ برس تک جوان رہتا ہے ۔ **ساٹھا پاٹھا بیسی کھیسی** ۔ کہاوت ۔ ساٹھ سال تک مرد جوان رہتا ہے اور بیس سال کی عورت عمر سے ڈھل جاتی ہے ۔ **ساٹھی ۔ سٹھی** ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کے سرخ چاول، جو بارش ہونے پر ساٹھ دن میں تیار ہو جاتے ہیں ۔

ساٹن (سَا ۔ ٹَن) (مہند) (انگریزی ساٹن (Satin)) مؤنث ۔ ایک قسم کا بھڑکیلا ریشمی کپڑا ۔ اطلس ۔

ساج (سَاج) (معرب) مذکر (۱) سال کی لکڑی (۲) صیقل کرنے کا پتھر ۔

ساجد (سَا ۔ جِدْ) (ع) سجدہ کرنے والا ۔

ساجن سجن (سَا ۔ جَن، سَجَن) (ہ) مذکر (۱) خاوند ۔ شوہر ۔ خصم (۲) دلبر ۔ معشوق (۳) امیر ۔ حاکم ۔ سردار ۔ راؤ ۔ نواب (۴) پروردگار ۔ اللہ تعالیٰ ۔ کرتار ۔ رام ۔

ساجنا (سَاج ۔ نا) (ہ) اچھا لگنا ۔ زیب دینا ۔ سجنا ۔

ساجھا (سَا ۔ جھا) (ہ) مذکر ۔ مشارکت ۔ شرکت ۔ کسی کام یا تجارت میں باہم شریک ہونا ۔ **ساجھی** ۔ مذکر ۔ حصہ دار ۔ پتی دار ۔ شریک ۔ **ساجھے کی ہانڈی (ہنڈیا) چوراہے پر (میں) پھوٹتی ہے** ۔ مثل ۔ حصہ داری کے کام میں جھگڑا ضرور ہوتا ہے ۔

ساچق (سَا ۔ چَق) (ت) مؤنث ۔ مہندی کی رسم ۔ وہ رسم جو دولہا والے شادی سے پیشتر ادا کرتے ہیں ۔ اس میں مہندی، نقل، میوہ، مصری، جوڑا، سہاگ پٹا، عطر، پھلیل وغیرہ آرائش کے ساتھ لے کر جاتے ہیں ۔

ساحت (سَا ۔ حَتْ) (ع) مذکر ۔ آنگن ۔ میدان ۔ رقبہ ۔

ساحر (سَا ۔ حِرْ) (ع) مذکر ۔ جادوگر ۔ فسوں ساز ۔ **ساحرانہ** (ع ۔ ف) جادوگر کی مانند ۔ **ساحرہ** (ع) مؤنث ۔ جادوگرنی ۔ **ساحری** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ جادوگری ۔

ساحل (سَا ۔ حِلْ) (ع) مذکر ۔ دریا یا سمندر کا کنارہ ۔

ساخت (سَاخْتْ) (ف) مؤنث (۱) بناوٹ ۔ ترکیب ۔ گھڑت (۲) بنائی ہوئی بات ۔ فریب ۔ حیلہ ۔ مکر ۔ پاکھنڈ ۔ **ساختہ** (۱) بنایا ہوا ۔ گھڑا ہوا ۔ مصنوعی (۲) جعلی ۔ بناوٹی ۔ نقل ۔ جھوٹا ۔ **ساختہ پرداختہ** ۔ مذکر (۱)

بنا ہُوا ۔ کیا کرایا ۔ آراستہ و پیراستہ (۲) کرتوت ۔ عمل در آمد ۔

سادات (سَا ۔ دَات) (ع) مؤنث ۔ سادت کی جمع اور سائدؔ کی جمع الجمع ۔ وہ قوم جو حضرت علیؓ کی اولاد اور حضرت فاطمہؓ کے بطن سے ہو ۔

سادِس (سَا ۔ دِس) (ع) چھٹا ۔

سادگی (سَا ۔ دَگِی) (ف) مؤنث (۱) صفائی (۲) صاف دلی ۔ راست بازی (۳) سیدھا پن ۔ بے سمجھی (۴) وہ حالت، جو نمائش یا بناوٹ کے بغیر ہو ۔ **سادہ** (سَا ۔ دَہ) (۱) صاف ۔ بے لکھا ۔ کورا (۲) بے سلیقہ ۔ بے ہنر (۳) بھولا بھالا ۔ بے وقوف (۴) صاف گالوں والا ۔ بے ریشہ ۔ بے ڈاڑھی مونچھ کا ۔

سادہ پُرکار ۔ بہت شوخ اور عیار معشوق ۔ **سادہ پن** (۱) مذکر ۔ دیکھیے "سادگی" ۔ **سادہ دلی** (ف) مؤنث (۱) صاف دلی ۔ بے ریائی ۔ صفائی (۲) بھولا پن (۳) بے وقوفی ۔ **سادہ رُو** ۔ دیکھیے سادہ ۴ ۔

سادہ طور ۔ بے ٹیپ ٹاپ ۔ سادہ وضع ۔ **سادہ کار** (۱) مذکر ۔ سادہ اور سبک کام بنانے والا (۲) وہ سنار، جو نفیس اور عمدہ کام بنائے ۔

سادہ کاغذ (۱) مذکر (۱) بے لکھا کاغذ ۔ کورا کاغذ (۲) وہ کاغذ جس پر اسٹامپ نہ لگا ہو ۔ **سادہ لوح** (ف ۔ ع) مذکر (۱) نادان ۔ بے وقوف (۲) بھولا بھالا ۔ **سادہ لوحی** (ف) مؤنث (۱) نادانی ۔ بے وقوفی (۲) بھولا پن ۔ سادگی ۔ **سادہ مزاجی** ۔ مؤنث ۔ سادگی ، بے تکلفی ، بے ریائی ، صاف دلی ۔ **سادہ وضع** ۔ دیکھیے "سادہ طور" ۔

سادی (۱) مؤنث (۱) سفید ۔ صاف ۔ کوری (۲) جو کامدار یا جڑاؤ یا زرین و منقش نہ ہو (۳) بے تکلف ۔ صاف دل ۔ بھولی بھالی (۴) بے وقوف ۔ نادان ۔

سادھ (سَادھ) (ہ) مذکر (۱) نیک ۔ پرہیزگار ۔ متقی ۔ مہاتما (۲) بیراگی ۔ جوگی ۔ سنت ۔ درویش ۔ فقیر ۔ **سادھن** (س) مذکر (ہندو) (۱) بندگی ۔ عبادت ۔ ریاضت ۔ زُہد (۲) علاج ۔ تدبیر ۔ جتن (۳) وفا ۔ نباہ (۴) تعمیل ۔ کارروائی (۵) استعمال (۶) معمول ۔ سبھاؤ ۔ عادت ۔ **سادھنی** (ہ) مؤنث (۱) سادھو کی بیوی ۔ نیک عورت (۲) سادھنے کا آلہ، جو بڑھئیوں اور معماروں کے پاس ہوتا ہے ۔ گونیا ۔ گنیا ۔

سادھو ۔ مذکر (۱) پرہیزگار ۔ پارسا ۔ سنت ۔ بھلا مانس ۔ معصوم (۲) (اصطلاح عام میں) بیراگی ۔ جوگی ۔ **سادھو بچہ** (۱) مذکر ۔ (۱) فریبی ۔ دغا باز ۔ چالاک ۔ عیار ۔ مکار (۲) ایک کشمیری قوم، جو بے حد چالاک سمجھی جاتی ہے ۔ چونکہ یہ لوگ زیادہ تر درویشی بھیس بدل کر لوگوں کو فریب دیتے ہیں ، لہٰذا یہ نام پڑگیا ۔

سار (سَار) (ہ) مؤنث (۱) چوسر کھیلنے کی گوٹیاں ۔ پاسا (۲) شیرہ ۔ رس ۔ عرق (۳) زور ۔ بل ۔ طاقت (۴) قیمت ۔ قدر (۵) آہن ۔ لوہا (۶) شطرنج کی بساط یا نردوں کا تختہ (۷) اعتبار ۔ **سار جاننا** (۱) عزت کرنا ۔ قدر جاننا (۲) کیفیت معلوم کرنا ۔ حقیقت جاننا ۔

سارا (سَا ۔ رَا) (ہ) (۱) کامل ۔ پورا (۲) سب ۔ تمام ۔ کُل (۳) مذکر (پورب) سالا ۔ جورو کا بھائی ۔ خسر پورہ ۔ **سارا گھر جل گیا تب چوڑیاں پہچیں** مثل ۔ اُس چھچھورے آدمی کے متعلق بولتے ہیں ۔ جو اچھی چیز پہن کر لوگوں کو دکھانے کی خواہش کرے ۔ **ساری** ۔ "سارا" کی تانیث ۔ **ساری رات ممیائی، ایک بچہ بیائی** (۱) مثل ۔ محنت بہت کی لیکن فائدہ تھوڑا ہوا ۔

ساری سوئیاں نکالیں، آنکھوں کی سوئیاں رہ گئیں ۔ بیوی تھی سو لونڈی بن گئی ، لونڈی تھی سو بیوی بن گئی (ہ) مثل ۔ اُس جگہ کہتے ہیں، جب سخت محنت کسی نے کی ہو اور ذرا سا کام کرکے نفع کوئی اور اٹھالے ۔ **سارے** ۔ "سارا" کی جمع ۔ **سارے بدن میں زبان (ہی) حلال ہے** (۱) مثل ۔ زبان ہی پر اعتبار موقوف ہے ، اس لیے اپنا قول ضرور پورا کرنا چاہیے ۔ **سارے بنیوں کی ایک مت** (ہ) مثل ۔ تمام کنجوس ایک جیسے ہوتے ہیں ۔ **سارے جہان کا چھٹا ہُوا** ۔ بدمعاش ۔ چالاک ۔ عیار ۔ شُہدا ۔ لُچا ۔

سارا (سَا ۔ رَا) (ف) (۱) خالص (۲) بہترین (۳) خوشبودار ۔

ساربان (سَار ۔ بَان) (ف) مذکر ۔ اونٹ چلانے والا ۔ سانڈنی سوار ۔ شتربان ۔

سارٹیفکیٹ ۔ دیکھیے "سرٹیفکیٹ" ۔

سارجنٹ (سَار ۔ جَنٹ) (انگ ۔ Sergeant) مذکر (۱) رنگروٹوں کو سکھانے والا ۔ حوالدار (۲) جمعدار (۳) ناظر ۔ داروغہ ۔ **سارجنٹ میجر** (Sergeant Major) مذکر ۔ ایک فوجی عہدہ ۔

سارداایکٹ (سَار ۔ دَا ، اَیکٹ) (انگ ۔ Sarda Act) مذکر ۔ وہ قانون، جو رائے بہادر ہربلاس سارداؔ نے ہندوستان کی مرکزی اسمبلی میں پیش کرکے منظور کرایا تھا ۔ اس کے رو سے بچپن کی شادی ممنوع ہے ۔

سارس (سَا ۔ رَس) (ہ) مذکر ۔ کلنگ ۔ کونج ۔ قاز ۔ ایک لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ، جو پانی کے کنارے پر مچھلیاں پکڑ پکڑ کر کھاتا ہے ۔ **سارس کی سی جوڑی** ۔ ہمزاد کی طرح ہر وقت ساتھ رہنے والے کے متعلق کہتے ہیں ۔

سارق (سَا ۔ رِق) (ع) مذکر ۔ چور ۔ دُزد ۔ قزاق ۔

سارنگ (سَا ۔ رَنگ) (ہ) مذکر (۱) طاؤس ۔ مور (۲) دیپک کی ایک راگنی (۳) کوک ۔ سُریلی آواز (۴) ابر ۔ بادل (۵) فیل ۔ ہاتھی (۶) شیر (۷) قوسِ قزح ۔

سارنگی (سَا ۔ رَنگ ۔ گِی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا ساز، جس میں تار لگے ہوتے ہیں ۔ **سارنگیا** ۔ مذکر ۔ سارنگی بجانے والا ۔

ساڑھ ستی (سَاڑھ ۔ سَتِی) (ہ) مؤنث (۱) سنیچر یا زحل کا بارھویں ، پہلے اور دوسرے گھر میں متواتر دور، جو ساڑھے سات سال تک رہتا اور نہایت منحوس ہوتا ہے (۲) گردشِ ایام ۔ نحوست ۔ ادبار ۔ **ساڑھ ستی آنا** ۔ ساڑھے سات سال کے لیے سنیچر کا بُرے گھروں میں آنا ۔ بُرے دن آنا ۔ نحوست آنا ۔

ساڑھو ۔ ساڈھو (سَا ۔ ڑھو ، سَا ۔ ڈھو) (ہ) مذکر ۔ ہم زلف ۔ سالی کا خاوند ۔

ساڑھی (سا۔ڑِھی) (ہ) مؤنّث ۔ ربیع کی فصل ۔ وہ فصل جس میں گیہوں، چنے وغیرہ آتے ہیں ؛

ساڑھے (سا۔ڑِھے) (ہ) آدھے ۔ نصف ۔ ½ ؛

ساڑی ۔ ساری (سا۔ڑی ، سا۔ری) (ہ) مؤنّث ۔ ایک قسم کی لمبی دھوتی، جو اکثر ہندو عورتیں باندھتی ہیں ۔ چادر ؛

ساز (سَاز) (ف) مذکّر ۔ سامان ۔ تیاری ؛ **سازگار** ۔ موافق ۔ راست ۔ مبارک ۔ مصلح ؛ **ساز و برگ** ۔ مذکّر ۔ دیکھیے "ساز و سامان" ؛ **ساز و سامان** ۔ مذکّر (۱) مال اسباب (۲) ضروریات (۳) تیاری (۴) ترتیب ۔ درستی ؛

ساز (سَاز) (ف) مذکّر ۔ باجا ، جیسے سارنگی ۔ بربط ۔ عُود ۔ چنگ ؛ **سازِندہ** ۔ مذکّر ۔ ساز بجانے والا ۔ سارنگیا ؛

ساز باز (سَاز۔بَاز) (ف) مذکّر (۱) سازش ۔ گٹھت (۲) موافقت ، ہم آہنگی ، اتّحاد ، ایکا ؛ **ساز باز کرنا** ۔ سازش کرنا ۔ میل ملاپ ہونا ۔ ہم راز ہونا ؛ **سازش** (ف) مؤنّث (۱) ملاپ ۔ میل ۔ اتّفاق ۔ لگاؤ (۲) خلافِ قانون اتّفاق اور مشورہ ۔ منصوبہ ؛ **سازشی** ۔ سازش کرنے والا ؛

ساس (سَاس) (ہ) مؤنّث ۔ جورو یا خاوند کی ماں ۔ خوش دامن ؛ **ساس گئی گاؤں بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں** ۔ کہاوت ۔ جب کوئی نگرانی نہ ہو تو کیوں نہ دل کی ہوس نکالی جائے ؛ **ساس مرگئی ، اپنی ارواح تونبے میں چھوڑ بیٹھا (گئی)** (ہ) مثل (۱) عورتیں اُس وقت کہتی ہیں ، جب ساس کے مرنے کے بعد بھی اُس کا رعب بہو پر قائم رہے (۲) ڈرانے کے موقع پر بھی یہ مثل بولی جاتی ہے ، یعنی ابھی خدشہ باقی ہے ؛ **ساس میری گھر نہیں ، مجھے کسی کا ڈر نہیں** (ہ) کہاوت ۔ جس کا ڈر تھا ، وہی نہیں تو کیوں نہ گلچھرّے اُڑائے جائیں ، یعنی سب کو سر دھرے ہی کا خوف ہوتا ہے ؛ **ساسرا** ۔ مذکّر (ہندو) ساس کا گھر ۔ سُسرال ۔ خُسرال ۔ سوہرا ؛

ساس (سَاس) (انگ ۔ Sauce) مذکّر ۔ سالن ۔ لاون ۔ چٹنی ؛ **ساس پان** ۔ مذکّر (۱) دستی کڑچھا (۲) ایک قسم کی پتیلی ؛

ساسر یا ساسن لیٹ (سا۔سَر ۔ یا ۔ سا۔سَن ۔ لیٹ) (مہنّد) (انگ ۔ سارسنیٹ Sarsenet) مؤنّث ۔ ایک قسم کا عمدہ باریک ریشمی کپڑا ، جو کئی رنگ کا ہوتا ہے ؛

ساطع (سا۔طِع) (ع) (۱) چمکتا ہوا (۲) بلند ؛

ساطور (سا۔طُور) (ع) مذکّر ۔ چھُرا ۔ چھُری ؛

ساعت (سا۔عَت) (ع) مؤنّث (۱) ڈھائی گھڑی ۔ گھنٹہ (۲) پل ۔ لحظہ ۔ لمحہ (۳) وقت (۴) وقت بتانے والی گھڑی ؛ **ساعتِ بغلی** (ع۔ف) مؤنّث ۔ جیبی گھڑی ؛ **ساعت ٹلنا** (ہ) مقررہ وقت یا موت کے وقت کا ٹلنا ؛ **ساعتِ عمومیّہ** (ع) مؤنّث ۔ گھنٹہ گھر ؛ **ساعتِ مجلس** (ع) مؤنّث ۔ کلاک ؛

ساعد (سا۔عِد) (ع) مذکّر و مؤنّث ۔ باند (ف) کلائی ۔ پہنچے سے کہنی تک کا حصّہ ؛

ساعی (سا۔عِی) (ع) مذکّر ۔ کوشش کرنے والا ۔ جدّ و جہد کرنے والا ؛

ساغر (سا۔غَر) (ف) مذکّر (۱) پیالہ ۔ گلاس (۲) (مجازاً) شراب کا پیالہ ؛ **ساغر چلنا** (ہ) شراب کا دور چلنا ؛ **ساغری** (۱) (ف) ساغر سے منسوب (۲) (ہ) مؤنّث ۔ گھوڑے کی مقعد (۳) (مجازاً) سفرۂ انسان ؛

سافل (سا۔فِل) (ع) (۱) نیچے کا ۔ زیریں ۔ پست (۲) کمینہ (۳) مذکّر ۔ نچلا حصّہ ؛

ساق (سَاق) (ع) مؤنّث (۱) پنڈلی ۔ گھٹنے اور ٹخنے کا درمیانی حصّہ (۲) درخت کا تنہ (۳) ساگ پات کا ڈنٹھل ؛

ساقط (سا۔قِط) (ع) (۱) گرنے والا ۔ گرا ہوا (۲) نکمّا ۔ متروک ؛ **ساقِط کرنا** ۔ (ہ) (۱) حمل گرانا ۔ حمل نکالنا (۲) وزن یا بحر سے گرانا ؛ **ساقِط ہونا** ۔ حمل گرنا (۲) کھویا جانا ۔ جاتا رہنا ؛

ساقن (سا۔قَن) (ہ) مؤنّث ۔ وہ بازاری عورت ، جو اوباش وضع لوگوں کو حقہ ، بھنگ ، شراب وغیرہ پلاتی ہے ۔ بھنگیرن ؛ **سَاقِی** (ع) مذکّر (۱) شراب ، حقہ ، پانی وغیرہ پلانے والا (۲) معشوق ۔ محبوب ۔ صنم ؛ **ساقیا** (ف) اے ساقی ؛

ساکت (سا۔کِت) (ع) (۱) خاموش ۔ چُپ چاپ ۔ دم بخود ۔ دم بستہ (۲) بے حس و حرکت ۔ نقشِ دیوار (۳) سنسان ؛

ساکن (سا۔کِن) (ع) (۱) ٹھہرا ہوا ۔ بے حس و حرکت ۔ قائم (۲) رہنے والا ۔ باشندہ ۔ مقیم (۳) سکون یا جزم والا حرف ؛ **ساکنین** ۔ رہنے والے ۔ بسنے والے ۔ باشندے ؛

ساکہ (سا۔کہ) (ہ) مذکّر (ہندو) بہادروں کی داستانیں ؛

ساکھ (سَاکھ) (ہ) مؤنّث (۱) اعتبار ۔ بھرم ۔ بھروسا (۲) عزّت ۔ نیک نامی ۔ آبرو (۳) گواہی (۴) موسم ۔ رُت ؛ **ساکھ جانا** ۔ اعتبار ، عزّت اور آبرو وجاتے رہنا ؛

ساکھا (سا۔کھا) (ہ) مذکّر (۱) ٹہنی ۔ شاخ (۲) جنگ و جدل ۔ گھمسان (۳) گواہ کی گواہی (۴) اتّفاق ۔ یک دلی ؛ **ساکھا ڈالنا** ۔ فساد ڈالنا ۔ جھگڑنا ۔ لڑنا ؛

ساکھو (سا۔کھو) (ہ) مذکّر ۔ ساگوان کا درخت ؛

ساکھی (سا۔کھی) (ہ) مؤنّث ۔ ساتھ کھیلنے والی لڑکی ۔ وہ لڑکی ، جو کھیل کود میں مرد یا عورت کے ساتھ شریک ہو ؛

ساگ (سَاگ) (ہ) مذکّر (۱) سبزی ۔ ترکاری ۔ بھاجی ۔ بقل ۔ ترہ (۲) بناسپتی ؛ **ساگ پات** ۔ مذکّر ۔ ترکاری ؛

ساگر (سا۔گَر) (س) مذکّر ۔ سمندر ۔ بحر ۔ بحرِ اعظم ؛

ساگودانہ (سا۔گُو۔دا۔نہ) (ہ) مذکّر ۔ ایک سفید رنگ ، مصفّا دار جو کھجور کے درخت سے بنایا اور اکثر بیمار کو کھلایا جاتا ہے ؛

ساگون (سا۔گُون) (ہ) مؤنّث ۔ ایک قسم کی مضبوط لکڑی ، جس کا سر کرسی وغیرہ بنائی جاتی ہیں ؛

سال (سَالْ) (ہ) مذکر۔ ایک درخت جس کی لکڑی عمارت بنانے کے کام آتی ہے۔ **سال گرام۔ سالگرام** (س) مذکر (ہندو) (۱) وہ جگہ جہاں سال کے بہت سے درخت ہوں (۲) ایک پہاڑ۔

سال (سَالْ) (ف) مذکر۔ برس۔ عمر۔ سنہ۔ سمبت۔ **سال بسال۔** ہر سال۔ ہر برس۔ سالانہ۔ **سال بھر** (اُ) سارا سال۔ سارا برس۔ **سالِ پیوستہ** (ف) مذکر۔ پچھلے سے پچھلا سال۔ **سالِ تمام** (ف۔ ع) مذکر۔ اخیر سال۔ **سال تمامی** ۔ مؤنث۔ سالانہ رپورٹ۔ **سال حاصل** (ف) مذکر۔ سالانہ پیداوار۔ **سال خوردہ** (۱) کہن۔ سال دیدہ۔ برتا ہوا۔ فرسودہ۔ پرانا (۲) بوڑھا۔ زمانے کا سرد و گرم چکھا ہوا۔ تجربہ کار۔ زمانہ دیدہ۔ **سالِ شمسی** (ف۔ ع) مذکر۔ وہ برس، جو سورج کی چال پر گنا جاتا ہے۔ سنکرانتی برس۔ **سالِ فصلی** ۔ مذکر۔ وہ برس، جو فصلوں کے حساب سے گنا جاتا ہے۔ **سالِ قمری** ۔ مذکر۔ وہ برس، جو چاند کی رفتار پر گنا جاتا ہے۔ **سال گرہ** (ف) مؤنث۔ برس گانٹھ۔ جنم دن۔ **سالِ گزشتہ** گزرا ہوا برس۔ پچھلا برس۔ **سال مہاجنی** (ف۔ ہ) مذکر۔ ساہوکاروں کے حساب رکھنے کا برس۔ **سال نامہ۔ سالنامہ** (ف) مذکر (۱) کیلنڈر (۲) جنتری (۳) رسالے یا اخبار کا سالانہ نمبر۔ **سال وار** (اُ) ہر برس، ہر سال، سالانہ۔ **سال ہا سال۔ سالہا سال** (ف) برسوں۔ بہت سال۔ مدّتِ دراز۔ لمبا عرصہ۔ **سالانہ۔ سالیانہ** (۱) سال بسال کا۔ سال سے نسبت رکھنے والا (۲) (اُ) مذکر۔ وہ تنخواہ، وظیفہ یا جاگیر وغیرہ کی آمدنی، جو سال کے خاتمے پر آئے۔ **سالانہ آمدنی** (اُ) مؤنث۔ سال بھر کی آمدنی۔ سارے سال کی وصولیت۔ **سالانہ رپورٹ** ۔ مؤنث۔ سال بھر کے تمام احوال اور کارگزاری کی رپورٹ، جو ہر محکمے کا حاکم اعلیٰ احاکم کے پاس بھیجتا ہے۔ **سالانہ نقشہ جات** ۔ مذکر۔ سالانہ نقشہ دار رپورٹ۔ ہر محکمے کا خانہ پُری کیا ہوا نقشہ۔

سالا (سَا۔ لَا) (ہ) مذکر۔ بیوی کا بھائی۔ **سالی** ۔ مؤنث۔ جورو کی بہن۔ خواہرِ زوجہ۔

سالار (سَا۔ لَارْ) (ف) مذکر۔ سردار۔ کماندار۔ رہنما۔ افسر۔ کپتان۔ **سالار جنگ** ۔ مذکر (۱) فوجی افسروں کا خطاب۔ سپہ سالار (۲) حیدر آباد دکن کے ایک مشہور وزیر اعظم میر تراب علی خاں بہادر مرحوم کا خطاب، جو ہندوستان کے بڑے مدبّروں میں شمار ہوتے تھے (۳) سالا۔ خسر پورہ۔ **سالارِ قافلہ** ۔ مذکر۔ قافلے کا سردار۔ **سالار مسعود غازی** (ف۔ ع) مذکر۔ ایک مشہور بزرگ، جو حضرت علیؑ کی بارھویں پشت میں تھے۔ کہتے ہیں کہ آپ سلطانِ محمود غزنوی کے بھانجے تھے اور حملۂ سومنات وغیرہ میں خوب دادِ شجاعت دی۔ انیس سال کی عمر پا کر بمقام بھڑائچ جہاد کرتے ہوئے ساجا شہر دلو کے تیر سے شہادت پائی۔ آپ کو بالے میاں، غازی میاں، سالارِ غازی اور سالار جب بھی کہتے ہیں۔

سالک (سَا۔ لِکْ) (ع) مذکر (۱) راستہ چلنے والا (۲) شرع کا پابند۔ خدا دوست (۳) مرزا قربان علی بیگ دہلوی مرحوم کا تخلص۔

سالم (سَالِمْ) (ع) (۱) سارا۔ پورا۔ تمام۔ کامل (۲) صحیح سلامت۔ تندرست۔ بھلا چنگا (۳) محفوظ۔ مصئون۔ **سالم بیع** ۔ مؤنث (قانوناً) مکمّل بیع۔

سالن (سَا۔ لَنْ) (ہ) مذکر (۱) ترکاری۔ لاوَن۔ روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین ترکاری (۲) (گنوار) گوشت۔ قلیہ۔

سالنا (سَالْ۔ نَا) (ہ) (۱) چھید کرنا (۲) کاٹنا۔

سالو (سَا۔ لُوْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سُرخ کپڑا۔

سالواہن۔ سالباہن (سَالْ۔ وَا۔ ہَنْ، سَالْ۔ بَا۔ ہَنْ) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور راجا۔

سالوتری (سَا۔ لُوْتْ۔ رِیْ) (س) مذکر۔ گھوڑوں کا طبیب۔ چوپایوں کا علاج کرنے والا۔ بیطار۔

سالوس (سَا۔ لُوْسْ) (ف) مذکر (۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ ریاکاری (۲) فریبی۔ دغا باز۔ ریاکار۔

سالویشن (سَالْ۔ وِے۔ شَنْ) (انگ۔ Salvation) مؤنث۔ نجات۔ مُکتی۔

سالویشن آرمی (Salvation Army) مؤنث۔ مُکتی فوج۔ عیسائیوں کی ایک مذہبی جماعت۔

سام (سَامْ) (ع) مذکر (۱) حضرت نوحؑ کا بڑا بیٹا (۲) رستم پہلوان کا دادا۔

ساماجک (سَا۔ مَا۔ جِکْ) (ہ) سماجی۔ کسی انجمن کے متعلق۔

سامان (سَا۔ مَانْ) (ف) مذکر (۱) اسباب۔ آراستگی۔ تیاری (۲) اوزار۔ ہتھیار (۳) بندوبست۔ سرانجام۔ **سامان بندھنا** (اُ) کسی چیز کے ظاہر ہونے کے آثار نمایاں ہونا۔ تیاریاں ہونا۔ **سامانِ حرب** (ف۔ ع) مذکر۔ لڑائی کا سامان۔ **سامان میں آنا** (اُ) (عو) (۱) غصّہ جاتے رہنا۔ ٹھنڈا ہونا۔ ہوش میں آنا (۲) قابو میں آنا۔

سامدرک (سَا۔ مُدْ۔ رِکْ) (س) مؤنث۔ ہاتھ پاؤں کی لکیروں سے انسان کی قسمت بتانے کا علم۔ قیافۂ دست و پا۔

سامرتھ (سَا۔ مَرْ۔ تھْ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) زور۔ بل۔ طاقت (۲) مداخلت۔ پہنچ۔ رسائی (۳) حوصلہ۔ ظرف۔ سمائی۔ وسعت۔ گنجائش۔

سامری (سَا۔ مِرِیْ) (ع) (۱) سامر کا باشندہ (۲) مذکر۔ ایک جادوگر، جس نے سونے چاندی کا ایک بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اس کی پرستش کرائی تھی۔ **سامری فن** (ع۔ ف) مذکر (مجازاً) فسوں ساز۔ جادوگر۔

سامع (سَا۔ مِعْ) (ع) مذکر۔ سننے والا۔ **سامعہ** ۔ مؤنث۔ کان کی ایک قوّت، جس سے آواز سُنی جاتی ہے۔ سننے کی قوّت۔

سامک (سَا۔ مَکْ) (ہ) مذکر۔ ایک غلّہ، جو ایک خاص قسم کی گھاس سے نکلتا ہے۔

سامگری (سَا۔ مَگْ۔ رِیْ) (ہ) مؤنث (ہندو) سامان۔ اسباب۔

سامنا (سَامْ۔ نَا) (ہ) مذکر (۱) مٹ بھیڑ۔ لڑائی۔ مقابلہ (۲) پیشانی۔ آگا (۳) برابری (۴) ملاقات۔ **سامنا کرنا** (۱) مقابلہ کرنا (۲) گستاخانہ جواب دینا

(۳) لڑنے کے لیے آگے بڑھنا (۴) برابری کرنا ۔ **سامنے** (۱) مقابل ۔ روبرو ۔ آگے (۲) موجودگی میں ۔ ہوتے ہوئے ۔ **سامنے آنا** (۱) مقابل ہونا (۲) جلوہ گر ہونا ۔ **سامنے دھر لینا** (۱) آگے دھر لینا ۔ آگے آگے لے چلنا (۲) گرفتار کرنا ۔ پکڑ لینا ۔ لے چلنا ۔ **سامنے کی آنکھیں پھوٹیں** (۱) (دعائے بد) بدبین کی آنکھیں، جو سامنے اور مقابل ہیں، کور و بے نور ہو جائیں (۲) (سخت قسم) سامنے کی آنکھیں پٹم ہوں ۔ **سامنے کی بات** ۔ مؤنث (۱) روبرو کا ذکر (۲) موجودگی کا حال ۔ **سامنے ہونا** (۱) روبرو ہونا ۔ مقابل ہونا (۲) گستاخی سے پیش آنا ۔ مقابلہ کرنا (۳) دنگل میں اترنا ۔

سامی (سَا ۔ مِیْ) (ہ) مذکر (۱) خاوند ۔ شوہر ۔ پتی ۔ سوامی (۲) مؤنث ۔ زرخیز زمین (۳) (ع) عالی ۔

سان (سَان) (ہ) مؤنث ۔ دھار تیز کرنے کا پتھر ۔ پتھری ۔ سنگِ صیقل ۔ **سان چڑھنا** ۔ دھار رکھی جانا ۔ پتھری پر تیز ہونا ۔ **سان دھرنا** ۔ دھار تیز کرنا ۔ سان لگانا ۔

سان (سَان) (ہ) مؤنث (۱) نشان (۲) سراغ (۳) اشارہ ۔

سان (سَان) (ہ) ساننا کا امر ۔ **سان لینا ۔ یا ۔ ساننا** (۱) شامل کرنا (۲) ملانا ۔ گوندھنا (۳) جرم میں شریک کرنا ۔ پھانسنا (۴) تہمت لانا ۔ حرف لانا ۔

سان گمان (سَان ۔ گُمَان) (ہ) مذکر ۔ وہم و خیال ۔ فکر و اندیشہ ۔ **سان نہ گمان** ۔ یکایک ۔ دفعتہً ۔ وہم نہ گمان ۔ بے خبری کے عالم میں ۔

سانبھر (سَان ۔ بھَرْ) (ہ) (۱) مؤنث ۔ ایک جھیل کا نام، جو علاقہ جے پور میں واقع ہے (۲) مذکر ۔ جھیل سانبھر سے نکلا ہوا نمک ۔

سانپ (سَانْپ) (ہ) مذکر ۔ ناگ ۔ مار ۔ افعی ۔ **سانپ اتارنا** ۔ سانپ کا زہر دور کرنا ۔ **سانپ تو نکل گیا، مگر راستہ بُرا پڑا** (ہ) کہاوت ۔ آفت سے تو بچ گئے، لیکن شگون بُرا ہوا ۔ **سانپ چھاتی پر پھرنا ۔ یا ۔ لوٹنا** (ہ) (۱) بھاری صدمہ گزرنا (۲) سخت افسوس کرنا (۳) جل کر کباب ہونا ۔ **سانپ سونگھ جانا** (۱) سانپ کا ڈس جانا ۔ سانپ کا کاٹ کھانا ۔ سانپ کا زہر چڑھ جانا ۔ زہر کے مارے بے ہوش ہو جانا (۲) گہری نیند سونا ۔ **سانپ کا بچہ سپولیا** (ہ) کہاوت ۔ شریر کا بچہ بھی شریر ۔ بُرے آدمی کی اولاد بھی بُری ۔ **سانپ کا سر ہی کچلا کرتے ہیں** ۔ کہاوت ۔ شر انگیز کی شامت ہی آیا کرتی ہے ۔ موذی کو جیتا ہی نہیں چھوڑتے ۔ **سانپ کا کاٹا** (ہ) سانپ کا ڈسا ہوا ۔ مارگزیدہ ۔ **سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے** ۔ کہاوت ۔ جو شخص موذی سے تکلیف اٹھائے، وہ ہمیشہ اس کے ہم شکل سے ڈرتا ہے ۔ جس نے پہلے مصیبت دیکھی ہو، اسے ذرا سا بھی صدمہ ڈرا دیتا ہے ۔ **سانپ کا مَن** ۔ مذکر ۔ سانپ کا منکا ۔ کہتے ہیں کہ وہ پورے چاند کی طرح چمکتا ہے اور جسے مل جائے، اسے خوش حال کر دیتا ہے ۔ **سانپ کا منتر** ۔ مذکر ۔ سانپ کے کاٹے پر دم کرنے کا منتر ۔ **سانپ کی سی کینچلی جھاڑنا** (۱) رنگ نکالنا ۔ نکھرنا (۲) پر پرزے نکالنا ۔ **سانپ کی سی لہر** ۔ مؤنث ۔ سانپ کے کاٹے کی سی ہوک ۔ سانپ کے کاٹے کا سا پیچ و تاب ۔ **سانپ کی لکیر** ۔ مؤنث ۔ سانپ کی کینچلی کا نشان ۔ وہ نشان، جو سانپ کے نکل جانے پر رہتا ہے ۔ **سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں** ۔ کہاوت ۔ بدذات کی بدی ظاہر نہیں ہوتی ۔ **سانپ کے سانپ پاہونا** ۔ موذی کا موذی ہی دوست ۔ بُروں کی بُری صحبت ۔ کند ہم جنس با ہم جنس پرواز ۔ **سانپ کے منہ میں چھچھوندر، نگلے تو اندھا، اگلے تو کوڑھی** ۔ کہاوت ۔ ہر طرح نقصان ہی نقصان ۔ **سانپ کے منہ میں لے جانا** ۔ مصیبت میں پھنسانا ۔ **سانپ کے نیچے کا بچھو** ۔ مذکر (۱) بے حد زہریلا بچھو، جس نے سانپ کے نیچے پرورش پائی ہو (۲) موذی اور ظالم آدمی ۔ **سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے** ۔ کہاوت ۔ کام نکل آئے، مگر نقصان نہ ہو ۔ **سانپ نکل گیا، لکیر پیٹا کرو** ۔ کہاوت ۔ موقع کھو کر اب پچھتایا کرو ۔ اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت ۔ **سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں** ۔ کہاوت ۔ ہر شخص اپنی ہی خوراک کھا سکتا ہے، دوسرے کی ریس نہیں کر سکتا ۔ **سانپ والا** ۔ مذکر ۔ سانپ کا کھلاڑی ۔ سپیرا ۔ **سانپ ہر جگہ ٹیڑھا، مگر بانبی میں سیدھا جاتا ہے** ۔ مثل ۔ بدمزاج بھی اپنے گھر میں غصہ نہیں کرتا ۔ **سانپن** ۔ مؤنث ۔ مادہ سانپ ۔ ناگن ۔ **سانپوں کی سبھا میں جلیبیوں کی لپالپ** ۔ کہاوت ۔ موذیوں کی محفل میں تکلیف ہی کا چرچا ۔ بُروں کے بُرے ہی کام ۔

سانپا (سَان ۔ پَا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ماتم ۔ سوگ (۲) بد دعا ۔ **سانپے جانا** ۔ سوگ میں شریک ہونا ۔ ماتم کے لیے جانا ۔

سانٹ، سانٹھ (سَانْٹْ، سَانْٹھْ) (ہ) مؤنث (۱) عقدہ ۔ گرہ ۔ گانٹھ (۲) اتفاق ۔ میل ملاپ (۳) سازش ۔ منصوبہ ۔ **سانٹ لگانا یا ملانا** ۔ سازش کرنا ۔ **سانٹھنا** (۱) دھاگے میں جوڑ لگانا (۲) موافق کر لینا ۔ **سانٹے کی سگائی** ۔ مؤنث ۔ وہ رشتہ جہاں لڑکی کے عوض لڑکی دی جائے ۔

سانٹا (سَانْٹَا) (ہ) مذکر ۔ تازیانہ ۔ چابک ۔

سانجھ (سَانْجھْ) (ہ) مؤنث ۔ دوستی ۔

سانجھ (سَانْجھْ) (ہ) مؤنث ۔ سورج ڈھلنے کا وقت ۔ شام ۔ **سانجھ سویرے** ۔ مؤنث ۔ صبح شام ۔

سانچ (سَانْچْ) (ہ) مذکر ۔ سچ ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ صحیح ۔ **سانچ کو آنچ نہیں ۔ یا ۔ سانچ کو کیا آنچ** ۔ کہاوت ۔ سچ کو کوئی تکلیف نہیں ۔ ایمان کو ضرر نہیں ۔ **سانچ کہے سو مارا جائے، جھوٹ کہے سو (جھوٹا بھڑوا) لڈو کھائے** ۔ مثل ۔ سچ کہنے والے کو مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور جھوٹا مزے اڑاتا ہے ۔ **سانچا** ۔ سچا ۔ صادق ۔

سانچا (سَان ۔ چَا) (ہ) مذکر ۔ قالب ۔ لکڑی یا دھات کا بنا ہوا اوزار، جس سے کھانڈ کے کھلونے وغیرہ ڈھالے جاتے ہیں ۔ **سانچے میں ڈھالنا** (۱) قالب میں ڈھال کر بنانا (۲) سڈول اور خوب صورت بنانا ۔

سانچا (سَان ۔ چَا) (ہ) مذکر ۔ بچہ دان ۔ رحم ۔ **سانچے کی سچی** ۔ مؤنث ۔ وہ عورت، جسے ہر بار پہلے ہی جماع میں حمل ہو جائے ۔

سانحہ (سَا - نِحَہ) (ع) مذکر۔ واقعہ۔ حادثہ۔ وقوعہ۔ صدمہ ٭
سانْدا (سَاں - دَا) (ہ) مذکر۔ وہ رسّی، جو گائے اور بھینس کو دوہتے وقت ان کے پاؤں میں باندھی جاتی ہے ٭
سانڈ (سَانْڈ) (ہ) مذکر (۱) نرگاؤ۔ اسپ نر۔ وہ بیل یا گھوڑا، جسے بچّے دلوانے کے لیے رکھیں (۲) (مجازاً) موٹا آدمی۔ شحیم۔ لحیم۔ جسیم (۳) غم و فکر سے آزاد (۴) عیاش۔ شہوت پرست ٭
سانڈا (سَاں - ڈَا) (ہ) مذکر۔ گوہ کی قسم کا ایک جانور جس کا تیل سستی اور گٹھیا کی بیماری کے لیے فائدہ مند ہے ٭
سانڈنی (سَانْڈ - نِی) (ہ) مؤنث۔ اونٹنی۔ ناقہ۔ تیز رفتار اونٹنی یا اونٹ۔ مادۂ شتر ٭ **سانڈنی سوار** (ہ) مذکر۔ اونٹنی کا سوار۔ شتر سوار۔ تیز رفتار اونٹنی پر چڑھ کر خبریں جانے والا قاصد۔ پیام بر۔ نامہ بر ٭
سانڈیا (سَاں - ڈِیَا) (ہ) مذکر (۱) اونٹ کا بچّہ۔ بوتہ (۲) گوٹا بُننے کی مشین ٭
سانس (سَانْس) (ہ) مذکر و مؤنث۔ دم۔ نفس۔ پھونک ٭ **سانس اُڑنا** (۱) سانس کا مشکل سے نکلنا۔ دم اٹکنا۔ دم رُکنا (۲) مرنے کے قریب ہونا۔ دم واپسیں لینا ٭ **سانس اُکھڑنا**۔ سانس قابو میں نہ رہنا۔ دم نہ سمانا۔ دم اُکھڑنا۔ دم کے تسلسل میں فرق آنا ٭ **سانس بھرنا** (۱) ہائے کرنا۔ دم بھرنا (۲) ہانپنا۔ دم چڑھنا (۳) عمر کے چند بقیہ سانس لینا ٭ **سانس پھولنا** (۱) ہانپنا۔ دم چڑھنا (۲) دمے کی بیماری ہونا ٭ **سانس ٹوٹنا**۔ دم کے تسلسل میں فرق آنا۔ دم ٹوٹنا ٭ **سانس چڑھنا** بے دم ہونا۔ تھکنا۔ دم پھولنا ٭ **سانس رُکنا**۔ گلا بیٹھنا۔ دم بند ہونا ٭ **سانس کے ساتھ آس ہے**۔ مثل۔ زندگی کے ساتھ اُمید ہے۔ دم کے ساتھ آس لگی ہوئی ہے ٭ **سانس لینا**۔ سانس کھینچنا۔ دم بھرنا ٭ **سانس نہ نکالنا**۔ دم نہ مارنا۔ چپ رہنا۔ اُف نہ کرنا ٭
سانسا (سَاں - سَا) (ہ) مذکر۔ اندیشہ۔ فکر۔ تشویش۔ تردّد ٭ **سانسا چڑھنا** (ہندو) اندیشہ ہونا۔ فکر ہونا ٭
سانسی (سَاں - سِی) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور خانہ بدوش جرائم پیشہ قوم ٭
سانگ (سَانْگ) (ہ) (۱) مؤنث۔ ٹہنی۔ شاخ (۲) مذکر۔ نیزہ۔ بھالا۔ برچھی ٭
سانکر۔ سانکری (سَاں - کَر، سَانْک - رِی) (س) مؤنث (ہندو) (۱) دروازے کی کنڈی۔ زنجیر (۲) زنجیر (۱) کا بنا ہوا پاؤں کا ایک زیور (۳) بیڑی۔ ہتھکڑی ٭
سانکل (سَاں - کَل) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "سانکر" ٭
سانگ (سَانگ) (س) کل۔ بکل۔ تمام ٭ **سانگ آنے**۔ مذکر (دلال) ایک آنہ۔ کنڈا ٭
سانگ۔ سوانگ (سَانْگ، سْوَانْگ) (ہ) مذکر (۱) بہروپ۔ تماشا۔ کھیل۔ نقل کرنا۔ روپ بھرنا (۲) ٹھٹھا۔ تمسخر۔ ظرافت ٭ **سانگ بنانا** (۱) نقل کرنا۔ روپ بھرنا (۲) ہنسی اُڑانا۔ رسوا کرنا ٭ **سانگ بھرنا** (۱) نقل بنانا۔ روپ بھرنا (۲) دھوکا دینا۔ فریب کرنا ٭ **سانگ دکھانا**۔ وضع تبدیل کرنا ٭ **سانگ مچانا** (۱) تماشا کرنا۔ کھیل کرنا (۲) مسخرہ پن کرنا ٭ **سانگی یا سوانگی**۔ مذکر (۱) سوانگ بھرنے والا۔ بہروپیا (۲) بھانڈ۔ نقال۔ تماشا کرنے والا ٭
سانگر (سَاں - گَر) (ہ) مذکر۔ جنڈ کی پھلی، جس کا اچار وغیرہ ڈالا جاتا ہے ٭
سانگھی (سَاں - گھِی) (ہ) مذکر و مؤنث۔ بیل گاڑی کا ڈنڈا جس پر جوئے کو سہارا دیا جاتا ہے ٭
سانْواں (سَاں - وَاں) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا اناج۔ چاول ٭
سانْوٹا۔ سانْوٹھا (سَانْوْ - ٹَا، سَانْوْ - ٹھَا) (ہ) (۱) جمع کیا ہوا (۲) تیار (۳) تندرست ٭ **سانْوٹا ہو جانا** (۱) چوکس اور ہوشیار ہو جانا (۲) سامنے ہو جانا (۳) سنبھل جانا ٭
سانْولا۔ سانْورا (سَانْوْ - لَا، سَانْوْ - رَا) (ہ) سبزہ رنگ۔ سیاہی مائل۔ ملیح۔ نمکین ٭ **سانْولا سلونا** (۱) نمک والا۔ نمکین۔ حسین اور گندمی رنگ والا۔ خوش رنگ۔ ملیح۔ سبزہ رنگ۔ کھرا (۲) (دہلی کے میوہ فروشوں کی اصطلاح) فالسہ ٭ **سانولی صورت** (ف) نمکین صورت۔ ملیح صورت۔ گندمی رنگ ٭
سانی (سَا - نِی) (ہ) مؤنث۔ کھلی ملا ہوا چارا۔ بھس۔ کُٹی ٭
ساودھان (سَاوْ - دْھَان) (۱) تیار۔ چوکس (۲) متوجہ ٭ **ساودھانی**۔ مؤنث۔ دُور اندیشی۔ چوکسی ٭
ساورن (سَاوْ - رِن) (انگ Sovereign) مذکر (۱) پونڈ۔ گنی (۲) بادشاہ ٭
ساوڑ۔ سوڑ (سَا - وَڑ، سَوْڑ) (ہ) مؤنث (۱) زچہ خانہ (۲) زچہ خانے کی ناپاکی ٭
ساوڑی (سَا - وَڑِی) (ہ) مؤنث۔ غلے کی مٹھی، جو کھلیان میں سے فقیر وغیرہ کو دی جاتی ہے ٭
ساون (سَا - وَن) (ہ) مذکر۔ ہندی سال کا چوتھا مہینا۔ برسات کا پہلا مہینا۔ ۱۵ جولائی سے ۱۵ اگست کا زمانہ ٭ **ساون بھادوں**۔ مذکر (۱) برسات کا پہلا اور دوسرا مہینا، جن میں بارش زیادہ ہوتی ہے (۲) ایک قسم کی آتش بازی ٭
ساون کی جھڑی۔ مؤنث۔ ساون کی بارش، جو کئی دن تک برابر رہتی ہے ٭
ساون کے اندھے کو ہرا سوجھے۔ یا۔ ساون کے اندھے کو ہرا ہی (ہرا) سوجھتا ہے۔ کہاوت۔ ہر شخص دوسرے کی حالت کو اپنی ہی حالت کے مطابق سمجھتا ہے ٭ **ساون کے گیت**۔ مذکر۔ برسات کے گیت ٭
ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے۔ کہاوت۔ ہر حال میں یکساں یا ہمیشہ ایک ڈھنگ پر رہتے ہیں ٭ **ساونی**۔ مؤنث (۱) وہ فصل جس میں چاول، مکی وغیرہ اناج پیدا ہوتے ہیں۔ فصلِ خریف (۲) ایک پھول، جو ساون کے مہینے میں کھلتا ہے (۳) وہ مٹھائی، میوہ، ترکاری وغیرہ، جو ساون کے مہینے میں دولہا کے گھر سے دلھن والوں کے ہاں بھیجی جاتی ہے ٭
ساونت (سَا - وَنْت) (ہ) مذکر (ہندو) سورما۔ بہادر۔ دلیر۔ جوانمرد۔ شجاع ٭
ساونٹا۔ ساونٹھا (سَا - وَنْ - ٹَا، سَا - وَنْ - ٹھَا) (ہ) دیکھیے "سانوٹا" ٭

ساہ (ساہ) (ہ) مذکر (۱) بیوپاری - تاجر (۲) ساہوکار - سیٹھ - مہاجن (۳) صراف - بینکر (۴) دیانت دار - چور کے برعکس * **ساہو** - مذکر (۱) دیکھیے "ساہ" (۲) دوست - خیرخواہ (۳) سخی - داتا - کریم (۴) ولی نعمت - محسن (۵) راہزن - چور - دُزد - بٹ مار * **ساہوکار** (ہ) مذکر (۱) دیکھیے "ساہ" (۲) لین دین رکھنے والا - روپیہ قرض دینے والا * **ساہوکارا** - مذکر (۱) صراف کا پیشہ (۲) ساہوکاروں کا بازار - لین دین کی جگہ * **ساہوکاری** مؤنث (۱) لین دین - تجارت - سوداگری (۲) شرافت - دیانت داری * **ساہوکاری گدّی** - مؤنث - ساہوکار کے بیٹھنے کی جگہ - تھڑا *

ساہا (سا۔ہا) (ہ) مذکر (۱) سماں - وقت - فصل - موسم (۲) ہندوؤں کی شادی کے دن جن میں بیاہ کا سنجوگ ہوتا ہے * **ساہا چکنا** - بہت سی شادیوں کا ہونا *

ساہل - ساہول (سا۔ہل ، سا۔ہول) (ہ) مذکر - پتھر یا لوہے کا ایک گولہ جس میں ایک کنڈا لگا ہوتا ہے - معمار لوگ تعمیر کے وقت اس کنڈے میں ڈورا باندھ کر دیوار وغیرہ کی کجی معلوم کرتے ہیں - شاقول - پنسال - لکن *

ساہی (سا۔ہی) (ہ) مؤنث - سؤر جیسے منہ کا ایک خاردار جانور - خارپشت - سیہ *

سائڈ (سا۔اِڈ) (انگ۔ Side) مؤنث - سمت - طرف - پہلو *

سائر (سا۔اِر) (ع) (۱) سیر کرنے والا - پھرنے والا (۲) سب ، تمام (۳) بچا ہوا - باقی (۴) چنگی کا محصول (۵) منڈی کی فیس * **سائر خرچ** (ہ) مذکر - متفرق خرچ - دفتروں کا بالائی خرچ *

سائل (سا۔اِل) (ع) مذکر (۱) پوچھنے والا - سوال کرنے والا (۲) فقیر ، مانگنے والا (۳) مدعی (۴) امیدوار *

سائن (سا۔اِن) (انگ۔ Sign) مذکر (۱) نشان - علامت (۲) دستخط * **سائن بورڈ** (Sign Board) مذکر - وہ تختہ ، جو اشتہارات یا نام وغیرہ لکھ کر شارع عام پر لٹکایا یا گاڑا جاتا ہے - اشتہاروں کا تختہ ، تختۂ اعلان *

سائنس (سا۔اِنس) (انگ۔ Science) مؤنث (۱) علم طبعیات (۲) علم و فن *

ساؤ (سا۔ؤ) (ہ) (ہندو) (۱) بھلا مانس - متحمل مزاج - غریب (۲) مذکر - بھائی بند *

ساؤتھ (ساؤتھ) (انگ۔ South) مذکر - جنوب *

ساؤنڈ (ساؤنڈ) (انگ۔ Sound) مؤنث - آواز * **ساؤنڈ بکس** (Sound box) مذکر - گراموفون کا وہ پرزہ ، جس کی بدولت پلیٹ سے آواز نکلتی ہے *

سائی (سا۔ئی) (ہ) مؤنث - پیشگی - بیعانہ - پیش داد * **سائی بجانا** - اُس کے گھر جانا جس سے سائی لی گئی ہو * **سائی دینا** (ہ) خریدنے سے پہلے کچھ نقدی دینا - بیعانہ دینا *

سائیس (سا۔اِیس) (ہ) مذکر - گھوڑے کا خدمت گار * **سائیسی** - مؤنث - گھوڑے کی خدمت کا کام یا پیشہ - گھوڑے کی رکھوالی * **سائیسی علم دریا ہے** - مقولہ (۱) (طنزاً) سائیسی بہت بڑا علم ہے (۲) اس موقع پر کہتے ہیں ، جب کوئی شخص کسی علم یا فن میں اپنی بڑائی ظاہر کرے *

سائیکل (سا۔اِی۔کل) (انگ۔ Cycle) دیکھیے "بائیسکل" *

سائیں (سا۔اِیں) (ہ) مذکر (۱) خدا ، رب ، داتا ، ایشور (۲) شوہر - خاوند - خصم - پتی - مالک (۳) فقیر - گدا - بھکاری - منگتا (۴) ولی - عارف - خداشناس * **سائیں کا دربار** (ہ) مذکر - خدا کا دربار - اللہ تعالیٰ کی بارگاہ - خدا کی کچہری *

سائیں سائیں (سا۔اِیں ، سا۔اِیں) (ہ) مؤنث - سنسناہٹ ، سرسراہٹ ، ہوا کے چلنے کی آواز * **سائیں سائیں کرنا** (۱) ہوا کا چلنا - سنسنانا (۲) خوفناک معلوم ہونا *

سایہ (سا۔یہ) (ف) (۱) پرچھائیں - چھاؤں - چھایا (۲) حمایت - حفاظت - پناہ (۳) جن ، بھوت ، دیو ، پری کا اثر * **سایہ اُترنا** (ہ) (۱) آسیب کا دفع ہونا - جن یا بھوت کا دور ہونا * **سایہ بان (سائبان)** (ف) مذکر (۱) چھپر (۲) شامیانہ (۳) چھتر (۴) وہ چھپّا وغیرہ ، جو مکان یا خیمے کے آگے دھوپ یا بارش سے بچنے کے لیے ڈالا جاتا ہے * **سایہ پروردہ** (ف) (۱) کسی کی توجہ اور حمایت کا پلا ہوا ، دست پروردہ ، نمک پروردہ ، خانہ زاد غلام (۲) لاڈلا * **سایہ پڑنا** (ہ) (۱) پرچھائیں پڑنا - عکس پڑنا (۲) دوسرے کی خو بو آجانا * **سایۂ خدا** (ف) خدا کا سایہ - بادشاہ - ظل الٰہی * **سایہ دار** - سایے والا - وہ درخت ، جس کے نیچے چھاؤں ہے - **سایہ ڈالنا** (ہ) (۱) حال پر توجہ فرمانا - مہربانی کرنا (۲) اثر ڈالنا ، فیض پہنچانا ، فیض صحبت سے مستفیض کرنا * **سایہ ڈھلنا** (۱) سایہ اتر جانا ، عصر کی نماز کا وقت ہونا (۲) جھٹ پٹا ہونا * **سایہ زدہ** (ف) جس پر جن بھوت کا اثر ہو * **سایہ ہو جانا** (ہ) (۱) مہربانی اور عنایت ہونا ، صحبت کا اثر ہونا (۲) آسیب زدہ ہونا * **سایے** (۱) سایہ کی جمع (۲) سایہ کی صورت حرف جار سے پہلے * **سایے سے جلنا** - نفرت کرنا * **سایے میں آنا** (۱) پناہ یا حمایت میں آنا (۲) بھوت پریت کا خلل ہو جانا - آسیب زدہ ہونا * **سایے میں بیٹھنا** (۱) چھاؤں میں بیٹھنا (۲) پناہ اور حمایت میں رہنا *

س - ب

سب (سَب) (ہ) (۱) تمام - جملہ - کل (۲) سارا - پورا - سالم - کامل - بالکل * **سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں** - کہاوت (۱) سب ایک ہی خاندان اور ایک ہی نسل سے ہیں (۲) تمام کی حالت برابر ہے * **سب دن چنگے عید کے دن ننگے - یا - سب دن چنگی عید کے دن ننگی** (ہ) مثل - بے وقت بناؤ سنگار کرنا ، لیکن ضرورت پر اچھا لباس اور زیور نہ ہونے سے شرمندہ ہونا * **سب دھان بائیس پسیری کے** - مثل - تمام کو برابر کر دینا - تمام یکساں * **سب سے بھلی چپ** - مثل - نہ بولنے میں

کوئی جھگڑا یا الزام نہیں آتا * **سب کا سب** - تمام و کمال - سارے کا سارا - بالکل - سرتاپا * **سب کچھ** - سارا مال و متاع - ہر چیز - ہر شے * **سب کو ایک لاٹھی ہانکنا** - مرتبے اور درجے کا خیال رکھے بغیر ہر ایک سے برابر سلوک کرنا * **سب کی چوٹی ہے** (عو) برائی اور شرارت میں سب سے بڑھی ہوئی ہے * **سب کے دیکھتے** - کھلم کھلا - علانیہ - آنکھوں کے روبرو - لوگوں کے سامنے *

سب (سَب) (انگ - Sub) ماتحت - نائب - گماشتہ - پیش کار * **سب آرڈی نیٹ** (Subordinate) ماتحت * **سب آفس** Sub office مذکر (۱) دفتر ماتحت (۲) مضافات کا ڈاک خانہ * **سب اسسٹنٹ سرجن** (Sub Assistant Surgeon) مذکر - اسسٹنٹ سرجن سے چھوٹا ڈاکٹر * **سب انجینئر** Sub engineer مذکر - چھوٹا انجینئر - حاکم تعمیرات کا ماتحت - میر عمارت کا نائب * **سب انسپکٹر** (Sub Inspector) مذکر - نائب ناظر - نگران کار کا ماتحت - نائب مہتمم * **سب اوورسیئر** (Sub - Overseer) مذکر - پیمائش کرنے والے کا نائب - نگران کار کا ماتحت * **سب پوسٹ ماسٹر** (Sub Post master) مذکر - ڈاک کے محکمے کا وہ افسر جس کے ماتحت سب آفس ہو * **سب ڈویژن** (Sub Division) مذکر - ضلع کا ایک حصہ * **سب رجسٹرار** (Sub Registrar) مذکر - رجسٹرار کا نائب *

سبا (سَبا) (ع) مذکر - یمن کا ایک شہر یا ریاست - جس کی ملکہ حضرت سلیمانؑ کی زوجہ حضرت بلقیس تھیں *

سبابہ (سَب با بَہ) (ع) مؤنث - انگوٹھے کے پاس کی انگلی - انگشتِ شہادت *

سباس (سُباس) (ہ) مؤنث (ہندی) (۱) عطر - خوش بو (۲) خوش بودار *

سبب (سَبَب) (ع) مذکر (۱) باعث - موجب - لیے - واسطے (۲) سامان - دلیل حجت (۳) وسیلہ - ذریعہ (۴) تقریب *

سبت (سَبْت) (ع) سبتھ (سَبتھ - بَتھ) (انگ - مذکر - شنبہ یا اتوار یا جمعہ - عبادت اور آرام کا دن *

سبحان (سُب حان) (ع) پاک - مقدس - آزاد - مبرا * **سبحان اللہ** (۱) خدا پاک ہے (۲) اللہ تعالیٰ کو پاکی سے یاد کرتا ہوں (۳) مذکر - تعجب کا کلمہ (۴) تحسین و آفرین کا کلمہ (۵) طنزیہ کلمہ * **سبحان تیری قدرت** (ف) (۱) تیری قدرت کا کیا کہنا (۲) مؤنث - کالے تیتر کی بولی * **سبحان ربنا** (ع) ہمارا پروردگار پاک ہے *

سبحہ (سُب حَہ) (ع) مؤنث - تسبیح - سمرن - مالا * **سبحہ سنج - یا - سبحہ گردان** (ع - ف) تسبیح پھیرنے والا *

سبد (سَبَد) (ف) مذکر و مؤنث (۱) ٹوکرا - ٹوکری (۲) نذر - ڈالی *

سبدھ (سُبُدھ) (ہ) مؤنث (ہندی) عمدہ سمجھ - دانائی * **سبدھی** (ہندی) دانا - ذی شعور - تیز فہم - گیانی *

سبرن (سُب رَن) (س) مذکر (۱) سونا - زر - طلا (۲) سنہری *

سبز (سَبْز) (ف) (۱) ہرا (۲) کچا - خام - ناپختہ (پھل) (۳) تازہ - شاداب *

سبز باغ دکھانا (ف) دھوکا دینا - فریب دینا - جھوٹے وعدے سے پھسلانا * **سبز بخت** (ف) نیک بخت - صاحب اقبال - خوش نصیب * **سبز پا** - دیکھیے "سبز قدم" * **سبز پوش** - مذکر (۱) سبز کپڑوں والا (۲) زاہد (۳) ماتمی * **سبز قدم** (ف - ع) نامبارک - منحوس قدم - بدنصیب - وہ چیز یا شخص جس کا آنا نحس ہو * **سبز قدم ہونا** (ف) منحوس اور بدنصیب ہونا * **سبز ہونا** (۱) ہرا ہونا (۲) پھولنا پھلنا (۳) ترو تازہ ہونا (۴) رونق پکڑنا * **سبزہ** (ف) مذکر (۱) نباتات - ہریاول (۲) شادابی (۳) سبزی - بھنگ (۴) سیاہی مائل سبز گھوڑا (۵) وہ بال جو نئی نئی ڈاڑھی نکلتے وقت چہرے پر ظاہر ہوتے ہیں * **سبزہ آغاز** (۱) ڈاڑھی پھوٹنے کا زمانہ (۲) نوجوان - نوخیز * **سبزہ رنگ** (ف) گندمی رنگ - سانولا سلونا * **سبزہ زار** (ف) (۱) چراگاہ - ہرا جنگل - مرغزار (۲) گھاس کا تختہ * **سبزہ لہلہانا** (ف) ہرے کھیتوں کا لہکنا - نباتات یا درختوں کا لہرانا * **سبزی** (ف) مؤنث (۱) ہریالی (۲) ترکاری - ساگ پات (۳) نشہ پیدا کرنے والی ایک پتی - بھنگ * **سبزی پینا** (ف) بھنگ پینا * **سبزی فروش** (ف) مذکر (۱) ترکاری بیچنے والا - ترہ فروش (۲) بھنگ فروخت کرنے والا * **سبزی منڈی** (ف) مؤنث - ترکاری اور ساگ پات بکنے کی جگہ *

سبسکرائبر (سَب سک رائی بَر) (انگ - Subscriber) مذکر - چندہ دینے والا - خریدار *

سبط (سِبْط) (ع) (۱) پوتا (۲) دوہتا (۳) یہودی قوم * **سبطین** (ع) مذکر (۱) دو پوتے (۲) دو دوہتے (۳) حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ *

سبع (سَبْع) (ع) سات - ہفت - ۷ * **سبع سیارہ** - مذکر - سات سیارے - (۱) مریخ (۲) مشتری (۳) زحل (۴) زہرہ (۵) عطارد (۶) شمس (۷) قمر *

سبق (سَبَق) (ع) مذکر (۱) درس - تعلیم - پاٹ (۲) پیش روی - سبقت * **سبق پڑھانا** (ف) (۱) درس دینا - پڑھانا (۲) تنبیہ کرنا (۳) بہکانا * **سبق دینا** (۱) پڑھانا - تعلیم دینا (۲) تنبیہ کرنا (۳) دھوکا دینا * **سبق لینا** (۱) سیکھنا - پڑھنا (۲) نصیحت پکڑنا - عبرت حاصل کرنا * **سبقت** [سَبقَت (ع) سَبَ قَت (ف - ع)] (۱) آگے بڑھنا - فوقیت - تقدیم - پیش روی (۲) شرف - بزرگی - بڑائی * **سبقت کرنا** (ف) پیش قدمی کرنا - آگے بڑھنا - شروع کرنا * **سبقت لے جانا** - جیت لینا - فوقیت لے جانا - آگے بڑھ جانا *

سبک (سُبُک) (ف) (۱) خفیف - ہلکا (۲) باریک - لطیف - نازک (۳) اوچھا - کم ظرف (۴) بے عزت (۵) چست و چالاک - تیز (۶) آزاد - بے تعلق - مجرد - جتی (۷) (وہ) "سبکنا" کا امر * **سبک بار** (۱) ہلکا پھلکا (۲) مذکر - وہ آدمی جس کے سر پر کچھ بوجھ نہ ہو * **سبک خیز** (۱) تیز رفتار (۲) چست و چالاک * **سبک دست** - پھرتیلا - جلد کام کرنے والا * **سبک دوش** (۱) مجرد - آزاد (۲) فارغ - بری - الذمہ (۳) فرصت پانے والا * **سبک دوش کرنا** (ف) (۱) آزاد کرنا (۲) بوجھ اتارنا (۳)

بری الذمہ کرنا ؛ سبک سر (ف) (۱) کم حوصلہ۔ کم ظرف۔ اوچھا (۲) احمق ؛
سبک گام۔ تیز رفتار ؛ سبک ہونا (ہ) (۱) ہلکا ہونا (۲) شرمندہ ہونا (۳) فارغ اور بری الذمہ ہونا (۴) حقیر بننا۔ نظروں سے گرنا ؛ سبکنا (ہ) (ہندی) بچے کا روتے وقت سسکیاں بھرنا۔ ہچکیاں لینا ؛ سُبکی (ف) مؤنث (۱) ہلکا پن۔ خفت (۲) بے عزتی۔ ذلت۔ رسوائی (۳) ستھرائی۔ صفائی (۴) نزاکت (۵) شرم کی بات ؛ سسکیاں لینا (۱) ہچکیاں لینا ؛

سبل (سَبَلْ) (ع) مذکر (۱) بغل گند (۲) آنکھ کی ایک بیماری ؛

سبّل (سَبْ۔ بَلْ) (ہ) مذکر۔ سیندھ لگانے کا آلہ۔ بھالی ؛

سبو (سَبُوْ) (ف) مذکر۔ مٹکا۔ گھڑا۔ ٹھلیا ؛ سبوچہ۔ مذکر (۱) چھوٹا گھڑا (۲) مرتبان ؛

سبوس (سَبُوْس) (ف) مؤنث۔ چوکر۔ بھوسی ؛

سبّ وشتم (سَبْ۔ بُو۔ شَتَمْ) (ع) مذکر۔ گالی گلوچ ؛

سُبھ (سُبْھ) (س) (۱) نیک۔ مبارک۔ اچھا (۲) خوش نما ؛ سُبھ گھڑی (ہ) مؤنث۔ مبارک گھڑی۔ نیک گھڑی۔ ساعتِ سعید ؛ سُبھ لگن۔ مذکر۔ دو مبارک ستاروں کا سنجوگ۔ اچھا وقت ؛

سبھا (سَبھا) (ہ) مؤنث (۱) محفل۔ مجلس۔ انجمن۔ بزم (۲) جماعت۔ منڈلی۔ گروہ (۳) دربار۔ جلسہ ؛ سبھاپتی۔ مذکر (۱) جلسے کا صدر۔ میر مجلس۔ پریذیڈنٹ (۲) سرپنچ ؛ سبھاسد۔ مذکر۔ مجلسی۔ ممبر۔ شریکِ جلسہ ؛

سُبھاگ۔ سُبھاگی (سُبْھاگ، سُبھا۔ گی) (س) (۱) خوش نصیب (۲) دولت مند ؛
سبھاؤ (سُبھا۔ اَوْ) (ہ) مذکر (۱) اچھی عادت (۲) خاصیت۔ مزاج۔ خصلت۔ (۳) قاعدہ (۴) برتاؤ ؛

سبھیتا۔ سبیتا (سُبھِیْ۔ تا، سُبیْ۔ تا) (ہ) مذکر (۱) مہلت۔ وقت۔ فرصت (۲) چھٹکارا۔ مخلصی (۳) امن۔ چین (۴) فائدہ ؛ سُبیتا کرنا۔ انتظام کرنا ؛

سبیل (سَبِیْل) (ع) مؤنث (۱) راستہ۔ راہ (۲) تدبیر۔ طریقہ (۳) بندوبست۔ صورت (۴) پانی، دودھ، شربت وغیرہ، جو محرّم کے موقع پر لوگوں کو مفت پلایا جاتا ہے ؛ سبیل پلانا (ہ) (۱) مفت پانی پلانا (۲) محرّم میں شربت یا دودھ یا پانی پلانا (۳) راہ چلتوں کو پانی پلانا ؛ سبیل کرنا۔ راستہ نکالنا۔ بندوبست کرنا۔ تدبیر کرنا ؛ سبیل لگانا (۱) پانی۔ دودھ یا شربت وغیرہ مفت پلانا (۲) پیاؤ لگانا ؛

س۔پ

سپّا (سِپ۔ پا) (ہ) مذکر (۱) مار۔ زد۔ نشانہ (۲) دوری۔ فاصلہ (۳) ڈھنگ (۴) کھوج ؛ سپّا لگانا۔ یا۔ مارنا (۱) نشانہ لگانا۔ نشانے پر مارنا (۲) آشنائی کرنا (۳) پھندا لگانا ؛

سپاٹ (سَپاٹ) (ہ) (۱) سادہ۔ صاف (۲) یکساں (۳) چٹیل۔ ہموار۔ برابر۔ مسطح۔ چورس ؛

سپاٹا (سَپا۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) دوڑ۔ جھپٹ۔ کود (۲) تماشا۔ سیر ؛ سپاٹا بھرنا۔ یا۔ لگانا۔ یا۔ مارنا (۱) دوڑ لگانا (۲) دور تک دھاوا مارنا۔ پرندے کا اُڑ جانا ؛

سُپارا (سُپا۔ رَا) (ہ) مذکر۔ آلۂ تناسل کا منہ۔ ذکر کا سر۔ حشفہ۔ قضیب کی ٹوپی ؛ سُپاری۔ مؤنث (۱) سُپارا (۲) چھالیا ؛

سپارہ (سِپا۔ رَہ) (ف) مذکر (سی پارہ کا مخفف) قرآن شریف کا تیسواں حصہ۔ پارۂ قرآن ؛

سپاری (سِپا۔ رِی) (ف) مؤنث۔ چھالیا ؛

سپاس (سِپاس) (ف) مذکر۔ شکریہ۔ شکرگزاری۔ احسان مندی کا اظہار ؛ سپاس گزاری۔ مؤنث۔ شکرگزاری۔ نعمت کا اعتراف۔ منّت شناسی ؛ سپاس نامہ۔ مذکر۔ تحریری شکریہ۔ ایڈریس ؛

سپاہ (سِپاہ) (ف) مؤنث۔ فوج۔ لشکر ؛ سپاہ دار (سالار) مذکر۔ فوج کا اعلیٰ افسر، سالار، کماندار، جرنیل ؛ سپاہ گری۔ مؤنث۔ سپاہی کا کام۔ بہادری ؛ سپاہی۔ مذکر (۱) فوجی ملازم۔ لشکری۔ [illegible] (۲) پولیس کا ملازم۔ کانسٹیبل۔ سنتری ؛ سپاہی کا پوت (ہ) مذکر۔ سپاہی کا بیٹا۔ سپاہی زادہ ؛ سپاہیانہ (ف) سپاہیوں کی طرح۔ بہادرانہ۔ دلیرانہ ؛

سپر (سِپَرْ) (ف) مؤنث (۱) آفتابی۔ ڈھال۔ پھری (۲) آڑ۔ پناہ۔ روک ؛ سپر پھینکنا۔ یا۔ ڈالنا (۱) ہتھیار ڈالنا۔ شکست کھانا۔ مغلوب ہو جانا۔ عاجز ہو جانا ؛ سپر ہونا۔ آڑے آنا۔ سامنے آنا ؛

سپرٹ (سپرِٹ) (انگ۔ Spirit) مؤنث (۱) روح۔ جوہر (۲) قوت۔ جوشش (۳) تیز و تند شراب ؛

سپرد (سُپُرْد) (ف) سونپنا۔ حوالہ۔ امانت۔ تفویض ؛ سپرد کرنا (۱) امانت رکھنا۔ سونپنا (۲) حراست میں دینا۔ نظربند کرنا ؛ سپردگی (ف) مؤنث (۱) تحویل (۲) نظربندی۔ حوالات۔ حراست ؛ سپردگیِ مال (ف۔ ع) مؤنث۔ مال سونپنا۔ تحویلِ دولت۔ حوالگیِ زر ؛ سپردم بتو مایۂ خویش را۔ تو دانی حسابِ کم و بیش را (ف) مثل۔ میں نے اپنی پونجی تمہیں سونپ دی، اب کم یا زیادہ کا حساب تمہیں جانتے ہو (۱) اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنا سارا کام کسی دوسرے کے سپرد کر دے (۲) شادی کے موقع پر لڑکی کا باپ لڑکے یا اس کے والد سے بھی کہتا ہے ؛

سپردا۔ سپردائی (سَپَرْ۔ دا، سَپَرْ۔ دا۔ اِئی) (ہ) مذکر۔ ڈوم۔ سازندے۔ ناچنے والی طوائف کے ساتھ والے، جو طبلہ اور سارنگی بجاتے ہیں ؛

سپرنٹنڈنٹ (سُپ۔ رِن۔ ٹِن۔ ڈِنْٹ) (انگ۔) مذکر۔ ناظر۔ نگران۔ محافظ۔ ناظم۔ منتظم۔ مہتمم۔ سربراہ کار۔ داروغہ ؛

سپرنٹنڈنٹ پولیس (Superintendent Police) مذکر۔ پولیس کا انتظامی افسر۔ کپتان پولیس ؛

سپرنگ (سَپْ۔ رِنْگ) (انگ۔ Spring) مؤنث (۱) کمانی (۲) لچک (۳) مذکر۔ موسمِ بہار ؛

سپروائزر (سُپَرْ۔ وا۔ اِئی۔ زَر) (انگ۔ Superviser) مذکر۔ نگران۔ نگہبان۔ مہتمم۔ داروغہ ؛

سپریم (سُپ۔رِیم) (انگ۔ Supreme) سب سے بڑا۔ اعلیٰ۔ افضل۔ بہترین ٭ **سپریم کورٹ**۔ Supreme Court) مذکر۔ صدر عدالت شاہی ٭

سپڑسپڑ (سَپَڑ۔سَپَڑ) (ہ) مؤنث (۱) کتے کے کھانے کی آواز (۲) (کنایۃً) بے تمیزی سے کھانے کی آواز ٭

سپڑنا (سَپَڑ۔نا) (ہ) (عوام) تمام ہو جانا ٭

سپستان (سَپِس۔تان) (ف) مذکر۔ لسوڑا ٭

سپکٹروسکوپ (سِپَکٹ۔ٹرَوْس۔کوْپ) (انگ۔ Spectroscope) مذکر۔ وہ آلہ جس سے شعاعوں کی تفریق کر کے اجرامِ فلکی کے اجزائے ترکیبی دریافت کیے جاتے ہیں ٭

سپلائی (سَپ۔لا۔اِی) (انگ۔ Supply) مہیا کرنا۔ دینا۔ پورا کرنا۔ بہم پہنچانا ٭

سپلیمنٹ (سَپ۔لِی۔مَنٹ) (انگ۔ Supplement) مذکر۔ ضمیمہ۔ زائد ٭ **سپلیمنٹری ریڈر** (Supplementary reader) مؤنث۔ وہ کتاب، جو مقررہ لازمی کورسوں کے علاوہ زائد پڑھائی جاتی ہے ٭

سپنا (سَپ۔نا) (ہ) مذکر (۱) خواب۔ رویا۔ سوتے میں جو کچھ نظر آئے (۲) وہم۔ خیال ٭

سپند (سِپَنْد) دیکھیے "اسپند" ٭

سپنڈ (سِپِنْڈ) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں میں سات پشتوں تک کے رشتہ دار ٭

سپوت (سَپُوت) (ہ) مذکر۔ لائق بیٹا۔ اچھا لڑکا۔ فرماں بردار لڑکا ٭ **سوتوں کے کپوت اور کپوتوں کے سپوت**۔ مثل۔ اچھوں کے لڑکے بُرے اور بُروں کے لڑکے اچھے بھی ہوتے ہیں ٭ **سپوتی**۔ مؤنث (۱) نیک اور لائق اولاد والی (۲) سات بیٹوں والی عورت ٭

سپورن (سَپُو۔رَن) (ہ) (۱) سمپورن۔ سارا۔ کُل۔ تمام (۲) آسودہ (۳) بھرپور (۴) سیر ٭

سپولیا (سَپُو۔لِیا) (ہ) مذکر۔ سانپ کا تازہ نکلا ہوا بچہ ٭

سپہ (سِپَہ) (ف) مؤنث۔ سپاہ کا مخفف ٭ **سپہ سالار**۔ دیکھیے "سپاہ سالار" ٭ **سپہ گری**۔ مؤنث۔ دیکھیے "سپاہ گری" ٭

سپہر (سِپِہْر) (ف) مذکر۔ آسمان ٭

سپیچ (سِپِیچ) (انگ۔ Spee...) مؤنث۔ دیکھیے "اسپیچ" ٭

سپید (سِپِید) (ف) دیکھیے "سفید" ٭ **سپیدہ**۔ مذکر (۱) صبح صادق کی روشنی (۲) منہ پر یا بچوں کی آنکھوں پر لگانے کا سفوف (۳) تصویر پر پھیرنے کا سفید رنگ ٭

سپیرا (سَپے۔را) (ہ) مذکر۔ سانپ پکڑنے یا رکھنے والا ٭

سپیریئر (سُپِی۔رِیَر) (انگ۔ Superior) اعلیٰ۔ بڑھیا۔ عمدہ۔ اچھا ٭

سپیشل (سِپے۔شَل) (انگ۔ Special) دیکھیے "اسپیشل" ٭

سپیکر (سِپی۔کَر) (انگ۔ Speaker) مذکر۔ دیکھیے "اسپیکر" ٭

س۔ت

ست (سَت) (ہ) مذکر (۱) بجا۔ درست۔ سچ (۲) یقین۔ ایمان۔ سچا ٭ **ست بادی**۔ مذکر۔ سچا آدمی۔ صادق القول ٭ **ست بچن**۔ مذکر (۱) سچا مقولہ۔ سچی بات (۲) درست۔ بجا ٭ **ست بچن کا نوکر ہونا** (ق) ہاں میں ہاں ملانا۔ خوشامد کا بندہ ہونا ٭ **ست بچنا (بچنیا)** (ہ) مذکر۔ خوشامدی۔ ہاں میں ہاں ملانے والا ٭ **ست بھاؤ**۔ مذکر۔ ٹھیک ٹھیک۔ سچا سچا ٭ **ست پتر**۔ مذکر۔ اپنے نطفے کا بیٹا۔ ولد الحلال۔ فرزند صلبی ٭ **ست پر چڑھنا** (۱) عصمت اور پاک دامنی میں پکا ہونا (۲) ستی ہونے کو جی چاہنا ٭ **ست پر رہنا** (۱) سچ کو نہ چھوڑنا (۲) قول نہ ہارنا (۳) دھرم یا ایمان پر مضبوط یا قائم رہنا ٭ **ست جگ**۔ مذکر (۱) نہایت سچا زمانہ، دیوتاؤں کا زمانہ (۲) سب سے کھرا زمانہ جس کی میعاد ہندوؤں کے نزدیک سترہ لاکھ اٹھائیس ہزار برس تھی (۳) ملائے اعلیٰ۔ اوپر کی ساتویں دنیا ٭ **ست ڈگنا**۔ ایمان میں فرق آنا ٭ **ست ستیا** (ع) صاحب عصمت۔ پارسا ٭ **ست کرنا** (۱) پورا کرنا (۲) سچا کرنا (۳) تصدیق کرنا (۴) اپنے آپ کو سچا ثابت کرنا ٭ **ست کی باندی** (ع) مؤنث (۱) ایمان پر قائم۔ بات کی پکی ٭ **ست ونتا** (۱) صادق۔ سچا (۲) صالح۔ نیک۔ بھلا مانس (۳) پارسا۔ پرہیزگار (۴) فخر خاندان ٭ **ستی** (۱) ست والی۔ عصمت والی۔ پاک دامن۔ وفادار (۲) وہ عورت، جو خاوند کے مرنے پر اس کے ساتھ مر جائے۔ **ستی ست پر ہونا** (ع) قریب مرگ ہونا۔ جان بلب ہونا۔ کسی تکلیف کے سبب ہلاکت میں پڑنا ٭ **ستی ہونا** (۱) اپنے مرے ہوئے خاوند کی چتا میں زندہ جل کر مرنا (۲) جان قربان کرنا۔ جان دینا ٭ **ستیہ آگرہ** (س) مذکر (۱) سچا عہد (۲) سچا مقابلہ (۳) خاموش مقابلہ۔ مقاومتِ مجہول ٭

ست (سَت) (ہ) مذکر (۱) طاقت۔ بل۔ زور (۲) اصل۔ روح۔ لُب لباب۔ عرق۔ جوہر۔ عطر ٭ **ست چھوڑ دینا**۔ ہمت ہار دینا۔ ہمت نہ رہنا۔ بے حوصلہ ہو جانا ٭ **ست نکل جانا**۔ دم نہ رہنا۔ طاقت کا زائل ہونا۔ ہار جانا۔ تھک جانا (۲) دولت نہ رہنا ٭ **ست ہار دینا** (۱) تھک جانا۔ ہمت ہار دینا (۲) بوڑھا ہو جانا ٭

ست (سَت) (ہ) سات کا مخفف ٭ **ست بھیڑا** (۱) سات اناج (۲) گڈمڈ۔ ملا جلا (۳) دوغلی نسل کا۔ دوغلا (۴) مختلف ترکاریوں کا سالن ٭ **ست پوتی**۔ مؤنث۔ سات بیٹوں کی ماں۔ بہت سی آل اولاد والی ٭ **ست خصمی** (ق) مؤنث (ع) گالی۔ وہ عورت، جو ایک دوسرے کے بعد سات شوہر کر چکی ہو ٭ **ست کھنا (کھنڈا)** (ہ) سات منزل کا۔ ہفت منزلہ ٭ **ست لڑا**۔ مذکر (۱) سات لڑی کا رستا (۲) سات لڑیوں کا زیور ٭ **ست لڑی**۔ مؤنث۔ ست لڑا ٭ **ست ماسا**۔ مذکر (۱) حمل کے ساتویں مہینے کی رسم (۲) وہ بچہ، جو ساتویں مہینے پیدا ہو ٭ **ست منزلہ** (۱) سات درجوں والا مکان۔ وہ مکان، جس کی سات منزلیں ہوں ٭

سَت ناجا (نجا) (۱) سات قسم کے ملے ہوئے اناج (۲) سات اناج ملا کر پکایا ہوا کھانا (۳) گڈمڈ۔ ملا جلا ۔ سَت وانسا (سَتوانسا)۔ مذکر۔ سَت ماہا ۔ سَتا۔ مذکر (۱) گنجفے یا تاش کا ورق یا پتا، جس پر سات نقطے یا سات علامتیں ہوں (۲) پاسے کے سات حصے (۳) پچیسی کی سات چت کوڑیاں ۔ ستاسی ۔ سات اور اسی ۔ ۸۷ ۔ ہشتاد و ہفت ۔ ستاون ۔ سات اور پچاس۔ پنجاہ و ہفت ۔ ۵۷ ۔ ستائیس ۔ سات اوپر بیس ۔ بست و ہفت ۔ ۲۷ ۔ ستتر ۔ سات اوپر ستر۔ ہفتاد و ہفت ۔ ۷۷ ۔ ستمی ۔ مؤنث ۔ چاند کی ساتویں تاریخ ۔

سُت (سُت) (ہ) سُتنا کا امر ۔ سُتنا (۱) نچڑنا ۔ سمٹنا ۔ صاف ہونا (۲) دبلا پڑجانا ۔ پتلا پڑنا ۔ خالی ہونا (۳) کھسوٹا جانا ۔ نوچا جانا ۔ سُتوانا ۔ نچڑوانا۔ نکلوانا ۔ صاف کرانا ۔ سُوتنا ۔ سوتنا (۱) نچوڑنا ۔ جذب کرنا ۔ چوسنا ۔ صاف کرنا ۔

سُتا (سُتا) (ہ) مؤنث ۔ لڑکی ۔ بیٹی ۔

سِتار (سِتار) (ف) مذکر ۔ طنبورے کی قسم کا ایک ساز ۔ سِتار باز (و) مذکر ۔ ستار بجانے والا ۔

سَتّار (سَتّار) (ع) (۱) ڈھانپنے والا ۔ پردہ پوش (۲) خدا ۔

سِتارہ (سِتارَہ) (ف) مذکر (۱) تارا ۔ نجم ۔ کوکب ۔ اختر (۲) نصیب ۔ کرم ۔ قسمت ۔ طالع ۔ ستارہ اچھا ہونا (و) نصیبا اچھا ہونا ۔ اقبال بلند ہونا ۔ ستارہ بلند ہونا (۱) ستارے کا اونچا ہونا (۲) طالع کا یاور ہونا ۔ اقبال کا بلند ہونا ۔ ستارہ پیشانی ۔ وہ گھوڑا جس کی پیشانی پر ناخن کے برابر سفید داغ ہو ۔ ایسا گھوڑا منحوس اور دشمن جان سمجھا جاتا ہے ۔ ستارہ چمکنا (۱) تارے کا روشن اور تاباں ہونا (۲) اقبال یاور ہونا ۔ نصیبا جاگنا ۔ دن پھرنا ۔ ستارہ دُم دار (ف) مذکر ۔ جھاڑو ستارہ ۔ ذو ذنب ۔ ستارہ شناس مذکر ۔ نجومی ۔ جوتشی ۔ منجم ۔ اختر شناس ۔ ستارہ (ستارے) کی گردش (و) مؤنث ۔ بد اقبالی ۔ ادبار ۔ بد قسمتی ۔ ستارہ گردش میں ہونا ۔ برے دن آنا ۔ نحوست اور ادبار کا ساتھ ہونا ۔ ستارہ ملنا ۔ راس ملنا ۔ موافقت ہونا ۔ مزاج و طبیعت کے موافق ہونا ۔ طبیعت ملنا ۔ ستارۂ ہند (ف) مذکر ۔ سرکاری عزت کا خطاب ۔ سی ۔ ایس ۔ آئی ۔

سُتالی (سُتا۔لی) (ہ) مؤنث ۔ چمڑے میں چھید کرنے کا آلہ ۔

سَتانا (سَتا۔نا) (ہ) تکلیف دینا ۔ دکھ دینا ۔ آزار دینا ۔ دق کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ اذیت پہنچانا ۔

سَتاور (سَتا۔وَر) (ہ) مؤنث ۔ ایک دوا ، جو اوّل درجے میں خشک اور دوسرے درجے میں گرم ہوتی ہے ۔

سِتائش (سِتا۔اِش) (ف) مؤنث ۔ تعریف و توصیف ۔ شکر و سپاس ۔ حمد و ثنا ۔

سُتاؤ (سُتا۔آؤ) (ہ) مذکر ۔ مانجھے کا سُوتنا ۔

سَتر (سَتر) (ع) چھپانا ۔

سِتر (سِتر) (ع) مذکر و مؤنث (۱) پردہ ۔ حجاب (۲) پردے کی جگہ ۔ شرم گاہ ۔ عورت یا مرد کا وہ مقام ، جس کا پردہ واجب ہے ۔

سَتّر (سَت۔تَر) (ہ) (۱) دس اوپر ساٹھ ۔ ہفتاد ۔ ۷۰ (۲) سیکڑوں ۔ بہت سے ۔ ستر کان بہتر جھول ۔ ٹیڑھا اور جھول والا کپڑا ۔ ستّرا بہتّرا ۔ بہت بوڑھا ۔ فرتوت ۔ پیرانہ سال ۔ وہ شخص جس کی عقل بڑھاپے کے سبب جاتی رہے ۔ سترواں ۔ ستر درجے کا ۔ ستر کی صفت عددی ۔ ستری بہتری ۔ ستّرا بہتّرا کی تانیث ۔ ستری بہتری باتیں ۔ مؤنث ۔ بوڑھوں کی سی بے مرد پاپڑ ۔ بے وقوفوں کی سی باتیں ۔

ستّرویں ۔ سترھویں (سَتر۔ وِیں ۔ سَترَھ ۔ وِیں) (ہ) (۱) سترہ نمبری (۲) جیّت کی وہ رسم ، جو سترہ روز بعد منائی جائے (۳) ہر مہینے کی سترھویں تاریخ ، جس پر فاتحہ دلائی جاتی ہے ۔ سَترَہ ۔ سات اور دس ۔ ۱۷ ۔ سترھواں ۔ سترہ نمبر کا ۔

سَتّری (سَت ۔ رِی) (ہ) مؤنث (صرافوں کی اصطلاح) دو روپے ۔

سُتَل (سُتَل) (س) مذکر (ہندو) زمین کا تیسرا طبقہ ۔

سُتلی (سُت ۔ لِی) (ہ) مؤنث (۱) (صرافوں کی اصطلاح) بیس روپے (۲) سن کی باریک ڈوری ۔

سِتَم (سِتَم) (ف) مذکر ۔ ظلم ۔ جور ۔ تعدّی ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔ آزار ۔ ستم ایجاد (ف ۔ ع) ظلم کی بنیاد ڈالنے والا ۔ بے حد ظالم ۔ ستم توڑنا (و) ظلم کرنا ۔ ستانا ۔ تکلیف دینا ۔ ستم ٹوٹنا ۔ ظلم پڑنا ۔ جبر اور سختی ہونا ۔ بلا میں مبتلا ہونا ۔ آفت آنا ۔ غارت ہونا ۔ ستم ٹوٹے (دعائے بد) (عو) مصیبت یا آفت آئے ۔ ستم دیدہ ۔ ستم رسیدہ ۔ ستم زدہ (ف) مظلوم ۔ ستایا ہوا ۔ ناچار ۔ مجبور ۔ دکھیا ۔ ستم ڈھانا (و) (۱) بے حد سختی کرنا (۲) کوئی انوکھی یا عجیب بات کرنا ۔ ستم شعار (ف ۔ ع) ظالم ۔ ظلم و ستم کا عادی ۔ ستمگار ۔ ستم ظریف ۔ ہنسی ہنسی میں ظلم کرنے والا ۔ ہنستے ہنستے قیامت ڈھانے والا ۔ ستم کرنا (و) (۱) ظلم کرنا (۲) غضب ڈھانا (۳) انوکھا کام کرنا (۴) افسوس ناک کام کرنا ۔ ستم کیا ہے ۔ انوکھا کام کیا ہے ۔ نئی بات نکالی ہے ۔ ستم گار ۔ یا ۔ ستمگر (ف) ظالم ۔ بیدادگر ۔ مردم آزار ۔ ستم ہونا (و) (۱) ظلم ہونا (۲) سختی ہونا (۳) غضب ہونا (۴) آفت نازل ہونا (۵) غم ہونا (۶) بے حد چالاک یا کسی فن میں بے مثال ہونا (۷) انوکھا اور عجیب ہونا ۔

سِتمبر (سِتَم ۔ بَر) (ہند) (انگ ۔ سپٹمبر September) مذکر ۔ نواں انگریزی مہینا جو تیس دن کا ہوتا ہے ۔

سُتنا ۔ سُتھنا (سُت ۔ نا ، سُتھ ۔ نا) (ہ) مذکر ۔ تنگ پاجامہ ۔ پاجامہ ۔ ازار ۔

سَتّو (سَت ۔ تُو) (ہ) مذکر ۔ بھنے ہوئے اناج ، خصوصاً جو کا آٹا ۔ ستّو ۔ بدھ کے پیچھے پڑنا ۔ سیر ہونا ۔ آرام و آسائش کو بالائے طاق رکھ کر ۔ ۔ ۔ نہایت پیچھے پڑجانا ۔ ستو کھا کے شکر کیا کرنا (و) مثل ۔ بعد معمولی غذا کھا کر بھی کبھی شکر کیا کرتے ہیں ؟ ستوا سنکرانت (ہ) مؤنث ۔ وہ تہوار جس میں ہندو لوگ ستو بنا کر برہمنوں میں تقسیم کرتے ہیں (۲) برج حمل میں سورج کے داخل ہونے کا دن ۔ فروری ۔

ستواں (سُت - وَاں) (ہ) نازک - پتلی * ستواں ناک - مؤنث - خوبصورت اور پتلی ناک *

ستودہ (سُتُو - دَہ) (ف) تعریف کیا گیا * **ستودہ صفات** - اچھے چلن کا - نیک اطوار والا *

ستور (سُتُور) (ف) مذکر - چوپایہ، خصوصاً گھوڑا - بیل - خچر *

ستون (سُتُون) (ف) مذکر (۱) تھم - کھم - پیل پایہ (۲) رکن - تقویٰ (۳) کھمبا - لاٹھ - منارہ *

ستہ (سِت - تَہ) (ع) (۱) چھ - شش - ۶ (۲) علم حساب کا ایک عمل، جس میں بار بار اربعہ نہیں لگانا پڑتا، بلکہ ایک ہی دفعہ پانچ معلوم تعدادوں کے ذریعے سے مجہول مقدار معلوم کر لی جاتی ہے - اسے ستہ تناسبہ بھی کہتے ہیں *

ستھان (سِتھان) (ہ) مذکر - دیکھیے "استھان" *

ستھاور (سُتھا - وَر) (ہ) مؤنث - اصلی اور جدی جائداد *

ستھرا (سُتھ - رَا) (ہ) (۱) صاف - پاک - اُجلا - پاکیزہ (۲) خوش پوشاک (۳) نیک (۴) فقیروں کا ایک گروہ * **ستھرا شاہی** (۱) مذکر - ستھرا شاہ فقیر کا پیرو - وہ گروہ، جو اکثر ڈنڈے سے بجا کر ایک خاص طرز پر تک بندی کرتے ہوئے مانگتا پھرتا ہے *

ستھرا (سَتھ - رَا) (ہ) ستھرانا کا امر * **ستھرانا** - بچھانا - پھیلانا - بکھیرنا * **ستھراؤ** - مذکر (۱) بچھونا - فرش (۲) ڈھیر (۳) مقتولوں کے تودے * **ستھراؤ کرنا** (۱) کشتوں کے پشتے لگانا - مردوں کا ڈھیر لگا دینا (۲) مار کر بچھا دینا * **ستھرائی** - مؤنث (۱) صفائی - خوش نمائی - پاکیزگی - اُجلاپن - تکلف - نفاست (۲) (عو) جاروب - جھاڑو (۳) سگھڑپن - حسن سلیقہ * **ستھرائی پھیرنا** (عو) (۱) جھاڑو دینا (۲) لوٹ کر لے جانا - برباد کرنا * **ستھرائی دینا** - جاروب کشی کرنا - جھاڑو دینا *

ستھن، ستھنا (سُتھ - تَھن، سُتھ - نَا) (ہ) مذکر * **ستھنی** (سُتھ - نِی) (ہ) مؤنث - شلوار - پاجامہ *

ستھیا - ستیا (سُتھ - یا، سَت - تِیَا) (ہ) مذکر - آنکھیں بنانے والا - آنکھوں کا طبیب - کحال *

ستیاناس (سَت - تِیا - نَاس) (ہ) مذکر - بربادی - تباہی * **ستیاناس کرنا** (۱) تباہ و برباد کرنا (۲) نقصان کرنا (۳) بدچلن کرنا * **ستیاناس ہونا** (۱) تباہ و برباد ہونا (۲) ویران ہونا (۳) منہدم ہونا، مسمار ہونا * **ستیاناسی** - مؤنث (۱) برباد کرنے والا - اجاڑو (۲) بدچلن (۳) منحوس (۴) بہت کانٹوں والا ایک پودا، جس کے پھول کے اندر والے دانے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں * **ستیاناسی کی جڑ** - مؤنث - جھگڑا اٹھانے والا - فتنہ پرداز *

ستیز، ستیزہ (سِتِیز، سِتِے - زَہ) (ف) مذکر - لڑائی جھگڑا *

س - ٹ

سٹ (سَٹ) (ہ) مؤنث (۱) آنٹ سانٹ - سازش (۲) بندش - تدبیر * **سٹ لڑانا** - آشنائی کرنا - آنکھ لگانا - یارانہ گانٹھنا *

سٹا بٹا - مذکر (۱) میل ملاپ - سازباز - اٹ سٹ (۲) مکر و فن - دھوکا - فریب - سٹ پٹ * **سٹنا** (۱) مل جانا - سازش کرنا (۲) چپکنا - چسپاں کرنا *

سٹ (سَیٹ) (انگ Set) مذکر (۱) مجموعہ (۲) گروہ - دستہ *

سٹا (سَٹّا) (ہ) سٹانا کا امر * **سٹانا** (عوام) (۱) بھڑانا - ملانا (۲) چسپاں کرنا - جوڑنا *

سٹا (سَٹ - ٹَا) (ہ) مذکر (۱) بیوپار کا سودا (۲) زراعت کے بارے میں تحریری اقرار نامہ (۳) ضمانت نامہ (۴) پیدا وار جوڑ * **سٹا باز، سٹے باز** (ف) مذکر - پیدا وار پر شرط لگانے والا * **سٹا بازی - سٹے بازی** - مؤنث - پیدا وار پر شرط لگانا *

سٹا (سِٹ - ٹَا) (ہ) مذکر - بھٹا - جوار کا خوشہ *

سٹا بری (ہند) دیکھیے "اشابری" *

سٹار (سٹَار) (انگ Star) مذکر - ستارہ - اختر - کوکب - نجم * **سٹار آف انڈیا** - (Star of India) مذکر - ستارۂ ہند - ایک سرکاری خطاب *

سٹاسٹ (سَٹَا - سَٹ) (ہ) مؤنث (۱) برابر کوڑے مارنے کی آواز (۲) متواتر - لگاتار - پے در پے - اوپر تلے *

سٹاف (سٹَاف) (انگ - Staff) مذکر - محکمے کے ملازموں کا مجموعہ - عملہ *

سٹاک (سَٹَاک) (ہ) مؤنث }
سٹاکا (سَٹَا - کَا) (ہ) مذکر } چھڑی مارنے کی آواز *

سٹاک (سٹاک) (انگ - Stock) مذکر - تجارتی مال کا ذخیرہ * **سٹاک بک** (Stock book) مؤنث - وہ کتاب جس میں مال کی تفصیل درج ہو *

سٹامپ (انگ) دیکھیے "اسٹامپ" *

سٹپٹا (سَٹ - پَٹَا) (ہ) سٹپٹانا کا امر * **سٹپٹاتے پھرنا** - حیران و سرگردان پھرنا - گھبراتے ہوئے پھرنا * **سٹپٹانا** - حواس باختہ ہونا - مضطرب ہونا - فکر مند ہونا - گھبرا جانا - حیران ہونا *

سٹرپٹر (سَٹَر - پَٹَر) (ہ) مؤنث (۱) ذرا ذرا سا کام - بکھیڑا (۲) بے چین - بے قرار * **سٹرپٹر کرنا** (۱) چھوٹے موٹے کام کرنا (۲) بیکار پھرنا *

سٹرلنگ (سٹر - لِنگ) (انگ Sterling) مذکر - خالص پونڈ - انگلستان کی پندرہ روپے والی سونے کی اشرفی *

سٹریٹ سٹیلمنٹ (سٹریٹ، سٹے - ٹَل - مَنٹ) (انگ Street settlement) مؤنث (۱) آبنائے کی آبادی (۲) جزیرہ

ملایا میں ایک انگریزی نو آبادی ۔

سٹک (سَٹَک) (ہ) سٹکنا کا امر ۔ سٹک جانا ۔ کھسک جانا ۔ جلد چلا جانا ۔ کافور ہو جانا ۔ **سٹکنا** ۔ چپکے سے چلا جانا ۔ رفو چکر ہونا ۔ کھسکنا ۔ روپوش ہونا ۔

سٹک (سِٹِک) (انگ ۔ Stick) مؤنث (۱) نازک پتلی چھڑی ۔ بید (۲) پتلی عورت (۳) پتلا سانپ (۴) پیچوان ۔

سٹکا (سَٹ ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ گلے میں لٹکانے کی چھوٹی بندوق ۔

سٹلا (سَٹ ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ کم حیثیت ۔ بیہودہ ۔ **سٹلو** ۔ بھلی عورت ۔ بے سلیقہ عورت ۔ **سٹلی** ۔ مذکر ۔ بیہودہ (عورت) ۔

سٹوڈنٹ (سٹو ۔ ڈینٹ) (انگ ۔ Student) طالب علم ۔ پڑھنے والا ۔ متعلم ۔

سٹور (سٹور) (انگ ۔ Store) مذکر ۔ گودام ۔ ذخیرہ ۔

سٹھ (سَٹھ) (ہ) (۱) ساٹھ کا مخفف (۲) (ہندو) بیہودہ (عورت) ۔ **سٹھیا** ۔ سٹھیانا کا امر ۔ **سٹھیانا** (۱) ساٹھ برس سے اوپر کا ہو جانا (۲) عقل کا جاتے رہنا ۔ حواس باختہ ہونا ۔ سٹھ جانا ۔

سٹھانی (سِٹھا ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ سیٹھ کی بیوی ۔

سٹھٹی (سَٹھ ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (عو) (بازار) آدمیوں کا مجمع ۔

سٹھورا (سَٹھو ۔ را) (ہ) مذکر ۔ زچہ کو کھلانے کی پنجیری یا سخت حلوا ۔

سٹھی (سَٹھ ۔ ٹھی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کے موٹے سرخ چاول ۔

سٹی (سِٹی) (انگ ۔ City) مذکر ۔ شہر ۔

سٹی (سِٹ ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) ہوش ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ حواس ۔ اوسان (۲) اندری ۔ **سٹی بھولنا** ۔ یا ۔ گم ہونا (۱) حواس باختہ ہونا ۔ اوسان جاتے رہنا ۔ سٹپٹا جانا ۔

سٹیپ (سٹیپ) (انگ ۔ Step) مذکر (۱) قدم (۲) زینہ ۔ سیڑھی ۔

سٹیٹ (سٹیٹ) (انگ ۔ State) مؤنث ۔ ریاست ۔ ہندوستان کی دیسی ریاست ۔

سٹیج (انگ ، دیکھیے "اسٹیج") ۔

سٹیشن (انگ ، دیکھیے "اسٹیشن") ۔

سٹیشنری (سٹیش ۔ نری) (انگ ۔ Stationery) مؤنث ۔ لکھنے پڑھنے کا سامان ۔ کاغذ ، قلم ، دوات وغیرہ ۔

سٹیل (سٹیل) (انگ ۔ Steel) مذکر (۱) فولاد ۔ اسپات (۲) فولادی قلم ۔ لوہے کا قلم ۔

سٹیم (سٹیم) (انگ ۔ Steam) (مؤنث) بھاپ ۔ **سٹیمر** (Steamer) مذکر ۔ بھاپ کی طاقت سے چلنے والا جہاز ۔

سٹینڈرڈ (سٹین ۔ ڈرڈ) (انگ ۔ Standard) مذکر ۔ لیاقت کا درجہ ۔ علم کا معیار ۔

س ۔ ج

سج (سَج) (ہ) مؤنث (۱) شکل (۲) انداز (۳) سجاوٹ ۔ آرائش ۔ سنگار ۔ خوب صورتی (۴) سجنا کا امر ۔ **سج دھج** ۔ مؤنث (۱) شکل ۔ صورت (۲) زیب و زینت ۔ بناؤ سنگار ۔ **سجانا** (۱) آراستہ کرنا ۔ ترتیب سے لگانا (۲) سنگار کرنا ۔ **سجاوٹ** ۔ مؤنث (۱) سنگار ۔ زیبائش ۔ آرائش (۲) سج دھج ۔ ترتیب ۔ **سجنا** (۱) زیب دینا ۔ موزوں ہونا (۲) بننا سنورنا ۔ آراستہ و پیراستہ ہونا (۳) تیار ہونا ۔ **سجوانا** (۱) آراستہ کرانا (۲) درست کرانا ۔ **سجیلا** (۱) خوش وضع ، خوب صورت ، وضع دار (۲) آراستہ و پیراستہ ۔ بانکا ۔

سجا (سَج ۔ جا) (ہ) (۱) داہنا ۔ سیدھا (۲) دایاں ہاتھ ۔ سیدھا ہاتھ ۔

سجادہ (سَج ۔ جا ۔ دہ) (ع) مذکر (۱) مصلیٰ ۔ جانماز (۲) پیروں کی گدی پر بیٹھنے والا ۔ **سجادہ نشین** (ع ۔ ف) مذکر ۔ کسی بزرگ کی گدی پر بیٹھنے والا ۔ **سجادہ نشین ہونا** (۱) پیر کی گدی پر بیٹھنا ۔ خلافت لینا ۔

سجاف (سِجاف) (ع) مؤنث ۔ حاشیہ ۔ چوڑی پٹی ۔ سنجاف ۔

سجان (سُجان) (ہ) (۱) عالم ۔ گیانی ۔ بدھوان (۲) فطرتی ۔ عیار ۔ چالاک ۔

سجانا (سُجا ۔ نا) (ہ) پھلانا ۔ ورم کر دینا ۔ کپا بنا دینا ۔

سجدہ (سَج ۔ دہ) (ع) مذکر ۔ سر جھکانا ۔ ماتھا ٹیکنا ۔ بندگی ۔ ڈنڈوت ۔ **سجدۂ سہو** ۔ مذکر ۔ وہ دو سجدے ، جو نماز میں کوئی بات بھول جانے کی وجہ سے آخری رکعت میں ایک طرف سلام پھیرنے کے بعد کیے جاتے ہیں ۔ **سجدۂ شکر** ۔ مذکر ۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے زمین پر سر ٹیک کر شکریہ ادا کرنا ۔ کسی امر کے شکرانے میں دو نفل وغیرہ پڑھنا ۔ **سجدہ کرنا** (۱) ماتھا ٹیکنا ۔ سر جھکانا ۔ **سجدہ گزار** (ع ۔ ف) سجدہ کرنے والا ۔ **سجدہ گاہ** (ع ۔ ف) مؤنث (۱) سجدہ کرنے کی جگہ (۲) خاکِ شفا جس پر شیعہ لوگ سر رکھ کر سجدہ کرتے ہیں ۔

سجع (سَجع) (ع) مذکر (۱) خوش الحان پرندوں کا چہچہا (۲) موزون او مقفیٰ کلام خصوصاً وہ شعر یا مصرع ، جس میں کسی کا نام آ جائے ۔ **سجع متوازن** ۔ مذکر ۔ دو لفظوں کے وزن اور اعدادِ حروف میں موافقت ۔ مگر روی میں اختلاف ۔ **سجع متوازی** ۔ مذکر ۔ دو لفظوں کے حرف روی و وزن اور اعدادِ حروف میں موافقت ۔ **سجع مطرف** ۔ مذکر ۔ دو لفظوں کے حرف روی میں موافقت لیکن اعداد اور وزن میں اختلاف ۔

سجل (سُجل) (ہ) معقول ۔ ٹھیک ۔ نفیس ۔ عمدہ ۔

سجن (سَجن) (ہ) مذکر (۱) معزز ۔ نیک ۔ بھلا مانس (۲) خاوند ۔ شوہر ۔ پتی ۔ سوامی (۳) جانی ۔ دلبر ۔ معشوق ۔ مِتر ۔ دوست ۔ **سجنی** ۔ مؤنث (۱) پیاری ۔ معشوقہ (۲) سکھی ۔ سہیلی ۔

سجنجل (سَجن ۔ جل) (معرب) مذکر (۱) آئینہ (۲) پگھلا ہوا سونا چاندی (۳) زعفران (۴) عینک (۵) صاف ۔ خالص ۔

سجود (سُجود) (ع) مذکر ۔ سجدہ ۔ سجدہ کرنا ۔

سجھا (سُجھا) (ہ) سجھانا کا امر ۔ **سجھانا** ۔ بتانا ۔ نامعلوم بات سے آگاہ کرنا ۔

واقف کرنا۔ سمجھا دینا۔ ظاہر کرنا * سجھائی دینا۔ نظر آنا۔ خیال میں گزرنا۔ معلوم ہونا *

سجّی (سَج۔جی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا کھار جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں *

س۔چ

سچ (سَچ) (ہ) درست۔ صحیح۔ بے شک۔ ہاں * سچ بولنا آدھی لڑائی مول لینا ہے۔ کہاوت۔ سچ بات لڑائی کا موجب ہو جاتی ہے * سچ سچ۔ واقعی۔ یقیناً۔ بے کم و کاست۔ بعینہٖ۔ ہو بہو * سچ کا زمانہ نہیں (ل) کہاوت۔ سچ کہنے سے نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ سچ کا کوئی اعتبار نہیں کرتا * سچ ہے (ل) ٹھیک ہے۔ درست ہے (۲) ہاں۔ بے شک (۳) بزرگوں کا قول درست ہے * سچّا (۱) راست گو۔ راست باز (۲) ٹھیک۔ درست (۳) خالص۔ کھرا (۴) اصلی (۵) غیر مستعمل۔ اچھوتا * سچّا بیوہار۔ مذکر۔ ٹھیک ٹھیک معاملہ۔ سچّا کاروبار۔ ٹھیک ٹھیک بات۔ کھرا کھرا حساب * سچّا پن۔ مذکر (۱) راست گوئی۔ راست بازی۔ صداقت۔ دیانت داری (۲) وفاداری * سچّا جائے روتا آئے، جھوٹا جائے ہنستا آئے۔ کہاوت۔ جھوٹے کسی نہ کسی طرح کام نکال لیتے ہیں * سچّا جوڑا۔ مذکر (۱) کھرا کام دار جوتا (۲) کپڑوں یا جوڑیوں کا وہ جوڑا جس میں سچے تار، ستارے، مقیش وغیرہ کا کام کیا گیا ہو * سچّا موتی۔ مذکر۔ سیپی کے اندر سے نکلا ہوا کھرا موتی۔ اصلی موتی * سچّا ہاتھ۔ مذکر۔ معاملے کی صفائی۔ لین دین کا کھرا پن۔ دیانت داری * سچّی (۱) ٹھیک۔ بالکل ٹھیک۔ اصلی اصل (۲) ہار جیت کا داؤں۔ ہار جیت کا جوڑا * سچّی۔ مؤنث (۱) صادقہ۔ راست باز (۲) خالص۔ کھری۔ نرمل * سچّی تول۔ مؤنث۔ پوری تول *

سچکنا (سَچَک۔نا) (ہ) غور و فکر کرنا۔ اندیشہ کرنا *

سچیت (سَچیت) (ہ) مذکر (۱) ہوشیار (۲) خوش۔ قانع *

سچیتے جانا (ہ) پاخانے جانا *

س۔ح

سحاب (سَحاب) (ع) مذکر۔ بادل۔ ابر۔ گھٹا *

سحبان (سَح۔بان) (ع) مذکر۔ عرب کا ایک مشہور فصیح و بلیغ شاعر *

سحر (سَحَر) (ع) مؤنث۔ صبح۔ صبح دم۔ نور کا تڑکا۔ فجر۔ روز روشن * سحر خیز (ع۔ف) مذکر (۱) صبح کو اٹھنے والا (۲) اٹھائی گیرا۔ اُچکا۔ چور * سحری (ع) مؤنث۔ رمضان میں صبح سے پہلے کھانا۔ سحور۔ مذکر (۱) رمضان میں صبح صادق سے پہلے کھانے کا وقت (۲) وہ کھانا جو روزہ رکھنے کے لیے صبح صادق سے قبل کھایا جاتا ہے * سحُور۔ مذکر۔ سحری کی جمع۔ سحریں *

سحر (سِحر) (ع) مذکر۔ جادو۔ ٹونا۔ طلسم۔ افسون * سحر بیان۔ مذکر۔ نہایت مؤثر تقریر کرنے والا۔ فصیح البیان۔ جادو بیان * سحر چل جانا (ل) (۱) جادو کا چل جانا (۲) باتوں کا اثر پڑ جانا * سحر حلال (ع) مذکر (۱) فصیح و بلیغ کلام (۲) مؤنث۔ اہلی شیرازی کی مشہور مثنوی * سحر سامری۔ مذکر۔ سامری کا سا جادو یا افسون جس نے ہتھکنڈوں سے بنی اسرائیل کو حضرت موسیٰؑ کے خلاف تعلیم دی *

س۔خ

سخا۔ سخاوت (سَخا، سَخا۔وَت) (ع) مؤنث۔ بخشش۔ فیاضی۔ خیرات۔ داد * سخی۔ بخشش کرنے والا۔ خدا کی راہ پر دینے والا۔ فراخ حوصلہ۔ فیاض۔ دریادل * سخی دے اور شرمائے، بادل برسے اور گرمائے (ل) کہاوت۔ سخی دے کر احسان نہیں جتاتا، بادل برستا ہے اور گرجتا ہے * سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب۔ کہاوت۔ انتظار میں رکھنے سے صاف جواب دے دینا بہتر ہے * سخی شوم سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں۔ کہاوت۔ سخی کھا پی کر اور دے دلا کر، بخیل جوڑ کر اور چوری کرا کے سال کے بعد ایک جیسے ہو جاتے ہیں * سخی کا بیڑا پار۔ کہاوت۔ سخی کی مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ فراخ دل والے پر کوئی کام دشوار نہیں * سخی کے مال پر پڑے، شوم کی جان جائے۔ مثل۔ سخی کی بلا نیاتنی یا خیرات سے صرف مال پر ٹل جاتی ہے اور شوم جو کچھ خرچ نہیں کرتا، اس کی جان ہی جاتی ہے *

سخت (سَخت) (ف) مذکر (۱) مضبوط۔ کڑا۔ بھاری۔ ٹھوس (۲) بدمزاج۔ بے رحم (۳) بہت۔ نہایت۔ بے حد * سخت بے انصافی (ل) مؤنث۔ بے حد جور و جفا۔ نہایت ستم۔ نہایت ظلم۔ بڑا اندھیر * سخت بے ایمانی۔ مؤنث۔ بے حد دھاندلی۔ بڑا فریب۔ بڑی دغا * سخت جان (ف) (۱) سنگ دل۔ بے مہر (۲) وہ جس کی جان مشکل سے نکلے * سخت جانی۔ مؤنث۔ جفاکشی۔ زحمت کشی۔ مصیبت کی برداشت۔ سخت دل۔ بے رحم۔ سنگ دل۔ کٹھور * سخت دلی (ل) مؤنث۔ سنگ دلی۔ بے مہری۔ بے رحمی * سخت دن۔ مذکر۔ کڑوے کسیلے دن۔ مصیبت کے دن * سخت دن آنا۔ بد اقبالی اور مصیبت کا زمانہ آنا * سخت زمین۔ مؤنث (۱) وہ زمین جس کی مٹی بے حد چکنی یا کنکریلی ہو (۲) مشکل بحر، قافیہ، ردیف وغیرہ * سخت سست کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ برا بھلا کہنا * سخت مشکل پڑنا۔ کوئی دشوار امر پیش آنا۔ دشواری اور دقت پیش آنا * سختی (ف) مؤنث (۱) مضبوطی (۲) دشواری (۳) تیزی۔ تندی (۴) افلاس۔

تنگی (۵) بدبختی ؛ سختی سے پیش آنا (ف) بدمزاجی کرنا ۔ بدسلوکی کرنا ؛ سختی کرنا ۔ ظلم کرنا ۔ زیادتی کرنا ۔ ستانا ؛

سخن (سُخَن ۔ سُخُن ۔ سَخُن) (ف) مذکر (۱) کلام ۔ گفتار ۔ بات (۲) عہد ۔ بچن ۔ قول (۳) نظم ۔ شعر (۴) مقولہ ؛ **سخن اکھوں پر ڈالیے جو ہنس ہنس رکھیں مان** (ف) کہاوت ۔ سوال ان سے کرنا چاہیے ، جو ہنسی خوشی پورا کر دیں ؛ **سخن پروری** (ف) مؤنث ۔ اپنی بات کی پچ ۔ ہٹ دھرمی ۔ تعصب ۔ ضد کی پن ؛ **سخن چین** ۔ ادھر کی ادھر کہنے والا آدمی چغل خور ؛ **سخن دان یا سخن سنج یا سخن ور** ۔ مذکر ۔ شعر کہنے والا ۔ شاعر ۔ ناظم ؛ **سخن دانی یا سخن وری** ۔ مؤنث ۔ شاعری ۔ فصاحت ۔ خوش بیانی ؛ **سخن رس یا سخن فہم** ۔ مذکر ۔ بات کو پہنچنے اور سمجھنے والا ۔ تیز فہم ۔ سمجھ والا ۔ ہوشیار ؛ **سخن ساز** ۔ مذکر (۱) سخن گو ۔ شاعر (۲) فصیح ۔ خوش تقریر (۳) چرب زبان ۔ عیار ۔ مکار ؛ **سخن سازی** ۔ مؤنث (۱) شاعری (۲) لسانی ۔ دنیا سازی ۔ کارستانی ۔ جوڑ توڑ ؛ **سخن شناس** ۔ بات پہچاننے والا ۔ قدر دانِ سخن ۔ باتوں کا جوہری ؛ **سخن طراز** ۔ شاعر ؛ **سخن طرازی** ۔ مؤنث ۔ شاعری ؛ **سخن فہمی عالم بالا معلوم شد** ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں ، جہاں کوئی شخص بے صلاحیت ہونے کا دعوٰی کرے اور کسی بات کا مطلب غلط سمجھے ؛ **سخن کا پورا** (ف) مذکر ۔ اقرار کا پورا ۔ قول کا سچا ۔ بات کا پکا ۔ مستقل مزاج ؛ **سخن گو یا سخن ور** (ف) مذکر (۱) شاعر (۲) خوش گفتار ۔ خوش بیان ۔ فصیح ؛

سخیف (سَخِیْف) (ع) (۱) بیہودہ (۲) بے وقوف (۳) جلد باز ؛

س ۔ د

سد (سَدّ) (ع) مذکر (۱) ممانعت ۔ روکنا (۲) مؤنث ۔ روک ۔ اوٹ ۔ پردہ ۔ دیوار ؛ **سدِ باب** ۔ مذکر ۔ کسی بات کو قطعاً روک دینا ؛ **سدِ دعوٰی** ۔ مؤنث ۔ دعوے کی روک ؛ **سدِ راہ ہونا** (ف) مانع ہونا ۔ مزاحم ہونا ۔ خارج ہونا ۔ روک ہو جانا ؛ **سدِ رمق ہونا** ۔ تھوڑا ہونا ۔ قدر سے ہونا ؛ **سدِ سکندر** ۔ یا ۔ **سدِ یاجوج** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ سکندر بادشاہ کی بنائی ہوئی مضبوط دیوار ، جو ترکستان میں واقع ہے ؛

سدا (سَدَا) (س) (ع) ہمیشہ ۔ ہر وقت ۔ مدام ۔ نت ؛ **سدا برت** (ہ) مذکر ۔ لنگر ۔ روزانہ خیرات ۔ دوامی خیرات ؛ **سدا بہار** (ف) (۱) ہمیشہ ہرا بھرا رہنے والا (۲) ایک پھول ، جو ہمیشہ کھلا رہتا ہے ؛ **سدا پھل** (ہ) (۱) جو ہمیشہ پھلوں سے لدا پھندا رہے (۲) مذکر ۔ ہمیشہ پھل لانے والا درخت ہر سال پھل لانے والا درخت ؛ **سدا سہاگ** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا پھول ؛ **سدا سہاگن** ۔ مؤنث (۱) ایک قسم کی چڑیا (۲) زنانہ لباس رکھنے والے درویشوں کا ایک فرقہ (۳) رنڈی ۔ قحبہ ؛ **سدا گلاب** (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا سرخ پھول ، جو ہمیشہ کھلا رہتا ہے ؛ **سدا ناؤ کاغذ کی بہتی نہیں** ۔ کہاوت ۔ کاغذ کی ناؤ پانی پر تیر نہیں سکتی ، تھوڑی دیر میں ڈوب جاتی ہے ۔ اسی طرح مکر و فریب ہمیشہ نہیں چل سکتا ؛

سدرت ۔ سدرہ (سِدْ ۔ رَت ۔ سِدْ ۔ رَہْ) (ع) مؤنث ۔ بیری ؛ **سدرۃ المنتہٰی** ۔ مؤنث ۔ ساتویں آسمان پر بیری کا بہت اونچا درخت ، جو حضرت جبرئیلؑ کا مقام ہے ؛

سدرن (سُدْ ۔ رَن) (ہ) (عوام) ہمراہ ۔ ساتھ ۔ سمیت ؛

سدس (سُدْس ۔ سُدُس) (ع) مذکر ۔ چھٹا حصہ ؛

سدہ (سُدَّہ) (ع) مذکر ۔ غلیظ مواد ، جو آنتوں میں پڑ جاتا ہے ۔ گانٹھ ؛

سدھ (سِدْھ) (س) (۱) سچا ہوا ۔ کامل ۔ پورا (۲) عالم ۔ فاضل (۳) عارف ۔ ولی ۔ عابد ۔ زاہد (۴) تندرست ۔ صحیح ۔ پاک (۵) شرعی ۔ قانونی (۶) مذکر ۔ ایک قسم کے دیوتا ۔ ولی ۔ نبی ۔ اولیاء (۷) جادوگر ؛ **سدھ کرنا** (۱) اختتام پر پہنچانا ۔ پورا کرنا (۲) مسخر کرنا (۳) پاک کرنا (۴) شروع کرنا (۵) مراد حاصل کرنا ۔ کام بنانا ؛ **سدھی** ۔ مؤنث (۱) مکمل صفائی (۲) کامیابی ؛

سُدھ (سُدْھ) (ہ) مؤنث (۱) یاد ۔ حافظہ (۲) ہوشیاری ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ علم ۔ آگاہی ۔ خبر (۳) تدبیر ۔ غور ۔ سوچ ۔ توجہ ؛ **سدھ بدھ** ۔ مؤنث ۔ ہوش و آگاہی ۔ ہوش و حواس ۔ عقل و شعور ؛ **سدھ بدھ لینا** ۔ حفاظت کرنا ۔ خبر گیری کرنا ؛ **سدھ بسرانا** (ہندی) بے حواس کرنا ۔ ہوش کھونا ؛ **سدھ رکھنا** (ہندی) خبر رکھنا ۔ دھیان رکھنا ۔ خیال رکھنا ؛ **سدھ لینا** (ہندی) خبر گیری کرنا ۔ خبر لینا ؛

سدھا (سِدْھا) (ہ) (۱) مانوس کیا گیا (۲) سدھانا کا امر ؛ **سدھانا** (۱) (۱) جانور کو مانوس کرنا ۔ سکھانا (۲) مہذب بنانا ۔ تربیت دینا ؛ **سدھوانا** ۔ درست کرانا ۔ جانور ، خصوصاً گھوڑے کو درست کرانا ؛

سدھار (سِدْھار) (ہ) سدھارنا کا امر ؛ **سدھارنا** (ع) (۱) روانہ ہونا ۔ رخصت ہونا (۲) انتقال کرنا ۔ جہان سے گزرنا ۔ دنیا سے رخصت ہونا ؛ **سدھارو** (۱) چلے چلو ۔ رخصت ہو چلو (۲) چلے آؤ ۔ آگے چلو ؛

سُدھار (سُدْھار) (ہ) مؤنث (۱) درستی ۔ اصلاح (۲) سدھارنا کا امر ؛ **سدھارنا** (ہندی) (۱) ٹھیک کرنا ۔ درست کرنا ۔ سنوارنا (۲) بل نکالنا ۔ سزا دینا ؛ **سدھر** ۔ سدھرنا کا امر ؛ **سدھرنا** (ہندی) (۱) ٹھیک ہونا ۔ درست ہونا (۲) اصلاح پانا ۔ صحیح ہونا (۳) سیدھا ہونا (۴) تیار ہونا ؛

سدھنا (سُدْھ ۔ نا) (ہ) (۱) ٹھیک ہونا (۲) تعلیم پانا (۳) جانور کا ہلنا ۔ رستے پر لگنا ؛

سدھنا (سُدْھ ۔ نا) (ہ) (ہندی) میل دور ہونا ۔ صاف ہونا ؛

سدی (سُدِی) (س) مؤنث ۔ ہندی مہینے کا تاریک حصہ ۔ اترتے چاند کا وقت ؛

سدے (سُدْ ۔ دے) (ہ) مذکر ۔ تعزیے کا علم ؛

س ۔ ڈ

سُڈَوْل (سُڈَوْل) (ہ) (۱) اچھے ڈَول کا۔ زیبا۔ خوش نما۔ خوش وضع۔ خوب صورت (۲) نہایت سُدَھا ٭

سڈھور۔ سڈھورا (سَڈْھَور۔ سَڈْھَو۔رَا) (ہ) مذکرّ (ع) سات قِسم کا پکوان، جو دلھن کے میکے سے آتا ہے ٭

سڈیشن (سِڈِی۔شَن) (انگ۔ Sedition) مؤنّث۔ بغاوت۔ حکومتِ وقت سے دشمنی ٭

س ۔ ر

سر (سَر) (ہ) مذکرّ (۱) چشمہ۔ تالاب۔ جوہڑ۔ حوض۔ جھیل (۲) تیر۔ خدنگ۔ ناوک (۳) پانی۔ آب۔ جل (۴) نرسل۔ سرکنڈا ٭

سر (سَر) (ہ) مذکرّ (۱) تاش یا گنجفے کا پتّا، جو کھیلا جائے (۲) وہ تین یا چار پتّے جو جیتنے والے جاتے (۳) مرتبے میں بڑا پتّا مثلاً اِکّا، بادشاہ، بیگم، غلام ٭ **سر بنانا**۔ پتّے جیت کرلے جانا ٭ **سر جانا**۔ مخالف فریق کا سر لے جانا ٭ **سر دینا**۔ دوسرے کا سر بنانے کے لیے چھوٹا پتّا کھیلنا ٭ **سر کرنا**۔ بڑا پتّا ڈال کر پتّے اٹھا لینا ٭

سَر (سَر) (ف) مذکرّ (۱) سِر (۲) کھوپڑی (۳) چوٹی۔ کسی چیز کا اوپر کا حصّہ (۴) ابتدا (۵) خیال۔ فکر (۶) قوّت۔ زور (۷) سردار (۸) اوپر (۹) خلاصہ (۱۰) خواہش (۱۱) ارادہ (۱۲) شروع (۱۳) کنارہ (۱۴) عنوان (۱۵) عشق (۱۶) دماغ ٭ **سرآمد** (مذکرّ) (۱) سردار۔ حاکم (۲) پورا۔ کامل (۳) برگزیدہ ٭ **سرِاجلاس** (ف۔ ع) حاکم کے روبرو، بھری کچہری میں، سرِدربار ٭ **سرانجام**۔ مذکرّ (۱) بندوبست۔ انتظام (۲) تکمیل (۳) اختتام۔ نتیجہ ٭ **سرانگشت**۔ مذکرّ۔ بَن۔ انگلی کے اوپر کا حصّہ۔ پھول ٭ **سرباز** (۱) سپاہی (۲) بہادر ٭ **سربازی**۔ مؤنّث۔ بہادری ٭ **سرِبازار**۔ علانیہ۔ بھری خلقت میں۔ شاہراہِ عام پر ٭ **سرِبام**۔ کوٹھے پر۔ چھت یا منڈیر یا چھجّے پر ٭ **سربراہ**۔ مذکرّ۔ کارگزار۔ منتظم ٭ **سربراہی**۔ مؤنّث (۱) اہتمام۔ انتظام (۲) سربراہ کا عہدہ ٭ **سربستہ**۔ چھپا ہوا۔ سربند۔ پوشیدہ۔ مخفی ٭ **سربسر**۔ سراسر۔ اوّل سے آخر تک۔ اِس سرے سے اُس سرے تک ٭ **سربلند**۔ اعلیٰ۔ بختاور۔ اقبال مند۔ معزّز۔ ممتاز ٭ **سربلند کرنا** (ف) درجہ بڑھانا۔ عزّت بخشنا۔ ممتاز فرمانا ٭ **سربلندی** (ف) مؤنّث۔ عزّت۔ فخر۔ اقبال مندی ٭ **سربمُہر** (۱) مُہر لگا ہوا۔ سربند۔ سربستہ (۲) مقفّل ٭ **سرپرست** (ف) محافظ۔ خبرگیر۔ نگہبان۔ مددگار۔ حامی ٭ **سرپرستی**۔ مؤنّث۔ مددگاری۔ حمایت۔ نگہبانی ٭ **سرپستان** (ف) مذکرّ۔ چھاتی کا مُنہ ٭ **سرپنچ** (ف) مذکرّ۔ صدر۔ میرِانجمن۔ میرِمجلس۔ پریزیڈنٹ۔ سبھاپتی ٭ **سرپوش** (ف) مذکرّ۔ ڈھکن۔ ڈھکنا۔ چپنی ٭ **سرپیچ**۔ مذکرّ۔ عمامہ۔ دستار۔ پگڑی ٭ **سرتابی**۔ مؤنّث۔ بغاوت۔ نافرمانی۔ سرکشی ٭ **سرتاپا**۔ سر سے پاؤں تک۔ سربسر۔ بالکل۔ اوّل سے آخر تک ٭ **سرتاج** (ف۔ ع) مذکرّ (۱) سر کا تاج (۲) (مجازاً) شوہر۔ خاوند۔ مالک۔ پتی۔ سوامی (۳) آقا ٭ **سرتاسر** (ف) سراسر۔ سارے کا سارا۔ بالکل۔ تمام ٭ **سرِتسلیم خم کرنا** (ف) راضی بہ رضا ہونا۔ حکم ماننا ٭ **سرچشمہ** (ف) مذکرّ۔ پانی کے نکلنے کی جگہ۔ منبع۔ سوتا۔ آبشار ٭ **سرحد**۔ مؤنّث۔ کنارہ۔ انتہا۔ حدِّ فاصل ٭ **سرخط**۔ مذکرّ (۱) بیع نامہ۔ قبالہ (۲) کرایہ نامہ (۳) نوکری نامہ ٭ **سرخوش** (۱) شراب سے مست (۲) مسرور۔ خوش حال ٭ **سرخوشی**۔ مؤنّث (۱) شراب کا نشہ (۲) سرور ٭ **سرخیل**۔ مذکرّ۔ خاندان کا سردار۔ سرگروہ۔ افسر۔ سرغنہ۔ امیر ٭ **سردار**۔ مذکرّ۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔ حاکم۔ افسر۔ امیر ٭ **سرداری**۔ مؤنّث۔ امیری۔ حکومت۔ افسری ٭ **سرِدست** (۱) لگتے ہاتھ۔ بالفعل۔ اِس وقت۔ ابھی۔ فی الحال (۲) عنقریب۔ فوراً (۳) حاضر۔ موجود ٭ **سردفتر**۔ مذکرّ۔ دفتر کا سردار۔ ہیڈ کلرک سے بڑا عہدہ دار ٭ **سرِراہ**۔ راہ کے سرے پر۔ رستے میں۔ سڑک پر ٭ **سررشتہ**۔ مذکرّ (۱) مقصود۔ مطلب۔ معاملہ (۲) چارۂ کار۔ تدبیر (۳) محکمہ۔ ڈیپارٹمنٹ ٭ **سررشتہ دار**۔ دیکھیے "سردفتر" ٭ **سررشتہ داری**۔ مؤنّث۔ سردفتری کا عہدہ یا کام ٭ **سررشتہ کا حکم** (ف) مذکرّ۔ محکمے کا حکم۔ قانونی کارروائی۔ قانونی حکم ٭ **سررشتۂ گیرائی** (ف) مذکرّ۔ ٹھگی کا محکمہ ٭ **سررشتۂ مال**۔ مذکرّ۔ زمین کے محصول داخل کرنے کا محکمہ ٭ **سرِرُو**۔ مؤنّث۔ وہ رگ جس کی فصد لینے سے سراور چہرے کا خون اتر آتا ہے۔ قیفال ٭ **سرزد ہونا** (ف) واقع ہونا۔ ظہور پذیر ہونا۔ نمودار ہونا۔ صادر ہونا ٭ **سرزمین** (ف) مؤنّث۔ زمین۔ ولایت۔ خطّہ۔ سطح ٭ **سرزنش**۔ مؤنّث۔ ملامت۔ پھٹکار۔ بُرا بھلا کہنا۔ سخت سُست کہنا ٭ **سرزنی**۔ مؤنّث (۱) سر مارنا۔ مغززنی کرنا (۲) کوشش کرنا ٭ **سرزور**۔ باغی۔ سرکش۔ نافرمان۔ منحرف ٭ **سرزوری**۔ مؤنّث۔ بغاوت۔ سرکشی ٭ **سرسبز** (۱) ہرا بھرا۔ شاداب۔ تروتازہ (۲) خوش وخرّم۔ فتح مند۔ کامیاب ٭ **سرسبز ہونا** (ف) (۱) تروتازہ ہونا (۲) خوش وخرّم ہونا (۳) کرسی نشین ہونا (۴) قابل پذیرائی ہونا (۵) شہرت پانا ٭ **سرِشام** (ف) دونوں وقت ملتے۔ شام ہوتے ہی ٭ **سرفراز**۔ معزّز۔ سربلند۔ ترقّی یافتہ ٭ **سرفراز کرنا** (ف) (۱) سربلند کرنا۔ ترقی دینا۔ درجہ یا منصب بڑھانا۔ عزّت بخشنا (۲) چیرا توڑنا۔ ازالۂ بکر کرنا ٭ **سرقلم کرنا**۔ سر کاٹنا یا جُدا کرنا۔ سر اُتارنا ٭ **سرکرنا** (۱) فتح کرنا (۲) چلانا۔ داغنا۔ فیر کرنا (۳) مکمّل کرنا ٭ **سرکش** (ف) باغی۔ نافرمان۔ پھرا ہوا۔ مغرور ٭ **سرکشی**۔ مؤنّث۔ بغاوت۔ نافرمانی۔ بے وفائی۔ نمک حرامی ٭ **سرکوبی**۔ مؤنّث۔ سرکچلنا۔ سزا۔ گوشمالی ٭ **سرگراں** (۱) مخمور۔ خمار آلودہ (۲)

ناراض ۔ خفا ۔ کشیدہ خاطر (۳) متکبر ۔ مغرور ؛ سرگرانی ۔ مؤنث (۱)
سر بھاری ہونا ۔ دردِ سر ۔ خمار (۲) رنجیدگی ۔ کشیدگی (۳) (مجازاً)
افسوس ۔ غم ۔ افسردگی ؛ سرگرداں ۔ سرگشتہ ۔ آزردہ ۔ حیران و پریشان ؛
سرگرم ۔ گرم جوش ۔ محنتی ۔ تند ۔ پرجوش ۔ چالاک ۔ مستعد ؛ سرگرمی ۔
مؤنث گرم جوشی ۔ چالاکی ۔ آمادگی ۔ تیزی ۔ کوششِ بلیغ ؛ سرگروہ ۔
مذکر ۔ سرپنچ ۔ چودھری ۔ سرغنہ ۔ سردار ۔ سردارِ قوم ؛ سرگزشت ۔
مؤنث (۱) واردات ۔ بیتی ۔ واقعہ ۔ ماجرا ۔ کیفیت (۲) احوال، حکایت،
داستان، حال، ذکر، کہانی، قصہ، روایت (۳) تذکرہ ۔ سوانح عمری ؛
سرگشتگی ۔ مؤنث (۱) پریشانی ۔ حیرانی (۲) ادبار ۔ نحوست ۔ مصیبت ۔
بلا ۔ آفت ؛ سرگوشی ۔ مؤنث (۱) چپکے سے کان میں کچھ کہنا ۔ کانا پھوسی
(۲) چغلی ۔ برائی ۔ بدی ۔ غیبت ؛ سرمست ۔ نہایت متوالا ۔ مدہوش ۔
بدمست ؛ سرمغزن ۔ مؤنث (۱) نہایت فکر یا تردد (۲) بکواس ۔ بک بک ۔
بے فائدہ مغززنی ؛ سرِ مُو ۔ بال کی نوک کے برابر ۔ رتی بھر ۔ رائی بھر ۔
ذرا سا ؛ سرنامہ ۔ مذکر (۱) عنوان ۔ خط کا پتا ؛ سرنگوں ۔ سر کے بل ۔
خجل ۔ شرمندہ ؛ سرِنو ۔ شروع سے ۔ دوبارہ ۔ نئے سرے سے ؛
سرنوشت ۔ مؤنث ۔ قسمت کا لکھا ۔ قضا ۔ بھاگ ۔ نصیب ۔ تقدیر ۔
کرم ۔ ریکھا ؛ سروسامان ۔ مذکر ۔ ضروری اسباب ۔ لوازم ؛ سروکار ۔
مذکر (۱) میل ۔ خواہش (۲) واسطہ ۔ معاملہ (۳) لگاؤ ۔ علاقہ (۴)
بحث و تکرار ؛ سروکار رکھنا (ف) (۱) مطلب رکھنا ۔ واسطہ رکھنا ۔
غرض رکھنا ۔ معاملہ رکھنا (۲) دوستی رکھنا ۔ ربط رکھنا ؛ سر ہونا (۱)
فتح ہونا (۲) چلنا ۔ دغنا ۔ فیر ہونا (۳) مکمل ہونا (۴) شروع ہونا ؛
سَر (سَر) (انگ ۔ Sir) مذکر (۱) جناب ۔ حضور ۔ جی (۲) حکومت
کی طرف سے ایک معزز خطاب ؛ سر آغا خاں (ہز ہائنس) ۔ آپ
۲ ۔ نومبر ۱۸۵ء کو کراچی میں پیدا ہوئے ۔ ایک معزز شیعہ خاندان کے
عالی پایہ متمکن تھے ۔ آبا و اجداد شاہ قاچار کے درباری تھے ۔ آپ کے
مرید اور معتقد بے شمار ہیں ؛
سِر (سِر) (ف) مذکر (۱) سر ۔ سیس ۔ چوٹی ۔ کھوپڑی ۔ کلہ ۔ تلہ (۲) ذمہ ۔
(۳) سردار ۔ آقا ۔ مالک (۴) شروع ۔ ابتدا ۔ اوّل ؛ سر آ بننا (۱)
الزام لگنا (۲) مصیبت آنا ؛ سر آنا ۔ کسی بھوت پریت یا دیوی کا سر پر
کھیلنا ؛ سر آنکھوں پر ۔ بسر و چشم ۔ بدل و جان ۔ شوق سے ؛
سر آنکھوں پر بٹھانا ۔ بے حد قدردانی فرمانا ۔ کمال تعظیم و تکریم
اور اعزاز کرنا ۔ نہایت عزت اور آؤ بھگت کرنا ؛ سر آنکھوں سے
(۱) بسر و چشم ۔ بڑی خوشی سے ۔ کمال شوق، تعظیم، عزت اور
قدردانی سے ۔ تہ دل سے (۲) ہمیں منظور ہے ؛ سر اتروانا ۔ قتل کرانا ۔
سر کٹوانا ؛ سر اٹھا کر چلنا ۔ تکبر سے قدم رکھنا ۔ اترانا ۔ غرور کرنا ؛
سر اٹھانا (۱) سر ابھارنا ۔ سر اوپر کرنا (۲) دھوم مچانا (۳) سر نکالنا
(۴) فساد مچانا ۔ ستانا ؛ سر اٹھانے کی فرصت نہ ہونا (۱) عدیم الفرصت ہونا ۔

مطلق مہلت نہ ہونا ۔ دم لینے کی فرصت نہ ہونا ؛ سر اڑانا (ف) دھڑ یا جسم سے
سر جدا کر دینا ۔ سر کاٹ ڈالنا ۔ سر قلم کرنا ؛ سر الانا ۔ سر اونچا کرنا ؛
سر الگ کر دینا ۔ ہلاک کرنا ۔ قتل کر دینا ۔ سر کاٹ ڈالنا ؛ سر اونچا کرنا ۔
سربلند کرنا ۔ ممتاز فرمانا ۔ ترجیح دینا ۔ عزت بخشنا ؛ سر باندھنا (۱)
سر گوندھنا ۔ چوٹی کرنا ۔ سر کرنا (۲) سر کا نشانہ باندھنا ؛ سر بڑا سردار کا
پیر بڑا گنوار کا (ک) مثل ۔ عقلمند کا سر اور جاہل کا پاؤں بڑا ہوتا ہے ؛
سر بھاری ہونا (ف) زکام یا نزلے کے باعث سر کا بوجھل ہونا ۔ سر گھومنا ۔
درد سر ہونا ؛ سر بیچنا (۱) سر دینا ۔ سر پر کھیلنا (۲) فوج کی نوکری کرنا ؛
سر بیگار رہونا (ف) کوئی ناپسند کام کسی کے ذمے ہونا ؛ سر پاؤں (ف)
مذکر (۱) شروع اور آخر (۲) ٹھور ٹھکانا ؛ سر پاؤں پر دھرنا ۔ قدموں پر
سر رکھنا ۔ پاؤں پکڑنا ؛ سر پاؤں نہ ہونا ۔ شروع اور آخر کا پتا نہ ہونا ۔
ٹھیک ٹھاک نہ ہونا ؛ سر پٹک کے مرنا ۔ سر ٹکرا کر جان دینا ۔ سر پھوڑ کر مرنا ۔
بے حد کوشش کرتے کرتے تھک جانا ؛ سر پٹکنا (۱) سر پھوڑنا ۔ سر دھننا ۔
سر ٹکرانا (۲) جھنجھلانا ۔ گھبرانا ۔ تلملانا (۳) خوشامد کرنا (۴) سخت محنت یا
کوشش کرنا (۵) بہت سوچنا ؛ سر پر (۱) بہت قریب ۔ نہایت نزدیک ۔
متصل ۔ پاس (۲) ذمے (۳) سر کے اوپر ؛ سر پر آ پڑنا ۔ وارد ہونا ۔
سر ہونا ۔ ذمے پڑنا ؛ سر پر آ پہنچنا ۔ نزدیک یا سامنے ہونا ۔ لگ بھگ سا
بے حد قریب آ جانا ؛ سر پر آ چڑھنا (۱) مقابلے کے لیے کھڑے ہونا ۔
(۲) ساتھ لگ لینا ۔ سر پر ہو جانا ؛ سر پر آرا ۔ یا ۔ آرے چلنا ۔
جان پر بننا ۔ ہلاکت میں پڑ جانا ؛ سر پر آرے چل گئے تو بھی مدار ہی
مدار (ک) کہاوت ۔ خواہ کتنی مصیبت اٹھانی پڑی، لیکن اپنی بات وہیں کی
وہیں رہی ؛ سر پہ آنا (ف) (۱) لگ بھگ پہنچنا ۔ قریب آنا (۲) کسی
بھوت پریت یا پیر فقیر کا سر پہ آ جانا ؛ سر پہ آنکھیں نہ ہونا ۔ بے عقل ہونا ۔
سر پر اٹھا لینا (۱) بے حد تعظیم و تکریم کرنا (۲) شرارت اور فتنہ پیدا
کرنا ۔ شور غل کرنا ؛ سر پر اجل یا قضا کھیلنا (ف) (۱) موت کا سر پر
سوار ہونا ۔ موت کا قریب آ جانا (۲) نحوست وغیرہ آفت کا سامنا ہونا ۔
شامت آنا ؛ سر پر احسان کرنا ۔ کسی کو احسان مند بنانا ۔ کسی سے نیکی کرنا ۔
سر پر بال ہونا (ف) (۱) سر کے اوپر بالوں کا موجود ہونا (۲) مجال ہونا ۔
بولنے کی طاقت ہونا ؛ سر پر بٹھانا ۔ اونچا بٹھانا ۔ بے حد تعظیم و تکریم
سے بٹھانا ؛ سر پر بننا ۔ آفت یا مصیبت میں پھنسنا ؛ سر پر بولنا ۔
منتر کے زور سے سانپ کے کاٹے ہوئے کا باتیں کرنا ؛ سر پر پاؤں
رکھ کر بھاگ جانا ۔ بڑی بے قراری اور بے تابی سے بے تحاشا سر پر
بھاگ جانا ۔ بہت جلد بھاگ جانا ؛ سر پر پڑنا (۱) بپتا پڑنا ۔ ذمے ہونا (۲)
بیتنا ۔ گزرنا (۳) مصیبت کا سر پہ آنا ۔ آفت پڑنا ؛ سر پر سروں کی
کٹھالی پھرنا ۔ نہایت بھیڑ یا ہجوم ہونا ؛ سر پر جن چڑھنا (ف)
(۱) بھوت پریت کا سر پہ آنا (۲) سر پر غصہ سوار ہونا (۳) سخت
ضد پر قائم رہنا ؛ سر پر ٹیکا ہونا (۱) عزت پانا ۔ سرسبز ہونا (۲)

راج تلک ہونا (۳) حق دار ہونا ۔ سر پر چڑھانا ۔ سر پہ اٹھانا ۔
منہ لگانا ۔ سر پہ چھپر رکھنا (۱) بوجھ میں دبانا ۔ بارِ گراں سر پہ رکھنا
(۲) مرہونِ منت بنانا (۳) الزام لگانا (۴) ذمے ڈالنا ۔ سر پہ خاک
اڑانا یا ڈالنا (و) (۱) غمگینی اور سوگ ظاہر کرنا ۔ رونا پیٹنا ۔ نوحہ کرنا ۔
ماتم کرنا (۲) افسوس کرنا ۔ سر پہ خون چڑھنا ۔ جان لینے پر کمر باندھنا ۔
قتل پر آمادہ ہونا ۔ سر پر خون لینا ۔ قتل کا گناہ اپنے ذمے لینا ۔ ہتیا کرنا ۔
سر پر دھمال ہونا (ہ) (۱) سر پہ شور و غل ہونا (۲) بلا یا غم لگا سر پہ سوار ہونا ۔
سر پر رکھنا (۱) سر پر اٹھانا ۔ سر پر بوجھ لینا (۲) بے حد عزت و احترام
سے پیش آنا ۔ مقدس جاننا ۔ سر پہ سایہ رکھنا (و) زندہ رکھنا ۔ سلامت
رکھنا ۔ سر پہ سنیچر سوار ہونا ۔ شامت آنا ۔ نحوست پڑنا ۔ سر پر
سوار رہنا (۱) ہمزاد بن جانا (۲) ساتھ نہ چھوڑنا ۔ سر پر سہنا (ہ)
برداشت کرنا ۔ سہارنا ۔ سر پہ شیطان چڑھنا (و) (۱) ضد چڑھنا ۔
غصہ چڑھنا (۲) غرور ہونا ۔ سر پہ کالی ہانڈی رکھنا (ہ) (ہندو)
(عو) بدنامی یا رسوائی اختیار کرنا ۔ بدنامی لینا ۔ سر پر کفن باندھے رہنا
(و) ہر دم جان دینے کو تیار اور موجود رہنا ۔ ہر وقت مرنے پر مستعد رہنا ۔
سر پہ کھڑا ہونا (ہ) (۱) قریب رہنا ۔ پاس رہنا ۔ سامنے موجود ہونا (۲)
نگرانی کرنا ۔ سر پر گھر (زمین) اٹھانا (و) بے حد شور و غل مچانا ۔ سر پہ
لینا (ہ) (۱) ذمے لینا (۲) برداشت کرنا ۔ سر پہ سہنا ۔ سر پہ موت (قضا)
کھیلنا (و) دیکھیے "سر پہ اجل کھیلنا" ۔ سر پہ نہ رہنا (ہ) کسی بزرگ یا
سرپرست کا مر جانا (۲) سر سے اٹھ جانا ۔ سر پہ وارنا ۔ سر پہ تصدق کرنا ۔
سر صدقے کرنا ۔ نچھاور کرنا ۔ سر پہ ہاتھ پھیرنا (۱) پیار کرنا ۔ تسلی دینا ۔
دلاسا دینا (۲) لوٹنا ۔ صفایا کرنا ۔ سر پہ ہاتھ دھر کے ۔ یا ۔ سر پکڑ کے
رونا ۔ نہایت رنج و الم کرنا ۔ کمال افسوس کرنا ۔ بے حد پچھتانا ۔ سر پہ
ہاتھ دھرنا (رکھنا) (۱) مربی بننا ۔ سرپرستی اختیار کرنا ۔ حامی و مددگار رہنا
(۲) کسی کی حمایت میں ہونا ۔ سر پڑنا (۱) سر ہونا ۔ ذمے پڑنا (۲) حصے میں ہونا ۔
سر پڑے کا سودا (و) ذمے پڑنے کا معاملہ ۔ سر پڑے کی بات ۔ مجبوری کا
سودا ۔ سر پکڑ کر بیٹھنا (رہ جانا) (ہ) مغموم اور سوگوار بن کر بیٹھنا ۔ رنج و الم
کی صورت ظاہر کرنا ۔ سر پکڑنا (۱) تسلی دینا ۔ سہارا دینا ۔ مدد کرنا (۲)
عین موقع پر پکڑ لینا (۳) کسی بات کی تہ پا لینا ۔ سر پھٹنا (۱) سر پھوٹنا (۲)
سر میں سخت درد ہونا ۔ سر پھٹول ۔ مؤنث (۱) لڑائی جھگڑا (۲) سر پھوڑنا ۔
سر پھرانا (۱) دردِ سر پیدا کرنا (۲) مغز زنی کرنا ۔ سر پھرا ہے ۔
کم بختی آئی ہے ۔ شامت آئی ہے ۔ نصیبوں کی شامت نے گھیرا ہے ۔
سر پھر جانا (۱) سر میں درد ہو جانا ۔ سر میں چکر آ جانا (۲) دماغ پریشان ہونا ۔
بری مت پر چلنا ۔ سر پھرنا (۱) سر چکرانا ۔ سر گھومنا (۲) کم بختی آنا ۔ شامت
آنا (۳) دماغ میں خرابی آنا ۔ سر پھوٹنا (۱) سر پھٹنا ۔ مار کٹائی ہونا (۲)
سر میں بے حد درد ہونا ۔ سر پھوڑ کر ۔ یا ۔ چیر کر ۔ یا ۔ توڑ کر لینا ۔
ڈرا دھمکا کر لینا ۔ زبردستی سے لینا ۔ سر پھوڑنا (۱) سر ٹکرانا ۔ سر توڑنا
(۲) سر دھننا (۳) لڑنا جھگڑنا (۴) اپنا سر آپ زخمی کرنا ۔ سر پھول جانا
ہوش و حواس جاتے رہنا ۔ سر پھیرنا ۔ سرکشی کرنا ۔ کہا نہ ماننا ۔ انکار کرنا ۔
سر پیٹنا (۱) غصے کے مارے سر میں چوٹیں لگانا (۲) تلملانا (۳) تاسف کرنا ۔
سر پیر نہ ہونا ۔ بات یا چیز کی کوئی ابتدا اور انتہا نہ ہونا ۔ سر توڑ
کوشش کرنا (و) نہایت کوشش کرنا ۔ سر تو نہیں پھرا؟ (ہ)
(۱) شامت تو نہیں آئی؟ (۲) عقل میں خرابی تو نہیں آگئی؟ پاگل تو نہیں ہو گئے؟
سر تھام لینا ۔ پچھتانا ۔ افسوس کرنا ۔ سر تھوپنا (۱) کسی کے ذمے
ڈالنا (۲) الزام لگانا ۔ سر ٹکرانا (۱) سر دے مارنا ۔ سجدے کرنا (۲)
بے حد کوشش کرنا ۔ سر جانا ۔ ذمے آنا ۔ الزام آنا ۔ سر جوڑ کر بیٹھنا ۔
اکٹھے ہو کر بیٹھنا ۔ اتفاق سے بیٹھنا ۔ مل کر بیٹھنا ۔ سر جوڑنا (۱) اکٹھا ہونا
(۲) متفق ہونا ۔ اتفاق کرنا (۳) باہم سازش کرنا (۴) جلسہ کرنا ۔ سر جھاڑ
منہ پھاڑ (۱) وحشیانہ ۔ دیوانہ وار (۲) ڈراؤنی شکل (۳) ماتمی صورت ۔
سر جھاڑنا (پورب) کنگھی کرنا ۔ سر جھکانا (۱) سر نیچا کرنا ۔ عجز و انکسار کرنا
(۲) غیرت یا شرم سے گردن نیچی کر لینا (۳) مطیع و فرماں بردار ہونا ۔ سر جھکنا
(۱) سر نیچا ہونا (۲) عجز یا شرمندگی سے گردن نیچی ہونا ۔ سر چپکنا ۔ سر ڈالنا ۔
ذمے ڈالنا ۔ سر منڈھنا ۔ سر چڑھنا (۱) بے ادب ۔ گستاخ (۲) منہ لگا ۔
لاڈلا ۔ سر چڑھ کر (۱) سر پہ آکر ۔ ذمے پڑ کر (۲) اصرار کرکے ۔ ضد کرکے
(۳) نڈر ہو کر ۔ سر چڑھ کر (کے) بولنا (۱) بھوت پریت کا سر پہ آکر
کھیلنا (۲) اپنے آپ ظاہر ہونا ۔ سر چڑھ کر (کے) مرنا ۔ کسی کے سر ہو کے
مرنا ۔ کسی کے سر اپنا خون کرنا ۔ سر چکٹ جانا ۔ یا ۔ چپکنا ۔ تیل کی وجہ
سے بالوں کا جم جانا ۔ سر چلا جانا (عو) سر قابو میں نہ رہنا ۔ درد کے مارے سر کا
گرا پڑنا ۔ سر چوٹ (عو) (۱) مرضی کے خلاف ۔ نہایت بارِ خاطر (۲) چھیڑ (۳)
چٹک (۴) مزہ ۔ لطف ۔ سر چیرنا (۱) سر پھوڑنا (۲) مارنے مرنے کو تیار ہونا ۔
زبردستی کرنا (۳) جھگڑنا (۴) اصرار کرنا ۔ ضد کرنا ۔ سر دکھانا (عو) سر میں
سے جوئیں نکلوانا ۔ جوئیں دکھانا ۔ سر دکھنا ۔ سر پھٹنا ۔ سر چکرانا ۔ دردِ سر ہونا ۔
سر دھرا ۔ یا ۔ سر دھرو ۔ مذکر (۱) ولی ۔ مربی ۔ سرپرست ۔ بزرگ
(۲) حاکم ۔ مالک ۔ آقا ۔ سر دھننا (۱) سر پیٹنا (۲) افسوس کرنا (۳) ماتم
کرنا (۴) سخت تکلیف یا صدمے سے سر کو دے مارنا (۵) حسرت یا
غصے سے سر ہلانا ۔ سر دھونا (عو) بال صاف کرنا ۔ نکھارنا ۔ سر دینا ۔
سر قربان کرنا ۔ سر نثار کرنا ۔ مرنا ۔ جان دینا ۔ سر دینے کو حاضر ہیں
(و) جان دینے کو تیار ہیں ۔ سر بکف ہیں ۔ مرنے کو موجود ہیں ۔ سر ڈوب (ہ)
(۱) لت پت ۔ تر ابور (۲) ڈوباؤ پانی ۔ گہرا پانی ۔ سر سے اونچا پانی ۔ سر
ڈھانکنا (۱) سر پر کوئی کپڑا ڈالنا (۲) چیرا توڑنا ۔ باکرہ سے واصل ہونا ۔
سر ڈھکی ۔ مؤنث (عو) بیاہ کرنا ۔ ازالۂ بکر ۔ سر رنگنا (۱) مہندی سے
سر کو سرخ کرنا (۲) سر کو زخمی کرنا ۔ سر رہنا (۱) جان قائم رہنا ۔ سر سلامت
رہنا (۲) کسی کام سے لگا رہنا ۔ چمٹا رہنا (۳) بے حد کوشش کرنا ۔ سر
سفید ہونا (و) بوڑھا ہونا ۔ بڑھاپا آ جانا ۔ سر کا دھولا ہو جانا ۔

سر سہرا ہونا (ہ) (۱) کسی اچھی بات کا کسی شخص پر موقوف ہونا (۲) عزّت یا سرداری کا نشان ہونا۔ نیک نامی یا بدنامی کا ہونا ✤ سر سہلانا (۱) پیار کرنا۔ سر پر ہاتھ پھیرنا (۲) خوشامد کرنا۔ تعریف کرنا ✤ سر سہلائے بھیجا کھائے۔ مثل۔ خوشامد سے مال اڑائے۔ یعنی محبت کا ہاتھ پھیرتا جائے اور سر مونڈتا جائے ✤ سر سے بلا ٹالنا (ف) (۱) پاپ کاٹنا۔ روگ کاٹنا (۲) مجبوری سے یا چار و ناچار کوئی کام کرنا ✤ سر سے بوجھ اتارنا (ٹالنا) (۱) قرض اتارنا (۲) بیٹے یا بیٹی کے بیاہ وغیرہ سے فارغ ہونا (۳) بے دلی سے کام کرنا ✤ سر سے بوجھ باندھنا۔ خواہ مخواہ کا خرچ اپنے ذمّے لینا ✤ سر سے پانی گزر جانا (و) (۱) پانی کا سر سے اوپر ہو جانا (۲) کام کا قابو سے باہر ہو جانا (۳) مصیبت کا حد سے گزر جانا (۴) قرض کا حد سے زیادہ بڑھ جانا ✤ سر سے پاؤں تک (ہ) شروع سے آخر تک۔ از سر تا پا ✤ سر سے پاؤں تک (آگ) لگنا (عو) نہایت افروختہ ہونا۔ غصّے میں جل بھن جانا ✤ سر سے تنکا اتارنا۔ نہایت معمولی احسان کرنا ✤ سر سے چلنا۔ سر کے بل چلنا۔ بے حد تعظیم کے باعث سر کو پاؤں بنا کر راستہ طے کرنا ✤ سر سے سہرا ہے (۱) سر کے ساتھ پگڑی ہے (۲) سرپرست کے بغیر کچھ نہیں ✤ سر سے کفن باندھنا (ف) جان پر کھیلنا۔ جان سے ہاتھ دھونا ✤ سر سے کنواں کھودنا (ہ) (عو) بے حد مشکل اور ناممکن کام کرنا ✤ سر سے کھیل جانا۔ زندگی سے دست بردار ہو جانا۔ جان سے گزر جانا ✤ سر سے کھیلنا (۱) بھوت پریت یا جنّ و پری کے اثر سے سر ہلانا (۲) کوئی جرأت کا کام کرنا ✤ سر سے گزرنا (و) سر دے دینا۔ زندگی سے ہاتھ اٹھانا۔ جان سے گزرنا ✤ سر سے لگنا (ف) (۱) جل مرنا (۲) بے حد برا فروختہ ہونا۔ نہایت ناگوار گزرنا ✤ سر سے مارنا (۱) کوئی ناپسندیدہ چیز واپس کرنا۔ خفگی یا غصّے سے کوئی چیز پھیرنا۔ کراہت سے واپس دے دینا (۲) اٹھا کر پھینک دینا ✤ سر سینگ ہونا۔ کوئی خاص نشانی موجود ہونا۔ سر پر کسی خاص علامت کا ظاہر ہونا ✤ سر فدا کرنا (و) کسی کی خاطر جان دینا ✤ سر کا بوجھ اترنا (ہ) فرائض منصبی سے نجات پانا۔ سبک دوش ہونا ✤ سر کا نہ پاؤں کا۔ سر نہ پیر۔ اوّل نہ آخر۔ بے سر و پا ✤ سر کرنا (۱) ذمّے ڈالنا۔ زبردستی دینا (۲) سر گوندھنا۔ چوٹی گوندھنا ✤ سر کو آنا۔ سر ہونا۔ پیچھے پڑنا ✤ سر کھا (کلمۂ نفرت) (عو) (۱) اپنا مغز کھا (۲) دور ہو ✤ سر کھانا (۱) مغز چاٹنا۔ دماغ پراگندہ کرنا (۲) ستانا۔ دق کرنا۔ بک بک کرنا ✤ سر کھپ (۱) بہادر۔ جاں نثار (۲) محنت مشقّت میں لگا رہنے والا ✤ سر کھپانا۔ سر مارنا۔ کوشش کرنا۔ مغز مارنا ✤ سر کھجانا۔ پٹنے کو آمادہ ہونا۔ مار کھانے کو جی چاہنا۔ شامت آنا ✤ سر کی سوں (عو) سر کی سوگند۔ سر کی قسم ✤ سر کے بل۔ سر کی طرف سے۔ سر نیچے کو اور سارا دھڑ اوپر کو ✤ سر کے ساتھ ہے۔ جان کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ دم سے وابستہ ہے ✤ سر گاڑی پر پیر پہیّے پر۔ سر اور پاؤں کی محنت سے کوئی کام کرنا ✤ سر گا لا منہ بالا (ف) کہاوت (۱)

سر تو سفید ہو گیا، لیکن منہ پر جوانی برستی ہے (۲) پیری میں نادانوں کی سی حرکت ✤ سر گریبان میں ڈالنا۔ فکر یا شرمندگی سے سر نیچا کرنا ✤ سر گنجا کرنا (ہ) (۱) اس قدر مارنا کہ سر کے بال نہ رہیں۔ مار مار کر سر کے بال اڑا دینا (۲) لوٹ کر کھا جانا۔ مفلس کرنا ✤ سر گوندھنا۔ چوٹی کرنا۔ سر کے بال باندھنا ✤ سر لگنا (۱) ذمّے پڑنا (۲) الزام آنا۔ تہمت لگنا ✤ سر لینا (۱) ذمّے لینا (۲) سر اتارنا۔ جان لینا ✤ سر مارنا (۱) ذمّہ لینا (۲) تن سے سر اتارنا۔ جان لینا (۳) بے حد کوشش کرنا (۴) بہت بکواس کرنا ✤ سر مڑھنا۔ زبردستی کسی کے ذمّے لگا دینا ✤ سر منڈا۔ مذکّر۔ وہ شخص جس کے سر کے بال منڈے ہوئے ہوں ✤ سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔ کہاوت۔ کسی کام کے شروع ہی میں خرابی یا نقصان ہو گیا ✤ سر منڈانا (۱) بال اتروانا۔ حجامت بنوانا (۲) فقیری لینا۔ جوگ لینا۔ مرید ہونا (۳) دھوکے میں آ کر لٹ جانا ✤ سر مونڈا۔ مذکّر (عو) موڑا۔ نگوڑا ✤ سر مونڈنا (۱) بال اتارنا۔ حجامت بنانا (۲) فریب سے مال کھانا۔ لوٹنا۔ ٹھگنا ✤ سر مونڈی۔ مؤنّث (عو) بدنصیب۔ کم بخت۔ موئی۔ نگوڑی ✤ سر میلا ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔ حیض کے باعث ناپاک ہونا ✤ سر میں بال ہونا (ہ) (عو) (۱) طاقت یا مقدور ہونا (۲) گنجائش ہونا ✤ سر میں خاک ڈالنا (و) (۱) رنج و غم کرنا۔ سوگ لینا۔ ماتم کرنا (۲) سر ننگا کرنا ✤ سر نہ پیر (ہ) (۱) بے تکا۔ بے ترتیب (۲) آغاز نہ انجام ✤ سر نہوڑانا۔ شرمندگی سے سر جھکانا ✤

سُر (سُرْ) (ہ) مذکّر (۱) سانس جو نکلے (۲) ترانہ۔ آہنگ۔ لَے۔ لہجہ۔ راگ۔ آواز۔ تال۔ الحان (۳) بڑی نرسنگھی۔ سنکھا (۴) (گنجفہ بازوں کی اصطلاح) بازی کی ابتدا ✤ سُر بدیا۔ مؤنّث۔ گانے کا علم۔ علم موسیقی ✤ سُر ملانا۔ ہم آہنگ کرنا۔ ساز کا سُر کے موافق کرنا۔ آواز ملانا ✤ سُر ملنا (۱) تال ملنا۔ آواز ملنا (۲) ستارہ ملنا (۳) موافقت ہونا ✤ سُریلا۔ مذکّر۔ خوش گلو ✤ سُریلی۔ مؤنّث۔ سُر والی۔ لَے والی۔ موزون۔ رسیلی ✤ سُریلی آواز (ہ) مؤنّث۔ وہ آواز جو راگ سے نہایت مناسبت رکھتی ہے ✤

سُر (سُرْ) (س) مذکّر (ہندو) (۱) آقا۔ مالک (۲) پیغمبر۔ دیوتا (۳) خدا۔ ایشور (۴) خورشید۔ آفتاب۔ سورج ✤ سُرپُر (ہ) مذکّر (ہندو) اندر لوک۔ فرشتوں کے رہنے کی جگہ۔ ملکوت۔ عرش۔ کرسی ✤

سِرّ (سِرّ) (ع) مذکّر (۱) بھید (۲) عورت کی شرم گاہ (۳) جماع (۴) بادل (۵) زنا (۶) اصل نیک (۷) زمین نیک ✤

سرا (سرائے) (سَرَا) (ف) مؤنّث (۱) حویلی۔ خانہ۔ گھر (۲) مسافروں کے ٹھہرنے کا مقام۔ مسافر خانہ۔ مہمان خانہ ✤ سرا پردہ۔ مذکّر (۱) بارگاہِ شاہی (۲) گھر کا پردہ۔ خیمہ۔ ڈیرا ✤ سراچہ۔ مذکّر (۱) بڑا خیمہ (۲) کھانچا ✤ سرا (سرائے) کا کتا ہر مسافر کا یار (و) کہاوت۔ مطلبی لوگ ہر ایک سے یارانہ گانٹھ لیتے ہیں ✤ سرا (سرائے) کی بھٹیاری۔ مؤنّث۔ گالی گفتار بکنے والی عورت۔ لڑاکا اور بے باک عورت۔ کمینی ✤

سِرا (سِرا) (ہ) مذکر (۱) اوّل۔ آغاز۔ ابتدا (۲) آخر۔ انتہا ✤

سَراب (سَرابْ) (ع) مذکر (۱) ریت، جو مسافر کو دھوپ میں اور کبھی چاندنی میں بھی دُور سے بہتے ہوئے پانی کی طرح نظر آئے (۲) دھوکا ہی دھوکا (۳) نابود۔ معدوم ✤

سَراپ (سَراپْ) (ہ) مذکر۔ کوسنا۔ بد دعا ✤

سَراپا (سَرا۔پا) (ف) مذکر۔ اَسرتاپا۔ اوّل سے آخر تک (۲) پورا خلعت (۳) فن شعر میں سر سے پاؤں تک کی تعریف۔ حلیہ ✤

سَراٹا (سَر۔را۔ٹا) (ہ) مذکر۔ تیز ہوا کی آواز ✤

سِراج (سِراجْ) (ع) مذکر (۱) چراغ۔ دِیا (۲) روشنی (۳) آفتاب ✤

سرادھ (سَرادْھ) (ہ) مذکر۔ اسوج میں ہندوؤں کے دان پُن کی رسم ✤

سَراسر (سَرا۔سَر) (ف) (۱) بالکل۔ تمام۔ سربسر (۲) یک لخت ✤ **سراسری** (۱) سرسری۔ رواروی (۲) جلدی (۳) چلتے چلتے (۴) مختصر طور پر۔ مجمل طور پر (۵) (و) مؤنث۔ پیشانی کا ایک زیور (۶) وہ عدالت جس میں چھوٹی چھوٹی نالشیں سنی جائیں ✤

سَراسِیمگی (سَرا۔سِیْ۔مَگی) (ف) مؤنث۔ حیرانی۔ پریشانی۔ بد حواسی ✤ **سراسیمہ**۔ حیران و پریشان۔ ہکا بکا۔ بے قرار۔ گھبرایا ہُؤا ✤

سُراغ (سُراغْ) (ت) مذکر (۱) پاؤں کا نشان۔ کھوج (۲) نشان۔ پتا (۳) جستجو۔ تلاش ✤ **سُراغ رساں** (ت۔ف) مذکر۔ کھوجی۔ تلاش کرنے والا۔ پتا لگانے والا۔ تھانگی ✤ **سراغ لینا** (و) (۱) پتا لگانا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۲) عندیہ لینا ✤ **سراغ ملنا** (نشان پانا۔ کھوج لگنا۔ پتا ملنا ✤ **سراغی**۔ مذکر۔ کھوجی۔ مخبر۔ جاسوس۔ تھانگی ✤

سراگائے (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی گائے ✤

سِرانا (سِرا۔نا) (ہ) (۱) سرد کرنا۔ ٹھنڈا کرنا (۲) ڈبونا۔ غرق کرنا ✤

سراندیپ (سَراں۔دِیپ) (ہ) مذکر۔ جزیرہ لنکا یا سیلون، جو بحرِ ہند میں واقع ہے ✤

سراوگ (سَرا۔وَگ) (ہ) مذکر (۱) جین یا بدھ مذہب کا پیرو۔ جینی (۲) زاغ۔ کوّا ✤

سِرایت (سِرا۔یَتْ) (ع) مؤنث (۱) سما جانا (۲) تاثیر ✤ **سرایت کرنا** (۱) اثر کر جانا۔ گھسنا (۲) جذب ہونا۔ رچنا ✤

سرب (سَرَبْ) (س) کُل۔ پورا۔ تمام۔ سارا ✤

سُرب (سُرَبْ) (ف) مذکر (۱) سیسہ، جو ایک قسم کا جست ہے (۲) سُرمہ ✤

سربھنگی (سَر۔بھَنگ۔گی) (ہ) مذکر۔ ہندو فقیروں کا ایک فرقہ، جو مُردار اور نجاست کھاتا ہے ✤

سرپ (سَرَپْ) (س) مذکر (۱) سانپ۔ ناگ۔ افعی (۲) کینہ ور ✤

سرپت (سَر۔پَتْ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس ✤

سرپٹ (سَر۔پَٹْ) (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کی نہایت تیز رفتار۔ دوڑ ✤ **سرپٹ دوڑانا**۔ بگٹٹ دوڑانا۔ ڈپٹانا۔ بے تامّل دوڑانا ✤

سرپھوکا (سَر۔پھو۔کا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی گھاس ✤

سُرت (سُرَتْ) (ہ) مؤنث (۱) عقل۔ شعور (۲) سوجھ۔ خیال (۳) یادداشت۔ حافظہ۔ یاد ✤ **سُرتا**۔ دانا۔ باخبر۔ ہوشیار۔ چوکس۔ چتر ✤

سَرتا (سَر۔تا) (ہ) سَرنا کی ماضی ناتمام ✤

سرتا برتا (سَر۔تا، بَر۔تا) (ہ) مذکر (۱) خرچ۔ صرف (۲) بخرہ۔ حصّہ (۳) انتظام۔ سرانجام ✤

سرٹیفکیٹ (سَر۔ٹی۔فی۔کیٹ) (انگ۔ Certificate) مذکر۔ سند۔ پروانہ ✤

سرجری (سَر۔جَری) (انگ۔ Surgery) مؤنث۔ جرّاحی ✤

سرجن (سَر۔جَن) (انگ۔ Surgeon) مذکر۔ جرّاح۔ ڈاکٹر۔ حکیم ✤

سُرجن (سُر۔جَن) (س) مذکر۔ بھلا مانس۔ شریف۔ معزز آدمی ✤ **سُرجن ہار** (ہ) مذکر۔ خالق۔ کرتار۔ پیدا کرنے والا۔ بنانے والا ✤

سرجیون (سَر۔جی۔وَن) (ہ) سرسبز۔ ہمیشہ سرسبز رہنے والا۔ شاداب للہ دال ✤

سُرخ (سُرْخْ) (ف) (۱) لال۔ احمر (۲) ماشے کا آٹھواں حصّہ۔ چہ۔ آٹھ چاول کا وزن (۳) مؤنث۔ رتی۔ گھنگچی ✤ **سُرخ باد**۔ مذکر۔ ایک بیماری ✤ **سُرخ رو** (۱) لال چہرے والا (۲) خوش و خرّم (۳) فتح مند۔ کامیاب (۴) بری الذمّہ ✤ **سُرخ رو ہونا** (۱) بری الذمّہ ہونا (۲) کامیاب ہونا (۳) وعدہ وفا ہونا ✤ **سُرخ و سفید ہونا**۔ گورے رنگ پر سرخی کا نمایاں اثر ہونا۔ موٹا تازہ اور تندرست ہونا ✤ **سُرخ ہونا** (۱) لال ہونا (۲) غصّے میں لال ہو جانا (۳) انگارا ہو جانا (۴) میوے کا پک جانا ✤ **سُرخی** (ف) مؤنث (۱) لال رنگت (۲) سُرخ روشنائی (۳) کٹی ہوئی اینٹیں (۴) ادھ پکی اینٹ کی راکھ (۵) باب، فصل یا مضمون کے اوپر لکھا ہُؤا لفظ یا الفاظ۔ عنوان ✤ **سُرخی قائم کرنا** (و) عنوان مقرر کرنا ✤ **سُرخی مائل** (ف۔ع) لال سا۔ لالی لیے ہوئے ✤

سرخاب (سُر۔خاب) (ف) مذکر۔ ایک مشہور آبی پرندہ، جو ساری رات اپنی مادہ سے الگ رہتا ہے، چکوا۔ نر اور مادہ دونوں ایک دوسرے کو پکارتے اور بیتابی سے تڑپتے رہتے ہیں ✤ **سرخاب کا پر لگنا، نکلنا، ہونا** (۱) کوئی اچنبھے کی بات ہونا (۲) ترجیح یا فوقیت ہونا ✤

سرد (سَرْدْ) (ف) (۱) ٹھنڈا (۲) بے جان۔ بے رونق۔ بے مزہ ✤

سرد آب۔ سردآبہ (ف) مذکر (۱) تہ خانہ (۲) گڑھا۔ قبر (۳) جہاں ٹھنڈا پانی رکھا جاتے ✤ **سرد بازاری ہونا** (و) بازار کا مندا ہونا۔ خرید و فروخت کم ہونا ✤ **سرد گرم دیکھا ہُؤا**۔ تجربہ کار۔ بُرا بھلا زمانہ دیکھے ہوئے۔ اونچ نیچ سمجھنے والا۔ سرد و گرم چشیدہ ✤ **سرد مزاج** (ف۔ع) (۱) بارد مزاج والا (۲) افسردہ خاطر۔ مُردہ دل (۳) سہل انگار۔ سست (۴) بے مروّت۔ بے مہر ✤ **سرد مہر** (ف) ظالم۔ سخت دل۔ بے وفا۔ بے محبت۔ بے مہر ✤ **سرد مہری**۔ مؤنث۔ بے التفاتی۔ بے پروائی۔ بے وفائی ✤ **سرد ہو جانا** (و) (۱) ٹھنڈا ہو جانا۔ گرمی نہ رہنا (۲) ماند پڑ جانا۔ مدّھم ہو جانا (۳) مر جانا ✤ **سردی** (ف) مؤنث (۱) جاڑا۔ خنکی۔ ٹھنڈک (۲) زکام ✤ **سردی پڑنا** (و) ٹھنڈ پڑنا۔ جاڑا پڑنا۔ پالا پڑنا ✤

سردل (سَر۔دَلْ) (ہ) مذکر۔ چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی ✤

سردہ (سَر۔ دَہ) (ف) مذکر۔ خربوزے کی طرح کا ایک شیریں پھل جو ذائقہ اور تاثیر دونوں میں سرد ہوتا ہے ٭ **سردئی** (۵) ہلکا سبز رنگ ٭

سردیہی (سَر۔ دِستے۔ ہِی) (ہ) مذکر۔ وہ حق جو گاؤں کے مالک ملکی سردار کو دو روپے فی فصل دیتے ہیں ٭

سرس (سِرَس) (ہ) مذکر۔ ایک درخت جس کے پھول زردی مائل ہوتے ہیں۔ ان کی خوش بو بھینی بھینی ہوتی ہے ٭

سرسام (سَر۔ سَام) (ف) مذکر۔ ایک بیماری جس سے انسان کے دماغ میں ورم ہو کر موت واقع ہو جاتی ہے ٭

سرستی (سَر۔ سُتی) (ہ) (صحیح سَرسْوَتی) مؤنث (۱) ایک ندی (۲) زبان، راگ اور علم و ہنر کی دیوی ٭

سرسراہٹ (سَر۔ سَرا۔ ہَٹ) (ہ) مؤنث (۱) ہوا کی سنسناہٹ (۲) سانپ کے چلنے یا کیڑے کے رینگنے کی آواز ٭

سرسری (سَر۔ سَری) (ف) (۱) معمولی۔ آسان (۲) بے پروا (۳) جلدی کا (۴) مجمل طور پر (۵) (۵) عدالتِ خفیفہ ٭ **سرسری اختیارات** (ف۔ع) مذکر۔ خفیف یا مختصر اختیارات ٭ **سرسری دیکھنا** (۵) اجمالی نظر ڈالنا۔ جلدی سے ملاحظہ کرنا ٭ **سرسری نالش** (ف) مؤنث۔ ادنیٰ مقدمہ۔ ادنیٰ دعویٰ۔ چھوٹی نالش ٭ **سرسری نظر کرنا** (۵) مجملاً دیکھنا۔ بالاجمال نظر ڈالنا ٭

سُرسُری (سُر۔ سُری) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا سرخ کیڑا، جو اناج میں لگ جاتا ہے (۲) آتش بازی کی چھچھوندر ٭

سرسوں (سَر۔ سوں) (ہ) مؤنث۔ رائی اور ترے کی قسم کا ایک تخم جس کا اکثر تیل نکالا جاتا ہے ٭ **سرسوں پھولنا** (۱) سرسوں کا پھول لانا (۲) (اصطلاحاً) زرد ہی زرد نظر آنا ٭ **سرسوں ہتھیلی پر جمانا** ۔ (۱) بہت جلد کوئی بڑا کام کر لینا (۲) نظر بندی کے ذریعے سے کوئی تماشا دکھانا ٭

سرشار (سَر۔ شار) (ف) (۱) بھرا ہوا۔ لبریز (۲) جوانی یا غرور میں بدمست (۳) نشے میں چور۔ متوالا ٭ **سرشاری** مؤنث۔ نشہ۔ بیخودی۔ مستی ٭

سرشت (سِرِشت) (ف) مؤنث (۱) طینت۔ پیدائش۔ خلقت۔ نیچر (۲) فطرت۔ خمیر۔ عادت۔ مزاج۔ خو ٭

سرشتہ (سِرِش۔ تہ) (ف) (۱) ملا جلا (۲) بنا ہوا (۳) دیکھیے "سررشتہ" ٭

سرشک (سِرِشک) (ف) مذکر۔ اشک آنسو۔ قطرہ ٭

سرطان (سَر۔ طان) (ع) مذکر (۱) ایک آبی کیڑا۔ کیکڑا (۲) کرک راس (۳) ایک بیماری ٭

سُرعت (سُر۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) تیزی۔ جلدی (۲) چالاکی۔ پھرتی ٭

سرغنہ (سَر۔ غَنَہ) (ف) مذکر (۱) سردارِ قوم۔ سرگروہ (۲) (اصطلاحاً) مفسدوں کا امام ٭

سرف (سَرَف) (ع) مذکر۔ فضول اور زائد خرچ۔ بیہودہ خرچ ٭

سرف ڈم (سَرف۔ ڈَم) (انگ۔ Serfdom) مؤنث۔ غلامی۔ بندگی ٭

سُرفہ (سُر۔ فہ) [illegible]

سرفراز [illegible]

[illegible] اتار لینا ٭ **سرقہ** [illegible]

بڑی چوری ٭

سرکار (سَر۔ کار) (ف) مؤنث (۱) [illegible] سردار۔ مالک۔ آقا (۳) حکومت۔ سلطنت [illegible]

سرکار دربار چڑھنا (۵) [illegible]

(ف) سرکار کا۔ حاکمانہ۔ شاہی ٭ **سرکاری اہلکار** [illegible] حکومت کا ملازم۔ سلطنت کا منصب دار [illegible]

سرکاری کاغذ (ف) مذکر (۱) گورنمنٹ کا کاغذ (۲) اسٹامپ [illegible]

سرکاری مال (۵) مذکر۔ شاہی مال۔ سلطنت سے متعلق مال [illegible]

سرکاری وظیفہ (ف) مذکر۔ وہ وظیفہ جو حکومت کی طرف سے دیا جائے۔ پنشن ٭

سرکانا (سَر۔ کا۔ نا) (ہ) (۱) ایک طرف سے دوسری طرف گھسیٹ [illegible] اڑا دینا۔ ہٹانا۔ جدا کرنا۔ الگ کرنا ٭

سرکل (سَر۔ کل) (انگ۔ Circle) مذکر (۱) دائرہ۔ کنڈل (۲) حلقہ۔ احاطہ (۳) صوبہ ٭ **سرکلر** (Circular) مذکر۔ گشتی چٹھی یا وہ کاغذ جس پر کسی امر کے متعلق ہدایت لکھ کر جا بجا بھیجی جائے ٭

سرکنا (سَرَک۔ نا) (ہ) (۱) کھسکنا۔ الگ ہونا۔ چل دینا (۲) ہلنا جلنا (۳) غائب ہونا ٭

سرکنڈا (سَر۔ کَن۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ نرسل۔ نَے۔ کانا ٭

سرکہ (سِر۔ کہ) (ف) مذکر۔ گڑ، گنے یا انگور کا شیرہ، جو سڑا کر خمیر اٹھایا جاتا ہے۔ ترشی۔ عرق ٭

سرکی (سِر۔ کی) (ہ) مؤنث۔ کانوں یا تیلیوں کی چق، جو گاڑیوں یا مکان کے [illegible] پر دھوپ اور بارش کے بچاؤ کی غرض سے ڈالی جاتی ہے ٭

سرگ (سُرگ) (ہ) مذکر (۱) بہشت۔ جنت۔ بیکنٹھ (۲) فلک۔ آسمان ٭

سُرگ باشی ۔ مذکر۔ جنت میں رہنے والا۔ فردوس مکانی۔ جنتی۔ بخشا ہوا۔ مرحوم۔ بیکنٹھ باشی ٭

سرگم (سَر۔ گَم) (ہ) مؤنث۔ راگ کا سُر۔ راگ کے ساتوں سُر ٭

سرگین (سِر۔ گین) (ف) مذکر۔ گوبر۔ پاخانہ۔ گوہ ٭

سرلا (سَر۔ لا) (ہ) لمبا۔ سیدھا۔ سرو جیسا ٭

سرما (سَر۔ ما) (ف) مذکر۔ جاڑا۔ سردی کا موسم۔ زمستان ٭ **سَرمائی** (۱) زمستانی۔ جاڑے کا (۲) مؤنث۔ جڑاول ٭

سرمایہ (سَر۔ ما۔ یہ) (ف) مذکر (۱) مول۔ راس المال۔ پونجی۔ زرِ اصل (۲) فنڈ ٭

سرمد (سَر۔ مَد) (ع) (۱) ہمیشہ۔ پیوستہ (۲) ایک مجذوب ولی اللہ کا تخلص یا لقب ٭

سرمہ (سُر۔ مہ) (ف) مذکر۔ کاجل۔ انجن۔ کحل ٭ **سرمہ دان** (ف) مذکر۔ سرمہ

رکھنے کا چھوٹا سا ظرف۔ سرمہ دانی ٭ سرمگیں۔ سرمگیں۔ سُرمگی ہوئی۔ سُرمے والی ٭ سُرمئی۔ سُرمے کے رنگ کا۔ سُرخی مائل نیلا ٭

سرن (سَرَن) (ہ) مؤنث (۱) آسرے کی جگہ (۲) بھروسا۔ آسرا۔ پناہ ٭

سرنا (سَرْ۔نا) (ہ) (۱) آگے حرکت کرنا۔ بڑھنا (۲) نہایت صفائی سے چلنا (۳) بسر ہونا۔ زندہ رہنا (۴) تکمیل ہونا۔ کیا جانا۔ ہو سکنا۔ ہونا (۵) ختم ہونا (۶) خارج ہونا۔ نکلنا (۷) پادنا ٭

سرنا (سُرْ۔نا) (ف) مذکر و مؤنث۔ نفیری۔ بگل۔ تُرہی ٭

سرنام (سَر۔نام) (ہ) (۱) نامور۔ مشہور (۲) ممتاز۔ معزز ٭ سرنام کرنا۔ بدنام کرنا۔ ڈونڈی پیٹنا۔ مشہور کرنا ٭

سرنگ (سُرَنگ) (ہ) مؤنث (۱) نقب۔ سوراخ زمین۔ زمین دوز راستہ (۲) سُرخ رنگ (۳) لال رنگ کا گھوڑا ٭ سُرنگ اُڑانا (۱) کسی سوراخ یا زمین میں بارود بھر کر اُڑانا (۲) (مذاقاً) گوز مارنا ٭ سرنگ لال گھوڑی۔ مؤنث۔ بچوں کا ایک کھیل ٭

سرو (سَرْو) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا جھاڑ، جو سرو کے درخت کی مانند ہوتا اور محفلوں میں روشن کیا جاتا ہے ٭ سروِ سہی۔ مذکر (۱) بالکل سیدھا یا وہ سرو جس کی دو شاخیں نہایت سیدھی نکلی ہوں (۲) خوش قامت معشوق ٭

سرو قد (ف۔ع) سیدھے قد کا۔ خوش قامت۔ خوب صورت اور لمبا جوان ٭

سروا (سَر۔وَا۔ہَا) (ہ) مذکر (عو) (۱) سروسامان (۲) وارث ٭

سَروپ (سَرُوپ) (ہ) مذکر } (۱) خوب صورتی
سُروپ (سُرُوپ) (س) مذکر } روپ۔ شکل و شباہت (۲) شُندر۔ خوب صورت (۳) مثل۔ مانند۔ ایک ہی شکل کا ٭

سروتا (سَرَوْ۔تا) (ہ) مذکر (۱) چھالیا کترنے کا اوزار (۲) گنڈیریاں کترنے کا آلہ ٭

سَرود (سَرُوْد) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا باجا۔ بربط۔ بین ٭

سُرود (سُرُوْد) (ف) مذکر (۱) راگ۔ گیت۔ نغمہ (۲) سخن۔ بات ٭

سَرور (سَرْ۔وَر) (ف) مذکر۔ سردار۔ بادشاہ۔ امیر ٭ سرورِ کائنات (ف۔ع) مذکر۔ جہان کا سردار۔ حضرت رسولِ اکرم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب ٭

سُرور (سُرُوْر) (ف) مذکر (۱) خوشی۔ شادی (۲) خمار۔ کیف۔ ہلکا نشہ ٭

سروس (سَر۔وِس) (انگ) (Service) مؤنث۔ خدمت۔ نوکری۔ ملازمت ٭ سروس بُک (Service book) مؤنث۔ نوکری کی کتاب۔ مدتِ خدمت کی کتاب ٭ سروس فنڈ (Service fund) مذکر۔ نوکری کا معاوضہ۔ وہ پنشن یا نقدی، جو ملازمت سے علیحدہ ہونے کے بعد خدمات کے معاوضے میں دی جائے ٭

سروش (سَرُوْش) (ف) مذکر (۱) الہام۔ غیب کی آواز (۲) پیغام والا فرشتہ۔ آسمانی آواز۔ ہاتف ٭

سرولا (سَرْوْ۔لا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی مٹھائی ٭

سروہی (سَرُو۔ہی) (ہ) مذکر (۱) ایک مشہور قصبہ (۲) مؤنث۔ ایک قسم کا خنجر۔ ایک نوع کی دو دھاری تلوار ٭

سرویر (سَر۔وے۔آر) (انگ) (Surveyor) مذکر۔ پیمائش کرنے والا ٭

سرویری (Surveyory) مؤنث۔ ایک قسم کی پیمائش ٭

سرھانا (سِرْ۔ھا۔نا) (ہ) مذکر (۱) سر رکھنے کی جگہ۔ پلنگ کا وہ حصہ، جس پر لیٹتے وقت سر رکھا جاتا ہے (۲) تکیہ۔ بالش ٭

سرہج (سَر۔ہج) (ہ) مؤنث۔ سالے کی بیوی ٭

سرہنگ (سَر۔ہَنگ) (ف) مذکر (۱) فوج کا افسر۔ کپتان (۲) دل چلا۔ بہادر۔ شجاع (۳) سپاہی (۴) حوالدار۔ سارجنٹ ٭

سری (سِرِی) (ہ) مؤنث (۱) بکری، بھیڑ وغیرہ ذبح کیے ہوئے جانور کا سر ٭ سری ٹیک۔ مذکر (۱) عاجزی۔ انکسار (۲) کشتی کا ایک پیچ ٭

سری (سِرِی) (ہ) مؤنث (۱) دولت و اقبال کی دیوی (۲) ہندوؤں میں ایک عزت کا خطاب ٭ سری حضور۔ یا۔ سری مہاراج (۱) مذکر۔ حضور والا۔ جہان پناہ۔ جنابِ عالی۔ حضور اقدس۔ خداوند نعمت ٭

سریے (سِرِیْتے) (ہ) (عوام) (۱) فی کس۔ پیچھے (۲) پہلے ہی (۳) انتہائی حد پر ٭

سریانی (سُر۔یا۔نی) (ف) مؤنث۔ ایک قدیم زبان ٭

سریر (سَرِیْر) (ہ) مذکر۔ بدن۔ جسم۔ جثہ۔ پنڈا ٭

سریر (سَرِیْر) (ع) مذکر۔ بادشاہی تخت۔ سنگھاسن ٭ سریر آرا (ع۔ف) (۱) تخت کو زینت بخشنے والا (۲) تخت پر بیٹھنے والا۔ تخت نشین ٭

سریش (سِرِیْش) (ف) مؤنث۔ ایک لیس دار چیز، جو جانوروں کے پٹھوں سے بنائی جاتی ہے اور جس سے عموماً لکڑی کے جوڑ لگائے جاتے ہیں ٭

سریع (سَرِیْع) (ع) (۱) شتاب۔ جلد۔ تیز (۲) جلدی کرنے والا ٭ سریع التاثیر۔ تیز اور جلد اثر کرنے والا۔ زود اثر ٭ سریع الحرکت۔ جلد جلد حرکت کرنے والا ٭ سریع الزوال۔ جلد زوال پذیر ہونے والا۔ قریب الانتقال ٭ سریع الفہم۔ بہت جلد سمجھنے والا۔ زود فہم۔ تیز فہم ٭ سریع الہضم۔ بہت جلد ہضم ہونے والا۔ جلد تحلیل ہونے والا۔ لطیف ٭

سُرین (سُرِیْن) (ف) مذکر۔ چوتڑ۔ پٹھا ٭

س ۔ ڑ

سڑ (سَڑ) (ہ) سڑنا کا امر ٭ سڑا (ہ) (۱) گندہ۔ بدبودار۔ بوسیدہ۔ بگڑا ہوا (۲) سڑنا سے ماضی مطلق (۳) سڑانا کا امر ٭ سڑاند۔ مؤنث۔ گندگی۔ عفونت۔ بدبو ٭ سڑنا۔ خراب ہونا۔ گلنا۔ خمیر ہونا۔ بوسیدہ ہونا۔ جوش اُٹھنا ٭ سڑیل (۱) گندہ۔ خراب۔ بوسیدہ (۲) چڑچڑے مزاج کا آدمی ٭

سِڑ (سِڑ) (ہ) مؤنث۔ دیوانگی۔جنون۔ پگلاپن۔خبط ٭ سِڑن۔مؤنث۔ پگل۔ دیوانی۔بے وقوف۔احمق ٭ سِڑی۔مذکر۔ پاگل۔سودائی۔ مجنوں۔ احمق۔بے وقوف ٭

سَڑا سَڑ (سَڑا۔سَڑ) (ہ) لگاتار۔ برابر۔ سٹاسٹ ٭

سَڑاک (سَڑاک) (ہ) (۱) جلد۔ تُرت (۲) قمچی مارنے کی آواز ٭

سَڑپ۔ سُڑپ (سَڑَپ، سُڑَپ) (ہ) مؤنث۔ پینے یا جلد جلد کھانے کی آواز ٭

سڑ سڑ، سڑڑ (سُڑ۔ سُڑ) } (ہ) مؤنث ٭
سُڑ سُڑ (سُڑ۔سُڑ) }
حقہ پینے کی آواز۔حقے کی آواز ٭

سَڑک (سَڑَک) (ہ) مؤنث۔ راستہ۔شاہراہ۔شارع عام ٭ سَڑک کا نرخ۔ مذکر۔ سڑک کا محصول۔محصول گذرگاہ ٭

سُڑک (سُڑَک) (ہ) مؤنث (عوام) شتابی۔جلدی ٭ سُڑک سے۔ فوراً۔جلد۔شتاب ٭

سُڑک (سُڑَک) (ہ) سُڑکنا کا امر ٭ سُڑکنا (۱) ہپ کر جانا۔نگلنا (۲) (پورب) تلوار میاں سے سونتنا ٭

سُڑکی (سُڑ۔کی) (ہ) مؤنث۔ پتنگ کی ڈور کو یکایک چھوڑ کر ڈھیل دینا ٭

س۔ز

سزا (سَزا) (ف) مؤنث (۱) شرارت اور بُرائی کی پاداش۔ بدلا۔عوض۔ جرمانہ۔قید۔قصاص ٭ سزا پانا (و) (۱) اپنے کیے کا بدلا پانا۔کرنی بھوگنا (۲) مار کھانا۔عقوبت ملنا (۳) دُکھ پانا (۴) جرمانہ یا قید بھگتنا ٭

سزاوار (ف) لائق۔ قابل۔زیبا۔ واجب۔مناسب ٭ سزاوار ہونا (و) (۱) موافق ہونا۔راس ہونا (۲) کامیاب ہونا۔مراد کو پہنچنا ٭

سزائے تازیانہ (ف) مؤنث۔ کوڑے کی سزا ٭ سزائے حبسِ دوام بہ عبورِ دریائے شور (ف۔ع) مؤنث۔ کالے پانی بھیجنے کی سزا ٭ سزائے سنگین (ف) مؤنث۔ کٹھن سزا۔سخت سزا ٭ سزائے قتل یا موت (ف۔ع) مؤنث۔ وہ سزا جس میں جان جائے۔ پھانسی ٭ سزائے مشقت بہ حالتِ قید (ف۔ع) مؤنث۔ سخت قید کی سزا ٭ سزایاب۔یا۔سزا یافتہ (ف) سزا پائے ہوئے ٭

سزاول (سَزا۔وَل) (ت) مذکر۔ محصول یا سرکاری روپیہ وصول کرنے والا۔تحصیل دار ٭

س۔س

سُستا (سُس۔تا) (ہ) مذکر۔ خرگوش ٭

سسانڈ۔ سسا ہنڈ (سِسانڈ ٭ سِسا ہَنڈ) (ہ) مؤنث۔ مچھلی کی سی بدبو ٭

سُست (سُسْت) (ف) کام کو دیر میں کرنے والا۔کاہل۔کمزور ٭

سُست اعتقاد (ف۔ع) کمزور عقیدے والا۔کم اعتقاد۔ضعیف الاعتقاد ٭

سُست پیمان (ف) وعدہ پورا نہ کرنے والا۔عہد شکن ٭ سُست قدم۔ آہستہ چلنے والا ٭ سُست تن ٭ سُست ہونا (و) اُداس ہونا۔ غمگین ہونا ٭ سُستی (ف) مؤنث (۱) کاہلی۔کسل۔آلکس۔آلکسی۔ ڈھیلا پن (۲) نامردی ٭ سُستی مفلسی کی ماں ہے (و) مثل۔ سُستی کی وجہ سے آدمی غریب ہو جاتا ہے ٭

سَستا (سَس۔تا) (ہ) گھٹیا۔کم قیمت۔ارزاں ٭ سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار (و) کہاوت۔ ناقص شے سستی قیمت پر خرید کر ہمیشہ افسوس آتا ہے، لیکن اچھی شے کے مہنگے ہونے کا افسوس صرف ایک دفعہ کرنا پڑتا ہے ٭ سستے چھوٹنا۔ مفت چھوٹنا۔کم نقصان یا کم جرمانے ہی میں خلاصی پانا ٭

سُستانا (سُس۔تا۔نا) (ہ) (۱) ٹھہرنا۔سہارا لینا۔آرام پانا (۲) تازہ دم ہونا۔ قوت پانا ٭

سسٹم (سِس۔ٹَم) (انگ۔ System) مذکر۔ دستور۔قاعدہ۔ طریقہ۔آئین ٭

سُسر۔ سُسرا (سُسَر، سُس۔رَا) (ہ) بیوی کا باپ۔خاوند کا باپ۔خُسر ٭ سُسرال۔ مذکر۔ ساس یا سسرے کا گھر ٭ سُسرال کا کتا۔ مذکر۔ وہ داماد جو خسر کی روٹیوں پر پڑا ہو ٭

سُسرالیا۔ مذکر۔ سسرال کا ٭

سِسک (سِسَک) (ہ) (۱) سسکنا کا امر (۲) مؤنث۔ ہچکی۔سِسکی۔ سِسکی ٭ سِسک سِسک کر دم نکلنا (و) سخت مشکل سے دم نکلنا۔ فوراً جان نہ نکلنا۔ تھوڑا تھوڑا کرکے دم نکلنا ٭ سِسکنا (ہ) (۱) جان کنی میں ہچکیاں لینا۔مرنے کے قریب ہونا۔ ذرا ذرا سانس لینا (۲) کوڑی کوڑی پر مرنا۔کنجوسی کرنا ٭ سِسکی۔ مؤنث۔ کسی درد کی وجہ سے دانت بھینچ کر آواز نکالنا ٭ سِسکیاں بھرنا۔ روتے ہوئے یا درد کے سبب سسکاریاں بھرنا۔لمبے لمبے سانس بھرنا ٭

سُسکارنا (سُس۔کار۔نا) (ہ) (عو) مُنہ کی آواز سے بچے کو پیشاب کرانا ٭

سِسکاری (سِس۔کا۔ری) (ہ) مؤنث (۱) کُتّے کو پکارنے یا چھکارنے کی آواز (۲) سسکی ٭

سَسّی (سَس۔سی) (ہ) مؤنث۔ مکران کے مشہور عاشق پنّوں کی معشوقہ ٭

س۔ش

سیشن (سِیشَن) (انگ۔ Session) مذکر (۱) اجلاس۔جلوس (۲) فوجداری۔عدالت (۳) فوجداری عدالت کے اجلاس کا زمانہ ٭ سیشن جج (Session Judge) مذکر۔ صدر عدالت ۔

سنگین مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم عدالت ؛ سشن کورٹ۔ (Session Court) مذکر (۱) کونسل کا اجلاس (۲) فوجداری عدالت۔ سشن جج کی کچہری ؛

س۔ط

سطح (سَطْح) (ع) مؤنث۔ ہر چیز کا بالائی حصہ۔ اوپر کی ہموار جگہ۔ وہ چیز جس میں طول و عرض تو ہو لیکن عمق بالکل نہ ہو ؛ سطحِ آب (ع۔ف) مؤنث۔ روئے زمین۔ فرش زمین۔ تختۂ زمین۔ سرزمین۔ کھیت۔ میدان ؛ سطحِ مائل۔ مؤنث۔ ترچھی سطح۔ ڈھلوان سطح ؛ سطحِ مستوی۔ مؤنث۔ برابر سطح، ہموار سطح، چوکس جگہ ؛

سطر (سَطْر) (ع) مؤنث (۱) لکیر، سلسلہ۔ قطار (۲) لکھنا۔ تحریر ؛

سطوت (سَطْ۔ وَت) (ع) مؤنث۔ رعب۔ شان و شوکت۔ دبدبہ ؛

س۔ع

سعادت (سَعَا۔ دَت) (ع) مؤنث۔ نیکی۔ نیک بختی۔ خوش قسمتی ؛

سعادت مند (ع۔ف) مذکر (۱) نیک بخت۔ سپوت (۲) خدمت گزار۔ وفادار ؛ سعادت مندی۔ مؤنث (۱) نیک بختی (۲) فرمان برداری۔ اطاعت ؛

سعد (سَعْد) (ع) مذکر۔ مبارک۔ نیک۔ عموماً یہ لفظ ستاروں کے اچھے اثر کی نسبت استعمال کیا جاتا ہے ؛ سَعدِ اکبر۔ مذکر۔ ستارۂ مشتری ؛ سَعدِیؔ۔ مذکر۔ شیخ شرف الدین شیرازی کا تخلص ؛ سَعدَین۔ دو مبارک ستارے۔ زہرہ اور مشتری ؛

سعی (سَعْی) (ع) مؤنث۔ کوشش۔ محنت۔ جد و جہد۔ جتن ؛ سعیِ سفارش (ع۔ف) مؤنث۔ کہنا سننا، جد و جہد، کوششِ بلیغ، امداد، سفارش ؛

سعید (سَعِیْد) (ع) خوش نصیب۔ مبارک۔ نیک بخت۔ کامیاب۔ اچھا ؛

سعیر (سَعِیْر) (ع) مذکر۔ دوزخ کا بھڑکتا ہوا شعلہ ؛

س۔ف

سفارت (سِفَا۔ رَت) (ع) مؤنث۔ ایلچی گری۔ پیغام بری۔ رسالت۔ وکالت ؛

سفارش (سِفَا۔ رِش) (ف) مؤنث (۱) حوالگی۔ سپردگی (۲) کسی کے لیے کلمۂ خیر کہنا (۳) تقریب (۴) وسیلہ۔ سہارا۔ مدد ؛ سفارش نامہ۔ مذکر۔ وہ چٹھی جس میں حامل کی تعریف اور اس کے لیے کسی امر کی سفارش یا سعی ہو۔ سفارشی خط ؛ سفارشی۔ جس شخص کی سفارش ہو، وسیلے والا ؛ سفارشی ٹٹو (۱) مذکر (۱) حمایتی گھوڑا (۲) وہ شخص جو لائق نہ ہو اور سفارش وغیرہ سے ملازم ہو گیا ہو (۳) بے جوہر آدمی۔

بے ہنر۔ نالائق ؛

سفاک (سَفْ۔ فَاک) (ع) مذکر۔ خونی۔ قاتل۔ ستمگر۔ ظالم۔ بے رحم ؛

سفال (سِفَال) (ع) مؤنث (۱) ٹھیکری۔ ٹھیکرا (۲) بادام یا اخروٹ وغیرہ کا خول۔ چھلکا (۳) بے حقیقت شے ؛ سِفالی۔ سِفالیں (ف) مٹی کا ؛

سفاہت (سَفَاہَت) (ع) مؤنث (۱) کمینگی۔ رذالت (۲) بے وقوفی۔ حماقت ؛

سفر (سَفَر) (ع) مذکر۔ مسافرت۔ سیاحت۔ روانگی۔ کوچ ؛ سفر کرنا (۱) کوچ کرنا۔ مسافرت کرنا۔ سیاحت کرنا (۲) مر جانا۔ انتقال کرنا۔ خاتمہ کرنا۔ رحلت کرنا ؛ سفرنامہ (ع۔ف) مذکر۔ سفر کے حالات۔ سیاحت نامہ۔ روزنامچۂ سفر ؛ سَفَری (ف) (۱) سفر کے متعلق (۲) مسافر (۳) مذکر۔ امرود (۴) مؤنث۔ زادِ راہ۔ توشہ ؛

سفر مینا (سَفَرْ۔ مَے۔ نَا) (مہند) (انگریزی سیپرز اینڈ مائینرز Sappers and Miners) مؤنث۔ سرنگ لگانے اور کھودنے کا کام کرنے والی پلٹن ؛

سفرہ (سُفْ۔ رَہ) (ع) مذکر۔ دسترخوان۔ توشہ دان (ف) مقعد۔ دُبر۔ پاخانہ نکلنے کا راستہ ؛

سفلہ (سِفْ۔ لَہ) (ع) مذکر۔ کمینہ۔ پاجی۔ رذیل۔ اوچھا۔ نالائق ؛

سفلہ پرور (ع۔ف) مذکر۔ کمینوں کو منہ لگانے اور مصاحب بنانے والا۔ نالائق کو دوست رکھنے والا ؛ سفلی (۱) کمینی۔ اوچھی ؛

سفلی جادو۔ یا۔ عمل۔ مذکر۔ وہ جادو یا منتر جس میں شیطان یا روحانیت ارضی سے مدد لی جائے۔ شیطانی عمل ؛

سفوف (سَفُوْف) (ع) مذکر۔ پھنکی۔ چورن۔ برادہ۔ پوڈر ؛

سفید (سَفِیْد) (ف) (۱) سپید۔ گورا۔ چٹّا۔ اُجلا (۲) سادہ۔ کورا (۳) خوف زدہ۔ خائف ؛ سفید پڑ جانا (۱) خوف یا غم کی وجہ سے چہرے کا سفید ہو جانا۔ چہرے کا رنگ اُڑ جانا۔ ہوائیاں اُڑنے لگنا ؛ سفید و سیاہ (ف) مذکر (۱) نیکی بدی۔ برائی بھلائی (۲) اچھا بُرا ؛ سفیدہ۔ مذکر (۱) ایک قسم کا پوڈر (۲) ایک قسم کا آم (۳) ایک قسم کا خربوزہ ؛ سفیدی۔ مؤنث (۱) اُجلا پن۔ چٹّا پن (۲) انڈے کے اندر کی سفیدی (۳) دیواروں پر پھیرنے کا چونا۔ قلعی (۴) صبح کی روشنی ؛ سفیدی پھیرنا۔ یا۔ کرنا (۱) دیوار پہ چونا پھیرنا۔ قلعی کرنا ؛

سفیر (سَفِیْر) (ع) مذکر۔ ایلچی۔ قاصد۔ وکیل۔ پیغامبر ؛

سفینہ (سَفِیْ۔ نَہ) (ع) مذکر (۱) کشتی۔ ناؤ۔ جہاز (۲) اطلاع نامہ۔ طلبی۔ سمن (۳) شعروں کی کتاب یا بیاض ؛ سفینۂ ارغوس۔ مذکر۔ حضرت نوحؑ کی کشتی کا قدیم نام ؛

س ۔ ق

سقّا (سَق ۔ قَا) (ع) مذکّر ۔ ماشکی ۔ پانی بھرنے والا ۔ پانی لانے والا ۔ بہشتی ٭
سقّن ۔ سقنی (و) مؤنّث (۱) پانی بھرنے والی عورت (۲) سقّے کی بیوی ٭
(سَقَا ۔ وَہْ) (مہنّد) (عربی سِقَایَہْ) مذکّر ۔ پانی رہنے کی جگہ ۔ چھوٹا سا حوض جو غسل خانوں میں ہوتا ہے ٭

سقر (سَقَرْ) (ع) مذکّر ۔ دوزخ ۔ جہنّم ۔ نرگ ٭

سقط (سَقْطْ) (ع) مذکّر ۔ گھوڑے یا گدھے کا مرجانا ۔ چوپایے کی موت ٭

سقف (سَقْفْ) (ع) مؤنّث (۱) مکان کی چھت ۔ بام (۲) سائبان ۔ شامیانہ ٭

سقم (سُقْمْ) (ع) مذکّر (۱) بیماری ۔ علّت ۔ دُکھ (۲) خرابی ۔ نقص ۔ عیب ٭
سُقم نکالنا (ف) عیب نکالنا ۔ رخنہ ڈالنا ٭

سقمونیا (سَق ۔ مُوْ ۔ نِیَا) (یونانی) مؤنّث ۔ ایک قِسم کا گوند ٭

سقنقور (سَقَنْ ۔ قُوْرْ) (ع) مذکّر و مؤنّث ۔ ایک قِسم کا رینگنے والا ریگستانی جانور ۔ ریگ ماہی ٭

سقوط (سُقُوْطْ) (ع) مذکّر (۱) گرپڑنا (۲) خطا کرنا (۳) مفتوح ہوجانا (۴) کسی لفظ کا بحر کے خلاف ہونا ٭

سقیفہ (سَقِیْ ۔ فَہْ) (ع) مذکّر (۱) چوڑا تختہ (۲) ڈیوڑھی میں بیٹھنے کا تخت ٭
سقیفہ بندی (ع ۔ ف) مؤنّث (۱) بیہودہ بات (۲) بہتان ٭

سقیم (سَقِیْمْ) (ع) (۱) مریض ۔ بیمار ۔ دُکھی ۔ روگی (۲) عیبی ٭ سقیم الحال (۱) کمزور ۔ ناتواں (۲) نہایت مفلس ۔ تباہ حال (۳) بیمار ٭

س ۔ ک

سکّا (سَک ۔ کَا) (ہ) مذکّر و مؤنّث ۔ کشتی کے نیچے کی چوب ٭

سکاٹ لینڈ (سَکَاٹْ لَیْنْڈْ) (انگ ۔ Scotland) مذکّر ۔ یورپ کے شمال میں آئرلینڈ کے قریب ایک ملک ٭

سکار (سَکَارْ) (ہ) مؤنّث ۔ تڑکا ۔ پَو پھٹے ۔ علی الصبح ٭ سکارے ۔ مذکّر (۱) پو پھٹے ۔ تڑکے ۔ صبح (۲) کل ۔ آج سے دوسرے دن ۔ فردا ٭

سکارنا (سَکَارْ ۔ نَا) (ہ) (۱) قبول کرنا ۔ ماننا ۔ ذمّے لینا (۲) ہنڈی یا بِل کا روپیہ ادا کرنا ٭

سکالر (سَکَا لَرْ) (انگ ۔ Scholar) مذکّر (۱) عالم ۔ فاضل (۲) علم کا مشتاق ٭ سکالر شپ ۔ Scholarship مذکّر ۔ وظیفہ ۔ تعلیمی وظیفہ ٭

سُکّان (سُک ۔ کَانْ) (ع) مذکّر (۱) کشتی کا دنبالہ ۔ پتوار (۲) ساکن کی جمع ۔ باشندے ٭

سکت (سَکَتْ) (ہ) مذکّر و مؤنّث ۔ طاقت ۔ دم ۔ زور ۔ قوّت ۔ توانائی ٭

سکتّر (سَکَتْ ۔ تَرْ) (ف) مذکّر ۔ میر منشی ۔ مصاحب ۔ دیوان ۔ پیش کار ٭

سکتہ (سَکْ ۔ تَہْ) (ع) مذکّر (۱) غشی ۔ بے ہوشی کی بیماری ۔ مِرگی ۔ ایک قِسم کا مرض جس میں آدمی مُردے کی طرح بے حس و حرکت ہو جاتا ہے (۲) شعر میں وزن کا پورا نہ ہونا ٭ سکتہ (سکتے) کا عالم (ف) مذکّر (۱) حیرت کا مقام (۲) خاموشی کی جگہ ۔ سنسان ہونے کا عالم ۔ بے ہوشی کا وقت ٭

سکٹ (سَکَٹْ) (ہ) مذکّر (۱) کٹھن ۔ مشکل ۔ سخت (۲) بدنصیبی (۳) تکلیف (۴) چھکڑا ۔ گاڑی (۵) ہندوؤں کا ایک تہوار ٭ سکٹ چوتھ ۔ مؤنّث گنیش جی کا جنم دن ٭

سُکر (سُکْرْ) (ع) مذکّر ۔ مستی ۔ نشہ ۔ بے ہوشی ۔ خمار ٭

سکّر (سَک ۔ کَرْ) (ف) مؤنّث (گنوار یا ہندو) شکر ۔ کھانڈ ۔ چینی ٭

سُکّر (سُک ۔ کَرْ) (ہ) مذکّر ۔ زہرہ ۔ ایک روشن ستارہ ٭

سکرات (سَکَرَاتْ) (ع) مؤنّث ۔ موت کی شدّت اور جان کنی کی تکلیف ۔ نزع کی حالت

سکرٹری (سَک ۔ رِےْ ۔ ٹَرِیْ) (انگ ۔ Secretary) مذکّر ۔ ناظم ۔ معتمد ۔ کارکن ٭ سکرٹری آف سٹیٹ فار انڈیا (Secretary of State for India) مذکّر ۔ وزیر ہند ٭

سکڑ (سُکَڑْ) (ہ) سُکڑنا کا امر ٭ سُکڑا (۱) سُکڑنا سے ماضی مطلق (۲) تنگ ۔ بھچا ہوا ۔ سمٹا ہوا ٭ سُکڑنا (۱) تنگ ہونا ۔ ٹھٹھرنا ۔ سمٹنا (۲) اکٹھا ہونا (۳) کنجوسی کرنا ٭

سکڑی (سَک ۔ ڑِیْ) (ہ) بھچی ہوئی ۔ تنگ ٭ سکڑی پڑنا (ہندو) دشواری ہونا ۔ مصیبت پڑنا ۔ وقت پیش آنا ٭

سکسینہ (سَک ۔ سِیْ ۔ نَہْ) (ہ) مذکّر ۔ کائستھوں کی ایک گوت ٭

سکشا (سِک ۔ شَا) (ہ) مؤنّث (۱) تعلیم و تادیب ۔ سکھانا پڑھانا ۔ اُپدیش ۔ پند ۔ نصیحت (۲) وید کا ایک حصّہ ٭

سکنا (سَک ۔ نَا) (ہ) (۱) قابل ہونا ۔ لائق ہونا (۲) ممکن ہونا ٭

سکنجبین (سِکَنْج ۔ بِیْنْ) (سرکنگبین کا معرّب) مؤنّث (۱) سرکے اور شہد یا شربت کا مرکّب (۲) لیموں کے رس اور شربت کا مرکّب ٭

سکندر (ف) دیکھیے "اِسکندر" ٭ سکندری (سِکَن ۔ دَرِیْ) (۱) سکندر کے متعلق (۲) مؤنّث ۔ گھوڑے کی ٹھوکر ٭ سکندری کھانا (۱) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا ٭

سکنڈ ۔ دیکھیے "سیکنڈ" ٭

سکنہ (سَکَنَہْ) (ع) مذکّر ۔ ساکن کی جمع ۔ باشندے ٭

سکوت (سُکُوْتْ) (ع) مذکّر (۱) چُپ ۔ خاموشی (۲) امن ٭

سکوٹر (سَکُوْ ۔ ٹَرْ) (انگ ۔ SCOOTER) مذکّر ۔ ایک قِسم کی موٹر سائیکل ، جو اس سے چھوٹی اور خاص شکل کی ہوتی ہے ٭

سکورہ (سَکُوْ ۔ رَہْ) (ف) مٹّی کا پیالہ ۔ کاسۂ گِلی ٭

سکول ۔ دیکھیے "اسکول" ٭

سکون (سُکُوْنْ) (ع) مذکّر ۔ قرار ۔ آرام ۔ اطمینان ۔ ٹھہراؤ ٭

سکونت (سُکُوْ ۔ نَتْ) (ع) مؤنّث (۱) ٹھہرنا ۔ بود و باش (۲) رہنے کی جگہ ۔ مکان ۔ اِقامت ۔ مسکن ٭ سکونت پذیر ہونا (ف) رہنا ۔ بسنا ۔ بود و باش اختیار کرنا ٭ سکونتِ مستقلہ (ع) مؤنّث ۔ مستقل طور پر قیام ٭

سکّہ (سِک۔کَہْ) (ع) مذکّر (۱) چھاپ۔ مُہر۔ ضرب۔ ٹھپّا۔ نقش کیا ہُوا۔ ڈھلا ہُوا نقش والا زر جو ملک میں چلے (۲) طریقہ۔ روش۔ طرز (۳) قانون۔ قاعدہ ٭ **سکّہ بیٹھنا** (ہ) (۱) حکم چلنا۔ حکومت قائم ہونا (۲) رُعب بیٹھنا ٭ **سکّۂ رائج الوقت** (ع) مذکّر۔ موجودہ جاری سکّہ۔ پیسہ۔ روپیہ۔ مُہر وغیرہ ٭ **سکّہ زن** (ع۔ ف) مذکّر۔ سکّہ ڈھالنے والا۔ ٹکسالیا ٭ **سکّۂ قلب۔ یا۔ جعلی** (ع) مذکّر۔ ناجائز طور پر بنایا ہُوا سکّہ۔ جھوٹا سکّہ۔ مصنوعی سکّہ ٭

سِکھ (سِکھْ) (ہ) مذکّر (۱) گرو نانک کا پیرو۔ نانک پنتھی (۲) معتقد۔ بالکا۔ شاگردِ رشید ٭ **سِکّھا شاہی** (ہ) مؤنّث۔ سکھوں کا زمانہ، آپا دھاپی کا زمانہ ٭

سُکھ (سُکھْ) (ہ) مذکّر۔ آرام۔ امان۔ امن۔ راحت۔ چین۔ آسودگی۔ شانتی ٭ **سُکھ پال۔ سُکھپال**۔ مذکّر۔ آرام پالکی۔ زنانہ پالکی ٭ **سُکھ تلا**۔ مذکّر۔ جُوتی کے اندر رکھنے کا چرمی ٹکڑا ٭ **سُکھ سنپت کا سب کوئی ساتھی**۔ کہاوت۔ آرام اور دولت کے سب رفیق ہیں ٭ **سُکھ میں ہر کو بھجے تو دُکھ کاہے کو ہو؟** کہاوت۔ آرام کے وقت خدا کا دھیان رکھا جائے تو مصیبت کیوں آئے؟ ٭ **سُکھ نیند**۔ مؤنّث۔ چین کی نیند۔ خوابِ راحت ٭ **سُکھی۔ یا۔ سُکھیا**۔ آسودہ۔ مطمئن۔ خوش ٭

سِکھا (سِکھا) (ہ) سِکھانا کا امر ٭ **سِکھانا** (۱) پڑھانا لکھانا۔ تعلیم کرنا۔ تربیت کرنا (۲) کسی راستے یا ڈھب پر لگانا ٭ **سِکھائے (سِکھلائے) پوت دربار نہیں جاتے** (ہ) مثل۔ اپنی عقل سے کام چلتا ہے، دوسرے کے سکھانے پڑھانے سے فائدہ نہیں پہنچتا ٭

سُکھا (سُکھا) (ہ) سُکھانا کا امر ٭ **سُکھانا** (۱) خشک کرنا (۲) کسی کو دیر لگانا۔ بٹھائے رکھنا ٭

سَکھی (سَکھی) (ہ) مؤنّث (۱) سہیلی۔ ساتھی۔ یار (۲) فقیروں کا ایک گروہ، جو زنانہ لباس رکھتا ہے ٭

سکیرنا (سَکیرْ۔نَا) (ہ) (۱) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ سمیٹنا (۲) صاف کرنا (۳) جھاڑ دینا ٭

سکیڑنا (سَکیڑْ۔نَا) (ہ) (۱) چُست کرنا۔ تنگ کرنا (۲) سمیٹنا ٭

سکیل (سَکیلْ) (انگ۔ Scale) مؤنّث (۱) پیمانہ (۲) انداز (۳) تجویز (۴) پلڑا (۵) ترازو (۶) سیڑھی (۷) پرت۔ چھلکا ٭

سکیلا (سَکیْ۔لَا) (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کا فولاد (۲) لوہے کا ہتھیار (۳) شمشیر۔ تلوار ٭

سکیم (سَکیمْ) (انگ۔ Scheme) مؤنّث۔ تدبیر۔ منصوبہ۔ تجویز۔ حکمت ٭

سِکّین (سِک۔کِینْ) (ع) مؤنّث۔ چھری ٭

س۔گ

سگ (سَگْ) (ف) مذکّر۔ کُتّا ٭ **سگِ بازاری**۔ مذکّر۔ عام کُتّا۔ لینڈی کُتّا ٭ **سگ باش برادرِ خُرد مباش**۔ مثل۔ کُتّا بن، چھوٹا بھائی نہ بن۔ چھوٹے بھائی کی کچھ توقیر نہیں ہوتی ٭ **سگِ تازی**۔ مذکّر۔ عربی نسل کا شکاری کُتّا ٭ **سگِ حضور بہ از برادرِ دُور**۔ مثل۔ پاس کا کُتّا دُور کے بھائی سے بہتر ہوتا ہے۔ آنکھوں کے سامنے ادنیٰ کی بھی رعایت کرنی پڑتی ہے ٭ **سگِ زرد برادرِ شغال**۔ کہاوت۔ زرد کُتّا گیدڑ کا بھائی۔ جیسا یہ، ویسا وُہ ٭ **سگِ شکاری**۔ مذکّر۔ شکار مارنے والا کُتّا۔ سگِ صیدی ٭

سگا (سَگا) (ہ) (۱) حقیقی۔ ایک ماں باپ کا۔ ایک خون کا۔ خاص (۲) رشتہ دار (۳) اپنا ٭ **سگائی**۔ مؤنّث۔ نسبت۔ منگنی ٭

سگار (سِگارْ) (انگ۔ Cigar) مذکّر۔ چُرٹ ٭

سگارت (سَگا۔رَتْ) (ہ) مؤنّث۔ کامیابی۔ نیگ لگنا ٭

سگرٹ (سِگ۔رَٹْ) (انگ۔ Cigarette) ہلکا چُرٹ ٭

سُگند (سُگَنْدْ) (ہ) مؤنّث (۱) مہک۔ خوش بو (۲) سوندھا۔ خوش بودار

سگنل (سِگ۔نَلْ) (انگ۔ Signal) مذکّر (۱) اشارہ (۲) وہ نشان، جس سے ریل گاڑی کے آنے کا پتا چلتا ہے ٭

سگنیلر (سِگ۔نے۔لَرْ) (انگ۔ Signalor) مذکّر۔ تار بابو۔ ٹیلیگراف کلرک ٭

سُگھڑ (سُگْھ۔گھَڑْ) (ہ) (۱) خوش سلیقہ۔ صاحب تمیز۔ دانش مند۔ ذی شعور (۲) ہنر مند۔ دست کار۔ کاریگر (۳) چتر۔ چالاک۔ ہوشیار۔ تجربہ کار ٭ **سُگھڑ پن**۔ مذکّر (۱) سلیقہ مندی۔ ہنر مندی (۲) ہوشیاری ٭ **سُگھڑایا**۔ مذکّر۔ تمیز۔ سلیقہ ٭

س۔ل

سِل (سِلْ) (ع) مؤنّث۔ ایک بیماری۔ تپ کہنہ۔ دق ٭

سِل (سِلْ) (ہ) مؤنّث۔ مسالا پیسنے کا پتھر۔ پتھر کا پتلا اور لمبا چوڑا ٹکڑا، جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے ٭ **سِل بٹا**۔ مذکّر۔ پتھر کا چوڑا ٹکڑا اور اُس پر مسالا پیسنے کا چھوٹا ٹکڑا ٭

سِلا (سِلا) (ہ) سِلنا کا امر ٭ **سِلا** (۱) سِلنا سے ماضی مطلق (۲) سِلانا کا امر ٭ **سِلانا** (ہ) دوخت کرانا۔ سِلوانا ٭ **سِلائی**۔ مؤنّث (۱) سیون۔ ٹانکا۔ دوخت (۲) سِلوانے کی اُجرت ٭ **سِلنا**۔ سِیا جانا۔ دوخت ہونا ٭ **سِلوانا**۔ سِینا کا متعدی المتعدی ٭ **سِلوائی**۔ دیکھیے "سِلائی" ۲ ٭

سِلّا (سِل۔لَا) (ہ) مذکّر۔ خوشہ۔ اناج کی وہ بالیں، جو کٹائی کے بعد کھیت میں رہ جاتی ہیں ٭

سلاجیت (سَلا۔جِیتْ) (ہ) مذکّر۔ ایک سیاہ رقیق مادہ، جو پتھر سے

نکلتا اور دوا کے طور پر برتا جاتا ہے۔ مومیائی ۔

سلاح (سِلاَحْ) (ع) مذکر (۱) لڑنے کے ہتھیار (۲) کام کرنے کے اوزار ۔ **سلاح بند** (ع - ف) پانچوں ہتھیاروں سے لیس۔ مسلح۔ ہتھیار بند ۔ **سلاح خانہ**۔ مذکر۔ وہ مکان، جہاں ہتھیار جمع رہیں۔ میگزین ۔ **سلاح شور** (۱) بہادر سپاہی (۲) ہتھیار لگائے ہوئے (۳) میگزین کا داروغہ ۔

سلاخ (سَلاَخْ) (و) مؤنث۔ لوہے کی موٹی گول سیخ ۔

سلاست (سَلاَ - سَتْ) (ع) مؤنث (۱) روانی۔ ہمواری۔ سلیس پن (۲) آسانی۔ سہولت۔ ملایمت۔ نرمی (۳) الفاظ کا نہایت آسانی سے یوں ادا ہونا کہ کوئی ثقیل لفظ نہ آسکے (۴) صفائی۔ سادگی۔ فصاحت ۔ **سلاستِ زبان** (ع - ف) مؤنث۔ خوش کلامی۔ شیریں گفتاری۔ نرم گوئی۔ فصاحت ۔

سلاسل (سَلاَ - سِلْ) (ع) مؤنث۔ زنجیریں۔ کڑیاں۔ بیڑیاں ۔

سلاطین (سَلاَ - طِیْنْ) (ع) مذکر سلطان کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ قیصر ۔ **سلاطینِ ذیلی**۔ مذکر۔ وہ حاکم یا بادشاہ، جو سلطان یا شہنشاہ کے ماتحت ہوں، جیسے والیانِ ریاست وغیرہ ۔

سلام (سَلاَمْ) (ع) مذکر (۱) آداب، تسلیم، بندگی، کورنش، ڈنڈوت (۲) جایئے۔ اب رخصت۔ بس ۔ **سلام پھیرنا** (و) نماز کے خاتمے پر دائیں بائیں منہ پھیر کر السلام علیکم و رحمۃ اللہ کہنا۔ نماز ختم کرنا ۔ **سلام پیام** مذکر (۱) بات چیت۔ گفت و شنید (۲) نسبت یا منگنی کی بابت ذکر اذکار ۔ **سلام دینا** (۱) چھوڑنا۔ الگ کرنا۔ دواع کرنا۔ رخصت کرنا (۲) انگریزوں کی اصطلاح میں کسی کو اندر آنے کی اجازت دینا یا بلانا ۔ **سلام روستائی بے غرض نیست** (ف) مثل۔ غرض مند کا آنا بے سبب نہیں ہوتا ۔ **سلامِ شوق** (ع) مذکر۔ شوق و محبت کا سلام ۔ **سلام علیکم**۔ مؤنث۔ تم پر سلامتی ہو۔ جیتے رہو۔ مسلمانوں کا سلام ۔ **سلام کرائی** (و) مؤنث۔ وہ روپیہ یا زیور، جو دلھن کے رشتہ دار دولھا کو دیتے ہیں ۔ **سلام کرنا** (و) (۱) بندگی کرنا۔ تسلیم کرنا۔ سر یا ماتھے پر ہاتھ رکھنا (۲) خدا حافظ کہنا۔ دست بردار ہونا۔ چھوڑنا ۔ **سلام لینا**۔ سلام قبول کرنا۔ سلام کا جواب دینا ۔ **سلام ہے**۔ باز آئے۔ تم سے خدا بچائے۔ معاف رکھیے۔ ترک کیا۔ چھوڑا ۔ **سلامی**۔ مؤنث (۱) سلام۔ تعظیم۔ سپاہیانہ سلام (۲) بندوقوں یا توپوں کے فیر سے پیشوائی یا تعظیم کرنا (۳) پیش کش۔ نذرانہ (۴) وہ روپیہ، جو دولھا یا دلھن کو بیاہ کے موقع پر دیا جاتا ہے ۔ **سلامی اتارنا**۔ بندوقوں یا توپوں سے کسی با اختیار حاکم یا رئیس یا بادشاہ کی تشریف آوری پر اظہارِ تعظیم کرنا۔ سلامی کی توپیں سر کرنا ۔

سلامت (سَلاَ - مَتْ) (ع) بہ خیر و عافیت۔ تندرست۔ صحیح۔ ہر بلا سے بچا ہوا ۔ **سلامت رَو** (ع - ف) (۱) میانہ رو (۲) منتظم۔ مدبر ۔ **سلامت روی**۔ مؤنث (۱) کم خرچی۔ میانہ روی۔ کفایت شعاری۔ تدبیر۔ انتظام۔ بندوبست (۲) نیک چلنی۔ چلن سے چلنا (۳) ایسا طریقہ، جس سے کسی طرح کا حرف نہ آسکے۔ سیدھا راستہ ۔ **سلامت روی اختیار کرنا** (و) (۱) میانہ چال چلنا (۲) نیک چلنی اختیار کرنا ۔ **سلامتی** (ف) مؤنث (۱) تندرستی۔ صحت (۲) آرام (۳) زندگی (۴) حفاظت ۔

سُلانا (سُلاَ - نَا) (ہ) (۱) بچے کو تھپک تھپک کر نیند دلوانا (۲) قبر میں رکھنا۔ دفن کرنا ۔

سَلائی (سَلاَ - اِئی) (ہ) مؤنث۔ سرمہ لگانے کی گول اور پتلی سلاخ ۔ **سَلائی پھیرنا**۔ اندھا کرنا۔ گرم سلائی سے اندھا کرنا۔ نابینا کرنا ۔

سلب (سَلْبْ) (ع) لے جانا۔ نیست کرنا (و) جذب کرنا ۔

سلپٹ (سِلْ - پَٹْ) (ہ) (۱) صاف۔ مسطح۔ ہموار (۲) اندھا، بے نور، نظر سے محروم (۳) مٹے ہوئے نقوش والا (سکہ) ۔

سلپچی سِلفچی (سِلَپْ - چِیْ، سِلَفْ - چِیْ) (و) مؤنث۔ ہاتھ دھونے کا برتن ۔

سلجھ (سُلْجھْ) (ہ) سُلجھنا کا امر ۔ **سُلجھا** (۱) سُلجھنا سے ماضی مطلق (۲) سُلجھانا کا امر ۔ **سُلجھانا** (۱) کھولنا۔ جدا کرنا (۲) باریک اور پیچیدہ معاملوں کا فیصلہ کرنا ۔ **سُلجھنا** (۱) کھلنا (۲) آسان ہونا (۳) حل ہونا۔ صاف ہونا۔ نمٹنا ۔

سلح (سِلَحْ) (ع) مذکر (۱) ہتھیار۔ لڑائی کا آلہ (۲) اوزار ۔ **سِلح پوش** (ع - ف) ہتھیار لگائے ہوئے۔ پانچوں ہتھیاروں سے آراستہ۔ مسلح۔ ہتھیار بند ۔

سلس بول۔ سلس البول (سَلَسْ - سَلْ - بَوْلْ، سَلْ - سُلْ - بَوْلْ) (ع) مذکر۔ ایک مرض، جس میں پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہے۔ ذیابیطس ۔

سلسبیل (سَلْ - سَبِیْلْ) (ع) مؤنث (۱) بہشت کی ایک نہر (۲) خوش گوار چیز (۳) شراب ۔

سلسلانا (سُلْ - سُلاَ - نَا) (ہ) رینگنا۔ سرسراہٹ (۲) نرم نرم کھجلی ہونا ۔

سلسلہ (سِلْ - سِلَہْ) (ع) مذکر (۱) بیڑی۔ زنجیر (۲) لڑی۔ قطار (۳) نسل۔ خاندان۔ شجرہ (۴) درستی۔ ترتیب ۔ **سلسلہ نکلنا** (و) راہ نکلنا۔ آغاز ہونا ۔ **سلسلہ وار** (ع - ف) درجہ وار۔ ترتیب وار۔ حسب مراتب ۔ **سلسلہ ہونا** (و) واسطہ ہونا۔ تعلق ہونا ۔

سُلطان (سُلْ - طَانْ) (ع) مذکر۔ بادشاہ۔ فرمانروا۔ راجہ۔ کنگ ۔ **سُلطانہ**۔ شہزادی۔ ملکہ۔ بیگم۔ رانی ۔

سلطنت (سَلْ - طَنَتْ) (ع) مؤنث۔ حکومت۔ بادشاہی۔ راج۔ عمل داری ۔

سلف (سَلَفْ) (ع) سابقہ۔ پہلے کا۔ اگلا۔ گزشتہ ۔

سلف ریسپکٹ (سَیْلْف - رِیْس - پَیکْٹْ) (انگ) مؤنث۔ خودداری۔ عزتِ نفس ۔ **سلف گورنمنٹ**۔ مؤنث۔

حکومت خود اختیاری ۔ سوراجیہ ۔ ہوم رول ۔
سُلفہ (سُلْفَہ) (ف) مذکر (۱) سودا ۔ اسباب (۲) خرید و فروخت ۔
سلفا (سُلْ ۔ فَا) (ف) مذکر ۔ ایک دفعہ بھرنے کے قابل تمباکو یا چرس ۔
سُلفا کر ڈالنا (۱) جلا کر راکھ کر دینا (۲) دولت برباد کر دینا ۔ فضول خرچی کرنا ۔
سِلک (سِلْک) (ع) مذکر و مؤنث ۔ لڑی ۔ دھاگا ۔ رشتہ ۔ تاگا ۔ ہار ۔
سِلک (سِلْک) (انگ ۔ Silk) مذکر (۱) ریشمی کپڑا (۲) ایک قسم کا ریشم ۔
سَلَگ (سَلَگ) (ہ) (۱) برابر ۔ لگاتار (۲) کامل ۔ پورا ۔
سُلگ (سُلَگ) (ہ) سُلگنا کا امر ۔ **سُلگا** (۱) سُلگنا سے ماضی مطلق (۲) سُلگانا کا امر ۔ **سُلگانا** (۱) جلانا ۔ روشن کرنا ۔ بھڑکانا ۔ آگ جلانا (۲) فساد کی بنیاد ڈالنا ۔ **سُلگنا** ۔ آگ کا بھڑکنا ۔ دھوآں نکلنا ۔ روشن ہونا ۔
سلم (سَلَم) (ع) مؤنث ۔ بیعانہ ۔ پیشگی ۔ پہلے سے کسی چیز کی قیمت دے دینا ۔ تقاوی ۔
سلما (سَلْ ۔ مَا) (ہ) مذکر ۔ بادلہ ۔ مقیش ۔ ایک قسم کے چاندی یا سونے کے چمکیلے تار ۔
سَلنا (سَلْ ۔ نَا) (ہ) (۱) چھیدنا (۲) چھیدنا (۳) زخم دینا ۔
سلوتری (سَلُوْتْ ۔ رِیْ) (ہ) مذکر ۔ گھوڑوں کا ڈاکٹر ۔ بیطار ۔
سلوٹ (سَلْ ۔ وَٹْ) (ہ) مؤنث ۔ بل ۔ شکن ۔
سلور (سِلْ ۔ وَرْ) (انگ ۔ Silver) مؤنث ۔ چاندی ۔ روپا ۔ فِضّہ ۔
سلوک (سُلُوْک) (ع) مذکر (۱) راستہ چلنا (۲) مکان میں داخل ہونا (۳) محبت ۔ دوستی ۔ ملاپ ۔ نیک روی (۴) رویہ ۔ عمل ۔ برتاؤ ۔
سلونا (سَلُوْ ۔ نَا) (ہ) (۱) نمکین ۔ ملیح ۔ مزے دار (۲) گندمی ۔ سانولا ۔ خوش رنگ ۔
سلہٹ (سِلْ ۔ ہَٹْ) (ف) مذکر ۔ بنگال کا ایک شہر ۔
سِلّی (سِلْ ۔ لِیْ) (ہ) مؤنث (۱) سان ۔ چاقو استرہ وغیرہ تیز کرنے کی پتھری (۲) بھس ملا ہوا اناج (۳) مرغابی ۔ پرند آبی ۔
سلیپر (سِلِیْ ۔ پَرْ) (مہند) (انگ ۔ سِلپر ۔ Slipper) مذکر (۱) سلیپٹ ، جوتی ، آرام پائی ، ہلکی جوتی (۲ ۔ Sleeper) (مذکر) کا چھلا ہوا تختہ ، جو ریل کی سڑک پر لوہے کی پٹڑیوں کے نیچے یا مکانوں کی چھتوں پر کڑیوں کے نیچے بچھایا جاتا ہے ۔ شہتیر ۔
سلیٹ (سَلِیْٹ) (انگ ۔ Slate) مؤنث ۔ پتھر کی تختی ۔
سلیس (سَلِیْس) (ع) (۱) نرم ۔ ہموار (۲) آسان ۔ سہل ۔ عام فہم ۔ صاف ۔
سلیقہ (سَلِیْ ۔ قَہ) (ع) مذکر ۔ تمیز ۔ لیاقت ۔ وقوف ۔ شعور ۔
سلیم (سَلِیْم) (ع) (۱) درست ۔ ٹھیک (۲) تندرست (۳) صلح دوست ۔ بُردبار ۔ حلیم ۔ **سلیم الطبع** (ع) (۱) نرم دل ۔ حلیم دل ۔ حلیم مزاج (۲) صائب الرائے ۔ دُور اندیش ۔ دانش مند ۔
سلیم شاہی (سَلِیْم ۔ شَا ۔ ہِیْ) (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کی دلی والی خوش نما اور نازک جوتی ۔
سلیمانؑ (سُلَیْ ۔ مَانْ) (ع) مذکر ۔ ایک مشہور پیغمبر ، جن کے ماتحت انسانوں کے علاوہ جن ، پریاں ، دیو اور حیوانات بھی تھے ۔
سُلَیمانی (۱) سلیمانؑ سے منسوب (۲) ایک قسم کا سیاہ اور سفید گول پتھر ۔

س ۔ م

سَم (سَم) (ہ) مذکر (۱) سُر ۔ تال ۔ آواز (۲) پورا ۔ ہم وزن ۔ برابر ۔
سَمّ (سَمّ) (ع) مذکر ۔ زہر ۔ بِس ۔ **سَمُّ الفار** ۔ مذکر ۔ ایک زہریلا پتھر ، جسے چوہے کھا کر مر جاتے ہیں ۔ سنکھیا ۔ **سمّ قاتل** ۔ مذکر ۔ بہت جلد کام تمام کرنے والا زہر ۔ زہر ہلاہل ۔ **سمّیّت** ۔ مؤنث ۔ زہریلا پن ۔ زہر کا اثر ۔
سُم (سُم) (ف) مذکر ۔ چوپایے کا کھر یا ناخن ۔
سما ۔ سماں (سَمَا ۔ سَمَاں) (ہ) مذکر (۱) وقت ۔ دور ۔ زمانہ ۔ محل ۔ موقع ۔ ساعت ۔ ہنگام (۲) فصل ۔ موسم ۔ رُت (۳) مزہ کیفیت ۔ راگ رنگ ۔ **سما (سماں) باندھنا** ۔ لطف پیدا کرنا ۔ رنگ جمانا ۔ کیفیت پیدا کرنا ۔ **سما (سماں) بندھنا** ۔ محویت کی کیفیت پیدا ہو جانا ۔ رنگ جمنا ۔
سما (سَمَا) (ہ) سمانا کا امر ۔ **سما جانا** (۱) بھر جانا ۔ بیٹھ جانا ۔ بس جانا (۲) جذب ہو جانا ۔ **سمانا** ۔ پورا آنا ۔ ٹھیک آنا ۔ کھپنا ۔ پُر ہونا ۔ اندر آنا ۔ **سمائی** ۔ مؤنث (۱) کھپت ۔ گنجائش ۔ وسعت (۲) طاقت ۔ حوصلہ ۔ برداشت ۔ بُردباری ۔
سما (سَمَا) (ع) مذکر ۔ آسمان ۔ فلک ۔ اکاس ۔ **سماوات** ۔ مذکر ۔ سما کی جمع ۔ آسمان ۔ افلاک ۔ **سماوی** ۔ آسمانی ۔ اوپر کا ۔ بالائی ۔
سماپت (سَمَا ۔ پَتْ) (س) مذکر ۔ کامل ۔ پورا ۔ سدھ ۔
سماج (سَمَاج) (س) مؤنث (۱) محفل ۔ انجمن ۔ سبھا ۔ سوسائٹی ۔ کمیٹی ۔ (۲) جتھا ۔ گروہ ۔ منڈلی ۔ ٹولی ۔
سماجت (سَمَا ۔ جَتْ) (ع) مؤنث ۔ چاپلوسی ۔ منت ۔ خوشامد ۔
سماچار (سَمَا ۔ چَارْ) (س) مذکر (۱) خبر ۔ اطلاع ۔ آگاہی ۔ واقفیت ۔ حالات ۔
سمادھ (سَمَادْھ) (س) مؤنث (۱) کھوہ ۔ غار ۔ گڑھا (۲) وہ جگہ ، جہاں سنیاسیوں ، جوگیوں یا راجاؤں کی ہڈیاں دفن کی جاتی ہیں ۔
سمادھان (سَمَا ۔ دھَانْ) (س) مذکر (۱) مذہبی تعصب (۲) دھیان ۔

مراقبہ (۳) سوال کا جواب ۔

سماع (سَمَاعْ) (ع) مذکر (۱) سننا (۲) (و) ناچ گانا۔ رقص وسرود۔ راگ سننا ۔ **سَمَاعَتْ** ۔ مؤنث ۔ سنوائی ۔ شنوائی ۔ **سماعت کے قابل** (و) (۱) سننے کے لائق (۲) پیشی کے لائق (۳) افسروں کی توجہ کے قابل ۔ **سماعت یک طرفہ** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ ایک فریق کی حاضری پر مقدمے کی سماعت ۔ یک طرفہ ڈگری ۔ **سماعی** (ع) سنا ہوا ۔ سینہ بہ سینہ ۔ روایتی ۔

سماق (سَمَاقْ) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا سنگ مرمر ۔

سمان (سَمَانْ) (ہ) نظیر ۔ برابر ۔ مانند ۔ ثانی ۔

سماوار ۔ **سماور** (سَمَا ۔ وَارْ ، سَمَا ۔ وَرْ) (ف) مذکر ۔ پانی گرم کرنے کا لوہے وغیرہ کا چولھا ۔

سمبت (سَمْ ۔ بَتْ) (ہ) مذکر ۔ سال ۔ برس ۔ ہندی سال ۔ سنہ ۔

سمبندھ (سَمْ ۔ بَنْدھ) (ہ) مذکر (۱) تعلق ۔ نسبت ۔ ناتا ۔ رشتہ (۲) کنبہ ۔ قبیلہ (۳) میل ملاپ ۔ رسم وراہ (۴) برادری ۔ گوت (۵) قافیہ ۔ تک ۔ **سمبندھی** ۔ نزدیکی ۔ رشتہ دار ۔ اقربا ۔ متعلقین ۔ عزیز ۔ **سمبندھی پتر** ۔ مذکر ۔ کرسی نامہ ۔ نسب نامہ ۔ شجرہ نسب ۔

سمپٹ (سَمْ ۔ پَٹْ) (س) مذکر ۔ آگ پر رکھنے کا خاص برتن ، جو کیمیاگر استعمال کرتے ہیں ۔

سمپورن (سَمْ ۔ پُوْ ۔ رَنْ) (ہ) مکمل ۔ کامل ۔ پورا ۔ تمام ۔

سمت (سَمْتْ) (ع) مؤنث (۱) طرف ۔ جانب ۔ جہت (۲) روش ۔ راہ (۳) رخ ۔ پہلو ۔ **سمت الرّاس** (ع) مذکر (۱) سر کی طرف (۲) اوج ۔ ترقیٔ خط کا کمال (۳) سر سے آسمان تک کا سیدھا خط ۔

سِمَٹ (سِمَٹْ) (ہ) سمٹنا کا امر ۔ **سمٹ جانا** (۱) اٹھنا ۔ اکٹھا ہو جانا ۔ سکڑ جانا (۲) ختم ہو جانا ۔ کم ہو جانا ۔ **سِمَٹنا** (۱) سکڑنا ۔ اکٹھا ہونا (۲) رخصت ہو جانا (۳) مر جانا ۔

سمجھ (سَمَجھْ) (ہ) (۱) مؤنث ۔ عقل ۔ دانائی ۔ دانش ۔ فہم ۔ ادراک ۔ گیان (۲) سمجھنا کا امر ۔ **سمجھ بوجھ** ۔ مؤنث ۔ دھیان گیان ۔ عقل ودانش ۔ فہم وفراست ۔ **سمجھ پر پتھر پڑیں** ۔ یہ سمجھ غارت ہو ۔ ایسی عقل چولھے میں جائے ۔ ایسی دانائی پر حیف ۔ **سمجھ دار** ۔ ہوشیار ۔ سیانا ۔ عاقل ۔ دانا ۔ بدھوان ۔ **سمجھا** (۱) سمجھانا کا امر (۲) سمجھنا سے ماضی مطلق ۔ **سمجھا بجھا کر** ۔ سکھا کر ۔ خوب تنبیہ کرکے ۔ فہمائش کرکے ۔ **سمجھانا** ۔ نصیحت کرنا ۔ جتانا ۔ بتانا ۔ ذہن نشین کرنا ۔ **سمجھنا** (۱) جاننا ۔ بوجھنا (۲) سیکھنا (۳) دل میں ٹھاننا (۴) بدلا لینا ۔ **سمجھے**؟ (استفہام) (۱) دیکھا؟ جانا؟ خیال میں آیا؟ (۲) ہوش آیا؟

سمدھن (سَمْ ۔ دَھنْ) (ہ) مؤنث ۔ دولھا اور دلھن کی مائیں باہم سمدھن کہلاتی ہیں (پ) گڑ منی ۔ **سمدھن کا نکلا چھچھ جا** ۔ پچوری کا لپکا کبھی نہ جا ۔ مثل ۔ بری عادت جو پڑ جائے ، اس کے باعث خواہ کیسی ہی تکلیف اور ذلت ہو ، وہ عادت کبھی نہیں جاتی ۔ **سمدھی** ۔ مذکر ۔ دولھا اور دلھن کے باپ باہم سمدھی کہلاتے ہیں ۔ (پ) گڑدم ۔ **سمدھیانا** ۔ مذکر ۔ سمدھی کا گھر ۔ دولھا یا دلھن کا گھرانا ۔

سمرتی (سُمْ ۔ رِتی) (س) مؤنث (۱) یاد ۔ خیال ۔ دھیان (۲) حافظہ (۳) ہندوؤں کی تمام پوتر الہامی کتابیں ۔

سمرن (سُمْ ۔ رَنْ) (ہ) مذکر (۱) وظیفہ ۔ وِرد ۔ یادِ خدا ۔ جپنی ۔ رٹ ۔ جپنا (۲) مالا ۔ تسبیح ۔ **سُمَرنا** ۔ تسبیح پڑھنا ۔ مالا پھیرنا ۔ خدا کا نام لینا ۔

سمع (سَمْعْ) (ع) مذکر ۔ کان ۔ گوش ۔ کرن ۔ **سمع خراشی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ کان کھانا ۔ تصدیعۂ دماغی ۔

سمک (سَمَکْ) (ع) مذکر ومؤنث ۔ زمین کے نیچے کی مچھلی ۔

سمن (سَمَنْ) (ف) مؤنث ۔ چنبیلی ۔ سمبرگہ ۔ **سَمَن اندام** ۔ گورا چٹا آدمی ۔ سیم تن ۔ معشوق ۔ **سَمَن بَر** ۔ دیکھیے "سمن اندام" ۔

سمن (سَمَنْ) (انگ ۔ Summon) مذکر ۔ طلبی کا پروانہ ۔ طلبی ۔ اعلان ۔ اطلاع نامہ ۔ عدالت کا پروانہ ۔ **سمن جاری کرنا** (۱) قانون کے مطابق طلب نامہ یا پروانہ بھیجنا ۔ **سمن کی تعمیل** ۔ مؤنث ۔ طلبی کا عمل میں لانا ۔ سمن کو بجا لانا ۔

سمند (سَمَنْد) (ف) مذکر ۔ گھوڑا ۔ زردی مائل گھوڑا ۔

سَمُندر (سَمَنْ ۔ دَرْ) (ف) مذکر ۔ ایک کیڑا ، جو آگ کے اندر پیدا ہوتا ہے ۔

سُمُندر (سَمُنْ ۔ دَرْ) (ہ) مذکر ۔ ساگر ۔ بحرِ محیط ۔ دریائے اعظم ۔ **سمندر پار اتارنا** ۔ عبور دریائے شور کرنا ۔ جلا وطن کرنا ۔ کالے پانی بھیجنا ۔ **سمندر پھل** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا دریائی پھل ، جو دوا کے طور پر کام آتا ہے ۔ **سمندر جھاگ** ۔ مذکر ۔ وہ جھاگ جو دریائے اعظم کے کناروں پر جم جم کر خشک ہو جاتا اور دوا وغیرہ میں کام آتا ہے ۔ **سمندر سوکھ** ۔ مذکر ۔ ایک دوا ۔

سمنک (سَمَنِکْ) (ہ) مذکر ومؤنث ۔ نشاستہ ۔ گیہوں کی گری ، جو ابال کر نکالی جاتی ہے ۔

سموچا (سَمُو ۔ چَا) (ہ) سارا ۔ پورا ۔ کامل ۔ تمام ۔

سمور (سَمُوْر) (ع) مذکر ۔ ایک نہایت باریک پشم والا برفستانی جانور اور اس کی کھال ۔

سموسا (سَمُو ۔ سَا) (ہ) مذکر ۔ مثلث شکل کا پکوان ، جس کے اندر قیمہ یا ترکاری یا میٹھا بھر کر تلتے ہیں ۔

سموم (سَمُوْم) (ع) مؤنث (۱) زہریلی ہوا (۲) گرم ہوا ۔ لو ۔

سمونا (سَمُو ۔ نَا) (ہ) ملانا ۔ آمیز کرنا ۔ ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا ۔ مختلف مزاج یا رنگ کی دو چیزیں ملا کر اعتدال پیدا کرنا ۔

سمیت (سَمَیْتْ) (ہ) ساتھ ۔ ہمراہ ۔ اکٹھے ۔ باہم ۔

سمیٹ (سَمیٹ) (ہ) مؤنث (۱) وہ دوا جس سے اندام نہانی تنگ اور چست ہو جاتے۔ قابض دوا (۲) سمیٹنا کا امر۔ سمیٹنا (۱) اکٹھا کرنا۔ فراہم کرنا (۲) سکیڑنا۔ چست کرنا۔ تنگ کرنا (۳) انجام کو پہنچانا ۔

سمیع (سَمِیْع) (ع) (۱) سننے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔

س - ن

سن (سَن) (ہ) مذکر۔ ایک پودا جس کی چھال سے رسیاں بنائی جاتی ہیں ۔

سن (سَن) (ہ) مؤنث۔ کسی چیز کے زور سے جانے کی آواز۔ جھنجھناہٹ۔ زناٹا ۔ سن سن ۔ مؤنث (۱) سنسناہٹ۔ ہوا کی آواز (۲) کپکپاہٹ۔ کپکپی۔ پھریری ۔ سن سن کرنا۔ سردی سے کپکپانا یا تھرانا ۔ سن سے۔ زناٹے سے۔ جھٹ سے۔ جلدی سے ۔ سن سے جی ہو جانا۔ پران سا نکل جانا۔ سنسناہٹ چھوٹ جانا۔ دھک سے دل ہو جانا ۔ سن سے نکل جانا۔ آواز کے ساتھ نکلنا۔ زناٹے سے جانا۔ جلدی سے نکل جانا ۔

سن (سَن) (انگ۔ Sun) مذکر۔ سورج۔ آفتاب ۔

سِن (سِنّ) (ع) مذکر۔ سال۔ عمر۔ مقدار عمر ۔ سِن بلوغ۔ یا۔ سِن بلوغت۔ یا۔ سِن تمیز۔ یا۔ سِن شعور۔ مذکر۔ شباب کی عمر۔ جوانی کی عمر۔ سمجھ کی عمر (قانوناً) اٹھارہ سال کی عمر ۔ سن رسیدہ (ع۔ف) ضعیف عمر کا آدمی۔ بوڑھا ۔

سُن (سُن) (ہ) سننا کا امر ۔ سن رکھنا۔ آگاہ ہو جانا۔ خبردار ہو جانا ۔ سن رسے ڈھول بہو کے بول۔ مثل۔ بڑے زبان دراز لوگوں کے متعلق کہتے ہیں ۔ سن گن۔ مؤنث (۱) اڑتی ہوئی خبر۔ خبر (۲) راز۔ بھید۔ پوشیدہ خبر ۔ سن گن لینا (۱) چھپ کر سننا (۲) پوشیدہ راز دریافت کرنا۔ بھید لینا ۔ سُنا۔ سنانا کا امر۔ سننا سے ماضی مطلق ۔ سنانا (۱) کہنا۔ کان میں ڈالنا (۲) برا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔ طعنہ مارنا (۳) کسی کے سامنے گانا یا پڑھنا ۔ سنانی۔ سناونی۔ مؤنث۔ موت کی خبر جو پردیس سے آئے۔ خبر مرگ ۔ سنائی یا سنوائی۔ مؤنث (۱) سماعت۔ فریادرسی (۲) دخل۔ پہنچ ۔ سننا (۱) کان دھرنا۔ کان سے آواز معلوم کرنا (۲) دھیان لگانا۔ غور کرنا۔ توجہ کرنا ۔ سنو تو سہی۔ ذرا دھیان تو کرو۔ بھلا سوچو تو۔ صبر تو کرو۔ ٹھہرو تو سہی ۔ سُنی اَن سُنی کرنا۔ سن کر ٹال جانا۔ چپ سا رہنا ۔

سُن (سُنّ) (ہ) (۱) بے خبر۔ بے حواس۔ بے ہوش (۲) بے حس و حرکت۔ چپ چاپ۔ خاموش ۔ سن ہو جانا۔ کسی عضو کی حس و حرکت کا جاتے رہنا۔ ٹھٹھر جانا ۔

سنا (سَنا) (ع) مؤنث۔ ایک پودا جس کی پتی دست آور ہوتی ہے ۔

سناتن (سَناتَن) (ہ) قدیم۔ ہندو ۔ سناتن دھرم سبھا۔ مؤنث (۱) قدیم ہندو مذہب والوں کی مجلس (۲) (مجازاً) دیوی دیوتاؤں کے پوجنے والے لوگوں کی انجمن یا کمیٹی ۔

سناٹا (سَن۔نا۔ٹا) (ہ) مذکر (۱) سنسان۔ ہُو کا عالم۔ چپ چاپ۔ خاموشی (۲) سکتے کا عالم۔ حیرت (۳) سہم۔ دہشت۔ خوف (۴) پرند وغیرہ کے زور سے جانے کی آواز۔ زور کی ہوا یا بارش کے دور سے آنے کی آواز۔ دریا کے چڑھاؤ کا شور ۔ سناٹا آنا (۱) بے ہوش ہو جانا۔ عشق کا عالم طاری ہونا (۲) سہم جانا۔ ڈر جانا ۔ سناٹے سے برسنا۔ زور سے برسنا۔ جھاجوں برسنا۔ موسلا دھار پانی پڑنا۔ شدت سے برسنا ۔ سناٹے کا مینہ۔ مذکر۔ دھڑلے کی بارش۔ زور شور کا مینہ ۔ سناٹے میں آ جانا (۱) حیرت میں ہو جانا (۲) سہم جانا۔ ڈر جانا (۳) بالکل چپ چاپ ہو جانا ۔

سُنار (سُنار) (ہ) مذکر۔ زیور بنانے والا۔ زرگر۔ سادہ کار ۔ سنار کی کھٹائی اور درزی کے بند (ہ) کہاوت۔ سنار کو زیور کے کھٹائی میں ڈالنے کا بہانہ اور درزی کو بند لگانے کا حیلہ مدت تک ٹالنے کے لیے کافی ہے ۔

سِنان (سِنان) (ف) مؤنث (۱) انی۔ تیر کی نوک (۲) برچھی۔ نیزہ۔ بھالا ۔

سنبل (سُم۔بل) (ع) مذکر۔ ایک خوشبودار گھاس جسے بالچھڑ اور جٹا ماسی بھی کہتے ہیں ۔ سنبل الطیب۔ مؤنث۔ بالچھڑ ۔

سنبلہ (سُم۔بلہ) (ع) مذکر (۱) خوشہ۔ جو یا گیہوں کی بال (۲) آسمان کا چھٹا برج یعنی کنیا راس ۔

سنبوسہ (سَم۔بو۔سہ) (ف) مؤنث۔ دیکھیے "سموسا" ۔

سنبہ (سُم۔بہ) (ف) مذکر۔ برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار ۔

سنبھال (سَنبھال) (ہ) سنبھالنا کا امر ۔ سنبھالا (۱) سنبھالنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر۔ وہ افاقہ جو بیماروں کو موت کے قریب معلوم ہوتا ہے ۔ سنبھالا لینا۔ مرنے سے پہلے کسی قدر ہوش میں آنا ۔ سنبھالنا (۱) روکنا۔ تھامنا (۲) بگڑتے کام کو بنانا۔ مدد کرنا (۳) تیمارداری کرنا (۴) ہاتھوں پر لینا۔ گرنے نہ دینا ۔

سنبھالو (سَنبھا۔لو) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا درخت جس کے پتے آدمی کے پنجے سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

سنبھل (سَنبھل) (ہ) سنبھلنا کا امر ۔ سنبھل سنبھل کر (۱) دم لے کر۔ ٹھہر ٹھہر کر (۲) تکلف سے۔ بن بن کر ۔ سنبھلنا (۱) رکنا۔ تھمنا۔ ٹھہرنا۔ گرنے سے بچنا۔ قائم رہنا (۲) خبردار ہونا (۳) افاقہ ہونا۔ آرام ہونا ۔ سنبھلو (ہ) محاورہ۔ تیار ہو جاؤ۔ ہوش میں آؤ ۔

سنپولیا (ہ) دیکھیے "سپولیا" ۔

سنپیرا (ہ) دیکھیے "سپیرا" ۔

سنت (سَنت) (ہ) مذکر۔ سادھو۔ سادھو۔ دھرماتما۔ رشی۔ خدا پرست۔ درویش۔ جوگی ۔

سُنّت (سُن۔نَت) (ع) مؤنث (۱) دستور۔ طریق۔ رسم۔ عادت۔ روش۔ راہ (۲) وہ طریقہ، جس پر پیغمبر خدا ؐ اور خلفا و صحابہ رض نے عمل کیا ہو ⁂ سُنّتِ آبائی۔ مؤنث۔ باپ دادا کی رسم ⁂ سُنّتِ ابراہیمی۔ مؤنث۔ (۱) حضرت ابراہیم ؑ کا طریق عمل (۲) ختنہ ⁂ سُنّتِ نبوی ؐ۔ مؤنث۔ رسول اللہ صلعم کا طریق عمل ⁂ سُنّی۔ مذکر۔ اہل سنت والجماعت۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ، جو خلفاء اربعہ کو برحق مانتا اور علیٰ قدر مراتب چاروں کو بزرگ جانتا ہے۔ سُنّتِ رسول ؐ پر چلنے والا گروہ۔ آنحضرت ؐ کے طریق پر قائم رہنے والا فرقہ ⁂

سَنتا (سَن۔تا) (ہ) مذکر۔ وہ گیڑی، جو ہار جانے کے بعد جیتنے والے سے لے کر پھر کھیل شروع کیا جاتے ⁂

سنتاپ (سَن۔تاپ) (س) مذکر (۱) رنج و غم۔ مصیبت (۲) تکلیف۔ درد (۳) تیز حرارت (۴) سوجن (۵) آگ (۶) پچھتاوا۔ توبہ (۷) بیراگ۔ جوگ ⁂

سنتان (سَن۔تان) (س) مذکر و مؤنث۔ بال بچے۔ اولاد و نسل ⁂

سنترا (سَن۔ترا) (و) دیکھیے "سنگترہ" ⁂

سنتری (سَنت۔ری) (ہند) (انگ۔ سنٹری Sentry) مذکر۔ پہرا دینے والا۔ چوکیدار۔ پاسبان ⁂

سنتوکھ (سَن۔توکھ) (ہ) مذکر (۱) قناعت۔ صبر۔ استقلال (۲) تسلی۔ اطمینان ⁂ سنتوکھی (و) (۱) صابر۔ قانع (۲) مطمئن ⁂

سنٹر (سَن۔ٹر) (انگ۔ Centre) مذکر۔ مرکز ⁂ سنٹرل (Central) مرکزی۔ درمیانی ⁂ سنٹرل ٹریننگ سکول (Central Training School) مذکر۔ تربیت دینے کا مرکزی مدرسہ۔ وہ مدرسہ، جہاں استادی وغیرہ کی تعلیم دی جاتی ہے ⁂ سنٹرل جیل۔ (Central jail) مذکر۔ مرکزی جیل۔ درمیانی قید خانہ ⁂

سنجاب (سِن۔جاب) (ف) مذکر (۱) چوہے سے کچھ بڑا ایک جانور، جس کی کھال سے پوستین بنایا جاتا ہے (۲) اُس جانور کی کھال ⁂

سنجاف (سِن۔جاف) (و) دیکھیے "سجاف" ⁂

سنجوگ (سَن۔جوگ) (ہ) مذکر (۱) میل ملاپ۔ دوستی (۲) اتفاقی ملاقات (۳) موقع۔ اتفاق (۴) واقعہ۔ سانحہ۔ حادثہ (۵) قسمت۔ نصیب ⁂

سنجھ (سَنجھ) (ہ) مؤنث۔ سانجھ کا مخفف ⁂ سنجھا۔ مؤنث۔ شام ⁂ سنجھا بتی کرنا۔ شام کا چراغ جلانا۔ دیا روشن کرنا ⁂

سنجھلا (سَنجھ۔لا) (ہ) منجھلے سے چھوٹا۔ اوّل سے تیسرا ⁂

سنجیدگی (سَن۔جی۔دگی) (ف) مؤنث (۱) وزن (۲) متانت۔ وقعت ⁂ سنجیدہ (۱) بجا ہوا۔ موزون (۲) بھاری بھر کم (۳) متین۔ تجربہ کار۔ فہمیدہ ⁂

سنچائی (سِنچا۔ئی) (ہ) مؤنث (۱) سینچنا (۲) سینچنے کی اُجرت ⁂

سنچری (سَن۔چری) (انگ۔ Century) مؤنث۔ صدی۔ ایک سو سال ⁂

سند (سَنَد) (ع) مؤنث (۱) پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی چیز۔ تکیہ گاہ (۲) بھروسا کرنے کی چیز۔ وثیقہ (۳) مناسبت (۴) (و) سرٹیفکیٹ۔ پاس۔ کارنامہ۔ کارگزاری کا پروانہ (۵) تصدیق نامہ۔ دستاویز (۶) سرکاری رجسٹری (۷) معتبر ⁂ سند یافتہ (ع۔ف) وہ شخص، جس کے پاس کسی امر کا سرٹیفکیٹ ہو ⁂

سندان (سِن۔دان) (ف) مؤنث۔ اہرن۔ وہ آہنی مربع بٹا، جس پر ہتھوڑے سے لوہا کوٹا جاتا ہے ⁂

سندر (سُن۔دَر) (ہ) حسین۔ جمیل۔ شکیل۔ خوب صورت۔ موہن ⁂

سندرس (سُن۔دَرَس) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا زرد گوند ⁂

سندس (سُن۔دُس) (ع) مذکر۔ ایک قسم کی قیمتی دیبا ⁂

سندلا (سَنَد۔لا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی کنگل ⁂

سندور (ہ) دیکھیے "سیندور" ⁂

سندھ (سِندھ) (ہ) مذکر (۱) دریا۔ سمندر (۲) شمالی ہند کا ایک دریا، جس کے معاون جہلم، بیاس، راوی، چناب، بیاس اور ستلج ہیں (۳) پنجاب اور کراچی کا درمیانی علاقہ ⁂

سندھلی (سَندھ۔لی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی سیڑھی، جس کے چاروں طرف سے اوپر کو چڑھا جا سکتا ہے ⁂

سندھیا (سَن۔دھیا) (س) مؤنث (۱) دن اور رات کے ملنے کا وقت (۲) صبح، دوپہر اور شام کی پوجا ⁂

سندیسا (سَندے۔سا) (ہ) مذکر (۱) پیغام۔ خبر (۲) خوش خبری۔ نوید۔ مژدہ ⁂

سندیہ (سَن۔دیہ) (ہ) مذکر (۱) شک۔ شبہہ (۲) سوچ بچار۔ فکر۔ دغدغہ۔ غم۔ اندیشہ ⁂

سنڈا (سَن۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) زور آور۔ قوی ہیکل۔ جوان (۲) موٹا ⁂ سنڈ مسنڈ۔ ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ ⁂

سنڈاس (سَن۔ڈاس) (ہ) مذکر (۱) جائے ضرور، پاخانہ۔ طہارت خانہ۔ بیت الخلا (۲) (اصطلاحاً) اوپر کی چھت کا پاخانہ، جس کا بول و براز نیچے گرے اور مہتر باہر سے کمائے ⁂

سنڈے (سَن۔ڈے) (Sunday) مذکر۔ یک شنبہ۔ اتوار ⁂

سنڈیکیٹ (سِن۔ڈی۔کیٹ) (انگ۔ Syndicate) مؤنث۔ منتظمان تعلیم کی اعلیٰ جماعت ⁂

سنسار (سَن۔سار) (ہ) مذکر۔ جہان۔ دنیا۔ کائنات ⁂

سُنسان (سُن۔سان) (ہ) (۱) اجاڑ۔ ویران (۲) چپ چاپ۔ خاموش (۳) ڈراؤنا۔ خوفناک ⁂

سنسر (سَن۔سَر) (انگ۔ Censor) مذکر۔ محتسب۔ کسی بات سے روکنے والا ⁂

سنسکرت (سَنس۔کرت) (س) مؤنث (۱) صاف۔ افضل۔ عمدہ۔ مقدس

(۲) پوری اور مکمل زبان (۳) بناوٹی زبان۔ ساختہ زبان (۴) (اصطلاحاً) ہندوؤں کے شاستروں کی پاک اور شستہ زبان ۔

سنسانا (سَن۔سَنا۔نا) (ہ) (۱) سن سن کرنا۔ جھنجھلانا (۲) سکتے کا عالم ہونا (۳) لرزنا۔ تھرتھرانا۔ کانپنا ۔ **سنسناہٹ۔ یا۔ سنسنی** ۔ مؤنث۔ ضعف طاری ہونے کے وقت کی کیفیت۔ سکتے کی سی حالت۔ غشی ۔

سنسی (سَن۔سِی) (ہ) مؤنث۔ لوہاروں اور سناروں کا ایک اوزار جس سے گرم دھات کو پکڑ کر آگ سے نکالتے اور اس پر چوٹ لگاتے ہیں ۔

سَنک (سَنک) (ہ) مذکر۔ جنون۔ مالیخولیا۔ سودا۔ خبط ۔

سِنک (سِنک) (ہ) مذکر (۱) ناک کی غلاظت۔ رینٹ (۲) سِنکنا کا امر ۔ سِنکنا۔ ناک سے رینٹ (غلاظت) نکالنا۔ ناک صاف کرنا ۔

سنکار (سَن۔کار) (ہ) (۱) سنکارنا کا امر (۲) مذکر۔ سر یا ہاتھ یا آنکھ کا اشارہ (۳) بلانے کی آواز ۔ **سنکار دینا۔ سنکارنا** (۱) آنکھ سے اشارہ کرنا (۲) اُکسانا (۳) بلانا ۔

سنکرانت (سَنک۔رانت) (ہ) مؤنث (۱) ماہِ شمسی کی پہلی تاریخ۔ تحویلِ آفتاب کا دن (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار ۔

سنکلپ (سَنکلپ) (س) مذکر۔ نذر نیاز۔ دان۔ خیرات ۔ **سنکلپ کرنا** (ہ) (۱) دان دینا۔ خیرات کرنا (۲) کسی کے نام لکھ دینا۔ ہبہ کرنا ۔

سنکوچ (سَن۔کوچ) (س) مذکر (۱) حیا۔ شرم۔ حجاب (۲) وہم۔ اندیشہ۔ دھڑکا (۳) دریغ۔ افسوس ۔

سنکونا (سِن۔کو۔نا) (انگ ۔ Cinchona) مذکر و مؤنث۔ ایک درخت جس کی چھال کے سفوف یا ست سے کونین بنتی ہے ۔

سَنکھ (سَنکھ) (ہ) مذکر (۱) ناقوس۔ بڑی کوڑی، جو ہندو لوگ بجاتے ہیں۔ گھونگا (۲) سو پدم (۳) گہنا۔ زیور ۔

سنکھنی (سَنکھ۔نِی) (ہ) مؤنث۔ وہ عورت جس کے بال لمبے، قد دراز، جسم متوسط، مزاج چڑچڑا ہو اور نفسانی خواہش زیادہ رکھے ۔

سنکھیا (سَن۔کھیا) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا زہر۔ سم الفار، جو معدنی بھی ہوتا ہے اور نباتی بھی ۔

سنگ (سَنگ) (ف) مذکر (۱) پتھر۔ حجر (۲) بوجھ۔ وزن (۳) وقار۔ تمکین ۔ **سنگِ آستان** ۔ مذکر۔ دہلیز کا پتھر۔ **سنگِ در** ۔ **سنگ آمد و سخت آمد** ۔ مثل۔ مصیبت کا یہ کام مجبوراً کرنا ہی پڑا۔ مصیبت پر مصیبت ۔ **سنگِ آہن رُبا** ۔ مذکر۔ لوہا اٹھانے والا پتھر۔ چمک پتھر۔ مقناطیس ۔ **سنگِ اسود** ۔ (ف۔ع) مذکر۔ کعبے کی دیوار کا سیاہ پتھر، جسے مسلمان مقدس سمجھ کر چومتے ہیں ۔ **سنگِ پارس** (ف۔ہ) مذکر۔ دیکھیے پارس پتھر ۔ **سنگ پشت** (ف) مذکر۔ کچھوا ۔ **سنگ تراش** ۔ مذکر۔ پتھر کاٹنے اور پتھر کا کام بنانے والا ۔ **سنگِ جراحت** (ف۔ع) مذکر (۱) سفید پتھر، جو زخموں کے لیے بے حد مفید ہے ۔ **سنگ دل** ۔ پتھر کی چھاتی والا۔ کٹر۔ بے رحم۔ سخت دل ۔ **سنگِ راہ** ۔ مذکر۔ وہ پتھر، جو راستے پر پڑا ہو اور آنے جانے والوں کو تکلیف دے (۲) مانع۔ مزاحم۔ سدِ راہ ۔ **سنگ ریزہ** ۔ مذکر۔ کنکر۔ روڑی ۔ **سنگ سار۔ سنگسار** ۔ مذکر۔ پتھراؤ۔ ایک قسم کی شرعی سزا، جس میں مجرم کو کمر تک زمین میں گاڑ کر پتھر مارتے اور اسی طرح اس کا کام تمام کر دیتے ہیں ۔ **سنگسار کرنا** (ف) پتھر مار کر کام تمام کرنا ۔ **سنگ ساز** (ف) پتھر بنانے یا درست کرنے والا۔ مصلح سنگ ۔ **سنگ لاخ۔ سنگلاخ** ۔ مذکر (۱) پتھریلی اور پہاڑی جگہ (۲) (صفت) کٹھن۔ مشکل۔ سخت ۔ **سنگِ لوح** (ف۔ع) مذکر۔ وہ پتھر یا تختی جو قبر کے سرہانے مُردے کا حال یا تاریخ وفات وغیرہ لکھ کر لگائی جاتی ہے۔ تربت کا پتھر ۔ **سنگِ مرمر** (ف) مذکر۔ ایک قسم کا سفید پتھر ۔ **سنگِ موسیٰ** (ف۔ع) مذکر۔ ایک قسم کا سیاہ پتھر ۔ **سنگین** (ف) (۱) پتھر کا بنا ہوا (۲) گراں۔ وزنی۔ بھاری (۳) سخت ۔ **سنگین جرم** (ف۔ع) مذکر۔ وہ جرم یا گناہ، جو سخت سزا کے قابل ہو۔ بھاری قصور ۔ **سنگین دل** (ف) کٹھور۔ بے رحم۔ سخت دل ۔ **سنگین سزا** ۔ مؤنث۔ بھاری سزا۔ سزائے سخت ۔ **سنگینی** ۔ مؤنث۔ سختی ۔

سنگ (سَنگ) (ہ) (۱) ساتھ۔ ہمراہ (۲) اکٹھا ۔ **سنگت** ۔ مؤنث (۱) رفاقت۔ ہمراہی (۲) ساجھا۔ شرکت (۳) صحبت ۔ **سنگتی** ۔ مذکر۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق ۔ **سنگی** ۔ مذکر۔ دیکھیے "سنگتی" ۔ **سنگیت** (س) مذکر (۱) وہ گانا، جو بہت سے آدمی مل کر گائیں۔ انترا (۲) وہ تماشا، جس میں گانا، باجا اور ناچ ہو (۳) ساز اور ناچ کے ساتھ گانے کا فن ۔

سنگار۔ سنگھار ۔ (سِنگار، سِنگھار) (ہ) مذکر (۱) سجاوٹ۔ بناؤ۔ آراستگی۔ زیب و زینت (۲) لباس (۳) زیور ۔ **سنگار دان** (ف) مذکر۔ وہ ظرف، جس میں عورتیں سجاوٹ کا سامان یعنی کنگھی، سرمہ، مسی، آئینہ وغیرہ رکھتی ہیں ۔ **سنگار کرنا** ۔ آرائش کرنا۔ بننا سنورنا ۔ **سنگرنا** ۔ سجنا۔ آراستہ ہونا۔ بننا سنورنا ۔

سنگترا (سَنگ۔ترا) (پرتگالی) مذکر۔ سنترا۔ رنگترا۔ نارنج۔ نارنگی ۔

سَنگر (سَنگ۔گر) (ف) مذکر (۱) خندق۔ کھائی (۲) مورچہ۔ دمدمہ (۳) لڑائی کے موقع پر بنائی ہوئی دیوار (۴) باغ یا کھیت کے ارد گرد کی دیوار ۔

سنگر (سِنگ۔گر) (انگ ۔ Singer) گانے والا۔ گویا ۔

سِنگر (سِنگ۔گر) (انگ ۔ Singer) مذکر۔ امریکہ کا ایک باشندہ، جس نے سینے کی مشین ایجاد کی ۔ **سنگر سوئنگ مشین** (Singer Sewing Machine)

مؤنث - سنگر کی ایجاد کی ہوئی سینے کی مشین ؛

سنگرہنی (سَنگ - رَ - ہَنی) (ہ) مؤنث ۔ معدے کی ایک سخت بیماری، جس میں بار بار پاخانے کی حاجت ہوتی ہے ؛

سنگل (سِنگ - گل) (انگ ۔ Single) اکیلا - مجرد - اکہرا ؛

سنگم (سَنگ - گَم) (س) مذکر ۔ دو یا دو سے زیادہ مختلف دریاؤں یا دریاؤں کے ملنے کی جگہ ؛

سنگوا (سَنگ - وَا) (ہ) سنگوانا کا امر ؛ **سنگوا لینا** ؛ **سنگوانا** (۱) جمع کر لینا (۲) لوٹ کھسوٹ لینا (۳) مار ڈالنا (۴) ترتیب سے لگانا ؛

سِنگوٹی (سِنگو - ٹی) (ہ) مؤنث (۱) وہ غلاف یا پیتل وغیرہ کا خول، جو بیلوں کے سینگوں پر خوبصورتی کی غرض سے چڑھاتے ہیں (۲) گائے وغیرہ کا چھوٹا سا سینگ (۳) جانور کا محصول ؛

سنگوڑی (سِنگو - ڑی) (ہ) مؤنث ۔ سینگ پر چڑھانے کی شام ؛

سنگھ (سِنگھ) (ہ) مذکر (۱) شیر (۲) سکھوں، راجپوتوں اور چھتریوں کے نام کا عام جزو (۳) برج اسد (۴) نبض ۔ ناڑی ؛

سنگھاڑا (سِنگھا - ڑا) (ہ) مذکر ۔ ایک خاردار پھل، جو اکثر جوہڑوں میں ہوتا اور اس کا پھول "گلِ نیلوفر" کہلاتا ہے ۔ پھل کھانے اور پھول دوا میں کام آتا ہے ؛ **سنگھاڑا مچھلی** ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی مچھلی ؛

سنگھاسن (سِنگھا - سَن) (ہ) مذکر ۔ راج گدی ۔ تختِ شاہی ۔ سریر ؛

سُنگھانا (سُنگھا - نَا) (ہ) سونگھنا کا متعدی ۔ دوسرے شخص کی ناک میں کوئی خوش بو وغیرہ دینا ؛

سُنمکھ (سُن - مکھ) (ہ) (۱) سامنے ۔ مقابل ۔ روبرو (۲) **کھلم کھلا** (۳) گواہی ۔ شہادت ؛

سنن (سُنَن) (ع) مذکر ۔ سنّت کی جمع ۔ طریقے ؛

سنوار (سَنوار) (ہ) مؤنث (۱) اصلاح ۔ درستی ۔ سجاوٹ (۲) پھٹکار ۔ لعنت ۔ سزا، جیسے تجھے خدا کی سنوار ؛ **سنوارنا** (۱) اصلاح دینا ۔ درست کرنا (۲) آراستہ کرنا ۔ ترتیب سے لگانا ؛ **سنورنا** (۱) درست ہونا (۲) آراستہ ہونا ۔ سجنا ۔ ترتیب سے لگنا (۳) انجام کو پہنچنا ؛

سنہ (سَنہ) (ع) مذکر ۔ سال ۔ برس ۔ سمّت ؛ **سنہ جلوس** ۔ مذکر ۔ کسی بادشاہ کی تخت نشینی کا برس ؛ **سنہ رواں** (ع - ف) مذکر ۔ موجودہ سال ۔ امسال ؛ **سنہ عیسوی** (ع) مذکر ۔ وہ شمسی برس، جس کا حساب حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کے زمانے سے شروع ہوتا ہے ؛ **سنہ ہجری** ۔ مذکر ۔ سالِ محمدیؐ ۔ وہ قمری سال، جو رسول اللہ صلعم کے مکۂ معظمہ سے مدینۂ منورہ کو ہجرت کرنے کی تاریخ سے شروع ہوا ؛ **سنین** ۔ مذکر ۔ سنہ کی جمع ۔ سال ؛

سنہرا ۔ سنہری (سُنہ - رَا ، سُنہ - رِی) (ہ) (۱) سونے کے رنگ کا ۔ زرد ۔ پیلا (۲) سونے کا ۔ پُرزر ۔ زرّین ۔ طلائی ؛

سنّیاس (سَن - نیا - س) (س) مذکر ۔ فقیری ۔ دنیا چھوڑ دینا ؛ **سنّیاسی** ۔ مذکر ۔ آزاد فقیر ۔ جوگی ۔ تارک الدّنیا ۔ فقیر ؛

سنیچر (سَنی - چَر) (ہ) مذکر (۱) زحل ۔ ساتواں ستارہ (۲) ہفتہ ۔ شنبہ ۔ جمعہ کے بعد کا دن (۳) ادبار ۔ نحوست ۔ بدنصیبی ؛ **سنیچر آنا** ۔ زحل ستارے کے اثر میں آنا ۔ برا ستارہ اور بری گھڑی آنا ۔ ادبار آنا ۔ نحوست آنا ؛

س-و

سَو (سَو) (ہ) سیکڑا ۔ پانچ بیسی ۔ صد ۔ ۱۰۰ ۔ ما ؛ **سو بسوے** (۱) یقیناً (۲) بالکل درست ؛ **سو پر سو** ۔ سو فی صد ؛ **سو جتن کیے** ۔ ہرچند تدبیر، حیلہ سازی اور مکر و فریب کیے ۔ بہت کوشش کی ؛ **سو جان سے صدقے** (ہ) سو جان سے قربان ۔ سو دل و جان سے قربان اور صدقے ؛ **سو جان سے عاشق ہونا** ۔ ازبس والہ و شیدا ہونا ۔ محو ہونا ؛ **سو چھپائیں** ۔ کسی طرح پوشیدہ کریں ۔ ہرچند چھپائیں ؛ **سو دن چور کے تو ایک دن سادھ کا** (ہ) کہاوت ۔ سو دفعہ شریر کی چلے گی تو ایک دفعہ شریف کی بھی چل جائے گی ۔ چور کبھی نہ کبھی پکڑا ہی جاتا ہے ۔ ہمیشہ ایک ہی شخص کی نہیں چلتی ؛ **سو سر کا ہونا** ۔ ایک اکیلے دانا یا زبردست کا سو پر بھاری ہونا ؛ **سو سنار کی ایک لوہار کی** ۔ کہاوت ۔ کمزور کی سو چوٹیں زبردست کی ایک چوٹ کے برابر ہوتی ہیں ۔ زیردست کی کوشش زبردست کے آگے بے فائدہ ہے ؛ **سو سو کوس بھاگنا** ۔ پرے ہونا ۔ دور رہنا ۔ الگ رہنا ۔ پاس نہ پھٹکنا ۔ دور بھاگنا ۔ انتہائی وحشت اور رمیدگی اختیار کرنا ؛ **سو سیانے ایک مت** ۔ کہاوت ۔ جتنے دانا ہوں گے، سب کی ایک رائے ہوگی ؛ **سو غلاموں گھر سونا** (ہ) کہاوت ۔ اگر ایک بیٹا نہ ہو تو سو غلاموں کے ہوتے بھی گھر خالی لگتا ہے ۔ ایک فرزند بھی گھر کی آبادی کا باعث ہے ؛ **سو کی ایک بات کہنا** (ہ) مختصر ایک بات کہنا ؛ **سو گز پھاڑیں، ایک گز نہ واریں** ۔ کہاوت ۔ ظاہر میں تو بے حد محبت لیکن ضرورت یا موقع پر فوراً الگ ؛ **سو نکٹوں میں ایک ناک والا نکو** ۔ کہاوت ۔ سو عیب داروں میں ایک بے عیب سب سے زیادہ عیبی خیال کیا جاتا ہے ؛

سُو (سُو) (ف) طرف ۔ جانب ۔ سمت ؛

سو (سو) (ہ) سونا کا امر ؛ **سوتا** (۱) سونا سے ماضی تمنائی (۲) سوتا ہوا ۔ خفتہ ؛ **سوتی بھڑ جگانا** ۔ پرانے جھگڑوں کو از سر نو تازہ کرنا ۔ نئے سرے سے فساد اٹھانا ؛ **سوتے جاگتے منہ دیکھنا** ۔ ہر وقت توقع رکھنا ۔ امید رکھنا ۔ بھروسا کرنا ؛ **سوتے کا سوتا رہنا** (۱) بے خبر سوتا ہوا رہ جانا ؛ **سونا** (۱) نیند لینا ۔ آنکھ لگنا ۔ آرام کرنا (۲) ہم بستر ہونا (۳) مرنا ؛ **سویا** ۔ سونا سے ماضی مطلق ؛ **سویا اور چوکا** ۔ کہاوت ۔ غافل ہوا اور خطا کھائی ؛ **سویا سو کھویا، جاگا سو پایا** ۔ مثل ۔ جاگنے والے ہوشیار شخص کو سب کچھ مل جاتا ہے، لیکن سونے والا اور غافل فائدہ نہیں اٹھاتا ؛

سُو (سُو) (ہ) (۱) وہ ۔ جو ۔ تو (۲) (پوربی) اس واسطے، اس لیے،

پس (۴) کیونکہ ؛
سُوآ۔سوآ (سُوْ۔آ، سُوْا) (ہ) مذکر۔ بہت بڑی سوئی ؛
سُوَآ (سُوَ۔آ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا خوش بودار ساگ ؛
سَوَا (سَوَا) (ہ) ایک چوتھائی زیادہ۔ ایک اور آس کا چوتھا حصّہ۔ ۱¼ ؛
سَوَا نیزے پر سورج آنا (ق) (۱) بے حد گرمی پڑنا۔ آگ برسنا (۲) قیامت آجانا ؛ سَوَائی۔ مؤنث۔ فالتو آمدنی۔ لگان کے علاوہ دوسری چیزوں کی آمدنی ؛ سَوَایا (۱) ایک چوتھائی زیادہ (۲) بڑھا ہُوا۔ زیادہ۔ بیش ؛ سَوَیّا (۱) سوا کا پہاڑا (۲) سوا سیر کا باٹ ؛
سِوا (سِوَا) (ع) (حرف استثناء) بغیر۔ بجز۔ ماسوا ؛
سواحل (سَوَا۔حِلْ) (ع) مذکر۔ ساحل کی جمع۔ کنارے ؛
سواد۔سوآد (سَوَاد۔سُوْ۔آد) (ہ) مذکر (۱) چاٹ۔ مزہ۔ ذائقہ (۲) خوشی۔ فرحت (۳) اخلاص۔ محبت ؛
سواد (سَوَاد) (ع) مذکر (۱) سیاہی۔ کالک (۲) اردگرد۔ نواح۔ حوالیِ شہر (۳) ذہن۔ ملکہ ؛
سوار (سَوَار) (ف) مذکر۔ گھوڑے وغیرہ پر چڑھا ہُوا۔ راکب ؛
سواری۔ مؤنث (۱) گھوڑے وغیرہ پر چڑھنے کا کام (۲) سوار ہونے کی چیز گھوڑا، گاڑی وغیرہ (۳) جلو۔ جلوس (۴) کشتی کا ایک داؤں (۵) وہ شخص جو سوار ہو ؛ سواری آنا۔ تشریف لانا ؛
سواراج (سَوَا۔رَاج) (ہ) دیکھیے "سوراج" ؛
سوال (سُوَال) (ع) مذکر (۱) التماس۔ مانگ۔ درخواست (۲) استفسار۔ دریافت (۳) عقیدہ (۴) مسئلہ (۵) (ق) بھیک کی درخواست ؛
سوال از آسمان جواب از ریسمان (ف) مثل۔ سوال کچھ، جواب کچھ ؛ سوالِ جرح (ع) مذکر۔ گرفت کا سوال۔ بات کاٹنا۔ بات میں سے بات نکال کر اعتراض کرنا۔ سوالِ تردید ؛ سوال حل کرنا (ق) مسئلہ حل کرنا۔ کسی عقدے کا کھولنا۔ مشکل حل کرنا ؛ سوال خوانی (ع۔ف) مؤنث۔ دعوے یا عرضی کا سُنانا ؛ سوالِ دقیق (ع) مذکر۔ باریک سوال جس پر بحث ہو سکے ؛ سوالِ متمّم۔ مذکر۔ وہ درخواست جو اسٹامپ کی کمی پوری کرنے کے لیے دی جاتے ؛ سوالِ مرمّت۔ مذکر۔ عرضی کی ترمیم اور درستی کے لیے سوال ؛ سوال موصل الی المطلوب۔ مذکر۔ پوچھنے والے کے مطلب تک پہنچانے والا سوال ؛ سوالی (ع۔ف) (۱) مانگنے والا (۲) مرثیے پڑھنے والا ؛
سوامی (سُوَا۔مِیْ) (ہ) مذکر (۱) خداوند۔ مالک۔ آقا (۲) بادشاہ۔ حاکم (۳) خاوند۔ میاں۔ شوہر۔ پتی۔ خصم (۴) پیر۔ گرو۔ جوگی ؛
سوانا۔سوانہ (سِوَا۔نَا، سِوَا۔نَہْ) (ہ) مذکر (۱) مینڈ۔ کنارہ (۲) حد کی بُرجی یا نشان ؛
سوانح (سَوَا۔نِحْ) (ع) مذکر۔ سانحہ کی جمع (۱) حادثات۔ واقعات (۲) حالات۔ رُوداد ؛ سوانحِ عمری (ع۔ف) مؤنث۔ کسی شخص کی زندگی کا حال۔ سرگزشت۔ تذکرہ۔ لائف ؛ سوانح نگار۔ نامہ نگار۔ وقائع نگار۔ اخبار نویس ؛
سوانگ (سَوَانْگ) (ہ) مذکر (۱) نقل۔ کھیل (۲) تماشا۔ شعبدہ ؛
سوانگ لانا (۱) نقل کرنا۔ روپ بھرنا (۲) رنگ لانا ؛ سوانگیا۔ مذکر (۱) رُوپ بھرنے اور دکھانے والا۔ بہروپیا (۲) عیار۔ دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ شعبدہ باز ؛
سِوائی (سِوَا۔ای) (ہ) مؤنث۔ وہ زمین جس میں چاول کے سوا ہر چیز پیدا ہو ؛
سوبھا (سُوْ۔بھَا) (ہ) مؤنث (۱) خوبصورتی۔ آرائش۔ زینت (۲) شان و شوکت (۳) آبرو۔ عزت ؛
سُوپ (سُوْپ) (انگ۔ Soup) مذکر۔ شوربا۔ یخنی ؛
سُوپ (سُوْپ) (ہ) مذکر۔ چھاج۔ غلّہ افشاں ؛
سُوپ (سُوْپ) (انگ۔ Soap) مذکر۔ صابن۔ صابن ؛
سَوت۔سَوتن (سَوْت، سَوْ۔تَنْ) (ہ) مؤنث۔ وہ بیوی، جو پہلی بیوی پر لائی جائے۔ سَوکن ؛ سَوت بھلی، سَوتیلا بُرا۔ کہاوت۔ سَوکن سے اس کی اولاد زیادہ خطرناک ہوتی ہے ؛ سَوت پر سَوت اَور جلاپا۔ کہاوت۔ ایک دشمن کے ہوتے ہوئے دوسرا دشمن اَور آجانا اَور بھی دُکھ ہے ؛ سَوت چُون کی بھی بُری ہوتی ہے۔ مثل۔ دشمن ادنیٰ بھی بُرا معلوم ہوتا ہے۔ شریک گو شریر نہ بھی ہو، پھر بھی اچھا نہیں ؛ سَوت کا لانا جیتے جی کا جلانا۔ کہاوت۔ دوسری بیوی کا لانا پہلی بیوی کو زندہ درگور کرنا ہے ؛ سَوتاپا۔ مذکر۔ دو سوکنوں میں قدرتاً دشمنی ؛ سَوتیلا۔ مذکر۔ سَوت یا سوکن کا بیٹا ؛
سُوت (سُوْت) (ہ) مذکر (۱) دھاگا۔ تاگا (۲) تسو کا سولھواں حصّہ (۳) سیدھ دیکھنے کا ڈورا (۴) ریشہ ؛ سُوت باندھنا۔ شست باندھنا۔ نشانہ باندھنا۔ سیدھ باندھنا ؛ سُوت کی انٹی اور یوسف ؑ کی خریداری (ق) مثل۔ تھوڑی سی حیثیت پر اتنا بڑا حوصلہ ؛ سُوت نہ کپاس کولی (جلاہے) سے لٹھم لٹھا (ہ) کہاوت۔ خواہ مخواہ کا جھگڑا۔ بے اصل تکرار ؛ سُوتی کہ سُوت کا بنا ہُوا ؛
سُوت (سُوْت) (ہ) سُوتنا کا امر ؛ سُوتنا۔ سُوتنا (۱) صاف کرنا۔ نچوڑنا (۲) کھینچ لینا۔ جذب کرنا۔ چوسنا ؛ سُوتواں۔ دیکھیے "ستواں" ؛
سوتا (سُوْ۔تَا) (ہ) مذکر۔ چشمہ۔ سوت۔ خلیج۔ کھاڑی ؛
سُوتک (سُوْ۔تَکْ) (س) مذکر۔ بچے کے وقت پیدائش کی ناپاکی ؛
سوٹ (سُوْٹ) (انگ۔ Suit) مذکر۔ کپڑوں کا جوڑا ؛
سوج (سُوْج) (ہ) سُوجنا کا امر ؛ سُوجن۔ مؤنث۔ پھولن۔ ورم۔ آماس ؛ سُوجنا (۱) سُوجن چڑھنا۔ ورم ہونا (۲) بدمزاجی یا غصّے سے مُنہ پھلائے رکھنا ؛
سُوجھ (سُوْجھ) (ہ) مؤنث (۱) بصارت۔ بینائی۔ نظر (۲) سمجھ بوجھ۔ عقل

(۳) سوجھنا کا امر ٭ سوجھتا کرنا ۔ بند وبست کرنا ۔ تدبیر کرنا ۔ فکر کرنا ٭ سُوجھنا (۱) نظر آنا ۔ نظر پڑنا ۔ آنکھ سے معلوم ہونا (۲) ذہن میں آنا ۔ خیال میں آنا ٭

سُوجی (سُو ۔ جی) (ہ) مؤنث ۔ گیہوں کا مغز ۔ روا ۔ ایک قسم کا موٹا آٹا ٭

سوچ (سُوچ) (ہ) مذکر (۱) اندیشہ ۔ فکر ۔ خیال (۲) رنج ۔ غم والم (۳) توجہ ۔ دھیان ۔ غور (۴) سوچنا کا امر ٭ سوچ بچار ۔ مذکر ۔ سوچ سمجھ ۔ فکر و تامل ۔ غور و فکر ٭ سوچنا (۱) غور کرنا ۔ فکر کرنا (۲) دھیان لگانا ۔ مراقبہ کرنا (۳) بوجھنا ۔ سمجھنا ۔ عاقبت اندیشی کرنا ٭

سوِچ (سوِچ) (انگ ۔ Switch) مذکر ۔ کَلی ۔ ریل اور بجلی کے گھمانے کی کَلی ٭ سوِچ بورڈ (انگ ۔ Switch Board) مذکر (۱) وہ تختہ، جس پر مختلف بجلی کے میل اور جوڑ کیے جائیں ۔ وہ انتظام، جو بجلی کے مختلف حلقوں کو باہم ملاتے ٭

سُوچنا (سُوچ ۔ نا) (ہ) طہارت کرنا ۔ پانی لینا ۔ آب دست کرنا ٭

سوخت (سُوخت) (ف) مؤنث ۔ جلن ۔ سوزش ۔ سوختگی ٭ سوختگی ۔ مؤنث (۱) سوزش ۔ جلن ۔ تکلیف (۲) غم ۔ صدمہ ۔ رنج ٭ سوختنی ۔ جلانے کے لائق ۔ جلنے کے قابل ٭

سوختی (سُوخ ۔ تی) (ف) مؤنث ۔ غم ۔ تکلیف ۔ رنج ۔ کلفت ٭

سُود (سُود) (ف) مذکر (۱) منافع ۔ فائدہ ۔ نفع (۲) اچھائی ۔ بہتری (۳) نقد روپے کا نفع ۔ بیاج ٭ سود بٹا (ہ) مذکر ۔ نفع نقصان ٭ سُود خوار یا سُود خور (ف) مذکر ۔ بیاج کھانے والا ۔ رباخوار ٭ سُود در سُود ۔ مذکر ۔ ڈبل سُود ۔ مرکب سُود ۔ بیاج پر بیاج ٭ سُود مند ۔ فائدہ مند ۔ مفید ٭ سُودی ۔ وہ روپیہ، جو سُود پر لیا جائے ۔ بیاجو ٭

سودا (سَو ۔ دا) (ع) مذکر (۱) کالا ۔ سیاہ ۔ سوختہ ۔ بلغم (۲) دیوانگی ۔ جنون ۔ خبط (۳) دُھن ۔ خیال ۔ محبت ۔ عشق (۴) مرزا محمد رفیع مرحوم کا تخلص، جو قصیدہ نگاری اور ہجو گوئی میں مشہور زمانہ تھے ٭ سودا اُچھلنا ۔ پاگل پن کا زور ہونا ۔ خفقان ہونا ۔ جنون ہونا ٭ سوداوی (۱) سودا سے متعلق (۲) غمگین ۔ فکر مند ۔ مغموم ٭ سوداوی مزاج ۔ جنونی آدمی ۔ خفقانی آدمی ٭ سودائی (ع) مذکر ۔ پاگل ۔ دیوانہ ۔ احمق ۔ خبطی ٭

سودا (سَو ۔ دا) (ت) خرید و فروخت ٭ سودا پٹنا (۱) بھاؤ مقرر ہونا ۔ قیمت طے ہونا ٭ سودا دست بدست ہونا ۔ کسی چیز کا قیمت پر فوراً فروخت ہو جانا ٭ سَودا سُلَف ۔ مذکر ۔ بازاری چیز، جو خریدی جائے ۔ کھانے پینے کی چیز ۔ چیز بست ٭ سوداگر (ف) مذکر ۔ بیوپاری ۔ تاجر ۔ مہاجن ٭ سوداگر بچہ ۔ بیوپاری کا بیٹا ٭ سوداگر بچی (ف) مؤنث ۔ تاجر کی بیٹی ٭ سوداگری ۔ مؤنث (۱) بیوپار ۔ تجارت (۲) تجارتی ٭ سوداگری کرنا (ف) بیوپار کرنا ۔ تجارت کرنا ۔ لین دین کرنا، کاروبار کرنا ٭ سودا مول لینا (۱) کوئی چیز خریدنا (۲) جھگڑا مول لینا ٭ سودا نہ ہونا ۔ معاملہ نہ بننا ۔ قیمت طے نہ ہونا ٭

سودھ (سُو دھ) (ہ) سُودھنا کا امر ٭ سُودھا ۔ سادہ دل ۔ سچا ۔ صاف ۔ سیدھا ٭ سُودھن ۔ مذکر (۱) شائستگی ۔ تہذیب (۲) پاکیزگی ۔ لطافت (۳) درستی ۔ اصلاح ٭ سُودھنا (۱) پاک کرنا ۔ صاف کرنا (۲) فرض ادا کرنا (۳) درست کرنا ۔ اصلاح دینا (۴) تلاش کرنا (۵) پھیلانا ٭

سودیشی (سُو ۔ دیس ۔ شی) (ہ) اپنے دیس کا ٭

سوڈا (سُو ۔ ڈا) (انگ ۔ Soda) مذکر ۔ ایک قسم کی سجی کا کھار ۔ دھات کا کھار ٭ سوڈا بائیکارب (Soda-bi-carb) مذکر ۔ ایک مرکب دوا، جو ہاضمے کے لیے نہایت مفید ہے ٭ سوڈا واٹر (Soda water) مذکر ۔ سوڈے کی لاگ سے بنایا ہوا کل کا پانی ۔ ولایتی پانی ٭ سوڈیم (Sodium) (۱) سوڈے کا بنا ہوا ۔ سجی کا (۲) مذکر ۔ ایک غیر دھاتی عنصر ٭

سوڈھی (سُو ۔ ڈھی) (ہ) مذکر ۔ کھتریوں کی ایک قوم، جو اپنے آپ کو باباگرونانک کی اولاد کہتی ہے ٭

سُور (سُور) (ہ) مذکر ۔ پہلوان آدمی ۔ بہادر آدمی ۔ سورما ۔ غازی مرد ٭ سُوربیر ۔ سورما ۔ بڑا بہادر ٭ سُورما ۔ شجاع ۔ بہادر ٭ سُورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا ۔ مثل ۔ اکیلا بہادر بہت سے آدمیوں کو شکست نہیں دے سکتا ٭

سُور (سُور) (س) مذکر (۱) آفتاب ۔ سورج ۔ خورشید (۲) پنڈت ۔ عالم ۔ فاضل ٭ سُورداس ۔ مذکر (۱) ایک اندھا ہندو شاعر اور گوتیا (۲) اندھا ۔ نابینا ۔ حافظ ٭

سُور (سُور) (ف) مذکر (۱) خوشی ۔ جشن (۲) شادی ۔ بیاہ (۳) سرخ رنگ (۴) گھوڑے، خچر یا اونٹ کا سیاہی مائل خاکی رنگ ٭

سُؤر (سُؤر) (ہ) مذکر (۱) خنزیر ۔ خوک ۔ بد جانور (۲) شریر ۔ حرام زادہ ۔ ایک بڑی گالی ٭ سُؤرنی ۔ مؤنث (۱) مادہ خوک (۲) بہت سے بچے دینے والی عورت ٭

سوراج (سُو ۔ راج) (س) مذکر ۔ اپنا راج ۔ حکومت خود اختیاری ۔ ہوم رول ٭

سوراخ (سُو ۔ راخ) (ف) مذکر (۱) رخنہ ۔ چھید ۔ روزن (۲) دہان ۔ منہ ۔ موری ٭ سوراخ کرنا (۱) چھیدنا ۔ بیندھنا ٭

سورت (سُو ۔ رَت) (ہ) مذکر ۔ ہندوستان کا ایک بڑا شہر، جو احاطہ بمبئی میں واقع ہے ٭

سورت (سُو ۔ رَت) (ع) مؤنث ۔ دیکھیے "سُورہ" ٭

سورج (سُو ۔ رَج) (ہ) مذکر (۱) آفتاب ۔ خورشید ۔ شمس (۲) آفتاب کی روشنی ۔ دھوپ ٭ سورج بنسی ۔ مذکر ۔ راجپوتوں کا فرقہ، جو اپنے آپ کو "سورج" (ایک مورث اعلیٰ) کی اولاد ظاہر کرتا ہے ۔ راجا رام چندر اسی خاندان میں سے تھے ٭ سورج ڈوبتے (ڈوبے) ۔ سورج چھپنے کے وقت ٭ سورج ڈوبنا ۔ سورج کا چھپنا ۔ آفتاب کا غروب ہونا ٭ سورج سنسار ۔ مذکر ۔ نظام شمسی ٭ سورج سنکرات ۔ مؤنث ۔

سورج کا ایک بُرج سے دوسرے بُرج میں جانا۔ تحویلِ آفتاب ۰
سورج کو چراغ دکھانا (ه) تجربہ کار کو عقل دینا۔ داناکو دانائی کی بات بتانا۔ بے فائدہ کام کرنا ۰ **سورج گرہن**۔ یا۔ **سورج گہن** (ه) مذکر۔ سورج کا ایک حصّہ سیاہ ہو کر روشنی مدھم پڑ جانا۔ گرفتگیٔ آفتاب۔ کسوف ۰ **سورج مکھی**۔ مؤنث۔ ایک قسم کا زرد پھول، جو آفتاب کے ساتھ رُخ بدلتا ہے ۰ **سورج منڈل**۔ مذکر۔ سورج کی ٹکیا ۰ **سورج نکلنا**۔ آفتاب کا طلوع ہونا ۰

سورگ (سُوَ رَگ) (س) مذکر۔ دیکھئے "سُرگ" ۰

سورنجان (سُو۔ رِن۔ جَان) (ہسپانوی) مؤنث۔ ایک دوا، جسے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں ۰

سورہ (سُو۔ رَہ) (ع) مذکر۔ قرآن شریف کا کوئی باب۔ کلامِ مجید کا کوئی جزو ۰ **سورۂ اخلاص**۔ مذکر۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ الخ۔ اخیر کی سورتوں میں سے ایک سو بارھویں سورت ۰ **سورۂ یٰسین**۔ مذکر۔ قرآن عزیز کی ایک مشہور سورت جس کے آغاز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ثنا اور تعریف ہے۔ اکثر حلِ مشکلات خصوصاً سختیٔ موت کے دفع ہونے کے لیے نزع میں سنائی جاتی ہے ۰

سوز (سُوز) (ف) مذکر (۱) جلن۔ سوزش۔ درد۔ دُکھ (۲) مرثیہ پڑھنے کی ایک طرز (۳) اردو کے مشہور شاعر منشی محمد میر مرحوم کا تخلص ۰ **سوزش**۔ مؤنث۔ جلن۔ سوختگی ۰

سوزاک (سُو۔ زَاک) (ف) مذکر۔ ایک بیماری، جس میں پیشاب جلن سے آتا اور پیپ بھی آتی رہتی ہے ۰

سوزن (سُو۔ زَن) (ف) مؤنث۔ کپڑا سینے کا آلہ۔ سُوئی ۰ **سوزنی**۔ مؤنث (۱) ایک قسم کا مردانہ لباس، جس پر سُوئی کا باریک کام کیا ہوا ہو (۲) ایک قسم کا دُہرا یا رُوئی سے بھرا ہوا کپڑا ۰

سوس (سُوس) (ع) مذکر و مؤنث (۱) ملیٹھی (۲) ایک قسم کا مگرمچھ۔ خوکِ آبی ۰

سوسائٹی (سُو۔ سَا۔ ئِٹی) (انگ۔ Society) مؤنث۔ مجلس۔ انجمن۔ سبھا۔ سماج۔ منڈلی ۰

سوسمار (سُو۔ سْ۔ مَار) (ف) مذکر۔ گوہ۔ ایک صحرائی جانور ۰

سوسن (سُو۔ سَن) (ف) مؤنث۔ آسمانی رنگ کا ایک پھول، جسے اکثر زبان سے تشبیہ دی جاتی ہے ۰ **سوسنی**۔ آسمانی۔ نیل گوں ۰

سوسی (سُو۔ سِی) (ه) مؤنث۔ ایک قسم کا رنگین کپڑا ۰

سوشل (سُو۔ شَل) (انگ۔ Social) سوسائٹی کا۔ تمدنی۔ عمرانی۔ معاشرتی ۰ **سوشلزم** (Socialism) مؤنث۔ اجتماعیت۔ اشتراکیت۔ وہ اصول اور تحریک، جس کا مقصد عوام کے فائدے کے لیے ان کی اجتماعی ترتیب ہے۔ اس میں ملکیت، پیداوار اور خرید و فروخت وغیرہ کا انتظام مشترکہ ہے ۰ **سوشلسٹ** (Socialist) مذکر۔ اشتراکیت کے اصول پر عمل کرنے والا۔ اشتراکی ۰

سوغات (سَو۔ غَات) (ت) (۱) ہدیہ۔ تحفہ (۲) عجیب چیز۔ عمدہ چیز ۰

سوفار (سُو۔ فَار) (ف) مذکر (۱) سُوئی کا ناکا (۲) تیر کی چٹکی۔ تیر کا سر ۰

سوفتہ (سُو۔ فَتہ) (سبیتا کا مخرب) مذکر (۱) فرصت۔ مہلت (۲) مخلصی۔ چھٹکارا۔ نجات (۳) افاقہ۔ بیماری میں کمی ۰

سوفسطائی (سُو۔ فِس۔ طَا۔ ئِی) (ف) مذکر۔ حکیموں کی وہ جماعت جس کی بنیاد وہم پر ہے اور جو حقائق سے بالکل منکر ہے ۰

سوفہ (سُو۔ فَہ) (انگ۔ Sofa) مذکر۔ نشست دار کرسی۔ کاؤچ ۰

سوقیانہ (سُو۔ قِیَا۔ نَہ) (ع۔ ف) بازاری۔ عوام کا ۰

سوک (سُوک) (ه) مذکر۔ زہرہ ستارہ۔ توئی فلک۔ یوم آدینہ یا جمعہ کا ستارہ ۰

سوکا (سُو۔ کَا) (ه) مذکر (۱) قحط سالی۔ امساکِ باراں (۲) وہ فصل، جو اولوں سے مرجاتے ۰

سوکن (سَو۔ کَن) (ه) مؤنث۔ خاوند کی دوسری بیوی۔ سَوت ۰

سوکھ (سُوکھ) (ه) سُوکھنا کا امر ۰ **سُوکھ کر کانٹا ہونا**۔ دُبلا ہونا۔ نہایت لاغر ہونا ۰ **سُوکھا**۔ مذکر (۱) خشک۔ یابس (۲) لاغر۔ پتلا دُبلا (۳) کال۔ قحط سالی (۴) بھنگ (۵) خشک تمباکو ۰ **سُوکھا پڑنا**۔ کال پڑنا۔ قحط پڑنا ۰ **سُوکھا ٹالنا**۔ یا۔ **ٹرخانا** (ه) باتوں میں ٹال دینا۔ صاف انکار کرنا۔ خشک جواب دے دینا ۰ **سُوکھا جواب دینا**۔ مطلق جواب دے دینا۔ صاف انکار کر دینا ۰ **سُوکھا لگنا** (ه) دُبلا ہوتا جانا۔ لاغر ہو جانا۔ غم یا مرض کی وجہ سے جسم کا سُوکھتا جانا ۰ **سُوکھنا** (فعل لازم) (۱) خشک ہونا (۲) دُبلا ہونا (۳) سُکڑنا (۴) (فعل متعدی) جذب کرنا۔ چوسنا (۵) بہت پینا۔ چڑھا جانا۔ سُڑکنا ۰ **سُوکھی** (۱) رُوکھی۔ خشک چیز (۲) ناتواں۔ لاغر۔ دُبلی پتلی ۰ **سُوکھی الف** (ه) مؤنث (طنزاً) دُبلی پتلی الف کی مانند عورت ۰ **سُوکھی چِنائی کرنا**۔ پانی پیے بغیر کھائے چلے جانا ۰ **سُوکھی سُنانا** (ه، ۱) انکار کرنا ۰ **سُوکھے**۔ سُوکھا کی جمع ۰ **سُوکھے ٹکڑوں پر کوّوں کی مہمانی** (۱) کہاوت۔ مفلسی میں شیخی۔ ناداری میں عیش کی باتیں ۰ **سُوکھے ٹکڑوں پر کوّے اُڑانا** (ه) کہاوت۔ تھوڑی سی اُجرت پر بے عزتی کا کام کرنا ۰ **سُوکھے دھانوں پانی پڑنا** (۱) ٹھیک وقت پر بارش ہونا (۲) از سرِ نو زندگی پانا۔ تر و تازہ ہونا ۰ **سُوکھے ساون نہ رُوکھے بھادوں**۔ کہاوت (۱) سدا بے فیضی یعنی نہ اُن سے ساون میں فائدہ، نہ بھادوں میں (۲) پورے مستقل مزاج اور باوضع، جن کے افلاس اور دولت مندی کا پتا ہی نہ چل سکے ۰ **سُوکھے گھاٹ اُتارنا**۔ سُوکھا ٹال دینا۔ مایوس رکھنا ۰

سوگ (سُوگ) (ف۔ ه) مذکر۔ ماتم۔ غم۔ رنج ۰ **سوگ اتارنا** (ه) سوگ اٹھانا۔ ماتم دُور کرنا ۰ **سوگ وار** (ف) ماتمی۔ مغموم۔ غمگین ۰ **سوگی**۔ ماتمی۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ مصیبت زدہ ۰

سوگند (سَو۔ گَند) (ف) مؤنث۔ قسم (کھانا کے ساتھ) ۰ **سَوگند کھا کے** (۱) قسم کھا کر ۰

سُول (سُوْل) (ہ) مذکر (۱) خار۔ کانٹا (۲) برچھی کی نوک (۳) پیٹ کا درد۔ درد شکم (۴) ہُول۔ چبھن ۔

سِوِل (سِوِل) (انگ۔ Civil) (۱) انتظامی۔ ملکی (۲) مہذب۔ خلیق ۔ سِوِل جج (Civil judg) مذکر۔ دیوانی مقدموں کا فیصلہ کرنے والا حاکم۔ وہ عہدہ دار، جو فوج داری اور انتظامی مقدمات کے سوا لین دین اور معاملات باہمی کے فیصلے پر مقرر ہو ۔ سِوِل سرجن (Civil Surgeon) مذکر۔ ملکی ڈاکٹر۔ اعلیٰ درجے کا سرکاری ڈاکٹر، جو عموماً ہر ضلع میں عام ہسپتالوں کا نگران ہوتا ہے ۔ سِوِل سروس (Civil Service) مؤنث۔ ملازمت کا وہ بڑا درجہ، جس میں بڑے بڑے عہدہ دار شامل ہوتے ہیں، مثلاً ڈپٹی کمشنر، سول سرجن وغیرہ ۔ سِوِل سرونٹس (Civil servants) مذکر۔ اعلیٰ درجے کے ملکی ملازم، جو بڑے بڑے عہدوں کے مستحق خیال کیے جاتے ہیں۔ متعہد۔ حکام ۔ سِوِل کوڈ (Civil code) مذکر۔ دیوانی قوانین کا دستور العمل ۔ سِوِل کورٹ (Civil Court) مؤنث۔ عدالتِ دیوانی۔ وہ عدالت، جس میں لین دین کے مقدمات ہوتے ہیں ۔ سِوِل لا (Civil Law) مذکر۔ دیوانی قانون ۔ سِوِل لِسٹ (Civil list) مؤنث۔ ملازمانِ ملکی کی فہرست، جس میں مدّتِ ملازمت، مقدارِ تنخواہ وغیرہ درج ہوتی ہے ۔ سِوِلین (Civilian) سِوِل کے محکمے کا ملازم۔ فوجی کے برعکس ۔

سُوَل (سُوَل) (انگ۔ Sole) (۱) اکیلا۔ مجرّد۔ تنہا (۲) جُوتے کا تلا (۳) تلوا۔ کفِ پا (۴) ایک قسم کی سمندری مچھلی ۔

سولہ (سُو۔لہ) (ہ) چھ اوپر دس۔ شانزدہ۔ ۱۶ ۔ سولہ سنگار۔ مذکر۔ ہر قسم کی زینت و آرائش، جو خصوصاً عورتوں کے لیے مخصوص ہے ۔ سولہ سنگار بارہ ابرن۔ مثل۔ پوری طرح بناؤ سنگار کیے ہوئے ۔ سُولھی۔ مؤنث۔ ایک کھیل، جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

سُولی (سُو۔لی) (ہ) مؤنث۔ پھانسی۔ دار ۔ سولی پر بھی نیند آجاتی ہے۔ کہاوت۔ نیند ایسا قدرتی خاصا ہے کہ سخت مصیبت میں بھی آئے بغیر نہیں رہتی ۔ سولی پر جان ہونا (۱) کڑی مصیبت میں گرفتار ہونا۔ عذاب میں جان ہونا ۔ سُولی چڑھانا (۱) پھانسی پر چڑھانا۔ دار پر کھینچنا (۲) تنگ کرنا۔ نہایت تکلیف دینا ۔ سُولی پر کٹنا۔ مصیبت سے بسر ہونا ۔

سُوم (سُوْم) (ہ) شُوم۔ بخیل۔ کنجوس۔ ممسک ۔ سُوم کے گھر میں کتا پڑا جائے نہ جانے دے۔ کہاوت۔ کنجوس کے نوکر بھی نہ آپ فائدہ اٹھائیں، نہ دوسرے کو اٹھانے دیں ۔

سُوم (سُوْم) (س) مذکر (۱) چاند۔ ماہ۔ مہتاب۔ قمر۔ چندرماں (۲) ملک الموت (۳) ایک بُوٹی ۔ سُوم وار۔ مذکر۔ چاند کا دن۔ پیر کا روز۔ دوشنبہ ۔

سِوُم (سِوُم) (ف) (۱) تیسرا۔ ثالث (۲) تیسرے دن کی فاتحہ۔ تیجا ۔

سومنات (سُوم۔نات) (ہ) مذکر۔ گجرات، کاٹھیاواڑ، کا ایک مشہور بُت خانہ اور شہر ۔

سَوں (سَوْں) (ہ) مؤنث۔ قسم۔ سوگند۔ پیمان۔ عہد۔ حلف ۔

سُوں (سُوْں) (ہ) مؤنث (۱) خاموشی۔ چُپ (۲) سانس۔ نفس۔ دم ۔ سُوں سُوں کرنا۔ ہانپنے کی آواز نکالنا۔ ناک سے سانس لینا ۔ سُوں کھینچنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ چپ رہنا۔ دم کو روکے رکھنا ۔

سُوَن (سُوَن) (ہ) مذکر۔ شگون۔ اچھا شگون ۔ سُوَن چڑیا۔ مؤنث (۱) نیک شگون کا پرندہ (۲) مسلمان بچوں کو ختنے بٹھاتے وقت اُن کی توجہ دوسری طرف کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ سون چڑیا دیکھو ۔

سُونا (سُو۔نا) (ہ) مذکر۔ سنسان۔ ویران۔ اُجاڑ ۔ سُونا گھر بھڑوں کا راج۔ کہاوت۔ جب لائق کوئی نہیں رہتا تو نالائقوں کی بن آتی ہے ۔ سُونا ہونا۔ خاموشی کا عالم ہونا ۔ سُونی (۱) اُجاڑ۔ خالی (۲) مؤنث۔ اجاڑ و ۔

سُونا (سُو۔نا) (ہ) مذکر۔ زر۔ طلا۔ زرد رنگ کی مشہور قیمتی دھات، جس سے سکے اور زیور وغیرہ بنائے جاتے ہیں ۔ سونا اُچھالتے چلے جاؤ۔ کہاوت۔ نہایت امن اور حسنِ انتظام کے موقع پر کہتے ہیں ۔ سونا جانیے کسے آدمی جانیے بسے (ف) کہاوت۔ سونا کسوٹی پر رگڑنے اور آدمی پاس رہنے سے پہچانا جاتا ہے ۔ سونا چاندی (ہ) مؤنث۔ زر و مال۔ روپیہ پیسا۔ مال و دولت ۔ سونا چھوئے مٹی ہوتا ہے۔ کہاوت۔ نہایت بدنصیب شخص کے متعلق کہتے ہیں کہ بھلائی بھی کرے تو بُرائی پلّے پڑتی ہے ۔ سونا سگند (۱) کھرا سونا۔ زرِ خالص۔ کندن سا (۲) اچھی نسل یا اچھے خاندان سے ۔ سونا سُنار کا، ابھرن سنسار کا۔ مثل۔ اُس آدمی کے بارے میں کہتے ہیں، جو دھوکے یا خوشامد سے لوگوں کو ٹھگ لے ۔ سونا لے کے مٹی نہ دینا۔ بے حد نادہند اور ہاتھ کا جھوٹا ہونا ۔ سونے پر (دیں) سہاگا۔ زینت اور جلا کا سبب، جیسا کہ سہاگا دینے سے سونا اَور چمک جاتا ہے ۔ سونے جھونے میں لدا پھندا رہنا۔ سونے کا بہت سا زیور پہنے رہنا۔ سونے کے زیور میں پیلا رہنا۔ زیور میں تُلنا ۔ سونے سے گھڑاون مہنگی۔ کہاوت۔ اصل قیمت سے مزدوری زیادہ ۔ سونے کا پانی۔ مذکر۔ وہ سبز پانی، جس میں سونا حل کیا گیا ہو۔ آبِ طلا۔ اسے اکثر مصوّر اور نقاش استعمال کرتے ہیں ۔ سونے کا نوالہ (ر) مذکر۔ چرب لقمہ۔ لقمۂ نعمت ۔ سونے کا ورق۔ مذکر۔ وہ ورق، جو سونے کا ٹکڑا کوٹ کر بنایا جاتا ہے۔ ورقِ طلا ۔ سونے کی چڑیا (ہ) مؤنث (۱) دولت مند۔ مال دار۔ دھنی (۲) نایاب چیز۔ قیمتی مال۔ گراں بہا ۔ سونے کی چڑیا ہاتھ آنا۔ دولت مند کا قابو میں آنا۔ کسی مال دار احمق کا داؤں میں پھنسنا ۔ سونے کی چڑیا ہاتھ سے نکل جانا (۱) کسی دولت مند کا جال سے بچ جانا (۲) عمدہ کام بگڑ جانا ۔ سونے کی کٹاری کوئی پیٹ میں نہیں مارتا۔ کہاوت۔ حرص یا فائدے کی غرض سے

جان نہیں دی جاتی ؛ سونے کے سہرے بیاہ ہو۔ اللہ تعالیٰ اتنا مال دار کر دے کہ شادی میں پھولوں کے بجائے سونے کا سہرا بندھے ؛

سونپنا (سَونْپ۔نا) (ہ) (۱) حوالے کرنا۔ سپرد کرنا (۲) امانت رکھنا۔ کسی کے اعتبار پر چھوڑ دینا ؛

سونٹا (سُونْ۔ٹا) (ہ) مذکر (۱) ڈنڈا (۲) عصا (۳) جریب (۴) بلّم ؛ **سونٹا سے ہاتھ** ۔ مذکر۔ ننگے ہاتھ۔ خالی ہاتھ۔ عورتیں چوڑیوں سے خالی ہاتھوں کی بابت حقارتاً کہتی ہیں ؛ **سونٹے** ۔ مذکر (۱) سونٹا کی جمع (۲) سونٹا کی صورت حرف ربط سے پہلے ؛ **سونٹے پڑنا** ۔ ڈنڈوں سے پٹنا۔ لاٹھیاں پڑنا۔ لٹھ پڑنا ؛ **سونٹے سے** ۔ کیا پروا ہے۔ بلا سے ؛

سونٹھ (سُونْٹھ) (ہ) مؤنث (۱) زنجبیل۔ خشک ادرک (۲) نادر چیز (۳) حقیر چیز ؛ **سونٹھ بسانا** (۱) کوئی قیمتی چیز مول لینا (۲) زچہ خانے کی چیزیں یا سامان خریدنا ؛ **سونٹھ کی ناس لینا** ۔ تحمل کرنا۔ برداشت کرنا ؛ **سونٹھ ہو رہنا** ۔ چپ ہو جانا۔ خاموش ہو رہنا ؛

سوندھا (سُوں۔دھا) (ہ) (۱) کوری مٹی یا کورے برتن کی سی خوش بو والا۔ خوش بودار۔ سہانا (۲) آگ کے اندر بھنا ہوا پھل (۳) مذکر۔ مہک۔ خوشبو (۴) ایک مرکب خوش بو کا مسالا جس سے بال دھوتے یا جسے کپڑوں وغیرہ میں لگاتے ہیں ؛

سوندھنا (سُونْدھ۔نا) (ہ) (۱) ملنا۔ دبانا (۲) کپڑوں کو دھونے کے لیے ملنا ؛

سونڈ (سُونْڈ) (ہ) مؤنث۔ ہاتھی کی ناک۔ خرطوم ؛

سونڈی (سُوں۔ڈی) (ہ) مؤنث (۱) اناج کو تباہ کر دینے والا ایک چھوٹا کیڑا (۲) ناف (۳) حلق کا کوا ؛

سونف (سَونْف) (ف) مؤنث۔ ہاضمے کی ایک مشہور دوا۔ بادیان ؛ **سونف کا عرق** ۔ مذکر۔ عرق بادیان ؛

سونگھا (سُوں۔گھا) (ہ) مذکر (۱) شکاری کتا (۲) کھوجی۔ بھیدی۔ جاسوس ؛

سونگھنی (سُونْگھ۔نی) (ہ) مؤنث (۱) نسوار۔ ہلاس (۲) باس ؛

سونلانا (سَوں۔لا۔نا) (ہ) سانولا ہو جانا۔ رنگ کا سیاہی مائل ہو جانا ؛

سوہا (سُوْ۔ہا) (ہ) (۱) سرخ۔ لال (۲) راگ کی ایک قسم۔ بھیردیں ؛

سوہان (سُوْ۔ہان) (ف) مذکر۔ لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا اوزار۔ ریتی ؛ **سوہانِ روح** (ف۔ ع) جان کو دکھ دینے والا۔ گراں خاطر ؛

سوہلا (سُوْہ۔لا) (ہ) مذکر۔ تعریف کا گیت ؛

سوہن (سُوْ۔ہن) (ف) مؤنث۔ ریتی ؛

سوہنا (سُوْہ۔نا) (ہ) (۱) خوش نما۔ خوب صورت (۲) دلبر۔ معشوق (۳) خاوند ؛ **سوہنی** ۔ مؤنث (۱) دل فریب۔ خوش نما۔ خوب صورت (۲) بھاڑو۔ بہاری۔ جاروب (۳) گجرات (پنجاب) کی ایک کمہارن، جو مہینوال کی معشوقہ تھی ؛

سُوء (سُوْء) (ع) مذکر (۱) خرابی۔ برائی (۲) بدی (۳) بیماری (۴) خراب۔ برا (۵) بد ؛ **سوءِ اتفاق** ۔ مذکر۔ موقع کی خرابی ؛ **سوءِ ادب** (ادبی)۔ مؤنث۔ بے ادبی ؛ **سوءِ ظن** ۔ مذکر۔ بدظنی۔ بدگمانی۔ خیالِ باطل۔ خیالِ بد ؛ **سوءِ مزاجی** ۔ مؤنث۔ علالت۔ بیماری ؛

سُوئی (سُوْ۔ئی) (ہ) مؤنث (۱) سینے کی سوزن (۲) گھڑی، ترازو، کمپاس وغیرہ کی سوئی، جو حرکت کرتی یا نشان بتاتی ہے (۳) خار۔ کانٹا ؛ **سوئی کا بھالا یا پھاوڑا ہو جانا** ۔ ذرا سی بات کی بڑی بات ہو جانا۔ بات کا بتنگڑ ہو جانا ؛ **سوئی کے ناکے سے اونٹ نکالنا** ۔ ناممکن بات کا کر دکھانا ؛ **سوئیوں اناج پرونا** (عو) بخل کرنا۔ کنجوسی کرنا ؛

سویا (سُوْ۔یا) (ہ) دیکھیے "سوآ" ؛

سویّاں (سِوَئْ۔یاں) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی خوراک۔ یہ میدے یا روے کو گوندھ کر تار کی طرح بنائی جاتی ہیں ؛

سویدا (سُوَئْ۔دا) (ع) مذکر۔ وہ سیاہ نقطہ جو دل پر ہے ؛

سویٹر (سُوَئْ۔ٹر) (انگ۔ sweater) مذکر۔ ایک قسم کی بازوؤں والی یا بے بازو والی بنیان ؛

سویرا (سَوِیْ۔را) (ہ) مذکر۔ نور کا تڑکا۔ صبح دم۔ اوّل وقت ؛

سویمبر (سَوَیم۔بر) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک مشہور رسم جس میں لڑکی اپنا بر خود پسند کرتی ہے ؛ **سویمبر رچنا** ۔ خاوند کے انتخاب کی مجلس جمع کرنا ؛ **سویمبرا** ۔ مؤنث۔ اپنے آپ خاوند کو چننے والی لڑکی ؛

س ۔ ہ

سَہ (سَہ) (ہ) سہنا کا امر ؛ **سہتا سہتا** ۔ سہارے کے لائق۔ قابل برداشت۔ شیر گرم ؛ **سہنا** ۔ جھیلنا۔ اٹھانا۔ برداشت کرنا۔ صبر کرنا ؛

سِہ (سِہ) (ف) تین۔ ثلاث۔ ۳ ؛ **سہ بندی** ۔ مؤنث۔ معاملے کی سہ ماہی قسط ؛ **سہ چند** ۔ تگنا۔ سہ گنا ؛ **سہ حدّہ** ۔ مذکر۔ وہ چبوترا، جو دو سے زیادہ پرگنوں کے ملنے کی حد پر بنایا جاتا ہے ؛ **سہ شنبہ** ۔ مذکر۔ منگل۔ اتوار سے تیسرا دن ؛ **سہ ماہی** ۔ ہر تیسرا مہینا۔ سال کا چوتھا حصہ ؛

سُہا (سُہا) (ع) مذکر۔ بنات النعش میں ایک چھوٹا سا ستارہ ؛

سہار (سَہار) (ہ) (۱) برداشت۔ صبر۔ تحمل (۲) سہارنا کا امر ؛ **سہارا** ۔ مذکر (۱) بھروسا۔ آسرا۔ مدد (۲) تکیہ۔ امید (۳) توانائی۔ قوت ؛ **سہارا پانا** ۔ مدد پانا۔ تقویت پانا ؛ **سہارا دینا** (۱) تھامنا۔ مدد کرنا (۲) امیدوار کرنا ؛ **سہارا ڈھونڈنا** ۔ وسیلہ تلاش کرنا۔ آسرا تکنا ؛ **سہارا لینا** ۔ وسیلہ دیکھنا ؛ **سہارنا** ۔ برداشت کرنا۔ سہنا۔ تحمل کرنا۔ گوارا کرنا ؛

سہاگ (سُہاگ) (ہ) مذکر (۱) خوش حالی۔ خوش نصیبی (۲) عورت کے لیے

خاوند کی حیات کا زمانہ - وہ زمانہ جو خاوند کی زندگی میں بسر ہو (۳) لاڈ - پیار (۴) ایک قسم کا عطر (۵) شادی میں عورتوں کے گانے کا ایک خاص گیت ‹ **سہاگ اترنا** - رانڈ ہونا - بیوہ ہونا ‹ **سہاگ پڑا** - مذکر - کاغذ کا بنا ہُوا وہ خوشنما پڑا، جس میں خوش بُو کی چیزیں رکھ کر ساچق کے دن دلھن کے گھر لے جاتے ہیں ‹ **سہاگ رات** - مؤنث - بیاہ کی پہلی رات - دولھا دلھن کے سونے کی اوّل شب ‹ **سہاگ سیج** - مؤنث - برات کا پلنگ جس پر دولھا دلھن سوتے ہیں ‹ **سہاگن** - مؤنث - خاوند والی - شوہر والی - وہ عورت، جس کا خاوند زندہ ہو ‹ **سہاگن کا بچہ پچھواڑے کھیلتا ہے** - کہاوت - سہاگن کے بچے کا مرنا کیا، میاں بیوی زندہ ہیں تو بہتیرے بچے پیدا ہو جائیں گے ‹

سہاگا (سُہا - گا) (ہ) مذکر (۱) ایک کھار، جو سونا چاندی گلانے کے کام آتا ہے (۲) جندرا - کھیت کے یکساں کرنے کا پھٹڑا ‹

سُہال (سُہال) (ہ) مذکر - ایک قسم کی روغنی اور خستہ تلی ہوئی روٹی ‹ **سُہالی** - مؤنث (۱) پوری کچوری (۲) چپاتی ‹

سَہالگ (سَہا - لَگ) (ہ) مذکر - ہندوؤں کے بیاہ کا زمانہ - سالا ‹

سہام (سِہام) (ع) مذکر (۱) ٹکڑے - حصّے (۲) تیر - خدنگ - ناوک - بان ‹

سُہانا (سُہا - نا) (ہ) (۱) پسند - مرغوب (۲) معقول - مناسب ‹

سہائے (سَہا - اِئے) (س) مذکر - یادگار ‹

سہج (سَہَج) (ہ) مذکر (۱) ہولے سے - آہستہ (۲) آسان - سہل ‹

سہرا (سِہ - رَا) (ہ) مذکر - پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں، جو دولھا اور دلھن کے سر پہ لٹکائی جاتی ہیں (۲) وہ نظم، جو شاعر لوگ سہرا باندھنے کی تقریب پر لکھتے ہیں ‹

سہرانا (سِہ - رَا - نَا) (ہ) متقدس شے کو دریا میں بہانا ‹

سہروردیہ (سُہر - وَر - دِی - یَہ) (ف) مذکر - فقراء کی ایک جماعت، جو حضرت شیخ شہاب الدین ساکن سہرورد (ایران) کی طرف منسوب ہے ‹

سہری (سِہ - رِی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی مچھلی ‹

سہسر (سَہ - سَر) (س) (۱) الف - ہزار (۲) مذکر - خدا کا اصطلاحی نام ‹

سہل (سَہْل) (ع) آسان - نرم - سہج ‹ **سہل انگاری** (ع - ف) مؤنث (۱) آرام طلبی - تن آسانی (۲) سستی - کاہلی (۳) بہانہ سازی - جلد جوئی ‹

سہلانا (سَہ - لَا - نَا) (ہ) (۱) آہستہ آہستہ رگڑنا - آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا (۲) خوشامد کرنا (۳) تھپکنا - چمکارنا ‹

سہم (سَہْم) (ع) مذکر (۱) قرعہ ڈالنے یا چلانے کا تیر (۲) حصّہ بخرہ ‹ **سہم معیّن** (ع) مذکر - مقررہ حصّہ ‹

سہم (سَہَم) (ف) مذکر (۱) ڈر - خوف - بیم - ترس (۲) سہمنا کا امر ‹ **سہم جانا** (۱) ڈر جانا ‹ **سہما** (۱) ڈرا ہُوا - خوف زدہ (۲) چُپ ‹ **سہمنا** - خوف کھانا - ڈرنا ‹

سہو (سَہْو) (ع) مذکر - غلطی - خطا - بھول چوک ‹ **سہوِ قلم** - مذکر - تحریری غلطی ‹

سہولت (سُہُو - لَت) (ع) مؤنث (۱) آسانی (۲) نرمی (۳) آہستگی ‹

سہی - سہیٰ (سَہِی - سَہِیٰ) (و) (۱) درست - ٹھیک - بجا (۲) منظور - قبول - تسلیم (۳) مانا - فرض کیا ‹

سہیل (سُہَیْل) (ع) مذکر - ایک مشہور چمکیلا ستارہ، جو یمن میں طلوع ہوتا ہے، اس کی تاثیر سے چمڑے میں خوش بُو پیدا ہو جاتی ہے اور تمام حشرات الارض مر جاتے ہیں ‹

سہیلی (سَہیے - لِی) (ہ) مؤنث - ساتھ رہنے والی - سکھی - ساتھن - ہمدم - مصاحبہ - ہم سفر ‹

سہیم (سَہِیْم) (ع) حصّہ دار - شریک ‹

سہئی (سِہئی) (ہ) مؤنث - سینہ ‹

سئیس (سَئِیْس) (ع) دیکھیے "سائیس" ‹

س - ی - ے

سی (سِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک لفظ جو انسان کے منہ سے چٹکی لیے جانے، کسی کے کاٹ کھانے، تکلیف یا مرچ کی جلن محسوس کرنے پر نکلتا ہے (۲) جیسی ‹ **سی سی** - مؤنث - دیکھیے "سی" ۱ ‹

سی (سِی) (ہ) سینا کا امر ‹ **سینا** - ٹانکے لگانا - رفو کرنا ‹

سی (سِی) (ف) تیس - تین دہائی - ۳۰ ‹ **سی پارہ** - سیپارہ - مذکر - قرآن عزیز کا ہر تیسواں حصّہ - پارۂ کلام پاک ‹

سیے (سَیّے) (ہ) سَو ‹

سیے (سیے) (ہ) سینا کا امر ‹ **سینا** - انڈوں پر بیٹھنا - انڈوں کو گرمی پہنچانا ‹

سے (سے) (ہ) حرفِ جار - ابتدا کے لیے - جیسے گھر سے ‹

سے - سیہ - ساہی (سے - سیہہ - سا - ہی) (ہ) مؤنث - ایک جانور، جس کے سارے جسم پر بڑے بڑے سیاہ اور سفید کانٹے ہوتے ہیں ‹

سیّاح (سَیْ - یاح) (ع) مذکر - بہت سیر کرنے والا - جہاں گرد - مسافر - جاتری ‹ **سیاحت** - مؤنث - سیر و سفر ‹ **سیّاحی** - مؤنث - مسافرت - سفر - سیر ‹

سیادت (سِیا - دَت) (ع) مؤنث (۱) سرداری - بزرگی (۲) امامت (۳) حکومت - سلطنت (۴) قوم سادات ‹

سیار (سیار) (ہ) مذکر - گیدڑ ‹

سیارہ (سَیْ - یا - رَہ) (ع) مذکر - گردش کرنے والا - پھرنے والا

ستارہ ؛

سیاست (سِیا ـ سَت) (ع) مؤنث (۱) حکومت ـ سلطنت ـ انتظامِ مُلک (۲) دھمکی ـ تنبیہ ـ رعب داب ؛ **سِیاستِ مُدُن** ـ مؤنث ـ شہری انتظام ـ نظامِ شہری ؛ **سِیاسی** ـ ملکی انتظام کے متعلق ؛ **سِیاسِیّات** ـ مؤنث (۱) علمِ سیاست (۲) سیاست سے تعلق رکھنے والی باتیں ؛

سِیاق (سِیاق) (ع) مذکر (۱) حساب ـ حساب کے قاعدے (۲) ربطِ مضمون ـ ترکیب ـ طرز ؛ **سیاقِ عبارت یا سِیاقِ کلام** ـ مذکر ـ ربطِ تحریر یا طرزِ کلام ـ روانیٔ عبارت یا کلام ؛

سَیّال (سَیْ ـ یال) (ع) (۱) بہنے والا ـ رواں (۲) پتلا ـ رقیق ـ مائع ؛

سیالا (سِیا ـ لا) (ہ) مذکر ـ سردی کا موسم ـ جاڑا ؛

سَیام (سِیام) (ہ) (۱) سیاہ ـ کالا (۲) مؤنث ـ کالی کویل (۳) ایک راگنی ؛ **سَیام بَرن** ـ مذکر ـ سیاہ رنگ ـ کالا رنگ ؛

سِیام (سِیام) (ا) مذکر ـ چین کے جنوب میں ایک ملک ؛

سَیّاں (سَیْ ـ یاں) (ہ) مذکر (۱) بالم ـ سوامی ـ پیا (۲) شوہر ـ خاوند ـ خصم ؛ **سَیّاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا** ـ کہاوت ـ جان پہچان یا دوست کے بااختیار ہونے سے قانون کا خوف نہیں رہتا ؛

سِیان (سِیان) (ہ) مذکر (۱) عقل مند ـ چالاک ـ ہوشیار (۲) طبیب ـ حکیم ؛ **سِیان پت** ـ مؤنث (۱) دانائی ـ چالاکی ـ چترائی (۲) دھوکا ـ فریب (۳) بخیلی ـ کنجوسی ؛ **سِیانا** ـ مذکر (۱) دانا ـ سمجھ والا ـ گیانی (۲) چالاک ـ ہوشیار ـ عیّار ؛ **سِیانا کوّا گُوہ کھاتا ہے** ـ مثل ـ بے حد ہوشیار آدمی دھوکا کھاتا ہے ؛

سیاوش (سِیا ـ وُش) (ف) مذکر ـ کیکاؤس کا بیٹا ؛

سیاوشاں (سِیا ـ وُشاں) (ف) مذکر ـ ایک پودا ؛

سیاہ (سِیاہ) (ف) (۱) کالا (۲) بدبخت ـ شوم ؛ **سیاہ باطن** (ف ـ ع) مذکر ـ بدباطن ـ منافق ـ کینہ ترز ـ ریاکار ؛ **سیاہ بخت** (ف) بدقسمت ـ واژوں بخت ـ بدطالع ـ بدنصیب ؛ **سیاہ پوش ہونا** (و) ماتمی لباس پہننا ـ سوگ کرنا ؛ **سیاہ سفید کرنا** ـ بُرے بھلے کا اختیار رکھنا ـ کارمختار ہونا ـ مختارِ جزو کل ہونا ؛ **سیاہ کار** (ف) بدکار ـ فاسق ـ گنہگار ـ پاپی ؛ **سیاہ کرنا** (و) (۱) تحریر کرنا ـ لکھنا (۲) کالا کرنا ؛ **سیاہ گوش** (ف) بن بلاؤ ـ ایک درندہ ؛ **سیاہی** ـ مؤنث (۱) کالک (۲) روشنائی ـ وہ چیز جس سے لکھیں (۳) اندھیرا ـ تاریکی (۴) کاجل (۵) دھبّا ـ داغ ؛ **سیاہی چٹ** (و) مذکر ـ سیاہی چوس ـ جاذب کاغذ ـ بلاٹنگ پیپر ؛ **سیاہی قالین** ـ مذکر (کنایۃً) بیکار اور نکما آدمی ؛

سیاہا (سِیا ـ ہا) (ہ) مذکر ـ دیو ـ جن ـ بھوت پریت ؛

سیاہہ (سِیا ـ ہَہ) (ف) مذکر ـ بہی کھاتا ـ کچا روزنامچہ ؛ **سیاہہ آمدنی** (و) مؤنث ـ روزانہ آمدنی، جو زمینداروں سے وصول کرکے خزانے میں داخل کی جائے ؛ **سیاہہ دکھانا** ـ موجودات سپرد کرنا ـ جائزہ دینا ـ فوج کی تعداد ظاہر کرنا ؛ **سیاہہ کرنا** ـ رجسٹر میں درج یا روزنامچے میں داخل کرنا ـ کھاتے پر چڑھانا ؛ **سیاہہ نویس** (ف) کھاتے پر چڑھانے والا ـ روزنامچہ لکھنے والا ـ محاسب ؛ **سیاہہ ہونا** (و) درج ہونا ـ داخل ہونا ؛

سیب (سیب) (ف) مذکر ـ ایک مشہور سرخ و سفید خوش نما شیریں میوہ ؛ **سیبِ زنخداں** ـ مذکر ـ چھوٹی اور خوش نما ٹھوڑی ؛

سیپ (سیپ) (ہ) مؤنث (۱) سیپی ـ صدف ـ ایک قسم کا دریائی کیڑا، جس میں سے موتی نکلتے ہیں (۲) پرندوں کی ایک بیماری ؛ **سیپ کے بوتام** (و) مذکر ـ سیپ کے خول سے بنائے ہوئے بٹن یا گھنڈیاں ؛ **سیپ کے موتی** ـ مذکر ـ وہ موتی، جو سیپ کے خول سے بنائے جاتے ہیں ؛ **سیپی** ـ مؤنث ـ دیکھیے "سیپ" ع۱ ؛ **سیپی سا منہ نکل آنا** ـ چہرے کا بالکل دُبلا پتلا ہو جانا ـ ہڈیاں نکل آنا ؛

سیتا (سی ـ تا) (س) مؤنث (۱) راجہ جنک کی بیٹی (۲) باعصمت ـ پارسا ـ پاک دامن ؛ **سیتا پھل** (ہ) مذکر ـ ایک عمدہ اور خوش ذائقہ پھل ـ شریفہ ؛ **سیتا ستی** ـ سیتا کی سی پاک دامن ـ باعصمت و پارسا عورت ـ نیک بیوی ؛

سیتلا (سیت ـ لا) (ہ) مؤنث (۱) چیچک ـ ماتا ـ ٹھنڈی (۲) چیچک پھیلانے والی دیوی ؛ **سیتلا منہ داغ** (و) منہ پر چیچک کے داغ رکھنے والا شخص ـ بدنما چہرے والا ـ آبلہ رو ؛

سیٹ (سیٹ) (انگ ـ Seat) مؤنث ـ ایک آدمی کے لیے بیٹھنے کی جگہ ـ بیٹھک ـ نشست ؛

سیٹن (سے ـ ٹن) (ہند) (انگ ـ شیٹنگ (Sheeting) مؤنث ـ ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا ؛

سیٹھ (سیٹھ) (ہ) مذکر (۱) دھن کا دیوتا ـ دولت مند ـ دھنی ـ صرّاف ـ مہاجن (۲) تھوک فروش بیوپاری ؛

سیٹھا (سی ـ ٹھا) (ہ) نمک مرچ کے بغیر ـ بے لذّت ـ بے مزہ ؛

سیٹی (سی ـ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) منہ کی مہین آواز (۲) پرندوں کی آواز (۳) پپیہے کی سی آواز ؛

سیج (سیج) (ہ) مؤنث (۱) بچھونا ـ بستر (۲) چارپائی ـ پلنگ ؛ **سیج چڑھنا** ـ میاں بیوی کا ساتھ سونا ـ ہم بستر ہونا ؛ **سیج سجانا** ـ بستر بچھانا ـ پلنگ درست کرنا ـ پلنگ کو آراستہ کرنا ؛ **سیج گاڑی** ـ مؤنث ـ پالکی گاڑی ـ پینس جیسی گاڑی ؛

سینچنا ـ سینچنا (سینچ ـ نا، سینچ ـ نا) (ہ) پانی دینا ـ باغ یا کھیتی میں پانی دینا ـ آب پاشی کرنا ؛

سیخ (سیخ) (ف) مؤنث ـ لوہے کی لمبی اور گول سلاخ، جس پر کباب لگائے جاتے ہیں ؛ **سیخ پا ہونا** (و) گھوڑے کا الف ہونا ـ گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا ؛ **سیخ پر لگانا** ـ کباب لگانا ـ کباب بھوننا ؛

سیخچہ (ف) مذکر۔ صاف کرنے کی آہنی سلاخ۔ چھوٹی سیخ **سیخیا کباب** (۱) مذکر۔ سیخ کے کباب۔ وہ کباب جو سیخ پر بھونے جائیں ۔

سیّد (سَیْ۔ یِدْ) (ع) مذکر (۱) سردار۔ پیشوا۔ امام (۲) (مجازاً) رسول اللہ صلعم کی آل۔ حضورؐ کی صاحبزادی کی اولاد ۔ **سیّد زادہ** (ف) مذکر۔ سیّد کی اولاد۔ اولادِ حسینؓ۔ نسل سادات سے ۔ **سیّدانی** (ہ) مؤنث۔ سیّد کی بیوی جو اپنی ہی قوم سے ہو۔ قوم سادات کی عورت ۔ **سَیِّدی** (ع) میرا سردار ۔

سیدھ (سِیدْھ) (ہ) مؤنث (۱) سیدھا پن۔ راستی (۲) سامنے کی طرف (۳) نشانہ۔ شست ۔ **سیدھ باندھنا** (۱) شست لگانا۔ نشانہ باندھنا ۔ **سیدھا** (ہ) (۱) ٹھیک۔ راست (۲) عمود وار (۳) سہل۔ آسان (۴) سامنے (۵) داہنا (ہاتھ) ۔ **سیدھا آنا**۔ سامنا کرنا۔ سامنے آنا۔ **سیدھا بنانا** (۱) سدھ بنانا۔ راست بنانا (۲) آڑے ہاتھوں لینا۔ سرزنش کرنا ۔ **سیدھا بلنا** (۱) ٹھیک بننا۔ درست ہونا (۲) راہ پر آنا ۔ **سیدھا سادہ** (۱) مذکر۔ بے تکلف۔ سادہ وضع۔ بھولا بھالا ۔ **سیدھا گھر خدا کا**۔ مثل۔ ناکامیابی میں خدا بہت جلد یاد آتا ہے ۔ **سیدھی آنکھ**۔ مؤنث۔ (۱) داہنی آنکھ (۲) لطف و کرم کی نظر ۔ **سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا**۔ کہاوت۔ ہر کام میں کسی قدر سختی کی ضرورت ہے ۔ **سیدھی چال چلنا** (۱) سیدھی راہ چلنا (۲) کھرے کھرے عمل کرنا۔ سلامت روی کا طریق اختیار کرنا ۔ **سیدھے مُنہ بات نہ کرنا** (ہ) بے رخی کرنا۔ غرور سے بات کرنا ۔ **سیدھیاں سُنانا** (۱) لاگ لپیٹ نہ رکھنا۔ صاف صاف کہنا (۲) صاف گالیاں دینا ۔

سیدی (سی۔ دِیْ) (ف) مذکر۔ سودان کا باشندہ۔ حبشی ۔

سَیر (سَیْر) (ع) مؤنث (۱) سیر سپاٹا۔ تفریح۔ چہل قدمی۔ ہوا خوری (۲) لطف۔ مزہ۔ تماشا ۔ **سَیرگاہ** (ف) مؤنث (۱) تماشا گاہ (۲) سیر دیکھنے کی جگہ۔ نظارہ گاہ۔ دید کی جگہ۔ پُر فضا مقام ۔ **سَیر و شکار میں مصروف رہنا** (ہ) جابجا پھرنے اور شکار کھیلنے میں مشغول رہنا ۔

سِیر (سِیْر) (ہ) مؤنث (۱) کاشت کاری (۲) اراضی کاشت، جو زمیندار کے نام ہو (۳) حصہ دار۔ شریک ۔

سِیر (سِیْر) (ف) مذکر۔ لہسن ۔

سیر (سِیْر) (ف) (۱) رجا ہُوا۔ پیٹ بھرا (۲) بے پروا (۳) بیزار۔ متنفر ۔ **سیرچشم** (۱) قانع۔ بے پروا (۲) آسودہ حال (۳) حوصلے والا ۔ **سیرحاصل** (ف۔ ع) شاداب۔ سرسبز۔ زرخیز۔ اچھی پیداوار کی (زمین) ۔ **سیراب** (ف) (۱) پانی سے بھرا ہُوا۔ لبریز (۲) زرخیز۔ شاداب۔ سرسبز (۳) فائدہ مند ۔ **سیراب کرنا** (ہ) (۱) ترو تازہ کرنا (۲) نہنت بھرنا۔ پیٹ بھرنا۔ پیاس بجھانا۔ چھکانا ۔ **سیری** (ف) مؤنث (۱) آسودگی۔ اطمینان (۲) رجا ہُوا ہونا۔ پیٹ بھرا ہونا (۳) [illegible]

سیر (سِیْر) (ہ) مذکر۔ [illegible] سوا سیر موجود ہے (۱) [illegible] زبردست موجود ہے ۔ **سیر کی ہانڈی میں سوا سیر** [illegible] **گیا**۔ کہاوت۔ [illegible] **پُونی بھی نہیں** (ہ) مثل [illegible] بھی نہیں ۔ **سیروں لہو بڑھنا**۔ خوشی اور راحت سے سبب جسم میں بہت سا خون پیدا ہونا ۔

سِیرَت (سِیْ۔ رَتْ) (ع) مؤنث (۱) سیرت کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں (۲) [illegible]

سیرا (سِیْ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) پتلا حلوا (۲) گڑ کا پتلا شیرہ جو مٹھائی وغیرہ میں پڑتا ہے۔ راب ۔

سیرت (سِیْ۔ رَتْ) (ع) مؤنث۔ عادت۔ خصلت۔ خو۔ سلیقہ۔ وصف ۔

سیروا (سِیْرْ۔ وَا) (ہ) مذکر۔ چارپائی کے سرھانے اور پائنتی کی لکڑی ۔

سیرھ (سِیْرْھْ) (ہ) مؤنث (۱) سیل۔ نمی (۲) وہ نہر، نالہ یا ندی جس سے آس پاس کے کھیتوں کو پانی دیا جائے ۔

سیڑھی (سِیْ۔ ڑھِیْ) (ہ) مؤنث (۱) نردبان۔ زینہ (۲) مرتبہ۔ درجہ (۳) وسیلہ۔ ذریعہ ۔ **سیڑھی سیڑھی چڑھنا**۔ زینہ بہ زینہ اوپر جانا۔ درجہ بہ درجہ ترقی کرنا ۔

سیزدہ (سِیْزْ۔ دَہْ) (ف) تیرہ۔ ۱۳ ۔ **سیزدہم**۔ تیرھواں ۔

سیزن (سِیْ۔ زَنْ) (انگ۔ Season) مذکر۔ موسم۔ فصل۔ رُت۔ سماں ۔

سیس (سِیْسْ) (ہ) مذکر (۱) سر۔ کھوپڑی (۲) مستک۔ پیشانی ۔ **سیس پھول**۔ مذکر۔ ایک زیور، جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں (۲) شوہر۔ خاوند۔ پتی ۔ **سیس ناگ**۔ مذکر۔ بڑا سانپ۔ سانپوں کا بادشاہ ۔

سیسر (سِیْ۔ سَرْ) (ہ) مذکر۔ کمان کا چلّہ ۔

سیسہ (سِیْ۔ سَہْ) (ہ) مذکر۔ ایک دھات، جو نیلاہٹ لیے ہوتی ہے ۔

سَیف (سَیْف) (ع) مؤنث۔ تلوار۔ تیغ۔ شمشیر ۔ **سیف ٹوٹ پڑی تھی، مگر نیمچہ کاٹ کر گیا** (ہ) کہاوت۔ جس شخص پر کام کا بھروسا تھا۔ اُس سے تو کچھ نہ بنا، لیکن ایک ادنیٰ شخص سے کام نکل گیا ۔ **سیف زبان** (ع۔ ف) (۱) تیز اور مؤثر زبان والا (۲) بلند پایہ شاعر (۳) بزرگ۔ جس کی دعا قبول ہو جائے۔ ولی اللہ ۔ **سیفہ** (ف) مذکر۔ تلوار کا ٹکڑا۔ جلد سازوں کا ایک اوزار، جس سے کاغذ کاٹا جاتا ہے ۔ **سیفی** (ع۔ ف) مؤنث (۱) ایک دعا، وہ تلوار جیسا (۲) تسبیح (۴) بد دعا (۵) وہ اسم جلالی، جو کسی دشمن کو نقصان پہنچانے کے لیے پڑھا جاتا ہے ۔

سیف (سِیْف) (انگ۔ Safe) مذکر (۱) لوہے کا صندوق، جس میں روپیہ

زیور وغیرہ رکھا جاتا ہے (۲) محفوظ ٭ سیفٹی (Safety) مؤنث۔ حفاظت ٭ سیفٹی ریزر (Safety Razer) مذکر۔ ایک قسم کا استرا، جس سے بال مونڈتے وقت زخم نہیں لگتا ٭

سیفن (سَے۔ فَن) (انگ۔ Siphon) مؤنث۔ خم دار نلی ٭

سیکرٹری (انگ) دیکھیے "سکرٹری" ٭

سیکڑا۔ سینکڑا (سَیک۔ ڑَا، سَینک۔ ڑَا) (ہ) مذکر۔ سَو۔ صَد۔ ۱۰۰ ٭ سیکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا (ز) نہایت شرمندہ اور نادم ہونا ٭

سیکسن (سَیک۔ سَن) (انگ۔ Saxon) مذکر۔ شمالی جرمنی سے آنے والی ایک قوم، جس نے انگلستان فتح کیا ٭

سیکنڈ (سَیک۔ اَنڈ) (انگ۔ Second) ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ ثانیہ (۲) دوسرا۔ دوم ٭

سیکھ (سِیکھ) (ہ) مؤنث (۱) سیکھنا کا امر (۲) نصیحت۔ پند۔ اپدیش (۳) مشورہ۔ صلاح ٭ سیکھ واکو دیجیے جاکو سیکھ سہائے۔ سیکھ نہ دیجے باندرا جو گھر بیے کا جائے۔ مثل۔ نصیحت اسی کو دینی چاہیے، جسے فائدہ دے۔ بندر کو نصیحت کرنے سے بیے کا گھر برباد ہو گیا ٭ سیکھنا۔ پڑھنا۔ تعلیم پانا ٭

سَیل (سَیل) (ع) مذکر و مؤنث۔ طغیانی۔ سیلاب۔ لہر۔ رَو۔ بہاؤ ٭ سَیلاب (ع۔ ف) مذکر۔ پانی کا چڑھاؤ۔ پانی کی رَو۔ طوفان ٭ سیلاب چی (و) مؤنث۔ چلچی۔ منہ ہاتھ دھونے کا برتن۔ طشت، لگن ٭ سَیلان (ع) مذکر۔ جاری ہونا ٭ سَیلانی (و) زیادہ پھرنے والا۔ سیر کرنے والا۔ سیّاح ٭ سَیلانی جیوڑا۔ مذکر۔ وہ شخص جو ایک جگہ نہ ٹکے اور سیر و تماشا میں مصروف رہے ٭ سَیلانی فقیر۔ مذکر۔ جہان گرد درویش۔ رمتا جوگی۔ مرد سیّاح ٭

سِیل (سِیل) (ہ) مؤنث (۱) نمی۔ تری (۲) حیا۔ شرم (۳) سردی۔ ٹھنڈ (۴) خصلت۔ عادت ٭ سیلا۔ تر۔ بھیگا ہوا۔ نم دار ٭ سیلنا۔ تر ہونا۔ گیلا ہونا۔ نم والا ہونا ٭

سِیل (سِیل) (ہ) مذکر (۱) تیر (۲) چھوٹا نیزہ (۳) ایک قسم کی مچھلی ٭

سِیل (سِیل) (مہتد) (انگ۔ شَیل Shell) مذکر۔ ایک قسم کا آہنی گولہ، جو توپ میں بھر کر چلایا جاتا ہے ٭

سِیل (سِیل) (انگ۔ Sale) مؤنث۔ بکری۔ فروخت ٭

سیلا (سے۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) ریشمی چادر (۲) سر پر باندھنے کی ریشمی لنگی (۳) ایک قسم کا چاول (۴) اُبالے ہوئے دھان (۵) شیر۔ شیر ببر ٭

سیلکھڑی (سَیل۔ کھڑی) (ہ) مؤنث۔ سنگِ جراحت۔ ایک قسم کا پتھر، جو زخموں پر چھڑکا جاتا ہے ٭

سیلون (سَے۔ لُون) (انگ۔ Saloon) مذکر (۱) دالان۔ بیٹھک۔ صدر (۲) ٹھہرنے کی جگہ۔ مہمان خانہ (۳) جہاز میں مسافروں کا بڑا کمرہ (۴) حجام کی دُکان ٭

سِیلی (سِی۔ لِی) (ف) مؤنث (۱) چانٹا۔ تھپڑ (۲) تھپیڑا ٭

سیلی (سے۔ لِی) (ہ) مؤنث (۱) جالی (۲) سینے سے پیٹ تک بالوں کی سیدھی لکیر ٭

سِیم (سِیم) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی ترکاری۔ پھلی ٭

سِیم (سِیم) (ف) مؤنث (۱) چاندی۔ نقرہ (۲) روپیہ۔ دولت ٭ سیم تن۔ چاندی کے جسم والا۔ خوب صورت معشوق۔ گورا چٹا ٭ سیماب۔ مذکر۔ پارا ٭ سیمیں۔ چاندی کا ٭

سیما (سی۔ مَا) (ف) مذکر (۱) چہرہ۔ منہ (۲) پیشانی ٭

سیمرغ (سی۔ مُرغ) (ف) مذکر۔ کوہ قاف کا ایک قد آور پرندہ ٭

سیمنٹ (سی۔ مِینٹ) (انگ۔ Cement) مذکر۔ باریک پسا ہوا پتھر۔ گچ۔ گارا ٭

سیمیا (سی۔ مِیَا) (ع) مؤنث (۱) وہ علم، جس کے ذریعے سے روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں لے جایا جا سکے (۲) خیالی چیزیں، جن کا حقیقت میں کوئی وجود نہ ہو اور صرف لوگوں کو دکھائی جا سکیں (۳) جادو ٭

سَین (سَین) (ہ) مذکر (۱) آنکھ کا اشارہ۔ رمز (۲) نشان۔ علامت ٭

سِین (سِین) (انگ۔ Scene) (۱) نظارہ۔ تماشا (۲) پردہ ٭

سَینا (سَے۔ نَا) (ع) مذکر۔ طور پہاڑ ٭

سینا (سِی۔ نَا) (س) مذکر۔ سپاہ۔ لشکر۔ فوج ٭ سیناپتی۔ مذکر۔ سپہ سالار۔ میر لشکر۔ کپتان۔ کمانیر۔ کماندار ٭

سینت (سَینت) (ہ) (۱) بے قیمت۔ مفت۔ بے دام (۲) ناحق ٭

سینت (سَینت) (ہ) سینتنا کا امر ٭ سینت رکھنا (۱) حفاظت سے رکھنا (۲) ملتوی رکھنا ٭ سینتنا (۱) حفاظت سے رکھنا۔ علاحدہ کر کے رکھنا۔ جمع کرنا (۲) ملتوی رکھنا (۳) (عوام) مار ڈالنا (۴) (عو) پاخانہ صاف کرنا ٭

سینتالیس (سَیں۔ تا۔ لِیس) (ہ) سات اوپر چالیس۔ چہل و ہفت۔ ۴۷ ٭

سینتیس (سَیں۔ تِیس) (ہ) سات اوپر تیس۔ سی و ہفت۔ ۳۷ ٭

سَینٹ (سَینٹ) (انگ۔ Scent) مذکر (۱) مہک۔ خوش بو (۲) عطر ٭

سَینیٹ (سَے۔ نِٹ) (انگ۔ Senate) مؤنث۔ یونیورسٹی کی مجلس منتظمہ ٭

سینٹری (سَے۔ نِے۔ ٹَری) (انگ۔ Sanitary) (۱) حفظانِ صحت کے متعلق (۲) صحت افزا ٭

سیندور (سَیں۔ دُور) (ہ) مذکر۔ سرخ رنگ کا ایک سفوف ٭ سیندور کھانا (ز) آواز بند ہونے کی دوا کھانا۔ سرمہ کھانا ٭

سیندھ (سَینْدھ) (ہ) مؤنث۔ چوری کرنے کے لیے دیوار میں سوراخ کرنا۔

نقب۔ کول ۔ سیندھ لگانا۔ نقب زنی کرنا۔

سیندھا (سِین۔ دَھا) (ہ) مذکر (۱) پہاڑی نمک، جو سفید، سیاہ، گلابی تینوں رنگ کا ہوتا ہے (۲) ایک رنگ کا کبوتر۔

سیندھی (سِین۔ دِھی) (ہ) مؤنث۔ جنگلی کھجور کا رس۔

سینک (سِینک) (ہ) مؤنث (۱) جھاڑو بنانے کی گھاس (۲) خلال (۳) تنور کا گز۔ **سینک سٹرپتے تو لالہ جی کے ساتھ گئے، اب تو دیکھو اور کھاؤ۔** مثل۔ اب پہلے سے بھی زیادہ کفایت شعاری کرو۔ نہایت کنجوس کے متعلق کہتے ہیں۔

سینک (سِینک) (ہ) سینکنا کا امر۔ **سینکنا**۔ آگ پر گرم کرنا۔

سینکیا (سِین۔ کِیا) (ہ) مذکر۔ ڈوریا۔ دھاری والا کپڑا۔

سینگ (سِینگ) (ہ) مذکر۔ ہڈی کی شاخ، جو چوپایوں کے سر پر ہوتی ہے۔ **سینگ سمانا** (۱) پناہ ملنا۔ آسرا ملنا (۲) گزر اوقات ہونا۔ **سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا**۔ بزرگوں کا بچوں کی صحبت میں شریک ہونا۔ **سینگ نکلنا** (۱) ماتھے پر قرن نکلنا۔ شاخ کا نمودار ہونا (۲) جانوروں کا جوان ہونا۔ جوانی پر آنا۔ **سینگڑا** (۱) وہ سینگ، جس میں بارود رکھی جائے (۲) سینگ کا باجا، جو بگل کی طرح بجایا جاتا ہے۔ **سینگی**۔ مؤنث (۱) سوراخ کیا ہوا سینگ، جو درد وغیرہ دور کرنے کے لیے انسان کے جسم پر لگایا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی مچھلی۔

سینگوں (سِین۔ گوں) (ہ) مؤنث۔ ریت اور مٹی کی ملاوٹ۔

سینو (سَے۔ نُو) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کپڑا۔

سینہ (سی۔ نَہ) (ف) مذکر۔ گردن سے نیچے اور پیٹ سے اوپر کا حصہ۔ چھاتی۔ **سینہ ابھار کر چلنا** (و) اترا کر چلنا۔ غرور سے چلنا۔ تن کر چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ **سینہ بند** (ف) مذکر (۱) چھاتی گرم رکھنے کی ایک پوشش۔ انگیا (۲) گھوڑے کی پیٹی۔ **سینہ بہ سینہ**۔ چھاتی سے چھاتی میں۔ وہ راز، جو خاندان میں ایک دوسرے کا بتایا ہوا برابر چلا آئے۔ **سینہ پیٹنا** (و) دیکھیے "چھاتی پیٹنا"۔ **سینہ چاک ہونا**۔ سینہ شق ہونا۔ چھاتی پھٹنا۔ صدمے کے مارے چھاتی کا پھٹ جانا۔ **سینہ زن** (ف) مذکر۔ محرم میں سینہ زنی کرنے والا۔ ماتمی۔ **سینہ زور**۔ طاقت ور۔ سرکش۔ زبردست۔ **سینہ زوری**۔ مؤنث۔ سرزوری۔ زبردستی۔ سختی۔ **سینہ زوری کرنا** (و) جھگڑنا۔ زبردستی کرنا۔ **سینہ سپر** (ف) مقابل اور سامنے ہو کر لڑنے والا۔ میدانِ جنگ میں ڈٹا رہنے والا۔ **سینہ سپر ہونا** (و) (۱) مقابل ہونا۔ خوف و خطر کے مقام میں منہ سامنے کر کے کھڑا ہونا۔ صفِ جنگ میں ڈٹنا (۲) آفت و بلا کا نشانہ ہونا۔ **سینہ کاوی** (ف) مؤنث۔ نہایت مشقت۔ بہت محنت۔ سخت کوشش۔ **سینہ کوٹنا** (و) چھاتی پر دوہتڑ مارنا۔ ماتم کرنا۔ **سینے**۔ مذکر (۱) سینہ کی جمع (۲) سینہ کی صورت حروفِ مغیرہ سے پہلے۔ **سینے سے لگانا**۔ چھاتی سے لگانا۔ پیار کرنا۔ **سینے کا ابھار**۔ مذکر۔ چھاتیوں کا ابھرنا، ہو بالغ ہو [illegible] کا نمو۔

سینی (سِی۔ نِی) (ف) مؤنث [illegible] طشت۔ کشتی۔

سینیئر (سی۔ نِیَر) (انگ Senior) [illegible]

سیو (سِیو) (و) مذکر (۱) سیب۔ ایک شہور میوہ [illegible]

سیوا (سے۔ وَا) (س) مؤنث (۱) [illegible] خدمت [illegible] (۳) ملازمت۔ نوکری۔ **سیوک**۔ مذکر [illegible] (۲) پجاری۔ عابد (۳) چیلا۔ مرید۔

سیواجی (ہ) مذکر۔ مرہٹہ حکومت کا بانی۔

سیوتی (سیو۔ تی) (ہ) مؤنث۔ گلاب جیسا ایک قسم کا خوب صورت پھول۔

سیورا (سیو۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) مٹی کا برتن، ظاہر پکا، لیکن اندر سے کچا [illegible] (۲) (کنایۃً) ظاہر میں اچھا، باطن میں برا شخص۔

سیوڑا (سیو۔ ڑَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا ہندو فقیر۔

سیون (سی۔ وَن) (ہ) مؤنث (۱) سلائی۔ ٹانکا۔ دوخت (۲) دونوں خصیوں کے نیچے کی ملی ہوئی جگہ (۳) کھوپڑی کا جوڑ۔

سیونگ بنک (سے۔ وِنگ۔ بَنک) (انگ) مذکر۔ بچت کا روپیا امانت رکھنے کا محکمہ۔

سیہی (سے۔ہی) (ہ) مؤنث (گنوار) سی۔ سیہ۔ خارپشت۔

سیئات (سَیْ۔ یِ۔ آت) (ع) مؤنث۔ برائیاں۔

س

ش (شِین) (ع) مذکر (۱) اردو کا اکتیسواں، فارسی کا سولھواں اور عربی کا تیرھواں حرف (۲) ابجد کے حساب سے اس کے تین سو عدد مانے گئے ہیں۔

ش-ا

شاب (شَاب) (ع) مذکر۔ جوان۔ گبرو۔ چوبیس برس سے چالیس برس تک کی عمر کا آدمی۔

شاباش (شَا۔ بَاش) (ف) مؤنث (کلمۂ تحسین) شادباش کا مخفف۔ خوش رہو۔ آفریں۔ مرحبا۔ جزاک اللہ۔

شاپ (شاپ) (انگ Shop) مؤنث۔ دکان۔ ہاٹ۔ کارخانہ۔ بھنڈار۔ **شاپ کیپر** (Shopkeeper) مذکر۔ دکان دار۔ خردہ فروش۔

سوداگر ⁂

شاپور (شا-پُوْر) مذکر (۱) ایک بادشاہ (۲) ایک مصوّر (۳) ایک پہلوان ⁂

شاخ (شاخ) (ف) مؤنث (۱) ٹہنی-ڈالی (۲) سینگ (۳) ایک قسم کا قتلمہ جو میدے کا خمیر اور کھانڈ ملا کر بنایا جاتا ہے ⁂

شاخ در شاخ (و) (۱) بات میں بات (۲) پیچیدہ (۳) بہت لمبا ⁂

شاخِ زعفران (ف-ع) انوکھی-انوکھا-عجیب ⁂ **شاخ سار-شاخسار** (ف) (۱) بہت ٹہنیوں والا (۲) مؤنث-درختوں کا جھنڈ-باغ-ٹہنی ⁂ **شاخِ غزال (آہو)** (ف-ع) مؤنث (۱) ہرن کا سینگ (۲) تیر انداز کی کمان (۳) اوّل روز کا چاند-ہلال ⁂

شاخ لگانا (و) (۱) ٹہنی لگانا (۲) سینگی لگانا (۳) ایک کام کے ساتھ دوسرا کام لگا دینا ⁂ **شاخ نکالنا**-حجت کرنا-عیب نکالنا ⁂

شاخسانہ-مذکر (۱) فتنہ و فساد (۲) شک و شبہ (۳) نئی بات (۴) نقص-عیب (۵) سلسلہ ⁂ **شاخیں لگانا** (۱) سینگیاں لگانا (۲) درخت کی ٹہنیاں لونا ⁂

شاد (شاد) (ہ) خوش-بے غم-خوش و خرّم ⁂ **شاد باش**-دیکھیے "شاباش" ⁂ **شاد باید زیستن نا شاد باید زیستن**-مثل-زندگی سے بیزاری ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ⁂ **شاداب**-تر و تازہ-سرسبز-ہرا بھرا ⁂ **شادماں**-خوش و خرّم ⁂

شادی (شا-دِی) (ف) مؤنث-خوشی (۲) بیاہ ⁂ **شادی کرنا** (۱) نکاح کرنا-بیاہ کرنا (۲) جشن کرنا-چوتھی منانا (۳) گھوڑا بیچنا ⁂

شادی گندھرب (ا-ہ) مؤنث-عشقیہ شادی ⁂ **شادیٔ مرگ** (۱) مؤنث-خوشی کی موت-ایسی موت، جو انتہائی خوشی کے باعث آئے ⁂ **شادی مرگ ہونا**-فرطِ خوشی سے موت آجانا ⁂

شادیانہ (ف) مذکر (۱) مبارک باد (۲) شادی کے وقت کا باجا-خوشی کا نقارہ ⁂ **شادیانہ بجانا** (و) فتح کا نقارہ بجانا-خوشی کی نوبت بجانا ⁂

شاذ (شاذ) (ع) انوکھا-نادر-عجیب ⁂ **شاذ و نادر**-کبھی کبھی-اتفاقاً-گاہ بہ گاہ ⁂

شارب (شا-رِب) (ع) پینے والا ⁂

شارح (شا-رِح) (ع) مذکر-شرح لکھنے والا-کھول کر بیان کرنے والا ⁂

شارع (شا-رِع) (ع) مذکر (۱) سڑک-بڑا راستہ (۲) پرہیزگار-متقی-شرع پر چلنے والا (۳) عالم-فاضل ⁂ **شارعِ عام**-مذکر-عام راستہ-شاہراہ-گزرگاہِ عام ⁂

شارک (شا-رَک) (ف) مذکر و مؤنث-مینا ⁂

شارک (شا-رک) (انگ-Shark) مذکر (۱) نہنگ-مگرمچھ-شیرِ دریا (۲) مچھلی ⁂

شاستر (شاس-تَر) (س) مذکر-ہندوؤں کے شارع منو جی کا بنایا ہوا قانون ⁂ **شاستری** (ہ) مؤنث (۱) شاستر جاننے والا (۲) سنسکرت کا اعلیٰ امتحان (۳) دیوناگری کے حروف (۴) سنسکرت کے حروف (۵) سنسکرت زبان ⁂

شاش (شاش) (ف) مذکر-بول-پیشاب-موت ⁂

شاطر (شا-طِر) (ع) مذکر (۱) شطرنج کھیلنے والا (۲) چالاک-عیار-شوخ (۳) وہ شخص، جو کسی پر بار نہ ہو ⁂

شاعر (شا-عِر) (ع) مذکر-شعر کہنے والا-ناظم-کبیشر ⁂ **شاعرانہ** (ع-ف) (۱) شاعر سے منسوب-شاعر کی طرح (۲) مبالغہ آمیز ⁂

شاعرہ (ع) مؤنث-عورت شاعر ⁂ **شاعری**-مؤنث-شعر گوئی-بلند خیالی-مبالغہ آرائی ⁂

شاغل (شا-غِل) (ع) (۱) مشغول-معروف (۲) ورد و وظیفہ میں محو-ذاکر ⁂

شافع (شا-فِع) (ع) مذکر (۱) شفاعت کرنے والا-سفارشی (۲) (اصطلاحاً) رسول اللہ صلعم کی ذات مبارک ⁂ **شافعِ روزِ جزا**-(ع-ف) مذکر-رسولِ مقبولؐ ⁂

شافعی (شا-فِعی) (ع) مذکر (۱) امام شافعیؒ کی پیروی کرنے والا (۲) اہل سنّت والجماعت کے اماموں میں سے ایک امام ⁂

شافہ (شا-فَہ) (ف) مذکر (۱) دوا میں بھگو کر آنکھ پر رکھنے کی تھگلی (۲) دوا لگا کر زخم کے اندر رکھنے کی بتّی (۳) قبض دور کرنے کے لیے دُبر میں رکھنے کی دوا یا صابون بتّی ⁂

شافی (شا-فِی) مذکر (۱) شفا دینے والا-صحت عطا کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ⁂ **شافی جواب**-مذکر-ٹھیک جواب-پورا جواب-ایسا جواب جس میں دوبارہ دریافت کرنے کی حاجت نہ ہو ⁂ **شافیٔ مطلق**-مذکر-اللہ تعالیٰ ⁂

شاق (شاق) (ع) (۱) دشوار-دوبھر (۲) بُرا-ناگوار ⁂ **شاق گزرنا** (و) ناگوار معلوم ہونا-بار گزرنا-بُرا معلوم ہونا ⁂ **شاقہ** (ع) دشوار-مشکل-سخت ⁂

شاکر (شا-کِر) (ع) مذکر (۱) احسان مند-شکر گزار (۲) قانع-صابر ⁂ **شاکر کو شکر موذی کو ٹکر** (و) کہاوت-قانع اور صابر کو خدا ہمیشہ خوش حال رکھتا ہے اور موذی کو شکر کے بدلے ٹکر لگتی ہے ⁂

شاکی (شا-کِی) (ع) مذکر (۱) شکایت کرنے والا (۲) فریادی (۳) غیبت کرنے والا-بدگو ⁂

شاگرد (شا-گِرْد) (ف) مذکر (۱) خدمت گار (۲) طالب علم-استاد سے کچھ سیکھنے والا (۳) بالکا-مرید (۴) امیدوار ⁂ **شاگرد پیشہ** (و) مذکر-نچ کے نوکر چاکر ⁂

شال (شَال) (ف) مؤنث ۔ اُون یا پشم کی چادر۔ پشمینہ ۔ شال باف ۔ مذکر ۔ شال بُننے والا ۔ پشمینہ باف ۔ شال دوز ۔ مذکر ۔ شال پر کام کرنے والا ۔ شال پر بیل بوٹے بنانے والا ۔ شالی ۔ شال کا ۔

شالی (شَا ۔ لِیْ) (ت ۔ ف ۔ س) مذکر ۔ چاول ۔ دھان ۔

شام (شَام) (ہ) مؤنث ۔ کسی دھات کا بنا ہُوا چھلا، جو اوزاروں یا چھڑیوں پر لگایا جاتا ہے ۔

شام (شَام) (ف) مؤنث ۔ سورج ڈوبنے کا وقت ۔ مغرب کا وقت ۔ سانجھ ۔ شامِ اودھ ۔ مؤنث ۔ اودھ کی شام، جس میں نظارہ نہایت دلکش ہوتا ہے ۔ شامِ غریباں ۔ مذکر (۱) مصیبت کی شام (۲) مالا بدی اور تنہائی کی شام (۳) مسافری کی شام (۴) مفلسی کی شام ۔ شام کا بھولا صبح گھر آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے (و) کہاوت ۔ اگر کوئی شخص مقررہ وقت سے کچھ دن بعد بھی وعدہ پورا کر دے تو اسے وعدہ خلاف نہیں کہ سکتے ۔ شام کلیان (و) مذکر ۔ شام کے وقت کا گانا ۔ شام کا راگ ۔ شام کی صبح کرنا ۔ ایسا مصروف ہونا کہ رات دن کا فرق معلوم نہ ہو ۔ شام کے مردے کو کب تک روییے ؟ کہاوت ۔ عمر بھر کے جھگڑے کی شکایت کہاں تک کی جائے ؟ شام و سحر (ف ۔ ع) ہر وقت ۔ سانجھ سویرے ۔

شام (شَام) (ع) مذکر ۔ عرب کے شمال میں ایک ملک سام بن نوح کا آباد کیا ہُوا ملک ۔ سیریا ۔ شامی ۔ شام کا ۔ شام کا باشندہ ۔ شامی کباب (و) مذکر ۔ وہ کباب، جو گوشت کو مع مسالے کے اُبال کر پیسنے کے بعد ٹکیوں کی صورت میں تلے جاتے ہیں ۔ یہ ملک شام کی ایجاد ہے ۔

شام پرتی (شَام ۔ پَرْ ۔ تِیْ) (مہند) (انگ چیمپرٹی Ghamperty) مؤنث ۔ اس شرط پر مقدمہ لینا، جس میں ڈگری کا کچھ حصّہ وکیل لے جائے ۔

شاما (شَا ۔ مَا) (ہ) مؤنث ۔ سیاہ رنگ کی ایک چڑیا ۔

شاماک (شَا ۔ مَاکْ) (ف) مؤنث ۔ انگیا ۔

شامپین (شَام ۔ پَیْن) (انگ ۔ Champagne) مؤنث ۔ ایک قسم کی شراب ۔

شامت (شَا ۔ مَتْ) (ع) مؤنث ۔ بدنصیبی ۔ آفت ۔ نحوست ۔ ادبار ۔ سختی ۔ شامت آنا ۔ یا ۔ شامت کا سر پر کھیلنا (و) سختی اور مصیبت آنا ۔ بُرے دن آنا ۔ شامتِ اعمال (ع) مؤنث ۔ گناہوں کی سزا ۔ کیے کا ثمرہ ۔ کرتوت کا بدلہ ۔ شامتِ اعمالِ ما صورتِ نادر گرفت (ف) مثل ۔ ہمارے گناہوں کی سزا نے نادر کی صورت اختیار کر لی ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی قوم کے اعمال خراب ہو جانے کے باعث اس پر کوئی سنگ دل حاکم مسلّط ہو جائے ۔ یہ مصرع نظام الملک نے اُس وقت کہا تھا، جب نادر شاہ نے دہلی میں ظلم و ستم سے قیامت برپا کر دی تھی ۔ شامت کی مار (و) مؤنث ۔ بدقسمتی ۔ قسمت کا لکھا ۔ شامت میں پھنسنا ۔ آفت میں مبتلا ہونا ۔ بدبختی میں پھنسنا ۔ خرابی میں آنا ۔ دامِ مصیبت میں گرفتار ہونا ۔

شامل (شَا ۔ مِلْ) (ع) (۱) اکٹھا ۔ ملا ہُوا (۲) شریک ۔ شاملِ مسل (و) مقدمے کے کاغذات سے لگا ہُوا ۔ مسل سے نتھی کیا ہُوا ۔ شاملات ۔ مذکر و مؤنث (۱) بہت سے آدمیوں کی مشترکہ جائداد یا ملکیت (۲) حصّہ داری (۳) وہ زمین، جو گاؤں کے مالکوں کی مشترکہ ملکیت ہو ۔

شامّہ (شَام ۔ مَہْ) (ع) مذکر ۔ سونگھنے کی قوّت ۔

شامیانہ (شَا ۔ مِیَا ۔ نَہْ) (و) مذکر ۔ بڑا خیمہ ۔ سائبان ۔

شان (شَانْ) (ع) مؤنث (۱) مرتبہ ۔ قدر و منزلت ۔ عزّت ۔ دبدبہ (۲) آن ۔ انداز ۔ شان پانا (و) انداز پانا ۔ شان جانا ۔ بے عزّتی ہونا ۔ شان چڑھنا ۔ مذکر ۔ دوسرے کی طرز آڑانے والا آدمی ۔ شان دار (۱) ذی مرتبہ (۲) بھڑکیلا ۔ خوش نما ۔ شان کا مارا جانا ۔ شان گھٹنا ۔ شان میں خفّت پڑنا ۔ بے عزّتی ہونا ۔ عزّت و حرمت میں فرق آنا ۔ شانِ نزول (ع) مؤنث (۱) کسی آیت قرآنی کے اترنے کا موقع (۲) نزول کا موقع ۔ نزول کا باعث ۔ شان و شوکت (ع ۔ ف) مؤنث ۔ تجمّل ۔ رعب داب ۔ بھڑک ۔

شانتی (شَا ۔ نْ ۔ تِیْ) (ہ) مؤنث (۱) سکھ ۔ آرام ۔ امن (۲) تسلّی (۳) خوشی ۔

شانزدہم (شَانْزْ ۔ دَہُمْ) (ف) سولھواں ۔

شانہ (شَا ۔ نَہْ) (ف) مذکر (۱) کنگھی ۔ کنگھا (۲) کاندھا ۔ مونڈھا ۔ شانہ پھڑکنا (و) کندھے کا پھڑکنا، جو کسی دوست کے ملنے کا شگون سمجھا جاتا ہے ۔ شانہ ہلانا ۔ کندھا ہلا کر جگانا ۔ سوتے ہوئے کو جگانا ۔ شانے (۱) شانہ کی جمع (۲) شانہ کی صورت حروفِ مغیّرہ سے پہلے ۔ شانے سے شانہ چھلنا ۔ لوگوں کے ہجوم کی وجہ سے کندھے سے کندھا لگنا ۔ انتہائی بھیڑ ہونا ۔ بھاری مجمع ہونا ۔

شاہ (شَاہْ) (ف) مذکر (۱) بادشاہ ۔ سلطان (۲) داتا ۔ فقیروں کا لقب (۳) سیّدوں کے نام سے مخصوص لفظ (۴) حاکمِ فارس کا خطاب (۵) بڑا ۔ کلاں ۔ عظیم ۔ شاہِ اُمَم (ف ۔ ع) مذکر ۔ اُمّتوں کا بادشاہ یعنی رسول اللہ صلعم ۔ شاہ باز ۔ شاہباز (ف) مذکر ۔ ایک سفید شکاری پرندہ ۔ بڑا باز ۔ شاہین ۔ شاہ بالا (۱) (لغوی) ہم دوش (۲) (اصطلاحی) وہ شخص، جو قد و قامت میں دولہا کا ہمسر اور قریبی رشتہ دار ہو ۔ اسے نوشہ کی طرح آراستہ کر کے دولہا کے پیچھے گھوڑی پر بٹھاتے ہیں ۔ شاہ بلوط (ف ۔ ع) مذکر ۔ سیتاسپاری کا درخت ۔ شاہ پر (ف) مذکر ۔ پرندے کا سب سے بڑا پر ۔ شاہ ترہ ۔ مذکر ۔ پت پاپڑا ۔ ایک دوا ۔ شاہ خانم (و) مؤنث (طنزاً) بڑے گھر کی عورت ۔ متکبّر عورت ۔ شاہ درہ ۔ شاہدرہ (ف) مذکر (۱) لاہور کے پاس دریائے راوی کے کنارے پر ایک قصبہ جہاں شہنشاہِ جہانگیر اور ملکہ نور جہاں کے مقبرے ہیں (۲) ضلع میرٹھ میں ایک قصبہ ۔ شاہ دریا (و) مذکر ۔ عورتوں کے

اعتقاد کے مطابق ایک فرضی جن ؛ **شاہ راہ** (ف) مؤنث۔ بڑی سڑک۔ جرنیلی سڑک، بادشاہی گزرگاہ ؛ **شاہ رگ**۔ مؤنث۔ بڑی رگ، جو گردن میں سے گزرتی ہے ؛ **شاہ زادہ۔ شاہزادہ**۔ مذکر (۱) بادشاہ کا بیٹا (۲) شاہی خاندان کا ایک فرد (۳) پیارا فرزند ؛ **شاہ زادی، شاہزادی**۔ مؤنث (۱) بادشاہ کی بیٹی (۲) شاہی خاندان کی عورت (۳) کنول کے پھول کا زرد زیرہ ؛ **شاہ سوار**۔ مذکر۔ بڑا سوار۔ خوب سواری جاننے والا ؛ **شاہ عبّاس**۔ مذکر۔ حضرت علی مرتضیٰؓ کے صاحبزادے، جو حضرت امّ سلمہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے۔ بڑے بہادر اور جری تھے۔ انھوں نے یزید کی فوج کے مقابلے میں بہادرانہ کارنامے انجام دیے اور اکثروں کو نیچا دکھایا ؛ **شاہ عبّاس کا عَلَم** (ف) مذکر (۱) وہ جھنڈا، جو حضرت عباسؓ ابن حضرت علیؓ کی فوج کے ساتھ تھا (۲) وہ عَلَم، جو شیعہ حضرات ۷۔ محرم کو نکالتے ہیں ؛ **شاہ کار۔ شاہکار۔ شہکار** (ف) مذکر۔ سب سے بڑا کارنامہ ؛ **شاہ گام**۔ مذکر۔ گھوڑے کی ایک عمدہ چال ؛ **شاہ لولاکؐ** (ف۔ع) مذکر۔ (کنایۃً) حضور رسالت مآبؐ ؛ **شاہ مرداں** (ف) مذکر (۱) حضرت علیؓ کا لقب (۲) دہلی کے قریب ایک مقام، جہاں تعزیے دفن کیے جاتے ہیں ؛ **شاہ نشین**۔ مذکر و مؤنث (۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ (۲) مکان کی کسی کھڑکی کے آگے بڑھا کر بنائی ہوئی جگہ، جہاں بیٹھ کر بادشاہ درشن دیا کرتے تھے ؛ **شاہانہ** (۱) شاہی۔ بادشاہوں کی مانند (۲) بڑی شان و شوکت سے ؛ **شاہنشاہ**۔ مذکر۔ بادشاہوں کا بادشاہ۔ سب سے بڑا بادشاہ۔ قیصر۔ سلطان۔ خاقان ؛ **شاہی**۔ بادشاہی۔ حکومت ؛

شاہد (شَا۔ ہِد) (ع) مذکر (۱) گواہ۔ وہ شخص، جس نے کوئی بات آنکھ سے دیکھی ہو (۲) حسین۔ خوب صورت۔ معشوق ؛ **شاہد عادل** (ع،ف) مذکر۔ سچّا اور زبردست گواہ ؛ **شاہدی**۔ مؤنث (۱) گواہی۔ شہادت بیان۔ اظہار (۲) معشوق ؛

شاہین (شَا۔ ہِین) (ف) مذکر (۱) سفید رنگ کا ایک شکاری پرندہ۔ شہباز (۲) ترازو کی سوئی یا ڈنڈی ؛

شائبہ (شَا۔ اِبَہ) (ع) مذکر (۱) شبہہ۔ شک۔ احتمال (۲) ملاوٹ۔ آمیزش ؛

شائستگی (شَا۔ اِسْ۔ تِگی) (ف) مؤنث۔ تہذیب۔ اخلاق۔ آدمیت۔ مروّت۔ لیاقت۔ قابلیّت ؛ **شائستہ** (۱) مناسب۔ موزون۔ زیبا (۲) باتمیز۔ باسلیقہ۔ خوش اخلاق۔ مہذّب۔ تعلیم یافتہ۔ لائق ؛

شائع (شَا۔ اِع) (ع) (۱) جاری (۲) پھیلا ہوا۔ آشکارا۔ ظاہر ؛ **شائع کرنا** (ل) (۱) چھاپنا (۲) جاری کرنا (۳) اشتہار دینا۔ مشتہر کرنا۔ پھیلانا ؛

شائق (شَا۔ اِق) (ع) شوق رکھنے والا۔ شوقین۔ طلب گار ؛

شائگاں (شَا۔ اِگاں) (ف) (۱) بادشاہ کے لائق (۲) قافیے کا ایک عیب (۳) مذکر۔ بیگار ؛

شایاں (شَا۔ یَاں) (ف) (۱) موزون۔ زیبا۔ لائق (۲) نفیس۔ عمدہ ؛

شاید (شَا۔ یَدْ) (ف) (۱) غالباً۔ ممکن ہے (۲) زیبا۔ لائق ؛

ش ب

شب (شَب) (ف) مؤنث۔ رات۔ رَین ؛ **شب باش**۔ مذکر۔ رات رہنے والا۔ مقیم ؛ **شب بخیر** (دعا) رات خیر سے گزرے ؛ **شب برات**۔ مؤنث (۱) شعبان کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی درمیانی رات (۲) خوشی کی رات ؛ **شب بیدار**۔ رات کو اٹھنے والا۔ رات بھر جاگنے والا۔ رات بھر عبادت کرنے والا ؛ **شب تار**۔ مؤنث۔ اندھیری رات ؛ **شب چراغ**۔ مذکر۔ ایک قسم کا لعل جو رات کو چراغ کی طرح چمکتا ہے (۲) جگنو۔ کرمک شب تاب ؛ **شب خوابی**۔ مؤنث (۱) رات کا سونا (۲) رات کو پہن کر سونے والے کپڑے۔ رات کا لباس ؛ **شب خون**۔ مذکر (۱) چھاپا (۲) رات کے وقت کا قتل ؛ **شب دیجور**۔ مؤنث۔ اندھیری رات ؛ **شب دیز**۔ مذکر۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا ؛ **شب دیگ**۔ مؤنث۔ شلغم اور گوشت، جو رات بھر پکا کر صبح کو کھائے جائیں ؛ **شب زفاف**۔ مؤنث۔ دولھا دلھن کی اوّل رات۔ ہم بستری کی پہلی رات ؛ **شب شہادت**۔ مؤنث (۱) قتل کی رات (۲) محرّم کی دسویں رات، جس کی صبح کو حضرت امام حسینؓ مع اپنے کنبے اور ہمراہیوں کے کوفیوں کے ہاتھوں شہید ہوئے ؛ **شب قدر** (ف۔ع) مؤنث (۱) عظمت اور عزّت والی رات (۲) رمضان المبارک کی ستائیسویں رات ؛ **شبینہ**۔ مؤنث۔ رمضان شریف کی کسی ایک رات کو نمازِ تراویح میں پورے قرآن مجید کا ختم (۲) باسی۔ رات کا بچا ہوا ؛

شباب (شَبَاب) (ع) مذکر (۱) ابتدا۔ آغاز۔ شروع (۲) جوانی کا زمانہ ؛

شبان (شَبَان) (ف) مذکر۔ چرواہا ؛

شباہت (شَبَا۔ ہَت) (ع) مؤنث (۱) شکل (۲) مشابہت۔ مطابقت (۳) روپ۔ رونق ؛

شبد (شَبَدْ) (س) مذکر (ہندو) (۱) آواز (۲) لفظ (۳) صیغہ (۴) بھجن ؛

شبّر (شَبْ۔ بَر) (سریانی) مذکر۔ حضرت امام حسینؓ [حسنؓ] کا لقب ؛ (تصحیح از فیروز اللغات)

شبکا (شَبَک۔ کَا) (و) مذکر۔ کپڑے یا دیوار کا شگاف ؛

شبکہ (شَبْ۔ کَہ) (ع) مذکر (۱) لوہے یا جست وغیرہ کے تاروں کا جال (۲) کبوتر پکڑنے کا جال (۳) (ف) بڑا سوراخ ؛

شبنم (شَبْ۔ نَم) (ف) مؤنث (۱) اوس (۲) ایک قسم کا نہایت باریک اور سفید کپڑا ؛ **شبنمی**۔ مؤنث۔ اوس سے بچنے کے لیے پلنگ پر تاننے کا کپڑا ؛

شبّو (شَبْ۔ بُو) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا پھول، جس کی خوش بو رات کو پھیلتی ہے ؛

شبہ (شِبْہ) (ع) مذکر (۱) مانند (۲) ڈھانچ (۳) تصویر (۴) مشابہت مطابقت ۔

شبہہ (شُب۔ہَہ) (ع) مذکر۔ شک۔ گمان۔ وہم ۔

شبّیر (شَب۔بِیْر) (سریانی) (۱) نیک (۲) خوب صورت (۳) حضرت امام حسینؓ کا لقب ۔

شبیہ (شَبِیْہ) (۱) شکل۔ صورت۔ تصویر (۲) مشابہ۔ مانند ۔

ش۔پ

شپ (شَپ) (ف) (۱) جلد (۲) (ہ) سڑاک قمچی کی آواز (۳) تیز چلنے کی آواز ۔

شپّا (شِپ۔پا) (ہ) مذکر۔ ڈپس ۔

شپاشپ (شَپَا۔شَپ) (صحیح شپا شاپ) (ف) مؤنث (۱) پیکانِ تیر کی پیہم آواز (۲) (ہ) چاٹنے کی آواز۔ چپڑ چپڑ (۳) پیہم۔ متواتر۔ پے در پے۔ برابر (۴) پانی کے چھپکے یا اُس کے اندر جانے کی آواز ۔

شپّر۔ شپّرہ (شَپ۔پَر، شَپ۔پَرَہ) (ف) مذکر۔ چمگادڑ ۔

ش۔ت

شتا (شِتَا) (ع) مذکر۔ جاڑا ۔

شتاب (شِتَاب) (ف) جلد۔ فوراً۔ جھٹ پٹ ۔ **شتاب کار**۔ جلدکار ۔ **شتاباں** (۱) جلد باز (۲) دوڑنے والا ۔ **شتابی**۔ مؤنث (۱) جلدی (۲) (عام) گھبراہٹ ۔

شتابا (شَتَا۔بَا) (ہ) مذکر۔ وہ کاغذ، جو بارود میں تر کرکے خشک کرنے کے بعد فتیلے کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے ۔

شتر (شُتُر۔ شُتْر) (ف) مذکر۔ اونٹ۔ جمل ۔ **شتربان**۔ مذکر۔ اونٹ کو چلانے والا۔ ساربان ۔ **شتر بے مہار** (۱) نکیل کے بغیر اونٹ (۲) (مجازاً) آزاد۔ آوارہ۔ ناشائستہ ۔ **شتر غمزہ** مذکر۔ ناموزوں نخرا۔ فضول چوچلا۔ نازبےجا ۔ **شتر غمزے اٹھانا** (ہ) بے جا ناز برداشت کرنا ۔ **شتر کینہ**۔ مذکر۔ سخت دشمنی۔ دلی دشمنی ۔ **شتر گربہ**۔ مذکر (۱) دو اَن مِل بے جوڑ چیزیں (۲) شعر میں ایک ہی شخص کے لیے دو مختلف ضمیریں استعمال کرنے کا عیب ۔ **شتر مرغ**۔ مذکر۔ ایک بڑا قد آور پرندہ، جو صحرائے افریقہ و عرب میں پایا جاتا ہے ۔ **شتر نال**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی چھوٹی توپ، جو اونٹ کی پیٹھ پر لدی ہوتی ہے ۔ **شتری** (ف) مؤنث (۱) اونٹ کے رنگ کا بادامی گندمی کپڑا (۲) وہ نقارہ، جو اونٹ پر رکھا جاتا ہے (۳) (ہ) وہ نقارہ، جو روزہ کھولنے کے وقت بجایا جاتا ہے ۔

شتم (شَتْم) (ع) مذکر۔ گالی گلوچ ۔

ش۔ج

شجاع (شُجَاع) (ع) مذکر۔ بہادر۔ من چلا۔ دلیر۔ سورما ۔ **شجاعت**۔ مؤنث۔ دلیری۔ مردانگی۔ بہادری ۔

شجر (شَجَر) (ع) مذکر۔ درخت۔ پیڑ۔ پودا ۔ **شجردار** (ف) مذکر۔ وہ نگینہ، جس میں پیڑ سے بنے ہوں۔ سنگ شجر ۔ **شجرہ** (ع) مذکر (۱) نسب نامہ۔ سلسلہ۔ وہ کاغذ، جس میں پہلے وارث کو درخت کی جڑ قرار دے کر کل اولاد ترتیب وار درج ہو (۲) کھیت کا نقشہ ۔ **شجرہ و کلّہ** (ع۔ف) مذکر (۱) پیروں کا شجرہ اور ٹوپی، جو تبرکاً مریدوں کو دی جاتی ہے (۲) بوریا بدھنا۔ استر بستر۔ برتن بھانڈا ۔

ش۔ح

شحم (شَحْم) (ع) مؤنث (۱) چربی۔ فربہی۔ مٹاپا (۲) مغز۔ گودا ۔ **شحیم**۔ موٹا ۔

شحنہ (شَح۔نَہ) (ع) مذکر۔ کوتوال۔ شہر کا محافظ۔ انسپکٹر پولیس ۔

ش۔خ

شخص (شَخْص) (ع) مذکر۔ آدمی کا جسم۔ انسان کا وجود۔ بدن ۔ **شخص ثالث**۔ مذکر۔ تیسرا آدمی، جو دو میں فیصلہ کرا دے۔ سرپنچ ۔ **شخص حیّ القائم**۔ مذکر۔ وہ شخص، جو اکیلا خاندان میں سے زندہ رہے ۔ **شخصِ غیر**۔ مذکر۔ اجنبی آدمی ۔ **شخصِ واحد**۔ مذکر۔ ایک یا اکیلا آدمی۔ وہ شخص، جس کا کوئی ساتھی یا معاون نہ ہو ۔ **شخصی**۔ ذاتی۔ شخص واحد سے منسوب۔ ایک آدمی کے متعلق ۔ **شخصی حکومت**۔ مؤنث۔ وہ حکومت، جس میں بادشاہ کو پورے اختیارات حاصل ہوں ۔ **شخصیت**۔ مؤنث (۱) آدمیت۔ انسانیت (۲) وقعت۔ عزت۔ وقار۔ بزرگی ۔ **شخصیت بگھارنا** (ہ) شیخی مارنا۔ اترانا۔ لاف زنی کرنا۔ اپنا آپ دکھانا ۔

ش۔د

شد (شُد) (ف) مؤنث (۱) کسی کام کی ابتدا یا آغاز۔ شروع (۲) شُدن سے ماضی مطلق، ہوا ۔ **شد بُد**۔ مؤنث (۱) حرف شناسی (۲) کسی کام میں تھوڑی سی مہارت۔ قلیل واقفیت ۔ **شدنی**۔ مؤنث (۱) ہونے والی بات (۲) ہونہار ۔ **شُدہ** (صفت) گیا ہوا ۔ **شدہ شدہ** (تابع فعل) ہوتے ہوتے۔ رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ ۔

شدّ (شَدّ) (ع) مذکر (۱) ایک حرف کو دو بار پڑھنا (۲) زور دینا (۳) پہلوانوں کا نعرہ ۔ **شدّ و مدّ**۔ مؤنث۔ شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ تکلف ۔

شدّا (شَد۔دَا) (ہ) مذکر۔ عَلَم۔ وہ جھنڈا یا نشان، جو محرم میں شہدائے کربلا

کی یادگار کے طور پر تعزیوں کے ساتھ نکالا جاتا ہے ؎

شدّاد (شَدْ۔دَاد) (ع) مذکر۔ ایک مشہور بادشاہ، جس نے خدائی کا دعوی کیا تھا۔

شدائد (شَدَا۔اِئْد) (ع) مذکر و مؤنث۔ شدیدہ کی جمع۔ تکلیفیں۔ سختیاں ؎

شدّت (شِدْ۔دَت) (ع) مؤنث (۱) سختی۔ تیزی (۲) زیادتی ؎

شدّھ (شُدّھ) (ہ) پاک صاف۔ خالص۔ پوتر۔ نرمل ؎

شدید (شَدِیْد) (ع) سخت۔ دشوار۔ مشکل۔ کٹھن ؎ **شدید العداوت**۔ مذکر۔ وہ شخص جو دشمنی کرنے میں نہایت سخت ہو۔ جانی دشمن۔ سخت دشمن ؎

ش۔ذ

شذرات (شَذَرَات) (ع) مذکر (۱) (لغوی) کان سے نکالے ہوئے سونے کے ٹکڑے (۲) مہرے، جن سے لڑیوں میں موتی جدا کیے جائیں (۳) چھوٹے موتی (۴) (اصطلاحی) ایڈیٹر کے لکھے ہوئے نوٹ ؎ **شَذَرَہ**۔ مذکر۔ شذرات کا واحد ؎

ش۔ر

شرّ (شَرّ) (ع) مذکر و مؤنث۔ شرارت۔ بدی۔ فساد ؎ **شر اٹھانا**۔ فساد کرنا۔ جھگڑا نکالنا ؎

شرا (شِرَا) (ع) مذکر (۱) خریدنا۔ مول لینا (۲) بیچنا۔ فروخت کرنا ؎

شراب (شَرَاب) (ع) مؤنث (۱) پینے کی چیز (۲) (مجازاً) نشہ دار عرق۔ مے۔ بادہ۔ صہبا ؎ **شراب خانہ** (ف) مذکر۔ شراب بننے یا بکنے کی جگہ یا دکان۔ مے خانہ۔ کلال خانہ ؎ **شرابِ دو آتشہ**۔ مؤنث۔ دو مرتبہ کشید کی ہوئی شراب۔ تند شراب۔ تیز شراب ؎ **شرابِ طہور** (ع) مؤنث۔ بہشت کی پاک شراب ؎ **شرابِ مقطر**۔ مؤنث۔ تیز شراب ؎

شرابی (ف) مذکر۔ شراب پینے والا۔ مے کش۔ بادہ خوار۔ مے نوش۔ متوالا ؎

شرابور (شَرَا۔بُوْر) (ف) تربتر۔ بھیگا ہوا۔ لتھڑ پتھڑ ؎ **شرابور ہوجانا**۔ تر ہوجانا ؎

شرّاٹا (شَرْ۔رَا۔ٹَا) (ہ) مذکر (۱) زور کی آواز۔ شور غل۔ زناٹا (۲) ہوا کا سناٹا (۳) مینہ کی آواز ؎ **شرّاٹے** (۱) مذکر۔ شراٹا کی جمع (۲) شراٹا کی صورت حرف مغیرہ سے پہلے ؎ **شراٹے جاری ہونا**۔ زور سے بہنا ؎

شرادھ (شْرَادھ) (س) مذکر۔ مردوں کے نام پر برہمنوں کو پوری کچوری کھلانا۔ کریا کرم ؎

شرار (شَرَار) (ع) مذکر۔ آگ کا انگارا۔ آگ کا پتنگا۔ چنگاری (اصل میں شرارہ کی جمع ہے، مگر اردو میں واحد مستعمل ہے) ؎ **شرارہ**۔ مذکر۔ دیکھیے شرار

شرارت (شَرَا۔رَت) (ع) مؤنث (۱) شیطنت۔ برائی۔ بدی (۲) طنازی۔ شوخی (۳) چالاکی۔ بے باکی۔ دلیری۔ چنچل پن۔ اچپلاہٹ ؎

شرافت (شَرَا۔فَت) (ع) مؤنث (۱) بزرگی (۲) نجابت (۳) آدمیت۔ انسانیت

شرائط (شَرَا۔اِئْط) (ع) مذکر و مؤنث۔ شریطہ کی جمع۔ شرطیں۔ قول قرار ؎ **شرائطِ تمہیدی**۔ مذکر و مؤنث۔ ابتدائی شرطیں ؎ **شرائطِ مظہرہ**۔ مذکر و مؤنث۔ بیان یا ظاہر کرنے کی شرطیں ؎

شرائین (شَرَا۔اِئِین) (ع) مؤنث۔ شریان کی جمع۔ جسم میں خون پہنچانے والی رگیں ؎

شرب (شُرْب) (ع) مذکر۔ پینا ؎ **شُربُ الیہود**۔ مذکر۔ چھپا کر شراب پینا ؎

شربت (شَر۔بَت) (ع) مؤنث (۱) پینے کی چیز (۲) مٹھاس میں پکا ہوا عرق۔ دواؤں کا شیرہ ؎ **شربت پلانا** (ہ) (۱) ایک رسم جس میں نکاح کے بعد شربت پلایا جاتا ہے۔ اس کے عوض شربت والے برتن میں دولھن کے لیے کچھ نقدی ڈالی جاتی ہے۔ سگائی کرنا ؎ **شربت پلائی**۔ مؤنث (۱) وہ نقدی، جو دولھن کے نائی کو شربت پینے کے عوض نکاح کے بعد دی جاتی ہے (۲) ایک قسم کا نیگ، جو حجام کو رخصت کرتے وقت دیا جاتا ہے۔ رخصتانہ ؎ **شربت کے پیالے پر نکاح پڑھانا**۔ کچھ خرچ نہ کرنا اور غریبوں کی طرح صرف شربت کا پیالہ پلا کر نکاح کر دینا ؎ **شربت کے سے گھونٹ سمجھ کر پینا**۔ کسی ناگوار یا تلخ بات کو خوشی اور تحمل سے برداشت کرنا۔ سختی سہنا ؎ **شربتی**۔ مؤنث (۱) ایک قسم کا ہلکا زرد سرخی مائل رنگ (۲) ایک قسم کا میٹھا لیمو (۳) ایک قسم کے بڑے بڑے فالسے (۴) ایک قسم کا بے حد باریک اور نفیس کپڑا ؎

شربہ (شَر۔بَہ) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی چھوٹی مشک (۲) تھالا (۳) تالاب ؎

شرح (شَرْح) (ع) مؤنث (۱) کھول کر کہنا۔ تفسیر۔ حاشیہ (۲) (و) بھاؤ۔ نرخ۔ در ؎ **شرح آب پاشی** (و) مؤنث۔ نہر کا پانی دینے کا نرخ ؎ **شرح بندی**۔ نرخ کی فہرست۔ نرخ نامہ ؎ **شرح چڑھانا**۔ حاشیہ چڑھانا۔ تفسیر لکھنا ؎ **شرحِ خوراکِ گواہاں**۔ مؤنث۔ گواہوں کی خوراک کا معمول ؎ **شرحِ سود**۔ مؤنث۔ سود کا معمول ؎ **شرح لگان**۔ مؤنث۔ خراج کا نرخ ؎

شررہ (شَرَرَہ) (ع) مذکر (۱) آگ کی چنگاری (۲) مولانا عبدالحلیم لکھنوی مرحوم کا تخلص ؎

شرط (شَرْط) (ع) مؤنث (۱) قول قرار۔ عہد و پیمان (۲) داؤں۔ بازی (۳) قاعدہ۔ دفعہ ؎ **شرط باندھنا** (و) بازی بدنا ؎ **شرطیہ** (ع) شرعی۔ اقراری ؎

شرع (شَرْع) (ع) مؤنث (۱) سیدھا راستہ۔ قانونِ محمدیؐ، جو قرآن کے مطابق ہے (۲) طریقہ۔ طور ؎ **شرعِ محمدیؐ**۔ مؤنث۔ قانونِ محمدیؐ، دین اسلام کا طریقہ ؎ **شرع محمدیؐ نکاح پڑھنا** (۱) قانونِ اسلام کے مطابق سادہ نکاح کر دینا ؎ **شرع میں رخنہ ڈالنا**۔ مذہب میں کوئی بات داخل کر کے خلل انداز ہونا۔ جھگڑا نکالنا ؎ **شرع میں شرم کیا**۔ کہاوت۔ جو بات شرع میں جائز ہو، اس میں شرم بے سود ہے۔ معاملے میں شرم نہ کرنی چاہیے ؎ **شرعاً**۔ شرع کے رو سے۔

قانونِ اسلام کے مطابق ۔
شرف (شَرَف) (ع) مذکر (۱) بزرگی۔ برتری۔ ترجیح (۲) خوبی۔ عمدگی ۔
شرفِ خدمت ۔ مذکر۔ خدمت میں حاضر ہونے کا فخر ۔ شرفِ عدالت ۔
مذکر۔ ناظر ۔ شرف ہونا (ف) (۱) عزت ملنا (۲) فخر یا بزرگی حاصل ہونا (۳)
کسی ستارے کا اپنے اصلی گھر میں داخل ہونا ۔ شرف یاب (ع۔ ف)
بزرگی پانے والا۔ اعزاز یافتہ ۔
شرفا (شُرَفَاء) (ع) مذکر۔ شریف کی جمع ۔
شرق (شَرْق) (ع) مذکر۔ سورج کے نکلنے کی جگہ۔ مشرق۔ پورب ۔ شرق
سے غرب تک (ف) مشرق سے مغرب تک یا پورب سے پچھم تک ۔
شرقی (ع) مشرق کا۔ پورب کا ۔ شرقی زبان (ف) مؤنث۔ وہ زبان
جو یورپ کے مشرق میں بولی جاتی ہے۔ ایشیائی زبان مثلاً عربی۔ فارسی۔
چینی۔ سنسکرت وغیرہ ۔ شرقی علوم (ع) مذکر۔ وہ علوم مشرقی جو
ایشیا میں رائج ہیں ۔
شرک (شِرْک) (ع) مذکر۔ خدا کی ذات میں کسی اَور کو شریک کرنا۔ بت پرستی۔
کفر ۔ شرکِ جلی ۔ مذکر۔ ظاہر اور صریح شرک جیسے کسی انسان کو
حاجت روا سمجھنا ۔ شرکا (شُرَکَا) (ع) مذکر۔ شریک کی جمع ۔ شرکت
مؤنث۔ سانجھ۔ ساجھا۔ شمولیت ۔ شرکتِ قبل وقوعِ جرم ۔ مؤنث۔
وقوعِ جرم کے مشورے میں شریک ہونا ۔ شرکتِ مابعدِ وقوعِ جرم ۔
مؤنث۔ جرم معلوم ہونے کے بعد اُسے چھپانے کی کوشش کرنا ۔
شرکتِ ملکیت ۔ مؤنث۔ ملکیت کا ساجھا ۔ شرکت نامہ
(ع۔ ف) مذکر۔ وہ اقرار نامہ جو شریکوں میں باہمی قول قرار کے
متعلق لکھا جائے ۔
شرم (شَرْم) (ف) مؤنث (۱) حیا۔ غیرت۔ لاج۔ عزت (۲) لحاظ۔
خیال ۔ شرم رکھنا (ف) عزت بچانا۔ لاج رکھنا ۔ شرم رہ جانا ۔
بات رہ جانا ۔ شرم سے پانی پانی ہونا ۔ شرمندگی سے آب آب ہونا۔
بے حد شرمندہ ہونا ۔ شرم کی بات ۔ مؤنث۔ غیرت کی بات۔ لاج کی
بات۔ افسوس کی بات ۔ شرم کی بہو نت بھوکی مرے ۔ کہاوت۔
جس دلھن کو کھانے میں شرم ہوتی ہے، وہ ہمیشہ بھوکی مرتی ہے ۔
غیرت مند ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے ۔ شرم گاہ ۔ عورت کی جائے ستر۔
پردے کی جگہ، اندامِ نہانی ۔ شرما شرمی (ف) (۱) شرم لحاظ سے
مجبور ہو کر (۲) مؤنث۔ شرم۔ لاج۔ حیا ۔ شرمانا ۔ شرمندہ ہونا۔
غیرت کھانا۔ لجانا ۔ شرمسار (ف) (۱) صاحبِ شرم (۲)
شرمندہ ۔ شرمساری ۔ مؤنث (۱) خجالت۔ شرمندگی (۲) شرم۔
لاج ۔ شرمناک ۔ قابلِ شرم ۔ شرمندگی ۔ مؤنث۔ شرم۔ لاج۔
ندامت ۔ شرمندہ (۱) شرمسار۔ نادم (۲) حیا والا ۔
شرمندۂ احسان (ف۔ ع) احسان مند ۔ شرمیلا (ف) مذکر۔ شرمالو۔
غیرت مند۔ حیا دار ۔

شروا (شَرْ۔ وَا) (ف) مذکر۔ شوربا ۔
شروع (شُرُوع) (ع) مذکر۔ ابتدا۔ آغاز۔ اول۔ پہل ۔ شروع
سے آخر تک (ف) اول سے آخر تک۔ ابتدا سے انتہا تک ۔
شروع کرنا (۱) پہل کرنا (۲) بنا ڈالنا۔ بنیاد ڈالنا ۔
شریان (شِرْ۔ یَان) (ع) مؤنث۔ خون کے دورہ کرنے کی رگ۔ لال رگ۔
نبض دیکھنے کی رگ ۔
شریر (شَرِیْر) (ع) (۱) شوخ۔ بے باک (۲) بدذات۔ حرام زادہ (۳)
صاحبِ شر۔ بُرا۔ بد (۴) سرکش۔ دنگئی ۔
شریعت (شَرِیْ۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) دینی قانون (۲) راستہ۔ طریقہ
(۳) ظاہری صفائی ۔
شریف (شَرِیْف) (ع) (۱) عالی خاندان۔ بزرگ (۲) مہذب۔ بھلا مانس۔
اشراف ۔ شریف زادہ (ع۔ ف) مذکر۔ اشراف کا بیٹا ۔
شریفہ (شَرِیْ۔ فَہ) (ف) مذکر۔ ایک میٹھا اور چھوٹا سا پھل۔ سیتاپھل ۔
شریک (شَرِیْک) (ع) (۱) شامل (۲) ملا ہوا (۳) پتّی والا۔ حصہ دار (۴)
دوست۔ رفیق۔ مددگار (۵) ساتھی (۶) رشتہ دار ۔ شریک الرائے ۔
رائے سے اتفاق کرنے والا۔ متفق الرائے ۔ شریکِ رنج و راحت
(ف) دُکھ سُکھ کا ساتھی۔ رفیق۔ ہمدم ۔

ش۔ س

شَست (شَشْت) (ف) مؤنث (۱) انگشت۔ انگوٹھا (۲)
نشانہ۔ ہدف۔ سیدھ ۔ شست باندھنا۔ یا۔ لگانا (ف)
نشانہ درست کرنا۔ سیدھ باندھنا۔ تاک لگانا ۔
شِست (شِشْت) (ف) مؤنث۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ بنسی ۔
شُست (شُشْت) (ف) شستن سے ماضی مطلق۔ دھویا۔
دھو کر صاف کیا ۔ شست و شو ۔ مؤنث (۱) نہانا دھونا (۲)
دھو کر صاف کرنا ۔ شستگی ۔ مؤنث (۱) دُھلا ہوا ہونا (۲) الفاظ
کی سلاست ۔ شستہ (۱) صاف کیا ہوا۔ دھویا ہوا (۲) پاک۔
خالص ۔ شستہ و رفتہ ۔ پاکیزہ۔ منجھا ہوا ۔

ش۔ ش

شَش (شَشْ) (ف) چھ۔ ۶ ۔ شش پہلو ۔ چھ کونوں والا۔
مسدس ۔ شش جہت (ع۔ ف) مؤنث۔ سارا جہان ۔ شش دانگ
(۱) چھ طرفیں (۲) کنایۃً کُل دنیا ۔ شش در ۔ ششدر (۱)
چھ دروازے کا مکان (۲) ہکا بکا۔ حیران۔ پریشان ۔ شش ماہی۔
آدھا سال۔ چھ ماہی ۔ شش و پنج ۔ مذکر۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔
فکر و اندیشہ۔ سوچ بچار ۔
شُش (شُشْ) (ف) مذکر۔ پھیپھڑا ۔

ششکار ششکاری (شَش۔کار، شَش۔کا۔ری) (ہ) مؤنث۔ ششکر کر کہتے کو کسی شکار پر دوڑانا ⁂ ششکارنا (و) ششکار کا مصدر ⁂

ش۔ص

شصت (شَصت) (ف) ساٹھ۔ ۶۰ ⁂

ش۔ط

شطّ (شَطّ) (ع) مذکر و مؤنث (۱) نالا۔ ندی۔ دریا (۲) عبادات اور فرائض ⁂

شطّاح (شَطْ۔طاح) (ع) (۱) شوخ دیدہ۔ حد ّافر۔ ازحد بے حیا۔ بغایت شوخ (۲) خلاف شرع بکنے والا ⁂

شطحیّات (شَطْ۔حی۔یات) (ع) مذکر و مؤنث (۱) ڈھل بازی (۲) خلاف شرع بڑ اور بکواس ⁂

شطرنج (شَطْ۔رَنج) (چترنگ کا معرّب) مؤنث۔ ایک مشہور کھیل، جو بتیس مہروں اور چونسٹھ خانوں میں کھیلا جاتا ہے ⁂ شطرنج باز۔ (ع۔ف) مذکر۔ شطرنج کا کھلاڑی۔ شاطر ⁂

شطرنجی (شَطْ۔رَنْ۔جی) (ف) مؤنث (۱) مختلف قسم کے اناج کی روٹی (۲) ایک قسم کا سوتی فرش۔ دری ⁂

ش۔ع

شِعار (شِعار) (ع) مذکر (۱) وہ کپڑا، جو دوسرے کپڑے کے نیچے پہنا جائے، جیسے کرتا، بنیان وغیرہ (۲) (مجازاً) طریقہ۔ دستور۔ عادت۔ طرز ⁂

شعاع (شُعاع) (ہ) مؤنث۔ چاند یا سورج کی روشنی کا انعکاس۔ چمک۔ کرن ⁂

شعائر (شَعا۔اِر) (ع) مذکر (۱) قربانیاں (۲) نشانیاں۔ رسوم (۳) فرائض اور عبادات ⁂

شعبان (شَعْبان) (ع) مذکر۔ مسلمانوں کا آٹھواں قمری مہینا، جس کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی درمیانی رات کو شب برات کہتے ہیں ⁂

شُعبدہ (شُع۔بَدَہ، شَع۔بَدَہ) (ع) مذکر (۱) وہ بازی، جو سحر یا جادو یا مکروفریب سے متعلق ہو (۲) نظر بندی (۳) فریب۔ حقہ بازی۔ دھوکا۔ چھل ⁂ شعبدہ باز۔ یا۔ شعبدہ گر (ف) مذکر (۱) بازیگر (۲) جادوگر (۳) بھان متی۔ مداری (۴) فریبی۔ مکّار ⁂ شعبدہ بازی مؤنث (۱) نظر بندی (۲) جادوگری (۳) مکّاری۔ چالاکی۔ دغا بازی ⁂

شعبہ (شُع۔بَہ) (ع) مذکر (۱) فرقہ۔ گروہ (۲) ٹہنی۔ شاخ (۳) حصّہ۔ ٹکڑا (۴) راگنی (۵) وہ نہر، جو کسی نہر سے نکالی جائے ⁂

شعر (شِعْر) (ع) مذکر (۱) (لغوی) جاننا۔ درست کرنا (۲) (اصطلاحی) وہ موزون کلام، جو قصداً کہا جائے۔ نظم۔ فرد۔ بیت۔ گیت۔ دوہا ⁂

شعر تر (ع۔ف) مذکر۔ پاکیزہ، آب دار، بامزہ اور تازہ کلام ⁂

شعر خوانی۔ مؤنث۔ شعر پڑھنا ⁂ شعر کہنا (و) شعر گوئی کرنا۔ نظم لکھنا ⁂ شعر گوئی (ع۔ف) مؤنث۔ شعر کہنا۔ شاعری ⁂

شعرِ مرا بہ مدرسہ کہ برد (ف) مثل۔ میرا شعر مدرسے میں کون لے گیا؟ اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی چیز ناقدروں کے ہاتھ پڑ جائے ⁂

شعرا (شُعَ۔را) (ع) مذکر۔ شاعر کی جمع۔ شعر کہنے والے ⁂ شعریّت مؤنث (۱) شعر کی روح۔ شعر کا حسن۔ شعرپن۔ اثر و تاثیر۔ سوز و گداز ⁂

شعشعہ (شَع۔شَعَہ) (ع) مذکر۔ سورج کی کرن۔ چمک۔ روشنی ⁂

شعلہ (شُع۔لَہ) (ع) مذکر (۱) روشنی۔ چمک۔ درخشندگی (۲) لپٹ۔ لَو (۳) آگ۔ آتش (۴) (و) غضب۔ غصّہ ⁂ شعلہ اٹھنا (و) آگ بھڑکنا ⁂ شعلہ بھبوکا (۱) بے حد خوب صورت۔ گورا چٹّا (۲) خشم ناک۔ غضب ناک ⁂ شعلہ بھبوکا ہونا۔ آگ ہو جانا۔ آگ لگ جانا۔ غصّے کے مارے جل بھن جانا۔ از حد غضب ناک ہونا ⁂ شعلۂ جوّالہ (ع) مذکر (۱) گرد و اگرد پھرنے والا شعلہ (۲) جلتی ہوئی بنیٹی کا چکر (۳) معشوق ⁂ شعلہ خو (ع۔ف) مذکر (۱) بدمزاج۔ تندخو۔ تیز مزاج (۲) معشوق ⁂

شعور (شُعُور) (ع) مذکر (۱) واقفیت۔ دانائی۔ تمیز (۲) (و) عقل۔ سمجھ۔ دانش ⁂ شعور پکڑنا (و) تمیز سیکھنا۔ ہوش سنبھالنا ⁂

شعیبؑ (شُعَیب) (ع) مذکر۔ ایک مشہور پیغمبر ⁂

ش۔غ

شَغال (شَغال) (ع) مذکر۔ گیدڑ ⁂

شغب (شَغَب) (ع) مذکر۔ شور غل ⁂

شغف (شَغَف) (ع) مذکر (۱) دلچسپی۔ لگاؤ (۲) انتہائی محبت ⁂

شغل (شُغْل۔ شُغُل، شَغْل۔ شَغَل) (ع) مذکر (۱) کام کاج۔ بے فرصتی (۲) خدا کا دھیان (۳) (و) دل لگی۔ کھیل کود (۴) خیال۔ تصوّر۔ دھیان ⁂ شغل کرنا (و) (۱) کسی کام میں مصروف ہونا (۲) کھانا پینا۔ تفریح طبع میں مشغول ہونا ⁂

ش۔ف

شفا (شِفا) (ع) مؤنث۔ تندرستی۔ صحت ⁂ شفا خانہ (ع۔ف) مذکر۔ بیماروں کے علاج کی جگہ۔ ہسپتال ⁂

شفاعت (شَفا۔عَت) (ع) مؤنث (۱) وساطت۔ سفارش (۲) گنہگاروں کے گناہوں کی معافی کے لیے سفارش ⁂

شفّاف (شَفْ۔فاف) (ع) بے حد صاف، جس کے آر پار نظر جاسکے۔ بغایت اُجلا اور صاف ⁂

شفتالو (شَفْ۔تا۔لُو) (ف) مذکر۔ آڑو۔ ایک قسم کا بڑا آڑو ⁂

شفتل (شَفْ۔تَل) (ف) مذکر (عو) (۱) نالائق۔ بیہودہ (۲) بدکار۔
شُفعہ (شُف۔عَہ) (ع) مذکر۔ ہمسائگی کا حق۔ گھر یا زمین وغیرہ کی ہمسائگی، جس کا بہت بڑا حق ہے۔ **شفعۂ جار**۔ مذکر۔ پڑوسی کا شفعہ۔ **شفعۂ خلیط**۔ مذکر۔ ملا ہوا شفعہ۔ **شفعۂ واجب العرض** مذکر۔ خریداری کا حق، جو بندوبست کے وقت شرائط کے مطابق لکھا جائے۔

شفق (شَفَق) (ع) مؤنث۔ سُرخی، جو شام اور صبح کو آسمان پر ظاہر ہوتی ہے۔ **شفق پھولنا** (ف) شفق کا نمودار ہونا۔

شفقت (شَفْقَت۔ شَفَ۔ قَت) (ع) مؤنث (۱) ترس۔ رحم۔ ہمدردی۔ مہربانی۔ لطف (۲) (ف) پیار۔ محبت۔

شفیع (شَفِیع) (ع) مذکر (۱) گناہوں کی سفارش کرنے والا (۲) شفعہ کا حق رکھنے والا۔ **شفیع الاُمَم**۔ مذکر۔ اُمتوں کی شفاعت کرنے والا۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلعم کا لقب۔ **شفیعِ محشر**۔ مذکر۔ حشر میں شفاعت کرنے والا۔ رسول اللہ صلعم کا لقب۔

شفیق (شَفِیق) (ع) مہربان۔ عنایت فرما۔ محبّ۔ کریم۔

ش۔ق

شق (شَق) (ع) (۱) شگاف پڑا ہوا۔ پھٹا ہوا (۲) مذکر۔ شگاف۔ **شق القمر**۔ مذکر۔ چاند کا پھٹ جانا۔ آنحضرتؐ کا ایک معجزہ۔ **شق ہونا** (ف) دراڑ آنا۔ شگاف پڑنا۔ پھٹنا۔

شِق (شِق) (ع) مؤنث (۱) نصف حصّہ (۲) حصّہ۔ ٹکڑا (۳) جانب۔ طرف (۴) نوع۔ قسم۔

شقاوت (شَقَا۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) سنگ دلی (۲) بدبختی۔
شقائق (شَقَا۔ اِق) (ع) مذکر۔ گُلِ لالہ۔ پھول۔
شقّہ (شُق۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) وہ رقعہ، جو بادشاہ اپنے امراء کو ضروری امر کے لیے لکھیں (۲) وہ رقعہ، جو امیر لوگ اپنے سے کم درجے کے امیروں کو دوستانہ طور پر لکھیں۔
شقی (شَقِی) (ع) (۱) بدبخت (۲) سنگ دل۔
شقیقہ (شَقِی۔ قَہ) (ع) مذکر۔ کان اور پیشانی کے درمیان کا نرم حصّہ، جہاں رگ پھڑکتی رہتی ہے (۲) آدھے سر کا درد۔

ش۔ک

شک (شَک) (ع) مذکر۔ شبہہ۔ گمان۔ احتمال۔ **شک ڈالنا** (ف) شبہہ پیدا کرنا۔ گمان کرنا۔ **شک رفع کرنا۔ یا۔ مٹانا۔ یا۔ نکالنا**۔ گمان مٹانا۔ شبہہ دُور کرنا۔ **شک کرنا**۔ گمان کرنا۔ شبہہ کرنا۔
شکار (شِکَار) (ف) مذکر (۱) حیوان کے مارنے کا قصد۔ صید (۲) شکار کیا ہوا حیوان یا پرندہ (۳) اسامی۔ سونے کی چڑیا (۴) مفت کا مال۔

شکار بند۔ مذکر۔ وہ تسمہ، جو گھوڑے کی دُم کے قریب شکار لٹکانے یا ضروری سامان باندھنے کے لیے لگا ہوتا ہے۔ فتراک۔ **شکار کرنا** (ف) (۱) کسی جانور یا حیوان کو مارنا۔ صید کرنا (۲) دام میں لانا۔ قابو میں لانا (۳) عاشق بنانا۔ فریفتہ کرنا (۴) دھوکے سے مارنا۔ فریب سے لوٹنا۔ اسامی بنانا۔ **شکار کھیلنا**۔ جانوروں کو مارنا یا پکڑنا۔ صید مارنا۔ **شکار کے وقت کُتیا ہگائی**۔ مثل۔ کام کے وقت حیلہ بہانہ یا سستی کرنے لگے۔ **شکار گاہ** (ف) مؤنث۔ شکار کھیلنے کا مقام۔ صید گاہ۔ رمنا۔ **شکار ہونا** (ف) (۱) کسی جانور کا مارا جانا (۲) جال میں پھنسنا (۳) عاشق ہونا۔ **شکاری** (ف) مذکر (۱) شکار کرنے والا شخص۔ صیاد (۲) (صفت) شکار کے متعلق۔ **شکاری کتّا** (ف) مذکر۔ شکار مارنے یا پکڑنے والا کتّا۔ سگِ تازی۔
شکال (شِکَال) (ع) مذکر۔ وہ گھوڑا جس کی تین ٹانگیں سفید اور چوتھی کسی دوسرے رنگ کی ہو۔

شکایت (شِکَا۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) شکوہ۔ گِلہ (۲) (ف) بیماری۔ مرض (۳) دادخواہی۔ فریاد (۴) بدی۔ بُرائی۔ غیبت۔ **شکایت کرنا** (ف) (۱) مصیبت بیان کرنا۔ دُکھڑا رونا (۲) گِلہ شکوہ کرنا (۳) فریاد کرنا (۴) بُرائی کرنا۔ بدی کرنا۔

شکتی (شَک۔ تِی) (س) مؤنث۔ زور۔ بل۔ طاقت۔
شَکَر (شَکَر) (ف) مؤنث۔ چینی۔ کھانڈ۔ بُورا۔ مصری۔ قند۔ نبات۔ **شکر پارہ**۔ مذکر۔ ایک قسم کی مٹھائی، جو مربع شکل کی پارہ پارہ ہوتی ہے۔ **شکر تری**۔ مؤنث۔ سفید کھانڈ۔ **شکر رنجی**۔ مؤنث۔ معمولی سی رنجش۔ اَن بن۔ رکاوٹ۔ انقباضِ خاطر۔ **شکر قلم** (۱) اچھی زبان لکھنے والا شخص۔ لائق مصنّف (۲) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ **شکر قند** (ف) مذکر۔ ایک قسم کی میٹھی جڑ، جو اُبال کر یا ریت میں بھون کر کھائی جاتی ہے۔ **شکر لب** (ف) شیریں ہونٹوں والا۔ معشوق۔ **شکرانا** (ف) مذکر۔ وہ خشکہ جس میں کھانڈ اور گھی ڈال کر کھلائیں (پ) چوبا۔ **شکرِ مئی** (ف) مؤنث۔ ایک قسم کا فالسہ، جو نہایت میٹھا اور بڑا ہوتا ہے۔
شکرا (شَک۔ رَہ) (ف) مؤنث۔ سُرخ کھانڈ۔ **شکر خورا**۔ مذکر (۱) ایک پرندہ، جو مٹھاس بڑے شوق سے کھاتا ہے (۲) (مجازاً) تر مال کھانے والا۔ **شکر خورے کو شکر، موذی کو ٹکّر**۔ مثل۔ اچھے کو نیک ثمرہ اور بُرے کو سزا ملتی ہے۔ **شکر سے منہ بھرنا**۔ کسی خوشخبری کے شکریے میں مٹھائی کھلانا۔
شُکر (شُکْر) (ع) مذکر۔ احسان مندی۔ سپاس۔ احسان ماننا۔ **شکر کرنا۔ یا۔ بجا لانا** (ف) سپاس گزاری کرنا۔ احسان ماننا۔ **شکر گزار** (ع۔ف) احسان مند۔ ممنون۔ شاکر۔ **شکر گزاری**۔ مؤنث۔ ممنونیت۔ احسان مندی۔ **شکرانہ** (ف) مذکر (۱) منّت۔ احسان۔ شکریہ (۲) کسی کام کے بدلے میں کچھ دینا۔

شُکَر (شُک۔کَر) (س) مذکر (۱) زہرہ۔ ثریٰ فلک۔ چھٹا ستارہ (۲) یوم آدینہ۔ جمعہ ؎

شِکرم (شِک۔رَم) (و) مؤنث۔ ایک قسم کی گاڑی ؎

شِکرہ (شِک۔رَہ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا باشہ۔ باز کی قسم کا ایک شکاری پرندہ ؎ **شِکرہ پالنا** (و) (۱) خرچ باندھنا (۲) بھروسا کرنا (۳) اپنے سر پر بار لینا ؎

شکست (شِکَسْت) (ف) مؤنث (۱) شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ (۲) زک۔ ہزیمت۔ ہار (۳) زیان۔ نقصان۔ کمی ؎ **شکستِ فاش**۔ مؤنث۔ بھاری شکست۔ ایسی ہار جس میں کسی کو کلام نہ ہو ؎ **شکست و ریخت**۔ مؤنث۔ گری پڑی چیز۔ ٹوٹ پھوٹ ؎ **شکستگی**۔ مؤنث۔ خستگی۔ شکست و ریخت۔ ٹوٹ پھوٹ ؎ **شکستہ** (۱) گرا پڑا۔ ٹوٹا ہُوا (۲) وہ خط، جو بے قاعدہ اور گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے ؎ **شکستہ بازو**۔ شکستہ بال۔ شکستہ پا۔ **شکستہ پر**۔ ضعیف۔ بے قوت۔ کمزور۔ بے بس۔ بیکس ؎ **شکستہ حال** (ف۔ع) پریشان حال۔ خستہ حال۔ آفت کا مارا۔ مصیبت زدہ ؎ **شکستہ حالی**۔ مؤنث۔ خستہ حالی۔ پریشانی۔ آفت۔ مصیبت۔ تباہی ؎ **شکستہ خاطر**۔ آزردہ دل۔ غمگین۔ رنجیدہ دل ؎ **شکستہ خط**۔ مذکر۔ ایک قسم کا خط، جو گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے ؎

شکل (شَکْل) (ع) مؤنث (۱) صورت۔ ہیئت۔ چہرہ (۲) مثل۔ مانند (۳) وضع قطع۔ رنگ ڈھنگ (۴) طریق۔ طور۔ ڈھب (۵) جنس۔ نوع۔ قسم (۶) (و) نقشہ۔ انداز۔ ڈول (۷) مورتی۔ بُت۔ مُورت (۸) اقلیدس کی ایک شکل، جو ایک حد یا کئی حدوں سے محدود ہو (۹) تدبیر۔ موقع (۱۰) گت۔ حالت ؎ **شکل بگاڑنا** (و) صورت بگاڑنا۔ اس قدر بگاڑنا کہ صورت نہ پہچانی جاسکے ؎ **شکل بنانا** (۱) ڈول ڈالنا۔ خاکہ کھینچنا (۲) نقل کرنا۔ کسی صورت کا اختیار کرنا (۳) چہرہ بگاڑنا ؎ **شکل تو دیکھو**۔ لیاقت تو دیکھو۔ قابلیت تو دیکھو ؎ **شکل چڑیلوں کی، مزاج پریوں کا**۔ مثل۔ اس بدصورتی پر غرور ؎ **شکل حماری** (ع) مؤنث۔ اقلیدس کے پہلے مقالے کی بیسویں شکل، جو اس قدر آسان ہے کہ جو اسے بھی نہ سمجھے، وہ گدھا ہے ؎ **شکل سے بیزار ہونا** (و) صورت سے نفرت کرنا۔ سخت متنفر ہونا۔ بے حد ناراض ہونا ؎ **شکل نکالنا** (۱) تدبیر سوچنا۔ موقع نکالنا (۲) جوبن نکالنا۔ صورت کا خوش نما کرنا ؎ **شکل و شمائل** (ع۔ف) مؤنث۔ رنگ روپ۔ صورت و سیرت۔ خوب صورتی ؎

شکم (شِکَم) (ف) مذکر۔ پیٹ۔ بطن ؎ **شکم بندہ**۔ **شکم پرست**۔ **شکم پرور** (۱) لالچی۔ حریص۔ کھاؤ۔ پیٹو (۲) خوش خوراک ؎ **شکم سیر**۔ پیٹ بھرا۔ آسودہ ؎ **شکمی** (۱) پیٹ کا۔ جنم کا۔ پیدائشی۔ مادر زاد (۲) بیچ کا (۳) اندرونی (۴) پیٹو ؎ **شکمی کاشتکار** (و) مذکر۔ پٹے دار۔ اجارہ دار۔ اسامی۔ وہ کسان، جو پرائی زمین کو بونے جوتنے میں شریک ہو، مگر اس کا نام سرکاری کاغذات میں نہ ہو ؎

شکن (شِکَن) (ف) مؤنث۔ سلوٹ۔ جھول۔ جھری ؎ **شکن ڈالنا** (و) تہ کرنا۔ نشان ڈالنا ؎

شکنجہ (شِکَن۔جَہ) (ف) مذکر (۱) مجرموں کو سخت سزا دینے کا ایک اوزار (۲) جلد سازوں کا ایک اوزار جس میں کتابیں دبا کر کاٹتے یا پشتہ لگاتے ہیں (۳) سزا۔ سخت دکھ۔ عذاب (۴) رُوئی دبانے کی کل ؎

شکنجے (و) مذکر (۱) شکنجہ کی جمع (۲) شکنجہ کی صورت حروفِ مغیرہ سے پہلے ؎ **شکنجے میں کھینچنا**۔ بہت تنگ کرنا۔ بے حد دق کرنا۔ شدید تکلیف دینا ؎

شکور (شَکُور) (ع) مذکر (۱) بڑا شکر گزار (۲) شکریہ قبول کرنے والا (۳) خدا کا ایک صفاتی نام ؎

شکور (شُکُور) (ع) مذکر (۱) شکر کرنا (۲) شاکر کی جمع۔ شکر کرنے والے ؎

شکوہ (شِک۔وَہ) (ف) شکوی (شِک۔وَا) (ع) مذکر۔ شکایت۔ گلہ ؎ **شکوہ گزاری** (ف) مؤنث۔ گلہ گزاری۔ دوستانہ شکایت ؎

شکوہ (شُکُوہ) (ف) مذکر۔ شان و شوکت۔ رعب داب ؎

شکیب۔ شکیبائی (شِکیب ؎ شِکے۔بَا۔اِئی) (ف) صبر۔ تحمل ؎

شکیل (شَکِیل) (ع) شکل دار۔ خوش وضع۔ خوب صورت ؎ **شکیلہ**۔ مؤنث۔ حسین عورت۔ خوب صورت عورت۔ جمیلہ ؎

شِکیل (شِکِیل) (ع) مؤنث (۱) گھوڑا باندھنے کی رسی (۲) مکر و فریب ؎

ش۔گ

شگاف (شِگَاف) (ف) مذکر (۱) جھری۔ دراڑ۔ درز (۲) قلم کے بیچ کا چراؤ ؎ **شگاف دینا۔ یا۔ لگانا** (و) قلم کو چیرنا (۲) نشتر لگانا۔ چیرا دینا ؎

شگرف (شِگَرْف) (ف) (۱) عجیب۔ عمدہ (۲) نادر (۳) بزرگ۔ نیک (۴) خوب صورت (۵) مذکر۔ معشوق ؎

شگفت (شِگِفْت) (ف) مذکر۔ حیرانی۔ تعجب ؎

شگفت (شِگُفْت) (ف) (۱) خوش (۲) کھلا ہُوا (۳) مؤنث۔ خوشی۔ تفریح ؎ **شگفتگی**۔ مؤنث (۱) پھول کا کھلنا (۲) فرحت۔ خوشی (۳) شادابی۔ سرسبزی ؎ **شگفتہ** (۱) کھلا ہُوا (۲) خوش ؎ **شگفتہ خاطر** (ف۔ع) خوش دل۔ خوش مزاج ؎ **شگفتہ رُو** (ف) خندہ پیشانی۔ ہنس مکھ ؎

شگن (شُگُن) (ہ) مذکر (۱) فال (۲) نقد۔ نذرانہ۔ نیگ (۳) منگنی کی رسم ؎ **شگنیا**۔ مذکر۔ نجومی۔ جوتشی۔ رمال ؎

شگوفہ (شِگُو۔فَہ) (ف) مذکر (۱) غنچہ۔ کلی، جو کھلی نہ ہو (۲) گل۔ پھول (۳) (و) چٹکلا۔ کسی انوکھی یا عجیب بات کا ظہور ؎ **شگوفہ پھولنا** (و) (۱) پھولوں کا کھلنا (۲) انوکھی بات نکلنا (۳) فتنہ کھڑا ہونا (۴)

ناگہانی اموبش آنا ۔ شگوفہ چھوڑنا ۔ کوئی عجیب یا نئی بات بیان کرنا۔ شگوفہ کھِلنا (۱) گل کھلنا۔ کلی کا پھولنا (۲) عجیب وغریب بات کا پیش آنا (۳) فتنہ اٹھنا ۔

شگون (شَگُوْ نْ) (ف) مذکر۔ دیکھیے "شگن" ۔ شگون ہونا (ن) (۱) کسی کام کا نیک وقت میں شروع کیا جانا ۔ اچھی فال نکلنا (۲) نسبت یا منگنی کی رسم ادا ہونا ۔

ش۔ل

شل (شَلْ) (ع) (۱) ہاتھ پاؤں کا کام سے جاتا رہنا ۔ رہ جانا ۔ تھکنا ۔ نکما ہو جانا ۔ سُن ہو جانا (۲) تھکا ماندہ ۔ سست ۔ شل ہو جانا (ن) (۱) کام سے تھک جانا (۲) ہاتھ پاؤں کا جاتا رہنا (۳) ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا ۔

شلجم ۔ یا ۔ شلغم (شَلْ ۔ جَمْ ۔ یا ۔ شَلْ ۔ غَمْ) (ف) مذکر۔ مولی کی قسم سے ایک سبزی (رپ)، گونگلو ۔

شلک ۔ یا ۔ شلق (شَلْ ۔ لَکْ ۔ یا ۔ شَلْ ۔ لَقْ) (ت) (صحیح تِیْلک) مؤنث (۱) بندوقوں یا توپوں کی باڑ، جو سلامی کے لیے چھوڑی جائے (۲) بندوق یا توپ کی آواز، جو کسی خوشی کی تقریب پر چلائی جائے (۳) (ن) (بازاری) پاد ۔ گوز ۔ شلک اڑانا (ن) (۱) بندوق یا توپ چھوڑنا ۔ سلامی اتارنا (۲) شگوفہ چھوڑنا ۔ گپ اڑانا (۳) (بازاری) گوز لگانا ۔ پاد مارنا ۔

شلنگ (شَلَنْگْ) (ف) مذکر (۱) ورزش کی بیٹھک (۲) دو قدم کے درمیان کا فاصلہ ۔ جست ۔ کسی جگہ سے اچھلنا، پھر وہیں آ جانا ۔ زقند ۔

شِلنگ (شِلِنْگْ) (انگ۔) مذکر۔ پونڈ کا بیسواں حصہ۔ تخمیناً ہندوستانی بارہ آنے کے برابر ایک سکہ، جو انگلستان میں رائج ہے ۔

شلنگا (شَلَنْگْ ۔ گَا) (ن) مذکر۔ دُور دُور کا ٹانکا ۔

شلوار (شَلْ ۔ وَارْ) (ف) مؤنث ۔ پاجامہ ۔ ازار ۔ گھٹنا ۔

شلوک (شَلُوْکْ) (س) مذکر۔ شعر ۔ بیت ۔ فرد ۔ مصرع ۔ نظم ۔

شلوکا (شَلُوْ ۔ کَا) (ہ) مذکر۔ کہنیوں تک آستینوں کا کرتا، جو کمر تک ہوتا ہے ۔

شلہ (شُلَہْ، شُلْ ۔ لَہْ) (ف) مذکر (۱) پتلی کھچڑی (۲) ایک قسم کا کھانا، جو چاولوں کو گوشت کے شوربے میں بہ طور ہریسہ خوب گلا کر پکایا جاتا ہے ۔

شلیتا ۔ شلیتہ (شَلِیْ ۔ تَا، شَلِیْ ۔ تَہْ) (ہ) مذکر۔ ٹاٹ کا بڑا تھیلا، جس میں خیمہ تہ کر کے رکھا جاتا ہے ۔

ش۔م

شماتت (شَمَا ۔ تَتْ) (ع) مؤنث (۱) کسی کی مصیبت پر خوش ہونا (۲) خندہ زنی ۔

شمار (شُمَارْ) (ف) مذکر (۱) گنتی ۔ تعداد ۔ حساب (۲) (ن) جانچ ۔ تخمینہ ۔ اندازہ ۔ شمار کرنا (ن) گننا ۔ حساب کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔

شمار کنندہ (ف) مذکر (۱) حساب کرنے والا ۔ اندازہ کرنے والا (۲) کسر کے اوپر کا عدد ۔ شمار نویس ۔ مذکر۔ محاسب ۔ رجسٹرار ۔

شماس (شَمْ ۔ مَاسْ) (ع) مذکر (۱) سورج کی پوجا کرنے والا ۔ آفتاب پرست ۔ ترسا ۔ گبر (۲) وہ شخص جس نے سورج کی پوجا کا طریقہ وضع کیا تھا ۔

شمال (شِمَالْ) (ع) مذکر (۱) اُتّر (۲) بایاں ہاتھ ۔ دستِ چپ ۔ شمال رو ۔ یا ۔ شمال رویہ (ع ۔ ف) وہ مکان یا دکان یا باغ وغیرہ، جس کا رُخ اُتّر جانب ہو ۔ شمالی (ع) شمال سے منسوب ۔ اُتّر کا ۔ شمالی ہوا (ن) مؤنث ۔ اُتّر کی طرف سے آنے والی ہوا ۔

شمامہ (شَمَا ۔ مَہْ) (ع) مؤنث ۔ خوش بو، جو کسی چیز سے سونگھی جائے ۔

شمائل (شَمَا ۔ اِلْ) (ع) مذکر۔ سیرتیں ۔ خصلتیں ۔ عادتیں ۔

شمائم (شَمَا ۔ اِمْ) (ع) مذکر۔ شمیمہ کی جمع ۔ خوش بوئیں ۔

شمر (شِمْرْ) (ع) مذکر (۱) یزید کا ایک فوجی افسر، جس نے حضرت امام حسینؑ کو میدانِ کربلا میں شہید کیا تھا (۲) (کنایۃً) ظالم ۔ بدذات ۔ شقی ۔ ملعون ۔ مردود ۔

شمشو (شَمْ ۔ شُوْ) (ن) مذکر (ع) دال یا چاول میں پانی ڈال کر نیچے بیٹھے ہوئے کنکر چننے کا فعل ۔ شمشو کرنا (ع) چاول یا دال کو پانی میں بھگو کر تہ کے روڑے کنکر چننا ۔

شمس (شَمْسْ) (ع) مذکر۔ سورج ۔ آفتاب ۔ شمسی ۔ سورج کا ۔ آفتابی ۔

شمسہ (شَمْ ۔ سَہْ) (ع) مذکر (۱) وہ سنہری چاند، جو قبے میں لگایا جاتا ہے (۲) وہ گول گول چپٹے کلابتونی یا زرّیں حلقے، جو تسبیح میں بنا کر ڈالے جاتے ہیں ۔

شمشاد (شَمْ ۔ شَادْ) (ف) مذکر۔ سرو کی قسم کا ایک خوش قد اور سیدھا درخت ۔

شمشیر (شَمْ ۔ شِیْرْ، شَمْ ۔ شِیْرْ) (ف) مؤنث ۔ تلوار ۔ تیغ ۔ سیف ۔

شمع (شَمْعْ) (ع) مؤنث (۱) موم (۲) چربی کی بتی ۔ موم کی بتی (۳) چراغ ۔

شمع دان (ع ۔ ف) مذکر۔ چراغ رکھنے کی چیز ۔ شمع رُو ۔ روشن چہرے والا ۔ خورشید رُو ۔ معشوق ۔ شمع سحری ۔ مؤنث ۔ صبح کا چراغ ۔ عنقریب فنا ہونے والا ۔ شمع کا رو و پشت برابر ہے (ن) مثل ۔ صاف باطن آگے پیچھے یکساں ہیں ۔ شمع مُردہ (ف) مؤنث ۔ بجھی ہوئی شمع ۔ بجھا ہوا چراغ ۔

شملہ (شَمْ ۔ لَہْ) (ف) مذکر (۱) کندھے پر ڈالنے یا سر سے باندھنے کی شال ۔ پگڑی ۔ عمامہ (۲) (ن) پگڑی کا سرا یا چوٹی ۔ طرّہ ۔ شملہ بہ مقدارِ علم ۔ مثل ۔

علم کے مطابق دعویٰ کرنا چاہیے ٭
شِملہ (شِم ۔ لَہ) (و) مذکر۔ انگریزوں کے زمانے میں حکومت ہند کا گرمائی صدر مقام ٭
شُمول (شُمُو ل) (ع) مذکر۔ شامل ہونا ٭
شَمّہ (شَم ۔ مَہ) (ع) مذکر (۱) تھوڑی سی مہک۔ ذراسی خوش بو (۲) تھوڑا۔ ذرا۔ کم۔ اندک ٭
شَمیم (شَمِیْم) (ع) مؤنث (۱) مہک۔ نکہت۔ خوش بو (۲) خوش بو دار ہوا ٭

ش ۔ ن

شناخت (شِنا ۔ خَت) (ف) مؤنث۔ پہچان۔ شناسائی۔ واقفیت۔ تمیز ٭
شِناس (شِناس) (ف) شناختن کا امر۔ صرف مرکبات میں مستعمل ہے اور اسم سے مل کر اسم فاعل کا کام دیتا ہے، جیسے قدر شناس ٭ شِناسا (۱) پہچاننے والا (۲) پرکھنے والا۔ واقف ٭ شِناسائی۔ مؤنث۔ جان پہچان۔ واقفیت۔ صاحب سلامت ٭
شناور (شِنا وَر) (ف) تیرنے والا۔ تیراک ٭ شِناوری۔ مؤنث۔ تیراکی ٭
شنبہ (شَم ۔ بہ) (ف) مذکر۔ سنیچر۔ ہفتہ ٭
شنجرف۔ شنگرف (شَن ۔ جَرف، شَن ۔ گَرف) (ف) مذکر (۱) سرخ رنگ کی ایک چیز، جو گندھک اور پارے کی ملاوٹ سے تیار کی جاتی ہے (۲) سرخ روشنائی ٭ شنجرفی۔ شنگرفی۔ شنگرف کے رنگ کا۔ سرخ ٭
شَنگ (شَنگ) (ف) چالاک۔ شوخ۔ ظریف (معشوق) ٭
شنوا (شُنَوا) (ف) سننے والا ٭ شُنَوائی۔ مؤنث۔ سماعت۔ سننا (۲) توجہ ٭
شنید (شُنِید) (ف) (۱) شنیدن (سننا) کی ماضی (۲) مؤنث۔ سننے کا فعل ٭ شنیدنی۔ سننے کے لائق ٭ شنیدہ۔ سنا ہوا ٭ شنیدہ کے بود مانندِ دیدہ۔ مقولہ۔ سنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کی طرح نہیں ہو سکتی ٭
شنیع (شَنِیع) (ع) بُرا۔ معیوب۔ خراب ٭ شنیعہ۔ مذکر۔ بُرا کام۔ خراب بات ٭

ش ۔ و

شَو (شَو) (ف) مذکر (۱) شوہر کا مخفف (۲) شُدن کا امر ٭
شِو (شِو) (س) مذکر۔ مخلوقات کو فنا کرنے والا۔ ہندوؤں کا ایک دیوتا ٭ شِوراتری۔ مؤنث۔ ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار، جو شوجی کی یادگار میں منایا جاتا ہے ٭ شِوالا (ہ) مذکر۔ شوجی کا مندر۔ مہادیو کا استھان ٭

شُو (شُو) (انگ۔ Shoe) مذکر و مؤنث۔ جوتا۔ نعل۔ پاپوش۔ بوٹ ٭ شُولیسز (Shoelaces) مذکر۔ بوٹ کے فیتے ٭
شُومیکر (Shoe-maker) مذکر۔ جوتا بنانے والا۔ موچی ٭
شُوہارن (Shoe-horn) مذکر۔ بوٹ پہننے کا آلہ ٭
شوّال (شَو ۔ وال) (ع) مذکر۔ دسواں اسلامی قمری مہینا۔ عید الفطر کا مہینا ٭
شواہد (شَوا ۔ ہِد) (ع) مذکر۔ شاہد کی جمع (۱) گواہ (۲) ثبوت۔ مثالیں ٭
شوب (شَوب) (ف) مذکر۔ دھلائی ٭ شوب پڑنا (و) کپڑے کا دھویا جانا ٭
شوخ (شوخ) (ف) (۱) بے چین۔ تیز۔ چالاک (۲) گستاخ۔ بے ادب (۳) (و) کھلنڈرا۔ کھلاڑی (۴) ظریف۔ زندہ دل۔ لاف زن (۵) دلربا۔ معشوق (۶) رنگ کا تیز (۷) (عو) فاحشہ (۸) فتنہ انگیز ٭
شوخ چشم۔ شوخ دیدہ (ف) بے حیا۔ بے ادب۔ گستاخ ٭
شوخ چشمی۔ مؤنث۔ بے حیائی۔ شرارت۔ گستاخی ٭ شوخی۔ مؤنث۔ (۱) شرارت۔ دنگا۔ بدذاتی (۲) چلبلاپن (۳) گستاخی، بے ادبی، دلیری، بے باکی (۴) بے حیائی۔ بے شرمی (۵) بے قراری، اضطراب ٭
شودر (شُو ۔ دَر) (س) مذکر۔ منو کے دھرم شاستر کے مطابق خدمت کرنے والی ذات۔ نیچی ذات۔ خدمت گار۔ ٹہلوا ٭
شور (شور) (ف) مذکر (۱) غل غپاڑا (۲) دھوم۔ دھاک۔ شہرت (۳) (و) (عو) غصہ۔ خفگی (۴) جنون۔ عشق ٭ شور و شر۔ شور و شغب (ف) مذکر (۱) لڑائی دنگا۔ فتنہ و فساد ٭ شوری (و) مذکر (۱) شوریلا۔ شور کرنے والا (۲) پنجاب کا ایک گویا، جو ٹپے کا موجد تھا ٭
شور (شور) (ف) مذکر (۱) کھار۔ نمک (۲) وہ زمین، جو کھار کے باعث کھیتی باڑی کے لائق نہ ہو (۳) نامبارک۔ شوم۔ نحس ٭ شور بخت۔ بدنصیب۔ بدقسمت۔ کم نصیب۔ بدبخت ٭ شورابہ۔ مذکر۔ کھاری پانی۔ آبِ شور ٭ شورہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا کھار ٭ شوریت (و) نمکینی۔ کھار ٭ شورے کی پتلی (و) مؤنث (۱) شورے کا کھلونا (۲) بڑی گوری اور حسین عورت ٭ شورے کی قلفی (قفلی) مؤنث۔ بہت زیادہ گوری عورت۔ صبیحہ ٭
شوربا (شور ۔ با) (ف) مذکر (۱) پکے ہوئے گوشت کا پانی۔ یخنی (۲) (و) اچار کا پانی یا سرکہ (۳) اکثر پتلی شے کی بابت بولا جاتا ہے ٭ شوربا حلال، بوٹی حرام (و) مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی شخص حرام چیز کا ایک حصہ کھائے اور باقی یونہی چھوڑ دے ٭
شور بور (شور ۔ بور) (و) تربتر۔ شرابور۔ لتھڑ پتھڑ ٭
شورش (شو ۔ رِش) (ف) مؤنث (۱) غدر۔ بلوہ۔ بغاوت (۲) ابتری۔ پریشانی (۳) ہنگامہ۔ شور و غوغا ٭ شورش برپا کرنا (و) بغاوت کرنا۔ سرکشی کرنا۔ فساد کھڑا کرنا ٭

شورہ پشت (شُو-رَہ-پُشْت) (ف) فسادی۔ لڑاکا۔ جھگڑالو۔ نافرمان۔ سرکش ٭ شورہ پشتی۔ مؤنث (۱) شوخی (۲) زورآوری (۳) لڑائی دنگا ٭

شوریدگی (شُو-رِی-دَگی) (ف) مؤنث (۱) دیوانگی۔ جنون (۲) عشق و محبت (۳) حیرانی۔ پریشانی ٭ شوریدہ (۱) حیران و پریشان (۲) دیوانہ ٭ شوریدہ حال (ف-ع) (۱) پریشان حال (۲) دیوانہ و سرگشتہ ٭ شوریدہ سر۔ سودائی۔ دیوانہ ٭

شوشہ (شُو-شَہ) (ف) مذکر (۱) ٹکڑا۔ ذرّہ۔ ریزہ (۲) حرف کا سرا (۳) چھوٹی سی علامت جو "ھ" کے نیچے لگائی جاتی ہے (۴) (و) شگوفہ۔ جھگڑے کی بات ٭ شوشہ چھوڑنا (و) (۱) فسادانگیز بات کہنا (۲) نئی بات نکالنا ٭

شوفر (شُو-فَر) (انگ۔ Chaffeur) مذکر۔ موٹر چلانے والا ملازم ٭

شوق (شَوْق) (ع) مذکر (۱) آرزو۔ خواہش (۲) میل۔ رغبت (۳) (و) کام۔ شغل (۴) عشق۔ محبت (۵) سرگرمی۔ جوش (۶) مزہ۔ ذوق (۷) امنگ۔ موج۔ لہر ٭ شوق دادِ الٰہی ہے (و) مثل کسی شے کی محبت یا رغبت طبعی ہوتی ہے ٭ شوق ذوق (و) مذکر (۱) گرم جوشی۔ عیش و عشرت (۲) لطیف شغل اشغال، الٰہیات سے ہو یا شعر و سخن سے ٭ شوق سے (و) (۱) مزے سے۔ خوشی سے (۲) بے ہراس ہوکر۔ بے خوف ہوکر (۳) نہایت چاؤ اور رغبت سے۔ دل سے (۴) اپنے ارادے سے۔ اپنی مرضی سے ٭ شوق میں ذوق، دستوری میں لڑکا (و) ایک کے بدلے دو لطف حاصل ہوئے۔ کوشش ایک کے لیے کی، دوسرا مفت میں حاصل ہوا ٭

شوقین (و) (۱) صاحبِ شوق۔ شائق (۲) لہری۔ موجی۔ رنگیلا (۳) خوگر۔ عادی (۴) تماش بین۔ عیّاش ٭ شوقین بڑھیا چٹائی کا لہنگا (و) مثل مفلسی میں نمائش کی تمنّا۔ بے محل بناؤ سنگار ٭ شوقیہ۔ (ع) (۱) شوق سے منسوب (۲) رغبت سے۔ شوق سے ٭

شوکت (شَو-کَت) (ع) مؤنث (۱) قوّت۔ زور (۲) (و) رعب داب۔ دبدبہ (۳) مرتبہ۔ قدر۔ درجہ (۴) شان و شوکت، حشمت و ثروت، ٹھاٹھ ٭ شوکتِ اسلام (ع) مؤنث۔ اسلام کا دبدبہ اور اس کی قوت ٭

شولہ (شُو-لَہ) (و) مذکر۔ دیکھیے "شُعلہ" ٭

شوم (شُوْم) (ع) (۱) بدبخت۔ منحوس (۲) بخیل۔ کنجوس ٭ شوم قدم وہ شخص، جس کا قدم نحس ہو۔ سبز قدم ٭ شومی۔ مؤنث۔ نحوست۔ بدنصیبی ٭ شومیٔ بخت۔ یا شومیٔ طالع۔ مؤنث۔ بدنصیبی۔ نحوست ٭

شوں شاں (شُوں-شَاں) (و) مؤنث (عو) غرور ٭

شوہر (شَو-ہَر) (ف) مذکر۔ خاوند۔ مالک۔ خصم۔ پتی ٭

ش-ہ

شہ (شَہ) (و) مؤنث (۱) اکساہٹ (۲) شاہ شطرنج کو کشت دینا ٭ شہ پانا۔ ورغلانے یا بہکانے میں آنا۔ اشارہ پانا ٭ شہ دینا (۱) شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا (۲) کنکوا بڑھانا (۳) بہکانا۔ اُکسانا (۴) حمایت کرنا۔ اغوا کرنا (۵) بے جا تعریف کرنا (۶) آگ لگانا۔ لڑائی کرانا ٭ شہ رُخ۔ مؤنث۔ وہ شہ، جو شطرنج میں رخ سے بادشاہ کو دی جائے ٭ شہ مات۔ مؤنث۔ شطرنج کی بازی میں کشت دے کر شاہ کو مات دینا ٭

شہ (شَہ) (ف) مذکر۔ شاہ کا مخفف (۱) بادشاہ (۲) دولھا ٭ شہ باز۔ شہباز۔ بڑا باز۔ ایک شکاری پرندہ۔ شاہین ٭ شہ پر۔ شہپر۔ مذکر۔ پرندے کا سب سے بڑا پر ٭ شہ توت۔ شہتوت۔ مذکر۔ ایک قسم کا بڑا توت۔ جلیبا ٭ شہ تیر۔ شہتیر۔ مذکر۔ بڑی کڑی۔ وہ بڑا چوبی لٹھا، جس پر کڑیاں رکھی جاتی ہیں ٭ شہ چال (و) مؤنث۔ شطرنج کے بادشاہ کی چال، جو دوسرے مُہروں کے ختم ہوجانے پر چلی جاتی ہے ٭ شہ رگ (ف) مؤنث۔ دیکھیے "شاہ رگ" ٭ شہ زادہ۔ شہزادہ۔ مذکر۔ دیکھیے "شاہزادہ" ٭ شہ زادی۔ شہزادی۔ مؤنث۔ دیکھیے "شاہزادی" ٭ شہ زور۔ شہزور۔ زبردست پہلوان۔ بے حد قوی پہلوان ٭ شہ سوار۔ شہسوار۔ مذکر۔ دیکھیے "شاہ سوار" ٭ شہ گام۔ مذکر۔ دیکھیے "شاہ گام" ٭ شہ نشین۔ مؤنث۔ دیکھیے "شاہ نشین" ٭

شَہاب (شَہَاب) (ع) مذکر۔ وہ نہایت سرخ رنگ، جو کُسنبہ کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ سرخ رنگ ٭ شہابی (ف) (۱) شہاب کے رنگ کا۔ سرخ (۲) (و) (عو) جھلک۔ پرتو۔ عکس (۳) ایک قسم کی مہتابی، جس کا رنگ سرخ نکلتا ہے ٭

شِہاب (شِہَاب) (ع) مذکر (۱) لَپَٹ۔ لَو۔ بلند شعلہ (۲) وہ چمکتا ہوا ستارہ، جو آسمان سے گرتا یا آتش بازی کی طرح اِدھر اُدھر جاتا دکھائی دیتا ہے ٭ شہابِ ثاقب۔ مذکر۔ رات کو ٹوٹنے والا روشن ستارہ ٭

شِہابہ (شِہَا-بَہ) (ا) مذکر۔ دیکھیے "اگیا بیتال" ٭

شہادت (شَہَا-دَت) (ع) مؤنث (۱) گواہی۔ صحیح خبر (۲) خدا کی راہ میں شہید ہونا (۳) ذبح۔ قتل۔ مرگ۔ موت (۴) خدا کی توحید اور رسول اللّٰہ صلعم کی رسالت پر سچّے دل سے اقرار کرنا (۵) کلمۂ شہادت ٭ شہادت دینا (و) گواہی دینا۔ اظہار دینا ٭ شہادتِ رویت (ع) مؤنث۔ آنکھوں دیکھی گواہی ٭ شہادتِ سمعی۔ مؤنث۔ سنی سنائی گواہی ٭

شہادتِ غیر ممکن التردید۔ مؤنث۔ وہ گواہی جس کی تردید نہ کی جاسکے ٭

شہادتِ منقول۔ مؤنث۔ وہ گواہی، جو دوسرے کے بیان کے حوالے سے ہو ٭ شہادت ہونا (و) (۱) گواہی ہونا (۲) خدا کی راہ میں مارا جانا۔ شہید ہونا (۳) فوت ہونا۔ مرنا ٭

شہامت (شَہَا-مَت) (ع) مؤنث۔ شجاعت۔ بہادری۔ دلیری ٭

شہانہ (شَہَا۔ نَہْ) (ف) شاہانہ کا مخفف۔ دیکھیے "شاہانہ"۔ **شہانہ وقت** (و) مذکر (۱) برات چڑھنے کا وقت (۲) شام کا وقت (۳) سہانا وقت۔ **شہانی چوڑیاں**۔ مؤنث (عو) شادی کی چوڑیاں۔ قیمتی چوڑیاں۔ عمدہ چوڑیاں۔ **شہانی منہدی**۔ مؤنث (عو) دلھن کی سی منہدی۔ شوخ رنگ منہدی۔

شہد (شَہْد) (ع) مذکر (۱) انگبین۔ عسل۔ وہ میٹھا شیرہ، جو مہال کی مکھیاں جمع کرتی ہیں (۲) ازحد میٹھا۔ **شہد سا** (و) شہد کی مانند۔ بے حد شیریں۔ **شہد کی چھری**۔ مؤنث۔ میٹھی چھری۔ دوست نما دشمن۔ ظاہر میں نہایت میٹھا اور بے حد خلیق، مگر باطن میں بنایت کھوٹا اور تکلیف پہنچانے والا۔ **شہد کی مکھی**۔ مؤنث (۱) وہ مکھی، جو شہد جمع کرتی اور چھتا بنا کر رہتی ہے (۲) حریص۔ لالچی۔ ہری چُگ (۳) وہ شخص، جو چمٹ جائے۔ چیچڑ۔ **شہد لگا کر چاٹو** (طنزاً) نہایت عزت اور قدر سے کام میں لاؤ۔ **شہد لگا کے الگ ہو جانا**۔ لڑائی کی بات نکال کر آپ علحدہ ہو جانا۔ فساد کی بنیاد ڈال کر الگ ہو جانا۔

شُہَدا (شُہَدَا ء) (ع) مذکر۔ شہید کی جمع۔ شہید ہونے والے۔ وہ لوگ، جو مذہبی لڑائی میں مارے جائیں۔

شُہدا (شُہْ۔ دَا) (و) مذکر۔ بدمعاش۔ لُچا۔ گندا۔ غنڈا۔ اوباش۔ لنگارا۔ رند۔ لفنگا۔ **شہدپن**۔ یا۔ **شہدپنا**۔ مذکر۔ بدمعاشی۔ لچپن۔ گنڈاپن۔

شہر (شَہْر) (ع) مذکر۔ مہینا۔ قمری مہینا۔

شہر (شَہْر) (ف) مذکر۔ بہت بڑی آبادی۔ قصبے سے بڑی بستی۔ بلدہ۔ نگر۔ نگری۔ مدینہ۔ پور۔ **شہر آشوب**۔ مذکر (۱) کسی شہر کی بربادی کا منظوم تذکرہ یا ماتم (۲) وہ شخص، جو اپنے حسن و جمال کی وجہ سے آشوبندۂ شہر اور فتنۂ دہر ہو۔ **شہر بانو**۔ مؤنث (۱) بانوئے شہر۔ شہر کی امیرزادی۔ شہر کی دلھن (۲) یزدجرد شاہ ایران کی بیٹی، جن کا نکاح حضرت امام حسینؓ سے ہوا اور ان سے حضرت امام زین العابدینؓ پیدا ہوئے۔ بعض محققین کے نزدیک یہ بات درست نہیں۔ **شہر بدر کرنا** (۱) کسی جُرم یا گناہ کے باعث شہر سے نکال باہر کرنا۔ جلا وطن کرنا۔ دلیس نکالا دینا۔ **شہر پناہ** (ف) مؤنث۔ شہر کی چاردیواری۔ فصیلِ شہر۔ **شہر خبرا** (و) مذکر۔ شہر کی خبریں لانے والا۔ **شہر خموشاں** (ف) مذکر۔ وہ جگہ، جہاں مُردے دفن ہوں۔ گورستان۔ قبرستان۔ مسان۔ تکیہ۔ **شہر دار** (و) مذکر۔ شہر کا رہنے والا۔ **شہر داری**۔ مؤنث۔ شہر میں رہنے کے فرائض یا تعلقات۔ **شہر شملہ**۔ مذکر (عو) وہ جگہ جہاں سے انصاف اٹھ جائے۔ اندھیر نگری۔ **شہر میں اونٹ بدنام**۔ مثل (۱) مشہور آدمی کی شامت آتی اور نامی چور مارا جاتا ہے (۲) وہ شخص، جو کسی عیب کے سبب مشہور ہو۔ **شہر یار** (ف) مذکر (۱) مددگارِ شہر۔ معاونِ شہر (۲) سب سے بڑا بادشاہ۔ شہنشاہ (۳) شریفِ شہر۔ بزرگِ شہر۔ **شہری**۔ مذکر (۱) شہر کا رہنے والا (۲) شہر سے منسوب۔ **شہریت**۔ مؤنث (۱) شہر کا باشندہ ہونے کی حالت۔ شہرپن (۲) شہر کی آبادی (۳) شہر کی وسعت (۴) شہر کے باشندے اور عادتیں۔

شہرت (شُہْ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) چرچا۔ شُہرہ۔ افواہ (۲) نیک نامی۔ ناموری (۳) (و) رسوائی۔ **شہرت ہونا** (و) مشتہر ہونا۔ چرچا ہونا۔

شہرہ (شُہْ۔ رَہ) (ع) (عو) مذکر۔ دھوم دھام۔ آوازہ۔ **شہرۂ آفاق**۔ سارے جہان میں مشہور۔ دنیا بھر میں مشہور۔ **شہرہ اُڑنا** (و) شہرت پھیلنا۔

شہریور (شَہْ۔ رِیْ۔ وَر) (ف) مذکر۔ چھٹا ایرانی مہینا۔

شہلا (شَہْ۔ لَا) (ع) مؤنث (۱) وہ عورت، جس کی آنکھیں بھیڑ جیسی ہوں (۲) سیاہی مائل بھوری یا سرخی مائل سیاہ آنکھ (۳) ایک قسم کی نرگس، جس کا پھول زرد ہونے کے بجائے سیاہ ہوتا ہے۔

شہنائی (شَہْ۔ نَا۔ اِئی) (ف) مؤنث (۱) نفیری (۲) بانسری (۳) الغوزہ۔

شہنشاہ۔ **شہنشہ** (شَہَن۔ شَاہ، شَہَن۔ شَہ) (ف) مذکر۔ شاہوں کا شاہ۔ بادشاہوں کا بادشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ **شہنشاہی**۔ مؤنث (۱) بادشاہی (۲) بادشاہ سے نسبت رکھنے والی شے۔ **شہنشاہی دربار**۔ مذکر۔ قیصری دربار۔ بھاری دربار۔

شہوت (شَہْ۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) (۱) شوق۔ آرزو۔ خواہش (۲) اشتہا۔ بھوک (۳) جماع کی خواہش۔ باہ۔ **شہوت انگیز** (ف) شہوت بڑھانے یا نفسانی خواہش کو ابھارنے والا۔ **شہوت پرست**۔ تماش بین۔ عیاش۔ **شہوت ہونا** (و) (۱) جماع کو جی چاہنا (۲) خیزی ہونا۔

شہود (شُہُوْد) (ع) مذکر (۱) حاضر ہونا (۲) اہلِ تصوف کی اصطلاح میں وہ درجہ، جس میں جلوۂ حق بلکہ ہر شے عین حق نظر آئے۔ **شہودی**۔ سالکوں کی اصطلاح میں وہ لوگ، جو توحید کے اس درجے پر پہنچ جائیں کہ موجودات کی تمام صورتوں میں مشاہدۂ حق کریں۔

شہور (شُہُوْر) (ع) مذکر۔ شہر کی جمع۔ مہینے۔

شہید (شَہِیْد) (ع) مذکر (۱) خدا کی راہ میں قربان ہونے والا (۲) وہ شخص، جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو (۳) (ف) کشتہ۔ مقتول۔ **شہید ہونا** (و) (۱) خدا کی راہ میں یا حق پر مارا جانا (۲) انتقال کرنا۔ مرنا (۳) عاشق ہونا۔ **شہیدی** (ع۔ ف) (۱) شہید سے منسوب (۲) مذکر۔ کرامت علی مرحوم کا تخلص۔ **شہیدی تربوز** (۱) مذکر۔ نہایت پکا اور مع چھلکوں کے سرخ تربوز۔

ش۔ ی۔ سے

شے (شَے) (ع) مؤنث۔ چیز۔ بست۔ **شے مبیعہ**۔ مؤنث۔ بیچی ہوئی چیز۔

شئے متنازعہ۔ مؤنث۔ وہ چیز جس کی بات جھگڑا ہو۔ شئے مدّعا بہا۔ مؤنث۔ وہ چیز جس کے متعلق دعویٰ ہو۔ شئے مرہونہ۔ مؤنث۔ گرو رکھی ہوئی چیز۔ شئے مکفولہ۔ مؤنث۔ ضمانت کی ہوئی چیز۔ شئے موہوبہ۔ مؤنث۔ ہبہ کی ہوئی چیز جو انعام کے طور پر دی گئی ہو۔

شیاطین (شَیَا۔طِیْن) (ع) مذکر۔ شیطان کی جمع۔

شیام (شِیَام) (س) مذکر۔ ایک بڑا درخت جو الٰہ آباد میں ہے اور ہندو اسے پوجتے ہیں۔

شیب (شَیْب) (ع) مذکر (۱) بڑھاپا (۲) بالوں کی سفیدی۔

شیٹ (شِیْٹ) (انگ۔ Sheet) مذکر (۱) ورق۔ تاؤ۔ کاغذ کا تختہ (۲) پانی یا دھات کی چادر (۳) پلنگ کی چادر۔

شیخ (شَیْخ) (ع) مذکر (۱) خواجہ۔ مرشد۔ پیر (۲) عالم فاضل (۳) پیشوا۔ سرگروہ۔ بڑا بوڑھا (۴) سجادہ نشین۔ صوفی۔ خانقاہ کا سردار (۵) مسلمانوں کی ایک ذات (۶) عرب کا سردار۔ شیخ الاسلام۔ مذکر۔ شریعت کا سرگروہ۔ وقت کا امام۔ سب سے بڑا پیشوائے دین۔ شیخ الشیوخ۔ مذکر۔ تمام عالموں اور فاضلوں کا سرگروہ۔ شیخ جی (ہ) مذکر (۱) شیخ قوم کا تعظیمی خطاب۔ شیخ صاحب (۲) (طنزاً) عابد اور زاہد آدمی۔ شیخ چلّی۔ مذکر (۱) مورکھ۔ بے سمجھ۔ بے وقوف (۲) دیوانہ۔ پاگل (۳) ایک فرضی احمق جس کے قصّے کہانیاں بہت مشہور ہیں۔ شیخ چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے بال۔ مثل۔ ایسا بلانوش ہے کہ مکھی اور بال تک کی پروا نہیں کرتا۔ سب ہضم ہے۔ شیخ ڈونڈو یا۔ ڈونڈوں۔ مذکر۔ مینہ بند کرنے کا ٹوٹکا، جس میں کپڑے کا ایک مسافر بنا کر ایک گٹھڑی اس کی کمر سے باندھ دیتے ہیں۔ پھر اسے بارش کے پانی میں لکڑی کے ذریعے سے کھڑا کر دیتے ہیں اور بقولِ جہلاء اس سے مینہ تھم جاتا ہے۔ شیخ سدّو۔ مذکر۔ عورتوں کا ایک فرضی ولی یا جن۔ شیخ کیا جانے صابن کا بھاؤ۔ مثل۔ جس چیز سے جسے تعلق یا جس کام کو جس سے مناسبت نہ ہو، اس سے تعلق کرنا بے جوڑ ہے، کیونکہ وہ اس کی کیفیت اور قدر سے واقف نہیں ہوتا۔ شیخ نے کچھوے (کوتے) کو بھی دغا دی ہے۔ مثل۔ شیخ بہت مکّار ہوتے ہیں۔ شیخِ وقت (ع) مذکر (۱) اپنے زمانے کا فاضل یا فقیہ۔ علّامۂ عصر (۲) اپنے وقت کا ولی کامل۔ بہت بڑا عارف۔ شیخانی (ہ) مؤنث (۱) قوم شیخ کی عورت (۲) شیخ کی بیوی۔ شیخڑا۔ مذکر (۱) شیخ کی تصغیر بالتحقیر (۲) ایک قوم جو حلال خوروں سے مسلمان ہوئی۔

شیخی (شَے۔خِی) (ہ) مؤنث۔ گھمنڈ، لاف زنی۔ خود پرستی۔ شیخی اور تین کانے۔ مثل (۱) قماربازی کا دعویٰ کرنا اور تین کانے یعنی خالی داؤں لانا (۲) شیخی ہمیشہ خالی جاتی ہے (۳) بے جا شیخی کرنے والے کے متعلق بھی کہتے ہیں۔ شیخی باز۔ یا۔ شیخی خورا۔ مذکر۔ گھمنڈی۔ شیخی بگھارنا۔ اِترانا۔ بڑائی کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ شیخی جھڑنا۔ یا۔ کرکری ہونا۔ بات بگڑنا۔ گھمنڈ نکلنا۔ سبک ہونا۔ شیخی کرنا۔ یا۔ مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ اِترانا۔

شَید (شَیْد) (ع) مذکر۔ فریب۔ مکر۔

شیدا (شَے۔دَا) (ف) مذکر۔ عاشق۔ مجنون۔ دیوانہ۔ شیدائی۔ مذکر۔ شیدا ہونے والا۔ عاشق۔

شیدی (شِی۔دِی) (ف) مذکر۔ حبشیوں کا لقب۔

شیڈ (شَیْڈ) (انگ۔ Shade) مذکر۔ جھونپڑا۔ چھپّر۔ سائبان۔

شِیر (شِیْر) (ف) مذکر۔ دُودھ۔ وہ سفید اور رقیق مادہ، جو جانوروں کے تھنوں اور عورت کی چھاتیوں سے بچّے کی خوراک کے لیے نکلتا ہے۔ شیر برنج۔ مؤنث۔ دودھ میں پتلے پکے ہوئے چاول۔ کھیر۔ شیر خشت۔ مؤنث۔ ایک میٹھی نفیس دوا، جو مسہل کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ شیرخوار۔ یا۔ شیرخوارہ۔ مذکر۔ دودھ پیتا بچہ۔ شیردان۔ مذکر (۱) دودھ کا برتن (۲) بکری وغیرہ کا معدہ۔ شیرگرم۔ کنکنا۔ نیم گرم۔ شیرِ مادر۔ مذکر (۱) ماں کا دودھ (۲) جائز۔ حلال۔ شیرمال۔ مؤنث۔ میدے کی خمیری روغنی روٹی۔ شیر ماہی۔ مؤنث۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھلکے سفید اور گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے۔ شیر و شکر (۱) دودھ اور کھانڈ کی طرح ملا ہوا۔ ایک جان دو قالب (۲) مذکر۔ دلی دوست۔ گہرا دوست (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ شیر و شکر ہونا (ہ) گھل مل جانا۔ بے حد مانوس ہونا۔

شیر (شِیْر) (ف) مذکر (۱) سنگھ۔ بگھیلا۔ باگھ۔ اسد۔ ہزبر۔ غضنفر۔ حیدر (۲) پرنالے کا منہ، جو شیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے (۳) نڈر۔ جوان مرد۔ بہادر (۴) مستغنی۔ بے پروا۔ شیر آبی۔ مذکر۔ دریائی شیر۔ مگرمچھ۔ نہنگ۔ گھڑیال۔ شیر ببر۔ مذکر۔ ایک قسم کا بہت بڑا شیر، جو افریقہ میں ہوتا ہے اور اس کی گردن پر بالوں کے گچھے ہوتے ہیں۔ شیر بچّہ۔ مذکر (۱) شیر کا بچہ (۲) ایک قسم کی چھوٹی بندوق (۳) بہادر۔ دلیر۔ شیر بکری (ہ) مؤنث۔ بچوں کا ایک کھیل۔ شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں۔ مثل۔ بے حد عدل و انصاف کی تعریف میں کہتے ہیں۔ شیرِ خدا (ف) مذکر۔ حضرت علی مرتضیٰؓ کا لقب۔ شیر دہاں۔ مذکر (۱) وہ صورت جو شیر کے کلّے سے مشابہ پانی گرنے کی جگہ لگائی جاتی ہے (۲) بڑے کلّے جبڑے کا آدمی (۳) ایک قسم کی بندوق (۴) ایک قسم کا عصا (۵) وہ مکان، جو دروازے کی طرف سے عرض میں زیادہ اور پیچھے کی طرف سے کم ہو۔ شیر ژیاں۔ مذکر (۱) غضب ناک شیر (۲) بہادر آدمی۔ شیرِ قالین۔ مذکر (۱) شیر کی وہ تصویر جو اکثر قالینوں پر بنی ہوتی ہے (۲) وہ تن و توش کا آدمی، جو دیکھنے میں شیر، لیکن بہادری میں بھیڑ سے بھی کم ہو۔ بہادری کی شیخی مارنے والا۔ شیر کا ایک ہی بھلا (ہ) مثل۔ اچھوں کا ایک ہی کافی ہے۔ کہتے ہیں کہ شیر کا ایک ہی بچہ ہوتا ہے،

باقی ہندو سے یا بگھیلے وغیرہ ؛ **شیر کا بال** - مذکر (۱) موئے شیر (۲) زہر ہلاہل - سمِ قاتل ؛ **شیر کا بال کھلانا** - کسی شخص کو شیر کا بال کھلا دینا، جس کے کھلانے سے بقولِ عوام آدمی مرجاتا ہے ؛ **شیر کا برقع** - مذکر - درویشی - فقیری ؛ **شیر کرنا** (۱) کسی شخص کو کسی پر دلیر کرنا (۲) بڑھانا - غالب کرنا ؛ **شیر کی خالہ** - مؤنث - بلی ؛ **شیر کے برقع میں بھیڑیے کھاتے ہیں** - مثل - استطاعت اور امیری کے باوجود تھوڑے سے لالچ پر گر پڑتے ہیں ؛ **شیر کے کان** - مذکر - بھنگ چھاننے کی صافی ؛

شیر مرد (ف) (۱) دلیر - جواں مرد - بہادر (۲) عارفِ کامل ؛ **شیر ہونا** (د) (۱) دلیر ہونا (۲) غالب ہونا (۳) زیادہ ہونا - تیز ہونا (نمک وغیرہ) (۴) زبردست بننا ؛ **شیرنی** - مؤنث - شیر کی مادہ ؛ **شیروں کا منہ کس نے دھویا ہے** - مثل - بچوں کے بے منہ دھوئے کھانا کھانے کے وقت کہتے ہیں ؛

شیئر (شیئر) (انگ - Share) مذکر - حصہ - تقسیم - بانٹ - بھاگ ؛ **شیئر ہولڈر** - Shareholder) مذکر - شریک - حصہ دار ؛

شیراز (شی - راز) (ف) مذکر - ایران کا ایک مشہور شہر، جہاں خواجہ حافظؒ اور شیخ سعدیؒ گزرے ہیں ؛ **شیرازی** (۱) شیراز کا رہنے والا (۲) کبوتر کی ایک قسم ؛

شیرازہ (شی - را - زہ) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا فیتہ، جو کتاب کی جزبندی کے بعد پشتے کی دونوں طرف لگایا جاتا ہے (۲) بندوبست - انتظام ؛ **شیرازہ بندی** (۱) جلد بندی (۲) انتظام ؛ **شیرازہ بکھرنا** (د) انتظام بگڑنا - ابتری پڑنا ؛

شیرہ (شی - رہ) (ف) مذکر (۱) قوام - شربت (۲) (د) تمباکو میں ڈالنے کا پتلا گڑ - راب ؛

شیریں (شی - ریں) (ف) (۱) میٹھا - خوش گوار (۲) پیارا - عزیز (۳) رس دار - نرم - ملائم (۴) فرہاد کی معشوقہ اور خسرو پرویز کی بیوی ؛ **شیریں زبان** - خوش گفتار - فصیح ؛ **شیرینی** - مؤنث (۱) مٹھائی (۲) حلاوت ؛

شیشم (شی - شم) (د) مذکر - ایک درخت، جس کی لکڑی بے حد مضبوط، وزنی اور خوش رنگ ہوتی ہے (عربی) ساسَم (پنجابی) ٹاہلی ؛

شیش محل (شیش - محل) (د) مذکر - امیروں کا وہ مکان، جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں ؛ **شیش محل کا کتا** - مذکر (۱) باؤلا کتا (۲) (مجازاً) دیوانہ آدمی - سودائی - مجنون - پاگل ؛

شیشناگ (شیش - ناگ) (س) مذکر - دیکھیے "سیسناگ" ؛

شیشہ (شی - شہ) (ف) مذکر (۱) کانچ (۲) بوتل - مینا (۳) آئینہ - آرسی - درپن - مرآۃ ؛ **شیشہ دکھائی** (د) مؤنث - وہ انعام جو نائی کو آئینہ دکھا کر دیا جاتا ہے ؛ **شیشۂ ساعت** (ف - ع) مذکر - ریت گھڑی - دھوم گھڑی ؛ **شیشہ گر** (ف) مذکر - شیشہ بنانے والا - شیشے کی چیزیں بنانے والا ؛ **شیشی** (د) مؤنث - چھوٹی سی بوتل - کانچ کا چھوٹا سا ظرف ؛ **شیشی سنگھانا** - بے ہوشی کی دوا سنگھانا - کلوروفارم سنگھانا ؛

شیشے (۱) مذکر - شیشہ کی جمع (۲) شیشہ کی صورت حروفِ مغیرہ سے پہلے ؛ **شیشے کا دیو** - مذکر - شراب - مے - صہبا - دارو ؛ **شیشے میں اتارنا** (۱) تسخیر کرنا - قابو میں لانا - یار بنانا (۲) غصہ دھیما کرنا (۳) مقید کرنا (۴) جن بھوت کو قابو میں لانا ؛

شیطان (شے - طان) (ع) (۱) باغی - سرکش - نافرمان (۲) بدکار - خبیث - پلید (۳) نکالا ہوا - مردود (۴) بدراہ - گمراہ (۵) (و) بدذات - شریر (۶) فسادی - فتنہ انگیز (۷) (ع) جن - بھوت - دیو (۸) مذکر - ابلیس - عزازیل - معلم الملکوت - ایک جن، جو فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا، چونکہ اس نے خدا تعالیٰ کی نافرمانی کرکے حضرت آدمؑ کو سجدہ نہ کیا، اس لیے راندہ گیا (۹) (و) غضب - غصہ (۱۰) بہتان - طوفان (۱۱) فساد - جھگڑا ؛ **شیطان اٹھانا** (د) (۱) طوفان اٹھانا - بہتان لگانا (۲) جھگڑا کھڑا کرنا (۳) شور و غل مچانا ؛ **شیطان سر پر چڑھنا** - جن یا بھوت کا سر پر سوار ہونا - **شیطان سے زیادہ مشہور** (۱) بے حد بدنام - الم نشرح (۲) (مذاقاً) بغایت مشہور ؛ **شیطان کا شیرہ** (لاسا) مذکر - وہ شخص، جو نامعلوم بات یا حرکت کرکے بہت زیادہ فساد برپا کردے اور خود الگ ہوجائے ؛ **شیطان کا کان میں پھونک دینا** (۱) شیطان کا بہکا دینا (۲) شیطان کا کسی شخص کو پُر غرور بنا دینا ؛ **شیطان کو آتے دیر نہیں لگتی** - مثل - جھگڑا کھڑا ہوتے یا غصہ آتے وقت نہیں لگتا ؛ **شیطان کی آنت** - مؤنث (۱) بہت لمبی چیز - بے حد دراز (۲) جی کو اکتا دینے والی کہانی یا قصہ ؛ **شیطان کی خالہ** - مؤنث - لڑائی جھگڑا کرانے والی عورت ؛ **شیطان کے کان بہرے** - مثل (عو) خدا کرے، یہ خبر جھوٹ ہو، لیکن اصل میں مقصد یہ ہے کہ خدا یہ بات چغل خور کے کان تک نہ پہنچائے ؛ **شیطان کے کان کاٹنا** - شیطان سے بڑھ کر کام کرنا - شیطان کو مات کرنا - شیطان سے زیادہ فتنہ انگیز اور شریر ہونا ؛ **شیطان مجسم** (ع) مذکر - فتنہ پرداز - سراپا شریر - بدآدمی ؛ **شیطان نے لڑکوں سے پناہ مانگی ہے** - مثل - لڑکوں سے شیطان نے بھی توبہ کی ہے، یعنی لڑکے شیطان سے بھی زیادہ شریر ہوتے ہیں ؛ **شیطان ہر جگہ موجود ہے** - مثل (۱) گناہ کا سامان ہر جگہ تیار ہے (۲) بدخواہِ دین و ایمان سے کوئی جگہ خالی نہیں ؛ **شیطانی لشکر** - مذکر - شریر لڑکوں کا مجمع ؛ **شیطنت** (ع) مؤنث (۱) بدکاری (۲) شرارت (۳) فتنہ فساد ؛

شیعہ (شی - عہ) (ع) مذکر (۱) گروہ (۲) معاون - مددگار (۳) وہ گروہ یا شخص، جو حضرت علیؓ اور ان کی اولاد کا دوست دار اور باقی خلفاء کے خلاف ہو ؛

شیفتگی (شیف - تگی) (ف) مؤنث (۱) پریشانی - حیرانی - مدہوشی (۲) عشق ؛ **شیفتہ** - مذکر - پریشان - متحیر - فریفتہ - عاشق ؛

شیک (شیک) (انگ - Shake) ہلانا ؛ **شیک ہینڈ** - مذکر - ہاتھ ملانا - مصافحہ کرنا ؛

شیکسپیئر (انگ۔ Shakespeare) مذکر (۱) انگلستان کا ایک مشہور شاعر، جس کا کلام عیسائی لوگ انجیل کے بعد دوسرے درجے پر سمجھتے ہیں ؂

شیلف (شَیلف) (انگ۔ Shelf) مؤنث۔ الماری۔ طاق ؂

شیم (شَیم) (انگ۔ Shame) مؤنث۔ شرم۔ غیرت۔ لاج۔ پشیمانی ؂

شیم (شِیَم) (ع) مذکر۔ شیمہ کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں ؂

شین (شِین) (ہ) مذکر۔ حرف "ش" کا تلفظ ؂ شین قاف درست نہ ہونا (و) تلفظ صحیح نہ ہونا ؂

شین (شَین) (ع) مذکر (۱) برائی۔ عیب (۲) عیب لگانا ؂

شیوخ (شُیُوخ) (ع) مذکر (۱) شیخ کی جمع۔ مشائخ (۲) بوڑھے (۳) معلّمین۔ اساتذہ ؂

شیوع (شُیُوع) (ع) مذکر (۱) ظاہر ہونا (۲) جاری ہونا ؂

شیون (شِے۔وَن) (ف) مذکر (۱) نالہ۔ فریاد۔ ماتم۔ نوحہ۔ آہ (۲) صدمہ۔ دُکھ۔ رنج ؂

شیوہ (شے۔وَہ) (ف) مذکر (۱) کرشمہ۔ ناز (۲) طرز۔ طریق۔ ڈھنگ۔ عمل۔ دستور۔ طریقہ۔ طور ؂

ص

ص (صَاد) (ع) مذکر (۱) اردو کا بیسواں، فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف۔ ابجد کے حساب سے اس کے [illegible] فرض کیے گئے ہیں ؂

ص۔ا

صابر (صَا۔بِر) (ع) (۱) صبر کرنے والا۔ بُردبار۔ متحمل (۲) مذکر۔ حضرت ایوبؑ کا لقب، جن کا صبر ضرب المثل ہے ؂

صابن (صَا۔بُن) (صابون کا مخرب) / صابون (صَا۔بُون) (ع) مذکر۔ کپڑا یا منہ دھونے کی چیز، جو تیل، سجی، چربی وغیرہ سے بنائی جاتی ہے ؂

صاحب (صَا۔حِب) (ع) مذکر (۱) ساتھی۔ دوست۔ یار (۲) مالک۔ آقا۔ خداوند۔ سرکار۔ حاکم (۳) اللہ تعالیٰ۔ ایشور (۴) کلمۂ تعظیم۔ جی، جناب، حضور وغیرہ (۵) (و) شوہر۔ خاوند۔ خصم (۶) آپ (۷) یورپی لوگوں کا عام لقب (۸) شریف۔ جنٹلمین (۹) دلبر۔ معشوق ؂

صاحب اختیار (ع) با اختیار۔ خود مختار۔ مطلق العنان۔ آزاد ؂

صاحب اخلاق۔ خلیق۔ خوش اخلاق ؂ صاحب اقبال۔ نیک اختر۔ خوش نصیب ؂ صاحب الزّمان۔ مذکر۔ حضرت امام مہدیؑ کا لقب ؂ صاحب بہادر (ع۔ف) مذکر۔ انگریز۔ یورپی ؂

صاحب تخت۔ مذکر۔ بادشاہ۔ تاجور۔ تاجدار۔ گدی نشین ؂

صاحب تدبیر (ع) مذکر۔ تجربہ کار۔ ہوشیار۔ ذی شعور ؂

صاحب جائداد (ع۔ف) مذکر۔ جاگیردار۔ وہ شخص جس کے پاس زمین، املاک، باغات وغیرہ ہوں ؂ صاحب جمال (ع) حسین ؂

صاحب حیثیت (۱) جائداد والا (۲) دولت مند۔ عزّت والا ؂

صاحب خانہ (ع۔ف) مذکر (۱) گھر کا مالک۔ گھر والا (۲) میزبان۔ مہمان دار ؂ صاحب دل۔ مذکر۔ ولی۔ خُداشناس۔ عارف۔ دین دار۔ پرہیزگار۔ متّقی۔ پارسا ؂ صاحب ذوق (ع) (۱) عارف کامل (۲) عاشق مزاج۔ شوقین ؂ صاحب راز (ع۔ف) مذکر۔ بھیدی۔ محرم۔ محرم کار۔ ہمدم۔ دمساز ؂ صاحب زادہ۔ مذکر (۱) عزّت دار کا بیٹا۔ رئیس زادہ۔ شریف زادہ (۲) فرزند۔ بیٹا۔ لڑکا (۳) کسی بزرگِ دین کی اولاد۔ پیرزادہ (۴) ناتجربہ کار۔ نوجوان ؂ صاحب زادی۔ مؤنث۔ معزّز اور بڑے آدمی کی بیٹی ؂ صاحب زبان۔ مذکر۔ زبان کا ماہر ؂

صاحب سلامت (و) مؤنث۔ علیک سلیک۔ ربط ضبط۔ جان پہچان۔ ملاقات ؂ صاحب فراش (ع۔ف) مذکر۔ چارپائی پر پڑا رہنے والا بیمار آدمی۔ وہ بیمار، جو بستر سے نہ اُٹھ سکے ؂ صاحب قِران (ع) مذکر (۱) وہ شخص، جس کے نطفہ ٹھہرنے یا پیدا ہونے کے وقت زہرہ اور مشتری ایک بُرج میں ہوں۔ قِران السعدین والا (۲) (مجازاً) بہت بڑا نیک طالع اور فتح مند (۳) امیر تیمور کا لقب ؂ صاحب قلم۔ ادیب۔ شاعر ؂ صاحب کتاب۔ مذکر۔ وہ پیغمبر، جس پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو ؂ صاحب کمال (۱) استاد۔ ماہر۔ کامل (۲) ولی۔ عارف۔ سنت۔ سادھو (۳) صاحب علم (۴) ڈاکٹر۔ وید۔ حکیم ؂ صاحب لوگ (۱) مذکر۔ یورپی۔ فرنگی ؂ صاحب لولاکؐ (ع) مذکر (کنایۃً) رسول اللہ صلعم ؂ صاحب مقدور۔ مذکر۔ دولت مند۔ مال دار۔ ذی مقدور ؂

صاحب من (ع۔ف) میرے صاحب۔ مہربان۔ جناب من ؂

صاحب نسبت (ع) مذکر۔ کامل ولی۔ خدا سے لگاؤ رکھنے والا ؂

صاحب نصیب (و) مذکر (۱) خوش قسمت۔ خوش نصیب (۲) (عو) (طنزاً)

کم بخت ۔ بدنصیب ٭ **صاحبان** (ف) مذکر ۔ صاحب کی فارسی جمع ۔ شرفاء ٭ **صاحبو** (و) (خطاب) اے حاضرینِ جلسہ ! **صاحبہ** (ع) مؤنث ۔ صاحب کی تانیث ۔ عورت کے لیے تعظیمی کلمہ ٭

صاد (صَادْ) (ع) مذکر و مؤنث (۱) حرف "ص" کا تلفظ (۲) تصدیق و اقرار کی علامت ۔ منظور کرنے کی علامت (۳) قرآن حکیم کی اڑتیسویں سورت (۴) (و) (تشبیہاً) آنکھ ۔ چشم ٭ **صاد کرنا** (و) (۱) منظور کرنا ۔ تصدیق کرنا پسند کرنا (۲) دستخط کرنا ٭

صادر (صَا ۔ دِرْ) ۔ نکلنے والا ۔ نافذ ہونے والا ٭ **صادر و وارد** یا ۔ **وارد و صادر** (۱) آتا جاتا ۔ مسافر (۲) مہمان ٭ **صادر ہونا** (و) (۱) جاری ہونا ۔ نافذ ہونا (۲) پیش آنا ۔ واقع ہونا (۳) نازل ہونا ۔ پہنچنا ٭

صادق (صَا ۔ دِقْ) (ع) (۱) راست گو ۔ سچا (۲) انصاف کی بات کہنے والا ۔ منصف (۳) وفادار (۴) موزون ۔ درست ۔ ٹھیک ٭ **صادق آنا** (و) (۱) ٹھیک ہونا ۔ درست ہونا (۲) عائد ہونا ۔ چسپاں ہونا ٭ **صادق الاعتقاد** (ع) سچے اعتقاد والا ٭ **صادق القول** ۔ بات کا پورا ۔ وفادار ٭ **صادق دوست** (ع ۔ ف) مذکر ۔ سچا دوست ۔ دلی دوست ۔ باوفا دوست ۔ بے ریا دوست ٭

صاعقہ (صَا ۔ عِقَہْ) (ع) مؤنث ۔ کڑکنے اور زمین پر گرنے والی بجلی ٭

صاف (صَافْ) (ع) (۱) خالص ۔ کھرا ۔ نرمل (۲) بے عیب ۔ کورا ۔ بے داغ (۳) پاک ۔ بے لاگ ۔ بے گناہ (۴) (و) آسان ۔ سہل (۵) مصفا ۔ اُجلا (۶) برابر ۔ ہموار (۷) ریشم یا کاغذ کی مانند (۸) چکنا (۹) (عو) ہو بہو (۱۰) بے کینہ (۱۱) قطعی ۔ بالکل (۱۲) آشکار ۔ ظاہر (۱۳) پڑھا جانے کے قابل (۱۴) مانجھا ہوا (۱۵) نتھرا ہوا ۔ چھنا ہوا (۱۶) صیقل کیا ہوا (۱۷) سیدھا ۔ سچا (۱۸) واضح ۔ مفصل (۱۹) درست ۔ ٹھیک (۲۰) بے بال ۔ سادہ رُو (۲۱) بے اٹکاؤ ۔ بے رکہ (۲۲) بے کدورت (۲۳) پورا پورا ۔ بالکل ٭ **صاف اُڑا لانا** (و) اس طرح بھگا لانا کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو ٭ **صاف انکار کرنا** ۔ مکر جانا ۔ بالکل جواب دینا ٭ **صاف بات** ۔ مؤنث ۔ بے لاگ بات ۔ آزادانہ رائے ٭ **صاف باطن** (ع) بے کینہ ۔ صاف دِل ٭ **صاف جواب دینا** (و) دو ٹوک جواب دینا ۔ بالکل انکار کرنا ٭ **صاف چھوٹنا** ۔ بے قصور ثابت ہو کر رہائی پانا ۔ بری ہونا ٭ **صاف دل** ۔ بے ریا ۔ بے کینہ ٭ **صاف دیدہ** (عو) بے عزت ۔ بے حیا ۔ بے شرم ٭ **صاف رہنا** (۱) پاک رہنا ۔ اُجلا رہنا (۲) ایمان داری اور دیانت داری سے رہنا (۳) کچھ نہ کھانا ۔ بھوکا رہنا ٭ **صاف شعر** ۔ مذکر ۔ فوراً سمجھ میں آجانے والا آسان شعر ٭ **صاف شفاف** ۔ بالکل صاف ۔ ایسا صاف جس کے آر پار نظر آسکے ٭ **صاف صاف** ۔ علانیہ ۔ کھلم کھلا ۔ کھری کھری ۔ بے لاگ ٭ **صاف صاف سنانا** (۱) گالیاں دینا ۔ بے نقط سنانا (۲) کھری کھری کہنا ٭ **صاف صاف کہنا** ۔ کھلی کھلی کہنا ۔ کھری کھری کہنا ٭ **صاف کر دینا** یا ۔ **کرنا** ۔ میل نکالنا ۔ دھونا (۲) کوڑا کرکٹ نکالنا (۳) جلا کرنا ۔ مانجھنا (۴) مسودے کو ٹھیک کر کے لکھنا ۔ نقل کرنا (۵) جنگل کاٹ کر میدان بنانا (۶) جھاڑو دینا (۷) اُڑا دینا ۔ چٹ کرنا (۸) تاخت و تاراج کرنا ۔ بالکل غارت کرنا (۹) مارنا ۔ اجاڑنا (۱۰) مشق کرنا (۱۱) مُنہ کا مزہ ٹھیک کرنا (۱۲) مذبوحہ جانور کو بنانا ٭ **صاف گزرنا** ۔ یا ۔ **بیتنا** ۔ بالکل کھانے کو نہ ملنا ۔ فاقہ گزرنا ٭ **صاف نکل جانا** ۔ کسی صدمے، ضرر، آزار یا خطرناک جگہ سے بچ کر چلا جانا ۔ **صاف ہونا** (۱) چھوٹنا (۲) اخلاص اور خلوص ہونا (۳) جاری ہونا ۔ کھلنا (۴) مسمار ہونا ۔ گر پڑنا (۵) رواں ہونا (۶) بہت سے آدمیوں کا مارا جانا (۷) جنگل کاٹا جانا (۸) بال مونڈے جانا (۹) بے باق ہونا (۱۰) بادلوں کا دور ہونا ۔ آسمان کھلنا (۱۱) درست کر کے لکھا جانا ٭ **صافی نامہ** ۔ مذکر ۔ راضی نامہ ٭

صافہ (صَا ۔ فَہْ) (و) مذکر (۱) سر پہ باندھنے کا دوپٹا (۲) جانور کا بھوکا رکھنا ٭

صافی (صَا ۔ فِیْ) (ع) مؤنث ۔ دست مال ۔ وہ رومال یا کپڑا جس سے باورچی دیگ وغیرہ پکڑ کر اتارتے ہیں (۲) چھاننے کا کپڑا ٭

صالح (صَا ۔ لِحْ) (ع) (۱) پرہیزگار ۔ پارسا ۔ نیک (۲) ایک مشہور پیغمبر ٭ **صالحات** ۔ مؤنث (۱) صالحہ کی جمع ۔ نیک اور پاک دامن عورتیں (۲) اچھے کام ٭ **صالحہ** ۔ مؤنث ۔ پاک دامن بی بی ۔ نیک بخت عورت ٭ **صالحین** مذکر ۔ صالح کی جمع ۔ نیک اور پرہیزگار لوگ ٭

صانع (صَا ۔ نِعْ) (ع) مذکر (۱) بنانے والا ۔ کاریگر ۔ صنعت کرنے یا دکھانے والا (۲) پیدا کرنے والا ۔ خالق ٭ **صانعِ حقیقی** ۔ یا ۔ **صانعِ قدرت** ۔ مذکر ۔ دنیا بنانے والا ۔ خدائے پاک ۔ اللہ تعالیٰ ٭ **صانعِ مطلق** ۔ مذکر ۔ وہ کاریگر جو صنعت میں کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو ۔ اللہ تعالیٰ ٭

صائب (صَا ۔ اِبْ) (ع) (۱) پہنچنے والا ۔ رسا (۲) ٹھیک ۔ درست (۳) مشہور ایرانی شاعر مرزا محمد علی اصفہانی کا تخلص ٭

صائم (صَا ۔ اِمْ) (ع) مذکر ۔ روزہ دار ۔ برتی ٭ **صائم الدّہر** ۔ ہمیشہ روزہ رکھنے والا ٭

ص - ب

صبا (صَبَا) (ع) مؤنث (۱) مشرق سے چلنے والی ہوا ۔ وہ پُروا ہوا جو موسم بہار میں چلتی ہے (۲) حضرت آتش کے شاگرد میر وزیر علی لکھنوی کا تخلص ٭

صباح (صَبَاحْ) (ع) مؤنث ۔ صبح ۔ فجر ۔ تڑکا ۔ سحر ٭ **صَباحت** ۔ مؤنث ۔ جمال ۔ خوبروئی ۔ گورا پن ٭

صبّاغ (صَبْ ۔ بَاغْ) (ع) مذکر ۔ رنگنے والا ۔ رنگریز ٭

صبح (صُبْحْ) (ع) مؤنث ۔ دیکھیے "صباح" ٭ **صبحِ بنارس** (ع ۔ ہ) مؤنث ۔ بنارس کی صبح، جو بے حد روح افزا ہوتی ہے ٭ **صبح خیز** (ع ۔ ف) (۱) بہت سویرے جاگنے والا ۔ علی الصبح اٹھنے والا (۲) مذکر ۔ وہ چور جو سوتے ہوئے مسافروں سے پہلے اُٹھ کر ان کا مال اسباب لے جاتا ہے ٭ **صبح دم** ۔ علی الصبح ۔ نور کے تڑکے ۔ منہ اندھیرے ۔ بڑی فجر ٭ **صبح شام بتانا** ۔ یا ۔ **کرنا** (و) حیلہ بہانہ کر کے ٹالنا ٭ **صبح صادق** (ع) مؤنث ۔ علی الصبح نور کا تڑکا ۔ پَو پھٹے ۔ گجر دم ٭ **صبح کا بھولا شام کو آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے**

(۷) مثل - اگر آدمی خیالی اٹھا کر جلد سنور جائے یا ایک وقت کا کام دوسرے وقت ہیں کرلے تو وہ پانزپرسی کے قابل نہیں ٭ **صبح کا تارا** - مذکر۔ وہ از حد روشن ستارہ، جو اکثر صبح اور کبھی شام کو بھی دکھائی دیتا ہے - زہرہ ستارہ ٭ **صبح کاذب** (ع) مؤنث - صبح سے پہلے کی روشنی، جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اور تھوڑی دیر میں پھر سپیدۂ صبح نمودار ہوتا ہے - آسمان کی اونچی اٹھی ہوئی سفیدی، جو صبح صادق سے کچھ پہلے ظاہر ہوتی ہے ٭ **صبح کرنا** (۱) رات کاٹنا ٭ **صبح کس کا منہ دیکھا تھا؟** مثل - وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی کام بگڑ جائے یا خلاف مرضی ہو جائے ٭ **صبح کی بوہنی اللہ میاں کی آس** - مثل - علی الصبح پہلی بکری ہو جائے تو اللہ تعالیٰ سے بہت بکری کی امید ہو جاتی ہے ٭ **صبح کی پوچھنا تو شام کی کہنا** - از حد بدحواس اور حواس باختہ ہونا - گھبرا جانا ٭

صَبر (صَبْر) (ع) مذکر (۱) شکیب - خاموشی (۲) تحمل - بُردباری - برداشت (۳) تامل - توقف (۴) (۷) (عو) کسی کا دل دُکھانے کی آفت - خدا کی مار (۵) (۷) قناعت - توکل ٭ **صبر آنا** (۷) (عو) اطمینان ہونا - تسلی ہونا - چین آنا ٭ **صبر پڑنا** (۱) (عو) غیب سے کسی کو ستانے کی سزا ملنا - آہ پڑنا ٭ **صبر کرنا** (۱) نا امید ہو جانا (۲) سہنا - سہارنا - خاموش رہنا - تحمل کرنا (۳) تامل کرنا - ٹھہرنا (۴) قناعت کرنا - توکل کرنا ٭ **صبر کی داد خدا کے ہاتھ ہے** (مقولہ) صبر کرنے والوں کا انصاف خدا ہی کرتا ہے ٭ **صبر لینا** (۱) کسی کے صبر کے عذاب میں گرفتار ہونا (۲) کسی پر الزام یا بہتان لگا کر آہ لینا ٭ **صبر و شکر کرنا** (عو) تکلیف کی حالت میں خدا کا شکر بجا لانا - کسی مصیبت یا ناگہانی بلا پر چپ رہنا ٭ **صبر ہونا** (۱) سہارا ہونا - برداشت ہونا (۲) قناعت ہونا (۳) تسلی ہونا - اطمینان ہونا (۴) توقف ہونا - تامل ہونا ٭

صِبر (صِبْر) (ع) مذکر - ایلوا ٭

صبغۃ اللہ (صِب - غَتُلْ - لَاہ) (ع) مذکر - قدرتی رنگ - دین کا رنگ ٭

صبوح - صبوحی - (صَبُوح، صَبُو - حِی) (ع) مؤنث - وہ شراب، جو صبح کو پی جائے - شراب صبح ٭ **صبوحی کش** (ع - ف) صبح کو شراب پینے والا - مے خوار ٭

صبورا (صَبُو - رَا) (۷) مذکر - بنایا ہوا آلۂ تناسل ٭

صبیح (صَبِیْح) (ع) گورا - خوب صورت ٭

صبی (صَبِی) (ع) مذکر - لڑکا - دودھ پیتا بچہ ٭ **صَبِیّہ** - مؤنث - بیٹی - دختر - لڑکی ٭

ص - ح

صحابہ (صَحَابَہ) (ع) مذکر (۱) یار دوست (۲) (مجازاً) رسول اللہ صلعم کے ہم مجلس ٭ **صَحَابِی** - مذکر - نبی کریمؐ کے رفیق یا وہ مسلمان جنھوں نے حضورؐ کی زیارت کی ٭

صحائف (صَحَا - اِف) (ع) مذکر - صحیفہ کی جمع - رسالے - کتابیں ٭

صحبت (صُح - بَت) (ع) مؤنث (۱) یاری - مددگاری (۲) ساتھ - ہمراہ (۳) یارانہ - آشنائی - دوستی (۴) مل بیٹھنا - سوسائٹی - مجلس - محفل (۵) ہم صحبتی - ہم نشینی (۶) (۷) عورت کے ساتھ سونا - ہم بستری ٭ **صحبت اٹھانا** (۷) (۱) پاس رہنا (۲) پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا ٭ **صحبت اچھی بیٹھیے، کھائیے ناگر پان - صحبت بری بیٹھیے، کٹائیے ناک اور کان** - مثل - نیک صحبت سے نیک نتیجہ نکلتا ہے اور بری صحبت سے برا ثمرہ ٭ **صحبت برآر - یا - برآری ہونا** - دوستی نبھنا - صحبت کا موافق ہونا ٭ **صحبت برتنا** - دیکھیے "صحبت اٹھانا" ٭ **صحبت داری** - مؤنث - جماع - مجامعت - ہم بستری ٭ **صحبت داری یا صحبت کرنا** - ساتھ سونا - ہم بستر ہونا - مجامعت کرنا ٭ **صحبت گرم ہونا** - مزے اڑنا - جلسے ہونا - پاس بیٹھ کر دل خوش ہونا ٭ **صحبت نہ رہنا** - پاس اٹھنے بیٹھنے کا موقع نہ ملنا - شریک جلسہ نہ ہونا ٭ **صحبت یافتہ** (ع - ف) کسی لائق یا لائقوں کی صحبت کا فیض پایا ہوا آدمی - شائستہ - تعلیم یافتہ ٭ **صحبتی** - دوست - ہم نشین - یار ٭ **صحبتیں** (۱) مؤنث - صحبت کی جمع ٭ **صحبتیں اٹھانا - یا - برتنا - یا - دیکھنا** - اچھے لوگوں کی صحبتوں سے فیض اٹھانا ٭

صحت (صِح - حَت) (ع) مؤنث (۱) تندرستی - شفا - آرام (۲) تصحیح - درستی (۳) املا کی درستی ٭ **صحت بخش** (ع - ف) (۱) شفا دینے والا (۲) فائدہ بخشنے والا - مفید ٭ **صحت خانہ** - مذکر - ٹٹی - پاخانہ - بیت الخلا ٭ **صحتِ قانونی** - مؤنث - قانونی صحت یا درستی یا اصلاح ٭ **صحت نامہ** (۱) اغلاط نامہ - فہرستِ اغلاط (۲) تندرستی کا سرٹیفکیٹ ٭

صحرا (صَح - رَا) (ع) مذکر - میدان جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو - ریگستان - ویرانہ - بیابان ٭ **صحرا گرد** (ع - ف) جنگلوں میں پھرنے والا ٭ **صحرا نورد** - دیکھیے "صحرا گرد" ٭ **صحرا لق و دق** (ع - ف) مذکر - ویران اور سنسان جنگل ٭ **صحرائی** (ع) بیابانی - جنگلی ٭ **صحرائے اعظم** - مذکر - افریقہ کا ایک بہت لمبا چوڑا مشہور ریگستان ٭

صَحن (صَحْن) (ع) مذکر (۱) انگنائی - آنگن (۲) (لکھنؤ) ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا (۳) بڑا طشت - بڑا طباق ٭ **صحنِ چمن** (ع - ف) مذکر - باغ کا تختہ - تختۂ گلشن ٭ **صحنچی** (ف) مؤنث - وہ چھوٹا صحن، جو دالان کے پہلو میں بنایا جاتا ہے ٭ **صحنک** (ع) مؤنث (۱) طباق - رکابی (۲) چھوٹا صحن (۳) (۷) (عو) حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا یا فاتحہ ٭ **صحنک سے اٹھ جانا** (۱) ناپاکی کے باعث حضرت فاطمہؓ کی نیاز یا فاتحہ کی مجلس میں شریک ہونے کے قابل نہ رہنا ٭

صحیح (صَحِیْح) (ع) (۱) مبرا - عیب سے پاک (۲) بجا - ٹھیک - درست (۳) تندرست - چنگا (۴) کامل - پورا - سارا (۵) (۷) مؤنث - دستخط تصدیق ٭ **صحیح العقل** (ع) وہ شخص، جس کی عقل سالم ہو - عقل کا پورا ٭ **صحیح النسب** - خاندانی شریف - نسل سے درست - ولد الحلال ٭ **صحیح سالم** - کامل اور پورا - صحیح سلامت - بھلا چنگا - تندرست ٭ **صحیح سلامت** - صحت اور

تندرستی کے ساتھ - جیتا جاگتا ٭ صحیح کرنا (ہ) (۱) درست کرنا - اصلاح دینا (۲) ٹھیک کرنا (۳) دستخط کرنا - تصدیق کرنا (۴) لکھ لینا - درجِ حساب کرنا (۵) مارنا (۶) ثابت کرنا (۷) کھرا کرنا (۸) گواہی شاہدی سے پکّا کرنا (۹) ثبوت پہنچانا - تحقیق کرنا ٭ صحیح گئے سلامت آئے - جیسے یہاں نکلے تھے، ویسے ہی باہر رہے - نہ کچھ کمایا، نہ کھایا ٭ صحیح ہونا (۱) ٹھیک ہونا - درست ہونا - غلطی نکلنا (۲) گواہی دینا - تصدیق ہونا (۳) دستخط ہونا (۴) ثبوت ہونا (۵) پکّا ہونا (۶) بہی میں لکھا جانا ٭ صحیح ہے - یا - سہی ہے - حق ہے - بجا ہے - درست ہے ٭

صحیفہ (صَحِیْ - فَہْ) (ع) مذکر (۱) کتاب - رسالہ - پترا (۲) لکھا ہؤا صفحہ - ورق (۳) نامہ - مصحف ٭ صحیفۂ ابراہیمیؑ - مذکر - وہ کتاب، جو حضرت ابراہیمؑ پر نازل ہوئی تھی ٭

ص - د

صد (صَد) (ف) سَو - سیکڑا - ۱۰۰ ٭ صد آفرین - صد رحمت - (ع - ف) کلمۂ تحسین و آفرین - مرحبا - شاباش - بارک اللہ ٭ صد برگ (ف) مذکر - وہ پھول جس کی بہت سی پنکھڑیاں ہوں - گیندا ٭ صدہا - سیکڑوں - بہت سے ٭ صدی - مؤنث (۱) سو برس سے منسوب - سو برس کی تعداد (۲) سیکڑا ٭

صدا (صَدَا) (ع) مؤنث (۱) گنبد کی آواز - گونج (۲) مطلق آواز - آہٹ (۳) فقیر یا درویش کے مانگنے کی آواز ٭ صدا دینا (ہ) (۱) فقیر کا آواز لگانا (۲) بلانے کے لیے آواز دینا ٭ صدا کرنا - یا - لگانا - فقیرانہ سوال کرنا - آواز لگانا ٭ صدائے برنخاست (ف) کوئی آواز نہ آئی - کچھ جواب نہ ملا ٭

صدر (صَدْرْ) (ع) مذکر (۱) چھاتی - سینہ (۲) انگنائی - صحن (۳) سامنے کا رُخ - آگا - سامنا (۴) اعلیٰ جگہ - کسی معزز یا اعلیٰ مرتبہ شخص کے رہنے کا مقام - ہیڈ کوارٹر (۵) سردار - امیر - بزرگ - اعلیٰ (۶) اونچا - بڑا (۷) اوّل - کلاں (۸) چھاؤنی - کیمپ (۹) (ہ) خاص مسندگاہ ٭ صدرِ اعظم (ع) مذکر - وزیرِ اعظم - دیوانِ اعلیٰ ٭ صدر اعلیٰ - مذکر - منصف درجۂ اعلیٰ - اوّل درجے کا جج ٭ صدر الصدور - مذکر (۱) اعلیٰ درجے کا منصف (۲) شاہی گھر کا محافظ ٭ صدر امین - مذکر - اعلیٰ درجے کا امین - وہ حاکم، جو جج کے ماتحت ہو ٭ صدر بازار (ہ) مذکر (۱) چھاؤنی کا بڑا بازار - اردو بازار ٭ صدر بورڈ - مذکر - مال کا محکمۂ اعلیٰ - عدالت عالیہ ٭ صدری جمع (ہ) مؤنث - لگان کی اصل رقم، جو مصارفِ تحصیل کے علاوہ حکومت کو دینی پڑے ٭ صدرِ جہاں (ع - ف) (۱) دنیا کا سردار (۲) بعض کے نزدیک ایک فرضی ولی ٭ صدر دیوان - مذکر - خزانۂ شاہی کا مہتمم اعلیٰ - دیوان اعلیٰ ٭ صدر عدالت (ع) مؤنث - بڑی عدالت ٭ صدر مال گزار (ہ) مذکر - کسی کی وساطت کے بغیر سرکار کو خود معاملہ ادا کرنے والا ٭ صدر مجلس (ع) مذکر - میر مجلس - پریذیڈنٹ ٭ صدر مقام - مذکر - دار الحکومت - پایۂ تخت ٭ صدر منصرم - مذکر - پیمائش کے دفتر ہندوستانی کا اعلیٰ عہدہ دار - اعلیٰ درجے کا منصرم ٭ صدر نشین (ع - ف) مذکر - کرسی نشین - میر مجلس - چیئرمین ٭ صدر ہر جا کہ نشیند صدر است (ف) مثل - بزرگ حاکم یا کوئی بڑا آدمی جہاں بیٹھ جائے، وہی جگہ معزز سمجھی جاتی ہے ٭ صدری (ع) (۱) کمری - ایک قسم کی مرزائی - واسکٹ (۲) سینہ بند (۳) سینہ بہ سینہ پہنچا ہؤا نسخہ یا کلام وغیرہ ٭

صدرہ (صَدْ - رَہْ) (ع) مؤنث - معقولات میں اعلیٰ درجے کی ایک کتاب ٭ صدرہ پڑھ کر احمق رہے (ہ) منطق پڑھ کر بھی عقل نہ آئی ٭

صدف (صَدَفْ) (ع) مؤنث - ایک قسم کا سمندری گھونگا، جس سے موتی نکلتا ہے - سیپ ٭

صدق (صِدْقْ) (ع) مذکر (۱) سچائی - سچ - راستی (۲) خلوص ٭ صدق دل سے (ہ) صاف دلی سے - تہ دل سے - بہ طیبِ خاطر ٭

صدقہ (صَدَقَہْ، صَدْ - قَہْ) (ع) مذکر (۱) خدا کے نام پر دی ہوئی چیز - خیرات (۲) اُتارا - وہ کھانا وغیرہ، جو سر سے اتار کر دیا جائے (۳) (مجازاً) فدا - واری - قربان (۴) (ہ) بدولت - طفیل ٭ صدقہ اتارنا - یا - دینا (ہ) (۱) اُتارنا یا اُتارا دینا (۲) خیرات کرنا (۳) قربان کرنا ٭ صدقہ سیلا - یا - سیلا - مذکر (عو) وہ صدقہ، جو سلامتی کے عوض دیا جائے - خیر خیرات ٭ صدقے - مذکر (عو) (۱) صدقہ کی جمع (۲) واری - قربان (۳) صدقہ کی صورت حروفِ مغیرہ سے پہلے ٭ صدقے جانا (عو) تصدق ہونا - واری جانا - قربان ہونا ٭ صدقے کرنا (عو) (۱) نثار کرنا - وارنا - قربان کرنا (۲) نفرت اور حقارت کا کلمہ ٭ صدقے کروں (عو) (۱) قربان کروں (۲) آگ لگاؤں ٭ صدقے کیا - یا - کیا تھا - ادب اور محبت سے کسی چیز کے نہ ہونے کا اقرار کہ ہوتی تو ضرور تصدق اور قربان کی جاتی ٭ صدقے کی بلبل - مؤنث - پکڑ کر صدقے کے لیے چھوڑی ہوئی بلبل ٭ صدقے ہونا - دیکھیے "صدقے جانا" ٭

صدمہ (صَدْ - مَہْ) (ع) مذکر (۱) ٹکر - دھکا (۲) آسیب (۳) (ہ) ضرب - چوٹ (۴) رنج و غم - تکلیف (۵) واقعہ - حادثہ (۶) ضرر - نقصان (۷) مصیبت - بلا ٭ صدمہ اٹھانا (ہ) (۱) نقصان اٹھانا (۲) رنج اٹھانا - کسی کے مرجانے یا کسی حادثے کے واقع ہونے کا غم سہنا ٭ صدمۂ جانکاہ (ع - ف) مذکر - سخت ضرب - وہ چوٹ، جس سے جان کا نقصان ہو ٭ صدمہ گزرنا (ہ) حادثہ پیش آنا - مصیبت بیتنا ٭

صدور (صُدُوْرْ) (ع) مذکر (۱) صادر ہونا (۲) اجرا (۳) صدر کی جمع ٭ صدورِ حکم - مذکر - حکم کا نفاذ - حکم کا اجرا ٭

صَدِیق (صَدِیْقْ) (ع) مذکر - دوست ٭

صِدّیق (صِدْ - دِیْقْ) (ع) مذکر (۱) راست گو - نہایت سچّا (۲) حضرت ابوبکرؓ خلیفۂ اوّل کا لقب (۳) حضرت مریمؑ کا لقب ٭

ص۔ر

صراح (صُ۔راح) (ع) مؤنث (۱) کھلی اور صاف بات چیت (۲) خالص شراب کا پیالہ (۳) ایک مشہور عربی لغت ٭ **صراحت** ۔ مؤنث۔ وضاحت۔ تشریح ٭ **صراحتاً** ۔ ظاہراً۔ کھُلم کھلّا ٭

صراحی (صُ۔را۔حی) (ع) (عربی میں صراحیہ ہے) مؤنث (۱) لمبی گردن کا چھوٹا برتن، جس میں شراب یا پانی رکھا جاتا ہے (۲) بوتل۔ کوزہ (۳) (ف) مخروطی شکل کپڑے کا ٹکڑا، جو انگرکھے وغیرہ کی دونوں بغلوں کے نیچے خوبصورتی کے لیے سیا جاتا ہے ٭ **صراحی دار** (ع۔ف) صراحی جیسا۔ اونچی گردن کا ٭ **صراحی دار گردن** (۱) مؤنث۔ لمبی گردن۔ معشوقانہ گردن ٭ **صراحی دار گھنگرو** ۔ مذکر۔ ایک قسم کے لمبوترے خوشنما گھنگرو ٭

صراط (صِ۔راط) (ع) مؤنث (۱) راستہ۔ راہ۔ راہِ راست (۲) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ایک پُل، جو بہشت اور دوزخ کے درمیان بال سے باریک اور تلوار سے تیز بنا ہوا ہے۔ نیک لوگ اس پر سے بہ آسانی گزر جائیں گے اور گنہگار کٹ کٹ کر دوزخ میں گر پڑیں گے ٭ **صراطِ مستقیم** ۔ مؤنث۔ راہِ راست۔ سیدھا راستہ ٭

صرّاف (صَر۔راف) (ع) مذکر (۱) سونا چاندی پرکھنے والا۔ روپیہ پرکھنے والا (۲) (ف) وہ مہاجن یا ساہوکار، جو نقدی یا زیورات وغیرہ کا لین دین کرے (۳) دولت مند۔ مال دار (۴) معاملے کا صاف۔ کھرا (۵) جانچنے والا۔ پرکھنے والا ٭ **صرّاف کے سے ٹکے** (ف) مذکر۔ زیادہ تر اُس سودے یا مال کے متعلق کہتے ہیں، جو پڑا نہ رہے اور جب چاہیں، بلا نقصان دام کھرے کر لیں ٭ **صرّافہ** (۱) صرّافی کا پیشہ (۲) صرّافوں کا بازار (۳) بنک، کوٹھی ٭ **صرّافہ کھولنا** (۱) صرّافی کی دکان کھولنا (۲) بنک جاری کرنا۔ کوٹھی کھولنا ٭ **صرّافی** ۔ مؤنث (۱) ساہوکارے کا بنج۔ روپے پیسے کا بیوپار (۲) روپے یا اشرفی کی خُردہ کرائی۔ تُڑائی (۳) ایک قسم کا ہندی خط، جو مہاجن اور صرّاف لکھتے ہیں۔ لنڈے ٭ **صرّافی چٹھی** ۔ مؤنث۔ بل۔ چک۔ ہنڈی ٭

صرصر (صَر۔صَر) (ع) مؤنث۔ جھکڑ۔ آندھی۔ بادِ تند ٭

صرع (صَرْع) (ع) مؤنث۔ مرگی کی بیماری ٭

صَرف (صَرْف) (ع) مذکر۔ خرچ ٭ **صرف کرنا** (ف) خرچ کرنا۔ خرچ میں لانا ٭

صَرف (صَرْف) (ع) مذکر۔ وہ علم، جس سے کلموں کی شناخت اور ادل بدل معلوم ہو ٭ **صرف و نحو** ۔ مذکر۔ وہ علم، جس میں لفظوں کا جوڑ توڑ اور ان کے بولنے برتنے کا قاعدہ بیان کیا جائے۔ گریمر ٭ **صرفی** ۔ مذکر۔ علم صرف جاننے والا شخص ٭

صِرف (صِرْف) (ع) (۱) اکیلا۔ تنہا۔ فقط (۲) خالص۔ نِرمل (۳) مذکر۔ کلمۂ حصر ٭

صرفہ (صَرْ۔فَہ) (ع) مذکر (۱) غلبہ۔ زیادتی (۲) (ف) کفایت شعاری (۳) کنجوسی۔ بخل۔ خِسّت (۴) دریغ۔ افسوس ٭ **صرفہ کرنا** (ف) (۱) کفایت شعاری کرنا (۲) کنجوسی کرنا ٭

صرّہ (صُر۔رَہ) (ع) مذکر۔ تھیلی۔ توڑا۔ ہمیانی ٭

صریح (صَ۔رِیح) (ع) ظاہر۔ آشکار۔ علانیہ۔ صاف ٭ **صریح انکار کرنا** (ف) صاف انکار کرنا۔ جان بوجھ کر انکار کرنا۔ ظاہرا انکار کرنا ٭ **صریحاً** (ع) کھُلم کھلّا۔ ظاہراً۔ صاف ٭

صریر (صَ۔رِیر) (ع) مؤنث (۱) قلم کے چلنے کی آواز (۲) دروازے کی چُول کی آواز (۳) ٹڈّیوں کے اُڑنے کی آواز (۴) مطلق آواز۔ صدا ٭

ص۔ع

صعب (صَعْب) (ع) دشوار۔ سخت۔ کٹھن ٭

صعوبت (صُعُو۔بَت) (ع) مؤنث (۱) مشکل۔ دِقّت۔ سختی (۲) مصیبت۔ تکلیف ٭

صعود (صُعُود) (ع) مذکر (۱) بلندی پر چڑھنا (۲) (علم حساب) کسی عدد کو کئی دفعہ ضرب دے کر اُس کی قوتوں کو ابھارنا ٭ **صعود کرنا** (ف) اوپر چڑھنا ٭

صعود و نزول (ع) مذکر۔ اتار چڑھاؤ ٭

صعوہ (صَعْ۔وَہ) (ع) مذکر۔ ممولا۔ جھانپو۔ ایک چڑیا جس کی لمبی دُم ہر وقت اور جلد جلد حرکت کرتی رہتی ہے ٭

ص۔غ

صِغر (صِغَر) (ع) مذکر۔ چھوٹائی۔ خُردی ٭ **صِغرِ سِن** ۔ کم عمر۔ خُرد سال ٭ **صِغرِ سِنی** (ع۔ف) مؤنث۔ کم عمری۔ بچپن ٭

صغرا۔ صغریٰ (صُغْ۔را) (ع) مؤنث (۱) چھوٹی لڑکی (۲) سب سے چھوٹی چیز (۳) علم منطق میں شکل کا پہلا قضیہ ٭

صغیر (صَغِیر) (ع) چھوٹا۔ خُرد ٭ **صغیر سِن** ۔ دیکھیے "صِغرِ سِن" ٭ **صغیر سِنی** (ع۔ف) مؤنث۔ دیکھیے "صغر سِنی" ٭ **صغیر و کبیر** (ع) مذکر۔ چھوٹے بڑے۔ ادنیٰ و اعلیٰ ٭ **صغیرہ** ۔ چھوٹا۔ چھوٹی ٭

ص۔ف

صف (صَفّ) (ع) مؤنث (۱) قطار۔ سلسلہ (۲) بچھونا۔ بستر۔ فرش (۳) (ف) چٹائی۔ بوریا (۴) نمازیوں کی قطار، جس میں سب لوگ برابر ایک خط پر ہوں ٭ **صف آرا** (ع۔ف) جنگ یا مقابلے کے لیے فوج کا پرا جمانے والا ٭ **صف آرائی** ۔ مؤنث۔ جنگ آزمائی۔ قطار بندی ٭ **صف بستہ** ۔ پرا باندھے ہوئے۔ آراستہ ٭ **صفِ جنگ** ۔ مؤنث (۱) لڑائی کی صف آرائی، لڑائی کی پرا بندی (۲) وہ لڑائی، جو آمنے سامنے قطار باندھ کر شروع کی جائے ٭ **صف در۔ صفدر** (۱) فوج کی صف پھاڑنے والا (۲) حضرت علی مرتضیٰ رض کا لقب ٭ **صفِ ماتم** ۔ مؤنث۔ وہ فرش، جس پر ماتم کرنے والے یا ماتمی آ کر بیٹھیں ٭ **صفیں** (ف) مؤنث۔ صف کی جمع ٭ **صفیں الٹنا** (۱)

لڑائی کی صف بستہ فوجوں کا تتر بتر ہونا (۲) محفل یا مجلس کا تہ و بالا ہونا ۔

صفیں باندھنا ۔ قطاریں لگانا ۔ صف بستہ کرنا ۔

صفا (صَفا) (ع) (۱) پاک ۔ پاکیزہ ۔ صیقل کیا ہوا ۔ جلا (۲) سپاٹ ۔ ہموار (۳) نرمل ۔ کھرا (۴) (ف) الگ تھلگ ۔ بے لاگ (۵) (ع) مؤنث ۔ مکۂ معظمہ کی ایک پہاڑی جہاں دوڑنا ارکانِ حج میں داخل ہے ۔ **صفا چٹ کرنا** (ف) صفایا کرنا ۔ بالکل مونڈ ڈالنا ۔ **صفاً صفاً** ۔ برباد ۔ ویران ۔ بے نشان ۔

صفائی (ف، مؤنث (۱) صاف ہونا ۔ پاکیزگی (۲) راستی ۔ سچائی ۔ صداقت (۳) بے وقوفی ۔ سادگی (۴) جھاڑو بہارو ۔ جھاڑ پونچھ (۵) چکناہٹ (۶) برری ۔ ہمواری (۷) رہائی ۔ براءت (۸) صلح ۔ ملاپ (۹) کھراپن (۱۰) حساب کی بے باقی ۔ تصفیہ ۔ فیصلہ (۱۱) دیانت داری (۱۲) بے حیائی ۔ بے شرمی (۱۳) تبطلان ۔ تردید (۱۴) قطع و برید ۔ کانٹ چھانٹ (۱۵) فاقہ ۔ کڑاکا (۱۶) تباہی ۔ بربادی (۱۷) صیقل ۔ جلا (۱۸) انجام ۔ خاتمہ (۱۹) تیز دستی ۔ چالاکی ۔ پھرتی (۲۰) رونق ۔ **صفائی کر دینا** (ف) (۱) جھاڑ پونچھ دینا ۔ جھاڑ دینا (۲) بے باقی کر دینا ۔ فیصلہ کر دینا (۳) خرچ کر ڈالنا (۴) اجاڑ دینا (۵) قتل کر دینا ۔

صفات (صِفات) (ع) مؤنث (۱) صفت کی جمع ۔ خوبیاں ۔ بھلائیاں ۔ تعریفیں (۲) خاصیتیں ۔ خواص ۔ اوصاف ۔ **صفاتی** ۔ صفات سے منسوب ۔ عارضی ۔

صفت (صِفَت) (ع) مؤنث (۱) کسی چیز کا نشان ۔ بیانِ فضائل (۲) عمدگی ۔ خوبی ۔ تعریف (۳) تاثیر ۔ عادت ۔ خصلت ۔ خاصیت (۴) طریق ۔ شکل ۔ وضع (۵) مانند ۔ مثل (۶) (صرف و نحو) وہ اسم جس سے کسی چیز کی خصوصیت معلوم ہو ۔

صَفَحات (صَفَ ۔ حات) (ع) مذکر ۔ صفحہ کی جمع ۔ **صَفْحَہ** ۔ مذکر (۱) ورق کے ایک طرف کا رخ (۲) چہرہ ۔ منہ (۳) وسعت ۔ فراخی ۔ سطح ۔ پھیلاؤ ۔ **صَفْحۂ ہستی** (ع ۔ ف) مذکر ۔ دنیا کا پرت ۔ روئے زمین ۔ **صَفْحۂ ہستی سے نام و نشان مٹانا** (ف) دنیا کے پردے سے ناپید کر دینا ۔ بالکل ناس کر دینا ۔

صَفَر (صَفَر) (ع) مذکر ۔ اسلامی سال کا دوسرا قمری مہینا ، جو محرم کے بعد آتا ہے ۔ تیراں تیزی ۔

صِفْر (صِفْر) (ع) مذکر (۱) تہی ۔ خالی (۲) بندی ۔ حساب میں وہ نقطہ ، جو عدد کی دائیں جانب ہونے سے اس کی قیمت دس گنا بڑھا دیتا ہے اور بائیں جانب ہونے سے کچھ قیمت نہیں پاتا ۔

صفرا (صَف ۔ رَا) (ع) مذکر ۔ پت ۔ چار خلطوں میں سے زرد رنگ کا ایک خلط ، جو مزاجاً نہایت گرم و خشک ہوتا ہے ۔ **صفراوی** ۔ صفرا سے منسوب ۔ **صفراوی مزاج** (ف) مذکر ۔ وہ شخص جس کے مزاج میں خلط صفرا زیادہ ہو ۔ تلخ مزاج ۔

صفّو (صَفْ ۔ وْ) (ف) مذکر ۔ تاش اور گنجفے کی اصطلاح یعنی کھیلنے والے کے پاس پتے بالکل نہ آنا ۔ **صفو دینا** ۔ صاف مات دینا ۔ تاش کا ایک ایک پتا جیت لینا ۔ حریف کے پاس کوئی پتا نہ چھوڑنا ۔

صفوت (صَف ۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) برگزیدگی (۲) برگزیدہ ۔ خالص ۔

صفوی (صَفَوِی) (ع) مذکر ۔ ایران کا ایک شاہی خاندان جس میں شاہ طہماسپ صفوی مشہور بادشاہ گزرا ہے ۔

صفی (صَفِیّ) (ع) (۱) پاک ۔ صاف (۲) حضرت آدمؑ کا لقب (۳) ایک ایرانی درویش کامل ۔

صفیر (صَفِیر) (ع) مؤنث (۱) پرندوں کی آواز (۲) وہ سیٹی جو پرندوں کے لیے منہ سے بجائیں ۔

ص ۔ ل

صلّ (صَلّ) (ع) (۱) درود بھیجنا ۔ برکت دینا ۔ رحمت اتارنا (۲) تو درود بھیج ۔ **صلِّ علیٰ** ۔ مؤنث (۱) جب مسلمان کسی حسین یا نفیس چیز کو دیکھتے یا خوش بو سونگھتے یا کوئی بات قابلِ تعریف سنتے ہیں تو یہ کلمہ کہتے ہیں (۲) مرحبا ۔ سبحان اللہ ۔ واہ وا ۔ **صلِّ علیٰ کہنا** (ف) درود بھیجنا ۔ واہ واہ کرنا ۔ سبحان اللہ کہنا ۔ تعریف و توصیف کے لیے زبان کھولنا ۔ **صلِّ علیٰ محمدؐ** (ع) (سرورِ لولاک حضرت) محمد (مصطفیٰؐ) پر درود بھیج ۔ **صلعم** ۔ **صلعمؐ** ۔ صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف یعنی ان پر خدا تعالیٰ کا درود ، رحمت اور سلام ہو ۔ **صلِّ و جَلّ** (ف) (کلمۂ تعریف) مرحبا ۔ واہ وا ۔ سبحان اللہ ۔ شاباش ۔

صلا (صَلا) (ع) مؤنث ۔ آواز ۔ پکار ۔ **صلا نہ شد بلا شد** (ف) مثل ۔ بلانا ہی غضب ہو گیا ۔ منہ کیا لگایا ، گلے ہی پڑ گئے ۔ **صلائے سمرقندی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ وہ صلا ، جو دل سے نہ ہو ، صرف منہ جھٹانے کے لیے ہو ۔ **صلائے عام** (ع) مؤنث ۔ دعوتِ عام ۔ اجازتِ عام ۔

صلابت (صَلا ۔ بَت) (ع) مؤنث ۔ سختی ۔ استحکام ۔ مضبوطی ۔ **صلابت جنگ** (ع ۔ ف) مذکر ۔ فوجی عہدہ داروں کا خطاب ۔

صلاح (صَلاح) (ع) مؤنث (۱) اچھائی ۔ بہتری ۔ بھلائی ۔ نیکی (۲) (ف) مصلحت ۔ مشورہ (۳) تجویز ۔ رائے ۔ تدبیر (۴) منشا ۔ ارادہ ۔

صلاح بیٹھنا (ف) رائے قرار پانا ۔ ارادہ ہونا ۔ تجویز ٹھہرنا ۔

صلاح کار (ف) مذکر (۱) متقی ۔ زاہد (۲) (ف) مشیر ۔ رائے دینے والا ۔ ناصح ۔ **صلاح کرنا** (ف) تدبیر سوچنا ۔ ارادہ کرنا ۔ رائے لینا ۔

صلاح مشورہ ۔ مذکر ۔ منصوبہ ۔ ارادہ ۔ تدبیر و تجویز ۔ **صَلاحِیَّت** (ع) مؤنث (۱) بہتری ۔ بھلائی ۔ نیکی (۲) پارسائی ۔ پرہیزگاری (۳) (ف) سمجھ ۔ لیاقت ۔ پہنچ ۔ رسائی (۴) نرمی ۔ درستی ۔ اصلاح (۵) حلم ، ملایمت ، آہستگی (۶) پولیس کی رپورٹ ۔

صلب (صُلْب) (ع) مذکر (۱) پیٹھ کی ہڈیاں ۔ پشت کے مہرے (۲) سخت اور درشت زمین (۳) خاندانی بزرگی (۴) (ف) نسل ۔ اولاد ۔

نطفہ ٭ **صلبی** (ع) نسلی۔ حقیقی۔ اصلی۔ سگا۔ اپنے نطفے کا بیٹا ٭

صلح (صُلْحْ) (ع) مؤنث (۱) اتحاد۔ دوستی۔ میل ملاپ (۲) آپس کی صفائی۔ نئے سرے سے دوستی (۳) (و) امن و امان (۴) (قانون) تصفیۂ باہمی۔ باہمی اتصال ٭ **صلح دوست** (ع۔ف) وہ شخص، جو جھگڑے اور فساد کو پسند نہ کرے۔ صلح کل ٭ **صلح کرنا** (و) باہم صفائی کرنا۔ مل جانا۔ ملاپ کرنا ٭ **صلح کل** (ع) وہ شخص، جو ہر مذہب و ملت اور دوست دشمن سے یکساں برتاؤ رکھے۔ ہمہ اوست کا قائل ٭ **صلح نامہ** (ع۔ف) مذکر۔ صلح کا عہد نامہ۔ راضی نامہ ٭

صلحا (صُلَحَا) (ع) مذکر۔ صالح کی جمع ٭

صلصل (صُلْ۔صُلْ) (ع) مؤنث (۱) قمری۔ فاختہ (۲) حوض میں بچا ہوا پانی (۳) گھوڑے کی چوٹی ٭

صلوات (صَلَ۔وَات) (ع) مؤنث (۱) صلوٰۃ کی جمع۔ برکتیں۔ رحمتیں، جو رسول اللہ صلعم کے حق میں ہوں (۲) (و) رخصت کرنا۔ سلام کرنا (۳) باز آنا (۴) (طنزاً) دشنام۔ گالی۔ ہجو ٭ **صلوات (صلواتیں) سنانا** (۱) گالیاں دینا۔ برا بھلا کہنا ٭ **صلوات ہے** سلام ہے۔ باز آئے۔ کچھ غرض نہیں ٭ **صلواتیں**۔ مؤنث۔ صلوات کی جمع ٭ **صلوٰۃ** (صَلَاۃ) (ع) مؤنث (۱) درود۔ دعا۔ رحمتِ خدا (۲) نماز ٭ **صلوٰۃ التسبیح**۔ مؤنث۔ ایک خاص قسم کی نمازِ نفل ٭

صِلہ (صِلَہْ) (ع) مذکر (۱) ہدیہ۔ تحفہ۔ عطا۔ انعام (۲) (و) نیک جزا۔ اجر۔ بدلا ٭ **صلہ دینا** (و) انعام دینا۔ عوض دینا۔ بدلا دینا۔ اجرت یا مزدوری دینا ٭

صلیب (صَلِیْب) (ع) مؤنث (۱) سولی۔ دار۔ چلیپا (۲) وہ علامت یا لکڑی کی بنی ہوئی صورت، جو بعض عیسائی ہر وقت پہنے رہتے ہیں ٭

ص۔م

صم (صُمّ) (ع) مذکر۔ اصم کی جمع۔ بہرے، جنھیں سنائی نہ دے ٭ **صُمٌّ بُکْمٌ** مذکر۔ بہرے، گونگے ٭

صمد (صَمَدْ) (ع) (۱) بے نیاز۔ جو خود کسی کا محتاج نہ ہو اور سب اُس کے محتاج ہوں (۲) مذکر۔ خدا کا ایک صفاتی نام ٭ **صَمَدِیَّت**۔ مؤنث۔ بے نیازی ٭

صمصام (صَمْ۔صَام) (ع) مؤنث (۱) تیغِ براں، جس کا منہ نہ پھرے (۲) (مجازاً) مطلق تلوار یا شمشیر ٭

صمیم (صَمِیْم) (ع) (۱) خالص (۲) مخلص۔ سچا (۳) گودا (۴) کسی چیز کا بہترین حصہ (۵) بہرا۔ جسے سنائی نہ دے ٭

ص۔ن

صنادید (صَنَا۔دِیْد) (ع) مذکر (۱) صندید کی جمع۔ سردار۔ جرنیل۔ راجے۔ بادشاہ (۲) خطرات۔ مصیبتیں ٭

صنّاع (صَنْ۔نَاع) (ع) مذکر۔ بہت بڑا کاریگر۔ پیشہ ور ٭

صناعت (صِنَا۔عَتْ) (ع) مؤنث۔ دست کاری۔ کاریگری۔ ہنر ٭

صنائع (صَنَا۔ئِعْ) (ع) مذکر۔ صنعت، صناعت اور صنیعہ کی جمع۔ کاریگریاں ٭

صنائع بدائع۔ مذکر۔ وہ عجیب و غریب باریکیاں اور نکات، جو نظم میں ظاہر کیے جائیں ٭

صندل (صَنْ۔دَلْ) (ع) مذکر۔ ایک قسم کی خوش بودار لکڑی۔ چندن ٭ **صندل کی سی تختی** (ا) (ع) شفاف۔ سپاٹ۔ بے حد صاف ٭ **صندل کے چھاپے منہ کو لگے**۔ مثل (۱) بہت رسوائی ہوئی (۲) (پورب) نیک نامی پائی۔ بڑا نام پایا۔ صندل لگنے سے خوش بو آتی ہے، لیکن یہ تشبیہ (طنزاً) برعکس ہے ٭ **صندل لگانا**۔ اعضا پر صندل کا طلا کرنا۔ اکثر درد سر کے لیے لگایا جاتا ہے ٭ **صندلی** (ف) (۱) صندل کا رنگ۔ جنائی رنگ سے ملتا ہوا (۲) صندل کی لکڑی کا بنا ہوا (۳) مؤنث۔ ایک قسم کی اونچی مخروطی تپائی (۴) چوکی۔ کرسی (۵) مذکر۔ قدرتی نامرد ٭

صندوق (صَنْ۔دُوْق۔ صُنْ۔دُوْق) (ع) مذکر (۱) لکڑی کا بکس۔ پیٹی (۲) تابوت (۳) (و) آگے نکلا ہوا۔ ابھرا ہوا ٭ **صندوقچہ** (ع۔ف) مذکر۔ چھوٹا بکس ٭ **صندوقچی**۔ مؤنث۔ صندوق کی تصغیر ٭

صنعت (صَنْ۔عَتْ) (ع) مؤنث۔ کاریگری۔ دستکاری۔ ہنر۔ پیشہ۔ کام ٭

صنف (صِنْفْ) (ع) مؤنث۔ قسم۔ نوع۔ جنس ٭ **صنفِ نازک** (ع۔ف) مؤنث۔ عورتوں کا طبقہ ٭

صنم (صَنَمْ) (ع) مذکر (۱) بت۔ پتلی۔ مورتی۔ کسی چیز کا بنا ہوا بے جان قالب (۲) (ف) معشوق۔ دلبر۔ پیارا۔ جانی۔ پریتم ٭ **صنم خانہ۔ صنم کدہ** (ع۔ف) مذکر۔ بت خانہ۔ مندر۔ ٹھاکر دوارا ٭ **صنم کا کھیل** (د) مذکر۔ ایک کھیل۔ چند ہم عمر لڑکے مل کر ایک جگہ بیٹھ جاتے ہیں اور دائیں جانب سے حرف الف سے یے تک سوال کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک کہتا ہے، صنم آمد۔ دوسرا پوچھتا ہے، از کجا۔ وہ کہتا ہے، از احمد نگر۔ غرض جب کوئی شخص ایک حرف کا بھی جواب دینے میں عاجز رہے تو اسے خوب ہی شرمندہ کرتے ہیں ٭ **صنم کدۂ چین** (ع۔ف) مذکر (۱) چین کا مشہور بت خانہ، جہاں کے بتوں کی تعریف شعرائے فارسی نے بہت لکھی ہے (۲) سید حسین حقیقت کی تصنیف سے ایک کتاب ٭

صنوبر (صَنَوْ۔بَرْ۔ صَنُوْ۔بَرْ) (ع) مذکر (۱) چلغوزے کا درخت، جو سیدھا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا سرو، جس سے معشوق کے قد اور اس کے خرام کو تشبیہ دی جاتی ہے ٭

ص۔و

صواب (صَوَاب) (ع) مذکر (۱) درست۔ راست (۲) درستی۔ راستی (۳) (و) بہتر۔ خوب (۴) بہتری ٭

صوب (صَوْب) (ع) مذکّر (۱) سمت ۔ طرف (۲) راستہ (۳) ارادہ ۔ تجویز ٭
صوبجات (صُوْبَ ۔ جَات) (ف) مذکّر ۔ صوبہ کی جمع ٭ **صُوْبَہ** (ع) مذکّر (۱) سلطنت کا وہ حصّہ جس میں بہت سے پرگنے یا ضلعے شامل ہوں (۲) صوبے کا حاکم ۔ گورنر ۔ لفٹنٹ گورنر ٭ **صوبہ دار** (ع ۔ ف) مذکّر (۱) حاکم صوبہ (۲) پیادہ فوج کا وہ اعلیٰ ہندوستانی افسر جس کا رتبہ کپتان کے برابر ہوتا ہے ٭ **صوبہ داری** ۔ مؤنّث (۱) صوبے کی حکومت ۔ نظامت (۲) صوبہ دار کا عہدہ ٭
صوت (صَوْت) (ع) مؤنّث ۔ آواز ۔ صدا ۔ ندا ۔ بانگ ٭
صُوْر (صُوْر) (ع) مذکّر ۔ بگل ۔ نرئی ۔ ترم ۔ قرنا ۔ نفیری ٭ **صُورِ اسرافیلؑ** ۔ مذکّر ۔ وہ آواز ، جو قیامت کے دن حضرت اسرافیلؑ ایک دفعہ مار ڈالنے اور دوسری دفعہ زندہ کرنے کے لیے چالیس برس کے فاصلے سے نکالیں گے ٭
صورت (صُوْ ۔ رَت) (ع) مؤنّث (۱) مُنہ ۔ چہرہ ۔ شکل ۔ مکھڑا (۲) تصویر ۔ نقش (۳) ڈھانچا ۔ خاکہ (۴) کیفیّت ۔ حالت (۵) ڈھنگ ۔ طریق ۔ طور ۔ طرح (۶) تجویز ۔ تدبیر (۷) مشابہ ۔ مثل ۔ مانند (۸) محل ۔ موقع (۹) ظاہر (۱۰) روپ ۔ بھیس (۱۱) نشان ۔ علامت (۱۲) کام ۔ شغل (۱۳) بُت ۔ مورت ٭ **صورت آشنا** (ع ۔ ف) روشناس ۔ معمولی واقف ۔ جان پہچان ٭ **صورت آشنا ہونا ۔ یا ۔ ہو جانا** (ق) صورت پہچاننا ۔ جان پہچان ہو جانا ٭ **صورت بنانا** (۱) شکل بنانا ۔ تصویر بنانا (۲) بھیس بدلنا (۳) مُنہ بنانا ۔ مُنہ چڑانا (۴) خاکہ ڈھالنا (۵) مسکینی اور غریبی ظاہر کرنا ٭ **صورت پرست** (ف) مذکّر ۔ بُت پرست ٭ **صورت پکڑنا** (ق) (۱) شکل بننا (۲) رنگ اختیار کرنا (۳) کوئی طریقہ قبول کرنا ٭ **صورت تو دیکھو** (طنزاً) کہاں تو یہ دعویٰ اور کہاں یہ شکل ! چھوٹا مُنہ ، بڑی بات ۔ اظہارِ ناقابلیّت کے لیے بولتے ہیں ٭ **صورت چڑیلوں کی ، مزاج ۔ یا ۔ دماغ پریوں کا** ۔ مثل ۔ بدشکلی پر یہ دماغ ۔ بدصورتی پہ ایسا مزاج ٭ **صورتِ حال** (ع) مؤنّث ۔ معاملہ ۔ صورت ۔ روداد ۔ ظاہری کیفیّت ٭ **صورت حرام** (ق) وہ چیز جو دیکھنے میں خوب صورت ، لیکن ذائقے میں نفرت کے قابل ہو ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ کا ٭ **صورت دار** (ق) (ع) شکیل ۔ حسین ۔ خوب صورت ٭ **صورت گر** (ع ۔ ف) مذکّر ۔ نقّاش ۔ مصوّر ٭ **صورت گری** ۔ مؤنّث ۔ نقّاشی ۔ مصوّری ٭ **صورت نہ شکل بھاڑ سے نکل** (ق) مقولہ ۔ بدصورت آدمی کے متعلق طنزاً بولتے ہیں ٭ **صورت یہ ہے** ۔ حال یہ ہے ۔ بات یہ ہے ٭ **صورتاً** (ع) بظاہر ۔ ظاہراً ٭ **صوری** ۔ ظاہری ٭
صوف (صُوْف) (ع) مذکّر (۱) اون ۔ کمل ۔ نمدہ (۲) ایک قسم کا دبیز پشمینے کا کپڑا (۳) (ق) کپڑے کا ٹکڑا ، جو دوات میں سیاہی کے ساتھ رکھا جاتا ہے (۴) گوٹا بُننے کا بانا ٭ **صوفی** ۔ مذکّر (۱) پشمینہ پوش (۲) پرہیزگار ۔ پارسا ۔ متّقی ٭ **صوفی صافی** ۔ مذکّر (اصطلاح فقرا) وہ شخص ، جو دل کو غیرِ حق سے پاک صاف رکھے ٭ **صوفیانہ** (ع ۔ ف) (۱) صوفی سے منسوب ۔ صوفیوں کا سا (۲) (ق) سادہ ٭ **صوفیانہ وضع** (ق) مؤنّث ۔ سادہ وضع ۔ سادہ پن ٭ **صوفیہ** (ع) مذکّر ۔ صوفی کی جمع ٭
صولت (صَوْ لَت) (ع) مؤنّث ۔ دبدبہ ۔ ہیبت ۔ رعب ٭
صوم (صَوْم) (ع) مذکّر ۔ روزہ ۔ برت ٭ **صوم وصلوٰۃ** ۔ مؤنّث ۔ روزہ نماز ٭
صومعہ (صَوْ مَعَہ) (ع) مذکر (۱) گرجا (۲) (ف) عبادت خانہ ٭

ص ۔ ہ

صہبا (صَہْ ۔ بَا) (ع) مؤنّث ۔ ایک قسم کی سُرخ شراب ۔ سفید انگوروں کی شراب ۔ مئے احمر ٭

ص ۔ ی

صیّاد (صَیْ ۔ یَاد) (ع) مذکّر (۱) شکاری ۔ شکار کرنے والا (۲) ماہی گیر ۔ چڑی مار ٭ **صیّادِ اجل** ۔ مذکّر ۔ موت کا فرشتہ ۔ ملک الموت ۔ عزرائیلؑ ٭
صیام (صِیَام) (ع) مذکّر (۱) صوم کی جمع ۔ روزے (۲) صائم کی جمع ۔ روزہ رکھنے والے (۳) روزہ رکھنا ٭
صیانت (صِیَا ۔ نَت) (ع) مؤنّث ۔ حفاظت ۔ نگہبانی ۔ بچاؤ ۔ پاسبانی ٭
صیحہ (صَے ۔ حَہ) (ع) مذکّر ۔ چنگھاڑ ۔ نعرہ ۔ بلند یا سخت آواز ٭
صید (صَیْد) (ع) مذکّر (۱) شکار ۔ وہ جانور ، جسے شکار کریں (۲) مؤنّث ۔ ہم پیشہ اور ہم کار آدمیوں کی باہمی ضد اور لڑائی ٭ **صید بدنا** (ق) (۱) (کبوتر بازوں کی اصطلاح) کبوتر کو پکڑ کر نہ دینے کا باہم عہد کرنا (۲) ضد باندھنا ٭ **صید کرنا** (۱) شکار کرنا ۔ پکڑنا (۲) فریفتہ کرنا ۔ قابو میں لانا ٭ **صیدگاہ** (ع ۔ ف) مؤنّث ۔ شکار کھیلنے کی جگہ ۔ شکارگاہ ٭ **صیدی** (ق) مذکّر (شکاریوں کی اصطلاح) وہ شخص ، جو اپنے ہم پیشہ آدمیوں سے ضد اور لڑائی رکھے ٭
صیغہ (صِیْ ۔ غَہ) (ع) مذکّر (۱) سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز (۲) خلقت ۔ اصل ۔ طریقت (۳) وہ مشتق اور متصرّف کلمہ ، جو کسی اصل لفظ سے نکالا گیا ہو (۴) اہلِ تشیّع میں ایجاب وقبول کے کلمے ۔ عقد ۔ نکاح (۵) (ق) شعبہ ۔ محکمہ ٭ **صیغہ پرمٹ** (ق ۔ انگ) مذکّر ۔ نمک کے محصول یا چنگی کا محکمہ ٭ **صیغہ پڑھانا** (ق) اہلِ تشیّع میں نکاح پڑھانا ۔ ایجاب وقبول کرانا ٭ **صیغہ گردانا** ۔ فعل کی گردان کرنا ٭ **صیغہ جوڈیشل** (ق ۔ انگ) مذکّر ۔ جوڈیشل ۔ عدالتی ٭
صیقل (صَے ۔ قَل) (ع) مؤنّث ۔ جلا ۔ صفائی ۔ چمک ۔ آب ٭ **صیقل کرنا** (ق) جلا کرنا ۔ آب دینا ۔ چمکانا ۔ صاف کرنا ٭ **صیقل گر** (ع ۔ ف) جلا کرنے والا ۔ ہتھیار صاف کرنے اور سان چڑھانے والا ٭
صیہونیّت (صَے ۔ ہَو ۔ نِیْ ۔ یَت) (ع) مؤنّث (۱) یہودیّت (۲) یہودیوں کی عالمگیر تحریکِ وطن ٭

ض

ض (ضَادْ) مذکر (۱) اردو کا اکیسواں، فارسی کا اٹھارھواں اور عربی کا پندرھواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے آٹھ سو عدد فرض کیے گئے ہیں ۔

ض - ا

ضابط (ضَا - بِطْ) (ع) (۱) حفاظت میں رکھنے والا (۲) مدبّر۔ منتظم۔ انتظام کرنے والا (۳) قابض۔ مالک۔ حاکم (۴) محتاط۔ قاعدے کا پابند (۵) صابر۔ متحمّل۔ بُردبار ۔ **ضابطہ** ۔ مذکر (۱) قاعدہ۔ قانون۔ آئین۔ دستورالعمل۔ عمل درآمد (۲) نگہداشت (۲) ربط و ضبط۔ بندوبست۔ انتظام ۔ **ضابطۂ تعزیری** ۔ مذکر۔ سزا دینے کا قانون ۔ **ضابطۂ دیوانی** (ف) مذکر۔ دیوانی قانون۔ وہ قانون جس میں باہمی لین دین کے قواعد منضبط ہوں ۔ **ضابطۂ عدالت** (ف) مذکر۔ قانونی طریق عمل ۔ **ضابطۂ فوجداری** (ف) مذکر۔ فوجداری قانون۔ شریروں اور مجرموں کے انسداد جرائم کا دستورالعمل ۔ **ضابطۂ مال** (ف) مذکر۔ صیغۂ مال کا قانون۔ خزانے یا مالگزاری کے متعلق قانون ۔

ضاحک (ضَا - حِکْ) (ع) مذکر۔ ہنسنے والا۔ ظریف ۔

ضارب (ضَا - رِبْ) (ع) مارنے والا ۔

ضالّ (ضَالّ) (ع) گمراہ ۔

ضامن (ضَا - مِنْ) (ع) مذکر (۱) ذمّہ دار۔ وہ شخص، جو کسی کی ضمانت دے۔ کفیل (۲) (ف) لکڑی کی پچّڑ، جو حُقّے کی نَے کے درمیان باندھی جاتی ہے (۳) (ف) وہ دہی، جس کے ذریعے سے دودھ جمایا جاتا ہے۔ سایۂ شیر ۔ **ضامن در ضامن** (ف) مذکر۔ ذمّہ دار کا ذمّہ دار۔ کفیل کا کفیل ۔ **ضامن نہ ہوجیے، گرہ کا دیجیے** ۔ مثل۔ گرہ سے دینے میں حرج نہیں، لیکن ضمانت دینے میں خرابی ہے ۔ **ضامن نہ ہووے باپ کا، یہ ضامنی گھر پاپ کا** ۔ مثل۔ چاہے کوئی کیسا ہی قریبی عزیز کیوں نہ ہو، ضمانت ہرگز نہ دینی چاہیے کہ ضمانت خرابی کی جڑ ہے ۔ **ضامنی** (ع) مؤنّث۔ ذمّہ داری۔ کفالت ۔ **ضامنی دینا** (ف) ضمانت دینا۔ ذمّہ دار یا کفیل بننا ۔

ضائع (ضَا - ئِعْ) (ع) بے فائدہ ۔ لاحاصل۔ اکارت ۔ **ضائع کرنا** (ف) (۱) اُڑانا۔ برباد کرنا (۲) نکمّا اور بے کار کرنا (۳) قتل کرنا۔ مارنا ۔ **ضائع ہونا** (۱) خراب ہونا۔ برباد ہونا (۲) مارا جانا۔ فوت ہونا۔ مرنا ۔

ض - ب

ضبط (ضَبْطْ) (ع) مذکر (۱) حفاظت۔ نگہبانی۔ ہوشیاری (۲) بندوبست۔ انتظام (۳) راج۔ حکومت (۴) پابندی۔ قید (۵) (ف) قُرق ۔ **ضبط کرنا** (ف) (۱) قُرق کرنا (۲) نگرانی کرنا۔ روکنا (۳) قانون باندھنا (۴) قابو کرنا (۵) جذب کرنا۔ پینا ۔ **ضبط ہونا** (۱) چھننا۔ قُرق ہونا۔ کسی جُرم میں مال و جائداد کا سرکاری ہوجانا (۲) بُردباری ہونا۔ برداشت ہونا۔ تحمّل ہونا ۔ **ضبطی** ۔ مؤنّث (۱) قُرقی (۲) نگرانی ۔ **ضبطی جائداد یا مال** ۔ مؤنّث۔ دھن دولت کی قُرقی ۔ **ضبطی میں آنا** ۔ چھن جانا۔ قُرق ہونا۔ سرکاری ہوجانا ۔

ض - ح

ضَحا (ضَحَا) (ع) مذکر۔ چاشت کا کھانا ۔

ضُحا۔ ضُحیٰ (ضُحَا) (ع) مذکر۔ پہر دن چڑھے یا دس بجے کا وقت ۔

ضحّاک (ضَحْ - حَاکْ) (ع) مذکر (۱) بہت ہنسنے والا (۲) نہایت ظالم اور جابر ایک ایرانی بادشاہ ۔

ض - خ

ضخامت (ضَخَا - مَتْ) (ع) مؤنّث۔ جسامت۔ حجم۔ مٹاپا ۔

ضخیم (ضَخِیْمْ) (ع) بڑے حجم والا۔ موٹا ۔

ض - د

ضد (ضِدّ) (ع) مؤنّث (۱) خلاف۔ مخالفت۔ برعکس (۲) (ف) بُغض۔ عداوت۔ دشمنی (۳) اَڑ۔ ہٹ (۴) انانیت۔ سینہ زوری (۵) کرودھ۔ غصّہ (۶) تعصّب ۔ [ضد اور نقیض میں فرق: ضد وہ دو چیزیں ہوتی ہیں، جو اگرچہ اکٹھی تو نہ ہوسکیں، لیکن دونوں کے نابود ہونے کا امکان ہو، جیسے سیاہ اور سفید۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ کپڑا سارے کا سارا سیاہ بھی ہو اور سفید بھی، مگر یہ ہوسکتا ہے کہ نہ سیاہ ہو، نہ سفید۔ نقیض اشیاء نہ ایک جگہ اکٹھی ہوسکتی ہیں اور نہ دونوں نابود، جیسے زندگی اور موت ۔] **ضد باندھنا** (ف) (۱) ہٹ کرنا۔ بہت اصرار کرنا (۲) بَیر باندھنا۔ مخالفت کرنا (۳) بحث کرنا ۔ **ضد پہ آنا** ۔ ہٹ پر آنا۔ اصرار پر آنا۔ مخالفت پہ کمر باندھنا ۔ **ضد پوری کرنا** ۔ کسی کے کہنے کے

مطابق کر دینا۔ ہٹ رکھ لینا۔ اصرار کے بموجب کرنا ۔ **ضد چڑھنا** ۔ ہٹ پر آنا۔ اَڑنا۔ غصہ چڑھنا ۔ **ضد رکھنا** ۔ مخالفت رکھنا۔ دشمنی رکھنا ۔ **ضد کرنا** (۱) ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا (۲) جھگڑنا۔ بحث و تکرار کرنا ۔

ضدّی (۱) بہت اصرار کرنے والا (۲) نہایت پیچ کرنے والا۔ متعصب ۔

ضدین (ع) دو ضدیں۔ دو مختلف چیزیں ۔

ض ۔ ر

ضرّاب (ضَر۔رَاب) (ع) مذکر۔ روپے اشرفی پر ٹھپا لگانے والا ۔

ضِراب (ضِرَاب) (ع) مذکر (۱) کسی کو تلوار مارنا (۲) نر کا مادہ پر کودنا۔ جفتی کھانا ۔

ضِرار (ضِرَار) (ع) مذکر (۱) ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا (۲) مؤنث۔ مدینہ میں منافقوں کی ایک قدیم مسجد ۔

ضرب (ضَرْب) (ع) مؤنث (۱) چوٹ۔ مار۔ صدمہ۔ دھکا (۲) ذکر۔ بیان (۳) مُہر۔ ٹھپا (۴) توپ کا شمار ظاہر کرنے کا عدد، جیسے پانچ ضرب توپ (۵) گھاٹا۔ نقصان (۶) تلوار مارنا (۷) صوفیوں کا کسی اسم یا کلمے کو خاص زور اور جھٹکے کے ساتھ پڑھنا، جس سے دل پر چوٹ لگے (۸) حساب کا ایک قاعدہ ۔ **ضرب آنا** (و) (۱) چوٹ آنا۔ دھکا لگنا (۲) گھاٹا آنا ۔ **ضرب اٹھانا** ۔ نقصان گوارا کرنا۔ صدمہ اٹھانا ۔

ضرب المثل (ع) مؤنث۔ وہ جملہ، جو مثل کی طرح بیان کیا جائے۔ کہاوت ۔ **ضرب المثل ہونا** (و) کہاوت کی طرح مشہور ہونا۔ شہرت پانا ۔

ضربِ چلیپا (ع۔ف) مؤنث۔ ایک خاص قسم کی ضرب، جو آڑی لگائی جاتی ہے ۔ **ضربِ خفیف** (ع) مؤنث۔ ہلکی چوٹ ۔ **ضرب دینا** (و) (۱) ضرر پہنچانا۔ نقصان دینا (۲) اعداد کو باہم ٹکرانا ۔ **ضربِ شدید** (ع) مؤنث۔ سخت چوٹ۔ مہلک ضرب ۔ **ضربِ شمشیر** (ع۔ف) مؤنث۔ تلوار کا ہاتھ۔ تلوار کا زخم ۔ **ضربِ لازب** (ع) مؤنث۔ وہ چوٹ جس کا نشان اچھا ہونے کے بعد بھی قائم رہے ۔ **ضرب لگانا** (و) (۱) چوٹ لگانا۔ ہتھوڑا مارنا۔ کوٹنا (۲) تلوار مارنا (۳) چھاپ لگانا۔ ٹھپا لگانا (۴) اس طرح خدا کا نام لینا یا کلمہ پڑھنا کہ دل کو چوٹ لگے اور وہ بیدار ہو جائے ۔ **ضربِ مہلک** (ع) مؤنث۔ ہلاک کر دینے والی چوٹ ۔

ضرر (ضَرَر) (ع) مذکر (۱) خسارہ۔ نقصان (۲) صدمہ۔ تکلیف۔ درد (۳) (و) چوٹ۔ ضرب ۔ **ضررِ جسمانی** (و) مذکر (قانون) جسمانی چوٹ، بدنی تکلیف ۔ **ضررِ خفیف** (ع) مذکر۔ تھوڑا سا نقصان ۔ **ضرر رسانی** (ع۔ف) مؤنث۔ دکھ پہنچانا۔ تکلیف دینا ۔ **ضررِ شدید** (ع) مذکر (۱) بڑا بھاری نقصان (۲) دیکھیے "ضربِ شدید" ۔ **ضررِ صریح** مذکر (۱) دھمکی (۲) مارپیٹ (۳) زخمی یا کسی عضو کے بیکار کرنے سے پہنچا ہوا نقصان یا چوٹ ۔

ضرغام (ضِر۔غَام) (ع) مذکر۔ پھاڑنے والا شیر ۔

ضَروَرہ (ضَرُوْرَہ) (ع) (۱) لازم۔ واجب۔ وہ بات، جس کا ہونا فرض ہو (۲) مطلوب۔ درکار (۳) (و) (طنزاً) درست۔ بجا۔ بے شک (۴) اٹل (۵) مؤنث۔ خواہش۔ ضرورت۔ حاجت (۶) لاکلام۔ البتہ ۔

ضرور نہیں (و) (۱) لازم نہیں (۲) درکار نہیں ۔ **ضرور ہے** ۔ (۱) واجب ہے (۲) خواہش ہے۔ درکار ہے ۔ **ضرورت** (ع) مؤنث۔ خواہش۔ حاجت ۔ **ضرورت ایجاد کی ماں ہے** (و) مثل۔ جب کسی چیز کی ضرورت آ پڑے تو انسان کوئی نہ کوئی انتظام ضرور کر لیتا ہے ۔ **ضرورت کا کوئی قانون نہیں** ۔ مثل۔ ضرورت کے وقت کسی قاعدے کی پابندی نہیں کی جاتی ۔ **ضرورت کے وقت گدھے کو باپ بناتے ۔ یا ۔ بنالیتے ہیں** مثل۔ ناچاری کے موقع پر ادنیٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ۔ **ضرورت مند** حاجت مند۔ مفلس۔ تنگ حال ۔ **ضرورتاً** (ع) ضرورت کے رو سے، لازماً، واجباً، ناچار ۔ **ضروری** (۱) لازمی۔ واجبی (۲) مجبوری۔ ناچاری ۔ **ضروریات** (ع) مؤنث۔ ضروری چیزیں ۔

ضریح (ضَرِیْح) (ع) مؤنث (۱) قبر۔ مرقد۔ مزار۔ گور۔ مقبرہ (۲) تعزیہ ۔

ض ۔ ع

ضَعف (ضَعْف) (ع) مذکر (۱) کمزوری (۲) عقل کی کوتاہی (۳) بے ہوشی۔ غشی ۔

ضِعف (ضِعْف) (ع) دگنا۔ دوچند ۔

ضُعف (ضُعْف) (ع) مذکر۔ کمزوری۔ ناتوانی۔ نقاہت۔ ناطاقتی۔ سستی ۔ **ضعفِ باہ** ۔ مذکر۔ نامردی۔ کمزوری۔ سستی ۔ **ضعفِ بصارت** ۔ مذکر۔ آنکھوں کی ناطاقتی ۔ **ضعفِ جگر** (ع۔ف) مذکر۔ کلیجے کی ناطاقتی۔ ایک بیماری ۔ **ضعفِ دل** ۔ مذکر۔ دل کی کمزوری ۔

ضعیف (ضَعِیْف) (ع) (۱) کمزور۔ ناطاقت۔ سست (۲) بوڑھا ۔ **ضعیف الاعتقاد** ۔ مذکر۔ وہ شخص، جس کے اعتقاد کا بھروسا نہ ہو۔ سادہ۔ بھولا ۔ **ضعیف العقل** ۔ بے وقوف۔ کم عقل ۔ **ضعیفہ** ۔ مؤنث۔ کمزور عورت۔ بوڑھی عورت ۔ **ضعیفی** ۔ مؤنث (۱) بڑھاپا۔ پیری (۲) کمزوری۔ نحافت ۔

ض ۔ غ

ضَغطہ (ضَغ۔طَہ) (ع) مذکر (۱) دباؤ (۲) جھٹکا (۳) بھینچنا ۔

ضَغطر (ضَغ۔طَر) (ع) مذکر۔ سختی۔ تنگی۔ رنج۔ مشقت۔ کشمکش ۔

ض ۔ ف

ضِفدع (ضِف۔دَع) (ع) مذکر۔ مینڈک ۔

ض-ل

ضلالت (ضَلا۔ لَتْ) (ع) مؤنث (۱) گمراہی (۲) تباہی (۳) گناہ ۔

ضلع (ضِلَعْ) (ع) مذکر (۱) پسلی (۲) خط۔ لکیر (۳) حد (۴) حصّہ۔ جزو۔ حاکم ضلع کا صدر مقام۔ کسی ملک کا وہ حصّہ، جہاں ضلع کا مجسٹریٹ یا ڈپٹی کمشنر رہتا ہو (۵) (ق) رعایت لفظی۔ تلازمہ۔ جگت ۔ **ضلع بندی** (ع۔ ف) مؤنث۔ صوبے کی ضلع وار تقسیم ۔ **ضلع بولنا** (ق) تلازمے اور جگت سے گفتگو کرنا ۔ **ضلع دار** (ع۔ ف) مذکر (۱) ضلع کا نگران۔ وہ افسر جو زمینداروں سے مال گزاری وغیرہ وصول کرتا ہے (۲) محکمۂ آب پاشی کا وہ افسر جو پانی کا حساب لگاتا ہے ۔ **ضلع داری** ۔ مؤنث۔ ضلع دار کا عہدہ یا کام ۔

ض-م

ضَمّ (ضَمّ) (ع) مذکر (۱) شامل کرنا۔ ملانا (۲) پیش کی حرکت۔ ضمہ ۔
ضَمّہ ۔ مذکر۔ دیکھیے "ضم" ع۲ ۔

ضماد (ضِمَادْ) (ع) مذکر۔ لیپ۔ دوا کو نرم کرکے جسم پر لگانا ۔

ضمان (ضَمَانْ) (ع) مذکر۔ ضامنی ۔ **ضَمَان بعدۃ الثمن** ۔ مذکر۔ مالک کی طرف سے نیلام یا قیمت پوری کرنے کے لیے ضمانت ۔ **ضَمَانَتْ** ۔ مؤنث۔ ضامنی۔ کفالت۔ ذمّہ داری ۔ **ضمانتِ حفظِ امن** ۔ مؤنث۔ امن قائم رکھنے کے لیے ضمانت ۔ **ضمانت داخل کرنا** (ق) تحریری ضمانت دینا۔ ضامن ہونا ۔ **ضمانت نامہ** (ع۔ ف) مذکر۔ کفالت نامہ۔ تحریری ضمانت ۔ **ضمانتاً** (ع) ضمانت کے طور پر۔ کفالتاً ۔
ضمانتی (ق) ذمّہ دار۔ ضامن ۔

ضمائر (ضَمَا۔ اِئِرْ) (ع) مؤنث۔ ضمیر کی جمع ۔

ضمن (ضِمْنْ) (ع) مذکر (۱) اندر۔ ذیل (۲) شمول۔ شرکت (۳) (قانون) فصل۔ باب۔ دفعہ (۴) (ق) تعلق ۔ **ضمناً** (۱) شمولاً (۲) کنایۃً۔ اشارۃً ۔

ضمیر (ضَمِیْرْ) (ع) مؤنث (۱) دل۔ قلب۔ جی۔ من۔ اندرون دل (۲) راز۔ بھید (۳) مخفی۔ پوشیدہ۔ نہاں (۴) اندیشہ۔ خیال (۵) (صرف و نحو) وہ مختصر اسم جس سے اسم غائب یا حاضر یا متکلّم سمجھا جائے تاکہ جس اسم کا نام پہلے لیا جاچکا ہے، وہ دوبارہ نہ لینا پڑے ۔

ضمیمہ (ضَمِیْ۔ مَہْ) (ع) مذکر۔ وہ شے، جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگائی جائے۔ تکملہ۔ تتمّہ۔ پرچۂ زائد ۔

ض-و

ضَو (ضَوْ) (ع) مؤنث (۱) روشنی (۲) سورج کی روشنی ۔ **ضَوفشاں** (ع۔ ف) روشن ۔

ضوابط (ضَوَا۔ بِطْ) (ع) مذکر۔ ضابطہ کی جمع۔ قوانین ۔

ض-ی

ضیا (ضِیَاْ) (ع) مؤنث (۱) چمک۔ روشنی (۲) تجلّی ۔

ضیافت (ضِیَا۔ فَتْ) (ع) مؤنث (۱) کھانا کھلانا (۲) دعوت۔ مہمانی ۔ **ضیافت کرنا** (ق) کھانا کھلانا۔ دعوت کرنا ۔

ضیغم (ضَیْ۔ غَمْ) (ع) مذکر۔ پھاڑنے والا شیر۔ شیر ببر ۔

ضیف (ضَیْفْ) (ع) مذکر۔ مہمان ۔

ضیق (ضِیْقْ) (ع) مؤنث (۱) بھچاؤ۔ تنگی (۲) دقّت۔ مشکل (۳) کوتاہی۔ کمی (۴) دمے کا مرض ۔ **ضیقُ النفس** ۔ مذکر۔ دم کا گھٹنا۔ سانس کا روگ۔ دمہ ۔ **ضیق میں آنا۔ یا۔ ہونا** (ق) مشکل میں پھنسنا۔ عاجز آنا۔ تنگ ہونا ۔

ط

ط (طُوْ ئے) (ع) مؤنث (۱) اردو کا بائیسواں، فارسی کا انیسواں اور عربی کا سولھواں حرف (۲) ابجد کے حساب سے اس کے ۹ عدد فرض کیے گئے ہیں ۔

ط-ا

طاب (طَابْ) (ع) (۱) خوش بودار (۲) نفیس۔ خوش گوار (۳) صاف ستھرا ۔
طاب ثراہ (دعا) اس کی قبر خوش بودار ہو، یعنی اس کی روح کو آرام سکون اور خوشی نصیب ہو ۔

طابع (طَا۔ بِعْ) (ع) مذکر۔ چھاپنے والا۔ پرنٹر ۔

طابق النعل بالنعل (طَا۔ بَقَ۔ نَّعْ۔ لُ۔ بِنْ۔ نَعْ۔ لِ) (ع) مثل۔ جوتی جوتی کے ساتھ مطابق ہوگئی۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں دو شخص یا چیزیں تمام باتوں میں ایک دوسرے (دوسری) کے عین مطابق ہوجائیں ۔

طارم (طَا۔ رَمْ) (تارم کا معرّب) مذکر (۱) لکڑی کا گھر۔ بالاخانہ (۲) گول چھت کا چوبی مکان، جو باغ میں بنایا جائے (۳) گنبد (۴) آسمان ۔

طاری (طَا۔ رِیْ) (ع) (۱) چھا جانے والا (۲) (مراداً) مسلط ہو جانے والا ۔
طاری ہونا (ق) (۱) غالب آنا (۲) چھا جانا ۔

طاس (طَاسْ) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) تھال۔ لگن۔ طشت

(۳) پیالہ ٭

طاسہ (طَا ۔ سَہْ) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا باجا، جو کھال منڈھ کر بنایا جاتا ہے۔ تاسہ تاشہ ٭ **طاسہ مرفا** (۱) مذکر۔ تاشہ اور ڈھول ٭

طاعت (طَا ۔ عَتْ) (ع) مؤنث۔ بندگی۔ عبادت۔ فرمان برداری ٭

طَاعِنْ (ع) طعنہ دینے والا ٭

طاعون (طَا ۔ عُوْنْ) (ع) مذکر۔ ایک مشہور متعدّی وبا، جس میں چھاتی یا بغل یا ران کے نیچے گلٹی نکلنے سے نیزے کی اَنی کی سی چبھن ہوتی ہے اور آدمی کم جانبر ہوتا ہے۔ اسی چبھن سے اس کا نام طاعون ہو گیا۔ پلیگ ٭

طاغوت (طَا ۔ غُوْتْ) (ع) مذکر (۱) ایک بت اور دیو کا نام (۲) شیطان ٭

طاغی (طَا ۔ غِیْ) (ع) مذکر۔ سرکش۔ باغی۔ مفسد۔ سرغنہ ٭

طاق (طَاقْ) (ع) مذکر (۱) آلا۔ محراب (۲) (ف) بے نظیر۔ لاثانی۔ یگانہ۔ یکتا۔ فرد (۳) (ف) کمیاب۔ نادر (۴) وہ عدد، جو جفت نہ ہو جیسے ۱، ۳، ۵ وغیرہ ٭ **طاق ابرو** (ع۔ ف) مذکر۔ ابرو کی محراب ٭ **طاق بھرنا** (ف) (عو) مسجد یا کسی مزار کے طاق میں چراغ جلا کر بتاسے وغیرہ چڑھانا ٭ **طاق پر رکھا رہنا**۔ بیکار اور نکما رہنا۔ کام نہ آنا ٭ **طاق پر رکھنا** (۱) اٹھا کر طاق پر رکھنا (۲) خیال چھوڑ دینا۔ القط کرنا۔ الگ کرنا (۳) بھلا دینا ٭ **طاق کرنا**۔ یگانہ بنانا۔ یکتا کرنا ٭ **طاقِ نسیان پر رکھنا**۔ یاد نہ رکھنا۔ بھلا دینا ٭ **طاق ہونا** (۱) نادر اور کم یاب ہونا۔ بے نظیر اور لاثانی ہونا (۲) زائل ہونا۔ جاتا رہنا ٭ **طاقچہ** (ف) مذکر۔ طاق کی تصغیر۔ چھوٹا طاق ٭

طاقت (طَا ۔ قَتْ) (ع) مؤنث (۱) قوت۔ بل۔ زور (۲) حوصلہ۔ جرأت۔ مجال۔ تاب (۳) مقدور۔ لیاقت۔ قابلیت (۴) بساط۔ سمائی۔ برداشت (۵) حکومت۔ سلطنت ٭ **طاقت آزمائی** (ع۔ ف) مؤنث۔ زور لگانا۔ زور آزمائی ٭ **طاقت طاق ہونا** (ف) نام کو بل نہ رہنا۔ بالکل طاقت نہ رہنا۔ زور وقوت کا عنقا صفت ہو جانا ٭ **طاقتِ مہمان نداشت خانہ بہ مہمان گزاشت** (ف) اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جس کے گھر میں کوئی مہمان آئے اور وہ وہاں سے کھسک جائے ٭ **طاقت ور۔ طاقتور**۔ زور آور۔ توانا ٭

طاقہ (طَا ۔ قَہْ) (ع) مذکر۔ اونی یا ریشمی کپڑے کا تھان یا ٹکڑا ٭

طاقی (طَا ۔ قِیْ) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی لمبی ٹوپی۔ کلاہ (۲) مذکر۔ وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور دوسری بڑی ہو (۳) کج نظر۔ بھینگا ٭ **طاقی نہ رکھے باقی** (ف) مثل۔ جس کی آنکھ میں عیب ہوتا ہے، وہ کچھ رہنے نہیں دیتا۔ یعنی سخت منحوس ہوتا ہے ٭

طال (طَالَ) (ع) لمبا ہوا ٭ **طَالَ عُمرُہٗ**۔ خدا کرے، اس کی عمر لمبی ہو ٭

طالب (طَا ۔ لِبْ) (ع) مذکر۔ طلب کرنے والا۔ خواستگار۔ تلاش کرنے والا ٭ **طالبِ دنیا**۔ مذکر۔ دنیا دار۔ لالچی۔ حریص ٭ **طالبِ دیدار** (ع۔ ف) مذکر۔ نظارے کا مشتاق۔ عاشق۔ مشتاق ٭ **طالبِ زر خر، طالبِ مولیٰ اولیٰ**۔ مثل۔ دولت کا چاہنے والا آدمی بے وقوف، گدھا اور خدا کا طالب سب سے بہتر ہوتا ہے۔ **طالبِ علم**۔ مذکر۔ علم حاصل کرنے والا۔ متعلم۔ مبتدی۔ نو آموز ٭ **طالب علمی**۔ مؤنث۔ علم سیکھنے کا کام۔ شاگردی ٭ **طالب و مطلوب** (ع) مذکر۔ عاشق اور معشوق ٭

طالع (طَا ۔ لِعْ) (ع) مذکر (۱) طلوع کرنے والا (۲) اقبال۔ قسمت۔ نصیبا۔ بخت ٭ **طالع چمکنا** (ف) قسمت کھلنا۔ نصیب جاگنا ٭ **طالع شناس** (ع۔ ف) مذکر۔ قسمت کا حال بتانے والا۔ نجومی۔ جوتشی ٭ **طالع مند۔ یا۔ طالع ور**۔ قسمت والا۔ خوش نصیب۔ بختاور ٭ **طالع وری**۔ مؤنث۔ اقبال مندی۔ خوش نصیبی ٭

طالوت (طَا ۔ لُوْتْ) (ع) مذکر۔ بنی اسرائیل کا پہلا بادشاہ ٭

طامات (طَا ۔ مَاتْ) (ع) مذکر و مؤنث (۱) لاف گزاف (۲) کرامات کے اظہار میں ریاکار صوفیوں کی گپیں ٭

طامع (طَا ۔ مِعْ) (ع) طمع کرنے والا۔ حریص۔ لالچی ٭

طاہر (طَا ۔ ہِرْ) (ع) پاک۔ صاف۔ پوتر ٭

طاہری (طَاہْ ۔ رِیْ) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کا پلاؤ، جو چاولوں اور بڑیوں سے پکایا جاتا ہے۔ بڑی پلاؤ ٭

طائر (طَا ۔ اِرْ) (ع) مذکر۔ اُڑنے والا پرندہ، چڑیا، پکھیرو، مرغ ٭ **طائرِ قدس یا قدسی**۔ مذکر (۱) پاک جہان کا پرندہ۔ فرشتہ (۲) جبریلؑ ٭

طائف (طَا ۔ اِفْ) (ع) مذکر (۱) طواف کرنے والا (۲) عرب کا ایک شہر ٭

طائفہ (طَا ۔ اِفَہْ) (ع) مذکر (۱) ملت۔ ذات۔ قوم (۲) جماعت۔ فرقہ۔ گروہ۔ جتھا۔ پنتھ۔ غول۔ پرا (۳) رنڈی اور اس کے سازندے۔ ناچنے والوں کا گروہ (۴) کارواں۔ قافلہ ٭ **طائفہ نچانا** (ف) رنڈی یا بھانڈوں کا ناچ کرانا ٭

طاؤس (طَا ۔ ؤسْ) (ع) مذکر (۱) مور (۲) مور کی شکل کا ایک ساز، جو سارنگی کی طرح بجایا جاتا ہے ٭ **طاؤسی** (ع۔ ف) (۱) طاؤس کا (۲) طاؤس کے رنگ کا ٭ **طاؤسی رقص** (ف) مذکر۔ ایک قسم کا ناچ، جو مور کے ناچ سے مشابہ ہے ٭

طائی (طَا ۔ اِیْ) (ع) (۱) طے کے قبیلے کا (۲) حاتم کا لقب ٭

ط۔ب

طب (طِبْ) (ع) مؤنث (۱) جسمانی علاج کا علم۔ علم الابدان (۲) ڈاکٹری کا علم۔ حکمت۔ بیدک ٭ **طِبَابَت**۔ مؤنث۔ حکمت۔ ڈاکٹری۔ بیدک۔ علاج و معالجہ ٭ **طِبّی**۔ طب کا۔ ڈاکٹری اور یونانی علاج معالجے سے متعلق ٭ **طَبِیْب**۔ مذکر۔ حکیم۔ ڈاکٹر۔ علاج کرنے والا۔ معالج۔ چارہ گر ٭

طبّاخ (طَبْ۔بَاخ) (ع) مذکر۔ کھانا پکانے والا۔ باورچی۔ رسوئیا ❊

طباشیر (طَبَا۔شِیْر) (تباشیر کا معرّب) مؤنث۔ نیلاہٹ لیے ہوئے ایک سفید شے، جو بانس کے اندر سے نکلتی ہے ❊

طباطبا (طَبَا۔طَبَا) (ع) مذکر۔ حضرت اسمٰعیلؒ بن حضرت ابراہیمؒ بن حضرت حسنؓ بن حضرت علیؑ کا لقب ❊ **طباطبائی** حضرت اسمٰعیلؒ طباطبا کی اولاد ❊

طبّاع (طَبْ۔بَاع) (ع) غیر معمولی ذہین ❊ **طبّاعی** مؤنث۔ بے حد ذہانت ❊

طباعت (طَبَا۔عَت) (ع) مؤنث۔ چھپائی ❊

طباق (طَبَاق) (ع) مذکر (۱) بڑی رکابی۔ تھالی (۲) کھوپری۔ کاسۂ سر ❊

طباق سا منہ (ہ) مذکر (عو) پھیلا ہوا چوڑا چکلا منہ۔ چپٹا چہرہ ❊

طباقی کتّا (ہ) مذکر۔ دوسرے شخص کی روٹیاں توڑنے والا۔ طفیلی۔ مفت خورا ❊

طبائع (طَبَا۔ئِع) (ع) مذکر و مؤنث۔ طبیعت کی جمع۔ طبیعتیں ❊

طبراق (طَبْ۔رَاق) (ہ) مذکر۔ فقیروں کی جھولی۔ کاسۂ گدائی ❊

طبع (طَبْع) (ع) مؤنث (۱) طبیعت۔ مزاج۔ خلقت۔ فطرت (۲) عادت۔ خصلت۔ خو۔ سیرت (۳) مہر۔ چھاپ۔ نقش۔ سکّہ ❊

طبع آزمائی (ع۔ف) مؤنث۔ طبیعت کی رسائی اور ذہانت کا امتحان ❊ **طبع زاد**۔ طبیعت سے نکالا ہوا۔ اپنی ایجاد یا اختراع۔ اپنا۔ ذاتی ❊ **طبع کرنا** (ہ) چھاپنا۔ شائع کرنا ❊ **طبعی** (ع) طبع سے منسوب (۱) خلقی۔ فطری۔ ذاتی (۲) حکمت کا ایک فن، جس میں خواصِ اشیاء اور تحقیقات سے بحث کی جاتی ہے (۳) وہ علم، جس میں اجسام کے تغیّر و تبدّل اور ان کی خاصیت کا حال درج ہوتا ہے ❊

طبعی جغرافیہ (ف) مذکر۔ وہ جغرافیہ جس میں خشکی اور تری کی بحث ہو ❊

طبق (طَبَق) (ع) مذکر (۱) بڑی رکابی۔ تھالی (۲) برابر۔ مطابق۔ موافق (۳) ملک۔ خطّہ (۴) پرت۔ حصّہ (۵) (ہ) سونے کا ورق۔ پتّا (۶) (ع) چپٹی۔ مساحقت (۷) (ہ) (عو) پریوں کی نیاز کا کونڈا دینا ❊

طبق زن (ع۔ف) چپٹی باز۔ مساحقت باز ❊ **طَبَقات** (ع) مذکر۔ طَبَقہ کی جمع ❊ **طَبَقہ** (ع) مذکر (۱) درجہ۔ منزل (۲) پرت۔ تہ (۳) پردہ۔ روک (۴) آدمیوں کا گروہ (۵) رتبہ۔ پایہ ❊ **طبقہ الٹ جانا** (ہ) (۱) کسی ملک یا خطّے یا سرزمین کا تہ و بالا ہو جانا۔ حالت بدل جانا (۲) (مجازاً) کسی معاملے کا بالکل بگڑ جانا ❊

طبل (طَبْل) (ع) مذکر۔ بڑا ڈھول۔ دھونسا۔ دمامہ ❊ **طبلچی** (ف) مذکر۔ طبلہ بجانے والا ❊ **طَبْلَہ** (ع) مذکر (۱) صندوقچی۔ ڈبّا (۲) چھوٹا ڈھول۔ ڈھولک۔ ایک خاص طرز کا یک رخہ باجا ❊ **طبلہ بجنا**۔ طبلہ کھڑکنا۔ ٹھنکنا ❊

طبلق (طَبْ۔لَق) (ع) مذکر (۱) وہ کاغذ، جو کاغذات کے مٹھے یا اخبار کے اوپر اس کے بند رہنے کے لیے لگایا جائے۔ چٹ (۲) دو طرف سے کھلا ہوا لفافہ (۳) کاغذات کا بنڈل ❊

طبیعت (طَبِی۔عَت) (ع) مؤنث (۱) مزاج۔ فطرت۔ سرشت (۲) سبھاؤ۔ عادت۔ خصلت (۳) خلقت۔ پیدائش ❊ **طبیعت آنا** (ہ) (۱) دل آنا۔ عاشق ہونا۔ جان دینا (۲) کوئی چیز پسند آنا ❊

طبیعت الجھنا۔ جی پریشان ہونا۔ دل گھبرانا۔ ناگوارِ خاطر ہونا ❊ **طبیعت بحال ہونا**۔ طبیعت کا درست ہونا ❊ **طبیعت بگڑنا** (۱) متلی ہونا۔ جی متلانا (۲) دل خفا ہونا۔ ناراض ہونا (۳) بیمار ہونا ❊ **طبیعت بھر جانا**۔ جی بھر جانا۔ دل اُکتا جانا ❊ **طبیعت بہلنا**۔ دل کا سیر تماشے کی طرف مصروف ہونا ❊ **طبیعتِ ثانیہ** (ع) مؤنث۔ دوسری طبیعت۔ عادت ❊ **طبیعت دار** (ع۔ف) ہوشیار۔ ذہین۔ عالی دماغ۔ فہیم۔ ذکی ❊ **طبیعت لڑانا** (ہ) دل پہ زور ڈالنا۔ توجّہ ڈالنا۔ متوجّہ ہونا ❊ **طبیعت لڑنا**۔ دل کے ساتھ کسی امر کی مناسبت اور لگاؤ ہونا۔ ذہن لڑنا ❊ **طبیعت لگنا**۔ دل کا مشغول یا مصروف ہونا۔ جی لگنا ❊ **طبیعت ہونا** (۱) رغبت ہونا۔ جی چاہنا۔ دل آنا (۲) عشق ہونا ❊ **طبیعی** (ع) دیکھیے "طبعی" ❊

ط۔پ

طپاں (طَپَاں) (ف) تڑپنے والا ❊

طپانچہ (طَپَاں۔چَہ) (ف) مذکر۔ دیکھیے "تپنچہ" ❊

ط۔ح

طحال (طِحَال) (ع) مؤنث (۱) جگر کے قریب ایک عضو۔ تلی (۲) وہ بیماری، جس سے تلی پھول جاتی اور اس میں درد ہوتا ہے۔ تاپ تلی ❊

ط۔ر

طرّا (طُرْ۔رَا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "طُرّہ" ❊ **طرّا جمانا** (عو) حکم چلانا۔ رعب جمانا۔ سکّہ بٹھانا ❊

طرّار (طَرْ۔رَار) (ع) (۱) جیب کترا۔ کیسہ بُر (۲) لسّان۔ زبان دراز (۳) بدمعاش یا چکّا (۴) ہوشیار۔ چالاک ❊

طرّارا۔ یا۔ طرّارہ (ہ) مذکر۔ اچھل کود۔ چھلانگ ❊ **طرّاری** (ف) مؤنث۔ چلبلا پن۔ چالاکی۔ لسّانی۔ تیزی ❊ **طرّارے** (ہ) مذکر۔ طرّارا کی جمع ❊ **طرّارے بھرنا** (۱) جلد جلد پڑھنا (۲) گھوڑے کا سرپٹ دوڑنا ❊

طراز (طِرَاز) (معرّب) زینت۔ نقش و نگار ❊

طراوت (طَرَا۔وَت) (ع) مؤنث (۱) سرسبزی۔ تازگی (۲) خنکی۔ ٹھنڈک (۳) (ہ) نمی۔ تری ❊ **طراوت بخشنا** (ہ) (۱) تازگی بخشنا

(۲) خنکی بخشنا۔ فرحت بخشنا ۔

طرب (طَ۔رَب) (ع) مؤنّث۔ خوشی۔ خرّمی۔ شادمانی۔ عیش ۔

طرب انگیز (ع۔ف) امنگ بڑھانے والا۔ فرحت بخش ۔

طربوش (طَر۔بُوش) (ف) مذکّر۔ ترکی ٹوپی ۔

طَرْح (طَرْح) (ع) }
طَرَح (طَرَح) (ہ) } مؤنّث

(۱) جڑ۔ بنیاد (۲) تفریق (۳) نقّاشی۔ نقش کاری (۴) خاکہ۔ ڈول۔ ڈھانچا (۵) جدائی۔ علحدگی (۶) (ہ) انداز۔ ڈھنگ۔ طریق۔ طرز۔ دھج (۷) حال احوال (۸) وہ مصرع، جو اہلِ مشاعرہ آئندہ کی غزل کے لیے بہ طورِ طرز و وزن شاعروں کو دیتے ہیں ۔ **طَرح اُڑانا** (ہ) ہو بہو نقل کرنا۔ وضع سیکھ لینا ۔ **طرح بطرح کا**۔ قِسم قِسم کا۔ رنگ برنگ کا ۔ **طرح دار** (ع۔ف) خوش انداز۔ خوب صورت۔ رنگیلا۔ وضع دار ۔ **طرح دے جانا۔ یا۔ دینا** (ہ) (۱) اغماض کرنا ٹالنا (۲) دھیان نہ دینا۔ توجّہ نہ کرنا ۔ **طرح ڈالنا**۔ تدبیر کرنا۔ بنیاد ڈالنا ۔

طرز (طَرْز) (ع) مذکّر و مؤنّث (۱) شکل۔ ہیئت (۲) (ف) روِش۔ قاعدہ۔ قانون۔ طور طریقہ (۳) انداز۔ وضع (۴) (ہ) خصلت۔ عادت ۔ **طرز اُڑانا** (ہ) (۱) ڈھنگ اُڑانا۔ انداز سیکھنا (۲) وضع اختیار کرنا ۔ **طرزِ تحریر۔ یا۔ طرزِ عبارت** (ع) مذکّر و مؤنّث۔ لکھنے کا ڈھنگ۔ مضمون نگاری کا طریقہ ۔ **طرزِ کلام**۔ مذکّر و مؤنّث۔ گفتگو کا انداز ۔

طرف (طَرَف) (ع) مؤنّث (۱) سِرا۔ حاشیہ۔ کنارہ۔ افق (۲) سمت۔ جانب۔ بازو۔ پہلو۔ رخ (۳) (ف) کسی چیز کا حصّہ یا ٹکڑا (۴) لحاظ۔ پاس داری (۵) حریف۔ مقابل ۔ **طرفِ اوّل** (ع۔ف) مذکّر (۱) مستغیث۔ مدّعی (۲) مؤنّث۔ پہلی طرف ۔ **طرفِ ثانی** (ؤ۔ مذکّر (۱) مدّعا علیہ۔ فریقِ مخالف۔ فریقِ ثانی (۲) دوسری طرف ۔ **طرف دار** (ع۔ف) (۱) حمایتی۔ مددگار۔ ساتھی (۲) مذکّر۔ کسی فریق کا آدمی ۔ **طرف دار ہونا** (ہ) مددگار ہونا۔ حمایتی ہونا ۔ **طرف داری**۔ مؤنّث۔ حمایت۔ لحاظ۔ پاس ۔ **طرف داری کرنا**۔ حامی و مددگار رہنا۔ پاس داری کرنا ۔ **طرفین** (ف۔ع) مذکّر۔ مقدّمے کے دونوں فریق ۔

طرفت۔ طَرفۃ (طَر۔فَت) (ع) مؤنّث۔ آنکھ کا جھپکنا۔ پلک جھپکانے یا مارنے میں۔ آنکھ کے پلکارے میں۔ دم کے دم یا آن کی آن میں۔ ذرا سی دیر میں ۔ طَرفۃُ العَین۔ دیکھیے "طرفۃ" ۔

طرفگی (طُر۔فَگی) (ف) مؤنّث (۱) خوبی۔ عمدگی (۲) ندرت۔ انوکھا پن ۔ **طُرْفہ** (ع) (۱) نیا (۲) عجیب۔ انوکھا (۳) عمدہ ۔ **طُرفہ تماشا** (ہ) مذکّر۔ نیا کھیل۔ عجیب و غریب تماشا ۔ **طُرفہ گل پھولنا**۔ کسی انوکھی یا عجیب بات کا ظہور ہونا۔ نئی بات ہونا ۔ **طُرفہ ماجرا**۔ مذکّر۔ نئی بات۔ انوکھا واقعہ ۔ **طُرفہ معجون** (ع) مذکّر (۱) وہ شے، جو عجیب و غریب اجزا سے مرکّب ہو (۲) عجیب آدمی (۳) انوکھی خصلت اور سرشت کا آدمی (۴) احمق ۔ **طُرفہ یہ ہے** (ہ) تعجب یہ ہے۔ حیرت یہ ہے ۔

طُرّہ (طُر۔رَہ) (ع) مذکّر (۱) زلف کا بل (۲) ماتھے کے بال (۳) پگڑی کے اوپر لگانے کا پھندنا (۴) پگڑی کا اوپر کا سرا، جو باہر نکلا رہتا ہے (۵) جانور کے سر کی چوٹی۔ تاج۔ کلغی (۶) (ہ) اضافہ۔ علاوہ (۷) بڑھا ہوا۔ انوکھا۔ فائق (۸) مکان کا چھجّا (۹) تازیانہ۔ کوڑا (۱۰) ہر شے کا کنارہ (۱۱) انوکھا۔ عجیب (۱۲) (ف) نرالی بات (۱۳) عمدگی۔ خوبی (۱۴) پھندا۔ جال (۱۵) بھنگ کی چسکی یا گھونٹ ۔ **طُرّہ چڑھانا** (ہ) سبزی پینا۔ بھنگ پینا ۔ **طُرّہ ہونا** (۱) اصل سے بڑھ کر بیان ہونا (۲) فائق ہونا (۳) انوکھا اور عجیب ہونا (۴) بڑھنا۔ زیادہ ہونا ۔ **طُرّہ ہے**۔ زیادتی ہے ۔

طریق (طَرِیق) (ع) مذکّر (۱) راستہ۔ راہ (۲) شریعت۔ مذہب (۳) ڈھنگ۔ روِش۔ طرز (۴) دستور۔ رواج۔ رسم (۵) قانونِ مذہب۔ آئینِ دین (۶) ترکیب۔ قاعدہ ۔ **طریقِ استحصالِ جائداد** (ع۔ف) مذکّر۔ جائداد حاصل کرنے کا طریقہ ۔ **طریقُ الشّمس** (ع) مذکّر۔ وہ دائرہ جو مدارِ ارضی سے منطبق کیا ہوا ہے اور اس پر آفتاب کا گزر رہتا ہے ۔

طریقت۔ مؤنّث (۱) راستہ (۲) مذہب (۳) تزکیۂ باطن۔ دل کا پاک و صاف ہونا ۔ **طریقہ** (ع) مذکّر (۱) دیکھیے "طریق" (۲) گر ۔

ط۔ش

طشت (طَشْت) (تشت کا معرّب) مذکّر (۱) بڑا تھال۔ تسلا۔ پرات۔ لگن (۲) پاخانہ پھرنے کا ظرف ۔ **طشت ازبام** (ف) عیاں، ظاہر، مشہور، عام ۔ **طشت ازبام ہونا** (ہ) (۱) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا (۲) الم نشرح ہونا۔ مشہور ہونا۔ برائی سے ظاہر ہونا۔ راز فاش ہونا ۔ **طشت چوکی**۔ مؤنّث۔ وہ چوکی جس کے اوپر بیٹھ کر پاخانہ پھرتے ہیں اور اس کے نیچے ایک ظرف رکھا جاتا ہے ۔ **طشتری**۔ مؤنّث۔ چھوٹی رکابی۔ پرچ ۔

ط۔ع

طَعام (طَعَام) (ع) مذکّر۔ غذا۔ کھانا۔ بھوجن ۔

طَعْم (طَعْم) (ع) مذکّر۔ ذائقہ۔ لذّت۔ مزہ ۔

طُعْم (طُعْم) (ع) مذکّر۔ خوراک۔ طعام ۔ **طُعْمَہ**۔ مذکّر (۱) رزق۔ روزی (۲) شکاری پرندوں کا کھاجا (۳) (مجازاً) نوالہ۔ لقمہ ۔

طعن (طَعْن) (ع) مذکّر (۱) نیزہ مارنا (۲) طنز۔ طعنہ۔ سرزنش ۔ **طَعْن زَدَن**۔ (ہ) مؤنّث (ع) طعنہ مہنا۔ طنز۔ ملامت۔ لعن طعن ۔ **طعن تشنیع** (ع)

مؤنث۔ چھیڑ چھاڑ۔ طعنہ مہنا ✦ **طعن توڑنا** (و) طعنہ دینا۔ طنز کرنا
طَعْنَہ (ع) مذکر۔ دیکھیے طعن ۱-۲ ✦ **طعنہ تشنہ** (ع) مذکر (ع۔
(تشنہ تشنیع کا مخرب ہے) بُرا بھلا۔ لعنت ملامت ✦ **طعنہ دینا**۔
چھیڑنا۔ ملامت کرنا۔ بولی مارنا ✦ **طعنہ زنی** (ع۔ف) مؤنث۔
چھیڑ۔ عیب گیری ✦ **طعنہ مارنا** (و) (ع) آوازہ کسنا۔ طعنہ زنی کرنا ✦
طعنہ مہنا۔ مذکر۔ طعن و تشنیع۔ چھیڑ چھاڑ۔ بُرا بھلا ✦ **طعنے**۔ مذکر۔ طعنہ
کی جمع ✦ **طعنے تشنے**۔ مذکر۔ طعنہ تشنہ کی جمع ✦ **طعنے تشنے دینا**۔ یا ستانا۔
بُرا بھلا کہنا ✦ **طعنے مہنے**۔ مذکر۔ طعنہ مہنا کی جمع ✦

ط۔غ

طغرا (طُغْ۔رَا) (ت) مذکر (۱) پیچیدہ خط (۲) وہ خط، جس میں بادشاہ کا نام اور
القاب فرمانوں کی پیشانی پر لکھا جاتا ہے۔ شاہی مُہر ✦
طغرل (طُغْ۔رَل) (ف) مذکر۔ خاندان سلجوق کا پہلا بادشاہ ✦
طغیان (طُغْ۔یَان) (ع) مذکر۔ حد سے بڑھ کر زیادتی۔ ظلم ✦ **طغیانی** (ع۔ف)
مؤنث (۱) حد سے بڑھنا۔ حد سے گزرنا (۲) سرکشی (۳) دریا کا چڑھاؤ۔
سیلاب (۴) افزونی۔ زیادتی ✦

ط۔ف

طفل (طِفْل) (ع) مذکر (۱) لڑکا۔ بچہ (۲) دودھ پیتا۔ نادان۔ شیر خوار ✦
طفلِ شیر خوار (ع۔ف) مذکر۔ دودھ پیتا بچہ۔ معصوم بچہ ✦
طفلِ صحیح النسب (ع) مذکر۔ حلال کا لڑکا ✦ **طفلِ مکتب**۔ مذکر
(۱) طالب علم۔ مبتدی (۲) نو آموز۔ ناتجربہ کار ✦ **طفلی۔ طفولیت**۔
مؤنث (۱) بچپن کی عمر۔ لڑکپن (۲) نادانی ✦
طفیل (طُفَیْل) (ع) مذکر۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ بدولت ✦ **طفیلی** (ع۔ف)
دوسروں کے طفیل گزارہ کرنے والا۔ پچھلگو ✦ **طفیلیا** (و) مذکر۔ دیکھیے
"طفیلی" ✦

ط۔ل

طِلا (طِلَا) (ع) مذکر (۱) سونا۔ زرِ سرخ (۲) (طبی اصطلاح) وہ خاص روغن،
جو سستی کی بیماری کے لیے لگایا جاتا ہے ✦ **طلائی** (ع۔ف) سونے
کا۔ سنہرا۔ سنہری۔ زرّیں ✦
طِلّا (طِلْ۔لَا) (و) مذکر۔ سونے کے تار۔ کلابتون ✦
طلّاب (طُلْ۔لَاب) (ع) مذکر۔ طالب کی جمع۔ طالب علم۔ مبتدی ✦
طلاق (طَلَاق) (ع) مؤنث (۱) قیدِ نکاح سے عورت کا آزاد ہونا (۲) آزادگی
(۳) تیز زبانی۔ کشادگی۔ روانی ✦ **طلاقِ بائن**۔ مؤنث۔ طلاق کا
دوسرا درجہ ✦ **طلاق دینا** (و) بیوی کو چھوڑنا۔ مذہبی آئین کے مطابق
زوجہ سے قطع تعلق کرنا ✦ **طلاقِ رجعی** (ع) مؤنث۔ طلاق کا پہلا درجہ ✦
طلاقِ کنایہ۔ مؤنث۔ اشارے سے دی ہوئی طلاق ✦ **طلاق لینا** (و)
خاوند سے آزادی حاصل کرنا۔ خاوند کو چھوڑ دینا۔ خلع ✦ **طلاقِ مغلظہ**
(ع) مؤنث۔ تیسرا درجہ یعنی قطعی طلاق ✦ **طلاق نامہ** (ع۔ف)
مذکر۔ طلاق حاصل کرنے یا ہونے کی دستاویز ✦ **طلاقن** (و) مؤنث۔
وہ عورت، جسے طلاق مل چکی ہو۔ مطلقہ ✦
طلایہ (طَلَا۔یَہ) (طلائع کا مفرد، س) مؤنث (۱) گشت۔ روند (۲)
سپاہیوں کا وہ گروہ، جو رات کو شہر یا اپنے لشکر کی خبر گیری کرے۔
طلب (طَلَب) (ع) مؤنث (۱) ڈھونڈ۔ جستجو۔ تلاش (۲) التجا۔ درخواست
(۳) تمنا۔ آرزو (۴) (و) دھت۔ لت۔ عادت (۵) تنخواہ۔ ماہانہ (۶)
طلبی۔ بلاوا ✦ **طلب بانٹنا** (و) تنخواہ تقسیم کرنا ✦ **طلب بجھانا**۔ آرزو
پوری کرنا۔ خواہش مٹانا ✦ **طلب دار**۔ مذکر (۱) عادی۔ لتیا۔ کسی چیز
کا خواہش مند (۲) تنخواہ دار ✦ **طلب کرنا** (۱) بلانا (۲) دعویٰ کرنا۔
مانگنا ✦ **طلب گار** (ف) جویا۔ خواہش مند۔ تلاش کرنے والا ✦
طلب نامہ (و) مذکر۔ عدالت میں حاضر ہونے کا سرکاری پروانہ۔
سمن ✦ **طلبانہ**۔ مذکر (قانون) وہ رسوم، جو گواہ کی طلبی کی بابت
یا چپراسی کی خدمت کا حق سمجھ کر لی جائے ✦ **طلبہ** (طَلَبَہ) (ع) مذکر۔
طالب کی جمع۔ طلب کرنے والے۔ طالب علم۔ مبتدی ✦ **طلبی** (و) مؤنث۔
طلب۔ بلاوا ✦ **طلبی ہونا**۔ حاضر ہونے کا حکم جانا۔ سمن جانا ✦
طلسم (طِلِسْم) (یونانی) مذکر (۱) جادو کا عجیب و غریب تماشا (۲) وہ ڈراؤنی
صورت، جو خزانوں یا دفینوں پر اس غرض سے بنائی جاتی ہے کہ غیر آدمی کا
ہاتھ نہ پہنچے (۳) جادو۔ منتر۔ ٹونا (۴) حیرت میں ڈالنے والی بات۔ عجیب و
غریب بات (۵) (و) وہ علم، جو شخص موہوم خیالات کو عجیب و غریب شکل
سے نظر میں لائے ✦ **طلسم باندھنا** (و) انوکھی بات کرنا۔ کوئی عجیب و غریب
بات کرکے دکھانا ✦ **طلسمات** (ع) مذکر۔ طلسم کی جمع ✦ **طلسمائی** (و)
(۱) جادو کا (۲) آفت کا پرکالہ ✦
طلعت (طَلْ۔عَت) (ع) مذکر (۱) دیدار۔ نظارہ (۲) چہرہ۔ شکل۔
صورت ✦
طلوع (طُلُوْع) (ع) مذکر۔ چاند یا سورج کا نکلنا۔ بلند ہونا۔ نکلنا ✦ **طلوع ہونا**
(و) چاند نکلنا۔ سورج نکلنا ✦

ط۔م

طمّاع (طَم۔مَاع) (ع) بہت لالچی ✦
طمانچہ (طَمَا۔نْچَہ) (و) مذکر (فارسی میں طپانچہ اور طپانچہ لکھا جاتا ہے۔
اصل میں توانچہ تھا۔ توان (طاقت) اور چہ (کلمۂ نسبت) پلتھڑ۔ تھپڑ۔
ہاتھ کا تھپیڑ۔ جو کسی کے رخسار پر لگایا جائے ✦ **طمانچہ (طمانچے)
سے منہ لال رکھنا**۔ مفلسی کے باوجود چہرے کی سرخی برقرار رکھنا۔
صاحب غیرت ہونا ✦ **طمانچہ (طمانچے) سے منہ لال کرنا**۔ تھپڑ

مار کر مُنہ لال کرنا ٭ **طمانچہ مارنا**۔ تھپڑ لگانا ٭

طمانیت۔ طمانینت [طَمَا۔ نِیْتْ (ا) طُمَا۔ نِیْ۔ نَتْ (ع)] مؤنّث۔ دل کی تسلّی۔ دل جمعی۔ اطمینان ٭

طُمطُراق (طُمْ۔ طُرَاقْ) (ف) مذکّر۔ کرّ و فر۔ دھوم دھام۔ شان و شوکت ٭

طمع (طَمَعْ) (ع) مؤنّث (۱) حرص۔ لالچ (۲) چاہ۔ خواہش ٭ **طمعِ خام** (ع۔ف) مؤنّث۔ حاصل نہ ہو سکنے والی آرزو۔ محال تمنّا۔ ناممکن بات کی تمنّا ٭ **طمع را سہ حرف است وہر سہ تہی (ست)** (ف) مثل۔ طمع کے تین حرف ہیں اور تینوں (نقطوں سے) خالی ہیں۔ لالچ سے آدمی کو کچھ حاصل نہیں ہوتا ٭

طمنچہ (طَمَنْ۔ چَہْ) (و) مذکّر (۱) تفنگچہ۔ چھوٹی سی بندوق۔ پستول (۲) (بازاری) نوعمر نوچی۔ نوخیز کسبی (۳) کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ ٭

ط-ن

طِنَاب (طِنَابْ) (ع) مؤنّث (۱) خیمے کی رسّی (۲) ڈوری۔ رسّی ٭ **طنابیں** (و) مؤنّث۔ طناب کی جمع۔ رسّیاں۔ ڈوریاں ٭

طنّاز (طَنْ۔ نَازْ) (ع) (۱) طنز کرنے والا۔ رمز اور کنایے میں بات کرنے والا (۲) چالاک۔ بے باک۔ شوخ۔ طرّار ٭

طنبو (طَمْ۔ بُوْ) مذکّر۔ دیکھیے "تنبو" ٭

طنبور۔ طنبورہ (طَمْ۔ بُوْرْ۔ طَمْ۔ بُوْ۔ رَہْ) دیکھیے "تنبور" "تنبورہ" ٭

طنز (طَنْزْ) (ع) مؤنّث (۱) تمسخر۔ چھیڑ۔ ٹھٹّھا (۲) رمز سے بات کرنا (۳) طعنہ۔ مہنا۔ آوازہ توازہ ٭ **طنزاً** (۱) رمزاً۔ کنایۃً۔ اشارۃً (۲) طعنے سے، حقارت کی نظر سے ٭

طنطنہ (طَنْ۔ طَنَہْ) (ع) مذکّر (۱) بربط، طنبور وغیرہ کی آواز (۲) نوبت۔ نقارے یا دمامے کی آواز (۳) دھوم دھام۔ کرّ و فر (۴) رعب داب۔ دبدبہ (۵) (و) (عو) بدمزاجی۔ غصّہ (۶) تکبّر۔ غرور۔ تمکنت (۷) آن بان ٭ **طنطنہ دکھانا** (و) (عو) (۱) تحکّم جتانا۔ حکومت دکھانا (۲) اترانا ٭

ط-و

طواف (طَوَافْ) (ع) مذکّر (۱) گرد پھرنا (۲) کسی بزرگ یا مقدّس مقام کے گرد پھرنا ٭ **طواف کرنا** (و) (۱) گرد پھرنا (۲) کعبے کے چاروں طرف گھومنا ٭

طوالت (طَوَا۔ لَتْ) (ع) مؤنّث۔ لمبائی۔ درازی۔ طول (۲) افزونی، زیادتی ٭

طوائف (طَوَا۔ اِفْ) (ع) مذکّر۔ طائفہ کی جمع (۱) گروہ (۲) (و) مؤنّث۔ ناچنے والی عورت کسبی۔ رنڈی ٭ **طوائف الملوکی** (ع) مؤنّث۔ اندھیر۔ بدانتظامی۔ غدر۔ کھلبلی۔ ہلچل (۲) بادشاہوں کی بدنظمی اور نا اتّفاقی کے باعث امن شکنی ٭

طوبیٰ (طُوْ۔ بَا) (۱) بے حد خوش بودار (۲) بہشت کا درخت، جس کی شاخیں ہر جنّتی کے مکان پر چھائی ہوئی ہوں گی اور اس میں سے طرح طرح کے میوے اتریں گے ٭

طَور (طَوْرْ) (ع) مذکّر (۱) یک بار (۲) حد (۳) بنیاد (۴) طرف (۵) (۱) ڈھنگ۔ طرح۔ روش۔ طرز (۶) حالت۔ گت۔ رنگ ڈھنگ (۷) نوع۔ قسم ٭ **طور بے طور ہونا** (و) (۱) حال بے حال ہونا (۲) مرنے کے قریب ہونا (۳) حالت ابتر ہونا (۴) (عو) موقع بے موقع ہونا ٭ **طور طریق**۔ مذکّر (۱) روِیّہ۔ چال چلن۔ رنگ ڈھنگ (۲) برتاؤ ٭

طُور (طُوْرْ) (ع) مذکّر۔ کوہ سینا۔ ایک مقدّس پہاڑی۔ حضرت موسیٰ اسی پہاڑی پر چڑھ کر اللہ تعالیٰ سے احکام اور تجلّی پاتے تھے ٭

طوس (طُوْسْ) (ع) مذکّر (۱) خراسان کا ایک شہر، جہاں فردوسی شاعر گزرا ہے (۲) ایک قسم کا نہایت ملائم اور رُو ئیں دار اُونی کپڑا ٭ **طوسی** (ف) (۱) طوس کا۔ طوس کا رہنے والا (۲) بینگنی یا کرنجوی رنگ ٭

طوطا (طُوْ۔ طَا) (و) مذکّر۔ "طوطا" اور اس کے متعلق دیکھیے "توتا" کے ذیل میں ٭

طوطک (طُوْ۔ طَکْ) (ف) مذکّر (۱) طوطا (۲) مؤنّث۔ النغوزہ ٭

طوطی (طُوْ۔ طِیْ) "توتی" کا معرّب، مذکّر "طوطی" اور اس کے متعلق دیکھیے "توتی" کے ذیل میں ٭

طوطیا (طُوْ۔ طِیَا) (ف) مذکّر (۱) نیلا تھوتھا (۲) (و) بہتان۔ تہمت ٭

طوع (طَوْعْ) (ع) مؤنّث (۱) رغبت۔ رضامندی (۲) اطاعت۔ فرماں برداری (۳) دل کی خوشی ٭ **طوعاً** (طَوْ۔ عَنْ) اپنی خوشی اور رضامندی سے ٭ **طوعاً وکرہاً**۔ چار و ناچار۔ خواہ مخواہ، جبراً و قہراً۔ رضامندی اور نا رضامندی سے ٭

طوف (طَوْفْ) (ع) مذکّر (۱) گرد پھرنا۔ طواف کرنا (۲) کعبے کے گرد پھرنا (۳) حج ٭

طوفان (طُوْ۔ فَانْ) (ع) مذکّر (۱) طغیانی۔ سیلاب۔ غرق کر دینے والی رَو۔ چڑھاؤ (۲) بڑی شدّت کی ہوا۔ آندھی (۳) زبردست بارش (۴) مری۔ وبا (۵) نہایت۔ کمال۔ بے حد (۶) پانی کی اتنی زیادتی، جو سارے ملک کو غرق کر دے (۷) بڑا بھاری کام۔ کارِ عظیم (۸) (و) قیامت۔ غضب (۹) تعریفی کلمہ (۱۰) لڑائی جھگڑا۔ ہنگامہ۔ بلوہ۔ فساد (۱۱) (عو) الزام۔ تہمت (۱۲) شور۔ غل (۱۳) کہرام۔ ماتم۔ ہائے ہائے۔ واویلا (۱۴) بلا۔ مصیبت۔ آفت ٭ **طوفان آنا** (و) (۱) آندھی آنا (۲) سیلاب آنا (۳) موسلا دھار مینہ برسنا ٭ **طوفان اٹھانا** (۱) بہتان دھرنا۔ الزام لگانا (۲) آفت مچانا (۳) فساد کھڑا کرنا (۴) واویلا کرنا۔ بے حد شور غل مچانا ٭

طوفان اٹھنا (۱) الزام لگنا۔ تہمت لگنا (۲) آندھی آنا (۳) زلزلہ آنا۔ سیلاب آنا۔ **طوفان باندھنا** (۱) تہمت لگانا۔ بدنام کرنا (۲) کسی بات کو مبالغے سے بیان کرنا۔ **طوفان برپا کرنا** (۱) جھگڑا اٹھانا (۲) شور غل مچانا (۳) طغیانی لانا۔ پانی چڑھانا۔ **طوفان جوڑنا**۔ بہتان باندھنا۔ جھوٹا الزام لگانا۔ **طوفان شیطان** مذکر (۱) تہمت اور بہتان (۲) فتنہ و فساد۔ **طوفان شیطان اللہ نگہبان**۔ مثل طوفان اور شیطان سے خدا بچائے۔ شیطانی تہمت اور شیطانی بہتان سے اللہ محفوظ رکھے۔ **طوفان کھڑا کرنا**۔ دیکھیے "طوفان اٹھانا"۔ **طوفان میں آنا** (۱) بادِ مخالف کے باعث کشتی یا جہاز کا آفت میں آنا (۲) پانی کی طغیانی کے سبب ڈوبنا۔ تلاطم میں آنا۔ **طوفانِ نوح** (ع) مذکر۔ وہ قیامت خیز طوفان، جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں آیا تھا اور جس میں سارا جہان تہ آب ہو کر خلقِ خدا غرقاب ہو گئی تھی۔ **طوفانی** (ف) (۱) وہ شخص، جو ہر ایک پر تہمت دھرے۔ جھوٹا۔ مفتی (۲) فتنہ انگیز۔ شریر۔ فسادی (۳) آفت کا پرکالہ۔ غضب۔ بلا۔ آفت (۴) دھوآں دھار۔

طوق (طَوْق) (ع) مذکر (۱) حلقہ۔ گردن بند۔ وہ بھاری حلقہ، جو مجرموں کے گلے میں ڈالا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا جھنڈا جس پر پنجے کی شکل بنی ہوتی ہے (۳) (ف) چپراس۔ پٹا (۴) وہ گول نشان، جو بعض پرندوں کے گلے میں قدرتاً ہوتا ہے (۵) (ف) ہار۔ گلوبند۔ ایک قسم کا زیور۔

طول (طُوْل) (ع) مذکر۔ درازی۔ لمبائی۔ **طولِ امل**۔ مذکر۔ امید کی درازی۔ لوبھ۔ لالچ۔ **طولِ بلد**۔ مذکر۔ شہر یا ملک کا وہ فاصلہ، جو نصف النہار کے خطوط سے معلوم کیا جائے۔ **طول پکڑنا** (ف) کسی بات یا معاملے کا لمبا ہو جانا۔ بڑھ جانا۔ **طول دینا**۔ دراز کرنا۔ بہت بڑھانا۔ **طولِ کلام** (ع) مذکر۔ بات بڑھانا۔ زیادہ گوئی۔ بات کا بتنگڑ۔ **طول کھینچنا** (ف) دیر لگنا۔ مدت گزرنا۔ عرصہ ہونا۔ **طوْلاً۔ طُوْلیٰ** (ع) کامل۔ پورا۔ **طولاً**۔ درازی میں۔ لمبائی میں۔ **طولانی**۔ بہت لمبا۔

طومار (طُو۔مَار) (ع) مذکر (۱) بہت بڑا خط (۲) (ف) تودہ۔ ڈھیر (۳) کاغذات کا مٹھا (۴) بہتان۔ طوفان۔ جھوٹ۔ **طومار باندھنا** (ف) (۱) چھوٹی سی بات بڑھا کر بیان کرنا۔ جھوٹ کا پل باندھنا (۲) لمبا قصہ چھیڑنا۔

طویل (طَوِیْل) (ع) (۱) لمبا۔ دراز (۲) اشعار کی انیس بحروں میں سے ایک۔

طویلہ (طَوِیلے۔لہ) (ع) مذکر۔ گھوڑے باندھنے کی جگہ۔ تھان۔ اصطبل۔ **طویلے کی بلا بندر کے سر** (ل) غریب پر سب کا زور چلتا ہے۔ قصور کسی کا اور مارا کوئی جائے، ہر مصیبت و ذلت مسکین و کمزور ہی کے سر پڑتی ہے۔

ط۔ ہ

طٰہٰ (طا۔ہا) (ع) مؤنث (۱) قرآن مجید کی ایک سورت (۲) مذکر۔ رسول اللہ صلعم کا اسم مبارک۔

طہارت (طَہَا۔رَت) (ع) مؤنث (۱) پاکی۔ صفائی (۲) استنجا (۳) وضو۔ **طہارت کرنا** (ف) آب دست لینا۔ ہاتھ دھونا۔

طُہر (طُہْر) (ع) مذکر۔ عورت کا حیض سے پاک ہونا۔

طہور (طَہُوْر) (ع) پاک۔ پوتر۔

ط۔ ی

طے (طَے) (ع) مؤنث۔ عرب کا ایک قبیلہ، جس میں حاتم طائی بڑا نامور سخی گزرا ہے۔

طے (طَے) (ع) (۱) تہ۔ لپیٹ (۲) راستہ کاٹنا۔ قطعِ مسافت (۳) (ل) بے باقی۔ فیصلہ۔ چکوتا (۴) مختصر کرنا۔ کوتاہ کرنا (۵) انجام کو پہنچانا۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ ختم کرنا۔ **طے کرنا** (ف) (۱) تہ کرنا۔ لپیٹنا (۲) بے باق کرنا۔ فیصلہ کرنا (۳) ختم کرنا (۴) قطعِ منزل کرنا (۵) جھگڑا چکانا۔ تصفیہ کرنا۔

طیّار (طَی۔یَار) (ع) (۱) نہایت اڑنے والا (۲) لیس۔ مستعد۔ آمادہ (۳) حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کا لقب۔ **طیّارہ**۔ مذکر۔ ہوائی جہاز۔

طِیب (طِیبَت) (ع) مؤنث (۱) خوشی۔ رضامندی (۲) خوشبو۔

طیّب (طَی۔یِب) (ع) (۱) پاک۔ حلال (۲) نفیس۔ اچھا (۳) خوش گوار۔ لذیذ (۴) مذکر۔ آنحضرتؐ کے ایک صاحب زادے۔ **طیّبات** مؤنث (۱) پاک عورتیں (۲) خوشیاں (۳) نیک نام۔ **طیّبہ**۔ پاک۔

طَیبہ (طے۔بَہ) (ع) مذکر۔ مدینۂ منورہ۔

طیر (طَیْر) (ع) مذکر۔ پرندہ۔ اڑنے والا جانور۔ پکھیرو۔

طیش (طَیْش) (ع) مذکر (۱) غصہ۔ قہر۔ غضب۔ جوش۔ کرودھ (۲) بے عقلی۔ سبکی۔ خفت۔ **طیش دلانا** (ف) غصہ دلانا۔ برافروختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ **طیش میں آنا**۔ غضب ناک ہونا۔ جوش میں آنا۔ غصے میں بھرنا۔

طیلسان (طے۔لسان) (ع) مذکر۔ کندھے پر ڈالنے کی چادر۔

طینت (طِی۔نَت) (ع) مؤنث (۱) سرشت۔ خلقت۔ اصل۔ پیدائش (۲) خصلت۔ عادت (۳) ضمیر۔

طیور (طُیُوْر) (ع) مذکر۔ طیر کی جمع۔ پرندے۔

ظ

ظ (ظُوئے) (ع) مؤنّث (۱) اردو کا تینتیسواں، فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے نو سو عدد فرض کیے گئے ہیں ❊

ظ - ا

ظالم (ظَا - لِم) (ع) مذکّر (۱) اندھیر کرنے والا۔ ظلم کرنے والا۔ جابر۔ مردم آزار (۲) دل آزار۔ غیر منصف (۳) زبردست۔ زور آور (۴) وحشی۔ جاہل (۵) ذ، بدذات۔ شریر (۶) بے باک۔ شوخ (۷) سفاک معشوق ❊ **ظالم کا پلنڈا ہی نرالا ہے** (ذ) مثل۔ ظالم سب سے جدا طریق رکھتا ہے ❊ **ظالم کی داد خدا کے گھر** مثل۔ زبردست زور آور کے ظلم کا انصاف خدا ہی کرے گا۔ غریب کی کیا پیش جائے گی ❊ **ظالم کی رسّی دراز ہے** مثل۔ ظالم کو مہلت بہت ملتی ہے ❊ **ظالم کی عمر کوتاہ ہے** مثل۔ ظالم مدت تک نہیں جیتا ❊ **ظالم مظلوم نما** (ع۔ ف) (۱) ظاہر میں نرم اور باطن میں سخت (۲) معشوق کی آنکھ ❊ **ظالمانہ** (۱) ظلم سے بھرا ہوا (۲) ظالم کی طرح۔ ظالم کے طریقے پر ❊ **ظالمی** مؤنّث۔ ظلم ❊

ظاہر (ظَا - ہِر) (ع) (۱) روشن۔ آشکار۔ عیاں۔ کھلا ہوا۔ واضح۔ ہویدا (۲) باطن کے خلاف ❊ [ظاہر اور عیاں میں فرق: "ظاہر" کے لیے دلیل شرط ہے، "عیاں" کو دلیل کی حاجت نہیں۔ "عیاں" اس کیفیت کو کہتے ہیں، جس میں علماً اور عملاً ہدایت موجود ہو ❊] **ظاہر بین یا ظاہر پرست** (ع۔ ف) ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا۔ ظاہر دار ❊ **ظاہر پیر** (ذ) مذکّر۔ خاکروبوں کا مرشد ❊ **ظاہر دار** (ع۔ ف) دکھاوے کا برتاؤ کرنے والا۔ مکار۔ منافق ❊ **ظاہر داری** (ذ) مؤنّث۔ دکھاوا۔ نمود۔ نمائش۔ تکلف ❊ **ظاہر داری برتنا**۔ تکلف کرنا۔ تکلف سے پیش آنا۔ دکھاوے کی باتیں کرنا ❊ **ظاہر رحمٰن کا باطن شیطان کا**۔ مثل۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جس کا ظاہر اچھا اور باطن بُرا ہو ❊ **ظاہر کرنا** (۱) بھید کھولنا۔ اِفشا کرنا۔ کھولنا (۲) مشتہر کرنا۔ اشتہار دینا (۳) وضاحت کرنا۔ تشریح کرنا ❊ **ظاہر و باطن** (ع) مذکّر۔ اندر باہر ❊ **ظاہرا۔ ظاہراً**۔ ظاہر میں۔ بظاہر۔ دیکھنے میں۔ جہاں تک خیال کریں ❊ **ظاہری** (ف) (۱) دکھاوے کا (۲) کھلا ہوا۔ بدیہی ❊

ظ - ر

ظرافت (ظَرَا - فَت) (ع) مؤنّث (۱) زیرکی۔ دانائی (۲) دل لگی۔ خوش طبعی۔ تمسخر۔ مذاق۔ چھیڑ خانی ❊ **ظرافتاً**۔ دل لگی سے۔ مزاح سے۔ ہنسی سے ❊

ظرف (ظَرْف) (ع) مذکّر (۱) زیرکی۔ دانائی (۲) بھانڈا۔ برتن۔ دیگچی۔ ہانڈی (۳) (ف۔ ا) سمائی۔ حوصلہ (۴) (صرف و نحو) وہ اسم ذات، جو جگہ یا وقت کے معنی پر دلالت کرے ❊ **ظرفِ آفتاب** (ع۔ ف) مذکّر (لکھنؤ) شراب کا پیالہ۔ گلاس ❊ **ظرفِ زمان** (ع۔ ف) مذکّر (صرف و نحو) وہ اسم، جس میں زمانہ یا وقت پایا جائے۔ اسم زمان ❊ **ظرفِ مکان**۔ مذکّر۔ وہ اسم جس میں مکانیت پائی جائے۔ اسم مکان ❊ **ظروف** (ع) مذکّر۔ ظرف کی جمع ❊

ظریف (ظَرِیْف) (ع) (۱) لطیفہ گو۔ خوش طبع۔ دل لگی کرنے والا۔ بذلہ سنج (۲) زیرک آدمی۔ خوش طبع آدمی ❊ **ظریفانہ** (ع۔ ف) (۱) ظرافت کا (۲) ظریف کی طرح ❊

ظ - ف

ظفر (ظَفَر) (ع) مؤنّث (۱) جیت۔ فتح۔ فتح مندی۔ نصرت (۲) کامیابی۔ خوش نصیبی۔ کشائش (۳) ہندوستان کے آخری تاجدار ابو ظفر سراج الدین کا تخلص ❊ **ظفر موج** (ع۔ ف) فاتح۔ فتح مند ❊

ظ - ل

ظلّ (ظِلّ) (ع) مذکّر۔ چھاؤں۔ سایہ ❊ **ظلّ اللہ**۔ مذکّر (۱) خدا کا سایہ (۲) نائب خدا ❊ **ظلِّ الٰہی** (ع) مذکّر۔ حاکم۔ بادشاہ یا خلیفہ ❊ **ظلِّ حمایت**۔ مذکّر۔ امداد کا سایہ۔ امداد کی پناہ ❊ **ظلّہٗ** (ظِلْ - لُہٗ) (ع) اس مرد کا سایہ ❊ **ظلّہا**۔ اس عورت کا سایہ ❊ **ظلّہم** (ع) ان مردوں کا سایہ ❊

ظلم (ظُلْم) (ع) مذکّر (۱) اندھیرا (۲) بے رحمی۔ بے انصافی۔ ستم (۳) پاپ (۴) زیادتی۔ زور۔ زبردستی ❊ **ظلم توڑنا** (ذ) (عو) آفت ڈھانا۔ قیامت برپا کرنا۔ سختی کرنا ❊ **ظلم دوست** (ع۔ ف) ظلم کو پسند کرنے اور روا رکھنے والا۔ ستم پیشہ ❊ **ظلم ڈھانا** (ذ) (عو) (۱) خفا ہونا۔ ستم کرنا۔ غضب ڈھانا (۲) عجیب کام کرنا۔ کوئی انوکھا کام کرنا ❊ **ظلم رسیدہ** (ع۔ ف) وہ شخص، جس پر جبر ہوا ہو۔ ستم رسیدہ۔ مظلوم ❊ **ظلم کرنا** (ذ) (۱) سختی کرنا۔ ستم کرنا (۲) کوئی عجیب یا حدِ بشری سے باہر کام کرنا ❊ **ظلم ہے** (۱) اندھیر ہے (۲) غضب ہے ❊ **ظلمی** (۱) ستم شعار۔ ظالم (۲) سخت جابر۔ سنگ دل۔ بے رحم ❊

ظلمات (ظُلُ - مَات، ظُلَمَات) (ع) مؤنّث۔ ظلمت کی جمع (۱) اندھیرے۔

تاریکیاں (۲) وہ تاریکی جس میں آبِ حیات کا چشمہ خیال کیا گیا ہے (۳) بحرِ اوقیانوس ۔

ظلمانی (ظُلْمَا-نِی) (ع) (۱) جو شفاف نہ ہو۔ ناصاف (۲) تاریک ۔
ظلمت (ظُلْمَ-مَت) (ع) مؤنث۔ اندھیرا۔ تاریکی۔ سیاہی ۔
ظلوم (ظَلُوْم) (ع) بے حد ظالم ۔

ظ-ن

ظن (ظَنّ) (ع) مذکر (۱) گمان۔ وہم۔ شبہہ۔ خیال (۲) بہتان۔ تہمت (۳) بدظنی۔ بدگمانی ۔ **ظنِّ غالب**۔ مذکر۔ غالب رائے۔ یقین ۔ **ظنِّ فاسد**۔ مذکر۔ بدظنی۔ گمانِ بد۔ شک و شبہہ ۔ **ظنی** (ع۔ ف) (۱) وہمی۔ خیالی (۲) عقل کے قریب ۔ **ظنیہ** (ع) (۱) ظن سے منسوب۔ گمانی (۲) وہ مقدمہ، جو قریب بہ یقین ہو ۔

ظ-و

ظواہر (ظَوَا-ہِر) (ع) مذکر و مؤنث (۱) زمین کی بلندیاں (۲) زمین سے اگی ہوئی چیزیں۔ نباتات (۳) ظاہری شکلیں (۴) مکہ کے باہر خیمہ زن ہونے والے قریش ۔

ظ-ہ

ظہار (ظِہَار) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی طلاق (۲) ہم پشت ہونا ۔
ظہر (ظَہْر) (ع) مؤنث۔ پشت۔ پیٹھ ۔ **ظہرِ سمن۔ یا۔ تمسک** (و) مؤنث۔ سمن کی پشت پر۔ تمسک کی پشت پر ۔ **ظہری** پشتی۔ پشت پر لکھا ہوا ۔ **ظہری تحریر** (ع) مؤنث۔ وہ تحریر، جو سمن، وارنٹ وغیرہ کی پشت پر لکھی جائے ۔
ظُہر (ظُہْر) (ع) مذکر (۱) زوال کا وقت۔ تیسرا پہر (۲) تیسرے پہر کی نماز ۔
ظہور (ظُہُوْر) (ع) مذکر (۱) ظاہر ہونا۔ اعلان۔ اظہار۔ انکشاف۔ وقوع (۲) کوٹھے پر چڑھنا ۔ **ظہور میں آنا** (ل) ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ طلوع ہونا ۔ **ظہور میں لانا**۔ ظاہر کرنا۔ آشکارا کرنا۔ پیش کرنا ۔
ظہورا (ا رو) مذکر (عوام) ظہور، نمائش۔ نمود۔ جلوہ (۲) رونق۔ ٹھاٹھ (۳) (بازاری) بیٹا۔ اولاد ۔ **ظہوری** (ع) (۱) ظاہری (۲) مذکر۔ ایرانی شاعر ملا نورالدین کا تخلص ۔
ظہیر (ظَہِیْر) (ع) (۱) مددگار (۲) مذکر۔ ضعیف آدمی (۳) ظہیرالدین فاریابی کا تخلص ۔

ع

ع (عَیْن) (ع) مذکر (۱) اردو کا چوبیسواں، فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارھواں حرف (۲) حسابِ ابجد میں اس کے ستر عدد فرض کیے گئے ہیں ۔

ع-ا

عابد (عَا-بِد) (ع) مذکر۔ عبادت کرنے والا۔ پجاری۔ پرہیزگار ۔
عاج (عَاج) (ع) مذکر۔ ہاتھی دانت ۔
عاجز (عَا-جِز) (ع) مذکر (۱) ناتواں۔ کمزور (۲) ناچار۔ مجبور۔ تنگ۔ بے بس (۳) مغلوب (۴) تھکا ماندہ (۵) ناامید۔ مایوس (۶) مسکین۔ غریب ۔ **عاجز آنا** (و) (۱) تنگ آنا۔ دق آنا (۲) ناامید ہونا ۔ **عاجزی**۔ مؤنث (۱) عجز۔ انکسار (۲) منت سماجت، خوشامد درآمد ۔ **عاجزی کرنا**۔ گڑگڑانا۔ منت سماجت کرنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ فروتنی کرنا ۔
عاجل (عَا-جِل) (ع) جلد باز ۔
عاد (عَاد) (ع) مذکر (۱) وہ عدد، جو ایک معلوم عدد کو پورا تقسیم کر دے (۲) ایک قوم، جس کے پیغمبر حضرت ہودؑ تھے ۔ **عادِ اعظم**۔ مذکر۔ وہ بڑے سے بڑا عدد، جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پورا پورا تقسیم کر دے ۔
عادات (عَا-دَات) (ع) مؤنث۔ عادت کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں ۔
عادت (عَا-دَت) (ع) مؤنث (۱) خصلت۔ خو۔ سبھاؤ (۲) خاصیت۔ طبیعت (۳) چال چلن۔ طور طریقہ (۴) (ف) رسم۔ قاعدہ۔ دستور (۵) کسی چیز کی لت۔ طلب ۔ **عادت پڑنا** (ل) ڈھب پڑنا۔ سبھاؤ پڑنا۔ عادی ہونا ۔ **عادی**۔ وہ شخص، جسے کسی امر کی عادت پڑ گئی ہو۔ خوگر ۔
عادل (عَا-دِل) (ع) انصاف کرنے والا۔ منصف۔ جج ۔ **عادل الرہن**۔ مذکر۔ وہ شخص جس کے پاس دو آدمیوں کا رہن نامہ رکھ دیا جائے ۔
عار (عَار) (ع) مؤنث (۱) شرم۔ غیرت۔ لاج (۲) عیب۔ برائی ۔ **عار کرنا** (ل) (۱) شرم کرنا۔ غیرت کرنا (۲) عیب سمجھنا ۔
عارض (عَا-رِض) (ع) مذکر (۱) رخسار، گال، رخ (۲) فوج کا میر بخشی۔ فوج کی موجودات لینے والا (۳) پیش آنے والا۔ لاحق ہونے والا ۔
عارضِ سیمیں (ع-ف) مذکر۔ چاندی جیسا رخسار۔ بے حد خوب صورت

اور سفید چہرہ ۔ **عارض ہونا** (ف) پیدا ہونا ۔ نمودار ہونا ۔ لاحق ہونا۔

عارضی (ع) (۱) لاحقی ۔ نقلی (۲) اتفاقیہ ۔ چند روزہ ۔

عارضہ (عا ۔ رِضہ) (ع) مذکر ۔ بیماری ۔ مرض ۔ روگ ۔ دُکھ ۔ **عارضۂ سماعت لاحق ہونا** (ف) (قانون) میعاد گزر جانے کے باعث سماعت نہ ہونا ۔

عارف (عا ۔ رِف) (ع) مذکر (۱) پہچاننے والا (۲) معرفت میں ڈوبا ہوا ۔ خدا رسیدہ ۔ ولی ۔ خداشناس ۔

عاری (عا ۔ رِی) (ع) (۱) ننگا ۔ برہنہ ۔ خالی (۲) مجبور ۔ دق ۔ عاجز ۔ قاصر ۔ تنگ (۳) وہ شخص، جس سے کام نہ ہو سکے ۔

عاریت (عا ۔ رِیَت، عا ۔ رِیْ ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) مانگے کو دینا یا لینا (۲) قرض ۔ اُدھار ۔ مستعار ۔ **عاریت نامہ** (ع ۔ ف) مذکر ۔ اقرار نامہ، جو کسی شے کے لوٹانے کے لیے لکھا جائے ۔

عاریتاً ۔ قرض کے طور پر ۔ مانگے کو ۔ مستعار ۔ چند روز کے لیے ۔

عازم (عا ۔ زِم) (ع) مذکر ۔ ارادہ کرنے والا ۔ قصد کرنے والا ۔ کسی چیز پر دل لگانے والا ۔

عاشق (عا ۔ شِق) (ع) مذکر (۱) چاہنے والا ۔ عشق کا بیمار ۔ نثار ۔ تصدق ۔ فریفتہ ۔ پریمی ۔ طالب (۲) بے حد پسند کرنے والا (۳) عارف کامل (۴) (ف) بے پروا ۔ بے فکرا ۔ غافل ۔ مدہوش (۵) پیٹی کی گھنڈی (۶) ٹیکے کا پرزہ، جو اس کے حلقے میں ڈالا جاتا ہے ۔ **عاشق مزاج** (ع) (۱) حُسن پرست (۲) رنگیلا ۔ رسیا ۔ خوش طبع ۔ زندہ دل ۔ ظریف ۔ خوش مزاج ۔ دل لگی کرنے والا ۔

عاشقِ مولیٰ ۔ مذکر ۔ خدا کا عاشق ۔ خدا کا طالب ۔ **عاشق و معشوق** (۱) یار و آشنا ۔ محب و محبوب ۔ طالب و مطلوب ۔ پیا پریتم (۲) (ف) گہرے یار ۔ پکے یار (۳) لازم و ملزوم (۴) حلقہ اور گھنڈی (۵) فاعل و مفعول ۔ **عاشق ہونا** (ف) کسی پر ریجھنا ۔ کسی پہ فریفتہ ہونا ۔ کسی سے آنکھ لگنا ۔ **عاشقانہ** (ع ۔ ف) عاشقوں کی طرح ۔ عاشقوں کا سا ۔ **عاشقی** (ف) مؤنث ۔ عشق ۔ محبت ۔ فریفتگی ۔ **عاشقے** (ف) (بازاری) مرحبا ۔ آفرین ۔ شاباش ۔ کیا کہنے ۔

عاشورا ۔ عاشوریٰ (عا ۔ شُو ۔ رَا) } (ع)
عاشوراء (عا ۔ شُو ۔ رَا)

مذکر ۔ محرّم کی دسویں تاریخ ۔ حضرت امام حسینؓ کے شہید ہونے کی تاریخ ۔

عاصی (عا ۔ صِی) (ع) مذکر (۱) گنہگار ۔ مجرم ۔ نافرمان ۔ تقصیر دار ۔ پاپی ۔ خطاکار ۔ بدکار ۔

عاطر (عا ۔ طِر) (ع) (۱) معطر ۔ خوشبودار (۲) فیاض ۔ بہی خواہ ۔ خیر اندیش ۔

عاطفت (عا ۔ طِفَت) (ع) مؤنث ۔ عنایت ۔ لطف ۔ مہربانی ۔

عافیت (عا ۔ فِیَت) (ع) مؤنث (۱) امن اور آسودگی ۔ سلامتی ۔ صحت (۲) خیریت ۔ نیکی ۔ بھلائی ۔ **عافیت تنگ کرنا** (ف) آرام نہ لینے دینا ۔ چین سے نہ بیٹھنے دینا ۔

عاق (عاق) (ع) سرکش ۔ باغی ۔ متمرّد ۔ ماں باپ کا نافرمان ۔ **عاق کرنا** (ف) اولاد کو نافرمانی کے سبب حقوقِ فرزندی سے الگ کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔

عاق نامہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ فرزندی یا ارث سے اولاد کو محروم کرنے کی دستاویز ۔

عاقبت (عا ۔ قِبَت) (ع) مؤنث (۱) انجام ۔ خاتمہ ۔ آخر (۲) (ف) حاصل ۔ ثمرہ ۔ نتیجہ (۳) عقبیٰ ۔ آخرت (۴) آخرکار ۔ **عاقبت اندیش** (ع ۔ ف) انجام کا سوچنے والا ۔ دُور اندیش ۔ عاقل ۔ ہوشیار ۔

عاقبت بگاڑنا (ف) (عو) (۱) ماں باپ کی نافرمانی سے گنہگار بننا ۔ آخرت خراب کرنا ۔ انجام خراب کرنا ۔ **عاقبت خراب یا گندی کرنا** ۔ عاقبت بگاڑنا ۔ بُرے کام کرنا ۔ **عاقبت کا توشہ** ۔ مذکر ۔ دوسری دنیا کا سہارا ۔ اچھے کام ۔ نیک اعمال ۔ **عاقبت کے بوریے سمیٹنا** ۔ مدت تک جینا ۔ جو شخص بڑھاپے کے باوجود مرنے سے وہم کرے، اس کے متعلق طنزاً بولتے ہیں ۔

عاقر قرحا (عا ۔ قِر ۔ قَر ۔ حا) (ع) مذکر ۔ ایک تیز دوا، جو دانتوں کے درد اور تقویت باہ کے کام آتی ہے ۔ اکرکرا ۔

عاقل (عا ۔ قِل) (ع) عقل مند ۔ دانش مند ۔ دانا ۔ ہوشیار ۔

عاکف (عا ۔ کِف) (ع) مذکر ۔ مسجد میں ایک گوشے کے اندر عبادت کے لیے بیٹھنے والا ۔ گوشہ نشین ۔ اعتکاف کرنے والا ۔ معتکف ۔

عالِم (عا ۔ لِم) (ع) علم والا ۔ پڑھا لکھا ۔ جاننے والا ۔ دانا ۔ مولوی ۔ ملّا ۔ **عالِم الغیب** ۔ مذکر ۔ غیب کا حال جاننے والا ۔ خدا تعالیٰ ۔

عالِم باعمل (ع ۔ ف) وہ عالم، جو پڑھ کر اس پر عمل بھی کرتا ہو ۔

عالَم (عا ۔ لَم) (ع) مذکر (۱) جہان ۔ دنیا ۔ سنسار ۔ زمانہ (۲) مخلوق ۔ دنیا کے لوگ ۔ جگت (۳) جنس ۔ قسم (۴) (ف ۔ و) صورت ۔ حالت ۔ دُرگت ۔ درجہ (۵) حال ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ (۶) (ف) تماشا ۔ سیر ۔ مزہ ۔ لطف (۷) رونق ۔ جوبن ۔ حسن (۸) نظیر ۔ مانند ۔ **عالم آرا** (ع ۔ ف) دنیا کو آراستہ کرنے والا ۔ گیتی آرا ۔ جہان آرا ۔ **عالم ارواح** (ع) مذکر (۱) روحوں کا جہان (۲) چاروں عناصر ۔ **عالم اسباب** ۔ مذکر ۔ دنیا، کیونکہ اس کے سب کام سببوں پر موقوف ہیں ۔ **عالم افروز** (ع ۔ ف) دنیا کو روشن کرنے والا ۔ **عالم امر** (ع) مذکر (۱) فرشتوں یا روحوں کا جہان ۔ عالم ارواح ۔ عالم ملائکہ (۲) وہ چیزیں، جن میں تول اور اندازے کو دخل نہ ہو ۔ **عالم بالا** (ع ۔ ف) مذکر (۱) آسمان ۔ عرش (۲) بہشت کے عالی درجہ لوگوں کا جہان ۔ **عالم برزخ** (ع) مذکر ۔ مقامِ ارواح، جو موت اور قیامت کے درمیان ہے ۔ **عالم پناہ** (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ شخص، جو مخلوق کے امن کا سبب ہو ۔ بادشاہ ۔

عالَم پھر جانا (ہ) ساری مخلوق کا ناراض ہو جانا ۔ زمانہ پھر جانا ۔ **عالَمِ جاوید** (ع) مذکر ۔ دوسری دنیا جو بے زوال ہے ۔ **عالَمِ جبروت** ۔ مذکر (تصوّف) اللہ تعالیٰ کا عالمِ عظمت و جلال ۔ **عالَمِ رُویا** (ف ۔ ع) مذکر ۔ خواب کی حالت ۔ **عالَمِ سِفلی** (ع) مذکر ۔ عالمِ خاک ۔ زمین ، دنیا ۔ پرتھی ۔ **عالَم عالَم** (ف) کثرت سے ۔ **عالَمِ کون و فساد** (ع) مذکر ۔ دنیا ۔ **عالَم گیر ۔ عالَمگیر** (ع ۔ ف) (۱) جہان کو لینے والا ۔ بادشاہ (۲) دنیا میں پھیلا ہوا ۔ سارے جہان پر چھایا ہوا (۳) مذکر ۔ مشہور مغل بادشاہ اورنگ زیب کا لقب ۔ **عالَمِ لاہوت** (ع) مذکر ۔ عالمِ ذاتِ الٰہی ، جہاں سالک کو فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے ۔ **عالَمِ ملکوت** ۔ مذکر ۔ فرشتوں کی دنیا ۔ **عالَمِ ناسوت** ۔ مذکر ۔ خاکی دنیا ۔

عالی (عَا ۔ لِی) (ع) (۱) اونچا ۔ بالا ۔ بلند (۲) عظیم ۔ بڑا (۳) قابلِ تعظیم ۔ مقدس ۔ صدر ۔ **عالی جاہ** (ع ۔ ف) بلند پایہ ۔ اونچی شان والا ۔ بڑے رتبے والا ۔ **عالی جناب** (ع) اونچے رتبے والا ۔ اعلیٰ حضرت ۔ **عالی خاندان** (ع ۔ ف) اونچے گھرانے کا ۔ بڑے گھر کا ۔ امیرزادہ ۔ **عالی دماغ** (ع) بڑے دماغ والا ۔ دانا ۔ عقل مند ۔ **عالی رتبہ ۔ یا ۔ عالی قدر** ۔ والا شان ۔ بڑے مرتبے والا ۔ **عالی شان** (۱) اعلیٰ رتبے کا ۔ بڑی شان والا (۲) شان دار ۔ عمدہ ۔ **عالی ظرف** ۔ بلند حوصلہ ۔ سمائی والا ۔ **عالی ہمّت** (۱) صاحب حوصلہ ۔ صاحب عزم ۔ بڑی عزت والا (۲) دل والا ۔ فیاض ۔ سخی ۔ **عالی ہمّت سدا مفلس** (ہ) مثل ۔ ہمیشہ خرچ کرنے والے کے پاس کچھ نہیں رہتا ۔ **عالی ہمّتی** (ع) مؤنث (۱) دلیری ۔ جرأت (۲) فیاضی ۔ سخاوت ۔ بلند حوصلگی ۔ **عالیہ** ۔ عالی کی تانیث (۱) بزرگ ۔ بڑی ۔ بلند (۲) مسلمان عورتوں کا خطاب ۔

عام (عَام) (ع) (۱) معمولی ۔ مشہور ۔ پھیلا ہوا (۲) تمام ۔ سب (۳) بازاری ۔ ادنیٰ ۔ ہیچ ۔ کم قدر (۴) رسمی ۔ رواجی (۵) مذکر ۔ تمام آدمی ۔ سب لوگ ۔ **عام فہم** ۔ سب کی سمجھ میں آجانے والا ۔ آسان ۔ سہل ۔ فصیح ۔ **عام میں** (ہ) کھلّم کھلّا ۔ علانیہ ۔ سب کے سامنے ۔ **عامّہ** (ع) (۱) عام سے منسوب ۔ عام ۔ مشہور (۲) سب ۔ کُل ۔ **عامی** (ف) مذکر ۔ عام سے منسوب ۔ جاہل ۔ ادنیٰ ۔ بازاری ۔

عامر (عَا ۔ مِر) (ع) (۱) آباد (۲) آباد کرنے والا ۔ **عامرہ** (۱) مالامال ۔ بھرا ہوا (۲) (مرادًا) شاہی خزانہ ۔

عامل (عَا ۔ مِل) (ع) مذکر (۱) حاکم ۔ تحصیل دار (۲) عمل کرنے والا (۳) منتر پڑھنے والا ۔ بھوت پریت کا عمل جاننے والا ۔ سیانا ۔

عانہ (عَا ۔ نَہ) (ع) مذکر (۱) ناف سے نیچے کی جگہ ، جہاں بال ہوتے ہیں (۲) شرم گاہ کے بال ۔

عائد (عَا ۔ اِد) (ع) الٹ کر آنے والا ۔ پھرنے والا ۔ واپس آنے والا ۔ **عائد ہونا** (ہ) ذمّے پڑنا ۔ آلٹ پڑنا ۔

ع ۔ ب

عبا (عَبَا) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کی عربی پوشاک ۔ چُغہ ۔ جُبّہ ۔

عِباد (عِبَاد) (ع) مذکر ۔ عبد کی جمع ۔ بندے ۔ غلام ۔

عبادت (عِبَا ۔ دَت) (ع) مؤنث (۱) طاعت ۔ بندگی (۲) (اصطلاحًا) نماز و دعا ۔ **عبادت کرنا** (ہ) خدا کی بندگی کرنا ۔ طاعت کرنا ۔ پرستش کرنا ۔ پوجا پاٹ کرنا ۔ نماز پڑھنا ۔ **عبادت گاہ** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ بندگی کرنے کی جگہ ۔ پرستش گاہ ۔ معبد ۔ مسجد ۔ مندر ۔ گرجا ۔ دیول ۔

عبارت (عِبَا ۔ رَت) (ع) مؤنث ۔ مضمون ۔ تحریر ۔ مدعا ۔ بیان ۔ مراد ۔ **عبارت آرائی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ مضمون کی رنگینی ۔ مضمون کو سنوار کر لکھنا ۔ **عبارتِ ظہری** (ع) مؤنث ۔ وہ عبارت ، جو کسی تحریر کی پشت پر لکھی جائے ۔

عبّاس (عَبْ ۔ بَاس) (ع) مذکر (۱) رسول اللہ صلعم کے عمِ بزرگوار ، جن کی نسل میں خلفاءِ عباسیہ ہوتے ہیں (۲) ایک پودا ۔ **عبّاسی** ۔ عمِ رسولؐ حضرت عباس کے خاندان کا ۔

عبث (عَبَث) (ع) (۱) بے فائدہ ۔ فضول ۔ نکمّا (۲) کھیل ۔ بازی ۔ لعب (۳) بے وجہ ۔ ناحق ۔

عبد (عَبْد) (ع) مذکر (۱) غلام ۔ بندہ (۲) نوکر ۔ ملازم ۔ **عبدالدّنیا** ۔ مذکر ۔ دنیا کا بندہ ۔ دنیا کے لالچ پر دین کی پروا نہ رکھنے والا ۔ **عبدالشّہوت** ۔ مذکر ۔ شہوت کا بندہ ۔ نفسانی خواہشوں کا غلام ۔ شہوت پرست ۔

عبرانی (عِب ۔ رَا ۔ نِی) (ع) مؤنث (۱) یہودیوں کی زبان ۔ اہلِ کنعان کی زبان ۔ حضرت موسیٰؑ پر توریت اسی زبان میں نازل ہوئی تھی (۲) یہودی ۔ موسائی ۔

عبرت (عِب ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) نصیحت پکڑنا (۲) اندیشہ ۔ خوف ۔ **عبرت انگیز** (ع ۔ ف) نصیحت آموز ۔ ایسی بات ، جسے دیکھ کر انسان کو خوف آئے اور وہ اس سے نصیحت پکڑے ۔ **عبرت پکڑنا** (ہ) نصیحت حاصل کرنا ۔ متنبّہ ہونا ۔ نصیحت پکڑنا ۔

عبری (عِب ۔ رِی) (ع) مؤنث ۔ دیکھیے "عبرانی" ۔

عبودیّت (عُبُو ۔ دِی ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) غلامی ۔ بندگی (۲) عبادت ۔ طاعت ۔

عبور (عُبُور) (ع) مذکر (۱) گزرنا ۔ دریا سے اترنا (۲) (ہ) کتابوں یا مسئلوں وغیرہ پر حاوی ہونا ۔ **عبورِ دریائے شور کرنا** (ہ) سمندر پار آنا ۔ کسی جرم کی پاداش میں جزیرہ انڈیمان (کالے پانی) بھیجنا ۔

عبہر (عَب ۔ ہَر) (ع) مؤنث ۔ نرگس ۔ ایک خاص قسم کی نرگس ، جو نرگسِ شہلا کے خلاف اندر سے زرد ہوتی ہے ۔

عَبید (عَبِید) (ع) مذکر ۔ بہت سے غلام ۔

عُبَید (عُبَیْد) (ع) مذکر۔ چھوٹا غلام ؛
عبیر (عَبِیْر) (ع) مذکر۔ ایک خوشبودار سفوف، جو مشک، گلاب، صندل وغیرہ سے تیار کرکے کپڑوں پر چھڑکا جاتا ہے ؛

ع-ت

عِتاب (عِتَاب) (ع) مذکر (۱) ملامت (۲) غصہ (۳) کرودھ ؛
عِتابِ الٰہی۔ مذکر۔ خدا کا قہر۔ اللہ کا غضب۔ رب کی مار۔ آسمانی آفت ؛ **عِتابِ شاہی**۔ مذکر۔ بادشاہ کا غصہ ؛ **عتاب وخطاب**۔ مذکر۔ خفگی و ناراضی۔ غضب وغصہ۔ ڈانٹ ڈپٹ ؛

ع-ث

عثمان (عُثْ، مَاںْ) (ع) مذکر (۱) حضرت عثمان غنی رضؓ خلیفہ سوم کا اسمِ گرامی، جو حضرت عمر فاروق رضؓ کے بعد کثرت رائے سے خلیفہ مقرر ہوئے (۲) سلاطینِ ترکی کے مورثِ اعلیٰ کا نام، جس کی وجہ سے وہ آلِ عثمان اور انکی حکومت عثمانیہ حکومت کہلاتی تھی ؛

ع-ج

عجائب (عَجَا-ئِب) (ع) مذکر۔ عجیب کی جمع ؛ **عجائب خانہ** (ع-ف) مذکر۔ وہ مکان جہاں عمدہ عمدہ جدید وقدیم نادر اور انوکھی چیزیں سیر دیکھنے کے لیے رکھی جائیں۔ عجائب گھر۔ میوزیم ؛ **عجائب و غرائب** (ع) مذکر۔ عجیب اور انوکھی چیزیں ؛ **عجائبات**۔ مذکر۔ عجائب کی جمع ؛
عَجَب (عَجَبْ) (ع) (۱) نادر۔ انوکھا۔ تعجب انگیز (۲) عمدہ۔ نیا ؛
عجب حال ہونا (و) ابتر حال ہونا۔ بُرا حال ہونا ؛ **عجب عجب کہ ترا یادِ دوستاں آمد** (ف) مثل۔ تعجب، تعجب کہ تجھے دوستوں کی یاد آئی۔ دوست سے شکایتاً کہتے ہیں ؛
عُجب (عُجْب) (ع) مذکر۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ گمان ؛
عجز (عِجْز) (ع) مذکر (۱) عاجزی۔ ناتوانی۔ کمزوری (۲) (و) شکست۔ ہار (۳) انکسار۔ غریبی۔ مسکینی (۴) خوشامد و درآمد۔ منت سماجت ؛
عجز کرنا (و) منت سماجت کرنا۔ گڑگڑانا ؛
عجلت (عَجْ-لَت) (ع) مؤنث۔ جلدی۔ شتابی (اردو میں بالضم) ؛
عجم (عَجَم) (ع) مذکر۔ عرب کے سوا ملک، مگر ایران اور توران خصوصاً ؛
عجمی۔ مذکر (۱) (لغوی) گونگا اور وحشی یعنی عربی زبان نہ سمجھنے والا (۲) عجم کا رہنے والا۔ ایرانی۔ تورانی ؛
عجوبہ (عُجُو-بَہ) (ع۔ صحیح اعجوبہ) مذکر۔ دیکھیے "اعجوبہ" ؛
عجوز (عَجُوْز) (ع) مؤنث۔ بڑھیا ؛
عجیب (عَجِیْب) (ع) انوکھا۔ نرالا۔ حیرت انگیز۔ قابلِ تعریف ؛ **عجیب و غریب**۔ انوکھا۔ نرالا۔ طُرفہ۔ حیرت خیز ؛

ع-د

عدالت (عَدَا-لَت) (ع) مؤنث (۱) برابری (۲) انصاف۔ نیاؤ۔ عدل۔ داد (۳) (و) (مجازاً) کچہری۔ اجلاس۔ دربار ؛ **عدالتِ ابتدائی** (و) مؤنث۔ وہ پہلی عدالت جس میں مقدمہ رجوع اور فیصلہ ہوتا ہے ؛ **عدالتِ اپیل**۔ مؤنث (قانون) بڑے حاکم کی کچہری، جہاں مرافعہ (اپیل) کیا جائے ؛ **عدالتِ خفیفہ**۔ مؤنث۔ وہ عدالت، جس میں قرض کے چھوٹے چھوٹے مقدموں کا فیصلہ کیا جائے۔ چھوٹی کچہری ؛ **عدالتِ دیوانی**۔ مؤنث۔ وہ عدالت جس میں صرف لین دین کے متعلق مقدموں کا فیصلہ ہوتا ہو اور قید وجرمانہ کی مجاز نہ ہو ؛ **عدالتِ ریاستِ غیر**۔ مؤنث۔ برطانوی ہند کی حدود سے باہر کی عدالت ؛ **عدالتِ سشن**۔ مؤنث۔ وہ فوجداری کی کچہری، جس میں سنگین مقدموں کا فیصلہ کیا جائے ؛ **عدالتِ ضلع**۔ مؤنث۔ ضلع کی کچہری، جس میں مار پیٹ، چوری چکاری، قتل وخون وغیرہ کے مقدمے فیصل کیے جائیں ؛ **عدالتِ عالیہ**۔ مؤنث۔ بہت بڑی کچہری۔ چیف کورٹ۔ ہائی کورٹ ؛ **عدالتِ فوجداری**۔ مؤنث۔ فوجداری مقدموں کی کچہری ؛ **عدالت کرنا** (۱) انصاف کرنا (۲) کچہری کرنا۔ اجلاس کرنا ؛ **عدالت کے کتّے**۔ مذکر۔ کچہری کے ملازم، جو رشوت لینے کے لیے مستغیثوں کے پیچھے پڑ جاتے ہیں ؛
عدالتِ ماتحت۔ مؤنث۔ چھوٹی کچہری یا محکمہ، جو کسی بڑے محکمے کے ماتحت ہو ؛ **عدالتِ مال**۔ مؤنث۔ مال افسر یا کلکٹر کی عدالت جو لگان، مالیے اور زرعی اراضی کے متعلق فیصلہ کرتی ہے ؛ **عدالتِ مجاز**۔ مؤنث۔ با اختیار عدالت، جسے پورا پورا اختیار حاصل ہو ؛ **عدالتِ مرافعۂ اولیٰ**۔ مؤنث۔ پہلے اپیل کی عدالت ؛ **عدالتی**۔ عدالت کے متعلق ؛
عداوت (عَدَا-وَت) (ع) مؤنث۔ دشمنی۔ مخالفت۔ کینہ۔ بُغض ؛
عداوت رکھنا (و) دشمنی رکھنا۔ کینہ رکھنا ؛ **عداوت نکالنا**۔ دشمنی کا بدلا لینا۔ بَیر لینا ؛ **عداوتی**۔ دشمنی رکھنے والا۔ بدخواہ۔ مخالف۔ دشمن ؛
عِدّت (عِدْ-دَت) (ع) مؤنث (۱) شمار۔ تعداد (۲) وہ شرعی مدت، جس میں عورت نکاح نہ کرسکے، یعنی طلاق وفراق کے بعد وہ محدود زمانہ، جس میں عورت دوسرا شوہر نہیں کرسکتی۔ چنانچہ مطلقہ کے لیے تین حیض یا مہینے کی مدت مقرر ہے، جس میں اس کا نان ونفقہ سابق شوہر پر واجب ہے۔ بیوہ کے لیے چار ماہ دس دن اور حاملہ کے لیے وضع حمل کے چالیس دن کے بعد تک کی مدت مقرر ہے ؛ **عدت میں بیٹھنا** (و) عدت کا زمانہ شرع اور رسم ملک کے مطابق گزارنا ؛
عدد (عَدَد) (ع) مذکر (۱) نمبر۔ تعداد۔ گنتی (۲) رقم۔ ہندسہ ؛ **عددِ صحیح**۔ مذکر۔ وہ عدد، جو کسر نہ ہو۔ نہ ٹوٹا ہوا عدد۔ اکائی ؛
عدس (عَدَس) (ع) مؤنث۔ مسور ؛
عدل (عَدْل) (ع) مذکر (۱) داد۔ انصاف۔ نیاؤ (۲) مساوات۔ برابری (۳) مانند۔ نظیر ؛ **عدل کرنا** (و) انصاف کرنا۔ دیانت اور ایمانداری سے فیصلہ کرنا ؛ **عدل گستر** (ع-ف) مذکر۔ انصاف کرنے والا۔ عادل۔

منصف ، عدل گستری ۔ مؤنث ۔ انصاف ۔ معدلت ۔ عدالت ؛
عدم (عَدَم)، (ع) مذکر (۱) ناپیدی ۔ نیستی (۲) حاجت (۳) غیر حاضری (۴) نقصان ؛ عدم انتبارات سماعت ۔ مذکر ۔ مقدمہ سننے کا اختیار نہ ہونا ؛ عدم پیروی (ع ۔ ف) مؤنث (قانون) غیر حاضری ۔ بے پروائی ؛ عدم تعمیل (ع) مؤنث ۔ تعمیل نہ کرنا ؛ عدم توجہ ۔ مؤنث (۱) بے توجہی ۔ بے احتیاطی ۔ بے پروائی (۲) بے مروتی ؛ عدم ثبوت ۔ مذکر ۔ کسی امر کی دلیل یا تصدیق یا شہادت کا نہ ہونا ؛ عدم موجودگی (ف) مؤنث ۔ غیر حاضری ۔ غیبت ۔ غائب ہونا ؛ عدم وجود برابر ہے ۔ ہونا نہ ہونا یکساں ہے ؛
عدن (عَدَن) مذکر ۔ عرب کے جنوب مغربی گوشے میں ایک چھوٹا جزیرہ نما ؛
عَدن (عَدن) (ع) (۱) کسی جگہ ہمیشہ رہنا (۲) مذکر ۔ بہشت ؛
عدو (عَدُو) (ع) مذکر (۱) دشمن ۔ مخالف ۔ بدخواہ ۔ بَیری (۲) اپنے معشوق کا دوسرا عاشق ۔ رقیب ؛ عدو شرے برانگیزد کہ خیر ما در آں باشد (ف) مثل ۔ دشمن ایسی شرارت کرتا ہے کہ اس میں ہماری بہتری ہوتی ہے ؛ عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد ۔ مثل ۔ اگر خدا چاہے تو دشمن ہی کے ذریعے سے بھلائی کرا دیتا ہے ؛
عدول (عُدُول) (ع) مذکر ۔ راہ سے پھرنا ۔ اعراض ۔ رُوگردانی ؛
عدول حکم ۔ مذکر ۔ حکم نہ ماننے والا ۔ نافرمان ۔ باغی ۔ سرکش ؛
عدول حکمی ۔ مؤنث ۔ نافرمانی ۔ بغاوت ۔ سرکشی ؛
عدیل (عَدِیل) (ع) (۱) یکساں ۔ برابر ۔ مانند ۔ قدر اور رتبے میں مساوی (۲) مذکر ۔ منصف ۔ عادل ؛
عدیم (عَدِیم) (ع) مذکر ۔ گم ۔ ناپید ۔ نیست و نابود ۔ نایاب ؛ عدیم الفرصت جسے بالکل فرصت نہ ہو ؛ عدیم المثال ۔ جس کے برابر کوئی نہ ہو ۔ بے مثل ۔ بے نظیر ؛

ع - ذ

عذاب (عَذَاب)، (ع)، مذکر (۱) مصیبت ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ اذیت ۔ تنگی (۲) گناہ کی سزا (۳) (و) بکھیڑا ۔ جھگڑا ۔ دِقت (۴) قلت ۔ روگ (۵) پاپ ۔ گناہ ؛ عذاب ثواب (و) مذکر ۔ نیکی بدی ۔ بُرائی بھلائی ۔ گناہ ثواب ؛ عذاب قبر یا ۔ گور (ع ۔ ف) مذکر ۔ گنہگار مُردے کو قبر کا بھینچنا ۔ فشارِ قبر ۔ قبر میں جلتا رہنا ؛ عذاب مول لینا (و) درد سر مول لینا ۔ روگ خریدنا ؛ عذاب میں پڑنا یا ۔ پھنسنا ۔ مصیبت میں پڑنا ۔ دقت میں مبتلا ہونا ؛
عذار (عِذَار) (ع) مذکر ۔ رخسار ۔ گال ۔ عارض ۔ رخ ۔ چہرہ ؛
عذب البیان (عَذْ ۔ بُلْ ۔ بَیَان) (ع) شیریں کلام ؛
عذر (عُذْر) (ع) مذکر (۱) حیلہ ۔ بہانہ (۲) معذرت (۳) حجت ۔ سبب (۴) (و) پکڑ ۔ گرفت ۔ اعتراض (۵) طلب عفو ۔ معافی ۔ (۶) انکار ؛
عذر امتناع نالش (ع ۔ ف) مذکر ۔ دعوے کی روک کا عذر ؛
عذر بے جا ۔ مذکر ۔ ناجائز عذر ۔ بیہودہ یا لغو معذرت ، جو سماعت کے قابل نہ ہو ؛ عذر پذیر (۱) عذر قبول کرنے والا (۲) معافی کے لائق (۳) قابل تسلیم یا پذیرائی ؛ عذر پیش کرنا (۵) اعتراض پیش کرنا ۔ بحث کرنا ۔ کوئی حجت یا دلیل لانا ؛ عذر تمادیٔ ایام (ع) مذکر ۔ میعاد گزرنے کا عذر ؛ عذر خواہی (ع ۔ ف) مؤنث (۱) کسی امر کا عذر بیان کرنا ۔ معذرت (۲) پُرسا ۔ تعزیت ۔ ماتم پُرسی ؛ عذر داری (ف) مؤنث (۱) مزاحمت ۔ اعتراض (۲) دلیل ۔ حجت ۔ دعویٰ ؛ عذر کرنا (۱) معافی مانگنا ۔ معذرت کرنا (۲) اعتراض کرنا (۳) بحث کرنا ؛ عذر وراثت (ع) مذکر (قانون) میراث یا ورثے کا دعویٰ ؛
عذرا (عَذْ ۔ رَا) (ع) مؤنث (۱) کنواری (۲) وامق کی معشوقہ (۳) حضرت مریمؑ کا لقب (۴) حضرت فاطمۃ الزہرارضؓ ؛
عذوبت (عَذُو ۔ بَت) (ع) مؤنث ۔ شیرینی ؛

ع - ر

عراق (عِرَاق) (ع) مذکر (۱) لبِ دریا ۔ کنارہ (۲) (مجازاً) وہ خاص ملک ، جو دریائے جیحون ، دجلہ اور فرات کے کنارے واقع ہے (۳) موسیقی کا ایک مقام ، جو چاشت کے وقت گایا جاتا ہے ؛ عراقی ۔ مذکر (۱) عراق کا گھوڑا ۔ عربی گھوڑا ۔ تازی (۲) عراق سے منسوب ۔ عراق کا (۳) مولانا فخرالدین کا تخلص ؛
عرب (عَرَب) (ع) مذکر (۱) ایشیا کا مشہور ملک ، جس میں مکہ مدینہ واقع ہیں (۲) اہل عرب خصوصاً شہری عرب ؛ عرب سرائے (و) مؤنث ۔ ایک چھوٹی سی بستی ، جو دہلی سے تین میل کے فاصلے پر موضع غیاث پورہ کے قریب واقع ہے ؛ عربستان (ف) مذکر ۔ عرب کا ملک ۔ عرب کی زمین ۔ عربوں کے رہنے کی ولایت ؛ عَرَبی (ع) (۱) عرب سے منسوب ۔ عرب کا باشندہ (۲) مؤنث ۔ عربی زبان ۔ عرب کی بول چال (۳) مذکر ۔ تازی ۔ گھوڑا ؛
عربدہ (عَرْ ۔ بَدَہ) (ع) مذکر (۱) لڑائی ۔ فساد ۔ فتنہ ۔ جھگڑا (۲) بدخوئی ؛
عربدہ جُو (ع ۔ ف) (۱) فسادی ۔ جنگ جُو ۔ لڑاکا (۲) معشوق ؛
عرس (عُرْس) (ع) مذکر (۱) شادی کی دعوت ۔ طعام ولیمہ (۲) (و) (مجازاً) بزرگوں یا مرشدوں کے سالانہ فاتحے کی مجلس ، جو تاریخ وفات کو ہوتی ہے ؛
عرش (عَرْش) (ع) مذکر (۱) تخت ۔ اورنگ (۲) تخت الہٰی ۔ آٹھواں یا نواں آسمان (۳) چھت ۔ سقف ؛ عرش آشیانی (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ شخص ، جس کا گھر عرش پر ہو ۔ شاہانِ مغلیہ کو مرنے کے بعد ایسے خطاب دیے جاتے تھے ۔ چنانچہ یہ خطاب جلال الدین اکبر شاہ کا تھا ؛ عرشِ بریں ۔ مذکر ۔ وہ آسمان ، جہاں خدا کا تخت ہے ؛ عرش پر جھولنا (و) بڑے رتبے پر ہونا ۔ بلندی پہ ہونا ؛

عرش پر چڑھانا - آسمان پر چڑھانا - قدر و منزلت میں نہایت بڑھانا - بڑی تعریف کرنا ÷ **عرش پر دماغ ہونا - یا - پہنچنا** (۱) آسمان پر دماغ ہونا - نہایت مغرور و متکبّر ہونا (۲) فخر کرنا ÷

عرش سے چھوٹی کھجور میں اٹکی - مثل - ایک مصیبت سے چھوٹتے ہی دوسری میں گرفتار ہو گئے ÷ **عرش سے فرش تک** - آسمان سے زمین تک - اوپر سے نیچے تک ÷ **عرش کا تارا** - مذکّر (۱) سب سے اونچے آسمان کا ستارہ (۲) بہت بڑے درجے والا ÷

عرش کے تارے توڑنا (۱) انوکھا اور عجیب کام کرنا - بڑا کام کرنا - بڑھ کر ہاتھ مارنا - نئے خیالات ظاہر کرنا (۲) گناہ عظیم کرنا ÷

عرش معلّٰی (ع) مذکّر - عرشِ اعظم ÷

عرشہ (عَرْ - شَہ) (ع - ف) مذکّر (۱) جہاز کا تختہ (۲) جہاز کی چھت ÷

عرصہ (عَرْ - صَہ) (ع) مذکّر (۱) میدان (۲) انگنائی - آنگن (۳) شطرنج کی بساط (۴) (ف) دُوری - فاصلہ (۵) (و) توقّف - تاخیر - دیر (۶) اتنا زمانہ ÷

عرصہ تنگ ہونا (و) (۱) میدان تنگ ہونا (۲) وقت کم ہونا ÷

عرصۂ محشر (ع) مذکّر - قیامت کا میدان ÷

عَرض (عَرْ - ض) (ع) مؤنّث (۱) التماس - بیان - اظہار (۲) (ف) دفعہ - مدّت - عرصہ (۳) درمیان - اثنا ÷ **عرض ارسال** (ع) مؤنّث - وہ کاغذ، جس کے ذریعے سے مال گزاری کسی کارندے یا پیادے کے ہاتھ تحصیل دار کے پاس بھیجی جاتی ہے ÷ **عرض بیگی** (ع - ت) مذکّر - وہ عہدہ دار، جس کے ذریعے سے بادشاہ کے حضور میں گزارشات ہو سکیں - اب یہ عہدہ صرف حیدر آباد دکن میں باقی ہے ÷ **عرض حال** (ع) مذکّر - بیان - عرضداشت - اظہار ÷ **عرض داشت - عرضداشت** (ف) عرضی - گزارش - درخواست ÷ **عرض کرنا** (و) (۱) التماس کرنا - کہنا - پیش کرنا (۲) اطلاع دینا - رپورٹ کرنا ÷ **عرض معروض** (ع) مؤنّث - التماس و گزارش - درخواست - کہنا سننا ÷ **عرضی** (ا) مؤنّث - تحریری درخواست ÷ **عرضی ٹھوکنا** - دعویٰ کرنا - نالش کرنا - مقدمہ دائر کرنا ÷ **عرضی دعویٰ** - مذکّر (قانون) وہ کاغذ، جس میں مدّعی مقدمے کے حالات لکھ کر عدالت ابتدائی میں گزارے یا وہ درخواست، جو ابتدا میں پیش کر کے مقدمہ چلایا جائے ÷ **عرضی نویس** (ف) مذکّر - وہ شخص، جو قانونی اجازت سے عدالتی عرضیاں، تمسّک وغیرہ لکھے ÷

عُرض (عُرْ - ض) (ع) مذکّر - چوڑائی - پاٹ - چوڑان ÷ **عرض بلد** - مذکّر (جغرافیہ) وہ عرض، جو درجات العرض کے خطوط سے معلوم کیا جائے ÷ **عرض و طول** - مذکّر - چوڑائی لمبائی ÷ **عرضاً** (عَرْ - ضَنْ) چوڑائی میں - از روئے عرض ÷

عَرَض (عَ - رَض) (ع) مذکّر (۱) وہ شے، جو دوسری شے کی وجہ سے قائم ہو - برعکس جوہر کے کہ وہ بذاتِ خود قائم ہوتا ہے، جیسے رنگ اور کپڑا - اس میں رنگ عرض ہے اور کپڑا جوہر (۲) وہ بیماری، جو کسی دوسرے مرض کے سبب سے ہو - مثلاً دردِ سر، جو بخار کی وجہ سے ہو ÷

عرف (عُرْ - ف) (ع) مذکّر (۱) عام نام - مشہور نام (۲) شناخت - پہچان ÷ **عرفی** (۱) مشہور - رسمی (۲) جمال الدّین شیرازی کا تخلّص ÷

عرفا (عُرَ - فَا) (ع) مذکّر - عارف کی جمع - ولی لوگ ÷

عرفات (عَرَ - فَات) (ع) مؤنّث - مکۂ معظمہ سے بارہ میل کے فاصلے پر ایک مقدّس میدان، جہاں حاجی حج کے دن کھڑے ہو کر لبّیک پکارتے ہیں ÷

عرفان (عِرْ - فَان) (ع) مذکّر (۱) پہچان - شناخت (۲) اللہ تعالیٰ کی معرفت - خدا شناسی ÷

عرفہ (عَرَ - فَہ، عَرْ - فَہ) (ع) مذکّر (۱) ذی الحجّہ کی نویں تاریخ، جس میں حجّاج عرفات میں کھڑے ہو کر لبّیک پکارتے ہیں (۲) (و) ہر تہوار کا پہلا دن (۳) کسی شخص کے مرنے کے بعد دوسرا دن، جس میں مردے کی فاتحہ دلوائی جاتی ہے ÷

عَرَق (عَ - رَق) (ع) مذکّر (۱) پسینا - وہ رطوبت، جو انسان کے جسم سے گرمی کی حالت میں نکلتی رہتی ہے (۲) (و) کشید کے ذریعے سے نکالا ہوا پانی (۳) کسی چیز کا رس - شیرہ - نچوڑا ہوا پانی ÷ **عرق آ جانا** (و) شرم سے پسینے پسینے ہو جانا ÷ **عرق چین** (ع - ف) مذکّر - ایک قسم کی گول ٹوپی، جو چنڈوے والی اور آڑی کتری ہوئی طلائی کا بدار بنائی جاتی ہے (۲) پگڑی کے نیچے پہننے کی ایک قسم کی ٹوپی (۳) پسینا صاف کرنے کا رومال ÷ **عرق ریزی کرنا** (و) نہایت جانفشانی کرنا - کمال محنت کرنا ÷ **عرق عرق ہو جانا - یا - ہونا** - بے حد شرمندگی اٹھانا - پانی پانی ہو جانا ÷ **عرق کھینچنا** (و) بخارات کے ذریعے سے کسی شے کا پانی کشید کرنا (۲) طاقت کھینچ لینا - نچوڑ لینا ÷ **عرق گیر** (ع - ف) مذکّر - پالان - خوگیر ÷

عِرق (عِرْ - ق) (ع) مؤنّث (۱) رگ (۲) جڑ ÷ **عرق النسا** - مؤنّث - چڈّوں سے ٹخنوں تک پہنچنے والا درد ÷

عروج (عُرُو - ج) (ع) مذکّر - اونچائی - بلندی ÷ **عروج پر ہونا** (و) اعلیٰ رتبے پر پہنچنا - اقبال یاور ہونا - اوج مرتبے میں ہونا ÷

عروس (عَرُو - س) (ع) مؤنّث - دلھن - بنی - بہو ÷

عروض (عَرُو - ض) (ع) مذکّر (۱) وہ علم، جس سے نظم کے قواعد معلوم ہوتے ہیں (۲) شعر کے پہلے مصرع کا آخری جزو (۳) کعبہ - مکۂ معظمہ ÷

عروق (عُرُو - ق) (ع) مؤنّث - عِرق کی جمع - رگیں ÷

عریان (عُرْ - یَان) (ع) ننگا - برہنہ - بے پردہ ÷

عریش (عَرِیْ - ش) (ع) مذکّر - پھوس سے پٹا ہوا مکان، جو باغ میں بنایا جاتا ہے ÷

عریض (عَرِیْض) (ع) چوڑا ۔ عرض دار ۔ پہنا ۔ چکلا ؛
عریضہ (عَرِیْ ۔ضَہْ) (ع) مذکر ۔ عرضی ۔ وہ خط ، جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھا جائے ۔ معروضہ ؛

ع ۔ ز

عَزَّ (عَزْ ۔ زَ) (ع) (۱) غالب ہوا ۔ زبردست ہوا (۲) اس کی بڑائی ہو ۔ اس کی حمد ہو ؛ عَزَّ وَجَلَّ ۔ غالب ہوا ۔ بڑا ہوا ۔ خدا کی تعریف میں کہتے ہیں ؛
عِزّ (عِزّ) (ع) مؤنث ۔ عزت ۔ بزرگی ۔ شرف ؛
عزا (عَزَا) (ع) مذکر (۱) ماتم پرسی ۔ پرسا (۲) مصیبت پر صبر ؛ عزادار (ف) ماتم کرنے والا ۔ سوگوار ۔ سوگی ۔ ماتمی ؛
عُزّا ۔ عُزّیٰ (عُزّا) (ع) مذکر (۱) ایک بت (۲) عرب کا ایک درخت ، جسے کافر بتوں کی طرح پوجتے تھے ؛
عزازیل (عَزَا ۔ زِیْلْ) (ع) مذکر ۔ ابلیس ۔ شیطان ؛
عزائم (عَزَا ۔ اِمْ) (ع) مذکر ۔ عزیمت کی جمع (۱) ارادے (۲) منتر ؛
عزّت (عِزْ ۔ زَتْ) (ع) مؤنث (۱) آبرو ۔ پت (۲) بڑائی ۔ بزرگی (۳) عظمت ۔ شان ؛ عزّت اتارنا ، بگاڑنا کھونا ۔ لینا (۵) دیکھیے "آبرو اتارنا" ؛ عزّت بنانا ۔ دیکھیے "آبرو بنانا" ؛ عزّت دار (ع ۔ ف) مذکر ۔ معزز ۔ صاحبِ عزت ۔ ممتاز ۔ ذی رتبہ ؛ عزّت کرنا (۵) تعظیم وتکریم سے پیش آنا ۔ آداب کرنا ؛ عزّت میں بٹا لگنا ۔ یا ۔ فرق آنا ۔ دیکھیے "آبرو میں بٹا لگنا" ؛
عزرائیل (عِزْ ۔ رَا ۔ اِیْلْ) (ع) مذکر ۔ جان نکالنے والا فرشتہ ۔ ملک الموت ؛
عزل (عَزْلْ) (ع) مذکر ۔ برطرفی ۔ موقوفی ۔ معطلی ۔ بیکاری ؛
عزل ونصب ۔ مذکر ۔ موقوفی اور بحالی ۔ ترقی اور تنزل ؛
عزل ونصب کرنا (۵) موقوف و بحال کرنا ۔ ترقی اور تنزل کرنا ؛
عزلت (عُزْ ۔ لَتْ) (ع) مؤنث (۱) تنہائی ۔ خلوت (۲) اعتکاف ؛
عزم (عَزْمْ) (ع) مذکر ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ نیت ؛ عزم بالجزم ۔ مذکر ۔ پکا ارادہ ۔ مصمم ارادہ ؛
عزیز (عَزِیْزْ) (ع) (۱) پیارا ۔ دلپسند ۔ جانی (۲) لائق (۳) صاحبِ مرتبہ ۔ قابلِ عزت (۴) کمیاب ۔ عمدہ (۵) (۵) قریبی ۔ رشتہ دار (۶) دوست ۔ یار (۷) اللہ تعالیٰ کا ایک نام ؛ عزیز القدر ۔ مذکر ۔ عزیز ۔ قابلِ قدر ۔ ایک القاب ، جو چھوٹے بھائی یا رشتہ دار کو لکھا جاتا ہے ؛
عزیزداری (۵) مؤنث ۔ بھائی بندی ۔ رشتہ داری ۔ یگانگی ؛
عزیز رکھنا (۱) دوست جاننا (۲) قدر و منزلت کرنا ؛
عزیمت (عَزِیْ ۔ مَتْ) (ع) مؤنث (۱) طلسمی دعا (۲) وہ عمل یا افسون ، جس سے مؤکلوں کو حاضرات میں موجود کر سکیں

(۳) امادہ ؛

ع ۔ س

عساکر (عَسَا ۔ کِرْ) (ع) مذکر ۔ عسکر کی جمع ۔ بہت سے لشکر ؛
عُسر (عُسْر) (ع) مذکر } (۱) دشواری ۔ مصیبت ۔ دِقت (۲) غریبی ۔ مفلسی ۔ تنگی ؛
عسرت (عُسْ ۔ رَتْ) (ع) مؤنث }
عسس (عَسَسْ) (ع) مذکر ۔ شہر کے گرد گشت کرنے والا عہدہ دار ۔ کوتوال ؛
عسکر (عَسْ ۔ کَرْ) (ع) مذکر ۔ لشکر ۔ سپاہ ۔ فوج ؛
عسل (عَسَلْ) (ع) مذکر ۔ شہد ۔ انگبین ؛
عسیر (عَسِیْرْ) (ع) مشکل ؛

ع ۔ ش

عشا (عِشَا) (ع) مؤنث (۱) رات کا اندھیرا (۲) رات کی نماز ۔ سونے وقت کی نماز ؛
عُشّاق (عُشْ ۔ شَاقْ) (ع) مذکر ۔ عاشق کی جمع ؛
عشبہ (عُشْ ۔ بَہْ) (ع) مذکر ۔ ایک بوٹی ، جو خون صاف کرتی ہے ؛
عَشر (عَشْرْ) (ع) دس ۔ دہ ؛ عشرہ (عَشَرَہْ عَشْ ۔ رَہْ) (ع) (۱) دس ۔ دہ (۲) (۵) مذکر ۔ محرم کی دسویں تاریخ ۔ یوم عاشورہ ؛ عشرۂ کاملہ (ع) مذکر ۔ حاجیوں کے دس روزے ، جو قربانی دینے کی استطاعت نہ رکھنے والے تین حج سے پہلے اور سات اس کے بعد رکھتے ہیں ؛ عشرۂ مبشرہ (ع) مذکر ۔ رسول اللہ صلعم کے وہ دس صحابی ، جنھیں ان کی زندگی ہی میں بہشت کی خوش خبری دی گئی تھی ؛
عُشر (عُشْرْ) (ع) دسواں حصہ ۔ دہ یک ؛ عُشرِ عَشِیر (۱) دسویں حصے کا دسواں حصہ ۱/۱۰۰ (۲) تھوڑا سا ۔ ذرا سا ؛
عشرت (عِشْ ۔ رَتْ) (ع) مؤنث (۱) عیش ونشاط ۔ خوشی ۔ مزہ (۲) (۵) مباشرت ۔ حظِ نفسانی ؛ عشرت خانہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ عیش وعشرت کرنے کا مقام ؛ عشرت منانا (۵) (۱) چین کرنا ۔ موج مارنا ۔ مزے اڑانا (۲) مباشرت کرنا ۔ بھوگنا ۔ بلاسنا ؛
عَش عَش کرنا (۵) واہ واکرنا ۔ تحسین وآفرین کرنا ۔ نہایت خوش ہونا ؛
عشق (عِشْقْ) (ع) مذکر (۱) حد سے زیادہ محبت ۔ پیار ۔ پریم ۔ محبت (۲) خواہش ۔ چاہ ۔ شوق (۳) لت ۔ عادت (۴) ایک قسم کا جنون ، جو کسی پر یکھنے سے ہوجاتا ہے (۵) رخصت کا سلام ؛ عشق اللہ (۵) مذکر (۱) جاہل آزاد فقیروں اور درویشوں کا باہمی سلام (۲) پہلوانوں کا سلام ، جو اکھاڑے میں ادا کیا جاتا ہے ؛ عشق بازی ۔ مؤنث

(۱) کسی سے عشق کرنا (۲) عیاشی ۔ **عشق پیچاں** (ف)۔ یا۔ **عشق پیچہ** (و) مذکر۔ ایک بیل جس کا پھول سرخ اور پتیاں باریک ہوتی ہیں ۔ **عشقِ حقیقی** (ع) مذکر۔ اللہ تعالیٰ کا عشق۔ خدا کی محبت ۔ **عشقِ مجازی** ۔ مذکر۔ بناوٹ کا عشق۔ دینوی معشوقوں کا عشق ۔

عشوہ (عِش۔ وَہْ) (ع) مذکر۔ معشوقانہ ادا۔ نخرا۔ کرشمہ۔ ناز۔ فریب ۔ **عشوہ ساز۔ عشوہ گر** (ع۔ ف) دلدار۔ صنم۔ معشوق ۔

ع۔ص

عصا (عَصَا) (ع) مؤنث۔ لاٹھی۔ سونٹا۔ لکڑی۔ قلم ۔ **عصا بردار** (ع۔ ف) مذکر۔ چوب دار، جو بادشاہوں یا امیروں کی سواری کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں ۔ **عصائے پیر۔ یا۔ پیری** ۔ مذکر (۱) بوڑھے کے ہاتھ کی لکڑی (۲) بڑھاپے کا سہارا۔ بوڑھے کا لڑکا ۔ **عصائے موسیٰؑ** (ع) مذکر۔ حضرت موسیٰؑ کے ہاتھ کی لکڑی، جس میں طرح طرح کے معجزے تھے۔ جادوگروں کے مقابلے میں سانپ بن جاتی اور اکثر اوقات عجیب عجیب کرشمے دکھاتی تھی"

عصابہ (عِصَا۔ بَہْ) (ع) مذکر۔ عورتوں کے سر سے باندھنے کا کپڑا ۔

عصارہ (عُصَا۔ رَہْ) (ع) مذکر۔ نچوڑ۔ رس۔ شیرہ ۔

عصافیر (عَصَا۔ فِیرْ) (ع) مذکر و مؤنث۔ عصفور کی جمع۔ چڑیاں ۔

عصب (عَصَبْ) (ع) مذکر۔ پٹھا۔ اعضائے حیوانی کی سفید لچکیلی چیز، جس سے حس و حرکت اور اعضا کی مضبوطی وابستہ ہے ۔ **عصبہ** (عَصَبَہْ۔ عَصْ۔ بَہْ) مذکر (۱) جسم کا پٹھا (۲) خویش اور باپ کی طرف سے فرزند نرینہ (۳) وارثوں کا باقی حصہ اور ان کے نہ ہونے کی صورت میں سارا حصہ لینے والے اشخاص ۔ **عَصَبِیَّت** ۔ مؤنث (۱) طرفداری (۲) رشتہ داری (۳) طاقت۔ مضبوطی ۔

عصر (عَصْرْ) (ع) مذکر (۱) زمانہ۔ روزگار۔ سماں۔ وقت (۲) دن کا اخیر حصہ ۔

عصفور (عُصْ۔ فُورْ) (ع) مؤنث۔ چڑیا ۔

عصل (عَضْلْ) (ع) مذکر۔ بیوہ کو دوسرا خاوند کرنے سے روکنا ۔

عصمت (عِصْ۔ مَتْ) (ع) مؤنث۔ بے گناہی۔ پرہیزگاری۔ پارسائی ۔

عصیان (عِصْ۔ یَانْ) (ع) مذکر۔ گناہ۔ جرم۔ قصور۔ خطا۔ پاپ ۔

ع۔ض

عَضُد (عَضْدْ) (ع) مذکر۔ یاری کرنا۔ مدد کرنا ۔

عَضُد (عَضُدْ) (ع) (۱) بازو (۲) عضد الدولہ دیلمی بادشاہ شیراز کا نام ۔

عضلہ (عَضَلَہ۔ عَضْ۔ لَہْ) (ع) مذکر (۱) بدن۔ جسم (۲) جوڑ۔ بند۔ بدن کا ٹکڑا ۔

عضو (عُضْوْ) (ع) مذکر (۱) بند۔ جوڑ۔ جسم کا ٹکڑا (۲) بدن۔ جسم۔ اندام ۔ **عُضوِ تناسُل** ۔ مذکر۔ نسل بڑھانے کا حصہ جسم۔ ذکر۔ کیر۔ قضیب۔ آلۂ تناسل۔ اندری۔ ڈنڈی ۔

ع۔ط

عطا (عَطَا) (ع) مؤنث۔ سخاوت۔ بخشش۔ انعام۔ دینا ۔ **عطا کرنا** (و) بخشنا۔ مرحمت کرنا۔ دینا۔ مفت دینا ۔ **عطائے تو بہ لقائے تو** (ف) مثل۔ آپ کا دیا آپ ہی پر تصدق ہے۔ تمھارا منہ اور تمھارا ہی تھپڑ۔ جب کسی کی دی ہوئی چیز ناپسند ہو تو اسے واپس کرتے وقت طنزاً کہتے ہیں ۔

عطّار (عَطْ۔ طَارْ) (ع) مذکر (۱) عطر بیچنے والا (۲) (و) دوا فروش ۔ **عطّار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا** (و) عطار کی بوتل اور مداری کے پٹارے کا کچھ اعتبار نہیں، کیونکہ عطار ایک ہی بوتل سے ہر قسم کا عرق یا شربت دیتا ہے اور مداری بھی ایک ہی پٹارے میں سے سیکڑوں کھیل دکھاتا ہے ۔

عطارد (عُطَا۔ رِدْ) (ع) مذکر (۱) بدھ ستارہ، جو دوسرے آسمان پر ہے۔ دبیر فلک (۲) (کیمیاگروں کی اصطلاح) جست ۔

عطائی (عَطَا۔ اِئی) (و) مذکر۔ وہ شخص، جس نے کسی استاد کے بغیر اپنے شوق سے کوئی کام حاصل کیا ہو۔ بے استادا ۔

عطر (عِطْرْ) (ع) مذکر (۱) خوش بو۔ مہک۔ کسی چیز کی نکالی ہوئی خوش بو (۲) (و) نچوڑ۔ جوہر۔ لُبِّ لباب۔ خلاصہ ۔ **عطر پان کی تواضع** (و) مؤنث۔ عطر اور پان سے مہمان کی خاطر مدارات کرنا ۔ **عطر دان** (ع۔ ف) مذکر۔ عطر رکھنے کا ظرف ۔ **عطر کا پھویا** (و) مذکر۔ عطر میں تر کی ہوئی روئی ۔ **عطر کھینچنا۔ یا۔ نکالنا** (۱) ست نکالنا۔ خوش بو کا تیل بذریعہ کشید نکالنا (۲) کَس نکالنا۔ طاقت کھینچ لینا (۳) خلاصہ نکالنا۔ جوہر نکالنا ۔ **عطریات** (ع) مذکر۔ عطر کی جمع ۔

عطسہ (عِطْ۔ سَہْ) (ع) مذکر۔ چھینک ۔

عطش (عَطَشْ) (ع) مؤنث۔ پیاس۔ تشنگی ۔

عطف (عَطْفْ) (ع) مذکر (۱) پھیرنا۔ موڑنا۔ لپیٹنا (۲) کسی کلمے یا کلام کو دوسرے کلمے یا کلام کی طرف پھیرنا ۔

عطوفت (عُطُو۔ فَتْ) (ع) مؤنث۔ نوازش۔ کرم۔ عنایت۔ مہربانی۔ کرپا ۔

عطیّہ (عَطِیْ۔ یَہْ) (ع) مذکر۔ انعام دی ہوئی چیز۔ بخشش۔ عطا ۔ **عطیۂ سرکار** (ع۔ ف) مذکر۔ حکومت سے انعام میں ملا ہوا ۔ **عطیۂ سلطانی۔ یا۔ شاہی** ۔ مذکر۔ بادشاہ کا بخشا ہوا۔ حکومت کا دیا ہوا ۔

ع۔ظ

عِظام (عِظَام) (ع) (۱) مذکر۔ عظیم کی جمع۔ بزرگ لوگ (۲) عَظم کی جمع۔ ہڈیاں ٭

عظم (عَظْم) (ع) مذکر۔ ہڈی۔ استخواں ٭

عُظما یا عُظمیٰ (عُظْ۔مَا) (ع) مؤنث۔ بڑی۔ بزرگ ٭

عظمت (عَظَمَتْ، عَظْ۔مَتْ) (ع) مؤنث۔ بڑائی۔ بزرگی۔ قدرومنزلت۔ شان وشوکت ٭

عظیم (عَظِیْمْ) (ع) بڑا۔ بزرگ۔ کلاں۔ سخت ٭ عظیم الشّان۔ بہت بڑا۔ والا قدر۔ بڑی شان وشوکت والا ٭

ع۔ف

عِفّت (عِفْ۔فَتْ) (ع) مؤنث۔ عصمت۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔ پاک دامنی ٭ عفّت میں خلل ڈالنا (ف) عصمت بگاڑنا۔ عزّت لینا ٭

عفریت (عِفْ۔رِیْتْ) (ع) مذکر (۱) بھوت پریت۔ دیو (۲) ہولناک چیز ٭

عف عف (عَفْ۔عَفْ) (ع) مذکر۔ کتّے کی آواز ٭

عفو (عَفْوْ) (ع) مذکر۔ معافی۔ بخشش۔ خطا بخشنا ٭ عفو کرنا (ف) معاف کرنا۔ درگزر کرنا۔ بخشنا ٭

عُفونت (عُفُوْ۔نَتْ) (ع) مؤنث۔ گندگی۔ بدبو۔ سڑاند ٭

عُفیَ عنہ (عُفِیَ۔عَنْ۔ہُ) (ع) اس پر معافی کی جائے۔ اللہ اُس کے گناہ معاف کرے ٭

عفیف (عَفِیْفْ) (ع) پرہیزگار۔ پارسا۔ پاک دامن۔ عفّت مآب ٭ عَفِیفَہ۔ مؤنث۔ باعصمت عورت۔ پرہیزگار عورت۔ پارسا عورت ٭

ع۔ق

عقاب (عُقَابْ) (ع) مذکر (۱) گدھ کی قسم کا ایک طاقتور بلند پرواز سیاہ شکاری پرندہ (۲) (کیمیاگروں کی اصطلاح) نوشادر ٭

عقائد (عَقَا۔اِدْ) (ع) مذکر۔ عقیدہ کی جمع ٭

عقب (عَقَبْ) (ع) مذکر۔ پیچھے۔ پس پشت ٭

عقبیٰ (عُقْ۔بَا) (ع) مؤنث۔ عاقبت۔ آخرت ٭

عقد (عَقْدْ) (ع) مذکر (۱) گانٹھ۔ گرہ (۲) قول قرار (۳) نکاح (۴) بیع۔ فروخت ٭ عقد بیع۔ مذکر۔ فروخت کا اقرار نامہ ٭ عقد کرنا (ف) نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا ٭ عُقدَہ (ع) مذکر (۱) گانٹھ۔ گرہ (۲) پیچیدہ بات۔ مشکل بات۔ معمّا۔ دقیقہ (۳) (ف) بھید۔ راز (۴) پیچ۔ بکھیڑا ٭ عقدہ حل ہونا (ف) گرہ کھلنا۔ دقّت اور مشکل دور ہونا ٭ عقدہ کشائی (ع۔ف) مؤنث (۱) گرہ کھولنا۔ مشکل حل کرنا (۲) بھید ظاہر کرنا ٭

عقدہ کھل جانا (ف) (۱) بھید کھل جانا۔ راز فاش ہونا (۲) مشکل حل ہوجانا۔ معمّا کھل جانا ٭

عقر (عُقْرْ) (ع) مذکر۔ بانجھ پن ٭

عقرب (عَقْ۔رَبْ) (ع) مذکر (۱) بچھو۔ کژدم (۲) آسمان کا آٹھواں برج ٭ عقربِ ساعت۔ مذکر۔ گھڑی کی سوئی ٭

عقرقرحا (ع) مذکر۔ دیکھیے "عاقر قرحا" ٭

عقل (عَقْلْ) (ع) مؤنث (۱) سمجھ۔ دانش۔ تمیز۔ شعور۔ خرد۔ فہم۔ دانائی (۲) نفس ناطقہ (۳) (حکما کی اصطلاح) دس فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام ٭ عقل انسانی۔ مؤنث۔ انسان کی قوت اور عقل و تمیز، جس کے سبب وہ حیوانات سے بالاتر ہے ٭ عقل بڑی کہ بھینس (ف) مثل (ظرافتاً) خوش تدبیری بہتر ہے یا بھینس؟ عقل پر پتھر پڑنا۔ عقل ماری جانا۔ بے وقوف ہوجانا ٭ عقل پر پردہ پڑ جانا۔ عقل کا جاتا رہنا۔ بے وقوف اور خبطی ہوجانا ٭ عقل پر بجلی پڑنا (عو) عقل پر آفت آنا۔ عقل ماری جانا ٭ عقل پکڑنا۔ شعور پکڑنا۔ تربیت پانا۔ ہوش میں آنا ٭ عقل جانا ہوش جانا۔ حواس باختہ ہوجانا ٭ عقل چرخ میں آنا۔ گھبرا جانا۔ حیران و پریشان ہوجانا۔ ہوش گم ہونا ٭ عقل چرنے جانا۔ عقل کا موجود نہ ہونا۔ سمجھ نہ رہنا ٭ عقل چکرانا۔ دیکھیے "عقل چرخ میں آنا" ٭ عقلِ حیوانی (ع) مؤنث۔ وہ عقل جو حیوانات کی فطرت میں داخل ہے ٭ عقل خرچ کرنا۔ یا۔ دوڑانا (ف) فکر کرنا۔ سمجھ سے کام لینا۔ رائے لڑانا ٭ عقل دینا (۱) سمجھ کی بات بتانا۔ تدبیر سمجھانا (۲) سدھانا۔ تربیت کرنا ٭ عقل ڈاڑھ۔ مؤنث۔ وہ ڈاڑھ جو انسان کے جوان ہونے پر ظاہر ہوتی ہے ٭ عقل رفوچکر ہوجانا۔ عقل کا حیران ہونا ٭ عقل سٹھیا جانا۔ یا۔ سٹھیانا۔ بڑھاپے کی وجہ سے عقل نہ رہنا ٭ عقلِ سلیم (ع) مؤنث۔ پوری عقل۔ رائے صائب ٭ عقل ششدر ہونا (ف) عقل کا سخت حیران ہوجانا ٭ عقل کا پتلا۔ مذکر۔ بے حد عقل مند۔ مجسّم عقل ٭ عقل کا پورا۔ مذکر (طنزاً) احمق۔ بالکل بے وقوف۔ کاٹھ کا اُلّو ٭ عقل کا چراغ گل ہوجانا۔ عقل کا زائل ہوجانا۔ سمجھ میں فرق آجانا ٭ عقل کا دشمن۔ مذکر۔ عقل سے بیر رکھنے والا۔ بے وقوف ٭ عقل کا مارا۔ بے عقل۔ بے وقوف ٭ عقلِ کل (ع) مذکر (۱) عقلِ کامل۔ دانائے کل (۲) (مراداً) نورِ محمدیؐ، حضرت جبریلؑ اور عرش اعظم سے کنایہ (۳) (ف) مختارِ کل۔ وہ مشیر جس کی رائے کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں ٭ عقل کی مار (ف) مؤنث (عو) عقل کی پھٹکار ٭ عقل کے پیچھے ڈنڈا (لٹھ) لیے پھرتا ہے۔ مثل۔ سخت احمق ہے ٭ عقل کے طوطے اڑ گئے۔ عقل جاتی رہی۔ گھبرا گیا۔ بے اوسان ہوگیا ٭ عقل کے گھوڑے دوڑانا (۱) کسی کام میں فکر دوڑانا۔ دلیلیں پیش کرنا۔ ماتھے لگانا (۲) خیالی پلاؤ پکانا ٭

عقل کے ناخن لو۔ یا۔ نعل بنوا کر ۔ سمجھ کی بات کرو۔ ہوش میں آؤ۔ بے وقوف نہ بنو۔ **عقل مند** (ع-ف) دانا۔ ہوش مند۔ عاقل۔ ہوشیار۔ **عقل مند کی دُور بلا** (۱) مثل۔ دانش مند آفت سے بچ جاتا ہے۔ عقل مند سے بلا دُور ہو جاتی ہے۔ **عقل مندی** (ف) مؤنث۔ ہوش مندی۔ دانائی۔ فراست۔ **عقل میں آنا** (۱) سمجھ میں آنا۔ رائے میں آنا۔ خیال میں آنا۔ **عقل میں فتور آنا۔ یا۔ پڑنا** عقل میں کمی آنا۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا۔ سمجھ میں خرابی آنا۔

عقلاً (عَق۔لَن) (ع) عقل کے رو سے۔ عقلیہ۔ **عُقَلَاء** ۔ مذکر۔ عاقل کی جمع۔ **عُقَلَاءِ زمانہ** (ع-ف) مذکر۔ جہان کے دانا۔ دنیا کے عقل مند۔

عقلی (۱) عقل سے منسوب۔ وہ بات، جو صرف ذہن میں آسکے، خارج میں نہ ہو۔

عقوبت (عُقُو۔بَت) (ع) مؤنث۔ عذاب۔ دُکھ۔ سزا۔ سرزنش۔ سیاست۔

عقول (عُقُول) (ع) مؤنث۔ عقل کی جمع۔ دانائیاں۔ **عقولِ عشرہ**۔ دس فرشتے، جنھیں اللہ تعالیٰ نے ایک دوسرے کے بعد پیدا کیا۔

عقیدت (عَقِی۔دَت) (ع) مؤنث۔ دل کا بھروسا۔ اعتقاد۔ ایمان۔ مذہب کے وہ اصول، جن پر یقین دلانے سے کوئی شخص کسی مذہب میں شامل ہو سکے۔ **عقیدت مند** (ع-ف) مذکر۔ ارادت مند۔ معتقد۔ دین دار۔ **عَقِیدَہ** (ع) مذکر۔ اعتقاد۔ دل میں جمایا ہوا یقین۔

عقیق (عَقِیق) (ع) مذکر۔ ایک سرخ قیمتی پتھر۔ **عقیقِ یمن۔ یا۔ یمنی**۔ مذکر۔ نہایت اعلیٰ قسم کا عقیق۔ **عقیق البحر**۔ مذکر۔ سمندری عقیق۔ مونگا۔

عقیقہ (عَقِی۔قَہ) (ع) مذکر۔ سر مونڈنے اور نام رکھنے کی تقریب، جو پیدائش کے دن سے ساتویں روز ہوتی ہے۔ اس میں شریعت اسلام کے مطابق لڑکی کے لیے ایک اور لڑکے کے لیے دو بکرے ذبح کر کے ان کا کچا یا پکا ہوا گوشت تقسیم کیا جاتا ہے۔ مونڈن۔

عقیل (عَقِیل) (ع) مذکر۔ دانا اور ذکی آدمی۔ **عقیلہ**۔ مؤنث۔ دانا عورت۔

عقیم (عَقِیم) (ع) وہ مرد یا عورت، جس کا نطفہ قرار نہ پاسکے۔ بانجھ۔ **عقیمہ**۔ مؤنث۔ بانجھ عورت۔ وہ عورت، جس کے ہاں بچہ نہ ہوتا ہو۔

ع - ک

عکس (عَکس) (ع) مذکر (۱) اُلٹا۔ خلاف۔ ضد۔ اُلٹا ہوا (۲) پرتو۔ پرچھائیں۔ سایہ (۳) فوٹو۔ تصویر۔ **عکس کھینچنا۔ یا۔ اتارنا** (۱) سایے کے ذریعے سے فوٹو لینا۔ تصویر اتارنا۔ **عکسی** (۱) عکس سے منسوب۔

ع - ل

علا (عَلَا، عُلَا) (ع) (۱) بزرگ۔ اعلیٰ۔ بلند (۲) مذکر۔ بلندی۔ اوج۔ مرتبہ۔

علّاتی (عَل۔لَا۔تِی) (ع) ماں کی طرف سے سوتیلا بھائی۔

علاج (عِلَاج) (ع) مذکر (۱) چارہ۔ اپاسے (۲) دفعیہ۔ تدبیر۔ درستی (۳) بیماری کی دوا۔ دارو۔ معالجہ (۴) (۱) پاداش۔ سزا۔ **علاج کرنا** (۱) (۱) دوا دارو کرنا۔ معالجہ کرنا (۲) تدبیر کرنا (۳) ٹھیک بنانا۔ سزا دینا۔ **علاج معالجہ** (ع) مذکر۔ دوا دارو۔ چارہ۔ اپاسے۔

عَلاقہ (عَلَا۔قَہ) (ع) مذکر (۱) لگاؤ۔ تعلق۔ رشتہ۔ دوستی۔ رابطہ (۲) (۱) نسبت۔ سروکار (۳) کام۔ عہدہ۔ نوکری (۴) احاطہ۔ پرگنہ۔ صوبہ۔ ضلع (۵) زمینداری۔ قبضہ۔ ملکیت۔ تعلقہ (۶) ریاست۔ جائداد۔ جاگیر (۷) حکومت۔ عمل داری۔ قلمرو (۸) سرحد۔ حدود۔ **عَلاقہ دار** (۱) مذکر (۱) قریبی۔ رشتہ دار (۲) ذیل دار۔ تعلقہ دار۔ **عَلاقہ رکھنا**۔ واسطہ رکھنا۔ تعلق رکھنا۔ نسبت رکھنا۔

عِلاقہ (عِلَا۔قَہ) (ع) مذکر (۱) کسی شے سے بندھی یا لٹکی ہوئی چیز۔ تلوار کا ڈورا۔ کوڑے یا رکاب کا تسمہ (۲) طرّۂ دستار (۳) حلقہ۔ **عِلاقہ بند** (ف) مذکر۔ زیور میں ڈورا ڈالنے والا۔ پٹوا۔ **عِلاقہ بندی**۔ مؤنث۔ پٹوے کا کام۔ پٹواگری۔

علالت (عُلَا۔لَت) (ع) مؤنث۔ ہر چیز کا بقیہ۔ تھوڑی چیز۔

علالت (عَلَا۔لَت) (۱) مؤنث۔ بیماری، روگ، دُکھ۔

علّام (عَل۔لَام) (ع) مذکر۔ بہت جاننے والا۔ ہر بات سے واقف۔ نہایت عالم یا فاضل۔ **علّام الغیب**۔ مذکر۔ غیب دان۔ آئندہ کی باتوں سے واقف۔ عالم الغیب۔ اللہ تعالیٰ۔ **عَلّامہ**۔ مذکر۔ بہت ہی بڑا دانا اور جاننے والا۔ زبردست عالم و فاضل (اس میں ۃ یا ہ تانیث کی نہیں، مبالغے کی ہے)۔ **علّامۂ دہر۔ یا۔ علّامۃ الدہر**۔ مذکر۔ زمانے کا فاضل۔ فاضل اجل۔ بہت بڑا عالم و فاضل۔

علّامی۔ مذکر۔ دیکھیے "علّامہ" (اس میں ی نسبت کی نہیں، مبالغے کی ہے)۔

علامات (عَلَا۔مَات) (ع) مؤنث۔ علامت کی جمع (۱) نشانیاں۔ آثار (۲) (۱) بلا۔ آفت۔ بلائیں۔ آفتیں۔

علامت (عَلَا۔مَت) (ع) مؤنث (۱) نشان۔ مارک (۲) پتا (۳) کھوج۔ سراغ (۴) کنایہ۔ اشارہ (۵) مہر۔ چھاپ۔ لیبل (۶) آثار۔

علامتِ بلوغ۔ مؤنث۔ بالغ یا جوان ہونے کی نشانی، مونچھیں وغیرہ۔

نکلنا ۔ **علامتِ تذکیر و تانیث** (ع) مؤنث ۔ مذکر و مؤنث یا نر و مادہ پہچاننے کی نشانی ۔

علانیہ (عَلاَ ۔ نِیَہ) (ع) کھلم کھلا ۔ ظاہرہ ۔ برسرِ عام ۔ سب کے سامنے ۔

علاوہ (عِلاَ ۔ وَہ) (ع) (۱) ایک بوجھ ، جو دوسرے بوجھ کے اوپر رکھا جائے ۔ ہر چیز ، جو دوسری چیز پر رکھی جائے ۔ وہ چیز ، جو کسی چیز پر بڑھائی جائے (۲) زائد ۔ مزید ۔ فالتو ۔ **علاوہ ازیں ۔ علاوہ بریں** ۔ (ع ۔ ف) اس کے علاوہ ۔ اِس کے باوجود ۔

علائق (عَلاَ ۔ اِق) (ع) مذکر ۔ علاقہ کی جمع ۔ تعلقات ۔ بکھیڑے ۔

علت (عِلْ ۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) بیماری ۔ روگ ۔ دکھ (۲) باعث ، سبب ۔ وجہ (۳) ناکارہ اور خراب چیز (۴) بکھیڑا ۔ جھگڑا (۵) بری عادت ۔ لت ۔ وصت (۶) نقص ۔ عیب (۷) بہتان ۔ الزام (۸) خس و خاشاک ۔ کوڑا کرکٹ ۔ **علتِ آبنہ** ۔ مؤنث ۔ اغلام یا بڑا کام کرانے کی عادت ۔ بویس ۔ علتِ مشائخ ۔ **علتِ تامّہ** ۔ مؤنث ۔ پورا سبب ۔ سبب کامل ۔ **علتِ صوری** ۔ مؤنث ۔ ظاہری سبب ۔ وہ صورت ، جو کسی چیز کے بننے کے بعد ہو گئی ہو ۔ **علتِ غائی** ۔ مؤنث (۱) مقصودِ اصلی ۔ ماحصل ۔ حاصل ۔ نتیجہ (۲) پھل ۔ فائدہ (۳) وجہ ۔ سبب ۔ **علتِ فاعلی** ۔ مؤنث ۔ وہ سبب ، جس سے کوئی چیز بنائی گئی ہو ۔ سببِ ایجاد ۔ **علت لگا لینا** (ہ) (۱) عادت ڈال لینا (۲) اپنے پیچھے لگا لینا ۔ عذاب مول لینا ۔

علتِ مشائخ (ع) مؤنث ۔ ایک بیماری ، جس سے مقعد میں خارش ہو کر مفعولیت کی خواہش پیدا ہو جاتی ہے ۔ علتِ آبنہ ۔ بویس ۔ **علت و معلول** (ع) مذکر ۔ سبب ۔ کارن ۔

علف (عَلَف) (ع) مذکر ۔ گھاس ۔ گیاہ ۔ **علف زار** (ع ۔ ف) مذکر ۔ ڈھور چرانے کی جگہ ۔ چراگاہ ۔

علل (عِلَل) (ع) مؤنث ۔ علت کی جمع ۔

عَلَم (عَلَم) (ع) مذکر (۱) جھنڈا ۔ باؤٹا (۲) نیزہ (۳) رایت ۔ نشان ۔ دھجا (۴) بیرق ۔ جھنڈی (۵) امام حسین رض یا شہدائے کربلا کے نام کا جھنڈا (۶) خاص نام ۔ وہ نام ، جس سے آدمی مشہور ہو (۷) بدنام ۔ رسوا ۔ مشہور ۔ الم نشرح (۸) بے غلاف ۔ برہنہ (۹) اونچا کرنا ۔ بلند کرنا ۔ **عَلَم اٹھنا** (ہ) محرم کی ساتویں تاریخ کو شہدائے کربلا کی یادگار میں جھنڈا نکالنا ۔ **عَلَم بردار** (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ شخص ، جو مواقعِ جنگ یا سواری پر فوج کا جھنڈا لے کر چلے ۔ جھنڈا اٹھانے والا ۔ **عَلَم ٹوٹنا** (ہ) ایک سخت کوسنا ، جو شیعہ عورتیں سخت تکلیف کی حالت میں منہ سے نکالتی ہیں ۔

عَلَم دار (ع ۔ ف) مذکر (۱) جھنڈا اٹھانے والا ۔ وہ شخص ، جو فوج کا جھنڈا لے کر آگے چلے (۲) حضرت عباس رض ابن حضرت علی رض کا لقب ، جنھیں میدانِ کربلا میں عَلَم کی خدمت سپرد ہوئی تھی ۔

عَلَم کرنا (ہ) تیغ یا تلوار کو میان سے نکالنا ۔ تلوار ننگی کرنا ۔ **عَلَم ہونا** ۔ بدنام ہونا ۔ رسوا ہونا ۔ مشہور ہونا ۔

عِلم (عِلْم) (ع) مذکر (۱) آگاہی ۔ واقفیت ۔ دانائی ۔ دانش (۲) فن ۔ ہنر ۔ جوہر (۳) (ہ) منتر ۔ ٹونا ۔ جادو (۴) عملِ تسخیر ۔ **علمِ اخلاق** ۔ مذکر ۔ وہ علم ، جس کے ذریعے سے آدمی کی عادتیں درست ہوں ۔ اٹھنے بیٹھنے کے طریقے ۔ **علمِ ادب** ۔ مذکر ۔ زبان کا علم ۔ **علمِ الٰہی** ۔ مذکر ۔ وہ علم ، جس میں اُن امور سے بحث کی جائے ، جو وجودِ خارجی یا تعقل میں مادّے کے محتاج نہ ہوں ۔ علمِ معرفت یا فطرت ۔ **علمِ لدنّی** ۔ مذکر ۔ وہ علم ، جو کسی کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے محض اس کے فیض کی بدولت محنت اور استاد کے بغیر حاصل ہو ۔ **علمی** ۔ علم سے متعلق ۔ علم سے منسوب ۔ **علمیت** ۔ مؤنث (۱) علم ہونا (۲) علم ۔ بِدیا ۔

علما (عُلَمَا) (ع) مذکر ۔ عالم کی جمع ۔ عالم فاضل لوگ ۔ **علمائے دہر** ۔ مذکر ۔ دنیا کے عالم ۔ جہان کے فاضل ۔

علو (عُلُوّ) (ع) مذکر ۔ اونچائی ۔ بلندی ۔ برتری ۔ **علوِ ہمت** ۔ مذکر ۔ ہمت کی بلندی ۔ ارادے کی بلندی ۔ عالی ہمتی ۔

علوفہ (عُلُو ۔ فَہ) (ع) مذکر (۱) خوراک ۔ کھانا ۔ کھانے کی چیز (۲) بھتا ۔ راتب (۳) رفندینہ ۔ وظیفہ ۔

علوم (عُلُوم) (ع) مذکر ۔ علم کی جمع ۔ ہنر و فن ۔ **علومِ جدیدہ** ۔ مذکر ۔ وہ علوم ، جو زمانۂ حال میں ایجاد ہوتے ہیں ، جیسے علم آب ، علم ہوا ، علم طبقات الارض ، جرِ ثقیل ۔ فوٹوگرافی وغیرہ ۔ **علومِ قدیمہ** ۔ مذکر ۔ وہ علوم جو زمانۂ قدیم سے چلے آتے ہیں ، جیسے منطق ، نجوم ، عروض وغیرہ ۔ **علومِ متعارفہ** ۔ مذکر (اقلیدس) وہ مشہور و معروف و صریح باتیں ، جو دلیل کی بنیاد قائم کرنے کے لیے اختیار کی جائیں ۔ **علومِ مشرقی** ۔ مذکر ۔ وہ علوم ، جو مشرقی ممالک یعنی ایشیا اور افریقہ میں رائج ہیں ۔ **علومِ مغربی** ۔ مذکر ۔ وہ علوم ، جو ممالکِ مغربیہ ، یعنی یورپ اور امریکہ میں رائج ہیں ۔

عَلَوی (عَلَوِی) مذکر ۔ وہ شخص ، جو حضرت علی رض کی اولاد سے تو ہو ، لیکن حضرت فاطمہ رض کے بطن سے نہ ہو ۔

عُلوی (عُلْ ۔ وِی) (ع) مذکر (۱) مَلَک ۔ فرشتہ (۲) ستارۂ آسمانی (۳) فلکی (۴) اعلیٰ درجے کا ۔

علی (عَلِی) (ع) مذکر (۱) بلند ۔ اونچا (۲) اللہ تعالیٰ (۳) خلیفۂ چہارم ۔ **علی بند** (ع ۔ ف) مذکر (۱) ایک زیور ، جو اکثر شیعہ لوگ کلائی یا بازو وغیرہ پر باندھتے ہیں (۲) کشتی کا ایک پیچ (۳) جادو کا اثر روکنے والا تعویذ ۔

علیٰ (عَلاَ) (ع) پر ۔ اوپر ۔ بالا ۔ **علی الاتصال ۔ علی التواتر** ۔ لگاتار ۔ پے در پے ۔ متواتر ۔ **علی الحساب** ۔ چلتے ہوئے حساب میں ۔ حساب میں لگائے بغیر ۔ **علی الحساب دینا** (ہ) پیشگی دینا ۔

دینا ۔ حساب سے پہلے دینا ❖ **علی الخصوص** (ع) خصوصاً ۔ خاص کر ❖ **علی الدّوام** ۔ ہمیشہ کے لیے ۔ ہمیشہ ❖ **علی الرّغم** ۔ برعکس ۔ برخلاف ۔ مقابلے میں ❖ **علی الصّباح** ۔ نور کے تڑکے ۔ تڑکے ہی ۔ بہت سویرے ❖ **علی العموم** ۔ عام طور پر ۔ عموماً ❖ **علیٰ رؤس الاشہاد** ۔ گواہوں کے روبرو ۔ علانیہ ۔ علی الاعلان ❖ **علیٰ قدر مراتب** ۔ مرتبے یا حیثیت کے مطابق ۔ حسب مرتبہ ❖ **علیٰ ہذا القیاس** ۔ اِسی قیاس پر ۔ اِسی طرح ۔ یونہی ❖

علٰحدگی (عَلا ۔ حِدَگی) (ف) مؤنّث ۔ جدائی ۔ خلوت ۔ تنہائی ❖ **عَلٰحدَہ** (ع) (۱) الگ (۲) (و) سوا (۳) تنہائی میں (۴) شرکت سے باہر ❖ **علٰحدہ علٰحدہ** ۔ الگ الگ ۔ جدا جدا ❖ **علٰحدہ کرنا** (و) (۱) جدا کرنا (۲) موقوف کرنا (۳) چھانٹنا ۔ انتخاب کرنا ❖

علیا (عُل ۔ یا) (ع) اعلیٰ کی مؤنّث ❖

علیک (عَلَیْک) (ع) تجھ پر ❖ **علیک سلیک** (و) مؤنّث ۔ معمولی واقفیت ۔ صاحب سلامت ❖

علیل (عَلِیْل) (ع) بیمار ۔ مریض ۔ روگی ۔ دُکھیا ❖

علیم (عَلِیْم) (ع) (۱) جاننے والا ۔ عالم ۔ دانا ۔ واقف (۲) علم والا ۔ صاحب علم ۔ فاضل ❖

علیہ (عَلَیْہ) (ع) اُس پر ❖ **علیہ الرّحمۃ** (عَلَے ۔ ہِر ۔ رَح ۔ مَت) (ع) اُس پر خدا کی رحمت ہو ❖ **عَلَیْہِ السَّلَام** ۔ اس پر سلام یعنی اللہ تعالیٰ کی عنایت و مہربانی اور توجّہ ہو ❖ **عَلَیْہِم** ۔ اُن پر ۔ اُن کے اوپر ❖ **عَلَیْہِمُ السَّلَام** ۔ اُن سب پر اللہ تعالیٰ کا درود اور سلام ہو ❖

عِلّیّین (عِل ۔ لِی ۔ یِیْن) (ع) مؤنّث (۱) آٹھواں آسمان ۔ بہشت کا نام (۲) علیّہ کی جمع ۔ جنّت کے اونچے اونچے مکان یا اُس کی کھڑکیاں ❖

ع ـ م

عَمّ (عَمّ) (ع) مذکّر ۔ چچا ۔ باپ کا بھائی ۔ عمّو ❖ **عمّ زادہ** (ع ۔ ف) مذکّر ۔ چچا کا بیٹا ❖ **عمّو** (ع) مذکّر ۔ باپ کا بھائی ۔ چچا ۔ تایا ❖

عمارت (عِما ۔ رَت) (ع) مؤنّث (۱) بستی ۔ آبادی (۲) مکان ۔ محل ۔ گھر ۔ مسکن ❖

عماری (عَما ۔ رِی ، عَم ۔ ما ۔ رِی) (ع) مؤنّث ۔ ہاتھی کا ہودہ ۔ ہودج ❖

عمّال (عُم ۔ مَال) (ع) مذکّر ۔ عامل کی جمع ۔ حاکم ۔ کارگزار ۔ روپیہ تقسیم کرنے والے عہدہ دار ۔ تحصیل دار ❖

عمامہ (عِما ۔ مَہ ، عِم ۔ ما ۔ مَہ) (ع) مذکّر ۔ پگڑی ۔ دستار ۔ سرپیچ ❖

عَمّان (عَم ۔ مَان) (ع) مذکّر ۔ ملک شام کا ایک شہر ❖

عُمان (عُم ۔ مَان) (ع) مذکّر (۱) سمندر (۲) عرب کا جنوب مشرقی حصّہ (۳) یمن کا ایک شہر ❖

عمد (عَمْد) (ع) مذکّر ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ عزم ۔ نیّت ❖ **عمداً** (عَم ۔ دَن) قصداً ۔ جان بوجھ کر ۔ ارادۃً ❖

عمدگی (عُم ۔ دَگی) (و) مؤنّث ۔ وصف ۔ خوبی ۔ گُن ❖

عمدہ (عُم ۔ دَہ) (ع) (۱) خوب ۔ اچھا (۲) اعتبار والا ۔ معتمد (۳) (و) دولت مند ۔ امیر (۴) ذی عزّت ۔ ذی رتبہ ۔ شریف ۔ پسندیدہ ۔ منتخب (۵) قابلِ تعریف ۔ نفیس ۔ تحفہ (۶) اعلیٰ قسم کا ۔ اوّل درجے کا (۷) کھرا ۔ خالص (۸) لذیذ ۔ خوش ذائقہ (۹) بیش بہا ۔ قیمتی (۱۰) خلیق ۔ نیک (۱۱) خوش وضع ۔ خوب صورت ❖ **عمدۃ الملک** ۔ مذکّر ۔ اعلیٰ مُلکی عہدہ داروں کا خطاب ، جو شاہی زمانے میں دیا جاتا تھا ❖

عمر (عُمْر) (ع) مؤنّث (۱) سن و سال (۲) زمانہ ۔ مدّت ۔ عرصہ ۔ دَور ۔ عہد ۔ قرن ❖ **عمر بھر** (و) ساری عمر ۔ زندگی تک ۔ سدا ۔ ہمیشہ ❖ **عمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا** ۔ ساری زندگی کے خرچ کے لائق بہت سا روپیہ کما لینا ❖ **عمر پٹا لکھوا لانا** ۔ یا ۔ لکھوا لینا ۔ یا ۔ لکھوانا ۔ دائم جیتے رہنے کا اقرار نامہ لکھوا لینا ۔ ہمیشہ زندہ رہنے کا اجارہ لینا ❖ **عمر تیر کرنا** ۔ زندگی گزارنا ۔ زندگی کے دن پورے کرنا ۔ زندگی بسر کرنا ۔ عمر کاٹنا ۔ ایّام گزاری کرنا ❖ **عمر دراز** (دعا) (ع و) عمر بڑی ہو ۔ جیتے رہو ❖ **عمر رسیدہ** (ع ۔ ف) بڑی عمر کا ۔ بوڑھا ۔ معمّر ۔ زمانہ شناس ۔ تجربہ کار ❖ **عمر طبعی** ۔ یا ۔ **طبیعی** (ع) مؤنّث ۔ اصل عمر ، جو حکمت و فطرت کے رو سے قرار دی گئی ہے ۔ پوری عمر ❖ **عمر قید** (و) مؤنّث ۔ جیتے جی کی قید ۔ زندگی بھر کی قید ❖ **عمر کا پیمانہ بھر جانا** ۔ یا ۔ لبریز ہو جانا ۔ مرنے کا وقت آ جانا ۔ زندگی پوری ہو جانا ❖ **عمر کاٹنا** ۔ بے لطفی سے دن پورے کرنا ۔ زندگی بسر کرنا ❖ **عمر کے دن بھرنا** ۔ یا ۔ پورے کرنا ۔ جوں توں کر کے عمر کاٹنا ❖ **عمر نوحؑ** (ع) مؤنّث ۔ حضرت نوحؑ جیسی بڑی عمر ۔ کہتے ہیں ۔ ان کی عمر ساڑھے نو سو برس تھی ۔ بہت بڑی عمر ❖

عِمران (عِم ۔ رَان) (ع) مذکّر ۔ حضرت موسیٰؑ کے والد ❖

عُمران (ع) مذکّر ۔ آبادی ❖ **عُمرانی** ۔ تمدّنی ۔ معاشرتی ❖

عمرہ (عُم ۔ رَہ) (ع) مذکّر ۔ حاجیوں کی وہ خاص عبادت ، جو ایّام حج کے سوا خانۂ کعبہ کا طواف کرنے میں ہوتی ہے ❖

عمق (عُمْق) (ع) مذکّر ۔ گہرائی ۔ تہ ۔ قعر دریا یا حوض کی تھاہ ❖

عمق (عُمُق) (ع) گہرا ہونا ❖

عمل (عَمَل) (ع) مذکّر (۱) کام ۔ دھندا ۔ کار ۔ فعل (۲) برتاؤ ۔ کارروائی ۔ تعمیل (۳) معمول ۔ عادت ۔ استعمال (۴) قاعدہ (۵) (و) تاثیر ۔ اثر (۶) نشے کا اثر (۷) راج ۔ سلطنت ۔ حکومت (۸) قبضہ (۹) سماں ۔ وقت (۱۰) مُلک کی حدیں (۱۱) منتر ۔ جادو ۔ سحر ۔ افسون ❖ **عمل بیٹھ جانا** ۔ یا ۔ **بیٹھنا** (و) عمل دخل ہونا ۔ قبضہ ہو جانا ۔ حکومت ہونا ❖ **عمل پانی** ۔ مذکّر ۔ نشہ پانی ❖ **عمل پڑھنا** ۔ کسی منتر یا افسون یا عمل کا خاص ترکیب سے پڑھنا ❖ **عمل جرّاحی** (ع) مذکّر ۔ جرّاح کا کام ۔ چیر پھاڑ ❖ **عمل دار** (ع ۔ ف) مذکّر (۱) حاکم ۔ عامل (۲) محصّل ۔

تحصیل دار ❊ عمل داری۔ مؤنث (۱) راج۔ سلطنت۔ حکومت۔ ریاست (۲) قلمرو۔ علاقہ (۳) حکم۔ اختیار ❊ عمل دخل (ا) مذکر (۱) حکومت۔ تخت (۲) اختیار۔ قبضہ ❊ عمل درآمد (ع۔ف) مذکر۔ تعمیل۔ کارروائی۔ کاربندی ❊ عمل شمسی و قمری۔ مذکر۔ (کیمیاگروں کی اصطلاح) سونا چاندی بنانا ❊ عمل کرنا (ا) (۱) کسی بات پر چلنا۔ بات ماننا۔ برتنا (۲) اثر کرنا ❊ عمل ہونا (۱) کسی بات پر کاربند ہونا (۲) وقت ہونا ❊ عمل معمولی (ع) مذکر۔ پرانی رسم ❊ عملی (ع) (۱) عمل سے منسوب (۲) (ا) نشے کا عادی۔ نشہ باز ❊

عملہ (عَمَلَہ) (ع) مذکر۔ عامل کی جمع (۱) کسی محکمے کے ملازم۔ کارکن لوگ۔ کچہری کے لوگ۔ اہلکار (۲) (ا) مکان کا سامان ❊ عملہ پولیس یا فوج داری (ا) مذکر۔ محکمہ پولیس۔ محکمہ فوج داری۔ شہری انتظام اور محافظت کے لوگ ❊ عملہ دخلہ۔ مذکر۔ تصرف۔ قبضہ ❊ عملہ فعلہ (۱) محکمے کے نوکر چاکر۔ اہلکاران محکمہ (۲) اہالی موالی ❊

عمود (عُمُوْد) (ع) مذکر (۱) ستون۔ کھم۔ تھم۔ خیمے کی چوب (۲) وہ خطِ مستقیم، جو دوسرے خطِ مستقیم پر قائم ہوکر زاویۂ متصلہ باہم برابر پیدا کرے ❊ عمود ڈالنا (ا) کسی خطِ مستقیم پر عمود قائم کرنا ❊

عموم (عُمُوْم) (ع) مذکر۔ عام ہونا۔ عام۔ سرسری طور پر۔ بالعموم۔ بہت۔ بیشتر ❊

عمیق (عَمِیْق) (ع) گہرا۔ اتھاہ۔ ڈباؤ ❊

عمیم (عَمِیْم) (ع) عام۔ سب میں شامل۔ تمام۔ پورا ❊

ع - ن

عن (عَن) (ع) سے ❊ عن قریب۔ عنقریب (۱) نزدیک۔ پاس (۲) فوراً۔ جلد ❊

عنا (عَنَا) (ع) مذکر (۱) تکلیف (۲) محنت (۳) تھکاوٹ (۴) رنج ❊

عناب (عُنّاب) (ع) مذکر۔ نہایت سرخ ولایتی بیر ❊ عنابی۔ عناب کی مانند۔ سیاہی مائل سرخ ❊

عناد (عِنَاد) (ع) مذکر (۱) عداوت۔ دشمنی۔ بیر (۲) سرکشی۔ خصومت۔ لڑائی (۳) ہٹ۔ اصرار۔ ضد (۴) نفاق۔ کینہ ❊

عنادل (عَنَا۔دِل) (ع) مذکر۔ عندلیب کی جمع۔ بلبلیں ❊

عناصر (عَنَا۔صِر) (ع) مذکر۔ عنصر کی جمع۔ اصلی جزو۔ چاروں عنصر یعنی مٹی۔ ہوا۔ پانی۔ آگ ❊

عنان (عِنَان) (ع) مؤنث۔ باگ۔ لگام۔ باگ ڈور۔ راس ❊

عنایات (عِنَا۔یات) (ع) مؤنث (۱) الطاف۔ نوازشات۔ مہربانیاں (۲) فیض۔ بخشش (۳) عطیہ۔ تحفہ (۴) (ا) توجہ۔ التفات ❊

عنایت (عِنَا۔یَت) (ع) مؤنث (۱) مہربانی۔ لطف (۲) توجہ (۳) تحفہ ❊ عنایت کرنا (ا) (۱) مہربانی کرنا (۲) احسان کرنا (۳) عطا کرنا۔ بخشنا (۴) توجہ کرنا ❊ عنایت ہے۔ مہربانی ہے۔ کرم بخشی ہے ❊

عنب (عِنَب) (ع) مذکر۔ انگور۔ کشمش۔ داکھ ❊ عنب الثعلب مؤنث۔ مکو ❊

عنبر (عَم۔بَر) (ع) مذکر۔ ایک قسم کی خوش بودار چیز، جو آگ پر موم کی طرح پگھل جاتی ہے ❊ عنبر اشہب۔ مذکر۔ سیاہ رنگ کا عنبر ❊ عنبر خشخاش۔ مذکر۔ ایک قسم کا صاف کیا ہوا عنبر جس پر سفید سفید خشخاش جیسی چتیاں ہوتی ہیں ❊ عنبریں (ع۔ف) (۱) عنبر میں خوش بودار کیا ہوا۔ خوش بودار (۲) سیاہ عنبر کے رنگ کا ❊

عند (عِنْد) (ع) (۱) قریب۔ پاس۔ نزدیک (۲) آگے۔ سامنے (۳) تقریباً ❊ عند الضرورت۔ ضرورت کے وقت۔ ضرورت میں ❊ عند الطلب۔ مانگنے کے وقت۔ مطالبے کے وقت ❊ عند الملاقات۔ ملاقات کے وقت۔ ملنے کے وقت ❊ عند الوقوع۔ واقع کے وقت ❊ عندیہ (ا) [عربی عندی (میرے نزدیک، میری رائے) سے لیا گیا] مذکر (۱) منشا۔ رائے (۲) منصوبہ۔ ارادہ ❊ عندیہ پانا۔ لینا۔ معلوم کرنا۔ رائے لینا۔ منشا دریافت کرنا۔ بھید لینا ❊

عندلیب (عَن۔دَلِیب) (ع) مؤنث۔ بلبل، ہزار داستان ❊

عنصر (عُن۔صُر) (ع) مذکر۔ اصل بنیاد۔ اصل جزو ❊

عنفوان (عُن۔فُوَان) (ع) مذکر۔ شروع۔ آغاز ❊

عنقا (عَن۔قَا) (ع) مذکر (۱) سیمرغ۔ ایک فرضی پرندہ جس کا ذکر شعروں میں تو آیا ہے، لیکن آج تک کسی نے دیکھا نہیں (۲) بے نظیر چیز۔ نایاب شے ❊ عنقا ہونا (ا) (۱) نادر، کم یاب ہونا (۲) غائب و بے نشان ہونا (۳) دشوار ہونا۔ مشکل ہونا ❊

عنکبوت (عَن۔کَبُوت) (ع) مؤنث۔ مکڑی ❊

عنوان (عُن۔وَان) (ع) مذکر (۱) سرخی۔ سرنامہ (۲) آغاز۔ شروع (۳) دیباچہ (۴) باب۔ فصل (۵) (ف۔ا) وجہ۔ سبب (۶) ڈھنگ۔ طرز۔ طریق۔ طور ❊

عنین (عِنّ۔نِیْن) (ع) مذکر۔ ہیجڑا۔ نامرد ❊

ع - و

عوارض (عَوَا۔رِض) (ع) مذکر۔ عارضہ کی جمع۔ بیماریاں ❊

عواطف (عَوَا۔طِف) (ع) مذکر و مؤنث۔ عاطفہ کی جمع (۱) جذبات (۲) مہربانیاں ❊

عواقب (عَوَا۔قِب) (ع) مذکر۔ عاقبہ کی جمع۔ نتیجے ❊

عوام (عَوَام) (ع) مذکر۔ عامہ کی جمع (۱) عام لوگ۔ مخلوق (۲) پرجا۔ رعایا (۳) بازاری لوگ۔ جاہل آدمی۔ جہلا ❊ عوام الناس۔ مذکر۔ عام لوگ۔ تمام آدمی۔ ہمہ شما ❊

عوامل (عَوَا ۔ مِلْ) (ع) مذکر ۔ عامل کی جمع (۱) عمل کرنے والے (۲) کارکن لوگ ۔ حاکم لوگ (۳) وہ الفاظ، جن کے عبارت میں آنے سے ان کے مابعد کی حرکت بدل جاتی ہے ٭

عوائب (عَوَا ۔ اِبْ) (ع) مذکر ۔ عیب کی جمع ۔ بُرائیاں ۔ نقائص ٭

عوج بن عوق (عُوْجْ ۔ بِنْ ۔ عُوْقْ) (ع) مذکر (۱) لمبے قد کا ایک شخص، جو حضرت آدمؑ کی بیٹی سے پیدا ہوا اور حضرت موسیٰؑ کے وقت تک زندہ رہا ۔ اس کی عمر ساڑھے تین ہزار برس کی ہوئی ۔ حضرت موسیٰؑ نے اسے مارا (۲) (ظرافتاً) بہت لمبے قد والا (۳) بے وقوف ٭

عود (عَوْدْ) (ع) مذکر ۔ لوٹنا ۔ پھرنا ۔ مراجعت ۔ واپسی ۔ اعادہ ٭ **عود کرنا** (ف) پھر آجانا ۔ اعادہ کرنا ۔ لوٹ آنا ٭

عود (عُوْدْ) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی سیاہ لکڑی، جو آگ میں جل کر نہایت اعلیٰ خوشبو دیتی ہے ۔ اگر (۲) ایک قسم کا ساز ۔ بربط ٭ **عود سوز** (ع ۔ ف) مذکر ۔ عود جلانے کی انگیٹھی ۔ اگردان ٭

عورات (عَوْ ۔ رَاتْ) (ع) مؤنث ۔ عورت کی جمع ٭

عورت (عَوْ ۔ رَتْ) (ع) مؤنث (۱) انسان کے جسم کا وہ حصہ، جس کا کھولنا باعث شرم ہے (۲) (ف) زن ۔ استری ۔ لُگائی ۔ نار (۳) بیوی ۔ جورو ۔ زوجہ ٭ **عورت کی بلا رضامندی** (ف) (قانون) عورت کا اس قدر بدہوش ہونا کہ زنا کی ماہیت نہ سمجھ سکے ٭ **عورت کی عقل گدّی کے پیچھے** ۔ مثل ۔ عورت بے وقوف ہوتی ہے، اس لیے دیر میں سمجھتی ہے ٭ **عورت کی مرضی کے خلاف** (قانون) وہ حالت جب عورت ہوش و حواس میں زنا کے لیے راضی نہ ہو ٭

عوض (عِوَضْ) (ع) مذکر (۱) بدلا ۔ اجر ۔ معاوضہ ۔ تاوان ۔ ڈنڈ ۔ جرمانہ ۔ جزا (۲) بجائے ۔ قائم مقام (۳) (ف) عذاب ۔ تعزیر ۔ سزا ٭ **عوض لینا** (ف) کیے کی سزا دینا ۔ بدلا لینا ٭ **عوض معاوضہ** ۔ مذکر ۔ ادل بدل ۔ الٹا پلٹی ۔ معاوضہ ٭ **عوض معاوضہ گلہ ندارد** (ف) لے دے کر پھر کوئی گلہ شکوہ نہ چاہیے ٭ **عوضانہ** (ف) مذکر ۔ معاوضہ ۔ بدلا ۔ صلہ ٭ **عوضی** (ع) مذکر (۱) قائم مقام (۲) قائم مقامی ٭ **عوضی دینا** (ف) اپنی جگہ کے لیے کوئی دوسرا آدمی دے کر آپ رخصت لینا ٭

عوعو (عَوْ ۔ عَوْ) (ع) مؤنث (۱) کُتّے کے بھونکنے کی آواز (۲) (کنایۃً) ڈینگ ٭

عون (عَوْنْ) (ع) مذکر (۱) مدد ۔ معاونت ۔ کمک (۲) مددگار ٭ **عون اللہ** ۔ خدا کی مدد ۔ مددِ خدا ٭

ع ۔ ہ

عہد (عَہْدْ) (ع) مذکر (۱) وقت ۔ زمانہ ۔ دَور ۔ کال (۲) اقرار ۔ مدار ۔ قول ۔ قرار ۔ سوگند ۔ قسم ۔ مدار (۳) زمانۂ حکومت ۔ بادشاہی کا زمانہ (۴) (ف) پابندی ٭ **عہد توڑنا** (ف) قول قرار پر نہ رہنا ۔ اقرار کے خلاف کرنا ٭ **عہدِ حکومت** (ع) مذکر ۔ سلطنت کا زمانہ ۔ ایامِ حکومت ٭ **عہد شکن** (ع ۔ ف) اپنے قول قرار پر نہ رہنے والا ۔ وعدہ خلاف ٭ **عہد شکنی** ۔ مؤنث ۔ اقرار کے خلاف ۔ وعدہ خلافی ٭ **عہد کر لینا** (ف) (۱) قسم کھا لینا (۲) چھوڑ دینا (۳) قول قرار کر لینا ۔ وعدہ کر لینا ٭ **عہد لینا** ۔ کسی امر کا وعدہ لینا ۔ قسم لینا ٭ **عہد نامہ** (ع ۔ ف) مذکر ۔ اقرار نامہ ۔ وہ کاغذ، جو قول قرار کے وثوق کے لیے لکھا جائے ۔ تحریری معاہدہ ٭ **عہد و پیمان** ۔ مذکر ۔ قول قرار، اقرار مدار، قسما قسمی ٭

عہدہ (عُہْ ۔ دَہْ) (ع) مذکر (۱) ضمانت ۔ ذمہ (۲) مرتبہ ۔ منصب ۔ افسری سرداری ٭ **عہدہ بر آ ہونا** (ف) فرض ادا کر دینا ۔ بری الذمہ ہونا ۔ وعدہ پورا کر دینا ٭ **عہدہ پانا** ۔ درجہ پانا ۔ منصب حاصل کرنا ٭ **عہدہ دار** (ع ۔ ف) مذکر ۔ صاحب منصب ۔ افسر ۔ ذی رتبہ ٭

ع ۔ ی

عیادت (عِیَا ۔ دَتْ) (ع) مؤنث ۔ بیمار کی خبر پوچھنا ۔ بیمار پرسی ٭ **عیادت کرنا** (ف) بیمار کا حال پوچھنا ۔ بیمار پرسی کرنا ٭

عیاذ (عِیَاذْ) (ع) مذکر (۱) پناہ لینا (۲) بُرائی سے بھاگنا ٭ **عیاذاً باللہ** ۔ خدا کی پناہ ۔ میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں ٭

عیّار (عَیْ ۔ یَارْ) (ع) مذکر (۱) چال باز ۔ فریبی ۔ مکار ۔ ٹھگ (۲) ہوشیار ۔ چالاک ٭ **عیّاری** (ف) مؤنث ۔ فریب کاری ۔ چالاکی ۔ دغا ۔ دھوکا ٭

عیار (عِیَارْ) (ع) مذکر (۱) کھرا کھوٹا پن (۲) سونا چاندی تولنے کا کانٹا ٭

عیّاش (عَیْ ۔ یَاشْ) (ع) مذکر (۱) آرام سے رہنے والا (۲) (ف) بدکار ۔ تماش بین ۔ رنڈی باز ٭ **عیّاشی** (ف) مؤنث (۱) عیش و عشرت ۔ تن آسانی (۲) اوباشی ۔ تماش بینی ۔ نفس پرستی ٭ **عیّاشی کرنا** ۔ تماش بینی کرنا ۔ مزے اڑانا ٭

عیال (عِیَالْ) (ع) مذکر ۔ بال بچے ۔ زن و فرزند ۔ متعلقین ٭ **عیال دار** (ع ۔ ف) مذکر ۔ بال بچوں والا ۔ کنبے والا ٭ **عیال داری** ۔ مؤنث ۔ بال بچوں والا ہونا ٭ **عیال داری میں پھنسنا** (ف) بال بچوں میں گرفتاری ۔ گھر بار اور خانہ داری کے جھگڑے بکھیڑے میں گھرنا ٭

عیان (عِیَانْ) (ع) ظاہر ۔ نمودار ۔ کھلا ہوا ۔ علانیہ ۔ الم نشرح ٭ **عیان راچہ بیان** (ع ۔ ف) مثل ۔ ظاہر اور علانیہ چیز کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں ٭

عیب (عَیْبْ) (ع) مذکر ۔ نقص ۔ خرابی ۔ بُرائی ۔ قصور ۔ روگ ۔ داغ ۔ کھوٹ ٭ **عیب بکھاننا** (ف) (۱) نقصان بیان کرنا (۲) بھید کھول دینا ٭ **عیب پوش** (ع ۔ ف) (۱) لوگوں کا عیب چھپانے والا (۲) مذکر ۔ اوپر کا عمدہ لباس ٭ **عیب پوشی** ۔ مؤنث ۔ پردہ پوشی ۔ اغماض ۔ چشم پوشی ٭

عیب جُو ۔ یا ۔ عیب بیں ۔ نقص نکالنے والا ۔ حرف گیر ۔
عیب دار (ف) ناقص ۔ عیبی ۔ جس میں کچھ عیب ہو ۔ عیب سے بری ۔ یا ۔ پاک ہونا (۱) بے عیب ہونا ۔ بے نقص ہونا ۔ عیب کرنے کو بھی ہنر چاہیے (۱) عیب کردن را ہنرے باید (ف) مثل ۔ عیب کرنے کے لیے بھی لیاقت کی ضرورت ہے ۔ بے وقوفی سے تھوڑا عیب بھی بڑا ہو جاتا ہے ۔ عیب گیری (ع ۔ ف) مؤنث ۔ نقص نکالنا ۔ عیب جوئی ۔ عیب گیری کرنا (۱) نقص نکالنا ۔ عیب جوئی کرنا ۔ عیب لگانا (۱) داغ لگانا ۔ کلنک لگانا ۔ بہتان باندھنا ۔ الزام دھرنا (۲) رسوا کرنا ۔ بدنام کرنا (۳) عزت بگاڑنا ۔ عفت میں فرق ڈالنا ۔ عیبی (۱) ناقص ۔ عیب دار (۲) بدذات ۔ شریر (۳) بیمار ۔ مریض ۔ روگی (۴) معیوب ۔

عید (عِیْدْ) (ع) مؤنث (۱) مسلمانوں کے جشن کا روز ۔ خوشی کا تہوار (۲) (۱) بے حد خوشی ۔ عیدِ اضحیٰ ۔ عید الاضحیٰ ۔ مؤنث ۔ مسلمانوں کا وہ تہوار جس میں حج اور قربانیاں کرتے ہیں ۔ بقرعید ۔ عید الفطر ۔ مؤنث ۔ رمضان کے بعد کی عید ۔ وہ عید جس میں فطرہ دیا جائے ۔ عید قربان ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "عید اضحیٰ" ۔ عید کا چاند (۱) مذکر (۱) رمضان کے بعد کا چاند (۲) شوّال کا مہینا (۳) وہ شخص ، جسے مدت کے بعد عین انتظار یا حالتِ اشتیاق میں دیکھیں ۔ قابلِ اشتیاق ۔ عید کا چاند نکلنا (۱) عید کے چاند کا نظر آنا (۲) جس چیز کے مشتاق ہوں ، اس کا نظر پڑنا ۔ عید کا چاند ہونا ۔ بہت کم نظر آنا ۔ بے حد اشتیاق اور آرزو کے بعد ملنا ۔ عید کی نماز ۔ مؤنث ۔ وہ دوگانہ ، جو عید کے دن عید گاہ میں ادا کیا جائے ۔ عید کے پیچھے ٹر ۔ مثل ۔ وقت گزر جانے کے بعد خوشی کی بے موقع نقل کرنا ۔ تہوار نکل گیا تو خوشی کیسی ۔ عید کے پیچھے چاند مبارک ۔ مثل ۔ بے محل مبارک باد دینا ۔ عید گاہ (ع ۔ ف) مؤنث ۔ نماز عید پڑھنے کی جگہ ۔ عید منانا (۱) جشن منانا ۔ خوشی کرنا ۔ عید ہو جانا ۔ یا ۔ ہونا (۱) عید کا تہوار ہونا یا ہو جانا (۲) مراد بر آنا ۔ کمال خوشی ہونا ۔ عیدی ۔ مؤنث ۔ (۱) عید کا خرچ ، جو بچوں کو دیا جائے ۔ عید کا انعام (۲) وہ نظم ، جو استاد کی طرف سے بچوں کو ایک خوش نما کاغذ پر لکھ کر دی جاتی ہے (۳) وہ مٹھائی ، نقدی وغیرہ ، جو عید کے دن سسرال سے آئے یا وہاں بھیجی جائے (۴) وہ خوب صورت کاغذ جس پر عید کے شعر لکھے جاتے ہیں ۔

عیسا ۔ عیسیٰ (عِیْ ۔ سَا) (عبرانی) مذکر (۱) گناہ سے بچانے والا (۲) ایک پیغمبر ، جو باپ کے بغیر حضرت مریمؑ کے بطن سے پیدا ہوئے ۔ عیسا (علیسیٰؑ) بدینِ خود ، موسیٰؑ بدینِ خود (ف) مثل ۔ عیسائی اپنے مذہب پر قائم ہیں تو موسائی اپنے دین پر ۔ ہر شخص اپنے مذہب میں خوش ہے ، دوسرے کے مذہب سے کیا مطلب ؟

عیسائی (عبرانی) (ف) مذکر ۔ حضرت عیسیٰؑ کا پیرو اور انھیں ماننے والا ۔ مسیحی ۔ نصرانی ۔ عیسوی (۱) حضرت عیسیٰؑ سے متعلق (۲) مسیحی (۳) وہ سنہ ، جو حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کے زمانے سے شروع ہوا ، لیکن انگریزی تاریخ کے مطابق ان کے انتقال سے یہ سنہ شروع ہوا ہے ۔

۵۱

عیش (عَیْشْ) (ع) مذکر (۱) عشرت ۔ خوشی ۔ سکھ ۔ چین ۔ آرام ۔ مزہ (۲) (۱) مباشرت ۔ نفس پرستی ۔ عیش اڑانا (۱) (۱) لطف حاصل کرنا ۔ مزے اڑانا (۲) ہم بستر ہونا ۔ مباشرت کرنا ۔ عیش تلخ یا منغص کرنا ۔ عیش و آرام میں خلل انداز ہونا ۔ عیش کا بندہ ۔ مذکر (۱) آرام طلب (۲) عیاش ۔ نفس پرست ۔ عیش وجیش (ع ۔ ف) مذکر ۔ بے حد خوشی ۔ انتہائی مسرت ۔ عیش و عشرت (ع) مذکر (۱) خوشی و خرمی ۔ عیش و نشاط (۲) نفسانی خوشی ۔ رنگ رس ۔

عین (عَیْنْ) (ع) مذکر (۱) آنکھ ۔ چشم ۔ نین (۲) پانی کا چشمہ ۔ سوتا ۔ چشمۂ آفتاب (۳) جوہر ۔ حقیقت (۴) سگا بھائی ۔ حقیقی بھائی (۵) عربی کا اٹھارھواں حرف (۶) (۱) درست ۔ ہو بہو ۔ ٹھیک ۔ عین اتحاد ۔ مذکر (۱) گہرا یارانہ ۔ اصل دوستی ۔ ٹھیک دوستی ۔ عین المال ۔ مذکر (۱) اصل زر (۲) دولت شاہی ۔ خاص سرکاری خزانہ ۔ وہ روپیہ ، جو زمین کے خراج سے وصول ہو ۔ خراج ۔ عین الیقین ۔ مذکر ۔ کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا ۔ عین بعین (۱) بعینہٖ ۔ ہو بہو ۔ ٹھیک ۔ ویسا ہی ٹھیک ۔ عین غین (۱) ہم شکل ۔ ہم صورت ۔ مشابہ ۔ قریب قریب (۲) احول ۔ بھینگا (۳) پھلّی والا ۔ عینک (ع ۔ ف) مؤنث ۔ آنکھ کا چشمہ ۔

عیوب (عُیُوْبْ) (ع) مذکر ۔ عیب کی جمع ۔ برائیاں ۔ نقائص ۔
عیون (عُیُوْنْ) (ع) مذکر (۱) آنکھیں (۲) چشمے (۳) ایک کتاب ۔

غ

غ (غَیْنْ) (ع) مذکر (۱) اردو کا پچیسواں ، فارسی کا بائیسواں اور عربی کا انیسواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے عدد ایک ہزار (۱۰۰۰) فرض کیے گئے ہیں ۔

غ ۔ ا

غاٹیا (غا ۔ ٹیا) }
غاٹیر (غا ۔ ٹیر) } (۱) موٹا اور چھوٹے قد کا آدمی ۔

غار (غَا رْ) (ع) مذکر (۱) کھڈ۔ گڑھا (۲) کھوہ ٭

غارت (غَا۔ رَتْ) (ع) مؤنث (۱) تاخت وتاراج۔ لوٹ کھسوٹ (۲) (ف) برباد۔ تباہ۔ اجاڑ۔ ویران۔ خراب ٭ **غارت غول** (ف) مذکر (عو) (۱) برباد۔ تباہ (۲) برباد شدہ۔ خانہ خراب ٭

غارت غول ہونا (عو) (۱) تباہ وبرباد ہونا (۲) چوری جانا ٭

غارت کرنا (۱) پامال کرنا۔ اجاڑنا۔ تاراج کرنا۔ تباہ وبرباد کرنا (۲) تلف کرنا۔ ضائع کرنا (۳) ناپید کرنا۔ فنا کرنا ٭ **غارت گر** (ع۔ ف) مذکر۔ لٹیرا۔ رہزن۔ قزّاق ٭ **غارت گری**۔ مؤنث۔ تاخت وتاراج۔ لوٹ مار ٭ **غارت گیا** (ف) (عو) تباہ شدہ۔ برباد شدہ۔ اجڑا ہوا۔ خانہ خراب ٭ **غارت ہو** (عو) (دعائے بد) (۱) فنا ہو جائے (۲) تباہ ہو جائے۔ اجڑ جائے ٭

غارت ہونا (۱) لُٹنا (۲) تباہ وبرباد ہونا (۳) اجڑنا (۴) پامال ہونا (۵) گم ہونا۔ ضائع ہونا (۶) جانا۔ رخصت ہونا (۷) مرنا۔ ناپید ہونا ٭

غارتی۔ مؤنث۔ دیکھئے "غارت گیا" ٭

غاریقون (غَا۔ رِیْ۔ قُوْنْ) (یونانی) مذکر۔ ایک دوا ٭

غازہ (غَا۔ زَہْ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا خوشبودار گلابی پوڈر، جو بعض عورتیں خوب صورتی کی غرض سے رخساروں پر مل لیتی ہیں۔ گلگونہ، اُبٹن، اُبٹنا ٭

غازی (غَا۔ زِیْ) (ع) مذکر (۱) کافروں سے لڑنے اور مارنے والا (۲) شجاع۔ بہادر۔ فتح مند۔ سورما ٭ **غازی مرد** (ع۔ ف) مذکر (۱) بہادر آدمی (۲) گھوڑے کا خطاب ٭

غاشیہ (غَا۔ شِیَہْ) (ع) مذکر۔ زین پوش۔ پالان ٭ **غاشیہ بردار** (ع، ف) مذکر (۱) زین پوش کا کونا پکڑ کر چلنے والا۔ خدمت گار۔ سائیس (۲) فرمان بردار ٭

غاصب (غَا۔ صِبْ) (ع) جبراً دوسرے کا مال لینے والا ٭

غافل (غَا۔ فِلْ) (ع) بے خبر۔ بے فکر۔ بے پروا۔ کم توجہ ٭

غالب (غَا۔ لِبْ) (ع) (۱) زبردست۔ غلبے والا (۲) بھاری۔ زیادہ۔ بیش (۳) ضرور۔ اکثر (۴) جیتنے والا۔ فتح یاب (۵) میرزا اسد اللہ خاں دہلوی کا تخلص، جو اردو اور فارسی کے بہت بڑے شاعر گزرے ہیں ٭

غالب آنا (ف) (۱) جیتنا۔ زبر ہو جانا۔ بڑھ جانا (۲) سبقت لے جانا (۳) زیادہ ہونا۔ بھاری ہونا ٭ **غالب تھا**۔ گمان تھا۔ یقین تھا۔ اغلب تھا ٭ **غالب ہے**۔ یقین ہے۔ گمان ہے ٭ **غالباً** (غَا۔ لِبَنْ) (ع) (۱) بالضرور۔ یقیناً (۲) شاید۔ گمان ہے (۳) بظاہر۔ ظاہر ہے ٭

غالی (غَا۔ لِیْ) (ع) (۱) حد سے گزرنے والا (۲) بہت زیادہ (۳) قیمتی (۴) مذکر۔ ایک فرقہ، جو حضرت علیؑ کو خدا مانتا ہے ٭

غالیچہ (غَا۔ لِیْ۔ چَہْ) (ف) مذکر۔ قالین۔ ایک قسم کا اُونی گل کاری کیا ہوا بچھونا ٭

غالیہ (غَا۔ لِیَہْ) (ع) مذکر۔ ایک مرکب خوشبو ٭

غائب (غَا۔ ئِبْ) (ع) جو موجود نہ ہو۔ غیر حاضر۔ مخفی۔ پوشیدہ ٭ **غائب غلّہ** (ف) بالکل غائب ٭ **غائب غلّہ کر دینا**۔ پتا نہ لگنے دینا۔ چھپا دینا۔ اُڑا دینا ٭ **غائب ہونا** (۱) چھپنا۔ پوشیدہ ہونا (۲) جاتا رہنا۔ چوری جانا (۳) موجود نہ ہونا ٭ **غائبانہ** (ع۔ ف) پیٹھ پیچھے۔ غیر حاضری میں ٭ **غائبانی۔ غیبانی** (ف) مؤنث۔ عورت کے لیے ایک گالی یعنی رنڈی وغیرہ ٭

غائر (غَا۔ ئِرْ) (ع) (۱) گہرا (۲) وسیع ٭

غایت (غَا۔ یَتْ) (ع) (۱) انجام۔ انتہا۔ آخر۔ نہایت (۲) بے شمار۔ بے حد۔ از حد ٭ **غایت درجہ** (۱) حد سے زیادہ (۲) اخیر درجہ۔ نہایت۔ انتہائی (۳) آخر الامر ٭

غ - ب

غبار (غُبَارْ) (ع) مذکر (۱) گرد۔ دھول۔ راکھ۔ خاک (۲) رنج۔ ملال (۳) خیرگی۔ تیرگی (۴) (ف) کینہ۔ دشمنی (۵) کُہر۔ دھند ٭

غبار آلودہ (ع۔ ف) گرد میں بھرا ہوا ٭ **غبار آنا** (ف) کدورت آنا۔ رنج آنا ٭ **غبار اٹھنا** (۱) زمین سے گرد کا بلند ہونا۔ آندھی اٹھنا (۲) غلیظ بخارات کا بلند ہونا ٭ **غبارِ خاطر** (ع) مذکر۔ رنجش۔ رنج۔ ملالِ خاطر ٭ **غبار نکالنا** (ف) بَیر نکالنا۔ دشمنی کرنا ٭

غبارا (غُبَا۔ رَا) (ف) مذکر (۱) باریک کاغذ کا بنا ہوا ایک تھیلا، جس کے اندر تیل کی بھیگی ہوئی گیند روشن کر کے ہوا میں اُڑاتے ہیں (۲) ہوائی جہاز۔ طیّارہ۔ ایروپلین (۳) ایک قسم کا گولہ، جس میں آتش بازی بھر کر چھوڑتے ہیں ٭

غبطہ (غِبْ۔ طَہْ) (ع) مذکر۔ رشک ٭

غبغب (غَبْ۔ غَبْ) (ع) مؤنث۔ ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت، جو انسان کے حسن میں داخل ہے ٭

غبن (غَبْنْ) (ع) مذکر۔ خورد برد۔ دست بُرد۔ تغلب۔ خیانت۔ سپرد کیے ہوئے مال کی چوری ٭ **غبن کرنا** (ف) خورد برد کرنا۔ چرانا۔ خیانت کرنا ٭

غبی (غَبِیْ) (ع) (۱) کم عقل (۲) بے وقوف (۳) کند ذہن (۴) وہ شخص، جس کا حافظہ درست نہ ہو ٭

غ - پ

غپ (غَپْ) (ف) مؤنث۔ گپ۔ جھوٹی اور شیخی کی بات۔ لاف وگزاف۔ گھڑت ٭ **غپ شپ**۔ مؤنث۔ جھوٹی سچی بات۔ بیہودہ اور لغو بات چیت ٭ **غپّی۔ غپیّا**۔ مذکر۔ شیخی خورا۔ لپاڑیا۔ لاف زن۔

جھوٹا۔

غپا (غپ۔پا) (ہ) مذکر (۱) جلدی سے اندر اُتر جانے والا (۲) مرد کا آلۂ تناسل۔ ذکر۔ قضیب۔

غپاغپ (غپا۔غپ) (ہ) (۱) پے درپے۔ متواتر۔ بہ کثرت (۲) ملائم چیز کے اندر کسی چیز کے لگاتار گھسنے جانے کی آواز۔

غ۔ت

غت ربود (غت۔ رَبُو۔ د) (ہ) ملا جلا۔ خراب۔ گڑبڑ۔ غائب۔
غت ربود کرنا۔ خراب کر دینا۔ اُڑا دینا۔

غ۔ٹ

غٹ (غٹ) (ہ) مذکر (۱) جتھا۔ گروہ۔ ہجوم (۲) حلق میں اتارے جانے یا نگلنے کی آواز۔ **غٹ پٹ**۔ گتھم گتھا۔ **غٹ پٹ ہوجانا**۔ گتھم گتھا ہوجانا۔ لپٹ جانا۔ **غٹ غٹ پینا**۔ گھونٹ لیے بغیر پینا۔ **غٹاغٹ**۔ متواتر پینے کی آواز۔ **غٹرغٹر پینا**۔ غٹ غٹ پینا۔ **غٹک**۔ غٹکنا کا امر۔ **غٹک جانا۔ غٹکنا**۔ نگل جانا۔ حلق سے اُتار جانا۔ پی جانا۔

غٹرغوں۔ غٹرغول (غُٹر۔ غوں، غٹ۔ غوں) (ہ) مؤنث۔ کبوتر کے بولنے اور گونجنے کی آواز۔

غ۔ث

غثیان (غثیان، غث۔ یان) (ع) مذکر۔ جی متلانا۔ متلی۔

غ۔چ

غچ (غچ) (ہ) مؤنث (۱) چاقو تلوار وغیرہ کے گوشت میں گھسنے کی آواز (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز (۳) وہ آواز جو مجامعت کے وقت نکلتی ہے۔ **غچاغچ** مؤنث۔ دیکھیے غچ۔

غچا (غچ۔چا) (ہ) مذکر۔ دھوکا۔ فریب۔

غچ پچ (غچ۔پچ) (ہ) مؤنث (۱) ازدحام۔ بھیڑ (۲) کچا کچ۔

غچلی (غچ۔لی) (ہ) میلا۔ گندہ۔

غ۔د

غدار (غد۔دار) (ع) (۱) باغی۔ سرکش (۲) (ہ) وسیع۔ کلاں۔ بہت بڑا۔

غدر (غدَر) (ع) مذکر (۱) بغاوت۔ عہد شکنی۔ بے وفائی (۲) ہنگامہ۔ دنگا۔ کھلبلی۔ ہلچل۔ **غدر کرنا۔ یا۔ مچانا** (۱) بلوہ کھڑا کرنا۔ فساد اٹھانا (۲) شور غل مچانا (۳) بدانتظامی پھیلانا (۴) لوٹ کھسوٹ مچانا (۵) باغی ہونا۔ بغاوت کرنا۔

غدود (غُدُود) (ع) مذکر۔ جلد کے اندر کی گانٹھ۔ گلٹی۔

غدیر (غدِیر) (ع) مذکر۔ جوہڑ۔ تالاب۔ گنڈ۔ جھیل۔ ڈابر۔

غ۔ذ

غذا (غِذا) (ع) مؤنث۔ کھانا۔ خوراک۔ طعام۔ **غذائے ثقیل**۔ مؤنث۔ دیر سے ہضم ہونے والی خوراک۔ **غذائے لطیف** مؤنث۔ ہلکی خوراک۔ جلد ہضم ہوجانے والا کھانا۔ **غذائیت**۔ مؤنث۔ غذا ہونا۔

غ۔ر

غرا (غُر۔را) (ع) جید۔ مشہور۔

غرا۔ غرہ (غُرّہ، غُر۔رَہ) (ع) مذکر (۱) چاند کی پہلی تاریخ۔ شب ہلال (۲) گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی، جو ایک درم سے زیادہ نہ ہو (۳) (ہ) تعطیل۔ ناغہ۔ **غرا بتانا۔ یا۔ کرنا** (ہ) (۱) نیز چاند یا بند تاریخ کا وعدہ کرنا (۲) بہانہ کرنا۔ ٹالنا (۳) غیر حاضری کرنا۔ ناغہ کرنا (۴) (ہ) فاقہ کرنا۔

غرابت (غرا۔بت) (ع) مؤنث۔ عجیب پن۔

غرارہ (غرا۔رَہ) (ف) مذکر (۱) حلق میں پانی ڈال کر کلی کرنا (۲) کلی (۳) (ہ) غرغرہ کرنے کی دوائیں (۴) (ہ) ڈھیلا پاجامہ۔ **غرارہ کرنا** (ہ) (۱) کلی کرنا۔ حلق میں پانی ڈال کر خوب ہلانا (۲) دواؤں کی کلی کرنا۔

غراں (غر۔راں) (ف) (۱) گرجنے والا۔ شور کرنے والا (۲) خونخوار۔ غضب ناک۔

غرانا (غر۔را۔نا) (ہ) غصے کی آواز نکالنا۔ شیر کی طرح دہاڑنا۔

غرائب (غرا۔ئب) (ع) مذکر۔ نادر چیزیں۔ عجائب۔

غرب (غرب) (ع) مذکر (۱) سورج ڈوبنا۔ چھپنا (۲) پچھم۔ مغرب۔ قبلے کی جانب۔ **غربی**۔ مغرب کا۔ پچھمی۔

غربا (غُرَبا) (ع) مذکر (۱) غریب (مسافر) کی جمع۔ مسافر لوگ۔ پردیسی۔ غیر ملک کے آدمی۔ اجنبی لوگ (۲) (ہ) کنگال لوگ۔ مفلس۔ محتاج۔

غربال (غر۔بال) (ع) مؤنث۔ آٹا چھاننے کا آلہ۔ چھلنی۔

غربت (غُر۔بت) (ع) مؤنث (۱) مسافرت۔ سیاحت۔ سفر (۲) (ہ) عاجزی۔ انکسار۔ بردباری۔ حلم۔ غریبی (۳) تنگ دستی۔ مفلسی۔

غرش (غُر۔رِش) (ف) مؤنث۔ غرانا۔ غصہ۔

غرض (غرَض) (ع) مذکر (۱) ہدف۔ نشانہ (۲) مقصد۔ مطلب۔ حاجت (۳) نیت۔ ارادہ۔ قصد (۴) خواہش۔ چاہ۔ ضرورت (۵) قصہ مختصر۔ حاصل کلام۔ بس۔ **غرض آشنا**۔ مطلبی۔ غرضی۔

گوں کا یار ٭ غرض باؤلی ہوتی ہے (و) مثل۔ مطلب انسان کو پاگل اور احمق بنا دیتا ہے ٭ غرض رکھنا۔ مطلب رکھنا۔ تمنا رکھنا۔ امید رکھنا ٭ غرض کا باؤلا یا دیوانہ (و) مذکر۔ مطلب کا دیوانہ۔ گوں کا یار ٭ غرض کرنا (۱) اپنا مطلب نکالنا (۲) سستا یا اونے پونے بیچنا ٭ غرض مند (ع۔ف) خواہش مند۔ خواہاں۔ طالب۔ حاجت مند ٭ غرض نکالنا (و) (۱) کام نکالنا۔ مطلب پورا کرنا (۲) مقصد میں کامیاب ہونا ٭ غرضی۔ مذکر۔ غرض مند۔ خواہاں۔ لاگو ٭ غرضیکہ۔ حاصل کلام یہ کہ۔ قصہ کوتاہ۔ القصہ ٭

غرغرہ (غَر۔غَرَہ) (ع) مذکر۔ دیکھیے غرارہ ۱-۲-۳ ٭

غرفش (غُر۔فِش) (و) مؤنث۔ بحث تکرار۔ غصے کی باتیں ٭

غرفہ (غُر۔فَہ) (ع) مذکر (۱) کھڑکی۔ دریچہ۔ جھروکا (۲) گوشۂ تنہائی۔ خلوت ٭ غرفے کی بات چیت (و) مؤنث۔ پوشیدہ باتیں، جو علیحدگی میں کی جائیں۔ خلوت کی باتیں ٭

غرق (غَر۔قْ) (ع) مذکر (۱) سر سے پانی گزر جانا (۲) غریق۔ ڈوبا ہوا (۳)، (و) نشے میں چُور۔ مست۔ سرشار۔ بے خود (۴) محو۔ مستغرق ٭ غرق ہونا (و) (۱) ڈوبنا (۲) بے حد مشغول و معروف ہونا ٭ غرقاب (ع۔ف) (۱) پانی میں ڈوبا ہوا۔ بالکل غرق (۲) (و) نشے میں چُور (۳) بھنور۔ گرداب۔ گہرا پانی (۴) (و) نہایت مشغول۔ از حد معروف ٭ غرقی (ع) مؤنث (۱) پانی میں ڈوبی ہوئی زمین (۲) ڈوبا ہوا (۳) (و) پستی۔ نشیب (۴) لنگوٹی ٭

غروب (غُر۔رُوْب) (ع) مذکر۔ ڈوبنا۔ سورج کا چھپنا ٭

غرور (غُر۔رُوْر) (ع) مذکر۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ فخر۔ گمان۔ دماغ ٭ غرور کا سر نیچا (و) مثل۔ تکبر کرنے والا ضرور ذلیل ہو کر رہتا ہے۔ آخر غرور کرنے والے کو سزا مل جاتی ہے ٭ غرور کرنا۔ فخر کرنا۔ ناز کرنا۔ اترانا ٭

غرّہ (غِر۔رَہ) (ع) مذکر (۱) گھمنڈ۔ غرور (۲) مغرور ٭ غرّہ ہونا (و) فخر ہونا۔ گھمنڈ ہونا ٭

غریب (غَرِیْب) (ع) مذکر (۱) مسافر۔ بیگانہ۔ اجنبی (۲) انوکھا۔ عجیب (۳) (و) مسکین۔ عاجز (۴) (و) نادار۔ مفلس ٭ غریب الوطن۔ مذکر۔ پردیسی۔ مسافر۔ بے وطن ٭ غریب پرور (ف) غریبوں کو پالنے والا۔ حاکموں یا بلند مرتبہ اشخاص کے متعلق بولتے اور لکھتے ہیں ٭ غریب حرام زادہ (و) مذکر۔ وہ شخص، جس کی صورت تو مسکینوں جیسی ہو اور افعال بدذاتوں جیسے ٭ غریب خانہ (ف) مذکر (۱) وہ مکان، جہاں غریبوں کو کھانا اور رہنے کے لیے جگہ ملے (۲) (و) غریب کا گھر۔ جھونپڑا (۳) کسرِ نفسی کے طور پر اپنے مکان کے متعلق بھی کہا جاتا ہے ٭ غریب زادہ (ع۔ف) مذکر (۱) مسافر زادہ (۲) حرامی ٭ غریب غربا (ع) (و) مذکر۔ بھوکے ننگے۔ کنگال۔ محتاج ٭ غریب کو جب میسّر آئے، امیر کو جب بھوک لگے۔ مقولہ۔ غریب کو کھانا اُس وقت کھانا چاہیے، جب مل جائے اور امیر کو جب بھوک لگے ٭ غریب کی جورو، سب کی بھابی۔ مثل۔ غریب کو ہر ایک بُرا بھلا کہہ سکتا ہے۔ غریب پر ہر ایک کا بس چل سکتا ہے ٭ غریب نواز (ف) دیکھیے "غریب پرور" ٭ غریب (غریبوں) نے روزے رکھے، دن بڑے آئے (و) مثل۔ مصیبت میں مصیبت آتی ہے، غریب کی ہر طرح شامت ہے ٭ غریبا مؤ (غَرِی۔بَا۔مُؤ) (و) غریبوں جیسا۔ دال دلیا۔ روکھا سوکھا ٭ غریبانہ (ف) غریب کی مانند۔ غریبوں جیسا ٭ غریبی (ع۔ف) مؤنث (۱) مسافرت (۲)، (و) انکسار۔ عاجزی (۳) محتاجی۔ مفلسی ٭ غریبی آنا (و) محتاج ہونا۔ مفلسی آنا ٭

غریزی (غَرِیْ۔زِیْ) (ع) اصلی۔ طبعی۔ جبلّی ٭

غریق (غَرِیْق) (ع) (۱) ڈوبا ہوا (۲) سمایا ہوا (۳) نہایت معروف۔ محو ٭ غریقِ رحمت۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور عنایت میں ڈوبا ہوا۔ مغفور۔ مرحوم ٭ غریقِ رحمت ہو۔ اللہ جنت نصیب کرے۔ اللہ بخشے ٭

غِریو (غِرِیْو) (ف) مذکر (۱) شور و غوغا (۲) فریاد ٭

غ۔ڑ

غڑاپ (غَڑَا پ) (و) مذکر۔ پانی میں ڈوبنے کی آواز ٭ غڑاپ سے۔ پھرتی سے۔ جلد ٭

غڑپ (غَڑَپ) (و) مؤنث (۱) ڈوبنے کی آواز (۲) کسی چیز کے فوراً اندر داخل ہونے یا نکلنے کی آواز ٭ غڑپ سے۔ جلدی سے ٭ غڑپ شڑپ۔ مؤنث (۱) جلد کھا جانا (۲) جلد جلد باتیں کرنا ٭

غ۔ز

غزا (غَزَا) (ع) مذکر۔ دین کے دشمن سے جنگ کرنا۔ کافروں سے لڑنا۔ جہاد ٭

غزال (غَزَال) (ع) مذکر۔ ہرن کا بچہ۔ ہرَوٹا ٭ غزال چشم (ع۔ف) بڑی بڑی آنکھوں والا۔ معشوق ٭

غزالی (غَزْ۔زَا۔لِیْ) (ع) مذکر۔ امام محمد غزالیؒ ٭

غزل (غَزَل) (ع) مؤنث (۱) معشوق سے کھیلنا۔ عورتوں سے بات چیت، جوانی اور ہم صحبتی کا ذکر۔ عورتوں کے عشق کا ذکر (۲) (اصطلاحی) وہ نظم، جس میں حسن و جمال۔ فراق و وصال، شراب و کباب، فنا و معرفت، تعریف یا ہجو و نصیحت وغیرہ کا ذکر ہو ٭ غزل پڑھنا (و) غزل سنانا، غزل خوانی کرنا ٭ غزل خواں (ع۔ف)

مذکر۔ غزل پڑھنے یا سنانے والا ٭ غزل خوانی۔ مؤنث۔ غزلوں کا پڑھا جانا۔ شاعرہ ٭ غزل کہنا (ا) غزل لکھنا۔ شعر کہنا ٭
غزوات (غَزَ۔ وَاتْ) (ع) مذکر۔ غزوہ کی جمع۔ کافروں سے مسلمانوں کی لڑائیاں ٭
غزوہ (غَزْ۔ وَہْ) (ع) مذکر۔ اسلام کے لیے کافروں سے مسلمانوں کی جنگ، جس میں رسولِ کریمؐ یا امام وقت شریک ہوں ٭

غ۔س

غسّال (غَسْ۔ سَالْ) (ع) مذکر۔ نہلانے والا۔ مُردے کو غسل دینے والا ٭ غسّالہ۔ مؤنث۔ مُردوں کو نہلانے والی عورت ٭
غسل (غُسْلْ) (ع) مذکر۔ دھونا۔ سارے جسم کا دھونا۔ نہانا۔ اشنان ٭ غسل خانہ (ع۔ ف) مذکر۔ نہانے کی جگہ۔ حمّام ٭ غسلِ صحّت (ع) مذکر۔ بیماری سے اٹھ کر نہانا۔ صحت حاصل کرکے نہانا ٭ غسل کرنا (ا) نہانا۔ حمّام کرنا۔ اشنان کرنا ٭ غسلِ میّت (ع) مذکر۔ مُردے کو نہلانا۔ مُردے کا غسل ٭

غ۔ش

غَش (غَشْ) (ف) مذکر (۱) بے ہوشی۔ سکتہ (۲) (ا) فریفتہ، عاشق، مفتون، شیفتہ ٭ غش آنا۔ یا۔ ہونا (ا) (۱) بے ہوش ہونا۔ متحیّر ہونا (۲) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا ٭ غش کھا کر گرنا۔ یا۔ غش کھانا (۱) بے ہوش ہو کر گر جانا۔ بے ہوش ہو جانا (۲) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا ٭ غشی (ع) مؤنث۔ بے ہوشی۔ بے خبری ٭
غِشّ (غِشّ) (ع) مذکر (۱) کھوٹ۔ کدورت (۲) تشویش ٭

غ۔ص

غصب (غَصَبْ) (ع) مذکر۔ زبردستی لینا۔ دبا لینا۔ خیانت مجرمانہ۔ بد دیانتی ٭ غصب کرنا (ا) زبردستی یا ظلم سے لینا۔ کسی کا حق زبردستی سے رکھ لینا ٭
غصّہ (غُصْ۔ صَہْ) (ع) مذکر (۱) وہ رنج جس سے گلا گھٹ جائے (۲) (ا) رنجش۔ خفگی۔ عتاب ٭ غصّہ اتارنا۔ ناراض کسی سے ہونا اور اس کا بدلا کسی سے لینا ٭ غصّہ بہت، زور تھوڑا، مار کھانے کی یہی نشانی (ا) مثل۔ کمزور کا غصہ اس کی شامت کا موجب ہوتا ہے ٭ غصّہ پینا۔ یا۔ تھوک دینا۔ یا۔ تھوک ڈالنا۔ غم کھانا۔ غصہ دور کرنا۔ جوش روکنا۔ معاف کرنا ٭ غصّہ چڑھنا۔ طیش آنا۔ خفگی ہونا۔ عتاب ہونا ٭ غصّہ دلانا۔ ناراض کرنا۔ خفا کرنا۔ اکسانا۔ بھڑکانا ٭ غصّہ کرنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا ٭ غصّہ مارنا۔ دیکھیے "غصّہ پینا" ٭ غصّہ ناک پر ہونا۔ ذرا ذرا سی بات پر بگڑ جانا۔ ہر وقت غصّہ موجود رہنا۔ بات بات پر غصّہ آنا ٭ غصّہ نکالنا۔ انتقام سے دل ٹھنڈا کرنا۔ دل کا بخار نکالنا ٭ غصّے سے بھوت ہو جانا۔ غصّے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا ٭ غصّے میں بھر جانا۔ یا۔ لال ہو جانا۔ غضب کے مارے آپے سے باہر ہو جانا۔ غضب ناک ہو جانا ٭ غصّے ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا ٭ غُصیل۔ یا۔ غصیلا۔ مذکر۔ غصّے والا۔ تند مزاج۔ بد مزاج ٭

غ۔ض

غضب (غَضَبْ) (ع) مذکر (۱) قہر۔ غصّہ۔ خفگی۔ کرودھ (۲) (ا) فساد۔ فتنہ۔ مصیبت۔ آفت (۳) زبردستی۔ بے انصافی۔ ستم۔ ظلم (۴) تعریف اور مبالغے کا کلمہ (۵) بلا خیز۔ آفت کا پرکالہ ٭ غضب آلودہ (ا) غصّے میں بھرا ہوا۔ غضب ناک ٭ غضب آنا۔ یا۔ پڑنا (۱) غصّے میں آنا (۲) شامت آنا۔ آفت آنا۔ مصیبت یا صدمہ پیش آنا ٭ غضب الٰہی۔ مذکر (۱) قہر خدا۔ بلائے آسمانی۔ انتقام آسمانی (۲) (دعائے بد۔ عو) آسمانی بلا ٹوٹے۔ خدا کا غضب پڑے ٭ غضب توڑنا (۱) ظلم ڈھانا۔ فساد برپا کرنا (۲) غصّہ کرنا ٭ غضب ٹوٹنا۔ خفگی ہونا۔ مصیبت پڑنا۔ آفت آنا ٭ غضب خدا کا (کلمۂ تنفر و حیرت) (۱) خدا کا قہر پڑے (۲) یہ کیا قہر الٰہی ہو گیا ٭ غضب ڈھانا (۱) نہایت ظلم کرنا۔ سخت بلا یا آفت آنا (۲) کوئی انوکھی بات یا عجیب کام کرنا ٭ غضب کرنا (۱) آفت برپا کرنا۔ ظلم ڈھانا (۲) کوئی بے جا اور نامناسب بات کرنا۔ برا کرنا (۳) انوکھی بات کرنا (۴) اندھیر کرنا ٭ غضب کی (۱) از حد۔ بے طرح (۲) تعریف کے قابل ٭ غضب میں پڑنا۔ یا۔ گرفتار ہونا۔ آفت میں پڑنا۔ مصیبت یا بلا میں گرفتار ہونا ٭ غضب ناک (ع۔ ف) غصّے میں بھرا ہوا۔ تند۔ خفا ٭ غضب ناک ہونا (ا) (عو) غصّے میں لال ہونا۔ خفا ہونا۔ غصّے ہونا ٭ غضب ہونا (۱) کام بگڑنا۔ کوئی بے جا حرکت ہونا (۲) بے حد حسین اور طرح دار ہونا۔ قیامت ہونا ٭ غضبن۔ مؤنث۔ مکّارہ۔ عیّارہ۔ آفت کی پڑیا ٭ غضبی۔ مذکر (۱) غضب ناک۔ بد مزاج۔ غصیلا (۲) بے ڈھب۔ آفت (۳) نڈر۔ دلیر (۴) ظلمی۔ ظالم ٭
غضنفر (غَضَنْ۔ فَرْ) (ع) مذکر (۱) شیر درندہ (۲) بہادر ٭

غ۔ف

غفف (غَفَفْ) (ا) (غفص کا مخفف، جو گنبز کا معرّب ہے)

موٹا۔ دَل دار۔ دبیز۔ وہ کپڑا، جو خوب ٹھوک کر بنا گیا ہو ٭

غفار (غَفْ۔ فَار) (ع) (۱) معاف کرنے والا۔ خطا پوش (۲) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ٭

غُفران (غُفْ۔ رَان) (ع) مذکر۔ گناہوں کا بخشا جانا ٭

غفرلہ (غُفِرَ۔ لَہُو) (ع) اُس کے لیے بخشش کی جائے۔ خدا اسے مغفرت کرے ٭

غفلت (غَفْ۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) چُوک۔ بھول۔ بے پروائی۔ بے خبری۔ بے توجہی۔ تغافل (۲) (و) غشی۔ بے ہوشی (۳) خواب۔ نیند۔ اونگھ ٭ **غفلت کا پردہ پڑجانا** (و) بے خبر اور مدہوش ہوجانا۔ خوابِ خرگوش میں آجانا ٭ **غفلت کرنا** (۱) خبر نہ لینا (۲) کوتاہی کرنا ٭

غفور (غَفُور) (ع) (۱) معاف کرنے والا۔ خطا بخشنے والا۔ آمرزگار (۲) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ٭ **غفورٌ رحیم** (۱) بخشنے اور رحم کرنے والا (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ٭

غفیر (غَفِیر) (ع) کثیر۔ انبوہ۔ بہت۔ ٹھٹ ٭

غ۔ل

غُل (غُل) (ف) مذکر (۱) غوغا۔ شور۔ فریاد و فغاں (۲) ہنگامہ۔ بلوہ۔ شورش ٭ [بعض محققین کے نزدیک یہ لفظ فارسی نہیں، بلکہ اردو یا ہندی ہے۔ ہماری رائے میں بھی یہ فارسی تو نہیں، لیکن "غلغل" کا مخفف ہوسکتا ہے ٭] **غُل غپاڑا** (و) مذکر۔ شور و غوغا۔ آہ و فریاد۔ واویلا ٭ **غُل کرنا۔ یا۔ مچانا**۔ چیخنا۔ چلّانا۔ پکارنا۔ شور کرنا ٭

غلاظت (غَلَا۔ ظَت) (ع) مؤنث (۱) گاڑھاپن (۲) (و) گندگی۔ ناپاکی۔ نجاست۔ میلاپن ٭

غلاف (غِلَاف) (ع) مذکر (۱) پوشش (۲) نیام۔ میان (۳) تکیے وغیرہ کے اوپر کا کپڑا (۴) خول ٭ **غلاف کرنا** (و) (۱) شیرہ چڑھانا (۲) تلوار کو میان میں ڈالنا ٭ **غلافنا۔ یا۔ غلیفنا**۔ شیرہ چڑھانا۔ شیرے میں غوطہ دینا ٭ **غلافی آنکھ**۔ مؤنث۔ پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی بڑی، لمبوتری اور جھکی ہوئی آنکھ ٭

غلام (غُلَام) (ع) مذکر (۱) لڑکا۔ نوجوان (۲) داس۔ خدمتی۔ خانہ زاد (۳) (و) (کلمۂ عجز و انکسار) فدوی۔ نیازمند۔ نوکر۔ ملازم۔ نمک خوار (۴) تاش کا ایک تصویر دار پتا ٭ **غلام بنانا** (و) مطیع بنانا۔ تابع یا فرماں بردار بنانا ٭ **غلام بے درم** (ع۔ف) مذکر۔ بے دام غلام۔ ادنیٰ غلام ٭ **غلام زرخرید** (و) مذکر۔ خریدا ہوا بردہ۔ چیلا ٭ **غلام کرنا**۔ فرماں بردار بنانا۔ تابع بنانا ٭ **غلام گردش** (ع۔ف) مؤنث (۱) وہ دیوار، جو حرم سرا اور دیوان خانے کے درمیان حائل ہو۔ پردے کی دیوار (۲) برآمدہ، جس میں نوکر چاکر غلام وغیرہ حاضر رہتے ہیں ٭ **غلام مال** (و) مذکر۔ وہ چیز، جو مدتوں کام دے اور غلام کی طرح ہر کام میں موجود رہے ٭ **غلام ہونا**۔ مطیع اور فرماں بردار ہونا۔ تابع ہونا ٭

غلاموں۔ مذکر۔ غلام کی جمع ٭ **غلامی** (ف) مؤنث (۱) فرماں برداری۔ اطاعت۔ حلقہ بگوشی (۲) (و) اسیری۔ قید ٭ **غلامی اختیار کرنا** (و) نوکری قبول کرنا۔ غلام بننا ٭ **غلامی کا خط لکھ دینا**۔ غلام ہوجانے یا بن جانے کا عہد و پیمان کر دینا ٭ **غلامی میں دینا**۔ ٹہل کرنے کے لیے دینا۔ خدمت کو دینا ٭

غلبہ (غَلَبَہ) (ع) } مذکر (۱) زور آوری۔ زبردستی (۲) جیت۔
غلبہ (غَلْ۔ بَہ) (ف) } زور۔ حملہ (۳) بیشی۔ زیادتی (۴) فوقیت۔ ترجیح ٭ **غلبۂ رائے** (ف) مذکر۔ رائے کی زیادتی۔ کثرتِ رائے ٭ **غلبہ کرنا** (و) غالب آنا۔ فتح پانا۔ حملہ کرنا ٭

غلط (غَلَط) (ع) (۱) غیر صحیح۔ نادرست (۲) (و) بےجا۔ خلاف۔ جھوٹ ٭ **غلط العام**۔ مذکر (۱) عام غلطی، جسے تمام لوگ استعمال کریں (۲) اصطلاحاً وہ بات، جسے بالاتفاق تمام زبان دانوں نے بھی فصاحت کے باعث اپنے محاورے میں استعمال کیا ہو ٭ **غلط العام فصیح**۔ مثل۔ جو غلطی عام لوگوں سے شروع ہو کر خاص لوگوں یعنی ثقات تک جا پہنچی ہو، وہ درست تسلیم کر لی جاتی ہے ٭ **غلط العوام**۔ مذکر۔ وہ غلطی، جو ناواقف لوگ جہالت اور بے علمی کے باعث کرتے ہیں اور ان کی وہ بات قابلِ سند خیال نہیں کی جاتی ٭ **غلط بردار** (ع۔ف) مذکر (۱) لفظ مٹانے کی چیز۔ ربڑ (۲) وہ کاغذ، جس سے لفظ بہ آسانی اڑ سکیں ٭ **غلط ٹھہرانا** (و) غلط ثابت کرنا۔ جھوٹا قرار دینا ٭ **غلط فہمی** (ع۔ف) مؤنث۔ خطا۔ بھول۔ بے سمجھی ٭ **غلط نامہ** (و) مذکر۔ فہرستِ اغلاط۔ صحت نامہ ٭

غلطی۔ مؤنث۔ سہو۔ خطا۔ بھول چوک۔ غلط فہمی۔ دھوکا۔ فروگذاشت ٭ **غلطی کرنا۔ یا۔ کھانا، غلطی میں پڑنا**۔ خطا کرنا۔ دھوکا کھانا۔ بھولنا ٭ **غلطیاں**۔ مؤنث۔ غلطی کی جمع ٭

غلطان (غَلْ۔ طَان) (ف) (۱) لڑھکتا ہوا۔ لوٹتا ہوا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا کپڑا ٭ **غلطان و پیچاں**۔ سوچ بچار میں۔ حالتِ فکر میں۔ متفکر۔ پیچ و تاب میں ٭

غلطک (غَلْ۔ طَک) (ف) مؤنث (۱) گاڑی کی دھری (۲) کنوئیں پر چرخی کی جگہ لگا کر پانی نکالنے والی سوراخ دار لکڑی (۳) کروٹ بدلنا

غلطہ (غَلْ۔ طَہ) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کا موٹا کپڑا (۲) نیام (۳) غلاف ٭

غلظت (غِلْ۔ ظَت) (ع) مؤنث (۱) گاڑھاپن (۲) کثافت۔ گندگی (۳) دبیز پن۔ موٹائی ٭

غلغل (غُلْ-غُلْ) (ف) مذکر۔ پرندوں خصوصاً بلبلوں کا مستی سے شور کرنا ٭ غُلغُلَہ۔ مذکر (۱) شور۔ غل۔ غوغا (۲) (ل) دھاک۔ شہرہ ٭

غلک۔ یا۔ غولک (غُلْ-لَکْ، غُوْ-لَکْ) (ت) مؤنث۔ وہ برتن، جس میں آمدنی ڈالتے رہتے ہیں۔ نقدی رکھنے کا ظرف ٭ غلک میں دھرنا (ل) جمع کرنا۔ جیب میں رکھنا ٭

غلمان (غِلْ-مَانْ) (ع) مذکر (۱) غلام کی جمع۔ نوعمر لڑکے (۲) وہ مخلوق، جو اہلِ جنّت کی خدمت کے لیے ہوگی ٭

غلمٹا (غُلَمْ-ٹَا) (ل) مذکر (۱) بچّہ۔ غلام (۲) تاش کا ایک پتّا ٭

غلوّ (غُلُوّ) (ع) مذکر (۱) ہجوم (۲) حد سے گزرنا (۳) علم معانی کی اصطلاح میں مبالغے کی ایک قسم، جس کی تعریف یہ ہے کہ متکلم کا مدّعا حسب عقل و عادت محال ہو ٭

غل و غش (غِلّ-و-غِشّ) (ع-ف) مؤنث (۱) کدورت (۲) کھوٹ (۳) تشویش ٭

غلول (غُلُوْلْ) (ف) مذکر۔ غُلّہ مارنے کی کمان ٭

غلولہ (غُلُوْ-لَہ) (ف) مذکر۔ گولی۔ غُلّہ ٭

غلّہ (غَلْ-لَہ) (ع) مذکر (۱) اناج۔ زمین کی پیداوار۔ اَن (۲) (ل) نقدی رکھنے کا ظرف ٭ غلّہ فروش (ع-ف) مذکر۔ اناج بیچنے والا۔ بنیا۔ بقّال ٭

غُلّہ (غُلْ-لَہ) (ل) مذکر۔ مٹّی کی گولی، جو غلیل میں رکھ کر چلائی جاتی ہے ٭

غَلَیان (غَلَیَانْ) (ع) مذکر۔ غلبہ۔ جوش ٭

غلیان (غَلْ-یَانْ) (ف) حقّہ۔ قلیان ٭

غلیظ (غَلِیْظْ) (ع) (۱) گاڑھا۔ دبیز۔ موٹا (۲) دھندلا۔ مکدّر۔ (۳) (ل) میلا۔ پلید۔ ناپاک ٭

غلیل (غُلَیْلْ) (ل) مؤنث۔ وہ کمان، جس میں غُلّہ رکھ کر مارتے ہیں ٭ غلیل باز۔ یا۔ غلیل چی (ل) مذکر۔ غلیل چلانے والا۔ غُلّہ مارنے والا ٭ غُلیلَہ۔ مذکر۔ دیکھیے "غُلّہ" ٭

غلیواز (غَلِیْ-وَازْ) (ع) مؤنث۔ زغن۔ چیل ٭

غ-م

غم (غَمْ) (ع) مذکر (۱) الم۔ ملال۔ رنج (۲) تکلیف۔ درد۔ دُکھ (۳) (ل) ماتم۔ سوگ (۴) تاسّف۔ افسوس (۵) دھیان۔ خیال (۶) چنتا۔ فکر۔ سانسا ٭ غم خوار (ع-ف) (۱) غم کھانے والا۔ دُکھ درد کا ساتھی۔ دردمند۔ ہمدرد (۲) (ل) بُردبار۔ متحمّل ٭ غم خواری (ل) مؤنث (۱) دردمندی۔ ہمدردی (۲) برداشت۔ تحمّل ٭ غم خواری کرنا۔ غم گساری کرنا۔ ہمدردی کرنا ٭ غم دیدہ۔ غم رسیدہ۔ غم زدہ (ع-ف) مصیبت کا مارا۔ دُکھی ٭ غم غلط کرنا (ل) تفریح طبع کرنا۔ دل بہلانا ٭ غم کدہ۔ غمکدہ (ع-ف) مذکر۔ غم یا مصیبت کا گھر ٭ غم کرنا (ل) (۱) رنج کرنا (۲) افسوس کرنا (۳) نوحہ کرنا۔ ماتم کرنا (۴) سوگ رکھنا (۵) چنتا کرنا۔ فکر کرنا (۶) کڑھنا۔ اپنا جی کُڑھانا ٭ غم کھانا (۱) دُکھ اٹھانا (۲) فکر کرنا (۳) افسوس کرنا۔ ہمدردی کرنا (۴) جھیلنا۔ تحمّل کرنا ٭ غم گسار (ف) مذکر (۱) غم خوار۔ دردمند۔ ہمدرد (۲) (ل) تیماردار۔ بیمار کی خبرگیری کرنے والا ٭ غم گساری (ل) مؤنث (۱) دیکھیے "غم خواری" (۲) بیمارداری۔ تیمارداری ٭

غم گین۔ غمگین۔ غمناک (ع-ف) (۱) دُکھی۔ مغموم، دلگیر، رنجیدہ (۲) پژمردہ خاطر۔ اُداس ٭ غم نداری بز بخر (ف) مثل۔ فکر نہیں تو بکرا پال لے۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب خواہ مخواہ کوئی بلا مول لے ٭ غمی (ل) مؤنث (۱) غم۔ دُکھ۔ رنج (۲) سوگ۔ ماتم ٭

غمّاز (غَمْ-مَازْ) (ع) (۱) آنکھ سے اشارہ کرنے والا (۲) سخن چین۔ چغل خور ٭ غمّازی (ع-ف) مؤنث۔ چغل خوری (۲) (ل) بدگوئی۔ عیب چینی ٭

غمزہ (غَمْ-زَہ) (ع) مذکر (۱) آنکھ مارنا۔ اشارہ (۲) عشوہ۔ رمز (۳) (ل) نخرا۔ ناز (۴) چوچلا۔ لاڈ۔ پیار۔ اخلاص ٭ غمزہ اٹھانا (ل) نازبرداری کرنا ٭ غمزہ جتانا۔ یا۔ دکھانا۔ ناز دکھانا۔ اِترانا۔ نخرا کرنا ٭

غ-ن

غَنَا (غَنَا) (ع) مذکر۔ فائدہ۔ نفع۔ سود ٭

غِنا (غِنَا) (ع) مؤنث (۱) دولت مندی۔ تونگری (۲) بے پروائی۔ بے نیازی ٭

غِنا (غِنَا) (ع) مذکر۔ نغمہ۔ راگ۔ گیت۔ گانا ٭

غَنّا (غَنْ-نَا) (ع) کسی چیز کے ہجوم کی جگہ۔ گھنا۔ گنجان ٭

غنائم (غَنَا-اِمْ) (ع) مذکر۔ غنیمت کی جمع۔ لوٹ کا مال ٭

غُنج (غُنْجْ) (ع) مذکر۔ کرشمہ۔ ناز ٭

غنچہ (غُنْ-چَہ) (ف) مذکر (۱) کلی۔ بے کھلا پھول (۲) تنگ منہ (۳) نہایت آباد اور معمور مقام ٭ غنچہ چٹخنا۔ یا۔ چٹکنا (ل) پھول کھلنا۔ کلی کا کِھلنا ٭ غنچہ دہان۔ یا۔ دہن (ف) مذکر (۱) چھوٹے سے منہ والا معشوق (۲) (مجازاً) کم سِن محبوب ٭ غنچۂ ناشگفتہ۔ مذکر (۱) بے کِھلا پھول۔ منہ بند کلی (۲) (ل) کنواری۔ دوشیزہ۔ کنیا۔ باکرہ ٭

غُنڈا (غُنْ-ڈَا) (ل) گنڈا۔ بدمعاش۔ شہدا۔ لچّا۔ بدچلن۔ بدوضع (۲) قلتبان۔ بھڑوا ٭

غُنغُنا۔ غُنغُنا (غُنْ-غُنَا) (ل) مذکر۔ ناک میں بولنے والا ٭ غُنغُنا نا (۱)

ناک میں بولنا (۲) آہستہ آہستہ کچھ گانا یا شعر پڑھنا ۔ غُنغُنی ۔ یا ۔
غُنغُنی ۔ مؤنث ۔ ناک میں بولنے والی عورت ۔
غنودگی (غُنُو ۔ دَگی) (ف) مؤنث ۔ اونگھ ۔ خمار ۔ نیند ۔ غنودگی آنا
(۱) اونگھنا ۔ نیند آنا ۔
غنّہ (غُن ۔ نَہ) (ع) مذکر (۱) ناک کی آواز (۲) وہ نون ، جس کی آواز
ناک سے نکلے ۔
غنی (غَنی) (ع) دولت مند ۔ بے پروا ۔ بے نیاز ۔ دھنی ۔ امیر ۔
غنیم (غَنیم) (ع) مذکر (۱) لٹیرا ۔ لوٹنے والا (۲) حریف ۔ مخالف ۔
دشمن ۔ غنیم چڑھ آنا (۱) دشمن کا اپنے ملک پر چڑھ آنا ۔
غنیمت (ع) مؤنث (۱) لوٹ کا مال ۔ وہ مال ، جو بے محنت ہاتھ
آئے (۲) (۱) قابل قدر چیز (۳) فائدہ مند ۔ عمدہ ۔ بہتر ۔
غنیمت جاننا (۱) عزت کرنا ۔ قدر کرنا ۔ غنیمت ہے ۔
بہتر ہے ۔ کافی ہے ۔ شکر کا مقام ہے ۔

غ - و

غوّاص (غَوْ ۔ وَاص) (ع) مذکر ۔ غوطہ خور ۔ غوطہ لگانے والا ۔
غوّاصی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ غوطہ خوری ۔
غوامض (غَوَا ۔ مِض) (ع) مذکر و مؤنث ۔ چھپی ہوئی باتیں ۔ دقیقے ۔
نکتے ۔ باریکیاں ۔ بھید ۔
غوث (غَوْث) (ع) مذکر (۱) فریاد کو پہنچنے والا (۲) اہل اسلام میں
ولایت الٰہی کا ایک درجہ ۔
غور (غَوْر) (ع) مذکر و مؤنث (۱) تہ ۔ عمق ۔ گہراؤ (۲) (۱) فکر ۔
سوچ ۔ بچار (۳) خبرگیری ۔ غور پرداخت (ع ۔ ف)
مؤنث (۱) توجہ ۔ خیال ۔ خبرگیری (۲) علاج معالجہ (۳) پرورش ۔
غور طلب (۱) سوچنے اور سمجھنے کے لائق ۔ قابل فکر ۔
غور کرنا (۱) سوچنا ۔ دھیان کرنا ۔ فکر کرنا (۲) توجہ کرنا (۳) علاج معالجہ
کرنا (۴) خبرگیری کرنا ۔
غور (غَوْر) (ف) مذکر ۔ عجم کا ایک ملک ۔ غوری (۱) غور کا
رہنے والا ۔ غور سے منسوب (۲) ایک طشت نما برتن ، جس
میں پلاؤ وغیرہ کھایا جاتا ہے ۔
غورہ (غَوْ ۔ رَہ) (ف) مذکر (۱) کچے ترش انگور ، جن کا شربت بنایا
جاتا ہے (۲) کبوتروں کا ایک رنگ ۔
غوز (غَوْز) (۱) مؤنث (۱) گپ ۔ لغو اور بیہودہ بات (۲) شیخی
(۳) مبالغہ ۔
غوطہ (غَوْ ۔ طَہ) (ع) مذکر (۱) ڈبکی (۲) کنکوے کا اوپر سے نیچے آنا
(۳) بے ہوشی ۔ غشی (۴) استغراق ۔ غوطہ خور
(ع ۔ ف) مذکر (۱) ڈبکی لگانے والا ۔ غوّاص (۲) ایک آبی پرندہ ۔
حل کرنا ۔ غوطہ دینا (۱) (۱) ڈبکی دینا ۔ ڈوبا دینا ۔ تر کرنا (۲)
بپتسمہ دینا ۔ عیسوی مذہب میں لانا (۳) دھوکا دینا ۔ غوطہ کھانا
(۱) ڈبکی مارنا ۔ غرق ہونا ۔ ڈوبنا (۲) بھولنا ۔ بھٹکنا ۔ بیچ میں
چھوڑنا ۔ غوطہ لگانا ۔ یا ۔ مارنا (۱) ڈبکی مارنا (۲) چھپا رہنا
پوشیدہ رہنا (۳) کسی خیال میں ڈوبنا ۔ خوب سوچنا ۔ غوطے
(غَوْ ۔ طے) میں آنا ۔ بے ہوش ہونا ۔ غش میں آنا ۔
غوغا (غَوْ ۔ غَا) (ف) مذکر (۱) شور ۔ غل (۲) بھیڑ بھاڑ ۔ ہجوم ۔
غوغائی (۱) (۱) شور کرنے والا (۲) (ع) بیہودہ ۔ واہی ۔
غوک (غَوْک) (ف) مذکر ۔ مینڈک ۔
غول (غَوْل) (ف) مذکر (۱) جمگھٹا ۔ بھیڑ ۔ جمعیت ۔ جتھا ۔ جھنڈ ۔
(۲) ڈلا (۳) کان ۔ گوش ۔
غول (غَوْل) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا جن ، جو آدمیوں کو راستہ بھلاتا
ہے ۔ چھلاوا ۔ بھوت ۔ غولِ بیابان (ع ۔ ف) مذکر ۔
بھوت پریت ۔ جن ۔ چھلاوا ۔
غوں (غُوں) (۱) مؤنث ۔ بچوں یا پرندوں کی موٹی آواز ۔ غوں غاں ۔
مؤنث ۔ دودھ پیتے بچے کے بولنے کی آواز ۔ غوں غاں کرنا ۔
ننھے بچوں کا بولنا ۔

غ - ی

غیاث (غِیَاث) (ع) مؤنث (۱) دادخواہی ۔ فریاد (۲) ایک کتابِ لغت ،
جو مولوی غیاث الدین رام پوری نے مرتب کی ۔
غیب (غَیْب) (ع) مذکر (۱) مخفی ۔ پوشیدہ ۔ غائب (۲) غیر موجودگی
(۳) مستقبل کی کوئی بات ۔ غیب دان (ع ۔ ف) مذکر (۱)
پوشیدہ حال جاننے والا ۔ عالم الغیب ۔ اللہ تعالیٰ (۲) نجومی جفار
رمال ۔
غیبانی (غَی ۔ بَا ۔ نی) (۱) مؤنث (۱) بدچلن عورت (۲) بے شرم
عورت ۔
غیبت (غَی ۔ بَت) (ع) مؤنث ۔ پیٹھ پیچھے ۔ پس پردہ ۔
غیبت میں (۱) پس پشت ۔ غیر حاضری میں ۔
غیبت (غِی ۔ بَت) (ع) مؤنث ۔ کسی کے پیچھے اس کا عیب کہنا ۔ بدگوئی ۔
بدی ۔
غیر (غَیْر) (ع) (۱) بغیر ۔ سوا ۔ بجز (۲) الگ ۔ علیحدہ ۔ جدا (۳)
دوسرا ۔ دیگر ۔ اَور (۴) بدزیب ۔ ناموزوں (۵) بُرا ۔ بد (۶)
(۱) بیگانہ ۔ اجنبی (۷) عدو ۔ رقیب (۸) نہیں ۔ خلاف ۔
غیر آباد (ع ۔ ف) (۱) اجاڑ ۔ ویران (۲) بنجر ۔ غیر مزروعہ
زمین ۔ غیر اختیاری ۔ مجبوری کا ۔ جس پر اختیار اور قدرت
نہ ہو ۔ غیر حاضر (ع) غائب ۔ ناموجود ۔ غیر حاضری (ع ۔ ف) مؤنث ۔

ناموجودگی - ناغہ ٭ **غیر حالت ہو جانا** (و) نڈھال ہونا۔ حال سے بے حال ہو جانا ٭ **غیر علاقہ** (و) مذکر۔ اپنے علاقے یا اختیار سے باہر۔ دوسرے کا علاقہ ٭ **غیر کی آگ میں جلنا** (۱) دوسرے کی آفت یا مصیبت میں پڑنا (۲) دوسرے شخص کی محبت میں سوختہ ہونا ٭ **غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹائی** (و) مثل۔ کسی کو بُرا کہنے کے لیے اپنا نقصان کیا ٭ **غیر متحد** (ع) جس میں اتحاد نہ ہو۔ بلا اتحاد ٭ **غیر متعہد** - بے قول قرار۔ ذمہ داری سے باہر ٭ **غیر متناہی**۔ جس کی انتہا نہ ہو ٭ **غیر مجاز** - جسے اختیار نہ ہو ٭ **غیر مزروعہ**۔ کاشت نہ کی ہوئی (زمین) ٭ **غیر مستعمل** - استعمال میں نہ آیا ہوا۔ اچھوتا۔ کورا ٭ **غیر مشروط** - جو شرط نہ کیا گیا ہو۔ بلا شرط ٭ **غیر معتبر**۔ جس پر بھروسا نہ ہو۔ بے اعتبار ٭ **غیر مکمل**۔ ناقص۔ ادھورا۔ ناتمام ٭ **غیر ممکن** (۱) ناممکن۔ محال (۲) دشوار ٭ **غیر ممکن التردید**۔ جس کی تردید نہ ہو سکے ٭ **غیر ممکن الزراعت**۔ کاشت کے ناقابل (زمین) ٭ **غیر مناسب** - بے جا۔ نامناسب ٭ **غیر منقولہ** - غیر متحرک۔ قائم۔ وہ چیز، جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ جا سکے، جیسے مکان۔ اراضی وغیرہ ٭ **غیر منکوحہ**۔ جس سے نکاح نہ ہوا ہو۔ بے نکاحی۔ بے بیاہی۔ مدخولہ۔ گھر میں ڈالی ہوئی ٭ **غیر موروثی**۔ جو چیز ورثے میں نہ آئی ہو ٭ **غیر نافذ**۔ جو جاری نہ ہو ٭ **غیر واجب** (۱) ناجائز۔ ناواجب (۲) خلاف دستور یا خلاف قانون ٭ **غیریت** (ع) مؤنث۔ بیگانگی۔ اجنبیت۔ مغایرت ٭

غیرت (غَیْ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) رشک (۲) جلن۔ رقابت۔ حسد (۳) لاج۔ شرم۔ عار۔ حیا ٭ **غیرت چمن** - یا - **غیرت گلزار** (ف) مذکر (۱) جس کے دیکھنے سے باغ کو رشک آئے۔ رشک چمن۔ رشک گلزار (۲) (مجازاً) معشوق ٭ **غیرت حُور** - حور کو شرما دینے والی۔ نہایت خوب صورت ٭ **غیرت سے مر جانا** (و) (۱) حیا سے جان دے دینا۔ ننگ و ناموس یا شرم کے باعث جان دینا (۲) بے حد شرمندہ ہونا ٭ **غیرت کھانا** - شرمندہ ہونا۔ لجانا۔ شرمانا ٭ **غیرت ماہ** (ع۔ ف) چاند کو شرما دینے والا۔ معشوق ٭ **غیرت مند** - غیرت والا۔ صاحب شرم و حیا ٭

غیض (غَیْض) (ع) مذکر۔ پانی کا کم ہو جانا ٭

غیظ (غَیْظ) (ع) مذکر۔ غصہ۔ قہر۔ غضب ٭ **غیظ و غضب**۔ مذکر۔ شدید غصہ ٭

غین (غَیْن) (ع) مذکر (۱) گھٹا۔ سارے آسمان پر چھا جانے والی گھٹا (۲) پیاس (۳) تیرگی (۴) حرف "غ" کا تلفظ (۵) (و) نشے میں چور ٭ **غین ہونا** (و) نشے میں مدہوش اور غرقاب ہونا ٭

غیں (غِیں) (و) مؤنث۔ ایک بے معنی آواز ٭ **غیں پیں**۔ مؤنث (۱) تکرار۔ جھگڑا (۲) بچوں کے رونے کی دھیمی دھیمی آواز ٭ **غیں غیں** (و) مؤنث (۱) منت (۲) مغلوب ہونا ٭

غیور (غَیُوْر) (ع) (۱) بہت غیرت کرنے والا (۲) بے حد رشک کرنے والا (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ٭

ف

ف (فے) (ع) مؤنث (۱) اردو کا چھبیسواں، فارسی کا تیئیسواں اور عربی کا بیسواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے اسّی عدد فرض کیے گئے ہیں ٭

ف - ا

فاتح (فا۔ تِح) (ع) مذکر (۱) کھولنے والا (۲) فتح کرنے والا (۳) شروع کرنے والا ٭ **فاتحہ** (و) مذکر و مؤنث (۱) کسی مردے کی روح کو قرآن شریف وغیرہ پڑھ کر ثواب پہنچانا - نذر نیاز (۲) سورۂ الحمد (۳) کسی چیز کی ابتدا۔ شروع۔ آغاز (۴) (ع) مؤنث۔ فتح کرنے یا کھولنے والی عورت ٭ **فاتحہ پڑھنا** (و) (۱) کسی مردے کو ثواب پہنچانے کے لیے الحمد وغیرہ کا پڑھنا۔ نذر نیاز دینا (۲) کسی چیز سے ہاتھ اٹھا لینا۔ توقع نہ رکھنا۔ مایوس ہو جانا ٭ **فاتحہ خیر** (ع) مؤنث (۱) دعائے خیر (۲) (مجازاً) عقد۔ نکاح ٭ **فاتحہ دینا** (و) (۱) نیاز دینا (۲) درود پڑھ کر مُردے کی روح کو ثواب پہنچانا ٭ **فاتحہ نہ درود کھا گئے مردود** - مثل۔ ایسے بے اولاد کے مرنے پر کہتے ہیں، جس کی شرارت اور فتنہ انگیزی سے لوگ ناراض رہے ہوں ٭

فاتر (فا۔ تِر) (ع) (۱) سست (۲) کمزور ٭ **فاتر العقل**۔ جس کی عقل میں فتور آ گیا ہو ٭

فاجر (فا - جِرْ) (ع) مذکر - بدکار - بدچلن - گنہگار ؛ **فاجرہ** - مؤنث - بدکار عورت - فاحشہ ؛

فاحش (فا - حِشْ) (ع) (۱) نہایت بد یا بُرا (۲) حد سے گزر جانے والی بدی (۳) گالیاں بکنے والا (۴) قابلِ شرم - شرمناک ؛

فاحشہ - مؤنث - بدکار عورت - رنڈی - بیسوا ؛

فاختہ [(فا - خِتَہْ) (ع) (فاخِ - تَہْ) (ف - ا)] مؤنث - قمری - کبوتر کی قسم کا ایک پرندہ، جس کا رنگ خاکی مائل بہ سرخی اور گردن میں طوق ہوتا ہے (پنجابی، گھگی) ؛ **فاختہ اُڑانا** (ل) مزے اُڑانا - گل چھرّے اُڑانا - عیش منانا ؛ **فاختئی** - مؤنث - خاکی - خاکستری - کرنجوی - ایک قسم کا رنگ ؛

فاخر (فا - خِرْ) (ع) (۱) فخر کرنے والا - نازاں (۲) بیش قیمت - قیمتی - عمدہ ؛ **فاخرہ** - بیش بہا - اعلیٰ ؛

فادزہر (فاد - زَہْر) (پادزہر کا معرّب) مذکر (۱) زہر کو دفع کرنے والا، تریاق، دافعِ سم (۲) زہر مہرہ ؛

فار (فارْ) (ع) مذکر - چوہا - موش ؛

فار (فارْ) (انگ - For) منجانب - بجائے - جب کسی افسر کی جگہ اس کا کوئی ماتحت دستخط کرے تو وہ اپنے نام کے ساتھ لکھ دیتا ہے، یعنی یہ حکم یا چٹھی گویا اصل افسر کی طرف سے جاری ہوئی ہے ؛

فارخطی (فار - خَطِی) (ل) مؤنث - دیکھیے "فارغ خطی" ؛

فارِس (فا رِسْ، فا - رِسْ) (ع) مذکر - ملک ایران کا دوسرا نام ؛

فارس (فا - رِسْ) (ع) مذکر - گھوڑے کا سوار ؛

فارسٹ (فا - رَسْٹ) (انگ - Forest) مذکر - بیابان - جنگل ؛

فارسٹ آفس (انگ - Forest office) مذکر - جنگلات کے محکمے کا دفتر ؛ **فارسٹر** (انگ - Forester) مذکر - جنگلات کے محکمے کا ایک ادنیٰ ملازم ؛

فارسی (فا رَ - سِی) (ف) مؤنث - وہ زبان، جو ایران میں بولی جاتی ہے -

فارسی بگھارنا - یا - بولنا (ل) (۱) فارسی زبان میں بات کرنا (۲) ایسی زبان بولنا جسے دوسرا نہ سمجھے ؛ **فارسی خواں - یا - فارسی داں** - فارسی پڑھنے یا جاننے والا ؛ **فارسی کی ٹانگ توڑنا** - غلط سلط اور ٹوٹی پھوٹی فارسی بولنا ؛

فارغ (فا - رِغْ) (ع) (۱) بے فکر - نچنت (۲) آسودہ (۳) مطمئن (۴) خالی شدہ (۵) آزاد - بَری (۶) نجات اور خلاصی پانے والا ؛

فارغ البال (۱) آسودہ دل - آسودہ حال - مطمئن - آزاد - بے فکر - خود مختار (۲) خوش حال - مرفّہ الحال ؛ **فارغ البالی** (ل) مؤنث - بے فکری - خوش حالی ؛ **فارغ الحال** (ع) آسودہ حال، مرفّہ الحال، بے فکر، اسامی ؛ **فارغ خطی** - مؤنث - (۱) دوسرے سے اپنا مطالبہ بھر پانے کا تحریری اقرار - بھرپائی - چکوتی (۲) پروانگی (۳) آزادی نامہ (۴) (و) طلاق نامہ ؛

فارغ خطی لکھوانا (و) (۱) حساب بے باق کر کے رسید لینا (۲) دھمکی سے رسید لینا - زبردستی اقرار کرانا ؛ **فارغ ہونا** (۱) مطمئن ہونا - فرصت پانا (۲) انزال ہونا - خلاص ہونا ؛

فارم (فا رْم) (انگ - Forme) مذکر (۱) وضع - نمونہ - نقشہ (۲) چھپا ہُوا کاغذ، جس میں حسبِ ضرورت خانہ پُری کی جاتی ہے ؛

فارمولا (فار - مُو - لا) (انگ - Formula) مذکر - گُر - مقررہ قاعدہ ؛

فارن (فا - رِنْ) (انگ - Foreign) غیر ملک یا سلطنت ؛

فارن آفس - (Foreign office) مذکر - وہ محکمہ، جس کے ذریعے سے گورنمنٹ دوسری حکومتوں کے معاملات پر غور کرتی ہے - دولِ خارجہ سے متعلق دفتر - دفتر ریاست ہائے غیر ؛

فارورڈ (فار - وَرْڈ) (انگ - Forward) آگے ؛

فارورڈ کرنا (و) آگے چلتا کرنا - ارسال کرنا - بھیجنا ؛

فاروق (فا - رُوْق) (ع) (۱) فرق کرنے والا - حق و باطل میں فرق کرنے والا (۲) مذکر - حضرت عمرؓ خلیفۂ دوم کا لقب (۳) ایک تریاق (۴) ایک تیزاب، جس سے چاندی اور سونا علحدہ ہوتا ہے ؛ **فاروقی** (۱) فاروقؓ سے منسوب (۲) حضرت عمر فاروقؓ کی اولاد ؛

فازہ (فا - زَہْ) (ف) مذکر - جمائی ؛

فاسٹ (فاسْٹ) (انگ - Fast) (۱) تیز (۲) سریع الحرکت (۳) زیادہ - بیش - آگے ؛

فاسخ (فا - سِخْ) (ع) فسخ کرنے والا - توڑنے والا ؛

فاسد (فا - سِدْ) (ع) (۱) برباد - تباہ (۲) جھگڑالو - فسادی (۳) بدمعاش - شریر - بد (۴) ناقص - خراب ؛

فاسق (فا - سِقْ) (ع) (۱) نافرمان (۲) جھوٹا - دروغ گو - لپاڑیا (۳) (ل) زانی - بدکار - بدکردار - بدذات - بدراہ اور گنہگار ؛

فاش (فاشْ) (ف) ("پاش" کا مبدّل) ظاہر - آشکارا - کھلا - ظاہر - صریح - پرگھٹ ؛ **فاش غلطی کرنا** (و) نہایت بڑی غلطی کرنا - عام، کھلی، موٹی، صریح اور بھاری غلطی کرنا ؛ **فاش ہونا** - ظاہر ہونا - پرگھٹ ہونا - طشت از بام ہونا ؛

فاصل (فا - صِلْ) (ع) جدا کرنے والا - فرق کرنے والا ؛ **فاصلہ** - مذکر (۱) مسافت - دُوری (۲) میدان - عرصہ ؛

فاضل (فا - ضِلْ) (ع) (۱) زائد - زیادہ - بڑھا ہُوا - نکلتا ہُوا (۲) مذکر - صاحبِ علم و فضل - عالم - دانا ؛ **فاضلِ اجل** -

بہت بڑا فاضل۔ ذی شان عالم ۔ **فاضل باقی** - مذکر و مؤنث۔ بچا ہوا روپیہ ۔ **فاضل باقی نکالنا** (ل) وصول شدہ رقم حساب میں جمع کر کے کمی بیشی یا لینا دینا نکالنا ۔ **فاضل ہونا** (۱) صاحب علم و فضل ہونا۔ عالم ہونا (۲) کسی چیز کا زائد ہونا ۔

فاطمہ (فا - طِمَہ) (ع) مؤنث (۱) وہ عورت، جس نے دودھ ہی سال میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو ۔ بچے کو دودھ نہ پلانے والی عورت (۲) سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا اسم مبارک، جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحب زادی، حضرت علیؓ کی زوجہ مطہرہ اور حضرت حسنینؓ کی والدۂ ماجدہ تھیں ۔

فاعْتَبِرُوا یَا اُولِی الْاَبْصَار (ع) سمجھ والو! عبرت حاصل کرو ۔

فاعل (فا - عِل) (ع) مذکر (۱) کام کرنے والا (۲) موجد (۳) مجرم، مرتکب (۴) وہ اسم، جس سے کوئی فعل سرزد ہو (۵) نسائی۔ اغلامی ۔ **فاعلِ حقیقی** - مذکر۔ اصل بنانے والا، اصل خالق حقیقی، اللہ تعالیٰ ۔ **فاعل و مفعول** - مذکر (۱) کوئی کام کرنے اور کرانے والا (۲) فعل بد کرنے اور کرانے والا ۔

فافہم (فَفْ - ہَم) (ع) تو غور کر اور سمجھ ۔

فاق (فاق) (ت) مذکر - تیر کا پچھلا حصہ ۔ سوفار ۔

فاقد (فا - قِد) (ع) کھو دینے والا ۔ **فاقد البصر** - اندھا ۔

فاقوں (فا - قوں) (ل) مذکر - فاقہ کی جمع ۔ **فاقوں کا کوٹا - یا - مارا** ۔ وہ شخص، جو کھانا نہ ملنے کی وجہ سے مرتے مرتے بے حد دبلا اور لاغر ہو گیا ہو (۲) نہایت مفلس۔ قحط زدہ ۔

فاقہ (فا - قَہ) (ع) مذکر (۱) بھوکا رہنا۔ بھوکا مرنا۔ کھانا نہ ملنا یا نہ کھانا (۲) روزہ۔ برت ۔ **فاقہ زدہ** (ل) بھوک کا مارا۔ بھوکا۔ کنگال ۔ **فاقہ کرنا** - کھانا نہ کھانا۔ بھوکا رہنا ۔ **فاقہ کش** (ع - ف) مذکر۔ بھوکا رہنے والا۔ کنگال ۔ **فاقہ کشی** - مؤنث۔ بھوکا رہنا۔ مفلسی اور تنگ حالی ۔ **فاقہ مست** - مذکر (۱) مفلسی میں امیروں کی سی حرص کرنے والا (۲) فاقے میں بھی مگن رہنے والا ۔ **فاقہ مستی** (ل) مؤنث۔ تنگ دستی میں خوشی۔ مفلسی میں رنگ رلیاں ۔ **فاقہ ہونا - یا - گزرنا** - بے کھائے رہنا۔ بھوکا رہنا ۔

فال (فال) (ع) مؤنث۔ شگون۔ غیب کی بات۔ پیش گوئی ۔ **فال دیکھنا۔ کھولنا۔ لینا** (ل) کسی کتاب یا پانسے وغیرہ کے ذریعے سے نیک و بد شگون کا معلوم کرنا۔ غیب کی بات دریافت کرنا۔ فال کی کوڑیاں ملا کو بھی حلال ہیں۔ مثل۔ مشقت کی اُجرت پرہیزگار اور متقی کو بھی جائز ہے ۔ **فال گو** (ع - ف) مذکر۔ فال دیکھنے اور بتانے والا ۔ **فال نامہ** - مذکر۔ شگون دیکھنے کی کتاب ۔ **فال نکلنا** (ل) شگون ہونا۔ غیب کی کوئی بات معلوم ہونا ۔

فالتو (فال - تُو) (ل) (۱) ضرورت سے زائد ۔ فضول۔ بے کار (۲) مزدور۔ قلی ۔

فالج (فا - لِج) (ع) مذکر۔ آدھے جسم کا ڈھیلا یا سست پڑ جانا۔ ادھرنگ ۔ **فالج گرنا** (ل) ادھرنگ کی بیماری کا ہونا ۔

فالسہ (فال - سَہ) (ف) مذکر۔ ایک پھل، جو جھاڑی بیر کے برابر اودے رنگ کا ترش و شیریں ہوتا ہے ۔ **فالسئی** (ل) اودا رنگ۔ سیاہی مائل سرخ ۔

فالودہ (فا - لُو - دَہ) (ف) پکے اور جمائے ہوئے نشاستے کے باریک باریک قتلے ۔ **فالودہ کھاتے دانت ٹوٹیں تو بلا سے** (ل) مثل۔ اگر آسان کام میں بھی جی گھبرائے تو بلا سے۔ اگر بھلائی میں بھی برائی ہو تو ہوا کرے ۔

فالیز (فا - لیز) (ف) مؤنث۔ خربوزے وغیرہ کا کھیت ۔

فام (فام) (ف) مذکر۔ رنگ۔ برن ۔

فانوس (فا - نُوس) (ع - ف) مذکر۔ پنجرے جیسی بڑی قندیل، جو باریک کپڑے یا کاغذ سے منڈھی ہوتی ہے۔ چراغ دان ۔

فانوسِ خیال - یا - خیالی (ع - ف) مذکر۔ وہ فانوس، جس کے اندر ہاتھی گھوڑے وغیرہ کی تصویروں کا چکر بنا دیتے ہیں اور وہ ہوا یا دھوئیں سے گردش کر کے بچوں کے لیے ایک عجیب نظارہ پیش کرتا ہے ۔

فانہ (فا - نَہ) (ف) مذکر۔ پچانا۔ ایک چیپٹی، جس کے ذریعے سے لکڑی کی درز پھاڑتے ہیں ۔

فانی (فا - نی) (ع) (۱) فنا ہونے والا۔ جان سے گزرنے والا۔ مرنے والا (۲) عمر رسیدہ۔ از حد بوڑھا ۔

فائدہ (فا - اِدَہ) (ع) مذکر (۱) نفع۔ سود۔ لابھ (۲) حاصل۔ پھل۔ نتیجہ (۳) خوبی۔ وصف (۴) آمدنی۔ پیداوار (۵) واسطہ۔ مطلب۔ غرض (۶) (ل) مفید مطلب۔ کار آمد (۷) آرام۔ افاقہ (۸) بھلائی۔ بہتری ۔ **فائدہ مند** (ع - ف) سود مند۔ مفید (۲) مؤثر۔ کارگر ۔ **فائدہ ہونا** (ل) (۱) نفع ہونا (۲) افاقہ ہونا۔ آرام پانا۔ صحت پانا ۔

فائر (فا - اِر) (انگ - Fire) مذکر (۱) آگ۔ آتش (۲) بندوق چلانا ۔ **فائر بریگیڈ** (Fire brigade) مذکر۔ آگ بجھانے کا کام کرنے والی جماعت، جو عموماً مشہور شہروں میں میونسپلٹیوں کی ملازمت میں ہوتی ہے ۔ **فائر مین** - (Fireman) مذکر۔ آگ کا کام کرنے والا۔ انجن میں کوئلے جھونکنے والا ۔

فائز (فا - اِز) (ع) پہنچنے والا۔ فتح پانے والا ۔ **فائز المرام** - مراد پانے والا۔ با مراد۔ کامیاب ۔

فائق (فا - اِق) (ع) فوق رکھنے والا۔ بڑھا ہوا۔ معزز۔ اعلیٰ -

ممتاز *

فائل (فا - اِلْ) (انگ - File) مذکر (۱) لڑی - ہیلک (۲) سلسلہ - قطار (۳) نتھی - منسلک (۴) فہرست - فرد مِسل (۵) مٹھا - بنڈل * فائل بک مؤنث - وہ کتاب ، جس میں کاغذات نتھی کرکے رکھے گئے ہوں * فائل کرنا (ف) مِسل میں شامل کرنا - منسلک کرنا - نتھی کرنا - تار میں ڈالنا *

فائن (فا - اِنْ) (انگ - Fine) مذکر (۱) جرمانہ - تاوان - ڈنڈ (۲) خوب صورت - عمدہ - نفیس * فائن بک مؤنث - جرمانے کی کتاب *

فائنل (فا - اِنَلْ) (انگ - Final) آخری - قطعی *

ف - ب

فبہا (فَبِہا) (ع) بہتر - بہت خوب - فہو المراد *

ف - ت

فَتّا (فَتّا) (ع) مذکر - جوان آدمی (۲) دلیر اور بہادر آدمی *

فتّاح (فَتْ - تاحْ) (ع) (۱) کھولنے والا - حکم کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا اسم صفاتی *

فتّان (فَتْ - تانْ) (ع) فتنہ انگیز - آفت خیز - اکثر معشوق کی آنکھ کے متعلق آتا ہے *

فتاویٰ (فَتا - وَا) (ع) مذکر - فتویٰ کی جمع *

فتح (فَتْحْ) (ع) مؤنث (۱) کھولنا - کشائش - جیت - ظفر - نصرت (۲) مذکر - زبر - فتحہ - حروف کی ایک حرکت (۳) (ف) مؤنث سِکھوں کا سلام - بندگی * فتح باب - مؤنث - دروازے کا کھولنا - کشادگی - آسودگی * فتح پانا (ف) جیتنا - ظفریاب ہونا *

فتح پیچ - مذکر (۱) عورتوں کے بال گوندھنے کا ایک طریقہ (۲) پگڑی باندھنے کا ایک خاص ڈھنگ (۳) ایک قسم کا حقّے کا نیچہ *

فتح کرنا (۱) سر کرنا - غالب آنا - جیتنا (۲) کام بنانا * فتح گڑھ مذکر - وہ قلعہ یا عمارت ، جو کسی فتح کی یادگار میں بنائی جائے *

فتح مند (ع - ف) مذکر - جیتنے والا - غالب - ظفریاب *

فتح نامہ - مذکر - وہ تحریر ، جو کسی فتح کی خوشی اور اس کے حالات میں لکھی جائے * فتح وظفر (ع) مؤنث - جیت - ظفر مندی *

فتح یاب (ع - ف) فتح پانے والا - فتح مند - کامیاب *

فتح یابی - مؤنث - جیت - فتح وظفر *

فتحہ (فَتْ - حَہْ) (ع) مذکر - زبر - نصب - حروف کی ایک حرکت *

فتراک (فِتْ - راکْ) (ف) مذکر - شکار بند - زین کے ساتھ لگے ہوئے چمڑے کے تسمے *

فتق (فَتْقْ) (ع) مذکر - ایک بیماری ، جس سے آدمی کے فوطے بڑھ جاتے ہیں *

فتنہ (فِتْ - نَہْ) (ع) مذکر (۱) فساد - جھگڑا - ہنگامہ (۲) دیوانگی (۳) گناہ (۴) عذاب (۵) مفتون - عاشق (۶) معشوق - دلبر طرّار (۷) (ف) ایک قسم کا عطر (۸) ایک قسم کا پھول - گلِ فتنہ (۹) شوخ - آفت کا پرکالہ - از حد شریر * فتنہ اٹھانا (ف) فساد کھڑا کرنا - جھگڑا اٹھانا * فتنہ انگیز - یا - فتنہ پرداز (ع - ف) لڑائی جھگڑا کرنے والا - جھگڑالو - فسادی * فتنۂ جہاں - یا - فتنۂ عالم (۱) دنیا میں حشر برپا کرنے والا (۲) (مجازاً) معشوق * فتنۂ خوابیدہ - فتنۂ پوشیدہ و سربستہ - سوتی آفت * فتنہ زا - فتور برپا کرنے والا - آفت اٹھانے والا * فتنی (ف) مؤنث - فسادن - عیّارہ - فتنہ پرداز عورت *

فتوا - فتویٰ (فَتْ - وَا) (ع) مذکر - قاضی کا وہ شرعی فیصلہ ، جو کسی بات کے جائز یا ناجائز ہونے میں دیا جائے - حکم شرع ، فیصلۂ شرعی * فتوا - فتویٰ دینا (ف) قانونِ مذہب کے مطابق حکم دینا - شرعی حکم لگانا *

فتوّت (فُتُوْ - وَتْ) (ع) مؤنث (۱) بہادری - جواں مردی (۲) سخاوت - مروّت *

فتوح (فُتُوْ حْ) (ع) مذکر و مؤنث - فتح کی جمع (۱) فتحیں - کشائشیں (۲) مؤنث - مفت کا روپیہ - بَرد - بالائی آمدنی * فتوحات - مذکر و مؤنث - فتوح کی جمع *

فتوحی (فُتُوْ - حِیْ) (ع) مؤنث - کرتی - صدری - کمری - مرزئی *

فتور (فُتُوْ رْ) (ع) مذکر (۱) ضعف - نقص - خرابی (۲) (ف) دنگا - جھگڑا - فساد - فتنہ * فتور آنا (ف) بگاڑ ہونا - رخنہ پڑنا - نقص نکلنا - خرابی پیدا ہونا * فتور اٹھانا - فتنہ اٹھانا - شور و شر کرنا - مفسدہ پردازی کرنا - جھگڑا کھڑا کرنا - فساد مچانا * فتوری - یا - فتوریا - لڑاکا - جھگڑالو - فتنہ پرور *

فتیل - (فَتِیْلْ) (ع) مذکر - چراغ کی بتی * فتیل سوز (ع - ف) مذکر - پیتل ، لوہے وغیرہ کا روشنی کا چومکھا ظرف * فتیلہ (ع) مذکر - بٹی ہوئی چیز - موٹی بتی - پلیتا - فلیتہ * فتیلہ سوز (ع - ف) مذکر - شمع دان *

ف - ٹ

فِٹ (فِٹْ) (انگ - Fit) چُست - ٹھیک - درست - پورا * فٹ ہونا (ف) کپڑے یا جوتے وغیرہ کا چُست اور

ٹھیک ہونا ٭ فِلٹر (انگ۔ Filter) مذکر۔ مشینوں کے پرزے درست کرنے والا۔ مستری ٭
فُٹ (فُٹ) (انگ۔ Foot) مذکر (۱) پاؤں۔ پیر۔ قدم (۲) گز کا تیسرا حصّہ۔ بارہ انچ کا پیمانہ ٭ فٹ بال (Foot-ball) مذکر۔ گیند کو پاؤں سے لڑھکانے کا کھیل ٭ فٹ پاتھ (انگ۔ Foot-path) مذکر۔ پیدل چلنے والوں کا راستہ۔ پگ ڈنڈی ٭ فٹ نوٹ (Foot-note) مذکر۔ حاشیہ ٭
فٹن (فِٹَن) (انگ۔ Phaeton) مؤنث۔ ایک قسم کی چوپہیا گاڑی، جو اوپر سے کھلی ہوتی ہے ٭

ف - ج

فجّار (فُجْ۔ جَار) (ع) مذکر۔ فاجر کی جمع۔ بدکار لوگ ٭
فجر (فَجْر) (ع) مؤنث۔ صبح۔ سویرا۔ نور کا تڑکا۔ سحر ٭ فجر ہونا (۱) تڑکا ہونا۔ صبح ہونا (۲) غفلت مفقود ہونا۔ آنکھیں کھلنا ٭
فجور (فُجُور) (ع) مذکر (۱) قصور۔ جرم۔ گناہ (۲) بدکاری۔ گنہگاری۔ بدکرداری۔ عیاشی ٭

ف - ح

فحش (فُحْش) (ع) مذکر (۱) بدی کا حد سے گزرنا۔ تہذیب کے خلاف ہونا (۲) بیہودہ بات۔ قابل شرم بات۔ گالی ٭ فحش بکنا (۱) گندی باتیں کرنا۔ گالیاں بکنا ٭
فحوا۔ فحویٰ (فَحْ۔ وَا) (ع) مذکر (۱) مطلب۔ معنی۔ مضمون (۲) (۱) انداز۔ ڈھنگ ٭
فحول (فُحُول) (ع) مذکر۔ فحل کی جمع (۱) مادہ جانوروں کے نر۔ سانڈ۔ اونٹ (۲) جید علماء و فضلا (۳) مؤرخین ٭

ف - خ

فخر (فَخْر) (ع) مذکر (۱) ناز۔ غرور۔ گھمنڈ (۲) شرف۔ بزرگی۔ برتری (۳) گمان۔ تعلّی۔ شیخی ٭ فخر جاننا۔ یا۔ سمجھنا (۱) باعث بزرگی یا خوبی خیال کرنا۔ قابل عزت جاننا ٭ فخر خاندان (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص، جس کی وجہ سے خاندان کو بزرگی اور عزت حاصل ہو ٭ فخر کرنا (۱) غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ شیخی مارنا ٭ فخریہ (ع) نازاں ہو کر۔ از روئے فخر ٭

ف - د

فدا (فِدَا) (ع) (۱) قربان۔ سرباز۔ جان نثار (۲) سر یا جان کی قیمت۔ سربہا۔ سرخرید (۳) صدقہ۔ تصدق۔ نچھاور۔ نذر۔ بھینٹ (۴) صلہ یا عوض، جس کے ذریعے سے اپنے کو یا کسی دوسرے شخص کو نجات دیں (۵) (۱) دل دادہ۔ مفتون۔ فریفتہ۔ عاشق ٭ فدا ہونا (۱) (۱) صدقے ہونا، قربان ہونا، تصدق ہونا، واری جانا، بلہاری جانا (۲) جان نثار ہونا (۳) فریفتہ ہونا۔ مفتون ہونا۔ عاشق ہونا ٭ فدائی (ع) مذکر (۱) جان باز۔ جان نثار (۲) سر دینے والا۔ عاشق ٭
فدوی (فِدْ۔ وِی) (ع۔ ف) (۱) سر بیچنے والا، جان باز، جان نثار (۲) جان چھڑکنے والا۔ تصدق ہونے والا۔ قربان ہونے والا (۳) مذکر۔ آپ کا جاں نثار نوکر یا ملازم ٭ (اکثر ادنیٰ درجے کے ملازم یا رعیت عرضی کے آخر میں اپنے نام سے پہلے لکھتے ہیں ٭)
فدیہ (فِدْ۔ یہ) (ع) مذکر (۱) وہ مال یا روپیہ، جس سے کسی قیدی کو سرکار میں روپیہ دے کر خرید لیں۔ زرِ مخلصی (۲) جرمانہ (۳) سربہا (۴) ڈنڈ (۵) صدقہ (۶) وہ ٹیکس، جو بادشاہ کی طرف سے غیر مذہب کے لوگوں سے لیا جائے (۷) دیت۔ خون بہا۔ قصاص ٭

ف - ذ

فذالک (فَذَا۔ لِک) (ع) مؤنث (اہل حساب کی اصطلاح) وہ جمع، جو تفصیل کے بعد دی جائے ٭

ف - ر

فر (فَر) (ف) مذکر (۱) آراستگی۔ آرائش۔ دھوم دھام (۲) دبدبہ۔ رعب داب ٭
فر (فَر) (انگ۔ Fur) مؤنث۔ پشم۔ پوستین۔ بال۔ سمور ٭
فرات (فُرَات) (ع) مذکر۔ ایشیائے روم کا ایک دریا ٭
فرّاٹا (فَر۔ رَا۔ ٹا) (۱) مذکر (۱) کسی چیز کے اُڑنے کی آواز (۲) ہوا کا سنّاٹا (۳) جلد جلد پڑھنا یا بولنا ٭ فرّاٹے۔ مذکر۔ فرّاٹا کی جمع ٭ فرّاٹے بھرنا۔ یا۔ لینا (۱) بے تحاشا بھاگنا۔ خوب دوڑنا (۲) جلد جلد پڑھنا یا بولنا (۳) جھنڈے یا پھریرے کا ہوا میں لہرانا ٭
فراخ (فَرَاخ) (ف) (۱) کھلا۔ چوڑا۔ کشادہ۔ وسیع (۲) کلاں، بڑا ٭ فراخ چشمی۔ مؤنث۔ بلند حوصلہ ہونا ٭ فراخ حوصلہ (۱) بڑے حوصلے والا۔ عالی ہمت ٭ فراخ کرنا (۱) کشادہ کرنا۔ چوڑا کرنا (۲) ڈھیلا کرنا ٭ فراخی (ف) مؤنث (۱) وسعت۔ چوڑائی (۲) آسودگی۔ خوش حالی (۳) (۱) گھوڑے کا تنگ۔ پیٹی ٭
فرّار (فَر۔ رَار) (ع) بہت بھاگنے والا۔ طرّار۔ چالاک ٭ فِرار (فِرَار) مذکر۔ بھاگنا۔ بھاگ چلنا ٭ فرار ہونا (۱) (۱) بھاگنا۔ رفوچکر ہونا۔ کافور ہونا (۲) چھپ جانا۔ روپوش ہونا۔ غائب ہونا (۳) چل دینا ٭
فراری (ع۔ ف) (۱) بھاگا ہوا۔ بھگوڑا (۲) روپوش ٭

فراز (فَرا۔ اَز) (ف) مذکر (۱) بلندی (۲) سامنے۔ آگے (۳) کشادہ (۴) کلمۂ زائد (۵) فراختن کا امر ؛

فراست (فِرا۔ سَت) (ع) مؤنث (۱) دانائی۔ زیرکی۔ فہم و ادراک کی تیزی (۲) قیافہ شناسی۔ سمجھ ؛

فراسیس (فَرا۔ سِیس) (ف) مذکر۔ فرانسیس کا مخفف ؛ فراسیسی۔ مذکر۔ فرانسیسی کا مخفف ؛

فرّاش (فَرّ۔ رَاش) (ع) مذکر (۱) فرش بچھانے والا (۲) وہ شخص، جس کے اہتمام میں خیموں کا گاڑنا اور کھڑا کرنا ہو (۳) (ف) صنوبر یا شمشاد جیسا ایک درخت ؛ فرّاش خانہ (ع۔ ف) مذکر۔ وہ جگہ، جس میں ڈیرے خیمے اور فرش فروش کا سامان رہے ؛ فرّاشی۔ مؤنث (۱) فرّاش کا کام (۲) فرّاش کی بیوی ؛ فرّاشی پنکھا (ف) مذکر۔ ایک قسم کا بہت بڑا پنکھا، جسے فرشی محفلوں میں ہاتھ سے ہلاتے ہیں ؛ فرّاشی سلام۔ مذکر۔ وہ سلام، جس کے جھکنے میں فرش تک سر لے جانا پڑے ؛

فراغ (فَرَاغ) (ع) مذکر (۱) فرصت۔ مہلت۔ یشتیار (۲) خلاصی۔ نجات (۳) آسودگی۔ آرام۔ فراغت (۴) چین۔ سکھ۔ خوشی (۵) خوش حالی۔ آسودہ حالی (۶) (ف) بہتات۔ افراط (۷) اطمینان۔ دل جمعی ؛ فراغ بالی (ع۔ ف) دیکھیے "فارغ البالی"؛ فراغ خاطر۔ یا۔ فراغ دل۔ مذکر۔ آسودگی۔ بے فکری۔ تسلی۔ دل جمعی ؛

فراغت (ع) مؤنث (۱) چھٹکارا۔ فرصت۔ رہائی۔ نجات (۲) بے فکری۔ اطمینان (۳) آسودگی۔ آرام (۴) (ف) ٹٹی۔ پاخانہ ؛ فراغت پانا (ف) (۱) خالی ہونا۔ فرصت پانا (۲) انزال ہونا (۳) جھگڑا چکانا۔ فیصلہ کرنا ؛ فراغت جانا۔ رفع حاجت کے لیے جانا۔ ٹٹی جانا ؛ فراغت سے بیٹھنا۔ آرام اور بے فکری سے بیٹھنا ؛ فراغت ہونا (۱) فرصت پانا۔ فارغ ہونا (۲) انزال ہونا ؛

فراق (فِرَاق) (ع) مذکر (۱) ہجر۔ جدائی۔ مفارقت۔ علیحدگی (۲) (ف) دھن۔ خیال۔ فکر (۳) محبت۔ عشق ؛

فراک (فَرَاک) (انگ۔ Frock) مذکر۔ بچوں اور عورتوں کا ایک قسم کا لمبا کرتا ؛ فراک کوٹ (Frock-coat) مذکر۔ مردوں کا ایک خاص وضع کا لمبا کوٹ ؛

فراموش (فَرَا۔ مُوش) (ف) بھولا ہوا ؛ فراموش کرنا (ف) خیال نہ رکھنا۔ بھولنا ؛ فراموشی (ف) مؤنث۔ بھول۔ چوک۔ خطا۔ سہو ؛

فرامین (فَرَا۔ مِین) (ع) مذکر۔ فرمان کی جمع ؛

فرانس (فَرَا۔ نْس) (انگ۔ France) مذکر۔ یورپ کا ایک قدیم اور مشہور ملک ؛ فرانسیس (ف) مذکر۔ فرانس سے منسوب۔ فرانس کا باشندہ یا چیز۔ فرنچ۔ اہل فرانس ؛

فرانسیسی۔ مؤنث (۱) فرانس کے ملک کی زبان۔ فرنچ زبان۔ (۲) فرانس کی بنی ہوئی کوئی چیز ؛

فرانک (فَرَانْک) (انگ۔ Franc) مذکر۔ فرانس کا ایک نقرئی سکہ ؛

فراواں (فَرَا۔ وَاں) (ف) وافر۔ بہت زیادہ ؛ فراوانی۔ مؤنث۔ زیادتی۔ کثرت۔ افراط ؛

فراہم (فَرَا۔ ہَم) (ف) اکٹھا۔ جمع شدہ ؛ فراہم کرنا (ف) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ؛ فراہمی (ف) مؤنث۔ جمعیت۔ اجتماع ؛

فرائض (فَرَا۔ اِض) (ع) مذکر۔ فریضہ کی جمع (۱) وہ کام، جن کا کرنا ضروری ہو۔ لازم کام (۲) (شرعی اصطلاح) خدا کا فرمودہ (۳) ترکہ یا میراث تقسیم کرنے کا علم ؛ فرائض منصبی مذکر۔ عہدے یا اسامی کے فرائض ؛

فربہ (فَرْ۔ بِہ) (ف) موٹا۔ لحیم۔ شحیم۔ جسیم۔ تیار ؛ فربہ اندام۔ موٹا۔ جسیم۔ پھپس ؛ فربہی۔ مؤنث۔ موٹاپا۔ تیاری۔ تناوری ؛

فرتوت (فَرْ۔ تُوت) (ف) (۱) نہایت ضعیف۔ بڈھا پھونس (۲) بدحواس۔ بے عقل ؛

فرج (فَرْج) (ع) مؤنث (۱) شگاف۔ سوراخ۔ چھید (۲) (مجازاً) عورت کا اندام نہانی ؛

فرجاد (فَرْ۔ جَاد) (ف) عقل مند۔ دانا ؛

فرجام (فَرْ۔ جَام) (ف) مذکر۔ انجام۔ خاتمہ۔ انتہا۔ اخیر ؛

فرح (فَرَح) (ع) مؤنث۔ خوشی۔ شادمانی۔ خرمی ؛ فرحاں (ف) خوش۔ شاداں۔ مگن ؛ فرحت (فَرْ۔ حَت) (ع) مؤنث۔ خوشی۔ خرمی۔ شادمانی ؛ فرحت افزا (ع۔ ف) خوشی بڑھانے والا۔ مفرح ؛ فرحت بخش۔ خوشی دینے والا ؛

فرخ (فَرْ۔ رُخ) (ف) (۱) سعید۔ مبارک (۲) خوش چہرہ ؛ فرخندہ (فَرْ۔ خُن۔ دَہ) مسعود۔ مبارک ؛ فرخندہ بخت۔ یا۔ طالع (ف۔ ع) خوش اقبال۔ خوش نصیب۔ سعادت مند۔ نیک اختر ؛

فرد (فَرْد) (ع) مؤنث (۱) ایک۔ واحد۔ طاق (۲) ایک شعر۔ دوہا (۳) رجسٹر۔ چٹھا۔ فہرست حساب (۴) شال۔ چادر۔ رضائی یا لحاف کا ابرہ (۵) نفر۔ متنفس۔ ایک آدمی (۶) ایک پرندہ (۷) اکیلا۔ تنہا۔ اکا دکا ؛ فرداً فرداً۔ ایک ایک۔ علیحدہ علیحدہ۔ جدا جدا ؛ فردِ باطل (۱) نکمی اور بے کار فرد، جو کارآمد نہ رہی ہو (۲) (مجازاً) ناکارہ۔ ردی ؛ فردِ بشر۔ مذکر۔ شخص واحد۔ متنفس ؛ فردِ تعلیقہ۔ مؤنث۔ جائداد کے ضبط ہونے کی فہرست ؛ فرد فرد۔ ایک ایک، ہر ایک، الگ الگ ؛ فرد قرارداد جرم۔ مؤنث۔ مسل کا وہ کاغذ،

جس میں مجرم ٹھہرانے کا مضمون اور دفعہ درج ہوتی ہے ٭ **فردِ کنکوت** (ا) مؤنث ۔ وہ کاغذ، جس میں قیمت فصل کے تخمینے کی فہرست درج ہوتی ہے ٭

فردا (فَرْ ۔ دَا) (ف) (۱) مذکر ۔ کل ۔ آنے والا دن ۔ دوسرا روز (۲) مؤنث ۔ روز قیامت ٭

فردوس (فِرْ ۔ دَوْس) (ع) مذکر (۱) گلشن ۔ گلزار ۔ باغ (۲) جنّت ۔ بہشت ۔ سوُرگ ٭ **فردوس مکانی** (ع ۔ ف) مذکر (۱) فردوس میں رہنے والا مُردہ شخص (۲) بابر بادشاہ کا لقب، جو اس کے انتقال کے بعد دیا گیا ٭ **فردوس منزلت** (ع) مذکر ۔ بہشت میں رہنے والا ۔ مرحوم ۔ مغفور ۔ مبرور ٭ **فردوسی** (ع ۔ ف) مذکر ۔ حکیم ابو القاسم منصور طوسی کا تخلص، جو محمود غزنوی کے زمانے میں شاہنامہ کا مصنّف گزرا ہے ٭

فرزانگی (فَرْ ۔ زَا ۔ نِگی) (ف) مؤنث (۱) سمجھ ۔ عقل ۔ دانائی (۲) حکمت، علم ٭ **فَرزانَہ** (۱) عقل مند ۔ دانا (۲) زیرک ۔ ہوشیار (۳) سیانا ۔ چتر (۴)، عالم (۵) حکیم (۶) گیانی (۷) صاحب جوہر گنی (۸) لائق ٭

فرزند (فَرْ ۔ زَنْد) (ف) مذکر (۱) بیٹا ۔ لڑکا ۔ پسر (۲) اولاد ۔ لڑکا یا لڑکی ٭ **فرزند ارجمند** ۔ مذکر ۔ ہونہار بیٹا ۔ لائق بیٹا ۔ پیارا اور قابلِ قدر بیٹا ٭ **فرزند خلف** (ف ۔ ع) مذکر ۔ نیک بخت اور فرماں بردار بیٹا ۔ نیک اور صالح بیٹا ۔ سپوت ٭ **فرزند ناخلف** ۔ مذکر ۔ نافرمان بیٹا ۔ نالائق بیٹا ٭ **فرزند نرینہ** (ف) مذکر ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ لڑکا ٭ **فرزندی** (ف) مؤنث ۔ باپ کا بیٹا ہونا ٭ **فرزندی میں لینا** (ف) (۱) بیٹا بنانا ۔ متبنّٰی کرنا (۲) داماد بنانا ٭

فرزین (فَرْ ۔ زِین) (ف) مذکر (۱) عاقل ۔ دانا (۲) شطرنج کے کھیل میں وزیر کا مہرہ ٭

فرس (فَرَس) (ع) مذکر (۱) گھوڑا ۔ اسپ ۔ مرکب (۲) شطرنج کا وہ مہرہ، جو اڑھائی گھر چلتا ہے ٭

فرستادہ (فِرِس ۔ تَا ۔ دَہ) (ف) مذکر ۔ بھیجا ہُوا ۔ پیغامبر ۔ ایلچی ۔ قاصد ٭

فرسٹ (فَرْسْٹ) (انگ ۔ First) پہلا ۔ اوّل ۔ سابق ۔ مقدّم ۔ اگلا ٭ **فرسٹ اننگ** ۔ (First inning) مؤنث ۔ کرکٹ میں پہلی دفعہ کا کھیل ٭

فرسخ (فَرْ ۔ سَخ) (فرسنگ کا معرّب) مذکر ۔ کوس ۔ تین میل کی مسافت ٭ **فرسنگ** (فَرْ ۔ سَنگ) (ف) مذکر ۔ دیکھیے "فرسخ" ٭

فرسودگی (فَرْ ۔ سُو ۔ دَگی) (ف) مؤنث ۔ گھساؤ ۔ پھٹاؤ ۔ پُرانا پن ٭ **فَرسُودَہ** (۱) گھسا ہُوا ۔ پرانا ۔ کہنہ ۔ بوسیدہ (۲) تھکا ماندہ (۳) خستہ حال ٭

فرسے اُڑنا (ف) جلدی سے پروں کی ایک آواز کے ساتھ اُڑنا ۔ پھُرسے اُڑنا ٭

فرش (فَرْش) (ع) مذکر (۱) بچھونا ۔ بستر ۔ بچھانے کی چیز ۔ غالیچہ ۔ بوریا (۲) (مجازاً) دھرتی ۔ زمین (۳) (ا) اینٹیں لگی ہوئی زمین ۔ چُونے سے پکی ہوئی زمین ٭ **فرش فروش** (ف) مذکر ۔ استر بستر ۔ بچھونا ٭ **فرش کرنا** (۱) بستر بچھانا (۲) چُونے یا اینٹوں یا سلوں وغیرہ سے سطح یکساں اور پختہ کرنا (۳) مار کر بھُرکس نکالنا ٭ **فرشی** (ع ۔ ف) فرش سے منسوب ٭ **فرشی حقّہ** (ف) (۱) مذکر ۔ چوڑے پیندے کا بڑا حقّہ ٭ **فرشی سلام** ۔ مذکر ۔ دیکھیے "فرّاشی سلام" ٭ **فرشی لیمپ** ۔ مذکر ۔ فرش پر رکھ کر جلانے کا لمپ ٭

فرشتگان (فِرِشْ ۔ تَگان) (ف) مذکر ۔ فرشتہ کی جمع ٭ **فرشتوں** (ف) مذکر ۔ فرشتہ کی جمع ٭ **فرشتوں کو خبر نہ ہونا ۔ یا ۔ فرشتوں کا واقف نہ ہونا** ۔ محض ناواقف ہونا ۔ بالکل بے خبر ہونا ٭ **فرشتوں کے پر جلنا** (۱) تاب نہ ہونا ۔ مجال نہ ہونا ۔ پہنچ نہ ہونا (۲) رعب، جلال یا خوف کی وجہ سے جانے کی تاب نہ ہونا ٭ **فرشتہ** (فِرِشْ ۔ تَہ) (ف) مذکر (فرستادن سے) (۱) بھیجا ہُوا ۔ قاصد ۔ رسول (۲) مَلَک ۔ ہاتف ۔ وہ مقدّس مخلوق، جس کی پیدائش نُور سے ہے اور جس کی خوراک صرف عبادتِ الٰہی ہے ٭ **فرشتہ پر نہیں مارتا** (ف) کسی کا گزر نہیں ۔ کوئی غیر اور اجنبی کسی طرح نہیں جا سکتا ٭ **فرشتہ خاں** ۔ مذکر ۔ رعب داب والا ۔ زبردست آدمی ۔ تیس مار خاں ٭ **فرشتہ خصلت ۔ یا ۔ فرشتہ خو ۔ یا ۔ فرشتہ صفت** (ف ۔ ع) فرشتے کی سی عادت والا ۔ نہایت سیدھا سادہ اور بھولا بھالا ۔ بہشتی ۔ جنّتی ۔ مقدّس ۔ پاک ٭ **فرشتہ خواں** (ف) مذکر ۔ تسخیر کے علم میں ماہر کامل ٭ **فرشتے** ۔ مذکر ۔ فرشتہ کی جمع ۔ ملائک ٭ **فرشتے دکھائی دینا ۔ یا ۔ نظر آنا** ۔ موت نظر آنا ۔ مرنے کا وقت قریب آنا ٭

فرصت (فُرْ ۔ صَت) (ع) مؤنث (۱) فراغت ۔ خلاصی ۔ چھٹکارا (۲) خلوت کا وقت (۳) چھٹکارے کا وقت ٭ **فرصت پانا** (ف) (۱) وقت یا موقع پانا (۲) فارغ ہونا (۳) چھٹّی پانا (۴) موقوف ہونا ۔ برخاست ہونا (۵) مہلت پانا ٭

فرض (فَرْض) (ع) مذکر (۱) تشخیص ۔ تعیّن ۔ اندازہ (۲) اللہ تعالیٰ کا حکم ۔ شرعی حکم، جس کے نہ کرنے سے آدمی گنہگار خیال کیا جاتا ہے (۳) لازم اور ضروری امر ۔ ڈیوٹی (۴) ذمّہ داری ۔ جواب دہی (۵) (ف) تسلیم کیا ہُوا ۔ مانا ہُوا ٭ **فرض ادا کرنا** (ف) (۱) خدا کا حکم بجا لانا (۲) اپنے اوپر، جو کچھ واجب ہے، اس کا بجا لانا ٭ **فرض پڑھنا** ۔ نماز فرض پڑھنا ۔ اُن رکعتوں کو ادا کرنا، جو خدا نے واجب اور لازم کر دی ہیں ٭ **فرض سے ادا ہو جانا ۔ یا ۔ ہونا** ۔ اولاد کی شادی کر کے ماں باپ کا سبک دوش ہو جانا ٭ **فرضِ عین** (ع) مذکر ۔ خالص فرض ۔ ذاتی فرض ٭ **فرض کرنا** (ف) تسلیم کرنا ۔ ماننا ۔ جاننا ۔ خیال کرنا ٭

فرضِ کِفَایَہ (ع) مذکر۔ وہ فرض، جو کنبے میں سے کسی ایک ہی شخص کے ادا کرنے سے اَور لوگوں کے سر سے اتر جائے، جیسے نماز جنازہ فرضِ کفایہ ہے۔ کنبہ بھر میں سے ایک آدمی پڑھ لے تو سب کے سر سے اتر جاتا ہے ۔ **فرضاً** (فَرْ۔ ضَنْ) از روئے فرض۔ بالفرض۔ قیاساً ۔ **فرضی** (۱) واجب۔ لازم۔ ضروری (۲) خیالی۔ قیاسی۔ نقلی۔ مصنوعی۔ برائے نام ۔ **فرضیّت** ۔ مؤنث۔ فرض کرنا ۔

فرط (فَرْ ط) (ع) مؤنث۔ زیادتی۔ افراط۔ کثرت۔ غلبہ ۔ **فرطِ شوق**۔ مؤنث۔ اشتیاق کی کثرت۔ تمنّا اور آرزو کا کمال ۔ **فرطِ محبّت**۔ مؤنث۔ پیار اور محبّت کی زیادتی ۔

فرع (فَرْ ع) (ع) مؤنث (۱) شاخ۔ ڈالی۔ ٹہنی۔ پھننگ (۲) وہ دینی مسائل، جو عمل سے متعلق ہوں ۔

فرعون (فِرْ۔ عَوْن) (ع) مذکر (۱) ایک بادشاہِ مصر کا لقب، جو حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں خدائی کا دعویٰ کرتا تھا (۲) اگلے وقتوں میں مصر کے بادشاہوں کا عام لقب (۳) (مجازاً) متکبر۔ مغرور۔ جابر۔ ظالم۔ نافرمان۔ باغی ۔ **فرعونِ بے سامان** (ع۔ ف) وہ شخص، جو مقدرت نہ ہونے پر بھی اترائے اور سرکشی کا دم مارے۔ نواب بے ملک۔ ظالم۔ متکبر ۔ **فرعونی** (ا) مؤنث۔ شرارت۔ بدذاتی۔ سرکشی ۔ **فرعونیّت** (ع) مؤنث۔ تکبر۔ سرکشی ۔

فرغل (فَرْ۔ غُل) (فرگل کا معرّب) مؤنث۔ ایک قسم کا رُوئی والا لباس۔ رُوئی والا لبادہ ۔

فرفر (فَرْ۔ فَر) (ا) ہوا کی طرح۔ جلد جلد ۔ **فرفر پڑھنا**۔ بے روک پڑھنا۔ جلد جلد پڑھنا ۔

فرفیون (فَرْ۔ فیُوْن) (یونانی) مؤنث۔ ایک قسم کا خاکستری گوند ۔

فرق (فَرْ ق) (ع) مذکر (۱) علحدگی۔ جدائی (۲) دُوری۔ فاصلہ (۳) تفاوت۔ اختلاف (۴) شناخت۔ تمیز (۵) (ا) کسر۔ کمی (۶) غیریّت۔ بیگانگی ۔ **فرق آجانا** (ا) (۱) پہلی سی بات نہ رہنا۔ غیریّت ہونا (۲) بٹّا لگنا۔ بات بگڑنا (۳) اصلیت میں اختلاف ہونا (۴) شکر رنجی ہونا۔ اَن بَن ہو جانا ۔ **فرق نکالنا**۔ تفاوت معلوم کرنا۔ غلطی نکالنا ۔

فرقان (فُرْ۔ قَان) (ع) مذکر (۱) (لغوی) حق اور باطل میں فرق کرنے والا (۲) (اصطلاحی) قرآن مجید۔ کلامِ الٰہی ۔

فرقت (فُرْ۔ قَت) (ع) مؤنث۔ ہجر۔ جدائی۔ علحدگی۔ مفارقت ۔

فرقدان۔ فرقدین (فَرْ۔ قَدَان، فَرْ۔ قَدَین) (ع) مذکر۔ قطبِ شمالی کے پاس دو ستارے ۔

فرقہ (فِرْ۔ قَہ) (ع) مذکر۔ جماعت۔ فریق۔ گروہ۔ قوم ۔ **فرقہ پرست۔ فرقہ پسند** (ع۔ ف) سیاسی اعتبار سے تنگ نظر۔ اپنی قوم کا طرف دار ۔ **فرقہ وار** (۱) فرقے سے متعلق (۲) ہر فرقے کا۔ الگ الگ ۔

فرلانگ (فَرْ۔ لانگ) (انگ۔ Furlong) مذکر۔ دو سو بیس گز کا فاصلہ۔ میل کا آٹھواں حصّہ ۔

فرلو (فَرْ۔ لو) (انگ Furlough) مؤنث۔ خاص میعاد کی ملازمت کے بعد کی چھٹی، جو نصف تنخواہ پر ملے ۔

فرم (فَرْم) (انگ۔ Firm) مؤنث۔ دکان۔ کارخانہ۔ کمپنی ۔

فرما۔ فرمہ (فَرْ۔ مَا، فَرْ۔ مَہ) (ا) مذکر (۱) یک رُخہ چھپا ہوا کاغذ (۲) سانچہ ۔ **فرما موڑنا**۔ چھپے ہوئے کاغذوں کو ترتیب سے موڑ کر جزو بنانا ۔

فرمان (فَرْ۔ مَان) (ف) مذکر۔ حکم۔ آگیا۔ حکم نامہ۔ حکمِ شاہی۔ سندِ شاہی۔ پروانہ ۔ **فرمان بردار** (۱) تابع۔ مطیع (۲) (مجازاً) نوکر چاکر۔ ملازم ۔ **فرمان برداری**۔ مؤنث۔ متابعت۔ اطاعت ۔ **فرمان برداری کرنا** (ا) حکم ماننا۔ اطاعت کرنا ۔ **فرمان پذیر** (ف) فرمان بردار۔ حکم بجا لانے والا ۔ **فرمان روا**۔ حاکم۔ حکمران ۔ **فرمان روائی**۔ مؤنث۔ حکومت۔ حکمرانی۔ بادشاہی ۔ **فرمانا** (ا) حکم دینا۔ بیان کرنا۔ کہنا۔ بولنا ۔

فرمائش (فَرْ۔ مَا۔ اِش) (ف) مؤنث (۱) حکماً یا تحکّم سے کسی چیز کی درخواست کرنا (۲) حکم۔ فرمان۔ ارشاد (۳) بطورِ حکم سفارش (۴) ضرورت۔ حاجت۔ تمنّا (۵) مانگ۔ طلب۔ درخواست ۔ **فرمائش کرنا** (ا) ارشاد کرنا۔ کوئی چیز طلب کرنا۔ چاہنا ۔ **فرمائشی** (ف) (۱) حکماً منگوائی یا بنوائی ہوئی۔ فرمائش کی ہوئی (۲) (مجازاً) نفیس اور عمدہ چیز ۔ **فرمائشی پڑنا** (ا) جوتیاں لگنا۔ جوتیاں پڑنا ۔ **فرمائشی لگانا**۔ خوب جوتیاں مارنا ۔

فرن (فَرْن) (انگ۔ Fern) مذکر۔ کائی کی قسم کے پودے، جو نہروں، کنوؤں اور پانی کے آس پاس اُگتے ہیں ۔

فرنٹ (فْرَنْٹ) (انگ۔ Front) (۱) سامنا حصّہ۔ پیشانیِ مکان (۲) (ا) سرکش۔ باغی۔ متمرّد (۳) خلاف (۴) خفا۔ ناراض۔ رنجیدہ ۔ **فرنٹ ہو جانا** (ا) بغاوت کرنا۔ باغی ہو جانا (۲) ناراض ہو جانا۔ رنجیدہ ہو جانا ۔

فرنٹیئر (فْرَنْ۔ ٹیئر) (انگ۔ Frontier) مذکر (۱) سرحد (۲) شمال مغربی سرحدی صوبہ ۔

فرنچ (فْرِنْچ) (انگ۔ French) (۱) فرانس کا باشندہ (۲) مؤنث۔ فرانس کی زبان (۳) ایک قسم کا ہلکا کاغذ، جو فرانس میں بنتا ہے ۔

فرنگ (فَرَنْگ) (ف) مذکر (۱) یورپ۔ مغربی ممالک (۲) انگریز۔ عیسائی (۳) یورپی ۔ **فرنگستان**۔ مذکر۔ ولایت۔ یورپ ۔ **فرنگی** (ا) مذکر۔ یورپی۔ انگریز ۔ **فرنگی محل**۔ مذکر۔ لکھنؤ کا ایک بازار ۔

فرنی (فِرْ ۔ نِیْ) (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کی کھیر جو دودھ، چینی اور چاولوں کے آٹے سے بنتی ہے ۔ **فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں ہوتا** (۱) مثل ۔ بُرے بھلے سب یکساں نہیں ہوتے ۔ ہر شے کی قدر اس کی حیثیت کے مطابق ہوتی ہے ۔

فرنیچر (فَرْ ۔ نِیْ ۔ چَرْ) (انگ ۔ Furniture) مذکر ۔ میز کرسی وغیرہ سامانِ آرائش ۔

فرو (فِرُو) (ف) (۱) نیچے ۔ تحت (۲) زیرِ حکم (۳) کم مرتبہ ۔ سفلہ ۔ **فروتن** ۔ مسکین ۔ غریب ۔ **فروتنی** ۔ مؤنث ۔ غریبی ۔ تواضع ۔ مسکینی ۔ عاجزی ۔ **فرو کرنا** (۱) بجھانا ۔ بٹھانا ۔ دبانا ۔ **فرو کش ہونا** ۔ ٹھہرنا ۔ بسیرا کرنا ۔ رات بھر ٹھہرنا ۔ مقام کرنا ۔

فروگزاشت (ف) مؤنث (۱) نظر انداز ۔ درگزر (۲) چشم پوشی (۳) غفلت ۔ بے پروائی (۴) کمی ۔ کوتاہی (۵) خطا ۔ بھول ۔ **فروگزاشت کرنا** (۱) (۱) چُوکنا ۔ بھولنا (۲) جانے دینا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ ٹالنا ۔ **فروماندگی** (ف) مؤنث (۱) عاجزی ۔ ناچاری (۲) مفلسی ۔ افلاس ۔ **فرومانده** (۱) تھکا ہُوا ۔ کمزور ۔ عاجز (۲) مفلس ۔ **فرومایہ** ۔ کم ظرف ۔ سفلہ ۔ کمینہ ۔ ہیچ ۔ **فرو ہونا** (۱) کم ہونا ۔ نیچے بیٹھنا ۔ دبنا (۲) بجھنا ۔

فروٹ (فَرْ ۔ وَٹْ) (ا) سرپٹ ۔ **فروٹ اڑانا** (۱) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا (۲) زدوکوب کرنا ۔ جوتے لگانا ۔

فروٹ (فرُوٹْ) (انگ ۔ Fruit) مذکر ۔ پھل ۔ میوہ ۔

فروخت (فِرُوخْتْ) (ف) مؤنث ۔ بِکری ۔ بیع ۔ **فروخت کرنا** (ا) مول دینا ۔ بیع کرنا ۔ بیچنا ۔

فرود (فِرُوْدْ) (ف) (۱) نیچے ۔ پائیں ۔ زیر (۲) مذکر ۔ بسیرا ۔ ٹھہراؤ ۔ **فرودگاہ** ۔ مؤنث ۔ اترنے کی جگہ ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔

فروردین (فَرْ ۔ وَرْ ۔ دِیْنْ) (ف) مذکر ۔ ایرانی سال کا پہلا مہینا ۔

فروری (فَرْ ۔ وَرِیْ) (مہند) (انگ ۔ فَیْبْرُوْ ۔ اَرِیْ (February) مذکر ۔ انگریزی دوسرا مہینا، جو اٹھائیس دن کا ہوتا ہے، مگر لیپ کا، یعنی ہر چوتھے سال انتیس یوم کا ہوتا ہے ۔

فروزاں (فُرُوْ ۔ زَاںْ) (ف) روشن ۔

فروش (فُرُوْشْ) (ف) فروختن کا امر ۔ بیچ ۔ **فروشندہ** ۔ فروخت کرنے والا ۔ بیچنے والا ۔ بائع ۔

فروع (فُرُوْعْ) (ع) مذکر ۔ فرع کی جمع (۱) شاخیں ۔ ٹہنیاں (۲) (مذہبی اصطلاح) وہ مسائل، جو عمل سے تعلق رکھیں (۳) وہ رشتہ دار جو اصل وارث سے فاصلے پر ہوں، جیسے پوتے پوتیاں ۔ نواسے نواسیاں ۔

فروغ (فُرُوْغْ) (ف) مذکر ۔ روشنی ۔ چمک دمک ۔ نور ۔ رونق ۔ **فروغ پانا** (۱) نام پانا ۔ عزت پانا ۔ رونق پانا ۔

فروہی (فَرُوْ ۔ ہِیْ) (ا) مؤنث (۱) بٹا ۔ کمیشن ۔ دستوری (۲) فائدہ ۔ حاصل (۳) داروغے کے حقوق (۴) ایک قسم کی تلوار ۔

فرہاد (فَرْ ۔ ہَادْ) (ف) مذکر ۔ فارس کا ایک مشہور سنگ تراش، جو شہزادی شیریں پر عاشق ہو گیا تھا ۔

فرہنگ (فَرْ ۔ ہَنْگْ) (ف) مؤنث (۱) سمجھ ۔ دانش ۔ دانائی (۲) لغت کی کتاب ۔ ڈکشنری ۔

فری (فْرِیْ) (انگ ۔ Free) (۱) بے قیمت ۔ مفت (۲) آزاد ۔

فریاد (فَرْ ۔ یَادْ) (ف) مؤنث (۱) آہ و نالہ ۔ شور و غل (۲) استغاثہ ۔ نالش ۔ **فریاد رس** ۔ مذکر ۔ فریاد کو پہنچنے والا ۔ داد دینے والا ۔ **فریاد رسی** ۔ مؤنث ۔ انصاف دہی ۔ داد رسی ۔ **فریاد کرنا** (۱) دُکھڑا رونا ۔ شور کرنا (۲) داد چاہنا ۔ نالش کرنا ۔ **فریاد لانا** ۔ کسی کے ظلم و ستم کا شکوہ بیان کرنا ۔ **فریادی** (ف) مؤنث (۱) دہائی دینے والا (۲) مستغیث ۔ دادخواہ ۔ نالشی ۔

فریب (فِرِیْبْ) (ف) مذکر (۱) دھوکا ۔ مکر ۔ دغا ۔ جھانسا ۔ دم (۲) عیاری ۔ چالاکی (۳) شعبدہ ۔ طلسم ۔ **فریب دہی** (۱) مؤنث (قانون) دھوکا دینے کا جرم ۔ ٹھگی ۔ دغا بازی ۔ **فریب کرنا** ۔ چالاکی کرنا ۔ دغا کرنا ۔ **فریب میں آنا** ۔ دھوکا کھانا ۔ جال میں پھنسنا ۔ دام میں آنا ۔ **فریبی** ۔ **فریبیا** ۔ دھوکا دینے والا، مکار، دغاباز، ٹھگ ۔

فرید (فَرِیْدْ) (ع) (۱) یکتا ۔ فرد ۔ لاثانی ۔ بے مثل (۲) مذکر ۔ حضرت شیخ فریدالدینؒ کا لقب، جنھیں بابا فرید اور شکر گنج بھی کہتے ہیں ۔ **فرید بوٹی** (۱) مؤنث ۔ ایک نہایت سرد اور لعیس دار بوٹی، جس سے پانی جم جاتا ہے ۔ **فرید شکر گنج، نہ رہے دکھ نہ رہے رنج** ۔ بابا فرید کے فقیروں کی صدا ۔

فریدوں (فَرِیْ ۔ دُوْں) (ف) مذکر ۔ فارس کا ایک مشہور اور قدیم بادشاہ، جس نے کاوہ آہن گر کی مدد سے ضحاک کو ہلاک کیا تھا ۔

فریضہ (فَرِیْ ۔ ضَہْ) (ع) مذکر (۱) خدا کا حکم (۲) ضروری کام ۔ لازم کام ۔ **فریضہ ادا کرنا** (۱) (۱) خدا کے حکم کی تعمیل کرنا، مثلاً نماز پڑھنا وغیرہ (۲) ضروری کام انجام دینا ۔

فریفتہ (فَرِیْفْ ۔ تَہْ) (ف) عاشق ۔ شیدا ۔ والہ ۔ دلدادہ ۔ **فریفتہ ہونا** (۱) عاشق ہونا ۔

فریق (فَرِیْقْ) (ع) مذکر (۱) فرقہ ۔ جماعت ۔ گروہ (۲) (قانون) مدعی یا مدعا علیہ کی طرف کا جتھا ۔ **فریقِ اوّل** ۔ مذکر (قانون) مدعی ۔ وہ گروہ، جس نے اوّل دعویٰ کیا ہو ۔ **فریقِ ثانی** ۔ مذکر (قانون) مدعا علیہ کا گروہ ۔ طرفِ ثانی، جس پر دعویٰ کیا گیا ہو ۔ **فریقین** ۔ مذکر ۔ دونوں فریق ۔ جانبین ۔ طرفین ۔ مدعی اور مدعا علیہ ۔

فریم (فْرِیْمْ) (انگ ۔ Frame) مذکر (۱) چوکھٹ ۔ تصویر کا چوکھٹا ۔

گھیرا۔ حلقہ (۲) قالب۔ جسم۔ پنجر ۔

فریمیسن (فرِی۔ مِے۔ سَن) (انگ۔ Freemason) مذکر۔ یہ لفظ فری (آزاد) اور میسن (معمار یا سنگ تراش) سے مرکب ہے۔ اوّل میں معماروں کا ایک فرقہ تھا، جس کا اتحاد اور ایکا مشہور تھا۔ بعد میں انھیں نے ایک فرقہ نکالا جو اب تک رائج ہے۔ خفیہ مجلس۔ ایک خاص عقیدے کے لوگوں کا فرقہ ۔

ف۔ز

فزع (فَزَع) (ع) مؤنث۔ ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ ہراس ۔

فزول (فُزُوں) (ف) زیادہ۔ بڑھا ہوا ۔

ف۔س

فساد (فَسَاد) (ع) مذکر (۱) خلل۔ خرابی۔ تباہی (۲) فتنہ۔ بلوہ۔ غدر (۳) جھگڑا۔ لڑائی (۴) شرارت۔ ہنگامہ (۵) سرکشی۔ مخالفت ۔ **فساد اٹھانا۔ یا۔ برپا کرنا** (د) فتنہ کھڑا کرنا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ بلوہ کرنا۔ غدر مچانا۔ جھگڑا مچانا ۔ **فساد کی جڑ**۔ مؤنث۔ جھگڑے کی بنیاد۔ لڑائی کا گھر۔ باعثِ فتنہ۔ مفسد ۔

فسادِ معدہ (ع) مذکر۔ معدے کا بگاڑ۔ پیٹ کا خلل ۔

فسادی (ع۔ ف) جھگڑالو۔ فتنہ انگیز۔ مفسد۔ شریر ۔

فسان (فَسَان) (ف) مؤنث۔ دیکھیے "افسان" ۔

فسانہ (فَسَا۔ نَہ) (ف) مذکر (۱) بناوٹی ہوئی کہانی۔ گھڑا ہوا قصہ (۲) (مجازاً) سرگزشت۔ ماجرا۔ حکایت۔ حال۔ احوال ۔

فسخ (فَسْخ) (ع) مذکر۔ ارادہ توڑنا۔ منسوخی۔ منسوخ کرنا۔ رد۔ تردید ۔ **فسخ کرنا** (د) توڑنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا ۔

فسردگی (فَسُر۔ دَ۔ گی) (ف) مؤنث۔ دیکھیے "افسردگی" ۔ **فسردہ**۔ دیکھیے "افسردہ" ۔

فسق (فِسْق) (ع) مذکر۔ نافرمانی۔ گناہ۔ بدکاری۔ جرم ۔ **فسق و فجور**۔ مذکر۔ گمراہی۔ بدکاری ۔

فسوں (فُسُوں) (ف) مذکر۔ منتر۔ ٹونا۔ جادو ۔ **فسوں ساز**۔ مذکر۔ تسخیر کرنے والا۔ جادوگر ۔

ف۔ش

فش (فِش) (د) ہیچ۔ پوچ ۔

فشار (فِشَار) (ف) مذکر (۱) بھینچنا۔ دبانا (۲) قبر کا مُردے کو بھینچنا (۳) پھیلانا ۔ **فشارِ قبر**۔ مذکر۔ دیکھیے "فشار" ۲ ۔

فشردہ (فِشُر۔ دَہ) (ف) (۱) نچوڑا ہوا۔ عرق نکالا ہوا۔ افشردہ (۲) مذکر۔ رس۔ عرق ۔

ف۔ص

فصاحت (فَصَا۔ حَت) (ع) مؤنث۔ خوش بیانی۔ خوش کلامی ۔

فصاد (فَصْ۔ صَاد) (ع) مذکر۔ فصد کھولنے والا۔ جراح ۔

فصحا (فُصَحَا) (ع) مذکر۔ فصیح کی جمع۔ خوش کلام اور خوش بیان لوگ ۔

فصد (فَصْد) (ع) مؤنث۔ رگ سے خون لینا۔ نشتر زنی ۔

فصد کھلوانا (د) رگ سے خون نکلوانا۔ خون نکلوانا ۔ **فصد لینا** (۱) رگ سے خون لینا۔ خون نکلوانا (۲) اپنے سودا یا جنون کا علاج کرانا ۔

فصل (فَصْل) (ع) مؤنث (۱) سماں۔ رُت۔ موسم (۲) کلمہ یا کلام کا ایک حصہ (۳) باب۔ کتاب کا حصہ۔ ضمن۔ بیان (۴) علیحدگی۔ جدائی (۵) حجاب۔ پردہ (۶) قطع و برید (۷) (د) پیداوار۔ اناج۔ غلہ ۔ **فصل استادہ** (د) مؤنث۔ کھڑی کھیتی ۔

فصل بہار (ع۔ ف) مؤنث۔ پھول کھلنے کا زمانہ۔ موسم گل۔ ربیع ۔ **فصل تخم ریزی** (د) مؤنث۔ بیج ڈالنے کا موسم۔ بیج بونے کا سماں ۔ **فصل خریف** (ع) مؤنث۔ سال کے پہلے چھ مہینے، جن میں جوار، باجرا وغیرہ اناج پیدا ہوتے ہیں۔ ساؤنی ۔

فصل ربیع۔ مؤنث۔ سال کے دوسرے چھ مہینے، جن میں گیہوں، چنے، جَو، رُوئی وغیرہ چیزیں پیدا ہوتی ہیں ۔ **فصلی** (ع۔ ف) (۱) فصل سے متعلق۔ فصل سے منسوب۔ رُت کا۔ موسمی (۲) ایک سنہ، جو اسی حساب سے جاری ہے ۔ **فصلی بخار** (د) مذکر۔ وہ موسمی بخار، جو موسم بدلنے کی وجہ سے ہو جاتا ہے ۔

فصلی کوّا۔ مذکر (۱) پہاڑی کوّا، جو برف کے موسم میں پہاڑ سے اتر کر میدان میں چلا آتا ہے (۲) (پنجاب) غرض کا آشنا۔ مطلبی یار۔ چند روز کا یار ۔

فصول (فُصُول) (ع) مذکر۔ فصل کی جمع ۔ **فصول اربعہ**۔ مذکر۔ سال کے چاروں موسم، جاڑا، گرمی، ربیع، خریف ۔

فصیح (فَصِیح) (ع) شیریں زبان۔ خوش کلام۔ خوش زبان ۔

فصیل (فَصِیل) (ع) مؤنث۔ شہر کی چار دیواری۔ شہر پناہ۔ آبادی کو غیر آبادی سے جدا کرنے والی دیوار ۔

ف۔ض

فضا (فَضَا) (ع) مؤنث (۱) میدان۔ سطح۔ کشادگی۔ وسعت۔ زمین کی فراخی (۲) (د) کیفیت۔ رونق۔ جوبن۔ بہار۔ دلچسپی ۔

فضا کا مقام (د) مذکر۔ بہار کی جگہ۔ کیفیت کی جگہ۔ دلچسپی کا مقام۔

وہ مقام، جہاں دل کو فرحت حاصل ہو ۔

فضائل (فَضا۔ اِل) (ع) مذکر۔ فضیلت کی جمع (۱) نیکیاں۔ خوبیاں (۲) کمالات۔ جوہر۔ ہنر ۔ **فضائل اربعہ**۔ مذکر۔ چار فضیلتیں حکمت، شجاعت، عفت، عدالت ۔

فضل (فَضْل) (ع) مذکر (۱) افزونی۔ زیادتی (۲) جوہر۔ علم و ہنر (۳) بخشش۔ مہربانی۔ رحم ۔ **فضل مولیٰ** (فقراء کی دعا) اللہ کی مہربانی ہو۔ خدا کا فضل رہے ۔

فضلا (فُضَلا) (ع) مذکر۔ فاضل کی جمع۔ علماء ۔

فضلات (فُض۔ لات) (ع) مذکر۔ فضلہ کی جمع ۔

فضلہ (فُض۔ لہ) (ع) مذکر (۱) زیادہ۔ بچا ہوا (۲) جھوٹن۔ پس خوردہ۔ جھوٹا کھانا (۳) پھوک۔ گاد۔ تلچھٹ ۔

فضول (فُضول) (ع)، (۱) زیادہ۔ کثیر۔ از حد (۲) (ف) نکما۔ بے کار۔ لا حاصل۔ بے فائدہ (۳) زائد۔ فالتو ۔ **فضول خرچ** (ف) آمدنی سے زیادہ خرچ کرنے والا۔ مسرف۔ لکھ لٹ ۔ **فضول خرچی**۔ مؤنث۔ بے موقع خرچ۔ خرچ کی زیادتی۔ اسراف ۔ **فضول گو** (ع۔ ف) مذکر۔ بکواسی۔ بکی۔ باتونی۔ بیہودہ بکنے والا ۔ **فضول ہے** (ف) (۱) لا حاصل ہے (۲) لغو ہے ۔

فضیتا (فَضِی۔ تا) (فضیحت کا مخرب) مذکر۔ دیکھیے "فضیحت" ۔

فضیحت (فَضِی۔ حَت) (ع) مؤنث (۱) رسوائی۔ بدنامی۔ ذلت (۲) دھتکار۔ جھڑکی ۔ **فضیحتی** (ف) مؤنث (۱) رسوائی۔ بدنامی (۲) بے عزتی (۳) لڑنا جھگڑنا ۔ **فضیحتی کرنا** (ف) (عو) (۱) بدنامی دینا۔ رسوائی کرنا (۲) دھجیاں اڑانا۔ لتے لینا ۔

فضیلت (فَضِی۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) بڑائی۔ بزرگی (۲) خوبی۔ عمدگی (۳) سلیقہ (۴) ہنرمندی۔ علمیت (۵) فوقیت (۶) ترجیح ۔ **فضیلت کا تمغہ** (ف) مذکر۔ لیاقت کی سند۔ سرٹیفکیٹ، ڈپلوما ۔ **فضیلت کی پگڑی (دستار) باندھنا**۔ فاضل ہونا۔ فضیلت حاصل کرنا۔ عالم ہونا ۔

ف۔ط

فطانت (فَطا۔ نَت) (ع) مؤنث۔ دانائی۔ عقلمندی۔ ذہانت ۔

فَطر (فَطْر) (ع) مذکر (۱) چیرنا۔ پھاڑنا (۲) پیدا کرنا (۳) کسی کام کا شروع کرنا (۴) روزہ کھولنا ۔

فِطر (فِطْر) (ع) مذکر (۱) روزہ کھولنا۔ روزہ کشائی۔ اِفطار (۲) آٹا گوندھنا ۔ **فِطرانہ** (ف) مذکر۔ عید رمضان کا صدقہ، جو فی کس دو سیر گیہوں یا چار سیر جو ہوتے اور نماز سے پہلے غریبوں کو دیے جاتے ہیں ۔ **فِطرہ** (ع) مذکر۔ دیکھیے "فِطرانہ" ۔

فطرت (فِط۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) خلقت۔ پیدائش (۲) قدرت، نیچر (۳) اصل۔ خمیر (۴) ہوشیاری۔ عقلمندی (۵) (ف) (عو) چالاکی۔ فریب (۶) (عو) ملی بھگت۔ سازش (۷) فتنہ انگیزی ۔ **فطرت لڑانا** (ف) (۱) چالاکی کرنا۔ سازش کرنا (۲) تدبیر لڑانا ۔ **فطرتی** (ع۔ ف) (۱) خلقی۔ جبلی۔ پیدائشی۔ حقیقی۔ اصلی (۲) (ف) (عو) دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ چالاک۔ عیار۔ شوخ ۔

فطری (فِط۔ رِی) (ع) دیکھیے "فطرتی ۱" ۔

فطیر (فَطِیر) (ع) مذکر۔ تازہ آٹا، جس کا خمیر نہ کیا گیا ہو ۔ **فطیری** (ف) مؤنث۔ تازہ گندھے ہوئے آٹے کی ۔ **فطیری روٹی**۔ مؤنث۔ سادہ روٹی۔ پھلکا۔ چپاتی ۔

فطین (فَطِین) (ع) دانا۔ ذہین ۔

ف۔ع

فعل (فِعْل) (ع) مذکر (۱) کام۔ کاج۔ عمل (۲) (علم صرف) وہ کلمہ، جس کے معنی میں تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ یعنی ماضی، حال یا مستقبل پایا جائے (۳) حرکت اور جنبش (۴) (ف) کرتوت۔ لچھن۔ بری حرکت (۵) بہانہ۔ حیلہ (۶) برا کام۔ بدفعلی۔ زنا۔ جماع۔ مباشرت۔ لواطت ۔ **فعل جائز**۔ مذکر۔ وہ کام، جو شرعاً روا ہو ۔ **فعل شنیع**۔ مذکر۔ شرمناک فعل۔ بے جا حرکت ۔ **فعل ضامنی** (ف) مؤنث۔ نیک چلنی کی ضمانت ۔ **فعل عبث** (ع) مذکر۔ فضول اور نکما کام۔ بے سود اور بے فائدہ کام ۔ **فعل کرانا** (ف) زنا کرانا۔ لواطت کرانا ۔ **فعل کرنا** (۱) کوئی کام یا حرکت کرنا (۲) بدفعلی کرنا۔ مجامعت کرنا (۳) عمل کرنا (۴) فریب کرنا۔ مکر کرنا ۔ **فعل لازم** (ع) مذکر۔ علم صرف میں وہ فعل، جو صرف فاعل ہی پر تمام ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے ۔ **فعل لانا** (ف) (۱) فساد کرنا۔ جھگڑا کرنا (۲) بے ایمانی کرنا (۳) شرارت کرنا (۴) مچلنا۔ بگڑنا (۵) ہٹ کرنا۔ مکر کرنا۔ پاؤں پھیلانا ۔ **فعل متعدی** (ع) مذکر۔ علم صرف میں وہ فعل، جس میں مفعول کے سننے کا انتظار رہے یا فعل سے تجاوز کر کے مفعول پر واقع ہو ۔ **فعل مجہول**۔ مذکر۔ علم صرف میں، جب فعل کا فاعل معلوم نہ ہو اور مفعول اس کا قائم مقام ہو تو اسے فعل مجہول کہتے ہیں ۔ **فعل معروف یا معلوم**۔ مذکر۔ علم صرف میں وہ فعل، جس کا فاعل مذکور ہو ۔ **فعل ناجائز** (ع۔ ف) مذکر۔ وہ کام، جس کا کرنا شرعاً یا قانوناً ممنوع ہو۔ خلاف قانون حرکت ۔ **فعل ناشائستہ**۔ مذکر۔ ناموزوں امر۔ غیر واجب کام۔ نامناسب حرکت ۔ **فعلاً** (ع) عمل یا فعل کے رو سے۔ عملاً ۔ **فعلی** فعل سے منسوب۔ عملی ۔

ف ۔ غ

فغاں (فُغاں) (ف) مذکر و مؤنث۔ نالہ و فریاد۔ آہ و زاری۔ غوغا۔ شور۔

فغفور (فَغ۔ فُور) (ف) مذکر۔ چین کے بادشاہوں کا لقب۔

ف ۔ ف

فُف (فُف) (ف) مؤنث۔ پھونک۔

ففرّو (فَفر۔ رُو) (ہ) رفوچکر۔ بھاگا ہوا۔ **ففرّو ہونا** (۱) بھاگ جانا۔ رفوچکر ہونا (۲) معدوم ہونا۔

ف ۔ ق

فق (فَق) (ع) (۱) خوف یا حیرت یا وحشت سے چہرے کی رنگت کا تغیر (۲) سفید۔ زرد (۳) اُداس (۴) ہکا بکا۔ حیران و پریشان۔ **فق پڑ جانا۔ یا۔ ہو جانا۔ یا۔ ہونا** (و) (۱) چہرے کا رنگ اُڑ جانا (۲) دنگ رہ جانا۔ حیران و پریشان ہو جانا (۳) اُداس ہونا۔

فقدان (فُق۔ دان) (ع) مذکر (۱) کھویا جانا۔ گم کرنا (۲) ہر کتابت میں عدم و نیست کے معنی میں آتا ہے، جیسے فقدانِ نعمت یعنی عدمِ نعمت۔

فقر (فَقْر) (ع) مذکر (۱) درویشی۔ فقیری (۲) محتاجی۔ **فقر و فاقہ**۔ مذکر۔ غریبی و مفلسی۔ تنگی و ترشی۔

فقراء (فُقَرا) (ع) مذکر۔ فقیر کی جمع۔ بہت سے درویش۔

فقروں (فِق۔ رُوں) (و) مذکر۔ فقرہ کی جمع۔ **فقروں میں آنا**۔ فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ باتوں میں آنا۔

فقرہ (فِق۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) ریڑھ کی ہڈی (۲) عبارت کا ٹکڑا۔ جملہ۔ کلام (۳) (و) دھوکا۔ جھانسا۔ دم۔ **فقرہ باز** (و) دغا باز۔ عیار۔ چالباز۔ **فقرہ بتانا۔ یا۔ بنانا۔ یا۔ گھڑنا**۔ دھوکا دینا۔ کوئی جھوٹی بات گھڑ دینا۔ دم دینا۔ **فقرہ چلنا**۔ کسی جھوٹی بات یا فریب کا کارگر ہونا۔ **فقرہ دینا**۔ دم دینا۔ چال چلنا۔ جھانسا دینا۔ **فقرے** (فِق۔ رِے) (و) مذکر۔ فقرہ کی جمع۔ دم جھانسے۔ جھوٹی باتیں۔ **فقرے بازیاں کرنا**۔ دھوکے دینا۔ باتیں بنانا۔ **فقرے بندی**۔ مؤنث۔ جملوں کی بناوٹ۔ ٹیک بندی۔ **فقرے ڈھالنا۔ یا۔ سنانا۔ یا۔ کہنا**۔ طعنے مارنا۔ آوازے کسنا۔

فقط (فَقَط) (ع) محض۔ صرف۔ بس۔ **فقط تعویذ سے کام نہیں چلتا، کمر کا بھی زور چاہیے**۔ صرف تعویذ گنڈے کے بھروسے نہ رہنا چاہیے، بلکہ خود بھی ہمت کرنی چاہیے۔

فقہ (فِقْہ) (ع) مؤنث (۱) علم۔ واقفیت (۲) (مجازاً) دین کا علم۔ احکامِ شریعت کی واقفیت۔

فقہا (فُقَہا) (ع) مذکر۔ فقیہ کی جمع۔ علمِ دین کے جاننے والے۔ عالم۔

فقید (فَقِید) (ع) نایاب۔ **فقید المثال۔ فقید النظیر**۔ بے نظیر۔ بے مثل۔ جس کی مانند کوئی نہ ہو۔ لاثانی۔

فقیر (فَقِیر) (ع) مذکر (۱) منگتا۔ بھکاری۔ گدا (۲) (و) تارک الدنیا۔ خدا پرست۔ قانع۔ صاحبِ فقر (۳) محتاج۔ غریب۔ **فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے** (و) مثل۔ غریب تھوڑے ہی سامان سے خوش ہے۔ **فقیر بنا دینا۔ یا۔ کر دینا**۔ مفلس بنا دینا۔ محتاج کر دینا۔ لوٹ لینا۔ **فقیر کو کمل ہی دوشالہ ہے**۔ مثل۔ غریب کو جو میسر آئے، وہی غنیمت ہے۔ **فقیر کی صورت سوال ہے**۔ مثل۔ محتاج کے چہرے ہی سے اس کی ضرورت ٹپکتی ہے۔ **فقیر ہو جانا** (۱) تارک الدنیا بن جانا۔ جوگ لے لینا (۲) تنگ دست ہو جانا۔ محتاج ہو جانا۔ **فقیرانہ** (ع۔ف) (۱) فقیروں کی مانند۔ درویشانہ (۲) (و) مذکر۔ وہ زمین، جو فقیروں کے گزارے کے لیے وقف کر دی جائے۔ **فقیرنی** (و) مؤنث۔ فقیر کی تانیث (۱) بھیک مانگنے والی عورت (۲) محتاج عورت۔ **فقیرنی کا پوت چلن امیروں کا**۔ مثل۔ اس کے متعلق کہتے ہیں، جو غریب ہو کر امیرانہ ٹھاٹھ رکھے۔

فقیری (ع۔ف) مؤنث۔ فقیر سے منسوب (۱) گدائی۔ درویشی۔ مسکینی (۲) محتاجی۔ غریبی۔ **فقیری شیر کا برقع ہے** (و) مثل۔ فقیر شیر کی طرح سب سے نڈر اور سب پر غالب ہوتے ہیں۔ پس جو شخص فقیری لباس پہن لیتا ہے، شیر کا لباس پہنتا ہے، اندر سے چاہے گیدڑ ہی کیوں نہ ہو۔ لباس ڈر آتا ہے، اس سے ڈرنا ہی چاہیے۔

فقیری ٹٹکا۔ مذکر۔ درویشی چٹکلا۔ نہایت آسان نسخہ۔ چھو منتر۔

فقیہ (فَقِیہ) (ع) مذکر۔ علمِ فقہ کا عالم۔ شرعی مسئلوں سے واقف۔ مفتی۔ فاضل۔

ف ۔ ک

فک (فَک) (ع) مذکر (۱) دو باہم ملی ہوئی چیزوں کو علٰحدہ کرنا۔ چھوڑ دینا (۲) علمِ نحو میں وہ اضافت، جو پڑھنے میں نہ آئے۔

فکِ اضافت۔ مذکر۔ اضافت نہ پڑھنا۔ اضافت کا چھوڑ دینا۔

فکُّ الرَّہن۔ مذکر۔ گرو چیز کو چھڑانا۔

فکاہات (فُکا۔ ہات) (ع) مذکر۔ فکاہت کی جمع۔ ظرافت، مزاح اور تفنن کی باتیں۔ دلچسپ چٹکلے۔ ہنسنے ہنسانے کی باتیں۔ لطیفے۔ مطایبات۔

فِکرہ (فِکْرَہ) (ع) مذکر و مؤنث (۱) اندیشہ۔ سوچ بچار (۲) (۱)

دھیان - خیال (۳) رنج - غم (۴) تامّل - غور (۵) حاجت - پروا (۶) ٹھکانا - تدبیر * **فکر کرنا** (۱) غور کرنا - سوچنا - تامّل کرنا (۲) رنج کرنا - غم کرنا * **فکرِ معاش - یا - معیشت** (ع) مذکر و مؤنث - زندگی بسر کرنے کی فکر - روٹی کمانے کا دھندا * **فکر مند** (ع - ف) غمگین - اندیشہ ناک - متفکر * **فکرمندی** (۱) مؤنث - سوچ بچار - خیال - فکر *

فکیف (فَکَیْف) (ع) پس کیسا ہے - پس کیونکر *

ف - گ

فگار (فِگَار) (ف) زخمی - گھایل - مجروح *

ف - ل

فلاح (فَلَاح) (ع) مؤنث (۱) خیر - بھلائی - نیکی - آسودگی (۲) سلامتی - نجات (۳) خوبی - عمدگی *

فلّاح (فَلْ - لَاح) (ع) مذکر - کاشت کار *

فلاحت (فَلَا - حَت) (ع) مؤنث - بونا جوتنا - کھیتی باڑی - کشت کاری - زراعت *

فلاخن (فَلَا - خَن) (ف) مذکر و مؤنث - رسّی کا وہ آلہ، جس پہ پتھر رکھ کر پھینکتے ہیں - گوپھیا - گوپھن *

فلاسفر (فِلَا ش - فَر) (مہند) (انگ - فِلوسوفر) مذکر - فلسفہ جاننے والا - حکیم *

فلاسفہ (فَلَا - سِفَہ) (ع) مذکر (۱) فلسفی کی جمع - حکیم لوگ (۲) مؤنث - ایک معجون *

فلاطون (فَلَا - طُون) (یونانی) مذکر - ایک یونانی حکیم، جو سقراط کا شاگرد تھا *

فلاکت (فَلَا - کَت) (ع) مؤنث - فلک زدگی - مصیبت - نحوست - ناداری * **فلاکت زدہ** (ع - ف) بدبخت - بدنصیب - شامت زدہ - مصیبت کا مارا *

فلالین (فَلَا - لَین) (مہند) (انگ - فلینل) مؤنث - ایک قسم کا بے حد ملائم اور گدگدا بُرد والا اونی کپڑا *

فَلان (فَلَان) (ف) مذکر و مؤنث - مرد اور عورت کی جائے مخصوص - اندامِ نہانی - ذکر - قضیب - عضوِ تناسل - فرج *

فُلان (فُلَان) (ع) مذکر (۱) فرضی شخص - امکا ڈھمکا (۲) کسی - کوئی * **فُلانا** (ا) مذکر - فلاں شخص - وہ آدمی * **فُلانی** - مؤنث - فرضی عورت - امکی ڈھمکی *

فلٹر (فِل - ٹَر) (انگ - Filter) مذکر - پانی صاف کرنے کا آلہ *

فلزّات (فِلِز - زَات) (ع) مؤنث - دھاتیں - پگھلنے والے کانی جواہر، جیسے سونا، چاندی، تانبا - رانگ وغیرہ *

فلس (فَلْس) (ع) مذکر (۱) پیسا - تانبے کا سکہ (۲) مچھلی کے اوپر کا چھلکا (۳) املتاس کا قُرص *

فلسطین (فِلَسطِین) (ع) مذکر - شام کا ایک علاقہ *

فلسفہ (فَل - سَفَہ) (یونانی) مذکر - حکمت - دانائی - علمِ موجودات *

فلسفی (یونانی الاصل) مذکر - فلسفہ جاننے والا - فلاسفر - محقق * **فلسفیانہ** (ف) فلسفے کے متعلق - حکیمانہ *

فلسکیپ (فَلس - کَیپ) (انگ - Foolscap) مذکر - ایک قسم کا دو ورقہ ولایتی دبیز کاغذ، جو تقریباً ساڑھے تیرہ انچ سے ساڑھے سولہ انچ تک ہوتا ہے *

فلفل (فِل - فِل) (ع) مؤنث - ایک قسم کی مرچ *

فلک (فَلَک) (ع) مذکر - آسمان - چرخ * **فلک الافلاک** - مذکر - سب آسمانوں کا آسمان - نواں آسمان - کرسی * **فلک پر چڑھانا** (ف) آسمان پر چڑھانا - کمال عزت بخشنا * **فلک پر دماغ ہونا** - ازحد متکبر اور مغرور ہونا - اترانا * **فلک سیر** - مؤنث - سبزی - بوٹی - بھنگ * **فلک کو خبر نہ ہونا** - نہایت بے خبر ہونا * **فلکی** (ع - ف) آسمانی - سماوی - عُلوی *

فلم (فِلم) (انگ - Film) مذکر - وہ تصویر دار کاغذ، جو سینما میں حرکت کرتا دکھائی دیتا ہے *

فلور (فلَوَر) (انگ - Flour) مذکر - آٹا *

فلوس (فُلُوس) (ع) مذکر - فلس کی جمع (۱) پیسا - تانبے کا سکہ (۲) املتاس کے قُرص *

فلولوجی (فِلَو - لَو - جِی) (انگ - Philology) مؤنث - علمِ زبان - تحقیق زبان - صرف و نحو اور زبانوں سے واقف ہونے کا علم *

فلیتہ (فَلِی - تَہ) (ف) مذکر (۱) بتی - موٹی بتی - چراغ کی بتی - پلیتہ (۲) توپ یا بندوق کا توڑا - شتابہ (۳) تعویذ کی بتی * **فلیتہ دینا** (۱) آگ روشن کرنا (۲) توپ یا بندوق چلانا (۳) آسیب زدہ کو تعویذ کی دھونی دینا * **فلیتہ سنگھانا** - تعویذ یا جنتر کی دھونی دینا *

ف - م

فم (فَم) (ع) مذکر - منہ - دہن - مکھ - دہان * **فمِ رحم** - مذکر - بچہ دان کا منہ * **فمِ معدہ** - مذکر - معدے کا منہ - معدے کا سوراخ، جہاں سے غذا معدے میں داخل ہوتی ہے *

ف - ن

فن (فَنّ) (ع) مذکر (۱) ڈھنگ۔ انداز (۲) شاخ۔ قسم (۳) (ف) ہنر۔ کرتب۔ گن (۴) دھوکا۔ فریب۔ مکر ٭ **فنون**۔ مذکر۔ فن کی جمع ٭

فنا (فَنَا) (ع) مؤنث (۱) موت۔ ہلاکت۔ نیستی۔ بربادی (۲) ناپید۔ معدوم۔ نیست ٭ **فنا فی الشیخ**۔ مذکر۔ فقر کا ایک مرتبہ، جس میں مرید ہر وقت اپنے مرشد کے دھیان میں ڈوبا رہتا ہے ٭ **فنا فی اللہ**۔ مذکر۔ فقر کا وہ اعلیٰ مقام، جس میں طالب خدا تعالیٰ کی معرفت اور حقیقت میں غرق ہو جاتا ہے ٭ **فنا فی اللہ ہونا** (ل) (۱) اللہ تعالیٰ کی محبت میں اپنے آپ کو مٹا دینا (۲) برباد ہونا (۳) مر جانا۔ ہلاک ہو جانا ٭

فنانس (فِنَانْس) (انگ۔ Finance) مذکر (۱) مال گزاری (۲) ذرائع آمدنی (۳) مالیات ٭ **فنانشل** (Financial) خراج یا آمدنی ملک کے متعلق ٭ **فنانشل کمشنر** (Financial Commissioner) مذکر۔ صیغۂ مال کا اعلیٰ افسر ٭ **فنانشلی** (ل) مؤنث۔ فنانشل کمشنر کی عدالت۔ صیغۂ مال کی اعلیٰ کچہری ٭

فنجان (فِنْ۔جَان) (ع) مؤنث۔ چائے پینے کی چھوٹی پیالی ٭

فند (فَنْد) (ف) مذکر۔ دھوکا۔ فریب۔ مکر ٭ **فند فریب**۔ مذکر۔ دم جھانسا۔ مکر و دغا ٭

فندق (فُنْ۔دُق) (ع) مؤنث۔ ولایت کا ایک مشہور میوہ، جو نہایت سرخ اور جھاڑی کے بیر کے برابر ہوتا ہے ٭

فنڈ (فَنْڈ) (انگ۔ Fund) مذکر۔ سرمایہ۔ جمع۔ پونجی۔ مال۔ راس المال۔ بضاعت ٭

فنر (فَنَر) مذکر۔ لوہے کا چکر، جو گھڑی کے اندر یا انگریز عورتوں کے سایے یا گھو... لندن وغیرہ میں ہوتا ہے، کمانی ٭

ف-و

فواحش (فَوَا۔حِش) (ع) مؤنث۔ فاحشہ کی جمع (۱) بدکار عورتیں (۲) مذکر۔ برے کام ٭

فواد (فُؤَاد) (ع) مذکر۔ دل ٭

فوارہ (فَوْ۔وَا۔رَہ) (ع) مذکر (۱) سر جوش۔ ابال (۲) پھہارا۔ پچکاری (۳) نہایت جوش مارنے والا (۴) پانی کو اوپر پھینکنے والا آلہ یا برتن ٭

فواکہ (فَوَا۔کِہ) (ع) مذکر۔ خشک میوے ٭

فوائد (فَوَا۔ئِد) (ع) مذکر۔ فائدہ کی جمع ٭

فوت (فَوْت) (ع) مؤنث (۱) مرگ۔ موت۔ انتقال (۲) نیست ہونا۔ جاتا رہنا ٭ **فوت ہونا** (ل) (۱) انتقال۔ مرنا (۲) جاتا رہنا۔ گم ہونا ٭ **فوتی** (ع۔ف) مرا ہوا۔ فوت شدہ۔ متوفی ٭ **فوتی نامہ** (ل) مذکر۔ شہر کے مُردوں کا روزنامچہ یعنی فہرست ٭

فوٹو (فَو۔ٹو) (انگ۔ Photo) مذکر۔ تصویر ٭ **فوٹوگراف** (Photograph) مذکر۔ تصویر ٭ **فوٹوگرافر** (Photographer) مذکر۔ تصویر کھینچنے والا ٭ **فوٹوگرافی** (Photography) مؤنث۔ تصویر کھینچنے کا فن ٭

فوج (فَوْج) (ع) مؤنث (۱) جتھا۔ گروہ۔ بھیڑ۔ انبوہ (۲) لشکر۔ سپاہ۔ جنگی آدمیوں کا مجمع ٭ **فوج دار** (ع۔ف) مذکر (۱) فوج کا افسر۔ سپہ سالار (۲) شہر کے باہر یا اندر کا حاکم۔ کوتوال۔ مجسٹریٹ (۳) (ل) فیل بان۔ ہاتھی والا، جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھے ٭ **فوج داری**۔ مؤنث (۱) فوج دار کا عہدہ (۲) مجسٹریٹی (۳) (ل) عدالت کا وہ محکمہ، جس میں لڑائی جھگڑے، خون وغیرہ کے مقدمے فیصل ہوں (۴) فساد۔ لڑائی۔ جھگڑا ٭ **فوج داری کرنا** (ل) فساد کرنا۔ دنگا کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا ٭ **فوج کشی** (ع۔ف) مؤنث۔ حملہ۔ چڑھائی۔ دھاوا ٭ **فوج کشی کرنا** (ل) چڑھائی کرنا۔ دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا ٭ **فوجی** (ع۔ف) فوج سے متعلق۔ جنگی۔ لشکری ٭

فور (فَوْر) (ع) مذکر (۱) گھڑی۔ ساعت۔ وقت (۲) شتابی۔ جلدی۔ فوراً ٭ **فوراً**۔ جلدی سے۔ جھٹ پٹ۔ بلا توقف۔ معاً۔ فی الفور ٭

فورتھ (فَوْرتھ) (انگ۔ Fourth) چوتھا۔ چہارم ٭

فورٹ (فَوْرٹ) (انگ۔ Fort) مذکر۔ قلعہ ٭

فورمین (فَوْر۔مَین) (انگ۔ Foreman) مذکر۔ میر کاریگراں۔ میر کارخانہ ٭

فوز (فَوْز) (ع) مؤنث۔ ظفر۔ کامیابی ٭

فوضویت (فَوْضَوِی۔یَت) (ع) مؤنث (۱) اشتراکیت۔ تمدنی مساوات (۲) شورش۔ مجاہرہ۔ تاراج ٭

فوطہ (فَو۔طَہ) (ف) مذکر (۱) کمر بند۔ پیٹی (۲) پگڑی۔ رومال۔ حمام کی لنگی (۳) محصول۔ خراج (۴) گنج۔ خزانہ (۵) تھیلا۔ تھیلی (۶) خایہ۔ خصیہ۔ بیضہ ٭ **فوطہ خانہ**۔ مذکر۔ گنج۔ خزانہ ٭ **فوطہ دار**۔ مذکر۔ تحویل دار۔ خزانچی ٭

فوفل (فَو۔فَل) (پوپل کا معرب) مؤنث۔ سپاری۔ چھالیا ٭

فوق (فَوْق) (ع) (۱) اوپر۔ بالا۔ اونچا۔ بلند (۲) مذکر۔ اونچائی۔ بلندی۔ اوج (۳) مذکر۔ فضیلت ٭ **فوقیت**۔ سبقت۔ بڑائی۔ بزرگی ٭ **فوق البرق** (ل) زرق برق۔ چمکیلا۔ بھڑکیلا ٭

فوق العادت (ع) عادت سے بڑھ کر۔ انسانی طاقت سے بڑھ کر۔ بساط سے باہر۔ **فوقانی** - بالائی۔ اوپر کا۔ **فوقیت**۔ مؤنث (۱) امتیاز۔ سبقت۔ ترجیح (۲) قدر۔ شان۔ بزرگی۔ **فوقیت چاہنا** (ل) (۱) شرف چاہنا۔ بڑائی چاہنا (۲) ترجیح چاہنا۔ **فوقیت لے جانا** (ل) بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ غالب ہو جانا۔

فول (فُوْل) (انگ - Fool) احمق۔ بے وقوف۔ نادان۔ بدھو۔

فولاد (فَوْ۔ لَاد) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا نہایت سخت جوہر دار لوہا۔ اسپات (۲) مضبوط۔ کڑا۔ سخت۔ **فولادی** (۱) فولاد کا بنا ہوا (۲) مؤنث۔ بانس۔ چھڑ۔

فوں (فُوں) (ل) مؤنث۔ سانپ کی پھنکار۔

ف - ہ

فہرس (فِہْ۔ رِس) (فہرست کا معرب) دیکھیے "فہرست"۔ **فہرست** (ف) مؤنث۔ چیزوں کی تفصیل۔ فرد۔ لسٹ۔ **فہرست میں نام چڑھانا۔ یا۔ داخل کرنا** (ل) دفتر میں نام درج کرنا۔

فہم (فَہْم) (ع) مؤنث۔ سمجھ۔ عقل۔ شعور۔ دانائی۔ وقوف۔ دریافت۔ **فہم ناقص**۔ مؤنث۔ نامکمل عقل۔ ناقص رائے۔ **فہمائش** (ف) مؤنث۔ سمجھانا۔ آگاہ کرنا۔ تلقین۔ نصیحت۔ ہدایت۔ **فہمائش کرنا** (ل) سمجھانا۔ جتانا۔ تنبیہ کرنا۔ آگاہ کرنا۔ **فہمید** (ف) مؤنث۔ رائے۔ عقل۔ سمجھ۔ **فہمیدِ حساب**۔ مؤنث۔ حساب کا سمجھنا۔ **فہمیدہ**۔ سمجھ والا۔ دانا۔ ہوشیار۔

فہوالمراد (ف۔ ہُوَل۔ مُرَاد) پس یہی مراد ہے۔ یہ فقرہ کسی شرط کے آخر میں آتا ہے، یعنی اگر فلاں امر اس طرح ظہور میں آئے تو ہماری یہی مراد ہے۔

فہیم (فَہِیْم) (ع) سمجھ والا۔ عقل مند۔ دانش مند۔ دانا۔ ذی شعور۔ ہوشیار۔

ف - ی - ے

فی (فِیْ) (ع) (۱) بیچ۔ درمیان (۲) ہر۔ ہر ایک۔ سا تھ (۳) (ل) مؤنث۔ کمی۔ نقص۔ عیب۔ داغ۔ دھبا۔ کھوٹ۔ غلطی (۴) دغا۔ سازش۔ **فی البدیہہ** - بے سوچے۔ فوراً۔ فی الفور۔ فی الحال۔ **فی الجملہ** (۱) قصہ مختصر۔ حاصل کلام۔ الغرض۔ القصہ (۲) (ل) یونہی۔ تھوڑا سا۔ **فی الحال** - ابھی۔ سردست۔ اس وقت۔ اب۔ بالفعل۔ **فی الحقیقت** - بے شک۔ حقیقتاً۔ واقعی۔ دراصل۔ **فی الفور**۔ فوراً۔ شتابی۔ جلد۔ ترت۔ **فی المثل** (۱) کہاوت میں، نظیراً، تمثیلاً (۲) بالفرض۔ **فی النار** (دعائے بد) دوزخ میں پڑے۔ **فی النار والسقر ہو جانا** (ل) (۱) دوزخ کی آگ میں پڑنا (۲) کباب ہو جانا۔ جل جانا۔ **فی النار ہونا** (۱) ظالم کا مرنا۔ جہنم واصل ہونا (۲) گم ہو جانا۔ **فی الواقع** (ع) دیکھیے فی الحقیقت۔ **فی امان اللہ**۔ خدا کی پناہ میں۔ اللہ بیلی۔ خدا حافظ۔ رخصت کے وقت کی نیک دعا۔ **فی روپیہ** (ل) ہر روپے پر۔ ہر روپے کے پیچھے۔ **فی روز**۔ فی یوم۔ روزانہ۔ ہر دن کے لیے۔ **فی رہ جانا**۔ کسر رہ جانا۔ نقص رہ جانا۔ کمی رہ جانا۔ **فی زماننا۔ فی زمانہ** (ع) ہمارے زمانے میں۔ آج کل۔ ان دنوں۔ ("فی زمانہ" کی ترکیب صحیح نہیں۔) **فی سبیل اللہ** (۱) خدا کی راہ میں (۲) مالِ غنیمت۔ **فی سبیل اللہ کر دینا** (ل) (۱) خیرات کر دینا (۲) وقف کر دینا۔ خدا کے نام پر چھوڑنا۔ **فی صد۔ فی صدی** (ع۔ ف) سو پیچھے۔ فی سیکڑا۔ **فی کس۔ فی نفر۔ فی آدمی**۔ ہر آدمی کے پیچھے۔ **فی مابین** (ع) دونوں کے درمیان۔ آپس میں۔ باہم۔ **فی نکالنا** (ل) عیب نکالنا۔ عیب لگانا۔ نکتہ چینی کرنا۔

فیاض (فَیْ۔ یَاض) (ع) دریا دل۔ بڑا سخی۔ **فیاضی**۔ مؤنث۔ سخاوت۔ خیر خیرات۔ دریا دلی۔ عطا۔ بخشش۔ **فیاضی کرنا** (ل) سخاوت کرنا۔ عطا کرنا۔ بخشنا۔

فیتا۔ یا۔ فیتہ (فِیْ۔ تَا، فِیْ۔ تَہ) (پرتگالی) مذکر۔ بنا ہوا کنارہ۔ کنارہ۔

فیثا غورس (فِیْ۔ ثَا۔ غَوْ۔ رَس، فَے۔ ثَا۔ غُوْ۔ رِس) (معرب) مذکر۔ یونان کا ایک مشہور فلاسفر۔

فیڈرل (فَیْڈْ۔ رَل) (انگ - Federal) اجتماعی۔ متفقہ۔ وفاقی۔ **فیڈرل سٹیٹ** (Federal state) مؤنث۔ وفاقی ریاست۔ دولتِ متفقہ۔

فیڈریشن (فَیْڈْ۔ رِے۔ شَن) (انگ - Federation) مؤنث (۱) اجتماع۔ اتفاق (۲) وفاقیت (۳) وفاقی انجمن یا جمعیت۔

فیر (فَیْر) (مہند) (انگ۔ فائر۔ [illegible]) نار۔ اگنی (۲) بندوق یا توپ کو آگ دینا۔ سر کرنا (۳) دفعہ۔ جماع۔ **فیر کرنا** (ل) بندوق یا توپ چلانا۔ چھوڑنا۔ سر کرنا۔

فیروز (فِیْ۔ رُوْز) (پیروز کا معرب) کامیاب۔ کامگار۔ کامران۔ ظفریاب۔ فتح مند۔ **فیروز بخت** (ا) خوش نصیب۔ **فیروز مند**۔ فتح مند۔ کامیاب۔ **فیروز مندی**۔ مؤنث۔ فتح مندی۔ کامیابی۔ **فیروزی**۔ مؤنث۔ کامیابی۔ کامرانی۔ فتح۔

فیروزہ (فِیْ۔ رُوْ۔ زَہ) (ف) مذکر۔ سبز، زنگاری، نیلگوں یا آسمانی رنگ کا ایک جواہر۔ **فیروزی**۔ فیروزے کے رنگ کا۔ زنگاری۔ نیلا۔ نیلگوں۔

فیس (فِیْس) (ہند) (انگ - Fees) مؤنث (۱) اجرت۔ رسوم۔ محنتانہ

(۲) وہ رقم، جو طلبہ مدرسے میں ماہانہ ادا کرتے ہیں (۳) ڈاکٹر وغیرہ کی اجرت ۔ **فیس کورٹ** (مہند) (انگ ۔ کورٹ فی) مؤنث ۔ عدالت کی رسوم ۔ عدالت کا محنتانہ ۔ عدالت کا حق ۔

فیشن (فَے ۔ شَن) (انگ ۔ Fashion) مذکر (۱) دستور ۔ رواج ۔ رسم (۲) اسلوب ۔ چلن (۳) شکل ۔ صورت (۴) بناوٹ ۔ ساخت (۵) طرز ۔ ڈھنگ ۔ طریق (۶) تراش خراش (۷) آن بان ۔ بناؤ سنگار (۸) مثال ۔ نقشہ ۔ نمونہ (۹) صنعت ۔ ہنر (۱۰) پوشاک ۔ لباس (۱۱) رائج الوقت ۔ مروج ۔ **فیشن ہونا** (ل) چلن ہونا ۔ رسم پڑنا ۔ رواج ہونا ۔

فیشن ایبل ۔ فیشنیبل (انگ ۔ Fashionable) (۱) خوش لباس ۔ بانکا (۲) فیشن کے مطابق ۔ عمدہ ۔ خوب صورت ۔ نفیس ۔ نفیسی ۔

فیصل (فَے ۔ صَل) (ع) مذکر ۔ فیصلہ ۔ نیاؤ ۔ تصفیہ ۔ **فیصل کرنا** (۱) جھگڑا چکانا ۔ تصفیہ کرنا (۲) نمٹانا ۔ بیباق کرنا (۳) مقدمے کا فیصلہ کرنا ۔ ڈگری کرنا ۔

فیصلہ (فَے ۔ صَلَہ) (ع) مذکر ۔ تصفیہ ۔ ڈگری ۔ **فیصلہ زیر اپیل** (ع ۔ ف ۔ انگ) مذکر ۔ وہ فیصلہ جس کا اپیل کیا گیا ہو ۔ **فیصلہ کرنا** (ل) (۱) قصہ طے کرنا ۔ جھگڑا چکانا (۲) بے باقی کرنا (۳) کام تمام کرنا (۴) توڑ پھوڑ ڈالنا ۔ مٹانا ۔ برباد کرنا ۔ **فیصلہ ہونا** ۔ جھگڑا چکنا ۔ طے ہونا ۔ تصفیہ ہونا ۔

فیض (فَیض) (ع) مذکر (۱) نفع ۔ فائدہ (۲) فیاضی ۔ سخاوت (۳) بھلائی ۔ نیکی ۔ **فیض پہنچانا** (ل) (۱) نفع پہنچانا ۔ فائدہ پہنچانا (۲) نیکی کرنا ۔ بھلائی کرنا (۳) خیرات کرنا ۔ **فیض رساں** (ع ۔ ف) (۱) فائدہ پہنچانے والا (۲) داتا ۔ سخی ۔ **فیض عام** (ع) مذکر (۱) عام لوگوں کا فائدہ (۲) عام سلوک ۔ **فیضان** ۔ مذکر (۱) بڑا فائدہ (۲) بڑی بخشش (۳) نفع یا فائدہ پہنچانا ۔

فیضی (فَے ۔ ضی) (ع) مذکر ۔ شیخ ابوالفیض کا تخلص ۔ جو دربار اکبری کے نورتنوں میں سے ایک اعلیٰ رتن تھا ۔ اس نے ملک الشعراء کا خطاب پایا اور فنِ شعر میں کمال حاصل کیا ۔

فیکٹری (فَیکٹ ۔ ٹَری) (انگ ۔ Factory) مؤنث ۔ کارخانہ ۔ کوٹھی ۔ گودام ۔

فیل (فَیْل) (ل) مذکر (۱) فریب ۔ مکر (۲) شرارت ۔ **فیلی ۔ فیلیا ۔ فیلی باز** ۔ دغاباز ۔ فریبی ۔ مکار ۔

فیل (فِیل) (پیل کا معرب) مذکر ۔ ہاتھی ۔ **فیل بان** (ف) مذکر ۔ ہاتھی چلانے والا ۔ مہاوت ۔ فوج دار ۔ **فیل پا** ۔ مذکر ۔ ایک بیماری جس سے پاؤں ہاتھی کے پاؤں کی طرح موٹا ہوجاتا ہے ۔ داءالفیل ۔ **فیل خانہ** ۔ مذکر ۔ ہاتھیوں کا طویلہ ۔ **فیل مرغ** ۔ مذکر ۔ ایک پرندہ ۔ جو مور سے مشابہت رکھتا ہے ۔ پیرو ۔ **فیلہ** ۔ مذکر ۔ شطرنج کا ایک مہرہ ، جو ترچھا چلتا ہے ۔ پیلہ ۔

فیل (فیل) (انگ ۔ Fail) (۱) ناکامیاب ۔ نامراد (۲) ناقص ۔ گرا ہوا ۔ **فیل ہونا** (ل) (۱) ناکام ہونا (۲) رہ جانا ۔ گرنا ۔

فیلڈ (فیلڈ) (انگ ۔ Field) مذکر (۱) میدان (۲) میدان جنگ ۔ **فیلڈ بک** (Field book) مؤنث ۔ کھیتوں کے متعلق ایک کتاب ، جس میں ہدایات کے مطابق کھیتوں کی پیمائش درج کی جاتی ہے ۔ **فیلڈ مارشل** (Field Marshall) مذکر ۔ سپہ سالار ۔

فیلسوف (فَیل ۔ سُوف) (یونانی) مذکر (۱) فاضل ۔ عالم ۔ دانش مند ۔ حکیم (۲) (ل) دغاباز ۔ فریبی ۔ مکار ۔ **فیلسوفی** (ل) مؤنث (۱) نمود و نمائش ۔ فضول خرچی (۲) شرارت ۔ چالاکی ۔ عیاری ۔

فیلو (فَے ۔ لو) (انگ ۔ Fellow) مذکر ۔ ساتھی ۔ ہمجولی ۔ ہمسر ۔

فیملی (فَے ۔ مِی ۔ لی) (انگ ۔ Family) مؤنث (۱) اہل و عیال (۲) مذکر ۔ نسب ۔ خاندان ۔

فیوض (فُیُو ۔ ض) (ع) مذکر ۔ فیض کی جمع ۔

ق

ق (قاف) (ع) مذکر (۱) اردو کا ستائیسواں ، فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے ایک سو عدد مقرر کیے گئے ہیں ۔

ق ۔ ا

قا (قا) (ل) مذکر ۔ کوّے کی آواز ۔ کائیں کائیں ۔

قاآن (قا ۔ آن) (ت) مذکر (۱) بہت بڑا عاقل ، سخی اور عادل بادشاہ (۲) شاہ چین کا لقب (۳) چنگیز خاں کا بیٹا (۴) ترکستان کے بادشاہ کا لقب (۵) (مجازاً) ہر جلیل القدر بادشاہ ۔

قاآنی (قا ۔ آ ۔ نی) (ت ۔ ف) مذکر ۔ ایک مشہور ایرانی شاعر کا تخلص ۔

قاب (قاب) (ف) مؤنث (۱) چینی کا بڑا طباق ۔ صحنک (۲) بڑی رکابی (۳) تھال ۔ خوان ۔

قاب (قاب) (ع) مذکر ۔ کمان کی موٹھ سے گوشے تک کا فاصلہ ۔ ایک ہاتھ کا فاصلہ ۔ **قاب قوسین** ۔ مذکر (۱) دو کمان کا فاصلہ ۔ دو ہاتھ کا فاصلہ (۲) نہایت قرب (۳) معشوق کے ابرو ۔

قابض (قا ۔ بِض) (ع) مذکر (۱) قبضہ کرنے والا (۲) قبض کرنے والی چیز یا دوا (۳) (ل) مالک ۔ **قابض ارواح** ۔ مذکر ۔ روح قبض کرنے والا

فرشتہ۔ ملک الموت ٭ قابض جین حیاتی (ع-ف) مذکر۔ عمر بھر کے لیے قابض ٭ قابض شکمی - درمیانی قابض ٭ قابض ہو بیٹھنا (و) کسی جائداد پر قبضہ کر بیٹھنا ٭

قابل (قَا-بِلْ) (ع) (۱) سزاوار۔ مناسب۔ جوگا (۲) لائق۔ عقل مند دانا (۳) (ی) (عو) عالم۔ فاضل ٭ قابل ادا (قانون) ادا کرنے کے لائق ٭ قابلِ اعتبار۔ بھروسے کے لائق۔ معتبر ٭ قابلِ اعتراض۔ اعتراض کے لائق۔ قبیح۔ بے جا ٭ قابلِ التفات۔ یا۔ توجہ۔ دھیان دینے کے لائق۔ توجہ کرنے کے لائق ٭ قابلِ انقسام - تقسیم ہونے کے لائق - وہ چیز، جسے جس قدر اجزا میں تقسیم کریں، ہوسکے ٭ قابلِ بازپرس - پوچھ گچھ کے لائق۔ جواب دہی کے قابل۔ مواخذہ طلب۔ جواب دہ ٭ قابلِ تعریف۔ آفرین کے لائق۔ سراہنے کے قابل - ازحد پسندیدہ ٭ قابلِ سماعت (۱) سننے کے لائق (۲) وہ مقدمہ، جو قانون کے رو سے توجہ کرنے کے لائق ہو ٭ قابلِ غور (ع-ف) توجہ کرنے اور سوچنے کے لائق ٭ قابلِ فنا (ع) مٹ جانے اور نابود ہونے کے لائق ٭ قابل کرنا (ف) لائق بنانا۔ ہنرمند کرنا۔ گُن سکھانا - شائستہ بنانا ٭ قابلِ مواخذہ (ع) جواب دہی یا گرفت کے لائق ٭ قابلِ نکاح - شادی کے لائق۔ بالغ۔ بالغہ۔ جوان ٭ قابلہ۔ مؤنث (۱) لائق اور ہوشیار عورت (۲) دائی۔ بچہ جنانے والی عورت (۳) خادمہ - ملازمہ۔ ماما ٭ قابلیت۔ مؤنث (۱) سلیقہ - لیاقت (۲) دانائی۔ بوجھ (۳) علمیت (۴) (و) مادّہ ٭

قابو (قَا-بُوْ) (ف) مذکر (۱) فرصت۔ موقع (۲) قدرت - طاقت - زور (۳) (ف) اختیار۔ حکم۔ کہنا (۴) (و) پہنچ۔ رسائی ٭ قابو چڑھنا۔ یا۔ چلنا (ف) پہنچ ہونا - اختیار میں آنا۔ بس میں آنا ٭ قابو سے نکلنا (۱) اختیار سے باہر ہونا (۲) آپے سے باہر ہونا۔ مچلنا (۳) داؤ سے نکلنا ٭ قابو میں آنا - داؤ پر چڑھنا - بس میں آنا ٭ قابو میں لانا۔ مغلوب کرنا۔ داؤ میں لانا ٭ قابو ہونا (۱) بس ہونا۔ قبضہ ہونا (۲) موقع ملنا ٭

قابوچی (قَا-بُوْ-چِیْ) (ت) مذکر (صحیح "قاپوچی") (۱) دربان (۲) (ف) (عو) کمینہ (۳) خود غرض (۴) حرام زادہ۔ منتفنی۔ نابکار (۵) دیوّث۔ بھڑوا۔ قلتبان ٭

قابیل (قَا-بِیْلْ) (سریانی) مذکر۔ حضرت آدمؑ کا بیٹا، جس نے اپنی بہن اقلیما کے حسد میں اپنے بڑے بھائی ہابیل کو مار ڈالا تھا ٭

قاتل (قَا-تِلْ) (ع) مذکر (۱) قتل کرنے والا آدمی۔ خونی۔ جلّاد (۲) جان لیوا۔ مہلک (۳) ظالم۔ معشوق کا خطاب ٭

قاجار - قاچار (قَا-جَارْ، قَا-چَارْ) (ف) مذکر۔ وہ خاندان، جس کے ہاتھ میں ایران کی حکومت تھی ٭

قادر (قَادِرْ) (ع) (۱) قدرت والا۔ توانا (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام (۳) طاقت ور۔ غالب (۴) مختار۔ قابو رکھنے والا ٭ قادر انداز (ع-ف) مذکر۔ وہ تیر انداز، جس کا نشانہ کبھی خطا نہ کرے۔ ٹھیک نشانہ لگانے والا ٭ قادرِ مطلق (ع) مذکر۔ ہر کام پر قدرت رکھنے والا۔ خدا تعالیٰ ٭ قادری۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے طریقے پر چلنے والا ٭

قارُوْرَہ (ع) مذکر (۱) (لغوی) شیشی (۲) (اصطلاحی) پیشاب، جو شیشی میں بھر کر طبیب کو دکھایا جاتا ہے ٭ قارورہ دیکھنے والا (ر) مذکر (حقارتاً) طبیب۔ حکیم ٭ قارورہ ملنا۔ کمال اتحاد ہونا، ازحد ربط بڑھنا ٭

قارون (قَا-رُوْنْ) (ع) مذکر (۱) حضرت موسیٰؑ کا چچیرا بھائی، جو بڑا دولت مند اور کنجوس تھا (۲) (مجازاً) ہر بخیل مالدار ٭ قارون کا خزانہ (ف) مذکر (مجازاً) بے انتہا دولت - بہت بڑا خزانہ ٭

قاری (قَا-رِیْ) (ع) مذکر (۱) پڑھنے والا (۲) وہ شخص، جو علم قرأت سے واقف ہو اور حروف کے مخارج کے مطابق قرآن عزیز پڑھے ٭

قاز (قَازْ) (ت) مؤنث۔ راج ہنس۔ کونج - ایک قسم کا مرغابی، ایک مشہور پرندہ، جس کے غول کے غول دریا کے کنارے پر ملتے اور قطار باندھ کر اُڑتے ہیں ٭

قاسم (قَا-سِمْ) (ع) مذکر۔ بانٹنے والا۔ تقسیم کرنے والا ٭

قاش (قَاشْ) (ت) مؤنث (۱) پھانک۔ پھل وغیرہ کی پھانک۔ ٹکڑا (۲) ابرو۔ بھوں ٭ قاشِ زین (ت-ف) مذکر۔ زین کا ہرنا۔ گھوڑے کے زین کے آگے اور پیچھے کے تکیے، جو پھانک کی صورت کے ہوتے ہیں ٭

قاصد (قَا-صِدْ) (ع) مذکر (۱) ارادہ کرنے والا (۲) خط رساں۔ نامہ بر۔ پیامبر ٭

قاصر (قَا-صِرْ) (ع) (۱) کوتاہی کرنے والا (۲) ناچار۔ مجبور ٭

قاضی (قَا-ضِیْ) (ع) (۱) حکم کرنے والا (۲) مسلمانوں کا منصف، جو شرع کے مطابق فیصلہ کرتا ہے ٭ قاضی الحاجات - مذکر (۱) حاجتیں پوری کرنے والا۔ خدا تعالیٰ (۲) (مجازاً) روپیہ - پیسا - دولت - نقدی۔ زر ٭ قاضی القضاۃ - مذکر۔ بڑا قاضی۔ چیف جسٹس۔ حاکمِ اعلیٰ ٭ قاضی بدو گواہ راضی (ع-ف) مثل۔ اسلامی شریعت کے مطابق دو گواہوں سے مقدمے کا فیصلہ ہوجاتا ہے۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں دو گواہوں سے کوئی کام نکالنا مقصود ہو ٭ قاضی جی اپنا آگا تو ڈھانکو، پیچھے کسی کو نصیحت کرنا (ف) مثل۔ ناصح پہلے اپنے اخلاق و اطوار درست کرے، پھر دوسرے کو نصیحت دے ٭ قاضی جی بہتیرا ہرائیں، میں ہارتا ہی نہیں مثل۔ سخت بے حیائی، نڈرپن اور ضد کے اظہار میں طنزاً بولتے ہیں ٭ قاضی جی دُبلے کیوں ہوئے؟ شہر کے خطرے سے۔ مثل۔

خواہ مخواہ غیروں کے غم و فکر میں رہنے والے کی نسبت کہتے ہیں ٭ **قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سے سوار** ۔ مثل ۔ حاکم کا ملازم جلدی ہی کرتا ہؤا آتا ہے ٭ **قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا ، قاضی جی مرے کوئی نہ آیا** ۔ مثل ۔ جس کا لحاظ ہوتا ہے ، اس کے سبب اس کے خدمت گاروں کی بھی خاطر ہوتی ہے ۔ لحاظ والا مر جائے تو بعد میں کوئی نہیں پوچھتا ۔ غرض دنیا منہ دیکھے کی یار ہے ٭ **قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے** ۔ حاکم یا امیر کے گھر کے ادنیٰ آدمی بھی سمجھ والے ہوتے ہیں ٭ **قاضیِ چرخ** ۔ یا ۔ **قاضیِ فلک** (ع ۔ ف) مذکر ۔ مشتری یعنی برہسپت ستارہ ، جو سعدِ اکبر ہے ٭ **قاضی عِدّو** (ہ) مثل ۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں ، جو کسی طرح پیچھا ہی نہ چھوڑے ٭ **قاضی قُدْوَہ** (ع) مذکر (۱) زیادہ اولاد والا ایک قاضی (۲) (مجازاً) ہر کثیر الاولاد شخص ٭ **قاضی کا پیادہ** (ہ) مذکر (۱) عدالت کا چپراسی (۲) کانسٹیبل (۳) آگے آنے والا ۔ پکڑے جانے والا (۴) پاخانے کی حاجت ، جو کسی کے روکے نہ رُکے ٭ **قاضی گِلہ نہ کرے گا** ۔ کوئی قباحت نہ ہوگی ۔ کوئی معترض نہ ہوگا ٭ **قاضی نیاؤ نہ کرے گا تو گھر تو آنے دے گا** ۔ مثل ۔ اگر فائدہ نہ ہؤا تو کچھ نقصان بھی نہیں ٭

قاطِبَۃً (قَا ۔ طِبَ ۔ تَنْ) (ع) (۱) بیشتر ۔ اکثر ۔ عموماً (۲) یک لخت ۔ تمام ۔ بالکل ٭

قاطع (قَا ۔ طِعْ) (ع) قطع کرنے والا ۔ کاٹنے والا ٭ **قاطع الطریق** ۔ مذکر ۔ بٹ مار ۔ لٹیرا ٭

قاعدہ (قَا ۔ عِدَہْ) (ع) مذکر (۱) اصول ۔ بنیاد ۔ اصل (۲) ضابطہ ۔ قانون ۔ رسم ۔ دستور (۳) (۱) خصلت ۔ عادت (۴) حروفِ تہجی کا پہلا رسالہ (۵) ترتیب ۔ قرینہ (۶) دستور العمل (۷) گُر ۔ صرف و نحو یا حساب کا قاعدہ ٭ **قاعدہ باندھنا** (ہ) قانون باندھنا ۔ دستور ٹھہرانا ٭ **قاعدہ دان** (ع ۔ ف) مذکر ۔ ہر امر کے سلیقے اور علم مجلس سے واقف ٭ **قاعدہ (قاعدے) سے** ۔ ترتیب سے ۔ ادب سے ۔ دستور کے مطابق ۔ بالترتیب ٭ **قاعدہ کلیہ** (ع) مذکر ۔ عام قاعدہ ۔ گُر ۔ اصول ٭ **قاعدہ (قاعدے) کی بات ہے** (ہ) عام بات ہے ۔ عام دستور ہے ٭ **قاعدہ نکالنا** ۔ طریقہ نکالنا ٭

قاف (قَاف) (ع) مذکر (۱) عربی کا اکیسواں حرف (۲) ایشیائے کوچک کے شمال میں ایک پہاڑ ۔ قفقاز ٭ **قاف تا قاف** (ع ۔ ف) ساری دنیا ٭

قافلہ (قَا ۔ فِلَہْ) (ع) مذکر ۔ مسافروں یا تاجروں کا گروہ ۔ حاجیوں کا گروہ ۔ کارواں ٭ **قافلہ سالار** (ع ۔ ف) مذکر ۔ قافلے کا سردار ۔ سالارِ کارواں ۔ میر قافلہ ٭

قافیہ (قَا ۔ فِیَہْ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) پیچھے چلنے والا (۲) (اصطلاحی) ردیف سے پہلے کا لفظ یا حرف ۔ تُک ۔ غزلوں وغیرہ کے آخری حرفوں کی مشابہت ، جو شعروں یا مصرعوں کے اخیر میں واقع ہوتے ہیں ٭ **قافیہ بندی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ تُک بندی ۔ شعر موزوں کرنا ٭ **قافیہ پیمائی** ۔ مؤنث ۔ شعروں کی گنتی پوری کرنے کے لیے قافیہ جوڑ دینا ٭ **قافیہ تنگ کرنا** (ہ) حیران و پریشان کرنا ۔ ستانا ۔ عاجز کرنا ۔ تنگ کرنا ٭ **قافیہ تنگ ہونا** (۱) کسی شعر یا نظم کا قافیہ دستیاب نہ ہونا (۲) گفتار و کردار میں عاجز آنا (۳) گھبرانا ۔ تنگ ہونا ۔ ہار ماننا ۔ دِق ہونا ٭ **قافیہ ملانا** (۱) تُک سے تُک جوڑنا (۲) ساز دار بننا ۔ یارانہ کرنا ٭

قاق (قَاق) (ت) مذکر (۱) سوکھا ہؤا گوشت (۲) (مجازاً) بے حد دبلا ۔ لاغر ۔ ناتواں ۔ ضعیف ٭

قاقا (قَا ۔ قَا) (ع) مذکر ۔ کائیں کائیں ۔ کوّے کی آواز ٭

قاقُلہ (قَا ۔ قُلَہْ) (ع) مؤنث ۔ بڑی الائچی ۔ ہیل کلاں ٭

قاقُم (قَا ۔ قُمْ) (ت) مذکر ۔ ایک قسم کا نیولا ، جس کی کھال از حد باریک اور پشم نہایت سفید و ملائم ہوتی ہے ۔ اس کی پوستین پہنتے ہیں ٭

قال (قَال) (ع) مذکر (۱) قول ۔ مقولہ ۔ مباحثہ ۔ گفتگو (۲) ظاہری اور دکھاوے کی بات چیت ٭ **قَالَ اَقُوْلُ** ۔ اس نے کہا ، مَیں کہتا ہوں ۔ بحث و تکرار ٭ **قال مقال** ۔ مؤنث ۔ تعفیہ ۔ حیص بیص ۔ حجت ٭

قالِب (قَا ۔ لِبْ) (ع) (۱) ڈھانچا ۔ سانچا (۲) انسانی جسم ۔ بدن ۔ تن ۔ انگ ۔ کایا ۔ سریر ۔ پنڈا ٭ **قالب بدلنا** (ہ) دوسرا جسم اختیار کرنا ۔ چولا بدلنا ٭ **قالب خالی کرنا** ۔ مر جانا ٭

قالی ۔ یا ۔ **قالین** (قَا ۔ لِیْ ۔ یا ۔ قَا ۔ لِیْنْ) (ت) مؤنث ۔ غالیچہ ۔ ایک قسم کا بچھونا ۔ فرشِ پشمین ٭

قامت (قَا ۔ مَتْ) (ع) مذکر ۔ قد ۔ ڈیل ۔ جسم ٭

قاموس (قَا ۔ مُوْسْ) (ع) مذکر (۱) گہرا دریا (۲) عربی کا ایک مشہور لغت ٭

قاں (قَاں) (ہ) مؤنث ۔ بطخ یا بط کی آواز ٭ **قاں قاں کرنا** ۔ بطخ کا بولنا ٭

قانع (قَا ۔ نِعْ) (ع) تھوڑی چیز پر قناعت کرنے والا ۔ صابر ۔ سنتوکیا ۔ سنتوکھی ٭

قانون (قَا ۔ نُوْنْ) (ع) مذکر (۱) بِنا ۔ جڑ ۔ بنیاد (۲) (مجازاً) قاعدہ ۔ رسم و رواج ۔ آئین ۔ ضابطہ ۔ دستور (۳) ڈھنگ ۔ طور ۔ طریق (۴) کتاب یا جدول کا مسطر ۔ رول ۔ چفتی (۵) اندازہ ۔ اندازہ کرنے کا آلہ ۔ مقیاس (۶) ایک مشہور رومی باجا ۔ چنگ ۔ بربط ٭ **قانونِ استقرائی** ۔ مذکر ۔ وہ آئین ، جس کے رو سے جائز کی تعمیل اور افعالِ ناجائز سے پرہیز کی تعریف ہو ٭ **قانونِ جنگی**

(ہ) مذکر۔ وہ قانون، جو افواج کے متعلق ہو۔ فوجی آئین ٭ **قانون چہ** **قانونچہ** (ع۔ ف) مذکر (۱) علم طب کی کتاب (۲) ایک باجا ٭
قانون چھانٹنا (ہ) قانونی بحث کرنا۔ خواہ مخواہ حجت نکالنا ٭
قانون دان (ع۔ ف) مذکر۔ آئین سرکاری سے آگاہ۔ قانونی ٭
قانون دانی (ہ) مؤنث۔ قانونی واقفیت ٭ **قانون دیوانی**۔ لین دین کے متعلق سرکاری ضابطہ یا دستور العمل ٭ **قانون گو** (ع۔ ف) مذکر۔ صدر پٹواری۔ گاؤں اور ضلع کا وہ اہلکار مال، جو اپنے حلقے کے تمام مالی حالات اور پیمائش کا حساب کتاب رکھتا ہے۔ پرگنے کا زمینداری رجسٹرار ٭ **قانون مال** (ع) مذکر۔ لگان اور مال گزاری کا ضابطہ ٭ **قانون مختص الامر**۔ مذکر۔ وہ قانون، جو کسی خاص امر کے متعلق جاری ہو ٭ **قانون مختص المقام**۔ مذکر۔ وہ قانون، جو کسی خاص ملک یا حصۂ ملک کے متعلق ہو ٭ **قانوناً**۔ حسب ضابطہ۔ قانون کے رُو سے ٭
قانونی (ہ) (۱) قانون بنانے والا (۲) قانون جاننے والا۔ قانون دان (۳) (ف) قانون و شرع کے رو سے (۴) (ہ) حجتی۔ تکراری۔ جھگڑالو ٭ **قانونیا**۔ مذکر۔ جھگڑالو۔ حجتی ٭

قاہر (قَا۔ ہِرْ) (ع) قہر کرنے والا۔ زبردست۔ طاقت ور۔ زور آور۔ غالب ٭

قاہرہ (قَا۔ ہِرَہْ) (ع) مؤنث۔ مصر کا دار الخلافہ ٭

قاہ قاہ (قَاہْ۔ قَاہْ) (ف) مؤنث۔ ٹھٹھا۔ قہقہہ ٭

قائد (قَا۔ اِدْ) (ع) مذکر۔ رہنما۔ لیڈر ٭ **قائد اعظم** (۱) سب سے بڑا رہنما (۲) محمد علی جناح بانیٔ پاکستان کا خطاب ٭

قائزہ (قَا۔ اِزَہْ) (ع) مذکر (۱) لگام (۲) لنگوٹا ٭ **قائزہ کرنا** (ہ) (۱) گھوڑے کے مُنہ میں دہانہ چڑھا کر لگام کا تسمہ دُم سے باندھ دینا (۲) (ہ) مجرد رہنا۔ لنگوٹا باندھنا ٭

قائل (قَا۔ اِلْ) (ع) (۱) بولنے والا۔ کہنے والا (۲) (ہ) تسلیم کرنے والا۔ اپنا قصور ماننے والا۔ لاجواب۔ ہارنے والا ٭ **قائل کرنا** (ہ) کسی شخص کو اس کی خطا کا اقرار کرا دینا۔ معقول کرنا۔ لاجواب کرنا ٭ **قائل معقول کرنا**۔ قصور کا معترف کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ جھوٹا ثابت کرنا۔ لاجواب کرنا ٭ **قائل ہونا** (۱) غلطی قبول کرنا۔ معترف ہونا (۲) ماہرِ فن ماننا۔ استاد ماننا ٭

قائم (قَا۔ اِمْ) (ع) (۱) کھڑا ہونے والا (۲) کھڑا۔ عمود وار۔ سیدھا (۳) پائدار۔ مضبوط (۴) مستقل۔ موجود (۵) مستقیم۔ مقرر (۶) شطرنج میں دونوں حریفوں کا برابر رہنا ٭ **قائم اٹھنا** (ہ) شطرنج میں برابر کی بازی رہنا۔ دونوں حریفوں میں سے کسی کو مات نہ ہونا ٭ **قائم النار** (ع) مذکر۔ آگ پر ٹھہرا ہوا پارا وغیرہ ٭
قائم انداز (ع۔ ف) (۱) شطرنج کا استاد، جو اپنی بازی ہر طرح قائم اور برقرار رکھے (۲) قادر انداز۔ نشانہ باز ٭ **قائم بالذات** (ع) وہ چیز، جو بذات خود قائم اور برقرار ہو۔ جوہر ٭ **قائم بالغیر** دوسری چیز کے بھروسے یا سہارے پر قائم رہنے والا۔ غیر کا محتاج ٭
قائم کرنا (ہ) (۱) بنیاد رکھنا (۲) مقرر کرنا (۳) بنانا۔ کھڑا کرنا۔ اٹھانا (۴) حد مقرر کرنا (۵) مضبوط کرنا (۶) برقرار کرنا۔ منتقل کرنا (۷) دھرنا۔ رکھنا (۸) موجود کرنا۔ پیدا کرنا ٭ **قائم مزاج** (ع) ثابت قدم۔ بات کا پورا۔ مستقل مزاج ٭ **قائم مزاجی** (ع۔ ف) مؤنث۔ ثابت قدمی۔ متانت۔ مضبوطی۔ استقلال ٭ **قائم مقام** (ع) مذکر (۱) دوسرے کی جگہ کام کرنے والا آدمی۔ عوضی (۲) ہر مختار کار، نائب، خلیفہ، گماشتہ، وکیل اور ولی عہد پر بولا جاتا ہے کہ یہ اصل قائم مقام ہیں ٭ **قائم مقام ہونا** (ہ) دوسرے کی جگہ کام کرنا۔ عوضی پر ہونا ٭ **قائم مقامی** (ع۔ ف) مؤنث (۱) سفارت۔ وکالت (۲) عوضی ٭ **قائمہ** (ع) مذکر۔ وہ زاویہ، جو دو مستقیم خطوں کے عمود وار تقاطع کرنے یا قائم ہونے سے پیدا ہو۔ نوّے درجے کا زاویہ ٭

قاؤں قاؤں (قَا۔ ؤُں، قَا۔ ؤُں) (ہ) مؤنث۔ کوّے کی بولی ٭
قائیں قائیں (قَا۔ ئِیں۔ قَا۔ ئِیں) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "کائیں کائیں" ٭

ق - ب

قبا (قَبَا) (ع) مؤنث۔ آگے سے کھلا ہوا ایک قسم کا کوٹ یا اچکن ٭
قباحت (قَبَا۔ حَتْ) (ع) مؤنث (۱) خرابی۔ برائی (۲) کھوٹ۔ عیب۔ نقص (۳) (ہ) مصیبت۔ مشکل۔ دقت ٭ **قباحت نکالنا** (ہ) خرابی ظاہر کرنا۔ عیب دھرنا۔ نقص نکالنا ٭ **قباحت نکلنا** (۱) خرابی نکلنا (۲) عیب یا نقص نکلنا (۳) دقت پیش آنا۔ مشکل پڑنا ٭
قباحت ہونا (۱) برائی ہونا۔ خرابی ہونا (۲) دشواری ہونا ٭
قبالہ (قَبَا۔ لَہْ) (ع) مذکر۔ بیع نامہ۔ تمسک۔ وہ کاغذ، جس سے کسی چیز کی ملکیت ثابت ہو۔ مکان کا کاغذ یا سند ٭ **قبالہ لکھوانا** (ہ) گھر کا مالک ہو جانا۔ قابض ہو جانا ٭ **قبالہ لینا**۔ کسی مکان، جائداد یا جاگیر پر قابض ہونا ٭ **قبالہ نویس** (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص، جو بہ طور پیشہ تمسک اور بیع نامے کے لکھنے کا کام کرتا ہو۔ عرائض نویس ٭
قبالہ نیلام (ہ) مذکر۔ نیلام کرنے والے کی طرف سے ملکیت کی سند۔ خط فروخت ٭ **قبالے**۔ مذکر۔ قبالہ کی جمع۔ بیع نامے ٭
قبالے ڈالنا (۱) قابض ہو جانا۔ قبضہ کر لینا (۲) ہرا دینا۔ عاجز کر دینا ٭ **قبالے لے لینا۔ یا۔ لکھوا لینا**۔ مالک بن جانا۔ قابض ہو جانا ٭ **قبالے میں لانا**۔ قبضے میں دینا۔ بیع کرنا ٭
قبائل (قَبَا۔ اِلْ) (ع) مذکر (۱) قبیلہ کی جمع۔ گروہ۔ فرقے۔ جماعتیں۔ اقوام (۲) بال بچے۔ عیال و اطفال۔ خاندان ٭

قبچاق (قَبْ - چَاق) (ت) مذکّر (۱) توران اور ترکستان کے درمیان ایک جنگل جہاں لٹیرے رہتے ہیں (۲) (مجازاً) نڈر - بے باک ۔

قبح (قُبْحْ) (ع) مذکّر - برائی - عیب - نقص ۔

قبر (قَبْرْ) (ع) مؤنّث - مُردے کو دفن کرنے کا گڑھا - گور - تربت - مدفن - مقبرہ - سمادھ ۔ **قبر بنانا** (و) (۱) مدفن تیار کرنا (۲) مار رکھنا - مار کر دبا دینا ۔ **قبر پر قبر نہیں ہوتی** - مثل - قرض پر قرض نہیں ملتا ۔ **قبر سلامی** - مؤنّث - وہ نقدی، جو مالک زمین کو اس کی ملکیت میں قبر بنانے کے عوض دی جاتی ہے ۔ **قبر کا تعویذ** - مذکّر - وہ پتھر جو قبر کی نشانی کے لیے صندوق کی وضع کا بنا کر رکھ دیتے ہیں - سنگِ مزار ۔ **قبر کا عذاب** - مذکّر - وہ تکلیف، جو قبر میں گناہ گار کو ہوتی ہے ۔ **قبر کا مُنہ جھانک کر آنا** - مر مر کر بچنا - نئے جنم سے پیدا ہونا ۔ **قبر کھول کر نکال لانا** - پاتال سے ڈھونڈ کر نکال لانا - جہاں ہو وہاں سے لے آنا ۔ **قبر کھودنا** (۱) مُردے کے لیے گڑھا کھودنا (۲) مار ڈالنا - مار رکھنا ۔ **قبر کے مُردے اُکھاڑنا - یا - اُکھیڑنا** (۱) دبی ہوئی باتوں کو اُبھارنا - پرانے جھگڑے نکالنا (۲) مُردوں کا عیب ظاہر کرنا ۔ **قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا** - قریب مرگ ہونا - مرنے کو تیار ہونا - نہایت بڑھاپے یا شدید بیماری کے موقع پر بولتے ہیں ۔ **قبر میں سے نکل کر آنا** - بیماری یا کسی اَور صدمے سے ایسا نحیف و ناتواں ہو جانا کہ صورت نہ پہچانی جا سکے ۔ **قبرستان** (ع - ف) مذکّر - مُردے دفن ہونے کی جگہ - گورستان - شہرِ خموشاں - مدفن ۔

قُبّرہ (قُبْ بَرَہْ) (ع) مذکّر (۱) چنڈول - چکاوک (۲) سرخاب ۔

قبض (قَبْضْ) (ع) مذکّر (۱) بستگی - گرفتگی (۲) دبوچنا (۳) سکیڑ - سمیٹ (۴) دخل - بس - قابو (۵) پاخانہ نہ آنا ۔ **قبض الوصول** - مذکّر - وہ کتاب، جس میں روپے کی وصولیت درج کی جائے - رسید کا رجسٹر ۔ **قبض بالجبر** - مذکّر - زبردستی قبضہ کر لینا - ناجائز طور سے مالک بن جانا ۔ **قبض کرنا** (و) (۱) پیٹ میں گرفتگی پیدا کرنا (۲) سلب کرنا - کھینچنا ۔ **قبضہ** (ع) مذکّر (۱) تصرّف - قابو - دخل (۲) ہتھی - موٹھ - دستہ (۳) مٹھی - پنجہ (۴) (و) کواڑ وغیرہ کے جوڑ کا لوہا (۵) بازو کی مچھلی - ڈنڑ ۔ **قبضہ بالنّیابت** - مذکّر - قائم مقام ہونے کی حیثیت سے قبضہ ۔ **قبضہ پانا** (و) تصرّف میں لانا - قابو پانا - دخل پانا ۔ **قبضہ علی الاتّصال** (ع) مذکّر - متواتر قبضہ ۔ **قبضہ کرنا** - مالک بن بیٹھنا - دخل کرنا ۔ **قبضہ لاخراجی** (ع - ف) مذکّر - وہ قبضہ جس کا خراج اور محصول معاف ہو ۔ **قبضہ مستاجرانہ** - مذکّر - ٹھیکیداروں کی طرح قبضہ ۔ **قبضۂ مخالفانہ** - مذکّر - کسی کے خلاف قبضہ ۔ **قبضے** (و) مذکّر (۱) قبضہ کی جمع (۲) حروف مغیّرہ یا تابع مغیّرہ کے آجانے کی صورت ۔ **قبضے پر ہاتھ ڈالنا** (۱) تلوار سونتنے کے لیے اس کی موٹھ پر ہاتھ لے جانا (۲) دوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا - تلوار نہ نکالنے دینا ۔ **قبضے میں کر لینا** - بس میں کر لینا - قابو میں کر لینا ۔

قبطی (قِبْ - طِیْ) (ع) مذکّر - قدیم مصری قوم - فرعون کے ساتھی ۔

قبل (قَبْلْ) (ع) (۱) پہلے - آگے - پیشتر - اوّل (۲) مذکّر - گھیرا - محاصرہ ۔ **قبل ازآنکہ** (ع - ف) پہلے سے - اس سے پیشتر ۔ **قبل ازمرگ واویلا** (ف) مثل - موت سے پہلے رونا پیٹنا - خیالی تکلیف سے ڈر کر کسی کام کو ترک کر دینا ۔ **قبل ازیں** (ع - ف) اس سے پہلے ۔

قُبُل (قُبُلْ) (ع) مذکّر - عورت کے آگے کی شرم گاہ - فرج - اندام نہانی ۔

قبلہ (قِبْ - لَہْ) (ع) مذکّر (۱) مقابل یا سامنے کی چیز (۲) سمتِ کعبہ (۳) کعبہ (۴) کلمۂ تعظیم - حضور - جناب - حضرت ۔ **قبلۂ حاجات** مذکّر (۱) دوسرے شخص کی حاجتوں اور ضرورتوں کو رفع کرنے والا - مراد بر لانے والا (۲) ایک کلمۂ تعظیم ۔ **قبلہ رُو** (ع - ف) (۱) قبلے کی سمت (۲) وہ شخص یا چیز، جو اپنے قبلے کی طرف مُنہ کیے ہوئے ہو ۔ **قبلۂ عالم** (ع) مذکّر - جہان کا بزرگ - بادشاہوں کا لقب - جہاں پناہ ۔ **قبلۂ کونین** - مذکّر (۱) دین و دنیا کے بزرگ (۲) والدِ بزرگوار ۔ **قبلہ گاہ** (ع - ف) مذکّر (۱) بجائے قبلہ (۲) باپ - والدِ بزرگوار (۳) بزرگ ۔ **قبلہ نما** - مذکّر - قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ ۔ **قبلہ وکعبہ** (ع) مذکّر - کلمۂ تعظیم و تکریم ۔

قبور (قُبُوْرْ) (ع) (۱) قبر کی جمع (۲) پستول کا چرمی خانہ ۔

قبول (قَبُوْلْ) (ع) مذکّر - منظور - تسلیم ۔ **قبول صورت** (و) (عو) حسین - خوب صورت ۔ **قبول کرنا** (۱) منظور کرنا - ماننا (۲) پسند کرنا (۳) اقبال کرنا - اقرار کرنا ۔ **قبولنا** (عو) (۱) پسند کرنا (۲) منظور کرنا (۳) اقرار کرنا - اقبال کرنا ۔ **قبولی** (ف) مؤنّث - ایک قسم کا پلاؤ، جو چنے کی دال اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے ۔ **قبولیت** (و) مؤنّث (۱) دعا کی اجابت (۲) (قانون) منظوری - کاشت کار کے اقرار نامے پر مالک اراضی کی منظوری کی سند ۔

قُبّہ (قُبْ - بَہْ) (ع) مذکّر (۱) گنبد - برج (۲) کلس - کلغی ۔

قبیح (قَبِیْحْ) (ع) (۱) قباحت والا - بُرا (۲) نامناسب - نازیبا ۔

قبیل (قَبِیْلْ) (ع) مذکّر (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) نوع - جنس - قسم (۳) خاندان - قبیلہ ۔

قبیلہ (قَبِیْ - لَہْ) (ع) مذکّر (۱) گروہ - زمرہ - فرقہ - جتھا (۲) تبار - خاندان (۳) (و) اہلیہ - جورو - بیوی - گھر والی ۔ **قبیلہ پرور** (ع - ف) کنبہ پالنے والا - اپنے کنبے کی پرورش کرنے والا ۔

ق - ت

قِتال (قِتَالْ) (ع) مؤنّث - لڑائی - جنگ - کُشت و خون ٭

قَتّال (قَتْ - تَالْ) (ع) مذکّر - بہت قتل کرنے والا ٭ قَتّالہ - مؤنّث - بہت قتل کرنے والی ٭

قتل (قَتْلْ) (ع) مذکّر - ہلاکت - خون - تلوار یا کسی ہتھیار سے مار ڈالنا ٭ قَتْلَ الْمُؤْذِیْ قَبْلَ الْاِیْذَاء - مثل - موذی کو دُکھ دینے سے پہلے مار ڈالنا چاہیے ٭ قتلِ انسان مستلزم سزا (ع - ف) مذکّر - انسان کا ایسا قتل، جس کی سزا دی جائے ٭ قتلِ عام - مذکّر - بلا امتیاز سب کا جان سے مار ڈالنا ٭ قتلِ عام کرنا (ﻭ) سب کو مار ڈالنا - مار ڈالنے کا حکم دینا ٭ قَتْلِ عَمْدْ (ع) مذکّر (قانون) دیدہ و دانستہ ہلاک کرنا - جان بوجھ کر مار ڈالنا ٭ قتل کا بِیڑا اٹھانا (ﻭ) خون کرنے کی قسم کھانا - کسی کے مار ڈالنے کا عہد کرنا ٭

قَتْلا (قَتْ - لَا) (ﻭ) مذکّر - پھانک - قاش - ٹکڑا ٭

قُتّی (قُتْ - تِیْ) (ت) مؤنّث (۱) صندوقچی - صندوقچہ (۲) انگوری پٹاری ٭

قتیل (قَتِیْلْ) (ع) شہید - مقتول ٭

ق - چ

قُچ - قُوچ (قُچْ - قُوْچْ) (ت) مذکّر - سینگوں والا لڑائی کا بینڈھا ٭

ق - ح

قحبہ (قَحْ - بَہْ) (ع) مؤنّث - رنڈی - فاحشہ ٭

قحط (قَحْطْ) (ع) مذکّر (۱) گرانی - مہنگا پن (۲) کم یابی - کمی ٭ قحط پڑنا (ﻭ) کم یابی ہونا - گرانی ہونا - کال پڑنا ٭ قحط زدہ (ع - ف) کال کا مارا - کنگال - بھوکا ٭

ق - د

قد (قَدْ) (ع) مذکّر - جسم کی لمبائی - ڈیل - قامت ٭ قدِ آدم - آدمی کے قد کے برابر - چار ہاتھ ٭ قد آور (ع - ف) لمبے قد کا - دراز قد - لمبا - طویل القامت ٭ قد برابر بجلی پڑے - یا - ٹوٹے (ﻭ) (دعائے بد) جتنا قد ہے، اسی قدر بجلی گرے اور ہلاک کر دے ٭ قد نکلنا (عو) بچے کا بڑا ہونا - بچے کا بڑھنا ٭ قد و بالا - یا - قد و قامت (ع - ف) مذکّر - ڈیل ڈول - جسامت ٭

قدامت (قَدَا - مَتْ) (ع) مؤنّث (۱) کہنگی - ہمیشگی (۲) اگلا زمانہ - زمانۂ سلف ٭ قدامت پسند (ع - ف) پرانے رسم و رواج کی پیروی کرنے والا ٭

قَدْح (قَدْحْ) (ع) مؤنّث (۱) عیب چینی - ہجو (۲) اعتراض (۳) تردید ٭ قَدْح کرنا (ﻭ) جرح کرنا - جھٹلانا ٭

قَدَح (قَدَحْ) (ع) مذکّر - بڑا پیالہ - شراب یا بھنگ کا پیالہ - ساغر - پیمانہ - جام ٭ قَدَح خوار - قَدَح کش (ع - ف) مذکّر - بہت سے جام پینے والا - نشہ باز - شراب خوار ٭ قَدَح کی خیر منانا (ﻭ) اپنی ہی بھلائی چاہنا ٭

قَدْر (قَدْرْ) (ع) مؤنّث (۱) مقدار - جانچ - اندازہ (۲) نصیب - قسمت (۳) قدرت - طاقت (۴) رتبہ - بڑائی - بزرگی - عزّت ٭ قَدْر دان (ع - ف) مذکّر (۱) قدر پہچاننے والا - قدر شناس - جوہر شناس (۲) (ﻭ) سرپرست - مربّی - بزرگ ٭ قَدْر دانی - مؤنّث - آبرو - عزّت - جوہر شناسی ٭ قَدْر دانی کرنا (ﻭ) ہنر کے باعث عزّت کرنا - ہنر کی داد دینا ٭ قَدْر کرنا - توقیر کرنا - عزّت کرنا ٭ قدر و منزلت (ع) مؤنّث - عزّت و توقیر - رتبہ و منصب ٭

قَدَر (قَدَرْ) (ع) مؤنّث (۱) تقدیر - حکمِ الٰہی - قضا (۲) اندازہ (۳) شریک - برابر ٭ قَدَر انداز (ع - ف) مذکّر - نشانہ باز - وہ شخص، جس کا تیر ٹھیک نشانے پر بیٹھے - قادر انداز ٭

قدرت (قُدْ - رَتْ) (ع) مؤنّث (۱) قوّت - زور - طاقت (۲) حوصلہ (۳) فطرت - خدائی طاقت - شانِ الٰہی - نیچر (۴) دسترس - پہنچ - اختیار ٭ قدرت رکھنا (ﻭ) قابلیت رکھنا - لائق ہونا - قادر ہونا ٭ قدرتِ کاملہ (ع) مؤنّث - پوری پوری طاقت - بے انتہا طاقت ٭ قدرتی (ع - ف) فطری - طبعی - حقیقی - اصلی - جبلّی ٭ قدرتی رنگ (ﻭ) مذکّر - ذاتی رنگ - اصلی رنگ - خود رنگ ٭ قدرتی علامات (ع) مؤنّث - فطری نشانیاں - ظہور یزدانی - نشانِ ایزدی کا ظہور ٭

قُدری کرنا (ﻭ) (عو) (۱) کوشش کرنا (۲) دباؤ ڈالنا - اصرار کرنا ٭

قدرے (قَدْ - رِےْ) (ع - ف) کچھ - قلیل - ذرا سا ٭ قدرے قلیل (ﻭ) کسی قدر - بہت کم ٭

قُدس (قُدْ س - قُدُ س) (ع) (۱) پاک - مقدّس - متبرک (۲) مذکّر - عرب کا ایک پہاڑ (۳) (مجازاً) بیتِ مقدّس - یروشلم (۴) جبریلؑ - روح القدس (۵) طہارت - تقویٰ - پاکیزگی ٭

قُدسی (۱) پاک - متبرک - پاکیزہ (۲) مذکّر - نیک آدمی (۳) فرشتہ (۴) ایک مشہور فارسی شاعر حاجی محمّد جان کا تخلّص ٭

قدغن (قَدْ - غَنْ) (ت) مؤنّث (۱) (لغوی) اہتمام (۲) (اصطلاحی) ممانعت - نہایت روک ٹوک - تاکید - خبرداری ٭

قَدَم (قَدَمْ) (ع) مذکّر (١) پاؤں۔ پَیر۔ چرن (٢) چلنے میں ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں تک کا فاصلہ۔ گام (٣) چال۔ رفتار۔ روش (٤) نقشِ پا (٥) (مجازاً) دخل۔ واسطہ (٦) وجود۔ موجودگی۔ دم۔ ذات (٧) گھوڑے کی ایک قسم کی بے تکان رفتار۔ دھیمی چال (٨) ایک سایہ دار درخت (٩) ایک قسم کی گھاس ٭ **قدم اٹھا کر جانا۔ یا۔ چلنا۔ یا۔ قدم اٹھانا** (ف) جلد جلد قدم رکھنا۔ جلد جلد چلنا ٭ **قدم اُٹھنا**۔ پاؤں اٹھنا۔ حرکت کرنا۔ ہلنا۔ سرکنا ٭ **قدم اکھڑنا**۔ پاؤں نہ جمنا۔ چل نہ سکنا ٭ **قدم باز** (١) جلد چلنے والا۔ تیز رفتار (٢) ایک انداز کے ساتھ چلنے والا ٭ **قدم بقدم چلنا** (١) کسی کی پیروی کرنا (٢) ساتھ ساتھ چلنا۔ پیچھے پیچھے چلنا ٭ **قدم بڑھانا (آگے رکھنا)** (١) جلد جلد چلنا۔ آگے بڑھنا (٢) حد سے باہر قدم رکھنا۔ زیادتی کرنا (٣) قابض ہونا۔ مداخلت کرنا ٭ **قدم بوس** (ع۔ ف) (١) پاؤں چومنے والا (٢) مذکّر۔ پاؤں چومنا ٭ **قدم بوس ہونا** (و) پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ تعظیماً پاؤں چومنا ٭ **قدم بوسی** (ع۔ ف) مؤنّث (١) پاؤں چومنا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا (٢) بڑوں کی ملاقات۔ آداب۔ سلام۔ بزرگی۔ خدمت ٭ **قدم بھاری ہونا** (و) کسی شخص پر نامبارک ہونا۔ منحوس قدم ہونا ٭ **قدم چومنا** (١) تعظیماً پاؤں چومنا (٢) اُستاد اور قابلِ تعظیم ماننا (٣) نہایت فتنہ انگیز اور شریر تسلیم کرنا ٭ **قدمچہ۔ قدمچہ** (ع۔ ف) مذکّر۔ پاخانے کے اندر کا چبوترا یا پاؤں رکھ کر بیٹھنے کا پایہ ٭ **قدم چھونا**۔ ادباً پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ پاؤں پڑنا۔ گھٹنے چھونا ٭ **قدم درمیان ہونا**۔ واسطہ ہونا۔ بیچ میں پڑنا۔ داخل ہونا۔ آڑے آنا ٭ **قدمِ رسول ؐ۔ یا۔ قدمِ شریف** (ع) مذکّر۔ وہ مکان یا جگہ، جہاں رسولِ مقبول ؐ کے قدمِ مبارک کا نشان رکھا ہو، جیسے دہلی کے قریب قدم شریف ہے ٭ **قدم رکھنا** (و) (١) پاؤں رکھنا۔ چلنا (٢) مداخلت کرنا۔ دخل دینا (٣) کسی کام کے کرنے کا دعویٰ کرنا (٤) کوئی کام اختیار کرنا (٥) تشریف لانا۔ آنا ٭ **قدم رنجہ فرمانا۔ یا۔ کرنا**۔ تکلیف اٹھانا۔ کسی کے گھر تک جانے کی تکلیف اٹھانا۔ تشریف لانا ٭ **قدم قدم پر**۔ ہر قدم پر۔ چپّے چپّے پر ٭ **قدم قدم جانا۔ یا۔ چلنا**۔ سہج سہج چلنا۔ آہستہ آہستہ جانا ٭ **قدم لگنا** (١) گھوڑے کو قدم چلنے کی چال آنا (٢) کسی کی حفاظت یا پناہ میں جگہ ملنا (٣) قدم بوسی کرنا۔ پاؤں چومنا ٭ **قدم لینا** (١) پاؤں چومنا۔ ادباً یا تعظیماً قدموں کو ہاتھ لگانا (٢) نیکی یا بدی میں دوسرے کے کمال کا اعتراف کرنا۔ استاد ماننا (٣) احسان ماننا۔ خوشامد کرنا (٤) خیر مقدم کرنا۔ استقبال کرنا ٭ **قدم مارنا** (١) دوڑ دھوپ کرنا۔ کوشش کرنا (٢) کسی کام میں پڑنا۔ قدم رکھنا (٣) تیز جانا۔ جلد جانا ٭ **قدم نکالنا**۔ گھوڑے کو چال سکھانا یا سدھانا ٭ **قدم نہ اٹھ سکنا**۔ خوف یا دہشت کے مارے پاؤں نہ اٹھنا۔ آگے نہ چل سکنا۔ عاجز ہونا ٭ **قدموں** ۔ مذکّر۔ قدم کی جمع ٭ **قدموں پر گرنا**۔ پیروں پر گرنا۔ پابوسی کرنا۔ پاؤں کو چومنا۔ پاؤں پر سر رکھنا ٭ **قدموں سے لگنا** (١) پاؤں چومنا (٢) نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آنا (٣) زیرِ سایہ رہنا ٭ **قدموں سے لگے پڑے ہیں** (١) فرمان بردار ہیں۔ تابع اور مطیع ہیں (٢) ماتحت ہیں۔ رعیت ہیں۔ زیرِ سایہ ہیں ٭ **قدموں سے لگے رہنا**۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔ کسی کا کسی کے پاس سے کبھی جدا نہ ہونا ٭ **قدموں کو چھوڑنا**۔ کسی سے علٰحدہ ہونا۔ ساتھ چھوڑنا ٭ **قدموں کے تلے سے زمین نکل گئی**۔ بے حد اضطراب اور پریشانی ہوئی ٭

قِدَم (قِدَمْ) (ع) مذکّر (١) پرانا ہونا۔ کہنگی (٢) ہمیشگی ٭

قدما (قُدَمَا) (ع) مذکّر۔ قدیم کی جمع۔ پرانے وقتوں کے آدمی۔ اگلے لوگ ٭

قدوس (قُدْ۔ دُوْس) (ع) (١) بڑا پاک (٢) مذکّر۔ خدا کا ایک صفاتی نام ٭

قدوم (قُدُوْم) (ع) مذکّر (١) کسی جگہ سے آنا (٢) سفر سے واپس آنا ٭

قدوہ (قِدْ۔ وَہْ) (ع) پیشوا۔ سرگروہ۔ برگزیدہ ٭

قدیر (قَدِیْر) (ع) (١) صاحبِ قدرت۔ قادر۔ طاقت ور۔ صاحبِ قدر (٢) پختہ۔ مضبوط (٣) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ٭

قدیم (قَدِیْم) (ع) (١) پرانا، کہنہ، دیرینہ، پہلے زمانے کا، ازلی (٢) (قانون) باپ دادا کا۔ جدّی۔ آبائی ٭ **قدیم ایام سے۔ یا۔ قدیم سے** (و) سدا سے۔ ہمیشہ سے۔ اگلے وقتوں سے ٭ **قدیم نمک خوار۔ یا۔ نوکر**۔ مذکّر۔ پرانا ملازم ٭ **قدیمی**۔ ہمیشہ کا۔ پرانا ٭

ق۔ ر

قرابادین (قَرَا۔ بَا۔ دِیْن) (ع) مؤنّث۔ دواؤں کا لغت۔ لغات الادویہ ٭

قرابت (قَرَا۔ بَت) (ع) مؤنّث (١) نزدیکی۔ قربت (٢) رشتہ۔ ناتا۔ رشتہ داری۔ یگانگی ٭ **قرابت دار** (ف) مذکّر۔ رشتہ دار ٭ **قرابت داری**۔ مؤنّث۔ ناتا۔ رشتہ داری ٭ **قرابتِ طرفی** (ع) مؤنّث۔ باہم جدّی رشتہ ٭ **قرابتِ قریبہ**۔ مؤنّث۔ قریب کا رشتہ۔ پاس کی رشتہ داری ٭ **قرابتِ مستقیمہ**۔ مؤنّث۔ پشت در پشت رشتہ داری۔ پختہ رشتہ ٭ **قرابتی** (و) ناتے کا۔ رشتے کا۔ یگانہ ٭ **قرابتی قرابت**۔ مؤنّث۔ وہ رشتہ، جس میں پانچ پشت سے زیادہ کا رشتہ دار شامل ہو ٭

قرابہ (قَرا - بہ) (ع) مذکر (۱) عرق رکھنے کا بڑا شیشہ (۲) صراحی - شراب کا شیشہ ؛

قرابین (قَرا - بِین) (ت) مؤنث - چوڑے منہ کی چھوٹی بندوق ؛

قراءت (قِرا - ءَت) (ع) مؤنث (۱) پڑھنا - خواندگی - تلفظ (۲) حرفوں کا صحیح مخرج ادا کرنا (۳) علم تجوید - وہ علم، جس میں عربی حروف کے مخارج اور تلفظ سے بحث کی جاتی ہے ؛

قرار (قَرار) (ع) مذکر (۱) آرام - آسودگی - سکون - قیام (۲) حلم - بردباری - سہار - برداشت - تحمل - صبر (۳) ثبات - استقلال (۴) (ل) عہد - اقرار - قول ؛ **قرار آنا** (ل) جی ٹھہرنا - اضطراب رفع ہونا - اطمینان ہونا ؛ **قرار پانا** (۱) مقرر ہونا - ٹھہرنا (۲) قیام کرنا (۳) تصفیہ ہونا (۴) تاریخ کا ٹھہرایا جانا (۵) باہم وعدہ یا عہد و پیمان ہونا ؛ **قرار داد** (ع - ف) مؤنث (۱) شرط، معاہدہ، قول قرار، قرار مدار، ٹھیکہ (۲) تجویز - تصفیہ - فیصلہ - ریزولیوشن ؛ **قرار داد جرم** (۱) مؤنث (قانون) تجویز جرم - تحقیقات کے بعد مجرم پر جرم ضابطہ کا لگایا جانا ؛ **قرار دینا** - تجویز کرنا - مقرر کرنا - ٹھہرانا - ٹھانا ؛ **قرار مدار** (ع) مذکر - عہد و پیمان - قول قرار - بچن ؛ **قرار واقعی** (۱) جیسا چاہیے - ہر طرح - بخوبی - اطمینان سے (۲) اصل میں ؛

قراض (قِرا ض) (ع) مؤنث - ایسی شرکت، جس میں ایک شخص دوسرے کو سرمایہ دے اور دوسرا شدید محنت و ہنر کے نتائج معینہ حصوں میں تقسیم کر دے ؛ **قراضہ** - مذکر (۱) مقراض سے گرا ہؤا کسی چیز کا ریزہ (۲) سونے چاندی کا ٹکڑا ؛

قراقر (قَرا - قِر) (ع) مذکر - پیٹ کے بولنے کی آواز - گڑ گڑ - گڑگڑاہٹ (روزمرہ میں دوسرے قاف کے پیش سے آتا ہے) ؛ **قراقر ہونا** (۱) پیٹ میں گڑگڑ ہونا - پیٹ بولنا ؛

قِران (قِرا ن) (ع) مذکر (۱) قربت - نزدیکی (۲) گرہ - لگن - دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ؛ **قران السعدین** (۱) دو اچھے ستاروں کا سنجوگ - نیک شگون - نیک ساعت (۲) دو نیک یا اچھے آدمیوں کا اجتماع ؛

قُرآن (قُر - آن) (ع) مذکر (۱) کلام اللہ - خدا کا وہ کلام، جو حضرت رسول اکرم صلعم پر نازل ہؤا ؛ **قرآن اٹھانا** - **قرآن پر ہاتھ دھرنا - یا - رکھنا** (۱) قرآن عزیز کو ہاتھ میں لے کر قسم کھانا ؛ **قرآن پر قرآن رکھنے کا کیا مضایقہ** - مثل - ہم ذات میں شادی ہونا کچھ مضایقہ اور عیب نہیں رکھتا - ہم رتبہ لوگ باہم سب کچھ کہہ سن سکتے ہیں ؛ **قرآن ٹھنڈا کرنا** (۱) کتاب اللہ کو زمین پر گرا دینا (۲) قرآن مجید ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر پڑنا ؛ **قرآن درمیان ہونا** - قرآن کی قسم ہونا ؛ **قرآن سر پر رکھنا** - دیکھیے "قرآن اٹھانا" ؛ **قرآن کا جامہ پہننا** - نیک، پرہیزگار اور قابلِ اعتماد بننا ؛ **قرآن کی مار** - مؤنث (ع و) (دعائے بد) قرآن کی پھٹکار پڑے ؛ **قرآن میں نام نکلوانا** - کسی بچے کا نام قرآن پاک میں دیکھ کر اس کے حرفِ اوّل کے مطابق رکھنا ؛ **قرآن ہدیہ کرنا** (تعظیماً) قرآنِ حکیم فروخت کرنا ؛

قراول (قَرا - وُل) (ت) مذکر (۱) بندوقچی - بندوق سے شکار کھیلنے والا (۲) وہ فوج، جو لڑائی کے لیے جگہ معین کرنے کی غرض سے آگے جاتی ہے (۳) شکار کھیلنے والا - بھیلیا ؛

قرائن (قَرا - اِن) (ع) مذکر - قرینہ کی جمع ؛

قرب (قُرْب) (ع) مذکر (۱) نزدیکی - پاس ہونا (۲) رشتہ داری - رشتہ ؛ **قرب روحانی** - مذکر - باطنی نزدیکی - دلی نزدیکی ؛ **قرب و جوار** - مذکر - آس پاس، گرد و نواح، پاس پڑوس، ارد گرد ؛

قربان (قُر - بان) (ع) مذکر (۱) وہ چیز، جو اللہ کی راہ میں تصدق کی جائے - صدقہ - بھینٹ - تصدق (۲) فدا - نثار - صدقے - بلہاری ؛ **قربان جانا** (۱) صدقے ہونا - واری جانا - نثار ہونا (۲) مرنا - عاشق ہونا ؛ **قربان کرنا** - وارنا - فدا کرنا - تصدق کرنا (۲) حقارت کا ایک کلمہ ؛ **قربان کروں** (ع و) نفرت کا کلمہ - آگ لگاؤں - صدقے کروں ؛ **قربان گاہ** (ع - ف) مؤنث - قربان ہونے کی جگہ - مقتل - مذبح ؛ **قربان ہونا** (۱) تصدق ہونا - واری جانا ؛ **قربانی** (ع - ف) مؤنث (۱) ذبح، حلال (۲) عیدالاضحیٰ کو دنبہ یا بکرا وغیرہ ذبح کرنا ؛ **قربانی کرنا** - خدا کی راہ میں حلال چیز ذبح کرنا ؛

قربت (قُر - بَت) (ع) مؤنث (۱) پاس ہونا - نزدیکی - رشتہ - قرابت ؛

قرۃ العین (قُر - رَتُل - عَین) (ع) مذکر (۱) وہ چیز، جس سے آنکھوں میں طراوت اور ٹھنڈک پیدا ہو (۲) (مجازاً) نورِ چشم، پیارا بیٹا ؛

قرح (قَرح) (ع) مذکر - گھاؤ کرنا - زخم کرنا ؛ **قرحہ** (۱) مذکر (۱) ناسور - وہ زخم، جس میں پیپ پڑ گئی ہو (۲) لا علاج سوزاک - برانا سوزاک ؛ **قرحہ پڑ جانا - یا - ہو جانا** (۱) ناسور ہو جانا - زخم میں پیپ پڑ جانا - زخم پڑ جانا - گل جانا ؛ **قرحہ** (ع) مذکر - زخم - جراحت ؛

قرشی (قُرَ شی) (ع) مذکر - دیکھیے "قریشی" ؛

قرص (قُرص) (ع) مذکر (۱) ٹکیا (۲) گھیرا - گردا (۳) مدقدر - گول (۴) دوا کی ٹکیا ؛

قرض (قَرْ۔ ضْ) (ع) مذکر۔ اُدھار۔ مانگا ہُوا۔ مستعار۔ دام ٭ **قرض اتارنا** (و) کسی سے لیا ہُوا بے باق کرنا۔ آتا ہُوا چکانا ٭ **قرض اٹھانا** مستعار لینا۔ اُدھار لینا ٭ **قرض ادا کرنا۔ یا۔ چکانا**۔ اُدھار کا روپیہ بے باق کرنا ٭ **قرضِ حسنہ** (ع) مذکر۔ بے سود اور بے میعاد قرض ٭ **قرض خواہ** (ع۔ف) مذکر۔ اُدھار دینے والا ٭ لین دار ٭ **قرض دار**۔ مذکر۔ اُدھار لینے والا۔ دین دار۔ مقروض ٭ **قرض داری** (و) مؤنث۔ قرض۔ دین داری ٭ قرضہ (ع) مذکر۔ قرض۔ اُدھار۔ دینْ داری ٭ **قرضہ تمسکی** (ع۔ف) مذکر۔ تمسک کے رو سے قرضہ ٭ **قرضہ منقضی المیعاد** (ع) مذکر۔ وہ قرضہ، جس کی میعاد گزر چکی ہو ٭

قرطاس (قِرْ۔ طَاسْ) (ع) مذکر۔ کاغذ۔ پترّ ٭

قرعہ (قُرْ۔ عَہْ) (ع) مذکر۔ پانسا۔ کعبتین ٭ **قرعہ پھینکنا۔ یا۔ ڈالنا** (و) پانسے کے ذریعے سے فال لینا۔ چِٹھی ڈالنا۔ دانہ پھینکنا ٭

قرق (قُرْ۔ قْ) (ت) مذکر (۱) نگرانی۔ نگہبانی۔ محافظت (۲) ممانعت۔ روک ٭ **قرق امین** (ت۔ع) مذکر۔ ناظرِ عدالت ٭ **قرق تحصیل** مذکر۔ مال گزاری کے حصول کے لیے قرقی ٭ **قرق کرنا** (و) (۱) ضبط کرنا (۲) کسی جرم یا قرض وغیرہ کے سلسلے میں کسی کا مال یا جائداد تحویل میں رکھنا ٭ **قرق نامہ** (ع۔ف) مذکر۔ ضبطی کا پروانہ ٭ **قرقی** (و) مؤنث (۱) ضبطی۔ ممانعت۔ روک (۲) محافظت۔ نگرانی۔ روک ٹوک ٭ **قرقی بٹھانا** (۱) ضبطی کے مال پر پہرا بٹھانا (۲) (عو) آمد و رفت بند کرنا۔ آنے جانے سے روکنا۔ ممانعت کرنا ٭ **قرقی دار** (و۔ف) مذکر۔ قرقی کرنے والا ٭ **قرقی قبل فیصلہ** (و۔ع) مؤنث۔ فیصلے سے پہلے کی یعنی کچی قرقی ٭ **قرقی کا پروانہ** (و) مذکر۔ ضبطی نامہ۔ ضبطی کا وارنٹ ٭

قرم (قُرْ۔ مْ، قُرَ۔ رَمْ) (و) مذکر۔ "قرمساق" کا مخفف۔ بھڑوا۔ دیّوث۔ اپنی جورو کو دوسروں کے پاس بھیج کر اس کی کمائی کھانے والا ٭ **قرمساق** (قُرَمْ۔ سَاقْ، قُرْ۔ رَمْ۔ سَاقْ) (ت) مذکر (۱) کٹنا۔ قلتبان۔ بھاڑو۔ میانجی (۲) (و) پاجی۔ نالائق ٭

قرمز (قِرْ۔ مِزْ) (ع) مذکر (۱) سرخ ریشم رنگنے کا ایک چھوٹا سا کیڑا (۲) لال۔ سرخ ٭ **قرمزی**۔ لال۔ سرخ ٭

قَرْن (قَرْ۔ نْ) (ع) مذکر (۱) ستاروں کا ملاپ (۲) دس بارہ، تیس، اسّی یا ایک سو بیس برس کا زمانہ۔ جُگ (۳) (مجازاً) عرصہ۔ مدّتِ مدید ٭

قَرْن (قَرْ۔ نْ) (ع) مذکر۔ سینگ ٭ **قرنا** (ع۔ف) مذکر۔ سینگ کا بگل۔ تُرم۔ تُری۔ نفیری۔ نرسنگا ٭

قَرَن (قَرَ۔ نْ) ایک یمنی قبیلے کے سردار کا نام ٭

قرنیق (قَرَمْ۔ بِیْق) (ع) مذکر۔ عرق کھینچنے کا آلہ ٭

قرنطینہ (قَرَنْ۔ طِیْ۔ نَہْ) (معرّب) (انگ۔ کوارنٹین) مؤنث۔ وہ میعاد، جب مسافروں یا وبا زدہ جہازوں یا بیماروں کو جبراً سب سے علٰحدہ رکھا جائے تاکہ بیماری پھیلنے نہ پائے۔ طبی قید ٭

قرنفل (قَرَنْ۔ فُلْ) (ع) مذکر۔ لونگ ٭

قرولی (قَرَ۔ وْ۔ لِیْ) (و) مذکر (۱) شکاری کا چاقو (۲) چوکی دار، پہرے دار، محافظ (۳) راجپوتانہ میں ایک ریاست ٭

قریب (قَ۔ رِیْبْ) (ع) (۱) پاس۔ نزدیک۔ متصل (۲) تقریباً۔ لگ بھگ ٭ **قریب الاختتام**۔ عنقریب ختم ہونے والا۔ پورا یا ختم ہو جانے کے لگ بھگ ٭ **قریب الفہم**۔ قریب العقل۔ جلدی سے سمجھ میں آنے والا ٭ **قریب القیاس**۔ جلد قیاس میں آ جانے والا۔ قرینِ عقل ٭ **قریبِ مرگ** (ع۔ف) مرنے کے قریب پہنچا ہُوا۔ کوئی دم کا مہمان ٭ **قریب الوقوع** (ع) عنقریب واقع اور ظاہر ہونے والا ٭ **قریب قریب** (و) (۱) نزدیک نزدیک۔ پاس پاس (۲) لگ بھگ۔ ملتا جلتا ٭

قریش (قُرَ۔ یْشْ) (ع) مذکر۔ عرب کا ایک مشہور اور معزز قبیلہ۔ حضرت رسولِ اکرم صلعم اسی قبیلے سے تھے ٭ **قریشی**۔ قبیلۂ قریش کا۔ شیخ قریش ٭

قرین (قَ۔ رِیْنْ) (ع) (۱) نزدیک۔ پاس۔ قریب (۲) ملحق۔ ملا ہُوا (۳) مشابہ۔ نظیر۔ مانند۔ مثل (۴) مذکر۔ ہم نشین۔ پاس رہنے والا۔ ہم صحبت ٭

قرینہ (قَ۔ رِیْ۔ نَہْ) (ع) مذکر (۱) مناسبت (۲) طریق۔ طور۔ روش۔ طرز۔ ڈھنگ (۳) ترتیب۔ سجاوٹ۔ سلیقہ (۴) قیافہ۔ قیاس ٭ قرینہ بہ قرینہ۔ موزونیت سے۔ ترتیب وار ٭ **قرینہ (قرینے) سے** (و) ترتیب سے۔ ڈھنگ سے ٭ **قرینہ (قرینے) سے لگانا** جوڑ کر خوش اسلوبی سے رکھنا۔ بالترتیب رکھنا۔ ڈھنگ سے رکھنا ٭

قریہ (قَرْ۔ یَہْ) (ع) مذکر۔ گاؤں ٭

ق۔ز

قزّاق (قَزْ۔ زَاقْ) (ت) مذکر۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔ رہزن۔ غارت گر ٭ **قزّاقِ اجل** (ت۔ع) مذکر۔ موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔ قابضِ ارواح ٭ **قزّاقی** (ت) مؤنث۔ غارت گری۔ لوٹ مار۔ راہزنی ٭

قزح (قُزَ۔ حْ) (ع) مؤنث (۱) ایک فرشتہ، جو ابر کا موکل ہے (۲) (بہ قول صاحبِ "برہان") شیطان۔ اسی وجہ سے قوسِ قزح کو کمانِ شیطان کہتے ہیں ٭

قَزَل (قَزَ۔ لْ) (ع) مذکر۔ لنگڑاپن ٭

قِزِل (قَزِ۔ لْ) (ع) لنگڑا ٭

قِزِل (قِزِل) (ت) سرخ۔ لال ❊ قِزِل اَرْسلَان۔ مذکر۔ خاندان سلجوق کا ایک بادشاہ ❊ قِزِل باش (۱) مذکر۔ سرخ ٹوپی والی ایرانی فوج (۲) (اصطلاحاً) ایران و افغانستان کے شیعہ لوگ (۳) مغلوں کی ایک قوم، جس کا پیشہ سپہ گری تھا ❊

ق ۔ س

قسّام (قَس۔ سَام) (ع) مذکر۔ تقسیم کرنے والا ❊ قسّامِ ازل۔ مذکر (کنایۃً) اللہ تعالیٰ ❊

قساوت (قَسَا۔ وَت) (ع) مؤنث۔ سنگ دلی۔ بے رحمی۔ سخت دلی ❊

قساوڑا (قَسَا۔ وَڑا) (ہ) مذکر۔ قصائی کا بیٹا ❊

قسائی (قَسَا۔ اِئی) (ہ) مذکر (۱) گوشت فروش۔ ذبح کرنے والا۔ قصاب (۲) ظالم۔ سنگ دل۔ بے رحم ❊ قسائی بچّا کبھی نہ سچّا، جو سچّا سو کچّا۔ مثل۔ قصائی کی بات کا اعتبار نہیں، یہ دوست کو سب سے بُرا مال دیتا ہے ❊ قسائی کی بیٹی دس برس کی عمر میں بچّہ جنتی ہے۔ مثل۔ نمو اور بڑھاؤ صحت اور عمدہ کھانے پر منحصر ہے۔ چنانچہ اسی عمدہ غذا کے باعث عموماً قصائی کی بیٹی جلد بالغ اور صاحب اولاد ہو جاتی ہے ❊ قسائی کی گھاس کیڑا کھا جاتے؟ مثل۔ زبردست کے مال پر زیردست کیونکر قابض ہو سکتا ہے؟ قسائی کے کھونٹے سے بندھنا (۱) ظالم اور بے رحم خاوند کے پلّے بندھنا (۲) مہلک جگہ اور جان جوکھوں کے موقع پر چلا جانا ❊

قِسط (قِسْط) (ع) مؤنث (۱) ٹکڑا۔ جزو۔ حصّہ (۲) بانٹ۔ وہ روپیہ، جو تھوڑا تھوڑا کر کے حسب اقرار ادا کیا جائے ❊ قِسط بہ قِسط (ع۔ ف) ہر قسط کے ساتھ۔ بالاقساط۔ بانٹ کے ساتھ ❊ قسط خلافی۔ قسط کے ادا کرنے میں وعدہ خلافی ❊

قسطاس (قِس۔ طَاس) (ع) مؤنث۔ بڑی ترازو ❊

قِس عَلٰی ہٰذا (قِس۔ عَلَا۔ ہا۔ ذا) (ع) اسی پر قیاس کرو ❊

قَسم (قَسَم) (ع) مؤنث۔ حلف۔ سوگند ❊ قسم اتارنا (۱) وعدہ وفا کرنا۔ عہد پورا کرنا ❊ قسم توڑنا۔ قول قرار پر نہ رہنا۔ عہد کے خلاف کرنا ❊ قسم دلانا۔ قسم دینا۔ یا قسم کھلانا۔ قول لینا۔ عہد لینا۔ حلف اٹھوانا ❊ قسم کھانا (۱) قول دینا۔ عہد کرنا (۲) صاف انکار کرنا (۳) حلف اٹھانا ❊ قسم کھانے کو بات یا جگہ رہے۔ قسم کھانے کا تو موقع مل جائے ❊ قسم کھانے ہی کے لیے ہے۔ مثل۔ بے ایمانوں اور دغابازوں کا مقولہ ہے کہ قسم صرف کھانے ہی کے لیے بنی ہے، عمل کو نہیں ❊ قسم لینا (۱) اقرار کرنا۔ عہد لینا (۲) خدا کو درمیان لانا۔ حلف اٹھوانا ❊ قسم ہونا (۱) عہد ہونا (۲) بالکل انکار ہونا (۳) یکسر ترک ہونا ❊ قَسمیہ (ع) قسم کھا کر۔ از روئے قسم ❊ قَسمیہ ہونا (ہ) عہد و پیمان ہونا۔ قسما قسمی ہونا ❊

قِسم (قِسْم) (ع) مؤنث (۱) جزو۔ ٹکڑا۔ حصّہ (۲) نوع۔ جنس (۳) طرز۔ ڈھنگ۔ طریق۔ طور (۴) تقسیم۔ بانٹ ❊ قِسم وار (ہ) حصّہ وار۔ جنس وار ❊

قسمت (قِس۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) مقسوم۔ بخرہ۔ حصّہ۔ تقسیم کیا ہُوا (۲) مقدر۔ نصیب۔ بھاگ۔ تقدیر۔ بخت (۳) علاقہ۔ ضلع۔ پرگنہ۔ احاطہ۔ کمشنری۔ صوبہ ❊ قسمت آزمائی (ع۔ ف) مؤنث۔ تقدیر آزمائی۔ امتحان تقدیر ❊ قسمت آزمائی کرنا (ہ) تقدیر کی آزمائش کرنا۔ نصیبے کا امتحان کرنا ❊ قسمت الٹنا۔ قسمت بگڑنا (۱) نصیبے کا خلاف ہو جانا (۲) شامت اور نحوست کا آ جانا ❊ قسمت پھرنا۔ دن پھرنا۔ اچھے دن آنا۔ نصیبا جاگنا ❊ قسمت پھوٹنا (۱) بُرے دن آنا (۲) تقدیر بگڑنا ❊ قسمت جاگنا۔ دیکھیے "قسمت پھرنا" ❊ قسمت چمکنا۔ اقبال کا سامنے آنا۔ نصیبا جاگنا ❊ قِسمت سے۔ خوش تقدیری سے۔ خوش نصیبی سے ❊ قِسمت کا پھیر۔ مذکر۔ اِدبار۔ بد اِقبالی۔ بدبختی ❊ قسمت کا دھنی۔ تقدیر والا۔ صاحب نصیب۔ اقبال مند ❊ قِسمت کا لکھّا۔ مذکر۔ نوشتہ تقدیر۔ ماتھے کا لکھا ❊ قِسمت کا لکھّا پورا ہونا (۱) مصیبت کا پیش آنا۔ مقسوم کا لکھا پیش آنا (۲) شامت آنا (۳) نصیبا پھوٹنا۔ تقدیر بگڑنا ❊ قسمت کا ہیٹا۔ مذکر۔ منحوس۔ بدبخت۔ بدنصیب ❊ قِسمت کرنا۔ تقسیم کرنا۔ بانٹنا ❊ قِسمت کھُلنا (۱) دن پھرنا۔ بھاگ جاگنا (۲) بیاہا جانا۔ شادی ہونا ❊ قِسمت لڑنا۔ تقدیر کا موافق اور یاور ہونا ❊ قِسمت والا۔ صاحب اقبال۔ خوش نصیب۔ بھاگوان ❊

قِسّیس (قِس۔ سِیس) (ع) مذکر۔ دینِ نصاریٰ کا عالم ❊

قَسیم (قَسِیْم) (ع) مذکر۔ تقسیم کرنے والا ❊

ق ۔ ش

قِشر (قِشْر) (ع) مذکر۔ چھلکا ❊

قُشَعریرہ (قُشَع۔ رِی۔ رَہ) (ع) مذکر۔ رونگٹے کھڑے ہونا ❊

قشقہ (قَش۔ قَہ) (ف) مذکر۔ ٹیکا۔ تِلک۔ صندل وغیرہ کا نشان، جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہیں ❊

قشون (قُش۔ شُون) (ت) مذکر (۱) فوج۔ فوج کا دستہ (۲) کیمپ۔ چھاؤنی ❊

ق ۔ ص

قصّاب (قَص۔ صَاب) (ع) مذکر۔ کاٹنے والا۔ ذبح کرنے والا۔

قصائی ۔ بوچڑ ✽ **قصّابہ** ۔ مذکر (۱) قصائی کا پیشہ (۲) قصائی کی جورو ✽

قَصابہ (قَصَا ۔ بَہْ) (ع) مذکر ۔ عورتوں کا سر پہ باندھنے کا رومال ✽

قصّار (قَص ۔ صَار) (ع) مذکر ۔ دھوبی ✽

قصاص (قِصَاص) (ع) مذکر (۱) جان کے عوض جان اور خون کے بدلے خون لینا (۲) عوض ۔ انتقام ۔ بدلا ۔ مکافات ۔ جزا ✽ **قصاص لینا** ۔ انتقام لینا ۔ خون کا بدلا لینا ✽

قصائد (قَصَا ۔ اِدْ) (ع) مذکر ۔ قصیدہ کی جمع ✽

قصائی (قَصَا ۔ اِئی) (ف) مذکر ۔ دیکھیے "قسائی" ✽

قصبات (قَصَبَات، قَص ۔ بَات) (ع) مذکر ۔ قصبہ کی جمع ۔ چھوٹے شہر ✽ **قصباتی** (ف) (۱) قصبے کا رہنے والا (۲) قصبے سے متعلق

قصبہ (قَصَبَہ، قَص ۔ بَہ) (ع) مذکر ۔ نگری ۔ چھوٹا شہر ✽

قصد (قَصْد) (ع) مذکر (۱) ارادہ ۔ عزم ۔ نیّت (۲) (ف) خواہش ۔ مرضی ۔ مطلب ۔ عندیہ ۔ مقصد ۔ منشا (۳) (ف) اقدام ۔ پیش قدمی ۔ کوشش ۔ سعی ✽ **قصد کرنا** (ف) نیّت کرنا ۔ ارادہ کرنا ✽ **قصداً** (ع) ارادے سے ۔ دیدہ و دانستہ ۔ جان بوجھ کر ✽

قصر (قَصْر) (ع) مذکر (۱) اختصار ۔ تخفیف ۔ کمی (۲) محل ۔ حویلی ۔ مکان ۔ ایوان (۳) وہ نماز، جو مسافرت کی حالت میں مقررہ رکعتوں سے کم کرکے پڑھی جائے ✽

قَصص (قَصَص) (ع) (۱) حکایت کرنا (۲) مذکر ۔ قِصّہ کا اسمِ جمع ✽

قِصَص (قِصَص) (ع) مذکر ۔ قصّہ کی جمع ۔ کہانیاں ✽

قصور (قُصُوْر) (ع) مذکر ۔ خطا ۔ غلطی ۔ تقصیر ۔ بھول ✽ **قصور مند** ۔ **قصوروار** (ع ۔ ف) خطا دار ۔ تقصیر دار ۔ گناہ گار ✽

قصّہ (قِص ۔ صَہ) (ع) مذکر (۱) کہانی ۔ داستان ۔ حکایت ۔ افسانہ (۲) بیان ۔ ذکر (۳) بکھیڑا ۔ قضیہ ۔ جھگڑا ۔ لڑائی ✽ **قصہ انفصال ہونا** (ف) دیکھیے "قصہ فیصل ہونا" ✽ **قصہ بڑھانا** (۱) داستان کو طوالت سے بیان کرنا ۔ قصے کو طول دینا (۲) قضیہ بڑھانا ۔ جھگڑے کو طول دینا ✽ **قصہ پاک کرنا** (۱) قضیہ چکانا ۔ جھگڑا طے کرنا (۲) مار کر تمام کرنا ۔ قتل کر ڈالنا (۳) قرضہ نمٹانا ✽ **قصہ پاک ہونا** (۱) جھگڑا چکنا (۲) عذاب دور ہونا (۳) قرضہ ادا ہونا (۴) مرجانا ✽ **قصہ تمام کرنا** (۱) داستان پوری کرنا (۲) عذاب دور کرنا (۳) کام تمام کرنا ۔ مار ڈالنا ✽ **قصہ تمام ہونا** (۱) عذاب دور ہونا ۔ تصفیہ ہونا ۔ جھگڑا چکنا (۲) جان نکلنا ۔ کام تمام ہونا ✽ **قصہ چکا دینا** ۔ یا ۔ چکانا ۔ فیصلہ کر دینا ۔ جھگڑا طے کر دینا ✽ **قصہ چکنا** (۱) تکرار دور ہونا ۔ جھگڑا طے ہونا (۲) کام تمام ہونا (۳) عذاب دور ہونا ✽ **قصہ خواں** (ع ۔ ف) مذکر ۔ افسانہ خواں ۔ داستان گو ۔ ناقل ✽ **قصہ خوانی** (ف) مؤنث (۱) قصہ سنانا ۔ داستان گوئی (۲) پشاور کا ایک بازار ✽ **قصہ فیصل ہونا** (۱) جھگڑا چکنا ۔ قصہ نمٹنا ۔ انفصال ہونا (۲) کام تمام ہونا ✽ **قصہ کرنا** (۱) جھگڑا ٹنٹا کرنا (۲) تکرار کرنا ✽ **قصہ کوتاہ** (ع ۔ ف) بس ۔ فقط ۔ پس ۔ حاصل کلام ۔ الغرض ۔ الحاصل ✽

قصہ کوتاہ کرنا (ف) معاملہ فیصل کرنا ۔ جھگڑا طے کرنا ✽

قصہ کہانی ۔ مؤنث ۔ داستان گوئی ۔ ذکر اذکار ۔ افسانہ و حکایت ✽ **قصہ مختصر** (ع) دیکھیے "قصہ کوتاہ" ✽ **قصہ مختصر کرنا** (ف) کلام کو طول نہ دینا ۔ بات نہ بڑھانا ✽ **قصہ مختصر ہونا** (۱) خاتمہ ہونا (۲) کام تمام ہونا (۳) عذاب دور ہونا ✽ **قصہ مول لینا** ۔ بکھیڑے میں پڑنا ۔ جان کو روگ لگانا ۔ جھگڑا خریدنا ✽ **قصہ یک سو ہو جانا** ۔ قصہ طے ہو جانا ✽

قصیدہ (قَصِیْ ۔ دَہ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) ٹھوس اور بھرا ہوا مغز یا دماغ ۔ پُر مغز (۲) (اصطلاحی) وہ نظم، جو کسی کے لیے مدح یا ذم کے ارادے سے کہی جائے اور اس کے مطلع کے دونوں مصرعے باقی شعروں سے ہم قافیہ ہوں ۔ یہ کم سے کم پندرہ شعر کا ہوتا ہے، زیادہ کی کوئی قید نہیں ✽

ق - ض

قضا (قَضَا) (ع) مؤنث (۱) حکم ۔ فرمانِ الٰہی ۔ مشیّتِ ایزدی ۔ حکمِ خدا (۲) قسمت ۔ تقدیر (۳) اجل ۔ وفات ۔ موت (۴) مقررہ وقت کے بعد ادا ہونے والی عبادت ✽ **قضا پڑھنا** (ف) چھوٹی ہوئی نماز ادا کرنا ✽ **قضا پھیرے پھر اتی ہے** ۔ موت قریب ہے ✽ **قضارا** (ع ۔ ف) اتفاقاً ✽ **قضا سر پر کھیلنا** (ف) موت کا سر پر منڈلانا ✽ **قضا عند اللہ** (ع) دیکھیے "قضارا" ✽ **قضا کا فرشتہ** (ف) مذکر ۔ ملک الموت ۔ موت کا فرشتہ ✽ **قضا کا مارا** ۔ مرنے جوگا ۔ اجل گرفتہ ✽ **قضا کرنا** (۱) مذہبی فرض یا واجب کا مقررہ وقت پر ادا نہ کرنا (۲) انتقال کرنا ۔ مرنا ✽ **قضا نے گھر دیکھ لیا** ۔ قضا کے آنے کا راستہ کھل گیا ✽ **قضا و قدر** (ع) مذکر ۔ وہ حکم، جو اللہ تعالیٰ نے ازل میں ساری کائنات کے متعلق لگا دیے ہیں ✽ **قضا ہونا** (ف) (۱) گزرنا (۲) نماز یا روزے کا وقت پر ادا نہ ہونا ✽ **قضائے الٰہی سے مرنا** ۔ اپنی آئی سے مرنا ۔ اپنی موت سے مرنا ✽ **قضائے حاجت کرنا** ۔ ٹٹی جانا ۔ پاخانہ پھرنا ✽ **قضائے عمری** (ع) مؤنث ۔ وہ نماز، جو ہر وقت کے فرضوں کے ساتھ معمول سے زیادہ ہر روز کی قضا شدہ

نمازوں کے عوض میں شامل ہو جانے کے لیے باقی عمر میں پڑھی جاتی ہے ✣ **قضاء کار** (ع - ف)، دیکھیے "قضا را" ✣ **قضاء مبرم** (ع)، مؤنث (۱) نہ ٹلنے والا حکم (۲) وہ موت، جو کسی طرح نہ ٹلے ✣

قضات (قُضَات) (ع)، مذکر۔ قاضی کی جمع ✣

قضایا (قَضَا - یَا) (ع)، مذکر (۱) قضیہ کی جمع۔ عبارت کے جملے اور فقرے (۲) مباحثے۔ جھگڑے (۳) احکام (۴) خبریں ✣

قضیب (قَضِیْب) (ع)، مذکر (۱) کٹی ہوئی شاخ (۲) تیز تلوار (۳) (مجازاً) ذکر۔ اندری۔ آلۂ تناسل ✣

قضیہ (قَضِیْ - یَہ) (ع)، مذکر (۱) عبارت کا ٹکڑا۔ فقرہ۔ جملہ (۲) مطلب کیا گیا (۳) خبر۔ حکم۔ حکم لگانا (۴) (منطق) جملۂ خبریہ، جس میں جھوٹ سچ کا احتمال ہو (۵) (۱) تکرار۔ بحث۔ مباحثہ (۶) دنگا۔ فساد۔ جھنجھٹ۔ فساد۔ ٹنٹا۔ جھگڑا (۷) مقدمہ۔ نالش ✣ **قضیہ کرنا** (۱) (۱) بحث کرنا (۲) جھگڑا کرنا ✣ **قضیہ مول لینا**۔ دوسرے کے جھگڑے میں پڑنا ✣

ق - ط

قط (قَطّ) (ع)، مذکر (۱) عرضاً تراشنا یا کاٹنا (۲) قلم کی نوک کاٹنا ✣ **قط زن - قط گیر** (ع - ف)، مذکر۔ لکڑی وغیرہ کی چپٹی، جس پر قلم رکھ کر اس کی نوک کاٹی جاتی ہے ✣ **قط لگانا** (۱) روانی کی غرض سے قلم کا سر تراشنا ✣

قطار (قِطَار) (ع)، مؤنث (۱) لمبی اور سیدھی صف (۲) پرا۔ ڈار۔ ٹکڑی (۳) ترتیب۔ سلسلہ ✣ **قطار باندھنا**۔ صف باندھنا۔ سلسلہ باندھنا۔ صف بستہ کرنا۔ پرا جمانا ✣

قطاع (قُطْ - طَاع)، (ع)، مذکر۔ قاطع کی جمع۔ کاٹنے والے ✣ **قطاع الطریق**۔ مذکر۔ راستہ لوٹنے والے۔ راہ زن۔ دھاڑی ✣

قطاع دائرہ (قِطَاع - دَا - اِرَہ) (ع)، مذکر (اقلیدس) دائرے کا وہ حصہ، جو دو نصف قطروں اور قوس کے کسی حصے سے گھیرا گیا ہو ✣

قطامہ (قَطْ - طَا - مَہ) (ع)، مؤنث (۱) فاحشہ عورت۔ چھنال۔ بیسوا۔ کٹنی۔ بے غیرت عورت (۲) حرام زادی ✣

قطب (قُطْب) (ع)، مذکر (۱) وہ کیل، جس پر چکی پھرتی ہے (۲) قوم کا سردار (۳) شمال و جنوب کا وہ ستارہ اور جنوبی یا شمالی نقطہ، جو ہمیشہ ساکن رہتا ہے (۴) وہ ولی اللہ، جس پر کسی ملک کی نگہبانی اور انتظام کا مدار ہوتا ہے ✣ **قطب تارا** (۱)، مذکر۔ وہ جنوبی یا شمالی چھوٹا سا نہایت روشن تارا، جو ہمیشہ ساکن اور ایک جگہ قائم رہتا ہے ✣ **قطب جنوبی** (ع)، مذکر (۱) دکھنی تارا، جو جنوبی بحر منجمد پر واقع ہے (۲) زمین کے محور کا وہ نقطہ، جو دکھن کی طرف ہے ✣ **قطب شمالی**۔ مذکر (۱) اُتر تارا، جو شمالی بحر منجمد پر واقع ہے (۲) زمین کے محور کا وہ نقطہ، جو اُتر کی طرف ہے ✣

قطب نما (ع - ف)، مذکر۔ قطب کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔ کمپاس ✣ **قطبی**۔ قطب سے متعلق ✣ **قطبین** (ع)، مذکر۔ دونوں قطب، یعنی قطب شمالی و جنوبی ✣

قطر (قُطْر) (ع)، مذکر (۱) کنارہ۔ سمت۔ طرف (۲) وہ خطِ مستقیم، جو دائرے کے مرکز پر گزر کر اس کے دو برابر حصے کرے اور محیط تک برابر چلا جائے ✣

قطرات (قَطْ - رَات) (ع)، مذکر۔ قطرہ کی جمع۔ بوندیں ✣ **قطرہ**۔ مذکر۔ بوند۔ پانی یا کسی رقیق چیز کی بوند۔ بے حد کم مقدار چیز۔ بوند کے برابر ✣ **قطرہ آنا** (۱) پیشاب کی بوند ٹپکنا۔ بے ارادہ بول کی بوند نکل پڑنا ✣

قطع (قَطْع) (ع)، مذکر (۱) کاٹ۔ تراش (۲) جزو۔ ٹکڑا۔ حصہ (۳) (۱) انداز۔ طرز۔ ڈھنگ۔ طریق۔ طور ✣ **قطع تعلق کرنا** (۱) ملاقات یا دوستی ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ کچھ لگاؤ نہ رکھنا ✣ **قطع کرنا** (۱) تراشنا۔ کاٹنا (۲) القط کرنا۔ چھوڑنا ✣ **قطع کلام کرنا**۔ بات کاٹنا۔ کسی کی بات پوری ہونے سے پہلے اپنی بات کہنے لگنا ✣ **قطع نظر** (ع) (۱) سوا۔ بجز۔ اس کے سوا۔ غیر۔ بن (۲) بہ ہر صورت۔ تاہم۔ اس پر بھی ✣ **قطع و برید** (ع - ف)، مؤنث۔ کانٹ چھانٹ۔ تراش خراش ✣ **قطع ہونا** (۱) (۱) ترشنا۔ کٹنا (۲) کپڑے کا چھانٹا جانا (۳) نبٹنا۔ فیصلہ ہونا ✣ **قطعاً** (ع) (۱) یقیناً۔ ضرور (۲) ہرگز ✣ **قطعی** (ع) (۱) بالمقطع (۲) واقعی۔ یقینی۔ ضرور (۳) کامل۔ ناطق۔ اخیر (۴) بے شک۔ درحقیقت ✣ **قطعی گز**۔ مذکر۔ درزیوں کا وہ گز، جس سے کپڑا ماپ کر قطع کیا جاتا ہے ✣

قطعہ (قِطْ - عَہ) (ع)، مذکر (۱) جزو۔ حصہ۔ ٹکڑا (۲) پرچہ۔ پرزہ (۳) ملک۔ خطہ۔ سرزمین (۴) مطلع کے بغیر ایک متفق المضمون نظم، جو دو شعروں سے کم نہ ہو ✣ **قطعہ بند** (ع - ف)، مذکر۔ وہ اشعار، جن کے معانی متصل کا شعر ملائے بغیر تمام نہ ہوں، بلکہ بے نتیجہ رہیں ✣

قطمیر (قِطْ - مِیْر) (ع)، مذکر (۱) اصحابِ کہف کا کتا (۲) کھجور یا چھوارے کی گٹھلی پر کی پتلی جھلی (۳) (کنایۃً) نہایت قلیل۔ ذرا سا۔ بہت چھوٹا ✣

ق - ع

قعدہ (قَعْ - دَہ) (ع)، مذکر (۱) بیٹھنا (۲) نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا ✣

قعر (قَعْر) (ع)، مذکر۔ گہرائی۔ عمق۔ تھاہ ✣

قعود (قُعُوْد) (ع)، مذکر۔ سجود کا نقیض۔ بیٹھک۔ قعدہ ✣

ق۔ف

قفا (قَفا) (ع) مؤنث (۱) گُدّی۔ منکا۔ گردن کی پشت (۲) (مجازاً) پس پُشت۔ پیچھے ٭

قفس (قَفَس) (ف) مذکر (۱) پرندوں کا پنجرہ۔ کابک (۲) (مجازاً) جسم۔ قالبِ خاکی (۳) (و) (ع) قید خانہ۔ قید ٭

قفقاز (قَفْ۔ قاز) (ت) مذکر۔ کوہ قاف کا علاقہ۔ جنوبی یورپی روس ٭

قفل (قُفْل) (ع) مذکر۔ تالا ٭ **قُفلِ ابجد**۔ مذکر۔ ایک قسم کا قفل، جس میں حروف لکھے ہوتے ہیں۔ انھیں بر ترتیب ملادیتے ہیں قفل کُھل جاتا ہے اور گڈمڈ کر دیتے ہیں تو بند ہو جاتا ہے ٭ **قفل توڑنا** (و) (۱) تالا توڑنا (۲) چوری کرنا ٭ **قفل کا جھوٹا ہونا**۔ تالے کا ایسا ناقص ہونا کہ کنجی کے بغیر کُھل سکے ٭ **قفل لگانا** (۱) تالا بند کرنا (۲) مکان بند کرنا (۳) مکان پر قبضہ کرنا ٭

قفلی (قُفْ۔ لی) (و) مؤنث (۱) ڈھکنے والا ظرف، جو ایک دوسرے میں آکر پھنس جاتا ہے (۲) ٹین کی وہ شام جیسی چیز، جس میں برف ملائی بھری جاتی ہے۔ قلفی (۳) (بازاری) امرد۔ خوب صورت لڑکا ٭

ق۔ق

ققنس (قُقْ۔ نُس) (یونانی) مذکر۔ ایک بے حد خوش رنگ اور خوش آواز پرندہ۔ علمِ موسیقی اسی سے نکلا ہے۔ موسیقار ٭

ق۔ل

قُل (قُلْ) (ع) (۱) کہہ۔ بگو۔ کہو۔ بولو (۲) (مجازاً) قرآن مجید کی تین آخری سورتیں، قل ہو اللہ، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس، جو اکثر فاتحے کے وقت پڑھی جاتی ہیں، لیکن جب چار قل کہتے ہیں تو قل یا ایہا الکافرون بھی ساتھ شامل ہو جاتی ہے ٭ **قُل اعوذی۔ قل اعوذیہ** (و) (۱) ٹکڑ گدا (۲) ملّا ٭ **قُل ہو اللہ پڑھنا** (۱) عورت قل ہو اللہ پڑھنا (۲) بھوک کے مارے جان نکلنا ٭ **قُل ہو جانا** (۱) ماتم ہو جانا۔ فاتحہ ہو جانا (۲) خاتمہ ہو جانا۔ مرنے کے قریب پہنچنا ٭ **قُل ہونا** (۱) ختم ہونا۔ عرس ہونا (۲) فاتحۂ سوم ہونا۔ پھول ہونا (۳) کام تمام ہونا ٭

قلابازی (قَلا۔ با۔ زی) (و) مؤنث۔ کھیل۔ کرتب۔ سر نیچے پاؤں اوپر کرکے لڑھکنیاں لینا ٭ **قلابازی کھانا** (۱) سر نیچے پاؤں اوپر کرکے لوٹنا (۲) بھوک کے مارے لوٹے پوٹے پھرنا ٭

قلّابہ (قَلّا۔ لا۔ بَہ) (ع) مذکر (۱) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) حلقہ کڑی، کُنڈا ٭

قلاچ۔ یا۔ قلانچ (قَلا۔ لاچ، قَلا۔ لانچ) (و) دیکھیے "قلانچ" ٭

قلادہ (قِلا۔ دَہ) (ع) مذکر (۱) گلوبند (۲) کُتّے وغیرہ کا پٹّا ٭

قلاش (قَلّا۔ لاش) (ت) (۱) شُہدا۔ لُچّا۔ بے غیرت (۲) کنگال۔ غریب۔ مفلس ٭

قلاقنا (قَلا۔ قَ۔ نا) (و) (ع) مذاق کرنا۔ بنانا۔ آوازہ کسنا ٭

قلاقند (قَلا۔ قَند) (و) مذکر و مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی ٭

قلانچ (قُلا۔ نچ) (و) مؤنث (۱) کپڑا ناپنے کا گز، جو دو ہاتھ کا ہوتا ہے (۲) چھلانگ۔ چوکڑی۔ گھوڑے کا کودنا ٭ **قلانچیں**۔ مؤنث۔ قلانچ کی جمع۔ چھلانگیں۔ زقندیں۔ چوکڑیاں ٭ **قلانچیں بھرنا**۔ زقندیں لگانا۔ چوکڑیاں بھرنا ٭

قلب (قَلْب) (ع) مذکر (۱) اوندھا۔ الٹا ہوا (۲) ضمیر۔ مَن۔ دل (۳) درمیان۔ وسط۔ فوج کا درمیانی حصّہ (۴) کھوٹا سکہ۔ غیر خالص (۵) گودا۔ گری (۶) چپ۔ بایاں ٭ **قلب ساز** (ع۔ ف) مذکر۔ جعلی اور کھوٹا سکہ بنانے والا ٭ **قلب سازی**۔ مؤنث۔ کھوٹا سکہ بنانا۔ کھوٹ ملانا ٭ **قلبی** (ع) (۱) دلی۔ جانی (۲) جعلی۔ کھوٹا ٭

قُلبہ (قُل۔ بَہ) (ع) مذکر۔ ہل۔ کاشت ٭ **قُلبہ رانی**۔ مؤنث۔ کھیت جوتنا۔ کاشت کرنا۔ ہل چلانا ٭

قلپاق (قَل۔ پاق) (ت) مذکر۔ ٹوپی۔ کلاہ ٭

قلّت (قِلْ۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) کمی۔ کم یابی۔ تھوڑا ہونا (۲) (و) دشواری۔ مشکل۔ دقت ٭

قلتبان (قَل۔ تَبان) (ع) مذکر۔ بھڑوا۔ دیّوث۔ قرمساق۔ وہ شخص، جو اپنی بیوی کو دوسروں کے پاس بھیجے ٭

قلتین (قُل۔ لَتَین) (ع) مذکر (۱) دو مٹکے، جن میں بیس مَن مقدار کا پانی سما سکے۔ یہ شافعیوں کے نزدیک پاک یعنی دہ در دہ کا حکم رکھتا ہے (۲) (و) گندہ۔ ناپاک۔ خراب۔ مکروہ (۳) برتا ہوا۔ مستعمل (۴) فاحشہ۔ کسبی ٭ **قلتین کرنا** (و) نجس کرنا۔ گندہ کرنا۔ ناپاک کرنا ٭

قلزم (قُل۔ زُم) (ع) مذکر (۱) عرب اور مصر کے درمیان ایک مشہور بحیرہ (۲) بے حد گہرا سمندر ٭

قلع (قَلْع) (ع) مذکر۔ ڈھانا۔ گرانا۔ بیخ کنی ٭ **قلع وقمع**۔ مذکر۔ مسماری۔ توڑ پھوڑ ٭

قلعہ (قِل۔ عَہ) (ع) مذکر۔ گڑھ۔ کوٹ۔ کوٹلہ۔ حصار۔ وہ سنگین اور محفوظ عمارت، جس میں بادشاہ، حاکم یا فوج رہے ٭ **قلعہ باندھنا** (و) (۱) دمدمہ بنانا (۲) فوج کا حصار باندھ کر کھڑا ہونا ٭ **قلعہ دار** (ع۔ف) مذکر۔ قلعے کا افسر۔ قلعے کا محافظ۔ کمیدان ٭ **قلعہ شکن توپ** (و) مؤنث۔ بڑی بھاری توپ، جس سے قلعے کی دیواریں توڑتے ہیں ٭

قلعی (قَل - عِی) (ع) مؤنث (۱) رانگا - رانگ (۲) مکانوں پر پھیرنے کا چونا - سفیدی (۳) کھاتے کا چونا (۴) (و) جِلا - وارنش - روغن - گلٹ - ملمع (۵) ظاہری چمک دمک اور ٹیپ ٹاپ ؛ **قلعی اُڑ جانا** (و) رنگ کا ملمع اُتر جانا - تانبا نکل آنا ؛ **قلعی کا چونا** - مذکر - سفیدی - پتھر کا چونا ؛ **قلعی کا کُشتہ** - مذکر - مارا ہوا رانگ ؛ **قلعی کرنا** (۱) رانگ کا ملمع کرنا - برتنوں پر رانگ چڑھانا (۲) وارنش کرنا (۳) سفیدی پھیرنا ؛ **قلعی کُھل جانا** (۱) اصلی حالت دکھائی دینے لگنا - ملمع اُتر جانا (۲) بھید ظاہر ہو جانا (۳) اصلیت معلوم ہو جانا (۴) شیخی کرکری ہو جانا ؛ **قلعی کُھلنا** - بھید پھوٹنا - چھپا ہوا عیب ظاہر ہو جانا ؛ **قلعی کھولنا** - راز افشا کرنا - چھپا ہوا عیب ظاہر کرنا ؛ **قلعی گر** (ع - ف) مذکر - تانبے کے برتنوں پر رانگ کا ملمع کرنے والا ؛

قلفا (قُل - فا) (و) مذکر (عو) خرفہ ؛

قلفی (قُل - فِی) (و) مؤنث - دیکھیے "قفلی" ؛

قلق (قَلَق) (ع) مذکر (۱) گھبراہٹ - بے چینی - اضطراب - بے قراری (۲) (و) غم - اندوہ - فکر - سوچ (۳) (عو) پچھتاوا - افسوس - حسرت ؛ **قلق گزرنا - یا - ہونا** (و) بُرا لگنا - ناگوار گزرنا (۲) افسوس ہونا - رنج ہونا ؛

قلقاری (قِل - قا - رِی) (و) مؤنث - بے زبان بچوں کی ہنسی ، جو آواز کے ساتھ ہو ؛ **قلقاریاں مارنا** - بے زبان بچوں کا آواز کے ساتھ ہنسنا ؛

قلقل (قُل - قُل) (ع) مؤنث - بوتل یا صراحی سے شراب یا پانی کے نکلنے کی آواز ؛

قلم (قَلَم) (ع) مذکر (۱) لکھنے کا آلہ - کلک - خامہ - تراشا ہوا نیزہ (۲) کاٹا ہوا - بُریدہ (۳) مؤنث - زمین میں لگانے کی کاٹی ہوئی ہری شاخ یا ٹہنی (۴) مؤنث - کنپٹیوں کے اوپر کے چھوٹے چھوٹے بال (۵) مؤنث - بالوں کا بُرش یا وہ باریک کوچی ، جس سے مصور لوگ تصویر وغیرہ بناتے یا رنگ کرتے ہیں (۶) (و) مؤنث - ٹہنی - شاخ (۷) مؤنث - شاخ - سینگ (۸) حکومت - حکم - فرمان فرمائی ؛ **قلم اٹھا کر - یا - قلم برداشتہ لکھنا** (و) بے ساختہ اور بے تکلف لکھنا - بے سوچے اور جلد لکھنا - فی البدیہہ لکھنا - گھسیٹنا ؛ **قلم انداز کرنا** - لکھنے میں چھوڑ جانا - نہ لکھنا ؛ **قلم بنانا** (۱) قلم تراش کر لکھنے کے قابل بنانا (۲) کنپٹی کے بال درست کرنا ؛ **قلم بند** (ع - ف) (۱) مرقومہ - لکھا ہوا (۲) رجسٹر میں مندرج - فہرست میں درج (۳) گنا ہوا - شمار کیا ہوا (۴) داخل شدہ (۵) حساب سے - گنتی کے مطابق ؛ **قلم بند سنانا** (و) بے شمار گالیاں دینا ؛ **قلم بند کرنا** (۱) لکھنا - لکھ لینا - درج کرنا - نوٹ کر لینا (۲) رجسٹر یا کتاب میں درج کرنا ؛ **قلم پاک** (ع - ف) مذکر - قلم پونچھنے اور صاف کرنے کا کپڑا - دقیعہ ؛ **قلم پھیرنا** (۱) لکھا ہوا کاٹ دینا - منسوخ کر دینا - مٹا دینا (۲) خطاؤں یا گناہوں سے درگزر کرنا ؛ **قلم تراش** (ع - ف) مذکر - قلم بنانے کا چاقو ؛ **قلم جاری رہے** (و) (دعا) حکومت برقرار رہے - حکم جاری رہے ؛ **قلم چلانا** (۱) تحریر کرنا - لکھنا - درج کرنا (۲) رجسٹر میں درج کرنا ؛ **قلم دان - قلمدان** (ع - ف) مذکر - قلم دوات وغیرہ رکھنے کا آلہ ؛ **قلم دان دینا - یا - عنایت کرنا** (و) عہدہ بخشنا - منشیِ خاص مقرر کرنا - وزیر بنانا ؛ **قلم رَو - قلمرَو** (ع - ف) مذکر و مؤنث - عمل داری - ریاست - حکومت - سلطنت - راج - بادشاہی ؛ **قلم روشن رہے** (و) (فقرا کی دعا) حکومت بنی رہے - حکم چلتا رہے ؛ **قلم زد - قلمزد** (ع - ف) قلم پھیر کر مٹا یا کاٹا ہوا ؛ **قلم زن - قلمزن** (۱) محرر (۲) مصور ؛ **قلم فولاد** - مذکر - لوہے کا قلم - انگریزی قلم ، جس کے آگے نِب لگتا ہے ؛ **قلم قصائی** (و) مذکر - رشوت خور اور ظالم محررِ عدالت ؛ **قلم کار** (ع - ف) مذکر (۱) لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا - منشی (۲) رنگ بھرنے والا - مصور - نقاش (۳) مُہرکن - حکاک (۴) ایک قسم کا منقش بافتہ ؛ **قلم کاری** (و) مؤنث (۱) کتابت - تحریر (۲) رنگ سازی - مصوری - نقاشی (۳) منبت کاری - مُہرکنی ؛ **قلم کرنا** (۱) تراشنا - کاٹنا (۲) اُڑانا - جدا کرنا - اتارنا (۳) شاخ یا درخت وغیرہ کاٹنا - چھانٹنا ؛ **قلم لگانا** - پیوند لگانا - کسی پھول کے پودے کی شاخ زمین میں دبانا ؛ **قلم مارنا** - کاٹنا - قلم پھیرنا - منسوخ کرنا - رد کرنا ؛ **قلم مُو** (ع - ف) مذکر - بالوں کا قلم - بُرش ؛

قلم نہ اٹھ سکنا (و) (۱) لکھا نہ جانا (۲) قلم اٹھانے کی طاقت نہ ہونا ؛ **قلم ہونا** (۱) ترشنا - کٹنا (۲) شاخ یا درخت وغیرہ کا کاٹا جانا (۳) جدا ہونا - اُڑنا ؛ **قلمی** (ع) (۱) مکتوبی - تحریری (۲) دستی - ہاتھ کا لکھا ہوا (۳) شاخ نما (۴) مؤنث - رقم - تحریر ؛ **قلمی آم** (و) مذکر - پیوندی آم ، جو بہت بڑا اور خوش ذائقہ ہوتا ہے ؛ **قلمی شورہ** - مذکر - صاف کیا ہوا شورہ ، جس کی قلمیں سی بن جاتی ہیں ؛ **قلمی کرنا** - لکھنا - تحریر کرنا ؛ **قلمیں** - مؤنث - قلم کی جمع ؛ **قلمیں چھوڑنا** - کنپٹی کے بال ترشوا کر استرے سے درست کرا کے رکھنا - کنپٹی کے بال بڑھانا ؛

قلماقنی (قَل - ما - قِ - نِی) (ت) مؤنث - وہ عورت ، جو پانچوں ہتھیاروں سے مسلح شاہی محلوں اور حرم سراؤں میں سپاہیوں کی طرح پہرا دیتی ہے - ترکنی - اردا بیگنی ؛

قلندر (قَلَن - دَر) (ف) مذکر (۱) اصطلاحِ فقرا میں دین و دنیا سے آزاد آدمی (۲) اصطلاحِ عام میں ریچھ اور بندر نچانے والا

(۳) نیچے کا آنکڑا یا قلابہ ٭ قَلَنْدَرا (و) نیچے کا آنکڑا، جس پر ریشم یا کپڑا لپیٹ دیا جاتا ہے ٭ قَلَنْدَرِی (ف) مؤنث (۱) دین و دنیا سے آزادی۔ قلندر کا کام (۲) (و) مؤنث۔ ایک قسم کی پھولداری، جس میں قلندرا لگایا جاتا ہے ٭

قلوب (قُلُوْب) (ع) مذکر۔ قلب کی جمع ٭

قلہ (قُلَّہ۔ لَہْ) (ع) مؤنث (۱) پہاڑ کی چوٹی (۲) گھوڑے کا زردی مائل رنگ ٭

قلی (قُلی) (ت) مذکر (۱) غلام (۲) (و) (اصطلاحاً) بوجھ اٹھانے والا۔ مزدور۔ محنتی۔ اجیر ٭ **قلی گری** (و) مؤنث۔ قلی کا کام یا پیشہ۔ مزدوری۔ محنت ٭

قلیا (قُلْ۔ یا) (و) مؤنث۔ قرآنِ عزیز کی سورتِ کافرون، جو اکثر فاتحہ وغیرہ میں پڑھی جاتی ہے ٭ **قلیا تمام کرنا**۔ مار ڈالنا۔ فاتحہ کرنا۔ کام تمام کرنا ٭

قلیان (قَلْ۔ یان) (ف) مذکر۔ حقہ۔ گڑگڑی۔ کلی۔ نیچوان ٭

قلیل (قَلِیْل) (ع) (۱) تھوڑا۔ کم۔ ذرا سا (۲) کوتاہ۔ چھوٹا۔ خُرد ٭

قلیہ (قَلْ۔ یَہْ) (ع) (لغوی) مذکر (۱) آگ پر بھنا ہوا گوشت (۲) (اصطلاحی) وہ سادہ گوشت، جو گھی میں بھون کر شوربہ دار پکایا جاتا ہے ٭ **قلیہ چپاتی** (و) مذکر۔ گوشت روٹی۔ پھلکا گوشت ٭

ق - م

قُم (قُمْ) (ع) (۱) اٹھ کھڑا ہو۔ اٹھ بیٹھ۔ جی اٹھ ٭ **قُم بِاِذْنِ اللّٰہ**۔ مذکر۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے جی اٹھ۔ حضرت عیسیٰؑ کا معجزہ۔ یہ مشہور ہے کہ آپ مردے کو قم باذن اللہ کہہ کر اٹھا دیا کرتے تھے ٭ **قم باذنی**۔ مؤنث۔ میرے حکم سے جی اٹھ ٭

قمار (قِمار) (ع) مذکر (۱) پانسا کھیلنا۔ جوا ٭ **قمار بازی**۔ مؤنث۔ جوا کھیلنا۔ جوا ٭ **قمار خانہ**۔ مذکر۔ جوا کھیلنے کا مکان ٭ **قمارِ کاغذی**۔ مذکر۔ گنجفہ۔ تاش ٭ **قماریا** (و) مذکر۔ چالاک۔ عیار ٭

قماش (قُماش) (ع) مذکر (۱) گھر کا سامان۔ اثاثہ۔ متاع (۲) ریشم کا کپڑا۔ قنا (۳) گُن۔ جوہر۔ ہنر (۴) (و) (قماش) انداز۔ ڈھنگ۔ طریق۔ طور۔ وضع۔ وضع قطع (۵) جنس۔ نوع۔ قسم (۶) گنجفے کا ایک پتا ٭

قمچی (قَمْ۔ چی) (ت) مؤنث (۱) تازیانہ۔ کوڑا۔ ہنٹر۔ چابک (۲) چھڑی۔ بید۔ تُنک (۳) ہاتھ کا جھٹکا (۴) ڈالی۔ پتلی ٹہنی یا شاخ ٭ **قمچی کرنا** (و) پنجہ کرتے وقت ہاتھ کا جھٹکا دینا ٭

قمر (قَمَر) (ع) مذکر (۱) چاند۔ ماہ۔ مہ۔ (۲) (الکیمیاگروں کی اصطلاح) چاندی۔ نقرہ۔ سیم ٭ **قمر در عقرب** (ع۔ ف) مذکر (۱) وہ منحوس اور نامبارک وقت، جب چاند برج عقرب، یعنی بچھو میں آئے (۲) (و) خوب صورت اور بدصورت کا ساتھ ٭ **قمروش**۔ چاند جیسا۔ حسین۔ خوب صورت ٭ **قمری** (ع) قمر سے منسوب۔ وہ مہینے یا سال، جو چاند کی رفتار کے مطابق قرار دیے گئے ہیں ٭

قُمری (قُمْ۔ رِی) (ع) مؤنث (۱) فاختہ کی قسم کا ایک مشہور طوق دار پرندہ (۲) ایک گداگر قوم کی عورتوں کا لقب ٭

قمع (قَمْع) (ع) مذکر۔ توڑنا پھوڑنا۔ انہدام۔ بیخ کنی ٭

قمقام (قُمْ۔ قام) (ع) مذکر (۱) بڑا چھرا (۲) دریا (۳) قوم کا سردار ٭

قمقمہ (قُمْ۔ قُمَہ) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل۔ تونبڑی (۲) (و) وہ گولہ، جس میں رنگ یا عبیر اور گلال بھرا ہوتا ہے اور ہولی میں اسے ہندو لوگ ایک دوسرے پر مارتے ہیں ٭

قمیص (قَمِیْص) (ع) مذکر (۱) کرتا۔ لمبا کرتا۔ پیراہن (۲) کف دار کرتا ٭

ق - ن

قنات (قَنات) (ت) مؤنث (۱) کپڑے کی دیوار یا پردہ، جو خیمے کے چاروں طرف لگایا جاتا ہے (۲) کپڑے کی بنی ہوئی اوٹ یا ٹٹی۔ کپڑے کا بنا ہوا پردہ ٭ **قنات کھینچنا یا گھیرنا** (و) پردے کی دیوار کھڑی کرنا۔ خیمے کے چاروں طرف یا صحن میں کپڑے کا پردہ لگانا ٭

قنّاد (قَنّ۔ ناد) (ع) مذکر۔ حلوائی ٭

قنادیل (قَنا۔ دِیْل) (ع) مؤنث۔ قندیل کی جمع ٭

قناعت (قَنا۔ عَت) (ع) مؤنث۔ صبر۔ تھوڑی چیز پر راضی اور خوش رہنا۔ اکتفا ٭

قناویز (قَنا۔ وِیز) (ت) مؤنث۔ ایک قسم کا بے حد چمکیلا ریشمی کپڑا ٭

قند (قَنْد) (ع) مذکر (۱) کھانڈ۔ چینی۔ شکر (۲) ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی (۳) (و) سالو۔ سرخ پکے رنگ کا کپڑا ٭ **قند کتے، کونڈوں پر مُہر** (و) مثل۔ زیادہ قیمتی چیز کے ضائع ہونے کا افسوس نہیں اور ادنیٰ اور کم قیمت چیز پر نہایت کنجوسی کا خیال ہے ٭ **قندِ مکرر۔ یا دوبارہ** (ف) مذکر (۱) دوبارہ صاف کیا ہوا قند (۲) (مجازاً) معشوق کے لب (۳) پُرمضمون اور عمدہ کلام کا دہرانا ٭

قندیل (قِنْ۔ دِیْل) (ع) مؤنث (۱) شیشے کا بنا ہوا ایک طرح کا ظرف، جس میں بتی روشن کرکے چھت میں آہنی زنجیروں سے لٹکا دیتے ہیں (۲) ایک قسم کا فانوس، جس میں چراغ جلاکر لٹکاتے ہیں (۳) چراغ دان۔ لالٹین ٭ **قندیلا** (و) مذکر۔ بہت بڑا فانوس ٭

قنصل (قُن۔ صُل) (ف) مذکر۔ دیکھیے "قونصل"۔
قنوت (قُنُوت) (ع) مؤنث (۱) نماز وتر میں پڑھنے کی مشہور دعا (۲) فرماں برداری (۳) خاموشی (۴) چھوٹی نہریں۔
قنوط (قُنُوط) (ع) مؤنث۔ ناامیدی۔

ق - و

قُوْ (قُو) (ہ) مؤنث (۱) ایک طرح کی آواز، جو کبوتر باز کبوتر اُڑانے کے وقت نکالتے ہیں (۲) وہ آواز، جو بچوں کو چونکانے اور ڈرانے کی غرض سے ان کے کان کے پاس مُنہ لے جاکر نکالی جاتی ہے۔
قوا۔ قویٰ (قُوَا) (ع) مذکر۔ قوت کی جمع۔ قوتیں۔ طاقتیں۔
قواریر (قَوَا۔ رِیْر) (ع) مذکر۔ شیشیاں۔
قواعد (قَوَا۔ عِد) (ع) مذکر۔ قاعدہ کی جمع (۱) قاعدے۔ دستور۔ ضوابط۔ رسوم۔ رواج (۲) ضابطہ۔ قانون (۳) بنیادیں۔ اصول (۴) گریمر۔ صرف و نحو (۵) اصولِ جنگ۔ پریڈ۔ صف آرائی کے ڈھنگ۔ **قواعد داں** (ع۔ ف) (۱) فوجی قاعدوں اور ان کی ورزش سے واقف۔ قواعدِ جنگ سے واقف اور تجربہ کار سپاہی (۲) نحوی۔ گریمر کا جاننے والا۔ **قواعد کرنا** (ہ) فوج کا ورزش کرنا۔ جنگی کرتب کرنا۔ **قواعدگاہ** (ع۔ ف) مؤنث۔ فوجی ورزش کا میدان۔ پریڈ۔ **قواعد لینا**۔ فوج سے ورزش کرانا۔ جنگی قاعدوں اور کرتبوں کا دیکھنا۔
قوافی (قَوَا۔ فِی) (ع) مذکر۔ قافیہ کی جمع۔
قوّال (قَوْ۔ وَال) (ع) مذکر (۱) خوش گفتار (۲) مغنی۔ مطرب۔ گویا۔ ڈوم۔ **قوّالی**۔ مؤنث۔ وہ گانا بجانا، جو اکثر صوفیوں کی مجلسوں میں ہوتا ہے۔ صوفیانہ اور حقانی چیزوں کا گانا۔
قِوام (قِوَام) (ع) مذکر (۱) ٹھہراؤ۔ قیام (۲) نظام۔ مدار (۳) خمیر۔ مادہ۔ اصلیت۔ اصل۔ بنیاد (۴) شیرہ۔ پت۔ چاشنی۔
قوانین (قَوَا۔ نِیْن) (ع) مذکر۔ قانون کی جمع۔
قوت (قُوْت) (ع) مؤنث (۱) طعام۔ خوراک۔ کھانا۔ بھوجن (۲) روزینہ۔ روزی۔ رزق۔ اناج۔ دانہ پانی۔ **قوتِ لایموت** (ع) مؤنث۔ اس قدر خوراک، جس سے زندگی قائم رہے۔
قوّت (قُوْ۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) زور۔ طاقت۔ توانائی۔ قدرت (۲) مدد۔ سہارا۔ اعانت۔ کمک (۳) ریاست۔ سلطنت۔ دولت۔ **قوّتِ باصرہ**۔ مؤنث۔ وہ قوت، جس سے صورتوں اور رنگوں کی تمیز کی جاتی ہے۔ آنکھ کی روشنی۔ بصارت۔ بینائی۔ **قوّتِ باہ**۔ مؤنث۔ شہوت (۵) کام۔ **قوّتِ جاذبہ**۔ مؤنث۔ چوس لینے والی قوت۔ کھینچنے والی قوت۔ وہ قوت، جو غذا کھینچتی ہے۔ **قوّتِ جسمانی**۔ مؤنث۔ بدن یا جسم کی طاقت۔ **قوّتِ حافظہ**۔ مؤنث۔ یاد۔ یادداشت کی قوت۔ **قوّتِ دافعہ**۔ مؤنث۔ باہر نکالنے اور خارج کرنے کی طاقت۔ **قوّتِ ذائقہ**۔ مؤنث۔ لذت بتانے کی طاقت۔ مزہ۔ سواد۔ **قوّتِ سامعہ**۔ مؤنث۔ سننے یا سنائی دینے کی طاقت۔ **قوّتِ شامہ**۔ مؤنث۔ سونگھنے اور بو پہچاننے کی طاقت۔ **قوّتِ لامسہ**۔ مؤنث۔ مَس کرنے اور چھونے کی طاقت۔ **قوّتِ ماسکہ**۔ مؤنث (طب) غذا کو روکے رکھنے والی طاقت۔ وہ طاقت، جو غذا کو معدے میں محفوظ رکھتی ہے۔
قوّتِ متخیلہ۔ مؤنث (۱) (طب) وہ طاقت، جو صور قبولہ کو غائب میں محفوظ رکھتی ہے (۲) خیال پیدا کرنے کی طاقت۔ **قوّتِ مدرکہ**۔ مؤنث (۱) (طب) معلوم اور دریافت کرنے کی طاقت (۲) فہم۔ سمجھ۔ گیان۔ بدھ وغیرہ۔ **قوّتِ ممیزہ**۔ مؤنث (طب) ہر شے کا فرق معلوم کرنے کی طاقت۔ پہچاننے اور تمیز کرنے کی طاقت۔ **قوّتِ ہاضمہ**۔ مؤنث (طب) کھانا پچانے کی طاقت۔
قورخانہ (قُوْر۔ خَا۔ نَہ) (ت۔ ف) مذکر۔ لڑائی کے ہتھیار رکھنے کا مکان۔ میگزین۔
قورمہ (قُوْر۔ مَہ) (ت) مذکر۔ گھی میں بھنا ہوا گوشت۔
قوس (قَوْس) (ع) مؤنث (۱) کمان۔ دھنک (۲) دائرے کا ایک حصہ (۳) آسمان کا نواں برج۔ **قوسِ قزح**۔ مؤنث۔ وہ کمان، جو بادلوں میں قسم قسم کے رنگوں سے بنی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ دھنک۔
قوس نما (ع۔ ف) کمان جیسا۔ محراب دار۔ **قوسی** (ع) دیکھیے "قوس نما"۔
قول (قَوْل) (ع) مذکر (۱) سخن۔ بچن۔ کہاوت (۲) قسم۔ عہد، قرار۔ سوگند (۳) بیان۔ مقولہ (۴) سندِ کلام۔ مثال۔ **قول دینا** (ہ) اقرار کرنا۔ عہد کرنا۔ قسم کھانا۔ **قول سے پھرنا**۔ وعدہ خلافی کرنا۔ بات سے پھرنا۔ **قولِ صالح** (ع) مذکر۔ پختہ اقرار۔
قولِ فیصل۔ مذکر۔ فیصلے کی بات۔
قول قرار۔ مذکر۔ اقرار و مدار۔ عہد و مدار۔ عہد و پیمان۔
قول قرار کرنا (ہ) اقرار و مدار کرنا۔ عہد و پیمان کرنا۔
قول کا پورا۔ بات کا پکا۔ **قول لینا**۔ اقرار لینا۔ عہد لینا۔
قولِ مرداں جان دارد (ع۔ ف) مثل۔ مرد اپنی زبان سے نہیں پھرتے۔ مردوں کی زبان پکی ہوتی ہے۔
قول نامہ۔ مذکر۔ قول قرار کا کاغذ۔ **قول و فعل** (ع) مذکر۔ چال چلن۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق۔ اطوار۔ **قول ہارنا** (ہ) زبان دینا۔ عہد کرنا۔ **قولاً** (ع) قول کے اعتبار سے۔ قول کے ساتھ۔

قولنج (قُو - لَنج) (ع) مذکر (طب) وہ درد، جو بڑی انتڑی (قولون) میں پیدا ہوتا ہے ۔

قوم (قَوم) (ع) مؤنث (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) خاندان ۔ فرقہ (۳) ذات ۔ نسل ۔ گوت ۔ **قوم دار** (ع ۔ ف) اصیل ۔ خاندانی ۔ اچھی نسل کا ۔ **قومی** (ع) قوم کا ۔ قوم سے متعلق ۔ **قومی مجلس** (۱) مؤنث ۔ ہم قوم لوگوں کی انجمن ۔ سبھا ۔ جاتی ۔ **قومیت** (ع) مؤنث (۱) اصل ۔ نسل (۲) مذہبی تعلق ۔

قومہ (قَو ۔ مَہ) (ع) مذکر ۔ نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا ۔

قونسل ۔ قونصل (قَوں ۔ سَل ۔ قَوں ۔ صَل) معرب (انگریزی Counsel) مذکر (۱) قدیم جمہوریۂ روما کا صدر (۲) جمہوریۂ فرانس کا چیف مجسٹریٹ (۳) نائب ۔ وکیل ۔ غیر ملک میں مقرر کیا ہوا شاہی وکیل ، جس کا عہدہ سفیر سے چھوٹا ہوتا ہے ۔

قوی (قَوِی) (ع) (۱) قوت والا ۔ زور آور ۔ طاقت ور ۔ توانا (۲) مستحکم ۔ مضبوط (۳) کڑا ۔ سخت ۔ **قوی الجثہ** ۔ مضبوط جسم کا ۔ ہٹا کٹا ۔ فربہ اندام ۔ **قوی ہیکل** ۔ شہ زور ۔ زور آور ۔ قدآور ۔

ق - ہ

قہار (قَہ ۔ ہار) (ع) (۱) بہت غلبے والا ۔ جبار (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

قہر (قَہر) (ع) مذکر (۱) زبردستی ۔ غلبہ (۲) (ل) غصہ ۔ طیش (۳) ولولہ ۔ جوش (۴) تندی ۔ تیزی (۵) مشکل امر ۔ دشوار کام (۶) مصیبت ۔ شامت ۔ آفت ۔ قیامت ۔ غضب (۷) ناانصافی ۔ اندھیر ۔ ظلم (۸) فتنہ پرداز ۔ فسادی ۔ **قہر الٰہی** ۔ مذکر ۔ غضب خدا ۔ **قہر توڑنا** (۱) (عو) نہایت غصے ہونا ۔ غضب ڈھانا ۔ **قہر ٹوٹنا** (عو) (۱) خدا کی طرف سے بدی کا بدلا ملنا ۔ آفت آنا (۲) غضب نازل ہونا ۔ خفگی ہونا ۔ **قہر درویش برجان درویش** (ف) مثل ۔ غریب کا غصہ اپنے ہی آپ پر چلتا ہے ۔ **قہر قیامت** (۱) خوب صورتی یا شوخی میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ۔ فتنہ زا ۔ بے حد خوب صورت ۔ **قہر کا** (۱) غضب کا ۔ آفت کا (۲) از حد ۔ نہایت (۳) ہولناک ۔ خوفناک (۴) متفنی ۔ شوخ ۔ بے حد چالاک ۔ **قہر کرنا** (۱) برا کرنا ۔ غضب کرنا (۲) ستم کرنا ۔ ظلم کرنا (۳) نرالا کام کرنا ۔ **قہر کی آنکھ سے دیکھنا** ۔ نیلی پیلی آنکھیں کرنا ۔ خشمگیں یا غضب آلود نظروں سے دیکھنا ۔ **قہر ہوتا ہے** ۔ غضب ہوتا ہے ۔ برا ہوتا ہے ۔ **قہر ہے** (۱) فتنہ پرداز ، غضب ، آفت ، چالاک اور عیار ہے (۲) نہایت خوب صورت ہے ۔ **قہراً** (ع) جبراً ۔ مجبوراً ۔ زبردستی سے ۔ چار و ناچار ۔ **قہرمان** (کہرمان کا معرب) (۱) خزانچی ۔ وکیل (۲) صاحب اقتدار ۔ حاکم (۳) (مجازاً) قہر و جلال سے حکم اور حکومت ۔

قہقری (قَہ ۔ قَ ۔ را) (ع) مذکر ۔ الٹا چلنا ۔

قہقہہ (قَہ ۔ قَہَہ) (ع) مذکر ۔ کھلکھلا کر ہنسنا ۔ پکار کر ہنسنا ۔ ٹھٹھا ۔ **قہقہہ اڑانا** (۱) مضحکہ اڑانا ۔ احمق بنانا ۔ ٹھٹھا مارنا ۔ **قہقہہ دیوار** (۱) مؤنث ۔ دیکھیے "دیوار قہقہہ" ۔ **قہقہہ لگانا یا مارنا** (۱) کھلکھلا کر ہنسنا ۔ ٹھٹھا مارنا (۲) تمسخر کرنا ۔

قہوہ (قَہ ۔ وَہ) (ع) مذکر ۔ ایک طرح کا بیج ، جو بھون کر پکاتے اور پانی میں چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں ۔ **قہوہ خانہ** (۱) مذکر ۔ وہ مکان ، جہاں قہوہ پیتے اور گپ شپ اڑاتے ہیں ۔

ق - ی

قے (قَے) (ع) مؤنث ۔ متلی ۔ الٹی ۔ استفراغ ۔ **قے آنا** (۱) (۱) ابکائی آنا ۔ جی متلانا ۔ استفراغ ہونا (۲) نفرت ہونا ۔ کراہت ہونا ۔ **قے کرنا** ۔ اگلنا ۔ الٹی کرنا ۔

قیادت (قِیا ۔ دَت) (ع) مؤنث ۔ رہبری ۔ رہنمائی ۔ سرکردگی ۔ سرداری ۔

قیاس (قِیاس) (ع) مذکر (۱) اندازہ ۔ تخمینہ ۔ اٹکل ۔ جانچ (۲) منطقی شکل یا مقولہ (۳) فہم ۔ ذہن ۔ رائے ۔ عقل ۔ سوچ ۔ بچار ۔ خیال (۴) قیافہ ۔ **قیاس سے باہر** (ل) بے اندازہ ۔ بے حد ۔ بے حساب ۔ بے شمار ۔ **قیاس کرنا یا لگانا** (۱) اندازہ کرنا ۔ تولنا ۔ جانچنا (۲) گمان کرنا ۔ خیال کرنا (۳) تسلیم کرنا ۔ ماننا ۔ تصور کرنا ۔ **قیاس مع الفارق** (ع) مذکر ۔ ایک چیز کا دوسری چیز پر ان کی مناسبت و مشابہت کے بغیر قیاس کرنا ۔ **قیاس میں آنا** (۱) خیال میں ہونا ۔ قرین عقل ہونا ۔ سمجھ میں آنا ۔ **قیاساً** (ع) تخمیناً ۔ اٹکل سے ۔ از روئے قیاس ۔ **قیاسی** ۔ خیالی ۔ ذہنی ۔ وہمی ۔

قیاصرہ (قَیا ۔ صِرَہ) (ع) مذکر ۔ قیصر کی جمع ۔

قیافہ (قِیا ۔ فَہ) (ع) مذکر (۱) شگون ۔ فال (۲) ایک علم ، جس میں خط و خال اور علامتوں سے اچھا برا پہچان لیتے ہیں (۳) (ل) قیاس ۔ اندازہ (۴) تمیز ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ شناخت ۔ دریافت ۔ **قیافہ شناس** (ع ۔ ف) مذکر ۔ علم قیافہ سے واقف ۔ جوتشی ۔ قیافہ دان ۔ **قیافہ شناسی** ۔ مؤنث ۔ علم قیافہ سے واقفیت ۔ قیافہ دانی ۔

قیام (قِیام) (ع) مذکر (۱) اٹھنا ۔ کھڑا ہونا ۔ ٹھہراؤ ۔ استادگی (۲) بسیرا ۔ سکونت (۳) استحکام ۔ پائداری ۔ ٹکاؤ (۴) استقلال ۔ اعتماد ۔ وثوق (۵) ہستی ۔ سلامتی ۔ موجودگی (۶) نماز میں کھڑا ہونا ۔

قیام پذیر (ع - ف ہ) (۱) دیر تک رہنے والا - دیر پا (۲) مقیم - ٹکا ہوا - وارد ⁂ **قیام کرنا** (و) ٹھہرنا - مقام کرنا - اترنا ⁂

قِیَامَت (ع) مؤنث (۱) کھڑا ہونا - قائم ہونا (۲) وہ دن، جب مُردے زندہ ہو کر کھڑے ہوں گے - روزِ شمار - روزِ محشر (۳) (و) (مجازاً) مدّتِ دراز - مدّتِ بعید - زمانۂ دراز (۴) (و) اجل - قضا - موت (۵) تعجب - انوکھی بات (۶) قہر - غضب - آفت - بلا (۷) کرودھ - غصّہ (۸) آہ و زاری - واویلا - شور غل - اودھم (۹) کھلبلی - ہل چل (۱۰) ناانصافی - ستم - ظلم - اندھیر (۱۱) دکھ - عذاب - سختی - مصیبت (۱۲) ملال - رنج - دریغ - افسوس (۱۳) (ف) بکثرت - بہ درجۂ کمال (۱۴) چلبلا - چالاک (۱۵) فسادی - فتنہ پرداز - متفنّی (۱۶) دشوار - مشکل ⁂

قیامت آنا (و) (۱) حشر برپا ہونا (۲) مصیبت پڑنا - آفت آنا ⁂ **قیامت اٹھانا** - شور مچانا - آفت برپا کرنا ⁂ **قیامت بپا - یا - برپا کرنا** (۱) شور مچانا - فتنہ اٹھانا (۲) غضب ڈھانا - مصیبت ڈالنا (۳) نہایت خفگی کرنا ⁂ **قیامت بپا - یا - برپا ہونا** (۱) شور و غوغا مچنا - دنگا ہونا (۲) بلا نازل ہونا - نہایت مصیبت پیش آنا (۳) حشر ٹوٹنا (۴) لڑائی جھگڑا ہونا - فساد مچنا (۵) فتنہ اٹھنا ⁂ **قیامت پر قیامت ڈھانا - یا - لانا** - نہایت حشر و فتنہ برپا کرنا - ظلم پر ظلم ڈھانا - آفت پر آفت برپا کرنا ⁂ **قیامت توڑنا** (۱) شور کرنا - نہایت خفا ہونا (۲) بے حد ستانا - ظلم کرنا ⁂ **قیامت خیز** (ف) قیامت اٹھانے یا پیدا کرنے والا ⁂ **قیامت ڈھانا** (و) (۱) ظلم و ستم کرنا (۲) واویلا مچانا ⁂ **قیامت کا** (تعجب و تعریف کا کلمہ) بے ڈھب - آفت ڈھانے والا - (۲) نہایت خوب صورت ⁂ **قیامت گزرنا** - مصیبت کا سامنا ہونا - آفت گزرنا ⁂ **قیامت مچنا** (۱) کہرام ہونا - ماتم پڑنا (۲) آفت ٹوٹنا - خفگی ہونا ⁂ **قیامت ہونا** (۱) دنیا کے فنا ہونے کا دن آنا - حشر کے دن کا ہونا (۲) آفت و مصیبت کا پیش آنا (۳) دشوار ہونا - مشکل آنا (۴) شور و شر ہونا - فساد کھڑا ہونا (۵) بے حد برا ہونا ⁂ **قیامت ہے** - (مبالغۃً تعریف) (۱) بلا ہے - آفت ہے (۲) شور ہے (۳) ازحد خوب صورت ہے (۴) قہر ہے - ظلم ہے ⁂

قیچی (قَ - چی) (ت) مؤنث - دیکھیے "قینچی" ⁂

قید (قَیْد) (ع) مؤنث (۱) اسیری - ممانعت - بند (۲) پابندی - شرط - روک (۳) اندازہ - مقدار ⁂ **قید بلا مشقت** (و) (و) مؤنث - وہ قید، جس میں قیدی سے محنت نہ لی جائے، صرف خوراک معمول سے کم ملے - قیدِ محض ⁂ **قید بھرنا - یا - بھگتنا - یا - کاٹنا** - قید خانے میں بسر کرنا - محبوس رہنا ⁂ **قیدِ تنہائی** (و) مؤنث - اکیلی قید، جس میں تنہائی کے علاوہ مشقت بھی زیادہ لی جاتی ہے ⁂ **قید خانہ** (ع - ف) مذکر - جیل خانہ - محبس - زندان - قیدیوں کے رہنے کا مکان ⁂ **قید سخت** - مؤنث - مشقت والی قید ⁂ **قیدِ فرنگ** - مؤنث - اہل فرنگ کی قید، جو ازحد تکلیف دہ سمجھی جاتی ہے ⁂ **قید کرنا** (و) (۱) اسیر کرنا - زندان میں بھیجنا - بند کرنا (۲) پابند کرنا - ضبط کرنا - روکنا (۳) گرفتار کرنا - پکڑنا ⁂ **قید لگانا** (۱) محدود کرنا - حد باندھنا (۲) شرط باندھنا (۳) مقید کرنا - پابند کرنا ⁂ **قیدِ محض** (ع) مؤنث - قید بلا مشقت ⁂ **قید ہونا** (و) (۱) جیل خانے جانا (۲) پکڑا جانا (۳) پابند ہونا (۴) محدود ہونا ⁂ **قیدی** (ع - ف) مذکر (۱) پابند - گرفتار - محبوس - مقید (۲) سزا یافتہ - مجرم ⁂

قیر (قِیْر) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کا سیاہ روغن (۲) ایک طرح کا سیاہ اور بے حد چمکنے والا گوند ⁂

قیراط (قِی - رَاط) (ع) مذکر - درہم کے بارھویں حصّے کے برابر ایک وزن ⁂

قیس (قَیْس) (ع) مذکر (۱) بنی قیس غیلان کی اولاد سے عرب کا ایک مشہور قبیلہ (۲) (اصطلاحاً) مجنونِ عامری، ایک مشہور عاشق ⁂

قیصر (قَے - صَر) (ع) (۱) شاہ روم کا ایک لقب - رومی زبان میں قیصر اس بچے کو کہتے ہیں، جو ابھی ماں کے پیٹ ہی میں ہو کہ ماں مر جائے اور وہ ماں کا پیٹ چاک کر کے نکالا جائے - روم کا بادشاہِ اوّل بھی اسی طرح پیدا ہوا تھا، جو بڑا زبردست اور صاحب اقبال ہوا - اس وجہ سے اسے بلکہ روم کے تمام بادشاہوں کو اس لقب سے ملقب کرنے لگے (۲) شہنشاہ - سلطان ⁂ **قیصر روم** - مذکر - شہنشاہِ روم - سلطانِ روم ⁂ **قیصرِ ہند** (ف) مؤنث - ملکہ وکٹوریا آں جہانی کا لقب، جو انھوں نے دہلی میں دربار منعقد کر کے اختیار کیا تھا ⁂

قیطون (قَے - طُوْن) (ع) مذکر - ایک قسم کی باریک بیچک - ایک طرح کی زری اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری ⁂

قیف (قِیْف) (ت) مذکر - ٹونٹی والا ایک ظرف، جس کا منہ اوپر سے کھلا اور نیچے ایک نلی لگی ہوتی ہے، اس کے ذریعے سے رقیق شے بوتل وغیرہ میں بھری جاتی ہے ⁂

قیل و قال (قِی - لُو - قَال) (ع) مؤنث (۱) بات چیت - گفتگو (۲) بحث و تکرار - ردّ و کد ⁂

قیلولہ (قَے - لُو - لَہ) (ع) مذکر - دوپہر کا سونا - کھانا کھانے کے بعد لیٹنا ⁂ **قیلولہ کرنا** (و) دوپہر کو سونا - کھانا کھا کر لیٹنا ⁂

قیّم (قَیْ - یِم) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کو نگاہ اور قائم رکھنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ؛

قیمت (قِیْ - مَت) (ع) مؤنث (۱) دام - مول (۲) نرخ - بھاؤ - در (۳) مرتبہ - قدر ؛ قیمت پانا (ل) مول بھر پانا - دام وصول کرنا ؛ قیمت ٹھہرانا - یا - چکانا (۱) بھاؤ مقرر کرنا - مول چکانا ؛ قیمت لگانا - مول قرار دینا - دام لگانا ؛

قیمت مالِ مبیعہ (ع) مؤنث - بکے ہوئے مال کی قیمت ؛ قیمت مقرر کرنا (ل) بھاؤ لگانا - مول ٹھہرانا - دام تجویز کرنا - در کی تشخیص کرنا ؛ قیمتاً (ع) قیمت کے ساتھ ؛ قیمتی (ع - ف) (۱) زیادہ قیمت کا - گراں بہا - بیش بہا (۲) قابلِ قدر - عمدہ - نفیس ؛

قیمہ (قِیْ - مَہ) (ع - ف) مذکر - ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت - کُٹا ہوا گوشت ؛ قیمہ کرنا (ل) کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا - پرزے اڑانا ؛

قینچی (قَیْن - چی) (ت) مؤنث (۱) کترنی - مقراض (۲) لوہے یا لکڑی کی ترچھی سلاخیں، جو جنگلے کی طرح کسی مکان کے گرد لگا دی جاتی ہیں یا وہ آڑی لکڑیاں، جن پر کھپریل ڈالی جاتی ہے ؛ قینچی باندھنا (۱) گھوڑے کو دونوں رانوں کے نیچے دبا لینا (۲) پہلوانوں کا مخالف کی دونوں ٹانگوں میں اپنی ٹانگیں ڈال کر مجبور کر لینا ؛ قینچی سی - یا - قینچی کی طرح زبان چلنا - دوسرے کی بات کاٹنے کو فرفر بولنا - جلد زبان چلنا ؛ قینچی لگانا (۱) قینچی سے کترنا - کاٹنا - تراشنا (۲) چھانٹنا - قلم کرنا (۳) ترچھی آڑ و آڑ لگانا ؛

قیود (قُیُو - د) (ع) مذکر و مؤنث - قید کی جمع - پابندیاں - شرطیں ؛

قیوّم (قَیْ - یُوم) (ع) مذکر (۱) بہت بڑا قائم ہونے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ؛

ک

ک (کاف) (ع) (۱) اردو کا اٹھائیسواں، فارسی کا پچیسواں اور عربی کا بائیسواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے بیس عدد فرض کیے گئے ہیں ؛

ک - ا

کا (کا) (ہ) حرفِ اضافت ؛

کابر (کَا - بَر) (ہ) مذکر (۱) چتکبرا (۲) ایک سیاہ پرندہ، جس کے پیٹ پر سیاہ چتیاں ہوتی ہیں ؛

کابرا (کاب - رَا) (ہ) مذکر - ایک قسم کا کبوتر کا رنگ ؛

کابس (کَا - بِس) (ہ) مؤنث - مٹی کے برتن پر قلعی کرنے کی مٹی ؛

کابک (کَا - بُک) (ف) مؤنث - کبوتروں کا وہ دڑبا، جو بانس کی کھپچیوں وغیرہ سے بنا ہوا ہوتا ہے - لکڑی کا دڑبا ؛

کابل (کا - بُل) (ف) مذکر - افغانستان کا دارالحکومت ؛ کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے؟ (ل) مثل - جہاں اچھے لوگ ہوتے ہیں، وہاں برے بھی ہوتے ہیں ؛ کابلی (ف) (۱) کابل سے منسوب (۲) (ہ) پٹھان ؛

کابلا (کاب - لا) (ہ) مذکر - ایک قسم کا بڑا پیچ ؛

کابوس (کَا - بُوس) (ع) مذکر - ایک بیماری، جس میں انسان کو بہ حالتِ خواب محسوس ہوتا ہے، جیسے کسی شخص نے اسے دبا لیا ہے - گویا خواب دیکھنے والا اس کی ڈراؤنی شکل سے خوف کھا کر آواز نکالتا اور اس کے بوجھ سے پسا جاتا ہے ؛

کابین (کَا - بِین) (ع) مذکر - وہ روپیہ، جو نکاح کے وقت مرد کے ذمے ڈالا جاتا ہے - مہر ؛ کابین نامہ (ع - ف) مذکر - وہ کاغذ، جس پر مہر کی مقدار اور اقرار مدار لکھا جاتا ہے - مہر کا کاغذ ؛

کابینہ (کَا - بِی - نَہ) (مفرس) (انگ Cabinet) مذکر - وزیروں کی مجلس - وزارت -

کاپی (کَا - پِی) (انگ Copy) مؤنث (۱) نقل (۲) نسخہ - جلد (۳) چند سلے ہوئے اوراق ؛ کاپی رائٹ Copyright مذکر - تصنیف و تالیف، ایجاد اور اختراع کا حق ؛

کاپی نویس (ل) مذکر (۱) نقل کرنے والا - نقل نویس (۲) خوش نویس - کاتب ؛

کات (کَات) (ہ) کاتنا کا امر ؛ کاتا (۱) بنا ہوا (۲) تار - سوت - تاگا (۳) بانس کاٹنے کا چھرا ؛ کاتا اور لے دوڑی (عو) مثل - کام کرتے ہی مزدوری کا تقاضا - پیٹ کے ہلکے اور تلون مزاج

کے متعلق کہتے ہیں ۔ کاتنا چرخے پر سوت بنانا ۔ چرخے کے ذریعے
سے رُوئی کے تار نکالنا ۔ پھیرنا ۔ کاتنا تو آتا نہیں ، لگی پونیاں
بنانے (ف) (ع) مثل ۔ بے جانے بوجھے کام میں دخل دینا ۔
کاتن بیٹھی دیا بالے ، دن کھویا اکسے بالے ۔ مثل ۔ مناسب
وقت کھو کر بے وقت کام شروع کیا ۔
کاتب (کا ۔ تِب) (ع) مذکر ۔ لکھنے والا ۔ کتابت کرنے والا ۔
محرر ۔ کاپی نویس ۔
کاتک (کا ۔ تِک) (ہ) مذکر ۔ ہندی کا ساتواں مہینا ۔ تقریباً ۱۵ ۔
اکتوبر سے ۱۵ ۔ نومبر تک کا زمانہ ۔ کاتک کی کتیا ۔ مؤنث ۔
کاتک کے مہینے میں کتیا کو جماع کی خواہش بہت ہو جاتی ہے ،
جس کے باعث اکثر کتّے اس کے گرد رہتے ہیں ۔ اس لیے یہ محاورہ
چھنال اور فاحشہ عورت پر بولا جاتا ہے ۔
کاتی (کا ۔ تی) (ہ) مؤنث ۔ سناروں کا ایک اوزار جس سے تار یا پتر
وغیرہ کاٹا جاتا ہے ۔
کاٹ (کاٹ) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) بُرِش ۔ کٹاؤ (۲) گھاؤ ۔ زخم (۳)
تراش ۔ قطع ۔ چھانٹ (۴) رسائی ۔ تیزی (۵) چھیلن ۔ خراش
(۶) بدی ۔ برائی (۷) دشمنی ۔ عداوت (۸) کاٹنا کا امر ۔
کاٹ پھانس ۔ مؤنث (۱) کتر بیونت (۲) توڑ جوڑ (۳) لگائی بجھائی
(۴) چالاکی ۔ عیاری (۵) اُجرت میں کمی بیشی ۔ کاٹ پھانس کرنا
(ف) (۱) توڑ جوڑ کرنا (۲) کمی بیشی کرنا (۳) لگائی بجھائی کرنا ۔
غیبت کرنا (۴) برائی کرنا ۔ کاٹ چھانٹ (ہ) مؤنث (۱)
کتر بیونت ۔ قطع و برید (۲) توڑ جوڑ ۔ کاٹ چھانٹ کرنا (۱)
قطع و برید کرنا (۲) جوڑ توڑ کرنا (۳) کمی بیشی کرنا ۔ غبن کرنا (۴)
دشمنی کرنا ۔ برائی کرنا (۵) اگلے پچھلے حساب میں وضع کرنا ۔
منہا کرنا ۔ کاٹ کرنا (۱) چھیلنا ۔ زخم ڈالنا (۲) پانی کا اپنے
آپ راستہ کر لینا (۳) تردید کرنا ۔ توڑ کرنا (۴) کاٹنا ۔ تراشنا ۔
کاٹ کوٹ (ہ) مؤنث ۔ چیر پھاڑ ۔ جرّاحی ۔ کاٹ کھانا
(ف) (۱) ڈنک مارنا ۔ ڈس لینا (۲) منہ مارنا ۔ کاٹ کھاتے
کو دوڑنا ۔ بدمزاجی سے پیش آنا ۔ ترش روئی اور تلخ مزاجی
سے جواب دینا ۔ کاٹا (ہ) (۱) کاٹا ہوا ۔ ڈسا ہوا (۲) مذکر ۔
چوٹ ۔ کاٹا اور اُلٹ گئی (ہ) ناگن کاٹتے ہی پلٹ جاتی ہے ،
لہٰذا اس کا اطلاق ایسے موذی شخص یا جانور پر ہونے لگا ،
جو نقصان پہنچا کر محض ناآشنا بن جائے ۔ کاٹنا (۱) قاش مارنا ۔
تراشنا (۲) درخت چھانٹنا ۔ شاخ قلم کرنا (۳) قینچی سے کترنا
(۴) قطع کرنا (۵) ڈسنا (۶) دانت مارنا ۔ منہ مارنا (۷) زخم کرنا
(۸) چھوڑنا ۔ دُور کرنا (۹) القط کرنا ۔ بسر کرنا ۔ گزارنا (۱۱)
گنوانا ۔ ضائع کرنا (۱۲) گردن مارنا ۔ ذبح کرنا ۔ حلال کرنا (۱۳)
قطع مسافت کرنا ۔ طے کرنا (۱۴) چکانا ۔ فیصلہ کرنا (۱۵) منہا کرنا ۔ وضع
کرنا (۱۶) کمیشن دینا (۱۷) قلم پھیرنا ۔ منسوخ کرنا (۱۸) تردید کرنا
(۱۹) شرمانا ۔ شرم دلانا ۔ کاٹنے کو دوڑنا (۱) دیکھیے "کاٹ کھانے
کو دوڑنا" (۲) ناگوار گزرنا (۳) اجاڑ اور ویران معلوم ہونا ۔
کاٹو تو خون (لہو) نہیں ۔ خوف کی وجہ سے جسم میں لہو کی بوند نہیں
رہی ۔ سخت صدمہ گزرنے اور خوف طاری ہونے کے موقع پر بولتے
ہیں ۔ کاٹی انگلی پر نہ موتنا (ع) ایسا سست اور بے درد ہو جانا
کہ اگر کسی زخم پر اس کے اچھا ہو جانے کے لیے کہیں کہ ذرا پیشاب کر دے
تو بھی نہ ہو سکے ۔ از حد بے رحمی اور سخت دلی کا اظہار ۔ کاٹے باڑھ
نام تلوار کا ، لڑے فوج نام سردار کا ۔ مثل ۔ چھوٹوں کی کارگزاری
سے بڑوں کا نام ہو جاتا ہے ۔ کاٹے کھانا ۔ تکلیف دینا ۔ خوفناک
معلوم ہونا ۔ بے حد ناگوار گزرنا ۔ کاٹے کٹے نہ مارے مرے
(۱) بہت ہی سخت جان آدمی ہے (۲) از حد دشوار کام ہے ۔
کاٹن (کا ۔ ٹن) (انگ ۔ Cotton) مذکر (۱) پنبہ ۔ کپاس (۲)
رُوئی کا کپڑا ۔
کاٹھ (کاٹھ) (ہ) مذکر (۱) چوب ۔ لکڑی (۲) ایک موٹا اور بھاری لٹھا
جس میں مجرموں کا پاؤں ٹھونکنے کے لیے چھید کر دیتے تھے ۔ کاٹھ پتلی
مؤنث ۔ لکڑی کی بنی ہوئی پتلی ۔ کٹھ پتلی ، لکڑی کی گڑیا ۔ لعبت چوبیں ۔
کاٹھ چبانا ۔ مشکل سے بسر اوقات کرنا ۔ تنگی میں بسر کرنا ۔ کاٹھ کا ۔
چوبیں ۔ لکڑی کا بنا ہوا ۔ کاٹھ کا اُلّو ۔ مذکر ۔ بے وقوف ۔ نادان ۔
احمق ۔ مورکھ ۔ کاٹھ کا گھوڑا ۔ مذکر (۱) لنگڑے شخص کا عصا (۲)
لکڑی کا بنا ہوا گھوڑا (۳) لکڑی کا زینہ ۔ کاٹھ کباڑ ۔ مذکر ۔ کہنہ اسباب ۔
ٹوٹا ہوا سامان ۔ کاٹھ کوڑل بانسلی ۔ مذکر ۔ بچوں کا ایک کھیل ،
جس میں آنکھ مچولی کی طرح آنکھیں بند کرتے اور لکڑی کو چھوتے پھرتے
ہیں ۔ کاٹھ کوڑا چلنا ۔ کاٹھ میں دینے اور کوڑے مارنے کا اختیار
ہونا ۔ زور چلنا ۔ صاحب حکومت ہونا ۔ کاٹھ کی گھوڑی ۔
مؤنث ۔ جنازہ ۔ تابوت ۔ ارتھی ۔ کاٹھ کی مورتی اور چندن ہار ۔
کہاوت (۱) بدصورت آدمی کا بناؤ سنگار (۲) تعجب اور بدافعالی کا
اظہار ۔ کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی (ف) مثل ۔ جھوٹ
اور دغا بازی بار بار نہیں چل سکتی جیسے کاٹھ کی ہنڈیا دیکھنے میں تو ہنڈیا
ہے ، لیکن آگ سلگی اور یہ جل گئی ۔ اسی طرح دغا اور جھوٹ بھی حق و صداقت
کی آنچ نہیں سہار سکتا ۔ کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا (ہ) بیہودہ باتیں
بنانا ۔ کاٹھ میں پاؤں پڑنا (۱) بیڑی کا پہنایا جانا (۲) (کنایۃً)
پابندی ہونا ۔ کاٹھ ہو جانا ۔ یکسر بے حس و حرکت اور چپ ہو جانا ۔
پتھر بن جانا ۔ سخت ہو جانا ۔
کاٹھی (کا ۔ ٹھی) (ہ) مؤنث (۱) جسامت ۔ بدن (۲) قالب ۔ ڈھانچ (۳)
تلوار کا نیام ۔ غلاف ۔ میان (۴) گھوڑے کا چوبی زین ، جس کے

نیچے لکڑی ہوتی ہے * کاٹھی گر (۱) تلوار کا غلاف بنانے والا *
کاٹھیا واڑ (کا۔ ٹھِیَا۔ وَاڑ) (ہ) ہندوستان کے مغرب میں ایک مشہور علاقہ *

کاج (کَاج) (ہ) مذکر (۱) کار۔ کام (۲) بٹن کا گھر (۳) بیاہ شادی کا کاروبار * **کاج بنانا** (۱) بوتام کا گھر بنانا۔ بٹن کے لیے کسی کپڑے میں سوراخ بنانا *

کاجل (کا۔ جَل) (ہ) مذکر۔ چراغ کا دھواں۔ دودِ چراغ * **کاجل اُڑانا** (۱) کاجل صاف کر دینا۔ اس کا نشان مٹا دینا (۲) کاجل پارنا * **کاجل پارنا**۔ چراغ کی نوک کے اوپر سرپوش رکھ کر کاجل اکٹھا کرنا * **کاجل دینا۔ یا۔ سارنا**۔ آنکھوں میں کاجل لگانا * **کاجل کا تل**۔ مذکر۔ وہ خال، جو حسین لوگ خوب صورتی کے لیے کاجل سے اپنے رخساروں پر بنا لیتے ہیں * **کاجل کی کجلوٹی اور بچھوؤں کا سنگار**۔ مثل۔ کالی رنگت پر حُسن چمکانے کا اظہار۔ بدشکل آدمی کا بناؤ سنگار * **کاجل کی کوٹھڑی**۔ مؤنث (۱) کاجل اکٹھا کرنے کا مکان (۲) بدنامی کا گھر۔ خراب صحبت * **کاجل کی کوٹھڑی میں جو جائے گا، اُسی کے ٹیکا لگے گا**۔ مثل۔ بُری صحبت یا بدنام مکان میں جانے سے بدنامی ہی حاصل ہوتی ہے * **کاجل کی کوٹھڑی میں دھبّے کا ڈر**۔ مثل۔ بدنام جگہ جانے میں بدنامی ضروری ہے * **کاجل لگانا** (۱) آنکھوں میں کاجل لگانا *

کاجو بھوجو (کا۔ جُو۔ بھُو۔ جُو) (۱) بے حد نازک اور کمزور چیز۔ ناپائدار (۲) جلد ٹوٹنے والا۔ دکھاوے کا *

کانچ (کانچ) (کَانچ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سخت چمکیلا مادہ، جو ریت اور کھار، یعنی سجّی کے ذریعے سے بنایا جاتا ہے۔ شیشہ *

کاچھ (کَاچھ) (ہ) مذکر (۱) ناف کے اوپر کا حصّہ۔ جانگھ (۲) کاچھا۔ جانگیا۔ آدھا گھٹنا (۳) لباس۔ بھیس۔ روپ * **کاچھ کاچھنا** (ہندی) بھیس بدلنا۔ سوانگ بھرنا * **کاچھ کھولنا**۔ لنگوٹا کھولنا۔ ازار بند کھولنا * **کاچھا**۔ مذکر۔ گھٹنا۔ جانگیا * **کاچھا باندھنا یا کسنا**۔ جانگیا پہننا۔ کشتی کے لیے لنگر کسنا۔ لنگوٹا باندھنا *

کاچھن (کا۔ چھِن) (ہ) مؤنث (۱) کاچھی کی بیوی (۲) ہندو سبزی فروش عورت (۳) مالن * **کاچھی**۔ مذکر (۱) ہندو کنجڑا۔ ہندو سبزی بیچنے والا (۲) مالی *

کاخ (کَاخ) (ف) مذکر۔ محل۔ قصر۔ ایوان۔ بلند عمارت *

کاذب (کا۔ ذِب) (ع) دروغ گو۔ جھوٹا *

کار (کَار) (ف) مذکر (۱) کام کاج۔ فعل۔ دھندا۔ کرتوت (۲) پیشہ۔ ہنر (۳) کھیتی باڑی۔ زراعت (۴) لڑائی، جنگ و جدل (۵) مقصد۔ مراد۔ مطلب (۶) شغل۔ مصروفیت (۷) بیوپار۔ معاملہ (۸) (عو) شادی وغیرہ کی تقریب (۹) واسطہ۔ غرض * **کار آزمودہ**۔ آزمودہ کار۔ تجربہ کار * **کار آفریں** (۱) کام کا پیدا کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ * **کار آگاہ**۔ کام کی حقیقت سے واقف * **کار آمد**۔ فائدہ مند شے۔ مطلب کی چیز۔ کام کا آدمی * **کار بار** (۱) مذکر۔ مشغلہ۔ شغل۔ کام کاج (۲) بنج بیوپار۔ لین دین * **کار باری**۔ مذکر (۱) کام کاج کا آدمی (۲) منصرم۔ مہتمم۔ کارندہ (۳) سوداگر۔ تاجر *

کار برآری (ف) مؤنث۔ مطلب برآری۔ کام نکالنا * **کار بند**۔ تعمیل کرنے والا۔ مطیع۔ فرماں بردار * **کاربند ہونا** (۱) (۱) تعمیل کرنا (۲) فرض ادا کرنا * **کار بوزینہ نیست نجّاری** (ف) بندر کا کام آرا کشی نہیں۔ خدا نے ہر مخلوق کے لیے الگ کام مقرر کیا ہے۔ جس کا کام اسی کو ساجے، اور کرے تو ٹھینگا باجے۔ ہر کسے را بہر کارے ساختند * **کار پرداز**۔ مذکر۔ گماشتہ۔ سربراہ کار۔ منتظم۔ کارکن * **کار پردازی**۔ مؤنث۔ کارندگی۔ کارروائی۔ اہتمام * **کارِ ثواب** (ف۔ ع) مذکر۔ بھلائی کا کام۔ للّٰہی کام۔ نیک کام * **کارچوب**۔ مذکر (۱) وہ لکڑیاں یا اوزار، جن پر جلاہے تانی پھیلا کر بُنتے ہیں (۲) (۱) ایک قسم کا کشیدہ، جو لکڑی کے چوکھٹے پر پھیلا کر کاڑھا جاتا ہے (۳) کشیدہ کار۔ زردوز (۴) زردوزی کا کام کیا ہوا * **کارچوبی** (ف) مؤنث (۱) کشیدہ کاری۔ زردوزی (۲) زردوزی کیا ہوا * **کارخانہ**۔ مذکر (۱) کام کرنے کی جگہ۔ چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام (۲) کوٹھی۔ دکان (۳) (۱) ایک قسم کی اونچی چوکی، جس پر بیٹھ کر گوٹا کناری بُنتے ہیں (۴) جلاہوں کی کرگاہ (۵) کام کاج۔ کاروبار (۶) حساب، معاملہ (۷) خدا کے کاروبار۔ نیچر * **کارخانۂ الٰہی** (ف۔ ع) مذکر۔ خدا کے معاملات۔ نیچر * **کارخانہ دار** (۱) مذکر (۱) کارخانے کا مالک۔ کاروبار رکھنے والا شخص (۲) باورچی خانے کا داروغہ۔ خانساماں * **کارِ خیر** (ف۔ ع) مذکر (۱) بھلائی یا ثواب کا کام۔ نیک کام (۲) فاتحہ خیر (۳) لڑکی کا نکاح * **کاردار** (ف) مذکر۔ منصب دار۔ عامل۔ عہدہ دار * **کارداں** (۱) واقف کار۔ تجربہ کار (۲) کاریگر۔ ہنرمند (۳) کارشناس۔ قدرداں *

کارروائی۔ مؤنث (۱) کاربرآری۔ کام چلانا۔ اجرائے کار (۲) کام کاج (۳) کارگزاری۔ تعمیل۔ برتاؤ (۴) ضابطہ۔ قانون (۵) پیروی۔ اہتمام۔ بندوبست۔ انتظام (۶) (۱) جماع۔ مجامعت (۷) (قانون) عدالت کی روئداد * **کارروائی کرنا** (۱) (۱) کام چلانا۔ کارگزاری کرنا (۲) تعمیل کرنا۔ عمل کرنا (۳) فرض ادا کرنا (۴) مجامعت کرنا (۵) مطلب نکالنا (۶) مقدمے کی پیروی کرنا *

کارزار (ف) مؤنث - جنگ - لڑائی - معرکہ - رزم * کارساز (۱) صانع - کام بنانے والا (۲) قادرِ مطلق * کارسازی - مؤنث (۱) کام کرنا یا بنانا (۲) دغابازی - عیاری - چالاکی * کارسیخ (۱) معاملہ فہم - کام سے واقف (۲) عقلمند * کارفرما - مذکر - حکم کرنے اور چلانے والا - کام لینے اور بتانے والا - کمانڈر *

کارکردگی - مؤنث - کارگزاری * کارکردہ - دیکھئے کارآزمودہ *

کارکن - مذکر (۱) مختار - سربراہ - وزیر (۲) اہلِ کار * کارگاہ (۱) کام کرنے کی جگہ - کارخانہ (۲) کرگا * کارگر (ف) (۱) سریع التاثیر - مؤثر (۲) فائدہ مند - مفید (۳) گہرا - بھاری - کاری - مہلک *

کارگر ہونا (ف) (۱) مؤثر ہونا (۲) مفید ہونا (۳) کاری ہونا *

کارگزار (ف) (۱) فرماں بردار - خدمت گزار - کام کرنے اور حکم بجالانے والا (۲) چالاک (۳) حاجت روا * کارگزاری - مؤنث (۱) فرماں برداری - خدمت گزاری (۲) نوکری - خدمت (۳) مستعدی - ہوشیاری * کارمند - کام کرنے والا *

کارنامہ - مذکر (۱) رزم نامہ - جنگ نامہ (۲) بہادری کا تمغہ (۳) واقعات تاریخ (۴) آئین - قانونِ سلطنت - ضابطہ (۵) (۱) بڑا کام - کارنمایاں * کارنمایاں - مذکر - بڑا کام - کارنامہ *

کاروبار - مذکر - دیکھئے "کاربار" * (یہاں بار، کار کے ہم معنی ہے)

کار سے وارد - کوئی خارجی کام نہیں - بہت مشکل ہے *

کار (کاَر) (انگ - Car) مؤنث (۱) موٹر کار (۲) گاڑی *

کاربانک (کاَر - بَا - نِک) (انگ - Carbonic) کاربن سے منسوب - کاربن کا - کوئلے کا * کاربانک ایسڈ گیس (Carbonic Acid gas) وہ زہریلی ہوا، جو زندہ حیوانات کے سانس اور نباتات سے بہ کثرت خارج ہوتی ہے *

کاربن (کاَر - بَن) (انگ - Carbon) مذکر - وہ اصلی زہریلا اور بسیط مادہ، جو اکثر ہیرے یا جلی ہوئی شے اور خصوصاً کانی کوئلے یا سیسے میں پایا جاتا اور تیزاب کی آمیزش سے نمک بن جاتا ہے *

کاربین (کاَر - بِین) (و) مؤنث - ایک قسم کی بندوق *

کارپوریشن (کاَر - پو - رے - شَن) (انگ - Corporation) مذکر (۱) وہ جماعت یا کمیٹی، جو قانوناً کسی کام کرنے کی مجاز ہو - سندیافتہ جماعت (۲) بڑی میونسپل کمیٹی *

کارتوس (کاَر - تُو - س) (و) مذکر - بارود بھری گولی، جو بندوق میں بھر کر چلائی جاتی ہے *

کارٹرائی (کاَر - ٹر - ا - ئی) (و) مؤنث - ایک قسم کا موٹا ڈوری کا مضبوط کپڑا، جس کا پاجامہ گھوڑے کی سواری کے وقت پہنا جاتا ہے *

کارٹون (کاَر - ٹُون) (انگ - Cartoon) مذکر - بُری تصویر - تصویری ہجو *

کارج (کاَ - رَج) (س) مذکر (۱) کام کاج (۲) تقریب (۳) مدعا - مقصد - مطلب - غرض (۴) سبب - باعث (۵) حرفہ - پیشہ *

کارد (کاَرد) (ف) مذکر - چاقو - چھری - چھرا *

کارڈ (کاَرڈ) (انگ - Card) مذکر (۱) سات پیسے کا سرکاری کاغذ جس پر کچھ لکھ کر ڈاک خانے کے ذریعے سے بھیجتے ہیں - پوسٹ کارڈ (۲) ملاقات کا ٹکٹ (۳) پتا - ورق * کارڈبورڈ مذکر - پٹھا - موٹے کاغذ کا تختہ (ب - گتا) *

کارسپانڈنٹ (کاَر - رَس - پان - ڈِنٹ) (انگ - Correspondent) مذکر - نامہ نگار - وقائع نگار - خبرنویس * کارسپانڈنس (Correspondence) مؤنث - مراسلت - خط کتابت *

کارستانی (کاَر - رَس - تا - نِی) (و) مؤنث (۱) عیاری - چالاکی - جوڑ توڑ (۲) ہوشیاری - استادی (۳) تدبیر شرارت - بدی * کارستانیاں - مؤنث - کارستانی کی جمع چالاکیاں *

کارک (کاَرک) (انگ - Cork) مذکر (۱) ایک درخت، جس سے اکثر بوتل وغیرہ کی ڈاٹیں بناتے ہیں (۲) کاک - کاگ - ڈاٹ *

کارن (کاَ - رَن) (ہ) مذکر (۱) لیے - سبب - واسطے (۲) خاطر - باعث - واسطہ *

کارندہ (کاَ - رِن - دَہ) (ف) (۱) کام کرنے والا - محنتی (۲) مذکر - کارکن، مختار، گماشتہ، منیجر *

کارنس (کاَر - نِس) (انگ - Cornice) مؤنث - دیوار کی کگنی - منڈیر *

کارن فلور (کاَرن - فلَو - ر) (انگ - Corn Flour) مذکر - ایک قسم کا چاول کا آٹا *

کارنیوال (کاَر - نِی - وَال) (انگ - Carnival) مذکر - جشن - عیسائیوں کا ایک جشن *

کاروان (کاَر - وَان) (ف) مذکر - قافلہ * کاروان سراے - مؤنث - قافلہ اترنے کی سراے *

کاری (کاَ - رِی) (ف) بھاری - گہرا - کارگر - مہلک - کام تمام کرنے والا *

کاریز (کاَ - رِیز) (ف) مؤنث (۱) کھیت میں پانی دینے کی نالی (۲) چھوٹی نہر *

کاریگر (کاَ - رِی - گَر) (ف) مذکر (۱) کام بنانے والا - دست کار - ہنرمند (۲) ماہر - استادِ فن (۳) سمجھ والا - ہوشیار - کامل (۴) چمار - موچی * کاریگری - مؤنث (۱) پیشہ - دست کاری - ہنرمندی (۲) ہوشیاری - استادی *

کارسے نہ مسلے (کا۔ رِسے، نَہ۔ مَس۔ لِے) (و) حاصل نہ حصول، یونہی ؛

کاڑھ (کا ڑھ) (ہ) کاڑھنا کا امر۔ کاڑھا (۱) کاڑھنا سے ماضی مطلق (۲) جوش دی ہوئی گرم دوائیں، جو زچہ کو پلائی جاتی ہیں ؛ کاڑھنا (۱) نکالنا (۲) باہر کرنا (۳) کھینچنا (۴) کشیدہ بنانا (۵) جوش دینا (۶) ادھار لینا (۷) انتخاب کرنا (۸) نقشہ کھینچنا (۹) موقوف کرنا (۱۰) پیٹ گرانا (۱۱) (ل) دیس نکالا دینا ؛

کاسِب (کا۔ سِب) (ع) کسب کرنے والا ؛

کاست (کاشت) (ف) مؤنث۔ گھٹاؤ۔ کمی ؛

کاسِد (کا۔ سِد) (ع) کھوٹا۔ بے رواج۔ ناقص۔ غیر خالص ؛

کاسِر (کا۔ سِر) (ع) توڑنے والا ؛

کاسنی (کاس۔ نِی) (ف) مؤنث۔ سرد اور بخار کو رفع کرنے والی ایک دوا ؛ کاسنی رنگ (و) مذکر۔ سرخی مائل نیلا رنگ ؛

کاسہ (کا۔ سَہ) (ف) مذکر (۱) پیالہ۔ بادیہ (۲) بھیک کا ٹھیکرا (۳) دھونسا۔ نقارہ (۴) (و) طعام خاصہ ؛ کاسۂ سر۔ مذکر۔ سر کا پیالہ۔ کھوپری ؛ کاسۂ گدائی۔ مذکر۔ بھیک کا پیالہ۔ کچکول ؛ کاسہ لیس (۱) جھوٹے برتن چاٹنے والا (۲) چاپلوس۔ خوشامدی (۳) پیٹو۔ پُرخور (۴) گدا۔ فقیر (۵) لالچی۔ حریص ؛

کاش (کاش) (ف) کیا اچھا ہو! خدا کرے! حسرت اور خواہش کے موقع پر بولا جاتا ہے ؛ کاشکے۔ کاش ؛

کاشانہ (کا۔ شا۔ نَہ) (ف) مذکر (۱) چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ کھنڈلا۔ یہ تحقیر کا کلمہ ہے (۲) گھونسلا۔ آشیانہ ؛

کاشت (کاشت) (ف) مؤنث (۱) کھیتی باڑی۔ زراعت (۲) کھڑا کھیت۔ جوتی ہوئی زمین (۳) موروثی زمین ؛ کاشتکار۔ مذکر (۱) کھیتی باڑی کرنے والا۔ کسان۔ زمیندار (۲) مزارع ؛ کاشتکار بہ استحقاق حقِّ (ف۔ ع) مذکر۔ مستقل اسامی۔ موروثی اسامی ؛ کاشتکاری (ف) مؤنث۔ زراعت۔ کھیتی باڑی۔ قلبہ رانی ؛

کاشف (کا۔ شِف) (ع) مذکر۔ ظاہر کرنے والا۔ کھولنے والا ؛

کاشی (کا۔ شی) (ہ) مؤنث (۱) بنارس (۲) کاشان کا باشندہ ؛

کاظم (کا۔ ظِم) (ع) (۱) غصہ پی جانے والا (۲) مذکر۔ امام موسیٰ رضاؓ بن جعفر صادقؓ کا لقب ؛

کاظمین (کاظِمَین) (ع) مذکر۔ ایک شہر ؛

کاغ (کاغ) (ف) مذکر (۱) ایک پرندہ (۲) کوے کی آواز (۳) فریاد۔ نالہ (۴) آگ (۵) مویشی کی جگالی ؛

کاغذ (کا۔ غَذ) (ع) مذکر (۱) پتر۔ قرطاس (۲) رقعہ۔ پرزہ۔ پرچہ (۳) خط۔ چٹھی (۴) (و) تحریر۔ نوشتہ۔ تمسک۔ دستاویز (۵) پرچۂ خبر۔ اخبار (۶) ورق (۷) اعمال نامہ (۸) روزنامچہ (۹) کاغذ زر۔ ہنڈی ؛ کاغذ پتر (و) مذکر (۱) چٹھی چپاٹھی۔ خط پتر (۲) تحریر۔ دستاویز۔ سند ؛

کاغذ زر (ف) مذکر (۱) ہنڈی۔ تمسک (۲) نوٹ ؛

کاغذ سا (و) نازک۔ باریک۔ پتلا۔ بے حد ہلکا اور پتلا ؛

کاغذ سیاہ کرنا (۱) خوب لکھ کر کاغذ بھرنا (۲) کاغذ خراب کرنا ؛

کاغذ کرنا (۱) دستاویز لکھنا (۲) کوئی چیز کسی کے نام پر لکھ دینا ؛

کاغذ کھولنا۔ عیب یا غلطی ظاہر کرنا۔ بھید کھولنا ؛ کاغذ کھیوٹ۔ مذکر۔ وہ کاغذ، جو پٹواری سالانہ تیار کرتا ہے ؛ کاغذ کی ناؤ۔ مؤنث۔ بے اصل بات۔ کمزور۔ فانی۔ ناپائدار چیز ؛

کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی۔ مثل۔ جس طرح کاغذ کی ناؤ کا کچھ بھروسا اور اعتبار نہیں، اسی طرح بے اصل بات کو قیام نہیں ہوتا ؛ کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی۔ مثل۔ دھوکے سے کام نہیں چلتا ؛ کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا۔ مثل۔ ناپائدار سہارے پر کیا اعتبار ؛ کاغذ کے گھوڑے۔ مذکر۔ چٹھیاں۔ خطوط۔ نامے ؛ کاغذ کے گھوڑے دوڑانا۔ خط کتابت کرنا۔ جابجا خطوط بھیجنا ؛

کاغذات (ع) مذکر۔ کاغذ کی جمع ؛ کاغذی۔ مذکر (۱) کاغذ بنانے یا بیچنے والا (۲) دفتری (۳) کاغذ کا بنا ہوا (۴) پتلا۔ نازک ؛ کاغذی بادام (ف) مذکر۔ ایک قسم کا بہت باریک چھلکے والا بادام ؛

کاف (کاف) (ع) مذکر۔ "ک" کا تلفظ ؛ کاف کُن۔ مذکر۔ روزِ ازل ؛ کاف و لام (ف) مذکر۔ گپ شپ ؛ کاف و نون۔ مذکر۔ کُن (ہو جا) سے مراد ہے ؛

کافر (کا۔ فِر) (ع) مذکر (۱) دشمن۔ غیر۔ بیگانہ (۲) (اصطلاحاً) ملحد۔ بے دین۔ خدا کو نہ ماننے والا (۳) (و) (مجازاً) معشوق۔ دلدار۔ محبوب ؛ کافرِ حربی۔ مذکر۔ وہ کافر، جس کی وجہ سے دینی امور میں حرج واقع ہو اور لڑنا پڑے ؛ کافرِ ذمی (ع) مذکر۔ وہ کافر، جو اسلامی سلطنت کا مطیع ہو اور اس سے جزیہ لیا جاتا ہے ؛ کافرِ کتابی۔ مذکر۔ وہ کافر، جو کسی پیغمبر کی امت میں ہو، لیکن دینِ محمدی کے خلاف ہو، جیسے یہود اور نصاریٰ ؛ کافرِ نعمت۔ مذکر (۱) نعمت کا منکر۔ احسان فراموش۔ ناشکرا (۲) نمک حرام۔ حرام خور ؛

کافور (کا۔ فُور) (ع) مذکر۔ ایک بے حد تیز خوشبو اور تلخ ذائقے کا سفید مادہ، جو دوا کے طور پر برتا جاتا اور کھلا رہنے سے اُڑ جاتا ہے ؛ کافور ہو جانا (و) اُڑ جانا۔ غائب ہو جانا (۲) چل دینا ؛ کافوری (ع۔ ف) (۱) کافور کا بنا ہوا (۲) کافور جیسے

سفید رنگ کا (۳) کافور ملا ہوا ۔ **کافوری شمع** (و) مؤنث۔ کافور کی بنی ہوئی شمع، جس کی روشنی بہت صاف ہوتی ہے اور دھواں قطعاً نہیں دیتی ۔

کافۂ انام (کَا فَ۔ تَ۔ اِ۔ اَنَام) (ع) مذکر۔ آدمیوں کا گروہ۔ سب لوگ ۔

کافی (کَا۔ فِی) (ع) (۱) بخوبی۔ بس۔ بہت۔ وافر۔ مکتفی (۲) (ل) مؤنث۔ ایک راگنی (۳) (پ) نظم کی ایک قسم میں تک بندی۔ قافیہ بندی ۔ **کافی وافی**۔ پورا پورا۔ بخوبی۔ بہت۔ بہت سے ۔

کافی (کَا۔ فِی) (انگ۔ Coffee) مؤنث۔ ایک قسم کا قہوہ ۔

کاک (کَاک) (ل) مذکر۔ دیکھیے "کارک" ۔

کاک (کَاک) (ف) مذکر۔ ایک قسم کی روغنی ٹکیا ۔

کاکا (کَا۔ کَا) (ف) مذکر (۱) بڑا بھائی (۲) بہت بوڑھا اور قدیم غلام (۳) (پ) ننھا۔ چھوٹا بچہ ۔

کاکاتوآ۔ کاکاکوّا (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سفید اور بڑا طوطا، جس کے سر پر سرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے ۔

کاکریزی (ہ) ایک سیاہی مائل اودا رنگ ۔

کاکڑا (کَاک۔ ڑَا) (ہ) مذکر ہرن کی قسم کا ایک جانور ۔ **کاکڑاسینگی**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی پھلی، جو کاکڑا جانور کے سینگوں کی طرح بل کھائی ہوئی ہوتی اور بیشتر دوا میں کام آتی ہے ۔

کاکل (کَا۔ کُل) (ف) مؤنث۔ سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوئے بال۔ گیسو۔ زلف۔ جٹا۔ لٹ ۔ **کاکل پیچاں**۔ مؤنث۔ بل کھائے ہوئے بال۔ خم دار زلفیں ۔ **کاکلیں** (ل) مؤنث۔ کاکل کی جمع ۔ **کاکلیں چھوڑنا**۔ لٹیں لٹکانا۔ زلفیں چھوڑنا ۔

کاکلود (کَاک۔ لُوْ۔ د) (ہ) مؤنث (عو) محبت۔ ماتا ۔

کاکن (کَا۔ کَن) (ہ) مؤنث۔ کنگھی ۔

کاکو (کَا۔ کُو) (ہ) مذکر۔ ماموں ۔

کاکی (کَا۔ کِی) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔ چچی (۲) (پ) بچی۔ لڑکی۔ بیٹی۔ بیوی ۔

کاکی (کَا۔ کِی) (ف) مذکر۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار چشتیؒ کا لقب ۔

کاگ (کَاگ) (ل) مذکر۔ دیکھیے "کارک" ۔

کاگ (کَاگ) (ہ) مذکر (۱) زاغ۔ کوّا (۲) حلق کا وہ گوشت، جو تالو سے اندر کے رُخ پر لٹکتا رہتا ہے ۔ **کاگا**۔ یا۔ **کگوا**۔ مذکر۔ کاگ کی تصغیر۔ زاغ۔ کوّا ۔ **کاگا باسی موتی**۔ مذکر۔ ایک قسم کا سیاہ موتی ۔ **کاگا رول**۔ مؤنث (۱) کوّوں کی کائیں کائیں (۲) بے حد شور غل۔ ہلّڑ۔ غوغا ۔

کال (کَال) (ہ) مذکر (۱) قضا۔ موت۔ اجل (۲) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت (۳) زمانہ۔ وقت۔ رُت۔ موسم (۴) قحط۔ خشک سالی۔ گرانی (۵) کمی۔ قلت۔ توڑا (۶) کالا۔ سیاہ ۔ **کال بنجر**۔ مؤنث۔ بہت دنوں کی پڑی ہوئی بنجر زمین ۔ **کال پڑنا** (۱) خشک سالی ہونا۔ قحط ہونا (۲) کمی ہونا۔ تھوڑا ہونا ۔ **کال ٹمین۔ کالٹین**۔ مذکر (تحقیراً) بے حد کالا۔ حبشی ۔ **کال جواری**۔ مذکر۔ بڑا بھاری جواریا۔ نامی قمار باز ۔ **کال کا کوٹا**۔ یا۔ مارا ہوا۔ کنگال۔ بھوکا۔ قحط زدہ ۔ **کال کر جانا** (ہندو) گزر جانا۔ انتقال کر جانا۔ مرنا ۔ **کال کوٹھڑی**۔ مؤنث (۱) اندھیری کوٹھڑی (۲) قیدِ تنہائی ۔ **کال کے ہاتھ کمان نہ بوڑھا بچے نہ جوان** (و) مثل۔ ظالم آدمی یا موت کے ہاتھ سے کسی کو پناہ نہیں ۔

کالا (کَا۔ لَا) (ہ) (۱) سیاہ۔ اسود (۲) مذکر۔ کالے رنگ کا آدمی (۳) ناگ۔ سانپ۔ مارِ سیاہ ۔ **کالا آدمی** (و) مذکر (۱) انگریزوں کی اصطلاح میں حقارتاً ہندوستانی آدمی۔ دیسی آدمی۔ نیٹو (۲) افریقہ کا آدمی۔ حبشی ۔ **کالا بال** (ہ) مذکر (۱) جھانٹ کا بال۔ موئے زہار (۲) حقیر۔ ادنیٰ۔ ناچیز ۔ **کالا بھجنگ**۔ نہایت سیاہ فام۔ بے حد کالا ۔ **کالا پانی**۔ مذکر (۱) جزائر انڈیمان، جہاں ہندوستان سے عمر قیدی بھیجے جاتے ہیں (۲) حبسِ دوام۔ عمر قید۔ عبور دریائے شور (۳) سمندر کا پانی، جو سیاہ نظر آتا ہے ۔ **کالا پہاڑ**۔ مذکر (۱) کوہِ سیاہ، جو صوبۂ شمال مغربی سرحد میں واقع ہے (۲) (مجازاً) فیل۔ ہاتھی (۳) انسان کا سر۔ سیس (۴) اجیرن۔ ناگوارِ طبع ۔ **کالا تل**۔ مذکر (۱) کنجدِ سیاہ (۲) خالِ سیاہ ۔ **کالا چور**۔ مذکر (۱) چوروں کا سردار۔ بھاری چور (۲) غیر معلوم الاسم آدمی۔ فرضی چور ۔ **کالا دانہ** (و) مذکر۔ نیل کے بیج، جو دست آور ہوتے ہیں۔ حب النیل ۔ **کالا زیرہ**۔ مذکر۔ ایک قسم کا عمدہ خوش بودار زیرہ ۔ **کالا کلوٹا** (ہ) حبشی۔ بے حد کالا ۔ **کالا کوّا**۔ مذکر۔ کاگ۔ پہاڑی کوّا ۔ **کالا کوّا کھایا ہے**۔ بہت باتیں کرتا ہے ۔ **کالا کوئلہ** (ہندو) کالا کلوٹا۔ بے حد سیاہ ۔ **کالا کھیلنا**۔ منتر کے اثر سے سانپ کا کھیلنا ۔ **کالا مُنہ** (کلمۂ تنفر اور دعائے بد) (۱) پرے ہٹ منہ نہ دکھا، دُور ہو (۲) روئے سیاہ ۔ **کالا مُنہ کر جگ دکھلاوے، تب لالن کی لالی پاوے**۔ مثل۔ انسان بدنام ہونے اور مشقت اٹھانے کے بعد نام روشن کرتا ہے ۔ **کالا مُنہ کرنا** (۱) کسی کا منہ سیاہ کرنا (۲) بے عزتی کرنا۔ بدنام کرنا۔ عیب لگانا (۳) ترک کرنا۔ چھوڑنا (۴) نکال دینا (۵) بُرا کام کرنا۔ زنا کرنا ۔ **کالا مُنہ کریل کے دانت**۔ مثل۔ تمام باتیں بگڑی ہوئی ۔ **کالا مُنہ نیلے ہاتھ پاؤں** (کلمۂ نفرت اور دعائے بد)

جب عورتیں کسی سے ازحد ناراض اور بیزار ہوتی ہیں تو یہ
کلمہ زبان پر لاتی ہیں ٭ **کالا مُنہ ہونا** (۱) مُنہ کالا کیا جانا -
روسیاہ ہونا (۲) رسوا اور بدنام ہونا (۳) نکالا جانا ٭
کالا ناگ - مذکر (۱) مارِ سیاہ (۲) تکلیف دہ - ایذا رساں -
ظالم - موذی ٭ **کالا ہرن مت مار یو ستر ہو جائیں گی رانڈ** - مثل - ایسا آدمی نہ مرے، جس کے ہاتھ بہنوں کی روزی
ہو ٭ **کالی** - مؤنث (۱) اسود - سیاہ (۲) ایک سیاہ دیوی - کالکا -
دُرگا (۳) کالے رنگ کی - سیاہ فام ٭ **کالی آندھی** - مؤنث -
وہ طوفانِ باد جس کی گرد کے باعث اندھیرا چھا جاتے ٭ **کالی بلا**
(ف) مؤنث (۱) ازحد کالی اور سخت چڑیل (۲) بپتا - سخت مصیبت
(۳) کالی اور بدصورت عورت - ٹھتنی - چڑیل ٭ **کالی بھلی نہ سیت، (سفید) دونوں مارو ایک ہی کھیت** - کہاوت -
دونوں خراب ہیں - دونوں کو مار ڈالو ٭ **کالی پیلی آنکھیں کرنا**
(ہ) ازحد غصے ہونا ٭ **کالی جمعرات** (ف) مؤنث - کوئی دن، جو
مقرر نہ ہو - وعدہ ٹالنے کے موقع پر طنزاً بولتے ہیں ٭ **کالی دیبی**
(ہ) مؤنث - دُرگا - کالکا (۲) افیون - افیم ٭ **کالی زبان** (ف)
مؤنث - سیاہ زبان کے متعلق عوام کا اعتقاد ہے کہ اس کی
بددعا جلد اثر کرتی ہے ٭ **کالی زیری** - مؤنث - ایک قسم
کا زیرہ ٭ **کالی سیتلا - یا - ماتا** (ہ) مؤنث - چیچک ٭
کالی کلوٹی - ازحد سیاہ ٭ **کالی کھانسی** - مؤنث - ایک قسم
کی سخت تکلیف دہ کھانسی، جس میں بچے مبتلا ہوتے ہیں ٭
کالی گھٹا - ابرِ سیاہ ٭ **کالی گھٹا ڈراؤنی بھوری برسن ہار**
مثل - جو بکواسی اور شیخی خورے نہیں، وہی کام دے جاتے ہیں ٭
کالی مٹی - مؤنث - جوہڑ کی چکنی مٹی ٭ **کالی مرچ** - مؤنث (۱)
سیاہ مرچ (۲) (تشبیہاً) مگس - مکھی ٭ **کالی ہانڈی سر پر دھرنا** (ف) رسوا ہونا - بدنام ہونا ٭ **کالی ہڑ** (ہ) مؤنث -
چھوٹی ہڑ - ہلیلہ سیاہ ٭ **کالے** (۱) کالا کی جمع (۲) حروفِ جار
آجانے کی حالت میں کالا کی صورت (۳) کالے میاں - کالے خاں ٭
کالے پانی بھیجنا - عبورِ دریائے شور کرنا - جلا وطن کرنا ٭
کالے تل چابنا (ہندی) (عو) کنونڈا ہونا - احسان اٹھانا ٭
کالے سر کا (ف) مذکر (۱) بنی آدم - انسان (۲) گبرو - جوان
آدمی ٭ **کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا** - مثل (۱) سانپ
کے کاٹے کا بچنا مشکل ہے (۲) فریبی، دغاباز اور موذی آدمی
سے بچنا دشوار ہے ٭ **کالے کوس** (ہ) مذکر (۱) بہت دُور -
دُور دراز کا راستہ (۲) بڑے بڑے کوس (۳) لمبے کوس ٭
کالے کوسوں - بہت دُور - مہینوں اور برسوں کی راہ ٭
کالے کوّے کھاتے ہیں - عوام کا اعتقاد ہے کہ کالے کوّے
کا گوشت کھانے سے بال سفید نہیں ہوتے - اس لیے، جب
بڑھاپے میں بھی کسی شخص کے بال سفید نہیں ہوتے تو اس کے
متعلق کہتے ہیں ٭ **کالے کی سی لہر آجاتی ہے** - مثل - کبھی
کبھی سانپ کی طرح لہریے کی چال چلنے لگتے ہیں ٭ **کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا** (ف) زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں
جاتی - چونکہ کالے سانپ کی پھنکار کے سامنے چراغ نہیں
جلتا، اس لیے یہ محاورہ ہوگیا ہے کہ زور آور کے سامنے
کمزور کی نہیں چلتی ٭ **کالے مُنہ اندھیرے** (ہندی)
نور کے تڑکے - ازحد سویرے - علی الصبح ٭

کالانعام (کَا - اَنْ - عَام) (ع) چوپایوں کی مانند - بے وقوف ٭

کالبد (کَال - بُد) (ف) مذکر (۱) ڈھانچا - ڈھانچ - قالب (۲)
بدن - تن - جسم (۳) سانچا - ڈھانچے کا اوزار (۴) جوتے
کے اندر پھنسا کر اسے ابھارنے والی لکڑی ٭

کالبوت (کَال - بُوت) (ف) مذکر (عوام) دیکھیے "کالبد" ٭
کالبوت دینا - یا چڑھانا (عوام) تنگ جوتے کو قالب پر
چڑھا کر ڈھیلا کرنا - جوتا تیار کرکے اس کے اندر لکڑی کا بنایا
ہوا پاؤں رکھنا ٭

کالج (کَا - لِج) (انگ - College) مذکر - میٹرک سے اوپر کی
جماعتوں کی درس گاہ - اعلیٰ تعلیم گاہ - بڑا مدرسہ - مدرسۃ العلوم ٭

کالجیٹ (Collegiate) مذکر - کالج میں تعلیم پانے والا -
کالج کا طالب علم ٭

کالر (کَا - لَر) (انگ - Collar) مذکر (۱) گردن کے گرد
باندھنے کے لیے ایک چوڑی سلی ہوئی پٹی (۲) گریبان سے
اوپر کا زائد کپڑا، جو خوب صورتی کے لیے ساتھ ہی سی دیا جاتا
ہے (۳) کتے یا دوسرے جانوروں کا پٹا ٭

کالرا (کَال - رَا) (انگ - Cholera) مذکر - ہیضہ ٭

کالک (کَا - لَک) (ہ) مؤنث (۱) سیاہی (۲) عیب - رسوائی ٭
کالک کا ٹیکا - مذکر (ہندی) (۱) سیاہی کا داغ - دھبا (۲)
ذلت - بدنامی ٭ **کالک کا ٹیکا لگنا** (ف) داغ لگنا - رسوائی ہونا -
بدنام ہونا ٭

کالکا (کَا - لِ - کَا) (س) مؤنث (۱) کالے رنگ کی ایک دیوی، جسے
ہندو پوجتے ہیں - کالی دیوی - دُرگا (۲) کوہ ہمالہ کے نیچے ایک
مقام، جہاں سے میدان شروع ہوتا ہے ٭

کالم (کَا - لَم) (انگ - Column) مذکر (۱) کھمبا - ستون (۲)
قطار - خانہ (۳) فوج کا ایک دستہ (۴) اخبار کے صفحے کا
ایک حصہ ٭

کالمعدوم (کَل - مَع - دُوم) (ع) نہ ہونے کے برابر ٭

کالنقش فی الحجر (کَنَق. نقش. بِل. حَجَر) (ع) پتھر کی لکیر کی طرح، پائدار ٭

کام (کَام) (ف) (۱) حلق - تالو - مُنہ - دہان (۲) مقصد - مطلب - مراد (۳) آرزو - خواہش (۴) (ہ) کار - کاروبار - کاج (۵) فعل - کردار - کرتوت (۶) (س) شہوت - کام دیو (۷) (ہ) دستکاری - پیشہ - ہُنر (۸) معروفیت - شغل (۹) بنج - بیوپار (۱۰) غرض - واسطہ - سروکار (۱۱) مجامعت - جماع (۱۲) خدمت - نوکری - روزگار (۱۳) نقاشی - کارچوبی - زردوزی (۱۴) ڈیوٹی - فرض (۱۵) سیوا - خدمت - ٹہل (۱۶) عیاشی - ہوشیاری - چالاکی ٭ **کام آخر ہونا** (ہ) (۱) کام پورا ہونا (۲) مرنے کے قریب ہونا - دم نکلنا - مرنا ٭ **کام آنا** (۱) کارآمد ہونا (۲) مناسب جگہ خرچ ہونا (۳) سہارا دینا - مددگار رہنا (۴) لڑائی میں ہلاک ہونا - مارا جانا (۵) خرچ ہونا (۶) استعمال میں آنا ٭ **کام اٹکا رہنا** - کام رکا رہنا ٭ **کام بتانا** (۱) کام سکھانا (۲) کام پر لگانا ٭ **کام بڑھانا** (۱) کام ختم کرنا (۲) کام زیادہ کرنا - بیوپار کو وسعت دینا - کام کو ترقی دینا ٭ **کام بڑھئی** - یا - **کام بڑھئی کا** - گلی کوچوں میں بڑھئی کی آواز ٭ **کام بگاڑنا** (۱) کام خراب کرنا (۲) کسی کے کام یا مطلب میں خلل ڈالنا ٭ **کام بگڑنا** (۱) کام خراب ہونا (۲) معاملہ بگڑنا (۳) بات میں فرق آجانا (۴) کاروبار میں فرق آجانا ٭ **کام بنا رہنا** - زمانے کا حسب مراد رہنا - اقبال یاور ہونا ٭ **کام بنانا** (۱) کام درست کرنا (۲) کوئی چیز بنانا (۳) ارمان پورا کرنا - مقصد پورا کرنا - مطلب نکالنا ٭ **کام بن جانا** - مراد برآنا - مطلب پورا ہونا ٭ **کام بھگتانا** - کام نمٹانا - کام پورا کرنا - **کام پر لگانا** (۱) کسی خدمت پر مقرر کرنا (۲) کسی کام کے سیکھنے میں مصروف کرنا (۳) مزدوری پر لگانا ٭ **کام پیارا ہے، چام پیارا نہیں** - مثل - آدمی کی قدر اس کے کام سے ہے - نرے چمڑے سے کسی کو کیا پیار؟ **کام تمام کرنا** (۱) کام پورا کرنا یا انجام کو پہنچانا (۲) ہلاک کرنا یا مار ڈالنا ٭ **کام تمام ہونا** (۱) کام پورا ہونا (۲) مرنا (۳) جان سے گزرنا ٭ **کام چڑھانا** کسی مشین یا کل وغیرہ پر کام لگانا ٭ **کام چلانا** (۱) مطلب برآری کرنا (۲) کاروبار چلتا رکھنا (۳) انتظام کرنا (۴) وقت سے کام نکالنا ٭ **کام چلاؤ** - گزارے کے قابل - ضرورت پوری کرنے کے لائق ٭ **کام چلنا** (۱) کاروبار جاری رہنا (۲) بسر ہونا - گزر ہونا - ہاتھ تنگ نہ رہنا ٭ **کام چمکنا** - کام کا رونق پر ہونا - کاروبار ترقی پر ہونا ٭ **کام چوپٹ ہوجانا** ٭ کام خراب ہوجانا ٭ **کام چور** - کام سے دل چرانے والا - کاہل وجود - سست ٭ **کام چور نوالے کو حاضر** - وہ سست اور خود غرض آدمی، جو کام تو نہ کرے، لیکن کھانے پر آموجود ہو ٭ **کام دار** - مذکر (۱) عہدہ دار - کارکن (۲) ریاست بھوپال میں نجی نوکروں کے حساب کتاب اور خرید و فروخت کے افسر کا عہدہ (۳) زری یا زردوزی کا کام کیا ہوا ٭ **کام دانی** - مؤنث - وہ ریشمی کپڑا، جس پر سونے چاندی کے تاروں سے بیل بوٹے کاڑھے گئے ہوں ٭ **کام دولھا دلھن ہی سے پڑتا ہے** - مثل - آپس کا معاملہ آپس ہی میں طے ہوتا ہے ٭ **کام دیکھنا** - معاینہ کرنا - کام کی پڑتال کرنا ٭ **کام دینا** (۱) حاجت روائی کرنا - کام آنا (۲) خدمت یا عہدہ سپرد کرنا (۳) کام سونپنا - کوئی کام بنانے کو دینا ٭ **کام دیو** - مذکر (۱) خواہش نفسانی کا دیوتا (۲) خواہشِ جماع - قوتِ باہ ٭ **کام ران** - کامران - (ف) اقبال مند - صاحب نصیب ٭ **کام رانی** - کامرانی - مؤنث - اقبال مندی - خوش نصیبی ٭ **کام روپی** - کامروپی (ہ) شہوت انگیز - حسین - خوب صورت ٭ **کام سے جاتا رہنا** (۱) استعمال کے لائق نہ رہنا (۲) موقوف ہوجانا (۳) نامرد ہوجانا ٭ **کام سے کام ہونا** - اپنی غرض سے غرض اور مطلب سے مطلب ہونا ٭ **کام کا** - مفید مطلب - کارآمد ٭ **کام کا آدمی** - مذکر (۱) اچھی طرح کام کرنے والا آدمی (۲) تجربہ کار اور ہوشیار آدمی ٭ **کام کاج** - مذکر - کاروبار - لین دین - بیوپار - معاملہ ٭ **کام کاجی** (ہندو) کامی - پھرتیلا - محنتی ٭ **کام کا نہ کاج کا، دشمن اناج کا** - مثل - کاہل وجود اور سست، جو کھانے اور اناج بگاڑنے کے سوا اور کسی کام کا نہ ہو ٭ **کام کرنا** (۱) کاروبار میں لگنا (۲) کوئی شغل کرنا (۳) فائدہ مند ہونا (۴) مؤثر ہونا - اثر کرنا (۵) مطلب پورا کرنا - کامیاب ہونا (۶) کارنمایاں کرنا (۷) مجامعت کرنا - ہم صحبت ہونا (۸) قتل کرنا (۹) کوئی عجیب کام کرنا (۱۰) کام دینا ٭ **کام کو آٹھاں، کھانے کو ہوں** - مثل - کام کے وقت نہیں اور کھانے کے وقت ہاں ٭ **کام گار** - کامگار (ف) اقبال مند، خوش نصیب ٭ **کام یاب** - کامیاب - کامران - فتح مند - مظفر و منصور ٭ **کام یابی** - کامیابی - مؤنث - ظفر - فتح یابی - بہرہ مندی - نصرت ٭ **کامی** (ہ) (۱) کام میں لگا ہوا - کاروباری (۲) کام کا ٭

کامل (کَا - مِل) (ع) (۱) پورا - تمام - جملہ - سب (۲) پورا کاریگر - ماہر (۳) خدارسیدہ - عارف - پہنچا ہوا (۴) فاضل اجل (۵) پکا - مضبوط ٭ **کامل ہونا** (ہ) (۱) کسی کام میں پورا ہونا - پکا ہونا - استاد ہونا (۲) خدارسیدہ ہونا - عارف ہونا ٭

کام لیٹ (کَام - لیٹ) (ہند) (انگ - کیملٹ Camlet) مذکر - اونٹ کی اون اور ریشم کا بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا ٭

کامنی (کَام - نِی) (ہ) مؤنث (۱) بے حد خوب صورت عورت -

حسینہ و جمیلہ (۲) چھریری ۔ نازک اور دُبلی عورت ÷
کامود (کا ۔ مُوڈ) (ہ) مذکر ۔ مالکوس ۔ ایک قسم کا راگ، جو رات کے وقت گایا جاتا ہے ÷
کامونی ۔ کمونی (کا ۔ مُو ۔ نِی، کمُو ۔ نِی) (یونانی) مؤنث ۔ زیرہ ملا کر بنائی ہوئی ایک قسم کی معجون ÷
کان (کان) (ہ) مذکر (۱) گوش ۔ سمع (۲) سننے کی قوت ۔ سماعت (۳) چارپائی کی ٹیڑھ ۔ کھچ ڈ ۔ بل (۴) (مجازاً) دھیان، توجہ (۵) کانوں کا ایک زیور (۶) طنبور، ستار وغیرہ کی کھونٹی ÷ **کان آشنا ہونا** (۱) کسی بات کا سُنا ہُوا ہونا ÷
کان اُڑے ۔ یا ۔ پھٹے ۔ یا ۔ پھوٹے جانا (ہ) شور غل کی کثرت یا لمبی داستان کے سننے سے کانوں کا پریشان ہو جانا ÷
کان اُکھاڑنا ۔ اینٹھنا ۔ کھینچنا ۔ یا ۔ مروڑنا (۱) دھمکانا ۔ ادب دینا ۔ سزا دینا (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنا ۔ باز آنا (۳) سارنگی، طنبور، ستار وغیرہ کی کھونٹی مروڑنا ÷
کان اونچے کرنا ۔ دیکھیے "کان کھڑے کرنا" ÷ **کان بال** ۔ مذکر ۔ ہندوؤں کی ایک رسم، جس میں بچے کے بال منڈوائے اور کان چھدوائے جاتے ہیں ÷ **کان بجنا** (۱) کان میں ہر وقت آواز آنا (۲) کسی کے پکارے اور بلائے بغیر بول اٹھنا ÷
کان بچیانا ۔ گھوڑے کا شرارت کے لیے کان پھڑپھڑانا ÷
کان بدمزہ ہونا (۱) سننا ناگوار ہونا ÷ **کان بندھوانا** (ہ) کان چھدوانا ۔ کان میں چھید کرانا ÷ **کان بھرنا** (۱) لگائی بجھائی کرنا (۲) غیبت کرنا ÷ **کان بہنا** ۔ کان سے پیپ جاری ہونا ÷
کان پر جوں نہ چلنا ۔ یا ۔ رینگنا (۱) کہا نہ ماننا (۲) بے پروائی کرنا (۳) ڈھٹائی کرنا ÷ **کان پر سے گولی جانا** ۔ کسی آفت یا صدمے سے بال بال بچ جانا ÷ **کان پر ہاتھ دھرنا ۔ یا ۔ رکھنا** ۔ لاعلمی ظاہر کرنا ۔ صاف انکار کرنا ÷ **کان پڑنا** ۔ سننے میں آنا ۔ سنائی دینا ÷ **کان پڑی آواز ۔ یا ۔ بات سنائی نہ دینا** (۱) بے حد شور غل ہونا ÷ **کان پڑی کام آتی ہے** (ہ) مثل ۔ سنی سنائی بات کبھی نہ کبھی کام آ جاتی ہے ÷ **کان پکڑ کے اٹھانا بٹھانا** (۱) شاگرد کو سزا دینے کے لیے اسے کان پکڑ کر کبھی اٹھانا کبھی بٹھانا (۲) بے حد مطیع و فرمان بردار بنانا ÷ **کان پکڑنا** (۱) کان مروڑنا (۲) استاد تسلیم کرنا ۔ قائل ہونا (۳) عہد کرنا ۔ توبہ کرنا (۴) چھوڑنا ۔ پرہیز کرنا (۵) لڑکوں کو ایک طرح کی سزا دینا ÷ **کان پکڑی باندی ۔ یا ۔ لونڈی** ۔ مؤنث ۔ بے حد مطیع و فرمان بردار کنیز ۔ زرخرید باندی ÷ **کان پیارے تو بالیاں، جورو پیاری تو سالیاں** ۔ مثل ۔ کسی چیز سے محبت ہونے کے باعث اس کے متعلقات سے محبت ہونے کی جگہ کہتے ہیں ÷ **کان تلے کی چھوڑنا** (۱) راز کی بات کہنا (۲) جھوٹی بات اڑانا ÷ **کان جھنّانا** ۔ کسی سخت آواز کا کانوں کو گراں اور ناگوار گزرنا ÷ **کان دھر کر ۔ یا ۔ کان دھر کے سننا، کان دھرنا ۔ یا ۔ کان رکھ کر سننا** ۔ توجہ سے سننا ۔ دھیان دے کر سننا ۔ غور سے سننا ÷ **کان رکھنا** (۱) کان لگانا (۲) توجہ دے کر سننا (۳) خیال رکھنا ÷ **کان کا پردہ** (ہ) مذکر ۔ کان کے اندر کی سوراخ والی جھلی، جو از حد باریک اور نازک ہوتی ہے ÷ **کان کاٹنا** (ہ) (۱) کان تراشنا (۲) فوقیت رکھنا ۔ بڑھ جانا ۔ مات کرنا (۳) فریب دینا ۔ دھوکا دینا ÷ **کان کا کچا** ۔ مذکر ۔ کمزور اعتقاد والا ۔ وہ شخص، جو بے سوچے سمجھے ہر ایک کی بات پر اعتبار کرے ÷ **کان کا میل** ۔ مذکر ۔ وہ کثافت اور غلاظت، جو کان کے اندر جمع ہو جاتی ہے ÷ **کان کھانا** ۔ بکواس سے دماغ پریشان کرنا ۔ شور غل کرنا ۔ دق کرنا ۔ ستانا ÷
کان کھڑے کرنا ۔ کان اونچے کرنا ۔ ہوشیار ہونا ۔ چوکنا ہونا ۔ بدکنا ÷ **کان کھولنا** (۱) کسی بات کے سننے کے لیے کانوں کو متوجہ کرنا (۲) ہوشیار کرنا ۔ خبردار کرنا (۳) نصیحت کرنا ÷
کان لگانا (۱) دھیان لگا کر سننا (۲) چھپ کر سننا ÷ **کان لگنا** (۱) کان پک جانا (۲) منہ چڑھنا ۔ یار بننا (۳) سرگوشی کرنا ۔ کانا پھوسی کرنا (۴) توجہ ہونا ۔ خیال ہونا ÷ **کان مروڑنا ۔ یا ۔ ملنا** (۱) گوشمالی کرنا ۔ کان کھینچنا (۲) سزا دینا ۔ ڈرانا (۳) ستار، سارنگی وغیرہ کی کھونٹی کسنا ÷ **کان میلیا** ۔ مذکر ۔ کان کا میل صاف کرنے والا ÷ **کان میں بات مارنا** ۔ بات سن کر ٹال جانا ÷ **کان میں پارا بھرنا** ۔ گونگا بہرا کر دینا ÷ **کان میں پڑنا** ۔ گوش زد ہونا ۔ سننے میں آنا ÷ **کان میں پھونکنا** (۱) کان میں کہنا (۲) بدگوئی کرنا (۳) بددل کرنا ۔ بدگمان کرنا (۴) کسی کی تعریف کر کے اسے پھسلانا ÷ **کان میں تیل ڈال لینا ۔ یا ۔ ڈالنا** (۱) اپنے آپ کو بے خبر اور بہرا بنا لینا (۲) خاموشی اختیار کر لینا ÷ **کان میں چھنجی کوڑی ڈالنا** ۔ غلام ہونے کی نشانی کان میں ڈالنا ۔ غلام بنانا ÷ **کان میں ڈال دینا ۔ یا ۔ ڈالنا** ۔ کہہ دینا ۔ سنا دینا ۔ آگاہ کر دینا ÷ **کان میں ڈھول بجانا** ۔ کان کے پاس چلّانا ۔ بہت زور سے کہنا ÷ **کان میں روئی دے کے ہو بیٹھنا)** دینا ۔ بالکل بے سدھ، بے خبر، بے پروا اور غافل بن جانا ÷
کان میں کھٹکنا ۔ کانوں کو بُرا لگنا ۔ ناگوار معلوم ہونا ÷ **کان میں کہہ دینا ۔ یا ۔ کہنا** ۔ چپکے سے کہنا ۔ پوشیدہ یا خفیہ طور سے کہہ دینا ÷
کان نہ کھڑکھڑانا ۔ یا ۔ کان نہ ہلانا (۱) خاموش ہو جانا ۔ چپ ہو جانا (۲) انکار نہ کرنا (۳) جانور کا سدھ جانا ÷ **کان ہونا** (۱) دھیان ہو جانا ۔ خیال ہو جانا (۲) اطلاع ہو جانا (۳) خبردار ہو جانا ۔

نصیحت حاصل ہونا (۴) امتحان ہو جانا۔ تجربہ ہو جانا (۵) چارپائی یا کپڑے وغیرہ میں ٹیڑھ ہونا ⁂ کانا پھوسی۔ مؤنث۔ کھسر پھسر۔ سرگوشی ⁂ کانا پھوسی کرنا۔ کھسر پھسر کرنا۔ کان میں بات کہنا۔ سرگوشی کرنا ⁂ کانا گوشی (و)۔ مؤنث (۱) کانا پھوسی (۲) گوشمالی ⁂
کانوں (ہ) مذکر۔ کان کی جمع۔ بہت سے کان ⁂ کانوں پر ہاتھ دھرنا۔ یا۔ رکھنا۔ (۱) صاف انکار کرنا (۲) مکرنا۔ کہہ کر پھر جانا (۳) بالکل بے خبری اور لاعلمی ظاہر کرنا (۴) نماز کی تکبیر کے ساتھ کانوں پر ہاتھ رکھنا ⁂ کانوں کان خبر نہ ہونا (ی) کانوں کان نہ جاننا (ہ) اس طرح کوئی بات ہونا، جس کی دوسرے کو قطعاً خبر نہ ہو۔ کچھ نہ جاننا۔ مطلق خبر نہ ہونا ⁂ کانوں میں انگلیاں دینا۔ یا۔ رکھنا (ہ) کسی کی آواز نہ سننے کی غرض سے کانوں کو بند کرنا ⁂ کانوں میں رس پڑنا۔ کانوں کا رسیلی یا سریلی آواز سے حظ اٹھانا۔ لطف حاصل کرنا ⁂

کان (کَانْ) (ف) مؤنث (۱) وہ جگہ، جہاں سے کھود کر دھات یا جواہرات یا دوسری کانی چیزیں نکالی جاتی ہیں۔ معدن (۲) (و) چشمہ۔ منبع ⁂ کان کَن (۱) کان کھودنے والا (۲) فرہاد کا لقب ⁂ کانِ ملاحت (ف۔ ع) نہایت سانولا سلونا معشوق ⁂ کانوں۔ کانیں (و) مؤنث۔ کان کی جمع۔ معدنیات ⁂ کانی (ف) معدن کی چیز ⁂

کانا (کَا۔نَا) (ہ) (ہندو) (۱) کانڑا۔ ایک آنکھ کا۔ یک چشم (۲) داغی پھل (۳) ترچھا۔ ٹیڑھا ⁂ کانا ٹوٹو بدتھو لفر (۱) عیب میں عیب۔ خراب و تباہ حال کا بے جوڑ اور بے میل سامان ⁂ کانا پچھود (ہ) مذکر۔ ایک پہاڑی ترکاری، جو برسات میں ازخود پیدا ہوتی ہے ⁂ کانی۔ مؤنث۔ دیکھیے "کانڑی" ⁂ کانے۔ مذکر۔ کانا کی جمع۔ کانڑے ⁂ کانے چوٹ کنونڈے بھینٹے۔ مثل۔ دُکھتے زخم پر چوٹ زیادہ لگتی ہے، جس بات کا ڈر ہو، وہی پیش آتی ہے ⁂

کانپ (کَانْپ) (ہ) مؤنث (۱) کنکوے یا پتنگ کی خم والی اور لچکیلی پتلی قمچی (۲) (گنوار) سونڈ یا ہاتھی کا اگلا دانت ⁂
کانپ (کَانْپ) (ہ) کانپنا کا امر ⁂ کانپ اٹھنا۔ لرز جانا۔ خوف سے تھرتھرا جانا ⁂ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔ ہلنا ⁂

کانٹا (کَاں۔ٹَا) (ہ) مذکر (۱) خار۔ شول (۲) ترازو (۳) ترازو کے دستے کی سوئی (۴) مچھلی پکڑنے کا خم دار اور نکیلا کانٹا (۵) کنوئیں وغیرہ میں سے گرے ہوئے ڈول نکالنے کا اوزار (۶) پنجے جیسی ایک آہنی یا برنجی چیز، جس سے صاحب لوگ گوشت، آلو وغیرہ اٹھا کر کھاتے ہیں (۷) مچھلی کا خار (۸) آنکڑا (۹) وہ کل، جس کے کھینچنے سے ریل گاڑی دوسری پٹڑی پر چلی جاتی ہے (۱۰) ٹِک (۱۱) پرندوں کی ایک مہلک بیماری (۱۲) کھٹکا۔ خلش (۱۳) نہایت دُبلا۔ لاغر (۱۴) نہایت ناگوار طبع (۱۵) وہ چوبی پنجہ، جس سے زمیندار لوگ گھاس وغیرہ اٹھاتے ہیں (۱۶) شراب کا مہلک نشہ (۱۷) ازحد تیز اور تند شراب (۱۸) گھنٹے یا گھڑی کی سوئی (۱۹) علم حساب میں جمع، ضرب، تفریق، تقسیم کا نشان (۲۰) زبان کا کھردرا پن (۲۱) توام کا تا (۲۲) اٹکاؤ۔ روک (۲۳) دشمن ⁂ کانٹا چبھونا (کنایۃً) تکلیف دینا۔ خلش دینا ⁂ کانٹا سا کھٹکنا۔ بُرا لگنا۔ ازحد ناگوار گزرنا ⁂ کانٹا سا نکل جانا۔ کسی دُکھ یا مصیبت یا سختی سے رہائی پانا۔ آرام ہو جانا ⁂ کانٹا کر دینا۔ دُبلا کر دینا ⁂ کانٹا لگنا (۱) کانٹا چبھنا (۲) پرندوں کو کانٹے کی بیماری لاحق ہونا (۳) مہلک نشہ ہونا ⁂ کانٹا مارنا (۱) پر مارنا (۲) لڑتے وقت ایک مرغ کا دوسرے مرغ کو لات مارنا ⁂ کانٹا نکالنا۔ کھٹکا دُور کرنا۔ تکلیف یا مصیبت سے بچانا ⁂ کانٹا نکلنا (۱) تکلیف رفع ہونا۔ خلش دُور ہونا (۲) پرندوں کو کانٹے کی بیماری لاحق ہونا ⁂ کانٹا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا ⁂ کانٹوں۔ مذکر۔ کانٹا کی جمع ⁂ کانٹوں پر کھینچنا۔ یا۔ گھسیٹنا (۱) سزا دینا (۲) شرمندہ کرنا (۳) بے حد تکلیف دینا (۴) نہایت ستانا ⁂ کانٹوں پر لوٹنا (۱) بے قرار رہنا۔ تڑپنا (۲) رشک و حسد کی آگ میں جلنا ⁂ کانٹوں میں تُل کر بکنا۔ ازحد مہنگا بکنا۔ سونے چاندی کے بھاؤ بکنا۔ کسی چیز کی کمال قدر ہونا ⁂ کانٹے۔ مذکر۔ کانٹا کی جمع ⁂ کانٹے بونا۔ برائی کرنا۔ اپنے یا کسی کے حق میں بُرا کرنا ⁂ کانٹے بوئے ببول (کریل) کے تو آم کہاں سے ہوں۔ مثل۔ بدی کر کے نیکی کی اُمید رکھنا سراسر حماقت ہے ⁂ کانٹے پر کی اوس۔ ازحد ناپائدار اور بے ثبات چیز ⁂ کانٹے پڑنا۔ پیاس کے مارے زبان یا حلق یا منہ خشک ہو جانا ⁂ کانٹے میں تلنا۔ سونے چاندی کے مول بکنا۔ بیش قیمت ہونا ⁂

کانٹی (کَاں۔ٹِی) (ہ) مؤنث (۱) رُدی کا کوڑا (۲) وہ نکمی روئی، جو دُھنے میں نہ آسکے (۳) آنکڑا۔ چھوٹا ٹِک (۴) جولان۔ بیڑی (۵) (رپ) ڈور میں بندھا ہوا دمڑا، جس سے لڑکے کھیلتے ہیں ⁂ کانٹی کھانا۔ جیل خانے میں رہنا۔ قید کاٹنا۔ سزا یافتہ ہونا ⁂

کانجی (کَاں۔جِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا کھٹا پانی، جس میں رائی، زیرہ، نمک وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں (۲) چاولوں کی پیچ۔ مانڈی ⁂

کانجی ہوس (کَاں۔جِی۔ ہَؤس) (ا) مذکر (یہ لفظ کنفائینگ ہوس (Confining House) کا بگڑا ہوا ہے) (۱) وہ سرکاری مکان، جہاں لاوارث مویشی بھیجے جاتے ہیں (۲) قید خانے کا مکان (۳)

نگرانی۔ حوالات ٭

کانچ (کا۔ نچ) (ہ) مؤنث (۱) دیکھیے "کاچ" (۲) ایک مرض، جس میں پاخانہ پھرتے وقت مقعد کا گوشت نکل آتا ہے ٭

کانچ نکال دینا۔ بہت مارنا۔ اس قدر زدوکوب کرنا کہ اس کا صدمہ مقعد تک پہنچے ٭ کانچو۔ مذکر (۱) وہ شخص، جسے کانچ نکلنے کی بیماری لاحق ہو (۲) لوطی۔ اغلامی ٭

کاندھا (کاں۔ دھا) (ہ) مذکر (گنوار) کندھا۔ مونڈھا۔ دوش۔ شانہ ٭

کاندھا بدلنا (۱) کسی بوجھ کا ایک دوش سے دوسرے دوش پر لینا ٭ کاندھا دینا (۱) جنازے کو کندھا دینا ٭

کاندھی دے جانا (۱) ٹال جانا۔ بہانہ کرنا ٭

کانڈ (کانڈ) (ہ) مذکر (ہندو) کتاب کا باب۔ فصل۔ حصّہ ٭

کانڈل (کاں۔ ڈل) (ہ) مذکر۔ سرسوں کا ساگ ٭

کانڈلی (کانڈ۔ لی) (ہ) مؤنث۔ خرفہ ٭

کانڑا (کاں۔ ڑا) (ہ) (۱) دیکھیے "کانا" (۲) ایک راگنی ٭ کانڑا رگی۔ مذکر۔ ازحد شوخ اور شریر کانڑا ٭ کانڑا مجھے بھائے نہیں، کانڑے بن سہاتے نہیں۔ ایک شخص سے نفرت کرنا اور اس کے بغیر صبر بھی نہ کر سکنا ٭ کانڑی۔ مؤنث (۱) ایک آنکھ کی عورت۔ یک چشم (۲) داغی ہوئی سبزی ٭ کانڑی اپنا ٹینٹ نہ نہارے، اَوروں کی پُتلی دیکھ بکھانے۔ مثل۔ عیب دار کو اپنا عیب تو کیسا ہی بڑا ہو، عیب نہیں معلوم ہوتا، لیکن دوسرے کا چھوٹا عیب بھی بڑا معلوم ہوتا ہے ٭ کانڑی کو کون سراہے کانڑی کا باوا۔ مثل۔ اپنی بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے ٭ کانڑے کی ایک رگ سوا ہوتی ہے۔ مثل۔ کانے میں شرارت زیادہ ہوتی ہے ٭ کانڑے کے بیاہ کو سو سو جوکھوں۔ مثل۔ عیب والی چیز کے لیے جا بجا مشکلات پیش آتی ہیں ٭

کانس (کا۔ نس) (ہند) دیکھیے "کارنس" ٭

کانس (کا۔ نس) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس، جو اکثر غیر مزروعہ زمین میں پیدا ہوتی ہے (۲) قضیہ۔ ٹنٹا۔ جھگڑا (۳) تابش۔ چمک ٭

کانس میں تیرنا (۱) (۱) دھوکا کھانا (۲) غور و فکر میں رہنا (۳) (عو) جان جوکھوں میں رہنا ٭

کانسا (کاں۔ سا) (ہ) مذکر (۱) خاصہ۔ راجے کا کھانا (۲) کانسی ٭

کانسٹی ٹیوشن (کانس۔ ٹی۔ ٹیو۔ شن) (انگ۔ Constitution) مذکر (۱) بناوٹ۔ ساخت۔ وجود (۲) طبیعت۔ خصلت (۳) قوانین (۴) طرزِ حکومت ٭

کانسٹیبل (کانس۔ ٹے۔ بل) (انگ۔ Constable) مذکر (۱) پولیس کا سپاہی (۲) نگران۔ محافظ۔ چوکی دار ٭

کانسل (کاں۔ سل) (انگ۔ Counsel) مذکر۔ مشیر قانونی ٭

کانسل (کاں۔ سل) (انگ۔ Counsul) مذکر۔ دیکھیے "قونصل" ٭

کانسہ (کاں۔ سہ) (ف) مذکر۔ کاسہ۔ پیالہ۔ بھیک کا ٹھیکرا ٭

کانسی (کاں۔ سی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی دھات، جو تانبے اور قلعی کی ملاوٹ سے تیار کی جاتی ہے ٭

کانشنس (کاں۔ شنس) (انگ۔ Conscience) مذکر۔ انسانی ضمیر۔ وجدانِ سلیم۔ وہ انسانی طاقت، جو انسان کو بھلائی کی جانب متوجہ کرے ٭

کانفرنس (کاں۔ فرنس) (انگ) مؤنث (۱) مشورے کی مجلس۔ مجلسِ شوریٰ (۲) مباحثہ۔ سوال و جواب (۳) صلاح مشورہ (۴) جانچ پڑتال ٭

کانفیڈنشل (کاں۔ فی۔ ڈین۔ شل) (انگ۔ Confidential) خفیہ۔ راز داری کا۔ پرائیویٹ ٭

کانکڑا (کانک۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ بلبل ٭

کانکھ (کانکھ) (ہ) مؤنث (۱) بغل (۲) کنارہ ٭

کانکھ (کانکھ) (ہ) کانکھنا کا امر ٭ کانکھنا (۱) گلا صاف کرنے کے لیے آواز نکالنا (۲) آہیں بھرنا۔ کراہنا ٭

کانگرس (کانگ۔ گرس) (انگ۔ Congress) مؤنث (۱) مجلس۔ اجتماع (۲) ہندوستانیوں کی قومی و سیاسی جمعیت ٭

کانگڑی (کانگ۔ ڑی) (کشمیری) مؤنث۔ مٹی کی انگیٹھی، جس پر تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے ٭

کانورا (کاں۔ ورا) (ہ) (عو) بدحواس۔ بے اوسان۔ حواس باختہ ٭

کانون (کا۔ نون) (ف) مذکر (۱) انگیٹھی (۲) آگ ڈالنے کا پیالہ ٭

کانووکیشن (کاں۔ وو۔ کے۔ شن) (انگ) مذکر۔ یونیورسٹی کا سالانہ جلسہ، جس میں انعامات تقسیم کیے جاتے ہیں ٭

کاو (کاو) (ف) مؤنث (۱) کاویدن کا امر۔ کھودنا (۲) تلاش (۳) تفتیش ٭ کاو کاو۔ مؤنث (۱) کوشش (۲) تفتیش (۳) زخم کو ناخن سے چھیلنا اور کھجانا ٭ کاوِش۔ مؤنث (۱) کھودنا (۲) کھوج نکالنا (۳) خلش (۴) جستجو۔ تلاش۔ تجسس (۵) (۱) جلن۔ حسد۔ دشمنی۔ بیر ٭

کاوا (کا۔ وا) (ف) مذکر (۱) گھوڑے کو اس طرح چکر دینا کہ اس کے قدموں کے نشانوں سے زمین پر ایک دائرہ پیدا ہو جائے (۲) چوگان ٭ کاوا دینا۔ گھوڑے کو حلقہ باندھ کر چکر دینا ٭

کاواک (کا۔ واک) (ف) (۱) خالی۔ کھوکھلا (۲) بے ڈول ٭

کاوہ (کا۔ وہ) (ف) مذکر۔ ایک مشہور آہن گر، جس نے فریدوں کو ڈھونڈ نکالا اور اسے ضحاک پر چڑھا کر ملک دلایا ٭

کاہ (کَاہْ) (ف) مذکر۔ کٹی ہوئی سُوکھی گھاس ٭ **کاہ کشاں**۔ مؤنث۔ دیکھیے "کہکشاں" ٭ **کاہ گل**۔ مؤنث۔ دیکھیے کہگل ٭ **کاہی** (۱) مذکر (۱) سیاہی مائل ہلکا سبز رنگ (۲) کسیس، جو ایک قسم کی پھٹکڑی ہے ٭

کاہ (کَاہْ) (ف) کاہیدن کا امر ٭ **کاہش**۔ مؤنث (۱) گھٹاؤ۔ تنزّل۔ اتار۔ زوال (۲) دبلاہٹ۔ لاغری ٭ **کاہیدگی**۔ مؤنث۔ دُبلا پن۔ لاغری ٭ **کاہیدہ** (۱) گھٹا ہوا (۲) لاغر شدہ ٭

کاہل (کَا۔ ہِلْ) (ع) سُست۔ کام چور ٭ **کاہلی** (ع۔ ف) مؤنث۔ سستی۔ آلکسی۔ آرام طلبی ٭

کاہلا (کَاہ۔ لَا) (ف) تھکا ہوا۔ سُست ٭

کاہن (کَا۔ ہِنْ) (ع) مذکر۔ جنّوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا ٭

کاہو (کَا۔ ہُوْ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا ساگ اور اُس کا تخم ٭

کاہے (کَا۔ ہے) (ہ) کس لیے۔ کیوں (متروک) **کاہے کو** (کلمۂ استفہام) کس واسطے۔ کس لیے۔ کیوں ٭

کائپھل (کَا۔ اِپھَلْ) (ہ) مذکر (۱) ایک دوا، جو کسی درخت کی چھال ہوتی ہے (۲) فالسے جیسا ایک پہاڑی اودا ترش پھل ٭

کائنات (کَا۔ اِنَاتْ) (ع) مؤنث (۱) دنیا (۲) حیثیت۔ حقیقت (۳) مال۔ پونجی ٭

کاؤنٹ (کَوُنْٹْ) (انگ ۔ Count) مذکر۔ نواب ٭

کاؤں کاؤں (کَاؤں۔ کَاؤں) (ہ) مؤنث (۱) کوّے کی مسلسل آواز (۲) لوگوں کا شور و غوغا ٭

کائی (کَا۔ اِیْ) (ہ) مؤنث (۱) وہ سبزی، جو عموماً بند پانی کے اوپر یا برسات میں چونے کی دیواروں وغیرہ پر جم جاتی ہے۔ ایک قسم کی پھپھوندی۔ پانی کا جالا (۲) گہرا سیاہی مائل سبز رنگ ٭ **کائی سی پھٹ جانا**۔ بادلوں کی طرح الگ الگ ہوجانا۔ دفعتہً تتر بتر ہوجانا ٭

کائیاں (کَا۔ اِیَاں) (ہ) (۱) بے حد چالاک۔ تجربہ کار۔ خرّانٹ۔ ہوشیار ٭ **کائیاں پن** (ہ) مذکر (۱) چالاکی۔ عیّاری (۲) مکّاری۔ کنجوسی ٭

کائیں کائیں (کَا۔ اِیں، کَا۔ اِیں) (ہ) مؤنث (۱) کوّے کے بولنے کی آواز (۲) جھک جھک۔ بک بک (۳) شور۔ غل ٭ **کائیں کائیں کرنا۔ یا۔ مچانا**۔ بک بک کرنا۔ شور غل کرنا ٭

کایا (کَا۔ یَا) (ہ) مؤنث (۱) بدن۔ جسم۔ تن۔ سریر (۲) بھیس۔ روپ (۳) ماہیت۔ اصلیت ٭ **کایا بڑی کہ مایا**۔ مثل۔ جان سے بہتر مال نہیں ٭ **کایا پلٹ** (۱) قالب بدلنے والا (۲) بہروپیا۔ بھیس بدلنے والا (۳) وہ دوا، جس کے ذریعے سے بوڑھا آدمی جوان ہوجائے ٭ **کایا پلٹ ہوجانا**۔ رنگ روپ بدل جانا، دوسرے رنگ میں آجانا، کچھ سے کچھ ہوجانا ٭ **کایاکشٹ**۔ مؤنث (ہندو) جسمانی تکلیف۔ جسمانی بیماری ٭ **کایا کلپ**۔ مذکر۔ بعض دواؤں کے استعمال سے جسم کی پہلی ہیئت کو بدل دینا۔ مثلاً پیرانہ سال کا بدن جوانوں کی طرح قوی اور دانت درست ہوکر ڈاڑھی تک سیاہ ہوجائے ٭

کایتھ۔ یا۔ کایستھ (کَا۔ یَتھْ، کَا۔ یَسْتھْ) (ہ) مؤنث۔ ہندوؤں کی ایک ذات، جس کا کام پڑھائی لکھائی اور منشی گری ہے ٭

ک ۔ ب

کب (کَبْ) (ہ) (۱) کس وقت۔ کس دن (۲) کس طرح۔ کیونکر ٭ **کب تھوکتے ہیں؟** کبھی خاطر میں نہیں لاتے۔ بالکل خیال نہیں کرتے ٭ **کب کا** (۱) کس زمانے کا۔ کس مدّت کا (۲) بڑی دیر کا۔ مدّت دراز کا ٭

کُب (کُبْ) (ہ) مذکر (۱) کجی۔ ٹیڑھ (۲) جھکاؤ۔ خم (۳) اونٹ یا سانڈ کے اوپر کا ابھرا ہوا مقام۔ کوہان ٭ **کُب نکلنا**۔ پیٹھ کا کُبڑا ہوجانا۔ ٹیڑھا ہوجانا ٭ **کُبڑا**۔ مذکر۔ وہ شخص، جس کی پیٹھ جھک گئی ہو۔ خمیدہ پُشت ٭ **کُبڑا پن**۔ مذکر۔ خمیدگی۔ ٹیڑھ ٭ **کُبڑی**۔ مؤنث۔ جھکی ہوئی کمر والی عورت۔ کوزپشت عورت ٭

کباب (کَبَابْ) (ف) مذکر (۱) سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بھنا ہوا قیمہ یا گوشت کے ٹکڑے (۲) گھی وغیرہ میں تلی ہوئی قیمے کی ٹکیاں ٭ **کباب کرنا** (ف) (۱) کباب بنانا۔ کباب بھوننا (۲) بھوننا۔ جلانا۔ رنج پہنچانا (۳) رشک دلانا ٭ **کباب لگانا**۔ کباب بھوننا یا تیار کرنا ٭ **کباب ہونا** (۱) کباب تیار ہونا (۲) جلنا۔ بُھننا (۳) دُکھ پانا (۴) حسد ہونا (۵) از حد بُرا لگنا (۶) غصّے میں نیلا پیلا ہوجانا ٭ **کبابن**۔ کباب بیچنے والی ٭ **کبابی** (ف) مذکر۔ کباب بنا کر بیچنے والا۔ کباب فروش ٭

کباب۔ کبابہ (کَبَابْ، کَبَا۔ بَہْ) (ف) مذکر۔ سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے گول گول بیج، جو بطورِ دوا مستعمل ہوتے ہیں ٭ **کباب چینی**۔ مؤنث۔ دیکھیے "کبابہ" ٭

کبادہ (کَبَا۔ دَہْ) (ف) مذکر۔ مشق کرنے کی کمزور کمان۔ نرم کمان ٭

کبار (کِبَارْ) (ع) مذکر۔ کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی۔ بزرگ ٭

کباڑ (کَبَاڑْ) (ہ) مذکر۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب۔ کاٹھ کباڑ ٭ **کباڑیا**۔ مذکر۔ پرانا اور ٹوٹا پھوٹا سامان بیچنے والا۔ نیلام کا لایا ہوا مال فروخت کرنے والا ٭

کبائر (کَبَا۔ اِرْ) (ع) مذکر۔ بڑے گناہ ٭

کبت (کَبِتْ) (ہ) مذکر۔ شعر۔ ایک قسم کی ہندی نظم ٭

کبد (کَبِدْ۔ کَبَدْ) (ع) مذکر۔ جگر۔ کلیجا ٭

کبدھی (کَبْ۔ دِھی) (ہ) بے وقوف۔ احمق۔ بے سمجھ ٭

کبڈی (کَبَڈْ۔ ڈِیْ) (ہ) مؤنث۔ لڑکوں کا ایک مشہور کھیل ۔ کبڈی کھیلتے پھرنا۔ خالی خولی اور بیکار پھرنا۔ آوارہ گرد ہونا ۔

کِبْر (کِبْرْ) (ع) مذکر (۱) بڑائی۔ بزرگی۔ عظمت (۲) تکبر۔ غرور۔ گھمنڈ ۔ کِبْریا۔ مذکر (۱) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام (۲) عظمت۔ بزرگی (۳) تکبر۔ غرور۔ فخر ۔

کِبَر (کِبَرْ) (ع) مذکر۔ پیری۔ بڑھاپا ۔ کِبَر سن۔ مذکر۔ بوڑھا۔ کہن سال۔ عمر رسیدہ۔ پیر ۔ کِبَر سنی۔ مؤنث۔ بڑھاپا ۔

کَبَرا (کَبْ۔ رَا) (ہ) چت کبرا۔ سیاہ و سفید۔ ابلق ۔

کُبَرا (کُبَرَا) (ع) مذکر۔ کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی ۔

کُبریٰ (کُبْ۔ رَا) (ع) اکبر کی تانیث۔ بہت بڑی۔ عظمیٰ۔ بہت بزرگ ۔

کبریت (کِبْ۔ رِیْت) (ع) مؤنث (۱) گندھک (۲) خالص سونا۔ عمدہ سونا ۔ کبریت احمر۔ مؤنث (۱) سرخ گندھک، جو نہایت کم یاب ہے۔ کم یاب۔ معدوم (۲) وظائف کی ایک کتاب، جو حضرت غوث الاعظمؒ کی تصنیف ہے ۔

کبڑن (کَبْ۔ ڑَنْ) (ہ) مؤنث۔ سبزی بیچنے والی عورت ۔ کبڑیا۔ مذکر۔ سبزی فروش۔ ترکاری بیچنے والا ۔

کبک (کَبْکْ) (ف) مذکر۔ چکور۔ ایک قسم کا تیتر ۔ کبک دری۔ یا۔ کوہی۔ مذکر۔ پہاڑی چکور، جو بے حد خوش رفتار ہوتا ہے ۔

کبوتر (کَبُوْ۔ تَرْ) (ف) مذکر۔ ایک مشہور پرندہ ۔ کبوتر باز۔ مذکر۔ کبوتر پالنے اور اڑانے والا ۔ کبوتر بازی۔ مؤنث۔ کبوتر اڑانے کا کھیل ۔ کبوتر با کبوتر باز با باز۔ مثل۔ کبوتر کبوتر سے اور باز باز سے محبت رکھتا ہے۔ ہر چیز اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے ۔ کبوتر کا گونجنا (ہ) کبوتر کا مست ہو کر بولنا ۔ کبوتر کی طرح لوٹنا۔ لوٹن کبوتر کی طرح زمین پر تڑپنا ۔ کبوتری۔ مؤنث (۱) کبوتر کی مادہ (۲) ناچنے والی دہقانی عورت (۳) (پ) خوب صورت ۔

کبود (کَبُوْدْ) (ف) مذکر (۱) آسمانی رنگ۔ نیلا رنگ (۲) نیل گوں ۔ کبودی۔ آسمانی۔ نیل گوں۔ نیلا ۔

کبھو (کَبْھُوْ) (ہ) کبھی۔ کسی وقت۔ گاہے (متروک) ۔

کبھی (کَبْھِیْ) (ہ) (۱) کسی نہ کسی وقت۔ گاہے۔ کوئی دم (۲) اتفاقاً۔ شاذ و نادر (۳) کسی زمانے میں (۴) بالکل۔ مطلق۔ ہرگز ۔ کبھی تولہ کبھی ماشہ (ہ) دم میں کچھ، دم میں کچھ۔ غیر مستقل مزاج اور متلون شخص کی نسبت کہتے ہیں ۔ کبھی تو ہمارے بھی کوئی تھے۔ کسی زمانے میں ہم سے بھی آشنائی تھی، اگرچہ اب ملاقات نہیں ۔ کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا۔ مثل۔ زمانہ ایک حال پر نہیں رہتا ۔ کبھی کا۔ مدت کا۔ بہت دیر کا ۔ کبھی کا دن بڑا، کبھی کی رات۔ زمانے کا حال یکساں اور ایک حالت پر نہیں رہتا ۔ کبھی کبھار۔ کبھی کبھی۔ وقت بے وقت۔ بھولے چوکے۔ گاہے گاہے ۔ کبھی کچھ ہے، کبھی کچھ ہے۔ ایک حال پر نہیں۔ تلون اور انقلاب کے متعلق کہتے ہیں ۔ کبھی کے دن بڑے اور کبھی کی راتیں۔ مثل۔ زمانے کی دورنگی اور اس کے انقلاب پر کہتے ہیں ۔ کبھی گاڑی ناؤ پر، کبھی ناؤ گاڑی پر۔ یا۔ کبھی ناؤ گاڑی پر، کبھی گاڑی ناؤ پر۔ مثل۔ زمانے کے انقلاب پر کہتے ہیں۔ کبھی ایسا کبھی ویسا ۔ کبھی نہ کبھی (۱) کسی نہ کسی وقت (۲) بھولے بسرے۔ گاہے گاہے ۔

کبیدگی (کَبِیْ۔ دَگِیْ) (ف) مؤنث۔ آزردگی۔ رنجیدگی ۔ کبیدہ۔ غمگین۔ رنجیدہ ۔ کبیدہ خاطر (ہ) آزردہ خاطر۔ رنجیدہ دل ۔

کبیر (کَبِیْرْ) (ع) (۱) بڑا۔ بزرگ (۲) ایک خدا پرست ہندی شاعر جو توحید ہی پر شعر کہتا تھا۔ اس نے کبیر پنتھ مذہب ایجاد کیا تھا ۔ کبیر پنتھی (ہ) مذکر۔ کبیر کے مذہب اور اس کے اقوال پر چلنے والے لوگ ۔

کبیسر (کَبِیْ۔ سَرْ) (ہ) (۱) کنجوس۔ بخیل۔ تنگ دل ۔

کبیسہ (کَبِیْ۔ سَہْ) (ع) مذکر۔ لوند کا مہینہ، جو تیسرے قمری سال میں بڑھا لیا جاتا ہے، جیسے فروری چوتھے سال انتیس کا آتا ہے ۔

کبیشر (کَبِیْ۔ شَرْ) (س) مذکر۔ شاعروں کا بادشاہ۔ ملک الشعراء ۔

ک۔پ

کَپ (کَپْ) (انگ۔ Cup) مذکر (۱) پیالہ۔ جام۔ ساغر۔ کٹورا (۲) چاندی وغیرہ کا وہ خاص شکل کا پیالہ، جو کرکٹ وغیرہ کا میچ مسلسل جیتنے پر بہ طورِ انعام پایا جاتا ہے ۔

کُپ (کُپْ) (ہ) مذکر۔ قفس کا بٹورا، جو برج کا سا بنا کر رکھا جاتا ہے ۔

کُپّا (کُپْ۔ پَا) (ہ) مذکر (۱) چمڑے کا پھولا ہوا چھوٹے منہ کا ظرف، جس میں گھی یا تیل رکھا جاتا ہے (۲) (تشبیہاً) فربہ۔ موٹے جسم کا (۳) کپے کی طرح بھرا ہوا۔ پھولا ہوا ۔ کُپّا ہو جانا (۱) سوج جانا۔ پھول جانا (۲) بے حد موٹا اور بھدا ہو جانا (۳) خفا ہو جانا ۔ کُپّی۔ مؤنث (۱) چھوٹا کپا (۲) چھوٹی سی چرمی شیشی (۳) بارود رکھنے کا ظرف ۔

کپار (کَپَارْ) (ہ) مذکر (۱) گھوڑے کا مہرا (۲) کاسۂ سر۔ کھوپری ۔ کپاری۔ مؤنث۔ گھوڑے کے منہ پر باندھنے کی رسّی ۔

کپاس (کَپَاسْ) (ہ) مؤنث (۱) روئی جو صاف نہ کی گئی ہو (۲) روئی کا پودا ۔

کپال (کَپَال) (س) مؤنث (۱) کھوپری (۲) شوجی کا لقب (۳) پیشانی۔ ماتھا (۴) نصیب۔ قسمت • **کپال کریا** (ہ) مؤنث۔ ہندوؤں کی ایک رسم کہ جب لاش جل چکتی ہے تو بیٹا اس کا سر پھوڑ کر اس میں گھی ڈالتا ہے ٭ **کپال کریا کرنا** (ہ) (۱) کپال کریا کی رسم ادا کرنا (۲) بہت سوچنا ٭

کپتان (کَپ۔تان) (مہنّد) (انگ۔ کیپٹن Captain) مذکر۔ فوج، پولیس یا جہاز کا بڑا افسر ٭

کپٹ (کَپَٹ) (ہ) مؤنث (۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ چھل (۲) کھوٹ (۳) عداوت۔ دشمنی (۴) کدورت۔ نفاق۔ کینہ ٭ **کپٹی** (س) (۱) فریبی۔ دغا باز (۲) حاسد۔ کینہ ور (۳) دشمن ٭ **کپٹی کی پریت، مرن کی ریت** (ہ) مثل۔ کینہ ور کی دوستی میں ہمیشہ خطرہ ہی خطرہ ہے ٭

کپڑ (کَپَڑ) (ہ) مذکر۔ کپڑا کا مخفف ٭ **کپڑ چھن**۔ کپڑے کا چھنا ہوا۔ باریک اور میدہ سا چھنا ہوا ٭ **کپڑ دھول**۔ مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ٭ **کپڑ کوٹ**۔ مذکر۔ تنبو۔ خیمہ۔ ڈیرا ٭ **کپڑ گند**۔ مؤنث۔ کپڑے جلنے کی بو ٭ **کپڑا**۔ مذکر (۱) پارچہ۔ بستر (۲) جامہ۔ پوشاک۔ لباس ٭ **کپڑا اوڑھنا** (۱) کپڑا اوپر لینا۔ کپڑے سے اپنے آپ کو ڈھانکنا۔ (۲) (عو) دوپٹا سر پر ڈالنا ٭ **کپڑا پہنیے جگ بھاتا، کھانا کھائیے من بھاتا**۔ مثل۔ لباس عام پسند اور خوراک حسبِ منشا کھانے سے آدمی اچھا رہتا ہے ٭ **کپڑ ڈتی** (۱) کپڑے پر مٹی لتھ کر کسی ظرف پر لپیٹنا۔ گل حکمت (۲) کپڑ چھن ٭ **کپڑ ڈتی کرنا** (۱) گل حکمت کرنا (۲) کپڑے میں چھاننا ٭ **کپڑ ول**۔ مذکر۔ کپڑا کی جمع ٭ **کپڑ ول سے ہونا**۔ حیض سے ہونا۔ میلے سر سے ہونا۔ ایام آنا ٭ **کپڑ ول میں نہ سمانا** (ہ) خوشی کے مارے بے حد پھول جانا ٭ **کپڑے** (ہ) مذکر (۱) کپڑا کی جمع (۲) (مجازاً) معمول کے دن۔ حیض ٭ **کپڑے آنا**۔ ایام ہونا۔ حیض آنا ٭ **کپڑے اتارنا** (۱) لباس بدلنا (۲) کپڑے چھیننا (۳) ننگا کرنا (۴) (پ) عیب لگانا۔ بے عزت کرنا (۵) ننگا ہونا ٭

کپڑھ (کَپڑھ) (ہ) ان پڑھ ٭

کپکپا (کَپ۔کَپَا) (ہ) کپکپانا کا امر ٭ **کپکپانا**۔ تھرتھرانا ٭ **کپکپاہٹ**۔ **کپکپی**۔ مؤنث (۱) تھرتھری۔ لرزہ (۲) گھبراہٹ ٭

کپوت (کَپُوت) (ہ) مذکر۔ نالائق بیٹا۔ برا اور بدچلن لڑکا ٭ **کپوت بیٹا مرا بھلا**۔ مثل۔ ناخلف بیٹے کا مرنا ہی اچھا ہے ٭

کپور (کَپُور) (ہ) مذکر۔ کافور۔ ایک خوش بودار سفید چیز ٭ **کپور کچری**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی خوش بودار گھاس کی جڑ ٭ **کپوری** (۱) دیکھیے "کافوری" (۲) ایک قسم کا پان (۳) ایک رنگ ٭

کپورا (کَپُو۔رَا) (ہ) مذکر۔ بیضہ، خصیہ، خصوصاً بکرے یا بینڈھے کا ٭

ک۔ت

کت (کَت) (ہ) کتنا کا امر ٭ **کتا**۔ کتانا کا امر ٭ **کتانا** (عوام) دیکھیے "کتوانا" ٭ **کتائی**۔ مؤنث (۱) کاتنا (۲) کاتنے کی اجرت ٭ **کتنا**۔ کاتا جانا۔ روئی کے تاگے بننا ٭ **کتوا**۔ کتوانا کا امر ٭ **کتوانا**۔ سوت تیار کرانا۔ چرخہ چلوانا ٭

کت (کِت) (ہ) کس طرف۔ کدھر۔ کہاں ٭

کتا (کَت۔تا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی تلوار ٭

کتا (کُت۔تا) (ہ) مذکر (۱) سگ۔ کلب (۲) ایک قسم کی گھاس، جو کپڑوں سے چمٹ جاتی ہے (۳) داس۔ غلام (۴) بندوق کا گھوڑا (۵) امیروں کا دربان (۶) عدالت کا چپراسی (۷) ذلیل۔ پاجی۔ کمینہ (۸) رہٹ کی لکڑی (۹) گھڑی کا ایک پرزہ ٭ **کتا بھی دم ہلا کر بیٹھتا ہے** (۱) مثل۔ جب جانور گھر کی صفائی پسند کرتا ہے تو انسان کو سب سے زیادہ اس کا خیال رکھنا چاہیے ٭ **کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا** (۲) مثل۔ نہ ایلچی کو مال کی خبر ہوگی، نہ نقصان پہنچے گا ٭ **کتا راج بٹھایا اور چکی چاٹنے آیا**۔ مثل۔ کمینہ شخص بلند مرتبے پر پہنچ کر اپنے مرتبے کا لحاظ نہیں رکھتا، بلکہ اپنی فطری عادت کی طرف رجوع کرتا ہے ٭ **کتا گھاس** (۱) مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس جو خاروں کی وجہ سے چمٹ جاتی ہے ٭ **کتے** (ہ) مذکر۔ کتا کی جمع ٭ **کتے تیرا منہ نہیں تیرے سائیں کا منہ ہے**۔ مثل (عو) کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی خاطر معاف کرتے وقت کہتے ہیں کہ ان کی خاطر ہے، ورنہ خوب سزا دیتے ٭ **کتے خستی** (رخصتی) (۹) مؤنث (۱) پاجی پن۔ ذلیلی (۲) مصیبت کی نوکری (۳) آوارہ گردی ٭ **کتے خستی (رخصتی) میں کون پڑے**۔ مثل۔ جھگڑے سے الگ رہنے پر کہتے ہیں ٭ **کتے کا بھیجا کھانا** (ہ) بکواس کرنے اور برابر بولے جانے والے کے متعلق کہتے ہیں ٭ **کتے کا کاٹا**۔ مذکر۔ کتے کے کاٹنے کا زخم ٭ **کتے کا کتا بیری**۔ ہر شخص کا دشمن اس کی جنس ہی سے ہوتا ہے ٭ **کتے کا کفن** (۱) مذکر (عو) (حقارتاً) بے حد جھرجھرا، موٹے سوت کا اور نکما کپڑا۔ دھوتر ٭ **کتے کو گھی نہیں پچتا** (ہ) کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا ٭ **کتے کی دم** (۱) مؤنث۔ نااہل۔ کج فہم، جسے صحبت کا اثر نہ ہو۔ بدطینت ٭ **کتے کی دم کو بارہ برس نلکی میں رکھا، پھر دیکھا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی**۔ یا۔ **کتے کی دم سو برس بھی ٹیڑھی**۔ مثل۔ کج طبع کبھی تربیت سے درست نہیں ہوسکتا ٭ **کتے کی سی ہڑک رکھنا** (ہ) شوق ابھرنا۔ کسی بری بات کا کبھی کبھی دفعتاً خیال آجانا ٭ **کتے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے**

(۷) مثل - جب آدمی کی شامت آتی ہے تو وہ جان بوجھ کر خطرناک کام میں پڑتا ہے ۔ **کُتّے کی موت مرنا** (۱) ذلیل حالت سے جان دینا - بُرے حال مرنا (۲) حرام موت مرنا ۔

کِتاب (کِتَاب) (ع) مؤنث (۱) نامہ - نوشتہ (۲) گرنتھ - پوتھی (۳) نسخہ - جلد (۴) رسالہ (۵) (ل) رجسٹر - بہی ۔ **کتابِ آسمانی - یا - کتابِ الٰہی** (ع - ف) مؤنث - وہ کتاب، جو کسی پیغمبر کی وساطت سے بہ طورِ احکام خدا کی طرف سے نازل ہو - قرآن شریف، انجیل، توریت، زبور وغیرہ ۔ **کتاب فروش** - مذکر - کتابیں بیچنے والا - تاجر کتب ۔ **کتاب کا کیڑا** (ل) مذکر (۱) وہ کیڑا، جو کتاب کو چاٹ جاتا ہے (۲) (مجازاً) وہ شخص، جو ہر وقت کتابیں پڑھنے میں مصروف رہے ۔ **کِتابِ ہُدیٰ** (ع) مؤنث - ہدایت کرنے والی کتاب - قرآن عزیز ۔ **کِتابت** - مؤنث - نوشت - تحریر - کاپی لکھنا ۔ **کتابہ** - مذکر - وہ عبارت، جو کتبوں پر لکھی جائے - کتبہ ۔ **کتابی** (۱) کتاب سے منسوب (۲) تحریری - لکھی ہوئی ۔ **کتابی چہرہ - یا - کتاب رُو چہرہ** (و) مذکر - لمبا چہرہ ۔

کتارا (کَتَا - رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پتلا گنّا، جس سے گڑ کھانڈ وغیرہ بناتے ہیں (۲) املی کا پھل ۔

کتان (کَتَان) (ف) مؤنث (۱) السی، جس کا تیل نکلتا ہے (۲) مذکر - ایک قسم کا باریک کپڑا، جس کے متعلق مشہور ہے کہ چاندنی رات میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے ۔

کتب (کُتُب) (ع) مذکر - کتاب کی جمع ۔ **کتاب خانہ** (ع - ف) مذکر - کتاب گھر - کتابوں کے بکنے کا مقام - بُک ڈپو ۔ **کتب فروش** - مذکر - کتابیں بیچنے والا - تاجر کتب ۔

کتبہ (کَت - بَہ) (ع) مذکر - وہ عبارت، جو عموماً مقبروں، مسجدوں اور سرایوں وغیرہ کے دروازوں پر لکھوا کر یا کھدوا کر لگا دی جاتی ہے ۔

کتخدا (کَت - خُدَا) (ف) مذکر - دیکھیے "کدخدا" ۔ **کتخدائی** - مؤنث - دیکھیے "کدخدائی" ۔

کتر (کَتَر) (ہ) مؤنث (۱) کپڑے کی چھانٹن - دھجی (۲) کترنا کا امر ۔ **کتر بیونت** - مؤنث (۱) کاٹ چھانٹ - قطع و برید (۲) خورد برد - غبن (۳) حساب میں کمی بیشی کرنا - وضع - منہائی (۴) چال - توڑ جوڑ - کاٹ چھانٹ (۵) سوچ - فکر ۔ **کترا** - کترانا کا امر - کترنا سے ماضی مطلق ۔ **کترا کر جانا - کترا کے جانا - کترانا** (۱) راستے سے بچ کر جانا (۲) بیگانگی اختیار کرنا (۳) ساتھ سے جدا ہو کر چلنا (۴) کنارہ کرنا ۔ **کترن** - مؤنث - کتری ہوئی دھجی - چھانٹن ۔ **کترنا** - تراشنا - کاٹنا - قطع کرنا - چھانٹنا ۔

کترنی - مؤنث (ہندو) قینچی - مقراض ۔ **کترنی سی زبان چلنا** (و) دیکھیے "قینچی سی زبان چلنا" ۔ **کتروا** (ہ) کتروانا کا امر ۔ **کتروان** - آرمیدان - آشنا - تحبّا ۔ **کتروان چال** - مؤنث (ع) (۱) ٹیڑھی چال (۲) خرام ناز ۔ **کتروانا** - ترشوانا - قطع کرانا - بیونت کرانا ۔ **کتروائی** - مؤنث - قطع کرانے کی اُجرت ۔

کُتَّر (کُت - تَر) (ہ) مؤنث - دیکھیے "کتروا" ۔

کُتَر (کُتَر) (ہ) کُترنا کا امر ۔ **کُترن** - مؤنث - دانتوں سے کتری ہوئی چیز ۔ **کُترنا** (۱) دانتوں سے کاٹنا (۲) بیچ میں سے رکھ لینا ۔

کتف (کَتِف - کَتْف - کِتْف) (ع) مذکر (۱) مونڈھا - کندھا - شانہ (۲) گائے بکری وغیرہ کے اگلے پاؤں کے اوپر کا حصہ، جو کندھے سے ملا ہوتا ہے، اسے قصاب کتیب کہتے ہیں ۔

کتک (کُتَک، کُت - تَک) (ہ) مذکر - سونٹا - موسل - ختک ۔ **کُتکا** - مذکر (۱) ختکا (۲) بھنگ گھوٹنے کا سونٹا - موسل ۔

کتل (کَت - تَل) (ہ) مؤنث (۱) اینٹ یا سِل کا ٹکڑا (۲) پتھری - بجری ۔

کتلا (کَت - لَا) (ہ) مذکر - دیکھیے "قتلا" ۔

کتم (کَتْم) (ع) مذکر (۱) پوشیدگی - چھپاؤ (۲) پردہ - حجاب ۔

کتمان (کِت - مَان) (ع) مذکر - دیکھیے "کتم" ۔

کتنا (کِت - نَا) (ہ) (۱) کس قدر - کس مقدار کا (۲) کہاں تک ۔ **کتنے** (۱) کس قدر - چند (۲) بہتیرے - بہت سے ۔ **کتنے پانی میں ہے** (۱) کتنا حوصلہ ہے (۲) کہاں تک دست گاہ ہے ۔

کتنا (کَت - نَا) (ہ) تخمینہ ہونا - اندازہ ہونا ۔

کتوال (کُت - وَال) (ہ) مذکر - کوتوال کا مخفف ۔

کتھ (کَتھ) (ہ) مذکر - کتھا کا مخفف ۔ **کتھا** - مذکر - پان کے ساتھ کھانے کی ایک سیاہی مائل چیز ۔

کتھا (کَتھَا) (س) مؤنث (۱) بات - مقولہ - بیان (۲) افسانہ - کہانی - قصہ (۳) روایت - ذکر (۴) مذہبی اپدیش - وعظ ۔

کتھرا (کَتھ - رَا) (ہ) مذکر (۱) بسانند - سڑاند (۲) گندگی - ناپاکی ۔

کتھری (کَتھ - رِی) (ہ) مؤنث (۱) گدڑی (۲) کملی (۳) بستر ۔

کتھک (کَتھَک) (ہ) مذکر (۱) ناچنے اور گانے والا لڑکا (۲) گویوں اور ناچنے والوں کا ایک ہندو فرقہ (۳) مدح خواں - تعریف گو ۔

کتی (کَت - تِی) (ہ) مؤنث (۱) سُناروں کا ایک اوزار (۲) نیمچہ - ایک قسم کی تلوار ۔

کتیا (کُت - یَا) (ہ) مؤنث (۱) مادہ سگ (۲) (حقارتاً) کمینی اور چھنال عورت ۔ **کتیا چوروں سے مل گئی، پہرا دیوے کون؟** مثل - جب اپنے ہی دشمن ہو جائیں تو ساتھ کون دے؟

کُتیا کا پِلّا ۔ مذکر (۱) کُتیا کا بچہ ۔ پِلّا (۲) ادنیٰ آدمی (۳) حرامی ۔ حرام کار ٭ کُتیا کے پھندے میں پکڑا جانا ۔ یا ۔ پھنسنا ۔ دوسرے سکے جُرم میں گرفتار ہونا ۔ آذر کی بلا میں پھنسنا ۔ مفت میں بدنام ہونا ٭

کُتیرا (کَتی۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا گوند (۲) لوہا کترنے کا ایک آہنی اوزار ٭

ک ۔ ٹ

کَٹ (کَٹ) (ہ) کٹنا کا امر ٭ کٹ جانا (۱) ترش جانا ۔ زخم لگ جانا ۔ دو ٹکڑے ہو جانا (۲) بارش کی وجہ سے راستے میں گڑھے پڑ جانا (۳) خجل ہو جانا ۔ شرمندہ ہو جانا (۴) بسر ہو جانا ۔ گزر جانا (۵) الگ ہو جانا (۶) قتل ہو جانا (۷) رنگ اُڑ جانا (۸) منہا ہو جانا (۹) فصل کا صاف کیا جانا (۱۰) مارا جانا (۱۱) خارج ہو جانا ٭ کٹ کٹ کے مرنا ۔ از حد بہادری اور شجاعت سے لڑنا ۔ خوب جان توڑ توڑ کر لڑنا ٭ کٹ کھنا (۱) کاٹ کھانے والا ۔ (۲) وہ کٹے کٹے حروف ، جو طالب علم کا ہاتھ صاف کرنے کے لیے لکھے جاتے ہیں (۳) ڈھنگ ۔ لچھن ۔ عادت ٭ کٹ مرنا ۔ لڑ مرنا ۔ باہم چھری کٹاری سے لڑ کر مر جانا ٭ کٹ مستا (ز) (۱) بدمست (۲) موٹا (۳) طاقت ور (۴) بے فکرا ٭ کٹا (ہ) مذکر (۱) کاٹنا کوٹنا (۲) خون ریزی (۳) کٹنا سے ماضی مطلق (۴) کٹانا کا امر ٭ کٹا چھنی ۔ مؤنث (۱) کشت و خون ۔ لڑائی بھڑائی (۲) بَیر ۔ سخت عداوت ٭ کٹاتا ۔ دیکھیے "کٹوانا" ٭ کٹاؤ ۔ مذکر (۱) تراش خراش (۲) گل کاری ٭ کٹائی ۔ مؤنث (۱) فصل کا کٹنا (۲) کٹوانے کی اجرت (۳) فصل اٹھانے کا موسم ٭ کٹتی کٹتی باتیں ۔ مؤنث ۔ طعنے کی باتیں ٭ کٹتی کہنا ۔ کسی کے خلاف کہنا ۔ بُرائی کرنا ٭ کٹنا (۱) تراشنا ۔ تراشا جانا (۲) زخم لگنا (۳) الگ ہونا (۴) شرمندہ ہونا (۵) بسر ہونا ۔ بیتنا (۶) راستہ طے ہونا (۷) رنگ اُڑنا (۸) منہا ہونا (۹) کھیت میں درانتی پڑنا (۱۰) حسد کرنا (۱۱) ذلت ہونا (۱۲) خارج ہونا (۱۳) روپیہ خرچ ہونا ٭ کٹوا ۔ کٹوانا کا امر ٭ کٹواں ۔ تراشا ہُوا ۔ تراشیدہ ٭ کٹوانا ۔ کسی سے کاٹنے کا کام لینا ٭ کٹوتی ۔ مؤنث (۱) کمیشن ۔ منہائی (۲) تراش ۔ کٹائی ٭ کٹے پر نمک چھڑکنا ۔ یا ۔ لون دینا ۔ زخم پر نمک ڈال کر تکلیف دینا ۔ دُکھ میں دُکھ بڑھانا ۔ جلے کو جلانا ۔ مرے کو مارنا ٭ کٹے جانا ۔ از حد شرمندہ ہوتے جانا ۔ شرم کے مارے گڑے جانا ٭ کٹیلا (۱) نوک دار ۔ خار دار (۲) دل میں کھبنے والا ۔ دلربا (۳) قاتل ۔ زہریلا (۴) آب دار ۔ تیز ٭

کُٹ (کُٹ) (ہ) مؤنث ۔ ایک دھات ٭

کُٹ (کُٹ) (ہ) مؤنث ۔ ایک دوا ٭

کُٹ (کُٹ) (ہ) کُٹنا کا امر ٭ کُٹ بدیا ۔ مؤنث ۔ گوش مالی ۔ زدو کوب ٭ کُٹنا (۱) کوٹا جانا (۲) مار کھانا ٭ کُٹوا ۔ کٹوانا کا امر ٭ کُٹوانا (۱) پٹوانا (۲) کچلنا ٭ کُٹی ۔ مؤنث (۱) باریک باریک کٹا ہُوا چارا (۲) پانی میں گلایا ہُوا کاغذ (۳) پرکٹا کبوتر ٭

کَٹّا (کَٹ۔ ٹا) (ہ) (۱) مضبوط ۔ پکا ۔ سخت (۳) زور آور ۔ طاقت ور (۴) رشتالا ، موٹا جُون (۵) (پ) بھینس کا بچہ ٭

کُٹّا (کُٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر ۔ پر اُکھڑا ہُوا کبوتر ٭

کٹار (کٹا ر) (ہ) مذکر ۔ پیش قبض ۔ بیچھ ۔ خنجر ٭ کٹاری ۔ مؤنث (۱) چھوٹا خنجر (۲) خنجر کی شکل کے نشان ، جو ریشمی گل بدن یا لنگی وغیرہ پر ہوتے ہیں ٭

کٹاز (کٹا ز) (ہ) مذکر ۔ شتر بے مہار ٭

کٹارا (کٹا ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ ایک دوا ٭

کٹ پیس (کَٹ پیش) (انگ ۔ Cut piece) مذکر ۔ تھانوں کے ٹکڑے ٭ کٹ گلاس (انگ ۔ Cut glass) مذکر (۱) ایک عمدہ قسم کا مضبوط گلاس ۔ نقشین گلاس ٭

کٹر (کَٹ ۔ ٹر) (ہ) (۱) سخت دل ۔ سنگ دل ۔ بے شرم (۲) بے مروت ۔ بے وفا ٭

کٹر کٹر (کٹر ۔ کٹر) (ہ) مؤنث ۔ کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز ٭

کٹڑا (کٹ ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) احاطہ ۔ چھوٹا سا کوچہ (۲) چھوٹا بازار ۔ چوک ۔ منڈی (۳) بھینس کا نر بچہ (۴) کاٹھ کا کوندا ٭ کٹڑی ۔ مؤنث (۱) بھینس کا مادہ بچہ (۲) چھوٹا سا احاطہ (۳) دریا کے کنارے کی زمین ٭

کٹک (کٹک) (س) مذکر (۱) سپاہ ۔ فوج ۔ لشکر (۲) ایک شہر ٭

کٹکٹانا (کٹ ۔ کٹا ۔ نا) (ہ) (۱) دانت پیسنا (۲) حیوانات کو جلد جلد چلانا ٭

کٹکنہ (کٹ ۔ کنہ) (ہ) مذکر (۱) نمونہ (۲) خاکہ (۳) تدبیر (۴) قانون (۵) صنعت (۶) مکر (۷) پٹہ ۔ اجارہ (۸) چالاک (۹) منصوبہ باز ٭ کٹکنہ دار ۔ مذکر ۔ زمیندار کا پٹہ یا ٹھیکہ رکھنے والا ٭ کٹکنہ رکھنا ۔ زمیندار کا کسی کو ٹھیکہ یا پٹہ دینا ٭

کٹکی (کٹ ۔ کی) (ہ) (۱) کالے رنگ کی ایک گرہ دار کڑوی دوا (۲) دانتوں سے ڈور وغیرہ کاٹنا ٭ کٹکی دینا ۔ یا ۔ لگانا ۔ ڈور میں دانتوں کا نشان ڈال دینا ٭

کٹلس (کٹ ۔ لس) (مہند) (انگ ۔ کٹلٹ) مذکر ۔ گوشت کا بھونا یا اُبالا ہُوا ٹکڑا ٭

کٹم ۔ کٹمب (کٹم ۔ کٹمب) (ہ) مذکر ۔ کنبہ ۔ گھرانا ۔ قبیلہ ۔ خاندان ٭

کٹ مُلّا (کَٹ ۔ مُل ۔ لَا) (ہ) مذکر ۔ کم پڑھا ہوا مُلا ۔ مسجد کی روٹیاں توڑنے والا ۔
کُٹنا (کُٹ ۔ نا) (ہ) مذکر ۔ بھڑوا ۔ دیوث ۔ کُٹنی ۔ مؤنث (۱) نائکہ ۔ دلالہ (۲) چالاک ۔ عیّارہ ۔
کٹورا (کَٹو ۔ را) (ہ) مذکر (۱) پانی پینے کے لیے تانبے یا پیتل کا پیالہ (۲) پورا کھلا ہوا پھول (۳) معمور ۔ آباد ۔ کٹورا بجنا یا کھنکنا ۔ شہر کا معمور اور آباد ہونا ۔ بارونق ہونا ۔ کٹورا پھرانا یا دوڑانا ۔ منتر یا کسی عمل کے زور سے چور کو معلوم کرنے کے لیے کٹورے جن ناموں کی چٹھیاں رکھ کر مشتبہ لوگوں کا نام لے لے کے پھرانا ۔
کٹورا سی آنکھیں ۔ مؤنث ۔ بڑی بڑی اور گول گول آنکھیں ۔
کٹورا دان ۔ مذکر (ہندو) ڈھکنے والا پیتل کا برتن ۔ کٹوری ۔ مؤنث (۱) چھوٹا کٹورا ۔ پیالی (۲) انگیا کا وہ حصہ ، جس میں چھاتیاں رہتی ہیں ۔
کٹول (کَٹو ۔ ل) (س) مذکر (۱) ایک درخت (۲) چنڈال ۔
کٹھ (کَٹھ) (ہ) مذکر (۱) کاٹھ کا مخفف ۔ لکڑی ۔ چوب ۔ تختہ وغیرہ (۲) (ہندو) کشٹ ۔ ریاضت ۔ مشقت ۔ محنت (۳) ایک قسم کا سیاہ رنگ ، جو لوہا اور ترش چیز وغیرہ سڑا کر تیار کیا جاتا ہے ۔ کٹھ پتلی (کَٹ ۔ پُت ۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) کاٹھ کی مورتی (۲) دبلی پتلی عورت ۔ نازک لڑکی (۳) دوسرے کی عقل پر چلنے والی عورت (۴) مذکر ۔ بے بس ۔ بے اختیار شخص ۔ کٹھ پھوڑا ۔ مذکر ۔ ہُد ہُد ۔ مرغِ سلیمانی ۔ کھٹ بڑھئی (پ) چکّی راہا ۔ کٹھ گلاب (و) مذکر ۔ ایک قسم کا گلاب ۔ کٹھڑا (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "کٹہرا" ۔ کٹھوتی ۔ مؤنث ۔ کاٹھ کا برتن ۔ کٹھڑا ۔
کٹھا (کَٹھ ۔ ٹھا) (ہ) مذکر (۱) پانچ سیر غلّے کا پیمانہ (۲) ایک درخت ۔
کٹھالی (کُٹھا ۔ لی) (ہ) مؤنث ۔ چاندی یا سونا گلانے کی پیالی ، جو کھریا مٹی اور روئی کوٹ کر بنائی جاتی ہے ۔ کٹھالی کرنا (۱) سونا چاندی گلانا ۔ (۲) (ہندو) مُردے کو جلانا ۔
کٹہرا (کَٹہ ۔ را) (ہ) مذکر (۱) لوہے یا لکڑی کا جنگلا (۲) درندوں کے رکھنے کا چوبی پنجرا ۔
کٹھل (کَٹھل) (ہ) مذکر ۔ ایک پھل ، جس کے اوپر خار دار ہوتے ہیں ۔
کٹھلا (کَٹھ ۔ لا) (ہ) مذکر (ہندو) ہنسلی ۔ گلے کا ایک زیور ۔
کٹھلا (کَٹھ ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) اناج کا گودام (۲) چونے کا بھٹا ۔
کٹھن (کَٹھن) (ہ) (۱) دشوار ۔ سخت (۲) دکھ ۔ مشکل ۔ تکلیف ۔
کٹھور (کَٹھ ۔ ٹھور) (ہ) (۱) کڑا ۔ سخت (۲) بے رحم ۔ سنگ دل ۔
کٹھور (کُٹھو ۔ ر) (ہ) بے ڈھب ۔ بے موقع ۔ بے جگہ ۔
کٹھیا (کَٹھ ۔ یا) (ہ) (۱) کڑا ۔ سخت (۲) مؤنث ۔ بھینس کا مادین بچہ ۔
کٹھیا ، کٹھار (کَٹھ ۔ یا ، کٹھا ۔ ر) (ہ) مذکر ۔ گودام ۔ ذخیرہ ۔

کُٹی ۔ کُٹیا (کُٹی ۔ کُٹیا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی (۲) سمادھ ۔ مڑھی ۔
کُٹیا (کُٹ ۔ یا) (ہ) مؤنث (۱) مٹی کا بنا ہوا برتن ، جس میں دودھ رکھا جاتا ہے (۲) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۳) جوان بھینس ۔
کُٹیا (کُٹی ۔ یا) (ہ) مذکر (۱) ایک خاردار بُوٹی (۲) ایک قسم کی موٹی گھاس ۔
کٹے لگنا (ہ) (عو) روپے کا بُری جگہ صرف ہونا ۔

ک ۔ ث

کثافت (کَثا ۔ فت) (ع) مؤنث (۱) گندگی ۔ نجاست ۔ غلاظت (۲) گاڑھاپن ۔ موٹائی ۔
کثرت (کَث ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) زیادتی ۔ افراط (۲) (مجازاً) بھیڑ ۔ ہجوم ۔ انبوہ ۔ کثرتِ رائے ۔ مؤنث ۔ کسی امر کی طرف لوگوں کی رائے کا زیادہ ہونا ۔
کثیر (کَثیر) (ع) بہت ۔ زیادہ ۔ بے شمار ۔ بہتایت ۔ کثیر الاضلاع ۔ مؤنث ۔ بہت سے ضلعوں کی شکل (اقلیدس) ۔ کثیر الاولاد ۔ کثیر العیال ۔ بہت سے بال بچوں والا ۔ کثیر المعنیٰ ۔ وہ لفظ ، جس کے بہت سے معنی ہوں ۔
کثیف (کَثیف) (ع) (۱) ناپاک ۔ میلا ۔ گندہ (۲) گاڑھا ۔ دبیز ۔ کثیف الطبع ۔ مذکر ۔ غلیظ آدمی ۔ میلا آدمی ۔ وہ شخص ، جو پاک صاف نہ رہے ۔

ک ۔ ج

کج (کَج) (ف) (۱) آڑا ۔ ترچھا ۔ ٹیڑھا (۲) مذکر ۔ ٹیڑھا پن ۔ کجی ۔ ٹیڑھ ۔ کج اخلاق ۔ بدخلق ۔ روکھا ۔ اکھڑ ۔ کج ادا ۔ اکھڑ ۔ بدخلق ۔ روکھا ۔ بے وفا ۔ کج ادائی ۔ مؤنث (۱) بے وفائی ۔ بے مروتی (۲) (مجازاً) عداوت ۔ دشمنی ۔ برائی ۔ کج بحث (ف ۔ ع) مذکر ۔ وہ شخص ، جو ٹیڑھی بحث کرے ۔ کج بحثی ۔ مؤنث ۔ فضول تکرار ۔ نامعقول گفتگو ۔ کج خلق ۔ بدمزاج ۔ بے مروت ۔ اکھڑ ۔ کج دار و مریز (ف) مثل ۔ ٹیڑھا رکھ اور گرانا نہیں ۔ ایسی جگہ کہتے ہیں ، جہاں کسی شخص کو تنگ کرنے کے لیے دو متضاد باتوں کی تعمیل پر مجبور کیا جائے ۔ کج رائے (ف ۔ ع) وہ شخص ، جس کی رائے اور تدبیر درست نہ ہو ۔
کج رفتار ۔ یا ۔ کج رو (ف) ٹیڑھی چال چلنے والا ۔ ناہنجار ۔
کج طبع ۔ بداخلاق ۔ بدخو ۔ بدطینت ۔ کج فہم ۔ خود رائے ۔ الٹی رائے کا ۔ کج کلاہ (۱) ٹیڑھی ٹوپی رکھنے والا (۲) شاہانِ ایران کا لقب ۔ کج کلاہی ۔ مؤنث ۔ ٹیڑھ ۔ ترچھا پن ۔ خودنمائی ۔
کج مج زبان (۱) وہ شخص ، جس کا کلام فصیح نہ ہو (۲)

وہ شخص، جو صاف بول نہ سکے ٭ کجی۔ مؤنث۔ ٹیڑھاپن۔ ترچھاپن۔ خمیدگی ٭

کجا (کُجا) (ف) (۱) کہاں (۲) نفی کے لیے بھی آتا ہے ٭

کجات (کَجات) (ہ) (ہندو) کمینی ذات کا۔ کمینہ۔ نیچ قوم کا ٭

کجاوہ (کَجا۔ وَہ) (ف) مذکر۔ اونٹ کی کاٹھی۔ محمل ٭

کجری (کَج۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ مرزا پور کے خاص گیت، جو ہولی میں گائے جاتے ہیں ٭

کجک (کَجَک) (ف) مذکر۔ ہاتھی کا آنکس ٭

کجکول (کَج۔ کُول) (ف) مذکر (۱) بھیک کی جھولی۔ کشکول۔ زنبیل (۲) (مجازاً) وہ بیاض، جس میں انتخابی اشعار یا مضامین درج ہوں ٭

کجلا (کَج۔ لا) (ہ) مذکر۔ کاجل کی تصغیر ٭ کجلی۔ مؤنث۔ کاجل ٭

کجلانا (کَج۔ لا۔ نا) (۱) آگ کا بجھ جانا (۲) سانولا پڑ جانا ٭

کجلوٹی (کَج۔ لَو۔ ٹی) (ہ) مؤنث۔ کاجل کی ڈبیا ٭

کجلی (کَج۔ لِی) (ہ) دیکھیے "کجری" ٭

کجلی (کَج۔ لی) (ہ) مذکر۔ ہاتھی ٭ کجلی بن۔ مذکر۔ ہاتھیوں کا جنگل۔ وہ بن جہاں بہت سے ہاتھی رہتے ہوں ٭ (اصل میں یہ لفظ "گجلی بن" تھا، کیونکہ ہندی میں ہاتھی کو "گج" کہتے ہیں۔ کثرتِ استعمال سے "کج" ہو گیا ٭)

کجی (کُج۔ جی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹا کوزہ ٭ کجی دینا۔ خوشامد کرنا ٭

ک۔چ

کچ (کَچ) (ہ) کچا کا مخفف۔ خام ٭ کچ بچ۔ مذکر۔ کچے بچے۔ چھوٹے چھوٹے بچے۔ کم عمر لڑکے بالے ٭ کچ پیندیا۔ مذکر (۱) کمزور۔ بودا (۲) اوچھا (۳) غیر مستقل مزاج ٭ کچ دِلا (۱) بودے دل کا آدمی۔ بزدل ٭ کچ لوندا۔ مذکر۔ کچے آٹے کا پیڑا۔ کچا آٹا ٭ کچ لہو۔ مذکر۔ پیپ ملا پتلا خون۔ مواد ٭ کچا (ہ) (۱) خام (۲) بن پکا (۳) بودا (۴) ملائم۔ نرم (۵) وہ بچہ، جو پیدائش کے معمولی اوقات سے پہلے ہو پڑے (۶) ناتجربہ کار (۷) اُڑ جانے والا رنگ (۸) ایسا مکان جو صرف مٹی سے بنا ہو ٭ کچا پکا (۱) نیم پختہ (۲) مذبذب (۳) وہ تعمیر، جس میں کہیں اینٹ چونا اور کہیں اینٹ گارے کی چنائی ہو ٭ کچا پکا کرنا (۱) ادھورا سمجھا کرنا (۲) کسی بات پر نیم راضی کرنا ٭ کچا تاگا۔ مذکر (۱) وہ سوت، جسے بل نہ دیا گیا ہو (۲) (پ) نازک چیز ٭ کچا سا تھ۔ مذکر (ع) چھوٹے چھوٹے بچوں کا کنبہ ٭ کچا سیر۔ مذکر۔ اسی روپے سے کم وزن کا سیر۔ بعض جگہ بتیس کا اور بعض جگہ اس سے بھی کم و بیش کا سیر رائج ہے ٭ کچا کرنا (۱) شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا (۲) کچی سلائی کرنا ٭ کچا کوڑ۔ مذکر۔ دریا کا ڈھلوان کنارہ۔ دریا برآمد زمین ٭ کچا کوڑھ۔ مذکر (ہندو) (۱) کھجلی (۲) جذام (۳) آتشک ٭ کچا ہینڈ۔ مؤنث۔ کچا مسالا رہنے کی بو ٭ کچائی۔ مؤنث۔ خامی۔ تجربہ کاری ٭ کچرا۔ مذکر (۱) کچا خربوزہ (۲) کپاس کا ڈوڈا ٭ کچر کچر۔ مؤنث۔ کچے پھل کے چبانے کی آواز ٭ کچر گھان۔ مذکر۔ بہت سے بال بچے۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کا انبوہ ٭ کچری۔ مؤنث۔ چھوٹا کچرا۔ ایک پھل ٭ کچریاں۔ مؤنث۔ کچری کی جمع ٭

کچی (کَچ۔ چی) (ہ) مؤنث۔ کچا کی تانیث ٭ کچی اسامی (۱) مذکر (۱) غیر موروثی زمیندار۔ چند روزہ (۲) عارضی جگہ۔ قائم مقامی ٭ کچی پیشی۔ مؤنث۔ اپیل کی پہلی شنوائی، جس پر اس کے قابلِ سماعت اور لائقِ غور ہونے یا نہ ہونے کا انحصار ہوتا ہے ٭ کچی ترکاری۔ مؤنث۔ سبز ترکاری۔ ہری ترکاری ٭ کچی رسوئی (ہ) مؤنث (۱) وہ روٹی، جسے چوکے سے باہر نکال سکیں (۲) گھی کے بغیر روٹی ٭ کچی رینڈی دستر خوان کا ضرر (۱) کہاوت۔ ناتجربہ کار اور نادان کی صحبت میں رسوائی اور بھید کے کھل جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ نو عمر لڑکے سے اجتناب کرنا چاہیے ٭ کچی سڑک (ہ) مؤنث۔ وہ سڑک، جس پر کنکر وغیرہ کوٹ کر زمین کو سخت اور پختہ کیا گیا ہو ٭ کچی کلی۔ مؤنث (۱) منہ بند کلی (۲) نابالغہ۔ دوشیزہ۔ باکرہ ٭ کچی کلی توڑنا (۱) چھوٹی عمر میں مر جانا (۲) کم عمری میں کنوار پن دور ہونا ٭ کچی گولیاں کھیلنا (۱) مٹی کی گولیوں سے کھیلنا، جو جلد ٹوٹ جاتی ہیں (۲) ناتجربہ کار ہونا ٭ کچی میتی۔ مؤنث۔ میعاد باقی۔ ابھی میعاد باقی ہو کہ پورا سود لگا لیا جائے ٭ کچی مچھلی پکی مچھلی۔ مثل۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی بدمزاج کھانے کے وقت پکی ہوئی چیز میں برابر نقص نکالے چلا جائے ٭ کچے۔ مذکر۔ کچا کی جمع ٭ کچے پکے دن مذکر (ع) (۱) حمل کے چوتھے پانچویں مہینے تک کا زمانہ، جس میں بہت احتیاط لازم ہے (۲) برسات کا موسم، جس میں بیماری کا اندیشہ ہوتا ہے ٭ کچے دھاگے میں بندھنا (کنایۃً) مطیع ہونا ٭ کچے گھڑے پانی بھرنا۔ سخت مصیبت جھیلنا۔ سخت مشکل یا تکلیف اٹھانا ٭ کچے گھڑے کی چڑھنا (۱) نشے میں چور ہونا (۲) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا ٭ کچیا جانا (۱) کچا ہونا۔ دل چھوڑ دینا (۲) شرما جانا ٭ کچیاند۔ مؤنث۔ دیکھیے "کچا ہینڈ" ٭

کچ (کُچ) (ہ) مؤنث (۱) چوچی۔ چھاتی۔ پستان (۲) نقص ٭

کچ پچ (کَچ۔ پَچ) (ہ) مؤنث (۱) کیچڑ۔ دلدل (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز ٭ کچر پچر ہونا (۱) کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز ہونا (۲) لت پت ہونا (۳) دلدل ہونا۔ کیچڑ ہونا ٭

کچالو (کَچا - لُو) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) امرود یا اُبلی ہوئی اروی کی قاشیں، جن پر نمک مرچ اور کھٹائی ڈال کر کھاتے ہیں ۔

کچڑانا (کچ - ڑا - نا) (ہ) (ہندو) آنکھوں میں کیچڑ ہونا ۔

کچ کچ (کچ - کچ) (ہ) مؤنث - حجت - تکرار - بک بک ۔

کچکچانا (کچ - کچا - نا) (ہ) (۱) کثرت سے ہونا (۲) دیکھیے "کچکچانا"۔

کچکچانا (کچ - کچا - نا) (ہ) غصے سے دانت پیسنا ۔

کچکچی (کچ - کچی) (ہ) مؤنث - دانتوں سے پیسنے کی حالت ۔

کچکڑ (کچ - کڑ) (ہ) مذکر - کچھوے یا دریائی مچھلی کی ہڈی ۔

کچکول (کچ - کول) (ف) مذکر - دیکھیے "کشکول"۔

کچل (کچل) (ہ) کچلنا کا امر ۔ کچل ڈالنا - مسل ڈالنا - پیس ڈالنا ۔

کچلنا (۱) روندنا - رگیدنا - مسلنا (۲) مارنا - بھرکس نکالنا - کچومر نکالنا ۔

کچلا (کچ - لا) (ہ) مذکر - ایک زہریلا پھل ۔

کچلی (کچ - لی) (ہ) مؤنث - نوک دار دانت ۔

کچنار - کچنال (کچ - نار، کچ - نال) (ہ) مؤنث - ایک درخت اور اس کا پھول ۔

کچو (کچ - چو) (ہ) مذکر - کچالو کی طرح ایک قسم کا پھل ۔

کچوانسی (کچ - وان - سی) (ہ) مؤنث - بسوانسی کا بیسواں حصہ - ۶۵ ۱۳/۲۵ مربع انچ کی مقدار ۔

کچور (کچو - ر) (ہ) مذکر - ہلدی کی قسم کا ایک درخت اور اس کی جڑ ۔

کچوری (کچو - ری) (ہ) مؤنث - ماش کی دال بھری ہوئی پوری ۔ کچوری سے گال - مذکر - پھولے پھولے گال ۔

کچوکا (کچو - کا) (ہ) مذکر (۱) نوک دار چیز بھونکنا (۲) طعنہ ۔

کچومر (کچو - مر) (ہ) مذکر - ایک قسم کا اچار، جس میں کیریاں وغیرہ کتر کر ڈالی جاتی ہیں ۔ کچومر نکالنا - بہت مارنا - بھرکس نکالنا ۔

کچونا (کچو - نا) (ہ) گھونپنا - بھونکنا - چبھونا ۔

کچوہ (کچو - ہ) (ہ) "بہرا" کا تابع مہمل، جو تاکید کے لیے آتا ہے ۔

کچھ (کچھ) (ہ) مذکر (۱) پہلو - بغل (۲) دیوار کا کونا (۳) چوتڑ (۴) اندام نہانی (۵) مؤنث - سکھوں کا جانگھیا ۔ کچھا - مذکر - دیکھیے "کچھوٹا" ۔ کچھنا - کچھنی (مذکر - مؤنث) جانگھیا - گھٹنا ۔ کچھنیا - مؤنث - کچھنی کی تصغیر - ڈھیلا ڈھالا گھٹنا یا جانگھیا - گھگریا ۔ کچھوٹی - مؤنث - لنگوٹی - کچھ ۔

کچھ (کچھ) (ہ) مذکر - کچھوا - سنگ پشت ۔ کچھ مچھ - مذکر - کچھوے اور مچھلیاں - آبی جانور ۔ کچھوا - مذکر - لمبی گردن کا ایک دریائی جانور - سنگ پشت ۔ کچھوی - مؤنث - کچھوا کی مادہ ۔

کچھ (کچھ) (ہ) (۱) تھوڑا - کسی قدر - ذرا (۲) (استفہام کے لیے) کیا ؟ کہیں ؟ کوئی ؟ (۳) (کثرت کے لیے) بہت - زیادہ - بہت کچھ (۴) (بطور انکار - نہیں کی تاکید) مطلق - بالکل ۔ کچھ آنسو پونچھ گئے - کسی قدر صبر آ گیا ۔ کچھ اتنا فرق نہیں (۱) بڑا بھاری فرق نہیں ۔ کچھ اور (ہ) (۱) اور بھی (۲) دوسری بات (۳) جدید - تازہ - نئی ۔ کچھ بات بھی ؟ کوئی وجہ بھی ؟ کچھ بات ہے ؟ کوئی وجہ ہے ؟ کیوں ؟ کس لیے ؟ کچھ کیفیت کی بھی خبر ہے ؟ (۱) دنیا کے حالات سے بھی واقف ہو ؟ کچھ پروا نہیں - کچھ مضائقہ نہیں - کیا ڈر ہے ۔ کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے (ہ) مثل - کسی امر کا تمھیں خیال ہوا اور کسی بات کا ہمیں - ہم تم برابر ہیں ۔ کچھ تو (۱) تھوڑا بہت - کسی قدر - ذرا تو (۲) کوئی چیز تو ۔ کچھ تو خربوزہ میٹھا اور کچھ اوپر سے قند پڑا (ہ) مثل - دل میں لالچ تو تھا ہی، اوپر سے نفع ہوا، حرص اور بڑھ گئی ۔ کچھ دال میں کالا (کالا) ہے (ہ) کوئی بھید ہے - کوئی مشتبہ امر ہے - کوئی سبب ہے ۔ کچھ دلائیے - یا - دلوائیے - تھوڑا بہت ضرور دیجیے ۔ کچھ دور نہیں (۱) بعید نہیں - شاید ایسا ہی ہو - ہو سکتا ہے ۔ کچھ دیا ہی آگے آ گیا (ہ) مثل - کبھی کی خیرات دی ہوئی کام آ گئی کہ خدا نے اس مصیبت سے بچا لیا ۔ کچھ ڈر نہیں (۱) اندیشہ نہ کرو (۲) بدلا لے کر چھوڑیں گے - کیا پروا ہے ؟ کچھ راہ پر آتے ہیں (۱) کچھ درست ہو گئے ہیں - نیم راضی ہو گئے ہیں ۔ کچھ زبان سے نکالنا - عذر کرنا ۔ کچھ سنا چاہتے ہو ؟ (ہ) گالیاں سننے کو جی چاہتا ہے ؟ کچھ سونا کھوٹا کچھ سنار کھوٹا - استاد اور شاگرد دونوں نکمے - ہر طرح نقصان ۔ کچھ سے (کا) کچھ ہو جانا (۱) تھوڑی بات کا بڑھ جانا (۲) خلاف توقع کوئی برا یا بھلا کام ہو جانا (۳) معاملے کا رنگ بدل جانا ۔ کچھ شک نہیں (۱) یقیناً - بے شک ۔ کچھ کا کچھ سمجھنا (ہ) اُلٹا سمجھنا ۔ کچھ کا کچھ کہنا - اصل کے خلاف کہنا - اُمید کے خلاف کہنا ۔ کچھ کان میں پھونکنا - کچھ برائی کرنا - کوئی منتر یا جادو پڑھ کر کان میں پھونکنا ۔ کچھ کچھ - ذرا ذرا - کسی قدر، تھوڑا بہت، تقریباً ۔ کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتا (پڑتی) - کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کیا جائے ۔ کچھ کر دینا (۱) کوئی امر کر دکھانا (۲) (عو) جادو کر دینا ۔ کچھ کھا جانا (لینا) - زہر کھانا - کوئی مہلک دوا کھا کر خودکشی کر لینا ۔ کچھ کھا کے سو رہنا - افیون یا سنکھیا پھانک کر لیٹ رہنا - زہر ہلاہل نوش کر کے سو رہنا - خودکشی کرنا ۔ کچھ کہہ بیٹھنا - کوئی ناگوار بات کہہ دینا - گالی دے بیٹھنا ۔ کچھ کھو کے سیکھنا (۱) نقصان سے تجربہ حاصل کرنا (۲)

ٹھوکریں کھا کر سیدھا ہوتا ہے ٭ کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان (۱) مثل ۔ صلح کے لیے طرفین سے نرمی چاہیے ٭ کچھ گیہوں سیلے کچھ جندر سے ڈھیلے (۱) مثل (عو) بہانہ کرنے والی عورت کے متعلق بولتے ہیں ٭ کچھ لے رہنا کچھ فائدہ اٹھانا ۔ کچھ حاصل کرنا ٭ کچھ نہ پوچھو ۔ یا ۔ کچھ نہ پوچھیے (۱) قابلِ اظہار حالت نہیں (۲) کیا بات ہے ۔ کیا کہنا ہے ٭

کچھ نہ کچھ (۱) کسی نہ کسی قدر ۔ تھوڑا بہت (۲) کوئی نہ کوئی بات ۔ کوئی نہ کوئی چیز ٭ کچھ نہ رہا (۱) دم نہیں رہا ۔ مرنے کو ہے (۲) بالکل تباہ و برباد ہو گیا ہے ٭ کچھ نہ نکلا ۔ اکارت گیا ۔ بالکل خراب نکلا ٭ کچھ نہیں (۱) کوئی حالت نہیں (۲) بالکل نہیں (۳) خراب ہے ۔ بُرا ہے ٭ کچھ نہیں کیا (۱) کوئی بھلائی نہیں کی (۲) کوئی کام نہیں کیا (۳) نا جائز کیا ۔ بُرا کیا ٭ کچھ ہو ۔ جو ہو سو ہو ۔ کیا پروا ہے ٭ کچھ ہو جانا (عو) (۱) آسیب چمٹ جانا ۔ سایہ ہو جانا (۲) کسی لائق ہو جانا ٭ کچھ ہو رہنا (۱) کسی قابل ہو جانا (۲) تھوڑا بہت فیصلہ ہو جانا ٭ کچھ ہی کرو ۔ جو مرضی میں آئے سو کرو ٭ کچھ ہی کہو ۔ کہا نہیں مانتا ۔ ذرا نہیں سنتا ٭ کچھ ہے (۱) کوئی بات ہے (۲) بہت زیادہ ہے (۳) بُرائی ہے ٭ کچھ ہیں ۔ کسی لائق ہیں ۔ کسی قابل ہیں ٭

کچھاڑ (کچھا ڑ) (ہ) مذکر (۱) دریا کا کنارہ (۲) دریا کے قریب نشیب کی زمین ۔ ترائی جہاں شیر رہتا ہے ٭

کچہری (کچ ۔ ہ ۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) انصاف گاہ (۲) عدالت کا محکمہ ۔ دربار (۳) (مجازاً) انبوہ ۔ بھیڑ ٭ کچہری برخاست ہونا (۱) عدالت بند ہونا ۔ تعطیل ہونا ٭ کچہری چڑھنا (عو) عدالت تک جانا ۔ نالش کرنا ۔ عدالت میں مقدمہ لے جانا ٭ کچہری کرنا ۔ عدالت میں بیٹھ کر مقدمے فیصل کرنا ۔ اجلاس کرنا ٭ کچہری کے کتے ۔ مذکر ۔ عدالت کے چپراسی اور اہلکار ، جو رشوت کے لیے مستغیث کے پیچھے پڑ جاتے ہیں ٭ کچہری لگانا (۱) اجلاس کرنا (۲) بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا ۔ زور شور دکھانا ٭

کچھواہا (کچھ ۔ وا ۔ ہا) (ہ) مذکر ۔ راجپوتوں کی ایک گوت ، جو کچھ ۔ نما جا یا نام چندر جی کے بیٹے کش کی اولاد سے ہونے کی مدعی ہے ٭ کچھو کے مچھو (کچھ ۔ چھو ۔ کے ۔ مچھ ۔ چھو) (ہ) مذکر ۔ بدذاتوں کے بدذات ہی ہوتے ہیں ٭

کچیا (کچ ۔ یا) (ہ) مؤنث ۔ کان کی لَو ٭

کچیں (کچیں) (ہ) چوچیاں ۔ چھاتیاں ۔ پستان ٭

ک ۔ ح

کحّال (کح ۔ حال) (ع) مذکر ۔ آنکھوں کا طبیب ۔ آنکھوں کا علاج کرنے والا ۔ معالجِ چشم ٭

کحل (کحل) (ع) مذکر ۔ سُرمہ ۔ انجن ٭ کحل الجواہر ۔ مذکر ۔ وہ سرمہ ، جس میں آنکھوں کی تقویت کے لیے مروارید ناسفتہ اور دوسرے جواہرات ڈالے جاتے ہیں ٭

کحیل (کحیل) (ع) (۱) جس کی آنکھ میں سرمہ لگا ہو (۲) سُرمگیں (۳) سُرمئی رنگ کا ٭

ک ۔ د

کدّ (کدّ) (ع) مؤنث (۱) جد و جہد ۔ سرگرمی (۲) (و) ہٹ ۔ ضد ۔ اصرار ٭ کدّ و کاوش (ع ۔ ف) مؤنث (۱) جستجو ۔ تلاش (۲) چھان بین ۔ کوشش ٭ کد ہونا (و) اصرار ہونا ۔ ضد ہونا ٭

کد (کد) (ف) کدہ کا مخفف ٭ کد بانو ۔ مؤنث (۱) گھر والی ۔ بیگم ۔ بیوی ۔ دلہن (۲) سگھڑ اور صاحبِ سلیقہ عورت ٭ کد خدا ۔ مذکر (۱) گھر والا ۔ صاحبِ خانہ (۲) دولہا ۔ نوشہ (۳) خصم ۔ شوہر ۔ خاوند ۔ پتی ٭ کد خدائی ۔ مؤنث ۔ بیاہ ۔ ازدواج ۔ نکاح ٭

کدہ (۱) گھر ۔ خانہ ۔ مقام ۔ جگہ (۲) گاؤں ۔ دیہ ۔ قریہ ٭

کدا (کدا) (ہ) کدانا کا امر ٭ کدانا ۔ دوڑانا ۔ اچھلوانا ۔ چھلانگ لگوانا ٭ کدائی ۔ مؤنث (۱) گھوڑوں کا گڑھوں ، دیواروں اور ٹٹیوں پر سے کودنا (۲) کودنے کا انعام ٭

کدارا (کدا ۔ را) (ہ) مذکر ۔ دیپک راگ کی ایک راگنی ٭

کدال (کدال) (ہ) مؤنث ۔ زمین کے کھودنے کا ایک نوک دار اوزار ٭ کدال سے فصد کھلواؤ (و) نشتر کے بجائے کدال سے خون نکلواؤ ۔ ہوش کی لو ۔ عقل کے ناخن لو ٭ کدالی (ہ) مؤنث ۔ چھوٹی کدال ٭

کدام (کدام) (ف) کون ۔ کون سا ٭

کدر (کدر) (ع) مؤنث ۔ کدورت ۔ گدلاپن ٭

کدِر (کدِر) (ع) میلا ۔ گدلا ٭

کدّر (کد ۔ دَر) (ہ) مذکر ۔ ذلیل آدمی ۔ کمینے لوگ ٭

کدک (کدک) (ہ) کدکنا کا امر ٭ کدکڑے ۔ کدکے ۔ مذکر ۔ چوکڑیاں ۔ قلانچیں ۔ چھلانگیں ٭ کدکڑے ۔ یا ۔ کدکے لگانا ۔ یا ۔ مارنا (عو) کھیلنا کودنا ۔ اچھلنا کودنا ۔ پھاندنا ۔ چوکڑیاں بھرنا ٭

کدلی (کد ۔ لی) (س) (ہندو) (۱) کیلا (۲) جھنڈا ٭

کدم (کدم) (ہ) مذکر (۱) ایک سایہ دار درخت (۲) ایک قسم کی گھاس ٭

کدو ۔ کدّو (کدو ، کد ۔ دو) (ع ۔ ف ۔ ع ۔ و) مذکر ۔ ایک مشہور ترکاری ٭ کدو دانہ (ف) مذکر (۱) پیٹ کا ایک قسم کا کیڑا ۔ کرمِ شکم (۲) وہ مرض ، جس سے سارے جسم پر تخمِ کدو کی طرح پھنسیاں نکل آتی ہیں ٭ کدو کش ۔ مذکر ۔ کدو کو

رگڑ کر باریک کرنے کا آلہ ٭

کدورت (کَدُوْ۔رَتْ) (ع) مؤنث (۱) آلودگی ۔ تلچھٹ ۔ گدلاپن (۲) آزردگی ۔ رنجش (۳) دل کا غبار ٭

کدھر (کِدَھرْ) (ہ) (۱) کس طرف ۔ کس جگہ ۔ کہاں (۲) کس طرف چلے ٭ **کدھر آیا، کدھر گیا** (۱) آنے جانے کی کچھ خبر نہ ہوئی (۲) غفلت اور بے خبری کے اظہار پر بھی کہتے ہیں ٭ **کدھر جاؤں، کیا کروں۔** ہر طرح مجبوری اور بے کسی ہے ٭ **کدھر کا چاند نکلا** ۔ حیرت، تعجب یا کسی دوست کے دفعۃً آجانے پر کہتے ہیں۔ اتنی بڑی بات کیونکر میسر آگئی!

ک ۔ ڈ

کڈھب (کُڈْھَبْ) (ہ) (۱) بے ڈھب ۔ بے موقع (۲) زبون ۔ بُرا ٭
کڈھنگ (کُڈْھَنگْ) (ہ) بدسلیقہ ۔ بداطوار ٭ **کڈھنگا** (۱) اکھڑ ۔ بدمزاج (۲) بدچلن ۔ بداطوار ٭

کڈھیلڑ ۔ کڈھیلڑا (کَڈْھے۔لَڑْ، کَڈْھے۔لَڑا) (ہ) مذکر ۔ سوتیلا بیٹا ٭

ک ۔ ذ

کذا و کذا (کَذَا) (ع) اِس طرح، اُسی طرح ٭
کذّاب (کَذْ۔ذَابْ) (ع) مذکر ۔ نہایت جھوٹا ۔ دروغ گو ٭
کذب (کِذْبْ) (ع) مذکر ۔ جھوٹ ۔ دروغ ٭

ک ۔ ر

کر (کَرْ) (ہ) مذکر (۱) ہاتھ (۲) ہاتھی کی سونڈ (۳) مؤنث ۔ چنگی کا محصول (۴) مؤنث ۔ مال گزاری ۔ خراج (۵) مؤنث ۔ ٹیکس (۶) مؤنث ۔ تاوان ۔ جرمانہ (۷) مؤنث ۔ جزیہ ٭

کر (کَرْ) (ہ) کرنا کا امر ٭ **کر بیٹھنا** (۱) کوئی کام اختیار کر لینا (۲) خاوند کر لینا (۳) جورو بنا لینا ٭ **کر تو ڈر، نہ کر تو ڈر** ۔ مثل ۔ آدمی کو چاہیے کہ خواہ گناہ کرے یا نہ کرے، خدا سے ڈرتا رہے ۔ اکثر کسی بے گناہ کے مبتلائے مصیبت ہونے پر کہتے ہیں **پکڑا جائے ڈاڑھی والا، پکڑا جائے مونچھوں والا** ۔ مثل ۔ **کرے کوئی، بھرے کوئی** ۔ اس جگہ کہتے ہیں، جہاں جرم کسی کا ہو اور پکڑا کوئی جائے ٭
کرجگ ۔ مذکر ۔ کام کرنے کا زمانہ ۔ موجودہ زمانہ ٭
کر دکھانا (دکھلانا) کوئی کام بنا کر دکھا دینا ۔ انجام پر پہنچا دینا ٭
کر سیوا، کھا میوہ ۔ (ہ) مثل ۔ خدمت کر اور آرام پا ٭
کر گزرنا ۔ کر ڈالنا ۔ اپنی ہٹ سے باز نہ آنا ٭ **کرا** ۔ کرانا کا امر ٭ **کرانا** (۱) دوسرے سے کوئی کام لینا (۲) خاص کام دینا ٭ **کرتا** ۔ کرنا سے ماضی تمنائی ٭ **کرتا دھرتا** ۔ مذکر (۱) کرنے والا ۔ فاعل (۲) خالق (۳) مختار ۔ مالک (۴) واقف کار ۔ تجربہ کار ٭ **کرتار** ۔ مذکر (ہندو) (۱) کرنے والا (۲) پیدا کرنے والا ۔ خالق ٭ **کرتب** ۔ مذکر (۱) فعل ۔ کام (۲) ہنر ۔ کمال (۳) عیاری ۔ ہوشیاری ۔ چالاکی (۴) عجیب و غریب کام ۔ طلسم (۵) عمل ۔ مہارت ۔ مشق (۶) سپہ گری کا فن ٭ **کرتب کی بدیا ہے** ۔ ہر کام مشق اور مہارت سے ٹھیک ہوتا ہے ٭ **کرتبی ۔ یا ۔ کرتبیا** ۔ مذکر (۱) کرنے والا ۔ عامل (۲) سپہ گری کے فن میں مشاق و ماہر (۳) بھان متی ۔ شعبدہ گر (۴) چالباز ٭ **کرتوت** (مذکر و مؤنث) (۱) کام ۔ فعل ۔ عمل (۲) فریب ۔ چالاکی ۔ کرتب (۳) بدعادت ۔ بُرا کام (۴) ٹونا ۔ جادو ٭ **کرنے کی بدیا ہے** ۔ مثل ۔ مشق ہی سے کام درست ہوتا ہے ٭
کرنا (۱) عمل میں لانا ۔ بنانا (۲) انتظام کرنا (۳) بیوہ کا کسی سے شادی کر لینا (۴) بیوی بنانا (۵) جادو کرنا (۶) کاروبار کرنا (۷) مجامعت کرنا (۸) ذبح کرنا (۹) شروع کرنا ٭ **کرنی** ۔ مؤنث (۱) فعل ۔ کام (۲) معماروں کا ایک اوزار، جس سے گارا چونا لگایا جاتا ہے ٭ **کرنی نہ کرتوت، جھوہڑ لڑنے کو مضبوط** ۔ مثل ۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو کوئی کام تو نہ کرے اور مفت کی شیخی اور بدمزاجی ہی ظاہر کرے ٭ **کروا** ۔ کروانا کا امر ٭ **کروانا** (۱) کام لینا ۔ کام بنوانا (۲) مجامعت کرانا ٭ **کرے** ۔ کرنا سے فعل مضارع ٭ **کرے ایک، پکڑے جائیں سب** ۔ مثل ۔ ایک شخص کی برائی سے ساری قوم پر الزام عائد ہوتا ہے ٭

کر (کَرْ) (ف) بہرا ۔ اصم ٭

کِر (کِرْ) (ہ) کِرنا کا امر ٭ **کِر جانا** ۔ کسی دھار والی چیز کی دھار ٹوٹنا ٭ **کِرنا** ۔ دیکھیے "کِر جانا" ٭

کرّ (کَرّ) (ع) (۱) ہٹا دینا ۔ پھیر دینا (۲) حملہ کرنا (۳) مؤنث ۔ درخت چڑھنے کی رسی (۴) مذکر ۔ طاقت ۔ زور (۵) شان اور شوکت ٭
کرّ و فر (ع ۔ ف) مذکر ۔ شان و شوکت ۔ زور و طاقت ۔ دھوم دھام
کرّار (ع) (۱) بار بار حملہ کرنے والا ۔ بھگانے والا (۲) حضرت علی مرتضیٰؑ کا لقب ۔ آپ کو حیدرِ کرّار اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ آپ خداداد شجاعت سے دشمنوں پر حملہ کرتے اور انھیں نوک دُم بھگا دیتے ٭

کرّا (کَرْ۔رَا) (ہ) (ع) کرارا ٭
کرّات و مرّات (ع) بار بار ۔ بہت دفعہ ٭
کِرار (کِرَا۔رْ) (ہ) دیکھیے "کراڑ" ٭
کرارا (کَرَا۔رَا) (ہ) (۱) سخت ۔ اکڑا ہوا (۲) ہٹا کٹا ۔ زور آور (۳) بھربھرا ۔ خستہ (۴) (ہندو) گراں ۔ مہنگا (۵) وہ سکہ جس کے حروف نہ مٹے ہوں (۶) دلیر ۔ بہادر (۷) ایک قسم کی تیر

کرارا پن ۔ مذکر (۱) اکڑ ۔ سختی (۲) مضبوطی (۳) خستگی ٭ کراری ۔ مؤنث ۔ کرارا کی تانیث ٭ کرارے دم ۔ توانا ۔ تازہ دم ٭

کراڑ (کَرَا ۔ اڑ) (ہ) (۱) بنیا ۔ غلّے کا تاجر ۔ دکان دار (۲) (حقارتاً) ہندو ٭

کراڑا (کَرَا ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ دریا کا بلند کنارہ ۔ دریا کے کنارے کی بلندی ٭

کراکل (کَرَا ۔ کُل) (ہ) مذکر (۱) لق لق ۔ سارس ۔ کلنگ (۲) ایک قسم کا بگلا ٭

کرال (کَرَال) (ہ) جھکے ہوئے دانتوں والا ۔ ڈراؤنا ٭

کِرام (کِرَام) (ع) مذکر ۔ کریم کی جمع ۔ بڑے لوگ ۔ ذی مرتبہ اشخاص ٭ کِراماً کاتبین ۔ مذکر (۱) بہت بڑے لکھاڑی (۲) (اصطلاحاً) وہ دو فرشتے ، جو انسان کے اعمال لکھتے رہتے ہیں ٭

کرامات (کَرَا ۔ مَات) (ع) مؤنث (۱) کرامت کی جمع ۔ فضیلتیں ۔ بزرگیاں ٭ کراماتی (ف) کرامات دکھانے والا ٭

کرامت (کَرَا ۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) بڑائی ۔ بزرگی ۔ فضیلت (۲) سخاوت ۔ بخشش (۳) (ف) کرامات (۴) (ف) عمدگی ۔ خوبی ۔ انوکھا پن ٭

کِرانا ۔ کرانہ (کِرَانَا ۔ کِرَا ۔ نَہ) (ہ) مذکر ۔ مختلف قسم کا مسالا وغیرہ ٭

کرانہ (کَرَا ۔ نَہ) (ف) مذکر ۔ دریا وغیرہ کا کنارہ ٭

کرانٹ (کَرَانٹ) (فرانسیسی) مذکر ۔ ایک پیمانہ ٭

کرانچی (کَرَان ۔ چی) (ہ) مؤنث ۔ اسباب لادنے کی دو پہیّا یا چوپہیّا گاڑی ٭

کرانی (کِرَا ۔ نی) (ف) مذکر ۔ عیسائی ۔ نصرانی ۔ کرسچین ٭

کَراہ (کَرَاہ) (ہ) (۱) مؤنث ۔ وہ آواز ، جو کسی دکھ یا درد کی وجہ سے نکلے ۔ ہائے ہائے (۲) کراہنا کا امر ٭ کراہنا ۔ دکھ یا درد سے آہ آہ کرنا ۔ ہائے ہائے کرنا ٭

کُراہ (کُرَاہ) (ف) ٹیڑھا راستہ ۔ بُرا راستہ ٭

کراہت (کَرَا ۔ ہَت) (ع) مؤنث ۔ گھن ۔ بیزاری ۔ نفرت ٭

کراہیت (کَرَا ۔ ہِیَت) (ع) مؤنث ۔ دیکھیے "کراہت" ٭

کراؤ (کَرَا ۔ اؤ) (ہ) مذکر (۱) ہندو جاٹوں وغیرہ میں بیوہ کی شادی کی رسم (۲) رنڈی بازی (۳) آشنا ٭ کراؤ کرنا (۱) رانڈ سے شادی کرنا (۲) بیوہ کا کسی مرد سے خود نکاح پڑھا لینا ٭

کراؤ (کَرَا ۔ اَؤ) (ہ) (۱) ایک قسم کا چھوٹا مٹر ٭

کراؤن (کَرَا ۔ اؤن) (انگ ۔ Crown) مذکر ۔ تاج ۔ اکلیل ، افسر ٭ کراؤن پرنس (Crown prince) مذکر ۔ ولی عہد سلطنت ٭

کرایہ (کِرَا ۔ یَہ) (ع) مذکر ۔ کسی چیز کی اُجرت ۔ مزدوری ۔ بھاڑا ٭ کرایہ چلانا ۔ یا ۔ کرایہ (کرایے) پہ چلانا (۱) اُجرت پر چڑھانا ، بھاڑے پر دینا ٭ کرایہ دار ۔ مذکر (۱) کرایے کے مکان میں رہنے والا ۔ رعیّت ۔ اسامی (۲) پیٹ کے اندر کا بچہ ٭ کرایہ دار اترنا (۱) کسی مکان میں کرایہ دار آ کر رہنا (۲) حاملہ ہونا ٭ کرایہ نامہ (ف) مذکر ۔ وہ کاغذ ، جو مکان وغیرہ لینے کی بابت کرایہ دار کی طرف سے اقرار نامے کے طور پہ لکھ دیا جائے ٭ کرایے (۱) مذکر ۔ کرایہ کی جمع ٭

کرب (کَرْب) (ع) مذکر (۱) مصیبت ۔ دُکھ ۔ رنج و الم (۲) اضطراب ۔ بے قراری (۳) نہایت تکلیف اور سختی ٭

کربڑا (کَرْ ۔ بَڑَا) (ہ) سیاہ اور سفید ملا ہوا ۔ چتکبرا ٭ کربڑی ۔ مؤنث ۔ کربڑا کی تانیث ۔ کالے اور دھولے رنگ کی ٭

کربلا (کَرْ ۔ بَلا) (ع) مؤنث (۱) رنج و آفت کا مقام (۲) بیابانِ عراق میں اُس جگہ کا نام ، جہاں حضرت امام حسینؓ نے شہادت پائی (۳) (۱) تعزیے دفن کرنے کی جگہ (۴) وہ مقام ، جہاں پانی نہ ملے (۵) شہیدوں کا مدفن ٭

کرپا (کِرْ ۔ پَا) (ہ) مؤنث (ہندو) نوازش ۔ عنایت ۔ مہربانی ۔ کرم ٭ کرپا کرنا (ہندو) (۱) عنایت فرمانا ۔ مہربانی کرنا (۲) دینا ٭

کُرُت (کُرُت) (ہ) بے موسم ٭

کَرّت (کَرْ ۔ رَت) (ع) مؤنث ۔ نوبت ۔ باری ۔ دفعہ ۔ مرتبہ ٭

کُرتا (کُرْ ۔ تَا) (ہ) مذکر ۔ قمیص ۔ جسم ڈھانکنے کا سِیا ہوا کپڑا ٭ کُرتی ۔ مؤنث (۱) آستینوں کے بغیر اونچا کُرتا ، جو عورتیں انگیا کے اوپر پہنتی ہیں (۲) وردی کا کوٹ ٭

کرتھی (کُرْ ۔ تھی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا اناج ، جو کنگنی یا خشخاش کی طرح چھوٹا چھوٹا ہوتا ہے ٭

کرچ (کِرْچ) ۔ یا ۔ کِرَچ (ہ) مؤنث ۔ ذرّہ ۔ ریزہ ۔ ٹکڑا ٭

کِرَچ (کِرَچ) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی لمبی تلوار ٭ (یہ لفظ مالا باری زبان میں کرس تھا ۔ اِس سے کرچ بنا لیا ؟)

کرچھا (کَرْ ۔ چھا) (ہ) مذکر ۔ لوہے کا ایک ڈنڈی والا ظرف ، جس میں گھی وغیرہ داغتے ہیں ۔ نری پان ٭ کرچھی ۔ مؤنث ۔ کرچھا کی تانیث ٭

کرخت (کَرَخْت) (ف) کڑا ۔ سخت ٭ کرختگی ۔ مؤنث ۔ سختی ۔ کڑاپن ٭

کردا (کَرْ ۔ دَا) (ہ) مذکر (۱) بدلوائی ۔ بٹّا (۲) دھڑا ۔ کٹوتی ٭

کردار (کِرْ ۔ دَار) (ف) مذکر و مؤنث (۱) خصلت ۔ چلن ۔ عادت (۲)

کام ۔شغل (۳) قاعدہ ۔ طریق ۔ طرز ۔
کردگار (کِرِ دْ ۔ گَارْ) (ف) خالق ۔ کرتار ۔ خدا تعالیٰ ۔
کردنی (کَرْ ۔ دَنِیْ) (ف) (۱) کرنے کے لائق (۲) (ل) کرنی ۔ اعمال ۔
کردنی خویش آمدنی پیش (ل) مثل ۔ جیسا کیا تھا، ویسا ہی پایا ۔ یعنی بُرے کام کا نتیجہ بھی بُرا ہی پیش آتا ہے ۔
کردہ (کَرْ ۔ دَہْ) (ف) کیا ہُوا ۔ عمل میں لایا ہُوا ۔
کرڑکرڑ (کَرَڑْ ۔ کَرَڑْ) (ہ) مؤنث ۔ کسی چیز کے چٹخنے کی آواز ۔
کرستان (کِرِسْ ۔ تَانْ) (ل) عیسائی ۔ نصرانی ۔ کرسچین ۔
کرسچین (کِرِسْ ۔ چِیَنْ) (انگ ۔ Christian) مذکر ۔ حضرت مسیحؑ کو ماننے والا ۔ عیسائی ۔
کرسمس ڈے (کِرِسْ ۔ مَسْ ۔ ڈِے) (انگ ۔ Christmas day) مذکر ۔ بڑا دن ۔ عیسائیوں میں حضرت مسیحؑ کے قبر سے اٹھنے کا تہوار ۔
کُرسی (کُرْ ۔ سِیْ) (ہ) مؤنث (۱) گوبر (۲) اُپلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اور چُورا ۔
کُرسی (کُرْ ۔ سِیْ) (ع) مؤنث (۱) چوکی (۲) مسند ۔ تخت ۔ گدّی ۔ (۳) عمارت کی تہ کی اونچائی (۴) درجہ ۔ زینہ (۵) (شرعی اصطلاح میں) آٹھویں آسمان پر تختِ الٰہی کا مقام (۶) لکھنؤ کے قریب ایک مقام ۔ کُرسی کا احمق (ل) مذکر ۔ نہایت احمق ۔ کُرسی نامہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ نسب نامہ ۔ سلسلۂ خاندان ۔ کُرسی نشین ۔ مذکر (۱) وہ شخص، جسے افسر ملاقات کے وقت کُرسی بیٹھنے کو دیں (۲) کُرسی پر بیٹھنے والا (۳) ذہن نشین (۴) کامیابی یا مرتبہ حاصل کرنے والا ۔ کُرسی نشین ہونا (ل) (۱) کُرسی پر بیٹھنے کے درجے کو پہنچنا (۲) درست ہونا ۔ ٹھیک بیٹھنا ۔
کرشمہ (کِرِشْ ۔ مَہْ) (ف) مذکر (۱) آنکھ کی جھپکی ۔ غمزہ ۔ ناز ۔ نخرا (۲) (ل) حیرت انگیز اور انوکھی بات (۳) اعجاز ۔ کرامات (۴) علامت ۔ نشان ۔ کرشمہ دکھانا (ل) کوئی عجیب اور حیرت انگیز بات کرنا ۔ کوئی کرامات یا اعجاز دکھانا ۔
کرشن (کِرِشْنْ) (ہ) مذکر (۱) وشنو کے اوتار کنھیا جی (۲) (مجازاً) سیاہ فام آدمی ۔ کرشن پکش ۔ یا ۔ پکھ ۔ مذکر ۔ اندھیرا پاکھ ۔ چاند کے اخیر دن، جن میں اوّل رات اندھیرا رہتا ہے ۔
کرشن جٹا ۔ مؤنث ۔ بال چھڑ ۔ جٹا ماسی ۔ سنبل الطیب ۔
کرشن لیلا ۔ مؤنث ۔ کرشن جی کے کھیل تماشے ۔
کرفس (کَرَ ۔ فْسْ) (ع) مؤنث ۔ خراسانی اجوائن ۔
کرک (کَرَکْ) (س) مذکر (۱) کیکڑا (۲) برج سرطان (۳) سفید گھوڑا ۔
کرک (کَرَکْ) (ہ) مذکر ۔ دُکھ ۔ ٹیس ۔ درد ۔
کرکٹ (کَرْ ۔ کَٹْ) (ہ) مذکر ۔ خس و خاشاک ۔ گھاس پھوس ۔

کرکٹ (کِرِکِٹْ) (انگ ۔ Cricket) مذکر ۔ گیند بلّے کا کھیل ۔ گوے چوگان ۔
کرکچ (کَرْ ۔ کَچْ) (ہ) مذکر ۔ سمندری نمک ۔
کِرکِرا (کِرْ ۔ کِرَا) (ہ) (۱) ریتیلا ۔ خاک آمیز ۔ ریگ آمیز ۔ کھسکھسا ۔ کِرکِرا کرنا (۱) کسی چیز میں ریت مِلا دینا (۲) بدمزہ کرنا ۔ بگاڑنا ۔ بھنگ ڈالنا ۔ کِرکِراہٹ ۔ مؤنث ۔ دانت کے نیچے کنکریلی چیز کے بولنے کی آواز ۔ کِرکِری (۱) ریت یا کنکر ملی ہوئی (۲) مؤنث ۔ ہیٹی ۔ خواری ۔ ذلت (۳) ایک قسم کا ریشمی زرتار کپڑا ۔ کِرکِری ہونا ۔ خواری ہونا ۔ ذلت ہونا ۔ آبرو بگڑنا ۔
کُرکُری (کُرْ ۔ کُرِیْ) (ہ) مؤنث (۱) پیچش ۔ مروڑ (۲) گھوڑے کی بدہضمی (۳) نرم اور ملائم ہڈی، جو چبائی جا سکے (۴) خستہ ۔ بھربھری ۔ کراری ۔ کُرکُری اٹھنا (ہندو) (۱) پیٹ میں درد ہونا ۔ (۲) گھوڑے کا پیشاب بند ہونا ۔
کرکری خانہ (ل) مذکر ۔ اُمراء کے پرانا اسباب رکھنے کی جگہ ۔
کرکولنا (کُرْ ۔ کُوْلْ ۔ نَا) (ہ) کسی ٹھوس چیز کا اندرونی حصہ خالی کرنا ۔
کرگدن (کَرْ ۔ گَدَنْ) (ف) مذکر ۔ گینڈا ۔ ہاتھی جیسا ایک جانور، جس کی کھال سے ڈھال بنائی جاتی ہے ۔
کرگس (کَرْ ۔ گَسْ) (ف) مذکر ۔ گِدھ ۔
کرگہ (کَرْ ۔ گَہْ) (ف) مؤنث ۔ وہ گڑھا، جس میں جلاہے بیٹھ کر کپڑا بُنتے ہیں ۔ (پ) کھڈّی ۔ کرگہ چھوڑ تماشے جائے، ناحق چوٹ جلاہا کھائے (ل) مثل ۔ ایسے مقام پر کہتے ہیں، جہاں کوئی آدمی دوسروں کی رِیس کر کے بے فائدہ نقصان کرے یا تکلیف اٹھائے ۔
کرم (کَرَمْ) (س) مذکر (۱) کام (۲) نوکری (۳) فرض (۴) چال چلن (۵) مذہبی رسم (۶) ذات کے فرائض (۷) مفعول (۸) نصیب ۔ قسمت ۔ کرم بھوگ (ہ) مذکر ۔ پہلے جنم میں کیے ہوئے کام کا پھل ۔ بھلائی بُرائی کا نتیجہ ۔ کرم پھوٹنا (۱) بدنصیب ہونا (۲) رانڈ ہونا (۳) بُری جگہ شادی ہونا ۔ کرم ریکھ (ریکھا) مؤنث ۔ تقدیر کا لکھا ۔ نوشتۂ ازلی ۔ کرم کا بلیا (صفی) (۱) زبردست نصیبے والا (۲) (طنزاً) بدقسمت ۔ کرم کی ریکھ نہیں مٹتی ۔ مثل ۔ تقدیر کا لکھا محو نہیں ہوتا ۔ نوشتۂ ازلی ہو کر رہتا ہے ۔
کرموں ۔ مذکر ۔ کرم کی جمع ۔ کرموں کو رونا ۔ نصیبوں کو پیٹنا ۔ پچھتانا ۔ افسوس کرنا ۔
کرم (کَرَمْ) (ع) مذکر (۱) بزرگی (۲) جوانمردی ۔ ہمت (۳) دان ۔ پُن ۔ بخشش (۴) مہربانی ۔ عنایت ۔ کرم کرنا (ل) (۱) عنایت کرنا ۔ مہربانی فرمانا (۲) قدم رنجہ فرمانا ۔ تشریف لانا (۳) بخشنا ۔ رحم کرنا ۔
کرم (کَرَمْ) (ف) مذکر ۔ بندگوبھی ۔ کرم کلّا (ل) مذکر ۔ ایک قسم کی

گوبھی، جس میں پھول نہیں ہوتا ۔

کِرم (کِرْم) (ف) مذکر ۔ کیڑا ۔ کوڑا ۔ کِرم پیلہ ۔ مذکر ۔ ریشم کا کیڑا ۔ کِرم خوردہ ۔ گھن لگا ہوا ۔ بوسیدہ، پرانا ۔

کِرمک ۔ مذکر ۔ چھوٹا کیڑا ۔ کِرمکِ شب تاب ۔ مذکر ۔ رات کو چمکنے والا چھوٹا کیڑا ۔ جگنو ۔

کُرم کُرم (کُرْم ۔ کُرْم) (ہ) مؤنث ۔ بھربھری یا کُرکُری چیز کے چبانے کی آواز ۔

کرمل (کَرْ ۔ مَل) (ہ) مذکر ۔ کانوں کے نیچے کا ورم ۔ کن پیڑا ۔

کرمی (کَرْ ۔ مِی) (ہ) مذکر ۔ پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک ذات ۔

کَرَن (کَ ۔ رَن) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) کان ۔ گوش (۲) مثلث کا قاعدہ ۔ کَرَن پھول ۔ مذکر ۔ کان کا ایک زیور، آویزۂ گوش، گوشوارہ ۔

کِرن (کِ ۔ رَن) (ہ) مؤنث (۱) سورج یا چاند کی شعاع ۔ کِرن کا پھرا ۔ مذکر ۔ نور کا تڑکا ۔ علی الصبح ۔

کرنا ۔ کرّنا (کَرْ ۔ نَا ۔ کَرْ ۔ رَنا) (ف) مؤنث ۔ قرنا ۔ بگل ۔ نفیری ۔

کرنا (کَرْ ۔ نَا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی گلگل ۔

کرنٹا (کِرَن ۔ ٹا) (ہ) مذکر ۔ کرانی ۔ کرسٹان ۔ کرسچین ۔

کرنجا (کَرَن ۔ جا) (ہ) بلّی کی سی آنکھوں والا ۔ کیرا ۔ ازرق چشم ۔ کرنجی ۔ نیلی ۔ کرنجی آنکھ ۔ مؤنث ۔ کیری آنکھ ۔ نیلی آنکھ ۔ چشم ازرق ۔

کرنجوا (کَرَن ۔ جْ ۔ وَا) (ہ) مذکر (۱) ایک درخت اور اس کا خاکی پھل (۲) خاکی رنگ ۔

کرنڈ (کُرَنْڈ) (ہ) مذکر ۔ مسالے سے بنایا ہوا ایک قسم کا پتھر، جو ہتھیار تیز کرنے کے کام آتا ہے ۔

کرنڈی (کَرَن ۔ ڈِی) (ہ) مؤنث ۔ سر کی چادر ۔ کچے ریشم کی لنگی ۔

کرنسی (کَرَن ۔ سِی) (انگ ۔ Currency) مؤنث ۔ سکّہ ۔ چلتا روپیہ ۔ سرکاری نوٹ ۔ کرنسی آفس (Currency office) مذکر ۔ نوٹوں کے روپے بدلنے کا محکمہ ۔

کرنسی نوٹ (Currency Note) مذکر ۔ نقدی کے بجائے لین دین میں مستعمل ہونے والا سرکاری نوٹ ۔

کرنل (کَرْ ۔ نَل) (انگ ۔ Colonel) مذکر ۔ فوج کا اعلیٰ حاکم ۔ سرلشکر ۔

کرنیل (کَرْ ۔ نَیل) (ا) مذکر ۔ کرنل ۔

کروا (کَرْ ۔ وَا) (ہ) مذکر (ہندو) مٹی کا ٹونٹی والا برتن ۔ لوٹا ۔

کرواچوتھ ۔ مؤنث (ہندو) ہندوؤں کا ایک تہوار ۔

کرّوبی (کَرْ ۔ رُو ۔ بِی) (ع) مذکر ۔ اعلیٰ درجے کا فرشتہ ۔ کرّوبیاں ۔ مذکر ۔ کرّوبی کی جمع ۔ اعلیٰ درجے کے فرشتے ۔

کروت (کَرْ ۔ وَت) (ہ) مذکر ۔ بڑا آرا ۔

کروٹ (کَرْ ۔ وَٹ) (ہ) مؤنث (۱) سینے کی دونوں طرفوں میں سے ایک طرف ۔ پہلو (۲) بل ۔ رخ ۔ جانب (۳) طریق ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ کروٹ بدلنا (۱) ایک پہلو سے دوسرا پہلو بدلنا (۲) انقلاب ہو جانا (۳) مخالف سے جا ملنا ۔ کروٹ لینا (۱) رخ بدلنا (۲) منہ پھیر لینا (۳) انقلاب اختیار کرنا ۔ کروٹوں، کروٹیں ۔ مؤنث ۔ کروٹ کی جمع ۔ کروٹوں میں رات کاٹنا ۔ تڑپ کر رات گزارنا ۔ بے چینی اور بے قراری میں رات بسر کرنا ۔ بے چین رہنا ۔ کروٹیں بدلنا ۔ بستر پر بے چین اور بے قرار رہنا ۔ آرام سے نہ سونا ۔

کروا بنانا (کَرْ ۔ وَا ۔ رَا ۔ بَنَا ۔ نَا) (۱) ایک کو دوسرے سے اچھا سمجھنا ۔ ترجیح دینا ۔

کروڑ (کَرُو ۔ ڑ) (ہ) سو لاکھ ۔ ....۱ ۔ کروڑپتی ۔ مذکر ۔ ایک کروڑ کا مالک ۔ بھاری مال دار ۔ کروڑ کی ایک بات ۔ مؤنث ۔ نہایت پکی اور گہری بات ۔ نہایت تجربے کی بات ۔

کروڑوں ۔ مذکر ۔ کروڑ کی جمع ۔ بے شمار ۔

کروندا (کَرَوْن ۔ دَا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) گکروندا ۔ سرخ اور سفید رنگ کا ایک ترش پھل (۲) کان کے پاس کی گلٹی یا غدود ۔

کروہ (کُرُو ۔ ہ) (ف) مذکر ۔ کوس ۔ چار ہزار گز زمین کی مسافت ۔

کروی (کُرَ ۔ وِی) (ع) گول ۔ دائرہ نما ۔ مدوّر ۔

کُرہ (کُرَ ۔ ہ) (ع) مذکر ۔ گولا ۔ گیند ۔ ہر گول چیز ۔ کرۂ ارض ۔ یا زمین ۔ مذکر ۔ ساری زمین، جو گیند کی شکل پر ہے ۔

کُرّی (کُرْ ۔ رِی) (۱) بھربھری ۔ خستہ ۔ کُرکُری ۔

کریاکرم (کِرْ ۔ یَا ۔ کَرْم) (ہ) مذکر ۔ مُردے کے متعلق مذہبی رسوم ۔ کریاکرم کرنا (ہندو) مُردے کو کفنانے اور جلانے کی مذہبی رسوم کا ادا کرنا ۔

کُریال (کُرْ ۔ یَال) (ہ) مؤنث (۱) جانوروں کا اپنے بازوؤں کو کھجانا اور سہلانا (۲) آرام ۔ امن ۔ بے فکری ۔ کریال میں آنا (۱) پرندوں کا خوش ہو کر پر جھڑجھڑانا اور صاف کرنا (۲) مزے میں آنا (۳) خوشی میں آنا (۴) امنگ میں آنا ۔ عیش و راحت میں مست و سرشار رہنا ۔ کریال میں غلّہ (غلیلہ) لگنا ۔ عین مزے میں کھنڈت پڑنا ۔ عین حصولِ مقصد میں خلل واقع ہونا ۔ رنگ میں بھنگ ہونا ۔

کریب (کرَیبْ) (مہذب) رانگ ۔ کریپ مؤنث ۔ ایک قسم کا انگریزی ریشمی کپڑا ۔

کُرِیت (کُرِیْت) (ہ) مؤنث ۔ بُری رسم ۔ بدمعاملگی ۔

کُرید (کُرِیْد) (ہ) مؤنث (۱) جستجو ۔ تلاش ۔ چھان بین (۲) کُریدنا کا امر ۔ کُریدنا (۱) کھودنا ۔ کسی چیز کی تلاش کرنا (۲) کھرچنا (۳) کھود کر باہر نکالنا ۔ نکالنا ۔ کُریدنی ۔ مؤنث ۔ کھرچنے کا آلہ ۔

کریر (کَرِیْر) (ہ) مذکر ۔ کانٹوں والا ایک پودا، جس کے پتّے نہیں ہوتے ۔

کریز (کَرِیْز) (ف) مؤنث (۱) پرندوں کا پرانے پر گرانا (۲) (۱) پرندوں کے پر جھاڑنے کی کیفیت ۔ کریز چھوٹنا (۱) پرندوں کا پرانے پر جھاڑ کر نئے نکالنا ۔

کُری کُری (کُڑی کُڑی) [کُرِیْ کُرِیْ (کُڑِیْ کُڑِیْ)] (ہ) مؤنث ۔ مرغی مرغے کے ہنکانے کی آواز ۔

کریل (کَرِیْل) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "کریر" ۔

کریلا (کَرِیْلا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی کڑوی ترکاری، جو پکانے سے بڑی مزیدار ہو جاتی ہے ۔ کریلا اور نیم چڑھا ۔ کریلا پہلے ہی تلخ تھا، نیم پر چڑھ کر اور زہریلا ہو گیا ۔ یعنی خیر سے پہلے ہی بدمزاج تھے، خود مختار ہو کر اور بھی آزاد ہو گئے ۔

کریم (کَرِیْم) (ع) (۱) بخشنے والا (۲) فیاض ۔ سخی (۳) مہربان (۴) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔ کریمانہ (ع ۔ ف) سخی کی مانند ۔ کریمہ (ع) مؤنث ۔ سخی عورت ۔ کریمی ۔ مؤنث (۱) سخاوت ۔ فیاضی (۲) مہربانی ۔ عنایت ۔

کریہ (کَرِیْہ) (ع) مکروہ ۔ بدشکل ۔ قابلِ نفرت ۔ کریہُ الصّوت ۔ ناگوار آواز والا ۔ بدآواز ۔ کریہ منظر ۔ بدشکل ۔ بدصورت ۔ بدنما ۔

ک ۔ ڑ

کڑ (کَڑ) (ہ) مؤنث ۔ کسمب کا بیج ۔

کڑ (کِڑ) (ہ) مذکر ۔ کیڑا کا مخفف ۔ کِڑ کھایا (۱) کیڑوں کا کھایا ہوا ۔ کرم خوردہ (۲) پرانا ۔ بوسیدہ (۳) (حقارتاً) جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں ۔

کڑا (کَڑا) (ہ) (۱) سخت ۔ کرخت (۲) بے رحم (۳) زور آور ۔ مضبوط (۴) بدمزاج (۵) دشوار ۔ کٹھن (۶) دلیر ۔ بہادر (۷) لوہے کا کڑا، جو سکھ پہنتے ہیں (۸) کُندا (۹) وہ عمارت، جس میں چونے، پتھر اور اینٹوں کے سوا لکڑی کا کام نہ ہو (۱۰) ہاتھ یا پاؤں میں پہننے کے لیے سونے چاندی کے حلقے ۔ کڑاپن ۔ مذکر (۱) سختی (۲) کرختگی (۳) مضبوطی (۴) تندی ۔ تیزی (۵) بہادری ۔ شجاعت ۔ کڑا اسماں ۔ مذکر (گنوار) (۱) کال ۔ گرانی (۲) بُرا زمانہ ۔ افلاس کے دن ۔ کڑا کرنا (۱) سخت کرنا (۲) بھاؤ چڑھانا (۳) مضبوط کرنا (۴) کسنا ۔ جکڑنا (۵) سختی جھیلنا (۶) ہمت بڑھانا ۔ کڑی ۔ کڑا کی تانیث (۱) شدید ۔ سخت (۲) کرخت (۳) مستحکم ۔ مضبوط (۴) ناگوار طبع (۵) تند ۔ تیز (۶) سختی اٹھانے والی (۷) دشوار ۔ بھاری ۔ کٹھن ۔ مشکل (۸) غضب ناک ۔ خشم ناک (۹) مؤنث ۔ چھت کا تیر ۔ شہتیر (۱۰) جریب کا باریک اور پتلا حصہ (۱۱) آہنی حلقہ (۱۲) دکھ ۔ رنج ۔ سختی (۱۳) چاندی یا سونے کا باریک اور پتلا حلقہ (۱۴) ہندی نظم کا بند (۱۵) پاؤں کا ایک زیور ۔ کڑی آنکھ پڑنا ۔ قہر کی نظر پڑنا ۔ کڑی اٹھانا ۔ سخت بات سہنا ۔ سختی جھیلنا ۔ کڑی بات ۔ مؤنث ۔ ناگوارِ طبع بات ۔ نامُلائم بات ۔ کڑی جھیلنا ۔ دیکھیے "کڑی اٹھانا" ۔ کڑی چوٹ ۔ مؤنث ۔ ضرب شدید ۔ صدمۂ سخت ۔ کڑی دھوپ پڑنا ۔ شدت کی دھوپ پڑنا ۔ تیز دھوپ پڑنا ۔ کڑی سُنانا ۔ نامُلائم بات کہنا ۔ سخت بات کہنا ۔ کڑی منزل (۱) مؤنث ۔ سخت منزل ۔ کٹھن راستہ ۔ کڑیاں ۔ مؤنث ۔ کڑی کی جمع (۱) چھت کے شہتیر (۲) حلقے ۔

کڑاڑا (کَڑاڑا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "کراڑا" ۔

کڑاکا (کَڑاکا) (ہ) مذکر (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) فاقہ (۳) شدت ۔ سختی ۔ کڑاکا گزرنا ۔ بھوکا رہنا ۔ فاقہ ہونا ۔ کڑاکے (۱) کڑاکا کی جمع (۲) کڑاکا کی صورت حروفِ مغیرہ سے پہلے ۔ کڑاکے کا جاڑا ۔ مذکر ۔ سخت سردی، جس میں دانت سے دانت بجے ۔ شدت کا جاڑا ۔ کڑاکے کا فاقہ (۱) مذکر ۔ سخت فاقہ ۔

کڑاکڑ (کَڑاکَڑ) (ہ) مذکر ۔ کسی چیز کے ٹوٹنے یا بجنے کی متواتر آواز ۔

کڑاہ (کَڑاہ) (ہ) مذکر (۱) بڑی کڑاہی (۲) لوہے کا بڑا برتن (۳) (پ ۔ سکھ) حلوا ۔ کڑاہی ۔ مؤنث (۱) کڑھاؤ ۔ لوہے کا ظرف (۲) (پ ۔ سکھ) حلوا (۳) شیرینی کی نیاز ۔ کڑاہی چڑھنا (۱) کڑاہی کا کسی چیز کے تلنے کے لیے چولھے پر رکھا جانا (۲) پکوان کا تلا جانا (۳) (ہندو) شادی کے کھانوں اور ضیافت کا سامان ہونا ۔ کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا ۔ اپنی سچائی ثابت کرنے کے لیے جلتے ہوئے تیل میں ہاتھ ڈال کر دکھا دینا کہ ہم سچے ہوں گے تو ہاتھ نہ جلے گا ۔

کڑبڑا (کَڑبَڑا) (ہ) مذکر ۔ ادھیڑ ۔ وہ شخص، جس کی ڈاڑھی میں سیاہ اور سفید بال ہوں ۔ کڑبڑی ڈاڑھی ۔ مؤنث ۔

وہ ڈاڑھی، جس میں سیاہ اور سفید بال ہوں ۔
کڑک (کَڑَک) (ہ) مؤنث (۱) بجلی کی آواز (۲) سخت اور مہیب آواز (۳) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۴) گھوڑے کی پوری رفتار (۵) دپ، برق ۔ تجلی (۶) کڑکنا کا امر ۔ کڑک بانکا ۔ مذکر ۔ بانکا ترچھا جوان ۔ کڑیل جوان ۔ کڑک بجلی ۔ مؤنث (۱) توڑیدار بندوق ۔ نہایت مہیب آواز کی بندوق (۲) کڑاکے کی آواز والی عورت ۔ رعب داب والی عورت ۔ کڑک کا ۔ مذکر (۱) کڑاکا ۔ بجلی کا شور ۔ آوازہ (۲) میدانِ جنگ میں دل بڑھانے والے اشعار یا گیت ۔ رجز (۳) وہ آواز، جو نقیب لوگ بادشاہ کی سواری کے آگے لگاتے ہیں (۴) بہادری کے گیت ۔ رزم نامہ (۵) کڑکنا سے ماضی مطلق ۔
کڑکنا (۱) گرجنا ۔ بجلی کی آواز نکلنا (۲) چیخ کر بولنا (۳) باجے یا نوبت کا زور سے بجنا ۔ کڑکی ۔ کڑکنا سے ماضی مطلق مؤنث ۔
کڑکی تو ڈری، پڑی تو سہی ۔ مثل ۔ ہول کھانا مصیبت اٹھانے سے زیادہ سخت ہے اور جب مصیبت پڑ جاتی ہے تو آدمی سہ لیتا ہے ۔ کڑکیت ۔ مذکر (۱) نقیب ۔ وہ شخص، جو بادشاہ کی سواری کے آگے آگے آواز لگاتا جاتا ہے (۲) وہ شخص، جو میدانِ جنگ کے اندر نظم یا نثر میں بہادروں کو جوش اور غیرت دلاتا ہے ۔
کڑک (کُڑُک) (ہ) مؤنث (۱) وہ مرغی، جو انڈے دینے سے رک گئی ہو (۲) کورا ۔ خالی ۔ کڑک ہونا (۱) مرغی کا انڈے دینے سے باز رہنا ۔
کڑکڑ (کَڑ کَڑ) (ہ) مؤنث (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز (۳) انگلیوں کے چٹخنے کی آواز ۔
کڑکڑ (کِڑ کِڑ) (ہ) مؤنث ۔ دانتوں کے باہم رگڑ کھانے کی آواز ۔ کڑکڑا ۔ کڑکڑانا کا امر ۔ کڑکڑانا ۔ دانتوں کا باہم رگڑ کھا کر آواز دینا ۔
کڑکڑ (کُڑ کُڑ) (ہ) مؤنث ۔ مرغیوں کے بھگانے کی آواز ۔ کڑکڑا ۔ کڑکڑانا کا امر ۔ کڑکڑانا (۱) مرغیوں کا بولنا (۲) بڑبڑانا (۳) حسد کرنا ۔ جلنا (۴) برا بھلا کہنا ۔
کڑکڑا (کَڑ کَڑا) (ہ) کڑکڑانا کا امر ۔ کڑکڑ آنا ۔ کڑکڑانا سے ماضی تمنائی ۔ کڑکڑانا (۱) تیل یا گھی کے بگھارنے کی آواز نکلنا (۲) داغ دینا ۔ بگھارنا ۔
کڑکڑاتا (کَڑ کَڑاتا) (ہ) شدت کا ۔ زور کا (جاڑا) ۔ کڑکڑاتا جاڑا ۔ مذکر ۔ شدت کا جاڑا ۔ نہایت زور کی سردی ۔
کڑکنا (کَڑَک۔نا) (ہ) (۱) تڑخنا ۔ تڑکنا ۔ چٹکنا (۲) موتی کا ٹوٹ جانا ۔ موتی میں بال آ جانا (۳) بچہ مر جانا ۔
کڑکنا تھ (کَڑَک۔ناتھ) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا مرغ ۔
کڑکو (کَڑ۔کو) (ہ) مؤنث (۱) بدمزاج عورت (۲) بیہودہ گو عورت ۔
کڑکی (کَڑَک۔کی) (ہ) مؤنث ۔ چھوٹی چھوٹی چڑیاں پکڑنے کی چیز ۔
کڑنگا (کَڑَنگ۔گا) (ہ) مذکر (۱) سخت کلام ۔ سخت گو (۲) نہایت توانا اور قوی شخص ۔
کڑوا (کَڑ۔وا) (ہ) (۱) تلخ ۔ نیم کے مزے کا (۲) تند ۔ تیز (۳) نمکین ۔ کھاری (۴) غصیل ۔ بدمزاج (۵) اکھڑ ۔ سخت ۔ کڑوا کڑوا تھو تھو میٹھا میٹھا ہپ ہپ ۔ مثل ۔ بری چیز چھوڑ دینا اور اچھی چیز لے لینا ۔ کڑوا تیل ۔ مذکر ۔ سرسوں وغیرہ کا تیل ۔ روغن تلخ ۔ کڑوا دل کرنا (۱) ناگوار بات کی برداشت کرنا ۔ ہمت باندھنا ۔ سختی جھیلنا ۔ کڑوا زہر ۔ از حد تلخ ۔ زہر ہلاہل ۔ کڑوا کریلا نیم چڑھا (ہ) مثل ۔ بدمزاج تو تھے ہی، خلاف طبع بات نے اور چڑچڑا کر دیا ۔ کڑوا کسیلا ۔ تلخ اور ناگوار طبع ۔ کڑوا ہونا (۱) کسی چیز کا تلخ اور بدمزہ ہونا (۲) بگڑنا ۔ خفا ہونا ۔ کڑواپن ۔ مذکر ۔ تلخی ۔ تندی ۔ بدمزاجی ۔ کڑوانا (۱) کڑواہٹ آ جانا (۲) خفا ہونا ۔ بگڑنا (۳) نیند میں بھرنا ۔ کڑواہٹ ۔ مؤنث ۔ تلخی ۔ تیزی ۔ کڑوی ۔ مؤنث (۱) تلخ (۲) تند ۔ تیز (۳) ناگوارِ طبع بات ۔ کڑوی روٹی (کھچڑی) مؤنث (ہندو) جس روز کوئی ہندو مر جاتا ہے، اس دن کا کھانا ۔ کڑوی نگاہ (۱) مؤنث ۔ ناراضی کی نظر ۔ خفگی کی نگاہ ۔ کڑوے (ہ) کڑوا کی جمع ۔ کڑوے کسیلے دن ۔ مذکر (عو) (۱) تنگی کا زمانہ ۔ سختی اور مصیبت کے دن ۔ برے بھلے دن (۲) حمل کا آٹھواں مہینا ۔ کڑوے گھونٹ (۱) مذکر ۔ کٹھن کام ۔ کاہ سخت ۔ مشکل اور ناگوار بات ۔
کڑوڑ (کَڑ۔وَڑ) (ہ) مذکر ۔ کروڑ ۔
کڑوڑا (کَڑ۔وَ۔ڑا) (ہ) مذکر ۔ اعلیٰ حاکم ۔ حاکموں کا حاکم ۔ افسروں کا افسر ۔ وہ حاکم، جو اور افسروں پر افسر ہو ۔
کڑوڑ گیری (کَڑ۔وَڑ۔گی۔ری) (دکن) مؤنث ۔ چنگی کا محکمہ ۔
کڑوی (کَڑ۔وی) (ہ) مؤنث ۔ جوار یا باجرے کی چری ۔
کڑھ (کَڑھ) (ہ) کڑھنا کا امر ۔ کڑھا ۔ کڑھنا سے ماضی مطلق ۔
کڑھا ہوا (۱) زردوزی کا ۔ کشیدہ وغیرہ (۲) جوش دیا ہوا (دودھ) (۳) متفکر کیا ہوا ۔ کھپا ہوا ۔ کڑھنا (گنوار) (۱) باہر آنا ۔ نکلنا (۲) کھپنا (۳) کشیدہ کاری اور زردوزی ہونا (۴) دودھ ابلنا ۔ کڑھوا ۔ کڑھوانا کا امر ۔ کڑھوانا (۱)

کشیدہ کڑھوانا (۲) نکلوانا (۳) کسی چیز کو گرو رکھ کر قرض لینا ۔
کڑھوائی ۔ مؤنث ۔ کاڑھنے کی اُجرت ۔
کڑھ (کُڑھ) (ہ) کُڑھنا کا امر ۔ **کڑھا** (۱) کُڑھنا سے ماضی مطلق (۲) کڑھانا کا امر ۔ **کڑھانا** (۱) رنج دینا ۔ غمگین کرنا ۔ رنجیدہ کرنا (۲) رنج دلانا (۳) افسوس دلانا (۴) جان بوجھ کر ناراض کرنا ۔
کڑھی (کڑِھی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا سالن، جو بیسن اور دہی یا چھاچھ میں مسالا ڈال کر پکایا جاتا ہے ۔ **کڑھی کا سا اُبال** ۔ مذکر ۔ جلد فرو ہو جانے والا غصہ یا ارادہ ۔ **کڑھی میں کوئلہ** ۔ مثل ۔ اچھی بات میں کچھ نقص ۔
کڑی (کڑِی) (ہ) مؤنث (۱) مرغیوں کو ہنکانے کی آواز (۲) (پ) لڑکی ۔
کڑیل (کڑ ۔ یَل) (ہ) (۱) سخت ۔ کڑا (۲) طاقت ور ۔ **کڑیل جوان** (د) مذکر ۔ قد آور جوان ۔ لم تڑنگا جوان ۔ گراں ڈیل یا گبرو جوان ۔ پہلوان آدمی ۔ زور آور آدمی ۔

ک۔ز

کز (کَز) (ف) (۱) کج ۔ ٹیڑھا ۔ خم (۲) مذکر ۔ کچا اور کم قیمت ریشم، جس کا معرب قز ہے ۔ **کژ ترازو** (کنایۃً) بدمعاملہ آدمی ۔
کزلک (کَز ۔ لَک) (ف) مؤنث ۔ چھوٹی چھری ۔ چاقو ۔

ک۔ژ

کژدم (کَژ ۔ دُم) (ف) مذکر ۔ بچھو ۔ عقرب ۔
کژک (کَژ ۔ کَ) (ف) مؤنث ۔ فیل بان کا آنکس ۔
کژہ (کَژَ ۔ ہ) (ف) مذکر (۱) وہ گوشت کا ٹکڑا، جو آدمی کے حلق میں لٹکا ہوتا ہے ۔ کوا (۲) بڑا خم دار چھرا، جس سے گوشت کا قیمہ بنایا جاتا ہے ۔

ک۔س

کس (کَس) (ہ) کسنا کا امر ۔ **کسا** (۱) کَسنا سے ماضی مطلق (۲) تنا ہوا ۔ کھچا ہوا (۳) وزن میں کم (۴) چست ۔ تنگ (۵) کسانا کا امر ۔ **کسا کسایا** (۱) مستعد ۔ تیار (۲) گاڑی میں جتا جتایا (۳) کاٹھی رکھا رکھایا ۔ **کسانا** (ع) (۱) کسوٹی پر لگوانا ۔ پرکھوانا ۔ امتحان کرانا (۲) کھچوانا ۔ تنوانا (۳) تلوار کو موڑ کر آزمائش کرنا (۴) بٹیروں کو لڑانے کے لیے باہم کشتی کرا کے دیکھنا (۵) مشکل کاموں میں آدمی کا امتحان کرانا ۔ **کساوٹ** ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "کساؤ" ۔ **کساؤ** ۔ مذکر (۱) تناؤ ۔ کھچاوٹ (۲) چستی ۔ تنگی (۳) کسیلا پن ۔ بدمزگی ۔ وہ کیفیت، جو تانبے یا پیتل کے برتن میں کسی ترش چیز کے رکھنے سے پیدا ہو جاتی ہے ۔
کسنا (۱) کھینچنا ۔ تاننا ۔ جکڑنا (۲) مضبوط اور تنگ کر کے باندھنا (۳) تلوار کو خمیدہ کرنا (۴) تنگ کرنا ۔ ستانا (۵) کھرا کھوٹا پرکھنا ۔ کسوٹی پر لگانا (۶) جانچنا ۔ آزمائش کرنا (۷) بٹیروں کا باہم لڑانا (۸) بندوق بھرنا (۹) دام بڑھانا (۱۰) کم تولنا (۱۱) پھینکنا ۔ مارنا ۔ **کسوا** ۔ کسوانا کا امر ۔ **کسوانا** ۔ کسنا کا متعدی المتعدی ۔ دیکھیے "کسنا" ۔
کس (کَس) (ہ) مذکر (۱) بل ۔ زور (۲) آزمائش ۔ امتحان ۔ چاشنی (۳) تلوار کی خمیدگی (۴) مضبوطی (۵) حقیقت (۶) پہاڑی بارش کے پانی سے بہنے والا نالا ۔ **کس بل** ۔ مذکر ۔ قوت ۔ زور و طاقت ۔ دم خم ۔ **کس دیکھنا** ۔ سونے کو کسوٹی پر لگانا ۔ سونے کو تپانا ۔
کس (کَس) (ف) مذکر (۱) شخص ۔ آدمی ۔ لوگ (۲) (د) کدام ۔ کوئی ۔ **کس نگوید کہ دوغ من ترش است** ۔ مثل ۔ کوئی نہیں کہتا کہ میرا دہی کھٹا ہے ۔ اپنی چیز کو کوئی برا نہیں کہتا ۔ **کس نمی پرسد کہ بھیا کون ہو، تین ہو یا ڈیڑھ ہو یا پون ہو** (د) مثل ۔ مفلس آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے ۔ **کس و ناکس** (ف) مذکر ۔ ادنیٰ و اعلیٰ ۔ خاص و عام ۔ ہر آدمی ۔ **کسے** ۔ کوئی آدمی ۔ کوئی شخص ۔ **کسے باشد** ۔ کوئی ہو ۔
کِس (کِس) (ہ) کدام ۔ کون ۔ **کس بات پر بھولا ہے** (ہ) کس خیال میں ہے ۔ کس گھمنڈ میں ہے ۔ **کس باغ کی مولی (کا بتھوا) ہے** (د) کسی شمار و قطار میں نہیں ۔ بے حقیقت ہے ۔ **کس برتے پر تتا پانی** (ہ) مثل ۔ کس حوصلے پر شیخی مارتے ہو؟ اس مقدور اور حقیقت پر یہ غرور ہے؟
کس بلا کا ہے ۔ کس غضب کا ہے ۔ بے حد تعریف کے موقع پر کہتے ہیں ۔ **کس بلا کو پیچھے لگا دیا** (ع) جب کسی ضدی سے سابقہ پڑ جائے تو کہتے ہیں کہ ہم کس عذاب میں پھنس گئے ۔ **کس پر پھولے ہو** ۔ کس بات پر مغرور ہو؟ کون سا وسیلہ ہے؟ **کس جنم کے کالے تل چابے ہیں** ۔ کس زمانے سے اطاعت کا بیڑا اٹھایا ہے، جو ذرا نافرمانی نہیں کرتے؟ **کس چکی کا پیسا کھایا ہے** ۔ کس چکی کا آٹا کھایا ہے کہ اتنے موٹے ہو گئے؟ **کس حساب میں ہے** (د) کس گنتی میں ہے؟ کون پوچھتا ہے؟ **کس خدا نے بتایا (دکھایا)** بیہودہ یا بے وقوفی کی بات کرنے والے کو کہتے ہیں ۔
کس خیال میں ہے ۔ کیا سوچتا ہے؟ کیوں نہیں سمجھتا؟

کِس درد کی دوا ہے؟ کس کام کا ہے؟ تجھ سے کیا اُمید ہے؟
کِس دن کو (رکھ چھوڑنے کے لیے) اٹھا رکھا ہے (ہ) کب کے لیے ملتوی
کیا ہے؟ کرتے کیوں نہیں؟ کِس شمار و قطار (گنتی) میں
ہے (ل) کچھ قدر و منزلت نہیں ✤ کِس طرح ۔ کس سبب سے۔
کیسے ۔ کیونکر ✤ کِس قدر (۱) کتنا (۲) حد سے زیادہ ۔ نہایت ✤
کِس کا (ہ) کِس شخص کا؟ کون سے آدمی کا؟ کِس کا سرا ئیں ۔ یا ۔
لاؤں (و) (۱) کسی شخص کی مدد چاہنے کے لیے بولتے ہیں ۔ کوئی ہو تو
یہ کام انجام ہو سکے (۲) بعض اوقات کسی کی باتوں سے تنگ آ کر
بھی کہتے ہیں ✤ کِس کام کا (کی)، (ہ) کسی کام کا (کی) نہیں ✤
کِس کام کو نکلا تھا، کیا کر آیا (و) اُس وقت کہتے ہیں، جب
آدمی غلطی سے اصل مقصد کو بھی بھول کر کوئی اَور کام کر بیٹھے ✤
کِس کتاب میں (لکھا) ہے ۔ کس قانون کے مطابق ہے؟
دستور کے خلاف ہے ✤ کِس کِس دُکھ کو جھیلا ہے (ہ) کون
سی تکلیف نہیں اٹھائی ۔ تمام مصیبتیں اٹھائی ہیں ✤ کِس کِس
دُکھ کو روئیں ۔ کون کون سی مصیبت بیان کریں ✤ کِس کو ۔
کِس شخص کو ۔ کیسے؟ کِس کھیت کا بتھوا (کی مولی) ہے
دیکھیے "کِس باغ کی مُولی ہے" ✤ کِس کی بکری، کون ڈالے گھاس ۔
مثل ۔ دوسرے کی چیز کوئی نہیں سنبھالتا ۔ سب اپنی ہی چیز کی
حفاظت کرتے ہیں ✤ کِس کی ماں کو ماں کہتی (و) (عو) یتیم
یا غریب بچّے کی مصیبت پر بولتے ہیں کہ ماں نہ تھی، کِسے ماں کہتا
یا کہتی اور وہ امداد کرتی ✤ کِس لیے ۔ یا ۔ کِس واسطے ۔ کِس وجہ
سے؟ کس سبب سے؟ کیوں؟ کس مرض کی دوا ہے؟
کسی کام کا نہیں ۔ بالکل نکمّا اور بے فائدہ ہے ✤ کِس مُنہ سے؟
(ہ) (۱) بات کرنے کا مُنہ نہیں (۲) کوئی اعتراض کرنے کی وجہ نہیں
(۳) اتنی عزّت نہیں کہ ایسی بڑی بات مُنہ سے کہہ بیٹھیں (۴) ایسی
خوبی نہیں کہ اتنی بڑی بات مُنہ سے نکالیں (۵) اتنا حوصلہ
اور جرأت نہیں ✤ کِس نیند سوتا ۔ یا ۔ سو رہا ۔ یا ۔ سو یا
ہے؟ کِس بے خبری میں ہے؟ ہوش پکڑ ۔ عبرت حاصل کر ✤
کِس وقت (ل) کب ۔ کِس گھڑی ✤ کِس ہوا میں ہے ۔
کیا سمجھے ہوئے ہے؟ کسی (ہ) (۱) کوئی آدمی ۔ کوئی چیز ۔ کوئی بات
(۲) نامعلوم الاسم (۳) فلاں ۔ شخصِ معلوم (۴) دلبر ۔ معشوق ✤
کسی بات سے ہاتھ اٹھانا ۔ کسی بات یا کام کو چھوڑنا ✤ کسی بات
کے لالے پڑنا (۱) کسی بات کا دشوار ہونا (۲) کسی بات کا از حد
خواہش مند ہونا، لیکن اسے پورا نہ کر سکنا (۳) نا امیدی ہونا ۔
مایوسی ہونا ✤ کسی پر بھولے پھرنا ۔ کسی کی حمایت یا امید پر اترائے
پھرنا ✤ کسی پر جان جانا (دینا) ۔ کسی پر عاشق و مفتون ہونا ✤
کسی پر دم دینا (مرنا) دیکھیے "کسی پر جان دینا" ✤ کسی پر
دیوانہ ہونا (و) کسی کے عشق میں مجنون و سودائی ہونا ۔ کسی پر
فریفتہ ہونا ✤ کسی پر ہاتھ رکھنا (ہ) کسی کا حامی و مددگار ہونا ۔
تسلّی دینا ✤ کسی پہلو (ہ) کسی طرح ✤ کسی چیز پر آنکھ نہ ٹھہرنا (۱)
کمالِ استغنا سے کسی چیز کو خاطر میں نہ لانا (۲) ... [illegible]
کسی چیز پر دل چلنا ۔ یا ۔ للچانا ۔ کسی بات کو جی چاہنا ۔ کسی
چیز پر دل مائل ہونا ✤ کسی چیز پر لات مارنا ۔ یا ۔ ٹھوکر مارنا ۔ کسی چیز
کو ٹھکرانا یا خاطر میں نہ لانا ✤ کسی چیز پر ہاتھ نہ رکھنے دینا ۔
فروخت کی اشیاء میں از حد بے پروائی اور ترش روئی سے
کام لینا ✤ کسی چیز کا دھواں اُڑانا ۔ کسی شے کو خاک میں ملا دینا ۔
ریزہ ریزہ کرنا ✤ کسی سے دل لگانا ۔ کسی سے عشق کرنا ۔
کسی سے دوستی کرنا ✤ کسی سے سانٹھ ۔ کسی سے بدھائی (ع)
مثل (ہ) ہر ایک سے وعدہ وعید ۔ جھوٹی خاطر داری ✤
کسی سے کھُل جانا (و) کسی سے از حد بے تکلف اور بے حجاب ہونا ۔
کسی سے شرم و لحاظ اٹھا دینا ✤ کسی طرح ۔ کسی عنوان ۔
کسی طور ۔ کسی پہلو ✤ کسی قدر ۔ کچھ ۔ ذرا سا ۔ تھوڑا ۔ قدرے ✤
کسی کا (ہ) (۱) کسی شخص کا (۲) شخصِ معلوم کا (۳) (مجازاً)
معشوق یا دلربا کا (۴) غیر کا ۔ دوسرے کا (۵) اپنی ذات کا ۔
اپنا ✤ کسی کا پردہ پوشیدہ ہونا (و) مرجانے سے کسی کی عزّت
رہ جانا یا بدنامی سے بچنا ✤ کسی کا کچھ نہیں جاتا ۔ کسی کا
کچھ نقصان نہیں ہوتا ✤ کسی کا کچھ (بس) نہیں چلتا ۔
کسی کی پیش نہیں جاتی ۔ قابو اور اختیار سے باہر ہے ✤
کسی کا کلمہ بھرنا ۔ یا ۔ پڑھنا (و) (عو) (۱) کسی پر ایمان
لانا ۔ کسی کا از حد مطیع و معتقد ہونا (۲) کسی کو ہر وقت یاد کرنا ✤
کسی کا گھر جلے کوئی تاپے (ہ) مثل ۔ کسی کا نقصان ہوا کوئی
خوشی منائے، ایک کی مصیبت، دوسرے کی خوشی ✤
کسی کا لہو پینا (۱) کسی کو جان سے مارنا ۔ قتل کرنا (۲)
عاجز کرنا ۔ تنگ کرنا ✤ کسی کام کا نہ ہونا ۔ بالکل نکمّا اور
بے کار ہونا ✤ کسی کا نقشہ جمنا (ل) کسی کا قبضہ ہونا، دخل ہونا،
بات بننا ✤ کسی کا ہاتھ چلے، کسی کی زبان چلے ۔ مثل (۱)
ایک شخص مارتا ہے تو دوسرا زبان سے گالی ہی دے کر جی ٹھنڈا
کرلیتا ہے (۲) بدزبانی کا نتیجہ مار کھانا اور ستانے کا نتیجہ کوسنے
سننا ہے (۳) ہر شخص اپنے امکان اور مقدور کے
مطابق انتقام لے سکتا ہے ✤ کسی کا ہو رہنا (ہ) کسی کا مطیع و
فرمان بردار ہو جانا ✤ کسی کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا (۱)
از حد بے پروائی ظاہر کرنا (۲) انتہائی شرم والا ہونا ✤
کسی کو اپنا کر رکھو ۔ یا ۔ کسی کے ہو رہو ۔ مثل ۔ یا تو خود
کسی کی متابعت اختیار کرو یا کسی کو اپنا مطیع بناؤ ✤

کسی کو اُڑانا (۱) کسی کی بات کو ہنسی میں ٹال دینا (۲) دھوکا دینا۔ بہکانا (۳) کسی عورت کو بھگانا ۔ کسی کو بینگن بیلے کسی کو ان بیچ۔ کہاوت ۔ ایک ہی چیز کسی کو موافق پڑتی ہے، کسی کو مضر ۔ کسی کو خیال میں نہ لانا (۱) کسی کو کچھ نہ سمجھنا ۔ کسی کی پروا نہ کرنا ۔ کسی کو کسی کی خبر نہیں ۔ مثل ۔ کسی جماعت میں غفلت اور بے ہوشی کا عالم ہونے پر کہتے ہیں ۔ کسی کی آگ میں پڑنا ۔ یا ۔ گرنا (ہ) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا ۔ ہمدردی کرنا ۔ کسی کی آئی مجھ کو آجائے (ہ) (عو) دوسرے کی موت مجھے آجائے۔ انتہائی غصے یا تکلیف کی حالت میں اپنے آپ کو بد دعا دینے کا فقرہ ہے ۔ کسی کی جان سے دُور (ف) (عو) مُردے یا مَیّت کا ذکر کرتے وقت یہ فقرہ کہتی ہیں تاکہ اس کا اثر زندہ تک نہ پہنچے ۔ کسی کی خبر لینا (۱) کسی کی خبر گیری کرنا ۔ مدد کرنا ۔ سلوک کرنا (۲) مارنا ۔ پیٹنا ۔ سیدھا کرنا (۳) کسی کو سرزنش کرنا ۔ لعنت ملامت کرنا (۴) کسی کی بیمار پُرسی کو جانا ۔ خیر سلا لینے جانا ۔ کسی کی ڈھول اُڑا دینا (ہ) کسی کو ملیا میٹ یا برباد کر دینا ۔ کسی کی روح پیاسی تھی (و) جب پانی کا بھرا ہُوا گھڑا یا مٹکا خود بخود ٹوٹ جاتا ہے تو یہ فقرہ کہتے ہیں ۔ کسی کے آگے کان پکڑنا (ہ) کسی کو اپنا استاد ماننا ۔ جگت استاد جاننا ۔ سردار ماننا ۔ سب سے بڑھ کر تسلیم کرنا ۔ کسی کے پالے پڑنا (۱) کسی کے قابو میں آنا (۲) کسی سے واسطہ پڑنا ۔ کسی کے ٹکڑوں پر پڑنا ۔ دوسرے کے گھر کھانا ۔ مفت کی روٹیاں توڑنا ۔ دوسرے کی روٹیاں کھانا ۔ کسی کے حال پہ رونا آنا (ر) کسی پر رحم آنا یا افسوس ہونا ۔ کسی کے حق میں کانٹے بونا ۔ کسی کے لیے بُرائی کرنا ۔ کسی کی طرف سے بدگمان کرنا ۔ کسی کے خون کا پیاسا ہونا ۔ کسی کی جان کا دشمن ہونا ۔ کسی کی جان کا لاگو ہونا ۔ کسی کے درپئے قتل ہونا ۔ کسی کے سر ہونا (۱) کسی کے پیچھے پڑنا (۲) کسی کے ذمے پڑنا ۔ کسی کے کیسے میں گھی گھڑے، کسی کے کیسے میں پتھر پڑے (ہ) ایک ہی کام اگر امیر یا خوش نصیب کرے تو اس سے نیک نام ہو جاتا ہے، وہی کام دوسرا بدنصیب غریب کرے تو انگلیاں اٹھتی ہیں ۔ کسی کے لتے لینا (و) آڑے ہاتھوں لینا ۔ تنگ کرنا ۔ بحث و گفتگو میں عاجز اور قائل معقول کرنا ۔ کسی کے منہ لگنا (ہ) (۱) ہم کلام ہونا ۔ باتوں میں برابری کرنا (۲) اخلاص سے باتیں کرنا ۔ قُرب حاصل ہونا ۔ کسی کے ہاتھوں تنگ آنا (ر) کسی سے دق اور عاجز ہونا ۔ کسی لائق ہونا (۱) کسی قابل ہونا (۲) کسی لیاقت یا ہنر میں کامل ہونا ۔ کسی نہ کسی (ہ) ایک نہ ایک، کوئی نہ کوئی ۔ کسی نے پیا دودھ، کسی نے پیا پانی، سب کو ایک رین گوانی ۔ مثل ۔ امیر و غریب، بڑے اور بھلے سب کی گزر ہو جاتی ہے ۔ کِسے (و) کون سے آدمی کو ۔ کس شخص کو ۔

کُس (کُسْ) (ف) مؤنث ۔ عورت کی شرم گاہ ۔ اندام نہانی ۔

کَسا (کَسْ ۔ سَا) (ہ) مذکر (۱) کیکر کی چھال (۲) کیکر کی چھال کی بنی ہوئی شراب ۔ ٹھرّا ۔

کُسا (کُسْ ۔ سَا) (ہ) مذکر ۔ پھاوڑا ۔

کساد (کَسَادْ) (ع) مؤنث ۔ جنس کا نہ بکنا ۔ اشیاء کی عدم خریداری ۔ کساد بازاری (ف) مؤنث ۔ بازار مندا ہونا ۔ بکری کا نہ ہونا ۔

کِساری (کِسَا ۔ رِیْ) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی دال ۔

کسالا (کَسَا ۔ لَا) (و) مذکر (۱) دُکھ ۔ درد ۔ تکلیف (۲) مشقت، محنت (۳) کاہلی ۔ سستی ۔

کسب (کَسْبْ) (ع) مذکر (۱) حاصل کرنا (۲) دھندا ۔ کام ۔ پیشہ (۳) فن ۔ ہنر (۴) وہ کمائی، جو عورت بدکاری سے حاصل کرے ۔ کسب کرنا ۔ یا ۔ کمانا (ہ) بدکاری سے کما کر کھانا ۔ کوٹھے پر بیٹھنا ۔ پیشہ کرنا ۔ کسب کمال کُن کہ عزیز جہاں شوی (ف) مثل ۔ کسی ہنر میں کمال حاصل کر تاکہ تو دنیا میں ہر دل عزیز ہو ۔ کسبی (ع ۔ ف) مذکر (۱) کاریگر ۔ دست کار ۔ پیشہ ور (۲) اپنی کوشش سے حاصل کیا ہُوا کمال (۳) (و) مؤنث ۔ بازاری عورت ۔ رنڈی ۔ بدکار عورت ۔ فاحشہ ۔

کسبت (کَسْ ۔ بَتْ) (ہ) مؤنث (۱) چمڑے کا تھیلا، جس میں حجام اور جرّاح اپنے اوزار رکھتے ہیں (۲) چمڑے کا ٹکڑا، جو سقّے اکثر اپنے بائیں چوتڑ پر حفاظت کے لیے باندھتے ہیں ۔

کستورا (کَسْ ۔ تُوْ ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا ہرن، جس کی ناف سے مشک نافہ نکلتا ہے (۲) ایک قسم کی مچھلی، جس کے سینگ ہوتے ہیں (۳) ایک قسم کا سیاہ رنگ خوش آواز پرندہ (۴) ابابیل کا لعاب، جو بہت مقوّی ہوتا ہے ۔ کستوری ۔ مؤنث ۔ وہ خوشبودار چیز، جو کستورا ہرن سے نکلتی ہے ۔ مشک ۔

کسٹم (کَسْ ۔ ٹَمْ) (انگ ۔ Custom) ۔ مذکر (۱) چنگی کا محصول (۲) رسم و رواج ۔

کسٹمر (کَسْ ۔ ٹَمَرْ) (انگ ۔ Customer) مذکر ۔ خریدار ۔ گاہک ۔

کسر (کَسْرْ) (ع) مؤنث (۱) علم حساب میں اکائی کا ایک حصہ یا کئی حصے

(۲) جزو۔ حصّہ۔ ٹکڑا (۳) ٹوٹ پھوٹ۔ شکستگی (۴) کسرہ۔ زیر کی حرکت ٭ کسرِ اعشاریہ۔ مؤنث۔ وہ کسر جو دس کا کوئی حصّہ ہو۔ اس کی نشانی ۔ ہے ٭ کسرِ اعشاریہ متوالی۔ مؤنث۔ وہ کسرِ اعشاریہ، جس میں کچھ حصّے بار بار آتے ہیں۔ اُن کے پہلے اور آخری ہندسے پر نقطہ لگا دیتے ہیں ٭ کسرِ غیر واجب یا۔ ملفوظی۔ مؤنث۔ وہ کسر، جس کا شمار کنندہ یعنی کسر نما نسب نما کے برابر یا اس سے بڑا ہو ٭ کسرِ مرکّب۔ مؤنث۔ وہ رقم، جس میں کسر کے ساتھ صحیح عدد بھی موجود ہو ٭ کسرِ مضاف۔ مؤنث۔ وہ کسر، جس میں کسر کی کسر ہو۔ کسرالکسر ٭ کسرِ ملتف۔ مؤنث۔ وہ کسر جس کے شمار کنندے یا نسب نما یا دونوں میں کوئی عدد مرکّب یا کسر مضاف ہو ٭ کسرِ مفرد۔ مؤنث۔ وہ کسر جس کا شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہوں۔ مساوی کسر ٭ کسرِ واجب۔ مؤنث۔ وہ کسر، جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو ٭ کسرات (۱) مؤنث۔ وہ رقوم، جو رخصت وغیرہ سے کٹ کر بچت میں ڈالی جاتی ہیں ٭ کسرہ (ع) مذکر۔ زیر۔ زیر کی صورت ٭

کسر (کَسَر) (ع) مؤنث (۱) کمی۔ نقص (۲) بچّوں کی بدہضمی (۳) نقصان ٭ کسر باقی نہ رکھنا (و) (۱) ذرا کمی اور کوتاہی نہ کرنا (۲) بدی کرنے میں نہ چوکنا ٭ کسر رہنا (۱) گھاٹا رہنا (۲) کمی رہنا ٭ کسرِ شان (ع۔ ف) مؤنث۔ وہ بات، جس سے انسان کی عزّت و آبرو میں فرق آجائے۔ خلافِ شان ٭ کسر کھانا (و) خسارہ بھرنا۔ نقصان اٹھانا۔ پلّے سے دینا ٭ کسر نکالنا (۱) خسارہ پورا کرنا۔ کمی پوری کرنا (۲) انتقام لینا۔ بدلا لینا ٭ کسر ہونا (۱) گھٹنا۔ کمی ہونا (۲) خسارہ ہونا (۳) بچّے کو بدہضمی ہونا (۴) کوتاہی ہونا ٭

کِسرا۔ کِسریٰ (کِس۔ رَا) (ع) مذکر (۱) نوشیروانِ عادل (۲) شاہانِ عجم کے ہر بادشاہ کا لقب ٭

کسرت (کَس۔ رَت) (ا) مؤنث (۱) ورزش۔ ریاضت (۲) مہارت۔ مشق ٭ کسرت کرنا (و) (۱) ورزش کرنا۔ پہلوانی کرنا۔ ریاضت کرنا (۲) ربط کرنا۔ مشق کرنا ٭ کسرتی (۱) کسرت یا ورزش کیا ہوا (۲) کسرت کرنے والا، ورزشی ٭

کسک (کَسَک) (ہ) مؤنث (۱) ہلکا سا درد۔ ٹیس (۲) کسکنا کا امر ٭ کسک آنا۔ درد ہونا۔ ضرب پہنچنا ٭ کسک اٹھنا۔ ٹیس ہونا ٭ کسک مٹانا (نکالنا) (۱) تکلیف دور کرنا (۲) نفسانی خواہش پوری کرنا ٭ کسکنا (۱) دُکھنا۔ درد کرنا (۲) کم کم درد ہونا۔ ٹیس مارنا ٭

کسگر (کَس۔ گَر) (ف) کمہار۔ کوزہ گر۔ مٹی کے برتن بنانے والا ٭

کسل (کَسَل) (ع) مذکر (۱) کاہلی۔ سستی (۲) تھکاوٹ۔ تکان (۳) (و) علالتِ طبع (۴) ناتوانائی۔ کمزوری ٭ کسل مند (۱) بیمار۔ علیل (۲) سُست ٭ کسل ناک (ع۔ ف) (۱) دیکھیے "کسل مند" (۲) بزدل ٭

کُسل (کُسَل) (ہ) مذکر (ہندو) تندرستی۔ خیریت ٭

کسم۔ کسمبھ (کُسُم۔ کُسُمبھ) (ہ) مذکر۔ کڑ کا پھول، جس سے شہاب نکلتا ہے اور سرخ کپڑے رنگے جاتے ہیں ٭ کُسُم کا آزار ہونا (و) (ع) لگاتار حیض آتے جانا ٭

کسمسا (کَس۔ مَسا) (ہ) کسمسانا کا امر ٭ کسمسانا (۱) ہلنا۔ پہلو بدلنا۔ انگڑائی لینا۔ بل کھانا (۲) بےچین ہونا۔ تنگ ہونا۔ بےقرار ہونا۔ گھبرانا ٭ کسمساہٹ۔ مؤنث۔ بےچینی۔ بےآرامی۔ اضطراب ٭

کسنا (کَس۔ نَا) (ہ) مذکر (۱) پٹاری کا غلاف (۲) بستر بند (۳) پلنگ کسنے کی ڈوری (۴) خوان پوش ٭

کسنگ (کُسَنگ) (ہ) مذکر (ہندو) بُری صحبت۔ بُرا ساتھ ٭

کسوا (کَس۔ وَا) (ہ) کسوانا کا امر ٭ کسوانا (عو) (۱) بددعا دلوانا (۲) بددعا لینا ٭

کسوت (کِس۔ وَت) (ع) مؤنث۔ پوشاک۔ لباس ٭

کسوٹی (کَسَوٹی) (ہ) مؤنث (۱) وہ پتھر، جس پر سونے کا کس دیکھتے ہیں (۲) جانچ۔ پرکھ۔ امتحان ٭ کسوٹی پر رکھنا۔ یا۔ کسنا۔ یا۔ لگانا (۱) محک پر گھس کر سونے چاندی کا کھوٹا کھرا پرکھنا (۲) جانچنا۔ آزمانا ٭

کسور (کُسُور) (ع) مؤنث۔ کسر کی جمع۔ کسرات۔ ٹکڑے۔ اجزا ٭ کسورِ اعشاریہ۔ مؤنث۔ وہ کسریں، جن کا نسب نما دس یا دس کی کوئی قوت رکھتا ہو ٭ کسورِ عام۔ مؤنث۔ وہ کسریں، جن کا نسب نما لکھا جائے ٭

کسوف (کُسُوف) (ع) مذکر۔ زمین اور سورج کے درمیان چاند کا آجانا۔ سورج گرہن ٭

کسون (کَسَون) (ہ) (۱) کنجی آنکھ کا گھوڑا (۲) احول۔ بھینگا ٭

کسونجی۔ کسونجھی (کَسَون۔ جی۔ کَسَون۔ جھی) (ہ) مؤنث۔ ایک درخت ٭

کستی (کَس۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) بیلچہ۔ چھوٹا پھاوڑا (۲) دو قدم کے برابر فاصلے کا ایک پیمانہ ٭

کسیا جانا۔ کسیانا (کَس۔ یا۔ جا۔ نا۔ کَس۔ یا۔ نا) (ہ) کسا ڈ آجانا۔ کسیلا ہو جانا ٭

کسیرا (کَسے۔ رَا) (ہ) مذکر۔ مسی برتن وغیرہ بنانے اور بیچنے والا۔

ٹھٹیرا ۔
کسیرو (کَسِیْ۔رُو) (س) مذکر۔ ایک قسم کی گھاس، جس کی جڑ کچی اور بھون کر کھاتے ہیں ۔
کسیرہٹا (کَسِیْر۔ہَٹْ۔ٹا) مذکر۔ وہ جگہ، جہاں مسی برتن فروخت ہوتے ہوں۔ کسیروں کا بازار ۔
کسیس (کَسِیْس) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی پھٹکڑی، جو لوہے اور گندھک کے پھونکنے سے تیار ہوتی ہے ۔
کسیلا (کَسِیْ۔لا) (ہ) بدمزہ۔ کساؤ والا۔ تُرش، جو زبان اور حلق کو پکڑے ۔

ک۔ش

کَش (کَش) (ف) مذکر (۱) کشیدن کا امر (۲) (ل) حُقّے کا دم ۔
کش مکش۔ مؤنث (۱) کھینچا تانی۔ کشیدگی۔ رکاوٹ کشش ۔
کشاکش۔ مؤنث (۱) کھینچا تانی (۲) دھکم دھکا (۳) جھڑپ، تکرار ۔ کشش۔ مؤنث (۱) کھچاؤ۔ کشیدگی۔ جذب (۲) ناز و کرشمہ۔ دلرُبائی (۳) رغبت۔ رُجحان (۴) (ل) توقّف۔ دیر (۵) سختی۔ مصیبت (۶) انقباض۔ تنگ رنجی ۔ کششِ اتصال (ف۔ع) مؤنث۔ علم طبعیات میں اجسام کے پاس پاس کے اجزا کو آپس میں ملا کر رکھنے کی قوّت ۔ کشش اٹھانا (ل) تکلیف جھیلنا۔ مصیبت اٹھانا ۔ کششِ ثقل (ف۔ع) مؤنث۔ وہ کشش، جس سے اجسام زمین کے مرکز کی طرف مائل ہوتے ہیں ۔ کششِ کہربائی (ف) مؤنث۔ وہ قوّت، جس کے ذریعے سے کہربا گوند گھاس کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ۔ کششِ کیمیائی (ف۔ع) مؤنث۔ وہ قوّت، جس کے اثر سے دو مختلف چیزیں مل کر ایک نئی چیز بن جاتی ہے ۔ کششِ مقناطیسی۔ مؤنث۔ پتھر کی وہ قوّت، جس کے ذریعے سے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچتا ہے ۔ کشیدہ (ف) مؤنث۔ عرق نکالنا ۔ کشیدگی۔ مؤنث (۱) کشش۔ کھچاؤ (۲) ملال۔ تنگ رنجی ۔ کشیدہ (۱) کھینچا ہوا (۲) ملول۔ رنجیدہ (۳) مذکر۔ گل کاری۔ زردوزی۔ سوئی کا کام (۴) بلند۔ دراز ۔ کشیدہ خاطر (ف۔ع) آزردہ۔ ناراض۔ رنجیدہ دل ۔ کشیدہ خاطر ہونا (ل) رنجیدہ ہونا۔ آزردہ دل ہونا ۔ کشیدہ کاڑھنا۔ سوئی کا کام کرنا ۔
کُش (کُش) (ف) کشتن کا امر۔ مار ڈال ۔ کُشت۔ مذکر۔ خون ریزی۔ قتل ۔ کُشت و خون۔ مذکر۔ مارکٹائی۔ خون ریزی۔ جدال و قتال ۔ کُشتوں (ل) مذکر۔ کشتہ کی جمع حروفِ جار سے پہلے ۔ کُشتوں کے پُشتے لگ جانا (کنایۃً) لاشوں کا ڈھیر ہو جانا ۔ کُشتہ (ف) (۱) قتل کیا گیا۔ مقتول (۲) مُردہ جسم۔ لاش (۳) مفتون۔ عاشق (۴) ماری ہوئی دھات ۔ کُشتہ ہونا (ل) (۱) ذبح ہونا۔ قتل ہونا (۲) کسی پر مرنا۔ عاشق ہونا (۳) دھات پھنک کر اکسیر بننا ۔
کُشا (کُشا) (ف) کشادن کا امر ۔ کشاد۔ مؤنث (۱) خوشی (۲) فتح (۳) فراخی ۔ کشادگی۔ مؤنث۔ وُسعت۔ چوڑائی۔ فراخی ۔ کشادہ (۱) کھلا ہوا۔ وا (۲) لمبا چوڑا۔ فراخ ۔ کشادہ پیشانی۔ چوڑے اور کھلے ہوئے ماتھے والا۔ ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔ خوش اخلاق ۔ کشادہ دل۔ فراخ دل۔ عالی حوصلہ۔ فیّاض۔ سخی ۔ کشائش۔ مؤنث۔ کشادگی۔ فراخی ۔
کشّاف (کَش۔شاف) (ع) نہایت کھولنے والا۔ بالکل پردہ اٹھا دینے والا ۔
کشامرہ (کَشا۔مِرَہ) (ع) مذکر۔ کشمیری کی جمع۔ اہل کشمیر ۔
کشاورز (کَشا۔وَرْز) (ف) مذکر۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ کسان۔ دہقان ۔ کشاورزی۔ مؤنث۔ بونا جوتنا۔ کھیتی باڑی ۔
کَشت (کَشْت) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "کشٹ" ۔ کشت کی صحنک (۱) مؤنث۔ ایک منّت، جس میں عورتیں مراد مل جانے پر قلیہ یا قورمہ پکاتی اور پانوں پر رکھ کر حضرت فاطمہؓ کی فاتحہ دلاتی ہیں ۔
کِشت (کِشْت) (ف) مؤنث (۱) زراعت۔ کھیتی (۲) بویا ہوا کھیت ۔ کِشت زار۔ مؤنث (۱) کھیت (۲) کھیتی ۔
کِشت کار۔ مذکر۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ کسان ۔
کِشت کاری۔ مؤنث۔ زراعت۔ کھیتی باڑی ۔
کَشتی (کَش۔تی) (ف) مؤنث (۱) بیڑی۔ ناؤ۔ ڈونگا۔ سفینہ (۲) ایک قسم کی پیالی (۳) (ل) لمبا خوان۔ سینی ۔
کشتی بان۔ مذکر۔ مانجھی۔ ملّاح ۔
کُشتی (کُش۔تی) (ف) مؤنث۔ دو پہلوانوں کا باہم گتھم گتھا ہونا۔ زور آزمائی ۔ کُشتی برابر رہنا (ل) برابر چھوٹنا۔ ایک دوسرے پر غالب نہ آنا ۔ کُشتی جیتنا۔ پچھاڑنا۔ کشتی مارنا ۔ کُشتی کرنا (۱) پچھڑنا۔ زور آزمائی کرنا (۲) پہلوانی کرنا۔ ورزش کرنا ۔ کُشتی لڑنا (۱) پکڑنا۔ پٹینا (۲) مقابلہ کرنا۔ باہم لڑنا ۔
کشٹ (کَشْٹ) (س) مذکر (ہندو) (۱) سختی۔ دُکھ (۲) دِقّت (۳) عذاب۔ مصیبت۔ تنگی۔ بپتا ۔

کشٹا (کَش۔ٹا) (ہ) مذکر (صحیح ف۔کِشتہ) (۱) زرد آلو (۲) ایک قسم کا چھوٹا اور خشک آڑو۔ شفتالو۔

کشف (کَشْف) (ع) مذکر (۱) کھولنا۔پردہ اٹھانا۔ظاہر کرنا (۲) غیب کی باتوں کا اظہار۔اِلقا۔الہام۔انکشاف۔ **کشفِ قبور**۔ مذکر۔قبر سے مُردے کے حالات معلوم ہوجانا۔ **کشف و کرامات**۔ مؤنث۔اعجاز اور تصرّف۔خرقِ عادت۔کرامت۔

کشکول (کَش۔کَول) (ف) مذکر۔دیکھیے "کچکول"۔

کشمش (کِش۔مِش) (ف) مؤنث۔ایک قسم کے چھوٹے سوکھے ہوئے انگور۔ **کِشمِشی**۔کشمش سے منسوب۔کشمش کے رنگ کا۔

کشمیر (کَش۔مِیر) (ف) مذکر۔پنجاب کے شمال میں ایک مشہور سرسبز و شاداب علاقہ اور ریاست۔ **کشمیری** (۱) کشمیر سے منسوب (۲) مذکر۔کشمیر کا باشندہ (۳) مؤنث۔کشمیر کی زبان۔

کشن (کِشَن) (ہ) مذکر (صحیح کرشن) سری کرشن جی۔

کشنیز (کِش۔نِیز) (ف) مذکر۔دھنیا۔

کشود (کُشُود) (ف) مؤنث (۱) کھلنا (۲) پھیلاؤ (۳) خوشی سے پھیلنا (۴) فائدہ۔کامیابی۔

کِشور (کِشور) (س) مذکر (۱) نوجوان۔لڑکا (۲) ہندوؤں کے ناموں کا آخری جزو (۳) جانور کا بچہ۔

کِشوَر (کِش۔وَر) (ف) مؤنث۔ولایت۔مُلک۔اقلیم۔

ک۔ع

کعب (کَعْب) (ع) مذکر (۱) ٹخنہ (۲) پانسا۔نرد (۳) علمِ حساب میں، جب کوئی عدد تین مرتبہ باہم ضرب کھاتا ہے تو اس کا حاصل ضرب کعب کہلاتا ہے۔ **کَعْبَیْن**۔مذکر (۱) ہڈی کے دو مربع شش پہلو پانسے، جن سے چوسر اور جُوا کھیلا جاتا ہے (۲) دونوں کعبے یعنی مکۂ معظمہ اور بیت المقدس۔

کعبہ (کَع۔بَہ) (ع) مذکر۔مکہ۔بیت الحرام۔قبلہ۔عرب میں مسلمانوں کا مقدس اور متبرک مقام، جہاں ہر سال حج ہوتا ہے۔ **کعبہ (کعبے) کی طرف ہاتھ اٹھانا** (۱) کعبے کی قسم کھانا۔کعبے کو اپنی قسم اور عہد کا گواہ ٹھہرانا۔ **کعبہ ہو تو اُس طرف منہ نہ کروں**۔ کسی جگہ سے اتنا بیزار ہونا کہ اگر وہ مقامِ مقدس اور خدا کا گھر بھی ہو تو اُدھر رُخ نہ کرنا۔از حد بیزار ہونا۔

ک۔ف

کَفّ (کَفّ) (ع) مذکر (۱) روکنا (۲) ساتویں حرف کا ساکت کر دینا۔

کَف (کَف) (ف) مذکر (۱) پاؤں کے نیچے کا حصّہ۔تلوا۔پاؤں (۲) ہاتھ کا پنجہ (۳) ہتھیلی (۴) کپڑے کی دُہری پٹی (۵) جھاگ (۶) بلغم۔تھوک۔ **کفِ افسوس مَلنا**۔افسوس کرکے ہاتھوں کو باہم مَلنا۔ **کَفّ الخَضِیب** (ع) مذکر۔شمال کی طرف آسمان پر ایک سرخ رنگ ستارہ۔ **کفِ پا** (ف) (مؤنث و مذکر) پاؤں کا تلوا۔ **کف پائی** (ہ) مؤنث۔ایک قسم کی پتلی ایڑی کی جوتی۔زنانہ سلیپر۔ **کفِ خَضِیب** (ع) مذکر۔رنگین ہتھیلی۔دستِ حنا بستہ۔ **کفِ دست** (ف) مؤنث (۱) ہاتھ کی ہتھیلی (۲) ہموار۔یکساں۔برابر۔ **کفِ دست میدان** (ہ) مذکر۔سنسان جنگل۔بیابان۔ویرانہ۔ **کف گیر۔کفگیر** (ف) مذکر۔ڈنڈی والا بڑا چمچہ۔ڈوئی۔کفچہ۔ **کف لانا** (ہ) (۱) جھاگ لانا (۲) غصّے میں تھوک اُڑانا۔غصّے ہونا۔بدمزاج ہونا (۳) شرارت اور بدی کرنا۔ **کفچہ** (ف) مذکر (۱) کرچھا۔ڈوئی۔کفگیر۔بڑا چمچہ (۲) سانپ کا پھن۔ **کفک**۔مؤنث (۱) ہتھیلی (۲) پاؤں کا تلوا (۳) مہندی لگا ہؤا پاؤں کا تلوا۔

کفاجفا (کَفَا۔جَفَا) (ف) مؤنث (۱) ظلم و ستم (۲) (تابع مہمل) جوں توں کرکے۔بڑی مشکل سے۔خدا خدا کرکے۔

کفّار (کُف۔فَار) (ع) مذکر۔کافر کی جمع۔ناشکرے۔انکار کرنے والے۔کافر لوگ۔

کفّارہ (کَف۔فَا۔رَہ) (ع) مذکر۔گناہ دھو دینے والا۔گناہ یا خطا کا بدلا۔قصور کا ڈنڈ، جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہے۔ **کفّارہ دینا** (ہ) خطا کا بدلا دینا۔گناہ کا عوض ادا کرنا۔

کفاف (کَفَاف) (ع) مذکر۔روزمرّہ کا خرچ۔روزینہ۔وظیفہ۔روٹی کپڑا۔

کفالت (کَفَا۔لَت) (ع) مؤنث۔ذمّہ داری۔ضمانت۔ضامنی۔ **کفالت المال**۔مؤنث۔مال کی ضمانت۔ایسی دستاویز، جس کے ذریعے سے کوئی شخص اقرار کرے کہ میں قانوناً ذمّہ دار ہوں۔ **کفالتِ خاص**۔مؤنث۔کسی شخص کا کسی چیز کے نہ دینے یا رکھ چھوڑنے کا اس بنا پر دعویدار ہونا کہ اس نے مذکورہ چیز پر محنت یا روپیہ صرف کیا ہے۔

کفایت (کِفَا۔یَت) (ع) مؤنث (۱) کافی ہونا۔حسبِ ضرورت۔(۲) کمی۔بچت۔صرفہ۔ **کفایت شعار**۔کم خرچ کرنے والا۔جُزرَس۔ **کفایت شعاری** (ہ) مؤنث۔کم خرچی۔صرفہ۔جُزرسی۔ **کفایت کرنا** (۱) پورا ہونا۔کافی ہونا (۲) صرفہ کرنا۔بچت کرنا (۳) قیمت میں کمی کرنا۔

کفتار (کَف۔تَار) (ف) مذکر (۱) بجّو (۲) کفن چور۔

کفر (کُفْر) (ع) مذکر (۱) ناشکری (۲) خدا کو نہ ماننا۔بے دینی (۳) اَڑ۔ہٹ۔ضد۔ **کفر توڑنا** (ہ) (۱) دین دار بنانا (۲) ہٹ توڑنا۔ضد توڑنا (۳) مرید کرنا۔مطیع ہونا۔ **کفر ٹوٹنا خدا خدا کرکے**۔

(مقولہ) بے حد مشکل سے ماننا یا راضی ہونا ۔ **کُفر کا فتویٰ دینا** شرع کے رو سے کسی کو کافر قرار دینے کا حکم جاری کرنا ۔ **کُفر کا کلمہ بولنا** ۔ یا **مُنہ سے نکالنا** ۔ بے دینی کے الفاظ زبان پر لانا ۔ کفر بکنا ۔ **کُفر کچہری** ۔ مؤنث ۔ بدسنگت ۔ بُری صحبت ۔

کُفران (ع) مذکر ۔ ناسپاسی ۔ ناشکری ۔ **کُفرانِ نعمت** ۔ مذکر ۔ نعمت کی ناشکری ۔ احسان فراموشی ۔ نمک حرامی ۔

کفش (کَفْش) (ف) مؤنث ۔ جُوتی ۔ پاپوش ۔ **کفشِ پا** ۔ مؤنث ۔ پاؤں کی جُوتی ۔ **کفش خانہ** (ف) مذکر ۔ غریب خانہ (انکسارًا) اپنا مکان ۔ جھونپڑا ۔ **کفش دوز** (ف) مذکر ۔ جُوتی بنانے والا ۔ موچی ۔ چمار ۔ **کفش نشین** ۔ جُوتیوں میں بیٹھنے والا ۔ ادنیٰ مرتبے کا آدمی ۔ حاشیہ نشین ۔

کفل (کَفَل) (ع) مذکر ۔ انسان یا حیوان کے چُوتڑ ۔

کفن (کَفَن) (ع) مذکر ۔ لاش لپیٹنے کا کپڑا ۔ مُردے کی چادر ۔ **کفن پھاڑ کر بولنا** (۱) دفعتًہ بول اٹھنا یا چیخ مارنا ۔ ازحد بیتاب اور مضطرب ہوکر بولنا ۔ **کفن چور** ۔ مذکر (۱) قبر کھود کر مُردے کا کفن چرانے والا (۲) بے رحم ۔ شریر ۔ **کفن سر سے باندھنا** ۔ یا ۔ **لپیٹنا** ۔ مرنے کو تیار ہونا ۔ جان پر کھیلنا ۔ **کفن کو کوڑی نہیں** ۔ نہایت مفلس اور قلاش ہے ۔ **کفن کو لگے** (عو) کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت سخت قسم ، یعنی اگر کچھ ہو تو کفن پر صرف ہو ۔ **کفن کھسوٹ** ۔ مذکر (۱) کفن چور (۲) آدمیوں کا مال کھا جانے والا ۔ **کفن مَیلا نہ ہونا** (۱) مرے ہوئے بہت زمانہ نہ گزرنا (۲) تازہ معاملہ ہونا ۔ **کَفنَا** ۔ کفنانا کا امر ۔ **کفنانا** ۔ میّت کو کفن پہنانا ۔ مُردے کو نہلا دُھلا کر کفن میں لپیٹنا ۔ **کَفنی** (ف) مؤنث (۱) تکفین کے وقت مُردے کے گلے میں ڈالنے کا کپڑا (۲) فقیروں کا پیرہن ، جو مُردے کی کفنی کی طرح ہوتا ہے ۔

کفو (کُفُوْ ۔ کُفْوْ) (ع) مذکر (۱) ہم قوم ، ہم ذات ۔ ہم جنس ۔ ہم خاندان (۲) برابر ۔ مانند (۳) برادری ۔ قوم ۔ فرقہ ۔

کفیل (کَفِیل) (ع) مذکر ۔ ضامن ۔ جواب دِہ ۔ ذمّہ دار ۔ **کفیل ہونا** اور ضمانت دینا ، ضامن ہونا ، ذمّہ دار ہونا ۔

ک ـ ک

کُک (کُک) (انگ ۔ Cook) مذکر ۔ خانساماں ۔ باورچی ۔ کھانا پکانے والا ۔

کَکّا (کَک ۔ کا) (ہ) بھورا ۔ سفید ۔

کَکّا (کَک ۔ کا) (س) مذکر (۱) سورج (۲) برہما (۳) آگ (۴) ہوا (۵) موت (۶) رُوح (۷) حرف ک (۸) سکھوں کی پانچ مذہبی علامتوں میں سے ہر ایک کا نام ۔

کَکرالی (کَک ۔ رَا ۔ لِی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی گلٹی ، جو بغل میں ہو جاتی ہے ۔

کُکرمُتّا (کُکُر ۔ مُت ۔ تَا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی نباتات ، جو برسات میں اگتی ہے ۔

کَکرَوندا (کَک ۔ رَوں ۔ دَا) (ہ) مذکر ۔ ایک درخت اور اس کا پھل ۔

کَکّڑ (کَک ۔ کَڑ) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا بھُر بھُرا تمباکو (۲) مٹّی کا بڑا حُقّہ (۳) لمبے نیچے کا حُقّہ (۴) دُبلا پتلا آدمی ۔ **ککّڑ باز** (ہ) مذکر ۔ ککّڑ کا حقّہ بہت پینے والا ۔ **ککّڑ خانہ** ۔ مذکر (۱) حُقّہ پینے کی جگہ ۔ دائرہ ۔ تکیہ (۲) بُری صحبت ۔ **ککّڑ والا** (ہ) مذکر (۱) بازاروں میں حُقّہ پلانے والا (۲) (مجازًا) ذلیل اور خوار آدمی ۔

کُکّڑ ۔ کُکڑا (کُک ۔ کُڑ ، کُک ۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) مُرغا (۲) (طنزًا) بوڑھا آدمی ۔ **ککڑوں کُوں** ۔ مؤنث ۔ مرغے کی بانگ ۔ مُرغے کے بولنے کی آواز ۔

کَکڑی (کَک ۔ ڑِی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی سبز لمبی ترکاری ۔ خیار ۔ (پ) تر ۔ **ککڑی کھیرا کرنا** (۱) بات بات پر کوسنا ۔ **ککڑی کے چور کو گردن نہیں مارتے** (۱) چھوٹی سی خطا پر بڑی سزا نہ چاہیے ۔

کُکڑی (کُک ۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) کچّے سُوت کی لچھی ۔ انٹی (۲) مکئی کا بھُٹّا (۳) آک کا ڈوڈا (۴) (پ) مرغی ۔ **کُکڑی ہوجانا** (۱) سردی سے اینٹھ جانا (۲) سُوکھ کر دُبلا ہوجانا ۔

کَکھوالی ، کَکھوری (کَکھ ۔ وَا ۔ لِی ، کَکھو ۔ رِی) (ہ) مؤنث (عو) بغل کا پھوڑا ۔ ککرالی ۔

کِکیانا (کِک ۔ یَا ۔ نَا) (ہ) (۱) بندر کا چلّانا (۲) چنگھاڑنا ۔ چیخنا ۔

کَکّے زئی (کَک ۔ کے ۔ زَا ۔ ئی) (ف) مذکر ۔ پاک و ہند کی ایک قوم ، جسے عوام کلال کہتے ہیں ۔ یہ لوگ پٹھان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں ۔ **ککّے زئی نے کُتّے کو بھی دغا دی ہے** (۱) مثل ککّے زئی بہت ہوشیار ، چالاک اور بے وفا ہوتے ہیں ۔

ک ـ گ

کگار ۔ کگر (کَگَا ۔ ر ۔ کَگَر) (ہ) مؤنث (۱) کنارہ ۔ حد ۔ لب ۔ حاشیہ (۲) مکان کی کنگنی (۳) باڑھ ۔ دھار ۔

ک ـ ل

کل (کَل) (ہ) مؤنث (۱) آج سے پہلا دن ، جو گزر چکا (۲) آج سے دوسرا دن ، جو آئے گا (۳) زمانۂ قریب (۴) قیامت کا دن ۔ **کل کا لڑکا** ۔ مذکر ۔ حال کا پیدا شدہ ۔ سامنے کا بچہ ۔

کل کلاں (کو) ۔ آج کل میں ۔ پھر ٭ کل کل کرنا ۔ آج کل کرنا ۔ لیت و لعل کرنا ٭ کل کی بات ۔ مؤنث ۔ تھوڑے دنوں یا تھوڑے زمانے کا ذکر ۔ حال کا ذکر ٭ کل کے جوگی کندھے پر جٹا ۔ مثل ۔ کل کی پیدائش اور اتنے کمال کا دعویٰ ۔ صرف بھیس بدلنے سے کچھ نہیں ہوتا ۔ جب تک کچھ زمانہ نہ گزرے ، فقیری نہیں آتی ٭

کَل (کَلْ) (ہ) کالا کا مخفف ٭ کل جِبّھا ۔ مذکر (۱) کالی زبان والا (۲) وہ شخص ، جس کی دعائے بد جلد اثر کرے ۔ منحوس ٭ کل بھوال ۔ سانولا ٭ کل بھویں صورت (ہ) مؤنث ۔ کالی صورت ۔ سانولی رنگت ٭ کل سِرا ۔ مذکر (۱) کالے سر کا پرندہ (۲) انسان (۳) کالے سر کا پتنگ ٭ کل مُنْہا ۔ کل موہا ۔ مذکر (عو) (۱) کالے منہ کا آدمی (۲) کم نصیب ۔ کم بخت ٭ کل مُنْہی ۔ کل موہی ۔ کل موی ۔ مؤنث (عو) (۱) ذلیل ۔ نابکار (۲) کم بخت عورت ۔ بدنصیب ٭

کَل (کَلْ) (ہ) مؤنث ۔ مشین ۔ کام کرنے کا آلہ ٭ کل بگڑ جانا ۔ کل بگڑنا ۔ مشین کا بے کار ہو جانا ٭ کل بے کل ہونا (۱) بے آرامی (۲) بے ترتیب ہو جانا ٭ کل دار (ہ) کل سے بنا ہوا سکہ ۔ چہرہ شاہی روپیہ ٭ کل دار بندوق ۔ مؤنث ۔ گھوڑے کی بندوق ۔ ٹوپی دار بندوق ٭ کل کا (ہ) کل کے ذریعے سے بنا ہوا ٭ کل کا گھوڑا ۔ مذکر ۔ وہ گھوڑا ، جو کل اور پرزوں سے چلے ٭ کل کل ۔ مؤنث ۔ بند بند ۔ جوڑ جوڑ ٭ کل مروڑنا (۱) کل درست کرنا ۔ مشین کو چلتا کرنا (۲) طبیعت کو پھیر دینا ۔ خلاف کر دینا ٭

کَل (کَلْ) (ہ) مؤنث ۔ آرام ۔ قرار ۔ چین ۔ سکون ۔ اطمینان ٭ کل آنا ۔ چین پڑنا ۔ آرام ملنا ۔ اطمینان ہونا ٭ کل پانا ۔ اطمینان ہونا ۔ آرام پانا ٭ کل پڑنا ۔ چین پڑنا ۔ اطمینان ہونا ۔ جی ٹھہرنا ٭ کل نہ پڑنا ۔ قرار نہ پڑنا ۔ آرام نہ ملنا ۔ تڑپنا ٭

کَلْ (کَلْ) (ہ) مذکر (۱) پاسا (۲) پاسے کا دیوتا (۳) فساد ۔ جھگڑا ۔ لڑائی (۴) کسی قسم کی سب سے بُری چیز ٭ کل جُگ ۔ مذکر ۔ چوتھا جُگ ۔ وہ زمانہ ، جس میں فساد و گناہ کی کثرت ہو ٭

کُلّ (کُلّ) (ع) پورا ۔ جملہ ۔ کامل ۔ سب ۔ تمام ٭ کُلُّ جَدِیْدٍ لَذِیْذٌ ۔ مثل ۔ ہر نئی چیز مزیدار ہوتی ہے ٭ کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہَا ۔ مثل ۔ ہر چیز اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے ٭ کُلُّ طَوِیْلٍ اَحْمَقُ (الا عمر رض) مثل ۔ ہر لمبے قد والا بے وقوف ہوتا ہے (سوا حضرت عمر رض کے) ٭ کُلُّ قَلِیْلٍ فِتْنَۃٌ (الا علی رض) مثل ۔ ہر چھوٹے قد کا آدمی شرارتی ہوتا ہے (سوا حضرت علی رض کے) ٭ کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ ۔ مثل ۔ دنیا کی ہر چیز فنا ہونے والی ہے ٭ کل کلاں (کلاں) (ف) (۱) اسی قدر (۲) لے دے کے ۔ بہمہ وجوہ (۳) پورا پورا ۔ بالکل (۴) حاکم مجاز ۔ مختار کل ٭ کُلُّہُمْ (ع) (۱) پورے کا پورا ۔ سب کا سب (۲) تمام و کمال ۔ کامل ۔ پورا (۳) (ف) فقط ٭ کُلّی ۔ پورا ۔ سارا ۔ کامل ۔ تمام ٭ کُلّیات ۔ مذکر و مؤنث (۱) کلی (پورا) کی جمع (۲) تصنیفات یا نظموں کا مجموعہ ٭ کُلِّیَّۃً ۔ پورے طور پر ٭ کُلِّیَّہ ۔ مذکر (۱) جزئیہ کی ضد ۔ عام قاعدہ (۲) کالج (۳) یونیورسٹی (۴) تمام پن ۔ ہمگی ٭

کُل (کُلْ) (ہ) مذکر (۱) کنبہ ۔ گھرانا ۔ خاندان (۲) قوم ۔ ذات ٭ کُل اُچھال ۔ مذکر (ہند) خاندان کو بدنام کرنے والا آدمی ۔ ننگِ خاندان ٭ کل بکھاننا (۱) کسی خاندان کی تعریف و توصیف کرنا (۲) کسی خاندان کا نسب نامہ پڑھنا (۳) تعریف اور خوشامد کرنا (۴) کسی کے بڑوں کو بُرا کہنا ٭ کُل دھرم ۔ مذکر (ہندو) خاندانی رسم و قاعدہ ۔ بڑوں کی ریت ٭ کُل ونتا ۔ کلونتا ۔ مذکر ۔ خاندانی ۔ اونچے گھر کا ۔ رئیس زادہ ۔ فخر خاندان ٭ کُل ونتی ۔ کلونتی ۔ مؤنث (۱) اچھے گھرانے کی عورت ۔ شریف زادی (۲) عفیفہ ۔ پاک دامن فخر خاندان عورت ٭

کَلا (کَلا) (س) مؤنث (۱) ذرّے کا آٹھواں حصّہ ۔ بہت چھوٹا حصّہ (۲) چاند کے قطر کا سولھواں حصّہ (۳) درجے کا سولھواں حصّہ ۔ منٹ (۴) دھوکا ۔ مکر ۔ فریب (۵) بہانہ (۶) شعبدہ (۷) فن ۔ ہنر ۔ گُن ٭ کلا بازی (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "قلا بازی" ٭ کلا جنگ ۔ مذکر ۔ کشتی کا ایک داؤ ٭ کلا کار (ہ) (ہندو) (۱) دغا باز ۔ فریبی ۔ مکّار (۲) شور مچانے والا ۔ دنگئی ۔ فسادی ٭

کَلّا (کَلّ ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) کونپل (۲) گال (۳) جبڑا (۴) لیمپ کا وہ پرزہ ، جس میں بتی لگائی جاتی ہے (۵) بلند آوازی (۶) بدزبانی ٭ کلّا بہ کلّا لڑنا (ف) (۱) دو بدو لڑنا (۲) برابری سے مقابلہ کرنا ٭ کلّا توڑ (۱) برابر کا (۲) دندان شکن ٭ کلّا جبڑا ۔ مذکر (۱) گال ۔ رخسار (۲) دھاک ۔ رعب (۳) بلند آوازی ٭ کلّا چلے ستر بلا ٹلے ۔ مثل ۔ منہ چلتا رہے تو کوئی اندیشہ نہیں ۔ کھانے پینے سے انسان تندرست اور طاقت ور رہتا ہے ٭ کلّا دراز (۱) چلّا کر بولنے والا (۲) زبان دراز ۔ بدزبان ٭ کلّے ۔ مذکر (۱) کلّا (جبڑا) کی جمع (۲) سریاں ۔ بکریوں کی سریاں ٭ کلّے پایے ۔ مذکر ۔ بکری کا سر اور اس کے پاؤں کا بالائی حصّہ ، جو اکثر پکائے جاتے ہیں ۔ سری پایے ٭ کلّے تلے دبا لینا (عو) اپنی آواز سے دوسرے کو بات نہ کرنے دینا ٭ کلّے والی ۔ مؤنث (۱) بلند آواز عورت (۲) زبان دراز عورت ٭

کُلّا (کُلْ ۔ لا) (ہ) مذکر (ہندو) غرارہ ۔ غرغرہ ۔ کُلّی ٭

کلابتو ۔ کلابتون (کَلا ۔ بَتْ ۔ تو ، کَلا ۔ بَتُون) (عا ۔ اعا ۔ ت) مذکر ۔ چاندی یا سونے کے تار ، جو ریشم پر چڑھا کر بٹے جاتے ہیں ۔

چاندی یا سونے کے تاروں کی ڈور ❊ کَلاَ بَتُوْنِی (ت - ف) کلابتون کا بنا ہوا ❊

کلابہ (کَلاَ - بَہْ) (ف) مذکر - دیکھیے "کلاوہ" ❊

کلاتھ (کَلاَ تھ) (انگ - Cloth) مذکر - کپڑا - جامہ ❊

کلاتھ مارکیٹ (Cloth market) مؤنث - کپڑے کی منڈی ❊ **کلاتھ مرچینٹ** (Cloth merchant) مذکر - کپڑا بیچنے والا - سوداگر جامہ ❊

کلار (کَلاَ رْ) (ہ) مذکر - شراب بیچنے والا - مے فروش ❊

کلارک (کَلاَ رْکْ) (انگ - Clerk) مذکر - دیکھیے "کلرک" ❊ **کلارک آف دی کراؤن** (Clerk of the Crown) مذکر - بادشاہی محرر ❊

کلاس (کَلاَ سْ) (انگ - Class) مؤنث (۱) طلبہ کی جماعت (۲) رتبہ - درجہ (۳) زمرہ - فرقہ (۴) نوع - قسم - جنس - ذات ❊

کلاس فیلو (Classfellow) مذکر (۱) ہم جماعت (۲) ہم جنس ❊

کلاغ (کَلاَ غْ - کُلاَ غْ) (ع) مذکر - جنگلی کوا ❊

کلاک (کَلاَکْ) (انگ - Clock) مذکر - گھنٹہ - وقت بتانے والی بڑی گھڑی ❊ **کلاک میکر** (Clock maker) مذکر - گھڑی ساز - گھڑیاں بنانے والا ❊

کَلال (کَلاَلْ) (ہ) مذکر - دیکھیے "کلاَر" ❊ **کلال خانہ** - مذکر - شراب خانہ - شراب کی دکان ❊

کُلال (کُلاَلْ) (ہ) مذکر - کمھار ❊

کلام (کَلاَمْ) (ع) مذکر (۱) بات - سخن - گفتگو (۲) وہ عبارت، جو کلموں سے مرکب ہو (۳) (ف) نظم - شعر و سخن (۴) (ک) قول - مقولہ (۵) ملفوظات (۶) مضمون - تصنیف (۷) عذر - اعتراض (۸) وہ علم، جس سے مسائل نقلی کو دلائل عقلی سے ثابت کریں - متکلمین کا علم ❊ **کَلاَمُ الْمُلُوْکِ مُلُوْکُ الْکَلاَمِ** - مثل - بادشاہوں کی باتیں نہایت اعلیٰ ہوتی ہیں ❊ **کَلاَمُ اللّٰہ** - مذکر - خدا کا کلام، قرآن مجید، کلامِ الٰہی، وہ خدائی کتاب، جو رسولِ مقبول صلعم پر وحی کے ذریعے سے نازل ہوئی ❊ **کلام اللہ اٹھانا** (ک) قرآن اٹھا کر قسم کھانا ❊ **کلام کرنا** (۱) بات چیت کرنا - بولنا (۲) بحث کرنا - جھگڑنا ❊ **کلامِ مجید** (ع) مذکر قرآن عزیز ❊ **کلامِ ناقص** - مذکر (نحو) وہ مرکب جس سے سننے والے کو پورا فائدہ حاصل نہ ہو - مرکب غیر مفید ❊

کلاں (کَلاَں) (ف) (۱) بڑا - بزرگ (۲) طویل - لمبا (۳) اونچا - بلند (۴) فراخ - وسیع ❊

کِلانا (کِلاَ - نَا) (ہ) (ہندو) اناج کا چھڑانا - رولنا - پھٹکنا ❊

کلّانا (کَلْ - لاَنَا) (ہ) چوٹ کے باعث کسی عضو کا درد کرنا (۲) سوزش ہونا (۳) جلنا ❊

کلانج (کُلاَ نْجْ) (ل) مؤنث - دیکھیے "قلانچ ۲" ❊

کلاوَت (کَلاَ وَ - وَتْ) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کے ڈوم (۲) گویّا - مغنی ❊

کلاوہ (کَلاَ - وَہْ) (ف) مذکر (۱) تکلے پر لپیٹا ہوا کچا سوت (۲) (ک) مولی - سرخ سوت ❊

کلاہ (کُلاَہْ) (ف) مذکر و مؤنث (۱) لمبی ٹوپی (۲) افسر - شاہی تاج (۳) ٹوپی ❊

کلائی (کَلاَ - اِیْ) (ہ) مؤنث - ہاتھ اور کہنی کا درمیانی حصہ - پہنچا - ساعد ❊ **کلائی کرنا** - اپنی کلائی کو حریف کے ہاتھ سے چھڑا کر اس کی کلائی پر اپنا ہاتھ پہنچا دینا ❊ **کلائیاں** - مؤنث - کلائی کی جمع ❊ **کلائیاں مارنا** - گھوڑے شیر وغیرہ کا پاؤں اٹھا کر خاص انداز سے چلنا ❊

کَلْب (کَلْبْ) (ع) مذکر - کتا ❊

کَلَب (کَلَبْ) (انگ - Club) مذکر (۱) مجلس - انجمن - سوسائٹی (۲) پنچایتی مکان ❊

کلبل (کَلْ - بَلْ) (ہ) مؤنث (عو) آفت ❊

کِلبل (کِلْ - بِلْ) (ہ) مؤنث (۱) کیڑوں کا رینگنا (۲) بچے کچے - کچڑ بچڑ ❊ **کِلبلا** - کِلبلانا کا امر ❊ **کِلبلانا** - کیڑوں مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا - کِلبل کرنا ❊

کُلبلا (کُلْ - بُلاَ) (ہ) کلبلانا کا امر ❊ **کُلبلانا** (۱) آہستگی سے ہلنا (۲) کھجانا (۳) تڑپنا - بے قرار ہونا (۴) کیڑوں کا رینگنا (۵) انتڑیوں کا بولنا (۶) گدگدیاں کرنا ❊ **کُلبلاہٹ** - مؤنث (۱) کیڑوں کا رینگنا (۲) آہستگی سے حرکت کرنا ❊

کُلبہ (کُلْ - بَہْ) (ف) مذکر (۱) غریبوں کا جھونپڑا - چھوٹا سا گھر (۲) کونا - گوشہ ❊ **کُلبۂ احزان** (ف - ع) مذکر - غموں کا گھر - غم کدہ - ماتم کدہ ❊

کَلْپ (کَلْپْ) (س) مذکر (ہندو) (۱) وید کے چھ انگوں میں سے ایک انگ - وید کی ایک فصل (۲) قیامت (۳) اندیشہ - خطرہ (۴) شک - شبہہ (۵) مراد - مطلب (۶) دیوتاؤں کے ہزار جگ کے برابر کا زمانہ (۷) صرف و نحو - گرامر ❊

کلپ برچھ - یا - **برکش** (ہ) مذکر - بہشت کا ایک درخت ❊

کَلَپ (کَلَپْ) (ہ) کلپنا کا امر ❊ **کلپا** - کلپانا کا امر ❊ **کلپانا** (۱) دکھ دینا - ستانا (۲) ظلم کرنا (۳) تڑپانا - بے قرار کرنا ❊ **کلپنا** (۱) کڑھنا - ستایا جانا - دکھ پانا (۲) بد دعا دینا - کوسنا (۳) افسوس کرنا ❊

گلتھی (گَل۔تھی) (ہ) مؤنّث۔ ماش ٭

کلٹا (کَل۔ٹا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کھانچا ٭

رَل جانا (ہ) کیلا جانا ٭

کلچا۔ کلیچہ (کُل۔چا، کُل۔چہ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کی میدے کی چھوٹی خمیری روٹی، جو تنور میں پکائی جاتی ہے ٭ **کلچا سا**۔ کچے کی طرح پھولا ہؤا ٭

کلچھن (کُلچھَ۔چھن) (ہ) مذکر (ہندو) بدکردار۔ بدچلن ٭ **کلچھنا** (ہندو) (۱) بدکردار۔ بداخلاق (۲) منحوس۔ نحس ٭

کلّر (کَل۔لَر) (ہ) (۱) شور۔ بنجر (۲) مؤنّث۔ وہ زمین، جس میں شوریت کی وجہ سے کچھ پیدا نہ ہو (۳) مذکر۔ شور ٭

کلرک (کَلَرک) (مہنّد) (انگ۔ کلارک۔ Clerk) مذکر۔ محرّر۔ متصدّی۔ منشی ٭

کل رِن (کَل۔رَن) (ہ) مؤنّث (عو) جونک لگانے والی ٭

کلس (کَلَس) (ہ) مذکر (۱) گنبد کے اوپر کا نوک دار حصّہ (۲) سنہری کلغی، جو مندروں، مسجدوں یا گنبدوں پر لگی ہوتی ہے ٭

کلسا (کَل۔سا) (ہ) مذکر۔ تانبے یا پیتل کا تنگ مُنہ کا بڑا گھڑا۔ دیگچہ۔ گاگر ٭

کلغا (کَل۔غا) (ف) مذکر۔ سرخ رنگ کا ایک پھول ٭

کلغی (کَل۔غی) (ف) مؤنّث (۱) پرندوں کے خوب صورت پَر، جو بادشاہ اپنے تاج، ٹوپی یا پگڑی پر لگاتے ہیں۔ طُرّہ۔ جیغہ (۲) مرغے، مور یا پرندوں کے سر کا تاج۔ پرندوں کی چوٹی (۳) کلس ٭

کلف (کَلَف) (ف) مذکر (۱) ایک پکا ہؤا لیس دار مادہ، جسے پانی میں ملا کر کپڑے کو اس میں ڈبوتے ہیں۔ آہار (۲) سیاہ دھبّے، جو خون کے بگاڑ سے مُنہ پر ہوجاتے ہیں۔ چھیپ (۳) خضاب۔ وسمہ ٭

کلفت (کُل۔فَت) (ع) مؤنّث (۱) تکلیف۔ رنج۔ مصیبت (۲) رنجش۔ کدورت ٭ **کلفت دُور ہونا** (ف) (۱) تکلیف اور رنج کا مٹنا (۲) کدورت کا جاتا رہنا ٭

کُلفہ (کُل۔فہ) (ہ) مذکر (عوام) دیکھیے "قلفا" ٭

کِلک (کِلَک) (ف) مؤنّث (۱) نیزہ، جس کا قلم بناتے ہیں۔ نَے (۲) (ف) خامہ۔ قلم ٭

کلکار (کِل۔کار) (ہ) کلکارنا کا امر ٭ **کلکارنا** (ہندو) چیخنا۔ نعرہ لگانا۔ پکارنا ٭ **کلکاری**۔ مؤنّث (۱) زور کی آواز۔ چیخ (۲) بندر کی آواز ٭

کلکٹر (کَلَک۔ٹَر) (انگ۔ Collector) مذکر۔ ضلع کا مالی افسر۔ محصّل۔ محصول، ٹیکس وغیرہ وصول کرنے والا حاکمِ ضلع ٭ **کلکٹری** (ف) مؤنّث (۱) کلکٹر کا عہدہ (۲) کلکٹر کا کام (۳) کلکٹر کی کچہری ٭

کِلکِل (کِل۔کِل) (ہ) مؤنّث (۱) بک بک (۲) جھگڑا (۳) شور غل (۴) عورتوں کا بلند آواز سے لڑنا ٭ **کِلکِل۔ پِٹ پِٹ**۔ مؤنّث۔ دیکھیے "کِلکِل" ۱ تا ۳ ٭ **کِلکِل کرنا** (ف) (۱) بکواس کرنا (۲) باہم تکرار کرنا ٭

کِلکِل کانٹا (ف) مذکر۔ بچّوں کا ایک کھیل ٭

کِلکِلا (کِل۔کِلا) (ہ) کِلکِلانا کا امر ٭ **کِلکِلانا** (ہ) کاٹ کھانے کو دوڑنا۔ چڑچڑانا۔ ترش رُو اور بدمزاج ہونا ٭

کلکنا (کَلَک۔نا) (ہ) (۱) کبوتر کے بچّے کا پرواز میں تیزی کرنا (۲) چوپایوں کے بچّوں کا میدان میں اُچھلنا کودنا (۳) (عو) نکلنا ٭

کُلما (کُل۔ما) (ف) مذکر۔ بکری کی مسالے والی قیمہ بھری انتڑی۔ دُلمہ۔ لنگوچا۔ کُلم ٭

کلمات (کَلِمات) (ع) مذکر۔ کَلِمہ کی جمع ٭

کلمت۔ کلمتہ (کَلِمَت) (ع) مذکر۔ دیکھیے "کَلِمہ" ٭

کلمہ (کَلِمہ) (ع) مذکر (۱) قول۔ بات۔ لفظ (۲) وہ بامعنی لفظ، جو انسان کے مُنہ سے نکلے (۳) دینِ اسلام کی صداقت کا عقیدہ (۴) (مجازاً) خُدا کا نام ٭ **کلمہ بھرنا** (ف) خُدا کا نام لینا۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کہنا (۲) کسی کا کمال معتقد اور والہ و شیدا ہونا ٭ **کلمہ پڑھانا**۔ اسلام میں لانا۔ مسلمان بنانا ٭ **کلمہ پڑھنا** (۱) خدا تعالیٰ کی توحید کا اقرار کرنا۔ کلمۂ شہادت زبان سے نکالنا۔ مسلمان ہونا (۲) خُدا کا نام لینا (۳) کسی کی فرماں برداری یا اطاعت کرنا (۴) کسی بات میں استاد یا کامل ماننا (۵) کسی کا نام یاد کرتے رہنا (۶) کسی کا عاشق و شیدا ہونا ٭ **کلمۂ تکبیر** (ع) مذکر۔ کلمہ "اللّٰہ اکبر" سے مراد ہے ٭ **کلمۂ شہادت**۔ مذکر۔ اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔ اس میں صرف خُدا کے معبود ہونے اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے بندہ اور رسول ہونے پر گواہی دی جاتی ہے ٭ **کلمۂ کفر**۔ مذکر (۱) وہ بات، جس سے دین کی مخالفت یا اہانت ہو (۲) گھمنڈ اور غرور کی بات ٭ **کلمہ گو** (ع۔ف) (۱) دینِ اسلام کا کلمہ پڑھنے والا۔ مسلمان (۲) (ف) کسی کا معتقد (۳) کسی کا خیر طلب۔ دعاگو ٭ **کلمے** (ف) مذکر۔ کلمہ کی جمع ٭ **کلمے کا شریک**۔ مذکر۔ ایک ہی خدا اور ایک ہی رسولؐ کا کلمہ پڑھنے والا۔ مسلمان بھائی۔ دینی بھائی ٭ **کلمے کی انگلی**۔ مؤنّث۔ وہ انگلی جو بہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے پاس ہوتی ہے۔ انگشتِ شہادت، سبّابہ ٭

کلن (کَلَن) (ہ) مؤنث (۱) زخم کی ٹیس (۲) درد ۔
کلنج (کَلَنج) (ہ) مذکر (۱) چلتے وقت گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا (۲) ٹیڑھی ٹانگوں والا آدمی ۔
کلندرا (کَلَن ۔ دَرَا) (ف) (۱) فہرست ۔ فرد (۲) فرد قرارداد جرم (۳) جنتری ۔
کلنک (کَلَنک) (س) مذکر (۱) دھبّا ۔ داغ (۲) بدنامی ۔ الزام ۔ عیب ۔ **کلنک کا ٹیکا** (ہ) مذکر ۔ بدنامی کا دھبّا ۔ روسیاہی ۔ داغِ رسوائی ۔ **کلنک کا ٹیکا لگنا** ۔ الزام دیلبانا، بدنام ہونا ۔ رسوا ہونا ۔ عیب لگنا ۔
کلنگ (کُلَنگ) (ف) مذکر (۱) لمبی گردن کا ایک مٹیالا پرندہ ۔ کونج ۔ قاز (۲) (ف) (مجازاً) لمبی ٹانگوں والا آدمی ۔
کِلنی (کِل ۔ نِی) (ہ) مؤنث ۔ چچڑی ، جو جانوروں کے جسم میں ہوتی ہے ۔
کِلو (کِلو) (یونانی Kilo) ہزار ۔ مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔ **کِلو گرام** (Kilogram) مذکر ۔ ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولے کے برابر وزن ۔ **کلومیٹر** (Kilo merre) مذکر ۔ پانچ فرلانگ یا گیارہ سَو گز کے برابر فاصلہ ۔
کلّو (کَل ۔ لُو) (ہ) کالے رنگ کا آدمی ۔ سیاہ فام ۔ حبشی ۔
کلو (کَل ۔ لو) (ہ) مؤنث ۔ کالے رنگ کی عورت ۔
کلوا (کَل ۔ وَا) (ہ) مذکر (۱) کالا کتا (۲) سیاہ فام ۔ کالا کلوٹا ۔
کلوا بیر ۔ مذکر ۔ کالا دیو ۔ کالے رنگ کا ایک فرضی مؤکل ۔
کلوار (کَل ۔ وَار) (ہ) مذکر ۔ شراب کھینچنے اور بیچنے والا ۔ کلال ۔
کِلوانا (کِل ۔ وَا ۔ نَا) (ہ) (۱) منتر سے قابو کرانا (۲) بند کرانا ۔
کلوٹا (کَلُو ۔ ٹَا) (ہ) سیاہ فام ۔ کالا ۔
کلوخ (کُلُوخ) (ف) مذکر ۔ مٹی کا ڈھیلا ۔ کچی یا پکی اینٹ کا روڑا ۔ **کلوخ انداز را پاداش سنگ است** ۔ مثل ۔ اینٹ کا جواب پتھر ۔ خواہ مخواہ چھیڑ کرنے والے کو سخت سزا ملتی ہے ۔
کلور (کَلُور) (ہ) مؤنث ۔ گائے کا بچہ ، جو جوان ہونے کے قریب ہو ۔
کلوروفارم (کَلُو ۔ رُو ۔ فَارم) (انگ ۔ Chloroform) مذکر ۔ ایک دوا ، جو بے ہوش کرنے کے کام آتی ہے ۔
کلول (کَلُول) (ہ) مؤنث (۱) اچھل کود ۔ کھیل کود (۲) سیر ۔ دل لگی (۳) چلبلا پن ۔ شوخی ۔ **کلول کرنا** (۱) کھیلنا کودنا (۲) خوشی میں بولنا ۔ چہچہانا (۳) باہم ہنسنا بولنا ۔ مزے لوٹنا ۔

کلونجی (کَلَون ۔ جی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کے سیاہ بیج ، جو اکثر اچار میں ڈالے جاتے ہیں ۔
کلونس (کَلَونس) (ہ) مؤنث (۱) سیاہی ۔ کالک ۔ کاجل (۲) دھبّا ۔ داغ (۳) بدنامی ۔
کُلہ (کُلَہ) (ف) مذکر ۔ دیکھیے "کُلاہ" ۔ **کُلہ شجرہ** (ف ۔ ع) مذکر (۱) سلسلۂ خاندان (۲) (ف) اسبابِ بستر ۔ مال اسباب ۔
کلّہ (کَل ۔ لَہ) (ف) مذکر ۔ سر ۔ سیس ۔ **کلّہ دراز** ۔ دیکھیے "کلّا دراز" ۔
کلھارا (کَل ۔ ہَا ۔ رَا) (ہ) لڑاکا ۔ جھگڑالو ۔ **کلھاری** ۔ مؤنث ۔ جھگڑالو عورت ۔ جنگجو عورت ۔
کلھارنا (کَل ۔ ہَار ۔ نَا) (ہ) دال کا چھلکا جلا کر اتارنا ۔
کُلھاڑا (کُلھَا ۔ ڑَا) (ہ) مذکر ۔ بڑی کلھاڑی ، جس سے لکڑی کاٹتے اور پھاڑتے ہیں ۔ **کُلھاڑی** ۔ مؤنث ۔ لکڑی کاٹنے کا چھوٹا آلہ ۔ تیشہ ۔ بسولا ۔ تبر ۔
کلّھڑ (کَل ۔ لھَڑ) (ہ) مذکر (۱) مٹی کا بڑا آبخورہ (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) موٹا ۔ بے ڈول آدمی ۔
کلھیا ۔ **کلیا** (کُلھیا ، کُل ۔ یا) (ہ) مؤنث ۔ مٹی کا چھوٹا سا گول برتن ۔ چھوٹا سا آبخورہ ۔ **کلھیا سا** ۔ چھوٹا ۔ سکڑا ہوا ۔ بہت تنگ ۔ **کلھیا میں گڑ پھوڑنا** (۱) چھپا کر کوئی کام کرنا (۲) ناممکن کام کرنا ۔ **کلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے** (ف) بُرا کام چھپ نہیں سکتا ۔
کَلی (کَلِی) (ہ) مؤنث (۱) شگوفہ ۔ بے کھلا پھول ۔ غنچہ (۲) کونپل (۳) کنواری ۔ دوشیزہ ۔ باکرہ (۴) پرندوں کے نئے اور چھوٹے پَر (۵) مثلثی تراش کا ٹکڑا ، جو پاجاموں ، انگرکھوں وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے ۔ تریز (۶) ایک قسم کا صراحی دار حقہ ۔ **کلیاں** ۔ مؤنث (۱) کلی کی جمع ۔ **کلیانا** ۔ کلیاں آنا ۔
کِلّی (کِل ۔ لِی) (ہ) مؤنث (عوام) (۱) پیچ (۲) کیل ۔ کھونٹی (۳) پچھڑی ۔
کُلّی (کُل ۔ لِی) (ف) مؤنث ۔ منہ میں پانی بھر کر پھینکنا ۔ غرارہ ۔ غرغرہ ۔
کلیاں (کَل ۔ یَاں) (ہ) مؤنث ۔ ریاست جیند میں ایک قصبہ ۔
کلیان (کَل ۔ یَان) (س) مذکر (ہندو) (۱) عافیت ۔ خیریت (۲) آنند ۔ خوشی (۳) سونا ۔ زر (۴) صاحب اقبال (۵) ایک راگنی ۔ **کلیان ہونا** (ہ) (۱) خوش نصیب ہونا ۔ صاحب اقبال ہونا (۲) پھلنا پھولنا ۔ سرسبز ہونا (۳) فوت ہونا ۔ مرنا ۔

کلیجا (کَلے ـ جَا) (ہ) مذکر (۱) جگر ـ ایک عضو (۲) (مجازاً) حوصلہ ـ دلیری ـ جرأت ـ ہمت ؛ کلیجا اُچھلنا (عو) دل دھڑکنا ـ گھبرا جانا ؛ کلیجا اُڑا جانا ـ دل کا ازحد پریشان ہوجانا ـ اوسان اُڑ جانا ؛ کلیجا اُلٹ جانا (۱) دل اُلٹ جانا ـ دیوانہ ہوجانا (۲) قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا ؛ کلیجا بڑھ جانا ـ دل بڑھ جانا ـ جوشِ مسرت سے باغ باغ ہوجانا ؛ کلیجا پاش پاش ہوجانا (۱) دل کا ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا دل کڑھنا ؛ کلیجا پک جانا (ہ) چھاتی پک جانا ـ جلتے جلتے کباب ہوجانا ـ دُکھی ہوجانا ؛ کلیجا پکڑ کر رہ جانا ـ تڑپ کر رہ جانا ـ دل مسوس کر رہ جانا ؛ کلیجا پکڑ لینا ـ کسی صدمے سے بیتاب اور مضطرب ہوجانا ؛ کلیجا پکنا ـ تنگ آجانا ـ دل جلنا ـ عاجز آنا ؛ کلیجا پھٹا جانا ـ کسی صدمے کی تاب نہ لاسکنا ؛ کلیجا پھٹ جانا (۱) دل پاش پاش ہوجانا (۲) عشق و محبت کا گھایل ہوجانا (۳) حسد یا رشک سے جل مرنا ؛ کلیجا پھٹنا (۱) کسی کی مصیبت نہ دیکھ سکنا ـ ترس آنا (۲) دل بھر آنا ـ دل پر صدمہ گزرنا (۳) رشک کھانا ـ جلنا ؛ کلیجا تھام تھام کر رونا ـ بے تابی سے گریہ وزاری کرنا ؛ کلیجا تھام کر رہ جانا (۱) دل مسوس کر رہ جانا ـ تڑپ کر رہ جانا ـ ازحد بے تاب و بے قرار ہوجانا (۲) رنج و غم کا اظہار نہ کرسکنا ـ صبر کر بیٹھنا ؛ کلیجا ٹوٹنا (متروک) دل پر چوٹ لگنا ـ دل کو صدمہ پہنچنا ؛ کلیجا ٹوک ٹوک ہونا ـ دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا ـ دل پر صدمہ گزرنا ؛ کلیجا ٹھنڈا ہونا (۱) دل کو آرام ملنا ـ جی خوش ہونا (۲) تسلی پانا (۳) چین پڑنا ـ صبر آنا ؛ کلیجا چھلنی ہونا (عو) طعن و تشنیع سے تنگ آجانا ـ دل کا خون ہونا ؛ کلیجا دھک دھک ہونا ـ خوف چھا جانا ـ دل کانپنا ؛ کلیجا دھک سے ہو (رہ) جانا (۱) دل پر خوف چھا جانا (۲) دنگ رہ جانا ـ متعجب ہوجانا ؛ کلیجا سلگانا ـ دل جلانا ـ دل کباب کرنا ؛ کلیجا کاڑھ لینا (عو) (۱) ڈائن کی طرح جگر کھانا (۲) دل چھین لینا ـ فریفتہ کر لینا (۳) چوٹی کی یا عمدہ چیز نکال لینا ؛ کلیجا کانپنا (۱) دل کا لرز جانا ـ خوف کھانا (۲) کپکپی چھوٹنا ـ سردی لگنا ؛ کلیجا کٹنا (۱) ہیرے کی کنی یا کسی اور زہریلی چیز کے کھانے سے دل یا جگر کے ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا (۲) اسہال آنا ـ خونی دست آنا (۳) دل پر صدمہ گزرنا ـ دل دُکھنا (۴) حادثہ گزرنا ؛ کلیجا کھرچنا ـ خوب بھوک لگنا ؛ کلیجا کھلانا (۱) دولت کھلانا (۲) جان تک نکال کر حوالے کر دینا ـ نہایت خاطر تواضع کرنا ؛ کلیجا مسوس کر رہ جانا ـ دل مار کر رہ جانا ـ صدمہ ضبط کر کے چپ رہ جانا ؛ کلیجا ملنا ـ کسی صدمے سے بے تاب ہوکر دل کو پکڑ لینا ـ دل مسوسنا ؛ کلیجا مُنہ کو آنا (۱) جی اکتانا ـ دم گھبرانا (۲) سودا اچھلنا ـ خفقان ہونا ؛ کلیجا نکال کر (کے) لے جانا ـ مال مار کر چلا جانا ـ کسی کی دولت چرا کر لے جانا ؛ کلیجا نکال لینا ـ یا ـ نکالنا ـ دیکھیے "کلیجا کاڑھ لینا" ؛ کلیجے ـ مذکر ـ کلیجا کی جمع ؛

کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا ـ اپنے دل کا سا حال دوسرے کے دل کا جاننا ؛ کلیجے سے دھوآں اٹھنا ـ دل سے دھوآں نکلنا ـ دل سے بھاپ اٹھنا ؛ کلیجے سے لگا کے رکھنا (عو) (۱) بے حد عزیز کر کے رکھنا (۲) کمال احتیاط اور حفاظت سے رکھنا ؛ کلیجے کا ٹکڑا ـ مذکر (۱) کلیجے کی کور ـ لختِ جگر ـ پیارا ـ نورِ چشم (۲) پارۂ دل ؛ کلیجے میں آگ لگنا (۱) کسی تیز چیز کے کھا جانے سے دل یا جگر یا سینے میں سوزش ہونا (۲) بے حد پیاس اور تشنگی ہونا (۳) کسی صدمے سے دل کا بے تاب و بے قرار ہونا ؛ کلیجے میں ڈال رکھنا ـ فرطِ محبت سے یا ممتا کے مارے دل کے اندر رکھ لینا ؛ کلیجے میں ہاتھ ڈالنا (۱) عزیز اور مقرب ہوجانا ـ دل میں گھر کرنا (۲) دولت پر ہاتھ مارنا (۳) تکلیف دینا ـ دل دُکھانا ؛

کلیجن (کَلے ـ جَن) (ہ) مؤنث ـ پان کی جڑ ـ خولنجان ؛

کلیجہ (کَلے ـ جَہ) (ہ) مذکر ـ "صحیح کلیجا"، دیکھیے "کلیجا" ؛

کلیجی (کَلے ـ جی) (ہ) مؤنث ـ بکرے وغیرہ کا کلیجا، جس میں جگر، دل، پھیپھڑا، تلی وغیرہ شامل ہیں ؛

کلیچہ (کُلی ـ چَہ) (ف) مذکر ـ دیکھیے "کلچہ" ؛

کلید (کِلید) (ف) مؤنث ـ کنجی ـ چابی ـ تالی ؛

کلیسا (کَلی ـ سَا) (ف) مذکر ـ گرجا ـ عیسائیوں کی عبادت گاہ ؛

کلیسیا (کَلی ـ سِیَا) (ف) مذکر ـ عیسائیوں کا ایک فرقہ، جو حضرت مریمؑ کا بت پوجتا ہے ؛

کلیش (کَلیش) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) مصیبت ـ سختی ـ تکلیف ـ درد ـ دُکھ (۲) لڑائی ـ دنگا ـ فساد ـ جھگڑا ؛

کُلیل (کُلیل) (ف) (۱) کُند (۲) سُست (۳) تھکا ہُوا (۴) گونگا ؛

کَلیل (کَلیل) (ہ) مؤنث ـ گھوڑے کا خوشی میں اُچھلنا کودنا ؛ کلیل میں غلیل لگنا ـ خوشی کی حالت میں دفعۃً رنجش پیدا ہوجانا ؛

کلیم (کَلیم) (ع) مذکر (۱) بات کرنے والا ـ ہم سخن (۲) حضرت موسیٰؑ کا لقب، جو اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہُوا کرتے تھے ؛ کلیم اللہ ـ مذکر ـ خدا سے کلام کرنے والا ـ حضرت موسیٰؑ کا لقب ؛

کُلیہ (کُلّی ـ یَہ) (ع) مذکر ـ گُردہ ؛

ک ـ م

کم (کَم) (ف) تھوڑا، قلیل، اندک، ذرا سا، خفیف ؛ کم اصل (و) (۱) نیچ ذات کا ـ ذلیل ـ کمینہ (۲) نالائق ؛ کم بخت (ف) بدنصیب ـ بدقسمت ؛ کم بخت گئے ہاٹ ترازو ملے نہ باٹ (۱) مثل ـ بدقسمت دکان سے سودا لینے جائے تو ترازو اور باٹ نہیں ملتے ـ ازحد بدنصیبی کے اظہار پر کہتے ہیں ؛

کم بختی ۔ مؤنث (۱) بدقسمتی ۔ بدنصیبی (۲) بدشگونی ٭ کم بختی جب آتے ، اونٹ چڑھے کو کتا کھاتے ۔ مثل ۔ بدنصیبی میں لاکھ احتیاط کرو ، ہونے والی ہو کر رہتی ہے ٭ کم بختی کے دن ۔ مذکر ۔ بُرے دن ۔ ایام نحوست ٭ کم بختی نے تو نہیں گھیرا؟ کم بختی تو نہیں آئی ؟ کیا تمہاری شامت آگئی ہے؟ کیا کھوٹے دن آگئے ہیں ؟ کم تر ۔ کمتر (ف) (۱) بہت تھوڑا ، بہت کم (۲) نہایت ادنیٰ ٭ کم ترین ۔ کمترین (۱) نہایت کم (۲) خاکسار ۔ ناچیز (۳) وہ لفظ ، جو سائل درخواست میں اپنے لیے لکھتا ہے ٭ کم توجہی (ف ۔ ع) مؤنث ۔ غفلت ۔ بے پروائی ٭ کم حوصلگی ۔ مؤنث ۔ بے ہمتی ۔ تھڑدلی ٭ کم حوصلہ کم ہمت ۔ کم ظرف ۔ تھڑدلا ۔ اوچھا ٭ کم حیثیت (۱) تھوڑی سی پونجی والا ۔ کم بضاعت (۲) ذلیل ۔ سفلہ ۔ کمینہ (۳) اوچھا ۔ تھڑدلا ٭ کم خرچ (و) (۱) جز رس ۔ کفایت شعار (۲) تنگ دل ۔ منحوس ٭ کم خرچ بالا نشیں (ف) مثل ۔ قیمت میں کم اور پائداری میں زیادہ ٭ کم خوراک ۔ تھوڑا کھانے والا ۔ کم خور ٭ کم دلا (و) (۱) ڈرپوک ۔ بزدل (۲) کنجوس ٭
کم ذات ۔ کمینہ ۔ رذیل ٭ کم راہ (ف) سُست (گھوڑا) ٭ کم رُو ۔ کریہ منظر ۔ بدشکل ٭ کم زور (۱) ناطاقت ۔ ناتواں (۲) ہلکا ٭ کم زوری ۔ مؤنث ۔ ناطاقتی ۔ ضعف ۔ نقاہت ٭ کم سخن ۔ کم بولنے والا ۔ چُپ چاپ ٭ کم سخنی ۔ مؤنث ۔ تھوڑا بولنا ۔ کم گوئی ٭ کم سِن (ف ۔ ع) چھوٹی عمر کا ٭ کم سُننا (و) (۱) اونچا سننا ۔ کسی قدر بہرا ہونا (۲) خیال میں نہ لانا ۔ توجہ نہ کرنا ٭ کم سِنی (ف) مؤنث ۔ بچپن ۔ خُردسالی ۔ کم عمری ٭ کم سے (راز) کم (و) بہت ہی کم ۔ تھوڑے سے تھوڑا ٭ کم ظرف (ف ۔ ع) (۱) تھڑدلا ۔ اوچھا ۔ کم حوصلہ (۲) سفلہ ۔ کمینہ ٭ کم ظرفی (ف) مؤنث (۱) کم حوصلگی (۲) رذالت ۔ کمینہ پن ٭ کم عقل (ف ۔ ع) نادان ۔ بے وقوف ٭ کم عقلی (ف) مؤنث ۔ بے وقوفی ۔ نادانی ٭ کم عمر (ف ۔ ع) چھوٹی عمر کا ۔ کم سن ٭ کم عمری (ف) مؤنث ۔ بچپن ۔ خردسالی ٭ کم فرصتی ۔ مؤنث ۔ کام سے نپٹ نہ سکنا ٭ کم فہم (ف ۔ ع) ناسمجھ ۔ نادان ٭ کم فہمی ۔ مؤنث ۔ ناسمجھی ۔ نادانی ٭ کم قسمتی ۔ مؤنث ۔ بدقسمتی ۔ کم نصیبی ٭ کم قیمت ۔ سستا ۔ ارزاں ٭ کم کرنا (و) (۱) گھٹانا (۲) وضع کرنا (۳) سست کرنا (۴) مختصر بنانا ٭ کم کم (۱) تھوڑا تھوڑا (۲) کبھی کبھی (۳) بتدریج ۔ آہستہ آہستہ ٭ کم کھائے غم نہ کھائے ۔ مثل ۔ کم کھانے سے انسان نہیں مرتا ، لیکن غم کھانے اور فکر کرنے سے تباہ و برباد اور ہلاک ہو جاتا ہے ٭ کم و بیش (ف) تھوڑا بہت ۔ لگ بھگ ۔ تقریباً ٭ کم ہمت (ف ۔ ع) (۱) ڈرپوک ۔ بزدل (۲) کم حوصلہ (۳) کام چور ٭ کم ہمتی (ف) مؤنث (۱) کم حوصلگی (۲) بزدلی (۳) کام چوری ٭ کم ہونا (و) (۱) تھڑنا (۲) گھٹنا (۳) کسر رہنا ٭ کم یاب (ف) (۱) کم ملنے والا (۲) نایاب ۔ نادر ٭ کم یابی ۔ مؤنث ۔ قلت ۔ نایابی ۔ ناپیدی ٭ کمتی (و) کم ۔ کسی چیز میں گھٹا ہوا ٭ کمی (و) مؤنث (۱) توڑا (۲) گھٹتی (۳) قلت (۴) خسارہ ۔ نقصان ۔ ٹوٹا (۵) نقص (۶) چوک ۔ کوتاہی ۔ کسر ٭ کمی نہ کرنا ۔ کسر نہ چھوڑنا ۔ کوتاہی نہ کرنا ۔ کوشش سے باز نہ رہنا ۔ ذرا نہ چُوکنا ٭

کم (کَم) (ع) کتنا ۔ کس قدر ٭ کمیت (کَم ۔ مِی ۔ یَت) مؤنث ۔ مقدار ٭

کما (کَمَا) (ہ) کمانا کا امر ٭ کما کھانا (و) محنت و مزدوری سے پیٹ پالنا ٭ کما لینا (۱) کسی وسیلے سے روپیہ پیدا کر لینا (۲) چمڑے کو ملائم اور درست کرنا (۳) نجاست صاف کر دینا (۴) نچوڑ لینا ۔ کمزور کر دینا ٭ کمانا (ہ) (۱) روپیہ حاصل کرنا (۲) چمڑا صاف کرنا (۳) لوہے کی سختی دُور کرنا (۴) ٹٹی صاف کرنا (۵) پیشہ کرنا (۶) بُرا کام کر کے روپیہ حاصل کرنا (۷) محنت مشقت کر کے جسم کو پکا اور مضبوط کرنا (۸) ذمے لینا ۔ ارتکاب کرنا (۹) زمین کو زرخیز بنانا (۱۰) گھٹانا ۔ کم کرنا ٭ کماؤ (کَمَا ۔ آؤ) (۱) روپیہ کمانے والا (۲) مزدور ۔ محنتی ٭ کماؤ آوے ڈرتا ، نکھٹو آوے لڑتا ۔ مثل ۔ نکھٹو اور نکما گھر والوں پر ناجائز رعب ڈالتا ہے اور کماؤ بے چارہ خاموشی سے گزارہ کر لیتا ہے ٭ کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا ؟ (و) مثل ۔ جس شخص سے کچھ فائدہ ہو ، اسے ہر کوئی چاہتا ہے ٭ کمائی (ہ) مؤنث (۱) آمدنی ۔ یافت ۔ پیدا (۲) فائدہ ۔ نفع (۳) مزدوری ۔ کام ٭ کمائیں میاں خان خاناں ، اُڑائیں میاں فہیم (و) مثل ۔ کماتے کوئی ، لٹاتے کوئی ۔ دوسرے کے مال پر گلچھرے اُڑانے والے کے متعلق کہتے ہیں ٭

کما (کَمَا) (ع) جیسا ٭ کما حقہٗ ۔ جیسا اُس کا حق ہے ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ بخوبی ٭ کماہی (کَمَا ۔ ہِیَ ، کَمَا ۔ ہِیْ) جیسا وہ ہے ٭ کما ینبغی ۔ جیسا چاہیے ۔ بخوبی ۔ حسب اطمینان ٭

کماچ ۔ کماچ (کُمَاچ ۔ کُمَاچ) (ت) مذکر (۱) کہیں سے موٹی اور کہیں سے پتلی روٹی (۲) موٹی اور گول چیز (۳) لکڑی کا گول ٹکڑا ، جو چوب خیمہ کے اوپر ہوتا ہے ٭

کمار (کُمَار) (س) مذکر (۱) بن بیاہا ۔ کنوارا (۲) راجے کا بیٹا ۔ شہزادہ (۳) بیٹا ۔ پسر ۔ فرزند ٭ کماری (ہ) مؤنث ۔ کمار کی تانیث ٭

کمال (کَمَال) (ع) مذکر (۱) پورا ہونا ۔ کمالیت (۲) گُن ۔ ہنر ۔ لیاقت

(۳) (ف) عمدگی۔ خوبی (۴) اچنبھا۔ انوکھی بات۔ عجیب کام (۵) استادی۔ کاریگری۔ صنعت (۶) سارا۔ پورا۔ کامل ٭ **کمال حاصل کرنا** (ف) (۱) کوئی ہنر یا فن بہم پہنچانا۔ قابلیت یا لیاقت حاصل کرنا (۲) کامل مہارت بہم پہنچانا۔ کسی کام میں یدِطُولیٰ رکھنا ٭ **کمال درجے کا**۔ پورا۔ نہایت کامل۔ ازحد ٭ **کمال دکھانا** (۱) کرتب یا ہنر دکھانا (۲) کرامات دکھانا ٭ **کمال کا بنا ہُوا** (۱) بڑا کرتبی۔ پُرفن (۲) آفت کا پرکالہ۔ بے حد عیّار۔ (۳) چال باز۔ فریبی (۴) ازحد ہوشیار ٭ **کمال کرنا** (۱) تعجب انگیز کام کرنا۔ غضب کرنا۔ کاری گری دکھانا۔ کوئی انوکھا اور عجیب کام کرنا (۲) مبالغہ کرنا (۳) دھوکا دینے میں کامل ہونا (۴) کسی بات میں غالب آنا ٭ **کمال کو پہنچنا** (۱) کسی بات میں کمال حاصل ہونا (۲) ختم ہونا۔ پورا ہونا ٭ **کمالات** (ع) مذکّر۔ کمال کی جمع ٭ **کمالیّت**۔ مؤنّث۔ کمال ٭

کمالا (کَمَا۔ لَا) (ف) مذکّر۔ صلح سے کُشتی کرنا۔ پہلوانوں کی جنگِ زرگری ٭

کمان (کَمَاںْ) (ف) مؤنّث (۱) ایک خمیدہ آلہ، جس سے تیر چلاتے ہیں۔ دھنک۔ قوس (۲) دائرے کا کوئی حصّہ (۳) جُھکا ہُوا۔ کبڑا۔ خمیدہ (۴) لچکیلا ٭ **کمان ابرو**۔ مذکّر (۱) کمان جیسی بھووں والا (۲) (مجازاً) معشوق ٭ **کمان بردار** (ف) مذکّر۔ کمان دار۔ تیرانداز سپاہی ٭ **کمان تاننا**۔ کمان کھینچنا۔ چلّہ چڑھانا ٭ **کمان چڑھنا**۔ ڈنکا بجنا۔ بااقبال ہونا۔ دور دورہ ہونا ٭ **کمان دار** (ف) مذکّر (۱) کمان بردار (۲) محراب دار ٭ **کمان گر**۔ مذکّر (۱) کمان بنانے والا۔ کمنگر (۲) ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کو جوڑنے اور باندھنے والا ٭ **کمانِ گردوں**۔ مؤنّث (۱) قوسِ گردوں (۲) برجِ قوس ٭ **کمانچہ**۔ مذکّر (۱) چھوٹی کمان (۲) رُوئی دُھننے کی دُھنکی (۳) ایک قسم کی سارنگی۔ چوتارا (۴) (ف) (مجازاً) طاقچہ (۵) محراب دار چھت (۶) فولاد کی کمانی ٭ **کمانی** (ف) مؤنّث۔ خمیدہ اور لچکیلی لوہے کی قوس وغیرہ، جو اکثر گاڑیوں، گھڑیوں، کرسیوں وغیرہ میں لگائی جاتی ہے ٭

کمان (کَمَاںْ) (مہنّد) (انگ۔ کمانڈ Command) مؤنّث۔ اختیار۔ سرداری۔ حکومت ٭ **کمان افسر** (۲) مذکّر۔ فوج کا سردار۔ سپہ دار۔ کمانیر۔ کمانڈر ٭ **کمان پر جانا**۔ لڑائی پر جانا۔ جنگی نوکری پر جانا ٭ **کمانیر**۔ مذکّر۔ دیکھیے "کمانڈر" ٭

کمانڈر (کَمَاںْ۔ ڈَرْ) (انگ۔ Commander) مذکّر۔ فوج کا بڑا افسر۔ سالارِ لشکر ٭ **کمانڈر انچیف** (Commander-in Chief) مذکّر۔ سپہ سالارِ اعظم۔ جنگی لاٹ ٭

کمبل (کَمْ۔ بَلْ) (س) مذکّر۔ ایک قسم کی موٹی اُونی لوئی ٭ **کمبل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا** (۱) مثل۔ فقیری نیکی اور صاف باطنی سے حاصل ہوتی ہے، صرف گُدڑی پہننے پر موقوف نہیں ٭ **کمبل پوش** مذکّر۔ وہ درویش، جو ہمیشہ کمبل ہی اوڑھے رہے ٭ **کمبل نے پکڑ لیا**۔ مثل۔ اس محل پر کہتے ہیں، جب کوئی شخص کسی سے جان چھڑانا چاہے، لیکن وہ اس کا پیچھا نہ چھوڑے ٭

کمبوہ (کَمْ۔ بُوْہْ) مذکّر۔ ایک قوم ٭

کمبھ (کُمْبھْ) (س) مذکّر (۱) مٹکا۔ گڑھا (۲) مستک۔ ہاتھی کا سر (۳) گیارھواں آسمانی برج۔ دلو (۴) ہردوار کا میلا، جو بارھویں برس ہوتا ہے ٭

کمپا (کَمْ۔ پَا) (ہ) مذکّر۔ لاسا لگی ہوئی لمبی چھڑی یا بانس، جس سے پرندے پکڑتے ہیں ٭ **کمپا لگانا (مارنا)** (۱) لاسے کے ذریعے سے جانور کو پکڑنا (۲) کسی کو قابو میں لانا۔ داؤں مارنا ٭

کمپاس (کَمْ۔ پَاسْ) (انگ۔ Compass) مؤنّث (۱) قبلہ نما۔ قطب نما (۲) پرکار (۳) محیط دائرہ (۴) حدود (۵) رقبہ (۶) زمین ماپنے کا آلہ ٭

کمپاؤنڈ (کَمْ۔ پَاؤْنْڈْ) (انگ۔ Compound) مذکّر (۱) مکان کا احاطہ (۲) مرکّب (۳) مِلانا ٭ **کمپاؤنڈر** (Compounder) مذکّر۔ دواساز۔ ڈاکٹر کا ماتحت اور مددگار ٭

کمپنی (کَمْ۔ پَنِیْ) (انگ۔ Company) مؤنّث (۱) جماعت۔ انجمن۔ فرقہ۔ گروہ۔ جتھا۔ ٹولی (۲) ساجھی۔ شریک (۳) (مجازاً) انگلستان کے سوداگروں اور ساہوکاروں کی وہ جماعت، جس نے تجارت کرتے کرتے ہندوستان کی حکومت بھی اپنے ہاتھ میں لے لی۔ ایسٹ انڈیا کمپنی ٭ **کمپنی کا راج** (ف) مذکّر۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت ٭ **کمپنی مارک** (Company mark) مذکّر۔ کپڑے کی مخصوص علامت، جو کسی انگریزی کپڑے کی کمپنی نے تجویز کر رکھی ہو ٭

کمپو (کَمْ۔ پُوْ) (ف) مذکّر (۱) کیمپ۔ چھاؤنی۔ لشکر گاہ (۲) خیمے۔ ڈیرے (۳) فوج۔ سپاہ۔ لشکر (۴) وہ فوج، جو ایک جرنیل کے ماتحت ہو ٭

کمپوزنگ (کَمْ۔ پوْ۔ زِنْگْ) (انگ۔ Composing) مذکّر۔ ٹائپ کے حرف جوڑنا۔ ملانا۔ مرتّب کرنا ٭ **کمپوزنگ سٹک** (Composing stick) مؤنّث۔ وہ قالب یا سانچا، جس میں ٹائپ کے حروف جوڑ کر رکھے جاتے ہیں ٭ **کمپوزیٹر** (Compositor) مذکّر۔ ٹائپ کے حروف ملانے یا جوڑنے والا ٭

کمٹھا (کَمْ۔ ٹھَا) (ف) مذکّر۔ بانس کی کمان ٭

کمخاب (کَمْ۔ خَابْ) (ف) مؤنّث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا، جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بُنا جاتا ہے۔ زربفت ٭

کمڈا (کَمْ۔ ڈَا) (ہ) مذکّر (ہندو) گول کدو ٭

کمر (کَمَر) (ف) مؤنث (۱) جسم کا درمیانی حصّہ (۲) پُشت - پیٹھ (۳) درمیانی حصّہ - وسط (۴) پیٹی - پٹکا - پرتلا (۵) فوج کا پہلو (۶) (مجازاً) ڈھارس - ہمّت ۞ **کمر اکھڑ جانا** (۱) کمر کی ہڈی ٹوٹ جانا ۞ **کمر باندھنا** (۱) کمر سے پٹکا یا دوپٹّا وغیرہ کسنا (۲) تیّار ہونا - مستعد ہونا (۳) ارادہ کرنا ۞ **کمر بستہ** (ف) (۱) آمادہ - حاضر - موجود (۲) مسلح - ہتھیار بند (۳) خدمت گار - نوکر ۞ **کمر بند** (ی) مذکّر (۱) کمر کے باندھنے کا دوپٹّا - پیٹی (۲) ازار بند (۳) تیّار - مستعد ۞ **کمر پکڑ کے اٹھنا** - بڑھاپے یا کمزوری کے باعث کمر تھام کر کھڑا ہونا - بوڑھا ہونا ۞ **کمر پیچ** - مذکّر (کہاروں کی اصطلاح) موڑ ۞ **کمر تکیہ** - مذکّر - کمر کے نیچے رکھنے کا تکیہ ۞ **کمر توڑنا** (۱) کمر کو شکستہ کر دینا (۲) ہمّت توڑنا - ناامید کرنا (۳) کمزور اور ناتوان کر دینا - عاجز کر دینا ۞ **کمر ٹوٹا** (۱) خمیدہ پُشت - کُبڑا (۲) کاہل - سُست ۞ **کمر ٹوٹ جانا (ٹوٹنا)** (۱) کمر شکستہ ہوجانا (۲) ہمّت ٹوٹ جانا - مایوس ہوجانا (۳) بے یار و مددگار ہوجانا (۴) اولاد یا بھائی بند کا مر جانا (۵) سخت صدمہ گزرنا ۞ **کمر ٹوٹ گئی** - ناامیدی ہوگئی - ہمّت جاتی رہی ۞ **کمر ٹھونکنا** - تھپکنا - سراہنا - شاباش دینا - تعریف کرنا ۞ **کمر جھکنا** - ازحد بوڑھا اور کمزور ہوجانا - کُبڑا ہوجانا ۞ **کمر دوال** (دِوال) مذکّر (۱) کمر باندھنے کا تسمہ (۲) چمڑے کا تنگ ۞ **کمر رہ جانا** (۱) کمر تھک جانا (۲) دھڑ کا بے حس و حرکت ہوجانا - مفلوج ہوجانا ۞ **کمر سیدھی کرنا** (۱) لیٹنا - آرام کرنا (۲) (مجازاً) کھانا کھا کر کسی قدر سو جانا ۞ **کمر کا ڈھیلا** - نامرد - خُنثیٰ ۞ **کمر کا مضبوط** (۱) پوری قوّت باہ والا (۲) شہ زور - طاقت ور ۞ **کمر کرنا** (۱) کبوتر کا اڑنے میں قلا بازیاں کھانا (۲) گھوڑے کا کمر کو اس طرح اچھالنا کہ سوار کو گرنے کا اندیشہ ہو (۳) پہلوانوں کا کمر کا داؤں کرنا ۞ **کمر کسنا** (۱) تیّار ہونا (۲) پکّا ارادہ کرنا ۞ **کمر کمر** - کمر کے برابر - کمر تک ۞ **کمر کوٹ** - مذکّر - کمر تک اونچی فصیل - چھوٹی دیوار ۞ **کمر کوٹھا** - مذکّر - شہتیر یا کڑی کا وہ حصّہ، جو دیوار سے باہر کے رخ نکلا رہتا ہے ۞ **کمر کھول کر بیٹھنا** (۱) کسی کام سے فارغ ہو کر بیٹھنا (۲) کوشش سے باز آنا ۞ **کمر کھولنا** (۱) پیٹی کھولنا - ہتھیار کھولنا (۲) کوشش سے باز آنا (۳) کسی کام سے فارغ ہونا (۴) دم لینا - آرام لینا (۵) ارادہ فسخ کرنا ۞ **کمر لگنا** (۱) چوپایے کی پیٹھ کا زخمی ہونا (۲) چارپائی یا بستر پر پڑے پڑے کمر میں زخم ہوجانا ۞ **کمر مارنا** (۱) فوج کے درمیانی حصّے پر حملہ کرنا (۲) ترچھا یا آڑا وار کرنا - پہلو کے رخ ضرب لگانا ۞ **کمر میں توشہ تو منزل کا بھروسا** - مثل (۱) کھانا ساتھ ہو تو منزل اطمینان سے طے ہوجاتی ہے (۲) امیر کو سفر میں بھی تسلّی ہوتی ہے ۞ **کمر ہلانا** - کمر کو حرکت دینا ۞ **کمر ہمّت (چُست) باندھنا** (۱) تہمد باندھنا (۲) تیّار ہونا ۞ **کمری** - مذکّر (۱) جُھک کر چلنے والا گھوڑا - کمزور گھوڑا (۲) ایک قسم کی جاکٹ - مرزئی ۞

کمرا (کمرہ) (کَمْ - رَا، کَمْ - رَہْ) (ی) مذکّر (۱) کوٹھری - خلوت خانہ - حجرہ (۲) کوٹھی کا ہر درجہ (۳) ریل یا جہاز کا درجہ ۞

کمرک (کَمْ - رَکْ) (ہ) مذکّر - ایک قسم کا عمدہ باریک پھل ۞

کمرکھ (کَمْ - رَکھْ) (ہ) مؤنث - ایک ترش پھل، جس کی قدرتاً چار پھانکیں ہوتی ہیں ۞

کمسریٹ (کَمْ - سَرِیْٹْ) (مہنّد) (انگ - کم - مس - سَے - رِیْ - اِیٹ) (Commissariat) (مذکّر و مؤنث) سپاہیوں کی رسد رسانی کا محکمہ ۞

کمشنر (کَمِشْ - نَرْ) (انگ - Commissioner) مذکّر - کئی ضلعوں کا حاکم - قسمت کا حاکم ۞ **کمشنری** (ی) مؤنث (۱) قسمت - کئی ضلعوں کا حلقہ - ڈویژن (۲) کمشنر کی کچہری (۳) کمشنر کا عہدہ ۞

کمک (کُمَکْ) (ت) مؤنث (۱) حمایت - مدد (۲) وہ فوج، جو لڑائی میں مدد دینے کے لیے بھیجی جائے ۞

کمل (کَمْ - مَلْ) (ی) مذکّر - دیکھیے "کمبل" ۞ **کملی** - مؤنث - چھوٹا کمل ۞ **کملی بچھانا** (ہندو) سوگ یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا، کیونکہ جس شخص کا کوئی مر جائے، اسے کریا کرم تک کملی بچھا کر بیٹھنا ضروری ہے ۞

کملا (کَمْ - لَا) (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کا زرد کیڑا (۲) ایک قسم کی نارنگی (۳) پاگل ۞

کملا (کُمْ - لَا) (ہ) کملانا کا امر ۞ **کملانا** (۱) طراوت نہ رہنا - مرجھانا (۲) سوکھنا - خشک ہونا (۳) دبلا ہونا (۴) غمگین ہونا ۞

کمل باؤ (بائی - بائے) (کَمَلْ - بَا - اُوْ (بَا - اِیْ، بَا - اِیْ)) (ہ) مذکّر (ہندو) یرقان - ایک بیماری، جس میں آنکھیں زرد ہوجاتی ہیں ۞

کملیٹ (کَمْ - لِیْٹْ) (مہنّد) دیکھیے "کاملیٹ" ۞

کمند (کَمَنْدْ) (ف) (خمند کا مبدّل، جو اصل میں خم وند تھا) مؤنث (۱) ایک قسم کی چرمی رسّی، جو کسی کی گردن یا منڈیر میں ڈال دیتے ہیں اور اس کے ذریعے سے گلا گھونٹنے یا دیوار پر چڑھنے میں مدد لیتے ہیں (۲) رسّی کی سیڑھی، جس سے چور مکان پر چڑھتے ہیں (۳) پھندا ۞

کمنڈل (کَمَنْ - ڈَلْ) (ہ) مذکّر (۱) مٹّی یا لکڑی کا پانی کا برتن، جسے سادھو استعمال کرتے ہیں (۲) ٹونٹی والا برتن ۞

کمنگر (کَمَنْ - گَرْ) (ف) (۱) دیکھیے "کمان گر" (۲) ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے والا ۞

کموُنی (کمُو۔ نِی) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی معجون ۔

کمہار (ہ) مؤنث۔ مٹی کے برتن بنانے والا۔ کوزہ ساز ۔ **کمہار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا**۔ مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کوئی شخص صرف اپنی خوشی سے کام کرے اور لوگوں کے کہنے سننے سے نہ کرے ۔ **کمہاری**۔ مؤنث (۱) کمہار کی جورو (۲) کمہار قوم کی عورت (۳) ایک قسم کی بھڑ ۔

کُمیت (کُمَیت) (ف) مذکر۔ سیاہی مائل سُرخ رنگ کا گھوڑا۔ سُرنگ۔ تیلیا ۔

کمیٹی (کمِے۔ ٹی) (مہند) (انگ۔ Committee) مؤنث (۱) بہت سے آدمیوں کی جماعت۔ پنچایت۔ انجمن۔ مجلس۔ سبھا (۲) جلسہ ۔ **کمیٹی کرنا** (ل) باہم جمع ہوکر مشورہ کرنا۔ پنچایت کرنا ۔

کُمیدان (کُمی۔ دان) (ت) مذکر۔ کپتان کا نائب ۔

کمیرا (کمی۔ را) (ہ) مذکر (۱) کسان کا ٹہلوا۔ نوکر چاکر (۲) باغبان کے ماتحت کام کرنے والا مزدور (۳) معاون۔ مددگار ۔

کمیشن (کمی۔ شن) (انگ۔ Commission) مذکر (۱) گروہ۔ جماعت۔ کمیٹی۔ جتھا (۲) سفارت۔ وہ جماعت، جو ایک بادشاہ کی طرف سے دوسرے بادشاہ کے سامنے نیابت کرے (۳) مختانہ۔ دلالی۔ دستوری (۴) وہ کمیٹی، جو کسی معاملے کی تحقیقات کے لیے موقع پر کارروائی کرے ۔ **کمیشن بیٹھنا** (ل) کسی امر کی تحقیقات یا تصفیے کے لیے کسی جماعت کا اجلاس ہونا ۔

کمیلا (کمی۔ لا) (ہ) مذکر۔ سرخ رنگ کی ایک دوا، جو اکثر بچوں کو کرم شکم یا کھجلی والے زخموں کے دفعیے کے لیے دی جاتی ہے ۔

کُمیلا (کمِے۔ لا) (ہ) مذکر۔ ذبح خانہ۔ مذبح ۔

کمین (کَمِین) (ہ) مذکر (۱) کمینہ۔ نیچ۔ نوکر چاکر (۲) کم ظرف۔ اوچھا۔ سفلہ (۳) نابکار۔ نالائق ۔ **کمینہ** (ف) (۱) کم ظرف۔ سفلہ۔ اوچھا (۲) مذکر۔ کم اصل۔ نیچ ذات کا ۔ **کمینہ پن** (ل) مذکر۔ کم ظرفی۔ اوچھاپن۔ رذالت ۔ **کمینے**۔ مذکر (۱) کمینہ کی جمع (۲) کمینہ کی صورت حروفِ جار سے پہلے ۔ **کمینے سے خدا کام نہ ڈالے**۔ مثل۔ کم ذات اور بد اصل سے خدا پالا نہ ڈالے ۔

کمین (کَمِین) (ف) مؤنث۔ گھات۔ دشمن یا شکار کے لیے چھپ کر بیٹھنا ۔ **کمین گاہ**۔ مؤنث۔ گھات کی جگہ۔ وہ موقع، جہاں چھپ کر شکار یا دشمن کو مارا جاسکے ۔

کمینڈ (کمینڈ) (ہ) مذکر۔ مکر۔ فریب۔ دغا ۔ **کمینڈیا**۔ مذکر۔ فریبی۔ مکار۔ دغاباز۔ چال باز ۔

ک ۔ ن

کَن (کَن) (ہ) مذکر (۱) ریزہ۔ ذرّہ۔ ذرا سا (۲) اناج کا دانہ (۳) غلہ ۔ **کن بٹائی**۔ مؤنث۔ فصل کو چند حصہ داروں میں نسبتاً تقسیم کرنا ۔

کَن (کَن) (ہ) مذکر (۱) کونا۔ گوشہ (۲) آدھا ۔ **کَن انکھیوں** (کنکھیوں) **سے دیکھنا**۔ آنکھ چُرا کر دیکھنا۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا ۔

کَن (ہ) مذکر۔ کان کا مخفف ۔ **کَن پٹی**۔ مؤنث۔ کان اور آنکھ کے درمیان کا حصہ ۔ **کن پھول**۔ مذکر۔ کرن پھول ۔ **کن پھیڑ**۔ مذکر۔ وہ ورم، جو کان کے نیچے سے گلے کی حد تک آجاتا ہے ۔ **کن ٹوپ**۔ مذکر۔ ایک قسم کی بڑی ٹوپی، جس سے کان ڈھکے رہتے ہیں ۔ **کن چھدا**۔ وہ شخص، جس کے کان چھدے ہوں ۔ **کن چھیدن**۔ مذکر (ہندو) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم ۔ **کن رس**۔ مذکر (۱) راگ رنگ سننے کا مزہ (۲) باتیں سننے کا مزہ (۳) کانوں کا راگ کی آوازوں سے آشنا ہونا (۴) بدگوئی سننے کی عادت ۔ **کن رسیا**۔ مذکر۔ وہ شخص، جسے گانا سننے کا شوق ہو۔ راگ کے سمجھنے اور لطف حاصل کرنے کا مذاق رکھنے والا ۔ **کَن سلائی**۔ مؤنث۔ ایک قسم کا لمبا خاردار کیڑا، جو اکثر کان میں چلا جاتا ہے ۔ **کن سوئیاں لینا**۔ چھپ کر باتیں سننا۔ خفیہ بھید لینا ۔ **کن کٹا**۔ بوچا۔ گوش بریدہ ۔ **کن کھجورا**۔ مذکر۔ ایک زہریلا کیڑا، جو کان میں گھس جاتا یا جسم سے چمٹ کر پاؤں گاڑ دیتا ہے ۔

کَن (کَن) (ف) کندن (کھودنا) کا امر ۔

کِن (کِن) (ہ) کس کی جمع ۔

کُن (کُن) (ع) ہوجا ۔ **کُن فیکون**۔ مؤنث (۱) (لفظی معنی) ہوجا، پس ہوگیا (۲) (مجازاً) کائنات۔ مخلوق ۔

کنّا (کَن۔ نا) (ہ) مذکر (۱) کنارہ۔ لب۔ کور (۲) پتنگ کا وہ حصہ، جس میں ڈور باندھی جاتی ہے (۳) جوتی کے نیچے کا کنارہ ۔ **کنّا نکل جانا**۔ کنارے کا پھٹ جانا، کنارہ ٹوٹ جانا ۔ **کنّے**۔ مذکر۔ کنّا کی جمع ۔ **کنّے ڈھیلے ہوجانا** (۱) رگ وپے کا سست اور عضو کا بے کار ہوجانا۔ عاجز آجانا (۲) کنکوے کے بازو ڈھیلے ہوجانا ۔

کَنار (کَنار) (ل) مذکر۔ گھوڑے کا زکام ۔

کِنار (کِنار) (ف) مؤنث (۱) بغل۔ آغوش۔ گود۔ چھاتی۔ سینہ (۲) علٰحدگی۔ جدائی۔ مفارقت ۔

کِنارا (کِنا۔ را) (ل) مذکر۔ کور۔ کنّی۔ حاشیہ۔ پہلو۔ ریشمی زری کا فیتہ ۔

کَنارہ (کَنا۔ رہ) (ف) مذکر (۱) کراڑا۔ ساحل (۲) گوشہ۔ طرف۔ کھونٹ (۳) حد۔ انتہا۔ سرا۔ انجام (۴) علٰحدگی۔ جدائی ۔ **کنارہ کرنا** (ل) الگ ہونا، علٰحدگی اختیار کرنا، باز آنا، چھوڑ بیٹھنا ۔

کنارہ کشی (ف) مؤنّث۔ جدائی۔ علیحدگی۔ قطعِ تعلّق ؛
کنارے (ا) (۱) مذکّر۔ کنارہ کی جمع (۲) کنارہ کی صورت حروفِ جار سے پہلے ؛ **کنارے بیٹھنا** (ہند) (۱) الگ بیٹھ جانا (۲) گور میں پاؤں لٹکانا ؛ **کنارے کنارے** ۔ الگ الگ ۔ پہلو میں ؛ **کنارے کنارے چلنا** ۔ بچ کر چلنا ؛ **کنارے لگانا** (۱) دریا پار اتارنا (۲) مدد کرنا ؛ **کنارے لگنا** (۱) دریا پار ہونا ۔ ساحل پر پہنچنا (۲) اختتام پر پہنچنا (۳) قریبِ مرگ ہونا ؛ **کنارے ہو جانا** ۔ راستے سے بچ جانا ۔ ایک طرف کو ہٹ جانا ؛
کنّاس (کَن ۔ نَاس) (ع) مذکّر (۱) خاکروب ۔ مہتر ۔ حلال خور (۲) پھانسی دینے والا ۔ جلّاد ؛
کناگت (کَنَا ۔ گَت) (ہ) مؤنّث ۔ سرادھ ؛
کنال (کَنَال) (ا) مذکّر ۔ بیس مرلے کے برابر زمین کا پیمانہ ۔ گھماؤں کا آٹھواں حصّہ ؛
کنائی (کَنَا ۔ ئِی) (ہ) مؤنّث ۔ راستہ ۔ راہ ۔ گزرگاہ ؛ **کنائی کاٹنا** ایک راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کرنا ؛
کنایت (کِنَا ۔ یَت) (ع) مؤنّث ۔ اشارہ ۔ رمز ۔ پوشیدہ طور پر بات کہنا ؛ **کنایتاً** ۔ **کنایۃً** ۔ اشارۃً ۔ مجازاً ۔ ضمناً ؛ **کنایہ** ۔ مذکّر (۱) اشارہ ۔ ایما ۔ رمز (۲) مراد ۔ معنی ۔ مطلب ۔ منشا (۳) مجازاً ۔ استعارہ ؛
کنبوہ (کَم ۔ بُوہ) (ہ) مذکّر ۔ دیکھیے "کمبوہ" ؛
کنبہ (کُن ۔ بَہ) (ہ) مذکّر (۱) خاندان ۔ گھرانا ۔ قبیلہ (۲) لڑکے بالے ۔ اہل و عیال ۔ بال بچّے ؛ **کنبہ پرور** (ا) بال بچّوں اور رشتہ داروں کی خبر گیری کرنے والا ؛
کنبھ (کُمبھ) (ہ) دیکھیے "کمبھ" ؛
کنت ۔ کنتھ ۔ کنتھا (کَنت ۔ کَنتھ ۔ کَن ۔ تھَا) (ہ) مذکّر (۱) پیارا ۔ دوست (۲) خاوند ۔ شوہر ۔ پیا ؛
کنٹر (کَن ۔ ٹَر) (مہند) انگ ۔ ڈی کنٹر (Decanter) مذکّر ۔ شراب رکھنے کا شیشہ ۔ قرابہ ؛
کنٹرول (کَن ۔ ٹرَوْل) (انگ ۔ control) مذکّر ۔ اختیار ، قابو ، نگرانی ؛
کنٹک (کَن ۔ ٹَک) (ہ) منحوس ۔ بخیل ۔ تنگ ۔ ممسک ؛
کنٹریکٹر (کَن ۔ ٹرَیک ۔ ٹَر) (انگ ۔ Contractor) مذکّر ۔ ٹھیکہ لینے والا ۔ ٹھیکیدار ؛
کنٹنجنٹ (کَن ۔ ٹِن ۔ جَنٹ) (انگ ۔ Contingent) مذکّر (۱) زائد خرچ ۔ بالائی خرچ (۲) حصّہ ۔ فوج کا حصّہ ؛
کنٹونمنٹ (کَن ۔ ٹُون ۔ مَنٹ) (انگ ۔ Cantonement) مؤنّث ۔ چھاؤنی ؛
کنٹھ (کَنٹھ) (ہ) مذکّر (۱) گلا ۔ حلق (۲) گلے کی ہڈّی ۔ گانٹھی (۳) سُر ۔ آواز (۴) ازبر ۔ حفظ ؛ **کنٹھ بیٹھنا** ۔ آواز بیٹھنا ۔ گلا پڑ جانا ؛ **کنٹھ سوکھنا** (۱) خشکی یا پیاس سے گلا خشک ہو جانا (۲) لاغر ہو جانا ۔ دُبلا ہو جانا ؛ **کنٹھ کرنا** (ہندو) حفظ کرنا ۔ زبانی یاد کرنا ؛ **کنٹھ مالا** ۔ مذکّر (۱) گلے کی وہ بیماری ، جس میں گلٹیاں ہو جاتی ہیں ۔ خنازیر (۲) ایک زیور ، جو مالا کے طور پر پہنا جاتا ہے ؛ **کنٹھ نکلنا یا پھوٹنا** گلے کی ہڈّی کا نمایاں ہونا ۔ بالغ ہونا ؛ **کنٹھا** ۔ مذکّر (۱) سونے کے بڑے بڑے دانوں کا ہار (۲) ایک طلائی زیور ، جو گلے میں پہنتے ہیں (۳) پھولوں کا ہار (۴) بڑے بڑے دانوں کی تسبیح ؛ **کنٹھا اٹھانا** ۔ تسبیح کی قسم کھانا ؛ **کنٹھی** ۔ مؤنّث (۱) تسبیح (۲) گلے میں باندھنے کی لڑی (۳) پرندوں کے گلے کا طوق ؛ **کنٹھی باندھنا** (۱) بیعت کرنا ۔ مرید ہونا ۔ پارسا اور سادھو ہو جانا (۲) چیلا بنانا ۔ مرید کرنا ؛
کنٹھیا (کَن ۔ ٹھیَا) (ہ) مؤنّث ۔ چھوٹا کانٹا ؛
کنج (کُنج) (ف) مذکّر ۔ گوشہ ۔ کونا ۔ کنارہ ۔ زاویہ ؛ **کنجِ تنہائی** ۔ مذکّر ۔ خلوت ۔ گوشۂ عزلت ؛ **کنجِ قناعت** (ف ۔ ع) مذکّر ۔ صبر کا گوشہ ۔ تسلیم و رضا کا گوشہ ؛
کنج (کُنج) (س) مذکّر (۱) درختوں کے سایے میں بیٹھنے کی جگہ ۔ بیل بوٹوں کی جگہ (۲) کوچہ ۔ محلہ ؛
کنجا (کَن ۔ جَا) (ہ) (ہند) نیلی آنکھوں والا ۔ گربہ چشم ۔ کرنجا ؛
کنجر (کَن ۔ جَر) (ہ) مذکّر (۱) ایک خانہ بدوش قوم ۔ سانسی (۲) (پ) ناچنے والی قوم ۔ اربابِ نشاط کی قوم ؛ **کنجری** ۔ مؤنّث (۱) کنجر قوم کی عورت (۲) ایک قسم کے فحش گیت (۳) (پ) کنچنی ۔ کسبی ۔ رنڈی ؛
کنجر ۔ کنجل (کُن ۔ جَر ، کُن ۔ جَل) (ا) مذکّر ۔ بڑا اور موٹا تازہ ہاتھی ؛
کنجڑا (کُنج ۔ ڑَا) (ہ) مذکّر ۔ سبزی فروش ۔ ترکاری بیچنے والا ۔ ارائیں ؛ **کنجڑن** ۔ مؤنّث ۔ ترکاری بیچنے والی عورت ؛ **کنجڑے** (۱) مذکّر ۔ کنجڑا کی جمع (۲) کنجڑا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ؛ **کنجڑے قصائی** (ا) مذکّر ۔ گھٹیا درجے کے لوگ ؛ **کنجڑے کی اگاڑی قصائی کی پچھاڑی** ۔ مثل ۔ ترکاری اوّل وقت اور گوشت اخیر وقت اچھا ملتا ہے ؛
کنجشک (کُن ۔ جِشک) (ف) مؤنّث ۔ چڑیا ؛
کنجوس (کَن ۔ جُوس) (ہ) تنگ دل ۔ شوم ۔ بخیل ۔ ممسک ؛ **کنجوسی** ۔ مؤنّث ۔ تنگ دلی ۔ بخل ۔ کنٹک پن ۔ خسّت ؛
کنجی (کَن ۔ جی) (ہ) (ہند) کرنجی ۔ نیلی ۔ نیل گوں ؛
کنجی (کُن ۔ جی) (ہ) مؤنّث ۔ چابی ۔ تالی ۔ کلید ؛
کنچن (کَن ۔ چَن) مذکّر (۱) سونا ۔ طلا ۔ زر (۲) ایک قوم ، جو اپنی عورتوں کو نچواتی اور ان سے کسب کراتی ہے (۳) حرامی (۴) (صفت) نہایت تندرست ۔ نروگا ؛ **کنچن بچّہ** (ا) مذکّر ۔ کنچن کا بیٹا ۔

کسبی کا جنا ہوا - بیسوا پُتر ؛ کنچن برسنا (ہ) (۱) کثرت سے آمدنی ہونا - روپیہ برسنا (۲) زرخیزی اور خوب پیداوار ہونا ؛ کنچن نیر - مذکر (۱) آبِ زر (۲) صاف و شفاف پانی ستھرا پانی ؛ کنچنی - مؤنث (۱) ناچنے والی - رقاصہ (۲) رنڈی - کسبی - بیسوا ؛

کَند (کَنْدْ) (ف) کندن کا امر ؛ کَنَدن - کھودنا ؛ کندن کرنا (۱) کھودنا - کندہ کرنا - منبت کاری کرنا ؛ کندہ (ف) کھدا ہوا - منقش - منبت ؛ کندہ کار - مذکر - نقش و نگار کھودنے والا - منبت کار ؛ کندہ کرنا (۱) کھودنا - نقاشی کرنا - قلم کاری کرنا ؛

کُند (کُنْدْ) (ف) (۱) کھنڈا - وہ چاقو، چھری یا تلوار وغیرہ، جو تیز نہ ہو (۲) کاہل - سست - غبی ؛

کُندا (کُنْ - دَا) (ف) مذکر (۱) پاجامے کی سہ گوشہ تریز (۲) بندوق کا پچھلا حصہ (۳) پتنگ کا ہر گوشہ (۴) بھنا ہوا دودھ - کھویا ؛ کُندا بھوننا - یا - کسنا - دودھ کا کھویا یا مادا بنانا ؛ کُندا چڑھانا - بندوق کی نال میں لکڑی لگانا ؛

کُندرو (کُنْدْ - رُوْ) (ہ) مذکر - ایک قسم کی نرکاری ؛

کُندلا (کُنْدْ - لَا) (ہ) مذکر - سونے کا تار ؛ کُندلاکش (ہ) مذکر - وہ شخص، جو چاندی کے ڈلے پر سونا چڑھائے ؛

کُندن (کُنْ - دَنْ) (ہ) مذکر (۱) خالص سونا (۲) ازحد چمکیلا ؛ کُندن بن جانا (۱) اکسیر کے ذریعے سے خالص سونا بن جانا (۲) صاف اور ستھرا نکل آنا - نکھرنا (۳) کیمیا بن جانا - اکسیر بن جانا ؛

کندورا (کَنْ - دُوْ - رَا) (ف) مذکر - دسترخوان ؛ کندوری - مذکر - رومال، جس میں روٹیاں لپیٹی جاتی ہیں - دسترخوان ؛

کُندہ (کُنْ - دَہْ) (ف) مذکر (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا (۲) بندوق کی لکڑی ؛ کُندۂ ناتراش - مذکر (۱) اَن گھڑ لکڑی (۲) (مجازاً) نالائق - بے وقوف - احمق - بے تمیز ؛

کندھا (کَنْ - دھَا) (ہ) مذکر - مونڈھا - شانہ ؛ کندھا بدلنا - ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر بوجھ لینا - ڈولی اٹھانے والوں کا مونڈھا بدلنا ؛ کندھا دینا (۱) جنازے کو کندھے پر لینا (۲) سہارا دینا - مدد دینا ؛ کندھا ڈالنا (۱) بیل کا اپنے کندھے پر سے جوا گرا دینا (۲) ہمت ہار دینا - تھک جانا ؛ کندھا لگنا - بوجھ یا رگڑ کے باعث کندھے کا زخمی ہونا ؛ کندھے - مذکر - کندھا کی جمع ؛ کندھے چڑھانا (۱) بچوں کو کندھے پر اٹھانا (۲) پہلوانوں کو کشتی جیتنے کے بعد کندھے پر چڑھا کر لوگوں کو دکھانا ؛

کُند ہم جنس با ہم جنس پرواز (ف) مثل - ہر شے اپنی جنس

کی طرف رجوع کرتی ہے - اُتم سے اُتم ملے، ملے نیچ سے نیچ ؛

کندیٔ (کَنْ - دَائیْ) (ہ) مؤنث - لکڑی کا وہ ٹکڑا، جس پر دروازے کی چول گھومتی ہے ؛

کُندی (کُنْ - دِیْ) (ف) مؤنث (۱) دھلے یا رنگے ہوئے کپڑے کوٹ کر صفائی کرنے کا کام - کپڑوں کی صفائی، جو موگری کے ذریعے سے کی جائے ؛ کُندی کرنا (۱) موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا (۲) استری کرنا (۳) گت بنانا - مارنا پیٹنا ؛ کُندی گر - ریشمی اور عمدہ کپڑے صاف کرنے والا ؛

کُنڈ (کُنْڈْ) (س) مذکر (۱) تالاب - حوض - پانی کا چشمہ (۲) کھڈ - غار - گڑھا ؛

کَنڈا (کَنْ - ڈَا) (ہ) مذکر (پورب) تھاپی - اُپلا ؛

کُنڈا (کُنْ - ڈَا) (ہ) مذکر (۱) حلقہ - لوہے کا حلقہ، جس میں زنجیر ڈالی جاتی ہے (۲) (پ) کنڈی - زنجیر ؛ کُنڈی - مؤنث - دروازے کی زنجیر ؛ کُنڈی دینا - یا - لگانا - زنجیر لگانا - دروازہ بند کرنا ؛ کُنڈی کھڑکھڑانا - دستک دینا - دروازے پر زنجیر مار کر بلانا - پکارنا ؛ کُنڈی کھولنا - کواڑوں کی زنجیر کھولنا - دروازہ کھولنا - کواڑ کھولنا ؛

کَنڈل (کَنْ - ڈَلْ) (ہ) مذکر - پیاز کا موٹا چھلکا ؛

کُنڈل (کُنْ - ڈَلْ) (ہ) مذکر (۱) دائرہ - چکر - حلقہ (۲) کان کا بالا (۳) چاند یا سورج کا حلقہ ؛ کُنڈل مارنا - کُنڈل میں بیٹھنا - چاند کا ہالہ نشین ہونا - سورج کا منڈل میں ہونا ؛ کُنڈلی - مؤنث (۱) حلقہ - گھیرا - چکر - دَور (۲) سانپ کا جسم کو جلیبی کی طرح بنا کر بیٹھنا ؛

کُنڈلی (کُنْڈْ - لِیْ) (ہ) مؤنث - جنم پترا ؛ کُنڈلی بنانا - جنم پتری بنانا - زائچہ بنانا ؛

کنز (کَنْزْ) (ع) مذکر - خزانہ - گنجینہ - مخزن ؛

کنس (کَنْسْ) (س) مذکر - متھرا کا ایک ظالم راجا، جسے سری کرشن جی نے ہلاک کیا تھا ؛

کنستر (کَنَسْ - تَرْ) (ہند) (انگ - کینسٹر Canister) مذکر - پیپا - ٹین کا بکس ؛

کنسرویٹر (کَنْ - سَرْ - وِے - ٹَرْ) (انگ Conservator) مذکر - نگران کار - محافظ - مہتمم ؛ کنسرویٹر آف فارسٹ (Conservator of Forest) جنگلات کے محکمے کا ایک بڑا عہدہ دار ؛

کنسرویٹو (کَنْ - سَرْ - وِے - ٹِوْ) (انگ - Conservative) مذکر - قدامت پسند - برطانیہ کا قدامت پسند سیاسی فرقہ ؛

کُنِش (کُنِشْ) (ف) مؤنث - افعال - اعمال - کردار ؛

کُنِشت (کُنِشْتْ) (ف) مذکر (۱) آتش کدہ (۲) یہودیوں کا عبادت خانہ ؛

کنعان (کَنْ - عَانْ) (ع) مذکر - شام کا صوبۂ فلسطین، جہاں حضرت یوسف ؑ پیدا ہوئے ؛

کنف (کَنَف) (ع) مؤنث (۱) طرف ۔ جانب ۔ سمت (۲) پناہ (۳) پرندے کا بازو (۴) ساحل ۔ کنارہ ٭

کنک (کَنَک) (ہ) مذکر ۔ گندم ۔ گیہوں ٭

کنکالا ۔ کنکالنا (کَنکا ۔ لا ، کَنکال ۔ نا) (ہ) ڈائن ۔ جادوگرنی ٭

کنکر (کَنک ۔ کَر) (ہ) مذکر (۱) سنگ ریزہ (۲) چونے کا سخت ٹکڑا ٭ کنکر پتھر ۔ مذکر (۱) کوڑا کرکٹ ۔ الا بلا ۔ واہیات (۲) (حقارتاً) جواہرات ٭ کنکر سا ۔ بہت ٹھنڈا ۔ ازحد سرد ٭ کنکری مؤنث (۱) ٹھیکری (۲) ٹکڑا ۔ ڈلی ٭ کنکریلی ۔ مؤنث ۔ سنگلاخ زمین ۔ پتھریلی زمین ٭

کُنکنا (کُن ۔ کُنا) (ہ) شیر گرم ۔ نیم گرم ۔ سہتا سہتا ٭

کنکوا (کَن ۔ کَو ۔ وا) (ہ) مذکر (۱) کاغذ کا بنا ہوا تپنگ ۔ گُڈی ۔ تُکّل (۲) ایک بُوٹی ٭ کنکوا اُڑانا ۔ یا ۔ بڑھانا (۱) گُڈی کو ہوا پر تاننا ۔ تپنگ بازی کرنا ٭ کنکوا کاٹنا ۔ حریف کے تپنگ کی ڈور کو اپنی ڈور کے گھسنے اور تپنگ کے زور سے اُڑا دینا ٭ کنکوا لڑانا ۔ تپنگوں کا باہم اُڑا کر ڈور کی رگڑ سے کاٹنا کٹوانا ۔ تپنگ بازی کرنا ٭

کنکوت (کَن ۔ کُوت) (ہ) مذکر ۔ کھڑے کھیت کا تخمینہ لگانے والا ٭

کنکی (کَن ۔ کِی) (ہ) مؤنث ۔ چاول کے ٹکڑے ۔ چاول کا چُورا ٭

کنگال (کَنگ ۔ گال) (ہ) (۱) نادار ۔ محتاج ۔ مفلس ۔ تنگ حال (۲) فاقہ کش ۔ کال کا مارا ٭ کنگال کر دینا ۔ محتاج کر دینا ۔ مفلس بنا دینا ۔ نِردَھن کر دینا ٭ کنگال مُلک (۱) مذکر ۔ کنگلوں کا مُلک ۔ بھوکا دیس ٭ کنگال ہو جانا ۔ افلاس میں گھر جانا ۔ محتاج ہو جانا ۔ مفلس ہو جانا ٭

کنگرہ (کَنگ ۔ گُرہ) (ف) مذکر ۔ دیکھیے "کنگورا" ٭

کنگری (کَنگ ۔ گَری) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی بین (۲) (پ) کپڑوں پر لگانے کا باریک کنگرہ دار فیتہ ٭

کُنگڑ ۔ کُنگڑا (کُنگ ۔ گُڑ ، کُنگ ۔ گُڑا) (ہ) مذکر (۱) فربہ ۔ موٹا (۲) قوی ہیکل ٭

کنگلا (کَنگ ۔ لا) (ہ) مفلس ۔ محتاج ۔ بھوکا ٭ کنگلی ۔ مؤنث ۔ محتاج عورت ۔ بھوکی عورت ۔ مفلوکہ ٭

کنگن (کَنگ ۔ گَن) (ہ) مذکر ۔ کلائی کا ایک زیور ٭ کنگنا ۔ مذکر (ہندو) وہ ڈورا ، جو دولہا کی کلائی میں باندھا جاتا ہے ٭

کنگنی (کَنگ ۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) دیوار کی لگر ۔ بانس (۲) ایک چھوٹا سا چکنا اناج ٭

کنگورا ۔ کنگورہ (کَنگ ۔ گُو ۔ را ، کَنگ ۔ گُو ۔ رہ) (ف) مذکر (۱) وہ طاقچے ، جو فصیل قلعہ یا دوسری عالی شان عمارتوں میں خوب صورتی کے لیے بنائے جاتے ہیں (۲) وہ خوش نما پَر ، جو ٹوپی پر لگائے جاتے ہیں ۔ جیغہ ۔ کلغی ٭

کنگھا ۔ کنگھی (کَنگ ۔ گھا ، کَنگ ۔ گھی) (ہ) (۱) مذکر (۲) مؤنث) (۱) بال سلجھانے کا اوزار ، جس میں دندانے ہوتے ہیں ۔ شانہ (۲) جلاہوں کا ایک اوزار ، جس سے بانا ٹھونکا جاتا ہے ٭ کنگھی چوٹی کرنا ۔ بال سنوارنا ۔ سر گوندھنا ۔ بناؤ سنگار کرنا ٭

کنمنانا (کُن ۔ مَنا ۔ نا) (ہ) (۱) بے چین ہونا (۲) عذر کرنا ٭

کنوار (کَنوار) (ہ) دیکھیے "کوار" ٭ کنوارا ۔ دیکھیے "کوارا" ٭

کُنواں (کُن ۔ واں) (ہ) مذکر ۔ چاہ ٭ کُنواں بیچا ہے ، کنوئیں کا پانی نہیں بیچا ۔ مثل ۔ بے فائدہ تکرار اور خواہ مخواہ کی حجت کا اظہار ٭ کنواں ٹوٹنا ۔ کنوئیں کا پانی کم ہو جانا ٭ کنواں چھوڑ دینا (۱) کنوئیں کا پانی چلا دینا (۲) کنواں بند کر دینا ۔ آب پاشی سے باز رہنا ٭ کنواں کھودنے والا ۔ مذکر (۱) چاہ کَن (۲) (مجازاً) بُرائی کرنے والا ٭

کنوانسا (کَنواں ۔ سا) (ہ) مذکر ۔ نواسے کا بیٹا ٭ کنوانسی ۔ مؤنث ۔ نواسی کی بیٹی ٭

کنوتی (کَنَو ۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑے کا کان (۲) مُرکی ۔ کان کی بالی ٭ کنوتیاں ۔ مؤنث ۔ کنوتی کی جمع ٭ کنوتیاں بدلنا ۔ یا ۔ کھڑی ہونا ۔ گھوڑے کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا ۔ چوکنا ہونا ٭

کنوٹھا (کَنو ۔ ٹھا) (ہ) مذکر (۱) گوشہ ۔ کونا (۲) آغوش ۔ بغل (۳) برابر کا بھائی ٭

کنور (کَنوَر) (ہ) مذکر ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ لڑکا ۔ اعزازی خطاب (۲) راجے کا بیٹا ۔ ٹیکا ۔ شہزادہ ٭

کنول (کَنوَل) (ہ) مذکر (۱) ایک پھول ، جو دریا میں کِھلتا ہے ۔ گُلِ نیلوفر ۔ پدم ۔ مکھانے کا پھول ۔ کمودنی (۲) سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول ، جس میں موم کی بتی جلاتے ہیں ۔ قمقمہ (۳) شیشے کا ایک ظرف ، جس میں شمع روشن کی جاتی ہے ٭ کنول کِھلنا (۱) گُلِ نیلوفر کا شگفتہ ہونا (۲) دل کا خوش و خرم اور شاداب ہونا ٭ کنول گٹا ۔ مذکر ۔ کنول کا بیج ۔ مکھانا ۔ کول ڈوڈے ٭

کنونڈا (کَنَوں ۔ ڈا) (ہ) (۱) شرمسار ۔ شرمندہ (۲) ذلیل ۔ رسوا ۔ بدنام (۳) ناقص ۔ عیبی ٭ کنونڈا کرنا (۱) شرمندہ کرنا (۲) احسان مند کرنا (۳) عیب لگانا ٭ کنونڈی ۔ کنونڈا کی تانیث ٭ کنونڈی بلی چوہے سے کان کترواتی ہے ۔ مثل ۔ احسان مندی شرمسار کرتی ہے ٭

کنوؤں (کُنو ۔ ؤں) (ہ) مذکر ۔ کنواں کی جمع حرف جار سے پہلے ٭ کنوؤں (کنوئیں) میں بانس ڈالنا ۔ بے حد ڈھونڈنا ۔ بہت دیکھ بھال کرنا ٭

کنوئیں (کُنو ـ اِیں) (ہ) مذکر (۱) کنواں کی جمع (۲) کنواں کی صورت حروفِ جار سے پہلے ٭ **کنوئیں بھانگ پڑنا** ـ کسی کی بھی عقل کا سلیم اور بجا نہ رہنا ـ ادنیٰ سے اعلیٰ تک کا مست و بے ہوش ، بلکہ از خود رفتہ و دیوانہ ہو جانا ـ سب کا متوالا اور پاگل ہو جانا ٭ **کنوئیں پر گئے اور پیاسے آ گئے** ـ مثل ـ امید کی جگہ گئے اور محروم آئے ـ کمال بدنصیبی کا اظہار ٭ **کنوئیں جھانکنا** (۱) بے حد تلاش اور جستجو کرنا ـ حیران و پریشان ہونا (۲) کنوئیں میں گرنا ٭ **کنوئیں جھنکانا ـ یا ـ جھنکوانا یا ـ جھنکا دینا** (۱) کنوؤں کے اندر منہ ڈلوا کر دکھانا ـ کنوؤں کا پانی یا تہ دکھانا (۲) کنوؤں میں گرانا (۳) کتے کے کاٹے کو سات کنوؤں پر لے جانا تاکہ اس کا اثر نہ ہو (۴) در بدر پھرانا ـ آوارہ پھرانا ـ حیران کرنا (۵) ناک میں دم کر دینا ـ مصیبت میں ڈالنا (۶) دیوانہ بنانا ـ دیوانہ وار پھرانا ٭ **کنوئیں کھودتے کو کھاتا تیار** (۷) مثل ـ دوسروں کی برائی کرنے والے کو بھی نقصان پہنچ کر ہی رہتا ہے ـ چاہ کن را چاہ درپیش ٭ **کنوئیں کی مٹی کنوئیں کو لگتی ہے** (ہ) جہاں کی کمائی ہوتی ہے ، وہیں صرف بھی ہو جاتی ہے ٭ **کنوئیں میں بولنا** ـ بے حد آہستہ اور دبی آواز سے بولنا ـ قریب مرگ ہونے کی آواز ٭

کُنہ (کُنہ) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کی انتہا ـ تہ ـ حقیقت (۲) (مجازاً) بات کی تہ ـ باریکی ـ نکتہ ٭ **کُنہ کو پہنچنا** (۱) کسی بات کی تہ کو پہنچنا ٭

کنھائی (کنھا ـ اِئی) (ہ) مذکر (۱) سری کرشن جی (۲) مؤنث ـ کھڑی فصل کا تخمینہ ٭

کنھیا (کنھی ـ یا) (ہ) مذکر (۱) سری کرشن جی (۲) خوب صورت لڑکا (۳) (۴) معشوق ٭

کنی (کَنی) (ہ) مؤنث (۱) پارہ ـ ٹکڑا ـ ریزہ ـ الماس کا ریزہ (۲) ٹوٹے ہوئے چاول (۳) چاولوں کا وہ حصہ ، جو گلنے سے رہ گیا ہو ـ خامی ـ ادھ کچرا پن ٭

کنّی (کَن ـ نی) (ہ) مؤنث (۱) کنارہ ـ حاشیہ ـ فیتہ ـ سنجاف (۲) کنکوے کا بازو ٭ **کنّی باندھنا** ـ پتنگ کے بازو میں دھجّی باندھ کر اس کے دونوں بازو ہم وزن کرنا ٭ **کنّی دبنا** (۱) شرم کرنا ـ کنیانا (۲) خائف ہونا ـ ڈرنا ٭ **کنّی کھانا** ـ پتنگ کا ایک رخ کو جھکنا ـ کنکوے کا ایک طرف سے نیچا ہو کر اڑنا ٭ **کَنیا** ـ کنیانا کا امر ٭ **کنیانا** (۱) پتنگ کا کنّی کھانا ـ کنکوے کا ایک طرف کو جھکنا (۲) کنارہ کرنا ـ کترانا ـ بچنا (۳) آنکھ سامنے نہ کرنا ـ شرمانا (۴) الگ الگ رہنا ـ پاس نہ پھٹکنا ٭

کنّیا (کَن ـ نیا) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی عمر کی لڑکی ـ معصومہ (۲) کنواری ـ دوشیزہ (۳) بیٹی ـ دختر (۴) عروس ـ دلھن (۵) چھٹی راس ـ برج سنبلہ کا ہندی نام (۶) درگا دیوی ٭ **کنّیا دان** ـ مذکر (ہندو) (۱) لڑکی کا بیاہ کرنا (۲) جہیز ـ دان (۳) بیٹی بیاہنے کے لیے لوگوں سے للّٰہ کچھ مانگنا ٭

کُنیت (کُنْ ـ یَت) (ع) مؤنث ـ وہ نام ، جو باپ ، ماں ، بیٹا یا بیٹی کے تعلق سے بولا جائے ٭

کنیر (کَنیر) (ہ) مذکر ـ ایک تلخ زہریلا درخت اور اس کا پھل ٭ **کنیر کا پھول** ـ مذکر (۱) گلِ خرزہرہ (۲) فتنہ انگیز ـ فتنہ پرداز ـ لڑائی کا گھر ٭

کنیز (کَنیز) (ف) مؤنث ـ لونڈی ٭ **کنیزک** ـ مؤنث ـ کنیز کی تصغیر ٭

کنیسہ (کَنی ـ سَہ) (ف) مذکر ـ گرجا ـ یہودیوں اور عیسائیوں کا عبادت خانہ ٭

ک ـ و

کو (کو) (ہ) (۱) علامتِ مفعول (۲) واسطے ـ لیے ـ برائے ٭

کُو (کُو) (ف) مؤنث (۱) کوچہ ـ گلی ـ محلہ (۲) کون ـ کدام ٭

کواپریٹ (کو ـ اَپ ـ رِیٹ) (انگ ـ) باہم مل کر کام کرنا ٭ **کواپریٹو سوسائٹی** (Co-operative Society) مؤنث ـ مشترک سرمایے سے کام کرنے والی جماعت ٭

کواپریشن (Co-operation) مذکر ـ اشتراکِ عمل ـ تعاون ٭

کوّا (کَو ـ وَا) (ہ) مذکر (۱) کاگ ـ زاغ (۲) گوشت کا وہ چھوٹا سا لوتھڑا ، جو آدمی کے حلق میں ہوتا ہے ٭ **کوّا پری** (۱) مؤنث ـ کالی عورت ـ حبشن ٭ **کوّا پھنسانے کی چال ہے** ـ ہوشیار آدمی کو دام فریب میں لانے کا ڈھنگ ہے ٭ **کوّا ٹرٹراتا ہی ہے ، دھان پکتے ہی ہیں** ـ دشمن کے برا کہنے سے برا نہیں ہوتا ٭ **کوّا چلا ہنس کی چال ، اپنی بھی بھول گیا** ـ مثل ـ اپنی اوقات سے بڑھ کر حوصلہ کرنے کا نتیجہ یہ ہے کہ انسان اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا دیتا ہے ٭ **کوّا ناک لے گیا ، ناک کو نہیں دیکھتے ، کوّے کے پیچھے دوڑے جاتے ہیں** ـ مثل ـ اس وقت بولتے ہیں ، جب کوئی شخص جھوٹی بات کی پیروی کرتا جائے اور تحقیق کی طرف متوجہ نہ ہو ٭ **کوّے** ـ مذکر ـ کوّا کی جمع ٭ **کوّے اڑانی** ـ مؤنث (۱) نہایت ادنیٰ درجے کی ملازمہ (۲) بادلی ـ پگلی ـ دیوانی ٭ **کوّے کھاتے ہیں** (۱) بڑی عمر کا ہے (۲) اس عمر پر بھی بال سیاہ ہیں ٭

کوار (کُوار) (ہ) مذکر ـ ہندی چھٹا مہینا ـ اسوج ٭

کوارا (کُوا ـ را) (ہ) بے بیاہا ، مجرد ، ناکتخدا ٭ **کوارپت ـ کوارچھل** ـ مؤنث ـ کوارپن ـ دوشیزگی ـ چیرا ٭ **کوارپت ـ یا ـ کوارچھل اتارنا** ـ کوارپن دور کرنا ـ چیرا اتارنا ـ ازالۂ بکر کرنا ٭ **کوارپن ـ کوارپنا** ـ مذکر (ع) شادی ہونے سے پہلے کا زمانہ ٭ **کواری** ـ مؤنث ـ بے بیاہی لڑکی ـ دوشیزہ ـ باکرہ ٭ **کواری کوار مان ، بیاہی پشیمان** (۱) مثل ـ کام کے نہ کرنے والا تو یاس میں پشیمان اور کرنے والا مصیبت میں حیران ٭ **کواری کو سدا بسنت** (۵)

مثل - آزاد اور مجرّد آدمی کے لیے ہر وقت خوشی ہے ؛

کوارٹر (کُوَا رْ۔ ٹَرْ) (انگ ۔ Quarter) مذکّر (۱) چوتھائی۔ چوتھا حصّہ (۲) ہنڈرڈ ویٹ کا چوتھا حصّہ - اٹھائیس پونڈ کا وزن (۳) سال کا چوتھا حصّہ - سہ ماہی (۴) جگہ۔ مقام - قیام - چھاؤنی (۵) ٹولہ - محلّہ (۶) سپاہیوں یا افسروں کے رہنے کا مقام ؛ **کوارٹر گارڈ** (Quarter guard) مؤنّث - چھاؤنی، فوج یا پولیس گارد کی حوالات، جہاں قید کی سزا پانے والے سپاہی رکھے جاتے ہیں ؛ **کوارٹر ماسٹر** مذکّر - فوجی محکمے کا وہ افسر، جو چھاؤنیوں کے لیے ہر چیز مہیّا کرتا ہے ؛

کوارنٹین (کُوَا - رَنْ - ٹِیْن) (انگ - Quarantine) مؤنّث - دیکھیے "قرنطینہ" ؛ **کوارنٹین کی حالت** (۱) مؤنّث - جہاز کا مقرّرہ عرصے کے لیے کوارنٹین کے باعث بندرگاہ میں کھڑا رہنا ؛

کواڑ (کِوَا ڑْ) (ہ) مذکّر (۱) دروازہ - در (۲) دروازہ بند کرنے کے تختے - پَٹ ؛ **کواڑ بند کرنا - یا - بھیڑنا** (۱) پٹ بھیڑنا - کواڑ موندنا - دروازہ بند کرنا - کنڈی لگانا ؛ **کواڑ توڑ کے کھانا** (ہ) مصیبت بھرنا - مصیبت کے دن کاٹنا - جُوں تُوں عمر بسر کرنا ؛ **کواڑی** - مؤنّث (۱) کواڑ کی تصغیر (۲) انگرکھے کا پردہ (۳) قبا کا وہ کپڑا، جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے (۴) مذکّر - کباڑیا، نیلام کی چیزیں بیچنے والا ؛

کواسا (کُوَا - سَا) (ہ) دیکھیے "کنواسا" ؛

کواغذ (کَوَا - غِذْ) (ع) مذکّر - کاغذ کی جمع - کاغذات ؛

کواکب (کَوَا - کِبْ) (ع) مذکّر - کوکب کی جمع - روشن ستارے ؛

کوانا (کُوَا - نَا) (ہ) (عوام) (عو) (۱) بَرّانا (۲) (کنایۃً) بدحواس ہو جانا ؛

کوانچ (کَوَا نْچْ) (ہ) مؤنّث - ایک درخت اور اس کی پھلی ؛

کوائف (کَوَا - اِفْ) (ع) مذکّر (عوام) کیفیت کی جمع ؛

کوبانس (کُوْ - بَانْس) (ہ) مذکّر - کوّوں کو بانس سے اڑانے کا فعل - کوّوں کے اُڑانے کی آواز ؛ **کوبانس کوبانس کرنا** (۱) کوّے اُڑانا (۲) مارا مارا پھرنا ؛

کوبڑ (کُوْ - بَڑْ) (ہ) مذکّر - بڑھاپے کے باعث پیٹھ کی ہڈّی کا نکل آنا ؛

کوبہ (کُوْ - بَہْ) (ف) مذکّر - مٹّی کوٹنے یا ڈھیلے پھوڑنے کا چوبی آلہ ؛ **کوبہ کاری** - مؤنّث (۱) چونا وغیرہ کوٹنا (۲) زد و کوب کرنا - مار پیٹ کرنا ؛

کوپ (کُوْپْ) (س) مذکّر (ہندو) (۱) خفگی - غصّہ - عتاب - کرودھ (۲) (اصطلاحِ بمبئی) چائے کی پیالی ؛

کوپل (کُوْ - پَلْ) (ف) مؤنّث - شگوفہ - کلی - ننھے پھوٹے ہوئے ملائم پتّے - کونپل ؛ **کوپل پھوٹنا - یا - نکلنا** (۱) نئے پتّے پھوٹنا - شگوفہ نکلنا ؛

کوپن (کُوْ - پَنْ) (انگ - Coupon) مذکّر - رسید - پرچہ - اقرارنامہ ؛

کوت (کُوْتْ) (ہ) مؤنّث (۱) تخمینہ - اندازہ (۲) جانچ - پرکھ (۳) ماپ - پیمائش (۴) کوتنا کا امر ؛ **کُوتنا** (۱) پرکھنا - جانچنا (۲) اندازہ کرنا ؛

کوتاہ (کوتہ) [کُوْ - تَاہْ (کُوْ - تَہْ)] (ف) (۱) چھوٹا - اوچھا (۲) تھوڑا - کم (۳) مجمل - مختصر (۴) سکڑا - تنگ (۵) پست - ٹھنگنا (۶) (ل) طے - بے باق ؛ **کوتاہ (کوتہ) اندیش** - چھوٹی سمجھ والا، کم سمجھ، کم بین، کم حوصلہ ؛ **کوتاہ (کوتہ) قد** (ف - ع) پست قد - بوتا - ٹھنگنا ؛ **کوتاہی** (ف) مؤنّث (۱) کسر - نقص - کمی (۲) ضیق - تنگی ؛ **کوتاہی کرنا** - دریغ کرنا - کمی کرنا ؛

کوتک (کُوْ - تُکْ) (ہ) مذکّر (۱) کام - فعل - لچھن (۲) بدچلنی - بدکرداری ؛

کوتل (کُوْ - تَلْ) (ف) مذکّر - خالی گھوڑا - خاص گھوڑا - وہ گھوڑا، جو امیروں کی سواری کے آگے آراستہ و پیراستہ ہو کر صرف سجاوٹ اور دکھاوے کے لیے رہے - جلو کا گھوڑا ؛

کوتل گارد (مہتد) دیکھیے "کوارٹر گارڈ" ؛

کوتوال (کُوْتْ - وَالْ) (ف) مذکّر - پولیس کا وہ عہدہ دار، جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں - قلعے یا شہر کا محافظ ؛ **کوتوالی** (ف) مؤنّث - کوتوال کا دفتر - بڑا تھانہ - پولیس سٹیشن ؛ **کوتوالی چڑھنا** (۱) دنگا فساد یا چوری اور فوجداری کے جرم کے سبب کوتوالی تک جانا (۲) بدمعاشوں میں نام لکھا جانا ؛

کوتھا (کُوْ - تھَا) (ہ) (عوام) کون سا ؛ **کوتھی** (عوام) کون سی ؛

کوتھلا (کُوْتھ - لَا) (ہ) مذکّر (۱) تھیلی - تھیلا (۲) جیب - پاکٹ (۳) (مجازاً) پیٹ - شکم ؛ **کوتھلا بھرنا** (۱) پیٹ بھرنا (۲) ادھوڑی تانتا ؛

کوتھمیر (کُوتھ - مِیْر) (ہ) مذکّر - ہرا دھنیا - دھنیے کے پتّے ؛

کوتھی (کُوْ - تھِیْ) (ہ) مؤنّث - تلوار وغیرہ کے میان کا لوہا، جو بہ طور شام کے لگا ہوتا ہے ؛

کوٹ (کُوْٹْ) (ہ) کُوٹنا کا امر ؛ **کُوٹ کر** - پیس کر - چورا کر کے - از حد ؛ **کُوٹ کُوٹ کر موتی بھرنا** (۱) حسن کا ایک جگہ جمع کر دینا (۲) آنکھیں نہایت چمکیلی اور بارونق بنانا ؛ **کوٹنا** (۱) پیٹنا - کوبہ کاری کرنا (۲) کچلنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۳) زد و کوب کرنا - مارنا (۴) ڈنکا لگانا - بجانا ؛

کوٹ (کُوْٹْ) (ہ) مذکّر (۱) قلعہ - گڑھ - حصار (۲) چار - دیواری -

شہر پناہ - فصیل (۳) احاطہ (۴) (مجازاً) جسم - سریر - قالب ⁂
کوٹلا - یا - **کوٹلہ** - مذکر - چھوٹا قلعہ - گڑھی ⁂

کوٹو (کُو - ٹُو) (ہ) مذکر - ایک قسم کا اناج ⁂

کوٹھا (کُو - ٹھَا) (ہ) مذکر (۱) اوپر کا کمرہ - بالاخانہ (۲) مکان کی بڑی کوٹھڑی (۳) گھر - گودام - ذخیرہ (۴) (گنوار) پیٹ شکم - معدہ (۵) رَحم - بچہ دان ⁂ **کوٹھا بگڑ جانا** (ہندو) (۱) معدے کا غلیظ ہونا (۲) رَحم یا بچہ دان میں خرابی ہونا ⁂ **کوٹھا لینا** - یا - **کوٹھا لے کر بیٹھنا** (بُرا) پیشہ کمانا - (بُرا) کسب اختیار کرنا ⁂ **کوٹھی** مؤنث (۱) چھوٹا پکا گھر (۲) غلّہ رکھنے کا ظرف - ذخیرہ - گودام (۳) ساہوکار یا صرّاف کی کوٹھی - بینک (۴) بڑی دکان - کارخانہ (۵) بندوق کا خزانہ، جس میں بارود جاکر ٹھہرتی ہے (۶) بنگلا - انگریزوں یا امیروں کے رہنے کا مکان - حویلی (۷) رَحم - بچہ دان ⁂ **کوٹھی بیٹھنا** - گھاٹا آنا - دیوالا نکلنا ⁂ **کوٹھی کُٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا، گھر بار آپ کا ہے** - مثل - وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی مطلوبہ چیز تو نہ دے، لیکن زبانی کہتا جائے کہ سب کچھ آپ کا ہے ⁂ **کوٹھی وال** - مذکر - ساہوکار ⁂ **کوٹھے** - مذکر (۱) کوٹھا کی جمع (۲) کوٹھا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ⁂ **کوٹھے اوپر تومڑی، کیا دے گی سومڑی** - مثل - کنجوس سے حاجت پوری ہونے کی امّید نہیں ہوتی ⁂ **کوٹھے پر بیٹھنا** (فحش) پیشہ کمانا - زنا جائز کسب کمانا ⁂ **کوٹھے والا روئے، چھپر والا سوئے** - امیر سے غریب آسودہ زندگی بسر کرتا ہے - ناداروں کی نسبت دولت مند زیادہ محتاج اور شاکی پائے جاتے ہیں ⁂ **کوٹھے والیاں** - مؤنث (عو) کسبیاں - کنچنیاں - رنڈیاں ⁂

کوٹھڑی (کُو - ٹھ - ڑِی) (ہ) مؤنث - کمرہ - حُجرہ - درجہ ⁂

کوثر (کَو - ثَر) (ع) مذکر - بہشت کی ایک نہر - جنّت کا حوض ⁂

کُوچ (کُو - چ) (ف) مذکر - روانگی - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا - رحلت ⁂ **کُوچ کرنا** (ف) (۱) سفر کرنا - روانہ ہونا (۲) وفات پانا - مرنا (۳) وداع ہونا - رخصت ہونا ⁂ **کُوچ مقام** (ف - ع) مذکر - چلنا اور ٹھہرنا ⁂

کُوچ (کُو - چ) (ہ) مذکر - جلاہوں کی تانی صاف کرنے کا بُرش ⁂
کُوچی - مؤنث - بُرش ⁂

کوچ - **کونچ** (کُوچ، کُونچ) (ہ) مؤنث - وہ موٹا پٹھا، جو آدمی کی ایڑی کے اوپر اور چوپایوں کے ٹخنے کے نیچے ہوتا ہے ⁂ **کوچیں** - یا - **کونچیں** - مؤنث - کوچ کی جمع (۱) دونوں پاؤں کی ایڑیوں کے اوپر کے موٹے پٹھے (۲) (مجازاً) پاؤں ⁂ **کوچیں** - یا - **کونچیں کاٹنا** - ایڑی کے اوپر سے پاؤں کے پٹھے کاٹنا - قدم کاٹ ڈالنا - لولا بنا دینا ⁂

کوچ (کُو - چ) (ہ) کوچنا کا امر ⁂ **کُوچا** (۱) کوچنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر - کسی نوک دار چیز کا تھوڑا سا زخم - کچوکا ⁂ **کُوچنا** (ہندو) (عو) چھری کانٹے سے گودنا - چبھونا ⁂ **کُوچے** - مذکر - کوچا کی جمع ⁂ **کوچے دینا** (عو) (۱) گودنا - زخم ڈالنا (۲) جلانا - طعنے مہنے دینا ⁂

کَوچ (کَو - چ) (انگ - Couch) مذکر - بید سے بنا ہوا ایک قسم کا پلنگ - گدّے والی بڑی کرسی، جس پر دو تین آدمی بیٹھ سکیں - بستر - آرام کرنے کی جگہ ⁂

کوچ (کُو - چ) (انگ - Coach) مؤنث - گاڑی - پالکی ⁂ **کوچ بکس** (Coach box) مذکر - بگھی میں کوچبان کے بیٹھنے کی جگہ ⁂

کوچا (کُو - چَا) (ہ) مذکر - اِملی کی سبز پھلی، جو مرچ کے ساتھ پیس کر کھائی جاتی ہے ⁂

کوچک (کُو - چَک) (ف) چھوٹا - خُرد - کوتاہ ⁂

کُوچہ (کُو - چَہ) (ف) مذکر - گلی - محلّہ - باڑا - تنگ راہ ⁂ **کوچہ بندی کرنا** (ف) گلیوں یا محلّوں کی حد باندھنا - احاطہ کھینچنا ⁂ **کوچہ بہ کوچہ** (ف) گلی گلی ⁂ **کوچہ گردی** - مؤنث - گلیاں چھانتے پھرنا - آوارہ گردی کرنا ⁂ **کوچہ گردی کرنا** (ف) واہی تباہی پھرنا - خراب خستہ پھرنا - آوارہ پھرنا ⁂ **کوچے** - مذکر - کوچہ کی جمع ⁂

کود (کُو - د) (ہ) کودنا کا امر ⁂ **کود پھاند** - مؤنث - اچھل کود - دوڑ دھوپ ⁂ **کودنا** (۱) اچھلنا - پھاندنا - چھلانگیں مارنا (۲) خوشی میں پھولا نہ سمانا - بے حد خوش ہونا (۳) اِترانا - گھمنڈ کرنا ⁂

کودک (کُو - دَک) (ف) مذکر - بچہ - لڑکا - طفل ⁂

کودن (کَو - دَن) (ف) مذکر (۱) سست رفتار (۲) بارکش گھوڑا - مریل ٹٹو (۳) (مجازاً) احمق - نادان - مورکھ - کند فہم ⁂

کودوں (کَو - دَوں) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا سخت غلّہ ⁂ **کودوں دلانا** - کٹھن کام کرانا - سخت کام لینا ⁂ **کودوں دے کے پڑھنا** - کم خرچ کرکے پڑھنا - مفت پڑھنا - ناقص تعلیم پانا ⁂

کَور (کَو - ر) (ہ) مذکر (عو) لقمہ ⁂

کور (کُو - ر) (ہ) مؤنث - کنارا - حاشیہ - کنّی - سرا - مغزی - سنجاف ⁂ **کور دبنا** (۱) کنّی دبنا (۲) مغلوب ہونا - عاجز ہونا ⁂ **کور کسر** (ف) مؤنث - نقص - کمی - کمی وبیشی - عیب - قصور - برائی بھلائی - قباحت ⁂

کور (کُو - ر) (ف) اندھا ⁂ **کورانہ** - اندھوں کی طرح ⁂ **کور باطن** - **کور دل** - کم ذہن - کند فہم - ناسمجھ ⁂ **کور بخت** - بدنصیب - بدقسمت - بدبخت ⁂ **کور چشم** - دیدہ - نگاہ - اندھا ⁂ **کور دِہ** - مذکر (۱) کم آباد، چھوٹا اور غیر معروف گاؤں (۲) اجاطوں کی بستی

کورِ مادر زاد ۔ پیدائشی اندھا ❊ **کور نمک** ۔ ناشکرا ۔ نمک حرام ۔ احسان فراموش ❊ **کوری** ۔ مؤنث ۔ اندھاپن ❊

کورا (کو ۔ رَا) (ہ) (۱) نیا ۔ غیر مستعمل (۲) صاف ۔ سادہ ۔ بے لاگ (۳) نادان ۔ احمق ۔ محض جاہل (۴) تنگ دست ۔ مفلس ۔ غریب (۵) رُدکھا ۔ بے وفا ۔ بے مروّت (۶) بالکل (۷) خالص ❊ **کورا بچنا** ۔ بال بال بچنا ۔ صاف بچنا ❊ **کورا برتن** ۔ مذکر (۱) غیر مستعمل برتن (۲) (مجازاً) کنواری بچی ۔ دوشیزہ لڑکی ❊ **کورا پنڈا** ۔ مذکر (عو) (۱) کنواری ۔ بن بیاہی عورت (۲) کنوارا ۔ بن بیاہا مرد ❊ **کورا رکھنا** (۱) کچھ نہ سکھانا (۲) وعدہ وفا نہ کرنا ۔ بالکل محروم رکھنا ❊ **کورا رہ جانا** (۱) کچھ حاصل نہ ہونا ۔ بالکل محروم رہ جانا ❊ **کورا کاغذ** (ل) سادہ کاغذ ۔ بے لکھا کاغذ ❊ **کوری** ۔ مؤنث ۔ کورا کی تانیث ❊ **کورے** ۔ مذکر ۔ کورا کی جمع ❊ **کورے استرے سے سر منڈوانا** (ل) سخت سزا دلوانا ۔ از حد تکلیف دینا ❊

کورٹ (کوَرٹ) (انگ ۔ Court) مذکر (۱) کچہری ۔ عدالت ۔ دربار (۲) محل سرا ۔ قصرِ شاہی (۳) شادی کے ارادے سے مرد اور عورت کا باہم ملنا ❊ **کورٹ آف وارڈز** (Court of Ward) مذکر ۔ نابالغوں کی جائداد کے انتظام کا سررشتہ ❊ **کورٹ انسپکٹر** (Court inspector) مذکر ۔ پولیس کا وہ عہدہ دار ، جو حکومت کی طرف سے عدالت میں مقدموں کی پیروی کرتا ہے ❊ **کورٹ شپ** (Courtship) مؤنث ۔ شادی سے پہلے میاں بیوی بننے والوں کی ملاقاتوں کا زمانہ ، جس میں وہ ایک دوسرے کو پرکھ پرکھ لیتے ہیں ❊ **کورٹ مارشل** (Court marshall) مذکر ۔ جنگی یا جہازی افسروں کے مقدمات کا اجلاس ❊

کورس (کوَرس) (انگ ۔ Course) مذکر (۱) راستہ ۔ طریقہ ۔ طور (۲) تعلیم کا زمانہ (۳) درسی کتاب ❊

کورنش (کوَر ۔ نِش) (منفرس) (ت ۔ کُرنِش) مؤنث (۱) جھکاؤ ۔ خمیدگی (۲) آداب ۔ بندگی ۔ تسلیم ❊ **کورنش بجا لانا** ۔ بندگی کرنا ۔ تسلیم عرض کرنا ۔ آداب بجا لانا ❊ **کورنشات** (ف) مؤنث ۔ کورنش کی جمع ❊

کورو (کَو ۔ رَوْ) (س) مذکر ۔ دھرت راشٹر کے بیٹے ۔ مہابھارت کی لڑائی میں یہی پانڈو کے مقابلے پر تھے ❊

کورو (کُو ۔ رُوْ) (ہ) مذکر (۱) غلّے وغیرہ کی لکڑی یا جھانکرڑ (۲) شہتیر ❊

کوڑ (کُوڑ) (ہ) (۱) مورکھ ۔ احمق ۔ گنوار ۔ بے تمیز (۲) مہمل ۔ لغو ❊ **کوڑ مغز** (ا) کند ذہن ۔ نادان ۔ احمق ۔ نالائق ۔ بے تمیز ❊

کوڑا (کَوڑا) (ہ) مذکر ۔ بڑی کوڑی ❊ **کوڑی** ۔ مؤنث (۱) ایک قسم کا چھوٹا سنکھ ، جو ادنیٰ سکّے کا کام بھی دیتا ہے ۔ خرمہرہ (۲) سینے کی ہڈی ، جو خرمہرے کی طرح اونچی ہوتی ہے (۳) کٹاری کی نوک (۴) (مجازاً) دولت ۔ مال ۔ پیسا ۔ روپیہ (۵) قلیل مقدار (۶) پائی ۔ دمڑی ۔ حبّہ ❊ **کوڑی بھر** ۔ تھوڑا سا ❊ **کوڑی پاس نہ ہونا** ۔ از حد مفلس اور تنگ دست ہونا ❊ **کوڑی پھرنا** ۔ کسی امر پر چند آدمیوں کا ہم رائے اور متفق ہونا ❊ **کوڑی پھیرا کرنا** ۔ بہت سے پھیرے کرنا ۔ بار بار آنا جانا ❊ **کوڑی کا مال نہیں** (و) بے حقیقت ہے ۔ محض نکما ہے ❊ **کوڑی کا ہو جانا** ۔ کام کا نہ رہنا ۔ نکما اور خراب ہو جانا ۔ نظروں سے گر جانا ❊ **کوڑی کفن کو نہ ہونا** ۔ بے حد مفلس اور محتاج ہونا ❊ **کوڑی کوڑی** (ہ) (۱) ایک ایک کوڑی (۲) حبّہ حبّہ ۔ ذرا ذرا ❊ **کوڑی کوڑی ادا کرنا** (ل) دام دام بے باق کرنا ۔ ایک ایک حبّہ چکا دینا ❊ **کوڑی کوڑی جوڑنا** (ہ) تھوڑا تھوڑا کرکے روپیہ جمع کرنا ۔ از حد کفایت شعاری اور کنجوسی سے پس انداز کرنا ❊ **کوڑی کوڑی کو تنگ یا حیران ہونا** (ل) ایک ایک پیسے کے لیے حیران و پریشان ہونا ۔ بے حد تنگ دست ہونا ❊ **کوڑی کو کوس دوڑنا** (ہ) (۱) ایک ایک کوڑی کے لیے کوس بھر کا چکر لگانا ۔ از حد حریص اور لالچی ہونا (۲) بہ غایت محنت و مشقت کرنا ❊ **کوڑی کو نہ پوچھنا** (۱) ذرا قدر نہ کرنا ۔ مفت بھی کام نہ لینا (۲) از حد حقیر اور ذلیل جاننا ❊ **کوڑی کے تین تین بکنا** (۱) بے حد سستا اور ارزاں ہونا (۲) نہایت حقیر اور بے قدر ہونا ❊ **کوڑی کے کام کا نہیں** ۔ محض ناکارہ اور نکما ہے ❊ **کوڑی کے مول بکنا** ۔ بہ غایت سستا اور ارزاں بکنا ❊ **کوڑی نہیں گانٹھ میں چلے باغ کی سیر** (و) مثل ۔ کم مائیگی کی حالت میں بڑا حوصلہ کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں ❊ **کوڑے** (ہ) مذکر (۱) کوڑا کی جمع (۲) کوڑا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ❊ **کوڑے کر ڈالنا** ۔ دام کھرے کر لینا ۔ سستا بیچ ڈالنا ❊ **کوڑیا** ۔ مذکر ۔ چھوٹا دروازہ ❊ **کوڑیا غلام** (ا) مذکر ۔ بے دام غلام ❊ **کوڑیاں** ۔ مؤنث ۔ کوڑی کی جمع ❊ **کوڑیوں** ۔ کوڑی کی جمع حروفِ جار سے پہلے ❊

کوڑا (کُو ۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) خس و خاشاک ۔ گھاس پھوس (۲) الا بلا ۔ نکمی اور خراب چیز ❊ **کوڑا کرکٹ** ۔ مذکر ۔ دیکھیے "کوڑا" ❊

کوڑا (کو ۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) تازیانہ ۔ دُرّہ ۔ چابک (۲) گوشمالی ۔ تنبیہ ❊ **کوڑا لگانا** (۱) تازیانہ مارنا ۔ چابک لگانا (۲) گوشمالی کرنا ۔ تنبیہ کرنا ❊

کوڑھ (کوڑھ) (ہ) مذکر ۔ جذام ۔ برص ۔ ایک بیماری ، جو خون کے فساد سے ہوتی ہے ۔ اس میں یا تو جسم پر سفید دھبّے پڑ جاتے ہیں یا اعضاء پر ورم ہو کر انگلیاں وغیرہ گرنے لگتی ہیں ❊ **کوڑھ ٹپکنا** ۔ یا ۔ **چونا** ۔ جذام یا

برص کی شدت سے جگہ جگہ زخم ہو کر بہنے لگنا ÷ **کوڑھ میں کھاج** ۔ تکلیف میں تکلیف ۔ مصیبت میں مصیبت ۔ ایک تو کوڑھ، اس پر کھجلی اور بھی عذاب جان ÷ **کوڑھی** (۱) مجذوم ۔ جذامی (۲) کاہل ۔ سست ۔ نکھٹو ÷ **کوڑھی کے جوں نہیں پڑتی** ۔ مثل ۔ جو آپ ہی مصیبت کا مارا ہو، اس پر کیا آفت آئے گی ۔ اصل میں کوڑھی کا خون خراب ہو جاتا ہے، جسے جوں بھی پینے کے لائق نہیں سمجھتی ÷

کوڑیالا (کَو ۔ ڑِیا ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا سفید چتیوں والا زہریلا سانپ (۲) ایک بوٹی (۳) امیر ۔ دولت مند ۔ مال دار ÷

کوز (کُوْز) (ف) کبڑا ۔ خمیدہ ÷ **کوز پشت** ۔ خمیدہ پشت ۔ کبڑا ۔ بڈھا ÷

کوزہ (کُو ۔ زَہ) (ف) مذکر (۱) ڈونگا (۲) قلعی ۔ قلفی (۳) مصری کے گول گول ڈلے (۴) مٹی کا برتن (۵) مٹی کا آب خورہ ÷ **کوزے** (۱) (۱) کوزہ کی جمع (۲) کوزہ کی صورت حروف جار سے پہلے ÷ **کوزے میں دریا بند کرنا** ۔ کسی لمبے چوڑے مضمون کو بے حد قلیل اور مختصر کر کے یوں لکھ دینا کہ مطلب بھی فوت نہ ہو اور اختصار بھی ہو جائے ÷ **کوزیاں** ۔ مؤنث ۔ مٹی کے چھوٹے آب خورے ÷

کوس (کُوْس) (ہ) مذکر (۱) تین ہزار گز کی لمبائی ۔ فرسنگ (۲) آستین کا کف ÷ **کوس نہ چلی بابل پیاسی** ۔ کام کے شروع ہی میں تھک جانے اور ہمت ہار دینے کا اظہار ÷ **کوسوں** ۔ مذکر (۱) کوس کی جمع (۲) کالے کوس ۔ بہت دور ÷ **کوسوں بھاگنا** (۱) دور چلے جانا ۔ الگ رہنا (۲) نہایت نفرت کرنا ÷ **کوسوں دور ہونا** (ل) از حد دور ہونا ۔ بہت الگ رہنا ÷

کوس (کُوْس) (ہ) کوسنا کا امر ÷ **کوسا** (۱) کوسنا سے ماضی مطلق (۲) دعائے بد ۔ برا بھلا کہنا ÷ **کوسا کاٹی** ۔ مؤنث ۔ کوسنا ۔ دعائے بد ÷ **کوسنا** (۱) برا بھلا کہنا ۔ دعائے بد دینا (۲) ماتم کرنا ۔ پیٹنا ÷

کوس (کُوْس) (ف) مذکر ۔ بڑا نقارہ ۔ بڑا طبل ۔ دمامہ ÷ **کوس رحلت** ۔ مذکر ۔ کوچ کا نقارہ ۔ روانگی کی گھنٹی ÷ **کوس لمن الملک** (ف ۔ ع) اس امر کا نقارہ کہ ملک کس کا ہے ۔ بڑائی کا ڈنکا ۔ لن ترانی ÷

کوش (کُوْش) (ف) کوشیدن کا امر ÷ **کوشاں** ۔ کوشش کرنے والا ÷ **کوشش** ۔ مؤنث ۔ جد و جہد ۔ سعی ۔ جستجو ۔ دوڑ دھوپ ۔ پیروی ۔ قصد ÷ **کوشش کرنا** ۔ دوڑ دھوپ کرنا ۔ جد و جہد کرنا ۔ ہاتھ پاؤں مارنا ÷

کوش (کُوْش) (س) مذکر (۱) گنجینہ ۔ خزانہ (۲) کتاب لغات ۔ ڈکشنری ۔ لغات ہندی (۳) خانہ ۔ نیام ۔ میان ÷

کوشک (کُو ۔ شَک) (ف) مذکر ۔ محل ۔ قصر ۔ ایوان ۔ اونچی عمارت ۔ راج مندر ÷

کوفت (کُو فْت) (ف) مؤنث (۱) آسیب ۔ آزار ۔ صدمہ (۲) (ل) سختی ۔ دکھ ۔ درد ۔ مصیبت (۳) رنجش ۔ غم (۴) تکان ۔ تھکن ÷

کوفتہ (۱) آسیب رسیدہ (۲) مذکر ۔ گول کباب ÷ **کوفتہ بیختہ** ۔ کوٹ چھان کر ÷ **کوفتہ را نانِ تہی کوفتہ است** ۔ مثل ۔ دکھی کے لیے سوکھی روٹی بھی غنیمت ہے ÷

کوفہ (کُو ۔ فَہ) (ع) مذکر ۔ عراق عرب کا مشہور شہر، جسے حضرت عمرؓ نے بطور چھاؤنی کے سرحد عرب پر آباد کیا تھا اور حضرت علیؓ نے اسے دار الخلافہ بنایا ÷ **کوفی** (۱) کوفہ کا رہنے والا (۲) (مجازاً) بے وفا ÷

کوک (کُوْک) (ف) مؤنث (۱) بلند آواز (۲) (ل) سریلی آواز ۔ ترانہ (۳) قمری، فاختہ اور کوے کی آواز (۴) شور ۔ چیخ ۔ کلکاری (۵) آہ و نالہ (۶) گھڑی، گھنٹے یا باجے وغیرہ کی کنجی (۷) کوکنا کا امر ÷ **کوکنا** (ہ) (۱) چیخنا چلانا ۔ غل مچانا ۔ شور کرنا (۲) کویل کا بولنا (۳) گھڑی یا گھنٹے یا باجے میں کنجی دینا (۴) درد کی آواز نکالنا ۔ کراہنا ÷

کوک (کُوْک) (ہ) (۱) مؤنث ۔ لمبے لمبے ٹانکے ۔ کچی سلائی (۲) کوکنا کا امر ÷ **کوکنا** ۔ کچی سلائی کرنا ۔ ٹانکا ڈالنا ÷

کوک شاستر (کُوْک ۔ شَاس ۔ تَر) (ہ) مذکر ۔ وہ کتاب جس میں عورتوں کی قسمیں اور عورتوں کے آسنوں کے طریقے لکھے ہیں ۔ اس کے مصنف کا نام کوکا تھا ۔ اسی پر کتاب کا نام ہے ÷

کوکا (کُو ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ سکھوں کا وہ فرقہ، جو بھائی رام سنگھ بڑھئی نے قائم کیا تھا ÷

کوکا (کُو ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ چھوٹی سی میخ ÷

کوکا بیلی (کُو ۔ کا ۔ بے ۔ لی) (ہ) مذکر ۔ کنول ÷

کوکب (کَو ۔ کَب) (ع) مذکر ۔ ستارہ ۔ بڑا ستارہ ۔ روشن ستارہ ÷ **کوکبہ** (ع ۔ ف) مذکر (۱) ستارہ (۲) بھیڑ بھاڑ ۔ انبوہ ۔ جماعت (۳) شان و شکوہ (۴) شاہی جلوس ۔ جلو ÷

کوکر (کُو ۔ کَر) (ہ) مذکر (۱) کتا ۔ سگ ۔ کلب (۲) (حقارتاً) نوکر کا نوکر ÷ **کوکر بسیرا کرنا** ۔ بہت کم ٹھہرنا ۔ بہت کم آرام لینا ۔ ذرا کی ذرا ستانا ÷ **کوکر چندی (چھنڈی)** ۔ مؤنث ۔ ایک جنگلی بوٹی، جس کے پتے پیس کر سگ گزیدہ کے زخم پر لیپ کیا جاتا ہے ÷

کوکلا (کُوک ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ کویل ÷

کوکلتاش (کُو ۔ کَل ۔ تَاش) (ت) مذکر ۔ بادشاہ کا دودھ بھائی ÷

کوکنار (کُوک ۔ نَار) (ف) خشخاش کا ڈوڈا ۔ پوست ÷

کوکنی (کُوک ۔ نی) (ل) مذکر ۔ ایک رنگ، جو شہاب، لاجورد اور پھٹکڑی سے تیار کیا جاتا ہے ÷

کوکو (کُو ۔ کُو) (ف) مؤنث ۔ قمری کی صدا ۔ فاختہ کی آواز ÷

کوکو (کُو ۔ کُو) (ہ) مؤنث (۱) کوا ۔ زاغ (۲) بچوں کو ڈرانے کی آواز ÷

کوکو (کُو ۔ کُو) (انگ) مؤنث (۱) ایک قسم کا سفوف، جو ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی چائے، جو اس سفوف سے تیار کی جاتی ہے ÷

کوکہ (کُو۔کَہ) (ت) (۱) مذکر۔ دودھ شریک بھائی۔ برادرِ رضاعی۔ انّا کا بیٹا (۲) مؤنث۔ دودھ بہن۔ انّا کی بیٹی ؎

کوکھ (کُوکھ) (ہ) مؤنث (۱) پیٹ۔ شکم۔ بطن (۲) پہلو کے نیچے وہ جگہ، جہاں ہڈی نہیں ہوتی (۳) گربھ۔ حمل (۴) (مجازاً) اولاد ؎ **کوکھ اجڑ جانا** (۱) حمل کا گر پڑنا۔ حمل کا قرار نہ پانا۔ حمل نہ رہنا (۲) اولاد کا مر جانا۔ اولاد کا زندہ نہ رہنا ؎ **کوکھ بند** (ا) مؤنث۔ بانجھ عورت۔ عقیمہ ؎ **کوکھ جلی** (ہ) مؤنث۔ وہ عورت، جسے بچوں کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو ؎ **کوکھ سے ٹھنڈی ہے**۔ گود بھری ہے۔ اولاد سے خوش ہے ؎ **کوکھ ماری جانا** (ہندو) (عو) بانجھ ہو جانا۔ حمل کے قابل نہ رہنا ؎ **کوکھ مانگ بھری پری رہے** (ہ) (دعا) (عو) گود بھری رہے اور سہاگن بنی رہو۔ تمہاری اولاد اور خاوند زندہ و سلامت رہیں ؎ **کوکھیں** ۔ مؤنث۔ کوکھ کی جمع ؎ **کوکھیں لگنا** ۔ بھوک کے مارے کوکھوں کا خالی معلوم ہونا۔ بھوکا ہونا ؎

کوکنی (کُو۔کنی) (ا) ایک قسم کا اودا رنگ۔ کوکنی رنگ ؎

کوکین (کُو۔کین) (انگ ۔ Cocaine) مؤنث۔ ایک انگریزی دوا، جو نشہ آور اور بے حس کر دینے والی ہوتی ہے۔ بعض لوگ اسے پان میں ڈال کر استعمال کرتے ہیں ؎

کَوَل (کَو۔ل) (ہ) مذکر۔ کچا اناج، جو بھروا کر یا اسی طرح گنوار لوگ کھا لیتے ہیں ؎

کَوَل (کَو۔ل) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) نوالہ۔ لقمہ (۲) اناج کی وہ مقدار، جو ایک ہی دفعہ چکّی میں پیسنے کے لیے ڈالی جاتی ہے۔ رکالا ؎

کول (کول) (ہ) (انگ ۔ Coal) مذکر۔ پتھر کا کوئلہ ؎

کَولا (کَو۔لا) (ہ) مذکر (۱) دروازے کے اِدھر اُدھر کا پہلو۔ گوشہ۔ کونا (۲) اناج کی پولی، جو کاٹنے کو دی جائے (۳) گود۔ بغل (۴) نارنگی۔ رنگترا ؎ **کَولے** ۔ مذکر (۱) کولا کی جمع (۲) کولا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ؎

کُولا (کُو۔لا) (ہ) مذکر۔ پٹھا۔ پٹھ۔ سُرین۔ چوتڑ۔ ازار بندھنے کی جگہ ؎ **کُولا کاٹنا** (عو) سخت صدمہ پہنچانا۔ سزا دینا ؎ **کُولا مٹکانا** یا **کُولا مار کر چلنا** ۔ کولا پھڑکانا۔ چوتڑ نچانا ؎

کُولا (کُو۔لا) (ہ) مذکر۔ کوئلہ (متروک) ؎

کولھو (کو۔لھو) (ہ) مذکر۔ تیل یا رس پیلنے کا آلہ۔ تیل یا رس نکالنے کی کل ؎ **کولھو کا بیل** ۔ مذکر (۱) تیلی کا بیل (۲) محنت کش۔ از حد محنتی ؎ **کولھو کاٹ موگری بنانا** ۔ مثل۔ ادنیٰ کام کے لیے بڑا کام خراب کرنا۔ ایک بڑے کام کی چیز کو بگاڑ کر چھوٹی چیز بنانا ؎ **کولھو کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس، کولھو کے بیل کو گھر ہی میں منزل ہے** (ا) مصیبت زدہ کو گھر میں بھی آرام و قرار نہیں ملتا ؎ **کولھو کے بیل کی طرح چلنا** ۔ کسی کام میں رات دن مصروف رہنا۔ سخت محنت و مشقت کرنا ؎ **کولھو میں پلوا دینا** ۔ شکنجے میں کھچوا دینا۔ نہایت بے رحمی کی سزا دینا ؎

کَولی (کَو۔لی) (ہ) مؤنث۔ گود۔ گودی۔ آغوش۔ دونوں ہاتھوں کا حلقہ ؎ **کَولی بھرنا** یا **کَولی میں بھر لینا** ۔ گودی بھرنا۔ بغل گیر ہونا۔ بغل میں دبانا۔ گلے لگانا ؎

کُولی (کُو۔لی) (ہ) (۱) مذکر۔ ہندو جلاہا (۲) مؤنث۔ وہ سیاہی، جو مہندی لگانے کے بعد مہندی لگے ہاتھوں میں نمودار ہو جاتی ہے ؎

کولیت (کُو۔لیت) (ہ) مؤنث (۱) ایک مزارع کا دوسرے مزارع سے زمین اجارے پر لینا (۲) اصل اجارہ دار کے سوا کسی اَور کا کاشت کرنا ؎

کَومل ۔ کومھل ۔ کونبھل (کَو۔مل، کَو۔مھل، کَون۔بھل) (ہ) مذکر۔ سیندھ۔ وہ شگاف، جو چور دیوار میں کر کے مکان کے اندر گھس آتا ہے۔ نقب ؎

کُومل (کُو۔مل) (ہ) (ہندو) (۱) نازک۔ ملائم۔ نرم (۲) میٹھا۔ شیریں (۳) فصیح ؎

کَون (کَون) (ہ) (کلمۂ استفہام) کدام ؎ **کون پرائی آگ میں گرتا ہے** ۔ دوسرے کی مصیبت کوئی اپنے سر نہیں لیتا ؎ **کون سا** (کلمۂ استفہام) (۱) کون (۲) کیا (۳) کتنا۔ کس قدر ؎ **کون سا درخت ہے، جس کو ہوا نہیں لگی** (ا) عیب اور تکلیف سے کوئی خالی نہیں ؎ **کون مرض کی دوا ہو** ۔ کس کام کے ہو۔ بالکل نکمے اور بے مصرف ہو ؎ **کون ہوتا ہے** (ہ) محاورہ (۱) وہ کیا تعلق رکھتا ہے۔ اسے کیا واسطہ ہے؟ (۲) کیا رشتہ ہے؟

کَون (کَون) (ع) مذکر (۱) ہونا۔ موجود ہونا (۲) جہان۔ دنیا۔ ہستی۔ عالم موجودات ؎ **کون و فساد** ۔ مذکر (۱) موجود ہونا اور تباہ ہو جانا۔ ہو کر بگڑ جانا۔ بودنی و نابودنی (۲) (مجازاً) فانی ؎ **کون و مکان** ۔ مذکر۔ جہان۔ دنیا۔ سنسار۔ جگ ؎

کُون (کُون) (ف) مؤنث۔ پاخانے کا مقام۔ دُبر۔ سُفرہ۔ مقعد ؎ **کُون خر** ۔ مذکر۔ بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ۔ بے تمیز۔ از حد گندہ دماغ ؎ **کُونی** ۔ مذکر۔ بریسیا۔ وہ شخص، جسے علّتِ مشائخ ہو ؎

کُون (کُون) (ہ) (دلالوں کی اصطلاح) نَو۔ ۹ ؎

کونا (کُو۔نا) (ہ) مذکر (۱) زاویہ۔ گوشہ (۲) جانب۔ طرف۔ کولا۔ پہلو ؎

کونپل (کُون۔پل) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "کوپل" ؎

کونت (کُو۔نت) (ہ) (۱) مؤنث۔ تخمینہ۔ اندازہ۔ تشخیص۔ آنک (۲) نیزہ (۳) کونتنا کا امر ؎ **کونتنا ۔ کونتھنا** ۔ دفعِ براز کے لیے زور لگانا ؎

کونج (کُونج) (ا) مؤنث۔ کلنگ۔ راج ہنس۔ قاز۔ حواصل۔ مرغابی ؎ **کونجیں** ۔ مؤنث۔ کونج کی جمع ؎

کُونچ (کُوْ ـ نْچْ) (ہ) مذکر۔ جُلاہے کا بُرش، جس سے تانی صاف کی جاتی ہے ﴿

کُونچا (کُوْں ۔ چَا) (ہ) مذکر۔ بھڑ بھونجے کا ریت نکالنے والا کرچھا ﴿ **کُونچا** (کُوْں ۔ چَا) (ہ) مذکر۔ گھاس کا پُولا ﴿

کونچا کریلا (کُوْں ۔ چَا ۔ کَرِ ۔ یْ ۔ لَا) (ہ) مذکر (تشبیہاً) چیچک کے بہت سے داغوں والا چہرہ ﴿

کونچی (کُوْں ۔ چِیْ) (ہ) مؤنث (۱) سفیدی پھیرنے کا بُرش (۲) لمبی داڑھی (۳) چاندی صاف کرنے کا بُرش ﴿

کوند (کُوْنْدْ) (ہ) (۱) مؤنث۔ بجلی کی چمک (۲) کوندنا کا امر ﴿ **کوندا** ۔ **کوندھا**۔ مذکر۔ بجلی کی چمک ﴿ **کوندنا** ۔ بجلی چمکنا ﴿

کونڈ (کُوْنْڈْ) (ہ) مؤنث۔ ناند۔ بہت بڑا کونڈا ﴿ **کونڈا** ۔ مذکر (۱) آٹا گوندھنے کا مٹی کا ظرف۔ پرات، ناند (۲) (عو) نذر نیاز کی شیرینی ﴿ **کونڈا کرنا** (۱) (عو) کسی کے نام کی نیاز دلوانا (۲) دو تین آدمیوں کا مل کر کسی سے بڑا کام کرنا ﴿ **کونڈی** ۔ مؤنث (۱) چھوٹا کونڈا، جو اکثر مٹی یا پتھر کا بنا ہوتا ہے (۲) دَوری ﴿

کونرا (کُوْں ۔ رَا) (ہ) (عو) (۱) بدحواس۔ بے اوسان (۲) کائیں کائیں سے گھبرایا ہوا ﴿

کونسل (کُوْں ۔ سِلْ) (انگ ـ Counsel) مؤنث (۱) مصلحت۔ منصوبہ۔ صلاح۔ مشورہ ﴿ **کونسل کرنا** (۱) منصوبہ گانٹھنا۔ صلاح مشورہ کرنا ﴿

کونسل (کُوْں ۔ سِلْ) (انگ ـ Council) مؤنث۔ مشورے کی مجلس۔ رائے دینے والوں کا مجمع۔ پنچایت۔ مجلس شوریٰ ﴿ **کونسل آف سٹیٹ** ۔ (Council of State) مؤنث۔ مملکت برطانیہ کے حکام کی مجلس ﴿ **کونسل بل** (Council Bill) مذکر۔ کونسل کے حساب و مصارف وغیرہ کا کاغذ ﴿ **کونسلر** (Councillor) مذکر۔ کونسل کا ممبر۔ مشیر۔ صلاح کار ﴿ **کونسلی** (ی) مذکر ۔ کونسل کا ممبر۔ مشیر۔ صلاح کار۔ پیروکار۔ وکیل ﴿

کوں کوں (کُوْں ۔ کُوْں) (ہ) مؤنث۔ کتوں کے بچوں کی آواز ﴿

کونین (کَوْ ۔ نَیْنْ) (ع) مذکر ۔ دونوں جہان۔ ہر دو عالم۔ ہر دوسرا۔ دین و دنیا ﴿

کونین (کُوْ ۔ نِیْنْ) (مہند) (انگ ۔ کُوِی ۔ نِیْ ـ Quinine) مؤنث۔ ایک مشہور انگریزی دوا، جو عام بخار اور خصوصاً ملیریا بخار میں استعمال کی جاتی ہے ﴿

کوہ (کُوْہْ) (ف) مذکر۔ پہاڑ۔ وہ سنگلاخ قطعہ، جو سطح زمین سے بلند ہو ﴿ **کوہِ آتش فشاں** ۔ مذکر۔ وہ پہاڑ، جس میں سے گندھک کا مادہ ہونے کے باعث آگ کے شعلے اٹھتے رہتے ہیں۔ جوالا مکھی کا پہاڑ ﴿ **کوہِ آدمؑ** (ف ۔ ع) مذکر۔ لنکا کے سلسلۂ کوہ کی وہ بلند چوٹی، جس پر خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت آدمؑ بہشت سے اترے تھے ﴿ **کوہِ بے ستون** (ف) مذکر۔ فارس کا ایک پہاڑ، جسے فرہاد نے کھود کر اپنی معشوقہ شیریں کے لیے جوئے شیر نامی نہر نکالی تھی ﴿ **کوہ جگر** ۔ بہادر۔ باحوصلہ ﴿ **کوہِ جودی** ۔ مذکر۔ وہ پہاڑ، جس پر حضرت نوحؑ کی کشتی طوفان کے ختم ہو جانے پر ٹھہری تھی ﴿ **کوہِ رحمت** (ف ۔ ع) مذکر۔ مکۂ معظمہ کے پاس ایک پہاڑی ﴿ **کوہِ رواں** ۔ مذکر (۱) چلنے والا پہاڑ (۲) (مجازاً) گھوڑا (۳) ہاتھی ﴿ **کوہسار** ۔ **کوہسار** ۔ مذکر (۱) پہاڑی ملک یا مقام (۲) سلسلۂ کوہ۔ سنگلاخ پہاڑ ﴿ **کوہِ صفا** (ف ۔ ع) مذکر۔ صفا اور مروہ مکۂ معظمہ کے نزدیک دو مقدس پہاڑیاں ہیں، جن کے درمیان حاجیوں کو سات مرتبہ دوڑنے کا حکم ہے ﴿ **کوہِ طور** ۔ (سینا) (ف ۔ ع) مذکر۔ شام کا وہ مشہور پہاڑ، جس پر خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو اپنی تجلی دکھائی تھی ﴿ **کوہِ قاف** ۔ مذکر (۱) دیکھیے "قاف مد ۲" (۲) (ل) وہ جگہ، جہاں انسان کا گزر نہ ہو سکے۔ نہایت دشوار گزار اور سنسان پہاڑ ﴿ **کوہ کن** ۔ **کوہکن** (ف) مذکر۔ پہاڑ کھودنے والا۔ شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب، جس نے کوہ بے ستون کھود کر ایک نہر شیریں کے محل تک پہنچائی تھی ﴿ **کوہِ نور** (ف ۔ ع) مذکر۔ ہندوستان کا ایک نہایت مشہور و معروف "ہیرا" جو اب انگلستان میں حکومت برطانیہ کے پاس ہے ﴿ **کوہستان** ۔ مذکر (۱) پہاڑی ملک (۲) پہاڑوں کا سلسلہ۔ پہاڑ ﴿ **کوہستانی** (۱) پہاڑ کا۔ پہاڑی۔ کوہی (۲) مذکر۔ پہاڑ کا رہنے والا ﴿ **کوہی** ۔ پہاڑی۔ پہاڑ کا ﴿

کوہان (کُوْ ۔ ہَانْ) (ف) مذکر۔ اونٹ کی پیٹھ کی بلندی۔ سانڈ یا بیل کا ملّد۔ بیل کا اونچا کندھا ﴿

کوہی (کُوْ ۔ ہِیْ) (ہ) مؤنث۔ بہری۔ ایک قسم کا شکرا ﴿

کوئلا (کُوْ ۔ اِلَا) (ہ) مذکر (۱) جلی ہوئی لکڑی کا بجھایا ہوا ٹکڑا (۲) کان سے نکالا ہوا سیاہ مادہ ﴿ **کوئلوں** ۔ کوئلہ کی جمع حروفِ جار سے پہلے ﴿ **کوئلوں پر مہر ہونا** ۔ بڑے بڑے مصارف پر توجہ نہ کرنا اور ادنیٰ خرچ میں کفایت دیکھنا ﴿ **کوئلوں کی دلالی میں (منہ بھی کالا، کپڑے بھی کالے) ہاتھ کالے** (ل) مثل ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی کام میں ناحق نام بدنام ہو یا کچھ نفع نہ ہو۔ بُرے کاموں میں پڑنے کا انجام بدنامی ہے ﴿ **کوئلے** (ہ) مذکر (۱) کوئلہ کی جمع (۲) کوئلہ کی صورت حروفِ جار سے پہلے ﴿ **کوئلے کی کان** (ل) مؤنث۔ وہ کان، جس سے پتھر کا کوئلہ نکلتا ہے ﴿

کوئی (کُوْ ۔ اِیْ) (ہ) علامت تنکیر (۱) کچھ۔ کسی (۲) نامعلوم شخص (۳) لگ بھگ۔ تقریباً۔ تخمیناً (۴) اکا دُکا۔ ایک آدھ ﴿ **کوئی آنکھوں کا اندھا کوئی ہیے (عقل) کا اندھا** (ل) کوئی جہالت کے باعث بے وقوف اور کوئی پڑھا لکھا ہو کر جاہل ﴿ **کوئی اب بولے کوئی جب بولے، میری نکٹی شپا شپ بولے** (ہ) نہایت بے حیا اور بے شرم کے متعلق کہتے ہیں، جو بے عزت ہو کر بھی بکواس کیے جائے ﴿ **کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا نہیں سکتا** (ل) کسی کی تدبیر سے تقدیر بدل نہیں سکتی ﴿

کوئی تن دکھی کوئی من دکھی، دکھی سارا سنسار۔ مثل۔ کسی کو کوئی دکھ ہے، کسی کو کوئی، دنیا میں کوئی بھی سکھی نہیں ٭ کوئی تو پوچھے گا (ہ) کوئی تو فریاد کو پہنچے گا۔ کسی کو تو ضرور رحم آئے گا ٭ کوئی تو لوں بھاری کوئی مولوں بھاری۔ کوئی تولوں کم کوئی مولوں کم (۱) کوئی کسی سبب سے عزت دار ہے اور کوئی کسی سبب سے۔ ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق عزت رکھتا ہے ٭ کوئی دم (دن) کا مہمان۔ مذکر (۱) جلد رخصت ہونے والا (۲) جانہار۔ قریبِ مرگ ٭ کوئی دن یاد کرو گے (۱) ہماری قدر کچھ دن بعد ہوگی (۲) کئی روز تک تکلیف اور مصیبت اٹھاتے رہو گے ٭ کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا (ہ) کسی کی مصیبت اور بلا کو کوئی شخص اپنے سر نہیں لیتا ٭ کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا (سوتا) کوئی کسی کے عوض نہیں مرتا۔ ہر شخص اپنی ہی جواب دہی کرے گا ٭ کوئی کم نہ سمجھے (تعریف کے پردے میں برائی) بڑے بدذات ہیں ٭ کوئی کوئی (ہ) اِکّا دُکّا۔ شاذ و نادر۔ ایک آدھ ٭ کوئی مرے کوئی ملار گائے۔ مثل۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کسی کی مصیبت پر کوئی خوشی منائے ٭ کوئی نہ کوئی (ہ) ایک نہ ایک۔ یہ نہیں وہ ٭ کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں (ہ) مثل (۱) بے حد امن چین کا زمانہ ہے۔ ہر شخص بے خوف و آزاد ہے (۲) کس مپرسی کا اظہار ٭ کوئی ہے؟ ملازم کو بلانے کی آواز ٭

کوئین (کُوِین) (انگ۔ Queen) مؤنث۔ ملکہ۔ بادشاہ بیگم۔ رانی ٭

کویا (کُو۔یا) (ہ) مذکر (۱) آنکھ کا کونا۔ گوشۂ چشم (۲) شریفے یا کٹھل کا دانہ یا گودا ٭

کویل (کُو۔یل) (ہ) مؤنث۔ ایک خوش آواز کالے رنگ کا پرندہ ٭

کویہ (کُو۔یہ) (ف) مذکر۔ ریشم کے کیڑے کا خول ٭ کویۂ ابریشم۔ مذکر۔ ریشم کے کیڑے کا خول ٭

ک۔ہ

کہ (کَہ) (ہ) کہنا کا امر ٭ کہہ بیٹھنا۔ بُرا بھلا کہہ دینا۔ گالی دے بیٹھنا ٭ کہہ دینا (۱) ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا (۲) بتا دینا۔ جتا دینا (۳) بات سُنا دینا۔ عرض کر دینا ٭ کہا (۱) مذکر۔ بچن۔ قول۔ سخن۔ کہنا۔ مقولہ (۲) مذکر۔ کہا ہوا کلمہ (۳) کہنا سے ماضی مطلق ٭ کہا سُنا۔ مذکر (۱) تقصیر۔ جُرم (۲) شکوہ۔ گلہ (۳) منہ سے نکلا یا کانوں سے سنا ہوا ٭ کہانا (۱) کہلانا۔ مشہور کرنا۔ نام رکھا جانا (۲) کہلوانا۔ پیغام دینا ٭ کہانی۔ مؤنث (۱) قصہ۔ حکایت۔ افسانہ۔ داستان (۲) بیان۔ ذکر (۳) گزری ہوئی بات۔ سرگزشت ٭ کہانی جوڑنا۔ قصہ بنانا۔ افسانہ گھڑنا ٭ کہانی ہے (۱) جھوٹی بات ہے۔ غلط ہے۔ افسانہ ہے ٭ کہاوت۔ مؤنث (۱) مثل۔ بچن۔ قول (۲) ضرب المثل۔ وہ بات، جو نظیراً بار بار زبان پر آئے ٭ کہتا (ہ) (۱) مذکر۔ کہنے والا۔ متکلم (۲) کہنا سے ماضی تمنائی ٭ کہتے۔ بات کرتے یا جواب دیتے ہوئے ٭ کہتے سنتے۔ ہوتے ہوتے ٭ کہتے ہوئے۔ زبان پر لاتے ہوئے۔ منہ سے نکالتے ہوئے ٭ کہتے ہیں۔ روایت ہے ٭ کہلا بھیجنا۔ بُلا بھیجنا۔ پیغام بھیجنا ٭ کہلانا (۱) دوسرے شخص کے ذریعے سے پیغام دینا (۲) اقرار لینا (۳) دوسری دفعہ پڑھوانا (۴) نام زد ہونا۔ مشہور ہونا ٭ کہلوانا (۱) پیغام دلوانا (۲) سبق یا کسی عبارت کا منہ سے نکلوانا ٭ کہن۔ مؤنث (ع) کہنے کا ڈھنگ ٭ کہنا۔ مذکر (۱) قول۔ مقولہ۔ کہاوت (۲) بیان۔ ذکر (۳) پند۔ نصیحت (۴) فرمان۔ ارشاد۔ حکم (۵) بات چیت۔ گفتگو (۶) بیان کرنا۔ زبان پر لانا (۷) ظاہر کرنا۔ کھولنا (۸) خبر کرنا۔ اطلاع دینا (۹) نام رکھنا (۱۰) گالی دینا۔ بُرا کہنا (۱۱) شعر کہنا (۱۲) نصیحت کرنا۔ سمجھانا (۱۳) تنبیہ کرنا ٭ کہنا سُننا۔ مذکر (۱) پہنچ۔ رسائی۔ دخل (۲) اختیار۔ حکم (۳) ورغلانا۔ بہکانا (۴) بُرا بھلا سنانا۔ گالی گلوچ کرنا ٭ کہنا کرنا۔ یا۔ ماننا۔ بات ماننا۔ حکم بجا لانا۔ تعمیلِ ارشاد کرنا ٭ کہنے پر جانا (۱) کسی بات کا خیال کرنا (۲) کسی بات کا یقین کرنا ٭ کہنے سے بات پرائی ہو جاتی ہے۔ مثل۔ منہ سے نکالی ہوئی بات پر قابو نہیں رہتا ٭ کہنے سے ضد سوا ہوتی ہے (۱) مثل۔ انسان کو جس قدر سمجھاؤ، اسی قدر زیادہ ہٹ کرتا ہے ٭ کہنے کو (۱) نام کو (۲) عیب لگانے کو ٭ کہنے کو بات رہ گئی۔ وقت نکل گیا۔ شکوہ شکایت اور گلہ باقی رہ گیا ٭ کہنے کی باتیں ہیں۔ صرف زبانی جمع خرچ ہے۔ عمل میں لانا مشکل ہے ٭ کہنے میں۔ فرمان بردار۔ مطیع ٭ کہنے میں آجانا۔ دھوکے میں آجانا۔ بہکانے میں آجانا۔ کسی بات کا اعتبار کر لینا ٭ کہوا چھوڑنا۔ کسی سے کوئی بات جبراً کہلا لینے کے بعد اسے چھوڑ دینا ٭ کہو دن کی سنو رات کی، کہو کھیت کی سنو کھلیان کی۔ سوال کچھ، جواب کچھ۔ سوال کے خلاف جواب دینا ٭ کہوں تو ماں ماری جائے، نہ کہوں تو باوا کتا کھائے۔ مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کسی بات کے کہنے اور نہ کہنے میں دونوں طرح خرابی پیدا ہو ٭ کہی۔ مؤنث (اگنوار) کہا۔ بات ٭ کہی بدی۔ مؤنث۔ باہمی عہد و پیمان۔ قول قرار ٭ کہی سنی۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ لوگوں کا کہنا سننا ٭

کہ (کَہ) (ف) مذکر۔ کاہ کا مخفف۔ تنکا ٭ کہ رُبا۔ کہربا۔ مذکر۔ ایک قسم کا زرد گوند، جو مقناطیسی قوت سے گھاس کے تنکے کو کھینچ لیتا ہے ٭ کہ رُبائی۔ کہربائی۔ مؤنث۔ مقناطیسی قوت ٭ کہ کشاں۔ کہکشاں۔ مؤنث۔ بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار، جو اندھیری رات میں سڑک کی مانند آسمان پر دُور تک گئی ہوئی نظر آتی ہے ٭ کہ گِل۔ کہگل۔ مؤنث۔ پلستر کرنے کی بھس ملی ہوئی مٹی ٭ کہگل کرنا۔ لیپنا۔ پلستر کرنا ٭

کہ (کِہ) (ف) (۱) بیان کے لیے (۲) "جو" کے بجائے، جو بیان کے موقع پر آتا ہے (۳) سبب۔ علت (۴) دفعتاً۔ ناگاہ (۵) استفہام ٭

کہ (کِہ) (ف) چھوٹا۔ کم رتبہ ٭ کہ تر۔ کہتر۔ زیادہ چھوٹا ٭ کہ و مہ۔ چھوٹا بڑا ٭

کہ (کُہ) (ف) مذکر۔ کوہ کا مخفف ٭ کہ سار۔ کہسار۔ مذکر۔ دیکھیے "کوہسار" ٭

کھا (کھا) (ہ) کھانا کا امر ٭ کھاجا۔ مذکر۔ غذا۔ خوراک ٭ کھا جانا (۱) ہڑپ کر جانا (۲) مال مار لینا (۳) صرف ہو جانا (۴) رشوت لے لینا (۵) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا ٭ کھاتا (۱) کھانا سے ماضی تمنائی (۲) کھاتا ہوا ٭ کھاتا پیتا۔ خوش حال۔ آسودہ حال ٭

کھاتے پیتے لاتیں مارنا (ہندو) آسودگی میں ناشکری ؛ **کھاکر (رکے) ڈکار نہ لینا** (۱) پرایا مال بالکل ہضم کر جانا (۲) قرض لےکر نہ دینا ؛
کھانا ۔ مذکر (۱) روٹی ۔ طعام ۔ خوراک (۲) مہمانی ۔ ضیافت ۔ دعوت (۳) نوش کرنا (۴) حلق سے اتارنا ۔ نگلنا (۵) غبن کرنا ۔ اڑانا ۔ ہضم کرنا (۶) رشوت لینا (۷) فضول خرچی کرنا ۔ اڑانا ؛ **کھانا اور غرّانا** (۷) ایک تو کھانا، دوسرے دھمکانا ۔ محسن کا احسان فراموش کرنا ؛ **کھانا پرایا ہے تو پیٹ پرایا نہیں** (۵) مثل ۔ جب کوئی شخص زیادہ کھا جائے تو ٹوکتے ہیں کر کھانا پرایا سہی، پیٹ تو تمہارا ہے، زیادہ کھاکر تکلیف اٹھاؤگے ؛ **کھانا پینا** ۔ مذکر (۱) دانہ پانی ۔ آب و خور (۲) خورو نوش کا خرچ (۳) کھانا اڑانا ؛
کھانا جوڑا ۔ مذکر ۔ وہ طعام اور دولھا کا قیمتی جوڑا، جو دلھن کے گھر سے آتا ہے ؛ **کھانا دانہ** (۶) مذکر (عو) شادی کی ضیافت ۔ بیاہ کی دعوت ؛
کھانا کھانا (۵) روٹی کھانا ۔ تناول طعام کرنا ۔ خاصہ نوش فرمانا ؛
کھانا کھلانا (۱) روٹی کھلانا (۲) دعوت دینا ؛ **کھاتا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو ۔ یا ۔ ہاتھ یہاں دھوؤ** ۔ محاورہ ۔ فوراً چلے آؤ ۔ جلد آؤ ؛ **کھانے** ۔ مذکر (۱) کھانا کی جمع (۲) کھانا کی صورت حروف جار سے پہلے ؛ **کھانے کمانے کا ٹھیکرا** ۔ مذکر (۱) روزی کا وسیلہ (۲) وہ لڑکی، جو کمانے کے لیے پالی گئی ہو ۔ نوچی ؛ **کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنون ۔ یا ۔ کھانے کو شیر کمانے کو بکری** (۶) مثل ۔ کھانے میں سب سے زیادہ اور زبردست، کمانے میں سب سے کم اور پست ؛ **کھانے کو بسم اللہ، کمانے کو استغفر اللہ** ۔ کھانے میں چستی اور کام کاج میں سستی کا اظہار ۔ کام چور نوالہ حاضر شخص ؛
کھانے کو دوڑنا (۵) (۱) بدمزاجی سے پیش آنا (۲) ڈرانا ۔ کاٹ کھانے کا ارادہ کرنا ؛ **کھانے کے دانت اَور ہیں، دکھانے کے اَور** ۔ ظاہر باطن کے خلاف ہے ۔ قول کچھ ہے، عمل کچھ ؛ **کھاؤ** (۱) بہت کھانے والا ۔ پیٹو (۲) رشوت خوار ۔ مرتشی (۳) چٹورا ۔ بہت خرچ کرنے والا ؛ **کھاؤ اُڑاؤ** ۔ چٹورا ۔ مسرف ۔ فضول خرچ ۔ تن پرور ؛ **کھانے پر کھایا وہ بھی گنوایا** ۔ مثل ۔ زیادہ طمع کرنے والا پہلی جمع جتھا بھی کھو بیٹھتا ہے ؛ **کھائیے من بھاتا، پہنیے جگ بھاتا** ۔ مثل ۔ جس چیز کو جی چاہے، وہ کھانی چاہیے، پہننا رواج کے مطابق چاہیے ؛ **کھایا پیا انگ نہ لگنا** ۔ کھانے پینے کے باوجود جسم کا فربہ اور تر و تازہ نہ ہونا بلکہ روز بروز لاغر اور دبلا ہوتے جانا ؛
کھابڑ (کھا ۔ بڑ) (ہ) اونچا نیچا ؛
کھات (کھات) (ہ) مؤنث (۱) وہ میلا، جو گڑھا کھود کر دبا رکھتے اور کچھ عرصے کے بعد کھیتوں میں ڈالتے ہیں (۲) بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں ۔ کھاد ؛
کھاتا (کھاتا) (ہ) مذکر ۔ گڑھا ؛
کھاتا (کھاتا) (ہ) مذکر ۔ حساب کی کتاب ؛ **کھاتابہی** ۔ مؤنث ۔ ہر اسامی کے علحدہ حساب کی کتاب ؛
کھاتری (کھات ۔ ری) (ہ) مؤنث ۔ دریا کے کنارے کی فصل ؛
کھاتی (کھا ۔ تی) (ہ) مذکر ۔ بڑھئی ۔ نجار ؛

کھاٹ (کھاٹ) (ہ) مؤنث ۔ چارپائی ۔ پلنگڑی ؛ **کھاٹ سے اتارنا** (ہندو) قریب مرگ آدمی کو چارپائی سے نیچے ڈال دینا ؛ **کھاٹ سے لگ جانا** ۔ بیمار ہو کر چارپائی پر پڑ جانا ۔ صاحب فراش ہو جانا ؛ **کھاٹ کھٹولا** ۔ مذکر ۔ استر بستر ۔ بوریا بدھنا ۔ مال اسباب ؛ **کھاٹ نکلنا** (عو) ارتھی نکلنا ۔ جنازہ نکلنا ۔ مرنا ؛
کھاج (کھاج) (ہ) مؤنث (۱) خارش ۔ کھجلی (۲) جماع کی خواہش ؛
کھاد (کھاد) (ہ) مؤنث (۱) دیکھیے "کھات" (۲) پیشگی، جو کاشتکار کو خوراک کے لیے دی جائے (۳) وہ رقم، جو کاشتکار ہل وغیرہ پر خرچ کرے ؛
کھادر (کھا ۔ دَر) (ہ) مؤنث ۔ نشیب ۔ پست زمین ۔ وہ زمین، جہاں سیلاب رہے ؛
کھادی (کھا ۔ دی) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "کھدر" ؛
کہار (کہار) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) پانی لانے والا ۔ مہرا (۲) ڈولی یا پالکی اٹھاکر چلنے والا ۔ حمال (۳) برتن مانجھنے والا ؛ **کہاری** ۔ مؤنث ۔ ڈولی کا کرایہ ۔ کہاروں کی مزدوری ؛
کھار (کھار) (ہ) مذکر (۱) شور ۔ کلر ۔ نمک ۔ شوریت (۲) کاٹ کرنے والی چیز ۔ سجی ؛ **کھارا** ۔ مذکر ۔ نمکین ۔ شور ۔ کڑوا ۔ نمک ؛ شور ۔ نمکین ۔ کڑوا ۔ تلخ ؛ **کھاری کنواں** ۔ مذکر (۱) وہ کنواں، جس کا پانی نمکین، بدمزہ یا کڑوا ہو (۲) (اصطلاحاً) بے مروت حاکم ۔ بے فیض دولت مند ؛ **کھاری کنوئیں میں ڈال لینا** ۔ پھینک دینا ۔ ضائع کر دینا ۔ فائدے سے ہاتھ اٹھا لینا ؛
کھاروا (کھا ۔ ر ۔ وا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ موٹا کپڑا ؛
کھاڑی (کھا ۔ ڑی) (ہ) مؤنث ۔ خلیج ۔ پانی کا وہ تنگ قطعہ، جو خشکی میں دور تک چلا گیا ہو ؛
کھاس (کھاس) (ہ) مؤنث ۔ وہ جالی والا بورا، جس میں اُپلے بھر کر گدھوں پر لادتے ہیں ؛
کھاکر ۔ **کھاکھر** (کھاکر، کھا ۔ کھر) (ہ) مؤنث ۔ دستہ دار لکڑی، جس میں لوہے کی زنجیریں لگی ہوتی ہیں اور اس سے گھوڑے کو دوڑانے کی مشق کراتے ہیں ؛
کھاکسی (کھاک ۔ سی) (ہ) مؤنث ۔ وہ موٹی موٹی لکیریں یا رنگ بدن کے خلاف نشان، جو جننے کے بعد زچہ کی رانوں اور پیٹ پر پڑ جاتے ہیں ؛
کھاگ (کھاگ) (ہ) مذکر ۔ گینڈے کا سینگ، جو اکثر دستی چھڑیوں میں لگایا جاتا ہے ؛
کھال (کھال) (ہ) مؤنث (۱) چام ۔ چمڑا ۔ ادھوڑی ۔ چرم ۔ انسان کے جسم کا پوست (۲) دھونکنی (۳) چھال ۔ چھلکا ۔ پوست ؛ **کھال اتارنا** (۱) چمڑی ادھیڑنا ۔ کسی کے جسم سے پوست جدا کرنا (۲) بدلا لینا ۔ سزا دینا ؛ **کھال بگڑنا** ۔ پٹنے کو جی چاہنا ۔ شامت آنا ؛ **کھال کھچنا** ۔ چمڑی اترنا ۔ چمڑا ادھڑنا ۔ شدید سزا ملنا ؛ **کھال میں مست ہونا** (۶) اپنے حال میں خوش ہونا ۔ مگن رہنا ؛
کھالا (کھا ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) وہ نیچی زمین، جس میں بہت سے ندی نالے ہوں (۲) گڑھا ۔ غار (۳) نالا ۔ ندی ؛
کھان (کھان) (ہ) مؤنث (۱) معدن ۔ کان (۲) خزانہ ۔ مخزن ۔ چشمہ ۔ منبع (۳)

بہتات ۔ کثرت ۔ افراط ✤

کہاں (کَہَاں) (ہ) استفہام (۱) کدھر ۔ کس جگہ (۲) نہ ۔ نہیں ۔ کب (۳) فرقِ عظیم ۔ دُوری ✤ **کہاں تک** (۱) کتنی دُور تک (۲) کس عرصے تک ۔ کتنی دیر تک ✤

کہاں راجا بھوج کہاں کنگلا تیلی ، کہاں رام رام کہاں ٹیں ٹیں ۔ مثل ۔ کہاں یہ ، کہاں وہ ۔ ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت ؟

کہاں سے ٹپک پڑے ۔ اچانک کہاں سے آگئے ؟ کدھر سے آگئے ؟

کہاں سے کہاں (۱) کدھر سے کدھر (۲) نہایت آگے ✤ **کہاں کا** (۱) کس جگہ کا ؟ کس شہر کا ؟ (۲) کس طرف کا ؟ (۳) کس مطلب کا ؟ کیسا ؟ (۴) کدھر کا ؟ (۵) کون سا ؟ (۶) کس زمانے کا ۔ کب کا ؟ **کہاں کا آنا کہاں کا جانا** ۔ کیسا آنا ۔ کیسا جانا ؟ کیسی ملاقات ؟ کیا واسطہ ؟ قطعی بے تعلق ✤ **کہاں کی بلا پیچھے لگی** (۱) کسی بات سے تنگ یا ناراض ہو کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں کہ کس آفت میں پڑ گئے ✤ **کہاں کے ہیں** (ہ) کون سے دیس کے رہنے والے ہیں ؟ ایسے کون ہیں ؟ **کہاں لا کر پھنسایا** ۔ کس بلا میں مبتلا کر دیا ؟ کس عذاب میں ڈال دیا ؟ ✤

کھانپ (کھَانْپ) (ہ) مؤنّث ۔ ٹکڑا ۔ پھانک ✤

کہانت (کَہَا ۔ نَت) (ع) مؤنّث (۱) فال گوئی ۔ غیب کی بات بتانا (۲) نجوم کا علم ✤

کھانچ ۔ کھانچا (کھَانْچ ۔ کھَاں ۔ چَا) (ہ) مذکّر (۱) مرغیوں کے بند کرنے کا اونچا ٹوکرا ۔ ٹاپا (۲) خوان ۔ خوانچہ ۔ جھابا ✤

کھاندنا (کھَانْد ۔ نَا) (ہ) (۱) ایک جگہ سے کھود کر دوسری جگہ درخت لگانا (۲) درخت لگانے کے لیے گڑھا کھودنا ✤

کھانڈ (کھَانْڈ) (ہ) مؤنّث ۔ چینی ۔ بُورا ۔ شکر تری ۔ شکر سفید ✤

کھانڈا (کھَاں ۔ ڈَا) (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کی سیدھی دودمہ تلوار ۔ تیغہ (۲) قصائی کا بغدا (۳) مچھلی کا فتلا ۔ دہلی میں کھنڈلا کہتے ہیں (۴) شمشیرِ چوبیں ✤ **کھانڈا بجنا** ۔ تلوار چلنا ۔ جنگ و جدل ہونا ✤

کھانس (کھَانْس) (ہ) کھانسنا کا امر ✤ **کھانسنا** (۱) کھانسی کی آواز نکالنا (۲) کھنکارنا ✤ **کھانسی** ۔ مؤنّث ۔ کھُر کھُر ۔ سُعال ۔ سُرفہ ✤ **کھانسی اٹھنا** ۔ مرضِ سُرفہ کا زور ہونا ✤

کھائی (کھَا ۔ ئی) (ہ) مؤنّث ۔ گڑھا ۔ خندق ✤

کھُب (کھُب) (ہ) کھُبنا کا امر ✤ **کھُب جانا** (۱) چبھ جانا ۔ گڑ جانا ۔ گھُس جانا (۲) نقش ہو جانا ۔ پسندِ خاطر ہونا ۔ سما جانا ✤ **کھُبنا** (۱) گڑنا ، چبھنا ، گھُسنا (۲) نظر و دل کو اچھا لگنا ۔ سمانا ۔ بسنا ✤

کھَبّا (کھَب ۔ بَا) (ہ) (۱) بایاں ۔ چپ ۔ اُلٹا (۲) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا ✤

کھپ (کھَپ) (ہ) کھپنا کا امر ✤ **کھپا** (۱) کھپنا سے ماضی مطلق (۲) کھپانا کا امر ✤ **کھپا دینا** ۔ **کھپانا** (۱) کام میں لانا ۔ صرف کرنا ۔ برتنا (۲) تحلیل کرنا ، گھلانا (۳) کام تمام کرنا (۴) برباد کرنا ۔ تباہ کرنا (۵) ضائع کرنا ۔ گنوانا ۔ کھونا (۶) ملانا ۔ جذب کرنا ۔ پیوست کرنا (۷) بھرنا ۔ سمانا ✤ **کھپت** ۔ مؤنّث (۱) خرچ ۔ صرف (۲) گزارا ۔ سمائی ۔ گنجائش ۔ نباہ ✤ **کھپنا** (۱) خرچ میں آنا ۔ صرف ہونا (۲) اٹنا ۔ سمانا (۳) سوکھنا ۔ جذب ہونا (۴) فروخت ہو جانا ۔ بک جانا (۵) تحلیل ہو جانا ۔ گھلنا (۶) مارا جانا ۔ کام آنا ✤

کھپاچ (کھَپَاچ) (ہ) مذکّر و مؤنّث (۱) کھپچی ۔ بانس کا ٹکڑا (۲) پھانس (۳) نہایت دُبلا آدمی ✤

کھپٹ (کھَپ ۔ پَٹ) (ہ) بُڈھا ۔ بوڑھی ✤

کھپٹا (کھَپ ۔ ٹَا) (ہ) مذکّر (۱) لکڑی یا اینٹ کا بنا ہوا ٹکڑا (۲) کچے آم کا خشک کیا ہوا ٹکڑا ✤

کھپچ (کھَپَچ) (ہ) دیکھو "کھپاچ" ✤

کھپچا (کھَپ ۔ چَا) (ہ) مذکّر ۔ لکڑی کا کفگیر ✤

کھپچی (کھَپَچ ۔ چی) (ہ) مؤنّث (۱) بانس کا چرا ہوا ٹکڑا ۔ کھپاچ (۲) پتلا ۔ دُبلا ۔ لاغر ✤

کھپچی (کھَپ ۔ چی) (ہ) مؤنّث (ہندو) گود ✤ **کھپچی بھرنا** ۔ دونوں ہاتھوں سے گود میں اٹھا لینا ۔ آغوش میں لینا ✤

کھپّر (کھَپ ۔ پَر) (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) کھوپری ۔ سر کی ہڈی (۲) تونبے کا بنا ہوا برتن ۔ تونبی (۳) خون کی بھینٹ یا قربانی ، جو دیوتا کو چڑھائی جائے ✤

کھپرا (کھَپ ۔ رَا) (ہ) مذکّر (۱) چھلکا ۔ چھال ۔ پوست (۲) قاش ۔ پھانک (۳) مٹی کا ٹھیکرا ، جو کھپریل پر چھایا جاتا ہے (۴) ایک قسم کا کیڑا ، جو گندم میں پیدا ہوتا ہے ۔ سُرسُری (۵) چوڑے پھل کا تیر ✤

کھپریل (کھَپ ۔ رَیل) (ہ) مؤنّث ۔ کھپروں سے چھائی ہوئی چھت ✤

کھتّا (کھَت ۔ تَا) (ہ) مذکّر (۱) وہ گڑھا ، جس میں غلّہ بھر رکھتے ہیں ۔ کھتی (۲) ڈھیر ۔ ذخیرہ (۳) گنجینہ ۔ خزانہ ✤ **کھتّی** ۔ مؤنّث ۔ کھتّا ✤ **کھتّے** ۔ مذکّر ۔ کھتّا کی جمع ✤

کھُترا (کھُت ۔ رَا) (ہ) مذکّر (۱) گوشہ ۔ کونا (۲) جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں ✤

کھترانی (کھَت ۔ رَا ۔ نی) (ہ) مؤنّث (۱) کھتری کی جورو (۲) کھتری ذات کی عورت ✤

کھترّما (کھَت ۔ رَم ۔ مَا) (ہ) مذکّر (۱) کھتریوں کی وضع کا (۲) کھتریوں کی برادری ✤

کھتری (کھَت ۔ رِی) (ہ) ہندوؤں کی ایک ذات ✤

کھتربٹا (کھَت ۔ رِے ۔ ٹَا) (ہ) مذکّر (حقارتاً) کھتری بچہ ۔ کھتری کا ۔ کھتری الاصل ✤

کھتونی (کھَتَو ۔ نی) (ہ) مؤنّث ۔ گاؤں کی زمین کا حساب کتاب مع کیفیتِ تقسیم وغیرہ ✤ **کھتونی عام** (ہ) مؤنّث ۔ ایک کتاب ، جس میں سیاہے کی ہر رقم درج ہوتی اور پٹواری کے پاس رہتی ہے ✤

کھُتّی (کھُت ۔ تی) (ہ) مؤنّث (عو) روپے پیسے جمع کرنے کی گولک ✤

کھتیانا (کھَت ۔ یا ۔ نا) (ہ) روزنامچے سے نکال کر کھاتے میں چڑھانا ۔ کھاتے میں رقم جمع کرنا ✤

کھٹ (کھَٹ) (ہ) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ✤ **کھٹ پٹ** ۔ مؤنّث (۱) لڑائی بھڑائی ۔ ناچاقی ۔ اَن بَن ✤ **کھٹ پٹ کرنا** ۔ فتنہ و فساد برپا کرنا ۔ لڑنا جھگڑنا ✤ **کھٹ راگ ۔ کھٹراگ** (س) مذکّر (۱) چھ راگ (۲) جھگڑا ۔

قضیہ ۔ بکھیڑا ۔ جھمیلا ۔ عذاب ؛ **کھٹ راگ (کھٹراگ) میں پڑنا** (ہ) بکھیڑے میں پڑنا ۔ جھمیلے میں پڑنا ۔ فضول اور بے سود کام میں پھنسنا ؛ **کھٹ کھٹ** ۔ مؤنث ۔ تصادم کی آواز ۔ لگاتار کوٹے جانے کی آواز ؛ **کھٹاپٹ** ۔ مؤنث (۱) لڑائی ۔ اَن بَن ۔ ناراضی ۔ تکرار (۲) ہتھیاروں یا کسی چیز کے متواتر ٹکرانے کی آواز ؛ **کھٹاپٹی** ۔ مؤنث (۱) ہتھیاروں کا باہم ٹکرانا (۲) لڑائی ، جھگڑا ، تکرار ، بگاڑ ، ناموافقت ؛ **کھٹاکا** ۔ مذکر ۔ دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۔ کھڑاکا ؛ **کھٹکا** (۱) مذکر ۔ کسی چیز کے ٹکرانے یا گرنے کی آواز (۲) کھٹکانا کا امر ؛ **کھٹکا ہونا** ۔ آہٹ ہونا ۔ کھڑکا ہونا ؛ **کھٹکانا** (ہ) کھڑکانا (متروک) **کھٹکنا** (۱) بجنا ۔ کھڑکنا (۲) بگڑنا ۔ لڑائی ہونا ؛ **کھٹکھٹ** ۔ مذکر (۱) جھمیلا ۔ بکھیڑا ۔ جھگڑا (۲) کام ۔ دھندا (۳) کھٹکھٹانا کا امر ؛ **کھٹکھٹانا** ۔ کھڑکھڑانا ۔ دستک دینا ؛

کَھٹ (کھَٹ) (ہ) مؤنث ۔ کھاٹ (چارپائی) کا مخفف ؛ **کھٹ مل یا کھٹمل** ۔ مذکر ۔ ایک سیاہی مائل سرخ کیڑا ، جو اکثر پلنگ اور چارپائی میں پیدا ہو کر آدمی کا خون پیتا ہے ۔ چارپائی کا کیڑا ؛ **کھٹولا** ۔ مذکر (۱) چھوٹا پلنگ (۲) ہنگورا جھولا ۔ پالنا ۔ مہد ؛ **کھٹولی** ۔ مؤنث ۔ چھوٹی سی چارپائی ۔ کھٹیا ؛ **کھٹیا** ۔ مؤنث (۱) چھوٹی کھاٹ پلنگڑی ۔ چارپائی (۲) (مجازاً) جنازہ ۔ تابوت ۔ ارتھی ؛

کھٹ (ہ) کھٹا کا مخفف ؛ **کھٹ مٹھا** (۱) دیکھیے "کھٹا میٹھا" (۲) مذکر ۔ ایک پھل ، جو ذائقے میں کھٹا اور میٹھا ہوتا ہے ؛ **کھٹا** ۔ مذکر (۱) ایک ترش پھل ۔ ترنج ۔ گلگل (۲) صرف ترش چیز ۔ ترشی ؛ **کھٹا چوک** ۔ بہت ہی کھٹا ۔ از حد ترش ؛ **کھٹا کھانا** (۱) بُرا بھلا سننا ۔ بُری بات سننا (۲) بگڑنا ۔ ناراض ہونا یا خفا ہونا ؛ **کھٹا میٹھا** ۔ کچھ ترش ، کچھ شیریں ؛ **کھٹا میٹھا ہونا** (۱) منہ میں پانی بھر آنا ۔ لالچ ہونا ۔ دل للچانا (۲) اَن بَن ہونا ۔ شکر رنجی ہونا ؛ **کھٹا ہو جانا** (۱) ترش ہو جانا (۲) اچار کا تیار ہو جانا (۳) سڑ جانا (۴) متنفر اور بیزار ہو جانا ؛ **کھٹاس** ۔ مؤنث (۱) کھٹائی ۔ ترشی (۲) ناراضی ۔ خفگی ۔ بدمزگی ؛ **کھٹائی** ۔ مؤنث (۱) کھٹاپن ۔ ترشی (۲) کچے آم کی سوکھی پھانکیں ۔ امچور ؛ **کھٹائی کھانا** (۱) ترشی کھانا (۲) مذکر ۔ کھٹائی کھانے والا (۳) (مجازاً) وہ بھڑوا ، جو کسی فرحی کی کمائی کھائے ؛ **کھٹائی میں پڑنا** (۱) زیور کا صاف کرنے کے لیے ترشی میں ڈالا جانا (۲) بکھیڑے میں پڑنا (۳) وعدہ وعید میں پڑنا (۴) دیر لگنا ؛ **کھٹائی میں ڈالنا** (۱) زیور کا ترشی میں ڈالنا (۲) ٹال مٹول کرنا ۔ بکھیڑے میں ڈالنا (۳) وعدہ وعید کرنا (۴) توقف کرنا ؛

کھٹی ۔ کھٹا کی مؤنث ؛ **کھٹی چھاچھ سے بھی گئے** ۔ جو کچھ ذرا فائدہ یا امید تھی ، وہ بھی جاتی رہی ؛ **کھٹی میٹھی باتیں سننا** (ہندو) بُری بھلی باتیں برداشت کرنا ؛ **کھٹے** ۔ کھٹا کی جمع ؛ **کھٹے میٹھے دن** ۔ مذکر (عو) (۱) بُرے دن ۔ کڑوے کسیلے دن (۲) حمل کے دن ؛

کَھٹ (کھَٹ) (ہ) کھٹنا کا امر ؛ **کھٹنا** ۔ کمانا ۔ حاصل کرنا ؛ **کھٹو** ۔ کمائو ۔ کمانے والا ۔ محنتی ؛ **کھٹی** (پ) کمائی ۔ نفع ؛

کُھٹ (کھُٹ) (ہ) مؤنث (۱) کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز ۔ کھٹ ۔ کھٹکا ۔ کھٹاکا (۲) (کھنوں) کُٹ بھنی بچوں کے باری توڑتے وقت انگوٹھے کے ناخن کو اوپر کے دانت سے کھٹک کر نکالنے کی آواز ؛ **کُھٹ بڑھئی** ۔ مذکر ۔ کٹھ پھوڑا ۔ ہُدہُد ۔ ایک لمبی چونچ والا پرندہ ، جو درخت کو کھود کر اسی کے اندر گھر بنا کر رہتا ہے ؛ **کُھٹکا** ۔ مذکر (ہندو) آہٹ ۔ کھڑکا ؛

کھٹک (کَھٹَک) (ہ) مؤنث (۱) چبھن ۔ خلش ۔ رڑک (۲) ٹیس (۳) کھٹکنا کا امر ؛ **کھٹک جانا** (۱) خلش کر جانا ۔ چبھ جانا ۔ اثر کر جانا (۲) بُرا لگنا ۔ ناگوار گزر جانا (۳) اکھڑ جانا ۔ اچٹ جانا (۴) بگڑ جانا ۔ دوستی میں فرق آ جانا ؛ **کھٹکا** ۔ مذکر (۱) چبھن ۔ خلش (۲) بانس کا وہ ٹکڑا ، جو درخت میں جانوروں کو ڈرانے کے لیے باندھ دیتے اور اسے ہلاتے رہتے ہیں (۳) چٹخنی (۴) کانٹا ۔ ٹیک (۵) سریلی آواز کا وہ جھٹکا ، جس سے دل پر چوٹ لگتی ہے (۶) ڈر ۔ خوف ۔ خطرہ ۔ تردد ۔ اندیشہ ؛ **کھٹکا لگا رہنا** ۔ فکر و تشویش میں رہنا ۔ خطرے میں جان رہنا ۔ اندیشہ اور دغدغہ لگا رہنا ؛ **کھٹکا ہونا** (۱) اندیشہ ہونا ۔ خوف ہونا (۲) سوچ ہونا ۔ فکر ہونا ؛ **کھٹکنا** (۱) خلش ہونا ۔ چبھنا ۔ کھبنا (۲) ٹیس مارنا ۔ درد کرنا (۳) رڑکنا (۴) گراں گزرنا ۔ بُرا لگنا (۵) بیزار ہونا ۔ کنارہ کش ہونا ۔ اچٹنا (۶) چونکنا ۔ بدکنا ۔ کنیانا ۔ دبنا ۔ ڈرنا ۔ خائف ہونا (۷) اندیشہ اور تردد کرنا (۸) مؤثر ہونا ۔ دل پر اثر کرنا (۹) کھبنا ۔ اچھا لگنا ؛

کُھٹک (کُھٹَک) (ہ) کھٹکنا کا امر ؛ **کُھٹکنا** (۱) پرندے کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا (۲) چھلکا اتارنا ؛

کُھٹکا (کُھٹ ۔ کا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ضرر ۔ نقصان (۲) دغدغہ ۔ اندیشہ (۳) شک ۔ شبہہ ۔ گمان ؛

کُھٹکار (کُھٹ ۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) آواز ، جو مچھلی کے شست کو جنبش دینے سے ہوتی ہے (۲) کھٹکارنا کا امر ؛ **کھٹکارنا** ۔ مچھلی کا شست کو جنبش دینا ؛

کِھٹکھِٹی (کِھٹ ۔ کِھٹی) (ہ) مؤنث ۔ کھلکھلی ۔ ہنسی ؛

کُھٹکی (کُھٹ ۔ کی) (ہ) مؤنث ۔ تاگے یا ڈور کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹ جانے کے قابل کر دینا ؛

کھٹلے (کَھٹ ۔ لیے) (ہ) مذکر (عو) کان کے اوپر کے سوراخ ، جو عورتیں زیور کے لیے چھدواتی ہیں ؛

کَھٹوائی پَٹوائی (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "اٹوائی کھٹوائی" ؛

کھٹیک (کَھٹیک) (ہ) مذکر (۱) چمڑا رنگنے والا (۲) ایک قوم ، جس کا پیشہ عموماً ہر قسم کے جانور پالنا اور رکھنا ہے ؛

کِھج (کِھج) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) خفگی ۔ رنج ۔ رنجیدگی ۔ ملال ۔ ناراضی (۲) چھیڑ چھاڑ ۔ ناراضی کا سبب (۳) کھجنا کا امر ؛ **کھجا** (۱) کھجنا سے ماضی مطلق (۲) کھجانا کا امر ؛ **کھجانا** (۱) جلانا ۔ چھیڑنا ۔ چڑانا ۔ غصہ دلانا (۲) خفا کرنا ۔ ناراض کرنا ؛ **کھجنا** (۱) چڑنا ۔ رنجیدہ ہونا (۲) ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ؛

کُھجا ، کُھجلا (کُھجا ، کُھج ۔ لا) (ہ) کھجانا کا امر ، کھجلانا کا امر ؛ **کھجانا یا کھجلانا** ۔ ناخن سے کھرچنا ۔ سہلانا ؛ **کھجلاہٹ** ۔ مؤنث ۔ کھجلی ۔ خارش ۔ خارشت ۔ چُل ؛ **کھجلی** ۔ مؤنث ۔ کھاج ۔ خارش ۔ چُل ۔ خارشت ؛ **کھجلی اٹھنا** (۱)

کھُل اٹھنا ۔ خارش ہونا (۲) پٹنے یا مار کھانے کو جی چاہنا (۳) (اصطلاحاً) خواہشِ جماع کا زور کرنا ؛

کَھجلا (کھَج ۔ لَا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی خستہ پُوری ، جس میں چار چھید اور پرت پرت علحدہ ہوتے ہیں ؛

کھجور (کھَجُو ر) (ہ) مؤنث (۱) خُرما ۔ ایک قسم کا چھوٹا چھُوہارا (۲) خُرما کا درخت (۳) ایک قسم کی مٹھائی ، جس پر کھجور کی طرح نشان ڈال کر تلتے ہیں ؛ **کھجور چھڑی** ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ، جس پر کھجور کی ٹہنیوں سے مشابہ چھڑیاں بنی ہوتی ہیں ؛ **کھجورا** ۔ مذکر ۔ نر کھجور ، جس میں پھل نہیں لگتا ؛ **کھجوری چوٹی** ۔ مؤنث (عو) لہردار مضبوط گندھے ہوئے بال ؛

کھچ (کھَچ) (ہ) مؤنث (۱) بھیڑ کی حالت (۲) بھیڑ ۔ مجمع (۳) دھما کا ۔ ضرب ؛ **کھچ کھچ** ۔ مؤنث ۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز ؛ **کھچا کھچ** (۱) خوب بھرا ہوا ٹھسا ٹھس (۲) انبوہِ خاص و عام (۳) کثرت سے ۔ بہ کثرت ۔ بہ افراط (۴) ہتھیاروں کے جسموں پر چلنے اور گوشت میں گھُسنے کی آواز ۔ چقا چاق ۔ گچا گچ ؛

کھچ ۔ یا ۔ کھنچ (کھِچ ۔ یا ۔ کھِنچ) (ہ) کھچنا یا کھنچنا کا امر ؛ **کھچ جانا** (۱) خفا اور آزردہ ہو کر ملاقات ترک کرنا (۲) کنارہ کش ہو جانا ؛ **کھچا** (۱) کھچنا سے ماضی مطلق (۲) کھچانا کا امر (۳) تنا ہُوا ۔ کسا ہُوا ۔ جکڑا ہُوا (۴) ناراض ۔ کشیدہ (۵) مہنگا ۔ گراں ؛ **کھچا رہنا** (۱) الگ اور دُور دُور رہنا (۲) رُکا رہنا (۳) کشیدہ رہنا ۔ آزردہ رہنا ؛ **کھچانا** ۔ کھچنا کا متعدی ؛ **کھچاوٹ** ۔ مؤنث (۱) تناوٹ ۔ کساوٹ (۲) جذب ۔ کشش (۳) کشیدگی ۔ رُکاوٹ ؛ **کھچاؤ ۔ یا ۔ کھنچاؤ** ۔ مذکر (۱) تناؤ ۔ کساؤ ۔ کھچاوٹ (۲) کشیدگی (۳) کھینچ ۔ کشش ؛ **کھچنا ۔ یا ۔ کھنچنا** (۱) تننا ۔ کسا جانا (۲) گھسٹنا (۳) کشیدہ ہونا ۔ کنارہ کش ہونا (۴) عرق نکلنا (۵) طول پکڑنا ۔ عرصہ لگنا (۶) نقل ہونا ۔ اُترنا (۷) مہنگا ہونا ۔ گراں ہونا (۸) کشش ہونا ؛ **کھچوانا** ۔ کھچنا کا متعدی المتعدی ؛

کھچڑی (کھِچ ۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک خوراک ، جو دال اور چاول ملا کر پکاتے ہیں (۲) بیری کا پھول (۳) ملی جُلی اشرفیاں اور روپے (۴) خفیہ صلاح مشورہ (۵) سیاہ اور سفید بال (۶) ملا جُلا ۔ خلط ملط ؛ **کھچڑی پکانا** (۱) دال اور چاول ملا کر پکانا (۲) سازش کرنا ۔ خفیہ صلاح مشورہ کرنا ؛ **کھچڑی پکے کھد بد کھُوں** ۔ مثل ۔ فضول اور احمقانہ حرکت ؛ **کھچڑی ڈاڑھی** ۔ مؤنث ۔ وہ ڈاڑھی ، جس میں کچھ سیاہ اور کچھ سفید بال ہوں ؛ **کھچڑی کھاتے پہنچا اترنا** ۔ ناحق اور جھوٹی نزاکت جتانا ؛ **کھچڑی ہو جانا** (۱) بالوں کا سفید و سیاہ ہو جانا (۲) مل جُل جانا ۔ گڈمڈ ہو جانا ؛

کھُد (کھُد) (ہ) کھدنا کا امر ؛ **کھُدا** (۱) کھدنا سے ماضی مطلق (۲) کھدانا کا امر ؛ **کھُدانا** (۱) کھدنا کا متعدی المتعدی (۲) مذکر ۔ وہ گڑھا ، جہاں سے چکنی مٹی کھودی جاتی ہے ؛ **کھُدائی** ۔ مؤنث (۱) کھودنے کا فعل (۲) کھدانے کی اجرت (۳) کندہ کاری (۴) کھودا جانا ۔ کندہ ہونا (۵) نقش کیا جانا (۶) مسمار ہونا ۔ اُکھڑنا ؛ **کھُدلی** ۔ مؤنث (۱) کھدائی ۔ دولت کی تلاش کے لیے زمین کا کھودنا (۲) (عو) خلال (۳) پوشیدہ تحقیقات ۔ تلاش ؛ **کھُدوا** ۔ کھدوانا کا امر ؛ **کھُدوانا** (۱) کندہ کرانا (۲) نقش کرانا (۳) جڑ سے نکلوانا ؛ **کھُدوائی** ۔ کھدوانے کی اُجرت ۔ کندہ کرائی ؛

کھَدبَد (کھَد ۔ بَد) (ہ) مؤنث ۔ کسی اناج کے اُبلنے کی آواز ۔ پکنے کا شور ؛ **کھَدبَدا** ۔ کھدبدانا کا امر ؛ **کھَدبَدانا** ۔ کھولنا ۔ جوش ہونا ۔ پکنا ۔ اُبلنا ؛

کھدبدرا (کھَد ۔ بَد ۔ رَا) (ہ) (عو) ناہموار ؛

کھدر (کھَد ۔ دَر) (ہ) مذکر (۱) موٹا کھُردرا سفید دیسی کپڑا (۲) موٹا کھُردرا ؛

کھدرا (کھَد ۔ رَا) (ہ) دیکھیے "کھُردرا" ؛

کھدیا (کھُدِی یَا) (ہ) مؤنث ۔ بھوک ۔ کھانے کی خواہش ۔ اشتہا ؛

کھدیڑ (کھَدیڑ) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) تعاقب (۲) کھدیڑنا کا امر ؛ **کھدیڑنا** (گنوار) (۱) تعاقب کرنا (۲) بھگانا ۔ باہر کرنا ۔ نکالنا ؛

کھڈ (کھَڈ) (ہ) مذکر (۱) گڑھا ۔ کھائی ۔ خندق (۲) گھاٹی ۔ درہ (۳) دو پہاڑوں کے بیچ کا عمق ۔ غارِ کوہ ؛

کھڈا (کھَڈ ۔ ڈَا) (ہ) مذکر (۱) وہ گڑھا ، جو ہنستے وقت گال میں پڑتا ہے (۲) گھٹنے کا گڑھا (۳) دندانہ (۴) گبڑا (۵) غار ۔ گڑھا ؛

کھڈی (کھُڈ ۔ ڈِی) (ہ) مؤنث (۱) وہ اینٹوں یا پتھروں کا چولھا سا ، جس پر بیٹھ کر پاخانہ پھرتے ہیں ۔ قدمچہ (۲) (مجازاً) دانتوں کا سوراخ ؛

کھُر (کھُر) (ہ) مذکر ۔ گائے ، بکری ، ہرن وغیرہ کے ناخن چرے ہوئے سُم ؛ **کھُربندی** (ہ) مؤنث ۔ گھوڑے کی نعل بندی ؛ **کھُر کھوج** (ہ) مذکر ۔ سراغ ۔ نشان ۔ پتا ؛

کھُر (کھُر) (ہ) مؤنث ۔ کھانسی ۔ سُرفہ ؛

کُہر (کُہر) (ہ) مؤنث ۔ وہ بخارات ، جو سردیوں میں صبح اور شام کو دھُند سی پیدا کر دیتے ہیں ؛ **کُہرا** ۔ مذکر ۔ کُہر ؛

کھُرا (کھُر ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا اوزار ، جس سے کپڑے چُنتے اور اُس میں چُنٹ ڈالتے ہیں (۲) کھنگر ۔ کھنگری ۔ ایک مسالا ، جس سے چھاپنے کے پتھر پر سے حروف مٹاتے ہیں (۳) سخت ۔ درشت (۴) اکھڑ ۔ بدمزاج (۵) بچھونے کے بغیر (تخت یا پلنگ) ؛ **کھُرّی** ۔ کھُرا کی تانیث ؛

کھرّا (کھَر ۔ رَا) (ہ) مذکر (ہندو) کچا حساب کتاب ۔ مسوّدہ (۲) طویل خط ؛

کھرا (کھَرَا) (ہ) (۱) خالص ۔ بے ملاوٹ (۲) زرِ خالص (۳) خوب ۔ عمدہ ۔ اچھا (۴) خوش معاملہ ۔ سچا ۔ صاف (۵) کسی کا پاس اور لحاظ نہ کرنے والا ۔ صاف گو (۶) نقد ؛ **کھراپن** ۔ مذکر (۱) خوش معاملگی ۔ صفائی (۲) عمدگی ۔ خوبی (۳) ایمان داری ۔ دیانت داری (۴) صداقت ۔ سچائی (۵) صاف گوئی ؛ **کھراپن بگھارنا** ۔ صاف اور خوش معاملہ ہونے کا دعویٰ کرنا ؛ **کھرا کرنا** (ہندو) پرکھنا ۔ چکی لگانا ؛ **کھرا کھوٹا** ۔ بُرا بھلا ۔ ایسا ویسا ؛ **کھرا کھوٹا پرکھنا** ۔ اچھے بُرے کو آزمانا ۔ بُرے بھلے کی آزمائش کرنا ؛ **کھرا کھیل** ۔ مذکر (۱) معاملے کی صفائی ۔ حُسنِ معاملہ ۔ خوش معاملگی (۲) فوراً ۔ جلد ؛ **کھرا کھیل فرخ آبادی** (۱) مذکر ۔ چونکہ فرخ آباد کا روپیہ کھرا مانا جاتا تھا ، اس لیے حُسنِ معاملہ کے معنی میں بولتے ہیں یعنی حُسنِ معاملہ اچھا ہے ؛ **کھری** ۔ کھرا کی تانیث ؛ **کھری سُنانا** ۔ لگی لپٹی

نہ رکھنا۔ صاف صاف کہنا ٭ **کھری مزدوری چوکھا کام** (۱) مثل۔ نقد مزدوری دینے سے کام بہت اچھا اور جلد ہوتا ہے ٭

کُہرام (کُہ۔ رام) (ہ) مذکّر (۱) آہ و نالہ۔ رونا۔ واویلا (۲) آفت۔ قیامت (بعض کی رائے میں اس کی اصل قہرِ عام ہے) ٭ **کُہرام مچنا** (عو) (۱) رونا پیٹنا پڑنا۔ ماتم ہونا (۲) شور و شر ہونا۔ آفت برپا ہونا ٭

کھراند۔ کھراہند (کھَرانْد) (کھَرا ہَنْد) (ہ) مؤنّث (۱) پیشاب کی بُو (۲) گھاس یا بھوسے کے جلنے کی بُو (۳) بُری بُو ٭

کھرب (کھَرَب) (ہ) مذکّر۔ سوارب کی مقدار۔ دس ہزار کروڑ ٭

کھرپا (کھُر۔ پا) (ہ) مذکّر۔ گھاس کھودنے کا آلہ۔ (پ) رمبا ٭ **کھرپا جالی سنبھالنا** گھاس کھودتے جانا۔ سائیسی کرنا ٭ **کھُرپی**۔ مؤنّث (۱) چھوٹا کھرپا (۲) **کھرچنی** (۳) (عو) انگیا اور پشواز کے مونڈھوں کی تراشش ٭

کھُرتپیچ (کھُر۔ تپیچ) (ہ) مذکّر۔ دیکھیے "کھڑتپیچ" ٭

کھرتل (کھَر۔ تَل) (ہ) (۱) صاف گو۔ کھرا (۲) آزاد ٭

کھرتوا (کھَر۔ توَا) (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کی گھاس، جو بتھوے کے ساگ جیسی ہوتی ہے ٭

کھرج (کھَرَج) (ہ) مؤنّث۔ علمِ موسیقی کا پہلا سُر، جو سب سے پست ہوتا ہے ٭

کھرچ (کھُرَچ) (ہ) کھرچنا کا امر ٭ **کھُرچن**۔ مؤنّث (۱) وہ چیز، جو پکی ہوئی ہانڈی کی پیندی میں جم جائے (۲) دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی (۳) پس ماندہ۔ بچا کھچا ٭ **کھُرچنا**۔ کُریدنا۔ چھیلنا ٭

کھُرچال (کھُر۔ چال) (ہ) مذکّر۔ لوہے کا برتن، جس میں راکھ چھانی جاتی ہے ٭

کھُردرا (کھُر۔ دَ۔ رَا) (ہ) اونچا نیچا۔ دانہ دار۔ ناہموار ٭ **کھُردراپن**۔ کھرکھراہٹ۔ ناہمواری ٭

کھرسا (کھَر۔ سا) (ہ) مؤنّث (۱) وہ موسم، جس میں گرمی کی وجہ سے گھاس وغیرہ جل جاتی ہے (۲) کال۔ قحط۔ خشک سالی ٭

کھرسیلا (کھَر۔ سے۔ لا) (ہ) خارشی۔ کھجلی والا ٭

کھرک (کھَرَک) (ہ) مذکّر۔ وہ مکان، جس میں چوپایے بند کیے جاتے ہیں۔ باڑہ ٭

کھرکا (کھَر۔ کا) (ہ) مذکّر۔ دانتوں کا خلال ٭

کھرکھرا (کھُر۔ کھُرا) (ہ) اونچا نیچا۔ ناہموار۔ کھُردرا ٭

کھرگونیا (کھَر۔ گو۔ نیا) (ہ) مذکّر۔ کم عقل۔ کمینہ ٭

کھرل (کھَرَل) (ہ) مؤنّث۔ ایک قسم کی پتھر کی کونڈی، جو دوائیں پیسنے اور حل کرنے کے کام آتی ہے ٭ **کھرل کرنا**۔ کسی دوا کو کھرل میں حل کرنا۔ خوب باریک کرنا ٭

کھُرلی (کھُر۔ لی) (ہ) مؤنّث۔ چارپایوں کے چارا کھانے کی جگہ ٭

کھرنجا (کھَرَن۔ جا) (ہ) مذکّر (۱) کھری اینٹوں کا فرش (۲) پتھر کا فرش یا سڑک ٭

کھرنڈ (کھُرَنْڈ) (ہ) مذکّر۔ وہ خشکی، جو زخم اچھا ہو جانے کے بعد اس پر جم جاتی ہے۔ زخم کا انگور ٭

کھرنی (کھِر۔ نی) (ہ) مؤنّث۔ ایک درخت اور اس کا میٹھا پھل ٭

کہروا (کہَر۔ وا) (ہ) مذکّر۔ کہاروں کا ناچ اور گانا ٭

کھروچا۔ کھرونچا (کھَرو۔ چا، کھَرَوں۔ چا) (ہ) مذکّر۔ خراش ٭

کھروچنا (کھَرو۔ چ۔ نا) (ہ) پنجہ مارنا۔ نوچنا کھسوٹنا ٭

کھرونٹ (کھَرَونْٹ) (ہ) مؤنّث (عوام) خراش ٭ **کھرونٹا**۔ مذکّر۔ خراش ٭

کھرہا (کھَر۔ ہا) (ہ) مذکّر۔ خرگوش ٭

کھُری (کھُرِی) (ہ) مؤنّث۔ جوتی کے تلے کا وہ حصّہ، جو ایڑی کے نیچے رہتا ہے۔ جوتی کا وہ حصّہ جہاں نعل لگاتے ہیں ٭

کھریا (کھَر۔ یا) (ہ) مؤنّث۔ چاک۔ ایک قسم کی سفید مٹّی ٭ **کھریا میں کوئلہ**۔ بے میل اور ناموزوں بات ٭

کھُریا (کھُر۔ یا) (ہ) مذکّر (۱) کپڑا چھننے کا کٹوری جیسا آلہ (۲) گھٹنے کی چپنی ٭

کھریرا (کھَرَے۔ رَا) (ہ) مذکّر۔ گھوڑے کے بال صاف کرنے اور گرد نکالنے کا آہنی کنگھا۔ کھرکھرا ٭

کھرڈ (کھَرَڈ) (ہ) مؤنّث (۱) قیمتی موتی کا ریزہ (۲) کانچ کا ٹکڑا (۳) (عوام) گھاس ٭

کھڑا (کھَڑا) (ہ) (۱) قائم۔ اُٹھا ہوا (۲) سیدھا (۳) ادھ گلا۔ کچّا (۴) کچّی سلائی کیا ہوا (۵) مذکّر۔ عمود ٭ **کھڑا پچھاڑیں کھانا** (۱) غصّے یا ضد کے باعث بچے کا اپنے آپ کو ہلکان کرنا۔ کھڑے ہو ہو کر گر پڑنا (۲) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا ٭ **کھڑا داؤں**۔ مذکّر۔ قمار بازی میں وہ داؤں، جو چلتے چلتے لگایا جائے۔ اخیر داؤں ٭ **کھڑا دونا**۔ مذکّر (عو) حضرت علی مرتضیٰ رض مشکل کشا کی نیاز، جو فوراً ادا کی جائے ٭ **کھڑا رہنا** (۱) ٹھہرا رہنا (۲) استادہ رہنا (۳) راہ تکنا۔ منتظر رہنا ٭ **کھڑا کرکے دکھانا**۔ مانگنے کے جواب میں انگوٹھا کھڑا کرکے دکھانا۔ صاف انکار کرنا ٭ **کھڑا کرنا** (۱) استادہ کرنا۔ اٹھانا۔ (۲) برپا کرنا (۳) روکنا۔ ٹھہرانا (۴) قائم کرنا۔ جاری کرنا (۵) کچّی سلائی کرنا (۶) گاڑنا۔ نصب کرنا (۷) حاصل کرنا۔ کمانا ٭ **کھڑا کھیت**۔ مذکّر (۱) سبز کھیت، جو ابھی تک کاٹا نہ گیا ہو (۲) لمبا میدان ٭ **کھڑا کھیل**۔ مذکّر۔ ہاتھوں ہاتھ کا کام۔ تُرت کا معاملہ ٭ **کھڑے**۔ کھڑا کی جمع ٭ **کھڑے پانی نہ پینا** (عو) ذرا نہ ٹھہرنا۔ فوراً چلا جانا ٭ **کھڑے پاؤں۔ کھڑے کھڑے**۔ فوراً۔ اسی وقت۔ تُرت ٭ **کھڑے پاؤں بیٹھک دینا** (عو) فوراً حضرت علی مرتضیٰ رض مشکل کشا کی نیاز دلوانا۔ ہاتھوں ہاتھ فاتحہ یا نیاز دلوانا۔ تُرت منّت ادا کرنا ٭ **کھڑے پیر کا روزہ رکھنا** (و) برابر کھڑے رہنا۔ بیٹھنے کا نام نہ لینا ٭ **کھڑے کھڑے** (ہ) (۱) اسی وقت۔ شتاب۔ جلد۔ فوراً (۲) دیر تک کھڑے نہ رہ کر (۳) تھوڑی سی دیر کو۔ ذرا کی ذرا ٭ **کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا**۔ کپڑے دھلنے کی جگہ جاکر کپڑے دھلوا لینا۔ کھڑے کھڑے کپڑے دھلوانا ٭

کھڑاکا (کھَڑا۔ کا) (ہ) مذکّر۔ کھڑکا۔ کھٹکا ٭

کھڑاؤں (کھَڑا۔ اؤں) (ہ) مؤنّث۔ لکڑی کی جوتی۔ کفشِ چوبیں ٭

کھڑبڑ (کھَڑ۔ بَڑ) (ہ) مؤنّث۔ ٹاپ کی لگاتار آواز۔ کھٹ کھٹ ٭

کھڑتپیچ (کھَڑ۔ تپیچ) (ہ) مذکّر۔ نقص۔ عیب۔ حجت ٭

کھڑک (کھَڑَک) (ہ) (۱) مذکر۔ دیکھیے "کھرک" (۲) کھڑکنا کا امر ❖ **کھڑکا** (۱) مذکر۔ آہٹ۔ کھٹکا (۲) کھڑکانا کا امر ❖ **کھڑکانا** (۱) کنڈی کھٹکھٹانا۔ زنجیر بازنا۔ ٹبلانا۔ پکارنا (۲) دھمکانا۔ جھڑکنا ❖ **کھڑکنا** (۱) سوکھے پتّوں کا بجنا (۲) دیگوں کا بجنا (۳) لڑائی ہونا۔ بگاڑ ہونا ❖

کھڑکھڑ (کھَڑ۔ کھَڑ) (ہ) مؤنث۔ کھٹ کھٹ۔ کسی چیز کے ٹکرانے یا چلنے یا گھسنے کی آواز ❖ **کھڑکھڑانا** (۱) کھٹکھٹانا۔ بجانا۔ کھٹ کھٹ کرنا۔ کنڈی بجانا۔ (۲) جھڑکنا۔ دھمکانا۔ خبر لینا ❖ **کھڑکھڑاہٹ**۔ مؤنث (۱) سوکھے پتّوں کے بجنے کی آواز (۲) دیگوں کے باہم ٹکرانے کی آواز ❖

کھڑکھڑیا (کھَڑ۔ کھَڑ۔ یا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی گاڑی، جس میں بگھی کے گھوڑے سدھائے جاتے ہیں ❖

کھڑکی (کھِڑ۔ کِی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹا دروازہ۔ دریچہ۔ جھروکا ❖ **کھڑکی دار انگرکھا**۔ مذکر۔ وہ انگرکھا، جو سینے پر سے کھلا ہو ❖ **کھڑکی دار پگڑی**۔ مؤنث۔ وہ پگڑی، جس کے آگے موکھا سا ہو۔ مارواڑی پگڑی ❖

کھُڑ گنجا (کھُڑ۔ گَن۔ جا) (ہ) (۱) بہت گنجا (۲) چیچک رُو (۳) از حد بدصورت اور کریہ منظر (۴) بدحال ❖ **کھُڑ گنجی**۔ مؤنث۔ چیچک رُو بدصورت عورت ❖

کھُڑلا (کھُڑ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) مرغی خانہ (۲) گڑھا (۳) ناہموار (۴) سوراخ دار ❖

کھڑنک (کھَڑ۔ نَک) (ہ) بے حد سوکھا ❖

کھڑوا (کھَڑ۔ وَا) (ہ) مذکر۔ ہندو بچّوں کے ہاتھ پاؤں کا زیور ❖ **کھڑوے**۔ مذکر۔ کھڑوا کی جمع ❖

کھڑنجا (کھَڑَن۔ جا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "کھرنجا" ❖

کھُڑ پینچ (کھُڑ۔ پینچ) (ہ) مؤنث (۱) خفیف زخم۔ ہلکی سی خراش (۲) نکتہ چینی (۳) بے جا تکرار۔ چھیڑ چھاڑ (۴) دشمنی۔ کینہ ❖ **کھُڑ پینچ نکالنا** (۱) نقص نکالنا۔ عیب چینی کرنا (۲) بَیر کرنا۔ دشمنی کرنا (۳) ناحق کی تکرار اور حجّت کرنا۔ چھیڑنا ❖ **کھُڑ پینچیا** (ہندو) حاسد۔ نکتہ چین ❖

کھساری (کھَسا۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا غلّہ ❖

کھسانا (کھَسا۔ نا) (ہ) دیوار کا کوئی حصّہ گرا دینا ❖

کھُس پھُس (کھُس۔ پھُس) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "کھُسر پھُسر" ❖

کھسک (کھِسَک) (ہ) کھسکنا کا امر ❖ **کھسک جانا** (۱) سرک جانا (۲) چلا جانا۔ آنکھ بچا کر نکل جانا (۳) پھسل جانا ❖ **کھِسکا** (۱) کھسکنا سے ماضی مطلق (۲) کھسکانا کا امر ❖ **کھسکانا** (۱) سرکانا۔ ہٹانا (۲) ٹالنا۔ روانہ کرنا (۳) غائب کرنا۔ الگ کرنا ❖ **کھسکنا** (۱) ٹلنا۔ سرکنا (۲) اپنی جگہ سے ہٹنا۔ پھسلنا (۳) چلا جانا (۴) چمپت ہو جانا (۵) چھپ کر چلا جانا (۶) روانہ ہونا ❖ **کھسکو**۔ جاؤ۔ چلے جاؤ۔ چل دو۔ چلتے بنو۔ سدھارو۔ ہوا کھاؤ۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کھاؤ ❖

کھَس کھَس (کھَس۔ کھَس) (ہ) مؤنث۔ گھاس کٹنے کی آواز ❖

کھِسکھِسا (کھِس۔ کھِسا) (ہ) (۱) کرکرا (۲) کھِسکھِسانا کا امر ❖ **کھِسکھِسانا**۔ کرکرانا ❖ **کھِسکھِساہٹ**۔ مؤنث۔ کھِسکھِسانا ❖

کھِسلنا (کھِسَل۔ نا) (ہ) پھسلنا ❖

کھِسنا (کھِس۔ نا) (ہ) (۱) ڈھے جانا۔ گرنا (۲) برباد ہونا۔ تباہ ہونا ❖

کھَسوٹ (کھَسوٹ) (ہ) (۱) کھسوٹنا کا امر (۲) لُوٹ۔ زبردستی لے لینا ❖ **کھسوٹنا** (۱) زبردستی لے لینا (۲) بال اکھاڑنا۔ نوچنا ❖

کھسوٹا (کھَسو۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ کشتی کا ایک داؤں، جس میں حریف کو آگے گھسیٹ لیتے ہیں ❖

کھسیانا (کھِس۔ یا۔ نا) (ہ) (۱) شرمندہ۔ خجل۔ نادم (۲) چڑچڑا۔ رو دینے والا۔ رونی صورت کا ❖ **کھسیانی**۔ کھسیانا کی تانیث ❖ **کھسیانی بلّی کھمبا نوچے** مثل۔ غصّے والا اور شرمندہ شخص دوسروں پر اپنی جھلاہٹ اور شرمندگی اتارتا ہے ❖ **کھسیانی ہنسی**۔ مؤنث۔ وہ ہنسی، جو شرمندگی یا قہر و غضب کی حالت میں ہو۔ زہر خند ❖

کہف (کَہف) (ع) مذکر۔ گڑھا۔ غار ❖

کھکّا (کھَک۔ کا) (ہ) مذکر۔ خاکی۔ پنجابی فوج کا وہ آدمی، جسے "غدر" کے دنوں میں سرکاری خاکی پوشاک ملی تھی ❖

کھُکّل (کھُک۔ کَل) (ہ) دیکھیے "کھُکھل" ❖

کھُکھ (کھُکھ) (ہ) (۱) خالی۔ کھوکھلا (۲) نادر۔ مفلس ❖

کھُکھل (کھُکھ۔ کَل) (ہ) دیکھیے "کھُکھ" ❖

کھکھوڑنا (کھَکھوڑ۔ نا) (ہ) (۱) کریدنا۔ زمین کو پنجوں سے کھودنا (۲) بخوبی تلاش کرنا (۳) معلوم کرنا ❖

کھکیڑ (کھَکیڑ) (ہ) مؤنث۔ سختی۔ رنج۔ سخت محنت ❖ **کھکیڑا اٹھانا**۔ رنج و مصیبت سہنا۔ مصیبت جھیلنا ❖

کھگ (کھَگ) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی ہندوانہ اونچی پگڑی (۲) کوّا ❖

کھَل (کھَل) (ہ) مؤنث۔ تِل یا سرسوں کا پھوک۔ کھلی ❖

کھَل (کھَل) (ہ) مؤنث۔ کھال۔ پوست۔ چام۔ چمڑا ❖ **کھَل اُپاڑ** (۱) کھال ادھیڑنے والا (۲) لینے کے لیے کھال تک میں سے نکال لینے والا (۳) کج بحث ❖ **کھَل کھا کھَل**۔ سستا مال خریدنے والے گاہک کو چڑانے کے لیے کہتے ہیں۔ یعنی تجھ میں اس چیز کے کھانے یا خریدنے کی لیاقت اور حوصلہ نہیں، اس کی جگہ کھَل خرید لے، جو سستی رہے گی ❖

کہل (کَہَل) (ع) مذکر۔ نہ بوڑھا نہ جوان۔ درمیانی عمر کا۔ ادھیڑ ❖

کِھل (کِھل) (ہ) کھلنا کا امر ❖ **کِھلا** (۱) کھلنا سے ماضی مطلق (۲) کھلانا کا امر ❖ **کِھلا جاتا ہے**۔ خوشی سے ہنسے جاتا ہے ❖ **کِھلانا**۔ شگفتہ کرنا۔ ہنسانا ❖ **کِھلکھِل**۔ مؤنث۔ ٹھٹھے یا قہقہے کی آواز ❖ **کِھلکِھلا**۔ کھلکھلانا کا امر ❖ **کِھلکِھلا کر** یا **کے ہنسنا**۔ **کِھلکِھلانا**۔ بہت ہنسنا۔ قہقہہ لگانا۔ زور سے ہنسنا ❖ **کِھلنا** (۱) پھول کا شگفتہ ہونا۔ کلی کا پھولنا (۲) پھول آنا (۳) ہنسنا۔ خوش ہونا (۴) پھبنا۔ زیب دینا۔ سجنا (۵) نکھرنا ❖ **کِھلّو**۔ مؤنث (عو) ہر وقت ہنستی رہنے والی۔ کھلنڈری ❖ **کِھلّو بائی** (عو) بے موقع ہنسنے والی ❖ **کِھلوانا**۔ کھِلانا کا متعدی۔ کھلنا کا متعدی المتعدی ❖

کھلّی ـ مؤنّث ـ ہنسی ـ ٹھٹھا ـ تمسخر ـ مذاق ـ چُہل ؛ **کھلّی اُڑانا ـ یا ـ کرنا** ـ چھیڑنا ـ مذاق کرنا ـ ہنسی اُڑانا ؛

کُھل (کُھلْ) (ہ) کُھلنا کا امر ؛ **کُھل بیٹھنا** ـ بہ خوبی آرام سے چار زانو ہو کر بیٹھنا ؛ **کُھل پڑنا** ـ شرم کو درمیان سے ہٹا دینا ـ بے تکلّف ہو جانا ؛ **کُھل جانا** (۱) بندھی ہوئی چیز کا وا ہو جانا (۲) ظاہر ہو جانا (۳) پھٹ جانا ـ اُدھڑ جانا (۴) رسّی سے نکل جانا (۵) جاری ہونا ـ چلنے لگنا (۶) بے تکلّف ہو جانا ـ شرم اُٹھ جانا (۷) وسیع ہو جانا (۸) بادل نہ رہنا (۹) ضائع ہو جانا ؛ **کُھل کر رکے** (۱) جی کھول کر ـ آزادانہ ـ اچھی طرح ـ آرام سے (۲) بے تکلّف ہو کر ـ بے حجاب ہو کر (۳) علانیہ ـ ظاہر ؛ **کُھل کھیلنا** ـ مطلق آزاد ہو جانا ـ شرم و حجاب اٹھا کر علانیہ کسی معیوب امر کا کرنا ؛ **کُھلا** (۱) چوڑا ـ وسیع ـ فراخ ـ کشادہ ـ وا (۲) صاف ـ ننگا (۳) آزادانہ ـ بے روک (۴) مشہور ـ عام (۵) علانیہ ـ ظاہر ؛ **کُھلا کُھلا** (۱) کھرا کھرا ـ صاف صاف (۲) فاصلے سے ـ دُور دُور (۳) دل کشا ـ فراخ ؛ **کُھلّم کُھلّا** ـ علانیہ ـ بے روک ٹوک ؛ **کُھلنا** (۱) کسی بندھی ہوئی چیز کا وا ہونا ـ عقدہ حل ہونا (۲) بھید کُھلنا ـ ظاہر ہونا (۳) پھٹنا (۴) اُدھڑنا (۵) بہنے لگنا ـ جاری ہونا (۶) بے تکلّف ہونا (۷) وسیع اور چوڑا ہونا (۸) بادل کا صاف ہونا (۹) رہا ہونا (۱۰) سجنا ـ پھبنا (۱۱) ضائع ہو جانا (۱۲) نکھرنا ـ چمکنا (۱۳) علیحدہ ہونا (۱۴) بشاش ہونا ـ انقباض دُور ہونا (۱۵) گویائی بڑھ جانا ؛ **کُھلے** ـ کُھلا کی جمع ؛ **کُھلے بازار ـ کُھلے بند ـ کُھلے بندوں ـ کُھلے خزانے** (۱) کُھلّم کُھلّا ـ ڈنکے کی چوٹ ـ علانیہ (۲) ظاہر ـ آزادانہ ـ بے تکلّف (۳) وہ شخص، جو پابند نہ ہو ؛

کِھلا (کِھلَا) (ہ) کھلانا کا امر ؛ **کھلانا** (۱) بازی کرانا (۲) بہلانا ـ بچّے کا دل خوش کرنا ؛ **کِھلانے کا نام نہیں، رُلانے کا نام ہے** (و) مثل ـ نیک کام کی داد کوئی نہیں دیتا، لیکن بُری بات فوراً پکڑ لی جاتی ہے ؛

کھلابلی (کھَلَا ـ بَلی) (ہ) مؤنّث ـ دیکھیے "کھلبلی" ؛

کَھلَاڑ (کھَلَاڑ) (ہ) مذکّر (۱) ڈھلوان جگہ (۲) گڑھا ـ غار (۳) تہ ؛

کھلاڑ (کِھلَاڑ) (ہ) (۱) مردوں سے کھیلنے والی بدکار عورت ـ فاحشہ (۲) مذکّر ـ وہ شخص، جو عیش و عشرت اور لہو و لعب کی طرف مائل ہو ؛

کھلاڑی (کِھلَا ـ ڑِی) (ہ) (۱) کوئی کھیل یا بازی جاننے والا ـ استاد (۲) جوا کھیلنے والا ـ جواری (۳) کھلنڈرا ـ کھیل کود میں مصروف رہنے والا ؛

کھلالا (کھَلَا ـ لَا) (ہ) مذکّر (۱) بہت شور کرنے والی ندی یا نالہ ـ چشمہ (۲) سر سے پانی ڈال کر نہانا ؛

کِھلا (کِھلَا) (ہ) کِھلانا کا امر ؛ **کِھلانا** (۱) طعام تناول کرانا (۲) روٹی دینا ـ دعوت کرنا ؛ **کِھلاؤ** ـ مذکّر (۱) دریا دل ـ سخی (۲) اَوروں کو مال کھلانے والا ؛ **کِھلائی** ـ مؤنّث (۱) خورش ـ خوراک (۲) خوراک کی قیمت (۳) بچّوں کو کھلانے والی عورت ـ دایہ ؛ **کِھلائی پلائی** ـ مؤنّث ـ کھانے پینے کی قیمت ؛ **کِھلائے سونے کا نوالہ دیکھے شیر کی نظر** (و) مثل ـ اولاد کو کھلائے تو حسب دل خواہ، لیکن ادب و تہذیب سکھانے کے لیے اپنا رعب ضرور قائم رکھے ؛

کھلبلی (کھَل ـ بَلی) (ہ) مؤنّث (۱) ہل چل ـ شور و شر ـ فتور ـ ہنگامہ ـ فتنہ و فساد (۲) بے قراری ـ اضطراب ـ گھبراہٹ (۳) جلدی ـ شتاب زدگی ؛ **کھلبلی پڑنا ـ یا ـ مچنا** (۱) ہل چل ہونا ـ شور و شر ہونا ـ ہنگامہ برپا ہونا (۲) بے قراری اور اضطراب ہونا (۳) جلدی پڑنا ؛

کھلّٹ (کھَل ـ لَٹ) (ہ) مؤنّث (۱) وہ بوڑھی عورت، جس کے جسم پر گوشت کے بجائے کھال ہی کھال ہو (۲) چمڑے کی بقچی ؛ **کھلّڑا** ـ مذکّر (۱) کھال کی تصغیر (۲) فقیروں کی چمڑے کی جھولی ؛ **کھلّڑی** ـ مؤنّث (۱) کھال کی تصغیر ـ چمڑی (۲) پوستِ حیوانات ـ کھال (۳) عضوِ تناسل کے آگے کا چمڑا، جس کا ختنہ ہوتا ہے ؛

کہلنا (کہَل ـ نَا) (ہ) (۱) سوکھنا (۲) مرجھانا (۳) بھوننا (۴) خشک کرنا ؛

کھلنڈرا ـ کھلنڈڑا (کِھلَنڈ ـ رَا، کِھلَنڈ ـ ڑَا) (ہ) مذکّر ـ کھیل کود میں مشغول رہنے والا ـ کھلاڑی ؛ **کھلنڈڑی** ـ مؤنّث ـ کھیل کود میں مشغول رہنے والی ـ کھلاڑن ؛

کھلونا (کھِلَو ـ نَا) (ہ) مذکّر (۱) بچّوں کے کھیلنے کی چیز (۲) نازک اور دکھاوے کی چیز (۳) خوش طبع یا مسخرہ آدمی ؛

کھلی (کھَلی) (ہ) مؤنّث ـ دیکھیے "کھل" (تِل یا ......) ؛

کھلیان (کھَل ـ یَان) (ہ) مذکّر (۱) وہ جگہ، جہاں بھُس میں سے اناج برسا کر ڈھیر لگایا جاتا ہے ـ غلّے کا انبار ـ خرمن ـ کوٹھی ـ ڈھیر ؛

کھم (کھَم) (ہ) مذکّر (۱) ستون ـ تھم (۲) رُکن (۳) مینار (۴) لاٹھ ؛ **کھمبا** ـ مذکّر ـ دیکھیے "کھم" ؛

کھماچ (کھَماچ) (ہ) مؤنّث ـ ایک راگنی ؛

کھمبی (کھُم ـ بِی) (ہ) مؤنّث ـ ایک قسم کی سفید نباتات، جو اکثر برسات میں از خود پیدا ہو جاتی ہے اور اسے تل کر کھاتے ہیں ؛

کھن (کھَن) (ہ) مذکّر ـ لکڑی میں سوراخ کرنا ؛

کُہن (کُہَن) (ف) پرانا ـ کہنہ ـ سال خوردہ ؛ **کُہن سال** ـ مذکّر ـ بوڑھا ـ بڈّھا ـ معمّر ـ بڑی عمر کا ؛ **کُہنگی** ـ مؤنّث ـ پرانا پن ـ پیری ـ قدامت ـ دیرینگی ؛ کُہنہ ـ پرانا ـ دیرینہ ـ سال خوردہ ؛

کھنجری ـ کھنجڑی (کھَن ـ جَرِی، کھَن ـ جَڑِی) (ہ) مؤنّث (۱) ایک باجا ـ چھوٹی سی ڈفلی (۲) (و) چھوٹا خنجر (۳) ایک قسم کی لہردار دھاری، جو ریشمی کپڑے پر ہوتی ہے ؛

کھنجن (کھَن ـ جَن) (ہ) مذکّر ـ شاما، جو ایک سیاہ رنگ کا پرندہ ہے ؛

کھند (کھَند) (ہ) مذکّر ـ دیوار کا چھوٹا سا طاق ؛

کھندانا (کھَن ـ دَا ـ نَا) (ہ) مذکّر (۱) تلوار وغیرہ کی باڑھ میں پڑ جانے والا دندانہ (۲) لکڑی یا دیوار کا خفیف سا سوراخ (۳) (کنایۃً) رخنہ ؛

کھندلنا (کھُندَل ـ نَا) (ہ) پامال کرنا ـ پاؤں میں ملنا ـ کچلنا ـ مسلنا ؛

کھنڈ (کھَنڈ) (ہ) مؤنّث ـ کھانڈ ـ چینی ـ بورا ـ قند ـ شکر ؛ **کھنڈسار (سال)** ـ مؤنّث ـ کھانڈ بنانے کا کارخانہ ؛

کِھنڈ (کِھنڈ) (ہ) کھنڈنا کا امر ÷ **کِھنڈا** (۱) کھنڈنا سے ماضی مطلق (۲) کِھنڈانا کا امر ÷ **کِھنڈانا** ۔ پراگندہ کرنا ۔ تتر بتر کرنا ۔ بکھیرنا ÷ **کِھنڈنا** ۔ پھیلنا ۔ بکھرنا ۔ منتشر ہونا ۔ پریشان ہونا ÷

کھنڈا (کھن ۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) چاولوں کا چورا (۲) کھانڈا شمشیر ۔ تیغ ۔ تلوار ÷

کُھنڈا (کُھن ۔ ڈا) (ہ) مذکر (ہندو) کُند ۔ جو تیز نہ ہو ÷

کھنڈت (کھن ۔ ڈت) (ہ) مؤنث (۱) پراگندگی ۔ ابتری ۔ شکستگی ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۲) حرج ۔ دست اندازی ۔ مزاحمت ۔ خلل (۳) تنسیخ ۔ تردید ÷ **کھنڈت پڑنا** (۱) کسی کام میں حرج واقع ہونا (۲) کسی بات کا سلسلہ نہ رہنا ÷

کھنڈر (کھنڈر) (ہ) مذکر (۱) ٹوٹا ہوا مکان ۔ ویران مکان ۔ ویرانہ (۲) ٹوٹے پھوٹے مکانوں کے نشان ÷

کَھنڈلا (کَھنڈ لا) (ہ) مذکر ۔ پھاٹک ۔ قاش ۔ ٹکڑا ۔ قتلا ÷

کُھنڈلا (کُھنڈ ۔ لا) (ہ) مذکر (حقارتاً) ٹوٹا پھوٹا مکان ۔ چھوٹا سا گھر ۔ جھونپڑا ÷

کھنڈن (کھن ۔ ڈن) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) تنسیخ ۔ تردید (۲) بت شکنی ÷

کھنڈوی (کھنڈ ۔ وی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی بیسن کی غذا ÷

کھنس (کھنس) (ہ) مؤنث (۱) نفرت (۲) دشمنی (۳) غصّہ (۴) حسد (۵) رشک (۶) کھنسنا کا امر ÷ **کھنسا** (۱) کھنسنا سے ماضی مطلق (۲) کھنسانا کا امر ÷ **کھنسانا** (۱) حسد کرنا (۲) دشمنی کرنا (۳) تیوری چڑھانا (۴) لگائی بجھائی کرنا ÷ **کھنسنا** ۔ کھنسانا کا لازم ÷ **کھنسی** (۱) چڑچڑا ۔ لڑاکا (۲) خفا ۔ حسد کرنے والا ÷

کھنک (کھنک) (ہ) (۱) مؤنث ۔ بجنے کی آواز ۔ جھنکار ۔ کھڑک (۲) کھنکنا کا امر ÷ **کھنکا** (۱) کھنکنا سے ماضی مطلق (۲) کھنکانا کا امر ÷ **کھنکانا** ۔ بجانا ۔ جھنکارنا ۔ کھڑکانا ÷ **کھنکنا** (۱) بجنا ۔ پرکھتے وقت روپے کا بجنا ۔ جھنکار ہونا ۔ کھڑکنا (۲) ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کی آواز ÷

کھنکار ۔ کھنکھار (کھنکار ، کھنکھار) (ہ) مؤنث (۱) بلغم ۔ کف (۲) کھانسی کی آواز ۔ وہ آواز ، جو بلغم کے ہٹانے یا گلا صاف کرنے کے لیے نکالی جائے (۳) کھنکارنا اور کھنکھارنا کا امر ÷ **کھنکارنا ۔ کھنکھارنا** (۱) کھانسنا ۔ کھانسنے کی آواز نکالنا (۲) کھانسی کے ذریعے سے اشارہ کرنا (۳) کھانس کر تھوکنا ۔ گلا صاف کرنا ÷

کھنکڑی (کھنک ۔ ڑی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا پاپڑ ÷

کھنکھ (کھنکھ) (ہ) (۱) بہت خشک (۲) کمزور (۳) بوڑھا ÷

کھنکھجورا (کھن ۔ کھجو ۔ را) (ہ) مذکر ۔ کنکھجورا ÷

کھنکھڑ (کھنکھ ۔ کھڑ) (ہ) (۱) خشک ۔ سخت (۲) مرجھایا ہوا ÷

کِھنکِھن (کِھن ۔ کِھن) (ہ) مؤنث ۔ بچے کے ناک میں رونے کی آواز ÷ **کِھنکِھن کرنا** ۔ بیماری کے باعث بچے کا ناک میں رونا ÷ **کِھنکِھنا** ۔ کِھنکِھنانا کا امر ÷ **کِھنکِھنانا** ۔ دیکھیے "کِھنکِھن کرنا" ÷

کھنکھنا (کھن ۔ کھنا) (ہ) (۱) مٹی کا برتن ، جس میں دراڑ پڑ جائے (۲) کھنکھنانا کا امر ÷ **کھنکھنانا** ۔ دیکھیے "کھنکانا" ÷

گھنگھنانا (گھن ۔ گھنا ۔ نا) (ہ) دیکھیے "کِھنکِھنانا" ÷

کھنگالنا (کھنگال ۔ نا) (ہ) (۱) برتن میں پانی ڈال کر ہلانا اور اسے پھینک دینا ۔ پانی سے برتن صاف کرنا (۲) سرسری طور پر کپڑا دھونا اور صاف کرنا ÷

کھنگر ۔ کھنگڑ (کھنگ ۔ گر ، کھنگ ۔ گڑ) (ہ) مذکر (۱) بہت سی جلی اینٹوں کا مجموعہ (۲) دھات کا میل ، جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے (۳) ایک قسم کا مسالے کا پتھر ، جس سے چھاپے کا پتھر صاف کیا جاتا ہے ÷ **کھنگر لگ جانا** ۔ ہڈیاں نکل آنا ۔ گوشت اور جسم گھل کر صاف ہڈیاں رہ جانا ÷

کُہنی (کُہ ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ کلائی اور بازو ۔ کلائی اور بازو کا جوڑ ÷ **کُہنی مارنا ۔ یا ۔ چلانا** ۔ کُہنی کی ضرب لگانا ۔ کُہنی سے ہٹانا ÷

کُہو (کُہو) (ہ) مؤنث ۔ کویل کی آواز ÷

کھوکھو (ہ) مؤنث ۔ بھٹ ۔ پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصّہ ۔ گڑھا ۔ غار ÷

کھو (کھو) (ہ) کھونا کا امر ÷ **کھو بیٹھنا** ۔ ضائع کر دینا ۔ تباہ کر دینا ÷ **کھو دینا** (۱) برباد کر دینا ۔ ضائع کر دینا (۲) نکما کر دینا (۳) گنوا دینا ۔ گم کر دینا ۔ غائب کر دینا ÷ **کھو کر سیکھنا** ۔ نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل کرنا ÷ **کھونا** (۱) گنوانا ۔ گم کرنا (۲) بھلانا ۔ بسرانا (۳) برباد کرنا ۔ ضائع کرنا (۴) بے قابو کرنا (۵) بگاڑنا (۶) دفع کرنا ÷ **کھوئے** ۔ کھونا کا مضارع ÷ **کھوئے سے گئے** ۔ گھبرا گئے ۔ سٹپٹا گئے ÷ **کھویا** ۔ کھونا سے ماضی مطلق ÷ **کھویا (کھوئے) جانا** (۱) جاتا رہنا ۔ گم ہو جانا (۲) حیران ہو جانا ۔ بدحواس ہو جانا ۔ گھبرا جانا (۳) لاجواب ہو جانا ÷

کھوا (کھوَا) (ہ) مذکر ۔ مونڈھا ۔ کندھا ۔ دوش ۔ شانہ ÷ **کھوے** ۔ مذکر ۔ کھوا کی جمع ۔ مونڈھے ۔ کندھے ÷ **کھوے سے کھوا چھلنا** ۔ شانے سے شانہ رگڑا جانا ۔ از حد بھیڑ بھاڑ ہونا ÷

کھوبڑ (کھو ۔ بڑ) (ہ) مذکر ۔ درخت کی لکڑی کی برآمدگی ÷

کھوپرا (کھوپ ۔ را) (ہ) مذکر ۔ ناریل کا مغز ۔ کھوپا ÷

کھوپرا (کھوپ ۔ را) (ہ) سر کے اوپر کا حصّہ ۔ کھوپری ۔ کاسۂ سر ÷ **کھوپری ۔ کھوپڑی** ۔ مؤنث ۔ سر کے اوپر کا حصّہ ۔ سر کی ہڈی ۔ کاسۂ سر ÷ **کھوپری چٹخنا ۔ یا ۔ چٹکنا** ۔ گرمی کی شدّت کے باعث کاسۂ سر کا پھٹ جانا ÷ **کھوپری کھا جانا** (عو) (۱) دماغ چٹ کر جانا (۲) دق کرنا ۔ ستانا (۳) دوسرے کا مال کھا جانا ÷ **کھوپری گنجی کرنا** ۔ اس قدر مارنا کہ سر کے بال اڑ جائیں ۔ بہت مارنا ÷

کھوٹ (کھوٹ) (ہ) مؤنث (۱) آمیزش ۔ ملاوٹ (۲) مذکر ۔ عیب ۔ نقص ۔ قصور ۔ خطا ۔ قباحت ۔ دوس (۳) ضرر ۔ نقصان (۴) شرارت ۔ برائی ۔ بدی ۔ بدذاتی (۵) فریب ۔ دغا ۔ کینہ ÷ **کھوٹ کرنا** (۱) برائی کرنا ۔ بدی کرنا (۲) قصور کرنا (۳) دوسرے کو نقصان پہنچانا ÷ **کھوٹ ملانا** (۱) خالص سونے چاندی میں کوئی

ادنیٰ دھات ملانا (۲) خلل ڈالنا۔ نقص کرنا ٭ کھوٹا (۱) غیر خالص سکہ۔ جعلی (۲) خراب، بُرا، عیبی، شریر (۳) ناکارہ۔ نکما۔ ناقص (۴) مکار۔ فریبی۔ دغاباز (۵) بدنیت۔ بُرے ارادے والا ٭ کھوٹا پیسا بھی بُرے وقت کام آتا ہے (۶) مثل۔ اپنی نکمی چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے ٭ کھوٹی۔ مؤنث (۱) غیر خالص (۲) جعلی (۳) بد (۴) نکمی۔ ناقص (۵) دغاباز ٭ کھوٹی کرنا (۱) کھوٹ ملانا (۲) برائی کرنا۔ بدی کرنا (۳) نقصان پہنچانا ٭

کھوج (کھُوْج) (ہ) مذکر (۱) آدمی کے پاؤں کا نشان۔ سراغ (۲) ٹھکانا (۳) جستجو۔ تلاش ٭ کھوج پانا۔ خبر پانا۔ نشان ملنا۔ سراغ لگنا ٭ کھوج کرنا پتا لگانا، تلاش کرنا، ڈھونڈنا ٭ کھوج لگنا۔ تلاش سے کسی چیز کا معلوم ہو جانا۔ پتا لگنا ٭ کھوج مٹانا۔ بیخ کنی کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ نام و نشان نہ رکھنا ٭ کھوج نکالنا۔ سراغ رسانی کرنا۔ چوری کے مال کا پتا لگانا ٭ کھوجڑا۔ مذکر (۱) سراغ۔ کھوج (۲) نام و نشان۔ بیخ و بنیاد ٭ کھوجی۔ کھوجیا۔ مذکر۔ سراغ رساں، سراغ لگانے والا ٭

کھوچڑ۔ کھوچڑ (کھُوْ۔ چَڑْ، کھُوْں۔ چَڑْ) (ہ) مذکر۔ ہوتے ہوئے کام کو روک دینے والا۔ بدباطن۔ فسادی ٭

کھود (کھُوْدْ) (ہ) (۱) کھودنا کا امر (۲) مؤنث۔ کھودنے کا فعل (۳) کھونچ (۴) بھونک۔ گھونپ ٭ کھود (کھود) کر (کے) پوچھنا۔ خوب چھان بین کرنا۔ طرح طرح سے پوچھنا ٭ کھودنا (۱) گڑھا کرنا (۲) جڑ سے اکھاڑنا (۳) کریدنا۔ کھرچنا۔ خالی کرنا (۴) کندہ کرنا۔ نقاشی کرنا (۵) تفتیش کرنا۔ تحقیقات کرنا ٭

کھور (کھُوْرْ) (ہ) مؤنث۔ مویشیوں کے کُٹی کھانے اور پانی پینے کی ناند یا نالی ٭

کھور (کھُوْرْ) (ہ) مذکر (۱) کھو۔ غار (۲) چھوٹی وردی (۳) گلی، راستہ (۴) ڈھکنا۔ چپنی ٭

کھورو (کھُوْ۔ رُوْ) (ہ) مذکر۔ تنازع۔ جھگڑا۔ شرارت۔ فساد۔ بدی ٭ کھورو لانا (۱) حیوانوں کا زمین پر کھر یا سُم دے دے مارنا (۲) شور مچانا (۳) شرارت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ فساد مچانا ٭

کھوڑ (کھُوْڑْ) (ہ) مؤنث۔ وہ تلک، جو ہندو لوگ صندل یا سیندور وغیرہ کا لگاتے ہیں ٭

کھوڑ (کھُوْڑْ) (ہ) مؤنث (۱) (ہندو) مرے ہوئے بزرگوں کی ناراضی (۲) خلل۔ آسیب ٭

کھوسا (کھُوْ۔ سَا) (و) وہ شخص، جس کی ڈاڑھی اور مونچھ جوانی پر بھی نہ نکلے (پ) کھودا ٭

کھوسٹ (کھُوْ۔ سَٹْ) (و) مذکر۔ بڈھا پھوس۔ پیر فرتوت۔ از حد بدشکل اور کہن سال۔ نہایت بوڑھا ٭

کھوسڑا (کھُوْس۔ ڑَا) (ہ) دیکھیے "کھونسڑا" ٭

کھوسنا (کھُوْس۔ نَا) (ہ) کسی شے کو کسی شے میں الجھا دینا۔ اٹکا دینا ٭

کھوکھا (کھُوْ۔ کھَا) (ہ) مذکر (۱) ادا شدہ ہنڈی (۲) (بنگالی) طفل۔ لڑکا ٭

کھوکھلا (کھُوْ کھْ۔ لَا) (ہ) خالی۔ بھوتھا۔ بے مغز ٭

کھول (کھَوْل) (ہ) کھولنا کا امر ٭ کھولا (۱) کھولنا سے ماضی مطلق (۲) کھولانا کا امر ٭ کھولانا (۱) ابالنا۔ جوش دینا (۲) (عو) غم دینا۔ جلانا ٭ کھولن۔ مؤنث (۱) جوش۔ ابال (۲) سوزشِ زخم۔ ٹیس۔ جلن ٭ کھولنا۔ جوش کھانا۔ ابلنا۔ پکنا ٭

کھول (کھُوْل) (ہ) کھولنا کا امر ٭ کھول کر (۱) ظاہر کرکے، واضح کرکے (۲) بے روک ٹوک۔ آزادانہ (۳) جیسا چاہیے۔ بخوبی ٭ کھول کر کہنا۔ کسی بات کو خوب ظاہر کرکے اور علانیہ کہنا۔ بے لاگ کہنا ٭ کھول کیسہ کھا ہر لیسہ (و) گرہ کا زر خرچ کر، دنیا کا مزہ اٹھا ٭ کھولنا (۱) کسی بندھی ہوئی چیز کا وا کرنا (۲) ظاہر کرنا (۳) بھانڈا پھوڑنا (۴) چیرنا۔ پھاڑنا (۵) ادھیڑنا (۶) آزاد کرنا۔ رہا کرنا ٭

کھونپ (کھُوْنْپ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی لمبی لمبی سلائی۔ سیون۔ تیپچی ٭ کھونپ بھرنا۔ تیپچی بھرنا۔ موٹا موٹا سینا ٭

کھونٹ (کھُوْنْٹ) (ہ) مؤنث (۱) زاویہ۔ گوشہ۔ کونا (۲) سمت۔ طرف۔ جانب۔ پہلو (۳) کان کا میل (۴) ملک کا حصہ۔ قطعہ ٭

کھونٹا (کھُوْں۔ ٹَا) (ہ) مذکر (۱) چوب۔ کیل۔ میخ (۲) کھوکھلی لاٹھ (۳) چکی کا ہتھا ٭ کھونٹا سا بیٹھ جانا۔ کھونٹے کی طرح جم جانا۔ مضبوطی سے قائم ہو جانا ٭ کھونٹی (ہ) مؤنث (۱) کیل۔ چھوٹی میخ (۲) سارنگی یا ستار کے کان (۳) بالوں کی جڑ ٭ کھونٹی نہ چھوڑنا (۱) بہت صفائی سے حجامت بنانا (۲) لوٹ کر بالکل صفایا کر دینا ٭ کھونٹے۔ مذکر۔ کھونٹا کی جمع۔ میخیں ٭ کھونٹے پر مارنا۔ جوتی کی نوک پر مارنا۔ خاطر میں نہ لانا ٭ کھونٹے سے بندھنا (۱) میخ سے بندھنا (۲) پابند ہونا (۳) نکاح یا شادی ہونا ٭ کھونٹے کے بل کودنا۔ کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔ کسی کی حمایت پر اترانا ٭

کھونچ (کھُوْنْچ) (ہ) مؤنث۔ کپڑے وغیرہ کی وہ جگہ، جو کیل یا کانٹے سے الجھ کر پھٹ جائے ٭ کھونچ آنا۔ یا۔ لگنا۔ کپڑے کا کسی چیز سے الجھ کر پھٹ جانا ٭ کھونچا۔ مذکر۔ بڑی کھونچ ٭

کھونچا (کھُوْں۔ چَا) (ہ) مذکر۔ ساڑھے چھ کا پہاڑا ٭

کھوندنا (کھَوْنْد۔ نَا) پاؤں سے ملنا یا کچلنا۔ روندنا۔ پامال کرنا ٭

کھونڈا (کھُوْں۔ ڈَا) (ہ) جس کے اگلے دانت ٹوٹے ہوئے ہوں ٭

کھونسڑا (کھَوْنْس۔ ڑَا) (ہ) مذکر۔ پرانی اور ٹوٹی جوتی ٭

کھوں کھوں (کھُوْں۔ کھُوْں) (ہ) مؤنث۔ کھانسی کی آواز ٭ کھوں کھوں کرنا۔ کھانسنا۔ دھانسنا ٭

کھوہ (کھُوْہْ) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے کھو (غار) ٭

کھوئی (کھُوْ۔ اِیْ) (ہ) مؤنث۔ گنے یا ایکھ کا پھوک، جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے ٭

کھویّا (کھَوْ۔ یَا) (ہ) مذکر۔ کھانے والا۔ بہت کھانے والا۔ پیٹو ٭

کھویّا (کھَوْ۔ یَا) (ہ) مذکر۔ کشتی چلانے والا۔ ملاح ٭

کھویا (کھوٗ۔یا) (ہ) مذکر۔ دودھ کا مادا۔ ربڑی ؎

کھے (کھےّ) (ہ) مؤنث (۱) نجاست۔ میلا۔ گندگی۔ گوہ (۲) راکھ۔ دھول۔ خاک ؎ کھے کھانا۔ بیہودہ بکنا۔ جھک مارنا ؎

کھے (کھےّ) (ہ) کھینا کا امر ؎ کھینا۔ چپو سے کشتی چلانا۔ ناؤ چلانا ؎ کھیوا۔ مذکر (۱) کشتی کا کرایہ (۲) ناؤ کشتی (۳) دریا کے پار اترنا (۴) کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ ؎ کھیوا پار کرنا۔ یا۔ لگانا (۱) بیڑا پار لگانا۔ کشتی کو کنارے پہنچانا (۲) عاقبت بخیر کرنا۔ نجات دینا ؎ کھیوٹ۔ مذکر (پورب) ملّاح۔ مانجھی ؎ کھیوٹیا۔ کھیون ہار۔ کھیوّیا۔ مذکر۔ ناؤ چلانے والا۔ کشتی بان۔ مانجھی۔ ملّاح ؎

کھیپ (کھیّپ) (ہ) مؤنث (۱) دفعہ۔ مرتبہ۔ بار۔ شمار (۲) بوجھ۔ بھرتی (۳) دریائی سفر (۴) کھوٹ ؎ کھیپ بھرنا۔ مال بھرنا۔ بوجھ لادنا ؎

کھیت (کھیّت) (ہ) مذکر (۱) وہ زمین، جس میں بویا جوتا جائے (۲) خطّہ۔ دیس۔ مُلک۔ زمین (۳) جنگ وجدال۔ کارزار (۴) چاند کی روشنی۔ چاندنی ؎ کھیت آنا۔ مارا جانا۔ مقتول ہونا۔ شہید ہونا۔ قتل ہو جانا۔ کام آنا ؎ کھیت اٹھانا۔ کھیت لگان پہ دینا ؎ کھیت پتّر۔ مذکر (گنوار) زمین کا کاغذ۔ زمین کا رہن نامہ۔ خطِ زمین ؎ کھیت پڑنا۔ بہت سے لوگوں کا مارا جانا۔ کسی جنگ وجدال کا واقع ہونا ؎ کھیت چٹھا۔ مذکر۔ پیمائش والوں کی کتاب، جس میں زاویے کی پیمائش لکھی جاتی ہے۔ پٹواریوں کا خسرہ ؎ کھیت چھوڑ جانا (چھوڑنا) لڑائی کے میدان سے بھاگ نکلنا۔ پیٹھ دکھانا ؎ کھیت رہنا (۱) قتل ہونا۔ مارا جانا۔ کام آنا (۲) جان دینا۔ فریفتہ ہو جانا ؎ کھیت کاٹنا۔ فصل کاٹنا۔ غلّہ کاٹنا ؎ کھیت کا لکھا پڑھا۔ مذکر (لکھنؤ) دہقان۔ کسان گنوار۔ دیہاتی۔ ہل چلانے والا ؎ کھیت کرنا (۱) بونا جوتنا۔ زراعت کرنا (۲) چاند نکلنا ؎ کھیت کمانا۔ محنت کر کے کھیت کی زمین کو پیداوار کے قابل بنانا ؎ کھیت کھائے گدھا مارا جائے جلاہا۔ مثل۔ گناہ کوئی کرے، آفت کسی کے سر آئے ؎ کھیت ہاتھ ہونا۔ فتح یابی ہونا۔ میدان ہاتھ ہونا ؎ کھیتی۔ مؤنث (۱) بویا ہوا کھیت۔ کِشت۔ زراعت (۲) غلّہ۔ اناج۔ فصل (۳) کاشت کاری ؎ کھیتی باڑی۔ مؤنث۔ کاشت کاری۔ کسانی ؎ کھیتی باڑی کرنا۔ بونے جوتنے کا کام کرنا۔ زراعت کرنا ؎ کھیتی پھلنا۔ کامیابی ہونا ؎ کھیتی خصم سیتی (ا) مثل۔ کام مالک کی اپنی ہمت اور ہاتھ لگانے سے ہوتا ہے۔ غیروں پر چھوڑ دینے سے کوئی کام حسبِ دل خواہ نہیں ہو سکتا ؎ کھیتی رکھے باڑ کو، باڑ رکھے کھیتی کو۔ مثل۔ بادشاہ رعیّت کے سبب اور رعیّت بادشاہ کے سبب قائم ہے ؎

کھید (کھیدْ) (س) مؤنث (ہندو) (۱) دُکھ۔ تکلیف (۲) فکر۔ سوچ (۳) سوگ۔ ماتم۔ غم (۴) روگ۔ بیماری (۵) کھیدنا کا امر ؎ کھیدنا (۱) باہر کرنا۔ نکالنا (۲) تکلیف دینا۔ ستانا ؎

کھیدا (کھیّ۔دَا) (ہ) مذکر۔ ہاتھیوں وغیرہ کے پکڑنے کا گڑھا، جسے گھاس پھوس اور پتلی پتلی لکڑیوں سے پاٹ کر مٹی سے چھپا دیتے ہیں ؎

کھیر (کھیرْ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا لذیذ کھانا، جو چاول اور دودھ سے پکایا جاتا ہے ؎ کھیر کا دلیا ہو جانا (۱) اقبال جاتا رہنا۔ قسمت پلٹ جانا (۲) سنورا ہوا کام بگڑ جانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا ؎

کھیرا (کھیّ۔رَا) (ہ) مذکر (۱) خاکی رنگ۔ بھوسلا رنگ (۲) ایک قسم کا کبوتر ؎

کھیرا (کھِیْ۔رَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی لکڑی ؎ کھیرے ککڑی کرنا (عو) کھیرے ککڑی سے بھی کم سمجھ کر کسی کا مرنا چاہنا۔ بے دردی سے کوسنا ؎

کھیری (کھِیْ۔رِیْ) (ہ) مؤنث۔ باکھ کا گوشت۔ جانوروں کے تھنوں سے اوپر کا وہ گوشت، جس میں دودھ رہتا اور بنتا ہے ؎

کھیڑا (کھیّ۔ڑَا) (ہ) مذکر (۱) چھوٹا سا گاؤں۔ بستی (۲) کئی قسم کا ملا جلا اناج ؎

کھیڑی (کھیّ۔ڑِیْ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا سخت اور عمدہ لوہا۔ فولاد۔ اسپات ؎

کھیس (کھِیْسْ) (ہ) مؤنث۔ وہ گاڑھا دودھ، جو بچّہ پیدا ہونے پر پہلے تین دن تک نکلتا ہے (پ) بَوہلی ؎

کھیس (کھیّسْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سوتی کپڑا، جو اوڑھنے اور بچھانے کے کام آتا ہے ؎

کھیسا (کھِیْ۔سَا) (ہ) مذکر (۱) کیسہ۔ جیب۔ پاکٹ۔ تھیلی (۲) وہ تھیلی، جسے ہاتھ میں پہن کر جسم کا میل صاف کرتے ہیں۔ کپڑے کا جھانواں ؎

کھی کھی (کھِیْ۔کھِیْ) (ہ) مؤنث۔ ہنسنے کی ناگوار آواز ؎

کھے کھے (کھَے۔کھَے) (ہ) مؤنث (عو) جھگڑا۔ ہے ہے ؎

کھیل (کھِیْلْ) (ہ) مؤنث (۱) بھنے ہوئے چاول یا اناج، جو پھول گیا ہو (۲) قلیل مقدار۔ ذرا سا ؎ کھیل اڑ کر مُنہ میں نہ جانا۔ یا۔ نہ پڑنا۔ کوئی چیز نہ کھانا۔ بالکل نہ کھانا ؎ کھیل بتاشوں کا میل ہے۔ مثل (۱) از حد موزوں ہیں (۲) خوب جوڑی ملی ہے ؎ کھیل کھیل ہو جانا۔ ریزہ ریزہ یا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ خستہ ہو جانا ؎

کھیل (کھیّلْ) (ہ) مذکر (۱) بازی (۲) کرتب۔ تماشا (۳) سیر۔ تماشا۔ شغل۔ مشغلہ (۴) آسان۔ سہل (۵) کھیلنا کا امر ؎ کھیل بگڑ جانا۔ بنے ہوئے کام میں خرابی آ جانا۔ کام میں رخنہ پڑ جانا ؎ کھیل بنانا۔ کام بنانا۔ بات بنانا۔ یا راستہ لگانا ؎ کھیل جاننا (سمجھنا) (۱) نہایت آسان جاننا۔ سہل جاننا (۲) تماشا جاننا۔ سیر سمجھنا ؎ کھیل کرنا (۱) مذاق میں ڈالنا۔ کسی کام کو کام کی طرح نہ کرنا (۲) تماشا کرنا۔ کھیلنا ؎ کھیل کود۔ مذکر۔ اچھل کود۔ لہو و لعب ؎ کھیل کھانا۔ آوارگی اور بدچلنی میں زندگی بسر کرنا ؎ کھیل کھلانا (۱) بازی کرانا (۲) (ہندو) دِق کرنا۔ ستانا ؎ کھیل ہے (۱) معمولی کام ہے۔ ادنیٰ بات ہے (۲) شغل ہے۔ تماشا ہے (۳) آسان ہے، سہل ہے ؎ کھیلا کھایا۔ کارکردہ۔ تجربہ کار ؎ کھیلنا (۱) کھیل کرنا۔ بازی کرنا۔ دل بہلانا (۲) اچھلنا۔ کودنا (۳) لہو و لعب کرنا (۴) کوئی فعل کرنا۔ کام کرنا (۵) دل بہلانا (۶) بیتنا۔ گزرنا (۷) قمار بازی کرنا۔ جوا کھیلنا ؎

کہیں (کَہِیْں) (ہ) (۱) کسی جگہ۔ اَور جگہ۔ دوسری جگہ۔ جائے (۲) کسی جانب۔

کسی طرف (۳) ایسا نہ ہو۔ شاید ؛ کہیں اوس سے (اوسوں) پیاس بجھتی ہے؟ مثل۔ تھوڑی چیز کسی طرح کافی نہیں ہو سکتی ؛ کہیں پاؤں رکھتے ہیں اور کہیں پڑتا ہے۔ اس قدر بے خود ہیں کہ سیدھا راستہ بھی نہیں چلا جاتا۔ بے حد مدہوش و سرمست ہونے کے موقع پر نشہ باز کے متعلق کہتے ہیں ؛ کہیں تل دھرنے کو جگہ نہیں۔ اتنی جگہ نہیں کہ ایک تل بھی رکھ سکیں۔ بالکل جگہ نہیں ؛ کہیں دائی سے پیٹ چھپتا ہے؟ مثل۔ خاص لوگوں سے راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا ؛ کہیں ڈوبتے بھی ترے ہیں؟ بگڑوں کا سنورنا دشوار ہے ؛ کہیں سے۔ کسی مقام سے۔ کسی جگہ سے ؛ کہیں کا نہ رہنا۔ محض نکما یا برباد ہو جانا۔ کسی کام کا نہ رہنا ؛ کہیں کا ہو رہنا۔ یا۔ ہو جانا۔ کسی جگہ رہ پڑنا۔ جا کر واپس نہ آنا ؛ کہیں کہیں۔ کسی کسی جگہ۔ بہت کم ؛ کہیں کی اینٹ، کہیں کا روڑا، بھان متی نے کنبہ جوڑا۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں بے میل رشتہ جتایا جائے ؛ کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوتا ہے؟ (ا) مثل۔ اپنے سے چھوٹنا مشکل ہے۔ رشتہ کسی طرح نہیں چھوٹتا ؛ کہیں نہ کہیں (ہ) کسی نہ کسی جگہ، ضرور ؛ کہیں نہیں۔ کسی جگہ، موقع یا مقام پر نہیں۔ بالکل پتا نہیں ؛ کہیں ہاتھوں کی بھی لکیریں مٹی ہیں؟ کہیں تقدیر بھی خطا کرتی ہے؟

کھینچ (کھِینْچ) (ہ) مؤنث (۱) کھچاؤ، کشش (۲) قلت۔ کمی۔ کال۔ قحط (۳) کھینچنا کا امر ؛ کھینچ لانا۔ گھسیٹ لانا۔ پکڑ لانا ؛ کھینچنا (۱) تاننا، اینچنا، گھسیٹنا (۲) چوسنا، جذب کرنا (۳) اکڑنا، غرور کرنا (۴) جلد جلد لکھنا (۵) عکس اتارنا، تصویر بنانا (۶) میان سے تلوار باہر کرنا (۷) نکالنا، باہر لانا (۸) کشید کرنا، عرق وغیرہ نکالنا، مقطر کرنا (۹) کمانا، بٹورنا، رولنا (۱۰) چڑھانا، لٹکانا ؛

کھیوٹ (کھیوَٹ۔ وَٹ) (ہ) مؤنث (۱) وہ سرکاری رجسٹر، جس میں گاؤں کی کیفیت درج ہوتی ہے۔ کاغذاتِ بندوبست (۲) خراج کی قسط ؛ **کھیوٹ کھتونی**۔ مؤنث (۱) گاؤں کے بندوبست کا حساب کتاب (۲) مالکانِ اراضی اور ان کی زمینوں کا حساب کتاب ؛

کھیئی (کھیئی۔ اِئی) (ہ) مؤنث۔ سوکھی ہوئی جھاڑی یا جھڑبیری کے وہ درخت، جو باڑ لگانے اور جلانے کے کام آتے ہیں ؛

ک ـ ء

کئی (کَئی) (ہ) چند۔ کتنے ہی ؛ کئی ایک۔ چند ایک۔ چند ؛ کئی بار (ا) (۱) چند مرتبہ۔ کتنی دفعہ (۲) بارہا۔ اکثر ؛

ک ـ ی ـ ے

کی (کِی) (ہ) (حرفِ اضافت) مؤنث سے پہلے "کا" کی جگہ ؛ کی خاطر (ا) کے لیے ؛

کے (کے) (ہ) (حرفِ جار) (۱) "کا" کی جمع۔ الفاظ جمع سے پہلے "کا" کی جگہ مستعمل۔ ہوتا ہے (۲) دو فعلوں کے درمیان اظہارِ عطف کے لیے، جیسے پڑھ کے آیا ؛

کے (کَے) (ہ) کتنے ؛ کے بار (ا) کتنی مرتبہ۔ چند بار ؛

کے (کَے) (ف) (۱) کب (۲) مذکر۔ خاندانِ کیانیاں کا بادشاہ (۳) بڑا بادشاہ ؛

کیا (کیَا) (ہ) استفہام کا کلمہ۔ چہ ؛ کیا آسمان کے تارے ہیں؟ (ا) ایسی نایاب چیز تو نہیں کہ نہ مل سکے ؛ کیا آگ لگاؤں (ہ) (عو) کیا کروں۔ بے حد اکراہ اور بیزاری کے محل پر آتا ہے ؛ کیا آگ لینے آئے تھے؟ فوراً آکر چلے جانے والے کے متعلق طنزاً کہتے ہیں ؛ کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو (ا) کیا صریح دھوکا دیتے ہو ؛ کیا آئے کیا چلے (ہ) وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی آتے ہی جانے کا ارادہ کرے کہ یہ آنا نہ آنا تو برابر ہے ؛ کیا ادھار کی ماں مری ہے؟ اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی قرض دینے میں حیلہ بہانہ کرے۔ یعنی تم نہ دو گے تو کسی اَور سے لے لیں گے۔ دنیا سے کوئی لین دین کا دستور اُٹھ تو نہیں گیا ؛ کیا اکھاڑ سکتا ہے؟ کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا ؛ کیا اُنھیں کے سر ٹیکا (سہرا) ہے؟ (ا) یہ کام کچھ اُنھیں پر موقوف نہیں، اَور لوگ بھی کر سکتے ہیں ؛ کیا ایسے لعل لگے ہیں۔ کون سی خوبی ہے ؛ کیا بات ہے (ہ) کیا کہنا ہے! کیا خوب! سبحان اللہ! کیا بلا ہے (ا) کچھ نہیں۔ کوئی چیز نہیں۔ ہیچ ہے ؛ کیا بھروسا ہے (ہ) کیا اعتبار ہے۔ کچھ ٹھکانا نہیں ؛ کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے؟ اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی تکبر سے آنے جانے میں ہچر مچر کرے۔ کیا سبب ہے، جو یہاں آنے سے مانع ہے؟ کیا پدی کیا پدی کا شوربا (ا) نہایت بے قدر اور حقیر چیز کے متعلق کہتے ہیں ؛ کیا پروا ہے۔ کیا ڈر ہے۔ کچھ مضایقہ نہیں ؛ کیا پوچھنا ہے (ہ) کیا بات ہے۔ کیا کہنا ہے ؛ کیا تھا کیا ہوا۔ یا۔ ہو گیا۔ پہلا کام یا زمانہ دگرگوں اور الٹ پلٹ ہو گیا ؛ کیا ٹوٹکا کرنے آئی تھیں؟ (عو) اس موقع پر طنزاً کہتی ہیں، جب کوئی عورت جلد آکر چلی جائے یا تھوڑی دیر کے لیے آئے کہ کوئی تعویذ گنڈا کرنے آئی تھیں، جو آتے ہی چل دیں ؛ کیا جاتی دنیا دیکھی ہے (ا) وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی بے رحم و بے مروّت سے رحم یا مروّت کا کوئی کام ہو جائے یا کسی بخیل سے سخاوت ظہور میں آئے۔ کیا سبب ہوا کہ تم نے دنیا کو فانی سمجھ کر خلافِ عادت بات کر دی؟ کیا جان ہے۔ کیا حوصلہ ہے۔ کیا طاقت ہے۔ کیا مجال ہے ؛ کیا جانے۔ یا۔ جانیے (ہ) خدا جانے۔ ہمیں خبر نہیں۔ لاعلمی ظاہر کرنے پر کہتے ہیں ؛ کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی؟ اُس موقع پر طنزاً بولتے ہیں، جب کوئی شخص کسی کام کے کرنے میں اکراہ یا سستی کرے ؛ کیا چیز ہے (ا) کم قدر اور حقیر چیز کے متعلق کہتے ہیں۔ کیا حقیقت ہے ؛ کیا خاک رہا۔ کچھ نہیں رہا۔ کچھ نہیں بچا ؛ کیا خبر۔ کچھ خبر نہیں۔ کیا معلوم۔ خدا جانے ؛ کیا خوب (طنز و تعریف کا کلمہ) (۱) واہ۔ کیا کہنا ہے۔ سبحان اللہ (۲) عقل سے بات کرو، ہوش کی لو ؛

کیا خوب آدمی تھا ۔ کسی نیک آدمی کی وفات کے بعد اس کا ذکر
کرتے وقت یہ کلمہ افسوس سے زبان پر لایا جاتا ہے ؂ کیا درجہ
یا دما ڑا کر رکھا ہے (ع) کیا حال کر رکھا ہے ۔ کیا دُرگت بنا رکھی
ہے ؂ کیا درزی کا کوچ کیا مقام ۔ اکیلے شخص کو سفر و حضر میں
کوئی تکلیف نہیں ۔ مفلس کو سفر کا تردد نہیں کرنا پڑتا ؂ کیا دھوپ
میں بال سفید کیے ہیں ؟ بوڑھے ہونے پر بھی تجربہ نہ ہوا ؂ کیا
ڈر ہے (ہ) کیا اندیشہ ہے ۔ کچھ مضایقہ نہیں ۔ کوئی نقصان نہیں ؂ کیا رہا
(۱) کچھ باقی نہیں رہا (۲) کوئی اُمید نہیں رہی ؂ کیا زمانہ ہے (ا)
کیسا بُرا وقت ہے ۔ کیا انقلاب ہے ؂ کیا شان میں بھنگے پڑ جائیں گے
اُس محل پر طنزاً بولتے ہیں، جب کوئی شخص کسی کام میں پس و پیش کرے ۔
کون سا عزت میں بٹا لگ جائے گا ؂ کیا ضرور ہے ۔ کچھ ضرورت
نہیں ؂ کیا غم ہے (۱) کیا فکر ہے ۔ کیا اندیشہ ہے (۲) کیا مضایقہ ہے ۔
کچھ ڈر نہیں ؂ کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے ؟ ہم نے کون سا
گناہ یا جرم کیا ہے، جس کے باعث ڈریں ؟ کیا قاضی گلہ کرے گا ۔
کوئی شکوہ و شکایت نہ کرے گا ۔ کچھ نقصان نہ ہوگا ؂ کیا قیامت
ہے (۱) کیا ستم ہے ۔ کیسا بُرا ہے (۲) کس قدر حسین ہے ۔ بے حد خوب
صورت ہے ؂ کیا کروں (ہ) تعجب ۔ حیرانی اور مجبوری کے مقام پر
کہتے ہیں ۔ یعنی حیران ہوں ۔ مجبور ہوں ۔ کوئی تدبیر بتاؤ ؂ کیا کرے گا ۔
یا ۔ کرلے گا ۔ کیا کر سکتا ہے ۔ کچھ نہیں کر سکتا ؂ کیا کوسوں یا کیا
کہہ کر کوسوں (ع) ہم تو ایسے ناراض ہیں کہ کوئی بددعا بھی ایسی نہیں پاتے
جو اس ملال کو رفع کر دے ؂ کیا کوئی شاخ نکلی ہے ؟ (و) کیا کوئی انوکھی
بات ہے ؟ کیا کہنا ہے (ہ) (کلمۂ تحسین و طنز) کیا پوچھنا ہے ۔ کیا بات ہے ؂
کیا کیا ؟ (۱) افسوس، تعجب، حیرت اور پریشانی کے مقام پر کہتے
ہیں ۔ یعنی بڑا غضب کیا ۔ بڑی شرم کی بات کی (۲) کون سا بُرا کیا ؟ کوئی
بے جا بات نہیں کی ؂ کیا کیا (استفہام) (۱) کون کون سا (۲) سب کچھ
(۳) کس قدر ۔ کیسے کیسے ؂ کیا کیا کچھ کہا ۔ کیا کچھ نہ کہا ۔ بہت
کچھ بُرا بھلا کہا ۔ کون کون سی بات نہ کہی ؂ کیا کیا نہ کیا ۔ کوئی کام نہ چھوڑا ۔
سب کچھ کیا ؂ کیا کیا نہ ہوا ۔ کون سی بات رہ گئی ۔ کون سی بے عزتی تھی،
جو باقی رہ گئی ؂ کیا گزری ؟ (و) کیونکر بسر ہوئی ؟ کیا ہوا ؟ کیا گل
پھولا ہے ۔ کیا گل کھلا ہے ۔ کون سی عجیب و غریب بات ظہور
میں آئی ہے ۔ کیا خرابی نکلی ہے ۔ کیا بہتان اٹھا ہے ؂ کیا گونگے
کا گڑ کھایا ہے ؟ (ہ) کس لیے گونگے سے بن گئے ہو ؟ کیوں نہیں
بولتے ؟ کیا لو گے ؟ کیا حاصل ہوگا ؟ کیا فائدہ اٹھاؤ گے ؂ کیا مال
ہے (و) کیا حقیقت ہے ۔ بے حد کم قدر اور حقیر ہے ؂ کیا مجال ہے ۔
کیا حوصلہ ہے ۔ کیا کر سکتا ہے ؂ کیا مذکور (۱) کیا تعریف ہو (۲) کچھ موقع
نہیں ۔ محل نہیں ؂ کیا معنی ؟ (۱) کیا سبب، کیا وجہ، کیوں (۲) کیا مراد،
کیا غرض (۳) کیا مجال ۔ کیا حوصلہ ؂ کیا ممکن ۔ نہیں ہو سکتا ۔ ناممکن

ہے ؂ کیا مُنہ پر پھٹکار برستی ہے (ہ) کیسا بے رونق اور اُداس چہرہ
ہے ؂ کیا مُنہ دکھاؤ گے ؟ کیونکر سامنے آؤ گے ؟ کیا جواب دو گے ؟
کیا مُنہ سے پھول جھڑتے ہیں (۱) کیسا خوش گفتار اور شیریں بیان
ہے (۲) کسی کی بدکلامی پر بھی طنزاً کہتے ہیں ؂ کیا مُنہ کا نوالہ ہے
(و) یہ کام کچھ آسان تو نہیں کہ جلد ہو جائے ؂ کیا مُنہ لے کر جاؤں
(ہ) کس مُنہ سے جاؤں ۔ کون سی بھلائی لے کر سامنے ہوں ؂ کیا مُنہ ہے ۔
کیا مقدور ہے ۔ کیا حوصلہ ہے ؂ کیا ناک لے کر بولتے یا بات کرتے
ہو ؟ کس غیرت اور شرم سے مُنہ سامنے کرتے ہو ۔ اپنے گریبان
میں مُنہ ڈال کر شرماؤ ؂ کیا ننگی نہائے گی کیا نچوڑے گی (ہ)
مثل ۔ مفلس کے پاس کیا رکھا ہے، جو دے گا یا دلائے گا ؂ کیا واسطہ
(و) (۱) کیا تعلق (۲) کس لیے ۔ کیوں ؂ کیا ہوا (ہ) (۱) کیا حال گزرا (۲) کون سا
نقص ہو گیا ۔ کیا بگڑ گیا (۳) کیا معاملہ ہے ۔ کیا بات ہے (۴) کچھ تعجب نہیں
(۵) کیا ڈر ہے ۔ کیا اندیشہ ہے ؂ کیا ہوتا (۱) کیا فائدہ ہوتا ۔ کیا حاصل ہوتا ۔
کون سا کام بن جاتا (۲) کیا نقصان ہو جاتا ۔ کیا بگڑ جاتا (۳) کیا مصیبت پڑتی (۴)
کیا اچھا ہوتا ؂ کیا ہوگا (۱) کیا گزرے گا (۲) کیا بگڑے گا ؂ کیا ہو گیا (۱) تعجب،
حیرت اور افسوس کے مقام پر کہتے ہیں (۲) کچھ ڈر نہیں ؂ کیا ہی (۱) از حد ۔
بکثرت ۔ بہت ہی (۲) بہت ہی اچھی ۔ نہایت عمدہ ۔ حسب دل خواہ ؂
کیا ہے (۱) کیا معاملہ ہے ۔ کیا بات ہے (۲) کون ہے (۳) نکما ہے ۔ بیکار ہے ؂
کیا ہیجڑے راہ مارتے ہیں (و) (طنزاً) کیوں آنے سے ڈرتے ہو ؟ کیا
یاد کرو گے ۔ بہت یاد رکھو گے ۔ مدت تک یاد رکھو گے ؂

کیاری (کیا ۔ ری) (ہ) مؤنث ۔ باغ یا کھیت کا ہر چھوٹا حصہ یا تختہ ؂

کیاست (کیا ۔ ست) (ع) مؤنث ۔ دانائی ۔ ہوش و خرد ۔ فہم ؂

کیانی (کیا ۔ نی) (ف) ... کی طرف منسوب (۲) بادشاہوں کے لائق ؂

کیبن (کے ۔ بن) (انگ ۔ Cat) مؤنث ۔ کوٹھڑی ۔ کمرہ ؂

کیبنٹ (کے ۔ بی ۔ نٹ) (انگ ۔ Cabinet) مؤنث ۔ مجلس منتظمہ ۔
کابینہ ۔ وزارت ؂

کیپ (کیپ) (انگ ۔ Cap) مؤنث ۔ ٹوپی ۔ کلاہ ؂

کیت (کیث) (ہ) مذکر ۔ ایک درخت اور اُس کا ترش پھل ؂

کیت (کیث) (ہ) مذکر ۔ دُم دار ستارہ ؂

کیتکی (کیث ۔ کی) (ہ) مؤنث ۔ ایک خوش بودار پودا ؂

کیتلی (کیت ۔ لی) (ا) مؤنث ۔ ایک ٹونٹی دار الظرف، جس میں چائے یا پانی
جوش کیا جاتا ہے ۔ آفتابہ ؂

کیتھا (کے ۔ تھا) (ہ) مذکر (۱) ایک درخت (۲) اُس کا ترش پھل ؂

کیتھانا (کے ۔ تھا ۔ نا) (ہ) مذکر ۔ کائستھوں کا محلہ ؂

کیتھولک (کے ۔ تھو ۔ لک) (انگ ۔ Catholic) مذکر ۔ عیسائیوں
کا ایک فرقہ، جو آزادی کا دعویدار ہے ؂

کیتھی (کے ۔ تھی) (ہ) مؤنث ۔ ہندی، جو کائستھ لکھتے ہیں ؂

کیٹ (کِیٹ) (ہ) مذکر (۱) چراغ کی گاد (۲) حقے کا میل (۳) کیڑا مکوڑا ۔
کیجے کیجیے (کِی ۔ جے ، کِی ۔ جیے) (ہ) کرو ۔ کریں ۔
کیچ کیچڑ (کیچ ، کی ۔ چڑ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) گارا ۔ غلیظ مٹی ۔ دلدل (۲) چیپڑ ۔ چرکِ چشم ۔
کیچل ۔ کیچلی (کے ۔ چل ، کیچ ۔ لی) (ہ) دیکھیے "کینچل ۔ کینچلی" ۔
کیچوا (کیچ ۔ وا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا لمبا اور سرخ رنگ کا کیڑا ، جو اکثر برسات کے موسم میں نم ناک زمین کے اندر پیدا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا پیٹ کا کیڑا ۔ کرم شکم ۔
کید (کَید) (ع) مذکر ۔ دھوکا ۔ فریب ۔ دغا ۔ مکر ۔
کیر (کِیر) (ف) مذکر ۔ ذکر ۔ آلۂ تناسل ۔ آلت ۔
کیرا (کے ۔ را) (ہ) نیلی آنکھوں والا ۔ کرنجا ۔ ازرق چشم ۔ **کیری** ۔ کیرا کی تانیث ۔
کیری آنکھ ۔ مؤنث ۔ کرنجی آنکھ ۔ چشم ازرق ۔
کیری (کے ۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) کچا آم (۲) ایک قسم کا زیور ، جس میں عطر رکھ کر گلے میں لٹکاتے ہیں ۔
کیڑا (کی ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) مکوڑا ۔ کرم ۔ رینگنے والا جانور ۔ گھن ۔ حشرات الارض (۲) ناگ ۔ سانپ ۔ **کیڑا دبانا** کسی کی نفسانی خواہش مٹانا ۔ چل مٹانا ۔
کیڑا لگنا ۔ کرم خوردہ ہونا ۔ دیمک لگنا ۔ **کیڑی** ۔ مؤنث (۱) چیونٹی ۔ مور (۲) (عو) جونک ۔ **کیڑے** ۔ مذکر ۔ کیڑا کی جمع ۔ **کیڑے پڑنا** (۱) سڑ جانے سے کسی چیز میں کرم پیدا ہو جانا (۲) (عو) نقص ہونا ۔ عیب ہونا ۔
کیڑے پڑیں (دعائے بد) (عو) گلے سڑے ۔ **کیڑیاں** ۔ مؤنث ۔ کیڑی کی جمع (۱) چیونٹیاں (۲) جونکیں ۔
کیس (کیس) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) بال ۔ لمبے بال ۔ موئے سر (۲) پرندے کی چوٹی ۔
کیس (کیس) (انگ ۔ Case) مذکر (۱) ڈبیا ۔ ڈھکنا ۔ خانہ ۔ بکس (۲) قضیہ ۔ معاملہ ۔ مقدمہ (۳) سانچا ۔ فریم ۔
کیسا (کے ۔ سا) (ہ) (۱) کس قسم کا (۲) کس چیز کا (۳) کس کام کا (۴) کس لیے ۔ کیوں ۔ **کیسا ہی** (۱) کتنا ہی ۔ کسی قدر ۔ تا بہ مقدور (۲) کسی ہی قسم کا ۔
کیسی ۔ کیسا کی تانیث ۔ **کیسے** ۔ مذکر (۱) کیسا کی جمع ۔ کس قسم کے ۔ کس وضع کے (۲) کس لیے ۔ کیوں (۳) کس طرح ؟ کس حالت میں (۴) کس قدر ؟ کتنے ؟
کیش (کیش) (ف) مذکر (۱) دین ۔ مذہب ۔ اعتقاد (۲) خصلت ۔ عادت (۳) وصف ۔ صفت ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ ۔ طور ۔
کیش (کیش) (انگ ۔ Cash) مذکر ۔ نقد روپیہ پیسا ۔ نقدی ۔ **کیش بک** (Cash book) مؤنث ۔ نقد کے حساب کی کتاب ۔ بہی ۔ روکڑ ۔
کیش بکس (Cash box) مذکر ۔ نقدی رکھنے کا صندوق ۔
کیف (کَیف) (ع) مذکر ۔ سرور ۔ نشہ ۔ **کیفی** ۔ مدہوش ۔ متوالا ۔
کیف (کَیف) (ع) کیونکر ۔ کیسا ۔ **کیف وکم** ۔ مذکر ۔ کیسا اور کتنا ۔

کیفیت ۔ مؤنث (۱) حالت ۔ احوال ۔ حقیقت (۲) رنگ ڈھنگ ۔ عالم (۳) (و) تشریح ۔ تفسیر ۔ شرح (۴) رونق ۔ جوبن (۵) لطف ۔ مزہ ۔
کیفیتِ بندوبست (ع ۔ ف) مؤنث ۔ بندوبست کی رپورٹ ۔ تحقیقات مکمل ہونے کی رپورٹ ۔ **کیفیت جب ہے** (۱) لطف جب ہے ۔ **کیفیت طلب کرنا** (قانون) پوچھنا ۔ استفسار کرنا ۔ بازپرس کرنا ۔
کیفیت لکھنا ۔ تحریری رپورٹ لکھنا ۔
کیفر (کے ۔ فر) (ف) مذکر ۔ برے کام کا بدلا ۔ پاداش ۔ سزا ۔ **کیفر کردار** ۔ مذکر ۔ کیے کی سزا ۔ کارِ بد کی سزا ۔ **کیفر کردار کو پہنچنا** ۔ اپنی سزا کو پہنچنا ۔ کیے کی سزا پانا ۔
کیک (کیک) (ہ) کیکنا کا امر ۔ **کیکنا** ۔ چلانا ۔ چیخنا ۔ بندر کا کلکاری مارنا ۔
کیک (کیک) (انگ ۔ Cake) مذکر ۔ ایک قسم کی انگریزی مٹھائی یا روٹی ، جو میدے میں انڈے ، میوے وغیرہ ڈال کر سانچے کے ذریعے سے تنور میں پکائی جاتی ہے ۔
کیکر (کی ۔ کر) (ہ) مذکر ۔ ببول کا درخت ۔ **کیکری** ۔ مؤنث (۱) چھوٹا کیکر ۔
کیکری (کی ۔ کری) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی سلائی ، جو کپڑے کو کتر کر لنگر سے اسی کے اندر بناتے چلے جاتے ہیں ۔
کیکڑا (کیک ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ سرطان ۔ خرچنگ ۔ کرک ۔ گینگلا ۔ پنج پا ۔ پنج پایہ ۔ ایک آبی کیڑا ، جو بچھو سے مشابہ ہوتا ہے ۔
کیل (کیل) (ہ) مؤنث (۱) میخ ۔ لوہے کی کھونٹی (۲) مہاسوں کے اندر کی جمی ہوئی پیپ (۳) ناک میں پہننے کا زیور ، جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے ۔ **کیل کا کھٹکا نہیں** ۔ کسی چیز کا خوف اور اندیشہ نہیں ۔ **کیل کانٹا** ۔ مذکر (۱) اوزار ۔ ہتھیار (۲) ایک قسم کا زیور ۔ **کیل نکالنا** (۱) پھنسی یا مہاسے کو دبا کر اس کے اندر سے پیپ کا خشک مادہ نکالنا (۲) (عوام) خوب ٹھیک بنانا ۔ مارتے مارتے گوہ نکالنا ۔ مار کر بھرکس کر دینا ۔ **کیلا** ۔ مذکر (۱) بڑی میخ ۔ کھونٹا (۲) گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے دانت ، جن کے ذریعے سے وہ گوشت کاٹتے یا شکار پکڑتے ہیں ۔ **کیلی** ۔ مؤنث (۱) لکڑی کی کھونٹی (۲) لوہے کی لاٹھ (۳) کشتی کا ایک داؤں (۴) پیچ ۔ **کیلی بارا چلانا** ۔ کنواں چلانا ۔ کنوئیں کا پانی بیلوں کے ذریعے سے نکالنا ۔ **کیلی والا** ۔ کیلیا ۔ مذکر (۱) کنوئیں کے بیل جوتنے والا شخص (۲) پانی کا چرس ڈالنے اور نکالنے والا ۔
کیل (کیل) (ہ) کیلنا کا امر ۔ **کیل ڈالنا** ۔ سانپ کو منتر کے زور سے کاٹنے کے قابل نہ رکھنا ۔ قابو میں لانا ۔ **کیلا** ۔ کیلنا سے ماضی مطلق ۔ **کیلنا** (۱) سانپ کو منتر کے زور سے قابو میں لانا (۲) منتر یا جادو کے بل پر کسی شخص کو اپنے خلاف بولنے سے باز رکھنا ۔ منہ بند کرنا ۔
کیلا (کے ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ ایک درخت اور اس کا پھل ۔ کدلی ۔ موز ۔ طلح ۔ اس کی پھلی میٹھی اور لمبی ہوتی ہے (۲) (بازاری) (تشبیہاً) عضوِ تناسل ۔
کیلنڈر (کے ۔ لن ۔ ڈر) (انگ) (Calender) مذکر ۔ تقویم ۔ جنتری ۔

کیلوس (کَے۔ لُوس) (یونانی) مذکر۔ معدے میں غذا کا پہلا ہضم ‌‌۞
کیمپ (کَیمْپ) (انگ۔ Camp) مذکر۔ لشکرگاہ۔ پڑاؤ۔ چھاؤنی ۞ **کیمپ کلرک** (Camp clerk) مذکر۔ وہ محرر یا منشی، جو لشکرگاہ میں آمدنی و خرچ وغیرہ کا حساب رکھتا ہے ۞
کیمخت (کِیْ۔ مُخْت) (ف) مذکر و مؤنث۔ گدھے کا چمڑا۔ دانہ دار چمڑا۔ گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کی کھال ۞
کیمرہ (کَے۔ مِرَہ) (انگ۔ Camera) مذکر۔ عکسی تصویر کھینچنے کا آلہ ۞
کیموس (کَے۔ مُوس) (یونانی) مذکر۔ معدے میں غذا کا دوسرا ہضم ۞
کیمیا (کِیْ۔ مِیا) (ع) مؤنث (۱) رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا (۲) (مجازاً) اکسیر۔ رسائن (۳) چیزوں کی خاصیت اور ماہیت کا علم۔ کیمسٹری (۴) (ا) تیر بہ ہدف۔ بے حد فائدہ مند۔ مفید مطلب ۞ **کیمیا بنانا** (ل) (۱) چاندی سونا بنانا (۲) رسائن بنانا (۳) آسانی سے روزی حاصل کرنا ۞ **کیمیاگر** (ع۔ ف) مذکر (۱) کیمیا بنانے والا۔ زرساز۔ مہوّس (۲) مکار۔ چالاک ۞ **کیمیاگری**۔ مؤنث۔ چاندی سونا بنانے کا فن۔ زرسازی ۞
کین (کِیْن) (ف) مؤنث۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔ بیر۔ بغض۔ حسد۔ نفاق ۞
کینہ۔ مذکر۔ بغض۔ حسد۔ عداوت۔ دشمنی ۞ **کینہ توز**۔ دل میں بغض رکھنے والا۔ کپٹی۔ حاسد ۞ **کینہ رکھنا** (ل) دشمنی رکھنا۔ عداوت رکھنا ۞
کینہ کش (ف) دشمنی رکھنے والا ۞ **کینہ ور**۔ کینہ رکھنے والا۔ حاسد۔ دشمن ۞
کینچل۔ کینچلی (کِیْن۔ چَل، کِیْنْچ۔ لِی) (ہ) مؤنث (۱) سانپ کی سفید جھلی جو اس کے جسم سے اترتی ہے (۲) لباس۔ پوشاک ۞ **کینچلی بدلنا** (ل) (۱) سانپ کا پرانا پوست اتار کر نیا پوست لانا (۲) (عوام) (ظرافتاً) پوشاک بدلنا۔ کپڑے بدلنا۔ روپ نکالنا۔ نکھرنا ۞ **کینچلی بھرنا** (ہ) سانپ کے کینچلی جھاڑنے کا وقت آنا ۞ **کینچلی میں آنا**۔ سانپ کا کینچلی جھاڑنے کو ہونا ۞
کینچوا (کِیْنْچ۔ وَا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "کیچوا" ۞
کینڈا (کَیْن۔ ڈَا) (ہ) مذکر (۱) انداز، نمونہ، خاکہ (۲) قالب، سانچا، ڈھانچ (۳) پیمانہ، نقشہ (۴) وہ اوزار، جس سے کسی چیز کا نقشہ درست کیا جائے ۞ **کینڈا کرنا**۔ سرسری پیمائش کرنا۔ ماپنا ۞
کینڈل (کَیْن۔ ڈَل) (انگ۔ Candle) مؤنث۔ موم بتی۔ شمع۔ قندیل ۞
کینسل (کَیْن۔ سَل) (انگ۔ Cancel) منسوخ کرنا۔ قلم زد کرنا۔ خارج کرنا ۞
کینوس (کَیْن۔ وَس) (انگ۔ Canvas) مؤنث۔ ولایتی ٹاٹ، جس کے سفید بوٹ بنتے اور کھیلوں میں استعمال کیے جاتے ہیں ۞
کیواں (کَے۔ وَاں) (ف) مذکر (۱) زحل ستارہ، جو بہت بلند ساتویں آسمان پر واقع ہے۔ سنیچر (۲) ساتواں آسمان ۞
کیوٹی (کیو۔ ٹِی) (ہ) مؤنث (ہندو) وہ دال، جو ہر قسم کی ملا کر پکائی جائے ۞
کیوڑا (کیو۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) ایک درخت اور اس کا نہایت خوش بودار پھول (۲) کیوڑے کا عرق ۞

کیوکی (کیو۔ کِی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "کیوٹی" ۞ **کیوکی دال**۔ مؤنث۔ ست رنگی دال۔ کیوٹی ۞
کیول (کے۔ وَل) (س) (ہندو) (۱) واحد۔ ایک۔ اکیلا (۲) صرف۔ نرا (۳) بالکل۔ تمام (۴) مذکر۔ علم وحدانیت ۞
کیوں (کیُوں) (ہ) (کلمۂ استفہام) کس وجہ سے۔ کس سبب سے۔ کس لیے ۞
کیوں اندھا نیوتا، کیوں دو بلائے (و) نہ اندھے شخص کو بلاؤ گے، نہ ایک کے ساتھ دو آئیں گے کیونکہ وہ دوسرے کی مدد کے بغیر نہیں آ سکتا۔ یعنی اپنی بے وقوفی سے دگنا نقصان اٹھانا اور حماقت ہے ۞ **کیوں بہشت میں لاتیں مارتے ہو؟** کیوں گناہ کرتے ہو؟ کیوں برے کاموں سے باز نہیں آتے؟ ۞ **کیوں بے، کیوں رے** (ہ) (حقارتاً) کیوں جی۔ **کیوں جان نکلتی ہے؟ یا۔ کیوں دم نکلتا ہے؟** کس لیے مرا جاتا ہے؟ کس سبب سے گھبرایا جاتا ہے؟ تجھے کیا پڑی ہے؟ **کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو؟** کس لیے اتنا اتراتے ہو؟ کیوں طنز آمیز باتیں کرتے ہو؟ **کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو؟** کس لیے شرمندہ کرتے ہو؟ **کیوں کر۔ کیونکر** (۱) کس طرح۔ کس لیے۔ کیسے (۲) کس ڈھنگ سے۔ کس انداز سے ۞ **کیوں کہ۔ کیونکہ**۔ اس لیے کہ، اس طرح کہ ۞ **کیوں نہ ہو** (کلمۂ تحسین و آفرین) کیا کہنا ہے۔ واہ وا۔ سبحان اللہ ۞ **کیوں نہیں** (۱) کیا وجہ۔ کیا سبب (۲) یقیناً ایسا ہی ہے۔ ضرور ۞ **کیوں ہم نہ کہتے تھے**۔ آخر وہی ہوا، جو ہم کہتے تھے ۞
کیہل (کے۔ ہَل) (ہ) مؤنث۔ سخت گرمی، جب ہوا بند ہو۔ حبس ۞

گ

گ (گاف) (ف) مذکر (۱) اردو کا اٹھائیسواں اور فارسی کا چھبیسواں حرف (۲) قاعدۂ ابجد کے مطابق "ک" کی طرح اس کے بھی بیس عدد ہیں ۞

گ۔ ا

گا (گا) (ہ) فعل مستقبل کی علامت، جو آخر میں آتی ہے، مثلاً پڑھے گا، لکھے گا ۞
گا (گا) (ہ) گانا کا امر ۞ **گاتا**۔ گانا سے ماضی تمنائی ۞ **گاتے گاتے کلانوت ہو ہی جاتا ہے**۔ آدمی کام کرتے کرتے تجربہ کار اور ماہر ہو ہی جاتا ہے ۞
گاجا باجا۔ مذکر۔ ڈھول، نقارے، تاشے، دمامے وغیرہ۔ باجوں کی آواز ۞
گانا (ل) (۱) راگ کہنا۔ الاپنا (۲) مشہور کرنا (۳) تعریف کرنا۔ سراہنا (۴) مذکر۔ نغمہ۔ راگ ۞ **گانا بجانا** (ل) مذکر۔ نغمہ و سرود۔ راگ رنگ ۞ **گانے** (ہ) گانا کی جمع (۲) گانا کی صورت حروف جار سے پہلے ۞ **گانے والے کا منہ نہیں رہتا اور ناچنے والے کا پیر**۔ مثل۔ عادت یا ہنر چھپا نہیں رہتا۔ جیسا آدمی ہوتا ہے، اس سے ویسا ہی ظاہر ہو جاتا ہے ۞ **گاتک** (س) مذکر۔ گانے والا۔ گویا۔ مغنی۔ قوال۔ میراثی۔ ڈوم ۞ **گائن**۔ مؤنث۔ گانے والی عورت۔

ڈومنی ۔

گاب (گاب) (ہ) مذکر۔ گودا ۔

گابا (گا۔با) (ہ) دیکھیے "گابھا" ۔

گابھ (گابھ) (ہ) مذکر۔ حیوانات کا حمل ۔ گابھ ڈالنا (۱) حیوانات کا کچا بچہ گرانا (۲) رعب یا خوف کے مارے وقت سے پہلے بچہ جننا ۔ گابھن ۔ مؤنث ۔ پیٹ والی ۔ حاملہ ۔ گابھنی گابھ ڈالتی ہے (مثل) رعب اور خوف کے مارے پیٹ والیوں کے حمل گر پڑتے ہیں ۔ از حد رعب اور دبدبہ ہے ۔

گابھی (گا۔بھی) (ہ) مؤنث۔ جہاز او رکشتی کا ایک پردہ ۔

گات (گات) (ہ) مؤنث (۱) بدن ۔ جسم ۔ سراپا (۲) چھاتی ۔ سینہ ۔ پستان ۔ چوچی (۴) اسلوب ۔ وضع (۵) عورت کا اوپر کا دھڑ (۶) (ہندو) (مجاز) حمل ۔ پیٹ ۔ گربھ ۔ گات اُلگنا ۔ عورت کی چھاتیاں ابھرنا ۔ گات سے ہونا ۔ حاملہ ہونا ۔ پیٹ یا حمل سے ہونا ۔

گاتی (گا۔تی) (ہ) مؤنث ۔ دوپٹہ اوڑھنے کا ایک طریقہ ، جس میں عورتیں دوپٹے کو دونوں کندھوں کے اوپر اور نیچے سے گزار کر سامنے گرہ دے دیتی یا پن لگا لیتی ہیں ۔

گاج (گاج) (ہ) مؤنث (۱) برق ۔ بجلی (۲) کانچ کی چوڑیاں (۳) کف ۔ جھاگ (۴) قہر ۔ غضب ۔ گاج پڑنا ۔ بجلی پڑنا ۔ بجلی گرنا ۔ بجلی کے صدمے سے مر جانا ۔

گاجر (گا۔جر) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی میٹھی جڑ والی ترکاری ۔ گزر (۲) (مجازاً) کم قیمت اور ادنیٰ چیز ۔ گاجر کھا کر ٹوٹا پھینکا ، ماں سی ماں میرا کے ٹک سہاگ بوہڑا ۔ (مثل) (۱) اس وقت کہتی ہیں ، جب بیوی سے نفرت کرنے والا میاں ذرا بھی اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے (۲) اس مقام پر بھی کہتے ہیں ، جب کوئی بڑا آدمی غریب کی طرف توجہ کرے ۔ گاجر مولی ۔ مؤنث (مجازاً) کم اور ادنیٰ درجے کی چیز ۔

گاجنا (گاج۔نا) (ہ) (۱) گرجنا ۔ چنگھاڑنا ۔ دہاڑنا (۲) خوش و خرم ہونا (۳) ناگوار گزرنا ۔

گاچ (گاچ) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا باریک جالی دار کپڑا ۔

گاد (گاد) (ہ) (۱) تلچھٹ ۔ پانی یا تیل وغیرہ کے نیچے بیٹھی ہوئی گرد ۔ تہ نشین (۲) نیچے کا گدلا اور گاڑھا تیل ۔

گادا (گا۔دا) (ہ) مذکر (۱) کچے گیہوں اور بھنے ہوئے جو (۲) خوشے میں پکنے کے قریب گیہوں اور جو ۔

گادنا (گاد۔نا) (ہ) (ہندو) ٹھونسنا ۔ دبانا ۔

گاڈ (گاڈ) (انگ ۔ God) مذکر ۔ خدا ۔ رب ۔ پرمیشر ۔

گارا (گا۔را) (ہ) مذکر ۔ گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں چنی جاتی ہیں ۔ گارا بنانا / کرنا ۔ مٹی میں پانی ملانا ۔ مٹی گوندھنا ۔

گارد (گا۔رد) (ہ) مذکر (۱) پہرے دار ۔ سنتری ۔ چوکی دار ۔ پاسبان (۲) چار سپاہیوں کا گروہ مع ایک افسر کے (۳) سپاہیوں کے رہنے کی جگہ ۔ چوکی ۔

گارڈ (گارڈ) (انگ ۔ Guard) مذکر (۱) پوری ریل گاڑی کا نگہبان اور ذمہ دار ، جو سب سے اخیر کی گاڑی (بریک وان) میں سوار ہوتا ہے (۲) چوکی داری ۔ نگرانی ۔ نگہبانی ۔ گارڈین (Guardian) مذکر ۔ نگہبان ۔ محافظ ۔ سرپرست ۔ ولی ۔

گارڈن (گار۔ڈن) (انگ ۔ Garden) مذکر ۔ باغ ۔ چمن زار ۔ گلستان ۔ پھلواڑی ۔ گارڈن پارٹی (Garden party) مؤنث ۔ وہ جلسہ ، جو کسی باغ میں دیا جائے اور اس میں کچھ پھل یا چائے وغیرہ کا بھی اہتمام ہو ۔ گارڈنر (Gardener) مذکر ۔ باغبان ۔ مالی ۔

گارنٹی (گا۔رن۔ٹی) (انگ ۔ Guarantee) مؤنث ۔ ذمہ داری ۔ ضمانت ۔

گاڑ (گاڑ) (ہ) گاڑنا کا امر ۔ گاڑنا (۱) دفن کرنا ۔ دبانا (۲) دھنسانا ۔ ٹھونکنا ۔

گاڑا (س) مذکر (۱) بندوق کی گولی (۲) گھات کی جگہ (۳) گھات میں بیٹھنے والے لوگ ۔ گاڑے (گاڑھے) بیٹھنا ۔ گھات میں بیٹھنا ۔ کمین گاہ میں بیٹھنا ۔ گھات کے لیے غار میں دبک کر بیٹھنا ۔

گاڑھ (گاڑھ) (ہ) مؤنث (۱) مشکل ۔ مصیبت (۲) مذکر ۔ کپڑا بننے کا گڑھا ۔ کرگا ۔

گاڑھا (۱) پتلا کی ضد ۔ غلیظ (۲) گندہ (۳) جانی ۔ دلی ۔ گہرا (۴) (ہندو) دشوار ، سخت ، مشکل ، بھاری (۵) طاقت ور ، مضبوط (۶) مذکر ۔ ہندوستانی موٹا کپڑا ۔ کھدر (۷) مذکر ۔ مست اور جنگی ہاتھی ۔ گاڑھی ۔ مؤنث ۔ گاڑھا کی تانیث ۔ گاڑھی چھننا (۱) کیچڑ کی سی بھنگ چھننا (۲) گہری دوستی ہونا (۳) (طنزاً) دشمنی ہونا (۴) گہرا نشہ ہونا ۔ گاڑھے (۱) گاڑھا کی جمع (۲) گاڑھا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ۔ گاڑھے ہیں ۔ غالب ہیں ۔ زبردست ہیں ۔ بڑھ کر ہیں ۔

گاڑی (گا۔ڑی) (ہ) مؤنث (۱) اسباب لادنے یا سامان لے جانے کی بگھی ، چھکڑا ۔ تانگا ، ٹمٹم ۔ رتھ ۔ بہلی ۔ فٹن وغیرہ (۲) ریل ۔ ٹرین ۔ گاڑی بان ۔ گاڑی والا (ہ) مذکر ۔ گاڑی چلانے والا ۔ کوچوان ۔ گاڑی بھر (ہ) بہت سا ۔ حسب دل خواہ ۔ اٹ گٹ ۔ گاڑی بھر آشنائی نہ جَو بھر ناتا (مثل) معمولی سی رشتہ داری بہت سی دوستی سے بہتر ہے ۔ گاڑی جوتنا (ہ) (۱) بگھی وغیرہ میں گھوڑا یا بیل جوتنا (۲) کرایے پر گاڑی چلانا ۔ گاڑی چلانا (۱) گاڑی ہانکنا ۔ کوچوانی کرنا (۲) گاڑی کو کرایے پر دینا ۔ گاڑی چھوٹنا ۔ ریل کا کسی سٹیشن سے روانہ ہونا ۔ گاڑی خانہ (ف) مذکر ۔ وہ جگہ ، جہاں بہت سی گاڑیاں رہیں ۔ بگھی خانہ ۔ گاڑیوں کا اڈا ۔ گاڑی کو دیکھ کر پاؤں پھولنا (مثل) سواری کو دیکھ کر تھکنے لگنا ۔ سہارا پا کر محنت سے گھبرانا ۔

گاز (گاز) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کی قینچی (۲) شمع کا گل کترنے کی قینچی ۔ گل گیر (۳) ہری گھاس ۔

گازر (گا۔زر) (ف) مذکر ۔ دھوبی ۔ کپڑے دھونے والا ۔

گاس (گاس) (ہند) مؤنث ۔ دیکھیے "گیس" ۔

گاف (گاف) (ہ) مذکر (۱) حرف گاف اور اس کا تلفظ (۲) بیہودہ باتیں (۳) حد سے بڑھ جانا ۔

گاگر (گا۔گر) (ہ) مؤنث ۔ لوہے ، تانبے یا پیتل کا گھڑا ۔

گال (گال) (ہ) مذکر (۱) رخسار۔ رخسارہ (۲) (پ) گالی کا مخفف ٭ **گال بجانا** (۱) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا (۲) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا ٭ **گال پچک۔ یا۔ پٹک۔ یا۔ پچک جانا**۔ تروتازہ رخساروں کا دُبلا پڑجانا ٭ **گال پر گال چڑھنا**۔ گالوں کا پھول جانا۔ بہت موٹا ہوجانا ٭ **گال پھلانا** (۱) گالوں میں ہوا بھر کر اونچا کرنا (۲) موٹا ہونا (۳) خفا ہونا۔ رنجیدہ ہونا ٭ **گال کاٹنا** (۱) رخسارے پر دانت مارنا (۲) نقصان پہنچانا ٭ **گال والا جیتے مال والا ہارے** (ق) مثل۔ زبان دراز کے آگے شریف آدمی کو خاموش ہی رہنا پڑتا ہے ٭ **گالو** (ہ) مذکر (ہندو) باتونی۔ بکواسی ٭ **گالوں**۔ مذکر۔ گال کی جمع حروفِ جار سے پہلے ٭ **گالوں میں چاول بھرنا**۔ چبا چبا کر باتیں کرنا ٭

گالا (گا۔ لا) (ہ) مذکر (۱) دھنی ہوئی روئی کا گولا (۲) برف کی مانند۔ ازحد سفید ٭ **گالا سا** (۱) روئی کی مانند، نرم، ملائم (۲) برف سا، بے حد سفید، چٹا ٭ **گالا سے بال**۔ مذکر۔ سفید بال۔ دھولے بال ٭ **گالے** (۱) مذکر۔ گالا کی جمع (۲) گالا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ٭ **گالے ڈوبیں گے، پتھر تریں گے**۔ مثل۔ اُلٹے زمانے (کل جگ) کے متعلق کہتے ہیں، جس میں شریف تو ذلیل و خوار ہوں اور کمینوں رذیلوں کی بن آئی ہو ٭

گالی (گا۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) دشنام۔ بدزبانی۔ فحش بات (۲) سٹھنی ٭ **گالی دینا۔ یا۔ سُنانا**۔ دشنام دینا۔ بدزبانی کرنا۔ بُری بات منہ سے نکالنا ٭ **گالی کھانا**۔ دشنام سننا۔ فحش بات کی سہار کرنا ٭ **گالی گفتار۔ یا۔ گالی گلوچ** (گلوچ)۔ یا۔ **گالم گلوچ** (ق) مؤنث۔ گالیوں کی لڑائی۔ باہم دشنام دہی۔ زبان درازی ٭ **گالی نہیں**۔ بُری بات نہیں۔ بُرا ماننے کے لائق نہیں۔ معیوب نہیں ٭ **گالیاں**۔ مؤنث (۱) گالی کی جمع (۲) سٹھنیاں ٭ **گالیاں بکنا۔ یا۔ دینا**۔ فحش بکنا۔ بدزبانی کرنا ٭ **گالیاں سہالیاں**۔ مؤنث۔ معشوقوں یا پیاروں کے منہ کی گالیاں، جو اچھی معلوم ہوتی ہیں ٭ **گالیوں**۔ مؤنث۔ گالی کی جمع حروفِ جار سے پہلے ٭ **گالیوں پر اُترنا**۔ بُرا بھلا کہنے لگنا ٭ **گالیوں پر منہ کھُلنا**۔ گالیاں دینا۔ بدزبانی کرنا ٭ **گالیوں کا جھاڑ باندھنا۔ یا۔ گالیوں کی بوچھاڑ کرنا**۔ لگاتار گالیاں دینا۔ گالیوں کا مینہ برسانا ٭ **گالیوں کی بھرمار** (مؤنث) **گالیوں کے لچھے** (مذکر) لگاتار بے شمار گالیاں ٭

گام (گام) (ف) مذکر (۱) قدم۔ پاؤں (۲) لگام۔ لجام (۳) گھوڑے کی ایک چال ٭

گانٹھ (گانٹھ) (ہ) مؤنث (۱) گرہ (۲) جوڑ بند (۳) گٹھڑی (۴) جٹّھ (۵) نفاق۔ عداوت۔ بَیر (۶) قول قرار۔ عہد و پیمان (۷) گانٹھنا کا امر ٭ **گانٹھ باندھنا** (۱) گرہ دینا (۲) یاد رکھنا (۳) قول قرار کرنا (۴) نکاح کرنا۔ عقد باندھنا ٭ **گانٹھ پڑنا** (۱) گرہ لگنا (۲) اَن بن ہونا ٭ **گانٹھ سے جانا**۔ جیب سے روپیہ نکل جانا۔ ذاتی نقصان ہوجانا ٭ **گانٹھ کا پورا**۔ مذکر (۱) مال دار۔ دولت مند (۲) چالاک۔ عیّار ٭ **گانٹھ کا پورا، عقل کا اندھا** (ق) وہ بے وقوف مال دار، جو سستی چیز مہنگے داموں خریدے ٭

گانٹھ کا پیسا (ہ) مذکر۔ ذاتی روپیہ۔ نج کا مال ٭ **گانٹھ کاٹنا** (۱) جیب کترنا (۲) زیادہ قیمت لینا۔ ٹھگنا ٭ **گانٹھ کا دینا اور لڑائی مول لینا**۔ اپنا پیسا قرض دینا اور لڑائی خریدنا برابر ہے ٭ **گانٹھ کا کھونا**۔ خاص اپنا روپیہ برباد کرنا۔ نقصان اٹھانا ٭ **گانٹھ کترنا**۔ دیکھیے "گانٹھ کاٹنا" ٭ **گانٹھ کٹنا** (۱) جیب میں سے چوری جانا (۲) ٹھگا جانا۔ لُٹنا ٭ **گانٹھ کرنا** (۱) اپنی جیب میں رکھنا (۲) غبن کرنا (۳) جمع کرنا (۴) اتفاق کرنا (۵) سازش کرنا ٭ **گانٹھ کھولنا** (۱) گرہ دُور کرنا (۲) کیسہ یا تھیلی کھولنا۔ خوب خرچ کرنا (۳) صفائی کر لینا۔ کینہ دُور کرنا ٭ **گانٹھ گٹھیلا** (۱) بہت سی گانٹھوں والا۔ گرہ دار (۲) گانٹھوں سے گٹھا ہوا۔ مضبوط ٭ **گانٹھ گرہ میں کچھ نہیں** (ق) بالکل مفلس ہے، پلے کچھ نہیں ٭ **گانٹھ میں رکھنا** (ہ) نقدی پلے رکھنا۔ مال دار ہونا ٭ **گانٹھ میں زر ہے تو نر ہے نہیں تو خر ہے** (ق) مثل۔ اگر انسان کے پاس پیسا ہے تو سب سے سیانا اور عقل والا ہے، ورنہ بہت بے وقوف اور بودھو ٭ **گانٹھ نہ مٹھی پھڑپھڑاتی اُٹھی** (ہ) مثل۔ پاس کچھ بھی نہیں، خرچ کرنے کو جی چاہتا ہے ٭ **گانٹھا**۔ مذکر۔ ڈنٹھل۔ گرہ دار حصّہ ٭ **گانٹھنا** (۱) گرہ دینا۔ باندھنا (۲) مرمّت کرنا۔ جوڑنا (۳) خیال باندھنا (۴) سازش کرنا۔ ملانا (۵) قابو میں لانا ٭

گانج (گانج) (ہ) گانجنا کا امر ٭ **گانجنا**۔ **گانجھنا** (۱) تل دَل ڈالنا (۲) بدتمیزی سے کپڑے کی تہیں توڑ کر خراب کر دینا ٭

گانجا (گاں۔ جا) (ہ) مذکر۔ بھنگ کے پھولوں کا بنایا ہوا نشہ، جو حقّے کی طرح پیا جاتا ہے ٭

گاندھا (گاں۔ دھا) (ہ) مذکر۔ علمِ موسیقی کے سات سُروں میں سے تیسرا سُر، جو سینے سے نکلتا ہے ٭

گاندھی (گاں۔ دھی) (ہ) مذکر (۱) ایک قوم، جس کا پیشہ عطر فروشی ہے (۲) ہندوؤں کے مشہور سیاسی رہنما موہن داس کرم چند کا عُرف ٭

گانڈ (گانڈ) (ہ) مؤنث۔ پاخانہ نکلنے کا راستہ۔ مقعد۔ سُفرہ ٭ **گانڈو**۔ مذکر (۱) بو بیسیا۔ کونی (۲) ہیجڑا۔ نامرد (۳) ڈرپوک۔ بزدل ٭ **گانڈو کا حمایتی بھی ہارا ہے** (ق) مثل۔ کم حوصلہ اور نامرد کا ساتھی بھی زک اٹھاتا ہے ٭ **گانڈو ہاتھی اپنی ہی فوج کو مارتا ہے**۔ مثل۔ بزدل سردار اپنی ہی فوج کٹواتا اور ڈرپوک لیڈر اپنے ہی ساتھیوں کو پکڑوا دیتا ہے ٭

گانڈا (گاں۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ گنّا۔ ایکھ۔ پونڈا ٭

گانڈر (گاں۔ ڈر) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس، جس سے چھپّر بناتے اور اس کی جڑوں کو خس کہتے ہیں ٭

گانڑ (گانڑ) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "گانڈ" ٭ **گانڑ پھاڑنا** (۱) دھمکانا، ڈرانا (۲) ستانا، دِق کرنا (۳) خوب خبر لینا (۴) شرم ناک سزا دینا ٭ **گانڑ دھونی نہ آنا**۔ بالکل بے تمیز ہونا۔ ذرا سلیقہ نہ ہونا ٭ **گانڑ رگڑنا** (بازاری)

(۱) کمال تن دہی کرنا۔ نہایت کوشش کرنا (۲) بے حد جستجو کرنا (۳) خوب زور لگانا ؛ **گانڑ غلامی کرنا** (و) از حد فرماں برداری کرنا۔ نہایت خوشامد کرنا ؛ **گانڑ گردن ایک ہو جانا۔** تھک کر چور ہو جانا۔ کسی سخت محنت یا مشقت کے مارے بالکل ہوش نہ رہنا ؛ **گانڑ میں گوہ بھی نہیں** (ہ) بے حد نادار ہے۔ پلّے کچھ بھی نہیں ؛ **گانڑ میں گھسا جانا۔** از حد خوشامد کرنا ؛

گانس (گانْسْ) (ہ) گانسنا کا امر ؛ **گانسنا** (پورب) سوراخ کرنا۔ آرپار کرنا۔ چھیدنا۔ چبھونا۔ برمانا۔ پرونا ؛

گانسا (گاں۔ سا) (ہ) مذکر۔ انگلیوں اور انگوٹھے کے درمیان کا حصّہ ؛

گانسی (گاں۔ سِیْ) (ہ) مؤنث۔ لوہے کا پھل، جو تیر میں لگایا جاتا ہے ؛

گانگن (گاں۔ گَنْ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا پھوڑا۔ دنبل ؛

گانو۔ گانوں (گانْوْ) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "گاؤں" ؛

گاو (گاوْ) (ف) مؤنث۔ بیل۔ گائے ؛ **گاوِ زمین** ۔ مؤنث۔ وہ گائے یا بیل، جس کی پیٹھ پر زمین ہے اور وہ گائے مچھلی کی پیٹھ پر ہے، لیکن یہ خیال بالکل غلط اور بے بنیاد ہے ؛ **گاوِ سامری** ۔ مؤنث۔ وہ سونے کا بچھڑا، جو سامری نے بنایا تھا اور جادو کے زور سے اس میں جان ڈال دی تھی۔ پھر بنی اسرائیل سے اُس بچھڑے کی پوجا کرائی تھی ؛ **گاوِ عنبر** ۔ مؤنث (۱) وہ سمندری گائے، جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ عنبر اسی کا گوبر ہوتا ہے (۲) (اصطلاحاً) وہ دولت مند، جس سے لوگوں کو فائدہ پہنچے ؛ **گاوِ فلک (گردوں)** مؤنث۔ برجِ ثور۔ برکھ ؛

گاہ (گاہْ) (ف) مؤنث (۱) وقت۔ سماں۔ سما (۲) مقام۔ جگہ (۳) دفعہ۔ بار۔ موقع (۴) کبھی۔ کسی وقت ؛ **گاہ بہ گاہ۔ گاہ گاہ**۔ کبھی کبھی۔ کسی وقت۔ بھولے بسرے ؛ **گاہے**۔ کبھی۔ کسی وقت۔ بھولے چوکے ؛ **گاہے گاہے**۔ دیکھیے "گاہ گاہ" ؛ **گاہے ماہے**۔ کبھی۔ مہینے بعد۔ گاہ بہ گاہ ؛

گاہک (گا۔ ہَکْ) (ہ) مذکر۔ خریدار۔ مشتری ؛ **گاہکی** ۔ مؤنث۔ خریداری۔ طلب گاری ؛

گاہن (گا۔ ہَنْ) (ہ) مذکر۔ ہل چلاتے ہوئے کھیت کی گھاس دور کرنے کا سراون ؛ **گاہنا** (۱) روندنا۔ مسلنا۔ ملنا۔ بیلوں کو پھرانا تاکہ بھس الگ اور اناج الگ ہو کر صاف ہو جائے (۲) چھاننا۔ ڈھونڈنا ؛

گائڈ (گا۔ اِڈْ) (انگ) Guide مذکر۔ راہنما۔ رہبر۔ پیشوا ؛

گاؤ (گاؤْ) (ف) مذکر۔ بیل۔ گائے۔ گئو ؛ **گاؤ پچھاڑ** (و) مذکر۔ پہلوانوں کی اصطلاح میں کشتی کا ایک داؤں، جس میں حریف کی گردن پکڑ کر دے ملتے ہیں ؛ **گاؤ تکیہ** (ف) مذکر۔ بڑا تکیہ، جس سے کمر لگا کر فرش پر بیٹھتے ہیں ؛ **گاؤ چشم** ۔ مذکر۔ بڑی آنکھوں والا، مگر یہ لفظ اکثر کراہت کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے، اظہارِ حسن کے لیے آہو چشم وغیرہ کہتے ہیں ؛ **گاؤ خانہ**۔ مذکر۔ گایوں کے باندھنے کی جگہ۔ گئو سالہ ؛ **گاؤ خورد ہونا** (و) (۱) گائے کے چرنے میں آنا (۲) دفع دفان ہونا۔ جانے رہنا۔ گیا گزرا ہونا ؛

گاؤ دُم (ف) لمبوترا۔ مخروطی۔ ایک سرے سے موٹا اور دوسرے سرے سے پتلا ؛ **گاؤدی** ۔ بے عقل۔ نادان ؛ **گاؤدیدہ** ۔ مؤنث۔ ایک قسم کی میدے کی خمیری روٹی، جو بیل کی آنکھ سے مشابہ اور لمبوتری بنائی جاتی ہے ؛ **گاؤ زبان** ۔ مؤنث۔ ایک بوٹی، جس کا پتّا گائے کی زبان سے مشابہ ہوتا ہے ؛ **گاؤ زور** ۔ طاقت ور۔ شہ زور ؛ **گاؤ زوری** ۔ مؤنث (۱) طاقت۔ توانائی۔ شہ زوری (۲) کشتی کا ایک پیچ ؛ **گاؤ کشی** ۔ مؤنث۔ گائے کا ذبح کرنا ؛ **گاؤ میش** ۔ مؤنث۔ بھینس ؛

گاؤں (گا۔ ؤں) (ہ) مذکر۔ دِہ۔ قریہ۔ بستی۔ موضع ؛ **گاؤں بانٹ** (بانْٹ۔ بٹ) مؤنث۔ گاؤں کی تقسیم ؛ **گاؤں میں گھر نہ جنگل میں کھیتی** (و) مثل۔ نہایت نادار ہے ؛

گائے (گائے) (ہ) مؤنث (۱) مادہ گاؤ۔ بقر۔ گئو (۲) بے زبان۔ غریب ؛ **گائے جنے، بیل کی دُم پھٹے** (و) مثل۔ سخی دے اور حاسد کو صدمہ ہو ؛ **گائے کا بچھیا تلے اور بچھیا کا گائے تلے کرنا** (ہ) تدبیر سے مطلب برآری کرنا۔ حکمتِ عملی سے کام نکالنا ؛ **گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے**۔ مثل۔ ماں باپ کو اولاد کی پرورش مشکل معلوم نہیں ہوتی۔ مالک کو اپنی چیز، خواہ وہ تکلیف دہ ہی کیوں نہ ہو، ناگوار نہیں گزرتی ؛ **گائے کی طرح کانپنا** (و) بے حد ڈرنا۔ اس طرح لرزنا، جس طرح گائے قصائی کے آگے جان کے خوف سے تھرّاتی ہے ؛ **گائے نہ بچھی نیند آئے اچھی** (ہ) مثل۔ جس کے پاس کچھ نہیں، وہ بے فکر آرام کی نیند سوتا ہے ؛

گایتری (گا۔ یَتْ۔ رِیْ) (س) مؤنث۔ رگ وید کا ایک منتر ؛

گ ۔ ب

گبّا۔ گبھّا (گَبْ۔ بَا، گَبْ۔ بھَا) (ہ) مذکر۔ گدیلا۔ توشک، خصوصاً وہ گرم ابرے اور سرداستر کا فرش، جو لدّاخ وغیرہ سے آتا ہے ؛

گبدا (گَبْ۔ دَا) (ہ) گوشت سے بھرا ہوا۔ موٹا تازہ۔ لحیم۔ شحیم ؛

گبر (گَبْرْ) (ف) مذکر۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ پارسی۔ آتش پرست ؛

گبّر (گَبْ۔ بَرْ) (ہ) (۱) قیمتی۔ بھاری (۲) (پنجاب) متکبر۔ مغرور (۳) اقبال مند۔ مال دار ؛

گبرو۔ گبھرو (گَبْ۔ رُوْ، گَبْ۔ بَرْ۔ رُوْ، گَبْھ۔ رُوْ۔ بھَرْ۔ رُوْ) (ہ) (۱) نوجوان۔ وہ جوان آدمی، جسے ابھی تک ڈاڑھی نہ آئی ہو (۲) (ہندو) مذکر۔ نوشہ۔ دولھا۔ شوہر۔ خاوند ؛

گبرون (گَبْ۔ رُوْنْ) (ا) مذکر۔ ایک قسم کا موٹا کپڑا۔ لدھیانہ کلاتھ ؛

گبریلا (گُبْ۔ رِیْ۔ لَاْ) (ہ) مذکر۔ بھونرے کی مانند ایک سیاہ پردار کیڑا ؛

گبھیلن (گَبْھیْ۔ لَنْ) (ہ) مؤنث۔ رحم کی وجہ سے محبت ؛

گ ۔ پ

گپ (گَپ) (ف) مؤنث (۱) جھوٹی بات۔ مَن گھڑت خبر۔ افواہ (۲) (۵) ڈینگ۔ بڑائی۔ شیخی (۳) بک بک۔ بکواس ✤ گپ شپ (۵) مؤنث۔ جھوٹی سچی دلچسپ باتیں۔ دل لگی کی باتیں ✤ گپ مارنا۔ یا۔ ہانکنا (۱) جھوٹ بولنا (۲) شیخی بگھارنا۔ بیشتر اس جگہ گپیں مارنا یا گپیں ہانکنا مستعمل ہے ✤ گپی۔ یا۔ گپیا۔ مذکر۔ جھوٹا۔ لاف زن۔ شیخی خور ✤

گپ (گُپ) (ہ) (۱) چھپا ہوا (۲) اندھا ✤ گپ چپ۔ مؤنث (۱) خاموشی (۲) چپ چاپ (۳) لڑکوں کا کھیل ✤ گپ چپ کی مٹھائی۔ گپ چپ کے لڈو (ہ) (۱ مؤنث ۲ مذکر) ایک قسم کی مٹھائی، جو منہ میں رکھتے ہی گھل جاتی ہے ✤

گپاگپ (گَپا۔ گَپ) (ہ) مذکر (۱) جلد جلد کھانے اور نگلنے کی آواز۔ غپاغپ (۲) بافراط۔ بکثرت ✤

گپت (گُپَت) (س) (۱) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی (۲) غائب (۳) محفوظ۔ بچا ہوا (۴) درپردہ۔ چپکے سے ✤ گپت مار۔ مؤنث (۱) وہ ضرب، جس کا نشان بظاہر دکھائی نہ دے۔ گجھی مار (۲) مہنا، طعنہ ✤ گپت مال (۱) مذکر۔ دفینہ۔ چھپا ہوا خزانہ ✤ گپتی۔ مؤنث۔ وہ تلوار، جو لکڑی کے اندر عصا کے بجائے ہاتھ میں رہتی ہے ✤

گپڑ (گَپَڑ) (ہ) مؤنث۔ گپ ✤ گپڑ چوتھ۔ مؤنث (عوام) وہ بات، جو سمجھ میں نہ آئے۔ خلط ملط۔ گڈمڈ ✤ گپڑ شپڑ۔ مؤنث (عوام) بیہودہ باتیں۔ گپ شپ ✤

گپکنا (گَپَک۔ نا) (ہ) (۱) جلد جلد کھانا۔ نگلنا (۲) لپکنا۔ ہوا میں جاتی ہوئی گیند کو ہاتھ میں لے لینا ✤

گپکنا (گُپَک۔ نا) (ہ) دیکھیے "گپکنا ۲" ✤

گپل (گَپ۔ پَل) (ہ) مذکر۔ گول ٹھیکرا ✤

گپھا (گُپھا) (ہ) مذکر (۱) کھوہ۔ غار (۲) بیلا۔ بن۔ جنگل (۳) جھاڑی ✤

گپھا (گُپھ۔ پھا) (ہ) مذکر۔ ریشم یا زری کے تاروں کا گچھا۔ پھندنا ✤ گپھے۔ مذکر (۱) گپھا کی جمع (۲) گپھا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ✤ گپھے دار۔ پھندنے والا ✤

گ۔ت

گت (گَت) (ہ) مؤنث (۱) چال۔ رفتار۔ حرکت (۲) کیفیت۔ حالت (۳) مُردے کے جلانے یا دفنانے کی رسم۔ کریاکرم (۴) زدوکوب (۵) نغمہ، سُر، تان، لَے (۶) ناچنے کا ٹھاٹھ ✤ گت بجانا۔ بول بجانا۔ کوئی لَے چھیڑنا۔ ساز بجانا ✤ گت بنانا (۱) وضع اختیار کرنا۔ ڈھنگ بنانا (۲) نئے انداز سے گانے یا بجانے کے سُر ملانا (۳) بُرا درجہ کرنا۔ خراب حال کرنا (۴) مارنا پیٹنا۔ سزا دینا ✤ گت بھرنا۔ ناچنے کا کوئی ٹھاٹھ بنانا۔ راگ کے اصول کے مطابق ناچنا ✤ گت کا (۱) ڈھنگ کا۔ وضع کا (۲) قابلِ تعریف۔ عمدہ۔ اچھا ✤ گت کرنا (۱) مُردے کی رسم ادا کرنا۔ تجہیز و تکفین کرنا (۲) مارنا پیٹنا (۳) استعمال میں لانا (۴) اونے پونے فروخت کرنا ✤ گت ہونا (۱) کام میں آنا (۲) سزا پانا۔ مار کھانا (۳) مُردے کی رسم ادا ہونا (۴) نجات ہونا (۵) دام کھرے ہونا۔ بک جانا (۶) حال پیش آنا۔ بیتنا ✤ گتیا۔ مذکر۔ طبلہ بجانے والا۔ طبلچی ✤

گتکا (گَت۔ کا) (ہ) مذکر (۱) پٹا کھیلنے کی لکڑی۔ گدکا (۲) ختکا۔ سونٹا ✤

گتھ (گُتھ) (ہ) گتھنا کا امر ✤ گتھم گتھا ہونا۔ باہم لپٹ جانا۔ گتھنا ✤ گتھنا (۱) بھڑنا۔ باہم لپٹنا (۲) نتھی ہونا۔ پرو دیا جانا (۳) غرق ہونا۔ محو ہونا ✤ گتھواں۔ ملا ہوا۔ بٹا ہوا ✤

گتھی (گُتھ۔ تھی) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) الجھن۔ گرہ۔ گنجلک (۲) تھیلی ✤ گتھی پڑنا (۱) الجھنا (۲) معاملے کا پیچ در پیچ ہونا۔ دل میں گرہ پڑنا ✤

گتی (گَت۔ تی) (س) مؤنث (ہندو) مکتی۔ نجات ✤

گتی (گِت۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) سپاہیوں کی ایک قسم کی چھوٹی پگڑی (۲) بچوں کا ایک کھیل ✤

گ۔ٹ

گٹ (گَٹ) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "غٹ" ✤ گٹ گٹ۔ مؤنث (۱) پانی کے جلد جلد پینے کی آواز (۲) پانی کے ایک برتن سے دوسرے برتن میں انڈیلنے کی آواز۔ قلقل ✤

گٹ پٹ (گَٹ۔ پَٹ) (ہ) مؤنث (عو) لڑائی یا پیار سے باہم گتھ جانا ✤

گٹ پٹ (گِٹ۔ پِٹ) (ہ) مؤنث (مذاقاً) انگریزی زبان کی بول چال کی نقل ✤

گٹا (گَٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) ٹخنے کی ہڈی (۲) کلائی کا جوڑ (۳) ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کا جوڑ (۴) کاگ۔ ڈاٹ (۵) حقے کا وہ حصہ، جہاں دونوں نَے ملائی جاتی ہیں (۶) وہ نشان، جو بہت سجدہ کرنے سے پیشانی پر پڑ جاتا ہے (۷) روڑی۔ کنکر ✤

گٹا (گِٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ ٹھنگنا۔ بونا۔ پستہ قد ✤

گٹخ۔ گٹک (گِٹ۔ ٹخ، گِٹ ٹک) (ہ) مذکر (۱) ٹھنگنا۔ بونا (۲) چلم کے سوراخ میں رکھنے کی ٹھیکری ✤

گٹرگوں (گُٹَر۔ گوں) (ہ) مذکر۔ کبوتر کے بولنے کی آواز۔ غٹرغوں ✤

گٹکا (گُٹ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) بڑی گولی (۲) شطرنج کا مہرہ (۳) چھوٹی سی کتاب (۴) ایک طلسمی گولی، جس کے منہ میں رکھنے سے اڑنے کی طاقت آجانا مشہور ہے ✤

گٹکری (گِٹ۔ کَری) (ہ) مؤنث۔ وہ پیچ دار آواز، جو گانے والوں کے گلے سے گاتے وقت لہرا کر نکلتی ہے ✤ گٹکری لینا (۱) گاتے گاتے آواز کو لہرا دینا۔ آواز کو جنبش دینا (۲) آواز کا لہرا لینا ✤

گٹکنا (گُٹَک۔ نا) (ہ) کبوتر کا بولنا۔ غٹرغوں کرنا ✤

گٹھ (گَٹھ) (ہ) (۱) مؤنث۔ گرہ۔ عقدہ (۲) گٹھنا کا امر ✤ گٹھ جوڑ۔

مذکر (ہندو) (۱) گرہ بندھن - ہندوؤں میں دولہا دلھن کے آنچلوں کی وہ گرہ، جو پھیروں کے وقت جوڑا لگانے کی غرض سے دی جاتی ہے (۲) دولہا دلھن - میاں بیوی ❊ **گٹھ جوڑ باندھنا** - دولہا دلھن کے آنچلوں کو گرہ لگا دینا - عقد باندھنا - نکاح کرنا - بیاہ کرنا ❊

گٹھ کٹا - مذکر - جیب کترا - اُچکا - ٹھگ ❊ **گٹھا** (۱) گٹھنا سے ماضی مطلق (۲) گٹھانا کا امر ❊ **گٹھانا** - پیوند لگوانا - سلوانا - جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا ❊ **گٹھنا** (۱) پیوند لگنا - سِلنا (۲) شریک ہونا - مِل جانا (۳) مضمون بندھنا (۴) (پ) زیب دینا - سجنا ❊ **گٹھی** - مؤنث (۱) گانٹھ - گرہ (۲) بند - جوڑ ❊ **گٹھیلا** (۱) گانٹھوں والا - گرہ دار (۲) سخت، مضبوط ❊

گٹّھا (گَٹْھ - ٹھا) (ہ) مذکر (۱) کسی شے کا بڑا گٹھڑا - بوجھ (۲) بقچہ (۳) پیاز یا لہسن کی گانٹھ (۴) تین گز کا پیمانہ - جریب کا بیسواں حصہ ❊

گٹھڑ (گَٹْھ - ٹھڑ) (ہ) مذکر - بڑی گٹھڑی - بوجھ - انبار - گٹھا ❊ **گٹھڑی** - مؤنث (۱) بقچی (۲) تعداد - مقدار ❊ **گٹھڑی حلال بقچہ مُردار** (۱) مثل - کسی کی بہت بڑی چیز کو تو حلال سمجھ کر خورد بُرد کرنا اور تھوڑی سی چیز کو حرام جان کر اس میں ایمان داری ظاہر کرنا ❊ **گٹھڑی کر دینا** - ہاتھ پاؤں باندھ کر یا توڑ کر ایک جگہ ڈال دینا - پوٹ بنا دینا - باندھ دینا ❊ **گٹھڑی مارنا** - چُرانا - چوری کرنا - مال مارنا - لوٹنا ❊

گٹّھل (گُٹْھ - ٹھل) (ہ) (۱) بڑی گٹھلی کا (۲) منجمد - جما ہُوا (۳) گرہ - گانٹھ (۴) سُدّہ (۵) غدود - گلٹی ❊ **گٹھلی** - مؤنث (۱) پھل کا بیج - تخم (۲) گلٹی (۳) گانٹھ - سُدّہ ❊

گٹھوانسی (گٹھ - واں - سِی) (ہ) مؤنث - گٹھے کا بیسواں حصہ ❊

گٹھوت (گُٹھوت) (ہ) مؤنث (۱) مشورہ - میل جول (۲) سازش ❊

گٹھوند (گُٹھوند) (ہ) مؤنث - ہتھیلی میں رکھی ہوئی امانت - تحویل ❊

گٹھیا (گٹھ - یا) (ہ) مؤنث (۱) وجع مفاصل - نقرس - جوڑوں کا درد (۲) پوٹلی - چھوٹی گٹھڑی ❊

گٹّی (گَٹ - ٹی) (ہ) مؤنث - نیل کا مربع کا ٹا ہُوا ٹکڑا ❊

گِٹّی (گِٹ - ٹی) (ہ) مؤنث (۱) ریل، جس پر تاگا لپٹا ہوتا ہے - پھرکی (۲) چلم کی ٹھیکری ❊

گ۔ج

گج (گَج) (س) مذکر - فیل - ہاتھی ❊ **گج باگ** (بانک) (ہ) مذکر - ہاتھی چلانے کا ہتھیار - آنکس ❊ **گج پال** (س) مذکر - مہاوت - فیل بان ❊ **گج پتی** - مذکر (۱) ہاتھیوں کا راجا - سب سے بڑا ہاتھی (۲) فیل بان - مہاوت ❊ **گج دنت** - مذکر - ہاتھی دانت ❊ **گج نال** (ہ) مؤنث - قلعہ شکن توپ - بہت بڑی جنگی توپ ❊

گجر (گَجَر) (ہ) مذکر (۱) گھنٹے یا گھڑیال کی آواز - چار، آٹھ اور بارہ بجنے پر گھنٹے کا لگاتار بجنا (۲) صبح صادق کا وقت ❊ **گجر بجنا** (۱) گھنٹے کا مکرّر بجنا (۲) صبح صادق کے وقت گھڑیال بجنا - تڑکا ہونا - صبح ہونا ❊ **گجر دم** - بہت سویرے - تڑکے - علی الصباح ❊

گجر (گَجَر) (ہ) مؤنث - گاجر کا مخفف - گزر ❊ **گجر بھت** - بھتّا - مذکر - کدوکش میں سے نکال کر دودھ اور چاولوں میں پکائی ہوئی گاجریں - (پ) گجریلا ❊

گجرا (گَج - رَا) (ہ) مذکر (۱) پھولوں کا ہار (۲) کلائی میں پہننے کا زیور ❊ **گجری** - مؤنث - کلائی میں پہننے کا زیور ❊

گجری (گُج - رِی) (ہ) مؤنث - گوجری ❊

گجگجانا (گَج - گجا - نا) (ہ) (۱) کھڑکنا (۲) بھنبھنانا (۳) اکٹھے ہونا (۴) بہت کاروبار ہونا (۵) پھسپھسا ہونا (۶) بیج کا پھل میں آواز کرنا ❊

گِجگِجانا (گِج - گِجا - نا) (ہ) کیڑوں کا کلبلانا - رینگنا ❊

گجھا (گَجھ - جھا) (ہ) مذکر (۱) بہت سامال - دولت - خزانہ (۲) انبار - ڈھیر ❊

گُجھّا (گُجھ - جھا) (ہ) مخفی - پوشیدہ - گُپت ❊ **گُجھّی** - مخفی - اندرونی ❊ **گُجھّی چوٹ** - مؤنث - مخفی ضرب - بھیتری مار - گُپت مار - اندرونی صدمہ ❊ **گُجھّی گرمی** - مؤنث - وہ گرمی، جس میں جلن ہُوا ہو، لیکن بظاہر گرمی معلوم نہ ہو ❊ **گُجھّی مار** - مؤنث - وہ چوٹ، جو بظاہر دکھائی نہ دے - بھیتری مار - اندرونی ضرب ❊

گُجھی (گُجھی) (ہ) مؤنث - ایک برساتی کیڑا - کنسلائی ❊

گوجھی (گُجھی) (ہ) مذکر - گیہوں اور جَو باہم ملے ہوئے ❊

گجھیا (گُجھ - یا) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) کرن پھول (۳) کنسلائی ❊

گ۔چ

گچ (گَچ) (ف) (ہ) مذکر (۱) چُونا (۲) پکّا فرش یا پکّی چھت ❊ **گچ کاری** (۱) مؤنث - چونے کا کام ❊

گچاکا (گچا - کا) (ہ) مذکر (۱) نوخیز عورت (۲) نوعمر لونڈی ❊

گچاگچ (گَچا - گچ) (ہ) مؤنث - کسی ملائم گوشت میں تلوار یا خنجر وغیرہ کے گھسنے کی آواز ❊

گچ پچ (گَچ - پَچ) (ہ) کھچا کھچ - اژدحام ❊

گُچھّا (گُچھ - چھا) (ہ) مذکر (۱) اناج کی بال - خوشہ (۲) بھیڑ - جھرمٹ (۳) پھندنا (۴) لچھّا - تاگوں کا ڈھیر ❊

گُچّی (گُچ - چی) (ہ) مؤنث - چھوٹے منہ کا ننھا سا گڑھا، جس میں بچّے کوڑیوں سے کھیلتے ہیں - گیند ڈالنے کا گڑھا ❊ **گُچّی** - یا - **گُچّی آنکھ** - مؤنث - چھوٹی آنکھ ❊

گ۔د

گد (گَد) (ہ) مؤنث - زمین پر دے مارنے کی آواز - دھم ❊ **گد بد** - مؤنث -

اوپر تلے گرنے کی آواز۔ پے درپے گرنے کی آواز ÷ **گداگد**۔ مؤنث (۱) پے درپے گرنے کی آواز (۲) برابر۔ لگاتار ÷

گدا (گَدَا) (ف) مذکر۔ بھکاری۔ منگتا۔ فقیر ÷ **گداگر**۔ بھکاری۔ گدائی کرنے والا۔ بھیک مانگنے والا ÷ **گداگری**۔ مؤنث۔ بھیک مانگنے کا کام۔ فقیری ÷ **گدائی**۔ مؤنث۔ فقیری۔ بھکشا ÷ **گدایانہ**۔ فقیر کی طرح ÷

گدّا (گَدْ۔ دَا) (ہ) مذکر (۱) روئی والا بستر۔ گدیلا۔ توشک (۲) چری کی پولی (۳) جَو یا گیہوں کا خوشہ، جو پک جانے کے قریب ہو ÷

گدّا (گَدْ۔ دَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی چلتی ہوئی نَے کے گیت ÷

گُدّا (گُدْ۔ دَا) (ہ) مذکر۔ درخت کی موٹی اور مضبوط شاخ۔ ٹہنا ÷

گداز (گُدَازْ) (ف) (۱) گھلا ہوا (۲) (و) ملائم۔ نرم ÷ **گُداز کرنا** (و) پگھلانا۔ ملائم کرنا۔ نرم کرنا ÷

گداکا (گَدَا۔ کَا) (ہ) نوخیز۔ فربہ اندام اور سڈول بدن کا معشوق ÷

گدالا (گَدَا۔ لَا) (ہ) مذکر۔ بڑی کدال، جس سے زمین کھودی جاتی ہے ÷

گدّر (گَدْ۔ دَرْ) (ہ) (۱) نیم پختہ۔ ادھ پکا (۲) وہ پھل، جو پک جانے کے قریب ہو ÷ **گدرا**۔ گدرانا کا امر ÷ **گدرانا** (۱) پھل کا پک جانے کے قریب پہنچنا۔ نیم پختہ ہونا (۲) جوبن پر آنا۔ جوانی میں بھرنا ÷ **گدراہٹ**۔ مؤنث میوے کے پکنے کے قریب ہونے کی حالت ÷ **گدرایا**۔ گدرانا سے ماضی مطلق ÷

گدرایا ہوا بدن (و) مذکر۔ جوانی میں بھرا ہوا جسم ÷

گُدڑ خَیل (گُدَڑْ۔ خَیلْ) (و) بدصورت اور دیکھنے میں حقیر (عورت) ÷

گُدڑی (گُدْ۔ ڑِیْ) (ہ) مؤنث۔ فقیروں کا جُبّہ، جس میں بہت سے پیوند لگے ہوئے ہوں۔ خرقہ۔ گودڑی ÷ **گُدڑی کا لال** (کنایۃً) نہایت عزیز ÷ **گُدڑی میں لال**۔ نالائقوں میں لائق ÷ **گُدڑیا**۔ مذکر (۱) وہ شخص، جو گدڑی پہنے رہے (۲) پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا (۳) خیمہ اور فرش کرایے پر دینے والا (۴) پھٹے حالوں رہنے والا (۵) گدڑی کی تصغیر ÷

گُدکا (گُدْ۔ کَا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "گتکا" ÷

گُدگُدا (گُدْ۔ گُدَا) (ہ) گداز۔ ملائم۔ نرم ÷

گُدگُدا (گُدْ۔ گُدَا) (ہ) گدگدانا کا امر ÷ **گُدگُدانا** (۱) انگلیوں سے بغلوں یا پیٹ وغیرہ کو چھو کر ہنسی دلانا۔ ہنسانا (۲) بھڑکانا۔ ابھارنا (۳) چھیڑنا۔ مذاق کرنا (۴) شوق بڑھانا (۵) گھوڑے کو ایڑ لگانا ÷

گُدگُداہٹ۔ مؤنث۔ گدگدی کا اثر ÷ **گُدگُدائیے وہاں تک جہاں تک ہنسی نہ آئے**۔ مثل۔ دل لگی وہاں تک اچھی ہے، جہاں تک ناگوار نہ گزرے ÷ **گُدگُدی**۔ مؤنث (۱) بغل وغیرہ میں انگلیوں کے مس ہونے سے ہنسی آنا (۲) شوق۔ جوش ÷

گُدگُدی دل میں ہونا (و) (۱) خود بخود ہنسی آنا (۲) شوق پیدا ہونا ÷

گُدگُدی کرنا۔ انگلیوں کو بدن سے لگا کر ہنسانا۔ گدگدانا۔ چھیڑنا ÷

گَدگَدے (گَدْ۔ گَدِے) (ہ) مذکر۔ اُبلی ہوئی جوار۔ گھنگنیاں ÷

گدلا (گَدْ۔ لَا) (ہ) (۱) گادلا ہوا۔ مکدر۔ میلا (۲) غلیظ۔ گاڑھا (۲) گدلانا کا امر ÷ **گدلاپن**۔ مذکر۔ کدورت۔ میل ÷ **گدلانا**۔ پانی کا میلا ہونا ÷

گُدما (گُدْ۔ مَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا ملائم پشم دار کمل ÷

گُدنا (گُدْ۔ نَا) (ہ) (۱) گودنا کا لازم۔ سوئی سے ہاتھوں یا بازوؤں وغیرہ میں چھید کر کے سرمہ یا نیل بھرا جانا (۲) مذکر۔ وہ نشان، جو گودنے سے جسم پر پڑ جاتے ہیں ÷ **گُدنا گُدوانا**۔ بدن پر بیل بوٹے بنوانا ÷ **گُدوائی**۔ مؤنث۔ جسم پر بیل بوٹے بنوانے کی اجرت ÷

گِدھ (گِدْھ) (ہ) مذکر۔ چیل کی قسم سے ایک جسیم مردار خوار پرندہ ÷

گدھا (گَدْ۔ ھَا) (ہ) مذکر (۱) حمار۔ خر (۲) (صفت) مورکھ۔ نادان۔ احمق ÷ **گدھا برسات میں بھوکا مرے**۔ احمق اپنے خیالات سے آپ ہی مصیبت میں پڑتا ہے ÷ **گدھاپن**۔ مذکر۔ نادانی۔ بے وقوفی۔ حماقت ÷ **گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا**۔ مثل۔ بے وقوف کو ادب دینے سے عقل نہیں آتی۔ رذیل سے شریف نہیں ہو سکتا ÷ **گدھا چند**۔ بے وقوف آدمی ÷ **گدھا دھونے سے بچھڑا نہیں ہوتا**۔ کہاوت۔ کمینہ لباس سے شریف نہیں بن سکتا۔ زیب و آرائش سے بری چیز اچھی نہیں بن سکتی ÷ **گدھا کھر سا میں موٹا ہوتا ہے**۔ مثل۔ لوگوں کا خیال ہے کہ موسم خزاں میں جب گدھا کھاتے کھاتے پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے تو سمجھتا ہے کہ میں نے سارا کھا لیا اور اسی خوشی میں موٹا ہوتا جاتا ہے، لیکن اسے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس موسم میں گھاس تو ہوتی ہی نہیں۔ پس یہ مثل اسی طرح رنج کے موقع پر خوشی یا خوشی کے موقع پر رنج ظاہر کرنے والے بولتے ہیں ÷ **گدھا کیا جانے زعفران کی قدر** (و) مثل۔ بے وقوف کسی جاہ و منصب کی قدر نہیں کرتا ÷ **گدھا گھوڑا ایک بھاؤ**۔ یا۔ **گدھا گھوڑا برابر**۔ مثل۔ بدتمیزی، بے انصافی اور ناقدرشناسی کے موقع پر کہتے ہیں، جب اچھی بری چیز کا نرخ ایک ہو ÷ **گدھا گیا دُم کی تلاش میں کٹا آیا کان** (و) مثل۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی احمق اپنے نقصان کی تلافی کے لیے کوشش کرتا ہوا اَور نقصان کرا بیٹھے ÷ **گدھا مرے کمہار کا دھوبن ستی ہو** (و) مثل۔ نقصان کسی کا ہو اور جی کوئی کڑھائے ÷ **گدھوں**۔ گدھا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ÷ **گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں**۔ مثل۔ اگر نادانوں سے ہنرمندوں کا کام نکلے تو ہنرمندوں کو کون پوچھے ÷ **گدھوں کے ہل چلنا**۔ یا۔ **پھرنا**۔ کسی جگہ کا ایسا ویران ہونا کہ وہاں گدھے چرتے پھریں۔ بے حد ویران ہونا ÷

گدھی۔ مؤنث (۱) مادۂ خر۔ حمارہ (۲) احمق عورت ÷ **گدھے**۔ مذکر (۱) گدھا کی جمع (۲) گدھا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ÷ **گدھے پر چڑھانا**۔ یا۔ **سوار کرانا** (و) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ تشہیر کرنا ÷

گدھے پر کتابیں لادنا۔ بے وقوف کو علم پڑھانا ⁂ **گدھے کو انگوری باغ۔** پوری حلوا، خشکہ یا گلقند۔ نالائق کو بڑا کام۔ بے وقوف کو بڑا رتبہ ⁂ **گدھے کو باپ بنانا** (۱) کام نکالنے کے لیے بے وقوف کی منت خوشامد کرنا ⁂ **گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا** (۱) بدوں کے ساتھ بھلائی کر کے بُرائی پانا ⁂ **گدھے کو گدھا کھجاتا ہے** (۱) احمق کو احمق ہی سراہتا ہے ⁂ **گدھے کو نون دیا، اس نے کہا، میری آنکھیں دُکھتی ہیں۔ یا۔ گدھے کی آنکھوں میں نون دیا، اس نے کہا، میری آنکھیں پھوڑیں (پھوڑدیں)** مثل۔ بے وقوف پر احسان کیا، اُس نے سمجھا، بدسلوکی ہوئی۔ یعنی بے وقوف سے بھلائی کرنا نہ کرنا برابر ہے ⁂ **گدھے کے ہل چلوانا۔** کسی شہر یا جگہ کو اجڑوانا۔ مسمار کرانا یا تباہ و برباد کرانا ⁂

گدھیڑی (گَدھ۔ ھے۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ از حد پھوہڑ، بے تمیز اور بے سلیقہ عورت ⁂

گدّی (گَدّ۔ دِی) (ہ) مؤنث (۱) مسندِ حکومت۔ تختِ شاہی۔ سنگھاسن (۲) گدا۔ گدیلا۔ مسند (۳) کاغذ یا کپڑے کی تہ ⁂ **گدّی پر بیٹھنا** (۱) مسندِ حکومت پر جلوہ فرمانا (۲) کسی بزرگ یا پیر یا گرو کے بعد اس کا جانشین ہونا ⁂ **گدّی سے اتارنا۔** تخت سے اتارنا۔ حکومت سے معزول کرنا۔ فرماں روائی کے اختیارات لے لینا ⁂ **گدّی نشین** (ف) مذکر (۱) وہ شخص، جو حکومت کی گدّی پر بیٹھے۔ تخت نشین (۲) پیروں، فقیروں اور درویشوں کا جانشین ⁂ **گدّی نشینی۔** مؤنث (۱) تخت نشینی (۲) پیر یا گرو وغیرہ کی جانشینی ⁂

گدّی (گُدّ۔ دِی) (ہ) مؤنث (۱) گردن کا پچھلا حصّہ۔ سر کا پچھلا حصّہ (۲) ہتھیلی ⁂ **گدّی پھاننا یا ناپنا۔** گدّی پر دھولیں جڑنا۔ دھپ لگانا ⁂ **گدّی سے زبان کھینچنا۔ یا۔ نکالنا** (۱) گردن کے پچھلے حصّے کو چیر کر اُس راستے سے زبان نکال لینا۔ سزائے موت دینا ⁂

گدیلا (گَدے۔ لا) (ہ) مذکر (۱) رُوئی کا گدا۔ توشک (۲) ہاتھی کے اوپر رکھنے کی گدّی ⁂

گدیہ (گَدْ۔ یَہ) (ف) مذکر۔ گدائی کرنا۔ بھیک مانگنا ⁂

گ۔ ڈ

گڈ (گَڈ) (ہ) مؤنث۔ گاڈی کا مخفف۔ گاڑی۔ چھکڑا ⁂ **گڈا۔** مذکر۔ چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی گاڑی ⁂ **گڈّی۔** مؤنث (۱) گاڑی۔ چھکڑا (۲) مٹھا۔ پولی۔ بنڈل (۳) کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ ⁂

گڈ (گُڈ) (انگ۔ Good) (۱) اچھا، خوب، نفیس، عمدہ (۲) نیک، پرہیزگار (۳) فائدہ مند (۴) شریف۔ اشراف ⁂ **گڈ آفٹرنون** Good afternoon مؤنث۔ سہ پہر راحت سے بسر ہو۔ انگریزوں میں سہ پہر کا سلام ⁂ **گڈ ایوننگ** (Good evening) مؤنث۔ شام خیریت سے گزرے۔ انگریزوں میں شام کا سلام ⁂ **گڈ بائی** (Good-bye) رخصت کا سلام، جو جاتے وقت ادا کیا جاتا ہے۔ فی امان اللہ۔ خدا حافظ ⁂ **گڈ فرائی ڈے** (Good Friday) مذکر۔ حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے کا جمعہ۔ اُس دن عیسائی لوگ تہوار مناتے ہیں ⁂ **گڈ مارننگ** (Good morning) مؤنث۔ صبح سلامتی سے گزرے۔ انگریزوں میں صبح کا سلام ⁂ **گڈ نائٹ** (Good night) مؤنث۔ شب بخیر۔ انگریزوں میں رات کا سلام ⁂ **گڈ نون** (Good noon) مؤنث۔ دوپہر سلامتی سے گزرے۔ انگریزوں میں دوپہر کا سلام ⁂

گڈّا (گُڈ۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ کپڑے کا بنا ہوا آدمی کی صورت کا پتلا، جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں ⁂ **گڈّا بنانا۔** بے عزت کرنا۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا ⁂ **گڈّی۔** مؤنث (۱) ایک قسم کا پتنگ۔ پتنگی (۲) ہڈیوں کے جوڑ (۳) پرندے کے پر کی گرہ، جو اسے اُڑنے سے باز رکھنے کے لیے باندھ رکھتے ہیں ⁂

گڈریا (گَڈ۔ رِ۔ یا) (ہ) مذکر۔ بکریاں چرانے والا۔ چرواہا۔ شبان۔ راعی۔ چوپان ⁂

گڈس (گُڈز) (انگ۔ Goods) مذکر۔ مال، اسباب، سامان ⁂ **گڈس آفس۔** (Goods Office) مذکر۔ مال کا دفتر۔ ریلوے مال گودام کا دفتر، جہاں مال آتا اور روانہ کیا جاتا ہے ⁂ **گڈس ٹرین** (Goods train) مؤنث۔ مال گاڑی۔ وہ ریل گاڑی، جس میں اسباب آتا جاتا ہے ⁂ **گڈس کلرک** (Goods clerk) مذکر۔ مال گودام کا بابو۔ محررِ مال ⁂

گڈمڈ (گَڈ۔ مَڈ) (ہ) (۱) ملا جلا۔ مخلوط (۲) ملایا ہوا۔ آمیختہ (لکھنؤ میں گڈبڈ کہتے ہیں) ⁂ **گڈمڈ کرنا۔** گڈبڑ کرنا۔ ملا دینا ⁂ **گڈمڈ ہونا** (۱) مخلوط ہونا۔ ملنا (۲) گتھنا۔ جُڑنا ⁂

گڈھ (گَڈھ) (ہ) مذکر۔ گڑھ، کوٹ، قلعہ، حصار ⁂ **گڈھی۔** مؤنث۔ گڑھی۔ چھوٹا قلعہ ⁂

گ۔ ر

گر (گَر) (ف) اگر کا مخفف ⁂ **گرچہ۔** اگرچہ کا مخفف ⁂

گر (گِر) (ہ) (۱) گرنا کا امر (۲) (ہندو) پہاڑ ⁂ **گر پڑ کر۔** جوں توں کر کے۔ نہایت مشکل سے ⁂ **گر پڑنا** (۱) نیچے آرہنا۔ زمین پر آپڑنا (۲) دیوار یا مکان کا بیٹھ جانا (۳) ازحد کمزور اور نحیف ہو جانا (۴) تباہ و برباد ہو جانا ⁂ **گر جانا** (۱) نیچے گر پڑنا (۲) بکھر جانا (۳) تلف ہونا ⁂ **گر گئے دانت آم کھانے سے۔** مثل۔ تعجب اور خلافِ عمل بات کے متعلق کہتے ہیں ⁂ **گرا** (۱) گرنا سے ماضی مطلق (۲) گرنا کا امر ⁂ **گرا پڑا** (۱) زمین پر گرا اور پڑا ہوا۔ افتادہ (۲) خوار۔ ذلیل۔ جندل ⁂ **گرانا** (۱) پھینکنا۔ نیچے ڈالنا (۲)

مسمار کرنا ۔ ڈھانا (۳) پٹکنا ۔ دے مارنا (۴) مرتبہ گھٹانا ۔ درجہ توڑنا (۵) قیمت کم کرنا (۶) اسقاط کرنا (۷) رواں کرنا ۔ بہانا ۔ (۸) نڈھال کرنا ۔ مضمحل کرنا ؛

گِرا اُو ۔ گِر جانے کے قریب ۔ جھکا ہوا ؛ **گِرنا** (۱) اوپر سے نیچے آ پڑنا (۲) لڑھکنا ۔ پھسلنا (۳) لالچ کرنا ۔ از حد مائل ہونا (۴) شکست کھانا ۔ ہارنا (۵) نرخ گھٹنا ۔ بھاؤ کم ہونا (۶) ٹپکنا ۔ برسنا (۷) قدر نہ رہنا (۸) بیمار پڑنا ؛ **گِرنے والا سنبھلا چھوٹے اور گردن میری ٹوٹے** (۱) مثل ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی شخص، جس پر اصل میں کوئی آفت آنے والی ہو، بچ جائے اور دوسرا اچانک اس میں پھنس جائے ؛

گُر (گُرْ) (ہ) مذکر (۱) گُرو کا مخفف ۔ رہنما ۔ مرشد (۲) معلم ۔ استاد (۳) قاعدہ ۔ اصول ۔ کلیہ (۴) (ا) باریکی ۔ نکتہ ؛ **گُردوارہ** ۔ مذکر (۱) گُرو کے رہنے کا مکان (۲) سکھوں کا دھرم سالہ ؛ **گُر گُر بدّیا سر سر گیان** ۔ مثل ۔ ہر گُرو اور مرشد کا علم و عمل اور ہر سر کی عقل مختلف ہوتی ہے ۔ ہر شخص کی رائے جدا ہوتی ہے ؛ **گُرمکھی** ۔ مؤنث ۔ گُرووں کے منہ کی زبان ۔ پنجابی زبان، جو ہندی نما حروف میں لکھی جاتی ہے ؛

گَرّا (گَرْ ۔ رَا) (ہ) سرخی مائل ۔ لاکھی ؛

گِراب (گِرَابْ) (ا) مذکر ۔ وہ توپ کا گولہ، جس میں بہت سی گولیاں، رال، چھرّا وغیرہ بھرا ہوا ہوتا ہے ؛

گراری (گَرَا ۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) دھاگا یا رسی بٹنے کا آلہ (۲) دھاگا لپیٹنے کی ریل (۳) کنوئیں کی چرخی (۴) عام مشینوں کا ایک پرزہ، جو پہیئے کی شکل کا ہوتا ہے ؛

گراس (گَرَاسْ) (ہ) مذکر (ہندو) لقمہ ۔ نوالہ ؛

گراس (گَرَاسْ) (انگ ۔ Grass) مذکر و مؤنث ۔ ہری گھاس ۔ گیاہ ؛ **گراس کٹ** (Grass cut) مذکر ۔ گھاس کھود کر لانے والا ۔ گھسیارا ۔ سائیس ؛ **گراس کٹر** (Grass cutter) مذکر ۔ دیکھیے "گراس کٹ" ؛

گرام (گِرَامْ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) گاؤں ۔ موضع ۔ بستی ۔ دِہ ۔ قریہ ؛

گراموفون (گَرَا ۔ مُو ۔ فُوْن) (انگ ۔ Gramophone) مذکر ۔ وہ باجا، جس میں ریکارڈ سے آواز پیدا ہوتی ہے ؛

گرامی (گِرَا ۔ مِی) (ف) (۱) بزرگ ۔ معظم ۔ محترم (۲) ہر دل عزیز ۔ دل بند ۔ پیارا ۔ عزیز (۳) فارسی کے بہت بڑے شاعر مولانا غلام قادر جالندھری مرحوم کا تخلص ؛

گراں (گِرَاںْ) (ف) (۱) بھاری ۔ وزنی ۔ ثقیل ۔ بوجھل (۲) مہنگا (۳) تکلیف دہ ۔ ناگوار (۴) اَن مول ۔ بیش قیمت (۵) کڑا ۔ درشت ۔ سخت (۶) کاہل ۔ سست (۷) دشوار ۔ مشکل ؛ **گراں بار** (۱) بھاری بوجھ میں لدا ہوا (۲) پھل لانے والا ۔ باردار (۳) دولت مند ۔ مال دار (۴) حاملہ ؛ **گراں بہا** ۔ قیمتی ۔ بیش قیمت ؛ **گراں خاطر** (ف ۔ ع) (۱) ناگوار طبع ۔ اجیرن ۔ دوبھر (۲) ناراض (۳) غمگین ۔ رنجیدہ ۔ آزردہ ؛

گراں گزرنا ۔ یا ۔ معلوم ہونا (۱) دل پر بوجھ معلوم ہونا ۔ بُرا لگنا ۔ ناگوار گزرنا ؛ **گراں ہونا** (۱) بھاری ہونا ۔ ناگوار ہونا ۔ بُرا لگنا ۔ دوبھر ہونا (۲) مہنگا ہونا ۔ نرخ چڑھنا ۔ بھاؤ چڑھنا ؛ **گرانی** (ف) مؤنث (۱) بھاؤ کی تیزی ۔ مہنگا پن (۲) قلت ۔ کمی ۔ توڑا (۳) خشک سالی ۔ کال ۔ قحط (۴) بوجھ ۔ بدہضمی ؛ **گرانیِ خاطر ۔ یا ۔ طبع** (ا) مؤنث ۔ طبیعت کی ناگواری ۔ بیزاری ؛

گرانٹ (گَرَانْٹْ) (انگ ۔ Grant) مؤنث ۔ مالی امداد ؛

گرانڈ جیوری (گَرَ ۔ انْڈ ۔ جیُوْ ۔ رِی) (انگ ۔ Grand Jury) مؤنث ۔ وہ پنچایت، جس میں بارہ سے کم اور تیئیس سے زیادہ پنچ نہ ہوں ۔ بڑی پنچایت، جو کسی مقدمے کے فیصلے کے لیے مقرر کی جاتی ہے ؛

گراہ (گَرَاہْ) (ہ) مذکر (ہندو) مگر ۔ مگرمچھ ۔ گھڑیال ۔ نہنگ ؛

گراؤنڈ (گَرَا ۔ اُوْنْڈْ) (انگ ۔ Ground) مؤنث (۱) زمین ۔ بنیاد (۲) زمین کا نقشہ (۳) میدان ؛

گَرب (گَرْبْ) (س) مذکر (ہندو) گھمنڈ، غرور، گمان، تکبر ؛

گُربُز (گُرْ ۔ بُزْ) (ف) دغاباز ۔ حیلہ گر ۔ مکار ؛ **گُربُزی** ۔ مؤنث ۔ مکاری ؛

گُربہ (گُرْ ۔ بَہْ) (ف) مؤنث ۔ بلی ۔ ہریرہ ؛ **گربہ چشم** ۔ بلی کی سی آنکھوں والا ۔ نیلی آنکھوں والا ۔ کرنجا ۔ ازرق چشم ؛ **گربہ کشتن روزِ اوّل** (ف ۔ ع) مثل ۔ بلی کو پہلے ہی دن مار ڈالنا چاہیے ۔ رعب پہلے ہی دن خوب بیٹھتا ہے ۔ دھمکی دینا پہلے ہی دن کارآمد ہوتا ہے ؛ **گربہ مسکین** (ف) دیکھنے میں غریب اور کام میں شریر ۔ فریبی ۔ مکار ؛

گَربھ (گَرْ بھْ) (س) مذکر (ہندو) (۱) پیٹ ۔ حمل (۲) کچا بچہ ۔ جنین ؛ **گربھ استھان** ۔ مذکر (ہندو) بچہ دان ۔ رحم ؛ **گربھ پات** ۔ مذکر (ہندو) حمل کا گر جانا ۔ اسقاطِ حمل ؛

گروپ (گْرُوپْ) (انگ ۔ Group) (۱) گروہ ۔ مجمع ۔ جھنڈ (۲) کئی آدمیوں کی یک جائی تصویر ؛

گرج (گَرَجْ) (ہ) مؤنث (۱) بجلی کی آواز ۔ کڑک (۲) شیر کی دہاڑ (۳) ہاتھی کی چنگھاڑ (۴) زور کی آواز ۔ چیخ (۵) گرجنا کا امر ؛ **گرج کر بولنا** (۱) کڑاکے کی آواز نکالنا ۔ چیخ کر بولنا ؛ **گرجا** ۔ گرجنا سے ماضی مطلق ؛ **گرجتے ہیں سو برستے نہیں** ۔ مثل ۔ زبانی شیخی بگھارنے والوں سے کچھ نہیں ہو سکتا ۔ شیخی بازوں کی باتیں ہی باتیں ہوا کرتی ہیں ؛ **گرجنا** (۱) بجلی کا آواز دینا ۔ کڑکنا (۲) شیر کا دہاڑنا (۳) ہاتھی کا چنگھاڑنا (۴) کڑک کر بولنا ۔ چلا کر بولنا ۔ شور مچانا ؛

گَرجا (گَرْ ۔ جَا) (ہ) مذکر ۔ وہ موتی، جس میں بال پڑا ہوا ہو ؛

گِرجا (گِرْ ۔ جَا) (پرتگالی) مذکر ۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ ۔ کلیسا ۔ صومعہ ۔ چرچ ؛

گُرجی (گُرْ ۔ جِی) (ف) (۱) گرجستان سے منسوب (۲) گرجستان کا باشندہ (۳) ایک قسم کا کتا، جو گرجستان سے لایا گیا تھا ؛

گرچ (گَرْ۔ چْ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس ٭
گرد (گَرْ۔ دْ) (ف) مؤنث (۱) غبار۔ دُھول۔ راکھ (۲) (ل) ناچیز۔ بے حقیقت ٭ **گردِ آفتاب**۔ مؤنث۔ ذرّے، جو سورج کی کرنوں میں دکھائی دیتے ہیں ٭ **گرد آلود** (آلودہ) خاک میں لپٹا ہُوا، خاک میں مِلا ہُوا، جس پر گرد جمی ہوئی ہو، غبار آلود ٭ **گرد اُڑانا** (ل) (۱) غبار اُڑانا (۲) (کنایۃً) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۳) مضحکہ اُڑانا ٭ **گرد بیٹھنا** (۱) خاک کا نیچے جمنا۔ غبار کا تہ نشین ہونا (۲) مَیل جمنا (۳) آندھی کم ہونا ٭ **گرد جھاڑنا** (۱) خاک اور دُھول سے صاف کرنا (۲) سزا دینا۔ مارنا ٭ **گرد کرنا** (۱) ہرانا۔ مات کرنا۔ ماند کرنا۔ بے نور کرنا (۲) کپڑے مَیلے کرنا ٭ **گرد کو نہ پہنچنا**۔ برابر نہ ہو سکنا۔ پیچھے رہ جانا۔ عاجز رہنا ٭ **گرد و غبار** (ف) مذکر۔ خاک دُھول ٭ **گرد ہونا** (ل) (۱) ہیچ ہونا۔ مات ہونا۔ خاک ہونا۔ بے اثر ہونا (۲) بے رونق ہونا (۳) شرمندہ ہونا ٭ **گرد ہے**۔ ہیچ ہے۔ کچھ حقیقت نہیں رکھتا ٭ **گردا** (ل) مذکر (۱) دُھول۔ گرد (۲) بالو۔ ریت ٭ **گردہ** (ف) مذکر (۱) مصوّروں کے استعمال کرنے کا سفوف (۲) خاکہ ٭

گِرد (گِرْ۔ دْ) (ف) (۱) گھیرا۔ حلقہ (۲) گول۔ مدوّر (۳) نواح۔ آس پاس۔ اطراف۔ دَور (۴) فراہم۔ جمع (۵) (ل) پیچھے ٭ **گِرد باد**۔ مذکر۔ بگولا۔ ہوا چکر ٭ **گِرد بالش**۔ مذکر۔ وہ گول اور چھوٹا تکیہ، جو امیر لوگ سوتے وقت رخساروں کے نیچے رکھتے ہیں ٭ **گِرد گھما** (ل) مذکر (۱) کسی کے گِرد پھرنے والا۔ آوارہ پھرنے والا۔ آوارہ گرد (۲) مفلس۔ تماشبین ٭ **گِرد و نواح** (ف۔ ع) مذکر۔ آس پاس کا علاقہ۔ قرب و جوار۔ اطراف۔ ضلع۔ پڑوس۔ سوادِ شہر ٭ **گِرد ہونا** (ل) درپے ہونا۔ پیچھے پڑنا ٭ **گِردا گِرد** (ف) اِردگِرد۔ آس پاس۔ سب طرف۔ چاروں طرف۔ اطراف ٭ **گِردہ**۔ مذکر۔ کنڈی، دائرہ، حلقہ ٭
گُرد (گُرْ۔ دْ) (ف) (۱) طاقت ور۔ مضبوط (۲) پہلوان۔ شجاع۔ بہادر۔ جنگجو ٭
گِرداب (گِرْ۔ دَابْ) (ف) مذکر۔ بھنور ٭
گرداں (گَرْ۔ دَاں) (ف) (۱) گردش کرنے والا۔ دوّار۔ پھرنے والا (۲) (ل) پلٹا ہُوا۔ اُلٹا ہُوا ٭
گردان (گَرْ۔ دَانْ) (ف) مؤنث (۱) لوٹانا۔ دَور (۲) ترتیب کے مطابق صیغے پڑھنا (۳) قرآن مجید دُہرانا ٭ **گردان کرنا** (ل) (۱) صرف کے صیغوں کو بالترتیب زمانے اور وحدت و جمع کے لحاظ سے پڑھنا (۲) دہرانا ٭ **گرداننا** (۱) کسی مصدر کے تمام صیغے بیان کرنا (۲) دَور کرنا۔ دہرانا (۳) تسلیم کرنا۔ ماننا (۴) (پ) ہلانا۔ لپیٹنا۔ پھنسانا ٭
گردانی (گَرْ۔ دَا۔ نِیْ) (ل) مؤنث۔ چادر یا دوپٹا، جو عورتیں نماز پڑھتے وقت خاص طریقے سے اوڑھتی ہیں ٭
گرداور (گِرْ۔ دَا۔ وَرْ) (ف) مذکر۔ پٹواریوں کے حلقے یا چنگی کے علاقے میں پھر کر دیکھنے والا افسر گشت کرنے والا عہدہ دار ٭ **گرداوری**۔ مؤنث (۱) گرداور کا عہدہ (۲) گشت۔ دورہ (۳) نگہبانی۔ نگرانی (۴) گشت کرنے کا حلقہ یا علاقہ ٭
گردش (گَرْ۔ دِشْ) (ف) مؤنث (۱) پھیر۔ دَور۔ چکر (۲) تغیر۔ انقلاب (۳) بدنصیبی۔ بداقبالی۔ اِدبار (۴) (ل) آفت۔ مصیبت۔ سختی ٭ **گردش کرنا** (ل) پھرنا۔ چکر کھانا۔ گھومنا ٭ **گردش میں آنا**۔ چکر میں آنا۔ مصیبت یا بپتا میں پھنسنا ٭
گردگاں (گِرْدْ۔ گَاں) (ف) مذکر۔ اخروٹ ٭
گردن (گَرْ۔ دَنْ) (ف) مؤنث۔ گلا۔ گلو۔ ناڑ ٭ **گردن اُڑانا** (ل) گردن کاٹنا۔ سر اُڑانا۔ سر قلم کرنا۔ قتل کرنا۔ قربانی کرنا ٭ **گردن اینٹھی رہنا**۔ اکڑا اور کھچا رہنا۔ خفا رہنا ٭ **گردن پر بوجھ ہونا** (۱) بارِ احسان میں دبنا (۲) گناہوں کے عذاب کا سر پر ہونا (۳) ناگوارِ خاطر ہونا (۴) گراں بار ہونا ٭ **گردن پر جُوا رکھنا** (۱) بوجھ اٹھانا۔ کوئی بھاری کام ذمے لینا (۲) فرماں برداری کرنا (۳) جورو والا ہونا ٭ **گردن پر حق رہنا**۔ کسی کے ذمے کسی کا حق رہنا ٭ **گردن پر خون ہونا**۔ کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ سر پر ہونا۔ قتل کے گناہ کا مجرم اور خون کا ذمہ دار ہونا ٭ **گردن پر سوار ہونا** (۱) کسی کی گردن پر چڑھنا (۲) سر رہنا۔ شدید تقاضا کرنا۔ کسی بات یا کام کے لیے نہایت تنگ اور مجبور کرنا ٭ **گردن پھنسانا** (۱) گردن کو پھندے میں پھنسانا۔ اپنے آپ کو خطرے میں پھنسانا (۲) ذمہ داری لینا۔ ضامن ہونا ٭ **گردن پھیرنا**۔ حکم نہ ماننا۔ سرکشی کرنا۔ منحرف ہونا ٭ **گردن جھکانا** گردن نیچے کرنا۔ بوجھ کے مارے گردن خم کرنا (۲) ادب سے سلام کرنا۔ تسلیم بجا لانا (۳) متابعت کرنا۔ اطاعت کرنا (۴) شرمندہ ہونا (۵) احسان مند ہونا (۶) عاجزی کرنا ٭ **گردن ڈھلکنا** (ڈھلنا) گردن کا ٹوٹ جانا۔ منکا ڈھلکنا۔ مرنے کے قریب ہونا ٭ **گردن زدنی** (ف) واجب قتل۔ کُشتنی ٭ **گردن سے جُوا اُتارنا** (ل) اطاعت اور فرماں برداری سے نکلنا۔ آزاد ہونا ٭ **گردن کا ڈورا**۔ مذکر (۱) وہ سیاہ ڈورا، جو نظرِ بد کے خیال سے گلے میں پہنا جاتا ہے (۲) ایک خاص اندازِ معشوقانہ سے گردن کی لچک ٭ **گردن کا منکا** (مہرہ) مذکر۔ پشت کی وہ ہڈی، جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے ٭ **گردن کا منکا ڈھلکنا** (ڈھلنا) گردن کی پچھلی ہڈی کا نیچے لٹک جانا۔ مرنے لگنا ٭ **گردن کٹنا** (۱) گلا کٹنا۔ قتل ہونا۔ مارا جانا۔ حلال ہونا (۲) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ زبردستی مال لیا جانا ٭
گردن کشی (ف) مؤنث (۱) نافرمانی۔ بغاوت (۲) تکبر۔ غرور (۳) شوخی۔ شرارت۔ گستاخی ٭ **گردن مارنا** (ل) قتل کرنا۔ ہلاک کرنا ٭ **گردن مروانا**۔ قتل کرانا۔ ہلاک کرانا ٭ **گردن مروڑنا** (۱) گلا گھونٹنا (۲) کسی جانور کو ذبح کیے بغیر گلا گھونٹ کر مارنا ٭ **گردن میں ہاتھ دے کر نکالنا**۔ نہایت بے عزتی سے گردن پکڑ کر نکال دینا ٭ **گردن ناپنا**۔ قتل کرنا۔ سر اُڑانا ٭ **گردن نہ اٹھانا** (۱) شرمندگی سے آنکھ سامنے نہ ہونا۔ دم نہ مارنا۔ اُف نہ کرنا (۲) انکار نہ کرنا ٭ **گردن ہلانا** (۱) انکار کرنا (۲) مٹکنا ٭ **گردن ہلنے لگنا**۔ بڑھاپے کی وجہ سے گردن میں

رعشہ ہو جانا ۔ بہت بوڑھا ہو جانا ؛

گردنا (گَرْ ۔ دَنَا) مذکّر (۱) دھول دھپّا (۲) از حد موٹی اور تیار گردن ؛

گردنی (گَرْ ۔ دَنِی) (ف) مؤنّث (۱) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا، جو گردن سے پٹھوں تک ہوتا ہے (۲) کشتی کا ایک داؤ ؛ **گردنی دینا** (۱) گردن میں ہاتھ دے کر نکال لینا (۲) گُدّی پر چانٹا لگانا ؛

گردوں (گَرْ ۔ دُوْں) (ف) مذکّر ۔ آسمان ۔ چرخ ۔ فلک ؛

گردہ (گُرْ ۔ دَہ) (ف) مذکّر (۱) انسان یا حیوان کا ایک اندرونی عضو، جس میں پیشاب چھنتا ہے (۲) (ف) ایک قسم کی چھوٹی توپ (۳) دلیری ۔ حوصلہ ۔ جرأت ؛

گرڑ (گَرْ ۔ ڑْ) (ہ) مذکّر (۱) گِدھ (۲) (پ) نیل کنٹھ ؛

گرز (گُرْ ۔ زْ) (ف) مذکّر ۔ ایک ہتھیار، جو اوپر سے گول، موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے اور کبھی دشمن کے سر پر مارنے کے کام آتا تھا ؛ **گرز بردار** ۔ مذکّر ۔ گُرز اٹھانے والا ؛

گرس (گُرْ ۔ سْ ۔ گُرُ ۔ سْ) (مہنّد) (انگ ۔ گرْ ذ ش ۔ Gross) مذکّر ۔ بارہ درجن کا مجموعہ ۔ ایک سو چوالیس عدد کا بنڈل ؛

گرسل (گُرْ ۔ سَلْ) (ہ) مؤنّث ۔ مَینا کی قسم کا زرد چونچ والا ایک پرندہ ؛

گرسنہ (گُرُ ۔ سْ ۔ نَہ، گُرْ ۔ سَنَہ) (ف) بھوکا ؛

گرفت (گِرِ ۔ فْت) (ف) مؤنّث (۱) پکڑ (۲) قبضہ ۔ موٹھ ۔ دستہ (۳) مطالبہ ۔ مزاحمت ۔ اعتراض ؛ **گرفت کرنا** (ف) (۱) پکڑنا (۲) مزاحمت کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ تھامنا ؛ **گرفتار** (ف) (۱) پکڑا ہوا ۔ اسیر ۔ قیدی (۲) پھنسا ہوا (۳) فریفتہ ۔ عاشق ؛ **گرفتار ہونا** (ف) (۱) پکڑا جانا (۲) عاشق ہونا (۳) مبتلا ہونا ۔ پھنسنا ؛ **گرفتاری** (ف) مؤنّث (۱) پکڑ (۲) نظر بندی ۔ قید (۳) جنجال ۔ الجھاوا ؛ **گرفتگی** ۔ مؤنّث (۱) پکڑ (۲) گھٹاؤ ۔ رکاوٹ (۳) تتلاہٹ ۔ لکنت ؛ **گرفتگیٔ آواز** ۔ مؤنّث ۔ گلا پڑنا ۔ آواز پڑنا ؛ **گرفتہ** ۔ پکڑا ہوا ؛ **گرفتہ خاطر (دل)** رنجیدہ، ناخوش ؛

گرگ (گُرْ ۔ گْ) (ف) مذکّر ۔ بھیڑیا، ایک مشہور درندہ ؛ **گرگِ باراں دیدہ** ۔ آزمودہ کار ۔ خرانٹ ۔ تجربہ کار ؛ **گرگ کہن** (۱) مذکّر ۔ بوڑھا اور پرانا بھیڑیا (۲) (صفت) بڑا بھاری مکّار ۔ خرانٹ ؛

گرگا (گُرْ ۔ گَا) (ہ) مذکّر (۱) چھوکرا ۔ چیلا ۔ شاگرد (۲) ادنیٰ ملازم ۔ نوکر (۳) بد وضع ۔ بدکار (۴) از حد شریر ۔ شیطان ؛

گرگابی (گُرْ ۔ گَا ۔ بِی) (ف) مؤنّث ۔ ایک قسم کا انگریزی جوتا، جو صرف پنجے تک ہوتا ہے ؛

گرگٹ (گِرْ ۔ گِٹْ) (ہ) مذکّر ۔ ایک قسم کی بڑی چھپکلی، جو سورج نکلنے پر طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے (پ) کرلا ؛ **گرگٹ کی دوڑ تھوڑے تک** ۔ مثل ۔ ہر شخص اپنے مربّی پر بھروسا کرتا ہے ۔ ہر شخص اپنے ٹھکانے پر جا کر پناہ لیتا ہے ؛ **گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا** (ا) بے حد متلوّن مزاج ہونا ۔ نیلی پیلی آنکھیں ہونا ۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ ہونا ۔ ایک حال پر نہ رہنا ؛

گرگرانا (گُرْ ۔ گُرَا ۔ نَا) (ہ) جال کی طرف بٹیروں کو ہنکانا ؛

گرگریا (گُرْ ۔ گُرِ ۔ یَا) (ہ) مؤنّث ۔ چڑیا ؛

گرل (گَرْلْ) (انگ Girl) مؤنّث ۔ لڑکی ۔ چھوکری ۔ دختر ۔ کنیا ؛

گرلز سکول Girls School مذکّر ۔ لڑکیوں کے پڑھنے کا سکول ۔ مدرسۃ البنات ؛

گرم (گَرْ ۔ مْ) (ف) (۱) تتا ۔ جلتا ہوا ۔ حار (۲) تیز رفتار (۳) اختلاط رکھنے والا (۴) تیز ۔ تند ۔ مستعد (۵) دمکتا ہوا ۔ لال (۶) ناراض ۔ خفا ؛

گرم اختلاطی ۔ مؤنّث ۔ از حد بے تکلّفی ۔ گہری دوستی ؛ **گرم بازاری** ۔ مؤنّث ۔ از حد گاہکی اور خریداری ۔ لین دین اور بیوپار کی کثرت ۔ بہ کثرت خرید و فروخت ؛ **گرم بولنا** (ا) تیز ہونا ۔ بدمزاجی سے جواب دینا ؛ **گرم تھوک ٹھنڈا تھوک** ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی نوکر اپنے آقا کی نوکری چھوڑ دینے کے لیے کوئی بہانہ ڈھونڈے ؛ **گرم جوشی** (ف) مؤنّث (۱) اختلاط ۔ تپاک (۲) شوق ۔ جوش ۔ سرگرمی (۳) سعی ۔ کوشش ؛ **گرم خانہ** ۔ مذکّر (۱) سردیوں میں نازک پودے رکھنے کا مکان (۲) سردیوں کا موسم گزارنے کا مکان ؛ **گرم خبر** (ف) مؤنّث ۔ عام خبر ۔ افواہ ۔ دھوم ؛ **گرم سرد** (ف) (۱) تتا اور ٹھنڈا (۲) شیر گرم (۳) بُرا بھلا ۔ نیک و بد ؛ **گرم سرد اٹھانا ۔ یا ۔ سہنا** (ف) بُرا بھلا وقت دیکھنا ۔ زمانے کی مصیبتیں برداشت کرنا ؛ **گرم کپڑے** ۔ مذکّر ۔ اونی یا روئی والے کپڑے ۔ جاڑے کے موسم کی پوشاک ؛ **گرم کرنا** (۱) تتا کرنا ۔ جوش دینا (۲) آگ لگانا ۔ غصّہ دلانا (۳) دوڑانا ۔ تیز کرنا ؛ **گرم مزاج** ۔ تندخو ۔ غصیل ۔ بدمزاج ؛ **گرم مزاجی** ۔ مؤنّث ۔ تندخوئی ۔ بدمزاجی ؛ **گرم مسالا** ۔ مذکّر ۔ زیرہ سیاہ، مرچ، لونگ، الائچی اور دارچینی، ان سب کے مجموعے کو گرم مسالا کہتے ہیں، جو عموماً سالن کو خوشبودار اور چٹ پٹا کرنے کے لیے ڈالتے ہیں ؛ **گرم ہونا** (۱) جلنا ۔ تپنا ۔ تتا ہونا (۲) ابلنا ۔ جوش ہونا (۳) تیز ہونا ۔ خفا ہونا (۴) بارونق ہونا ؛ **گرما** (ف) مذکّر ۔ گرمی کا موسم ؛ **گرمابہ** (ف) مذکّر ۔ نہانے کا گرم مکان ۔ حمّام ؛ **گرماگرم** (۱) جلتا ہوا ۔ تتا تتا (۲) تازہ بہ تازہ (۳) رقّت خیز ۔ پُرجوش (۴) چرب زبان ۔ ظریف الطبع (۵) تڑاق پڑاق ۔ فوراً (۶) چلبلا ۔ شوخ ؛ **گرمانا** (ف) (۱) گرم کرنا (۲) غصّے میں بھرنا ۔ خفا ہونا (۳) جوش میں آنا (۴) ستانا (۵) گرم رفتار ہونا ؛ **گرمائی** ۔ مؤنّث ۔ تپش ۔ گرمی ؛ **گرمی** (ف) مؤنّث (۱) حرارت ۔ تپش (۲) تابستان ۔ موسم گرما (۳) گرم جوشی ۔ تپاک (۴) طرّاری ۔ شوخی (۵) تندی ۔ تیزی (۶) آتشک (۷) غصّہ (۸) خواہش نفسانی ۔ شہوت ؛ **گرمی پڑنا** (ف) دھوپ آنا ۔ موسم گرما آنا ؛ **گرمی دانے** ۔ مذکّر ۔ وہ چھوٹے چھوٹے دانے، جو گرمی کے موسم میں جسم پر نکل آتے ہیں ۔ (پ) پِت ؛ **گرمی کے کپڑے** ۔ مذکّر ۔ وہ ٹھنڈی پوشاک، جو موسم گرما میں

پہنی جائے * گرمیِ مضمون (ف) مؤنث۔ مضمون کی خوبی *
گرمی نکالنا (ہ) (۱) حرارت دفع کرنا (۲) غصّہ نکالنا۔ کسی کو مارپیٹ کرنا *
گرمی ہونا (۱) گرمی پڑنا (۲) آتشک ہونا (۳) حرارت بڑھنا * گرمیاں۔
مؤنث (۱) گرمی کی جمع (۲) تپاک۔ گرم جوشیاں (۳) موسمِ گرما (۴) تندیاں۔
خفگیاں * گرمیوں۔ مؤنث۔ گرمی کی جمع حروفِ جار سے پہلے *
گرنتھ (گِرَنْتھ) (س) مذکّر (۱) کتاب۔ پوتھی۔ پستک (۲) سکھوں کی مذہبی کتاب *
گرنڈ (گَرَنْڈ) (ہ) مذکّر۔ چکّی کا وہ حصّہ، جس میں پس پس کر آٹا گرتا اور
جمع ہوتا ہے *
گرو (گُرُو) (س) مذکّر (۱) پیر، مرشد، اچارج (۲) بزرگ (۳) معلّم۔
استاد (۴) جگت استاد۔ کامل فن (۵) مفسد۔ شریر۔ شُہدا (۶) خرّانٹ۔
ہوشیار * گرو گُڑ ہی رہے اور چیلے شکر ہو گئے (ہ) مثل۔ اس
محل پر کہتے ہیں، جب کوئی شاگرد یا مرید اپنے استاد یا پیر سے بھی بڑھ جائے *
گرو گھنٹال (ہ) مذکّر (۱) بہت بڑا استاد یا سب کا پیر و مرشد (۲)
بدمعاشوں کا سرغنہ۔ بہت بڑا چالاک اور خرّانٹ *
گِرو (گِرَوْ) (ف) مذکّر۔ رہن۔ گِروی۔ گہنے۔ بندھک * گِرو کرنا (ہ)
کسی چیز کو نقدی کے عوض ضامن رکھنا * گِرو نامہ (ف) مذکّر۔ گہنے رکھنے کا
تمسّک۔ رہن نامہ *
گروا (گَرْوَا) (ہ) (عوام) (۱) بھاری (۲) ضروری (۳) بڑا۔ معزز۔ بلند مرتبہ *
گِرور (گِرَوْر) (ہ) مذکّر (ہندو) پہاڑ۔ پربت۔ کوہ *
گروہ (گُرُوہ) (ف) مذکّر (۱) جماعت، مجمع، جرگہ، منڈلی۔ ٹولی (۲)
پرندوں کی جماعت۔ غول (۳) ذات، درجہ، نوع، قسم * گروہِ شرکا
(ف۔ع) مذکّر۔ حصّہ داروں کی جماعت۔ پتّی والے، شریک *
گِروی (گِرْوِی) (ف) مؤنث (۱) بندھک۔ رہن (۲) وہ چیز جو گروی
رکھی گئی ہو * گِروی دار۔ مذکّر۔ وہ شخص، جس کے پاس کوئی شے
کسی شرط کے ایفا پر واپس لینے کو رکھی جاتی ہے * گِروی سے چھڑانا۔
رہن سے نکالنا۔ فک الرّہن *
گرویدگی (گِرْوِیْدَگی) (ف) مؤنث۔ میلان۔ رغبت۔ فریفتگی *
گرویدہ۔ عاشق۔ فریفتہ * گرویدہ ہونا (ہ) (۱) دلدادہ ہونا۔
عاشق و شیدا ہونا۔ کسی پر جان دینا۔ مرنا (۲) در پے ہونا۔ سر ہونا *
گِرہ (گِرِہ) (ف) مؤنث (۱) گانٹھ۔ عقدہ (۲) پاکٹ۔ جیب (۳) تین انگل کی
چوڑائی۔ گز کا سولھواں حصّہ (۴) (۱) جوڑ۔ بند (۵) رنج۔ کدورت
(۶) گلٹی۔ غدّہ (۷) بند کے اخیر کا شعر * گِرہ باندھنا۔ یا۔ گِرہ میں
باندھنا (ہ) (۱) کسی بات کے یاد رکھنے کے لیے رومال یا پگڑی میں گانٹھ
لگا لینا (۲) کسی شے کو اپنے قابو میں سنبھال کر رکھنا * گِرہ پڑ جانا۔
یا۔ گِرہ پڑنا (۱) الجھنا۔ گانٹھ پڑنا (۲) دشمنی ہونا۔ دل میں فرق آنا *
گِرہ دار (ف) بہت سی گانٹھوں والا۔ گنٹھیلا * گِرہ دینا (ہ)
گانٹھ لگانا۔ یاد رکھنا * گِرہ سے (کا) جانا۔ اپنی جیب سے خرچ ہونا۔

ذاتی نقصان ہونا * گِرہ کھلنا (۱) عقدہ وا ہونا (۲) جیب کا کترا جانا۔
ذاتی نقصان ہو جانا * گِرہ کھولنا (۱) گانٹھ کھولنا۔ عقدہ وا کرنا (۲)
دل کی کدورت اور رنجش دور کرنا * گِرہ گیر (ف) مُڑا ہوا۔ بل کھایا ہوا *
گِرہ لگانا (ہ) (۱) گانٹھ باندھنا (۲) مصرع پر دوسرا مصرع لگانا *
گِرہ میں پیسا ہونا۔ دولت مند ہونا۔ مال دار ہونا *
گرَہ (گْرَہ) (س) مؤنث۔ ہندی جوتش کے مطابق ان نو سیاروں کو کہتے
ہیں: سورج، چاند، منگل، بدھ، برہسپت، شکر، سنیچر، راہو، کیت *
گرہ آنا (ہ) بُرا ستارہ آنا۔ ادبار آنا۔ نحوست آنا * گرہ پتر
(س) مذکّر۔ اچھے بُرے پھلوں کا زائچہ۔ لگن۔ کنڈلی *
گرھست (گِرَہَسْت) (س) (۱) دنیا داری۔ خانہ داری۔ معاشرت
(۲) قبیل داری۔ عیال داری * گرھستن (ہ) مؤنث (۱) منکوحہ بیوی۔
زوجہ (۲) سلیقہ شعار۔ سگھڑ * گرھستی۔ مذکّر (۱) دنیا دار (۲)
عیال دار۔ گھر والا *
گرہن (گْرَہَن) (س) مذکّر (۱) گہن (۲) کسوف و خسوف۔ سورج پر چاند کا
یا چاند پر زمین کا سایہ ہو جانے سے سیاہ نظر آنا * گرہن لگنا (۱) کسوف و
خسوف کا واقع ہونا (۲) عیب لگنا۔ داغ لگنا *
گرَّی (گَرَّی) (ہ) مؤنث۔ ڈول کی رسّی لپیٹنے کی چرخی *
گِری (گِرِی) (ہ) مؤنث (۱) تخم۔ مغز (۲) کھوپرا۔ ناریل کا مغز۔ کھوپا
(۳) بھیجا۔ گودا * گِریاں (ہ) مؤنث۔ گری کی جمع *
گُریا (گُرِیَا) (س) مؤنث (۱) پیٹھ کی ہڈیوں کا مجموعہ (۲) سانپ کا پنجر (۳)
شیشے کا موتی (۴) تسبیح یا ہار کا دانہ یا موتی *
گِریاں (گِرْیَاں) (ف) نالاں۔ روتا ہوا (کرنا، ہونا کے ساتھ) *
گریباں (گِرِیْبَاں، گِرِیْبَاں) (ف) مذکّر۔ کپڑے یا جامے کا وہ حصّہ،
جو گلے کے نیچے رہتا ہے * گریبان پکڑنا۔ یا۔ گریبان میں ہاتھ ڈالنا
(ہ) گریبان پکڑ کر گھسیٹنا۔ سخت تقاضا کرنا * گریبان پھاڑنا۔ یا۔
تار تار کرنا۔ یا۔ چاک کرنا۔ گریبان ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ وحشت کے
باعث کپڑے پھاڑ ڈالنا۔ سودائی ہونا۔ دیوانہ ہونا * گریبان میں
مُنہ چھپانا۔ آنکھیں نیچی کرنا۔ کسی سے شرمندہ ہونا * گریبان میں
مُنہ ڈالنا (۱) اپنا قصور اور عیب دیکھ کر شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا۔
بے حد شرمندہ ہونا (۲) سر جھکا کر غور کرنا *
گریٹ (گْرَیْٹ) (انگ۔ Great) بڑا۔ عظیم۔ بہت *
گریجویٹ (گْرَیْجُوْایْٹ) (انگ Graduate) مذکّر۔ بی۔اے۔
فاضل۔ سند یافتہ *
گریڈ (گْرَیْڈ) (انگ۔ Grade) مذکّر۔ مرتبہ۔ درجہ *
گریز (گُرِیْز) (ف) مؤنث (۱) فرار۔ بھاگنا (۲) پرہیز۔ اجتناب۔ علٰحدگی (۳)
ایک خاص مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف متوجہ ہونا * گریز پا (۱)
مفرور۔ بھگوڑا (۲) وحشت زدہ (۳) ناپائدار (۴) اکثر گھر سے بھاگ جانے والی

لونڈی یا غلام ٭ **گریز کرنا** (ف) (۱) بھاگنا (۲) پرہیز کرنا (۳) متنفر ہونا ٭

گریزاں (ف) (۱) بھاگنے والا (۲) متنفر ٭

گریک (گَرِیْک) (انگ- Greek) (۱) یونان کا رہنے والا (۲) مؤنث۔ یونانی زبان (۳) مذکر۔ یونان کا ٭

گریل (گَرْ۔یَل) (ہ) (۱) وہ شخص، جو کاہلی اور جہالت کی وجہ سے کہیں پڑا رہے (۲) وہ کبوتر، جو حریف کے مکان پر گرے ٭

گریمر (گْرَ۔مَر) (انگ Grammar) مؤنث۔ صرف و نحو۔ کسی زبان کی قواعد ٭

گرینٹ (گَرَیْنْٹ) (ہ) مؤنث۔ وہ لکڑی، جس پر کنوئیں کی چرخی چلتی ہے ٭

گریہ (گِرْ۔یَہْ) (ف) مذکر۔ رونا۔ زاری ٭ **گریہ کناں** ۔ روتا پیٹتا ہوا۔ گریاں۔ نالاں ٭ **گریہ وزاری** ۔ مؤنث۔ رونا پیٹنا۔ آہ و بکا۔ واویلا۔ کہرام ٭

گ۔ ڑ

گڑ (گَڑْ) (ہ) گڑنا کا امر ٭ **گڑ جانا** (۱) دھنس جانا (۲) دب جانا (۳) بے حد شرمندہ ہو جانا (۴) قائم ہو جانا (۵) جم جانا۔ اڑ جانا ٭ **گڑنا** (۱) دفن ہونا۔ دبنا (۲) چبھنا (۳) قائم ہونا۔ جمنا (۴) کھڑا ہونا (۵) شرمندہ ہونا ٭ **گڑے** ۔ گڑنا سے فعل مضارع ٭ **گڑے (گوٹلے) مردے اکھاڑنا** (ف) (۱) دبی دبائی بات چھیڑنا۔ پرانا فتنہ جگانا (۲) کسی کے مرے ہوئے بزرگوں میں عیب نکالنا ٭ **گڑو** (ہ) گڑونا کا امر ٭ **گڑونا** (۱) گاڑنا۔ گھیڑنا (۲) سوراخ کرنا۔ چبھونا۔ چھیدنا ٭

گُڑ (گُڑْ) (ہ) مذکر (۱) گنے کا جمایا ہوا رس۔ قندِ سیاہ (۲) شیرینی۔ مٹھاس (۳) میٹھا ٭ **گڑ دھانی** ۔ مؤنث۔ بھنے ہوئے چاولوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر بنائے ہوئے مرنڈے ٭ **گڑ دیے مرے تو زہر کیوں دیجیے۔ یا۔ گڑ سے مرے تو زہر کیوں دو** (ف) جو کام آسانی اور نرمی سے نکلے، اس میں سختی نہ چاہیے ٭ **گڑ کلھیا (کلیا) میں پھوٹنا** (ف) (۱) کسی ظاہر ہونے والے کام کا پوشیدہ طور پر ہونا (۲) ایسا خفیہ مشورہ، جو کھل جائے ٭ **گڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا** (ف) ذرا سی بدنامی سے بچنا اور بڑی بدنامی کا خیال نہ کرنا ٭ **گڑ کھاتے گا تو اندھیرے میں آئے گا** (ف) مثل۔ نفع کی امید پر تکلیف بھی برداشت کرے گا ٭ **گڑ کی جوتی** ۔ مثل جہاں کہتے ہیں، جہاں کسی چیز کے نایاب ہونے پر غریب لوگ اس کی شکل تک دیکھنے کو ترسیں، لیکن امیر لوگ اسے بے تحاشا استعمال کریں ٭ **گڑ نہ دے تو گڑ سی بات تو کہے** ۔ کوئی اچھا کام نہ کر سکو تو نرمی سے بول کر ہی خوش کر دو ٭ **گڑ ہو گا تو مکھیاں بہت آئیں گی** ۔ دولت ہوگی تو بہتیرے یار بن جائیں گے ٭ **گڑاکو** ۔ مذکر۔ گڑ ملا ہوا تمباکو۔ بنا ہوا تمباکو ٭ **گڑانبہ** ۔ مذکر۔ گڑ کے شیرے میں پکائی ہوئی کچے آموں کی پھانکیں ٭

گڑا (گَرْڑَا) (ہ) مذکر (۱) بڑا پولا (۲) کھلیان۔ ڈھیر ٭ **گڑا بٹائی** ۔ مؤنث۔ اناج وغیرہ کی وہ تقسیم، جو اندازے سے انبار لگا کر کی جائے ٭

گڑبڑ (گَڑْ۔بَڑْ) (ہ) مؤنث (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) افراتفری۔ بکھیڑا۔ جھمیلا (۳) کھلبلی۔ بے انتظامی (۴) درہم برہم (۵) گڈمڈ ٭ **گڑبڑا** ۔ گڑبڑانا کا امر ٭ **گڑبڑ جھالا** ۔ مذکر (۱) بدنظمی (۲) بغیر اور آندھی ٭ **گڑبڑ کرنا** (۱) پیٹ بولنا (۲) گڈمڈ کرنا۔ گول مال کرنا (۳) جھگڑا پھیلانا ٭ **گڑبڑانا** ۔ گھبرانا ٭ **گڑبڑاہٹ** ۔ مؤنث۔ دیکھیے "گڑبڑ" ٭ **گڑبڑی** ۔ مؤنث (ہندو) کھلبلی ٭

گڑپ (گَڑْ۔پْ) (ہ) مؤنث (۱) جلدی سے کسی ملائم چیز میں گھس جانے کی آواز۔ غڑپ (۲) جھٹ۔ جلد ٭

گڑ پنکھ (گَڑْ۔پَنْکھ) (ہ) مذکر (۱) بڑے بڑے پروں والا پرندہ (۲) ڈھیلی پوشاک پہننے والا آدمی ٭

گڑگج (گَڑْ۔گَجْ) (ہ) مذکر۔ قلعے کا وہ برج، جس پر توپیں چڑھائی جاتی ہیں ٭

گڑگڑ (گُڑْ۔گُڑْ) (ہ) مؤنث (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز۔ قراقر (۲) حقے کے بولنے کی آواز ٭ **گڑگڑا** (۱) مذکر۔ ایک قسم کا بڑا حقہ (۲) گڑگڑانا کا امر ٭ **گڑگڑانا** (۱) حقے کا بولنا (۲) آنتوں کا بولنا۔ قراقر ہونا ٭ **گڑگڑاہٹ** ۔ مؤنث (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) حقے کے بولنے کی آواز ٭ **گڑگڑی** ۔ مؤنث۔ ایک خاص وضع کا چھوٹا حقہ ٭

گڑگڑا (گَڑْ۔گَڑَا) (ہ) گڑگڑانا کا امر ٭ **گڑگڑانا** (۱) رعد کا بولنا۔ کڑکنا۔ گرجنا (۲) توپوں کا لگاتار چھوٹنا ٭ **گڑگڑاہٹ** ۔ مؤنث۔ رعد کی آواز۔ کڑک۔ گرج (۲) توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز ٭

گِڑگِڑا (گِڑْ۔گِڑَا) (ہ) گڑگڑانا کا امر ٭ **گڑگڑانا** ۔ عاجزی کرنا۔ التجا کرنا۔ خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا ٭ **گڑگڑاہٹ** ۔ مؤنث۔ عاجزی۔ التجا۔ خوشامد۔ منت سماجت ٭

گڑگودڑ (گُڑْ۔گُو۔دَڑْ) (ہ) مذکر۔ چیتھڑے۔ پھٹے پرانے کپڑے ٭

گڑنٹ (گَڑَنْٹ) (ہ) مؤنث۔ وہ پتلا، جس پر منتر پڑھ کر تسخیر کرنے یا دشمن کو ہلاک کرنے کی غرض سے دفن کرتے ہیں (گاڑنا کے ساتھ) ٭

گڑنگ (گَڑَنْگ) (ہ) مؤنث (ہندو) ڈینگ۔ لاف۔ شیخی۔ بڑائی ٭ **گڑنگیا** ۔ مذکر۔ ڈینگیا۔ لاف زن۔ شیخی خورا ٭

گڑوا (گَڑْ۔وَا) (ہ) مذکر (۱) پانی رکھنے کا برتن۔ لوٹا۔ لٹیا۔ آبخورہ (۲) ٹونٹی والا لوٹا۔ آفتابہ (۳) سرسوں کے پھولوں کا گل دستہ ٭

گڑولنا (گُڑْ۔ڈَلْ۔نَا) (ہ) مذکر۔ ایک چھوٹی سی گاڑی، جس پر بچے کھڑے ہو کر چلنا سیکھتے ہیں ٭

گڑھ (گَڑھْ) (ہ) مذکر۔ قلعہ۔ حصار۔ کوٹ۔ دمدمہ ٭ **گڑھ جیتنا** (۱) قلعہ فتح کرنا (۲) کوئی بڑا کام کرنا (۳) کسی مصیبت یا مشکل سے رہائی پانا ٭

گڑھ کپتان۔ مذکر (۱) حاکم قلعہ۔ جمعدار (۲) انجینئر۔ قلعوں کی مرمت کرانے والا افسر ٭ گڑھی۔ مؤنث۔ چھوٹا قلعہ۔ کوٹلہ ٭ گڑھی فتح کرنا (ر) (۱) قلعہ فتح کرنا (۲) کسی مہم کو سر کرنا۔ غالب آنا (۳) (بازاری) سہاگ رات میں کامیاب ہونا۔ ازالۂ بکارت کرنا۔ کنوار پت اتارنا ٭ گڑھیا۔ مؤنث (۱) چھوٹی سی گڑھی (۲) گولا گرکٹ پڑنے کی جگہ (۳) بہت بڑا گڑھا۔ ڈلاؤ ٭

گڑھ (گَڑْھ) (ہ) گڑھنا کا امر ٭ گڑھت۔ مؤنث۔ گڑھنے کا انداز۔ گڑھنا ٭ گڑھنا۔ دیکھیے "گھڑنا" ٭ گڑھنت۔ مؤنث (۱) شکل۔ بناوٹ (۲) گڑھنا۔ بات بنانا ٭

گڑھا (گَڑْھا) (ہ) مذکر (۱) غار (۲) کھائی۔ کھڈ (۳) گور۔ قبر ٭ گڑھا بھرنا (۱) گڑھے کو مٹی سے پُر کرنا (۲) بُری بھلی چیز سے پیٹ پُر کرنا (۳) کمی یا گھاٹا پورا کرنا ٭

گڑھل (گُڑْھَل) (ہ) مذکر۔ ایک درخت اور اُس کا پھل۔ اس کے پھولوں کا شربت بنایا جاتا ہے ٭

گڑیا (گُڑْ۔یا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چھوٹا نیزہ ٭

گڑیا (گُڑْ۔یا) (ہ) مؤنث۔ کپڑے کی بنی ہوئی پتلی، جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں ٭ گڑیا سنوار دینا (ع) حیثیت کے مطابق بیٹی کا بیاہ کر دینا ٭ گڑیا کے بیاہ میں چنوں کی بیل۔ جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔ جیسا موقع ویسا خرچ ٭ گڑیاں۔ مؤنث۔ گڑیا کی جمع ٭ گڑیاں کھیلنا (۱) کپڑے کی پتلیوں سے لڑکیوں کا کھیلنا (۲) لڑکیوں کی سی باتیں کرنا (۳) لڑکیوں کا سا کھیل کھیلنا ٭ گڑیوں۔ مؤنث۔ گڑیا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ٭ گڑیوں کا بیاہ۔ مذکر (۱) گڈے گڑیا کی شادی (۲) غریبوں کا بیاہ، جس میں کوئی دھوم دھام نہیں ہوتی ٭ گڑیوں کا کھیل۔ مذکر (۱) لڑکیوں کا گڑیوں سے کھیلنا (۲) آسان کام۔ نہایت سہل بات ٭ گڑیوں کا میلا۔ مذکر۔ ہندوؤں کا ایک میلا ٭

گ۔ز

گز (گَز) (ف) مذکر۔ لکڑی یا لوہے یا کپڑے کا طولانی پیمانہ، جس سے کپڑا یا لکڑی وغیرہ ناپی جاتی ہے۔ سولہ گرہ یا چھتیس انچ کا پیمانہ ٭ گز الٰہی۔ مذکر۔ اکبری گز، جو اکتالیس انگل کا ہوتا ہے ٭ گز بھر (و) ایک گز۔ تین فٹ کے برابر ٭

گزار (گُزار) (ف) گزارنا کا امر ٭ گزارا (گُزارہ) مذکر (۱) وجہ معاش۔ گزر اوقات (۲) گنجائش۔ سمائی (۳) گزر۔ دخل۔ رسائی۔ پہنچ (۴) ٹھکانا۔ نباہ ٭ گزارا (گُزارہ) کرنا (۱) دن کاٹنا۔ بسر اوقات کرنا (۲) کام چلانا۔ نباہنا ٭ گزارنا (۱) بجا لانا۔ ادا کرنا (۲) مہلت دینا۔ چھوڑنا (۳) بسر کرنا۔ صرف کرنا (۴) کھونا۔ ضائع کرنا (۵) پیش کرنا ٭

گزار (گُزار) (ف) گزاشتن کا امر ٭ گزارش (بالذال سے غلط ہے) مؤنث (۱) درخواست (۲) عرض (۳) خبر ٭

گزاشتنی (گُزاش۔تَنی) (ف) چھوڑ دینے کے لائق ٭

گزاف (گِزاف، گَزاف، گُزاف) (ف) مؤنث۔ بیہودہ گفتگو۔ بکواس ٭

گزٹ (گَزَٹ) (انگ Gazzette) مذکر (۱) اخبار۔ روزنامہ۔ نیوزپیپر (۲) حکومت کا اخبار، جس میں سرکاری ملازموں کی تبدیلیوں، ترقیوں وغیرہ کا حال شائع ہوتا ہے ٭ گزٹ ہو جانا (۱) کسی خبر کا سرکاری طور سے چھپ کر مشتہر ہو جانا۔ گزٹ میں درج ہو جانا ٭

گزر (گَزَر) (ف) مؤنث۔ گاجر۔ زردک۔ مشہور ترکاری، جو کچی اور پکا کر دونوں طرح کھائی جاتی ہے ٭

گزر (گُزَر) (ف) مذکر (۱) راہ۔ راستہ۔ سڑک (۲) پایاب۔ گھاٹ (۳) پہنچ۔ رسائی۔ باریابی۔ دخل۔ آمد و رفت (۴) گزران۔ نباہ (۵) اترائی۔ عبور (۶) گزرنا کا امر ٭ گزر جانا (و) (۱) چلا جانا۔ بیت جانا (۲) فوت ہو جانا۔ مر جانا (۳) نکل جانا ٭ گزر عام (ف) مؤنث۔ عام راہ۔ شارعِ عام۔ سب کے آنے جانے کا راستہ ٭ گزر کرنا (و) (۱) اتفاق سے جا نکلنا (۲) بسر اوقات کرنا۔ دن کاٹنا (۳) نباہنا۔ پورا کرنا ٭ گزرگاہ (ف) مؤنث (۱) راہ۔ راستہ (۲) شارعِ عام۔ سڑک (۳) گھاٹ ٭ گزر گئی گزران کیا جھونپڑی کیا مکان (و) مثل۔ آخیر عمر میں، جب بہت سی زندگی گزر چکی ہو، اچھا بُرا سب برابر ہے ٭ گزرنامہ (ف) مذکر۔ پروانۂ راہ داری ٭ گزران (و) مؤنث۔ گزر۔ اوقات بسری ٭ گزراں (ف) گزر جانے والا۔ ناپائدار ٭ گزرانتا (و) پیش کرنا ٭ گزرنا (۱) بیتنا (۲) مرنا (۳) اتفاق سے کسی جگہ نکل جانا (۴) چھوڑنا (۵) پیش آنا (۶) بسر ہونا (۷) موافق آنا۔ نباہ ہونا (۸) نکلنا۔ جانا (۹) چلنا۔ رخصت ہونا (۱۰) پار ہو جانا ٭ گزری سو دل پر گزری۔ تمام صدمے دل ہی پر اٹھائے، زبان سے اُف تک نہ کی ٭

گزری (گُزْ۔رِی) (ہ) مؤنث (۱) شام کا بازار (۲) وہ مقام، جہاں شام کو کسی راستے کے کنارے سودا بیچنے والے آکر بیٹھ جاتے ہیں ٭

گزشت آنچہ گزشت (ف) (۱) جو کچھ اب تک ہوا۔ وہ ہو گیا۔ آئندہ احتیاط چاہیے (۲) بڑا صدمہ ہوا، جو نا قابلِ بیان ہے ٭ گزشتنی۔ گزرنے کے قابل۔ گزرنے والی ٭ گزشتہ۔ گزرا ہوا ٭ گزشتہ را صلوٰۃ۔ گزری ہوئی بات کو جانے دو۔ اگلی باتوں کو سلام کر دو ٭

گزک (گَزَک) (ف) مؤنث (۱) وہ شے، جو نشہ پینے کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھائی جاتی ہے (۲) نقل (۳) ایک مٹھائی ٭ گزک کرنا۔ نقل کرنا۔ ناشتے کے بجائے کھانا کھانا ٭

گزند (گَزَنْد) (ف) مذکر (۱) آفت۔ صدمہ (۲) نقصان (۳) رنج (۴)

تکلیف۔ دکھ۔ ایذا ۔
گزندہ (گَزَن۔ دَہ) (ف) ڈنک مارنے والا۔ ڈسنے والا۔ سانپ، بچھو وغیرہ ۔
گزی (گَزِی) (و) مذکر۔ ایک قسم کا بہت موٹا کپڑا۔ سوتی کپڑا ۔
گزیدہ (گَزِی۔ دَہ) (ف) ڈسا ہوا ۔
گزیر (گَزِیْر) (ف) مذکر۔ چارہ۔ تدبیر۔ علاج ۔
گزیں (گَزِیْن) (ف) (۱) گزیدن (چننا۔ پسند کرنا) کا امر (۲) پسندیدہ۔ دلچسپ ۔

گ۔س

گسائیں (گُسَا۔ اِیْں) (ہ) مذکر (۱) گوسائیں کا مخفف۔ گایوں کا مالک (۲) مالک۔ سوامی (۳) زاہد۔ سنت۔ جوگی (۴) سائیں۔ مہنت ۔
گستاخ (گُسْ۔ تَاخ) (ف) (۱) شوخ۔ بے ادب۔ بے شرم (۲) شریر ۔
گستاخانہ۔ شوخی سے۔ بے ادبی سے ۔ گستاخی۔ مؤنث (۱) بے ادبی۔ شوخی۔ بے شرمی (۲) حقارت۔ تحقیر (۳) شرارت ۔
گستاخی کرنا (۱) شوخی کرنا۔ بے ادبی کرنا (۲) شرارت کرنا ۔
گستاخی معاف (ف۔ ع) تصور معاف۔ خطا معاف۔ جب کوئی شخص کوئی بات خلاف اخلاق وادب زبان پر لانا چاہتا ہے یا کسی بڑے کی بات رد کرتا ہے تو پہلے یہ کلمہ بطورِ معذرت زبان پر لاتا ہے ۔
گستانگھر (گَسْ۔ تَاں گَر) (و) بے وقوف۔ احمق۔ بے شعور۔ ناشائستہ۔ جاہل ۔
گسستہ (گُسَسْ۔ تَہ) (ف) (۱) ٹوٹا ہوا (۲) رکا ہوا ۔ گسستہ عناں۔ کھلا۔ بے قید (۲) بے لگام۔ آزاد ۔

گ۔ش

گشت (گَشْت) (ف) مذکر (۱) چکر۔ دورہ (۲) روند۔ دورہ ۔ گشت سلامی (۱) مؤنث۔ وہ نذرانہ، جو حاکم کو دورے کے وقت حسب دستور دیا جاتا ہے ۔ گشت کرنا۔ دورہ کرنا۔ چکر لگانا ۔ گشت ناچنا۔ کنچنیوں کا برات کے آگے ناچتے ہوئے جانا۔ برات کے ساتھ ناچتے ہوئے چلنا ۔ گشتی (ف) گشت کرنے والا۔ پھرنے والا ۔ گشتی چٹھی۔ (پروانہ) (حکم) (ا) مذکر۔ وہ حکم یا فرمان، جو یکے بعد دیگرے تمام افسروں کے پاس جاتا اور ہر ایک اس پر دستخط کرتا ہے ۔
گشتاسپ (گُشْ۔ تَاسپ) (ف) مذکر (۱) ایران کا ایک مشہور بادشاہ، جو اسفندیار کا باپ تھا (۲) وہ برزخ، جو اللہ تعالیٰ کا فیض پہنچنے کے لیے خلق اور خالق کے درمیان ہے ۔

گ۔ف

گفت (گَفْت) (و) موٹا۔ گاڑھا۔ خوب ٹھونک کر بنا ہوا ۔
گفت (گُفْت) (ف) (۱) گفتن (کہنا) سے ماضی مطلق (۲) مؤنث۔ لفظ۔ بات چیت ۔ گفتار۔ مؤنث۔ بول چال۔ گفتگو۔ مقولہ۔ قول ۔
گفتگو۔ مؤنث (۱) بول چال۔ بات چیت (۲) تقریر ۔ گفت وشنید۔ مؤنث (۱) کہنا سننا (۲) ذکر اذکار (۳) ردو بدل۔ بحث ۔

گ۔گ

گگ (گِگ) (انگ۔ Gig) مؤنث۔ ٹمٹم۔ ہلکی گاڑی ۔
گگرا (گَگ۔ رَا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے گاگر ۔ گگری۔ گگریا۔ مؤنث۔ گاگر کی تصغیر۔ پانی رکھنے کا پیتل یا تانبے کا برتن ۔
گگن (گَگَن) (ہ) مذکر (۱) آسمان (۲) لہر۔ موج۔ پانی کا اچھلنا ۔ گگن کھیلنا۔ پانی کا بلندی کی طرف اچھلنا ۔ گگن ہونا۔ اونچا ہونا۔ بلند ہونا۔ آسمان سے لگنا۔ تارا ہونا ۔

گ۔ل

گل (گَل) (ا) مذکر۔ گال کا مخفف ۔ گل پھولا۔ وہ شخص، جس کے گال پھولے ہوئے ہوں ۔ گل تکیہ۔ مذکر۔ وہ چھوٹا اور گول تکیہ، جو سوتے وقت رخساروں کے نیچے رکھتا جاتا ہے ۔
گل (گَل) (ہ) گلنا کا امر ۔ گلا (۱) گلنا سے ماضی مطلق (۲) گھلا ہوا۔ خوب پکا ہوا (۳) سڑا ہوا (۴) پگھلا ہوا (۵) بے جان۔ بوسیدہ (۶) گلانا کا امر ۔ گلا سڑا (و) خراب۔ نکما۔ بوسیدہ ۔ گلانا (ہ) (۱) سونے چاندی وغیرہ کا آگ سے پگھلانا (۲) گوشت ترکاری وغیرہ پکا کر نرم کرنا (۳) سڑانا (۴) (کنایۃً) غم یا بیماری کا دبلا کر دینا (۵) ضائع کرنا (۶) بوسیدہ کرنا۔ آنا تا کرنا ۔ گلاوٹ۔ مؤنث۔ گوشت وغیرہ گلانے کی چیز ۔ گلاؤ (۱) گلنے والا (۲) (عوام) گھلنے والا۔ جلد سڑ جانے والا پھل ۔ گلنا (۱) گھلنا (۲) پگھلنا (۳) ابلنا۔ پکنا (۴) سڑنا۔ بوسیدہ ہونا (۵) داغ لگنا (۶) ضائع ہونا (۷) ستیاناس ہونا۔ اجڑنا (۸) بگڑنا ۔
گل (گُل) (ہ) گالی کا مخفف ۔ گلیانا (ہندو) گالی دینا ۔
گل (گَل) (ہ) گلا کا مخفف ۔ گل ربہیاں (بہیاں ڈالنا)۔ پیار یا محبت سے گلے میں ہاتھ ڈال کر بغل گیر ہونا۔ ناز کرنا ۔ گل پھڑا۔ گلپھڑا۔ مذکر (۱) مچھلی کا جبڑا، جس سے وہ سانس لیتی ہے (۲) پرندوں کا وہ گوشت، جو چونچ کے نیچے لٹکا رہتا ہے ۔ گل پھیرٹ۔ مذکر۔ گلے کی گلٹی۔ گردن کی گٹھلی ۔ گل تنی۔ مؤنث (۱) بیلوں کے گلے کی رسی، جو جوئے کے ساتھ باندھی جاتی ہے (۲) گھوڑے کا لنگہ ۔ گل جندٹا۔ مذکر۔ وہ رومال یا کوئی اور کپڑا، جو گلے میں لٹکا کر ضرب رسیدہ ہاتھ کو اس میں لٹکائے رکھتے ہیں ۔ گل چوٹ۔

مؤنث۔ وہ رسی، جو دو بیلوں کو باہم جُتے رہنے کے لیے باندھی جاتی ہے۔ گل خپ۔
گلخپ (ف) مؤنث۔ دست و گریبان۔ ہاتھا پائی۔ باہمی تکرار۔ گل خور۔ مؤنث
وہ حلقہ دار رسی، جو مویشیوں کے گلے میں ڈالی جاتی ہے۔ گل دینا (ہ) (۱) پھانسی
دینا (۲) (مجازاً) کسی شے کو کنڈی میں لگا دینا۔ گل گل چوتھڑ ملانا (۱)
خوشی منانا۔ مزے اُڑانا (۲) تر مال کھانا۔ گل مالا۔ مذکر۔ گلے کا ہار۔ کنٹھا۔
گجرا۔ گل مچھے۔ گلمچھے۔ مذکر۔ داڑھی کے وہ بال، جو ٹھوڑی کے بال
منڈانے کے بعد رخساروں پر رکھ لیتے ہیں۔ گلا۔ مذکر (۱) حلق۔ گلو۔ گردن
(۲) سُر۔ آواز (۳) گریبان۔ گلا آنا۔ گلے میں چھالے یا ورم ہو جانا۔ حلق
کے کوّے کا لٹک جانا۔ گلا اٹھانا۔ حلق کے اندر کوّے کو رومال یا انگوٹھے سے
دبانا تاکہ وہ اپنی جگہ آ جائے۔ بچوں کا تالو انگوٹھے سے اٹھانا۔ گلا بندھانا
(عو) (۱) مقروض ہونا۔ قرض لینا (۲) اپنے اوپر بوجھ لینا۔ ذمہ دار ہونا (۳)
آزادی بیچنا۔ نکاح پڑھا لینا (۴) مزدوری خرچ روک کر کچھ جمع کرنا۔ گلا بندھنا
(عو) قرض دار ہونا۔ مقروض ہونا۔ گلا بیٹھ (پڑ) جانا۔ آواز بھرا جانا۔
آواز کا بھاری ہو جانا۔ گلا پکڑنا (۱) گردن پکڑنا (۲) کسی کسیلی چیز کا گلے کو
دبانا (۳) ستانا۔ تنگ کرنا۔ گلا پھاڑنا۔ یا۔ پھاڑ کر بولنا۔ چلانا۔
چیخ کر بولنا۔ گلا پھانسنا (۱) کسی چیز سے گلا دبانا (۲) قرض میں مبتلا ہونا۔
گلا پھرنا۔ گانے میں آواز کا حسبِ مراد پھرنا۔ گلا پھولنا۔ گلا سوجنا۔
گلپھڑا نکلنا۔ گلا دبانا (۱) گلا گھونٹنا۔ سانس روکنا (۲) بات کرنے سے روکنا۔
گلا کاٹنا (۱) سر قلم کرنا۔ قتل کرنا (۲) کسی کا حق زبردستی لینا۔ حق دبانا (۳)
سختی کرنا۔ ظلم کرنا۔ گلا کاٹی (۱) مؤنث۔ سارنگی سے ملتا جلتا ایک باجا۔
گلے (ہ) (۱) گلا کی جمع (۲) گلا کی صورت حروفِ جار سے پہلے۔ گلے باز (ف)
اچھی آواز والا۔ خوش آواز۔ گلے بندھنا (ہ) (۱) بے خواہش کسی چیز
کا سر پر پڑنا۔ ذمے پڑنا (۲) کسی ناپسند عورت کا نکاح میں آنا۔ گلے پڑ کے
سودا کرنا (ہ) خواہ مخواہ کوئی چیز دینا۔ زبردستی بیچنا۔ گلے پڑنا (ہ)
(۱) ذمے پڑنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) زبردستی چمٹ جانا (۴) بے خواہش نکاح ہونا۔
گلے پڑے کا سودا (ہ) مذکر۔ زبردستی کا سودا، جو جبراً سر منڈھا جائے۔
گلے کا ہار۔ مذکر (۱) ایک زیور، جو گلے میں پہنا جاتا ہے (۲) وہ بچہ، جو
ہر وقت ماں سے چمٹا رہے (۳) اجیرن۔ ناگوار علاوہ۔ گلے کا ہار ہونا (ہ)
(۱) پیچھے پڑنا۔ چمٹنا۔ سر ہونا (۲) وبالِ جان ہونا (۳) بارِ خاطر ہونا۔
گلے کی رگیں پھلانا۔ غصے ہونا۔ گلے لگانا (ہ) چھاتی سے لگانا۔
بغل گیر کرنا۔ چمٹانا۔ پیار کرنا۔ گلے لگنا (ہ) (۱) چھاتی سے لگنا۔ بغل گیر ہونا۔ چمٹنا۔
لپٹنا (۲) ملال دور کر کے معانقہ کرنا۔ صفائی کر لینا۔ گلے ملنا (۱) گلے لگنا۔
لپٹنا۔ ہم آغوش ہونا (۲) سلوک کرنا۔ صفائی کرنا (۳) ملاقات کرنا۔ گلے منڈھنا
زبردستی کوئی چیز گلے ڈالنا۔ چیز حوالے کرنا۔ گلے میں اٹکنا۔ کسی بدمزہ یا ناپسند
کھانے کا حلق سے نیچے نہ اترنا۔ گلے میں پھنسنا۔ گلے میں زنجیر پڑنا (ہ) (۱)
(کنایۃً) بیاہ ہونا (۲) مقید ہونا۔ پابند ہونا۔ گلے میں کانٹے پڑنا (ہ)
حلق میں کانٹے پڑنا۔ حلق خشک ہونا۔ گلے میں ہڈی نہیں۔ آواز

اچھی دلکش اور گانے میں ماہر ہے۔ گلیانا۔ دوا کو زبردستی گلے سے اتارنا۔
گِل (گِل) (ف) مؤنث (۱) گیلی مٹی۔ گارا (۲) کیچڑ۔ کیچ۔ دلدل۔ گلِ ارمنی۔
مؤنث۔ ایک قسم کی سیاہی مائل سرخ مٹی۔ گلِ حکمت (ف۔ ع) مؤنث مٹی کو
کپڑے پر لتھیڑ کر کسی چیز کا منہ بند کرنا کہ بھاپ باہر نہ نکلے۔ کپڑ مٹی کرنا۔
گل در گل (ف) مؤنث (۱) مٹی میں مل کر مٹی ہونا (۲) قبر کھودنے کے بعد اس
میں پتلا گارا بھر کر مردے کو ڈال دینا۔ اہل اسلام میں مردوں کو دفن
کرنے کا ایک طریق یہ بھی ہے۔ گلی۔ گلیں۔ گل سے منسوب۔
مٹی کا۔

گُل (گُل) (ف) مذکر (۱) گلاب کا پھول (۲) پھول (۳) وہ نشان، جو دھات کو گرم
کر کے جسم پر دیا جائے (۴) چراغ کی بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سرا (۵)
جوتے کی ایڑی کا چمڑا (۶) (تشبیہاً) دلبر۔ معشوق۔ گلِ آفتاب
مذکر۔ سورج مکھی کا پھول۔ گلِ اشرفی۔ مذکر۔ ایک قسم کا گول پھول۔
گل افشاں (۱) پھول بکھیرنے والا۔ خوش گفتار آدمی (۲) مؤنث۔
ایک قسم کی آتش بازی۔ پھلجھڑی۔ گلِ انار۔ مذکر (۱) انار کا پھول
(۲) لال، سرخ، ارغوانی (۳) ایک قسم کا انار، جس میں بڑے بڑے
پھولوں کے سوا پھل نہیں لگتا۔ گل اندام۔ پھول کے سے جسم والا۔
معشوق۔ گل اورنگ (ف) مذکر۔ گھنڈی کی وضع کا ایک قسم کا
گلابی پھول۔ ایک قسم کا گیندا۔ گل بانگ۔ گلبانگ (ف) مؤنث
(۱) بلبل کی نغمہ سرائی۔ چہچہا (۲) شادی کی دھوم دھام کا شور (۳)
نعرۂ جنگ (۴) بشارت، نوید، مژدہ۔ خوش خبری (۵) افواہ۔
دھوم (۶) صدا۔ آواز۔ گل بدن۔ گلبدن (۱) معشوق (۲)
ایک قسم کا دھاریوں والا ریشمی کپڑا۔ گل برگ۔ گلبرگ۔ مذکر (۱)
گلاب کی پتی۔ گلاب کی پنکھڑی (۲) (مجازاً) نازک اندام۔ معشوق (۳)
لاہور کی ایک جدید بستی اور سڑک۔ گل بکاؤلی (ف) مذکر۔ سفید
رنگ کا ایک خوشبودار پھول، جس کے پودے کا رنگ ہلدی سے مشابہ
ہوتا ہے۔ گل بوٹا۔ مذکر (۱) پھول اور اس کا پودا۔ بیل بوٹا (۲)
زیب و زینت۔ گل پوش۔ گلپوش (ف) (۱) پھولوں سے چھپا ہوا۔
بہت پھول نکلے ہوئے (۲) پھولوں کا لباس پہنے ہوئے۔ گل پھولنا
(ہ) (۱) پھول کھلنا (۲) کوئی عجیب بات ظہور میں آنا (۳) کوئی نئی آفت
اٹھنا۔ گل پیادہ (ف) مذکر۔ وہ گلاب، جس میں خوش بو نہیں ہوتی۔
سیدا گلاب۔ گل پیرہن۔ پھولوں کے سے لباس والا۔ معشوق۔
گل تراش۔ مذکر۔ چراغ کی بتی کترنے کی قینچی۔ گل گیر۔ گل جعفری۔
مذکر (۱) گیندے سے مشابہ ایک قسم کا زرد پھول (۲) (مجازاً) زرد رنگ۔
گل جھڑنا (ہ) چراغ سے جلی ہوئی بتی کی راکھ گرنا۔ گل چاندنی۔ مذکر۔
ایک قسم کا سفید پھول، جو چاندنی رات میں کھلتا ہے۔ گل مہتاب۔
گل چشم (ف) وہ شخص، جس کی آنکھ میں پھلی یا سفیدی ہو۔ گل چہرہ

(۱) پھول جیسے چہرے والا۔ معشوق ٭ گل چیں۔ پھول توڑنے والا۔
باغبان۔ مالی ٭ گل خطمی۔ گل خیرو (ف) مذکر۔ نیلے رنگ کا ایک پھول،
جو دوا کے طور پر مستعمل ہوتا ہے ٭ گل خن۔ گلخن (ف) مذکر (۱) بھٹی۔
تنور۔ چولھا (۲) گڑھا۔ کوڑا پھینکنے کی جگہ ٭ گل دار۔ پھول دار۔ وہ
چیز، جس پر پھول بنے ہوں ٭ گل دان (ف) مذکر۔ پھول دان۔ وہ گلاس،
جس میں پھولوں کا گلدستہ رکھا جائے ٭ گل داؤدی (ف) مذکر۔ ایک
قسم کا پھول ٭ گل دستہ۔ گلدستہ (ف) مذکر۔ پھولوں کی ٹہنیوں
کا گچھا ٭ گل دوپہریا (ف) مذکر۔ ایک قسم کا پھول، جو دوپہر کو کھلتا ہے ٭
گل دم۔ گلدم۔ مذکر۔ مرغ چمن۔ بلبل۔ عندلیب۔ سیاہ رنگ کا ایک پرندہ،
جس کے سر پر چوٹی اور دم کے نیچے سرخ سا نشان ہوتا ہے۔ اسے گلاب کے
پھول کا عاشق مانا گیا ہے ٭ گل دینا۔ دھات گرم کر کے جسم پر نشان
ڈالنا ٭ گل رخ (رخسار) (ف) وہ شخص، جس کے رخسار سے گلاب
کی مانند سرخ ہوں۔ خوب صورت ٭ گل رعنا (ف۔ع) مذکر (۱) ایک قسم کا
سرخ اور زرد پھول (۲) معشوق۔ صنم ٭ گل رنگ۔ گلرنگ
(ف) لال۔ سرخ ٭ گل رو۔ مذکر (۱) گلاب کے سے چہرے والا (۲) معشوق ٭
گل ریز۔ مؤنث۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ پھل جھڑی ٭ گل زار۔
گلزار۔ مذکر (۱) گلشن۔ چمن۔ پھلواڑی (۲) (ف) معموری۔ رونق ٭
گل زار ابراہیمؑ (ف۔ع) مذکر (۱) وہ آگ، جس میں نمرود نے
حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ کو ڈال دیا تھا اور وہ خدا کے حکم سے سرد ہو کر
باغ بن گئی تھی (۲) مؤنث۔ ایک کتاب ٭ گل ستان۔ گلستان (ف)
(۱) باغ۔ چمن۔ گلزار۔ پھلواڑی (۲) مؤنث۔ شیخ سعدیؒ کی مشہور
اخلاقی کتاب ٭ گل سرسبد۔ مذکر (۱) پھول، جو اپنی نوع میں سب سے
بہتر ہو (۲) (کنایۃً) عمدہ اور منتخب چیز ٭ گل سوسن۔ مذکر۔ آسمانی
رنگ کا ایک پھول ٭ گل شب افروز۔ مذکر۔ رات کو کھلنے والا ایک
پھول ٭ گل شب بو۔ مذکر۔ ایک پھول، جو رات کو کھلتا ہے ٭ گل شن۔
گلشن۔ مذکر۔ باغ۔ گلزار۔ چمن۔ پھلواڑی ٭ گل صد برگ۔ مذکر۔
گیندے کا پھول ٭ گل عباسی (ف۔ع) مذکر۔ ایک قسم کا پھول ٭
گل عذار (ف) (۱) گلاب جیسے رخساروں والا۔ لال لال گالوں والا
(۲) معشوق ٭ گل فام۔ گلفام۔ مذکر (۱) پھول کے سے رنگ والا (۲)
معشوق ٭ گل فشانی۔ مؤنث (کنایۃً) خوش بیانی ٭ گل قند۔ گلقند
مذکر۔ کھانڈ اور گلاب کے پھولوں کا ماوا۔ گل شکر ٭ گل کاری۔ گلکاری۔
مؤنث۔ بیل بوٹے کا کام۔ نقاشی ٭ گل کترنا (ف) (۱) پھول تراشنا۔
گل کاری کرنا (۲) جلی ہوئی بتی کاٹنا (۳) عجیب و غریب کام کرنا (۴) غضب
کرنا۔ ستم کرنا (۵) سبقت لے جانا ٭ گل کدہ۔ گلکدہ (ف) مذکر۔ باغ،
پھلواڑی ٭ گل کرنا (ف) دیا بڑا کرنا۔ چراغ بجھانا ٭ گل کھانا (۱)
معشوق کا چھلا وغیرہ آگ میں تپا کر بدن پر داغ دلوانا (۲) حسد کرنا (۳)
رشک کرنا (۴) عاشق ہونا (۵) نزلے کے لیے کنپٹیوں پر داغ دلوانا ٭

گل کھلانا (۱) پھول کھلانا (۲) آفت لانا۔ فساد کھڑا کرنا (۳) کوئی انوکھا اور
عجیب و غریب کام کرنا ٭ گل کھلنا (۱) پھول کا شگفتہ ہونا (۲) کوئی نئی یا انوکھی
بات ظاہر ہونا (۳) بھید کھلنا (۴) دھوم مچنا (۵) فساد مچنا۔ مصیبت آنا ٭
گل گلیس۔ مذکر۔ ایک پھول ٭ گل گشت۔ گلگشت (ف) مؤنث۔
باغ کی سیر۔ سیر چمن ٭ گل گوں۔ گلگوں (۱) گلاب کے رنگ کا۔ سرخ۔
لال (۲) چالاک اور عمدہ گھوڑا ٭ گل گونہ۔ گلگونہ۔ مذکر۔ ابٹنا۔
غازہ۔ ایک قسم کا سرخ و سفید مرکب رنگ، جو عورتیں چہرے پر ملتی ہیں ٭
گل گیر۔ گلگیر۔ مذکر۔ شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی ٭ گل لالہ۔
مذکر۔ ایک قسم کا سرخ پھول ٭ گل مشہدی (ف) مذکر۔ مشہور پھول ٭
گل میخ (ف) مؤنث۔ وہ موٹی کیل، جس کے اوپر موٹا پھول بنا ہوتا
ہے۔ موٹی کیل ٭ گل نار۔ گلنار۔ مذکر۔ دیکھیے گلنار ٭ گل ناشگفتہ
مذکر (۱) غنچہ۔ کلی (۲) کنواری لڑکی ٭ گل و بلبل۔ مذکر۔ عاشق و معشوق ٭
گل و لالہ (ف) مذکر (۱) معشوق لوگ (۲) ارباب نشاط۔ طوائف ٭ گل ہزارہ
(ف) مذکر۔ ایک قسم کا بہت سی پنکھڑیوں والا پھول ٭ گل ہونا۔ چراغ بجھنا ٭
گلاب (ف) مذکر (۱) گلابی رنگ کا ایک خوش بودار پھول اور اس کا
پودا۔ گل سرخ (۲) گلاب کے پھولوں کا عرق ٭ گلاب پاش۔ مذکر۔ وہ
صراحی نما برتن، جس میں عرق گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں ٭ گلاب جامن
(ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی جامن، جس میں گلاب کی سی خوش بو آتی ہے (۲)
ایک قسم کی مٹھائی ٭ گلاب کی پتی۔ پنکھڑی۔ مؤنث (۱) برگ گل (۲)
(تشبیہاً) نازک لب ٭ گلاب کے پھول۔ مذکر (۱) گل ہائے سرخ (۲)
نازک اور خوب صورت بچے ٭ گلابی (ف) (۱) گلاب کے پھول کی مانند۔
گلا پیازی۔ گلگوں۔ لال۔ سرخ (۲) (ف) شراب کی بوند۔ شراب کا گلاس۔
ساغر ٭ گلابی آنکھ (ف) مؤنث۔ گلاب کے سے رنگ کی آنکھ۔ شربتی آنکھ۔
سرور آلود آنکھ، جسے عاشق لوگ بہت پسند کرتے ہیں ٭ گلابی پوش
(ف) مذکر۔ وہ شخص، جو گلابی لباس زیب تن کیے ہو ٭ گلابی جاڑا
(ف) مذکر۔ فصل بہار کا آغاز۔ ہلکا جاڑا ٭ گلگی (ف) گل دار۔ پھول دار۔
دغیلا ٭

گل (گُل) (ہ) مؤنث (۱) گولہ کا مخفف (۲) گولی کا مخفف (۳) گانٹھ (۴) گٹھلی (۵)
عقدہ ٭ گل جٹی۔ گلجٹی، گل جھڑی۔ گلجھڑی (ف) مؤنث (۱)
گرہ در گرہ۔ گنجلک (۲) بل۔ شکن (۳) کدورت۔ ملال طبع (۴) ایک
آتش بازی ٭ گل چھرّے۔ گلچھرّے۔ مذکر۔ مزے۔ عیش۔
لطف ٭ گل چھرّے اڑانا۔ مزے اڑانا۔ خوب عیش کرنا۔ دولت
برباد کرنا ٭

گلا (گَ۔ لا) (ف) مذکر۔ دکاندار کا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن۔ غلہ ٭
گلاپا۔ گلائی (گلا۔ پا، گلا۔ ای) (ہ) (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ گول ہونا ٭
گلاس (گلاس) (انگ۔) مذکر (۱) پیالہ۔ ساغر۔ ایک قسم کا
آب خورہ (۲) کانچ۔ شیشہ (۳) آئینہ۔ درپن (۴) عینک کا شیشہ ٭

گلال (گُلال) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سرخ سفوف جو ہولی کے دنوں میں ہندو لوگ ایک دوسرے پر چھڑک کر خوشی مناتے ہیں۔

گلتھی (گُلتھی) (ہ) مؤنث (۱) اُبلے ہوئے نرم چاول (۲) ملائم نرم۔

گلٹ (گِلٹ) (انگ Guilt)۔ مذکر۔ ملمع۔ کسی چیز پر سونا چاندی چڑھانا۔

گلٹی (گِل۔ٹی) (ہ) مؤنث (۱) گرہ۔ گانٹھ۔ رسولی (۲) غدود (۳) گلے کے اندر کا پھوڑا۔

گلڈانگ (گُل۔ڈانگ) (مہند انگ۔ بل ڈاگ Bulldog) مذکر۔ ایک قسم کا بڑا غصیل اور بہادر کتا، جس کا سر اور جبڑا سانڈ سے مشابہ ہوتا ہے۔

گلگل (گَل۔گَل) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا لیمو۔ ترنج۔

گلگلا (گُل۔گُلا) (ہ) گلگلانا کا امر۔ **گلگلانا** نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ **گلگلاہٹ**۔ مؤنث (۱) نرم کرنے کا فعل (۲) ملایمت۔ نرمی۔

گلگلا (گِل۔گِلا) (ہ) گیلا گیلا۔ نم دار۔ تر۔

گلگلا (گُل۔گُلا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا میٹھا پکوان۔ **گلگلی**۔ مؤنث۔ چھوٹا گلگلا۔

گلم (گُلم) (ہ) مذکر۔ وہ سختی، جو پیشانی یا سر پر کسی چوٹ کے باعث پیدا ہو جاتی ہے۔

گلو (گِلو، گِلُو) (ہ) مؤنث۔ ایک بیل، جو دوا کی طرح استعمال کی جاتی ہے۔

گلو (گَل۔لُو) (ہ) مؤنث (۱) گلہری (۲) چھوٹی لڑکیوں کا خطاب۔

گلو (گُلُو) (ف) مذکر (۱) حلق۔ گلا۔ گردن (۲) آواز۔ لَے۔ سُر۔ **گلوبند**۔ مذکر۔ گلے میں باندھنے کا ریشمی یا اونی پٹکا۔ **گلو خلاصی** (ف) مؤنث۔ نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ **گلو سوز** (ف) (۱) از حد میٹھی اور لذت دار چیز۔ **گلوگیر** (ف) (۱) الزام لگانے والا۔ گردن پکڑنے والا (۲) (ف) وہ کسیلی چیز، جو گلے کو پکڑ لیتی ہے (۳) طامع۔ لالچی۔

گلوب (گُلوب) (انگ Globe) مذکر (۱) گول چیز (۲) کرۂ زمین۔

گلوری (گِلَو۔ری) (ہ) مؤنث۔ پان کی بیڑی۔ بنا ہوا پان، جو ایک خاص وضع پر لپیٹا جاتا ہے۔ **گلوری بنانا**۔ پان بنانا۔ پان لگانا۔ **گلوریاں**۔ مؤنث۔ گلوری کی جمع۔ پان کی بیڑیاں۔

گلولہ (گُلُو۔لَہ) (ف) مذکر (۱) گولی۔ گرہ (۲) غلہ۔

گلوندا (گُلوں۔دا) (ہ) مذکر۔ مہندی کا پھول یا اس کی کلی۔

گلہ (گِلَہ) (ف) مذکر۔ شکایت۔ شکوہ۔ اُلاہنا۔ **گلہ شکوہ**۔ مذکر۔ شکایت۔ شکوہ۔ اُلاہنا۔ **گلہ کرنا** (۱) شکوہ کرنا۔ شکایت کرنا۔ اُلاہنا دینا۔ **گلہ گزاری**۔ مؤنث۔ شکوہ و شکایت۔

گلہ (گَل۔لَہ) (ف) مذکر۔ دکان داروں کے نقدی رکھنے کا ظرف۔ غلہ۔

گلہ (گَل۔لَہ) (ف) مذکر (۱) ریوڑ۔ مویشیوں کی ڈار (۲) غول۔ جھنڈ۔ **گلہ بان**۔ مذکر۔ ریوڑ والا۔ گڈریا۔ چرواہا۔ بکریاں وغیرہ چرانے والا۔

گلہ بانی۔ مؤنث۔ محافظت۔ نگہبانی۔

گلہری (گِلَہ۔ری) (ہ) مؤنث۔ چوہے کی مانند ایک جانور، جس پر کالی کالی دھاریاں ہوتی ہیں، یہ اکثر درختوں پر رہتی ہے۔ گِلو (پ) گاہڑ۔ **گلہری پیڑ ٹھکانا**۔ مثل۔ ہر شخص کو اپنی ہی جگہ آرام ملتا ہے۔

گلھڑ (گَلھَڑ) (ہ) مذکر۔ گلے کا پھولا ہوا غدود۔ گلے کی ایک بیماری۔

گلی (گَلی) (ہ) مؤنث۔ محلے کے اندر کا راستہ۔ کوچہ۔ **گلی کوچہ** (ہ) ٹولہ۔ محلہ۔ **گلی گلی**۔ ہر گلی کوچے میں۔ کوچہ کوچہ۔ **گلیاں**۔ مؤنث۔ گلی کی جمع۔ کوچے۔ **گلیاں چھاننا**۔ کسی کی تلاش میں گلی گلی اور کوچہ کوچہ سرگرداں پھرنا۔

گلی (گُل۔لی) (ہ) مؤنث (۱) مکئی کا بھٹا، جس میں دانے نہ ہوں (۲) کیوڑے کا پھول (۳) شہد کی مہال (۴) وہ گول اور چھوٹی لکڑی، جو خول کے اندر دی جاتی ہے (۵) سونے چاندی کا ڈلا (۶) صیقل کرنے کا ایک اوزار۔ **گلی بندھنا** (ہ) پورا جوان ہونا۔ سن بلوغت کو پہنچنا۔

گلی (گِل۔لی) (ہ) (لکھنؤ میں گُلّی، دہلی میں گِلّی) مؤنث۔ لکڑی کی بنی ہوئی دونوں طرف سے نوک دار چھوٹی سی چیز، جسے لڑکے ڈنڈا مار کر دور تک اچھالتے ہیں۔ **گلی ڈنڈا کھیلنا** (۱) گلی ڈنڈے کا کھیل کھیلنا (۲) وقت ضائع کرنا۔ آوارہ ہونا۔

گلیا (گَل۔یا) (ہ) مذکر (۱) تھکا ہارا بیل (۲) کام چور۔

گلیا (گُل۔یا) (ہ) مذکر۔ ریشمی کپڑے، بانات وغیرہ رنگنے والا۔

گلیر (گِل۔یَر) (ہ) (ع) (۱) گلا ہوا (۲) سست (۳) پھوہڑ (۴) غلیظ۔

گلیم (گِلیم) (ف) مؤنث۔ کمبل۔ لوئی۔ اونی کپڑا۔ دُھسّا۔

گ۔م

گم (گُم) (ف) (۱) کھویا ہوا (۲) رائگاں۔ ضائع (۳) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ غائب (۴) ناپید (۵) (ف) مغرور (۶) پریشان۔ حیران۔ حواس باختہ۔ **گم راہ۔ گمراہ** (۱) راستہ بھولا ہوا۔ بہکا ہوا۔ آوارہ (۲) بدعتی۔ بددین (۳) سرکش۔ برگشتہ۔ متمرد (۴) متکبر۔ مغرور۔ **گم راہ (گمراہ) ہونا** (ف) (۱) راستہ بھول جانا۔ بھٹکنا۔ بہکنا (۲) بدمذہب ہونا۔ بددین ہونا (۳) منحرف ہونا۔ پھرنا (۴) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ **گم راہی۔ گمراہی** (ف) مؤنث (۱) کج روی۔ بے راہی (۲) انحراف۔ تمرد (۳) بدعت۔ لامذہبی۔ بددینی۔ **گم شدہ** (۱) کھویا ہوا۔ ضائع شدہ (۲) بھاگا ہوا۔ مفرور (۳) بھولا ہوا (۴) حواس باختہ۔ **گم صم** (ف) (۱) بہرا۔ گونگا (۲) چپ چاپ۔ خاموش (۳) ششدر۔ حیران۔ **گم صم رہ جانا** (۱) چپ چاپ اور خاموش رہ جانا (۲) حیران و ششدر رہ جانا۔ بھونچکا رہ جانا۔ **گم کردہ آشیاں** (ف) گھر بھولا ہوا جانور۔ **گم کرنا** (ف) (۱) چھپانا (۲)

ضائع کرنا (۳) چھپانا (۴) بھلانا۔ گُم گشتہ (ف) دیکھیے "گم شدہ"۔

گُم نام۔ گمنام (۱) غیر مشہور (۲) مخفی۔ پوشیدہ (۳) نام ظاہر کیے بغیر (۴) معدوم۔ نیست و نابود۔ گم نامی۔ گمنامی۔ مؤنث۔ نامعلومی۔ پوشیدگی۔ گمانا (و) گم کرنا۔ کھونا (۲) آپے میں نہ رہنا۔

گما (گُم۔ ما) (ہ) مؤنث۔ بہت بڑی اور موٹی اینٹ۔

گماشتہ (گُما۔ شْ۔ تہ) (ف) مذکر۔ وہ شخص، جسے کوئی کام سپرد کیا گیا ہو۔ کارندہ۔ منیم۔ وکیل۔ گماشتہ کرنا (و) (۱) نائب بنانا۔ ایجنٹ بنانا۔ کارندہ قرار دینا۔ منیجر مقرر کرنا۔

گمان (گُمان) (ف) مذکر (۱) احتمال۔ شک و شبہہ (۲) خیال۔ وسواس۔ وہم (۳) (۱) تکبر۔ غرور۔ گمانِ غالب (ف۔ ع) مذکر۔ خیالِ غالب۔ یقین کامل۔ پکا خیال۔ گمانِ غالب ہے (۱) اغلب ہے۔ یقین ہے۔ گمان گزرنا (ہونا) (۱) شبہہ ہونا۔ شک ہونا (۲) خیال میں آنا۔ گمانی (۱) متکبر۔ مغرور (۲) وہمی۔ بدظن۔

گمبھیر (گم۔ بھیر) (س) (۱) اتھاہ۔ عمیق۔ گہرا (۲) متحمل۔ بُردبار (۳) دُور اندیش۔ سوچنے والا (۴) وزنی۔ بوجھل۔ بھاری (۵) مذکر۔ ایک قسم کا پھوڑا، جو اکثر پیٹھ یا گردن پر نکلتا ہے۔ خنازیر۔

گمت (گُم۔ مَت) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) ٹولی۔ جتھا۔ سنگت۔ منڈلی (۲) غرض۔ مطلب (۳) مشورہ۔ صلاح۔ رائے۔

گمٹ (گُم۔ مَٹ) (و) مذکر۔ بُرج۔ گنبد۔ گمٹی۔ مؤنث۔ چھوٹا گنبد۔ بُرجک۔

گمٹی (گُم۔ ٹی) (و) ایک قسم کا پھولوں یا دھاریوں والا مضبوط سوتی کپڑا۔

گمر (گُمر) (ہ) مذکر۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ غرور۔ گمان۔ مان۔

گمک (گَمَک، گُمک) (ہ) مؤنث (۱) ڈھول، طبلے یا باجے کی آواز (۲) کڑک۔ گرج (۳) تصادم۔ صدمہ (۴) وہ گونج دار آواز، جو گانے والوں کے منہ سے بھاری ہو کر نکلتی ہے۔

گملا۔ گھملا (گَم۔ لا، گھَم۔ لا) (ہ) مذکر۔ پھولوں کے پودے بونے کا مٹی کا ظرف۔

گ-ن

گن (گَن) (انگ۔ Gun) مؤنث۔ توپ۔ گن پوڈر (Gunpowder) مذکر۔ بارود۔ دارو۔

گن (گِن) (ہ) گننا کا امر۔ گن گن کر (۱) ایک ایک کر کے (۲) سنبھال سنبھال کر (۳) چھانٹ چھانٹ کر (۴) جوں توں کر کے۔ بہ مشکل تمام۔ گن گن کر آوے ٹوٹا پاوے۔ بہت احتیاط اور ہوشیاری بھی آخر میں نقصان پہنچاتی ہے۔ گن گن کے دن کاٹنا (گزارنا) جوں توں کر کے دن تمام کرنا۔ مصیبت سے دن پورے کرنا۔ گن گن کے قدم رکھنا (و) (۱) آہستہ آہستہ چلنا (۲) ڈر ڈر کر اور سنبھل سنبھل کر چلنا (۳) بے حد نزاکت سے قدم اٹھانا۔ گِنا (۱) گننا سے ماضی مطلق (۲) گِنانا کا امر۔ گنا گنایا۔ گنا ہوا۔ گِنانا۔ گنوانا۔ شمار کرانا۔ گِنَث (س) مؤنث (ہندو) علمِ حساب۔ گِنَت بِدیا۔ مؤنث۔ علمِ ہندسہ۔ علمِ ریاضی۔ گِنتی۔ مؤنث۔ شمار۔ حساب۔ تعداد۔ اندازہ۔ گِنتی کے۔ چند۔ تھوڑے سے۔ گِنتی گِنوانا۔ نام کی تعداد ظاہر کرنا۔ خانہ پُری کر کے دکھا دینا۔ گِنتی میں لانا (۱) شمار میں لانا۔ حساب میں داخل کرنا (۲) بات پوچھنا۔ خاطر میں لانا۔ گِننا۔ گنتی کرنا۔ گِنوا۔ گِنوانا کا امر۔ گِنوانا۔ شمار کرانا۔ گِنی۔ گِننا سے ماضی مطلق صیغہ واحد غائب مؤنث۔ گِنی بوٹی مپا شوربا (و) مثل۔ کم نہ زیادہ صرف گزارے کے قابل۔ از حد کھینچ تان کر۔ بہ قدرِ ضرورت۔

گُن (گُن) (ہ) مذکر (۱) خصلت۔ عادت۔ سبھاؤ (۲) کرتوت۔ اعمال۔ لچھن (۳) جوہر۔ صفت۔ وصف۔ تاثیر (۴) مدح۔ تعریف (۵) فن۔ ہنر (۶) عمدگی۔ خوبی۔ بھلائی۔ نیکی۔ گُن گانا۔ مدح سرائی کرنا۔ تعریف کرنا۔ گُن ماننا۔ ممنون ہونا۔ احسان ماننا۔ گُن ونت۔ گُنونت۔ یا۔ گُنونتا۔ مذکر (۱) ہنرمند۔ بہت سے فن جاننے والا (۲) پنڈت۔ فاضل۔ دانا (۳) سگھڑ۔ سلیقہ شعار۔ گُنونتی۔ مؤنث۔ دانش مند عورت۔ سلیقہ شعار۔ سگھڑ۔ گُنی (۱) ہنرمند (۲) خدا رسیدہ۔ کامل (۳) لائق۔ قابل (۴) سانپ کا منتر جاننے والا (۵) سیانا۔ جادو ٹونا کرنے والا۔

گُنا (گُنا) (ہ) مذکر۔ بار۔ مرتبہ۔ چند۔

گنا (گَن۔ نا) (ہ) مذکر۔ ایکھ۔ نیشکر۔ پونڈا۔

گناہ (گُناہ) (ف) مذکر (۱) پاپ۔ عصیان (۲) جُرم (۳) قصور۔ خطا۔ گناہ بخشنا (و) قصور معاف کرنا۔ خطا سے درگزر کرنا۔ گناہِ بے لذت (ع۔ ف) وہ گناہ، جس کے کرنے میں کچھ فائدہ بھی نہ ہو۔ گناہِ صغیرہ۔ ادنیٰ گناہ۔ وہ گناہ اور وہ قصور، جنھیں اللہ تعالیٰ توبہ کرنے سے معاف کر دیگا۔ گناہِ کبیرہ۔ مذکر۔ سخت گناہ۔ بھاری جُرم۔ گناہ گار۔ یا۔ گنہگار (ف) (۱) پاپی۔ عاصی۔ بدکار۔ فاسق (۲) مجرم۔ خطاوار۔ گناہ گاری۔ یا۔ گنہگاری۔ مؤنث (۱) جرم۔ خطا۔ قصور (۲) تاوان۔ جرمانہ (۳) خسارہ۔ نقصان (۴) وہ آمدنی، جو مالی عدالت کی طرف سے وصول کی جائے۔

گنبد (گُم۔ بَد) (ف) مذکر۔ برج۔ گمٹ۔ گول قسم کی ایک عمارت کی چھت، جس میں آواز گونجتی ہے۔ گنبد کی آواز (صدا) (و) مؤنث۔ گنبد کی گونج (۲) (کنایۃً) جیسا کہنا ویسا سننا۔ قاعدہ ہے کہ گنبدی مکان میں جو کچھ پکار کر کہو، ویسی ہی آواز واپس آکر کانوں میں پڑتی ہے۔

گنٹھا (گَن۔ ٹھا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "گٹھا ۳"۔

گنٹھنا (گَنٹھ۔ نا) (ہ) دیکھیے "گٹھنا"۔

گنج (گَنج) (ہ) مذکر۔ ایک بیماری، جس سے سر پہ بال نہیں آتے۔

بال خورا۔ گنجا۔ مذکر۔ وہ شخص، جس کے سر پر بال نہ ہوں۔ گنجے سر والا۔ گنجی۔ مؤنث۔ وہ عورت، جس کے سر پر بال نہ ہوں۔ گنجی پنہاری اور گوکھرو کا اینڈوا۔ مثل۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام۔ گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرا (و) مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں بدصورت اور کمینہ کسی اعلیٰ مرتبے پر پہنچ جائے۔ گنجے (۱) مذکر۔ گنجا کی جمع (۲) گنجا کی صورت حروف جار سے پہلے۔ گنجے کو خدا ناخن نہ دے، جو سر کھجائے (و) مثل۔ کمینوں کو خدا اس قدر اختیار نہ دے کہ وہ شریفوں کو تنگ کریں۔

گنج (گَنْج) (ف) مذکر (۱) خزانہ۔ دفینہ (۲) گودام۔ ذخیرہ (۳) خزینہ۔ مخزن (۴) (و) اناج کی منڈی۔ ہاٹ۔ بازار (۵) ڈھیر۔ انبار۔ گنج بخش (ف) (۱) بہت بڑا فیاض۔ لکھ داتا (۲) حضرت مخدوم علی ہجویریؒ کا لقب، جن کا مزار شریف لاہور میں واقع ہے۔ گنج ڈالنا (و) (۱) اناج کی منڈی آباد کرنا (۲) انبار لگانا۔ گنجِ شائگاں (ف) مذکر۔ بہت بڑا خزانہ یا عمدہ چیز، جو بادشاہوں کے قابل ہو۔ گنجِ شہیداں (ف۔ ع) مذکر (۱) وہ کھتا، جس میں شہیدوں یا مقتولوں کو اوپر نیچے بھر کر دفن کر دیتے ہیں (۲) مُردوں کا ڈھیر۔ گنجِ قارون۔ مذکر (۱) قارون کا خزانہ۔ اس کافر کے پاس اتنے خزانے تھے کہ اس کی کنجیاں چالیس لادو چوپایے اٹھاتے تھے۔ چونکہ اس بخیل نے حضرت موسیٰؑ کے کہنے پر بھی مال کی زکوٰۃ کبھی نہ دی تھی، بلکہ انھیں کی تخریب کے درپے ہو گیا تھا، اس لیے ان کی بددعا اور خدا کے حکم سے قارون کے ساتھ یہ سارا خزانہ زمین میں قیامت تک دھنستا جائے گا (۲) (مجازاً) بہت بڑا خزانہ، جس میں سے کچھ خرچ نہ ہوا ہو۔ گنجور (ف) خزانچی۔ گنجینہ۔ مذکر (۱) خزانہ۔ دفینہ۔ مالِ کثیر (۲) ذخیرہ۔ مال گودام۔

گنجان (گُنْ۔ جَانْ) (و) گھنا۔ متصل۔ پاس پاس۔

گنجانا (گُنْ۔ جَا۔ نَا) (ہ) ہاتھ سے ملانا۔

گنجائش (گُنْ۔ جَا۔ اِشْ) (ف) مؤنث (۱) سمائی۔ جگہ۔ ٹھکانا (۲) (و) کفایت۔ بچت۔ فائدہ (۳) مقدور۔ حوصلہ۔

گنجائی (گُنْ۔ جَا۔ اِیْ) (ہ) مؤنث۔ کسلائی۔

گنجفہ (گَنْ۔ جَفَہْ) (ف) مذکر۔ ایک کھیل، جو تاش کی طرح کھیلا جاتا ہے۔ گنجفہ باز مذکر (۱) گنجفہ کھیلنے والا (۲) فریبی۔ چال باز۔ مکّار۔

گنجلک (گَنْجْ۔ لَکْ) (و) مؤنث (۱) سلوٹ۔ شکن (۲) عقدہ۔ گرہ۔ گانٹھ (۳) بکھیڑا۔ جھگڑا۔ الجھن۔

گنجھیا (گُنْجْھْ۔ یَا) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا تلا ہوا سموسا۔

گنجیا (گُنْجْ۔ یَا) (ہ) مذکر۔ گاڑی بان یا گھسیارے کے اوزاروں کا تھیلا۔

گنجیا (گُنْجْ۔ یَا) (ہ) مؤنث (ہندو) کان کا ایک زیور۔

گنجیڑی (گُنْ۔ جے۔ ڑِیْ) (ہ) مذکر۔ گانجا پینے والا۔

گنجیفہ (گُنْ۔ جِیْ۔ فَہْ) (ف) مذکر۔ دیکھیے "گنجفہ"۔

گند (گَنْدْ) (ف) مؤنث (۱) بدبو۔ تعفن۔ عفونت (۲) (و) پلیدی۔ غلاظت۔ نجاست (۳) خراب اور نکمی چیز۔ کوڑا کرکٹ۔ گند کٹنا (و) کسی مصیبت یا محنت و مشقت کا ختم ہونا۔ جھگڑا پاک ہونا۔ قبضہ ہونا۔ گندگی (ف) مؤنث (۱) بدبو۔ بساند۔ عفونت (۲) ناپاکی۔ نجاست۔ غلاظت۔ گندگی پھیلانا (و) (۱) سڑاند پھیلانا۔ بدبو پھیلانا (۲) کسی جگہ کو غلیظ اور میلا کرنا (۳) غیر مہذب گفتگو کرنا۔ گندہ (ف) (۱) نجس۔ ناپاک۔ غلیظ (۲) میلا (۳) بدبودار (۴) سڑا ہوا۔ بگڑا ہوا (۵) بد زبان (۶) بُرا (۷) خراب (۸) بیہودہ۔ گندہ بروزہ (بیروزہ) (ف) مذکر۔ ایک سفید بدبودار مادّہ، جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے۔ ایک قسم کا گوند۔ گندہ بغل (ف) مذکر۔ بغل گند والا۔ وہ شخص، جس کی بغلوں سے بدبو آئے۔ گندہ بہار۔ مؤنث۔ وہ بارش، جو موسمِ سرما میں ہو۔ گندہ پانی (و) مذکر (۱) میلا اور ناپاک پانی (۲) دھات۔ منی (۳) بول۔ موت۔ پیشاب۔ گندہ دماغ (ف) متکبر۔ مغرور۔ گندہ دہن۔ وہ شخص، جس کے منہ سے بدبو آئے۔ گندہ کرنا (و) (۱) ناپاک کرنا (۲) عصمت بگاڑنا۔ داغ لگانا۔ خراب کرنا۔ گندی (۱) غلیظ عورت۔ ناپاک عورت (۲) فحش، غیر مہذب گفتگو یا روش (۳) خراب، ناکارہ، نکمی چیز۔ گندی بوٹی کا گندہ شوربا۔ مثل (۱) بدوں کی بد اولاد (۲) برے کام کا برا نتیجہ۔ گندی گندی باتیں کرنا۔ گالیاں بکنا۔ شرم کی باتیں زبان پر لانا۔

گندہ (گُنْ۔ دَہْ) (ف) (۱) باریک کے مقابل۔ موٹا۔ دَل دار (۲) لاغر کے مقابل۔ فربہ (۳) آٹے کا پیڑا۔

گندک (گَنْ۔ دَکْ) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "گندھک"۔

گندم (گَنْ۔ دُمْ) (ف) مذکر۔ گیہوں۔ گندم از گندم بروید جو ز جو۔ مثل۔ جیسا کرو گے، ویسا بھرو گے۔ گندم اگر بہم نہ رسد جو غنیمت است۔ مثل۔ اگر بڑا فائدہ میسر نہ ہو تو تھوڑا ہی بہتر ہے (اردو میں جو کی جگہ بھس بھی بولتے ہیں)۔ گندم گوں۔ گندمی رنگ کا۔ سانولا سلونا۔ گندم نما جو فروش۔ وہ شخص، جو ظاہر تو کچھ اَور دکھائے، مگر باطن میں کچھ اَور ہی کرے۔ دغا باز۔ مکّار۔ گندمی۔ گندم کے رنگ کا۔ سانولا۔

گندنا (گَنْدْ۔ نَا) (ف) مذکر۔ لہسن سے مشابہ ایک ترکاری۔

گندھ (گَنْدْھ) (س) مؤنث (۱) بو۔ مہک (۲) بدبو (۳) سرخ صندل۔ گھسا ہوا صندل۔

گندھار (گَنْ۔ دَھارْ) (ہ) مذکر۔ راگ کا ایک سُر۔

گندھرپ (گَنْ۔ دَھرْپ) (س) مذکر (۱) راجا اندر کے دربار کا گویا (۲) (مجازاً) ہر ایک عمدہ گانے والا۔ مغنی۔ قوّال (۳) کویل۔ ایک پرندہ (۴) حسینہ۔ خوب صورت (۵) اچھا راگ۔ مزیدار سُر۔ گندھرپ بیاہ (ہ) مذکر۔ عورت اور مرد کا اپنی مرضی سے بغیر کسی رسم کے بیاہ کر لینا۔

گندھک (گَنْ۔ دَھکْ) (ہ) مؤنث۔ سفید، زرد یا سرخ رنگ کا ایک غیر دھاتی عنصر، جو دیا سلائی کی نوک پر لگایا جاتا اور بارود کا ایک جزو ہوتا ہے۔

گُندھنا (گُنْدھ ۔ نا) (ہ) گوندھنا کا لازم (۱) آٹے میں پانی پڑ کر روٹی کے قابل ہونا (۲) سر کے بالوں کا گُتھنا ❖ گُندھوانا ۔ گوندھنا کا متعدی (۱) آٹے کو روٹی کے قابل بنوانا (۲) بال بنوانا (۳) ہار تیار کرانا ❖

گَندھی (گَنْ ۔ دِھی) (ہ) مذکر ۔ عطر پھلیل بیچنے والا ۔ عطار ❖

گَنڈا (گَنْ ۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) حلقہ ۔ چوڑی ۔ کڑا ۔ چھلا (۲) چار عدد ۔ چار کوڑیاں (۳) گھوڑے کے گلے میں ڈالنے کا پٹا (۴) وہ بڑا ڈورا ، جس میں منتر یا کوئی عمل پڑھ پڑھ کر گرہ دیتے ہیں اور بچوں کے گلے یا ہاتھ میں دفع مرض کی غرض سے باندھتے ہیں (۵) وہ پتلا ڈورا ، جو بٹ کر ہاتھ میں باندھ لیتے ہیں ❖

گنڈے (۱) مذکر ۔ گنڈا کی جمع (۲) گنڈا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ❖

گنڈے دار (ہ) (۱) دھاریوں والا ۔ حلقہ دار (۲) درمیان سے سفید چھوٹا ہوا (۳) بے قاعدہ ۔ ناغہ کر کے ۔ بے سلسلہ ❖ گنڈے دار نماز پڑھنا ۔ ناغہ کر کے نماز پڑھنا ۔ پابندی سے نماز نہ پڑھنا ۔ متواتر یا تسلسل سے نماز نہ پڑھنا ❖

گُنڈا (گُنْ ۔ ڈا) (ہ) اوباش ۔ بدکار ۔ شُہدا ۔ لُچا ❖ مؤنث کے لیے گُنڈی ❖

گنڈاسا ۔ گنڑاسا (گَنْڈا ۔ سا ، گَنڑا ۔ سا) (ہ) مذکر (۱) چارا کاٹنے کا ہتھیار (۲) تبر ۔ لاٹھی میں لگا ہوا لوہے کا تیز ہتھیار ❖

گُنڈلا (گُنْڈ ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ حلقہ ۔ دائرہ ۔ کنڈلی ❖ گُنڈلی ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "کنڈلی" ❖ گنڈلی مارنا ۔ دیکھیے "کنڈلی" ع ۳ ❖

گَنڈی (گَنْ ۔ ڈِی) (ہ) (۱) بوبیبا (۲) مخنث ۔ ہیجڑا (۳) بزدل ۔ ڈرپوک ❖

گنڈیری (گَنْڈے ۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) چھلے ہوئے گنے کا چھوٹا سا گول ٹکڑا (۲) نیچے کی بناوٹ میں لگائی ہوئی گرہ ❖ گنڈیری دار (ہ) (۱) رنگ برنگ کی چیز (۲) گرہوں والا نیچہ (۳) دیکھیے "گنڈے دار" ع ۱ ❖

گَنگ (گَنْگ) (ف) مؤنث ۔ گنگا ❖ گنگا (گَنْگ ۔ گا) (س) مؤنث ۔ ہندوستان کا ایک مشہور دریا ، جس میں نہانے سے ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق پاپ دور ہوتے ہیں اور اس میں مُردوں کی راکھ یا ہڈیاں ڈالنا موجب نجات خیال کیا جاتا ہے ❖ گنگا اٹھانا (ہ) دریائے گنگا کی قسم کھانا ❖ گنگا اشنان ۔ مذکر (۱) گنگا میں نہانا (۲) ہردوار کا ایک مشہور سالانہ میلا ، جس پر دریائے گنگا میں جا کر نہاتے ہیں ❖ گنگا جل (س) مذکر ۔ دریائے گنگا کا پانی ، جو پوتر مانا جاتا ہے ❖ گنگا جلی (ہ) مؤنث ۔ وہ برتن ، جس میں گنگا کا پانی رکھا جائے ❖ گنگا جلی اٹھانا ۔ گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا ❖ گنگا جمنا ۔ مؤنث (۱) دو مقدس دریا (۲) دو رنگا ۔ آمیختہ ۔ ملا جلا ❖ گنگا جمنی (۱) دو رنگا ۔ ملا جلا (۲) سنہری اور روپہلی (۳) مؤنث ۔ کان کا ایک زیور (۴) ابلق ۔ سیاہ اور سفید رنگ ❖ گنگا دھر (س) مذکر ۔ شو شمبھو ۔ مہادیو ❖ گنگا ساگر ۔ مذکر (۱) دریائے گنگا کا دہانہ ۔ وہ جگہ ، جہاں گنگا سمندر سے ملتی ہے (۲) ہندوؤں کے استعمال کا ٹونٹی والا لوٹا ۔ آفتابہ ❖ گنگا شلجم (ہ) مذکر ۔ وہ بڑا شلجم ، جو دریائے گنگا کے کنارے پر پیدا ہوتا ہے ❖ گنگا کس کی کھدائی ہے ۔ مثل ۔ ایسے کام قدرتی ہوتے ہیں ❖ گنگا کو آنا تھا ، بھاگیرتھ کے سر جس ہوا (ہ) مثل ۔ کوئی چیز ہونے والی تھی ، مگر شہرت نصیبوں سے کسی کی ہو گئی ❖ گنگا کے میلے میں پڑے رہے کا کیا کام ۔ مثل ۔ بے موقع کسی کام کی قدر نہیں ہوتی ❖ گنگا گئے منڈائے سد صد (ہ) مثل ۔ وہاں بولتے ہیں ، جہاں کوئی کسی جگہ سے کچھ نہ کچھ نقصان بھی اٹھا کر آئے ❖ گنگا نہانا (ہندو) (۱) دریائے گنگا میں اشنان کرنا (۲) کسی مشکل کام کو انجام پر پہنچانا (۳) گناہ دُھلنا ۔ پاک ہونا (۴) قرض سے سبکدوش کرنا (۵) بیٹی کے فرض سے فارغ ہونا (۶) ثواب کمانا ❖ گنگوتری (س) مؤنث ۔ دریائے گنگا کا منبع ، جو ہمالیہ میں واقع ہے ❖

گُنگ (گُنْگ) (ف) وہ شخص ، جو زبان سے بول نہ سکے ❖ گنگ محل ۔ مذکر ۔ جلال الدین اکبر کا وہ عالی شان محل ، جو اس نے انسان کی طبعی زبان دریافت کرنے کے لیے بنوایا تھا ❖

گَنگال (گَنْ ۔ گال) (ہ) مذکر (ہندو) پانی رکھنے کا برتن ۔ گاگر ۔ کلسا ❖

گُنگنا (گُنْ ۔ گُنا) (ہ) مذکر ۔ نیم گرم ۔ شیر گرم ۔ سہتا سہتا ۔ گُنگُنا ❖

گُنگنا (گُنْ ۔ گُنا) (ہ) مذکر (۱) دیکھیے "غنغنا" (۲) گنگنانا کا امر ❖ گنگنانا ۔ دیکھیے "غنغنانا" ❖ گنگناہٹ ۔ مؤنث ۔ گنگنانے کا فعل ❖

گُننا (گُنْ ۔ نا) (ہ) مشق کرنا ❖

گنوار (گَنْوار) (ہ) مذکر (۱) گاؤں میں رہنے والا ۔ دیہاتی ۔ زمیندار ۔ کسان (۲) احمق ۔ بے وقوف ۔ نادان ۔ مورکھ (۳) جاہل ۔ اَن پڑھ ❖ گنوارپن ۔ مذکر (۱) نادانی ۔ بے وقوفی (۲) بے سلیقگی ❖ گنوار کا لٹھ ۔ مذکر (۱) دہقان کی بدنما موٹی لاٹھی (۲) بے تمیز ۔ ناشائستہ (۳) کج خلق ۔ بداخلاق ❖ گنوار کا ہانسا توڑے سے پانسا ۔ مثل ۔ احمق کا مذاق نقصان دیتا ہے ❖ گنوارو ۔ گنواروں کا سا ۔ بدزیب ۔ بھدا ۔ بدنما ❖ گنواری (۱) گنوار کی (۲) گنوار کی سی (۳) بدزیب ۔ بھدی ۔ بدنما ❖

گنوانا (گَنْوا ۔ نا) (ہ) (۱) کھونا (۲) برباد کرنا ۔ ضائع کرنا ❖

گُنہ (گُنَہ) (ف) مذکر ۔ دیکھیے "گناہ" ❖

گِنی (گِنی) (انگ Guinea) انگریزی سونے کا سکہ ، جو اکیس شلنگ کا ہوتا ہے ❖

گُنیا (گُنْ ۔ یا) (ہ) مذکر (۱) مضروب فیہ ، جس میں ضرب دیں (۲) بڑھئی کا کونیا ۔ ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے کا آلہ ❖

گنیش (گَنیش) (ہ) مذکر (ہندو) شوجی اور پاربتی کا بیٹا ۔ ہندو انھیں دانائی اور مشکل کشائی کا دیوتا مان کر ان کے نام کی بڑی تعظیم کرتے ہیں ❖ گنیش چوتھ ۔ مؤنث (ہندو) ہندوؤں کا ایک تہوار ، جو گنیش جی کے نام سے منایا جاتا ہے اور اس روز برت رکھنا بڑا پن سمجھا جاتا ہے ❖

گ ۔ و

گُو (گُو) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "گوہ" ❖

گو (گو) (ف) گفتن کا امر ٭ **گومگو** ۔ مؤنث (۱) وسوسہ ۔ شک و شبہہ ۔ تذبذب ۔ کسی بات کے کہنے کے متعلق سوچ (۲) مشکوک ۔ مشتبہ (۳) خفیہ ۔ مخفی ۔ پوشیدہ (۴) ناگفتہ ٭

گو (گو) (و) اگرچہ ٭

گوار (گوار) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا غلّہ، جو مویشیوں کو دودھ زیادہ دینے کی غرض سے کھلایا جاتا ہے ٭

گوارا (گوا ۔ را) (ف) (۱) انگ لگنے والا ۔ زود ہضم (۲) من بھاتا ۔ خوش ذائقہ (۳) سہارنے کے لائق ۔ قابلِ برداشت (۴) (ل) پسندِ خاطر ۔ منظور ٭ **گوارا کرنا** (و) (۱) سہارنا ۔ برداشت کرنا (۲) منظور کرنا ۔ ماننا ٭

گوال ۔ گوالا (گوال، گوا ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ گایوں کو پالنے والا ۔ گوجر ۔ گھوسی ٭ **گوالن** ۔ مؤنث ۔ گوجری ۔ گھوسن ٭

گواہ (گواہ) (ف) مذکر ۔ شاہد ۔ ثبوت پہنچانے والا ٭ **گواہ بنانا** (۱) شاہد ٹھہرانا (۲) جھوٹا گواہ بنانا ٭ **گواہ بے لوث** (ف ۔ ع) مذکر ۔ کھرا اور خود مختار گواہ ٭ **گواہِ تعلیمی** ۔ مذکر ۔ سکھایا پڑھایا ہوا گواہ ٭ **گواہ دینا** (و) اپنے دعوے کے ثبوت یا براءت کے لیے شاہد پیش کرنا ٭ **گواہِ رویت ، گواہِ عینی ، گواہِ مشاہدہ** (ف ۔ ع) مذکر ۔ وہ گواہ، جس نے اپنی آنکھوں سے کوئی معاملہ دیکھا ہو ٭ **گواہِ سماعی** (سمعی) مذکر ۔ سُنی ہوئی بات کی گواہی دینے والا ٭ **گواہ کرنا** (ل) (۱) شاہد بنانا (۲) جتانا ۔ آگاہ کرنا ٭ **گواہ مرقوم الحاشیہ** (ف ۔ ع) مذکر ۔ وہ گواہ، جس نے دستاویز کے حاشیے پر اپنی گواہی لکھی ہو ٭ **گواہ مندرجۂ دستاویز** ۔ مذکر ۔ وہ گواہ جس کے دستخط کسی دستاویز کے اندر موجود ہوں ٭ **گواہِ ناطق** ۔ مذکر ۔ بولنے والا، سچّا، کھرا اور زبردست گواہ ٭ **گواہی** (گوائی) مؤنث ۔ شاہدی ۔ ساکھ ٭ **گواہی دینا** (و) شہادت دینا ۔ اظہار دینا ٭ **گواہی شاہدی** (ف ۔ ع) مؤنث ۔ گواہی ٭ **گواہی کرنا ۔ یا ۔ لکھنا** (و) کسی دستاویز پر کسی شہادت کے طور پر دستخط کرنا ٭

گوائی (گوا ۔ ئی) (ہ) مؤنث ۔ گانے کی اُجرت ٭

گوبر (گو ۔ بر) (ہ) مذکر ۔ چوپایوں کا فضلہ ۔ سرگین ۔ میلا ٭ **گوبردھن** ۔ مذکر (۱) ہندوؤں میں مویشیوں کا ایک محافظ اور دیوتا (۲) ایک تہوار، جو دیوالی کے دوسرے دن منایا جاتا ہے ٭ **گوبر گنیش** ۔ مذکر (۱) گوبر کا بنا ہوا گنیش (۲) بے ڈول چیز ۔ بدنما ۔ انتہائی بدصورت (۳) موٹا بھینسا (۴) سست ۔ الکسی ۔ کاہل (۵) کُند ذہن ۔ احمق ٭ **گوبری** ۔ مؤنث ۔ بہت ڈھیلی مٹّی، جس میں گوبر ملا کر لپائی کی جاتی ہے ٭

گوبند (گو ۔ بند) (س) مذکر ۔ کرشن جی کا ایک لقب ٭

گوبھی (گو ۔ بھی) (ہ) مؤنث ۔ ایک مشہور ترکاری ۔ کرم کلّا ٭

گوپ (گوپ) (س) مذکر ۔ گائے چرانے والا ۔ گوجر ۔ گوالا ٭ **گوپال** (ہ) مذکر (۱) گایوں کا پالنے والا ۔ گوالا (۲) کرشن جی کا لقب ٭ **گوپی** (س) مؤنث (۱) گائے چرانے والی ۔ گوالن ۔ گھوسن ۔ گوجری (۲) دودھ بیچنے والی (۳) کرشن جی کے ساتھ بچپن میں کھیلنے والی گوالوں کی لڑکیوں میں سے ہر ایک کا لقب ٭

گوپال (گو ۔ پال) (ف) مذکر ۔ گُرز ۔ لڑائی کا ایک ہتھیار ٭

گوپن ۔ گوپھن (گو ۔ پن، گو ۔ پھن) (ہ) مذکر و مؤنث ۔ گوپیا ۔ فلاخن ۔ رسّی کا بنا ہوا وہ ہتھیار، جس میں پتھر یا مٹّی کے گولے رکھ کر جانوروں کو اُڑایا جاتا ہے ٭

گوپیا (گو ۔ پیا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "گوپن" ٭ **گوپیا پھرانا ۔ یا ۔ چلانا** ۔ فلاخن سے جانوروں کو اُڑانا ۔ گوپیے میں غُلّہ رکھ کر مارنا ٭

گوت ۔ گوتر (گوت، گو ۔ تر) (ہ) مذکر (۱) گھرانا ۔ خاندان ۔ حسب نسب (۲) قبیلہ ۔ فرقہ ۔ قوم ٭ **گوتی** ۔ ایک خاندان کے رشتہ دار ۔ ہم نسل ٭

گوتم (گو ۔ تم، گو ۔ تم) (س) مذکر (۱) بدھ مذہب کا بانی ساکی مُنی، جو ریاست کپل وستو میں پیدا ہوا تھا (۲) ایک رشی، جس نے نیائے شاستر بنایا تھا ٭

گوتھنا (گوتھ ۔ نا) (ہ) گوندھنا ۔ لڑی بنانا ۔ پرونا ٭

گوٹ (گوٹ) (ہ) مؤنث ۔ کنارہ ۔ سنجاف ۔ حاشیہ ۔ لیس ۔ کور ۔ گوٹا ٭ **گوٹا** ۔ مذکر ۔ چاندی یا سونے کے تاروں کا بافتہ ۔ کناری ۔ پتلی لیس ٭ **گوٹا کناری** ۔ مؤنث ۔ سونے چاندی کے تاروں کی لیس، جو ریشم کے بانے کی بُنی جاتی ہے ٭

گوٹ (گوٹ) (ہ) مؤنث (۱) چوسر کی نرد (۲) کھانا ۔ دعوت (۳) موضع ۔ گاؤں (۴) گروہ ۔ جماعت ٭

گوجر (گو ۔ جر) (ہ) مذکر ۔ راجپوتوں کی ایک ادنیٰ ذات، جس کا پیشہ گائے بھینس پالنا اور دودھ بیچنا ہے ۔ گوالا ۔ اہیر ٭ **گوجر رانگھڑ دو، کتا بلّی دو ۔ یہ چاروں نہ ہوں تو کھلے کواڑوں سو** ۔ مثل ۔ یہ چاروں چور ہیں ٭ **گوجری ۔ گجری** ۔ مؤنث ۔ گوجر قوم کی عورت ۔ گھوسن ۔ گوالن ٭

گوجرا (گوج ۔ را) (ہ) مذکر ۔ گیہوں اور جَو ملا ہوا اناج ٭

گوجھا (گو ۔ جھا) (ہ) مذکر (۱) کیسہ ۔ جیب ۔ پاکٹ (۲) ایک قسم کا پکوان ۔ سموسا (۳) ایک قسم کی خاردار گھاس ٭

گوچنی (گوچ ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ گیہوں اور چنوں کا ملا ہوا غلّہ ٭

گود (گود) (ہ) مؤنث ۔ آغوش ۔ کنار ۔ پہلو ٭ **گود بھری** ۔ مؤنث (ہند) (عو) بچّے والی ۔ صاحبِ اولاد ٭ **گود بھری رہے** (عو) (دعائیہ) گود میں ہر وقت بچّہ رہے ۔ اولاد زندہ و سلامت رہے ٭ **گود پسار کے کوسنا** (عو) دامن یا ہاتھ پھیلا کر کسی کے لیے بددعا کرنا ٭ **گود پسارنا ۔ یا ۔ پھیلانا** (عو) دامن پھیلانا ۔ سوال کرنا ۔ مانگنا ٭ **گود دینا** ۔ اپنا بچّہ کسی کی گود میں ڈالنا ٭ **گود کا** ۔ وہ بچّہ، جو گود میں ہو ۔ شیر خوار ۔ دودھ پیتا بچّہ ٭ **گود کا کھلایا گود میں نہیں رہتا** ۔ مثل ۔ انسان ہمیشہ یکساں اور ایک حال میں نہیں رہتا ٭ **گود کھلانا** (۱) بچّے کو گود میں رکھ کر بہلانا (۲) گود میں پالنا (۳) بچّے کو دودھ پلانا ۔ پرورش کرنا ٭ **گود لینا** ۔ لے پالک بنانا ۔

متبنّیٰ بنانا ۔ گود میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا (۱) مثل ۔ چیز پاس پڑی ہے اور تلاش کسی اَور جگہ کی جاتی ہے ۔ گود میں لینا ۔ گودی میں لینا ۔ آغوش میں لینا ۔ دونوں زانوؤں پر بٹھانا ۔ گودی ۔ مؤنث (۱) بغل ۔ کنار ۔ آغوش ۔ جھولی (۲) کوکھ ۔ پہلو (۳) آنچل ۔ دامن (۴) بندرگاہ کا ایک حصّہ ۔ گودی میں بیٹھ کے ڈاڑھی نوچے ۔ مثل ۔ سخت بے ادب ہے ۔ جس سے نفع ہو، اسی کی توہین کرے ۔

گود (گو۔د) (ہ) گودنا کا امر ۔ گودنا (۱) چبھونا ۔ کچوکے لگانا (۲) جسم پر سوئی سے کھود کر سرمہ یا نیل بھرنا (۳) (عو) طعنے مہنے دینا (۴) مذکر ۔ جسم کے وہ نشان جو نشتر وغیرہ سے دیئے گئے ہوں (۵) طعنے مہنے (۶) نیشکر کھودنے کا اوزار ۔ کھرپا ۔

گودا (گو۔دا) (ہ) مذکر (۱) بھیجا ۔ مغز ۔ دماغ ۔ ہڈی (۲) گری (۳) اندرونی حصّہ (۴) چربی (۵) کسی چیز کا سب سے بہتر حصّہ ۔ خلاصہ ۔

گودے (۱) مذکر ۔ گودا کی جمع (۲) گودا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ۔

گودام ۔ گدام (گو۔دام ۔ گدام) (ا) (انگریزی گوڈاؤن کا مخرّب) مذکر (۱) ڈھیر ۔ انبار ۔ ذخیرہ (۲) مال خانہ ۔ ذخیرہ خانہ ۔

گودڑ (گو۔دڑ) (ہ) مذکر (۱) پھٹا پرانا اور ناکارہ کپڑا ۔ چیتھڑے (۲) پرانی روئی ، جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے ۔ گودڑ خیل (ہ) بدسلیقہ عورت ۔ پھوہڑ ۔ گودڑ کا لال (لعل) مذکر (۱) وہ شریف اور نجیب شخص ، جو غریبی میں مبتلا ہو (۲) خوب صورت آدمی کا پھٹے پرانے لباس میں ہونا (۳) چھپا رستم ۔ وہ صاحبِ کمال یا صاحبِ جوہر ، جس کا حال معلوم نہ ہو ۔ گودڑ میں گندوڑا نکلنا (ہندو) جاہلوں کے ہاں عالم کا پیدا ہونا ۔ بُروں میں اچھا نکلنا ۔

گودھ (گو۔دھ) (ہ) مذکر ۔ کیلوں کی بھری ہوئی شاخ ۔

گوڈا (گو۔ڈا) (ہ) مذکر ۔ گھٹنا ۔ زانو (متروک) ۔

گور (گو۔ر) (ہ) مؤنث ۔ ایک راگنی ۔

گور (گو۔ر) (ف) مؤنث ۔ قبر ۔ مزار ۔ تربت ۔ مقبرہ ۔ گور پر گور نہیں ہوتی (۱) ایک شخص کے تابع ہوتے ہوئے دوسرے کو دخل نہیں ہوتا ۔ گورِ غریباں (ف) مؤنث ۔ زمین کا وہ ٹکڑا ، جہاں مسافر دفن کیے جاتے ہیں ۔ بے کسوں کا قبرستان ۔ گور کا منہ جھانک کر آنا ۔ یا ۔ پھرنا (۱) کسی مہلک مرض سے صحت پانا ۔ از سرِ نو زندگی حاصل کرنا ۔ گور کفن ۔ مذکر ۔ کفن میں لپٹنا اور قبر میں پڑنا ۔ تجہیز و تکفین ۔

گورکن (ف) قبر کھودنے والا ۔ وہ شخص ، جس کا پیشہ قبر کھودنے اور مُردہ دفن کرنے کا ہو ۔ گور کنارے (۱) جان بہ لب ۔ قریب مرگ ۔ کوئی دم کا مہمان ۔ گور کنارے جا لگنا (پہنچنا) (۱) قریب مرگ ہونا ۔ مرنے کو تیار بیٹھنا (۲) از حد بوڑھا ہونا ۔ گور کے مُردے اکھاڑنا (اکھیڑنا) (۱) پچھلی باتیں یاد کرنا (۲) پرانے جھگڑے نکالنا ۔

گور گڑھا ۔ مذکر ۔ تجہیز و تکفین ۔ گور میں انگارے بھرنا (عو) بدی کرنا ۔ عذاب کمانا ۔ گنہگار ہونا ۔ گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں ۔ از حد بوڑھے ہیں ۔ کوئی دن کے مہمان ہیں ۔ گور میں دھوآں اٹھنا ۔ قبر میں جلنا یا سلگنا ۔ قبر کا عذاب ہونا ۔ گور میں کیڑے پڑیں (دعائے بد) (عو) جسم سڑ کر قبر میں کیڑے ہی کیڑے پھریں ۔

گورستان (ف) مذکر ۔ مُردوں کے دفن ہونے کی جگہ ۔ قبرستان ۔

گورا (گو۔را) (ہ) سفید ۔ چٹّا ۔ حسین ۔ خوب صورت ۔ اُجلا ۔ سرخ و سفید رنگ والا ۔ گورا چٹّا ۔ سرخ و سفید ۔ حسین ۔ خوب صورت ۔

گوری ۔ مؤنث (۱) خوب صورت عورت ۔ حسینہ ۔ معشوقہ (۲) ہر سفید چٹّی چیز ۔ گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا ۔ کسی کے حسن کی بے قدری ہونا ۔ کسی چیز کی خوبی کا بے فائدہ ضائع ہونا ۔

گورا (گو۔را) (ہ) مذکر ۔ یورپی سپاہی ۔ فرنگی ۔ گوراشاہی (ہ) (۱) گوروں کے استعمال کا ۔ مضبوط (۲) مذکر ۔ فرنگی سپاہیوں کے پہننے کا بہت مضبوط بوٹ ۔

گوراده (گو۔را۔دہ) (ہ) مذکر ۔ گاؤں کے اردگرد کی زمین ۔

گورائی (گو۔را۔ ای) (ہ) مؤنث ۔ ریتلی زمین ۔

گورخر (گو۔ر۔خر) (ف) مذکر ۔ جنگلی گدھا ۔

گورکھ دھندا (گو۔رکھ ۔ دھن۔دا) (ہ) مذکر (۱) ایک پیچیدہ قفل ، جس کا کھولنا مشکل ہوتا ہے (۲) (مجازاً) بکھیڑے کا کام ۔ ہر پیچیدہ معاملہ ۔

گورکھا (گو۔رکھا) (ہ) مذکر (۱) گورکھپور علاقہ نیپال کا رہنے والا (۲) (مجازاً) پست قد آدمی ۔ ٹھنگنا ۔

گورگاں (گو۔ر۔گاں) (ف) (۱) عیش و عشرت کرنے والا (۲) تیمور کا لقب (۳) عظیم القدر بادشاہ ۔

گورمنٹ (گو۔ر۔منٹ) (انگ ۔ Government) مؤنث (۱) حکومت ۔ سلطنت ۔ راج ۔ بادشاہی ۔ طاقت (۲) عمل داری ۔ حکم رانی (۳) جمہوری سلطنت ۔

گورنر (گو۔ر۔نر) (انگ ۔ Governor) مذکر ۔ کسی ملک میں پورے اختیارات رکھنے والا اعلیٰ حاکم ۔ صوبے کا فرماں روا ۔ گورنر جنرل (Governor General) مذکر ۔ گورنر سے بڑا عہدہ دار ، نائب السلطنت ، وائسرائے ۔ گورنری (ہ) مؤنث (۱) گورنر کا عہدہ (۲) گورنر کی حکومت ۔

گورو (گو۔رو) (ہ) مذکر (ہندو) (عوام) گائے بھینس وغیرہ سینگ والے چوپایے ۔

گوریا ۔ گوریّا (گو۔ریا ۔ گو۔ری۔یا) (ہ) مؤنث (۱) چڑیا ۔ کنجشک (۲) مٹی کا چھوٹا ساحقّہ ۔

گوڑ (گو۔ڑ) (ہ) مذکر (۱) بنگال کا درمیانی حصّہ (۲) بنگال کا صدر مقام (۳) گوڑ کا باشندہ (۴) برہمنوں کا ایک اعلیٰ فرقہ ۔

گوڑ (گوڑ) (ہ) مذکر (۱) پاؤں۔ پَیر۔ قدم (۲) ٹانگ۔ پنڈلی (۳) ٹخنہ۔ کعب۔
گوڑا (گوڑا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "گوڑ"۔ **گوڑے** (۱) مذکر۔ گوڑا کی جمع (۲) گوڑا کی صورت حروفِ جار سے پہلے۔ **گوڑے پسار جانا** (ہندو) (۱) پاؤں پھیلا دینا (۲) حوصلہ چھوڑ دینا۔ ہمت ہار دینا۔ **گوڑے ٹوٹ جانا** (ہندو) (۱) گھٹنے ٹوٹ جانا (۲) چلتے چلتے ٹانگیں تھک جانا۔ چلنے کی ہمت نہ رہنا (۳) ہمت نہ رہنا (۴) ناامید ہو جانا۔
گوڑنا (گوڑ۔نا) (ہ) (۱) ہل چلانا۔ زمین کھودنا (۲) اناج صاف کر کے بھس سے نکالنا۔
گوڑی (گوڑی) (ہ) مؤنث (ہندو) نفع۔ فائدہ۔ وہ مال، جو بے محنت و مشقت حاصل ہو۔ **گوڑی ہاتھ سے جانا** (۱) کچھ ہاتھ نہ لگنا۔ کمائی نہ ہونا (۲) شکار جاتا رہنا۔
گوڑیت (گوڑیت) (س) مذکر (۱) چوکیدار (۲) مخبر۔
گوز (گوز) (ف) مذکر۔ پاد۔ پادؑ۔ ریح۔ وہ گندی ہوا، جو پاخانے کی جگہ سے بہ آواز خارج ہو۔ **گوز اڑانا۔ یا۔ مارنا** (۱) پاد مارنا۔ پادنا۔ پاد لگانا۔ بادی پھیلانا۔ **گوزِ شتر** (ف) باد ہوائی۔ بے اثر۔ بے تاثیر۔ بیہودہ۔ لغو۔ **گوزِ شتر سمجھنا** (۱) بیہودہ اور لغو خیال کرنا۔ بے وقعت سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
گوسالہ (گوسالہ) (ف) مذکر۔ گائے کا یک سالہ بچہ۔ بچھڑا۔
گوسپند۔ یا۔ گوسفند (گوسپند، گوسفند) (ف) مؤنث (۱) بکری۔ بکرا۔ بھیڑی۔ بھیڑ۔ مینڈھا۔ دنبہ۔
گوش (گوش) (ف) مذکر۔ کان۔ **گوش برآواز**۔ کسی بات کے سننے کا منتظر۔ **گوش گزار کرنا** (۱) سنانا۔ آگاہ کرنا۔ اطلاع دینا۔
گوش مالی۔ گوشمال (ف) مؤنث۔ سزا۔ تادیب۔ تنبیہ۔ **گوش مالی۔ گوشمالی**۔ مؤنث (۱) سزا (۲) مشکل کام کے لیے استاد کا نام لے کر کان پکڑنا (دینا کے ساتھ)۔ **گوشوارہ**۔ مذکر۔ آویزہ۔ کان کا بالا۔
گوشت (گوشت) (ف) مذکر۔ ماس۔ لحم۔ **گوشت خرِ دندانِ سگ**۔ مثل۔ خراب چیز خراب جگہ صرف ہوتی ہے۔ **گوشت خوار**۔ گوشت کھانے والا۔ **گوشت سے ناخن جدا کرنا** (۱) (۱) اپنوں کو چھڑانا (۲) گہرے دوستوں میں جدائی ڈالنا۔ **گوشت سے ناخن جدا ہونا** (۱) اپنوں کا چھوٹنا (۲) کوئی ناممکن اور مشکل کام ہونا۔ **گوشت کا لوتھڑا** (۱) مذکر (۱) گوشت کا بچا۔ مضغۂ گوشت (۲) اپاہج۔ بالکل نکما، جس سے کچھ نہ ہو سکے۔ بے وقوف۔ سست۔
گوشوارہ (گوشوارہ) (ف) مذکر (۱) خلاصۂ حساب۔ میزان۔ جوڑ (۲) بہت بڑا موتی (۳) کسی نقشے یا رجسٹر کی پیشانی۔
گوشہ (گوشہ) (ف) مذکر (۱) کونا۔ زاویہ (۲) تنہائی۔ خلوت۔ تخلیہ۔ کنارہ (۳) جانب۔ طرف۔ پہلو (۴) کمان کا سرا۔ **گوشۂ چشم**۔ مذکر۔ آنکھ کا کونا۔ **گوشۂ عافیت** (ف۔ع) مذکر۔ وہ جگہ، جہاں کوئی جھگڑا بکھیڑا نہ ہو۔ جائے امن۔ **گوشۂ کمان**۔ مذکر۔ کمان کی نوک، جس میں تانت اٹکی رہتی ہے۔ **گوشہ گزیں** (گزیں) دیکھیے "گوشہ نشین"۔ **گوشہ نشین**۔ تنہائی میں رہنے والا۔ سب سے الگ رہنے والا۔ تارک الدنیا۔ **گوشہ نشینی**۔ مؤنث۔ تنہائی۔ عزلت۔ علیحدگی۔
گوکل (گوکل) (س) مذکر۔ کرشن جی کی پیدائش کا مقام۔
گوکھا (گوکھا) (ہ) مذکر (۱) گائے کا چمڑا (۲) بے وقوف۔ احمق۔
گوکھرو (گوکھرو) (ہ) مذکر (۱) ایک سہ گوشہ کانٹا رپ اکھڑا (۲) گوکھرو کا پودا یا بیل (۳) لوہے کے بنے ہوئے کانٹے، جو دشمن کے راستے میں ڈال دیتے ہیں تاکہ فوج کے پاؤں اور گھوڑوں کے سُموں میں چبھ جانے سے وہ آگے نہ بڑھ سکیں (۴) کان کا ایک زیور (۵) مقیش وغیرہ کا تکھونٹا موڑا ہوا گوٹا۔
گوگا (گوگا) (ہ) مذکر۔ خاکروبوں کا پیر۔ **گوگا پیر**۔ مذکر۔ عزت و تعظیم سے گوگا کو کہتے ہیں۔
گوگرد (گوگرد) (ف) مؤنث۔ گندھک۔
گوگل (گوگل) (ہ) مذکر۔ ایک درخت کا گوند۔
گول (گول) (ہ) (۱) چکر والا۔ مدوّر (۲) وہ بات، جو بہ خوبی سمجھ میں نہ آئے۔ مشکوک اور پیچ دار بات۔ **گول گول**۔ مشکوک۔ مبہم۔ مشتبہ۔ **گول گول کہنا**۔ صاف صاف نہ کہنا۔ اس طرح بیان کرنا کہ بہ خوبی سمجھ میں نہ آ سکے۔ **گول مال** (۱) ملا جُلا۔ رلا ملا (۲) آنٹ سانٹ۔ سازش (۳) خیانت۔ غبن (۴) مشکوک۔ مشتبہ (۵) تلپٹ۔ غائب۔ **گول مال کرنا** (۱) گڈ مڈ کرنا (۲) خیانت کرنا۔ غبن کرنا (۳) چرا لینا۔ غائب کرنا (۴) سازش کرنا۔ اٹ سٹ کرنا۔ **گول مُنہ**۔ مذکر۔ چوڑا مُنہ۔ آفتابی چہرہ۔ **گول مول** (۱) از حد گول۔ مدوّر (۲) موٹا تازہ اور ٹھنگنا آدمی (۳) موٹا۔ بے وقوف۔ **گول ہو رہنا**۔ جواب نہ دینا۔ خاموش ہو رہنا۔
گولاپا۔ گولائی (۱ مذکر، ۲ مؤنث) کسی چیز کا گول ہونا۔ چکر۔ دَور۔
گولا (گولا) (ہ) مذکر (۱) گھیرا (۲) تاگوں کی پچک (۳) کرہ۔ گیند (۴) ستون کے گرداگرد کا ابھرا ہوا حلقہ (۵) ایک قسم کا کبوتر پست قد، گول مول، جو نیچا اڑتا ہے (۶) پگڑی کا قالب، جس پر دستار بند پگڑی باندھتے ہیں (۷) ناریل کے اندر کی گری۔ مغز ناریل (۸) اناج کی منڈی۔ اناج کا کوٹھا (۹) پکا کنواں، جو اندر سے استرکاری کیا ہوا ہو (۱۰) لٹھا۔ گول شہتیر (۱۱) ایک قسم کی آتش بازی۔ **گولا اٹھانا**۔ پرانی رسم کے مطابق اپنی صداقت اور براءت کے لیے جلتے ہوئے لوہے کو ہاتھ میں پکڑ لینا کہ اگر ہم سچے ہوں گے تو اس کا کوئی اثر نہ ہوگا اور جھوٹے ہیں تو یہ جلا دے گا۔ **گولا چلانا۔ یا۔ مارنا** (۱) کوٹھی کنوئیں میں رکھنا (۲) توپ چھوڑنا۔ **گولا دَن**۔ از حد موٹا تازہ۔ گول مول۔ **گولا دَن بنا ہوا ہے** (۱) نہایت موٹا تازہ ہے۔ **گولا دھار برسنا**۔ زور شور سے بارش ہونا۔

موسلادھار مینہ برسنا۔

گولڈ (گوٗ۔لڈ) (انگ۔ Gold) مذکر۔ سونا۔ زر۔ طلا۔ **گولڈن** (گوٗل۔ڈن) (انگ۔ Golden) سنہری۔ طلائی۔ زرّین۔

گولر (گوٗ۔لر) (ہ) مذکر۔ ایک درخت اور اس کا پھل، جو انجیر سے مشابہ ہوتا ہے (۲) رُوئی کا ڈوڈا۔ کپاس۔ **گولر کا پھول** ۔ کم یاب۔ ناپید۔ نایاب۔ **گولر کا پیٹ پھڑوانا** (ہندو) (عو) دبی ہوئی یا پوشیدہ بات ظاہر کرانا۔ بھید کھلوانا۔ **گولر کا کیڑا** ۔ مذکر (۱) وہ کرم، جو گولر کے اندر رہتا ہے (۲) وہ شخص، جو گھر سے باہر نہ نکلتا ہو۔

گولف (گوٗلف) (انگ۔ Golf) مذکر۔ ایک کھیل، جو چھڑی اور گولیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

گولک (گوٗ۔لک) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) روزمرّہ کی بکری رکھنے کا ظرف۔ گلّا۔ غلّہ (۲) حرامی بچّہ۔

گولنداز (گوٗ۔لن۔داز) (ف) مذکر۔ توپ چلانے والا۔ توپچی۔

گولہ (گوٗ۔لہ) (ف) مذکر (۱) گیند۔ انٹا (۲) گوپیے میں چلانے کا گولہ۔ غُلّہ (۳) بارود کا گولہ (۴) کرہ۔

گولی (گوٗ۔لی) (ہ) مؤنث۔ گولا کی تصغیر (۱) بندوق کی گولی (۲) دوا کی چھوٹی بٹی (۳) انٹا۔ **گولی بارود کہیں جاتے، مطلب لینے سے کام** (۹) مثل۔ کسی کا کام بگڑے یا سنورے، اپنے مطلب اور تنخواہ سے کام۔ **گولی بچا جانا** ۔ کسی مشکل کام یا مصیبت کے وقت الگ ہو جانا۔ **گولی چلانا** (۱) گولی مارنا (۲) بندوق میں گولی بھرنا (۳) کسی کے جسم میں گولی مار دینا۔ **گولی دینا** ۔ دوا کی بٹی کھلانا۔ **گولی لگنا** (۱) بندوق کا نشانہ لگنا (۲) گولی کی ضرب یا زخم آنا۔ **گولی لگے** (دعائے بد) (عو) بندوق سے مارا جائے۔ **گولی مارنا** (۱) گولی چلانا۔ بندوق چھوڑنا (۲) جان سے مارنا۔ **گولی مارو** ۔ اظہارِ نفرت کے لیے کہتے ہیں۔ دُور کرو۔ ایسے کام کا نام نہ لو۔ **گولیاں** ۔ گولی کی جمع۔ جوب۔ بٹیاں۔ **گولیاں کھیلتے ہیں** ۔ ابھی تک بچے ہیں۔ ناسمجھ ہیں۔ **گولیاں کھیلنا** (۱) گولیوں کا کھیل کھیلنا (۲) بچپن کا زمانہ ہونا۔

گومڑ۔ گومڑا (گوٗ۔مڑ، گوٗم۔ڑا) (ہ) (۱) ورم۔ سوجن۔ آماس (۲) پھوڑا۔ دُنبل۔ **گومڑا پڑنا** ۔ چوٹ کے باعث سوجن کا ظاہر ہونا۔ **گومڑی** ۔ مؤنث۔ پھنسی۔ دانہ۔

گوں (گوٗں) (ہ) مؤنث (۱) غرض۔ مطلب۔ واسطہ (۲) قابل۔ لائق (۳) ضرورت۔ خواہش۔ **گوں کا** (۱) غرض کا۔ مطلب کا۔ لالچی (۲) کام کا۔ **گوں کا یار** (ہ) مذکر۔ خود غرض۔ مطلب کا یار۔ **گوں نکل گئی، آنکھ بدل گئی** ۔ مثل۔ ایسے خود غرض آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو مطلب نکال لینے کے بعد بے وفائی کرے۔

گون (گوٗن) (مہند) (انگ۔ Gown) مذکر (۱) ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا انگریزی زنانہ لباس۔ پشواز (۲) وہ سیاہ جبّہ، جو یونیورسٹی سے ڈگری لینے کے وقت پہنا جاتا ہے۔

گون (گوٗن) (ہ) مؤنث۔ گدھوں یا بیلوں پر غلّہ وغیرہ بھرنے کا تھیلا جو ٹاٹ یا بکری وغیرہ کے بالوں یا رتیلوں سے بُنا ہوتا ہے۔ خُرجین۔

گوں (گوٗں) (ف) مذکر۔ رنگ۔ **گوناگوں** ۔ طرح طرح کا۔ رنگ برنگ کا۔ **گونہ گونہ** ۔ انواع و اقسام کا۔ طرح طرح کا۔

گونا (گوٗ۔نا) (ہ) مذکر (ہندو) دولھا کا اپنے سسرال جا کر دلھن کو اپنے گھر لانا۔ مُکلاوا۔

گونتھنا (گوٗنتھ۔نا) (ہ) دیکھیے "گوتھنا"۔

گونج (گوٗنج) (ہ) مؤنث (۱) آواز کا گنبد وغیرہ میں دیر تک چکراتے رہنا۔ گرج (۲) شیر کی آواز (۳) کبوتر اور قمری کی آواز (۴) ناک کا ایک زیور (۵) گونجنا کا امر۔ **گونج اٹھنا** ۔ آواز سے پُر ہو جانا۔ شور و فغاں سے لبریز ہو جانا۔ **گونجنا** (۱) آواز کا گنبد سے لوٹ کر آنا۔ آواز سنائی دینا (۲) شیر کا دہاڑنا (۳) کبوتر کا مستی میں بولنا۔

گونچ (گوٗنچ) (ہ) مؤنث (۱) گھونگچی۔ رتی (۲) ایک قسم کی مچھلی۔

گوند (گوٗند) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چیپ والا مادہ، جو درختوں سے نکلتا ہے۔ **گوند پنجیری۔ یا۔ گوند مکھانے** (۱ مؤنث، ۲ مذکر) گوند اور آٹے کی بنی ہوئی پنجیری یا مکھانے وغیرہ جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں۔ **گوند پنجیری اَور ہی کھائیں، زچہ رانی پڑی کراہیں** (۹) مثل۔ مزے اَور اُڑائیں، تکلیف کوئی اٹھائے۔ **گوند دانی** ۔ مؤنث۔ وہ ظرف، جس میں بھیگا ہوا گوند رکھا جاتا ہے۔

گوندا (گوٗں۔دا) (ہ) مذکر (۱) مٹی کا لوندا (۲) بھنے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا آٹا، جو بلبل کو کھلایا جاتا ہے (۳) (عو) گلتھی۔ **گوندا دکھانا** (۱) بلبلوں کو باہم لڑانے کے لیے ان کا چارا دکھا کر جھگڑا پانا (۲) (مجازاً) اکسانا۔ بھڑکانا۔ لڑوانا۔

گوندنی (گوٗند۔نی) (ہ) مؤنث۔ گوندی۔ ایک درخت اور اس کا پھل، جو از حد لیس دار اور شیریں ہوتا ہے۔

گوندھ (گوٗندھ) (ہ) مؤنث (۱) گوندھنے کا فعل (۲) گوندھنا کا امر۔ **گوندھنا** (۱) آٹے میں پانی ملا کر روٹی پکانے کے قابل کرنا (۲) مہندی گھولنا (۳) سر کے بالوں کو باہم بُننا۔ چوٹی کرنا (۴) منسلک کرنا۔ پرونا۔

گوندی (گوٗں۔دی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "گوندنی"۔

گونڈ (گوٗنڈ) (س) مذکر۔ ایک ادنیٰ ذات کا ہندو فرقہ۔

گونڈا (گوٗن۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) گاؤں (۲) گاؤں کے قریب کے کھیت (۳) گاڑی کی سڑک۔ شاہراہ (۴) وہ خیرات، جو دلھن کے گھر پر برات پہنچنے کے وقت نچھاور کرتے ہیں۔ نثار۔ بکھیر۔

گونڈا (گوٗں۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) گوالوں کی ایک ذات (۲) گوالوں کے رہنے کی جگہ (۳) گایوں کے رہنے کی جگہ (۴) بھیڑ بکریوں کا باڑا (۵)

صحن (۶) چوک ۔

گونڈا (گوْن ۔ ڈا) (ہ) مذکر ۔ صوبجاتِ متحدہ کا ایک شہر ۔

گونگا (گُونگ ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) وہ شخص، جو زبان سے نہ بول سکے ۔ گنگ (۲) خاموش ۔ چُپ چاپ ۔ **گونگی** ۔ مؤنث ۔ گونگا کی تانیث ۔ **گونگے** (۱) مذکر ۔ گونگا کی جمع (۲) گونگا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ۔ **گونگے کا اشارہ گونگا ہی سمجھے** (ر) مثل ۔ ہر جنس اپنی ہی جنس سے میل کھاتی ہے ۔ **گونگے کا خواب** ۔ مذکر (۱) وہ بات، جسے آدمی دیکھے اور زبان سے نہ کہہ سکے (۲) مبہم بات، جس کا سمجھنا مشکل ہو ۔ **گونگے کا گڑ کھانا** (ہ) چُپ چاپ دغا، کچھ بیان نہ کر سکنا ۔ **گونگے کا گڑ کھٹا نہ میٹھا** ۔ بیان نہ کر سکنے کے قابل ۔ ناقابلِ اظہار ۔ **گونگے نے سپنا دیکھا، من ہی من میں پچھتائے** ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی بات کے بیان کرنے کو جی چاہے اور بیان نہ ہو سکے ۔

گوُن متھون (گوُن ۔ مَتھوُن) (ہ) مُنہ پھلا کر چُپ ہو جانے والا ۔

گونہار (گوُ ۔ نہار) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) وہ عورتیں، جو دلھن کے ساتھ میکے سے سسرال میں آتی ہیں (۲) وہ لوگ، جو دولھا کے ساتھ گونے کے لیے جاتے ہیں ۔

گونیا (گُو ۔ نیَا) (ہ) مذکر و مؤنث ۔ عمارت کی سیدھ اور ٹیڑھ معلوم کرنے کا ایک تکونا اوزار ۔

گوُہ (گوُہ) (ف) مذکر (۱) نجاست ۔ میلا ۔ فضلہ ۔ پلیدی (۲) مَیل ۔ چرک ۔ **گوُہ اچھالنا** (و) بُری بات کی شہرت کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ **گوُہ تھاپتے پھرنا** ۔ دیوانہ وار پھرنا ۔ مجنونانہ حرکتیں کرتے پھرنا ۔ سودائی بنے پھرنا ۔ دیوانہ اور پاگل ہو جانا ۔ **گوُہ سے گھناؤ کرنا** (عوام) انتہائی نفرت کے قابل سمجھنا ۔ بے حد اکراہ کرنا ۔ نہایت ذلیل و رسوا کرنا ۔ **گوُہ کا ٹوکرا سر پر اٹھانا** ۔ بُرائی سر پر لینا ۔ **گوُہ کا کیڑا** ۔ مذکر (۱) وہ کیڑا، جو فضلے میں پیدا ہوتا ہے ۔ کرم ۔ پچنا (۲) (عو) (مجازاً) انسان کا چھوٹا بچہ ۔ نوزائیدہ بچہ ۔ **گوُہ کر دیا** (عو) بے حد مَیلا کر دیا ۔ **گوُہ کھانا** (۱) جھک مارنا ۔ بیہودہ بکنا ۔ جھوٹ بولنا (۲) حرام کرنا ۔ زنا کرنا ۔ **گوُہ میں ڈھیلا پھینکو، نہ چھینٹیں اڑیں** ۔ کہاوت ۔ بُروں کے مُنہ لگ کر گندی باتیں سننا ۔ ذلیل کو چھیڑ کر گالیاں کھانا ۔ **گوُہ نہ کھا** (۱) بک بک نہ کر ۔ بکواس نہ کر ۔ جھک نہ مار (۲) شیخی نہ مار ۔ جھوٹ نہ بول ۔ **گوُہ ہو جانا** (عو) مَیلا ہو جانا ۔ **گوہا چھی چھی** ۔ مؤنث (۱) پلیدی ۔ نجاست ۔ غلاظت (۲) جھک جھک ۔ بک بک ۔ گالی گفتار ۔ بدتہذیبی (۳) تھکا فضیحتی ۔ جھگڑا (۴) بدنامی ۔ رسوائی (۵) بحث و تکرار ۔

گوہ (گوْہ) مؤنث ۔ چھپکلی جیسا ایک جانور ۔ سوسمار ۔

گوہار (گوُ ۔ ہار) (ہ) مؤنث (۱) استغاثہ ۔ فریاد ۔ واویلا (۲) شور غل (۳) (ر) ایک آدمی کا کئی آدمیوں سے مقابلہ (۴) گالی گلوچ (۵) مدد ۔ کمک ۔ وہ جتھا، جو لڑنے کے لیے اِدھر اُدھر سے جمع کیا جائے ۔

گوہان (گوْ ۔ ہان) (ہ) مذکر ۔ گاؤں ۔ **گوہانی** ۔ مؤنث (۱) گاؤں (۲) گاؤں کے آس پاس کے کھیت (۳) حصہ قسم کی زمین ۔

گوہانجنی (گوْ ۔ ہانج ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ آنکھ کی پھنسی ۔ جو پلک کے نیچے ہوتی ہے ۔

گوہر (گوْ ۔ ہر) (ف) مذکر (۱) موتی ۔ مروارید (۲) قیمتی پتھر (۳) ذات ۔ مادہ ۔ اصل ۔ نسل (۴) فرزند ۔ بیٹا ۔ **گوہرِ شب تاب یا شب چراغ** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا لعل، جو رات کو چراغ کی طرح چمکتا ہے ۔

گوئیٹھا (گوْ ۔ اِیٹھا) (ہ) مذکر ۔ اُپلا ۔

گوئندہ (گو ۔ اِن ۔ دَہ) (ف) کہنے والا ۔ مخبر ۔

گوئنڈ (گوْ ۔ اِنڈ) (ہ) مؤنث ۔ گاؤں کے پاس کی زمین ۔

گوئی (گوْ ۔ اِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک ہل میں جتتے ہوئے دو بیل (۲) (عو) روئی کی وہ مقدار، جو ایک مرتبہ انگلیوں سے تومی جائے ۔

گوئے (گو) (گوْ ۓ) (ف) مذکر ۔ گیند ۔ **گوئے سبقت لے جانا** (و) بڑھ جانا ۔ غالب آنا ۔

گوئیاں (گوْ ۔ اِیاں) (ہ) مؤنث ۔ سہیلی ۔

گوئینڑا (گوْ ۔ اِین ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے گوئنڈ ۔

گویا (گوْ ۔ یا) (ف) (۱) بولنے والا ۔ خوش گفتار (۲) ظاہراً ۔ غالباً (۳) ہو بہو ۔ مثل ۔ مانند (۴) مانا کہ ۔ تسلیم کیا (۵) مذکر ۔ حیوانِ ناطق ۔ **گویا ان تلوں میں تیل نہیں** (ر) کہاوت ۔ طوطا چشم اور از حد بے مروت ہیں ۔ بالکل روکھے اور بے مہر ہیں ۔ **گویائی** (ف) مؤنث (۱) گفتار ۔ نطق ۔ بات چیت ۔ بول چال (۲) بولنے کی طاقت (۳) فصاحت ۔ بلاغت ۔ **گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل** ۔ کہوں تو مشکل، نہ کہوں تو مشکل ۔

گویّا (گوَیْ ۔ یا) (ہ) مذکر ۔ گانے والا ۔ قوال ۔ مطرب ۔ مغنی ۔ میراثی ۔ ڈوم ۔

گ ۔ ہ

گہ (گَہ) (ہ) مؤنث (۱) کمرے یا مکان کی بلندی (۲) درجہ ۔ طبقہ (۳) دستہ ۔ قبضہ ۔ ہتھیار کے پکڑنے کی جگہ ۔

گہ (گَہ) (ہ) گہنا کا امر ۔ **گہ جا** ۔ گہ جانا کا امر ۔ **گہ جانا** ۔ دیکھیے گہنانا ۔ **گہنا** (۱) گہن لگنا ۔ کسوف یا خسوف ہونا (۲) گہنانا کا امر ۔ **گہنانا** (۱) کسوف یا خسوف میں ہونا ۔ گہن لگنا (۲) ماند ہونا ۔ رونق گھٹنا ۔ مدھم پڑنا (۳) کسی عضو کا پیدائشی ٹیڑھا پیدا ہونا ۔

گہ (گَہ) (ف) گاہ کا مخفف ۔ کبھی ۔

گہ (گُہ) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے ”گوہ“ ۔

گہ جانا (ہ) کسی کڑی چیز کا گھس جانا ۔

گھابرا (گھاَ بْ - رَا) (ہ) (رہندو) گھبرایا ہوا ۔

گھات (گھاَتْ) (ہ) مؤنث (۱) تاک - موقع - داؤں (۲) دھوکا - فریب (۳) ادا - انداز (۴) مطلب - ارادہ (۵) شکار یا دشمن کے انتظار میں بیٹھنے کی جگہ - کمین گاہ (۶) (رہندو) ٹونا - جادو ۔ گھات چلانا (۱) داؤ چلانا - وار کرنا (۲) جادو چلانا ۔ گھات (گھاتوں) میں آنا - دھوکے میں آنا - دم میں آنا - چال میں آنا - فریب کھانا ۔ گھات میں بیٹھنا (۱) شکار یا دشمن کی تاک میں چھپ کر بیٹھنا (۲) موقع ڈھونڈنا ۔ گھات میں پھرنا تاک میں پھرنا - داؤں میں رہنا - قابو دیکھتے اور موقع ڈھونڈتے پھرنا ۔

گھاتی (رہندو) (۱) داؤ گھات رکھنے والا - موقع تاکنے والا (۲) چال باز (۳) خونی - قاتل (۴) مطلبی - خود غرض ۔ گھاتیا - مذکر (۱) کسی کی گھات میں رہنے والا (۲) مطلبی - خود غرض ۔ گھاتیں - مؤنث - گھات کی جمع ۔ گھاتیں بتانا - چالیں بتانا - چال بازیاں سکھانا ۔

گھاتا (گھاَ - تَا) (ہ) مذکر - مول لی ہوئی چیز پر کچھ اوپر سے لینا ۔ گھاتے میں - زائد - خریدی ہوئی چیز سے زیادہ - منافع میں - مفت ۔

گھاتک (گھاَ - تکْ) (س) مذکر (۱) خونی - قاتل - جلاد - سفاک (۲) لہو کا پیاسا - جان کا لاگو - جانی دشمن (۳) ظالم - بے رحم - خونخوار - بزدل (۴) نحس - منحوس ۔

گھاٹ (گھاَٹْ) (ہ) مذکر (۱) دریا یا تالاب وغیرہ سے اترنے کا مقام، جہاں پانی کم اور چوڑائی زیادہ ہوتی ہے (۲) تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اس کا خم شروع ہوتا ہے (۳) جانب - سمت - طرف (۴) انگیا کا گریبان (۵) راستہ - راہ (۶) ناؤ کا کرایہ ۔ گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا - جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا - تجربہ کار اور جہان دیدہ ہونا ۔ گھاٹ مارنا - اترائی کا محصول ادا نہ کرنا - پل کا محصول نہ دینا ۔ گھاٹ ماجھی - مذکر - وہ ملاح، جو کشتیوں کے کرایے کا انتظام کرتا ہے ۔ گھاٹ وال - مذکر (رہندو) وہ برہمن، جو گھاٹوں پر اشنان کراتا اور ٹیکا لگاتا ہے ۔ گھاٹیا - مذکر (رہندو) دیکھیے "گھاٹ وال" ۔

گھاٹا (گھاٹَا) (ہ) مذکر - خسارہ - نقصان - کمی ۔

گھاٹی (گھاَ - ٹِی) (ہ) مؤنث (۱) دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ - پہاڑ یا پہاڑیوں کے درمیان خشکی کا قطعہ (۲) راہ داری کا پروانہ - چالان ۔

گھار (گھاَر) (ہ) مؤنث - دیکھیے "گراڑ" ۔

گھاس (گھاَسْ) (ہ) مؤنث (۱) گیاہ - کاہ (۲) پھوس (۳) چارا (۴) سبزی - ساگ پات ۔ گھاس پھوس - مذکر - کوڑا کرکٹ ۔ گھاس کاٹنا (۱) گھاس تراشنا (۲) بے سوچے سمجھے جلد جلد بولنا کہ سمجھ میں نہ آسکے ۔

گھاگ (گھاَگْ) (ہ) خرانٹ - تجربہ کار - بوڑھا ۔

گھاگرا - گھاگھرا (گھاَگْ - رَا، گھاَگھْ - رَا) (ہ) مذکر (۱) پشواز - لہنگا - گون (۲) ایک دریا ۔ گھاگرا پلٹن (۱) مؤنث - سکاٹ لینڈ کے پہاڑی گوروں کی پلٹن، جو ایک قسم کا لہنگا پہنتی ہے - سفر مینا ۔

گھاگھر (گھاَ - گھرْ) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی بھیڑ ۔

گھاگھس (گھاَ - گھسْ) (ہ) مذکر - ایک قسم کا دوغلا مرغ ۔

گھال (گھاَلْ) (ہ) مذکر (۱) شرارت (۲) نقصان (۳) مصیبت - آفت (۴) تباہی (۵) گھالنا کا امر ۔ گھالنا - تباہ کر دینا - برباد کر دینا ۔

گھال میل (گھاَلْ - میلْ) (ہ) (رہندو - عوام) (۱) گڈ مڈ - ملا جلا (۲) مذکر - میل ملاپ - ربط ضبط (معنی ۲ میں "تال میل" فصیح ہے) ۔ گھال میل رکھنا - اتحاد رکھنا - میل ملاپ رکھنا ۔ گھال میل کر دینا - خلط ملط کر دینا - گڈ مڈ کر دینا - ملا جلا دینا ۔

گھام (گھاَمْ) (ہ) مؤنث (۱) دھوپ (۲) تپش - گرمی - امس - گھمس ۔

گھامڑ (۱) گرمی کی ماری ہوئی گائے (۲) بے اوسان - بدحواس (۳) سادہ لوح - احمق (۴) پھوہڑ - بدسلیقہ (۵) کاہل - سست ۔

گھان (گھاَنْ) (ہ) مذکر (۱) گالا - اناج کی وہ مقدار، جو ایک دفعہ کڑاہی میں ڈالی جائے ۔ گھان ڈالنا (۱) ایک دفعہ کسی مقدار کا کڑاہی، چکی یا کولھو میں ڈالنا (۲) کسی کام کو ہاتھ لگانا ۔

گھانس (گھاَ - نسْ) (ہ) مؤنث (عوام) دیکھیے "گھاس" ۔

گھانی (گھاَ - نیْ) (ہ) مؤنث (۱) تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار، جو ایک بار کولھو میں پیلنے کے لیے ڈالی جائے (۲) (پنجاب) مٹی کا تغار ۔ گھانی کرنا - کولھو چلانا - تیل نکالنا ۔

گھاؤ (گھاَ - اُوْ) (ہ) مذکر (۱) جراحت - زخم (۲) نقصان ۔ گھاؤ بھرنا (۱) زخم کا اچھا ہو کر برابر ہونا (۲) ٹوٹا پورا ہونا ۔

گھاؤ گھپ (گھاَ - اُوْ - گھپْ) (ہ) (۱) فضول خرچ - کھاؤ اڑاؤ (۲) غبن کرنے والا ۔ گھاؤ گھپ کرنا (۱) فضول خرچ کرنا (۲) غبن کرنا ۔

گھائی (گھاَ - ئِیْ) (ہ) مؤنث (۱) دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ (۲) دھوکا - فریب - چل - مغالطہ ۔ گھائیاں - مؤنث (۱) گھائی کی جمع (۲) دھوکے - چالاکیاں - فریب ۔ گھائیاں بتانا (۱) دھوکا دینا - فریب دینا (۲) ٹالنا (۳) حملہ بچانا ۔

گھائیں (گھاَ - ئیں) (ہ) مؤنث (۱) جانب - طرف (۲) طرف دار - مددگار - ہمراہی - ساتھی (۳) دفعہ - بار ۔ گھائیں مائیں کر دینا (۱) ادھر ادھر کر دینا - غائب کر دینا - اڑا دینا (۲) ٹال دینا - آج کل کر دینا ۔

گھائل (گھاَ - ئلْ) (ہ) (۱) مجروح - زخمی (۲) دل فگار - عشق کا مارا ۔ گھائل کی گت گھائل جانے - مثل - مصیبت زدہ کی قدر مصیبت زدہ ہی جانتا ہے ۔ گھائل ہونا (۱) مجروح ہونا - زخمی ہونا (۲)

عاشق ہونا ۔

گھبرا (گھَب ۔ رَا) (ہ) گھبرانا کا امر ۔ گھبرا کر ۔ جلدی سے مضطرب ہو کر ۔ گھبرانا (۱) شپٹانا ۔ بے اوسان ہونا (۲) بے قرار ہونا ۔ تلملانا ۔ **گھبراہٹ** ۔ مؤنث (۱) بدحواسی ۔ اضطراب ۔ بے قراری (۲) شتاب کاری ۔ جلدی ۔ ہل چل ۔ **گھبرائی ہوئی ڈومنی پھر پھر سُہلے گاتے** ۔ مثل ۔ جب ڈومنی گاتے گاتے یا بیل لیتے لیتے گھبرا جاتی ہے تو پھر پھر کر ایک ہی گیت گانے لگتی ہے ۔ اُسے یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ میں ابھی اسے گا چکی ہوں ۔ گھبراہٹ کے وقت عقل ٹھکانے نہیں رہتی ۔

گُھپ (گُھپ) (ہ) سخت اندھیرا ۔ بے حد تاریکی ۔

گھپ (گھپ) (ہ) گھپنا کا امر ۔ **گھپنا** ۔ گھونپا جانا ۔ **گھپو** ۔ گھپونا کا امر ۔ **گھپونا** ۔ بھونکنا ۔ گھونپنا ۔

گھپلا (گھَپ ۔ لاَ) (ہ) مذکر (ہندی) (۱) جھگڑا ۔ گڑبڑ (۲) شور غل (۳) حساب کی غلطی ۔

گھٹ (گھَٹ) (ہ) مذکر (۱) دل ۔ جی ۔ من (۲) تھوڑا ۔ کم (۳) (پ) گھٹا ۔ ابر ۔ بادل (۴) گھٹنا کا امر ۔ **گھٹا** ۔ گھٹانا کا امر ۔ **گھٹانا** (۱) کم کرنا (۲) نرخ اتارنا (۳) درجہ توڑنا (۴) وضع کرنا ۔ منہا کرنا (۵) دبلا کرنا ۔ **گھٹاؤ** ۔ مذکر (۱) کمی ۔ تخفیف ۔ قلت ۔ تفریق ۔ تنزل (۲) دریا کا اتار ۔ **گھٹاؤ بڑھاؤ** ۔ مذکر ۔ تنزل و ترقی ۔ کمی بیشی ۔ **گھٹتی** ۔ مؤنث (۱) تخفیف ۔ کمی (۲) تنزل ۔ زوال ۔ انحطاط ۔ **گھٹتی کا پہرا** ۔ مذکر ۔ زوال کے دن ۔ کمی کا زمانہ ۔ **گھٹنا** (۱) تھوڑا ہونا ۔ کم ہونا (۲) چڑھاؤ کم ہونا ۔ اترنا (۳) تنزل ہونا (۴) دبلا ہونا (۵) بھاؤ اترنا ۔ نرخ کم ہونا ۔ **گھٹی** ۔ مؤنث ۔ کمی ۔ **گھٹیا** ۔ **گھٹیل** (۱) کم درجہ ۔ کم قیمت ۔ ارزاں (۲) ادنیٰ ۔ کمینہ ۔ نیچ ۔ ادنیٰ ذات کا ۔

گُھٹ (گُھٹ) (ہ) گھٹنا کا امر ۔ **گُھٹ گُھٹ کے** ۔ رُک رُک کے سانس رُک رُک کر ۔ ضیق سے ۔ **گُھٹ گُھٹ کے مرنا** ۔ چپ یا تنہا رہتے رہتے گھبرانا ۔ چُپ لگ کر مرنا ۔ نفس تنگ ہونا ۔ **گھٹاؤ** ۔ مذکر (۱) ضیق ۔ حبس (۲) گُھمس ۔ **گھٹائی** ۔ مؤنث ۔ کسی چیز کو گھوٹ کر یک جان کر دینا ۔ پالش ۔ رگڑائی ۔ **گُھٹس** ۔ مؤنث ۔ تنگ و تاریک جگہ میں دم کا گُھٹ جانا ۔ **گھٹنا** (۱) پِسنا ۔ حل ہونا ۔ کھرل ہونا (۲) ایک جان ہونا (۳) رنگ مال ہونا یا پالش ہونا (۴) سر مُنڈنا ۔ صفایا ہونا (۵) سانس رُکنا ۔ دم گھٹنا (۶) سمانا ۔ پُر ہونا ۔ بھرنا (۷) موافقت ہونا ۔ گھل مل کر باتیں ہونا ۔ **گھٹوا** ۔ گھٹوانا کا امر ۔ **گھٹوانا** (۱) کھرل کرانا ۔ حل کرانا (۲) سر یا داڑھی یا مونچھیں وغیرہ ایسی مُنڈوانا کہ کھونٹی تک نہ رہے ۔

گھٹا (گھَٹَا) (ہ) مؤنث (۱) کالی بدلی ۔ بادل ۔ ابر (۲) (مجازاً) غبار و کدورت ۔ **گھٹا اٹھنا** ۔ بدلی چھانا ۔ بادلوں کا آسمان پر نمایاں ہونا ۔ **گھٹا اٹڈنا** ۔ یا ۔ امنڈنا ۔ ابر کا کثرت سے چھانا ۔ بادل گھرنا ۔ بادلوں کا گھر آنا ۔ **گھٹاٹوپ** ۔ مذکر (۱) پالکی ، پینس یا گھوڑا گاڑی کا غلاف ، جو گرد و غبار اور بارش سے بچاؤ کے لیے ڈالا جاتا ہے (۲) وہ اندھیرا جو بادلوں کے گھرے ہونے سے ہوتا ہے ۔ اندھیرا گھُپ ۔ **گھٹا جھومتی آنا** ۔ گھٹا کا چاروں طرف سے گھرنا ۔ **گھٹا جھومنا** ۔ بادلوں کا گھرنا یا چھانا ۔ **گھٹا چھانا** (۱) بادلوں کا آسمان پر پھرنا ۔ ابر گھرنا ۔ ابر کا محیطِ آسماں ہونا ۔

گُھٹا ہوا (ہ) (۱) تجربہ کار ۔ پختہ کار (۲) ہوشیار ۔ چالاک ۔ عیّار ۔

گھٹا (گھَٹ ۔ ٹَا) (ہ) مذکر (۱) بیندھا ۔ نقب (۲) رخنہ ۔ چھید (۳) دراڑ ۔ شگاف (۴) ماتھے کا نشان ، جو سجدوں کی کثرت سے پڑ جاتا ہے (۵) (پ) خاک دھول ۔ گرد و غبار ۔

گُھٹکنا (گُھٹک ۔ نَا) (ہ) (ہندو) (۱) نگلنا (۲) غبن کرنا ۔

گھٹنا (گُھٹ ۔ نَا) (ہ) مذکر ۔ پنڈلی اور ران کا درمیانی جوڑ ۔ زانو ۔ گوڈا ۔ **گھٹنوں** ۔ مذکر ۔ گھٹنا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ۔ **گھٹنوں (کے بل) چلنا** ۔ زانو کے بل چلنا ۔ رینگنا ۔ آہستہ آہستہ چلنا ۔ **گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا** (و) (۱) غم یا فکر کے مارے سر جھکا کر بیٹھنا ۔ سوچ میں بیٹھنا (۲) مایوس ہو کر بیٹھنا ۔ **گھٹنوں میں سر دے لینا** (ہندو) شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا ۔ شرما جانا ۔ **گھٹنے** (ہ) (۱) مذکر ۔ گھٹنا کی جمع (۲) گھٹنا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ۔ **گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہنا** (عو) پاس سے جُدا نہ ہونے دینا ۔ جان کے ساتھ لگا کر رکھنا ۔ **گھٹنے سے لگی بیٹھی رہتی ہے** ۔ ہر وقت پاس رہتی ہے ۔ کبھی پاس سے نہیں سرکتی ۔ **گھٹنے نیویں پڑیں گے تو پیٹ کی طرف** (و) مثل ۔ ہر شخص اپنوں کا لحاظ کرتا ہے ۔

گھٹنا (گُھٹن ۔ نَا) (ہ) مذکر (۱) گھٹنوں تک کا پاجامہ ، جو جانگھیے سے بڑا ہوتا ہے (۲) پاجامے کے نیچے پہننے کی پوشش ۔

گھٹوار (گھَٹ ۔ وَار) (ہ) مذکر ۔ کشتی بان ۔ ملاح ۔

گُھٹی (گُھٹ ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) وہ دست آور دوا ، جو بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لیے جوش دے کر پلائی جاتی ہے (۲) (مجازاً) خصلت ۔ طبیعت ۔ عادت ۔ ضمیر ۔ **گھٹی میں پڑنا** ۔ طبیعت میں داخل ہونا ۔ عادت میں ہونا ۔

گھچا گھچ (گھَچا ۔ گھَچ) (ہ) مؤنث ۔ گوشت کے اندر ہتھیار کے متواتر گھسنے اور نکلنے کی آواز ۔

گِھچ پِچ (رِچ) [گِھچ ۔ پِچ (رِچ)] (ہ) مؤنث (۱) بھیڑ ۔ جمگھٹ ۔ کثرت (۲) بہت پاس پاس لکھا ہوا ۔

گھَڑ (گھَڑ) (ہ) مؤنث ۔ کیلے کی پھلی ۔

گہر (گَہَر) (ف) مذکر (۱) قیمتی پتھر ۔ جوہر (۲) اولاد ۔ خاندان ۔ ذات ۔ حسب نسب (۳) اصلیت ۔ مادہ (۴) موتی ۔

گھر (گھَر) (ہ) مذکر (۱) مکان ۔ خانہ (۲) رہنے کا مکان ۔ مسکن (۳) ٹھکانا ۔ جگہ (۴) کیس ۔ خول (۵) بل ۔ کھوہ ۔ بھٹ (۶) آشیانہ ۔ گھونسلا (۷) دیس ۔ وطن ۔ پیدائش کی جگہ (۸) گھرانا ۔ خاندان ۔ **گھر آباد کرنا** (و) شادی کرنا ۔ بیاہ کرنا ۔ بیوی لانا ۔ **گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے** (ہ) مثل ۔ اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے ہر ایک کی خاطر

تواضع کی جاتی ہے ٭ گھر آئے کی شرم یا لاج (۱) مؤنث ۔ گھر پر
آئے کا لحاظ اور پاس ٭ گھر آئے ناگ نہ پوجے بانبے پوجن
جائے (ہ) مثل ۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کوئی شخص جہالت و
حماقت کے باعث گھر آئی دولت چھوڑ کر دوسری جگہ تلاش کو جائے ٭
گھر اُجڑنا (۱) خانہ ویرانی ہونا ۔ گھر برباد ہونا (۲) گھر لُٹنا (۳)
میاں بیوی میں نا اتفاقی ہونا (۴) خاوند یا جورو کا مرجانا ۔ رانڈ ہونا ٭
گھر اُف ہوجانا ۔ گھر میں کچھ نہ رہنا ۔ ویران ہوجانا ۔ گھر کا بالکل تباہ
ہوجانا ۔ خانہ خراب ہوجانا ٭ گھر بار ۔ مذکر (۱) گھر ۔ مکان ۔ خانہ (۲)
خانہ داری کا اسباب (۳) بال بچے (۴) کنبہ ۔ خاندان ٭ گھر بار تمہارا،
کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں جھوٹی
باتوں سے دل پرچا دیا جائے اور مطلوبہ شے نہ دی جائے ٭ گھر بار
کی ہونا ۔ بیاہی جانا ۔ خاوند والی ہونا ۔ گھر کا بوجھ سر پڑنا ٭ گھر باری ۔
مذکر (۱) بال بچے والا ۔ عیال دار ۔ خانہ دار (۲) گرہستی ۔ دنیا دار ٭
گھر برباد ہونا (۱) (۱) خانہ خراب ہونا ۔ گھر تباہ ہونا (۲) بیوی یا
شوہر کا مرجانا (۳) کسی بزرگ اور سرپرست کا سر سے اٹھ جانا ٭
گھر بسا (ہ) (۱) وہ شخص، جو ہر وقت گھر میں بیٹھا رہے (۲)
سست ۔ کاہل ٭ گھر بسنا (۱) گھر آباد ہونا (۲) بیاہ ہونا ۔ شادی ہونا
(۳) دولہا دلھن کا ہم بستر ہونا (۴) (عو) گھر کا خرچ چلنا ٭ گھر
بگاڑنا (۱) خانہ ویرانی کرنا ۔ گھر تباہ کرنا (۲) میاں بیوی میں نااتفاقی
کرانا (۳) اغوا کرنا ٭ گھر بنانا (۱) مکان بنانا ۔ مکان کی تعمیر کرنا (۲)
پاؤں جمانا ۔ اطمینان سے بیٹھنا (۳) گھر بھرنا (۴) گھر سنوارنا (۵)
گھر کا انتظام کرنا (۶) شادی کرنا ۔ گھر آباد کرنا ٭ گھر بولنا ۔ بلبل کا
چہکنا ۔ خوش آواز پرندے کا چہچہانا ٭ گھر بھائیں بھائیں کرتا ہے ۔
گھر سے ڈر آتا ہے ٭ گھر بھر ۔ گھر کے تمام لوگ ۔ سارا گھر ٭ گھر بھرنا (۱)
مکان کو اسباب یا غلّے سے پُر کرنا (۲) دولت گھسیٹنا ۔ مال مارنا (۳)
گھاٹا پورا کرنا (۴) لوگوں کا مکان میں جمع ہونا ٭ گھر بہ گھر (ف) گھر گھر ۔
خانہ بہ خانہ ۔ دربدر ٭ گھر بیٹھنا (۱) تنہائی اختیار کرنا (۲) بے کار رہنا
(۳) نوکری چھوڑنا (۴) پنشن لینا (۵) ملازمت سے دست بردار ہونا ۔ کام چھوڑنا
(۶) مکان کا گر جانا ۔ مسمار ہونا (۷) کسی رانڈ یا کسبی کا دوسرے مرد کے
گھر پڑنا ٭ گھر بیٹھی روٹی ۔ مؤنث (۱) بے تکلیف اور گھر سے باہر
آئے جائے بغیر کی آمدنی (۲) (مجازاً) وظیفہ ۔ پنشن ۔ کرایہ ٭ گھر بیٹھے
(۱) گھر میں ۔ گھر کے اندر (۲) گھر ہی گھر میں (۳) بے تردّد ٭ گھر پڑنا ۔
عورت کا کسی مرد کے نکاح میں آنا ٭ گھر پھونک تماشا دیکھنا (۱)
(۱) روپیہ برباد کرکے آتش بازی چھوڑنا (۲) فضول خرچی سے خوش ہونا
(۳) نقصان سے تجربہ حاصل کرنا ٭ گھر تک پہنچانا (ہ) (۱) کسی کو
گھر تک جاکر چھوڑ آنا (۲) کوئی حجت باقی نہ رکھنا ۔ پورا پورا قائل معقول
کردینا ۔ انجام تک پہنچانا ٭ گھر تک پہنچنا (۱) کسی کے مکان تک جانا

(۲) ماں بہن کی گالی دینا ٭ گھر جانا رہنا (عو) (۱) خاوند سے قطع تعلق ہونا ۔
طلاق میں آنا (۲) گھر اُجڑ جانا ۔ خاوند کا مرجانا ٭ گھر جانا (۱) اپنے مکان
کو جانا (۲) گھر اُجڑنا ۔ خانہ ویران ہونا (۳) طلاق میں آنا ۔ خاوند سے
چھوٹنا (۴) دوستی جانا ٭ گھر جلے کسی کا تاپے کوئی ۔ مثل ۔ نقصان
کسی کا ہو، فائدہ کوئی اَور اٹھائے ٭ گھر جنوائی (ہ) (۱) مذکر ۔ گھر میں رکھا ہوا
داماد (۲) مؤنث ۔ بیٹی کو بیاہ کر داماد کے ساتھ اپنے گھر رکھنا ٭ گھر جوت ۔
مؤنث ۔ گھر کی کھیتی ۔ اپنی کھیتی ۔ ذاتی زراعت ٭ گھر چڑھ کر لڑنے
آنا ۔ کسی کے مکان پر آکر لڑنا ٭ گھر چلانا ۔ گھر کا خرچ اٹھانا ۔ گھر کا
انتظام و انصرام سنبھالنا ٭ گھر چلنا ۔ گھر کا انتظام چلنا ۔ گھر کا خرچ
اٹھنا ٭ گھر چھوٹا سمدھیانا بڑا ۔ مثل ۔ حیثیت کم، شہرہ زیادہ ٭
گھر چھوڑ خطرہ قائم (ف) مثل ۔ گھر چھوڑ کر جھونپڑا اختیار کرنا ۔
فائدہ چھوڑ کر نقصان کی طرف دوڑنا ٭ گھر دار ۔ مذکر ۔ گھر والا ۔
دنیا دار ۔ بال بچے والا ۔ کنبے والا ٭ گھر داری ۔ مؤنث ۔ خانہ داری ۔
گرہستی پن ٭ گھر دواری (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا محصول، جو فی گھر
فی دکان یا چولھے پیچھے لیا جاتا تھا ٭ گھر دور گھر وٹا بھاری
(ف) مثل ۔ گھر بہت دور ہے اور بوجھ بھاری ۔ سخت مصیبت ہے ٭
گھر دیکھ لینا (ہ) (۱) کسی کے گھر بار بار جانا (۲) گھر سے واقف ہونا ۔
مکان دیکھ لینا (۳) ہل جانا ۔ مانوس ہوجانا ٭ گھر ڈبونا (۱) گھر اجاڑنا ۔
گھر برباد کرنا (۲) خاندان کو بدنام کرنا ٭ گھر (کو) سر پر اٹھانا (ف)
(۱) چیخم دھاڑ سے بات نہ سننے دینا ۔ ازحد شور غل مچانا (۲) گھر کا
انتظام یا خرچ اپنے سر پر لینا ٭ گھر سُکھ تو باہر چین ۔ مثل ۔ گھر میں
راحت ہو تو باہر بھی آرام ملتا ہے ٭ گھر سے (ہ) (۱) مکان سے (۲)
پلّے سے ۔ گرہ سے (۳) اندرونِ خانہ سے ۔ مراداً بیوی ۔ گھر والی ٭
گھر سے باہر پاؤں نکالنا (ف) حد سے باہر کام کرنا ٭ گھر سے باہر
کرنا ۔ گھر سے نکالنا ۔ گھر میں نہ رکھنا ٭ گھر سے بے گھر کرنا (ہ)
گھر سے باہر نکال دینا ۔ خانہ خراب کرنا ٭ گھر سے پاؤں نکالنا
(عو) (۱) باہر پھرنے کی عادت ڈالنا (۲) حد سے باہر جانے لگنا ٭
گھر سے دینا (۱) اپنے پاس سے دینا ۔ گرہ سے دینا ۔ اپنے پلّے سے
دینا (۲) نقصان اٹھانا ٭ گھر سے فالتو ۔ گھر میں زائد ٭ گھر سے
کا فور ہو (ف) گھر سے نکلو ٭ گھر سے کھونا (ہ) (۱) ضائع کرنا ۔
گرہ سے خرچ کرنا (۲) نقصان اٹھانا ٭ گھر سے لڑکر تو نہیں چلے ۔
کسی کے خواہ مخواہ لڑنے پر یہ جملہ بولا جاتا ہے ٭ گھر سینا (۱) گھر سے
باہر نہ نکلنا ۔ ہر وقت گھر میں پڑے رہنا (۲) بے کار اور نکمّا رہنا (۳)
سست ہوجانا ٭ گھر صاف کرنا (ف) (۱) جھاڑو سے گھر کی صفائی کرنا
(۲) (کنایۃً) گھر کے رہنے والوں میں سے کسی کو زندہ نہ چھوڑنا ٭ گھر کا
(ہ) (۱) گھر کے متعلق ۔ گھریلو ۔ خانگی (۲) بیچ کا ۔ ذاتی ۔ اپنا (۳)
رشتہ دار ۔ کنبے والا ۔ قرابتی ٭ گھر کا آدمی (ف) (۱) قرابتی ۔ بھائی بند

رشتہ دار (۲) بچ کا ملازم ۔ذاتی ملازم (۳) واقف کار ۔جان پہچان والا ؞ گھر کا آنگن ہو جانا (ہ) گھر تباہ ہو جانا ۔خانہ ویرانی ہونا ؞ گھر کا اُجالا ۔ مذکر (۱) نورِ چشم، جس سے گھر کی رونق ہو ۔ ازحد عزیز (۲) بیٹا ۔ پسر ۔ لڑکا ؞ گھر کا بامن ۔مذکر (ہندو) برہمن ۔ پروہت ۔ پاندھا ۔ گُرو ؞ گھر کا بوجھ اٹھانا ۔ یا ۔ سنبھالنا گھر کے خرچ کا کفیل ہونا ۔ گھر کا انتظام کرنا ؞ گھر کا بوجھ پڑنا (عو) گھر کے انتظام اور خرچ کا اپنے سر ہونا ۔ امورِ خانہ داری میں مبتلا ہونا ؞ گھر کا بھاڑا ۔ مذکر ۔ مکان کا کرایہ ؞ گھر کا بھرا پُرا ۔ مذکر ۔ خاندانی امیر ؞ گھر کا بھولا ۔ گھر بھر میں سب سے زیادہ بے وقوف ۔ احمق ۔ نادان ۔ سیدھا ؞ گھر کا بھیدی ۔ مذکر (۱) وہ شخص، جو گھر کے تمام راز جانتا ہو ۔ امورِ خانگی سے آگاہ (۲) محرم ۔ رازدان ۔ ہمدم ؞ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے ۔ رازدار کی دشمنی نہایت خطرناک ہوتی ہے ۔ محرم کا ربی بنا بنایا کھیل بگاڑتا ہے ؞ گھر کاٹے کھانے (کاٹنے) کو دوڑتا ہے ۔ گھر میں جی گھبراتا ہے ۔ گھر میں رہنا خوش نہیں آتا ۔ ازحد بھیانک اور ویران معلوم ہوتا ہے ۔ گھر میں سے کسی عزیز کے چلے جانے اور غیر آباد و ویران جگہ کے متعلق یہ فقرہ کہا جاتا ہے ؞ گھر کا چراغ (ف) مذکر ۔ گھر کا نور ۔ گھر کا اجالا ۔ اولادِ عزیز ؞ گھر کا حساب ۔ مذکر (۱) خانگی لین دین ۔ ذاتی حساب کتاب (۲) اپنی سمجھ کا حساب ؞ گھر کا خرچ ۔ مذکر ۔ خانگی مصارف ؞ گھر کا دھندا (ہ) مذکر ۔ گھر کے کام کاج ۔ امورِ خانگی ؞ گھر کا راستہ ۔ یا ۔ رستہ (ف) مذکر (۱) وہ راستہ، جو اپنے مکان کی طرف جائے (۲) بے حد آسان اور سہل کام ؞ گھر کا راستہ سمجھنا ۔ کسی کام کو بے حد آسان اور سہل سمجھنا ؞ گھر کا راستہ لو ۔ چلو سدھارو ۔ رخصت ہو ۔ ہٹو ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ۔ لمبے بنو ؞ گھر کا راستہ لینا ۔ گھر کو سدھارنا ۔ کسی جگہ سے واپس آنا ؞ گھر کا گھر (ہ) (۱) مذکر ۔ سارا گھر ۔ گھر بھر ۔ گھر کے تمام لوگ ۔ کنبہ (۲) گھر کا سارا مال اسباب ؞ گھر کا گھروا کر دینا (عو) گھر کو تباہ و برباد کر دینا ؞ گھر کا گھروا ہو جانا (۱) گھر کا تباہ و برباد اور ستیاناس ہو جانا (۲) بڑے گھر کا چھوٹا گھر رہ جانا ؞ گھر کا مال (ف) مذکر (۱) دولت خانہ (۲) ذاتی روپیہ ۔ ذاتی دولت (۳) سامانِ خانہ ۔ اثاث البیت ؞ گھر کا مالک ۔ مذکر (۱) مالکِ مکان ۔ گھر والا (۲) خاوند ۔ شوہر ۔ خصم ۔ میاں ۔ پتی ؞ گھر کا مرد ۔ مذکر ۔ (۱) شوہر ۔ میاں ۔ پتی ۔ خصم (۲) خاندان یا کنبے قبیلے کا مرد (۳) وہ مرد، جو اپنے ہی گھر کا بہادر ہو ۔ یعنی گھر میں شیر اور باہر بھیڑ ؞ گھر کا نام اچھالنا ۔ گھر کا نام بدنام کرنا ۔ گھر کے لوگوں کو رسوا اور بدنام کرنا ؞ گھر کا نام ڈبونا ۔ خاندان کو بٹا لگانا ۔ خاندانی عزت کو برباد کرنا ؞ گھر کا نائی (ہ) مذکر ۔ پرانا نائی، جو ہمیشہ خدمت

کرتا رہتا ہے ؞ گھر کا نہ گھاٹ کا ۔ مثل ۔ کہیں کا نہیں ؞ گھر کا ہوا نہ در کا (ف) مثل ۔ کہیں کا نہ رہا ۔ نکما ہو گیا ؞ گھر کتی کا (ہ) (۱) گھر کے کتے ہوئے سوت کا (۲) گھر کا بنا ہوا سوت (۳) مفت کا ۔ مفت برابر ؞ گھر گرستی بلا سر دھر (ف) خانہ داری ستر بلاؤں کے قبول کرنے کے برابر ہے ۔ گھر باری بننا طرح طرح کی مصیبتوں میں گرفتار ہونا ہے ؞ گھر کرنا (ہ) (۱) جگہ کرنا ۔ گنجائش کرنا ۔ سمائی کرنا (۲) گھر آباد کرنا ۔ گھر بسا کر رہنا ۔ خاوند سے نباہ کرنا (۳) بیٹھنا ۔ گھسنا ۔ چبھنا ۔ کھبنا (۴) تصرف کرنا ۔ قبضہ کرنا (۵) بسنا ۔ رہنا ۔ گھر بنانا (۶) گھونسلا بنانا (۷) سوراخ کرنا ۔ چھید کرنا (۸) گھر کے کام کاج میں ازحد کفایت شعاری کرنا (۹) باہم عقد کرنا ۔ بیاہ کرنا (۱۰) جمنا ۔ قیام کرنا ؞ گھر کھوج مٹا ۔ خانہ خراب ۔ خانہ ویران ؞ گھر کھوج مٹی ۔ مؤنث ۔ وہ عورت، جس کے گھر کا تباہی اور بربادی میں نام و نشان مٹ گیا ہو ۔ خانماں برباد ۔ خانہ خراب ؞ گھر کھوج مٹے (دعائے بد) (عو) گھر برباد ہو جائے ۔ تباہ ہو جائے ؞ گھر کھو کر تماشا دیکھنا (ف) گھر کی دولت ضائع کر کے عیش کرنا ؞ گھر کھونا (ہ) (۱) گھر اجاڑنا، گھر برباد کرنا (۲) خاوند سے بگاڑ کرنا ؞ گھر کی (۱) خانگی ۔ خانہ ساز (۲) بچ کی ۔ ذاتی ۔ اپنی (۳) آپس کی ؞ گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری (ف) مثل ۔ گھر کی کم آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے ۔ وطن کی آدھی روٹی، پردیس کی ساری روٹی سے اچھی ہے ؞ گھر کی بات (ہ) مؤنث (۱) گھر کا بھید (۲) آپس کی بات ۔ واحد معاملہ (۳) اپنے ہاتھ کا کام ۔ بے حد آسان اور سہل کام ؞ گھر کی بیوی ہانڈی گھر کتنوں کھو گا ۔ مثل ۔ جب گھر کی بیوی اِدھر اُدھر پھرے گی تو گھر میں کتنے لوٹیں گے ؞ گھر کی پھٹکی باسی ساگ ۔ مثل ۔ بے جا شیخی بگھارنے والے کے متعلق بولتے ہیں ۔ یعنی گھر میں دیکھو تو مٹی کے برتن اور باسی ساگ کے سوا کچھ بھی نہ نکلے گا اور باہر صرف شیخی ہی شیخی ہے ؞ گھر کی پونجی ۔ مؤنث ۔ گھر کا مال و متاع ۔ گھر کا سرمایہ ؞ گھر کی جلی بن میں گئی بن میں لاگی آگ ۔ بن بے چارہ کیا کرے جو ہن ہمارے بھاگ ۔ مثل ۔ بدنصیب جہاں جائے گا مصیبت اٹھائے گا ؞ گھر کی جورو کی چوکسی کہاں تک ۔ مثل ۔ اپنے ہی گھر میں رہنے والے شخص کی نگہبانی کرنی بڑی مشکل ہے ؞ گھر کی سوبھا گھر والے سے ۔ مکان کی رونق صاحبِ خانہ ہی سے ہوتی ہے ؞ گھر کی طرح بیٹھنا (ف) پھیل کر بیٹھنا ۔ فراغت سے بیٹھنا ۔ آرام سے بیٹھنا ؞ گھر کی طرح رہنا ۔ اپنا سا گھر سمجھ کر رہنا ۔ بے تکلفی سے بسر کرنا ۔ تکلف نہ کرنا ؞ گھر کی عقل ۔ مؤنث ۔ ذاتی سمجھ ۔ اپنی ہی عقل ؞ گھر کی کھانڈ کرکری، چوری کا گڑ میٹھا (ہ) مثل ۔ گرہ کی قیمتی چیز سے مفت کی چیز زیادہ پسند ہوتی ہے ؞ گھر کی کھیتی ۔ مؤنث (۱) اپنی کھیتی ۔ بچ کی کھیتی باڑی (۲) اپنا ہی مال ۔

موروثی مال؛ **گھر کی لونڈی** - مؤنث (۱) گھر کی کنیز (۲) (کنایۃً) نہایت مطیع؛ **گھر کی مرغی دال برابر** (ف) مثل - گھر کی قیمتی اور عمدہ چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی؛ **گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ** - مثل - وہاں کہتے ہیں، جہاں گھر والوں سے کم سلوک اور غیروں کی بہت کچھ امداد یا خاطر تواضع کی جائے؛ **گھر کے جالے لیتے پھرنا** (ہ) گھر کا کونا کونا جھانکتے اور چیز ٹٹولتے پھرنا؛ **گھر کے کوئلے** - مذکر - شب برات کو جب کسی بچے کی آتش بازی اچھی نہیں چلتی تو دوسرے بچے اسے یہ کہہ کر چڑاتے ہیں؛ **گھر کے گھر** (۱) گھر ہی میں، گھر کے اندر (۲) نفع میں نہ نقصان میں - برابر (۳) بہت سے گھر - بہت سے خاندان؛ **گھر کے گھر بند ہو گئے** (ف) (۱) کسی بیماری یا طوفان کی شدت کے باعث بہت سے گھر تباہ و برباد ہو گئے (۲) حاکم کے ظلم و ستم سے بستیوں کی بستیاں ویران ہو گئیں؛ **گھر کے گھر بیٹھ گئے** (ہ) بارش زیادہ ہونے کے باعث بہت سے مکان گر پڑے؛ **گھر کے گھر رہنا** - نہ نفع ہونا نہ نقصان - برابر برابر رہنا؛ **گھر کے گھر صاف ہو جانا** (ف) بہت سے گھروں کا ویران اور تباہ و برباد ہو جانا؛ **گھر کے لوگ (آدمی)** (ہ) مذکر (۱) بیوی - زوجہ - اہلیہ (۲) جورو بچے - بال بچے - کنبہ؛ **گھر کے ہوئے نہ در کے** (ف) نہ گھر کے قابل رہے نہ باہر کے - کہیں کے نہ رہے؛ **گھر گھاٹ** (ہ) مذکر (۱) چال ڈھال - طور طریق - رنگ ڈھنگ (۲) عادت - خصلت - خو - طبیعت (۳) ٹھکانا - مقام - پتا - نشان؛ **گھر گھاٹ معلوم ہونا** (ف) سب بھید جاننا - طور طریق معلوم ہونا - تمام باتوں کی واقفیت اور آگاہی ہونا؛ **گھر گھالنا** (ہ) (۱) گھر برباد کرنا - لوٹنا - فریب سے مال مارنا (۲) فریفتہ کرنا - موہنا - عاشق بنانا؛ **گھر گھر** (۱) خانہ بخانہ، ہر گھر میں، ہر مکان میں، سب جگہ (۲) ہر کس و ناکس کے گھر میں، سب کے گھروں میں؛ **گھر گھر عید ہے** (ف) سب خوش و خرم ہیں - عام خوشی ہے؛ **گھر گھر کے جالے لینا** (ہ) ہر ایک کو ٹٹولتے پھرنا - گھر گھر پھرنا؛ **گھر گھر کے مزے چکھنا** (ف) مختلف مقامات پر رہنے اور کہیں نہ ٹکنے والی ملازمہ کے متعلق کہتے ہیں؛ **گھر گھر لیے پھرنا** (ہ) در بدر لیے پھرنا - ہر جگہ لیے پھرنا؛ **گھر گھر مانگتے پھرنا** (۱) ہر گھر سے سوال کرتے پھرنا (۲) قرض لیتے پھرنا؛ **گھر گھر مٹیا لے چولھے ہیں** - مثل - سب ایک جیسے ہیں - سب ایک حال میں ہیں - کوئی آسودہ اور فارغ البال نہیں؛ **گھر گھسیڑو (گھسنا)** مذکر - وہ مرد، جو ہر وقت زنان خانے میں بیٹھا رہے - عورتوں میں بیٹھا رہنے والا شخص؛ **گھر گھوڑا نخاس میں مول** (ف) مثل - وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی شخص گھر میں چیز رکھ کر بازار میں بے دکھائے مول کرے - بے فائدہ اور فضول کام؛ **گھر گئی** (ہ) مؤنث (عو) بے گھر کی - خانہ خراب - بیوہ - رانڈ - لاوارث؛ **گھر گیا** - مذکر (عو) گھر اجڑا - خانہ خراب - نا ٹھا - نگوڑا؛ **گھر لٹانا** (۱) ضرورت سے زیادہ داد و دہش کرنا (۲) بہت فضول خرچی کرنا؛ **گھر لینا** (۱) مکان مول لینا (۲) گھر کرایے پر لینا؛ **گھر موسنا** - گھر میں چوری کرنا - گھر کا صفایا کرنا - لوٹنا؛ **گھر میں** (۱) گھر کے اندر (۲) مؤنث (کنایۃً) بیوی؛ **گھر میں آنا** (۱) مکان میں داخل ہونا (۲) کسی سیارے کا برج میں داخل ہونا (۳) اپنے ہاتھ لگنا - اپنی ذات کو فائدہ پہنچنا؛ **گھر میں آئی جورو، ٹیڑھی پگڑی سیدھی ہوئی** - مثل - بیاہ ہوتے ہی سارا بانکپن نکل جاتا ہے - بیوی آتے ہی گھر بار کی فکر ہو جاتی ہے؛ **گھر میں بھونی بھانگ اور باہر نیوتے سات** (ف) مثل - مفلس و قلاش ہوتے ہوئے بڑے بڑے حوصلے یا شیخی بگھارتے ہیں؛ **گھر میں بی بی لکھوا وتار، باہر میاں تھانہ دار** - مثل - بیوی گھر میں ولی بن کر لوگوں کو ٹھگتی ہے اور باہر میاں حکومت جتا کر لوٹتے ہیں؛ **گھر میں بیٹھے شکار کرنا - یا - کھیلنا** (۱) گھر بیٹھے مال مارنا - گھر کے اندر ہی لوگوں کو ٹھگنا (۲) گھر کے اندر مزے اڑانا؛ **گھر میں پڑنا** (ہ) بیوی بننا - کسی بیسوا کا پیشہ ترک کر کے کسی کے نکاح میں آکر بیٹھ جانا؛ **گھر میں جورو کا نام ہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے** (ف) مثل - اپنی عزت اپنے منہ سے نہیں ہوا کرتی؛ **گھر میں چوہے لوٹتے یا قلا بازیاں کھاتے ہیں** - مثل - اس قدر مفلس ہیں کہ گھر کے چوہے تک بھوک کے مارے لوٹنیاں لے رہے ہیں؛ **گھر میں خاک اڑنا** - بے حد غریبی اور مفلسی ہونا؛ **گھر میں ڈالنا** (ہ) کسی یا بیسوا سے نکاح کر کے بیوی بنا لینا - گھر میں داخل کرنا - مدخولہ بنانا؛ **گھر میں جانا** - مکان میں داخل ہونا؛ **گھر میں نہ سمانا** - مکان کی گنجائش سے زیادہ ہو جانا - گھر میں نہ آسکنا؛ **گھر میں نہیں تاگا، البیلا مانگے پاگا** (ہ) مثل - گھر میں تو مفلسی کے باعث تاگا تک موجود نہیں اور بیٹا چھیلا بننے کے لیے پگڑی مانگتا ہے؛ **گھر نہ بار میاں محلے دار** (ف) شیخی بگھارنے اور خواہ مخواہ اترانے والے کے متعلق کہتے ہیں؛ **گھر نہ بسنا** (ہ) آپس میں نہ بننا؛ **گھر نہ ہونا** (عو) موافقت نہ ہونا - نباہ نہ ہونا؛ **گھر والا** - مذکر (۱) صاحب خانہ - مالک مکان (۲) خاوند - میاں - شوہر - پتی؛ **گھر والی** - مؤنث (۱) گھر کی مالکہ (۲) بیوی - جورو - بیگم - زوجہ - اہلیہ؛ **گھر والے کا ایک گھر، نگھرے کے سو گھر** (۱) لچوں، شہدوں اور بدمعاشوں کے لیے ہر جگہ ہی ان کا گھر ہے (۲) آزاد اور درویش، جہاں ٹھہر گئے، وہیں گھر ہو گیا؛ **گھر ویران ہونا** (ف) (۱) گھر تباہ و برباد ہونا - گھر اجڑنا (۲) بیوی کا مرنا (۳) میاں بیوی کی نا اتفاقی ہو جانا؛ **گھر ہونا** (ہ) (عو) (۱) میاں بیوی میں موافقت ہونا - نباہ ہونا - نبھنا (۲) گھر میں سلیقہ اور انتظام ہونا (۳) چھید ہونا - سوراخ ہونا (۴) سمائی ہونا - گنجائش ہونا (۵) جمنا - قیام ہونا (۶) جگہ ہونا؛ **گھرانا** - مذکر (۱) گھر - خاندان - کل - بنس - گھر (۲) قبیلہ - کنبہ (۳) پیڑھی - پشت - نسب - سلسلہ (۴) اولاد - نسل؛ **گھروا** - مذکر (گھر کی تصغیر بالتحقیر) چھوٹا سا گھر - کٹیا - جھونپڑا؛ **گھرواہا - یا - گھروایا** - مذکر - دیکھیے "گھروا"؛ **گھروندا** - مذکر (۱) بچوں کا گھر، جو وہ گڑیاں کھیلنے کے لیے

بناتے ہیں۔ چھوٹا سا مٹی کا بنا ہوا گھر (۲) (کنایۃً) ناپائدار ٭ **گھریلو** (گھَر۔ یلُو) (۱) گھر کا۔ خانگی (۲) گھر کا بنا ہوا۔ خانہ ساز (۳) گھر کا پلا ہوا۔ پالتو ٭

گھِر (گھِر) (ہ) گھرنا کا امر ٭ **گھِر آنا**۔ چھا جانا۔ آمنڈ آنا۔ ہجوم کر لینا ٭ **گھِر کر آنا**۔ آمنڈ کر آنا۔ چھا کر آنا۔ حصار کر کے آنا ٭ **گھِرنا** (۱) محصور ہونا۔ گھیرے میں آنا (۲) آمنڈنا۔ چھانا۔ جھومنا ٭ **گھِرنی**۔ مؤنث (۱) سر کا چکر۔ دوران سر (۲) رسی بٹنے کی کل (۳) پہیا گھمانے کا آلہ۔ چرخی (۴) ایک آبی پرندہ۔ رام چڑیا (۵) لوٹن کبوتر ٭ **گھِرنی کھانا**۔ چکر کھانا۔ گھومنا۔ لوٹنی لینا۔ چک پھیری لینا ٭ **گھِریا**۔ مؤنث۔ نرغہ۔ گھیرا ٭ **گھِریا میں گھِرنا** (عو) نرغے میں گھرنا ٭

گھرّا (گھَرْ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) آنکھ کی ایک دوا، جو مختلف اجزاء سے تیار کی جاتی ہے (۲) گھنگرو۔ غرغرہ۔ وہ آواز، جو نزع میں سانس رُک رُک کر نکلنے سے پیدا ہوتی ہے ٭ **گھرّا چلنا** (ہندو) نزع میں گھنگرو بولنا۔ مرتے وقت سانس رُک رُک کر نکلنا ٭ **گھرّا لگنا**۔ اخیر سانس چلنا۔ قریب مرگ ہونا۔ گھنگرو بولنا ٭

گہرا (گَہْ۔ رَا) (ہ) (۱) ڈُباؤ۔ عمیق۔ ڈونگھا۔ بے تھاہ (۲) کھودا ہوا گڑھا۔ غار (۳) بے حد تیز (۴) گاڑھا۔ شوخ (۵) گاڑھا۔ پکا۔ بڑا بھاری (۶) صائب۔ رسا۔ دُور کا۔ غائر (۷) بڑا۔ لمبا ٭ **گہرا پردہ** (ف) مذکر (۱) نہایت حجاب۔ بڑی بھاری اوٹ (۲) بڑی شرم اور لحاظ ٭ **گہرا رنگ**۔ مذکر۔ شوخ رنگ ٭ **گہرا اخلاص**۔ مذکر۔ ازحد تپاک اور محبت ٭ **گہرا زخم**۔ مذکر۔ بھاری گھاؤ۔ زخم کاری ٭ **گہرا سہاگ** (ہ) مذکر (۱) میاں بیوی کی نہایت موافقت (۲) بے حد میل جول ٭ **گہرا ہاتھ لگانا۔ یا۔ مارنا** (۱) مہلک زخم لگانا۔ زور کا ہاتھ مارنا (۲) بڑی چوری کرنا۔ بڑا بھاری غبن کرنا (۳) ازحد نفع کمانا (۴) کسی بڑے خاندان کی عورت سے تعلق پیدا کرنا ٭ **گہرا یارانہ** (ف) مذکر۔ پکا یارانہ۔ گہری دوستی ٭ **گہرانا**۔ عمیق ہونا۔ گہرا ہونا۔ ڈونگھا ہونا ٭ **گہراؤ۔ گہرائی** (ع۱ مذکر ع۲ مؤنث) عمق۔ نشیب۔ قعر ٭ **گہری** (۱) گہرا کی تانیث۔ ڈونگھی۔ عمیق (۲) غلیظ۔ گاڑھی (۳) نہایت۔ ازحد (۴) شوخ (۵) دُور کی۔ غائر۔ صائب۔ رسا ٭ **گہری بات**۔ مؤنث۔ مشکل اور دقیق بات۔ دُور کی بات۔ سخن رسا۔ باریک خیال ٭ **گہری چھننا** (۱) بے حد گاڑھی بھنگ چھننا (۲) ازحد اخلاص اور پکا یارانہ ہونا (۳) (طنزاً) بڑی تیکھا تیکھی ہونا۔ زبردست لڑائی ہونا (۴) مناظرہ ہونا ٭ **گہری گھٹنا** (۱) بھنگ کا کثرت سے رگڑا اور پیا جانا (۲) بڑا بھاری سلوک اور یارانہ ہونا ٭ **گہری نیند سونا**۔ انتہائی بے خبر اور غافل ہو کر سونا۔ سکھ نیند سونا۔ خوابِ خرگوش میں سونا ٭ **گہرے**۔ گہرا کی جمع ٭ **گہرے چلو** (ٹھگوں کی اصطلاح) مسافر کا کام تمام کر دو۔ جلد جلد چل کر مار ڈالو ٭ **گہرے سانس بھرنا**۔ سرد آہیں بھرنا۔ ٹھنڈے سانس بھرنا۔ لمبے سانس کھینچنا ٭ **گہرے کرنا**۔ خاطر خواہ فائدہ اٹھانا۔ مال مارنا۔ بے حد نفع اٹھانا ٭ **گہرے ہونا**۔ خوب مال مارنا۔ انتہائی نفع اور فائدہ ہونا۔ خوب کمانا ٭ **گہرے یار (دوست) ہیں** (۱) دلی دوست ہیں۔ ایک جان دو قالب ہیں۔ ازحد بے تکلف ہیں ٭

گھرّاٹا (گھَرْ۔ رَا۔ ٹَا) (ہ) مذکر (گنوار) وہ آواز، جو سوتے وقت نکلتی ہے۔ خرّاٹا ٭

گھرّامی (گھَرْ۔ رَا۔ مِی) (ہ) مذکر (پوربی) بند۔ چھپّر ٭

گھرّانا (گھَرْ۔ رَا۔ نَا) (ہ) (گنوار) غرّانا ٭

گہرانا (گَہْ۔ رَا۔ نَا) (ہ) (عوام) بلند آواز سے بلانا ٭

گھِراند (گھِ۔ رَانْد) (ہ) مؤنث (پوربی) پیشاب کی بو۔ بدبو ٭

گھِرائی (گھِ۔ رَا۔ اِی) (ہ) مؤنث۔ مویشیوں کے چرانے کی اُجرت ٭

گھرسنا (گھَرْ۔ سْ۔ نَا) (ہ) کسی چیز میں اٹکا دینا۔ گھسیٹنا ٭

گھُرک (گھُ۔ رَک) (ہ) گھرکنا کا امر ٭ **گھُرکنا**۔ گھُرکی دینا۔ جھڑکی دینا۔ دھمکانا۔ گھورنا۔ ڈانٹنا ڈپٹنا ٭ **گھُرکی**۔ مؤنث۔ جھڑکی۔ دھمکی۔ ڈانٹ ڈپٹ ٭ **گھُرکی دینا**۔ جھڑکنا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ ڈانٹنا ٭

گھرگھر (گھَرْ۔ گھَر) (ہ) مؤنث۔ گھمر گھمر۔ چکی کی آواز ٭

گھرنائی۔ گھرنئی (گھَرْ۔ نَا۔ اِی، گھَرْ۔ نَئی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی ناؤ، جو گھڑوں سے بنائی جاتی ہے ٭

گھریا (گھَرْ۔ یَا) (ہ) مؤنث۔ کٹھالی۔ کھریا مٹی کی بنی ہوئی کلھیا، جس میں سونا گلایا جاتا ہے ٭

گھڑ (گھَڑ) (ہ) گھڑنا کا امر ٭ **گھڑا** (۱) گھڑنا سے ماضی مطلق (۲) گھڑانا کا امر ٭ **گھڑانا**۔ گھڑوانا۔ بنوانا ٭ **گھڑاون**۔ مؤنث۔ گھڑنے کی اُجرت ٭ **گھڑائی**۔ مؤنث (۱) گھڑنے کی اجرت۔ بنانے کی مزدوری (۲) گھڑت۔ بناوٹ۔ ساخت ٭ **گھڑت**۔ مؤنث (۱) بناوٹ۔ ساخت۔ تصنع (۲) جھوٹی بات۔ بنائی ہوئی بات ٭ **گھڑنا** (۱) ساخت کرنا۔ بنانا (۲) اینٹ کو تراش کر درست کرنا (۳) زیور بنانا (۴) جھوٹی بات بنانا (۵) روٹی بنانا (۶) زد و کوب کرنا۔ مارنا ٭ **گھڑنت**۔ مؤنث۔ گھڑت ٭

گھڑ (گھوڑ) (گھَڑ) (گھوڑ) (ہ) مذکر۔ گھوڑا کا مخفف ٭ **گھڑ بہلی**۔ مؤنث۔ گھوڑوں کی رتھ، جس کا رواج پہلے راجاؤں میں تھا ٭ **گھڑ چڑھی**۔ مؤنث (۱) (ہندو) شادی کے موقع پر دولہا کا گھوڑے پر سوار ہو کر دلہن کے گھر جانا (۲) ایک قسم کی چھوٹی سی توپ، جو گھوڑے پر رکھ کر ہر جگہ آسانی سے لے جائی جا سکتی ہے۔ رہکلا (۳) سواروں کی فوج۔ رسالہ ٭ **گھڑ دوڑ**۔ مؤنث (۱) گھوڑوں کی دوڑ۔ گھوڑوں کا باہم شرط بد کر دوڑنا (۲) وہ میدان، جہاں گھوڑوں کی دوڑ ہو ٭ **گھڑسال**۔ مذکر۔ طویلہ۔ اصطبل ٭

گھڑ مکھی۔ مؤنث۔ ایک قسم کی مکھی، جو گھوڑے کو بہت تنگ کرتی ہے ۔
گھڑ مُنہا۔ مذکر۔ وہ شخص، جس کا منہ گھوڑے کے منہ سے ملتا جلتا ہو۔ لمبے منہ یا تھوتھنی والا ۔ گھڑ نال۔ مؤنث۔ رہکلا۔ توپ ۔
گھڑ یا۔ مؤنث۔ چھوٹے قد کی گھوڑی۔ ٹاٹو ۔
گھڑا (گھَڑَا) (ہ) مذکر۔ مٹی کا مٹکا۔ ٹھلیا۔ گاگر۔ سبو۔ جر ۔ گھڑوں۔ گھڑا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ۔ گھڑوں پانی پڑ جانا (عو) شرم سے پسینا پسینا ہو جانا۔ بے حد شرمندہ ہو جانا ۔ گھڑونچی۔ لکڑی کا چوکھٹا، جس پر پانی کے گھڑے وغیرہ رکھے جاتے ہیں ۔
گھڑے۔ مذکر۔ گھڑا کی جمع ۔
گھڑ گھڑاہٹ (گھَڑ۔ گھَڑَا۔ ہَٹ) (ہ) مؤنث۔ گھڑ گھڑ کی آواز۔ گاڑی یا چکی وغیرہ کے چلنے کی آواز ۔
گھڑی (گھَڑِی) (ہ) مؤنث (۱) گھنٹے کا ۲/۵ حصہ۔ چھ پل یا چوبیس منٹ کا وقفہ۔ رات دن کا ساٹھواں حصہ۔ ساعت (۲) سماں۔ زمانہ۔ وقت (۳) وقت بتانے کا آلہ۔ واچ ۔ گھڑی بنانا۔ گھڑی کی مرمت کرنا۔ گھڑی درست کرنا ۔ گھڑی بھاری ہونا۔ گھڑی کا نہایت دشواری سے گزرنا ۔ گھڑی بھر (۱) ساعت بھر۔ ایک گھڑی (۲) لحظہ بھر۔ لمحہ بھر۔ ذرا ۔ گھڑی پل کی آس نہیں، کہے کال کی بات۔ مثل۔ دم بھر کا بھروسا نہیں، کل کے متعلق بات کرنا ۔ گھڑی (میں) تولہ، گھڑی (میں) ماشہ۔ کبھی کچھ، کبھی کچھ۔ غیر مستقل مزاج۔ دم بھر میں طبیعت بدلنے والا ۔ گھڑی ساز (۱) گھڑی کی درستی اور مرمت کرنے والا ۔ گھڑی ساعت پر ہونا (عو) دم توڑنا۔ کوئی دم کا مہمان ہونا۔ قریبِ مرگ ہونا ۔ گھڑی گھڑی (ہ) (۱) لمحہ بہ لمحہ۔ لحظہ بہ لحظہ۔ دم بہ دم (۲) لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے۔ بار بار ۔ گھڑی میں گھڑیال ہے۔ مثل۔ گھڑی میں کچھ ہے تو دم بھر میں کچھ ۔ گھڑیاں۔ مؤنث۔ گھڑی کی جمع ۔ گھڑیاں گننا۔ کسی کے انتظار میں وقت گنتے رہنا۔ بے حد انتظار کرنا ۔ گھڑیوں۔ مؤنث (۱) گھڑی کی جمع حروفِ جار سے پہلے (۲) دیر تک۔ عرصے تک ۔
گھڑیال (گھَڑ۔ یَال) (ہ) مذکر (۱) پیتل کا وہ گھنٹہ، جو مندروں میں یا امیروں کے دروازے پر بجایا جاتا ہے۔ گھنٹی۔ جرس (۲) مگرمچھ۔ مگر۔ نہنگ ۔
گھڑیالی۔ مذکر۔ گھڑیال بجانے والا ۔
گھس (گھَس) (ہ) مؤنث۔ گھاس کا مخفف ۔ گھس کھدا (۱) گھاس کھودنے والا۔ گھسیارا (۲) رذیل۔ کمینہ۔ ادنیٰ (۳) کم رو۔ بے حیثیت (۴) ناکارہ۔ ناشائستہ۔ اناڑی (۵) بے وقوف۔ احمق۔ نادان ۔
گھسیارا۔ مذکر (۱) گھاس کھودنے والا۔ چرکٹا (۲) گھاس بیچنے والا ۔ گھسیارن۔ گھسیاری۔ مؤنث۔ گھاس کھودنے یا بیچنے والی عورت ۔
گھِس (ہ) گھسنا کا امر ۔ گھِس پس کر اترنا۔ کپڑوں کا پوری طرح استعمال میں آکر اترنا، لباس کا خوب کام میں آنا ۔ گھِس کر لگانے کو نہیں (۱) اتنا نہیں کہ گھس کر دوا کے بجائے لگایا جائے۔ بالکل نہیں۔ مطلق نہیں۔ ذرا نہیں (۲) بے حد کم یاب ہے۔ عنقا اور ناپید ہے (۳) سارا خرچ ہو گیا۔ بالکل نہیں بچا ۔ (عورتیں اس جگہ "گھس لگانے کو نہیں" بولتی ہیں) گھِس گھِس کر چلنا۔ کپڑے یا جوتے کا خوب اور مدت تک استعمال میں آنا ۔ گھِسا (۱) گھسنا سے ماضی مطلق (۲) گھسا ہوا۔ کہنہ۔ پرانا۔ مستعمل۔ فرسودہ ۔ گھِسانا۔ گھسنا کا متعدی ۔ گھِساؤ۔ مذکر (۱) رگڑ (۲) فرسودگی ۔ گھِسائی۔ مؤنث (۱) فرسودگی (۲) گھسانے کی اجرت ۔
گھِسن۔ مؤنث (عو) رگڑ ۔ گھِسانی (۱) رگڑ آنا۔ رگڑ لگنا (۲) فرسودہ ہونا۔ پرانا ہونا (۳) وزن میں کم ہونا (۴) پیسنا۔ حل کرنا۔ رگڑنا ۔
گھِسوانا۔ گھسنا کا متعدی المتعدی ۔
گھُس (گھُش) (ہ) گھُسنا کا امر ۔ گھُس آنا۔ بے اجازت مکان میں داخل ہو جانا۔ اندر چلا آنا ۔ گھُس بیٹھنا (۱) اندر ہو بیٹھنا (۲) چھپ جانا (۳) پاس پاس بیٹھنا ۔ گھُس پیٹھ۔ مؤنث (۱) رسائی۔ پہنچ۔ دخل۔ باریابی (۲) رسوخ حاصل کرکے۔ رسائی پیدا کرکے۔ یار بنا کر (۳) اندر پہنچ کر۔ گھس کر۔ داخل ہو کر ۔ گھُس پیٹھ کر (کے)۔ راہ و رسم پیدا کرکے۔ یارانہ گانٹھ کے ۔ گھُسا (۱) گھسنا سے ماضی مطلق (۲) گھُسانا کا امر ۔ گھُسانا۔ گھسیڑنا۔ داخل کرنا۔ بھرنا۔ سمانا ۔
گھُسنا (۱) داخل ہونا۔ اندر جانا (۲) مداخلت کرنا۔ دخل دینا ۔
گھِسّا (گھِش۔ سَا) (ہ) مذکر۔ رگڑ۔ رگڑا ۔ گھِسّا لگنا۔ رگڑ لگنا۔ رگڑ آنا۔ گھِسّے کا نشان پڑنا ۔ گھِسّا میری (۱) مؤنث۔ بچوں کا ایک کھیل، جس میں وہ ڈور ڈال کر گھِسّے ہیں ۔ گھِسّم گھِسّا۔ مذکر۔ ایک دوسرے کو زمین پر رگڑے دینا (۲) پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑا دینا ۔
گھِسٹ (گھِسَٹ) (ہ) گھِسٹنا کا امر ۔ گھِسٹتے گھِسٹتے پھرنا۔ کھچے کھچے پھرنا۔ پکڑے پکڑے پھرنا ۔ گھِسٹنا (۱) کھنچ کر آنا۔ کھنچنا ۔
گھسیٹ (گھَسِیٹ) (ہ) (۱) گھسیٹنا کا امر (۲) مؤنث۔ وہ نشان، جو زمین پر کسی چیز کے گھسیٹنے سے ظاہر ہو ۔ گھسیٹا گھسائی۔ مؤنث۔ کھینچا کھینچی۔ اینچا تانی ۔ گھسیٹنی۔ مؤنث۔ گھسیٹنے کا نشان۔ وہ نشان، جو کسی چیز کے زمین پر کھینچنے سے پڑ جاتا ہے ۔ گھسیٹنا (۱) کھینچنا۔ زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا (۲) جلد جلد بُرا بھلا لکھ دینا (۳) پکڑوا بلوانا (۴) مصیبت میں مبتلا کر دینا ۔
گھسیڑنا (گھَسِیڑ۔ نَا) (ہ) (۱) اندر داخل کرنا (۲) ٹھونسنا۔ بھرنا (۳) ایک چیز کو دوسری چیز میں زور سے داخل کرنا ۔
گہک (گَہَک) (ہ) مؤنث (۱) خوشی کی امنگ یا لہر (۲) نشے کی لہر (۳) مسرت۔ خوشی (۴) جوش۔ تیزی۔ زور (۵) گہکنا کا امر ۔ گہک کر بولنا (عو) (۱) سخت کلامی سے جواب دینا۔ تیز ہو کر بولنا (۲) از حد تپاک اور گرم جوشی سے گفتگو کرنا ۔ گہکنا (۱) خوش ہونا (۲) نشے کے جوش میں ہونا (۳) تیز ہو کر بولنا ۔
گہگڈ (گَہ۔ گَڈ) (ہ) گھنگھور۔ گہرا۔ بھاری ۔

گھگرا (گھگ ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے گھاگرا نمبر ۱ ۔ **گھگری ۔ گھگریا** ۔ مؤنث (ہندو) چھوٹا لہنگا ۔

گھگو (گھگ ۔ گُو) (ہ) مذکر (۱) چغد ۔ بوم ۔ اُلو (۲) (پنجاب) مٹی کا ایک کھلونا ۔ جو پھونکنے سے بجتا ہے (۳) دخانی کارخانوں کے انجن کی آواز ۔

گھگی (گِھگ ۔ گی) (ہ) مؤنث (۱) ہچکی ۔ روتے روتے سانس کا رُک رُک کر نکلنا (۲) خوف یا دہشت کے مارے سکتے کا عالم ۔ **گھگی بندھ جانا** (۱) روتے روتے سانس بند ہو جانا ۔ ہچکی بندھ جانا (۲) ڈر کے مارے بول نہ سکنا ۔ **گھگیانا** (۱) گھگی بندھ جانا (۲) گڑگڑانا ۔ منت سماجت کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔

گُھگی (گُھگ ۔ گی) (ہ) مؤنث ۔ فاختہ ۔ ٹوٹرو ۔

گھل (گُھل) (ہ) گھلنا کا امر ۔ **گھل جانا** (۱) پگھل جانا (۲) پتلا ہو جانا ۔ گداز ہو جانا ۔ نرم ہو جانا (۳) رقیق ہو جانا ۔ پانی ہو جانا (۴) مضمحل ہو جانا ۔ تھک جانا (۵) سوکھ جانا ۔ لاغر ہو جانا ۔ دبلا ہو جانا (۶) پتلا پڑ جانا (۷) گھل مل جانا ۔ **گھل گھل کر** (کے) دُبلا ہو کر ۔ تحلیل ہو ہو کر ۔ **گھل گھل کر آخر (تمام) ہونا** (۱) تحلیل ہو ہو کر مرنا ۔ دبلا اور لاغر ہو ہو کر مر جانا ۔ بیماری یا عشق سے رنجیدہ و نحیف ہو کر دم دینا ۔ **گھل گھل کر مرنا** بے حد دبلا اور لاغر ہو کر مرنا ۔ غم یا بیماری میں تحلیل ہو ہو کر جان دینا ۔ **گھل گھل کے کانٹا ہونا** ۔ سوکھ کر کانٹا ہونا ۔ غم یا بیماری کے باعث گھل گھل کر دبلا اور لاغر ہونا ۔ **گھل مل جانا** (۱) ایک جان ہو جانا (۲) دوستی گانٹھ لینا ۔ **گھل مل کر رہنا** ۔ مل جل کر بسر کرنا ۔ پیار محبت سے رہنا ۔ **گھل مل کے بیٹھنا** (عو) محبت سے پاس جا کر بیٹھنا ۔ مل جل کر بیٹھنا ۔ **گھلا** (۱) گھلنا سے ماضی مطلق (۲) گھلانا کا امر ۔ **گھلا ہوا** ۔ پگھلا ہوا ۔ گداز ۔ ملائم ۔ پلپلا ۔ **گھلانا** (۱) پگھلانا ۔ گداز کرنا ۔ پلپلانا ۔ ملائم کرنا (۲) لاغر کرنا ۔ دبلا کرنا (۳) تحلیل کرنا ۔ مضمحل کرنا ۔ ناتوان کرنا ۔ **گھلاوٹ** ۔ مؤنث ۔ نرمی ۔ ملایمت ۔ پلپلاہٹ ۔ گدازپن ۔ **گھلاہٹ** ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "گھلاوٹ" ۔ **گھلنا** (۱) پگھلنا ۔ رقیق ہو جانا ۔ گداختہ ہونا (۲) نرم ہونا ۔ ملائم ہونا ۔ گداز ہونا (۳) مضمحل ہونا ۔ بیٹھ جانا (۴) لاغر ہونا ۔ دبلا ہونا (۵) پتلا پڑنا (۶) بیتنا ۔ گزرنا (۷) (پ) کشتی کرنا ۔ لڑنا ۔ **گھلنا ملنا** (۱) ایک جان ہونا (۲) محبت پیدا کرنا ۔ یارانہ گانٹھنا ۔ **گھلوانا** ۔ ملوانا ۔ حل کرانا ۔ **گھلنا** متحد ہو جانا ۔ جلد مل جل جانا ۔ بے تکلف ہو جانا ۔

گھما (گھُما) (ہ) گھمانا کا امر ۔ **گھمانا** (۱) چکر دینا ۔ پھرانا (۲) گشت کرانا ۔ سیر کرانا ۔ **گھماؤ** ۔ چکر ۔ پھیر (۲) زمین کی وہ مقدار ، جسے بیلوں کی ایک جوٹ دن بھر میں جوت لے ۔ آٹھ کنال یا دو بیگہ زمین ۔ **گھماؤں** ۔ مذکر ۔ دیکھیے گھماؤ نمبر ۲ ۔

گھما گھم ۔ گھما گھمی (گھما ۔ گھم ، گھما ۔ گھمی) (ہ) مؤنث (عو) آبادی ۔ چہل پہل ۔ رونق ۔ گرم بازاری ۔ دھوم دھام ۔

گھمر گھمر (گھمر ۔ گھمر) (ہ) مؤنث ۔ چکی کے چلنے کی آواز ۔

گھمڑی (گھم ۔ ڑی) (ہ) مؤنث ۔ دورانِ سر ۔ چکر ۔ **گھمڑیاں** ۔ مؤنث ۔ گھمڑی کی جمع ۔ **گھمڑیاں لینا** ۔ گرد پھرنا ۔ چکر کھانا ۔ گھمیریاں کھانا ۔

گھمس (گھمس) (ہ) مؤنث ۔ مینہ کے بعد ہوا کا بند ہونا اور سخت گرمی ہو جانا ۔ حبس ۔ اُمس ۔ (بول چال میں اکثر گھمسی ہے ۔)

گھمسان (گھم ۔ سان) (ہ) مذکر (۱) لڑائی ۔ رزم ۔ جنگ ۔ یدھ ۔ رن (۲) خون ریزی ۔ قتلِ عام (۳) مقتولوں کا ڈھیر ۔ کشتوں کے پشتے ۔ لاشوں کے انبار (۴) ہجوم ۔ بھیڑ ۔ انبوہ (۵) بربادی ۔ تباہی ۔ ویرانی (۶) اوپر تلے ۔ زیر و زبر ۔ **گھمسان کا رن پڑنا** ۔ بڑی بھاری لڑائی ہونا ۔ کشتوں کے پشتے لگ جانا ۔ **گھمسان کرنا** (۱) کشت و خون کرنا ۔ خون ریزی کرنا (۲) جان توڑ کر لڑنا ۔ **گھمسان کی لڑائی** ۔ مؤنث ۔ بڑی بھاری لڑائی ۔ بڑے معرکے کی جنگ ۔ **گھمسان ہو جانا** (۱) مقتولوں کا ڈھیر لگ جانا ۔ کشتوں کے پشتے لگ جانا (۲) لشکر کا اکٹھا ہو جانا ۔ فوج کا ہجوم ہو جانا ۔

گھمکا (گھم ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ حبس ۔ گھمس ۔ گھٹاؤ ۔ انقباض ۔

گھم گھم (گھم ۔ گھم) (ہ) مؤنث ۔ رتھ کے چلنے کی آواز ۔

گھمنڈ (گھمنڈ) (ہ) مذکر (۱) غرور ۔ تکبر ۔ نخوت ۔ کبر ۔ مان ۔ گمان (۲) دکھاوٹ ۔ نمود ۔ خودنمائی ۔ ٹیپ ٹاپ ۔ نمائش (۳) خود پسندی ۔ خود بینی (۴) بڑائی ۔ شیخی ۔ ناز ۔ فخر (۵) طاقت ۔ بِرتا ۔ حمایت ۔ زور ۔ بل (۶) اُمید ۔ آسرا ۔ سہارا ۔ بھروسا ۔ **گھمنڈ پر آ جانا (آنا)** مغرور ہونا ۔ تکبر کرنا ۔ شیخی سے بھر جانا ۔ اِترانا ۔ **گھمنڈ پر ہونا** ۔ متکبر ہونا ۔ مغرور ہونا ۔ ناز کرنا ۔ اِترانا ۔ **گھمنڈ رکھنا** ۔ غرور کرنا ۔ تکبر کرنا ۔ **گھمنڈ کرنا** (۱) غرور کرنا ۔ تکبر کرنا (۲) شیخی کرنا ۔ اِترانا (۳) فخر کرنا ۔ ناز کرنا ۔ **گھمنڈ معلوم ہونا** (و) بڑے بول کا سر نیچا ہونا ۔ بڑا بول سامنے آنا ۔ **گھمنڈ نکال دینا** ۔ بل نکال دینا ۔ شیخی جھاڑ دینا ۔ **گھمنڈ ہونا** (۱) تکبر ہونا ۔ غرور ہونا (۲) فخر ہونا ۔ ناز ہونا (۳) شیخی ہونا ۔ **گھمنڈی** (۱) مغرور ۔ متکبر (۲) خود پسند ۔ خودنما (۳) ڈینگیا ۔ شیخی خورا (۴) فخر کرنے والا ۔ اِترانے والا ۔

گھمنڈ (گھَمَنڈ) (ہ) مذکر ۔ بادلوں کا گھرنا یا چھا جانا ۔ ابر کا ہجوم ۔ **گھمنڈنا** ۔ ابر چھانا ۔ بادل گھرنا ۔

گھمیر ۔ گھمیری (گھمیر ، گھمی ۔ ری) (ہ) مؤنث ۔ چکر ۔ دورانِ سر ۔ دردِ سر ۔

گہن (گہن) (ہ) مذکر (۱) گرہن ۔ خسوف ۔ کسوف ۔ سورج ، چاند یا کسی اور سیارے کی روشنی کا کسی اور جرم کے حائل یا مقابل ہو جانے سے رُک جانا (۲) (مجازاً) عیب ۔ داغ ۔ **گہن پڑنا (لگنا)** (۱) خسوف یا کسوف ہونا (۲) دھبا لگنا ۔ بدنامی یا رسوائی ہونا ۔ **گہن چھٹنا** ۔ گہن کا اثر کم ہونا ۔ چاند یا سورج میں گہن لگنے کے بعد روشنی آنے لگنا ۔ **گہن میں آنا** (۱) خسوف یا کسوف میں آنا (۲) آدمی یا کسی حیوان کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا ناقص پیدا ہونا ۔ **گہنی** ۔ مؤنث (۱) وہ گائے جسے گہن لگ کر

کسی عضو میں نقص ہو گیا ہو (۲) چھوٹے قد کی گائے ۞

گھن (گَھن) (س) مذکر (۱) گھٹا ۔ ابر ۔ بادلوں کا ہجوم (۲) بہت بڑا ہتھوڑا (۳) سندان ۔ اہرن (۴) بدن ۔ جسم ۔ تن ۔ سریر ۔ انگ (۴) ایک قسم کی خوش بودار گھاس (۵) گنتی ۔ شمار ۔ تعداد (۶) فراخی ۔ وسعت (۷) مضبوطی (۸) کھنکھار ۔ بلغم (۹) گھڑیال ۔ گھنٹہ (۱۰) ایک قسم کا رقص (۱۱) گاڑھا ۔ موٹا ۔ دبیز (۱۲) بوجھل ۔ وزنی ۔ بھاری ۔ ٹھوس (۱۳) کڑا ۔ سخت (۱۴) بھرا ہوا ۔ پُر ۔ معمور (۱۵) کثیر ۔ بہت (۱۶) سعید ۔ مبارک (۱۷) دائمی ۔ مستقل (۱۸) گھنا ۔ گنجان ۞

گھن چکر (۱) مذکر ۔ گردش (۲) (صفت) بہت پھرنے یا گردش کرنے والا ۔ بہت چکر کھانے والا (۳) آوارہ گرد (۴) نادان ۔ کم عقل ۔ بے وقوف ۔ مورکھ (۵) مذکر ۔ آتش بازی کا چکر، جو آگ دینے سے خوب گردش کرتا ہے (۶) سورج مکھی کا پھول ۞ **گھن چکر میں آنا** ۔ گردش میں آنا ۔ مصیبت میں پھنسنا ۞ **گھن دار** (۱) گھنا ۔ گنجان ۔ پاس پاس ۞

گھن شیام (س) مذکر (۱) کالی گھٹا ۔ ابرِ سیاہ (۲) کنھیا ۔ کرشن جی کا لقب (۳) کالے رنگ کا ۔ سیاہ فام ۞ **گھن کا** (۱) گنجان (۲) شاخ در شاخ اور سایہ دار درخت ۞ **گھن کی چوٹ** ۔ مؤنث ۔ سخت چوٹ ۔ ضربِ شدید ۔ بھاری ضرب ۞ **گھن گرج** ۔ مؤنث (۱) زور کی کڑک ۔ بجلی کی کڑک (۲) بے حد شور و غل ۞ **گھن گھور** (گھنگھور) مؤنث ۔ گہرا بادل ۔ ہولناک بادل ۔ ڈراؤنی اور نہایت گہری گھٹا ۔ ابرِ مہیب ۞ **گھن گھور (گھنگھور) گھٹا** ۔ مؤنث ۔ مہیب اور کالی گھٹا ۔ بہت برسنے والی، بہت چھائی ہوئی اور گہری گھٹا ۞ **گھن گھور (گھنگھور) گھٹا چھانا** ۔ کالی اور گہری گھٹا کا نمودار ہونا ۞ **گھنا** (۱) بہت سا ۔ ڈھیر ۔ وافر ۔ ازحد (۲) گنجان ۔ گھن دار ۔ گھن کا (۳) وہ درخت، جس میں بہت سی اور پاس پاس شاخیں ہوں ۞ **گھنیرا** ۔ گھنا ۞ **گھنیری** ۔ گھنی ۞

گِھن (گِھن) (ہ) مؤنث (۱) نفرت ۔ کراہت ۔ تنفر ۔ اکراہ (۲) اُلٹی ۔ متلی ۞ **گِھن آنا** ۔ نفرت آنا ۔ کراہت آنا ۞ **گِھن کھانا** ۔ نفرت کرنا ۔ کراہت کرنا ۞ **گِھناؤنا** (۱) کریہ ۔ مکروہ (۲) جس سے گِھن معلوم ہو ۞

گُھن (گُھن) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا کیڑا، جو اکثر لکڑی کو کھا کر آٹا کر دیتا ہے (۲) وہ کیڑا، جو غلے میں لگ جاتا ہے (۳) وہ پرانا مرض، جو جسم کو گھن کی طرح اندر ہی اندر کھا جاتا ہے (۴) گھنا کا امر ۞ **گھن جھڑنا** ۔ کرم خوردہ لکڑی کا میدہ سا ہو ہو کر جھڑنا ۞ **گھن لگ جانا** یا ۔ **لگنا** (۱) غلہ، لکڑی وغیرہ میں گھن یعنی کیڑے کا پیدا ہو جانا ۔ کیڑا لگنا (۲) ایسی بیماری ہو جانا، جو بدم کے ساتھ جائے ۔ روگ لگ جانا (۳) فکر لگ جانا ۞ **گھننا** ۔ کرم خوردہ ہونا ۞

گہنا (گہ ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) زیور ۔ ٹوم (۲) (پ) گروی ۔ رہن ۔ گرو ۞

گہنے (۱) مذکر ۔ گہنا (زیور) کی جمع (۲) (پ) گرو ۔ گروی ۔ رہن ۞ **گہنے رکھنا** ۔ رہن کرنا ۔ گرو رکھنا ۞

گھُنّا (گھُن ۔ نا) (ہ) (۱) چُپ ۔ مگرا ۔ بات کو بہ خوبی سمجھ کر جواب نہ دینے والا (۲) دل میں بات رکھنے والا ۔ کینہ ور ۞ **گھُنّی** (۱) چُپ ۔ خاموش (۲) مگری (عورت) بات کو سن سمجھ کر جواب نہ دینے والی ۔ کینہ توز (عورت) ۞ **گھُنّی مِسْکنی** ۔ کپٹ رکھنے والی ۔ مگری (عورت) ۔ گربہ مسکین ۞

گھنٹ (گھَنٹ) (س) مذکر ۔ وہ گھنٹہ، جو ہاتھی کے سینے پر لٹکایا جاتا ہے ۞ **گھنٹا ۔ گھنٹہ** (ہ) مذکر (۱) گھڑیال (۲) درا ۔ جرس ۔ حیوانات کے گلے میں لٹکانے کی ٹال (۳) وقت بتلانے کا بڑا آلہ ۔ کلاک (۴) ساٹھ منٹ کا وقت (۵) (بازاری) آلۂ تناسل ۞ **گھنٹہ بجانا** ۔ گھڑیال بجانا ۔ گھنٹے پر چوٹ لگانا ۞ **گھنٹہ گھر** ۔ مذکر ۔ وہ اونچا مینار، جس پر کلاک کی بڑی سوئیاں دُور سے وقت بتاتی ہیں ۞ **گھنٹہ ہلانا** (۱) (ہندو) گھنٹہ ہلا کر پوجا پاٹ کرنا (۲) بے فائدہ کام کرنا ۔ وقت گزاری کرنا ۞ **گھنٹی** ۔ مؤنث ۔ گھنٹا کی تانیث اور تصغیر ۞ **گھنٹے** (۱) مذکر ۔ گھنٹا کی جمع (۲) گھنٹا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ۞ **گھنٹے کی مورچھل سے اٹھانا** (ہندو) بوڑھے آدمی کا جنازہ بڑی دھوم دھام اور باجے گاجے سے مرگھٹ میں لے جانا ۞

گھُنڈی (گھُن ۔ ڈی) (ہ) مؤنث (۱) گریبان بند کرنے کے لیے کپڑے یا دھاگے کا گول بٹن (۲) دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ (۳) (پ) گرہ ۔ ضد (۴) کدورت ۔ فرق ۔ بل (۵) انقباض ۔ رکاوٹ ۞ **گھنڈی کھولنا** ۔ بٹن کھولنا ۔ بند کھولنا ۔ گرہ کھولنا ۞ **گھنڈی لگانا** (۱) بٹن لگانا ۔ بند باندھنا (۲) گھنڈی ٹانکنا ۞

گھنگچی (گھُنگ ۔ چی) (ہ) مؤنث ۔ سرخ رتی ۔ چرمٹی ۔ ایک قسم کے سرخ دانے، جن کا منہ سیاہ ہوتا ہے ۞

گھنگرالے (گھُنگ ۔ را ۔ لے) (ہ) گھونگروالے بال ۔ بل کھائے ہوئے بال ۞

گھنگرو (گھُنگ ۔ رُو) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا بجنے والا زیور (۲) گلے کی وہ آواز، جو جان کنی کے وقت سانس کے اٹک کر نکلنے یا بلغم کے پھنس جانے سے نکلتی ہے ۞ **گھنگرو باندھنا** (۱) کنچنوں کی اصطلاح میں ناچنے کا شاگرد ہونا (۲) ناچنے کی تیاری کرنا ۞ **گھنگرو بند بھائی** (ہ) مذکر ۔ کنچن بچے ۔ ٹولی زادہ ۔ ناچنے گانے والے آپس میں ایک دوسرے کو کہتے ہیں ۞ **گھنگرو بولنا** (۱) گھنگروؤں کا چھن چھن بولنا (۲) جان کنی کے وقت سانس کا رک رک کر نکلنا ۔ گھر اچلنا ۔ قریب مرگ ہونا ۞

گھنگریا (گھُنگ ۔ ریا) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "گھگریا" ۞

گھنگنی (گھُنگ ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ ابالا ہوا غلہ (گیہوں، چنے، مٹر، جوار وغیرہ)، جو نمک ملا کر کھایا جاتا ہے ۞ **گھنگنیاں** ۔ مؤنث ۔

گھنگنی کی جمع ٭ **گھنگنیاں منہ میں بھر کر بیٹھ جانا ۔ یا ۔ بیٹھنا ۔** چُپ سادھنا ۔ خاموشی اختیار کرنا ٭

گھنگولنا (گھَن ۔ گَو ۔ لْ ۔ نا) (ف) (۱) کسی رقیق چیز یا پانی میں ہاتھ ڈال کر ہلانا ۔ گدلا کرنا (۲) خوب ملانا ۔ گھولنا ٭

گھنگھنانا (گھَن ۔ گھَنا ۔ نا) (ف) کسی پہیے یا چرخی کے جلد جلد چلنے یا چکر کھانے کی آواز ٭

گھوآ (گھُو ۔ آ) (ف) مذکر (۱) ایک کیڑا ، جو پانی کے کنارے پر رہتا ہے (۲) سرکنڈے کے اوپر کا پھول ، جو روئی کی مانند ہوتا ہے ٭

گھوا (گھُ ۔ وَا) (ف) مذکر (عوام) (۱) موچنا (۲) چمٹا (۳) سنسی ٭

گھوارہ (گھُ ۔ وَا ۔ رَہ) (ف) (۱) بچوں کے سلانے یا بہلانے کا جھولا ۔ ہنڈولا ۔ پنگورا ۔ پالنا ۔ مہد (۲) وہ چارپائی ، جس پر محراب نما لکڑیاں باندھ کر عورتوں کا جنازہ لے جاتے ہیں ٭

گھواں رنگ (گھُ ۔ وَاں ۔ رَنگْ) (ف) مذکر ۔ گندمی رنگ ٭

گھوٹ (گھُوٹْ) (ف) (۱) گھوٹنا کا امر (۲) مؤنث ۔ گھوٹنے کا فعل ٭ **گھوٹا** ۔ مذکر (۱) کاغذ کے گھوٹنے کا مہرا ۔ صاف یا چمکیلا بنانے کا اوزار (۲) استرے سے سر یا داڑھی کی صفائی ۔ چار ابرو کا صفایا ٭ **گھوٹنا** (۱) رگڑنا ۔ باریک کرنا ۔ حل کرنا (۲) مہرے سے صفائی کرنا (۳) بار بار پڑھ کر ذہن نشین کر لینا ۔ رٹنا ٭

گھور (گھُوْر) (ف) مذکر ۔ میل ۔ چرک ۔ غلاظت (۲) (س) ڈراؤنا ۔ بھیانک ۔ خوفناک (۳) (ف) گہرا رنگ (۴) (س) رات ۔ شب (۵) (ف) گھورنا کا امر ٭ **گھور گھور کر دیکھنا** ۔ تند نظر سے دیکھنا ٭ **گھورا** ۔ مذکر (۱) وہ جگہ ، جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جاتا ہے ۔ کھتا (۲) چرک ، میلا ، گوہ وغیرہ ، جو خاکروب صاف کر کے جاتے ہیں (۳) گھورنا سے ماضی مطلق ٭ **گھورنا** (۱) غور سے دیکھنا ۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ۔ تاکنا (۲) تیز نگاہ سے دیکھنا ۔ خفگی کی نظر سے دیکھنا (۳) آنکھیں لڑانا ۔ محبت کی نظر سے دیکھنا ۔ دیدار بازی کرنا ٭ **گھوری** ۔ گندہ ۔ میلا ۔ غلیظ ٭

گھورا (گھُو ۔ رَا) (ف) مذکر ۔ چپایوں کے رہنے کی جگہ ٭

گھوڑا (گھو ۔ ڑَا) (ف) مذکر (۱) اسپ ۔ توسن ۔ مرکب (۲) شطرنج کا ایک مہرہ (۳) بندوق کا کتا ۔ چپکی ۔ وہ چٹخنی ، جس کے دبانے سے بندوق چلتی ہے ۔ بندوق کا طوطا ٭ **گھوڑا اٹھانا** ۔ گھوڑا بھگانا ۔ گھوڑے کو دوڑانا ٭ **گھوڑا الانگنا** ۔ نئے گھوڑے پر پہلی مرتبہ سواری کرنا ٭ **گھوڑا بڑھانا** (۱) گھوڑے کو آگے کرنا (۲) گھوڑا تیز چلانا ۔ دوڑانا ٭ **گھوڑا بھر جانا** ۔ گھوڑے کا بند بند تھک کر جکڑ جانا ٭ **گھوڑا پالانا** (دہلی) گھوڑے پر کاٹھی یا زین رکھنا ٭ **گھوڑا پایے پر چڑھانا** ۔ بندوق کے گھوڑے کو پٹاخے پر زور ڈالنے کے لیے اٹھانا ٭ **گھوڑا پھینکنا** ۔ گھوڑے کو کسی چیز کے پیچھے دوڑانا ۔ گھوڑا اڑانا ٭ **گھوڑا چراغ پا ہونا** (ف) گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا ٭ **گھوڑا چھوڑنا** (ف) (۱) بچہ کشی کے لیے گھوڑے کو گھوڑی پر چڑھانا (۲) گھوڑا دوڑانا (۳) گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑنا (۴) جتنے ہوئے گھوڑے کو گاڑی سے نکالنا (۵) گھوڑے کو چرنے کے لیے کھلا چھوڑنا ٭ **گھوڑا داغ ہونا** (ف) (مجازاً) سواروں کے زمرے میں نوکر ہونا ٭ **گھوڑا ڈالنا** (ف) (۱) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا (۲) گھوڑے کو کسی کے پیچھے لپکانا ٭ **گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے** (ف) مثل ۔ مزدور مزدوری نہ لے تو بھوکا مرے ۔ معاملے کی جگہ مروّت کے برتنے سے فائدہ نہیں ہوتا ۔ اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا ٭ **گھوڑا گھر ہی میں قیمت پاتا ہے** (ف) مثل ۔ گھوڑے کو پوری قیمت تھان ہی پر ملتی ہے ۔ ہر چیز اپنی ہی جگہ قابلِ قدر ہوتی ہے ٭ **گھوڑا مارنا** (ف) گھوڑے کو ایڑ لگانا ۔ گھوڑا بھگانا ٭ **گھوڑا نکالنا** (۱) گھوڑے کو گھوڑی کے لیے سدھانا ۔ گھوڑے کو سواری کے قابل بنانا (۲) گھوڑا بڑھانا ۔ گھوڑے کو آگے لے جانا (۳) محرم کے دنوں میں شیعوں کا دُلدُل نکالنا ٭ **گھوڑوں** ۔ مذکر ۔ گھوڑا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ٭ **گھوڑوں کو گھر کتنی دُور؟** (ف) گھوڑوں کے آگے مسافت اور فاصلہ کوئی چیز نہیں ۔ کام کرنے والے کے لیے سب آسان ہے ٭ **گھوڑی** (ف) مؤنث (۱) گھوڑا کی تانیث ۔ گھڑیا ۔ مادہ اسپ (۲) سویاں بنانے کا آلہ (۳) وہ لکڑی ، جو گوٹے کے تار تنے رہنے کے لیے تار کے نیچے کھڑی کر دیتے ہیں (۴) کپڑا ڈالنے کی چوبی تپائی (۵) بچوں کا ایک کھیل ، یعنی ، جس کی چڑھی لیں ، اسے گھوڑی کہتے ہیں (۶) بانس کی بیچ میں سے چری ہوئی لکڑی ، جس سے ختنے کے وقت کھال دبا کر کاٹتے ہیں ٭ **گھوڑی چڑھانا** (۱) ختنے کی رسم ادا کرنا (۲) چری ہوئی لکڑی سے بچے کے عضوِ مخصوص کی کھال پکڑ کر ختنہ کرنا (۳) برات چڑھانا ٭ **گھوڑے** (۱) مذکر ۔ گھوڑا کی جمع (۲) گھوڑا کی صورت حروفِ جار سے پہلے ٭ **گھوڑے بیچ کر سونا** ۔ بےفکری سے سونا ۔ پاؤں پھیلا کر سونا ٭ **گھوڑے جوڑے کی خیر** (ف) (دعا) میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا سلامت رہے ٭ **گھوڑے سوار** (۱) گھُڑ چڑھا ۔ اسپ سوار ۔ راکب (۲) حملہ باز ٭ **گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات** ۔ نادان کو مار پیٹ ، لیکن عقل مند کو اشارہ کافی ہے ٭ **گھوڑے کی دُم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھی اڑائے گا** (ف) مثل ۔ ہر شخص اپنی ترقی سے خود ہی فائدہ اٹھاتا ہے ٭ **گھوڑے کی شادی کرنا** ۔ چونکہ گھوڑے کی نسبت بیچنے کا لفظ بُرا سمجھتے ہیں ، اس لیے شادی کرنا کہتے ہیں ۔ گھوڑا بیچنا ٭ **گھوڑے گھوڑے لڑیں ، موچی کا زین ٹوٹے** ۔ مثل ۔ زبردستوں کے جھگڑوں میں کم زور ناحق نقصان اٹھائیں ۔ کرے کوئی ، بھرے کوئی ٭ **گھوڑے گئے ، گدھوں کا راج آیا** (ف) مثل ۔ شریف گئے ، بےوقوف ان کی جگہ قائم مقام ہو گئے ٭

گھوس (گھُوْس) (ف) مذکر و مؤنث (۱) ایک قسم کا بڑا چوہا ۔ گھونس (۲)

(ہندو) رشوت ٭ **گھوس پچر** ۔ مذکر ۔ رشوت ٭
گھوسم گھونسا (گھُو ۔ سَم ، گھُوں ۔ سَا) (ہ) مذکر ۔ مارکٹائی ، مُکا مُکی ، زد و کوب ٭
گھوسن (گھُو ۔ سَن) (ہ) مؤنث (۱) مسلمان گوالن (۲) دودھ بیچنے والی ٭ **گھوسی** ۔ مذکر (۱) گائے بھینس چرانے اور ان کا دودھ بیچنے والا (۲) گھسیارا ٭
گھوش (گھُو ۔ ش) (س) مذکر (۱) شور (۲) ڈھول کی آواز (۳) دہاڑ ۔ چنگھاڑ (۴) زبان (۵) گوالوں کے رہنے کا مقام (۶) گوالوں کی ذات (۷) بنگالی کائستھوں کی ایک گوت ٭
گھوکنا (گھُو ۔ ک ۔ نَا) (ہ) (ہندو) یاد کرنا ۔ رٹنا ۔ سبق کا بار بار پڑھنا ٭
گھوگس (گھُو ۔ گَس) (ہ) مذکر ۔ فصیل ۔ برج ۔ گڑگج ٭
گھوگی (گھُو ۔ گِی) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) کیسہ ۔ جیب ۔ ڈب (۲) ٹوٹرو ۔ فاختہ ۔ گھگی ٭
گھول (گھُو ۔ ل) (ہ) گھولنا کا امر ٭ **گھولا** (۱) گھولنا سے ماضی مطلق (۲) پانی میں حل کی ہوئی افیون ۔ گھولوا ٭ **گھول پینا** (۱) شربت کی طرح پانی میں ڈال کر پی جانا (۲) ہیچ جاننا ۔ کچھ بھی نہ سمجھنا (۳) مار ڈالنا ٭
گھول میل ۔ مذکر ۔ میل ملاپ ۔ میل جول ٭ **گھولنا** (۱) پانی یا کسی رقیق چیز میں کچھ ملانا (۲) رس لینا ۔ چوسنا ٭ **گھولوا** ۔ مذکر (۱) پانی میں حل کی ہوئی افیون ۔ گھولا (۲) کسی دوا کا عرق (۳) پیچ ۔ شوربا ٭
گھولوا گھولنا (۱) گھول کر پتلا کرنا ۔ رقیق بنانا (۲) افیون کو پانی میں حل کرنا (۳) ڈھیل کرنا ۔ دیر لگانا ٭ **گھولے میں پڑنا** کسی ایسے کام میں پڑنا ، جو تمام نہ ہو ۔ عذاب میں پڑنا ٭ **گھولے میں ڈالنا** (۱) بکھیڑے میں پھانسنا ۔ کشش و پنج میں ڈالنا (۲) آج کل کرنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ حیران کرنا ٭
گھوم (گھُو ۔ م) (ہ) (۱) گھومنا کا امر (۲) مذکر ۔ چکر (۳) لڑکوں کا ایک کھیل ٭
گھومنا (۱) چکر لگانا ۔ پھرنا (۲) بخارات کا دماغ کو لگنا ٭ **گھومنی** ۔ مؤنث ۔ دردِ سر ۔ دورانِ سر ٭
گھونا (گھُو ۔ نَا) (ہ) ہوشیار ۔ تجربہ کار ۔ خرانٹ ٭
گھونپنا (گھُو ۔ نپ ۔ نَا) (ہ) (۱) بھونکنا ۔ ہُول مارنا ۔ گھسیڑنا (۲) بری طرح سینا ٭
گھونٹ (گھُو ۔ نٹ) (ہ) مذکر (۱) چسکی ۔ جرعہ ۔ پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار ، جو ایک دفعہ حلق سے اترے (۲) حقّے کا دم ۔ کش ٭
گھونٹ بھرنا (۱) جرعہ پینا (۲) حقّے کا دم لگانا ٭ **گھونٹ گھونٹ کرکے اتارنا** ۔ یا ۔ پینا ۔ تھوڑا تھوڑا کرکے پینا ۔ ذرا ذرا پینا ٭
گھونٹ (گھُو ۔ نٹ) (ہ) گھونٹنا کا امر ٭ **گھونٹ گھونٹ کر مارنا** (عو) جلا جلا کر مارنا ۔ رنج دے دے کر مارنا ٭ **گھونٹنا** (۱) گلا دبانا ۔ سانس بند کرنا ۔ دم روکنا (۲) (عو) دق کرنا ۔ بند کرنا ۔ تنگ کرنا ٭

گھونٹ (گھُو ۔ نٹ) (ہ) دیکھیے "گھونٹ" ٭ **گھونٹنا** ۔ دیکھیے "گھونٹنا" ٭
گھونس (گھُو ۔ نس) (ہ) مذکر و مؤنث ۔ دیکھیے "گھوس" ٭ **گھونس پچر** ۔ مؤنث (ہندو) دیکھیے "گھوس پچر" ٭ **گھونسیا** (ہندو) رشوت خوار ۔ کھاؤ ٭
گھونسا (گھُوں ۔ سَا) (ہ) مذکر (۱) مشت ۔ مُکا ۔ ڈُک (۲) صدمہ ۔ چوٹ ۔ ضرب ٭
گھونسا جڑنا ۔ چلانا ۔ لگانا ۔ مارنا ۔ سہی کرنا ۔ مُکا لگانا ۔ ڈُک مارنا ٭ **گھونسم گھونسا** ۔ مذکر ۔ دیکھیے "گھوسم گھونسا" ٭
گھونسوں ۔ مذکر ۔ گھونسا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ٭ **گھونسوں کا کیا اُدھار** ۔ مثل ۔ جرم کی سزا میں کیا دیر ۔ مار کا بدلا ٭ **گھونسوں لڑنا** ۔ مُکوں سے لڑنا ۔ ڈُک بازی کرنا ٭
گھونسلا (گھُو ۔ نس ۔ لَا) (ہ) مذکر (۱) پرندوں کا گھر ۔ آشیانہ ۔ آلنا (۲) جھونپڑا ۔ چھوٹا سا گھر ٭ **گھونسلا بنانا** (۱) پرندوں کا گھر یا آشیانہ ساخت کرنا (۲) چھوٹا سا گھر تعمیر کرنا ٭
گھونگا (گھُوں ۔ گَا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول ، جو نڈی کی مانند سیپی اور سنکھ کی قسم سے ہے ۔ گوشِ ماہی ٭ **گھونگھی** ۔ مؤنث (۱) مٹی کا پکایا ہوا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا ، جو کھپروں کے درمیان کھپریل میں رخنہ بندی کرنے کے لیے رکھا جاتا ہے (۲) ایک کیڑا ٭
گھونگٹ (گھُو نگ ۔ گَٹ) (ہ) مذکر (۱) چادر کا مُنہ پر پڑا ہوا کپڑا ۔ پردہ ۔ نقاب ۔ برقع (۲) حجاب ۔ روک ۔ دروازے کی اندرونی دیوار (۳) لاج ۔ حیا ۔ شرم ۔ لحاظ ٭ **گھونگٹ اٹھانا** (۱) دلھن کا سامنے ہونا ۔ پردہ دور کرنا (۲) پردہ اونچا کرنا ٭ **گھونگٹ کرنا** (۱) پردہ کرنا ۔ دوپٹے سے مُنہ چھپانا (۲) شرم کرنا ۔ لحاظ کرنا (۳) گھوڑے کا اپنی گردن پیچھے کی طرف موڑنا ٭ **گھونگٹ کھانا** (۱) فوج یا لشکر کا مڑ جانا یا رخ بدلنا (۲) مُنہ موڑنا ۔ شکست کھانا ۔ بھاگ نکلنا ٭ **گھونگٹ کی دیوار** (۱) مؤنث ۔ پردے کی دیوار ۔ دروازے کے سامنے کی اندرونی دیوار ٭ **گھونگٹ نکالنا** ۔ مُنہ چھپانا ۔ پردہ کرنا ٭ **گھونگٹ والی** ۔ مؤنث (۱) برقع پوش عورت (۲) شرم والی ۔ حیا والی ۔ پردہ دار (۳) بنی ۔ دلھن ۔ عروس ٭
گھونگر (گھُو نگ ۔ گَر) (ہ) مذکر ۔ بالوں کا چھلّہ ٭ **گھونگر والے** ۔ یا ۔ **گھونگریالے بال** ۔ مذکر ۔ مڑے ہوئے بال ۔ پیچ در پیچ بال ۔ جعد ۔ مرغول ٭
گھی (گھی) (ہ) مذکر (۱) تایا ہوا مکھن ۔ روغن زرد (۲) ملائم ۔ نرم ٭ **گھی داغ کرنا** (۱) گھی کڑکڑانا ۔ گھی کا تڑکا لگانا ٭ **گھی سنوارے سالن اور بڑی بہو کا نام** ۔ مثل ۔ لذّت گھی سے درست ہوتی ہے اور نام پکانے والی کا ہوتا ہے ۔ کرے کوئی ، نام کسی کا ہو ٭

گھی کا کپّا لنڈھنا (ہ) (۱) روغنِ زرد کا اوندھا ہونا (۲) کسی بہت بڑے امیر، رئیس یا بادشاہِ وقت کا مرجانا ✦ گھی کہاں گیا کھچڑی میں۔ مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب اپنا مال اپنے ہی عزیز واقارب میں خرچ ہو، یا ایسا نقصان ہو، جس سے اپنوں کو فائدہ پہنچے۔ گویا ہمارا مال ہمارے ہی کام آیا۔ بعض "گھی کہاں گیا، کھچڑی میں اور کھچڑی کہاں گئی، پیاروں کے پیٹ میں" بھی بولتے ہیں ✦ گھی کھچڑی۔ گھلے مِلے۔ نہایت گہرے دوست۔ شیر وشکر ✦ گھی کھچڑی ہونا۔ گھل مِل جانا۔ نہایت میل ملاپ ہونا۔ شیر وشکر ہونا ✦ گھی کے چراغ جلانا (ں) (۱) مراد بر آنے کے وقت درگاہ وغیرہ پر چراغوں میں تیل کے بجائے گھی کی روشنی کرنا (۲) (مجازاً) بے حد خوشی منانا (۳) اس قدر دولت مند ہونا کہ تیل کے بجائے گھی کے چراغ جلیں ✦ گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں (ہ) اس چیز میں بہت گھی پڑا ہُوا ہے اور بے حد ذائقہ دار ہے ✦ گھی کے کُپّے سے جا لگنا (ہندو) کسی مال دار کے پاس رسائی ہو جانا ✦ گھی گھر پڑا مجھے روکھی ہی بھاتی ہے۔ مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں اپنی مجبوری اور شرمندگی کو چھپایا جائے۔ انگور کھٹّے ہوتے ہیں۔ اخ تھو ✦

گھیور۔ مذکر۔ ایک قسم کی مٹھائی، جو میدے اور گھی کی آمیزش سے تل کر بنائی جاتی ہے ✦

گھے (گھِے) (ف) دیکھیے "گا ہے" ✦

گھیا (گھِیَ۔یا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری ✦ گھیا ترئی یا۔ توری۔ مؤنث۔ ایک قسم کی لمبی ترکاری، جو کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ہے ✦ گھیا کش (ف) مذکر۔ دیکھیے "کدوکش" ✦

گھیاں (گھِیَ۔یاں) (ہ) مؤنث (پورب) ایک قسم کی لیس دار ترکاری، جو جڑ کی قسم سے ہوتی ہے۔ اردیاں ✦

گھیپنا (گھِیپ۔نا) (ہ) (پورب) (۱) متھنا۔ آمیز کرنا۔ خوب ملانا (۲) کھرچنا۔ چھیلنا ✦

گھیتلا (گھِیت۔لا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا زنانہ جوتا، جو آگے سے بہت مُڑا ہُوا ہوتا ہے۔ لمبی نوک کا چپٹا جوتا ✦

گھیر (گھیر) (ہ) مذکر (۱) دَور۔ محیط۔ گھیرا۔ گِردہ۔ گھماؤ۔ چکر (۲) دائرہ۔ حلقہ۔ صحن۔ احاطہ (۳) گھیرنا کا امر ✦ گھیر دار (ہ) دَوردار۔ کشادہ۔ فراخ۔ ڈھیلا ڈھالا ✦ گھیر گھار کر لانا (ہ) ہر طرف سے سمیٹ سماٹ کر ایک جگہ لانا۔ چاروں طرف سے اکٹھا کرکے لانا ✦ گھیرا۔ مذکر (۱) دائرہ۔ حلقہ۔ گردہ (۲) چکر۔ محیط۔ باڑ (۳) چار دیواری۔ فصیل۔ حصار (۴) محاصرہ۔ نرغہ ✦ گھیرا ڈالنا۔ چاروں طرف سے گھیر لینا۔ محاصرہ کرنا۔ حلقہ کر لینا ✦ گھیرنا (۱) محصور کرنا۔ احاطہ کرنا (۲) چار دیواری بنانا۔ باڑ لگانا۔ جنگلا لگانا (۳) روکنا۔ بند کرنا (۴) جکڑنا، پکڑنا ✦

گہیرا (گھِیَ۔را) (ہ) مذکر (۱) ایک چھوٹا سا زہریلا کیڑا، جو مٹیالے رنگ کا ہوتا اور اکثر جنگلوں یا کھنڈروں میں بِل بنا کر رہتا ہے (۲) ایک قسم کا بے حد زہریلا گرگٹ ✦

گھیرنی (گھیر۔نی) (ہ) مؤنث۔ چرخہ چلانے کا ہتّھا ✦

گھیڑا (گھِے۔ڑا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی رہن، جس میں زمین بطورِ امانت رکھی جائے اور سود قابلِ ادا ہو ✦

گھیکوار۔ گھیگوار (گھی۔کوار، گھی۔گوار) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا پودا، جس کے کناروں پر کانٹے ہوتے ہیں اور پٹھوں میں لیس۔ یہ اکثر دواؤں میں کام آتا ہے ✦

گھینٹ (گھینٹ) (ہ) مذکر (پورب) گلا۔ حلق۔ گلو ✦

گھینٹا (گھیں۔ٹا) (ہ) مذکر۔ سؤر کا بچہ۔ بچۂ خوک ✦

گھینگا۔ گھینگھا (گھیں۔گا، گھیں۔گھا) (ہ) مذکر۔ گلے کا ایک مرض، جس سے گلا پھولا رہتا ہے۔ گلھڑ ✦

گ۔ی

گئو (گَئو) (س) مؤنث۔ گائے۔ بقر ✦ گئو پال۔ گوپال۔ مذکر (۱) گایوں کے پالنے والا۔ گوالا (۲) کرشن جی کا لقب ✦ گئو دان (ہ) مذکر۔ گائے کو خیرات کرنا ✦ گئو رس (س) مذکر (۱) دودھ (۲) دہی (۳) لسّی۔ چھاچھ ✦ گئو سالہ (شالہ) (ہ) مذکر۔ گایوں کے رہنے کی جگہ ✦ گئو گھاٹ۔ مذکر۔ دریا یا تالاب کا وہ مقام، جو مویشیوں کے پانی پینے کے لیے بنایا جاتا ہے ✦ گئو مکھی۔ مؤنث (۱) بانات وغیرہ کی وہ تھیلی، جس میں ہندو لوگ مالا ڈال کر جپ کرتے ہیں (۲) ہمالہ پہاڑ کی ایک کھوہ، جہاں سے گنگا نکلتی ہے ✦ گئو ہتیا۔ مؤنث۔ گائے کے ذبح کرنے یا مارنے کا پاپ ✦

گئی (گَئی) (ہ) (۱) مؤنث۔ تغافل۔ درگزر (کرنا کے ساتھ) (۲) گیا کی تانیث (۳) گزری ہوئی ✦ گئی بو بودار کی اور رہی کھال کی کھال (ں) مثل۔ عزت یا دولت کھو کر جیسے تھے، ویسے ہی رہ گئے ✦ گئی کرنا (ہ) (۱) جان کر ٹالنا۔ چشم پوشی کرنا۔ درگزر کرنا (۲) کوتاہی کرنا۔ کمی کرنا (۳) برداشت کرنا۔ سہارنا۔ صبر کرنا (۴) چوکنا۔ غفلت کرنا ✦ گئی گزری (۱) بے وقعت۔ حقیر۔ ناچیز (۲) پرائی۔ بھولی ہوئی ✦

گئے (گَئے) (ہ) گیا کی جمع ✦ گئے بیچارے روزے رہے ایک کم تیس (ں) مثل۔ جب پہلا روزہ رکھ لیا تو باقی کے رکھے برابر سمجھو۔ جب ایک مشکل کام کا کوئی حصّہ کر لیا تو وہ آسان نظر آنے لگا ✦ گئے تھے روزے چھڑانے نماز گلے پڑی، گئے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے۔ ایک کام سے عذر کیا، دوسرا کام اَور سپرد ہُوا۔ اُلٹے لینے کے

دینے پڑ گئے * گئے درجے (ع) کم سے کم ۔ آخر کار ۔ گئے وہ دن (ہ) دیکھیے "وہ دن گئے" * گئے وہ دن کہ خلیل خاں فاختہ اُڑایا کرتے تھے (ا) مثل ۔ دیکھیے "وہ دن گئے کہ خلیل خاں......"

گ ۔ ی ۔ ے

گی (گِی) (ف) حاصل مصدر کی علامت، جیسے تابندگی *

گیا (گَیا) (س) مؤنث ۔ ہندوؤں کا ایک مشہور تیرتھ، جو صوبہ بہار میں واقع ہے * گیا وال (ہ) مذکر (۱) گیا کے مندر کا پجاری (۲) گیا کا بنا ہوا (۳) گیا کا رہنے والا *

گیا (گَیا) (ہ) (۱) گزشتہ ۔ رفتہ ۔ اگلا ۔ سابقہ ۔ ماضی (۲) چلا گیا ۔ رفت (۳) بیتا ۔ گزرا ۔ جاتا رہا * گیا بیتا (۱) پچھلا ۔ گزرا ہوا (۲) (ہندی رعی) ناکارہ ۔ نکما ۔ بے کار ۔ ناقابل استعمال (۳) بُرا ۔ خراب * گیا گزرا (ہ) (۱) رفتہ و گزشتہ ۔ گزرا ہوا (۲) مفقود ۔ معدوم (۳) بے کار ۔ نکما ۔ ناکارہ (۴) بُرا ۔ خراب (۵) بُزدل ۔ کم حوصلہ (۶) ناتواں (۷) بے حد کمزور (۸) بے قدر ۔ ناچیز ۔ بے غیرت ۔ بے حیا ۔ بے شرم (۸) بدچلن ۔ نالائق (۹) قلاش ۔ غریب ۔ مفلس (۱۰) ناقابل وصول ۔ بٹے کھاتے (۱۱) برباد ہو گیا ۔ تباہ ہو گیا * گیا گوایا (ہ) جو گزر چکا ہو ۔ گزرا اور بیتا ہوا * گیا وقت (ہ) (۱) وہ وقت جو گزر چکا ہو ۔ وقت گزشتہ (۲) خوشی کا گزرا ہوا زمانہ * گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں ۔ گزرا ہوا وقت دوبارہ نہیں مل سکتا جو موقع ہاتھ سے نکل جائے پھر میسر نہیں آتا ۔ فرصت کو غنیمت سمجھو *

گیابھ (گَیا بھ) (ہ) مذکر ۔ گابھ ۔ حیوانوں کا حمل * گیابھ ڈالنا (۱) پیٹ گرانا ۔ حمل گرانا (۲) خوف کے مارے وقت سے پہلے بچہ جن دینا (۳) بے حد رعب ماننا ۔ نہایت ڈرنا * گیابھن ۔ گیابھنی (گنوار) پیٹ والی ۔ حاملہ ۔ یہ لفظ صرف حیوانات کے لیے مخصوص ہے *

گیارہ (گیا ۔ رَہ) (ہ) ایک اور دس ۔ دہ و یک ۔ یازدہ ۔ ۱۱ * گیارھواں ۔ دسویں کے بعد کا ۔ یازدہم * گیارھویں ۔ مؤنث ۔ حضرت غوث الاعظم کی نیاز، جو ۱۱ ۔ ربیع الآخر کو دی جاتی ہے ۔ بعض لوگ ہر مہینے کی گیارھویں تاریخ کو دیتے ہیں *

گیان (گیا ن) (س) (۱) علم ۔ دانش ۔ واقفیت (۲) سمجھ ۔ دانائی ۔ فہم عقل (۳) عرفان ۔ علم معرفت ۔ علم الٰہی * گیان چرچا ۔ مذکر ۔ علمی یا مذہبی ذکر اذکار ۔ علمی یا دینی مباحثہ * گیان چوسر (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی چوسر، جو کاغذ پر چھپی ہوئی ہوتی ہے اور پانچ یا سات کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے * گیان وان ۔ گیانی (س) پُروان ۔ عالم ۔ فاضل ۔ عارف *

گیاہ (گِیاہ) (ف) مؤنث (۱) ہری گھاس (۲) خشک گھاس ۔ کاہ *

گیپا (گِی ۔ پا) (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا پلاؤ * گیپائی ۔ مذکر ۔ گیپا بیچنے والا *

گیت (گیِت) (ہ) مذکر ۔ بھجن ۔ راگ ۔ سرود ۔ گانا ۔ ہندی کی نظم * گیت گانا (کنایۃً) تعریف کرنا *

گیتا (گی ۔ تا) (ہ) مؤنث ۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں معرفت الٰہی کا ذکر ہے *

گیتی (گی ۔ تی) (ف) مؤنث ۔ جہان ۔ دنیا ۔ عالم ۔ جگ ۔ سنسار ۔ زمانہ * گیتی آرا (۱) دنیا کو آراستہ کرنے والا (کنایۃً) بادشاہ (۲) نہایت حسین ۔ جہاں آرا (۳) بصرہ کا ایک دل کش پھول، جس کی خوشبو مرجھانے کے بعد بھی مشک کی مانند ہوتی ہے (۴) زنانہ نام * گیتی افروز (۱) دنیا کو روشن کرنے والا ۔ عالم تاب (۲) مذکر ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ خورشید *

گیٹس (گے ۔ ٹس) (دھندم دانگ ۔ گارٹر Garter) (۱) موٹے کپڑے یا چمڑے کی پٹی، جو اکثر سوار لوگ پنڈلیوں پر بٹنوں یا بندوں سے کس لیتے ہیں (۲) ربڑ یا سوت کا فیتہ، جو موزوں پر چڑھایا جاتا ہے تاکہ وہ نیچے کو اتر نہ سکیں *

گیدڑ (گی ۔ دڑ) (ہ) مذکر ۔ کتے سے چھوٹا ایک درندہ ۔ شغال؛ (لکھنؤ میں گیدر بولتے ہیں) * گیدڑ اچھلا اچھلا، جب انگور کے خوشے تک نہ پہنچا تو کہا آخ تھو کھٹے ہوتے ہیں (۱) مثل ۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص کسی شے کے حصول میں بہت سے جتن کر کے بھی ناکام رہے اور اپنی شرمندگی کا خیال نہ کر کے دل کی تسلی یا شیخی کے باعث قائل نہ ہونے کے لیے کہہ دے کہ وہ شے ہی کام کی نہ تھی * گیدڑ اَوروں کو شگون بتاتے، آپ اپنی گردن کتوں سے تڑواتے ۔ مثل ۔ اپنی خبر نہیں، اَوروں کو شگون بتاتے پھرتے ہیں * گیدڑ بولنا (ہ) (۱) گیدڑوں کا بھونکنا (۲) کسی کام کی ابتدا پر گیدڑوں کا بولنا منحوس سمجھا جاتا ہے ۔ بدشگونی کی علامت ظاہر ہونا ۔ شگون بد ہونا (۳) غیر آباد ہونا ۔ ویران ہونا ۔ اجڑنا * گیدڑ بھبکی ۔ مؤنث ۔ گیدڑ کی طرح غرا کر حملہ کرنے کا ڈراوا ۔ بے اثر دھمکی یا ڈراوا ۔ دکھاوے کی گھڑکی * گیدڑ جب جھیرے میں گرا تو کہا آج یہیں مقام ہے (۱) مثل ۔ جب کوئی شخص کسی تدبیر یا ارادے میں کامیاب نہیں ہوتا یا بے وقوفی سے کسی مصیبت میں پھنس جاتا ہے اور اسے ناکامی یا بے وقوفی نہیں سمجھتا تو اس کے چھیڑنے کو یہ کہاوت بولی جاتی ہے * گیدڑ کی کم بختی آئے تو گاؤں کو بھاگا جائے ۔ مثل ۔ جب بُرے دن آتے ہیں تو تدبیریں بھی الٹی سوجھتی ہیں *

گیدی (گے ۔ دی) (ف) (۱) بے حمیت ۔ بے غیرت ۔ بے عزت (۲) (مجازاً) دیّوث ۔ بھڑوا (۳) ہیجڑا ۔ نامرد (۴) بزدل (۵)

بے وقوف ۔ نادان ۔ احمق ٭ **گیدی خر** ۔ گدھا ۔ اُلّو ۔ خر ۔ نا شخص ۔ بہت بڑا بے وقوف ٭

گیر (گِیر) (ف) گرفتن کا امر ۔ پکڑ لے ٭ **گیر و دار** ۔ مؤنث (۱) پکڑ دھکڑ ۔ جنگ و جدال ۔ لڑائی بھڑائی (۲) شان و شکوہ ۔ حکم رانی ۔ حکومت ٭

گیرائی ۔ مؤنث (۱) پکڑ ۔ گرفتگی (۲) ٹھگی کا محکمہ (۳) خفیہ پولیس کا محکمہ ٭

گیرنا (گیر۔ نا) (ہ) (ہندو) (۱) گرانا (۲) سانا ۔ لگانا (۳) تیار کرنا ۔ بنانا ٭

گیرو (گے ۔ رُو) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی لال مٹی ۔ گل ارمنی (پ) گیری ٭

گیروا ۔ گیرو کے رنگ کا ۔ سرخ رنگ کا ۔ گہرا گلابی ٭

گیرڑی (گے ۔ رڑی) (ہ) مؤنث ۔ وہ لکڑی ، جس سے لڑکے اس طرح کھیلتے ہیں کہ ایک لکیر کھینچ کر اس سے کچھ فاصلے پر لکڑی رکھتے ہیں اور دوسرا لڑکا اس پر اپنی لکڑی کی چوٹ لگا کر لکیر سے پار کر دینے کی صورت میں جیت لیتا ہے ٭ **گیرڑیاں** ۔ مؤنث ۔ گیرڑی کی جمع ۔ کھیلنے کی بہت سی لکڑیاں ٭ **گیرڑیاں کھیلنا** ۔ لکڑیوں سے کھیلنا ٭

گیس (گَیس) (انگ ۔ Gas) مؤنث (۱) ہوا (۲) روشنی دینے والا دھواں ، بیشتر کوئلے یا ہڈیوں سے پیدا ہوتا ہے ٭

گیسو (گے ۔ سُو) (ف) مذکر (۱) سر کے لمبے بال ، جو دونوں طرف ہوتے ہیں ۔ زلف ۔ کاکل ۔ لٹ ٭

گیگلا (گیگ ۔ لا) (ہ) بھولا ۔ سادہ لوح ۔ مورکھ ۔ احمق ٭ **گیگلاپن** ۔ مذکر ۔ سادہ لوحی ۔ بھولاپن ۔ بے وقوفی ۔ حماقت ٭ **گیگلی** ۔ مؤنث ۔ پھوہڑ ۔ بے تمیز عورت ۔ احمق ٭

گیل (گَیل) (ہ) مؤنث (۱) راہ ۔ راستہ ۔ سڑک ۔ باٹ ۔ پٹیا ۔ پگ ڈنڈی (۲) کیلوں کا گچھا (۳) سنگ ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ٭ **گیل جانا** ۔ ساتھ جانا ۔ ہمراہ جانا ٭ **گیل گیل** ۔ ہمراہ ۔ ساتھ ساتھ ٭ **گیل لگے پھرنا** ۔ پیچھے پیچھے پھرنا ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔ ہمراہ رہنا ۔ ساتھ ساتھ رہنا ٭

گیلا (گی ۔ لا) (ہ) بھیگا ہوا ۔ نم ۔ تر ٭ **گیلا کرنا** ۔ نم کرنا ۔ بھگونا ۔ تر کرنا ٭ **گیلا ہونا** ۔ تر ہونا ۔ بھیگنا ۔ نم ہونا ۔ **گیلی** ۔ گیلا کی تانیث ٭ **گیلی لکڑی سیدھی ہو سکتی ہے** ۔ مثل ۔ بچے کی تربیت ہو سکتی ہے ٭

گیلان (گی ۔ لان) (ف) مذکر (۱) عراق کے شمال میں ایک صوبہ (۲) بغداد کے پاس ایک گاؤں ٭

گیلری (گیل ۔ ری) (انگ ۔ Gallery) (۱) گرجے ، ہال ، مکان یا تھیٹر میں بیٹھنے یا گزرنے کی اونچی جگہ (۲) تصویر خانہ ٭

گیلڑ (گے ۔ لڑ) (ہ) پہلے خاوند کا وہ بچہ ، جو عورت اپنے ساتھ دوسرے خاوند کے ہاں لائی ہو ۔ ساتھ کا بچہ ٭

گیلن (گے ۔ لن) (انگ ۔ Gallon) مذکر ۔ سیال یا رقیق اشیا کے ماپنے کا آلہ ، جو دو سیر دس چھٹانک کے برابر ہوتا ہے ٭

گیلی (گی ۔ لی) (ف) گیلان کا رہنے والا ٭

گیم (گیم) (انگ ۔ Game) مذکر ۔ کھیل ، شکار وغیرہ ٭

گینا (گے ۔ نا) (ہ) مذکر ۔ چھوٹے قد کا بیل ٭ **گینی** ۔ مؤنث ۔ چھوٹے قد کی فربہ گائے ٭

گینتی (گین ۔ تی) (ہ) مؤنث ۔ زمین کھودنے کا ایک نوک دار آہنی اوزار ۔ کدال ٭

گینجنا (گینج ۔ نا) ہاتھ سے مل دل ڈالنا ٭

گینڈ (گینڈ) (ہ) مذکر (ہندو) ہاتھی ۔ فیل ۔ گج ٭

گیند (گیند) (ہ) (لکھنؤ میں مذکر ، دہلی میں مؤنث) (۱) چمڑے ، کپڑے یا ربڑ کا وہ گولا ، جس سے لڑکے کھیلتے ہیں (۲) وہ گیند ، جو میدان جنگ میں روشن کرتے ہیں ٭ **گیند بلا** ۔ مذکر ۔ ڈنڈے اور گیند کا کھیل ۔ کرکٹ ٭

گیندا (گیں ۔ دا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا زرد پھول اور اس کا پودا ۔ گل صد برگ ٭

گیندوا (گیند ۔ وا) (ہ) مذکر (۱) تکیہ (۲) پیٹ میں پیدا ہو جانے والا ایک کیڑا (۳) دیکھیے گیندا ٭

گینڈا (گیں ۔ ڈا) (ہ) مذکر ۔ بھینسے کے برابر ایک بڑا قوی چوپایہ ، جس کی کھال سے ڈھال بنائی جاتی ہے ۔ کرگدن ٭

گینڈلی (گینڈ ۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) سوت کا لچھا ۔ سوت کی انٹی ۔ لچھی (۲) سانپ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا ۔ کنڈلی ٭

گینگٹا (گینگ ۔ ٹا) (ہ) مذکر (پورب) کیکڑا ۔ سرطان ۔ کرک ٭

گیو (گیو) (ف) مذکر (۱) ایک پہلوان ، جو گودرز کا بیٹا تھا (۲) بہادر ٭

گیہان (گے ۔ ہان) (ف) مذکر (۱) جہان (۲) زمانہ ٭ **گیہان خدیو** ۔ مذکر ۔ جہان کا بادشاہ ۔ خداوند ٭

گیہواں (گے ۔ ہواں) (ہ) گیہوں کے رنگ کا ۔ گندمی ٭

گیہوں (گے ۔ ہوں) (ہ) مذکر ۔ گندم ۔ کنک ۔ ایک غلہ ٭ **گیہوں کی بال نہیں دیکھی** ۔ گھر سے باہر بالکل قدم نہیں نکالا ۔ یہ بھی معلوم نہیں کہ گیہوں کا پودا اور اس کی بال کیسی ہوتی ہے ۔ از حد ناتجربہ کار اور نادان ہے ٭ **گیہوں کی روٹی کو فولادی پیٹ چاہیے** (۱) مثل ۔ نعمت کھا کر پچانے کو بھی حوصلہ چاہیے ٭ **گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے** (ہ) گنہگار کے ساتھ بے گناہ ساتھی بھی گرفتار یا بلا ہو جاتا ہے ۔ برے کے ساتھ اچھا بھی دھرا جاتا ہے ۔ امیروں کے ساتھ غریبوں کی بھی شامت آجاتی ہے ٭

ل

ل (لام) (ع) مذکر - اردو کا تیسواں، فارسی کا ستائیسواں اور عربی کا تیئیسواں حرف - ابجد کے حساب سے اس کے تیس عدد شمار ہوتے ہیں ٭

ل - ا

لآلی (لَ - آ - لِیْ) (ع) مذکر - لؤلؤ کی جمع - موتی ٭
لا (لَا) (ہ) لانا کا امر (واحد حاضر) ٭ لانا (۱) لے آنا (۲) پیش کرنا - حاضر کرنا - سامنے کرنا (۳) برپا کرنا - اٹھانا (۴) خریدنا - مول لینا ٭ لاؤ - لانا کا امر (جمع حاضر) ٭ لاؤں - لے آؤں - حاضر کروں - خریدلوں ٭ لائی - لانا سے ماضی مطلق (واحد غائب مؤنث) ٭
لا (لَا) (ع) کلمۂ نفی (۱) بغیر (۲) نہ - نہیں ٭ لاابالی (۱) (ع) (لغوی) نہیں پروا نہیں کرتا (۲) (ف) بے باک - بے پروا (۳) (ف) دلیر - نڈر (۴) رند مشرب - لامذہب (۵) بے شرم - شوخ ٭ لاابالی کارخانہ (ف) مذکر - از حد بے انتظامی ٭ لااعلم (ع) مجھے معلوم نہیں ٭ لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ - مذکر (کلمۂ طیب) خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد (صلعم) اس کے بھیجے ہوئے رسول ہیں ٭
لابُد (عربی میں دال کی تشدید سے ہے، اردو میں تخفیف سے مستعمل ہے ٭) (۱) قطعی - یقیناً - بے شک (۲) مجبوراً ٭ لابُدی - یقینی - ضروری ٭ لاپروا (ف) (غلط، بے پروا صحیح) (عوام) بے پروا ٭ لاپروائی (ف) مؤنث (عوام) بے پروائی - غفلت، بے خوفی ٭ لاتحصیٰ (ع) بے حساب - بے شمار ٭ لاتعَدّ (عربی میں دال کی تشدید سے) اَن گنت ٭ لاتعداد - بے شمار ٭ لاثانی - بے نظیر - بے مثل - فرد - یکتا - یگانہ ٭ لاجرعہ - گھونٹ کے بغیر - ڈگڈگا کر ایک ہی سانس میں پی جانا ٭ لاجرَم (۱) بے شک (۲) مجبوراً - لابد ٭ لاجواب (۱) چپ - خاموش (۲) (ف) یکتا - بے مثل - بے نظیر (۳) عاجز - مغلوب (۴) جھوٹا ٭ لاجواب کردینا (ف) جواب نہ بننے دینا - ہرا دینا - تھکا دینا - بند کر دینا ٭ لاچار (غلط، صحیح ناچار) (عوام) (۱) لاعلاج - ناچار (۲) محتاج (۳) مفلس - غریب (۴) معذور (۵) تھک کر - ہار کر - مجبور ہو کر ٭ لاچار ہونا (۱) لاعلاج ہونا (۲) مجبور ہونا (۳) عاجز ہونا - تھکنا - ہارنا (۴) محتاج ہونا (۵) تنگ دست اور مفلس ہونا ٭ لاچارگی - مؤنث (۱) ناچاری - مجبوری (۲) مفلسی - غریبی - محتاجی ٭ لاچاری - مؤنث (۱) مجبوری - ناچاری (۲) عاجزی (۳) مفلسی - محتاجی (۴) مصیبت ٭ لاچاری پربت سے بھاری - مثل - درماندگی پہاڑ سے بھی زیادہ بھاری ہے ٭ لاحاصل (ع) فضول - بے فائدہ - بے کار - نکما ٭ لاحل - جو حل نہ ہو سکے - دقیق - کٹھن - دشوار - مشکل ٭ لاحَوْل (۱) (ع) قدرت نہیں (۲) (ف) مؤنث - نفرت اور حقارت کے اظہار کا کلمہ (۳) شیطان کے بھگانے اور بھوت پریت دفع کرنے کا کلمہ (۴) بری بات پر افسوس ظاہر کرنے کا کلمہ ٭ لاحول بھیجنا (ف) (۱) لعنت کہنا - نفرت ظاہر کرنا - پروا نہ کرنا - خیال نہ کرنا (۲) شیطان سے بچانے کی دعا کرنا ٭ لاحول پڑھنا - شیطان یا بھوت پریت کے بھگانے کو لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنا ٭ لاحول ولاقوۃ (ع) اظہار نفرت و بیزاری کے وقت کہتے ہیں ٭ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ - مؤنث - کسی کو کوئی قدرت اور طاقت حاصل نہیں، لیکن خدائے بزرگ و بلند کو سب کچھ حاصل ہے - شیطان یا بھوت پریت بھگانے اور وہم و وسواس دور کرنے کی غرض سے پڑھتے ہیں ٭ لاخراج - وہ، جس پر سرکاری محصول نہ ہو - معافی ٭ لادعویٰ - مذکر - بے تعلق ہونے کی سند - فارغ خطی، دست برداری ٭ لادعویٰ دینا (لکھنا) (ف) کوئی حق یا دعویٰ چھوڑ دینا ٭ لادَوَا (ع) جس کی دوا نہ ہو سکے، لاعلاج ٭ لاریب - بے شک - بے شبہہ - تحقیق - یقیناً ٭ لازوال - جسے زوال نہ ہو - غیر فانی - قدیم - ازلی - ابدی ٭ لاطائل - بے سود - بے فائدہ - لاحاصل ٭ لاعلاج (۱) لادوا - جس کا علاج نہ ہو سکے (۲) ناچار ٭ لاعلم - کسی بات کا نہ جاننے والا - جسے معلوم نہ ہو - بے علم ٭ لاعلمی - مؤنث - کسی بات کا علم نہ ہونا - بے خبری ٭ لَافَتیٰ اِلَّا عَلِی لَاسَیْفَ اِلَّا ذُوالْفَقَار - مثل (حضرت) علی کے سوا کوئی بہادر نہیں اور ذوالفقار کے سوا کوئی تلوار نہیں (حدیث شریف) ٭ لاکلام (۱) وہ بات، جس میں کچھ جائے گفتگو نہ ہو (۲) یقیناً - بے شبہہ - البتہ - ضرور ٭ لامحالہ (۱) ناچار (۲) یقیناً - بالضرور ٭ لامذہب - جس کا کوئی مذہب نہ ہو - بے ایمان - بے دین - دہریہ ٭ لامکان - مذکر - وہ مکان، جس میں مکانیت کی تشخیص نہ ہو، عالم قدس، اللہ تعالیٰ کی تعریف کا کلمہ ٭ لامکان پرواز (بشیر) (ف) عالم بالا تک پہنچنے والا ٭ لاوارث - وہ مال یا شخص، جس کا کوئی وارث نہ ہو - وہ شے، جس کا کوئی مالک یا حق دار نہ ہو ٭ لاوارثی - وہ مال، جس کا کوئی وارث نہ ہو ٭ لاوَلَد - جس کے

کوئی اولاد نہ ہو۔ بے اولاد ✤ **لایزال** - بے زوال۔ ہمیشہ رہنے والا۔ دائمی۔ قدیم۔ اللہ تعالیٰ کی صفت میں کہتے ہیں ✤ **لایعقل**۔ بے عقل۔ نادان۔ بے وقوف ✤ **لایعلم** - بے علم۔ جاہل۔ یہ دونوں حیوانوں کی صفت میں مستعمل ہیں ✤ **لایعنی** - لغو۔ بیہودہ، بے نتیجہ، بے فائدہ، لاحاصل، فضول ✤ **لایموت** (۱) نہ مرنے والا۔ غیر فانی (۲) وہ خوراک، جو صرف زندگی قائم رکھنے کے لیے کافی ہو ✤

لا (لَا) (انگ۔ Law) مذکر۔ قانون۔ قاعدہ۔ ضابطہ ✤ **لابک** (Law Book) مؤنث۔ وہ کتاب، جس میں قانونی باتیں درج ہوں۔ کتاب قوانین ✤

لابہ (لَا۔ بَہ) (ف) مذکر (۱) خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق (۲) درخواست (۳) خواہش (۴) دعا (۵) طنز (۶) مذاق ✤

لابھ (لَابھ) (س) مذکر (۱) نفع۔ فائدہ (۲) تحصیل۔ حصول (۳) رشوت۔ بالائی آمدنی (۴) نجوم کا گیارھواں گھر (۵) حرص۔ طمع۔ لالچ۔ لوبھ ✤ **لابھ بنا نہیں ہر سکے** (ہ) مثل (۱) خدا کو بھی لالچ کے سوا کوئی نہیں پوجتا (۲) خدا کی امداد کے سوا کوئی کام بذات خود فائدہ نہیں پہنچا سکتا ✤

لات (لَات) (ہ) مؤنث۔ لت۔ ٹھوکر۔ پاؤں کی ضرب۔ لکد ✤ **لات مارنا** (۱) پاؤں کی ٹھوکر مارنا (۲) بے عزتی کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا (۳) چھوڑنا۔ ترک کر دینا۔ دست بردار ہونا۔ ہاتھ اٹھانا ✤ **لات مکی**۔ مؤنث۔ لاتوں اور مکوں سے مارنے کی لڑائی ✤ **لاتوں** - مؤنث۔ لات کی جمع حروفِ جار سے پہلے ✤ **لاتوں کے بھوت (دیو) باتوں سے نہیں مانتے** (۹) مثل۔ کمینہ جوتیاں کھائے بغیر سیدھا نہیں ہوتا ✤ **لاتیں** - مؤنث۔ لات کی جمع ✤

لات (لَات) (ع) مذکر۔ عرب کے اُن تین مشہور بتوں میں سے ایک، جن کی پرستش زمانۂ جاہلیت میں ہوتی تھی ✤

لاٹ (لَاٹ) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا بہت اونچا مینار۔ لاٹھ (۲) لَو۔ شعلہ ✤

لاٹ (لَاٹ) (مہند) (انگ۔ لارڈ Lord) مذکر (۱) خداوند۔ صاحب۔ آقا۔ مالک۔ امیر (۲) ملک کا حاکم (۳) ایک قسم کا اعزازی خطاب (۴) وہ بشپ، جو پارلیمنٹ کا ممبر ہو (۵) گورنر۔ لفٹنٹ گورنر۔ صوبے کا حاکم ✤ **لاٹ پادری** (۱) مذکر۔ بڑا پادری۔ صوبے کا سب سے بڑا پادری ✤

لاٹ (لَاٹ) (مہند) (انگ۔ لَوٹ Lot) مذکر۔ ڈھیر۔ چیزوں کا انبار۔ ٹھوک ✤

لاٹری (لَاٹ۔ رِی) (انگ۔ Lottery) مؤنث۔ ایک قسم کی قرعہ اندازی۔ جوئے کی ایک قسم ✤

لاٹھ (لَاٹھ) (ہ) مؤنث (۱) کھمبا۔ ستون۔ تھم (۲) کولھو کی موٹی اور لمبی لکڑی (۳) موگری۔ دستہ۔ موسل (۴) چرخی کی سب سے لمبی اور بیچ کی کھونٹی ✤ **لاَٹھی** (ہ) مؤنث۔ ہاتھ کی لکڑی۔ عصا۔ جریب ✤ **لاٹھی پاٹھی** (۹) مؤنث۔ زدوکوب۔ مارپیٹ ✤ **لاٹھی پونگا**۔ مذکر (۱) لاٹھی اور سونٹا۔ لٹھ اور بانس (۲) لٹھم لٹھا، جوتی پیزار۔ مارپیٹ ✤ **لاٹھی پونگا کرنا**۔ لٹھم لٹھا ہونا۔ جوتی پیزار ہونا ✤ **لاٹھی ٹوٹے نہ باسن پھوٹے**۔ مثل۔ اس طرح کام لینا کہ کسی کا نقصان نہ ہو۔ نرمی سے کام لینا ✤ **لاٹھی کٹار سے بھینٹ نہیں، جھوٹوں باپ رے باپ**۔ مثل (پوربی) ابھی تک لاٹھی کا تو سامنا نہیں ہوا اور باپ کو پکارنا شروع کر دیا۔ ناحق کا واویلا ✤ **لاٹھی کے ہاتھ، مال گزاری بے باقی** (۹) مثل۔ مار دھاڑ سے حساب جلد بے باق ہوتا ہے ✤ **لاٹھی لٹھول** (ہ) مؤنث۔ زدوکوب، مارپیٹ۔ جوتی پیزار ✤ **لاٹھی مارے پانی جدا نہیں ہوتا** (۹) مثل۔ رشتہ داروں یا بھائی بندوں میں بہکانے سکھانے سے فرق نہیں پڑ سکتا ✤ **لاٹھی ہاتھ کی بھائی ساتھ کا** (ہ) مثل۔ جو چیز ساتھ ہو، اسی کا بھروسا ہوتا ہے ✤

لاج (لَاج) (ہ) مؤنث (۱) حیا۔ شرم۔ شرمندگی۔ عار۔ ننگ۔ غیرت (۲) آبرو۔ عزت ✤ **لاج رکھنا**۔ شرم رکھنا۔ عزت بچانا۔ آبرو نہ بگڑنے دینا ✤ **لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری** (۹) مثل۔ جہاز اپنی جگہ سے ہل سکتا ہے، مگر لحاظ والی آنکھ سے بے شرمی نہیں اٹھائی جاتی۔ عزت اور شرم کے مارے بدلحاظی نہ کرنے کے محل پر کہتے ہیں ✤ **لاجونتی** (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) غیرت مند۔ شرم والی (۲) باعصمت۔ پاک دامن ✤ **لاجوں مرنا**۔ شرم کے مارے زمین میں گڑ جانا ✤

لاج (لَاج) (مہند) (انگ۔ لَوْج۔ Lodge) مؤنث۔ منزل۔ عمارت۔ مکان ✤

لاجورد (لَاج۔ وَرْد) (ف) مذکر (۱) ایک نیلا چمکیلا پتھر (۲) نیل ✤ **لاجوردی**۔ لاجورد کے رنگ کا۔ نیلا ✤

لاحق (لَا۔ حِق) (ع) ملا ہوا۔ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔ وابستہ۔ پیوستہ۔ ملحق ✤ **لاحق ہونا** (۹) (۱) ملنا۔ وابستہ ہونا۔ لپٹنا۔ چمٹنا (۲) کوئی بیماری لگنا ✤ **لاحقہ** (ع) پیچھے لگا ہوا۔ ملحق۔ وابستہ ✤

لاد (لَاد) (ہ) لادنا کا امر ✤ **لاد چلنا**۔ کوچ کرنا۔ بستر بوریا سمیٹ کر رخصت ہونا ✤ **لاد دے لدا دے، لدانے والا ساتھ دے**۔ مثل۔ چیز بھی دے، اسے لدا بھی دے اور ایک آدمی بھی دے جو جا کر اتروا دے۔ یعنی ہم سے کچھ نہ ہوگا، جو کچھ بھی کرنا ہے، آپ ہی کو کرنا چاہیے۔ جو شخص ہر طرح کا بوجھ دوسرے پر ڈال دے، اس کی نسبت کہتے ہیں ✤ **لادنا** (۱) بوجھ رکھنا۔ اسباب بھرنا (۲) بہت سا بوجھ

رکھ دینا ❊ لادی - مؤنث (۱) بوجھ - بوجھا - بھار (۲) دھوبیوں کی گٹھڑی ❊ لادیا - مذکر - بوجھ لادکر لے جانے والا - باربردار ❊

لاڈ (لاڈ) (ہ) مذکر - ناز، پیار، محبت، اخلاص ❊ لاڈ پیار - مذکر - اخلاص - پیار ❊ لاڈ لڈانا (ہندو) ناز و نعمت سے پالنا - چاؤ چوچلے میں پرورش کرنا ❊ لاڈا (۱) معشوق - پیارا (۲) ناز و نعمت سے پالا ہوا (۳) مذکر - عاشق (۴) دولھا ❊ لاڈا لاڈی - مذکر (۱) عاشق و معشوق (۲) دولھا دلھن - بنا بنی - لاڑا لاڑی ❊

لاڈلا - ناز و نعمت میں پرورش کیا ہوا - نازپروردہ - دُلارا - پیارا ❊ لاڈلا پوت کٹورے سے مُوتے - مثل - لاڈلا بیٹا کھانے کے بعد کٹورے میں پیشاب کر دیتا ہے - یعنی زیادہ پیار سے اولاد بے تمیز اور گستاخ ہو جاتی ہے ❊ لاڈلی - مؤنث - ناز و نعمت میں پلی ہوئی لڑکی - دُلاری - پیاری ❊ لاڈو - مؤنث (۱) لاڈلی (۲) عروس - دلھن ❊

لار (لار) (ہ) مؤنث (۱) صف - پَرا - قطار - اونٹوں کی قطار (۲) مُنہ کی رال - تھوک ❊

لارا (لا-را) (ہ) مذکر - بہانہ - حیلہ ❊ لارا لیری - مؤنث - ٹال مٹول، حیلہ حوالہ ❊ لارا لیری کا یار کبھی نہ اترے پار - مثل - جو شخص حیلے حوالے کے بھروسے پر رہے، اس کی امید کبھی پوری نہیں ہوتی ❊ لارا لیری لگانا - آج کل کرنا - ٹالنا - حیلہ حوالہ کرنا ❊

لارڈ (لارڈ) (انگ - Lord) مذکر - دیکھیے لاٹ (معنی ۲) ❊

لارڈ چانسلر (Lord Chancellor) مذکر - عدالتِ عالیہ کا میر مجلس - ادارۂ قانون کا حاکم اعلیٰ - چیف جج ❊

لاروا (لا-ر-وا) (انگ - Larva) مذکر - کیڑے کے انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت - جھانجھا ❊

لاری (لا-ری) (انگ - Lorry) مؤنث - ایک قسم کی گاڑی ❊

لاڑھیا (لا-ڑھیا) (ہ) (۱) بُری چیز کی تعریف کر کے اسے بکوا دینے والا - دلال (۲) دغاباز - فریبی - مکار ❊

لازم (لا-زِم) (ع) (۱) وابستہ - چپٹا ہوا - ملحق (۲) فرض - واجب - ضرور (۳) (صرف و نحو) وہ فعل، جو صرف فاعل ہی پر ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے (۴) (ل) ذمہ - تعلق ❊

لازم ملزوم (۱) ایک دوسرے سے وابستہ - ایک دوسرے کے متعلق (۲) (ل) ضرور - واجب ❊ لازمہ (ل) سامان - میل - جوڑ ❊ لازمی - لابدی - ضروری - واجب ❊

لاسا (لا-سا) (ہ) مذکر - ایک لیس دار مادہ، جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے ❊ لاسا لگانا (۱) جانوروں کے پکڑنے کو کسی شے پر چیپ دار مادہ لگانا (۲) دو شخصوں کو بھڑوانا - جھگڑا لگا دینا - (۳) چپکانا - پھنسانا ❊ لاسا ہو جانا ❊ چپک جانا ❊

لاسے پر لگانا (۱) ملانا - مانوس کرنا (۲) پار بنانا - گرویدہ بنانا ❊

لاشٹک (لاش-ٹک) (مہند) دیکھیے "ایلاشک" ❊

لاش (لاش) (ت) مؤنث - نعش - مردہ جسم - جنازہ - میت ❊

لاش پٹی (ل) مؤنث - خون یا سبب موت کی اطلاعی رپورٹ ❊

لاش پڑنا - مردہ ہو کر گرنا - ہلاک ہونا - مارا جانا ❊ لاش ڈالنا - مار کر ڈھیر کرنا - قتل کرنا - مار ڈالنا ❊ لاشہ (ف) مذکر - مردہ جسم - نعش - لاش ❊

لاطینی (لا-طینی) معرب (انگ - Latin) لیٹن - مؤنث - قدیم روما کی زبان - رومی زبان ❊

لاغر (لا-غَر) (ف) دُبلا - پتلا - نزار ❊ لاغری - مؤنث - دُبلاپن - ناتوانی - ناطاقتی - کمزوری ❊

لاف (لاف) (ف) مؤنث - ڈینگ - بڑائی - شیخی - خودستائی ❊

لاف زنی - مؤنث - تعلّی - خودستائی - شیخی ❊ لاف زنی کرنا - لاف مارنا (۱) ڈینگ مارنا - اترانا - شیخی بگھارنا ❊ لاف وگزاف (ف) مؤنث - تعلّی - شیخی - بیہودہ سرائی ❊

لاک (لاک) (انگ - Lock) مذکر - تالا - قفل ❊

لاکٹ (لا-کٹ) (انگ - Locket) مذکر (۱) تکمہ، گھنڈی، بُکُٹ (۲) ڈھولنا - تعویذ ❊

لاکھ (لاکھ) (ہ) مذکر (۱) سو ہزار کی تعداد - لکھ - ۱۰۰۰۰۰ (۲) بہت سے - بہتیرے - بے حد - بہت ❊ لاکھ لبوں سے (مجازاً) بے شبہہ - یقیناً - ضرور ❊ لاکھ پر بھاری ہے - غالب ہے، بہادر ہے، بے نظیر ہے، لاثانی ہے، کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا ❊

لاکھ جان (رجی) سے (ل) بہ دل و جان - نہایت شوق سے - ہزار جان سے ❊ لاکھ چوہے کھا کر بلی حج کو چلی - بے شمار گناہ کر کے توبہ کا ارادہ کیا ❊ لاکھ کا گھر خاک کر دینا (۱) ساری دولت و عزت خاک میں ملا دینا - بالکل تباہ و برباد کر دینا (۲) بنا بنایا کام بگاڑ دینا ❊ لاکھ لاکھ شکر - مذکر - خدا کا بے حد شکر ❊

لاکھ من کا ہونا (۱) بہت بوجھل اور بھاری ہونا (۲) صاحب عزت و وقار ہونا (۳) بھاری بھرکم ہونا ❊ لاکھ میں (۱) ہزاروں میں، سیکڑوں میں، بہتیروں کے سامنے (۲) بے شک - یقیناً - ضرور ❊ لاکھواں - لاکھ کی نسبت رکھنے والا ❊ لاکھوں - مذکر (۱) لاکھ کی جمع (۲) بہت سے - ہزاروں - سیکڑوں ❊ لاکھوں میں - دیکھیے "لاکھ میں" ❊

لاکھ (لاکھ) (ہ) مؤنث - ایک مشہور چیز، جسے پارسلوں وغیرہ پر لگا کر مُہر لگائی جاتی ہے ❊ لاکھا - مذکر (۱) لاکھ کا سرخ رنگ، جو عورتیں حُسن بڑھانے کے لیے ہونٹوں پر لگاتی ہیں (۲) (پ) لاکھی رنگ کا گھوڑا ❊ لاکھی (۱) لاکھ کا بنا ہوا (۲) لاکھ کے رنگ کا

گھوڑے کا ایک رنگ۔ سرخ ؂

لاگ (لَاگ) (ہ) مؤنث (۱) نسبت۔ علاقہ۔ تعلق (۲) لگن۔ محبت۔ اُنس (۳) چسکا۔ مزہ (۴) رغبت۔ شوق (۵) بَیر۔ دشمنی۔ عداوت (۶) طلسم۔ شعبدہ۔ کرتب (۷) منتر۔ جادو۔ ٹونا (۸) دارو۔ دوا (۹) مدد۔ سہارا ؂ **لاگ دار** (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ناتے والا۔ رشتہ دار (۲) بہن کا شوہر۔ بہنوئی (۳) یار۔ دوست۔ آشنا ؂ **لاگ ڈانٹ** (ہ) مؤنث۔ عناد۔ اَن بَن۔ عداوت۔ بُغض ؂ **لاگ رکھنا** (۱) تعلق رکھنا (۲) دشمنی رکھنا۔ عداوت رکھنا ؂ **لاگ کھلانا** (۱) کوئی جادو کی ہوئی چیز کھلانا (۲) جادو کرنا (۳) کُشتہ کھلانا ؂ **لاگ لپیٹ**۔ مؤنث (۱) پاس داری۔ طرف داری۔ حمایت (۲) فریب۔ مکر۔ دغا ؂ **لاگ لگنا** (۱) لگن ہونا۔ عشق ہونا (۲) اُمنگ ہونا۔ شوق ہونا (۳) نیا راستہ نکلنا (۴) ٹیکس لگنا ؂ **لاگ لگی تب لاج کہاں**۔ مثل۔ عشق کی لاگ لگ جائے تو شرم نہیں رہتی ؂ **لاگت**۔ مؤنث (۱) صرف۔ خرچ (۲) نرخ۔ بھاؤ۔ مول۔ قیمت ؂ **لاگت آنا۔ یا۔ بیٹھنا**۔ خرچ اٹھنا۔ خرچ ہونا۔ صرف بیٹھنا ؂ **لاگو** (۱) بسر۔ درپے (۲) آشنا۔ دوست۔ یار (۳) چاہنے والا۔ خواہش مند (۴) خبرگیر۔ ساتھی (۵) طرف دار (۶) گاہک۔ خریدار ؂ **لاگو ہونا** (۱) خواہش رکھنا۔ چاہنا۔ ہواخواہ ہونا (۲) گاہک ہونا۔ خریدار ہونا (۳) پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا (۴) شریکِ حال ہونا (۵) طرف دار ہونا۔ حامی ہونا (۶) واسطہ رکھنا۔ مطلب رکھنا ؂

لال (لَال) (ہ) (ع۱ سے ع۴ تک فارسی بھی ہے۔ ع۵ میں فارسی اور معرب۔ املا لعل ہے ؂) (۱) مذکر۔ سرخ رنگ (۲) ایک قسم کا نہایت قیمتی معدنی جوہر۔ لعل (۳) (صفت) سرخ۔ سُوہا۔ احمر (۴) (صفت) گُنگ۔ گونگا (۵) مذکر (ع) پیارا بچہ (۶) مذکر۔ ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ (۷) (مؤنث) (عوام) رال (۸) (صفت) دہکتا ہوا (۹) (صفت) نازپروردہ۔ پیارا۔ لاڈلا (۱۰) (س۔ تمنا رکھنے والا) ہندوؤں کے نام کا جزو جیسے رام لال (۱۱) (صفت) (کنایۃً) خشم ناک۔ غضب ناک۔ غصے میں بھرا ہوا ؂ **لال انگارا** (ہ) مذکر۔ آگ کا انگارا (۲) چُہچُہا۔ بے حد سرخ (۳) غصے میں بھرا ہوا ؂ **لال بجھکڑ** (ہ) مذکر۔ وہ احمق، جسے اپنی عقل پر پورا گھمنڈ ہو۔ پہلے درجے کا بے وقوف ؂ **لال بھبوکا** (۱) بے حد سرخ (۲) غصے کی وجہ سے سرخ (چہرہ) ؂ **لال بیگ** (ہ) مذکر۔ خاک روبوں کا پیشوا ؂ **لال بیگی۔ لال بیگیا**۔ لال بیگ کا معتقد۔ بھنگی۔ مہتر۔ خاک روب ؂ **لال پانی** (ہ) مذکر (۱) حیض کا خون (۲) سرخ رنگ کی شراب ؂ **لال پری** (ہ) مؤنث (۱) سرخ پوشاک پہننے والی پری (۲) اندرسبھا کے قصے کی ایک پری (۳) لال شراب۔ مے سرخ ؂ **لال پلکا** (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر، جس کا رنگ سرخ، پوٹا، دُم اور بازو سفید ہوتے ہیں ؂ **لال پیارا تو اس کا خیال بھی پیارا** (ہ) مثل۔ جو من بھا جائے، اس کی ہر بات پسند آتی ہے ؂ **لال پیلا** (ہ) غصے میں بھرا۔ خشم ناک۔ غضب ناک ؂ **لال پیلی آنکھیں کرنا**۔ غصے کی نگاہ سے دیکھنا۔ بہت ناراض ہونا ؂ **لال خاں کا لکڑا** (ہ) مذکر۔ ملزم کو سزا دینے کا ایک بڑا بھاری شہتیر، جو درمیان سے چِرا ہوا اور سوراخ والا ہوتا ہے۔ اس میں مجرم کے پاؤں رکھ کر دونوں ٹکڑے ملا دیتے ہیں ؂ **لال ڈورے** (ہ) مذکر (۱) سرخ تار (۲) سرخ تاگے (۳) لال لال رگیں، جو آنکھوں میں دکھائی دیتی ہیں ؂ **لال رکابی**۔ مؤنث۔ حضرت فاطمہؓ کی نیاز۔ صحنک ؂ **لال سوداگر** (ہ) مذکر۔ وہ کم مایہ سوداگر، جو اِدھر مال لے اور اُدھر جھٹ تھوڑے سے منافع پر بیچ ڈالے ؂ **لال کتاب**۔ مؤنث (۱) وہ کتاب، جس میں جاہلوں کے نزدیک تمام باتوں کا جواب حسب مرضی یا حسبِ سوال مل جائے (۲) بندوبست کی کتاب۔ پٹواریوں یا قانون گویوں کی سرکاری کتاب ؂ **لال کرتی** (ہ) مؤنث۔ گوروں کی پلٹن، جو سرخ وردی پہنتی ہے ؂ **لال گودڑ میں نہیں چھپتا**۔ مثل۔ اچھی چیز چھپائے نہیں چھپتی ؂ **لال مرچ**۔ مؤنث۔ فلفل دراز۔ سرخ مرچ ؂ **لال ہونا** (۱) سرخ ہو جانا (۲) غصے میں چہرہ تمتما اٹھنا (۳) خفا ہونا۔ غضب ناک ہونا (۴) پھل پکنا۔ پختہ ہونا ؂ **لالڑی**۔ مؤنث (۱) چھوٹا لال۔ یاقوت (۲) تامڑا ؂ **لالوں**۔ مذکر۔ لال کی جمع حروفِ جار سے پہلے ؂ **لالوں کا لال** (۱) لاڈلا۔ بے حد پیارا (۲) رنگ و روغن والا۔ سرخ و سفید ؂ **لالوں لال**۔ سرخ و شاداب۔ چُہچُہاتا ہوا۔ بے حد شوخ ؂ **لالی**۔ مؤنث۔ سرخی ؂

لالہ (لَا۔ لَہ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) معزز ہندوؤں کا خطاب۔ صاحب۔ جناب (۲) ساہوکار۔ بنیا۔ مہاجن (۳) والد کا خطاب۔ باوا۔ ابّا (۴) پیارا۔ عزیز (۵) (ہندو) سسر۔ خُسر (۶) ہندو کا خطاب ؂ **لالی**۔ مؤنث (۱) سرخ روئی۔ آبرو۔ عزت (۲) عزیزہ۔ پیاری (۴) بہن۔ ہمشیرہ ؂ **لالی رہ جانا** (ہندو) آبرو بچ جانا۔ عزت رہ جانا۔ بات بنی رہنا ؂

لالہ (لَا۔ لَہ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا سرخ پھول، جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے ؂ **لالہ رخ، لالہ رخسار، لالہ رُو، لالہ عذار**۔ سرخ چہرے والا۔ دل رُبا۔ دلبر۔ معشوق ؂ **لالہ زار**۔ مذکر (۱) وہ کھیت، جس میں لالے کے پودے ہوں (۲) چمن۔ گُل زار۔ باغ ؂ **لالہ فام۔ لالہ گوں**۔ سرخ رنگ کا۔ لال ؂

لالسے (لَا۔ لِسے) (ہ) مذکر (۱) تمنا۔ اشتیاق۔ آرزو (۲) ارمان ؂ **لالے پڑنا** (۱) آرزو ہونا۔ ارمان ہونا (۲) انتہائی ناامیدی ہونا (۳) مصیبت میں پھنسنا (۴) مشکل ہونا۔ دشوار ہونا ؂

لام (لَام) (ہ) مذکر (۱) پلٹن یا فوج کا مجموعہ وغیرہ - بریگیڈ (۲) فوج کا دستہ ﴿ **لام باندھنا** - چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا۔ لڑائی کا سامان کرنا ﴿

لام (لَام) (ع) مذکر (۱) دیکھیے "ل" (۲) (ف) (تشبیہاً) زلف ﴿

لام کاف (ع) مذکر۔ گالی گفتار۔ واہی تباہی۔ بُرا بھلا ﴿

لام کاف بکنا (و) گالی گلوچ بکنا۔ فحش بکنا۔ بدزبانی کرنا۔ واہی تباہی بولنا ﴿

لاما (لَا۔ مَا) (ہ) مذکر۔ بدھوں کا گرو اور مذہبی پیشوا ﴿

لامس (لَا۔ مِسْ) (ع) چھونے والا ﴿ **لامسہ**۔ مؤنث۔ چھونے یا مَس کرنے والی قوت ﴿

لامع (لَا۔ مِعْ) (ع) چمکنے والا۔ روشن ﴿

لانا بندی (لَا۔ نَا، بَنْ۔ دِیْ) (و) مؤنث۔ مال گزاری معاملہ۔ ہلوں کی تعداد کے مطابق لگان ﴿

لانبا (لَاں۔ بَا) (ہ) لمبا۔ درازقد۔ طویل ﴿

لانڈری (لَانڈْ۔ رِیْ) (انگ - Laundry) مؤنث۔ کپڑا دھونے کا کارخانہ ﴿

لانک (لَانکْ) (ہ) مؤنث (۱) کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر۔ خرمن۔ کھلیان (۲) چوکر۔ بھوسا۔ بھُس (۳) تعداد۔ اندازہ۔ مقدار ﴿

لانگ (لَانگْ) (ہ) مؤنث۔ دھوتی کا وہ حصّہ، جو آگے لٹکتا رہتا ہے ﴿

لانگ (لَانگْ) (ہ) لانگنا کا امر۔ **لانگن** - **لانگھن** - مؤنث۔ اُلانگن کا مخفف۔ پھاندنا۔ چھلانگ مارنا ﴿ **لانگنا** - **لانگھنا**۔ دیکھیے "الانگنا" ﴿

لانگاٹیر (لَاں۔ گَا۔ ٹیرْ) (ہ) مؤنث (۱) صف۔ قطار۔ پرا۔ ڈار (۲) سلسلہ ﴿

لاون (لَا۔ وَنْ) (ہ) مذکر۔ تہ کاری۔ سالن وغیرہ۔ وہ چیز، جس سے روٹی لگا کر کھائیں ﴿

لاہ (لَاہْ) (ہ) مؤنث (۱) کو نپل کا بڑا اور کم زور پتّا (۲) جالی کی مانند ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) مُہر لگانے کی لاکھ ﴿

لاہا (لَا۔ ہَا) (ہ) مذکر (ہندو) نفع۔ فائدہ۔ لابھ ﴿

لاہن (لَا۔ ہَنْ) (ہ) مذکر۔ شراب کا خمیر، جو بیری، پیپل اور بڑ کے درختوں کی چھال سے اٹھایا جاتا ہے ﴿

لاہوت (لَا۔ ہُوْتْ) (ع) مذکر۔ تصوّف میں مقامات کا وہ طبقہ یا درجہ، جہاں سالک کو فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے ﴿

لاہور (لَا۔ ہَوْرْ) (ہ) مذکر۔ سابق پنجاب اور حال مغربی پاکستان کا صدر مقام ﴿ **لاہوری** (۱) لاہور کا۔ لاہور کا بنا ہوا (۲) مذکر۔ لاہور کا باشندہ ﴿ **لاہوریہ**۔ مذکر (۱) لاہور کا رہنے والا (۲) ایک قسم کا کبوتر ﴿

لاہی (لَا۔ ہِیْ) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا پودا (۲) ایک قسم کی سرسوں (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ﴿

لائبریری (لَائِ۔ بْرِیْ۔ رِیْ) (انگ - Library) مؤنث۔ کتب خانہ۔ مجموعۂ کتب ﴿ **لائبریرین** (Librarian) مذکر۔ کتاب گھر کا محافظ۔ کتب خانے کا داروغہ ﴿

لائٹ (لَائِٹْ) (انگ - Light) مؤنث۔ روشنی ﴿ **لائٹ ہاؤس** (انگ - Light House) مذکر۔ مینار، جس پر جہازوں کی رہنمائی کے لیے روشنی کی جاتی ہے ﴿

لائحہ (لَا۔ ئِحَہْ) (ع) مذکر (۱) کوئی چمکیلی چیز (۲) کوئی واضح چیز (۳) ثبوت (۴) فہرست (۵) پروگرام (۶) دفعہ ﴿ **لائحۂ عمل**۔ مذکر۔ نظامِ عمل۔ نصب العین۔ دستور العمل۔ پروگرام ﴿

لائسنس (لَائِ۔ سَنْسْ) (انگ - Licence) مذکر۔ اجازت۔ حکم ﴿ **لائسنس دار** (۱) مذکر۔ جسے کوئی چیز رکھنے یا بیچنے کی اجازت ملی ہو ﴿

لائق (لَا۔ ئِقْ) (ع) (۱) قابل۔ واجب۔ موزون۔ زیبا۔ مناسب (۲) جائز۔ روا (۳) درست۔ بجا (۴) (۱) مکتفی۔ کافی۔ وافی (۵) ہنرمندی۔ گنی۔ ہوشیار۔ دانا۔ اہل۔ مستعد۔ صاحب جوہر ﴿

لائم (لَا۔ ئِمْ) (ع) ملامت کرنے والا ﴿

لائن (لَا۔ ئِنْ) (انگ - Line) مؤنث (۱) خط (۲) ریل کی سڑک، جو لوہے کی بنی ہوتی ہے ﴿ **لائن کلیئر** (Line clear) ریل کی سڑک صاف اور آمد و رفت کے قابل ہونے کی سند ﴿

لاؤ (لَا۔ ؤْ) (ہ) مؤنث (۱) چرس کھینچنے کی موٹی رسّی۔ موٹا رسّا (۲) اس قدر زمین، جو ایک دن میں ایک لاؤ کے ذریعے سے بھری جائے (۳) طلب۔ مانگ ﴿ **لاؤ لشکر** (ق) مذکر۔ لشکر اور اس کے ہمراہی۔ فوجی بھیڑ بھاڑ۔ اِزدحام۔ ہجوم ﴿

لاؤنی (لَا۔ ؤْنِیْ) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کے گیت (۲) فصل کاٹنے کی مزدوری (۳) معاملہ۔ مال گزاری۔ خراج ﴿

لائی (لَا۔ ئِیْ) (ہ) مؤنث (۱) فصل کا کاٹنا (۲) خود رَو چاول (۳) بھُنا ہوا اناج ﴿

لائی لوجی (لَا۔ ئِیْ، لُوْ۔ جِیْ) (ہ) مؤنث (عو) خوشامد ﴿

لائے (لَائے) (ف) مؤنث (۱) شراب وغیرہ کی تلچھٹ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ﴿

ل-ب

لَب (لَبْ) (ف) مذکر (۱) ہونٹ (۲) جانب۔ طرف۔ کنارہ (۳) کراڑا۔ ساحل (۴) کنّی۔ دور۔ حاشیہ (۵) منڈیر (۶) (۱) لعابِ دہن۔ تھوک (۷) ہونٹوں کے اوپر کے بال۔ مونچھیں ﴿

لب بند ہونا (ف) (۱) شیرینی سے ہونٹوں کا چپک جانا (۲) خاموش ہونا۔ مُنہ بند ہونا ٭ لبِ دریا (ف) مذکر۔ کرارا۔ دریا کا کنارہ ٭ لب ریز۔ لبریز۔ پُر۔ بھرا ہُوا۔ لبالب ٭ لبِ شیریں۔ مذکر۔ میٹھے ہونٹ۔ معشوق کے ہونٹ ٭ لب کھولنا (ف) بولنا۔ بات کرنا ٭ لبِ گور ہونا۔ گور کے کنارے پہنچنا۔ مرنے کے قریب ہونا ٭ لب لگانا۔ لعابِ دہن لگانا۔ تھوک لگانا ٭ لبِ نوشیں (ف) مذکر۔ معشوق کے لبِ لعلیں۔ لبِ شیریں ٭ لب و لہجہ۔ مذکر۔ تلفظ۔ طرزِ گفتگو۔ طرزِ کلام ٭ لبالب۔ کناروں تک بھرا ہُوا۔ بھرا ہُوا۔ لب ریز ٭ لبالب ہونا (ف) مُنہا مُنہ بھرنا۔ لب ریز ہونا۔ پُر ہونا ٭ لبوں۔ مذکر۔ لب کی جمع حروفِ جار سے پہلے ٭ لبوں پر جان آنا۔ ہونٹوں پر دم آنا۔ گور کنارے لگنا۔ دمِ واپسیں ہونا۔ جان کنی کا وقت آنا ٭ لبوں پر جان (دم) ہونا (۱) جان کنی میں ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا (۲) بے حد عاجز و تنگ ہونا ٭ لبوں پر ہونا۔ کسی کام کے خاتمے پر ہونا۔ کناروں پر پہنچنا ٭ لبیں۔ مؤنث۔ لب کی جمع (۱) ہونٹ۔ دونوں لب (۲) مونچھیں۔ مونچھوں کے بل ٭ لبیں لینا (۱) ہونٹوں کے اوپر کے بال کتروانا۔ مونچھیں منڈوانا (۲) شرمندہ کرنا ٭

لُب (لُبّ) (ع) مذکر۔ عطر۔ خلاصہ۔ نچوڑ۔ مغز۔ ست ٭ لُبِّ لباب۔ مذکر۔ ست کا ست۔ عطر کا عطر۔ خلاصے کا خلاصہ۔ انتہائی خالص ٭

لبوب۔ مذکر (۱) لُب (مغز) کی جمع (۲) ایک قسم کی معجون مغزیات وغیرہ ٭

لبادہ (لِبَا۔ دَہْ) (ف) مذکر۔ فرغل۔ جُبّہ۔ رُوئی والا چوغہ ٭

لباڑ (لَبَاڑْ) (ہ) جھوٹا۔ دروغ گو ٭ لباڑیا۔ جھوٹا۔ لپاٹی ٭

لباس (لِبَاسْ) (ع) مذکر (۱) جامہ۔ پوشاک۔ کپڑے (۲) شکل۔ روپ۔ بھیس ٭

لُبان (لُبَانْ) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا گوند، جو آگ پر رکھنے سے خوش بو دیتا ہے۔ لوبان ٭

لبدی (لُبْ۔ دِیْ) (ہ) مؤنث۔ لپڑی۔ گُدڑی۔ پلٹس ٭

لبرٹی (لِبَرْ۔ ٹِیْ) (انگ۔ Liberty) مؤنث۔ آزادی۔ حرّیت ٭

لبرل (لِبْ۔ رَلْ) (انگ۔ Liberal) (۱) آزاد۔ مطلق العنان۔ خود مختار (۲) لوگوں کا خیر خواہ۔ سب کا بھلا چاہنے والا ٭

لبڑ (لَبَڑْ) (ہ) جھوٹا۔ بیہودہ ٭ لبڑ خندہ (ف) جھوٹا۔ بیہودہ گو۔ لپاٹیا ٭ لبڑ خندی۔ مؤنث۔ خوشامدی عورت۔ بیہودہ عورت ٭ لبڑ ڈھول ڈھول (۱) شور۔ غل۔ ہنگامہ (۲) بے ایمانی (۳) بدعملی۔ بدانتظامی ٭ لبڑ سبڑ۔ مؤنث۔ بدسلیقگی۔ بیہودگی ٭ لبڑا (۱) جھوٹا (۲) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا شخص۔ لبڑ ہتھا (۳) (عو) کھانے پینے کی چیزوں کا حریص ٭ لبڑ ڈو۔ جھوٹی۔ بکواسن۔ بیہودہ گو۔ لسان۔ چرب زبان ٭

لبلب (لَبْ۔ لَبْ) (ہ) بے وقوف ٭

لبلبا (لَبْ۔ لَبَا) (ہ) (۱) چپکنے والا۔ لیس والا (۲) لچکیلا ٭

لبلبی (لَبْ۔ لَبِیْ) (ہ) مؤنث۔ بندوق کی کمانی ٭

لبلوس (لَبْ۔ لُوْسْ) (ہ) (۱) بے حیا۔ ننگا (۲) بے وقوف ٭

لبن (لَبَنْ) (ع) مذکر۔ دودھ ٭

لبنی (لَبْ۔ نِیْ) (ہ) مؤنث۔ مٹی کی چھوٹی سی ٹھلیا ٭

لبھا (لُبھَا) (ہ) لبھانا کا امر ٭ لبھانا (۱) للچانا۔ لالچ دینا (۲) موہنا۔ عاشق بنانا۔ مائل کرنا (۳) ورغلانا۔ بہکانا۔ پھسلانا ٭ لبھاؤ۔ مذکر (۱) ترغیب۔ لالچ (۲) کوئی چیز، جو سودے کے بعد مفت دی جائے۔ رُونگا ٭

لبھیڑا (لَبھیْ۔ ڑَا) (ہ) مذکر۔ لسوڑا ٭

لبی (لَبِیْ) (ہ) مؤنث۔ گنّے کا اُبلا ہُوا رس۔ راب ٭

لبیب (لَبِیْبْ) (ع) دانا ٭

لبید (لَبِیْدْ) (ع) مذکر۔ عرب کا ایک مشہور شاعر ٭

لبیدا (لَبِیْ۔ دَا) (ہ) مذکر۔ ٹُھکا۔ لٹھ۔ سونٹا ٭

لبیرا (لَبِیْ۔ رَا) (ہ) مذکر۔ چیتھڑا۔ دھجی ٭ لبیری۔ مؤنث۔ چھوٹی دھجی ٭

لبّیک (لَبْ۔ بَیْکْ) (ع) (لغوی معنی: میں تیری فرمان برداری کو حاضر ہوں) مذکر و مؤنث۔ جی۔ موجود ہوں۔ حاضر ہوں۔ حاجی لوگ مقامِ عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں ٭

ل-پ

لَپ (لَپْ) (ہ) مؤنث۔ مٹھی بھر ٭ لپ جھپ۔ مؤنث (۱) ہاتھ کی چالاکی۔ چوری (۲) جلدی۔ تیزی۔ پھرتی (۳) چالاکی۔ مکاری۔ فریب (۴) جھٹ پٹ۔ فی الفور۔ فوراً ٭ لپّا۔ مذکر۔ لپڑ۔ تھپڑ۔ چانٹا ٭ لپا ڈگی۔ مؤنث۔ گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی۔ مارپیٹ ٭ لپّڑ۔ مذکر۔ طمانچہ۔ تھپڑ۔ چانٹا ٭

لِپ (لِپْ) (ہ) لیپنا کا امر ٭ لپانا۔ پلستر کرانا۔ استرکاری کرانا ٭ لپائی۔ مؤنث (۱) پلستر۔ استرکاری (۲) لیپنے کی اجرت ٭ لپنا۔ پلستر ہونا۔ استرکاری ہونا ٭ لپوانا۔ لیپنا کا متعدی المتعدی ٭ لپوائی۔ مؤنث۔ لپائی کی اجرت۔ کہگل کرانے کی مزدوری ٭

لَپاٹی (لَپَا۔ ٹِیْ) (ہ) دروغ گو۔ جھوٹا۔ کاذب ٭ لپاٹیا۔ بے حد جھوٹا۔ نہایت دروغ گو۔ کذاب ٭

لپالپ (لَپَا۔ لَپْ) (ہ) جلد ٭

لَپَٹ (ہ) مؤنث (۱) لَو۔ شعلہ۔ گرمی۔ آنچ (۲) ہوا کی لہر (۳)

خوش بو۔ مہک ٭

رلپٹ (رلپَٹ) (ہ) رلپٹنا کا امر ٭ رلپٹا (۱) رلپٹنا سے ماضی مطلق (۲) رلپٹانا کا امر ٭ رلپٹانا (۱) گلے لگانا۔ چمٹانا۔ پیار کرنا (۲) لپیٹنا۔ الجھانا (۳) چپکانا (۴) ساتھ لگانا (۵) بھڑانا۔ پیچھے لگانا (۶) کنکوّا اُڑانا (۷) (گنوار) رشتہ کرنا۔ شادی کرنا ٭ رلپٹنا (۱) چمٹنا۔ پیچھے لگنا (۲) چپکنا۔ چسپاں ہونا (۳) چھاتی سے لگنا (۴) عاشق ہونا (۵) پھنسنا۔ دوستی ہونا (۶) گتھنا۔ بھڑنا (۷) مبتلا ہونا (۸) مصروف ہونا (۹) کشتی کرنا (۱۰) بل کھانا (۱۱) کنکوّے کا الجھنا (۱۲) ملفوف ہونا۔ بند ہونا ٭ رلپٹنت۔ مؤنّث (۱) ہم آغوشی۔ بغل گیری (۲) کشتی۔ لڑنت ٭

لپ چخنی (لَپ۔ چَخ۔ نِی) (ہ) مؤنّث۔ خوشامد کرنے والی۔ بکواسن۔ زٹلو ٭

لپڑشپڑ (لَپَڑ، شَپَڑ) (ہ) مؤنّث (۱) ایسی بات، جو سمجھ میں نہ آئے۔ جلد جلد بولنا (۲) گڈمڈ۔ خلط ملط (۳) ٹال مٹول۔ آلا بالا ٭

لَپَڑ لَپَڑ کرنا (ہ) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا ٭

رلپڑی (رلپَ۔ ڑی) (ہ) مؤنّث (۱) بستر۔ کپڑا (۲) پھٹا پرانا صافا۔ پگڑی ٭

لُپڑی (لُپ۔ ڑی) (ہ) مؤنّث (۱) پلٹس۔ لیپ۔ ضماد (۲) میدہ وغیرہ کی پوٹلی، جس سے سینک یا ٹکور کی جاتی ہے (۳) (حقارتاً) دستار۔ پگڑی ٭ لُپڑی باندھنا۔ پلٹس باندھنا۔ ضماد کرنا۔ لگڑی باندھنا ٭

لپسی (لَپ۔ سِی) (ہ) مؤنّث (۱) موٹے آٹے کا حلوا۔ لیٹی۔ سیرا (۲) بہت ہی بوڑھا۔ بوڑھا پھونس ٭

لپک (لَپَک) (ہ) مؤنّث (۱) چمک۔ چمکارا۔ روشنی۔ کوند (۲) لپٹ۔ شعلہ۔ لَو۔ لاٹ (۳) دھڑک۔ تڑپ (۴) چھلانگ، جھپٹ (۵) زخم کی جلن۔ ٹیس (۶) لپکنا کا امر ٭ لپک جھپک۔ مؤنّث۔ طرّاری۔ تیزی۔ پھرتی۔ چستی۔ جلد بازی ٭ لپک کر۔ دوڑ کر۔ جلدی سے۔ تُرت۔ فوراً ٭ لپکا (۱) لپکنا سے ماضی مطلق (۲) لپکانا کا امر ٭ لپکانا (۱) بھگانا۔ اُڑانا (۲) پھیلانا۔ آگے کرنا ٭ لپکنا (۱) جھپٹنا۔ دوڑنا (۲) چھیننا۔ اچکنا (۳) زخم میں ٹیس پڑنا (۴) بجلی چمکنا (۵) اچھلنا۔ پھڑکنا۔ دھڑکنا (۶) پھاندنا۔ چھلانگ مارنا (۷) حملہ کرنا۔ دوڑ کر جانا ٭

لپکا (لَپ۔ کَا) (ہ) مذکّر (۱) بُری عادت (۲) خُو۔ عادت۔ لت (۳) چاٹ۔ چسکا۔ مزہ ٭ لپکا پڑنا (۱) بُری عادت پڑنا (۲) چسکا لگنا۔ مزہ پڑنا ٭

لپکی (لَپ۔ کِی) (ہ) مؤنّث (عو) (۱) کچی سلائی۔ سیون۔ ٹانکا۔ شلنگا (۲) گوٹ۔ کنارہ ٭ لپکی بھرنا۔ یا۔ مارنا۔ ٹانکا لگانا۔ کچی سلائی کرنا ٭

لُپکی (لُپ۔ کِی) (ہ) مؤنّث (۱) ڈر۔ خوف۔ دہشت (۲) ڈر سے چھپ جانا ٭

لپلپانا (لَپ۔ لَپا۔ نَا) (۱) مقعد کا بند ہونا اور کھلنا (۲) خوف کھانا۔ ڈرنا ٭

لَپ لَپ کرنا (ہ) (۱) چبائے بغیر نگلنا (۲) بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا ٭

لَپ لَپ کھانا۔ چبائے بغیر کھا جانا۔ جلد جلد کھانا ٭

لپوڑیا (لَپو۔ ڑِیا) (ہ) مذکّر۔ خوشامدی۔ منّت خوشامد کر کے کام نکالنے والا ٭

لپیٹ (لَپیٹ) (ہ) مؤنّث (۱) بل۔ پیچ۔ تہ (۲) دغا۔ فریب۔ مکر (۳) گردہ گھیرا، محیط، دور (۴) جنجال۔ الجھیڑا (۵) آفت۔ مصیبت (۶) لپیٹنا کا امر ٭ لپیٹ جھپیٹ۔ مؤنّث (۱) مکر۔ فریب۔ فند (۲) داؤ۔ پیچ ٭ لپیٹ لپاٹ کر۔ تہ کر کے۔ باندھ کر ٭ لپیٹ لینا (۱) ملا لینا۔ شریک کر لینا (۲) تہ کر لینا۔ الجھا لینا ٭ لپیٹن۔ مؤنّث (۱) پیچ (۲) چرخ (۳) بیلن، جس پر جلاہے کپڑا لپیٹتے ہیں ٭ لپیٹنا (۱) باندھنا۔ تہ کرنا۔ کسنا (۲) لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا (۳) ملانا۔ الجھانا (۴) ڈھانکنا۔ چھپانا (۵) آمادہ کرنا۔ راضی کرنا ٭ لپیٹواں (۱) ملفوف۔ پیچیدہ (۲) ملا ہوا (۳) پوشیدہ۔ درپردہ (۴) پیچ دار۔ بل دار ٭ لپیٹواں بات۔ مؤنّث۔ پیچیدہ بات۔ گول مول بات۔ فریب کی بات۔ چال کی بات ٭

ل۔ت

لَت (لَتّ) (ہ) مؤنّث۔ لات۔ لکد۔ دُلتّی ٭ لَت خورا (۱) مذکّر (لکھنؤ) تختہ، جو دروازے کی لکڑی کے نیچے رکھا جاتا ہے (۲) ذلیل۔ کمینہ ٭ لَت رَوندَن (مؤنّث) (لکھنؤ) (عو) پامالی ٭ لَتاڑ۔ مؤنّث (۱) لتاڑنا کا امر (۲) روندن۔ پامالی (۳) دوڑ دھوپ (۴) سرزنش۔ ملامت (۵) مصیبت۔ دُکھ (۶) کام کاج کی زیادتی ٭ لَتاڑنا (۱) لاتیں مارنا۔ پامال کرنا۔ روندنا (۲) ملامت کرنا۔ دھتکارنا ٭ لِتّی (لکھنؤ) تیرنے میں لاتیں چلانا ٭ لَتیانا۔ لاتیں مارنا۔ لاتوں سے خبر لینا ٭

لَت (لَت) (ہ) مؤنّث (۱) بُری عادت (۲) خصلت۔ خُو۔ لپکا۔ علّت (۳) ملا جُلا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ لت پت۔ لتھ پتھ (عو) (۱) بھرا ہوا۔ آلودہ۔ بھیگا ہوا۔ لتھڑا ہوا (۲) ایسا بیمار، جو اٹھ نہ سکے۔ صاحب فراش ٭ لت پت (لتھ پتھ) ہونا (عو) (۱) رنگ، کیچڑ وغیرہ میں بھر جانا۔ سَن جانا (۲) (کنایۃً) خراب حال ہونا ٭ لتھڑ پتھڑ۔ دیکھیے "لتھ پتھ" ٭ لتھڑنا (۱) ملنا۔ آمیز ہونا (۲) آمیز کرنا۔ ملانا (۳) لیپ لگانا ٭ لتھیڑنا (۱) کیچڑ یا کسی اَور گاڑھی چیز میں آمیز کرنا۔ ساننا۔ آلودہ کرنا۔

کسی چیز سے آلودہ کر کے خراب کرنا (۲) (لکھنؤ) موٹا موٹا لیپ لگانا ۔
لتیا ۔ عادی ۔ عادت والا ۔ خوگر ۔ علتی ۔
لت (لَت) (ف) (۱) کوٹنا ۔ مارنا (۲) ٹکڑا (۳) لات ۔ لَتَّہ (ف) مذکر (۱) کپڑا ۔ پارچہ ۔ بستر (۲) گودڑ ۔ چیتھڑا ۔
لتا (لَت ۔ تا) (ہ) مذکر (۱) چیتھڑا ۔ گودڑ (۲) کپڑا ۔ پارچہ ۔
لتے ۔ مذکر ۔ لتا کی جمع ۔ لتے لینا (۱) دھجیاں اڑانا ۔ پرزے اڑانا (۲) (کنایۃً) فضیحت کرنا ۔ سرزنش کرنا ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔ لتاڑنا ۔
لترا (لَت ۔ رَا) (ہ) (صفت مذکر) (۱) اِدھر کی اُدھر کہنے والا ۔ غماز ۔ چغل خور (۲) (پ) بکّی ۔ بکواسی (۳) بے مروت ۔ بے وفا ۔
لتری ۔ لترا کی تانیث ۔ لتری کان کتری ۔ مؤنث (حقارتاً) وہ عورت ، جو لترانے کے باعث کان کاٹ دینے کے لائق ہو یا جس کے کان کاٹ دیے گئے ہوں ۔ غمازہ ۔
لتی (لَت ۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) لٹو کی ڈوری (۲) دستار ۔ پگڑی ۔

ل ۔ ٹ

لٹ (لَٹ) (ہ) مؤنث (۱) زلف ۔ بالوں کی لڑی ۔ جٹا (۲) ڈوری ۔ رسّی ۔ لٹا ۔ مؤنث ۔ لٹ ۔ جٹا ۔ لٹا دھاری ۔ مذکر ۔ لمبے لمبے بالوں والا فقیر ۔ جوگی ۔ جٹا دھاری ۔ لٹائی ۔ مؤنث ۔ پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی چھوٹی چرخی ۔ لٹورا ۔ مذکر (عو) الجھے ہوئے بالوں کی لٹ ۔ لٹوروں (لٹوریوں) والی ۔ مؤنث ۔ چڑیل ۔ ڈائن ۔ جادوگرنی ۔ لٹوریا ۔ مذکر ۔ لٹوں والا ۔ گیسو دراز ۔ جٹا دھاری ۔ جوگی ۔
لٹ (لَٹ) (ہ) لٹنا کا امر ۔ لٹا ۔ لاغر ۔ دبلا ۔ لٹنا (۱) لاغر ہونا ۔ دبلا ہونا ۔ کم زور ہونا ۔
لُٹ (لُٹ) (ہ) لٹنا کا امر ۔ لٹ جانا (لٹنا) (۱) برباد ہونا ۔ تباہ ہونا ۔ خاک میں ملنا (۲) خرید و فروخت میں نقصان اٹھانا (۳) ویران ہونا ۔ گھر اجڑنا ۔ لٹا (۱) لٹنا سے ماضی مطلق (۲) لٹا ہوا (۳) لٹانا کا امر ۔ لٹا پٹا ۔ لٹا ہوا ۔ لٹا ہاتھی بھی سوا لاکھ کا ۔ مثل ۔ امیروں کے پاس تباہی میں بھی بہت کچھ ہوتا ہے ۔ لٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا ۔ مثل ۔ گیا گزرا امیر بھی غریبوں سے بہتر ہے ۔
لٹانا (۱) روپیہ برباد کرنا ۔ اڑانا (۲) فضول خرچی کرنا ۔ غارت کرنا ۔ لٹاؤ ۔ کھاؤ ۔ اٹھاؤ ۔ فضول خرچ ۔ لٹس ۔ مؤنث ۔ لوٹ کھسوٹ ۔ لوٹ مار ۔ لٹس مچانا ۔ لوٹ مچانا ۔ غارت گری کرنا ۔ چھیننا جھپٹنا کرنا ۔ لٹوا ۔ لٹوانا کا امر ۔ لٹوانا (۱) غارت کرانا ۔ تباہ کرانا (۲) صرف کرانا ۔ نقصان کرانا ۔ مہنگا سودا دلوانا ۔
لٹے پٹے دن کاٹنا (ہندی) مصیبت برداشت کرنا ۔ مشکل سے گزر اوقات کرنا ۔ لٹیرا ۔ لوٹ مار کرنے والا ۔ ڈاکو ۔ رہزن ۔ قزاق ۔ چور ۔
لِٹا (لِٹا) (ہ) لٹانا کا امر ۔ لِٹانا (۱) چارپائی یا فرش پر ڈالنا ۔ پھیلانا ۔ پسارنا (۲) بچے کو سلانا (۳) قبر میں ڈالنا (۴) چت گرانا ۔ پچھاڑنا ۔
لٹا پٹا (لَٹا ۔ پٹا) (ہ) مذکر ۔ انگڑ کھنگڑ ۔ استر بستر ۔ اٹالا ۔
لٹ بہر (لَٹ ۔ بہر) (ہ) مؤنث (لکھنؤ) (۱) سامان ، جو کسی کے ساتھ ہو ۔ اسباب (۲) (کنایۃً) دنیا کے تعلقات ، کام اور ضرورتیں ۔
لٹ پٹ (لَٹ ۔ پَٹ) (ہ) (ہندو) (۱) چھیل چھبیلا ۔ بانکا ۔ رنگیلا (۲) متوالا ۔ نشیلا (۳) الٹ پلٹ ۔ لٹ پٹے دن ۔ مذکر ۔ مصیبت کے دن ۔ آفت کا زمانہ ۔ کاٹنا ، کٹنا کے ساتھ ۔
لٹرہ (لَٹ رَہ) (ہ) مذکر (لکھنؤ) بیہودہ اور بد وضع مرد ۔
لٹریچر (لِٹ ۔ رے ۔ چر) (انگ) Literature مذکر ۔ علم ادب ۔ علم انشاء ۔ انشاء پردازی ۔
لٹک (لَٹَک) (ہ) مؤنث (۱) لٹکاؤ ۔ آویزش (۲) آن بان ۔ ناز و ادا (۳) موج ۔ لہر ۔ ترنگ (۴) بھوت پریت وغیرہ کا اثر ۔ سایہ (۵) لٹکنا کا امر ۔ لٹک کر چلنا ۔ جھوم کر چلنا ۔ مستانہ رفتار سے چلنا ۔ ناز نخرے سے قدم اٹھانا ۔ لٹکا (۱) لٹکنا سے ماضی مطلق (۲) لٹکانا کا امر ۔ لٹکانا (۱) آویزاں کرنا ۔ معلق کرنا (۲) پھانسی دینا (۳) الجھانا ۔ اٹکائے رکھنا (۴) انتظار میں رکھنا ۔ امید میں رکھنا ۔
لٹکن ۔ مذکر (۱) لٹکنے والی چیز (۲) ایک زیور ۔ لٹکنا (۱) معلق ہونا ۔ آویزاں ہونا (۲) پھانسی لگنا (۳) اٹکنا ۔ رکنا (۴) امیدوار رہنا ۔ منتظر رہنا (۵) مدتوں بیمار رہنا (۶) دبلا ہونا ۔ لاغر ہونا (۷) پیچھے رہنا ۔ آگے نہ بڑھنا ۔
لٹکا (لَٹ ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) ٹوٹکا ۔ منتر ۔ جادو ۔ افسون ۔ سحر ۔ موہنی (۲) چالاکی ۔ عیاری ۔ کرتب ۔ شعبدہ (۳) چٹکلا (۴) پیچ ۔ داؤں ۔ تدبیر ۔ طریقہ ۔ طور (۵) دل بہلاؤ ۔ شغل (۶) فریب ۔ مکر (۷) اکسیر ۔ چلتا ہوا نسخہ ۔
لٹو (لَٹ ۔ ٹو) (ہ) مذکر (۱) ایک کھلونا ، جو پھرانے سے دیر تک گھومتا رہتا ہے (۲) سیدھ معلوم کرنے کا آلہ ۔ ساقول ۔
لٹو ہونا (۱) فریفتہ ہونا ۔ عاشق ہونا (۲) محو ہونا (۳) چکر کھانا ۔ چکرانا ۔
لٹورا (لَٹو ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ ایک پرندہ ۔
لٹھ (لَٹھ) (ہ) مذکر (۱) موٹی لکڑی ۔ لاٹھی ۔ سونٹا (۲) (پ) چرخے یا کسی اور چیز کی لاٹھ ۔ لٹھ باز (۱) مذکر ۔ لاٹھی سے لڑنے والا ۔ لٹھ بازی ۔ مؤنث ۔ لاٹھیوں کی لڑائی ۔ لٹھم لٹھا ۔ لٹھ بند ۔ لاٹھی باندھنے والا ۔ لٹھ سا مار دینا ۔ از حد درشت

جواب دے دینا۔ سخت بات کہ دینا ❊ **لٹھّا** (ہ) مذکّر (۱) لکڑی کا لٹھ۔ شہتیر۔ سلیپر (۲) جریب کا دسواں حصّہ ❊ **لٹھیا**۔ مؤنّث۔ لاٹھی کی تصغیر۔ چھوٹی چھڑی ❊ **لٹھیت**۔ مذکّر (۱) لاٹھی سے لڑنے والا۔ لٹھ باز (۲) سینہ زور (۳) ضدّی ❊

لٹھّا (لَٹھ۔ ٹھا) (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کا سُوتی کپڑا ❊

لُٹیا (لُٹ۔ یا) (ہ) مؤنّث (۱) چھوٹا لوٹا (۲) پیتل کا چھوٹا برتن، جس میں ٹونٹی نہیں ہوتی ❊ **لُٹیا ڈبونا** (۱) لوٹا پانی میں گرا دینا (۲) بات بگاڑنا (۳) نقصان اٹھانا (۴) ہمّت ہارنا (۵) آبرو کھونا۔ توہین کرانا ❊

ل۔ج

لَجا (لَجا) (ہ) لجانا کا امر ❊ **لَجّا**۔ مؤنّث۔ لاج کی تصغیر۔ غیرت۔ حیا۔ شرم ❊ **لَجّالو** (۱) باحیا۔ شرم والا (۲) مذکّر۔ ایک پودا، جو آدمی کے ہاتھ لگانے یا گرم ہوا سے مرجھا جاتا ہے۔ لاجونتی ❊ **لَجانا**۔ شرمندہ ہونا۔ شرمانا ❊ **لَجاؤُ** (۱) شرمیلا (۲) غیرت والا ❊

لِجام (لِجام) (ع) مؤنّث۔ لگام کا معرّب۔ عنان۔ باگ ❊

لجلاج (لَج۔ لاج) (ع) مذکّر (۱) شطرنج کا موجد (۲) شطرنج یا چوسر کا استاد (۳) (ف۔ اصطلاحِ کیمیا) مذکّر۔ صاف کیا ہُوا پارا ❊

لُجلُجا (لُج۔ لجا) (ہ) (صفتِ مذکّر) (مؤنّث کے لیے لُجلُجی) پلپلا۔ لچکیلا۔ لیس دار۔ ملائم نرم ❊

لجونتی (لَج۔ وَن۔ تی) (ہ) مؤنّث۔ دیکھیے "لاجونتی" ❊

لُجّہ (لُج۔ جہ) (ع) مذکّر (۱) پانی کی گہری جگہ۔ منجدھار (۲) بھنور (۳) ندی۔ دریا ❊

ل۔چ

لچ (لَچ) (ہ) لچنا کا امر ❊ **لچا** (۱) لچنا سے ماضی مطلق (۲) لچانا کا امر ❊ **لچانا**۔ جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا ❊ **لچنا** (لکھنؤ) (۱) جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا شہتیر وغیرہ کا (۲) مغلوب ہونا۔ فروتنی ہونا۔ فروتنی کرنا ❊

لُچ (لُچ) (ف) (۱) برہنہ۔ ننگا (۲) (ہ) آوارہ۔ بدچلن۔ بدمعاش۔ بدکار ❊ **لُچ بہادر** (ہ) غنڈوں کا سردار۔ بدمعاش۔ نہایت شہدا ❊ **لُچ پن۔ لُچپنا**۔ **لُچ پنا** (ہ) مذکّر (۱) غنڈاپن۔ شہداپن۔ بدچلنی۔ بدکاری (۲) بے غیرتی۔ بے شرمی (۳) شرارت ❊ **لُچّا** (۱) بے باک۔ بے شرم (۲) غنڈا۔ شہدا۔ اوباش۔ بدمعاش (۳) شریر۔ جھگڑالو۔ فسادی (۴) ٹھگ۔ اُچکا (۵) عیبی ❊

لُچر (لُچَر) (ہ) (۱) بیہودہ۔ مہمل۔ لغو (۲) احمق۔ بے وقوف (۳) بے تکی۔ بے معنی (بات) ❊

لچک (لَچَک) (ہ) مؤنّث (۱) ملایمت۔ نرمی (۲) لرزش۔ نزاکت سے کسی چیز کا حرکت کرنا (۳) ہچکولا۔ ضرب۔ جھٹکا (۴) خم۔ کجی۔ جھکاؤ (۵) لچکنا کا امر ❊ **لچک آجانا**۔ ضرب آجانا۔ جھٹکا آجانا ❊ **لچک دار** (ہ) وہ چیز، جس میں لچک ہو۔ وہ شے، جو حرکت سے جنبش کرے۔ لرزاں ❊ **لچکارہ** (ہ) مذکّر (۱) ہچکولا۔ جھٹکا۔ ضرب۔ موج (۲) ٹھیک (۳) ایک قسم کا پتلا گوٹا (۴) لرزش۔ جنبش (۵) لچکانا کا امر ❊ **لچکانا**۔ جنبش دینا۔ لرزش دینا۔ ہلانا ❊ **لچکنا** (۱) بل کھانا۔ مڑنا۔ جھکنا۔ خمیدہ ہونا (۲) ہلنا جلنا۔ کانپنا۔ لرزنا ❊ **لچکیلا**۔ دیکھیے "لچک دار" ❊

لچلچ (لَچ۔ لَچ) (ہ) مؤنّث۔ لچکنے کی آواز ❊ **لچلچانا**۔ لچکیلا ہونا ❊

لچلچا (لَچ۔ لَچا) (ہ) (۱) مذکّر۔ رس دار سالن۔ لعاب دار سالن (۲) لچلچانا کا امر ❊ **لچلچانا**۔ لعاب دار ہونا۔ لیس دار ہونا ❊

لچھّا (لَچھ۔ چھا) (ہ) مذکّر (۱) سُوت کی انٹی (۲) ایک زیور (۳) الجھی ہوئی ڈور (۴) پیچیدہ اور مسلسل لپٹے ہوئے تار ❊ **لچھّے**۔ مذکّر۔ لچھّا کی جمع ❊ **لچھّے دار** (ہ) (۱) پیچ در پیچ۔ پیچ دار۔ پیچیدہ (۲) برابر۔ متواتر۔ سلسلہ دار (۳) ڈورے والا (۴) پرت دار۔ حلقہ دار (۵) مزے دار ❊ **لچھّے دار باتیں**۔ مؤنّث۔ پیچ در پیچ باتیں۔ مسلسل اور مزے دار باتیں ❊

لچھمی (لَچھ۔ می) (ہ) مؤنّث (۱) دھن کی دیوی۔ دولت کی مالکہ (۲) مال۔ دولت۔ دھن (۳) دبدبہ۔ حشمت۔ شان و شوکت (۴) حسن۔ جمال۔ خوب صورتی (۵) بیٹے کی بیوی۔ بہو (۶) بیٹیاں۔ لڑکیاں (۷) رام چندر جی کی بیوی سیتا ❊ **لچھمی بن آدر کون ہے**۔ مثل۔ دولت کے بغیر کوئی نہیں پوچھتا ❊ **لچھمی گھر میں آنا** (۱) صاحب اقبال ہونا۔ دولت کا گھر میں آنا (۲) گھر میں مبارک قدم بہو کا آنا (۳) گھر میں بیٹی کا پیدا ہونا ❊ **لچھمی نارائن کرنا**۔ کھانا شروع کرنا۔ بسم اللہ کرنا ❊

لچھّن (لَچھ۔ چھن) (ہ) مذکّر (۱) انداز۔ آثار۔ نشانی۔ علامت (۲) ڈھنگ۔ طریق۔ طور (۳) کام۔ فعل۔ کرتوت (۴) خصلت۔ عادت۔ کردار (۵) بدنامی۔ عیب (۶) کیفیت۔ حال ❊ **لچھّن پکڑنا۔ یا۔ سیکھنا**۔ کسی کے ڈھنگ سیکھنا۔ کسی کے ڈھنگوں پر آنا۔ اوگن سیکھنا۔ بُری عادت پکڑنا ❊ **لچھّن جھڑ جانا۔ یا۔ جھڑنا**۔ رنگ روپ جاتا رہنا۔ منہ کا نور اُڑتا جانا۔ پہلی سی رونق نہ رہنا۔ حسن کا زوال پذیر ہونا ❊

لچھیانا (لَچھ۔ یا۔ نا) (ہ) ڈور، دھاگے وغیرہ کا ریل، چرخی وغیرہ پر لپیٹنا ❊

لچھی (لَچھی) (ہ) مؤنّث (۱) میدے کی پتلی اور ملائم پوری، جو گھی میں تلی جاتی

لچّھی سا پیٹ۔ مذکر۔ انتہائی نرم پیٹ ٭
لچّی (لَچْ۔ چی) (ہ) مؤنث (۱) شہدی۔ بدچلن (۲) بدخو (۳) لڑاکا (۴) فضول خرچ (۵) بیہودہ ٭

ل۔ح

لحاظ (عربی میں لَحْظ، کنکھیوں سے دیکھنا۔ لَحَاظ، گوشۂ چشم۔ فارسی میں لِحَاظ، آنکھ سے نگرانی کرنا) مذکر (۱) توجہ۔ دھیان۔ خیال (۲) حیا۔ شرم (۳) رعایت۔ پاس داری۔ ملاحظہ۔ مروّت (۴) (کنایۃً) پرہیز (۵) (آنکھ کے ساتھ) حمیّت۔ غیرت (۶) حفظِ مراتب۔ ادب ٭ لحاظ آنا (ل) (۱) مروّت آجانا (۲) شرم آنا ٭ لحاظ اٹھا دینا۔ بے حیا بن جانا، بے غیرت ہو جانا، بے شرم ہو جانا ٭ لحاظ رکھنا (۱) خیال رکھنا۔ دھیان رکھنا (۲) ادب کا خیال رکھنا (۳) شرم کرنا (۴) پرہیز کرنا ٭ لحاظ نہ کرنا (۱) حفظِ مراتب کا خیال نہ رکھنا۔ ادب نہ کرنا (۲) حیا نہ کرنا۔ شرم نہ کرنا (۳) خیال نہ کرنا۔ مروّت سے پیش نہ آنا ٭ لحاظ والا (۱) شرم وحیا والا (۲) بامروّت ٭
لحاف (لِحَاف) (ع) مذکر۔ وہ رضائی، جس میں بہت روئی ہو ٭
لحد (لَحَدْ) (ع) مؤنث۔ گور۔ تربت۔ مزار۔ قبر۔ خصوصاً قبر کے اندر کا وہ گڑھا، جس میں مردہ رکھا جاتا ہے اور جو سیدھے گڑھے سے ہٹ کر کھودا جاتا ہے ٭
لحظہ (لَحْ۔ ظَہ) (ع) مذکر۔ لمحہ۔ پل۔ دم بھر۔ دم کے دم ٭ لحظہ بہ لحظہ۔ ہر گھڑی۔ ہر دم۔ دم بہ دم۔ ساعت بہ ساعت ٭
لحم (لَحْم) (ع) مذکر۔ گوشت۔ ماس ٭
لحن (لَحْن) (ع) مذکر (۱) آواز (۲) سریلی آواز (۳) لَے۔ سُر (۴) خوش خوانی۔ خوش آوازی ٭
لحیم (لَحِیْم) (ع) موٹا۔ فربہ ٭ لحیم شحیم۔ موٹا تازہ۔ فربہ اندام۔ توانا ٭

ل۔خ

لخت (لَخْت) (ف) مذکر۔ ٹکڑا۔ حصّہ۔ پارہ ٭ لختِ جگر۔ مذکر (۱) جگر کا ٹکڑا (۲) بیٹا۔ بیٹی۔ نورِ چشم۔ اولاد ٭
لخلخ (لَخْ۔ لَخْ) (ف) (۱) پتلا۔ دبلا۔ لاغر (۲) وہ آواز، جو بھوک پیاس کے مارے حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے ٭ لخلخانا (ل) بھوک پیاس سے تڑپنا۔ بھوک سے نڈھال ہو جانا ٭
لخلخہ (لَخْ۔ لَخَہ) (ف) مذکر۔ چند خوش بودار چیزوں کا مجموعہ، جو دماغ کی تقویت کے لیے بیمار کو سنگھایا جاتا ہے ٭

ل۔د

لد (لَدْ) (ہ) لدنا کا امر ٭ لدجانا (۱) بوجھ رکھا جانا (۲) پُر ہو جانا۔ بھر جانا (۳) گزر جانا۔ چلا جانا (۴) انتقال کر جانا۔ مر جانا ٭ لدا (۱) لدنا سے ماضی مطلق (۲) لدانا کا امر ٭ لدا پھندا (۱) اچھی طرح لدا ہُوا (۲) بہت بھرا ہُوا (۳) بوجھ میں دبا ہُوا (۴) اسباب ساتھ لیے ہوئے ٭ لدالد۔ مؤنث (۱) اسباب لادنے کی آواز (۲) اونچائی سے کسی چیز کے گرنے کی آواز (۳) درختوں سے پھلوں کے گرنے کی آواز (۴) دیوار کے ردّے کے گرنے کی آواز (۵) کنوئیں میں گرنے کی آواز (۶) پے در پے۔ لگاتار ٭ لدانا (۱) اسباب لدوانا۔ بار کرانا (۲) مذکر (عو) بوجھ اور بوجھل اسباب (لادنا کے ساتھ) ٭ لداوا۔ مذکر۔ اسباب۔ بار۔ بوجھ ٭ لداؤ۔ مذکر (۱) لادنے کا اسباب (۲) وہ چھت، جو صرف چونے سے ڈاٹ لگا کر بنائی جاتی ہے۔ گنبد نما چھت۔ اس چھت میں کڑیاں نہیں ہوتیں (۳) بوجھ، جو اسباب لادنے کے باعث ہو ٭ لدنا (۱) بوجھ رکھا جانا۔ بار ہونا (۲) پُر ہونا۔ بھرنا ٭ لدّو (۱) باربرداری کے قابل۔ بوجھ اٹھانے کے لائق (۲) وہ حیوان، جو باربرداری کے کام آئے ٭ لدّو کرنا۔ باربرداری کے لائق بنانا۔ سواری کے لائق نہ رکھنا ٭ لدوانا۔ بار کرانا ٭
لدنی (لَدُنْ۔ نِی) (ع) خداداد۔ وہ (علم) جو سیکھنے کے بغیر وحی یا الہام وغیرہ کے ذریعے سے حاصل ہو ٭
لدّھڑ (لَدْ۔ دھَڑ) (ہ) (۱) موٹا اور بدوضع کا غذیا کپڑا وغیرہ (۲) بھدّا اور بھاری (۳) کند ذہن ٭

ل۔ڈ

لڈّو (لَڈْ۔ ڈُو) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی مٹھائی، جو بیسن یا مونگ کے آٹے وغیرہ سے گول سی بنائی جاتی ہے (۲) نفع۔ فائدہ۔ نعمت (۳) ڈلا۔ ڈھیلا۔ کلوخ ٭ لڈّو بانٹنا۔ کسی خوشی کی تقریب پر شیرینی تقسیم کرنا ٭ لڈّو تو کڑوے ہیں۔ مثل۔ جب کوئی شخص کسی کی نقدی وغیرہ چرا لے اور اسی میں سے لڈّو لا کر اسے کھانے کے لیے دے تو وہ رنج و افسوس سے یہ جملہ کہتا ہے ٭ لڈّو کھلانا (۱) مُنہ میٹھا کرانا۔ مٹھائی کھلانا (۲) مُنہ بھر دینا۔ رشوت دینا ٭ لڈّو کہے سے مُنہ نہیں میٹھا ہوتا۔ کہاوت۔ نری خوشامد اور خالی باتوں ہی باتوں سے مطلب حاصل نہیں ہوتا۔ لیے دیے بغیر کچھ کام نہیں چلتا ٭

ل۔ذ

لذائذ (لَذَا۔ ءِذْ) (ع) مؤنث۔ لذّت کی جمع۔ لذّتیں۔ ذائقے۔ مزے ٭ لذائذِ نفسانی۔ مؤنث۔ نفس کی خوشی۔ حظِّ نفسانی۔ شہوت پرستی۔ اندری بھوک ٭

لذّت (لَذْ-ذَت) (ع) مؤنث (۱) ذائقہ - سواد - مزہ (۲) حظ ÷ (آنا، اٹھانا، پانا، دینا، ملنا کے ساتھ) ÷ **لذّت اٹھانا** (۱) حظ اٹھانا - لطف حاصل کرنا - مزہ لینا (۲) ذائقہ لینا ÷ **لذّت چکھنا** (۱) سواد پانا - مزہ لینا - مزہ چکھنا (۲) مزے اڑانا - لطف حاصل کرنا ÷

لذیذ (لَذِیْذ) (ع) (۱) مزے دار - خوش ذائقہ (۲) (۱) پرلطف - خوش گوار (۲) پیارا - عزیز ÷

ل-ر

لَر (لَرْ) (ہ) مذکر - ایک قسم کا گز، جس سے زمین ناپی جاتی ہے - یہ ساڑھے چار فٹ سے ساڑھے چھ فٹ تک لمبا ہوتا ہے ÷

لُر (لُرْ) (ف) اجہل - احمق - بے تمیز ÷

لرز (لَرَزْ) (ف) لرزنا کا امر ÷ **لرز جانا** (۱) (۱) کانپ اٹھنا - تھرّا جانا (۲) ڈرنا ÷ **لَرزِش** (ف) مؤنث - تھرتھراہٹ - کپکپی - رعشہ ÷ **لرزنا** (۱) تھرّانا - کانپنا (۲) ڈرنا (۳) جنبش کرنا - ہلنا ÷ **لرزہ** (ف) مذکر (۱) لرزش - تھرتھراہٹ - رعشہ (۲) بیماری یا خوف کی وجہ سے کپکپی (۳) بھونچال ÷ **لرزہ آنا** (۱) (۱) کانپنا - رعشہ آنا (۲) زلزلہ آنا - بھونچال آنا (۳) خوف آنا ÷

ل-ڑ

لَڑ (لَڑْ) (ہ) مؤنث (۱) ہار - لڑی - ڈور - سلسلہ (۲) رسّی کا بل (۳) صف - قطار (۴) (پ) دامن - کنارہ - پلّہ (۵) گانٹھ - گرہ (۶) رشتہ - تعلق - وسیلہ (۷) لڑنا کا امر ÷ **لڑ لگانا** (۱) تعلّق یا وسیلہ پیدا کرنا (۲) (پ) شادی کرنا - بیاہنا ÷ **لڑمرنا** (۱) لڑکر مرجانا (۲) باہم تکرار یا جھگڑا کر بیٹھنا ÷ **لڑمیں رہنا** (۱) کسی کے کہنے میں رہنا - ساتھ دینا - کسی کا طرف دار بنا رہنا (۲) (پ) پلّے ہونا - جیب میں ہونا ÷ **لڑا** (۱) لڑنا سے ماضی مطلق (۲) لڑانا کا امر (۳) مذکر - لڑی ÷ **لڑاک - لڑاکا - لڑاکو** (۱) شریر - جھگڑالو - جنگ جُو (۲) ترش رُو - بد مزاج - بدخو (۳) جنگی - بہادر ÷ **لڑاکا کے چار کان** (د) مثل - جس عورت کو لڑنے کا چسکا ہو، وہ لڑائی کے لیے ہمیشہ کوئی بہانہ تلاش کرلیتی ہے ÷ **لڑانا** - لڑائی کرانا - بھڑانا - کشتی کرانا - جنگ کرانا ÷ **لَڑَاؤُ** (۱) لڑانے کے قابل (۲) ڈور، جو ایک مرتبہ کنکوّا لڑانے کے قابل ہو ÷ **لڑائی** - مؤنث (۱) جنگ (۲) مار پیٹ - فساد - جھگڑا (۳) سامنا - مقابلہ (۴) عداوت (۵) اَن بَن - خفگی ÷

لڑائی باندھنا (۱) جنگ کی ٹھہرانا (۲) جھگڑا کھڑا کرنا - دشمنی کرنا ÷ **لڑائی بھڑائی** - مؤنث - جنگ و جدل - دنگا فساد ÷ **لڑائی ٹل جانا** - جنگ کا موقع قریب آ جانا - مہم سر پر آ جانا ÷ **لڑائی کا گھر** (۱) فتنہ پرداز - فساد کی جڑ (۲) فساد کرانے والا - جھگڑا ڈالنے والا ÷ **لڑائی کا گھر ہانسی، روگ کا گھر کھانسی** - مثل - لڑائی ہنسی مذاق سے شروع ہوتی ہے اور بیماری کھانسی سے ÷ **لڑائی مارنا** - لڑائی سر کرنا - حریف کو مغلوب کرنا - شکست دینا ÷ **لڑائی مول لینا** (۱) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا (۲) ناحق دقت اور مصیبت میں پڑنا (۳) خود جھگڑا نکال لینا ÷ **لڑائی میں لڈّو (مٹھائی) نہیں بٹتے (بٹتی)** مثل - لڑائی میں شیرینی نہیں بانٹی جاتی - لڑائی خوشی کا مقام نہیں - لڑائی میں کچھ نفع نہیں ہوتا ÷ **لڑت** - مؤنث - دیکھیے "لڑنت" ÷ **لڑنا** (۱) تکرار کرنا - جھگڑنا (۲) بھڑنا (۳) مقابلہ کرنا (۴) ٹکرانا (۵) باہم ضد کرنا (۶) کشتی کرنا - زور آزمائی کرنا (۷) (پ) ڈنک مارنا - ڈسنا - کاٹنا ÷ **لڑنا بھڑنا - لڑنا جھگڑنا** - باہم جھگڑا فساد کرنا - بحث و تکرار کرنا ÷ **لَڑَنت** - مؤنث (۱) جنگ (۲) زور آزمائی - کشتی - پہلوانی ÷ **لڑی** - مؤنث (۱) لَڑ - موتیوں کی مالا - ہار (۲) تسلسل - سلسلہ - جھڑی (۳) لڑنا سے ماضی مطلق صیغہ واحد غائب مؤنث ÷ **لڑے** (۱) لڑنا سے ماضی مطلق صیغہ جمع غائب مذکر (۲) لڑنا کا مضارع ÷ **لڑے فوج نام سردار کا، کاٹے باڑھ نام تلوار کا** (د) مثل کام کوئی کرے، نام کوئی پائے - چھوٹے کام کریں، بڑے نام پائیں ÷

لڑبڑا (لَڑْ-بَڑَا) (ہ) دیکھیے "لجلجا" ÷

لڑبڑا (لَڑْ-بَڑَا) (ہ) لڑبڑانا کا امر ÷ **لَڑْ بَڑَانا** (۱) رک رک کر بولنا - ہکلانا - زبان میں لکنت ہونا (۲) لڑکھڑانا - ڈگمگانا ÷

لڑکا (لَڑْ-کَا) (ہ) مذکر (۱) چھوکرا - کودک - طفل (۲) بچہ - بالک - کم سن (۳) پوت - بیٹا - پسر (۴) نادان - ناتجربہ کار ÷ **لڑکا بالا** - مذکر (۱) بال بچّہ - اولاد - عیال و اطفال ÷ **لڑکا جنے بیوی اور پٹّی باندھیں میاں** - مثل - تکلیف کوئی اٹھائے اور اس کا اظہار کوئی کرے ÷ **لڑکا روے بالوں کو، نائی روے منڈائی کو** - مثل - ہر کوئی اپنا دکھ روتا ہے ÷ **لڑکائی** (دہلی) مؤنث - لڑکپن ÷ **لَڑَکْپَن - لَڑَکْپَنَا** - مذکر (۱) بچپن - طفولیت (۲) کم عمری کا زمانہ (۳) اوچھا پن - چھچھورا پن ÷ **لڑکوں** - مذکر - لڑکا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ÷ **لڑکوں کا کھیل** - مذکر (۱) بچوں کا کھیل (۲) بچوں کا دل بہلاوا (۳) سہل بات - آسان کام (۴) (طنزاً) ادنیٰ کام ÷ **لڑکوں کا کھیل، چڑیوں کا مرن** - مثل - ناسمجھ کے آگے جان کی کچھ قدر نہیں ÷ **لَڑْکی** - مؤنث (۱) چھوکری - کنیا (۲) بیٹی - دختر (۳) نادان - کم عمر (۴) دوشیزہ - کنواری (۵) ناتجربہ کار - ناسمجھ ÷ **لڑکی والا** - مذکر (۱) لڑکی کا باپ (۲) دلھن کا باپ ÷ **لَڑْکے** - مذکر - لڑکا کی جمع ÷ **لڑکیاں** -

مؤنث (۱) لڑکی کی جمع (۲) بیٹیاں ۔

لڑکنا۔ لڑکنی (لُڑَک۔نا، لُڑَک۔نی) دیکھیے لڑھکنا۔ لڑھکنی ۔

لڑکھڑانا (لَڑ۔کھڑا۔نا) (ہ) (۱) پاؤں کا کانپنا۔ ڈگمگانا۔ پاؤں پھسلنا۔ قدم اکھڑ جانا (۲) ہلنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا (۳) بہکنا۔ بے راہ ہونا (۴) ایمان میں فرق آنا۔ نیت بگڑنا ۔

لُڑھ (لُڑْھ) (ہ) لڑھنا کا امر ۔ لُڑھکا (۱) لڑھنا سے ماضی مطلق (۲) لڑھانا کا امر ۔ لڑھانا (۱) لڑھکانا۔ پھسلانا (۲) گرانا۔ جتھانا (۳) ملکہ گرا دینا ۔ لُڑھکا ۔ لڑھکنا کا امر ۔ لڑھکا (۱) لڑھکنا سے ماضی مطلق (۲) لڑھکانا کا امر ۔ لڑھکانا۔ گھوما ہوا پھینکنا۔ کسی چیز کو گھمانا ۔ لڑھکنا (۱) لڑھکنی کھانا۔ ڈگمگانا۔ پھسلنا (۲) لیٹنا۔ پڑنا۔ سونا (۳) انتقال کرنا۔ مرنا ۔ لُڑھکنی۔ مؤنث۔ قلابازی۔ لوٹنی ۔ لڑھکنی کھانا۔ پھسل جانا۔ لڑھکنا۔ قلابازی کھانا ۔ لڑھنا (۱) پھسلنا۔ لڑھکنا (۲) گرنا۔ بہنا (۳) بندوق یا توپ کا نشانہ بننا۔ مرجانا ۔

ل۔ز

لَزِج (لَزِج) (ع) لعاب دار۔ چیپ والا۔ لیس والا ۔

لزوجت (لُزُو۔جَت) (ع) مؤنث۔ لعاب۔ چیپ۔ لیس ۔

لزوم (لُزُوم) (ع) مذکر (۱) لازم ہونا (۲) لازم۔ ضرور۔ واجب ۔

ل۔س

لَس (لَس) (ہ) مذکر۔ چیپ۔ لیس۔ لعاب ۔ لَس لگا۔ مذکر (عو) (لکھنؤ) تعلق۔ سوبب۔ واسطہ ۔ لس دار۔ چیپ والا لعاب دار ۔ لَس لَسا۔ لَسلَسا۔ مذکر (۱) لس دار (۲) (لکھنؤ) مذکر۔ لہسوڑا۔ سپستان (۳) لسلسانا کا امر ۔ لَسلَسانا۔ چپچپانا ۔ لَسی۔ مؤنث (۱) لیس (۲) کہگل۔ پلستر (۳) وہ بیماری، جو آم یا کسی اور درخت کے بَوروں میں بے وقت ابر و باد سے ہو جاتی ہے ۔

لِس (لِس) (ہ) لِسنا کا امر ۔ لِس جانا۔ لِسنا (۱) لتھڑنا۔ آلودہ ہونا (۲) ٹھیک بیٹھنا۔ چسپاں ہونا۔ موزون ہونا ۔ لِسوڑا (لِسوڑا)۔ لہسوڑا) ایک نہایت چیپ والا پھل اور اس کا درخت۔ سپستان ۔

لِسان (لِسان) (ع) مؤنث (۱) زبان (۲) بولی۔ بھاشا ۔ لِسان العصر۔ اپنے وقت کا خوش بیان ۔ لِسان الغیب (۱) مؤنث۔ غیب کی زبان (۲) مذکر۔ حافظ شیرازی کا لقب، جن کے دیوان میں فال دیکھی جاتی ہے ۔

لَسّان (لَس۔سان) (ع) (۱) بہت بولنے والا۔ باتونی۔ بکی (۲) شیریں زبان۔ خوش گفتار (۳) زبان دراز۔ چکنی چپڑی باتیں بنانے والا۔ چرب زبان ۔

لسرکا (لَسَر۔کا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) (عو) تھوڑا سا تعلق۔ سروکار۔

واسطہ ۔

لَسَن (لَس۔سَن) (ہ) مذکر (۱) لسن (پ۔ مخدوم) (۲) وہ سرخ یا سیاہ داغ، جو بدن پر ہو جاتا ہے اور جسے دولت مندی و خوش اقبالی کی علامت خیال کرتے ہیں ۔

لَسّی (لَس۔سی) (ہ) مؤنث (۱) دودھ، جس میں زیادہ پانی ملا دیا جاتا ہے (۲) دہی اور پانی کا مرکب۔ چھاچھ ۔

ل۔ش

لَش (لَش) (ہ) مؤنث۔ کتے کو کسی پر چھپٹانے کا اشارہ کرنے کی آواز۔ (پ) ہُوچھ ہُوچھ ۔ لَشکار۔ لشکارنا کا امر ۔ لشکارنا۔ کتے کو شکار پر چھپٹانے کے لیے لش لش کرنا ۔

لَش پَش ہونا۔ لَشت پَشت ہونا۔ لَشتی پَشتی ہونا۔ بے حد مضمحل ہونا۔ تھک کر چور ہونا جسمانی محنت، کام یا سفر کرتے کرتے تھک جانا (لکھنؤ میں صرف لشت پشت ہونا بولتے ہیں) ۔

لَشتَر (لَش۔تَر) (ہ) سست۔ ناکارہ ۔

لَشتَم پَشتَم۔ لَشٹَم پَشٹَم (لَش۔تَم۔پَش۔تَم، لَش۔ٹَم، پَش۔ٹَم) (ہ) (۱) جوں توں کر کے۔ بُری بھلی طرح (۲) مشکل سے (۳) بہر حال ۔

لشکر (لَش۔کَر) (ف) مذکر (۱) سپاہ۔ فوج (اترنا کے ساتھ) (۲) (ل) ہجوم۔ بھیڑ بھاڑ (۳) چھاؤنی۔ کیمپ ۔ لشکر اکٹھا کرنا (و) (۱) سپاہ فراہم کرنا۔ فوج اکٹھی کرنا (۲) بھیڑ لگانا۔ بہت سے آدمی جمع کرنا ۔ لشکر جمانا۔ فوج کو ترتیب دینا ۔ لشکر کشی (ف) مؤنث۔ فوج کشی۔ چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ ۔ لشکر کی بولی (ل) مؤنث۔ وہ بولی، جس میں بھانت بھانت کی بھاکا مل گئی ہو۔ لشکری زبان ۔ لشکر گاہ (ف) مؤنث (۱) چھاؤنی۔ کیمپ۔ معسکر (۲) فوج کا پڑاؤ۔ سپاہ کی فرودگاہ ۔ لشکری۔ مذکر۔ فوجی سپاہی۔ تلنگا ۔

ل۔ط

لطافت (لَطا۔فَت) (ع) مؤنث (۱) خوبی۔ عمدگی (۲) ملایمت۔ نرمی (۳) صفائی۔ پاکیزگی (۴) خوب صورتی۔ نزاکت (۵) (۶) لذت۔ ذائقہ۔ مزہ (۶) نکتہ۔ باریکی (۷) فصاحت ۔

لطائف (لَطا۔اِف) (ع) مذکر۔ لطیفہ کی جمع۔ ظرافت کی باتیں۔ چٹکلے ۔ لطائف الحیل۔ مذکر۔ وہ بہانے، جو دوسروں کو ناگوار گزریں ۔

لطف (لُطف) (ع) مذکر (۱) مہربانی۔ عنایت (۲) عمدگی۔ خوبی (۳) ملایمت۔ نرمی (۴) بہار۔ مزہ۔ لذت ۔ لطف یہ ہے (۵) (۱) عمدگی یہ ہے۔ خوبی یہ ہے (۲) تعجب یہ ہے ۔

لطفی (لَط۔فی) (ل) مذکر۔ بے پالک۔ متبنّٰی ۔

لطمہ (لَط۔مَہ) (ع) مذکر (۱) طمانچہ۔ تھپڑ۔ مکا (۲) دریا کا تھپیڑا ۔

لطیف (لَطِیف) (ع) (۱) نرم۔ نازک (۲) سبک۔ ملائم (۳) صاف شفاف (۴) ستھرا۔ پاکیزہ (۵) مزیدار۔ لذیذ (۶) عمدہ۔ خوب (۷) مقدس۔ پاک ٭ لطیف الطبع۔ لطیف طبع۔ لطیف مزاج (۱) زندہ دل۔ خوش مزاج۔ خوش دل۔ سبک روح۔ سلیم الطبع۔ خوش طبع (۲) رحم دل ٭

لطیفہ (لَطِی۔ فَہ) (ع) مذکر (۱) دل چسپ بات۔ چٹکلا (۲) (۱) عجیب۔ انوکھا۔ اعجوبہ (۳) حیرت انگیز بات۔ شگوفہ ٭ لطیفہ چھوڑنا (ف) (۱) شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی انوکھی بات بیان کرنا ٭ لطیفہ گو (ع۔ف) خوش مزاج۔ ظریف۔ بذلہ سنج ٭

ل۔ع

لعاب (لُعَاب) (ع) مذکر (۱) تھوک۔ آبِ دہن۔ رال۔ کف (۲) چیپ۔ لیس ٭ لعاب دار (ع۔ف) چیپ والا۔ لیس والا۔ لسلسا ٭

لعب (لَعِب۔ لَعْب) (ع) مذکر (۱) کھیل کود۔ دل بہلاوا (۲) (۱) تماشا۔ سیر ٭ لعبت (لُعْ۔ بَت) مؤنث (۱) گڑیا۔ گڑیا۔ پتلی (۲) بت۔ مورت (۳) کھیل۔ کھلونا ٭

لعل (لَعْل) (ع) مذکر (۱) جواہرات کی قسم سے ایک قیمتی کانی پتھر۔ لال (۲) سرخ۔ لال۔ احمر ٭ لعل اگلنا (ف) (۱) خوش کلام ہونا۔ منہ سے پھول جھڑنا (۲) (طنزاً) گالی بکنا۔ بدزبانی کرنا ٭ لعل لگنا (۱) قیمتی ہونا (۲) انوکھا پن ہونا ٭

لعن (لَعْن) (ع) مؤنث (۱) نفرین۔ پھٹکار (۲) جھڑکی۔ سرزنش ٭ لعن طعن۔ مؤنث (۱) پھٹکار۔ دھتکار۔ نفرین۔ لعنت ملامت (۲) سرزنش۔ جھڑکی ٭ لعنت۔ مؤنث (۱) نفرین۔ پھٹکار (۲) دھتکار۔ سرزنش (۳) برا بھلا۔ سخت سست ٭ لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ مثل۔ جھوٹ بولنے والوں پر خدا کی لعنت ہے (آیت قرآنی) ٭ لعنت بھیجنا (ف) (۱) نفرین کرنا۔ برا بھلا کہنا (۲) نفرت کرنا۔ کنارہ کرنا۔ چھوڑنا (۳) کوسنا۔ بددعا دینا ٭ لعنت کا ٹکڑا، پھٹ پھٹ کی روٹی، لعنت کی روٹی، پھٹے پھٹے کا ٹکڑا۔ ازحد بے عزتی کی روٹی۔ وہ روٹی، جو سیکڑوں باتیں سنا کر اور طعنے دے دے کر کھلائی جائے ٭ لعنت کا طوق۔ مذکر (کنایۃً) رسوائی ٭ لعنت کا مارا (۱) لعنتی۔ ملعون۔ مردود (۲) بدبخت۔ بدنصیب ٭ لعنت ملامت کرنا سخت سست کہنا۔ برا بھلا کہنا۔ دھتکارنا۔ خبر لینا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا ٭ لعنتی (۱) لعین۔ ملعون۔ مردود (۲) بدبخت۔ بدنصیب

لعوق (لَعُوق) (ع) مذکر۔ چاٹنے کی لیس دار دوا۔ چٹنی ٭

لعین (لَعِین) (ع) (۱) لعنتی۔ ملعون۔ مردود (۲) بدبخت (۳)

جہنمی۔ دوزخی ٭

ل۔غ

لغات (لُغَات) (ع) مذکر (۱) لغت کی جمع (۲) زبانیں۔ الفاظ (۳) فرہنگ۔ لغت کی کتاب۔ وہ کتاب، جس میں الفاظ اور ان کے معانی بالتشریح دیے گئے ہوں۔ ڈکشنری ٭

لغام (لُغَام) (ف) مؤنث۔ لگام ٭

لغایت (لِغَایَت) عربی میں لِغَایَۃِ تھا۔ اس کی انتہا تک۔ اردو میں لام مفتوح ہو گیا اور آخر کی ضمیر حذف ہو گئی (۱) انجام تک۔ آخر تک (۲) داخل۔ شامل۔ ملا ہوا ٭

لغت (لُغَت) (ع) مذکر (۱) زبان۔ بولی (۲) لفظ (۳) لغت کی کتاب۔ لغات۔ فرہنگ۔ ڈکشنری ٭ لغت تراش (ع۔ف) لغت بھاڑنے اور گھڑنے والا۔ لسان۔ لفاظ ٭ لغت جھاڑنا (ف) (۱) علمیت جتانا (۲) غیر معروف اور مشکل الفاظ بولنا ٭ لغت چھانٹنا۔ از حد مشکل اور ناموزون الفاظ استعمال کر کے علمیت کا اظہار کرنا ٭

لغز (لُغْز) (ع) مؤنث۔ معما۔ پہیلی۔ بجھارت ٭

لغزش (لَغْ۔ زِش) (ف) مؤنث (۱) پھسلاہٹ۔ پھسلن (۲) کپکپی۔ جنبش۔ لرزش (۳) بھول چوک۔ غلطی۔ سہو۔ خطا (۴) ضلالت۔ گمراہی ٭ لغزش آنا (ف) (۱) پھسلنا (۲) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا (۳) استقلال میں فرق آنا (۴) گمراہ ہونا۔ بہکنا (۵) اظہار یا بیان میں فرق آنا ٭ لغزش کرنا (۱) بہکنا۔ گمراہ ہونا (۲) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا (۳) کانپنا (۴) بھول چوک کرنا ٭ لغزش کھانا۔ دیکھیے "لغزش کرنا" نمبر ۱ و ۲ ٭

لغو (لَغْو) (ع) (۱) واہیات۔ بیہودہ۔ نامعقول۔ بے معنی۔ مہمل۔ بے فائدہ۔ بے کار (۲) مذکر۔ بیہودہ آدمی (۳) مؤنث۔ جھک۔ ژٹل۔ بکواس ٭ لغو بکنا (ف) بیہودہ بکنا۔ بے سود و بے معنی باتیں کہنا۔ واہیات باتیں زبان پر لانا ٭ لغویات (ع) مؤنث۔ لغو کی جمع ٭ لغویت۔ مؤنث۔ بیہودگی ٭

لغوی (لُغَ۔ وِی) (ع) لغت سے منسوب۔ اصلی۔ موضوعی ٭

ل۔ف

لف (لَف) (ع) لپیٹنا ٭ لف و نشر (لپیٹنا اور پھیلانا) مذکر۔ علم بیان کی اصطلاح میں وہ صنعت، جس میں پہلے چند چیزیں بیان کریں، پھر چند اور چیزوں کا ذکر کریں، جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں، لیکن اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے مل جائے ٭

لفاظ (لَف۔ فَاظ) (ع) (۱) بے معنی لفظوں میں خوش کرنے والا (۲) شیریں زبان۔ خوش بیان۔ خوش گو۔ **لفاظی**۔ مؤنث (۱) خوش بیانی، فصاحت (۲) (ف) لسانی۔ بک بک۔ بکواس (۳) ڈینگ۔ شیخی۔

لفافہ (لِفا۔ فَہ) (ع) مذکر (۱) کاغذ کا غلاف، جس میں خط وغیرہ بند کیا جاتا ہے (۲) دکھاوا، بناوٹ، ظاہری سامان (۳) دھوکا (۴) ملمع، قلعی (۵) جلد ٹوٹ جانے والی چیز (۶) راز۔ بھید۔ **لفافہ بنا رکھنا** (ل) (۱) ظاہری ٹیپ ٹاپ بنا رکھنا (۲) دھوکا دینا۔ **لفافہ کرنا** (۱) دکھاوا کرنا (۲) ہلکا بنانا، غول یا ملمع چڑھانا۔ **لفافہ کھل جانا** (۱) چٹھی کے مضمون کا معلوم ہو جانا (۲) فریب کھل جانا۔ راز فاش ہو جانا۔

لفٹ (لِفٹ) (انگ۔ Lift) مؤنث۔ اٹھانے کی کل، جو بڑے بڑے اونچے مکانوں میں لگی ہوتی ہے۔

لفٹنٹ (لَف۔ ٹی۔ نَنٹ) (انگ۔ Lieutenant) (لفٹیننٹ) مذکر (۱) نائب۔ حاکم صوبہ (۲) (فوج) بڑا حاکم (۳) کپتان کے ماتحت ایک فوجی افسر (۴) کپتان کا نائب بحری فوج کا افسر۔

لفظ (لَفْظ) (ع) (دہلی میں مذکر، لکھنؤ میں مذکر و مؤنث۔ اکثر استعمال مذکر کے ساتھ ہے۔) (۱) وہ کلمہ، جو منہ سے نکلے (۲) بات۔ کلمہ۔ شبد۔ **لفظ بہ لفظ** (۱) حرف بہ حرف۔ ایک ایک لفظ (۲) ہو بہو (۳) صاف صاف۔ تفصیل وار۔ **لفظاً**۔ لفظ کے اعتبار سے۔ **لفظی** (۱) لغوی۔ حقیقی۔ اصلی (۲) الفاظ کی۔ باتوں کی۔

لفنگ (غالباً فارسی "لاف" کا مخرب ہے) مؤنث۔ لاف زنی۔ گپ مارنا۔
لفنگا (لَفَنگ۔ گا) (صفت مذکر) شیخی باز۔

ل۔ق

لق (لَق) (ع) (۱) تنگ اور لمبی زمین (۲) بلند زمین (۳) زمین میں شگاف (۴) بہت بولنے والا۔

لق (لَق) (ف) لمبے بالوں کا۔ صاف۔ اردو میں لق و دق کی ترکیب سے آتا ہے۔ دیکھیے "لق و دق"۔

لق و دق (لَقو۔ دَق) (ترکی میں لغ و دغ۔ وہ ہموار سخت زمین، جس میں درخت اور گھاس بالکل نہ ہوں) (ل) بیابان۔ صحرا۔ چٹیل میدان۔ سنسان جگہ۔ ہُو کا مقام۔ وہ مقام، جہاں آدمی تو درکنار، درخت تک نہ ہوں۔ **لق و دق میدان**۔ مذکر۔ وہ میدان، جہاں گھاس پات اور درخت وغیرہ کا نام تک نہ ہو۔ چٹیل میدان۔

لِقا (عربی میں لِقاء، دیدار کرنا۔ فارسی میں بغیر ہمزہ منہ اور چہرہ، مرکبات میں) مؤنث (۱) ملاقات۔ دیدار (۲) شکل۔ صورت۔ چہرہ۔

لُقا (لُقا) (ع) مذکر۔ ایک شخص کا نام، جس کی ڈاڑھی میں موتی پروئے گئے تھے۔

لقا (لَق۔ قا) (ل) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر، جو اکثر گردن دُم سے لگائے رکھتا ہے۔

لُقّا (لُق۔ قا) (ل) شہدا۔ لُچا۔

لقات (لَق۔ قات) (ل) (ع) بے حد دُبلا۔ ناتوان۔ کم زور۔

لقب (لَقَب) (ع) مذکر۔ وہ نام، جو کسی خاص مدح یا ذم کے باعث پڑ گیا ہو۔

لقطہ (لُق۔ طَہ) (ع) مؤنث۔ راستے سے اٹھائی ہوئی گری پڑی چیز۔

لقلق (لَق۔ لَق) (فارسی لک لک کا معرب) مذکر۔ سارس۔

لقلقہ۔ مذکر (۱) سارس کے زور سے بولنے کی آواز (۲) (کنایۃً) ظرف۔ حوصلہ۔ رُعب داب (۳) قوتِ بیان۔ خوش بیانی۔ لب و لہجہ۔

لقمان (لُق۔ مان) (ع) مذکر (۱) ایک مشہور حکیم، جس کی بہت سی نادر کتابیں، اقوال اور نصائح مشہور ہیں (۲) (مجازاً) نہایت تجربہ کار۔ بہت بڑا دانا۔ **لقمان کو حکمت سکھانا** (ل) عقل مند کو تدبیر بتانا یا نصیحت کرنا۔ لغو کام کرنا۔

لقمہ (لُق۔ مَہ) (ع) مذکر۔ کھانے کی وہ مقدار، جو ایک دفعہ منہ میں ڈالی جائے۔ نوالہ۔ **لقمہ دینا** (ل) (۱) نوالہ دینا (۲) دوسرے کی بات میں بولنا (۳) کسی کو قرآن شریف وغیرہ سناتے وقت بھول چوک بتانا (۴) توپ میں گولہ بارود ڈالنا (۵) رشوت دینا۔ **لقمہ کر جانا**۔ چٹ کر جانا۔ نگل جانا۔ اڑا جانا۔

لقندرا (لُقَن۔ دَرا) (ل) (۱) لغو آدمی۔ یاوہ گو (۲) آوارہ پھرنے والا (۳) بدچلن۔ غنڈا۔ شہدا۔ لچا۔ بدمعاش۔

لقوہ (لَق۔ وَہ) (ع) مذکر۔ ایک بیماری، جس میں منہ ٹیڑھا ہو کر چہرہ پھر جاتا ہے۔ **لقوہ مار جانا** (ل) (۱) لقوہ ہو جانا۔ لقوے کی بیماری میں مبتلا ہو جانا (۲) چہرہ ٹیڑھا ہو جانا۔ منہ پھر جانا۔

ل۔ک

لک (لَک) (ف) مذکر (۱) لاکھ۔ سو ہزار (۲) نادان۔ بے وقوف (۳) لاکھ، جو ایک قسم کا گوند ہے۔

لُک (لُک) (ہ) مذکر (۱) روغن۔ وارنش۔ جلا (۲) شعلہ۔ لو۔ لوکا۔

لُک (لُک) (ہ) لکنا کا امر۔ **لکا** (لُکا) (ہ) (۱) لکنا سے ماضی مطلق (۲) لکانا کا امر۔ لکانا (ہندی) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ **لکنجن**۔ مذکر۔ وہ سرمہ، جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ اسے لگانے سے آدمی نظر نہیں آتا۔

لکاتہ (لَک۔ کا۔ تہ) (فارسی میں بے تشدید تھا۔ اردو میں بالفتح وتشدید دوم ہو گیا) مؤنث۔ بے حیا اور فاحشہ عورت۔

لُکان (لُکان) (ہ) مذکر۔ کشتی کا ایک داؤ، جس میں حریف کو تھکا کر

نچلایا جاتا ہے۔

لکٹی، لکھٹی (لَک۔ ٹِی، لَکھ۔ ٹِی) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) ادھ جلی لکڑی (۲) آگ کریدنے کا اوزار۔ کرچھا (۳) لڑائی کرا دینے والی عورت۔ چغل خور۔

لکچر (لَک۔ چَر) (انگ۔ Lecture) مذکر (۱) تقریر۔ وعظ۔ اپدیش۔ زبانی مضمون (۲) سبق۔ درس۔ **لکچرار** (مہند) (انگ۔ لیکچرر Lecturer) مذکر (۱) مقرر۔ تقریر کرنے والا۔ واعظ۔ اپدیشک (۲) سبق پڑھانے والا۔ استاد۔

لکد (لَگَد) (ف) مؤنث۔ لات۔ ٹھوکر۔ دولتی۔ **لکدزن** (ف) لات مارنے والا۔

لکر (لِکَر) (انگ۔ Liquor) مؤنث۔ شراب۔

لکڑ، لکڑا (لَک۔ کَڑ، لَک۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ بڑی لکڑی۔ لٹھا۔ شہتیر۔ لکڑی۔ **لکڑہارا**۔ مذکر (۱) لکڑیاں بیچنے والا (۲) لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا۔ **لکڑی**۔ مؤنث (۱) کاٹھ۔ چوب۔ ہیزم۔ ایندھن (چھیلنا، کاٹنا کے ساتھ) (۲) چھڑی۔ ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی۔ سونٹا۔ لاٹھی۔ عصا (مارنا کے ساتھ) (۳) (مجازاً) مدد۔ سہارا۔ آسرا (۴) چوب بازی۔ پٹا (۵) (کنایۃً) کڑا۔ سخت۔ **لکڑی پھینکنا**۔ چوب بازی کرنا۔ پٹا پھینکنا۔ **لکڑی کے بل مکڑی (بندریا) ناچے**۔ مثل (۱) حمایتی کے بھروسے پر ہر ایک کودتا ہے (۲) ڈر کے مارے سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔ **لکڑیاں**۔ مؤنث۔ لکڑی کی جمع۔ **لکڑیاں دینا** (ہندو) چتا میں آگ دینا۔ مُردے کو جلانا (۲) کریا کرم کرنا۔ **لکڑیاں (لکڑی) کھانا**۔ لکڑیوں سے پٹنا۔ لاٹھیوں سے مار کھانا۔

لکشمی (لَک۔ شمِی) (س) مؤنث۔ دیکھیے "لچھمی"۔

لکنت (لُک۔ نَت) (ع) مؤنث۔ رک رک کر بولنے کی حالت۔ ہکلاپن۔ (پڑنا کے ساتھ)۔

لکہ (لَک۔ کہ، لَک۔ کہ) (ف) مذکر (۱) ٹکڑا۔ پارچہ۔ اکثر ابر اور دھوئیں کے ٹکڑے کے لیے مستعمل ہے (۲) دھبا۔ داغ۔

لکھ (لَکھ) (ہ) مذکر۔ لاکھ کا مخفف۔ سو ہزار کی تعداد۔ **لکھ بخش (داتا)** (ف) (عوام) (۱) لاکھوں لٹا دینے والا۔ بے حد سخی۔ داتا (۲) مذکر۔ قطب الدین ایبک کا لقب، جو سخاوت کے سبب اس لقب سے ملقب تھا۔ **لکھ پتی** (۱) لاکھ کی حیثیت والا۔ وہ شخص، جس کے پاس لاکھ روپیہ ہو۔ امیر۔ دولت مند۔ دھنی۔ **لکھ پیڑا**۔ مذکر۔ وہ باغ، جس میں بہت سے پیڑ ہوں اور خصوصاً آموں کے۔ **لکھ لٹ**۔ کھاؤ اڑاؤ۔ بہت بڑا فضول خرچ۔ مسرف۔ **لکھی**۔ لاکھ روپیہ کی حیثیت والا۔ لکھ پتی۔

لِکھ (لِکھ) (ہ) لکھنا کا امر۔ **لِکھا** (۱) لکھنا سے ماضی مطلق (۲) لکھانا کا امر (معنی نمبر ۱ و ۲ میں تشدید کاف کے بغیر فصیح ہے) (۳) لکھا ہوا کی جگہ (جلال نے تشدید کاف سے کہا ہے) (۴) (عوام) مذکر۔ قضا و قدر کا حکم۔ تقدیری اور شدنی امر۔ قسمت۔ (ان معنی میں تشدید سے فصیح ہے، رشک نے تشدید کے بغیر بھی کہا ہے) **لکھا پڑھا**۔ خواندہ۔ تعلیم یافتہ۔ **لکھا پورا کرنا**۔ مصیبت بھرنا۔ قسمت بھگتنا۔ برے دن کاٹنا۔ **لکھانا** (۱) تحریر کرانا۔ لکھوانا (۲) تحریری اقرار نامہ لینا (۳) مشق کرانا، عبارت لکھوانا۔ **لکھائی**۔ مؤنث (۱) لکھنے کا کام (۲) لکھنے کی اجرت، لکھنے کی مزدوری۔ **لکھت**۔ مؤنث (۱) نوشت۔ تحریر (۲) دستاویز۔ اقرار نامہ۔ **لکھت پڑھت ہونا**۔ باہمی دستاویز کا لکھا جانا۔ تحریری عہد و پیمان ہونا۔ **لکھنا**۔ لکھائی کرنا۔ تحریر کرنا۔ **لکھنا پڑھنا**۔ مذکر۔ لکھائی پڑھائی۔ نوشت و خواند۔ **لکھنی**۔ مؤنث (ہندو) لکھنے کا آلہ۔ قلم۔ کلک۔ **لکھوا**۔ لکھوانا کا امر۔ **لکھوانا**۔ دیکھیے "لکھانا"۔ **لکھے**۔ لکھنا کا مضارع۔ **لکھے موسیٰ پڑھے خدا** (۱) مثل۔ ایسی تحریر کے متعلق کہتے ہیں، جو کسی سے پڑھی نہ جائے۔ **لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل**۔ مثل۔ ایسے عالمانہ وضع رکھنے والے جاہل کے متعلق کہتے ہیں، جو لکھنا پڑھنا تو نہ جانتا ہو، لیکن فضیلت کا مدعی ہو۔

لکھوٹا (لَکھو۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) پان یا شہاب کی سرخی، جو عورتیں ہونٹوں پر لگاتی ہیں (۲) لاکھ کی مہر، جو لفافوں یا پارسلوں پر لگائی جاتی ہے۔

لکھوری (لَکھو۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی پختہ چھوٹی اینٹ (۲) ایک قسم کی چھوٹی بھڑ یعنی کمھاری۔

لکھیا (لَکھ۔ یا) (ہ) مؤنث (۱) ادھر کی ادھر لگانے والی۔ غماز۔ چغل خور (۲) رنڈی۔ کسبی۔ بیسوا۔ بدکار۔ فاحشہ (۳) چالاک اور عیار عورت۔ چاترہ۔

لکھیرا (لَکھے۔ را) (ہ) مذکر۔ لاکھ کا کام کرنے والا۔ لاکھ کی چیزیں بنانے والا۔

لکیر (لَکیر) (ہ) مؤنث (۱) خط۔ لائن (۲) قطار۔ سلسلہ (۳) سطر (۴) (مجازاً) قدیم رسم۔ پرانا دستور (۵) سانپ کے چلنے کا نشان (۶) لکیرنا کا امر۔ **لکیر پر چلنا**۔ پرانے طریقے کے مطابق چلنا۔ پرانی رسموں کا پابند ہونا۔ **لکیر پیٹنا** (۱) پرانی رسم پر چلنا (۲) ہاتھ ملنا۔ افسوس کرنا۔ **لکیر کا فقیر ہونا** (۹) (۱) پرانی رسم کا پابند ہونا (۲) عاشق ہونا۔ معشوق کے کسی نشان پر عاشق ہونا۔ **لکیر کھینچنا** (ہ) (۱) خط کھینچنا۔ ڈول کرنا (۲) حد باندھنا۔ نشان لگانا (۳) مٹانا۔ قلم پھیرنا (۴) عہد کرنا۔ کان پکڑنا۔ توبہ کرنا۔ **لکیرنا** (۱) لکیر یا خط کھینچنا (۲) منتر سے محدود کرنا (۳) ڈول یا خاکہ بنانا۔

ل۔گ

لگ (لَگ) (ہ) (ہندو۔ عوام) (۱) پاس۔ قریب (۲) لگنا کا امر۔ **لگ بھگ** (۱) قریب قریب (۲) مشابہ۔ ملتا جلتا۔ **لگ جانا** (۱) رجوع ہو جانا۔ مائل ہو جانا (۲) شروع ہو جانا (۳) اثر کر جانا (۴)

چُبھ جانا۔ کھٹک جانا ٭ لگ چلنا (۱) ہمراہ چلنا۔ ساتھ ہو لینا (۲) چھُو کر چلنا۔ پاس ہو کر چلنا (۳) یار بنانا۔ دوستی بڑھانا۔ مل کر چلنا (۴) چمٹنا۔ لپٹنا۔ تعلق کرنا۔ محبت جتانا ٭ لگا (۱) لگنا سے ماضی مطلق (۲) لگانا کا امر (۳) ہمراہ۔ ساتھ۔ ملا ہُوا (۴) چسپاں پیوستہ (۵) گلا۔ سڑا ٭ لگا بندھا۔ مذکر (۱) فرماں بردار۔ مطیع (۲) ٹھہرایا ہُوا۔ مقرر کیا ہُوا (۳) یار۔ آشنا (۴) وابستہ۔ متعلق (۵) گرفتار۔ پابند۔ قیدی ٭ لگا تار (۱) پاس پاس۔ متواتر۔ برابر۔ پے در پے ٭ لگا تو تیر نہیں تکّا۔ مثل۔ انسان کو ہمت نہ ہارنا چاہیے۔ انسان کو ہر کام کرنے میں ہمت باندھنا چاہیے، چاہے ہو، چاہے نہ ہو۔ ہوگیا تو اچھا، نہ ہُوا تو خیر ٭ لگا (لگائے) رکھنا (۱) اٹھا رکھنا۔ بچا رکھنا (۲) امید لگا رکھنا (۳) مصروف رکھنا۔ مشغول رکھنا (۴) پاس سے جدا نہ ہونے دینا ٭ لگا رہنا (۱) پیچھے رہنا۔ ساتھ رہنا (۲) لپٹا رہنا۔ چمٹا رہنا (۳) مصروف رہنا (۴) جاری رہنا (۵) جما رہنا۔ مستقل رہنا ٭ لگا سو لگا۔ مثل (۱) جو کام شروع ہُوا، وہ انتہا کو پہنچا (۲) زمانے کو گزرتے دیر نہیں لگتی ٭ لگا لانا۔ بھگا کر لے آنا۔ بہلانے سے لے آنا۔ دم دلاسا دے کر لے آنا ٭ لگا لگایا (۱) جڑا جڑایا۔ بنا بنایا (۲) جما جمایا (۳) خرچ کیا ہُوا۔ صرف شدہ (۴) مقرر کیا ہُوا۔ لگا بندھا (۵) درست۔ آراستہ ٭ لگا لینا (۱) ساتھ کر لینا (۲) یار بنا لینا (۳) مشغول کر لینا (۴) اپنے مطلب کا بنا لینا (۵) شروع کر لینا ٭ لگا مارنا۔ تہمت لگانا۔ عیب دھرنا۔ بدنام کرنا۔ الزام رکھنا ٭ لگا ہُوا (۱) ملا ہُوا۔ قریب۔ پاس (۲) مشغول۔ مصروف (۳) سدھا ہُوا۔ ملا ہُوا (۴) خوگر۔ عادی ٭ لگاؤ۔ مذکر (۱) لاگ۔ دوستی۔ محبت۔ پیار۔ عشق (۲) واسطہ۔ تعلق۔ ربط۔ نسبت (۳) ہمسری۔ برابری (۴) دخل۔ رسائی۔ پہنچ (۵) آغاز۔ شروع (۶) ڈول۔ ڈھنگ (۷) ناؤ کھینے کا چپّو ٭ لگا سنگا۔ مذکر (۱) میل جول۔ آنٹ سانٹ۔ رابطہ۔ محبت (۲) رسائی۔ واقفیت ٭ لگا کھانا (۱) یارانہ گانٹھنا۔ دوستی پیدا کرنا (۲) نسبت رکھنا۔ برابر کا ہونا۔ ہم پلّہ ہونا۔ مطابقت کھانا (۳) شروع کرنا (۴) ڈھنگ ڈالنا (۵) موقع لگانا ٭ لگا لگانا۔ کسی کام کا شروع کرنا۔ پہل کرنا۔ ابتدا کرنا ٭ لگانا (۱) ملانا۔ جوڑنا۔ پیوست کرنا (۲) سینا۔ ٹانکنا (۳) ساتھ جوڑنا۔ شامل کرنا (۴) بونا (۵) مارنا (۶) چغلی کھانا۔ ابھارنا۔ اکسانا (۷) ترتیب سے رکھنا۔ بچھانا (۸) مصروف رکھنا۔ مشغول رکھنا (۹) ہلانا۔ سدھانا (۱۰) الجھانا۔ پھنسانا (۱۱) عیب لگانا۔ تہمت دھرنا (۱۲) مقرر کرنا (۱۳) قیمت تجویز کرنا (۱۴) محسوب کرنا۔ قیمت لینا (۱۵) بازی پر رکھنا۔ داؤں پر رکھنا ٭ لگانا بجھانا۔

بدگوئی اور غیبت کرنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا ٭ لگانے میں آنا۔ لگائی بجھائی سے اثر پذیر ہو جانا ٭ لگانے والا۔ مذکر۔ غیبت کرنے والا۔ چغل خور۔ دُز انداز ٭ لگاوٹ۔ مؤنث (۱) تعلق۔ لگاؤ۔ علاقہ (۲) رُجحان۔ میلان (۳) سازش۔ میل ملاپ (۴) آشنائی۔ یارانہ۔ دوستی (۵) ناز۔ نخرا ٭ لگاوٹ دکھانا۔ توجہ ظاہر کرنا ٭ لگاوٹ کرنا (۱) اُنس ظاہر کرنا۔ محبت جتانا (۲) ناز کرنا۔ غمزہ کرنا (۳) آشنائی جتانا۔ دوستی ظاہر کرنا ٭ لگاوٹ کی باتیں۔ مؤنث۔ پھسلانے والی باتیں۔ دوسرے کے دل میں محبت پیدا کرنے والی باتیں ٭ لگاوٹ ہونا۔ بناوٹی محبت کا اظہار ہونا۔ ظاہرداری ہونا ٭ لگاؤ۔ مذکر (۱) علاقہ۔ تعلق۔ نسبت (۲) باریابی۔ دخل۔ پہنچ (۳) راہ و رسم۔ میل ملاپ۔ پیار۔ محبت (۴) ناتا۔ رشتہ۔ یگانگی (۵) جوڑ۔ ہمسری۔ مناسبت (۶) لاگ۔ آمیزش (۷) شرکت (۸) میلانِ طبع۔ رُجحان (۹) اشارہ، ایما ٭ لگائی بجھائی۔ مؤنث (۱) غمّازی۔ بدگوئی۔ چغل خوری (۲) الزام۔ بہتان۔ تہمت ٭ لگائی لُتری۔ مؤنث۔ لگائی بجھائی۔ ایک کی بُرائی دوسرے سے کہنا ٭ لگتا ہُوا (۱) ملتا ہُوا۔ چھُوتا ہُوا (۲) ملتا جُلتا (۳) چبھنے یا کھبنے والا (۴) کاٹ کرنے والا (۵) زخم ڈالنے والا (۶) خراب۔ گندہ (۷) قرینِ قیاس (۸) ناگوار (۹) مؤثر ٭ لگتی (۱) چُبھتی۔ کھُبتی (۲) کاٹ کرنے والی (۳) زخم ڈالنے والی (۴) ملتی جُلتی۔ مشابہ۔ ہم شکل (۵) مؤثر۔ اثر کرنے والی ٭ لگتی کہنا (۱) چبھتی کہنا۔ کٹیلی کہنا (۲) مؤثر بات کہنا (۳) ایمان لگتی کہنا۔ پسندیدہ کہنا ٭ لگتی لگاتی بات۔ مؤنث (۱) وہ بات، جو کسی موقع پر چسپاں یا قرینِ قیاس ہو (۲) چُبھتی ہوئی بات ٭ لگتے ہاتھ۔ کسی کام کے ساتھ۔ ساتھ کے ساتھ ٭ لگن۔ مؤنث (۱) نسبت۔ تعلق (۲) چِت۔ خیال۔ دُھن (۳) خواہش۔ شوق (۴) عشق۔ محبت (۵) پیار (۶) مذکر۔ ساعت۔ گھڑی۔ سماں۔ وقت۔ مہورت (۷) (ہندو) شادی۔ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر (۸) آفتاب کے برجِ حمل میں تحویل کرنے کی ساعت ٭ لگن دھرنا (ہندو) شادی کا دن مقرر کرنا ٭ لگن کُنڈلی۔ مؤنث۔ زائچہ۔ جنم پترا ٭ لگن لگنا (۱) دل لگنا۔ محبت ہونا۔ عشق ہونا (۲) خیال بندھنا۔ دھیان لگنا ٭ لگنا (۱) جُڑنا۔ ملنا۔ چسپاں ہونا (۲) ٹنکنا۔ سِلنا (۳) نتھی ہونا۔ شامل ہونا (۴) قائم ہونا۔ جمنا (۵) پیدا ہونا۔ اُگنا (۶) نصب ہونا۔ کھڑا ہونا (۷) ضرب پہنچنا۔ چوٹ آنا (۸) ٹکرانا۔ ٹکر کھانا (۹) مس ہونا۔ محسوس ہونا (۱۰) مقابل ہونا۔ برابر ہونا (۱۱) آغاز ہونا۔ شروع ہونا (۱۲) باہم آشنائی ہونا (۱۳) کارگر ہونا۔ مؤثر ہونا (۱۴) سلگنا۔ جلنا۔ مشتعل ہونا (۱۵) انگ لگنا۔ ہضم ہونا

(۱۶) جماع کرنا۔ ہم بستر ہونا (۱۷) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا (۱۸) ترتیب سے رکھا جانا۔ سجایا جانا (۱۹) مصروف ہونا۔ مشغول ہونا (۲۰) سر پڑنا۔ ذمّے پڑنا (۲۱) چبھنا۔ گھسنا (۲۲) دھار پر رکھا جانا۔ تیز ہونا (۲۳) کنارے پر پہنچنا (۲۴) صرف ہونا۔ خرچ ہونا (۲۵) داؤں پر رکھنا۔ بازی پہ لگانا (۲۶) برتا جانا۔ استعمال میں آنا (۲۷) مرصّع کیا جانا۔ جڑا جانا (۲۸) بکنا ٭

لگنت ۔ مؤنث۔ مجامعت۔ جماع ٭ **لگنت بدّیا**۔ مؤنث۔ وہ علم، جس میں جماع کے طریقے اور ڈھنگ بتائے گئے ہوں۔ کوک شاستر ٭ **لگو۔ لگو بندھو** (۱) دوست۔ آشنا۔ یار (۲) عورت کا یار۔ دھگڑا ٭ **لگوا۔ لگواڑ** (۱) دیکھیے "لگو" (۲) مطلب کا یار۔ خود غرض۔ مطلبی ٭ **لگی**۔ مؤنث (۱) آرزو۔ خواہش (۲) لگن۔ عشق (۳) اشتہا۔ بھوک ٭ **لگی بجھنا** (۱) خواہش پوری ہونا (۲) روٹی پیٹ میں پڑنا۔ بھوک رفع ہونا (۳) غصّہ دھیما ہونا ٭ **لگی بُری ہوتی ہے**۔ محبت میں بُرا بھلا کچھ نہیں سوجھتا۔ عشق بُری بلا ہے ٭ **لگی کو بجھانا** (۱) آرزو پوری کرنا۔ عشق کی آگ کو دبانا (۲) بھوک مٹانا۔ پیٹ میں ڈالنا (۳) غصّہ فرو کرنا (۴) فتنہ و فساد کا مٹانا ٭ **لگی کہنا** (۱) موافق کہنا۔ طرف داری کی بات کہنا (۲) خوشامد کرنا ٭ **لگی لپٹی**۔ طرف داری کی۔ رخ کی۔ کسی کے موافق ٭ **لگی لپٹی رکھنا** (۱) رعایت کرنا۔ طرف داری کرنا (۲) شک و شبہہ میں رکھنا۔ صاف نہ کہنا ٭ **لگی لگائی۔ لگی ہوئی**۔ مقرّرہ۔ طے شدہ ٭ **لگی نہ رکھنا** (۱) لاگ لپیٹ نہ رکھنا (۲) رو رعایت نہ کرنا۔ پاس نہ کرنا (۳) بالکل بگاڑ لینا۔ قطع تعلق کر لینا ٭ **لگی ہونا** (۱) دُھن ہونا۔ محبت ہونا (۲) ناجائز تعلق ہونا ٭ **لگی ہوئی بات**۔ مؤنث۔ نسبت۔ منگنی ٭ **لگے** (۱) نزدیک۔ پاس۔ قریب (۲) ہمراہ۔ ساتھ (۳) لگنا کا مضارع ٭ **لگے جانا** (۱) پیچھے پیچھے چلا جانا۔ ساتھ ساتھ جانا (۲) پیچھے پڑے جانا۔ چین نہ لینے دینا ٭ **لگے رہنا**۔ پیچھے رہنا۔ ساتھ رہنا ٭ **لگے لگے**۔ قریب قریب۔ پاس پاس۔ پہلو بہ پہلو ٭ **لگے ہاتھ (ہاتھوں)** ساتھ کے ساتھ۔ اسی سلسلے میں۔ اسی وقت ٭

لگام (لَگام) (ف) مؤنث۔ گھوڑے کے مُنہ کا دہانہ۔ عنان۔ باگ ٭ **لگام چڑھانا (دینا)** (ف) (۱) گھوڑے کے مُنہ میں دہانہ چڑھانا (۲) (کنایۃً) چُپ کرنا۔ قابو کرنا۔ تھامنا۔ بند کرنا۔ روکنا ٭ **لگام لیے پھرنا**۔ رسّی لیے پھرنا۔ کسی کو پکڑنے کی غرض سے رسّی لیے پیچھے پیچھے پھرنا ٭

لگان (لَگان) (ہ) مذکر۔ زمین کا خراج۔ معاملہ۔ سرکاری محصول۔ کر۔ باج ٭

لُگائی (لُگا۔ اِئی) (ہ) مؤنث (۱) عورت۔ زن۔ استری (۲) اہلیہ۔ زوجہ۔ بیوی (۳) بیسوا۔ رنڈی۔ قحبہ۔ کسبی ٭

لگدی (لُگ۔ دِی) (ہ) مؤنث۔ کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی یا ٹکیا ٭

لگڑ (لَگَڑ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا باز۔ شکرا ٭

لُگڑا (لُگ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) پھٹا پرانا کپڑا۔ چیتھڑا (۲) بستہ ٭

لگڑ بگڑ۔ بگا۔ لگڑ بھگا (ہ) مذکر۔ ایک درندہ ٭

لگماترا (لَگ۔ ما۔ ترا) (ہ) مذکر۔ حرفوں کی علامات و حرکات۔ اعراب ٭

لگن (لَگَن) (ف) مذکر (۱) پرات۔ طاس۔ طشت۔ چلمچی۔ ٹب (۲) شمع دان (۳) اگردان۔ مجمر ٭ **لگنی** (۱) مؤنث۔ چھوٹا لگن ٭

لگی (لَگ۔ گی) (ہ) مؤنث (۱) مچھلی پکڑنے کی لچکیلی چھڑی۔ بنسی کی لمبی چھڑ (۲) لمبی لمبی دھجّی (۳) تار کو ٹھہرانے کا لمبا بانس ٭

ل۔ل

للا (لَلا) (ہ) مذکر (۱) لڑکا۔ بالک۔ طفل۔ بچّہ (۲) لاڈلا۔ پیارا (۳) نوعمر۔ کم سن۔ نادان (۴) بے وقوف۔ احمق۔ گاؤدی (۵) کرشن جی کا لقب (۶) بیٹا۔ پوت ٭

للاٹ (لِلاٹ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) پیشانی۔ مستک۔ ماتھا (۲) قسمت۔ نصیب۔ بھاگ ٭

للت (لَلِت) (صحیح لَلِت۔ اکثر زبانوں پر لَلَت ہے) (ہ) (ہندو) (۱) پسندِ خاطر۔ مرغوب (۲) حسین۔ خوب صورت (۳) چلبلی۔ چنچل۔ شوخ (۴) مؤنث۔ جذبۂ محبت۔ ولولۂ عشق (۵) ایک راگنی ٭

للچانا (لَل۔ چا۔ نا) (ہ) (۱) حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔ لابھ کرنا (۲) تمنّا کرنا۔ آرزو کرنا۔ مائل ہونا (۳) لبھانا۔ طمع دینا ٭

للک (لَلَک) (ہ) مؤنث (۱) شوق۔ امنگ (۲) ولولہ۔ جوش (۳) لالچ۔ حرص۔ طمع۔ لوبھ (۴) دُھن۔ خیال (۵) موج۔ لہر ٭

للکار (لَل۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) سخت آواز۔ نعرہ (۲) پکار۔ ہانک (۳) جھڑکی۔ دھمکی۔ ڈپٹ۔ رعب کی آواز (۴) للکارنا کا امر ٭ **للکارنا** (۱) آواز لگانا۔ نعرہ مارنا (۲) ہانک لگانا۔ پکارنا (۳) دھتکارنا۔ دھمکانا۔ کڑک کر بولنا ٭

لَلّو (لَل۔ لو) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) زبان۔ لسان۔ جیبھ (۲) گفتگو۔ زبان۔ بول چال۔ بولی (۳) چاٹ۔ چٹورپن ٭ **للّو پتّو**۔ مؤنث۔ چکنی چپڑی باتیں۔ سخن سازی۔ چاپلوسی۔ خوشامد درآمد ٭ **للّو پتّو کرنا** (لغوی) (۱) (لغوی) زبانی عزّت کرنا (۲) (اصطلاحی) سخن سازی کرنا۔ خوشامد درآمد کرنا ٭ **للّو میں سانپ ڈسے** (عو) (دعائے بد) اس جھوٹ بولنے والے کی

زبان میں سانپ ڈسے ۔ لگّو نہ رہنا (ع) زبان تالو سے نہ لگنا۔ بولے بغیر نہ رہنا ۔

لِلّٰہ (لِل۔ لاہ) (ع) (۱) برائے خدا۔ خدا کے لیے (۲) نام خدا۔ خیر خیرات کی طرح ۔ **لِلّٰہِ الحَمد** (۱) ساری تعریف خدا کے لائق ہے (۲) خدا کا شکر ہے ۔ **لِلّٰہِ الحَمدُ وَالمِنّۃ** ۔ خدا کا شکر و احسان ہے ۔ **لِلّٰہ فی اللہ** ۔ اللہ کے واسطے ۔ خدا کی راہ ۔

ل۔م

لَمْ (لَم) (ع) نہ۔ نہیں ۔ **لَمْ یَزَلْ** (یزلی) لازوال۔ غیر فانی۔ ہمیشہ رہنے والا۔ اٹل۔ ذاتِ باری تعالیٰ ۔

لَم (لَم) (ہ) لمبا کا مخفف۔ لانبا۔ دراز۔ طویل ۔ **لَم بُوتر** (لَمبُوتر) لمبا۔ دراز قد۔ لانبا۔ طویل القامت ۔ **لَم بُوتَڑا** (لمبوترا) لمبا زیادہ اور چوڑا کم۔ کتابی۔ بیضوی ۔ **لَم ترڑنگا**۔ قدآور۔ دراز قد ۔ **لم ٹنگا** (ٹنگو) (۱) بڑی بڑی اور لمبی ٹانگوں والا (۲) لم ڈھیک ۔ **لم چھڑ** (۱) قدآور، لمبا۔ طویل القامت۔ دراز قد (۲) مؤنث۔ بانس کی لمبی اور پتلی چھڑ ۔ **لم ڈھیک**۔ مذکر۔ ایک قدآور آبی بطخ (۲) لم ٹنگو ۔ **لَم کنّا** (۱) لمبے لمبے کانوں والا (۲) خرگوش ۔

لمبا - (۱) طویل۔ دراز (۲) اونچا، بلند (۳) دراز قد۔ طویل القامت (۴) زیادہ، کثیر، بہت ۔ **لمبا چوڑا**۔ طویل و عریض۔ وسیع۔ کھلا ہوا۔ کشادہ۔ فراخ ۔ **لمبا دفتر**۔ مذکر۔ طویل مضمون ۔ **لمبا سفر کرنا** (۱) دور کا سفر کرنا (۲) دنیا سے کوچ کرنا۔ مرجانا ۔ **لمبا کرنا** (۱) طول میں بڑھانا۔ دراز کرنا (۲) رخصت کرنا۔ روانہ کرنا۔ **لمبا ہونا** (۱) طویل ہونا۔ دراز ہونا (۲) چل دینا۔ سدھارنا۔ رخصت ہونا۔ رفوچکر ہونا ۔ **لمبان**۔ مؤنث۔ لمبائی۔ درازی۔ طوالت۔ طول ۔ **لمبانا**۔ لمبا کرنا ۔ **لمبائی**۔ مؤنث۔ طوالت۔ درازی ۔ **لمبائی چوڑائی**۔ مؤنث (۱) لمبان چوڑان۔ طول و عرض (۲) جسامت۔ قد و قامت ۔ **لمبڑ** (۱) معمول سے زیادہ لمبا (۲) لمبا اور احمق آدمی ۔ **لمبی**۔ لمبا کی تانیث (۱) طویل۔ دراز (۲) بڑی (۳) بلند۔ اونچی ۔ **لمبی تاننا** (۱) بے فکری سے سوجانا۔ دراز ہونا (۲) دور کا سفر کرنا۔ مدت تک اپنے ملک سے دور رہنا (۳) سفر آخرت اختیار کرنا۔ مرجانا ۔ **لمبی چوڑی ہانکنا** (۱) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا (۲) بڑی داستان سنانا ۔ **لمبے**۔ لمبا کی جمع ۔ **لمبے بنو**۔ چل دو۔ ہوا کھاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ۔ **لمبے (لمبے) سانس بھرنا** (۱) گہرے سانس لینا۔ بڑے بڑے سانس لینا (۲) ٹھنڈے سانس لینا۔ آہ کھینچنا (۳) مرتے وقت بڑے بڑے سانس بھرنا (۴) بے حد افسوس کرنا ۔

لمبر (لَم۔ بَر) (انگریزی نمبر کا بگڑا ہوا) مذکر (۱) عدد۔ ہندسہ۔ رقم۔ آنک (۲) رتبہ۔ درجہ۔ عہدہ۔ منصب (۳) نوبت۔ باری (۴) علامت۔ مقررہ نشان (۵) تعداد۔ گنتی۔ شمار ۔ **لمبر آنا** (۱) باری آنا۔ نوبت آنا (۲) امتحان میں نمبر پانا ۔ **لمبردار**۔ مذکر۔ وہ زمیندار، جو مال گزاری وصول کرکے سرکاری خزانے میں داخل کرتا ہے۔ گاؤں کا چودھری۔ مقدم ۔ **لمبر سے خارج ہونا**۔ قانون یا فہرست سے خارج ہونا۔ نام کٹنا۔ داخل دفتر ہونا ۔ **لمبر قائم رہنا** (قانون) پہلی ہی مسل پر کارروائی ہونا ۔ **لمبروار**۔ باری باری سے۔ سلسلہ وار۔ نمبروار۔ درجہ بہ درجہ ۔ **لمبری** (۱) نمبر والا۔ نمبر کا (۲) نشان لگا ہوا (۳) حکومت کی طرف سے مقرر کیا ہوا پیمانہ (۴) پولیس کے رجسٹر میں درج شدہ بدمعاش ۔ **لمبری دعویٰ یا نالش** (۱ مذکر ۲ مؤنث) عام دعوت۔ عام نالش۔ ابتدائے مقدمہ سے حسب سلسلہ نالش ۔

لمپ (لَمپ) دیکھیے "لیمپ" ۔

لمحہ (لَم۔ حَہ) (ع) مذکر (۱) بجلی کی چمک۔ کوند (۲) کسی چیز کو ایک مرتبہ تھوڑا سا دیکھ لینا (۳) (مجازاً) بہت تھوڑا وقت۔ ثانیہ۔ پل۔ دقیقہ۔ سکنڈ (۴) چشم زدن۔ پلک مارنے کا وقفہ ۔ **لمحہ بھر** (۱) پل بھر۔ ذراسی دیر۔ ایک نظر ۔

لمس (لَمس) (ع) مذکر (۱) مس۔ کسی چیز کو کسی عضو سے چھونا۔ ہاتھ لگانا (۲) کسی چیز کو چھو کر معلوم کرنے کی قوت۔ قوتِ لامسہ ۔

لمعہ (لَم۔ عَہ) (ع) مذکر (۱) چمک۔ چمکارا۔ نور۔ روشنی (۲) کرن۔ شعاع ۔

لمکنا (لَمک۔ نا) (ہ) لپک کر جانا۔ دوڑنا۔ جھپٹنا ۔

لِمَنِ المُلک (لِمَنِل۔ مُلک) (۱) (ع) کس کے لیے ملک ہے ؟ (۲) (ف۔ ل) بے جا فخر و ناز ۔

ل۔ن

لن (لَن) (ع) نہ۔ مت ۔ **لن ترانی** (لنترانی) (ع) (۱) (لغوی) تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا (۲) مؤنث (مجازی) ڈینگ۔ شیخی۔ تعلّی۔ خودستائی۔ انانیت ۔ **لن ترانی (لنترانی) کرنا**۔ **لن ترانی (لنترانی) کی لینا** (۱) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔ دون کی لینا ۔ **لن ترانیاں** (لنترانیاں) مؤنث۔ لن ترانی کی جمع۔ ڈینگیں۔ شیخیاں۔ تعلّیاں ۔

لنبا (لَم۔ بَا) (ہ) دیکھیے "لمبا" ۔ **لنبان**۔ دیکھیے "لمبان" ۔ **لنبائی**۔ دیکھیے "لمبائی" ۔

لنج (لَنج) (ف)
لنجا (لَن۔ جا) (ہ) } (۱) ہاتھ پاؤں سے معذور۔ (۲) لنگڑا۔ لولا ۔

لنجھاڑا ۔ لنجھیڑا (لَنجھا۔ ڑا، لَنجھے۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ دنیا کے بکھیڑے ۔ دنیوی اسباب اور تعلقات ؛

لنچ (لَنچ) (انگ۔ Lunch) مذکر (۱) دوپہر کا کھانا (۲) چاشت کا کھانا۔ حاضری ؛

لندے پھندے (لَندِے۔ پھَندِے) (ا) مذکر۔ فند فریب مکر و دغا ؛

لَنڈ (لَنڈ) (ہ) مذکر۔ آلۂ تناسل۔ مرد کا عضوِ مخصوص ۔ ذکر ۔ اِندری ۔ لِنگ ؛

لُنڈ (لُنڈ) (ہ) (۱) ۔ کٹا ہوا دھڑ ۔ بے سر کا تڑپتا ہوا جسم (۲) انسان، جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں (۳) پرندہ، جس کے پر و بال نہ ہوں (۴) کٹا ہوا (۵) بے پتوں اور بے شاخوں کا درخت ۔ سوکھا ٹھنا ؛ **لُنڈ مُنڈ** (۱) وہ شخص، جس کا سر، ڈاڑھی اور مونچھیں مُنڈی ہوئی ہوں ۔ صفا چٹ (۲) بے پتوں اور بے شاخوں کا درخت (۳) بے سر و سامان۔ تنگ دست ۔ مفلس (۴) بے دست و پا انسان (۵) بے بال و پر طائر ؛ **لُنڈا** (۱) دُم کٹا۔ لنڈورا (۲) وہ درخت، جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں (۳) بے یار و مددگار ۔ بے کس ۔ وہ شخص، جس کا کوئی ساتھی نہ ہو ؛ **لنڈُورا** (۱) دُم کٹا ۔ مُنڈا (۲) بے کس ۔ بے یار و مددگار ؛ **لنڈُورِی** ۔ لنڈورا کی تانیث ؛ **لنڈوری فاختہ** (ف) مؤنث (دہلی۔ عو) (۱) وہ شخص، جس کا کوئی سہارا نہ ہو ۔ بے کس ۔ نگوڑی ۔ نابکھی (۲) گنجی ؛

لنڈا (لَن۔ ڈا) (ہ) مجرد ؛ **لنڈا بازار** (ف) مذکر (۱) مجردوں کا بازار (۲) لاہور کا ایک بازار ؛ **لنڈی** (۱) لنڈا کی تانیث (۲) عورت کو نفرت یا حقارت سے خطاب کرنے کا کلمہ ۔ موئی ۔ قطامہ ؛

لنڈکری ۔ لنڈکڑی (لَنڈ۔ کَری، لَنڈ۔ کَڑی) (ہ) مؤنث ۔ قلابازی ۔ لڑھکنی ؛ **لنڈکری (لنڈکریاں) کھانا، لنڈکڑی (لنڈکڑیاں) کھانا** ۔ گر کر قلابازی (قلابازیاں) کھانا ؛

لنڈھ (لُنڈھ) (ہ) لُنڈھنا کا امر ؛ **لُنڈھا** (۱) لُنڈھنا سے ماضی مطلق (۲) لُنڈھانا کا امر ؛ **لنڈھانا** (۱) اوندھانا یا بہانا۔ کوئی رقیق چیز برتن سے زمین پر گرانا (۲) شراب بے ضرورت صرف کرنا (۳) ظرف سے پانی گرانا (۴) اُلٹ دینا ؛ **لنڈھنا** (۱) لُڑھنا۔ بہنا (۲) غلطیدہ ہونا۔ لڑھکنا (۳) مرنا ؛

لنک (لَنک) (ہ) مذکر (۱) انبار ۔ ڈھیر ۔ تودہ (۲) مؤنث ۔ عنان ۔ باگ (۳) میان ۔ کمر ؛ **لنک لگنا** (عو) ڈھیر ہونا ۔ انبار لگنا ؛

لنکا (لَنک۔ کا) (ہ) مؤنث (۱) ہندوستان کے جنوب میں ایک جزیرہ (۲) راون کا صدر مقام ؛ **لنکا میں جو چھوٹا سو باون گز کا ۔ لنکا میں چھوٹے سے چھوٹا وہ بھی باون گز کا ۔ لنکا میں سب بڑے سے** ۔ مثل ۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں چھوٹے بڑے سب لاف زنی، شرارت اور فتنہ انگیزی میں بڑھ چڑھ کر ہوں ؛

لنگ (لَنگ) (ف) (۱) لنگڑا ۔ لولا ۔ اپاہج (۲) مذکر ۔ لنگڑاپن ۔ پاؤں کا نقص (۳) آلۂ تناسل ؛ **لنگ کرنا** (ف) لنگڑانا ۔ کسی نقص کے باعث پاؤں زمین پر نہ ٹکنا ؛ **لنگڑوا** (۱) بے غیرت ۔ ڈھیٹ ۔ بے حیا (۲) اوباش ۔ شُہدا ۔ لُچا (۳) بدچلن ؛ **لنگڑا** (۱) ایک ٹانگ سے معذور ۔ شکستہ ۔ اپاہج (۲) مذکر ۔ بنارس کا ایک مشہور و معروف آم، جو بہت لذیذ اور شیریں ہوتا ہے (۳) لنگڑانا کا امر ؛ **لنگڑانا** ۔ لنگ کرنا، پاؤں برابر نہ پڑنا ؛ **لنگڑ دین** (نداق) لنگڑا ؛ **لنگڑی** ۔ لنگڑا کی تانیث ؛ **لنگڑی کٹو آسمان پر گھونسلا** ۔ مثل ۔ اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنی لیاقت سے بڑھ کر حوصلہ کرے ؛

لنگوٹ ۔ مذکر (۱) کاچھا (۲) کم عرض کپڑا، جو فقراء یا پہلوان باندھتے ہیں ؛ **لنگوٹ بند** (۱) لنگوٹ باندھے رہنے والا (۲) عورت سے بچا رہنے والا ۔ جتی ستی ۔ مجرد ؛ **لنگوٹ دار** ۔ وہ پتنگ یا کنکوا، جس کے نیچے کی طرف رنگین مثلثی یا دراز کاغذ لگا ہوا ہو ؛ **لنگوٹ کا سچا** (۱) وہ شخص، جو غیر عورت پر لنگوٹ نہ کھولے ۔ زنا سے بچا رہنے والا (۲) پرہیزگار ۔ پارسا ۔ مجرد ۔ جتی ستی ؛ **لنگوٹا** ۔ مذکر ۔ کاچھا ۔ تہ بند ۔ لنگوٹ ۔ لنگوٹی ؛ **لنگوٹی** ۔ لنگوٹا کی تانیث ۔ کچھنی ۔ چھوٹا تہ بند ؛ **لنگوٹی باندھے پھرنا** (۱) انتہائی غریبی کے باعث ننگا پھرنا (۲) بچپنے میں پھرنا ؛ **لنگوٹی بندھوا دینا** (۱) بالکل مفلس و قلاش بنا دینا (۲) سب کچھ لوٹ لینا ؛ **لنگوٹی کھلنا** (۱) لنگوٹ کھلنا (۲) پردے کی دیوار کھل جانا ؛ **لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا** ۔ تنگ دستی میں مزے اُڑانا ۔ مفلسی میں شوقینی کرنا ؛ **لنگوٹے** ۔ مذکر ۔ لنگوٹا کی جمع ؛ **لنگوٹے کا ڈھیلا** ۔ زناکار ۔ زانی ۔ وہ شخص، جو ہر عورت سے صحبت کرنے کو تیار ہو جائے ۔ مغلوب شہوت ؛ **لنگوٹے کا سچا** ۔ دیکھیے "لنگوٹ کا سچا" ؛ **لنگوٹیا** (۱) لنگوٹ بند (۲) بچپن کا یار ۔ ساتھ کا کھیلا ۔ پرانا یار ۔ گہرا دوست ؛ **لنگوٹیا یار** ۔ مذکر ۔ بچپن کا یار ۔ برابر کا پرانا یار ؛

لنگ (لَنگ) (ہ) مؤنث (۱) صف ۔ قطار ۔ سلسلہ ۔ لین (۲) سمت ۔ جانب ۔ طرف ۔ کنارا ۔ سرا (۳) پردہ ۔ اوٹ ۔ قنات ۔ دیوار (۴) دھوتی کا لٹیا پلہ ؛

لِنگ (لِنگ) (س) مذکر (۱) عضو تناسل (۲) قسم ۔ جنس ۔ صنف ؛ **لِنگی** ۔ مؤنث (ہندو) (۱) پیشاب ۔ موت ۔ بول (۲) مہادیو کی پوجا کرنے والا ؛

لُنگ (لُنگ) (ف) مذکر (۱) لنگوٹی ۔ دھوتی ۔ گھٹنوں تک تہ بند (۲) آلۂ تناسل ؛ **لُنگارا ۔ لُنگاڑا** (ف) ڈھیٹ ۔ بے شرم ۔ بے حیا (۲) شُہدا ۔ لفنگا ۔ لُچا (۳) بدمعاش ۔ شریر (۴) دنگئی ۔ فسادی ؛ **لُنگاراپن ۔ لُنگاڑاپن** ۔ مذکر (۱) بے حیائی، بے شرمی،

ڈھٹائی (۲) گنڈا پن۔ لچپن (۳) بدمعاشی۔ شرارت ۔ لُنگی۔ مؤنث (۱) دھوتی۔ تہ بند۔ لنگ (۲) سر سے باندھنے کی رنگین دھاریوں والی پگڑی ۔

لنگر (لَنگَ۔گَر) (ف) مذکر (نمبر ۱، ۲، ۳ فارسی) (۱) لوہے کی زنجیر یا رسّا، جو کشتی یا جہاز ٹھہرانے کے لیے کسی بھاری چیز سے کنارے پر باندھ رکھتے ہیں کہ پانی اسے بہا نہ سکے (۲) وہ مقام، جہاں سے مسکینوں اور فقیروں کو ہر روز کھانا تقسیم کیا جائے۔ سدابرت (۳) (مجازاً) وقار۔ تمکین (۴) (ق) وہ کھانا، جو مسکینوں اور فقیروں کو دیا جائے (۵) خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسّا (۶) پہلوانوں کا لنگوٹ (۷) دھڑ سے نیچے کا حصہ، جو کولے سے سُرین تک ہوتا ہے (۸) وزن۔ بوجھ (۹) لٹکن۔ گھڑی کا پنڈلم (۱۰) مجرموں کے پاؤں کی وزنی زنجیر ۔ **لنگر اٹھانا** (ق) کشتی یا جہاز کا رسّا کھول کر آگے کو چلانا۔ جہاز روانہ کرنا ۔ **لنگر باندھنا** (۱) پہلوانوں کا لنگوٹ باندھنا (۲) مجامعت سے پرہیز کرنا ۔ **لنگر بٹنا**۔ سدابرت بٹنا۔ روزانہ کھانا تقسیم ہونا ۔ **لنگر توڑنا** (۱) پہلوانوں کا اپنے حریف کو زمین پر سے اٹھا لینا (۲) شکست دینا ۔ **لنگر جاری کرنا**۔ خیرات تقسیم کرنا۔ سدابرت جاری کرنا ۔ **لنگر خانہ** (ف) مذکر (۱) فقیروں اور مسکینوں کے روزمرّہ کھانا تقسیم ہونے کی جگہ۔ خیرات خانہ (۲) رسوئی۔ باورچی خانہ ۔ **لنگر ڈالنا** (ق) (۱) کشتی یا جہاز ٹھہرانا (۲) قیام کرنا۔ ٹھہرنا ۔ **لنگر کا بوجھ** (کنایۃً) بہت وزنی ۔

لنگر گاہ (ف) مذکر۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ بندرگاہ ۔

لنگر لنگوٹ۔ **لنگر لنگوٹا**۔ مذکر۔ پہلوانی لنگوٹ ۔ **لنگر لنگوٹا باندھنا** (کنایۃً) کشتی کرنے کو تیار ہونا ۔ **لنگر لنگوٹا دینا یا آگے رکھنا**۔ کسی پہلوان کی شاگردی اختیار کرنا ۔ **لنگری** (ہ) (۱) وہ شخص، جو محتاج خانے میں غریبوں اور مسکینوں کو کھانا تقسیم کرے ۔

لنگوچا (لَنگو۔چَا) (ق) مذکر۔ جانور کی آنت، جس میں مسالے والا قیمہ بھر کر تلتے ہیں ۔

لنگور (لَنگ۔گُور) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا بندر، جس کا منہ سیاہ اور دُم لمبی ہوتی ہے ۔ **لنگوری** (ہ) مؤنث (۱) چوری کا مال برآمد کرانے میں امداد (۲) چور پکڑوانے کا انعام (۳) گھوڑے کی ایک چال ۔

لنگھ (لَنگھ) (ہ) لنگھنا کا امر ۔ **لنگھا** (۱) لنگھنا سے ماضی مطلق (۲) لنگھانا کا امر ۔ **لنگھانا**۔ پار اترنا۔ ندی یا دریا کو عبور کرنا ۔

لنگھن (س) مذکر (۱) پار اترنا۔ عبور کرنا (۲) فاقہ۔ لنگھنا کا امر ۔ **لنگھنا** (۱) عبور کرنا۔ پار ہونا (۲) پھلانگ جانا۔ الانگھنا ۔

لنہگا (لَہن۔گا) (ہ) مذکر۔ گھگرا۔ گون۔ ہندو عورتوں کا پاجامہ ۔ **لنہگا پہننا** (ہندو) زنانہ لباس پہننا۔ عورت کا بھیس بدلنا ۔

لنیا (لَن۔یا) (ہ) مذکر۔ ایک قوم، جس کا پیشہ کنواں کھودنا اور دیوار بنانا ہے ۔

ل - و

لَو (لَو) (ہ) مؤنث (۱) لپٹ۔ شعلہ۔ لاٹ۔ بھبوکا (۲) توجہ۔ دھیان۔ خیال (۳) امید۔ آس۔ توقع۔ محبت۔ شوق (۴) کان کے نچلے رخ کی نوک۔ کان کی جڑ (۵) یک طرفی۔ یک سُوئی ۔ **لَو اٹھنا**۔ لاٹ نکلنا۔ شعلے کا بلند ہونا ۔ **لَو لگانا** (۱) خیال باندھنا۔ تصور باندھنا (۲) رجوع ہونا۔ توجہ ہونا۔ ہر وقت دھیان لگانا (۳) عاشق ہونا۔ دل لگانا۔ عشق کرنا (۴) آرزومند ہونا۔ خواہش کرنا ۔ **لَو لگنا** (۱) خیال بندھنا۔ تصور بندھنا۔ توجہ ہونا (۲) عبادت یا اللہ کے ذکر میں مشغول ہونا (۳) شوق ہونا۔ اشتیاق ہونا۔ خواہش ہونا (۴) آس بندھنا۔ امید بندھنا (۵) جلن ہونا۔ آگ لگنا (۶) دیر تک ذکر کیے جانا۔ بار بار نام لینا ۔

لَو (لَو) (ع) اگر ۔ **لَو فرضنا**۔ اگر ہم نے فرض کیا۔ فرض کرو۔ بالفرض ۔

لولاک (حدیث قدسی) لولاک لما خلقت الافلاک کی طرف اشارہ ہے کہ اگر تیری ذات نہ ہوتی تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا ۔

لُو (لُو) (ہ) مؤنث۔ وہ گرم ہوا، جو گرمیوں میں چلتی ہے۔ سموم (چلنا، لگنا کے ساتھ) ۔

لو (لو) (ہ) (۱) لینا کا امر صیغہ جمع حاضر (۲) کسی شخص کو اپنی طرف مخاطب کرنے کا کلمہ۔ دیکھو۔ سنو۔ خیال کرو (۳) تحسینِ کلام کا کلمہ ۔

لوا (لوَا) (ہ) مذکر۔ بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ، جو اکثر جھاڑیوں میں رہتا ہے۔ سلویٰ۔ من و سلویٰ ۔

لِوا (لِوَا) (ہ) لِوانا کا امر ۔ **لِوا لے جانا**۔ ساتھ لے جانا۔ ہمراہ لے جانا۔ اٹھوا لے جانا ۔ **لِوانا**۔ لینا کا متعدی المتعدی (۱) مول لے دینا۔ خرید کرانا (۲) اٹھوانا (۳) بدلوانا ۔

لِوا (لِوَا) (ع) مذکر۔ جھنڈا۔ علَم۔ فوج کا نشان ۔

لواحق (لوَا۔حِق) (ع) مذکر۔ لاحق کی جمع (۱) بھائی بند۔ رشتہ دار۔ متعلقین۔ یگانے (۲) نوکر چاکر ۔

لِوارا (لِوَا۔رَا) (ہ) مذکر۔ گائے کا بچہ۔ بچھڑا۔ گوسالہ ۔

لوازم (لوَا۔زِم) (ع) مذکر۔ لازم کی جمع۔ اسباب۔ چیزیں ۔ **لوازمات**۔ مذکر۔ لازم کی جمع الجمع۔ اسباب۔ سامان ۔ **لوازمہ**۔ مذکر۔ ضروری چیزیں۔ سامان ۔

لِواطت (لِوَا۔طَت) (ع) مؤنث۔ لڑکوں سے بدفعلی کرنا۔ لونڈے بازی۔ اِغلام ۔

لوائح (لوَا۔اِح) (ع) مذکر۔ لائحہ (دستور) کی جمع ۔

لوبان (لُو۔بَان) (دیکھیے "لُبان") ۔

لوبھ (لُو بھَ) (س) مذکر (ہندو) (۱) طمع۔ لالچ۔ حرص (۲) تمنا (۳) کنجوسی ٭ **لوبھ کرنا** (ہ) حرص کرنا۔ طمع کرنا۔ لالچ کرنا ٭ **لوبھی** (۱) لالچی۔ حریص۔ طامع (۲) آرزومند۔ خواہش مند (۳) بخیل۔ کنجوس۔ ممسک ٭

لوبیا (لُو۔ بِیا) (ف) مذکر۔ ماش کی قسم سے ایک سفید رنگ کا غلہ جس کی کچی پھلیاں گوشت میں پکاتے اور دانوں کو گھنگنیاں کر کے کھاتے ہیں ٭

لوپ (لُوپ) (ہ) (۱) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی (۲) معدوم نیست ونابود ٭

لوتھ (لُو تھ) (ہ) مؤنث۔ مردہ جسم۔ لاش ٭ **لوتھ پڑنا** مردہ ہو کر گرنا، لاش پڑنا ٭ **لوتھ لوتھ**۔ مردہ جسم کی طرح۔ تھک کر چور ٭ **لوتھ ڈالنا**۔ لاش ڈال دینا۔ مار کر گرا دینا ٭ **لوتھڑا**۔ مذکر۔ گوشت کا بڑا ٹکڑا، جس میں ہڈی نہ ہو۔ پارچہ۔ مضغہ ٭

لَوٹ (لَوٹ) (ہ) لَوٹنا کا امر (**لَوٹا**) (۱) لَوٹنا سے ماضی مطلق (۲) لَوٹانا کا امر ٭ **لَوٹانا** (۱) پھیرنا۔ واپس کرنا (۲) نیچے کا اوپر اور اوپر کا نیچے کرنا۔ اوپر تلے کرنا ٭ **لَوٹنا** (۱) واپس ہونا۔ ہٹنا۔ پھرنا (۲) رخ بدلنا۔ پلٹنا۔ الٹنا ٭

لُوٹ (لُوٹ) (ہ) مؤنث (۱) غارت۔ غارت گری۔ چھینا جھپٹی۔ تاراج۔ غنیمت (۲) اندھیر۔ ظلم (۳) لُوٹنا کا امر ٭ **لُوٹ پر کمر باندھنا** (ل) لُوٹنے کی تیاری کرنا ٭ **لُوٹ پڑنا** (ہ) (۱) لُٹنا۔ غارت گری ہونا (۲) اندھیر مچنا۔ ظلم ہونا ٭ **لُوٹ کا مال** (ل) مذکر (۱) مالِ غنیمت۔ یغما (۲) چوری کا مال (۳) مفت کا مال (۴) بے حد سستا مال ٭ **لُوٹ کھسوٹ**۔ یا۔ **لُوٹ مار** (ہ) مؤنث۔ ڈاکا۔ غارت گری۔ رہزنی۔ قزاقی ٭ **لُوٹ کے موسل بھی بھلے**۔ مثل۔ مفت میں کوئی ادنیٰ چیز بھی مل جائے تو غنیمت ہے ٭ **لُوٹ لائے، لُوٹ کھائے**۔ مثل۔ مفت کا مال حاصل کیا اور مزے اڑائے ٭ **لُوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے** (ل) مثل۔ مفت میں جو بھی مل جائے، وہی اچھا ہے ٭ **لُوٹ لینا** (ہ) (۱) مال چھین لینا (۲) عاشق کر لینا۔ موہ لینا (۳) مال مار لینا۔ چوری کر لینا (۴) تباہ و برباد کر دینا ٭ **لُوٹ مچانا** (ڈالنا) غارت گری کرنا۔ زبردستی کرنا ٭ **لُوٹا کھسوٹا**۔ لٹا ہوا۔ غارت زدہ ٭ **لُوٹا لُوٹ**۔ مؤنث (۱) لُوٹ مار۔ غارت گری۔ رہزنی۔ قزاقی (۲) ظلم۔ اندھیر ٭ **لُوٹم لاٹ** (لُوٹ) مؤنث (عو) ایک دوسرے کو لُوٹنا ٭ **لُوٹنا** (۱) غارت گری کرنا۔ لُوٹ کھسوٹ کرنا۔ زبردستی یا جبراً چھیننا (۲) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۳) اپنا شیدا کرنا۔ عاشق بنانا (۴) مزے اڑانا (۵) غبن کرنا۔ مال مارنا ٭

لَوٹ (لَوٹ) (ہ) مؤنث (۱) لڑھکنی۔ لوٹنی۔ غلطیدگی (۲) فریفتہ۔ مفتون۔ عاشق (۳) پہلو۔ کروٹ (۴) لَوٹنا کا امر ٭ **لَوٹ پوٹ** (۱) لڑھکتا پڑھکتا۔ لوٹنیاں کھاتا ہوا (۲) مفتون۔ فریفتہ۔ عاشق (۳) بے قرار۔ مضطرب (۴) الٹ پلٹ۔ اوپر تلے (۵) (اہلِ مطابع کی اصطلاح) دورُخی۔ دوپشتہ چھپائی ٭ **لَوٹ پوٹ ہونا** (۱) غلطان و پیچاں ہونا (۲) پھڑک جانا۔ تڑپ جانا (۳) عاشق ہو جانا۔ مفتون ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا (۴) دفعۃً مر جانا۔ تڑپ کر مر جانا ٭ **لَوٹ جانا**۔ **لَوٹ ہو جانا**۔ **لَوٹ ہونا** (۱) زمین پر لَوٹنے لگنا۔ لڑھکنیاں کھانے لگنا (۲) عاشق ہو جانا۔ پھڑک جانا۔ مر جانا۔ غش ہو جانا (۳) تڑپ جانا۔ بے قرار ہو جانا (۴) انکار کر جانا۔ مکر جانا (۵) برگشتہ ہو جانا۔ پھر جانا (۶) ریجھنا۔ للچانا۔ بہت پسند کرنا۔ نہایت خوش ہونا (۷) صدقے ہونا۔ تصدق ہونا۔ قربان ہونا ٭ **لَوٹتا پھرنا**۔ نہایت تڑپنا۔ بے قرار ہونا۔ بے تابانہ پھرنا ٭ **لَوٹن**۔ تڑپنے والا۔ پھڑکنے والا۔ لَوٹنے والا ٭ **لَوٹن کبوتر** (ل) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر، جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑ دینے سے وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے ٭ **لَوٹنا** (۱) لڑھکنا۔ کروٹیں بدلنا (۲) بچے کا ضد کرنا۔ مچلنا (۳) بے چین ہونا۔ تلملانا۔ بے قرار ہونا۔ پھڑکنا (۴) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا (۵) پاؤں میں گرنا۔ پڑنا (۶) مکر جانا۔ انکار کر جانا (۷) رقص کرنا۔ وجد میں آنا (۸) نہایت پسند کرنا۔ از حد خوش ہونا ٭ **لوٹنی**۔ مؤنث (۱) لڑھکنی۔ قلابازی (۲) بالکل انکار۔ صاف جواب ٭ **لوٹنی لینا**۔ صاف مکر جانا۔ بالکل انکار کرنا۔ بے ایمانی کرنا ٭ **لوٹنیاں**۔ مؤنث۔ لوٹنی کی جمع ٭ **لوٹنیاں کھانا**۔ قلابازیاں کھانا۔ تڑپنا۔ پھڑکنا۔ بے قرار ہونا ٭ **لوٹنے کی جا ہے** (ل) (۱) عجیب کیفیت ہے۔ کیا لطف ہے (۲) دلچسپی کا مقام ہے۔ قربان ہونے کی جگہ ہے۔ پھڑکنے کا موقع ہے ٭

لوٹا (لُو۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا ٹونٹی والا برتن۔ بڑی لٹیا۔ آفتابہ ٭ **لوٹا اٹھانا**۔ یا۔ **رکھنا**۔ ادنیٰ درجے کی نوکری کرنا ٭ **لوٹے**۔ مذکر۔ لوٹا کی جمع ٭ **لوٹے ڈالنا** (عو) نہانا۔ غسل کرنا۔ پاک ہونا ٭ **لوٹے میں نمک ڈالنا** (گھلانا) (ل) (ہندو) قسمیہ عہد کرنا۔ سخت عہد کرنا ٭

لوٹا سجی۔ یا۔ **لوٹن سجی** (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی سفید یا گلابی کھار ٭

لوٹھا (لَو۔ ٹھا) (ہ) (عو) سنڈا مسٹنڈا۔ موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا ٭ **لوٹھی**۔ لوٹھا کی تانیث ٭

لوث (لَوث) (ع) مذکر (۱) ملاوٹ۔ آمیزش (۲) آلودگی (۳) عیب۔ دھبا۔ داغ ٭

لوچ (لُوچ) (ہ) مذکر (۱) لیس۔ چیپ (۲) ملایمت۔ نرمی۔ لچک۔ نزاکت ٭ **لوچ دار** (ل) (۱) لس دار۔ لیس دار (۲) نازک۔ ملائم۔ لچکیلا ٭

لوچرا (لُوچ۔ را) (ہ) (۱) نامرد (۲) بودا ٭

لوچن (لُو۔ چن) (س) مذکر۔ آنکھ۔ دیدہ۔ عین۔ نین ٭

لوح (لَوح) (ع) مؤنث (۱) لکھنے کی تختی۔ پٹّی (۲) قبر کے سرہانے کا پتھر یا سِل، جس پر تاریخ وفات وغیرہ لکھ کر لگائی جاتی ہے۔ لوح مزار (۳) سرورق۔ ٹائیٹل پیج۔ سرنامہ۔ عنوان (۴) وہ بیل بوٹے، جو کسی کتاب کے شروع میں بنا دیے جاتے ہیں۔ **لوحِ تربت**۔ قبر۔ مرقد۔ یا۔ مزار۔ مؤنث۔ دیکھیے "لوح" ۲۔ **لوحِ طلسم**۔ مؤنث۔ وہ تختی، جس میں طلسم کے کھولنے کا طریق اور حقیقت کندہ کر کے دفن کر دی جاتی ہے۔ **لوحِ محفوظ**۔ مؤنث۔ وہ تختی، جس پر اللہ تعالیٰ نے ہر فعل کی نسبت، جو دنیا میں واقع ہوتے ہیں، ابتدا سے انتہا تک لکھ رکھا ہے اور اسی کے مطابق ہوتا ہے۔ علم الٰہی۔ **لوحِ مشق** (ع۔ ف) مؤنث (۱) تختۂ مشق۔ وہ تختی، جس پر بچے مشق کرتے ہیں۔ پٹّی (۲) وہ چیز، جو کثرت سے استعمال میں آئے۔ زیرِ مشق۔ **لوح نویس**۔ مذکر۔ کتابوں کا سرورق بنانے والا۔ مصوّر۔ نقّاش۔ **لوح و قلم** (ع) مذکر (۱) تختی اور خامہ (۲) احکام الٰہی کی تختی اور اس کے لکھنے کا قلم قدرت۔

لوحش اللہ (لَوَ۔حَشَلْ۔ لاہ) (ف) [عربی میں لا وحش اللہ (خدا وحشت نہ دے)] تعظیم و استعجاب کے موقع پر بطور کلمۂ تحسین استعمال کرتے ہیں۔

لودھ (لَو۔دھ) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی بُوٹی، جو رنگنے کے کام آتی ہے (۲) لودھ درخت کی چھال، جو دوا کے طور پر برتی جاتی ہے۔

لودھا (لَو۔دھا) (ہ) مذکر۔ ایک نومسلم فرقہ۔

لودھی۔ لودی (لَو۔دِھی، لَو۔دی) (ہ) مذکر۔ پٹھانوں کا ایک مشہور فرقہ۔

لوڈ (لَوڈ) (انگ۔ Load) مذکر۔ بوجھ۔ وزن۔

لوذعی (لَو۔ذَعی) (ع) بے حد عقل مند۔ دانا۔ زود فہم۔

لوڑا (لَو۔ڑا) (ہ) مذکر (ڈومنیوں کی اصطلاح) آوارہ مرد۔ مؤنث کے لیے لَوڑی۔

لوری (لو۔ری) (ہ) مؤنث۔ ہلکی آواز کے وہ سریلے گیت، جو عورتیں بچوں کو سُلانے یا بہلانے کے لیے آہستہ آہستہ گاتی ہیں۔ **لوری دینا**۔ بچے کو سُلانے یا بہلانے کے لیے گیت گانا۔

لوڑ (لوڑ) (ہ۔ پ) مؤنث۔ حاجت۔ ضرورت۔ چاہ۔ خواہش۔

لوڑا (لو۔ڑا) (ہ) مذکر۔ آلۂ تناسل۔ ذَکَر۔ قضیب۔ لنگ۔ اندری۔ لِنڈ۔

لوڑھنا (لوڑھ۔نا) (عوام) (ہ) کپاس سے بیج علاحدہ کرنا۔

لوڑھی (لو۔ڑھی) (ہ) مؤنث (ہندو) ہندوؤں کا ایک سالانہ تہوار، جس میں کالی دیوی کے نام پر رات بھر لکڑیاں جلانے اور گیت گانے ہیں۔ کنواری لڑکیاں اس تہوار پر گیت گا گا کر مانگتی پھرتی ہیں۔

لوز (لَوز) (ع) مؤنث (۱) بادام (۲) ایک شکلی وضع کی ترشی ہوئی مٹھائی۔

لوزات۔ لوزیات۔ مؤنث (۱) لوز کی جمع (۲) بادام کا حلوا۔

لوزینہ۔ مذکر۔ بادام کا حلوا۔

لوط (لُوط) (ع) مذکر (۱) ایک مشہور پیغمبر، جنھیں خدا نے ملک شام کے شہر سدوم میں لوگوں کو گمراہی، بت پرستی اور اغلام سے منع کرنے اور ان کی ہدایت کے لیے بھیجا (۲) ایک کھاری جھیل، جسے بحیرہ مردار بھی کہتے ہیں۔ **لُوطی**۔ مذکر (۱) حضرت لوط پیغمبر کی قوم (۲) (اصطلاح اہل ایران) اغلام کرنے والا (۳) رند۔ بانکا۔

لوک (لُوک) (س) مذکر (ہندو) (۱) انسان۔ بشر۔ آدمی۔ مرد۔ لوگ (۲) عالم ارواح (۳) جہان۔ عالم۔ دنیا (۴) نیچے کا طبقہ۔ تحت الثریٰ۔ **لوک آچار۔ لوک بیوہار**۔ (ہ) مذکر (ہندو) ملک کا دستور۔ ملکی رسوم۔ **لوک پال** (س) مذکر۔ بادشاہ۔ راجا۔

لوک ناتھ۔ مذکر (ہندو) (۱) بادشاہ۔ راجا (۲) شِو۔ مہادیو (۳) برہما (۴) وشنو۔ **لوکا لوک**۔ مذکر (ہندو) پہاڑوں کا وہ فرضی سلسلہ، جو ساری دنیا کے ارد گرد حد کے طور پر خیال کیا گیا ہے۔

لوکا (لُو۔کا) (ہ) مذکر (۱) آگ کا شعلہ۔ لپٹ۔ لو۔ لاٹ (۲) جلتی ہوئی لکڑی۔ **لُوکا لگانا** (عو) (۱) آگ لگانا۔ جلانا۔ جھلسنا (۲) ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ **لُوکا لگ جائے۔ یا۔ لگے** (دعائے بد) (عو) آگ لگے۔ چولھے میں جائے۔ غارت ہو۔ **لُوکٹی**۔ مؤنث۔ ادھ جلی لکڑی۔

لوکاٹ (لُوکاٹ) (ہ) مذکر۔ زرد رنگ کا ایک مشہور پھل، جو پیوندی بیر جتنا موٹا ہوتا ہے۔ لُکھوٹ۔

لوکارثم (لَو۔گا۔رِ۔ثم) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا حساب، جو حساب کے پھیلاؤ کو بہت مختصر کر دیتا ہے۔

لوکڑا (لَو۔کڑا) (ہ) مذکر۔ لڑکا۔ طفل معصوم۔ کودک۔

لوکل (لو۔کَل) (انگ۔ Local) مقامی۔ مُلکی۔ موضع کا۔ **لوکل انسٹی ٹیوشن** (Local Institution) مذکر۔ مقامی ادارہ۔

لوکل سیلف گورنمنٹ (Local Self Government) مؤنث (۱) مقامی حکومت خود اختیاری (۲) (مجازاً) ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل کمیٹی کے محکمے، جن میں ضلع اور مقام کے چیدہ لوگ اپنے دیہات و قصبات کی صحت و صفائی، تعلیم، سڑکوں، پلوں وغیرہ کا انتظام ان اصولوں پر کرتے ہیں، جو سرکار کی طرف سے مقرر ہو چکے ہیں۔

لوکنا (لوک۔نا) (عو) (ہ) بجلی چمکنا۔

لوکھری۔ لوکھڑی (لُوکھ۔ری، لُوکھ۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ لومڑی۔

لوکی (لَوْ۔کِیْ) (ہ) مؤنث (پوربی) (۱) لمبا کدو (۲) ایک قسم کی آتش بازی ؛
لوگ (لُوْ۔گْ) (ہ) مذکر۔ بہت سے آدمی۔ اشخاص۔ خلقت ؛ **لوگ باگ**۔ مذکر۔ عام لوگ۔ عوام ؛ **لوگوں**۔ لوگ کی جمع حروفِ جار سے پہلے ؛
لولا (لُوْ۔لَا) (ہ) پاؤں سے اپاہج۔ لنگڑا لُنجا ؛
لولاسی (لَوْ۔لَا۔سِیْ) (ہ) مؤنث۔ پھولوں کی چھڑیاں، جو سالیاں دولھا کو اُس دن مارتی ہیں، جب وہ پہلی دفعہ زنانہ مکان میں جاتا ہے ؛
لُولُو (لُوْ۔لُوْ) (ہ) مذکر (۱) ایک فرضی ڈراؤنی چیز، جس سے عورتیں بچوں کو ڈراتی ہیں۔ ہیّا (۲) (ف) ایران کی ایک خوب صورت قوم گُرجی (۳) (ل) احمق۔ بے وقوف (۴) سودائی۔ پاگل۔ دیوانہ۔ خبطی۔ باؤلا ؛ **لُولُو بنانا** (۱) پاگل بنانا (۲) احمق بنانا ؛
لولو (لُوْ۔لُوْ) (ہ) مذکر۔ بچوں کی چھنچھنا ؛
لُؤلُؤ (لُ۔ءْ۔لُ۔ءْ) (ع) مذکر (۱) موتی۔ دُر۔ گوہر۔ مروارید ؛
لُولی (لُوْ۔لِیْ) (ف) مؤنث (۱) نازک۔ عمدہ۔ خوب صورت (۲) ناچنے گانے والی عورت۔ رنڈی۔ کنچنی (۳) کسبی۔ فاحشہ (۴) خوب صورت قوم گُرجی ؛ **لُولیِ فلک** (ف۔ع) مؤنث۔ زہرہ۔ ایک مشہور ستارہ ؛
لولیں (لَوْ۔لِیْں) (ہ) کسی خیال میں ڈوبا ہوا۔ مستغرق۔ محو ؛
لومة (لَوْ۔مَتْ) (ع) مؤنث۔ ملامت۔ ملامت کرنا ؛ **لومۃ لائم**۔ مؤنث۔ ملامت کرنے والے کی ملامت ؛
لومڑی (لُوْم۔ڑِیْ) (ہ) مؤنث (۱) بلّی کے قد جتنا ایک جنگلی جانور۔ روباہ (۲) (کنایۃً) فریبی۔ مکّار۔ عیّار ؛ **لومڑی کے شکار کو جائیے تو شیر کا سامان کر لیجیے** (ل) مثل۔ معمولی سے کام کے لیے بھی خاصا انتظام کرنا چاہیے ؛
لون (لُوْنْ) (ہ) مذکر (دہلی میں نُون۔ اب فصحا نمک ہی بولتے ہیں) نمک۔ نون۔ کھار ؛ **لُون مرچ لگانا** (۱) بات بڑھا کر بیان کرنا۔ حاشیہ چڑھانا (۲) بھڑکانا ؛ **لُونا** (ہندو) (۱) نمکین۔ سلونا (۲) کڑوا۔ کھاری۔ شور (۳) تیز ؛ **لُونا چماری**۔ مؤنث۔ بنگال کی ایک مشہور جادوگرنی ؛ **لُونی**۔ مؤنث۔ کھار۔ شور ؛ **لُونیا**۔ مذکر (۱) ایک قسم کا نمکین اور ترش ساگ (۲) نمک بنانے والا (۳) نمک کا تاجر۔ نمک فروش ؛ **لُونیے کا لُون گرا دُونا ہوا، تیلی کا تیل گرا ہینا ہوا**۔ مثل (۱) ضروری نہیں کہ جس کام میں ایک کو نفع ہو، اس میں دوسرے کو بھی ہو (۲) کسی کی ریس سے دوسرے کو نقصان ہونے کے موقع پر بھی کہتے ہیں ؛
لُونبڑ (لُمْ۔بَڑْ) (ہ) (۱) طویل القامت۔ لمبا (۲) بے وقوف۔ احمق ؛
لَونجی (لَوْن۔جِیْ) (ہ) مؤنث۔ کچے آم کی پھانکوں کا اچار ؛
لوند (لَوْنْدْ) (ہ) مذکر (۱) وہ مہینا، جو ہر تیسرے سال شمسی حساب سے بڑھایا جاتا ہے (۲) فاضل۔ زیادہ۔ فضول۔ زائد ؛ **لَوند مسودا خصم خدائی** (ل) مثل (عو) جو عورت بالکل آزاد و خود مختار ہو اور اس کا روکنے ٹوکنے والا کوئی نہ ہو ؛
لوندا (لَوْں۔دَا) (ہ) مذکر۔ گدی۔ گیلی چیز کا ڈلا ؛
لونڈا (لَوْں۔ڈَا) (ہ) مذکر (۱) چھوکرا۔ لڑکا۔ وہ لڑکا، جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو (۲) بیٹا۔ پوت۔ پسر (۳) غلام۔ بردہ۔ داس (۴) کام کرنے والا لڑکا (۵) بدفعلی کرانے والا لڑکا۔ مفعول۔ یار (۶) ناتجربہ کار۔ نادان۔ بچہ (۷) چھچھورا۔ سفلہ ؛ **لَونڈاپن** مذکر (۱) لڑکپن۔ چھوکراپن (۲) چھچھوراپن۔ سفلہ پن ؛ **لونڈوں**۔ مذکر۔ لونڈا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ؛ **لونڈوں بالی**۔ مؤنث۔ لڑکوں سے رغبت رکھنے والی۔ لڑکوں سے صحبت رکھنے والی عورت ؛
لونڈی۔ مؤنث (۱) باندی۔ چیری۔ کنیز (۲) خدمت کرنے والی۔ ٹہلنی۔ سیوک ؛ **لونڈی اَوروں کے پَیر دھوئے اپنے پَیر دھوتی لجائے**۔ مثل۔ جو اوروں کا کام کرتا پھرے اور اپنی خبر نہ رکھے، اس کے متعلق طنزاً کہتے ہیں ؛ **لونڈی بچہ** (ل) مذکر۔ وہ شخص، جو لونڈی باندی کے پیٹ سے ہو۔ پرستار زادہ ؛ **لونڈی کو لونڈی کہا، رو دی، بیوی کو لونڈی کہا، ہنس دی**۔ مثل۔ شریف اور ذلیل میں یہی فرق ہے کہ شریف کا ظرف بڑا اور ذلیل کا چھوٹا ہوتا ہے ؛ **لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس** (ل) مثل۔ نوکروں کے خوش رکھنے سے آقا بھی راضی رہتا ہے ؛ **لونڈی ہو کر کمانا، بیوی بن کر کھانا** (ل) مثل۔ جو شخص محنت میں شرم نہیں کرتا، وہ امیرانہ گزران کرتا ہے ؛ **لونڈے**۔ مذکر۔ لونڈا کی جمع ؛ **لونڈے باز** (ل) بچہ باز۔ اغلامی۔ لوطی ؛ **لونڈے بازی**۔ مؤنث۔ بچہ بازی۔ لواطت۔ اغلام ؛ **لونڈے لپاڑے**۔ مذکر۔ گپّی لونڈے ؛ **لونڈیا**۔ مؤنث (۱) چھوکری۔ لڑکی (۲) دختر۔ بیٹی ؛
لونگ (لَوْنْگ) (ہ) (مذکر و مؤنث) (۱) ایک خوش بودار درخت کی کلی، جو نہایت تیز و خوش بودار ہوتی ہے اور گرم مسالے میں بھی مستعمل ہے۔ قرنفل (۲) ناک کا ایک زیور، جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے۔ ناک کی کیل ؛ **لونگ چڑے**۔ مذکر (لکھنؤ) (۱) بیسن کی پھلکیاں (۲) بیسن کی آمیزش سے بنائے ہوئے کباب ؛
لوہ (لَوْہْ) (ہ) مذکر۔ لوہے کا مخفف۔ آہن ؛ **لَوہ چُون**۔ مذکر۔ لوہے کا چورا۔ بُرادۂ آہن ؛ **لَوہا**۔ مذکر (۱) آہن۔ حدید (۲) (کنایۃً) سخت۔ مضبوط۔ بھاری ؛ **لوہا بجانا**۔ تلوار چلانا۔ تیغ زنی کرنا ؛

لوہا برسنا (لکھنؤ) (کنایۃً) تلوار چلنا۔ کشت و خون ہونا۔ گولیوں کی بوچھاڑ ہونا۔ جنگ ہونا ٭ لوہا تیز ہونا (ر) (۱) چھری یا تلوار تیز ہونا (۲) زور چلنا۔ قابو چلنا۔ غصّہ چلنا (۳) غالب ہونا ٭ لوہا جانے لوہار جانے، دھونکنے والے کی بلا جانے۔ مثل (عو) فریقین ہی آپس کا معاملہ بخوبی سمجھتے ہیں، اجنبی کو کیا معلوم ٭ لوہا دینا۔ یا۔ کرنا (ہ) استری کرنا۔ لوہا گرم کرکے ٹانکے بٹھانا۔ دھلا ہوا کپڑا لوہے کی گرمی سے صاف کرکے شکن وغیرہ نکالنا ٭ لوہا لاٹھ (لاٹھ) (۱) بہت سخت۔ نہایت مضبوط (۲) مشکل ردیف و قافیہ کے اشعار ٭ لوہا لوٹ جانا (لوٹنا) (۱) تلوار کا بڑھا ہونا (۲) وار خالی جانا۔ تلوار کا دوہرا ہوکر کچھ کاٹ نہ کرنا (۳) نصیبا بگڑ جانا۔ کام بگڑ جانا ٭ لوہا مان جانا۔ یا۔ ماننا (۱) کسی کی شجاعت، دلیری یا سنگ دلی کا قائل ہونا (۲) استادی کا قائل ہونا۔ کسی کو اپنے سے بڑا ماننا۔ تسلیم کرنا (۳) ڈرنا۔ عاجز ہونا۔ رعب ماننا ٭ لوہار۔ مذکر۔ لوہے کی چیزیں بنانے والا۔ آہن گر ٭ لوہار خانہ (ر) مذکر۔ وہ جگہ، جہاں بہت سے لوہار کام کرتے ہوں ٭ لوہار خانے میں سوئیاں بیچنا (۱) جہاں چیز خود تیار ہوتی ہو، وہیں لے جانا۔ بے قدری کرنا (۲) بے وقوفی کرنا ٭ لوہارن۔ لوہارنی۔ لوہاری (عا، ع۲ لکھنؤ میں اور ع۳ دہلی میں) مؤنث۔ لوہار کی بیوی۔ لوہار قوم کی عورت ٭ لوہے مذکر (۱) لوہا کی جمع (۲) لوہا کی صورت حرف جار سے پہلے ٭ لوہے ٹھنڈے ہو گئے۔ ارادہ جاتا رہا۔ امنگ غائب ہو گئی ٭ لوہے کا پانی۔ مذکر۔ تلوار کی آب ٭ لوہے کا دل (ر) مذکر۔ بے حد سخت دل ٭ لوہے کی چھاتی کر لینا (ہ) (۱) دل سخت کر لینا۔ پتھر کا جگر کر لینا (۲) مصیبت جھیلنے کے لائق ہو جانا ٭ لوہے کے چنے۔ مذکر۔ سخت اور مشکل کام ٭ لوہے کے چنے چبانا (۱) سخت اور مشکل کام کرنا یا کرانا (۲) ادق علم پڑھنا ٭ لوہیا۔ مذکر۔ لوہے کی چیزیں بیچنے والا ٭

لوہو (لُو۔ ہُو) (ہ) مذکر۔ لہو۔ خون ٭

لوئر (لُو۔ اِر) (انگ ‎– Lower) (۱) گھٹیل۔ چھوٹا۔ ادنیٰ (۲) ماتحت (۳) ابتدائی ٭ لوئر پرائمری (Lower primary) مؤنث۔ پہلی اور دوسری جماعت ٭ لوئر سکول (Lower school) مذکر۔ چھوٹا مدرسہ۔ ابتدائی سکول ٭ لوئر کلاس (Lower class) مؤنث۔ چھوٹا درجہ۔ ابتدائی جماعت ٭

لوئی (لُو۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) اونی چادر۔ باریک کمل (۲) گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا ٭

لوے (لَو۔ ئے) (ہ) (۱) اوپر کو (۲) نزدیک۔ قریب ٭

لوے لگنا (ہندو) اعتبار ہونا۔ یقین ہونا۔ دل لگنا ٭

.....

ل۔ہ

لُہار (لُہا۔ ر) (ہ) مذکر۔ لوہار ٭ لُہارن۔ لُہاری۔ مؤنث۔ دیکھیے "لوہاری" ٭

لہاڑا (لہا۔ ڑا) (ہ) لے کر نہ دینے والا۔ لین دین کا کھوٹا۔ نادہند ٭

لہاس (لَہا۔ س) (ہ) مذکر (عوام) جہاز کا رسّا۔ موٹا رسّا (۲) (پورب) جھال۔ بڑا ٹوکرا ٭

لُہان (لُہا۔ ن) (ہ) لہو سے لتھڑا ہوا۔ خون آلود (یہ لفظ لہو کے ساتھ مستعمل ہے، جیسے لہو لُہان) ٭

لہاؤ (لہا۔ ؤ) (ہ) مذکر (عو) چوچلے (کرنا کے ساتھ) ٭

لہبر (لَہ۔ بَر) (ہ) مذکر (پورب) (۱) جُبّہ۔ لبادہ۔ چوغہ (۲) ایک قسم کا لمبا طوطا (۳) نشان۔ جھنڈا۔ علم۔ نیزہ۔ چھڑ ٭ لہبری۔ مذکر۔ ایک قسم کا دراز قد اور لمبی گردن کا طوطا ٭

لہٹنا (لہٹ۔ نا) (ہ) (ہندو) (عو) (آپ کے ساتھ) طبیعت کا مائل ہونا ٭

لہجہ (لَہ۔ جَہ) (ع) مذکر (۱) الفاظ کی آواز۔ تلفظِ کلام (۲) بول چال۔ محاورہ۔ زبان (۳) سُر۔ لَے ٭

لہچون (لَہ۔ چُو۔ ن) (ہ) دیکھیے "لوہ چون" ٭

لہٰذا (لہا۔ ذا) (ع) اِس لیے۔ اِسی لیے۔ اِس واسطے۔ اس وجہ سے۔ اِس غرض سے۔ پس۔ القصہ۔ الغرض۔ الحاصل ٭

لہر (لَہ۔ ر) (ہ) مؤنث (۱) دریا کی موج۔ تلاطم۔ جزر و مد۔ جوار بھاٹا (۲) ترنگ۔ امنگ (۳) حال۔ وجد (۴) خیال۔ وہم (۵) جنون۔ خبط۔ سودا۔ دیوانگی (۶) کسی بیماری یا زہر وغیرہ کا دورہ۔ ہڑک (۷) جلن۔ سوزش۔ چُبک۔ ٹیس۔ تیزی (۸) جماع کی خواہش۔ خرمستی (۹) کشیدے کی دھاری۔ بیل (۱۰) لہلہاہٹ۔ ہرے پودوں کی جنبش (۱۱) یاد۔ دھیان ٭ لہر آنا (۱) تلاطم ہونا۔ موج آنا (۲) خیال آنا۔ تصوّر بندھنا (۳) شوق پیدا ہونا (۴) زہر کے اثر سے پیچ و تاب کھانا ٭ لہر اٹھنا (۱) ترنگ آنا۔ موج آنا (۲) شوق پیدا ہونا۔ جوش اٹھنا (۳) خیال پیدا ہونا۔ ارادہ ہونا (۴) ٹیس اٹھنا ٭ لہر اڑانا (۱) سُر نکالنا۔ تان لگانا (۲) متواتر پیٹنا۔ پیہم مارنا ٭ لہر بہر۔ مؤنث (۱) خوش اقبالی۔ خوش حالی (۲) کسی شے کی افراط (۳) بہبود۔ برکت ٭ لہر بہر ہو جانا (۱) اقبال یاور ہونا۔ کام بن جانا (۲) خوب زور کی بارش ہونا (۳) روپے پیسے کی طرف سے فراغ بالی ہو جانا ٭ لہر چڑھنا (۱) پانی کا زور پر ہونا (۲) زہر کا اثر کرنا۔ زہر کا دورہ ہونا ٭ لہر چھوٹنا (ہندو) (عو) جماع کو جی چاہنا۔ مستی چھوٹنا ٭ لہرا۔ مذکر (۱) سارنگی کی ایک گت۔ طبیعت میں جوش پیدا کرنے والا سُر۔ چلتی ہوئی لَے (۲) لَے۔ سُر۔ آواز۔ نغمہ۔ ترانہ (۳) تڑاتڑ مارنا (۴) لہرانا کا امر ٭ لہرانا (۱) پانی کا لہریں لینا۔ موج مارنا

(۲) ہلنا۔ جنبش کرنا۔ لہلہانا (۳) فرّاٹے بھرنا۔ اُڑنا (۴) مائل ہونا۔ للچانا (۵) سانپ کا چلنا ٭ **لہری** (۱) موجی۔ ترنگی۔ بے پروا۔ دل چلا (۲) خوش مزاج۔ ظریف۔ زندہ دل ٭ **لہریا** (۱) لہر والا۔ دھاریوں والا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا کپڑا، جس میں آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں ٭ **لہریں**۔ مؤنث۔ لہر کی جمع۔ موجیں ٭ **لہریں گننا**۔ تضیعِ اوقات کرنا۔ بے کار رہنا۔ وقت ضائع کرنا ٭ **لہریں لینا** (۱) ہلنا۔ جھومنا۔ لہرانا (۲) دریا کا موجیں مارنا ٭

لہسن (لَہْ۔ سُنْ) (ہ) دیکھیے "لسّن" ٭ **لہسنیا**۔ مذکر۔ لہسن کے رنگ سے مشابہ ایک بیش بہا جواہر ٭

لہک (لَہَک) (ہ) مؤنث (۱) لاٹ۔ شعلہ۔ لہر (۲) جوبن۔ بہار۔ لہلہاہٹ (۳) چمک (۴) لہکنا کا امر ٭ **لہکا** (۱) لہکنا سے ماضی مطلق (۲) لہکانا کا امر ٭ **لہکانا** (۱) ابھارنا۔ اُکسانا۔ بھڑکانا (۲) آگ دہکانا۔ آگ سلگانا (۳) صیقل کرانا۔ اجلوانا۔ چمکوانا (۴) کسی پرندے کو بلوانا۔ آواز لگوانا ٭ **لہکنا** (۱) چہچہانا۔ چہکنا۔ نغمہ سرا ہونا (۲) جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا (۳) لہرانا۔ لہلہانا (۴) روشن ہونا۔ چمکنا ٭

لہکا (لَہْ۔ کا) (ہ) مذکر۔ لپکا۔ تپلا گوٹا ٭

لہلوٹ (لَہْ۔ لوٹ) (ہ) بے قرار ٭

لہلہا (لَہْ۔ لَہا) (۱) لہلہانا کا امر (۲) لہراتا ہوا (۳) سرسبز ٭ **لہلہاتا** (۱) لہراتا ہوا۔ جھومتا ہوا۔ لچکتا ہوا (۲) ہرا بھرا۔ سرسبز۔ تر و تازہ۔ شاداب۔ شگفتہ۔ پھلا پھولا ٭ **لہلہانا** (۱) جھومنا۔ لہرانا۔ موج مارنا (۲) کھلنا۔ پھلنا پھولنا۔ تر و تازہ ہونا ٭ **لہلہاہٹ**۔ مؤنث (۱) موج۔ لہر (۲) سرسبزی۔ شادابی ٭

لہن (لَہَنْ) (ہ) مذکر (۱) بخت۔ بھاگ۔ نصیب۔ قسمت (۲) فائدہ۔ حاصل۔ نفع (۳) ساجھا۔ شرکت۔ حصّہ ٭ **لہنا بہنا**۔ مذکر (۱) قسمت کا ساجھا (۲) حاصل حصول (۳) نصیب ٭

لہو (لَہُو) (ہ) مذکر۔ لوہو کا مخفف۔ خون۔ دم۔ ایک خِلط ٭ **لہو اترنا** (۱) خون کا نیچے کی طرف آنا۔ بھر آنا (۲) سرخ ہونا۔ لال ہونا ٭ **لہو برسنا**۔ خون ٹپکنا۔ غصّے کی حالت میں آنکھیں نہایت سرخ ہو جانا ٭ **لہو بگڑنا** (۱) خون میں فساد آ جانا (۲) کوڑھ ہو جانا (۳) آتشک ہو جانا ٭ **لہو بہانا** (۱) خون نکالنا (۲) قتل کرنا۔ جان سے مار ڈالنا (۳) ہلاک ہونا۔ جان دینا ٭ **لہو پانی ایک کرنا** (۱) خون اور پانی ملانا (۲) کسی کام میں شد بد محنت اٹھانا (۳) از حد رنج اٹھانا اپنے آپ کو نہایت تکلیف دینا (۴) بگڑنا۔ غصّہ کرنا۔ ناراض ہونا (۵) ستانا۔ تکلیف دینا ٭ **لہو پینا** (۱) خون پینا۔ خون چوسنا (۲) بے حد دق کرنا۔ تکلیف دینا (۳) جان لینا۔ قتل کرنا۔ مارنا ٭ **لہو تھوکنا**۔ خون کی قے کرنا۔ پھیپھڑے میں زخم پڑ کر منہ سے خون آنے لگنا ٭ **لہو ٹپکنا** (۱) لہو گرنا۔ لہو کے قطرے گرنا (۲) بدن میں خون کی زیادتی ہونا۔ بے حد سرخ و سفید ہونا (۳) جلدی بیماری کے باعث خون ٹپکنا۔ کوڑھ ہو جانا ٭ **لہو خشک ہو جانا (رہونا)** (ف) (۱) خون سوکھ جانا۔ ڈر جانا۔ غم یا خوف سے بدن میں خون نہ رہنا۔ خوف کے مارے دم فنا ہونا (۲) نہایت سخت صدمہ اٹھانا ٭ **لہو دینا** (ہ) خون چھوٹنا۔ فصد کھولتے وقت رگ سے خون نکلنا ٭ **لہو رونا**۔ آنکھوں سے آنسوؤں کے بجائے خون نکلنا۔ نہایت رونا ٭ **لہو سفید ہو جانا** (ف) محبت نہ رہنا۔ ہمدردی نہ رہنا۔ مروّت نہ رہنا۔ رحم نہ رہنا ٭ **لہو سوکھ جانا۔ لہو سوکھنا** (ہ) دیکھیے "لہو خشک ہو جانا" ٭ **لہو کا پیاسا**۔ جان کا لاگو۔ جانی دشمن ٭ **لہو کا جوش** (ف) مذکر۔ مادری محبت۔ ماتا۔ پدری محبت۔ ایک خون ہونے کی محبت ٭ **لہو کا ہلکا** (ہ) (ع) (۱) لطیف اور صاف خون والا (۲) وہ شخص، جس کا خون جلد اثر قبول کرے۔ بے حد رحم دل۔ وہ شخص، جو کسی کا صدمہ یا خون دیکھ کر غش کھا جائے ٭ **لہو کرنا** (ع) (۱) عیش تلخ کرنا۔ خون میں ڈبونا۔ دکھ دینا (۲) تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا ٭ **لہو کی ندیاں بہ گئیں** (۱) کثرت سے خون جاری ہوا (۲) بے حد کشت و خون ہوا ٭ **لہو کے سے گھونٹ پینا**۔ سخت تکلیف یا صدمہ اٹھانا۔ غصّے کو مار کر رہ جانا۔ غم کھانا ٭ **لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا (ملنا)۔ لہو مل کے شہیدوں میں شامل ہونا** (ف) ذرا سا کام کر کے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا۔ کسی کام میں تھوڑا سا شریک ہو کر اپنا نام کرنا ٭ **لہو لُہان** (ہ) خون میں لتھڑا ہوا۔ خون آلودہ۔ لتھ پتھ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **لہو لینا** (۱) فصد کھولنا۔ خون لینا (۲) فصد کھلوانا ٭ **لہو میں ہاتھ رنگنا** (ف) کسی کے خون سے ہاتھوں کو رنگین کرنا۔ قتل کرنا۔ خون کرنا ٭

لَہْو (لَہْو) (ع) مذکر (۱) کھیل (۲) ہم بستری (۳) واہیات ٭ **لَہْو و لَعِب**۔ مذکر۔ سیر و تماشا۔ کھیل کود۔ ہنسی مذاق۔ تفریح۔ عیش و نشاط ٭

لہینڈی (لَہِیں۔ ڈی) (ہ) مؤنث۔ وہ ڈول یا ٹوکری، جس کے دونوں کونوں پر رسّی باندھ کر پانی نشیب سے بلندی کو لے جاتے ہیں تاکہ زراعت خشک نہ ہو ٭

ل۔ ی

لیٔ (لِئِ) دیکھیے "لیے" ٭

لَئیق (لَئِیْق) (لائق کا مخرّب) لائق۔ قابل (فصحا اس جگہ لائق بولتے ہیں) ٭

لئیم (لَئِیْم) (ع) (۱) وہ کنجوس، جو نہ خود کھائے، نہ دوسرے کو دے (۲) سفلہ۔ کمینہ۔ لئیم الطبع۔ وہ شخص، جس کی طبیعت میں خست اور کنجوسی ہو۔

ل۔ی۔ے

لی (لِیْ) (ہ) لینا سے ماضی مطلق واحد غائب، جب مفعول مؤنث ہو۔

لَے (لَے) (ہ) مؤنث (۱) آواز۔ لحن۔ آہنگ۔ سُر۔ لہجہ (۲) تمنا۔ آرزو۔ شوق (۳) خیال۔ دُھن۔ رٹ (۴) سلسلہ۔ تسلسل۔

لے (لے) (ہ) (۱) لینا کا امر۔ پکڑ۔ گرفت کر (۲) قابو میں کر۔ سنبھال (۳) متوجہ ہو۔ آگاہ ہو۔ جان۔ سُن (۴) دیکھ (۵) ساتھ لے کر۔ لے کر۔ لے آنا (۱) کوئی چیز اٹھا لانا (۲) جا کر کسی کو ہمراہ لانا (۳) باہر سے لانا (۴) دوسرے مقام سے لانا۔ لے اُڑنا (۱) لے کر بھاگ جانا، اپنے ساتھ لے کر اُڑ جانا (۲) تیز کرنا۔ بھڑکا دینا۔ نشے میں ہوش و حواس کھو دینا (۳) مزہ دو بالا کر دینا۔ مزیدار بنا دینا (۴) رونق بڑھا دینا (۵) پہنچا دینا۔ لے جانا (۶) طرز حاصل کر لینا۔ نقل اُڑا لینا۔ لے بھاگنا (۱) کوئی چیز لے کر فرار ہو جانا۔ لے کر چل دینا (۲) بھگا کر لے جانا۔ کسی عورت کو نکال لانا (۳) کسی کی طرز اُڑا لینا۔ لے بھاگو (بھگو) (۱) طرز اُڑا لینے والا (۲) وہ شخص، جس نے استاد کے بغیر کوئی کام اختیار کر لیا ہو۔ بے استادا۔ اتائی۔ لے بھئی (۱) میں کہتا ہوں۔ سنو یار (۲) بڑا تعجب ہے۔ لے بیٹھنا (۱) ساتھ لے کر پانی کی تہ میں بیٹھ جانا (۲) (کنایۃً) اپنے ساتھ دوسرے کو نقصان پہنچا دینا (۳) اپنے ساتھ لے کر گرنا (۴) کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا (۵) کوئی شغل یا کام شروع کرنا (۶) بے محل تذکرہ شروع کرنا۔ لے پالک۔ گود لیا ہوا۔ وہ بچہ، جسے لے کر پال لیا گیا ہو۔ متبنّٰی۔ لے پڑنا (۱) ساتھ لے کر لیٹ جانا (۲) ساتھ لے کر گر پڑنا۔ لے دے۔ مؤنث (۱) لینا دینا (۲) کبھی لینا، کبھی دینا (۳) (مجازاً) کوشش۔ جد و جہد۔ دوڑ دھوپ (۴) لتاڑ۔ لعنت ملامت، سرزنش۔ لے دے کر۔ لے دے کے (۱) بے حد کوشش اور محنت سے (۲) نہایت مشکل سے۔ بہ مشکل تمام (۳) دے دلا کر۔ دے باقی کر کے۔ بانٹ بونٹ کر۔ کاٹ کوٹ کر (۴) فقط۔ صرف۔ کُلّھم (۵) (مینہ کے لیے) شدت سے برسنا۔ لے دے کرنا (۱) جد و جہد کرنا۔ انتہائی کوشش کرنا۔ تقاضے پر تقاضے کرنا (۲) ڈانٹنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا (۳) مار پیٹ کرنا۔ لے دینا (۱) دلوا دینا (۲) مول لے دینا۔ خرید دینا۔ لے ڈوبنا (۱) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا (۲) غرق کر دینا۔ ڈبو دینا۔ لے لوٹے۔ نادہند۔ قرض لے کر نہ دینے والا۔ لے کر مکر جانے والا۔ لیچڑ۔ لے لینا (۱) دبا لینا۔ مار لینا۔ چھین لینا (۲) اپنا کر لینا۔ خرید لینا (۳) قابو کر لینا۔ سنبھال لینا (۴) پھیر لینا۔ واپس کر لینا (۵) منزل طے کر لینا۔ جا پہنچنا (۶) پکڑ لینا۔ جا لینا (۷) حاصل کر لینا۔ بہم پہنچانا۔ لے مرنا (۱) لے بیٹھنا۔ لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا (۲) چوری لگانا۔ الزام دھرنا (۳) مار لینا۔ دبا لینا (۴) کما لینا۔ حاصل کر لینا۔

لیا (لِیا) لینا سے ماضی مطلق (۱) گرفت کیا۔ پکڑا (۲) حاصل کیا۔ وصول کیا (۳) شرمندہ کیا (۴) مول لیا۔ خریدا (۵) کمایا۔ لیا دیا۔ مذکر۔ وہ نیکی، جو کبھی کی ہو۔ نیک کاموں کا پھل۔ لیا دیا آگے آ جانا۔ کرنی کا پھل ملنا۔ نیکی بدی کا نتیجہ ملنا۔ لیا گیا (۱) شرمندہ ہوا۔ ذلیل ہوا۔ رسوا ہوا (۲) لے لیا۔ پا لیا۔ لیا ہی نہیں جانا (۱) سنبھالے نہیں سنبھلنا۔ منائے نہیں منتا (۲) دھوکا نہیں کھاتا۔

لیتا۔ لینا سے ماضی تمنائی۔ لیتا بھُو لے نہ دیتا (ہ) مقولہ۔ نقد بکری کی تعریف میں کہا جاتا ہے، کیونکہ ادھار لینے دینے میں طرفین سے کوئی بھول ہی جاتا ہے۔

لین (لَیْن) مذکر۔ لینا۔ حاصل کرنا۔ لین دین۔ مذکر (۱) لینا دینا۔ داد و ستد۔ حساب کتاب (۲) برتاؤ۔ معاملہ۔ بیوہار (۳) خرید و فروخت (۴) تعلق۔ واسطہ۔ سروکار (۵) کاروبار۔ سوداگری۔ تجارت۔

لینا۔ مذکر (۱) وہ روپیہ، جو لینا ہو۔ قرضہ آتا ہوا۔ یافتنی (۲) پکڑنا۔ گرفت کرنا (۳) اخذ کرنا۔ حاصل کرنا (۴) تھامنا۔ سہارنا۔ سنبھالنا (۵) خریدنا (۶) قرض لینا (۷) فتح کرنا (۸) اُگاہنا۔ وصول کرنا۔ لینا ایک نہ دینا دو۔ فائدہ نہ غرض۔ حاصل نہ حصول۔ نہ کسی سے ایک لیں گے، نہ دو دینے پڑیں گے۔ لینا دینا۔ مذکر (۱) لین دین۔ داد و ستد۔ حساب کتاب (۲) معاملہ۔ برتاؤ۔ لینا نہ دینا، باتوں کا جمع خرچ (د) مثل۔ فضول وقت گزارنا۔ تضیع اوقات کرنا۔ نری باتیں ہی باتیں کرنا، جن کا نتیجہ کچھ نہ نکلے۔ ناحق کی دردسری۔ لینا نہ دینا کا رسے نہ مسلے۔ مثل۔ بے فائدہ، لاحاصل، بیہودہ، فضول، کچھ حاصل نہ حصول۔ لینی۔ مؤنث۔ وہ رسم، جو بچے کو دایہ سے واپس لینے پر ادا کی جاتی ہے۔ لینے کے دینے پڑ جانا (پڑنا) (ہ) (۱) فائدے کی جگہ نقصان ہونا۔ دقت میں پڑنا (۲) جان کے لالے پڑنا۔ لینے میں نہ دینے میں۔ نفع میں نہ نقصان میں۔ بُرے میں نہ بھلے میں۔ بے تعلق اور بے غرض۔ لینے دینے میں نہ ہونا۔ واسطہ نہ ہونا۔ بے غرض اور بے تعلق ہونا۔ لینے کو مچھلی دینے کو کانٹا۔ مثل (عو) لیتے وقت اچھی چیز لینا اور دیتے وقت بُری شے دینا۔ لیوا (۱) لینے والا۔ محصّل (۲) گائے بھینس یا بکری کا تھن۔

لیاقت (لِیَا۔ قَت) (ع) مؤنث (۱) استعداد۔ قابلیت (۲) گُن۔ خوبی۔ جوہر۔ وصف (۳) ہوشیاری۔ دانائی (۴) کسی چیز کے

حاصل کرنے کا مادہ (۵) تمیز۔ شائستگی (۶) ظرف۔ حوصلہ (۷) (۸) مقدرت۔ مقدور ٭

لیاں (ریّاں) (ہ) مؤنث۔ کھیلیں ٭

لیباریٹری (رئے۔ زبا۔ یئے۔ ٹری) (انگ۔ Laboratory) مؤنث۔ کیمیاگری کا کارخانہ۔ وہ کمرہ، جہاں سائنس کے تجربات کیے جاتے ہیں۔ معمل۔ دارالتجربہ ٭

لیبر (رئے۔ بَر) (ہ) مذکر۔ منہ کا لعاب، جس میں چیپ ہو ٭

لیبر (ریے۔ بَر) (انگ۔ Labour) مؤنث۔ مشقت۔ محنت۔ جدوجہد ٭

لیبر پارٹی (Labour Party) مؤنث۔ مزدوروں کی وہ جماعت، جو دارالعوام میں اپنی جماعت کی نمائندہ ہے۔ حزب العمال ٭

لیبر گورنمنٹ (Labour Government) مؤنث۔ وہ حکومت، جس میں لیبر پارٹی با اقتدار ہوتی ہے اور اس میں سے وزیر چنے جاتے ہیں ٭

لیبڑ (ری۔ بَڑ) (ہ) مذکر۔ آنکھ کا میل ٭

لیبل (ریے۔ بل) (انگ۔ Label) مذکر۔ کاغذ، پھٹے کپڑے یا دھات وغیرہ کا ٹکڑا، جو کسی چیز پر اس کا نام، نوعیت یا مالک کا پتا نشان وغیرہ بتانے کے لیے لگایا جاتا ہے ٭

لیپ (ریپ) (ہ) لیپنا کا امر ٭ لیپا (۱) لیپنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر۔ کہگل۔ پلستر ٭ لیپا پوتا۔ مذکر (۱) لیپا اور پوتا ہوا۔ پلستر کیا ہوا (۲) کیا کرایا۔ بنا بنایا ٭ لیپا لیپا پھر دیکھا تو ہاتھ کانسے شل۔ محنت بھی کی، لیکن بے سود ٭ لیپنا (۱) پوتنا۔ سفیدی کرنا۔ کہگل کرنا۔ پلستر کرنا۔ گوبری پھیرنا (۲) مخفی کرنا۔ چھپانا ٭ لیپنے کا نہ پوتنے کا۔ کسی کام کا نہیں، بالکل نکما اور بے کار ہے ٭

لیپ (ریپ) (ہ) مذکر (۱) وہ دوا، جو پانی یا روغن میں ملا کر کسی جگہ لگائی جائے۔ پلستر۔ ضماد (۲) لپائی۔ کہگل (۳) مانجا ٹھہرنے کے لیے ڈور پر پھیرنے کی دوا (لگانا، لگنا کے ساتھ) ٭

لیت (ریت) (ع) تمنا کا کلمہ۔ کاشکے (لیت اس چیز کی آرزو کے لیے آتا ہے، جس کا ملنا ممکن نہ ہو، بہ خلاف لعل کے کہ وہ اس شے کی تمنا کے لیے مستعمل ہوتا ہے، جس کا حصول ممکن ہو) ٭

لیت و لعل (فارسی، اردو میں اس کا تلفظ ہے۔ تو۔ لعل ہے) مؤنث۔ ٹال مٹول۔ حیلہ حوالہ۔ عذر۔ بہانہ۔ وعدہ وعید۔ آج کل (کرنا کے ساتھ) ٭ لیت و لعل میں ڈالنا۔ وعدہ وعید کر کے ٹالنا ٭

لیترا۔ لیتڑا (رلیت۔ رَا۔ ریت۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ پرانا ٹوٹا جوتا۔ کھونسڑا ٭ لیترے۔ لیتڑے۔ لیترا کی جمع ٭ لیتڑے پڑنا۔ جوتیاں پڑنا۔ (از حد ذلیل ہونا) ٭

لیتھڑا (ریتھ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے لیترا ٭

لیٹ (ریٹ) (ہ) لیٹنا کا امر ٭ لیٹ جانا (۱) دراز ہو جانا۔ پڑ جانا (۲) آگے نہ چل سکنا۔ تھک جانا (۳) ہمت ہار دینا (۴) عجز و انکسار کرنا۔ عاجزی کرنا ٭ لیٹنا (۱) سیدھا ہو کر پڑنا۔ پڑنا۔ آرام کرنا۔ سونا۔ پسرنا (۲) پاؤں پڑنا (۳) عجز کرنا۔ خوشامد کرنا (۴) مغلوب ہونا۔ ہارنا ٭

لیٹ (ریٹ) (انگ۔ Late) دیر سے۔ وقت کے بعد۔ بے وقت۔ ٹائم سے پیچھے ٭

لیٹر (ریے۔ ٹر) (انگ۔ Letter) مذکر (۱) چٹھی۔ خط۔ نامہ (۲) حرف ٭ لیٹر بکس (Letter box) مذکر۔ لکڑی یا ٹین کا صندوق، جو خطوط وغیرہ ڈالنے کے لیے بازاروں میں ہوتا ہے ٭

لیٹی (ریے۔ ٹی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "لپٹی" ٭

لیج (ریج) (ہ) مؤنث۔ وہ رسی، جو ڈول وغیرہ کے ساتھ باندھ کر کنوئیں سے پانی نکالا جاتا ہے ٭

لیجر (رئے۔ جر) (انگ۔ Ledger) مؤنث۔ روزانہ حساب کی کتاب۔ بہی کھاتا۔ روزنامچہ ٭

لیجسلیٹو (رئے۔ جس۔ یئے۔ ٹو) (انگ۔ Legislative) وضع قانون کا۔ قانون ساز۔ قانون سازانہ ٭ لیجسلیٹو اسمبلی (Legislative Assembly) مؤنث۔ صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز، جس میں عوام کے نمائندے شامل ہوں ٭ لیجسلیٹو کونسل (Legislative Council) مؤنث۔ صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز، جس میں خاص طبقے کے نمائندے شامل ہوں ٭

لیجھی (رئے۔ جھی) (ہ) مؤنث (۱) وہ چیز، جو پان کی گوری کا عرق نکلنے کے بعد رہ جاتی ہے (۲) (کنایۃً) نکمی اور نرم شدہ چیز ٭

لیجے۔ لیجیے (ری۔ جے، ری۔ جیے) (ع۔ متروک) (ہ) لوائے و ٭

لیچڑ (ری۔ چڑ) (ہ) (۱) کنجوس۔ بخیل۔ خسیس (۲) قرض لے کر بمشکل دینے والا۔ نادہند ٭

لیچی (ری۔ چی) (ہ) مؤنث۔ ایک خاردار چھلکے والا سرخی مائل شیریں و ترش پھل ٭

لید (ریڈ) (ہ) مؤنث۔ گھوڑے۔ گدھے۔ ہاتھی وغیرہ کا گوبر۔ فضلہ (کرنا کے ساتھ) ٭

لیدر (رئے۔ دَر) (انگ۔ Leather) مذکر۔ کمایا ہوا چمڑا۔ ادیم ٭

لیڈر (ری۔ ڈَر) (انگ۔ Leader) مذکر (۱) سردار۔ سرکردہ۔ سربراہ۔ سرغنہ۔ رہنما (۲) ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون ٭

لیڈی (ریے۔ ڈی) (انگ۔ Lady) مؤنث۔ بیگم۔ بی بی۔ معزز عورت۔ خاتون ٭ لیڈی ڈاکٹر (Lady Doctor) مؤنث۔

زنانہ امراض کا علاج کرنے والی عورت ۔ ڈاکٹرنی ۔
لیر (لِیرْ) (ہ) مؤنث ۔ کپڑے کی لمبی اور پتلی پٹی ۔ دھجی ۔ چیتھڑا ۔ کترن ۔ **لیر لیر کرنا** ۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ پھاڑ ڈالنا ۔ دھجیاں اڑانا ۔ **لیری** ۔ مؤنث ۔ کنکوے کے پچھلے میں لگانے کی لمبی دھجی ، جس سے ہوا میں اس کا وزن یکساں رہتا ہے ۔ **لیرے** ۔ مذکر ۔ دھجیاں ۔ چیتھڑے ۔ **لیرے لگنا** ۔ کپڑوں کا تار تار ہونا ۔ کپڑے پھٹ جانا ۔ **لیریں** ۔ مؤنث ۔ لیری کی جمع ۔ **لیریں لٹکنا** ۔ پرانا ہو کر لباس کا تار تار ہو جانا ۔

لیزم (لے ۔ زَم) (ف) مذکر و مؤنث ۔ ایک قسم کی نرم اور لچکیلی کمان ، جس میں لوہے کی زنجیر اور بہت سی کڑیاں پڑی ہوتی ہیں (ہلانا ، ہلوانا کے ساتھ) ۔

لَیس (لَیْس) (انگ ۔ ڈریس کا بگڑا ہوا) (۱) کیل کانٹے سے درست ۔ آمادہ ۔ تیار ۔ مستعد ۔ کمربستہ (رہنا ، کرنا ، ہونا وغیرہ کے ساتھ) (۲) (انگریزی میں ریس) ڈوری اور فیتوں سے چوڑی بنی ہوئی پیچک ۔

لیس (لِیس) (ہ) مؤنث ۔ چیپ ۔ چپچپاہٹ ۔ **لیس دار** (۱) چپکنے والا ۔ چپچپا ۔ **لیسنا** (ہ) لیپنا ۔ پلستر کرنا ۔ لگانا ۔

لیک (لِیک) (ہ) مؤنث (۱) پگڈنڈی ۔ سڑک ۔ باٹ ۔ راہ (۲) گاڑی کے پہیے کا نشان (۳) ہل باہنے کا نشان (۴) سانپ یا چیونٹیوں وغیرہ کے چلنے کا نشان (۵) دھاری ۔ لکیر (۶) پڑوڑی (۷) وہ انعام ، جو حسب دستور شادی کی تقریب میں کمینوں کو دیا جاتا ہے (۸) رسم و رواج ۔ قاعدہ ۔ دستور ۔ ریت (۹) عیب ۔ داغ (۱۰) جوں کا نہایت چھوٹا بچہ ۔ **لیک پیٹنا** (۱) لکیر پیٹنا ۔ پرانے رسم و رواج اور قدیم دستور پر چلنا (۲) کسی بات کو بار بار دہرانا ۔ **لیک سے بے لیک ہونا** (۱) بے راہ ہونا ۔ گمراہ ہونا ۔ سیدھا راستہ چھوڑ دینا ۔ **لیک لیک چلنا** ۔ راہ راہ چلنا ۔ راستے سے چلنا ۔ قدیم رسم و رواج کا پابند رہنا ۔

لیک (لِیک) (ف) "لیکن" کا مخفف ۔ **لیکن** (ف) مذکر ۔ الا ۔ استدراک کا حرف ۔

لیکوڈیٹر (لِی ۔ کُو ۔ ڈِے ۔ ٹَرْ) (انگ ۔ Liquidator) مذکر ۔ قرضی بے باق کرنے والا ۔ بھگتان کرنے والا ۔ ادا کرنے والا ۔ جن بنکوں یا کمپنیوں یا فرموں کا دیوالا نکل جاتا ہے ، ان پر سرکار کی طرف سے ایک افسر بھگتان کرنے کے لیے مقرر ہوتا ہے ۔ اسے "لیکوڈیٹر" کہتے ہیں ۔ یہ سب کا حساب بر حصۂ رسدی چکاتا ہے ۔ **لیکوڈیشن** (Liquidation) مؤنث ۔ لیکوڈیٹر کی تحویل میں بھگتان ۔

لیکھ (لِیکھ) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی جوں ۔ دھک ۔ جوں کا انڈا (۲) لکیر ۔ آمد و رفت کا نشان ۔

لیکھ (لِیکھ) (ہ) مذکر (۱) لکھی ہوئی چیز ۔ تحریر (۲) نام لکھنا ۔ دستخط ۔ **لیکھا** ۔ مذکر (۱) لین دین ۔ حساب (۲) پکا حساب ۔ بہی کھاتا (۳) برتاؤ ۔ معاملہ (۴) طریقہ ۔ دستور ۔ **لیکھا جوکھا** ۔ مذکر ۔ حساب کتاب ۔ لین دین ۔ **لیکھا کرنا** ۔ لین دین کی رقم معلوم کرنا ۔ حساب کرنا ۔ **لیکھنی** ۔ مؤنث (ہندو) قلم ۔ کلک ۔ خامہ ۔ **لیکھے** ۔ مذکر (ہندو) (۱) لیکھا کی جمع (۲) نزدیک ۔ حسابوں ۔ **لیکھے والا** ۔ مذکر (۱) ساہوکار (۲) اکاؤنٹنٹ ۔

لیگ (لِیگ) (انگ ۔ League) مؤنث ۔ جماعت ۔ مجلس ۔ کمیٹی ۔ **لیگ آف نیشنز** (League of Nations) مؤنث ۔ جمعیت الاقوام ۔ وہ مجلس ، جو تمام قوموں پر مشتمل ہے اور جس میں ہر قوم کے نمائندے موجود ہیں ۔

لیل (لَیْل) (ع) مؤنث ۔ رات ۔ شب ۔ **لیل و نہار** ۔ مذکر ۔ رات دن ۔ شب و روز ۔ **لَیْلَۃُ الاَسْریٰ** ۔ مؤنث ۔ شب معراج ۔ **لَیْلَۃُ البَدْر** ۔ مؤنث ۔ قمری مہینے کی چودھویں رات ، جس میں چاند پورا ہو جاتا ہے اور اس کی روشنی کمال کو پہنچ جاتی ہے ۔ **لَیْلَۃُ القَدْر** ۔ مؤنث (۱) دیکھیے "شب قدر" (۲) (کنایۃً) متبرک رات ۔ خوشی کی رات ۔

لیلا (لِی ۔ لا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) کھیل ۔ لہو و لعب (۲) عیش و نشاط ۔ سیر و تماشا (۳) تماشائے قدرت ۔ کرتب ۔ **لیلا دھاری** ۔ مذکر ۔ تماشا دکھانے والا ۔ کھلاڑی ۔ ایکٹر ۔ **لیلا وتی** ۔ مؤنث ۔ کھلاڑ ۔ عیش و نشاط منانے والی عورت ۔ عیاش عورت ۔

لیلا (لے ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ بکری یا بھیڑ کا بچہ ۔ برہ ۔

لیلیٰ (لَے ۔ لیٰ) (ف) (عربی میں لیلی اور لیلاء تھا ۔ فارسیوں نے امالہ کرکے لیلی کر لیا) مؤنث (۱) (لغوی) شب رنگ ۔ سیاہ فام ۔ سانولی (۲) نجد واقع عرب میں قیس یعنی مجنوں کی معشوقہ (۳) (مجازاً) ہر معشوقہ (۴) (تشبیہاً) خوب صورت ۔ حسینہ ۔ جمیلہ ۔ **لیلیٰ را بہ چشم مجنوں باید دید** ۔ مقولہ ۔ معشوق کو عاشق کی نظروں سے دیکھنا چاہیے ۔ **لیلیٰ زادہ** ۔ معشوق ۔ ماہ وش ۔

لیمپ (لَیمْپ) (انگ ۔ Lamp) مذکر ۔ چراغ ۔ دیا ۔ انگریزی طرز کا چراغ ۔

لیمن (لے ۔ مَن) (انگ ۔ Lemon) مذکر ۔ لیموں ۔ نیبو ۔ ترنج ۔

لیمو (لِی ۔ مُو) (ف) مذکر ۔ نیبو ۔ ترنج ۔ لیموں ۔ **لیمو کے چور کا ہاتھ کٹتا ہے** (۱) ظلم و ستم کا بازار گرم ہے ۔ اندھیر نگری ، چوپٹ راجہ ۔

لیموں (لِی ۔ مُوں) (ع) مذکر ۔ ترنج ۔ نیبو ۔

لیمونیڈ (لے ۔ مُو ۔ نیڈ) (انگ ۔ Lemonade) مذکر ۔ لیمو کا میٹھا پانی یا شراب ۔

لَین (لَیْن) (مہند) (انگ ۔ لائن ۔ Line) مؤنث (۱) خط ۔ لکیر ۔ ڈول

جدول (۲) رستی۔ ڈوری (۳) بینڈ۔ حد (۴) باڑ۔ صف۔ قطار (۵) سطر (۶) ریل کی سڑک۔ لوہے کی پٹڑی (۷) کیمپ۔ لشکرگاہ۔ چھاؤنی ٭ **لین ڈوری** (۱) مؤنث۔ وہ خیمہ، جو آگے جاتا ہے۔ پیش خیمہ۔ وہ فوجی سامان، جو کوچ سے پیشتر روانہ کیا جاتا ہے ٭ **لین کلیر** (دھند) (انگ Line clear) دیکھیے لائن کلیر ٭

لینڈ (ریلنڈ) (ہ) مذکر۔ موٹی لینڈی۔ گوہ۔ گندگی۔ فضلہ ٭ **لینڈی**۔ مؤنث (۱) چھوٹا لینڈ۔ بندھا ہوا پاخانہ (۲) چھوٹا کتا، جو شکار کے قابل نہیں ہوتا (۳) ڈرپوک۔ بزدل۔ نامرد ٭ **لینڈی تر ہونا** (۱) گھمنڈ بڑھنا۔ غرور زیادہ ہونا۔ بہت خوش ہونا (طنزاً) ٭ **لینڈی کتا** (ہ) مذکر۔ ڈرپوک اور بودا کتا۔ بازاری اور عام کتا ٭ **لینڈی کتے کی موت مارنا** (۱) انتہائی آسانی سے مار ڈالنا۔ بے حد ذلت سے مارنا ٭

لینڈ (لینڈ) (انگ۔ Land) مؤنث۔ زمین ٭ **لینڈ لارڈ** (Land lord) مذکر۔ زمیندار۔ مالک زمین ٭

لینڈو (لین۔ ڈو) (انگ۔ Landau) مؤنث۔ ایک ہلکی گاڑی، جس کے اوپر کل دار چھت ہوتی ہے۔ جب جی چاہا، چڑھالی اور جب جی چاہا، اتار لی ٭

لیو (لیو) (ہ) مذکر (۱) مٹی کا پلستر (۲) مٹی کا پلستر، جو پھول کر دیوار سے الگ ہو جاتا ہے۔ اس پلستر کے لیے بھی مستعمل ہے، جو برتنوں پر لگاتے ہیں (چڑھانا، چڑھنا، لگانا، لگنا کے ساتھ) ٭

لیول (لے۔ وَل) (انگ۔ Level) (۱) ہموار۔ برابر کا۔ مساوی (۲) مذکر۔ یکسانی دیکھنے کا ایک اوزار ٭

لیوی (لے۔ وِی) (انگ۔ Levy) مؤنث (۱) مال گزاری یا لگان وصول کرنا (۲) جنگ کے لیے فوج کی بھرتی (۳) عائد کرنا۔ لگانا (۴) قانوناً وصول کرنا ٭

لیہی (لے۔ ہی) (ہ) دیکھیے "لئی" ٭

لیئی (لے۔ ای) (ہ) مؤنث۔ وہ لیس دار مادّہ، جو میدے کو پانی میں پکا کر کاغذ وغیرہ جوڑنے کے لیے بناتے ہیں ٭

م

م (میم) (ع) مذکر۔ اردو کا اکتیسواں، فارسی کا اٹھائیسواں اور عربی کا چوبیسواں حرف۔ ابجد کے حساب سے اس کے چالیس عدد فرض کیے گئے ہیں ٭

م۔ ا

مآب (مآب) (ع) مؤنث۔ لوٹ کر جانے کی جگہ ٭

مآت (مآت) (ع) مأت کی جمع۔ کئی سو۔ سیکڑوں ٭

مآثر (مآ۔ ثِر) (ع) مذکر۔ مأثرت کی جمع (۱) اچھے آثار (۲) اچھے کام (۲) حدیثیں۔ تاریخیں (۳) نشانیاں۔ یادگاریں ٭

مآل (مآل) (ع) مذکر (۱) لوٹنے کی جگہ۔ مرجع (۲) انجام۔ نتیجہ۔ خاتمہ ٭ **مآل اندیش** (ع۔ ف) انجام سوچنے والا ٭ **مآل اندیشی** مؤنث۔ انجام بینی۔ دور اندیشی۔ سوچ بچار ٭ **مآل کار**۔ مذکر (۱) کام کا نتیجہ۔ کرنی کا پھل (۲) آخرکار۔ انجام کار ٭

ما (ما) (ہ) مؤنث۔ ماں کا مخفف ٭

ما (ما) (ف) ہم ٭ **ما بخیر شما بسلامت**۔ مثل۔ ہم خیریت سے، تم سلامتی سے۔ ہم جدا، تم جدا۔ ہمیں تم سے کوئی واسطہ نہیں ٭ **مابدولت**۔ وہ کلمہ، جو بادشاہ اپنے متعلق استعمال کرتے تھے ٭ **ماچہ** (می) سرائیم وطنبورۂ ماچہ (می) سرایدہ۔ مثل۔ دیکھیے "من چہ (می) سرایم..." ٭ **مادر چہ خیالیم و فلک در چہ خیال**۔ مثل۔ ہم کس خیال میں ہیں اور آسمان کس خیال میں ہے۔ خلاف امید بات کے موقع پر کہتے ہیں ٭ **ماراچہ ازیں قصہ کہ گاو آمد و خر رفت**۔ مثل۔ ہمیں اس بات سے کیا غرض کہ بیل آیا اور گدھا چلا گیا۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی کے آنے جانے پر بے پروائی کا اظہار مقصود ہو ٭ **ماوشما**۔ ہم اور تم۔ سب لوگ۔ ہر شخص ٭ **ماومن**۔ مؤنث (۱) تکبر۔ خودستائی (۲) مذکر۔ ایرے غیرے ٭

ما (ما) (ع) (۱) نہ۔ نہیں۔ مت (۲) جو۔ جو کچھ۔ کوئی چیز (۳) کیا۔ کیا چیز (۴) کون (۵) کیوں (۶) کیونکر ٭ **مابعد**۔ پچھلا۔ پیچھے کا۔ پیچھے آنے والا ٭ **مابقا** (۱) باقی بچا ہوا (۲) جھوٹا کھانا۔ پس خوردہ ٭ **مابہ الاحتیاج**۔ مذکر۔ ضرورت کی چیز، جس کی حاجت ہو ٭ **مابہ الامتیاز**۔ مذکر۔ وہ چیز، جس سے شناخت ہو سکے۔ نشانِ امتیاز۔ باعثِ امتیاز ٭ **مابہ النزاع**۔ مذکر۔ جھگڑے کی بنا۔ فساد کا باعث ٭ **مابین**۔ درمیان۔ بیچ، اثنا، دوران ٭ **ماتحت** (۱) زیر حکم۔ زیر فرمان۔ نچلے درجے کا (۲)

مددگار ۔ نائب ۔ ہاتھ بٹانے والا ۔ مَا تَقَدَّم ۔ جو پہلے گزرے ۔ مذکورۂ بالا ۔ پہلے کا ۔ مَا جَرا ۔ مذکر (۱) جو چیز جاری ہو ۔ جو کچھ گزر گیا ہو (۲) سرگزشت (۳) واقعہ ۔ واردات ۔ حادثہ (۴) کیفیت ۔ حالت ۔ درجہ (۵) ذِکر ۔ اذکار ۔ مَا حَصَل ۔ مذکر (۱) جو کچھ حاصل ہو ۔ حاصل شدہ ۔ ثمرہ ۔ پھل ۔ نتیجہ (۲) فائدہ ۔ نفع ۔ منافع (۳) پیداوار ۔ اناج ۔ غلّہ ۔ جنس وغیرہ ۔ مَا حَضَر ۔ مذکر ۔ جو کھانا موجود ہو ۔ موجودہ ۔ جو کچھ حاضر ہو ۔ مَا دَام (۱) ہمیشہ ۔ جب تک ۔ مَا دَامَ الحَیَات (العُمر) ساری عمر ۔ عمر بھر ۔ زندگی تک ۔ مازاغ ۔ مذکر ۔ قرآن شریف کی آیت مازاغ البصر وماطغیٰ کی طرف اشارہ ہے ۔ نہ پھیری آنکھ اور نہ نافرمانی کی ۔ مَا سَبَق ۔ جو گزر چکا ہو ۔ گزشتہ ۔ اوّل الذکر ۔ ما سَلَف ۔ بیتا ہوا ۔ گزشتہ ۔ گزرا ہوا ۔ مَا سِوَا (۱) بجز (۲) اس کے علاوہ ۔ علاوہ بریں (۳) (صوفیوں کی اصطلاح) باری تعالیٰ کے سوا ساری مخلوقات اور موجودات ۔ مَا شَاءَ اللّٰہ (۱) جو خدا نے چاہا ۔ جو خدا کرے (۲) چشم بد دور (۳) سبحان اللہ ۔ کیا کہنا ہے ۔ مَا فَات ۔ جو فوت ہوا ۔ جو گزر گیا ۔ مَا فَوق ۔ جو اوپر ہو ۔ ممتاز ۔ اعلیٰ ۔ بلند ۔ اونچا ۔ فائق ۔ برتر ۔ مَا فِی الضَّمِیر ۔ مذکر ۔ دل کی بات ۔ غرض ۔ نیّت ۔ مقصد ۔ مدّعا ۔ مطلب ۔ مَا فِیہَا ۔ مذکر ۔ جو کچھ اس میں ہے ۔ ماقبل ۔ مذکر ۔ پہلے کا ۔ جو پہلے ہو ۔ مَا قبلُ الذِّکر ۔ جس کا ذکر ہو چکا ہو ۔ مذکورۂ بالا ۔ مَا لَا یُطَاق ۔ مذکر ۔ کسی کی قدرت و طاقت سے باہر کی چیز یا کام ۔ مَا لَا یَنحَل ۔ مذکر ۔ جو حل نہ ہو سکے ۔ ادق مسئلہ ، جو ناقابلِ حل ہو ۔ مَا لَہٗ وَ مَا عَلَیہ ۔ مذکر (۱) معاملے کے تمام پہلو (۲) بُرائی بھلائی ۔ نفع نقصان ۔ مَا وَجَب (۱) وہ جس کا کرنا واجب ہو (۲) مذکر (ل) دعا ۔ سلام ۔ مَا وَرَا (۱) بجز ۔ سوا (۲) اس کے علاوہ ۔ علاوہ بریں ۔ مایحتاج ۔ مذکر ۔ وہ چیز ، جس کی انسان کو حاجت پڑتی ہے ، ضروریات ۔ مَا یُقرَا ۔ ایسی تحریر ، جو پڑھی جا سکے ۔

مالوِن (مَا ۔ لُو ۔ ن) (ع) مذکر ۔ وہ شخص ، جسے اغلام کرانے کی عادت ہو ۔ بوبیا ۔

مَاپ (مَاپ) (ہ) مؤنث (دہلی) (۱) ناپ ۔ پیمائش (۲) پیمانہ (۳) لمبائی چوڑائی کا تخمینہ ۔ جانچ ۔ انداز (۴) ماپنا کا امر ۔ ماپ تول ۔ مؤنث ۔ عرض و طول کی پیمائش ۔ رقبہ ۔ جانچ پڑتال ۔ مَاپک ۔ مذکر (۱) ناپ ۔ پیمائش ۔ ماپ (۲) پیمائش کرنے والا ۔ ناپنے والا ۔ ماپنا (۱) ناپنا ۔ پیمائش کرنا (۲) اندازہ کرنا ۔ جانچنا ۔

مأت (مِأْت) (ع) سو ۔ ۱۰۰ ۔

مات (مَات) (عربی میں مَات ، فارسی اور اردو میں مَات) مؤنث ۔ شکست ۔ ہار ۔ زک ۔ ہزیمت ۔ مات دینا (۱) بازی لے جانا ۔ جیتنا ۔ ہرانا (۲) مغلوب کرنا ۔ شکست دینا (۳) شرمندہ کرنا ۔ نیچا دکھانا ۔ مات کرنا (۱) ہرانا ۔ جیتنا ۔ بازی لے جانا (۲) شرمندہ کرنا (۳) کسی کام میں بڑھ جانا ۔ فوقیت لے جانا ۔ مات ہو جانا (رہونا) (۱) شکست کھانا ۔ ہارنا (۲) ماند ہونا ۔ شرمندہ ہونا ۔

ماتا (مَا ۔ تَا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) اماں ۔ امّاں ۔ والدہ (۲) سیتلا ۔ چیچک ۔ ماتا پِتا ۔ مذکر (۱) والدین ۔ ماں باپ (۲) مالک ۔ آقا ۔ بزرگ ۔ ماتا نکلنا ۔ جسم پر چیچک کے داغ پیدا ہونا ۔ سیتلا ابھرنا ۔

ماتر (مَا تَر) (س) مؤنث (ہندو) (۱) تنہا ۔ اکیلا ۔ فقط (۲) کسی قدر ۔ تھوڑا سا (۳) اندازہ ۔

ماترا (مَاتْ ۔ رَا) (س) مؤنث (ہندو) (۱) ہندی حرفوں کے اعراب (لگانا کے ساتھ) (۲) ماپ ۔ ناپ ۔ کسی دوا کی مقدار یا اندازہ (۳) دولت ۔ مال ۔ دھن ۔ زر ۔

ماتم (مَا ۔ تَم) (ع) مذکر (۱) بپتا ۔ آفت ۔ مصیبت (۲) سوگ (۳) غم ۔ رنج ۔ ملال (۴) نوحہ ۔ آہ و نالہ ۔ گریہ و زاری (۵) (اہلِ تشیع) حضرت امام حسینؓ کی عزاداری میں چھاتی پیٹنا ۔ سینہ کوبی ۔

ماتم پُرسی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ پُرسا ۔ میّت کے وارثوں سے ہمدردی اور غم خواری (کرنا کے ساتھ) ۔* ماتم خانہ ۔ ماتم سرا ۔ ماتم کدہ ۔ مذکر ۔ سوگ کا گھر ۔ غم کا گھر ۔ وہ گھر ، جس میں کوئی مصیبت یا غم ہو گیا ہو ۔ ماتم دار ۔ سوگوار ۔ سوگی ۔ ماتمی ۔ ماتم داری ۔ مؤنث (۱) سوگ (۲) رنج و الم ۔ غم (۳) کہرام ۔ گریہ و زاری ۔ ماتم زدہ (۱) ماتمی ۔ سوگوار (۲) رنجور ۔ غمگین ۔ ماتم کرنا (ل) (۱) مُردے کو رونا ۔ سوگ کرنا (۲) رنج کرنا ۔ غم کرنا (۳) سینہ کوبی کرنا ۔ مرثیہ خوانی کرنا ۔ ماتمی ۔ سوگوار ۔ ماتم کرنے والا ۔ ماتمی لباس ۔ مذکر ۔ نیلا یا سیاہ لباس ، جو رنج و غم کی حالت میں پہنا جاتا ہے ۔

ماتھا (مَا ۔ تھَا) (ہ) مذکر (۱) سر کا اگلا حصّہ ۔ جبین ۔ پیشانی ۔ مستک ۔ ماتھا پیٹنا (۱) سر پیٹنا ۔ ماتم کرنا (۲) افسوس کرنا ۔ پچھتانا (ماتھا پیٹنا سے ماتھا کوٹنا فصیح ہے) ۔ ماتھا پِلیٹی ۔ مؤنث (۱) ماتمی عورت (۲) وہ عورت ، جس کا ماتھا چپٹا اور بدنما ہو ۔ ماتھا ٹھنکنا ۔ کسی کام کی بد انجامی کے متعلق پہلے ہی خبر ہو جانا ۔ ماتھا رگڑنا (۱) پیشانی گھسنا ۔ جبہہ سائی کرنا (۲) بے حد عاجزی کرنا ۔ ناک رگڑنا ۔ خوشامد کرنا ۔ ماتھے ۔ مذکر ۔ ماتھا کی جمع ۔ ماتھے جانا ۔ سر لگنا ۔ الزام لگنا ۔ تھپنا ۔ ماتھے چاند ٹھوڑی تارا (بقولہ (عو)) خوب صورتی کی تعریف میں کہتی ہیں کہ ماتھا چاند سا روشن ہے اور ٹھوڑی تارے کی طرح چمک رہی ہے ۔ ماتھے مارنا ۔ سر سے مارنا ۔ پھیرنا ۔ لوٹانا ۔ واپس کرنا ۔

ماتی (مَا ۔ تِی) (ہ) (۱) مدہوش ۔ مست (۲) نوجوان (۳) تروتازہ ۔

شاداب (۴) کامل - پورا - بھرپور ۔

ماٹ (مَاٹ) (ہ) مذکر (۱) خُم - مٹکا (۲) نیل کا حوض ۔

ماٹھ (مَاٹھ) (ہ) مؤنث (۱) بھٹی (۲) مذکر - دیکھیے "ماٹ" (۳) دیکھیے "مٹھ" ۔

ماٹھا پھولام (مَا - ٹھا - پھُلام) (ہ) مذکر - ایک قسم کا کپڑا، جو ہندوستان میں بُنا جاتا ہے ۔

ماٹھو (مَا - ٹھو) (ہ) مذکر (۱) مسخرہ آدمی (۲) بے وقوف شخص (۳) ایک قسم کا بندر ۔

ماٹی (مَا - ٹی) (ہ) مؤنث (۱) مٹی - دھول - خاک - گرد و غبار (۲) دھرتی - زمین ۔ **ماٹی میں رلنا** (۱) خاک میں ملنا - دفن ہونا (۲) برباد ہونا ۔

ماثور (مَا ثُور) (ع) (۱) نقل شدہ - منقول (۲) (ف) اثر قبول کیا ہوا (۳) جزا دیا گیا ۔ **ماثورہ** - منقولہ ۔

ماجد (مَا - جِد) (ع) بزرگ - قابلِ احترام شخص ۔ **ماجدہ** - قابلِ تعظیم عورت - بزرگ عورت - معظمہ - ماں، چچی، تائی وغیرہ بزرگ رشتہ دار عورتوں کے لیے مستعمل ہوتا ہے ۔

ماجنا (مَاج - نَا) (ہ) مذکر (ہندی) (عو) آبرو - عزت - پت - وقر و وقار ۔

ماجو (مَا - جُو) (ہ) مذکر (بیگمات کی زبان) مازو - ایک مشہور دوا ۔

ماجوج (مَا - جُوج) (ع) مذکر - ایک قوم جو حضرت یافث ابن نوح کی اولاد سے ہے ۔ **ماجھی** (ہ) دیکھیے "مانجھی" ۔

ماچا (مَا - چَا) (ہ) مذکر (۱) اونچی اور بہت بڑی چارپائی (۲) وہ اونچی جگہ جہاں سے کھیت کے پرندے اڑاتے ہیں - مچان - ٹانڈ ۔
ماچا توڑ - مذکر - نکھٹو، جو چارپائی ہی پر پڑا رہے - نکما سست اور کاہل آدمی ۔ **ماچی** - مؤنث (عوام) (۱) چارپائی - پلنگڑی (۲) وہ جالی دار تھیلا، جو گاڑی کے پیچھے اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے ہوتا ہے (۳) وہ لکڑی کا آلہ، جو ہل چلانے کے وقت بیلوں کے گلے میں ڈالا جاتا ہے ۔

ماخذ (مَا - خَذ) (ع) مذکر (۱) اخذ کرنے یا لینے کی جگہ - وہ جگہ، جہاں سے کوئی چیز نکلے - منبع - نکاس (۲) اصل - بنیاد (۳) مبدا - مادہ ۔

ماخوذ (مَا - خُوذ) (ع) مذکر (۱) اخذ کیا گیا - لیا گیا (۲) پکڑا ہوا - پھنسا ہوا - گرفتار (۳) لپٹا ہوا - مبتلا ۔ **ماخوذ ہونا** (و) پکڑا جانا - گرفتار ہونا ۔

مادر (مَا - دَر) (ف) مؤنث - ماں - امّاں - ماتا - والدہ ۔ **مادرانہ** - ماں سے متعلق ۔ **مادر بخطا** (ف - ع) مذکر - حرام زادہ - حرامی - ولد الزنا ۔ **مادر خواہر کرنا** (و) ماں بہن کی گالی دینا ۔ **مادرزاد** (ف) (۱) جنم کا - پیدائشی (۲) بچہ، جو اپنی ماں کا جنا ہوا ہو ۔ **مادرزاد اندھا** - یا - نابینا (و) جنم کا اندھا - کور مادرزاد - سورداس ۔ **مادرانہ** (ف) ماں کا ۔ **مادری** (۱) ماں کا - ماں کی طرف منسوب (۲) فطری - پیدائشی ۔ **مادری زبان** - مؤنث - ماں کی زبان - گھر کی زبان - ذاتی زبان - اپنی زبان ۔

مادہ (مَا - دَہ) (ف) عورت - استری - نر کی نقیض - مؤنث ۔ **مادین** - مادہ - ہر حیوان کی مادہ - اکثر گھوڑی اور مادہ بٹیر کے لیے مستعمل ہے ۔

مادّہ (مَادْ - دَہ) (ع) مذکر (۱) ہر چیز کی اصل - وہ شے، جس سے کوئی چیز بنائی جائے (۲) گُن - گوہر - جوہر (۳) استعداد - صلاحیت - قابلیت (۴) باب - مقدمہ - بابت (۵) منبع - جڑ - اصل - ماخذ (۶) کسی کے سمجھنے کی قوت - تمیز - عقل - ادراک (۷) وجود - جسم (۸) مواد - پیپ ۔ **مادّی** (۱) مادہ سے منسوب (۲) اصلی - طبعی - ذاتی - قدرتی ۔ **مادّیت** - مؤنث - مادہ ہونا - جسمیت - جسمانیت ۔

مادیاں (مَا - دِیَاں) (ف) (یہ لفظ جمع نہیں، واحد ہے) مؤنث - گھوڑی ۔

ماڈریٹ (مَاڈْ - رِیٹ) (انگ - Moderate) (۱) معتدل (۲) مذکر - انگلستان کی ایک جماعت، جو میانہ روی کی قائل اور افراط و تفریط کو برا سمجھتی ہے ۔

مار (مَار) (ف) مذکر - سانپ - ناگ - افعی ۔ **مارِ آستین** - مذکر - دوست نما دشمن - میٹھی چھری ۔ **مارپیچ** - مذکر (۱) سانپ کی سی لہر (۲) پیچیدہ اور ٹیڑھا راستہ (۳) جھنڈے کی چوٹی - پھریرا - پرچم ۔ **مارگزیدہ** - وہ شخص، جسے سانپ نے کاٹ کھایا ہو ۔ **مارگزیدہ از ریسمان می ترسد** - مثل - دیکھیے "سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے" ۔ **مارِ گیسو** - مذکر - محبوب کی پیچ دار زلف، کاکل، معشوق کی لٹ ۔ **مارمہرہ** - مذکر - مہرہ، جو سانپ کے سر سے نکالا جاتا ہے ۔

مار (مَار) (ہ) مؤنث (۱) چوٹ - ضرب - زد و کوب (۲) دھکا - صدمہ (۳) دکھ - رنج - مصیبت، تکلیف - عذاب (۴) ملامت - پھٹکار - لعنت (۵) آفت - وبال - غضبِ الٰہی (۶) بہتات - کثرت - شدت (۷) مارنا کا امر ۔ **مار اتارنا** (۱) ملا ڈالنا (۲) مرنے کے قریب کر دینا (۳) تباہ کرنا (۴) موہ لینا ۔ **مار بھگانا** - مار کر بھگا دینا - ہرا دینا - شکست دینا ۔ **مار بیٹھنا** (۱) لکڑی سے پیٹ دینا - ٹھونک دینا (۲) غصب کر لینا - مار لینا ۔ **مار پڑنا** (۱) مار پیٹ ہونا - زد و کوب ہونا (۲) خدا کا غضب ٹوٹنا (۳) بددعا لگنا ۔ **مارپیٹ** - مؤنث - مارکٹائی - زد و کوب - لڑائی جھگڑا ۔ **مار پیٹ کے** - مشکل سے ۔ **مار پیچھے سنوار** (۱) لڑائی کے بعد صلح (۲) رسوائی کے بعد نیک نامی ۔ **مار دھاڑ** - مؤنث - زد و کوب - جنگ و جدل ۔ **مار دینا** (۱) جان نکال دینا - قتل کر دینا (۲) مار بیٹھنا ۔ **مار ڈالنا** (۱) قتل کر دینا - ہلاک کر دینا (۲) تباہ و برباد کر دینا (۳) فریفتہ کر لینا ۔

عاشق بنا لینا (۲) پھڑکا دینا۔ بے تاب کر دینا۔ ہنساتے ہنساتے لٹا دینا ٭ **مار رکھنا** (۱) مُردے کے برابر کر دینا (۲) عاشق بنا لینا (۳) تباہ و برباد کر دینا (۴) دوسرے کے مال پر ناجائز قبضہ کر لینا ٭ **مار سے بھوت بھاگتا ہے** ۔ مثل۔ مار بھوت کو بھی درست کر دیتی ہے۔ مار کے آگے سبھی خم کھاتے ہیں ٭ **مار کٹائی** ۔ مؤنث۔ مار پیٹ ۔ زد و کوب ۔ مار دھاڑ ٭ **مار کھانا** ۔ ضرب کھانا ۔ پٹنا ۔ سزا پانا ٭ **مار کھانے کی نشانی** (۱) (عو) ناطاقت ۔ کم زور ٭ **مار لینا** (ہ) (۱) دبا لینا ۔ ناجائز طور سے قبضہ کر لینا (۲) تباہ کر دینا ۔ لوٹ لینا ٭ **مار مرنا** ۔ دوسرے کو قتل کر کے اپنے آپ کو ہلاک کر لینا ٭ **مار مارنا** ۔ پیٹنا ۔ زد و کوب کرنا ٭ **مار موئے مار تیری ہتری پر آئے میری عادت نہ جائے** (۱) مثل ۔ چاہے کیسی ہی سزا دے، تیرے ہی ہاتھ درد کریں گے، میری عادت نہ چھوٹے گی ٭ **مارا** (ہ) (۱) مارنا سے ماضی مطلق (۲) مذبوح ۔ مقتول ۔ کشتہ (۳) گزیدہ ۔ ڈسا ہوا (۴) برباد شدہ تباہ شدہ (۵) ستایا ہوا ۔ دکھی (۶) زدہ ۔ مارا ہوا ٭ **مارا جانا** (۱) ہلاک ہونا ۔ قتل ہونا ۔ جان سے جانا (۲) ضائع ہونا ڈوبنا (۳) تلف ہونا ۔ برباد ہونا ۔ تباہ ہونا ٭ **مارا ماری** مؤنث (۱) زیادتی ۔ افراط ۔ بہتات ۔ کثرت (۲) از حد کوشش ۔ جدوجہد (۳) زد و کوب ۔ مار دھاڑ (۴) ہل چل ۔ بھاگڑ ٭ **مارا ماری کرنا** (عو) انتہائی کوشش کرنا ۔ دوڑ دھوپ کرنا ۔ جلدی کرنا ٭ **مارا مارا پھرنا** (۱) دربدر پھرنا (۲) آوارہ پھرنا (۳) ٹھوکریں کھاتے پھرنا (۴) بھٹکتا پھرنا ۔ بھولا بھٹکا پھرنا ٭ **مارتا** ۔ مذکر ۔ مارنے والا ٭ **مارتے مارتے گٹھڑی بنا دینا** ۔ بری طرح پیٹنا ۔ بے حد سخت مارنا ٭ **مارنا** (۱) زد و کوب کرنا ۔ پیٹنا (۲) ضرب لگانا ۔ چوٹ لگانا (۳) لگانا ۔ جڑنا (۴) وار کرنا ۔ ہاتھ اٹھانا (۵) حملہ کرنا (۶) قتل کرنا ۔ ہلاک کرنا (۷) ڈانٹنا ۔ سزا دینا (۸) جیتنا ۔ فتح کرنا (۹) اڑا دینا ۔ خورد برد کرنا (۱۰) نیچے گرانا ۔ پچھاڑنا ۔ پٹکنا (۱۱) فیر کرنا ۔ سر کرنا ۔ چلانا (۱۲) غصب کرنا ۔ دبانا (۱۳) لوٹنا (۱۴) تباہ و برباد کرنا ٭ **مارو** ۔ مذکر (۱) ہلاک کرنے والا ۔ مارنے والا (۲) مؤنث ۔ ایک راگنی ٭ **ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ** ۔ مثل ۔ پوچھوں کچھ، جواب کچھ ۔ ماروں کدھر، لگے کدھر ٭ **مارے** (۱) سبب ۔ باعث ۔ وجہ (۲) لیے ۔ واسطے ۔ خاطر ٭ **مارے مارے پھرنا** ۔ دیکھیے "مارا مارا پھرنا" ٭

مارا (مَارَا) (ہ) مؤنث ۔ بارانی زمین، جس میں صرف بارش کے پانی سے پیداوار ہو ٭

ماربل (مَارْ ۔ بَلْ) (انگ ۔ Marble) مذکر ۔ سنگِ مرمر ۔ ایک قسم کا سفید پتھر ٭

مارتول (مَارْ ۔ تَوْلْ) (ہ) مذکر ۔ ہتھوڑا ۔ ٹھونکنے کا آلہ ۔ موگرا ٭

مارچ (مَارْچْ) (انگ ۔ March) مذکر (۱) تیسرا انگریزی مہینا (۲) کوچ (۳) فوجی اصول سے چلنا ٭

مارشل (مَارْ ۔ شَلْ) (انگ ۔ Marshal) مذکر ۔ سپہ سالار ۔ سردار ۔ سب سے اونچے درجے کا فوجی عہدہ ٭ **مارشل لا** (Martial Law) مذکر ۔ جنگی قانون ۔ فوجی قانون ٭

مارک (مَارْکْ) (انگ ۔ Mark) مذکر ۔ نشان ۔ علامت ٭ **مارکا** (مارک کا مہند) مذکر (۱) کسی سلطنت کی علامت ظاہر کرنے کا نشان (۲) کمپنی یا کارخانے کی علامت ٭

مارکوئس (مَارْ ۔ کْوِسْ) (انگ ۔ Marquis) مذکر ۔ ولایت میں امراء کا ایک خطاب ٭

مارکیٹ (مَارْ ۔ کِیٹْ) (انگ ۔ Market) مؤنث ۔ بازار ۔ منڈی ٭

مارگ (مَارْگْ) (ہ) مذکر (عو) (۱) راہ ۔ راستہ ۔ باٹ (۲) مسلک ۔ سبیل ۔ طریق (۳) ڈھب ۔ روش ۔ طریقہ ۔ طور (۴) تدبیر ۔ علاج ۔ چارہ ٭

مارننگ (مَارْ ۔ نِنگْ) (انگ ۔ Morning) مؤنث ۔ صبح ۔ تڑکا ۔ فجر ۔ پگاہ ٭

مارواڑ (مَارْ ۔ وَاڑْ) (ہ) مذکر ۔ جودھ پور کا علاقہ ٭

ماروت (مَارُوتْ) (ع) مذکر ۔ ان دو فرشتوں میں سے ایک، جو چاہِ بابل میں اوندھے لٹکے ہوئے عذابِ الٰہی میں گرفتار ہیں ٭

ماڑا (مَا ۔ ڑَا) (ہ) (۱) بودا ۔ ناتواں ۔ کم طاقت ۔ کم زور (۲) لاغر ۔ دبلا پتلا (۳) ضعیف ۔ بوڑھا (۴) مسکین ۔ غریب (۵) تنگ دست ۔ کنگال ۔ مفلس (۶) کھوٹا ۔ خراب ۔ نکما (۷) ناچیز ۔ حقیر (۸) نیچ ۔ ادنیٰ ۔ کمینہ ٭ **ماڑی** ۔ مؤنث (۱) "ماڑا" کی تانیث ۔ ضعیفہ، نحیفہ، ناتواں، کم زور (۲) اٹار ۔ کلف (۳) اوپر کی منزل ۔ اٹاری ٭

مازو (مَازُوْ) (ف) دیکھیے "ماجو" ٭

ماس (مَاسْ) (س) مذکر (۱) مہینا ۔ ماہ (۲) چاند ۔ چندرما ۔ قمر (۳) گوشت ۔ لحم ٭ **ماس آدھاری** (ہ) گوشت کھانے والا ۔ گوشت خور ٭ **ماس سب کوئی کھاتا ہے، ہڈی گلے میں کوئی نہیں باندھتا** (۱) مثل ۔ اچھی چیز سبھی چاہتے ہیں، بری کوئی بھی پسند نہیں کرتا ٭ **ماس کبارا** (ہ) مذکر (۱) ماہانہ نقشہ ۔ برآورد ۔ پورے مہینے کا حساب (۲) مہینے کا آخری دن ٭ **ماس نماس** (ہندو) (۱) ماہانہ ۔ ماہ بماہ ۔ مہینے کے مہینے (۲) مؤنث ۔ زرِ اصل پر سود در سود کی زیادتی ٭ **ماس نوچنا** ۔ بوٹیاں کاٹنا ۔ گوشت اتارنا ٭

ماست (مَاسْتْ) (ف) مذکر (۱) دہی (۲) چھاچھ ٭

ماسٹر (مَاش ۔ ٹَر) (انگ ۔ Master) مذکر ۔ استاد ۔ اتالیق ۔ تعلیم دینے والا ۔ معلم ٭ **ماسٹر پیس** (Masterpiece) مذکر ۔ شاہکار ۔ بہترین کاریگری اور صنعت ٭

ماسکہ (مَا ۔ سِکَہ) (ع) مذکر (۱) وہ قوت، جو غذا کو معدے میں ہضم کے لیے روکتی ہے (۲) نگہبان ٭

ماسی (مَا ۔ سِیْ) (ہ) مؤنث ۔ ماں کی بہن ۔ خالہ ۔ موسی ٭

ماش (مَاشْ) (س) مذکر ۔ اُڑد ۔ ایک قسم کا لیس دار اناج، جس کی دال وغیرہ بنائی جاتی ہے ٭ **ماش مارنا** (ہ) ماش کے دانوں پر جادو ٹونا کر کے کسی پر پھینکنا ۔ ٹونا کرنا ٭

ماشہ (مَا ۔ شَہْ) (ف) مذکر ۔ آٹھ رتی کا وزن ۔ تولے کا بارھواں حصہ ٭ **ماشہ بھر** (ہ) (۱) ایک ماشے کی مقدار ۔ پورا آٹھ رتی (۲) رتی بھر ۔ تھوڑا سا ۔ ذرا سا ٭ **ماشہ تولہ ہونا** ۔ ایک حالت پر قیام نہ رہنا ٭

ماضی (مَا ۔ ضِیْ) (ع) گزرا ہوا ۔ گزشتہ ٭ **ماضی احتمالی** ۔ یا ۔ **شکیہ** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ وہ ماضی، جس سے گزشتہ زمانے میں کسی فعل کے صادر ہونے کا احتمال یا شک ہو ٭ **ماضی استمراری** (ع) مؤنث ۔ وہ ماضی، جس سے زمانۂ گزشتہ میں کسی فعل کا بار بار واقع ہونا ظاہر ہو ٭ **ماضی بعید** ۔ مؤنث ۔ وہ ماضی، جس سے دُور کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے ٭ **ماضی تمنائی** ۔ یا ۔ **شرطی** ۔ مؤنث ۔ وہ ماضی، جس میں تمنا یا شرط پائی جائے ٭ **ماضی قریب** ۔ مؤنث ۔ وہ ماضی، جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے ٭ **ماضی مطلق** ۔ مؤنث ۔ وہ ماضی، جس سے مطلق گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے ٭ **ماضیہ** ۔ گزرا ہوا ۔ بیتا ہوا ۔ پیشتر کا ٭

ماکول (مَا ۔ کُوْل) (ع) (۱) کھایا ہوا (۲) کھانے کی چیز ٭ **ماکولات** ۔ مذکر ۔ کھانے کی چیزیں ٭ **مَاکُوْلَاتْ وَمَشْرُوْبَاتْ** (ع ۔ ف) (مذکر و مؤنث) کھانے پینے کی چیزیں ٭

ماکھن (مَا ۔ کھَن) (ہ) مذکر ۔ مکھن ۔ مسکا ۔ کچا گھی ٭

ماکھو (مَا ۔ کھُوْ) (ہ) مؤنث (۱) افواہ ۔ چرچا ۔ شہرت (۲) (پ) شہد کی مکھی ٭

ماکیاں (مَا ۔ کِیَاں) (ف) مؤنث ۔ مرغی ۔ یہ لفظ جمع نہیں، مفرد ہے ٭

ماگھ (مَا گھْ) (س) مذکر ۔ ہندوؤں کا دسواں مہینا ٭ **ماگھ ننگی، بیساکھ بھوکی** ۔ مثل ۔ سدا کنگال ۔ ہمیشہ مفلس ٭

مال (مَالْ) (ہ) مؤنث (۱) وہ ڈور، جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرتی ہے (۲) مالا (۳) ہار ٭

مال (مَالْ) (ع) مذکر (۱) دولت ۔ نقدی ۔ دھن (۲) سامان ۔ اسباب ۔ املاک ۔ جائداد (۳) چیز ۔ اشیاء ۔ جنس (۴) مال گزاری ۔ محصول ۔ معاملہ ۔ لگان (۵) (قانون) زراعت ۔ پیداوار ۔ آمدنی (۶) (و) اصل ۔ حقیقت ۔ کائنات ٭ **مال اڑانا** (ہ) (۱) فضول خرچی کرنا ۔ روپیہ لٹانا (۲) لذیذ اور نفیس چیزیں کھانا (۳) خیانت کرنا ۔ غبن کرنا ۔ روپیہ خورد برد کرنا (۴) روپیہ صرف کر کے عیش اڑانا ٭ **مالِ اموات** (ع) مذکر (قانون) مُردوں کا مال ۔ لاوارث مال ۔ جس کا کوئی وارث نہ ہو ٭ **مال برآمد** (ع ۔ ف) مذکر (۱) تجارت کا سامان، جو ملک سے باہر بھیجا جائے (۲) چوری کا مال، جو ملزم سے برآمد ہو ٭ **مال پر زکوٰۃ ہے** (ہ) مثل ۔ آمدنی ہی پر خرچ ہوتا ہے ۔ ہوتے ہی خیرات فرض ہے ٭ **مال تال** (مَا تَال) مذکر ۔ روپیہ پیسا ۔ مال متاع ٭ **مال چکھنا** ۔ پرائے روپے سے عیش منانا ٭ **مال چیرنا** ۔ مال ہضم کرنا ۔ مال چھیننا ۔ غبن کرنا ٭ **مالِ حرام** (ع) مذکر ۔ ناجائز مال ۔ چوری کا مال ۔ بُری کمائی ۔ مفت کا مال ٭ **مالِ حرام بود بجائے حرام رفت** (ف) مثل ۔ ناجائز مال، جس طرح آیا تھا، اسی طرح خرچ ہو گیا ۔ جس طرح آیا، اسی طرح گیا ۔ جیسی بُری کمائی تھی، ویسی ہی بُری جگہ خرچ ہوئی ٭ **مال حصہ داری** (ہ) مذکر (قانون) حصہ داری کا سرمایہ ۔ ساجھے کی پونجی ۔ شرکت کا مال ٭ **مال خانہ** (ع ۔ ف) مذکر ۔ ذخیرہ ۔ گودام ۔ جنس گھر ۔ بھنڈار ۔ کوٹھی ٭ **مال دار** ۔ روپے والا ۔ دولت مند ۔ صاحب زر ۔ زردار ۔ دھنی ٭ **مال داری** ۔ مؤنث ۔ دولت مندی، تونگری، ثروت ٭ **مال زادی** (ہ) مؤنث (۱) رنڈی ۔ بازاری عورت ۔ کسبی ۔ قحبہ (۲) نائکہ ۔ کٹنی ۔ دلالہ ٭ **مالِ سائر** (ع) مذکر (قانون) مال گزاری کے علاوہ چنگی، سڑک، مدرسہ وغیرہ کے دیگر محاصل ٭ **مالِ شرکت** ۔ مذکر ۔ ساجھے کی پونجی، حصہ داری کا مال ٭ **مال ضامن** ۔ مذکر ۔ نقدی کی ضمانت دینے والا ۔ روپیہ ادا کرنے کا ذمہ دار ٭ **مال ضامنی** (ع ۔ ف) مؤنث ۔ مال کی ضمانت ٭ **مال ضبطی** (ہ) مذکر ۔ سرکاری حکم سے قبضہ کیا ہوا مال ۔ قرق کیا ہوا مال ٭ **مالِ طیب** (ع) مذکر ۔ حلال کی کمائی ۔ اچھا مال ۔ پاکیزہ مال ٭ **مالِ عرب پیش عرب** (ف) مثل ۔ اپنا مال اپنی ہی آنکھوں کے سامنے محفوظ رہتا ہے ٭ **مالِ غنیمت** (ع ۔ ف) مذکر (۱) لوٹ کا مال (۲) دشمن کا وہ مال، جو لڑائی میں ہاتھ آئے (۳) (کنایۃً) مفت کا مال ٭ **مالِ غیر منقولہ** (ع) مذکر ۔ وہ مال، جو اپنی جگہ سے سرک نہ سکے، جیسے مکان، زمین وغیرہ ٭ **مالِ فرود** (ع ۔ ف) مذکر (قانون) (۱) مال اترنے کی جگہ ۔ آڑھت ۔ منڈی (۲) کوٹھے یا دکان کا مال ٭ **مال کا بندوبست** (ہ) مذکر (قانون) بندوبست ۔ پیداوار کے اخراج کا انتظام ٭ **مال کٹنا** (۱) مال کا چوری جانا (۲) مال کا کثرت سے بکنا ٭ **مال گاڑی** ۔ مؤنث ۔ وہ گاڑی، جس میں مال لادا جاتا ہے، خصوصاً ریل کی ٭ **مال گزار** (ع ۔ ف) (۱) باج گزار ۔ معاملہ دینے والا ۔ ٹیکس ادا کرنے والا (۲) گاؤں کا وہ چودھری، جو زمینداروں سے معاملہ وصول کر کے

سرکاری خزانے میں داخل کرے ٭ **مال گزاری** - مؤنث - خراج - معاملہ - زمین کا محصول ٭ **مالِ لاوارث** (ع) مذکر - وہ مال جس کا کوئی وارث اور دعویدار نہ ہو ٭ **مال کٹے سرکار کا، مرزا کھیلے پھاگ** (د) مثل - دوسروں کے مال پر عیش اڑانا ٭ **مال مارنا** - چوری کرنا - فریب سے لینا - غبن کرنا - ٹھگنا ٭ **مال مارو** - خورد برد کرنے والا - غبن کرنے والا - غاصب - خائن ٭ **مالِ محمولہ** (ع) مذکر - وہ مال، جو گاڑی، کشتی یا جہاز سے لاد کر دوسری جگہ لے جائیں - جہاز پر لدا ہوا مال ٭ **مال مست** (ع - ف) دولت کے نشے میں چور - دولت پر مغرور - بے فکر ٭ **مالِ مفت** (د) مذکر - محنت یا کوشش کے بغیر حاصل کیا ہوا مال - بے دام ملا ہوا مال ٭ **مالِ مفت دلِ بے رحم** - مثل - اس موقع پر کہتے ہیں، جب پرایا مال بے دریغ صرف کیا جائے ٭ **مالِ منقولہ** (ع) مذکر (قانون) وہ جائداد، جو ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل ہو سکے، جیسے روپیہ، زیور، گھوڑا، بیل وغیرہ ٭ **مالِ وقف** - مذکر - وہ مال، جو خدا کے نام پر عام استعمال کے لیے چھوڑ دیا جائے، جیسے مسجد، مندر، تکیہ وغیرہ ٭ **مال و متاع** (ع - ف) مذکر - سامان اور روپیہ پیسا ٭

مالا مال (ف) (۱) کثرت سے - کثیر - بہت (۲) بھرا ہوا - لبریز - معمور - پُر (۳) خوش حال - تونگر - زردار - دولت مند ٭ **مالا مال کر دینا** (د) دولت مند کر دینا - امیر بنا دینا ٭ **مالی** (ع) مال کے متعلق ٭ **مالی پیش کار** (د) مذکر (قانون) مال گزاری یا معاملے کا جمع خرچ لکھنے والا - محرر مال گزاری - واصل باقی نویس ٭ **مالی کام** (مذکر) (قانون) مال گزاری یا معاملے کے متعلق کام کاج - مالی معاملات ٭ **مالیت** (ع) مؤنث (۱) سرمایہ - پونجی - جمع (۲) دولت - دھن (۳) مول - قیمت (۴) (د) اصل - مول (۵) تشخیص - جانچ ٭

مال (مال) (ف) مالیدن کا امر - مَل - رگڑ ٭ **مالش** - مؤنث (۱) رگڑنا - مَلنا (۲) متلی - جی کا متلانا ٭ **مالش کرنا** (د) (۱) مَلنا - رگڑنا (۲) صیقل کرنا - مانجھنا (۳) ابکائی کرنا - متلانا ٭ **مالیدہ** (۱) مَلا ہوا (۲) مذکر - ایک قسم کا پشمینے کا کپڑا، جو مَل کر ملائم کیا جاتا ہے (۳) چورما - ملیدہ ٭

مال پوا (مال - پو - وا) (ہ) مذکر - میٹھا پکوڑا - گلگلا ٭

مال روڈ (مال - رُوڈ) (انگ -) مؤنث - لاہور کی ایک بہترین سڑک، جو صفائی و خوب صورتی کے لیے مشہور ہے اور سیرگاہ کا کام دیتی ہے ٭

مال کنگنی (مال - کنگ - نی) (ہ) مؤنث - ایک خوش بودار دانہ ٭

مالا (ما - لا) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) سمرن - تسبیح - سبحہ (۲) گجرا - ہار - سونے، پھولوں یا موتیوں وغیرہ کا بنا ہوا ہار (۳) ایک قسم کا درخت ٭ **مالا پھیرنا** - یا - جپنا - سمرن جپنا - تسبیح پڑھنا ٭

مالتی (مال - تی) (س) مؤنث (۱) ایک قسم کی بیل - ایک بوٹی (۲) ایک قسم کا پھول - چنبیلی (۳) جوان عورت (۴) چاندنی رات ٭ **مالتی بسنت** - مؤنث - ایک قسم کا کشتہ، جو سونے کے ورقوں اور موتیوں سے تیار کیا جاتا ہے ٭

مالٹا (مال - ٹا) (د) مذکر - ایک قسم کا بڑا اور میٹھا سنگترہ ٭

مالسری (مال - سری) (س) مؤنث - ایک راگنی، جو دوپہر کو گائی جاتی ہے ٭

مالک (ما - لک) (ع) مذکر (۱) خداوند - آقا - صاحب (۲) اللہ - خدا - رب - ایشور (۳) کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا (۴) خاوند - شوہر - خصم - سوامی - پتی (۵) متصرف - قابض (۶) اختیار والا - مختار (۷) سردار - حاکم - افسر ٭ **مالک الملک** - مذکر (۱) خداوند تعالیٰ (۲) ملک کا مالک - بادشاہ - شہنشاہ ٭ **مالک خود کاشت** (ع - ف) مذکر - اپنی زمین آپ بونے والا مالک ٭ **مالک کرنا** (د) مالک بنانا - اختیار دینا - مختار کرنا - قبضہ دینا ٭ **مالکِ مکان** (ع) مذکر - گھر والا - صاحب خانہ ٭ **مالک ہونا** (د) (۱) قابض ہونا - والی ہونا - وارث ہونا (۲) مجاز ہونا - مختار ہونا (۳) مربی ہونا - سرپرست ہونا ٭ **مالکانہ** (ع - ف) مذکر (۱) زمینداری کا حق - حق زمین، جو کاشت کار سالانہ یا ماہانہ نقدی یا جنس کی صورت میں زمیندار کو ادا کرتا ہے (۲) مالک کے طور پر ٭ **مالکانہ رسوم** - مؤنث - ملکیت کا حق - حقیت کا روپیہ ٭ **مالکی** (ف) مؤنث - ملکیت ٭

مالکوس (مال - کو - س) (ہ) مذکر - ایک راگ ٭

مالکی (ما - لکی) (ع) مذکر - امام مالکؒ کا پیرو ٭

مالن (ما - لن) (ہ) مؤنث (۱) مالی کی بیوی (۲) پھول بیچنے والی ٭ **مالی** - مذکر (۱) باغبان (۲) ایک قوم، جو باغبانی اور کھیتی باڑی کرتی ہے ٭

مالوف (ما - لوف) (ع) (۱) الفت کیا گیا - پیارا - انیس - عزیز (۲) خوگر - مانوس ٭

مالیخولیا (ما - لی - خو - لیا) (ع) مذکر - دماغ کی خرابی - خفقان - سودا ٭

مام (مام) (ہ) مذکر (عو) بل بوتا - طاقت - بساط - استطاعت - مقدرت ٭

ماما (ماماں) [(ما - ما (ما - ماں)] (ہندو) دیکھیے "ماموں" ٭

ماما (ما - ما) (ف) مؤنث (۱) مادر - والدہ (۲) بوڑھی عورت (۳) باورچن - کھانا پکانے والی عورت (۴) (د) ملازمہ - خادمہ (۵) دائی (۶) لونڈی - باندی - کنیز ٭ **ماما اصیل** (د) مؤنث - کنیز - باندی - لونڈی ٭ **ماما بختریاں** (ببختر - یاں) کھانا (۱۵) (۱)

چاؤ چوچلے میں پلنا (۲) مفت کا مال اُڑانا ÷ ماماگری (ر) مؤنث
(ع) (۱) کھانا پکانے کی ملازمت (۲) خدمت گاری کا پیشہ ÷
مامتا (ما م تا) (ہ) مؤنث (۱) ماں کی محبت ۔ الفتِ مادرانہ (۲) پیار ۔
محبت ۔ الفت ÷ **مامتا ٹھنڈی رہنا** ۔ بچے کو دیکھ دیکھ کر
ماں کا خوش رہنا ÷
مامن (ما ۔ مَن) (ع) مذکر ۔ امن کی جگہ ۔ آرام کی جگہ ۔ پناہ گاہ ۔
ٹھکانا ÷
ماموں ۔ ماموں (ما ۔ مو ۔ ما ۔ موں) (ہ) مذکر ۔ ماں کا بھائی ÷ **ماموں**
(ماموں) کے کان میں انٹیاں (انٹیاں ۔ یا ۔ بالیاں) بھانجا
اینڈا اینڈا پھرے ۔ مثل ۔ دوسروں کی دولت پر اترانا ÷
مامی ۔ مؤنث (ہندو) ماموں کی بیوی ۔ ممانی ÷ **مامی پلینا** (ع)
طرف داری کرنا ۔ کسی کی رعایت کی بات کہنا ÷
مامیران (ما ۔ مِی ۔ ران) (ع) مذکر ۔ دیکھیے "ممیرا" ÷
ماں (ماں) (ہ) مؤنث (۱) اماں ۔ ماتا ۔ مادر ۔ والدہ ۔ بچے اپنی ماں کو
اسی کلمے سے خطاب کرتے ہیں (۲) میاں کا مخفف ÷ **ماں ریلی**
باپ تیلی بیٹا رپوت (شاخ زعفران (۱) مثل ۔ وہاں
کہتے ہیں، جہاں کوئی نیچ قوم کا کمینہ شیخی مارے یا کوئی ادنیٰ
فخر خاندان ہو جاتے ÷ **ماں باپ** ۔ مذکر ۔ ماتا پتا ۔ مادر پدر ۔
والدین ÷ **ماں بہن** ۔ مؤنث ۔ والدہ ۔ ہمشیرہ ÷ **ماں بہن کرنا** ۔
کسی کو ماں بہن کی گالی دینا ÷ **ماں بیٹوں میں چھنالا نہیں**
چھپتا ۔ مثل ۔ قریبی رشتہ داروں یا پاس رہنے والوں سے
عیب نہیں چھپ سکتا ÷ **ماں بیٹوں میں لڑائی ہوئی، لوگوں**
نے جانا بیر پڑا ۔ مثل ۔ آپس کی لڑائی کوئی لڑائی نہیں سمجھی جاتی ÷ **ماں پر پوت**
پتا پر گھوڑا، بہت نہیں تو تھوڑا (رہی) تھوڑا ۔ مثل ۔ اولاد
اپنے ماں باپ پر ہوتی ہے ÷ **ماں پنہاری کھلی، باپ ہفت**
ہزاری نہ کھلا (۱) مثل ۔ باپ کی محبت سے ماں کی محبت زیادہ
ہونے پر بولتے ہیں ÷ **ماں ٹینی باپ کلنگ، بچے نکلے رنگ برنگ** ۔
مثل ۔ دوغلے یا نالائق خاندان کی بُری اولاد کے متعلق کہتے ہیں ÷
ماں جائی (ہ) مؤنث ۔ سگی بہن ۔ خواہر ۔ ہمشیرہ ÷ **ماں جایا** ۔
مذکر ۔ سگا بھائی ÷ **ماں چھوڑ موسی سے کھٹھا** ۔ مثل (ع)
اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی چھوٹا بدتمیزی کرے ÷ **ماں سارنگی**
باپ تنبورہ ۔ کلاونت بچہ، جس کی ماں ڈومنی اور باپ ڈوم ہو ۔
میراثی ÷ **ماں سے سوا چاہے سو کٹنی کہلائے** ۔ ماں سے زیادہ
پیار جتانا ضرور کسی خاص بات پر مبنی ہوتا ہے ÷ **ماں فقیرنی پوت**
فتح خاں ۔ مثل ۔ کم اصل اور نیچ خاندان کے مغرور آدمی سے متعلق
کہتے ہیں ÷ **ماں کا پیٹ کمہار کا آوا، کوئی کالا کوئی گورا**
(ہ) مثل ۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب ایک ہی ماں باپ کے بیٹے
بعض خوب صورت اور بعض بدصورت ہوں ÷ **ماں کا دودھ** ۔ مذکر
(۱) شیر مادر (۲) بے حد مفید (۳) جائز ۔ حلال ÷ **ماں کو نہ باپ کو،**
جو بنے گی سو آپ کو ۔ مثل ۔ ہر نیک و بدعمل کا ذمہ دار کرنے والا
ہی ہوتا ہے ÷ **ماں کے پیٹ سے لے کر کوئی نہیں آتا** ۔ کام
سیکھنے ہی سے آتا ہے، سیکھا سکھایا کوئی پیدا نہیں ہوتا ÷ **ماں کے پیٹ سے**
لے کر نکلنا ۔ سیکھا سکھایا پیدا ہونا ۔ سیکھے بغیر کچھ حاصل کرنا ÷ **ماں**
مارے اور ماں ہی پکارے ۔ مثل ۔ اپنا چاہے کتنا ہی تکلیف
دے، پھر بھی اپنا ہی کہلائے گا ۔ اپنوں کی سختی بھی بُری نہیں لگتی ÷
ماں مرگئی پیاسی پوت (بیٹے) کا نام جمنا (۱) مثل ۔ ماں باپ
غریب تھے اور اولاد امیر ہوگئی ÷ **ماں مری بغیر کفن، بیٹی کا نام**
بقچی (۱) مثل (ع) اُس جگہ بولتے ہیں، جب کوئی شخص گپیں ہانکنے
لگے ÷ **ماں مرے ماسی جیسے** (ہ) مثل ۔ ماں مرجائے گی تو خالہ پالے گی
یعنی ماں اور خالہ کی محبت میں کوئی فرق نہیں ÷ **ماں نہ ماں کا جایا،**
سبھی لوگ پرایا ۔ مثل ۔ اُس جگہ کے متعلق کہتے ہیں، جہاں کوئی اپنا
واقف نہ ہو ÷
ماں (ماں) (ہ) بیچ ۔ اندر ۔ بھیتر ÷
مان (مان) (ہ) ماننا کا امر ÷ **مان لینا** (۱) تسلیم کرلینا ۔ منظور کرلینا (۲)
اقرار کرلینا ۔ راضی ہوجانا ÷ **مان نہ مان میں تیرا مہمان** (۱) مثل ۔
خواہ مخواہ کسی بات میں دخل دینا ÷ **مانا** ۔ تسلیم کیا ۔ فرض کیا ۔ منظور کیا ۔
جانا ۔ بالفرض ÷ **مانتا ہوں** ۔ قائل ہوں ۔ تمھاری ہوشیاری اور
چالاکی کو تسلیم کرتا ہوں ۔ کیا بات ہے ۔ کیا کہنا ہے ÷ **ماننا** (۱) منظور کرنا ۔
قبول کرنا ۔ تسلیم کرنا (۲) فرض کرنا ۔ قیاس کرنا (۳) اثر ماننا ۔ خیال کرنا
(۴) سستی کرنا (۵) عزت کرنا ۔ ادب کرنا ۔ تعظیم و تکریم کرنا (۶)
پاس داری کرنا (۷) کسی کے ہنر یا کمال کا اقرار کرنا ۔ استاد جاننا (۸)
بزرگوں کی ارواح کے لیے کچھ دینے کا عہد کرنا (۹) اعتقاد رکھنا یا پرستش کرنا
(۱۰) خوش ہونا ۔ راضی ہونا (۱۱) اقبال کرنا ۔ اقرار کرنا (۱۲) مطیع ہونا ۔
تابع ہونا (۱۳) حکم بجالانا ۔ کہا ماننا (۱۴) جاننا ۔ خیال کرنا ÷ **مانو** (۱)
قبول کرو ۔ تسلیم کرو ۔ اقرار کرو (۲) جانو ۔ فرض کرو (۳) گویا ۔ جیسا ۔
مثلاً ÷ **مانو تو ایشر نہیں تو پتھر** ۔ مثل ۔ اعتقاد ہی سے کسی کی عزت و
حرمت کی جاتی ہے بے اعتقاد کچھ بھی نہیں ÷
مان (مان) (ہ) مذکر (۱) قدر و منزلت ۔ عزت (۲) آؤ بھگت ۔ خاطر تواضع
(۳) گھمنڈ ۔ تکبر ۔ غرور ۔ کبر ۔ نخوت (۴) تمکنت ۔ ناز نخرا ÷ **مان بھری**
(ع) (۱) پُر ارمان ۔ آرزومند ۔ مشتاق (۲) مزاج دار ۔ دماغ دار ۔ متکبر ۔
مغرور ÷ **مان پان** ۔ مذکر ۔ عزت و آبرو ÷ **مان ڈھینا** ۔ گھمنڈ نکلنا ۔
تکبر یا نخوت نہ رہنا ۔ غرہ ڈھینا ÷ **مان رکھنا** (۱) عزت رکھنا ۔ بات رکھنا ۔
تعظیم و تکریم کرنا ۔ خاطر مدارات کرنا (۲) مراد برلانا ۔ تمنا پوری کرنا (۳)
کہا ماننا ۔ بات ماننا ÷ **مان رہنا** (۱) بات رہنا ۔ عزت رہنا (۲) (ہندو)

(عو) تابع رہنا۔ زیر سایہ رہنا۔ ماتحت رہنا ٭ **مان کا پان بہت ہوتا ہے**۔ مثل۔ عزت سے تھوڑا لینا بھی بہت ہوتا ہے ٭ **مان کرنا** (۱) آؤ بھگت کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا (۲) اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ مزاج کرنا۔ دماغ کرنا ٭ **مان گمان**۔ مذکر۔ غرور۔ گھمنڈ۔ تمکنت۔ کبر و ناز ٭ **مان گون**۔ مذکر (عو) (۱) ناز برداری۔ ناز و نیاز (۲) قدر و منزلت۔ عزت ٭ **مان مرجانا** (۱) گھمنڈ جاتا رہنا۔ تکبر نہ رہنا (۲) امنگ نہ رہنا۔ دل مرجانا (۳) عاجز ہوجانا ٭ **مان مہت**۔ مذکر (عو) (۱) غرور و تمکنت۔ ناز نخرا۔ مان گمان (۲) ناز بے جا (۳) قدر و منزلت۔ تعظیم و تکریم ٭ **مانی** (ہندو) گھمنڈی۔ متکبر۔ مغرور ٭

مان (مَانْ) (ف) مذکر (۱) مکان۔ خانہ۔ گھر (۲) اثاثہ۔ اسباب ٭

مانا (مَانَا) (ف) مانند۔ مشابہ۔ برابر ٭

مانج (مَانْجْ) (ہ) مؤنث (۱) دلدل کی زمین (۲) ترائی۔ کچھار ٭

مانج (مَانْجْ) (ہ) مانجنا کا امر ٭ **مانجنا** (۱) برتن ملنا۔ صاف کرنا۔ جلا کرنا۔ صیقل کرنا۔ اجالنا (۲) تر کپڑے سے بٹی ہوئی ڈور یا تاگا صاف کرنا۔ سونتنا ٭

مانجھ (مَانْجھ) (ہ) مؤنث (۱) بیچوں بیچ۔ وسط (۲) ایک راگنی ٭

مانجھا (مَاں۔ جھَا) (ہ) مذکر (۱) وہ کلف دار مسالا، جو ڈور پر تیزی اور کاٹ کے لیے پھیرا جاتا ہے (۲) (پ) کھاٹ۔ چارپائی۔ پلنگ (۳) مشرقی پنجاب کا ایک علاقہ، جس میں امرت سر، جنڈیالہ، ترنتارن، بٹالہ وغیرہ شامل ہیں (۴) بھینس کا (۵) وہ ضیافت، جو دولھا کی طرف سے قبل عقد دی جاتی ہے (۶) درخت کا تنہ (۷) وہ زرد پوشاک، جو مائیوں میں دولھا دلھن کو پہنائی جاتی ہے ٭

مانجھن (مَاں۔ جھَنْ) (ہ) مؤنث (۱) ملاح کی بیوی (۲) کشتی چلانے والی عورت ٭ **مانجھی**۔ مذکر (۱) کشتی چلانے والا۔ ملاح۔ ناؤ کھینے والا۔ کھوتیا ٭

مانڈ (مَانْڈْ) (ہ) مؤنث (۱) سرگین بستہ، جو اُپلوں کی طرح جلایا جاتا ہے۔ گوبر کا ڈھیر (۲) (پورب) کھوہ۔ بھٹ۔ غار (۳) بے روپ۔ بے رونق۔ غیر مصفا (۴) مدھم رنگ۔ پھیکا۔ ہلکا ٭ **مانڈ پڑ جانا**۔ مدھم ہوجانا۔ آب و تاب نہ رہنا۔ رنگ اُتر جانا۔ پھیکا پڑ جانا ٭ **مانڈ مال** (۱) مذکر۔ وہ مال، جس کی چمک دمک مدھم پڑ گئی ہو ٭ **مانڈا**۔ مذکر۔ مریض۔ بیمار۔ روگی۔ علیل۔ ناساز ٭ **مانڈگی**۔ مؤنث۔ بیماری، مرض، آزار، روگ، ناسازی ٭

ماندگی (مَاں۔ دَگِی) (ف) مؤنث (۱) تھکان۔ تکان۔ سستی۔ کسل (۲) ایک قسم کا جنون ٭ **ماندہ** (۱) خستہ۔ تھکا ہوا (۲) پیچھے رہا ہوا۔ بچا ہوا ٭

مانڈ (مَانْڈْ) (ہ) مذکر (۱) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی۔ مانڈی۔ پیچ۔ کانجی (۲) آہار۔ کلف (۳) ایک قسم کا مارواڑی گیت ٭ **مانڈی**۔ مؤنث۔ دیکھیے "مانڈ" ۱تا۲ ٭

مانڈ (مَانْڈْ) (ہ) مانڈنا کا امر ٭ **مانڈنا** (ہندو) (۱) پاؤں کے نیچے روندنا۔ کچلنا۔ ملنا۔ مسلنا (۲) سانا۔ گوندھنا (۳) رچانا۔ چلنا کرنا۔ بنانا (۴) تحریر کرنا۔ رقم کرنا۔ لکھنا (۵) عزم بالجزم کرنا۔ مصمم ارادہ کرنا۔ ٹھاننا ٭

مانس (مَا۔ نَسْ) (ہ) مذکر۔ آدمی۔ انسان۔ بشر۔ منش ٭

مانسون (مَانْ۔ سُوْنْ) (انگ۔ Monsoon) مؤنث۔ موسمی ہوا، جو بارش لاتی ہے ٭

مانع (مَا۔ نِعْ) (ع) مذکر۔ منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ سدِ راہ ٭ **مانع آنا۔ یا۔ ہونا** (۱) سدِ راہ ہونا۔ مزاحم ہونا۔ معترض ہونا ٭

مانک (مَا۔ نِکْ) (س) مذکر (۱) لعل۔ یاقوت (۲) جوہر۔ گوہر ٭ **مانک ٹیکا** (ہ) مذکر۔ ماتھے پر لٹکانے کا ایک زیور، جس میں موتی جڑا ہوا ہوتا ہے ٭

مانگ (مَانْگْ) (ہ) مؤنث (۱) سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر (۲) منگیتر۔ وہ کنواری لڑکی، جس کی نسبت ہوگئی ہو (۳) (عو) خاوند۔ شوہر ٭ **مانگ اجڑنا** (عو) رانڈ ہونا۔ بیوہ ہونا ٭ **مانگ بنانا**۔ دیکھیے "مانگ نکالنا" ٭ **مانگ بھرنا** (ہندو) مانگ میں موتی یا سیندور بھرنا، جو اکثر شادی کے موقع پر بھرتے ہیں (۲) شادی کر دینا۔ بیاہ دینا ٭ **مانگ بھری**۔ مؤنث (۱) خاوند والی۔ سہاگن (۲) عزیزہ۔ پیاری (۳) بیوی۔ جورو ٭ **مانگ پٹی**۔ مؤنث۔ کنگھی چوٹی۔ بالوں کی درستی ٭ **مانگ پٹی میں لگا رہنا**۔ بناؤ سنگار میں مشغول رہنا ٭ **مانگ جلی**۔ مؤنث (عو) وہ عورت، جس کا شوہر مر گیا ہو۔ بیوہ۔ رانڈ ٭ **مانگ چرنا**۔ کنوارپن دور ہونا۔ چیرا ٹوٹنا۔ ازالۂ بکر ہونا ٭ **مانگ سنوارنا**۔ کنگھی چوٹی کرنا۔ بال درست کرنا ٭ **مانگ سے ٹھنڈی رہے** (دعا) (عو) خاوند جیتا رہے۔ سہاگ بنا رہے ٭ **مانگ سے ٹھنڈی ہے** (عو) خاوند زندہ رہے۔ سہاگن ہے ٭ **مانگ کوکھ سے ٹھنڈی رہے**۔ شوہر اور بچے جیتے رہیں ٭ **مانگ کھلنا** (ہندو) (عو) (۱) منگیتر لڑکی یا لڑکے کے مرجانے سے رشتہ نہ رہنا (۲) بیاہی عورت کا مرجانا ٭ **مانگ نکالنا**۔ بالوں کے درمیان لکیر بنانا ٭

مانگ (مَانْگْ) (ہ) مؤنث (۱) ضرورت۔ حاجت۔ طلب۔ چاہ۔ خواہش (۲) خریداری۔ گاہکی (۳) زود طلبی (۴) مانگنا کا امر ٭ **مانگ تانگ کر کام چلانا**۔ قرض دام سے وقت گزارنا۔ اِدھر اُدھر سے پورا کر کے گزارہ کرنا ٭ **مانگ تانگ کر کھانا**۔ بھیک مانگ کر گزارہ کرنا ٭ **مانگ کیا مانگتا ہے**۔ امیر لوگ کسی پر مہربان ہو کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں ٭ **مانگ لینا**۔ اُدھار لینا۔ مستعار لے لینا۔ عاریتاً لے لینا ٭ **مانگا** (۱) مانگنا سے ماضی مطلق

(۲) مستعار لیا ہوا۔ طلب کیا ہوا ÷ **مانگا تانگا**۔ اُدھار لیا ہوا۔ قرض لیا ہوا۔ عاریتاً لیا ہوا ÷ **مانگا ہوا**۔ مستعار لیا ہوا۔ مطلوبہ ÷

مانگنا (۱) طلب کرنا۔ چاہنا۔ درخواست کرنا (۲) نسبت کی درخواست کرنا سگائی چاہنا (۳) دعایا التجا کرنا (۴) قرض طلب کرنا۔ اُدھار چاہنا (۵) تقاضا کرنا ÷ **مانگی بھتی نیچے کو، رلی اُوپر کو**۔ مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی چیز خواہش و ضرورت کے خلاف ہو ÷ **مانگے**۔ اُدھار۔ مستعار ÷ **مانگے بیر تانگا اور بڑھیا کی برات**۔ مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں، جب کوئی شخص ایک چیز خود مانگ کر لائے اور دوسرا اس سے وہی چیز مانگ کر کام نکالے ÷ **مانگے تانگے**۔ مانگ تانگ کر۔ اُدھار لے لوا کر ÷ **مانگے دینا**۔ اُدھار دینا۔ مستعار دینا۔ عاریتاً دینا ÷ **مانگے کا (کی)**۔ عاریتاً لیا ہوا۔ مستعار لی ہوئی ÷ **مانگیں بھیک، پوچھیں گاؤں کی جمع** (۶) مثل۔ حالت ذلیل اور حوصلہ بڑا ÷

مانمت (مَا نَ - مَتْ) (ہ) مؤنث (عو) (لکھنؤ) (۱) شور و شر۔ واویلا۔ داد فریاد (۲) شور۔ غل۔ دھوم۔ ہنگامہ ÷ **مانمت مچانا** (۱) واویلا کرنا۔ قیامت برپا کرنا (۲) ہنگامہ برپا کرنا ÷

مانند (مَا - نِنْد، مَا - نَنْد) (ف) مشابہ۔ مثل۔ نظیر۔ جیسا۔ مطابق ÷

مانوس (مَا - نُوْ سْ) (ع) اُنس کیا ہوا۔ خوگر۔ ہلا ہوا۔ مرغوب۔ پسند۔ راغب۔ مالوف۔ مائل ÷

مانی (مَا - نِیْ) (ہ) مؤنث۔ وہ چھوٹی سی سوراخ دار لکڑی، جو چکی کی کیلی میں ڈالی جاتی ہے، جس سے چکی کا پاٹ بہ آسانی پھرتا ہے ÷

مانی (مَا - نِیْ) (و) مؤنث۔ بچے کو پالنے والی عورت۔ بچے کی خادمہ۔ آیا۔ دایہ ÷

مانی (مَا - نِیْ) (ف) مذکر۔ ایک مشہور رومی نقاش، جس نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا۔ کتاب ارژنگ اسی کی تصنیف ہے ÷

مانیٹر (مَا - نِیْ - ٹَرْ) (انگ۔ Monitor) مذکر (۱) جماعت میں سب سے ہوشیار اور منتظم لڑکا (۲) آگاہ کرنے والا ÷

ماوا (مَا - وَا) (ہ) مذکر (۱) جوہر۔ اصل۔ مادّہ (۲) بہت زیادہ کڑھا ہوا دودھ۔ کھویا (۳) مسالا۔ سامان (۴) اہار، کلف، مانڈی، کانجی (۵) خمیر۔ سرشت (۶) نشاستہ (۷) انڈے کی زردی (۸) صندل کا عطر ÷

ماوا (مَا - وَا) (ع) مذکر۔ جائے پناہ۔ ٹھکانا۔ گھر ÷

ماوس (مَا - وَسْ) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "اماوس" ÷

ماہ (مَاہْ) (ف) مذکر (۱) چاند۔ قمر۔ ماہتاب۔ چندرماں (۲) ماس۔ مہینا ÷ **ماہ بماہ**۔ ہر مہینے۔ ماہانہ ÷ **ماہ پارہ**۔ مذکر۔ چاند کا ٹکڑا۔ خوب صورت۔ معشوق۔ دلدار ÷ **ماہ رخ۔ ماہ رُو** (۱) چاند جیسے چہرے والا۔ معشوق (۲) سفید رنگ کا کبوتر ÷ **ماہِ کامل** (ف - ع) مذکر۔ پورا چاند۔ چودھویں رات کا چاند۔ پورنماشی کا چاند ÷ **ماہِ کنعان**۔ مذکر۔ حضرت یوسفؑ سے مراد ہے ÷ **ماہِ نخشب** (ف) مذکر۔ وہ چاند، جو حکیم ابنِ عطا عرف مقنع نے اجزائے سیمابی کی ترکیب سے بنا کر روشن کیا تھا۔ نخشب ماوراء النہر کا ایک شہر ہے، جہاں یہ چاند بنایا گیا تھا ÷ **ماہِ نیم ماہ**۔ مذکر۔ چودھویں رات کا چاند ÷ **ماہانہ۔ ماہیانہ**۔ مذکر (۱) تنخواہ۔ مشاہرہ۔ مہینا (۲) ماہوار ÷ **ماہتاب**۔ مذکر (۱) چاند۔ قمر۔ چندرماں (۲) چاند کی روشنی۔ چاندنی ÷ **ماہتابی**۔ مؤنث (۱) ایک قسم کی آتش بازی، جس کے چھوڑنے سے چاند جیسی روشنی ہو جاتی ہے (۲) (پورب) ایک قسم کا تربوز (۳) چبوترا (۴) ایک قسم کا کپڑا، جس پر سنہری یا روپہلی شکلیں منقوش ہوتی ہیں ÷ **ماہوار** (۱) ماہانہ۔ ماہ بماہ۔ ہر مہینے (۲) مذکر۔ تنخواہ۔ مشاہرہ ÷ **ماہواری**۔ پورے مہینے کا۔ مہینے کا ÷

ماہر (مَا - ہُرْ) (ہ) مذکر (ہندو) زہر۔ سم۔ ہلاہل۔ بس ÷

ماہر (مَا - ہِرْ) (ع) (۱) کامل فن۔ تیز فہم۔ زیرک (۲) واقف کار۔ تجربہ کار ÷

ماہو (مَا - ہُوْ) (ہ) مذکر (پورب) ایک ایسا برساتی کیڑا، جو اکثر کان میں گھس جاتا ہے۔ کن سلائی ÷

ماہوں (مَا - ہُوْں) (ہ) مذکر۔ ایک کیڑا، جو کپاس کھا جاتا ہے ÷

ماہی (مَا - ہِیْ) (ف) مؤنث (۱) مچھلی۔ حوت (۲) ایک برج، جو مچھلی کا ہم شکل سمجھا جاتا ہے ÷ **ماہی پشت** (۱) گنبدی۔ قبہ دار۔ محدب (۲) مذکر۔ ایک قسم کا کارچوب، جو پشتِ ماہی سے مشابہ ہوتا ہے ÷ **ماہی توا** (۱) مذکر۔ مچھلی تلنے کا توا۔ فرپیان ÷ **ماہی خوار** (ف) مذکر۔ مچھلی کھانے والا۔ بگلا۔ بوتیمار ÷ **ماہی گیر**۔ مذکر۔ مچھلیاں پکڑنے والا۔ مچھوا۔ ماچھی ÷ **ماہی مراتب**۔ مذکر۔ وہ اعزازی نشان، جو سیاروں کی شکل میں بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے ہاتھیوں پر چلتے ہیں ÷

ماہیت (مَا - ہِیْ - یَتْ) (ع) (۱) کیفیت۔ حقیقت (۲) اصل۔ جوہر۔ مغز۔ مادّہ ÷

ماء (مَا ءْ) (ع) مذکر (۱) پانی۔ آب۔ جل (۲) عرق۔ رس ÷ **ماء الجبن**۔ مذکر۔ وہ پانی، جو دودھ کو پھاڑ کر سفیدی جدا کرنے کے بعد رہ جاتا ہے ÷ **ماء الحیات**۔ مذکر (۱) آبِ حیات (۲) ایک دوا ÷ **ماء اللحم**۔ مذکر۔ گوشت کا پانی، جو کشید کر کے نکالا جاتا ہے ÷ **ماء معین**۔ مذکر۔ پاک اور صاف پانی۔ جاری پانی ÷ **مائی**۔ پانی سے نسبت رکھنے والا۔ آبی ÷

مائدہ (مَا-ءِ دَہْ) (ع) مذکر (۱) دسترخوان (۲) قرآنِ عزیز کی ایک سورت ٭

مائع (مَا-ءِعْ) (ع) مؤنث - رقیق شے - جیسے پانی، تیل وغیرہ ٭

مائل (مَا-ءِلْ) (ع) (۱) راغب - متوجّہ (۲) میلان رکھنے والا - شائق - عاشق (۳) جھکا ہُوا - خمیدہ (۴) ڈھلوان (۵) تھوڑا سا ٭
مائل کرنا (ف) (۱) راغب کرنا - متوجّہ کرنا - آمادہ کرنا (۲) خم کرنا - جھکانا ٭ مائل ہونا - راغب ہونا - رغبت ہونا - رجوع ہونا - متوجّہ ہونا ٭

ماؤف (مَا-ءُوفْ) (ع) صدمہ پہنچایا گیا (عضو کی صفت میں مستعمل ہے) ٭

مائی (مَا-ئِی) (ہ) مؤنث (۱) ماں - مادر - والدہ - امّاں - ماتا (۲) بُڑھیا - ضعیفہ ٭ مائی باپ - مذکر (۱) والدین - ماتا پتا (۲) سردار ٭

مائیکروسکوپ (مَا-اِی-کْرُوْ سْ کُوپْ) (انگ) مؤنث - ایک آلہ، جس سے چھوٹی چیز دیکھ سکتے ہیں - خُرد بین ٭

مائیں (مَا-اِیْں) (ہ) مؤنث - ایک درخت کا پھل، جو مازو سے مشابہ ہوتا ہے ٭

مائیوں بٹھانا (ہ) بیاہ سے چند روز پہلے دولہا دلھن کو زرد کپڑے پہنانا ٭ مائیوں بیٹھنا (۱) "مائیوں بٹھانا" کا لازم (۲) (کنایۃً) گھر سے باہر نہ نکلنا ٭

مایا (مَا-یَا) (س) مؤنث (۱) خدا کی قدرت (۲) فطرت - نیچر (۳) رحم - کرپا - دَیا (۴) محبّت - پیار (۵) فریب - دھوکا (۶) دولت - زر - دھن - مایہ (۷) نادر - عجیب - اعجوبہ (۸) کیفیت - رونق - بہار (۹) کرشمہ - کرامت (۱۰) جان - روح - آتما (۱۱) دست گاہ - سامان (۱۲) خلقت - مخلوق - دنیا ٭
مایا پتر - مذکر - دولت مند - مال دار - زردار - دھنی ٭
مایا پتی - مذکر - اللہ تعالیٰ - ایشور - پرمیشور ٭ مایا چار - فریبی - ریاکار - دغا باز ٭ مایا روپی - فریبی ٭ مایا کے ہیں تین نام، پرسا، پرسُو، پرس رام (ہ) مثل - جوں جوں انسان کے پاس زیادہ دولت جمع ہوتی جاتی ہے، اس کی عزت بھی بڑھتی جاتی ہے ٭

مایوس (مَا-یُوسْ) (ع) (۱) بے آس - بے توقع - ناامید (۲) (ف) نامراد - ناکام - دل شکستہ ٭ مایوس کرنا (ف) ناامید کرنا - آس توڑنا - نراس کرنا - ناکام کرنا - دل توڑنا ٭ مایوس ہونا - ناامید ہونا - بے آس ہونا - ناکام ہونا - دل ٹوٹنا ٭ مایوسی (ف) مؤنث - ناامیدی - شکستہ دلی - ناکامی ٭

مایہ (مَا-یَہْ) (ف) مؤنث (۱) سرمایہ - جمع - پونجی (۲) راس المال - اصل (۳) جوہر - مادّہ (۴) سامان - دست گاہ (۵) دولت - مال ٭
مایہ دار - مال دار - دولت مند - دھنونت ٭ مایۂ ناز (ف) (۱) فخر و ناز کا سبب (۲) (کنایۃً) معشوق ٭

م - ب

مباح (مُبَاحْ) (ع) جائز - روا - حلال - پاک - درست - پوتر - شُدّھ ٭ مباح کرنا (ف) جائز کرنا - روا ٹھہرانا - حلال جاننا - درست تصوّر کرنا ٭

مباحث (مَبَا-حِثْ) (ع) مذکر - بحثیں - بحث کے مقامات ٭
مُبَاحَثَہ - مذکر - بحث - تکرار - سوال و جواب - مناظرہ ٭
مُبَاحَثَہ کرنا (ف) بحث کرنا - مناظرہ کرنا ٭

مبادا (مَبَا-دَا) (ف) (کلمۂ دعائیہ) ایسا نہ ہو - خدا نہ کرے - خدا نخواستہ ٭

مبادرت (مُبَا-دَرَتْ) (ع) مؤنث (۱) شتابی - جلدی - سُرعت - تیزی (۲) پیشی - سبقت (۳) جرأت - دلیری - چُستی - چالاکی ٭

مبادلہ (مُبَا-دَلَہْ) (ع) مذکر - بدلا - عوض - ادل بدل (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

مبادی (مَبَا-دِی) (ع) مذکر - مبداء کی جمع - ابتدائی امور - شروع میں سکھانے کی باتیں - بنیادی باتیں - ابتدائی اصول ٭

مبارز (مُبَا-رِزْ) (ع) جنگی بہادر - دل چلا - مقابلے پر چڑھ کر لڑنے والا - لڑاکا ٭ مُبَارَزَت - مؤنث - لڑائی کے لیے صف سے باہر آنا - جنگ - کارزار ٭

مبارک (مُبَا-رَکْ) (ع) (۱) برکت دیا گیا - باعث برکت - ایمن - فرّخ - خجستہ (۲) خوش نصیب - بھاگوان (۳) سعید - نیک - لائق - موافق (۴) مبارک باد - مرحبا - تہنیت - خوش آمدید - خوشا (۵) خوش خبری - مژدہ (۶) (طنزاً) منحوس ٭ مبارک باد (ع-ف) مؤنث (۱) خوش خبری - تہنیت - شادیانہ (۲) دعائے خیر - اشیرباد (۳) برکت نصیب ہو - خدا برکت دے ٭ مبارک باد دینا - بدھائی دینا - شادی کی تہنیت کرنا ٭ مبارک بادی (ف) مؤنث - تہنیت - مبارکی - خوش خبری - شادیانہ ٭ مبارک بادی دینا (۱) مبارک باد دینا ٭ مبارک بادی گانا - شادی کے گیت گانا - شادیانہ گانا ٭ مبارک سلامت (ع) مؤنث - شادی کی باہمی تہنیت - مبارکی سلامتی - شادیانے ٭ مبارک ہو دو (کلمۂ دعا) خدا نیک کرے - راس آئے ٭ مبارکی - مؤنث (۱) مبارک بادی - تہنیت (۲) دعائے خیر (۳) سعادت - نیکی (۴) (مکھنؤ) ایک بیماری، جس سے نیند بہت آتی ہے ٭

مباشرت (مُبا۔شَرَت) (ع) مؤنّث۔ ہم بستری۔ صحبت۔ مجامعت۔ جماع (کرنا کے ساتھ)٭

مبالغ (مَبا۔لِغ) (ع) مذکّر۔ مبلغ (مال) کی جمع۔ نقدی۔ رقوم۔ روپے٭

مبالغہ (مُبا۔لَغَہ) (ع) مذکّر (۱) (اصطلاح علم بدیع) کسی کی اچھائی یا برائی میں ایسی زیادتی کرنا، جو خلافِ عقل ہو (۲) حد سے بڑھ کر اور خلافِ واقع تعریف یا مذمت کرنا (۳) زیادہ گوئی (کرنا کے ساتھ)٭

مبانی (مَبا۔نِی) (ع) مذکّر (۱) بنیادیں (۲) عمارتیں۔ مکانات٭

مباہات (مُبا۔ہات) (ع) مؤنّث۔ شیخی۔ بڑائی۔ فخر۔ شان و شوکت٭

مباہلہ (مُبا۔ہَلَہ) (ع) مذکّر۔ ایک دوسرے کے حق میں دعائے بد کرنا۔ باہم نفرین کرنا٭

مبتدا (مُب۔تَدا) (ع) مذکّر (۱) شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔ اوّل۔ پہل (۲) (اصطلاح علم نحو) جملۂ اسمیہ کا پہلا جزو٭ **مبتدا و خبر** مؤنّث (۱) ابتدا اور انتہا۔ اوّل و آخر (۲) مسند الیہ اور مسند٭ **مبتدا و خبر ندارد** (ف) لغو اور بیہودہ بات۔ بے سر و پا بات٭ **مبتدی** (ع) ابتدا کرنے والا۔ نو آموز۔ ابجد خواں٭

مبتذل (مُب۔تَذَل) (ع) (۱) حقیر۔ رذیل۔ ذلیل۔ کمینہ۔ سفلہ۔ خفیف۔ بے قدر (۲) روزمرہ کی چیز۔ عام٭

مبتلا (مُب۔تَلا) (ع) (۱) پکڑا ہؤا۔ گرفتار۔ ماخوذ (۲) پھنسا ہؤا۔ گھرا ہؤا۔ الجھا ہؤا (۳) عاشق۔ فریفتہ۔ شیدا۔ مفتون۔ گرویدہ۔ دل دادہ۔ دیوانہ (۴) مشغول۔ مصروف (کرنا، ہونا کے ساتھ)٭ **مبتلائے آفت** (بلا) (ف) آفت زدہ۔ مصیبت کا مارا۔ مصیبت میں پھنسا ہؤا٭ **مبتلائے عشق**۔ عشق میں گرفتار۔ فریفتہ۔ والہ و شیدا۔ عاشق٭

مبحث (مَب۔حَث) (ع) مذکّر (۱) بحث۔ معاملہ (۲) بحث یا تحقیق کا مقام٭

مبداء (مَب۔دَا) (ع) مذکّر (۱) شروع ہونے کی جگہ۔ ظاہر ہونے کی جگہ (۲) ابتدا۔ شروع۔ آغاز (۳) بنیاد۔ اصل (۴) چشمہ٭ **مبدائے فیض**۔ مذکّر (۱) فیض کا سرچشمہ (۲) (مجازاً) خدائے تعالیٰ٭

مبدّل (مُبَدْ۔دَل) (ع) (۱) بدلا ہؤا۔ پلٹا ہؤا۔ تبدیل شدہ۔ متغیّر (۲) وہ اسم، جس کے بعد ایک اسم اس کا بدل واقع ہو٭

مبدی (مُب۔دِی) (ع) (۱) ابتدا کرنے والا (۲) دنیا پیدا کرنے والا۔ خدا٭

مبذّر (مُبَذْ۔ذِر) (ع) اسراف کرنے والا۔ فضول خرچ٭

مبذول (مَب۔ذُول) (ع) (۱) خرچ کیا گیا۔ مصروف (۲) لگایا گیا۔ منعطف٭

مبرّا (مُبَرْ۔رَا) (ع) (۱) پاک۔ بری۔ معصوم۔ منزّہ۔ صاف۔ بے عیب (۲) متنفّر۔ بیزار٭

مبرز (مَب۔رَز) (ع) مذکّر (۱) پاخانہ نکلنے کی جگہ۔ دُبر۔ سُفرہ۔ مقعد (۲) پاخانہ کرنے کی جگہ٭

مبرم (مُب۔رَم) (ع) (۱) استوار۔ مستحکم۔ مضبوط (۲) شُدنی۔ اٹل۔ نہ ٹلنے والی (قضا)۔ لابد۔ ضروری٭

مبرور (مَب۔رُور) (ع) (۱) نیکی کیا گیا۔ گناہوں سے بَری۔ مقدّس۔ پاک۔ جنّتی۔ مرحوم۔ مغفور (۲) مقبول٭

مبسوط (مَب۔سُوط) (ع) پھیلا ہؤا۔ فراخ۔ کشادہ٭

مبشّر (مُبَش۔شِر) (ع) بشارت دینے والا۔ خوش خبری سنانے والا٭

مُبصّر (مُبَص۔صِر) (ع) (۱) دیکھنے والا۔ بینا (۲) کھرا کھوٹا دیکھنے والا۔ پرکھنے والا۔ پرکھیّا۔ صرّاف٭ **مُبصّرِ بہی** (ع۔ف) (قانون) بہی جانچنے والا۔ بہی کی پڑتال کرنے والا٭

مَبلغ (مَب۔لَغ) (ع) مذکّر۔ کمال۔ حد و نہایت٭

مُبلغ (مَب۔لَغ) (ف) (۱) کامل۔ پختہ (۲) مال و نقد٭ [اردو میں زبانوں پر مُبلِغ ہے اور نقد روپے کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے٭]

مبلّغ (مُبَل۔لِغ) (ع) تبلیغ کرنے والا۔ مشنری۔ پرچارک٭

مبنا۔ مبنیٰ (مَب۔نَا) (ع) مذکّر (۱) بنیاد (۲) عمارت٭

مبنی (مَب۔نِی) (ع) (۱) جس پر کسی چیز کی بنیاد ہو (۲) مؤنّث (علم صرف کی اصطلاح) وہ لفظ، جس کے آخری حرف میں عامل کے اختلاف سے تغیّر نہ ہو٭ **مبنی ہونا** (۱) کسی بات کی کسی بات پر بِنا ہونا۔ موقوف ہونا۔ منحصر ہونا٭

مبہم (مُب۔ہَم) (ع) مشکوک۔ مشتبہ۔ گول بات۔ وہ کلام، جس کا مطلب کسی طرح دریافت نہ ہو سکے٭

مبہوت (مَب۔ہُوت) (ع) (۱) ہکّا بکّا۔ حیران۔ متحیّر (۲) باؤلا۔ دیوانہ (۳) سرشار٭

مُبین (مُبِین) (ع) ظاہر۔ روشن۔ آشکارا۔ کھلا ہؤا۔ صریح۔ صاف٭

مبیّن (مُبَیْ۔یَن) (ع) مذکّر (۱) بیان کیا گیا (۲) (نحو) وہ اسم، جس کے بعد ایک جملہ اس کی تشریح میں واقع ہو٭

مبہی (مُب۔ہِی) (ع) باہ کی قوّت بڑھانے والا۔ شہوت زیادہ کرنے والا٭

م - پ

مَپ (مَپْ) (ہ) مپنا کا امر۔ مَپا (۱) مپنا سے ماضی مطلق (۲) مپانا کا امر۔ مَپان۔ مؤنث۔ ماپ۔ ناپ۔ مپائی۔ مپت۔ پیمائش۔
مَپانا۔ مذکر (۱) ناپنے کی چیز۔ پیمانہ (۲) مپوانا۔ نپوانا۔ ناپ کرانا۔ پیمائش کرانا۔ مَپَت۔ مؤنث۔ ناپ۔ پیمائش۔ مَپْنَا۔ مپائی ہونا۔ پیمائش ہونا۔ ناپا جانا۔ اندازہ کیا جانا۔ مپوانا۔ پیمائش کرانا۔ ناپ کرانا۔

م - ت

مَت (مَتْ) (ہ) نفی کا کلمہ۔ نہیں۔ نہ۔ لا۔ مت پوچھو (۱) اکراہ و رغبت دونوں حالتوں میں مستعمل ہے۔ ایسا اچھا ہے کہ قابلِ بیان نہیں (۲) ایسی سخت مصیبت ہے کہ کہنے کے لائق نہیں۔
مت کر ساس بُرائی، تیری بھی آگے جائی۔ مثل (عو) ساس جیسا اپنی بہو سے کرے گی، ویسا ہی اس کی بیٹی کے ساتھ ہوگا۔
مَت (مَتْ) (ہ) مؤنث (۱) سمجھ بوجھ۔ دانائی۔ عقل۔ ادراک۔ فہم۔ دانش (۲) نصیحت۔ رائے (۳) عادت۔ مت پھرنا (۱) رائے بدلنا۔ رائے پلٹنا (۲) سمجھ الٹنا۔ عقل ماری جانا۔ مت دینا۔ عقل کی بات بتانا۔ نصیحت کرنا۔ رائے دینا۔ مت ماری جانا (عو) عقل ماری جانا۔ بے وقوف بننا۔
مَت (مَتْ) (ہ) مذکر۔ مذہب۔ دھرم۔ ملت۔ فرقہ۔ یقین۔ اعتقاد۔ عقیدہ۔
متابعت (مُتَا۔ بَعَتْ) (ع) مؤنث (۱) پیروی۔ تقلید (۲) اطاعت۔ اطاعت گزاری۔ فرمان برداری۔
متاثر (مُتَ۔ اَثْ۔ ثِرْ) (ع) اثر کرنے والا۔ کارگر (۲) دل کو لگ جانے والا۔ دل گداز۔ جگر سوز۔ رقت انگیز۔
متأخر (مُتَ۔ اَخْ۔ خِرْ) (ع) پیچھے آنے والا۔ مُتَاَخِّرین۔ مذکر۔ پچھلے۔ پچھلے زمانے کے لوگ۔
مُتاس (مُتَاسْ) (ہ) مؤنث۔ موتنے یا پیشاب کرنے کی حاجت۔ احتیاجِ بول۔ مُتاسا۔ مذکر۔ وہ شخص، جسے پیشاب کرنے کی سخت حاجت ہو۔
متاسف (مُتَ۔ اَسْ۔ سِفْ) (ع) افسوس کرنے والا۔
متاع (مَتَاعْ) (ع) مذکر و مؤنث۔ پونجی۔ اثاثہ۔ چیز۔ سوداگری کا مال اسباب۔ تجارت کا مال۔
متاعی (مُتَا۔ عِیْ) (ف) مؤنث۔ اہلِ تشیع میں وہ عورت جس سے متعہ کیا گیا ہو۔ نکاحی سے کم درجے کی عورت۔
متالم (مُتَ۔ اَلْ۔ لِمْ) (ع) جسے رنج پہنچا ہو۔ الم رسیدہ۔ غم زدہ۔ دکھیا۔

متالی (مُتَا۔ لِیْ) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑوں کے پیشاب کرنے کی جگہ (۲) آخور۔ کوڑا کرکٹ۔ طویلے کی وہ گھاس، جس پر گھوڑوں نے موتا ہو۔
متأمل (مُتَ۔ اَمْ۔ مِلْ) (ع) تامل کرنے والا۔ سوچنے والا۔
متانا (مُتَا۔ نَا) (عو) (۱) بچے کو پیشاب کرانا (۲) مذکر۔ پیشاب رہنے کی جگہ۔ مثانہ۔ پھکنا۔
متانت (مَتَا۔ نَتْ) (ع) مؤنث۔ پختگی۔ محکمی۔ استواری۔ مضبوطی۔
متانی (مُتَا۔ نِیْ) (ہ) مؤنث (۱) دیکھیے متالی (۲) گھوڑے کا پیشاب۔
متاہل (مُتَ۔ اَہْ۔ ہِلْ) (ع) بیوی بچے والا۔ بیاہا ہوا۔ قبیلہ دار۔ کنبے دار۔
متبادر (مُتَ۔ بَا۔ دِرْ) (ع) (۱) جلدی کر کے آگے بڑھ جانے والا (۲) جلد ذہن میں لانے والا (۳) جلد نکلنے والا۔
متبادل (مُتَ۔ بَا۔ دِلْ) (ع) (۱) بدلنے والا (۲) باری سے آنے یا کام کرنے والا۔ مُتَبَادِلہ (۱) (ہ)، جو بدلے (۲) (اصطلاح اقلیدس) جب دو متوازی خطوں پر تیسرا خط آکر گرے تو اس خط کے دونوں طرفوں کے داخلی زاویے متبادلہ کہلاتے ہیں، بشرطیکہ متصلہ نہ ہوں۔
متبائن (مُتَ۔ بَا۔ اِنْ) (۱) باہم جدا۔ باہم مختلف۔ دو ایسے مخالف کہ ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں۔ ان میل (۲) (علم حساب) وہ عدد، جس کے اجزائے ضربی نہ ہو سکیں۔
متبحر (مُتَ۔ بَحْ۔ حِرْ) (ع) بہت بڑا عالم، فاضل اجل، علم کا دریا۔
متبرک (مُتَ۔ بَرْ۔ رَکْ) (ع) (۱) برکت والا۔ پاک صاف۔ مقدس۔ پوتر (۲) قابلِ تعظیم۔ بزرگ۔ معزز۔
متبسم (مُتَ۔ بَسْ۔ سِمْ) (ع) (۱) مسکرانے والا (۲) شگفتہ۔ کھلا ہوا۔
متبع (مُتَّ۔ تَبِعْ) (ع) پیروی کرنے والا۔
متبنّٰی (مُتَ۔ بَنْ۔ نَا) (ع) فرزندی میں لیا ہوا۔ گود میں لیا ہوا۔ پالا ہوا۔ لے پالک۔ متبنّٰی کرنا۔ بیٹا بنانا۔ فرزندی میں لینا۔ گود لینا۔
متجاوز (مُتَ۔ جَا۔ وِزْ) (ع) تجاوز کرنے والا۔ اپنی حد سے گزر جانے والا۔
متجسس (مُتَ۔ جَسْ۔ سِسْ) (ع) تلاش کرنے والا۔
متحد (مُتَّ۔ تَحِدْ) (ع) اتحاد رکھنے والا۔ متفق۔ شامل۔ ملا ہوا۔ مخلوط۔ پیوستہ۔ ایک۔
متحرک (مُتَ۔ حَرْ۔ رِکْ) (ع) (۱) حرکت کرنے والا، جاری، رواں، چلتا ہوا (۲) (علم نحو) وہ حرف، جو زبر یا زیر یا پیش رکھتا ہو۔

متحقق (مُتَ - حَقْ - قِق) (ع) کسی خبر کا صحیح اور درست کرنے والا [پہلے قافِ مشدد کی زبر سے - تحقیق کیا ہؤا - ٹھیک، درست اور صحیح (خبر)] ٭

متحمل (مُتَ - حَمْ - مِلْ) (ع) برداشت کرنے والا - بُردبار - ثابت قدم - مستقل مزاج - صابر ٭

متحیر (مُتَ - حَیْ - یِرْ) (ع) ہکا بکا - حواس باختہ - حیرت زدہ - متعجب - حیران ٭

متخاصم (مُتَ - خَا - صِمْ) (ع) جھگڑالو - لڑنے والا - مخالف - دشمن - مدعی ٭ **متخاصمین** - متخاصم کا تثنیہ - مدعی اور مدعا علیہ - فریقین ٭

متخلخل (مُتَ - خَلْ - خِلْ) (ع) (۱) وہ عورت، جو پاؤں میں خلخال (پازیب) پہنے ہو (۲) (ل) اندر سے خالی - پولا ٭

متخلص (مُتَ - خَلْ - لِصْ) (ع) تخلص رکھنے والا ٭

متخلل (مُتَ - خَلْ - لِلْ) (ع) خلل ڈالنے والا - خرابی ڈالنے والا ٭

متخیل (مُتَ - خَیْ - یَلْ) (ع) خیال کیا گیا - موہوم ٭ **متخیلہ** - مذکر (۱) خیال کی قوت (۲) جہاں خیال پیدا ہو - قیاس - وہم - تصور ٭

متدارک (مُتَ - دَا - رِکْ) (ع) کھوئی ہوئی چیز پانے والا (۲) مؤنث - عروض کی ایک بحر ٭

متداول (مُتَ - دَا - وِلْ) (ع) مروج - ہاتھوں ہاتھ پھری ہوئی چیز - دست بدست پہنچی ہوئی چیز ٭

متدین (مُتَ - دَیْ - یِنْ) (ع) (۱) دین دار - ایمان دار - مومن (۲) امانت دار - امین - بات اور معاملے کا سچا اور پورا ٭

متذبذب (مُتَ - ذَبْ - ذِبْ) (ع) تذبذب یا تردد میں پڑنے والا ٭

متذکرہ (مُتَ - ذَکْ - کَرَہْ) (ع) ذکر کیا گیا - مذکورہ - بیان کیا گیا ٭

متذکرۂ بالا (ع - ف) جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہو - مرقومۂ بالا ٭

متر (مِتْرْ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) یار - دوست - محب - مخلص (۲) بھلا چاہنے والا - خیر خواہ (۳) ساتھی - مددگار (۴) مصاحب - ہم نشین - پاس بیٹھنے اٹھنے والا ٭ **مترائی** - مؤنث - دوستی ٭

متر (مِتْ - تُرْ) (ہ) مذکر (۱) وہ لڑکا، جو کھیل میں سردار بنایا جاتا ہے - سرغنہ - سرگروہ (۲) مددگار - دوست (۳) مصاحب ٭

مترادف (مُتَ - رَا - دِفْ) (ع) ہم ردیف - ہم معنی - دو ایسے لفظ، جن کے معنی ایک ہی ہوں ٭

مترتب (مُتَ - رَتْ - تَبْ) (ع) ترتیب دیا گیا ٭

مترجم (مُتَرْ - جِمْ) (ع) ترجمہ کرنے والا - ترجمان - شارح - ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنے والا ٭ **مترجَم** - ترجمہ کیا گیا ٭

متردد (مُتَ - رَدْ - دِدْ) (ع) (۱) تردد کرنے والا - آنے جانے والا (۲) متفکر - فکرمند - پس و پیش کرنے والا (۳) پریشان - مضطرب ٭

مترسل (مُتَ - رَسْ - سِلْ) (ع) خط بھیجنے والا ٭

مترشح (مُتَ - رَشْ - شِحْ) (ع) ٹپکنے والا - آشکارا - عیاں - ظاہر ٭

مترصد (مُتَ - رَصْ - صِدْ) (ع) آس رکھنے والا - امیدوار - متوقع ٭

مترنم (مُتَ - رَنْ - نِمْ) (ع) گانے والا ٭

متروک (مَتْ - رُوکْ) (ع) (۱) چھوڑا گیا - وہ مال، جو مُردے کی وراثت میں باقی رہے (۲) ترک کیا ہؤا ٭ **متروکات** - مؤنث - چھوڑی ہوئی چیزیں ٭

متزائد (مُتَ - زَا - اِدْ) (ع) زیادہ ہونے والا - بڑھنے والا ٭

متزلزل (مُتَ - زَلْ - زِلْ) (ع) جنبش کرنے والا - ڈگمگانے والا - کانپنے والا - لرزاں ٭

متساوی (مُتَ - سَا - وِیْ) (ع) باہم برابر - ایک دوسرے کے مساوی - ہم پلہ - ہمسر - ہم قیمت - ہم مقدار - ہم وزن ٭

متسلط (مُتَ - سَلْ - لِطْ) (ع) قبضہ کرنے والا - غلبہ پانے والا - غالب - قابض - مختار کل ٭

متسلی (مُتَ - سَلْ - لِیْ) (ع) خوش اور بےغم ٭

متشابہ (مُتَ - شَا - بِہْ) (ع) (۱) ہم صورت - ہم شکل - مانند - برابر - یکساں (۲) مشکوک - مشتبہ - جس کے معنی میں کچھ شبہہ ہو (۳) مذکر - بھول - چوک - مشتبہ ٭ **متشابہ لگنا** (ل) شبہہ پڑنا - کہیں سے کہیں پڑھنے لگنا - قرآن عزیز پڑھنے وقت حافظوں کا بعض آیات کے مختلف موقعوں پر آجانے سے کہیں سے کہیں پڑھ جانا ٭ **متشابہات** (ع) مؤنث - آیتیں، جن کے معنی خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا ٭

متشاعر (مُتَ - شَا - عِرْ) (ع) وہ، جو اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے، لیکن اصل میں شاعر نہ ہو ٭

متشدد (مُتَ - شَدْ - دِدْ) (ع) سختی کرنے والا ٭

متشرع (مُتَ - شَرْ - رِعْ) (ع) شریعت کا پابند - پرہیزگار - پارسا - ایمان دار - پکا دین دار ٭

متشکر (مُتَ - شَکْ - کِرْ) (ع) شکر گزار ٭

متشکل (مُتَ - شَکْ - کِلْ) (ع) شکل اختیار کرنے والا - کوئی صورت اختیار کرنے والا ٭

متشکی (مُتَ - شَکْ - کِیْ) (ع) شک میں پڑنے والا ٭

متصادم (مُتَ۔ صَا۔ دِمْ) (ع) ٹکرا جانے والا۔
متصاعد (مُتَ۔ صَا۔ عِدْ) (ع) صعود کرنے والا۔ اوپر چڑھنے والا۔
مُتصدّع (مُتَ۔ صَدْ۔ دِعْ) (یہ لفظ ہندوستان کے اہل دفاتر نے بنا لیا ہے، صحیح مُتَصَدِّعْ ہے۔) تکلیف دینے والا۔
متصدّی (مُتَ۔ صَدْ۔ دِیْ) (ع) (۱) پیش آنے والا۔ پیش کار۔ دیوان (۲) کفیل۔ ذمّہ دار (۳) مہتمم۔ انتظام کرنے والا (۴) محرّر۔ منشی۔ کاتب (۵) حساب دان۔ محاسب (۶) گماشتہ۔ نائب۔
متصرّف (مُتَ۔ صَرْ۔ رِفْ) (ع) قبضہ کرنے والا۔ قابض۔
متّصف (مُتْ۔ تَصِفْ) (ع) تعریف کیا گیا۔ جس کے ساتھ کوئی وصف لگا ہو۔
متّصل (مُتْ۔ تَصِلْ) (ع) (۱) قریب۔ پاس۔ برابر۔ نزدیک (۲) پے در پے۔ لگاتار۔ متواتر۔
متصوّر (مُتَ۔ صَوْ۔ وَرْ) (ع) تصوّر کیا گیا۔ خیال کیا گیا۔ سوچا گیا۔
متضاد (مُتَ۔ ضَادْ) (ع) (۱) اُلٹا۔ خلاف۔ برعکس۔ منافی (۲) ایک صنعت، جس میں مخالف اور متضاد معانی کے الفاظ لائے جاتے ہیں۔
متضرّع (مُتَ۔ ضَرْ۔ رِعْ) (ع) گڑگڑانے والا۔ زاری کرنے والا۔
متضمّن (مُتَ۔ ضَمْ۔ مِنْ) (ع) مشتمل۔ شامل۔ مشمولہ۔ داخل۔ مندرج۔
متظلّم (مُتَ۔ ظَلْ۔ لِمْ) (ع) ظلم کی شکایت کرنے والا۔ دادخواہ۔ فریادی۔
متعارض (مُتَ۔ عَا۔ رِضْ) (ع) ایک دوسرے کے خلاف۔
متعارف (مُتَ۔ عَا۔ رِفْ) (ع) آپس میں جان پہچان رکھنے والا۔ مشہور۔ معروف۔ مُتعارفہ۔ معروف۔ مشہور۔
متعاقب (مُتَ۔ عَا۔ قِبْ) (ع) پیچھے آنے والا۔ تعاقب کرنے والا۔
متعاقد (مُتَ۔ عَا۔ قِدْ) (ع) عہد و پیمان کرنے والا۔ مُتعاقدین۔ باہم اقرار کرنے والے۔ فریقین۔
متعال (مُتَ۔ عَالْ) (ع) بلند ہونے والا۔ برتر۔ بزرگ۔ عالی۔ بلند۔ خدا کے لیے مستعمل ہے۔ مُتعالی (۱) برتر (۲) خدا کا ایک نام۔
متعجّب (مُتَ۔ عَجْ۔ جِبْ) (ع) دنگ۔ متحیّر۔ حیران۔ ششدر۔ تعجب کرنے والا۔

متعدّد (مُتَ۔ عَدْ۔ دِدْ) (ع) (۱) گِنے ہوئے۔ گنتی کے۔ چند۔ تھوڑے (۲) بہتیرے۔ بہت۔ کئی۔
متعدّی (مُتَ۔ عَدْ۔ دِیْ) (ع) (۱) تجاوز کرنے والا (۲) اُڑ کر لگنے والی بیماری (۳) (نحو) وہ فعل، جو مفعول کو بھی چاہے۔
متعذّر (مُتَ۔ عَذْ۔ ذِرْ) (ع) محال کے قریب۔ مشکل۔ دشوار۔
متعرّض (مُتَ۔ عَرْ۔ رِضْ) (ع) (۱) اعتراض کرنے والا۔ روکنے والا (۲) آگے آنے والا۔
متعسّر (مُتَ۔ عَسْ۔ سِرْ) (ع) مشکل۔ دشوار۔ امکان کے قریب۔
متعصّب (مُتَ۔ عَصْ۔ صِبْ) (ع) تعصب کرنے والا۔ سخت دل۔
متعفّف (مُتَ۔ عَفْ۔ فِفْ) (ع) عفت والا۔ پارسا۔ متقی۔
متعفّن (مُتَ۔ عَفْ۔ فِنْ) (ع) بدبودار۔ بسا ہوا۔ سڑا ہوا۔
متعلّق (مُتَ۔ عَلْ۔ لِقْ) (ع) (۱) لگاؤ رکھنے والا۔ تعلق رکھنے والا (۲) قرابتی۔ رشتہ دار (۳) مشمولہ۔ شامل۔ منسلک (۴) تابع۔ ماتحت۔ وابستہ۔ متعلّق کرنا (ف) (۱) شامل کرنا۔ ملحق کرنا۔ لگانا۔ ملانا (۲) ساتھ لگانا۔ چسپاں کرنا۔ جوڑنا (۳) سونپنا۔ سپرد کرنا۔ متعلّقات (ع) مذکر۔ وہ چیزیں، جو کسی دوسری چیز سے وابستہ ہوں۔ مُتعلّقین۔ مذکر (۱) بال بچے۔ گھر کے لوگ۔
متعلّم (مُتَ۔ عَلْ۔ لِمْ) (ع) تعلیم پانے والا۔ طالب علم۔ مبتدی۔ شاگرد۔ تلمیذ۔
متعہ (مُتْ۔ عَہْ) (ع) مذکر۔ شیعہ فرقے میں کچھ مدت کے لیے عورت سے نکاح کر لینا۔
متعہّد (مُتَ۔ عَہْ۔ ہِدْ) (ع) (۱) عہد کرنے والا (۲) کام میں مشغول۔ ذمّہ دار (۳) ایک زمانے کے۔ ہم عصر (۴) متاجر۔ ٹھیکیدار۔
متعیّن (مُتَ۔ عَیْ۔ یِنْ) (ع) مذکر۔ کسی چیز پر لازم ہونے والا۔ متعیّن۔ مقرر کیا گیا۔ کسی کام پر لگایا گیا۔ متعیّن کرنا (ف) مقرر کرنا۔ تعینات کرنا۔ نامزد کرنا۔ کام پر لگانا۔ نوکر رکھنا۔
متغائر (مُتَ۔ غَا۔ اِرْ) (ع) جدا۔ الگ۔
متغزّل (مُتَ۔ غَزْ۔ زِلْ) (ع) غزل کہنے والا۔ غزل گو شاعر۔
متغیّر (مُتَ۔ غَیْ۔ یِرْ) (ع) (۱) تبدیل ہونے والا۔ متبدّل (۲) بے ثبات۔ غیر مستقل (۳) گھبرایا ہوا۔ حیران۔
متفاوت (مُتَ۔ فَا۔ وِتْ) (ع) فرق رکھنے والا۔ ایک دوسرے سے دور ہونے والا۔ مخالف۔ متضاد۔
متفتّش (مُتَ۔ فَتْ۔ تِشْ) (ع) ڈھونڈنے والا۔

متفحص (مُ-تَ-فَحْ-حِصْ) (ع) (۱) تلاش کرنے والا۔ کھوجی (۲) تحقیق کرنے والا۔ محقق ؂

متفرد (مُ-تَ-فَرْ-رِدْ) (ع) یگانہ۔ تنہا ؂

متفرع (مُ-تَ-فَرْ-رِعْ) (ع) کسی چیز سے اس کی شاخ کی طرح نکلنے والا ؂

متفرق (مُ-تَ-فَرْ-رِقْ) (ع) الگ الگ۔ جدا جدا۔ منتشر۔ پراگندہ ؂ **مُتَفَرِّقَات** (۱) مختلف چیزیں (۲) حساب کی مختلف رقمیں (۳) زمین کے جدا جدا اور مختلف حصّے، جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں ؂

متفق (مُ-تَّ-تَفِقْ) (ع) (۱) اتّفاق کرنے والا۔ شامل۔ ملا جُلا۔ لگا ہُوا (۲) موافق۔ رضامند (۳) ہم خیال۔ ہم رائے۔ ہم مشورہ۔ ہم صلاح (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؂ **مُتَّفِقُ الرَّائے**۔ ہم رائے۔ ہم مشورہ۔ ہم صلاح ؂ **مُتَّفِقُ الکَلِمہ**۔ یا۔ **مُتَّفِقُ اللَّفظ**۔ یک زبان، ہم زبان، ہم مشورہ، ہم صلاح، ہم رائے ؂ **مُتَّفَقٌ عَلَیْہ**۔ جس پر اتّفاق کیا گیا ہو۔ سب کی رائے اور مرضی کے مطابق ؂

متفکر (مُ-تَ-فَکْ-کِرْ) (ع) فکرمند۔ دلگیر۔ مغموم۔ اداس ؂

متفنی (مُ-تَ-فَنْ-نِیْ) (ہندی) (عربی میں مُتَفَنِّن۔ وہ، جو بہت سے فنون کا ماہر ہو) عیّار۔ فریبی۔ مکّار۔ دغاباز ؂

متقابل (مُ-تَ-قَا-بِلْ) (ع) (۱) مقابلہ کرنے والا۔ حریف (۲) آمنے سامنے ؂

متقارب (مُ-تَ-قَا-رِبْ) (ع) (۱) ایک دوسرے سے نزدیک ہونے والا (۲) مؤنّث۔ عروض کی ایک بحر ؂

متقاضی (مُ-تَ-قَا-ضِیْ) (ع) تقاضا کرنے والا۔ مانگنے والا۔ طلب کرنے والا ؂

متقدم (مُ-تَ-قَدْ-دِمْ) (ع) (۱) آگے بڑھنے والا۔ پیش ہونے والا (۲) پہلا۔ اگلا۔ سابق کا۔ پہلے زمانے کا۔ پرانا ؂ **مُتَقَدِّمِیْن**۔ مذکّر۔ مُتَقَدِّم کی جمع۔ پہلے زمانے کے لوگ۔ سابقین ؂

متقی (مُ-تَّ-تَقِیْ) (ع) گناہوں سے بچنے والا۔ پرہیزگار۔ زاہد۔ عابد۔ دین دار۔ پارسا ؂

متکبر (مُ-تَ-کَبْ-بِرْ) (ع) تکبّر کرنے والا۔ خودپسند۔ گھمنڈی۔ مغرور ؂

متکفل (مُ-تَ-کَفْ-فِلْ) (ع) ذمّہ دار۔ کفیل۔ ضامن ؂

متکلف (مُ-تَ-کَلْ-لِفْ) (ع) رنج اور مشقّت برداشت کرنے والا ؂ [مکلّف (رنج اور مشقّت دینے والا) کے معنی میں اس لفظ کا استعمال غلط ہے ؂]

متکلم (مُ-تَ-کَلْ-لِمْ) (ع) کلام کرنے والا۔ بات کرنے والا ؂ **مُتَکَلِّمِیْن**۔ مذکّر (۱) کلام کرنے والے لوگ (۲) علم کلام جاننے والے اشخاص (۳) شیریں زبان لوگ۔ خوش بیان ؂

متلاشی (مُ-تَ-لَا-شِیْ) (یہ لفظ ترکی "تلاش" سے بنا لیا گیا ہے۔ اب فصحا استعمال نہیں کرتے۔ اس جگہ تلاشی، جویا اور متجسّس حسبِ موقع استعمال کرنے چاہییں ؂) تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا ؂

متلاطم (مُ-تَ-لَا-طِمْ) (ع) تھپیڑے مارنے والا۔ لہریں لینے والا (دریا یا سمندر) ؂

متلانا (مُ-تَ-لَا-نَا) (ہ) قے کرنے کو جی چاہنا ؂

متلذذ (مُ-تَ-لَذْ-ذِذْ) (ع) لذّت اٹھانے والا، ذائقہ چکھنے والا، لطف اٹھانے والا ؂

متلون (مُ-تَ-لَوْ-وِنْ) (ع) (۱) وہ شخص، جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو (۲) تبدیل ہونے والا (۳) مختلف رنگ اختیار کرنے والا ؂ **متلوّن مزاج**۔ غیرمستقل مزاج۔ وہ شخص، جس کا مزاج وقتاً فوقتاً بدلتا رہے ؂

متلی (مَ-تْ-لِیْ) (ہ) مؤنّث۔ طبیعت کا مالش کرنا۔ ابکائی۔ غثیان (ہونا کے ساتھ) ؂

متمادی (مُ-تَ-مَا-دِیْ) (ع) لمبا۔ دراز۔ طویل ؂

متمتع (مُ-تَ-مَتْ-تِعْ) (ع) (۱) فائدہ اٹھانے والا۔ مستفید۔ تمتّع حاصل کرنے والا (۲) حج کا عمرہ کرنے والا ؂

متمدن (مُ-تَ-مَدْ-دِنْ) (ع) (۱) بسنے والا (۲) مہذّب ؂

متمرد (مُ-تَ-مَرْ-رِدْ) (ع) سرکش۔ نافرمان۔ پھرا ہُوا۔ باغی ؂

متمکن (مُ-تَ-مَکْ-کِنْ) (ع) جگہ پکڑنے والا۔ قرار پکڑنے والا۔ قائم۔ جاگزیں ؂

متملق (مُ-تَ-مَلْ-لِقْ) (ع) تملّق پسند۔ خوشامدی۔ ہاں میں ہاں ملانے والا ؂

متمم (مُ-تَمْ-مِمْ) (ع) تمام کرنے والا۔ ختم کرنے والا۔ پورا کرنے والا ؂

متمنی (مُ-تَ-مَنْ-نِیْ) (ع) تمنّا کرنے والا۔ خواہش مند۔ آرزومند ؂

متموج (مُ-تَ-مَوْ-وِجْ) (ع) موجیں مارنے والا۔ لہریں لینے والا ؂

متمول (مُ-تَ-مَوْ-وِلْ) (ع) مال دار۔ دولت مند۔ امیر ؂

متمیز (مُ-تَ-مَیْ-یِزْ) (ع) (۱) جدا ہونے والا (۲) علاحدہ۔ الگ ؂

متن (مَتْن) (ع) مذکر (۱) کتاب کی اصل عبارت، جس کی شرح کی جائے (۲) وسط۔ درمیانی حصہ۔ درمیان۔ بیچ (۳) استوار۔ مضبوط (۴) پشت۔ پیٹھ (۵) سخت اور اونچی زمین ٭

مَتنا (مَت۔ نا) (ہ) مذکر۔ نیشکر کی ایک قسم ٭

مُتنا (مُت۔ نا) (ہ) مذکر۔ بستر پر پیشاب کر دینے والا بچہ (عورت کے لیے مُتنی) ٭

مُتنازَع (مُت۔ نا۔ زَع) (ع) وہ چیز، جس پر جھگڑا ہو۔ جھگڑا کیا گیا ٭ مُتنازِع۔ ایک دوسرے سے خصومت کرنے والا ٭ مُتنازَع فیہ۔ وہ، جس میں نزاع ہو ٭ مُتنازَعہ (صفت مؤنث) جس چیز کی بابت جھگڑا ہو ٭

متناسب (مُت۔ نا۔ سِب) (ع) تناسب رکھنے والا۔ نسبت رکھنے والا ٭

متناقص (مُت۔ نا۔ قِص) (ع) نقص رکھنے والا۔ ناتمام۔ ناقص ٭

متناقض (مُت۔ نا۔ قِض) (ع) نقیض رکھنے والا۔ مخالف۔ برعکس۔ منافی۔ الٹا ٭

متناہی (مُت۔ نا۔ ہِی) (ع) انتہا کو پہنچنے والا۔ حد کو پہنچا ہوا ٭

متنبّہ (مُت۔ نَب۔ بِہ) (ع) تنبیہ کیا گیا۔ ہوشیار۔ چوکس (۲) آگاہ۔ مُطّلع۔ خبردار ٭ مُتنبّہ کرنا (۱) آگاہ کرنا۔ جتانا (۲) ہوشیار کرنا۔ چوکس کرنا ٭

متنبّی (مُت۔ نَب۔ بِی) (ع) (۱) نبوت کا دعویٰ کرنے والا (۲) ایک بلندپایہ عرب شاعر کا تخلص ٭

متنجن (مُتَن۔ جَن) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا میٹھا پلاؤ، جس میں ترشی بھی پڑتی ہے ٭

متنفّر (مُت۔ نَف۔ فِر) (ع) نفرت کرنے والا۔ کراہت کرنے والا۔ بیزار ٭

متنفّس (مُت۔ نَف۔ فِس) (ع) (۱) نفس رکھنے والا۔ جان دار (۲) انسان۔ آدمی۔ بشر۔ نفر ٭

مُتنی (مُت۔ نی) (ہ) مؤنث۔ آلۂ تناسل ٭

متواتر (مُت۔ وَا۔ تِر) (ع) لگاتار۔ مسلسل۔ سلسلہ وار۔ جاری۔ یکے بعد دیگرے ٭

متوازی (مُت۔ وَا۔ زِی) (ع) برابر فاصلے پر رہنے والا۔ برابر ہونے والا ٭

متواضع (مُتَوا۔ ضِع) (ع) (۱) تواضع کرنے والا۔ عاجزی کرنے والا (۲) خاطر مدارات کرنے والا ٭

متوالا (مَت۔ وَا۔ لا) (ہ) (۱) مستانہ۔ نشے میں چور۔ مدہوش۔ مست (۲) وہ بڑا گول پتھر، جسے دفعِ دشمن کے لیے قلعے کی دیوار سے لڑھکاتے ہیں ٭

متوالی (مُت۔ وَا۔ لِی) (ع) (۱) پے درپے آنے والا (۲) وہ عدد، جو باربار آئے ٭

متوجّہ (مُت۔ وَج۔ جِہ) (ع) (۱) توجہ کرنے والا۔ دھیان دینے والا۔ ملتفت (۲) راغب (۳) مخاطب (۴) نظرِ عنایت رکھنے والا۔ مہربان (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

متوحّش (مُت۔ وَح۔ حِش) (ع) (۱) وحشت میں ڈالنے والا (۲) وحشت میں پڑنے والا۔ نفرت کرنے والا ٭

متورّع (مُت۔ وَر۔ رِع) (ع) پرہیزگار۔ پارسا۔ زاہد۔ عابد ٭

متورّم (مُت۔ وَر۔ رِم) (ع) سوجنے والا۔ سوجا ہوا ٭

متوڑا (مُتو۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ سوتے میں بستر پر پیشاب کر دینے والا (مؤنث کے لیے مُتوڑی) ٭

متوسط (مُت۔ وَس۔ سِط) (ع) (۱) درمیانی۔ بیچ کا۔ میانہ (۲) رسمی۔ معمولی۔ رواجی ٭

متوسط الحال۔ وہ، جس کی حالت اوسط درجے کی ہو۔ نہ امیر، نہ غریب ٭

متوسّل (مُت۔ وَس۔ سِل) (ع) (۱) وسیلہ ڈھونڈنے والا (۲) وسیلہ ہونے والا۔ مربی (۳) نزدیکی چاہنے والا۔ سبب ڈھونڈنے والا، وسیلہ بنانے والا ٭

متوطّن (مُت۔ وَط۔ طِن) (ع) رہنے والا۔ اصلی باشندہ۔ مکین۔ مقیم۔ ساکن ٭

متوفّی (مُت۔ وَف۔ فا) (ع) مرا ہوا۔ جہان سے گزرا ہوا۔ وفات یافتہ ٭

متوقّع (مُت۔ وَق۔ قِع) (ع) توقع رکھنے والا۔ آس رکھنے والا۔ امّیدوار ٭

متوقّف (مُت۔ وَق۔ قِف) (ع) توقف کرنے والا۔ دیر کرنے والا۔ ٹھہرنے والا ٭

متوکّل (مُت۔ وَک۔ کِل) (ع) توکل پر رہنے والا۔ بھروسا کرنے والا۔ صابر ٭

متولّد (مُت۔ وَل۔ لِد) (ع) پیدا ہونے والا ٭

متولّی (مُت۔ وَل۔ لِی) (ع) (۱) انتظام کرنے والا (۲) جائداد وقف کا منتظم۔ ٹرسٹی ٭

متوہّم (مُت۔ وَہ۔ ہِم) (ع) وہم کرنے والا۔ وسواسی ٭

متھا (مَتھ۔ تھا) (ہ) مذکر۔ ماتھا۔ پیشانی ٭ متھا پھٹول۔ مذکر۔ معمولی صاحب سلامت ٭

متھانی (مَتھا۔ نی) (ہ) مؤنث۔ دہی بلونے کی لکڑی۔ متھنی۔ رئی۔ بلونی ٭

مَتھرا (مَتھ-رَا) (س) مذکر۔ ایک مشہور شہر، جو جمنا کے کنارے ہندوؤں کا بڑا تیرتھ ہے ٭

مُتھرا (مُتھ-رَا) (ہ) کُند (اکثر چاقو چھری کے لیے مستعمل ہے) ٭

مَتھَرِی (مَتَھ-رِیْ) (ہ) مؤنث۔ وہ جگہ، جو گھوڑوں کے اصطبل میں پیشاب کے لیے بنائی جاتی ہے ٭

مُتّہم (مُتْ-تَہَم) (ع) وہ شخص، جس پر تہمت لگائی گئی ہو ٭

متھن (مِتھُن) (س) مذکر۔ آسمان کا تیسرا بُرج، جسے جوزا بھی کہتے ہیں ٭

متھنا (مَتھ-نَا) (ہ) (۱) بلونا۔ مکھن نکالنے کے لیے دہی بلونا (۲) مارنا۔ پیٹنا (۳) کسی بات کا کھوج نکالنے کے لیے بار بار پوچھنا ٭

متھنی۔ مؤنث۔ دیکھیے "متھانی" ٭

مَتّی (مَتِّیْ) (عبرانی میں مَتّی) مذکر۔ حضرت عیسٰیؑ کا ایک حواری ٭

مِتی (مِتِیْ) (ہ) مؤنث (۱) تاریخ۔ تتھ (۲) سود کی تاریخ۔ وہ تاریخ، جس سے سُود لگایا جائے (۳) روپیہ ادا کرنے کا وقفہ (۴) سُود۔ بیّا۔ منافع۔ سود کی تاریخ ٭ **مِتی پُگنا**۔ روپیہ ادا کرنے کی تاریخ کا پورا ہونا۔ ہنڈی کی میعاد کا ختم ہوجانا ٭ **مِتی کاٹا**۔ مذکر۔ وہ حساب، جس کے مطابق مدّتِ معیّنہ کا سود ہنڈی پر لیتے ہیں۔ کٹوتی ٭ **مِتی وار** (و) (ہندو) تاریخ وار۔ تاریخ کے مطابق ٭

متیرا (مَتِیْ-رَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چھوٹا اور نہایت میٹھا تربوز ٭

مُتیقّن (مُتَ-یَقْ-قَنْ) (ع) وہ امر، جس کا یقین ہو۔ یقین کیا گیا۔ یقینی ٭

متین (مَتِیْن) (ع) (۱) استوار۔ مضبوط (۲) ٹھوس۔ پُر (۳) مستقل مزاج ٭

م-ٹ

مِٹ (مِٹْ) (ہ) مٹنا کا امر ٭ **مِٹ جانا** (۱) بے نشان ہوجانا۔ تباہ و برباد ہوجانا (۲) عاشق ہوجانا (۳) محو ہوجانا (۴) زائل ہوجانا ٭ **مِٹا** (۱) مٹنا سے ماضی مطلق (۲) مٹانا کا امر ٭ **مِٹانا** (۱) نابود کرنا۔ معدوم کرنا (۲) زائل کرنا۔ چھیلنا۔ کھرچنا (۳) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۴) رد کرنا۔ منسوخ کرنا ٭ **مِٹنا** (۱) محو ہونا۔ معدوم ہونا۔ ناپید ہونا (۲) چھیلا جانا۔ زائل ہونا (۳) برباد ہونا۔ تباہ ہونا (۴) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا (۵) رد ہونا۔ منسوخ ہونا ٭

مُٹاپا (مُٹَا-پَا) (ہ) مذکر۔ مُٹائی۔ فربہی۔ تیاری۔ پُھلاوٹ ٭ **مُٹاپا چڑھنا**۔ جسم کا پھول جانا۔ فربہ ہونا ٭

مُٹائی (مُٹَا-اِیْ) (ہ) مؤنث۔ مٹاپا۔ فربہی۔ دبیزن۔ تیاری۔ جسامت ٭

مُٹ بھیڑ (مُٹْ-بِھیْڑ) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "مُٹھ بھیڑ" ٭

مُٹ بھیڑ ہونا۔ دیکھیے "مُٹھ بھیڑ ہونا" ٭

مٹر (مَٹَر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا غلہ، جس کے گول گول دانے ہوتے ہیں ٭ **مٹر سی آنکھیں** (مؤنث) مٹر سے دید سے (مذکر) چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔ ننھی ننھی آنکھیں ٭

مٹرگشت (و) مذکر (۱) آوارہ گردی۔ کوچہ گردی (۲) سیر۔ ہوا خوری (کرنا، لگانا کے ساتھ) ٭

مٹک (مَٹَک) (ہ) مؤنث (۱) مٹکنا کا امر (۲) چوچلا۔ نازنخرا (۳) نخرے کی چال ٭ **مٹکا** (۱) مٹکنا سے ماضی مطلق (۲) مٹکانا کا امر ٭ **مٹکانا** (۱) پھرانا۔ گھمانا۔ گردش دینا۔ مچکانا (۲) نچانا۔ ہلانا (۳) (عو) زیب تن کرنا ٭ **مٹکنا** (۱) ناز دکھانا۔ نخرا کرنا (۲) ہاتھوں کو نچانا ٭

مٹکا (مَٹْ-کَا) (ہ) مذکر۔ بڑا گھڑا۔ گاگر۔ خُم ٭ **مٹکی**۔ مؤنث (۱) چھوٹا گھڑا۔ ٹھلیا (۲) شراب کا گھڑا (۳) دہی جمانے کا برتن۔ چاٹی ٭ **مٹکینا**۔ مذکر۔ مٹی کا آبخورہ۔ کوزہ ٭

مُٹکنا (مُٹَک-نَا) (ہ) چھوٹا اور نہایت خوب صورت۔ متوسط۔ پستہ۔ چھوٹا۔ میانہ ٭ **مُٹکنا سا قد** (و) مذکر۔ میانہ اور موزوں قد۔ بوٹا سا قد ٭

مٹکو (مَٹَک-کُوْ) (ہ) مؤنث۔ وہ عورت، جو بے حد ناز نخرا کرے اور مٹک مٹک کر چلے ٭

مٹّل مٹلا (مُٹَ-ٹَل، مُٹَل-لَا) (ہ) موٹے جسم کا۔ بھدا۔ نہایت تنومند ٭

مٹن (مَٹَن) (انگ Mutton) مذکر۔ بھیڑ یا بکری کا گوشت ٭

مٹن چاپ Mutton chop مذکر۔ انگریزی طرز کے پسندے، جو سینے کے گوشت سے تیار کیے جاتے ہیں ٭

مَٹھ (مَٹھ) (ہ) مذکر (۱) خانقاہ۔ دھرم سالہ (۲) ہندو فقیروں کی جھونپڑی۔ کُٹی (۳) مذہبی مدرسہ۔ پاٹ شالا (۴) نیل کا حوض ٭

مَٹھ دھاری۔ مذکر (ہندو) بیراگی۔ جوگی۔ مہنت ٭

مَٹھ مارا جانا۔ بگڑ جانا۔ خراب ہوجانا۔ ستیاناس ہوجانا ٭

مِٹھ (مِٹھ) (ہ) میٹھا کا مخفف۔ میٹھا۔ شیریں ٭ **مِٹھ بولا، مِٹھ بولنا**۔ مذکر۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ شیریں کلام ٭ **مِٹھ لونا، مَٹھ لونا**۔ پھیکے نمک کا۔ جس میں نمکینی کے ساتھ کچھ میٹھاپن ہو ٭

مِٹھاس۔ مؤنث۔ شیرینی۔ حلاوت۔ رس۔ مٹھائی ٭

مِٹھائی۔ مؤنث۔ شیرینی۔ لڈو پیڑا وغیرہ ٭ **مِٹھری**۔ مؤنث۔ میٹھی نمکین تلی ہوئی خستہ ٹکیا ٭ **مِٹھریاں**۔ مؤنث (۱) مٹھری کی جمع (۲) دودھ پیتے بچے کی ہچکیاں ٭

مُٹھ (مُٹھ) (ہ) مؤنث (۱) مُشت۔ گھونسا۔ مُکّا (۲) مُٹھی۔ چنگل۔ پنجہ (۳) دستہ۔ قبضہ۔ پکڑ (۴) مٹھولا۔ ہتھرس۔ جلق ٭

مُٹھ بھیڑ۔ مؤنث (۱) مقابلہ۔ آمنا سامنا (۲) گتھ جانا (۳) اتفاقیہ ملاقات ٭ **مُٹھ بھیڑ ہونا** (۱) گتھ جانا (۲) اتفاقیہ ملاقات ہونا ٭

(۳) راستے میں آمنا سامنا ہو جانا ٭ **مٹھ مارنا** ۔ ہتھرس کرنا۔ جلق زنی کرنا ٭ **مٹھ مرد** (ل) مذکر (۱) مضبوط اور قوی ہیکل آدمی۔ زبردست۔ زور آور ۔کڑا۔ سخت (۲) چور۔ دزد۔ لٹیرا۔ رہزن ٭ **مٹھ مردی**۔ مؤنث (۱) سینہ زوری ۔ شہ زوری ۔ زبردستی ۔ زور آوری (۲) ظلم ۔ستم ۔ جفا ۔ جور۔ جبر۔ تعدی (۳) اندھیر۔ غضب۔ سختی ۔تندی ٭ **مٹھا** ۔ مذکر (۱) مٹھی ۔ لپ (۲) مٹھ ۔ دستہ ۔ قبضہ ۔ گرفت (۳) ہل کا وہ حصّہ ، جہاں سے اُسے پکڑے رکھتے ہیں ٭ **مٹھی** ۔ مؤنث (۱) مُشت ۔ چنگل ۔ قبضہ (۲) مکّی (۳) ایک مُشت کے برابر مقدار ۔ لپ بھر (۴) پکڑ۔ گرفت (۵) بند ہاتھ کی مقدار، جو ماپنے میں آتی ہے (۶) مالش ۔ چاپی ۔ دلک ٭ **مٹھی بھر**۔ لپ بھر۔ ایک مُشت مقدار کے برابر ٭ **مٹھی بھرنا** ۔ دیکھیے "مٹھیاں بھرنا" ٭ **مٹھی گرم کرنا** (ل) (۱) کسی کے ہاتھ میں نقدی دینا ۔ منہ بھرائی دینا۔ رشوت دینا (۲) ناجائز فائدہ اٹھانا ٭ **مٹھی میں ہونا** ۔ قبضے میں ہونا۔ قابو میں ہونا ۔ اختیار میں ہونا ٭ **مٹھیا** ۔ مؤنث (۱) ہل کی موٹھ (۲) کمان کی وہ جگہ ، جہاں ہاتھ رہتا ہے (۳) قبضہ۔ موٹھ (۴) گرڈ کی پتی ٭ **مٹھیاں** ۔ مؤنث ۔ مٹھی کی جمع ٭ **مٹھیاں بھرنا** ۔ چپی کرنا۔ پاؤں دبانا ٭ **مٹھیانا** (۱) ہاتھ میں پکڑنا (۲) قبضے میں لانا ۔ ہتھیانا (۳) عموماً ہر چیز کا اور خصوصاً آلۂ تناسل کا مٹھی میں رکھنا (۴) جلق لگانا ٭

مَٹھا (مَٹھَا) (ہ) مذکر۔ پتلا دہی ۔ چھاچھ ٭

مَٹھا (مَٹھ۔ ٹھَا) (ہ) (۱) مذکر۔ ایک قسم کا پکوان (۲) (صفت مذکر) ڈھیلا۔ سست ۔ تھکا ہوا (۳) موٹی سمجھ کا ۔ کند ذہن ۔ غبی ٭ **مٹھا پن** ۔ مذکر۔ کاہلی ۔سستی ۔کند ذہنی ٭

مُٹھا (مُٹھ۔ ٹھَا) (ہ) مذکر (۱) گٹھا ۔ کاغذوں کا پشتارہ ۔ گڈا ۔ بنڈل (۲) لکڑی کا وہ اوزار ، جسے تانت پر مار کر روئی دھنتے ہیں ٭

مَٹھار (مَٹھَار) (ہ) مٹھارنا کا امر ٭ **مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا** (۱) مزے لے لے کر باتیں کرنا (۲) تمکنت سے بولنا ٭ **مٹھارنا** (۱) باتیں بنانا ۔ بنا بنا کر باتیں کرنا (۲) تفسیر کرنا ۔ شرح کرنا ۔ مفصل بیان کرنا (۳) چوڑا کرنا ۔ پھیلانا (۴) گول کرنا ۔ مدوّر بنانا (۵) آٹے کو لوچ دینا ۔ لیس پیدا کرنا ۔ یکّی دینا ٭

مِٹھو (مِٹھ۔ ٹھُو) (ہ) مذکر (۱) بولنے والا طوطا ۔ میاں مٹھو (۲) پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ (۳) بچوں کا چوما ٭

مٹھو سا (مُٹھُو۔ سَا) (ہ) مذکر (۱) وہ شخص ، جو کسی فکر یا رنج سے خاموش رہے اور کسی سے بات چیت نہ کرے (۲) وہ شخص ، جو دل کا حال کسی سے نہ کہے ٭

مٹھولا (مُٹھُو۔ لَا) (ہ) مذکر (ہندو) مُٹھ ۔ ہتھرس ۔ مشت زنی ۔ جلق ٭ **مٹھولے** ۔ مذکر۔ مٹھولا کی جمع ٭ **مٹھولے لگانا یا مارنا** ۔ ہتھرس کرنا ۔ مُشت زنی کرنا ۔ جلق لگانا ٭

مِٹھی (مِٹھ ۔ ٹھی) (ہ) مؤنث ۔ بچی ۔ پیار۔ چوما ٭

مِٹّی (مِٹ ۔ ٹی ، مَٹ ۔ ٹی ۔ م کی زیر سے زیادہ فصیح ہے ٭) (ہ) مؤنث (۱) زمین ۔ ارض ۔ دھرتی (۲) گیلی مٹی ۔ کیچڑ (۳) خاک ۔ دھول (۴) دنیا۔ سنسار ۔ کرۂ زمین (۵) ریت ۔ ریگ (۶) خاکستر۔ راکھ (۷) مادّہ ۔ سرشت ۔ خمیر ٭ **مٹی اٹھنا** ۔ فوت ہو جانا ۔ مرنا ٭ **مٹی اڑانا** (۱) خاک اڑانا (۲) بار ہا کہیں جانا ٭ **مٹی برباد کرنا** (ل) (۱) میت کو رسوا کرنا (۲) کسی کی خاک اڑانا ۔ بدنام کرنا ۔ ذلیل و خوار کرنا ٭ **مٹی پر لڑنا** (ہ) زمین پر جھگڑا کرنا ٭ **مٹی پکڑے سونا ہوتا ہے** ۔ ایسا اقبال مند ہے کہ اگر مٹی پر بھی ہاتھ ڈالتا ہے تو وہ سونے کی طرح فائدہ دیتی ہے ٭ **مٹی پلید کرنا** (ل) (۱) درگت بنانا ۔ برا حال کرنا ۔ ذلیل و رسوا کرنا (۲) دق کرنا ۔ ستانا ۔ ہنسی اڑانا ٭ **مٹی تھوپنا** (ہ) کہگل کرنا ۔ پلستر کرنا ٭ **مٹی ٹھکانے لگنا** ۔ میت کا دفن کر دیا جانا (دہلی میں اس جگہ "مٹی ٹھکانے سے لگ جانا" بھی کہتے ہیں ٭) **مٹی خراب کرنا** (ل) (۱) مُردے کی تجہیز و تکفین اچھی طرح نہ کرنا (۲) ذلیل کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا (۳) تکلیف دینا ۔ ستانا ۔ حیران کرنا (۴) ہنسی اڑانا ۔ احمق بنانا (۵) تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ بگاڑنا ۔ ستیاناس کرنا ٭ **مٹی خراب ہونا** (۱) میت کا اچھی طرح نہ اٹھایا جانا (۲) رسوا ہونا ۔ ذلیل ہونا ۔ خوار ہونا ۔ بدنام ہونا (۳) برا حال ہونا ۔ درگت ہونا (۴) دق ہونا ۔ حیران ہونا (۵) تباہ ہونا ۔ برباد ہونا (۶) پریشان ہونا ۔ آوارہ ہونا (۷) بے قدری ہونا۔ قدر نہ ہونا ٭ **مٹی خرابہ** ۔ مذکر (۱) تباہی ۔ بربادی ۔ خرابی ۔ ستیاناس (۲) رسوائی ۔ ذلت ۔ بے عزتی ٭ **مٹی خوار کرنا** ۔ دیکھیے "مٹی خراب کرنا" ٭ **مٹی خوار ہونا** ۔ دیکھیے "مٹی خراب ہونا" ٭ **مٹی دینا** (ہ) دفن کرتے ہوئے مٹی ڈالنا ۔ دفنانا ۔ قبر میں دفن کرنا ٭ **مٹی ڈالنا** (دہلی) (۱) خاک کا کسی جگہ ڈالنا (۲) (کنایۃً) درگزر کرنا ۔ پردہ پوشی کرنا ۔ چھپانا ۔ لعنت بھیجنا (اس جگہ لکھنؤ میں "خاک ڈالنا" مستعمل ہے) ٭ **مٹی ڈھونا** (۱) مٹی اٹھانے کی مزدوری کرنا ۔ قلی کا کام کرنا (۲) سخت مصیبت اٹھانا ۔ بے منفعت کام کرنا ٭ **مٹی سے مٹی مل جانا** ۔ میت کا دفن ہو جانا ٭ **مٹی عزیز کرنا** (ل) کسی مُردے کا دفن کفن اپنے ہاتھوں سے کرنا ۔ مٹی ٹھکانے لگانا (۲) گاڑنا ۔ دابنا ٭ **مٹی کا برتن** (ہ) مذکر ۔ کاسۂ گلی ۔ ظرفِ گلی ٭ **مٹی کا پتلا** (پنجر) مذکر (۱) خاکی جسم (۲) (مجازاً) آدمی ۔ انسان ٭ **مٹی کا تیل** (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا تیل ، جو لیمپ وغیرہ میں جلایا جاتا ہے ۔ کیروسین آئل ٭ **مٹی کا عطر** (ل) مذکر ۔ ایک قسم کا عطر ، جس کا جزو اعظم ملتانی یا پنڈول مٹی ہوتی ہے ۔ عطرِ گل ٭ **مٹی کا کھینچ لانا** (ہ) قضا کا اس جگہ لانا ، جہاں مرنا ہو ٭ **مٹی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں**۔ مثل ۔ ہر چیز ، چاہے کیسی ہی کم قیمت کیوں نہ ہو ، پوری احتیاط سے اور

دیکھ بھال کر لینی چاہیے ٭ **مٹّی کا مادھو**۔ بے وقوف۔ احمق ٭
مٹّی کرنا (۱) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ خاک میں ملانا (۲) مٹّی کے رنگ کا کر دینا۔ مَیلا کرنا (۳) (کھانا وغیرہ) ٹھنڈا کر دینا۔ بے لطف کر دینا (۴) لُٹانا۔ برباد کرنا ٭ **مٹّی کی مورت**۔ مؤنث (۱) مٹّی کی بنی ہوئی مورتی۔ قالبِ خاکی (۲) بے وقوف آدمی ٭ **مٹّی کے مادھو**۔ مذکر۔ نادان۔ بودکھ۔ بے وقوف ٭ **مٹّی کے مول**۔ بے حد سستا۔ نہایت ارزاں۔ کوڑیوں کے مول ٭ **مٹّی لے ڈالنا**۔ بار بار آنا جانا ٭ **مٹّی میں اَٹنا یا سَننا**۔ مٹّی سے بھرا جانا ٭ **مٹّی میں رنگنا** (ف) ملتانی مٹّی میں رنگنا ٭ **مٹّی میں لوٹنا** (ف) خاک پر لوٹنا ٭ **مٹّی میں مٹّی مِلنا**۔ خاک میں خاک مِلنا۔ فنا ہو جانا۔ خاک کے ساتھ خاک ہو جانا۔ دفن ہونا ٭ **مٹّی میں مِلانا** (۱) خاک میں ملانا۔ بے نشان کرنا۔ ناپید کرنا۔ مٹانا۔ دفن کرنا۔ دابنا (۲) بے لطف کرنا۔ بے مزہ کرنا (۳) برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔ گنوانا ٭ **مٹّی میں مِل جانا (مِلنا)** (۱) خاک میں مِل جانا (۲) جسم کا خاک ہو جانا (۳) خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا ٭ **مٹّی ہو جانا (ہونا)** (۱) راکھ ہو جانا۔ خاک ہو جانا۔ خاک میں مِل جانا (۲) خراب ہو جانا۔ نکمّا ہو جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ بگڑ جانا (۳) ماند ہو جانا۔ بے رونق ہو جانا (۴) مُردہ دل ہو جانا (۵) شرمندہ ہونا۔ شرما جانا (۶) ٹھنڈا ہو کر بگڑ جانا (۷) گلنا سڑنا (۸) دفن ہونا۔ مرنا ٭ **مَٹیا** (۱) مٹّی کے رنگ کا۔ رُگلی (۲) چکنی مٹّی کی زمین۔ چکنوٹ ٭ **مٹیا پھوس** (مذکر) (۱) از حد بوڑھا اور ناتواں، جس کی مٹّی یعنی جسم پھوس کی مانند پھُس پھُسا ہو گیا ہو (۲) بے کار۔ نکمّا ٭ **مٹیا کھٹس**۔ از حد کاہل اور سُست آدمی۔ مٹّی کی طرح ایک جگہ پڑا رہنے والا ٭ **مٹیا سانپ**۔ مذکر۔ بھورے رنگ کا سانپ۔ وہ سانپ، جس پر کالی کالی چتّیاں ہوں ٭ **مٹیا محل** (ف) مذکر (۱) چکنی مٹّی کا بنا ہوا مکان (۲) دہلی کا ایک محلّہ ٭ **مَٹیا رُ (۵)** (۱) مٹّی کا۔ مٹّی کے رنگ کا (۲) بھورا (۳) مکدر۔ گدلا (۴) مؤنث۔ وہ اراضی، جس میں ریت نہ ہو اور اعلیٰ درجے کی ہو (۵) جوان عورت ٭ **مَٹیال**۔ مذکر (۱) گڑھا، جس سے مٹّی کھودی جائے (۲) دیکھیے "مٹیالا" ٭ **مَٹیالا** (۱) مٹّی کا بنا ہوا۔ گِلی (۲) بھوسلا۔ بھورا (۳) مٹّی میں لتھڑا ہوا۔ مٹّی میں بھرا ہوا ٭ **مَٹیانا** (۱) مٹّی سے مَلنا یا صاف کرنا (۲) مٹّی کا پلستر کرنا (۳) مٹّی ہو جانا (۴) سُن کر ٹال جانا (۵) اغماض کرنا۔ چُپ سادھنا (۶) بجھ جانا۔ بجھنا۔ چراغ گل ہو جانا (۷) ہموار ہو جانا ٭

م۔ث

مُثاب (مُثَاب) (ع) (۱) ثواب دیا گیا (۲) لائق۔ صِلے کے لائق، اجر کے لائق ٭
مِثال (مِثَال) (ع) مؤنث (۱) مانند۔ نظیر۔ مشابہت۔ تمثیل (۲) صورت تمثال۔ تصویر (۳) نمونہ (۴) حکایت۔ کہانی (۵) کہاوت۔ مثل۔ بیان (۶) ایک عالم، جو اس عالم اور عالمِ ارواح کے درمیان ہے۔ جو کچھ اس عالمِ ظاہری میں پایا جاتا ہے، اُس میں بھی موجود ہے۔ عالمِ خواب ٭ **مِثال دینا** (ف) نظیر دینا۔ تشبیہ دینا ٭
مثانہ (مَثَا۔ نَہ) (ع) مذکر۔ وہ پھُکنا، جس کے اندر پیشاب رہتا ہے۔ کیسۂ بَول ٭
مُثبت (مُث۔ بَت) (ع) (۱) وہ، جو منفی نہ ہو۔ ساکن کیا گیا۔ قائم کیا گیا (۲) ثبت کیا گیا۔ لکھا گیا۔ مرقوم ٭
مُثبّت (مُثَب۔ بَت) (ع) (۱) مقرر شدہ (۲) ثابت شدہ۔ ثابت (۳) تصدیق کیا گیا (۴) لکھا ہوا (۵) نشان کیا ہوا۔ اسٹام لگا ہوا۔ مُہر لگا ہوا ٭ **مُثبّتہ**۔ دیکھیے "مثبّت" ٭ **مُثبّتہ اسٹام** (ف) مذکر۔ وہ کاغذ، جس پر اسٹام لگایا گیا ہو ٭
مِثقال (مِث۔ قَال) (ع) مذکر (۱) ساڑھے چار ماشے کا وزن (۲) سونے کا ایک سکّہ، جو عرب میں رائج ہے ٭
مَثَل (مَثَل) (ع) مؤنث (۱) مثال۔ کہاوت (۲) کہانی۔ داستان ٭
مِثل (مِثْل) (ع) (۱) مانند۔ مِلتا ہوا۔ ہم شکل۔ برابر۔ یکساں۔ موافق۔ جیسے (۲) (ف) مؤنث۔ مقدمے کی کیفیت یا کارروائی۔ روداد مقدمہ۔ مِسل ٭ **مِثل مرتب کرنا** (ف) مقدمے کے کاغذات ترتیب وار لگانا ٭ **مِثل مرتب ہونا۔ یا۔ بننا**۔ کسی مقدمے کی ساری کارروائی کے کاغذات کا اکٹھا ہو کر ترتیب دیا جانا ٭ **مِثلی**۔ مذکر (۱) وہ شخص، جس کی مثل بنی ہوئی ہو۔ سزا یافتہ (۲) پُرانا مجرم۔ نامی چور ٭ **مِثلی اُچکّا۔ یا۔ چور۔ یا۔ بدمعاش**۔ مذکر۔ وہ اُچکّا، جو سزا پا چکا ہو۔ نامی بدمعاش۔ سزا یافتہ چور ٭
مثلاً (مَث۔ لَن) (ع) جیسے۔ جس طرح۔ گویا۔ یعنی ٭
مثلّث (مُثَل۔ لَث) (ع) مذکر (۱) وہ سطح، جو تین خطوطِ مستقیم سے گھِری ہو۔ تین ضلعوں کی شکل۔ تکون۔ تکھونٹ (۲) وہ نظم، جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں (۳) تکونا۔ سہ گوشہ (۴) وہ علم، جس میں مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کی جاتی ہے۔ زاویوں کی پیمائش کا علم ٭ **مثلّث حادّ الزّاویہ**۔ مذکر۔ وہ مثلث، جس کے تمام زاویے حادّے ہوں ٭ **مثلّث قائم الزّاویہ**۔ مذکر۔ وہ مثلث، جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو ٭ **مثلّث متساوی الاضلاع**۔ مذکر۔ وہ مثلث، جس کے تینوں ضلعے آپس میں برابر ہوں ٭ **مثلّث متساوی السّاقین**۔ مذکر۔ وہ مثلث، جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں ٭ **مثلّث مختلف الاضلاع**۔ مذکر۔ وہ مثلث، جس کے تینوں ضلعے آپس میں برابر نہ ہوں ٭ **مثلّث منفرجۃ الزّاویہ**۔ مذکر۔ وہ مثلث، جس کا ایک زاویہ منفرجہ ہو ٭ **مثلّثی** (ف) تکونیا۔ تکھونٹا ٭
مُثمر (مُث۔ مِر) (ع) فائدہ مند۔ فائدہ دینے والا ٭
مُثمّن (مُثَم۔ مَن) (ع) (۱) آٹھ ضلعوں کا (۲) مذکر۔ آٹھ ضلعوں کی شکل (۳)

مؤنث (اصطلاح علم عروض) وہ شعر، جس میں آٹھ رکن ہوں۔

مثنا۔ مثنّیٰ (مُثَنْ۔ نا) (ع) (۱) دوسرا۔ تثنیہ۔ ثانی (۲) مذکر۔ نقل مطابق اصل، دوسری نقل (۳) جوڑا۔ جفت۔ جوڑ۔ **مثنّیٰ بہٖ** ۔ مذکر۔ وہ اصل، جس سے نقل کی گئی ہو۔

مثنوی (مَث۔ نَوِیْ) (ع) (۱) دو دو کیا گیا۔ چونکہ مثنوی کی بیتوں میں ہر بیت کے دو قافیے علحدہ علحدہ ہوتے ہیں، اس لیے ابیات مختلفہ کو مثنوی کہنے لگے، یعنی ایسی نظم جس کے ہر شعر کا قافیہ جدا اور دونوں مصرعوں کا متفق ہو۔ کُل مثنوی ایک ہی بحر میں ہوتی ہے اور اس کے اشعار کی کوئی خاص تعداد نہیں (۲) مولانا روم[ؒ] کی مشہور و معروف نظم کی کتاب۔

م۔ج

مجادل (مُجَا۔ دِلْ) (ع) لڑنے والا۔ جھگڑنے والا۔ **مُجَادَلَہ** ۔ مذکر (۱) جنگ۔ لڑائی۔ خونریزی۔ ہنگامہ (۲) تنازع۔ بکھیڑا۔ جھگڑا (۳) خصومت۔ عداوت۔ دشمنی (۴) مباحثہ۔ تکرار۔ حجت۔

مجاذیب (مُجَا۔ ذِیْب) (ع) مذکر۔ مجذوب کی جمع۔

مجاری (مُجَا۔ رِیْ) (ع) مذکر۔ جاری ہونے کی جگہیں۔ **مجاریہ** (قانون) جاری شدہ۔ نافذہ۔ مروّجہ۔ رواں۔

مَجاز (مَجَاز) (ع) مذکر (۱) حقیقت کے برعکس (۲) وہ کلمہ، جو اپنے حقیقی معنی کے خلاف مستعمل ہو، لیکن اس کے حقیقی موضوع معنی متروک نہ ہو گئے ہوں۔ **مجاز مرسل** ۔ مذکر۔ علم بیان میں اس مجاز سے مراد ہے، جس میں سبب سے مسبّب، ظرف سے مظروف، کُل سے جزو وغیرہ مراد لے سکتے ہیں۔ **مجازاً** (و) (۱) فرضاً۔ مراداً (۲) قانوناً۔ حسب قانون۔ شرعاً۔ از روئے شرع۔ **مجازی** (۱) غیر حقیقی، غیر اصلی (۲) فرضی۔ مرادی۔ فرض کیا ہوا (۳) مصنوعی، جعلی۔ نقلی۔

مُجاز (مُجَاز) (ع) اجازت دیا گیا۔ اختیار دیا گیا۔ مختار (ہونا کے ساتھ)۔ **مُجازِ سماعت** ۔ سننے اور منظور کرنے کا اختیار رکھنے والا۔

مجال (مَجَالْ) (ع) مؤنث (۱) چکر دینے کا میدان۔ جولان گاہ (۲) (مجازاً) طاقت۔ قدرت۔ بساط۔ حوصلہ۔ مقدور۔ بس۔ **مجال رکھنا** (ہونا) (ف) کسی بات کی قدرت رکھنا۔

مجالس (مَجَا۔ لِسْ) (ع) (لکھنؤ میں مذکر، دہلی میں مؤنث) مجلس کی جمع۔ مجلسیں۔ سبھائیں۔ انجمنیں۔ **مُجالَسَت** ۔ مؤنث۔ باہم مل کر بیٹھنا۔ ہم نشینی۔

مجامع (مَجَا۔ مِعْ) (ع) مذکر۔ مجمع کی جمع۔

مجامعت (مُجَا۔ مَعَتْ) (ع) مؤنث۔ صحبت۔ ہم بستری۔ مباشرت۔ جماع (کرنا کے ساتھ)۔

مجاور (مُجَا۔ وِرْ) (ع) مذکر۔ پاس رہنے والا۔ ہمسایہ۔ پڑوسی (۲) (۱) مزار کا محافظ۔ جاروب کش۔ پجاری۔

مجاہد (مُجَا۔ ہِدْ) (ع) مذکر (۱) کوشش کرنے والا۔ ساعی (۲) غازی۔ کافروں سے لڑنے والا۔ **مُجَاہَدَہ** ۔ مذکر (۱) سعی۔ کوشش۔ جان فشانی (۲) مشقت۔ ریاضت۔ محنت (۳) مذہبی جنگ کافروں سے لڑنا۔ **مجاہدین** ۔ مذکر۔ مجاہد کی جمع۔ مذہب پر لڑنے والے۔ غازی۔

مجبور (مَج۔ بُوْر) (ع) تنگ۔ بے بس۔ ناچار۔ **مجبور کرنا** (ف) ناچار کرنا۔ بے بس کرنا۔ تنگ کرنا۔ دبانا۔ ستانا۔ **مجبور ہونا** ۔ عاجز ہونا۔ بے بس ہونا۔ تنگ آنا۔ **مجبوراً** ۔ جبر سے۔ عاجز ہو کر۔ تھک کر۔ **مجبوری** ۔ مؤنث۔ ناچاری۔ بے بسی۔ عاجزی۔

مجتبیٰ (مُج۔ تَبَا) (ع) (۱) چُنا ہوا۔ برگزیدہ۔ منتخب۔ چھانٹا ہوا۔ پسندیدہ (۲) رسول اللہ (صلعم) کا لقب۔

مجتث (مُج۔ تَث) (ع) مؤنث۔ علم عروض کی ایک بحر۔

مجتمع (مُج۔ تَمَع) (ع) جمع کیا گیا۔ اکٹھا کیا گیا۔

مجتنب (مُج۔ تَنِبْ) (ع) پرہیز کرنے والا۔ دُور رہنے والا۔ علٰحدگی اختیار کرنے والا۔

مجتہد (مُج۔ تَہِدْ) (ع) (۱) کوشش کرنے والا۔ جد و جہد کرنے والا (۲) ٹھیک اور عمدہ راستہ نکالنے والا (۳) امامیہ فرقے کا فقیہ، پیشوائے مذہب (۴) کافروں سے جہاد کرنے والا۔

مجد (مَجْد) (ع) مذکر۔ بزرگی۔ عظمت۔

مجدّد (مُجَدْ۔ دِدْ) (ع) تجدید کرنے والا۔ پُرانے کو نیا کرنے والا۔ **مُجَدِّدِ اَلفِ ثانی** ۔ مذکر (۱) دوسرے ہزار برس کا مجدد (۲) (مراداً) حضرت شیخ احمد سرہندی[ؒ]۔ **مجدّداً** ۔ نئے سرے سے۔

مجذوب (مَج۔ ذُوْب) (ع) (۱) جذب کیا گیا۔ کھینچا گیا (۲) صاحب جذبہ۔ خدا کی محبت میں غرق (۳) (ف) بے خود۔ مست۔ بے ہوش۔ آپے سے باہر (۴) پاگل۔ دیوانہ۔ سودائی۔ سڑی۔ **مجذوب کی بڑ** (ف) مؤنث۔ بے سروپا باتیں۔ بے معنی باتیں۔ مجنونانہ بکواس۔

مجذور (مَج۔ ذُوْر) (ع) مذکر۔ مربّع۔ کسی عدد کو فی نفسہٖ ضرب دینے سے جو حاصل ضرب پیدا ہو، اُسے مجذور یا اُس عدد کا مربّع کہتے ہیں اور اُس عدد کو جذر۔ فی نفسہٖ ضرب کھایا ہوا۔

مجذوم (مَج۔ ذُوْم) (ع) جذامی۔ کوڑھی۔ مبروص۔

مجرا (مَج۔ رَا) (ع) مذکر (۱) جاری ہونے کی جگہ (۲) دریا کا راستہ (۳) نالی۔ بدررو۔ نہر۔ **مجرائے آبِ عملی** (ع۔ ف) مذکر۔ انسان کی بنائی ہوئی پانی بہنے کی راہ، جیسے بدررو۔ **مجرائے آبِ دریا** ۔ مذکر۔ دریا۔ ندی۔

مُجرا (مُج۔ رَا) (ع) مذکر (۱) جاری کیا گیا (۲) محسوب کیا گیا۔ منہائی۔ کٹوتی (۳) (ف) بندگی۔ آداب۔ کورنش۔ تسلیمات (۴) ناچ گانا، رقص و سماع (۵) بادشاہوں یا امراء کا سلام۔ ملازمت۔ باریابی (۶) مرثیہ، جو رباعی یا غزل یا قصیدے یا قطعے کی طرز پر کہا

اور اس کے مطلع یا پہلے شعر میں لفظ مجرا یا سلام لایا جاتا ہے ؛
مجرا پانا (ف) (۱) روپیہ وصول پانا - بھر پانا (۲) باریابی پانا ؛ **مجرا دینا** - حساب میں محسوب کر دینا - کاٹ دینا - وضع کر دینا - حساب میں لگا دینا ؛
مجرا طلبی - مؤنث (قانون) الٹا دعویٰ - دعویٰ بالمقابل ؛ **مجرا کرنا** (۱) محسوب کرنا - حساب میں لگانا (۲) منہا کرنا - وضع کرنا - کاٹ دینا (۳) آداب بجالانا (۴) تسلیمات کرنا (۵) بطور سلام ناچنا گانا ؛ **مجرا لینا** - کاٹ لینا - حساب میں لگا لینا - محسوب کر لینا ؛ **مجرا ہونا** (۱) حساب میں لگایا جانا - وصول ہونا - وضع ہونا (۲) ناچ گانا ہونا ؛ **مجرائی** - مذکر (۱) مجرا بجالانے والا - سلام کرنے والا - سلامی (۲) درباری - وہ لوگ، جو صرف سلام کرنے کی تنخواہ پاتے ہیں - منصب دار (۳) منہائی - کمی (۴) وہ شاعر، جو سلام نظم میں کہے ؛ (معنی ۱، ۲، ۴ میں اکثر مجرئی ہے) ؛

مجرّب (مُجَرْ - رَب) (ع) آزمایا گیا - آزمودہ - مؤثر - تیر بہدف ؛
مجرّبات - مذکر - تجربہ کی ہوئی چیزیں - آزمائے ہوئے نسخے ؛

مجرّد (مُجَرْ - رَد) (ع) (۱) اکیلا - تنہا - جریدہ (۲) آزاد - کنوارا - ناکتخدا (۳) وہ شخص، جو دنیا سے الگ ہو گیا ہو - تارک الدنیا - سنیاسی (۴) وہ شے، جو مادّے سے پاک ہو ؛ **مجرّد رہنا** (ف) شادی نہ کرنا - کنوارا رہنا - آزاد رہنا - جتی ستی رہنا ؛ **مجرّد سب سے اعلیٰ جس کے لڑکا نہ بالا - مجرّد سب سے اعلیٰ جس کے سسرا نہ سالا** - آزاد آدمی سب سے اچھا ہے، جسے کسی کا غم نہ فکر ؛ **مجرّدات** - (ع) مذکر (۱) غیر مادی وجود - وجود بے جسم - غیر محسوس (۲) ارواح - ملائک ؛ **مجرّدی** - مؤنث - آزادی - تنہائی - تجرّد - جت ست - کنوارا پن ؛

مجرم (مُجْ - رِم) (ع) مذکر - جرم کرنے والا - گنہگار - خطا دار - قصوروار - ملزم - پاپی ؛ **مجرم اشتہاری** - مذکر - وہ مجرم، جس کی بابت اشتہار ہو چکا ہو ؛ **مجرم ٹھہرانا - یا - قرار دینا** (ف) (قانون) ملزم ٹھہرانا - الزام ثابت کرنا - قصوروار ٹھہرانا ؛ **مجرم عادی** (ع) مذکر - بار بار جُرم کرنے والا مجرم ؛ **مجرم فراری** (ع - ف) مذکر - بھاگا ہوا مجرم ؛ **مجرم ہونا** (ف) ملزم ہونا - قصوروار ہونا - خطاوار ہونا ؛

مجروح (مَجْ - رُوْح) (ع) (۱) وہ شخص، جس کے زخم لگا ہو - زخمی - گھایل - چوٹ کھایا ہوا (۲) میر مہدی حسین شاگرد غالب کا تخلّص (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

مجرئی (مُجْ - رَائی) (ف) مذکر (۱) وہ ناچنے والا، جو بیٹھ کر گائے (۲) دیکھیے "مجرائی" ۱، ۲، ۴ ؛

مجسٹریٹ (مَجِسْ - ٹَرِیْٹ) (انگ - Magistrate) مذکر - فوجداری کا حاکم ؛ **مجسٹریٹی** (ف) مؤنث (۱) مجسٹریٹ کا عہدہ (۲) حکومت - اختیار ؛

مجسطی (مَجِسْ - طِیْ) (ع) مؤنث - ریاضی میں ایک کتاب، جو حکیم بطلیموس نے مرتب کی اور محقق طوسی نے اس کا ترجمہ کیا ؛

مجسّم (مُجَسْ - سَم) (ع) (۱) جسم دار - وہ چیز، جس میں طول، عرض اور عمق ہو، مسطح (۲) سراپا ؛ **مجسّمات** - مذکر - مجسّم کی جمع ؛ **مجسّمہ** - مذکر - بُت ؛

مجلّا (مُجَلْ - لَا) (ع) جلا کیا ہوا - چمکایا ہوا - ظاہر - روشن - آشکارا - صاف ؛

مجلّد (مُجَلْ - لَد) (ع) (۱) جلد باندھا ہوا - جلد بندی کیا ہوا (۲) مؤنث - نسخہ - جلد - کتاب ؛

مجلس (مَجْ - لِس) (ع) مؤنث (۱) بیٹھنے کی جگہ - بزم - انجمن - سماج - سبھا - مجمع - جلسہ - وہ مقام، جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو (۲) شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحے کا مجمع ؛ [مجلس اور محفل میں فرق: مجلس اس مقام کے لیے مستعمل ہے، جہاں لوگ حضرت امام حسینؓ کی عزاداری کے لیے جمع ہوں یا وہ جگہ، جہاں، بادشاہ، وزیر اور عالم اکٹھے ہوں - محفل وہاں استعمال کرتے ہیں، جہاں لوگ کسی کی خوشی کی تقریب یا جشنِ نوروز و عیدین یا ذکر ولادت رسول اللہ (صلعم) کی غرض سے جمع ہوں - بزم کا لفظ مجلس اور محفل دونوں کے لیے آتا ہے ؛]
مجلس حیران (لکھنؤ میں بہ اضافت مستعمل ہے ؛) (ف) مؤنث - ایک قسم کی نہایت عمدہ مِسّی، جو عورتیں ہونٹوں پر ملتی ہیں ؛ **مجلس خانہ** (ع - ف) مذکر (۱) وہ جگہ، جہاں مجلس کے لوگ جمع ہوتے ہیں - مجلس جمع ہونے کا مقام - ایوانِ عام - دربار (۲) امام حسینؓ کے ماتم کی مجلسیں ہونے کا مکان ؛ **مجلسِ علمی** (ع) مؤنث - علمی سوسائٹی - انجمن علوم ؛ **مجلس کرنا** (ف) (۱) سبھا کرنا - جلسہ کرنا (۲) مرثیہ خوانی کرنا ؛ **مجلسی** (ع) مذکر - جلسے میں شریک - اہلِ مجلس ؛

مجمع (مَجْ - مَع) (ع) مذکر (۱) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ - جلسہ - مجلس (۲) انبوہ - بھیڑ - ہجوم - ہنگامہ ؛ **مجمع البحرین** - مذکر (۱) وہ جگہ، جہاں دو سمندر یا دو دریا ملتے ہوں - دو دریاؤں کا ملاپ (۲) حضرت موسیٰؑ اور حضرت خضرؑ کی ملاقات کا مقام ؛ **مجمع الجزائر** - مذکر - کئی اکٹھے جزیرے - ٹاپوؤں کا جھنڈ ؛ **مجمع خلاف قانون** - مذکر (قانون) ناجائز ازدحام - قانون کے خلاف ہنگامہ ؛ **مجمع عام** - مذکر - عوام کی بھیڑ - عام لوگوں کا ہجوم - ہنگامۂ عام ؛

مجمل (مُجْ - مَل) (ع) اجمال کیا گیا - جو تفصیل کا محتاج ہو - اختصار - خلاصہ ؛ **مجمل حساب** - مذکر - وہ حساب، جو تفصیل سے نہ ہو - حساب کا گوشوارہ ؛ **مجملاً** - اختصاراً - سرسری - بطور انتخاب - انتخاباً - اجمالاً - فی الجملہ ؛

مجموع (مَجْ - مُوْع) (ع) جمع کیا گیا - جمع - سب - تمام - کل - میزان ؛
مجموعہ (ع - معنی ۱ میں) مذکر (۱) جمع کیا گیا - اکٹھا کیا ہوا (۲)

مذکر۔ کلیات۔ جملہ۔ مخزن۔ خزانہ۔ ذخیرہ (۳) گٹھا۔ بنڈل۔ پشتارہ (۴) وہ عطر، جس میں بہت سے عطر یا خوش بوئیں ملی ہوئی ہوں (۵) حاصل جمع ٭ **مجموعۂ تعزیراتِ ہند** ۔ مذکر۔ وہ قانون، جس میں ہندوستان کی سزاؤں وغیرہ کا ذکر ہے ٭ **مجموعۂ قوانین** ۔ مذکر۔ قوانین کا ذخیرہ ٭ **مجموعہ کا عطر** (ف) مذکر۔ دیکھیے مجموعہ ۴ ٭

مجموعی (ع) تمام۔ جملگی۔ اجمالی ٭ **مجموعی قیمت** ۔ مؤنث۔ کل مالیت۔ اکٹھی قیمت ٭ **مجموعی نمبر** (ف) مذکر۔ کل نمبر۔ کل حاصل شدہ نمبر ٭

مجنون (مج۔ نُوْن) (ع) (۱) دیوانہ۔ سودائی۔ پاگل۔ سِڑی۔ باؤلا۔ خبطی (۲) قیس عامری کا لقب، جو لیلاؑ کا عاشق تھا، عشق کی دیوانگی کے باعث مجنون نام پڑ گیا (۳) مفتون۔ شیدا۔ عاشق۔ فریفتہ (۴) نہایت دُبلا پتلا اور کمزور آدمی (۵) ایک درخت، جس کی شاخیں جھکی ہوئی ہوتی ہیں اور اسے بید مجنون بھی کہتے ہیں ٭ **مجنونِ دوری** ۔ جو ہمیشہ پاگل نہ رہے ٭ **مجنون کو لیلاؑ کا کتا بھی پیارا** (ف) مثل۔ جس سے محبت ہو، اس کی ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے ٭

مُجَوَّز (مُجَوْ۔ وَز) (ع) (۱) تجویز کیا گیا (۲) جائز کیا گیا ٭ **مُجَوِّز** (۱) تجویز کرنے والا (۲) جائز رکھنے والا (۳) (ف) اصرار کرنے والا مُصِر ٭ **مجوّزانِ قانون** ۔ مذکر۔ قانون بنانے والے۔ واضعانِ قانون۔ قانون بنانے کی مجاز جماعت ٭ **مجوّزہ** ۔ تجویز کیا گیا۔ تجویز شدہ۔ مقررہ۔ معیّنہ ٭

مجوس (مَجُوْ۔ س) (ع) مذکر۔ مجوسی کی جمع ٭ **مَجُوسی** ۔ مذکر۔ آتش پرست۔ زردشت کا پیرو، جو آگ کی پرستش کرتا تھا۔ وہ، جو سورج اور چاند کی پوجا کرتا ہے ٭

مجوسا (مَجُو۔ سَا) (ف) مذکر۔ لکڑی، جو چھت کے نیچے کھڑی کی جاتی ہے ٭

مجوّف (مُجَوْ۔ وَف) (ع) جوف کیا گیا۔ پولا۔ اندر سے خالی۔ کھوکھلا۔ کھوکھا ٭

مجھ (مُجھ) (ہ) اپنی ذات کا خطاب، جیسے مجھ کو۔ ایک کلمہ، جو اپنے نفس پر اطلاق کیا جاتا ہے ٭ **مجھ سے** ۔ میری ذات سے ٭ **مجھ کو** ۔ مجھے ٭ **مجھ کو پاتا ہے تو تلوار کو نہیں پاتا** ۔ یا۔ **مجھ کو پاتا ہے تو چھری نہیں پاتا** ۔ مثل۔ جان کا دشمن ہے۔ کچھ اختیار نہیں چلتا ٭ **مجھ کو پیٹیے** (ہ) میرا ماتم کرے (ف) ایک طرح کی قسم ہے ٭ **مجھ میں آیا** (دہلی) (عوام) میں ضامن ہوں۔ میں ذمہ دار ہوں ٭ **مجھی** ۔ مجھ ہی کا مخفف ٭ **مجھی سے** ۔ میری ہی طرح کے ٭ **مجھے** ۔ مجھ کو۔ میری ذات کو ٭ **مجھے اور نہ تجھے ٹھور** (ہ) مثل۔ مجھے تیرے بغیر اور تجھے میرے بغیر چین نہیں ٭ **مجھے پلٹو۔ مجھے گاڑو** (عو) اگر میرا کہا نہ مانو تو مجھے مُردہ دیکھو ٭ **مجھے منہ نہ دکھا** ۔ (کلمۂ تنفر) مجھے شکل نہ دکھا۔ میرے سامنے مت آ۔ دفع ہو ٭

مجھلا (مَجھْ۔ لَا) (ہ) مذکر۔ جھمیلا۔ بکھیڑا ٭

مجہول (مَجْ۔ ہُوْل) (ع) (۱) غیر معلوم۔ نامعلوم (۲) وہ فعل، جس کا فاعل معلوم نہ ہو (۳) جبر و مقابلہ میں نامعلوم رقم (۴) (ف) کاہل۔ سست۔ آرام طلب۔ نکھٹو۔ نکما ٭ **مَجْہُولُ النَّسَب** ۔ مذکر۔ وہ شخص، جس کے حسب و نسب اور اصل و نسل میں شبہہ ہو ٭

مجھولا (مَجھُو۔ لَا) (ہ) (۱) منجھلا۔ درمیانی۔ وسطی۔ متوسط۔ میانہ (۲) چھوٹی دیگ۔ بڑا دیگچہ ٭ **مجھولی** (۱) درمیانی۔ منجھلی۔ وسطی (۲) ایک قسم کی چھوٹی بہلی ٭

مجھیلا (مَجھے۔ لَا) (ہ) مذکر (ہندو) (عو) جھمیلا۔ جھگڑا۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ لڑائی (پڑنا، ڈالنا کے ساتھ) ٭

مجیب (مُجِیْب) (ع) (۱) جواب دینے والا (۲) قبول کرنے والا ٭ **مجیب الدعوات** ۔ دعائیں قبول کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ ٭

مجیٹھ (مَجِیْٹھ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی سرخ لکڑی، جس کے سرخ رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں ٭

مجید (مَجِیْد) (ع) (۱) بزرگ۔ بزرگوار (۲) خدائے تعالیٰ کا نام ٭

مجیدی (مَجِیْ۔ دِی) (ع) مذکر۔ ایک ترکی سکہ ٭

مجیرا (مَجِیْ۔ رَا) (ہ) مذکر۔ پیتل کی بنی ہوئی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں، جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لیے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں ٭

م۔چ

مچ (مَچ) (ہ) (۱) مچنا کا امر (۲) مؤنث۔ بھول۔ چوک (۳) جہالت (۴) بے توجہی (۵) نیند کا خمار (۶) سونے کا ٹکڑا، جو پرکھنے کے لیے بطور نمونہ لیا جائے ٭ **مچا** (۱) مچنا سے ماضی مطلق (۲) مچانا کا امر ٭ **مچانا** (۱) کرنا۔ رچانا۔ عمل میں لانا۔ برپا کرنا (۲) گاڑی میں جوتنا ٭ **مچنا** (۱) عمل میں آنا۔ ہونا۔ کیا جانا (۲) بسنا۔ رچنا ٭ **مچوا** ۔ مچوانا کا امر ٭ **مچوانا** ۔ کرانا ٭

مُچ (مُچ) (ہ) مچنا کا امر ٭ **مُچنا** ۔ بند ہونا۔ مُندنا ٭ **مُچوا** ۔ مچوانا کا امر ٭ **مُچوانا** ۔ بند کرانا۔ مُندوانا ٭

مُچّا (مُچْ۔ چَا) (ہ) مذکر۔ گوشت کا بڑا ٹکڑا، جس میں ہڈی نہ ہو ٭

مچامچ (مَچَا۔ مَچ) (ہ) (۱) کھچاکھچ۔ لبالب۔ بھرپور۔ لبریز (۲) مؤنث۔ چارپائی کے چوں چوں کرنے کی آواز ٭

مچان (مَچَان) (ہ) مذکر (۱) وہ تختے یا لکڑیاں، جو دیوار میں اونچی جگہ اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے لگا دیتے ہیں (۲) وہ لکڑیاں یا تختے، جو باغ یا کھیت میں اونچی جگہ پھلت اور کاشت کی حفاظت کے لیے لگائے جاتے ہیں (۳) وہ اونچی جگہ، جہاں شیر کے شکاری بیٹھ کر نشانہ لگاتے ہیں ٭

مچک (مَچَک) (ہ) (۱) مؤنث۔ لچک۔ لرزش (۲) مچکنا کا امر ٭

مچکا (۱) مچکنا سے ماضی مطلق (۲) مچکانا کا امر ٭ **مچکانا**۔ جھکانا۔ لچکانا۔ ہلانا ٭ **مچکنا** (۱) لچکنا۔ کانپنا۔ لرزنا۔ تھرّانا (۲) چارپائی کا چوں چوں کرنا ٭

مچکا (مچ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) (ہندو) (عوام) سستاپن۔ ارزانی (پڑنا، کھانا کے ساتھ) (۲) تفاوت۔ فرق۔ ڈھیل۔ وقفہ (پڑنا کے ساتھ) ٭

مچکا (مچ۔ کا) (ہ) مچکانا کا امر ٭ **مچکانا** (عوام) (عو) آنکھ مارنا۔ جلد جلد آنکھیں کھولنا اور بند کرنا ٭

مچل (مچل) (ہ) مچلنا کا امر ٭ **مچل پڑنا**۔ مچلنا۔ اڑ جانا۔ ضد پر آ جانا ٭

مچلا (۱) مچلنا سے ماضی مطلق (۲) مچلانا کا امر ٭ **مچلانا** (۱) بہانہ کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ٹالنا (۲) ہٹ کرنا۔ ضد کرنا۔ اڑنا۔ اصرار کرنا ٭ **مچلنا** (۱) اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔ ضد پر آنا۔ بپھرنا۔ ڈھٹائی کرنا (۲) ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ تجاہلِ عارفانہ کرنا (۳) آنسو بہانا۔ رونا۔ بلکنا (۴) کسی چیز کے نہ دینے کی ہٹ کرنا ٭

مچلا (مچ۔ لا) (ہ) مذکر۔ ہٹیلا۔ ضدی۔ ڈھیٹ۔ گھنّا۔ مکرا ٭ **مچلاپن**۔ مذکر۔ ہٹ۔ ضد۔ اڑ۔ ڈھٹائی پن۔ مکراپن ٭ **مچلائی**۔ مؤنث۔ ہٹ۔ ضد۔ شوخی۔ ڈھٹائی ٭ **مچلی**۔ مؤنث (۱) ضدن۔ ڈھیٹ۔ شوخ (۲) حیلہ باز۔ گھنّی۔ مکری (۳) کاہل۔ سست ٭

مچلانا (مچ۔ لا۔ نا) (ہ) قے آنا۔ مالش کرنا۔ متلانا۔ اُبکائی آنا ٭

مچلکہ (مچل۔ کہ) (ت) مذکر (۱) قول قرار۔ عہد نامہ۔ بچن (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد (دینا، لکھانا، لکھ دینا، لکھنا، لکھوا لینا، لکھوانا، لے لینا، لینا، نکلنا کے ساتھ) ٭

مچمچا (مچ۔ مچا) (ہ) مچمچانا کا امر ٭ **مچمچانا** (۱) گرمانا (۲) شہوت یا مستی کے جوش میں آنا ٭ **مچمچاہٹ**۔ مؤنث (۱) شہوت یا مستی کا زور (۲) چارپائی کی چوں چوں ٭

مچنا (مچ۔ نا) (ہ) دیکھیے "موچنا" ٭

مچھ (مچھ) (ہ) مذکر (۱) بڑی مچھلی (۲) وشنو کا پانچواں اوتار، جو مچھلی کی صورت میں ظاہر ہوا تھا ٭ **مچھ اَنڈ**۔ مؤنث۔ مچھلی کی بو ٭ **مچھ رنگا** (مچھ۔ رنگ۔ گا) مذکر۔ ایک آبی پرندہ، جو اکثر مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے ٭ **مچھلی**۔ مؤنث (۱) ماہی۔ مچھی۔ حوت (۲) بازو کا گوشت (پ ڈولا (پڑنا کے ساتھ) (۳) انسان کی ہتھیلی کا اندرونی گوشت (۴) ساقِ حیوانات کا گوشت (۵) مچھلی کی صورت کا طلائی زیور، جو عورتیں کان میں پہنتی ہیں (۶) ناک میں پہننے کا بلاق (۷) بچوں کا ایک کھیل۔ وہ ایک مچھلی کی شکل بالوں میں پروتے اور اسے نچاتے ہیں (۸) مچھلی، جو سکے میں بنائی جاتی ہے (۹) مچھلی کی صورت کا کاغذ داب (۱۰) چاندی کی چھوٹی مچھلی، جو چنبر کی زنجیر میں لگائی جاتی ہے ٭ **مچھلی پکڑنا**۔ مچھلی کا شکار کرنا۔ مچھلی پکڑنے کو بنسی یا ڈوری لگانا ٭ **مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی**۔ مثل۔ بیشتر بیٹی کی شادی کے متعلق کہتے ہیں، یعنی اتنی جلدی کیا پڑی ہے، جب کہیں اچھا بر ملے گا، کر دیں گے ٭ **مچھلی کا تیل**۔ مذکر۔ ایک خاص قسم کی مچھلی کے کلیجے کا تیل، جو سینے کی بیماریوں، سِل، دق وغیرہ کے لیے مفید ہوتا ہے ٭ **مچھلی کی طرح تڑپنا**۔ نہایت بے قرار ہونا۔ از حد تڑپنا۔ سخت بے چین ہونا ٭ **مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے**۔ مثل (عو) ہر ایک اپنے آبائی کام میں خوب ماہر ہوتا ہے ٭ **مچھلی والا**۔ مذکر۔ مچھلی بیچنے والا۔ ماہی گیر۔ دھینور۔ مچھوا ٭ **مچھلیاں**۔ مؤنث۔ مچھلی کی جمع ٭ **مچھلیاں پڑنا**۔ ورزش کے باعث ڈنڑوں پر تیاری ہو کر عضلوں کا ابھر آنا ٭ **مچھوا**۔ مذکر (۱) مچھلیاں پکڑنے والا۔ ماہی گیر۔ ماہی فروش (۲) چھوٹی کشتی۔ ڈونگا ٭ **مچھی**۔ مؤنث۔ مچھلی۔ ماہی۔ حوت ٭ **مچھی بھون**۔ مذکر۔ بادشاہوں، راجاؤں یا امرا کے محلوں کا وہ تالاب، جس میں چھوٹی چھوٹی مچھلیاں چھوڑی جاتی ہیں ٭

مچھندر (مچھن۔ دَر) (ہ) مذکر (۱) بڑی بڑی مونچھوں والا (۲) چوہا۔ موش (۳) مسخرہ۔ دیوث۔ بیہودہ آدمی ٭

مچھیل (مچھیل) (ہ) (صفت مذکر) بڑی بڑی مونچھوں والا آدمی ٭

م - ح

محابا (مُحا۔ با) (ع) (اصل میں محابات تھا۔ فارسی والوں نے مدارا کی طرح ت کو حذف کر دیا ٭) (۱) باہم نزدیک کرنا۔ آپس میں سلوک کرنا (۲) (مجازاً) فروگزاشت۔ اعانت۔ صلح۔ نگہداشت۔ لحاظ۔ دریغ (۳) (ف) خوف و ہراس (اردو میں عموماً بے محابا کی ترکیب سے آتا ہے) ٭

محاذ (مَحاذ) (ع) مذکر (۱) مقابلے کی جگہ۔ میدان (۲) مقابل۔ سامنے ٭ **محاذِ جنگ** (ع۔ ف) مذکر۔ لڑائی کا میدان ٭ **محاذات**۔ مقابلہ کرنا۔ روبرو ہونا۔ ایک چیز کا دوسری چیز کے برابر کرنا ٭ **محاذی**۔ برابر ہونے والا۔ روبرو۔ برابر۔ مقابل ٭

محاربات (مُحا۔ رَبات) (ع) مذکر۔ محاربہ کی جمع۔ لڑائیاں ٭ **محاربہ**۔ مذکر۔ آپس میں جنگ کرنا۔ جنگ۔ لڑائی۔ مجادلہ۔ معرکہ ٭

محارم (مَحا۔ رِم) (ع) مذکر۔ محرم کی جمع۔ پردہ دار۔ راز دار ٭

محاریب (مَحا۔ ریب) (ع) مؤنث۔ محراب کی جمع۔ محرابیں ٭

محاسِب (مُحا۔ سِب) (ع) مذکر (۱) علم حساب سے واقف۔ حساب دان (۲) حساب کرنے والا۔ پڑتال کرنے والا (۳) (ف) مذکر۔ دفتر کا حساب رکھنے والا ملازم۔ اکاؤنٹنٹ (۴) (ؤ) مذکر۔ گاؤں کا حساب کتاب رکھنے والا۔ پٹواری ٭ **محاسب دہ** (ع۔ ف) مذکر۔ دیکھیے "محاسب" ع۴ ٭ **محاسَبہ**۔ مذکر (۱) شمار۔ حساب۔ پڑتال (۲) حساب کے متعلق پوچھ گچھ۔ بازپرس ٭ **محاسبہ طلب کرنا** (ؤ) حساب مانگنا ٭ **محاسبہ کرنا**۔ حساب طلب کرنا۔ مطالبہ کرنا۔ روپے کی پوچھ گچھ کرنا ٭

محاسن (مَحا۔ سِن) (ع) مذکر (۱) نیکیاں۔ خوبیاں۔ بھلائیاں (۲)

خصائل (۳) مؤنث - مردوں کی ڈاڑھی ۔

محاصر (مُحا- صِر) (ع) گھیرنے والا - محاصرہ کرنے والا ۔ **مُحاصَرۃ** - مذکر - گھیرا ڈالنا، چاروں طرف سے بند کر دینا، قلعہ بندی، اِحصار، تسخیر ۔ **محاصرہ اُٹھانا** (ف) گھیرا اٹھا لینا - ناکا بندی چھوڑ دینا ۔ **محاصرہ کرنا** - گھیرا ڈالنا - قلعہ بندی کرنا ۔ **محاصرے میں آجانا** - ہر طرف سے گھیر جانا - قلعہ بند ہو جانا ۔ **محاصرین** - مذکر - گھیرا ڈالنے والے - محاصرہ کرنے والے ۔

محاصل (مَحا- صِل) (ع) مذکر - محصول کی جمع مگر اردو میں واحد مستعمل ہوتا ہے (۱) پیداوار کا محصول - لگان - معاملہ - مال گزاری - خراج (۲) حاصل - پیداوار ۔

محاط (مُحاط) (ع) احاطہ کیا گیا - گھیرا گیا ۔

محافظ (مُحا- فِظ) (ع) (۱) حفاظت کرنے والا - نگہبان - دربان - پاسبان - چوکیدار (۲) ولی - سرپرست - مربی ۔ **محافظِ حقیقی** - مذکر - اصلی حفاظت کرنے والا - خدائے تعالیٰ ۔ **محافظ خانہ** (ع - ف) مذکر - وہ دفتر جس میں فیصلہ شدہ مثلیں اور کاغذات رکھے جاتے ہیں - دفتر خانہ - مثلوں کا دفتر - ریکارڈ آفس ۔ **محافظِ دفتر** (ع) مذکر - مثلوں کی حفاظت کرنے والا - نگرانِ دفتر - ریکارڈ کیپر ۔ **محافظِ محبس** - مذکر - جیل خانے کا داروغہ ۔ **محافظت** - مؤنث (۱) حفاظت - رکھوالی - پاسبانی (۲) اہتمام - سرپرستی ۔

محافل (مَحا- فِل) (ع) مذکر و مؤنث - محفل کی جمع - مجلسیں - انجمنیں ۔

محافہ [(ع) (مِحافَ- فَہ) (ف) مَحا- فَہ] وہ پردہ دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی اور اسے کہار اٹھا کر چلتے ہیں - ڈولی - ڈولا - پالکی - پینس ۔

محاق (مُحاق) (ع) مذکر (۱) چاند کا گھٹنا (۲) چاند کے گھٹنے کے دن، جن کا آغاز پندرھویں رات سے ہوتا ہے (۳) وہ دن، جن میں چاند نظر نہیں آتا - ماہِ قمری کی آخری تین تاریخیں ۔ **محاق میں آنا** (ف) چاند کا زوال شروع ہونا ۔

محاکات (مُحا- کات) (ع) مؤنث (۱) باہم حکایت کرنا - آپس میں بات چیت کرنا (۲) ایک دوسرے سے مشابہ ہونا (۳) کسی چیز یا حالت کی نقل اتارنا ۔

محاکمہ (مُحا- کمہ) (ع) (محاکمات جمع) مذکر (۱) کسی بات کے فیصلے کے لیے حاکم کے پاس جانا - معاملہ نپٹانے کے لیے کسی منصف کے پاس جانا (۲) فیصلہ - دعویٰ - انصاف طلبی (۳) منصف بن کر جھگڑا نپٹانا ۔

محال [(ع) مَحالّ (ف) مَحال] مذکر (۱) محل کی جمع (۲) اراضی کا رقبہ، جس میں بہت سی پٹیاں ہوں اور جس پر مال گزاری علٰحدہ تشخیص ہو - ان معنی میں واحد ہے (۳) (ف) شہد کی مکھیوں کا چھتا ۔ **محالِ آب کاری** (ف) مذکر - شراب کا ٹھیکہ ۔ **محالِ حضور** - مذکر - ایسی جاگیر، جس کے مالک کو براہِ راست مال گزاری خزانۂ صدر میں داخل کرنے کی اجازت ہو ۔

مُحال (مُحال) (ع) (۱) غیر ممکن - ان ہونی (۲) (ف) کٹھن - مشکل - دشوار ۔

محالات - مذکر (مُحال کی جمع) وہ باتیں جن کا ہونا سخت مشکل ہو - ناممکن چیزیں، دشواریاں، مشکلات ۔

محامد (مَحا- مِد) (ع) (مَحمدت کی جمع) (مذکر و مؤنث) نیک خصلتیں، اوصافِ حمیدہ، اچھائیاں ۔

محاورہ (مُحا- وَرَہ) (ع - محاورات جمع) مذکر (۱) آپس میں کلام کرنا - ایک دوسرے کو جواب دینا - گفتگو (۲) کسی خاص گروہ کی بول چال (۳) مہارت - مشق - عادت ۔ **محاورہ پڑنا** (ف) روز مرہ کی عادت ہو جانا - مشق ہو جانا ۔ **محاورہ ڈالنا** - عادت ڈالنا - مشق کرنا - مہارت پیدا کرنا ۔ **محاورے** (ف) مذکر (۱) محاورہ کی جمع (۲) محاورہ کی صورت حروفِ جار سے پہلے ۔

مُحِب (مُحِب) (ع) مذکر - دوست - یار - شفیق - مشفق ۔ **مُحبانہ** (ع - ف) دوست کی مانند ۔

محبت (مَحَب- بَت) (ع) مؤنث (۱) الفت - دوستی - یارانہ - چاہ - پیار (۲) عشق - لَو - لگن ۔ **محبت آمیز** (ع - ف) الفت آمیز - پیار سے ملا ہوا - محبت بھرا ۔ **محبت اُچھلنا** (ف) (ع) دوستی کا ولولہ اٹھنا - محبت کا جوش مارنا ۔ **محبت رکھنا** - چاہنا - پیار کرنا - دوستی رکھنا ۔ **محبت کا جوش** - مذکر - ولولۂ عشق ۔ **محبت کا دم بھرنا** - الفت کا اقرار کرنا - عشق ظاہر کرنا ۔ **محبت کا دم مارنا** - دعوائے الفت کرنا - عاشقی کا دعویٰ کرنا ۔ **محبت کرنا** - چاہنا - پیار کرنا ۔ **محبتِ کُل** (ع) مؤنث (۱) سب سے برابر محبت کرنے کا مرتبہ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں سب کو دوست خیال کرنا ۔ **محبت کی نظر - محبت کی نگاہ** (ف) مؤنث - پیار کی نظر (ڈالنا کے ساتھ) ۔ **محبت نامہ** (ع - ف) مذکر - دوست کا خط ۔

محبس (مَح- بَس) (ع) مذکر - قید خانہ - جیل خانہ - زندان - حوالات ۔

محبوب (مَح- بُوب) (ع) مذکر (۱) پیارا - دوست - عزیز - مُحب (۲) معشوق - دل رُبا - دلدار - منظورِ نظر ۔ **محبوبِ الٰہی** - مذکر (۱) خدا کا پیارا (۲) حضرت نظام الدینؒ کا لقب، جن کا مزار مبارک دہلی میں مرجع خاص و عام ہے ۔ **محبوبہ** - معشوقہ - پیاری ۔ **محبوبی** (ع - ف) مؤنث - محبوب ہونا - پیارا پن ۔ **محبوبیت** (ع) مؤنث - پیارا ہونا ۔

محبوس (مَح- بُوس) (ع) قید کیا گیا - مقید - قیدی - اسیر ۔

محتاج (مُح- تاج) (ع) (۱) حاجت مند - خواہش مند - ضرورت مند - مفلس - غریب (۲) خواہاں - طلب گار (۳) (ف) لولا - لنگڑا - اندھا - وہ شخص، جس کے کسی عضو میں نقص آ گیا ہو ۔ **محتاج الیہ** - مذکر - وہ شخص، جس کا کوئی ہاتھ تکنے والا ہو ۔ **محتاج خانہ** (ف) مذکر - وہ جگہ، جہاں غریبوں کو روٹی وغیرہ ملتی ہے ۔ **محتاج ہونا** (۱) حاجت مند ہونا - دست نگر ہونا - مفلس ہونا - اپاہج ہونا (۲) طلب گار ہونا ۔ **محتاجی** (ف) مؤنث (۱) ناچاری - مجبوری (۲)

حاجت - ضرورت (۳) غریبی - افلاس - تنگ دستی (۴) دوسرے کا ہاتھ تکنا - دست نگری ٭
محتاط (مُحْ - تاط) (ع) وہ شخص، جو بہت احتیاط رکھے - احتیاط رکھنے والا - ہوشیار ٭
محتجب (مُحْ - تَجِب) (ع) پردے میں ہونے والا - پنہاں - پوشیدہ - چھپا ہوا ٭
محترز (مُحْ - تَرِز) (ع) احتراز کرنے والا - پرہیز کرنے والا - اپنے آپ کو بچانے والا - محتاط - ہوشیار ٭
محترفہ (مُحْ - تَرِفَہ) (ع) مذکر - پیشہ ور لوگ - کاریگر (۲) (ف) وہ ٹیکس، جو اہل حرفہ پر لگایا جاتا ہے ٭
محترم (مُحْ - تَرَم) (ع) احترام کیا گیا - عزّت کیا گیا - معزز - بزرگ - واجب التعظیم ٭
محتسب (مُحْ - تَسِب) (ع) مذکر - حساب لینے والا - شرع کے خلاف باتوں کی ممانعت کرنے والا حاکم - کوتوال ٭ **محتسب را درونِ خانہ چہ کار** (ف) مثل - کسی شخص کو دوسرے کے گھر کے معاملات میں دخل دینے کا اختیار نہیں ٭
محتشم (مُحْ - تَشِم) (ع) احتشام والا - صاحب حشم - جاہ و جلال والا - بہت سے نوکروں چاکروں والا - دولت مند - امیر - رئیس - نوّاب ٭
محتمل (مُحْ - تَمَل) (ع) احتمال کیا گیا - گمان کیا گیا - مشتبہ ٭
محتوی (مُحْ - تَوِی) (ع) گھیر لینے والا - شامل ٭
محجوب (مَحْ - جُوب) (ع) (۱) پردے میں چھپا ہوا - مخفی - پوشیدہ (۲) وہ، جو کسی کی میراث پانے سے محروم ہو (۳) (ف) منفعل - شرمندہ ٭
محدّب (مُحَدْ - دَب) (ع) ابھرا ہوا - ابھرواں - قبّہ دار ٭
محدث (مُحْ - دِث) (ع) نیا پیدا کرنے والا - نئی بات نکالنے والا ٭
محدّث (مُحَدْ - دِث) (ع) حدیث کا علم جاننے والا - فقیہ ٭
محدود (مَحْ - دُود) (ع) (۱) حد کیا گیا - احاطہ کیا گیا (۲) مقیّد - محصور (۳) گھرا ہوا (کرنا کے ساتھ) ٭
محذور (مَحْ - ذُور) (ع) وہ چیز، جس سے ڈر لگے - ڈراؤنی شے ٭
محذوف (مَحْ - ذُوف) (ع) (۱) حذف کیا گیا - علیحدہ کیا گیا - دُور کیا گیا - الگ کیا گیا - گرایا گیا (۲) (علم عروض کی اصطلاح) مذکر - وہ رکن، جس کے سبب خفیف یعنی دو حرف گرا دیے جائیں ٭
محراب (مِحْ - رَاب) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) ہتھیار (۲) (اصطلاحی) وہ قوس نما طاق، جو مسجد میں کعبے کے رخ امام کے کھڑے ہونے کے لیے بنایا جاتا ہے (۳) خانہ - گھر (۴) گھر میں سب سے اونچی بیٹھنے کی جگہ (۵) گول دروازہ - ڈاٹ (۶) (ف) شاہی خلوت گاہ - حجرۂ خاص (۷) (ف) قرآن شریف، جو حافظ تراویح میں پڑھتا ہے (سنانا، سننا کے ساتھ) ٭
محراب دار (ف) کمان کی مانند - قوس نما - گول ٭ **محراب گاہ** - مؤنث - مسجد میں سجدہ کرنے کی جگہ ٭ **محرابی** - مؤنث (۱) مسجد (۲) ایک قسم کی تلوار ٭
محرّر (مُحَرْ - رِر) (ع) لکھنے والا - کاتب - نویسندہ - راقم - منشی ٭
محرّرانِ فلک (ف) مذکر - ساتوں ستارے ٭ **محرّرہ** (ع) لکھا ہوا - تحریر شدہ - مرقومہ ٭ **محرّری** - مؤنث (۱) لکھنے کا کام - منشی گری - محرّر کا پیشہ (۲) تحریر کی اُجرت ٭
محرّف (مُحَرْ - رَف) (ع) تحریف کیا گیا - ٹیڑھا - کج - بدلا ہوا - اُلٹا - جگہ سے ہٹا ہوا ٭ **محرِّف** - تحریف کرنے والا - کج اور ترچھا کرنے والا - بدلنے والا ٭
محرق (مُحْ - رِق) (ع) جلا دینے والا ٭ **محرقہ** (۱) جلا دینے والی (۲) مؤنث - ایک قسم کی تپ، جس سے آدمی کی سب خلطیں جل جاتی ہیں - تپ محرقہ ٭
محرّک (مُحَرْ - رِک) (ع) (۱) حرکت دینے والا - ہلانے والا (۲) اکسانے والا - ابھارنے والا ٭
محرم (مَحْ - رَم) (ع) مذکر (۱) ایسا قریبی رشتہ دار جس سے نکاح جائز نہ ہو (۲) رازدار - ہمراز (۳) وہ شخص، جس سے پردہ ضروری نہ ہو (۴) روشناس - واقف - جان پہچان (۵) (ف) مؤنث - انگیا - انگیا کی کٹوری ٭
محرم اسرار - محرمِ راز (۱) پوشیدہ باتوں کا جاننے والا - خدائے تعالیٰ (۲) وہ یار جسے سب راز معلوم ہوں - دوست - ولی ٭ **محرمِ کار** (ع - ف) (۱) کسی کام سے واقف (۲) تجربہ کار - ماہر ٭ **محرم کرنا** (ف) رازدار بنانا ٭ **محرم ہونا** - جاننا - واقف ہونا ٭
محرّم (مُحَرْ - رَم) (ع) (۱) (لغوی) حرام کیا گیا (۲) تعظیم کیا گیا - عزّت کیا گیا (۳) عربی سال کا پہلا مہینا - وہ مہینا، جس میں حضرت امام حسین رضؓ یزید کے حکم سے شہید کیے گئے - سوگ کا مہینا - ماتم کا مہینا ٭
محرّم کا سپاہی (ف) مذکر (۱) وہ لڑکا، جسے بعض عورتیں اس کے زندہ رہنے کی مانی ہوئی منّت ادا کرنے کے لیے محرّم کے دنوں میں سبز کپڑے پہناتی ہیں (۲) (کنایۃً) وہ شخص، جو چند روز کے لیے کوئی وضع اختیار کرے ٭ **محرّم کی پیدائش** - مؤنث (۱) وہ شخص، جو محرّم کے دنوں میں پیدا ہوا ہو (۲) (مجازاً) سوگی - ماتمی شکل اور رونی صورت والا - ہمیشہ غمگین اور رنجیدہ رہنے والا - دکھی - مصیبت زدہ ٭ **محرّمات** (ع) (مذکر و مؤنث) حرام چیزیں ٭
محرِم (مُحْ - رِم) (ع) احرام باندھنے والا ٭
محرمات (مَحْ - رَمات) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کا سوتی یا ریشمی کپڑا، جس پر لال لال دھاریاں ہوتی ہیں (۲) گوٹے، گوکھرو، لہریے اور سلمے ستارے سے مرصع کپڑا (۳) ایک قسم کا پشمینہ ٭
محرور (مَحْ - رُور) (ع) حرارت والا - گرم ٭ **محرورالمزاج** - وہ شخص، جس کے مزاج میں حرارت ہو - گرم مزاج - تیز طبیعت ٭
محروسہ (مَحْ - رُو - سَہ) (ع) نگہبانی کیا گیا - ماتحت کیا گیا -

محروق (ع - رُوْق) (ع) جلا ہوا ٭
محروم (ع - رُوْم) (ع) (۱) حرام کیا گیا - منع کیا گیا - باز رکھا گیا (۲) ناامید - ناکام - مایوس - بے نصیب ٭ **محرُومُ الْاِرْث** - وراثت سے خارج کیا گیا ٭ **محروم پھرنا - محروم چلنا** (ل) مقصد حاصل کیے بغیر واپس ہونا ٭ **محروم رکھنا** - بے نصیب اور بے بہرہ رکھنا - مایوس رکھنا - حصول مقصد سے ناامید کر دینا ٭ **محروم رہنا** - مطلب حاصل نہ ہونا ٭ **محروم کرنا** (۱) حق نہ دینا - حق مار لینا (۲) کسی کام سے روکنا ٭
محرومی (ع - ف) **محرومیت** (ع) مؤنث - بے نصیبی - ناکامی - مایوسی - ناامیدی ٭
محزون (ع - زُوْن) (ع) مغموم - غمگین - دلگیر - رنجیدہ - متفکر ٭
محسن (ع - سِن) (ع) (۱) احسان کرنے والا - نیکی کرنے والا - فیاض - سخی (۲) معاون - مددگار - سرپرست - مربی ٭ **محسن کُش** (ف - ع) احسان کرنے والے سے برائی کرنے والا - ناشکرا - احسان نہ ماننے والا ٭ **محسن کُشی** - مؤنث - احسان کرنے والے سے برائی کرنا ٭
محسنات (ع - سَنَات) (ع) (محسنہ کی جمع) مؤنث (۱) خوبیاں - نیکیاں - بھلائیاں (۲) سلوک - احسانات (۳) خوب صورت اور نیک عورتیں ٭
مُحْسَنَہ (ع) مؤنث (۱) خوبی - نیکی (۲) نیک کی گئی شے ٭
محسوب (ع - سُوْب) (ع) (۱) حساب کیا گیا (۲) (ل) وضع کیا گیا حساب میں لگایا گیا - مجرا دیا گیا ٭ **محسوب ہونا** (ل) حساب میں لگنا - وضع ہونا - مجرا ہونا ٭
محسود (ع - سُوْد) حسد کیا گیا - رشک کیا گیا ٭
محسوس (ع - سُوْس) (ع) (۱) وہ شے، جو کسی کے ذریعے سے معلوم ہو (۲) آشکارا - معلوم - ظاہر (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **محسُوسَات** - مذکر - محسوسہ کی جمع - وہ چیزیں، جو محسوس ہو سکیں ٭
محشر (ع - شَر) (ع) مذکر (۱) حشر - قیامت - قیامت کے دن لوگوں کے اکٹھا کر جمع ہونے کا دن (۲) (کنایۃً) ہنگامہ ٭ **محشر بپا ہونا** (ل) قیامت برپا ہونا ٭
محشّی (ع - شّا) (ع) حاشیہ چڑھایا ہوا - مشرح - شرح کے ساتھ ٭
محصّل (محصِّل - صِل) (ع) مذکر - حاصل کرنے والا - محصول وصول کرنے والا - تحصیل کا سپاہی ٭
مُحصنات (ع - صَنَات) (ع) مؤنث - باعصمت بیویاں - نیک بیویاں ٭
محصنہ (ع - صَنَہ) (ع) مؤنث - نیک بیوی ٭
محصور (ع - صُوْر) (ع) گھِرا ہوا - روکا ہوا - بند - مقید - قلعہ بند (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **محصورین** - مذکر - محصور کی جمع - گھِرے ہوئے - قلعہ بند لوگ ٭
محصول (ع - صُوْل) [(ع) حاصل (ف) خراج] مذکر (۱) وہ رقم، جو کسی مال کے بھیجنے یا منگوانے کے لیے بطورِ اجرت دینی پڑے (۲) وہ رقم، جو بطور کرایہ دینی پڑے (۳) ٹیکس ٭ **محصولی** - مؤنث (۱) وہ زمین، جس کی مال گزاری حکومت کو دی جاتی ہے (۲) قابلِ محصول شے - محصول لینے کے قابل ٭
محض (مَحْض) (ع) (۱) صرف - فقط (۲) خالص - نرا (۳) تمام - بالکل - سرتاسر ٭
محضر (ع - ضَر) [(ع) ع ۲/۱۰۴۸ (ف) ع ۳۴] مذکر (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) وہ کاغذ، جو قاضی کی مُہر سے مزین کیا گیا ہو (۳) وہ نوشتہ، جس پر کسی دعوے کے ثابت کرنے کے لیے لوگ اپنی مُہریں لگائیں یا دستخط کریں ٭ **محضر خوان** (ع - ف) مذکر - وہ شہادت، جس سے کسی کا قتل کیا جانا ثابت کیا جائے ٭ **محضر کرنا** [(ل) فارسی "محضر کردن" کا ترجمہ] اثبات دعوی کے لیے محضر لکھنا ٭ **محضر نامہ** (ف) مذکر (۱) شہادتوں اور مُہروں سے تصدیق کیا ہوا کاغذ (۲) نوشتہ - عرض داشت - عرض حال ٭
محظوظ (ع - ظُوْظ) (ع) شاد - مسرور - خوش (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭
محفل (ع - فِل) (ع) مؤنث - آدمیوں کا جمع - جلسہ - مجلس (دیکھیے "مجلس") (برخاست کرنا، برخاست ہونا، برہم کرنا، برہم ہونا، بگاڑنا، بگڑنا، تہ و بالا کرنا، تہ و بالا ہونا، جمانا، جمنا وغیرہ کے ساتھ) ٭
محفل رقص و سرود (ع - ف) مؤنث - ناچ اور گانے کی مجلس ٭
محفل کرنا (ل) (۱) رسول اللہ کا ذکرِ خیر سننے کی غرض سے لوگوں کو جمع کرنا (۲) رقص و سرود کے جلسے میں لوگوں کو جمع کرنا ٭
محفوظ (ع - فُوْظ) (ع) (۱) حفاظت کیا گیا - بچا ہوا - سنبھال کر رکھا ہوا (۲) صحیح سلامت (۳) یاد - حفظ (رکھنا، رہنا، ہونا کے ساتھ) ٭
محقّر (مُحَقَّ - قَر) (ع) (۱) حقیر سمجھا گیا - ذلیل کیا گیا (۲) حقیر - ذلیل - کمینہ ٭
محقّق (مُحَقَّ - قَق) (ع) تحقیق کیا گیا ٭
محقّق (مُحَقِّ - قِق) (ع) مذکر - تحقیق کرنے والا - وہ شخص، جو بات کو دلیل سے ثابت کرے - فلاسفر ٭ **مُحَقِّقَانَہ** - تحقیق و صداقت کے رو سے ٭ **مُحَقِّقِیْن** - مذکر - محقق کی جمع ٭
مَحَک (مَحَک - مِحَک) (ع) (مختلف فیہ، تانیث کو ترجیح ہے) کسوٹی - وہ پتھر، جس پر سونے کا کس دیکھ کر کھرا کھوٹا معلوم کیا جاتا ہے ٭
محکم (ع - کَم) (ع) پکا - مضبوط - مستقل - پائدار - مستحکم ٭
محکمات (ع - کَمَات) (ع) مؤنث - قرآن عزیز کی وہ آیتیں، جن کے معنی صاف اور واضح ہوں - بہ خلاف متشابہات کے ٭
محکمہ (ع - کَمَہ) (ع) مذکر (۱) حکم کرنے کی جگہ (۲) کچہری - عدالت - دربار (۳) سررشتہ، صیغہ، ڈیپارٹمنٹ ٭
محکوم (ع - کُوْم) (ع) (۱) حکم کیا گیا (۲) ماتحت - تابع - زیر فرمان (۳) مذکر - رعیت - رعایا - نوکر چاکر ٭ **محکومہ** - مؤنث - حکم کی گئی - حکم دی گئی

محل (ع، مَحَل (ف)، مَحَلْ) مذکر (۱) اترنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ جگہ۔ مکان (۲)
(ف) وقت۔ موقع (۳) بادشاہوں، راجاؤں، نوابوں، امیروں کا
مکان۔ قصر۔ ایوان (۴) (ل) ملکہ۔ رانی۔ بیگم۔ بیوی ٭ **محلِ خاص**
(ل) تمام بیگمات یا رانیوں میں سے چہیتی بیگم۔ بڑی رانی۔ ملکہ ٭ **محل دار**
(ع۔ف) مذکر۔ ایک عہدہ دار، جو محل کا انتظام اور اس کی حفاظت
کرتا تھا ٭ **محل داری** (ل) مؤنث۔ محل کی چوکی داری۔ قلماقن ٭
محل سرا (ف) مؤنث۔ بادشاہوں، راجاؤں اور نوابوں کا زنان خانہ۔
حرم سرائے۔ محل ٭ **محلِ نظر**۔ مذکر۔ جائے اعتراض۔ جائے تأمل۔
مقامِ فکر ٭ **محلّات** (ع) مذکر (۱) محلّہ کی جمع۔ محلّے (۲) محل کی جمع۔
بہت سے محل ٭ **محلّہ**۔ مذکر (۱) اترنے کی جگہ۔ ٹھکانا (۲) شہر کا کوئی
حصّہ۔ ٹولہ۔ کوچہ۔ گلی ٭ **محلّہ دار** (ع۔ف) مذکر (۱) میر محلّہ۔ محلّے میں
بڑا آدمی۔ محلّے کا چودھری (۲) (عوام) بھنگی۔ مہتر۔ خاکروب (۳)
ایک محلّے کے رہنے والے ٭ **محلّی** (ل) مذکر۔ خواجہ سرا۔ مخنث۔ وہ ہیجڑا،
جو بادشاہوں کے محلّوں میں آنے جانے کا مجاز ہوتا ہے ٭

محلّل (مُحَلْ۔ لِلْ) (ع) (۱) حل کرنے والا (۲) گھلا دینے والا ٭

محلول (مَحْ۔ لُوْلْ) (ع) حل کیا ہوا ٭

محمّد (مُحَمْ۔ مَدْ) (ع) مذکر (۱) نہایت تعریف کیا گیا۔ سراہا گیا (۲) رسول اللہ (صلعم)
کا اسمِ گرامی ٭ **محمَدَت**۔ مؤنث۔ تعریف۔ ستائش ٭ **محمّدی**۔
محمّد رسول اللہ (صلعم) سے نسبت رکھنے والا۔ آنحضرتؐ کا پیرو ٭

محمل (مَحْ۔ مِلْ) (ع) مذکر (۱) کسی معنی کے صادق آنے کی جگہ (۲) اونٹ کا
ہودہ۔ کجاوہ (باندھنا، کسنا کے ساتھ) ٭ **محمل نشیں**۔ محمل میں
بیٹھنے والا ٭

محمود (مَحْ۔ مُوْدْ) (ع) (۱) سراہا گیا۔ تعریف کیا گیا (۲) مذکر۔ غزنہ کا
ایک مشہور بادشاہ سلطان ناصر الدّین ابن سبکتگین، جس نے ہندوستان
پر سترہ حملے کیے (۳) رسول اللہ (صلعم) کا اسمِ گرامی ٭

محمودی (مَحْ۔ مُوْ۔ دِیْ) (ع) مؤنث (۱) ایک قسم کی باریک ململ (۲)
عرب کا ایک نقرئی سکّہ، جو قیمت میں اڑھائی آنے کے قریب ہوتا ہے ٭

محمول (مَحْ۔ مُوْلْ) (ع) (۱) اٹھایا گیا۔ لادا گیا (۲) ظن کیا گیا۔ گمان کیا گیا
(۳) علمِ منطق میں وہ خبر، جو مبتدا کے مقابل واقع ہوتی ہے ٭ **محمولہ**۔
دیکھیے "محمول" ۱، ۲ ٭

محن (مِحَنْ) (ع) آزمانا ٭ **مِحَن**۔ مذکر۔ محنت کی جمع۔ تکلیفیں۔ بلائیں ٭
مِحْنَت۔ مؤنث (۱) بلا۔ آزمائش (۲) (ل) سرگرمی۔ کوشش (۳)
ریاضت۔ مشقت (۴) کام کاج۔ مزدوری (۵) کام کی اجرت۔ روزینہ۔
مزد (۶) تکلیف۔ دُکھ۔ رنج ٭ **محنت اٹھانا** (ل) (۱) دکھ سہنا۔
تکلیف برداشت کرنا (۲) کوشش کرنا۔ جان مارنا ٭ **محنت ٹھکانے لگنا**۔
کسی کام میں کوشش کرکے کامیاب ہونا۔ کوشش کا صلہ ملنا ٭ **محنتِ شاقہ**
(ع) مؤنث۔ سعیِ بلیغ۔ دشوار کام۔ سخت محنت ٭ **محنت کرنا** (ل) (۱)
کوشش کرنا۔ سعی کرنا (۲) کام کرنا۔ مزدوری کرنا (۳) قلبہ رانی کرنا۔
کاشت کرنا ٭ **محنت مزدوری** (مؤنث) کام کاج۔ کاروبار۔ محنت مشقت ٭
محنتانہ (ع۔ف) مذکر۔ محنت کا صلہ۔ کام کی اجرت۔ حق الخدمت۔
معاوضہ۔ عوض۔ اُجرت ٭ **محنتی** (ع) (۱) محنت کرنے والا۔ جفاکش
(۲) قلی۔ مزدور ٭

محو (مَحْوْ) [(ع) حروف اور نقوش کا مٹانا (ف) شیفتہ] (۱) زائل۔ مٹا ہوا۔
معدوم (۲) حیران۔ متحیر۔ کسی خیال میں کمال مستغرق (۳) (اصطلاحِ تصوف)
اوصافِ بشری کا گم اور معدوم ہونا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **محویّت**
(ہندوستانیوں نے محو سے مصدر بنا لیا) مؤنث۔ محو ہونا۔ فریفتگی۔ گم شدگی۔
اغراق ٭

محور (مِحْ۔ وَرْ) (ع) مذکر (۱) وہ دُھرا، جس پر پہیا گردش کرتا ہے (۲)
(اصطلاحِ علمِ ہیئت) وہ فرضی خط، جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے ٭

محوّلہ (مُحَوْ۔ وَلَہْ) (ع) (۱) حوالہ دیا گیا (۲) سپرد کیا گیا ٭ **محوّلہٗ حاشیہ**۔
جس کا حوالہ حاشیے پر دیا گیا ہو ٭

محی۔ محیی (مُحْیْ۔ مُحْ۔ یِیْ) (ع) زندہ کرنے والا ٭ **محی الدّین** (مُحْ۔ یُدْ۔ دِیْنْ)
(۱) دین کو زندہ کرنے والا (۲) مذکر۔ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب ٭

محیّر (مُحَیْ۔ یِرْ) (ع) حیران کرنے والا ٭ **محیّر العقول**۔ عقلوں کو حیران
کرنے والا۔ نادر۔ عجیب و غریب ٭

محیط (مُحِیْطْ) [(ع) احاطہ کرنے والا (ف) دریا] مذکر (۱) دریا (۲) گھیرنے والا
(۳) (اصطلاحِ اقلیدس) دائرے کا گول خط (۴) احاطہ۔ دورہ۔ گردہ ٭
محیط ہونا (ل) (۱) حاوی ہونا۔ غالب ہونا (۲) ابر کا چھانا ٭

محیل (مُحِیْلْ) (ع) حیلہ گر۔ مکّار ٭

محیی (مُحْ۔ یِیْ) (ع) (۱) مخلوق کو زندہ کرنے اور رکھنے والا (۲) خدائے تعالیٰ
کا ایک صفاتی نام ٭

م - خ

مُخ (مُخْ) (ع) مذکر۔ مغزِ سر۔ گودا ٭

مخابرہ (مُخَا۔ بَرَہْ) (ع) مذکر۔ باہم خبریں پہنچانا۔ خبر رسانی ٭

مخارج (مَخَا۔ رِجْ) (ع) مذکر۔ مخرج کی جمع۔ خارج ہونے کی جگہیں۔
نکلنے کی جگہیں ٭

مخاصم (مُخَا۔ صِمْ) (ع) دشمنی کرنے والا۔ خصومت کرنے والا ٭ **مُخاصمانہ**
(ع۔ف) خصومت سے۔ دشمنی سے ٭ **مخاصمت** (ع) مؤنث۔
خصومت۔ آپس میں جھگڑا کرنا۔ مخالفت، عداوت، دشمنی، بیر،
لاگ ٭

مخاطب (مُخَا۔ طِبْ) (ع) مذکر (۱) خطاب کرنے والا۔ بات کرنے والا
(۲) سامنے ہونے والا۔ متوجّہ ٭ **مخاطَب**۔ مذکر۔ وہ شخص، جس کی
طرف خطاب کیا جائے۔ جس سے بات کی جائے ٭ **مخاطب ہونا** (ل)

خطاب کرنا - بات کرنا - متوجہ ہونا ۔ **مُخَاطَبَات** (ع) مذکر (۱) مخاطبہ کی جمع (۲) مکتوبات - مراسلات ۔

مُخَاطَبَہ - مذکر - آمنے سامنے کچھ کہنا ۔

مخاطرہ (مُخَا - طَرَہ) (ع) مذکر (۱) خوف - ڈر - اندیشہ - خطرہ (۲) وہ بات، جو ذہن میں آجائے ۔

مخافات (مُخَا - فَات) (ع) مؤنث - مخافت کی جمع - اندیشے - خطرے - خدشے - خوف ۔

مخافت (مَخَا - فَت) (ع) مؤنث - خوف - ڈر - اندیشہ - خطرہ ۔

مخالطت (مُخَا - لَطَت) (ع) مؤنث - میل ملاپ - میل جول - اختلاط - دوستی ۔

مخالف (مُخَا - لِف) (ع) مذکر (۱) بیری - دشمن - مدعی - عدو ۔

مخالف ہونا (ف) (۱) برعکس ہونا - بہ خلاف ہونا (۲) باغی ہونا ۔

مُخَالَفَت (ع) مؤنث (۱) عداوت - دشمنی - روگردانی (۲) ضد (۳) اختلاف (۴) کشیدگی ۔ **مخالفت کرنا** (ف) اختلاف کرنا - اعتراض کرنا ۔ **مخالفت ہونا** - باہم کشیدگی ہونا - اَن بَن ہونا ۔

مخبر (مُخْ - بِر) (ع) خبر دینے والا - جاسوس - رپورٹر ۔ **مخبری** (ف) مؤنث - خفیہ خبر رسانی - جاسوسی ۔

مخبط (مُخَبْ - بَط) (ع) (۱) خبطی - پاگل (۲) تباہ - فاسد (۳) ملا جلا ہوا ۔

مُخَبَّطِ فِطْرِی - مذکر - پیدائشی پاگل ۔

مخبوط (مَخْ - بُوْط) (ع) خبطی - بدحواس - مجنون - جنونی ۔ **مخبوط الحواس** - مذکر - سودائی - پاگل - دیوانہ - خبطی ۔

مختار (مُخْ - تَار) (ع) (۱) با اختیار - مجاز - آزاد (۲) سرپرست - ولی - سربراہ کار (۳) وکیل - گماشتہ (۴) اختیار دیا گیا - پسند کیا گیا ۔

مختارِ عام - مذکر - (قانون) جسے ہر بات کے کرنے کا اختیار ہو ۔

مختارِ کار (ع - ف) مذکر - سربراہ کار - کام کرنے کا مجاز - مہتمم ۔

مختار کرنا (ف) مجاز کرنا - اجازت دینا - اختیار دینا ۔ **مختارِ کل** یا - **مختارِ مطلق** (ع) مذکر - جسے اختیارِ قطعی حاصل ہو - پورا با اختیار - مدار المہام ۔ **مختار نامہ** (ع - ف) مذکر - وہ تحریر، جس کے ذریعے سے اختیار دیا گیا ہو ۔ **مختار نامۂ خاص** (ع) مذکر - کسی خاص کام یا امر کی بابت نوشتہ یا وثیقہ ۔ **مختار نامۂ عام** - مذکر - مختار نامۂ مطلق - عام امور کی نسبت مختار کر دینے کا نوشتہ ۔ **مختار ہونا** (ف) با اختیار ہونا - مجاز ہونا ۔ **مختاری** (ع) مختار کا پیشہ یا کام - سربراہی ۔

مختتم (مُخْ - تَتِم) (ع) ختم کرنے والا ۔ **مختتَم** - ختم کیا گیا ۔

مخترع (مُخْ - تَرِع) (ع) مذکر - ایجاد کرنے والا - بانی - موجد - نئی بات یا نئی چیز نکالنے والا ۔ **مخترعات** - مذکر و مؤنث - وہ چیزیں، جو نئی ایجاد کی گئی ہوں ۔

مختص (مُخْ - تَص) (ع) خاص کیا گیا ۔ **مختص المقام** - وہ، جو کسی خاص مقام کے لیے ہو ۔

مختصر (مُخْ - تَصَر) (ع) (۱) خلاصہ کیا گیا - خلاصہ - انتخاب (۲) چھوٹا ۔ **مختصر کرنا** (ف) اختصار کرنا - کم کرنا - گھٹانا - چھانٹنا ۔

مُخْتَصَرًا (ع) اختصار سے ۔

مختفی (مُخْ - تَفِی) (ع) چھپا ہوا - خفیہ - پوشیدہ ۔

مختل (مُخْ - تَل) (ع) درہم برہم - بگڑا ہوا ۔ **مُخْتَلُّ الْحَوَاس** - صفت - مخبوط الحواس - جس کے حواس قائم نہ ہوں - حواس باختہ ۔

مختلط (مُخْ - تَلِط) (ع) اختلاط کرنے والا - میل جول کرنے والا ۔ **مُخْتَلَط** - ملا ہوا - گڈمڈ ۔

مختلف (مُخْ - تَلِف) (ع) (۱) جدا - علیحدہ (۲) مخالف (۳) طرح طرح کا، قسم قسم کا ۔ **مُخْتَلَف فِیْہ** (اختلاف کیا گیا اس میں) وہ چیز، جس میں اختلاف ہو ۔

مختوم (مَخْ - تُوْم) (ع) (۱) مُہر لگایا ہوا - مُہر شدہ (۲) دستخط کیا گیا (۳) مقفل - بند کیا ہوا ۔

مختون (مَخْ - تُوْن) (ع) ختنہ کیا ہوا ۔

مخدر (مُخَدْ - دَر) (ع) پردے میں رکھا ہوا - چھپا ہوا ۔ **مُخَدِّر** (۱) بے حس و حرکت کر دینے والا - سُن کر دینے والا (۲) نیند لانے والا ۔

مُخَدَّرَات - مؤنث - مخدّر کی جمع - پردہ نشین عورتیں ۔

مُخَدِّرَات - مؤنث - خواب آور دوائیں - سُن کر دینے والی دوائیں ۔

مخدوش (مَخْ - دُوْش) (ع) خدشے سے بھرا ہوا - وسوسہ کیا ہوا ۔

مخدوم (مَخْ - دُوْم) (ع) مذکر - خدمت کیا گیا - قابلِ تعظیم - آقا ۔

مخدومہ - مخدوم کی تانیث ۔

مُخَرِّب - **مُخَرِّب** (مُخَرْ - رِب، مُخْرِ - رِب) (ع) خراب کر دینے والا - ویران کرنے والا ۔ **مُخَرَّب** - خراب شدہ - بگڑا ہوا ۔

مخرج (مَخْ - رَج) (ع) مذکر (۱) نکلنے کی جگہ - مصدر - منبع (۲) جڑ - اصل - مادہ ۔

مخروط (مَخْ - رُوْط) (ع) چھیلا گیا - تراشا گیا ۔ **مخروطی** - گاجر کی وضع کا - گاؤدُم ۔

مخزن (مَخْ - زَن) (ع) مذکر - خزانہ جمع کرنے کی جگہ - خزانہ - گودام - ذخیرہ - سٹور ۔

مخصوص (مَخْ - صُوْص) (ع) خاص کیا گیا - نامزد کیا گیا ۔ **مخصوص کرنا** (ف) خاص کرنا - نامزد کرنا ۔

مخطط (مُخَطْ - طَط) (ع) خط دار - لکیروں والا - وہ شے، جس پر لکیریں پڑی ہوئی ہوں - دھاریوں والا ۔

مخطوبہ (مَخْ - طُوْ - بَہ) (ع) وہ عورت، جس کی منگنی ہو چکی ہو ۔

مخطور (مَخْ - طُوْر) (ع) (۱) فکر - اندیشہ (۲) سوچا گیا - خیال کیا گیا (۳) خطرناک ۔ **مخطورات** - مذکر - دل کے خطرے - دلی خیالات ۔

مخطی (مُخْ۔طِی) (ع) جس سے بے ارادہ خطا سرزد ہو۔
مخفف (مُخَفَّ۔فَف) (ع) تخفیف کیا گیا۔ گھٹایا گیا۔ کم کیا گیا۔ اختصار کیا گیا۔
مخفی (مَخْ۔فِی) (ع) (۱) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ (۲) اورنگ زیب کی بیٹی شہزادی زیب النسا کا تخلص۔ **مخفی رکھنا۔ یا۔ کرنا** (ل) خفیہ رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا۔ چھپانا۔ ڈھانپنا۔ **مخفی نہ رہے۔** پوشیدہ نہ رہے۔ معلوم ہو۔ واضح ہو۔
مخل [(ع) مُخِلّ (ف) مُخِلْ] (۱) خلل ڈالنے والا۔ حارج (۲) فتنہ پرداز۔ مفسد۔ **مخل ہونا** (ل) خارج ہونا۔ خلل انداز ہونا۔
مخلد (مُخَلْ۔لَد) (ع) ہمیشگی کا۔ دائمی۔
مخلص (مُخْ۔لِص) (ع) (۱) خالص۔ سچا۔ صادق۔ باوفا۔ راست باز (۲) مذکر۔ یارِ صادق۔ سچا دوست۔ **مخلصانہ** (ع۔ف) خلوصِ دل سے۔ دوستانہ۔
مخلصی (مَخْ۔لَصِی) [(ف) عربی کے مصدرِ میمی مَخْلَصْ میں یائے مصدری بڑھائی گئی۔] مؤنث۔ چھٹکارا۔ رہائی۔ خلاصی۔ آزادی۔ نجات۔
مخلع (مُخَلْ۔لَع) (ع) خلعت دیا گیا۔
مخلوط (مَخْ۔لُو۔ط) (ع) مِلا جُلا۔ گڈمڈ۔ **مخلوط النسل۔** مذکر۔ وہ شخص، جو ایک نسل سے نہ ہو۔ دوغلا۔
مخلوق (مَخْ۔لُوْق) (ع) (۱) پیدا کیا ہوا۔ پیدا کیا گیا (۲) مؤنث۔ خلقت۔ خلق۔ دنیا۔ کائنات۔ سنسار۔ **مخلوقات۔** مؤنث۔ "مخلوقہ" کی جمع۔ دنیا اور اس کی تمام چیزیں۔
مخلیٰ (مُخَلْ۔لا) (ع) خالی کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔ آزاد کیا گیا۔ **مخلّی بالطبع** بے تکلف۔
مخمر (مُخَمْ۔مَر) (ع) خمیر کیا گیا۔ خمیر اٹھایا گیا۔ گوندھا ہوا۔
مخمس (مُخَمْ۔مَس) (ع) مذکر (۱) پانچ ضلعوں کی شکل (۲) وہ نظم، جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا ایک ایک بند ہو۔ **مخمسات۔** مذکر۔ مخمس کی جمع۔
مخمصہ (مَخْ۔مَصَہ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) سوزش، جو بھوک کی شدت سے سینے اور شکم میں ہو (۲) (مجازاً) وہ عظیم غم، جس سے اضطراب پیدا ہو جائے۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔ جھمیلا۔ جھنجھٹ۔ **مخمصے** (ل) مذکر۔ مخمصہ کی جمع۔ جھمیلے۔ مشکلیں۔ **مخمصے میں پڑنا۔** جھگڑے میں پڑنا۔ عذاب میں گرفتار ہونا۔
مخمل (مَخْ۔مَل) (عربی میں مُخْمَلْ تھا، اردو میں مَخْمَلْ ہو گیا۔) مؤنث (اکثر شعراء نے مذکر باندھا ہے لیکن بول چال میں بیشتر مؤنث ہے۔) (۱) ایک قسم کا نہایت نرم اور ملائم روئیں دار کپڑا (۲) ایک قسم کا سرخ اور نہایت ملائم پھول (۳) (کنایۃً) بہت نرم اور ملائم۔ **مخملی۔ مخملیں** (ع۔ف) (۱) مخمل کا (۲) مخمل جیسا۔

مخمور (مَخْ۔مُوْر) (ع) (۱) نشے میں چُور۔ متوالا۔ مدہوش۔ مست (بعض فصحا ان معنی میں متروک قرار دیتے ہیں۔) (۲) صاحبِ خمار۔ وہ شرابی، جسے نشہ اترنے پر انگڑائیاں آ کر اعضا شکنی ہو رہی ہو۔
مخنث (مُخَنْ۔نَث) (ع) ہیجڑا۔ نامرد۔ زنخہ۔
مخول (مَخَوْ۔وَل) (ل) مؤنث۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ چھیڑ خانی۔ **مخول کرنا۔** مذاق کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ **مخولیا۔** مذکر۔ ظریف۔ مسخرہ۔
مخیر (مُخَیْ۔یِر) (ع) خیرات کرنے والا۔ فیاض۔ سخی۔
مخیلہ (مُخَیْ۔یِلَہ) (ع) مذکر۔ خیال کی قوت۔ دماغ کی ایک قوت۔
مخیم۔ مخیم (مُخْ۔یَم۔ مُخَیْ۔یَم) (ع) مذکر۔ خیمہ لگانے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ قیام کرنے کی جگہ۔ کیمپ۔

م۔د

مَدّ (عربی میں دال کی تشدید سے) مذکر (۱) جوار۔ جزر کا نقیض (۲) کشش۔ کھچاؤ (۳) پھیلاؤ۔ درازی (۴) وہ لمبا خط، جو حساب میں کھینچ کر اس کے نیچے سے حساب لکھنا شروع کرتے ہیں (۵) وہ خط، جو عرضی میں کھینچ کر اس کے نیچے مضمون شروع کرتے ہیں (۶) الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت (۷) اسم، ان معنی میں مختلف فیہ (۷) (ل) مؤنث۔ عنوان۔ سرنامہ (۸) محکمہ۔ دفتر۔ سررشتہ۔ صیغہ (۹) وہ لکیر، جو ہر مضمون کے ختم ہونے پر دوسرے مضمون کے شروع ہونے سے پہلے بنا دی جاتی ہے۔ **مدِ امانت** (ع) مؤنث۔ امانت کے طور پر۔ بطورِ امانت۔ بصیغۂ امانت۔ **مَدَّ ظِلُّہٗ۔ مَدَّ ظِلُّہُ العَالِی۔** خدا اس کا سایہ (عاطفت) ہمیشہ قائم رکھے۔ **مدِ مقابل۔** مذکر (۱) برابر کا دعویدار۔ مخالف (۲) حریف (۳) برابر کی چوٹ۔ برابر کا جوڑ (۴) رقیب۔ عدو۔
مدِ نظر (۱) وہ چیز، جو نگاہ کے سامنے ہو۔ پیشِ نظر (۲) (ل) ارادہ۔ قصد۔ منصوبہ (ہونا کے ساتھ)۔ **مَدّ و جَزْر۔** مذکر۔ سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ۔ جوار بھاٹا۔
مد (مَدْ) (س) مؤنث (۱) مدہوشی۔ سرشاری۔ نشہ۔ مستی (۲) شراب۔ بادہ۔ مے۔ صہبا (۳) خوشی۔ فرحت۔ مسرت (۴) گھمنڈ۔ تکبر۔ غرور (۵) دیوانگی۔ جنون (۶) نطفہ۔ منی (۷) وہ پانی، جو مستی کی حالت میں ٹپکتا ہے (۸) ندی۔ جو۔ دریا۔ **مد پر آنا** (ہ) (۱) مست ہونا (۲) جوان ہونا۔
مدماتا (۱) نشے میں چُور۔ مدہوش۔ مست۔ سرشار (۲) گھمنڈی۔ مغرور۔ متکبر (۳) جوان۔ بالغ۔ جوبن پر آیا ہوا (۴) نفس پرست۔ شہوتی۔
مدماتی۔ مؤنث (۱) شہوت یا مستی کے جوش میں آئی ہوئی (۲) نشے میں بھری ہوئی۔ متوالی۔ مست۔ سرشار (۳) پُرشوق۔ خواہش مند (۴) متکبر۔ گھمنڈی۔ مغرور۔
مدّا (مَدْ۔دا) (ہ) (عوام) سستا۔ **مدا پڑنا۔** کسادبازاری ہونا۔
مداح (مَدْ۔داح) (ع) (۱) تعریف کرنے والا۔ ثناخواں۔ بھاٹ (۲) (ل) خوشامدی۔ **مداحی۔** مؤنث۔ تعریف کرنے کا فعل۔ ثناخوانی۔

مدح سرائی ٭

مداخل (مُدَا-خِلْ) (ع-مَدخَل کی جمع) مذکر- آمدنی- محاصل- معاملہ- خراج ٭ **مداخل و مخارج** -مذکر- آمد و خرچ- روپے کی درآمد و برآمد ٭

مداخلت (مُدَا-خَلَتْ) (ع) مؤنث (۱) مزاحمت- دست اندازی- دخل- تعرض (۲) قابو- قبضہ- تصرف ٭ **مداخلتِ بلا مرضی** - مؤنث (قانون) کسی کی اجازت کے بغیر مکان میں دخل کرنا ٭ **مداخلتِ بے جا** (ع-ف) مؤنث- کسی کے مکان میں زبردستی سے داخل ہونا- بے جا دست اندازی- خلاف ورزی ٭ **مداخلتِ صریح** (ع) مؤنث- کھلم کھلا دخل دینا- علانیہ دست اندازی ٭ **مداخلت کرنا** (ف) دست اندازی کرنا- بیچ میں بولنا- دخل انداز ہونا ٭

مِداد (مِدَادْ) (ع) مؤنث- دوات کی سیاہی- روشنائی ٭

مدار (مَدَارْ) (ہ) مذکر (۱) آک کا پودا، جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں میں سے روئی کی طرح روئیں نکلتے ہیں ٭ **مدار کا ٹِڈّا** - مذکر- آک پر بیٹھنے والا سبز رنگ کا کیڑا، جس کے پر سرخ ہوتے ہیں ٭ **مدار کی بڑھیا** - مؤنث- آک کے ڈوڈے میں سے نکلے ہوئے روئیں، جو ہوا میں اڑتے پھرتے ہیں ٭

مدار (مَدَارْ) (ع) مذکر (۱) گردش کی جگہ- دَور کرنے کی چول (۲) سیارے کے دورہ کرنے کا مقام- قطب- کیلی- دُھری- چول (۳) انحصار- جس پر کوئی بات ٹھہری ہو- موقوف کیا گیا (۴) حلقہ- دائرہ- دَور (۵) قیام- ٹھہراؤ- قرار (۶) (ہ) ایک فقیر کا نام، جس کا مزار مکھن پور میں ہے (۷) جمادی الاولیٰ کا مہینا، جسے عورتیں مدار اور مدار صاحب کہتی ہیں ٭ **مَدَارُ الْمَہَام** - مذکر- وہ حاکمِ اعلیٰ، جو سلطنت کے کاروبار کا مرکز ہو ٭ **مدارِ کار** (ع-ف) مذکر- کسی کام کا انحصار- موقوف علیہ ٭

مدارا (مُدَا-رَا) (ف) (مدارات کا مخفف) مؤنث- تواضع- خاطرداری ٭

مدارات (مُدَا-رَاتْ) (ع) مؤنث- خاطرداری ٭

مدارج (مَدَا-رِجْ) (ع-مَدرج کی جمع) مذکر- رتبے- درجے- مناصب ٭

مدارس (مَدَا-رِسْ) (ع) مذکر- مدرسہ کی جمع- مدرسے- درس گاہیں- مکاتب ٭

مداری (مَدَا-رِیْ) (ہ) مذکر- ہاتھ کی چالاکی سے طرح طرح کے کھیل تماشے کرنے والا- شعبدہ باز- نٹ- بھان متی- بندر، ریچھ اور سانپ کا تماشا کرنے والا ٭

مداریا (مَدَا-رِیَا) (ہ) مذکر (۱) شاہ مدار ایک مجذوب درویش گزرے ہیں، اُن کے سلسلے کے درویش کو مداریا کہتے ہیں (۲) ایک قسم کا چھوٹا حقہ- پیچوان ٭

مدافع (مُدَا-فِعْ) (ع) دفع کرنے والا- ہٹانے والا ٭ **مُدَافعت** - مؤنث- دفع کرنا- دفعیہ- تردید- روک ٭

مدام (مُدَامْ) (ع) ہمیشہ- دائم- سدا- ہمیشہ- متواتر (۲) مؤنث- شراب- مے ٭

مداوا (مُدَا-وَا) (ف) (مداوات کا مخفف) مذکر- دوا- علاج ٭

مداوات (مُدَا-وَاتْ) (ع) مؤنث- چارہ- تدبیر- درمان- دوا دارو- علاج- معالجہ ٭

مداومت (مُدَا-وَمَتْ) (ع) مؤنث- ہمیشگی- ثبات- قیام ٭

مداہنت (مُدَا-ہَنَتْ) (ع) مؤنث (۱) خوشامد- چرب زبانی (۲) سستی کرنا (۳) جھوٹ بولنا (۴) جو دل میں ہو، اس کے خلاف ظاہر کرنا- نفاق ٭

مدائح (مَدَا-ئِحْ) (ع) مذکر- مدیحہ کی جمع- مدحیں- تعریفیں ٭

مدائن (مَدَا-ئِنْ) (ع) مذکر (۱) مدینہ (شہر) کی جمع (۲) عراقِ عرب کا ایک شہر ٭

مدبر (مُدْ-بِرْ) (ع) بدبخت- بدنصیب ٭

مدبّر (مُدَبْ-بِرْ) (ع) (۱) تدبیر کرنے والا- دانش مند- عاقل (۲) صلاح کار- مشیر ٭ **مدبّرانِ سلطنت** - مذکر- سلطنت کے ارکان- حکومت کے امیر و وزیر ٭ **مدبّرانِ فلک** - مذکر- سات ستیارے ٭

مدّت (مُدْ-دَتْ) (ع) مؤنث (۱) عرصہ- دیر (۲) مہلت- میعاد (۳) زمانہ- وقت ٭ **مدّتُ العُمر** - عمر بھر- ساری عمر- جیتے جی ٭ **مدّتِ عدّت** - مؤنث- طلاق کے بعد کی میعاد کہ اس میں عورت کو نکاح کرنا جائز نہیں ٭ **مدّتِ مدید** - مؤنث- زمانۂ دراز- بہت دیر ٭ **مدّتِ مقرّرہ** - مؤنث- مقررہ میعاد- بندھی ہوئی میعاد- معمولی وقت ٭ **مدّت ہوئی** - بہت زمانہ ہوا- بہت عرصہ ہوا- دیرگزری ٭ **مدّتوں** (ف) زمانۂ دراز تک ٭

مدح (مَدْحْ) (ع) مؤنث (۱) تعریف- ستائش- ثنا- توصیف (۲) شاعری وہ نظم، جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو ٭ **مدح خواں** - **مدح سرا** (ع-ف) تعریف کرنے والا- ثنا خواں ٭ **مدح خوانی**- **مدح سرائی** مؤنث- تعریف گوئی- توصیف خوانی ٭ **مِدْحَت** (ع) مؤنث- تعریف- ستائش- ثنا- حمد ٭

مدخل (مَدْ-خَلْ) (ع) مذکر (۱) داخل ہونے کی جگہ (۲) آمدنی- محاصل- معاملہ ٭

مدخولہ (مَدْ-خُوْ-لَہْ) (ع) مؤنث (۱) وہ عورت، جسے گھر میں ڈال لیا گیا ہو (۲) وہ عورت، جس سے صحبت کی گئی ہو ٭

مدد (مَدَدْ) (ع) مؤنث (۱) حمایت- اعانت- سہارا- امداد- کمک (۲) (ہ) خوراک- رسد (۳) (ہ) راج- مزدور- کاریگر (۴) (ہ) مزدوری- اجرت ٭ **مدد اللہ** - مؤنث- آزاد فقیروں کے سلام کا جواب ٭ **مدد بانٹنا** (ہ) راج مزدوروں کو ان کی مزدوری تقسیم کرنا- اجرت دینا ٭

مدد پہنچانا (۱) کمک پہنچانا (۲) دست گیری کرنا۔ سہارا دینا ٭ **مدد خرچ** (ع۔ ف) مؤنث (۱) خرچ میں بطورِ امداد کچھ دینا (۲) روپیہ پیشگی دینا ٭
مدد کرنا (و) (۱) پشتی کرنا۔ دست گیری کرنا۔ یاری کرنا (۲) کمک دینا ٭
مددگار (ع۔ ف) مدد کرنے والا۔ حمایتی۔ معاون ٭ **مدد مانگنا** (و) امداد چاہنا۔ کمک طلب کرنا ٭ **مدد محرّر** (ع) مذکر۔ نائب محرّر۔ وہ شخص، جو کارِ تحریر میں اپنے افسر محرّر کی مدد کرے۔ اسسٹنٹ ٭
مدد معاش۔ مؤنث (۱) پرورش کا وسیلہ۔ کھانے پینے کا سہارا (۲) پنشن۔ وظیفہ (۳) وہ جاگیر، جو کسی خاص مصرف کے لیے وقف کردی جائے ٭
مُدِر (مُدِر) (ع) پیشاب لانے والی دوا ٭ **مُدِرّات**۔ مذکر و مؤنث۔ مدرہ کی جمع۔ پیشاب لانے والی دوائیں ٭
مدرّس (مُدَرْ۔ رِس) (ع) مذکر۔ درس دینے والا۔ پڑھانے والا۔ معلّم۔ ٹیچر۔ ماسٹر۔ اتالیق۔ مولوی۔ ادیب ٭ **مَدْرَسَہ**۔ مذکر۔ درس دینے کی جگہ۔ پڑھانے کی جگہ۔ مکتب۔ سکول ٭ **مدرسۂ ابتدائی**۔ مذکر۔ وہ مدرسہ، جس میں شروع کی تعلیم اور ابجد خوانی ہو ٭ **مدرسۂ وسطیٰ**۔ مذکر۔ متوسط درجے کی تعلیم کا مدرسہ۔ میٹرک سے نیچے کی تعلیم کا مدرسہ۔ مڈل سکول ٭ **مدرّسی**۔ مؤنث۔ پڑھانے کا پیشہ۔ معلّمی ٭
مدرک (مُدْرِک) (ع) (۱) سمجھنے والا۔ مطلب کو پہنچنے والا (۲) ذہین۔ فہیم۔ عقیل۔ دانا ٭ **مدرکہ**۔ مؤنث (۱) وہ بات، جس سے کسی بات کی تہ دریافت کی جاسکے (۲) عقل۔ ذہن۔ ذکا ٭
مدریا (مَدْرِیا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "مداریا" ۲۔۳ ٭
مدّعا (مُدْ۔ دَعا) (ع) مذکر (۱) مطلب۔ غرض۔ مقصد۔ خواہش۔ منشا۔ ارادہ۔ مراد (۲) (ق) مال ملکیت۔ مال مسروقہ ٭ **مدّعا بہا**۔ مذکر (قانون) وہ چیز، جس کے لیے دعویٰ کیا گیا ہو ٭ **مدّعا پکڑنا** (و) چوری کرنا۔ چوری کا مال نکالنا ٭ **مدّعا حاصل ہونا**۔ مطلب پورا ہونا۔ مراد بر آنا ٭
مدّعا علیہ (ع) مذکر۔ وہ شخص، جس پر دعویٰ یا نالش کی گئی ہو۔ فریقِ ثانی ٭ **مدّعا علیہ ترتیبی** (ع۔ ف) مذکر۔ نمبر کے اعتبار سے مدّعا علیہ ٭ **مدّعا علیہ گرداننا** (و) الزام دھرنا۔ مجرم قرار دینا۔ ملزم ٹھہرانا ٭ **مدّعا نکلنا** (قانون) مال مسروقہ پکڑا جانا۔ چوری برآمد ہونا ٭
مدعو (مَدْ۔ عُو) (ع) بلایا گیا۔ دعوت دیا گیا ٭
مدّعی (مُدْ۔ دَعی) (ع) مذکر (۱) دعویٰ کرنے والا۔ نالش کرنے والا۔ دعویدار۔ نالشی۔ مستغیث۔ سائل (۲) (ق) غیر۔ حریف۔ رقیب ٭ **مدّعی سُست گواہ چست** (و) مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب خود صاحب غرض تو سستی کرے اور حمایتی مستعد و تیار ہوں ٭ **مدّعی مدّعا علیہ** (ع) مذکر۔ مخالفین۔ فریقین۔ وہ دونوں فریق، جو کسی معاملے میں عدالت کی طرف رجوع ہوں ٭ **مدّعی مدّعا علیہ ناؤ میں، شاہد تیرتے جائیں** (و) مثل۔ اپنے حمایتی اور امداد دینے والے کی بے قدری کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ٭ **مدّعی ہونا**۔ دعویدار ہونا۔ نالشی ہونا ٭ **مدّعیہ** (ع) مؤنث۔ دعویٰ کرنے والی عورت۔ مستغیثہ ٭
مدغاسکر (مَدْ۔ غاس۔ کَرْ) (معتقد) (انگ۔) مذکر۔ افریقہ کے جنوب میں نیچے کی طرف ایک شہر ٭
مدغم (مُدْ۔ غَم) (ع) ایک جنس کے دو حرف، جو باہم ادغام کیے گئے ہوں ٭
مدفن (مَدْ۔ فَن) (ع) مذکر۔ دفن کرنے کی جگہ۔ مزار۔ گور۔ قبر۔ وہ گڑھا، جس میں مردہ دفن کیا جائے ٭
مدفون (مَدْ۔ فُون) (ع) (۱) دفن کیا ہوا۔ گاڑا ہوا (۲) مخفی۔ پوشیدہ ٭
مدقوق (مَدْ۔ قُوق) (ع) تپ دِق کا مریض۔ وہ شخص، جسے دق ہوگئی ہو ٭
مدک (مَدَک) (ع) مؤنث۔ ایک قسم کا نشہ، جو تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر پیا جاتا ہے (پینا کے ساتھ) ٭ **مدک باز**۔ مدکی۔ مدکیا (و) مدک کا نشہ پینے والا ٭
مدلّل (مُدَلْ۔ لَل) (ع) دلیل سے ثابت کیا ہوا۔ درست۔ ٹھیک۔ معقول ٭
مدمّغ (مُدَم۔ مِغ) (ع) دماغ دار۔ مغرور۔ متکبّر ٭
مدن (مَدَن) (ہ) مذکر (۱) مست یا خوش کرنے کا فعل (۲) خوش ہونا (۳) محبت۔ عشق (۴) جوش (۵) شہوت (۶) کئی پودوں کا نام ٭ **مَدَن بان**۔ مذکر۔ ایک قسم کا پھول، جو بیلے کی قسم سے ہوتا ہے ٭
مدن (مُدُن) (ع) مذکر۔ مدینہ (شہر) کی جمع ٭ **مَدَنی** (۱) مدینہ کا باشندہ (۲) شہر کے متعلق ٭ **مدنی الطّبع**۔ فطرتاً اپنے ساتھیوں سے مل جل کر رہنے کا عادی ٭ **مَدَنیت**۔ مؤنث۔ شہریت۔ شہری پن ٭
مَدو (مَدْ۔ دُو) (ہ) مذکر (۱) اونٹ یا سانڈ کی پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ۔ کوہان (۲) وہ زخم، جو گھوڑے کے دوش پر ہو ٭
مدوّر (مُدَو۔ وَر) (ع) دائرہ نما۔ گول ٭
مُدَوَّن (مُدَوْ۔ وَن) (ع) ترتیب دیا گیا۔ جمع کیا گیا ٭ **مُدَوِّن**۔ ترتیب دینے والا۔ جمع کرنے والا ٭
مدھ (مَدھ) (ہ) مذکر (۱) جوانی کا آغاز۔ نشہ۔ مستی (۲) وہ رطوبت، جو درختوں سے نکلتی ہے ٭ **مدھ پر آنا**۔ جوان ہونا۔ پھل کا پکنے پر آنا ٭ **مدھ مات**۔ مؤنث۔ ایک راگنی ٭ **مدھ ماتا** (صفت مذکر) جوانی یا شراب کے نشے سے مست (مؤنث کے لیے "مدھ ماتی") ٭
مدھ (مَدھ) (س) (۱) بیچ۔ درمیان۔ وسط ٭ **مدھرا** (ہ) درمیانی۔ میانہ۔ متوسط ٭ **مدھم** (۱) میانہ۔ متوسط۔ اچھا نہ برا (۲) دھیما۔ آہستہ (۳) کم۔ نیچا (۴) خفیف۔ ہلکا (۵) ماند۔ پھیکا۔ بے آب (۶) کاہل۔ سست (۷) مندا۔ گھٹا ہوا۔ گرا ہوا ٭ **مدھم بیچنا** یا بیچنا۔ قیمت سے گرا دینا۔ ارزاں کرنا ٭ **مدھم ٹھاٹھ**۔ مذکر (۱) سست آدمی (۲) ستار کا وہ ٹھاٹھ، جو مدھم سُر پر قائم کیا جائے ٭
مدھم سُر۔ مذکر۔ راگ کا چوتھا سُر، جو گندھار سے ایک درجہ بلند اور

اس کا مخرج معدہ ہوتا ہے۔ دھیما سُر ٭ مدّھم کرنا (۱) گھٹانا۔ کم کرنا (۲) آہستہ کرنا۔ دھیما کرنا (۳) پھیکا اور بے رونق کرنا ٭ مدّھم ہونا۔ کم ہونا۔ سست ہونا ٭

مدھر (مَدھُر) (س) (ہندو) (۱) میٹھا۔ شیریں۔ مزیدار (۲) سُریلا (۳) پیارا۔ دل پسند (۴) معشوقانہ چال (۵) دھیما (۶) ملائم۔ نرم ٭ مدُھر بانی (ہ) مؤنث۔ میٹھا بول۔ شیریں کلامی ٭ مدُھر بولنا۔ میٹھا بولنا۔ شیریں کلامی سے پیش آنا ٭ مدُھری۔ مؤنث (۱) رسیلی۔ میٹھی (۲) دل پسند۔ مرغوب ٭

مدھو (مَدھُو) (س) مذکر (ہندو) (۱) شہد۔ انگبیں (۲) مے۔ شراب، دارو (۳) موسم بہار۔ بسنت رُت (۴) دودھ۔ شیر (۵) پانی۔ آب۔ جل (۶) شیریں۔ میٹھا (۷) ایک قسم کا درخت (۸) ایک راکشس ٭ مدھو ماکھی۔ مؤنث۔ شہد کی مکھی۔ نحل ٭

مُدہوش (مَد۔ ہوش) (ع) حیران۔ متحیر۔ سرگشتہ۔ ہکا بکا۔ خوف زدہ ٭ مَدہوش (مَد۔ ہوش) (ف) متوالا۔ بدمست ٭ مدہوشی۔ مؤنث۔ بدمستی۔ متوالا پن۔ بے ہوشی ٭

مدّسے (مَد۔ دسے) (ا) مذکر (بقالوں کی اصطلاح) بابت۔ حساب ٭

مدتح۔ مدیحہ (مَدیح، مَدِی۔ حَہ) (ع) مؤنث۔ تعریف ٭

مدید (مَدِید) (ع) لمبا۔ دراز۔ طویل ٭

مدیر (مُدِیر) (ع) مذکر (۱) ایڈیٹر (۲) مہتمم ٭

مدیرا (مَدِی۔ رَا) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی شراب (۲) ایک قسم کی مرغابی ٭

مدینہ (مَدِی۔ نَہ) (ع) مذکر (۱) شہر۔ بلدہ۔ نگر۔ نگری (۲) عرب کا مشہور و مقدس شہر، جہاں رسول اللہ (صلعم) کا روضۂ مبارک ہے ٭ مدینۃ الحکماء۔ مذکر۔ یونان کا پایۂ تخت ایتھنز ٭ مدینۃ السلام۔ مذکر۔ بغداد ٭ مدینۃ العلم۔ مذکر۔ رسول اللہ (صلعم) کا لقب ٭

مدیون (مَد۔ یُون) (ع) قرض دار۔ مقروض ٭

م ۔ ڈ

مڈاسا (مڈا۔ سا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "منڈاسا"۔

مڈل (مِڈل) (انگ Middle) مذکر۔ درمیانہ درجہ۔ اوسط ٭ مڈل سکول Middle school مذکر۔ اوسط درجے کی تعلیم کا مدرسہ ٭ مڈلچی (ا) مذکر (حقارتاً) وہ شخص، جس نے صرف مڈل کا امتحان پاس کیا ہو ٭

مڈھ (مُڈھ) (ہ) مذکر (۱) کسی چیز کا نچلا حصہ۔ بنیاد۔ جڑ (۲) بوڑھا آدمی۔ مرد معمر (۳) سردار۔ سرغنہ۔ سرکردہ۔ چودھری (۴) (پ) بڑے درخت کی جڑ ٭

مڈھا (مُڈ۔ ڈھا) (ہ) مذکر (۱) پتنگ یا کنکوّے کا سر (۲) (پ) لکڑی، جو تکلے پر بنتی ہے ٭

مڈھ بھیڑ (مُڈھ۔ بھیڑ) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "مٹھ بھیڑ" ٭

م ۔ ذ

مذاق (مَذاق) (ع۔ چکھنا۔ چکھنے کی جگہ۔ فارسیوں نے ظرافت کے معنی میں بھی استعمال کیا ٭) مذکر (۱) کسی بات کا چسکا۔ کسی امر کی عادت۔ سلیقہ۔ دلچسپی (۲) لذّت۔ سواد۔ مزہ۔ چاٹ۔ چسکا (۳) قوّتِ ذائقہ (۴) (ا) باہمی اختلاط (۵) رغبت۔ میلان (۶) لطف (۷) ہنسی ٹھٹھا۔ دل لگی۔ ظرافت۔ تمسخر (کرنا کے ساتھ) ٭ مذاق اُڑانا (۱) تمسخر کرنا۔ ہنسی کرنا ٭ مذاق سے۔ تمسخر سے۔ چھیڑ سے۔ ہنسی سے۔ دل لگی سے۔ مذاقاً۔ ظرافتاً ٭ مذاق کا آدمی۔ مذکر۔ خوش طبع۔ ظریف۔ زندہ دل ٭ مذاق میں اُڑانا۔ ہنسی میں ٹالنا ٭ مذاقاً۔ مذاق سے۔ چھیڑ سے۔ ہنسی دل لگی سے ٭ مذاقیہ۔ مذاق کے طور پر۔ مذاقاً۔ ہنسی سے ٭

مذاکرہ (مُذا۔ کَرَہ) (ع) مذکر (۱) آپس میں بات چیت کرنا (۲) مباحثہ ٭

مذاہب (مَذا۔ ہِب) (ع) مذکر۔ مذہب کی جمع ٭

مذبح (مَذ۔ بَح) (ع) مذکر۔ ذبح کرنے کی جگہ ٭

مذبذب (مُذَب۔ ذَب) (ع) (۱) متردّد۔ غیر مستقل مزاج۔ وہ شخص، جسے ایک حال پہ اور ایک جگہ قرار نہ ہو۔ وہ، جس کا ارادہ مصمّم نہ ہو۔ دھکڑ پکڑ کرنے والا (۲) مشتبہ ٭

مذبوح (مَذ۔ بُوح) (ع) (۱) ذبح کیا ہوا (۲) مقتول ٭

مذکر (مُذَک۔ کَر) (ع) مرد۔ نر ٭

مذکور (مَذ۔ کُور) (ع۔ ذکر کیا گیا۔ فارسیوں نے ذکر کے معنی میں بھی استعمال کیا ٭) (۱) ذِکر کیا گیا (۲) بات۔ گفتگو۔ ذکر (۳) شہرت۔ چرچا۔ افواہ (۴) (کنایۃً) نام۔ نشان۔ پتا ٭ مذکور آنا (ا) ذکر ہونا ٭ مذکور نکالنا۔ ذِکر چھیڑنا ٭ مذکور نکلنا۔ لازم۔ مذکورہ بالا۔ یا مذکورہ صدر (ف) وہ شخص یا بات، جس کا ذِکر اوپر کی عبارت میں آ چکا ہو ٭

مذکوری (مَذ۔ کُو۔ رِی) (ا) مذکر (۱) عدالت کا سپاہی۔ سمن وغیرہ کی تعمیل کرانے والا سپاہی (۲) وہ بے تنخواہ سپاہی یا چپراسی، جو مالیہ وصول کرنے پر مقرر ہو۔ مال گزاری اگاہنے والا ٭

مذل (مُذِل) (ع) (۱) ذلیل کرنے والا (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ٭ مَذلّت۔ مؤنث۔ رسوائی۔ ذلّت۔ خواری۔ بدنامی ٭

مذمّت (مَذم۔ مَت) (ع) مؤنث۔ بدی۔ برائی۔ ہجو (کرنا کے ساتھ) ٭

مذموم (مَذ۔ مُوم) (ع) (۱) قبیح۔ خراب۔ بُرا (۲) وہ چیز، جس کی بُرائی کی جائے ٭ مذمومہ۔ مؤنث (۱) ہجو کی گئی (۲) بد۔ خراب۔ بُری۔ زبون ٭

مذنب (مُذ۔ نِب) (ع) گناہ کرنے والا۔ گنہگار ٭ مُذنبین۔ مذنب کی جمع۔ گنہگار لوگ۔ اہل معاصی ٭

مذہب (مَذ۔ ہَب) (ع) مذکر (۱) (لغوی) راستہ۔ راہ۔ طریقہ (۲) (مجازاً) دین۔ دھرم۔ ایمان۔ عقیدہ۔ آئین (۳) کیش۔ ملت۔

مشرب - مت ، مذہب بدلنا (ف) دوسرا مذہب اختیار کرنا - دوسرے پنتھ میں آنا ، مذہب پھیلانا - دین کو ترقی دینا - پنتھ بڑھانا ، مذہب میں ملانا - دین میں شامل کرنا - پنتھ میں داخل کرنا ، مذہبی (۱) (ع) مذہب سے منسوب - مذہب سے نسبت رکھنے والا - مذہب کے متعلق ۔ (۲) (ف) مہتر سکھ - بھنگی سکھ - چوہڑا سکھ ،

مذہّب (مُذَہَّب) (ع) سنہری - سونے کا ملمّع کیا ہؤا - سونا چڑھا ہؤا ،

مذی (مَذِی) (ع) مؤنث - وہ مادہ ، جو شہوت کے غلبے سے نکلتا ہے ،

م - ر

مَر (مَر) (ہ) مرنا کا امر ، مر بھکّا (۱) پیٹو - وہ جو کھانے سے سیر نہ ہو (۲) کنگال ، مر بے چور پرائے دھن پر - مثل - پرائے مال کی خاطر جان دینا بے وقوفی ہے ، مر پٹ کر - بڑی محنت سے - انتہائی کوشش سے - بمشکل تمام ، مَر جانا (۱) انتقال کر جانا (۲) کسی دھات کا کشتہ ہو جانا (۳) عاشق ہو جانا - فریفتہ ہو جانا (۴) سخت نقصان ہو جانا - تباہ ہو جانا (۵) بے حد شرمندہ ہونا (۶) خواہش نہ رہنا (۷) فرو ہو جانا - بجھ جانا ، مَر جیا (۱) وہ شخص ، جو مر کر بچا ہو (۲) مُردہ دل - از حد سُست ، مر چلنا - مرنے لگنا - مرنے کے قریب ہونا ، مَر رَہنا (۱) موت آ جانا - مر جانا (۲) (مجازاً) جہاں جانا ، وہیں بیٹھ رہنا (۳) سو رہنا - بے خبر ہونا ، مَر کر - یا - مَر کے (۱) دقّت سے - انتہائی دشواری سے - بمشکل تمام (۲) مرنے کے قریب پہنچ کر ، مَر کر - یا - مَر کے بچنا - ہلاکت کے قریب پہنچ کر بچنا - مرتے مرتے بچنا ، مر کر چھوٹنا - مر کر نجات پانا - مرنے کے سبب چھٹکارا پانا ، مر کھپنا - مر کر تمام ہو جانا - مر کر خاک میں مل جانا ، مر لینا - جان دے دینا ، مَر مٹا - جو فنا اور بے نشان ہو گیا ہو ، مر مٹنا (۱) مر مر کر تمام ہو جانا - فنا ہو جانا (۲) عاشق ہو جانا (۳) تباہ و برباد ہو جانا ، مَر مَر کر - یا - مَر مَر کے - بڑی دقت سے - بڑی مشکل سے - بڑی محنت و مشقت سے - خدا خدا کر کے ، مَر مَر کے بچنا - مہلک بیماری سے رہائی پانا - مرنے کے قریب پہنچ کر جانبر ہونا ، مَرا - مَرنا سے ماضی مطلق - فوت ہؤا - پہلے اس کی جگہ "مؤا" مستعمل تھا ، کیونکہ "مرا" میں ذم کا پہلو ہے ، لیکن آج کل اکثر مؤا (فوت ہو گیا) کے بجائے "مر گیا" استعمال کرتے ہیں ، مَرا جانا - بیتاب ہؤا جانا ، مرانا - مردوں کا کوّن دینا - مردوں سے اغلام کرانا ، مرتا - مرنا سے ماضی شرطی یا تمنائی ، مرتا کیا نہ کرتا - مثل - جس کی جان پر آ بنتی ہے ، وہ سب کچھ کر گزرتا ہے ، مرتے - مرنا کی جمع ، مرتے جیتے - جوں توں کر کے ، جس طرح ہو سکا ، بُری بھلی طرح ، مرتے دم (ف) اخیر دم - وقتِ مرگ - نزع کی حالت میں ، مرتے (مَرے) کو ماریں شاہ مدار - مثل - ہر ایک غریب ہی کو تنگ کرتا ہے - مصیبت پر مصیبت آتی ہے ، مرتے مرتے (ہ) مرنے کے وقت - حالتِ نزع میں - اخیر وقت میں ،

مرتیلیا (مَرْ - تِیْل - یَا) (۱) مرتا ہؤا (۲) ناتواں - نہایت کمزور - لاغر - دُبلا (۳) کاہل - سُست ، مَرَن (مَرَن) مذکر (۱) اجل - قضا - موت (۲) وقتِ مرگ - مرنے کے وقت (۳) جان دینا - مر جانا ، مَرنا (۱) وفات پانا - فوت ہو جانا - دم نکلنا - جان دینا (۲) فریفتہ ہونا - عاشق ہونا - مائل ہونا (۳) بے حد محنت کرنا (۴) پسند ہونا (۵) کوشش کرنا (۶) خاک ہونا - کُشتہ ہونا (۷) برباد ہونا - تباہ ہونا (۸) نیند کرنا - سونا (۹) کملانا - مرجھانا ، مرنا جینا - مذکر - موت و زندگی - شادی و غم ہونا ، مرنا جینا لگ رہا ہے - زندگی کا کچھ اعتبار نہیں - پل میں کچھ ہے تو پل میں کچھ ، مرنے تک فرصت نہیں - یا - مرنے کی بھی فرصت نہیں (ف) ذرا فرصت نہیں - دم بھر کی مہلت نہیں - بے حد مصروفیت ہے ، مرتے جائیں ، ملار گائیں (ہ) مثل - آزاد طبع اور بے پرواہ کے متعلق کہتے ہیں کہ مرنے کو بھی ہنسی کھیل سمجھ کر بے فکر ہیں اور گیت گا رہے ہیں ، مرنے کو - قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے مرنے کو تیار ، مرنے کو بیٹھا ہے - قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے - نہایت بوڑھا ہے - قریبِ مرگ ہے ، مرنے کو چلے ، کفن کا ٹوٹا (ف) مثل - بہانہ بنانے والے شخص کے بارے میں بولتے ہیں کہ مرنے کو تو جا رہا ہے ، لیکن کفن نہ ملنے کا بہانہ کرتا ہے ، مرنے لگنا (ہ) (۱) جان دینے لگنا (۲) فریفتہ ہو جانا - عاشق ہونا ، مرنے والا (۱) وہ شخص ، جو مر گیا ہو - مغفور - مرحوم - متوفّی (۲) شیدا - عاشق - فریفتہ (۳) جان پر کھیلنے والا - دل چلا - شجاع - بہادر ، مروانا (۱) قتل کرانا - ہلاک کرانا (۲) فعلِ بد کرانا - بُرا کام کرانا ، مَری (۱) ماری گئی بُری شے (۲) عام بیماری - وبا ، جیسے طاعون ، انفلوانزا ، ہیضہ وغیرہ (۳) حیوانات کی وبا ، مَری بھیڑ خواجہ خضرؑ کے نام (ف) مثل - وہاں کہتے ہیں ، جہاں کوئی شخص کھوئی ہوئی یا ناقص چیز خدا کے نام پر خیرات کر کے مفت ثواب کمانا چاہے ، مَری پڑنا - وبا پھیلنا ، مَری جول - نہایت کاہل - از حد سُست ، مَریَل - ناتواں - کم زور - لاغر - بے حد دُبلا پتلا ، مریل ٹٹو - نہایت سُست رفتار ،

مُر - مُرکّی (مُر ، مُر - کِک - کِی) (ع) مذکر - ایک قسم کا گوند اور اس کا درخت ،

مَرا (مَرَا) (ف) مجھے ، مرا بخیر تو امید نیست ، بدمرساں بقولہ - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں ، جس سے نقصان کا اندیشہ ہو اور نفع کی امید نہ ہو ،

مِرا (مِرَا) (ہ) میرا کا مخفف - نظم میں مستعمل ہے ، مِری - مؤنث - میری کا مخفف ، مِری جان (ف) محبت کا کلمہ - میری پیاری - جانِ من -

عزیزمن ۔

مرآت (مِرْ۔آت) (ع) مذکر۔ آئینہ۔ شیشہ۔ آرسی ۔

مراتب (مَرَا۔تِب) (ع) مرتبہ کی جمع۔ رتبے۔ درجے۔ مناصب ۔

مراتبِ تمہیدی ۔ مذکر۔ ابتدائی باتیں ۔ **مراتب طے کرنا** (۱) مدارج طے کرنا (۲) دریافت طلب امور کا فیصلہ کرنا۔ تمام درجوں اور مرحلوں کا تصفیہ کرنا ۔

مراثی (مَرَا۔ثِی) (ع) مذکر۔ مرثیہ کی جمع۔ مرثیے ۔

مراجعت (مُرَا۔جَعَت) (ع) مؤنث۔ رجوع۔ واپسی۔ لوٹنا۔ واپس آنا ۔ **مراجعت کرنا** (ف) لوٹنا۔ واپس آنا۔ اُلٹا پھرنا ۔

مراحم (مَرَا۔حِم) (ع) مذکر۔ مرحمت کی جمع۔ بخششیں۔ مہربانیاں ۔ **مراحمِ خسروانہ** (ع۔ف) مذکر۔ بادشاہی بخششیں۔ عطیاتِ شاہی ۔

مراد (مُرَاد) (ع) مؤنث (۱) خواہش۔ غرض۔ آرزو۔ تمنا۔ مقصد۔ مطلب۔ ارادہ۔ مدعا (۲) (ف) (عو) نذر۔ بھینٹ۔ منت ماننا (۳) مفہوم۔ منشا ۔ **مُراد پانا** (ف) منت پوری ہونا۔ منشا پورا ہونا۔ مطلب بر آنا۔ مراد کو پہنچنا ۔ **مُراد پوری کرنا** مطلب پورا کرنا۔ کام کو انجام دینا۔ کام نکالنا ۔ **مُراد حاصل ہونا** ۔ کام بننا۔ غرض پوری ہونا۔ مطلب بر آنا ۔ **مُرادِ دعویٰ** ۔ مؤنث (قانون) نالش کرنے کی اصلی غرض۔ مدعائے نالش ۔ **مُراد لینا** (۱) معنی نکالنا۔ نتیجہ نکالنا۔ قیاس کرنا (۲) کام لینا۔ غرض پوری کرنا ۔ **مراد ماننا** (عو) نذر نیاز ماننا۔ نیت کرنا۔ منت ماننا ۔ **مُراد مند** (ع۔ف) حاجت مند۔ خواہش مند۔ محتاج ۔ **مراد ہے** (۱) مفہوم ہے۔ منشا ہے (۲) غرض ہے۔ مطلب ہے ۔ **مرادات** (ع) مؤنث۔ مراد کی جمع ۔ **مُرادوں کے دن** (ف) مذکر۔ شباب کا زمانہ، ایامِ جوانی، جوبن کا موسم، بہار کے دن ۔ **مُرادی** (ف) مراد کے موافق۔ منشا کے مطابق (۲) مجازی۔ اصطلاحی۔ فرضی ۔

مرادف (مُرَا۔دِف) (ع) مذکر (۱) کسی کے پیچھے بیٹھنے یا سوار ہونے والا (۲) مترادف۔ ہم معنی ۔

مُراری (مُرَا۔رِی) (س) مذکر (۱) (لغوی) راکشس کا دشمن (۲) کرشن جی کا لقب (۳) وشنو ۔

مراسلات (مُرَا۔سَلَات) (ع) مذکر۔ مراسلہ کی جمع (۱) خطوط۔ چٹھیاں (۲) خط کتابت۔ تحریر ۔

مُرَاسَلَت (ع) مؤنث۔ خط کتابت (۲) (قانون) طلبی۔ اطلاع نامہ۔ سمن ۔ **مُرَاسَلَہ**۔ خط۔ نامہ۔ چٹھی ۔

مراسم (مَرَا۔سِم) (ع) مذکر و مؤنث (۱) رسوم، رسمیں، نشانیاں (۲) برتاؤ، دستور، قاعدہ ۔

مراعات (مُرَا۔عَات) (ع) مؤنث۔ رعایت۔ لحاظ۔ سلوک۔ توجہ۔ مروت ۔ **مراعات النظیر**۔ مؤنث۔ علم بدیع کی ایک صنعت ۔

مرافعہ (مُرَا۔فَعَہ) (ع) مذکر۔ اپیل۔ نظرثانی۔ نگرانی۔ ایک حاکم کے فیصلے پر مطمئن نہ ہوکر دوسرے حاکم کے پاس دادخواہی کرنا ۔ **مرافعۂ اوّل** مذکر۔ پہلا اپیل ۔ **مرافعہ کرنا** (ف) اپیل کرنا۔ ایک حاکم کی عدالت سے مقدمہ ہارکر دوسرے حاکمِ بالادست کے روبرو اپیل کرنا ۔

مرافقت (مُرَا۔فَقَت) (ع) مؤنث۔ باہمی میل جول۔ رفاقت۔ اتحادِ باہمی۔ ہم نشینی ۔

مراق (مِرَاق) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا مالیخولیا۔ سودا۔ جنون ۔

مراقبہ (مُرَا۔قَبَہ) (ع) مذکر۔ گردن جھکاکر فکر کرنا۔ غور۔ گیان۔ سوچ بچار ۔

مرام (مَرَام) (ع) مذکر۔ مقصد۔ مطلب۔ مراد ۔

مراہق (مُرَا۔ہِق) (ع) مذکر۔ بالغ ہونے والا لڑکا ۔

مراہم (مَرَا۔ہِم) (ع) مذکر۔ مرہم کی جمع ۔

مراؤ۔ مرائی (مُرَا۔اَؤ، مُرَا۔اِئی) (ہ) مذکر۔ ترکاری بونے یا بیچنے والا۔ کنجڑا۔ ارائیں۔ کاچھی ۔

مربا۔ مربیٰ (مُرَب۔بَا) (ع) مذکر (۱) پالا ہوا (۲) وہ پھل وغیرہ، جو کھانڈ کے قوام میں ملاکر رکھا گیا ہو ۔

مربع (مُرَب۔بَع) (ع) مذکر۔ چوکھونٹا۔ چوگوشہ۔ وہ سطح، جس کے چاروں ضلعے برابر اور چاروں زاویے قائمے ہوں ۔ **مربع یا چارزانو بیٹھنا** (ف) آلتی پالتی مارکر بیٹھنا۔ چوکڑی مارکر بیٹھنا ۔

مربوط (مَرْ۔بُوط) (ع) ربط کیا گیا۔ وابستہ۔ لگایا گیا۔ بندھا ہوا ۔

مربّی (مُرَب۔بِی) (ع) مذکر۔ پرورش کرنے والا۔ تربیت کرنے والا۔ سرپرست۔ حامی۔ پشت پناہ ۔ **مُربّی بنانا** (ف) سرپرست قرار دینا۔ معاون بنانا ۔

مرت لوک (مَرْت۔لُوک) (ہ) مذکر۔ دنیائے فانی۔ دہرنا پائدار ۔

مرتاض (مُرْ۔تَاض) (ع) مذکر۔ ریاضت کرنے والا۔ زاہد۔ علم و ہنر یا تصوف میں مشقت اٹھانے والا ۔

مُرتّب (مُرَت۔تَب) (ع) (۱) ترتیب دیا گیا۔ درست۔ باقاعدہ (۲) مکمل۔ تیار (۳) تالیف کیا گیا۔ اکٹھا کیا گیا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **مُرتِّب** (ع) ترتیب دینے والا۔ تالیف کرنے والا ۔

مرتبان (مَرْ۔تَبَان) (ف) (ہندوستان کا ایک جزیرہ، جہاں مُربّا رکھنے کے لیے خاص قسم کے چینی کے ظرف بنائے جاتے ہیں) (۱) چینی یا مٹی کا ایک قسم کا برتن، جس پر لاکھ کا روغن کیا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا کیلا ۔

مرتبت (مَرْ۔تَبَت) (ع) مؤنث۔ مرتبہ ۔ **مرتبہ**۔ مذکر (۱) رتبہ۔ درجہ۔ عہدہ۔ منصب (۲) دفعہ۔ بار ۔

مُرتَد (مُرْ۔تَد) (عربی میں دال کی تشدید سے) مذکر۔ اسلام سے پھرا ہوا۔ منحرف۔ مردود۔ ملحد۔ ملعون (ہو جانا، ہونا کے ساتھ) ۔

مرتسم (مُرْ۔تَسِم) (ع) نشان کیا گیا۔ نقش پکڑا ہوا۔ مُہر لگایا گیا ۔

مرتشی (مُرْ۔تَشِی) (ع) رشوت خوار۔ رشوت لینے والا۔ کھاؤ ۔

مرتضوی (مُرْ۔ تَضَوِی) (ع) مرتضیٰؓ سے نسبت رکھنے والا۔
مرتضیٰ (مُرْ۔ تَضَا) (ع) مذکر (۱) مقبول۔ پسندیدہ (۲) حضرت علیؓ کا لقب۔
مرتعش (مُرْ۔ تَعِش) (ع) رعشے والا۔ لرزاں۔ کانپنے والا۔
مرتفع (مُرْ۔ تَفِعْ) (ع) جگہ سے دور کیا گیا۔ **مرتفع**۔ اونچا ہونے والا۔ اونچا۔ بلند۔
مرتکب (مُرْ۔ تَکِب) (ع) (۱) کسی فعل کا کرنے والا۔ ارتکاب کرنے والا (۲) مجرم۔ قصوروار (ہونا کے ساتھ)۔
مرتہن (مُرْ۔ تَہِن) (ع) مذکر۔ رہن لینے والا۔ گرو رکھنے والا۔ **مرتہن قابض**۔ گرودار۔ گروی چیز کو قبضے میں رکھنے والا۔
مرثیہ (مَرْ۔ ثِیَہ) (ع) مذکر (۱) وہ نظم، جس میں کسی شخص کی وفات یا شہادت کا حال اور اس کی مصیبتوں کا ذکر ہو (۲) وہ اشعار، جن میں شہدائے کربلا کی شہادت کے واقعات اور حادثات کا دردانگیز بیان ہو (۳) رونا۔ ماتم۔
مرثیہ پڑھنا (ف) نوحہ پڑھنا۔ مرثیہ خوانی کرنا۔ **مرثیہ خواں** (ع۔ف) مذکر۔ نوحہ خواں۔ وہ شخص، جو مجالس میں جاکر مرثیہ پڑھنے کا پیشہ کرتا ہو۔ **مرثیہ خوانی**۔ مؤنث۔ مرثیہ پڑھنا۔ نوحہ خوانی۔ **مرثیہ خوانی کرنا** (ف) دیکھیے "مرثیہ پڑھنا"۔ **مرثیے**۔ مذکر۔ مرثیہ کی جمع۔ نوحے۔
مَرج (مَرْج) (ع) مذکر۔ چوپایوں کے چرنے کی جگہ۔ چراگاہ۔
مَرَج (مَرَج) (ع) مذکر۔ کام کا بگڑ جانا۔ تباہی۔ فساد۔
مرجاد (مَرْ۔ جاد) (ہ) مؤنث۔ طریقہ۔ طور۔ برتاؤ۔ رواج۔ چلن۔
مَرجان (مَرْ۔ جان) (۱) (ع) مذکر۔ چھوٹا موتی (۲) (ف) مونگا۔
مُرجَّح (مُرَجْ۔ جَح) (ع) ترجیح دیا گیا۔ غلبہ دیا گیا۔ غالب۔ فائق۔ افضل۔
مرجز (مُرَجْ۔ جَز) (ع) نثر کی ایک قسم۔
مَرجع (مَرْ۔ جِع) (ع) مذکر۔ ٹھکانا۔ جائے رجوع۔ جائے پناہ۔ ملجا۔ ماوا۔ **مرجع خلائق**۔ **مرجع عام**۔ مذکر۔ ساری خلقت کا ٹھکانا۔ وہ شخص یا وہ جگہ، جہاں سب رجوع ہوں۔
مَرجوع۔ مرجوعہ (مَرْ۔ جوع، مَرْ۔ جو۔ عَہ) (ع) (۱) لوٹایا گیا۔ رجوع کیا گیا (۲) دائر کیا گیا۔ عدالت میں پیش کیا گیا۔
مرجھا (مُرْ۔ جھا) (ہ) مرجھانا کا امر۔ **مرجھانا** (۱) کملانا۔ پژمردہ ہونا (۲) دبلا ہونا۔ لاغر ہونا (۳) سوکھنا۔ خشک ہونا (۴) اداس ہونا۔ غمگین ہونا۔
مرچ (مِرْچ) (ہ) مؤنث (۱) ایک پودا، جس کا پھل عموماً سرخ لیکن سیاہ، زرد اور سفید بھی ہوتا ہے۔ اس کا مزہ بہت تیز ہوتا ہے (۲) اس پودے کا پھل، جو نمک کے ساتھ پیس کر ہنڈیا میں ڈالا جاتا ہے (۳) ازحد تند۔ ازحد تیز (۴) قیامت۔ آفت۔ **مرچیں**۔ مؤنث۔ مرچ کی جمع۔ **مرچیں سی لگ اٹھنا۔ یا۔ لگنا۔ یا۔ مرچیں لگنا**۔ کسی بات کا بے حد ناگوار گزرنا۔ جلنا۔ برا لگنا۔ جھنجھلا اٹھنا۔ آگ سی لگ جانا۔
مرچڑا (مُرْ۔ چِڑا) (ہ) (۱) اپنا سر چیر دینے والا۔ ضدی (۲) ایک قسم کا فقیر، جو اپنا سر زخمی کرکے بھیک مانگتا ہے۔ **مرچڑاپن**۔ مذکر۔ سرزوری۔ سینہ زوری۔ ہٹیلاپن۔ ضد۔
مرچنٹ (مَرْ۔ چَنْٹ) (انگ۔ Merchant) مذکر۔ تاجر۔ سوداگر۔
مرچنگ (مُرْ۔ چَنگ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا باجا، جو منہ میں پکڑ کر انگلیوں سے بجایا جاتا ہے۔
مرحبا (مَرْ۔ حَبا) [ع۔ اصل میں "رَحُبَتْ بِکَ الدَّارُ مَرْحَبًا" (وسیع ہوا تیرے لیے گھر بہت وسیع ہونا) تھا۔ فعل مع متعلقات حذف کرکے مرحب کی تنوین دور کرنے کے بعد اس کے آخر میں الف بڑھایا۔ یہ لفظ عرب میں مہمان کی تعظیم کے لیے بولتے ہیں] مؤنث۔ واہ وا۔ سبحان اللہ۔ آفریں۔ شاباش (کہنا کے ساتھ)۔
مرحلہ (مَرْ۔ حَلَہ) (ع) (۱) مذکر۔ منزل۔ بارہ میل کی مسافت۔ ایک طرح کی عمارت، جو جنگی قلعے کے اردگرد بناتے اور اس پر بیٹھ کر دشمن سے جنگ کرتے ہیں (۲) (ف) اہم کام۔ بڑی مسافت (طے کرنا، طے ہونا کے ساتھ)۔
مرحمت (مَرْ۔ حَمَت) (ع) مؤنث۔ رحم۔ عنایت۔ کرم۔ نوازش۔ مہربانی۔ الطاف۔ **مرحمت فرمانا۔ یا۔ کرنا** (ف) بڑے کا چھوٹے کو کچھ دینا یا بھیجنا۔ **مرحمت نامہ** (ع۔ف) مذکر۔ بڑے کا خط چھوٹے کے نام۔ **مرحمت نامہ صادر ہونا** (ف) بڑے کا خط آنا۔
مرحوم (مَرْ۔ حوم) (ع) (۱) رحم یا مہربانی کیا گیا۔ وہ مرد، جو مر گیا ہو۔ یہ لفظ صرف مسلمان مُردے کے لیے مخصوص ہے۔ ہندوؤں میں اس جگہ سرگ باشی ہے (۲) (کنایۃً) وہ چیز، جو ضائع ہو گئی ہو۔ **مرحومہ**۔ مرحوم کی تانیث۔
مرخص (مُرَخْ۔ خَص) (ع) رخصت کیا گیا۔ روانہ کیا گیا۔ اجازت دیا گیا (ہونا کے ساتھ)۔
مرخم (مُرَخْ۔ خَم) (ع) (۱) نرم کیا گیا (۲) وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو۔
مرد (مَرْد) (ف) مذکر (۱) نر (۲) بشر۔ آدمی۔ شخص (۳) (ف) شوہر۔ خاوند (۴) (ف) دلیر۔ شجاع۔ بہادر (۵) لائق۔ **مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست**۔ مقولہ۔ انجام سوچنے کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **مرد آدمی** (ف) مہذب۔ شریف۔ بھلامانس۔ **مرد بچہ** (ف) مرد کا بچہ۔ بہادر۔ دلیر۔ **مرد بننا** (ف) جرأت دکھانا۔ حوصلہ کرنا۔ **مرد تازہ ولایت** (ف) مذکر (۱) وہ شخص، جو حال ہی میں ولایت سے آیا ہو (۲) وہ شخص، جو ہندوستانیوں سے میل جول نہ رکھے (۳) وحشی۔ **مرد چوں پیر شود حرص جواں می گردد**۔ مقولہ۔ بڑھاپے میں حرص زیادہ ہو جاتی

ہے ٭ مردِ حق ۔ مذکر ۔ مردِ خدا ۔ خدا کا ولی ٭ مردِ خدا ۔ مذکر (۱) ولی ۔ خدا رسیدہ ۔ خدا شناس ۔ پارسا ۔ عارف (۲) شریف بزرگ (۳) حسنِ کلام کے لیے بھلے مانس کی جگہ اور کبھی طنز سے بھی مستعمل ہے ٭ مرد روغن (ف) مذکر (بازاری) آب پشت ۔ نطفہ ۔ منی ٭
مرد کی ذات ۔ مرد کی صورت (ع) مذکر ۔ مرد کی جنس ، جس میں جرأت اور بہادری ہوتی ہے ٭ مرد کی صورت نہ دیکھنا ۔ عورت کا مرد کے پاس نہ جانا ۔ عورت کا مجرد رہنا ٭ مرد کی موت نامرد کے ہاتھ ۔ مثل ۔ کبھی کمزور بھی زبردست کو مار لیتا ہے ٭ مرد مانس ۔ مذکر (ہندو) (عو) مرد کی ذات ٭ مرد مانس گھر ہی بھلے (ہندو) (عو) شریف آدمی وہی ہے ، جو گھر ہی میں رہے ، یعنی آوارہ اور بدچلن نہ ہو ٭ مرد مرے نام کو ، نامرد مرے نان کو ۔ مثل ۔ شریف اور بہادر آدمی عزت و شہرت کے لیے جان تک دے دیتا ہے اور نامرد صرف روٹی کے واسطے خوار ہوتا ہے ٭ مردِ معقول (ف ۔ ع) مہذب ۔ شریف ۔ باوضع ۔ شائستہ ۔ دانش مند ۔ دانا ٭
مردِ میدان (ف) (۱) دلیر ۔ بہادر ۔ سورما (۲) مقابل ۔ حریف ٭
مردامردی (ف) مؤنث ۔ زور آوری ۔ سرزوری ۔ زبردستی ٭
مردانگی (ف) مؤنث ۔ دلیری ۔ جوانمردی ۔ بہادری ۔ مردی ٭
مردانہ (۱) مرد سے نسبت رکھنے والا (۲) مرد کی مانند ۔ جرأت سے ۔ دلیری سے (۳) (ف) مذکر ۔ وہ جگہ ، جہاں مرد بیٹھتے ہوں ۔ بیٹھک ۔ دیوان خانہ ٭ مردانہ بھیس (ف) مذکر ۔ مرد کا سا روپ ۔ مردانہ لباس یا صورت ٭ مردانہ جوڑا ۔ مذکر ۔ مردوں کے پہننے کا لباس ٭ مردانہ مکان ۔ مذکر ۔ وہ مکان ، جس میں مرد موجود ہوں ۔ بیٹھک ۔ دیوان خانہ ٭ مردانہ وار (ف) مردوں کی مانند ۔ دلیرانہ ۔ بہادرانہ ٭ مردانی (ف) مؤنث (۱) وہ عورت ، جو اپنے آپ کو مردوں کی طرح بنائے (۲) مردوں کے سے کام کرنے والی عورت ۔ چالاک عورت (۳) مرد سے نسبت رکھنے والی ۔ منسوب بہ مرد ٭ مَرْدَک (ف) مذکر (۱) پست قد ۔ بونا ۔ ٹھنگنا (۲) ادنیٰ اور ذلیل آدمی ۔ حقیر آدمی ٭
مَرْدُم ۔ مذکر (۱) عام لوگ ۔ آدم ۔ انسان ۔ مرد (۲) شائستہ اور مہذب آدمی ٭ مَرْدُمِ آبی ۔ مذکر ۔ دریائی آدمی ۔ جل مانس ۔ انسانی صورت کے حیوانات ، جو سمندر میں ہوتے ہیں ٭ مردم آزار ۔ لوگوں کو ستانے والا ۔ بے رحم ۔ ظالم ۔ موذی ٭ مردم خوار ۔ مذکر (۱) آدم خور ۔ آدمیوں کو کھا جانے والے لوگ یا حیوان (۲) ظالم ۔ سفاک ۔ بے رحم ٭
مردم خیز (۱) وہ مقام ، جہاں عمدہ ، اچھے ، لائق اور بہادر آدمی پیدا ہوں (۲) وہ جگہ ، جہاں کثرت سے آدمی پیدا ہوتے ہوں ٭ مردم شماری ۔ مؤنث ۔ آدمیوں کی گنتی ٭ مردم شناس ۔ آدمیوں کی قابلیت جانچنے والا ٭ مردم گیا ۔ یا ۔ گیاہ ۔ مؤنث (۱) ایک قسم کا پودا یا گھاس ، جو حدودِ چین میں بشکل مردم پیدا ہوتی ہے ۔ اس کے پتے آفتاب کے مقابل رہتے ہیں ۔ اگر کوئی کھالے تو فوراً مر جاتا ہے (۲) تزکِ جہانگیری میں بہ معنی حنظل آیا ہے ٭ مردم ماہی ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی مچھلی ، جس کا دھڑ انسان جیسا ہوتا ہے ٭ مَرْدُمَک ۔ مؤنث ۔ آنکھ کی پتلی ٭ مَرْدُمی ۔ مؤنث (۱) انسانیت ۔ مروت ۔ رعایت ۔ خلق (۲) اہلیت (۳) دلیری ۔ شجاعت ۔ بہادری ٭
مَرْدُوا (ف) مذکر ۔ دیکھیے "مردک" ٭ مردی (ف) مؤنث (۱) مردانیت ۔ انسانیت ۔ آدمیت ۔ مردپن (۲) مردانگی ۔ بہادری (۳) (ف) طاقتِ مردمی ۔ رجولیت ۔ قوتِ باہ ٭
مُرْداد (مُرْ ۔ داد) (ف) مذکر ۔ پانچواں شمسی مہینا ٭
مُردار (مُرْ ۔ دار) (ف) (۱) اپنی موت سے مرا ہوا جانور (۲) حرام ۔ نجس ۔ ناپاک (۳) بے جان ۔ مردہ (۴) انتہائی حقارت کا کلمہ ، جو ناراضی کی حالت میں عورت کو کہا جاتا ہے (۵) نابکار ۔ نالائق (۶) فاحشہ ٭
مُردار سنگ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کی دوا ، جو پتھر کی مانند ہوتی ہے ٭
مُردار مال (ف) مذکر ۔ حرام مال ۔ ناجائز مال ۔ خلافِ شرع حاصل کیا ہوا مال ٭ مُردار ہڈی پر اُڑنا ۔ حرام مال پر جھگڑا کرنا ٭
مُردار ہو جانا ۔ ناجائز ہو جانا ۔ حرام ہو جانا ۔ ذبح کرنے کے قابل نہ رہنا ٭ مُرداری ۔ مؤنث (عو) چھپکلی ۔ چلپاسہ ٭
مُردگاں (مُرْ ۔ دَ ۔ گاں) (ف) مذکر ۔ مردہ کی جمع ۔ مرے ہوئے لوگ ۔ مُردے ٭
مِردنگ (مِرْ ۔ دَنگ) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی ڈھولک ، جو طبلے کی طرح بجائی جاتی ہے (۲) ایک قسم کا شیشے کا فانوس ، جس پر شمع روشن کر کے رکھی جاتی ہے ٭ مِردنگی ۔ مذکر ۔ مِردنگ بجانے والا ٭
مُردنی (مُرْ ۔ دَنی) (ف) مؤنث (۱) موت کے آثار ۔ چہرے کی زردی ، جو مرنے کے وقت معلوم ہوتی ہے (۲) (ہندو) مرنا (۳) موت ۔ قضا ٭
مُردنی پھرنا ۔ چھا جانا ۔ یا ۔ چھانا ۔ چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا ۔ موت کے آثار ظاہر ہونا ٭
مردود (مَرْ ۔ دُود) (ع) (۱) رد کیا گیا ۔ بے عزت کیا گیا ۔ نابکار ۔ ملعون (۲) نکما ۔ بدنصیب ۔ نالائق ٭ مردود ہو جانا (۱) نکالا جانا ۔ باہر کیا جانا ۔ ملعون ہو جانا ٭
مُردوں (مُرْ ۔ دوں) (ف) مذکر ۔ مُردہ کی جمع حروفِ جار سے پہلے ٭
مُردوں کو اوندھا ڈال رکھنا (عو) مُردوں کی فاتحہ درود نہ کرنا ٭
مُردوں کی ہڈیاں اکھیڑنا (۱) گزرے ہوئے شاعروں کے کلام میں نکتہ چینی کرنا (۲) مُردوں کو برائی سے یاد کرنا (۳) اگلے لوگوں کی باتوں کو برا کہنا ۔ مرے ہوئے لوگوں کے عیب ظاہر کرنا (۴) پرانے مضامین باندھنا ٭
مُردوں کی ہڈیاں بچھوڑنا ۔ بزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنا ٭
مُردہ (مُرْ ۔ دَہ) (ف) (۱) مرا ہوا ۔ بے جان ۔ بے روح ۔ متوفی (۲) (ف) دبلا ۔ لاغر ۔ نحیف ۔ کمزور (۳) عمر رسیدہ ۔ از حد بوڑھا (۴) افسردہ ۔ مرجھایا ہوا (۵) جنازہ ۔ لاش ۔ میت ٭ مُردہ اٹھانا

(ل) (۱) کسی کا گور گڑھا کرنا۔ تجہیز و تکفین کرنا (۲) میّت کی رسمیں ادا کرنا۔ مُردہ بدستِ زندہ (ف) مثل۔ عاجز زبردست کے قابو میں آکر مجبور ہوتا ہے۔ مُردہ بھاری ہونا (ل) (۱) میّت کا وزنی ہونا (۲) ناتواں ہوکر بھی زور آور پر غالب آنا (۳) مشہور ہے کہ گنہگار کا جنازہ بھاری ہوتا ہے، اس لیے نہایت گنہگار کے مرنے پر کہتے ہیں۔ مُردہ پسند (ف) مُردے کی تعریف کرنے والا۔ مُردہ خراب ہونا (ل) مُردے کا رسوا ہونا۔ میّت کی مٹّی پلید ہونا۔ مُردہ خوار (ف) (۱) مُردہ کھانے والا (۲) غیبت کرنے والا۔ مُردہ دل (۱) مغموم۔ دلگیر۔ رنجیدہ۔ آزردہ۔ اُداس (۲) کاہل سُست (۳) کم بخت (۴) بے مذاق۔ مُردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں، اپنے حلوے مانڈے سے کام (ل) مثل۔ خود غرض کو اپنے مطلب سے کام ہے، خواہ کوئی مَرے یا جیے۔ مُردہ شو (ف) مُردے کو نہلانے یا غسل دینے والا۔ غسّال۔ مُردہ شو کے حوالے۔ مُردہ شوئے جائے (ل) (ع) غسّال کے سپرد ہو۔ موت آئے۔ مر جائے۔ دنیا سے جاتا رہے۔ مُردہ کر دینا۔ یا۔ کر ڈالنا (۱) مرنے کے قریب کر دینا۔ مُردہ سا بنا دینا۔ کمزور کر دینا (۲) ذبح کرنا۔ مار ڈالنا۔ مُردے۔ مُردہ کی جمع۔ مُردے پر تین دن بھاری۔ مُردے کے لیے پہلے تین دن بہت سخت ہوتے ہیں، کیونکہ اسلامی عقیدے کے مطابق اس دوران میں اس سے سوال و جواب ہوتے ہیں۔ مُردے پر جیسے سَو من مٹّی ویسے ہزار من۔ مثل۔ جب مصیبت ہی ہے تو جیسی تھوڑی، ویسی بہت۔ مُردے (مُردوں) سے شرط باندھ کر سونا۔ بے حد سونا۔ جاگنے کا نام نہ لینا۔ گھوڑے بیچ کر سونا۔ مُردے کا مال۔ مذکّر (۱) متروکہ مال (۲) لاوارث مال (۳) نہایت سستا مال یا سودا۔ مُردے کو بیٹھ کر روتے ہیں اور روزی کو کھڑے ہو کر۔ مثل۔ روزگار کا غم مردے کے غم سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

مردھا (مَر۔ دَھا) (ہ) (۱) گاؤں کا سردار۔ مقدم۔ چودھری۔ مکھیا (۲) پیادہ۔ جریب کش۔

مرز (مَرْز) (ف) مذکّر (۱) سرحد۔ حد (۲) زمین (۳) قابل کاشت زمین۔

مرزبان۔ مذکّر (۱) زمیندار (۲) سردار (۳) آتش پرستوں کا سردار (۴) سرحد کا افسر (۵) صوبیدار۔ حاکم (۶) شاہ۔ شہزادہ۔

مرزبوم۔ مذکّر (۱) پیدائش کی جگہ (۲) ملک کی حدود (۳) سلطنت۔ مملکت۔

مرزا (مِر۔ زا) (ف) مذکّر (۱) امیر زادہ۔ شہزادہ (۲) مغلوں کا لقب۔ مغل زادہ (۳) خاندانِ تیموریہ کے شہزادوں کا لقب۔ مرزا پھویا (ل) مذکّر۔ بے حد نازک اندام آدمی۔ تن آسان آدمی۔ آرام طلب۔ دُبلا پتلا۔ لاغر۔ مرزا منش (ف) نازک طبع۔ نازک مزاج۔

مرزائی۔ مؤنّث (۱) شہزادگی۔ بزرگی (۲) (ل) حکومت کی بو۔ غرور۔ تکبّر (۳) سرداری۔ حکومت (۴) آدھی یا پوری آستینوں کی کُرتی۔ نیم آستین۔ واسکٹ۔ صدری۔ کُرتی (۵) مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو۔

مرزئی (مِر۔ زَئی) (ل) مؤنّث۔ دیکھیے مرزائی ۴۔

مرسل (مُر۔ سَل) (ع) (۱) بھیجا گیا (۲) مذکّر۔ نبی۔ رسول۔ پیغمبر (۳) حدیث کی ایک قسم۔ مُرسَلُ اِلَیہ۔ جس کی طرف کچھ بھیجا جائے۔ مُرسَلَہ۔ بھیجا ہوا۔ فرستادہ۔ مُرسَلِین۔ مذکّر۔ مرسل کی جمع۔ بہت سے رسول۔ بہت سے پیغمبر۔

مرسوم (مَر۔ سُوم) (ع) (۱) رسم ڈالا گیا۔ قاعدہ باندھا گیا (۲) نشان کیا گیا (۳) تنخواہ۔ مشاہرہ۔ وظیفہ۔

مرشد (مُر۔ شِد) (ع) مذکّر (۱) ہدایت کرنے والا۔ ہادی۔ رہنما۔ پیر (۲) (ل) عیار۔ چالاک۔ ہوشیار۔ استاد۔

مرصّع (مُ۔ رَص۔ صَع) (ع) (۱) جڑاؤ۔ نگینے یا جواہرات جڑا ہوا۔ آراستہ (۲) وہ نظم یا نثر، جس میں ہر لفظ کے مقابل دوسرا لفظ اسی وزن اور قافیے کا آتا ہو۔ مرصّع ساز۔ مرصّع کار (ع۔ ف) جڑیا۔ زیور میں نگینے یا جواہرات جڑنے والا۔ مرصّع کاری۔ مؤنّث۔ جڑنے کا کام۔ جڑت۔

مرصوص۔ مرصوصہ (مَر۔ صُوص، مَر۔ صُو۔ صَہ) (ع) رانگ پلایا ہوا۔ مضبوط کیا ہوا۔

مرض (مَ۔ رَض) (ع) مذکّر (۱) روگ۔ بیماری۔ آزار۔ دُکھ (۲) (ل) عادت۔ لت۔ مَرَضُ المَوت۔ مذکّر۔ وہ بیماری، جس سے آدمی مر جائے۔ مَرَضِ لاحِقَہ۔ مذکّر۔ وہ بیماری، جو لاحق ہو۔ موجودہ روگ۔ مَرَضِ مُتَعَدّی۔ مذکّر۔ وہ بیماری، جو ایک سے دوسرے کو ہو جائے۔ چھوت کی بیماری۔ مَرَضِ مُہلِک۔ مذکّر۔ وہ بیماری، جس میں جان کا اندیشہ ہو۔ خطرناک آزار۔ خوفناک مرض۔ مَرضا۔ مذکّر۔ مریض کی جمع۔

مرضی (مَر۔ ضِی) (ع) مؤنّث (۱) خوشی۔ رضا۔ اقرار۔ منظوری (۲) (ل) اجازت (۳) خواہش۔ مرضی کے موافق (ل) خاطر خواہ۔ حسبِ اطمینان۔ مرضی ملنا۔ باہم رضامند ہونا۔ اتفاقِ رائے ہونا۔ دل ملنا۔ مرضی ملے کا سودا ہے۔ باہم راضی ہو جانے کی بات ہے۔ رضامندی کا معاملہ ہے۔ مرضیِ مولیٰ از ہمہ اولیٰ (ع۔ ف) مقولہ۔ خدا کی مرضی سب کی رائے سے بہتر ہے۔ خدا جو چاہے، سو کرے۔ مرضی میں آنا (ل) رائے میں آنا۔ پسند ہونا۔

مرطوب (مَر۔ طُوب) (ع) تر۔ بھیگا ہوا۔ سیلا ہوا۔ گیلا۔

مرعوب (مَر۔ عُوب) (ع) رعب میں آیا ہوا۔ ڈرا ہوا۔ ڈرنے والا۔

مرغی (مُرْ-غِیْ) (ع) رعایت کیا گیا ۔
مُرغ (مُرْغْ) (ف) مذکر (۱) اُڑنے والا جانور - پرندہ - طائر (۲) (و) مرغا - خروس ۔ **مُرغِ آتش خوار** - مذکر - چکورہ **مُرغ باز** - مذکر - مرغ لڑانے والا ۔ **مُرغ بازی** - مؤنث - مرغ لڑانا ۔
مُرغِ بام - مذکر (۱) بلبل (۲) قمری - فاختہ ۔ **مُرغِ چمن** - مذکر - بلبل - ہزار داستان - عندلیب - گلدُم ۔ **مُرغِ دست آموز** - مذکر - ہاتھ پر پالا ہؤا مرغ - ہلا ہؤا پرندہ، جو اُڑ کر پھر ہاتھ پر آ بیٹھے ۔ **مُرغِ سحر - مُرغِ صبح** (ف - ع) مذکر (۱) صبح کو بانگ دینے والا مُرغا - خروس - زماکیاں (۲) بلبل - عندلیب - قمری - فاختہ وغیرہ - وہ پرندے، جو صبح کو چہچہاتے ہیں ۔
مُرغِ سلیمانؑ - مذکر - ہُدہُد - کھٹ بڑھئی - ایک تاج دار خوب صورت پرندہ، جو اکثر درخت کھود کر اس میں گھونسلا بناتا ہے - کہتے ہیں کہ یہی حضرت سلیمانؑ کا قاصد بن کر بلقیس کے پاس گیا تھا ۔ **مُرغِ قبلہ نما** - مذکر - وہ مرغ جو قبلہ نما آلے کے اندر قبلے کی سمت ظاہر کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے - طائرِ قبلہ نما ۔
مُرغ (مرغے) کی ایک ہی ٹانگ (و) مثل - اُس وقت بولتے ہیں، جب کوئی اپنی بیجا بات پر اَڑا رہے اور قائل نہ ہو ۔ **مُرغ لڑانا** (۱) مرغوں کی لڑائی کرانا (۲) دو شخصوں کے درمیان لڑائی کرانا ۔ **مُرغِ مصلّی** (ع - ف) مذکر - وہ شخص، جو ظاہر میں تو نمازی اور پرہیزگار، مگر باطن میں کینہ ور اور مکّار ہو ۔ **مُرغِ نامہ بر** (ف) مذکر (۱) وہ سدھایا ہؤا کبوتر، جس کے گلے یا بازو میں خط باندھ کر ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجتے تھے - ہُدہُد ۔
مُرغِ آبی - مُرغابی - مؤنث - مرغے کی طرح پانی میں رہنے والا پرندہ - جل ککڑ - قاز ۔ **مُرغا** (و) مذکر - مرغ - خروس ۔
مُرغا نہ ہوگا تو کیا اذان نہ ہوگی؟ مثل - کوئی کام کسی کی ذاتِ خاص پر موقوف نہیں، بستی دنیا تک کام ہوتے ہی رہیں گے ۔
مُرغان (ف) مذکر - مرغ کی جمع - بہت سے پرندے - طیور ۔
مُرغوں (و) مذکر - مرغ اور مرغا کی جمع حروفِ جار سے پہلے ۔
مُرغوں کی پالی - مؤنث - مرغوں کا اکھاڑا - وہ جگہ، جہاں مرغے لڑائے جائیں ۔ **مُرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ** - مثل - جو دل میں ہوتا ہے، وہی خواب میں نظر آتا ہے ۔
مُرْغِیْ - مؤنث - مرغے کی مادہ - ماکیاں ۔ **مرغی اپنی جان سے گئی، کھانے والے کو مزہ (سواد) (رہی) نہ آیا** - مثل (عو) اس موقع پر کہتی ہیں، جب کوئی شخص کسی سے سلوک اور تواضع کرنے میں انتہائی کوشش کرے اور وہ شخص اس جانفشانی کو کچھ خاطر میں نہ لائے یا اس کا احسان نہ مانے ۔
مرغی انڈے کی بحث - مؤنث - غیر منتج بحث - بے نتیجہ گفتگو ۔

مرغی کا - مذکر - بطور گالی کے بولتے ہیں - مرغی کا جنا ۔ **مرغی کو تکلے کا گھاؤ (داغ) بہت ہے** - مثل - غریب کو تھوڑا نقصان بھی بہت ہے - کمزور کو تھوڑا صدمہ بھی بہت ہے ۔ **مرغی کی بانگ کون سنتا ہے** - مثل - عورت کی بات کا کیا اعتبار ۔
مرغی بیچ - مذکر (ظرافتاً) مرغیوں کی سوداگری کرنے والا - مرغیاں لانے والا ۔
مرغزار (مَرْغْ - زَارْ) (ف - مَرْغ، دُوب، زار، جگہ) مذکر - چراگاہ - سبزہ زار - وہ جگہ، جہاں کثرت سے دُوب گھاس اُگی ہو ۔
مرغن (مُرَ - غَنْ) (و) (عوام) روغن ڈالا گیا، جس میں بہت سا گھی پڑا ہو ۔
مرغوب (مَرْ - غُوْبْ) (ع) (۱) پسندیدہ - دل پسند (۲) خوب صورت - پیارا - محبوب - دلربا - دلکش (۳) مزیدار - لذیذ ۔ **مرغوب آنا** (و) مرغوب ہونا ۔ **مرغوب الطبع** - من بھاتا - جو دل کو اچھا لگے - دل پسند ۔
مرغول - مرغولہ - (مَرْ - غُوْلْ - مَرْ - غُوْ - لَہْ) (ف) (۱) ٹیڑھا - خم دار - پیچ دار - پیچیدہ - بل کھائے ہوئے - مڑا ہؤا - گھنگریالا (۲) (و) مذکر - ڈنڈی دار محراب (۳) مدوّر بنا ہؤا (۴) پیچیدہ آواز - گٹکری ۔
مرفوع (مَرْ - فُوْعْ) (۱) بلند کیا گیا - اٹھایا گیا - رفع کیا گیا (۲) نحو میں وہ حرف، جس پر پیش ہو (۳) مؤنث - وہ حدیث، جس کا سلسلہ رسول اللہ (صلعم) تک پہنچے ۔ **مَرْفُوْعُ الْقَلَمْ** - وہ شخص، جس کا جُرم قابلِ بازپُرس نہ ہو - پاگل - دیوانہ - معذور ۔
مرفّہ (مُرَفْ - فَہْ) (ع) خوش حال - آسودہ - فارغ البال - پیٹ بھرا ۔ **مرفّہ الحال** - خوش حال - فارغ البالی - معاش سے بے فکر - دولت مند - امیر ۔
مرقد (مَرْ - قَدْ) (ع) مذکر (۱) سونے کی جگہ - خواب گاہ - آرام گاہ (۲) قبر - مزار - گور - تربت ۔
مرقّع (مُرَقْ - قَعْ) (ع) مذکر (۱) تصویروں کی کتاب - البم (۲) قطعات رکھنے کی کتاب (۳) فقیروں کی گدڑی (۴) (کنایۃً) لاجواب ۔
مرقع الٹ جانا - مرقع برہم ہونا (۱) عالم کا تہ و بالا ہونا ۔ **مرقع بن جانا** - حیران ہو جانا ۔ **مرقع درہم برہم ہونا** - جو لوگ ایک جگہ جمع ہوں، ان کا پریشان ہو جانا - تتر بتر ہو جانا ۔ **مرقع کھینچنا** - تصویر کھینچنا ۔
مرقوم (مَرْ - قُوْمْ) (ع) لکھا گیا - لکھا ہؤا ۔ **مرقوم الحاشیہ** (قانون) حاشیے پر لکھا ہؤا یعنی گواہ ۔ **مرقومہ** - تحریر کیا ہؤا - لکھا ہؤا ۔ **مرقومۂ بالا** (ع - ف) اوپر لکھا ہؤا - محررۂ بالا - مسطورۂ بالا ۔

مرک (مُرَکْ) (ہ) مُرکنا کا امر ٭ **مُرکا** (۱) مُرکنا سے ماضی مطلق (۲) مُرکانا کا امر ٭ **مُرکانا** ۔ بل دینا ۔ مروڑنا ۔ موڑنا ٭ **مُرکنا** ۔ بل کھانا ۔ ٹوٹنا ۔ مُڑنا ۔ موچ آنا ٭

مرکب (مَرْ ۔ کَب) (ع) مذکر ۔ سواری کی چیز ۔ کوئی جانور یا کشتی، جس پر سوار ہوں ۔ اکثر اس کا اطلاق گھوڑے پر ہوتا ہے ٭

مُرکّب (مُرَکْ ۔ کَب) (ع) مذکر (۱) ترکیب دیا گیا ۔ مخلوط ۔ مِلا ہوا (۲) دوات کی سیاہی ٭ **مُرکّبات** ۔ مذکر ۔ مرکب کی جمع ۔ ملی ہوئی دوائیں ٭

مرکز (مَرْ ۔ کَز) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کے کھڑا کرنے کی جگہ ۔ نوک دار چیز (۲) کسی چیز کا درمیانی حصّہ ۔ عین وسط ۔ قلب ۔ درمیان (۳) دائرے کے بیچ کا وہ نقطہ، جس سے اس کے محیط تک جتنے خط کھینچے جائیں، سب برابر آئیں (۴) ٹھہرنے کی جگہ ۔ مقام ۔ صدر مقام ۔ کیمپ (۵) وہ آڑی لکیر، جو کاف یا گاف پر کھینچی جاتی ہے (۶) دورہ کرنے کی جگہ ۔ مدار ۔ وہ شے، جس کے گرد کوئی چیز گھومے ۔ کیلی ۔ دُھری ٭ **مرکزِ ثقل** ۔ مذکر ۔ وہ نقطہ، جس کے گرد کسی جسم کے تمام اجزاء تُلے رہیں اور وہ جسم گرنے نہ پائے ٭ **مرکزِ زمین** (ع ۔ ف) مذکر ۔ کرۂ ارض کا وسط ۔ دنیا کی کیلی، دُھری یا مدار ٭

مرکوز (مَرْ ۔ کُوْ ز) (ع) (۱) گڑا ہوا ۔ محکم کیا ہوا (۲) (مجازاً) منظور کیا گیا ۔ پسند کیا گیا ۔ دل نشین ۔ منظور ٭ **مرکوزِ خاطر** (ع ۔ ف) جو بات دل میں بیٹھی ہوئی ہو ۔ دل نشین ٭

مرکھنا (مَرْ ۔ کھَنا) (ہ) مذکر ۔ وہ جانور، جسے سینگ مارنے کی عادت ہو ۔ شریر جانور ٭

مُرکی (مُرْ ۔ کِی) (ہ) مؤنث ۔ کان کا ایک زیور ۔ چھوٹی سی بالی ٭ **مُرکیاں** ۔ مؤنث ۔ مُرکی کی جمع ٭

مرگ (مَرْگ) (ف) مؤنث ۔ موت ۔ اجل ۔ قضا ٭ **مرگِ اتّفاقی** ۔ مؤنث ۔ وہ موت، جو اچانک آجائے ۔ ناگہانی موت ۔ قضائے ناگہانی ۔ بے وقت کی موت ٭ **مرگِ انبوہ جشنے دارد** ۔ مثل ۔ عام مصیبت ایک قسم کا جلسہ ہوتی ہے، یعنی عام مصیبت میں رنج نہیں ہوتا ٭ **مرگ پیچ** ۔ پگڑی کا ایک خاص قسم کا پیچ، جو اس امر کی علامت ہے کہ اس پگڑی کا باندھنے والا جان دینے پر آمادہ ہے ٭ **مرگِ طبعی** ۔ مؤنث ۔ قدرتی موت ۔ اپنی موت ٭ **مرگِ مفاجات** ۔ مؤنث ۔ ناگہانی موت ۔ بے وقت کی موت ٭ **مرگِ ناگہاں** ۔ یا ۔ **ناگہانی** ۔ مؤنث ۔ وہ موت، جو اچانک واقع ہو جائے ۔ مرگِ اتّفاقی ٭ **مرگِ نو** ۔ مؤنث (کنایۃً) نیا حادثہ ۔ نیا عشق ٭

مرگ (مِرْگ) (ہ) مذکر (۱) ہرن ۔ چکارا ۔ آہو (۲) حیوان ۔ چوپایہ (۳) پانچواں نچھتر ٭ **مِرگ چھالا** ۔ مذکر ۔ ہرن کی کھال مع بالوں کے، جس پر بیٹھ کر عبادت کی جاتی ہے ٭ **مِرگ سالا** ۔ مذکر ۔ ہرنوں کے رہنے کی جگہ ۔ رمنا ٭ **مِرگ مارنا** (۱) ہرن کا شکار کرنا (۲) (عو) ایک رسم ہے کہ جب بیٹا پیدا ہوتا ہے تو اس کی چھٹی میں باپ زچہ کے پلنگ پر کھڑا ہو کر چھت میں کمان سے تیر مارتا ہے ٭

مِرگانگ (مِرْ ۔ گانگ) (ہ) مذکر ۔ دھات وغیرہ کا کُشتہ ٭

مِرگچ (مِرْ ۔ گچ) (ہ) مذکر (۱) ایک جواہر ٭

مِرگل (مِرْ ۔ گل) (ہ) مذکر (۱) تلی ہوئی مچھلی (۲) تلی ہوئی مچھلی کے ٹکڑے ٭

مرگھٹ (مَرْ ۔ گھَٹ) (ہ) مذکر ۔ ہندوؤں کے مُردے جلانے کی جگہ ۔ شمشان ۔ مسان ٭ **مرگھٹ کا بھتنا** ۔ مذکر (۱) مسان کا آسیب ۔ سایہ ۔ پریت (۲) جادو (۳) ہمزاد ٭

مِرگی (مِرْ ۔ گی) (ہ) مؤنث (۱) ایک بیماری، جس میں آدمی یک لخت بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑتا ہے ۔ ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں اور منہ سے جھاگ نکلتا ہے ۔ صرع (۲) اُمّ الصبیان ٭ **مِرگی آنا** ۔ صرع کی بیماری کا دورہ کرنا ۔ غش آنا ٭ **مِرگیا** ۔ مذکر ۔ وہ شخص، جسے مِرگی کی بیماری ہو ٭

مُرلی (مُرْ ۔ لِی) (ہ) مؤنث ۔ بانسری ۔ نَے ۔ الغوزا ۔ منہ سے بجانے کا باجا ٭ **مُرلی بجانا** ۔ بانسری بجانا ٭ **مُرلی بجنا** (۱) بانسری بجنا (۲) طوطی بولنا ۔ اقبال یاور ہونا (۳) دست آنا ۔ پڑپڑ بولنا ٭ **مُرلی دھر** ۔ مذکر ۔ مُرلی دھرنے والا ۔ کرشن جی کا لقب ۔ کنھیا ٭ **مُرلی دُھن** ۔ مؤنث ۔ بانسری کی سُریلی اور دلکش آواز ٭ **مُرلیا** ۔ مؤنث ۔ چھوٹی مُرلی ٭ **مُرلیا بجنا** (۱) چھوٹی مُرلی کا بجنا (۲) دست آنا ٭

مَرَم (مَرَم) (س) مذکر (۱) علم ۔ گیان ۔ دانش (۲) مقصد ۔ مطلب ۔ مدّعا ۔ غرض ۔ مراد (۳) حال ۔ کیفیت ۔ احوال (۴) بھید ۔ راز (۵) دل ۔ باطن ۔ اندر ٭

مُرمُم (مُرْمُم) (ہ) مؤنث ۔ کنکریلی مٹّی ۔ پتھریلی مٹّی ٭

مرمّت (مَرَمْ ۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) اصلاح ۔ درستی ۔ ٹوٹی پھوٹی چیز کو بنانا ۔ ترمیم ۔ پھٹے پرانے کپڑے کی درستی (۲) مارپیٹ ۔ گوشمالی ۔ سزا ٭ **مرمّت طلب** ۔ درستی کے قابل ۔ بننے کے لائق ۔ قابلِ اصلاح ٭ **مرمّت کرانا** (۱) درست کرانا ۔ ٹوٹ پھوٹ بنوانا ٭ **مرمّت کرنا** (۱) درست کرنا ۔ سنوارنا (۲) (بازاری) خوب پیٹنا ۔ گت بنانا ۔ گوشمالی کرنا ٭

مرمر (مَرْ ۔ مَر) (یونانی) مذکر ۔ ایک قسم کا سفید یا نیل گوں چمکیلا پتھر ٭ **مرمریں** (ف) سنگِ مرمر کی مانند ۔ سنگِ مرمر کا ٭

مُرمُرا (مُرْ ۔ مُرا) (ہ) مذکر ۔ بھُنے ہوئے چاول، جنھیں چباتے وقت مُرمُر کی آواز نکلتی ہے ٭ **مُرمُرے** ۔ مذکر ۔ مُرمُرا کی جمع ٭ **مُرمُرے کا گوکھرو** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا پتلا اور مُڑا ہوا گوٹا ٭

مُرمّم (مُرَمْ ۔ مَم) (ع) ترمیم کیا گیا ۔ درست کیا گیا ۔ ٹھیک کیا گیا ۔ اصلاح کیا گیا ٭ **مُرمّمہ** ۔ ترمیم یا اصلاح یا مرمّت یا درست کی ہوئی (چیز) ٭

مرنڈا (مُرَنْ ۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) بھُنے ہوئے گیہوں، جن میں گڑ اور گھی ملا کر لڈو سے بناتے ہیں (۲) سُوکھا ہوا ۔ چُرمُر ٭ **مُرنڈا کرنا** (۱) توڑنا مروڑنا ۔ گٹھڑی بنانا (۲) بھونا (۳) فریفتہ کرنا ۔ شیدا بنانا ٭

مروا (مَرْ۔ وَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) ایک خوش بودار پودا ۔

مُروا (مُرْ۔ وَا) (ہ) مذکر۔ وہ لکڑی، جو دیوار پر رکھ کر اس کے اوپر مٹی کے کھپرے رکھتے ہیں ۔

مروارید (مَرْ۔ وَا۔ رِیْدْ) (ف) مذکر (۱) موتی۔ دُر۔ گوہر۔ وہ گول گول دانے، جو سیپی کے اندر سے نکلتے ہیں (۲) (تشبیہاً) آنسو (۳) معشوق کے دانت ۔ **مرواریدِ ناسُفتہ**۔ مذکر۔ دُرِ ناسفتہ، اَن بِندھا موتی، دواؤں میں ڈالنے کے چھوٹے چھوٹے موتی ۔

مروّت (مُرُوْ۔ وَتْ) (ع) مؤنث (۱) بہادری۔ جواں مردی۔ مردانگی (۲) رعایت۔ لحاظ (۳) خُلق۔ اخلاق۔ انسانیت۔ بھلمنسائی (۴) فیاضی۔ سخاوت۔ توفیق (برتنا، توڑنا، کرنا کے ساتھ) ۔ **مروّت والا** (ہ) رحم دل۔ با اخلاق۔ ملاحظے کا۔ دیانت ۔

مروج (مَرُوْج) (ہ) مذکر و مؤنث۔ سہاگ پُڑے کی خوش بو دار چیزیں، جو دلھن کی مانگ میں بھری جاتی ہیں ۔

مُروّج (مُرَ وْ۔ وَجْ) (ع) رائج کیا گیا۔ چلایا گیا۔ رائج الوقت۔ جاری۔ معمولی۔ رسمی۔ مستعمل (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **مُرَوِّج**۔ رائج کرنے والا ۔

مِروحہ (مِرْ۔ وَحَہْ) (ع) مذکر۔ دستی پنکھا ۔ **مِروحہ جُنباں** (ع۔ ف) پنکھا جھلنے والا ۔ **مِروحہ جُنبانی**۔ مؤنث۔ پنکھا جھلنے کی خدمت ۔

مرور (مُرُوْرْ) (ع) مذکر۔ گزرنا۔ چلا جانا۔ اِنقضا ۔

مروڑ۔ مڑوڑ (مَرُوْڑ، مَڑُوْڑ) (ہ) (لکھنؤ میں دونوں رائج ہیں۔ ہندی سے بیگمات کی زبانوں پر بالکسر ہے) مؤنث (۱) بل۔ پیچ۔ خم (۲) پیٹ کا پیچ۔ قراقر (۳) نخوت۔ تمکنت (۴) زور (۵) تشنج۔ اینٹھن (۶) موڑ توڑ (۷) مروڑنا کا امر ۔ **مروڑ اُٹھنا**۔ پیٹ میں پیچ ہونا۔ قراقر ہونا ۔ **مروڑ پھلی**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی پھلی، جو پیچش کی دوا میں کام آتی ہے ۔ **مروڑ کی بات**۔ مؤنث (۱) پیچ دار بات (۲) نوک جھونک کی بات۔ طنز کی بات۔ طعنے کی بات ۔ **مروڑا**۔ مذکر (۱) اینٹھن۔ پیچش (۲) وہ درد، جو پاخانہ آتے وقت پیچ و تاب سے ہو ۔ **مروڑنا** (۱) بل دینا۔ پھیرنا۔ موڑنا (۲) اینٹھنا (۳) دبانا۔ دبوچنا (۴) مسوسنا۔ نچوڑنا (۵) کھانا۔ توڑنا ۔ **مروڑی**۔ مؤنث (۱) آٹے کی بتی، جو روٹی پکاتے وقت ہتھیلیوں اور انگلیوں سے مل کر اتارتے ہیں (۲) بدن کا میل، جو ہاتھ سے بل دے کر چھڑاتے ہیں (۳) (عو) پیچ۔ بل (دینا کے ساتھ) (۴) گانٹھ ۔ **مروڑے**۔ مذکر۔ مروڑا کی جمع ۔

مروّق (مُرَ وْ۔ وَقْ) (ع) صاف کیا ہوا۔ مصفا۔ خالص۔ مقطر ۔

مروہ (مَرْ۔ وَہْ) (ع) مذکر (۱) مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی (۲) (ف) ایک خوش بودار گھاس ۔

مروی (مَرْ۔ وِیْ) (ع) روایت کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔ مذکور۔ منقول (ہونا کے ساتھ) ۔

مرّہ (مَرْ۔ رَہْ) (ع) مذکر۔ ایک دفعہ۔ ایک بار۔ ایک مرتبہ ۔

مرہٹہ (مَرْ۔ ہَٹَہْ) (ہ) مذکر (۱) ایک قوم، جو مہاراشٹر کی رہنے والی ہے (۲) مرہٹہ قوم کا آدمی ۔ **مرہٹی**۔ مؤنث (۱) مرہٹہ سے منسوب (۲) مرہٹی زبان۔ مرہٹوں کی بولی (۳) ایک قسم کا گیت (۴) بدنظمی۔ ابتری۔ بدعملی ۔

مرہم (مَرْ۔ ہَمْ) (ع) مذکر (۱) دوا، جو زخم پر لگائی جاتی ہے (۲) لیپ۔ پلستر۔ ضماد (۳) (کنایۃً) کسی قسم کے زخم کا علاج۔ وہ چیز، جو آزار پائے ہوئے کو تسکین دے ۔ **مرہم پٹی کرنا** (۱) زخم کا علاج کرنا۔ زخمی کا علاج معالجہ کرنا ۔ **مرہم دان** (ع۔ ف) مذکر۔ مرہم رکھنے کا ڈبا ۔ **مرہم رکھنا** (۱) زخم پر مرہم لگانا ۔ **مرہم لگانا** (۱) مرہم چپڑنا۔ مرہم کا لیپ کرنا (۲) (کنایۃً) تسکین دینا۔ آزار پائے ہوئے کو تسکین دینا ۔

مرہن (مَرْ۔ ہَنْ) (ہ) مؤنث۔ تمباکو کا چُورا۔ سوکھا اور گلا ہوا تمباکو ۔

مرہون (مَرْ۔ ہُوْنْ) (ع) رہن کیا گیا۔ گرو رکھا گیا ۔ **مرہونِ منّت**۔ شکر گزار۔ احسان مند۔ ممنون ۔ **مرہونہ** (ع۔ ف) گرو رکھی ہوئی چیز ۔

مرئی (مَرْ۔ ئِیْ) (ع) دیکھا گیا۔ جو چیز دیکھنے میں آئے۔ جسے دیکھ سکیں ۔ **مرئیات**۔ مذکر و مؤنث۔ وہ چیزیں، جو دیکھی جا سکیں ۔

مُرّی (مُرْ۔ رِیْ) مؤنث۔ مروڑی۔ پھندا۔ گرہ ۔

مَرِی (مَرِیْ) (ع) مؤنث (۱) مُرکنی ہڈی (۲) گلے سے معدے تک کی نلی۔ نرخرہ ۔

مرّیخ (مِرْ۔ رِیْخْ) (ع) مذکر (۱) ایک ستارہ، جسے جلّادِ فلک بھی کہتے ہیں۔ یہ ستارہ منحوس سمجھا جاتا ہے۔ منگل ستارہ (۲) (اصطلاحِ کیمیا) فولاد۔ لوہا ۔

مُرید (مُرِیْدْ) (ع) (۱) ارادہ کرنے والا۔ معتقد۔ پیرو۔ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنے والا (۲) فرمان بردار۔ مطیع (۳) بالکا۔ چیلا۔ دینی شاگرد (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ **مُریدی** (ع۔ ف) مؤنث۔ مرید ہونا ۔

مریض (مَرِیْضْ) (ع) مذکر۔ بیمار۔ روگی۔ علیل ۔ **مریضہ**۔ مؤنث۔ بیمار عورت ۔

مریم (مَرْ۔ یَمْ) (ع) (۱) دوشیزہ۔ کنواری۔ کنیا (۲) پاک دامن۔ باعصمت۔ پارسا (۳) مؤنث۔ حضرت عیسیٰؑ کی والدۂ ماجدہ ۔ **مریمؑ کا پنجہ** (ہ) مذکر۔ دیکھیے "پنجۂ مریمؑ" ۔

مرینہ (مَرِیْ۔ نَہْ) (مہمل) (انگ۔ مرینو۔ Merino) مذکر۔ ایک قسم کا کپڑا، جو مرینو نامی پہاڑی مینڈھے کی اون سے بنایا جاتا ہے ۔

م۔ڑ

مُڑ (مُڑْ) (ہ) مڑنا کا امر ۔ **مُڑ آنا**۔ واپس آ جانا۔ لوٹ آنا ۔ **مُڑ جانا** (۱) خمیدہ ہو جانا (۲) واپس ہو جانا۔ پھر جانا ۔ **مُڑ کر نہ دیکھنا** (۱) منہ موڑ کر نہ دیکھنا۔ دوبارہ نہ دیکھنا (۲) بات نہ پوچھنا ۔ **مُڑ مُڑ کر دیکھنا**۔

پھر پھر کر دیکھنا۔ کسی عزیز کا اپنے خویش و اقارب کو بار بار پھر کر دیکھنا۔
مُڑنا (۱) لوٹنا۔ واپس ہونا۔ پھرنا (۲) خم کھانا۔ بل کھانا۔
مڑاسا (مُڑا-سا) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "منڈاسا"۔
مڑک (مَڑَک) (ہ) (بیگمات کی زبانوں پر مُڑَک ہے) مؤنث (عو) (۱) کجی، اینٹھ، بل، اکڑ، اینٹھ، مروڑ (۲) قاعدہ کلیہ۔ گُر (۳) توڑ جوڑ۔ داؤں گھات۔ سازباز۔ چال۔ تدبیر (۴) مڑکنا کا امر۔ مڑکنا (۱) ہاتھ یا پاؤں کا کچھ مڑ جانا (۲) کپڑے کا کھنچ جانا (۳) لوٹنا۔
مڑوا (مَڑْ-وا) (ہ) مذکر۔ ایک ادنیٰ قسم کا غلّہ۔
مڑوڑا (مَڑْوَڑ-ڑا) (ہ) دیکھیے "مروڑا"۔
مڑوڑنا (مَڑْوَڑْ-نا) (ہ) دیکھیے "مروڑنا"۔
مڑوڑی (مَڑْوَڑ-ڑی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "مروڑی"۔
مڑھ (مَڑْھ) (ہ) مڑھنا کا امر۔ **مڑھنا**۔ منڈھنا۔ کھال چڑھانا۔ پوشش کرنا۔ **مڑھوا**۔ مڑھوانا کا امر۔ **مڑھوانا**۔ کھال چڑھوانا۔ پوشش کرانا۔
مڑھی (مَڑْھی) (ہ) مؤنث (۱) فقیر کی جھونپڑی (۲) مندر۔ معبد۔ صومعہ۔

م ز

مَز (مَزْ) (ع) چوسنا۔
مِز (مِزّ) (ع) زیادتی۔ افزونی۔
مُز (مُزّ) (ع) کھٹ مِٹھا۔
مزابلہ (مَزَا-بِلَہ) (ع) مزبلہ کی جمع۔ نجاست، گوبر وغیرہ ڈالنے کی جگہیں۔ گھورے۔
مزاج (مِزَاجْ) (ع) مذکر (۱) طبیعت۔ خمیر۔ سرشت (۲) خاصیت۔ گُن۔ خاصّہ۔ اثر (۳) سبھاؤ۔ خصلت۔ عادت (۴) مادہ۔ جوہر۔ حقیقت۔ اصلیت (۵) (و) غرور۔ تکبّر۔ کبر۔ دماغ (۶) طبع۔ دل (۷) نخرا۔ ناز۔ **مزاج برہم ہونا** (و) طبیعت بگڑنا۔ مزاج خراب ہونا۔ بدمزاج ہونا۔ **مزاج بگاڑنا**۔ مزاج میں غصّہ اور تیزی پیدا کرنا۔ عادت خراب کرنا۔ **مزاج پانا** (۱) (عو) رخ پانا۔ توجّہ پانا (۲) طبیعت معلوم کرنا۔ **مزاج پرسی کرنا** (۱) خیریت پوچھنا۔ طبیعت کا حال دریافت کرنا (۲) سزا دینا۔ خبر لینا۔ **مزاج پھڑک جانا**۔ طبیعت کا خوش ہو جانا۔ **مزاج پیٹی** (عو) مغرور، متکبّر، دماغ دار، گھمنڈی۔ **مزاج دار**۔ مغرور۔ خودپسند۔ گھمنڈی۔ **مزاج دان** (ف) مزاج سے واقف۔ طبیعت سے آگاہ۔ وہ شخص، جو کسی کی طبیعت اور نیکی بدی سے واقف ہو۔ **مزاج شریف۔ مزاج عالی۔ مزاج مبارک** (و) آپ کے مزاج کیسے ہیں؟ آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ آپ کی طبیعت اچھی ہے؟ آپ خیریت سے ہیں؟ **مزاج عالی نہ تو شک نہ نہالی**۔ مثل۔ وہاں طنزاً بولتے ہیں، جہاں کوئی شخص غریبی میں امیرانہ طبیعت دکھائے۔ **مزاج کرنا**۔ غرور کرنا۔ اِترانا۔ نخوت کرنا۔ دماغ کرنا۔ **مزاج کے مارے**۔ غرور کے سبب۔ نخوت سے۔ تکبّر کے باعث۔ **مزاج میں آنا** (۱) سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا۔ طبیعت میں آنا (۲) غرور میں آنا۔ نخوت کرنا۔ اترانا۔ **مزاج نہ پایا جانا (ملنا)** غرور کے باعث کسی کی طرف توجّہ نہ کرنا۔ بے حد اترانا۔ نہایت مغرور و متکبّر ہونا۔ **مزاج والا**۔ مذکر۔ متکبّر۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ نخوت والا۔ **مزاج والی**۔ مؤنث۔ مغرور۔ متکبّر۔ دماغ دار۔ **مزاجاً** (ع) (۱) طبیعت کے رُو سے۔ مزاج کے اعتبار سے (۲) بالخاصیت۔ بالخواص۔ **مزاجن۔ مزاجو** (و) (ہندی) (عو) غرور والی۔ نکبت والی۔ متکبّر۔ مغرور۔ دماغ دار۔ خودپسند۔
مزاح (مِزَاحْ) (ع) مؤنث۔ مذاق، ظرافت، خوش طبعی، ٹھٹھا، ہنسی۔
مزاحف (مُزَا-حَفْ) (ع) (۱) گری ہوئی چیز۔ وہ شے، جو اصل سے دُور ہو گئی ہو (۲) (اصطلاح عروض) وہ رکن، جو سالم نہ رہا ہو اور اس میں کچھ تبدیلی کی گئی ہو۔ **مزاحفات**۔ مذکر۔ وہ بحریں، جن میں زحاف واقع ہوا ہو۔
مزاحم (مُزَا-حِمْ) (ع) مزاحمت کرنے والا۔ روکنے والا۔ حائل۔ مانع (ہونا کے ساتھ)۔ **مزاحمت**۔ مؤنث۔ ممانعت۔ اٹکاؤ۔ روک۔ تعرض۔ **مزاحمتِ بےجا** (ع-ف) مؤنث۔ قانون کے خلاف روک ٹوک۔
مزار (مَزَارْ) (ع) (۱) زیارت کرنے کی جگہ۔ آستانہ۔ درگاہ۔ اکثر اس لفظ کا اطلاق قبر پر کیا جاتا ہے۔ **مزار ہلا دینا** (و) ایسا عمل کرنا، جس سے صاحبِ مزار پر اثر ہو۔
مزارع (مُزَا-رِعْ) (ع) مذکر۔ زراعت کرنے والا۔ کاشت کار۔ کسان۔ **مزارع تابع مرضی مالک**۔ مذکر۔ مالک کی مرضی کے تابع کاشت کار۔ **مزارع چھپّر بند** (و) مذکر۔ وہ کاشت کار، جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو۔ **مزارع خود کاشت** (ع-ف) آپ بونے جوتنے والا کاشت کار۔
مزامیر (مَزَا-مِیرْ) (ع) مذکر (۱) مطربوں کے ساز۔ بانسری، نَے، الغوزہ، مُرلی، باجا (۲) راگ۔ بھجن۔ **مزامیر داؤدؑ**۔ مذکر۔ کتاب زبور، جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی تھی۔
مزاوجت (مُزَا-وَجَتْ) (ع) مؤنث۔ زوج ہونا۔ شادی۔ بیاہ۔
مزاولت (مُزَا-وَلَتْ) (ع) مؤنث۔ کسی کام کا روزمرّہ کرنا۔ مہارت۔ مشق۔
مزبلہ (مَزْ-بَلَہ) (ع) مذکر۔ وہ جگہ، جہاں نجاست ڈالی جائے۔ گھورا۔
مزبور (مَزْ-بُوْر) (ع) لکھا ہوا۔ اوپر کا۔ مذکورہ بالا۔ مذکور الصدر۔

مزجات (مُزْ۔جَاتْ) (ع) تھوڑا۔ ادنیٰ۔ ناچیز۔
مزخرف (مُزَخْ۔رَفْ) (ع) جھوٹی بات، جو سچ کی طرح آراستہ کی گئی ہو۔
بناوٹ کی بات۔ ملمّع کی ہوئی بات۔ جعلی بات۔ بناوٹی بات ۔
مُزَخرَفَات۔ مذکر و مؤنث۔ مُزَخرَف کی جمع۔ جھوٹی اور
واہیات باتیں۔ چکنی چپڑی باتیں ۔
مزد (مَزْدْ) (ف) مؤنث۔ مزدوری۔ اُجرت۔ تنخواہ۔ طلب۔
مشاہرہ۔ بدلا۔ صلہ ۔ مُزْدُوْر (ف) مَزْدُوْر (و) مذکر۔
مزدوری کرنے والا۔ اُجرت پر کام کرنے والا۔ بوجھ اٹھانے والا۔
قُلی ۔ مُزْدُوْرِ خوش دل کُند کارِ بیش (ف) مقولہ۔ خوش دل
مزدور زیادہ کام کرتا ہے ۔ مَزْدُوْرِیْ (و) مؤنث (۱) کام کا
معاوضہ۔ محنتانہ۔ اُجرت۔ صلہ۔ بدلا (۲) مشقت۔ محنت۔ خدمت ۔
مَزْدُوْرِیْ کرنا۔ کام کرنا۔ محنت کرنا ۔ مزدوری لنڈوری۔
مزدوری ہمیشہ نہیں ملتی ۔
مزرع (مَزْ۔رَعْ) (ع) مذکر و مؤنث۔ کھیت۔ کِشت۔ کھیتی ۔
مزروع (مَزْ۔رُوْعْ) (ع) کھیت میں بوئی ہوئی چیز ۔ مَزْرُوْعَہ۔
بویا ہُوا۔ جوتا ہُوا۔ کِشت کیا ہُوا ۔
مزعفر (مُزَعْ۔فَرْ) (ع) (۱) زرد۔ زعفرانی (۲) مذکر۔ زعفران (۲) مذکر۔
زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ ۔
مُزَکّا۔مُزَکّٰی (مُزَکْ۔کَا) (ع) (۱) پاک کیا گیا (۲) زکوٰۃ دیا گیا ۔
مُزَکِّیْ (۱) پاک کرنے والا (۲) زکوٰۃ دینے والا ۔
مزلّف (مُزَلْ۔لَفْ) (ف۔ عربی دان فارسیوں نے زلف سے
بابِ تفعیل پر مفعول کا صیغہ بنالیا) صاحبِ زلف معشوق۔ وہ محبوب،
جس کے نیا خط نکلا ہو ۔
مزمار (مِزْ۔مَارْ) (ع) مؤنث (۱) بانسری (۲) باجا ۔
مزمن (مُزْ۔مِنْ) (ع) پرانا۔ کہنہ ۔
مزمّہ (مُزَمْ۔مَہْ) (ع) مذکر۔ وہ رسّا، جو گھوڑے کی پچھاڑی سے
باندھا جاتا ہے ۔ مزمّے لینا (و) آڑے ہاتھوں لینا۔ ٹھیک بنانا۔
تنگ کرنا۔ خبر لینا ۔
مزور (مَزْوَرْ) (و) (عوام) مذکر۔ مزدور کا مخفف۔ بوجھ اٹھانے والا۔
بارکش۔ قلی ۔
مزوّر (مُزَوْ۔وَرْ) (ع) (۱) جھوٹا کیا گیا (۲) کھوٹا (۳) ملایا گیا ۔
مزہ (مَزَہْ) (ف) مذکر (۱) ذائقہ۔ سواد۔ لذّت (۲) چاٹ۔ چسکا (۳) (و)
حظ۔ لطف (۴) خوشی۔ عیش۔ عشرت (۵) شباب۔ جوبن (۶) عادت۔
لت۔ سدھت (۷) تماشا۔ سیر (۸) کیفیت۔ حالت۔ درجہ۔ گت (۹)
تعزیر۔ جزا۔ سزا ۔ مزہ آجانا۔ مزہ آنا (و) لذّت آنا۔ لذّت پانا۔
لطف آنا۔ لطف حاصل ہونا ۔ مزہ (مزے) اٹھانا (۱) حظ اٹھانا۔
لطف حاصل کرنا (۲) بُرے کام کی سزا پانا۔ رنج اٹھانا ۔ مزہ (مزے) اُڑانا
(۱) عیش لُوٹنا۔ لطف حاصل کرنا (۲) جوبن لُوٹنا۔ بہار لُوٹنا ۔ مزہ پانا (۱)
لطف حاصل کرنا۔ حظ اٹھانا (۲) کیے کی سزا پانا ۔ مزہ (مزے) پڑنا۔
چاٹ پڑنا۔ چسکا پڑنا۔ عادت پڑنا ۔ مزہ چکھانا (۱) ذائقہ چکھانا (۲)
کیفرِ کردار کو پہنچانا۔ سزا دینا ۔ مزہ کرکرا۔یا۔کھنڈت ہونا۔
رنگ میں بھنگ پڑنا۔ بے لطف ہونا ۔ مزہ (مزے) لُوٹنا۔ لطف
حاصل کرنا۔ عیش منانا۔ بہار لُوٹنا ۔ مزہ ہے۔ عیش ہے۔ بڑا لطف ہے۔
عجیب کیفیت ہے ۔ مزے۔ مذکر۔ مزہ کی جمع ۔ مزے دار۔
لذّت والا۔ لذیذ۔ پُرتکلف۔ باذائقہ ۔ مزے داری۔ مؤنث۔
لذّت۔ مزہ۔ حظ۔ لطف ۔ مزے کرنا۔ عیش اُڑانا۔ لطف اٹھانا ۔
مزے کی بات۔ مؤنث۔ لطف کی بات۔ ہنسی کی بات۔ تماشے کی
بات ۔ مزے میں آنا (۱) چاؤ میں آنا۔ خوشی میں آنا (۲) اترانا۔ ناز کرنا ۔
مزید (مَزِیْدْ) (ع) زیادہ۔ فالتو۔ زائد ۔ مزید برآں (ف) علاوہ بریں۔
اس کے علاوہ ۔ مزید علیہ۔ مذکر۔ بڑھایا گیا۔ زیادہ کیا گیا ۔
مزیل (مُزِیْلْ) (ع) کسی چیز کے آثار کا دُور کرنے والا ۔
مزیّن (مُزَیْ۔یَنْ) (ع) زینت دیا گیا۔ سنوارا گیا۔ سجایا گیا۔ مکلّف۔
سجایا ہُوا۔ آراستہ ۔

م۔ژ

مژدہ (مُژْ۔دَہْ) (ف) مذکر (۱) بشارت۔ خوش خبری (۲) تہنیت۔ مبارک باد ۔
مژدہ پہنچانا (و) بشارت دینا۔ خوش خبری دینا ۔ مژدہ سنانا۔
خوش خبری دینا۔ خوش خبری لاکر دینا ۔
مژگاں (ف۔ اصل میں بکسرِ اوّل و فتح دوم ہے۔ مژہ کی جمع۔ فارسی اور
اردو میں بالکسر اور بطور واحد مستعمل ہے۔) مؤنث۔ مژہ۔ پلک ۔

م۔س

مَس (مَسْ) (عربی میں سین مشدّد) مذکر (۱) چھونا۔ ہاتھ لگانا (۲) رغبت۔
رجحان۔ لگاؤ ۔ مَس کرنا (و) چھونا۔ ہاتھ لگانا ۔ مَس ہونا۔ لگاؤ ہونا۔
میل ہونا۔ رجحان ہونا۔ رغبت ہونا ۔
مَس (مَسْ) (ہ) مؤنث۔ مونچھوں کا روآں ۔ مَسیں۔ مؤنث۔ مونچھوں کے
کے روئیں نکلنا۔ سبزہ آغاز ہونا ۔
مِس (مِسْ) (ہ) مؤنث۔ روشنائی۔ سیاہی ۔
مِس (مِسْ) (ہ) مذکر (ہندو) حیلہ۔ بہانہ۔ عذر ۔
مِس (مِسْ) (ف) مذکر۔ تانبا۔ ایک معدنی چیز، جس کے برتن وغیرہ
بنائے جاتے ہیں ۔ مِسِ خام۔ مذکر۔ کچّا تانبا۔ وہ تانبا، جو کان سے
نکالنے کے بعد ابھی صاف نہ کیا گیا ہو ۔ مِس گر۔ مذکر۔ تانبے کے برتن
بنانے والا۔ ٹھٹھیرا۔ کسیرا ۔ مِسی۔ تانبے کا۔ تانبے کا بنا ہُوا ۔
مِس (مِسْ) (انگ۔ Miss) مؤنث۔ کنواری۔ بن بیاہی لڑکی۔

دوشیزہ ؛

مَس (مَسْ) (ہ) مَسنا کا امر ؛ **مَسنا** (۱) مَلا جانا - مَلنے میں آجانا (۲) (عو) لُوٹا جانا - لُٹنا ؛ **مَسوا** - مَسوانا کا امر ؛ **مَسوانا** (عو) لُٹوانا - چوری کرانا ؛

مسا (مَسَا) (ہ) مشکل سے (اردو میں صرف "مَساکرکے" میں مستعمل ہے -)

مَسَاکرکے (۱) دِقّت سے - بمشکلِ تمام (۲) زیادہ سے زیادہ - انتہائی درجہ ؛

مَسا - مَسّا (مَسَا، مَسْ - سَا) (ہ) مذکّر - گوشت کا ایک دانہ سا، جو جسم میں پڑ جاتا ہے (پ) موکا ؛

مَسا (مَسَا) (ع) مذکّر - شام - شام کا وقت ؛

مِسّا (مِسْ - سَا) (ہ) مذکّر (۱) موٹا جھوٹا اناج - غریبوں کے کھانے کا اناج (۲) سستا اناج ؛ **مِسّا کُسّا** - مذکّر - موٹا جھوٹا اناج ؛

مساجد (مَسَا - جِدْ) (ع) مؤنّث - مسجد کی جمع - بہت سی مسجدیں ؛

مسّاح (مَسْ - سَاحْ) (ع) مذکّر - پیمائش کرنے والا ؛

مِساحت (مِسَا - حَتْ) (ع) مؤنّث - زمین کی ماپ - پیمائشِ زمین ؛

مساس (مِسَاسْ) (ع) (مَسَاسْ) (و) مذکّر - چھونا - ہاتھ پھیرنا - ہاتھ سے مَلنا ؛

مساعد (مُسَا - عِدْ) (ع) مددگار - معاون - یاور - حامی - موافق ؛

مُسَاعَدَت مؤنّث - مدد کرنا - یاری کرنا - مدد - یاری - یاوری - اعانت ؛

مسافت (مَسَا - فَتْ) (ع) مؤنّث - فاصلہ - بُعد - دُوری - عرصہ ؛

مسافر (مُسَا - فِرْ) (ع) مذکّر - سفر کرنے والا - راہ گیر - پردیسی ؛

مسافر خانہ (ع - ف) مذکّر - مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ - سرائے - کارواں سرائے ؛ **مُسَافِرَانَہ** - مسافروں کی طرح - پردیسیوں کی مانند ؛ **مُسَافَرَت** (ع) مؤنّث (۱) سفر - مسافری - سیّاحی (۲) پردیس ؛ **مُسَافِری** (ف) مؤنّث (۱) سیّاحی - سفر (۲) پردیس ؛

مساکن (مَسَا - کِنْ) (ع) مذکّر - مسکن کی جمع - سکونت کی جگہیں - مکانات ؛

مساکین (مَسَا - کِیْنْ) (ع) مذکّر - مسکین کی جمع - غریب - مفلس - محتاج ؛

مسالا (مَسَا - لَا) (مَصَالِحْ کا مھنّد، جو عربی میں مصلحت کی جمع ہے) (۱) سامان - ہر چیز کی تیّاری کی ضروریات (۲) نمک، مرچ، پیاز، لہسن، دھنیا وغیرہ (۳) گوٹا کناری، گوکھرو وغیرہ ؛ **مسالا بنانا** (و) مسالا تیار کرنا - مسالا مرکّب کرنا ؛ **مسالا ٹانکنا** - کپڑے میں گوٹا کناری وغیرہ لگانا ؛

مسالک (مَسَا - لِکْ) (ع) مذکّر - مسلک کی جمع - راستے - راہیں - طریقے ؛

مسام (مَسَامْ) (ع) مذکّر - جسم کے وہ چھوٹے چھوٹے سوراخ، جن میں سے پسینا نکلتا ہے ؛ **مَسَامَات** (ع) مذکّر - مسام کی جمع ؛

مسامحت (مُسَا - مَحَتْ) (ع) مؤنّث (۱) کسی چیز کو حقیر جان کر اس کی طرف خیال نہ کرنا - چشم پوشی کرنا - کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا (۲) بزرگوں کی غلطی ؛

مَسان (مَسَانْ) (ہ) مذکّر (۱) مرگھٹ - وہ جگہ، جہاں ہندوؤں کے مُردے جلائے جاتے ہیں - شمشان (۲) بچوں کی ایک بیماری، امّ الصبیان (۳) جنتر منتر (۴) خبیث - بھوت ؛ **مَسَانی** - مؤنّث - چھوٹی چیچک - خسرا - وہ چھوٹے دانے، جو بدن پر نکل آتے ہیں ؛ **مَسَانیا** - مذکّر (۱) مردے کی راکھ اٹھانے والا (۲) بھوت پریت اتارنے والا - سیانا ؛

مساوات (مُسَا - وَاتْ) (ع) مؤنّث (۱) ہمسری - برابری (۲) علم حساب کا ایک قاعدہ (نکالنا، حل کرنا کے ساتھ) ؛ **مساواتِ ذاتی** - مؤنّث (جبر و مقابلہ) وہ مساوات، جس میں حرفِ مجھول کی کوئی سی قیمت کیوں نہ ہو، ہر حالت میں مساوات کی طرفیں برابر رہتی ہیں ؛

مساوات شرطی - مؤنّث (جبر و مقابلہ) وہ مساوات کہ جب تک اس میں حرفِ مجہول کی کوئی خاص قیمت مقرّر نہ کی جائے، مساوات کی شرط برابر نہ ہو ؛

مساوی (مُسَا - وِیْ) (ع) یکساں - برابر - ہم وزن ؛ **مساوی الاضلاع** (اقلیدس) وہ شکل، جس کے سب ضلعے برابر ہوں ؛

مسائل (مَسَا - اِلْ) (ع) مذکّر - مسئلہ کی جمع (۱) سوال - مسئلے - دریافت طلب امور - پوچھنے والی باتیں (۲) (و) مذہبی قواعد یا احکام - اصولِ مذہب ؛

مُسَبَّب (مُسَبْ - بَبْ) (ع) سبب کیا گیا - باعث - سبب ؛ **مُسَبِّب** - سبب بنانے والا ؛ **مُسَبِّبُ الْاَسْبَاب** - مذکّر - سبب پیدا کرنے والا - خدائے تعالیٰ ؛ **مُسَبِّبِ حقیقی** (ع - ف) مذکّر - خدائے تعالیٰ ؛

مُسَبِّح (مُسَبْ - بِحْ) (ع) سبحان اللہ کہنے والا - تسبیح کرنے والا ؛ **مُسَبِّحَانِ مَلَاءِ اعلیٰ** (ع - ف) مذکّر - فرشتے ؛ **مُسَبِّحَہ** (ع) مؤنّث - شہادت کی انگلی - کلمے کی انگلی ؛

مُسَبَّع (مُسَبْ - بَعْ) (ع) (۱) سات حصّے کیا گیا (۲) سات کے متعلق (۳) مذکّر - سات برابر ضلعوں کی شکل (۴) وہ نظم، جس کے بند میں سات مصرعے ہوں ؛

مسبوق (مَسْ - بُوْقْ) (ع) (۱) سابق - گزشتہ - گزرا ہوا (۲) مذکّر (اصطلاحِ فقہ) وہ شخص، جو باجماعت نماز میں اُس وقت آکر ملے، جب امام کچھ رکعتیں پڑھ چکے ؛ **مسبوق الذکر** - جس کا سابق میں ذکر آچکا ہو - جو پہلے بیان ہو چکا ہو ؛

مست (مَسْتْ) (ف) (۱) متوالا - نشے میں چُور - سرمست (۲) جوانی میں بھرا ہوا - پُرشہوت (۳) مدہوش - بے خود - بے ہوش - سرشار (۴) دیوانہ - مجنون - مجذوب (۵) بشاش - خوش - آنند - مگن (۶) بے پروا (۷) متکبّر - مغرور ؛ **مستِ ازل، مستِ الست**

(ف-ع) مست ازلی - کامل مست - قدرتی مست ؛ **مست بوک** (۱) مذکر (دہلی) مستی میں بھرا ہُوا بکرا ؛ **مست مہینا** - مذکر - پھاگن کا مہینا - ہولی کا مہینا ؛ **مست ہوجانا - یا - ہونا** (۱) مستا جانا - شہوت میں بھر جانا - مدھ پر آجانا (۲) مغرور ہوجانا (۳) بے ہوش ہوجانا - سرشار ہوجانا (۴) مگن ہوجانا - آنند ہوجانا (۵) نشے میں چور رہنا - متوالا ہونا (۶) جوبن پر آنا - جوانی میں بھرنا (۷) خوش ہونا (۸) مجذوب ہونا - مجنون ہونا - دیوانہ ہونا ؛ **مَستان** - مذکر - مجنون - دیوانہ - سڑی - مجذوب - مست ؛ **مستان شاہ** - مذکر - گدائے مجذوب - مست فقیر ؛ **مستانا (مستا جانا)** (دہلی) گرمانا - مدھ پر آنا - مست ہونا ؛ **مَستانہ** (ف) (۱) مست کی مانند - متوالے کی طرح (۲) (ی) وہ شخص، جس کی حرکات و سکنات مستوں سے مشابہ ہوں ؛ **مستانہ چال** (ی) مؤنث - متوالے کی سی لڑکھڑاتی چال - جھومتی چال ؛ **مستانی** - مؤنث (۱) شہوت میں بھری ہوئی عورت - مست اور پُرشہوت عورت (۲) پگلی - دیوانی - باؤلی ؛ **مستی** (ف) مؤنث (۱) مدھ - نشہ (۲) مدہوشی - بے ہوشی (۳) شہوت کا جوش - خواہشِ نفسانی - باہ - آگ - جھل (۴) خوشی کی حرکتیں - آنند (۵) حیوانات کی منی (۶) وہ پانی، جو مستی کے جوش میں درخت یا پہاڑ یا حیوانات سے ٹپکتا ہے (آنا، ٹپکنا، چڑھنا، چھانا، کرنا کے ساتھ) ؛

مستاجر (مُس - تا - جِر) (ع) ٹھیکیدار - اسامی - کاشت کار - زمیندار ؛ **مستاجر سرکاری** (ع - ف) مذکر - سرکاری ٹھیکیدار ؛ **مستاجری** - مؤنث - ٹھیکیداری (دینا، لینا کے ساتھ) ؛

مُستاصَل (مُس - تا - صَل) (ع) جڑ سے اکھڑا ہُوا - برباد - تباہ ؛ **مُستاصِل** - جڑ سے اکھاڑنے والا - برباد کرنے والا ؛

مستانس (مُس - تا - نِس) (ع) اُنس رکھنے والا - آرام پانے والا - خوگر ؛

مُستبعد (مُس - تَب - عَد) (ع) (۱) بعید - دُور (۲) دشوار - بعید از قیاس ؛

مُستتر (مُس - تَتَر) (ع) پوشیدہ کیا گیا - چھپا ہُوا ؛ **مُستتِر** - پردے میں ہونے والا - چھپنے والا ؛

مستثنیٰ (مُس - تَث - نا) (ع) (۱) الگ کیا گیا (۲) مذکر (اصطلاحِ نحو) وہ جو حکم ماقبل سے الگ کیا گیا ہو (۳) ممتاز - برگزیدہ - منتخب ؛ **مستثنیٰ کرنا** (ی) کسی کو جدا کرنا - الگ کرنا ؛ **مستثنیٰ منہ** (ع) وہ چیز یا شخص، جس میں سے مستثنیٰ کو الگ کر دیا گیا ہو ؛ **مُستثنیات** - مذکر - الگ کیے ہوئے امور ؛

مستجاب (مُس - تَجا - ب) (ع) (۱) جواب دیا گیا (۲) (مجازاً) مانا گیا - قبول کیا گیا ؛ **مُستجابُ الدّعوات** - جس کی دعا مقبول ہو - جس کی دعا بارگاہِ الٰہی میں شرفِ قبول پائے ؛

مستجمع (مُس - تَج - مِع) (ع) جمع کیا گیا ؛ **مُستجمعُ الصّفات** - جس میں تمام خوبیاں جمع ہوں ؛

مستجیب (مُس - تَجِیب) (ع) جواب دینے والا - دعا قبول کرنے والا ؛

مستحب (مُس - تَحَب) (عربی میں ب مشدد) (۱) محبت کیا گیا - پسند کیا گیا - (۲) عبادات میں سے وہ فعل، جسے آنحضرتؐ نے پسند فرما کر خود کیا ہو یا اس کا ثواب بیان فرمایا ہو ؛

مستحسن (مُس - تَح - سَن) (ع) (۱) پسندیدہ - نیک - بہتر - خوب (۲) (اصطلاحِ فقہ) وہ عبادت، جسے رسول اللہ (صلعم) نے بہتر فرمایا ہو ؛

مستحضر (مُس - تَح - ضَر) (ع) یاد رکھا ہُوا - وہ بات، جو یاد ہو ؛

مستحق (مُس - تَحِق) (عربی میں ق مشدد) حق رکھنے والا، دعویٰ دار، استحقاق رکھنے والا (۲) قابل - لائق - سزاوار (۳) مسکین - درویش - نادار - مفلس ؛ **مستحق ٹھہرانا** (ی) لائق سمجھنا - حق دار قرار دینا ؛

مستحکم (مُس - تَح - کَم) (ع) مضبوط - پکا - سخت - پائدار - قائم رہنے والا - اٹل ؛

مستحیل (مُس - تَحِیل) (ع) (۱) ایک حال سے دوسرے حال میں پھرنے والا - بدلا ہُوا (۲) محال - ناممکن ؛

مستدعی (مُس - تَد - عِی) (ع) استدعا کرنے والا - درخواست کرنے والا - ملتجی - کسی بات کا چاہنے والا - خواہش مند - خواہش کرنے والا ؛

مستدیر (مُس - تَدِیر) (ع) گول - مدوّر ؛

مسترخی (مُس - تَر - خِی) (ع) ڈھیلا - سُست ؛

مسترد (مُس - تَرَد) (عربی میں د مشدد) رد کیا گیا - واپس کیا گیا ؛

مسترشد (مُس - تَر - شِد) (ع) ہدایت کی طلب کرنے والا - سیدھی راہ چاہنے والا - مرید ؛

مستری (مِس - تِری) (ی) کاریگر - کسی پیشے کا کاریگر - اہلِ حرفہ کا استاد ؛

مستزاد (مُس - تَزاد) (ع) (۱) (لغوی) زیادہ کیا گیا - بڑھایا گیا - افزوں (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲) مذکر - عروض میں وہ نظم، جس کے ہر مصرع یا بیت کے بعد ایسا ٹکڑا لگا ہو، جو اسی مصرع کے رکنِ اوّل اور رکنِ آخر کے برابر ہو ؛

مستسقی (مُس - تَس - قِی) (ع) استسقا کی بیماری والا - پیاسا - جلندر کا مریض ؛

مستشار (مُس - تَشار) (ع) وہ شخص، جس سے صلاح مشورہ کیا جائے ؛ **مستشارِ قانون** (ع - ف) مذکر - وہ شخص، جس سے قانونی مشورہ لیا جائے ؛

مستشرق (مُس - تَش - رِق) (ع) (۱) روشن - تاباں (۲) فرنگی، جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو ؛

مستطاب (مُس - تَطاب) (ع) (۱) خوش - خوب - عمدہ - اچھا - بامزہ - لذیذ (۲) خجستہ - سعید - مبارک - نیک ؛

مستطیع (مُس - تَطِیع) (ع) استطاعت یا مقدور رکھنے والا - صاحبِ قدرت ؛

مستطیل (مُس - تَطِیل) (ع) مذکر (۱) (اصطلاحِ ہندسہ) چار ضلعوں کی شکل،

جس کے چاروں زاویے قائمے اور مقابل کے دو دو ضلعے برابر ہوں (۲) وہ لمبا جسم، جس کا طول و عرض برابر نہ ہو۔
مستظہر (مُس-تَظْ-ہِرْ) (ع) (۱) مدد چاہنے والا۔ امداد کا طالب (۲) ظہور چاہنے والا۔
مستعار (مُس-تَعَارْ) (ع) اُدھار لیا ہُوا۔ مانگا ہُوا (دینا، لینا کے ساتھ)۔
مستعان (مُس-تَعَانْ) (ع) (۱) مدد طلب کیا گیا (۲) خدائے تعالیٰ۔
مستعجل (مُس-تَعْ-جِلْ) (ع) تعجیل یا جلدی کرنے والا۔ جلدباز۔
مستعد (مُس-تَعِدْ) (عربی میں د مشدد) (۱) تیار۔ آمادہ۔ کمربستہ۔ موجودہ (۲) (ف) ہوشیار۔ چالاک۔ چست۔ طرار۔ تیز (ہونا کے ساتھ)۔ **مُستَعِدی** (ف) مؤنث۔ آمادگی۔ تیاری۔ چالاکی۔
مستعفی (مُس-تَعْ-فِیْ) (ع) استعفا دینے والا۔ نوکری چھوڑنے والا۔
مستعمل (مُس-تَعْ-مَلْ) (ع) (۱) عمل میں لایا ہُوا۔ کام میں لایا ہُوا۔ برتا ہُوا (۲) مروج (ہونا کے ساتھ)۔
مستعین (مُس-تَعِیْنْ) (ع) اعانت طلب کرنے والا۔ مدد چاہنے والا۔
مستغاث (مُس-تَغَاثْ) (ع) وہ شخص، جس سے فریاد چاہیں۔ **مستغاث علیہ**۔ مذکر۔ مدعا علیہ۔ جس پر استغاثہ کیا گیا ہو۔ جواب دہ۔ فریق ثانی۔ ریسپانڈنٹ۔
مُستَغرِق (مُس-تَغْ-رِقْ) (ع) (۱) ڈوبا ہُوا (۲) کسی کام میں نہایت محو (۳) (قانون) وہ چیز، جو کسی قرضے میں مکفول کردی جائے۔ **مُستَغرَق**۔ غرق ہونے والا۔
مستغفر (مُس-تَغْ-فِرْ) (ع) گناہ بخشنے کی طلب کرنے والا۔ استغفار کرنے والا۔ معافی مانگنے والا۔
مستغنی (مُس-تَغْ-نِیْ) (ع) (۱) آزاد۔ بے پروا۔ بری (۲) مالدار۔ دولت مند (۳) فارغ البال۔ مطمئن۔ آسودہ حال۔ **مستغنی مزاج** (ف) وہ شخص، جس کی طبیعت میں بے پروائی ہو۔ فارغ البال۔ مطلق العنان۔ آزاد مزاج۔
مستغیث (مُس-تَغِیْثْ) (ع) مذکر (۱) استغاثہ کرنے والا۔ نالشی۔ فریادی۔ دادخواہ (۲) مدعی۔ دعویدار۔ سائل۔ اپیلانٹ۔
مستفاد (مُس-تَفَادْ) (ع) (۱) حاصل کیا ہُوا۔ جو چیز فائدے میں حاصل ہو (۲) مذکر۔ حاصل۔ فائدہ۔
مستفتی (مُس-تَفْ-تِیْ) (ع) فتوے کا جواب چاہنے والا۔
مستفسر (مُس-تَفْ-سِرْ) (ع) استفسار کرنے والا۔ پوچھنے والا۔
مستفید (مُس-تَفِیْدْ) (ع) فائدہ چاہنے والا۔ فائدہ اٹھانے والا۔
مستفیض (مُس-تَفِیْضْ) (ع) فیض چاہنے والا۔ فیض کا خواہاں۔ فیض اٹھانے والا۔
مستقبل (مُس-تَقْ-بَلْ) (ع) (مصوروں کی اصطلاح) تصویر دوچشمی۔ وہ تصویر، جس میں دونوں آنکھیں اور دونوں رخسار نمایاں ہوں۔ بخلاف نیم رخ کے جس میں صرف ایک آنکھ اور ایک رخسار نمایاں ہوتا ہے۔ **مُستَقبِل** (۱) آگے آنے والا۔ آئندہ (۲) وہ فعل، جو آنے والے زمانے سے تعلق رکھے۔ آئندہ زمانہ۔
مستقر (مُس-تَقَرْ) (عربی میں ر مشدد) مذکر۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ جائے قرار۔ **مُستَقَرُّ الخِلافَۃ** (ع) مذکر۔ دارالخلافہ۔ دارالحکومت۔ دارالسلطنت۔
مستقل (مُس-تَقِلْ) (عربی میں ل مشدد) (۱) مستحکم۔ مضبوط۔ پائدار۔ برقرار۔ اٹل۔ قائم۔ پکا۔ ثابت قدم (۲) مدام۔ ہمیشہ (۳) جو قائم مقام نہ ہو۔ **مستقل ارادہ** (ف) مذکر۔ پکا ارادہ۔ مصمم ارادہ۔ عزم بالجزم۔ **مستقل اسامی**۔ مؤنث۔ پائدار نوکری۔ پکی اسامی۔ **مستقل جگہ**۔ مؤنث۔ وہ جگہ، جو عارضی نہ ہو۔ **مستقل مزاج**۔ وہ شخص، جس کے مزاج میں استقلال ہو۔ ثابت قدم۔
مستقیم (مُس-تَقِیْمْ) (ع) سیدھا۔ درست۔ مضبوط۔
مستک (مُس-تَکْ) (س) مؤنث (۱) پیشانی۔ ماتھا (۲) ہاتھی کا ماتھا۔
مستکبر (مُس-تَکْ-بِرْ) (ع) مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔
مستلزم (مُس-تَلْ-زِمْ) (ع) کوئی کام اپنے اوپر لازم کرلینے والا۔ **مستلزم سزا** (ع-ف) (قانون) سزا کا مستوجب۔ واجب التعزیر۔ قابل سزا۔
مستمر (مُس-تَمِرْ) (عربی میں ر مشدد) (۱) ہمیشہ رہنے والا۔ دائم (۲) مستقل۔ پائدار۔ پیوستہ۔
مستمع (مُس-تَمِعْ) (ع) سننے والا۔
مستمند (مُس-تْ-مَنْدْ) (ف) [مُسْت۔ رنج۔ غم۔ مَنْد۔ صاحب] (۱) غمگین (۲) (مجازاً) حاجت مند۔
مستند (مُس-تَنَدْ) (ع) سند پایا ہُوا۔ سند یافتہ۔ تصدیق کیا ہُوا۔ مصدقہ۔ معتبر۔ سند کے لائق۔
مُستَنبط (مُس-تَمْ-بَطْ) (ع) اخذ کیا گیا۔ چھانٹا گیا۔ چنا گیا۔ باہر نکالا گیا۔
مُستَنیر (مُس-تَنِیْرْ) (ع) روشنی کی طلب کرنے والا۔ روشن۔
مستوجب (مُس-تَوْ-جِبْ) (ع) واجب۔ سزاوار۔ قابل۔ لائق۔ لازم ہونے والا۔
مستور (مَس-تُوْرْ) (ع) چھپا ہُوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ **مستورات** (مستورہ کی جمع) مؤنث۔ پردہ نشین عورتیں۔ پردے میں بیٹھنے والی عورتیں۔
مستوفی (مُس-تَوْ-فِیْ) (ع) (۱) (لغوی) پورا لینے والا (۲) (مجازاً)

محاسب اعلیٰ، جو اپنے ماتحتوں کے حساب کتاب کی جانچ پڑتال کرے۔ اکاؤنٹنٹ جنرل ۔

مستول (مَس ۔ تُول) (پرتگالی میں مَسْتُو تھا) مذکر۔ جہاز یا کشتی کا ستون۔ بادبان ۔

مستولی (مُس ۔ تَو ۔ لِی) (ع) غالب ۔ قابو پانے والا۔ چھا جانے والا۔ زور آور۔ قابض ۔

مستوی (مُس ۔ تَوِی) (ع) برابر۔ ہموار ۔

مستہام (مُس ۔ تَہام) (ع) سرگشتہ۔ حیران۔ پریشان ۔

مسط (مَسْط) (س) سکوت۔ خاموشی ۔ **مَسْط مارنا** (ف) (عو) سونا بن جانا ۔

مسٹر (مِس ۔ ٹَر) (انگ ۔ Mister) مذکر۔ جناب۔ صاحب۔ انگریزوں میں تعظیمی خطاب ۔ **مسٹرس** مؤنث۔ اُستانی۔ مَلّانی۔ کدبانو (۲) رنڈی۔ قحبہ۔ داشتہ عورت ۔

مسٹنڈا۔ مشٹنڈا (مُس ۔ ٹَن ۔ ڈا ، مُش ۔ ٹَن ۔ ڈا) (ہ) مذکر (عو) بہت موٹا۔ ہٹا کٹا۔ جسیم۔ فربہ اندام۔ تیار ۔ **مُسٹنڈی۔ مُشٹنڈی** ۔ مؤنث۔ موٹی عورت۔ ہٹی کٹی ۔

مسجد (مَس ۔ جِد) (ع) مؤنث۔ سر جھکانے، یعنی سجدہ کرنے کی جگہ۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ عبادت خانہ۔ خانۂ خدا ۔ **مسجد ڈھانا** (ف) (۱) مسجد گرانا۔ خدا کا گھر گرانا (۲) بڑا بھاری گناہ کرنا ۔ **مسجد ڈھے گئی، محراب رہ گئی**۔ مثل۔ اصلی چیز جاتی رہی، صرف نشانی اور نام باقی رہ گیا ۔

مسجع (مُسَجْ ۔ جَع) (ع) قافیہ بند۔ مقفّیٰ عبارت۔ وہ عبارت یا مضمون جس کے الفاظ آپس میں ہم قافیہ یا ہم وزن ہوں ۔

مسجّل (مُسَجْ ۔ جَل) (ع) مذکر (۱) وہ کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مہر ثبت ہو (۲) (مجازاً) درست۔ صحیح۔ آراستہ۔ ثابت شدہ ۔

مسجود (مَس ۔ جُود) (ع) سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں ۔

مسح (مَسْح) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کو چھونا۔ ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) وضو یا غسل کرتے وقت ہاتھ کو کسی خاص عضو پر پھیرنا ۔

مسحوق (مَس ۔ حُوق) (ع) گھسا ہوا۔ رگڑا ہوا۔ پسا ہوا ۔

مسخ (مَسْخ) (ع) اچھی صورت سے بُری شکل ہونا۔ بدل کر بُری صورت ہو جانا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

مسخر (مُسَخْ ۔ خَر) (ع) تسخیر کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔ تابع کیا گیا۔ مطیع۔ مغلوب ۔

مسخرہ (مَس ۔ خَرَہ) (ع) مذکر۔ ظریف۔ ٹھٹھے باز۔ مذاقیا ۔ **مسخرہ پن** (ف) مذکر۔ تمسخر۔ ٹھٹھا۔ ہنسی ۔ **مسخرگی** (ف) مؤنث۔ مسخرہ پن۔ ہنسی۔ تمسخر ۔ **مسخری کرنا** (ف) (عوام) مسخرہ پن کرنا ۔

مسدس (مُسَدْ ۔ دَس) (ع) مذکر (۱) (اصطلاح ہندسہ) چھ ضلعوں کی شکل، جس کے سب ضلعے اور زاویے برابر ہوں (۲) وہ نظم، جس کے چار مصرعے ہم قافیہ اور آخیر کی بیت بطور گرہ دوسرے قافیے سے ہو ۔

مسدود (مَس ۔ دُود) (ع) (۱) بند کیا گیا۔ روکا گیا (۲) رُکا ہوا۔ بند ۔

مِسر (مِسْرا) (ہ) (س ۔ مِشر) مذکر۔ ایک قسم کے برہمنوں کا لقب ۔ **مسرانی**۔ مؤنث۔ مسر کی جورو ۔

مسرات (مَسَرْ ۔ رات) (ع) مؤنث۔ خوشیاں ۔ **مسرات امید** (ع ۔ ف) مؤنث۔ وہ خوشیاں، جن سے آئندہ مستفید ہونے کی امید ہو ۔ **مسرات بدخواہی**۔ مؤنث۔ وہ خوشیاں، جو دشمنوں کی تکلیف وغیرہ دیکھ کر حاصل ہوں ۔ **مسرات تمدنی**۔ مؤنث۔ وہ خوشیاں، جو ایک شہر یا ملک میں باہم رہنے سہنے کے متعلق ہوں ۔ **مسرات جدت**۔ مؤنث۔ وہ خوشیاں، جو نئی چیزیں دیکھنے سے پیدا ہوں ۔ **مسرات طبعی**۔ مؤنث۔ فطری اور دائمی خوشیاں ۔ **مسرات متعلق**۔ مؤنث۔ وہ خوشیاں، جو کسی پسندیدہ شے کے تعلق سے حاصل ہوں ۔ **مسرات نجات**۔ مؤنث۔ غم سے رہائی پانے کی خوشیاں ۔

مسرت (مَسَرْ ۔ رَت) (ع) مؤنث۔ خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔ خرمی ۔

مسرف (مُس ۔ رِف) (ع) فضول خرچ۔ بیہودہ خرچ کرنے والا۔ کھاؤ ۔

مسرور (مَس ۔ رُور) (ع) شاد۔ شادمان۔ خوش۔ آنند۔ مگن ۔

مسروق (مَس ۔ رُوق) (ع) چُرایا گیا۔ چوری کیا گیا ۔ **مسروقہ**۔ چُرائی ہوئی چیز۔ چوری کا مال ۔

مسطّح (مُسَطْ ۔ طَح) (ع) سطح کیا گیا۔ پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ کھلا ہوا۔ چوڑا ۔

مسطر (مِس ۔ طَر) (ع) مذکر (۱) وہ کاغذ جس پر سطریں بنانے کے لیے ڈورے لگا دیتے ہیں (۲) وہ آلہ، جس سے جدول کھینچتے ہیں (بنانا، کرنا، کھینچنا کے ساتھ) ۔

مسطور (مَس ۔ طُور) (ع) سطر کیا گیا۔ لکھا گیا۔ تحریر کیا گیا۔ مرقوم ۔

مسعود (مَس ۔ عُود) (ع) مبارک۔ نیک۔ سعید۔ سعادت مند ۔

مسقط (مَس ۔ قَط) (ع) مذکر (۱) گرنے کی جگہ (۲) ایک مشہور شہر، جو ایشیائی روم میں واقع ہے۔ وہاں کا حلوا بہت مشہور ہے ۔ **مسقط الراس**۔ مذکر۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ جائے پیدائش۔ زاد بوم۔ جنم بھوم۔ وطن۔ مولد ۔ **مسقط کا حلوا** (ف) مذکر۔ ایک قسم کا نہایت مزیدار حلوا، جو اونٹنی کے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔ اکثر مسقط سے آتا ہے ۔

مسقّف (مُسَقْ ۔ قَف) (ع) چھت ڈالا گیا۔ پاٹا گیا۔ پٹا ہوا ۔

مَسَک (مَسَک) (ہ) (۱) مؤنث۔ کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا۔ ایسا پھٹ جانا کہ کپڑے کے تار الگ ہو جائیں (۲) مَسکنا کا امر ۔ **مسک جانا**۔ کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا ۔ **مسک لینا**۔ فریب سے لینا۔ چھین لینا ۔ **مَسکا** (۱)

مُسکنا سے ماضی مطلق (۲) مُسکنا کا امر۔ مُسکانا (۱) کپڑے کو یوں پھاڑنا کہ اس کے تار الگ نہ ہوں (۲) ناچنے والوں کا لچک لچک کر بدن ٹیڑھا سیدھا کرنا۔ مُسکنا (۱) دیکھئے مسک جانا (۲) بات کا جواب دینا۔ عذر کرنا۔ کچھ کہنا (۳) بھینچنا۔ دبانا (۴) (ہندو) (عو) اپنی جگہ سے ہلنا۔ جنبش کرنا۔

مِسک (مِشک) (ع) مذکر۔ مُشک۔ کستوری۔

مُسیکا (مُسِک۔ کا) (ہ) مذکر۔ وہ چھینکا، جو چوپایوں کے منہ پر اس غرض سے باندھ دیتے ہیں کہ وہ کسی شے پر منہ نہ ڈالیں۔

مُسکت (مُس۔ کِت) (ع) خاموش کرانے والا۔

مُسکِر (مُس۔ کِر) (ع) نشہ پیدا کرنے والی چیز۔ مُسکِرات۔ مذکر و مؤنث۔ وہ چیزیں، جو نشہ پیدا کریں۔

مُسکرا (مُس۔ کُرا) (ہ) مُسکرانا کا امر۔ مُسکرانا۔ اس طرح ہنسنا کہ آواز نہ ہو۔ تبسم ہونا۔ مُسکراہٹ۔ مؤنث۔ ہونٹوں میں ہنسنا۔ وہ ہنسی، جس میں دانت نہ کھلیں۔

مَسکَن (مَس۔ کَن) (ع) مذکر۔ جائے سکونت۔ رہنے کی جگہ۔ مکان۔ گھر۔ ٹھکانا۔

مُسکِّن (مُسک۔ کِن) (ع) تسکین دینے والا۔

مسکنت (مَس۔ کَنَت) (ع) مؤنث (۱) عاجزی (۲) مفلسی۔

مسکوٹ (مِس۔ کوٹ) (ہ) مؤنث۔ صلاح۔ مشورہ۔

مسکورا (مَس۔ کو۔ را) (ہ) مذکر (عوام) مسوڑھا۔

مسکوڑا (مَس۔ کو۔ ڑا) (ہ) مذکر (عو) کروٹ کا دھچکا (لیٹنا کے ساتھ)۔

مسکوک (مَس۔ کوک) (ع) سکہ کیا ہوا۔ ٹھپا لگایا ہوا۔ سرکاری چھاپ کا سکہ۔

مسکہ (مَس۔ کہ) (ف) مذکر (۱) تازہ نکلا ہوا۔ کچا گھی۔ مکھن (۲) (ل) دواؤں سے جمایا ہوا پارا۔

مسکین (مِس۔ کین) (ع) (۱) غریب۔ عاجز۔ ناتواں۔ بے چارہ (۲) مفلس۔ نادار (۳) کنگال۔ بھوکا (۴) بُردبار۔ حلیم۔ نرم۔ سیدھا سادہ (۵) وہ شخص، جس کے پاس اتنا مال نہ ہو کہ اس پر زکوٰۃ واجب آئے۔ مسکین صورت (و) (۱) وہ شخص، جس کی صورت پر غریبی اور مسکینی برستی ہو (۲) شریر۔

مسکین طبع۔ وہ شخص، جس کی طبیعت میں شر بالکل نہ ہو۔ بُردبار، فروتن، حلیم المزاج۔ مسکینی (ف) مؤنث (۱) عاجزی۔ غریبی۔ فروتنی۔ انکسار (۲) ناداری۔ مفلسی۔

مَسَل (مَسَل) (ہ) مسلنا کا امر۔ مَسَل ڈالنا۔ مل ڈالنا۔ پیس ڈالنا۔ کچل ڈالنا۔ توڑنا مروڑنا۔ مَسَل کر۔ مل دل کر۔ کچل کر۔ توڑ مروڑ کر۔ مَسَلنا (۱) ہاتھوں سے ملنا۔ رگڑنا (۲) روندنا۔ کچلنا (۳) دبانا۔ پیسنا (۴) (لکھنؤ) آٹا گوندھنا۔

مِسَل (مِشَل) (و) مؤنث۔ مقدمے کے کاغذات۔ روداد مقدمہ۔ مِسَل مرتب کرنا۔ مقدمے کے کاغذات ترتیب وار لگانا۔ مِسَل مرتب ہونا۔ کسی مقدمے کی کارروائی کے تمام کاغذات کا اکٹھا ہو کر ترتیب دیا جانا۔ مِسَل مکمل (و۔ ع) مؤنث۔ مقدمے کے کاغذات کی پوری مِسَل۔

مسلّح (مُسَل۔ لَح) (ع) لڑائی کے ہتھیار لگائے ہوئے۔ ہتھیار بند۔ کمربستہ۔ مسلّح ہونا (۱) ہتھیار باندھ کر لڑنے کو تیار ہونا۔ کمربستہ ہونا۔

مسلخ (مَس۔ لَخ) (ع) مذکر۔ وہ جگہ، جہاں جانوروں کو ذبح کرنے کے بعد کھال وغیرہ اتار کر صاف کیا جاتا ہے۔ کمیلا۔

مسلسل (مُسَل۔ سَل) (ع) متواتر۔ پے در پے۔ متصل۔ سلسلہ وار۔

مسلّط (مُسَل۔ لَط) (ع) غالب کیا گیا۔ غالب۔ قابض۔ طاقت ور۔ مُسلّط ہونا۔ سر پر سوار ہونا۔

مسلک (مَس۔ لَک) (ع) مذکر (۱) راہ۔ راستہ (۲) قاعدہ۔ طریقہ۔ دستور۔

مسلّم (مُسَل۔ لَم) (ع) (۱) تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا (۲) کامل۔ پورا۔ ثابت۔ سب۔ سارا (۳) داں ٹھیک۔ بجا۔ درست (۴) ضرور۔ فرض۔ واجب۔ مُسلّم الثبوت۔ جو ثبوت کا محتاج نہ ہو۔ مُسلّمات۔ مذکر و مؤنث۔ تسلیم کی ہوئی باتیں۔ مُسلّمہ۔ مانا گیا۔ تسلیم کیا گیا۔

مسلم (مُس۔ لِم) (ع) مذکر۔ مسلمان۔ اسلام رکھنے والا۔ جس کا عقیدہ اسلام پر ہو۔ مُسلمہ۔ مؤنث۔ مسلمان عورت۔ مُسلمین۔ مذکر۔ مسلم کی جمع۔ مسلمان لوگ۔

مسلمان (مُسَل۔ مان) (ف) مذکر۔ مُسلم۔ وہ شخص، جس کا مذہب اسلام ہو۔ دین محمدیؐ کا پیرو۔ مومن۔ مسلمان کرنا (و) غیر مذہب کے شخص کو کلمہ پڑھا کر دین اسلام میں شامل کرنا۔ مسلمان ہونا۔ اسلام لانا۔ مسلمانان در گور و مسلمانی در کتاب (ف) مثل۔ نیک لوگ گزر گئے اور نیکی کی باتیں کتابوں میں رہ گئیں۔ مسلمانی (و) مؤنث۔ مسلمان عورت۔

مسلمانی (ف) مؤنث (۱) مسلمان سے منسوب۔ مسلمان سے نسبت رکھنے والا (۲) اسلام۔ اسلامیت (۳) (و) بچوں کا آلہ تناسل (۴) سُنّت۔ ختنہ۔ ختنے کی تقریب (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۵) (ہندو) (عوام) مسلمان عورت۔ مسلمانی آبادانی (و) مثل۔ مسلمانی برکت کا باعث ہے۔ مسلمانی اور آنا کانی۔ مثل۔ اپنے ہم جنس سے پہلوتہی کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

مسلوب (مَس۔ لوب) (ع) سلب کیا گیا۔ مٹایا گیا۔ چھین لیا گیا۔ مسلوب الحواس۔ مسلوب العقل۔ وہ شخص، جس کے ہوش و حواس ٹھکانے نہ ہوں۔ دیوانہ۔ پاگل۔ مجنون۔ مخبوط الحواس۔

مسلوک (مَس۔ لوک) (ع) (۱) جاری کیا گیا۔ آمد و رفت کیا گیا (۲) سلوک کیا گیا۔ احسان کیا گیا (۳) (عوام) سلوک کرنے والا۔

مسلول (مَس۔ لول) (ع) (۱) سل کی بیماری والا۔ سل دق کا مریض

(۲) کھینچا ہوا۔ باہر نکالا ہوا (لفظ یا عبارت)، جو بیان سے نکالی گئی ہو ۃ

مَسئلہ (مَس۔ ئَ لَہ) (صحیح مَسْئَلَہ) (ع) مذکر (۱) سوال۔ کوئی پوچھی ہوئی بات (۲) شرعی بات۔ مذہبی قانون ۃ مسئلے مسائل (ع) دیکھیے مسئلے مسائل ۃ

مُستمات (مُسَمْ مَ۔ مات) (ع) مؤنث (۱) نام رکھی گئی (۲) علامتِ تانیث۔ وہ لفظ یا خطاب، جو عورت کے نام کے پہلے مستعمل ہے ۃ

مسمار (مِس۔ مار) (ع) مذکر (۱) کھونٹی۔ میخ (۲) (ا۔ ف) منہدم۔ گرایا ہوا ۃ مسمار کرنا (ف) ڈھانا۔ گرانا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ ویران کرنا۔ منہدم کرنا ۃ مسمار ہونا۔ مکان یا دیوار کا گر پڑنا ۃ

مسماع (مِس۔ ماع) (ع) مذکر۔ سننے کا آلہ ۃ مسماع الصدر۔ مذکر۔ وہ آلہ، جس کا ایک حصہ ڈاکٹر لوگ اپنے کانوں میں لگاتے اور دوسرا مریض کے سینے یا پشت وغیرہ پر لگا کر بیماری کی تشخیص کرتے ہیں ۃ

مسمریزم (مِس۔ مِرِے۔ زِم) (انگ۔ مِیزْمِیرِزْم) مذکر۔ جرمنی کے طبیب میسمر کا ایجاد کیا ہوا علم، جس میں تصور یا خیال کی قوت سے انسان یا حیوان کو بے ہوش کیا جاتا ہے ۃ

مُسمسی (مُس۔ مُسِی) (ہ) گھنی۔ دیکھنے میں غریب۔ مسکین صورت۔ چپ چاپ ۃ مُسمسی صورت (ف) غریب صورت۔ گربہ مسکین ۃ

مسمّط (مُسَمْ۔ مَط) (ع) مذکر (۱) ڈورے میں پروئی ہوئی چیز۔ موتیوں کی لڑی (۲) وہ بیت، جس میں تین یا چار جگہ ایک قسم کا قافیہ ہو (۳) وہ نظم، جس میں تین مصرعے سے دس مصرعے تک ہوں ۃ

مُسَمَّن (مُسَمْ۔ مَن) (ع) موٹا کیا گیا۔ فربہ کیا گیا ۃ مُسَمِّن۔ موٹا کرنے والا۔ فربہ کرنے والا ۃ

مسموع (مَس۔ مُوع) (ع) سنا گیا۔ قبول کیا گیا (ہونا کے ساتھ) ۃ

مسموم (مَس۔ مُوم) (ع) زہر دیا گیا۔ وہ جس نے زہر کھایا ہو ۃ

مسمّیٰ (مُسَمْ۔ ما) (ع) نام رکھا گیا۔ موسوم۔ پکارا گیا۔ مردوں کے ناموں کے پہلے آتا ہے ۃ

مُسن (مُسِن) (عربی میں نون مشدد) (۱) بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ معمر (۲) کہنہ۔ پرانا (۳) (کنایۃً) دانا۔ تجربہ کار ۃ

مُسنا (مُس۔ نا) (ہ) (۱) مَلا جانا۔ مَلنے میں آجانا (۲) (عو) لُوٹا جانا۔ لُٹنا ۃ

مسند (مَس۔ نَد) (ع) مؤنث (۱) تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ۔ تکیہ گاہ (۲) صدر۔ تخت ۃ مسند آرا (ع۔ ف) (۱) مسند کو زینت دینے والا۔ مسند نشین (۲) (کنایۃً) بادشاہ ۃ مسند کا گدھا (ف) مذکر (کنایۃً) کاٹھ کا اُلو۔ بے وقوف امیر ۃ مسند لگانا۔ مسند بچھانا ۃ مسند لگنا۔ لازم ۃ مسند نشین (ع۔ ف) بادشاہ۔ فرماں روا ۃ مسند نشین ہونا (ف) گدی پر بیٹھنا۔ تخت نشین ہونا ۃ

مسند نشینی (ع۔ ف) مؤنث۔ تخت نشینی۔ راج۔ گدی۔ جلوس ۃ

مسند (مُس۔ نَد) (ع) مذکر (۱) پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی چیز (۲) (نحو کی اصطلاح) وہ خبر، جو مبتدا کی نقیض ہو ۃ مسند الیہ۔ مذکر۔ مبتدا ۃ

مسنون (مَس۔ نُون) (ع) وہ (کام)، جو شریعت کے رو سے جائز ہو اور جسے رسول اللہ (صلعم) نے خود کیا ہو ۃ

مسواک (مِس۔ واک) (ع) مؤنث۔ دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی۔ داتن (کرنا کے ساتھ) ۃ

مسودہ (مُسَوْ۔ وَدَہ) (ع) سیاہ کیا گیا۔ باب تسوید سے اسم مفعول بنا لیا گیا، لیکن کلام عرب میں نہیں پایا جاتا۔ فارسی شعراء نے مُسَوَّدَہ نظم کیا ہے۔ باب اِسْوِدَاد سے اسم فاعل مُسْوَدَّہ بھی ہو سکتا ہے، مگر اس کے معنی سیاہ ہوں گے نہ کہ سیاہ کیا گیا۔ بہر حال یہ لفظ فارسی ہے۔ مذکر (۱) وہ تحریر، جو پہلی مرتبہ سرسری لکھی جائے اور جس کے صاف کرنے کی ضرورت پڑے۔ اردو بول چال میں مُسْوَدَہ بھی آتا ہے (لکھنؤ میں مُسْوَدَّہ) (۲) (کنایۃً) منصوبہ۔ عوام کی زبانوں پر مَسْوِدَہ ہے ۃ مسودہ گانٹھنا (دہلی) (۱) مضمون بنانا (۲) منصوبہ باندھنا ۃ

مسور (مَسُور) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا غلہ، جو سالن کے طور پر پکا کر کھایا جاتا ہے ۃ

مسوڑا۔ مسوڑھا (مَسُو۔ ڑا ـــــ مَسُو۔ ڑھا) (ہ) مذکر۔ دانتوں کے اوپر کا گوشت ۃ

مسوس (مَسُوس) (ہ) (۱) مسوسنا کا امر (۲) مؤنث۔ بل۔ پیچ۔ مروڑ ۃ مسوسا (۱) مسوسنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر (عو) پچھتاوا ۃ مسوسنا (۱) مَلنا۔ بل دینا (۲) دبانا۔ نچوڑنا (۳) تھامنا۔ روکنا (۴) افسوس کرنا۔ غم کرنا۔ صدمے کے باعث دل پر ہاتھ رکھنا ۃ

مسہری (مَسَہ۔ رِی، مَسَہ۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا پلنگ، جس پر مکھیوں اور مچھروں سے بچنے کے لیے جالی سی لگا دی جاتی ہے۔ چھپر کھٹ ۃ

مسہل (مُس۔ ہِل) (ع) (۱) اسہال لانے والا۔ دست آور (۲) مذکر۔ وہ دوا، جس سے دست آئیں۔ جلاب (دینا، لینا کے ساتھ) ۃ

مسئلہ (مَس۔ ئَلَہ) (ع) مذکر (۱) سوال (۲) وہ سوال، جو مسائل فقہ کے متعلق ہو (۳) معاملہ۔ پیچیدہ معاملہ (حل کرنا، حل ہونا کے ساتھ) ۃ مسئلہ کرنا (ف) سوال کرنا ۃ مسئلہ کھل جانا۔ مسئلہ حل ہو جانا، کسی معاملے کی پیچیدگی دور ہو جانا ۃ مسئلے مسائل۔ مذکر۔ فقہ کے مسئلے ۃ

مسئول (مَس۔ ئُول) (ع) (۱) سوال کیا گیا۔ مانگا گیا (۲) ذمہ دار۔ جواب دہ ۃ

مِسی۔ مِسّی (مِسِی، مِس۔ سِی) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کا منجن،

جو عورتیں سنگار کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔ اس سے دانت سیاہ اور چمکیلے ہو جاتے ہیں (۲) (بازاری عورتوں کی اصطلاح) ایک تقریب کہ اس روز سے کسبیاں مسی ملنا شروع کرتی ہیں (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔ مسی کاجل کرنا (ف) دانتوں کو سیاہ کرنے والا منجن اور سرمہ لگانا۔ سنگار کرنا۔ مسی کی دھڑی۔ مؤنث (عو) مسی کی تہ، جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔ مسی لگانا۔ یا۔ ملنا۔ دانتوں پر مسی کی مالش کرنا۔ دھڑی جمانا۔

مِسّی۔ مِسّی تِسّی (مِس۔ سِی، مِس۔ سِی۔ تِس۔ سِی) (ہ) موٹے جھوٹے اناج کی روٹی۔ دال دلیا۔

مسیت (مَسِیت) مؤنث (گنوار) مسجد۔

مسیح (مَسِیح) (ع) مذکر۔ حضرت عیسیٰؑ کا لقب، جو بطور معجزہ مُردے زندہ کر دیتے تھے۔ مسیحا (ف) [فارسی والوں نے الف زیادہ کر دیا۔ بعض کے نزدیک مسیحا، مشیحا (سُریانی۔ مبارک) کا معرب ہے] دیکھیے "مسیح"۔ مسیحائی۔ مؤنث۔ حضرت مسیحؑ کے معجزے والی طاقت۔ حیات بخشی۔ اعجاز نمائی۔ مسیحائی کرنا (ف) (۱) زندہ کرنا۔ حیات بخشنا۔ اعجاز دکھانا (۲) مرتے کو بچانا۔ جاں بلب بیمار کو تندرست کرنا۔

مسیحی (ع) حضرت مسیحؑ کی طرف منسوب۔ عیسائی۔ نصرانی۔

مسیر (مَسِیر) (ع) (۱) (مصدر میمی) جانا۔ چلنا۔ سیر کرنا (۲) مؤنث۔ سیر کی جگہ۔

مُسَیلِمَہ (مُسَیْ۔ لِمَہ) (ع) مذکر۔ یمامہ کا ایک کافر جس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ اسے مسیلمہ کذاب بھی کہتے ہیں۔

مسینہ (مَسِی۔ نَہ) (ہ) مذکر۔ موٹا اناج۔ غریبوں کے کھانے کا غلہ۔

م۔ش

مُشابہ (مُشا۔ بِہ) (ع) مانند۔ مطابق۔ نظیر۔ مثل۔ مُشابہت۔ مؤنث۔ مطابقت۔ موافقت۔ شبیہ۔ شکل۔ تشبیہ۔

مُشاجرہ (مُشا۔ جَرَہ) (ع) مذکر۔ باہم درختوں کی طرح لپٹنا۔ مخالفت۔ منازعت۔

مُشار (مُشَار) (ع) اشارہ کیا گیا۔ بتایا گیا۔ مُشارٌ اِلَیہ۔ مذکر (۱) وہ شخص یا چیز، جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔ مذکور الصدر (۲) (کنایۃً) ذی عزت۔ معتبر۔

مشارب (مَشا۔ رِب) (ع) مذکر۔ مشرب کی جمع (۱) پانی پینے کی جگہیں (۲) طریقے۔ مذاہب۔

مشارق (مَشا۔ رِق) (ع) مذکر۔ مشرق (سورج نکلنے کی جگہ) کی جمع۔

مشارکت (مُشا۔ رَکَت) (ع) مؤنث۔ باہم شرکت کرنا۔ شریک ہونا۔

مشاطہ (مَش۔ شا۔ طَہ) (ع) مؤنث۔ وہ عورت، جو عورتوں کی کنگھی چوٹی اور دلہنوں کی طرح آرائش کرے (فارسی میں ش کی تخفیف سے بھی آتا ہے)۔ مَشاطَہ (ا) وہ عورت، جو زن و مرد کی نسبت تلاش کرے اور شادی کرا دے۔

مشاعرہ (مُشا۔ عَرَہ) (ع) مذکر۔ شاعروں کا باہم جمع ہو کر شعر خوانی کرنا۔ مشاعرہ پڑھنا (ا) مشاعرے میں شعر پڑھنا۔

مشاغل (مَشا۔ غِل) (ع) مذکر۔ مشغلہ کی جمع۔ شغل۔ کام۔ مشغلے۔

مشافہہ (مُشا۔ فَہَہ) (ع) مذکر۔ روبرو۔ سامنے۔ روبرو ہونا۔ سامنے بات اور گفتگو کرنا۔

مشاق (مُش۔ شاق) (ع) بہت مشق رکھنے والا۔ کمال مہارت رکھنے والا۔ مشاقی۔ مؤنث۔ نہایت مشق۔ مہارت۔ تجربہ۔

مشاکل (مُشا۔ کِل) (ع) (۱) مانند (۲) مؤنث۔ عروض کی ایک بحر۔

مشام (مَشَام) (عربی میں آخر کا میم مشدد) [مشم (مَشم) کی جمع، جو بطور واحد مستعمل ہے] مذکر۔ قوت شامہ کی جگہ۔ دماغ۔ مشام جاں۔ مذکر (کنایۃً) دماغ۔

مشاورت (مُشا۔ وَرَت) (ع) مؤنث۔ باہم مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔ پنچایت۔

مشاہدہ (مُشا۔ ہَدَہ) (ع) مذکر (۱) دیکھنا۔ دید۔ معاینہ۔ درشن (۲) (اصطلاح تصوف) انوار الٰہی کا نظارہ۔ مشاہدہ کرنا (ف) (۱) دیکھنا۔ معاینہ کرنا۔ دیکھ کر تجربہ کرنا (۲) (اصطلاح تصوف) نور الٰہی سے مشرف ہونا۔

مشاہرہ (مُشا۔ ہَرَہ) (ع) (۱) ماہ بماہ کسی کو ایک مقررہ رقم دینا (۲) مذکر۔ تنخواہ۔ طلب۔ ماہیانہ۔ وظیفہ۔ ماہوار۔

مشاہیر (مَشا۔ ہِیر) (ع) مذکر۔ مشہور لوگ۔ بزرگ آدمی۔ نامور لوگ۔

مشائخ (مَشا۔ اِخ) (ع) (مشائخ جمع مشیخت کی اور مشیخت جمع شیخ کی یعنی مشائخ، شیخ کی جمع الجمع ہے) مذکر (۱) بزرگ لوگ، صوفی ہوں یا متقی (۲) آج کل ان لوگوں کے لیے مستعمل ہے، جو صاحب حال ہوں اور جن کی شرکت سے محفل سماع میں چہل پہل ہو۔

مشائین (مَش۔ شا۔ اِین) (ع) مذکر۔ چلنے والے۔ وہ حکیم، جو ایک دوسرے کے پاس جا کر علم حاصل کیا کرتے تھے۔ بخلاف اشراقیین کے، جو تصفیۂ قلب کے ذریعے سے دور بیٹھے شاگردوں کو تعلیم دیا کرتے تھے۔

مشایعت (مُشا۔ یَعَت) (ع) مؤنث (۱) پیروی کرنا۔ تقلید کرنا (۲) کسی کو رخصت کرنے کے لیے تھوڑی دور تک جانا (۳) (ف) جنازے کے ساتھ جانا۔

مشبک (مُشَب۔ بَک) (ع) وہ چیز، جس میں بہت سے سوراخ ہوں۔ جالی دار۔

مشبّہ (مُشَب۔ بَہ) (ع) تشبیہ دیا گیا۔ نظیر دیا گیا۔ نسبت دیا گیا۔

تمثیل دیا گیا۔ مقابلہ کیا گیا۔ وہ چیز، جسے دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے ٭
مشبہ بہ۔ مذکر۔ وہ چیز، جس سے تشبیہ دی جائے ٭

مشت (مُشت) (ف) (۱) مذکر۔ گھونسا۔ مکا۔ ڈک (۲) مؤنث۔ مٹھی، پنجے کی انگلیاں، جب بند ہوں (یہ لفظ تذکیر و تانیث میں مضاف الیہ کی تذکیر و تانیث کا تابع ہوتا ہے، جیسے مشتِ پر، مذکر، مشتِ گل، مؤنث) ٭ **مُشتِ استخوان**۔ مذکر (۱) مٹھی بھر ہڈیاں (۲) بے حد کمزور۔ دُبلا پتلا ٭ **مشتِ خاک**۔ مؤنث (۱) مٹھی بھر خاک (۲) (مجازاً) انسان، جو مٹی سے بنا ہے ٭ **مُشت زن** (۱) مکا مارنے والا (۲) کشتی کرنے والا۔ پہلوان (۳) (ل) جلق باز ٭ **مشت زنی**۔ مؤنث (۱) مُکے مارنا (۲) (ل) جلق لگانا ٭ **مشتِ غبار**۔ مذکر (۱) تھوڑا سا غبار (۲) مردہ انسان کی مٹی، جو بدن کے گل سڑ جانے کے بعد باقی رہ جاتی ہے ٭ **مشت مالی۔ مشت مال**۔ مؤنث (۱) مالش، جو پہلوان جسم کے سخت ہو جانے کے لیے کرتے ہیں (۲) وہ مالش، جو حمامی جسم کا مَیل چھڑانے کے لیے کرتے ہیں (کرنا کے ساتھ) ٭ **مشتے کہ بعد از جنگ یاد آید، بر کلۂ خویش باید زد۔ یا۔ مشتے کہ بعد از جنگ بیاد آید، بر کلہ باید زد**۔ مثل۔ موقع نکل جانے کے بعد پچھتانا بے سود ہے ٭ **مشتے نمونہ از خروارے**۔ مثل۔ ذرا سے نمونے ہی سے ساری چیز کی اصلیت معلوم ہو جاتی ہے ٭

مشتاق (مُش۔ تاق) (ع) (۱) خواہش مند۔ آرزو مند۔ طالب۔ خواہاں۔ شائق (۲) منتظر۔ انتظار کرنے والا ٭ **مشتاقانہ**۔ مشتاق کی مانند۔ خواہش مندانہ ٭

مشتبہ (مُش۔ تَبِہ) (ع) شبہہ کیا گیا۔ شک کیا گیا، جس میں شبہہ ہو۔ مذبذب۔ مشکوک (ٹھہرانا، ٹھہرنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

مُشترَک (مُش۔ تَرَک) (ع) (۱) شریک کیا گیا (۲) وہ لفظ، جو کئی معنی دے ٭ **مُشترِک** (۱) شرکت کرنے والا۔ شریک (۲) اخبار کا خریدار ٭ **مُشترَکہ**۔ ساجھے کا۔ شرکت کا۔ مشمولہ ٭

مشتری (مُش۔ تَری) (ع) مذکر (۱) مول لینے والا۔ خریدار (۲) چھٹے آسمان پر ایک ستارہ، جو سعد اکبر سمجھا جاتا ہے (۳) (اصطلاح مہوسین) قلعی۔ رانگ ٭ **مشتری بیع مشروط**۔ مذکر۔ شرط پر خریدنے والا ٭ **مشتری ہوشیار باش** (ف) خریدار کو سودا دیکھ بھال کر لینا چاہیے۔ اگر کسی سودے میں بعد کو نقصان ہو تو خریدار کی شکایت پر طنزاً کہتے ہیں ٭

مشتعل (مُش۔ تَعِل) (ع) بھڑکتا ہوا۔ شعلہ زن۔ سوزاں ٭ **مشتعل ہونا** (ل) شعلہ مارنا۔ بھڑکنا ٭

مشتق (مُش۔ تَق) (عربی میں ق مشدد) وہ لفظ، جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔ وہ صیغہ، جو مصدر سے بنا ہو ٭

مشتمل (مُش۔ تَمِل) (ع) شریک۔ شامل۔ مشمولہ (ہونا کے ساتھ) ٭

مُشتہَر (مُش۔ تَہَر) (ع) مشہور۔ شہرت دیا گیا۔ اشتہار دیا گیا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **مُشتہِر**۔ شہرت دینے والا۔ اشتہار دینے والا۔ منادی کرنے والا ٭

مشتہی (مُش۔ تَہی) (ع) (۱) خواہش کرنے والا۔ آرزو مند (۲) بھوک لگانے والا۔ ان معنی میں غلط ہے، صحیح مُشہّی ہے ٭

مِشٹ (مِشٹ) (س) (ہندو) میٹھا۔ شیریں ٭ **مِشٹان**۔ مؤنث (ہندو) مٹھائی۔ شیرینی ٭

مَشٹ (مَشٹ) (س) مؤنث (ہندو) خاموشی۔ چُپ۔ کم گوئی ٭ **مَشٹ مارنا** (ہندو) چُپ رہنا۔ خاموش رہنا۔ سُنی اَن سُنی کر دینا ٭ **مَشٹ مارے جانا**۔ چُپ اور خاموشی سے چلے جانا ٭

مشجّر (مُشَج۔ جَر) (ع) مذکر (۱) پھول دار کپڑا۔ وہ کپڑا، جس پر بیل بوٹے بنے ہوں (۲) (ل) ایک قسم کا پتھر، جس پر درختوں اور انسان و حیوان کی تصویریں بنی ہوتی ہیں ٭

مشحون (مَش۔ حُون) (ع) بھرا گیا۔ پُر کیا گیا ٭

مشخّص (مُشَخ۔ خَص) (ع) تشخیص کیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔ تخمینہ کیا گیا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **مشخّص جمع**۔ مؤنث۔ تشخیص کی ہوئی مال گزاری ٭ **مُشخِّص**۔ تشخیص کرنے والا ٭ **مشخّصہ**۔ تشخیص کی گئی ٭

مشدّد (مُشَد۔ دَد) (ع) (۱) تشدید کیا گیا۔ وہ حرف، جو تشدید سے زور دے کر پڑھا جائے (۲) خوب کس کر باندھا گیا ٭

مِشر (مِشر) (س) مذکر (ہندو) (۱) ملا ہوا۔ گڈمڈ (۲) معزز۔ عزت دار۔ شریف (۳) طبیب۔ حکیم۔ بید۔ دید (۴) برہمنوں کے نام کا جزو۔ برہمنوں کا خطاب (۵) پانی پلانے والا برہمن۔ رسوئی کرنے والا برہمن ٭ **مِشرانی**۔ مؤنث (۱) برہمنی (۲) مِشر کی بیوی ٭

مشرب (مَش۔ رَب) (ع) (۱) پانی پینے کی جگہ۔ جھیل۔ چشمہ (۲) دین۔ مذہب۔ ملت (۳) طریق۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ طور ٭

مشرّح (مُشَر۔ رَح) (ع) تشریح کیا گیا۔ تفصیل کیا گیا۔ واضح۔ مفصل۔ صاف ٭

مشرّف (مُشَر۔ رَف) (ع) شرف دیا گیا۔ عزت دیا گیا۔ معزز (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **مُشرِف** (۱) اونچائی پر چڑھنے والا۔ بلند ہونے والا۔ بلندی سے چاروں طرف نگاہ ڈالنے والا (۲) نگران۔ خبردار (۳) کسی بھلے یا بُرے کام کے قریب پہنچنے والا (۴) مذکر۔ اونچی جگہ۔ بلند جگہ (۵) خزانے کا عہدہ دار (۶) میر منشی۔ صدر محرر ٭

مشرق (مَش۔ رِق) (ع) مذکر (۱) سورج نکلنے کی جگہ۔ پورب (۲) جائے طلوع (ان معنی میں اہل دہلی مؤنث بولتے ہیں) ٭ **مشرقی** (۱) مشرق سے منسوب۔ پوربی (۲) وہ برّاعظم، جو یورپ سے جانبِ شرق واقع ہو، یعنی ایشیا (۳) ایشیائی ٭ **مشرقی خیالات** (ل) مذکر (۱) ایشیائی خیالات (۲) (مجازاً) پرانے خیالات۔ دقیانوسی خیالات ٭ **مشرقی زبان**۔

مؤنث - ان ملکوں کی زبان، جو یورپ سے مشرق کی طرف واقع ہیں، جیسے اردو، ہندی، فارسی - عربی - ترکی، سنسکرت وغیرہ ٭

مَشرِقَین (ع) مذکر - مشرق کا تثنیہ - مشرق و مغرب ٭

مشرک (مُش - رِک) (ع) شریک کرنے والا - وہ شخص، جو خدا کے ساتھ کسی اَور کو شریک کرے - بُت پرست ٭

مشروح (مَش - رُوْح) (ع) کھول کر بیان کیا گیا ٭ **مشروحاً** - تشریح سے - مفصل ٭

مشروط (مَش - رُوْط) شرط کیا گیا - کسی شرط پر موقوف ٭

مشروع (مَش - رُوْع) (ع) (۱) شرع کے مطابق - جائز (۲) (ل) مذکر - ایک قسم کا کپڑا، جس کے پاجامے عورتیں پہنتی ہیں ٭

مَشعَر (مَش - عَر) (ع) مذکر (۱) درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ (۲) رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ ٭ **مَشعَرُ الحَرام** - مذکر - مکہ معظمہ میں وہ مقام، جہاں حج کے دنوں میں قربانی کی جاتی ہے - مُزدَلِفہ ٭

مُشعِر (مُش - عِر) (ع) ظاہر کرنے والا - اطلاع دہندہ - خبر دینے والا ٭

مشعل (مَش - عَل) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) روشنی کی جگہ (۲) (اصطلاحی) بڑی موٹی بتی - شمع (جلانا، روشن کرنا وغیرہ کے ساتھ) ٭ **مشعل دکھانا** (ل) (کنایۃً) رہنمائی کرنا ٭ **مشعل کی بو دماغ میں سمائی ہے** - مثل - غریبی میں بھی امیروں کا سا دماغ ہے ٭ **مشعل لے کر ڈھونڈنا** - چراغ لے کر ڈھونڈنا - بے حد تلاش و تجسس کرنا ٭ **مشعلچی** (ع - ف) مذکر (۱) مشعل جلانے یا دکھانے والا (عوام مشالچی کہتے ہیں) (۲) (ہندوستان کے انگریزوں کی اصطلاح) برتن مانجنے والا ٭ **مشعلچی آپ ہی اندھا ہے** (ل) مثل - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو دوسروں کو راہ بتائے اور آپ گمراہ رہے ٭ **مَشعَلَہ** (ع) مذکر - مَشعَل ٭

مشغلہ (مَش - غَلہ) (ع) مذکر (۱) تفریح - کام - شغل - دل بستگی - کسی کام میں مصروف ہونے کا ذریعہ (۲) کھیل تماشا (۳) (ل) ہنسی مخول ٭ **مشغلۂ سلطانی** (ع - ف) مذکر - بادشاہ کی سواری کا بکس، جس میں فریادی درخواستیں ڈال دیتے تھے ٭

مشغول (مَش - غُوْل) (ع) کام میں لگا ہؤا - مصروف ٭ **مَشغُولَہ** (ل) مذکر - دل لگی - مشغلہ ٭ **مشغولی** (ع - ف) مؤنث - کام میں لگا ہونا - مشغول ہونا - مصروفیت ٭

مشفق (مُش - فِق) (ع) شفقت کرنے والا - شفیق - رفیق - دوست - مہربان ٭ **مُشفقِ بندہ** - **مُشفقِ من** (ع - ف) مذکر - میرے دوست - میرے مہربان - میرے رفیق - مہربانِ بندہ - اکثر خطوط میں بھی دوستوں کو القاب کی جگہ لکھتے ہیں ٭ **مُشفِقانہ** - دوستانہ - مہربانی سے - ہمدردی سے ٭ **مُشفقی** (ع) میرے مشفق - میرے مہربان - میرے دوست ٭

مشق (مَشق) (ع) مؤنث (۱) مہارت - مداومت - مزاولت - ربط - عادت (۲) کسی کام کو ہر روز کرنا - بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا (بڑھانا، بڑھنا، چڑھنا، رکھنا، رہنا، کرانا، کرنا کے ساتھ) ٭ **مشقی** (۱) مؤنث - مشق کرنے کا موٹا کاغذ - وصلی (۲) (ل) منجھا ہؤا - مشق کیا ہؤا ٭

مشقت (مَشَق - قَت) (ع) مؤنث (۱) ریاضت - محنت - دُکھ - تکلیف (۲) مزدوری - کام کاج ٭ **مشقت بحالتِ قید** (ع - ف) مؤنث - قید کی حالت میں سزا کی تکلیف ٭ **مَشقّتِ شدید** - مؤنث - سخت تکلیف - سخت سزا ٭ **مشقت کرنا** (ل) بہت محنت کرنا ٭

مَشک (مَشک) (ف) مؤنث - پانی بھرنے کی کھال ٭ **مشک چھوڑنا** (ل) مشک بہانا - مشک کا پانی بہانا - چھڑکاؤ کرنا ٭ **مَشکیزہ** (ف) مذکر - مَشک کی تصغیر - چھوٹی مشک ٭ **مشکیں** (ل) مؤنث - مَشک کی جمع ٭ **مشکیں چھوٹنا** (کنایۃً) پانی سے دست آنا ٭

مُشک (ف - اصفہان اور شیراز میں مِشک اور ماوراء النہر میں مُشک بولتے ہیں) مذکر (۱) ایک خوش بو دار چیز - کستوری - ایک قسم کا سیاہ، سرخی مائل یا اودے رنگ کا مادہ، جو کستورے ہرن کی ناف میں سے نکلتا ہے (۲) شعراء زلفِ معشوق کی سیاہی کو بھی اس سے تشبیہ دیتے ہیں (۳) کالا سیاہ ٭ **مُشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید** - مثل - ہنر یا اچھی چیز خود ہی ظاہر ہو جاتی ہے - تعریف کرنے کی ضرورت نہیں ٭ **مُشکِ اذفر** - مذکر - نہایت خوش بو دار خالص کستوری ٭ **مُشک بلاؤ** (ل) مذکر - ایک قسم کا جنگلی بلاؤ، جس کی دُم کے نیچے نافہ ہوتا ہے اور اسی لیے اس کے پسینے سے خوش بو آتی ہے ٭ **مُشک بو** (ف) معطر - معنبر - خوش بودار ٭ **مُشکِ چین** - **مُشکِ ختن** - **مُشکِ خطا** - مذکر - مُشک کی تین اعلیٰ قسمیں ٭ **مُشک نافہ** - مذکر - کستورے ہرن کی ناف، جس میں مُشک رہتا ہے - وہ تھیلی، جس میں کستوری رہتی ہے ٭ **مُشکی** (۱) سیاہ رنگ کا، کالا (۲) مذکر - سیاہ گھوڑا - کالے رنگ کا گھوڑا ٭ **مُشکی رنگ** (ل) مذکر - کالا رنگ - سیاہ رنگ ٭ **مُشکیں** (ف) (۱) مُشک کے رنگ کا - سیاہ (۲) مُشک کی سی خوش بو کا - خوش بودار - معنبر - معطر ٭

مشکل (مُش - کِل) (ع) (۱) دشوار - سخت (۲) مؤنث - دشواری - سختی - دقت - مصیبت (۳) الجھا ہؤا - پیچیدہ ٭ **مشکل آسان ہونا** (ل) (۱) مشکل حل ہونا - مصیبت دُور ہونا - عذاب سے چھوٹنا (۲) دم نکلنا - مرنا - جان نکلنا ٭ **مشکل آنا** - دشواری ہونا - دقت آنا - مصیبت آنا ٭ **مشکل بننا - یا - پڑنا** - دشواری ہونا - مصیبت پڑنا - دقت پیش آنا ٭ **مُشکل پسند** (ع - ف) دقت پسند - وہ شخص، جو نظم یا نثر میں مشکل اور ادق الفاظ استعمال کرے - ادق لکھنے والا ٭ **مشکل سے** (ل) جوں توں کر کے - بدقت - دشواری سے ٭ **مشکل کشا** (ع - ف) (۱) مشکل حل کرنے والا - مصیبت دُور کرنے والا (۲) مذکر - حضرت علیؓ

کا لقب ٭ مشکل کشائی ۔ مؤنث ۔ مشکل آسان کرنا ٭ مشکل کشائی کرنا
(ف) کسی کا کام بنانا ۔ مصیبت دور کرنا ۔ بپتا سے نجات دینا ٭ مشکل میں
پڑنا ۔ بکھیڑے میں پڑنا ۔ دقت میں پڑنا ۔ آفت یا بلا میں پھنسنا ٭
مشکلات (ع) مؤنث ۔ مشکل کی جمع ٭
مشکواۃ (مِش ۔ کَات) (ع) مؤنث (۱) چراغ دان ۔ فانوس (۲) احادیث کی مشہور
کتاب ٭
مشکور (مَش ۔ کُور) (ع) (۱) پسندیدہ (۲) شکر کیا ہوا ۔ اہل علم یہ لفظ
ممنون اور شکر گزار کے معنی میں استعمال نہیں کرتے ٭
مشکوک (مَش ۔ کُوک) (ع) شک کیا گیا ۔ گمان کیا گیا ٭
مشکوے ٭ مشکوئے معلّٰی (مُش ۔ کُو ، مُش ۔ کُو ۔ یے ۔ مُعَل ۔ لا) (ف)
مذکر (۱) بت خانہ (۲) (کنایۃً) بادشاہوں کی حرم سرائے ۔ شاہی محل سرائے
(۳) امراء و رؤساء کا دولت خانہ (۴) شیرین و خسرو کا خلوت خانہ (۵)
باغیچہ ٭
مشکیں (مُش ۔ کیں) (ف) مؤنث ۔ دونوں شانے ۔ دونوں بازو ٭ مشکیں باندھنا
(۱) دونوں بازوؤں کو الٹا کر کے رسی وغیرہ سے کمر پر باندھ دینا (۲) (کنایۃً)
گرفتار کرنا ۔ پکڑنا ۔ مجبور کرنا ٭ مشکیں بندھنا ۔ لازم ٭ مشکیں کسنا ۔
دیکھیے "مشکیں باندھنا" ٭
مشمش (مِش ۔ مِش) (ع) مذکر ۔ زرد آلو ٭
مشمول (مَش ۔ مُول) (ع) شامل کیا گیا ۔ شریک کیا گیا ۔ ملایا گیا ٭ مشمولہ ۔
شامل ۔ ملا ہوا ۔ شریک ۔ پیوستہ ۔ ملحق ٭
مشن (مِشَن) (انگ ۔ Mission مذکر (۱) پیغمبری ۔ رسالت (۲)
پادریوں کے رہنے کی جگہ (۳) سفارت ۔ وفد ۔ کمیشن (۴) تبلیغ ۔
مقصد ۔ پیغام ٭ مشن سکول Mission School مذکر ۔
عیسائیوں کا سکول ۔ وہ مدرسہ ، جہاں عیسائیت کی تعلیم دی جاتی ہے ٭
مشنری Missionary مذکر ۔ پادری ۔ مبلغ ٭
مشورت (ع) (مَش ۔ وَ ۔ رَت ، مَشْ ۔ وَرَت ، فارسی اور اردو میں مَش ۔ وَرَہ) (۱) مؤنث (۲) مذکر
صلاح ۔ کونسل ٭ مشورۂ (ف) مذکر ۔ صلاح ۔ منصوبہ ۔ باہمی تجویز ٭
مشورہ دینا (ف) صلاح دینا ٭ مشورہ رہنا ۔ وقتاً فوقتاً کسی کی
کسی سے باہم صلاح ہوا کرنا ٭ مشورہ کرنا ۔ صلاح کرنا ۔ کسی خاص
معاملے میں باہم بات چیت کرنا ٭ مشورہ لینا (۱) صلاح لینا ۔
رائے لینا ۔ تجویز دریافت کرنا ۔ تدبیر پوچھنا (۲) (کنایۃً) نظم میں اصلاح
لینا ٭
مشوش (مُشَوْ ۔ وَش) (ع) پریشان کیا گیا ۔ پریشان ۔ حیران ۔ مضطرب ٭
مشوِّش ۔ پریشان کرنے والا ٭
مشوم ۔ مشؤم (مَشُوْم ، مَش ۔ ءُوم) (ع) منحوس ٭
مشہد (مَش ۔ ہَد) (ع) مذکر (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) شہید ہونے کی
جگہ ۔ شہادت گاہ ۔ شہیدوں کا قبرستان (۳) ایران کا ایک مشہور
شہر ، جسے طوس بھی کہتے ہیں ٭
مشہود (مَش ۔ ہُوْد) (ع) حاضر کیا گیا ۔ ثابت کیا گیا ۔ ظاہر ۔ موجود ۔
مقصود ٭
مشہور (مَش ۔ ہُوْر) (ع) (۱) شہرت کیا گیا ۔ نامور (۲) طشت از بام ۔
عام (۳) وہ حدیث ، جس کے راوی دو سے زیادہ ہوں ٭ مشہور کرنا
(ف) شہرت دینا ٭ مشہور و معروف (ع) نام دار ۔ نامی ۔ جسے سب
جانتے ہوں ٭ مشہور ہونا (ل) اچھائی یا برائی میں شہرت ہونا ٭
مشہور ہے ۔ کہتے ہیں ۔ افواہ ہے ۔ زبان زد خلائق ہے ٭
مشہی (مُش ۔ ہی) (ع) دیکھیے "مشتہی" ٭
مشی (مَشْی) (ع) مؤنث ۔ پیادہ پا چلنا ٭
مشیت (مَشِی ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) خواہش ۔ مرضی ۔ ارادہ ۔
خصوصاً خدا کی مرضی کے لیے مستعمل ہے (۲) تقدیر ۔ قسمت ٭
مشیت ایزدی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ اللہ کی مرضی ۔ تقدیر الٰہی ۔
حکم ربی ٭ مشیت میں گزرنا (ل) خدا کی مرضی ہونا ٭
مشیخت (مَشِی ۔ خَت) (ع) مؤنث (۱) بزرگی (۲) گھمنڈ ۔ غرور ۔ شیخی ٭
مشیخت پناہ (ع ۔ ف) شیخی خورا ٭ مشیخت کرکری ہونا (ل)
شیخی کرکری ہونا ٭ مشیخت مآب (ع) مذکر ۔ غرور و تکبر اور
شیخی سے بھرا ہوا ۔ مشیخت پناہ ٭
مشید (مُشَیْ ۔ یَد) (ع) گچ کیا گیا ۔ مضبوط ۔ محکم ٭ مشیِّد ۔ گچ اور چونے
سے مضبوط و محکم کیا گیا ٭ مشیِّد ۔ چونے اور گچ سے استوار کرنے والا ٭
مشیر (مُشِیْر) (ع) مذکر (۱) مشورہ دینے والا ۔ صلاح کار ۔ رائے دینے والا ۔
تدبیر بتانے والا (۲) کارپرداز ۔ مصاحب ۔ دیوان ٭ مشیر الدولہ ۔
مذکر ۔ سلطنت کا صلاح کار ۔ ایک شاہی خطاب ، جو بڑے بڑے امراء و وزراء کو
دیا جاتا ہے ٭ مشیر خاص ۔ مذکر ۔ مصاحب خاص ۔ پرائیویٹ سکرٹری ٭
مشیر مال ۔ مذکر ۔ وزیر مال ۔ وہ شخص ، جو محکمۂ مال کا افسر ہو ٭ مشیران
(ف) مذکر ۔ مشیر کی جمع ۔ وزراء ۔ امراء ۔ ارکان ٭ مشیران سلطنت
(ع ۔ ف) مذکر ۔ حکومت کے امیر و وزیر ۔ ارکان سلطنت ٭
مشین (مُشِیْ ۔ یَن) (عوام ۔ یہ لفظ شان سے بنا لیا گیا ہے) شان دار ۔
تمکنت والا ۔ رعب داب والا ۔ وجیہ ۔ خوب صورت ٭
مشین (مَشِیْن) (انگ ۔ Machine مؤنث (۱) کل ۔ پرزہ (۲)
کارتوسوں میں ٹوپیاں ڈالنے کا آلہ (۳) سلائی کی کل (۴) چھاپنے کی کل
(۵) ہر قسم کی کل ٭ مشین گن Machine gun مؤنث ۔ ایک قسم
کی توپ ، جس میں گولیاں جلد جلد چلتی ہیں ٭ مشینری Machinery
مؤنث ۔ کل کی ترکیب ۔ کل کے پرزے ٭

م ۔ ص

مص (مَص) (ع) مذکر ۔ چوسنا ٭

مصابیح (مَصَا-بِیْح) (ع) مذکر۔ مصباح کی جمع (۱) بہت سے چراغ (۲) حدیث کی ایک کتاب ٭

مصاحب (مُصَا-حِب) (ع) ہم صحبت۔ خاص دوست۔ ندیم۔ رفیق۔ ساتھی ٭ **مُصَاحَبَت**۔ مؤنث۔ پاس اٹھنا بیٹھنا۔ ساتھ رہنا۔ ہم نشینی ٭

مصاحف (مَصَا-حِف) (ع) مذکر۔ مصحف کی جمع۔ صحیفے ٭

مصادر (مَصَا-دِر) (ع) مذکر۔ مصدر کی جمع ٭

مصارف (مَصَا-رِف) (ع) مذکر۔ مصرف کی جمع (۱) بہت سے خرچ۔ اخراجات (۲) خرچ کرنے کی جگہیں۔ خرچ کرنے کے موقعے ٭ **مصارفِ بے جا** (ع-ف) مذکر۔ غیر ضروری خرچ۔ بے جا اخراجات۔ فضول خرچ ٭

مصاف (مَصَاف) (عربی میں ف مشدد، بہ طور جمع مستعمل ہے۔ فارسی میں ف کی تخفیف سے اور بہ طورِ واحد آتا ہے) مذکر۔ لڑائی کا میدان جنگ و پیکار۔ لڑائی ٭

مصافحہ (مُصَا-فَحَہ) (ع) مذکر۔ ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ مِلانا (کرنا کے ساتھ) ٭

مصالح (مَصَا-لِح) (ع) (مذکر و مؤنث) (۱) مصلحت کی جمع۔ بھلائیاں نیکیاں (۲) (ف) مذکر۔ عمارت کی تعمیر کا سامان۔ مٹی، گارا، چونا وغیرہ (۳) (ل) سالن میں ڈالنے کی چیزیں۔ نمک، مرچ، پیاز، لہسن، دھنیا، ادرک وغیرہ (۴) گوٹا کناری ٭ **مصالح ٹانکنا** (ل) گوٹا کناری ٹانکنا ٭ **مصالح دار** (۱) (ف) مذکر۔ مصالح دینے والا قلی۔ مزدور (۲) (ل) وہ چیز، جس میں نمک مرچ وغیرہ خوب تیز ہو۔ چٹ پٹا ٭ **مصالح کا تیل** (ل) مذکر۔ ایک قسم کا خوش بودار تیل، جو بالچھڑ، کپور، کچری، چھیل چھبیلا، صندل وغیرہ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے ٭ **مصالح کی سل**۔ مؤنث۔ وہ پتھر، جس پر گوشت وغیرہ کا مصالح پیسا جاتا ہے ٭

مصالحت (مُصَا-لَحَت) (ع) مؤنث۔ آپس میں صلح کرنا۔ میل ملاپ ٭

مصائب (مَصَا-اِب) (ع) مذکر و مؤنث۔ مصیبت کی جمع۔ مصیبتیں۔ تکلیفیں۔ سختیاں۔ بلائیں۔ آفتیں ٭

مصباح (مِص-بَاح) (ع) مذکر (۱) چراغ۔ دِیا (۲) صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ ٭

مصبر (مُصَب-بَر) (ع) مذکر۔ صِبر۔ ایلوا۔ ایک مشہور تلخ دوا ٭

مصحح (مُصَح-حِح) (ع) تصحیح کرنے والا۔ صحت کرنے والا ٭

مصحف (مُص-حَف) (ع) مذکر (۱) وہ کتاب، جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں (۲) (مجازاً) قرآن شریف۔ کلام اللہ (۳) (مجازاً) معشوق کا رخسار ٭ **مصحف اٹھانا** (ل) قرآن عزیز کی قسم کھانا ٭ **مصحفِ بغلی** (ع-ف) مذکر۔ چھوٹی تقطیع کا قرآن مجید ٭ **مصحفِ مجید۔ مصحفِ مقدس۔ مصحفِ ناطق**۔ مذکر۔ قرآن پاک۔ کلام اللہ ٭ **مصحفی** (ع) (۱) مصحف سے منسوب (۲) اردو کے مشہور شاعر غلام ہمدانی مرحوم کا تخلص ٭

مصحوب (مَص-حُوب) (ع) ساتھ۔ ہمراہ ٭

مصداق (مِص-دَاق) (ع) مذکر (۱) وہ شے، جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو (۲) شہادت۔ گواہی۔ دلیل ٭

مصدر (مَص-دَر) (ع) مذکر (۱) صادر ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ بنیاد۔ اصل۔ جڑ (۲) پھرنا۔ پھر کے آنے کی جگہ (۳) (ف) باعث۔ سبب (۴) وہ کلام، جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں ٭ **مصدرِ لازم**۔ مذکر۔ وہ مصدر، جو صرف فاعل کو چاہے ٭ **مصدرِ متعدی**۔ مذکر۔ وہ مصدر، جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے ٭ **مصدرِ وضعی**۔ مذکر۔ وہ مصدر، جو مصدری معنی کے لیے موضوع ہوا ہو ٭

مصدع (مُصَد-دِع) (ع) تکلیف دینے والا۔ درد سر پیدا کرنے والا ٭

مُصَدَّق (مُصَد-دَق) (ع) تصدیق کیا گیا۔ تجربہ کیا گیا۔ آزمائش کیا گیا ٭ **مُصَدِّق**۔ تصدیق کرنے والا۔ ثابت کرنے والا۔ سچی گواہی دینے والا ٭ **مُصَدَّقہ**۔ تصدیق کیا ہوا۔ جس کی تصدیق سرکاری طور پر ہوئی ہو ٭

مصر (مِصْر) (ع) مذکر (۱) شہر۔ بلدہ۔ نگر (۲) افریقہ کے شمال مشرق میں ایک ملک ٭ **مصر کی روشنی** (ل) مؤنث (مجازاً) مصر کے علوم و فنون ٭ **مصری** (۱) مصر سے منسوب (۲) مذکر۔ مصر کا باشندہ (۳) مؤنث۔ مصر کی زبان ٭

مُصِر (مُصِر) (عربی میں ر مشدد) اصرار کرنے والا۔ ایک بات یا کام پر اڑ جانے والا ٭

مصراع۔ مصرع۔ مصرعہ (مِص-رَاع، مِص-رَع، مِص-رَعَہ) (ع) مذکر۔ ایک کواڑ۔ ایک پٹ (۲) (عروض) آدھا شعر۔ پوری بیت یا فرد کا نصف ٭ **مصرعِ طرح**۔ مذکر۔ وہ مصرع، جو بحر اور قافیہ و ردیف بتانے کے لیے بطورِ طرح تجویز کیا جاتا ہے ٭ **مصرع لگانا** (ل) ایک مصرع پر دوسرا مصرع لگا کر شعر پورا کرنا۔ گرہ لگانا ٭

مصرح (مُصَر-رَح) (ع) تصریح کیا گیا۔ تفصیل کیا گیا ٭

مَصرف (مَص-رَف) (ع) مذکر (۱) خرچ کرنے کی جگہ۔ خرچ کا موقع۔ خرچ کی جگہ۔ خرچ (۲) غرض۔ کام۔ مطلب ٭

مُصرِف (مُص-رِف) (ع) (۱) خرچ کرنے والا۔ صرف کرنے والا (۲) (مجازاً) فضول خرچ ٭

مصروع (مَص-رُوع) (ع) مذکر۔ وہ شخص، جسے مرگی کا مرض ہو۔ مرگی کا بیمار ٭

مصروف (مَص-رُوف) (ع) (۱) صرف کیا گیا۔ پھیرا گیا (۲) کام میں لگا ہوا۔ لگا ہوا۔ مشغول (رہنا، ہونا کے ساتھ) ٭

مصری (مِص-رِی) (ل) مؤنث (۱) دانہ دار کھانڈ کی ڈلیاں۔ نبات ٭ **مصری کا کوزہ**۔ مذکر (۱) مصری کا بنا ہوا گول ڈلا (۲) (تشبیہاً) ازحد میٹھا خربوزہ ٭ **مصری کھلانا** (ل) (۱) قتل کرنا۔ خنجر، تلوار، پیش قبض یا کٹار سے ہلاک کرنا (۲) منگنی کی رسم ادا کرنا۔ نسبت کرنا ٭ **مصری کی ڈلی**۔

مؤنث (۱) مصری یا نبات کا ٹکڑا (۲) نبات کے مزے کا - بے حد میٹھا ۔

مصطفوی (مُص - طَفَوِی) (ع) مصطفیٰؐ سے منسوب ۔

مصطفیٰ (مُص - طَفَا) (ع) (۱) منتخب - برگزیدہ - مقبول - پسندیدہ (۲) مذکر - پیغمبرِ اسلام (صلعم) کا لقب ۔

مصطگی (مَص - طَگِی) (ع - کاف سے صحیح اور گاف سے غلط) مؤنث - ایک قسم کا زرد گوند، جو پسنے کے درخت سے نکلتا ہے ۔

مصطلح (مُص - طَلَح) (ع) اصطلاح کیا ہوا ۔ **مصطلحات** - مذکر و مؤنث - مُصطَلَح کی جمع - اصطلاحیں - محاورے ۔

مصفّا (مُصَف - فَا) (ع) (۱) پاک (۲) صاف (۳) نتھرا ہوا ۔ **مُصَفّی** - صاف کرنے والا ۔ **مُصَفّیِ خون** (ع - ف) خون صاف کرنے والی چیز یا دوا ۔

مصقل **مِصقلہ** (مِص - قَل ، مِص - قَلَہ) (ع) مذکر - صیقل کرنے کا اوزار، ریتی ۔

مُصَلّا **مُصَلّیٰ** (مُصَل - لَا) (ع) مذکر (۱) نماز پڑھنے کی جگہ - مسجد - عبادت گاہ (۲) جانماز - دری ، صف ، بوریا وغیرہ جس پر نماز پڑھی جاتی ہے (۳) شیراز کی ایک عیدگاہ (بچھانا ، بچھانے کے ساتھ) ۔ **مُصَلّی** (ع) مذکر (۱) نماز پڑھنے والا - نمازی (۲) (پ) نو مسلم خاکروب ۔

مصلح (مُص - لِح) (ع) (۱) اصلاح کرنے والا - درست کرنے والا - ریفارمر (۲) ضرر سے بچانے والا ۔

مصلحت (مَص - لَحَت) (ع) مؤنث (معنی ۱ ، ۲ میں عربی میں مستعمل ہے) (۱) نیک صلاح - مناسب تجویز - اچھا مشورہ (۲) بہتری - بھلائی - خوبی (۳) (عو) مشورہ - صلاح (۴) حکمت - پالیسی (۵) مشیت - مرضی ۔ **مصلحت دیکھنا** (ل) بہتری یا خوبی دیکھنا - مناسب سمجھنا ۔ **مصلحتِ ملکی** (ف) مؤنث - سلطنت کے مناسب تدبیر - مملکت کی پالیسی - رموزِ مملکت ۔ **مصلحتِ وقت** - مؤنث - وقت کے مناسب تجویز ۔ **مصلحتاً** - مصلحت کی بنا پر - از روئے مصلحت - مناسب سمجھ کر ۔

مصلوب (مَص - لُوب) (ع) صلیب پر چڑھایا گیا - سولی دیا گیا ۔

مصمّم (مُصَم - مَم) (ع) مضبوط - پکا - محکم - استوار ۔ **مصمّم ارادہ** (ل) مذکر - پختہ ارادہ ۔

مُصَنِّف (مُصَن - نِف) تصنیف کرنے والا - کتاب لکھنے والا ۔ **مُصَنَّفات** - مذکر - تصانیف - تصنیفات - کتابیں ۔ **مُصَنَّفہ** - مؤنث - تصنیف کی ہوئی کتاب ۔

مصنوع (مَص - نُوع) (ع) صنعت کیا ہوا - بنایا ہوا - وہ شے ، جو کاریگر نے بنائی ہو ۔ **مصنوعات** (مذکر و مؤنث) بنائی ہوئی اشیاء - مخلوقات ۔ **مصنوعی** (۱) بنایا ہوا - ساختہ - جو قدرتی نہ ہو (۲) (ل) جعلی - بناوٹی ۔

مُصَوِّر (مُصَو - وِر) (ع) تصویر بنانے والا - تصویر کھینچنے والا - نقاش - آرٹسٹ (۲) رنگ بھرنے والا - رنگ ساز - بیل بوٹے بنانے والا (۳) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ۔ [**مصوّر ، باری اور خالق میں فرق** ، مصوّر وہاں مستعمل ہوتا ہے ، جہاں کسی چیز کی صورت بنانا اور ہیئت بخشنا مقصود ہو - باری وہاں آتا ہے ، جہاں کسی چیز کا پیدا کرنا مراد ہو - خالق اس موقع پر استعمال کیا جاتا ہے ، جب کسی چیز کے وجود میں لانے سے پہلے اس کا اندازہ کرنا پیشِ نظر ہو ۔] **مصوّری** - مؤنث - تصویر کھینچنا - نقش بنانا (کرنا کے ساتھ) ۔

مَصُون (مَص - صُون) (ع) نگاہ رکھا گیا - حفاظت کیا گیا - نگہبانی کیا گیا - محفوظ ۔ [مَصُون بر وزن مَفعُول ، اجوف واوی ہے ، مہموز العین نہیں - اس کا مادہ صَون ہے ، صَأن نہیں - یہ اصل میں مَصوُون تھا - ایک واؤ گر کر مَصُون رہ گیا - مَصؤُن بر وزن مفعول غلط ہے ۔]

مُصیب (مُصِیب) (ع) کسی کام یا چیز کی حقیقت کو خوب پہنچنے والا - درستی اور نیکی پانے والا ۔

مصیبت (مُصِی - بَت) (ع) مؤنث (۱) تکلیف - دُکھ - رنج (۲) صدمہ - حادثہ (۳) ادبار - نحوست - بد اقبالی (۴) دشواری - مشکل - دِقّت ۔ **مصیبت اٹھانا** (ل) دُکھ جھیلنا - سختی اٹھانا - تکلیف برداشت کرنا ۔ **مصیبت انگیزنا** (عو) مصیبت برداشت کرنا ۔ **مصیبت بھرنا - یا - بھگتنا** (عو) سختی جھیلنا - تکلیف اٹھانا ۔ **مصیبت پڑنا** - سختی میں مبتلا ہونا - آفت آنا ۔ **مصیبت پیٹنا - یا - جھیلنا** (۱) دُکھ اٹھانا - سختی برداشت کرنا (۲) بمشکل بسر کرنا - تنگی سے گزر اوقات کرنا - سخت محنت و مشقت کرنا (۳) صدمہ برداشت کرنا ۔ **مصیبت پیش آنا** - تکلیف ہونا - مصیبت ہونا ۔ **مصیبت خانہ** (ع - ف) مذکر - ماتم خانہ ۔ **مصیبت دیکھنا** (ل) تکلیف میں رہنا - مصیبت برداشت کرنا ۔ **مصیبت زدہ** (ع - ف) (۱) آفت کا مارا - بدبخت - بدنصیب (۲) خستہ حال - مفلس - مفلوک ۔ **مصیبت کاٹنا** (ل) مصیبت برداشت کرنا - مصیبت کا زمانہ بسر کرنا ۔ **مصیبت کٹ جانا** - مصیبت کا زمانہ بسر ہو جانا ۔ **مصیبت کدہ** (ع - ف) مذکر - مصیبت کا گھر ۔ **مصیبت کے دن بھرنا - یا - کاٹنا** (ل) سختی کے دن گزارنا ۔ **مصیبت میں پڑنا** - آفت یا جھگڑے میں مبتلا ہونا ۔ **مصیبت ناک** (ع - ف) مصیبت میں مبتلا ۔ **مصیبتِ ناگہانی** - مؤنث - وہ صدمہ یا حادثہ ، جو دفعتاً پیش آئے - بلائے ناگہانی ۔

م - ض

مضار (مَضَار) (ع) مذکر - مضرت کی جمع - نقصانات ۔

مضارع (مُضَا - رِع) مذکر (۱) مانند - مشابہ (۲) وہ فعل ، جس میں حال اور استقبال دونوں زمانے پائے جائیں (۳) عروض کی ایک بحر ، بحرِ منسرح

اور بحرِ ہزج سے مشابہ ہے ۔

مضاعف (مُضَا۔عَف) (ع) (۱) دوچند۔ دُگنا۔ دُونا۔ دُہرا (۲) مذکر۔ علم صرف کی اصطلاح میں وہ کلمہ، جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں ۔

مضاف (مُضَاف) (ع) (۱) اضافت کیا گیا۔ نسبت کیا گیا۔ ملایا گیا۔ متعلق کیا گیا۔ ملحق کیا ہؤا۔ ملا ہؤا۔ پیوستہ۔ مشمول۔ شامل۔ منسلک (۲) مذکر۔ علم نحو میں وہ اسم، جو دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے۔ متعلق۔ منسوب ۔ **مضاف الیہ**۔ مذکر۔ وہ اسم، جس کی طرف کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے ۔ **مضافات**۔ مذکر و مؤنث۔ مضاف کی جمع (۱) منسوبات، جو کسی سے منسوب یا متعلق ہوں۔ تتمہ۔ ضمیمہ (۲) اطراف و جوانب۔ گرد و نواح۔ قرب و جوار۔ مفصلات۔ شہر کے آس پاس کے قصبے اور گاؤں ۔ **مضافاتِ شہر**۔ مذکر۔ کسی شہر کے آس پاس کی آبادی یا گاؤں۔ دامنِ شہر ۔

مضامین (مَضَا۔مِیْن) (ع) مذکر۔ مضمون کی جمع۔ معانی۔ مطالب ۔

مضایقہ (مُضَا۔یَقَہ) (ع) (اردو میں زبانوں پر مُضَائقہ ہے) مذکر (۱) ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ دشواری۔ تنگی (۲) (ف) حرج۔ قباحت (۳) خوف۔ ڈر۔ پروا ۔

مضبوط (مَض۔بُوْط) (ع) (۱) ضبط کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا (۲) پائدار۔ استوار۔ پکا۔ دیرپا (۳) طاقت ور۔ قوی۔ شہ زور (۴) تندرست۔ توانا۔ ہٹا کٹا ۔ **مضبوط رہنا** (و) جما رہنا۔ مستقل رہنا۔ ثابت قدم رہنا ۔ **مضبوطی** (ف) مؤنث (۱) پائداری۔ استقلال۔ جرأت۔ ہمت۔ طاقت (۲) (عو) تسلی۔ دل جمعی۔ اطمینان ۔

مضحک (مُض۔حِک) (ع) ہنسانے والا ۔ **مُضحِکات**۔ مذکر۔ وہ لطیفے، جنھیں سن کر یا پڑھ کر ہنسی آئے۔ ہنسانے والی چیزیں ۔ **مضحکہ**۔ مذکر (۱) مذاق۔ تمسخر۔ ٹھٹھا۔ ہنسی (۲) مسخرہ (۳) وہ شخص، جس کا ٹھٹھا اڑائیں ۔ **مضحکہ اڑانا۔ یا۔ کرنا** (و) (۱) ٹھٹھا کرنا۔ ہنسنا (۲) مسخرہ بنانا۔ ذلیل کرنا ۔ **مضحکہ ہونا**۔ ٹھٹھا ہونا۔ ہنسی اڑانا ۔

مُضِر (مُضِرّ) (عربی میں ر مشدد) (۱) ضرر پہنچانے والا۔ نقصان دِہ۔ نقصان رساں۔ غیر مفید (۲) سمّی۔ زہریلا۔ فاسد (ہونا کے ساتھ) ۔ **مضرّات** (ع) (مذکر و مؤنث) نقصان پہنچانے والی دوائیں۔ ضرر دینے والی چیزیں ۔ **مَضرّت**۔ مؤنث۔ نقصان۔ ضرر (پہنچانا، پہنچنا، کرنا کے ساتھ) ۔ **مضرتِ اصلی**۔ مؤنث۔ اصلی نقصان ۔ **مَضرّت رساں**۔ نقصان پہنچانے والا ۔ **مضرّت رسانی**۔ مؤنث (قانون) ایذا رسانی۔ تکلیف دہی ۔

مضراب (مِض۔رَاب) (ع) مؤنث۔ ایک خاص قسم کا بنا ہؤا تار، جو انگلی میں پہن کر ستار بجاتے ہیں ۔

مضروب (مَض۔رُوْب) (ع) (۱) ضرب دیا گیا (۲) وہ جسے چوٹ آئی ہو (۳) سکّہ لگایا گیا ۔ **مضروب فیہ**۔ مذکر۔ وہ عدد، جسے ضرب دیں ۔

مضطر (مُض۔طَر) (عربی میں ر مشدد) (۱) وہ، جسے ضرر پہنچا ہو۔ تکلیف میں مبتلا۔ محتاج۔ مجبور (۲) (مجازاً) بے اختیار۔ بے بس (۳) بے چین، بے قرار، بیتاب، آزردہ، پریشان ۔

مضطرب (مُض۔طَرِب) (ع) بے قرار۔ بے چین۔ پریشان۔ حیران۔ گھبرایا ہؤا۔ مضطر ۔ **مضطرب الحال**۔ گھبرایا ہؤا۔ پریشان حال ۔

مضعف (مُض۔عِف) (ع) ضعیف کرنے والا ۔

مضغہ (مُض۔غَہ) (ع) مذکر (۱) گوشت کا ٹکڑا۔ نوالہ۔ لقمہ (۲) لوتھڑا۔ جنین۔ پیٹ کا وہ بچہ، جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو ۔

مضغۂ گوشت (ع۔ف) مذکر (۱) گوشت کا لوتھڑا (۲) بیکار آدمی۔ نکما ۔

مضل (مُضِلّ) (عربی میں ل مشدد) گمراہ کرنے والا ۔

مضمار (مِض۔مَار) (ع) مذکر (۱) میدان۔ وہ جگہ، جہاں گھوڑا دوڑایا جاتا ہے۔ ہموار اور وسیع زمین۔ چوک (۲) رزم گاہ۔ لڑائی کا میدان۔ میدان کارزار ۔

مضمحل (مُض۔مَحِل) (عربی میں ل مشدد) (۱) نیست اور محو ہونے والا (۲) شکستہ۔ ناچیز (۳) ناتواں۔ کمزور۔ لاغر۔ دُبلا پتلا (۴) اُداس۔ مغموم۔ دلگیر۔ غمگین (کر دینا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

مضمر (مُض۔مَر) (ع) دل میں پوشیدہ رکھا گیا۔ پنہاں۔ مخفی۔ پوشیدہ (ہونا کے ساتھ) ۔

مضمضہ (مَض۔مَضَہ) (ع) مذکر۔ کُلّی۔ صفائی کے لیے منہ میں پانی کو حرکت دینا ۔

مضموم (مَض۔مُوْم) (ع) ضمہ دیا گیا۔ وہ حرف، جس پر پیش ہو۔ مرفوع ۔

مضمون (مَض۔مُوْن) (ع) مذکر (۱) (لغوی) ضمن میں لیا ہؤا۔ درمیان میں ڈالی ہوئی چیز (۲) معنی۔ مطلب۔ بیان (۳) وہ عبارت یا تحریر، جو کسی خاص بحث پر لکھی جائے۔ انشا۔ جواب مضمون۔ آرٹیکل۔ ایڈیٹوریل (۴) سخن۔ بات ۔ **مضمون باندھنا** (و) کوئی مطلب شعر میں نظم کرنا ۔ **مضمون بٹھانا**۔ مضمون کو مناسب موقع پر جگہ دینا ۔ **مضمون بندھنا**۔ مضمون نظم کیا جانا ۔ **مضمون لڑنا** (۱) مضمون کا حسبِ منشا سوجھنا (۲) کسی دوسرے کے مضمون سے مضمون کا مل جانا ۔ **مضمون نگار** (ع۔ف) مذکر۔ مضمون لکھنے والا۔ انشا پرداز۔ مضمون نویس۔ ایڈیٹر ۔ **مضمون نگاری**۔ مؤنث۔ ایڈیٹری۔ مضمون نویسی ۔ **مضمون واحد** (و) مذکر۔ ایک مطلب۔ ایک مدعا۔ ایک غرض۔ ایک حال ۔ **مضمونِ ہتک** (ع) مذکر۔ بے عزتی کا مضمون ۔

مضٰی (مَضَا) (ع) گزر گیا۔ بیت گیا۔ گزرا ہؤا ٭ **مضٰی ما مضٰی**۔ جو ہؤا سو ہؤا۔ گزرا سو گزرا ٭

م ۔ ط

مطابع (مَطَا۔بِعْ) (ع) مذکّر۔ مطبع کی جمع۔ بہت سے مطبعے۔ بہت سے پریس ٭

مطابق (مُطَا۔بِقْ) (ع) (۱) یکساں۔ برابر۔ مشابہ۔ مانند (۲) موافق۔ حسب۔ بموجب۔ مناسب (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **مُطَابَقَت**۔ مؤنّث۔ برابری۔ مشابہت۔ موافقت ٭

مطارحہ (مُطَا۔رَحَہْ) (ع) مذکّر۔ مشورہ۔ گفتگو۔ مباحثہ ٭

مُطاع (مُطَاعْ) (ع) اطاعت کیا گیا۔ وہ شخص، جس کی اطاعت کی جائے۔ مربّی۔ بزرگ۔ سردار ٭

مطاعن (مَطَا۔عِنْ) (ع) مذکّر۔ طعنے۔ عیب ٭

مطاف (مَطَافْ) (ع) مذکّر۔ طواف کی جگہ۔ گرد اگرد پھرنے کی جگہ ٭

مطالب (مَطَا۔لِبْ) (ع) مذکّر۔ مطلب کی جمع۔ مقاصد۔ مرادیں۔ غرضیں۔ کام ٭

مطالبہ (مُطَا۔لَبَہْ) (ع) مذکّر۔ اپنا حق چاہنا۔ طلبی۔ تقاضا۔ مانگ۔ درخواست۔ استغاثہ۔ نالش۔ دعویٰ۔ محاسبہ ٭ **مطالبۂ خفیفہ**۔ مذکّر۔ عدالتِ خفیفہ۔ چھوٹی عدالت۔ ججی۔ جہاں معمولی دیوانی مقدّمات فیصل ہوں ٭ **مطالبہ کرنا** (ف) مانگنا۔ تقاضا کرنا۔ طلب کرنا۔ دعویدار ہونا۔ استغاثہ کرنا ٭

مطالع (مَطَا۔لِعْ) (ع) مذکّر۔ مطلع کی جمع۔ طلوع ہونے کے مقامات ٭

مطالعہ (مُطَا۔لَعَہْ) (ع) مذکّر (۱) کسی چیز کو اس سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے دیکھنا۔ دھیان۔ توجّہ۔ غور (۲) کسی تحریر یا کتاب کا غور سے پڑھنا۔ کتاب بینی (۳) سبق پڑھنے سے پہلے طَلَبہ کا از خود اس کے مطلب پر غور کرنا (کرنا کے ساتھ) ٭

مطاوعت (مُطَا۔وَعَتْ) (ع) مؤنّث۔ اطاعت کرنا۔ فرماں برداری کرنا ٭

مطایبات (مُطَا۔یَبَاتْ) (ع) مذکّر۔ ظرافت اور ہنسی مذاق کی باتیں ٭

مطایبہ (مُطَا۔یَبَہْ) (ع) مذکّر۔ مزاح۔ ہنسی مذاق۔ ٹھٹھا۔ خوش طبعی۔ ظرافت۔ تخیل۔ چہل ٭

مطب (مَطَبّ) (عربی میں ب مشدّد) مذکّر۔ وہ جگہ، جہاں طبیب بیماروں کا علاج معالجہ کرے۔ وہ مکان، بیٹھک یا دیوان خانہ، جہاں طبابت کی جائے ٭

مطبخ (مَطْ۔بَخْ) (ع) مذکّر۔ کھانا پکانے کی جگہ۔ باورچی خانہ ٭ **مَطْبَخی**۔ کھانا پکانے والا۔ باورچی ٭

مطبع (مَطْ۔بَعْ) (ع) مذکّر۔ چھاپنے کی جگہ۔ چھاپا خانہ۔ پریس ٭

مطبوخ (مَطْ۔بُوْخْ) (ع) (۱) آگ پر پکائی ہوئی۔ پکی ہوئی (۲) مذکّر۔ جوش دی ہوئی دوا۔ جوشاندہ ٭

مطبوع (مَطْ۔بُوْعْ) (ع) (۱) چھپا ہؤا۔ طبع شدہ (۲) پسند کیا گیا۔ دل پسند۔ پسندیدہ۔ مرغوب ٭ **مطبوعہ**۔ چھپا ہؤا۔ طبع شدہ ٭

مطر (مَطَرْ) (ع) مذکّر۔ بارش۔ مینہ۔ باراں ٭

مطرب (مُطْ۔رِبْ) (ع) مذکّر (۱) خوش کرنے والا (۲) گانے والا۔ گوّیا۔ قوّال۔ مغنّی ٭ **مُطْرِبَہ**۔ مؤنّث۔ گانے والی عورت ٭

مطرود (مَطْ۔رُوْدْ) (ع) (۱) نکالا ہؤا۔ دھتکارا ہؤا (۲) دُور بھیجا ہؤا۔ شہر بدر کیا ہؤا ٭

مطعون (مَطْ۔عُوْنْ) (ع) (۱) طعنہ دیا گیا۔ عیب لگایا گیا (۲) رسوا۔ بدنام (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **مطعونِ خلائق**۔ وہ شخص، جسے تمام لوگ لعنت ملامت کریں۔ رسوائے خلائق۔ رسوائے عام ٭

مطلّا (مُطَلْ۔لَا) (عربی دان فارسیوں نے طلا سے مفعول بنا لیا) طلا کیا گیا۔ طلائی۔ زرّیں۔ سنہری ٭

مطلب (مَطْ۔لَبْ) (ع) مذکّر (۱) منشا۔ خواہش۔ غرض۔ مقصد۔ ارادہ (۲) خود غرضی۔ نفسانیّت ٭ **مطلب برآری** (ع۔ف) مؤنّث۔ کام نکالنا۔ حاجت روائی۔ حصولِ مدّعا ٭ **مطلب برآری کرنا**۔ **مطلب بر لانا** (ف) حاجت روائی کرنا۔ مقصد پورا کرنا۔ کام نکالنا ٭ **مطلب رکھنا**۔ غرض رکھنا۔ کام رکھنا۔ واسطہ رکھنا ٭ **مطلبِ سعدی دیگر است** (ف) مثل۔ ظاہر بات یونہی ہے، لیکن دلی مقصد اَور ہے ٭ **مطلب کا یار** (ف) مذکّر۔ خود غرض۔ مطلبی۔ جو صرف مطلب نکالنے کو یار بنا ہو ٭ **مطلب کو پہنچانا**۔ کام بنا دینا۔ کامیاب بنا دینا۔ مراد کو پہنچانا ٭ **مطلب کی گھات چلنا**۔ اپنا فائدہ دیکھنا۔ اپنا فائدہ پیشِ نظر رکھنا ٭ **مطلب ہو جانا**۔ خواہش پوری ہو جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ کام ہو جانا ٭ **مَطْلَبی مَطْلَبِیا**۔ مطلب کا یار۔ خود غرض۔ ابن الوقت ٭

مطلع (مَطْ۔لَعْ) (ع) مذکّر (۱) طلوع ہونے کی جگہ۔ پورب۔ مشرق (۲) غزل یا قصیدے کے شروع کی بیت یا پہلا شعر، جس کے دونوں مصرعوں میں قافیے ہوں (کہنا، لکھنا کے ساتھ) ٭ **مطلع صاف ہونا** (ف) (۱) ہلال دکھائی دینے کی جگہ سے آسمان کا ابر و غبار سے صاف ہونا (۲) آسمان کا کھلا ہؤا، صاف ہونا۔ ابر کا نہ ہونا (۳) کچھ روک ٹوک نہ ہونا۔ دشمنوں وغیرہ سے جگہ خالی ہونا ٭

مُطّلع (مُطْ۔طَلَعْ) (ع) اطّلاع دیا گیا۔ خبر دیا گیا۔ آگاہ۔ محرم۔ واقف (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **مُطّلِع**۔ خبر دینے والا ٭

مطلق (مُطْ۔لَقْ) (ع) (۱) رواں کیا گیا۔ جاری کیا گیا (۲) قطعی۔ بالکل۔ خود مختار۔ آزاد۔ بے تعلّق (۳) قرآن مجید کی وہ آیت، جہاں ٹھہرنا واجب ہے ٭ **مُطْلَقُ الیَدِ جَلَیْن**۔ مذکّر۔ وہ گھوڑا، جس کے بدن کا رنگ اَور، پاؤں کا رنگ اَور ہو ٭ **مُطْلَقُ العِنَان** (۱) بے لگام۔ جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو (۲) مختار۔ آزاد۔ بے باک۔ خود سر ٭

مُطْلَقُ الْیَدَیْن ۔ مذکر ۔ وہ گھوڑا، جس کے اگلے دونوں پاؤں سفید ہوں ؛ مُطْلَقُ الْیَسَار ۔ مذکر ۔ وہ گھوڑا، جس کے پچھلے دونوں پاؤں سفید ہوں ؛ مُطْلَقُ الْیَمِیْن ۔ مذکر ۔ وہ گھوڑا، جس کے دونوں داہنے پاؤں سفید ہوں ؛ مُطْلَقاً ۔ بالکل ۔ اصلاً ۔ قطعی ؛

مطلّقہ (مُطَلْ ۔ لَقَہ) (ع) مؤنث ۔ طلاق دی ہوئی ۔ وہ عورت، جسے خاوند نے چھوڑ دیا ہو ۔ طلاقن ؛

مطلوب (مَطْ ۔ لُوْب) (ع) (۱) طلب کیا گیا ۔ خواہش کیا گیا ۔ مانگا گیا (۲) (کنایۃً) معشوق ؛

مطلع (مَطْ ۔ لَع) (ع) مذکر (۱) نظر پڑنے کی بلند جگہ (۲) مقصود ؛ مطمحِ نظر ۔ مذکر ۔ مرکزِ نگاہ ۔ مقصدِ اصلی ؛

مطمئن (مُطْ ۔ مَئِن) (عربی میں ن مشدد) اطمینان رکھنے والا ۔ آسودہ ۔ بے فکر ۔ خاطر جمع رکھنے والا ؛

مطوّق (مُطَوْ ۔ وَق) (ع) گردن میں طوق ڈالا گیا ۔ قید کیا گیا ۔ گنڈا پڑا ہوا ۔ حلقہ دار ؛

مطوّل (مُطَوْ ۔ وَل) (ع) طول دیا گیا ۔ لمبا ۔ دراز ؛

مطہّر (مُطَہْ ۔ ہَر) (ع) پاک ۔ صاف ۔ معصوم ۔ مبرّا ؛ مُطَہِّر ۔ پاک کرنے والا ؛ مُطَہَّرَہ (۱) مُطَہَّر کی تانیث (۲) مذکر ۔ وضو کرنے کا لوٹا ۔ آفتابہ ؛

مطیّب (مُطَیْ ۔ یَب) (ع) (۱) پاک ہونے والا (۲) معطر ۔ خوش بودار ؛

مطیر (مَطِیْر) (ع) برسنے والا ۔ بارش کرنے والا ؛

مُطیع (مُطِیْع) (ع) اطاعت کرنے والا ۔ حکم بردار ۔ فرمان بردار ۔ ماتحت ۔ تابع (بنانا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

م ۔ ظ

مظالم (مَظَا ۔ لِم) (ع) مذکر (۱) مَظْلِمَہ کی جمع ۔ ستم ۔ ظلم ۔ بے انصافیاں ۔ سختیاں (۲) وہ مقام، جہاں ظالموں کو سزا دی جاتی ۔ عدالتیں ۔ کچہریاں ؛

مظاہر (مَظَا ۔ ہِر) (ع) مَظْہَر کی جمع ۔ ظاہر ہونے کی جگہیں ۔ نظارے ؛

مظاہرہ (مُظَا ۔ ہَرَہ) (ع) مذکر (۱) مدد دینا ۔ حمایت کرنا (۲) (و) کسی خاص امر کے اظہار یا تائید کے لیے مجمع کرنا ۔ مجمع کر کے گشت لگانا ؛

مظفّر (مُظَفْ ۔ فَر) (ع) ظفریاب ۔ فتح یاب ۔ فتح مند ۔ منصور ۔ ملک گیر ؛

مظلم (مُظْ ۔ لِم) (ع) تاریک ؛

مَظْلَمَہ (مَظْ ۔ لَمَہ) (ع) مذکر (۱) بیداد کرنا (۲) (و) وبال ؛ مَظْلِمَہ (۱) ظلم ۔ ستم (۲) دادخواہی ۔ انصاف چاہنا ؛

مظلوم (مَظْ ۔ لُوْم) (ع) ظلم کیا گیا ۔ جس پر بے انصافی کی گئی ہو ۔ ستم زدہ ۔ ظلم رسیدہ ۔ ستایا ہوا ؛ مظلومی (ع ۔ ف) مؤنث (۱) مظلوم ہونا (۲) مظلوم ہونے کی حالت (۳) جور ۔ ظلم ؛ مَظْلُومِیَّت ۔ مؤنث ۔ مظلوم پن ؛

مظنون (مَظْ ۔ نُوْن) (ع) ظن کیا گیا ۔ مشکوک ۔ مشتبہ ۔ شکی ؛

مظنّہ (مَظِنْ ۔ نَہ) (ع) (۱) شبہہ کرنے کی جگہ ۔ گمان کرنے کا موقع (۲) (ف) گمان ۔ قیاس ۔ خیال ؛

مَظْہَر (مَظْ ۔ ہَر) (ع) ظاہر ہونے کی جگہ ۔ تماشاگاہ ۔ تماشا دکھانے کا چبوترا ؛

مُظْہِر (مُظْ ۔ ہِر) (ع) (۱) بیان کرنے والا ۔ شاہد ۔ گواہ (۲) خبر رساں ۔ جاسوس ۔ مخبر ؛

م ۔ ع

مع (مَعَ) (ع) ساتھ ۔ ہمراہ ۔ سمیت ۔ سنگ ؛ مَعَ الْخَیْر ۔ خیریت سے ۔ بخیر و عافیت ۔ سلامتی سے ؛ مَعَ ہٰذَا ۔ مَعْہٰذَا ۔ ساتھ اس کے ۔ باوجود اس کے ۔ علاوہ بریں ؛ معاً (مَعَن) (۱) ساتھ ہی ۔ ایک ساتھ (۲) فوراً ۔ فی الفور ۔ دفعتہً ۔ اسی وقت ۔ ایک ہی دفعہ ۔ ایک ہی وقت ؛ مَعِیَّت ۔ مؤنث ۔ ساتھ ۔ رفاقت ۔ ہمراہی ؛

معابد (مَعَا ۔ بِد) (ع) مذکر ۔ معبد کی جمع ۔ عبادت خانے ۔ مسجدیں ۔ گرجے ۔ مندر ۔ شوالے ؛

معابر (مَعَا ۔ بِر) (ع) مذکر ۔ معبر کی جمع ۔ دریا سے پار اترنے کی جگہیں ۔ پل ۔ گھاٹ ؛

مُعاتَب (مُعَا ۔ تَب) (ع) عتاب کیا گیا ۔ وہ شخص، جس پر خفگی ہو ؛ مُعَاتِب ۔ عتاب کرنے والا ۔ سرزنش کرنے والا ۔ خفا ہونے والا ؛ مُعَاتَبَت ۔ مؤنث ۔ عتاب کرنا ؛

معاجین (مَعَا ۔ جِیْن) (ع) مذکر و مؤنث ۔ معجون کی جمع ۔ مرکب دوائیں ؛

مَعاد (مَعَاد) (ع) مؤنث (۱) واپس جانے کا مقام ۔ لوٹ کر جانے کی جگہ (۲) (مجازاً) عقبیٰ ۔ آخرت ۔ حشر ۔ قیامت ؛

معادل (مُعَا ۔ دِل) (ع) مساوی ۔ برابر ۔ عدل سے ۔ انصاف سے ؛ مُعَادَلَت ۔ مؤنث ۔ مساوات ۔ برابری ۔ نیاؤ ۔ انصاف ؛

معادن (مَعَا ۔ دِن) (ع) مذکر ۔ معدن کی جمع ۔ کانیں ؛

معاذ (مَعَاذ) (ع) مؤنث ۔ بچاؤ کی جگہ ۔ جائے پناہ ؛ معاذ اللہ [اصل میں اَعُوْذُ مَعَاذَ اللہ (میں خدا سے پناہ چاہتا ہوں) تھا ۔ فعل محذوف ہو کر مفعول مطلق باقی رہا] خدا کی پناہ ۔ توبہ توبہ ۔ خدا نہ کرے ۔ خدا محفوظ رکھے ؛

معارج (مَعَا ۔ رِج) (ع) مذکر و مؤنث ۔ معراج کی جمع ۔ سیڑھیاں ۔ زینے ؛

معارض (مُعَا ۔ رِض) (ع) جھگڑا کرنے والا ۔ حریف ۔ مدعی ۔ مخالف ۔ معترض ؛ مُعَارَضَہ ۔ مذکر ۔ جھگڑا ۔ مناقشہ ۔ ٹنٹا ۔ تعرض ؛

معارف (مَعَا ۔ رِف) (ع) مذکر (۱) معرفت کی جمع ۔ شناسائیاں (۲)

جان پہچان کے مقامات (۳) آشنا لوگ (۴) علوم و فنون (۵) علم و فضل (۶) اہل علم و فضل - نامور لوگ ۔

معارک (مُعا - رِکْ) (ع) مذکر - معرکہ کی جمع - لڑائی کے میدان - رزم گاہیں ۔ **مُعَارَکَتْ** - **مُعَارَکَہ** (۱) مؤنث (۲) مذکر - جنگ - لڑائی - مہم - جدوجہد ۔ **مُعَارَکَۃُ الْآرَاء** - مذکر - عقلی لڑائی - اہم بحث و مباحثہ ۔

معاش (مَعَاش) (ع) مؤنث (۱) روزی - خوراک - رزق (۲) گزران (۳) وہ شے، جس سے بسر اوقات کی جائے (۴) (ل) جاگیر ۔ **معاش دار** (ل) وہ شخص، جس کے پاس جاگیر ہو ۔

معاشرت (مُعَا - شَرَتْ) (ع) مؤنث (۱) آپس میں مل جل کر زندگی بسر کرنا (۲) کسی کے ساتھ عیش کرنا ۔

معاصر (مُعَا - صِرْ) (ع) ہم عصر - ہم عہد - اپنے زمانے کا ۔ **مُعَاصِرِیْن** مذکر - معاصر کی جمع - اپنے ہم عصر ۔

مَعَاصِیْ (مَعَا - صِیْ) (ع) مذکر - معصیت کی جمع - نافرمانیاں - گناہ - پاپ - قصور - خطائیں ۔ **مُعَاصِیْ** - گنہگار - خطاکار - مجرم - پاپی ۔

معاطفت (مُعَا - طَفَتْ) (ع) مؤنث - عنایت - کرم - مہربانی - نوازش - الطاف ۔

معاف (مُعَاف) (عربی میں مُعافیٰ بروزن مُنادیٰ تھا - فارسیوں نے آخر کا الف حذف کر کے مُعَاف کر لیا) (۱) بخشا گیا، عفو کیا گیا، چھوڑا گیا - آزاد - بری (۲) عفو - درگزر (۳) وہ اراضی، جس کا لگان وغیرہ معاف ہو ۔ **معاف رکھنا** (ل) باز رکھنا - درگزر کرنا ۔ **معاف کرنا** - عفو کرنا - درگزر کرنا - بخشنا - چھوڑنا ۔ **معاف کرو** - رخصت ہو - جاؤ - سدھارو ۔ **مُعَافِیْ** (ع) مؤنث (۱) عفو - مغفرت - نجات - خلاصی - رہائی - بخشش (۲) وہ زمین، جس کا معاملہ سرکار سے معاف ہو ۔ **معافی چاہنا** (ل) عفو چاہنا - عذر خواہی - معذرت کرنا ۔ **معافی حین حیات** (ع) مؤنث - وہ زمین، جو کسی کی زندگی بھر کے لیے معاف کی جائے ۔ **معافی دار** (ع - ف) معاف شدہ زمین کا مالک - جاگیردار ۔ **معافیِ استمراری - دائمی** - مؤنث - دوامی جاگیر - وہ زمین، جو ہمیشہ کے لیے معاف کر دی جائے ۔ **معافی مانگنا** (ل) عذر - معذرت کرنا - قصور کے درگزر کرنے کی درخواست کرنا ۔ **معافی نامہ** (ع - ف) مذکر - معافی کی تحریر ۔

معاقد (مُعَا - قِدْ) (ع) (۱) نکاح کرنے والا (۲) عہد و پیمان کرنے والا ۔

معالج (مُعَا - لِجْ) (ع) علاج کرنے والا - طبیب - حکیم - ڈاکٹر ۔ **مُعَالَجَاتْ** - مذکر - مُعَالَجَہ کی جمع ۔ **مُعَالَجَہ** - مذکر - علاج - علاج کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

معالم (مَعَا - لِمْ) (ع) مذکر - مَعْلَم کی جمع - جہان - دنیا - عالم ۔

معالی (مَعَا - لِیْ) (ع) مذکر - معلیٰ (مصدر میمی) کی جمع - اونچائیاں - بلندیاں ۔

معاملات (مُعَا - مَلَاتْ) (ع) مذکر - معاملہ کی جمع - کاروبار - امور ۔ **معاملاتِ مُلکی** (ع - ف) مذکر - سلطنت کے کام - شاہی کاروبار - پولیٹیکل امور ۔

معاملت (مُعَا - مَلَتْ) (ع) مؤنث (۱) لین دین - کاروبار - بیوپار (۲) کوئی بات (۳) باہم مل کر فیصلہ کرنا - قول قرار کرنا ۔ **مُعَامَلَہ** - مذکر (۱) کام کاج - کاروبار - باہم مل کر کوئی کام کرنا (۲) بیع بیوپار - لین دین - تجارت - خرید و فروخت (۳) (ل) فیصلہ - عہد و پیمان - قول قرار (۴) بات - قضیہ - جھگڑا (۵) لگان - مال گزاری - محاصل - جمع - کر (۶) تعلق - واسطہ - خاص بات ۔ **معاملہ باندھنا** (ل) وہ باتیں نظم کرنا، جو خیالی نہ ہوں، بلکہ عمل میں آتی ہوں ۔ **معاملہ بننا** - کام بننا - سودا بننا - بات ٹھیک ہونا - مقصد حاصل ہونا - معاملہ طے ہونا ۔ **معاملہ پڑنا** - تعلق ہونا - واسطہ پڑنا - کام پڑنا ۔ **معاملہ دان** - **معاملہ شناس** - **معاملہ فہم** (ع - ف) بات کی تہ کو پہنچنے والا - کاروبار سے واقف - تجربہ کار - دانا - نکتہ رس ۔ **معاملۂ سنگین** - مذکر - بھاری معاملہ ۔ **معاملہ کرنا** (ل) (۱) کسی امر کی نسبت طے کرنا - بات چیت کرنا (۲) خرید و فروخت کرنا - سودا کرنا - لین دین کرنا (۳) فیصلہ کرنا (۴) قول قرار کرنا (۵) مل جل کر کام کرنا ۔ **معاملہ ہونا** (۱) بات چیت ہونا - کام ٹھیک ہونا - کام بننا (۲) کارروائی ہونا (۳) لین دین ہونا - بھاؤ چکنا - سودا بننا (۴) بات طے ہونا - تصفیہ ہو جانا - فیصلہ ہونا ۔ **معاملے کا سچا - یا - کھرا** - مذکر - بات کا پورا - لین دین کا کھرا - دیانت دار ۔ **معاملے کا کھوٹا** - مذکر - لین دین کا کھوٹا - دغاباز - بے ایمان ۔

معاند (مُعَا - نِدْ) (ع) عناد کرنے والا - دشمن - عدو - مخاصم - مخالف ۔ **مُعَانَدَتْ** - مؤنث - باہمی عداوت - دشمنی - جھگڑا ٹنٹا ۔

معانقہ (مُعَا - نَقَہ) (ع) مذکر - باہم گلے لگنا - بغل گیر ہونا - گلے ملنا - گلے سے لگانا ۔

معانی (مَعَا - نِیْ) (ع) مذکر - معنی کی جمع (۱) مقاصد - مطالب - مرادیں (۲) ایک علم، جس سے الفاظ کے استعمال کا محل صحیح اور معانی کا درست یا نادرست ہونا معلوم ہوتا ہے ۔

معاودت (مُعَا - وَدَتْ) (ع) مؤنث - واپسی - واپس آنا - لوٹ آنا - لوٹنا (کرنا کے ساتھ) ۔

معاوضت (مُعَا - وَضَتْ) (ع) مؤنث - پلٹنا - تاوان - بدلا کرنا - عوض کرنا ۔ **مُعَاوَضَہ** - مذکر (۱) بدلا - عوض - پلٹا - مبادلہ (پانا، کرنا، لینا، ملنا وغیرہ کے ساتھ) (۲) وہ روپیہ، جو کسی کام یا جائداد کے عوض میں دیا جائے (۳) زرِ ثمن - قیمت (۴) ہرجہ (پانا، دلانا، دینا کے ساتھ) ۔

معاون (مُعَا - وِنْ) (ع) (۱) مدد دینے والا - مددگار - حمایتی - دست گیر (۲) وہ دریا، جو دوسرے دریا میں آکر شریک ہو ۔ **مُعَاوِنِ جُرم** (قانون) شریکِ جرم - ملزم کا مددگار ۔ **مُعَاوَنَتْ** - مؤنث - حمایت، مدد،

امداد۔ تائید۔ سہارا۔ دست گیری (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

معاہد (مُعَا - ہِد) (ع) مذکر۔ عہد کرنے والا۔ قول قرار کرنے والا۔

مُعاہَدَہ ۔ مذکر۔ باہمی عہد و پیمان۔ قول قرار۔ بچن۔ عہد نامہ۔ تحریر۔ اقرار نامہ (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔ **معاہدۂ ساقط النفاذ** ۔ مذکر۔ جاری نہ ہو سکنے والا معاہدہ۔ **معاہدۂ ممکن الانفساخ** ۔ مذکر۔ ٹوٹ سکنے والا معاہدہ۔

معائب (مَعَا - اِب) (ع) مذکر۔ مَعِیْبَ (مصدر میمی) کی جمع۔ عیوب۔ خرابیاں۔ نقائص۔ برائیاں۔ کھوٹ۔

معاینہ (مُعَا - یَنَہ) (ع) مذکر (۱) اپنی آنکھوں سے دیکھنا (کرنا کے ساتھ) (۲) جانچ پڑتال (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۳) سامنے دیکھنا۔ مشاہدہ۔ مطالعہ۔ ملاحظہ۔

معبد (مَعْ - بَد) (ع) مذکر۔ عبادت کرنے کی جگہ۔ مذہبی عبادت خانہ (مسلمانوں کے عبادت خانے کے لیے اردو میں مستعمل نہیں)۔ **معبدہ** ۔ مذکر۔ معبد۔

مَعبر (مَعْ - بَر) (ع) مذکر۔ دریا عبور کرنے کی جگہ۔ پل۔ گھاٹ۔ راہ گزر۔

معبر (مِعْ - بَر) (ع) مؤنث۔ دریا سے پار اترنے کی سواری۔ ناؤ۔ کشتی۔ ڈونگا۔

معبّر (مُعَبْ - بِر) (ع) خواب کی تعبیر بیان کرنے والا۔

معبود (مَعْ - بُوْد) (ع) عبادت کیا گیا۔ پوجا کیا گیا۔ خدا۔ اللہ۔

معتاد (مُعْ - تَا د) (ع) (۱) عادی۔ خوگر (۲) مؤنث۔ خوراک کا اندازہ۔ مقدار خوراک۔

معتبر (مُعْ - تَبَر) (ع) (۱) اعتبار کیا گیا۔ بھروسا کیا گیا۔ قابلِ اعتبار (۲) ٹھیک۔ درست۔ راست۔ **معتبری** (ع - ف) مؤنث۔ قابلِ اعتبار ہونا۔

معتد (مُعْ - تَد) (عربی میں د مشدّد) گنا گیا۔ حساب کیا گیا۔ شمار کیا گیا۔ **معتد بہ** (عربی میں بہ کا تلفظ بِہٖ تھا۔ فارسی اور اردو میں بہٖ ہو گیا) (۱) شمار میں آیا ہوا (۲) قابلِ اعتبار۔ معتبر (۳) تعداد یا مقدار میں زیادہ۔

معتدل (مُعْ - تَدِل) (ع) اعتدال والا۔ اوسط درجے کا۔ درمیانی۔ متوسط۔ موافق۔ مدھم۔ **معتدل المزاج** ۔ جس کا مزاج اعتدال پر ہو۔ **معتدل ہونا** (۱) اوسط درجے پر ہونا۔ مساوی ہونا۔ برابر ہونا۔ موافق ہونا۔

معترض (مُعْ - تَرِض) (ع) اعتراض کرنے والا۔ روک ٹوک کرنے والا۔ مزاحم (ہونا کے ساتھ)۔

معترف (مُعْ - تَرِف) (ع) اعتراف کرنے والا۔ اقرار کرنے والا۔ ماننے والا۔ مُقِر۔ اقراری۔ اقبالی (ہونا کے ساتھ)۔

معتزل (مُعْ - تَزِل) (ع) (۱) یکسو ہو کر بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین (۲) اختلاف کرنے والا۔ جدا ہونے والا۔ **مُعتَزِلَہ** ۔ مذکر۔ مسلمانوں کا ایک فرقہ، جس کے عقائد اہلِ سنّت والجماعت کے خلاف ہیں۔ **مُعتَزِلی** ۔ فرقۂ معتزلہ کا پیرو۔

معتصم (مُعْ - تَصِم) (ع) پناہ لینے والا۔ سہارا پکڑنے والا۔

معتضد (مُعْ - تَضِد) (ع) مدد لینے والا۔

معتقد (مُعْ - تَقِد) (ع) مذکر۔ اعتقاد رکھنے والا۔ ماننے والا۔ پیرو۔ مرید (ہونا کے ساتھ)۔ **مُعتَقَدات** ۔ مذکر۔ عقائد۔

معتکف (مُعْ - تَکِف) (ع) مذکر۔ اعتکاف میں بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین۔ عبادت کے لیے ایک کونے میں بیٹھنے والا۔ دنیا سے کنارہ کرنے والا۔

معتل (مُعْ - تَل) (عربی میں ل مشدّد) (۱) کمزور۔ بیمار (۲) (اصطلاح علم صرف) وہ فعل یا اسم، جس میں حرفِ علت ہو۔

معتمد (مُعْ - تَمَد) (ع) اعتماد کیا گیا۔ قابلِ اعتبار۔ **مُعتَمَد عَلَیْہ** ۔ جس پر اعتبار کیا جائے۔ بھروسے کا۔ معتبر آدمی۔ **مُعتَمِد** ۔ اعتماد رکھنے والا۔ بھروسا رکھنے والا۔

معتوب (مَعْ - تُوْب) (عربی میں یہ لفظ نہیں، عتاب سے بنایا گیا ہے) عتاب کیا گیا۔ زیرِ عتاب۔ وہ شخص، جس پر عتاب ہو۔

معجب (مُعْ - جِب) (ع) گھمنڈی۔ متکبر۔ مغرور۔

معجّب (مُعْ - جِّب) (ع) تعجب میں ڈالنے والا۔ حیرت میں ڈالنے والا۔

معجز (مُعْ - جِز) (ع) (۱) عاجز کرنے والا (۲) معجزہ۔ **مُعجِزات** ۔ مذکر۔ معجزہ کی جمع۔ **مُعجِزَہ** ۔ مذکر (۱) وہ خرقِ عادت، جو نبی سے ظاہر ہو (۲) وہ کام کرنا، جو انسانی طاقت سے باہر ہو۔ اعجاز۔ حیرت میں ڈالنے والی بات۔ کرشمہ۔ **معجزہ دکھانا** (۱) کسی نبی یا پیغمبر کا وہ کام کر دکھانا، جو انسانی قوت سے باہر ہو۔

مُعَجَّل (مُعَجْ - جَل) (ع) جلدی کیا گیا۔ بے مہلت۔ دست بدست۔ فوراً۔ **مُعَجِّل** ۔ جلدی کرنے والا۔ جلد باز۔

معجم، معجمہ (مُعْ - جَم، مُعْ - جَمَہ) (ع) حروفِ تہجی میں سے نقطے والا حرف۔ منقوط۔ منقوطہ۔

معجون (مَعْ - جُوْن) (ع) مؤنث (۱) مرکب دوا، جو متعدد دوائیں ملانے سے آٹے کی طرح گوندھ کر بنائی جاتی ہے۔ خمیر کی ہوئی چیز۔ گوندھی ہوئی شے (۲) ملی ہوئی۔ آمیختہ۔ مرکب (۳) (۴) قوام، جو کھانڈ اور بھنگ سے بنایا جاتا ہے۔ **معجونِ فلاسفہ** ۔ مؤنث۔ ایک قسم کی معجون۔ **معجونات** ۔ مذکر و مؤنث۔ معجون کی جمع۔

مُعَدِّلُ النَّہار (مُعَدْ - دِلُنْ - نَہَار) (ع) مذکر (اصطلاح علم ہیئت) خطِ استوا کے محاذات میں آسمان کا دائرہ، جس پر سورج کے پہنچنے سے دن رات برابر ہوتے ہیں۔

معدلت (مَعْ - دِلَت) (ع) مؤنث۔ انصاف۔ عدل۔

معدن (ع - مَعْ - دِن، ف - مَعْ - دَن) مذکر و مؤنث۔ چاندی، سونے وغیرہ کی کان۔ **مَعدَنی** ۔ معدن سے منسوب۔ دھاتی۔ کانی۔ فلزاتی۔ **مَعدَنیات** ۔ مذکر و مؤنث۔ کانی چیزیں۔ دھات۔ فلزات۔

معدود (مَعْ - دُوْد) (ع) (۱) شمار کیا گیا۔ گنا گیا (۲) تھوڑے گنتی کے۔

چند ۔ معدودے چند (ع ۔ ف) شمار کے ۔ گنتی کے بہت تھوڑے ۔ قلیل تعداد میں ۔

معدولہ (مَعْ ۔ دُوْ ۔ لَہْ) (ع) مذکر ۔ واؤ (و) جو لکھنے میں تو آئے، مگر پڑھنے میں نہ آئے ۔ جیسے خود، خوش، خویش وغیرہ میں ۔

معدوم (مَعْ ۔ دُوْم) (ع) فنا کیا گیا ۔ نیست کیا گیا ۔ مٹایا گیا ۔ نابود ۔ ناپید ۔ کالعدم (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ مَعْدُوْمُ الْبَصَر ۔ اندھا ۔ نابینا ۔ کور ۔ معدومی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ ناپید ہونا ۔ نیست ہونا ۔

معدہ (مِعْ ۔ دَہْ) (ع) مذکر ۔ پیٹ میں کھانا رہنے اور ہضم ہونے کی جگہ ۔

معذرت (مَعْ ۔ ذِرَت) مؤنث ۔ عذر ۔ حیلہ ۔ بہانہ ۔

معذور (مَعْ ۔ ذُوْر) (ع) (۱) عذر کیا گیا ۔ بہانہ کیا گیا ۔ ناچار ۔ مجبور ۔ بےبس (۲) معاف کیا گیا ۔ قابلِ عفو (۳) (مج) اپاہج (رکھنا کے ساتھ) ۔ معذوری (ع ۔ ف) مؤنث ۔ مجبوری ۔

معرّا (مُعَرْ ۔ رَا) (ع) (۱) ننگا ۔ برہنہ ۔ سادہ ۔ خالی (۲) (ف) وہ کتاب، جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو (۳) بے ترجمہ قرآن مجید (۴) وہ نثر جو سادہ ہو، قافیہ دار نہ ہو ۔

معراج (مِعْ ۔ رَاج) (ع) مؤنث (۱) اوپر چڑھنے کی چیز ۔ سیڑھی ۔ زینہ (۲) عالم ملکوت میں رسول اللہ (صلعم) کا عین ذاتِ الٰہی کو دیکھنا (۳) (مجازاً) انتہائی ترقی ۔ انتہائی عروج (مل جانا، ہو جانا کے ساتھ) معراج کی رات (۹) مؤنث ۔ رجب کی ستائیسویں رات، جس میں رسولِ مقبول کو معراج کو تشریف لے گئے تھے ۔

معرّب (مُعَرْ ۔ رَب) (ع) وہ لفظ، جو اصل میں کسی اَور زبان کا ہو لیکن اسے قدرے تبدیلی سے عربی بنا لیا گیا ہو ۔

معرض (مَعْ ۔ رَض) (ع) مذکر (۱) ظاہر ہونے کی جگہ (۲) دوران ۔

معرّف (مُعَرْ ۔ رِف) (ع) (۱) تعریف کرنے والا ۔ مدّاح (۲) امیروں اور بادشاہوں کے دربار میں ہر درباری کو اس کے درجے پر بٹھانے والا شخص (۳) بادشاہ کے روبرو کسی شخص کو پیش کر کے اس کا حال بیان کرنے والا شخص ۔

معرفت (مَعْ ۔ رِفَت) (ع) مؤنث (۱) پہچان ۔ شناخت (۲) علم الٰہی (۳) خداشناسی (۴) وہ کلام، جو معرفتِ الٰہی کا سبب ہو اور جس میں عرفان کے مضامین ہوں (۵) (ف) وسیلہ ۔ سبب ۔ ذریعہ ۔

معرفہ (مَعْ ۔ رِفَہْ) (ع) مذکر ۔ وہ اسم، جو ایک معیّن شے کے لیے وضع کیا گیا ہو ۔

معرکہ (مَعْ ۔ رَکَہْ) (ع) مذکر (۱) لڑائی ۔ جنگ ۔ رَن ۔ یُدھ (۲) لڑائی کا میدان ۔ میدانِ جنگ ۔ رزم گاہ (۳) جھگڑا ۔ تنازع ۔ تکرار ۔ قضیہ ۔ مقابلہ (۴) انبوہ ۔ ہنگامہ ۔ بھیڑ ۔ دھوم دھام (پڑنا، جھیلنا، جیتنا، سر کرنا، گزرنا، مارنا، ہونا کے ساتھ) ۔ معرکہ آرا (ع ۔ ف) (۱) صف آرا ۔ جنگ آور (۲) (کنایۃً) پُرزور ۔ زبردست ۔ (مَعْرَکَۃُ الْآرَاء (ع ۔ رایوں کا محلِ اختلاف) اردو میں معرکہ آرا کی جگہ مستعمل ہے ۔]

معرکہ آرائی ۔ مؤنث (۱) معرکہ آرا ہونا ۔ جنگ آرائی ۔ میدانِ کارزار میں فوجوں کی ترتیب (۲) ہنگامہ ۔ معرکہ گاہ ۔ مؤنث ۔ معرکے کی جگہ ۔

معرکے کا (ف) زور شور کا ۔ دھوم دھام کا ۔ بھاری ۔ دشوار ۔ مشکل ۔

معرکے کا آدمی ۔ مذکر ۔ بہادر آدمی ۔ مردِ میدان ۔

معروض (مَعْ ۔ رُوْض) (ع) (۱) عرض کیا گیا ۔ پیش کیا گیا (۲) مؤنث ۔ گزارش ۔ التماس ۔ درخواست ۔ معروضہ (ف) مذکر (۱) عریضہ ۔ عرضی (۲) گزارش ۔

معروف (مَعْ ۔ رُوْف) (ع) (۱) مشہور ۔ ظاہر ۔ معلوم (۲) وہ فعل، جس کا فاعل معلوم ہو (۳) وہ واؤ، جس کے پہلے ضمّہ ہو اور ضمّہ بخوبی پڑھا جائے ۔ وہ ی، جس کے پہلے کسرہ ہو اور کسرہ بخوبی پڑھا جائے (۴) مؤنث ۔ نیکی ۔ خدا کی بزرگی (۵) مؤنث ۔ وہ حدیث، جس کی روایت اس حدیث کے مخالف ہو، جو ثقات نے روایت کی ہو ۔

مُعِزّ (مُعِز) (ع) (۱) عزّت دینے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔

معزّز (مُعَزْ ۔ زَز) (ع) (۱) عزّت دار ۔ بزرگ ۔ شریف ۔ بڑا (۲) باوقعت ۔

معزول (مَعْ ۔ زُوْل) (ع) (۱) نوکری سے برطرف کیا گیا ۔ موقوف کیا گیا ۔ بےکار ۔ بےروزگار (۲) تخت یا گدّی سے اتارا گیا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔ مَعْزُوْلی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ برطرفی ۔ موقوفی ۔ بےکاری ۔

معسکر (مُعَسْ ۔ کَر) (ع) مذکر ۔ لشکر اترنے کی جگہ ۔ لشکرگاہ ۔ چھاؤنی ۔ کیمپ ۔

معشّر (مُعَشْ ۔ شَر) (ع) (۱) (اقلیدس) دس ضلعوں کی شکل (۲) دس کونوں والی چیز (۳) مذکر ۔ ایک قسم کی نظم ۔

معشوق (مَعْ ۔ شُوْق) (ع) مذکر ۔ جس پر کوئی عاشق ہو ۔ دلربا ۔ دلدار ۔ دلبر ۔ پیارا ۔ صنم ۔ معشوقانہ (ع ۔ ف) معشوق کی مانند ۔ دلآویز ۔ دل فریب ۔ دلکش ۔ خوب صورت ۔ معشوقانہ انداز ۔ مذکر ۔ دل لبھانے والی ادائیں ۔ معشوقہ (عربی قاعدے سے اس میں ت تانیث کی ہے، لیکن فارسی قاعدے سے زائد ہے) عورت، جس پر کوئی شخص عاشق ہو ۔ محبوبہ ۔ پیاری ۔ آشنا ۔ عزیزہ ۔ معشوقی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ دل فریبی ۔ محبّت ۔ دوستی ۔ معشوقیّت (ع) مؤنث ۔ معشوق پن ۔ دل فریبی ۔

معصفر (مُعَصْ ۔ فَر) (ع) کسم سے رنگا ہوا ۔

معصوم (مَعْ ۔ صُوْم) (ع) (۱) بےگناہ ۔ پاک دامن ۔ بےقصور (۲) چھوٹا بچہ ۔ ننھا بچہ ۔ کم سن بچہ (۳) سیدھا سادہ ۔ بھولا بھالا ۔ معصومی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ معصوم ہونا ۔ پاک دامنی ۔ عصمت ۔ معصومیّت (ع) مؤنث (۱) معصومی ۔ بےگناہی ۔ پاک دامنی (۲) بچپنا ۔ بھولاپن ۔ سادگی ۔

معصیت (مَعْ - صِیَت) (ع) مؤنث (١) گناہ - پاپ - خطا - قصور (٢) نافرمانی - انحراف ٭

معطر (مُعَطْ - طَر) (ع) خوش بُو میں بسا ہوا - خوش بُودار ٭

معطّل (مُعَطْ - طَل) (ع) (١) بے کار - کام سے خالی (٢) کاہل - سست - ڈھیلا (٣) نکما (٤) کچھ دنوں کے لیے بے کار (٥) افتادہ زمین - بنجر (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **معطّل ڈال رکھنا** (١) بے کار ڈال رکھنا ٭ **معطّلی** (ع - ف) مؤنث - معطل ہونا - بے کاری - بے روزگاری - موقوفی - معزولی -

معطوف (مَعْ - طُوف) (ع) (١) پھیرا گیا - لپٹا ہوا (٢) مذکر - علم نحو میں وہ کلمہ، جو حرف عطف کے بعد واقع ہو ٭ **معطوف علیہ** - مذکر - وہ کلمہ یا کلام، جو حرفِ عطف سے پہلے واقع ہو اور جس پر عطف کیا جائے ٭

معطی (مُعْ - طِی) (ع) (١) عطا کرنے والا (٢) خدا کا ایک صفاتی نام ٭

معظّم (مُعَظْ - ظَم) (ع) بزرگی دیا گیا - بزرگ - شریف - بڑا ٭ **معظّمہ** - مؤنث (١) تعظیم کی ہوئی (٢) بزرگ عورت ٭

معقول (مَعْ - قُول) [ع - عقل دیا گیا - پسندیدہ (ف) فہمیدہ] (١) درست - ٹھیک - بجا - واجب - مناسب (٢) موزون، پسندیدہ، اچھا (٣) قابل - لائق (٤) اطمینان کے قابل - خاطر خواہ (٥) (٥) پھبتا ہوا - زیبا (٦) مہذب - شائستہ - سنجیدہ - فہمیدہ (٧) قائل - تسلیم کرنے والا - ماننے والا - مقابلے سے عاجز ٭ **معقول آدمی** (ف) مذکر - سمجھ والا آدمی - شائستہ آدمی - مہذب آدمی ٭ **معقول تنخواہ** ..... مؤنث - اچھی تنخواہ - خاصی تنخواہ - خاطر خواہ مشاہرہ ٭ **معقول کرنا** - قائل کرنا - عاجز کرنا - لاجواب کرنا ٭ **معقول می شوند چو معزول می شوند** (ف) مثل - جب کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہو جاتا ہے تو اسے عقل آ جاتی ہے ٭ **معقولات** - مؤنث - معقول کی جمع - علوم حکمت - علوم فلسفہ - حکمت، فلسفے اور منطق کی کتابیں ٭ **معقولیّت** - مؤنث - انسانیت - مناسبت - پسندیدگی - سمجھ بُوجھ ٭

معکوس (مَعْ - کُوس) (ع) اوندھا - اُلٹا - ٹیڑھا ٭

معلاق (مِعْ - لَاق) (ع) مؤنث - کھونٹی ٭

معلّم (مُعَلْ - لِم) (ع) مذکر - علم سکھانے والا - مدرس - استاد - مُلّا - مولوی - ماسٹر ٭ **معلّم الملکوت** - مذکر - شیطان، جو پہلے فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا ٭ **معلّم اوّل** - مذکر (١) حکیم ارسطو کا لقب، جس نے سب سے پہلے علم حکمت کتابت میں لا کر پڑھانا شروع کیا (٢) (عوام) شیطان ٭ **معلّم ثانی** - مذکر - حکیم ابو نصر فارابی کا لقب، جس نے ارسطو کی کتب حکمت کا عربی میں ترجمہ کر کے تعلیم دینی شروع کی ٭ **معلّم ثالث** - مذکر - حکیم بو علی سینا کا لقب، جس نے فارابی کے بعد کوئی سو کتابیں تصنیف کیں ٭ **معلّمہ** - مؤنث - لڑکیوں کو تعلیم دینے والی عورت - پڑھانے والی عورت - استانی ٭ **معلّمی** (ع - ف) مؤنث - بچوں کو پڑھانے کا پیشہ - اتالیقی - مدرّسی ٭

معلن (مُعْ - لِن) (ع) اعلان کرنے والا ٭

معلول (مَعْ - لُول) (ع) (١) علت کیا گیا - وہ چیز، جس کا کوئی سبب ہو - وہ شے، جسے علت یا اسباب سے ثابت کریں (٢) (علم منطق) نتیجہ - حاصل - پھل - ثمرہ ٭

معلوم (مَعْ - لُوم) (ع) (١) جانا گیا - تمیز کیا گیا (٢) روشن - ظاہر - نمودار - واضح (٣) مشہور و معروف (٤) دشوار - ناممکن ٭ **معلوم شد معلوم شد ذاتِ شما بافندگی** (ف) مثل - بس حال کھل گیا - راز فاش ہو گیا - اصلیت ظاہر ہو گئی ٭ **معلوم کرنا** (ف) (١) دریافت کرنا - کھوج لگانا - پتا لگانا (٢) جاننا - سمجھنا - خیال میں لانا (٣) تمیز کرنا - پہچاننا (٤) آزمائش کرنا - تجربہ کرنا - جانچنا ٭ **معلوم نہیں** - کیا معلوم - میں نہیں جانتا - خبر نہیں - خدا جانے ٭ **معلوم ہوتا ہے** - خیال گزرتا ہے - دکھائی دیتا ہے - نظر آتا ہے ٭ **معلوم ہونا** (١) ظاہر ہونا - بھید کھلنا (٢) نظر آنا - دکھائی دینا - سوجھنا (٣) پہچان میں آنا - شناخت ہونا - تمیز ہونا (٤) حس میں آنا - محسوس ہونا (٥) خیال گزرنا - خیال میں آنا ٭ **معلومات** (ع) مذکر و مؤنث - معلومہ کی جمع (١) علمی لیاقت - تجربہ - واقفیت - محسوسات (٢) علم - گیان - جانے ہوئے امور (یہ لفظ واحد اور جمع دونوں طرح مستعمل ہے) ٭ **معلومہ** - جانی گئی - جس کا حال پہلے سے معلوم ہو ٭

معلّیٰ (مُعَلْ - لا) (ع - مصدر میمی) (١) عُلو - بلندی (٢) بزرگی - مرتبہ - عالی درجہ ٭ **معلّیٰ** - عالی - اونچا - بلند - معظم - بزرگ ٭ **معلّی القاب** - بڑے القاب والا - عالی جاہ - عالی مرتبہ ٭

معمّا (مُعَم - مَا) (ع) مذکر (١) پوشیدہ - مخفی - تہ کی بات - وہ بات، جو بطور رمز بیان کی جائے (٢) ایک قسم کی چیستان (٣) الجھا ہوا مسئلہ - پیچیدہ بات ٭ **معمّا حل کرنا** (ف) (١) چیستان سمجھنا - پہیلی بوجھنا (٢) مشکل یا پیچیدہ بات طے کرنا ٭ **معمّا حل ہونا** - لازم ٭ **معمّا کھلنا** - پوشیدہ راز ظاہر ہونا، مشکل بات کا حل ہونا، عقدہ کھلنا ٭

معمار (مِعْ - مَار) (ع) مذکر - عمارت بنانے والا - مستری - راج ٭ **معماری** (ع - ف) مؤنث - معمار کا پیشہ - عمارت سازی - راج گری - تعمیر ٭

معمّر (مُعَمْ - مَر) (ع) بڑی عمر کا - بوڑھا - عمر رسیدہ ٭

معمور (مَعْ - مُور) (ع) (١) بسا ہوا - آباد (٢) بھرا ہوا - لبریز - پُر (٣) مقفّل - بند (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **معمورہ** (ف) مذکر (١) آبادی - بستی (٢) بوئی ہوئی زمین - کاشت کی ہوئی زمین ٭ **معموری** - مؤنث (١) آباد ہونا - آبادی (٢) بھرا ہونا (٣) دروازہ بند ہونا ٭

معمول (مَعْ - مُول) (ع) مذکر (١) عمل کیا گیا - وہ شخص، جس پر

عمل کیا گیا ہو (۲) (کنایۃً) (۱) وہ رقم، جس کے دینے کا دستور ہو (۳) وہ بات، جو روزمرّہ کی جائے (۴) سبھاؤ۔ ربط۔ عادت (۵) قاعدہ۔ دستور۔ رواج۔ ریت ﴿ **معمول باندھنا** (۱) قاعدہ مقرّر کرنا۔ دستور باندھنا۔ رویّہ اختیار کرنا ﴿ **معمول پڑنا**۔ کسی کام کے کرنے کی عادت پڑنا۔ روز کی عادت ہوجانا ﴿ **معمول سے** معمول کے مطابق ﴿ **معمول سے ہونا** (عو) حیض سے ہونا ﴿

معمول کے دن۔ مذکّر (عو) حیض آنے کے دن۔ ایّامِ ماہوار ﴿ **معمول کے دن ٹل جانا** (عو) حیض کے دنوں کا ٹل جانا۔ حیض نہ آنا۔ پیٹ رہ جانا۔ پیٹ رہ جانے کی علامت ظاہر ہونا ﴿ **معمولات** (ع) مذکّر (۱) روزمرّہ کی باتیں۔ وہ باتیں، جن کی عادت ہو (۲) وہ رقمیں، جن کے لینے دینے کا دستور ہو ﴿ **معمولی**۔ حسبِ عادت۔ رسمی۔ مروّجہ۔ مقرّرہ ﴿ **معمولی بات** (۱) مؤنّث۔ رسمی بات۔ ادنیٰ بات ﴿ **معمولی کارروائی**۔ مؤنّث۔ ضابطے کی کارروائی۔ ہمیشہ ہونے والی کارروائی۔ مقرّرہ طریق ﴿

معنبر (مُعَم۔ بَرْ) (ع) عنبر کی بُو سے بسا ہُوا۔ خوش بودار۔ معطّر ﴿

معنون (مُعَن۔ وَن) (ع) (۱) عنوان کیا گیا۔ دیباچہ کیا گیا (۲) (۱) کسی کے نام سے منسوب کیا گیا۔ نامزد کیا گیا ﴿

معنوی (مَع۔ نَوِی) (ع) معنی سے منسوب۔ اندرونی۔ باطنی۔ اصلی۔ حقیقی۔ ذاتی۔ یقینی۔ واقعی۔ تصوّری ﴿ **مَعْنَوِیَّت**۔ مؤنّث۔ باطن پن ﴿

معنی (عربی میں مَعْنیٰ، فارسی میں مَعْنِی۔ اُردو میں بطورِ جمع مستعمل ہے، فعل کبھی جمع میں آتا ہے) مذکّر (۱) ہر لفظ کا وہ محل، جہاں وہ استعمال کیا جائے (۲) مضمون (۳) مراد۔ منشا۔ مدّعا۔ مطلب۔ ارادہ۔ مقصد (۴) علم بیان (۵) (۱) باعث۔ وجہ۔ سبب (۶) حقیقت۔ ماہیّت۔ اصلیت ﴿ **معنی بیان کرنا**۔ مطلب سمجھانا۔ ترجمہ کرنا ﴿ **معنیِٔ بیگانہ** (ف) مذکّر۔ عمدہ معنی، جو پہلے کسی کو نہ سوجھے ہوں۔ تازہ معنی، جو پہلے کسی نے نہ باندھے ہوں ﴿ **معنیِٔ پیچیدہ**۔ مذکّر۔ ایسا پیچ دار مضمون، جو غور و فکر کے بغیر نہ سمجھا جاسکے ﴿ **معنی دینا** (۱) معنی بیان کرنا۔ معنی لکھنا (۲) جتانا۔ دلالت کرنا ﴿

معوّذتان (مُعَوْ۔ وِذَ۔ تَان) (ع) مؤنّث۔ قرآن شریف کی دونوں آخری سورتیں، یعنی سورۂ فلق اور سورۂ ناس ﴿

معونت (مَعُو۔ نَت) (ع) مؤنّث۔ مدد۔ مدد کرنا ﴿

معہود (مَع۔ ہُوْد) (ع) (۱) عہد کیا ہُوا۔ مشروط (۲) معمولی۔ مقرّرہ (۳) قدیم۔ پرانا (۴) مشہور۔ معروف۔ نامور۔ نامی۔ خاص ﴿ **معہودِ خارجی** (ع۔ ف) مذکّر۔ وہ اسم نکرہ، جو کسی خاص سبب سے ذاتِ معیّن پر دلالت کرے، جیسے لفظ خلیل سے حضرت ابراہیمؑ مراد لیے جاتے ہیں ﴿ **معہودِ ذہنی**۔ مذکّر۔ وہ اسم نکرہ، جو ذہنِ متکلّم یا مخاطب میں مشخّص ہو، مثلاً لفظ دشمن سے اگر زید وغیرہ کوئی شخص معیّن مراد ہو تو اس وقت اسے معہودِ ذہنی کہیں گے ﴿

معیار (مِع۔ یَار) (ع) مذکّر (۱) کسوٹی۔ محک۔ کھرا کھوٹا جانچنے کا پتھر (۲) اندازہ۔ پیمانہ۔ نصاب۔ کورس۔ قاعدہ (۳) جانچ۔ پرکھ ﴿

معیشت (مَعِی۔ شَت) (ع) مؤنّث (۱) زندگی۔ زندگانی۔ زیست۔ عیش (۲) روزی۔ روزگار۔ وجہِ معاش ﴿

معین (مُعِیْن) (ع) (۱) امداد دینے والا۔ معاون۔ مددگار (۲) (۱) مذکّر۔ وہ سرخ پھول دار کاغذ، جس پر نکاح کی مقرّرہ تاریخ لکھی جاتی ہے اور اسے لفافے میں بند کرکے دلھن والوں کی طرف سے دولھا کو بھیجا جاتا ہے (آنا، جانا، بھیجنا کے ساتھ) ﴿ **معین و مددگار** (ع۔ ف) مدد دینے والا۔ ممد و معاون ﴿

معیّن (مُعَیْ۔ یَن) (ع) (۱) مقرّر کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ معہود (۲) مفروضہ۔ مقرّرہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۳) مذکّر۔ وہ شکل، جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں، لیکن زاویے قائمے نہ ہوں ﴿

معیوب (مَع۔ یُوْب) (ع) (۱) عیب کیا گیا۔ عیب دار (۲) نکمّا۔ بُرا (۳) باعثِ ندامت۔ قابلِ شرم ﴿

م۔غ

مُغ (مُغ) (ف) (۱) آتش پرست۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ مجوسی ﴿ **مُغ بچہ** (۱) مے فروش کا لڑکا۔ وہ خوب صورت لڑکا، جو مے خانے میں شراب پلاتا ہے (۲) بھنگ پینے والوں کی اصطلاح میں بھنگ کا بیج ﴿ **مُغاں** (۱) مُغ کی جمع۔ آتش پرست ﴿

مغار (مَغَار) (ع) مذکّر (۱) گڑھا۔ غار۔ پہاڑ کی کھوہ (۲) کھائی۔ کھڈ ﴿

مغارب (مَغَا۔ رِب) (ع) مذکّر۔ مغرب کی جمع ﴿

مغازی (مَغَا۔ زِی) (ع) مذکّر۔ مناقب۔ غازیوں کے اوصاف کا بیان ﴿

مغاک (مَغَاک) (ف) مذکّر (۱) کھوہ۔ غار۔ کھڈ (۲) گڑھا۔ کھائی (۳) دوزخ ﴿

مغالطہ (مُغَا۔ لَطَہ) (ع) مذکّر (۱) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ دَم۔ مکر (۲) بھول چوک ﴿ **مغالطہ دہی** (ع۔ ف) مؤنّث۔ دھوکا دینا ﴿ **مغالطہ دینا** (۱) (۱) دھوکا دینا (۲) گمراہ کرنا (۳) غلط بتانا ﴿ **مغالطہ ڈالنا** (۱) غلطی ڈالنا (۲) شبہہ ڈالنا ﴿

مغایرت (مُغَا۔ یَرَت) (ع) مؤنّث (۱) بیگانگی۔ غیریّت۔ اجنبیّت (۲) جدائی (۳) منافرت ﴿

مغتنم (مُغ۔ تَنَم) (ع) (۱) غنیمت سمجھا گیا۔ غنیمت (۲) نعمت غیر مترقّبہ (۳) مالِ مفت ﴿ **مُغْتَنَمَات**۔ مُغْتَنَم کی جمع ﴿ **مُغْتَنِمَہ**۔ مؤنّث۔ وہ چیزیں، جو غنیمت سمجھی گئی ہوں ﴿

مغرب (مَغْ - رِبْ) (ع) مذکر (۱) سورج چھپنے کی جگہ - پچھم - غرب (۲) ملک کے اس حصّے کا نام، جو مغرب میں ہے (۳) (ف) مؤنث - شام کی نماز ٭ **مغرب سے آفتاب نکلنا** (ف) قیامت کی علامتیں ظاہر ہونا ٭ **مغرب کی نماز** - مؤنث - شام کے وقت کی نماز ٭
مغربی (ع) (۱) مغرب سے منسوب - مغرب کا - پچھم کا (۲) پچھم کا باشندہ (۳) مؤنث - مغرب کی زبان ٭ **مغربیت** - مؤنث (۱) یورپ پن (۲) پچھم پن ٭
مغرق (مُغْرَ - رَقْ) (ع) (۱) (لغوی) پانی میں ڈوبا ہؤا (۲) چمکتا ہؤا - جگمگاتا ہؤا - سونے یا چاندی میں رلیا ہؤا ٭
مغرور (مَغْ - رُوْر) (ع) گھمنڈی - خود پرست - متکبر - مدمّغ ٭ **مغرور ہونا** (ف) شیخی میں آنا - اِترانا - متکبّر ہونا ٭ **مغروری** (عو) مؤنث - گھمنڈ - نخوت - تکبر - غرور - دماغ ٭
مغز (مَغْز) (ع) مذکر (۱) بھیجا - دماغ (۲) گودا - گری - کسی چیز کا اندرونی حصّہ (۳) (مجازاً) فہم - سمجھ - عقل - فراست (۴) دُھن - خیال (۵) (ف) جڑ - اصل - انجام - مادہ - خلاصہ (۶) غرور - تکبر - دماغ ٭ **مغز اُڑا جانا** (ف) دماغ پریشان ہؤا جانا ٭ **مغز اُڑانا** - بک بک کر، غل مچا کر یا کسی بدبو سے دماغ پریشان کرنا ٭ **مغز اڑجانا - یا - اُڑنا** - دماغ پریشان ہوجانا یا ہونا ٭ **مغز بھنّانا** - سر چکرانا - دماغ چکرانا - کسی بدبو یا تیز خوش بو سے دماغ پریشان ہونا ٭ **مغز پچّی کرنا** - مغز مارنا - مغز پھرانا - بک بک کرنا - دیر تک سمجھانا ٭ **مغز چاٹنا** - باتوں سے کھپانا - دماغ خالی کر دینا - دماغ کھانا ٭ **مغز چٹ** - بک بک کرنے والا - باتونی - بکواسی آدمی ٭ **مغز چٹّی** - مؤنث - جھک جھک - بک بک - بکواس ٭ **مغز چل جانا - یا - چلنا** (۱) گھمنڈ کرنا - اِترانا - غرور کرنا (۲) پاگل ہونا - دیوانہ ہونا ٭ **مغز خالی کرنا** - سر مارنا - بکے جانا - دیر تک سمجھانا ٭ **مغز روشن** (ع - ف) مذکر - نسوار ٭ **مغز سے اُتارنا** (ف) دماغ سے بات نکالنا - نئی بات اختراع کرنا - نہایت عمدہ بات نکالنا ٭ **مغز کا** (۱) دماغ کا (۲) عالی دماغ - سمجھ والا ٭ **مغز کو چڑھ جانا - یا - چڑھنا** (۱) نشے کا دماغ میں جا کر تیزی کرنا (۲) مغرور ہوجانا - اِترا جانا - مدمّغ ہوجانا (۳) پاگل ہوجانا ٭ **مغز کھا جانا - یا - کھانا** - دماغ چاٹنا - بک بک کرنا - بکواس کرنا ٭ **مغز کی کیل نکلنا** - گھمنڈ نکلنا - غرور ڈھینا ٭ **مغز کے کیڑے اُڑانا** - دماغ پریشان کرنا - بکواس کرنا ٭ **مغز کے کیڑے جھڑنا** (۱) سزا پانا (۲) سیدھا ہونا - درست ہونا (۳) غرور ڈھینا ٭ **مغز کے کیڑے نہ اُڑاؤ** (عو) دماغ نہ کھاؤ - بکواس مت کرو ٭ **مغز مارنا** (کنایۃً) سر پھرانا - کوشش کرنا ٭ **مغزی** (۱) (ف) مؤنث - ایک قسم کا نہایت سفید حلوا، جس میں پستہ اور مغز بادام ڈال کر قرص بناتے ہیں (۲) (ف) مؤنث - ایک قسم کی گوٹ، جو لباس کے گرد اگرد لگائی جاتی ہے ٭

مغسول (مَغْ - سُوْل) (ع) دھویا ہؤا ٭
مغشوش (مَغْ - شُوْش) (ع) کھوٹا - غیر خالص - عیب دار ٭
مغضوب (مَغْ - ضُوْب) (ع) جس پر غصّہ ہو - زیرِ عتاب ٭
مغفر (مِغْ - فَر) (ع) مذکر - لوہے کا ٹوپ، جو لڑائی کے وقت پہنا جاتا ہے ٭
مغفرت (مَغْ - فِرَت) (ع) مؤنث - نجات، بخشش، معافی، براءت، خلاصی - رہائی - چھٹکارا ٭
مغفور (مَغْ - فُوْر) (ع) (۱) مغفرت کیا گیا - بخشا گیا - مرحوم - بہشتی - جنّتی (۲) انسان کے علاوہ اَور چیزوں کے لیے بھی، جو مفقود ہوگئی ہوں، استعمال کرتے ہیں ٭
مغل (ترکی میں مُغُلْ، فارسی میں مَغُلْ، اردو میں مُغَلْ) مذکر (۱) ترکوں کا ایک اعلیٰ فرقہ - تاتاری (۲) سادہ دل ٭ **مُغَل پٹھان** (ف) مذکر (۱) مسلمانوں کا ایک فرقہ، جو پٹھانوں سے افضل خیال کیا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا کھیل ٭ **مُغلا** - مذکر - مغل کی تصغیر بالتحقیر ٭ **مُغلانی** - مؤنث (۱) مُغل قوم کی عورت (۲) کپڑے سینے والی عورت - درزن (۳) ملازمہ - خادمہ ٭ **مغلانیاں** - مؤنث - مغلانی کی جمع (۱) مغل قوم کی عورتیں (۲) سینے پرونے والی عورتیں (۳) ملازمائیں - خادمائیں ٭ **مغلائی** (۱) مغلوں کی طرز یا فیشن کا (۲) مغلوں کی طرز یا روش کی چیز ٭ **مغلئی** - مغلائی کا مخفف (۱) مغل سے منسوب - مغلوں کی وضع کا (۲) لیس دار (۳) مغلیہ خاندان کی حکومت - حکومت چغتائی کا زمانہ ٭ **مُغلئی ٹوپی** - مؤنث - ایک قسم کی گوشہ دار ٹوپی - اونچے اونچے گوشوں کی ٹوپی ٭ **مغلئی ہاڑ** - مذکر - مضبوط ہڈّی، زبردست ہڈّی، چوڑی چکلی ہڈّی ٭ **مغلی** (۱) مغلوں سے منسوب - مغلوں کی طرز کا (۲) مؤنث - پسلی کا خلل - اُمّ الصّبیان - ایک بیماری، جو بچّوں کو ہوتی ہے اور اس سے ہاتھ پاؤں اینٹھ جاتے ہیں ٭ **مغلی بیماری** - مؤنث - دیکھیے "مغلی" ٭ **مغلیہ** (ف) (۱) مغلوں کے خاندان سے منسوب - مغلوں سے متعلق (۲) مُغل قوم کے آدمی ٭
مُغَلَّظ (مُغَلْ - لَظْ) (ع) (۱) دبیز - موٹا - سخت - درشت (۲) میلا - گندا (۳) جما ہؤا - گاڑھا (۴) (ف) نجس - ناپاک ٭ **مُغَلِّظ** - غلیظ کرنے والا ٭ **مُغَلَّظات** - مؤنث - فحش باتیں - بُری باتیں - موٹی موٹی گالیاں (سنانا کے ساتھ) ٭
مغلق (مُغْ - لَقْ) (ع) (۱) تالا لگایا ہؤا - مقفّل - بند کیا ہؤا دروازہ (۲) دقیق بات - مشکل کلام - اَدَق - سخت اور دُور از فہم الفاظ ٭
مغلم (مُغْ - لِم) (ع) اِغلام کرنے والا - اِغلامی - لُوطی - لونڈے باز ٭
مغلوب (مَغْ - لُوْب) (ع) غلبہ کیا گیا - دبا ہؤا - زیر - عاجز ٭ **مغلوب الغضب** - غصّے میں آیا ہؤا - وہ شخص، جو جلد غصّے میں آجائے - غصیل - بدمزاج - تندمزاج ٭ **مغلوب کرنا** (ف) فتح کرنا - تابع کرنا - زیر کرنا - ہرانا - عاجز کرنا ٭ **مغلوبیت** (ع) مؤنث - فرمان برداری - اطاعت - دباؤ - عاجزی ٭

مغموم (مَغْ ۔ مُوْمْ) (ع) غم زدہ ۔ غمگین ۔ آزردہ ۔ رنجیدہ ۔ ملول ۔ پریشان ۔ فکرمند ۔ اُداس ॰

مغنی (مُغْ ۔ نِیْ) (ع) (۱) بے نیاز کر دینے والا (۲) امیر یا آزاد کر دینے والا (۳) خدا کا ایک صفاتی نام ॰

مغنّی (مُغَنْ ۔ نِیْ) (ع) مذکّر ۔ گانے والا ۔ گویّا ۔ ڈوم ۔ میراثی ॰ **مُغَنِّیہ** ۔ مؤنّث ۔ گانے والی عورت ۔ ڈومنی ۔ میراثن ॰

مغیلان (مُغِیْ ۔ لَاںْ) (ع) (یہ لفظ اصل میں اُمّ غیلان ہے ۔ اُمّ ۔ ماں ، اصل ۔ غیلان ۔ غول (بھوت) کی جمع ۔ یعنی وہ جگہ ، جہاں بھوت پریت رہا کرتے ہیں ۔ یہ درخت اکثر جنگلوں میں ہوتا ہے ، اس وجہ سے بعض لوگوں کا خیال تھا کہ اس پر جنّ بھوت رہتے ہیں ॰) مذکّر ۔ ببول ۔ کیکر (یہ لفظ واحد ہے ۔ جمع نہیں ۔) ॰

م ۔ ف

مفاتیح (مَفَا ۔ تِیْحْ) (ع) مؤنّث ۔ مفتاح کی جمع ۔ کنجیاں ۔ چابیاں ॰

مفاجات (مُفَا ۔ جَاتْ) (ع) ناگاہ ۔ ناگہاں ۔ دفعۃً ۔ یکایک ۔ یکبارگی ۔ اچانک ॰

مفاخر (مَفَا ۔ خِرْ) (ع) مذکّر ۔ مَفْخَرَہ کی جمع ۔ بزرگیاں ॰ **مُفَاخَرَت** ۔ مؤنّث ۔ فخر ۔ ناز ۔ ڈینگ ۔ شیخی ۔ بڑائی ۔ لاف زنی ۔ بزرگی جتانا ॰

مفاد (مَفَادْ) (ع) مذکّر ۔ فائدہ ॰

مفارقت (مُفَا ۔ رَقَتْ) (ع) مؤنّث ۔ جدائی ۔ فرقت ۔ علٰحدگی (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ॰

مفاسد (مَفَا ۔ سِدْ) (ع) مذکّر ۔ مَفْسَدَہ کی جمع ۔ فساد ۔ بُرائیاں ۔ خرابیاں ۔ جھگڑے ۔ فتنے ॰

مفاصل (مَفَا ۔ صِلْ) (ع) مذکّر ۔ مَفْصِلْ کی جمع ۔ ہڈّی کے جوڑ ۔ بند ۔ گانٹھ ۔ گرہ ۔ پیوند ۔ عضو ॰

مفاوضات (مُفَا ۔ وَضَاتْ) (ع) مذکّر ۔ مفاوضہ کی جمع ۔ مکتوبات ۔ مراسلات ۔ وہ خطوط ، جو بزرگوں یا برابر والوں کو لکھے جائیں ۔ وہ خطوط ، جو اعلیٰ کی طرف سے ادنیٰ کو لکھے جائیں ॰

مفاوضت (مُفَا ۔ وَضَتْ) (ع) مؤنّث ۔ سپرد کرنا ॰ **مُفَاوَضَہ** ۔ مذکّر ۔ مکتوب ۔ نامہ ۔ خط ۔ چٹھی ، وہ خط ، جو اعلیٰ کی طرف سے ادنیٰ کو لکھا جائے ॰

مفت (مُفْتْ) (ف) (۱) بے قیمت ۔ بے عوض ۔ بے دام (۲) لاحاصل ۔ بے فائدہ ۔ ناحق (۳) رائگاں ۔ اکارت ۔ ضائع (۴) بے قصور ۔ بے وجہ ۔ بے سبب (۵) بے مشقّت ۔ بے محنت (۶) سستا ॰ **مفت بَر** ۔ بے قیمت لے جانے والا ۔ مفت خورا ॰ **مفتِ خدا** ۔ خدا واسطے ۔ بیکار ॰ **مفت خورہ** ۔ یا ۔ **مفت خورا** (ف) بے محنت و اجرت کھانے والا ۔ بے داموں کھانے والا ۔ طفیلی ॰ **مفت دینا** ۔ مول لیے بغیر دینا ۔ بے قیمت دینا ॰ **مفت را چہ گفت** (ف) مقولہ ۔ جو چیز مفت ملے ، اس میں تأمّل کیوں ہو ॰ **مفت کی شراب** (ف) مؤنّث ۔ مالِ غنیمت ۔ بے داموں کی چیز ॰ **مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے ۔ یا ۔ قاضی نے بھی حلال کی ہے** ۔ مفت چیز لینے میں باشرع آدمی بھی جائز و ناجائز کا خیال نہیں کرتا ॰ **مفت میں** (۱) بے داموں ۔ بے اجرت ۔ بے قیمت ۔ یونہی (۲) بے سبب ۔ ناحق (۳) بیگار میں (۴) اکارت ۔ ضائع ॰ **مفت ہاتھ لگنا** ۔ بے محنت یا بے کوشش حاصل ہونا ۔ بے داموں ہاتھ آنا ॰

مفتاح (مِفْ ۔ تَاحْ) (ع) مؤنّث ۔ قفل کھولنے کا آلہ ۔ کُنجی ۔ چابی ۔ تالی ॰

مفتّح (مُفَتْ ۔ تِحْ) (ع) (۱) فاتح ۔ جیتنے والا ۔ فتح کرنے والا ۔ کھولنے والا (۲) وہ دوا ، جو سُدّوں کو خارج کرے ॰ **مُفَتِّحَات** ۔ مؤنّث ۔ وہ دوائیں ، جو پتھری ، سُدّے وغیرہ کو گھلا دیتی ہیں ॰

مفتخر (مُفْ ۔ تَخِرْ) (ع) فخر کرنے والا ۔ ڈینگیا ۔ شیخی باز ۔ لاف زن ॰ **مفتخر فرمانا** (ف) عزّت دینا ॰

مفترضات (مُفْ ۔ تَرَ ۔ ضَاتْ) (ع) مذکّر ۔ وہ چیزیں ، جو فرض کی گئی ہوں ॰

مفتری (مُفْ ۔ تَرِیْ) (ع) (۱) الزام دینے والا ۔ بہتان لگانے والا (۲) مفسد ۔ شریر ۔ فریبی ۔ دغاباز ॰

مفتّش (مُفَتْ ۔ تِشْ) (ع) تفتیش کرنے والا ॰

مفتقر (مُفْ ۔ تَقِرْ) (ع) فقیر ۔ محتاج ۔ کنگال ॰

مفتوح (مَفْ ۔ تُوْحْ) (ع) (۱) کھولا گیا (۲) فتح کیا گیا (۳) وہ حرف ، جس پر زبر ہو ॰

مفتون (مَفْ ۔ تُوْنْ) (ع) (۱) فتنے میں ڈالا ہوا ۔ مبتلا (۲) عاشق ۔ فدا ۔ فریفتہ ۔ شیدا ॰ **مفتون ہونا** (ف) فدا ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ شیدا ہونا ॰

مفتی (مُفْ ۔ تِیْ) (ع) مذکّر ۔ فتویٰ دینے والا ۔ شرعی حاکم ۔ قانونِ محمّدیؐ کا حاکم ۔ قاضی ۔ جج ॰

مَفْخَرَہ (مَفْ ۔ خَرَہْ) (ع ۔ مصدر میمی ۔ فخر کرنا) مذکّر ۔ مایۂ ناز ۔ فخر کا باعث ॰

مفر (مَفَرْ) (عربی میں (مشدّد) (مذکّر و مؤنّث) بھاگنے کی جگہ ۔ فرارگاہ ۔ چارۂ کار ॰

مفرّح (مُفَرْ ۔ رِحْ) (ع) (۱) فرحت بخشنے والا (۲) (اصطلاحِ طب) وہ دوا ، جو شیریں و لذیذ ہو اور دل و جگر کو قوّت دے ॰

مفرّحات ۔ مذکّر و مؤنّث (۱) وہ دوائیں ، جن سے طبیعت کو فرحت اور خوشی حاصل ہو (۲) وہ چیزیں ، جن سے تفریح ہو ॰

مفرد (مُفْ ۔ رَدْ) (ع) (۱) اکیلا ۔ تنہا ۔ علٰحدہ (۲) واحد ۔ ایک (۳) غیر مرکّب (۴) یگانہ ۔ یکتا ۔ منفرد ॰ **مفردات** (۱) مذکّر ۔ مفردہ کی جمع ۔ حروفِ تہجّی ، جو الگ لکھے جاتے ہیں ، یعنی ا ب پ ت ث ج وغیرہ (۲) مؤنّث ۔ وہ کتاب ، جس میں مفرد دواؤں کا حال ہو ॰

مفرّس (مُفَرْ ۔ رَسْ) (ع) غیر زبان کا لفظ ، جو فارسی بنا لیا جائے ॰

مفرط (مُفْ ۔ رِطْ) (ع) زیادہ ۔ افراط سے ۔ کثرت سے ۔ حد سے زیادہ ॰

مفرور (مَف۔رُوْر) (ع) فراری۔ بھاگا ہؤا۔ روپوش ❊

مفروش (مَف۔رُوْش) (ع) بچھایا گیا ❊

مفروض (مَف۔رُوْض) (ع) (۱) خدا کی طرف سے فرض کیا گیا (۲) مانا گیا۔ قیاسی۔ فرضی ❊ **مفروضات**۔ مذکر۔ وہ امور، جن کی کچھ اصلیت نہ ہو۔ وہ امور، جو مان لیے گئے ہوں ❊

مفروغ (مَف۔رُوْغ) (عوام) یہ لفظ غلط ہے۔ اس کی جگہ فارغ صحیح ہے۔ فراغت لازم ہے، اس سے اسم مفعول نہیں بن سکتا ❊

مفروق (مَف۔رُوْق) (ع) (۱) فرق کیا گیا۔ جدا کیا گیا (۲) وہ عدد، جو کسی عدد میں سے خارج یا منہا کیا گیا ہو ❊ **مفروق منہٗ**۔ مذکر۔ وہ بڑے اعداد، جن میں سے چھوٹے اعداد تفریق کیے جائیں ❊

مفسد (مُف۔سِد) (ع) (۱) فاسد کرنے والا (۲) شریر۔ جھگڑالو۔ فساد کرنے والا (۳) مذکر۔ بغاوت کرنے والا۔ باغی (۴) لوگوں کو آپس میں لڑا دینے والا ❊ **مفسدانہ** (ع۔ف) مفسدوں کی مانند۔ فتنہ پردازوں کی طرح۔ باغیانہ ❊ **مَفسَدَہ** (ع) مذکر۔ جھگڑا۔ فساد۔ بلوہ۔ دنگا ہنگامہ۔ غدر۔ تباہی ❊ **مفسدہ اٹھانا۔ یا۔ برپا کرنا**۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔ فساد برپا کرنا ❊ **مفسدہ پرداز** (ع۔ف) فسادی۔ جھگڑالو۔ شریر۔ فتنہ انگیز ❊ **مفسدہ پردازی**۔ مؤنث۔ شرارت۔ فتنہ انگیزی ❊

مفسّر (مُفَس۔سِر) (ع) (۱) معنی اور مطلب وضاحت سے بیان کرنے والا۔ تفسیر کرنے والا۔ شارح۔ مترجم۔ ترجمان (۲) کلامِ الٰہی کے معنی اور مطلب بیان کرنے والا ❊

مفصل (مَف۔صَل) (ع) مذکر۔ بدن کا جوڑ۔ اعضاء کا جوڑ ❊

مفصّل (مُفَص۔صَل) تفصیل کیا گیا۔ کھول کر بیان کیا گیا۔ واضح۔ صاف۔ کھلا ہؤا۔ بالتفصیل۔ مشرّح ❊ **مفصّل بیان کرنا۔ یا۔ کہنا** (ف) کھول کر بیان کرنا۔ جدا جدا کہنا ❊ **مفصّل جمع** (ع) مؤنث۔ لگان کی وہ مجموعی رقم، جو زمیندار اور مال گزار کاشتکاروں سے وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کرتے ہیں ❊ **مفصّلات**۔ مذکر۔ اردگرد کے گاؤں۔ یا۔ آبادی۔ قصبات۔ دیہات ❊ **مفصلۂ ذیل**۔ وہ (چیزیں) جن کی تفصیل نیچے لکھی ہو ❊

مفضّل (مُفَض۔ضَل) (ع) فضیلت دیا گیا۔ بزرگی دیا گیا ❊

مفطر (مُف۔طِر) (ع) روزہ کھولنے والا ❊

مفعول (مَف۔عُوْل) (ع) (۱) فعل کیا گیا (۲) مذکر۔ وہ اسم، جس پر کوئی فعل کیا گیا ہو (۳) (ف) بُرا کام کرانے والا۔ بدفعلی کرانے والا ❊ **مفعول بہٖ**۔ مذکر۔ وہ مفعول، جس پر کوئی فعل واقع ہو ❊ **مفعول ثانی**۔ مذکر۔ فعل کا دوسرا مفعول ❊ **مفعول فیہ**۔ مذکر۔ وہ مفعول، جو وقوعِ فعل کے مکان یا زمانے پر دلالت کرے ❊ **مفعول لہٗ**۔ مذکر۔ وہ مفعول، جو فعل کے سبب پر دلالت کرے ❊ **مفعول مطلق**۔ مذکر۔ وہ حاصل مصدر، جو مفعول کے طور پر فعل کے ساتھ مذکور ہو ❊ **مفعول معہٗ**۔ مذکر۔ وہ مفعول، جو ہمیشہ مفعول بہٖ کا شریکِ حال ہو ❊ **مفعول منہ**۔ مذکر۔ وہ لفظ یا مفعول، جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے ❊

مفقود (مَف۔قُوْد) (ع) کھویا گیا۔ کھویا ہؤا۔ نادار۔ غائب۔ ناپید۔ الوپ ❊ **مفقود الخبر**۔ وہ شخص، جس کی کچھ خبر اور پتا نہ ملے۔ گم شدہ ❊ **مفقود ہونا** (ف) کھویا جانا۔ گم ہونا۔ ناپید ہونا۔ غائب ہونا ❊

مفکّر (مُفَک۔کِر) (ع) فکر کرنے والا۔ سوچنے والا ❊

مفلس (مُف۔لِس) (ع) غریب۔ نادار۔ بے زر۔ محتاج۔ مسکین (بنا دینا، کر دینا وغیرہ کے ساتھ) ❊ **مفلس سے سوال حرام ہے** (۱) مثل۔ غریب کو تکلیف دینا جائز نہیں ❊ **مفلس کا مال**۔ مذکر (۱) غریب کا مال (۲) (کنایۃً) ایسا مال جو سستا فروخت ہو اور جسے کوئی نہ پوچھے ❊

مفلسا بیگ۔ نہایت محتاج۔ نہایت مفلس۔ نادار۔ بھوکا۔ کنگلا ❊

مفلسی (ف) مؤنث۔ افلاس۔ غریبی۔ تنگ حالی۔ ناداری ❊ **مفلسی آنا** (ف) افلاس آنا۔ ناداری میں مبتلا ہونا ❊ **مفلسی چھانا**۔ ناداری میں گرفتار ہونا۔ مفلسی میں پھنسنا۔ مفلسی آنا ❊ **مفلسی میں آٹا گیلا**۔ مثل۔ مفلسی میں ایسے مصارف کا پیش آنا، جن سے گریز نہ ہو۔ مفلسی میں نقصان ہونے کے موقع پر کہتے ہیں ❊ **مفلسی میں شوق نباہنا**۔ ناداری میں اسراف کا حوصلہ کرنا۔ لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا ❊

مفلوج (مَف۔لُوْج) (ع) وہ شخص، جسے فالج کی بیماری ہو۔ فالج زدہ۔ ادھرنگی ❊

مفلوک (مَف۔لُوْک) (فارسیوں نے یہ لفظ فلاکت سے بنا لیا ہے) مفلس۔ خستہ حال۔ تباہ حال ❊ **مفلوک الحال**۔ تباہ حال۔ خستہ حال (یہ ترکیب فصحا کی رائے میں غلط ہے) ❊

مُفَوَّض (مُفَو۔وَض) (ع) تفویض کیا گیا۔ حوالے کیا گیا۔ سپرد کیا گیا ❊ **مُفَوِّض**۔ سپرد کرنے والا ❊ **مُفَوَّضَہ**۔ صفت مؤنث ❊

مفہوم (مَف۔ہُوْم) (ع) (۱) سمجھا گیا۔ دل میں جانا گیا (۲) مذکر۔ مقصد۔ منشا ❊ **مفہوم ہونا**۔ سمجھا جانا۔ معلوم ہونا۔ خیال میں آنا ❊

مفید (مُفِیْد) (ع) فائدہ دینے والا۔ سودمند۔ فائدہ مند ❊ **مفید پڑنا۔ یا۔ ہونا** (ف) فائدہ مند ہونا۔ موافق ہونا ❊

مفیض (مُفِیْض) (ع) فیض پہنچانے والا ❊

م۔ق

مقابا (مُقَا۔بَا) (ف) مذکر۔ سنگار دان ❊

مقابر (مَقَا۔بِر) (ع) مذکر۔ مقبرہ کی جمع۔ وہ جگہ، جہاں بہت سے مقبرے یا قبریں ہوں ❊

مقابل (مُقَا۔بِل) (ع) (۱) سامنے والا (۲) روبرو۔ آمنے سامنے (۳) مخالف۔ دشمن۔ حریف (۴) مساوی۔ برابر (۵) مانند۔ مثل۔

نظیر۔ مطابق (۶) (کنایۃً) معشوق ٭ **مقابل ہو جانا۔ یا۔ مقابل ہونا** (۱) لڑنے کو سامنے کھڑا ہونا۔ سامنا کر بیٹھنا۔ بھڑ جانا (۲) آمنے سامنے ہونا (۳) نظیر ہونا۔ ہمسر ہونا (۴) گستاخی سے پیش آنا ٭ **مُقَابَلَہ** (ع) مذکّر (۱) آمنا سامنا۔ مُٹھ بھیڑ (۲) ہمسری۔ برابری (۳) اختلاف، ضد، مخالفت (۴) جانچ پرتال۔ مطابقت۔ ایک کتاب کی عبارت کا دوسری کتاب کی عبارت سے ملانا (۵) لڑائی۔ جنگ۔ مجادلہ (۶) بحث۔ تکرار (کرنا کے ساتھ) ٭ **مقابلے** (۱) مذکّر۔ مقابلہ کی جمع ٭ **مقابلے پر آنا** (۱) فوج کا لڑنے کے لیے سامنے آنا (۲) سامنے آنا۔ لڑنے کو کھڑا ہونا (۳) معترض ہونا (۴) مزاحم ہونا ٭ **مقابلے پر مستعد ہونا**۔ لڑنے کی ٹھاننا۔ خم ٹھونک کر سامنے آنا۔ دوبدو ہونے کے لیے موجود ہونا۔ لڑنے کو تیّار ہونا ٭

مقاتل (مُقَا۔ تِلْ) (ع) کسی کے ساتھ لڑنے والا۔ ہم نبرد ٭ **مُقَاتَلَہ**۔ مذکّر۔ خونریزی۔ کُشت وخون۔ قتل۔ باہم قتل کرنا ٭

مقادیر (مَقَا۔ دِیْرْ) (ع) مذکّر و مؤنّث۔ مقدار کی جمع۔ شمار۔ تعداد۔ اندازہ ٭ **مقادیر غیر متماثلہ**۔ مذکّر و مؤنّث۔ جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں، جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں ٭ **مقادیرِ مجہولہ**۔ مذکّر و مؤنّث۔ غیر معلوم مقداریں ٭ **مقادیرِ معلومہ**۔ مذکّر و مؤنّث۔ وہ مقداریں، جو معلوم ہوں ٭

مقاربت (مُقَا۔ رَبَتْ) (ع) مؤنّث (۱) قربت۔ نزدیکی۔ قرب (۲) ہم بستری۔ صحبت ٭

مقارن (مُقَا۔ رِنْ) (ع) (۱) نزدیک۔ قریب (۲) دوران۔ اثناء ٭ **مقارَنت**۔ مؤنّث (۱) نزدیک ہونا۔ نزدیکی۔ قربت (۲) دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ٭

مقاصد (مَقَا۔ صِدْ) (ع) مذکّر۔ مقصد کی جمع۔ مطالب ٭

مقاطعہ (مُقَا۔ طَعَہْ) (ع) مذکّر (۱) کاٹنا (۲) تعلّق نہ رکھنا ٭

مقال (مَقَالْ) (ع۔ مصدرِ میمی) مذکّر۔ بات چیت۔ گفتگو۔ کلام ٭ **مَقَالَات**۔ مذکّر۔ مقالہ کی جمع ٭ **مَقَالَہ** (مصدرِ میمی) مذکّر (۱) کہی ہوئی بات۔ مقولہ۔ قول (۲) تحریر (۳) اقلیدس کا ہر حصّہ، جس میں اقلیدس کے دعاوی، ان کے ثبوت، شکلیں وغیرہ درج ہیں (۴) کتاب کا باب۔ حصّہ۔ فصل۔ ادھیائے ٭

مقام (ع) مَقَامْ۔ کھڑا ہونا۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ مصدرِ میمی ہے۔ یا ظرف بمعنی قیام و جائے قیام۔ کسی جگہ تھوڑی دیر قرار پکڑنا اور ٹھہر جانا ٭ **مُقَامْ** (اِقامت۔ جائے اقامت یعنی توقّف کرنا اور دیر تک ٹھہرنا) اردو میں اکثر ٹھہراؤ، قیام کے لیے مُقَام اور دوسرے معنی میں مَقَام مستعمل ہے ٭) مذکّر (۱) قیام۔ ٹھہراؤ۔ ٹھہرنا (۲) ٹھہرنے کی جگہ۔ مسکن۔ مکان۔ گھر۔ ٹھکانا (۳) پڑاؤ۔ اترنے کی جگہ۔ منزل (۴) محل۔ موقع (۵) مرتبہ۔ درجہ (۶) (مُقَام) موسیقی کا پردہ۔ سُر ٭

مَقَامِ اِبْرَاہِیْمْ۔ یا۔ مُصَلّٰی۔ مذکّر۔ مکّۂ معظمہ میں وہ جگہ، جہاں حضرت ابراہیمؑ نے نماز ادا کی تھی ٭ **مقام بولنا** (۱) ٹھہرانا۔ ٹھہرنے کا حکم دینا ٭ **مقام دینا** (ہندو) (عو) (۱) ماتم پرسی کو جانا (۲) گھوڑے کو آرام دینا ٭ **مقام کرنا**۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ اُترنا ٭ **مقامِ گفتگو** (ع۔ف) مذکّر۔ شک و شبہہ کی گنجائش۔ اعتراض کا محل ٭ **مقامِ محمود** (ع) مذکّر (۱) نیکیوں کا اعلیٰ درجہ (۲) وہ مقام، جہاں رسول اللہ (صلعم) معراج کی رات کو پہنچے تھے (۳) وہ مرتبۂ شفاعت، جو قیامت کے دن صرف آنحضرتؐ کو ملے گا ٭ **مقامِ معیّن**۔ مذکّر۔ مقرر جگہ۔ خاص مقام ٭ **مقامِ ہُو**۔ مذکّر۔ سناٹے کی جگہ۔ وحشت ناک جگہ کے لیے مستعمل ہے ٭ **مقام ہونا** (۱) قیام ہونا۔ ٹھہرنا ٭ **مقامی** (ع) (۱) ٹھہرایا ہوا (۲) کسی خاص جگہ کے متعلق۔ قیامی۔ لوکل (۳) قائم۔ ساکن ٭

مقامر (مُقَا۔ مِرْ) (ع) قمار باز۔ جواری۔ جوا کھیلنے والا ٭

مقاومت (مُقَا۔ وَمَتْ) (ع) مؤنّث (۱) کسی کے مقابلے کو آمادہ ہو جانا (۲) (مجازاً) مقابلہ ٭

مقبرہ (مَقْ۔ بَرَہ) (ع) مذکّر۔ قبر کی جگہ۔ تربت۔ مرقد۔ گور۔ مزار۔ روضہ۔ درگاہ۔ آستانہ ٭

مقبل (مُقْ۔ بِلْ) (ع) (۱) خدا کا فرمان قبول کرنے والا (۲) کسی طرف متوجہ ہونے والا (۳) دولت مند۔ اقبال مند (۴) آئندہ سال ٭

مقبوضہ (مَقْ۔ بُوْ۔ ضَہْ) (ع) قبضہ کیا گیا۔ وہ چیز، جس پر قبضہ کیا جائے یا قبضے میں ہو ٭

مقبول (مَقْ۔ بُوْلْ) (ع) قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ۔ محبوب۔ پیارا (ہونا کے ساتھ) ٭ **مقبولِ بارگاہ** (ع۔ف) محبوبِ الٰہی۔ خدا کا پیارا ٭ **مقبولیت**۔ مؤنّث۔ منظوری۔ اجابت۔ قبولیت ٭

مُقْتَبَس (مُقْ۔ تَبَسْ) (ع) (۱) اقتباس کیا گیا۔ انتخاب کیا گیا (۲) فائدہ اٹھایا گیا ٭ **مُقْتَبِس** (۱) اقتباس کرنے والا۔ روشنی لینے والا۔ انتخاب کرنے والا (۲) فائدہ اٹھانے والا ٭

مقتدا (مُقْ۔ تَدَا) (ع) مذکّر۔ اِقتدا کیا گیا۔ پیروی کیا گیا۔ وہ شخص، جس کی پیروی اَور لوگ کریں۔ رہنما۔ پیشوا۔ امام ٭ **مُقْتَدِی** (۱) اِقتدا کرنے والا۔ پیروی کرنے والا۔ مقلّد۔ پیرو (۲) امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا ٭

مقتدر (مُقْ۔ تَدِرْ) (ع) (۱) زیادہ صاحبِ قدرت۔ زبردست۔ زور آور۔ قوی۔ طاقت ور (۲) اقتدار رکھنے والا۔ با اقتدار (۳) اللہ کا ایک صفاتی نام ٭

مقتصر (مُقْ۔ تَصِرْ) (ع) (۱) تھوڑے پر صبر کرنے والا (۲) مختصر کرنے والا ٭

مقتضا (مُقْ۔ تَضَا) (ع) (۱) تقاضا کیا گیا۔ خواہش کیا گیا (۲) (مجازاً) مراد۔ مطلب (۳) موقع (۴) مصلحت ٭ **مقتضائے انصاف**۔ انصاف کے رو سے۔ انصاف کے موافق ٭ **مقتضائے وقت**۔

مناسبِ وقت ۔ مصلحت وقت کے مطابق ٭ **مُقتَضِی** ۔ تقاضا کرنے والا۔ چاہنے والا ۔ خواہش کرنے والا ۔ خواہاں ٭

مقتضب (مُق ۔ تَضَب) (ع) (۱) کاٹا گیا (۲) نکالا گیا (۳) مؤنّث ۔ عروض کی ایک بحر ٭

مقتل (مَق ۔ تَل) (ع) مذکّر ۔ قتل کرنے کی جگہ ۔ قتل گاہ ۔ مذبح ٭

مقتول (مَق ۔ تُول) (ع) (۱) مارا گیا ۔ قتل کیا گیا (۲) مذبوح ۔ فریفتہ ۔ عاشق ٭

مقدار (مِق ۔ دَار) (ع) مؤنّث ۔ تعداد ۔ شمار ۔ اندازہ ۔ تول ۔ وزن ۔ جسامت ۔ میزان ۔ مجموعہ ۔ حاصل ٭ **مقدارِ مثبتہ** ۔ مؤنّث ۔ جبر و مقابلہ میں وہ مقدار، جس کی داہنی طرف جمع کی علامت ہو ٭ **مقدارِ مجہول** ۔ مؤنّث ۔ نامعلوم رقم ۔ وہ مقدار، جس کی قیمت معلوم نہ ہو ٭ **مقدارِ مرکّب** ۔ مؤنّث ۔ وہ مقدار، جس کے کئی اجزا ہوں اور ہر جزو کی داہنی طرف علامت اثبات یا نفی لگی ہو ٭ **مقدارِ معروف** ۔ مؤنّث ۔ وہ رقم، جو معلوم ہو ۔ مقدارِ معلوم ٭ **مقدارِ مقرّرہ** ۔ مؤنّث ۔ مقرّر کی ہوئی مقدار ٭ **مقدارِ منفیہ** ۔ مؤنّث ۔ وہ مقدار، جس کی داہنی طرف نفی کی علامت ہو ٭

مقدّر (مُقَد ۔ دَر) (ع) (۱) پہلے سے لکھا گیا ۔ نوشتہ ۔ مشیّتِ ایزدی (۲) وہ لفظ، جو عبارت میں نہ ہو مگر اس کے معنی لیے جائیں (۳) مذکّر ۔ قسمت ۔ تقدیر ۔ مقسوم ۔ نصیب ٭ **مقدّر آزمانا** (۱) نصیبے کی آزمائش کرنا ۔ قسمت کا امتحان کرنا ٭ **مقدّر آزمائی** ۔ مؤنّث ۔ تقدیر کا امتحان ۔ قسمت آزمائی ٭ **مقدّر برگشتہ ہونا** ۔ تقدیر الٹنا ۔ قسمت پلٹنا ٭ **مقدّر چمکنا** ۔ نصیب یاور ہونا ۔ دن پھرنا ۔ نصیب جاگنا ٭ **مقدّر سامنے ہونا** ۔ اقبال یاور ہونا ۔ بخت تیز ہونا ۔ تقدیر موافق ہونا ٭

مقدرت (مَق ۔ دِرَت) (ع) مؤنّث (۱) قوّت ۔ طاقت ۔ قدرت ۔ (۲) بساط ۔ حیثیّت ٭

مقدّس (مُقَد ۔ دَس) (ع) (۱) پاک کیا گیا ۔ مبرّا ۔ بے گناہ ۔ معصوم (۲) فرشتہ خصلت ۔ پارسا ۔ بزرگ ٭ **مُقَدَّس کتاب** ۔ مؤنّث ۔ پاک کتاب ۔ آسمانی کتاب (قرآن، انجیل وغیرہ) ٭ **مُقَدِّس** ۔ پاک ٭ **مُقَدَّسَہ** (۱) دیکھیے "مُقَدَّس" (۲) مؤنّث ۔ پاک عورت ٭

مَقدَم (مَق ۔ دَم) (ع) مذکّر (۱) سفر یا کسی اَور جگہ سے پھر کر آنا (۲) قدم رکھنے کی جگہ (۳) کسی شخص کے آنے کا وقت ٭

مُقَدَّم (مُقَد ۔ دَم) (ع) (۱) پیش کیا گیا ۔ آگے کیا گیا (۲) قدیم ۔ سابق ۔ گزشتہ ۔ اگلا ۔ پہلا (۳) اونچا ۔ اعلیٰ ۔ بزرگ ۔ برتر ۔ معزّز (۴) لازم ۔ ضروری ۔ فرض ۔ واجب ۔ مناسب (۵) آگے کا حصّہ (۶) سردار ۔ پٹواری ۔ سرگروہ ۔ چاردیواری ۔ گاؤں کا نمبردار (۷) زمینداروں میں ایک عزّت کا لقب (۸) حساب کی پہلی رقم ٭ **مُقَدَّم جاننا ۔ یا ۔ سمجھنا** (۱) کسی کام کو سب سے اوّل خیال کرنا ۔ واجب جاننا ۔ مناسب سمجھنا ۔ اچھا جاننا ٭ **مُقَدَّم ہونا** (۱) کسی امر کا واجب ہونا (۲) ترجیح ہونا ٭ **مُقَدَّمات** ۔ مذکّر ۔ مُقَدَّمہ کی جمع ۔ مقدّمے ۔ معاملات ٭ **مُقَدَّمَہ** ۔ مذکّر (۱) دعویٰ ۔ استغاثہ ۔ نالش (۲) واقعہ ۔ واردات ۔ وقوعہ ۔ حادثہ (۳) (۵) موقع ۔ معاملہ (۴) بات ۔ مسئلہ ٭ **مُقَدَّمہ اٹھانا ۔ یا ۔ بنانا** (۱) جھوٹا دعویٰ کرنا ۔ جھگڑا کھڑا کرنا ٭ **مقدّمہ باز** (ع ۔ ف) وہ شخص، جسے مقدّمہ بازی کا بہت شوق ہو ٭ **مقدّمہ بازی** (۱) مؤنّث ۔ عدالت میں مقدّمہ لڑنا ۔ نالش ٭ **مقدّمہ جیتنا** ۔ دعوے میں کامیاب ہونا ٭ **مقدّمہ قابلِ دست اندازیِ پولیس** مذکّر ۔ وہ مقدّمہ، جس میں پولیس قانونی اختیارات یا وارنٹ سے گرفتار کر سکے ٭ **مقدّمہ کھڑا کرنا** ۔ دعویٰ پیدا کرنا ۔ جھگڑا اٹھانا ٭ **مقدّمہ ہارنا** ۔ دعوے میں ناکام ہونا ٭ **مُقَدِّم** (ع) (۱) آگے چلنے والا (۲) ترجیح دینے والا (۳) پیش کرنے والا (۴) اللہ کا ایک صفاتی نام ٭ **مُقَدِّمَۃُ الجَیش** ۔ مذکّر (۱) وہ تھوڑی سی فوج، جو لشکر کے آگے آگے چلے ۔ ہراول (۲) (کنایۃً) سرگروہ ۔ سرغنہ ٭ **مُقَدِّمَہ** (۱) آگے جانے والی (۲) پیش کرنے والی (۳) مذکّر ۔ لشکر کا کچھ حصّہ، جو آگے بھیج دیا جائے (۴) دیباچہ ۔ تمہید ٭

مقدور (مَق ۔ دُور) (ع) مذکّر (۱) قوّت ۔ طاقت ۔ زور ۔ حوصلہ ۔ مجال (۲) پہنچ ۔ رسائی ۔ دسترس ۔ قابو (۳) سمائی ۔ گنجائش ۔ حیثیّت ۔ بساط (۴) (۱) ثروت ۔ دولت ۔ مایہ ۔ پونجی (۵) تدبیر ۔ علاج (۶) جرأت ۔ دلیری (۷) سہارا ۔ وسیلہ ۔ ذریعہ ٭ **مقدور بھر** (۱) جہاں تک ممکن ہو ۔ حتیّ الوسع ۔ تا بہ مقدور ٭ **مقدور کی بات** ۔ مؤنّث ۔ دولت کی بات ۔ روپے کی بات ٭ **مقدور نہ رکھنا** (۱) تاب نہ رکھنا ۔ طاقت نہ رکھنا (۲) حوصلہ نہ رکھنا (۳) نادار ہونا (۴) ناچار ہونا ۔ بس نہ رکھنا ٭ **مقدور والا** ۔ مال دار ۔ دولت مند ۔ زردار ۔ امیر ۔ پونجی والا ۔ غنی ۔ متموّل ٭ **مقدور ہونا** (۱) حوصلہ ہونا (۲) مجال ہونا ۔ تاب ہونا (۳) بس ہونا ۔ قابو ہونا (۴) حیثیّت ہونا ۔ بساط ہونا (۵) دولت ہونا ۔ مال ہونا ۔ زر ہونا (۶) طاقت ہونا ۔ زور ہونا (۷) سمائی ہونا ۔ گنجائش ہونا ٭

مقدونیہ (مَق ۔ دُو ۔ نِیَہ) (ع) مذکّر ۔ یونان کے شمال میں ایک مشہور شہر، جو سکندرِ اعظم کا پایۂ تخت تھا ٭

مَقَر (مَقَرّ) (عربی میں ر مشدّد) ٹھہرنے کی جگہ ۔ قرارگاہ ۔ مقام ۔ مسکن ٭ **مَقَرِّ خلافت** ۔ مذکّر ۔ دارالخلافہ ۔ دارالحکومت ۔ دارالسلطنت ۔ پایۂ تخت ۔ صدر مقام ٭

مُقِر (مُقِرّ) (عربی میں ر مشدّد) (۱) اقراری ۔ اقرار کرنے والا ۔ ماننے والا ۔ تسلیم کرنے والا ۔ اعتراف کرنے والا ۔ معترف ٭

مُقِرِّ جُرم - جُرم کا اقراری - وہ مجرم، جس نے اپنے جرم کا اقرار کیا ہو ۔ مُقِر ہونا (ف) اقرار کرنا - اقبال کرنا - تسلیم کرنا - معترف ہونا ۔

مقراض (مِقْ - رَاض) (ع) مؤنث - قینچی - کترنے کا اوزار - کترنی ۔ مقراض کرنا (ف) کترنا ۔ مقراض کی طرح زبان چلنا (کنایۃً) بہت تیز بولنا ۔ مِقراضہ (ع) مذکر (۱) ایک قسم کا تیر، جس کا پھل قینچی کی طرح دو شاخہ ہوتا ہے (۲) گل تراش - گل گیر (۳) ایک قسم کا حلوا ۔

مقرب (مُقَرْ - رَب) (ع) (۱) قریب کیا گیا - بندگی دیا گیا (۲) مذکر - خاص دوست - مصاحب - منہ لگا - ہمراز ۔ مُقَرَّبِ بارگاہ - مذکر - وہ شخص، جسے دربار میں آنے کی اجازت ہو - بادشاہ کے پاس رہنے والا - معزز درباری ۔

مُقَرَّر (مُقَرْ - رَر) (ع) (۱) ٹھہرایا گیا - قرار کیا گیا (۲) چکایا گیا - با لمقطع (۳) مامور - معین (۴) قول کیا گیا - عہد کیا گیا (۵) (ف) ضرور - بالضرور یقیناً - بلا شبہ - لاکلام ۔ مقرر کرنا (ف) (۱) متعین کرنا - اقرار دینا - ٹھہرانا - قائم کرنا (۲) جگہ دینا - نوکر رکھنا (۳) جاری کرنا (۴) قیمت چکانا (۵) تجویز کرنا - لگانا ۔ مقرر ہونا (۱) متعین ہونا - قرار پانا - ٹھہرانا (۲) ملازمت پر مامور ہونا - نوکر ہونا ۔ مقررہ (ع) قرار دیا گیا - تجویز کیا گیا - ٹھہرایا گیا - مجوزہ - معینہ - مروجہ - حسب دستور ۔ مقرری (ا) (پوربی) (۱) تعیناتی - تقرر (۲) جمع - مال گزاری - لگان - معاملہ (۳) وظیفہ - طلب - تنخواہ - مشاہرہ ۔

مُقَرِّر (مُقَرْ - رِر) (ع) تقریر کرنے والا ۔

مقرنس (مُقَرْ - نَس) (ع) (۱) بلند (۲) گول (۳) مذکر - اونچی اور گول عمارت، جس پر گول سیڑھیوں سے چڑھتے ہیں ۔

مقروض (مَق - رُوض) (ع) مذکر (۱) اُدھار لیا ہوا - قرض دیا ہوا - قرضہ (۲) وہ شخص، جس نے اُدھار لیا ہو - دین دار - قرض دار - مدیون (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

مقرون (مَق - رُون) (ع) نزدیک کیا گیا - قریب - پاس ۔

مقسط (مُق - سِط) (ع) (۱) منصف اور عادل (۲) اللہ کا ایک صفاتی نام ۔

مقسوم (مَق - سُوم) (ع) (۱) بانٹا گیا - تقسیم کیا گیا (۲) مذکر - علم حساب میں وہ عدد، جو تقسیم کیا گیا ہو (۳) بخرہ - حصہ (۴) تقدیر - نصیب - مقدر - بخت ۔ مقسوم جاگنا (ف) (عو) بخت بیدار ہونا - اقبال یاور ہونا - نصیب جاگنا - دن پھرنا ۔ مقسوم چمکنا - دیکھیے "مقسوم جاگنا" ۔ مقسوم علیہ (ع) مذکر - وہ عدد، جس پر کوئی عدد تقسیم کیا جائے - بانٹنے والا عدد ۔ مقسوم کا لکھا (ف) مذکر (۱) نوشتۂ تقدیر (۲) (عو) وہاں بولا جاتا ہے، جہاں یہ کہنا ہو کہ صبر و شکر کرنا چاہیے - جو قسمت میں تھا، وہ پورا ہوا - اب کسی سے گلہ شکوہ بیکار ہے ۔

مُقَشَّر (مُقَش - شَر) (ع) پوست اتارا ہوا - چھلکا اتارا ہوا - چھیلا ہوا ۔

مقصد [عربی میں مَقْصِد (قصد کرنے کی جگہ) لیکن اردو میں مَقْصَد مستعمل ہے] مذکر - مطلب - مراد - منشا - معنی - عزم - ارادہ - نیت ۔ مَقْصَد بر آنا (ف) مراد حاصل ہونا - مطلب پورا ہونا ۔ مَقْصَد کھلنا - منشا ظاہر ہونا ۔ مَقْصَد ملنا - مطلب حاصل ہونا ۔

مُقَصَّر (مُقَص - صَر) (ع) (۱) تقصیر کیا گیا (۲) کم کیا گیا ۔ مُقَصِّر (۱) قصور کرنے والا - تقصیر کرنے والا (۲) کم کرنے والا (۳) کوتاہی کرنے والا ۔

مقصود (مَق - صُود) (ع) مذکر (۱) قصد کیا گیا - ارادہ کیا گیا (۲) مطلب - مدعا - غرض ۔ مقصود بالذات - وہ چیز، جو خود مقصود ہو ۔ مقصودِ کن فکان (کنایۃً) آنحضرتؐ کی ذاتِ پاک ۔

مقصور (مَق - صُور) (ع) (۱) چھوٹا کیا گیا - کم کیا گیا (۲) وہ الف، جس پر مدنہ ہو - اسے مقصورہ بھی کہتے ہیں ۔ مقصورہ (۱) مقصور کی تانیث (۲) مذکر - مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ (۳) چھوٹا حجرہ (۴) چھوٹی چوکی ۔

مقطر (مُقَط - طَر) (ع) ٹپکایا ہوا - قطرہ قطرہ کرکے ٹپکایا اور صاف کیا ہوا ۔

مقطع (مَق - طَع) (ع) مذکر - غزل یا قصیدے کا آخری شعر، جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے ۔ مقطع کا بند (ف) مذکر (۱) نظم کا آخری بند، جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے (۲) فخریہ کلام، جو بار بار زبان پر لایا جائے ۔

مقطعات (مُقَط - طَعَات) (ع) مذکر (۱) وہ خاص حروف، جو قرآن مجید میں ہیں، جن کی تفسیر سے آنحضرتؐ نے خاموشی اختیار کی، جیسے الم، حم، عسق، یس (۲) چھوٹے وزن کے شعر اور بحر رجز کے اشعار (۳) چھوٹے چھوٹے ریشمی کپڑے ۔

مقطوع (مَق - طُوع) (ع) قطع کیا گیا - کاٹا گیا - ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا ۔

مقعد (مَق - عَد) (ع) مؤنث (۱) بیٹھنے کی جگہ (۲) (مجازاً) دُبر - گُن - پاخانے کا مقام (۳) پیندا ۔

مقعر (مُقَع - عَر) (ع) (۱) گہرا - عمیق (۲) مذکر - گڑھا، جو گہرا کھدا ہو ۔

مقفل (مُقَف - فَل) (ع) قفل لگایا ہوا - تالا دیا ہوا - بند (کرنا کے ساتھ) ۔

مقفیٰ (مُقَف - فا) (ع) قافیہ کیا گیا - قافیہ دار - مسجع ۔

مقلب (مُقَل - لِب) (ع) بدلنے والا - پلٹنے والا - پھیرنے والا ۔ مُقَلِّبُ القلوب (۱) دلوں کو پھیر دینے والا - ارادہ بدل دینے والا (۲) خدائے تعالیٰ ۔

مقلّد (مُقَل۔لِد) (ع) (۱) تقلید کرنے والا (۲) پیرو۔ معتقد۔ مرید (۳) مسلمانوں کا وہ فرقہ، جو چاروں اماموں میں سے کسی ایک کا پیرو ہو (۴) (مجازاً) نقّال ٭

مقلوب (مَق۔لُوب) (ع) (۱) اُلٹا گیا۔ پلٹا گیا (۲) مذکر۔ علم بیان کی ایک صنعت، جس کی عبارت الٹی سیدھی یکساں پڑھی جائے ٭ مقلوب بعض۔ مذکر۔ علم بیان کی وہ صنعتِ مقلوب، جس میں کہیں کے حروف کہیں ملا کر پڑھنے سے عبارت موزون ہو جاتی ہے ٭ مقلوب کل۔ مذکر۔ علم بیان کی وہ صنعت مقلوب، جس میں لفظ کی تبدیلی یا ترتیب ہو ٭ مقلوبِ مستوی۔ مذکر۔ علم بیان کی وہ صنعت مقلوب، جس میں لفظ یا کلام الٹ کر پڑھیں تو بھی وہی لفظ یا عبارت بن جائے ٭

مَقناطِیس (مَق۔نا۔طِیس) (یونانی مکناطیس کا معرّب) مذکر۔ ایک قسم کا پتھر، جو کشش سے لوہے کو کھینچ لیتا ہے۔ ایک قسم کا سیاہ پتھر۔ چمک پتھر۔ آہن رُبا ٭

مقنع [عربی میں مِق۔نَع (مِقنَعَہ) ایک عرض کی باریک چادر۔ اردو میں مَق۔نَع] مذکر (۱) وہ باریک کپڑا، جو عروس کے سہرے کے نیچے باندھا جاتا ہے (۲) باریک چادر، جو عورتیں مُنہ چھپانے کے لیے چہرے پر ڈال لیتی ہیں ٭

مقنّع (مُقَن۔نَع) (ع) مذکر۔ ایک مشہور شخص ابن عطا عرف مقنّع، جس نے سحر و طلسم کی بنا پر ایک کنوئیں میں سے چاند نکالا تھا ٭

مقنّن (مُقَن۔نِن) (ع) قانون بنانے یا جاننے والا ٭

مقنیشیا (مَق۔نِی۔شِیا) (معرّب) (انگ۔ میگنیشیا) مذکر۔ ایک قسم کی انگریزی سفید مٹّی، جو دواؤں میں برتی جاتی اور مسہل کے کام آتی ہے ٭

مقود (مَق۔وَد) (ع) مؤنث (۱) ڈوری۔ تاگا۔ رسّی (۲) کشتی کا رسّا۔ جہاز کا لنگر ٭

مقوّس (مُقَو۔وَس) (ع) (۱) وہ چیز، جو کمان کی طرح خمیدہ ہو (۲) آسمان کی صفت میں مستعمل ہے ٭

مقولہ (ع۔ مَقُو۔لَہ۔ فارسیوں نے مقولہ کر لیا) مذکر (۱) بات۔ قول۔ سخن۔ بچن۔ کہاوت۔ ضرب المثل (۲) وہ جملہ بیانیہ، جو کہنا، فرمانا، ارشاد کرنا، ارشاد فرمانا، بولنا وغیرہ کے ساتھ آتا ہے ٭

مقوّی (مُقَو۔وِی) (ع) طاقت دینے والا۔ قوّت بخشنے والا ٭ مقوّیٔ باہ۔ جو باہ کو طاقت دے۔ جو شہوت کو بڑھائے ٭ مقوّیٔ بدن۔ جو بدن کو طاقت دے ٭ مقوّیٔ دل (ع۔ ف) جو دل کو قوّت بخشے ٭ مقوّیٔ دماغ (ع) جو دماغ کو قوّت دے ٭ مقوّیٔ معدہ۔ جو معدے کو قوّت بخشے۔ جو ہاضمے کی طاقت بڑھائے ٭ مُقوّٰی (۱) مضبوط کیا گیا (۲) مذکر۔ موٹا کاغذ، جس سے کتاب کی جلد باندھی جاتی ہے۔ پٹھا۔ دفتی۔ وصلی ٭

مقہور (مَق۔ہُور) (ع) قہر کیا گیا۔ جس پر قہر ہو۔ مردود۔ راندۂ درگاہ۔ معتوب ٭

مُقیِّی (مُقَی۔یِی) (ع) وہ جو قے لائے (دوا) ٭

مِقیاس (مِق۔یاس) (ع) مذکر (۱) اندازہ (۲) وہ آلہ، جس سے کسی چیز کا اندازہ کیا جائے۔ پیمانہ (۳) گھڑی کی سوئی ٭ مِقیاس الحرارت۔ مذکر۔ گرمی معلوم کرنے کا آلہ۔ تھرمامیٹر ٭ مِقیاس الماء۔ مذکر۔ وہ آلہ، جس سے پانی کے اتار چڑھاؤ کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ پنسال ٭ مِقیاس الموسم۔ مذکر۔ موسم کے تغیّر و تبدّل معلوم کرنے کا آلہ ٭ مِقیاس الہوا۔ مذکر۔ وہ آلہ، جس سے ہوا یا طوفان وغیرہ کی علامت معلوم کی جاتی ہے۔ ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔ بیرومیٹر ٭

مُقیت (مُقِیت) (ع) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، جو مخلوق کو قوّت یعنی روزی پہنچاتا ہے ٭

مُقیّد (مُقَی۔یَد) (ع) قید کیا گیا۔ قیدی۔ پابند۔ اسیر ٭

مقیش [غالباً مُکھ کیس (سر کے بال) کا مفرّس ہے۔ فارسی میں مُقَیَّش (مُقَی۔یَش) اور اردو میں مُقَیَّش (مُق۔قَیش) ہے] مذکر (۱) چاندی یا سونے کے چوڑے تار۔ بادلہ (۲) سونے یا چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا۔ زری ٭ مُقَیَّشی (۱) چاندی یا سونے کے تاروں کا۔ زری کا۔ بادلے کا ٭ مُقَیَّشی گوکھرو۔ مذکر۔ ایک قسم کا باریک گوکھرو، جو صرف تاروں کو موڑ کر بنایا جاتا ہے ٭

مقیم (مُقِیم) (ع) اِقامت کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ اترنے والا۔ قائم۔ قیام پذیر (ہونا کے ساتھ) ٭

م-ک

مُک (مُکّ) (ہ) مذکر (عوام) مُکّا ٭ مُکّا۔ مذکر۔ مُشت۔ ڈُک۔ گھونسا (چلانا، چلنا، دینا، مارنا، لگانا، لگنا کے ساتھ) ٭

مَکّا (مَک۔کا) (ہ) مذکر (گنوار) مکئی۔ بڑی جوار ٭

مکابرہ (مُکا۔بَرَہ) (ع) مذکر (۱) خواہ مخواہ جیتنے کے لیے بحث کرنا۔ سینہ زوری (۲) تکبّر۔ غرور۔ گھمنڈ۔ شیخی (۳) لڑائی۔ قضیہ۔ جھگڑا (۴) مجادلہ۔ مقابلہ ٭

مَکاتِب (مَکا۔تِب) (ع) مذکر۔ مکتب کی جمع۔ بہت سے مکتب یا مدرسے ٭

مُکاتَب (مُکا۔تَب) (ع) وہ غلام، جو آقا کی خوشی سے اُسے اپنی

قیمت آپ محنت مزدوری کرکے ادا کرنے کے بعد آزاد ہو جائے ÷
مکاتبات (مُکا۔تَبَاتْ) (ع) مذکر۔ مُکاتَبَہ کی جمع ÷
مکاتبت (مُکَا۔تَبَتْ) (ع) مؤنث۔ باہم خط کتابت کرنا ÷ مُکاتَبَہ۔ مذکر (مجازاً) خط۔ نامہ ÷
مکاتیب (مَکَا۔تِیْبْ) (ع) مذکر۔ مکتوب کی جمع۔ خطوط۔ چِٹّھیاں۔ رقعے ÷
مکار (مَکْ۔کَارْ) (ع) مکر کرنے والا۔ فریبی۔ عیّار۔ دغاباز ÷ مکّارہ۔ مکر کرنے والی ÷ مکّاری (ف) مؤنث۔ دغابازی۔ عیّاری۔ چالاکی۔ فریب ÷
مکارم (مَکَا۔رِمْ) (ع) مذکر۔ مکرمت کی جمع (۱) بزرگیاں۔ قابلِ تعریف کام۔ خوبیاں (۲) مہربانیاں۔ نوازشیں۔ عنایتیں ÷
مکاسب (مَکَا۔سِبْ) (ع) مذکر۔ کسب کی جمع۔ پیشے ÷
مکاشفت (مُکَا۔شَفَتْ) (ع) مؤنث۔ بھید کھولنا۔ افشائے راز۔ انکشاف ÷ مُکَاشَفَہ۔ مذکر۔ کرامات۔ کشف۔ ولی اللہ کو امورِ غیبی کا معلوم ہو جانا ÷
مکافات (مُکَا۔فَاتْ) (ع) مؤنث۔ عوض۔ بدلا۔ تاوان۔ سزا۔ پاداش۔ انتقام ÷ مکافات کو پہنچنا (ف) کیے کی سزا پانا ÷
مکالمہ (مُکَا۔لَمَہْ) (ع) مذکر۔ گفتگو۔ ہم کلامی۔ زبانی سوال و جواب ÷
مکان (مَکَانْ) (ع) مذکر۔ رہنے کی جگہ۔ مسکن۔ گھر۔ جگہ ÷ مکان بدلنا (۱) ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہونا۔ جگہ بدلنا ÷ مکان بیٹھ جانا۔ یا۔ بیٹھنا۔ سَیل یا بارش کی شدّت سے مکان کا گر پڑنا ÷ مکان دار (ع۔ ف) مذکر۔ مکان کا مالک۔ گھر والا ÷ مکان دینا (ف) (۱) گھر کرایے پر دینا (۲) ٹھہرانا۔ اتارنا ÷ مکانِ ضرور (ف) مذکر۔ بیت الخلا۔ ٹٹی ÷ مکان لینا (ف) (۱) گھر کرایے پر لینا (۲) گھر خریدنا۔ مکان مول لینا ÷ مکانِ ہُو (ف) دیکھیے "مقامِ ہُو" ÷ مکانات (ع) مذکر۔ مکان کی جمع۔ بہت سے گھر ÷
مکائد (مَکَا۔اِدْ) (ع) مذکر۔ مکیدہ کی جمع (۱) فریب۔ مکر (۲) بدسگالیاں۔ بداندیشیاں ÷
مکبّر (مُکَب۔بِرْ) (ع) تکبیر کہنے والا ÷
مکت (مُکْتْ) (ہ) مذکر (ہندو) نجات۔ بخشش۔ مغفرت۔ مُکتی۔ رہائی۔ چھٹکارا ÷ مکت پانا۔ نجات پانا۔ چھٹکارا پانا۔ رہائی پانا ÷ مکت داتا۔ مذکر۔ نجات دینے والا۔ شفاعت کرنے والا۔ شفیع ÷ مُکتی۔ مؤنث۔ دیکھیے "مکت" ÷
مکنا (مَکْ۔نَا) (ہ) بہت سا۔ بخوبی۔ افراط سے۔ کثرت سے ÷
مکنا (مَکْ۔نَا) (س) مذکر۔ دُر۔ گوہر۔ موتی ÷
مکتب (مَکْ۔تَبْ) (ع) مذکر (۱) لکھنے پڑھنے کی جگہ۔ درس گاہ۔ مدرسہ۔ سکول (۲) بچوں کو مکتب میں بٹھانے کی تقریب۔ بسم اللہ کی شادی (ہونا کے ساتھ) ÷ مکتب پڑھانا۔ مکتب میں تعلیم دینا ÷ مکتب خانہ۔ مکتب گاہ (ع۔ف) مذکر۔ مؤنث (بعض کی رائے میں یہ دونوں لفظ مکتب کے مزید علیہ ہیں، کیونکہ مکتب خود اسم ظرف ہے اور خانہ و گاہ زائد ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ مکتب بمعنی مصدری ہے ÷) مکتب ÷
مکتحل (مُکْ۔تَحِلْ) (ع) آنکھ، جس میں سرمہ لگا ہو ÷
مکتسب (مُکْ۔تَسَبْ) (ع) حاصل کیا گیا۔ کسب کیا گیا ÷ مکتسِب (مُکْ۔تَسِبْ) (ع) (۱) کوئی چیز اپنی کوشش سے حاصل کرنے والا (۲) نفع حاصل کرنے والا ÷ مکتسَبہ۔ حاصل کی گئی ÷
مکتفی (مُکْ۔تَفِیْ) (ع) کفایت کرنے والا۔ کافی۔ وافی۔ پورا ÷
مکتوب (مَکْ۔تُوْبْ) (ع) مذکر (۱) لکھا گیا۔ مرقوم۔ خط۔ چِٹّھی۔ مراسلہ (۲) (ف) مبتدی لوگ مختلف قسم کے خطوط جمع کرکے جوڑ لیتے اور انھیں مُٹّھے کی طرح لپیٹ لیتے ہیں تاکہ قلمی عبارت پڑھنے کی مشق ہو ÷ مکتوب الیہ (ع) مذکر۔ وہ شخص، جسے خط لکھا جائے۔ مؤنث کے لیے مکتوب الیہا ÷ مکتوب نصف الملاقات۔ مقولہ۔ خط سے کچھ کچھ ملاقات کا لطف حاصل ہو جاتا ہے ÷
مکتوم (مَکْ۔تُوْمْ) (ع) چھپا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ راز۔ بھید ÷
مُکُٹ (مُکُٹْ) (ہ) مذکر (۱) مور کا تاج (۲) وہ کلاہ یا تاج، جو ہندو لوگ دولھا کے سر پہ رکھتے ہیں ÷
مکٹا (مَکْ۔ٹَا) (ہ) مؤنث (ہندو) پوجا کرنے کی ریشمی دھوتی ÷
مکث (مَکْثْ) (ع) مذکر (۱) دیر۔ تاخیر۔ وقفہ۔ توقف۔ ڈھیل۔ التوا (۲) انتظار (کرنا کے ساتھ) ÷ مِکث (مِکْثْ) (۱) دیر لگانا (۲) انتظار کرنا ÷
مکحل (مُکْحُ۔حَلْ) (ع) دیکھیے "مکتحل" ÷
مکدر (مُکَدْ۔دَرْ) (ع) (۱) گدلا۔ میلا۔ تیرہ۔ دھندلا۔ متعفن (۲) (کنایۃً) غمگین۔ رنجیدہ۔ ناراض۔ ملول۔ ناخوش (ہونا کے ساتھ) ÷
مکر (مَکْرْ) (ع) مذکر (۱) دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ چھل۔ بہانہ۔ حیلہ (۲) کذب۔ جھوٹ (۳) عیّاری۔ چالاکی ÷ مکر چاندنی (ف) مؤنث۔ پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی، جو صبح ہو جانے کا دھوکا دیتی ہے۔ صبح کاذب ÷ مکر چکر۔ مذکر (ع۔ ہ) دغا و فریب۔ فند فریب ÷ مکر چکر کی کہانی آدھا تیل آدھا پانی۔ مثل۔ فریب کی باتوں میں آدھا سچ آدھا جھوٹ ہوتا ہے ÷ مکر کرنا۔ یا۔ گانٹھنا۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا ÷
مکر (مَکَرْ) (س) مذکر۔ آسمان کا دسواں بُرج۔ جدی ÷ مکر منڈل۔ یا۔ چکّر (ہ) مذکر۔ خط جدی ÷
مُکر (مُکَرْ) (ہ) مُکرنا کا امر ÷ مُکر جانا (۱) قول سے پھر جانا۔ انکار کر جانا۔ منکر ہو جانا (۲) دوسرے کا مال دبا بیٹھنا۔ بے ایمانی کرنا ÷ مُکرا (۱) مُکرنا سے ماضی مطلق (۲) مُکرانا کا امر ÷ مُکرا لینا۔ مُکرانا۔ سچے کو جھوٹا بنانا۔

جھٹلانا ٭ **مُکَرنا** (۱) قول سے پھرنا۔ اقرار سے انکار کرنا۔ جھوٹ بولنا (۲) مال مار لینا۔ بے ایمانی کرنا ٭

مُکرّر (مُکَر۔ رَر) (ع) بارِ دگر۔ دوبارہ۔ پھر ٭ **مکرّر سہ بارہ** (ف) دوبارہ۔ تین دفعہ۔ کئی بار۔ بار بار ٭

مکرّم (مُکَر۔ رَم) (ع) عزت دیا گیا۔ معزز۔ محترم۔ معظّم۔ بزرگ ٭ **مکرّمِ بندہ** (ع۔ ف) مذکر۔ جناب والا۔ بندہ نواز۔ بزرگوں کا القاب ٭ **مکرّمی**۔ مذکر۔ میرے مکرم۔ میرے مہربان ٭

مکرمت (مَک۔ رُمَت) (ع) مؤنث۔ نوازش۔ مہربانی۔ عنایت۔ بزرگی ٭

مکرنی (مُکَر۔ رنی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "مُکری" ٭ **مُکرنیاں**۔ مؤنث۔ مُکَرنی کی جمع ٭

مکروہ (مَک۔ رُوہ) (ع) (۱) کراہت کیا گیا۔ جس سے کراہت آئے۔ کریہ (۲) بُرا۔ ناپسند۔ بدنما (۳) مذکر۔ مذہباً ناجائز چیز۔ وہ چیز، جو بعض اماموں کے نزدیک ناجائز ہے ٭ **مکروہِ تحریمہ**۔ مذکر۔ بالکل ناجائز۔ وہ مکروہ، جو حرام کے قریب ہو ٭ **مکروہات**۔ مکروہ کی جمع (۱) نفرت انگیز چیزیں (۲) واہیات، بیہودہ کام۔ دنیوی مخمصے ٭

مُکری (مُک۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی ہندی چو مصرعی پہیلی، جس کے پہلے تین مصرعوں میں جو بیان ہوتا ہے، وہ آخری مصرع کے مضمون کو کسی اَور طرف منسوب کرنے سے سب کو الٹ دیتا ہے ٭

مکڑ (مَکَڑ) (ہ) مکڑنا کا امر ٭ **مکڑا** (۱) مکڑنا سے ماضی مطلق (۲) مکڑانا کا امر ٭ **مَکَڑنا**۔ اکڑنا۔ اینٹھنا ٭

مکڑّ (مَک۔ کَڑ) (ہ) مذکر۔ بڑی مکڑی۔ نر مکڑی ٭ **مکڑ کا گھر**۔ مذکر۔ عورتیں زخم کا خون بند ہونے کے لیے استعمال کرتی ہیں ٭ **مکڑی**۔ مؤنث۔ مکڑ کی مادہ۔ عنکبوت ٭ **مکڑی کا جالا**۔ مذکر (۱) تارِ عنکبوت (۲) (کنایۃً) بہت باریک اور بودی چیز ٭ **مکڑی کی طرح جھاڑ ڈالنا** (عو) بُرا بھلا کہنا۔ عیب گنانا ٭

مکسّر (مُکَس۔ سَر) (ع) (۱) کسر کیا گیا۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ (۲) مکعب ٭

مکسور۔ مکسورہ (مَک۔ سُور، مَک۔ سُو۔ رَہ) (ع) (۱) زیر دیا ہوا حرف۔ وہ حرف، جس کے نیچے زیر ہو (۲) کسر مفرد ٭

مکشوف (مَک۔ شُوف) (ع) کھولا گیا۔ ظاہر۔ واضح ٭

مکعّب (مُکَع۔ عَب) (ع) (۱) چار گوشہ کیا گیا (۲) وہ شکل، جس کی لمبائی، چوڑائی اور گہرائی برابر ہو (۳) وہ عدد، جو کسی عدد کو آپس میں تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو ٭

مکفوف (مَک۔ فُوف) (ع) (۱) لپیٹا ہوا (پیراہن) (۲) مؤنث۔ عروض میں سات حرفوں کا رکن، جس کے آخر کا حرف گرا دیا گیا ہو ٭

مکفول (مَک۔ فُول) (ع) کفالت میں دیا گیا۔ گرو رکھا گیا۔ مرہون۔ وہ چیز، جو ضمانت میں لی جائے (کرنا کے ساتھ) ٭

مکلاوا (مُک۔ لا۔ وَا) (ہ) مذکر (ہندو) شادی کے بعد پہلی مرتبہ دولہا کا دلھن کو اپنے گھر لے جانا ٭

مُکلَّف (مُکَل۔ لَف) (ع) (۱) تکلیف دیا گیا (۲) (مجازاً) وہ شخص، جو عاقل اور بالغ ہو (۳) (ف) آراستہ۔ پُرتکلف ٭ **مُکلِّف** (۱) تکلیف، رنج اور مشقت دینے والا (۲) (ف) بلانے والا۔ دعوت دینے والا۔ دعوت کرنے والا۔ داعی ٭

مکلّل (مُکَل۔ لَل) (ع) چمکیلا۔ آراستہ۔ جڑاؤ۔ مرصّع ٭

مکمّل (مُکَم۔ مَل) (ع) کامل کیا گیا۔ پورا کیا گیا۔ پورا۔ کامل۔ کُل۔ تمام ٭

مکنا (مَک۔ نَا) (ہ) دیکھیے "مکھنا" ٭

مُکنت (مُک۔ نَت) (ع) مؤنث۔ طاقت۔ قدرت۔ توانائی ٭

مکند (مُکُند۔ مُکَند) (ہ) مذکر (۱) جواہر (۲) بھگوان (۳) سیماب۔ پارا (۴) ایک قسم کا گوند ٭

مکنون (مَک۔ نُون) (ع) (۱) چھپا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ سربستہ (۲) مذکر۔ باطنی راز۔ پوشیدہ بات (۳) دلی منشا (۴) (کنایۃً) گراں بہا ٭ **مکنونِ خاطر**۔ مذکر۔ دل کی پوشیدہ بات۔ مرکوزِ خاطر ٭

مکو (مَکو) (ہ) مؤنث۔ ایک بوٹی اور اس کا پھل۔ عنب الثعلب ٭

مکوڑا (مَکو۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ بڑا چیونٹا۔ بڑا کیڑا ٭

مکوکب (مُکو۔ کَب) (ع) (۱) روشن (۲) وہ چیز، جس پر ستارے جڑے ہوں (۳) وہ چیز، جس پر سونے یا چاندی کی کیلیں لگی ہوں ٭

مکول (مَکو۔ ل) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی پہاڑی سفید کھریا مٹی ٭

مکوّن (مُکَو۔ وَن) (ع) پیدا کیا گیا۔ ہستی میں لایا گیا۔ مخلوق ٭ **مکوّنات**۔ مذکر۔ موجودات۔ مخلوقات ٭

مکھ (مُکھ) (ہ) مذکر۔ مُنہ۔ دہن۔ چہرہ ٭ **مکھ تال**۔ مؤنث۔ وہ آوازیں جو گویّے مُنہ سے نکالتے ہیں ٭ **مکھ میں رام، پیٹ میں چھری**۔ مثل۔ باہر کچھ اور اندر کچھ۔ ظاہر میں نیک اور باطن میں بد ٭ **مکھڑا**۔ مذکر۔ پیارا مُنہ۔ پیارا چہرہ ٭ **مکھڑا تلووں کو نہ پہنچے** (ف) مثل۔ انسان کے سنہرے رنگ کی تعریف میں کہتے ہیں ٭ **مکھیا** (ہ) مذکر۔ چودھری۔ سرغنہ۔ سردار۔ سرگروہ۔ افسر ٭

مکھّا (مَکھ۔ کھا) (ہ) مذکر۔ بڑی مکھی۔ نیلے رنگ کی بڑی مکھی ٭ **مکھی**۔ مؤنث۔ (۱) مگس (۲) بندوق کا وہ ابھرا ہوا نشان، جو نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگایا جاتا ہے ٭ **مکھی پر مکھی مارنا**۔ بے سمجھے نقل کرنا۔ پوری طرح نقل کرنا ٭ **مکھی چوس**۔ مذکر۔ بے حد کنجوس۔ شوم۔ ممسک۔ ایسا بخیل کہ اگر سالن میں مکھی گر پڑے تو اسے بھی چوس کر پھینکے ٭ **مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا**۔ چھوٹی باتوں میں دیانت داری جتانا اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا ٭ **مکھی کی طرح نکال ڈالنا** (ف) دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا۔ بالکل واسطہ نہ رکھنا ٭ **مکھی مار** (ہ) مذکر (۱) مکھی کو

جان سے مارنے والا (۲) وہ شخص، جسے دیکھ کر کراہت آئے۔ مکروہ (۳) بے سمجھے جُوں کی تُوں نقل کرنے والا (۴) ایک کیڑا، جو مکھیاں مار کر کھاتا ہے۔ **مکھی مار بڑا اچمار** (کہاوت) غریبوں کو ستانے والا نہایت کمینہ ہوتا ہے۔ **مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دیتے** (۱) از حد نازک مزاج اور نزاکت پسند ہیں (۲) بڑے صاحب عزت ہیں۔ کسی کا ذرّہ برابر بھی احسان نہیں اٹھاتے۔ **مکھی نگلنا**۔ جان بُوجھ کر مصیبت میں مبتلا ہونا۔ آفت میں پھنسنا۔ **مکھیاں**۔ مؤنّث۔ مکھی کی جمع۔ **مکھیاں اُڑانا** (۱) مکھیاں دُور کرنا (۲) خوشامد سے مکھیاں جھلنا (۳) خالی رہنا۔ بے کار رہنا (۴) آتشک میں مبتلا ہونا۔ **مکھیاں بھِنکنا** (۱) کسی چیز پر مکھیوں کا بھِن بھِن کرنا (۲) سرد بازاری ہونا (۳) گھنا ؤنا ہونا۔ کریہ منظر ہونا۔ **مکھیاں جھلنا** (۱) مکھیاں ہٹانا۔ چنور کرنا (۲) سرد بازاری ہونا۔ بے کار ہونا۔ خالی رہنا (۳) آتشک میں مبتلا ہونا۔ **مکھیاں مارنا**۔ بے شغل رہنا۔ بے کار بیٹھنا۔ **مکھیرہ**۔ مذکّر۔ شہد۔ انگبین۔ عسل۔ **مکھیوں**۔ مؤنّث۔ مکھی کی جمع حروفِ جار سے پہلے۔ **مکھیوں کا چھتّا**۔ مذکّر (۱) بہت سی مکھیوں کا جھنڈ (۲) شہد کا چھتّا۔ **مکھیوں کے چھتّے کو چھیڑنا** (ع و) فتنہ انگیز یا تند مزاج آدمی سے جھگڑا پیدا کرنا۔

مکھانا (مَکھَا۔نَا) (ہ) مذکّر۔ کنوَل کے پھول کا سوکھا ہُوا بیج۔ تال مکھانا۔

مکھن (مَکھ۔کھَن) (ہ) مذکّر۔ کچّا گھی۔ مسکہ۔ **مکھن نکالنا**۔ دہی یا کچّے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالنا۔ **مکھنیا**۔ مذکّر۔ مکھن بیچنے والا۔

مکھنا (مَکھ۔نَا) (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کا بڑا ہاتھی، جو جھوم جھام کر چلتا ہے (۲) وہ ہاتھی، جس کے دانت لمبے نہ ہوں۔

مُکھی (مُکھِی) (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کا کبوتر، جس کا سر اور بازوؤں کے ایک ایک یا دو دو پر سفید ہوں۔

مکئی (مَکئی) (ہ) مؤنّث۔ ایک قسم کا غلّہ۔ جوار۔

مکّی (مَک۔کِی) (ع) مکّہ کا۔ مکّہ کا رہنے والا۔

مُکّی (مُک۔کِی) (ہ) مؤنّث (۱) ہتھیلی پر بند کی ہوئی انگلیاں (۲) مُکّی سے پاؤں دبانا۔ **مُکّی لات**۔ مؤنّث۔ مار پیٹ۔ **مُکّی لگانا**۔ آرام و راحت کی غرض سے پاؤں پر مُکّی مارنا۔ **مُکیانا**۔ مُکّی مارنا۔

مکیال (مِک۔یَال) (ع) مذکّر۔ ماپنے کا آلہ۔ پیمانہ۔

مکین (مَکِین) (ع) (۱) مکان میں رہنے والا۔ مکان دار۔ صاحبِ خانہ (۲) ساکن۔ مقیم۔ قائم۔ **مکین ہونا** (و) رہنا۔ ٹھہرنا۔ آباد ہونا۔ مقام کرنا۔ بسنا۔

مکینکس (مَکَے۔نِکس) (انگ) Mechanics مذکّر۔ کلوں کا علم۔ علمِ جرِّ ثقیل۔

مکینیکل (مَکَے۔نِی۔کَل) (انگ) Mechanical کلوں کے متعلق۔

مکینیکل انجینیئر Mechnical engineer مذکّر۔ کلوں کے علم کا ماہر۔ علمِ جرِّ ثقیل کی پوری پوری واقفیت رکھنے والا۔

مکینیکل ورکس۔ مذکّر۔ وہ کارخانہ، جہاں کلوں کا علم سکھایا جاتا ہے۔ علمِ جرِّ ثقیل کا سکول۔

م۔گ

مگ (مَگ) (ہ) مذکّر (ہندو) راستہ۔ راہ۔ باٹ (۲) انتظار (۳) وہ کبوتر، جو جنگلی کبوتر کی مادہ کو ساتھ اُڑا کر گھر لے آئے (۴) بڑا گلاس۔

مگد (مَگَد) (ہ) مذکّر (ہندو) ایک قسم کے لڈّو، جو مرنے میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔

مگدر (مُگ۔دَر) (ہ) مذکّر۔ وہ بھاری لکڑی، جو ورزش کے لیے ہاتھ سے اُٹھاتے ہیں اور جس کے عین درمیان موٹھ لگی ہوتی ہے (اٹھانا، پھرانا، ہلانا کے ساتھ)۔

مگدھ (مَگَدھ) (س) مذکّر۔ صوبۂ بہار کا جنوبی حصّہ۔ مگھا۔ **مگدھ بھاشا** (ہ) مؤنّث۔ مگھا کی زبان، جو خصوصاً صوبۂ بہار (پٹنہ) میں بولی جاتی ہے۔ **مگدھی**۔ مذکّر (۱) مگدھ کا رہنے والا (۲) ایک قوم۔

مگڈمبر (مَگ۔ڈَم۔بَر) (ہ) مذکّر (۱) لکڑی کا وہ مکان، جس میں شاہانِ اودھ سفر کیا کرتے تھے (۲) ایک قسم کا بہت اونچا خیمہ (۳) کاغذی آرائشی چیز، جو مہندی کی رسم میں آرائش کے آگے آگے لے جاتے ہیں۔

مگر (مَگَر) (ہ) مذکّر (۱) نہنگ۔ گھڑیال۔ مگرمچھ (۲) کان کا زیور۔ آویزہ۔ **مگرمچھ** (ر) مذکّر۔ نہنگ۔ گھڑیال۔

مگر (مَگَر) (ف) (۱) لیکن۔ اِلّا۔ پَر۔ بجز۔ ماسوا (۲) شاید۔ غالباً (۳) بے شک۔ ضرور۔ ہاں۔ البتّہ (۴) کیا۔ **مگر پھر**۔ بایں ہمہ۔ با ایں ہمہ۔ (اس پر اکثر فصحا "مگر پھر" کے بعد "بھی" کا لانا ضروری سمجھتے ہیں)۔

مگرا (مَگ۔رَا) (ہ) (۱) مکّار۔ گھُنّا۔ وہ شخص، جو غرور و تکبّر کے باعث کسی کی نہ سُنے (۲) سُست۔ کاہل۔ کام چور (۳) مغرور۔ متکبّر (۴) ہٹیلا۔ ضدّی۔ ڈھیٹ (۵) باغی۔ سرکش۔ کج بحث (بننا کے ساتھ)۔ **مگراپن**۔ مذکّر (۱) سرکشی۔ مکّاری۔ گھُنّاپن (۲) سُستی۔ کاہلی (۳) غرور۔ کبر۔

مگری (مَگ۔رِی) (ہ) مؤنّث (۱) چھپّر کا وہ حصّہ، جو سب سے اوپر اور ماہی پُشت ہوتا ہے (۲) چھت کی سلامی کا سب سے نیچا کنارہ۔

مگس (مَگَس) (ف) مؤنّث۔ مکھی۔ نحل۔ شہد کی مکھی۔ **مگس ران** مذکّر (۱) ایک قسم کا مورچھل (۲) مورچھل ہلانے والا۔ خادم۔ **مگس رانی**۔ مؤنّث۔ مکھیاں اُڑانے کی خدمت، چنور اٹھانا۔ **مگس کی قے** (ر) مؤنّث۔ شہد۔ **مگسی** (ف) (۱) مگس کے رنگ کا۔ سیاہی مائل (۲) وہ گھوڑا، جس کے تمام بال سفید ، سارے بدن پر سرخی کی چھینٹیں اور دُم و ایال یک رنگ ہوں (۳) مگس سے منسوب۔ بھنکتا ہُوا۔

مگن (مَگَن) (س) (ہندو) (۱) ڈوبا ہُوا۔ مستغرق۔ غرق (۲) خوش۔

مسرور۔ شاد۔ آنند (۳) بے خود۔ مست ۔ **مگنتا** (ہ) مؤنث (ہندو) شادمانی۔ خوشی۔ انبساط۔ مسرت ۔

مگھ (مُگھ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر، جو دوسرے کبوتروں کو ساتھ لے آتا ہے ۔

مگھم (مُگھ۔ گھم) (مبہم کا مخرب) (۱) چھپی ہوئی اور کئی معنی رکھنے والی بات (۲) درپردہ۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ مبہم (۳) (جواریوں کی اصطلاح) برابر سرابر، یعنی نہ کچھ ہارنا نہ کچھ جیتنا ۔ **مگھم رہنا** (ل) (۱) (جواریوں کی اصطلاح) نہ ہارنا نہ جیتنا (۲) عزت بنی رہنا۔ راز فاش نہ ہونا ۔ **مگھم میں**۔ رمز میں۔ کنایۃً۔ اشارۃً ۔ **مگھم میں کہنا**۔ اشارے میں کوئی بات کرنا۔ گول مول بات کہنا ۔

مگھی (مُگھ۔ گھی) (ل) (۱) مقام مگھا کی طرف منسوب، جہاں کا پان مشہور ہے (۲) مذکر۔ ایک قسم کا پان (۳) ایک قسم کا صحرائی کبوتر ۔

م-ل

مَل (مَل) (ہ) (۱) پہلوان کشتی کرنے والا۔ زورآور۔ طاقت ور (۲) دوغلا کھتری (۳) بنیے بقالوں کا خطاب (۴) گاد۔ تلچھٹ (۵) اچھا۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔ اعلیٰ (۶) سورما۔ بہادر۔ شجاع (۷) کلمۂ نسبت ۔ **مَل جی**۔ لالہ جی۔ لالہ صاحب ۔

مَل (مَل) (ہ) مَلنا کا امر ۔ **مَلا**۔ مَلنا سے ماضی مطلق ۔ **مَلا دَلا ہوا**۔ مَلا ہوا۔ مساس کیا ہوا۔ مستعمل ۔ **مَلائی**۔ مؤنث (۱) گھوڑے کا مَلنا (۲) گھوڑا مَلنے کی اجرت ۔ **مَلت**۔ مؤنث۔ گھسا ہوا سکہ ۔ **مَلتا**۔ گھسا ہوا سکہ ۔ **مَلتا ہوا روپیہ**۔ مذکر۔ وہ روپیہ، جس کے سکے کے حروف گھس گئے ہوں ۔ **مَلنا** (۱) مسلنا۔ رگڑنا (۲) گھوڑے کی مالش کرنا (۳) میل دُور کرنے کے لیے بدن کی مالش کرنا (۴) مانجنا ۔ **مَلنا دَلنا** (۱) مالش کرنا۔ مسلنا (۲) استعمال میں لانا ۔ **مَلوا**۔ مَلوانا کا امر ۔ **مَلوانا** (۱) مالش کرانا (۲) صیقل کرانا۔ صاف کرانا۔ رگڑوانا (۳) مسلوانا۔ پامال کرانا۔ کچلوانا ۔ **مَلوائی**۔ مؤنث۔ مَلنے کی اُجرت ۔ **مَلیا مِیٹ** (ع) مَلا اور مِٹا ہوا۔ روندا ہوا۔ پامال شدہ۔ ستیاناس۔ تباہ و برباد۔ نیست و نابود۔ ناپید (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

مِل (مِل) (ہ) مِلنا کا امر ۔ **مِل بانٹ کے** (۱) اتفاق سے (۲) نفع میں شرکت حاصل کرکے ۔ **مِل بیٹھنا**۔ سلوک سے بیٹھنا۔ محبت سے رہنا ۔ **مِل جانا** (۱) پیوستہ ہو جانا۔ جُڑ جانا (۲) صفائی ہو جانا۔ صلح ہو جانا (۳) آمیز ہو جانا (۴) شریک ہو جانا۔ شامل ہو جانا (۵) ملاقات ہونا۔ دوچار ہو جانا (۶) وصول ہو جانا۔ حاصل ہو جانا ۔ **مِل جُل کر (کے)** (۱) اکٹھے ہو کر۔ متفق ہو کر۔ مِل ملا کر (۲) بالاشتراک۔ بالاتفاق (۳) سلوک سے۔ اتفاق سے۔ اتحاد سے ۔ **مِل کر چلنا** (۱) شریک ہو کر چلنا۔ ساتھ چلنا (۲) سلوک سے رہنا ۔ **مِل گئے کی بات ہے**۔ مِل گئے تو ملاقات، نہ ملے تو کچھ نہیں۔ اتفاقیہ امر ہے ۔ **مِل مِل کر رونا**۔ گلے لگ لگ کر رونا ۔ **مِلا** (۱) مِلنا سے ماضی مطلق (۲) مِلانا کا امر ۔ **مِلا جُلا رہنا**۔ مِل جُل کر رہنا۔ سلوک سے رہنا۔ پیار محبت سے رہنا ۔ **مِلا لینا** (۱) شامل کر لینا۔ شریک کر لینا (۲) ہمراز بنا لینا۔ گانٹھ لینا (۳) مخالف آدمی کو اپنی طرف کر لینا (۴) مرکب کر لینا۔ آمیز کر لینا (۵) باہم پڑتال کرنا۔ مقابلہ کر لینا ۔ **مِلاپ**۔ مذکر (۱) وصل۔ وصال۔ ملاقات (۲) دوستی۔ محبت۔ ربط ضبط (۳) سلوک۔ اخلاص (۴) سنجوگ۔ موافقت (۵) اتفاق۔ میل جول (۶) باہم رضامندی۔ صلح صفائی (۷) سازوں کی ہم آوازی (۸) آمیزش ۔ **مِلاپ دار** (عوام) جان پہچان۔ ملاقاتی۔ دوست آشنا ۔ **مِلاپ رکھنا**۔ میل جول رکھنا۔ اتفاق سے بسر کرنا ۔ **مِلاپ کرانا**۔ صفائی کرانا۔ صلح کرانا۔ گلے مِلوانا۔ تصفیہ کرانا ۔ **مِلاپ کرنا**۔ صفائی کرنا۔ صلح کرنا۔ مِلنا ۔ **مِلاپ ہو جانا۔ یا۔ ہونا** (۱) صفائی ہونا۔ صلح ہو جانا (۲) مواصلت ہونا۔ ملاقات ہونا ۔ **مِلاپی** (عوام) ملاقاتی ۔ **مِلان**۔ مذکر (۱) ملاپ۔ اتفاق۔ اتحاد۔ آمیزش (۲) تقابل۔ مقابلہ (۳) تصفیہ۔ فیصلہ (۴) میزان (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۵) دو ریل گاڑیوں کے وقتوں کا ایسا ہونا کہ ایک کے مسافر دوسری پر سوار ہو سکیں ۔ **مِلانا** (۱) مقابلہ کرنا۔ مطابق کرنا۔ فرق نکالنا (۲) آمیز کرنا۔ مرکب کرنا (۳) ملاقات کرانا۔ شناسائی کرانا (۴) ملحق کرنا۔ شامل کرنا (۵) گڈمڈ کرنا (۶) مقابلہ کرانا۔ لڑانا (۷) سازوں کو ہم آواز کرنا (۸) گھڑی گھنٹے کا مطابق کرنا، طلوع و غروب یا کسی دوسرے گھڑی گھنٹے سے (۹) گانٹھنا۔ رازدار بنانا (ان معنی میں ملا لینا فصیح ہے) ۔ **مِلاوٹ**۔ مذکر۔ میل۔ کھوٹ۔ آمیزش ۔ **مِلَت**۔ مؤنث (۱) میل جول۔ راہ و رسم۔ ملاپ (۲) جتھا۔ سنگت۔ صحبت (۳) ملنساری ۔ **مِلَت رکھنا**۔ میل جول رکھنا ۔ **مِلَت کا آدمی** (ل) مذکر۔ ملا جلنے والا۔ ملنسار آدمی ۔ **مِلتا**۔ مِلنا سے ماضی تمنائی یا شرطی ۔ **مِلتا جُلتا**۔ مانند۔ مثل۔ مشابہ ۔ **مِلَن**۔ مؤنث۔ میل۔ ملاقات ۔ **مِلَن سار** (مِلَنسار) ملنے والا۔ ہر ایک سے ملنے والا۔ خوش اخلاق ۔ **مِلَن ساری** (مِلَنساری) مؤنث۔ ربط ضبط۔ راہ و رسم۔ اخلاص۔ محبت۔ رسائی ۔ **مِلنا** (۱) ملحق ہونا۔ پیوستہ ہونا۔ ایک ہونا۔ چسپاں ہونا (۲) مرکب ہونا۔ آمیز ہونا (۳) خلط ملط ہونا۔ گڈمڈ ہونا (۴) سامنا ہونا۔ ملاقات ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا (۵) ہاتھ آنا۔ حاصل ہونا (۶) ہاتھ لگنا۔ میسر ہونا (۷) فائدہ ہونا (۸) بغل گیر ہونا۔ گلے ملنا (۹) ہم بستر ہونا۔ وصل ہونا (۱۰) سازش کرنا (۱۱) شامل ہونا (۱۲) مشابہ ہونا۔ مطابق ہونا (۱۳) قابو میں آنا (۱۴) عنایت ہونا۔ عطا ہونا ۔ **مِلنا جُلنا**۔ مذکر۔ ربط ضبط۔ راہ و رسم۔ میل ملاپ ۔ **مِلنی**۔ مؤنث (ہندو) (۱) ملاقات۔ درشن (۲) پیشوائی۔ استقبال (۳) شادی کی ایک رسم، جس میں سمدھی مع

دوسرے عزیزوں کے ایک دوسرے سے ملتے ہیں (۴) وہ روپیہ، جو دلھن والے دولھا والوں کو ملنے کے وقت دیتے ہیں ؛ **ملنے کو جانا** ملاقات کو جانا ؛ **مِلوا** - ملوانا کا امر ؛ **مِلوانا** (۱) گلے لگوانا (۲) باہم سلوک کرانا - صفائی کرانا (۳) تعارف کرانا - ملاقات کرانا (۴) مواصلت کرانا ؛ **مِلَوْنی** - مؤنّث - کھوٹ - آمیزش - ملاوٹ ؛ **مِلی بھگت** - مؤنّث (عو) باہمی مشورہ - سازش - اٹ سٹ - گٹھت - ہم رازی (ہونا کے ساتھ) ؛

مِل (مِل) (انگ - Mill) مؤنّث (۱) چکّی (۲) آٹے، کپڑے، کاغذ وغیرہ کی کل ؛

مُل (مُل) (ف) مؤنّث - شراب - بادہ - مَے - دارو ؛

مَلا (مَلَا) (ع) مذکّر (۱) گروہ (۲) شریف لوگ ؛ **ملاءِ اعلیٰ** (عربی میں مَلَاُ الْاَعْلیٰ) مذکّر - فرشتے ؛

مَلا (مَلَا) (ع) (۱) پُر - بھرا ہوا (۲) واضح - آشکارا - ظاہر ؛

مُلّا (مُل - لا) [(۱) مولا کا بگڑا ہوا (۲) (عربی میں مُلّاء، مبالغے کا صیغہ، بہت بھرا ہوا - فارسی میں اکثر ہمزۂ آخر کے بغیر)] مذکّر (۱) علم سے بہت بھرا ہوا - بہت پڑھا ہوا - عالم فاضل (۲) (ف) مسجد میں رہنے والا (۳) مسجد میں نماز پڑھانے والا (۴) بچّوں کو پڑھانے والا ؛ **مُلّا دوپیازہ** (ف) مذکّر - دربارِ اکبری کے ایک ظریف و بذلہ سنج درباری کا لقب، جس کا نام ابوالحسن تھا ؛ **مُلّا کی دوڑ مسجد تک** - مثل - ہر شخص کی پہنچ اس کے مقدور اور حوصلے تک ہوتی ہے - جہاں تک آدمی کی دسترس ہو، اس سے آگے نہیں جا سکتا ؛ **مُلّا کی ڈاڑھی تبرّک (رہی) میں آگئی** - مثل - بے فائدہ اور بے مصرف خرچ ہونے کے موقع پر کہتے ہیں - یا توں باتوں میں یونہی کسی چیز کے ضائع ہو جانے کے محل پر بولتے ہیں ؛ **مُلّا کی ماری حلال** - مثل - بڑے آدمیوں کا بُرا کام بھی جائز اور درست سمجھا جاتا ہے - کبھی "مُلّا کی ماری حلال اور خدا کی ماری حرام" بھی کہتے ہیں ؛ **مُلّا گری - مُلّا گیری** - مؤنّث - مدرّسی - معلّمی - پڑھانا ؛ **مُلّانا** (مولانا سے بگڑا ہوا) مذکّر - تحقیر سے مُلّا کی جگہ بولا جاتا ہے ؛ **مُلّا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہوگی ؟** مثل - کسی خاص آدمی کے نہ ہونے سے اس کے متعلّق کام رُکا نہیں رہتا ؛ **مُلّانی** - مؤنّث (۱) مُلّا کی بیوی (۲) وہ عورت، جو لڑکیوں کو سینا پرونا سکھاتی اور ابتدائی کتابیں پڑھاتی ہے - اُستانی - معلّمہ ؛ **مُلّانے** - مذکّر - مُلّانا کی جمع - بہت سے مُلّا ؛ **مُلّانے کھلانا** - مسکینوں کو کھلانا - مستحقوں کو کھلانا - فقیروں کو کھلانا - للّٰہ کھلانا ؛

مُلابَسَت (مُلَا - بَسَت) (ع) مؤنّث (۱) مشابہت رکھنا (۲) تعلّق ؛

مَلّاح (مَل - لاح) (ع) مذکّر - ناؤ چلانے والا - کشتی بان - ناخدا - کھوَیّا ؛ **ملّاح در چین است و کشتی در فرنگ** - (ف) مثل - دو شخصوں یا چیزوں میں بڑا فاصلہ ہونے پر کہتے ہیں ؛ **ملّاح کا لنگوٹا ہی بھیگتا ہے** (ف) مثل - غریب کا زیادہ نقصان نہیں ہوتا ؛ **مَلّاحَن - مَلّاحَنی** - مؤنّث (۱) ملّاح کی جورو (۲) ناؤ کھینے والی عورت ؛ **مَلّاحی** (ع - ف) مؤنّث (۱) ناؤ چلانے کی مزدوری - پار اترائی (۲) ملّاح کا کام - کشتی بانی (۳) (ف) مبہم گالی، جس میں نام نہ لیا جائے ؛ **ملّاحی - یا - ملّاحیاں سنانا** (ف) گول مول طعنے تشنے دینا - آواز سے کسنا ؛ **ملّاحی کی ملّاحی اور بانس کے بانس** - مثل - ایک نقصان اٹھانے کی جگہ بہت سے نقصانات اٹھانے کے موقع پر کہتے ہیں ؛ **ملّاحی کی ملّاحی دی اور بانس بھی کھائے** - مثل - چیز بھی کھوئی اور مار بھی کھائی ؛ **ملّاحی گالیاں** - مؤنّث - وہ گالیاں، جو نام لیے بغیر مبہم طور پر دی جائیں ؛ **ملّاحی ہاتھ** - مذکّر - تیرنے کا ایک خاص طریق، جس میں لمبے لمبے ہاتھ مار کر دریا کا راستہ جلد طے کیا جاتا ہے ؛

مَلاحَت (مَلَا - حَت) (ع) مؤنّث (۱) نمکینی (۲) سانولاپن (۳) خوب صورتی ؛

ملاحد - ملاحدہ (مَلَا - حِد، مَلَا - حِدَہ) (ع) مذکّر - ملحد کی جمع ؛

مُلاحظہ (مُلَا - حَظَہ) (ع) مذکّر (۱) مشاہدہ - معاینہ - دیکھنا (۲) توجّہ - غور (۳) (ف) (عو) مروّت - پاس داری - لحاظ (۴) روبرو - پیش - سامنے ؛ **مُلاحَظہ سے گزرنا** (ف) دیکھنے میں آنا - نظر سے گزرنا ؛ **مُلاحظہ شد** (ع - ف) دیکھا گیا - دیکھ لیا گیا - جانچا گیا ؛ **ملاحظہ فرمانا** (ف) بڑے یا بزرگ کا ملاحظہ کرنا ؛ **ملاحظہ کا** - لحاظ کا - بامروّت - سفارش والا - سفارشی ؛ **ملاحظہ کرنا** (۱) معاینہ کرنا - دیکھنا (۲) طرف داری کرنا - لحاظ کرنا (۳) جانچنا - پڑتال کرنا (۴) مطالعہ کرنا (۵) کسی امر کی طرف توجّہ ہونا اور کسی بات کا توجّہ سے سننا ؛ **ملاحظہ میں آنا** (۱) نظر سے گزرنا - کسی افسر یا حاکم کی نظر سے گزرنا (۲) لحاظ میں آنا ؛ **ملاحظہ میں گزرنا** - دیکھیے "ملاحظہ میں آنا" ۱ ؛ **ملاحظہ میں ہونا** - کاغذات کا کسی حاکم یا افسر کے زیرِ نظر ہونا ؛ **ملاحظہ والا** - لحاظ والا - رسوخ والا - سفارش والا - سفارشی ؛ **ملاحظہ ہونا** (۱) معاینہ ہونا - دیکھا جانا (۲) پیش ہونا (۳) جانچ ہونا - پڑتال ہونا (۴) مروّت ہونا - لحاظ ہونا ؛ **ملاحظے کی جگہ ملاحظہ ہے** - مروّت والے سے مروّت کی جاتی ہے - ہر جگہ مروّت نہیں کی جاتی ؛

ملاذ (مَلَاذ) (ع) مذکّر - پناہ کی جگہ - جائے پناہ - بچاؤ کی جگہ ؛

ملار (مَلَار) (ہ) مذکّر (۱) وہ گیت، جو برسات کے موسم میں گائے جاتے ہیں (۲) مؤنّث - ایک راگنی ؛ **ملار گانا** - برساتی گیت گانا ؛ **ملاریں گانا** (کنایۃً) خوشی منانا ؛

ملازم (مُلَا - زِم) (ع) مذکّر (۱) کسی کے ساتھ ہمیشہ رہنے والا - کسی کا کام ہمیشہ کرنے والا (۲) (مجازاً) نوکر - چاکر - خادم ؛ **ملازمِ خاص** - مذکّر - خاص آدمی - نج کا ملازم ؛ **ملازمِ سرکار** (ع - ف) مذکّر - سرکاری نوکر - گورنمنٹ کا ملازم ؛ **ملازم کرنا** (۱) نوکر رکھنا ؛

ملازم مُتعہّد (ع) مذکر۔ وہ ملازم، جسے خاص عہد یا شرطوں پر عہدہ مِلا ہو ✽ **ملازم ہونا** (ف) نوکر ہونا ✽ **مُلَازَمَتْ** (ع) مؤنث (۱) کسی جگہ یا کسی کے نزدیک ہمیشہ ہونا (۲) نوکری۔ خدمت سیوا۔ ٹہل (۳) بڑے کی ملاقات ✽ **ملازمت اختیار کرنا** (ف) نوکری قبول کرنا۔ نوکر ہونا ✽ **ملازمت پیشہ** (ع۔ف) مذکر۔ نوکری پیشہ۔ وہ شخص، جس کا پیشہ نوکری ہو ✽ **ملازمت حاصل کرنا** (ف) (۱) کسی امیر کی خدمت میں حاضر ہونا۔ ملاقات کرنا۔ باریاب ہونا (۲) ملازمت مِلنا۔ نوکری مِلنا۔ کوئی خدمت لینا ✽

ملاطفت (مُلَا۔ طَفَتْ) (ع) مؤنث۔ مہربانی کرنا۔ الطاف۔ بھلائی۔ نیکی۔ شفقت۔ عنایت۔ مہربانی۔ نرمی ✽ **مُلَاطَفَہْ**۔ مذکر (۱) نیکی۔ بھلائی (۲) (مجازاً) عنایت نامہ۔ چِٹھی۔ مراسلہ۔ رقعہ (۳) مکتوب۔ باہم جُڑے ہوئے خطوط ✽

ملاقات (مُلَا۔ قَاتْ) (ع) مؤنث (۱) ایک دوسرے سے مِلنا (۲) میل ملاپ۔ آنا جانا (۳) ہم نشینی۔ باہمی صحبت (۴) گفتگو۔ بات چیت۔ مِلنا جُلنا (۵) جان پہچان۔ صاحب سلامت۔ واقفیت (۶) (عوام) ہم بستری ✽ **ملاقاتِ بازدید** (ع۔ف) مؤنث۔ واپسی، دوسری ملاقات۔ وہ ملاقات، جو اپنے ہاں مِل لینے کے بعد دوسری دفعہ اسی شخص کے مکان پر جاکر کی جاتی ہے ✽ **ملاقات پیدا کرنا** (ف) دوستی پیدا کرنا۔ ملاپ بڑھانا۔ صاحب سلامت قائم کرنا ✽ **ملاقات رکھنا** (۱) میل جول رکھنا۔ صاحب سلامت رکھنا (۲) واقفیت رکھنا (۳) مِلتے رہنا ✽ **ملاقات رہنا**۔ ملاقات کے مراتب کا برتاؤ باہم ہوتا رہنا ✽ **ملاقات کرنا** (۱) مِلنا۔ دوستی کرنا (۲) صاحب سلامت کرنا۔ باہم مِلنا ✽ **ملاقات کروانا** (۱) دوستی کرانا۔ شناسائی کرانا۔ باہم مِلوانا (۲) زن و مرد کو باہم مِلوانا ✽ **ملاقات ہونا**۔ راہ و رسم ہونا ✽ **ملاقاتی**۔ مذکر۔ مِلنے والا۔ جان پہچان والا۔ یار۔ دوست ✽

مُلاقی (مُلَا۔ قِیْ) (ع) مِلنے والا۔ مُلاقات کرنے والا ✽ **مُلاقی ہونا** (ف) ملاقات کرنا۔ مِلنا ✽

ملاگیری (مَلَا۔ گِیْ۔ رِیْ) (ہ) (۱) مذکر۔ صندلی رنگ جیسا ایک خوش بودار رنگ (۲) ایک خوشبودار رنگ کا رنگا ہوا ✽

ملال (مَلَالْ) (ع) مذکر (۱) غم۔ رنج۔ کلفت (۲) افسوس (۳) زحمت (۴) طبیعت کا اُکتا جانا۔ اُداسی ✽ **ملال آنا** (ف) دل میں کدورت آنا۔ رنج ہونا ✽ **ملال اٹھانا**۔ زحمت یا تکلیف برداشت کرنا ✽ **ملال جانا**۔ غم رفع ہونا ✽ **ملال دینا**۔ رنج پہنچانا ✽ **ملال کھینچنا**۔ رنج برداشت کرنا ✽ **ملال لینا**۔ رنج و غم برداشت کرنا ✽ **مَلَالَتْ** (ع) مؤنث۔ مَلال۔ رنج۔ کلفت۔ اُداسی ✽

ملام (مَلَامْ) (ع) مذکر (۱) ملامت کی جگہ (۲) ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا ✽ **مَلَامَتْ**۔ مؤنث۔ سرزنش۔ جھڑکی۔ بُرا بھلا۔ طعن۔ لعنت۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ فضیحت (کرنا کے ساتھ) ✽ **مَلَامَتی** (۱) لعنت کیا گیا۔ لعنتی۔ مردود۔ کم بخت۔ بدنصیب (۲) (عوام) ملامت (دینا کے ساتھ) (۳) مذکر۔ وہ فقیر، جو چھپا کر عبادت کرتا اور اسرار الٰہی ظاہر کرتا ہو ✽

ملائک۔ ملائکہ (مَلَا۔ اِکْ، مَلَا۔ اِکَہْ) مذکر۔ مَلَک کی جمع۔ فرشتے ✽

ملائم (مُلَا۔ اِمْ) (ع) (۱) موافق۔ مناسب (۲) پلپلا۔ نرم (۳) حلیم۔ بردبار (۴) (ف) پتلا۔ نازک (کرنا، ہونا کے ساتھ) ✽

ملائی (مَلَا۔ اِیْ) (ہ) مؤنث۔ دودھ یا دہی کے اوپر کی پپڑی۔ بالائی ✽ **مَلائیاں**۔ مؤنث۔ ملائی کی جمع۔ بالائیاں ✽

ملائمت (مُلَا۔ یَمَتْ) (ع) مؤنث (۱) مناسبت۔ موافقت (۲) نرمی (۳) لاغری۔ نزاکت ✽

مَلبا (مَلْ۔ بَا) (ہ) مذکر (۱) خار و خس۔ خس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ۔ مٹی (۲) گِرے ہوئے مکان کی مٹی، اینٹیں وغیرہ۔ پُرانا مسالا ✽ **ملبا خرچ** (ف) مذکر۔ وہ رقم، جو نمبردار کاشتکاروں سے جمع کرکے سرکاری ملازموں کی آؤ بھگت کے لیے لیتے ہیں ✽

مُلَبَّب (مُلَبْ۔ بَبْ) (عربی قاعدے سے فارسی لفظ لب کا مفعول بنالیا گیا) لبالب۔ لبریز۔ بھرپور۔ بھرا ہوا ✽ (فصحاء متاخرین لبالب ہی فصیح سمجھتے ہیں ✽)

ملبّس (مُلَبْ۔ بَسْ) (ع) (۱) کپڑے پہنے ہوئے (۲) مِلا جُلا۔ خلط ملط ✽

ملبوس (مَلْ۔ بُوْسْ) (ع) مذکر (۱) پہننے کے کپڑے۔ پوشاک۔ لباس (۲) وہ کپڑے، جو پہن کر اتار دیے گئے ہوں۔ اُترن ✽ **ملبوسات**۔ مذکر۔ ملبوس کی جمع۔ پہننے کے کپڑے۔ پوشاکیں۔ جوڑے ✽

مِلّت (مِلْ۔ لَتْ) (ع) مؤنث (۱) دین۔ دھرم۔ شریعت۔ مذہب (۲) گروہ۔ فرقہ۔ قوم ✽

ملتانی (مُلْ۔ تَا۔ نِیْ) (ف) (۱) ملتان کا رہنے والا (۲) مؤنث۔ ایک قسم کی راگنی (۳) ملتان سے منسوب (۴) مؤنث۔ ایک قسم کی زرد چکنی مٹی، جسے ملتانی مٹی بھی کہتے ہیں۔ گاچنی ✽

ملتبس (مُلْ۔ تَبِسْ) (ع) (۱) پوشیدہ کیا گیا۔ چھپا ہوا (۲) اشتباہ کیا گیا ✽

ملتجی (مُلْ۔ تَجِیْ) (ع) (۱) التجا کرنے والا۔ درخواست کرنے والا۔ متمنی۔ آرزومند۔ مستدعی (۲) منت سماجت کرنے والا۔ عاجزی کرنے والا ✽

مُلْتَزَمْ (مُلْ۔ تَزَمْ) (ع) مذکر۔ بیت اللہ میں رکن یمانی کے سامنے کا مقام، جہاں حاجت مندوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں ✽ **مُلْتَزِمْ** (۱) اپنے اوپر کوئی چیز یا فعل لازم کر لینے والا۔ التزام کرنے والا (۲) مذکر۔ محصول وصول کرنے والا ✽

ملتصق (مُلْ۔ تَصِقْ) (ع) لگا ہوا۔ پیوستہ۔ مِلا ہوا ✽

مُلتفت (مُلْ - تَفِت) (ع) التفات کرنے والا۔ توجہ کرنے والا (پانا، کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

مُلتَمَس (مُلْ - تَمَس) (ع) مذکر۔ عرض۔ معروض۔ **مُلتَمِس**۔ التماس کرنے والا۔ عرض کرنے والا۔ سائل۔

ملتوی (مُلْ - تَوِی) (ع) (۱) اِلتوا کرنے والا۔ دیر کرنے والا (۲) توقف کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ **ملتوی رکھنا۔ یا۔ کرنا** (ف) ڈھیل میں ڈالنا۔ ٹھہرانا۔ روکنا۔ **ملتوی رہنا۔ یا۔ ہونا**۔ توقف میں پڑنا۔ رُکنا۔ ہٹنا۔

مُلتَہَب (مُل - تَہَب) (ع) بھڑکا ہوا۔ شعلہ زن۔ **مُلتَہِب**۔ بھڑکنے والا۔ بھڑکانے والا۔

ملٹ (مَلَٹ) (ف) مذکر (۱) کتاب کا پٹھا۔ موٹا کاغذ (۲) بیٹھن کا کاغذ۔

ملٹری (مِل - ٹَری) (انگ۔ Military) فوجی۔ **مِلٹری پولیس**۔ مؤنث۔ فوجی پولیس۔ جنگی سپاہ۔

ملٹھی (مُلَٹھ۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "ملٹی"۔

ملجا (مَلْ - جا) (ع) مذکر۔ پناہ ملنے کی جگہ۔ پناہ گاہ۔ پشت پناہ۔ جائے پناہ۔ **ملجا وماوا**۔ مذکر۔ پناہ ملنے کی جگہ۔

ملچھ (مَلیچھ) (ہ) دیکھیے "ملیچھ"۔

ملح (مِلْح) (ع) مذکر۔ نمک۔ لون۔ شور۔ کھار۔

مُلحِد (مُلْ - حِد) (ع) راہِ حق سے پھرا ہوا۔ بے دین۔ کافر۔ فاسق۔

مُلحَق (مُلْ - حَق) (ع) (۱) ملا ہوا۔ لگا ہوا۔ جڑا ہوا۔ چپکایا ہوا۔ پیوستہ (۲) شریک (۳) منسلک (۴) (اصطلاحاً) حرام زادہ۔ **مُلحِق** (۱) وہ چیز، جو آخر میں آکر ملے۔ ملنے والا (۲) پہنچنے والا (۳) پہنچانے والا (۴) دریافت کرنے والا۔

ملحوظ (مَلْ - حُوظ) (ع) لحاظ کیا گیا۔ خیال رکھا گیا۔ غور کیا گیا (رکھنا، رہنا کے ساتھ)۔ **ملحوظِ خاطر** (۱) دلی توجہ۔ دلی خیال (۲) دل سے خیال رکھا گیا۔

ملخ (مَلَخ) (ف) مذکر و مؤنث۔ ٹڈی۔ ٹیڑی (اکثر "مور و ملخ" کی ترکیب سے مستعمل ہے۔)

ملخص (مُلَخْ - خَص) (ع) (۱) خالص۔ پاک (۲) مذکر۔ خلاصہ۔ اختصار۔

مُلذِذ (مُلَذْ - ذِذ) (عربی میں مُتَلَذِّذ ہے۔) لذت بڑھانے والا۔

مُکڑ مُکڑ (مُکَڑ۔ مُکَڑ) (ہ) (ع) (۱) بھولے پن سے (۲) عاجزی سے (۳) حسرت اور افسوس ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

مُلزِم (مُلْ - زِم) (ع) مذکر (۱) کسی کے ذمے کوئی کام کر دینے والا۔ لازم اور واجب کر دینے والا (۲) قصوروار۔ مجرم۔

ملزوم (مَلْ - زُوم) (ع) لازم کیا گیا۔ شریکِ حال۔

مُلصَق (مُلْ - صَق) (ع) (۱) پیوستہ کیا گیا۔ لگایا گیا۔ چمٹا ہوا (۲) (اصطلاحاً) حرام زادہ۔ **مُلصِق**۔ ملنے والا۔ چپکنے والا۔ پیوستہ ہونے والا۔

ملطّف (مُلَطْ - طِف) (عربی میں مُتَلَطِّف ہے۔) (اصطلاحِ طب) رقیق یا پتلا یا ملین کرنے والی دوا۔ **مُلَطِّفات**۔ مؤنث۔ مُلَطِّف کی جمع۔

ملعون (مَلْ - عُون) (ع) (۱) لعنت کیا گیا۔ لعین۔ نکالا گیا۔ مردود (۲) ابلیس۔ شیطان۔

ملغوبا (صحیح ترکیب میں مَلْ - غَبا اردو میں مَلْ - غُو - با) مذکر (۱) وہ چیز، جو مختلف چیزوں سے مل کر گاڑھی ہو گئی ہو (۲) خس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ (۳) ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا انبار (۴) آلودگی۔ آلائش (۵) پیپ۔ مواد۔

ملفوظ (مَلْ - فُوظ) (ع) (۱) پڑھا گیا (۲) بزرگوں کا کلام (۳) وہ کتاب، جس میں کسی بزرگ کے حالات اُنھیں کی زبانی لکھے گئے ہوں۔ **مَلفُوظات**۔ مذکر۔ ملفوظ کی جمع۔

ملفوف (مَلْ - فُوف) (ع) لفافہ کیا گیا۔ لفافے میں بند کیا ہوا۔ لپیٹا ہوا۔ بند۔ سربند۔

ملقّب (مُلَقْ - قَب) (ع) لقب دیا گیا۔ نام یا وصفی معنی دیا گیا۔ خطاب دیا گیا۔ معروف۔ نامزد۔ مخاطب۔

مَلَک (مَلَک) (ع) (۱) فرشتہ (۲) (ف) ساربان۔ **مَلَکُ المَوت**۔ مذکر۔ موت کا فرشتہ۔ جان نکالنے والا۔ عزرائیل۔ **مَلَکُ الموت کا گھر دیکھ لینا** (ف) کسی کا گھر میں مر جانا۔ **مَلَک خصلت۔ مَلَک سیرت۔ مَلَک نہاد** (ف) فرشتے کی سی عادت والا۔ نیک خو۔ بے گناہ۔ عفیف۔ معصوم۔ نیک۔ **مَلَکُوت** (ع) (۱) فرشتے۔ ملائکہ (۲) فرشتوں کے رہنے کا مقام۔ فرشتوں کا عالم (۳) (صوفیوں کی اصطلاح) عالمِ ارواح (۴) حکمرانی۔ سلطنت۔ بادشاہی۔ پروردگاری۔ قبضہ۔ **ملکوتی صفات**۔ فرشتوں کی سی خصلتیں رکھنے والا۔ **مَلَکی**۔ مَلَک سے منسوب۔ فرشتے کی مانند۔

مَلِک (مَلِک) (ع) مذکر (۱) سلطان۔ بادشاہ۔ فرماں روا (۲) (قدیم زبان میں) امیر۔ **مَلِکُ التُّجّار**۔ مذکر۔ سوداگروں کا بادشاہ۔ بہت بڑا سوداگر۔ بہت بڑے سوداگر کا خطاب۔ **مَلِکُ الشُّعَراء**۔ مذکر۔ شاعروں کا بادشاہ۔ بہت بڑا شاعر۔ سب سے بڑے شاعر کا شاہی خطاب۔ **مَلِک زادہ** (ع - ف) مذکر۔ شہزادہ۔ بادشاہ کا بیٹا۔ ولی عہد۔ **مَلِکہ** (ع) مؤنث (۱) مَلِک کی تانیث۔ بادشاہ کی بیوی۔ سلطانہ۔ قیصرہ۔ بادشاہ بیگم۔ حکومت کرنے والی عورت (۲) شہزادی۔ بادشاہ زادی (۳) چھتّے کی سب سے بڑی مکھی، جس کے ساتھ اَور مکھیاں پیش خدمت کے طور پر رہتی ہیں۔ **مَلِکہ مسوری** (ف) مؤنث۔ بڑی مسور۔ بڑی قسم کی مسور۔ **مَلِکۂ معظمہ** (ع) مؤنث۔ بڑی ملکہ۔ بزرگ ملکہ۔ قیصرہ۔

مَلِکہ وکٹوریہ (ا) مؤنث۔ قیصرۂ ہند آنجہانی کا نام ٭

مِلک (مِلْک) (ع) مؤنث (۱) کسی چیز کا مالک ہونا (۲) وہ چیز جو کسی کے قبضے میں ہو (۳) جاگیر۔ جائداد۔ معافی۔ زمینداری۔ ملکیت (۴) مال اسباب (۵) حق حقیقت ٭ مِلکی۔ مذکر (قصبات) وہ شخص، جو املاک زمین دیہات کا مالک ہو۔ ملک والا۔ زمیندار۔ جاگیردار ٭ مِلکی کیا جانے پرائے دل کی (ا) مطلبی شخص دوسرے کی تکلیف کو کچھ نہیں سمجھتا ٭ مِلکی نہ کہے دل کی۔ مثل۔ زمیندار دل کا بھید نہیں دیتا ٭ مِلکیّت (یہ لفظ ہندوستان میں مِلک سے بنا لیا گیا ہے۔ بہ تشدید یاء و بہ تخفیف یاء دونوں طرح مستعمل ہے۔ زیادہ تر زبانوں پر بہ تخفیف ہے ٭) مؤنث (۱) تصرف۔ قبضہ (۲) املاک۔ زمینداری۔ جائداد (۳) مال اسباب ٭ مِلکیّتِ استمراری مؤنث۔ ہمیشہ کی ملکیت ٭

مُلک (مُلْک) (ع) مذکر (۱) دیس۔ کشور۔ ولایت۔ اقلیم (۲) بادشاہی سلطنت۔ راج۔ قلمرو۔ عمل داری۔ علاقہ (۳) صوبہ۔ احاطہ (۴) نگر۔ شہر (۵) لوگ۔ خلقت ٭ مُلکِ خدا (ع۔ ف) مذکر۔ دنیا کی مخلوقات۔ دنیا ٭ مُلکِ خدا تنگ نیست، پائے گدا لنگ نیست (ف) مثل۔ خدا کا ملک تنگ نہیں اور فقیر کا پاؤں لنگڑا نہیں۔ کسی خاص مقام پر موقوف نہیں، ہر جگہ کوشش کرنے کا موقع ہے ٭ مُلک رانی (ع۔ ف) مؤنث۔ ملک کا انتظام کرنا۔ سیاست ٭ مُلک ستانی۔ مؤنث۔ دیکھیے "ملک گیری" ٭ مُلک سے خارج کرنا (ا) جلا وطن کرنا۔ بن باس دینا۔ دیس نکالا دینا۔ شہر بدر کرنا ٭ مُلک گیری (ع۔ ف) مؤنث۔ ملک لینا۔ فتح یابی۔ تسخیر۔ فتح۔ جیت۔ بادشاہی۔ حکم رانی ٭ مُلکی (ع) (۱) ملک کا۔ ملک والا (۲) وطن کا۔ قومی۔ حکم رانی کے متعلق ٭ مُلکی لارڈ یا لاٹ (ا) مذکر۔ سلطنت کا مدار المہام۔ نائب السلطنت۔ گورنر جنرل۔ وائسرائے ٭

مَلَکات (مَلَکات) (ع) مذکر۔ مَلَکۃ یا مَلَکہ کی جمع (۱) عادتیں۔ سیرتیں (۲) خوبیاں۔ صفات ٭ مَلَکاتِ ردّیہ۔ مذکر (۱) بُری عادتیں۔ بُری قوتیں (۲) وہ آٹھ بُری خصلتیں، جو اخلاق کی کتابوں میں درج ہیں: ضد، بُغض، حرص، بخل، غضب، کذب، کبر، بے حیائی ٭ مَلَکاتِ فاضلہ۔ مذکر (۱) بڑی عادتیں، بڑی قوتیں (۲) وہ چار اچھی خصلتیں، جو کتب اخلاق میں درج ہیں: حکمت، شجاعت، عفت، عدالت ٭

ملکانا (مَل۔ کا۔ نا) (ہ) (عو) (۱) بنا بنا کر بولنا (۲) ایک نو مسلم قوم ٭

ملکٹ (مَل۔ کٹ) (ہ) مذکر۔ انگیا کی کٹوری، جس میں چھاتی رہتی ہے ٭

ملکنا (مَلَک۔ نا) (ہ) (عو) اِٹھلانا۔ مٹکنا۔ اترانا ٭

مَلَکہ (مَلَکَہ) (ع) مذکر۔ استعداد۔ قابلیت۔ لیاقت۔ مہارت۔ تجربہ۔ عقل۔ ہنر۔ ادراک۔ فہم۔ استادی ٭ مَلَکہ حاصل ہونا (۱) قدرت یا مہارت حاصل ہونا۔ بے حد تجربہ ہونا ٭ مَلَکہ ہونا۔ مہارت ہونا۔ کسی بات کا کمال ہونا ٭

ملگجا (مَل۔ گجا) (ہ) مٹی کے رنگ کا۔ میلا۔ غبار آلود۔ کچھ اُجلا، کچھ میلا۔ وہ کپڑا، جس میں ملنے دلنے یا بے احتیاطی کے استعمال کرنے کے باعث شکنیں پڑ جائیں۔ بوسیدہ ٭ ملگجا پن۔ مذکر۔ ملگجا ہونا ٭ ملگجی۔ ملگجا کی تانیث۔ میلی ٭

مِلَل (مِلَل) (ع) مذکر۔ ملت کی جمع۔ مذاہب ٭

مَلماس (مَل۔ ماس) (ہ) مذکر (ہندو) نحس مہینا۔ منحوس مہینا، جس میں خوشی کی رسمیں نہیں کی جاتیں ٭

مِلماس (مِلْ۔ ماس) (ع) مذکر۔ قلم (یہ لفظ لغت کی مستند کتابوں میں نہیں پایا گیا) ٭

ملمچی (مُلَم۔ مچی) (ہ) مذکر (لکھنؤ) لوہے پر ملمع کرنے والا ٭

مَلمس (مَل۔ مَس) (ع) مذکر۔ بدن کی جلد۔ جسم کا بالائی حصہ ٭

مُلمّع (مُلَم۔ مَع) (ع) (۱) درخشاں۔ چمکتا ہوا (۲) سونا، چاندی چڑھا ہوا۔ گلٹ کیا ہوا (۳) مذکر۔ گلٹ۔ جھول۔ سونے چاندی کا ورق، پترہ یا پانی، جو کسی چیز پر چڑھایا جائے (۴) قلعی (۵) بناوٹ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ نرا دکھاوا (۶) (اصطلاح علم عروض) ایک زبان کی پوری نظم میں دوسری زبان کا ایک مصرع یا ایک سطر یا زیادہ ملا دینا ٭ ملمع پھرنا۔ یا۔ چڑھنا (ا) ملمع کا کسی چیز پر رنگ دینا ٭ ملمع ساز۔ یا۔ ملمع گر (ع۔ ف) ملمع بنانے والا۔ ملمع کرنے والا ٭ ملمع کار۔ منافق، جس کا ظاہر کچھ ہو، باطن کچھ ٭ ملمع کرنا (ا) (۱) سونا یا چاندی چڑھانا۔ گلٹ کرنا (۲) آب دینا۔ اُجلا کرنا۔ چمکانا (۳) (کنایۃً) ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا ٭ ملمع کھل جانا۔ نمائشی کارروائی کا حال ظاہر ہو جانا ٭

ململ (مَل۔ مَل) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا باریک کپڑا ٭

ململا (مَل۔ ملا) (ہ) (۱) (ہندو) دلگیر۔ غمگین۔ اداس (۲) کھاری۔ نمکین (۳) ململانا کا امر ٭ ململانا (ہندو) (عو) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ تڑپنا۔ لوٹنا ٭ ململاہٹ۔ مؤنث۔ (ہندو) (۱) اداسی (۲) پچھتاوا۔ افسوس۔ ارمان۔ حسرت۔ دریغ ٭ ململاہٹ آنا (ا) (ہندو) (عو) افسوس آنا۔ دریغ کرنا۔ پچھتانا ٭

ملنگ (مَ۔ لنگ) (ہ) مذکر (۱) سر پاؤں سے ننگا (۲) مست۔ بے خود۔ آپے سے باہر۔ بے ہوش (۳) مجرد آدمی (۳) مٹنا تازہ جوان آدمی (۴) وہ فقیر، جو شاہ مدار کا مرید ہو (۵) ایک قسم کا ہندو فقیر (۶) بے پروا آدمی، جسے تن بدن کی فکر نہ ہو (۷) ناؤ کی دیوار کا تختہ (۸) مؤنث۔ ایک چھوٹی چڑیا ٭

مُلّو (مُل۔ لو) (ہ) [لکھنؤ، دہلی میں مُلّا کہتے ہیں] مؤنث۔ وہ پرندہ، جس کے ہاتھ پاؤں باندھ کر جال میں ڈال دیتے ہیں تاکہ اُور پرندے بھی اسے دیکھ کر آ پھنسیں۔

مُلَوَّث (مُلَوْ۔ وَث) (ع) بھرا ہوا۔ آلودہ۔ لتھڑا ہوا۔ پلید۔ نجس۔ ناپاک (ہونا کے ساتھ)۔

مَلُوک (مَلُو ک) (ہ) (۱) نازک۔ خوب صورت۔ شکیل۔ حسین۔ اچھا۔ عمدہ (۲) مذکر۔ ایک قسم کا کپڑا۔

مُلُوک (مُلُو ک) (ع) مذکر۔ مَلِک (بادشاہ) کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ سلاطین۔ مُلُوکانہ (ع۔ ف) شاہانہ۔ خسروانہ۔ قیصرانہ۔ بادشاہوں جیسا۔

ملول (مَلُو ل) (ع) غمگین۔ اُداس۔ رنجیدہ (ہونا کے ساتھ)۔

مَلُولا (ہ) مذکر۔ رنج و ملال۔ غم۔ افسوس۔ حسرت۔ ارمان۔ پچھتاوا (آنا، اٹھنا، بِٹنا کے ساتھ)۔ مَلُولے۔ مذکر۔ مَلُولا کی جمع۔ حسرتیں۔ افسوس۔ ارمان (آنا، ہونا کے ساتھ)۔

مَلُولے بھرے ہونا۔ بہت سے ارمان ہونا۔ مَلُولے دل کے دل ہی میں رہنا۔ ارمان نہ نکلنا۔

ملوّن (مُلَوْ۔ وَن) (ع) گوناگوں۔ رنگ برنگ کا۔

ملہٹی۔ ملیٹھی (مُلَہ۔ ٹی، مُلے۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ چرمٹی کی جڑ۔ گھونگچی کے درخت کی جڑ، جس کا سفوف پانی میں ڈال کر کھایا جاتا ہے۔ اصل السوس۔

مُلْہَم (مُل۔ ہَم) (ع) الہام کیا گیا۔ وہ شخص، جس کے دل میں غیب سے کوئی بات پڑے۔ مُلْہِم۔ دل میں کوئی بات ڈالنے والا۔ الہام کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔ مُلْہِم غیب۔ مذکر۔ غیب سے کوئی بات دل میں ڈالنے والا۔ سروشِ غیب۔ ہاتف۔

مَلْھَو (مَلْہَ۔ ھَو) (ہ) مذکر۔ بوزنہ۔ بندر۔

مُلْھَو (مُلْہَ۔ ھَو) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "مُلّو"۔

ملیا۔ ملیّا (مَل۔ یا، مَل۔ یا) (ہ) مؤنث۔ ہانڈی کی مانند مٹی یا لکڑی کا چھوٹا برتن۔

ملے پنچ (مِلے۔ پنچ) (ہ) (چابک سواروں کی اصطلاح) مذکر۔ بوڑھا گھوڑا۔ عمر رسیدہ گھوڑا۔ آٹھ برس سے زیادہ عمر کا گھوڑا۔

ملیچ۔ ملیچھ (مَلیچ، مُلیچھ) (ہ) مذکر (۱) نجس و ناپاک، گندے لوگ۔ پلید آدمی (۲) جنگلی۔ وحشی (۳) بے دین۔ کافر۔

ملیح (مَلیح) (ع) (۱) سلونا۔ نمکین (۲) سانولے رنگ کا۔ سانولا سلونا۔ خوب صورت۔

ملیدہ (مَلی۔ دَہ) (ف) مذکر۔ مالیدہ کا مخفف (۱) ایک قسم کا ملائم پشمینہ، جو مَل کر نرم کیا جاتا ہے (۲) روٹی کے چھوٹے چھوٹے ریزے، جو شکر اور گھی میں ملا کر حلوا سا بنا لیتے ہیں۔

ملیریا (مَلے۔ رِیا) (انگ۔ Malaria) مذکر۔ موسمی بخار۔ مچھروں کا بخار۔

ملی میٹر (مِلی۔ مِی۔ ٹَر) (انگ۔ Millimetre) مذکر۔ علم مساحت میں ایک پیمانہ، جو میٹر کا ایک ہزارواں حصہ ہوتا ہے۔

مَلین (مَلِین) (ہ) (ہندو) (۱) میلا (۲) گندہ۔ ناپاک۔ غلیظ (۳) غمگین۔ اُداس۔ شکستہ (۴) منقبض۔ مکدر۔

مِلین (مِل۔ یَن) (انگ۔ Million) مذکر۔ دس لاکھ۔

مُلَیِّن (مُلَی۔ یِن) (ع) ملائم کرنے والا۔ نرم کرنے والا۔ قبض دُور کرنے والا۔

ملینہ (مَلی۔ نَہ) (ف) مذکر۔ دیکھیے "مرینہ"۔

م۔م

مم۔ ممّا (مَم، مَم۔ ما) (ہ) مذکر (شیر خوار بچوں کی زبان میں) پانی۔

ممات (مَمات) (ع) مؤنث۔ موت۔ مرنا۔ مرگ۔ مرن۔

مماثل (مُما۔ ثِل) (ع) مشابہ۔ مانند۔ مثل۔ نظیر۔ برابر۔ ہم مثل۔ مماثلت۔ مؤنث۔ مانند ہونا۔ مشابہت۔

ممارست (مُما۔ رَسَت) (ع) مؤنث۔ مشق۔ تجربہ۔

مماس (مُما۔ س) (ع) مَس کرنے والا۔ چھونے والا۔ وہ خط، جو دوسرے کو چھوتا ہوا گزرے۔

ممالک (مَما۔ لِک) (ع) مذکر۔ مملکت کی جمع۔ بہت سے ملک۔ صوبے۔ ممالکِ غیر۔ مذکر۔ وہ ملک، جو اپنی سلطنت سے باہر ہوں۔ ممالکِ غیر آئین۔ مذکر۔ وہ ملک، جن میں قانون کی پابندی نہ ہو۔ ممالکِ محروسہ۔ مذکر۔ وہ ملک، جو کسی بادشاہ کے قبضے اور اقتدار میں ہوں۔ ممالکِ ماتحت۔ ممالکِ مفوضہ۔ مذکر۔ سپرد کیے ہوئے ملک۔

ممالیک (مَما۔ لِیک) (ع) مذکر۔ مملوک کی جمع۔ غلام۔ بندے۔

ممانعت (مُما۔ نَعَت) (ع) مؤنث۔ روک۔ بندش۔ منع کرنا (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

ممانی (مُما۔ نی) (ہ) مؤنث۔ ماموں کی بیوی۔

ممبر (مِم۔ بَر) (مہند) (انگریزی میمبر Member) مذکر (۱) کسی کمیٹی یا جلسے کا رکن (۲) خاندان کا ایک رکن۔ ممبر آف پارلیمنٹ (انگ۔ Member of Parliament) مذکر۔ پارلیمنٹ کا رکن۔ انگلستان کی مجلسِ آئین ساز کا رکن۔ ممبر آف ڈسٹرکٹ بورڈ (Member of District Board) مذکر۔ مجلس ضلع کا رکن۔

ممتاز (مُم۔ تاز) (ع) (۱) امتیاز دیا گیا۔ عام لوگوں سے

جُداکیا گیا (۲) انتخاب کیا گیا (۳) شریف۔ عزّت دیا گیا (۴) مشہور۔ نامور (۵) افضل۔ اعلیٰ (۶) عالی رتبہ ٭ **ممتاز فرمانا۔ یا۔ کرنا** (۱) مرتبہ بڑھانا۔ عزّت بخشنا۔ معزّز کرنا ٭

مُمتَحَن (مُم۔ تَحَن) (ع) آزمایا گیا۔ جانچا گیا ٭ **مُمتَحِن**۔ امتحان لینے والا۔ جانچنے والا۔ پرکھنے والا۔ آزمانے والا۔ محاسب ٭

ممتد (مُم۔ تَدّ) (عربی میں دمشدّد) تانا گیا۔ کھینچا گیا۔ طویل۔ دراز۔ لمبا ٭

مُمتَلی (مُم۔ تَلی) (ع) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبریز۔ معمور ٭

مُمتَنَع (مُم۔ تَنَع) (ع) روکا گیا۔ منع کیا گیا ٭ **مُمتَنِع**۔ منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ باز رکھنے والا ٭ **مُمتَنِعُ الجواب**۔ جس کا جواب نہ ہو سکے ٭

ممٹی (مُم۔ ٹی) (ہ) مؤنث۔ گُمٹی ٭

مُمثّل (مُمَث۔ ثِل) (ع) مذکّر۔ ایکٹر۔ اداکار ٭

مُمِد (مُمِدّ) (عربی میں دمشدّد) مدد کرنے والا۔ مددگار۔ ساتھی ٭

ممدوح (مَم۔ دُوح) (ع) مدح کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔ وہ شخص، جس کی تعریف یا ذکر کیا گیا ہو ٭ **ممدوحہ**۔ تعریف کی گئی ٭

ممدود (مَم۔ دُود) (ع) لمبا کیا گیا۔ بڑھایا گیا۔ وسیع کیا گیا۔ پھیلایا گیا ٭ **ممدودہ**۔ مد والا۔ وہ الف، جس پر مد ہو۔ لمبی آواز کا الف ٭

ممر (مَمَرّ) (عربی میں رمشدّد) مذکّر، گزرنے کی جگہ۔ راہ گزر۔ راہ۔ راستہ ٭

ممریز (مَم۔ رِیز) (مہمیز کا مخرّب) مؤنث۔ کانٹا۔ لوہے کی دندانہ دار پھرکی، جو سواروں کے بوٹ کی ایڑی میں چابک کا کام دیتی ہے ٭

ممزوج (مَم۔ زُوج) (ع) ملایا ہوا۔ آمیختہ ٭

ممسک (مُم۔ سِک) (ع) (۱) خرچ نہ کرنے والا۔ بخیل۔ تنگ دل۔ شوم۔ کنجوس (۲) اِمساک بڑھانے والا ٭

ممکن (مُم۔ کِن) (ع) (۱) جو بات ہو سکے۔ ہو سکنے والی بات (۲) (۱) مجال۔ مقدور۔ طاقت (۳) منطق میں وہ شے، جس کا نہ ہونا ضروری ہو، جو معرضِ زوال و فساد میں ہو (۴) (کنایۃً) مخلوق۔ انسان ٭ **ممکن الحصول۔ ممکن الوصول**۔ وہ چیز، جو حاصل ہونے کے قابل ہو۔ وصول ہونے کے قابل ٭ **ممکن الوجود**۔ جس کا ہونا، نہ ہونا دونوں ضروری نہ ہوں۔ مخلوقات ٭ **ممکن الوقوع**۔ ہونے والی بات۔ جس کے واقع ہونے کا اِمکان ہو ٭ **ممکنات** (مذکّر و مؤنث) (۱) ممکن کی جمع (۲) مخلوق۔ وجود (۳) قابلِ حصول ٭

مملکت (مَم۔ لَکَت) (ع) مؤنث۔ سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی۔ فرماں روائی ٭

مملو (مَم۔ لُوّ) (عربی میں دمشدّد) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبریز ٭

مملوک (مَم۔ لُوک) (ع) مذکّر (۱) بندہ۔ غلام (۲) مِلک ٭ **مَملوکہ**۔ قبضہ کیا گیا۔ مقبوضہ۔ خریدا گیا ٭ **مملوکہ و مقبوضہ**۔ خریدا اور قبضہ کیا ہوا ٭

ممنوع (مَم۔ نُوع) (ع) (۱) منع کیا گیا۔ روکا گیا (۲) شرع کے خلاف۔ قانون کے خلاف۔ ناروا۔ ناجائز ٭ **ممنوع التصرّفات** مذکّر۔ وہ شخص، جو آئندہ دخل دینے سے منع کر دیا جائے ٭

ممنون (مَم۔ نُون) (ع) احسان کیا گیا۔ احسان مند۔ شکر گزار (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **ممنونیّت**۔ مؤنث۔ احسان مندی ٭

ممولا (مَمو۔ لا) (ہ) مذکّر۔ چڑیا کے برابر ایک پرندہ، جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔ بھانبو ٭ **ممولے**۔ مذکّر۔ ممولا کی جمع ٭ **ممولے چُننا** (بیگمات) خاطر تواضع کرنا۔ خاطر کے مارے بچھے جانا۔ آنکھیں بچھانا۔ آنکھوں پر رکھنا ٭

ممی (مَمی) مؤنث (۱) (ا) (چھوٹے بچّے) ماں۔ امّاں (۲) (انگ۔ Mummy) لاش، جو مسالا لگا کر محفوظ رکھی جائے ٭

ممیا خسر۔ یا۔ سسر (ا) مذکّر۔ خاوند یا بیوی کا ماموں ٭ **ممیا ساس**۔ مؤنث۔ خاوند یا بیوی کی ممانی ٭

مَمِیانا (مَم۔ یا۔ نا) (ہ) بکری کا بولنا۔ بکری کا مَیں مَیں کرنا ٭

ممیت (مُمِیت) (ع) مارنے والا۔ اللہ کا ایک صفاتی نام ٭

مَمیرا (مَمی۔ را) (ما میران کا مخرّب) مذکّر۔ ایک گٹھیلی اور ہلدی سے مشابہ جڑ، جو آنکھ کی بینائی کے لیے نہایت مفید دوا ہے ٭

مَمیرا (مَمے۔ را) (ہ) مذکّر۔ ماموں کا بیٹا ٭ **ممیرا بھائی**۔ مذکّر۔ خالو (ماموں) زاد بھائی ٭ **مَمیری**۔ مؤنث۔ ماموں کی بیٹی ٭

مُمَیَّز (مُمَی۔ یَز) (ع) تمیز کیا گیا۔ جدا کیا گیا ٭ **مُمَیِّز**۔ تمیز کرنے والا۔ اچھے کو بُرے سے جدا کرنے والا۔ تاڑنے والا۔ بُرے بھلے کو پہچاننے والا۔ شناسا ٭ **مُمَیِّزہ** (۱) تمیز کرنے والی۔ پہچاننے والی (۲) مؤنث۔ وہ قوّت، جو اچھے بُرے آدمی کی تمیز کرے ٭

م - ن

مَن (مَن) (ہ) مذکّر (۱) دل۔ قلب۔ جی۔ خاطر (۲) چالیس سیر کا وزن (۳) سانپ کا مُہرا (۴) کنوئیں کی مینڈ (۵) (س) مذکّر۔ قیمتی پتھر۔ جواہر (۶) (ف) اسّی تولے یا سولہ چھٹانک کا وزن ٭ **مَن اٹکنا** (ہندو) دل آنا۔ آنکھ لڑنا۔ عشق ہونا ٭ **مَن اُکتانا** (ہندو) جی سیر ہو جانا۔ گھبرانا۔ بیزار ہونا ٭ **مَن اُگلنا**۔ سانپ کا مُہرے کو منہ سے باہر نکالنا ٭ **مَن اُمراؤ کرم دلدّری** (ہ) مثل۔ دل میں امیری لیکن قسمت یاور نہیں ٭ **مَن بسنا** (ہ) (ہندو) دل میں سمانا۔ دل میں رہنا ٭ **مَن بھاتا**۔ دل پسند۔ مرغوبِ خاطر۔ خوش گوار ٭ **من بھاتا کھائیے، جگ بھاتا پہنیے**۔ مقولہ۔ کھانا وہ کھائیے،

جو دل کو مرغوب ہو اور لباس وہ پہنیے، جو عام پسند ہو ٭ **من بھاری کرنا** (عو) غمگین ہونا۔ اُداس ہونا۔ کُڑھنا ٭ **مَن بھاؤں۔ یا۔ بھاؤنا** (۱) جو دل کو پسند آئے، دل پذیر۔ دل پسند (۲) دل رُبا۔ دلدار معشوق۔ محبوب۔ پیارا۔ جانی ٭ **مَن بھاتے (چاہے) مُنڈ یا ہلائے۔** مثل (عوام) (عو) اندر دل تو چاہتا ہے، لیکن بظاہر انکار ہے۔ اوپری دل سے انکار ہے ٭ **مَن بھر** (۱) چالیس سیر آٹھ دھڑی وزن کے برابر (۲) (ہندو) جی بھر کر۔ دل کے موافق۔ خاطر خواہ ٭ **مَن بھر جانا۔ یا۔ پورا ہو جانا** (ہندو) طبیعت بھر جانا۔ دل سیر ہو جانا ٭ **من کا سر ہلاتے ہیں، پیسا بھر کی زبان نہیں ہلائی جاتی** (ر) مثل۔ مغرور شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو سلام کا جواب سر ہلا کر ہی دے دے، لیکن زبان سے بات نہ کرے ٭ **مَن پھٹ جانا** (ہ) (ہندو) دل بیزار ہو جانا۔ نفرت ہو جانا۔ اَن بَن ہو جانا ٭ **مَن چلا** ۔ دل چلا۔ دلاور۔ دلیر۔ بہادر۔ سُورما۔ بے باک۔ بے خوف۔ نڈر ٭ **مَن چلتا ہے، ٹٹو نہیں چلتا** ۔ مثل۔ حوصلہ بڑا ہے، مقدور کچھ نہیں۔ حوصلہ بڑا ہے، مگر کچھ ہو نہیں سکتا ٭ **مَن چلنا** (ہندو) (۱) دل چاہنا۔ کسی چیز کی طرف دل کا رغبت کرنا (۲) دل قابو میں نہ رہنا۔ دیوانہ ہو جانا (معنی ۲ میں "من چل جانا" مستعمل ہے۔) ٭ **من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا** ۔ مثل۔ اگر دل درست اور اعتقاد کامل ہو تو ہر جگہ خدا ہے ٭ **مَن سمجھوتی** ۔ مؤنث (ہندو) دل کا سمجھا لینا۔ اطمینانِ خاطر (کرنا کے ساتھ) ٭ **مَن کا چیتا** ۔ مذکر (ہندو) دل کا چاہا۔ دل کی خواہش ٭ **مَن کا مَیلا۔ یا۔ کھوٹا** (ہندو) دل میں کھوٹ رکھنے والا۔ منافق۔ ریا کار۔ بد باطن ٭ **مَن کچا کرنا** ۔ دل توڑنا۔ ہمت ہارنا ٭ **مَن کرنا** (ہندو) جی چاہنا۔ دل چاہنا۔ خواہش کرنا ٭ **مَن کھٹا ہونا** (ہندو) طبیعت بیزار ہونا ٭ **مَن کی ماری** (ہندو) افسردہ دل۔ مُردہ دل ٭ **مَن کی مَن میں رہنا۔** دل میں حسرت رہنا۔ ارمان رہنا ٭ **مَن کی مَوج** ۔ مؤنث۔ دل کی ترنگ، دل کی لہر ٭ **مَن کے چیتے ہونا** (ہندو) دل کی مُراد پوری ہونا ٭ **من کے لڈو پھوڑنا** (ہندو) دل ہی دل میں خوش ہونا۔ خیالی پلاؤ پکانا ٭ **مَن کے ہارے ہار ہے، مَن کے جیتے جیت۔** مثل۔ دل چھوڑ دینے سے کچھ نہیں ہوتا، حوصلے ہی سے کام بنتا ہے ٭ **مَن لُبھانا** (ہندو) دل کو مائل کرنا۔ دل کو فریفتہ کرنا ٭ **مَن للچانا** (ہندو) دل کا خواہش کرنا۔ دل چاہنا ٭ **من لینا** (ہندو) (۱) دل لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ عاشق بنا لینا (۲) منشا دریافت کرنا ٭ **مَن مار رہنا** (دہلی) (ہندو) دل مسوس کر رہنا۔ دل کی خواہش پر صبر اختیار کرنا ٭ **مَن مار کے بیٹھ رہنا** (ہندو) جی مار کر بیٹھ رہنا۔ مایوس ہو کر رہ جانا۔ صبر کر کے بیٹھ رہنا ٭ **مَن مارنا** (ہندو) (دہلی) (عو) دل کی خواہش دبانا۔ صبر اختیار کرنا ٭

مَن مانتا (دہلی) دل کے موافق۔ مَن بھاتا۔ خاطر خواہ حسب دل خواہ ٭ **مَن مانی** ۔ مؤنث (ہندو) (عو) دل کے مطابق۔ حسب منشا۔ خود اختیاری ٭ **مَن مانے** (ہندو) حسب دل خواہ۔ خاطر خواہ۔ دل میں آئے۔ دل چاہے ٭ **مَن مَست** (ر) (ہندو) ہنس مُکھ۔ ظریف۔ خوش طبع۔ زندہ دل ٭ **مَن موجی** (ہ) (ہندو) زندہ دل۔ خود مختار۔ آوارہ مزاج ٭ **مَن موہن** (ہندو) دل کو موہ لینے والا۔ دل رُبا۔ پیارا۔ محبوب۔ معشوق ٭ **مَن میں آنا** (ہندو) خیال میں آنا۔ جی میں گزرنا ٭ **مَن میں شیخ فرید، بغل میں اینٹیں** (ر) مثل۔ ظاہر اچھا، باطن بُرا ٭ **مَن ہرن** (ہندو) دل کا چور۔ دل چُرا لینے والا۔ معشوق ٭ فریفتہ کر لینا۔ دل چُرا لینا ٭

مَن (مَن) (ہ) مَنا کا امر ٭ **مَن مَن کر بگڑ جانا** ۔ راضی ہو کر پھرنا راضی ہو جانا ٭ **مَن منا دینا** ۔ راضی کر دینا ٭ **منا** ۔ منانا کا امر ٭ **منانا** (۱) رضا مند کرنا۔ روٹھے ہوئے کو راضی کرنا (۲) رِجھانا (۳) دعا کرنا۔ چاہنا۔ منّت ماننا (۴) یاد کرنا۔ نام لینا ٭ **مَنا** ۔ رنجیدگی رفع ہونا۔ خوش ہونا۔ راضی ہونا ٭ **مَنوا** ۔ منوانا کا امر ٭ **منوا کے چھوڑنا** ۔ اقرار کرا لینا۔ اپنی بات تسلیم کرا کے جانے دینا ٭ **مَنوانا** ۔ منظور کرانا۔ اقرار کرانا۔ تسلیم کرانا ٭

مَن (مَن) (ف) واحد متکلم کی ضمیر۔ مَیں ٭ **مَن آنم کہ مَن دانم۔** مقولہ۔ تعریف کے جواب میں اپنی عاجزی ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے ٭ **مَن ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو** ۔ مقولہ۔ اس موقع پر طنزاً بولتے ہیں، جب دو شخص ایک دوسرے کو نیک اور پاک باطن کہتے ہوں ٭ **من چہ می سرایم و طنبورۂ من چہ می سراید۔** وہاں کہتے ہیں، جہاں کسی شخص کا ایک بیان دوسرے بیان سے مختلف ہو ٭ **من خوب می شناسم پیرانِ پارسا را** ۔ مثل (طنزاً) میں چالاک لوگوں سے خوب واقف ہوں ٭

مَن (مَن) (ف) (۱) مذکر۔ تودہ، جیسے خرمن (۲) کلمۂ نسبت، جیسے دشمن (۳) ترازو کی ڈنڈی کا درمیانی سوراخ ٭

مِن (مِن) (ع) (۱) سے۔ از۔ کا (۲) بمقابلہ اس کے۔ بہ سبب۔ ماسوا (۳) مشابہ۔ مانند (۴) مع۔ ساتھ (۵) میں۔ بیچ۔ در ٭ **مِن اَوّلِہٖ اِلیٰ آخِرِہٖ** ۔ اوّل سے آخر تک۔ از سر تا پا۔ از ابتدا تا انتہا ٭ **مِن بعد** (۱) بعد سے۔ آگے کو۔ پھر۔ بعد ازاں۔ پس ازاں (۲) ابھی۔ جلد۔ فوراً۔ فی الفور ٭ **مِن جانب اللّٰہ** (۱) خدا کی طرف سے۔ غیب سے (۲) آپ ہی آپ۔ خود بخود ٭ **مِن جُملہ۔** کُل میں سے۔ تمام میں سے۔ سب میں سے ٭ **مِن حیثُ المجموع۔** مجموعی حیثیت سے ٭ **مِن کُلِّ الوُجوہ** ۔ ہر صورت سے۔ ہر طرح۔ بہر صورت۔ بہر حال ٭ **مِن کُلِّ وجہٍ** ۔ ہر وجہ سے۔ ہر حالت سے۔ بہر صورت۔ بہر حال۔ ہر طرح ٭ **مِن وعَن** (۱) حرف بحرف

تفصیل وار۔ واضح۔ مفصل (۲) ہو بہو۔ جوں کا توں ٭

مُن (مُنْ) (س) مذکر۔ مرتاض۔ سادھو۔ جوگی۔ زاہد ٭ **مُنی**۔ مذکر۔ رِشی۔ تپسّی۔ مرتاض۔ زاہد ٭

مَن (مَنّ) (ع) مذکر (۱) مِنّت۔ احسان (۲) ضرر۔ نقصان (۳) چالیس سیر بھر کا وزن (۴) میٹھی رطوبت، جو درخت کے پتّوں پر جم جاتی ہے۔ ایک قسم کی شیرینی، جو شہد کی مانند ہوتی تھی اور بنی اسرائیل کے لیے درختوں کے پتّوں پر جم جاتی تھی (فارسی اور اردو میں بتخفیفِ نون مستعمل ہے۔) ٭ **مَنّ و سلویٰ**۔ مذکر (مَنّ، ایک قسم کی شیرینی، دیکھیے مَنّ نمبر ۴ "سلویٰ" ایک چڑیا کا نام، جو شام کو حضرت موسیٰؑ کے لشکر کے گرد ہزاروں کی تعداد میں آکر جمع ہو جاتی، لشکر والے پکڑ لاتے اور کباب بنا کر کھاتے۔) نفیس کھانا۔ خوانِ نعمت ٭

مِنا (مِنَا) (ع) مذکر۔ مکۂ معظمہ کے قریب ایک مقام، جو پہاڑوں میں واقع ہے۔ وہاں حاجی لوگ قربانی کرتے ہیں ٭

مُنّا (مُنْ نَا) (ہ) مذکر (۱) پیار سے چھوٹے بچّے کو کہتے ہیں (۲) پیارا۔ لاڈلا۔ ننھا ٭

منابر (مَنَا۔ بِرْ) (مَنَا۔ بِرْ) (ع) مذکر۔ منبر کی جمع ٭

منات (مَنَاتْ) (ع) مذکر۔ عرب کا ایک مشہور بت، جس کی پرستش زمانۂ جاہلیت میں ہوتی تھی ٭

مناجات (مُنَا۔ جَاتْ) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) باہم راز کہنا (۲) عرض۔ التجا۔ دعا (۳) (مجازاً) خدا کو حاضر جان کر اس کی بارگاہ میں اس طرح دعا کرنا، جس طرح باتیں کیا کرتے ہیں (۴) وہ نظم، جس میں خدا کی تعریف اور اپنی فروتنی ظاہر کر کے دعا اور التجا کی جاتی ہے (پڑھنا، لکھنا کے ساتھ) ٭ **مناجاتی**۔ مناجات پڑھنے والا ٭

منادمت (مُنَا۔ دَمَتْ) (ع) مؤنث۔ مصاحبت۔ ہم نشینی ٭

منادیٰ (مُنَا۔ دَا) (ع) (۱) پکارا گیا۔ بلایا گیا (۲) مذکر۔ وہ جسے پکاریں ٭

مُنادِی (۱) (ع) کسی بات کا اعلان کرنے کے لیے آواز دینے والا۔ ڈھنڈورچی (۲) (ف) مؤنث۔ ڈھول کی آواز، جو اس غرض سے ہو کر لوگ آگاہ ہو جائیں (پٹنا، پیٹنا کے ساتھ) (۳) (اَمُنادِی) دین کی تلقین۔ وعظ (پھرنا، پھیرنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

منادیل (مَنَا۔ دِیْلْ) (ع) مذکر و مؤنث۔ مِندیل کی جمع (۱) رومال (۲) پگڑیاں (۳) ٹوپیاں ٭

منار۔ منارہ (مَنَارْ، مَنَا۔ رَہْ) (ع) مذکر (۱) اونچا ستون۔ لاٹھ۔ تھم۔ کھم۔ پیل پایہ (۲) جہاز کو روشنی دکھانے کا اونچا ستون۔ دیکھیے "مینار" ٭

منازعت (مُنَا۔ زَعَتْ) (ع) مؤنث۔ جھگڑا۔ تکرار۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ بحث ٭

منازع فیہ (مُنَا۔ زَعْ۔ فِیْہْ) (ع) مذکر۔ وہ امر، جس کے لیے جھگڑا ہو ٭

منازل (مَنَا۔ زِلْ) (ع) مذکر و مؤنث۔ منزل کی جمع۔ اترنے کی جگہیں۔ درجے۔ مقامات۔ مکانات ٭ **منازلِ قمر**۔ مذکر و مؤنث۔ چاند کے ستائیس گھر۔ مقاماتِ قمر۔ نچھتر ٭

مُناسِب (مُنَا۔ سِبْ) (ع) (۱) نسبت رکھنے والا۔ شایاں۔ زیبا۔ موافق۔ لائق۔ موزون (۲) درست۔ ٹھیک۔ معقول (۳) جائز اور لازم (سمجھنا کے ساتھ) ٭ **مُناسَبت**۔ مؤنث۔ آپس میں نسبت رکھنا۔ موزونیت۔ تعلق۔ علاقہ۔ لگاؤ ٭

مناسخہ (مُنَا۔ سَخَہْ) (ع) مذکر۔ علم فرائض کا ایک قاعدہ، جس کے رو سے وارثوں کے حصّے ٹھہرائے جاتے ہیں (لگانا کے ساتھ) ٭

مناسک (مَنَا۔ سِکْ) (ع) مذکر (۱) حج کے ارکان (۲) حاجیوں کی عبادت کے مقامات ٭

مناصب (مَنَا۔ صِبْ) (ع) مذکر۔ منصب کی جمع۔ عہدے۔ رتبے ٭

مناصفت (مُنَا۔ صَفَتْ) (ع) مؤنث۔ آدھوں آدھ۔ برابر کے دو حصّے۔ نصفا نصفی ٭ **مُناصَفَہ**۔ مذکر۔ آدھوں آدھ کرنا ٭

مناط (مَنَاطْ) (ع۔ مصدر میمی اور صیغہ اسم ظرف) (۱) مقصد (۲) بنیاد ٭ **مناطِ دعویٰ**۔ مذکر۔ دعوے کی بنیاد ٭

مناظر (مَنَا۔ ظِرْ) (ع) منظر کی جمع (۱) تماشا گاہیں (۲) جھروکے ٭

مُناظِر (مُنَا۔ ظِرْ) (ع) مناظرہ کرنے والا۔ معترض۔ تکراری۔ حجتی۔ جھگڑالو ٭ **مُناظَرہ**۔ مذکر۔ تکرار۔ بحث مباحثہ۔ مذہبی امور کے متعلق بحث کرنا ٭

مناظمہ (مُنَا۔ ظَمَہْ) (ع) مذکر۔ آپس میں نظمیں پڑھنا ٭

منافات (مُنَا۔ فَاتْ) (ع) مؤنث (۱) ایک دوسرے کو نفی کرنا۔ ایک دوسرے کو نیست کرنا۔ ایک دوسرے کی ضد ہونا۔ نقیض۔ ضدیّت ٭

منافذ (مَنَا۔ فِذْ) (ع) مذکر۔ منفذ کی جمع (۱) راستے (۲) سوراخ۔ رخنے (۳) مسامات (۴) روزن ٭

منافرت (مُنَا۔ فَرَتْ) (ع) مؤنث۔ باہم نفرت کرنا ٭

منافست (مُنَا۔ فَسَتْ) (ع) مؤنث۔ ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا ٭

منافع (مَنَا۔ فِعْ) (ع) مذکر۔ منفعت کی جمع۔ فائدے ٭ **مُنافِع**۔ نفع دینے والا۔ فائدہ دینے والا ٭

منافق (مُنَا۔ فِقْ) (ع) مذکر (۱) نفاق رکھنے والا۔ ریاکار۔ مکّار (۲) ملحد۔ بے دین۔ کافر (۳) ظاہر میں مسلمان اور باطن میں کافر ٭ **مُنافَقَت**۔ مؤنث (۱) ریاکاری۔ مکّاری۔ دورُوئی۔ دودلی (۲) باطن کا ظاہر کے خلاف ہونا ٭

منافی (مُنَا - فِیْ) (ع) نفی کرنے والا - خلاف - ضد۔

مَنَاقِب (مَنَا - قِب) (ع) مذکر - منقبت کی جمع (۱) اوصاف - تعریفیں - بھلائیاں - خوبیاں (۲) اہلِ بیت اور اصحابِ کبار کی مدح۔

مُنَاقَبَت - مؤنث (۱) حمد و تعریف - صفت و ثنا ، (۲) اہلِ بیت اور اصحابِ کبار کی تعریف۔

مناقشہ (مُنَا - قَشَہ) (ع) مذکر - جھگڑا - نزاع - قصہ - ٹنٹا - قضیہ۔

مناقض (مُنَا - قِض) (ع) توڑنے والا - ناموافق - مخالف۔ **مُناقضہ** - مذکر - ایک دوسرے کی بات توڑنا - باہم - بحث - جھگڑا۔

مناکحت (مُنَا - کَحَت) (ع) مؤنث - نکاح کرنا - باہم نکاح ہونا - ازدواج - عقد - نکاح۔

مَنال (مَنَال) (ع) مذکر - جائداد - جاگیر - دھن دولت - مال اسباب۔

مُنال (مُنَال) (ہ) مذکر - ایک نہایت خوب صورت جانور ، جس کی گردن میں سبز لاجوردی کنٹھا اور سر پر تاج ہوتا ہے - مرغِ زرّیں۔

منّان (مَن - نان) (ع) (۱) بہت احسان کرنے والا - نیکی کرنے والا - نعمت دینے والا (۲) احسان رکھنے والا (۳) اللہ کا ایک صفاتی نام۔

مناہج (مَنَا - ہِج) (ع) مذکر و مؤنث - منہج کی جمع - راستے - راہیں - سیدھی اور کھلی راہیں۔

مناہی (مَنَا - ہِی) (۱) (ع) مذکر و مؤنث - منہی کی جمع - منع کی ہوئی چیزیں - ناجائز باتیں - خلاف شرع کام (۲) (و) مؤنث (واحد) ممانعت - روک ٹوک۔

مُنبّت (مُنَب - بَت) (ع) (۱) اُگایا ہوا (۲) (نقاشوں اور معماروں کی اصطلاح) وہ نقش ، جو سطح سے اوپر ابھرا ہوا ہو۔ **مُنبّت کاری** (ع - ف) مؤنث - بیل بوٹے کا کام ، جو لکڑی وغیرہ پر کیا جاتا ہے۔

منبر (مِم - بَر) (ع) مذکر (۱) بلند ہونے کا آلہ (۲) وہ اونچی جگہ ، جس پر بیٹھ کر خطیب جمعے کو اور عیدین میں خطبہ پڑھتا ہے (۳) لکڑی کا زینہ ، جس پر بیٹھ کر مرثیہ پڑھتے ہیں۔

منبسط (مُم - بَسِط) (ع) (۱) پھیلنے والا - بچھنے والا - کشادہ ہونے والا (۲) (مجازاً) مسرور - خوش - شادماں۔

منبع (مَم - بَع) (ع) مذکر (۱) پانی نکلنے کی جگہ - سوتا - چشمہ (۲) (و) پانی کا خزانہ - پانی کا نل - پمپ۔

مَنّت (مَن - نَت) (ہ) مؤنث (۱) کسی مراد کے لیے کوئی مانی ہوئی بات (۲) نذر ، نیاز ، بھینٹ ، عہد ، نیت ، ماننا۔ **مَنّت بڑھانا** (عو) (۱) مراد پوری ہونے پر نذر نیاز کرنا ، ماننا کو ادا کرنا ، عہد پورا کرنا - بھینٹ دینا - کسی بزرگ کے نام جو کچھ دینے یا کسی کام کے کرنے کا وعدہ کیا ہو ، اسے پورا کرنا (۲) منّت پوری ہونے پر تعویذ ، گنڈا ، طوق وغیرہ اتارنا۔ **مَنّت چڑھانا** - مراد پوری ہونے پر منّت ادا کرنا - عہد پورا کرنا - بھینٹ دینا۔ **مَنّت کا طوق - مَنّت کی بیڑی - مَنّت کی ہنسلی** (و) ۱ مذکر ۲،۳ مؤنث - کسی پیر یا دیوتا وغیرہ کے نام کا طوق یا بیڑی یا ہنسلی ، جو عورتیں بچوں کو پہنا دیتی ہیں (بڑھانا ، بڑھنا ، پہنانا کے ساتھ)۔ **مَنّت کرنا** (ہ) (عو) منّت ماننا۔ **مَنّت کے بال** - مذکر - وہ بال یا چوٹی ، جو کسی بزرگ کے نام پر کچھ عرصے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔ **مَنّت ماننا** (عو) نیاز ماننا - نذر ماننا - چڑھاوا چڑھانا - بھینٹ ماننا - عہد کرنا - منّت کرنا۔ **مَنّتیں** - مؤنث - مَنّت کی جمع - نذریں - مانتائیں۔ **مَنّتیں ماننا** - نیاز کے وعدے کرنا - نذریں ماننا۔

مِنّت (مِن - نَت) (ع) مؤنث (۱) نعمت دینا - کسی پر اپنی نیکی کا بیان کرنا - کیے ہوئے احسان کا جتانا (۲) ممنون کرنا - ممنون ہونا - کسی سے نیکی یا احسان کرنا - احسان - نکوئی - سلوک - بھلائی (۳) (ف) خوشامد - چاپلوسی - عاجزی - التجا (۴) شکر - شکر گزاری - شکریہ۔ **مِنّت اٹھانا** (و) ممنون ہونا - احسان اٹھانا۔ **مِنّت پذیر** (ع - ف) احسان ماننے والا - احسان مند۔ **مِنّت دار** (و) (عو) ممنون - احسان مند (۲) عاجزی کرنے والا (کرنا کے ساتھ)۔ **مِنّت سماجت** (ع) مؤنث - عاجزی - خوشامد درآمد۔ **مِنّت شناس** (ع - ف) احسان مند۔ **مِنّت کرنا** (و) التجا کرنا - انکسار کرنا - عاجزی کرنا۔ **مِنّت کش** (ع - ف) احسان مند - احسان لینے والا (ہونا کے ساتھ)۔ **مِنّت کشی** - مؤنث - احسان مندی۔ **مِنّت کھینچنا** (و) احسان مند ہونا - احسان برداشت کرنا۔ **مِنّت گزار** (ع - ف) ممنون - شکر گزار۔ **مِنّت لینا** (و) احسان لینا۔ **مِنّتی** (و) مؤنث - خوشامد - عاجزی۔ **مِنّتیں** - مؤنث - مِنّت کی جمع - التجائیں - عاجزیاں (کرنا کے ساتھ)۔

مُنتج (مُن - تِج) (ع) نتیجہ دینے والا - ثمرہ دینے والا۔

منتخب (مُن - تَخَب) (ع) (۱) انتخاب کیا گیا - چھانٹا ہوا - چنا ہوا - برگزیدہ - پسندیدہ (۲) یکتا - عجیب - نایاب (۳) مذکر - خلاصہ - انتخاب (۴) مؤنث - عربی کا ایک لغت (کرنا ، ہونا کے ساتھ)۔

منتر (مَن - تَر) (ہ) مذکر (۱) جادو - سحر - ٹونا - افسون - کلام (۲)

وید کا ایک حصہ ۔ منتر پڑھنا ۔ کلام پڑھنا۔ عمل پڑھنا ۔
منتر پھونکنا ۔ جادو کے کلمات پڑھ کر دم کرنا۔ افسون پڑھنا ۔
منتر جنتر ۔ مذکر ۔ ٹونا ۔ جادو ۔ جھاڑ پھونک ۔ منتر چلانا ۔
ٹونا کرنا ۔ عمل کرنا ۔ منتر دینا ۔ مرید کو دینی ہدایت کرنا ۔
تلقین کرنا ۔ مرید بنانا ۔ چیلا بنانا ۔ منتر مارنا ۔ ٹونا کرنا ۔ جادو کرنا ۔
منتری ۔ مذکر (۱) مرشد ۔ پیر ۔ رہبر ۔ ہادی ۔ ہدایت کرنے والا (۲)
مشیر ۔ وزیر ۔ صلاح کار (۳) ساحر ۔ جادوگر ۔ فسوں گر ۔
منتسب (مُن ۔ تَسِب) (ع) نسبت رکھنے والا ۔ لگاؤ رکھنے والا ۔
منتشر (مُن ۔ تَشِر) (ع) (۱) پراگندہ ہونے والا ۔ پھیلنے والا ۔ پراگندہ ۔
متفرق ۔ تتر بتر (۲) پریشان ۔ حیران (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔
منتظر (مُن ۔ تَظِر) (ع) انتظار کرنے والا ۔ راہ دیکھنے والا ۔ آس تکنے والا
(رکھنا ، رہنا ، ہونا کے ساتھ) ۔ منتظرِ حکم ۔ حکم کا منتظر رہنے والا ۔
فرمان پذیر ۔ نہایت فرمان بردار ۔ منتظری (ع ۔ ف) مؤنث ۔ انتظار ۔
منتظم (مُن ۔ تَظِم) (ع) انتظام کرنے والا ۔ اہتمام کرنے والا (۲) (لڑ)
اجزورس ۔ کفایت شعار (۳) مہتمم ۔ منصرم ۔ کارپرداز ۔
منتفع (مُن ۔ تَفِع) (ع) (۱) نفع حاصل کرنے والا ۔ فائدہ اٹھانے والا (۲) ۔
فائدہ مند ۔
منتفی (مُن ۔ تَفِی) (ع) نیست ہونے والا ۔ فنا ہونے والا ۔
منتقل (مُن ۔ تَقَل) (ع) بدلا گیا ۔ تبدیل کیا گیا ۔ انتقال کیا گیا ۔ ایک کے
نام سے دوسرے کے نام کیا گیا ۔ بیع کیا گیا ۔ منتقل الیہ ۔ مذکر (قانون)
وہ شخص ، جس کے نام کوئی چیز منتقل کی جائے ۔ مُنتقِل ۔ ایک جگہ
سے دوسری جگہ جانے والا ۔ مکان بدلنے والا (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔
منتقم (مُن ۔ تَقِم) (ع) (۱) انتقام لینے والا ۔ بدلا لینے والا ۔ عوض لینے والا
(۲) اللہ کا ایک صفاتی نام ۔ منتقمِ مجازی ۔ مذکر (ظاہرا بدلا دینے والا ۔
بادشاہ ۔ حاکم ۔
منتہا ۔ منتہیٰ (مُن ۔ تَہا) (ع) (۱) انتہا کو پہنچا ہوا ۔ تمام ۔ پورا ۔
مکمل ۔ کامل (۲) مذکر ۔ ثمرہ ۔ پھل ۔ حاصل (۳) انجام ۔ حد ۔
مُنتہی (۱) انتہا کو پہنچنے والا (۲) وہ شخص ، جو علم کی تحصیل پوری
کر چکا ہو ۔ عالم فاضل ۔ لائق ۔ کامل ۔
منٹ (مِنَٹ) (انگ minute) مذکر ۔ گھنٹے کا ساٹھواں حصہ ۔ ساٹھ سکنڈ
کا وقت ۔ پل ۔ لمحہ ۔
منثور (مَن ۔ ثُور) (ع) (۱) ان بندھا موتی ۔ ڈرینا شگفتہ (۲) پراگندہ ۔
متفرق (۳) کلام ، جو منظوم نہ ہو ۔ نثر ۔
منج ۔ منجھ (مَنج ۔ مَنجھ) (ہ) منجنا ، منجھنا کا امر ۔ منجا ۔ منجھا (۱)
صاف کیا ہوا ۔ رگڑا ہوا (۲) جو زیادہ مشق کے باعث قابو میں ہو
(۳) تجربہ کار (" ہوا " کے ساتھ مستعمل ہے) (۴) منجنا ،
منجھنا سے ماضی مطلق ۔ منجن ۔ مذکر ۔ دانت صاف کرنے کا

سفوف (لگانا ، ملنا کے ساتھ) ۔ منجنا ۔ منجھنا (عل لکھنؤ ، دہلی)
(۱) صاف ہونا ۔ اجلا ہونا (۲) برتنوں کا صاف ہونا (۳) مشاق ہونا ۔ تجربہ کار ہونا
(۴) شائستہ ہونا ۔
منجذب (مُن ۔ جَذِب) (ع) جذب ہونے والا ۔
منجر (مُن ۔ جَر) (عربی میں ر مشدد) کھینچا گیا ۔ کھینچنے والا ۔
منجلاب (مَن ۔ جَلاب) (ف) مذکر (۱) خراب اور گندہ پانی ڈالنے کی
جگہ (۲) گندہ پانی ۔
منجلی (مُن ۔ جَلی) (ع) ظاہر ۔ روشن ۔ آشکارا ۔
منجم (مُنَج ۔ جِم) (ع) مذکر (۱) ستاروں کا علم جاننے والا ۔ نجومی ۔ جوتشی ۔
منجمد (مُن ۔ جَمِد) (ع) سردی سے جما ہوا ۔ بستہ ۔ ٹھوس (ہونا
کے ساتھ) ۔
منجنیق (مَن ۔ جَنِیق) (فارسی منجنیک کا معرب) مذکر ۔ ایک قسم کا
آلہ ، جس کے ذریعے سے بڑے بڑے پتھر مار کر دیوار گرائی جاتی ہے ۔ بڑا فلاخن ۔
ڈھیکلی ۔
منجھ (مَنجھ) (ہ) بیچ ۔ درمیان ۔ وسط ۔ منجھ دھار (منجھدھار
منجدھار) مؤنث (۱) سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار (۲) (کنایۃً)
مصیبت ۔ عین مصیبت کی جگہ ۔ منجھ دھار (منجھدھار)
میں پڑنا (۱) دریا کے بیچ میں پھنسنا (۲) بڑی مصیبت میں پڑنا ۔
منجھا ۔ مذکر (۱) چرخے کا وہ درمیانی حصہ ، جس کے اوپر مال رہتی
ہے (۲) اٹیرن کے بیچ کی لکڑی (۳) چوکی ۔ لکڑی کا تختہ ۔ منجھلا ۔
درمیان کا ۔ بیچ کا ۔ درمیانی ۔ منجھلا روزہ (و) مذکر ۔ رمضان شریف
کی چودھویں تاریخ کا روزہ ۔ منجھلی ۔ بیچ کی ۔ درمیانی ۔ منجھو ۔
درمیانہ ۔ منجھلا ۔ منجھولا (۱) متوسط ۔ میانہ ۔ بڑا نہ چھوٹا (جاندار
چیز کے لیے مستعمل نہیں) (۲) مذکر ۔ اوسط درجے کی چھوٹی دیگ ۔
منجھولی (۱) میانہ اور متوسط چیز (۲) مؤنث ۔ ایک قسم کی چھوٹی
بہلی ۔
منجھیلا (منجھے ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) ڈھیل ۔ التوا ۔ دیر ۔ وقفہ ۔ تعویق (۲)
(عو) بکھیڑا ۔ جھگڑا (پڑنا ، ڈالنا کے ساتھ) ۔ منجھیلی ۔ مؤنث (۱) دوپہر
(۲) (مجازاً) چپ چاپ ۔ سنسان ۔ منجھیلی رات ۔ مؤنث ۔
چپ چاپ رات ۔ سنسان رات ۔ ڈراؤنی رات ۔
منجیرا (منجی ۔ را) (ہ) مذکر ۔ جوڑی ۔ پیتل کی دو کٹوریاں ، جو طبلے کے ساتھ
بجائی جاتی ہیں ۔
منحرف (مُن ۔ حَرِف) (ع) (۱) پھرنے والا ۔ ٹیڑھا ۔ ترچھا (۲) برگشتہ
ہونے والا ۔ غدار ۔ باغی ۔ سرکش (ہونا کے ساتھ) ۔
منحصر (مُن ۔ حَصِر) (ع) (۱) گھیر لینے والا (۲) موقوف ۔ وابستہ ۔ متعلق ۔
مشروط ۔
منحنی (مُن ۔ حَنی) (ع) (۱) ٹیڑھا ۔ جھکا ہوا ۔ خمیدہ ۔ کوزپشت (۲)

(مجازاً) لاغر۔ دُبلا۔ نحیف۔ کمزور۔

منحوس (مَن۔ حُوس) (ع) (۱) بدنصیب۔ بدبخت۔ شوم (۲) زشت۔ بد۔ بُرا (۳) (ل) گھناؤنا۔ مکروہ۔

منخر (مِن۔ خَر، مَن۔ خَر) (ع) مذکر۔ ناک کا چھید۔ نتھنا۔

مندا (مَن۔ دَا) (ہ) (ہندو) (عوام) (۱) مدّھم۔ دھیما۔ ہلکا۔ کم (۲) ارزاں۔ سستا۔ **مندا بیچنا**۔ ارزاں فروخت کرنا۔ سستا بیچنا۔

مندا پڑنا (۱) ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ دھیما ہونا (۲) ارزاں ہونا۔ سستا ہونا۔ کم ہونا۔ **مندا ہونا** (۱) ارزاں ہونا۔ سستا ہونا (۲) کساد بازاری ہونا۔ مدّھم ہونا۔ **مَندی** (۱) ہلکی۔ دھیمی۔ کم۔ مدّھم (۲) سستی۔ ارزانی۔

مندر (مَن۔ دَر) (ہ) مذکر (۱) شوالہ۔ پرستش گاہ۔ معبد (۲) محل۔ مکان۔ گھر۔

مُندرا (مُن۔ دَرا) (ہ) مذکر (۱) جوگیوں کے کان کا کنڈل (۲) کان کا ایک زیور۔ **مُندری**۔ مؤنث (ہندو) (۱) کان میں ڈالنے کا چھلا (۲) انگشتری۔ انگوٹھی (۳) مُہر۔ چھاپ۔ **مُندڑیا**۔ مؤنث۔ مُندری کی تصغیر۔

مندرازی (مَن۔ دَرا۔ زِی) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا پان، جو مدراس کی طرف سے آتا ہے۔

مندرج (مُن۔ دَرِج) (ع) درج کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔ داخل۔ شامل۔ **مُندرجہ**۔ درج شدہ۔ **مُندرجۂ بالا**۔ اوپر لکھا ہوا۔

مندرس (مُن۔ دَرِس) (ع) مذکر۔ اترے ہوئے کپڑے۔ اترن۔

مندفع (مُن۔ دَفِع) (ع) دفع ہونے والا۔ دُور ہونے والا۔

مندل (مَن۔ دَل) (ہ) مذکر و مؤنث (ہندو) (۱) ڈھول۔ دھونسا۔ طبلہ (۲) سونا۔ بلیغ۔ چشمہ (۳) بندرگاہ (۴) چرخے کے بیچ کی موٹی لکڑی جس پر مال پھرتی ہے (ان معنی میں ڈال سے بول چال میں ہے اور منڈلا بھی کہتے ہیں)۔

مندل (مَن۔ دَل) (ف) مذکر۔ وہ حلقہ، جو دعا یا منتر پڑھنے والے اپنے گرد بنا لیتے ہیں۔

مندلا (مَن۔ دَلا) (ہ) مذکر۔ درخت کا وہ حصہ، جو جڑ سے ٹہنیوں تک ہوتا ہے۔ تنہ۔ دھڑ۔

مُندنا (مُن۔ دَنا) (ہ) (ہندو) (۱) مچنا۔ بند ہونا (۲) بھڑنا۔ دروازے کا بند ہونا (۳) چھپنا۔ غائب ہونا (اب اکثر ان معانی میں بند ہوجانا مستعمل ہے)۔

مندمل (مُن۔ دَمِل) (ع) وہ زخم، جو انگور لائے۔ گھاؤ بھرنے والا۔

مندوب (مَن۔ دُوب) (ع) مذکر (۱) رویا گیا۔ ماتم اور نوحہ کیا گیا (۲) وہ لفظ، جو روتے ہیں بین کے طور پر کہا جائے (۳) نمائندہ رکن، جو کام کے لیے بلایا گیا ہو۔ ڈیلیگیٹ۔

مندیل (مَن۔ دِیل) (ع) مؤنث (۱) رومال۔ انگوچھا (۲) کمر کا پٹکا۔ پیٹی (۳) بے سلا کپڑا (۴) طلائی پگڑی۔ عمامۂ زریں (۵) ایک خاص قسم کی گول ٹوپی (اردو میں بہ فتحۂ میم سے بولتے ہیں)۔

مُنڈ (مُنڈ) (ہ) مذکر (۱) کھوپڑی۔ سر (۲) ایک راکشس (۳) سرغنہ۔ سردار۔ سرگروہ۔ استاد (۴) جس کے پتے گر گئے ہوں (۵) (خارج از تقطیع نون غنہ سے) مُنڈنا کا امر۔ **مُنڈ چِرا**۔ **مُنڈ چِڑا**۔

مُنڈ چِڑھا۔ فقیروں کا ایک گروہ، جو سر اور ماتھا زخمی کر کے بھیک مانگتا ہے۔ اگر کوئی نہ دے تو ضد باندھ کر وہیں اڑ بیٹھتا اور جسم لہولہان کر لیتا ہے (۲) (کنایۃً) ہٹیلا۔ ضدی۔ **مُنڈ چِڑا پن**۔ مذکر۔ ہٹ۔ ضد۔ کسی سائل کی ضد۔ ہٹیلا پن۔ **مُنڈ کری**۔

مُنڈ کڑی۔ مؤنث۔ گھٹنوں میں سر دے کر بیٹھنے کا طریقہ۔

مُنڈ کری مارنا۔ گھٹنوں میں سر دے کر رنج و غم کی حالت میں سونا۔ **مُنڈا** (۱) سر منڈا ہوا۔ صفاچٹ (۲) مذکر۔ ایک قسم کا جوتا، جس کی نوک نہیں ہوتی (۳) مذکر (پ) چھوکرا۔ لونڈا۔ لڑکا۔ بالک۔ طفل (۴) شاگرد۔ مرید۔ چیلا۔ بالکا (۵) (ل) وہ بیل یا بکرا یا بھینسا، جس کے سینگ نہ ہوں (۶) وہ درخت، جس پر شاخیں اور پتے نہ ہوں (۷) وہ ہندی حرف، جس پر اعراب نہیں دیتے۔

مُنڈاسا (مُڑاسا) مذکر۔ پھینٹا۔ پگڑی۔ دستار۔ عمامہ۔

مُنڈاسا باندھنا (۱) پگڑی باندھنا (۲) (عو) سر چڑھنا۔ **مُنڈانا**۔ سر پر استرا پھرانا۔ سر کے بالوں یا ڈاڑھی کا صفایا کرانا۔ **مُنڈائی**۔ مؤنث۔ سر منڈانے کی اجرت۔ حجامت بنوائی۔ **مُنڈک** (س) مذکر (ہندو) نائی۔ حجام۔ **مُنڈلی**۔ مؤنث۔ وہ عورت، جس کے سر پر بال نہ ہوں۔ **مُنڈن** (ہ) مذکر (۱) سر کا مونڈا جانا (۲) بچے کے بالوں کا پہلی دفعہ مونڈا جانا۔ **مُنڈنا** (۱) بال مونڈے جانا۔ حجامت بننا (۲) چوری جانا۔ لٹنا (۳) دھوکے میں آکر نقصان اٹھانا۔ **مُنڈو**۔ مؤنث (۱) وہ عورت، جس کا سر مونڈا گیا ہو (۲) بدبخت عورت (۳) وہ عورت، جس کا شوہر مر گیا ہو۔ بیوہ۔ رانڈ۔ **مُنڈو کا**۔ حرام کا۔ ولد الزنا۔ **مُنڈوانا** (۱) حجامت بنوانا۔ بال اتروانا (۲) ٹھگوانا۔ لٹوانا۔ چوری کرانا (۳) دھوکے سے خرچ کرانا۔ **مُنڈی** (۱) سر مونڈی ہوئی۔ بالوں کے بغیر (۲) شاخوں کے بغیر (۳) مؤنث۔ وہ گائے، جس کے سینگ نہ ہوں (۴) بے نوک جوتی۔ ٹوٹ۔ گرگابی (۵) مؤنث۔ ایک بوٹی۔ ایک دوا۔ **مُنڈی مسجد** (ل) مؤنث۔ وہ مسجد، جس کے مینار یا کنگرے گر پڑے ہوں۔ لنڈی مسجد۔ برج کے بغیر مسجد۔ **مُنڈیا** (ہ) مؤنث۔ مونڈ (سر) کی تصغیر۔ **مُنڈیا مروڑ کے پڑ رہنا** (عوام) چپ چاپ سمٹ سمٹا کر لیٹ رہنا۔

مُنڈیر (ہ) مؤنث (۱) دیوار کا وہ بالائی حصہ، جو ڈھلواں بنا ہوتا ہے (۲) بیننڈ۔ پشتہ۔ **مُنڈیر باندھنا**۔ حد باندھنا۔ پشتہ باندھنا۔

مُنڈیری - مؤنث (عوام) مُنڈیر کی تصغیر ؛

منڈا (مَنْ - ڈَا) (ہ) مذکر (۱) بنگال کی ایک مشہور مٹھائی (۲) ایک قسم کی مشہور چپاتی - روٹی (۳) آنکھ کی جھلّی - پردہ (ان معنی میں مانڈا مستعمل ہے) ؛

منڈپ (مَنْ - ڈَپ) (س) مذکر (۱) وہ جگہ، جہاں بیاہ وغیرہ کی خوب رونق ہو (۲) شوالا - معبد - مندر ؛

منڈل (مَنْ - ڈَل) (س) مذکر (ہندو) (۱) دائرہ - گھیرا - گولا - چکّر (۲) گول خیمہ یا تنبو (۳) صوبہ - احاطہ - پرگنہ - ضلع (۴) گاؤں کا پٹواری - نمبردار ؛ **منڈل باندھنا** (۱) حلقہ باندھنا - جھرمٹ باندھنا (۲) اندھیرا چھانا ؛

منڈلا (مَنْڈْ - لَا) (ہ) مَنڈلانا کا امر ؛ **منڈلاتے (منڈلائے) پھرنا** - اِردگرد چکّر کھانا - اِدھر سے اُدھر پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا ؛ **مَنڈلانا** (۱) کسی پرندے کا کسی چیز کے اوپر یا اردگرد حلقہ باندھ کر اُڑنا (۲) آدمیوں کا ہجوم کرنا (۴) بادل کا گھر کر آنا ؛

منڈلی [(ہ) مَنْ - ڈَلی) (۱) مَنڈْ - لِی] مؤنث - جماعت - جتھا - گروہ - جھنڈ ؛

منڈنی (مَنْڈْ - نِی) (ہ) مؤنث - وہ غلّہ، جس پر بیل چلائے جاتے ہیں ؛

منڈوا (مَنْڈْ - وَا) (ہ) مذکر (۱) ایک ادنیٰ قسم کا غلّہ (۲) عارضی جھونپڑا یا مکان (۳) تماشا گاہ - تھیٹر ؛

منڈھ (مَنْڈْھ) منڈھنا کا امر ؛ **منڈھ جانا** - کسی کام میں پورے طور پر مصروف ہو جانا ؛ **منڈھنا** (۱) کپڑا، کاغذ یا چمڑا چڑھانا - پوشش کرنا - ڈھانکنا - ڈھانپنا - مڑھنا (۲) بسر کرنا - ذمے ڈالنا - کسی کے گلے مڑھنا (۳) رچنا مچنا ؛ **منڈھوانا** - منڈھنا کا متعدی المتعدی ؛

منڈھا (مَنْڈْھا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) وہ سائبان یا شامیانہ، جو ہندوؤں میں شادی کے روز بطور رسم تانا جاتا ہے (۲) ایک قسم کے گیت، جو دلھن کی رخصتی کے وقت گائے جاتے ہیں ؛ **منڈھا چھانا** - شادی کا شامیانہ تنا جانا ؛ **منڈھا چھوانا** - شادی کا سائبان تنوانا ؛ **مَنڈھی - مَنڈھیا** - مؤنث (۱) کُٹیا - مڑھی - جھونپڑی (۲) جَو، گیہوں کے رکھنے کی چھوٹی سی کُٹیا (۳) درویشوں، فقیروں اور جوگیوں کے رہنے کا چھوٹا سا گنبد یا سائبان - کُٹی ؛

منڈی (مَنْ - ڈِی) (ہ) مؤنث - بڑا بازار - تھوک بیچنے کی جگہ - تجارت گاہ - ہاٹ - بازار - بہت بڑا بازار، جس میں ہر چیز افراط سے آکر جمع ہو اور وہاں سے لوگ خرید کر دوسرے بازاروں میں بیچنے کو جائیں (لگانا، لگنا کے ساتھ) ؛

منڈیانا (مَنْڈْ - یَا - نَا) (ہ) اہار چڑھانا - کلف لگانا - چاولوں کی پیچ یا نشاستے کی مایا سے کپڑے یا کاغذ کو کرخت بنا کر صاف کرنا ؛

منزل (مَنْ - زِل) (ع) مؤنث (۱) اترنے کی جگہ - ٹھہرنے کی جگہ - مسافر خانہ - پڑاؤ - ٹھکانا - سرائے (۲) ایک دن کا سفر (۳) مرحلہ - اہم کام (۴) مکان - گھر - مسکن - مقام (۵) مکان کا ایک درجہ (۶) چاند کا گھر - نچھتر (۷) قرآن شریف کے سات حصّوں میں سے ایک حصّہ (۸) (کنایۃً) بڑی مسافت ؛ **منزل اٹھانا** (۱) مکان کا تعمیر کرنا ؛ **منزلِ اوّل** (ع) مؤنث (کنایۃً) موت - سفرِ آخرت - قبر ؛ **منزل بمنزل** (ع - ف) (۱) پڑاؤ پڑاؤ - سلسلہ وار - ایک منزل کے بعد دوسری منزل پر (۲) درجہ بدرجہ ؛ **منزل بھاری کرنا** (۱) منزل کٹھن کرنا ؛ **منزل بھاری ہونا** - لازم ؛ **منزل پر اترنا** - پڑاؤ پر اترنا ؛ **منزل پر پہنچانا** (۱) اصلی مقام پر پہنچانا - مقامِ مقصود پر پہنچانا (۲) (کنایۃً) کسی امر کا ثابت کر دینا ؛ **منزل دراز ہونا** - ایک دن کی مسافت کا زیادہ ہونا ؛ **منزل دینا** - جنازے کو راستے میں ذرا سی دیر کے لیے روک لینا - مُردے کو آرام دینا ؛ **منزل طے کرنا** (۱) مسافت طے کرنا (۲) مرحلہ طے کرنا ؛ **منزل طے ہونا** - سفر پورا ہونا - ٹھکانے پر پہنچنا ؛ **منزل کاٹنا** (۱) مسافت طے کرنا (۲) مرحلہ طے کرنا ؛ **منزل کٹنا** - لازم ؛ **منزل کٹھن ہونا** - منزل کے طے کرنے میں دشواری ہونا ؛ **منزل کرنا** (۱) ایک پڑاؤ کا راستہ چلنا (۲) کچھ چل کر ٹھہر جانا ؛ **منزل کھوٹی ہونا** - راستے میں اتنی دیر لگنا کہ منزل تک ٹھیک وقت پر نہ پہنچ سکنا - دیر ہونا - مقامِ مقصود تک پہنچنے سے رہ جانا ؛ **منزل مارنا** (۱) سفر کرنا - مسافت طے کرنا (۲) مشکل حل کرنا ؛ **مَنزَلِ مَقصَد - منزلِ مقصود** (ف) مؤنث (۱) وہ جگہ، جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو - ٹھکانا - مقامِ مقصود (۲) اصلی مراد - اصلی مقصد ؛ **منزلِ مقصود کو پہنچنا** - (۱) (۱) ٹھکانے پر پہنچنا (۲) مراد کو پہنچنا - مطلب کو پہنچنا ؛ **منزل نرم ہونا** - منزل کا طے کرنا آسان ہونا ؛ **منزلِ ہستی** (ف) مؤنث (کنایۃً) عمر ؛

مَنزِلَت (ع) مؤنث (۱) عزّت - قدر - توقیر - وقعت - اعزاز (۲) مرتبہ - درجہ - رتبہ ؛ **مَنزِلَہ** - عربی میں منزلت تھا - فارسی اور اردو میں بمنزلہ اضافت کے ساتھ گویا کی جگہ مستعمل ہے ؛

مُنَزَّل (مُنَزْ - زَل) (ع) (۱) نیچے اتارا گیا (۲) نازل کیا گیا ؛

مُنزَل (مُنْ - زَل) (ع) (۱) نیچے اترا ہوا (۲) جس کی منی خارج ہو گئی ہو ؛ **مُنزَل ہونا** (۱) منی نکلنا - اِنزال ہونا - جھڑنا ؛

منزوی (مُنْ - زَ - وِی) (ع) گوشہ نشین - گوشہ گیر - خلوت نشین ؛

منزّہ (مُنَزْ - زَہ) (ع) (۱) عیبوں سے پاک (۲) آزاد - بری (۳) پاک - صاف ؛

منسا (مَنْ۔سَا) (ہ) مؤنث۔ چاہ۔ خواہش۔ مقصد۔ مراد۔ مطلب۔ منشا ٭ **منسا پورن کرنا** (ہندو) مراد بر لانا۔ غرض نکالنا۔ کام نکالنا ٭ **منسا دیوی**۔ مؤنث۔ وہ دیوی، جو سانپ کے کاٹے کے لیے منائی جاتی ہے اور ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق اس کی مہربانی سے زہر نہیں چڑھتا ٭

منسٹر (مِنِسْ۔ٹَرْ) (انگ۔ Minister) مذکر (۱) وزیر۔ مدارالمہام (۲) گماشتہ۔ ایلچی ٭

منسرح (مُنْ۔سَرِحْ) (ع) (۱) آسان (۲) مؤنث۔ عروض کی ایک بحر ٭

منسک (مَنْ۔سَکْ) (ع) مذکر (۱) عبادت گاہ (۲) مکۂ معظمہ میں وہ جگہ، جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں ٭

منسلک (مُنْ۔سَلِکْ) (ع) (۱) لڑی میں نتھی کیا ہوا۔ پر دیا ہوا (۲) مشمولہ۔ شامل (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

منسوب (مَنْ۔سُوْبْ) (ع) (۱) نسبت کیا گیا۔ متعلق (۲) (و) منگنی کیا گیا (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

منسوبہ (۱) نسبت دی ہوئی۔ متعلقہ (۲) جس سے منگنی ہوئی ہو۔ منگیتر ٭

منسوج (مَنْ۔سُوْجْ) (ع) (۱) بُنا ہوا۔ بافتہ شدہ (۲) مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) مذکر (مراداً) زربفت ٭

منسوخ (مَنْ۔سُوْخْ) (ع) رد کیا گیا۔ نیست کیا گیا۔ نابود کیا گیا۔ متروک (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **منسوخی** (ع۔ف) مؤنث۔ منسوخ ہونا یا کرنا ٭

مَنِش (مَنِش) (ف) مؤنث۔ مزاج۔ طبیعت۔ خو۔ سبھاؤ۔ خصلت ٭

مِنِش (مَنِش، مَنِش) (ف) مؤنث۔ خود بینی ٭

مَنُش (مَنُش) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) شخص۔ مرد۔ آدمی۔ بشر۔ پُرش (۲) شوہر۔ خاوند۔ خصم۔ پتی۔ گھر والا ٭

منشا (مَنْ۔شَا) (ع) مذکر (۱) (لغوی) پیدا ہونے کی جگہ (۲) (مجازاً) وجہ۔ باعث۔ سبب (۳) (و) مطلب۔ مقصد۔ ارادہ۔ عندیہ۔ منصوبہ۔ مراد (۴) معنی ٭ (اس لفظ کے آخر میں الف کے بعد ہمزہ لکھنا غلط ہے، کیونکہ یہ الف خود ہمزہ ہے، الف نہیں، لیکن اگر الف کے اوپر ہمزہ لکھا جائے اور مقصود یہ ہو کہ یہ الف نہیں، ہمزہ ہے تو درست ہے۔) ٭

منشار (مِنْ۔شَارْ) (ع) مذکر۔ لکڑی چیرنے کا آلہ۔ آرا۔ ارّہ ٭

منشرح (مُنْ۔شَرِحْ) (ع) (۱) آشکارا۔ کھلا ہوا (۲) بشاش۔ خوش ٭

منشعب (مُنْ۔شَعِبْ) (ع) شاخ در شاخ ہونے والا۔ پراگندہ۔ منتشر۔ پھیلا ہوا ٭

منشور (مَنْ۔شُوْرْ) (ع) (۱) بکھرا ہوا۔ پراگندہ۔ تتر بتر (۲) مذکر۔ فرمانِ شاہی۔ پروانہ (۳) (مجازاً) مشہور و معروف ٭

منشور مثلثی۔ مذکر۔ سہ پہلو شیشہ، جس سے آفتاب کی رنگ برنگ کی شعاعیں نظر آتی ہیں ٭

مُنَشّی (مُنَشْ۔شِیْ) (فارسی نشہ سے اسم فاعل بنا لیا گیا ہے۔) (عوام) نشہ لانے والا۔ نشہ آور ٭

منشی (مُنْ۔شِیْ) (ع) (۱) (لغوی) دل سے کسی بات کا پیدا کرنے والا۔ آغاز کرنے والا (۲) جو تحریر میں معانی و مطالب ادا کرنے پر پوری قدرت رکھتا ہو (۳) عزت کا خطاب، جو ہر تعلیم یافتہ شخص کے نام سے پہلے اضافہ کیا جاتا ہے (۴) لکھنے والا۔ نویسندہ۔ محرر۔ متصدی (۵) خوش تحریر۔ خوش قلم۔ مضمون نگار (۶) (انگریزوں کی اصطلاح) اردو یا فارسی پڑھانے کا استاد ٭ **منشی خانہ**۔ مذکر (۱) اردو کا دفتر۔ فارسی کا دفتر (۲) وہ جگہ، جہاں منشی محرر بیٹھ کر کام کریں ٭ **منشیِ چرخ**۔ یا **منشیِ فلک** مذکر۔ عطارد ستارہ ٭ **منشی گری** (ع۔ف) مؤنث۔ کتابت۔ لکھنے کا کام۔ محرری ٭ **منشیانہ** (ع۔ف) مؤنث (۱) منشیوں جیسا (۲) مذکر۔ منشی کا محنتانہ ٭

منصب (مَنْصِبْ) (ع) مذکر (۱) قائم یا برپا ہونے کی جگہ (۲) (مجازاً) مرتبہ۔ رتبہ۔ درجہ۔ عہدہ (۳) خدمت۔ کام (۴) طاقت۔ مجال۔ حوصلہ (مَنْصَب غلط العام ہے) ٭ **منصب دار** (ف) مذکر (۱) حاکم۔ عہدہ دار۔ عامل (۲) نسلاً بعد نسل وظیفہ پانے والا ٭ **مَنْصَبی**۔ منصب سے منسوب ٭

منصرف (مُنْ۔صَرِفْ) (ع) پھر جانے والا ٭

منصرم (مُنْ۔صَرِمْ) (ع) (فارسی میں بمعنی منتظم مستعمل نہیں ٭) انصرام کرنے والا۔ مہتمم۔ دفتر کا منتظم ٭

منصف (مُنْ۔صِفْ) (ع) (۱) انصاف کرنے والا۔ عادل (۲) مذکر۔ دیوانی عدالت کا ایک عہدہ دار۔ جج۔ ثالث۔ تصفیہ کرا دینے والا ٭ **منصف مزاج**۔ وہ شخص، جو انصاف پسند ہو۔ صاف گو۔ کھرا ٭ **منصفانہ** (ع۔ف) انصاف سے۔ از روئے انصاف۔ ٹھیک ٹھیک۔ عادلانہ ٭ **منصفی** (ع۔ف) مؤنث (۱) انصاف۔ تصفیہ۔ فیصلہ (۲) منصف کی عدالت (۳) منصف کا عہدہ ٭ **منصفی شرط ہے**۔ انصاف کرنا چاہیے ٭ **منصفی کرنا** (و) عدل کرنا۔ انصاف کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ فیصلہ کرنا ٭

منصوب (مَنْ۔صُوْبْ) (ع) (۱) کھڑا۔ کھڑا کیا گیا۔ قائم۔ سیدھا (۲) وہ حرف، جس پر زبر ہو۔ مفتوح ٭ **منصوبہ**۔ مذکر (۱) کھڑی کی ہوئی چیز (۲) دانائی۔ حکمت۔ جوڑ توڑ۔ تدبیر (۳) عندیہ۔ ارادہ۔ مقصد۔ منشا ٭ **منصوبہ باز** (و) دور اندیش۔ سوچنے والا۔ مدبر ٭ **منصوبہ باندھنا**۔ کسی بات کو دل میں پختہ کرنا۔ ٹھاننا۔ ارادہ کرنا ٭ **منصوبہ کرنا**۔ ارادہ کرنا۔

قصد کرنا۔ تدبیر کرنا۔ ٹھہرانا ؛

منصور (مَنْ ۔ صُوْرْ) (ع) (۱) مدد دیا گیا۔ فتح یاب۔ فتح مند۔ مظفر (۲) ایک ولی اللہ، جنھوں نے حالتِ جذبہ میں انا الحق (میں خدا ہوں) کہ دیا تھا اور اس وجہ سے انھیں شرع کے مطابق سولی چڑھایا گیا تھا ؛ (ان کا نام حسین تھا اور ان کے باپ کا نام منصور، لیکن یہ اپنے باپ کے نام سے مشہور ہیں ۔) ؛ **منصور و مظفّر** (ع۔ ف) فتح مند اور فتح نصیب ؛

منصوص (مَنْ ۔ صُوْصْ) (ع) (۱) تحقیق کیا گیا۔ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا (۲) قرآن مجید کی وہ آیت، جو تاویل کی محتاج نہ ہو (۳) وہ حدیث صریح، جو کامل طور پر ثابت ہو گئی ہو ؛

منصّہ (مَنَصْ ۔ صَہْ) (ع) مذکّر (۱) کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ (۲) جلوہ گاہ۔ چھپرکھٹ۔ وہ تخت، جس پر دلھن کو بٹھایا جاتا ہے ؛ **منصّۂ شہود** ۔ مذکّر۔ وہ جگہ، جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے ؛

منضج (مُنْ ۔ ضِجْ) (ع) مذکّر (بیگمات کی زبانوں پر مؤنث ہے) (۱) میوہ، زخم، خلط مادہ وغیرہ کا پکانے والا (۲) وہ دوا، جو مواد کو پکا دے ؛

منضم (مُنْ ۔ ضَمْ) (عربی میں م مشدّد) ملایا گیا۔ ملا ہوا۔ پیوستہ۔ شامل ؛

منطبع (مُنْ ۔ طَبِعْ) (ع) چھپنے والا۔ منقوش ہونے والا ؛

منطبق (مُنْ ۔ طَبِقْ) (ع) مطابقت کیا گیا، موافق، برابر، ہموار، یکساں ؛

منطفی (مُنْ ۔ طَفِیْ) (ع) فرو ہونے والا۔ بجھا ہوا ؛

منطق (مَنْ ۔ طِقْ) (ع) مؤنث (۱) نطق۔ بات۔ گفتگو۔ گویائی۔ تلفّظ۔ لہجہ (۲) فصاحت۔ خوش کلامی (۳) وہ علم، جو عقلی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق ثابت کر دیتا ہے۔ علم دلیل۔ علم مناظرہ ؛ **منطق بگھارنا۔ یا۔ چھانٹنا** (ف) حجّت کرنا۔ باتیں بنانا۔ دلیل کرنا۔ چناں چنیں کرنا۔ تقریر چھانٹنا ؛ **منطقی** (ف) **یا۔ منطقیا** (ف) مذکّر (۱) علم منطق جاننے والا۔ منطق دان (۲) فصیح۔ خوش تقریر (۳) (ف) حجّتی۔ بحث کرنے والا۔ جھگڑالو۔ معترض ؛

منطقات (مِنْ ۔ طَقَاتْ) (ع) مذکّر۔ منطقہ کی جمع ؛

منطقہ (مِنْ ۔ طَقَہْ) (ع) مذکّر (۱) (لغوی) کمر میں باندھنے کا پٹکا۔ پیٹی۔ کمربند (۲) وہ خط، جو زمین کے ارد گرد پٹکے کی طرح واقع ہے۔ حلقہ۔ دائرہ ؛ **مِنْطَقَۃُ الْبُرُوْج** ۔ مذکّر۔ وہ بڑا دائرہ، جس میں بارہ آسمانی برج واقع ہیں (حَمَلْ، ثَوْرْ، جَوْزَہْ، سَرَطَانْ، اَسَدْ، سُنْبُلَہْ، مِیْزَانْ، عَقْرَبْ، قَوْسْ، جَدْیْ، دَلْوْ، حُوْتْ) ۔ منڈل۔ راس ؛ **منطقۂ باردہ** ۔ مذکّر۔ وہ ٹھنڈا حلقہ یا گھیرا، جہاں بعض دنوں میں آفتاب کے نہ پہنچنے کی وجہ سے ہمیشہ برف جمی رہتی ہے ؛ **منطقۂ باردۂ جنوبی** ۔ مذکّر۔ جنوبی ٹھنڈا منطقہ، جو دائرۂ جنوبی سے قطب جنوب تک واقع ہے ؛ **منطقۂ باردۂ شمالی** ۔ مذکّر۔ شمالی ٹھنڈا حلقہ، جو دائرۂ قطب شمال سے قطب شمالی تک واقع ہے ؛ **منطقۂ حارہ۔ یا۔ محرقہ** ۔ مذکّر۔ سطح زمین کا وسطی حصّہ، جو خط سرطان سے خط جدی تک پھیلا ہوا ہے۔ یہاں گرمی نہایت شدّت کی پڑتی ہے اور رات دن تقریباً برابر رہتے ہیں ؛ **منطقۂ معتدلہ** ۔ مذکّر۔ وہ منطقہ، جہاں گرمی اور سردی برابر ہے ؛ **منطقۂ معتدلۂ جنوبی** ۔ مذکّر۔ وہ منطقہ، جو خط جدی سے دائرۂ قطب جنوبی تک واقع ہے ؛ **منطقۂ معتدلۂ شمالی** ۔ وہ منطقہ، جو خط سرطان سے دائرۂ قطب شمالی تک پھیلا ہوا ہے ؛

منطوق (مَنْ ۔ طُوْقْ) (ع) مذکّر۔ قول۔ کلام۔ بات چیت۔ سخن۔ مضمون ؛

منطوی (مُنْ ۔ طَوِیْ) (ع) ملفوف۔ لپیٹا ہوا۔ پیچیدہ ؛

منظر (مَنْ ۔ ظَرْ) (ع) مذکّر (۱) جائے نظر (۲) (مجازاً) نظر۔ چشم۔ آنکھ (۳) شکل۔ صورت۔ چہرہ (۴) تماشا گاہ۔ سیرگاہ۔ دید۔ نظارہ۔ نظر پڑنے کی جگہ (۵) حدِّ نگاہ۔ حدِّ نظر (۶) کھڑکی۔ دریچہ۔ سوراخ۔ وزن (۷) اونچی عمارت۔ مینار۔ لاٹھ ؛ **منظرِ چشم** (ع۔ ف) مذکّر۔ آنکھ کی پتلی ؛ **منظرِ عام**۔ شارعِ عام، گزرگاہِ عام، کھلی جگہ ؛

منظّم (مُنَظْ ۔ ظَمْ) (ع) (۱) دھاگے میں پرویا ہوا (موتی) (۲) موزون کلام (۳) وہ چیز، جو انتظام سے ہو۔ تنظیم کیا گیا ؛

منظور (مَنْ ۔ ظُوْرْ) (ع) (۱) (لغوی) دیکھا گیا۔ نظر کیا گیا (۲) پسندیدہ، پسند، مانا گیا، قبول ؛ **منظورِ خاطر**۔ دل پسند۔ پسند۔ مقبول ؛ **منظورِ خدا** (ع۔ ف) مذکّر۔ مشیّتِ ایزدی۔ مرضیٔ مولا ؛ **منظور کرنا** (ف) تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ ماننا۔ اجازت دینا ؛ **منظورِ نظر** (ع) (۱) منظورِ خاطر۔ مقبول۔ دل پسند۔ پسند۔ مرغوب (۲) محبوب۔ پیارا۔ عزیز (۳) وہ شخص، جس پر کسی کی نظرِ عنایت ہو ؛ **منظورِ نظر ہونا** (ف) دل میں کھبنا۔ دل کو اچھا لگنا۔ مرغوبِ طبع ہونا ؛ **منظوری** (ع۔ ف) (۱) قبولیت۔ مرضی۔ اجابت (۲) منظور ہونا (۳) اختیار۔ اجازت۔ پسند ؛ **منظوری کی اسامی** (ف) مؤنث۔ وہ نوکری، جس کی منظوری حکومت سے ہوئی ہو اور اس میں پنشن کا بھی استحقاق ہو ؛

منظوم (مَنْ ۔ ظُوْمْ) (ع) (۱) (لغوی) پرو دیا گیا۔ منسلک کیا گیا (۲) نظم کیا گیا۔ اشعار میں لایا گیا (۳) نظم ؛ **مَنْظُوْمَہ**۔ نظم میں لایا ہوا۔ نظم کیا گیا ؛

منع (مَنْعْ) (ع) مذکر (۱) روکنا۔ باز رکھنا (۲) روکا گیا۔ ممنوع (۳) زبون۔ بُرا (۴) نادرست۔ ناجائز۔ نامناسب۔ بے جا (۵) (شرع، قانون یا رسم و رواج کے خلاف (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

منعدم (مُنْ۔ عَدِمْ) (ع) ناپید۔ نیست و نابود۔ فنا ؛

منعطف (مُنْ۔ عَطِفْ) (ع) (۱) مُڑنے والا۔ واپس ہونے والا۔ پھرنے والا (۲) (کنایۃً) متوجہ ہونے والا ؛

منعقد (مُنْ۔ عَقِدْ) (ع) (۱) انعقاد پانے والا (۲) مقرر ہونے والا۔ ٹھہرنے والا ؛ **منعقد ہونا** (ف) قرار پانا۔ ٹھہرنا۔ اکٹھا ہونا۔ قائم ہونا ؛

منعکس (مُنْ۔ عَکِسْ) (ع) (۱) عکس قبول کرنے والا (۲) وہ شعاع جو اُلٹ کر آئی ہو (۲) سرنگوں۔ اوندھا۔ الٹا۔ پلٹا ہُوا ؛

منعم (مُنْ۔ عِمْ) (ع) (۱) نعمت دینے والا (۲) متموّل۔ مال دار۔ غنی۔ توانگر۔ زردار (۳) آقا۔ مربّی (۴) سخی۔ فیّاض۔ داتا (۵) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ؛

منغّص (مُنَغْ۔ غَصْ) (ع) (۱) گدلا۔ مکدّر۔ تیرہ (۲) ناخوش۔ رنجیدہ۔ ناراض۔ افسردہ ؛

منفد (مَنْ۔ فَذْ) (ع) مذکر (۱) گزرنے کی جگہ۔ جاری ہونے کی جگہ (۲) گزرگاہ۔ راستہ۔ راہ (۳) (مجازاً) روزن۔ رخنہ۔ مسام۔ سوراخ ؛

منفرج (مُنْ۔ فَرِجْ) (ع) کھلا ہُوا۔ وسیع۔ کشادہ ؛ **مُنْفَرِجَہْ**۔ مذکر۔ قائمے سے بڑا زاویہ ؛

منفرح (مُنْ۔ فَرِحْ) (ع) (۱) خوشی بخشنے والا۔ فرحت دینے والا (۲) شاد۔ خوش ؛

منفرد (مُنْ۔ فَرِدْ) (ع) (۱) اکیلا۔ تنہا۔ مفرد (۲) واحد۔ یگانہ۔ یکتا۔ فرد ؛

منفصل (مُنْ۔ فَصِلْ) (ع) (۱) الگ ہونے والا۔ جُدا ہونے والا۔ علٰحدہ۔ جُدا۔ الگ (۲) فیصل ہونے والا ؛ **مُنْفَصِلَہْ** (۱) تصفیہ کیا ہُوا۔ فیصل شدہ (۲) علٰحدہ شدہ۔ الگ کیا گیا ؛

منفعت (مَنْ۔ فَعَتْ) (ع) مؤنث (۱) نفع۔ فائدہ۔ سود۔ یافت۔ حاصل (۲) بالائی آمدنی ؛

منفعل (مُنْ۔ فَعِلْ) (ع) (۱) اثر قبول کرنے والا (۲) شرمندہ۔ نادم۔ شرمسار ؛

منفک (مُنْ۔ فَکْ) (عربی میں ک مشدد) الگ کیا گیا۔ جُدا کیا گیا۔ الگ۔ جُدا ؛

منفی (مَنْ۔ فِیْ) (ع) (۱) نفی کیا گیا (۲)۔ رد کیا گیا (۳) خارج کیا گیا (۴) تفریق کیا گیا (۵) روکا گیا (۶) (علم صرف) وہ فعل، جس سے کسی کام کا نہ ہونا پایا جائے ؛

منقاد (مُنْ۔ قَادْ) (ع) تابع۔ فرماں بردار۔ مطیع ؛

منقار (مِنْ۔ قَارْ) (ع) مؤنث۔ پرندے کی چونچ ؛

منقبت (مَنْ۔ قَبَتْ) (ع) مؤنث (۱) صفت و ثنا۔ تعریف و توصیف (۲) (اصطلاحِ شعراء) وہ تعریف، جو اہلِ بیت اور صحابہ کی شان میں ہو ؛

منقبض (مُنْ۔ قَبِضْ) (ع) (۱) (لغوی) سکڑا ہُوا۔ سمٹا ہُوا۔ بھچا ہُوا۔ تنگ کر کے باندھا ہُوا (۲) (کنایۃً) ناخوش۔ ناراض۔ مکدّر (اکثر مزاج اور طبیعت کے لیے مستعمل ہے۔) ؛

منقّح (مُنَقْ۔ قَحْ) (ع) پاک کیا گیا۔ جھوٹ سے پاک کیا گیا۔ سچ بات ؛

منقسم (مُنْ۔ قَسِمْ) (ع) تقسیم ہونے والا ؛

منقّش (مُنَقْ۔ قَشْ) (ع) نقش کیا گیا۔ نقش و نگار کیا گیا۔ نقشین۔ بیل بوٹے والا ؛ **منقّش ہونا** (ف) کندہ ہونا ؛

منقصت (مَنْ۔ قَصَتْ) (ع) مؤنث (۱) نقصان۔ کمی (۲) نقص۔ عیب ؛

منقضب (مُنْ۔ قَضِبْ) (ع) مؤنث۔ عروض کی ایک بحر ؛

منقضی (مُنْ۔ قَضِیْ) (ع) گزشتہ۔ گزرا ہُوا۔ بیتا ہُوا۔ گزرنے والا (ہونا کے ساتھ) ؛

منقطع (مُنْ۔ قَطِعْ) (ع) (۱) قطع کیا گیا۔ کٹنے والا (۲) ختم (۳) تصفیہ شدہ۔ فیصل شدہ (ہونا کے ساتھ) ؛

مَنقل (مَنْ۔ قَلْ) (ع) مذکر (۱) مختصر راستہ (۲) پہاڑی راستہ (۳) پُرانا جوتا (۴) پرانا چرمی موزہ ؛ **مَنْقَلَہْ**۔ مذکر (۱) سفر کی ایک منزل (۲) ٹکڑا، جو اونٹ کے سُم میں لگایا جائے ؛

مِنقل۔ مِنقلہ۔ مَنقل۔ مُنقل۔ مُنقلہ (مِنْ۔ قَلْ، مِنْ۔ قَلَہْ، مَنْ۔ قَلْ، مُنْ۔ قَلْ، مُنْ۔ قَلَہْ) (ع) مؤنث۔ انگیٹھی ؛

منقلا (مِنْ۔ قَلَا) (ت) مذکر۔ فوج کا وہ حصّہ، جو لشکر سے آگے رہے ؛

منقلب (مُنْ۔ قَلِبْ) (ع) (۱) لَوٹنے والا۔ اُلٹنے والا۔ پھر جانے والا۔ گردش کھانے والا (۲) اوندھا ؛

منقوش (مَنْ۔ قُوْ شْ) (ع) (۱) نقش کیا گیا۔ کُھدا ہُوا (۲) رقم۔ لکھا گیا ؛ **منقوشِ خاطر**۔ ذہن نشین۔ جو دل پر نقش ہو جائے (ہونا کے ساتھ) ؛

منقوط۔ منقوطہ (مَنْ۔ قُوْطْ، مَنْ۔ قُوْ۔ طَہْ) (ع) نقطے والا۔ نقطہ دار۔ وہ حرف، جس پر نقطہ ہو ؛

منقول (مَنْ۔ قُوْلْ) (ع) (۱) نقل کیا گیا۔ اتارا گیا۔ لکھا گیا (۲) ذکر کیا گیا (۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا (۴) مؤنث۔ وہ علم، جس میں صرف ان باتوں سے بحث ہو، جو دوسروں نے بیان کی ہیں ؛ **منقول عنہ**۔ مذکر۔ وہ کتاب یا تحریر، جس سے نقل کریں ؛ **منقول ہے** (ف) روایت ہے ؛ **منقولات** (ع) مؤنث۔ وہ کتابیں، جن میں منقول سے بحث ہو ؛ **منقولہ**۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل مال۔ قابلِ انتقال ؛ **منقولہ جائداد**۔

(۹) مؤنث (قانون) وہ چیزیں، جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جا سکیں، جیسے روپیہ پیسا۔ مال اسباب ؛

منقّٰی (مُنَق۔ قا۔ ہ ربع) (۱) صاف کیا ہوا۔ مصفا (۲) ایک قسم کی بڑی کشمش ؛ **مُنَقّی** ۔ صاف کرنے والا ؛

منکا (مَن۔ کا) (ہ) مذکر (۱) مالا یا تسبیح کا دانہ (۲) نگینے، عقیق، کانچ یا کسی اَور پتھر کا دانہ (۳) وہ مُہرہ، جو فقیر لوگ گلے میں ڈالے رہتے ہیں (۴) سُمرن۔ مالا۔ تسبیح (۵) ریڑھ کا بالائی حصہ ؛ **منکا ڈھل جانا۔ یا۔ ڈھلکنا۔ یا۔ ڈھلنا**۔ مرنے کے قریب انسان کی گردن کا کسی طرف جُھک جانا۔ گردن ٹوٹ جانا۔ گردن کا گر پڑنا۔ گردن کا خم کھانا۔ گردن ٹوٹنا۔ گردن مُڑ جانا۔ گردن کا ایک طرف لڑھک جانا۔ دم توڑ دینا۔ مرنے کے قریب ہو جانا ؛

مُنکَر (مُن۔ کَر) (ع) (۱) انکار کیا گیا (۲) کھوٹا۔ خراب۔ نامشروع۔ مکروہ (۳) اُن دو فرشتوں میں سے ایک، جو قبر میں مُردے سے باز پُرس کرتے ہیں۔ ان معنی میں تنہا مستعمل نہیں، منکر نکیر کی ترکیب سے مستعمل ہے (۴) حدیث کی ایک قِسم ؛ **مُنکَر نکیر** ۔ مذکر۔ وہ دونوں فرشتے، جو قبر میں مُردے سے سوالات کرتے ہیں ؛

مُنکِر (مُن۔ کِر) (ع) (۱) انکار کرنے والا۔ مُکر جانے والا۔ رد کرنے والا (۲) خدا کو نہ ماننے والا۔ کافر۔ بے دین۔ لامذہب ؛ **مُنکِرِ نعمت** (ف) احسان نہ ماننے والا۔ ناشکرگزار۔ ناشکرا ؛ **مُنکِر ہونا** (ف) انکار کرنا۔ مکرنا۔ قول سے پھرنا۔ نہ ماننا ؛ **مُنکِرین** (ع) مذکر۔ مُنکِر کی جمع ؛

منکسر (مُن۔ کَسِر) (ع) (۱) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ (۲) مسکین۔ عاجز (۳) (کنایۃً) متواضع۔ انکسار کرنے والا ؛ **مُنکَسِرُ المِزاج۔ یا۔ مُنکَسِر مِزاج**۔ وہ شخص، جس کے مزاج میں انکسار اور تواضع ہو۔ مسکین طبع۔ غریب مزاج ؛

منکشف (مُن۔ کَشِف) (ع) کُھلنے والا۔ کُھلا ہوا۔ آشکارا۔ ظاہر ؛

منکنا (مِنک۔ نا) (ہ) (۱) چوکنا ہونا (۲) عذر و حجت کرنا ؛

منکوحہ (مَن۔ کُو۔ حَہ) (ع) نکاحی عورت۔ بیوی۔ زوجہ۔ استری ؛

منکوس (مَن۔ کُوس) (ع) سرنگوں۔ اوندھا ؛

منگانا (مَنگا۔ نا) (ہ) طلب کرنا۔ کسی جگہ سے کوئی چیز طلب کرنا۔ منگوانا ؛

منگتا (مَنگ۔ تا) (ہ) مذکر۔ بھیک مانگنے والا۔ بھکاری۔ فقیر۔ گدا ؛

منگچھی (مُنگ۔ چھی) (ہ) مؤنث۔ مونگ کی پُھلوری۔ پُھلکی۔ پکوڑی ؛

منگسر (مَنگ۔ سَر) (ہ) مذکر۔ ہندی آٹھواں مہینا۔ اگہن ؛

منگل (مَنگ۔ گل) (س) مذکر (۱) خوشی۔ آنند (۲) خوشی کا گیت (۳) ایک ستارہ۔ جلادِ فلک۔ مریخ (۴) پیر کے بعد کا دن۔ سہ شنبہ (۵) نیک۔ اچھا۔ سعد۔ مبارک (۶) چہل پہل۔ رونق ؛ **منگل گانا** (ہ) (کنایۃً) خوشی کرنا۔ خوشی منانا۔ خوشی کے گیت گانا۔ مبارک باد گانا ؛ **منگلاچار** (س) مذکر۔ خوشی۔ مبارک باد۔ بدھاوا ؛ **منگلا مکھی** ۔ مذکر (ہندو) خوشی منانے والے ارباب نشاط ؛

منگلی (ہ) مؤنث۔ وہ لڑکی، جو منگل کے دن پیدا ہوئی ہو۔ غصیل اور تند مزاج لڑکی ؛

منگنی (مَنگ۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) ایک رسم، جس میں مرد کو عورت سے منسوب کر دیتے ہیں۔ نسبت۔ سگائی (کرنا، ہونا کے ساتھ) (۲) کسی سودے کے علاوہ کوئی اَور چیز بے قیمت طلب کرنا۔ رُونگن۔ جھونگا (۳) قرض۔ عاریۃً۔ اُدھار۔ کسی چیز کا منگانا (دینا کے ساتھ) ؛

منگوانا (مَنگ۔ وا۔ نا) (ہ) (۱) منگانا۔ طلب کرنا (۲) بُلوانا (۳) سوال کرنا ؛

منگوچی۔ منگوچھی (مُنگو۔ چی، مُنگو۔ چھی) (ہ) مؤنث۔ مونگ کی تلی ہوئی بڑیاں ؛

منگورا (مُنگو۔ را) (ہ) مذکر۔ بیسن کی پُھلوری ؛ **مُنگوڑی**۔ مؤنث۔ ماش کی پُھلوری ؛

منگیتر (مَنگے۔ تَر) (ہ) وہ لڑکا یا لڑکی، جس کی نسبت کی گئی ہو ؛

منم (مَنَم) (ف) (۱) مَیں ہوں (۲) مؤنث۔ شیخی۔ خودستائی ؛

منِمن (مِن۔ مِن) (ہ) (۱) آہستگی سے۔ سہج (۲) ڈھیل سے۔ دیر سے۔ سُستی سے ؛ **منمن کرنا** (۱) بڑی سُستی کرنا۔ کوئی کام نہایت کاہلی سے سوچ سوچ کر آہستہ آہستہ کرنا (۲) ناک میں بات کرنا ؛ **منمنا**۔ ناک میں بات کرنے والا ؛ **منمنانا** (۱) سُستی سے کھانا۔ آہستگی سے کھانا (۲) (پورب) (کنایۃً) بڑبڑانا۔ گڑگڑانا (۳) ناک میں بولنا۔ صاف نہ بولنا ؛ **منمنی** (عو) (۱) نہایت سُست۔ کاہل وجود (۲) ناک میں بات کرنے والی ؛

مُنمُنا (مُن۔ مُنا) (ہ) (۱) پست قد۔ چھوٹا۔ ننھا (بچوں کی زبان ہے) (۲) ایک کالا دانہ، جو گیہوں کے ساتھ پیدا ہو جاتا ہے (پ) بیا جی۔ ممنی ؛ **مُنمُنا سا** بہت چھوٹا۔ رائی کے برابر۔ نہایت کمزور اور پست قد آدمی ؛ **مُنمُنی**۔ نہایت چھوٹی، پست قد، حقیر، ہیچ ؛

مِنن (مِنَن) (ع) مؤنث۔ مِنّت کی جمع۔ احسانات ؛

منو (مَنُو) (س) مذکر۔ منوسمرتی کا بنانے والا۔ بہت بڑا فاضل ہندو، جس نے دھرم شاستر بنایا، جو منو کا دھرم شاستر کہلاتا ہے ؛

منّو (مَن۔ نُو) (ہ) مذکر (۱) بندر۔ بوزنہ۔ میمون (۲) بعض آدمیوں کا نام بھی ہوتا ہے ؛

منوال (مِنْ - وَال) (ع) مذکر (۱) وہ لکڑی، جس پر جلاہا کپڑا بن بن کر لپیٹتا جاتا ہے (۲) (مجازاً) طور - طریق - ڈھنگ - طرز - وضع - رسم - دستور۔

منوّر (مُنَوْ - وَر) (ع) روشن دیا گیا - چمکتا ہوا - نورانی - روشن - چمکیلا - چمکنے والا۔

منورتھ (مَنْ - وَرْ تھْ) (س) مذکر (ہندو) ارادہ - خواہش - مقصد - مدعا - مطلب۔ **منورتھ سِدھ - یا - سپھل ہوں** (ہ) (دعا) مقصد پورا ہو - مراد بر آئے۔

منوّن (مُنَوْ - وَن) (ع) تنوین والا حرف (عربی لفظ کے سوا کسی دوسری زبان کا لفظ منوّن ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا، لہٰذا اندازاً اور رسیداً غلط ہیں)۔

منوہر (مَنُو - ہَر) (س) خوب صورت - حسین - شکیل - خوب رُو - دل رُبا۔

مُنْہ (مُنْہ) (ہ) مذکر (۱) دہن - جاندار کا مُنْہ - مُکھ (۲) سوراخ کا مُنْہ - سوراخ کا ابتدائی حصّہ - چھید - روزن (۳) (ف) دروازہ - در (۴) گڑھا - غار - تہ - گہراؤ (۵) راستہ - راہ - نکاس - گزر (۶) دہانہ (۷) رُو - رُخ - چہرہ (۸) صورت - شکل (۹) لحاظ - پاس - ملاحظہ - خاطر - طرف داری (۱۰) جرأت - حوصلہ - مقدرت - لیاقت (۱۱) زبان (۱۲) کلام - کلمہ (۱۳) سامنے - روبرو (۱۴) دھار - نوک - انی (۱۵) جانب - سمت - طرف (۱۶) سبب - وجہ (۱۷) توجّہ (۱۸) مجال - طاقت۔ **مُنْہ آ جانا - یا - آنا** (۱) مُنْہ میں زخم ہونا - مُنْہ میں چھالے پڑ جانا (۲) (کنایۃً) کسی پر طنز کرنا - طعن و طنز کی باتیں کہنا - برا بھلا کہنا - آوازے کسنا - طعنہ مارنا۔ **مُنْہ اپنا سا لے کر پھر جانا** - ندامت اٹھا کر جانا - شرمندہ ہو کر چلا جانا۔ **مُنْہ اپنا سا لے کر رہ جانا** - شرمندہ ہو جانا - مایوس ہو جانا۔ **مُنْہ اتر جانا - یا - اترنا** چہرے کا رنگ روپ جاتا رہنا - چہرہ دُبلا اور بے رونق ہو جانا - محنت یا تکلیف یا تردد سے چہرے پر اضمحلال چھا جانا۔ **مُنْہ اتنا سا نکل آنا** - مُنْہ اتر جانا - مُنْہ شست ہونا - رنگ روغن نہ رہنا - دُبلا اور لاغر ہونا۔ **مُنْہ اٹھا کر چلنا** (۱) مُنْہ اونچا کر کے چلنا (۲) بے تحاشا چلنا - راستہ دیکھ کر نہ چلنا (۳) (کنایۃً) بے پروائی یا غرور سے بے خبر ہو کر چلنا۔ **مُنْہ اٹھانا** (کنایۃً) کہیں کا ارادہ کرنا - کسی طرف جانا - سیدھے کسی طرف جانا۔ **مُنْہ اُٹھائے** - اندھا دھند - بے سوچے سمجھے - بے پروائی سے - بے دھڑک۔ **مُنْہ اٹھائے چلے جانا** - دیکھے بھالے بغیر چلے جانا - بے دھڑک چلے جانا۔ **مُنْہ اٹھ جانا** - بے سوچے سمجھے کسی طرف کا رخ ہو جانا۔

مُنْہ اُٹھے - مُنْہ اجالے (دہلی) (عو) دن نکلے - تڑکے - سویرے۔ **مُنْہ اُجلا ہو جانا** (ہندو) (۱) چہرے کا رنگ نکھر جانا (۲) سُرخ روئی ہونا - عزت رہ جانا۔ **مُنْہ اُجیالا ہونا** (عو) سُرخ روئی ہونا۔ **مُنْہ اُداس ہونا** - چہرے کا اُداس ہونا - چہرے پر غمگینی کا اظہار ہونا۔ **مُنْہ اس قابل ہونا** (و) اتنی لیاقت ہونا۔ **مُنْہ اشکِ ندامت سے دھونا** (کنایۃً) نہایت نادم ہونا۔ **مُنْہ اشکوں سے دھونا** - بہت رونا۔ **مُنْہ اکھری** (ہ) (گنوار) مُنْہ زبانی - لفظی - زبانی۔ **مُنْہ اندھیرے** (عو) علی الصباح - پو پھٹے - نور کے تڑکے - صبح سویرے - صبح صادق کے وقت۔ **مُنْہ اوندھا کر چلنا** - مُنْہ لٹکا کر چلنا۔ **مُنْہ اوندھا کر لیٹنا** (عو) (۱) رنج یا فکر میں مُنْہ لپیٹ کر پڑ رہنا - اٹواٹی کھٹواٹی لے کر پڑ رہنا (۲) ناراض ہو کر الگ جا پڑنا۔ **مُنْہ بانا** (عوام) (۱) مُنْہ کھولنا - مُنْہ پھاڑنا (۲) جمائی لینا (۳) اپنی بے وقوفی پر ہنس پڑنا (۴) چل بسنا - مر جانا۔ **مُنْہ باندھ کے بیٹھنا** (۱) مُنْہ بند کر کے بیٹھنا (۲) چُپ رہنا - خاموش رہنا۔ **مُنْہ باندھنا** - کسی کپڑے سے مُنْہ باندھ دینا۔ **مُنْہ باندھے ہوئے بیٹھنا** - فاقے سے بیٹھنا۔ **مُنْہ بخشنا** - کسی قسم کے کلام کی طاقت دینا۔ **مُنْہ بُرا (بُرا سا) بنانا** (۱) مُنْہ ایسا بنانا، جس سے معلوم ہو کہ مزہ خراب ہے، یا کوئی بات ناگوار ہے (۲) رنجش کے باعث تیوری چڑھانا - ناراضی ظاہر کرنا۔ **مُنْہ بِسُورنا** - رونے کی صورت بنانا - (لکھنؤ میں فقط بسورنا مستعمل ہے)۔ **مُنْہ بگاڑ دینا** (۱) چہرہ بگاڑ دینا - تھپڑ یا جوتوں سے چہرہ سجا دینا - مار مار کر چہرہ زخمی کر دینا (۲) مُنْہ کا ذائقہ خراب کر دینا (۳) ذلّت دینا۔ **مُنْہ بگاڑنا** (۱) مُنْہ بنانا (۲) تھپڑ مارنا - مُنْہ زخمی کرنا (۳) غصّے کی سی صورت بنانا - تیوری چڑھانا (۴) مُنْہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا (۵) مُنْہ بدمزہ کرنا۔ **مُنْہ بگڑ جانا** (۱) مُنْہ کی ہیئت بدل جانا - صورت کا درست نہ رہنا (۲) مُنْہ کا ذائقہ خراب ہونا - مُنْہ بدمزہ ہو جانا (۳) چیں بہ جبیں ہونا - تیوری چڑھانا - غصّہ آ جانا - چہرے کا رنگ متغیّر ہونا۔ **مُنْہ بن جانا - یا - بننا** (۱) تیوری چڑھنا - ناراضی ہونا - خفگی ہونا (۲) صورت بگڑ جانا - مُنْہ ٹیڑھا ہونا۔ **مُنْہ بنا (بنا کر) بیٹھنا** - بگڑ بیٹھنا - ناراض ہو بیٹھنا - چیں بہ جبیں ہو کر بیٹھنا۔ **مُنْہ بنا لینا** - ناراض ہو جانا - خفا ہو جانا - تیوری چڑھا لینا۔ **مُنْہ بنانا** (۱) چہرہ بدنما کرنا - بُری صورت بنانا - رونے کی صورت بنانا (۲) رنجیدہ ہونا - ناراض ہونا - غصّے کی صورت بنانا (۳) کسی بدذائقہ چیز کے پیتے وقت چہرے کی ہیئت بگاڑنا۔ **مُنْہ بند** (ف) (۱) دہن بستہ - لب بستہ (۲) چُپ - خاموش (۳) دوشیزہ - کنواری - باکرہ۔

مُنہ بند کر دینا ۔ خاموش کر دینا ۔ بولنے سے روک دینا ٭
مُنہ بند کر لینا (۱) چُپ ہوجانا ۔ خاموش ہوجانا (۲) مُنہ پر
کپڑا یا ہاتھ رکھ لینا ٭ مُنہ بند کرنا (۱) بولنے سے روکنا ۔
خاموش کرنا ۔ بُرا بھلا نہ کہنے دینا (۲) رشوت دے کر اپنے
خلاف کہنے سے باز رکھنا (۳) خاموش ہونا ٭ مُنہ بند (بندھی)
کلی ۔ مؤنث (۱) بے کھلا پھول ۔ شگوفہ (۲) (کنایۃً) کنواری ۔
دوشیزہ ۔ باکرہ ٭ مُنہ بند ہونا (۱) دہن بستہ ہونا (۲) خاموش
ہونا ۔ چُپ ہونا ۔ بات نہ کر سکنا (۳) دہانہ بند ہونا (۴) (کنایۃً)
کسی کی بدی یا چُغلی سے رُکنا (۵) زخم بھرنا ٭ مُنہ بندھے (ہ)
مذکر (ہندو) جین مت کے درویش ، جو مُنہ کے آگے کپڑا
باندھ رکھتے ہیں تاکہ کوئی جاندار اُن کے مُنہ میں نہ پڑ جائے یا
مُنہ کی بھاپ سے نہ مر جائے ٭ مُنہ بنوا رکھو ۔ یا ۔ بنوا لو ۔ یا ۔
بنوا اؤ ۔ اس بات کے قابل تو ہو جاؤ ۔ اس خیال سے باز آؤ ۔
امّید نہ رکھو ۔ مُنہ دھو رکھو ٭ مُنہ بنوانا (۱) مُنہ درست کرانا
(۲) (کنایۃً) لیاقت پیدا کرنا ۔ کسی کام کے لائق ہونا ٭ مُنہ بولا ۔
مُنہ سے کہا ہُوا ۔ زبان سے پکارا ہُوا ۔ زبان سے بولا ہُوا ۔ زبان سے
بنایا ہُوا ۔ فرضی (بنانا کے ساتھ) ٭ مُنہ بولا بھائی ۔ مذکر ۔
وہ شخص ، جسے اپنی زبان سے بھائی کہا ہو ۔ دینی بھائی ۔ پگڑی
بدل بھائی ٭ مُنہ بولتی ۔ باتیں کرتی ہوئی ۔ گویا ۔ ناطق ۔ خوب صورتی
کی تعریف میں کہتے ہیں ، یعنی ایسی تصویر ، جس سے معلوم ہو کہ
ابھی کچھ مُنہ سے بولے گی ٭ مُنہ بولتی تصویر ۔ یا ۔ مورت
(ؤ) مؤنث (۱) نہایت اچھّی تصویر یا صورت (۲) انسان ۔ آدمی ۔
بشر ٭ مُنہ بولی (ہ) زبان سے کہی ہوئی ۔ مُنہ سے بنائی ہوئی ٭
مُنہ بولی بہن ۔ مؤنث ۔ وہ عورت ، جسے اپنی زبان سے
بہن کہہ دیا جائے ٭ مُنہ بھر کے (عو) (۱) لبالب ۔ لبریز ۔
(۲) حسبِ دل خواہ ۔ بخوبی ۔ خاطر خواہ (۳) تمام و کمال ۔
بھرپور (۴) ازحد ۔ نہایت ۔ ات گت ٭ مُنہ بھر کے کوسنا
(عو) بے دردی سے کوسنا ۔ دعائے بد میں کسر نہ رکھنا ۔ خاطر خواہ
بد دعا دینا ٭ مُنہ بھر کے کہنا (عو) بے دریغ کہنا ۔ صاف صاف
کہنا ٭ مُنہ بھر کے گالیاں دینا ۔ فحش بکنا ۔ سخت اور قابلِ شرم
گالیاں دینا ٭ مُنہ بھر ا (بھر) آنا ۔ مُنہ میں رطوبت یا پانی کا
چلا آنا ۔ متلی ہونا ۔ جی کا مالش کرنا ٭ مُنہ بھرائی ۔ مؤنث (عو)
دہان بندی ۔ رشوت ٭ مُنہ بھرائی (بھر) دینا (عو) رشوت دینا ٭
مُنہ بھرنا (۱) مُنہ پُر کرنا ۔ مُنہ پر لقمہ دینا (۲) خاموش کرنا ۔ اتنا دینا
کہ سائل پھر نہ مانگے (۳) رشوت دینا (۴) (کنایۃً) تھوڑا سا
کھانا پینا ٭ مُنہ بھری ۔ مؤنث ۔ رشوت (دینا کے ساتھ) ٭
مُنہ بھڑاک ۔ مُنہ کے بل اوندھا گرنے کے لیے مستعمل ہے ٭

مُنہ پانا (عو) رخ پانا ۔ توجّہ پانا ۔ خوش پانا ۔ راضی پانا ٭ مُنہ پر
(۱) دہانے پر ۔ ہونٹوں پر ۔ چہرے پر ۔ زبان پر (۲) (کنایۃً) روبرو ۔
سامنے ۔ بالمقابل (۳) زد پر (۴) ظاہر میں ٭ مُنہ پر آنا (۱)
زبان پر آنا ۔ ظاہر ہوجانا (۲) مقابل ہونا ۔ مقابلے پر آنا (۳) زد پر آنا ٭
مُنہ پر آئی بات ۔ مؤنث ۔ زبان پر آئی ہوئی بات ٭ مُنہ پر
بات لانا ۔ بات کا اظہار کرنا ۔ راز فاش کرنا ۔ بھید کھولنا ٭
مُنہ پر برسنا ۔ چہرے سے ظاہر اور آشکارا ہونا ۔ صورت سے
پایا جانا ٭ مُنہ پر بسنت پھولنا ۔ یا ۔ کھلنا ۔ مُنہ پیلا پڑ جانا ۔
چہرہ زرد پڑ جانا ۔ خوف چھا جانا ٭ مُنہ پر پانی پھر جانا ۔
مُنہ پر تازگی آجانا ۔ مُنہ پر رونق آجانا ۔ چہرہ بھر جانا ٭ مُنہ پر
پلّہ رکھ کے رونا ۔ مُنہ پر پلّہ لینا ۔ دوپٹے کا کونا مُنہ پر
ڈال کر رونا ۔ مُنہ ڈھانپ کر رونا ٭ مُنہ پر پھینک مارنا ۔
مُنہ پر مارنا ۔ خفگی سے کوئی چیز واپس کر دینا ٭ مُنہ پر تھوک دینا ۔
یا ۔ تھوکنا (۱) چہرے پر تھوک ڈالنا (۲) مُنہ پر عیب صاف کہ دینا ۔
بے حد شرمندہ اور ذلیل کرنا ٭ مُنہ پر ٹھیکری رکھ لی ۔
بے مروّتی کی ۔ لحاظ نہ کیا ٭ مُنہ پر جانا ۔ کسی کا خیال کر کے مروّت
برتنا ۔ کسی کا لحاظ کرنا ٭ مُنہ پر چڑھنا (۱) روبرو ہونا ۔ سامنے ہونا ۔
مقابل ہونا (۲) (کنایۃً) سامنا کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ لڑنے کو کھڑا ہونا
(۳) گستاخ ہونا (۴) مصاحب بننا ۔ مُنہ لگنا ٭ مُنہ پر خاک اُڑنا
(ؤ) چہرے کا بے رونق اور پریشان ہونا ۔ مُنہ کا نور جاتا رہنا ٭
مُنہ پر خاک مَلی ہے (۱) کسی اچھّی چیز کو بُرے طور پر رکھا ہے (۲)
مفلسی ظاہر کر کے دولت چھپائی ہے ٭ مُنہ پر خوشامد نہ کرنا ۔
صاف بات کہنا ۔ پاس داری نہ کرنا ۔ لگی لپٹی نہ رکھنا ٭ مُنہ پر رکھنا
(ہ) (۱) زبان پر رکھنا ۔ کوئی چیز چکھنا (۲) کسی کے مواجہے اور
مقابلے میں اُسے کوئی بات کہنا ۔ سامنے کہہ دینا ٭ مُنہ پر رونق
آجانا (ؤ) چہرہ بشاش ہوجانا ٭ مُنہ پر زردی پھر (چھا)
جانا (۱) چہرے کا سفید پڑ جانا ۔ مُنہ زرد ہوجانا (۲) مُردنی چھا جانا ٭
مُنہ پر زردی کھنڈ جانا (دہلی) (عو) چہرہ زرد ہوجانا ۔
مُردنی چھا جانا ٭ مُنہ پر شفق پھولنا ۔ مُنہ پر سرخی آنا ۔
خوشی کے مارے مُنہ سرخ ہوجانا ٭ مُنہ پر فاختہ اُڑ جانا (دہلی)
مُنہ فق ہوجانا ۔ مُنہ کا رنگ اُڑنے لگنا ۔ چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا ٭
مُنہ پر قفل لگ جانا ۔ خاموشی چھا جانا ۔ مُنہ بند ہوجانا ٭ مُنہ پر
کچھ ، پیٹھ پر کچھ ۔ مُنہ پر اَوْر ، پیٹھ پیچھے اَوْر ۔ مُنہ پر
کچھ ، دل میں کچھ (ہ) ظاہر میں کچھ ، باطن میں کچھ ۔ سامنے ملّو پتّو
اور پیٹھ پیچھے بُرائی ۔ بظاہر دوست ، بباطن دشمن ٭ مُنہ پر
کچھ نہ کہنا (بولنا) (عو) سامنے کچھ نہ کہنا ۔ زبان پر نہ لانا ٭
مُنہ پر کہہ بیٹھنا ۔ روبرو کہہ دینا ۔ سامنے کہہ دینا ۔ مُنہ در مُنہ کہہ دینا ٭

مُنہ پر کہنا۔ روبرو کہنا۔ سامنے بیان کرنا۔ مُنہ درمُنہ کہنا ٭
مُنہ پر کہنا خوشامد ہے (۵) مثل۔ آپ کی تعریف آپ کے
سامنے کرتے ہیں۔ یہ خوشامد نہیں، امرِ واقعی ہے۔ ہم پیٹھ پیچھے
بھی یہی کہتے ہیں آپ کا ظاہر و باطن ہمہ صفت موصوف ہے ٭
مُنہ پر کہے سو مونچھ کا بال (ہ) مثل۔ مرد وہی ہے، جو بلا لحاظ
سچ بات مُنہ پر صاف کہ دے ٭ مُنہ پر کی ساری باتیں ہیں
سب باتیں ظاہرداری کی ہیں۔ سامنے تو محبّت اور پیٹھ پیچھے
عداوت ہے ٭ مُنہ پر لانا (۱) زبان پر رکھنا (۲) زبان سے
کہنا۔ ظاہر کرنا۔ بیان کرنا ٭ مُنہ پر لکھا ہونا (کنایۃً)
کوئی ظاہری خالص نشانی ہونا ٭ مُنہ پر لگا لے جانا۔ کسی
خطرناک چیز کے سامنے لے جانا ٭ مُنہ پر مارنا۔ کوئی بُری چیز
واپس کرنا۔ لوٹانا ٭ مُنہ پر مُردنی پھرنا۔ یا۔ چھانا (۵)
(پھرنا کے ساتھ خاص بیگمات کا محاورہ ہے) مرنے سے پہلے
چہرے کا سیاہ ہو جانا، آنکھوں میں حلقے پڑ جانا، کنپٹی بیٹھ جانا،
ان مجموعی کیفیتوں کا نام مُردنی چھانا ہے ٭ مُنہ پر مُنہ رکھنا
(ہ) پیار کرنا۔ گال پر گال رکھنا ٭ مُنہ پر مہتاب چھُٹنا (۵)
(کنایۃً) خوف یا شرم کے مارے مُنہ کا رنگ پھیکا پڑ جانا۔
مُنہ فق ہونا ٭ مُنہ پر مُہر کر دینا۔ یا۔ کرنا۔ یا۔ لگانا۔
خاموش کرنا۔ بولنے سے باز رکھنا۔ مُنہ بند کر دینا۔ چپ
رہنے کا حکم دینا ٭ مُنہ پر مُہر لگی ہونا۔ مُنہ بند ہونا۔ کسی طرح
نہ بولنا۔ استقلال سے خاموش رہنا ٭ مُنہ پر مُہر ہو جانا۔
یا۔ ہونا۔ خاموشی طاری ہو جانا ٭ مُنہ پر میٹھا ہونا (ہ)
سامنے شیریں کلام اور دل میں کھوٹ ہونا ٭ مُنہ پر ناک نہ ہونا
(کنایۃً) بے حیا ہونا۔ بے غیرت ہونا۔ غیرت، عزّت اور
ننگ و ناموس کا خیال نہ ہونا ٭ مُنہ پر نمک ہونا (۵)
چہرے میں ملاحت کے باعث حُسن ہونا ٭ مُنہ پر نور آنا۔
چہرے پر رونق آنا ٭ مُنہ پر نور نہ ہونا۔ چہرے کا
بے روپ ہو جانا۔ چہرے پر رونق نہ ہونا ٭ مُنہ پر نہ
تھوکنا (ہ) (کنایۃً) حقارت سے دیکھنا۔ نہایت
بے وقعت سمجھنا ٭ مُنہ پر نہ رکھنا (۱) ذائقہ نہ چکھنا۔
زبان پر نہ رکھنا (۲) روبرو نہ کہنا۔ سامنے نہ کہنا ٭ مُنہ پر ہاتھ
پھیرنا (۱) گالوں پر ہاتھ لگانا (۲) بدلا لینے کا اشارہ کرنا ٭
مُنہ پر ہاتھ رکھنا۔ مُنہ بند کرنا۔ بولنے سے روکنا۔ بات
نہ کرنے دینا۔ کچھ کہنے نہ دینا ٭ مُنہ پر ہوائی (ہوائیاں)
اُڑنا (چھوٹنا) چہرے کا رنگ اُڑ جانا۔ مُنہ فق ہونا۔ گھبرا جانا۔
حواس باختہ ہونا ٭ مُنہ پڑنا (۱) جرأت ہونا۔ حوصلہ ہونا
(۲) مشہور ہونا۔ چرچا ہونا۔ افواہ ہونا (۳) کھانے میں آنا۔
مُنہ میں جانا ٭ مُنہ پڑی۔ زبان زدِ خلائق۔ مشہورِ خاص و عام ٭
مُنہ پسار کر دوڑنا۔ کسی چیز کی خواہش میں مُنہ کھول کر
دوڑنا ٭ مُنہ پسار کر رہ جانا۔ ہکّا بکّا رہ جانا۔
حیران رہ جانا ٭ مُنہ پسارنا (عوام) (۱) لالچ کرنا
(۲) حیران اور ہکّا بکّا رہ جانا ٭ مُنہ پکڑنا۔ مُنہ بند کرنا۔
بولنے سے روکنا۔ بولنے نہ دینا ٭ مُنہ پھاڑنا (عوام) (۱)
بولنا۔ مُنہ کھولنا (۲) مُنہ بنانا۔ مُنہ پھیلانا۔ اپنی بے وقوفی
پر ہنسنا (۳) زبان درازی کرنا ٭ مُنہ پھٹ (۱) بدزبان۔
زبان دراز۔ مُنہ زور۔ بدلحاظ (۲) موقع بے موقع بولنے والا ٭
مُنہ پھرا لینا۔ یا۔ پھرانا (۱) مُنہ دوسری طرف کر لینا (۲)
(کنایۃً) صورت سے بیزار ہونا۔ بے رخی کرنا ٭ مُنہ پھر جانا۔
یا۔ پھرنا (۱) مُنہ ٹیڑھا ہو جانا (۲) لقوے کی بیماری ہو جانا
(۳) رُخ پھر جانا۔ مُنہ سامنے سے ہٹ جانا (۴) بھاگ جانا۔
شکست کھا جانا (۵) اُکتا جانا۔ جی بھر جانا۔ سیر ہو جانا (۶)
نوک ٹیڑھی ہو جانا۔ دھار کا خم ہو جانا (۷) خیال دوسری
طرف لگ جانا۔ توجّہ نہ رہنا (۸) (کنایۃً) ہمّت ہار جانا (۹)
طمانچے وغیرہ کی ضرب سے مُنہ کا کسی طرف مائل ہو جانا (نمبر ۱،
۲، ۴، ۵، ۹ میں جانا کے ساتھ فصیح ہے۔) ٭ مُنہ پھُلا کر
بیٹھنا۔ گال پھُلا کر بیٹھنا۔ مُنہ سی کر بیٹھنا۔ خفگی کی علامت
ظاہر کرنا۔ ناراض ہو کر بیٹھنا ٭ مُنہ پھُلانا (کنایۃً) خفا ہونا۔
ناراض ہونا۔ مُنہ سجانا ٭ مُنہ پھوڑ کر (۱) بے حیائی سے۔
بے شرم ہو کر (۲) آزادانہ ٭ مُنہ پھوڑ کر کہنا (۱) بے شرم ہو کر
کہنا۔ بے حیائی سے کہنا (۲) دلیری سے کہنا (۳) آزادانہ راز
ظاہر کر دینا ٭ مُنہ پھوڑ کر مانگنا۔ بے غیرت بن کر طلب کرنا۔
بے شرم بن کر مانگنا۔ بے حیائی سے طلب کرنا ٭ مُنہ پھولنا
(کنایۃً) آزردہ اور برہم ہو جانا ٭ مُنہ پھیر دینا (۱) رخ
پھیر دینا۔ چہرہ پھیر دینا۔ مُنہ موڑ دینا (۲) طبیعت سیر کر دینا۔
جی بھر دینا (۳) مغلوب کر دینا۔ پسپا کر دینا ٭ مُنہ پھیر کر
نہ دیکھنا (کنایۃً) پروا نہ کرنا۔ بے توجّہی کرنا ٭ مُنہ پھیرنا
(۱) مُنہ موڑنا۔ مُنہ دوسری طرف کر لینا۔ روگرداں ہونا (۲)
بے مروّتی کرنا۔ بے پروائی کرنا۔ بے وفائی کرنا۔ منحرف
ہونا (۳) متنفّر ہونا۔ ناراض ہونا۔ بیزار ہونا (۴) (کنایۃً)
حیا کرنا۔ شرم کرنا ٭ مُنہ پھیلانا (۱) مُنہ کھولنا (۲) بہت
لالچ کرنا۔ زیادہ مانگنا (۳) زیادہ قیمت طلب کرنا۔ مول بڑھانا
(۴) ہکّا بکّا رہ جانا ٭ مُنہ پھیلائے بیٹھنا۔ مُنہ کھولے
بیٹھنا۔ مانگنے اور لینے کے لیے تیار ہو جانا۔ منتظر رہنا ٭
مُنہ پیٹنا۔ نہایت غصّے یا حسرت و افسوس اور رنج و غم سے

اپنے چہرے پر تھپڑ مارنا۔ ماتم کرنا۔ رنج و غم کرنا۔ پچھتانا ؛ **مُنہ تک آنا** (۱) زبان تک آنا۔ لب تک آنا (۲) لبریز ہونا۔ کناروں تک بھرنا ؛ **مُنہ تک جگر آنا**۔ مُنہ کو کلیجا آنا۔ دم گھبرانا ؛
مُنہ تک کے رہ جانا۔ حیرت سے چُپ رہ جانا ؛ **مُنہ تکنا**
(۱) چہرے کی طرف نظر کرنا۔ صورت دیکھنا (۲) جواب کا منتظر رہنا
(۳) نگاہِ تاسّف سے دیکھنا۔ حسرت و یاس کی نظروں سے دیکھنا
(۴) حیران و ششدر ہو کر رہ جانا (۵) لاجواب ہو جانا (۶)
تعجّب سے دیکھنا (۷) (کنایۃً) کسی چیز کی اُمید رکھنا ؛ **مُنہ تمتمانا**
چہرے کا سرخ ہو جانا ؛ **مُنہ تنگ کرنا** (ل) نہ بولنا ؛ **مُنہ توپا**
(ہ) مذکّر۔ رشوت۔ مُنہ بھرائی ؛ **مُنہ تو دیکھو۔ یا۔ دیکھیے**
(طنزاً) حوصلہ تو دیکھو۔ پہلے اپنا مُنہ تو دیکھ لو۔ اس قابل تو ہو
جاؤ۔ تمہاری حقیقت ہی کیا ہے ؛ **مُنہ توڑ کے جواب دینا**۔
بے باکانہ جواب دینا۔ صاف جواب دے دینا ؛ **مُنہ توڑنا** (۱)
مُنہ میں ضرب لگانا (۲) (کنایۃً) شرمندہ کرنا۔ لاجواب کرنا ؛
مُنہ تھتھانا۔ نیچے کا ہونٹ لٹکا لینا اور آزردگی و ناراضی کی
صورت بنانا۔ تیوری چڑھانا ؛ **مُنہ ٹوٹ جانا۔ یا۔ ٹوٹنا**۔
مُنہ پر چوٹ آنا ؛ **مُنہ جوڑنا** (عو) (کنایۃً) (۱) کانا پھوسی کرنا۔
ذکر اذکار کرنا (۲) بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا ؛ **مُنہ جھٹالنا** (۱)
برائے نام کھانا۔ چکھ لینا۔ نام گنانے کو کھانا (۲) (لکھنؤ) نہار مُنہ
تھوڑا سا کھا لینا ؛ **مُنہ جھٹک جانا**۔ چہرہ ملول اور اداس ہو جانا۔
مُنہ اُتر جانا۔ دُبلا ہو جانا ؛ **مُنہ جُھٹلانا** (دہلی)۔ برائے نام کچھ کھانا ؛
مُنہ جُھلسنا (۱) مُنہ جلا کر سیاہ کرنا۔ مُنہ کو آگ لگانا۔ مُنہ جلا دینا
(۲) سو کھا ٹرخا دینا۔ لعنت بھیجنا (۳) مُنہ بھرائی دینا۔ رشوت دینا
(۴) قرض ادا کرنا۔ دے دلا کر فارغ کرنا ؛ **مُنہ جھوٹا کرنا**۔
تھوڑا سا کھانا ؛ **مُنہ چاٹنا** (۱) چمکارنا۔ پیار کرنا (۲) ناز برداری کرنا۔
خوشامد کرنا (۳) کسی کا مُنہ اپنی زبان سے صاف کرنا ؛ **مُنہ چاہیے**۔
حوصلہ اور ہمّت چاہیے۔ دل گُردہ درکار ہے۔ قابلیّت چاہیے ؛
مُنہ چڑانا۔ یا۔ چڑھانا (۱) کسی کو دُکھ دینے کے لیے مُنہ
ٹیڑھا کرنا۔ دوسرے کے مُنہ کی نقل بدنمائی سے کر کے اسے غصّہ دلانا۔
مُنہ بگاڑ کر چھیڑنا۔ تمسخر کرنا (۲) جھوٹی تقلید کرنا (۳) مضحکہ اُڑانا۔
بدنام کرنا ؛ لے **مُنہ چڑھنا** (۱) رفیق ہونا۔ مصاحب بننا۔
مُنہ لگنا (۲) (عو) تیوری چڑھنا (۳) بے ادب ہونا۔ گستاخ بننا
(۴) برابری کرنا۔ سامنے آنا۔ مقابل آنا (۵) زبان پر چڑھنا (۶)
درپے ہونا۔ سر ہونا۔ پیچھے پڑنا (۷) چہرے پر نمایاں ہونا۔ مُنہ
پر آنا ؛ **مُنہ چکنا پیٹ خالی** (ل) ظاہر میں بڑی ٹیپ ٹاپ اور
باطن خراب ؛ **مُنہ چلانا** (ہ) (۱) مُنہ کو حرکت دینا (۲) چبانا۔ کھانا
(۳) گھوڑے کا کاٹنا۔ مُنہ ڈالنا۔ مُنہ سے پکڑنا (۴) (عو) گالیاں دینا۔
بدزبانی کرنا ؛ **مُنہ چلنا** (۱) مُنہ کا متحرک ہونا (۲) کھاتے رہنا (۳)
زبان چلنا (۴) چُپ نہ بیٹھنا۔ بک بک کیے جانا ؛ **مُنہ چلے ،
ستّر بلا ٹلے** (ل) مثل (عو) ساری طاقت کھانے پینے سے ہے ؛
مُنہ چور (ہ) شرمسار۔ وہ شخص، جو شرم و لحاظ سے کسی کے سامنے
مُنہ نہ کرے ؛ **مُنہ چومتے ہی گال کاٹا**۔ مثل۔ ابتدا ہی میں نقصان
پہنچایا ؛ **مُنہ چوم کے چھوڑ دینا**۔ ذلیل و شرمندہ کر کے
چھوڑ دینا۔ کام نکال کے الگ کرنا۔ حقیر جاننا ؛ **مُنہ چوم لینا** (۱)
بوسہ لینا (۲) (کنایۃً) کسی کے مُنہ سے اپنی مرضی کی کوئی بات
سُن کر کمال خوش ہونا (۳) بہت تعریف کرنا۔ کسی کی خوش گفتاری
پر قربان ہو کر مُنہ چوم لینے کو جی چاہنا۔ داد دینا ؛ **مُنہ چومنا** (۱)
پیار لینا۔ چُوما لینا۔ بوسہ لینا (۲) (کنایۃً) داد دینا۔ تعریف کرنا ؛
مُنہ چھپانا (۱) نقاب ڈالنا۔ پردہ کرنا۔ چہرہ سامنے نہ کرنا۔
مُنہ پوشیدہ کرنا (۲) شرمانا۔ حیا کرنا۔ شرمسار ہونا۔ شرمندہ ہونا
(۳) سامنے نہ آنا۔ چھپنا۔ روپوش ہونا (۴) (کنایۃً) پہلو تہی کرنا۔
کنارہ کرنا (۵) نظر چُرانا۔ آنکھ چُرانا ؛ **مُنہ چھُٹ** (۱)
مُنہ پھٹ۔ بے لگام (۲) ، زیادہ۔ اَت گت۔ وافر ؛
مُنہ چھوانا (۱) اوپری دل سے کہنا (۲) ظاہرداری کی تواضع
کرنا۔ جھوٹی خاطر کرنا ؛ **مُنہ چھوٹا اور بڑی بات**۔ مثل۔
گھٹیل آدمی کا حوصلے سے بڑھ کر بات کرنا۔ شیخی بگھارنا ؛ **مُنہ چھونا**
(۱) اوپری دل سے کہنا۔ برائے نام کہنا (۲) ذرا بولنا۔ ذرا بات کرنا ؛
مُنہ خام کرنا (ل) مُنہ بند کرنا۔ کپڑوٹی کرنا۔ آٹے یا مٹّی سے گل حکمت
کرنا ؛ **مُنہ خدا کی طرف ہونا**۔ خدا پر بھروسا ہونا ؛
مُنہ خراب کرنا (۱) مُنہ بدمزہ کرنا۔ مُنہ بگاڑنا (۲) (کنایۃً)
بیہودہ بات کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ گالی دینا ؛ **مُنہ خشک
ہو جانا۔ یا۔ ہونا** (۱) گرمی یا پیاس کی تیزی سے زبان کا سُوکھ جانا۔
مُنہ سُوکھ جانا (۲) (کنایۃً) ڈر جانا۔ خوف چھا جانا۔ گھبرا جانا۔
چہرہ زرد پڑ جانا (۳) (کنایۃً) زیادہ باتیں کرنا ؛ **مُنہ در مُنہ** (عو)
مُنہ پر۔ سامنے۔ روبرو ؛ **مُنہ در مُنہ خالہ پیٹھ پیچھے
دشمن جانی**۔ مثل (عو) اس کے متعلق مستعمل ہے، جو بظاہر
خوشامد کی باتیں کرے، لیکن درپردہ دشمن ہو ؛ **مُنہ در مُنہ
کر دینا**۔ سامنے کر دینا۔ روبرو کر دینا ؛ **مُنہ در مُنہ کہنا**
(عو) روبرو کہنا۔ مُنہ پر کہنا۔ سامنے کہنا ؛ **مُنہ دکھانا** (۱)
مُنہ روبرو کرنا۔ ملاقات کرنا۔ مُنہ سامنے کرنا۔ صورت دکھانا (۲)
روبرو آنا۔ سامنے ہونا۔ ملنا۔ مقابل ہونا ؛ **مُنہ دکھانا مشکل
ہے۔ یا۔ ہو گیا** (ل) بے حد شرمندگی ہے، جس کے باعث
سامنے نہیں ہو سکتا ؛ **مُنہ دکھانے کی جگہ** (باقی) نہیں۔
انتہائی ندامت کے باعث سامنے نہیں جا سکتا ؛ **مُنہ دکھانے**

لے مُنہ چڑھنا (۱) سر چڑھا، بے ادب، گستاخ (۲) مقدّی ؛ مُنہ چڑھانا (۱) سر چڑھانا، کسی کو بے ادب اور گستاخ بنانا (۲) عزّت دینا، مصاحب بنانا، مُنہ لگانا ؛

کی صورت نہ رہنا۔ شرمندگی کی وجہ سے کسی کے سامنے ہونے کا موقع نہ رہنا ٭ **مُنہ دکھانے کے قابل نہ رہنا** ۔ انتہائی شرمندگی کے سبب سامنے آنے کے لائق نہ رہنا ٭ **مُنہ دکھائی (دکھلائی)** (ہ) مؤنث۔ وہ نقدی، جو پہلے پہل دلھن کے رشتہ دار اُس کا مُنہ دیکھ کر اُسے دیتے ہیں۔ رونمائی ٭ **مُنہ دکھائی دینا** کسی چمکیلی چیز میں چہرے کا عکس نظر آنا ٭ **مُنہ دکھلانا**۔ مُنہ دکھانا ٭ **مُنہ دُھلانا**۔ مُنہ دھونا کا متعدّی ٭ **مُنہ دھو آؤ۔ یا۔ رکھو۔ یا۔ ڈالو**۔ اس کام کی اُمّید نہ رکھو۔ تم اِس قابل نہیں ٭ **مُنہ دھوآں ہو جانا**۔ مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا ٭ **مُنہ دھونا** (۱) مُنہ پانی سے دھونا (۲) چہرہ صاف کرنا ٭ **مُنہ دے کر بات کرنا** (عو) متوجّہ ہو کر بات چیت کرنا ٭ **مُنہ دیکھ** (۱) کیا بک رہا ہے۔ تجھے یہ شایاں نہیں (۲) لیاقت دیکھ۔ قابلیت پیدا کر ٭ **مُنہ دیکھ کر اُٹھنا**۔ سوتے ہوئے اُٹھ کر کسی کی صورت دیکھنا۔ کہتے ہیں کہ اگر صبح سویرے کسی خوش نصیب کی صورت دیکھی جائے تو سارا دن خوشی سے گزرتا ہے اور اگر کوئی منحوس سامنے آجائے تو رنج و غم میں دن کٹتا ہے ٭ **مُنہ دیکھ کر بات کرنا**۔ مُنہ دیکھی باتیں کرنا۔ خوشامد کی باتیں کہنا ٭ **مُنہ دیکھ کر رہ جانا** (۱) متحیّر ہونا۔ حیران رہ جانا (۲) کسی کا کلام سُن کر جواب نہ دے سکنا (۳) نا اُمّید ہو کر رہ جانا۔ نا اُمّید ہونا۔ منتظر رہنا ٭ **مُنہ دیکھا** (۱) مُنہ دیکھنے والا (۲) حلقہ بگوش۔ فرماں بردار ٭ **مُنہ دیکھا کرنا** (۱) حیرت سے مُنہ تکنا اور کچھ دخل نہ دینا۔ چہرہ گھورا کرنا۔ مُنہ تکا کرنا (۲) کسی بات کے سننے کا منتظر رہنا ٭ **مُنہ دیکھتا رہ جانا** (۱) مُنہ تکتا رہ جانا۔ اُمّید میں رہ جانا (۲) حیران و ششدر رہ جانا ٭ **مُنہ دیکھنا** (۱) چہرہ دیکھنا۔ صورت دیکھنا۔ کسی کے چہرے کا نظارہ کرنا (۲) صبح اُٹھ کر پہلے ہی پہل کسی کے مُنہ پر نظر کرنا (۳) آئینے میں شکل دیکھنا (۴) حیرت سے مُنہ دیکھنا (۵) تعجّب سے نظر کرنا۔ حسرت سے مُنہ تکنا (۶) جواب یا مزید گفتگو کے انتظار میں مُنہ تکنا۔ منتظر ہونا (۷) اُمنگ دیکھنا۔ حوصلہ دیکھنا (۸) کسی سے کسی کا توقّع کرنا (۹) تماشا دیکھنا اور کچھ کام نہ کرنا (۱۰) کسی کی قابلیت دیکھنا۔ حوصلہ دیکھنا (۱۱) تابع ہونا ٭ **مُنہ دیکھو** (طنزاً) ذرا ان کی لیاقت پر نظر کرو۔ کیا حوصلہ ہے ٭ **مُنہ دیکھی**۔ مؤنث (۱) طرف داری کی بات (۲) (کنایۃً) خوشامد کی ٭ **مُنہ دیکھے کی**۔ (۱) دکھاوے کی۔ اوپری۔ ظاہری (۲) خوشامد کی ٭ **مُنہ دیکھے کی الفت، پریت، محبّت یا چاہ** (ہ) مؤنث۔ دکھاوے کی محبّت۔ ظاہری محبّت۔ جھوٹی محبّت ٭ **مُنہ دیکھے کی باتیں** (ہ) مؤنث۔ دکھاوے کی باتیں۔ ظاہری باتیں۔ اوپری باتیں ٭ **مُنہ دیکھے کی (دیکھی)، سب کہتے ہیں، خدا لگتی کوئی**

نہیں کہتا (ہ) مثل۔ انصاف کی بات کوئی نہیں کہتا، سب خوشامد اور طرف داری کی باتیں کرتے ہیں ٭ **مُنہ دینا** (ہ) (۱) کسی برتن میں جانور وغیرہ کا مُنہ ڈالنا (۲) متوجّہ ہونا۔ دھیان دینا (۳) عہد کرنا۔ اقرار کرنا ٭ **مُنہ ڈالنا** (۱) کسی جانور کا کسی چیز میں مُنہ داخل کرنا۔ چارا کھانے پر جانور کا آمادہ ہونا۔ چارہ چرنا۔ پانی پینا (۲) (مرغ بازوں کی اصطلاح) مرغ کا لڑنا۔ حملہ کرنا (۳) مُنہ کسی چیز میں ڈالنا ٭ **مُنہ ڈھانپ ڈھانپ کر رونا**۔ رومال وغیرہ مُنہ پر رکھ کر زار زار رونا ٭ **مُنہ ڈھانپنا** (۱) مُنہ پر کپڑا ڈالنا۔ نوحہ کرنا۔ رونا (۲) شرم سے مُنہ چھپا لینا ٭ **مُنہ ڈھانک کر (ڈھانپ کے) رونا**۔ ماتم کرنا۔ مُنہ پر رومال یا کپڑا رکھ کر رونا۔ زار زار رونا ٭ **مُنہ ڈھانکنا۔ یا۔ ڈھکنا** (۱) مُنہ چھپانا۔ مُنہ پر پردہ ڈالنا (۲) (عو) گریہ و زاری کرنا۔ رونا۔ ماتم کرنا ٭ **مُنہ ڈھک ڈھک کر رونا**۔ عورتوں کی طرح آٹھ آٹھ آنسو رونا۔ عورتوں کی طرح زار زار رونا۔ خوب رونا ٭ **مُنہ ذرا سا نکل آنا** (ہ) چہرے کا کمزور اور دُبلا پڑ جانا (۲) انتہائی لاغر اور ناتواں ہو جانا ٭ **مُنہ رکھنا** (ہ) لحاظ رکھنا۔ پاس رکھنا۔ رو رعایت کرنا۔ توجّہ رکھنا ٭ **مُنہ روشن ہونا** (ہ) مُنہ پر چمک ہونا۔ مُنہ پر رونق ہونا ٭ **مُنہ زبانی** (۱) باہم زبانی گفتگو سے لکھے۔ بے تحریر۔ زبانی (۲) ازبر۔ حفظ۔ نوک زبان (بعض فصحائے لکھنؤ مُنہ زبانی کی جگہ زبانی کو فصیح سمجھتے اور مُنہ زبانی کو عوام کی زبان قرار دیتے ہیں۔) ٭ **مُنہ زرد ہو جانا۔ یا۔ ہونا** (۱) مُنہ کا سفید پڑ جانا۔ چہرہ اُداس ہو جانا (۲) (کنایۃً) اُداسی چھا جانا۔ ڈر جانا ٭ **مُنہ زور** (۱) بُرا بھلا بکنے والا۔ بدزبان۔ مُنہ پھٹ۔ بدلگام (۲) چپ نہ رہنے والا۔ بکواسی۔ بکّی (۳) وہ تیز گھوڑا، جو روکے نہ رُکے۔ وہ گھوڑا، جو لگام کو نہ مانے۔ شریر گھوڑا ٭ **مُنہ زوری**۔ مؤنث (۱) بیہودہ گوئی۔ سخت کلامی۔ بدلگامی۔ بدزبانی (۲) سرکشی۔ شوخی۔ شرارت ٭ **مُنہ زوری کرنا** (۱) بدلگامی کرنا۔ بدزبانی کرنا (۲) شرارت کرنا۔ شوخی کرنا ٭ **مُنہ زہر ہو جانا**۔ مُنہ تلخ ہو جانا ٭ **مُنہ سُست ہو جانا**۔ مُنہ کا دُبلا ہو جانا ٭ **مُنہ سُجانا** (ہ) (۱) مُنہ پھلانا۔ غمگین ہونا۔ ناراض ہونا۔ اُداس ہونا (۲) تھپڑوں سے مُنہ لال کرنا (۳) (کنایۃً) روٹھ جانا۔ غصّے میں ہونا ٭ **مُنہ سُرخ ہو جانا** (ہ) (۱) (کنایۃً) غصّے کے باعث مُنہ کا لال ہو جانا۔ غضب ناک ہو جانا (۲) جوانی کے جوش یا نشے کے عالم میں مُنہ پر سرخی آجانا ٭ **مُنہ سفید پڑ جانا۔ یا۔ ہو جانا**۔ رنج و غم یا خوف اور فکر سے چہرے کا رنگ اُڑ جانا۔ متحیّر ہو جانا ٭ **مُنہ سکڑ جانا** (ہ) چہرے پر دُبلاہٹ چھا جانا۔ مُنہ کی رونق نہ رہنا۔ چہرے پر جھرّیاں پڑ جانا ٭ **مُنہ سکوڑنا۔ یا۔ سکیڑنا**۔ تیوری چڑھانا۔ مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ مُنہ بنانا۔ ناک بھوں چڑھانا۔

ناراض ہونا ۔ ترش رو ہونا ۔ چیں بجبیں ہونا ٭ **مُنہ سلونا کرنا** ۔ شیرینی کے بعد کوئی نمکین چیز کھانا ٭ **مُنہ سنبھالنا** ۔ زبان کو قابو میں کرنا ۔ زبان کو لگام دینا ۔ سوچ سمجھ کر بات کرنا ۔ زبان روکنا ٭ **مُنہ سنبھالو** ۔ زبان درازی نہ کرو ۔ سوچ سمجھ کر بات کرو ۔ زبان روکو ٭ **مُنہ سوکھ جانا ۔ یا ۔ سوکھنا** (۱) مُنہ اترنا ۔ دُبلا ہونا (۲) ڈر یا خوف سے مُنہ خشک ہو جانا ٭ **مُنہ سوئی پیٹ کوٹھی** ۔ مثل (۱) ذرا سا مُنہ اور اتنا بڑا پیٹ (۲) آمدنی کم اور خرچ زیادہ ۔ کھاؤ ۔ لٹاؤ ٭ **مُنہ سی دینا** (۱) تھیلی وغیرہ کے مُنہ کو ٹانکے وغیرہ لگا دینا (۲) (کنایۃً) خاموش کر دینا (۳) رشوت دے دینا ۔ **مُنہ سے** (۱) زبان سے (۲) پاس داری سے ۔ رعایت سے ۔ خاطر سے ۔ لحاظ سے ٭ **مُنہ سے اُگلنا** (۱) مُنہ سے باہر لانا (۲) (کنایۃً) غبن کیا ہوا مال واپس کرنا ٭ **مُنہ سے بات لپکنا** ۔ اچکنا ۔ لینا ۔ یا ۔ چھیننا ۔ کسی کے دل کی کہنا ۔ جو بات دوسرا کہنے لگا ہو ، وہ بات خود اس سے پہلے کہہ دینا ٭ **مُنہ سے بات نکلنا** ۔ کچھ کہہ سکنا ۔ زبان پر بات آنا ۔ ہونٹوں سے بات نکلنا ۔ کہا جانا ٭ **مُنہ سے بات نہ نکلنا** ۔ دہشت ، خوف یا غصّے کے باعث بول نہ سکنا ٭ **مُنہ سے باتیں نکالنا** (۱) کوسنا ۔ بددعا دینا (۲) کسی کی بابت باتیں کرنا ٭ **مُنہ سے بس کرنا** ۔ زبان سے انکار کرنا ۔ مُنہ سے روکنا کافی سمجھنا ٭ **مُنہ سے بولنا** (طنزاً) زبان سے بات کرنا ۔ جواب دینا ٭ **مُنہ سے بولو سر سے کھیلو** (۱) خاموش نہ رہو ۔ بات چیت کرو ٭ **مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے** ۔ بات ہی نہیں کرتا ۔ بالکل چُپ ہے ۔ بالکل بے ہوش ہے ۔ مبہوت ہو گیا ہے ٭ **مُنہ سے بھاپ نکلنا** (ہ) مُنہ سے اُف کرنا ٭ **مُنہ سے پھوٹنا** (ع) (کنایۃً) زبان سے کچھ کہنا ۔ جواب دینا ۔ بولنا ٭ **مُنہ سے پھول جھڑنا** (۱) (کنایۃً) شیریں کلام ہونا ۔ خوش گفتار اور فصیح ہونا (۲) (طنزاً) بدزبان ہونا ٭ **مُنہ سے تو پھوٹو** ۔ یا ۔ **مُنہ سے پھوٹو** ۔ کچھ تو بولو ۔ جواب تو دو ۔ ہاں یا نہیں کرو ٭ **مُنہ سے تو کہو** ۔ زبان تو ہلاؤ ۔ بات تو کرو ٭ **مُنہ سے دودھ ٹپکتا ہے** ۔ یا ۔ **مُنہ سے دودھ کی بو آتی ہے** (ل) نادان اور ناتجربہ کار ہے ٭ **مُنہ سے رال ٹپکی پڑنا** (ہ) از حد خواہش ہونا ۔ نہایت جی للچانا ٭ **مُنہ سے سُنا چاہتے ہو؟** کیا گالیاں کھانے کو جی چاہتا ہے؟ **مُنہ سے سیاہی دھو جانا** (ل) بدنامی مٹ جانا ٭ **مُنہ سے کچھ کا کچھ نکلنا** (ہ) کہنا کچھ اور چاہتا ، لیکن رعب و خوف یا نشے کے باعث زبان سے کچھ اور نکلنا ٭ **مُنہ سے کلیجا نکل پڑنا** ۔ جی اکتا جانا ۔ دل گھبرا جانا ۔ گھبرا کر دم نکل جانا ٭

مُنہ سے کیا پھول جھڑتے ہیں (۱) کیا پُرلطف باتیں کرتے ہیں (۲) (طنزاً) ناگوار باتوں کے متعلق کہا جاتا ہے ٭ **مُنہ سے لعل اگلنا** (ل) (کنایۃً) خوش کلام اور خوش گفتار ہونا ٭ **مُنہ سے مُنہ ملانا** (ہ) (۱) چوما چاٹی کرنا ۔ بوس و کنار کرنا (۲) زبان سے زبان ملانا ۔ ہم کلام ہونا (۳) (کنایۃً) گستاخی سے بات چیت کرنا ٭ **مُنہ سے مہا با ہے** (ل) خاطر سے خاطر اور محبت سے محبت ہے ٭ **مُنہ سیا جانا** ۔ مُنہ پر مُہر لگایا جانا ۔ خاموش کیا جانا ٭ **مُنہ سیاہ کرنا** (ل) (۱) مُنہ کالا کرنا ۔ خضاب لگانا (۲) کلنک لگانا ٭ **مُنہ سینا** (ہ) (۱) خاموش کرنا ۔ مُنہ بند کرنا (۲) رشوت دینا ٭ **مُنہ فق** (ل) بے حواس ۔ بے اوسان ۔ حواس باختہ ۔ اداس ٭ **مُنہ فق ہو جانا ۔ یا ۔ ہونا** ۔ مُنہ سفید ہو جانا ۔ حواس باختہ ہو جانا ٭ **مُنہ کا پھوہڑ** (ہ) مُنہ پھٹ ۔ بدلگام ۔ بدزبان ٭ **مُنہ کا تھوبڑا ہو جانا** ۔ پٹ جانا ٭ **مُنہ کا سچّا** ۔ سچّا وعدہ کرنے والا ٭ **مُنہ کا کچّا** (۱) وہ گھوڑا ، جو لگام کا جھٹکا نہ سہار سکے ۔ نرم مُنہ کا گھوڑا (۲) (مرغ بازوں کی اصطلاح) اصیل مرغ (۳) وہ شخص ، جس کی زبان اعتبار کے قابل نہ ہو ٭ **مُنہ کا کڑا** (۱) مُنہ زور ۔ مُنہ کا سخت (۲) مضبوط دھار کا ٭ **مُنہ کالا کرنا** (۱) مُنہ سیاہ کرنا ۔ مُنہ کو سیاہی لگانا (۲) بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا (۳) بدفعلی کرنا ۔ زنا کرنا (۴) (کنایۃً) جھک مارنا (۵) کلنک لگانا ۔ عیب لگانا (۶) کسی طرف نکل کر چلا جانا ٭ **مُنہ کا مُنہ میں ہاتھ کا ہاتھ میں نوالہ رہ گیا** (ل) مثل ۔ اُس وقت کہتے ہیں ، جب کوئی شخص کھانا کھاتے ہیں کسی صدمے کی خبر سُن کر فوراً کھانا چھوڑ دے ۔ یعنی خبر کے سنتے ہی حیرت کا عالم چھا گیا ٭ **مُنہ کا میٹھا** (ہ) شیریں سخن ۔ خلیق ۔ زبان کا میٹھا ٭ **مُنہ کا میٹھا پیٹ کا کھوٹا** ۔ ظاہر میں دوست ، باطن میں دشمن ٭ **مُنہ کا نوالہ** (ل) مذکر (۱) لقمۂ دہن (۲) ادنیٰ کام ۔ بے حد آسان اور سہل کام ٭ **مُنہ کا نوالہ جاننا ۔ یا ۔ سمجھنا** ۔ ایک ادنیٰ اور آسان کام سمجھنا ٭ **مُنہ کا نوالہ ہو جانا** (۱) مُنہ میں چلا جانا ۔ لقمہ ہو جانا (۲) آسان اور سہل ہو جانا ٭ **مُنہ کا نور اُڑ جانا** ۔ بے رونق ہو جانا ۔ چہرے کی آب و تاب اور رونق جاتا رہنا ٭ **مُنہ کرنا** (ہ) (۱) چھید کرنا ۔ سوراخ کرنا (۲) توجّہ کرنا (۳) کسی کی طرف جانے کا ارادہ کرنا (۴) زخم یا پھوڑے کا سوراخ پیدا کرنا ۔ پھوٹنا (۵) خاطر کرنا ۔ پاس کرنا ۔ لحاظ کرنا (۶) مُنہ سامنے کرنا ۔ رخ کرنا (۷) لالچ کرنا (۸) سامنا کرنا ٭ **مُنہ کِلنا** ۔ کسی کے خلاف کہنے سے رُکنا ۔ زبان بند ہونا ٭ **مُنہ کو بنوانا** ۔ لیاقت پیدا کرنا ۔ اپنے آپ کو کسی کام کے قابل کرنا ٭ **مُنہ کو پھیر لینا** (۱) رُوکشی کرنا ، رُوگردانی کرنا ، اعتراض کرنا (۲) انکار کرنا ٭ **مُنہ کو جگر آنا** (ل) جی گھبرانا ۔ دم الٹنا ۔ ضبط نہ ہو سکنا ٭ **مُنہ کو خون لگنا**

(۱) خون کا مزہ پڑنا، خون کی چاٹ لگنا (۲) رشوت کا عادی ہونا ⁂ **مُنہ کو سنبھالنا** (ف) بیہودہ باتیں کرنے سے رُکنا، بدزبانی سے باز آنا ⁂ **مُنہ کو قفل دینا یا لگا دینا** (ف) (۱) چُپ سادھنا، مُنہ بند کرنا (۲) مُنہ کو کھانے پینے سے روکنا ⁂ **مُنہ کو قفل لگنا** (کنایۃً) چُپ ہونا ⁂ **مُنہ کو کالک لگانا** (ف) روسیاہ کرنا، بدنام کرنا، رسوا کرنا، کلنک لگانا ⁂ **مُنہ کو کالک لگنا** (کنایۃً) بدنامی ہونا، رسوائی ہونا ⁂ **مُنہ کو کالک مَلنا** (۱) مُنہ کالا کرنا (۲) شرمندہ کرنا (۳) خجل، نادم یا شرمندہ ہونا ⁂ **مُنہ کو کلیجا آنا** (دیکھیے "کلیجا مُنہ کو آنا") ⁂ **مُنہ کو لگام دو** (ل) مُنہ سنبھال کر بات کرو، بدزبانی نہ کرو ⁂ **مُنہ کو لگام ہونا** (کنایۃً) خاموش ہونا ⁂ **مُنہ کو لگنا** (ف) (۱) زبان کو چاٹ پڑنا، چسکا یا مزہ پڑنا (۲) لذیذ معلوم ہونا ⁂ **مُنہ کو گُوکا لگے** (عو) مُنہ کو آگ لگے، مُنہ جھُلس جائے (کوسنا) ⁂ **مُنہ کو لہو لگ جانا یا لگنا** (۱) شکار کھانے کا چسکا پڑ جانا، خون کی چاٹ لگنا، گوشت کا چسکا پڑنا، خونخوار بن جانا (۲) مفت مال کی چاٹ لگنا، رشوت یا حرام کھانے کا مزہ پڑ جانا ⁂ **منہ کو مزہ لگا دینا** (ل) زبان کو چاٹ ڈال دینا، چٹورا بنا دینا ⁂ **مُنہ کو موڑنا** (ف) (۱) مُنہ پھیرنا (۲) بے مروّتی، بے توجہی یا بے رُخی کرنا ⁂ **مُنہ کہاں ہے؟** کیا مجال ہے، کیا تاب و طاقت ہے؟ ⁂ **مُنہ کھائے، آنکھ لجائے** (مثل) احسان کرنے والے کے ساتھ مروّت ہی کرنی پڑتی ہے ⁂ **مُنہ کھُل جانا** (۱) دہن کشادہ ہو جانا (۲) گستاخ ہو جانا، بدلگام ہو جانا، مُنہ پھٹ ہو جانا ⁂ **مُنہ کھُلنا** (۱) دہن فراخ ہو جانا (۲) بدزبان ہونا، بدلگام ہو جانا (۳) کہنے یا بیان کرنے پر آمادہ ہونا، خاموشی کے بعد یکایک باتیں کرنا (۴) چہرے کا پردے، نقاب یا گھونگٹ سے نمایاں ہونا ⁂ **مُنہ کھُلوانا** (۱) مُنہ فراخ کرانا (۲) زبان کھُلوانا، بولنے پر مجبور کرنا (۳) بے ادب یا گستاخ بنانا، بولنے یا بات کرنے کی جراُت دینا (۴) زبان سے نکلوانا، سوال کرنا (ان معنی میں زیادہ تر نفی کے ساتھ مستعمل ہے) (۵) بے نقاب کرانا ⁂ **مُنہ کھول کر رہ جانا** (۱) کچھ کہتے کہتے چُپ ہو جانا (۲) مشتاق رہ جانا ⁂ **مُنہ کھولنا** (۱) زبان کھولنا، کہنا و بات کرنا (۲) زبان چلانا، گالیوں پہ اُترنا، باتیں سنانا، بُرا بھلا کہنا، زبان درازی کرنا (۳) گھونگٹ کھولنا، نقاب اٹھانا (۴) (لکھنؤ) دایہ کا بچے کو پہلی دفعہ دودھ پلانا (۵) کوئی چیز نکالنے کے لیے بند شے کھولنا (۶) لالچ کرنا (۷) دہن کشادہ کرنا، جیسے پھوڑے کا مُنہ کھولنا ⁂ **مُنہ کی** - کسی کی کہی ہوئی بات ⁂ **مُنہ کی بات چھین لینا** - کسی کے دل کی بات اس کے اظہار سے پہلے کہہ دینا ⁂ **مُنہ کی ٹکیا** - مؤنث (عو) چہرہ ⁂ **مُنہ کی دکھائی** - مؤنث - وہ نقدی، جو دُلہن کا چہرہ دیکھ کر رشتہ دار دیتے ہیں، رُونمائی ⁂ **مُنہ کی رنگت سفید ہونا** (ل) خوف، ناامیدی یا شرمندگی سے چہرے کا رنگ اُڑ جانا ⁂ **مُنہ کی سچّی** - مؤنث - وُہ تلوار، جس کا مُنہ نہ پھرے ⁂ **مُنہ کی کھانا** (۱) مُنہ پر چوٹ کھانا (۲) طمانچہ کھانا، تھپّڑ کھانا (۳) مار کھانا، سزا پانا (۴) خفّت اٹھانا، شرمندہ ہونا (۵) الزام اٹھانا، بدنامی حاصل کرنا (۶) صریح دھوکا کھانا، فریب کھانا، جَل میں آنا (۷) شکست کھانا، ہار جانا (۸) سر کے بل گرنا، اوندھے مُنہ گرنا (۹) اپنے مُنہ سے آپ قائل ہونا (۱۰) نقصان اٹھانا ⁂ **مُنہ کی گئی جو لونی تو کیا کرے گا کوئی** - مثل (عو) اس وقت بولتی ہیں، جب کوئی شخص جان بوجھ کر بے شرمی اختیار کرے۔ اب یہ مثل یوں بولی جاتی ہے: اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی ⁂ **مُنہ کی لوئی اُتر جانا** - شرم و حیا کا نہ رہنا، بے غیرتی چھا جانا، بے شرم ہو جانا ⁂ **مُنہ کی مکھی نہ اُڑا سکنا** (کنایۃً) بے حد کمزور اور ناتواں ہونا ⁂ **مُنہ کے آگے خندق نہیں** (ل) مثل - زبان نہیں رُکتی، بڑا بکواسی یا بکّی ہے ⁂ **مُنہ کے ٹکڑے اُڑا دینا** (متعدی)... **اُڑ جانا** (لازم) (ف) پان کی گلوری میں چونا زیادہ ہو تو مُنہ کٹ جاتا ہے، اسے مُنہ کے ٹکڑے اُڑ جانا سے تعبیر کرتے ہیں ⁂ **مُنہ کیا ہے؟** (۱) کیا مجال ہے، کیا حوصلہ ہے، کیا تاب و طاقت ہے؟ (۲) کیا حقیقت ہے، کیا رتبہ ہے؟ ⁂ **مُنہ کیل دینا یا کیلنا** (۱) کیل سے کسی چیز کا مُنہ بند کر دینا (۲) منتر یا جادو سے مُنہ بند کر دینا (۳) زہریلے جانور کا مُنہ کاٹنے کے قابل نہ رکھنا (۴) بولنے سے روکنا، خاموش کر دینا (۵) (کنایۃً) رشوت دینا ⁂ **مُنہ لال کرنا** (۱) مُنہ پر تھپّڑ مار کر چہرہ سُرخ کر دینا (۲) پان وغیرہ سے مُنہ سُرخ کرنا ⁂ **مُنہ لال ہو جانا یا ہونا** (۱) غصّے یا طیش سے چہرہ سُرخ ہو جانا (۲) کامیاب ہونا، ناموری حاصل ہونا (۳) تھپّڑ لگنے سے چہرہ سُرخ ہو جانا (۴) جوانی کے جوش یا نشّے سے چہرہ سُرخ ہونا ⁂ **مُنہ لپیٹ کر پڑ رہنا یا پڑنا** - اُداس اور غمگین ہو کر پڑ رہنا۔ غم کے مارے مُنہ پر کپڑا ڈال کر لیٹ رہنا ⁂ **مُنہ لٹکانا** (۱) دیکھیے "مُنہ پھُلانا" (۲) شرمندگی سے مُنہ جھُکانا (۳) کوئی دوا مُنہ میں حل کر رطوبت ٹپکنے کے لیے مُنہ نیچے کی طرف کرنا ⁂ **مُنہ لگا** - سر چڑھا (مؤنث کے لیے "مُنہ لگی") ⁂ **مُنہ لگانا** (۱) مُنہ سے چھُونا یا چھوانا، مُنہ سے مَس کرنا، مُنہ کے پاس لانا (۲) مُنہ سے جھوٹا کرنا، جھُٹالنا (۳) کسی پر زیادہ مہربانی کر کے اسے بے تکلف اور ڈھیٹ کر دینا، گستاخ بنانا (۴) (کنایۃً) کسی پر مروّت اور نظرِ عنایت کرنا (۵) کھانے پینے کے کسی برتن کو ہونٹ لگانا (۶) حمایت کرنا (۷) زبان پر رکھنا، کھانا چکھنا ⁂ **مُنہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال، مُنہ لگائی ڈومنی آئی بچّوں سمیت** (ل) مثل - وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی ذرا سی مہربانی کے باعث بہت سر چڑھے ⁂ **مُنہ لے کے آنا** (ف) (کنایۃً) صورت دکھانا (زیادہ تر "نہ" کے ساتھ مستعمل ہے) ⁂ **مُنہ لے کے پھر جانا** - بے رُخی کے باعث خالی جانا۔ بھروسے کے خلاف ناامید جانا ⁂ **مُنہ لے کے رہ جانا** - امید، دعوے یا بھروسے کے خلاف جواب پانے پر شرمندہ ہو جانا، کم درجہ ہونے کے خیال سے خجالت کی حالت میں چُپ رہ جانا ⁂ **مُنہ مارنا** (۱) شکار مُنہ سے پکڑنا (۲) لڑائی کے مرغوں اور بٹیروں کا باہم چونچیں مارنا (۳) (دہلی) طنز کی بات کہنا، چوٹ کرنا، طعنہ کرنا (۴) کبوتر کو اُڑان کے وقت دوبارہ کسی طرف بھیجنا (۵) شکاری کُتّے کا شکار پر دانت مارنا (۶) اونٹ یا گھوڑے کا کاٹنا (۷) جانوروں کا جلد جلد دانہ کھانا (۸) (کنایۃً) مزے دار کھانے پینے سے محروم رکھنا ⁂ **مُنہ مانگا** - خواہش یا مرضی کے مطابق، جیسا مُنہ سے کہا تھا، من مانا (مؤنث کے لیے "مُنہ مانگی") ⁂ **مُنہ مانگا بر پایا** - مثل (۱) حسبِ دلخواہ شوہر ملا (۲) دل کے موافق کام ہوا، جو چاہا، سو ہوا ⁂ **مُنہ مانگنا** (کنایۃً) فریاد کرنا ⁂ **منہ مانگے دام** (ل) مذکر - مُنہ سے طلب کی ہوئی قیمت ⁂ **مُنہ مانگی مراد** - مؤنث - دلی خواہش، دلی مراد ⁂ **مُنہ مانگی مراد نہیں ملتی** - مثل - اپنا چاہا نہیں ہوتا، خدا کا چاہا ہوتا ہے ⁂ **مُنہ مانگی موت** - مؤنث - مُنہ کی مانگی ہوئی موت - جب دکان دار مُنہ مانگی قیمت سے نہ گھٹے تو خریدار کہتے ہیں، مُنہ مانگی تو موت بھی نہیں ملتی، یہ تو قیمت ہے ⁂ **مُنہ مانگی موت نہیں ملتی** - مثل - آدمی اپنی مرضی سے نہیں مر سکتا، قضا آئے گی تو مرے گا - انسان جو چاہتا ہے، وہ نہیں ہوتا، بلکہ جو خدا چاہتا ہے وہی ہوتا ہے ⁂ **مُنہ مڑ جانا** (ف) "مُنہ موڑنا" کا لازم ⁂ **مُنہ مسل ڈالنا** (۱) کسی کا مُنہ ہاتھ سے رگڑنا، دانت جھاڑ دینا (۲) (کنایۃً) دندان شکن جواب دینا ⁂ **مُنہ ملانا** (۱) حسن و خوبی میں اپنا مُنہ دوسرے کے مُنہ سے مشابہ کرنا (۲) برابری یا ہمسری کرنا ⁂ **مُنہ موڑنا** (۱) مُنہ ہٹانا، رُوگرداں ہونا، پہلو تہی کرنا، کسی کے شریکِ حال نہ ہونا، سرکشی کرنا (۲) توجّہ نہ کرنا (۳) بغاوت کرنا، باغی ہونا (۴) باز رہنا، پرہیز کرنا (۵) انکار کرنا (۶) پسپا ہونا، شکست کھانا (۷) بے مروّت ہونا (۸) بے وفائی کرنا، ٹالنا (۹) ہاتھ اٹھا لینا، دست بردار ہونا (۱۰) کسی کی طرف منہ پھیرنا، متوجہ ہونا (۱۱) (کنایۃً) آزردہ ہونا ⁂ **مُنہ میٹھا کرنا** (۱) شیرینی یا مٹھائی کھانا (۲) مٹھائی یا شیرینی

کھلانا (۳) (کنایۃً) کچھ دینا، بخشنا، عنایت فرمانا (۴) رشوت دینا (۵) نذرانہ دینا (۶) منگنی یا نسبت کرنا ﴾ **مُنہ میٹھا ہونا**۔ دھار والے آلے کی دھار گُند ہونا ﴾ **مُنہ میں آنا**۔ زبان پر آنا، زبان سے نکلنا ﴾ **مُنہ میں آیا، سو کہہ دیا**۔ مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب کوئی بے سوچے سمجھے بات کرے ﴾ **مُنہ میں بات کرنا یا بولنا**۔ آہستہ آہستہ بولنا، غنغنانا، اس طرح بولنا کہ دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے ﴾ **مُنہ میں پان پھیکا ہونا**۔ تڑکا یا صبح ہو جانے کی علامت ہے کہ پان کا ذائقہ جاتا رہتا ہے ﴾ **مُنہ میں پانی بھر آنا** (۱) کسی عمدہ چیز کی خواہش یا ترشی کے خیال سے مُنہ میں لعاب آجانا (۲) (کنایۃً) کوئی شے دیکھ کر جی للچانا، کسی چیز کی خواہش میں بیقرار ہونا ﴾ **مُنہ میں پانی چوانا یا ٹپکانا**۔ مرتے وقت مُنہ میں پانی ٹپکانا ﴾ **مُنہ میں پیڑی یا پپڑیاں بندھ جانا**۔ لب خشک ہونا، پیاس سے ہونٹوں کا پپڑا جانا ﴾

مُنہ میں پڑنا (۱) کھانے میں آنا، مُنہ میں جانا (۲) بات کے سبب پھیلنا، زبان زد ہونا، مشہور ہونا ﴾ **مُنہ میں پڑھنا**۔ چپکے چپکے پڑھنا۔ آہستہ پڑھنا، جو دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے ﴾ **منہ میں تنکا لینا** (۱) دانتوں میں تنکا لینا (۲) پاؤں پڑنا، ہاتھ جوڑنا، عاجزی کرنا (۳) (کنایۃً) ہار ماننا ﴾ **مُنہ میں تھوک بلونا** (عوام) بے معنی اور بیہودہ باتیں کرنا ﴾ **مُنہ میں تھوکنا** (کنایۃً) کسی کو بُرا بھلا کہنا ﴾ **مُنہ میں خاک** (ف) (۱) (عو) وہاں کہتی ہیں، جہاں کوئی کچھ مانگے اور دینا منظور نہ ہو (۲) گستاخانہ کلمے کا جواب (۳) کسی کے متعلق بُرا چاہنے والے کی بات پر بھی کہتے ہیں ﴾ **مُنہ میں خاک بھرنا**۔ بدی یا رعونت کا کلمہ کہنے سے روکنے کے لیے مستعمل ہے ﴾ **مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت** (ہ) مثل۔ اس شخص کو کہتے ہیں، جو بہت بوڑھا ہو ﴾ **مُنہ میں دانہ جانا** (ف) تھوڑا سا کھانا زیادہ تر نفی کے ساتھ استعمال میں ہے ﴾ **مُنہ میں ڈالنا** (ہ) (عو) کھانا کھانا ﴾ **مُنہ میں روٹی، سر پر جوتی** (ف) انتہائی بے عزتی سے روٹی دینے کے لیے بولتے ہیں ﴾ **مُنہ میں زبان حلال ہے**۔ مُنہ میں زبان حق کے لیے ہے۔ انسان حلال چیز ہی کو مُنہ میں لے جاتا ہے۔ اگر یہ حرام ہوتی تو مُنہ میں نہ رہتی ﴾ **منہ میں زبان لینا**۔ ایک قسم کا مساس ہے ﴾ **مُنہ میں زبان نہ ہونا**۔ گونگا ہونا، بول نہ سکنا، بات نہ کر سکنا، چپ ہونا ﴾ **مُنہ میں زبان نہیں** (۱) رُعب یا خوف سے بولنے کی طاقت نہیں (۲) نہایت غریب اور بے زبان آدمی ہے ﴾ **مُنہ میں زبان ہونا**۔ کہنے اور بولنے کی طاقت رکھنا، جواب دینے کے قابل ہونا ﴾ **مُنہ میں صابون گھلا جانا**۔ مُنہ پھیکا اور بدمزہ ہو جانا ﴾ **مُنہ میں قفل لگ جانا** (کنایۃً) خاموش اور چپ ہو جانا ﴾ **مُنہ میں کالک لگ جانا** (ہ) رسوائی یا بدنامی ہونا ﴾ **مُنہ میں کے دانت ہیں**۔ کیا طاقت یا مجال ہے؟ ﴾ **مُنہ میں گھنگنیاں بھر کر بیٹھنا یا بھر لینا یا بھرنا**۔ خاموشی اختیار کرنا، چپ رہنا، گونگا بن جانا ﴾ **مُنہ میں گھی شکر** (ف) مثل۔ دیکھیے "تمہارے مُنہ" ﴾ **مُنہ میں لُوکا دینا** (ہ) مُنہ جھلسنا۔ بیہودہ بات زبان سے نکالنے پر سزا دینا ﴾ **مُنہ میں مارنا**۔ کسی کے مُنہ پر مارنا، تھپڑ، طمانچہ یا لپڑ مارنا ﴾ **مُنہ میں نام پھرنا** (ف) ذہن میں کسی کا نام محفوظ ہونا، لیکن موقع پر یاد نہ رہنا ﴾ **منہ نپوڑنا** (ہ) (عوام) (۱) بے وقوفوں کی طرح ہنسنا، دانت نکالنا (۲) جواب نہ بن پڑنا ﴾ **منہ نکل آنا**۔ چہرہ اُتر جانا، مُنہ شکست ہو جانا، دُبلا ہو جانا، کمزور ہو جانا ﴾ **منہ نکلی، کوٹھوں چڑھی**۔

مثل۔ جب راز وغیرہ کی کوئی بات زبان سے نکل جاتی ہے تو زمانہ بھر میں مشہور ہو جاتی ہے ﴾ **مُنہ نوچ لینا** (۱) چہرہ ناخنوں سے کھرچ ڈالنا (۲) لغویات کہنے والے سے لڑنے لگنا اور بدزبانی کی سزا دینا ﴾ **مُنہ نہ پڑنا**۔ ہمت نہ ہونا، حوصلہ نہ پڑنا، کہنے کی جرأت نہ ہونا ﴾ **مُنہ نہ پھیرنا**۔ مُنہ نہ ہٹانا، مُنہ نہ موڑنا، مستقل رہنا ﴾ **مُنہ نہ چڑھنا** (۱) خفا نہ ہونا، چیں بہ جبیں نہ ہونا (۲) ہمسری یا برابری نہ کرنا، مقابل نہ ہونا ﴾ **منہ نہ دکھانا (دکھلانا)** (۱) صورت نہ دکھانا، شرم کی وجہ سے روپوش ہو جانا، سامنے نہ آنا (۲) مُنہ آگے نہ لانا ﴾ **مُنہ نہ دیکھنا** (۱) صورت سے بیزاری ظاہر کرنا (۲) بیزار ہونا ﴾ **مُنہ نہ کرنا** (۱) رُخ نہ کرنا، کسی سمت جانے کا نام نہ لینا (۲) التفات نہ کرنا، متوجہ نہ ہونا (۳) پاس نہ کرنا، لحاظ نہ کرنا ﴾ **مُنہ نہ کھلواؤ**۔ زبان نہ کھلواؤ، اپنے عیب نہ گنواؤ، ہم سے بات نہ کرو اور نہ جو ہمارے مُنہ میں آئے گا، صاف کہہ دیں گے ﴾ **مُنہ نہ لگانا** (۱) مُنہ کے پاس تک نہ لانا (۲) خیال میں نہ لانا، محبت سے بات نہ کرنا (۳) خاطر میں نہ لانا، توجہ نہ کرنا، بات نہ پوچھنا (۴) مصاحبت سے نفرت کرنا، دوست نہ بنانا (۵) بے ادب نہ کرنا، گستاخ نہ بنانا ﴾ **مُنہ نہ موڑنا** (۱) مُنہ نہ پھیرنا، رُخ نہ پھیرنا (۲) انکار نہ کرنا (۳) بے مروّتی یا بیوفائی نہ کرنا (۴) رُوگردانی نہ کرنا ﴾ **مُنہ نہیں**۔ جرأت نہیں، حوصلہ نہیں ﴾ **مُنہ ہاتھ دھونا**۔ پانی سے ہاتھ اور مُنہ صاف کرنا ﴾ **مُنہ ہونا** (۱) سوراخ ہونا، چھید ہونا (۲) لحاظ ہونا، پاس ہونا (۳) تاب و طاقت ہونا، مجال ہونا، حوصلہ ہونا ﴾ **مُنہ ہے** (۱) شرم ہے (۲) مروّت ہے، لحاظ ہے، پاس ہے (۳) (طنزاً) طاقت نہیں، مجال نہیں ﴾ **مُنہ ہی مُنہ مارے اور توبہ توبہ پکارے** (ف) (کہاوت) اپنا الزام معلوم کے سر تھوپے، خود ہی سزا دے، خود ہی پناہ مانگے ﴾ **مُنہ ہی مُنہ میں** (ہ) ہونٹوں ہی ہونٹوں میں، چپکے چپکے ﴾ **مُنہ ہی مُنہ میں سنانا**۔ چپکے چپکے بُرا بھلا کہنا ﴾ **مُنہ ہی مُنہ میں کہنا**۔ چپکے چپکے کہنا، اس طرح کوئی بات کہنا کہ بخوبی سمجھ میں نہ آئے ﴾ **مُنہا مُنہ** (۱) لبالب، لبریز، بھرپور، معمور (۲) (عو) روبرو ﴾ **مُنہا مُنہ مارنا**۔ کسی کے مُنہ ہی پر ضرب لگانا ﴾

مِنہا (مِنْ، ہَا) (ع) تفریق، نفی، منفی، وضع، مُجرا ﴾ **مِنہا کرنا** (۱) تفریق کرنا، منفی کرنا، کم کرنا، مُجرا کرنا ﴾ **مِنہائی**۔ مؤنث۔ تفریق، وضع، نفی ﴾ **مِنہائی دار** (ع۔ ف) قابل خراج زمین رکھنے والا ﴾

مِنہاج (مِنْ، ہاج) (ع) مذکر۔ کھلا راستہ، سڑک ﴾

مِنہار، مِنار (مِنہار، مِنار) (س) مذکر۔ کانچ کی چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا شیشہ گر ﴾

مِنہارِن، مِنارِن (مؤنث) (۱) منار کی بیوی (۲) چوڑیاں بنانے اور بیچنے والی ﴾

منہدم (مُنْ، ہَدِم) (ع) گرا ہوا (مکان)، مسمار، برباد، ویران، خراب ﴾

مَنہدی (مَنْہ، دِی) (س) مؤنث (۱) ایک قسم کا پودا اور اس کی پتی، جو پیس کر لگانے سے ہاتھ سُرخ ہو جاتے ہیں (چھُڑانا، لگانا، ملنا کے ساتھ) (۲) ایک رسم، جس میں دولہا کے گھر سے دلہن کے یہاں مَنہدی کے ساتھ سنگار کی اور چیزیں بھیجتے ہیں (آنا جانا کے ساتھ) (۳) محرم کی ساتویں تاریخ۔ اہل تشیع حضرت قاسمؑ کی مَنہدی کی نقل کرتے ہیں (اٹھانا، اٹھنا وغیرہ کے ساتھ) (۴) حنا سے مرکب وہ شے، جو خضاب کرنے سے پہلے سفید ڈاڑھی میں دی جاتی ہے ﴾ **مَنہدی بنانا** (ہ) مَنہدی تیار کرنا ﴾

مہندی بندھوانا۔ مہندی لگوانا (لگوانا میں ذم کا پہلو ہونے کے باعث فصحاً "مہندی بندھوانا" کہتے ہیں) ✤ مہندی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے۔ آتے کیوں نہیں، بہانے بناتے ہو ✤ مہندی چھٹنا یا چھوٹنا (عو) (کنایۃً) کوئی نقصان نہ ہونا ✤ مہندی رچانا۔ ہاتھ پاؤں میں مہندی لگانا ✤ مہندی رچنا۔ پسی ہوئی مہندی کا ملنے کے بعد ہاتھ پاؤں میں رنگ دینا ✤ مہندی کا چور، مہندی کی چھلی (۱) مذکر (۲) مؤنث) وہ سفیدی، جو مہندی نہ رچنے سے ہاتھ پاؤں میں جگہ جگہ رہ جاتی ہے ✤ مہندی کی ٹٹی۔ مؤنث۔ مہندی کے پودوں کی قطار، جو باغ کی روشوں پر لگائی جاتی ہے ✤ مہندی گوندھنا۔ پسی ہوئی خشک مہندی پانی میں اچھی طرح گھولنا ✤

منہزم (مُنْ، ہَزِم) (ع) شکست کھانے والا، لڑائی سے بھاگ جانے والا، بھاگا ہُوا ✤

منہضم (مُنْ، ہَضِم) (ع) ہضم ہونے والا، پچنے والا ✤

منہگا (مَنْہ، گا) (ہ) زیادہ مول کا، قیمتی، گراں ✤ منہگا سماں۔ مذکر۔ کال کا وقت، قحط، گرانی، خشک سالی ✤ منہگی (۱) صفتِ مؤنث (۲) مؤنث۔ غلے کی گرانی، خشک سالی ✤

منہمک (مُنْ، ہَمِک) (ع) انہماک رکھنے والا، نہایت مصروف ✤

منہنال (مُنْہ، نال) (ہ) مؤنث۔ مُنہ کی نال۔ پیتل، چاندی وغیرہ کی چھوٹی سی نالی، جو حقے کی نے کے آگے لگائی جاتی ہے ✤

منہیات (مَنْ، ہِی، یات) (ع) مذکر۔ وہ بُرے کام، جن کا کرنا شرع کے حکم سے منع ہے ✤

منھیار (مَنْھ، یار) (ہ) دیکھیے "منھار" ✤ منھیارن، منھیاری۔ دیکھیے "منھاری" ✤

مَنی (عربی میں یائے مشدد سے) مؤنث۔ سفید رطوبت، جو انزال کے وقت آلۂ تناسل سے نکلتی ہے، دھات، نطفہ ✤

منی (مَنی) (انگ Money)۔ مذکر و مؤنث۔ روپیہ، نقدی ✤ منی آرڈر (Money order) مذکر۔ وہ روپیہ، جو ڈاک کے ذریعے سے بھیجا جاتا ہے ✤ منی آرڈر کا فارم (ا) مذکر۔ وہ چھپا ہُوا کاغذ، جس کی خانہ پُری کر کے منی آرڈر بھیجا جاتا ہے ✤ منی بیگ (Money bag) مذکر۔ نقدی رکھنے کا تھیلا، بٹوا ✤

مُنی (مُنی) (س) مذکر۔ رِشی، تپسی، زاہد، مرتاض ✤

مُنّی (مُن، نی) (ہ) مؤنث (۱) پیار سے چھوٹی بچی کو کہتے ہیں (۲) چھوٹی چیز ✤

مُنیا (مُن، یا) (ہ) مؤنث۔ لال جانور کی مادہ ✤ منیا بول جانا یا بولنا۔ نیک یا اچھا شگون ہونا ✤

مُنیب (مُنِیب) (ع) مذکر۔ آقا، مالک، مربی ✤

مُنیر (مُنِیر) (ع) روشن کرنے والا، روشن ✤

مُنیم (مُنِیم) (مُنِیب کا معرّب) مذکر۔ حساب کتاب رکھنے والا، محاسب، محرر ✤

م-و

مُو (مُو) (ف) مذکر (۱) بال، کیس (۲) (و، لکھنؤ) نقص، عیب (۳) دراڑ، درز، باریک شگاف ✤ موباف۔ مذکر۔ وہ دھجی، پٹی یا فیتہ، جو عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں (پنجابی، پراندا) (قافیہ کے ساتھ) ✤ مومو۔ بال بال، ذرا ذرا، حرف بحرف سارے کا سارا، کُل ✤ موتراش۔ مذکر۔ بال مونڈنے کا اُسترا ✤ موشگاف۔ بال کی کھال کھینچنے والا، باریک بیں، نکتہ رس ✤ موشگافی۔ مؤنث۔ چھان بین، باریک بینی، نکتہ چینی ✤ موقلم (ف، ع) مذکر۔ بالوں کا قلم، مصور کا باریک بُرش ✤ موئے (ئے) زہار یا نہانی (ف) مذکر۔ وہ بال، جو زیرِ ناف ہوتے ہیں، جھانٹیں ✤ موئے (ئے) مبارک۔ مذکر۔ کسی بزرگ کے مقدس بال، جو تبرک اور نشانی کے طور پر رکھے جائیں۔ زیادہ تر ریشِ مبارک آنحضرتؐ کے بالوں کے لیے مخصوص ہے ✤ موئے (ئے) کمر، مو (ئے) میان۔ مذکر۔ پتلی کمر ✤

مَو (مَو) (ہ) مؤنث (۱) شباب، جوانی، بہار، جوبن (۲) خوشی، مرضی، خواہش ✤ مو پر آنا (۱) جوانی میں بھرنا، جوبن پر آنا (۲) پختہ ہونا، پکنا ✤

مَوّا (مَوْ، وا) (ہ) مذکر۔ ایک درخت اور اُس کا پھل ✤

مُوا (مُ، آ۔ مُوَا) (ہ) (عو) (۱) مرگیا، فوت ہوگیا (اب اکثر "مُوا" کی جگہ "مرگیا" مستعمل ہے) (۲) مرا ہُوا، مُردہ، بے جان (۳) نگوڑا، کم بخت، نامراد، خانہ خراب ✤ مُوا بادل۔ مذکر۔ ابرِ مُردہ، اسفنج، سپنج ✤ مُوا جاتا ہے (۱) دم نکلا جاتا ہے، مرا جاتا ہے (۲) فریفتہ ہُوا جاتا ہے، مٹا جاتا ہے ✤ مُوا ہُوا (۱) مُردہ (۲) فریفتہ ✤

مواثیق (مَوا، ثِیق) (ع) مذکر۔ "میثاق" کی جمع، عہد و پیمان ✤

مَوّاج (مَوْ، واج) (ع) نہایت موج مارنے والا، بے حد لہریں لینے والا، تیز، تُند ✤

مواجب (مَوا، جِب) (ع) مذکر و مؤنث (۱) مُوجَب: مقرر یا لازم کیا گیا، کی جمع (۲) (مجازاً) تنخواہیں، مشاہرے، اُجرتیں، مزدوریاں ✤

مواجہہ (مُوا، جَہَہ) (ع) مذکر۔ سامنے، مقابل یا روبرو ہونا ✤

مواخذ (مُوا، خِذ) (ع) جواب طلبی کرنے والا، پکڑنے والا ✤

مواخذہ (مُوا، خَذَہ) (ع) مذکر (۱) بازپُرس، جواب طلبی، گرفت (۲) عوض، بدلا، مکافات ✤ مواخذہ دار (ع-ف) جواب دہ، ذمہ دار ✤ مواخذہ (مواخذے) سے بری کرنا (۱) قانون، بازپُرس یا جواب طلبی سے نجات دلانا ✤ مواخذہ (مواخذے) سے چھوٹنا۔ جواب طلبی سے نجات پانا ✤ مواخذہ کرنا۔ گرفت یا بازپُرس کرنا، جواب طلب کرنا ✤

مواد (مَواد، عربی میں دال کی تشدید، فارسی اور اردو میں تخفیف سے) مذکر (۱) مادہ کی جمع (بطورِ واحد مستعمل ہے) (۲) سامان، مسالا، اسباب (۳) (ط) پیپ، رطوبت، غلاظت (۴) چیزیں، اشیاء (۵) دلائل ✤ مواد آنا (ط) پیپ نکلنا ✤ موادِ فاسد (ع-ف) مذکر۔ خراب مادّہ ✤

موازنہ (مُوا، زَنہ) (ع) مذکر (۱) باہم وزن کرنا، جانچنا، اندازہ کرنا (۲) مقابلہ ✤ موازنہ رقبہ بندی (ع-ف) مذکر۔ ایسا نقشہ یا فہرست جس سے رقبہ بندی کا اندازہ معلوم ہو ✤

موازی (مُوا، زِی) (ع) (۱) مقابل، برابر (۲) ہم قیمت (۳) قیاساً، تخمیناً، اندازے سے (۴) دفتری اصطلاح، جو خصوصاً آنوں اور گزوں کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لیے اوّل میں مستعمل ہے، جیسے موازی ایک آنہ وغیرہ ✤

مواشی (مَوا، شِی) (ع) مذکر۔ ماشیہ کی جمع۔ چوپائے، جیسے گھوڑا، اونٹ، بیل، گائے، گدھا، بھیڑ، بکری وغیرہ، بوجھ اٹھانے والے حیوان ✤

مواصلت (مُوَا، صَلَت) (ع) مؤنث - ملاقات، ملنا، پیوستگی، وصل ÷

مواضع (مُوَا، ضِع) (ع) مذکر - موضع کی جمع، جگہیں، مقامات ÷

مُوَاطِن (مُوَا، طِن) (ع) مذکر - وطن کی جمع ÷

مواظبت (مُوَا، ظَبَت) (ع) مؤنث - ایک کام ہمیشہ کیے جانا ÷

مواعظ (مُوَا، عِظ) (ع) مذکر و مؤنث - مَوعِظَت کی جمع، وعظ و نصیحت ÷

موافق (مُوَا، فِق) (ع) (۱) مطابق، ٹھیک، مناسب (۲) برابر کا، ہم شکل، مشابہ (۳) سزاوار، لائق (۴) حسب (آنا، ہونا کے ساتھ) ÷ مُوَافَقَت - مؤنث - مطابقت، دوستی، اتفاق، برابری (آنا، رکھنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ÷

مواقع (مُوَا، قِع) (ع) مذکر - موقع کی جمع، موقعے، محل ÷

مواقف (مُوَا، قِف) (ع) مذکر - موقف کی جمع، ٹھہرنے کی جگہیں ÷

مواکب (مُوَا، کِب) (ع) مذکر - موکب کی جمع، سواروں کے گروہ، لشکر، رسالے ÷

مواکلت (مُوَا، کَلَت) (ع) مؤنث - باہم مِل کر کھانا ÷

موالات (مُوَا، لَات) (ع) مؤنث - آپس کی دوستی، باہم اتحاد ÷

موالی (مُوَا، لِی) (ع) مذکر - مولیٰ کی جمع، نوکر چاکر، غلام، یا دوست ÷

موالید (مُوَا، لِید) (ع) مذکر - مولود کی جمع، بچے، لڑکے ÷ موالیدِ ثلاثہ (ع) موالیدِ سہ گانہ (ع-ف) مذکر - تین قسم کی مخلوق، یعنی جمادات، نباتات، حیوانات ÷

موانست (مُوَا، نَسَت) (ع) باہم اُنس رکھنا، پیار، محبت، دوستی، اِخلاص، اتحاد، اِرتباط ÷

موانع (مُوَا، نِع) (ع) مذکر - مانع کی جمع، منع کرنے اور روکنے والی چیزیں ÷

مواہب (مُوَا، ہِب) (ع) مذکر و مؤنث - بخششیں، عطائیں، مہربانیاں ÷

مُوَاہَبَت (ع) مؤنث - فیاضی، سخاوت، خیر خیرات ÷

موائد (مُوَا، ئِد) (ع) مذکر - مائدہ کی جمع، کھانے کے چُنے ہوئے دسترخوان ÷

موب (مُوْب) (انگ .Mob) مذکر - ہجوم، گروہ، عوام ÷

موبد (مُوْ، بَد) (ف) مذکر - حکیم، فلاسفر، پارسیوں کا مُلّا یا پیشوا ÷

مَوت (مَوْت) (ع) مؤنث (۱) قضا، اجل، مرگ (۲) (و) خرابی، شامت ÷ موت آجانا (و) (۱) مرجانا، فنا ہو جانا، گزر جانا (۲) (مجازاً) وقت پر موجود نہ ہونا، دیر لگا دینا ÷ مَوت آنا (۱) قضا آنا، مرنا (۲) کسی کام کا کرنا بے حد شاق اور ناگوار ہونا (۳) خرابی آنا، شامت آنا، آفت آنا ÷ مَوت بھلی کہ جان کندنی مَثَل - نزع کی حالت سے موت اچھی ہے - آئے دن کی تکلیف سے ایک دفعہ مرجانا ہی بہتر ہے ÷ مَوت پتّر - مذکر - وصیت نامہ، وہ فہمائش یا نصیحت، جو مرتے یا سفر کو جاتے وقت لکھ کر دی جائے ÷ مَوت پڑنا - ناگوار گزرنا، دشوار معلوم ہونا، دم نکلنا، گھبرانا، خوف کھانا، ڈرنا ÷ مَوت پڑے (عو) کوسنا ÷ مَوت چاہنا (۱) مرنے کی خواہش کرنا، موت قبول کرنا (۲) شامت چاہنا ÷ مَوت سر پر سوار ہونا یا کھیلنا (۱) مَوت قریب آنا (۲) شامت آنا ÷ مَوت کا بازار تیز یا گرم ہونا - کثرت سے موتیں واقع ہونا ÷ مَوت کا پسینا (مذکر) ٹھنڈا پسینا، جو نزع کی حالت میں ماتھے پر آتا ہے (آنا کے ساتھ) ÷ مَوت کا ڈھلکا (مذکر) مرنے کے قریب آنکھوں سے پانی بہنا، نیل ڈھلنا ÷ مَوت کا طمانچہ - مذکر - موت کا تھپیڑا یا صدمہ ÷ مَوت کا گھیرنا (کنایۃً) مرنے کا سامان ہونا ÷ مَوت کا مرض - مذکر - وہ بیماری جس کی وجہ سے آدمی مرجائے ÷ مَوت کا ہنسنا - قضا کا آدمی کے غرور اور حرکات پر تمسخر کرنا ÷ موت کو پکڑا تو بخار پر راضی ہُوا - مَوت کو پکڑا تو زحمت قبول کی - موت کو پکڑے تو تپ کو راضی ہو - مثلیں (۱) جو شخص بڑے دکھ میں مبتلا ہوتا ہے، وہ تھوڑے دکھ کو بھی غنیمت جانتا ہے (۲) مشکل کام پر مجبور کریں گے تو آسان کام پر راضی ہو گا ÷ مَوت کے دن پورے کرنا - مشکل اور مصیبت سے زندگی کے دن کاٹنا ÷ مَوت کے کنارے - مرنے کے قریب ÷ مَوت کے گھاٹ اُتارنا - مار ڈالنا ÷ مَوت کے مُنہ میں جانا خطرے میں پڑنا ÷ مَوت لائی ہے - قضا لائی ہے، شامت لائی ہے ÷ مَوت مانگنا - تکلیف یا رنج کے باعث اپنی مَوت چاہنا ÷ مَوت مجازی (ع-ف) مؤنث - اختیاری مَوت ÷ موت نے گھر دیکھ لیا یا موت گھر دیکھ گئی (و) مصیبت نے ہمارا گھر دیکھ لیا، اب جو آئے گی، ادھر ہی چلی آئے گی - دشمن نے گھر دیکھ لیا ہے ÷ مَوت ہونا (۱) موت واقع ہونا (۲) مصیبت یا خرابی پیش آنا ÷ مَوت ہے - آفت ہے، مصیبت ہے ÷ مُوْتَا (ہ) مؤنث (۱) میّت، مرنے کا واقعہ (۲) میّت کی رسم ÷ مُوْتیٰ (ع) مذکر - میّت کی جمع، مُردے ÷

مُوت (مُوْت) (ہ) مذکر (عوام) (۱) پیشاب، بول (۲) منی، نطفہ (۳) اولاد، لڑکا (۴) بُری اولاد، بدچلن لڑکا ÷ مُوت سے نکال کر گُوہ میں ڈالنا - ایک خراب حالت سے نکال کر دوسری بدتر حالت میں ڈالنا، ذلیل سے ذلیل تر کرنا ÷ مُوت کا چُلّو ہاتھ میں دینا - بھلائی کے بدلے بُرائی کرنا، نیکی کے عوض بدی کرنا، کسی کی ساری خدمت خاک میں مِلا دینا، اُلٹا ملزم گرداننا ÷ مُوت کی دھار پر مارنا کنایۃً ذلیل اور ہیچ سمجھنا، خاطر میں نہ لانا، کچھ قدر و قیمت نہ جاننا ÷ مُوت کے ریلے میں بہا دینا (۱) مُوت کی دھار پر مارنا، بے قدری سے ضائع کرنا، کچھ حقیقت نہ سمجھنا (۲) عیاشی اور زناکاری میں روپیہ برباد کرنا ÷ مُوت لگنا (عوام) پیشاب کی حاجت ہونا، بول آنا ÷ مُوت مارنا یا مُوت نکلنا - خوف سے مُوت دینا، ڈر سے پیشاب خارج ہونا ÷ مُوتنا (۱) پیشاب کرنا (۲) (نفی کے ساتھ) نفرت سے توجہ کرنا ÷

مؤتمر (مُؤْ، تَمَر) (ع) مؤنث - مجلسِ مشورہ، کانفرنس ÷

موتھا (مُوْ، تھَا) (ہ) مذکر - ایک قسم کی گھاس، جس کی جڑ میں دانے نکلتے ہیں ÷

موتھرا (مُوْتھ، رَا) (ہ) مذکر (۱) وہ غدود، جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں نمودار ہوتا اور جس کے باعث وہ لنگڑانے لگتا ہے - وہ بیماری جس میں گھوڑے کے ٹخنے کی ہڈی بڑھ جاتی ہے (۲) کُند (مؤنث کے لیے موتھری) ÷

موتی (مُوْ، تِی) (ہ) مذکر (۱) دُر، گوہر، لُولُو، مروارید (۲) صاف، شفاف، آبدار (۳) (تشبیہاً) گول چیز ÷ موتی اُگلنا (۱) موتی مُنہ سے باہر نکالنا (۲) (کنایۃً) شیریں سخن ہونا ÷ موتی برسانا - گوہر پاشی کرنا، موتی لُٹانا، گوہر بخشنا ÷ موتی بِندھنا - موتی میں سوراخ کرنا ÷ موتی پاگ، موتیا پاگ - مذکر - ایک قسم کی مٹھائی ÷ موتی پرونا (۱) موتیوں کی لڑی بنانا (۲) (کنایۃً) دلآویز باتیں کرنا، خوش کلامی کرنا (۳) بے حد خوش خط لکھنا (۴) کوئی باریک کام انتہائی خوبی سے کرنا (۵) لگاتار رونا ÷

موتی ٹھنڈے ہونا (محو) (۱) صبح ہونے کے نشان یا علامتیں ظاہر ہونا، سحر ہونا، پو پھٹنا (۲) موتیوں کا ٹوٹ یا کڑک جانا: موتی جھیل - مؤنث - ایک خوبصورت تالاب، جو لکھنؤ کے عیش باغ میں بنا ہوا ہے: موتی چگنا (کنایۃً) امیر ہونا: موتی چور - (۱) چمکیلا، روشن (۲) مذکر - ایک قسم کی مٹھائی، جس میں موتی کے برابر دانے ہوتے ہیں (۳) کابلی کبوتروں کی ایک قسم کی چمکیلی آنکھیں (۴) (کنایۃً) چمکیلی اور دلکش آنکھ: موتی چور کا لڈو - مذکر - ایک قسم کی مٹھائی، جو لڈو کی شکل میں بنائی جاتی ہے، دانہ دار لڈو: موتی چور کی زنجیر (ف) مؤنث - ایک خاص نوع کی زنجیر: موتی چھیدنا (۱) موتی میں سوراخ کرنا (ان معنی میں "موتی بیندھنا" فصیح ہے۔) (۲) چیر توڑنا، کنوارپن دور کرنا، ازالۂ بکر کرنا: موتی خاک میں رولنا (ف) (۱) موتی کا خاک آلودہ کرنا (۲) کسی اچھی چیز کی بے قدری کرنا: موتی رول دینا (ہ) بہت سے موتی دے دینا، دولت مند کر دینا: موتی رولنا (۱) موتی اکٹھے کرنا، گوہر جمع کرنا (۲) خوب روپیہ کمانا، دولت کھیٹنا (۳) (کنایۃً) فائدہ اٹھانا (۴) مفت کا مال اڑانا: موتی زبان سے جھڑنا (ف) (کنایۃً) فصیح کلام یا تقریر کرنا: موتی (موتیوں) کا چونا (ہ) مذکر - جلے ہوئے موتیوں کا سفوف، جو امیر لوگ چونے کی جگہ پان میں استعمال کرتے ہیں: موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں - بے حد خوبصورت اور چمکیلی آنکھیں ہیں: موتی کی آب (ف) مؤنث - موتی کی آب داری، گوہر کی چمک: موتی کی سی آب اتر جانا یا جانا - عزت کا جاتا رہنا: موتی کی سی آب ہے - عزت بڑی نازک چیز ہے: موتی کی سیپی (ہ) مؤنث - وہ سیپی، جس میں موتی پیدا ہوتا ہے، صدفِ مروارید: موتی کی لڑی - مؤنث (۱) موتی کی مالا یا ہار، سلکِ گوہر (۲) (تشبیہاً) چمکیلے اور صاف دانتوں کی قطار: موتی محل - (ف) مذکر (۱) موتی کا بنا ہوا محل (۲) ایک خوبصورت محل، جو دہلی کے قلعۂ معلّٰی میں سنگِ سرخ اور سنگِ مرمر کا بنا ہوا ہے: موتی مسجد - مؤنث - قلعۂ معلّٰی دہلی کی ایک نہایت خوبصورت سنگِ مرمر کی مسجد: موتیا (ہ) موتی کی مانند: موتیوں - مذکر - موتی کی جمع حرفِ جار سے پہلے: موتیوں سے مانگ بھرنا - مانگ میں موتی پرونا: موتیوں سے منہ بھرنا - خوش گفتاری یا خوش خبری کے انعام میں جواہرات سے مالا مال کر دینا، بخشش سے نہال کر دینا: موتیوں کا جھالا - مذکر - کان کا ایک زیور، جس میں موتیوں کی لڑیاں ہوتی ہیں: موتیوں کا نوالہ (ف) مذکر - ترمال، نہایت عمدہ غذا: موتیوں کا ہار (ہ) مذکر - موتیوں کی مالا: موتیوں میں تولنا - موتیوں کا ہم وزن سمجھنا، انتہائی آبرودار جاننا: موتیوں میں لدنا - موتیوں کا زیور بہت سا پہننا:

موتیا (مُو، تیا) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا خوشبودار پھول:

موتیا (مُو، تِیا) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی چیچک، جس میں چمکیلی اور سرخ پھنسیاں نکل آتی ہیں:

موتیا بند (مُو، تیا، بِند) (ہ) مذکر - آنکھ کی ایک بیماری، جس سے بینائی جاتی رہتی ہے:

موٹ (مُوٹ) (ہ) مؤنث (۱) ایک غلّہ، موٹھ (۲) گٹھڑی، پوٹلی، بستہ، بقچی (۳) ڈول، چرس:

موٹا (مُو، ٹا) (ہ) (۱) فربہ، لحیم، شحیم، تیار، طاقت ور (۲) گاڑھا، دبیز، سطبر (۳) ادنیٰ درجے کا (۴) سخت، ناگوار، فحش (۵) مضبوط (۶) جلی (۷) صاف، کھلی ہوئی، جیسے موٹی بات (۸) (کنایۃً) دولت مند: موٹا اناج - مذکر - غریبوں کے کھانے کا سستا اناج: موٹاپن - مذکر - فربہی، سطبری: موٹا تازہ (ف) تیار، لحیم، شحیم، تندرست، توانا: موٹا جھوٹا (ہ) مذکر - ادنیٰ قسم کا، گھٹیا (لباس اور غلّے کے لیے) (پہننا، کھانا کے ساتھ) موٹا دکھائی دینا - کم نظر آنا، صاف نہ دکھائی دینا، باریک چیز نظر نہ آنا: موٹا دیدہ (عو، نڈر (ہونا کے ساتھ): موٹا سا طوفان (ف) مذکر (عو) بڑا بھاری الزام، بہتانِ عظیم (اس جگہ موٹا موٹا طوفان بھی کہتے ہیں): موٹا قلم - مذکر (۱) جلی قلم، وہ قلم، جس سے موٹے حروف لکھے جائیں (۲) جلی لکھا ہوا، جلی خط: موٹا کام (ہ) مذکر - وہ کام جو باریک نہ ہو: موٹی (۱) فربہ عورت (۲) گاڑھی، غلیظ، ضخیم، دبیز، سطبر (۳) سخت، فحش (۴) قوی، مضبوط: موٹی اسامی (ف) مؤنث - مال دار آدمی، دولت مند، دھن والا، دھنی، زردار: موٹی (موٹی سی) بات (ہ) مؤنث - ظاہر بات، سیدھی بات، بات، جو عام فہم ہو: موٹی سمجھ - مؤنث - بھدّی سمجھ: موٹی (موٹی موٹی) گالی - مؤنث - سخت اور فحش گالی: موٹے (ہ) موٹا کی جمع: موٹے خان (ف) مذکر - ایک طنبور کا نام، جو ابراہیم عادل شاہ حاکم بیجاپور کو بہت عزیز تھا۔ یہ باجا تختِ رواں پر چلتا اور علم و نقارہ وکرنا اس کے ساتھ ساتھ ہوتے۔ امرا اسے کورنش اور آداب بجالاتے:

موٹر (مُو، ٹَر) (انگ Motor) مؤنث - کل کی گاڑی، کار، وہ گاڑی، جو پٹرول اور مشین کے ذریعے سے چلتی ہے: موٹر سائیکل (MOTOR CYCLE) مؤنث - پٹرول اور مشین کے ذریعے سے چلنے والی بڑی بائیسکل:

موٹھ، مُونٹھ (مُوٹھ، مُونٹھ) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا غلّہ، موٹھ: موٹھ کا دانہ (ف) مذکر - دلی ہوئی موٹھ:

مُوٹھ (مُوٹھ) (ہ) مؤنث (۱) دستہ، دستی، قبضہ، گرفت (۲) مٹھی، مشت (۳) جادو، ٹونا، سحر، منتر: مُوٹھ چلانا - جادو چلانا، منتر پھونکنا: موٹھ کرنا - بٹیروں کو مٹھی میں رکھ کر تیار کرنا اور سدھانا: مُوٹھ مارنا (۱) کبوتر وغیرہ کو مٹھی سے پکڑنا (۲) مٹھی بھر لینا (۳) سحر کرنا، جادو کرنا (۴) جلق لگانا، ہتھ رس کرنا:

موٹھڑا (مُوٹھ، ڑا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا موٹا سوتی دھاریوں والا کپڑا (۲) نقرئی یا طلائی کام، جو تلوار یا کٹار وغیرہ پر بنا ہوتا ہے (۳) زنجیرے کی طرح کا کام، جو طلاو نقرہ سے زیور پر بناتے ہیں:

مؤثر (مُ، اَثْ، ثِر) (ع) اثر کرنے والا، کارگر، تاثیر کرنے والا (ہونا کے ساتھ):

موج (مَوْج) (ع) مؤنث (۱) لہر، ترنگ، تلاطم (۲) (ف) ولولہ، امنگ، جوش، طبیعت کی خوشی (۳) (ع) خیال، وہم، دھن (۴) (ف) بہتات، کثرت، افراط، فراغ بالی: موج آنا (ف) (۱) لہر آنا، ترنگ آنا (۲) طبیعت میں ولولہ اٹھنا (۳) سرسبزی اور شادابی ہونا (۴) خیال آجانا، دھن بندھنا: موج خیز (ع، ف) دیکھیے "موج زن": موج زن - ٹھاٹھیں مارنے والا (ہونا کے ساتھ): موج کرنا (ف) مزے اڑانا، عیش و عشرت کرنا: موج مارنا (۱) لہریں لینا، لہرانا (۲) عیش منانا: موج میں آنا (۱) لہر میں آنا، ترنگ میں آنا (۲) (کنایۃً) (ہندو) مزے میں آنا: موج میں ہونا - دیکھیے "موج میں آنا": موجِ نسیم (ع - ف) مؤنث - ہوا

کا جھونکا ÷ موجی (ف) لہری، خوش دل، ظریف طبع ÷ موجی بندہ۔ مذکر۔ دل کا بادشاہ، آزاد طبع ÷ موجی جیوڑا۔ مذکر۔ آزاد منش، دل کی خوشی کا تابع ÷
موجیں۔ مؤنث، موج کی جمع، لہریں ÷ موجیں دکھانا۔ زور دکھانا، جوش اور ولولہ ظاہر کرنا ÷ موجیں کرنا (۱) خوشی یا عیش منانا، مزے اڑانا ÷
موجب (مُو، جِب) (ع) مذکر (۱) واجب یا لازم کرنے والا، فرض، واجب (۲) سبب، وجہ، باعث، علت (۳) (بہ" اضافہ کرکے) لائق، موافق، حسب ÷
موجبہ (مُو، جِبَہ) (ع) مذکر (۱) اثباتی، مثبت، اقراری (۲) ضروری چیز ÷
موجد (مُو، جِد) (ع) (۱) نمونے کے بغیر طبیعت سے کوئی نئی چیز بنانے والا (۲) ایجاد کرنے والا، بانی ÷
مُوجَز (مُو، جَز) (ع) (۱) خلاصہ (۲) کوتاہ، مختصر ÷
مُؤَجَّل (م، ءَ، جَّل) (ع) مہلت دیا گیا، وہ مہر جو نکاح کے بعد بھی ادا کیا جائے ÷
موجود (مُو، جُود) (ع) (۱) وجود کیا گیا، پیدا شدہ (۲) حاضر، آگے، سامنے، روبرو (۳) اس وقت، اب (۴) مہیا، تیار، مستعد (۵) (ف) برقرار، قائم (۶) میسر، حاصل، دستیاب (۷) پاس (رہنا، کرنا کے ساتھ) ÷ موجود رہنا (ف) (۱) حاضر رہنا، پاس رہنا، سامنے رہنا (۲) برقرار رہنا ÷ موجود کرنا (۱) روبرو کرنا، حاضر کرنا، منگوانا (۲) تیار، آمادہ یا مستعد کرنا (۳) پیدا کرنا ÷ موجودات (ع) مؤنث (۱) خلق، مخلوق، مخلوقات، دنیا، کائنات، سنسار، جگ، وہ تمام چیزیں، جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں، نیچر (۲) (ف) حاضری، شمار، گنتی ÷ موجودات لینا (ف) (۱) گننا، شمار کرنا، حاضری لینا، دیکھنا (۲) جائزہ لینا، حساب دیکھنا، مال متاع دیکھنا ÷ موجودگی (ع، ف) مؤنث۔ حاضری، حضوری، حاضر باشی، مقابلہ ÷ موجودگی میں (ف) سامنے، روبرو ÷ موجودہ (ف) اب کا، حال کا، اس وقت کا، حاضر ÷
موجّہ (مُوَ، جَّہ) (ع) (۱) پسندیدہ، خوب، مقبول، عمدہ (۲) توجہ کے قابل (۳) مدلل، معقول ÷
موجہ (مَو، جَہ) (ع) مذکر۔ لہر ÷
موچ (مُوچ) (ہ) مؤنث۔ پاؤں، ہاتھ، کمر، گردن وغیرہ کا اونچی نیچی جگہ پڑ جانے سے مڑ جانا اور درد کرنا۔ لپک، مچک، کچی ÷ موچ آنا۔ پاؤں مڑ جانا، پاؤں کا ٹھوکر لگ کر ورم کر جانا ÷
مُوچا (مُو، چا) (ہ) مذکر (۱) کیلے کا درخت (۲) کونپل ÷
مُوچرس (مُو، چ، رَس) (ہ) مذکر۔ سمبل کے درخت کا گوند، جو دوا کے طور پر مستعمل ہے ÷
مُوچڑی (مُو، چ، ڑی) (ہ) مؤنث۔ جوتی، جوتا ÷
مُوچن (مُو، چَن) (ہ) مؤنث (۱) موچی کی بیوی (۲) موچی ذات کی عورت ÷ موچی۔ مذکر۔ چمڑا سینے والا، چرم دوز، کفش دوز، کفش گر، چمار، کھٹیک، زین دوز، گھوڑے کا سامان بنانے والا، پوستین دوز ÷ موچی پیتّا، موچی کا سکہ (ف) مذکر (دہلی) (کنایۃً) جوتی ÷ موچی کے موچی ہی رہے (ہ) مثل۔ جیسے تھے، ویسے ہی رہے، ذلیل کے ذلیل ہی رہے ÷ موچی موچی لڑیں اور سرکار کا زین ٹوٹے (ا)

مثل۔ لڑے کوئی، نقصان کسی کا ہو ÷
موچھ، مونچھ (مُو، چھ، مُونچھ) (ہ) مؤنث۔ ہونٹوں کے اوپر کے بال، بروت ÷ مُوچھ کا بال۔ مذکر۔ صاف، کھرا، سچا آدمی، منہ پر کہ دینے والا آدمی (۲) نہایت مقرب اور بارسوخ آدمی، ناک کا بال ÷ موچھ مروڑا۔ مذکر (۱) شیخی باز، مونچھوں کو تاؤ دینے والا ÷ موچھ مروڑا روٹی توڑا۔ مثل۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو کام کچھ نہ کرے، مونچھوں پر تاؤ دیتا پھرے اور مفت کی روٹیاں کھائے ÷ مُوچھ منڈا یا مُنڈا۔ مذکر۔ وہ شخص جس کی مونچھیں منڈی ہوئی ہوں ÷ مُوچھاکڑے۔ مذکر۔ بڑی بڑی مونچھیں ÷ مُوچھوں۔ مؤنث۔ مُوچھ کی جمع حرف جار سے پہلے ÷ موچھوں کو (پر) تاؤ دینا (۱) مونچھوں کو بل دینا (۲) گھمنڈ یا غرور کرنا، اکڑنا، کسی بڑے کام کا ارادہ کرنا ÷ مُوچھوں سے چنگاریاں نکلنا (ع) بے حد غصیل اور غضب ناک ہونا ÷ مُوچھیں۔ مؤنث۔ مُوچھ کی جمع ÷ مُوچھیں اکھڑوا دینا۔ نہایت ذلیل و خوار کرنا، کسی سزا میں مونچھیں منڈوا دینا ÷ مُوچھیں نیچی کر لینا۔ زبردست کے سامنے پہلے شیخی اور اکڑفوں دکھانا اور اُس کے کہنے پر مقابلے کو تیار ہو جانا، لیکن میدان میں جاتے ہی ہار مان کر بزدلی کا اظہار کر دینا ÷
موحّد (مُوَ، حِّد، (ع) مذکر۔ خدا کو ایک ماننے والا، سچا مسلمان، پکا مسلمان ÷ مُوَحِّدانہ (ع، ف) موحدوں کی طرح، پکے مسلمانوں کی مانند ÷
موحش (مُو، حِش۔ مُوَ، حِّش) (ع) وحشت میں ڈالنے والا، وحشت انگیز، غمگین، اندوہگیں یا فکرمند کرنے والا ÷
موخّر (مُ، ءَ، خَّر) (ع) آخر کیا گیا، اخیر کا، پچھلا ÷ مُؤَخَّرُ الذِّکر۔ جس کا ذکر بعد میں آئے ÷
مودّب (مُ، ءَ، دَّب) (ع) ادب دیا گیا، باادب، شائستہ، مہذب، باتمیز، خلیق، تربیت یافتہ ÷ مُؤَدِّب۔ ادب سکھانے والا، اتالیق ÷ مُؤَدَّبانہ۔ مہذب کی مانند، ادب و تہذیب سے ÷
مودّت (مَوَ، دَّت) (ع) محبت، پیار، دوستی، یگانگی ÷
مُوڈھو (مُو، ڈھو) (ہ) بے وقوف، احمق، سادہ لوح، سیدھا سادہ، بھولا، بیہودہ، مورکھ، اُلّو ÷
مودی (مُو، دی) (ہ) مذکر (۱) اناج کا سوداگر، غلہ بیچنے والا، بنیا، بقال (۲) قرض دینے والا بنیا، وہ بنیا جس کی دکان سے اُدھار لین دین ہو ÷ مودی پنا کرنا۔ کنجوسی کرنا ÷ مودی خانہ (ف) اناج وغیرہ رکھنے کا کمرہ، ذخیرہ رہنے کی جگہ، گودام ÷
موڈل (مَو، ڈَل) (انگ Model) مذکر (۱) نمونہ، نقشہ (۲) ناپ، پیمانہ ÷
موڈل ٹاؤن (انگ Model Town) مذکر، ایک نیا آباد شدہ علاقہ، جو لاہور سے چند میل کے فاصلے پر واقع ہے ÷
موذی (مُو، ءْذی۔ مُو، ذِی) (ع) (۱) ایذا یا تکلیف دینے والا، جابر، ظالم (۲) ہلاک کرنے یا مار ڈالنے والا (۳) (مجازاً) کنجوس، بخیل (۴) (ف) بدذات، شریر ÷ موذی پنا (ف) مذکر (۱) تکلیف دہی، ایذا رسانی (۲) بخیلی، کنجوسی (۳) شوخی، شرارت ÷ موذی کا چنگل۔ مذکر۔ ظالم یا زبردست کا پنجہ ÷

موذی کا مال - مذکر (۱) ظالم کا مال (۲) کنجوس کا دھن ؛ موذی کو نماز چھوڑ کر مارے - مثل - موذی کو ہر حال میں مارنا چاہیے ؛

مُور (مُوْر، ا ہ) مذکر - آم کا پھول، بُور (آنا کے ساتھ) ؛

مُور (مُوْر) ا ہ) مذکر - تاج مُکٹ، افسر، جیغہ، کلغی ؛

مُور (مُوْر) ا ہ) مذکر - طاؤس، ایک نہایت خوبصورت رنگین پروں والا مشہور جانور ؛ مور پنکھی - مؤنث (۱) مور کے پروں کی پنکھی، پنکھا، بادکش (۲) ایک قسم کی پنکھی، جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند گول ہو جاتی ہے (۳) ایک نوع کی کشتی، جو مور جیسی ہوتی ہے ؛ مورچال - مؤنث (۱) وہ چال، جو دونوں ہاتھوں کے بل ٹانگیں اوپر کر کے چلتے ہیں (۲) مور کا ناچ (۳) ایک قسم کا ناچ (۴) خندق، کھائی، حصار، وہ گڑھا، جو قلعے کے ارد گرد کھود دیتے ہیں، مورچا ؛ مورچھل - مذکر - مور کے پروں کا چنور، جو مکھیاں ہٹانے کے لیے جھلتے ہیں (جھلنا، کرنا، ہلانا وغیرہ کے ساتھ) ؛ مور کا چنگھاڑنا یا کوکنا - مور کا بولنا ؛ مور کی سی گردن (۱) مؤنث - خوبصورت اور لمبی گردن، صراحی دار گردن ؛ مور مُکٹ (ہ) مذکر - مور کا سا تاج ؛ مور ناچتا ہے، جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے - خوب صورت آدمی کو ذرا سا عیب بھی بُرا معلوم ہوتا ہے ؛ مُورنی - مؤنث - مور کی مادہ ؛

مُور (مُوْر) (ف) مذکر و مؤنث - چیونٹی ؛ مورِ بال دار - پردار چیونٹی ؛ مور و ملخ - مؤنث (۱) چیونٹی اور ٹڈی دل (۲) ان گنت، بے شمار، بہت سا، غیر محدود ؛ مورچہ - مذکر (۱) چھوٹی چیونٹی (۲) (۱) (مورچال سے بگڑا ہوا) دیکھیے "مورچال" عک ؛

مُور (مُوْر) (انگ) مذکر - مراکش کے عرب باشندے ؛

مورا (مُو، را) (ہ) (۱) میرا (۲) مذکر - مور کی تصغیر بالمحبت، پیارا مور ؛

مورت (مُو، رَت) (ہ) مؤنث (۱) پتھر، لوہے، لکڑی، پیتل وغیرہ کا پیکر، بُت، صنم (۲) پُتلی، لعبت (۳) تصویر (۴) - بیراگی، آدمی، متنفس، نفر ؛ مُورتی - مؤنث - دیکھیے "مورت" ؛ مُورتی پوجن - مؤنث - بتوں کی پوجا، بت پرستی ؛

مورث (مُوْ، رِث) (ع) (۱) وارث کرنے والا - وہ شخص، جس سے ورثہ یا ترکہ ملے - وصیت کرنے والا (۲) (ف) پہنچانے والا، سبب، باعث ؛ مُورثِ اعلیٰ (ع، ف) مذکر - سب سے بڑا مورث، مورثِ اوّل، جدِ اعلیٰ، وہ سب سے بڑا شخص، جس سے ورثہ پہنچا ہو، کسی ورثے کا سب سے پہلا مالک ؛

مورچا (مُوْر، چا) (مورچال سے بگڑا ہوا) مذکر (۱) دیکھیے "مورچال" عک (۲) وہ فوج جو مورچے پر لڑنے کے لیے رہتی ہے (اٹھنا، اٹھانا، باندھنا، بندھنا، بندی کرنا، توڑنا، ٹوٹنا، جیتنا، لینا، مارنا کے ساتھ) ؛ مُورچے - مذکر (۱) "مورچا" کی جمع (۲) "مورچا" کی صورت حرفِ جار سے پہلے ؛ مورچے پر جانا - لڑائی پر جانا، دشمن کے مقابلے کو جانا ؛ مورچے پر رکھنا (کنایۃً) سامنے رکھنا، زد پر رکھنا، نشانے پر رکھنا ؛

مورچہ (مُوْر، چہ) (ف) لوہے کا زنگ، زنگار، پھپھوندی (دوڑنا، لگنا کے ساتھ) ؛

مورچھا (مُوْر، چھا) (ہ) مؤنث (ہندو) بے خودی، بے ہوشی (آنا، کھانا کے ساتھ) ؛ مُورچھِت - بے خود، بے ہوش، بے سُدھ ؛

مُورّخ (مُ، ؤر، رِخ) (ع) تاریخ لکھنے والا، صاحبِ تاریخ، ناقل ؛ مُورّخہ - تاریخ ڈالا ہوا، لکھا ہوا، محررہ، مرقومہ ؛ مُورّخین - مذکر "مورخ" کی جمع ؛

مورد (مُوْ، رِد) (ع) مذکر (۱) وارد ہونے، اترنے اور ٹھہرنے کی جگہ (۲) جوہڑ، تالاب، چشمہ ؛ مَوردِ عنایت یا لطف و کرم - وہ شخص، جس پر خاص مہربانی کی جائے ؛

مورکھ (مُوْ، رَکھ) (ہ) (ہندو) بے وقوف، ناواقف، نادان، جاہل ؛ مورکھ پن - مذکر - گھامڑپن، احمق پن، بے وقوفی ؛ مورکھ کی ساری رین، چتر کی ایک گھڑی - مثل (۱) بے وقوف جو کام رات بھر میں کرے، ہوشیار آدمی تھوڑی دیر میں کر لیتا ہے (۲) بے وقوف کی مصاحبت سے ساری رات وہ لطف حاصل نہیں ہوتا، جو کسی دانش مند سے ایک گھڑی میں میسر آ جاتا ہے ؛

موروث (مَوْ، رُوث) (ع) وارث یا وراثت کیا گیا ؛

موری (مُوْ، رِی) (ہ، ف) مؤنث (۱) نالی، بدررو، پانی کے نکاس کی جگہ (۲) موکھا (۳) دہانہ، منہ، سوراخ (۴) کپڑے کی آستین کا سرا، جو ہاتھ کے گٹے کے قریب ہوتا ہے (۵) پاجامے کے پائنچے کا سرا، جو پاؤں کے گٹے کے پاس ہوتا ہے ؛ موری پر جانا (ہ) (ہندو، عو) پیشاب کرنے جانا، موتنے جانا ؛ موری چھوٹنا (ہندو، عو) (کنایۃً) پیٹ چلنا ؛ موری کا کیڑا - مذکر (ہندو، عو) وہ بچہ، جو پیدا ہوتے ہی مر جائے ؛ موری کا کیڑا موری میں خوش رہتا ہے (۱) مثل (دہلی، عو) گندگی میں پلنے والا گندگی ہی میں خوش رہتا ہے ؛ موری کی اینٹ چوبارے چڑھی (۵) مثل - کمینے کو اعلیٰ رتبہ مل گیا ؛ موری میں پتھر ڈالو گے تو چھینٹیں اڑیں گی - (دہلی، عو) گندے معاملے میں پڑو گے تو رسوائی ہوگی ؛

مُوڑ (مَوْڑ) (ہ) مذکر (ہندو) دولھا کا تاج، ایک قسم کا مکٹ، جو نوشہ کے سر پر رکھ کر اوپر سے سہرا باندھ دیتے ہیں ؛

مُوڑ (مُوْڑ) (ہ) مذکر (۱) وہ جگہ، جہاں ایک طرف سے دوسری طرف کو راستہ پھرے، گھماؤ، راہ کی کجی (۲) چکر، پھیر (۳) پیچ، بل، خم ؛ موڑ توڑ - مذکر - پھیر، چکر، گھماؤ ؛ موڑ دینا (۱) واپس کرنا، پھیر دینا (۲) خمیدہ کر دینا (۳) ہٹا دینا، ایک طرف سے دوسری طرف رخ پھیر دینا ؛ موڑنا - گھمانا، پھیرنا، چکر دینا (۲) خم دینا، بل دینا (۳) لوٹانا، واپس کرنا (۴) الٹا پھیرنا، واپس لانا (۵) رخ بدلنا (۶) کپڑے وغیرہ کا تہ کرنا (۷) گھوڑے کی لگام کھینچ کر اسے کسی طرف متوجہ کرنا (۸) اڑتا ہوا پتنگ ایک جانب سے دوسری جانب کرنا ؛

موڑھ (مُوْڑھ) (ہ) نادان، بے وقوف، جاہل، نالائق ؛

موڑھا (مُوْ، ڑھا) (ہ) مذکر - سرکنڈے کی بنی ہوئی کرسی ؛

موز (مَوْز) (ع) مذکر - کیلے کی پھلی ؛

موزون (مَوْ، زُون) (ع) (۱) تُلا ہوا، وزن کیا ہوا، جچا ہوا (۲) پھبتا ہوا، زیبا (۳) واجب، مناسب، لائق (۴) درست، ٹھیک، چسپاں، حسبِ حال (۵)

مصرع یا شعر، جو عروض کے قاعدے سے، وزن یا بحر میں درست ہو (۶) مقبول پسندیدہ، سنجیدہ ٭ **موزون طبع** (ف) طبیعت موزون رکھنے والا، وزن کے اعتبار سے درست شعر کہنے والا ٭ **موزون طبعی**۔ مؤنّث۔ موزون طبع ہونا ٭ **موزون کرنا** (و) (۱) وزن یا بحر سے شعر درست کرنا (۲) مصرع یا شعر کہنا (۳) حسبِ حال کرنا، ٹھیک کرنا ٭ **موزون ہونا** (۱) زیبا ہونا، پھبنا (۲) واجب ہونا، لائق ہونا (۳) شعر یا مصرع کا بحر سے درست ہونا ٭ **مَوزُونِیَّت** - (ع) مؤنّث - سنجیدگی، پسندیدگی، پھبن، زیبائش ٭

موزہ (۱) (ف، مُوْ، زَہْ) (۲) (و) مَوْ، زَہْ) مذکّر (۱) جُرّاب (۲) انگریزی جُوتا، بُوٹ ٭ **موزہ ساز**۔ مذکّر۔ جُوتے بنانے والا، موچی ٭ **موزہ گیر**۔ مذکّر۔ وہ گھوڑا، جو اپنے سوار کی ٹانگ کو کاٹے یا موزے پر مُنہ ڈالے ٭ **موزے** (۱)، مذکّر (۱) "موزہ" کی جمع، جُرّابیں (۲) "موزہ" کی صورت حرفِ جار سے پہلے ٭ **موزے کا گھاؤ، رانی جانے یا راؤ** ٭ **موزے کا گھاؤ، میاں جانے یا پاؤں**۔ مثل - اپنے اندرونی حالات یا پریشانیاں انسان آپ ہی بخوبی جانتا ہے، دوسرے کو کیا خبر ٭

مُوس (مُوْ، س) (ہ) مُوسنا کا امر ٭ **مُوس کے کھا جانا**۔ کسی کا مال ٹھگ کر کھا جانا، لُوٹ کر کھا جانا ٭ **مُوس کے گھک کر دیا** (بیگمات) لُوٹ لُوٹ کر فقیر کر دیا، بالکل نادار بنا دیا۔ بُری طرح لُوٹنا، فریب و دغا سے خوب مال مارا ٭ **مُوسنا**۔ لُوٹنا، چُرانا، فریب دے کر لینا، مال اُڑانا ٭

مَوسا (مَوْ، سَا) (ہ)، مذکّر (ہندو) ماں کی بہن کا خاوند، خالو ٭ **مَوسِی** (مؤنّث) ماں کی بہن، خالہ ٭ **مَوسیرا**۔ ماں کی بہن کا بیٹا، خالہ زاد بھائی ٭ **مَوسیری**۔ ماں کی بہن کی بیٹی، خالہ زاد بہن ٭

مُوسا (مُوْ، سَا) (ہ) مذکّر (ہندو) چُوہا، مُوش (ف)، اُسترہ ٭

مُوسائی (مُوْ، سَا، اِیْ) (ع) مذکّر۔ حضرت موسیٰؑ کے ماننے والے یا اُمّتی، یہودی ٭

مُوسل (مُوْ، سَل) (ہ) مذکّر۔ اناج، تمباکو وغیرہ کوٹنے کا آلہ، سوٹا ٭ **مُوسلا**۔ چھوٹا موسل ٭

موسلا (مُوْس، لَا) (ہ) مذکّر (۱) جڑ، اصل (۲) وہ لکڑی، جو درختوں کی جڑوں میں موٹی اور لمبی ہوتی ہے ٭ **موسلا دھار**۔ وہ مینہ، جو دیر تک زور سے برسے ٭ **موسلا دھار برسنا یا پڑنا**۔ زور کی بارش ہونا، شدّت سے مینہ پڑنا ٭ **مُوسلوں ڈھول بجانا** (ہ) (ہندو) (کنایۃً) پکار پکار کر کسی اَمر کی تشہیر کرتے پھرنا، منادی کرنا، ڈھنڈوری پیٹنا ٭

مُوسلی (مُوْس، لِیْ) (ہ) مؤنّث - اصل، جڑ، بیخ ٭

موسم [مَوْ، سِم، فارسی اور اردو کے شاعروں نے مَوْسَم (سین کی زبر سے) استعمال کیا ہے] (ع) مذکّر۔ فصل، وقت، زمانہ، دن، موقع، سماں ٭ **موسم آنا** (۱) سال کے اندر کسی فصل کا اپنے مقررہ وقت پر عود کرنا ٭ **موسمِ بہار** (ف) مذکّر۔ بہار کا زمانہ، مارچ، پھاگن کا مہینا، پھول کھلنے کا سماں ٭ **مَوسِمِ خزاں**۔ مذکّر (۱) پت جھڑ، خریف (۲) (کنایۃً) زوال کا زمانہ، ڈھلتی جوانی، بڑھاپا، پیری ٭ **موسمِ گُل**۔ مذکّر۔ پھولوں کی فصل، بہار کا موسم ٭ **موسم ہونا** (۱) کسی فصل کا مقررہ وقت پر سال کے اندر ہونا ٭ **مَوسِمی**۔ موسم کا، رُت کا، موقع کا، وقت کا ٭

موسوم (مَوْ، سُوْم) (ع) نام رکھا گیا، نقش کیا گیا، منقوش، ملقّب، مخاطب (مؤنّث کے لیے "موسومہ") ٭

موسیٰ (مُوْ، سَا) (ع) مذکّر۔ مشہور پیغمبر، جن پر توریت نازل ہوئی۔ یہودی انھیں کے پیرو ہیں، فرعون کو انھیں نے غرق کیا تھا اور کوہِ طُور پر اللہ تعالیٰ کی تجلّی انھیں کو نظر آئی تھی ٭ **مُوسائی**، **مُوسَوِی** (۱) موسیٰؑ سے منسوب (۲) حضرت امام موسیٰ رضاؑ کی اولاد اور پیرو ٭

موسیقار (مُوْ، سِیْ، قَار) (ف) مذکّر (۱) ایک پرندہ، جس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں اور ان میں سے قسم قسم کی آوازیں نکلتی ہیں، ققنُس بھی اسی کو کہتے ہیں (۲) ایک باجا ٭

مُوسیقی (مُوْ، سِیْ، قِیْ) (ع) مذکّر۔ راگ یا گانے بجانے کا علم ٭

مُوسیو (مُوْ، سِیُو) (مہنّد) (فرانسیسی مانشیر (Monsieur) مذکّر۔ جناب ٭

مُوش (مُوْش) (ف) مذکّر۔ چوہا ٭ **مُوشِ دشتی یا صحرائی**۔ مذکّر۔ جنگلی چوہا ٭ **مُوشَک**۔ مؤنّث (۱) چھوٹا سا چوہا (۲) چھچھوندر ٭ **مُوشکِ پرّاں** - مؤنّث - چمگادڑ، شپّر ٭ **مُوشکِ (موشِ) کور**۔ مؤنّث - چھچھوندر ٭

موشّح (مُوَش، شَح) (ع) زیور سے آراستہ کیا گیا، مزیّن ٭

موصوف (مَوْ، صُوْف) (ع) (۱) وصف یا تعریف کیا گیا، وہ شخص، جس کی تعریف کی گئی ہو (۲) (مجازاً) مذکور (ان معنی میں یا انسان کے لیے مخصوص ہے) ٭ **مَوصُوف اِلَیہ**۔ مذکّر۔ وہ شخص، جس کا وصف یا تعریف کی جائے ٭

موصول (مَوْ، صُوْل) (ع) (۱) مِلا ہُوا، مِلایا گیا (۲) صرف و نحو میں وہ اسمِ ناتمام، جو اکیلا کسی جملے میں معنی نہیں دیتا ٭

موصیٰ (مُوْ، صیٰ) (ع) وصیّت کیا گیا، وہ چیز، جو وصیّت کی گئی ہو ٭ **موصیٰ لَہٗ**۔ مذکّر۔ وہ شخص، جس کے حق میں وصیّت کی گئی ہو ٭ **موصیٰ بِہٖ** (ع، ف) مذکّر۔ وہ چیز، جس کے دینے کی وصیّت کی جائے ٭ **مُوصِی**۔ مذکّر۔ وصیّت کرنے والا ٭ **مُوصِیَہ**۔ مؤنّث۔ وصیّت کرنے والی (عورت) ٭

مَوضَع (مَوْ، ضَع) (ا) مذکّر۔ گاؤں ٭ **مَوضَع وار**۔ گاؤں گاؤں، گاؤں کی ترتیب سے، نمبروار ٭ **مَوضِع** (ع) مذکّر۔ چیز رکھنے کی جگہ، جگہ ٭

موضوع (مَوْ، ضُوْع)، (ع)، (۱) وضع کیا گیا، رکھا گیا (۲) مذکّر۔ مضمون، مدّعا (۳) منطق، مبتدا، جو خبر کے مقابل میں ہو (۴) (اقلیدس) وہ اصول، جو مسائلِ ہندسہ کے ثبوت کے لیے سب نے بالاتفاق صحیح اور درست سمجھ رکھے ہیں (۵) بامعنی لفظ ٭

موطن (مَوْ، طِن) (ع) مذکّر۔ رہنے کی جگہ، وطن، زاد بوم، اپنا دیس، جنم بھوم ٭

موعدت (مَوْ، عِدَت) (ع) مؤنّث۔ وعدہ، اقرار، عہد و پیمان ٭

موعظت (مَوْ، عِظَت) (ع) مؤنّث۔ نصیحت، پند، سکھشا ٭

موعود (مَوْ، عُوْد) (ع) وعدہ کیا گیا، اقرار کیا گیا، وہ شے، جس کا وعدہ کیا گیا ہو ٭

موفور (مَوْ، فُوْر) (ع) (۱) وافر کیا گیا (۲) بکثرت، بہت، بے انتہا (۳) پورا، مکمل ٭

موقّت (مُوَق، قَت) (ع) کسی خاص وقت پر ٹھہرایا ہُوا، زمانے کے ساتھ معیّن کیا گیا ٭ **موقّت الشّیوع**۔ ٹھیک وقت پر شائع ہونے والا ٭

موقّر (مُوَق، قَر) (ع)، توقیر کیا گیا، باوقار، معزّز، عزّت دار ٭

موقع (عربی میں مَوْ، قِعْ اور مَوْ، قَعْ ، اردو میں مَوْ، قَعْ) مذکر (۱) واقع ہونے کی جگہ، جائے وقوع، محل (۲) خاص وقت (۳) خاص مقام ٭ **موقع بموقع** (ع، ف) (۱) وقت وقت پر (۲) جگہ جگہ ٭ **موقع بننا** (ل) (عو) موقع ملنا ٭

موقع بے موقع - وقت بے وقت، ہر وقت، خواہ موقع ہو نہ ہو، بٹھکانے، بے موقع ٭ **موقع پا جانا** - محل پا جانا ٭ **موقع پر** - خاص مقام پر، خاص وقت پر، مناسب وقت پر، عین وقت پر ٭ **موقع پڑنا** - اتفاق پیش آنا ٭

موقع تکنا یا دیکھنا - وقت کا منتظر رہنا، وقت دیکھنا، داؤں گھات میں رہنا ٭ **موقع جانے دینا** - موقع کھو دینا ٭ **موقع سے** - وقت سے، وقت دیکھ کر، وقت کے موافق ٭ **موقع کی** - مناسب، لائق، حسبِ منشا ٭ **موقع نکل جانا** - وقت ہاتھ سے چلا جانا ٭ **موقع واردات** (ع، ف) مذکر - وہ جگہ، جہاں کوئی جرم واقع ہوا ہو ٭ **موقع ہاتھ سے دینا** - موقع جانے دینا، موقع کھو دینا ٭

مَوقف (مَوْ، قِفْ) (ع) مذکر (۱) کھڑے ہونے کی جگہ، مقام (۲) پوزیشن (۳) عرب کا ایک مقام، عرفات ٭

موقوف (مَوْ، قُوْف) (ع) (۱) ٹھہرایا گیا (۲) نوکری سے برخاست کیا گیا (۳) ترک کیا گیا (۴) ("پر" کے ساتھ) منحصر (۵) وقف کیا گیا، خدا کے نام پر چھوڑا گیا (۶) وہ ساکن حرف، جس سے پہلے کا حرف بھی ساکن ہو (۷) مؤنث - وہ حدیث، جس کے راویوں کا سلسلہ صحابہؓ تک پہنچے (رکھنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **موقوف اِلَیْہ** - وہ شخص، جس کے لیے وقف کیا گیا ہو، متولّی ٭ **موقوف عَلَیْہ** - وہ شخص، جس پر کسی کام کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو، منصف، ثالث، پنچ ٭ **موقوفی** (ف) مؤنث (۱) برخاستگی، برطرفی، علیحدگی، معزولی (۲) ڈھیل، توقف، التوا ٭

موقوفی میں آنا (ل) (۱) نوکری سے برطرف ہونا، برخاست ہونا (۲) منحصر ہونا (۳) ملتوی ہونا ٭

مُوکش (مُوْ کَشْ) (س) مؤنث - چھٹکارا، رہائی، خلاصی، نجات، مخلصی، آزادی، مُکتی ٭

مَوکَب (مَوْ، کَبْ) (ع) مذکر - لشکر، فوج ٭

مَوکِب (مَوْ، کِبْ) (ع) مذکر - ارملی کے سوار اور پیادے ٭

مُوکَّد (مُ، اَکْ، کَدْ) (ع) تاکید کیا گیا ٭

مُوکِّد (مُ، اَکْ، کِدْ) (ع) تاکید کرنے والا ٭

مُوَکَّل (مُ، اَکْ، کَلْ) (ع) (۱) وہ شخص، جسے کوئی کام سپرد ہو، ذمہ دار، امانت دار (۲) (ف) وہ فرشتہ، جو کسی کام پر مقرر ہو، بیز، وہ روح، جو عامل مسخر کرتے ہیں ٭

مُوَکِّل (مُ، اَکْ، کِلْ) (ع) وکیل کرنے والا، مقدمہ دینے والا، اسامی، کام سپرد کرنے والا ٭

موکلا (مُوْکْ، لَا) (ہ) (ہندو) (۱) کھلا ہوا، کشادہ (۲) کافی، وافی ٭

موکو (مُوْ، کُوْ) (ہ) (گنوار) مجھے، مجھ کو ٭ **موکو نہ توکو لے بھاڑ میں جھوکو** - مثل - نہ میرے کام کا، نہ تمھارے کام کا، ایسی شے کو کیا کرنا ہے، دور کرو ٭

موکھا (مُوْ، کھَا) (ہ) مذکر (۱) چھوٹا سوراخ، وہ روزن، جو عورتیں ہمسایہ عورتوں سے باتیں وغیرہ کرنے کے لیے مکان کے اندر دیوار میں بنا لیتی ہیں (۲) بڑا سوراخ، روشن دان (۳) (لکھنؤ) کبوتروں کا خانہ ٭

موگرا (مُوْگْ، رَا) (ہ) مذکر (۱) بیلے کی قسم کا ایک پھول، بڑا بیلا (۲) بڑی موگری (۳) (لکھنؤ) بندوق کا گز (۴) ایک قسم کا چاول (۵) کڑے کا وہ حصہ، جو گول گھنڈی کی طرح ہوتا ہے ٭ **مُوگَرِی** - مؤنث (۱) وہ آلہ، جس سے زمین یا چھت کوٹی جاتی ہے (۲) وہ آلہ، جس سے گھنٹہ بجاتے ہیں (۳) وہ آلہ، جس سے گھنٹا بجتا ہے (۴) وہ آلہ، جس سے دھوبی دھویا ہوا کپڑا کوٹتے ہیں ٭

مُول (مُوْل) (ہ، س) مذکر (۱) اصل، جڑ، بنیاد (۲) سرمایہ، پونجی، زرِاصل (۳) نسل، اولاد ٭ **مُول سے بیاج پیارا ہوتا ہے** (۱) مال سے زیادہ اُس کی آمدنی اچھی معلوم ہوتی ہے (۲) اولاد سے زیادہ، اولاد کی اولاد عزیز ہوتی ہے ٭

مُول (مُوْل) (ہ) مذکر (۱) دام، قیمت (۲) بھاؤ، نرخ (بڑھنا، بڑھنا، بننا، پوچھنا، ٹوٹ جانا، ٹھہرانا، چڑھ جانا، چڑھنا، چکانا، دینا، کرنا، گھٹانا، گھٹنا، لگانا، لے لینا اور لینا کے ساتھ) ٭ **مُول تُول** - مذکر - سودا، قیمت کا تعیّن (ٹھہرانا کے ساتھ) ٭

مُول لے کر چھوڑ دینا (۱) خرید کر آزاد کر دینا، غلام بنا کر چھوڑ دینا (۲) (کنایۃً) بعید حقیر سمجھنا ٭ **مول نہ رکھنا** (کنایۃً) بیش قیمت ہونا ٭ **مولڑا** (عو) (۱) مول لیا ہوا (۲) مذکر - زرخرید غلام ٭ **مولوں** - داموں ٭

مولا (مَوْ، لَا) (عربی میں رسم الخط "مولیٰ" ہے) (ع) مذکر (۱) آقا، مالک، والی، صاحب، سردار (۲) اللہ تعالیٰ، خدا، الیشور، داتا (۳) آزاد کیا ہوا غلام (۴) (کنایۃً) حضرت امام حسینؓ (۵) غلام، داس (۶) معاون، مددگار، شریک، دوست، ہمسایہ، پڑوسی ٭

مولا بخش (ل) مذکر (۱) خدا کا دیا ہوا، بخششِ الٰہی (۲) اکبر بادشاہ کے عہد میں ایک جوتے کا نام، جو شریروں کی سزا کے لیے بنایا جاتا تھا (۳) مسلمانوں میں ایک نام ٭ **مولا بھلا کرے گا** (فقیروں کی دعا) خدا اچھا اجر دے گا ٭ **مَولا دَولا** (۱) (کنایۃً) بھولا بھالا (۲) بے پروا (۳) فیاض، بڑا سخی ٭ **مولا علیؓ** (ع) مذکر - آزاد و جاہل مسلمان فقیر السلام علیکم کے جواب میں کہتے ہیں ٭ **مولا ہاتھ بڑائیاں جس چاہے، تس دے** (ل) مثل - تمام بزرگیاں، مرتبے اور عزتیں خدا کے ہاتھ میں ہیں، جسے وہ چاہتا ہے، دیتا ہے ٭ **مولانا** (ع) مذکر (۱) ہمارا آقا (۲) علماء و فضلاء کا اعزازی خطاب، فاضلِ اجل (۳) بعض جگہ اس لفظ سے مولانا جلال الدین رومی مراد ہوتے ہیں ٭

مولائی (۱) میرا آقا (۲) مؤنث - آقائی، امیری، سرداری، امیری کی حالت، صدارت، امارت ٭ **مَولَوِن** (ل) مؤنث (۱) مولوی کی بیوی (۲) اسلام کی عالمہ ٭ **مَولَوِی** (ع) (۱) شرع کے احکام جاننے والا، دین کے مسئلوں سے واقف، دین کا عالم، فاضل (۲) شریعت کا پابند، پکا دین دار، متشرع (۳) مدرس، معلم (۴) عالموں، فاضلوں کا لقب ٭ **مولوی گری** (ف) مؤنث - پڑھانے کا پیشہ ٭ **مولوی بُڈّا** (ل) مذکر (طنزاً) میاں جی ٭ **مَولَوِیَّت** - مؤنث - مولوی ہونا ٭

مولد (مَوْ، لِدْ) (ع) مذکر (۱) پیدا ہونے کی جگہ یا وقت، وطن (۲) وہ کتاب جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کا حال درج ہو (۳) (کنایۃً) مجلس، جس میں آنحضرتؐ کا حالِ ولادت بیان کیا جائے (۴) ولادت، پیدائش ٭

مُوَلَّد (مُوَلْ، لَدْ) (ع) (۱) وہ عجمی شخص، جس نے عرب میں پرورش پائی ہو (۲) وہ عجمی لفظ، جو اہلِ عرب نے اپنے کلام میں استعمال کیا ہو ٭

مولسرا (مَو، لَس، رَا) (ہ) مذکر (ہندو) بیوی یا میاں کا میا خسر ؛
مولسری (مَوْل، سِرِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک درخت اور اس کے پھل پھول کا نام۔ اس کے پھولوں کی بھینی بھینی مہک بہت خوشگوار ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا، جس پر مولسری کے پھولوں کی وضع کے پھول کڑھے ہوتے ہیں ؛
مؤلف (مُ، ءَل، لِف) (ع) تالیف یا جمع کیا گیا ؛ مُؤلِّف۔ تالیف یا جمع کرنے والا۔ مختلف کتابوں کی امداد سے کتاب لکھنے والا، متفرق مضمون جمع کرنے والا ؛ مُؤلَّفات۔ مؤنث۔ وہ کتابیں، جو تالیف کی گئی ہوں ؛ مُؤلَّفہ۔ مؤنث۔ تالیف تصنیف یا جمع کی ہوئی ؛ مُؤلِّفہ۔ مؤلف کی تانیث ؛
مولنا (مَوْل، نَا) (ہ) آم کے پیڑ میں بُور، پھول یا شگوفہ آنا ؛
مولود (مَوْ، لُوْد) (ع۔ فارسی میں مولد اور میلاد کے بجائے مستعمل ہے) مذکر (۱) جنا ہوا، زائیدہ، وہ بچہ، جو پیدا ہوا ہو (۲) پیدا ہونے کا وقت، پیدائش کا دن، میلاد (۳) بیٹا، پسر، فرزند، لڑکا، پوت (۴) وہ محفل، جس میں رسول اللہؐ کی ولادت باسعادت کا ذکر کیا جائے (۵) وہ کتاب، جس میں آنحضرتؐ کی ولادت کا حال درج ہو ؛
مولود خواں (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص، جو حبیب خدا کے میلاد کا بیان پڑھ کر حاضرین محفل کو سنائے ؛ مولودِ شریف (ع، ف) مذکر (۱) میلاد کا بیان، میلاد شریف (۲) وہ محفل، جس میں محبوب کبریا کے پیدا ہونے کا ذکر کیا جاتے ؛
مولودِ مسعود (ع، ف) مذکر۔ نیک بخت لڑکا ؛ مولودی۔ مولود خواں، مولود پڑھنے والا ؛
مُوَلَّہ (مُوَلْ، لِہْ) (ع) مذکر (۱) والہ، شیفتہ، دیوانہ، عاشق (۲) ایک درخت، جسے بید مجنوں بھی کہتے ہیں ؛
مُولی (مُو، لِی) (ہ) مؤنث۔ ایک ترکاری، ترب ؛ مُولی اپنے ہی پتوں بھاری (ہ) مثل (عو) جب اپنے ہی بوجھ میں دبے بیٹھے ہیں تو دوسرے کا بوجھ کیونکر اٹھائیں گے ؛ جب اپنی ہی گزر مشکل سے ہو رہی ہے تو دوسرے کی خبر گیری کس طرح کریں گے ؛ مُولی کے چور کو سُولی۔ مثل۔ ذرا سے قصور پر شدید سزا ؛ مُولی گاجر کی طرح (و) نہایت بےقدری سے ؛
مولیرا (مَو، لے، رَا) (ہ) مذکر (ہندو) ماموں کا بیٹا، ممیرا ؛ مولیرا بھائی۔ مذکر۔ ماموں کا بیٹا بھائی، ممیرا بھائی ؛
موم (مُوْم) (ف) مذکر (۱) وہ چکنا اور نرم مادہ، جو شہد کی مکھیاں شہد سے تیار اور جمع کرتی ہیں (۲) (تشبیہاً) ملائم، نرم ؛ موم بتی (و) مؤنث۔ وہ بتی، جو موم سے بنائی گئی ہو، مومی شمع ؛ موم تو نہیں ہو کہ پگھل جاؤ گے۔ مثل۔ ایسے نازک اور بے ہمت نہ بنو۔ ذرا سے کام میں مر نہ جاؤ گے ؛
موم جامہ۔ مذکر۔ وہ کپڑا، جس پر موم کا روغن چڑھا ہو، مومی کپڑا، ترپال ؛
موم دِل۔ نرم دل، رحم دل، ترس کھانے والا (ہونا کے ساتھ) ؛
موم روغن۔ مذکر۔ موم سے بنایا ہوا ایک طرح کا روغن، جو ہونٹ پھٹ جانے کی حالت میں اُن پر ملا جاتا ہے (لگانا، ملنا کے ساتھ) ؛ موم کا۔ موم کا بنا ہوا، بےحد نازک اور ملائم، موم کی مانند ؛ موم کا کھلونا۔ مذکر۔ ناپائدار چیز ؛
موم کا ہو جانا۔ از حد نازک بن جانا، نہایت نازک اندام ہو جانا ؛

موم کرنا (۱) ملائم کرنا، نرم کرنا، نرم دل بنانا، سختی دور کرنا (۲) گلانا، پگھلانا، پانی کرنا ؛
موم کی مریم۔ مؤنث (عو) بےحد نازک عورت ؛ موم کی ناک (کنایۃً) غیر مستقل مزاج۔ وہ شخص، جسے جس طرف چاہو، کرلو۔ وہ شخص، جو ہر ایک کے کہنے پر چلے ؛
موم ہو جانا (۱) پگھل جانا، ملائم ہو جانا (۲) رحم دل بن جانا ؛ مومی (ف) موم سے منسوب، موم کا، موم کا بنا ہوا ؛ مومی چھینٹ (و) مؤنث۔ ایک قسم کی بہت ملائم چھینٹ ؛ مومی شمع۔ مؤنث۔ موم کی بنی ہوئی بتی ؛ مومی موتی۔ مذکر۔ ایک نوع کا جھوٹا موتی، جو موم کی لاگ سے بنایا جاتا ہے ؛
مومن (مُوْ، مِنْ) (ع) صفت، مذکر (۱) ایمان لانے والا، ایمان دار (۲) (و) مذکر۔ مسلمان بھلا (۳) شیعہ (معنی نمبر ۲، ۳ میں "مومن بھائی" بھی مستعمل ہے) (۴) (ع) مذکر۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام (۵) حکیم مومن خان دہلوی مرحوم کا تخلص ؛
مُؤمِنِیَّت۔ مؤنث۔ مومن یا مطیع و فرمانبردار ہونا ؛ مُؤمِنِیْن۔ مذکر۔ مومن کی جمع ؛
مومیٰ (مُوْ، مَا) (ع) ایما یا اشارہ کیا گیا ؛ مُوْمیٰ اِلَیْہ۔ مذکر۔ وہ شخص، جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو، مشارٌ الیہ ؛
مومیا (مُو، مِیَا) (یونانی) مؤنث (۱) مسالا لگی اور سوکھی ہوئی لاش (۲) سیاہ رنگ کی ایک چکنی دوا ؛ مُومِیائی (ف) مؤنث۔ موم کی طرح نرم ایک دوا، جو ضرب اور زخم کے لیے بہت مفید ہے ؛ مومیائی نکالنا (و) (۱) تیل نکالنا، چربی نکالنا، سخت محنت لینا (۲) بہت سخت مارنا ؛
مون (مَوْن) (س) مذکر (ہندو) چُپ، خاموشی ؛ مَوْن بَرت۔ مذکر۔ چپ کا روزہ، چپ رہنے کا عہد ؛ مَوْنتا۔ مؤنث۔ خاموشی، چپ ؛
مَونا (مَو، نَا) (ہ) مذکر (۱) بڑا برتن، گھڑا، مٹکا (۲) ٹوکرا، سانپ رکھنے کا پٹارا ؛
مُونا (مُو، نَا) (س) مرنا، فوت ہونا، انتقال کرنا ؛
مُونَّث (مُ، ءَن، نَث) (ع) عورت، مادین، نر کے برعکس ؛
مُونج (مُوْنْج) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس، جس کی رسیاں بٹتے ہیں ؛
مُونج کا بان۔ مذکر۔ مونج کی بٹی ہوئی رسیاں، جن سے چارپائیاں بُنتے ہیں ؛
مُونج کی رسی۔ مؤنث۔ مُونج کی بٹی ہوئی رسی ؛
مُونجھ (مُوْنجھ) (ہ) مذکر۔ گھوڑے، گائے، بھینس وغیرہ کا ایک مرض، جس سے اُن کی آنکھ کے نیچے ایک غدود سا ہو جاتا اور دفعۃً پھوٹ کر سیاہ خون بہنے لگتا ہے ؛
مُونچھ (مُوْنچھ) (ہ) مؤنث (دیکھیے "مونچھ") ؛
مونڈنا (مُوْنڈ، نَا) (ہ) بند کرنا، ڈھانپنا، معمور کرنا ؛
مونڈھ (مُوْنڈھ) (ہ) مؤنث۔ سر، مُنڈیا، سیس، ماتھا، مستک ؛ مُونڈ مارنا۔ (۱) گردن مارنا (۲) پھیرنا (۳) کوشش کرنا ؛ مُونڈ مُنڈانا (۱) سر منڈانا، حجامت کرانا (۲) فقیری لینا ؛ مُونڈی۔ مؤنث (عو) سر، منڈیا ؛ مُونڈی کاٹا۔ (عو) (۱) سر کٹا، سر بریدہ (۲) مُوا، مرنے جوگا ؛
مونڈ (مُوْنڈ) (ہ) مُونڈنا کا امر ؛ مُونڈن۔ مؤنث (۱) ایک رسم جس میں

ساتویں دن بچے کے سر کے بال منڈوائے جاتے ہیں (۲) (ہندو) ہندوؤں کی ایک رسم، جس کے مطابق پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال منڈواتے ہیں ❊ مُونڈنا (۱) حجامت کرنا، خط بنانا (۲) مرید کرنا، چیلا بنانا، تلقین کرنا، ہدایت کرنا، رہنمائی کرنا (۳) شاگرد بنانا (۴) لُوٹنا، مُوسنا، فریب دے کر مال مارنا، دھوکے سے لے لینا (۵) برباد کرنا، تباہ کرنا ❊ مُونڈی بھیڑ۔ مؤنّث (۱) وہ بھیڑ، جس کے بال منڈے ہوئے ہوں (۲) قلّاش، مفلس ❊

مونڈھا (مُوں، ڈھا) (ہ)، مذکّر۔ کندھا، شانہ، دوش ❊ مونڈھوں کے فرشتے (و) مذکّر۔ اعمال لکھنے والے فرشتے، کراماً کاتبین ❊

مونڈھا (مُوں، ڈھا) (ہ) مذکّر۔ مونج اور سرکنڈوں کی بنی ہوئی چوکی یا کرسی ❊ مونڈھے والی۔ مؤنّث۔ رنڈی، کسبی، پیشہ کرنے والی ❊

مونس (مُؤ، نِس) (ع) اُنس رکھنے والا، آرام دینے والا، دوست، یار، ساتھی ❊ مونسِ تنہائی (ع، ف) تنہائی کا دوست، غم بٹانے والا ❊

مونگ (مُوْنگ) (ہ) مذکّر۔ ماش کی قسم کا ایک غلّہ ❊ مونگ موٹھ میں چھوٹا بڑا کون۔ مثل۔ برادری میں سبھی برابر ہیں ❊ مونگ پلاؤ (و) مذکّر۔ مونگ اور چاولوں کی کھچڑی ❊ مونگ پھلی۔ مؤنّث۔ مونگ کی پھلی، جس سے دانے نکلتے ہیں ❊ مونگ چھاتی پر دَلنا (ہ) دیکھیے "چھاتی پر مونگ دَلنا" ❊ مونگ کی پھلیاں۔ مؤنّث (کنایۃً) نازک اور پتلی انگلیاں ❊ مُونگ کی دال۔ مؤنّث۔ دَلے ہوئے مونگ ❊ مونگ کی دال کھانے والا۔ مذکّر (مجازاً) (۱) بنیا، بقّال (۲) ڈرپوک، کمزور، بودا ❊ مونگ مانگتے پھرنا (کنایۃً) فریاد کرتے پھرنا ❊ مونگیا (مُوں، گیا) سیاہی مائل سبز رنگ ❊

مونگ پھلی (مُوْنگ، پھَلی) (ہ)، مؤنّث۔ ایک قسم کا میوہ، جس کی پھلی میں سے بادام جیسی گری نکلتی ہے ❊

مونگا (مُوں، گا) (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کا درخت، جو سمندر میں پیدا ہوتا ہے، مرجان، بحرالبحر ❊

مونہہ (مُوْنہہ) (ہ) مذکّر (دیکھیے "مُنہ") ❊

مونہال (مُوں، ہال) (ہ) مذکّر گھوڑے کی ایک بیماری، جس سے منہ کے اندر چھالے پڑ جاتے ہیں ❊

مونی (مَو، نی) (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) چُپ چاپ آدمی (۲) جوگیوں کا ایک فرقہ، جو چُپ رہتا ہے ❊

مونی (مَو، نی) (ہ) مؤنّث (ہندو) چھوٹی ٹوکری ❊

موہ (مُوْہ) (س) مؤنّث (۱) محبّت، پیار، پریت (۲) ناز، لاڈ (۳) فریفتگی، عشق (۴) خواہش، لالچ، لوبھ (۵) منتر، افسون، ٹونا، جادو ❊

موہ جانا (ہ) فریفتہ ہو جانا، عاشق ہو جانا، ریجھ جانا ❊ موہ روپی۔ پُرفریب، دل فریب، دھوکے میں ڈالنے والا ❊ موہ کرنا (۱) عاشق بنانا، لُبھانا (۲) محبّت یا پیار کرنا ❊ موہ لینا۔ لُبھا لینا، عاشق یا فریفتہ کر لینا ❊ موہ میں آنا۔ عشق کے بس میں ہونا، فریفتہ، حیرت زدہ یا سکتے میں ہو جانا ❊ مُوہِت (س) (۱) جادو سے موہا ہُوا، عاشق، فریفتہ، شیدا (۲) غش، بے ہوش (۳) متحیّر ❊ مُوہَن (ہ) (۱) موہ لینے، لبھانے یا فریفتہ کرنے والا، دل رُبا، دل فریب، بے حد خوب صورت (۲) مذکّر۔ کرشن جی کا لقب ❊ موہن بھوگ (ہ) مذکّر۔ حلوا، میٹھا، سیرا، پرشاد (پ) کڑاہ ❊ مُوہنا (ہ) عاشق بنانا، فریفتہ کرنا، سحر کرنا، جادو کرنا ❊ مُوہنی (س) مؤنّث (۱) موہ لینے والی، دل رُبا، از حد خوب صورت (عورت) (۲) جادوگرنی، ساحرہ (۳) پیار دلانے والی، پیاری (۴) دل فریبی، دلبری، دل رُبائی ❊

موہب (مُوْ، ہِب) (ع) بخشنے والا، ہبہ کرنے والا ❊ مَوہَبَت۔ مؤنّث۔ عطا، پیش کش، بخشش، بھینٹ، نذر ❊ مَوہَبَتِ عُظمیٰ۔ مؤنّث۔ بہت بڑی نعمت یا بخشش ❊ مَوہُوب۔ بخشا گیا، عنایت کیا گیا، مرحمت کیا گیا ❊

موہوم (مَو، ہُوم) (ع) وہم کیا گیا، وہمی، فرضی، قیاسی ❊ موہومی (ع، ف) وہمی، تصوّری، خیالی ❊

موہے (مُو، ہے) (ہ) مجھے، مجھ کو، موکو، میرے تئیں ❊ موہے اور نہ تجھے ٹھور۔ مثل۔ نہ مجھے تیرے بغیر اور نہ تجھے میرے بغیر چین آتا ہے ❊

موئی (مُو، ئی) (ہ) مؤنّث (۱) مُردہ، مری ہوئی (۲) (عو) نگوڑی، کم بخت، بدنصیب، خانہ خراب، اُجڑی ❊ مُوئی بچھیا بامن کو دان اس کے نام۔ مثل۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی بُری چیز خدا کے نام پر دے ❊ مُوئی جُوں۔ مؤنّث (عو) (۱) سُست قدم، کاہل وجود (۲) بے حد غریب اور مسکین ❊

موئی کیوں کہ سانس نہ آیا۔ مثل (عو) انسان کی زندگی اُس کے دم کے ساتھ ہے، جہاں سانس نکلا، انسان مردہ ہُوا ❊ موئی مائی ٹوٹی سگائی۔ مثل جہاں ماں مَری، سب تعلقات اور رشتے چھوٹ گئے۔ بڑے بزرگوں ہی سے تعلقات قائم ہیں ❊ مُوئی مٹّی۔ مؤنّث (عو) (۱) لاش، نعش، میّت (۲) مرا ہُوا، متوفّی، مرحوم، مغفور ❊ موئی مٹّی کی نشانی (و) مؤنّث۔ مرے ہوئے آدمی کی نشانی، ماں یا مرے ہوئے باپ کی اولاد ❊ مُوئے (ہ) مذکّر مُوا کی جمع (۱) مرے ہوئے (۲) (عو) نگوڑے، کم بخت، بدنصیب، خانہ خراب (۳) مر گئے، فنا ہوئے ❊ موئے باپ (بیل) کی بڑی بڑی آنکھیں مثل۔ مرے ہوئے عزیز کی حد سے زیادہ تعریف کیا کرتے ہیں ❊ موئے پر تین دن بھاری۔ مثل۔ موت کے بعد بھی تکلیفیں باقی رہتی ہیں ❊ موئے پر سَو دُرّے (و) مثل۔ آفت پر آفت آئی۔ مرنے کے بعد بھی موردِ سزا ہے ❊ مُوئے جیتے (ہ) مذکّر۔ مرے ہوئے اور زندہ رشتہ دار ❊ مُوئے جیتے اُکھاڑ ڈالنا (عو) کسی کے مُردہ اور زندہ خاندانی بزرگوں کے عیب ظاہر کرنا ❊ موئے شیر سے جیتی بلّی بھلی (و) مثل۔ زور آور مُردے سے کمزور زندہ بہتر ہے۔ ادنیٰ زندہ آدمی اعلیٰ مُردہ شخص سے بہتر ہے ❊ موئے کا کوئی نام نہیں، جیتے کا سب کوئی۔ مثل۔ زندہ کی سبھی خوشامد کرتے ہیں، مُردے کا کوئی نام نہیں لیتا۔ روپے کے سب یار ہوتے ہیں، کنگال کی مٹّی پلید ہوتی ہے ❊ مُوئے کی قبر اور جیتے کا گھر۔ مثل۔ مُردے کو قبر میں اور زندے کو اپنے گھر میں آرام ہے۔ ہر شخص اپنے ہی مسکن میں خوش ہے ❊

موئیا (مُوۡ، اِیَا) (ہ) مذکر۔ سُوت کا چھوٹا لچھا، کچے سوت کی انٹی ؛ موئیا سا پیٹ مذکر (عو) انتہائی نرم اور ملائم پیٹ ؛

موید (مُ، اَئ، یِدۡ) (ع) تائید یا مدد کرنے والا، قوت دینے والا، مددگار، معاون، حمایتی، دست گیر ؛ مُوَیّد۔ تائید، حمایت یا مدد کیا گیا، قوت یا زور دیا گیا ؛

مویز (مَوِیۡزۡ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کے بڑے بڑے سُوکھے ہوئے انگور، منقا ؛ مَوِیزِ مُنَقّٰی۔ مذکر۔ بیج نکال کر صاف کیا ہُوا منقا ؛

مویشی (مَوَشے، شِیۡ) (و) (مواشی جمع ماشیہ کا امالہ) مذکر (دیکھیے "مَواشی") ؛ مویشی آوارہ ہونا۔ چوپایوں کا خود بخود کہیں چلے جانا ؛ مویشی پھاٹک میں دینا۔ آوارہ پھرتے ہوئے ڈھوڑ کانجی ہوس میں بھیج دینا، جہاں سے مالک جرمانہ دے کر انھیں چھڑاتا ہے۔ اگر کوئی مالک نہ آئے تو وہ بیچ دیے جاتے ہیں ؛ مویشی خانہ (و، ف) مذکر۔ وہ جگہ، جہاں ڈھور ڈانگر رکھے جائیں، احاطہ، باڑا، کھرک ؛

م-ہ

مَہ (مَہۡ) (ف) مذکر۔ ماہ کا مخفف (۱) چاند، چندرما، قمر (۲) مہینا۔ مَہ پارہ۔ مذکر (دیکھیے "ماہ پارہ") ؛ مَہ تاب، مَہتاب۔ مذکر (۱) دیکھیے "ماہتاب" (۲) ایک قسم کی آتش بازی ؛ مَہ تاب (مَہتاب) کا کھیت کرنا (ک) چاند کا طلوع ہونا ؛ مَہ تابی، مہتابی (ف) مؤنث (۱) دیکھیے "ماہتابی" (۲) کٹہرے والا بڑا اونچا چبوترا ؛ مَہ جبیں یا مَہ رُو (ف، ع) (۱) چاند کی سی پیشانی والا، خوب صورت (۲) مذکر۔ معشوق ؛ مَہ لقا (ف) (۱) چاند کی سی صورت والا (۲) مذکر۔ معشوق ؛ مَہ نور می فشاند و سگ بانگ می زند (ف) مثل۔ چاند نور برساتا ہے اور کتا بھونکتا ہے۔ حاسد و دشمن شور مچاتے رہتے اور کام کرنے والے کام میں مصروف رہتے ہیں ؛ مَہِ نَو می شود ماہِ تمام آہستہ آہستہ۔ مثل۔ نیا چاند آہستہ آہستہ پورا چاند ہو جاتا ہے۔ کمال رفتہ رفتہ حاصل ہوتا ہے ؛ مَہ وش (۱) چاند جیسا (۲) مذکر۔ معشوق ؛

مِہ (مِہۡ) (ف) بڑا، کلاں، بزرگ، سردار ؛ مِہ تَر، مِہتر۔ مذکر (۱) قوم کا سردار، رئیس (۲) سائیس (۳) حضرت یوسفؑ کے لیے تعظیمی لفظ (۴) (و) بھنگی، خاکروب، حلال خور (۵) موچی، چمار (۶) بھٹیارا ؛ مِہترانی، مِہترانیؔ (و) مؤنث (۱) خاکروب کی جورو (۲) بھنگن، حلال خوری (۳) چماری (۴) بھٹیاری ؛

مہا (مَہَا) (س) (۱) بڑا، بزرگ، معزز، اعلیٰ ؛ مہا اُوت (ہ) حد سے زیادہ بے وقوف ؛ مہا برہمن۔ مذکر۔ بڑا برہمن۔ مُردوں کی کریا کرم کرنے والا، اچارج ؛ مہابلی۔ بہت بڑا طاقت ور، شہ زور، نہایت زبردست ؛ مہا بھارت (س) مذکر (۱) بڑی بھاری لڑائی، جنگِ عظیم (۲) وہ بڑی لڑائی، جو کوروؤں اور پانڈوؤں کے درمیان کورو کھیتر کے میدان میں اٹھارہ دن تک جاری رہی (۳) تاریخ کی ایک کتاب، جس میں کوروؤں اور پانڈوؤں کی لڑائی کا حال درج ہے (۴) (کنایۃً) کوئی بہت ثقیل اور گراں بار چیز ؛ مہا بھاگ (ہ) (۱) بے حد خوش نصیب (۲) مذکر۔ بلند اقبالی ؛ مہا بیر (س) (۱) بڑا سورما (۲) مذکر۔ ہنومان جی کا خطاب ؛ مہا پاپ (ہ) مذکر۔ بڑا بھاری گناہ ؛ مہا پاپی۔ بڑا بھاری گنہگار، فاسق، فاجر ؛ مہا پرشاد (س) مذکر۔ تبرک، بھوگ، جگناتھ کا پرشاد ؛ مہا پُرش۔ مذکر (۱) مہاتما، بھگت، معصوم، مقدس (۲) (مجازاً) چالاک، شریر، عیار، بد معاش ؛ مہا پَرلے۔ مؤنث۔ قیامت، دنیا کے فنا ہونے کا دن، جو عقیدۂ ہنود کے مطابق تینتالیس ارب بیس کروڑ برس کے بعد ہوتا ہے ؛ مہا پکشی۔ مذکر۔ اُلّو، بوم، چغد ؛ مہا پورا (ہ) مذکر۔ سب گنوں پورا، پانچوں عیب والا، چلتا پرزہ، عیار ؛ مہا تَل (س) مذکر۔ زمین کا پانچواں طبقہ ؛ مہاتم (ہ) مذکر (۱) عظمت، بڑائی (۲) اجر، ثواب، نیک بدلا ؛ مہاتما۔ مذکر (۱) نیک آدمی، ولی (۲) سعید، اچھا، نیک ؛ مہاجال۔ مذکر (۱) مچھلیاں پکڑنے کا بہت بڑا جال (۲) کاغذ کا جال، جو قینچی سے کتر کر بنایا جاتا ہے ؛ مہاجَن۔ مذکر (۱) بڑا آدمی (۲) غنی، دولت مند (۳) بیوپاری، سوداگر (۴) صراف، ساہوکار (۵) ہنڈی والا، بنکر، خزانچی ؛ مہا جَنتر۔ مذکر (۱) بڑا تالا یا قفل (۲) کلوں کا کارخانہ ؛ مہاجَنی۔ مؤنث (۱) ساہوکاری (۲) سوداگری ؛ مہاجنی پرچہ (چٹھی، ہنڈی) (عا مذکر ۳،۲ مؤنث) چک، ہنڈی۔ وہ کاغذ جس پر کسی کو روپے دینے کا حکم لکھا ہو ؛ مہادنت (س) مذکر۔ ہاتھی یا سؤر کا دانت ؛ مہادھات (ہ) مؤنث۔ سونا، زر، طلا، تمام دھاتوں سے اعلیٰ دھات ؛ مہادھن۔ مذکر۔ سونا ؛ مہادیو۔ مذکر (۱) بڑا دیوتا، شو، مہیش (۲) ابوالبشر حضرت آدمؑ ؛ مہاڈُول۔ مذکر۔ ایک قسم کی پالکی، بڑا اور عمدہ ڈولا ؛ مہاراج، مَہَراج۔ مذکر (ہندو) (۱) بڑی سلطنت والا، راجاؤں کا راجا، بڑا راجا، بادشاہ (۲) برہمنوں اور بڑے خاندان والوں کو اس معزز خطاب سے بلاتے ہیں ؛ مہاراجا یا مہاراجہ۔ مذکر۔ بڑا راجا، شہنشاہ ؛ مہاراجا اَدھِراج۔ مذکر۔ بہت بڑا راجا، راجاؤں کا راجا، سب سے بڑا راجا، شہنشاہ ؛ مہارانی مؤنث۔ بڑے راجے کی بیوی، بڑی رانی، بڑے مرتبے کی رانی ؛ مہاسبھا۔ مؤنث (۱) بڑی انجمن (۲) کھانے کا بڑا کمرہ ؛ مہاسنکھ۔ مذکر (۱) گنتی کا سب سے اخیر اور بڑا درجہ (۲) مُردے کی کھوپری ؛ مہاشنہ۔ مذکر (۱) کرشن جی کا ایک بیٹا (۲) آریہ سماجی ہندوؤں کو کہتے ہیں ؛ مہاکالی (س) مؤنث (۱) دُرگا دیبی (۲) پاربتی، شیو جی کی اِستری ؛ مہاکوپ۔ مذکر (۱) گہرا کنواں (۲) نہایت غصّہ ؛ مہاکوڑھ۔ مذکر۔ برص کی بیماری، جذام ؛ مہاگنی (ہ) مؤنث۔ ایک درخت کی لکڑی ؛ مہاماتر (س) مذکر۔ مہاوت، فیل بان ؛ مہامائی (ہ) مؤنث۔ درگا دیوی، دیبی ماتا ؛ مہامنتری (س) مذکر۔ وزیراعظم، مدار المہام ؛ مہانومی (ہ) مؤنث۔ وہ جینیا جس میں دُرگا جی کی پوجا ہوتی ہے، دُرگا نومی ؛

مہابت (مَہَا، بَتۡ) (ع) مؤنث (۱) ڈر، خوف، رعب، ہیبت، دہشت، ہول (۲) (ف) جاہ و جلال، شان و شکوہ (۳) غضب، غصّہ (۴) سنجیدگی،

متانت (بیٹھنا کے ساتھ) ؛

مہاجر (مُہَا، جِرْ) (ع) مذکر (۱) ہجرت کرنے والا۔ وہ شخص، جس نے رسول اللہؐ کے ساتھ مکہ سے مدینہ کو ہجرت کی (۲) تارکِ وطن، مسافر ؛ مُہَاجَرَت مؤنث۔ جدائی، ہجرت، مفارقت، ترکِ وطن، ایک ملک سے دوسرے ملک میں جا بسنا ؛

مہار (مُہَار بہ ضمِ اوّل غلط اور مِہَار بہ کسرِ اوّل صحیح ہے "برہان" میں مَہَار بہ فتحِ اوّل لکھا ہے۔) (ف) مؤنث۔ اونٹ کی نکیل (اٹھانا کے ساتھ) ؛

مہاراشٹر (مَہَا، رَاشْ، ٹْر) (ہ) مرہٹوں کا وطن، جو دکن میں ہے، ملک برار، علاقہ نظام کا بہت بڑا حصّہ ؛

مہارت (مَہَا، رَتْ) (ع) مؤنث (۱) مشق، کثرتِ ربط (۲) سبھاؤ، عادت (۳) لیاقت، استعداد، دسترس، دخل، رسائی، پہنچ (۴) کاریگری، ہنرمندی، استادی (۵) چابک دستی، تیزدستی (۶) علم وشعور، قابلیت، واقفیت ؛

مہاسا (مُہَا، سَا) (ہ) مذکر۔ جوانی کی پُھنسی، وہ دانے، جو عہدِ شباب میں چہرے پر نکل آتے ہیں (پڑنا، پیدا ہونا، نکلنا کے ساتھ) ؛

مَہال (مُہَال) (ہ) (۱) رعب دار، مہیب (۲) شکاری ؛

مُہال (مُہَال) (ہ) مؤنث (۱) شہد کی مکھیوں کا چھتّا (۲) مذکر۔ جنگلی مرغ ؛

مہالک (مَہَا، لِکْ) (ع) مذکر۔ مَہلکہ کی جمع۔ خوفناک جگہیں، ہلاک ہونے کے مقامات ؛

مہام (مَہَام) (ع) مذکر۔ مہم کی جمع۔ مہمات، بڑے، دشوار اور خطرناک کام ؛

مہانا (مُہَا، نَا) (ہ) مذکر (۱) دریا کا دہانہ یا مُنہ (۲) دو دریاؤں کے جمع ہونے کا مقام ؛

مہاوت (مَہَا، وَتْ) (ہ) مذکر۔ ہاتھی کو چلانے والا، فیل بان، مہاماتر، فوج دار ؛

مہاوٹ (مَہَا، وَٹْ) (ہ) مؤنث (۱) وہ بارش، جو ماگھ کے مہینے میں ہوتی ہے، مہاوٹیں جمع (۲) وہ لکڑی، جو چھت پاٹنے میں اس غرض سے ڈالتے ہیں کہ عرض میں پڑی ہوئی لکڑیوں کے سرے چھپ جائیں ؛

مہاور، مہاوڑ (مَہَا، وَرْ۔ مَہَا، وَڑْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سُرخ رنگ، جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے ؛

مہبط (مَہْ، بِطْ) (ع) مذکر۔ اُترنے کی جگہ ؛

مہت (مَہَتْ) (س) (۱) بڑا، معزز، جلیل القدر، ماننے کے قابل (۲) مؤنث۔ بزرگی، بڑائی (۳) ناز، لاڈ، پیار (۴) اردو میں زیادہ تر مان مہت کی ترکیب سے مستعمل ہے ؛

مہتا (مَہْ، تَا) (ہ) مذکر (۱) زمیندار، سردار (۲) منشی، محرّر، کاتب ؛

مہتاری (مَہْ، تَا، رِی) (ہ) مؤنث (پورب) (ہندو، عوام) ماں، والدہ، مائی، ماتا ؛

مہتدی (مُہْ، تَدِی) (ع) ہدایت کرنے والا ؛

مہتدیٰ (مُہْ، تَدَا) مذکر۔ ہدایت کیا گیا ؛

مہتم (مُہْ، تَمْ) (ع، عربی میں آخری میم مشدد ہے) غمگین ہونے والا، ہمدردی کرنے والا ؛ مہتم بالشّان۔ نہایت شاندار، عظیم الشّان، ضروری، اہم ؛

مہتمم (مُہْ، تَمِمْ) (۱) (ع) غمخوار، غمگین (۲) (مہتمّد) اہتمام کرنے والا، منتظم، سربراہ کار ؛ مہتمم اخبار (و) مذکر۔ اخبار کا منتظم ؛ مہتمم بندوبست۔ مذکر۔ منصرم، بندوبست کے محکمے کا سپرنٹنڈنٹ ؛ مہتمم مطبع۔ مذکر۔ چھاپہ خانے کا مینیجر ؛ مُہتممی۔ مؤنث۔ مینیجری ؛

مہتوں (مَہْ، تُوں) (ہ) مذکر (۱) گاؤں کا نمبردار، چودھری (۲) وہ شخص، جو زمین کا مالک لگان وصول کرنے کے لیے مقرر کرے، ایجنٹ (۳) گاؤں کا چوکیدار (۴) محرر، کلرک ؛

مہجور (مَہْ، جُورْ) (ع) جُدا، چھوڑا گیا، فراق زدہ ؛ مہجوری (ع، ف) مؤنث۔ جدائی، ہجر، فراق، مفارقت ؛

مہد (مَہْدْ) (ع) مذکر (۱) پنگورا، گہوارہ، ہنڈولا، جھولنا، پالنا (۲) بچھونا، بستر (۳) (مجازاً) ڈولا، پالکی، نفس، محافہ، مسہری، چھپرکھٹ ؛ مہد سے لحد تک (و) بچپن سے مرنے دم تک ؛ مَہدِ عُلیا (ع، ف) مؤنث۔ تعظیماً بادشاہوں یا امراء کی بیگمات کے نام کے ساتھ مستعمل ہے، خصوصاً اس پر، جو ولی عہد کی ماں ہو ؛

مہدی (مَہْ، دِی) (ع) (۱) ہادی، رہنما، پیشوا (۲) مذکر۔ مسلمانوں کے بارھویں امام، جن کا ظہور قُربِ قیامت میں ہوگا۔ انھیں مہدیٔ موعود بھی کہتے ہیں ؛

مہذّب (مُہَذْ، ذَبْ) (ع) تہذیب یا تعلیم پایا ہوا، شائستہ، آراستہ، خلیق، ثقہ، عیبوں سے پاک ؛

مَہر (مَہْرْ) (ع) مذکر۔ وہ روپیہ (یا جنس)، جو مسلمانوں میں نکاح کے وقت مرد کے ذمے عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے، کابین، حقِ زوجیت ؛ مَہر باندھنا (۱) مَہر کے روپے کی تعداد مقرر کرنا ؛ مَہر بخشنا۔ حقِ زوجیت کا واجب الادا روپیہ معاف کرنا ؛ مَہر بندھنا۔ مَہر مقرر ہونا، مَہر کا روپیہ قرار پانا ؛ مَہرِ شرعی (ع، ف) مذکر۔ وہ مَہر، جو شرعِ محمدیؐ کے مطابق مرد کے مقدور پر منحصر ہو ؛ مَہرِ فاطمیؓ۔ مذکر۔ حضرت فاطمہؓ کا مَہر۔ چار سو مثقال چاندی، یعنی ڈیڑھ سو روپیہ کلدار ؛ مَہرِ مثل۔ مذکر۔ وہ مَہر، جو عورت کے باپ کے خاندان میں رائج ہو اور دیا جائے ؛ مَہرِ مُعَجَّل۔ مذکر۔ وہ مَہر، جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے ؛ مَہرِ مُؤَجَّل۔ مذکر۔ وہ مَہر، جو کسی اَور وقت ادا کیا جائے ؛ مَہرنامہ۔ مذکر۔ نکاح نامہ، کابین نامہ، وہ کاغذ، جس پر نکاح کے متعلق شہادتیں اور مَہر کی مقدار لکھی جائے ؛

مِہر (مِہْرْ) (ف) مؤنث (۱) محبّت، الفت، پیار، شفقت، دوستی، حُب (۲) رحم، ہمدردی (۳) ترس (۴) ممتا، ماں کی الفت (کرنا کے ساتھ) ؛ مِہر گیا (گیاہ) مؤنث۔ ایک گھاس، جس کی جڑ انسانی چہرے سے مشابہ ہوتی ہے؛ یہ جڑ لوگ تسخیر کے لیے پاس رکھتے ہیں ؛ مِہر ہے، پر دُودھ نہیں (و) (مثل۔ نری ظاہرداری ہے، دینا لینا کچھ نہیں ؛ مہربان (ف) (۱) محبّت کرنے والا،

شفیق ، رفیق (۲) توجہ کرنے والا ، عنایت سے پیش آنے والا (۳) یار ، دوست ٭ مہربان ہوجانا یا ہونا (ل) (۱) رحم دل ہونا ، ترس کھانا (۲) راضی ہونا ، خوش ہونا ٭ مہربانگی - مؤنث (عوام) مہربانی ٭ مہربانی (ف) مؤنث (۱) نوازش ، عنایت ، شفقت ، کرپا (۲) التفات ، توجہ ، خیال ، دھیان ٭ مہربانی سے پیش آنا (ل) عنایت فرمانا ، اخلاق سے پیش آنا ، اچھا برتاؤ کرنا ٭ مہربانی کرنا - عنایت یا التفات کرنا ، لطف فرمانا ٭ مہربانی نامہ - مذکر - الطاف نامہ ، عنایت نامہ ، دوستانہ خط ٭

مِہر (مِہْر) (ف) مذکر (۱) سورج ، آفتاب ، شمس (۲) شمسی سال کا ساتواں مہینا ، ستمبر یا سورج کا مہینا (۳) ہر شمسی مہینے کی سولھویں تاریخ یا دن ٭ مہرطلعت ، مہروش (کنایۃً) سورج جیسے چہرے والا ، حسین ، معشوق ٭

مُہر (مُہْر) (ف) مؤنث (۱) چھاپ ، انگوٹھی ، خاتم (۲) کسی چیز پر کھدا ہوا نام ٭ مہر اُٹھنا (ل) مہر کا نمایاں ہونا ، مہر کا نقش اُبھرنا ٭ مہر بردار (ف) مذکر - وہ شاہی ملازم ، جس کے پاس مُہرِ خاص رہتی ہے ، محافظِ مُہر ٭ مُہرِ حاکم یا منصفی - مؤنث - عدالت کی مُہر ٭ مُہرِ خاص یا دستی - مؤنث - انگوٹھی کی مُہر ، چھاپ ٭ مُہرِ سلیمانؑ - مؤنث - حضرت سلیمانؑ کی مُہر ، جس پر اسمِ اعظم کندہ تھا اور اسی کی وجہ سے دیو ، جنّ ، پری وغیرہ ساری مخلوق اُن کے زیرِ فرمان تھی ٭ مُہرِ شاہی - مؤنث - بادشاہی مُہر ، گورنمنٹ کی چھاپ ٭ مُہر کرنا یا لگانا (ل) (۱) کاغذ پر چھاپ لگانا ، مُہر چسپاں کرنا (۲) بند یا سربند کرنا (۳) گواہی یا تصدیق کرنا ٭ مُہرکَن (ف) مذکر - مُہر کھودنے والا ، حکّاک ٭ مُہرِ لَب - مؤنث - خاموشی ، سکوت ٭ مُہر نامہ - مذکر - وہ مُہر ، جو اعتبار کے لیے کاغذ کی پیشانی پر کر دیتے ہیں ٭ مُہرِ نبوّت - مؤنث - وہ نقشِ مبارک ، جو رسول اللہؐ کے دونوں شانوں کے درمیان تھا ٭ مُہرِ وصل - مؤنث - وہ مُہر ، جو اعتبار کی غرض سے بڑے کاغذوں کے مقامِ وصل ، یعنی جوڑوں پر کر دیتے ہیں ٭ مُہرا (ل) مذکر - مُہر لگوانے کی اُجرت ٭ مُہری (ف) مُہر کیا ہوا ، دستخطی ٭ مُہریں لُٹیں ، کوئلوں پر مُہر (ل) مثل (دیکھیے "اشرفیاں لُٹیں ....") ٭

مَہرا (مَہْ ، رَا) (ہ) مذکر (۱) کہار ، ڈولی یا پالکی اٹھانے والا (۲) کہاروں کا افسر ٭ مَہری مؤنث (پورب) پانی بھرنے والی عورت ، کہاری ٭

مُہرا (مُہْ ، رَا) (ہ) مذکر (۱) آگا ، سامنا (۲) زد ، نشانہ ٭ مُہرے پر رکھنا سامنے ، نشانے یا زد پر رکھنا ٭

مہرارو (مَہْ ، رَا ، رُو) (ہ) مؤنث (پورب) عورت ، جورو ، لُگائی ، اِستری ٭

مُہرانا (مُہْ ، رَا ، نَا) (ہ) چھیڑنا ، آوازہ کسنا ، طعنہ مارنا ٭

مُہرہ (مُہْ ، رَہ) (ف) مذکر (۱) شطرنج کا مُہرہ ، نرد ، گوٹ (۲) کوڑی ، صدف ، سیپ (۳) ایک قسم کا مشہور پتّھر (۴) سانپ کا مَن (۵) منکا ، ہڈّی ، ہڈّی کا جوڑ ٭ مُہرہ باز - عیّار ، شعبدہ باز ٭ مُہرۂ نماز - مذکر - خاکِ شفا کی ٹکیا ، جو شیعہ حضرات نماز میں سجدے کی جگہ رکھتے ہیں ٭

مُہرہ (مُہْ ، رَہ) (ف) مذکر - کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ ٭ مُہرہ کرنا (ل) گھوٹا پھیرنا ، چکنانا ، پالش کرنا ٭ مُہری (ف) گھوٹا پھیرا ہوا ٭

مُہری (مُہْ ، رِی) (ہ) مؤنث (۱) موری ، بدررو (۲) بندوق کا سوراخ ، نال (۳) آستین یا پاجامے کا مُنہ ٭

مہک (مَہَک) (ہ) مؤنث (۱) خوش بُو ، میٹھی میٹھی خوش بُو (۲) (پورب) بُو ، باس ٭ مہک جانا - خوش بُو میں بس جانا ، معطّر ہو جانا ٭ مہکانا - خوش بُو دار کرنا ، مُعطّر کرنا ، خوشبُو پھیلانا ٭ مَہکنا - خوش بُو میں بسنا ، مُعطّر ہونا ، خوش بُو پھیلنا ٭ مَہکیلا - مہکتا ہوا ، خوش بُو دار ، مُعطّر ٭

مہلت (مُہْ ، لَت) (ع) مؤنث (۱) وقفہ ، دیر ، توقّف ، ڈھیل (۲) فرصت ، تعطیل ، چھٹّی ٭ مہلت دینا (ل) فرصت ، اجازت یا موقع دینا ، ڈھیل کرنا ٭ مہلت مانگنا - فرصت طلب کرنا ٭ مہلت مِلنا - فرصت ، وقت ، موقع یا چھٹّی مِلنا ٭

مَہلک (مَہْ ، لَک) (ع) مؤنث - ہلاک ہونے یا جان جوکھوں کی جگہ ٭ مَہلکہ - مذکر - ہلاکت کی جگہ ٭

مُہلک (مُہْ ، لِک) (ع) ہلاک کرنے والا ، مار ڈالنے والا ، قاتل ، ضرر رساں ٭ مُہلک بیماری (ل) ہلاک کر ڈالنے والا مرض ، خطرناک بیماری ٭ مُہلک دوا - مؤنث - ہلاک کر دینے والی دوا ، زہرِ قاتل ٭ مُہلک زخم - مذکر - ایسا زخم ، جس سے جان بچنا مشکل ہو ، کاری زخم ٭

مُہم (مُہِمّ) (ع) بہ ضمِّ اوّل و کسرِ دوم و سکونِ سوم مشدّد - فارسی اور اردو میں تنہا بغیر تشدید مستعمل ہے - مؤنث (مجازاً) (۱) بڑا ، ضروری ، مشکل ، بھاری یا معرکے کا کام (۲) لڑائی ، جنگ ، جُدھ ٭ مُہم جیتنا (ل) (۱) سخت یا مشکل کام انجام دینا (۲) لڑائی فتح کرنا ٭ مُہم سر کرنا (۱) جنگ فتح کرنا (۲) انتہائی دشوار اور سخت کام آسان کر لینا ٭ مُہم سر ہونا (لازم) ٭ مُہمّات (ع) مؤنث - مُہمّہ کی جمع (۱) بڑے بڑے کام ، مہمیں (۲) لڑائیاں ، جنگیں ٭

مہما (مَہِ ، مَا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) بزرگی ، بڑائی ، عظمت ، شان و شوکت (۲) عنایت ، مہربانی ، نوازش ، مروّت (۳) تعریف ، توصیف ، مدح ٭ مہما سے بولنا - بڑی نرمی اور مہربانی سے بات چیت کرنا ، خوش اخلاقی سے پیش آنا ٭ مہما کرنا (۱) تعریف یا توصیف کرنا (۲) تعظیم و تکریم ، خاطر مدارات یا آؤ بھگت کرنا ٭

مہماز (مِہْ ، مَاز) (ف) مذکر - وہ پھرکی ، جو سواروں کے موزے پر گھوڑے کو ایڑ کرنے کے لیے لگی ہوتی ہے ، مہمیز ٭

مہمان (مِہْ ، مَان) (ف) مذکر - وہ غیر شخص ، جو کسی کے گھر آکر اترے ، ضیافت میں آنے والا ، مدعو ؛ آنا ، بلانا ، جانا ، رکھنا ، رہنا ، کرنا ، ہونا کے ساتھ ٭ مہمان خانہ - مذکر - مہمان سرا ، مسافر خانہ ٭ مہمان داخل (ل) (عو) مہمان کے طور پر ٭ مہمان دار (ف) (۱) مہمان بلانے والا ، میزبان (۲) وہ شخص ، جو مہمانوں کی آؤ بھگت پر متعیّن ہو ٭ مہمان داری (ل) مؤنث - مہمان نوازی ، ضیافت ، دعوت ٭ مہمان سرا (ف) مذکر (۱) مہمان خانہ ، مسافر خانہ ، ہوٹل (۲) (کنایۃً) دنیا ، روزگار ٭ مہمان نواز - مہمانوں کی خاطر تواضع ، مسافر پروری ٭ مہمانی - مؤنث - دعوت ، ضیافت ، تواضع ، مہمان نوازی

مہمان داری (کرنا کے ساتھ) ❊

مہمل (مُہْ، مَل) (ع) (۱) چھوڑا ہُوا، ترک کیا ہُوا (۲) (مجازاً) بے معنی، زائد، نکما، بے کار (۳) لغو، بے ہودہ (۴) کاہل، سُست ❊ مہملات۔ مذکر و مؤنث۔ مہمل کی جمع، بیہودگیاں، لغو باتیں ❊ مہملہ (۱) معطّل، خالی (۲) وہ حرف، جس پر یا جس میں نقطہ نہ ہو، غیر منقوطہ ❊

مہموز (مَہْ، مُوز) (ع) (۱) عیب دار، معیوب (۲) عربی کا وہ کلمہ، جس کے اصلی حرفوں میں سے ایک ہمزہ ہو ❊

مہموم (مَہْ، مُوم) (ع) غمگین، اندوہگین ❊

مہمیز (عربی میں مِہْمِیْز، فارسی و اردو میں مَہْمِیز) مذکر و مؤنث۔ مہماز کا امالہ، کانٹا، خار، لوہے کی وہ میخ، جو سواروں کی ایڑی پر لگی ہوتی ہے اور اس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں (کرنا کے ساتھ) ❊ مہمیز خور۔ مذکر۔ وہ گھوڑا، جسے مہمیز کی عادت پڑ گئی ہو، اڑیل ٹٹو ❊

مہنا (سنسکرت میں بالکسر مِہنا اور اردو بول چال میں بالفتح مَہنا بھی ہے) مذکر۔ طنز، سرزنش، طعنہ، تشنیع (اردو میں اکثر طعنہ مہنا کی ترکیب سے مستعمل ہے) ❊ مہنا مت (ہ) مؤنث۔ رونا پیٹنا، بلبلانا، تڑپنا ❊

مہنال (مَہْ، نال) (ہ) مذکر (دیکھیے "مہنال") ❊

مہنت (مَہَنْت) (س) مذکر (۱) فقیروں کا سردار، تکیہ دار، جوگی، گسائیں (۲) بہت موٹا آدمی، موٹا پیٹیس (۳) (کنایۃً) خاک میں اٹا ہُوا اور برہنہ شخص ❊ مہنتائی (ہ) مؤنث۔ مہنت کا کام، تکیہ داری ❊

مہنّد (مُہَنْ، نَد) (ع) ہندی بنایا گیا ❊

مہندس (مُہَنْ، دِس) (ع) مذکر (۱) اشکالِ ہندسہ کا عالم، اقلیدس کا ماہر (۲) جوتشی، منجم ❊ مہندسِ فلک (ع، ف) مذکر (۱) (کنایۃً) ستارۂ زحل (۲) منجم ❊

مہنی (مَہْ، نی) (ہ) (دیکھیے "موہنی") ❊

مہوا (مَہُوْ، وا) (ہ) مذکر۔ ایک درخت، جس کا پھل کھاتے، پھولوں کی شراب بناتے اور بیجوں کا تیل نکالتے ہیں، گُل چکاں ❊ مہوا ٹپکنا۔ مہوے کے پھلوں کا لگاتار برسنا ❊

مہوبا، مہوبہ (مَہُو، با، بَہ) (ہ) مذکر۔ ضلع ہمیر پور میں ایک تحصیل، جہاں کے پان مشہور ہیں ❊

مہورت (مَہُو، رَت) (ہ) مذکر و مؤنث۔ شگن، موقع، وقت، مبارک گھڑی۔ ستاروں کی چال کے مطابق کوئی کام کرنے کا مبارک وقت ❊ مہورت دیکھنا۔ ستاروں کی چال کے مطابق کوئی کام کرنے کا مناسب وقت دیکھنا ❊ مہورت کرنا (ہندو) اچھی گھڑی دیکھ کر کوئی کام شروع کرنا، شگون کرنا ❊

مہوس (مُہَوْ، وِس) [ف، فارسی لغت کی مستند کتابوں میں یہ لفظ نہیں، عربی میں مُہَوَّس (بہ فتحِ سوم) ہے اور اس کے معنی ہیں دیوانہ ❊] مذکر۔ کیمیاگر، سونا چاندی بنانے والا ❊ مہوسی۔ مؤنث۔ کیمیاگری ❊

مہوک (مَہُو، وک) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی کویل ❊

مہی (مَہی) (س) مؤنث (ہندو) (۱) زمین، ارض، ولایت، دیس (۲) [منتھی (متھا ہُوا) کا مخفف] چھاچھ ❊

مہیا (مُہَی، یا) (ع) تیار، آمادہ، موجود، حاضر، لیس (کرنا، ہونا کے ساتھ) ❊

مہیب (مَہِیب) (ع) خوفناک، ہولناک، ڈراؤنا، بھیانک، خطرناک، ہیبت ناک، ہیبت دینے والا ❊

مہیرو (مَہے، رُو) (ہ) مذکر۔ گھی کا میل ❊

مہیری (مَہے، ری) (ہ) مؤنث۔ چھاچھ میں پکایا ہُوا باجرا وغیرہ ❊

مہیش، مہیشور (مَہیش، مَہیش، وَر) (س) مذکر۔ شوجی، ہلاک کرنے والا دیوتا ❊

مہیلا (مَہی، لا) (ہ) مذکر (۱) گھوڑوں کے لیے موٹھ کے اُبلے ہوئے دانے، جن میں گڑ وغیرہ بھی ڈالا جاتا ہے، سانی (۲) (تشبیہاً) انتہائی بے مزہ کھانا ❊

مہین (مَہِین) (ہ) (۱) باریک، پتلا، دقیق (۲) کومل، نازک، ناز سے پلا ہُوا ❊ مہین آواز۔ مؤنث۔ باریک اور ملائم آواز، آواز، جو بھاری نہ ہو ❊ مہین کپڑا۔ مذکر۔ باریک کپڑا ❊

مہیں (مَہیں) (ہ) "میں ہی" کا مخفف [یہ املا مہیں درست نہیں، اگرچہ بول چال میں صحیح ہے] ❊

مہینا، مہینہ (مَہی، نا۔ مَہی، نہ) (ف۔ غالباً "ماہانہ" کا مخفف ہے) مذکر (۱) ماہ، تیس یا ان سے کم و بیش دنوں کا عرصہ، سال کا بارھواں حصہ (۲) تنخواہ، طلب، مشاہرہ، وظیفہ، روزینہ، ماہانہ، درماہہ، ماہوار ❊ مہینا بھاری ہونا۔ مہینا منحوس ہونا ❊ مہینا بھر۔ سارے مہینے تک ❊ مہینا چڑھنا (۱) کسی کے ذمے مہینے کی تنخواہ کا ہو جانا، طلب نہ ملنا (۲) (عو) حیض کے دن ٹل جانا، معمول کے دن گزر جانا ❊ مہینا دار۔ ماہانہ تنخواہ کا نوکر ❊ مہینے (۱) مہینا کی جمع (۲) مہینا کی صورت حرفِ جار سے پہلے ❊ مہینے سے ہونا (ہندو) (عو) حیض، کپڑوں یا ایام سے ہونا ❊ مہینے کے مہینے۔ ماہانہ، ہر تیس دن کے بعد، چاند کے چاند ❊

م - ۶

مئی (مَ - اِئی) (ہ) مذکر۔ ہل جُتا ہُوا کھیت ہموار کرنے کا پٹڑا ❊

مئی (مَ - اِئی) (ہند) (انگ May) مذکر۔ انگریزی سال کا پانچواں مہینا، جو اکتیس دن کا ہوتا ہے ❊

م - ی - ے

مے (مَے) (ف) مؤنث۔ شراب، بادہ، صہبا، صبوحی، مُل، دارو، مد، مدرا، دخترِ رز، بنت العنب، اُم الخبائث (اُڑانا، اُڑنا کے ساتھ) ❊ مئے آتشیں۔ مؤنث۔ سرخ رنگ کی شراب ❊ مے آشام۔ شراب پینے والا، بادہ نوش، شراب خوار، شرابی ❊ مئے انگوری۔ مؤنث۔ انگوروں سے

تیار کی ہوئی شراب ✤ مئے پرتگال۔ مؤنّث۔ ایک قسم کی شراب، جو پرتگال میں کشید کی جاتی ہے ✤ مے پرست۔ شراب کا عاشق، شرابی، شراب نوش ✤ مَے پرستی۔ مؤنّث۔ شراب خواری، مَے نوشی، بادہ پیمائی ✤ مَے خانہ یا مَے کدہ۔ مذکر۔ شراب خانہ، کلال خانہ، شراب بکنے اور بیٹھ کر پینے کی جگہ ✤
مَے خوار یا مَے گسار۔ شراب پینے والا، بادہ پرست، شراب خوار، شرابی ✤ مَے خواری۔ مؤنّث۔ شراب نوشی، شراب خواری ✤ مَے فروش۔ شراب بیچنے والا، کلال ✤ مَے فروشی۔ مؤنّث۔ شراب بیچنا ✤ مَے کش۔ شراب پینے والا، مَے خوار ✤ مَے کشی۔ مؤنّث۔ شراب پینا، بادہ خواری ✤ مَے گوں۔ شراب کے رنگ کا، لال، سُرخ ✤ مَے نوش۔ شراب پینے والا، بادہ کش، شرابی ✤
مَے نوشی۔ مؤنّث۔ شراب خواری، بادہ کشی ✤

میّا (مَیْ، یَا) (ہ) (عو) مؤنّث۔ ماں کی تصغیر، جو محبّت اور تحقیر دونوں موقعوں کے لیے آتی ہے، امّاں، والدہ ✤

میاں (مِیاںْ) (ف) میراں (سردار) کا مخفّف۔ مذکّر (۱) آقا، وارث، والی، مالک، خداوند، حضور، سرکار، سردار، حاکم (۲) (عو) شوہر، خاوند، خصم (۳) بیٹا، صاحب زادہ (۴) جناب، جناب عالی، مسٹر (۵) دوست، یار، بھائی (۶) پڑھانے والا، مدرّس، معلّم، اُستاد (۷) امیرزادہ، شہزادہ، صاحب عالم، کنور (۸) پہاڑی راجپوت راجاؤں کے خاندانی لوگ، ٹھاکر (۹) باپ (۱۰) خواجہ سرا (۱۱) ایک کلمہ، جس سے برابر والے یا اپنے سے کم درجہ شخص کو خطاب کرتے ہیں (۱۲) ایک کلمہ، جو شاعروں کے تخلّص پر تعظیم کے لیے لاتے ہیں ✤ (۱۳) ہر شخص کے لیے تعظیمی کلمہ ✤ میاں آدمی۔ مذکّر۔ شریف، نیک اور بھلا آدمی ✤ میاں بھائی۔ مذکّر (۱) کلمۂ محبّت، جو کسی برابر والے یا چھوٹے کو بلاتے وقت زبان پر لاتے ہیں (۲) (کنایۃً) مسلمان ✤ میاں بیوی۔ خاوند جورو، شوہر و زوجہ ✤ میاں بیوی راضی، کیا کرے گا قاضی۔ مثل۔ جب آپس میں اتّفاق ہو تو دوسرا کس طرح دخل در معقولات کر سکتا ہے ✤ میاں جی۔ مذکّر۔ پڑھانے والا استاد، معلّم، مدرّس، مُلّا ✤ میاں جی گری۔ مؤنّث (عوام) مدرسہ پڑھانے کی نوکری یا پیشہ، ملّاگری، معلّمی، آموزگاری ✤ میاں صاحب۔ مذکّر (۱) جناب عالی، حضرت سلامت (۲) قبلہ و کعبہ، پیر و مرشد (۳) عابد و زاہد ✤ میاں مِٹھّو۔ مذکّر (۱) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا، پیارے طوطے کو کہتے ہیں (۲) بھولا بھالا، سادہ لوح، جانور (۳) اپنی تعریف آپ کرنے والا ✤ میاں مودھو ہیں۔ بے وقوف اور نافہم ہے ✤

میان (مِیانْ) (ف) (معروف یاء کے لفظ اور اعلان سے دونوں طرح مستعمل ہے) مذکّر (۱) درمیان، بیچ، وسط (۲) کمر (۳) تلوار وغیرہ رکھنے کا خانہ، نیام ✤
میان سے باہر ہونا (ل) (۱) تلوار کا غلاف سے باہر نکل آنا (۲) (کنایۃً) آپے میں نہ رہنا، غصّے کے مارے آپے سے باہر ہونا ✤ میان سے کھینچنا یا لینا یا نکال لینا (۱) تلوار کو میان سے باہر کر لینا (۲) مرنے مارنے کو مستعد ہونا ✤
میان میں کرنا (۱) تلوار کو غلاف میں بند کرنا (۲) لڑائی سے باز آنا، صلح کرنا ✤

میانا (مِیانَا) (ہ) مذکّر (۱) ڈولا، پالکی، پینس، سُکھ پال، محافہ، ایک قسم کی زنانہ سواری (۲) گاڑی کی بلّی، بانس، بَم ✤

میانہ (مِیانَہْ) (ف) (۱) بیچ، درمیان، وسط (۲) منجھلا، متوسط درجے کا، بیچ کا، وسطی (۳) (و) مذکّر۔ ایک قسم کی پالکی، محافہ (ان معنی میں یائے مجہول سے بولا جاتا ہے۔) (۴) مذکّر۔ مرکز، کیلی، دھُری ✤ میانہ رَو۔ فعل اور قول میں متوسط، درمیانی چال چلنے والا، اعتدال پسند ✤ میانہ روی۔ مؤنّث۔ اعتدال، کفایت شعاری، درمیانے درجے کی چال ✤ میانہ قد۔ مذکّر (۱) درمیانہ قد، جو نہ لمبا ہو، نہ چھوٹا (۲) وہ شخص، جس کا قد نہ بلند ہو، نہ پست، متوسط القامت ✤ میانہ گیر۔ اعتدال پسند، افراط و تفریط سے دُور رہنے والا ✤ میانی (ف) مؤنّث۔ دونوں پائنچوں کے بیچ کا کپڑا، پاجامے کا رومال، خشتک ✤

میاؤں (مِیاؤںْ) (اسے یوں بولنا چاہیے کہ یاء کی آواز صاف طور پر ظاہر نہ ہو) (ہ) مؤنّث (۱) بلّی کی آواز (۲) خرخر، غرّانا ✤ میاؤں کو کون پکڑے گا؟ مثل۔ زبردست کی آواز ہی سے ڈر لگتا ہے ✤

مَیپ (مَیْپ) (انگ Map) مذکّر۔ نقشہ، مُلک یا زمین کا نقشہ ✤

مِیت (مِیْتْ) (ہ) مؤنّث (۱) دوست، ساتھی، یار، رفیق (۲) عاشق، مفتون ✤

مَیِّت (مَیْ، یِتْ) [اردو میں مَیَّت (بہ فتحِ یائے مشدّد) بولتے ہیں، لیکن فصحائے حال احتیاط سے کام لیتے ہوئے بہ کسرِ یائے مشدّد استعمال کرتے ہیں۔ اہلِ دہلی کے نزدیک اردو میں بہ فتحِ یائے مشدّد ہی فصیح ہے] (ع) مؤنّث (۱) مُردہ، نعش، لاش، مَری ہوئی لوتھ (۲) جنازہ ✤ مَیِّت کی نماز (ل) وہ نماز، جو جنازہ سامنے رکھ کر پڑھی جائے ✤

میتا (مِیْ، تَا) (ہ) مذکّر (۱) پیالہ، کاسۂ گدائی (۲) گھڑا ✤

میتھی (مِیْ، تھِیْ) (ہ) مؤنّث۔ ایک قسم کا بے خد خوشبودار ساگ ✤

میتین (مِیْ، تِیْنْ) (ف) مؤنّث۔ لوہے کی چھینی، جس سے پتّھر تراشا جاتا ہے ✤

میٹ (مِیْٹْ) (ہ) میٹنا کا امر ✤ میٹنا (عو) (۱) مٹانا، خاک میں مِلانا، نیست و نابود کرنا (۲) قلم پھیرنا، دُور کرنا (۳) ضائع کرنا، کھونا (۴) چھپانا ✤

میٹ (مِیْٹْ) (انگ Mate) مذکّر (۱) ساتھی، ہمراہی، رفیق (۲) مزدوروں کا جمعدار، قلیوں کا افسر (۳) باورچی کا پیش دست، جو برتن صاف کرتا ہے (۴) حقّہ برداروں کا پیش دست، جو چلمیں بھرتا ہے ✤

میٹر (مِیْ، ٹَرْ) (انگ Metre) مذکّر۔ ایک گز سوا تین انچ کا پیمانہ ✤

میٹرکولیشن (مَیْ، ٹِرِکْ، یُوْ، لے، شَنْ) (انگ Matriculation) مذکّر۔ دسویں جماعت کا امتحان ✤

میٹنگ (مِیْ، ٹِنگ) (انگ Meeting) مؤنّث۔ اجلاس، جلسہ، مجلس، بزم، سبھا، پنچایت، مجمع، کمیٹی ✤

میٹھا (مِیْ، ٹھَا) (ہ) (۱) شیریں (۲) خوش ذائقہ، لذیذ، مزے دار (۳) سُست رفتار، کاہل، دھیما، ڈھیلا (۴) کُند ذہن (۵) مذکّر۔

مٹھائی، مٹھاس، شیرینی (۶) قند، گڑ (۷) حلوا (۸) ہلکا، نرم (۹) ایک قسم کا شیریں لیموں، مِٹھا (۱۰) بُردبار آدمی، وہ شخص، جسے غصہ نہ آئے (۱۱) دھار کا کُند (۱۲) (لکھنؤ) وہ مرد، جو زنانہ گفتگو کرتا اور عورتوں کا لباس پہنتا ہو (۱۳) (لکھنؤ) ایک قسم کا باریک کپڑا، جو ماٹھا پیسلام بھی کہلاتا ہے (۱۴) (کنایۃً) فائدہ، طمع، لالچ (۱۵) ایک قسم کا زہر ✤ میٹھا اور بھر کٹوری۔ مثل۔ اچھی شے اور مقدار میں زیادہ وہاں مستعمل ہے، جہاں زیادہ ہوس کرنے سے روکا جاتا ہے ✤ میٹھا برس (سال) مذکر (عو) عمر کا اٹھارھواں سال (لگنا کے ساتھ) ✤ میٹھا بولنا۔ نرمی اور شیریں زبانی سے پیش آنا ✤

میٹھا پانی۔ مذکر (۱) آبِ شیریں (۲) لیمونیڈ، ولایتی شربت، جس میں لیمو کا عرق اور شیرہ ڈال کر کل کے ذریعے سے بوتلوں میں بھرتے ہیں ✤ میٹھا پویا (ا) مذکر۔ گھوڑے کی ہلکی چال، جو نہ بہت تیز ہو اور نہ بہت سست ✤

میٹھا تماکو۔ مذکر۔ کڑوے تماکو کے برعکس ✤ میٹھا تیل (ہ) مذکر۔ تلوں کا تیل ✤ میٹھا تیلیا۔ مذکر۔ ایک قسم کا زہر ✤ میٹھا ٹھگ۔ مذکر۔ میٹھی میٹھی باتیں بنا کر ٹھگنے والا، جھوٹا دوست، دغاباز یار ✤ میٹھا درد (ا) مذکر۔ ہلکا سا درد، نرم درد ✤ میٹھا مُنہ (ہ) مذکر۔ تلوار یا کسی ہتھیار کی دھار کا کُند ہونا ✤ میٹھا مُنہ کرانا (۱) مٹھائی کِھلانا (۲) شکرانہ دینا (۳) رشوت دینا ✤

میٹھا مُنہ کرنا (۱) مٹھائی کھلانا (۲) مٹھائی کھانا (۳) نسبت یا منگنی کرنا (۴) رشوت دینا (ان دونوں کی بجگہ "مُنہ میٹھا کرانا" اور "مُنہ میٹھا کرنا" فصیح ہیں) ✤ میٹھا مہینا (ا) (عو) مذکر۔ حمل کا آٹھواں مہینا ✤ میٹھا میٹھا (ہ) تھوڑا تھوڑا، ہلکا ہلکا، کم کم ✤ میٹھا میٹھا درد (ا) مذکر۔ ہلکا ہلکا یا کم کم درد ✤ میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو (ہ) مثل۔ اچھی چیز لے لینا اور بُری چیز سے نفرت کرنا ✤ میٹھا ہونا (۱) شیریں ہونا (۲) پھیکا یا تھوڑا ہونا (۳) دل پسند، گوارا یا قابلِ برداشت ہونا ✤ میٹھی (۱) میٹھا کی تانیث، شکریں (۲) کم، نرم (۳) مؤنث۔ دھیمے مزاج کی یا بُردبار عورت (۴) بچوں کا بوسہ، پیار، چُما۔ اِن معنی میں زیادہ تر "مِٹھی" مستعمل ہے ✤ میٹھی آنکھوں سے دیکھنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا ✤ میٹھی بات۔ مؤنث۔ نرم، ملائم یا دلچسپ بات، گفتارِ شیریں ✤ میٹھی باتیں کرنا۔ مزے کی باتیں کرنا، نرمی سے بولنا ✤ میٹھی باڑھ۔ مؤنث۔ کم تیز اور کُند دھار، موٹی باڑھ ✤ میٹھی بولی۔ مؤنث۔ نرم، ملائم اور شیریں زبان ✤ میٹھی چتون۔ مؤنث۔ میٹھی نظر ✤ میٹھی چھُری (کنایۃً) وہ شخص، جو بظاہر دوست ہو، مگر بباطن دشمن، دوست نما دشمن، مارِ آستین ✤ میٹھی زبان (ا) مؤنث (کنایۃً) شیریں سخنی ✤ میٹھی عید۔ مؤنث۔ عیدالفطر ✤ میٹھی گالی (ہ) مؤنث۔ وہ گالی، جو ناگوار نہ گزرے، معشوق کی گالی ✤ میٹھی مار۔ مؤنث۔ وہ مار، جو بظاہر معلوم نہ ہو، گپت مار، باطنی تکلیف ✤ میٹھی مار دینا۔ اندرونی مار دینا۔ اس طرح مارنا کہ بظاہر چوٹ ہلکی معلوم ہو، مگر اس کا اثر زیادہ ہو ✤ میٹھی مراد (ا) مؤنث۔ اچھی مراد ✤ میٹھی میٹھی باتیں کرنا (ہ) شیریں اور مزے دار گفتگو کرنا، خوش گفتاری سے پیش آنا ✤ میٹھی نظر یا نگاہ (ا) مؤنث۔ محبت کی نظر، عاشقانہ نظر ✤ میٹھی نظریں یا میٹھی میٹھی نظریں یا نگاہیں۔ مؤنث۔ محبت و اُلفت کی نگاہیں، عاشقانہ نگاہیں ✤ میٹھی نیند (ہ) مؤنث۔ سُکھ نیند، بے فکری کی نیند، خوابِ راحت (سونا کے ساتھ) ✤ میٹھے۔ مذکر۔ میٹھا کی جمع ✤ میٹھے کھٹے یا کھٹے میٹھے کو جی چاہنا (عو) ہم بستری کی رغبت یا مجامعت کی خواہش ہونا، ہم آغوشی اور وصل کو دل چاہنا ✤ میٹھے کے واسطے (یا لالچ) جھوٹا کھاتے ہیں۔ مثل۔ فائدے کی طمع میں سخت زبانی اور تکلیف برداشت کرتے ہیں ✤ میٹھے میں سلونا ملانا۔ بدمزگی پیدا کرنا ✤ میٹھے والے۔ مذکر۔ وہ ٹھگ، جو مسافروں کو میٹھا تیلیا کھلا کر مار ڈالتے ہیں ✤ میٹھے ہیں۔ نامرد ہیں، بودے ہیں، بزدل ہیں ✤

میثاق (مِی، ثاق) (ع) مذکر۔ قول قرار، اقرار مدار، عہد و پیمان، معاہدہ، وعدۂ ازل ("مواثیق" جمع) ✤

میجر (مے، جَر) (انگ - Major) مذکر۔ ایک فوجی عہدہ ✤

میجسٹی (مَے، جِس، ٹی) (انگ - Majesty) والیِ سلطنت کا اعزازی لقب ✤

میجک (مَے، جِک) (انگ - Magic) مذکر۔ عِلم تسخیر، جادو، سحر، ٹونا، افسون ✤ میجک لینٹرن (انگ - Magic lantern) مؤنث۔ وہ لالٹین، جس سے اندھیرے میں سینما کی طرح چلتی پھرتی تصویریں دکھائی جاتی ہیں ✤

میچنا یا میںچنا (مِیچ، نا یا مِینچ، نا) (ہ) (ہندو) (۱) ہاتھ سے ملنا، مسلنا (۲) ملانا، آمیز کرنا (۳) رگڑنا، صاف کرنا (۴) گوندھنا ✤

میچ (مَیچ) (انگ Match) مذکر (۱) شرط، بازی (۲) کھیل میں مقابلہ ✤ میچ کرنا یا کھیلنا (ا) کسی کھیل میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا ✤

میچ (مِیچ) (ہ) مؤنث (پورب) (۱) موت، مرتو (۲) میچنا کا امر ✤ میچنا (۱) موندنا، بند کرنا (۲) سکوڑنا، سکیڑنا، بھینچنا ✤

میچز (مَے، چِز) (انگ - Matches) مؤنث۔ دیا سلائی، ماچس ✤

میخ (مِیخ) (ف) مؤنث (۱) کیل، پریگ (۲) چوب، کھونٹی ✤ میخ اکھاڑنا (ا) (۱) کھونٹا اکھاڑنا (۲) سواروں کا ایک کرتب، جس میں وہ گھوڑا دوڑا کر گڑی ہوئی میخ اکھاڑے جاتے ہیں ✤ میخ ٹھونکنا (۱) کیل ٹھونکنا یا جڑنا (۲) ہاتھ پاؤں میں کیل گاڑنا۔ ایسی سزائیں قدیم زمانے میں دی جاتی تھیں (۳) مغلوب کرنا، دبانا (۴) توپ میں کیل ٹھونک کر اسے بے کار کرنا ✤ میخ چلانا (عو) مقعد میں میخ کرنا ✤ میخ دی، میخچو نہیں دیا۔ مثل۔ اُس موقع پر بولتے ہیں، جب کوئی شخص بڑے حوصلے سے بے حد قیمتی چیزیں دے دے، لیکن لینے والا ایک حقیر سی چیز نہ ملنے کے باعث شکایت کرے ✤ میخ مارنا (۱) کیل ٹھونکنا (۲) ہرانا، شکست دینا، مغلوب کرنا (۳) بھانجی مارنا (۴) سیندھ لگانا، نقب زنی کرنا ✤ میخچو۔ مذکر۔ میخ ٹھونکنے کی موگری ✤

میخی روپیہ۔ مذکر۔ وہ روپیہ، جس میں سوراخ کر کے چاندی نکال لیں اور اس کی جگہ سیسہ بھر دیں ✤

میدان (مَے، دَان) (ع) مذکر (۱) صاف اور وسیع سطحِ زمین، ہموار یا چٹیل زمین

(۲) گھوڑا دوڑانے کا مقام (۳) چوگان (۴) کھیت (۵) اکھاڑا (۶) (ل) موقعِ واردات، جائے سرگزشت (۷)، نظم، شعر، اشلوک، پد (۸) مقابلہ، جنگ، لڑائی (۹) (جوہریوں کی اصطلاح) یاقوت، زمرد وغیرہ کا طول وعرض (۱۰) (قصہ گویوں کی اصطلاح) تمہید (۱۱) قلم کا میدان ؛

میدان بولنا (ل) میدانِ جنگ میں غل مچانا ؛ میدان جانا (گنوار، ہندو) جنگل جانا، قضائے حاجت کو جانا، پاخانے یا ٹٹی جانا ؛

میدانِ جنگ یا صف آرائی یا کارزار (ع، ف) مذکر - وہ جگہ جہاں لڑائی ہو، معرکہ، لڑائی کا کھیت ؛ میدان جیتنا - معرکہ جیتنا ؛ میدان چھوڑنا (۱) جگہ چھوڑنا یا فراخ کرنا (۲) لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ جانا ؛

میدان دینا - جگہ یا رستہ دینا، پرے ہٹنا ؛ میدان صاف ہے - خوف اور اندیشہ بالکل نہیں، کوئی روک ٹوک نہیں ؛ میدانِ قلم (ع، ف) مذکر - قلم کی تراشش، زمینِ قلم، خانۂ قلم ؛ میدان کرنا (ل) (۱) گرانا، ڈھانا، مسمار کرنا (۲) صف آرائی یا جنگ کرنا ؛ میدان مارنا - لڑائی جیتنا، معرکے میں فتحیاب ہونا ؛ میدان میں آنا - لڑنے کو نکلنا، سامنے یا مقابلے پر آنا ؛

میدان میں اُترنا - اکھاڑے میں اُترنا، لڑنے کو میدان میں آنا ؛

میدان ہاتھ آنا یا رہنا - فتح پانا، لڑائی جیتنا، میدان فتح ہونا ؛ میدان ہاتھ سے جانا (۱) شکست یا ہار ہونا (۲) موقع نکل جانا ؛ میدان ہاتھ ہونا - سرسہرا ہونا ؛ میدان ہونا - مقابلہ، لڑائی یا جنگ ہونا ؛ میدانی (۱) (ع، ف) میدان کے متعلق (۲) (ل) مؤنث (لکھنؤ) مکان کے صحن میں نصب کرنے کی لالٹین (۳) مذکر - نقیب ؛

میدنی (مَے، دَنی) (س) مؤنث (۱) زمین، ارض، دھرتی (۲) وہ زمین جس پر پا پیادہ چل کر کسی مقدس مقام کو جاتے ہیں (۳) قافلہ، کاروان (۴) مزارِ خواجہ معین الدین چشتیؒ کے زائروں کا قافلہ ؛

میدہ (مَے، دَہ) (ف) مذکر - دوبارہ چھانا ہوا نہایت باریک آٹا ؛ میدہ سا (ل) میدے کی مانند، حد سے زیادہ باریک ؛ میدہ لکڑی (ل) مؤنث - دوا کی ایک جڑ ؛ میدہ و شہاب (تشبیہاً) خوب صورت آدمی، گورا چٹا، سُرخ و سفید ؛

میدھ (مِیدھ) (ہ) مذکر - قربانی، یگ، بلی دان ؛

میڈل (مَے، ڈَل) (انگ - Medal) مذکر - تمغہ ؛

میڈم (مَے، ڈَم) (انگ Madam) مؤنث - بیگم، خانم، بانو، خاتون ؛

میڈیکل (مَے، ڈِی، کَل) (انگ - Medical) دوا کے متعلق، طبی، ڈاکٹری سے نسبت رکھنے والا ؛ میڈیکل کالج (Medical college) مذکر - ڈاکٹری کی درس گاہ ؛

میر (مِیر) (ف) امیر کا مخفف (۱) سردار، سالار، افسر، سرکردہ، چودھری (۲) ہادی، رہنما، پیشوائے دین (۳) سیّدوں کا اعزازی لقب (۴) تاش کا بادشاہ (۵) (ت) شہزادہ ؛ میرِ آتش - مذکر - توپ خانے کا داروغہ ؛ میرِ آخور - مذکر - اصطبل کا داروغہ ؛ میرِ بار - مذکر - وہ شخص، جو بادشاہوں اور امیروں کے دربار میں آنے کی اجازت اپنے اطمینان پر دیتا ہے ؛

میرِ بحر (ف، ع) مذکر - جہازی سپہ سالار، میرِ آب، امیر البحر ؛

میرِ بحری - مؤنث (۱) امیر البحر کا عہدہ (۲) بحری فوج کا انتظام کرنے والا محکمہ ؛

میرِ بخشی (ف) مذکر - تنخواہ تقسیم کرنے والا عہدہ دار ؛ میرِ بھگڑا ہی (ل) مذکر - ہیجڑوں کا ایک نامعلوم مورثِ اعلیٰ ؛ میرِ تزک یا توزک (ف) مذکر - فوج کا انتظام کرنے والا، سپہ سالار ؛ میرجی (ل) مذکر (۱) میراثیوں کا خطاب (۲) میر صاحب، سیّد صاحب ؛ میرِ حاج (ف، ع) مذکر - حاجیوں کا سردار ؛ میرِ دِہ (ف) مذکر (۱) گاؤں کا سردار، نمبردار، مقدم (۲) جریب کش (۳) ایک قوم ؛ میرِ دیوان - مذکر - سررشتہ دار، پیش کار، نائب ؛

میرِ سامان - مذکر - خانساماں، میرِ مطبخ، امیروں یا بادشاہوں کے کھانے کا انتظام کرنے والا ؛ میرِ شکار - مذکر - وہ شاہی ملازم، جسے شکاری جانوروں کی نگرانی سپرد ہو ؛ میرِ عرض (ف، ع) مذکر - بادشاہی ملازم، جو لوگوں کی عرض معروض پیش کرے، عرض بیگی ؛ میرِ فرش (ف) مذکر - وہ بھاری پتھر، جو فرش دبانے کے لیے چاروں کونوں پر رکھے جاتے ہیں ؛

میرِ قافلہ (یا کارواں) مذکر - قافلے کا سردار ؛ میرِ کلام (ف، ع) مذکر - نہایت اچھا مقرر، جادو بیان لیکچرار ؛ میرِ مجلس (یا محفل) (ف) مذکر - صدرِ انجمن، صدرِ مجلس، صدر نشین، پریزیڈنٹ ؛ میرِ محلّہ (ف، ع) مذکر - محلّے کا چودھری، کسی کوچے کا سردار ؛ میرِ مشاعرہ (ف، ع) مذکر - بزمِ مشاعرہ کا صدر ؛

میرِ مطبخ - مذکر - خانساماں، میرِ بکاول، بادشاہی کھانا پکانے والا ؛

میرِ منزل - مذکر - وہ شخص، جو لشکر کے پہنچنے سے پہلے منزل کا سامان کرے، کیمپ کلرک ؛ میرِ منش (ف) نازک مزاج ؛ میرِ منشی (ف، ع) مذکر - سررشتہ دار، پیش کارِ اعلیٰ، محررِ صدر ؛ میرِ ہی (ل) (لکھنؤ) (۱) وہ شخص، جو کام میں سب پر سبقت لے جائے (۲) (ف) مؤنث - امیری، سرداری ؛

میرا (مے، رَا) (ہ) اپنا، اپنی ذات کا، خود کا ؛ میرا باپ سخی تھا، بڑے بڑے آزاد کرتا تھا (ل) مثل - شیخی خورے کے متعلق بولتے ہیں، جو آپ تو کسی قابل نہ ہو، لیکن بزرگوں کی باتوں پر گھمنڈ کرے ؛ میرا بس چلے تو تجھے کچا کھا جاؤں - (ہ) مثل - نہایت غصے کی حالت میں کہا جاتا ہے ؛ میرا بھائی ہے (کنایۃً) کسی کو پرچانے کے لیے خوشامد کے طور پر یہ فقرہ کہتے ہیں، یعنی تو تو میرا پیارا ہے، میرا عزیز ہے، میرا کہنا مان جائے گا ؛ میرا دل منطق نہیں پڑھا ہوا (ل) مثل - وہاں استعمال کرتے ہیں، جہاں یہ ظاہر کرنا مقصود ہو کہ سیدھے سادے آدمی مطلب سے کام رکھتے ہیں ؛ میرا تیرا (ہ) مذکر - بیگانگی اور اجنبیت ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے ؛ میرا جی، میرا دل، میری خوشی (ل) اس وقت استعمال کرتے ہیں، جب یہ کہنا ہو کہ کسی کا مجھ پر کیا قابو ہے، جو میری خوشی ہے، وہ کرتا ہوں ؛ میرا حلوا کھائے (عو) اگر میرا کہا نہ مانے تو مجھے مردہ دیکھے (مُردے کا حلوا بانٹا کرتے ہیں) ؛ میرا سلام ہے (کنایۃً) میں باز آیا، مجھے منظور نہیں، میں فلاں امر سے محترز ہوتا ہوں، میں فلاں امر ترک کرتا ہوں، خدا بچائے ؛ میرا کام آپ کا نام - مثل - میرا مقصد حاصل ہوگا اور آپ کی شہرت

ہوگی ٭ میرا کیا گیا (ہ)، میرا کیا بگڑا ، میرا کیا نقصان ہوا ٭ میرا (یا ہمارا) لہو پیئے (عو) (دیکھیے "میرا حلوا کھائے") ٭ میرا ماتھا جبھی ٹھنکا تھا (زنانہ محاورہ) مجھے پہلے ہی اندیشہ ہوا تھا، میں پہلے ہی تاڑ گیا تھا ٭

میرا مُردہ اب بھی تیرے زندے پر بھاری ہے (د) میں مجبوری میں بھی سب کچھ کر سکتا ہوں ٭ مِیْرِیْ (ہ) (۱) "میرا" کی تانیث ٭ میری آنکھ (آنکھوں) سے دیکھو (عو) (۱) جب کوئی چیز اچھی یا بُری ہو، لیکن کہنے پر بھی دوسرا شخص اس کی بھلائی بُرائی نہ دیکھ سکے تو کہتے ہیں، خدا نے تمھیں بینائی نہیں دی، میری (ہماری) آنکھوں سے دیکھو (۲) جس غور و توجّہ یا محبت کی نظر سے میں دیکھتا ہوں، اُسی طرح تم بھی دیکھو (۳) اس وقت بھی بولتے ہیں، جب کسی کو سامنے رکھی ہوئی چیز دکھائی نہ دے ٭ میری بلّی اور مجھی کو میاؤں۔ مثل۔ میرا مطیع اور مجھی سے مقابلہ ٭ میری بیزار (جُوتی یا پاپوش) سے (د) (عو) میری بلا سے ، مجھے کچھ پروا نہیں، مجھے کیا غرض ہے ؟

میری جان گئی۔ میں مری ، میری جان پر آبنی ، میری زندگی چلی، میرا دم نکلا، میں تکلیف کے مارے قریبِ مرگ ہوں ٭ میری جُوتی میرے ہی سر۔ ہمارا ہی کھائے اور ہمیں پر غرّائے ، ہماری چیز ہمارے ہی ذمّے ٭

میری سی میرے آگے، تیری سی تیرے آگے (ہ) (عو) ہر ایک کی طرفداری کرتا ہے اور خدا لگتی کسی کے سامنے نہیں کہتا ٭ میری طرف بھی دیکھنا (د) میرا بھی لحاظ کرنا، مجھ پر بھی عنایت کی نظر رکھنا ٭ میری مرغی کی تین ٹانگ۔ مثل۔ اپنی چیز کی تعریف ٭ مِیْرِے (ہ) "میرا" کی جمع ٭ میرے بڑھاپے پر کرم کیجیے (د) مجھ ضعیف و ناتواں پر رحم کیجیے اور رنج و تکلیف نہ دیجیے۔ ستانے کے بجائے لطف و مہربانی سے پیش آیئے ٭ میرے پُوت کی لمبی لمبی بانہیں (ہ) مثل۔ اپنی چیز کو ہر کوئی سراہتا ہے ٭ میرے پھول کرے (دیکھیے "میرا حلوا کھائے") ٭ میرے سامنے آسکتے ہیں ؟ مجھ سے آنکھ ملا سکتے ہیں ؟ کیا طاقت ہے ؟ کیا مجال ہے ، جو میرے روبرو ہو سکیں ؟

میرے لَلاّ کی اُلٹی ریت ، ساون ماس اٹھاویں بھیت۔ مثل۔ ہمارے صاحبزادے کی اُلٹی مَت ہے، وقت بے وقت نہیں دیکھتے۔ بے وقت کام کرنے والے کے متعلق بولتے ہیں ٭ میرے مُنہ سے (عو) میری خاطر، طفیل یا باعث سے ٭ میرے ہے ، سو راجا کے نہیں اور راجا میرا منگتا۔ مثل (عو) شیخی خورے کے متعلق بولتی ہیں، جو کسی شے پر گھمنڈ کرے ٭ میرے ہی سے آگ لائی ، نام رکھا بیسَندَر (د) مثل۔ اپنے ہی واقف کار و محرمِ اسرار سے جھوٹ بولنا اور پردہ کرنا یعنی بے لینا ، اُسی کے آگے شیخی بگھارنا ٭

میراث (مِیْ ، رَاث) (ع) مؤنّث۔ ورثہ ، ترکہ، وہ جائداد وغیرہ، جو متوفّی کی ملکیت سے حق دار کو ملے ٭ میراثِ پدر (ع، ف) مؤنّث (کنایۃً) مباح، حلال ٭ میراثِ پدر خواہی، علمِ پدر آموز۔ مقولہ۔ اگر تو باپ کا ورثہ چاہتا ہے تو اس کا علم سیکھ بیٹے کو باپ کا علم حاصل کرنا چاہیئے ٭ مِیْرَاثَنْ (ہ) مؤنّث۔ ڈومنی، گانے والی، مطربہ ٭ مِیْرَاثِیْ۔ مذکّر۔ وہ شخص، جس کا موروثی پیشہ گانا بجانا ہو، ڈوم ، گویّا ، مطرب ، مغنّی ٭

میراں (مِیْ ، رَاں) (ف) مذکّر۔ میر میراں کا مخفّف (۱) بہت بڑا بزرگ ، سرداروں کا سردار (۲) خواجہ معین الدین چشتیؒ اور خواجہ عبدالقادر محی الدین غوث الاعظمؒ کا لقب بڑے پیر کا لقب ٭ میراں جی (د) مذکّر (۱) حضرت معین الدین چشتیؒ اور حضرت غوث الاعظمؒ کا لقب (۲) بارہ وفات کے بعد کا مہینا ، ربیع الآخر ٭ میراں جی کا چاند۔ مذکّر۔ مسلمانوں کا چوتھا قمری مہینا ، ربیع الآخر ٭

میرزا (مِیْر ، زَا) (ف) مذکّر (۱) امیر زادہ ، رئیس زادہ ، مغل زادہ ، ملک زادہ (۲) شہزادوں اور مغلوں کا لقب ٭ میرزا مَنِش ۔ مذکّر۔ شہزادوں کی سی خُو بُو والا ، شاہانہ مزاج کا ، نازک مزاج ، تنک مزاج ٭ میرزائی ۔ مؤنّث (۱) شہزادگی ، نجابت ، عالی خاندانی ، بزرگی ، شرافت (۲) گھمنڈ ، ناز ، تکبّر ، نازک مزاجی (۳) واسکٹ ، صدری ، کمری ، نیم جامہ ٭

مَیرڑا (مَے ، ڑَا) (ہ) مذکّر (۱) ہل چلے ہوئے کھیتوں کی زمین برابر کرنے کا پٹڑا، سہاگا ، پٹیلا (۲) وہ چبوترا سا ، جو کھیت میں فصل کی حفاظت کے لیے بنایا جاتا ہے ٭ مَیرڑا پھیرنا۔ سہاگے سے کھیت کی زمین ہموار کرنا ٭

میز (مِیْز) (ف) (پرتگالی "میزا" سے بنا ہے) مؤنّث۔ کھانا کھانے یا کتابیں وغیرہ رکھنے کا تختہ ، ٹیبل ٭ میزبان۔ دعوت کرنے یا مہمان بُلانے والا ، مہمان دار ، مہمان نواز ٭ میزبانی۔ مؤنّث۔ مہمان نوازی ، مہمانی ، دعوت ٭ میز پر کھانا۔ (د) دسترخوان کے بجائے میز بچھا کر اُس پر کھانا ، اہلِ یورپ کے طریقے پر کھانا ٭ میز کا مکھن۔ مذکّر (خدمت گار)۔ وہ عمدہ مکھن ، جو صاحب لوگوں کو میز پر کھانے کے وقت دیا جاتا ہے ٭ میز لگانا۔ میز پر کھانا ، چھُری کانٹا وغیرہ رکھنا ٭

میزان (مِیْ ، زَان) (ع) مؤنّث (۱) ترازو (۲) آسمان کا ساتواں بُرج ، تُلا راس (۳) جمع ، مجموعہ ، جوڑ ٭ میزان ٹِھیْنا (د) (۱) موافقت ہونا (۲) بھاؤ بننا ، سودا ہونا (۳) رائے ملنا ٭ میزان دینا یا لگانا۔ جمع کرنا ، جوڑ لگانا ، جوڑنا ٭ میزانِ کُل (ع، ف) مؤنّث۔ تمام رقموں یا عددوں کا مجموعہ ٭ میزان ملنا (د) موافقت ہونا ، مرضی یا رائے ملنا ٭ مِیْزَانِیَّہ (ع) مذکّر۔ آمد و صرف کا تخمینہ ، بجٹ ٭

میسّر (مُیَسْ ، سَرْ) (ع) (۱) آسان کیا گیا (۲) حاصل ، دستیاب ٭ میسّر آنا یا ہونا بہم پہنچنا ، نصیب ہونا ٭

میسرہ (مَے ، سَرَہْ) (ع) مذکّر و مؤنّث (۱) بائیں طرف (۲) بائیں بازو کی فوج ٭

میسوپوٹامیا (مَے ، سُوْ ، پُوْ ، ٹَا ، مِیَا) (انگ۔ Mesopotamia) عراق عرب کا علاقہ ، جس کا پایۂ تخت بغداد ہے ٭

میش (مِیْش) (ف، س) مؤنّث (۱) بھیڑ ، بھیڑی ، گوسفند (۲) مینڈھا ، کھاڈو (۳) بھینس ، گاؤمیش ٭ میش چشم (ف) (۱) بھیڑ کی سی آنکھوں والا (۲) نیچی نظروں والا ، شرمائے ، لجاؤنہ ٭ میشا (د) مذکّر۔ بھیڑ یا بکری کے بچّے کا کمایا ہُوا ملائم چمڑا ٭

میعاد (مِیْ ، عَاد) (ع) مؤنّث (۱) مدّت ، معیّن وقت ، ایّامِ مقرّرہ (۲) وعدہ ، وعدے کا وقت ٭ میعاد بڑھانا (د) (۱) وقت یا مہلت زیادہ کرنا ، وقت جوڑ

کو وسعت دینا (۲) قید بڑھانا یا زیادہ کر دینا ٭ میعاد بولنا (پورب) (عوام) قید کا حکم لگانا، قید کرنا ٭ میعادِ غیر منقضیہ (ع، ف) مؤنث - وہ مقررہ زمانہ، جو ابھی ختم نہ ہوا ہو ٭ میعاد کاٹنا (ﺩ) قید بھگتنا، جیل خانہ کاٹنا، قید کی میعاد پوری کرنا ٭ میعاد کرنا (۱) کسی کام کا وقت مقرر کرنا (۲) قید کا زمانہ متعین کرنا ٭

میعاد گاہ (ع، ف) مؤنث - وعدے کا مقام ٭

میعاد گزرنا - میعاد پوری ہونا، مہلت تمام ہونا، وعدے کا وقفہ پورا ہونا ٭ میعادِ مقررہ (ع، ف) معمولی یا محدود وقت، قرار دی ہوئی مدت ٭ میعادی (ﺩ) (پورب) (۱) معیّن وقت والا (۲) قیدی، جس کی میعادِ قید مقرر ہو ٭ میعادی بخار (ﺩ) مذکر - وہ بخار، جو خاص مدت تک چڑھے، جیسے تپ محرقہ، ٹائیفائیڈ ٭ میعادی ہنڈی - مؤنث - مدتی ہنڈی، وہ ہنڈی، جسے ادا کرنے کے لیے وقت مقرر ہو ٭

میغ (مِیغ) (ف) مذکر - بادل، کالی گھٹا ٭

میقات (مِی، قَات) (ع) مذکر و مؤنث (۱) وقت (۲) کسی کام کا وقت (۳) وعدہ گاہ (۴) وہ جگہ، جہاں سے مکہ جانے والے حج کا احرام باندھتے ہیں ٭

میکا (مَے، کَا) (ہ) مذکر - عورت کے ماں باپ کا گھر ٭ میکا بسانا (عو) عورت کا سسرال چھوڑ کر ماں باپ کے گھر جا رہنا ٭ میکے والے - مذکر - دلھن کے رشتہ دار ٭ میکے والیاں - مؤنث - دلھن کی رشتہ دار عورتیں ٭

میکال، میکائیل (مِی، کَال - مِی، کَا، اِیْل) (ع) مذکر - ایک فرشتہ، جو مخلوق کو رزق پہنچانے پر مقرر ہے ٭

میکھ (مِیکھ) (س) مذکر (۱) بھیڑا، مینڈھا، میش نر (۲) پہلے آسمان کا ایک برج، جو مینڈھے کی شکل سے ملتا جلتا ہے ٭

میگڈمبر (مَیگ، ڈَم، بَر) (ہ) مذکر (۱) دیکھیے "مگڈمبر" (۲) ایک قسم کی بڑی عماری، جو ہاتھی پر رکھی جاتی ہے ٭

میگزین (مَیگ، زِین) (ہند) (انگ، مَے، گَے، زِین) مذکر (۱) مخزن، گودام، گنجینہ (۲) بارودخانہ (۳) سلاح خانہ (۴) متفرق مضامین کا رسالہ ٭

میگھ (مِیگھ) (س) مذکر (ہندو، عوام) (۱) بادل، بدلی، گھٹا (۲) مینہ، بارش، باراں (۳) ایک راکشس (۴) ایک ہندی راگ ٭ میگھ پتی یا میگھ راج - مذکر - بادلوں کا یا مینہ برسانے والا دیوتا ٭ میگھ راگ (ہ) مذکر - ایک ہندی راگ، جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے ٭ میگھ ناد (س) مذکر (۱) کڑکیلی آواز یا رعد کی سی گرج والا (۲) رعد، گرج، کڑک (۳) راون کا بیٹا اندرجیت ٭

میگھا گھام (ہ) مؤنث - ابر کی گرمی، گھمس، اُمس ٭

مَیل (مَیْل) (ہ) مذکر (۱) چرک، کیچڑا، گار، بدن کا میل (۲) رنج، جو دل میں کسی کی طرف سے پیدا ہو ٭ میل بیٹھنا (۱) میل جم جانا، میل کانٹے میں چلا جانا (۲) زنگ لگ جانا ٭ میل چھٹنا - چرک دور یا میل صاف ہونا ٭ میل خورا (ﺩ) مذکر (۱) رنگین لباس، جس میں میل چھپ جائے، خاکی رنگ کا کپڑا (۲) وہ لباس یا کپڑا، جو استعمال کے سبب میلا اور رنگین ہو گیا ہو ٭ میل کا بیل بنانا (ہ) بات کا بتنگڑ بنانا، بات بڑھانا ٭ میل کاٹنا - میل دور کرنا، صاف یا اُجلا کرنا ٭

میل کچیل - مذکر - میل ٭ میل کی بتّی - مؤنث - وہ بتّی، جو جسم رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے ٭ میل لانا - برا ماننا، رنجیدہ ہونا، کدورت یا رنج لانا ٭ میلا (۱) غلیظ، نجس، ناپاک، پلید (۲) گدلا، چرک آلودہ، غبار آلود، مکدر (۳) مذکر - فضلہ، گوہ، بول و براز (۴) کوڑا کرکٹ ٭ میلا پن - مذکر - کدورت، غلاظت، نجاست ٭ میلا بسر (ﺩ) مذکر (عو) حیض کے دن ٭ میلا کچیلا (ہ) چرک آلودہ، خاک دھول میں بھرا ہوا ٭ میلا کرنا (۱) غبار آلودہ، گدلا یا بے آب کرنا (۲) پاخانہ پھرنا، براز کرنا (۳) غلیظ یا گندہ کرنا ٭ میلا ہونا (لازم) ٭ میلے بسر سے ہونا (ﺩ) (عو) حیض، ایام یا کپڑوں سے ہونا ٭ میلے کا بھائی دھوبی (ﺩ) دونوں برابر ہیں، دونوں گندے ہیں، جیسا یہ، ویسا وہ ٭

مَیل (مَیْل) (ع) مذکر (۱) جھکاؤ، خمیدگی، میلان، رغبت، خواہش، رجوع، توجہ (۲) پاس داری، رعایت، جانب داری ٭ میلِ خاطر (ع، ف) مذکر - دلی توجہ، التفات ٭ میلان (عربی میں بہ فتح اوّل و دوم، اردو میں بالفتح) مذکر - خواہش، توجہ، رجحان، التفات ٭ [میل (ہند)

میل (مِیْل) (ع) مذکر - سرمہ لگانے کی سلائی ٭

میل (مِیْل) (ہند) (انگ - مائل Mile) مذکر (۱) وہ پتھر، جو میل کے فاصلے پر گاڑ دیتے ہیں، ستون، کھم، تھم (۲) ایک ہزار سات سو ساٹھ (۱۷۶۰) گز زمین کا ناپ ٭

میل (مِیْل) (ہ) مذکر (۱) ملاپ، دوستی، اتحاد، آمیزش (۲) رشتہ داری، ناتا، قرابت (۳) نسبت، مناسبت، مشابہت (۴) جوڑ، ہمتائی، ہمسری (۵) رلاؤ، ملاؤ (۶) سنجوگ، موافقت (۷) جنس، قسم، نوع، ذات، فیشن ٭ میل جول - مذکر - ملنا جلنا، اختلاط، اتحاد، اخلاص، پیار ٭ میل دینا - ربط ضبط اور اتفاق پیدا کرنا ٭ میل رکھنا - راہ و رسم رکھنا، پیار، اخلاص رکھنا ٭ میل کرنا (۱) آمیزش کرنا، ملانا (۲) اخلاص یا ملاپ کرنا ٭ میل کھانا - مطابق، موزوں یا مناسب ہونا ٭ میل ملاپ - مذکر - میل جول، اختلاط، ارتباط، اتحاد ٭ میلنا (۱) ملانا، جوڑنا، شامل کرنا (۲) داخل کرنا، ڈالنا ٭

میل (مِیْل) (انگ Mail) مذکر و مؤنث (۱) ڈاک (۲) ڈاک کا تھیلا (۳) ہرکارہ (۴) ڈاک گاڑی ٭ میل ٹرین (Male train) مؤنث - ڈاک گاڑی - وہ ریل گاڑی، جس میں خط، چٹھیاں وغیرہ آتی جاتی ہوں ٭ میل کوچ (Mail coach) مؤنث - ڈاک کی گاڑی ٭ میل گارڈ (Male guard) مذکر - ڈاک کا محافظ ٭

میلا (مِے، لَا) (ہ) مذکر (۱) ہجوم، انبوہ، اژدحام (۲) سیر تماشا (۳) کسی خاص جگہ ہر قسم کے لوگوں کا باہم مل کر اکٹھا ہونا (۴) وہ مقام، جہاں سال میں ایک مرتبہ مقررہ تاریخ پر لوگ جمع ہوں اور مختلف قسموں کی دکانیں لگائی جائیں ٭ میلا ٹھیلا - مذکر - میلا، سیر تماشا، بھیڑ بھاڑ ٭ میلا کرنا (عوام) سیر تماشے میں شریک ہونا، میلے میں جانا ٭ میلا لگانا - کسی مقررہ مقام پر معیّن دن کو سیر تماشے کے لیے لوگوں کو جمع کرنا ٭ میلا لگنا (۱) کسی خاص جگہ سیر تماشے کے لیے لوگوں کا جمع ہونا (۲) بھیڑ لگنا، انبوہ، ہجوم، اجتماع یا اژدحام ہونا ٭

مَیں مَیں (مَیْں، مَیْں) (ہ) مذکر و مؤنث۔ ہاتھی کو تیر چلانے کا کلمہ ٭
مِیْم (مِیْم) (ع) مذکر (۱) دیکھیے "م" (۲) (تشبیہاً) محبوب کا دہن (۳) کنواں، چاہ (۴) خالص شراب ٭
مِیْم (مِیْم) (انگ، میڈم Madam کا بگاڑ) مؤنث۔ خاتون، خانم، بیگم، لیڈی ٭
میمانسا (مِی، مان، سا) (س) مذکر۔ ہندی فلسفے کا ایک شاستر ٭
میمنا (مِیم، نا) (ہ) مذکر۔ بکری کا بچہ، بزغالہ ٭
میمنت (مَے، مَنَت) (ع) مؤنث (۱) برکت، مبارکی، سعادت (۲) کامرانی، خوشی (۳) اقبال مندی، عروج ٭
میمند (مَے، مَند) (ت) مذکر۔ پٹھانوں کا ایک قبیلہ ٭
میموریل (مَے، مُو، رِیْل) (انگ۔ Memorial) مذکر۔ یادگار ٭
میمنہ (مَے، مَنَہ) (ع) مذکر۔ دائیں بازو کی فوج ٭
میمون (مَے، مُون) (ع) (۱) مبارک، کامیاب، بہرہ مند (۲) اقبال مند، مسعود، نیک بخت، بھاگوان (۳) (ف) مذکر۔ بندر، بوزنہ ٭
مَیں (مَیْں) (ہ) (۱) خود، آپ، اپنی ذات، ذاتِ خاص (۲) مؤنث۔ غرور (۳) بکری کی آواز ٭ مَیں اپنا نام بدل ڈالوں (ف) کسی بات کا یقین دلانے کے لیے کہا جاتا ہے ٭ مَیں بھروں سرکار کے، میرے بھرے ستار۔ مثل۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو اوروں کا کام خود کرے اور اپنا ہی کام کسی دوسرے پر ڈالے ٭ مَیں بھی رانی تو بھی رانی کون ڈالے سر پر پانی۔ مثل۔ (عو) اصدیلوں اور کاہلوں کے باب میں بولتی ہیں، کام چور بہانہ ڈھونڈتا ہے ٭ مَیں تھکی تو ناخوش۔ مثل۔ کوئی مشقت کرے اور دوسرے کو پسند نہ ہو ٭ مَیں تیرے صدقے (عو) قربان جاؤں، واری جاؤں، صدقے جاؤں، خوشامد اور خوشی کے موقع پر پیار سے بولتی ہیں ٭ مَیں جانوں (۱) مَیں ذمہ دار ہوں (۲) مجھے خیال آتا ہے، مجھے گمان گزرتا ہے ٭ مَیں خوب سمجھتا ہوں۔ میرے ذہن میں سب کچھ آتا ہے ٭ مَیں خوش میرا خدا خوش۔ میں راضی ہوں، میری عین خوشی ہے۔ مَیں صدقِ دل سے منظور کرتا ہوں ٭
مَیں کون تو کون؟ میرا تیرا کیا واسطہ؟ میں کیا جانوں، تو کون ہے؟
مَیں مَیں (ہ) مذکر و مؤنث (۱) خودستائی، خودی، انانیت (۲) بکری کی آواز (۳) بکری ٭ مَیں مَیں کرنا۔ بکری کا بولنا ٭ مَیں نہ مانوں۔ مجھے اعتبار نہ ہو، مَیں یقین نہ کروں ٭ مَیں نے کیا بِس ملا دیا تھا؟ میرے کہنے کا کیوں بُرا مانا تھا؟ مَیں نے کیا تمھاری گدھی چرائی ہے؟ میں نے تمھارا کون سا قصور کیا ہے، جو مجھے بُرا بھلا کہتے ہو ٭ مَیں ہوں یا خدا کی ذات ہے (ا) تنہائی اور بیکسی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں ٭ مَیں ہی (ہ) صرف مَیں، اکیلا مَیں، خصوصاً مَیں، میرے سوا کوئی نہیں ٭
مِیْن (مِیْن) (س) مؤنث (۱) مچھلی، ماہی، حوت (۲) آسمان کا بارھواں برج، جو مچھلی کی شکل کا ہے ٭ مِیْن مِیکھ۔ مؤنث۔ عیب، قباحت ٭
مِیْن مِیکھ نکالنا (ہ) (عو) نکتہ چینی کرنا، خواہ مخواہ اعتراض کرنا، عیب، جحت یا نقص نکالنا، وہم ڈالنا ٭
مِیں (مِیْں) (ہ) (۱) ظرفیت کے لیے مستعمل ہے، ظرفِ زماں ہو یا ظرفِ مکاں۔ بیشتر مفعول فیہ کے بعد آتا ہے، جیسے بھری محفل میں جرم کا اقرار کیا، دو دن میں کتاب پڑھ لوں گا، آنکھوں میں آنسو آ گئے (۲) کبھی "سے" کے موقع پر بھی لاتے ہیں، مثلاً شاخ میں ٹپکا دو (۳) کبھی "کو" کے محل پر استعمال کرتے ہیں، جیسے یہ کاپی کتنے میں خریدی؟ (۴) ظرفِ مجازی پر بھی بولتے ہیں، مثلاً ہنسی ہنسی میں بگڑ بیٹھے (۵) بعض صورتوں میں "کو" کے بجائے استعمال فصحا جائز نہیں سمجھتے، جیسے رات میں عبادت کا بڑا درجہ ہے یا دن میں کام کرو، یہاں دونوں جگہ "میں" کے بجائے "کو" صحیح و فصیح ہے (۶) کبھی حذف بھی کر دیتے ہیں، مثلاً شب کسی کے نہ آنے سے آرزوؤں کا خون ہو گیا، شب کے بعد "میں" محذوف ہے (۷) مؤنث۔ بکری کے بولنے کی آواز ٭ مِیں مِیں۔ مؤنث (عو) (۱) بکری کی آواز (۲) (کم سن بچوں کی زبان میں) بکری ٭
مَیْنا (مَے، نا) (ہ) مؤنث (۱) ایک خوش الحان پہاڑی چڑیا (۲) (عو) پیار سے اُن بچوں کو کہتی ہیں، جو پیاری پیاری باتیں کرتے ہیں ٭
مِینا (مِی، نا) (ف) مذکر (۱) شیشہ، رنگ برنگ کا شیشہ (۲) ایک قسم کا پتھر (۳) شراب کی بوتل، صراحی، قرابہ (۴) (کنایۃً) شراب ٭ مِیناخانہ۔ مذکر۔ شیشہ خانہ ٭ میناَرنگ (کنایۃً) سبز رنگ ٭ مِینافام۔ مینا رنگ ٭ مِینائی (۱) مینا سے متعلق (۲) حضرت شاہ میناؒ سے منسوب ٭
مِینائے لاجورد (کنایۃً) آسمان ٭
مِینا (مِی، نا) (ف) مذکر۔ مرصع کاری، نقش و نگار۔ وہ سبز کام، جو شیشے اور چاندی سونے کے ظروف پر بناتے ہیں ٭ مینابازار۔ مذکر (۱) وہ بازار، جو خصوصاً بادشاہوں کی سیر کے لیے گوناگوں چیزیں لگا کر سجایا جائے (۲) زنانہ بازار، عورتوں کا بازار، وہ بازار، جہاں عورتیں ہی ہر قسم کی چیزیں بیچتی ہوں ٭ میناکار۔ مذکر (۱) جڑاؤ کا کام کرنے والا، مرصع ساز (۲) وہ چیز، جس پر مینا کا کام بنایا گیا ہو ٭
میناکاری۔ مؤنث (۱) چاندی سونے پر مرصع سازی، نگینے کا کام (۲) مُوشگافی، باریکی ٭ میناکاری چھانٹنا (و) (دہلی) ہر شے کی اچھائی برائی نہایت غور سے دیکھنا، معمولی سے معمولی فرق پر نظر کرنا، ہر بات میں عیب لگانا ٭ مِینِئے (ک) "مینا" کی صورت حرفِ جار سے پہلے ٭ مِینِئے کا کام۔ مذکر (لکھنؤ) میناکاری کے نقش و نگار ٭
مِینا (مِی، نا) (ہ) مذکر۔ راجپوتانہ کی ایک ہندو قوم، جس کا پیشہ لوٹ مار اور چوری چکاری ہے ٭
مِینار، مِینارا (مِی، نار۔ مِی، نا، را) (ک) (عربی میں منار یا منارہ) مذکر (۱) چراغ دان، وہ بلند جگہ، جہاں چراغ روشن کریں (۲) اینٹ یا پتھر کا بلند ستون، جو مسجد یا کسی اور عمارت میں بنایا جائے (۳) بحری جہازوں کو روشنی دکھانے کا ستون (۴) وہ برج، جو گھڑی لگانے کے لیے بناتے ہیں (۵) وہ لاٹھ، جو کسی کی یادگار قائم کرنے کے لیے تعمیر کی جاتی ہے ٭
مَین پھل (مَیْن، پَھل) (ہ) مذکر۔ خربوزے کی شکل کا ایک نہایت کڑوا پھل، اندرائن،

حنظل ، پھر پھیندا ۔

مینجر (مے ۔ نِے ۔ جَر) (انگ ۔ Manager) مذکر ۔ منتظم ، مہتم ۔

مینجنا (مِیْنج ، نا) (ہ) (دیکھیے "میچنا") ۔

مینجنگ پروپرائیٹر (مے ۔ نِے ۔ جِنگ ۔ پرُو ۔ پرا ۔ اِٹَر) (انگ Managing proprietor) مذکر ۔ کسی کارخانے وغیرہ کا مالک ، جو خود ہی مہتم بھی ہو ۔

مینجنگ ڈائرکٹر (Managing director) مذکر ۔ کسی بنک وغیرہ کا منتظم ۔

مینڈفی (مَیں ، دَفِی) (ہ) (دیکھیے "بیندفی") ۔

مینڈھی (مِیں ، دِھی) (ہ) مؤنث (دیکھیے "منڈھی") ۔

مینڈ (مِینڈ) (ہ) مؤنث (۱) ستار کا ایک پرزہ ، جو اکثر ہاتھی دانت کا ہوتا ہے (۲) ستار کی مسلسل آواز ، لے ، تان ۔

مینڈ (مِینڈ) (ہ) مؤنث (۱) کھیت کی منڈیر ، ڈول ، باڑ ، کنارہ ، حد ، پشتہ (۲) لہر ، موج (۳) گھاٹ ، مَن ، کنوئیں کی منڈیر ۔ **مینڈ بندی** (ل) مؤنث ۔ کھیت کی حد بندی ۔ **مینڈ پڑنا** ۔ پانی کا لہریں لینا ، موجیں اٹھنا ۔

مینڈک (مِیں ، ڈَک) (ہ) مذکر ۔ غوک ، ٹرٹو ۔ ایک قسم کا مشہور آبی جانور ، جو برسات کے موسم میں نالاوں ، جوہڑوں وغیرہ کے کنارے پر چلایا کرتا ہے ۔ **مینڈک پھوڑا** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا دنبل ، جو کف پا میں ہو جاتا اور نہایت تکلیف دیتا ہے ۔ **مینڈکی** ۔ مؤنث (۱) مینڈک کی تانیث ، مادہ مینڈک ، چھوٹا مینڈک (۲) گھوڑے کی پیٹھ کا اوپر والا حصہ ، جو وسط میں ہو (۳) ایک قسم کا مرض ، غدود ، جو کان کی لو کے نیچے نکل آتے ہیں ۔

مینڈکی چلی مدار (مداروں) کو ۔ مثل ۔ کمینے یا نکمے آدمی نے بھی بڑا حوصلہ کیا ۔ **مینڈکی کو بھی زکام ہوا** (ل) اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے سفلے کی نسبت کہتے ہیں کہ وہ شیخی سے ایسا کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جس کی اس میں طاقت نہیں ۔

مینڈنا (مِینڈ ، نا) (ہ) (ہندی ملنا) ، ہاتھوں سے ملنا ، آلودہ کرنا ، لتھیڑنا ۔

مینڈھا (مِیں ، ڈھا) (ہ) مذکر (۱) بھیڑا ، دُنبہ ، میش کر (۲) آسمان کا بارھواں برج ، میکھ راس (۳) موج ، لہر ، تلاطم (۴) بھڑ ، جب وہ ڈنک نہ مارے ۔

مینڈھا اچھلنا (کنایۃً) ہوا کی شدت سے دریا میں موجیں اٹھنا ، لہر کا اونچا ہونا ، تلاطم ہونا ۔ **مینڈھا لڑانا** (۱) ساجھا یا شرکت کرنا (۲) دو کو لڑانا (۳) دو بھیڑوں کو لڑانا ۔ **مینڈھے** ۔ مذکر ۔ مینڈھا کی جمع ۔ **مینڈھے لڑانا** (۱) دُنبے لڑانا ، دو مینڈھے بھڑا کر تماشا دیکھنا (۲) دو آدمیوں میں لڑائی کرانا ۔

مینڈھی ، مینڈی (مِیں ، ڈِھی ۔ مِیں ، ڈِی) (مکھنؤ ۔ دہلی) (ہ) مؤنث ۔ عورتوں کے سر کے گندھے ہوئے چند بال ۔

مینڈھیاں ، مینڈیاں ۔ مؤنث ۔ "مینڈھی" اور "مینڈی" کی جمع ۔

مینڈھیاں (مینڈیاں) گوندھنا ۔ بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا ۔

مینک (مِیْ ، نَک) (ہ) مؤنث (۱) آنکھ کی پتلی ، مردمکِ چشم (۲) کلیجے کی ٹھنڈک ۔

مینگنی (مِیْنگ ، نِی) (ہ) مؤنث ۔ چوہے ، بھیڑ ، بکری ، خرگوش ، ہرن ، اونٹ وغیرہ کا فضلہ ، جو وہ گولیوں کی طرح کرتے ہیں ۔ **مینگنیاں** ۔ مؤنث ۔ مینگنی کی جمع ۔

مینُو (مِیْ ، نُو) (ف) مذکر (۱) بہشت ، جنت ، فردوس (۲) آسمان ، چرخ ، فلک (۳) وہ رنگ دار رنگ وغیرہ ، جو زیور پر چڑھایا جاتا ہے ۔

مینوفیکچرر (مے ۔ نُو ۔ فَیک ، چَرَر) (انگ Manufacturer) مذکر ۔ دست کار ، کاری گر ، بنانے والا ، صناع ۔

مینہ ، مِنہ (مِینْہ ، مِنْہ) (ہ) مذکر (شاعروں نے یہ لفظ دونوں طرح باندھا ہے ، لیکن آج کل مِنہ بر وزن فتح زیادہ مستعمل ہے) برکھا ، بارش ، باران (آنا ، برسنا ، پڑنا ، کھلنا ، نکل جانا کے ساتھ) ۔ **مینہ برسے گا تو بوچھار آ ہی رہے گی** ۔ مثل ۔ اپنے عزیز کے پاس دولت ہوتے سے اپنے آپ کو فائدہ پہنچ ہی جائے گا ۔ **مینہ کی آنکھ نہ لگنا** ۔ بارش کا نہ تھمنا ۔

مینہ کی کھینچ ۔ مؤنث ۔ بارش کی کمی ، مینہ نہ برسنا ، امساکِ باراں ۔

میو (مِیْو) (ہ) مذکر ۔ میوات کی رہنے والی ایک بہادر ، سخت جان ، مگر جاہل و دغا باز قوم ۔ **میو مؤا جب جانیے ، جب وا کا تیجا ہوئے** (ہ) مثل (۱) میو ایسے سخت جان اور فریب کار ہوتے ہیں کہ جب تک ان میں کے کسی فرد کو مرے ہوئے تین دن نہ ہو جائیں ، اسے مرا ہوا نہ سمجھنا چاہیے (۲) فریبی اور مکار کی کسی بات کا اعتبار نہ کرنا چاہیے ۔

میواڑ (مے ۔ واڑ) (ہ) مذکر ۔ راجپوتانہ کی ایک ریاست ۔

میوزیم (مِیُو ، زِیَم) (انگ ۔ Museum) مذکر ۔ عجائب گھر ، وہ جگہ جہاں قسم قسم کی مصنوعات ہوں ۔

میوں (مِیُوں) (ہ) مؤنث (دیکھیے "میاؤں") ۔ **میوں بلائی** (۱) مؤنث ۔ بلی (۲) (صفت) بے زبان ، غریب ۔

میونسپل (مِیُو ، نِسِی ، پَل) (انگ ۔ Municipal) شہری ، قصباتی ۔

میونسپل کمشنر (Municipal Commissioner) مذکر ۔ میونسپلٹی کا ممبر ۔

میونسپلٹی (Municipality) مؤنث (۱) شہری لوگوں کی جماعت ، جو شہر کے متعلق صفائی ، پانی ، روشنی وغیرہ کا انتظام کرتی ہے ، بلدیہ (۲) وہ مقامی رقبہ ، جو میونسپل ایکٹ کے مطابق میونسپلٹی قرار دیا گیا ہو ۔

میوہ (مے ۔ وَہ) (ف) مذکر ۔ پھل ، بار ، ثمر ۔

میوہ پک جانا (ل) گرمی پا کر میوے کا نرم ہو جانا ۔

میوہ جات (ف) مذکر ۔ میوہ کی جمع ، میوے ، فواکہ ۔

میوہ دار ۔ پھل والا ، ثمر دار ، وہ درخت جس میں میوہ آ گیا یا لگا ہوا ہو ۔

میوہ فروش ۔ مذکر ۔ پھل بیچنے والا ۔

میہماں (مِیْہ ، مَاں) (ف) مذکر (دیکھیے "مہماں") ۔

میہمانی ۔ مؤنث (دیکھیے "مہمانی") ۔

ن

ن - نُون (ع) مذکر (۱) اُردو کا تیسواں، فارسی کا اُنتیسواں، عربی کا پچیسواں اور ہندی کا بیسواں حرف (۲) ابجد میں اس کے پچاس عدد قرار دیے گئے ہیں ۔

ن - ا

نا (۱) (ہ) مذکر - ہندی مصدر کی علامت، جو امر کے آخر میں آتی ہے (۲) (ف) حرفِ نفی، نہیں، نہ (۳) (ہ) تاکید کے لیے "مورد" کی جگہ، جیسے آپ اس شادی میں شامل ہوں گے نا (۴) نفی کی تاکید کے لیے، مثلاً نا صاحب! ایسی بات کو ہمارا تو سلام ہے ٭ ناآزمودہ (ف) (۱) اناڑی، ناتجربہ کار، ناواقف، نادان، کچا، ناسمجھ (۲) آزمائش اور تجربے کے بغیر، بے دیکھے بھالے بغیر ٭ ناآزمودہ کار - ناتجربہ کار، ناپختہ کار، خام، اناڑی ٭

ناآشنا (۱) ناواقف، نامحرم، انجان، اجنبی، جس سے جان پہچان نہ ہو (۲) بے مروّت، بے وفا، تیز مزاج، بداخلاق، خشک (۳) وہ شخص جسے تیرنا نہ آتا ہو ٭ ناآشنائی - مؤنث (۱) نامحرمی، ناواقفیت (۲) بے مروّتی، بے وفائی (۳) جان پہچان نہ ہونا (۴) ناملنساری ٭

ناآشنائے محض (ف، ع) قطعی نامحرم، بالکل ناواقف ٭ ناآگاہ (ف) ناواقف ٭ ناآمیزگار - وہ شخص، جو ملنا جلنا پسند نہ کرے، ناملنسار ٭

نااتفاق - مؤنث - نفاق، پھوٹ، رنجیدگی، بگاڑ، دشمنی، عداوت ٭

ناالتفاتی - مؤنث - بے پروائی، بے اعتنائی، کم توجہی ٭ نااُمید - بے آس، مایوس، ناکام (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ نااُمیدی - مؤنث - مایوسی، ناکامی ٭

نااندیش (۱) نہ سوچنے والا (۲) وہ ظاہر اور کھلی بات، جس میں سوچنے کی ضرورت نہ ہو ٭ ناانصاف - وہ شخص، جو انصاف نہ کرے، نامنصف ٭

ناانصافی - مؤنث - بے انصافی، اندھیر، ظلم (کرنا کے ساتھ) ٭

نااہل - نالائق، ناموزوں، بے تہذیب، ناشائستہ ٭ نااہلی - مؤنث - نالائقی ٭ نابالغ - کم سن، اٹھارہ برس سے کم عمر کا، ناسمجھ، نادان ٭

نابالغی (ع، و) مؤنث - خورد سالی، کم عمری ٭ نابکار (ف) (۱) نکما، بیکار، بے فائدہ، بے مصرف (۲) (و) شریر، نالائق، بدذات، بدکار (۳) نازیبا، معیوب (۴) بیہودہ، خراب ٭ نابلد (۱) انجان، ناآشنا، ناواقف (۲) گنوار، اُجڈ، اناڑی ٭ نابلدی - مؤنث - ناواقفیت ٭ نابود - نیست، ناپید، فانی، معدوم (کرنا کے ساتھ) ٭ نابینا - اندھا، کور ٭

ناپاک (۱) پلید، نجس، میلا، گندہ (۲) وہ شخص، جس پر نہانا فرض ہو (ہونا کے ساتھ) ٭ ناپاکی - مؤنث - نجاست، پلیدی، گندگی ٭

ناپاکی اُتارنا (و) (۱) احتلام، انزال، صحبت داری وغیرہ کے بعد نہانا (۲) حیض و نفاس کا غسل کرنا ٭ ناپائدار (ف) بے ثبات، کمزور، بودا، فانی ٭ ناپائداری - مؤنث - بے ثباتی، کمزوری، بوداپن ٭

ناپختہ کار - ناتجربہ کار ٭ ناپدید - جو ظاہر نہ ہو، چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی، غائب ٭ ناپُرساں - بے پروا ٭ ناپُرسانی - مؤنث - بے پروائی ٭

ناپروا (۱) بے رغبت (۲) بے باک (۳) ناسمجھ، اردو میں اس محل پر "بے پروا" مستعمل ہے (دیکھیے "بے پروا") ٭ ناپرہیزگار - گنہگار، بدکار، فاسق ٭

ناپسند - ناگوار، نامقبول، نامرغوب ٭ ناپسند کرنا (و) قبول نہ کرنا، نامنظور کرنا ٭ ناپسندیدہ (ف) ناگوار، نامرغوب، نامنظور، بارِ خاطر ٭

ناپید (۱) معدوم، نیست، فنا (۲) نادر الوجود، عنقا ٭ ناپید کرنا (و) برباد کرنا، اُجاڑنا، کھونا، فنا کرنا ٭ ناپید ہونا (ع و) (۱) گم ہونا، تباہ و برباد ہونا، اُجڑنا (۲) کمی، قحط یا نامیسّر ہونا ٭ ناپیدا (ف) جو ظاہر نہ ہو، غائب، چھپا ہوا (اب اس کی جگہ "ناپید" فصیح ہے) ٭ ناپیداکنار - ایسا بڑا (سمندر یا دریا) جس کا کنارہ نہ دکھائی دے، نہایت لمبا چوڑا ٭

ناتجربہ کار - اناڑی، انجان، ناواقف، کچا ٭ ناتراش، ناتراشیدہ - (۱) بے ڈھلا، اَن گھڑ (۲) (مجازاً) بے ادب (۳) ناہموار (۴) سفلہ، کمینہ ٭ ناتربیت یافتہ - غیر مہذب، بدتہذیب، ناشائستہ ٭

ناترس - جسے ڈر نہ ہو، جسے ترس نہ آئے، بے رحم، ظالم ٭

ناتمام (۱) ادھورا، نامکمل، ناقص (۲) خام، کچا ٭ ناتواں (۱) ناطاقت، کمزور، ضعیف، لاغر، بودا (۲) آہ کی صفت میں بھی مستعمل ہے ٭

ناتوانی - مؤنث - ناطاقتی، کمزوری، ضعف، نقاہت، بوداپن ٭

ناجائز (۱) نادرست، ناروا، نامناسب (۲) شرع یا قانون کے خلاف ٭

ناجائز مال (و) مذکر - وہ مال، جو شرعاً یا قانوناً جائز نہ ہو ٭ ناجنس (ف) (۱) غیر جنس، اَن میل، ناموافق (۲) اوچھا، سفلہ، کمینہ، کم اصل (۳) ناشائستہ (۴) بے ادب ٭ ناچار (۱) لاعلاج، بے چارہ، مجبور، عاجز (۲) بالضرور، لابد (۳) (و) غریب، محتاج، نادار، مفلس (۴) معذور، اپاہج (۵) مایوس، نااُمید (۶) ہار کر، مجبوراً ٭

ناچار کردینا (و) مجبور کردینا، عاجز کردینا ٭ ناچاری (ف) مؤنث - بے چارگی، لاعلاجی، مجبوری، بے بسی، عاجزی ٭

ناچاق (۱) بیمار، علیل، بدمزہ (۲) دُبلا، لاغر ٭ ناچاقی (و) مؤنث (۱) علالت، بدمزگی (۲) بگاڑ، اَن بَن، شکر رنجی (۳) کھنچاؤ، آنٹ ٭

ناچیز (ف) ہیچ، جو کچھ نہ ہو، نالائق، ناقابل، نکما، ناکارہ ٭

ناحق (ف) حق کے خلاف، بے انصافی سے، نامناسب، بے جا، ناواجب، بے فائدہ، بلاسبب ٭ ناحق شناس - بے انصاف، غیر منصف، حق ناشناس ٭

ناحق شناسی - مؤنث - ظلم، بے انصافی ٭ ناحق کا (و)

بے فائدہ ، فضول ÷ ناحق کرنا - حق کے خلاف ، ناانصافی ، بے جا اور نامناسب کرنا ÷ ناحق کو (عو) (۱) بے فائدہ (۲) بے سبب ÷
ناحق کوشش (ف) ناحق بات کی کوشش کرنے والا ÷ ناحق کہنا (ف) حق کے خلاف یا جھوٹ کہنا ، جھوٹ بولنا ÷ ناخداترس (ف) خدا کا خوف نہ کرنے والا ، ظالم ، بے رحم ، سنگ دل ، سخت دل ÷ ناخلف - وہ بیٹا ، جو باپ کے موافق نہ ہو ، نالائق بیٹا ، ناشائستہ ، نااہل ، عیبی ، بدچلن ÷
ناخواندہ (۱) اَن پڑھ ، جاہل ، بے علم (۲) جو بلایا نہ گیا ہو ÷
ناخواندہ مہمان - مذکر (۱) وہ مہمان ، جو دعوت پر بلایا نہ جائے (۲) طفیلی ، جو بلائے بغیر مہمان کے ساتھ آئے ÷ ناخوش (۱) جو راضی نہ ہو ، ناراض (۲) نفرت کرنے والا ، بیزار (۳) بیمار ، مریض ÷ ناخوش گوار - جو بُرا معلوم ہو ، ناپسندیدہ ÷ ناخوش ہونا (ف) خفا ، ناراض ، رنجیدہ یا بیزار ہونا ÷
ناخوشی (ف) مؤنث - خفگی ، ناراضی ، رنجش ، بیزاری ÷
نادار (۱) محتاج ، غریب ، مفلس ، کنگال (۲) گنجفے کی بے ہیر یا بے رنگ بازی ÷ ناداری - مؤنث - غریبی ، تنگ دستی ، تنگ حالی ، مفلسی ، افلاس ÷
ناداری آنا (ف) مفلس یا کنگال ہو جانا ÷ نادان (ف) (۱) انجان ، ناسمجھ ، جاہل ، بے وقوف (۲) چھوٹی عمر کا ، کم سن ، بچہ ÷
نادان بات کرے ، دانا قیاس کرے (ف) مقولہ - عقل مند ہر بات پرکھ لیتا ہے ÷ نادان پن - مذکر - نادانی ، بے وقوفی ، جہالت ÷
نادان دوست سے دانا دشمن بھلا - مقولہ - عقل والا دشمن اتنا نقصان نہیں پہنچاتا ، جتنا بے وقوف دوست نادانی سے پہنچاتا ہے ÷
نادان کی دوستی ، جی کا زیان - مقولہ - بے وقوف کی خیر خواہی بھی سخت نقصان پہنچاتی ہے ÷ نادانستگی (ف) مؤنث - نادانی ، انجان پن ، ناواقفیت ، بے خبری ، لاعلمی ، جہالت ÷ نادانستہ - ناواقفیت یا انجان پنے سے ، اَن جانے ، سہواً ، بے قصد ÷
نادانی - مؤنث - ناسمجھی ، بے وقوفی ، جہالت ÷ نادرست - جو ٹھیک نہ ہو ، غلط ، نامناسب ، بے جا ، ناجائز ÷ نادہند (ف) قرض لے کر نہ دینے والا ، ہاتھ کا جھوٹا ÷ نادہندی - (۱) قرض لے کر نہ دینے کی بُری عادت (۲) لیچڑپن ، بے لوث پن ÷
نادیدنی (ف) وہ چیز جو دیکھنے کے قابل نہ ہو ÷ نادیدہ (۱) بے دیکھا ، اَن دیکھا (۲) ندیدہ ، جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو ÷ ناراست - جو سیدھا نہ ہو ، ٹیڑھا ، کج ÷ ناراستی - مؤنث - نامناسب فعل ، کجی ÷
ناراض - رنجیدہ ، ناخوش (کسی کے ساتھ) ÷ ناراضی - مؤنث - رنجیدگی ، ناخوشی (عام عورتیں "ناراضگی" بولتی ہیں ، جو صحیح نہیں) ÷
نارس (۱) کچا پھل (۲) کچی شراب ، جو پینے کے لائق نہ ہو (۳) ناشگفتہ ÷
نارسا (۱) نہ پہنچنے والا (۲) (کنایۃً) بے اثر ، نامراد ÷ نارسائی - مؤنث - پہنچ یا باریابی نہ ہونا ÷ نارسیدگی - مؤنث - آزمودہ کار نہ ہونا ، خامی ÷
نارسیدہ (۱) کچا (پھل) (۲) نابالغ ÷ ناروا (۱) ناجائز ، بے جا ، دین یا مذہب کے خلاف (۲) نامناسب (۳) وہ سکہ ، جس کا چلن نہ ہو ، غیر مروج (۴) نامقبول ، ناپسند (۵) ناکامیاب ، محروم ، نامراد ÷
نازیب (ف) نازیبا (ف) (۱) بدنما ، مکروہ ، بدشکل ، بدزیب (۲) اَن میل ، ناموزوں ÷ ناساز (ف) (۱) خلاف ، مخالف ، برعکس (۲) ناراست (۳) علیل ، بیمار ÷ ناسازگار (ف) (۱) خلاف ، مخالف ، ناموافق ، برعکس (۲) منحوس ، بدنصیب ÷ ناسازگاری - مؤنث (۱) مخالفت ، ناموافقت (۲) بداقبالی ، بدنصیبی (۳) کسل ، علالت ÷ ناسازی (ف) مؤنث (۱) ناموافقت ، مخالفت (۲) علالت ، بیماری ÷ ناسازیٔ بخت - مؤنث - بدقسمتی ÷ ناسازیٔ طبیعت - مؤنث - بیمار ہونا ÷
ناسپاس - ناشکرا ، نمک حرام ، کافر ÷ ناسپاسی - مؤنث - ناشکری ، نمک حرامی ÷ ناسزا ، ناسزاوار (۱) ناواجب ، نامناسب ، نازیبا ، بے جا (۲) کمینہ ، سفلہ (فارسی میں ان دونوں لفظوں کا اطلاق اشخاص یا قول اور افعال کے لیے ہے ، اردو میں دوسرا لفظ "منحوس" اور "نامبارک" کے معنی میں مستعمل ہے) ÷ ناسمجھ (ف) (۱) کند ذہن ، غبی ، نادان ، احمق ، بے وقوف ، مُورکھ ، سادہ لوح (۲) بچہ ، کم عمر ، کم سن ÷
ناسمجھی - مؤنث - نادانی ، بے وقوفی ، نافہمی ÷ ناشاد (ف) (۱) رنجیدہ ، ناراض ، ناخوش (۲) بدبخت ، بدنصیب ، نامراد (۳) آفت رسیدہ ، مصیبت زدہ ÷
ناشاد جانا (ف) (عو) ناخوش اور نامراد جانا ، پُرارمان جانا ÷
ناشاد و نامراد (ف) بدبخت ، بدنصیب ÷ ناشاد و نامراد جائے (ف) (عو) (دعائے بد) ارمان لے کر جائے ، بے آس اولاد مر جائے ÷
ناشاعر (ف ، ع) جو شاعر نہ ہو ÷ ناشائستگی (ف) مؤنث - بدتہذیبی ، نالائقی ، بداسلوبی ÷ ناشائستہ (۱) نامناسب ، نازیبا ، ناموزوں ، بدزیب ، ناسزا (۲) غیر مہذب ، بے ادب ، گستاخ ، بے تمیز ، نااہل ، نالائق ÷
ناشُدنی (۱) نہ ہونے کے لائق ، ناممکن ، محال (۲) (ف) (عو) کم بخت ، بدنصیب ، مرنے جوگا ، ناخلف ÷ ناشکر (ف) ناشکرا (ف) نمک حرام ، کورنمک ، بے احسانا ، ناسپاس ÷ ناشکری (ف) ناسپاسی ، حق ناشناسی ، نمک حرامی (کرنا کے ساتھ) ÷ ناشکیب - بے قرار ، بے صبر ÷
ناشکیبا - مضطرب ، مضطر ، بے صبر ÷ ناشکیبائی - مؤنث - بے صبری ، بے صبر ہونا ÷ ناشنو ، ناشنوا - نہ سننے والا ÷
ناشنوائی - پُرسانِ حال نہ ہونا ، کس مپرسی ÷ ناصاف (ف ، ع) جو صاف نہ ہو ، میلا ÷ ناصبور (دیکھیے "ناشکیبا") ÷ ناطاقت - کمزور ، ناتواں ، ضعیف ، سست ، بودا ، لاغر ÷ ناطاقتی (ف) مؤنث ، ناتوانی ، کمزوری ، ضعف ، لاغری ÷ ناعاقبت اندیش (ف ، ع) بات کا انجام نہ سوچنے والا ، کوتاہ اندیش ، عاقبت نااندیش ÷ نافرجام (ف) ناعاقبت اندیش ، بداصل ، بدانجام ÷ نافرمان (۱) حکم نہ ماننے والا ، سرکش ، متمرد (۲) مذکر - اُودے رنگ کا ایک پھول ÷ نافرمانی - مؤنث - نافرماں برداری ، حکم نہ ماننا ، عدول حکم ، سرکشی ، انحراف ، بغاوت (کرنا کے ساتھ) ÷ نافرمانی رنگ (ف) مذکر -

اُودا رنگ ٭ **نافہم** (ف) ناسمجھ، نادان، کم عقل، بے وقوف ٭
ناقابل (۱) نالائق، ناشائستہ (۲) ناموزوں، ناواقف (۳) اَن پڑھ، جاہل ٭
ناقابلِ برداشت (ف، ع) سہارنے کے ناقابل، جو برداشت کے لائق نہ ہو۔ جو سہا یا جھیلا نہ جا سکے ٭ **ناقابلیت**۔ مؤنث۔ نالائقی، بے مقدوری، کم استعدادی ٭ **ناقبول** (ف) نامقبول، ناپسندیدہ ٭ **ناقدر**۔ جو کسی کی قدر نہ سمجھے، ہُنر ناشناس ٭ **ناقدرا** (د) (۱) گُن نہ ماننے والا (۲) نالائق ٭
ناقدری۔ مؤنث۔ بے قدری، بے وقعتی ٭ **ناکارہ** (ف) نکما، جو کام کا نہ ہو، خراب، بُرا، نابکار ٭ **ناکام**۔ نامراد، ناکامیاب، محروم، نااُمید، مایوس ٭
ناکامی۔ مؤنث۔ ناکامیابی، محرومی، نااُمیدی، مایوسی ٭ **ناکتخدا**، **ناکدخدا** کنوارا، جس کی شادی نہ ہوئی ہو ٭ **ناکردنی**۔ مؤنث۔ جو بات کرنے کے لائق نہ ہو ٭ **ناکردہ جرم** (ف، ع) بے گناہ، بے خطا، بے قصور، ناحق ٭
ناکردہ خوار، کردہ پشیماں (ف) مثل۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی کام کے نہ کرنے میں ذلت ہو اور کرنے میں پچھتانا پڑے ٭ **ناکردہ کار**۔ انجان، ناتجربہ کار، کچا، خام، ناواقف، اناڑی ٭ **ناکردہ گناہ**۔ بے گناہ، بے خطا، بے جرم، بے قصور ٭ **ناکرنا** (د) انکار کرنا ٭ **ناکس** (ف) کمینہ، نیچ، پاجی، سفلہ، فرومایہ، نالائق ٭ ["ناکس" اور "بیکس" میں فرق۔ "ناکس" وہ، جس میں انسانیت نہ ہو اور غیر مہذب ہو۔ "بیکس" وہ، جس کے ساتھ کوئی نہ ہو اور تنہا ہو ٭]
ناکسی۔ مؤنث۔ نالائقی، کمینگی، سفلگی، کم ظرفی ٭ **ناکنڈر** (۱) وہ (بچھیرا) جس کے ابھی تک دودھ کے دانت ہوں، سوا برس سے اڑھائی برس تک یا دو سال تک کا گھوڑا (۲) (د) ناسمجھ، نادان، ناتجربہ کار ٭
ناگاہ (دیکھیے "ناگہ") ٭ **ناگزیر**۔ لاعلاج، ناچار، مجبور، واجب، لازم، ضرور ٭ **ناگفتنی** (۱) جو کہنے کے لائق نہ ہو (۲) شرمناک ٭
ناگفتہ۔ نہ کہا ہُوا ٭ **ناگفتہ بہ** (۱) جس کا نہ کہنا اچھا ہو (۲) (کنایۃً) شرمناک ٭ **ناگُنی** (د) گُن نہ ماننے والی، ناشکری ٭ **ناگوار** (ف) (۱) وہ کھانا، جو معدے میں ہضم نہ ہو (۲) اِمتلا، بدہضمی (۳) (د) بُرا، مکروہ، ناخوش (۴) بدذائقہ، بدمزہ، بے مزہ (گزرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ **ناگوارا**۔ خلافِ طبع، ناپسند ٭ **ناگہ**، **ناگہاں** (۱) اچانک، یکایک، دفعۃً (۲) بے موقع، بے وقت (۳) بے خبری میں ٭ **ناگہانی**۔ اتفاقی ٭ **نالائق** (ف، ع) (۱) ناقابل، بے ہنر، بے استعداد، ناسزاوار، غیر مہذب، ناتعلیم یافتہ، ناخلف، کمینہ، سفلہ (۲) نامناسب، بیجا ٭ **نالائق پن، نالائقی** (د) (۱ مذکر ۲ مؤنث) نالائق ہونا، کمینگی، سفلہ پن ٭ **نامانوس** (ف، ع) بیگانہ، اجنبی ٭ **نامبارک**۔ نامسعود، منحوس، ناسزا ٭ **نامتناہی، نامحدود**۔ جس کی انتہا نہ ہو، بے حد، بے انتہا، بے کنارہ، بے تھاہ ٭ **نامحرم** (۱) ناواقف، ناآشنا، غیر، اجنبی، انجان (۲) وہ شخص، جس سے نکاح درست اور اس سے عورت کو پردہ واجب ہو ٭
نامراد۔ بے مراد، بے نصیب، محروم، ناکام ٭ **نامرادی** (ف) مؤنث۔ ناکامی، بے نصیبی، محرومی ٭ **نامربوط** (ف، ع) بے ربط، بے ترتیب، بے جوڑ، بے میل، ناموزوں ٭ **نامرد** (ف) (۱) ہیجڑا، زنخہ، زنانہ (۲) بزدل، ڈرپوک، بے حوصلہ، بودا (۳) (د) سُست، وہ شخص، جو عورت پر قادر نہ ہو ٭ **نامرد کرنا** (د) خصی کرنا، ہیجڑا یا مخنث بنانا ٭ **نامرد ہاتھی اپنے ہی لشکر کو مارتا ہے**۔ مثل۔ کم ہمت اور بودے آدمی سے اُلٹا نقصان ہی ہوتا ہے ٭ **نامردی** (ف) مؤنث۔ بزدلی، ہیجڑا پن ٭
نامشخص (ف، ع) بے تحقیق، جو ایک حالت اور ایک وضع پر نہ ہو ٭
نامعتبر۔ جس کا اعتبار نہ ہو، بے اعتبار ٭ **نامعقول** (۱) ناپسندیدہ، بے وقوفی کی بات، جو عقل میں نہ آئے (۲) نامناسب، بے جا (۳) نالائق، ناشائستہ ٭
نامعقولیت۔ مؤنث۔ بے وقوفی، حماقت ٭ **نامعلوم** (۱) بے خبر (۲) ناواقف (۳) غیر مشہور (۴) انجان، مجہول الاسم ٭ **نامُقِر**۔ اقرار نہ کرنے والا، انکاری ٭ **ناملائم** (۱) سخت، کڑا (۲) نازیبا، نامناسب ٭ **ناممکن**۔ اَن ہونی، نہ ہونے والی بات، خارج از اِمکان ٭ **ناممکن الزّراعت**۔ وہ اراضی جس کی زراعت نہ ہو سکے ٭ **ناممکن الزّوال**۔ وہ، جو کبھی زائل نہ ہو ٭
نامناسب۔ نازیبا، بے جا، غیر واجب، ناموزون، نامعقول، بیہودہ ٭
نامنظور۔ انکار کیا گیا، نامقبول، ناپسند ٭ **نامنظور کرنا** (د) انکار کرنا، نہ ماننا، پسند نہ کرنا ٭ **نامنظوری**۔ مؤنث۔ انکار، منسوخی، تردید ٭
ناموافق (ف، ع) جو موافق نہ ہو، مخالف، خلاف، ناگوار (ہونا کے ساتھ) ٭
ناموافقت۔ مؤنث۔ مخالفت، اختلاف، لگاڑ، شکررنجی، رنجش، اَن بَن ٭ **ناموزون** (۱) بے جوڑ، نازیبا، ناموافق (۲) بے سُرا، بے تالا (۳) بحر سے خارج، شعر وغیرہ ٭ **نامہربان** (ف) (۱) بے درد، بے مروّت، بے مہر، بے رحم (۲) بدخواہ، دشمن، بَیری ٭ **نامہربانی**۔ مؤنث۔ بے دردی، بے مروّتی، جفا، بے رحمی ٭ **نامیسّری** (د) (عوام، عورت) مؤنث۔ غریبی، تنگ دستی، عُسرت، مفلسی، اِفلاس ٭ **نانکرنا**۔ مؤنث۔ نہیں، انکار، حیل وحجّت (کرنا کے ساتھ) ٭ **ناواجب** (ف، ع) نازیبا، نامناسب، بے جا ٭ **ناواجب العمل**۔ جس پر عمل نہ ہو سکے ٭ **ناواقف**۔ ناتجربہ کار، انجان، نامحرم، جاہل ٭ **ناواقفیّت**۔ مؤنث۔ ناتجربہ کاری، انجان پن، جہالت ٭ **ناوقت** (۱) (ع) بے ہنگام، بے وقت (۲) (پورب) بے موقع، بے محل ٭ **ناہموار** (ف) (۱) غیر مسطّح، اونچا نیچا، نابرابر، نامساوی (۲) ناموافق (۳) ناشائستہ، نالائق، نااہل، بیہودہ، ناخلف ٭
ناہمواری۔ مؤنث۔ (۱) کھُردرا پن، اونچ نیچ (۲) نالائقی ٭ **ناہنجار** (۱) بدچلن، بداطوار (۲) ناپسند (۳) نابکار، نالائق، کمینہ، بدذات، بیہودہ ٭
نایاب (۱) وہ چیز، جو نہ مل سکے، نامیّسر، ناپید (۲) نادر، عمدہ، کمیاب (۳) قابلِ قدر، بے بہا ٭
ناب (نَاب) (ہ) مؤنث۔ تلوار کی نالی، جو نوک سے قبضے تک دو طرفہ ہوتی ہے ٭ **ناب دان، نابدان** (د) مذکر۔ زمین دوز موری، جس سے گندہ پانی نکلے ٭
ناب (نَاب) (ف) (۱) خالص، بے آمیزش، نرمل، صاف (۲) پاک، پوِتر، شُدھ (۳) بھرا ہُوا، لبریز، پُر ٭
نابھ، نابھی (نَا، بھَ - نَا، بھی) (ہ) مؤنث۔ ناف، ڈھونڈی، ٹونڈی ٭

نابھارت (نَا ، بھَا ، رَث) (ہ) مؤنث (سلوتری) وہ بھونری جو گھوڑے کے زیرِ ناف ہو۔ یہ نہایت معیوب و منحوس سمجھی جاتی ہے ۔

ناپ (نَاپ) (ہ) مؤنث (۱) ماپ ، پیمانہ ، انداز ، پیمائش (۲) ناپنا کا امر ÷ **ناپ تول** ۔ مؤنث ۔ پیمائش اور تولنا ÷ **ناپ کا پورا** ۔ وہ گھوڑا یا جوان آدمی ، جو فوج کے مقررہ ماپ میں ٹھیک ہو ÷ **ناپنا** (۱) ماپنا ، پیمائش یا اندازہ کرنا (۲) قلم کرنا ، کاٹنا ÷

ناتا (نَا ، تَا) (ہ) مذکر (۱) رشتہ ، قرابت ، بھائی بندی (۲) واسطہ ، علاقہ ، نسبت ، تعلق (توڑنا ، ٹوٹنا ، جوڑنا ، چھوٹنا کے ساتھ) ÷ **ناتے وار** (و) رشتہ دار ، قریبی ، عزیز ، اقربا ، اعزّہ ÷ **ناتے واری** ۔ مؤنث ۔ رشتہ داری ÷ **ناتے والے** (ہ) (دیکھیے "ناتے دار") ÷ **ناتن** ۔ مؤنث ۔ بیٹی کی بیٹی ، نواسی ÷ **ناتی** ۔ مذکر (پورب) بیٹی کا بیٹا ، نواسہ ÷

ناتھ (نَا تھ) (س) مذکر (۱) مالک ، ولی نعمت ، آقا ، خداوند ، پتی (۲) جوگیوں کا لقب (۳) وہ رسّی ، جو بیلوں کی ناک میں ڈالی جاتی ہے (۴) ناتھنا کا امر ÷ **ناتھنا** (ہ) (۱) چھیدنا ، سوراخ کرنا (۲) نکیل ڈالنا (۳) بیل وغیرہ کے نتھنے میں رسّی ڈالنا (۴) بس میں کرنا ، قابو کرنا ، مطیع کرنا (۵) (کنایۃً) شامل کرنا ، پھانسنا ÷

ناٹا (نَا ، ٹَا) (ہ) (۱) بونا ، ٹھنگنا ، پستہ قد (۲) شریر ÷ **ناٹی** ۔ ناٹا کی تانیث ÷

ناٹک (نَا ٹَک) (س) مذکر (۱) نٹ کا تماشا ، نقل ، سوانگ ، روپ (۲) کھیل ، ڈراما (۳) ناچ گھر ، منڈوا ، تماشا گاہ ، تھیئٹر ÷ **ناٹکیا** (ہ) مذکر ۔ بہروپیا ، سوانگی ، ایکٹر ÷

ناٹھا (نَا ، ٹھَا) (ہ) (عو) وہ شخص ، جس کے عزیز اور قریبی نہ ہوں (یہ لفظ "نگوڑا" کا ہم معنی اور "نگوڑا ناٹھا" کی ترکیب سے مستعمل ہے) ÷ **ناٹھی** ۔ ناٹھا کی تانیث ÷

ناٹی (نَا ، ٹی) (انگ - Naughty) شریر ، شوخ ، دنگئی ، نٹ کھٹ ، بد ، عیّار ، فتنہ پرداز ، چاتر ÷

ناثر (نَا ، ثِر) (ع) مذکر ۔ نثر لکھنے والا ، مضمون نگار ÷

ناج (نَاج) (ہ) مذکر (عوام ، عورت) اناج ، غلّہ ، دانہ دُنکا ÷ **ناج پانی** ۔ مذکر ۔ ساری گرہستی ÷

ناجو (نَا ، جُو) ("نازو" سے بگڑا ہُوا) (عو) (۱) نازوں سے پلی ہوئی ، لاڈلی ، پیاری (۲) ایک کتاب ، جو واجد علی شاہ اختر شاہِ اودھ کی تصنیف سے ہے ÷

ناجی (نَا ، جِی) (ع) نجات پانے والا ، جس کے گناہ معاف کر دیے گئے ہوں ، مبرور ، مغفور ÷

ناچ (نَاچ) (ہ) مذکر (۱) خوشی میں آکر اُچھلنا کُودنا ، رقص (۲) ناچنا کا امر ÷ **ناچ دکھانا** ۔ کسی کے آگے ناچنا ، رقص دکھانا ÷ **ناچ رنگ** (و) **ناچ گانا** (ہ) مذکر ۔ گانا بجانا ، رقص و سرود (ہونا کے ساتھ) ÷ **ناچ گھر** (ہ) مذکر ۔ سوانگ گھر ، تماشا گاہ ، تھیئٹر ÷ **ناچ نچانا** (۱) (کنایۃً) حیران کرنا ، ستانا ، دق کرنا (۲) (کنایۃً) قواعد کرانا ، ایرے پھیرے کرانا ÷ **ناچ نہ جانے (نہ جانوں) آنگن ٹیڑھا** ۔ مثل ۔ اس مقام پر کہتے ہیں ، جب کوئی شخص کسی کام میں دخل نہ رکھنے کے باعث حیلے بہانے کرے یا اُس سے کوئی کام نہ ہو سکے اور دوسرے پر الزام رکھے یا اُسے کوئی کام نہ آتا ہو اور اسباب ، آلات کے بُرا ہونے کا گلا کرے ÷ **ناچنا** (۱) رقص کرنا (۲) غصّے یا خفگی میں تلملا کر اُچھل اُچھل پڑنا ÷ **ناچنے نکلے تو گھونگھٹ کیسا** ۔ مثل ۔ جس کام کا کرنا منظور ہو ، اُس میں لحاظ سے کام لینا بے سود ہے ۔ اُس کام کے لیے بھی کہتے ہیں ، جس میں کوئی عیب ہو ۔ یعنی جب عیب والا کام اختیار کیا تو شرم کیسی ÷

ناخدا (نَا ، خُدَا) (ف ۔ اصل میں "ناوخدا" تھا ، "ناو" ، کشتی ، "خدا" ، صاحب) مذکر ۔ کشتی چلانے والا ، کشتی بان ، ملّاح ÷

ناخن (نَا ، خُن) (ف ۔ اصل میں "ناخون" تھا ، کیونکہ انسان کے تمام اعضا میں خون ہوتا ہے ، لیکن جسم کے اس حصّے میں خون نہیں ہوتا ۔) مذکر (۱) انگلیوں کے سروں کی ہڈّی (بڑھانا ، بڑھنا ، تراشنا ، ترشنا ، ترشوانا ، چھیلنا ، کاٹنا ، کٹوانا کے ساتھ مستعمل اور کھودنا کے ساتھ متروک ہے ۔) (۲) وہ ہڈّی ، جو پرندوں اور درندوں کے پنجوں کے اوپر ہوتی ہے (۳) چوپایے کا کھُر یا سُم ÷ **ناخن بندی** (و) مؤنث ۔ مدد خرچ ، مدد معاش ، نوکری چاکری ، ملازمت ، تعلقہ ، علاقہ ÷ **ناخن تراش** (ف) مذکر (دیکھیے "ناخن گیر") ÷ **ناخن سے گوشت جدا کرنا** (و) رشتہ داروں کو جُدا کرنا ، اپنوں کو چھوڑنا ÷ **ناخنِ شمشیر** (ف) مذکر ۔ تلوار کی دھار یا باڑھ ÷ **ناخن گڑنا** (و) اختیار ہونا ، نقشہ جمنا ÷ **ناخن گیر** (ف) مذکر ۔ ناخن لینے کا اوزار ، نہرنی ÷ **ناخن لینا** (ہ) (۱) ناخن تراشنا (۲) گھوڑے کا ٹھوکر لینا ÷ **ناخُنہ** (ف) مذکر (۱) آنکھ کا ایک مرض ، جس سے آنکھ کے گوشے میں ، ناخن کے مشابہ سفیدی مائل گوشت نمودار ہو جاتا ہے (۲) وہ سُرخ ریشے ، جو گھوڑے کی آنکھ میں پیدا ہو جاتے ہیں (۳) ستار بجانے کا مڑا ہُوا تار ، مضراب ÷ **ناخون** (و) مذکر ۔ ناخن ÷ **ناخون (ناخن) سے لکھنا** ۔ سفید کاغذ پر ناخن سے نقش کاڑھنا یا کچھ تحریر کرنا ÷ **ناخون کاٹنا** ۔ ناخن قلم کرنا یا تراشنا ÷ **ناخون گیر** (دیکھیے "ناخن گیر") ÷ **ناخون لینا** (دیکھیے "ناخن لینا") ÷ **ناخون (ناخن) نیلے ہونا** ۔ زہر چڑھنا ، مرنے کی علامت ظاہر ہونا ÷ **ناخونوں** ۔ مذکر ۔ "ناخون" کی جمع حرفِ جار سے پہلے ÷ **ناخونوں (ناخن) سے گوشت جدا نہیں ہوتا** ۔ مثل ۔ اپنے کسی حالت میں غیر نہیں ہو سکتے ۔ رشتہ داروں کی دشمنی قائم نہیں رہا کرتی ÷ **ناخونوں (ناخن ، ناخنوں) میں پڑے ہیں** ۔ دیکھے بھالے ہیں ، یعنی کچھ حقیقت نہیں ÷ **ناخونوں (ناخنوں) میں لکھ رکھنا** ۔ نظر ، خیال ، دھیان میں رکھنا ÷

ناد (نَاد) (س) مذکر (۱) آواز ، صدا ، ندا ، گونج ، گرج (۲) گانا ، سرود ، نوا ÷

نادر (نَا ، دِر) (ع) (۱) کم ، کمتر ، قلیل ، تھوڑا ، نایاب ، کم یاب (۲)

عجیب وغریب، تحفہ، انوکھا، نرالا، عمدہ ؛ نادِرَہ (ع، ف) انوکھا، عجیب ؛ نادرہ کار (۱) وہ جس سے عجیب وغریب کام ظاہر ہو (۲) (و) نادر کار، وہ جس پر عجیب وغریب کام بنا ہو ؛

نادر (نا، دِرْ) (ع) مذکر۔ فارس کا ایک سخت گیر وجابر بادشاہ جس نے محمد شاہ رنگیلے کے عہد میں دہلی کے اندر لُوٹ مارا ور قتل وغارت کا بازار گرم کیا تھا ؛ نادر تیرے ہولوں نے مارا (و) مثل۔ حاکم کا خوف اور وحشت زیادہ ہوتی ہے ؛ نادر شاہ (ف) مذکر (دیکھیے "نادر ۱") ؛

نادر شاہی، نادر گردی۔ مؤنث۔ نادر کے وقت جیسی بدانتظامی، اندھیر۔ نادر شاہی حکومت کا زمانہ اور کھلبلی ؛ نادر شاہی زمانہ (و) مذکر۔ ظلم یا اندھیر کا زمانہ ؛ نادری۔ نادر بادشاہ سے منسوب ؛ نادری حکم۔ مذکر۔ نادر شاہ کا سا حکم، سخت اور جابرانہ حکم ؛

نادِر پاٹ (ذ) مذکر (لکھنؤ) ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا، جس کا عرض بڑا ہوتا ہے ؛

نادِری (نا، دِرِیْ) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی صدری، جو مغل بادشاہ پہنتے تھے ؛

نادِری (نا، دِرِیْ) (ف) مؤنث (۱) گنجفے کا اِکّا (۲) گنجفے کا پتّا، جو اس کی بازی میں رکھنے کے قابل نہ ہو ؛ نادری چڑھانا (و) شرمناک مات دینا۔ گنجفے کے اِکّے کے برابر میانی کتروانا ؛

نادعلیؓ (نادِ، عَلِیْ) (ع) مؤنث۔ ایک دعا، جو زہر مُہرے یا چاندی کے پترے پر کندہ کر کے بچّوں کے گلے میں ڈالی جاتی ہے (دم کرنا کے ساتھ) ؛

نادم (نا، دِمْ) (ع) شرمندہ، پشیمان، شرمسار، خجل، منفعل ؛ نادم ہونا (و) شرمندہ ہونا، شرمانا ؛

نادھنا (نادْھ، نَا) (ہ) (گنوار) (۱) جوتنا، جوڑنا، بیلوں کی گردن پر جوا رکھنا (۲) شروع، آغاز یا ابتدا کرنا (۳) پابند کرنا، غلام بنانا (لکھنؤ میں "ناندھنا" ہے) ؛

ناوِیا (نا، دِیَا) (ہ) مذکر (۱) مہادیو کی سواری کا بیل (۲) وہ بیل، جس کے جسم میں کوئی عضو زیادہ ہو ؛

نار (نَارْ) (ہ) مؤنث (ہندو، عو) (۱) عورت، زن، اِستری، لُگائی، تریا (ان معنی میں "ناری" بھی مستعمل ہے) (۲) بیوی، جورو، زوجہ، قبیلہ (۳) جوتا جوڑنے کا تسمہ یا رسّی (۴) (پورب) بُھلاہوں کی نال، جس میں سُوت کی نلی رہتی ہے (۵) (پورب) گردن، ناڑ ؛

نار (نَارْ) (ف) مذکر۔ انار کا مخفف ؛

نار (نَارْ) (ع) مؤنث۔ آگ، آنچ، اگنی، بیسندر، آتش ؛ ناری (۱) آگ کا، آتشی (۲) جن وپری (۳) دوزخی ؛

نارایَن (نا، رَا، یَنْ) (س) مذکر (ہندو) (۱) ہمیشہ رہنے والا، قدیم (۲) خدائے لایزال، وشنو، بھگوان، پرمیشر ؛ نارایَن تیل (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ایک قسم کا روغن، جو مختلف بُوٹیوں سے نکالا جاتا ہے (۲) مومیائی ؛ نارایَنی۔ مؤنث (ہندو) دُرگا دیوی، لچھمی ؛

نارتھ (نَارْتھ) (انگ North) مذکر۔ شمال، اُتّر ؛

نارتھ ویسٹرن ریلوے (North Western Railway) مؤنث۔ شمال مغربی ریلوے، تقسیم سے پہلے انگریزی حکومت میں ہندوستان کی سب سے لمبی ریلوے، جو سلطنت کے زیر سرپرستی جاری تھی ؛

نارتھ ویسٹرن فرنٹیر پراونس (North Western Frontier Province) مذکر۔ شمال مغربی سرحدی صوبہ ؛

نارجیل (نَارْ، جِیْلْ) (ف) مذکر۔ ناریل، کھوپرا، کھوپا، گری، جوز الہند ؛

نارد (نا، رَدْ) (س) مذکر (۱) گیان دینے والا (۲) برہما کا بیٹا (۳) دس دیورشیوں میں سے ایک دیورشی (۴) (مجازاً) اِدھر کی اُدھر لگانے والا، لڑائی کرا دینے والا، لُترا ؛

نارورن (نَارْ، دَرْنْ) (انگ Northern) شمالی ؛

نارمل (نَارْ، مَلْ) (انگ Normal) باقاعدہ، حسبِ معمول، ٹھیک، طبعی ؛

نارمل ٹمپریچر (Normal temperature) مذکر۔ طبعی درجۂ حرارت ؛

نارمل سکول (Normal school) مذکر۔ وہ درس گاہ، جہاں تعلیم دینے کے اصول سکھائے جاتے ہیں، مدرسۃ المعلّمین ؛

نارنج (نا، رَنْجْ) (ف) مذکر۔ رنگترا، سنگترہ، سنترا، نارنگی، کولا ؛

نارَنجی۔ مذکر (۱) سرخی مائل زرد رنگ۔ وہ رنگ، جو شہاب اور ہارسنگار کے پھولوں سے بنایا جاتا ہے (۲) (صفت) نارنج کے رنگ کا ؛

نارنگی۔ مؤنث (۱) چھوٹا رنگترا یا کولا (۲) (تشبیہاً) اُبھری ہوئی چھاتی، پستانِ نوخاستہ ؛

نارو، ناروا (نا، رُوْ۔ نَارْ، وَا) (ہ) مذکر۔ ایک بیماری، جس میں انسان کے جسم پر دانے دار ہو کر ان سے تاگا سا نکلتا ہے، رشتہ ؛

ناریل (نَارْ، یَلْ) (ہ) مذکر (۱) (دیکھیے "نارجیل") (۲) ایک قسم کا حقّہ، جو ناریل خالی کرنے کے بعد اوپر سے چھیل کر بنایا جائے ؛ ناریل کا تیل۔ مذکر۔ گری یا کھوپرے کا تیل ؛

ناڑ (نَاڑْ) (ہ) مؤنث (گنوار) گردن، گلو، گلا ؛

ناڑا (نا، ڑَا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ازار بند، شلوار بند، پاجامے کے اندر ڈالنے کی رسّی یا ڈوری (۲) کچّا گنڈے دار رنگا ہوا سُوت، مَولی ؛ ناڑا چھُوٹ کرنا (ہ) بول یا پیشاب کرنا، مُوتنا ؛ ناڑا کھُلنا (کنایۃً) جماع کیا جانا ؛ ناڑا کھولنا (۱) ازار بند کھولنا (۲) جماع یا زنا کرنا ؛

ناڑی (نا، ڑِیْ) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) بندوق کی نال (۲) نبض، شریان، رگِ خون، رگِ جہندہ (۳) (افغانیوں کی اصطلاح) ایک قسم کی آتش بازی ؛ ناڑی چھوٹنا، ناڑی نہ بولنا (گنوار) (۱) نبض کا حرکت نہ کرنا، نبض کا جاتا رہنا (۲) دم نکل جانا، مرجانا (۳) سکتہ ہو جانا ؛ ناڑی دیکھنا۔ نبض دیکھنا ؛ ناڑِیا۔ مذکر۔ نبض دیکھنے والا، نبّاض، نبض شناس، طبیب، بَید، حکیم ؛ ناڑیا بَید۔ مذکر (ہندو) طبیب حاذق ؛

ناز (نَازْ) (ف) مذکر (۱) معشوقوں کی ادا، غمزہ، نخرہ، تِلّا، عشوہ، کرشمہ، چلبلک، غنج ودلال، تبختر (۲) چوچلا، لاڈ، اخلاص، پیار (۳) (و) غرور،

گھمنڈ، نخوت (۴) بڑائی، فخر، عزّت (۵) حماقت، بھروسا، برتا۔

نازاُٹھانا (د) نخرا اور چوچلا سہنا، ناز برداری کرنا۔ نازاُٹھنا (لازم)۔ نازاُٹھوانا۔ "نازاُٹھنا" کا متعدّی المتعدّی۔ نازبالِش (ف) مذکر۔ ملائم، نرم یا پہلو کا تکیہ۔ ناز بردار۔ ناز نخرا اٹھانے والا، عاشق۔

ناز برداری۔ مؤنّث۔ لاڈ چوچلے کی برداشت۔ ناز پرور، ناز پروردہ (فارسی میں ناز پرورد ہے) لاڈ میں یا ناز کا پلا ہُوا۔ ناز پیشہ۔ ناز کرنے کا عادی، معشوق۔ ناز سے چلنا (د) انداز سے، مٹک کر یا خراماں چلنا، ٹھمک چال چلنا۔ ناز (نازوں کا پالا (۱) لاڈ پیار میں پلا ہُوا (۲) (کنایۃً) پیارا، بہت محبوب (۳) معشوق، ساجن، پیارا۔ ناز کرنا (۱) غرور یا گھمنڈ کرنا، اِترانا (۲) فخر کرنا، نازاں ہونا (۳) لاڈ یا نخرا کرنا۔

ناز نخرا۔ مذکر۔ چاؤ چوچلا، لاڈ پیار۔ ناز و نعمت میں پالنا۔ لاڈ پیار میں، اچھّے اچھّے کھانے یا دنیا کی نعمتیں کھِلا کھِلا کر پرورش کرنا۔

ناز و نعمت میں پلنا (لازم)۔ ناز و نیاز (ف) مذکر (۱) عاشق و معشوق کی باہمی حرکات (۲) ناز نخرا، لاڈ پیار۔ ناز ہونا (د) گھمنڈ، فخر یا افتخار ہونا۔ نازاں (ف) (۱) ناز یا فخر کرنے والا (۲) گھمنڈی، مغرور (ہمیشہ "ہونا" کے ساتھ)۔ نازِش۔ مؤنّث۔ فخر، گھمنڈ، اِترانا۔ نازنین (۱) نازک، پسندیدہ (۲) مذکر (کنایۃً) معشوق۔

نازبو (نَاز، بُوْ) (د) مؤنّث۔ ایک قسم کا خوشبودار بوٹا، جس میں سے کالے کالے دانے نکلتے ہیں۔ ریحان۔ ایک قسم کا تلسی کا درخت۔

نازک (نَا، زُکْ) (ف) (۱) نزاکت بھرا، کامنی، کومل (۲) نفیس، لطیف (۳) دُبلا پتلا، چھریرا، خفیف، ہلکا، باریک (۴) جلد ٹوٹ جانے والا (۵) خوش وضع، خوب صورت (۶) کم طاقت، کمزور، بودا (۷) دقّت طلب، دقیق، باریک (۸) تند، تیز (۹) نازوں کا پالا (۱۰) چھوئی موئی، موم کا، ہتھیلی کا پھپھولا۔ نازک اندام۔ نازک جسم والا، چھریرے بدن کا، دُبلا پتلا۔ نازک بات (د) مؤنّث (۱) لطیف بات (۲) اہم معاملہ، خطرناک بات۔ نازک بدن (ف) (۱) (دیکھیے "نازک اندام") (۲) (د) ایک طرح کا باریک کپڑا، ایک نوع کا ڈوریا (۳) ایک قسم کا لالہ، بُستان افروز (۴) عنّاب (۵) کاغذی پوست کا بیر اور اس کا درخت۔ نازک جگہ (د) مؤنّث (۱) وہ مقام جہاں جان کا اندیشہ ہو (۲) جسم کا وہ مقام یا عضو، جس پر چوٹ لگنے سے آدمی مر جائے۔

نازک خیال (ف، ع) عمدہ خیالات والا، باریک مضمون لکھنے والا۔

نازک دماغ (۱) دماغ دار، خود پسند، مغرور (۲) چڑچڑا، تیز مزاج۔

نازک دماغی۔ مؤنّث (۱) چڑچڑاپن، بدمزاجی، تنک مزاجی (۲) دماغ، مزاج، دماغ داری۔ نازک زمانہ (ف) مذکر۔ مصیبت کا، بُرا یا خطرے کا وقت۔ نازک کام (د) مذکر۔ باریک یا ناپائدار کام۔ نازک کلامی۔ (ف، ع) مؤنّث۔ خوش گفتاری، نغز گوئی۔ نازک مزاج (دیکھیے "نازک دماغ")۔ نازک مزاجی (دیکھیے "نازک دماغی")۔

نازک مسئلہ۔ مذکر۔ دقیق مسئلہ، مشکل امر۔ نازک معاملہ۔ مذکر۔ خطرناک معاملہ، امرِ دشوار، ٹیڑھی بات، ٹیڑھی کھیر۔ نازک وقت۔ مذکر (دیکھیے "نازک زمانہ")۔ نازکی (ف) مؤنّث (۱) نزاکت، نرمی، ملایمت (۲) عمدگی، خوبی (۳) تنک مزاجی، لطافت، نفاست (۴) خود پسندی، خود بینی۔

نازل (نَا، زِلْ) (ع) اُترنے، نیچے آنے، وارد ہونے یا گزرنے والا۔

نازل ہونا (د) اُترنا، وارد ہونا، نیچے اور آسمان سے آنا۔ نازِلہ (۱) نازل شدہ، وارِدہ، ورود یافتہ (۲) مذکر۔ سانحہ، حادثہ، کم بختی، شامت، مصیبت۔

ناس (نَا سْ) (ہ) مؤنّث۔ نسوار، ہُلاس، سعوط، وہ پسا ہُوا تمباکو یا دوا، جو چھینکیں لینے کے لیے سونگھیں، سونگھنی۔ ناس داں، ناس دانی (۱، مذکر، ۲، مؤنّث) نسوار کی ڈبیا، نسوار رکھنے کا ظرف۔ ناس لینا (۱) نسوار سونگھنا (۲) سونگھنا۔

ناس (نَاسْ) (ہ) مذکر (۱) تباہی، خرابی، بربادی، ویرانی (۲) غارت (۳) نیست و نابود، معدوم (۴) نشٹ (کر دینا، کرنا، کھو دینا، کھونا، مارنا، مِلا دینا اور ہو جانا کے ساتھ)۔ ناسی (ہندو) ناس کرنے والا۔

ناس (نَاسْ) (ع) مذکر۔ انسان، آدمی، مانس، منش، منکھ (یہ اسم جنس ہے، جو واحد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے)۔

ناسا (نَا، سَا) (ہ) مذکر (پورب) (۱) بڑی ناک، ناکڑا (۲) ایک قسم کی پھنسی، جو ناک میں ہو جاتی ہے۔

ناسپال (نَا سْ، پَالْ) (ف) مذکر (۱) پوستِ انار، کچّے انار کا چھلکا، جو رنگ نکالنے کے کام آتا ہے (۲) کچّا انار (۳) (د) ایک قسم کی آتش بازی۔

ناسپالی۔ ناسپال کے رنگ کا، نسواری، سبزی مائل زرد۔

ناستک (نَا سْ، تِکْ) (س) مذکر (۱) ایشور اور پرلوک کو نہ ماننے والا، خدا پر یقین نہ کرنے والا، دہریہ، بے ایمان، بے دین، کافر، زندیق، ملحد (۲) فلاسفر۔ ناستِک مَت۔ مذکر۔ دہریوں کا مذہب، الحاد، کفر۔

ناسخ (نَا، سِخْ) (ع) (۱) تحریر کرنے والا، کاتب، کاپی لکھنے والا، خوش نویس، خطّاط (۲) منسوخ، رد اور نیست کرنے والا (۳) اردو کے ایک مشہور شاعر شیخ امام بخش لکھنوی ولد شیخ خدا بخش لاہوری کا تخلّص۔

ناسرہ (نَا، سَرَہْ) (ف) کھوٹا، کھوٹ مِلا یا مِلایا ہُوا، غیر خالص، جو کھرا نہ ہو۔

ناسک (نَا، سَکْ) (ہ) مذکر و مؤنّث۔ دیوار، پکّی عمارت کی برآمدگی۔

ناسِک (نَا، سِکْ) (ع) (۱) عبادت کرنے والا، عابد، زاہد (۲) خدا کی راہ میں قربانی کرنے والا۔

ناسوت (نَا، سُوْتْ) (ع) مذکر (۱) عالمِ اجسام، دنیا (۲) (مجازاً) شریعت، ظاہری عبادت۔

ناسور (نَا، سُوْرْ) (ع) مذکر۔ وہ زخم، جو ہمیشہ رِستا رہے اور کبھی اچھّا نہ ہو، پرانے زخم کا سوراخ، جس سے پیپ جاری رہے، بند کا ساگھاؤ، قرحہ (بھرنا،

پڑنا، ڈالنا کے ساتھ) ؛

ناشپاتی (نا شْ ، پا ، تی) (ت) مؤنّث ۔ ایک قسم کا مشہور پھل، جو امرود سے ملتا جُلتا اور کھٹ مٹھا ہوتا ہے ؛

ناشتا (نا ، شْتا) (ف) مذکّر (۱) بھوکا رہنا، صبح سے کچھ نہ کھایا ہوا ہونا ، نہار (۲) صبح کا تھوڑا سا کھانا ، نہاری ، چاشت ، چھوٹی حاضری (کرانا اور کرنا کے ساتھ) ؛

ناشی (نا ، شی) (ع) اُٹھنے یا پیدا ہونے والا ؛

ناصب (نا ، صِب) (ع) (۱) برپا یا قائم کرنے والا (۲) حرف پر زبر دینے والا ؛

ناصح (نا ، صِح) (ع) نصیحت کرنے والا ، پند گو ، واعظ ، صلاح کار ، اپدیش دینے والا ، اپدیشک ؛

ناصیہ (نا ، صِیَہ) (ع) مذکّر (۱) (لغوی) پیشانی کے بال (۲) (مجازی) پیشانی ، ماتھا ، جبیں ، جبہہ ؛ **ناصیہ سا** (ف) پیشانی رگڑنے والا ؛ **ناصیہ سائی** ۔ مؤنّث ۔ ماتھا رگڑنا ، جبیں سائی ، جبہہ سائی ؛ **ناصیہ فرسا** ۔ پیشانی گھِسنے والا ؛ **ناصیہ فرسائی** ۔ مؤنّث ۔ ماتھا گھِسنا ؛

ناطق (نا ، طِق) (ع) (۱) بولنے والا ، گویا (۲) (کنایۃً) دوسرے کو عاجز اور خاموش کر دینے والا (۳) منطق چھانٹنے والا ، صاحبِ عقل ، کلیات و جزئیات سمجھنے والا (۴) قرار واقعی ، قطعی ، مضبوط ، مستحکم ، اٹل ؛ **ناطِقَہ** ۔ مذکّر ۔ گویائی کی طاقت ، بات چیت کا ملکہ ؛ **ناطقہ بند کرنا** (و) بولنے کی مجال نہ رہنے دینا ، دم بند کرنا ؛ **ناطقہ بند ہونا** ۔ بولنے کی جرأت نہ ہونا ، عاجز ہونا ؛

ناظر (نا ، ظِر) (ع) (۱) نظر کرنے یا دیکھنے والا (۲) نگرانی کرنے والا (۳) وہ عہدہ دار ، جو ماتحت ملازموں کے کام کا نگراں رہے (۴) میر سامان (۵) خواجہ سرا ؛ **ناظِرَہ** ۔ مذکّر (۱) دیکھ کر پڑھنا (۲) دیکھنے کی قوّت ، قوّتِ باصرہ ؛ **ناظِرَہ پڑھنا** ۔ دیکھ کر پڑھنا ، دیکھ کر قرآن شریف پڑھنا ؛ **ناظِرَہ خواں** (ع ، ف) (۱) دیکھ کر پڑھنے والا (۲) قرآن مجید پڑھا ہوا ؛ **ناظِرَہ خوانی** ۔ مؤنّث ۔ دیکھ کر پڑھنا ؛ **ناظِرَہ کرنا** (و) مبتدی کا قرآن حکیم دیکھ کر پڑھنا ؛ **ناظِرِین** (ع) دیکھنے ، پڑھنے یا مطالعہ کرنے والے ؛

ناظم (نا ، ظِم) (ع) (۱) پرونے یا لڑی بنانے والا (۲) انتظام کرنے والا ، منتظم ، سربراہ کار ، منصرم ، کارکن (۳) نظم یا شعر کہنے والا ، شاعر (۴) معتمد ، سکرٹری ؛

ناظورہ (نا ، ظُو ، رَہ) (ع) مؤنّث (۱) جس کی عزّت سب سے زیادہ کی جائے (۲) سردار ، افسر (۳) مالنوں کی سردار (۴) خوب صورت عورت ؛

ناغہ (نا ، غَہ) (ت) مذکّر ۔ غیر حاضری ، تعطیل ، خالی دن ، بے کاری (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ؛ **ناغہ نویس** (ت ، ف) مذکّر ۔ وہ عہدہ دار ، جو ملازموں کی حاضری اور غیر حاضری لگاتا ہے ؛

ناف (نا ف) (ف) مؤنّث (۱) نابھ ، سونڈی ، ٹونڈی ، نال (۲) نال کی جگہ (۳) (مجازاً) بیچوں بیچ ، وسط ، درمیان ، مرکز ؛

ناف ٹلنا یا جانا یا ڈِگنا (و) بوجھ اٹھانے کے باعث ناف کی رگوں اور پٹھوں کا بے جگہ ہو جانا ، دھرن ٹلنا ؛ **نافِ زمین** (ف ، مؤنّث (۱) مرکزِ زمین ، دھرتی کا بیچ (۲) کعبہ شریف ، مکّۂ معظمہ ؛

نافذ (نا ، فِذ) (ع) (۱) جاری اور صادر ہونے یا نفوذ کرنے والا (۲) جاری ، مؤثّر ؛ **نافذ کرنا** (و) جاری یا صادر کرنا ؛

نافر (نا ، فِر) (ع) نفرت کرنے والا ، گھِن کھانے والا ، اس جگہ زیادہ تر متنفر مستعمل ہے ؛

نافع (نا ، فِع) (ع) (۱) نفع دینے والا ، فائدہ مند ، مفید ، سود مند (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ؛

نافلہ (نا ، فِلَہ) (ع) مذکّر ۔ وہ عبادت ، جو واجب یا فرض نہ ہو ؛ **نافلۂ اشراق** ۔ مذکّر ۔ طلوعِ آفتاب کے بعد کی نمازِ نفل ؛

نافہ (نا ، فَہ) (ف) مذکّر ۔ مُشک کی تھیلی ، مُشک نافہ ، آہوئے تاتار کی ناف کا خون ؛

نافی (نا ، فی) (ع) نفی کرنے والا ؛

ناقد (نا ، قِد) (ع) نقد و نظر یا تنقید کرنے والا ، پرکھنے والا ، روپے اشرفی وغیرہ کا کھوٹا کھرا پن جانچنے یا پرکھنے والا ؛

ناقص (نا ، قِص) (ع) (۱) غیر مکمّل ، ادھورا ، کم ، ناتمام (۲) عیبی ، عیب دار (۳) غیر خالص ، کھوٹا (۴) نکمّا ، خراب ، ناکارہ (۵) علمِ صرف عربی میں وہ لفظ ، جس کا آخری حرف حرفِ علّت ہو ؛ **ناقص الخلقت** ۔ وہ جس کا کوئی عضو پیدائشی ناقص ہو ، جنم کا عیبی ؛ **ناقص العقل** (۱) جس کے قوائے عقل میں فتور ہو ، کم عقل ، کُند ذہن (۲) (معناً) عورت ؛ **ناقص کرنا** (و) خراب کرنا ، بگاڑنا ، نکمّا کرنا ، کھوٹ ملانا ؛ **ناقص ہونا** ۔ خراب ہونا ، بگڑنا ، ناس ہونا ، نکمّا ہونا ؛

ناقل (نا ، قِل) (ع) (۱) نقل یا بیان کرنے والا (۲) روایت کرنے والا ، راوی ؛

ناقوس (نا ، قُوس) (ع) مذکّر ۔ سنکھ ، جو ہندو پوجا کے وقت بجاتے ہیں ، نرسنگھا ؛ **ناقوس پھُنکنا** (و) سنکھ بجنا ؛ **ناقوس پھونکنا** ۔ سنکھ بجانا ("ناقوس بجانا" اور "ناقوس بجنا" دونوں متروک ہیں ۔) ؛

ناقہ (نا ، قَہ) (ع) مذکّر ۔ اونٹنی ، سانڈنی ؛ **ناقہ سوار** (ع ، ف) مذکّر (۱) سانڈنی سوار (۲) (مجازاً) قاصد ؛

ناک (ناکْ) (ہ) مؤنّث (۱) بِینی ، انف ، ایک عضو ، جس کے رستے سے دماغ کا پانی نکلتا اور سانس آتا جاتا ہے (۲) (کنایۃً) نمود کی چیز ، ممتاز انسان (۳) شرم ، غیرت ، لاج ، لحاظ (۴) آبرو ، عزّت ، عظمت ، بزرگی (۵) زیب ، زینت ، آرائش ، باعثِ فخر ؛ **ناک آنا** ۔ ناک سے آلائش گرنا ، ناک بہنا ، سنک آنا ؛ **ناک اِدھر کہ ناک اُدھر** ۔ مثل ۔ مطلب ہر طرح ایک ہی ہے ؛ **ناک اُڑا دینا** (۱) ناک کاٹ ڈالنا (۲) (کنایۃً) کسی کو ذلیل کرنا ؛ **ناک اونچی ہونا** ۔ عزّت بڑھنا ، سرخروئی ہونا ، بول بالا ہونا ؛ **ناک بند** (ہ) مذکّر ۔ گھوڑے کی موہری ؛ **ناک بند ہونا** ۔ زکام کے باعث سانس کا تنگی سے آنا جانا ، زکام ہونا ؛ **ناک بہنا** (ہ) ناک سے ریزش گرنا یا رطوبت آنا ؛

ناک بھوں چڑھانا یا سکیڑنا (کنایۃً) خفا، ناراض، آزردہ، بیزار، ترش رو یا بدمزہ ہونا، بگڑنا، تیوری چڑھانا ✤ **ناک بیٹھ جانا یا بیٹھنا یا پچکنا**۔ چوٹ یا بیماری کے باعث ناک کا چپٹا ہو جانا ✤ **ناک بیندھنا**۔ ناک میں سوراخ کرنا، ناک چھیدنا ✤ **ناک پاک کرنا** (و) ناک سنکنا، ناک صاف کرنا ✤ **ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا** (ہ) عورتوں یا زنخوں کی طرح بات کرنا ✤ **ناک پر پہیّا پھر جانا**۔ ناک کا چپٹا ہو جانا یا بیٹھ جانا ✤ **ناک پر دیا جلا کر آنا** (طنزاً، عو) ناک روشن کر کے یا سرخرو ہو کر آنا۔ بارسوخ اور خیر خواہ بن کر آنا ✤ **ناک پر (ٹکا) رکھ دینا** (کنایۃً) کسی چیز کی قیمت، دام یا اُجرت فوراً ادا کر دینا ✤ **ناک پر غصّہ ہونا** (و) جلد غصّے ہونا، ذرا ذرا سی بات پر بگڑنا، بہت جلد خفا ہونا ✤ **ناک پر کی مکھی تک نہ اُڑانا** (ہ) (کنایۃً) بہت سست یا کاہل ہونا ✤ **ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا** (کنایۃً) کسی کا ذرا سا بھی احسان نہ اٹھانا، بیحد غیرت مند ہونا ✤

ناک پکڑے دم نکلنا (و) (کنایۃً) بالکل بے جان ہونا، حد سے زیادہ لاغر اور ناتواں ہونا ✤ **ناک پھلانا** (ہ) غرور سے ناک کو پُر باد کرنا ✤

ناک تو کٹی پر وہ بھی مر لیے (طنزاً) (دہلی) ہمارا تھوڑا نقصان دوسرے کے بڑے نقصان کا باعث ہوا ✤ **ناک چڑھانا** (کنایۃً) (۱) تیوری چڑھانا، خفا ہونا، بگڑنا (۲) کراہت، نفرت یا ناپسند کرنا، حقیر جاننا ✤ **ناک چڑھی رہنا** (عو) تیوری چڑھی رہنا، بدمزاج بنا رہنا ✤ **ناک چنے چبوانا** (کنایۃً) بے حد تکلیف دینا، سخت تنگ کرنا، عاجز کر دینا ✤ **ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا** (عو) نہایت بے عزّت اور رسوا کرنا، سخت سزا دینا ✤ **ناک چوٹی کٹوانا**۔ "ناک چوٹی کاٹنا" (بے آبرو اور ذلیل و رسوا کرنا) کا متعدّی ✤ **ناک چوٹی (میں) گرفتار رہنا (ہونا)** (و) (عو) (۱) بے حد نازک مزاج اور دماغ دار ہونا، صاحب غیرت اور مغرور ہونا (۲) اپنے ہی بکھیڑوں میں گرفتار ہونا ✤

ناک چھنکنا (لکھنؤ) ناک کو ہاتھ سے پکڑ کر اس کی رطوبت صاف کرنا (دہلی میں "ناک سنکنا" کہتے ہیں) ✤ **ناک چھی جانا**۔ ناک کے سوراخ کا بڑھ جانا ✤

ناک رکھ لینا۔ بات، عزّت یا ساکھ رکھ لینا ✤ **ناک رکھنا**۔ لحاظ یا عزّت رکھنا ✤ **ناک رگڑنا** (۱) زمین پر ناک گھسنا (۲) (کنایۃً) نہایت مِنّت سماجت یا خوشامد کرنا ✤ **ناک رگڑے کا بچّہ** (و) مذکّر (دہلی) وہ بچّہ، جو بہت زیادہ دعاؤں سے مَنّتیں مان کر پیدا ہوا ہو۔ اللہ آمین کا بچّہ ✤

ناک ساکھ رکھنا (ہ) اپنی عزّت بچانا، نیک نامی حاصل کرنا ✤

ناک سکوڑنا یا سکیڑنا۔ دیکھیے "ناک چڑھانا" ✤ **ناک سنکنا**۔ ناک صاف یا پاک کرنا ✤ **ناک سے لکیریں کھینچنا**۔ اپنا قصور مان کر آئندہ کے لیے توبہ کرنا ✤ **ناک کا بال**۔ مذکّر (کنایۃً) وہ شخص، جو کسی کا نہایت مقرّب ہو۔ وہ جو کسی کے مزاج میں بہت دخل رکھتا ہو۔ معتمد علیہ، مُنہ چڑھا ✤

ناک کا بانسا (ہ) مذکّر۔ دونوں نتھنوں کی درمیانی دیوار ✤ **ناک کا بانسا پھر جانا**۔ دونوں نتھنوں کی درمیانی دیوار کا ٹیڑھا ہو جانا۔ موت کی علامت ظاہر ہونا ✤

ناک کا تنکا۔ مذکّر۔ وہ تنکا، جو لڑکیاں یا عورتیں ناک کے چھید میں ڈال لیتی ہیں تاکہ سوراخ بند نہ ہو جائے ✤ **ناک کاٹ چوتڑوں تلے رکھنا** (عو) عوام، بازاری) بے شرمی، بے حیائی اور بے غیرتی اختیار کرنا ✤ **ناک کاٹنا** (۱) کسی چیز سے ناک تراش دینا (۲) (کنایۃً) رسوا، بدنام یا بے عزّتی کرنا ✤ **ناک کاٹی مبارک، کان کاٹے سلامت** (و) مثل۔ سخت بے حیا و بے غیرت کے متعلق بولتے ہیں، جسے سزا کی بھی کچھ پروا نہیں ہوتی ✤ **ناک کان کاٹنا** (ہ) (عو) (۱) نکٹا اور بوچا بنانا (۲) (کنایۃً) بے عزّت، رُسوا، تضحیک یا فضیحت کرنا ✤ **ناک کٹانا** (عوام، عو) رسوا یا بدنام ہونا ✤ **ناک کٹنا** (عو) (۱) ناک ترشنا (۲) (کنایۃً) رسوائی، بے عزّتی ہونا، آبرو جانا، کسی کے آگے ذلیل و خوار اور خفیف و سبک ہونا ✤ **ناک کٹی**۔ مؤنّث (عو) بے عزّتی، خواری، رسوائی، بدنامی (ہونا کے ساتھ) ✤ **ناک کٹے**۔ اُس کی عزّت جائے، رسوائی ہو ✤ **ناک کی پھنگی**۔ مؤنّث۔ ناک کی نوک ✤ **ناک کی سیدھ (میں)** ٹھیک سامنے، سیدھے خط میں ✤ **ناک کے پھیر سے بیان کرنا** (و) سیدھی اور صاف بات طول دے کر بیان کرنا ✤ **ناک گھسنا** (ہ) عاجزی یا مِنّت سماجت کرنا ✤

ناک لگا کر بیٹھنا۔ عزّت لے کر بیٹھنا، صاحب عزّت ہونا، معزز بننا ✤ **ناک مارنا**۔ حقارت کی نظر سے دیکھنا، ناپسند کرنا، اکراہ کرنا ✤

ناک میں بولنا۔ غنغنانا، گنگنانا، غُن میں کرنا ✤ **ناک میں تیر دینا (کرنا)** (و) (عو) بُری طرح دِق یا بے حد تنگ کرنا ✤ **ناک میں دم آجانا یا آنا**۔ تنگ یا دِق ہو جانا، جان سے عاجز آ جانا ✤ **ناک میں دم آنے لگنا**۔ دم اُلجھنے لگنا، جی گھبرانے لگنا ✤ **ناک میں دم کرنا** (عو) حیران یا دِق کرنا، ستانا ✤

ناک میں دم لانا۔ دِق کرنا، ستانا، تنگ یا حیران کرنا ✤ **ناک میں دم ہونا**۔ بے حد آزردہ اور خفا ہونا، دِق یا بیزار ہونا، گھبرانا، نہایت عاجز ہونا، زندگی سے تنگ آنا ✤ **ناک نہ دی جانا** (ہ) کسی جگہ بدبو کے مارے ناک نہ دے سکنا، کوئی چیز بدبو کے باعث سونگھ نہ سکنا ✤ **ناک نہ رہنا** (عو) عزّت یا غیرت نہ رہنا ✤ **ناک والا**۔ غیرت یا عزّت والا، باعزّت ✤ **ناک والی**۔ عزّت یا غیرت والی ✤ **ناکڑا**۔ مذکّر۔ بڑی ناک ✤ **ناکوں ناک**۔ مُنہا مُنہ، لبالب، لبریز ✤ **ناکوں ناک بھر دینا**۔ مُنہا مُنہ بھر دینا، لبالب بھر دینا، لبریز کر دینا ✤ **ناکوں ناک پیٹ بھر لینا یا بھرنا یا کھانا**۔ سیر ہو کر کھانا، اِتنا کھانا کہ حلق تک آجائے، خوب چھک کر کھانا، اَگھانا ✤

ناکا (نَا، کَا) (ہ) مذکّر (۱) چُنگی کی چوکی، جہاں محصول لیا جاتا ہے۔ راہداری یا اَور قسم کا محصول لینے کی جگہ (۲) گلی کوچے یا شہر کا دروازہ (۳) راستے کی حد، گزرگاہ، داخلہ، راستہ، سرا، مُہرا، دَر (۴) سوئی کا چھید (۵) انجام، انتہا (۶) مگرمچھ (۷) پولیس سٹیشن (۸) کانسٹیبل، چوکیدار وغیرہ کے کھڑے رہنے کی جگہ ✤ **ناکا بندی** (و) مؤنّث۔ راستہ بند کرنا، حد بندی ✤ **ناکا (ناکے) دار** (۱) وہ سوئی، جس میں ناکا ہو (۲) محررِ محصول، جو گزرگاہوں پر رہتا ہے (۳) تعلقہ دار، علاقہ دار، ضلع دار ✤ **ناکا روکنا**۔ مُہرا روکنا ✤ **ناکا سنبھالنا**۔ راستہ روکنا، راستے پر پہرا بٹھا دینا، راستے کی حفاظت کرنا ✤ **ناکے** (۱) مذکّر۔ ناکا کی جمع (۲) ناکا کی صورت حرفِ جار سے پہلے ✤ **ناکے میں سے نکالنا** (۱) سوئی کے سوراخ میں سے نکالنا (۲) (کنایۃً) دِق کرنا، تنگ پکڑنا،

(۱) معنی میں عورتوں کی زبان پر "نا" کے میں کو نکلتا ہے، (۲) درست کرنا، سیدھا بنانا، جسر سی میں سے نکالنا (۴) مجبور کرنا ۔

ناکح (نا۔ کِح) (ع) (۱) پیوند کرنے والا (۲) نکاح یا بیاہ کرنے والا ۔

ناکو (نا۔ کو) (ہ) مذکر۔ مگرمچھ، گھڑیال، نہنگ، شیرِ دریا ۔

ناگ (ناگ) (س) مذکر (۱) کالا سانپ، پھن والا سانپ (۲) معلق سانپ (۳) ہاتھی (۴) بادل (۵) ظالم آدمی (۶) ہندوستان کے اصل باشندے (۷) امریکہ کے اصلی باشندے (۸) وہ دونوں بھونریاں، جو گھوڑے کی ایال کی جڑ میں دونوں طرف ہوں ۔ **ناگ بھاشا** (ہ) مؤنث (۱) پاتال والوں کی بولی (۲) امریکہ کے اصلی باشندوں کی زبان ۔ **ناگ پنچمی**۔ مؤنث۔ ہندوؤں کا ایک تہوار، جس میں وہ سانپ کو پوجتے اور دودھ پلاتے ہیں ۔

ناگ پھانس۔ مذکر۔ کمند، برن دیوتا کا ہتھیار، پھانسی، پھندا ۔

ناگ پھنی۔ مذکر و مؤنث۔ ایک قسم کا تھوہر، جس کے پتے سانپ کے پھن جیسے ہوتے ہیں ۔ **ناگ کھلانا** (۱) جان جوکھوں کا کام کرنا، خطرناک کام اختیار کرنا، اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا (۲) سخت بدمزاج حاکم کی نوکری کرنا (۳) دھات پھونکنا (۴) کوئی مشکل یا نازک کام کرنا ۔

ناگن (ہ) مؤنث (۱) ناگ کی مادہ، سانپنی (۲) گردن کے بالوں کی بھونری، جو منحوس خیال کی جاتی ہے (۳) (تشبیہاً) سیاہ زلف ۔ **ناگنی**۔ مؤنث دیکھیے "ناگن" (۲ و ۳) ۔

ناگا (نا۔ گا) (ہ) مذکر (۱) جوگی، سنیاسی فقیر، جو ننگے رہتے ہیں (۲) ایک وحشی قوم، جو آسام کے جنوبی پہاڑوں میں بستی رہتی اور ناگ کی پرستش کرتی ہے ۔

ناگر (نا۔ گر) (ہ) مذکر (۱) شہر، بڑی آبادی، قصبہ (۲) ہوشیار، چالاک (۳) گجراتی برہمنوں کی ایک ذات (۴) دیوار کی تیڑھ، جو زمین کی کمی بیشی کے باعث ہوتی ہے (۵) بڑا، کلاں ۔ **ناگر بیل**۔ مؤنث۔ پان کا پودا یا بیل ۔ **ناگر پان**۔ مذکر۔ پان کا پتا، عمدہ اور بڑا پان ۔ **ناگر موتھا**۔ مذکر۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ ۔

ناگری (ناگ۔ رِی) (س) مؤنث (۱) سنسکرت کے حروفِ تہجی (۲) ہندی بھاشا ۔

ناگل (نا۔ گل) (ہ) مذکر (۱) ہل، قلبہ (۲) جوئے کی رسی، جس سے بیل جوڑتے ہیں ۔

ناگور (نا۔ گور) (ہ) مذکر۔ مارواڑ کا ایک چھوٹا سا شہر۔ یہاں کے بیل صورت، شکل، قد و قامت اور ڈیل ڈول میں سارے ہندوستان کے بیلوں سے بہتر ہوتے ہیں ۔

ناگوری (۱) ناگور کا، منسوب بہ ناگور (۲) ناگور کا بیل (۳) ایک قسم کا جوتا ۔ **ناگوری بیل**۔ مذکر (۱) ناگور کا بیل، جو خوب موٹا تازہ، قد آور اور بڑے بڑے سینگوں والا ہوتا ہے (۲) (کنایۃً) لمبا اور بے وقوف شخص ۔

ناگول (نا۔ گول) (ف، ناغول) مؤنث (عوام) چھت والا زینہ، ممٹی ۔

ناگیسر (نا۔ گے۔ سَر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول اور اس کا پودا ۔

نال (نال) (ہ) مؤنث (۱) بندوق کی نالی (۲) مذکر و مؤنث۔ ناف۔ آنول نال، وہ آنت، جو دائی بچے کی ناف میں سے کاٹتی ہے (۳) مؤنث۔ گیہوں کے پودے کی ڈنڈی، گھاس وغیرہ کی ڈنڈی (۴) (پنجاب) ساتھ، ہمراہ ۔

نال کٹائی۔ مؤنث۔ نال کاٹنے کی اجرت، دائی کا وہ حق، جو بچہ جنانے اور نال کاٹنے کی بابت دیا جاتا ہے ۔ **نال گڑنا** (۱) بچے کی نال کا ناف سے کاٹ کر زمین میں دبایا جانا (۲) دعویٰ، تعلق یا کسی مقام پر استحقاق ہونا (۳) زاد و بوم ہونا ۔

نال (نال) (ف) مذکر (۱) شورت جیسا ریشہ، جو قلم میں سے تراشتے وقت نکلتا ہے (۲) نرسل، نے ۔

نالا (نا۔ لا) (ہ) مذکر (۱) رنگین گنڈے دار سوت، مولی (۲) ازار بند (۳) برساتی ندی یا نہر، چھوٹا دریا، کھالا ۔

نالاں (نا۔ لاں) (ف) (۱) روتا ہوا (۲) واویلا کرنے والا، فریادی، شاکی، عاجز، تنگ ۔

نالش (نا۔ لِش) (ف) مؤنث (۱) گریہ وزاری، رونا (۲) فریاد، دہائی، شکایت (۳) دعویٰ، استغاثہ، حق طلبی ۔ **نالشِ استردادِ دعویٰ**۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ دعویٰ واپس لینے کی عرضی ۔ **نالشِ استقرارِ حق**۔ مؤنث۔ حق برقرار رکھنے کی نالش ۔ **نالش دائر کرنا یا کرنا** (۱) استغاثہ کرنا۔ دعویٰ دائر یا عدالت میں دعویٰ پیش کرنا (۲) فریاد کرنا ۔ **نالشِ مفلسی** (ف) مؤنث۔ مفلس ہونے کی حالت میں نالش، جس میں مقدمہ دائر کرتے وقت عدالت کی رسوم ادا نہ کی جائے ۔

نالشا نالشی یا نالشا نولشی (ہ) مؤنث۔ عدالتا عدالتی، باہمی جھگڑے کے سبب عدالت میں دوڑنا ۔ **نالشی** (ف) (۱) دعویدار، مستغیث (۲) فریادی، شکایت کرنے والا ۔

نالکی (نال۔ کی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی کھلی سواری، جس میں امیروں کی عورتیں سوار ہوتی ہیں، تام جھام ۔

نالوٹ (نا۔ لوٹ) (ہ) مذکر۔ انکاری، منکر، مکر جانے والا (ہو جانا کے ساتھ) ۔

نالہ (نا۔ لہ) (ف) مذکر (۱) آہ و بکا، فریاد و زاری، واویلا، ہائے۔ آہ (۲) فغاں، شور، غل غپاڑا، اودھم ۔ **نالہ سر کرنا** (و) آہ کھینچنا یا بھرنا ۔ **نالۂ شب گیر** (ف) مذکر۔ وہ فریاد و زاری، جو پچھلے پہر صبح ہونے سے پہلے کی جائے ۔ **نالہ کرنا** (و) آہ، آہ و بکا یا گریہ وزاری کرنا ۔ **نالہ کش**۔ ف۔ آہ و فغاں کرنے والا ۔ **نالہ کھینچنا** (و) آہ بھرنا یا کرنا ۔ **نالہ گر** (ف) نالہ کرنے والا ۔ **نالہ نکلنا** (و) دردناک آواز کا منہ سے نکل جانا ۔

نالی (نا۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) موری، بدرَو، پانی نکلنے کی راہ، وہ راہ، جو زمین کھود کر پانی نکالنے کے لیے بناتے ہیں (۲) مرد کے سینے کا درمیانی حصہ، جو گہرا ہوتا ہے (۳) وہ گڑھا، جو پہلوان ورزش کے لیے زمین میں کھود لیتے اور اس کے دونوں کناروں پر ہاتھ رکھ کر ورزش کرتے ہیں (۴) نالی کی صورت کا کھپا (۵) وہ گہرا حصہ، جو گھوڑے کی پیٹھ پر شانے سے دُم تک ہوتا ہے ۔ **نالی دار** (و) وہ چیز، جس میں نالی نی ہو ۔

نام (نام) (ف) مذکر (۱) اسم، ذات (۲) لقب، خطاب، کنیت (۳) شہرت، شہرہ، ناموری (۴) آبرو، عزت، ساکھ (۵) یادگار، یاد (۶) نسل، خاندان، اولاد (۷) الزام، تہمت (۸) صرف کہنے کو، برائے نام (۹) ذمے ۔ **نام آسمان پر ہونا** (و) (کنایۃً) نام بلند یا بہت مشہور ہونا ۔

نام آور (ف) مشہور و معروف، نامی گرامی، نامور ﴿ نام آوری ۔مؤنث۔
شہرت، ناموری ﴿ نام اُٹھنا (ل) (۱) مُہر کا نقش اچھی طرح کاغذ وغیرہ پر
آجانا (۲) نام نہ رہنا، نام مٹنا، اس جگہ "نام اٹھ جانا" بیشتر مستعمل ہے ﴿
نام اُچھالنا (۱) نام روشن کرنا (۲) تشہیر یا رسوائی کرنا ﴿ نام اُچھلنا۔
بُرائی کے ساتھ نام مشہور ہونا ﴿ نام باقی رہنا (۱) نام قائم یا بنا رہنا (۲)
مرنے کے بعد نام لیا جانا (۳) شہرت اور یادگار باقی رہنا (۴) نام ہی نام
رہنا، نام کے سوا کچھ نہ رہنا ﴿ نام بتانا ۔ نام ظاہر کرنا، نام لینا، واقفیت
جتانا ﴿ نام بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا، الزام دھرنا، عیب، داغ یا بٹا لگانا ﴿
نام بدنام ہونا، لازم ﴿ نام بُردہ (ف) ذکر شدہ، مذکور، وہ شخص جس کا
ذکر اوپر آیا ہو ﴿ نام بڑا اور سا ورشن تھوڑے (و) مثل ۔ جتنا نام ہے،
اُتنا کام نہیں۔ نام کے موافق حیثیت نہیں ﴿ نام بڑا ہونا (۱) کسی اچھی بات
کے لیے مشہور ہونا (۲) اونچے گھرانے سے تعلق رکھنا ﴿ نام بِکنا ۔ نام کی شہرت
سے چیز بِکنا، نام کی قدر ہونا ﴿ نام بگاڑنا (۱) نام بدنام کرنا، نام کو بٹا لگانا
(۲) بُری طرح نام لینا ﴿ نام بلند کرنا ۔ نام کو شہرت دینا، نام مشہور کرنا ﴿
نام بلند ہونا ۔ لازم ﴿ نام بنام (ف) نام وار، اسم وار، ہر ایک کو،
ہر ایک کے نام کے ساتھ ﴿ نام بھی نہ لینا (و) (کنایۃً) کمال تنفر اور بیزاری
ظاہر کرنا ﴿ نام پانا ۔ ناموری حاصل کرنا، مشہور ہونا، شہرت پانا ﴿ نام پر
(۱) شہرت کے لیے (۲) واسطے سے، طفیل میں (۳) کسی کے نام کی تعظیم یا تحقیر
کے لیے ﴿ نام پر بیٹھنا (۱) نام کا پاس اور لحاظ کر کے مستقل رہنا (۲)
بھروسا کرنا، متوکل ہونا ﴿ نام پر پاپوش بھی (پیزار، جوتی) نہ مارنا (کنایۃً)
کمال ناراض یا بیزار ہونا، کسی کو نہایت بے وقعت سمجھنا ﴿ نام پر جان دینا ۔
نام پر مرنا، شہرت پر مٹنا، ناموری یا شہرت کے لیے انتہائی کوشش کرنا ﴿
نام پر حرف آنا ۔ بدنام یا رسوا ہونا ﴿ نام پر مٹنا ۔ کسی چیز کے نام پر
فریفتہ ہونا، حد درجہ مائل ہونا ﴿ نام پر مرنا ۔ نام پر فدا ہونا، کسی چیز یا شخص
کی طرف کمال رغبت ہونا ﴿ نام پڑ جانا ۔ کسی نام سے مشہور ہو جانا، عرف
ہو جانا ﴿ نام پکارنا ۔ نام سے بُلانا، نام لے کر آواز دینا ﴿ نام پیدا کرنا ۔
شہرت یا ناموری حاصل کرنا، مشہور خلائق ہونا ﴿ نام جاگنا ۔ شہرت کم ہونے
کے بعد پھر زیادہ ہو جانا، پھر نام مشہور ہونا، نام زندہ ہونا ﴿ نام جپنا (۱)
نام کی تسبیح کرنا (۲) بار بار نام لینا، نام رٹنا ﴿ نام جُو ۔ ناموری چاہنے والا،
نام کا خواہاں ﴿ نام چار کو ۔ نام گنانے کو، برائے نام، ذرا سا ﴿ نام چڑھانا ۔
دفتر میں نام لکھنا، نام داخل کرنا ﴿ نام چڑھنا ۔ دفتر میں نام لکھا جانا، نام
درج ہونا ﴿ نام چڑھوانا ۔ "نام چڑھانا" کا متعدی ﴿ نام چلا جانا یا چلنا ۔
نام کی یادگار رہنا، نام قائم یا باقی رہنا ﴿ نام چمکنا ۔ نیک نام ہونا ﴿
نام حاصل کرنا ۔ شہرت پانا ﴿ نام حاصل ہونا ۔ لازم ﴿ نام خاک میں
مل جانا ۔ شہرت باقی نہ رہنا ﴿ نامِ خدا (ف) (۱) (مجازاً) ماشاء اللہ، خدا چشمِ زخم
سے محفوظ رکھے، چشم بددور (۲) کیا کہنے ہیں، کیا بات ہے، واہ وا،
مرحبا، سبحان اللہ، آفرین ہے، شاباش ﴿ نام خراب کرنا (و) (۱)

رسوا یا بدنام کرنا (۲) بدنام ہو جانا ﴿ نام داخل (درج) کرنا ۔ رجسٹر وغیرہ میں
نام لکھنا ﴿ نام دار (ف) نامی، نامور، مشہور ﴿ نام دھرتا ۔ مذکر (ہندی)
نام رکھنے والا، باپ، پدر ﴿ نام دھرنا (۱) نام مقرر یا تجویز کرنا، نام رکھنا
(۲) نکتہ چینی کرنا، بُرا کہنا، عیب لگانا (۳) الزام رکھنا (۴) مول مانگنا، قیمت
مقرر کرنا ﴿ نام دینا ۔ اللہ تعالیٰ کا کسی کو کسی کمال یا فن میں شہرۂ آفاق کر دینا ﴿
نام ڈبونا (۱) خود بدنام یا رسوا ہونا (۲) اوروں کو بدنام یا رسوا کرنا ﴿
نام ڈوبنا ۔ نام بدنام ہونا، عزت جانا، رسوائی ہونا ﴿ نام رٹنا ۔ زبان پر نام
کا بار بار لانا ﴿ نام رکھنا (دیکھیے "نام دھرنا") ﴿ نام روشن کرنا (۱) نیک نامی
سے مشہور کرنا (۲) (طنزاً) بدنام یا رسوا کرنا ﴿ نام روشن ہونا (لازم) ﴿
نام رہ جانا یا رہنا ۔ نام باقی یا یادگار رہ جانا، نام بنا رہنا ﴿ نام زبان پر پھرنا
(ع) زبان پر نام آنا ﴿ نام زد (ف) (۱) موسوم، مخصوص، معین (۲) منسوب لڑکی،
جس کی منگنی ہو چکی ہو (۳) لشکر، جو کسی مہم پر مقرر ہو چکا ہو (۴) قرار داد ﴿
نام زد کرنا (و) (۱) کسی کے نام کرنا، معنون کرنا، ڈیڈیکیٹ کرنا (۲) موسوم کرنا،
نام رکھنا، کسی نام سے مشہور کرنا (۳) منسوب کرنا (۴) مقرر کرنا (۵) نسبت کر دینا
(۶) کسی کے نام نہاد کر دینا ﴿ نام زد ہونا (لازم) ﴿ نام زندہ کرنا (۱)
گمنامی کی حالت سے نکالنا، مشہور کرنا، نام روشن کرنا (۲) یاد تازہ کرنا ﴿
نام زندہ ہونا (لازم) ﴿ نام سننا ۔ صرف نام سے واقف ہونا، محض نام کی
جان پہچان ہونا، شہرت سننا ﴿ نام سے (۱) نام لے کر، نام پر، طرف سے
(۲) نام کے طفیل، نام کی بدولت (۳) نام کے ساتھ، نام لینے سے (۴) حیلے یا
بہانے سے (۵) لقب یا خطاب سے ﴿ نام سے آشنا ہونا ۔ تھوڑی سی واقفیت
ہونا ﴿ نام سے بِکنا (کنایۃً) نام کی شہرت کے باعث کسی چیز کا زیادہ فروخت
ہونا ﴿ نام سے بھاگنا ۔ کمال بیزار ہونا ﴿ نام سے بیزار ہونا ۔ بے حد متنفر
ہونا، نام کا روادار نہ ہونا ﴿ نام سے تپ چڑھنا (کنایۃً) کسی شخص یا چیز
سے نہایت خوف زدہ ہونا ﴿ نام سے جلنا ۔ سخت بیزار ہونا ﴿
نام سے دم نکلنا ۔ نام سے کانپنا، کسی سے نہایت ڈرنا، بے حد خوف کھانا،
کمال دہشت غالب ہونا ﴿ نام سے کان پکڑنا (کنایۃً) استادی یا کمال کا قائل
ہونا ﴿ نام سے کانپنا (کنایۃً) کمال خائف ہونا ﴿ نام سے کانوں پر ہاتھ
دھرنا (کنایۃً) انتہائی نفرت و بیزاری کا اظہار کرنا ﴿ نام سے نفرت ہونا ۔
نام سے چڑ ہونا، بے حد نفرت ہونا ﴿ نام کا (۱) حصے کا (۲) (کنایۃً) آفت کا
پرکالہ ("اپنے" کے ساتھ) ﴿ نام کا سکہ جاری ہونا یا چلنا (۱) کسی کے نام کا سکہ
رائج ہونا (۲) (کنایۃً) نہایت رعب داب ہونا ﴿ نام کا کتا نہ پالنا ۔ نہایت بیزار یا
بے حد متنفر ہونا، کسی کے نام سے اس قدر نفرت کرنا کہ اس نام کا کتا بھی ہو تو نہ
پالنا ﴿ نام کا وظیفہ ۔ مذکر ۔ کسی کا نام بار بار رٹنا ﴿ نام کر جانا ۔ یادگار چھوڑ جانا،
کمال شہرت اور ناموری سے زندگی بسر کر جانا ﴿ نام کرنا (۱) شہرت یا نیک نامی
حاصل کرنا، مشہور ہونا (۲) (طنزاً) بدنام ہونا (۳) دوسرے کا نام لگانا، کسی کو
الزام دینا (۴) (گنوار) نام رکھنا، ٹھہرانا یا مقرر کرنا (۵) کسی کے ذمے
ڈالنا، کسی کے لیے مخصوص کرنا ﴿ نام کو (۱) برائے نام، کہنے کو، نام نہاد

(۲) اپنی ذات کا، اپنے قول یا اپنی بات کا ؛ نام کو بٹّا یا دھبّا لگانا۔ نام بدنام کرنا، عیب لگانا ؛ نام کو مرنا۔ نام کے پیچھے جان دینا، ناموری اور عزّت کی پاس داری کرنا ؛ نام کو نہ چھوڑنا۔ بالکل نہ چھوڑنا، ذرا باقی نہ رکھنا، ناپید کر دینا ؛ نام کو نہ رہنا۔ بالکل نہ رہنا، ذرا نہ رہنا، خاتمہ ہو جانا ؛ نام کو نہ ملنا۔ بالکل نہ ملنا، مطلق نہ پایا جانا ؛ نام کو نہ ہونا۔ ذرا نہ ہونا، قطعاً نہ ہونا ؛ نام کو نہیں۔ برائے نام نہیں، مطلق نہیں، بالکل نہیں ؛

نام کی بھول یا چوک۔ مؤنّث۔ نام کی غلطی، سہوِ نام ؛ نام کی رٹ۔ مؤنّث۔ کسی کا نام جپنا، کسی کے نام کا ورد کرنا، کسی کو ہر وقت یاد کرنا ؛ نام لکھنا (۱) نام درج کرنا، چڑھانا یا تحریر کرنا (۲) کوئی چیز کسی کے ذمّے کرنا ؛ نام لگانا۔ الزام دھرنا، قصور ڈالنا، تہمت جوڑنا ؛ نام لگنا (لازم) ؛ نام لے کر (۱) نام سے، نام کی بدولت (۲) (کنایۃً) تعظیم سے یا برکت کے لیے کسی کامل کا نام لے کر یا کسی کو استاد اور کامل مان کر ؛ نام لینا (۱) نام جپنا، نام کی تسبیح کرنا، نام رٹنا (۲) نام پکارنا، نام زبان پر لانا (۳) تہمت لگانا، الزام دھرنا (۴) (کنایۃً) کسی کے کمال اور استادی کا قائل ہونا (۵) کسی کا ذکر کرنا (۶) کوئی چیز کسی کے نام سے مول لینا (۷) واسطہ دینا ؛ نام لیوا (۱) نام لینے یا یاد کرنے والا (۲) یادگار، بیٹا، اولاد، وارث ؛ نام لیوا نہ پانی دیوا۔ مثل۔ سب مر گئے، کوئی باقی نہ رہا، نیست و نابود ہو گئے ؛ نام مٹنا۔ نام جاتا رہنا، نام نہ رہنا، گمنام ہونا ؛ نام میرا گاؤں تیرا۔ مثل۔ کوئی کمائے، کوئی اُڑائے۔ خود مال مارنا، دوسرے کو دھوکے میں رکھنا ؛ نام نامی (ف) مذکّر۔ مشہور و معروف نام، عزّت کے لیے مستعمل ہے ؛ نام نکالنا (و) (۱) برائی سے مشہور کرنا، بدنام یا رسوا کرنا (۲) کسی عمل سے چور کا نام معلوم کرنا (۳) کسی مقدّس کتاب سے بچّے کا نام تجویز کرنا ؛ نام نکل جانا (۱) برائی یا بھلائی میں مشہور ہو جانا، بدنام ہو جانا (۲) نام پڑ جانا، عرف ہو جانا ؛ نام نکلنا (۱) برائی یا بھلائی سے مشہور ہونا، رسوا یا بدنام ہونا (۲) لقب یا شہرت پانا (۳) عمل سے چور کا نام ظاہر ہونا ؛ نام نمود۔ مؤنّث (عو) ظاہری ٹھاٹھ، عزّت و نمائش، ٹیپ ٹاپ ؛ نام نہاد (ف) (۱) نامزد، موسوم (۲) نام کو، کہنے کو ؛ نام ہذا لینا (و) (۱) نام زبان پر لانا (۲) (کنایۃً) نہایت بیزار ہونا ؛ نام نہیں (۱) پتا نہیں (۲) اسم بامسمّٰی نہیں (۳) بالکل نہیں، ذرا نہیں (۴) شہرت نہیں (۵) تذکرہ نہیں ؛

نام ور، نامور (ف) مشہور، معروف، نامی ؛ نام وری، ناموری۔ مؤنّث۔ شہرت، نیک نامی ؛ نام و نشان۔ مذکّر (۱) اتا پتا، ٹھور ٹھکانا (۲) آثار، یادگار ؛ نام و نشان باقی نہ رہنا (و) معدوم یا نیست و نابود ہو جانا ؛ نام و نمود (ف) دیکھیے "نام نمود" ؛ نام وہ ہے، جو خدا کہوائے (و) مثل۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننے سے کچھ نہیں ہوتا ؛ نام ہو جانا (۱) شہرت یا ناموری ہو جانا (۲) نام پر لکھا جانا (۳) نام یا الزام لگ جانا ؛ نام ہونا (۱) شہرت، شہرہ، نیک نامی، ناموری یا واہ واہ ہونا (۲) الزام یا تہمت لگنا (۳) ٹھہرنا، قرار پانا، مانا جانا (۴) نام پر لکھا جانا یا ہونا (۵) سر پڑنا، ذمّے ہونا (۶) شمولیّت یا شرکت ہونا ؛ نامی (ف) (۱) نام دار، نامور، مشہور و معروف (۲) نامزد، نام والا، موسوم ؛ نامی چور (و) مذکّر۔ مشہور چور، بڑا بھاری چور ؛

نامی کامی۔ مشہور، بارونق ؛ نامی گرامی (ف) مشہور، معروف، سب کا جانا بوجھا ؛

نام (نام) (س) مذکّر (۱) ظاہر، روشن (۲) اسم (۳) خیال (۴) کرودھ، غصّہ (۵) گیان، علم ؛

ناموس (نا، مُو، س) [عربی میں (۱) صاحبِ راز (۲) جبریل (۳) مکر و حیلۂ اندرونی، فارسی والوں نے اسے شرم، عفّت، عصمت کے معنی میں بھی استعمال کیا۔] (۱) مذکّر۔ حضرت جبریلؑ کا لقب (۲) مؤنّث۔ شرم، لاج، آبرو، پوشیدہ راز، جو موجبِ عزّت ہو (۳) مذکّر۔ اہلِ خانہ، حرم ؛ [ناموس اور عزّت میں فرق: عزّت عام ہے، ناموس خاص۔ ناموس اصلی رازِ پوشیدہ کو کہتے ہیں، جو موجبِ عزّت ہو۔ عزّت ظاہر و باطن دونوں کو شامل ہے ؛] ناموسِ اکبر (ع، ف) مذکّر (۱) قاعدہ و دستورِ بزرگ، شریعت (۲) حضرت جبریلؑ کا لقب ؛

ناموس بگاڑنا (و) آبرو لینا، ایسا فعل کرنا، جس سے آبرو پر حرف آئے ؛

ناموسی (و) مؤنّث (عو) (۱) بے عزّتی، بدنامی، رسوائی (۲) شرم، لحاظ، لاج ؛

نامہ (نا، مَہ) (ف) مذکّر (۱) خط، چِٹّھی (۲) نامۂ اعمال (۳) کتاب (۴) وہ خط، جو ایک بادشاہ دوسرے بادشاہ کو لکھتا ہے (۵) طومار، دفتر (۶) (و) قرضہ، نام لکھی ہوئی رقم ؛ نامۂ اعمال۔ مذکّر (۱) وہ کاغذ جس میں فرشتے ہر شخص کے اعمال لکھتے ہیں (۲) (کنایۃً) اعمال نامہ۔ وہ سرکاری رجسٹر، جس میں ملازموں کا چال چلن اور کارگزاری درج ہوتی ہے ؛

نامہ بر، نامہ رساں۔ مذکّر (۱) قاصد، پیک، پیام بَر (۲) خط رساں، ڈاکیا، ہرکارہ ؛ نامہ نگار۔ مذکّر (۱) پرچہ نویس، خبر نویس (۲) (و) اخبار کا مضمون نگار ؛ نامہ و پیام (پیغام) مذکّر۔ خط کتابت، سلام پیغام ؛

نامی (نا، مِی) (ع) نمو کرنے یا بڑھنے والا ؛ نامیہ۔ مؤنّث۔ نمو یا بڑھنے کی قوّت ؛

نان (نان) (ف) مؤنّث (۱) روٹی، چپاتی، پُھلکا، خُبز (۲) ایک قسم کی بڑی اور موٹی تنور کی روٹی ؛ نان با، نان بائی، نان پز۔ مذکّر۔ روٹی سالن بیچنے والا، روٹی پکانے کا پیشہ کرنے والا ؛ نان پاؤ۔ مذکّر۔ ایک قسم کی موٹی خمیری روٹی ؛ نانِ جویں۔ مؤنّث۔ جَو کی روٹی، روکھی سوکھی روٹی، غریبانہ کھانا، دال دلیا ؛ نان خطائی۔ مؤنّث۔ ایک قسم کی مٹھائی، جو کھانڈ، میدے اور گھی سے بنائی جاتی ہے ؛ نان خورش۔ مؤنّث۔ وہ چیز، جس کے ساتھ روٹی کھائی جاتی ہے، سالن ؛ نانکار۔ مؤنّث۔ وہ اراضی، جو بادشاہ کی طرف سے زمینداروں، چودھریوں اور تعلق داروں کو گزر بسر کے لیے دی جاتی ہے ؛ نان کلاغ۔ مذکّر۔ ایک تخم، جو روٹی پر چھڑک کر پکاتے ہیں، کوّے کو اس تخم سے بڑی رغبت ہے ؛ نان و نفقہ (ف، ع) مذکّر۔ روٹی کپڑا، روٹی اور گھر بار کا خرچ۔ بیوی اور بال بچّوں کا خرچ ؛ نان و نفقہ دینا (و) گھر بار کا خرچ دینا، بیوی بچّوں کو روٹی کپڑا دینا ؛ نان و نمک (ف) مذکّر

(کنایۃً) سادہ اور معمولی غذا، جس میں کوئی تکلف نہ ہو ÷

نانا (نَانَا) (ہ) مذکر۔ ماں کا باپ ÷ نانا دادا۔ مذکر (کنایۃً) اسلاف، گرو، بڑے بوڑھے ÷ نانی۔ مؤنث۔ نانا کی بیوی، ماں کی ماں ÷ نانی کے آگے ننھیال کی باتیں۔ مثل (۱) ایک عزیز کی شکایت اسی کے عزیز کے روبرو (۲) ایک عزیز کی شکایت دوسرے عزیز کے سامنے ÷ نانی کے ٹکڑے کھاوے، دادا کا پوتا کہلاوے۔ مثل۔ خرچ کوئی کرے، نام کسی کا ہو ÷ نانی نے خصم کیا، نواسہ چٹی بھرے (و) مثل۔ قصور کسی کا، ذمے کسی کے۔ کرے کوئی، بھرے کوئی ÷ نانی یاد آ جانا۔ مصیبت میں پھنس کر قدرِ عافیت معلوم ہونا، ناک میں دم ہو جانا، محنت سے گھبرا جانا ÷

نانا (نَانَا) (ہ) ایک ظرف سے دوسرے میں ڈالنا ÷

نانا (نَانَا) (س) قسم قسم کا، طرح طرح کا ÷

نانٹھ (نَانْٹھ) (ہ) مذکر (ہندو) لاوارث مال، وہ مال، جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ÷ نانٹھ پر بیٹھنا (ہندو) لاوارث مال پر قابض ہونا ÷ نانٹھا (نَانْٹھَا) بے وارثا۔ وہ شخص، جس کا کوئی وارث نہ ہو ÷

ناند (نَانْد) (ہ) مؤنث۔ بہت بڑا کونڈا ÷

نانْدا (نَانْ، دَا) (ہ) مذکر۔ گملا ÷

نانْدھنا (نَانْدھ، نَا) (ہ) (عو) (۱) کوئی کام شروع کرنا (۲) چرخے کو گردش دینا (۳) سال گُنْدھنے کے کام کا آغاز کرنا (۴) (کنایۃً) کوئی افسانہ یا داستان چھیڑنا (۵) کرنا، اختیار کرنا ÷

نانس (نَا، نَس) (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) ساس کی ماں، ننیا ساس ÷ نانسرا (ہ) مذکر (ہندو) (عو) ننیا خسر ÷

نانک (نَا، نَک) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور خدا پرست کامل درویش، جو بابر بادشاہ کے عہد میں گزرے ہیں۔ یہی بزرگ سکھوں کے فرقے کے بانی تھے ÷ نانک پنتھی۔ مذکر۔ سکھ، گرو نانک کے پیرو ÷ نانک شاہی (و) مذکر (۱) فقیروں کا ایک گروہ (۲) سکھوں کے وقت کا ایک سکہ، جو پیسے کے بجائے چلتا تھا ÷

نانگا (نَانْ، گَا) (ہ) مذکر (۱) ننگا (۲) وہ سادھو، جو ہر وقت ننگا رہے (۳) سادھوؤں کی ایک جماعت، جو ننگی رہتی ہے ÷

نانگھنا (نَانْگھ، نَا) (ہ) (لکھنؤ) پھاندنا، اس چیز سے گزر جانا، جو راستے میں حائل ہو۔ دہلی والے اس جگہ لانگنا یا لانگھنا بولتے ہیں ÷

نانو یا نانوں (نَانُو، نَانُوں) (ہ) مذکر۔ نام، اسم ÷

ناںواں یا ناںوہ (نَاں، وَاں۔ نَاں، وَاہ) (و) مذکر (۱) وہ رقم، جو کسی کے نام لکھی ہوئی ہو (۲) واجب الادا قرض ÷ ناںواں چکانا۔ قرض ادا کرنا، حساب بے باق کرنا ÷

نانہ (نَانَہْ) (ہ) نہیں، حرفِ نفی ÷

نانھیال (نَا، نِھیَال) (ہ) مذکر۔ نانا کا گھر یا گھرانا۔ لکھنؤ میں ننھیال ہے اور مؤنث بولتے ہیں ÷

ناورد (نَا، وَرْد) (ف) مؤنث۔ لڑائی، جنگ و جدل ÷

ناوک (نَا، وَک) (ف) مذکر۔ بان، تیر، خدنگ ÷ ناوک انداز، ناوک زن تیر چلانے والا ÷ ناوک بیٹھنا (و) تیر کا نشانے پر لگنا ÷ ناوک فگن۔ تیر انداز ÷

ناول (نَا، وِل) (انگ) Novel مذکر۔ عشقیہ قصے کی کتاب ÷

ناولٹی (نَا، وِل، ٹی) (انگ) Novelty مؤنث۔ نئی چیز ÷

نا و نوش (یا نائے و نوش) (ف) مذکر (۱) نغمہ سننا اور شراب پینا (۲) (مجازاً) عیش و نشاط، عشرت و طرب، رنگ رلیاں ÷

ناہار (نَا، ہَار) (ف، س) مذکر۔ ناشتا، نہار منہ کھانا ÷

ناہر (نَا، ہَر) (ہ) مذکر (ہندو) شیر، باگھ، سنگھ، اسد ÷ ناہر سانس۔ مذکر۔ گھوڑے کی ایک بیماری، جس کے باعث اس کے منہ سے غرغراہٹ کی آواز نکلتی اور دم پھول جاتا ہے، شیروی ÷

ناہرو (نَاہ، رُو) (ہ) مذکر۔ رشتے کی بیماری، نہروا ÷

ناہید (نَا، ہِید) (ف) مؤنث۔ زہرہ ستارہ، جو تیسرے آسمان پر واقع ہے، مُشتری، لولیِ فلک، مطربۂ فلک ÷

ناہیں (نَا، ہِیں) (ہ) (کلمۂ نفی) (گنوار) نہیں ÷

نائب (نَا، ئِب) (ع) مذکر۔ مددگار، قائم مقام، ماتحت، سفیر، وکیل، مختار ÷

نائرہ (نَا، ئِرَہ) (ع) مذکر۔ شعلہ، لپٹ، لو ÷

نائزہ (نَا، ئِزَہ) (ف) مذکر۔ عضوِ تناسل، پیشاب کی نالی، ذکر کا سوراخ، قضیب ÷

نائکا (نَا، ئِکَا) (س) مؤنث۔ وہ عورت، جس کے ماتحت چند نوچیاں ہوں ÷

نائم (نَا، ئِم) (ع) سونے والا، سوتا ہوا ÷

نائن (نَا، ئِن) (ہ) مؤنث (۱) نائی کی بیوی (۲) نائی قوم کی عورت ÷

ناؤ (ہ) مذکر (گنوار) نائی، حجام ÷ نائی۔ مذکر۔ مو تراش، حجام، خلیفہ ÷ نائی کی برات میں سبھی ٹھاکر۔ مثل۔ اس وقت بولتے ہیں، جب سب امتیازی ہوں اور کام کرنے والا کوئی نہ ہو۔ اپنی قوم میں ہر کوئی باعزت ہے ÷ نائی نائی بال کتنے، ججمان جی آگے (ہی) آتے ہیں۔ مثل۔ اس محل پر مستعمل ہے، جب کوئی فوراً ہی سامنے ظاہر ہونے والی بات کی نسبت پوچھے ÷

ناؤ (نَا، ؤ) (ف) مؤنث۔ کشتی، ڈونگی، سفینہ، دریا سے پار اترنے کی سواری ÷ ناؤ خشکی میں نہیں چلتی (و) مثل (کنایۃً) داد و دہش کے بغیر کام نہیں چلتا۔ دولت مند کو سخاوت کے بغیر ناموری حاصل نہیں ہوتی ÷ ناؤ کس نے ڈبوئی؟ خواجہ خضر نے۔ ناؤ خضر نے ڈبوئی۔ مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں، جب رہبر اور رہنما ہی خرابی اور نقصان کا باعث ہو ÷ ناؤ کھینا (۱) کشتی چلانا (۲) (کنایۃً) کنبے کا خرچ برداشت کرنا ÷ ناؤ میں خاک اڑانا (کنایۃً) (۱) صاف جھوٹ بولنا (۲) جھوٹا الزام لگانا (۳) بہانہ ڈھونڈنا ÷ ناؤ میں خاک کیوں اڑاتے ہو؟ مثل۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کسی کے سر اس کے ستانے کے لیے کوئی بہتان لگایا یا بہانہ ڈھونڈا جائے یا صریح جھوٹ بولا جائے ÷ ناؤ کی (ہ) مذکر

(پورب) کشتی بان ، ناخدا ، ملّاح ✤
نائے (نا ، ءِ) (ف) مؤنّث (۱) بانسری (۲) نل (۳) نالی ، نہر (۴) بید ✤
نایک (نا ، یک) (ہ) مذکّر (۱) سردار (۲) قافلہ سالار (۳) وہ شخص جو فنِ موسیقی میں استاد ہو ✤

ن - ب

نب (نِب) (انگ) مذکّر و مؤنّث - ڈنک کی پوپنچ (زبانِ قلم ، انگریزی قلم کی زبان ، جو لوہے یا فولاد وغیرہ کی ہوتی ہے ✤
نبات (نَبَات) (ف) مؤنّث - مصری ، قند ✤ نبات چُنوانا (د) وہ عمل جب عورتیں مصری کی ڈلیاں دُلہن کے دونوں کندھوں ، کہنیوں ، گھٹنوں ، پنڈلیوں اور ہاتھوں پر رکھ کر عین ریت رسم کے وقت دُولھا کے مُنہ سے ہاتھ لگوائے بغیر کھلواتی ہیں ✤
نبات (نَبَات) (ع) مؤنّث - روئیدگی ، گھاس پات ، بوٹی ✤ نباتات (لکھنؤ میں مذکّر ، دہلی میں مؤنّث) نبات کی جمع ، روئیدگیاں ، پودے ، سبزیاں ، ترکاریاں ✤
نباتی (ف) (۱) گھاس پات کا ، جڑی بوٹی کا (۲) مذکّر - ایک قسم کا رنگ ✤
نبّاش (نَبْ ، بَاش) (ع) کفن چور ✤
نبّاض (نَبْ ، بَاض) (ع) نبض شناسی میں ماہر ، طبیب ، حکیم ✤ نبّاضی - مؤنّث - نبض شناسی ✤
نباہ (نِبَاہ) (ہ) (۱) کوئی کام اُس کی حد تک پہنچانا ، تکمیل ، کمال (۲) گزارا ، وفاداری ✤
نباہ دینا - گزار دینا ، کسی کے ساتھ بسر کر دینا ، انجام تک پہنچا دینا ✤
نباہ کرنا - گزارنا ، وفاداری کرنا ، کسی کے ساتھ زندگی بسر کرنا ، جس طرح بسر ہو ✤ نباہنا - کسی کے ساتھ بسر کرنا ، گزارنا ✤ نباہُو (دہلی) نباہ دینے والا ، بسر کر دینے والا ، وفادار ✤
نبٹ (نِبَٹ) (ہ) نبٹنا کا امر ✤ نبٹ جانا / نبٹنا (۱) بےباق ہونا ، ختم ہونا ، جھگڑا طے ہونا ، پورا ہونا (۲) فیصلہ ہو جانا ، تکرار باقی نہ رہنا ✤ نبٹارا - مذکّر دعویٰ فیصلہ ✤ نبٹانا - بےباق یا ادا کرنا ، نمٹانا ، چکانا ، بھگتانا ✤
نبٹا ہُوا (۱) بھگتا ہُوا (۲) تجربہ کار ، جہاں دیدہ ✤ نبٹاؤ - مذکّر تصفیہ ، فیصلہ ، بھگتان ، بےباقی ✤
نبختا (نِبَخْ ، تَا) (ہ) (عو) (۱) کم بخت ، بدنصیب (۲) نگوڑا ، موا ✤
نبختی (۱) بدنصیب ، کم بخت (۲) موئی ، نگوڑی ✤
نبرد (نَبَرْ د) (ف) مؤنّث - لڑائی ، جنگ ، جدل ، رزم ، جدھ ✤ نبرد آزما - جنگ آزمودہ ، جنگی ، شجاع ، بہادر ، دلاور ✤ نبردگاہ - مؤنّث - میدانِ جنگ ، لڑائی کا کھیت ✤
نبڑ (نِبَڑْ) (ہ) نبڑنا کا امر ✤ نبڑ جانا - خرچ ہو جانا ، تمام ہو جانا ، ہو چکنا ، نبٹ جانا ، باقی نہ رہنا ، انجام کو پہنچ جانا ✤ نبڑنا (دہلی) نبٹنا ، تمام ہونا ، سنپورن ہونا ، باقی نہ رہنا ، خرچ ہو جانا ✤ نبیڑ - نبیڑنا کا امر ✤
نبیڑ لینا (۱) پورا یا تمام کر لینا (۲) گزار لینا ، بسر کر لینا ✤ نبیڑنا (دہلی) (۱) پورا یا تمام کرنا (۲) گزارنا ، بسر کرنا (۳) خالی کرنا (۴) طے کرنا ✤

نبیڑُو - نبٹانے والا ، پورا کرنے والا ، انجام کو پہنچانے والا ✤
نبض (نَبْض) (ع) مؤنّث - ہاتھ کی وہ رگ ، جو حرکت کرتی ہے - اس سے انسان کی تندرستی اور بیماری کا حال معلوم ہوتا ہے ، ناڑی (ابھرنا ، پہچان لینا ، چلنا ، دکھانا ، دیکھنا ، ڈوبنا ، ساقط ہونا ، نہ چلنا کے ساتھ) ✤ نبضوں (ل) مؤنّث - نبض کی جمع حرفِ جار سے پہلے ✤ نبضوں کا چلنا - ناڑیوں کا بڑی تیزی سے حرکت کرنا ، نبضوں کا جلد جلد چلنا ✤ نبضیں - مؤنّث نبض کی جمع ✤
نبضیں چھٹنا یا چھوٹنا (۱) (کنایۃً) نبضوں میں حرکت نہ رہنا ، نزع کا عالم ہونا ، قریبِ مرگ ہونا (۲) (کنایۃً) گھبرا جانا ، دم خشک ہو جانا ، خوفزدہ ہونے کے سبب غش کھا جانا ، متحیّر یا حواس باختہ ہو جانا ، ادھ موا یا مُردہ سا ہو جانا ، خبر نہ رہنا ✤
نبل (نِبَلْ) (ہ) (۱) ناطاقت ، کمزور ، نربل ، ماڑا (۲) کمزور لکڑی (۳) خراب ، ناقص (۴) بےکس ، بےیار ، بےمددگار ✤
نبوّت (نُبُوْ ، وَت) (ع) مؤنّث - خبر رسانی ، پیغمبری ، رسالت ، احکامِ الٰہی کا پہنچانا ✤
نبولی (نِبَوْ ، لِی) (ہ) مؤنّث - نیم کا پھل ، نمکولی ✤
نبوی (نَبَ ، وِی) نبی سے نسبت رکھنے والا ✤
نبھ (نَبْھ) (س) مذکّر (۱) آسمان ، آکاس ، گگن (۲) بادل (۳) کرۂ ہوا (۴) ساون یا برسات کا مہینا ✤
نبھاگا (نِبھَا ، گَا) (ہ) (ہندو) بدبخت ، بدنصیب ، نبختا ✤ نبھاگی - مؤنّث - بدنصیب عورت ، نبختی ✤
نبھانا (نِبھَا ، نَا) (ہ) (عوام) نباہنا ، ایک دوسرے کے ساتھ گزارنا ، باہم بسر کرنا ✤
نبھاؤ (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) گزارا ، باہم بسر کرنا (۲) استقلال ، ثابت قدمی ✤
نبہرا (نِبْہَ ، رَا) (ہ) مذکّر (لکھنؤ) وہ جگہ ، جہاں نیب کے بہت سے درخت ہوں ✤
نبھرما (نِبھَرْ ، مَا) (ہ) جس کا بھرم یا ساکھ نہ ہو ، نامعتبر ✤
نبھنا (نِبھْ ، نَا) (ہ) (۱) باہم گزرنا ، بسر ہونا (۲) اخیر تک رہنا ، انجام کو پہنچنا ✤
نبی (نَبِی) (ع) مذکّر - خبر پہنچانے والا ، پیغمبر ، رسول ✤ نبی جی نبی جی بھیجو (ل) طوطے کی آواز ✤ نبیِّ مُرسَل - مذکّر - وہ نبی ، جو صاحبِ کتاب ہو - وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو ✤
نبیذ (نَبِیْذ) (عربی میں ذال سے ہے ، فارسی شعراء نے دال سے کر لیا ، لیکن فصحائے اردو نے یہ تصرّف تسلیم نہیں کیا - مرزا داغ نے ایک جگہ نبید باندھا ہے) مؤنّث - جَو کی شراب ، بوزہ ✤
نبیرہ (نَبِیْ ، رَہ) (ف) مذکّر (۱) پوتا ، بیٹے کا بیٹا (۲) نواسہ ، بیٹی کا بیٹا ✤
نبیسہ (نَبِیْ ، سَہ) (ف) مذکّر - پوتا ، پرپوتا ✤

ن-پ

نپ (نَپ) (ہ) ناپنا کا امر ۔ نپا (نَپا) ہوا ۔ ناپا ہوا ، اندازہ کیا ہوا ۔ نپا تلا (نَپی تُلی) ۔ محدود ، مقررہ ۔ نپائی ۔ مؤنث ۔ پیمائش ، پیمانہ ۔ نپت ۔ مؤنث ۔ ناپ ۔ نپٹنا (۱) ناپا ہوا ، پیمائش ہونا (۲) جھگڑا یا لڑائی ہونا ۔

نپٹ (نِپَٹ) (ہ) (۱) محض ، بالکل ، سرتاسر ، سراسر ، تمام ، نِرا (۲) بہت ، نہایت ۔ نپٹے ، نپٹارا ، نپٹانا ، نپٹاو ، نپٹ جانا (ہ) دیکھیے "نبٹ وغیرہ" ۔

نپُنسک (نَپُنسَک ، سَک) (س) مذکر ۔ نامرد ، ہیجڑا ، مخنث ، زنانہ ، زنخہ ۔

نپوتا (نِپُو ، تَا) (ہ) (ہندو) (عو) (۱) بے اولاد ، لاولد (۲) مُوا ، نگوڑا ، نالائق ۔ نپوتی ۔ نپوتا کی تانیث ۔

نپوڑنا (نِپُوڑ ، نَا) (ہ) (گنوار) نکالنا ، نکوسنا ، مُنہ بگاڑنا ، زہر خند کرنا ، کھسیانی ہنسی ہنسنا ۔

ن-ت

نت (نِت) (ہ) ہمیشہ ، دائم ، مدام ، سدا ، ہر روز ۔ نت اُٹھ ۔ ہمیشہ اُٹھ کر ، روز کے روز ، ہر روز ، آئے دن ۔ نت کنواں کھودنا نت پانی پینا ۔ روز مزدوری کرنا ، روز کھانا ۔ جتنا کمانا ، اُتنا ہی کھا جانا ۔ نت کی دُکھیا ، کرموں دوس (ہ) ہمیشہ کی مصیبت زدہ اور تقدیر پہ الزام ۔ نت نت (کلمۂ دعا) (عو) ہمیشہ ، سدا ، روز کے روز ۔ نت نیا (۱) تازہ بتازہ نو بنو ، جو بات ہمیشہ نئی ہو (۲) ہر روز نیا ، انوکھا ، عجیب و غریب ۔

نتارنا (نِتَارْ ، نَا) (ہ) (ہندو) دیکھیے "نتھارنا" ۔

نتائج (نَتَا ، اِج) (ع) مذکر ۔ نتیجہ کی جمع ، نتیجے ۔

نتنی (نَت ، نِیْ) (ہ) مؤنث (پورب) نواسی ، بیٹی کی بیٹی (قصبات اور عوام کی زبان ہے ۔) ۔

نتھ (نَتھ) (ہ) مؤنث (۱) ناک میں پہننے کا ایک زیور ، حلقۂ بینی (۲) (کنایۃً) سہاگ ۔ نتھ بڑھانا ۔ نتھ اُتارنا ، نتھ اُتار کر رکھنا ۔ نتھ چوڑی برقرار رہے (۱) (دعا) (عو) سہاگن رہے ، آباد رہے ۔ نتھنا (ہ) مذکر (۱) ناک کا سوراخ (۲) ناتھنا کا لازم ۔ نتھنوں ۔ مذکر ۔ نتھنا کی جمع حرفِ جار سے پہلے ۔ نتھنوں میں تیر دینا (د) (عو) نہایت دق کرنا ، بے حد تنگ کرنا ، ناک چنے چبوانا ۔ نتھنوں میں دَم کرنا ۔ ناک میں دم کرنا ، بے حد ستانا ، از حد تنگ کرنا ۔ نتھنی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی نتھ (۲) تلوار کے قبضے کی کڑی (۳) ناتھ ، نکیل ، مہار ، بیل کی ناک کی رسّی ۔ نتھنی اُتارنا (زنانِ بازاری) چیرا اُتارنا ، سر ڈھکنا ، اِزالۂ بکر کرنا ۔ نتھنے ۔ مذکر (۱) نتھنا کی جمع (۲) نتھنا کی صورت حرفِ جار سے پہلے ۔ نتھنے پھلانا یا چڑھانا (کنایۃً) لال پیلا ہونا ، ناراض ہونا ، ناک بھوں چڑھانا ، تیوری چڑھانا ۔ نتھیا ۔ مؤنث ۔ نتھ کی تصغیر ۔

نتھر (نِتھَر) (ہ) نتھرنا کا امر ۔ نتھرا (۱) میل دور کیا ہوا ، صاف ، چھنا ہوا (۲) نتھرنا سے ماضی مطلق ۔ نتھار ۔ نتھارنا کا امر ۔ نتھارنا ۔ پانی صاف کرنا ، میل دور کرنا ، تلچھٹ نیچے بٹھانا ، چھاننا ، صاف کرنا ۔ نتھرنا ۔ نتھارنا کا لازم ۔

نتھی (نَتھ ، تھِی) (ہ) مؤنث (۱) کاغذ ٹانکنے کی ڈور (۲) کاغذ کو اور کاغذوں کے ساتھ شامل کر دینا (۳) مسل میں شامل ، شامل (۴) وہ سب کاغذ ، جو ایک دھاگے میں پروئے ہوئے ہوں ۔ نتھی شدہ (عدالت اور دفتر کی اصطلاح) ساتھ ٹنکا ہوا ، منسلکہ ، شامل ۔ نتھی کرنا (۱) منسلک کرنا ، (۲) کاغذ میں ڈورا ڈال کر اس کے ساتھ دوسرا کاغذ شامل کرنا (۳) (کنایۃً) شامل کرنا ۔

نتیجہ (نَتی ، جَہ) (ع) مذکر (۱) ماحصل ، حاصل (۲) مطلب ، غرض (۳) انجام ، اخیر ، انتہا ، خاتمہ (۴) ثمرہ ، پھل (۵) (اصطلاح منطق) وہ قول ، جو صغریٰ و کبریٰ کے جزو ملا کر لفظ مکرر (حدِ اوسط) کے نکال دینے سے حاصل ہوتا ہے ۔ نتیجہ دیکھنا (د) کیے کی سزا پانا ، بدلا ملنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔ خلاصہ اور لُبِّ لباب نکالنا ، ماحصل نکالنا ۔ نتیجہ نکلنا ۔ لازم ۔

ن-ٹ

نٹ (نَٹ) (ہ) مذکر (۱) بازی گر ، قلاباز ، شعبدہ باز ، وہ لوگ ، جو ڈھول بجاتے ہوئے بانس اور رسّی پہ چڑھ کر تماشا دکھاتے ہیں (۲) ایک قوم (۳) ایک راگنی (۴) (کنایۃً) دغاباز ۔ نٹ بدیا پائی جائے ، جٹ بدیا نہ پائی جائے ۔ مثل ۔ جاٹ بہت چالاک ہوتا ہے ، یہاں تک کہ نٹ کو بھی ہرا دیتا ہے ۔ نٹ کا تماشا (د) مذکر ۔ وہ تماشا ، جو نٹ لوگ کرتے ہیں ۔ نٹ کھٹ (۱) نکھٹو ، جو کما کے نہ ہو (۲) عیار ، مکار ، دغاباز ، فریبی ، شوخ ، شریر ، فتنہ پرداز ، بدذات ، بے باک ، لڑاکا ۔ نٹ کھٹی ۔ مؤنث (۱) فند ، چالاکی ، شوخی ، عیاری (۲) شرارت ، دنگا (۳) بدمعاشی ، دغابازی (کرنا کے ساتھ) ۔ نٹنی ۔ مؤنث (۱) بازی گرنی (۲) نٹ کی جورو ۔

نٹنا (نَٹ ، نَا) (ہ) مُکرنا ، انکار کرنا ، منکر ہو جانا ۔

نٹھر (نِٹھَر) (ہ) (ہندو) سخت ، اکھڑ ، بے رحم ، سنگ دل ۔

نٹھلا (نِٹھَل ، لَا) (ہ) خالی ، بے کار ، بے شغل ۔

نٹیا (نَٹ ، یَا) مذکر ۔ چھوٹے قد کا بیل ، چھوٹی قسم کا بیل ۔

ن-ث

نثار (ع ، بہ کسرِ اوّل ، نچھاور کرنا ، کسی کے سر سے روپیہ یا نقدی بہ طورِ صدقہ نچھاور کرنا ۔ بہ ضمِ اوّل ، وہ چیز ، جو نچھاور کی جائے ، اردو میں بہ کسرِ اوّل ہے) (۱) صدقے ، قربان ، تصدّق ، واری (۲) فریفتہ ، عاشق (۳) نچھاور (کرنا ،

ہونا کے ساتھ) ۔

نثر (نَثْر) (ع) مؤنث۔ (۱) بکھرا ہُوا، پراگندہ، تتر بتر (۲) وہ عبارت، جو نظم نہ ہو ۔ **نَثّار** ۔ نثر نگار، نثر نویسی میں ماہر، انشا پرداز، مضمون نگار، مقالہ نگار، مصنف ۔

ن - ج

نج (نِج) (ہ) (۱) ذاتی، خاص، اپنا، گھر کا، خانگی (۲) ذاتی دفتر یا مکان ۔
نج کا حساب (ف) مذکر۔ ذاتی خرچ، خانگی حساب، پرائیویٹ لین دین ۔
نج کا مال ۔ مذکر۔ ذاتی یا اپنا مال ۔ **نج کا نوکر** ۔ مذکر۔ ملازم خاص، گھر کا ملازم ۔

نجابت (نَجَا، بَت) (ع) مؤنث۔ اصالت، شرافت، بزرگواری ۔

نجات (نَجَات) (ع) مؤنث۔ مخلصی، رہائی، چھٹکارا (پانا، دینا، ملنا، ہونا کے ساتھ) ۔

نجار (نَج، جَار) (ع) مذکر۔ بڑھئی، نرکھان، مستری ۔ **نَجّاری** ۔ مؤنث۔ نجار کا پیشہ، بڑھئی کا کام ۔

نجاست (نَجَا، سَت) (ع) مؤنث۔ ناپاکی، پلیدی، گندگی، میلا، غلاظت ۔

نجانے (صحیح املا "نہ جانے" ہے) (ہ) (۱) میں نہیں جانتا، خدا جانے، معلوم نہیں (۲) شاید ۔

نجبا (نُجَ، بَا) (ع) نجیب کی جمع، شریف لوگ ۔

نجد (نَجْد) (ع) مذکر (۱) اونچی زمین (۲) عرب کا ایک مشہور شہر، جس سے فرقۂ وہابیہ کی ابتدا ہوئی ۔ **نجدی** ۔ نجد کا رہنے والا ۔

نجس (نَجِس) (ع) پلید، ناپاک، گندہ ۔ **نَجِسُ العَین** ۔ وہ چیز، جس کا ہر جزو نجس ہو۔ جس کا چھونا، لگانا، کھانا، پینا ناجائز ہو۔ جو کبھی پاک نہ ہو سکے جیسے کُتّا، شراب وغیرہ ۔

نجف (نَجَف) (ع) مذکر (۱) وہ اونچا ٹیلا، جس پر پانی نہ چڑھ سکے (۲) عراق کا ایک مشہور شہر، جہاں حضرت علیؓ کا مزار ہے ۔

نجم (نَجْم) (ع) مذکر۔ ستارہ، سیارہ، تارا ۔ **نَجمُ الثّاقِب** ۔ مذکر۔ چمکتا ہُوا ستارہ، روشن تارا ۔ **نجم الہند** ۔ مذکر۔ وہ شاہی خطاب، جو قبل تقسیم انگریزی حکومت کی طرف سے رؤسائے ہند وغیرہ کو ملتا تھا۔ سٹار آف انڈیا، ستارۂ ہند، سی، ایس، آئی ۔ **نجوم** ۔ مذکر (۱) نجم کی جمع۔ ستارے، سیارے (۲) جوتش، ستاروں کا علم ۔ **نجومی** ۔ علم نجوم جاننے والا، جوتشی ۔

نجھول (نِجھُول) (ہ) (۱) وہ رستے، جس میں جھول نہ ہو (۲) وہ چال، جس میں سوار کو دھکا محسوس نہ ہو ۔

نجیب (نَجِیب) (ع) (۱) بزرگ، شریف، اشراف، بھلامانس (۲) (ف) سپاہی، دربان، چوکی پہرا دینے والا ۔ **نَجِیبُ الطَّرَفَین** ۔ جو ماں باپ دونوں کی طرف سے اصلاً و نسلاً شریف اور صحیح النسب ہو ۔

ن - چ

نچ (نُچ) (ہ) نُچنا کا امر ۔ **نُچا کھُچا** ۔ نوچا کھسوٹا ہُوا ۔ **نُچنا** ۔ نوچا جانا، کھسوٹا جانا ۔ **نُچوانا** ۔ نوچنا کا متعدی المتعدی ۔

نچا (نَچا) (ہ) نچانا کا امر ۔ **نچا مارنا** (کنایۃً) ادھر سے اُدھر پھرانا، ستا مارنا، دِق کر دینا ۔ **نچانا** (۱) ناچ یا رقص کرانا (۲) ستانا، دِق کرنا، ناک میں دم کرنا ۔ **نچوانا** ۔ ناچنا کا متعدی المتعدی ۔ **نچوائی** ۔ مؤنث۔ ناچنے کی اُجرت ۔ **نَچَوَیّا** ۔ مذکر۔ ناچنے والا ۔

نچان (نِچَان) (ہ) مؤنث (ہندو) پستی، نشیب، ڈھال، ڈھلان، اُتار ۔

نچڑ (نِچُڑ) (ہ) نچڑنا کا امر ۔ **نِچُڑنا** (۱) ٹپکنا، تراوش ہونا، قطرہ قطرہ گرنا (۲) دلبنے یا پسینے سے عرق نکلنا (۳) (کنایۃً) لاغر ہونا، دُبلا ہونا ۔ **نِچُڑوانا** ۔ نچوڑنا کا متعدی المتعدی ۔

نچلا (نِچ، لا) (ہ) خاموش، چپ چاپ، ساکت، بے حرکت، شائستہ (بیٹھنا، نہ بیٹھنا، رہنا، نہ رہنا کے ساتھ) ۔

نچنت (نِچِنت) (ہ) فارغ، بے فکر، بے پروا، مطمئن (ہونا کے ساتھ) ۔

نچنیا (نَچ نِ، یا) (ہ) مذکر۔ ناچنے والا لڑکا، بھانڈ، زنانہ، زنخا ۔

نچوڑ (نِچوڑ) (ہ) مذکر (۱) رس، افشردہ، افشرہ، عصارہ (۲) (مجازاً) لُبّ لباب، ست، عطر، جوہر، خلاصہ، نتیجہ، ماہیت، اصل (۳) نچوڑنا کا امر ۔ **نچوڑ لینا** (۱) دبا کر عرق نکال دینا (۲) مفلس بنا دینا (۳) پی لینا، چوس لینا ۔ **نچوڑنا** (۱) دبا کر عرق یا پانی نکالنا، دبانا، سُونتنا (۲) چوس لینا، خون پینا، ایذا اور تکلیف دینا (۳) (کنایۃً) لاغر کر دینا، خشک کر دینا (۴) (کنایۃً) کچھ باقی نہ چھوڑنا، مفلس کر دینا (۵) دبا کر لہو نکالنا ۔

نچھاور (نِچھا، وَر) (ہ) نثار، اُتارا۔ وہ نقدی یا جنس وغیرہ، جو کسی کے اوپر سے بطورِ صدقہ بکھیری جائے (اُتارنا، کرنا کے ساتھ) ۔

نچھتر (نَچھَت، تَر) (ہ) مذکر (۱) (مجازاً) ستارہ، کرم، طالع (۲) راس کا حصہ ۔ **نَچھَتّری** ۔ اچھے نچھتر کی پیدائش، بھاگوان، خوش نصیب، بااقبال، سعادت مند ۔

ن - ح

نحاس (نُحَاس) (ع) مذکر۔ تانبا، مِس ۔

نحافت (نَحَا، فَت) (ع) مؤنث۔ دُبلاپن، ناتوانی، لاغری ۔

نحر (نَحْر) (ع) مذکر۔ اونٹ کا ذبح کرنا ۔

نحس (نَحْس) (ع) منحوس، نامبارک، نامسعود، بدشگون، کم بخت، بھونڈا، اَشبھ ۔ **نحس ستارے** (ف) مذکر۔ منحوس ستارے، مراداً زحل اور مریخ ۔ **نحس قدم** (ع، ف) وہ جس کا آنا منحوس ہو ۔ **نَحْسَین فلک** ۔ مذکر (کنایۃً) زحل و مریخ ۔ **نحوست** ۔ مؤنث۔ منحوس ہونا، کم بختی، بدنصیبی،

بدطالعی ، بدشگونی ، نامبارکی ۔

نحل (نَحْلْ) (ع) مؤنث ۔ شہد یا مُہال کی مکھی ۔

نحن اقرب (نَحْنُ اَقْ ، رَب) (ع) اشارہ ہے آیت "نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْد" کی طرف ۔ ہم رگِ گردن سے بھی زیادہ قریب ہیں ۔

نحو (نَحْوْ) (ع) (۱) مذکر ۔ ڈھنگ ، طریق ، طور ، رستہ ؛ راہ (۲) مؤنث ۔ وہ علم ، جس میں کلمات کا جوڑنا ، کھولنا اور ان کا باہم لگاؤ معلوم ہو ، جملوں کا علم ۔

نحیف (نَحِیْف) (ع) کمزور ، پتلا ، دُبلا ، نازک ، لاغر ۔

ن ۔ خ

نخ (نَخْ) (ف) مؤنث (۱) کچا ریشم (۲) ریشم کا تار یا سوت (۳) تاگا ، سُوت (۴) پتنگ کی ڈور (۵) (و) انتہائی باریک یا پتلی لاکھ یا کانچ کی چوڑی ۔ **نخیں** ۔ مؤنث (عو) کانچ یا لاکھ کی پتلی پتلی چوڑیاں ۔

نخاس (نَخْ ، خَاس) (ع) مذکر (۱) وہ بازار ، جہاں حیوان فروخت ہوتے ہیں (۲) بردہ فروشی یا غلاموں کا بازار (۳) (ت) وہ بازار ، جہاں گھوڑے بکتے ہیں ۔ **نخاس (پر) بھیجنا** (و) ، بازار دکھانا ، چوک پر بیچنا ، بازار میں بیچنے کو بھیجنا ۔ **نخاس چڑھنا** ۔ بازار میں بکنے یا مشہور ہونے کو جانا ، رسوائے عام ہونا ۔ **نخاس کی گھوڑی** ۔ مؤنث (۱) بازاری گھوڑی ، عام بکری کی گھوڑی (۲) (عوام) (کنایۃً) بازاری عورت ، رنڈی ، کسبی ، فاحشہ ، چھنال ، قحبہ ۔ **نخاس والی** ۔ مؤنث ۔ بازاری عورت ، کسبی ، رنڈی ، چھنال ، فاحشہ ، بیسوا ، قحبہ ، طوائف ، کنچنی ، نٹنی ، رام جنی ، مال زادی ، پاتر ، پتریا ۔ **نخاس والیاں** ۔ مؤنث ۔ بازاری عورتیں ، کسبیاں ، رنڈیاں ، بیسوائیں ، مال زادیاں ، رام جنیاں ۔

نخالص (نَخَا ، لِص) (و) (۱) جو خالص نہ ہو ، ملاوٹ کا (۲) (عوام) خالص ، نرمل ، بے ملاوٹ ۔

نخچیر (نَخْ ، چِیْر) (ف) مذکر (۱) جنگلی جانور (۲) شکار ، صید (۲) مارا ہوا شکار ، شکار کیا ہوا جانور ۔

نخرا ، نخرہ (نَخْ ، رَا ۔ نَخْ ، رَہْ) (ف) مذکر (۱) عورتوں اور معشوقوں کے حرکات و سکنات (۲) بیشتر وہ حرکات و سکنات ، جو مکر ، چالاکی ، حیلے بہانے اور بناوٹ سے ہوں ، ناز ، عشوہ ، کرشمہ ، غمزہ ۔ **نخرا باز یا نخرے باز** (و) کرشمہ پرداز ، عشوہ گر ، نازگر ۔ **نخرا بازی** ۔ مؤنث ۔ لاڈ ، چوچلا ، عشوہ سازی ، کرشمہ پردازی ۔ **نخرا بگھارنا (کرنا)** نازاور لاڈ کرنا ، چوچلا دکھانا ، اِترانا ۔ **نخرا تِلّا** ۔ مذکر ۔ ناز ، نخرا ، لاڈ ، پیار ، کرشمہ ، غمزہ ، عشوہ ۔ **نخرا گھر میں آگیا** ۔ مثل ۔ وہاں بولتے ہیں ، جہاں کوئی شخص کسی غیر عورت پر فدا ہوا ور جو لطف اسے باہر حاصل ہوتا ہو ، وہی گھر میں حاصل ہو جائے ۔ **نخرا نکالنا** ۔ لاڈ نکالنا ، لاڈ میں آنا ، سر چڑھنا ، حیلہ حوالہ کرنا ۔ **نخرول** ۔ نخرا کی جمع حرف جار سے پہلے ، چوچلوں ، عشووں ۔ **نخرے** ۔ مذکر ۔ نخرا کی جمع ۔ **نخرے بیٹی** (۱) (طنزاً) نخرے باز (۲) وہ عورت ، جو اپنے غرور میں آپ مری جائے ۔

نخست ، نخستیں (نُخُسْت ، نُخُسْ ، تِیْں) (ف) پہلا ۔

نخشب (نَخْ ، شَب) (ف) مذکر ۔ ترکستان کا ایک شہر ، جہاں حکیم مقنع نے ایک کنوئیں سے چاند بنا کر نکالا تھا ۔ وہ دو مہینے تک غروب نہ ہوتا تھا اور اس کی روشنی چار فرسنگ تک پہنچتی تھی ۔

نخصمی (نَخَص ، مِی) (و) مؤنث ۔ وہ (عورت) ، جس کا خاوند نہ ہو ۔ عورتیں حقارۃً ایک دوسری کو کہتی ہیں ۔

نخل (نَخْل) (ع) مذکر (۱) کھجور کا درخت (۲) (ف) عام درخت ۔

نخلِ ایمن (طُور) (ع ، ف) مذکر ۔ وادیِ ایمن کا وہ درخت ، جس پر حضرت موسیٰؑ کو انوارِ الٰہی نظر آئے تھے ۔ **نخل بند** (ف) مذکر (۱) مالی ، باغبان (۲) موم کے درخت بنانے والا ۔ **نخل بندِ کاف و نون** ، **نخل بندِ ہستی** ۔ مذکر ۔ دنیا کا باغبان ، اللہ تعالیٰ ۔ **نخلِ تابوت** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کی آرائش ، جو مردے کے تابوت پر کی جاتی ہے ۔ **نخلِ ماتم** ۔ مذکر ۔ دیکھیے "نخلِ تابوت" ۔ **نخلِ مریم** ۔ مذکر ۔ کھجور کا وہ سوکھا ہوا درخت ، جس کے نیچے حضرت مریمؑ حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کے وقت بیٹھی تھیں اور اُن کی برکت سے وہ درخت سرسبز و تازہ ہو گیا تھا ۔ **نخلستان** ۔ مذکر (۱) کھجور یا چھوہارے کے درختوں کا جنگل (۲) وہ میدان ، جس میں سرسبز درخت لہلہاتے ہوں ۔

نخوت (عربی میں بالکسر ، اردو میں زبانوں پر بالفتح ہے) مؤنث ۔ گھمنڈ ، گمان ، تکبّر ، غرور ، خود بینی ۔ **نخوت سمانا** (و) گھمنڈ یا غرور ہونا ۔

نخود (نُخُوْد) (ف) مذکر ۔ چنا ۔ **نخود آب** ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا شوربا جو گوشت اور چنے کی دال سے بیماروں کے لیے تیار کیا جاتا ہے ۔

ن ۔ د

ند (نَدْ) (س) مذکر ۔ سمندر ، دریا ، ندی ، نالا ، کھالا ۔ **ندی ، ندّی** (ہ) مؤنث ۔ چھوٹا دریا ، نالا ، جُو (اُترنا ، چڑھنا کے ساتھ) ۔ **ندی تو کیوں گھبراتی ہے کہ میں پاؤں ہی نہیں دھرتا** ۔ مثل ۔ مزاج کیوں کرتے ہو ، میں تم سے الگ رہتا ہوں ، مجھے تمھاری کچھ پروا نہیں ۔ **ندی ناؤ سنجوگ** ۔ مثل (۱) اتفاقیہ ملاقات ۔ اتفاقی خوشی اور دم بھر کی مصاحبت بھی غنیمت ہے ۔

ندا (نِدَا) (ع) مؤنث (۱) آواز ، صدا ، بانگ ، پکار (۲) بُلانے اور پکارنے کا حرف ۔ **ندائیہ** ۔ وہ جملہ ، جس میں ندا کا حرف ہو ۔

ندارد (نَدَا ، رَدْ) (ف) کورا ، خالی ، نہیں ، غیر حاضر ، نیست (کرنا ، ہونا کے ساتھ) ۔

ندّاف (نَدْ ، دَاف) (ع) مذکر ۔ رُوئی دُھنکنے والا ، دُھنیا ۔ **ندّافی** (ع ، ف) مؤنث ۔ رُوئی دُھنکنے کا کام یا پیشہ ۔

ندامت (نَدَا ، مَت) (ع) مؤنث ۔ شرمندگی ، خجالت ، انفعال ، سُبکی ، خفت ، پچھتاوا ، پشیمانی ، تأسف ۔ **ندامت زدہ** (ف) پشیمان ۔

ندان (نِدَان) (ہ) اخیر کو ، آخر ، بعد میں ، پیچھے (اب متروک ہے) ۔

ندرا (نِدْ، رَا) (ہ) مؤنث (پورب) نیند، خواب، نوم، نِندیا ٭

ندرت (نُدْ، رَت) (ع) مؤنث (۱) نادرپن، کم یابی، کمی (۲) عمدگی (۳) انوکھاپن ٭

ندرو (نُدْ، رُوْ) (ہ) مذکر۔ نیلوفر کی جڑ ٭

ندما (نُدَ، مَا) (ع) مذکر۔ ندیم کی جمع، مصاحب لوگ، جلیس، ہم نشین لوگ ٭

ندولا (نَدُوْ، لَا) (ہ) مذکر۔ چھوٹی ناند، چھوٹا کونڈا، مٹی کا ایک ظرف (لکھنؤ میں نَندُوْلا بولتے ہیں) ٭

ندوہ (نَدْ، وَہْ) (ع) مذکر۔ انجمن، مجلس، سبھا ٭

ندیدہ (نَدِیْ، دَہْ) (ف) نادیدہ کا مخفف (۱) اَن دیکھا (۲) (ک) لوبھی، لالچی۔ وہ شخص، جس نے عمدہ کھانا یا کوئی چیز نہ کھائی ہو اور کسی کو کھاتے دیکھ کر گھورے (۳) خواہش مند، طالب، مشتاق (۴) تنگ دل، کنجوس، بخیل ٭ **ندیدی** (ک) ندیدہ کی تانیث ٭

ندیم (نَدِیْم) (ع) دوست، مصاحب، جلیس، ہمنشیں، ساتھی ٭

ن-ڈ

نڈر (نِڈَرْ) (ہ) جو نہ ڈرے، بے خوف، بے باک، دیدہ دلیر، جری، بہادر ٭ **نڈری آنکھیں**۔ مؤنث۔ وہ آنکھیں، جن میں خوف اور ڈر نہ ہو ٭

نڈھال (نِڈْھَالْ) (ہ) سُست، تھکا ماندہ، ضعیف و ناتواں، بے حس و حرکت، مضمحل (ہونا کے ساتھ) ٭

ن-ذ

نذر (نَذْر) (ع) مؤنث (۱) مَنّت، اقرار، صدقہ، قربانی، بھینٹ، چڑھاوا (۲) تحفہ، پیش کش ٭ **نذر پکڑنا** (ک) ہدیہ دینا، پیش کش کرنا (آج کل قلیل الاستعمال ہے) ٭ **نذر چڑھانا**۔ قبر یا تعزیے پر مَنّت کی طرح کوئی چیز چڑھانا ٭ **نذر دکھانا** (دکھلانا) کسی حاکم یا رئیس وغیرہ کے روبرو نقدی یا کچھ جنس ملاقات کے وقت پیش کرنا ٭ **نذر دینا** (گزارنا) (۱) تحفہ وغیرہ پیش کرنا (۲) رشوت دینا، پوجنا (۳) سپرد یا حوالے کرنا ٭

نذر ماننا۔ مَنّت ماننا، کوئی بات یا عہد اپنے آپ پر واجب گرداننا ٭

نذر میں دینا۔ دیکھیے "نذر دینا" ٭ **نذر نیاز**۔ مؤنث (۱) درود فاتحہ (کرنا کے ساتھ) (۲) وہ شیرینی یا جنس جو کسی بزرگ کے نام پر دی جائے، بھینٹ ٭ **نذر ہے**۔ حاضر ہے، موجود ہے، نثار ہے ٭ **نذرانہ**۔ مذکر۔ بھینٹ، تحفہ، ہدیہ، وہ چیز، جو پیش کش کے طور پر دی جائے ٭ **نذریں**۔ مؤنث۔ نذر کی جمع (گزرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

نذیر (نَذِیْر) (ع) (۱) ڈرانے والا (۲) مذکر۔ رسول اللہ ﷺ کا لقب ٭

ن-ر

نر (نَر) (ف، س) مذکر۔ مادہ کا مقابل ٭ **نرپتی** (ہ) مذکر۔ راجا، بادشاہ، مَردوں کا حاکم ٭ **نرگاؤ** (ف) مذکر۔ گائے کا نر، بیل ٭ **نرمادگی** (ف) مؤنث (۱) پٹی کا ٹک اور حلقہ، قفل کی جھڑ (۲) کواڑ یا صندوق کا قبضہ، بازو ٭ **نرمادہ**، **نرمادین** (ف) مذکر و مؤنث (۱) تذکیر و تانیث، مرد اور عورت (۲) طبلے کا دایاں بایاں (۳) ڈھولک کا دایاں اور بایاں رُخ ٭ **نرمیش**۔ مذکر۔ مینڈھا، دُنبہ ٭ **نرینہ** (نر کا مزید علیہ) نَر ٭

نر (نِر) (س) نہ، نہیں، بے، بِن، بغیر ٭ **نرآدر** (ہ) مذکر (۱) بے عزت، بے حرمت، ذلیل، خوار، حقیر، کمینہ (۲) بے حرمتی، بے عزتی، رسوائی، خواری، ذلت ٭ **نرادھار** (ہندو) بے سہارا، بے وسیلہ، بے مدد ٭ **نراس** (ہندو) مؤنث۔ نا امیدی، مایوسی ٭ **نراسا** (ہندو) مایوس، ناامید ٭ **نرانتر** (ہندو) لگاتار، پے در پے، متواتر ٭ **نرانکار** (نِرَنْکار) (ہندو) بے روپ، جس کی کوئی شکل یا صورت نہ ہو، پرمیشر، وشنو ٭ **نربدھ** (ہندو) بے وقوف، نادان، مودھو ٭ **نربل** (ہندو) کم طاقت، کمزور، ناتواں، لاغر (لکھنؤ میں اس جگہ نِبل ہے) ٭ **نربھاگی** (ہندو) بدقسمت، بدنصیب، بدطالع ٭ **نربھے** (ہندو) نڈر، بے خوف، بے باک ٭ **نرپھل** (ہندو) بے حصول، بے فائدہ، اکارت ٭ **نرجل** (ہندو) (۱) خشک، سوکھا (۲) مذکر۔ ریگستان ٭ **نرجلا** (ہندو) وہ برت، جس میں پانی تک نہیں پیا جاتا ٭ **نرجیو** (ہندو) غیر ذی روح، بے جان ٭ **نردوش یا نردوکھ** (ہندو) بے گناہ، بے قصور، بے خطا، معصوم ٭ **نردوش ٹھہرانا** (ہندو) بے گناہ قرار دینا، بری یا رہا کرنا، چھوڑنا ٭ **نردھن** (ہندو) غریب، نادار، مفلس، کنگال ٭ **نردئی** (ہندو) سنگدل، بے رحم، کٹھور ٭ **نرسا**۔ ملاوٹ کا، کھوٹا، خراب، بُرا ٭ **نرگن** (ہندو) (۱) ذات۔ وہ ذات، جو صفاتِ انسانی سے مبرّا اور منزّہ ہے۔ صفاتِ ربّی (۲) بے سلیقہ، بے ہنر ٭ **نرگنیا**۔ مذکر (ہندو) (۱) صرف ذات کو ماننے والا، ویدانتی، موحّد (۲) بے وقوف، ناسمجھ، جاہل ٭ **نرلاج** (ہندو) بے حیا، بے غیرت، بے شرم ٭ **نرمل** (ہندو) صاف، شفّاف، بے کدورت ٭ **نرملی**۔ مؤنث۔ ایک قسم کا بیج، جس سے گدلا پن صاف ہو جاتا ہے ٭ **نرمول** (ہندو) بے اصل، بے بنیاد ٭ **نرموہی** (ہندو) بے رحم، بے مہر، سنگ دل، سرد مہر ٭ **نروان** (س) مذکر (۱) نیستی، فنا (۲) نجات، مکتی ٭ **نرویدہ**۔ وید کو نہ ماننے والا ٭

نرا (نِرَا) (ہ) (۱) تنہا، اکیلا، محض و صرف (۲) خالص، بے میل (۳) بالکل، سراسر ٭ **نرا بس کی گانٹھ ہے**۔ مثل۔ بے حد شرارتی ہے ٭ **نرا کاٹھ کا اُلّو ہے**۔ مثل۔ بڑا بے وقوف ہے ٭

نرا (نِرَا) (ہ) (۱) نرانا کا امر ٭ **نرانا** (ہ) باغ اور کھیت سے خودرو گھاس پھوس نکالنا ٭ **نرائی**۔ مؤنث۔ نرانا کا فعل ٭

نرالا (نِرَا، لَا) (ہ) (۱) عجیب و غریب، نادر، انوکھا، نئی وضع کا، سب سے جدا یا الگ (۲) وہ شخص، جس کے اوضاع و اطوار سب سے جدا ہوں ٭ **نرالاپن**۔ مذکر۔ انوکھاپن ٭ **نرالی**۔ نرالا کی تانیث، انوکھی ٭

نربسی (نَر۔ بِسی) (ہ) مؤنّث۔ ایک دوا، جدوار ÷

نرخ (نِرخ) (ف) مذکّر۔ اناج وغیرہ کا بھاؤ، مول، قیمت، شرح، دَر (بڑھنا، توڑنا، تیز ہونا، چڑھانا، چڑھنا، گھٹانا، گھٹنا، مقرّر کرنا کے ساتھ) ÷ **نرخ بندی**۔ مؤنّث۔ قیمت کا تصفیہ یا چکوتا ÷ **نرخ نامہ**۔ مذکّر۔ نرخ کی فہرست، بازار کے نرخ کی فہرست ÷ **نرخ نامہ ہنڈی** (ہ) مذکّر۔ ہنڈی کا بھاؤ ÷

نرخرا (نَر۔ خَرا) (ہ) مذکّر۔ گلے کی نلی، سانس نلی، حلقوم، ٹینٹوا ÷ **نرخرا بولنا**۔ مرتے وقت حلق سے بلغم کی مانند آواز نکلنا، گھرّا لگنا، گھرّا اٹھا یا خرّا اٹھا چلنا ÷

نرد (نَرد) (ف) مؤنّث (۱) چوسر کی گوٹ، شطرنج کا مُہرہ (اٹھنا، پٹنا، پیٹنا، مارنا، مرنا کے ساتھ) (۲) ایک بازی، جسے تختۂ نرد بھی کہتے ہیں ÷

نردبان (نَر۔ دَ۔ بان) (ف) مذکّر و مؤنّث (تانیث کو ترجیح ہے) سیڑھی، زینہ ÷

نرزہ (نَر۔ زَہ) (ہ) مذکّر۔ زرجہ، چھوٹی ترازو ÷

نرس (نَرس) (انگ۔ Nurse) مؤنّث۔ دایہ، دودھ پلانے والی آیا، تیمارداری کرنے والی عورت ÷

نرسل (نَر۔ سَل) (ہ) مذکّر (دہلی) سرکنڈا، نرکل، کِلک ÷

نرسنگا (نَر۔ سِنگ۔ گا) (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کا بجانے کا سینگ، بگل، ترُہی، صُور، ترَم، دُھوتو، کرنا، قرنا، نفیری ÷

نرسنگھ (نَر۔ سِنگھ) (س) مذکّر (۱) وشنو کا چوتھا اوتار، جس کا سر شیر کا سا تھا (۲) شہ زور یا بہادر آدمی (۳) مُوگّل، بیڑ ÷

نرسوں (نَر۔ سوں) (ہ) مؤنّث (ہندو) (۱) پرسوں سے قبل کا دن (۲) پرسوں کے بعد کا دن ÷

نرغا، نرغہ (ع) (اصل یونانی نرگ) مذکّر (۱) آدمیوں کا حلقہ، جو شکار کے گھیرنے کے لیے بنایا جائے (۲) ہجوم، انبوہ، بھیڑ (۳) مشکل، دقّت، دشواری ÷ **نرغہ کرنا**۔ گھیرنا، احاطہ کرنا، چاروں طرف سے گھیر لینا ÷ **نرغہ ہونا**۔ چاروں طرف سے غنیموں میں گھر جانا ÷ **نرغے میں آجانا** (۱) چاروں طرف سے گھر جانا (۲) آفت یا مصیبت میں پھنس جانا ÷ **نرغے میں جان ہونا**۔ مصیبت میں گرفتار ہونا ÷ **نرغے میں ڈالنا** (۱) محصور کرنا، ہر طرف سے گھیرے میں ڈالنا (۲) مصیبت میں پھنسا دینا ÷

نرک (نَرَک) (س) مذکّر۔ گنہگاروں کے رہنے کا مقام۔ دوزخ، جہنّم، پاتال، تحت الثریٰ، اسفل السافلین، ہاویہ ÷ **نرکی** (ہ) دوزخی، جہنّمی ÷

نرکٹ (نَر۔ کَٹ) (س) مذکّر۔ علم صرف، صیغوں اور مصدروں کا علم ÷

نرکل (نَر۔ کُل) (س) مذکّر (پورب) نرسل، نَے ÷

نرگس (نَر۔ گِس) (ف) (اصل میں یہ لفظ یونانی زبان کا ہے) مؤنّث (۱) ایک قسم کا پودا اور اس کا پھول، جو آنکھ سے بہت مشابہ ہوتا ہے (۲) (مجازاً) چشمِ محبوب ÷ **نرگسِ بیمار** (ف) مؤنّث۔ مست آنکھ، محبوب کی آنکھ ÷ **نرگسِ شہلا**۔ مؤنّث۔ وہ پھول، جس میں زردی کے بجائے سیاہی ہو اور انسان کی آنکھ سے بہت مشابہت رکھتے ÷ **نرگسِ مخمور**۔ مؤنّث۔ خمار آلود، متوالی یا نشیلی آنکھ ÷ **نرگسِ نیم خواب**۔ مؤنّث۔ وہ آنکھ، جو معشوقانہ انداز سے جھکی ہوئی ہو ÷ **نرگسی** (۱) نرگس سے منسوب یا مشابہ (۲) ایک قسم کا کپڑا، جس پر نرگس کی طرح پھول بنے ہوتے ہیں ÷ **نرگسی پلاؤ** (ہ) مذکّر۔ وہ پلاؤ جس میں اُبلے ہوئے انڈے کوفتوں کے اندر رکھ دیتے ہیں ÷ **نرگسی کباب**۔ مذکّر۔ وہ کباب، جو مرغی کے انڈے کا چھلکا اتارنے کے بعد قیمے کے ساتھ لپیٹ کر پکائے جاتے ہیں ÷

نرم (نَرم) (ف) (۱) ملائم، کومل (۲) گدگدا (۳) پلپلا (۴) لچیلا (۵) ڈھیلا (۶) سُست، کاہل (۷) مدّھم، دھیما (۸) سہل، آسان (۹) لطیف، سبک، ہلکا (۱۰) بُردبار، حلیم، متحمّل (۱۱) نازک ÷ **نرم چارا** (ہ) مذکّر۔ ملائم خوراک، زود ہضم کھانا ÷ **نرم دل** (ف) موم دل، رحم دل ÷ **نرم رَو** (۱) دھیما (۲) سوچ سمجھ کر کام کرنے والا ÷ **نرم کرنا**۔ ملائم یا دھیما کرنا ÷ **نرم گرم** (ف) بُرا بھلا، سخت سُست ÷ **نرم گرم اٹھانا یا سہنا** (ہ) بُری بھلی بات کا سہنا۔ سخت سُست کی برداشت کرنا ÷ **نرم لگام** (ف) وہ (گھوڑا)، جو لگام کا ذرا سا اشارہ مانے ÷ **نرمانا** (ہ) نرم، موم، ملائم یا دھیما کرنا، سختی دُور کرنا ÷ **نرماہٹ یا نرمائی**۔ مؤنّث۔ نرمی، ملایمت ÷ **نرمی** (ف) مؤنّث (۱) ملایمت، نزاکت، نازکی (۲) دھیما پن (۳) رحم دلی، شفقت، مہربانی، (۴) آہستگی (۵) پلپلا پن (۶) ہلکا پن، لطافت، سُبکی (۷) آسانی، سہولت (۸) سہار، بُردباری، برداشت، تحمّل ÷

نرما، نرمہ (نَر۔ مَا۔ نَر۔ مَہ) (ہ) مذکّر (۱) کپاس کا پودا (۲) ایک قسم کا ملائم کپڑا ÷

نرمہ (نَر۔ مَہ) (ف) مذکّر۔ کان کی لَو، نرمۂ گوش ÷

نرنجن (نِر۔ رَن۔ جَن) (س) (۱) بے داغ، بے عیب، منزّہ، مبرّا (۲) (مجازاً) اللہ تعالیٰ، پرماتما، ایشور ÷

نرنے (نِر۔ نے) (ہ) (ہندو) نہار مُنہ، بغیر کھائے ÷

نروٹھا (نِر۔ رُو۔ ٹھا) (ہ) (۱) بدصورت، کریہ منظر، مکروہ (۲) بدخُو، بدخصلت ÷

نروگا، نروگی (نِر۔ رُو۔ گا۔ نِر۔ رُو۔ گی) (ہ) (۱) بے روگ، تندرست، بھلا چنگا، اچھا بھلا (۲) نقصان نہ کرنے والا ÷

نری (نَری) (ف) مؤنّث۔ بکری، بکرے یا بھیڑ کا رنگا ہوا چمڑا ÷

ن۔ڑ

نرّا (نَر۔ ڑا) (ہ) مذکّر (گنوار) گاجر کے اندر کا سخت حصّہ، جو ناقابلِ استعمال ہوتا ہے، گاجر کی ہڈّی، نیَرڑا ÷

نڑی (نَڑ۔ ڑی) (ہ) مؤنّث۔ ایک قسم کی آتش بازی ÷

ن۔ز

نزار (نِزار) (ف) (۱) دُبلا، لاغر، نازک، کمزور (۲) مفلس، قلّاش ÷

نزاع (نِزَاعْ) (ع) مؤنث (۱) جھگڑا، تنازع، تکرار (۲) دشمنی، بَیر، عداوت (۳) فساد، ٹنٹا، قضیّہ ✤ نزاعِ لفظی (ف) مؤنث لفظوں پر جھگڑا، باتوں کا جھگڑا، زبانی بحث و تکرار ✤

نزاکت (نَزَاکَتْ) (ف) (فارسی والوں نے نازک سے مصدر بنالیا) مؤنث (۱) نازک ہونا، نازک پن (۲) باریکی، خوبی، لطف، نفاست (۳) آن، نازو ادا (۴) ناتوانی، کمزوری (۵) نازک مزاجی ✤

نزد (ف، بالفتح صحیح، صاحب مؤید و کشف نے بالکسر لکھا ہے) (۱) نزدیک، پاس، قریب (۲) پیش، آگے ✤ نَزْدِیک (۱) پاس، قریب (۲) رائے میں، سمجھ میں، خیال میں (۳) وقت (غیر فصیح) ✤ نزدیک جانا (ل) (۱) پاس یا قریب جانا (۲) پلنگ پر ساتھ سونا، ہم بستر ہونا ✤ نزدیکی (ل) مؤنث ۔ پاس، قربت ✤

نزوات (نَزْ، وَاتْ) (و) مؤنث (اہلِ حساب کی اصطلاح) بقیّۂ مطالبہ ✤

نزع (نَزْعْ) (ع) مؤنث ۔ جان کنی، جان کھچنا، دم ٹوٹنا ✤

نزلہ (نَزْ، لَہْ) (ع) مذکر۔ زکام ۔ ایک بیماری، جس سے پانی حلق میں گرتا یا آنکھوں میں اترتا ہے ✤ نزلہ بر عضوِ ضعیف می ریزد (ف) مثل ۔ مصیبت ہمیشہ کمزور ہی پر آتی ہے ✤ نزلہ بند ۔ مذکر (۱) وہ گول پھاہا، جو نزلہ روکنے کے لیے کنپٹیوں پر لگاتے ہیں (۲) قرصِ زرّیں، جو معشوق لوگ خوب صورتی کے لیے کنپٹیوں میں چسپاں کرتے ہیں ✤ نزلہ گرنا (۱) نزلے کا کسی خاص عضو پر حملہ کرنا (۲) (کنایۃً) شامت آنا، آفت آنا ✤

نزول (نُزُوْلْ) (ع) مذکر (۱) اترنا، فروکش ہونا (۲) قرآن کا نازل ہونا (۳) آنکھ کی ایک بیماری ۔ وہ پانی، جو آنکھوں میں آجاتا اور جس سے بصارت جاتی رہتی ہے (۴) وہ پانی، جو فوطوں میں آجاتا اور ورم پیدا کرتا ہے (۵) مؤنث ۔ سرکاری زمین، ضبط کی ہوئی زمین (۶) مذکر۔ شاہی لشکر کا فروکش ہونا ✤ نزولِ اجلال ۔ مذکر۔ کسی بلند پایہ شخصیت کا آنا ✤ نزول کرنا (ل) (آنکھوں کے لیے) آشوبِ چشم میں مبتلا کرنا ✤ نزولِ وحی ۔ مذکر۔ وحی آنا ✤ نزولی (ف) (۱) مؤنث۔ لشکر کے اترنے کا میدان (۲) نزول کا محکمہ (۳) وہ چیز، جو ضبط ہو جائے ✤

نزہت (نُزْ، ہَتْ) (ع) مؤنث ۔ فرحت، ترو تازگی، خوشی، خرّمی، عیش و نشاط، سرور، آنند ✤ نزہتِ خاطر (ف) مؤنث ۔ خوش دلی، دل بہلاوا، انبساطِ خاطر ✤ نزہت کدہ، نزہت گاہ (۱) مذکر، (۲) مؤنث) پاکیزہ جگہ، سرسبز اور ترو تازہ مقام، سیر اور تماشے کا مقام ✤

نزیل (نَزِیْلْ) (ع) (۱) کسی جگہ اترنے والا (۲) مہمان، پردیسی، مسافر ✤

ن ۔ ژ

نژاد (نِژَادْ) (ف) مؤنث ۔ اصل، نسل، نسب، تخم، نطفہ ✤

نژند (نَژَنْدْ) (ف) (۱) غمگین (۲) خفا، ناراض (۳) خوفناک (۴) نیچا، سرنگوں (۵) خوار ✤

ن ۔ س

نَس (نَسْ) (ہ) مؤنث (۱) رگ، خون کی نلی (۲) پٹھا، پے، عصب (۳) (عو) عضوِ تناسل، ذکر، نائزہ (۴) ریشہ، تنس، پھوسڑا ✤ نس بھڑک جانا یا بھڑکنا (۱) پٹھا یا رگ چڑھنا، رگ یا پٹھے پر صدمہ پہنچنے سے اس کا کھڑا ہو جانا (۲) پاگل یا دیوانہ ہو جانا ✤ نس دار (و) بہت رگوں والا، رگ دار، رگیلا ✤ نَس کٹا (ہ) مذکر۔ خواجہ سرا، زنخہ، ہیجڑا، زنانہ ✤ نس (کا) مرنا۔ رگ مرنا، رگ یا پٹھے کا کمزور ہونا ✤ نَساجال ۔ مذکر (۱) وہ جگہ، جہاں بہت سی رگیں جمع ہوں، رگوں کا مجموعہ (۲) (کنایۃً) بڑا جال، جس سے نکلنا دشوار ہو ✤

نِس (نِسْ) (ہ) مؤنث (۱) رات، شب، رَین (۲) (حرفِ نفی) نا، نہیں، بغیر، بے ✤ نس دن (ہندو) رات دن، لیل و نہار، ہمیشہ ✤ نس سنتان ۔ بے اولاد، لاولد ✤ نس کپٹ ۔ صاف دِل، بے کینہ ✤ نس کلنک ۔ بے داغ، بے عیب ✤

نسّاب (نَسْ، سَابْ) (ع) مذکر (۱) بڑے نسب والا (۲) علم الانساب کا ماہر ✤

نسّاج (نَسْ، سَاجْ) (ع) (۱) بننے والا (۲) کپڑا بننے والا، بافندہ، جلاہا (۳) زرہ بنانے والا (۴) باتیں بنانے والا، جھوٹا، سخن ساز، دروغ گو ✤

نساورا (نِسَا، وُرَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا کبوتر، جس کا سارا رنگ سبز اور دو شہپر سفید ہوتے ہیں، نامہ بر کبوتر (۲) (بازاری، تشبیہاً) مجڑتا ✤

نساء (نِسَاءْ) (ع، امرأۃ کی جمع خلافِ قیاس) عورتیں، بیویاں، استریاں، ناریاں ✤

نسائم (نَسَا، اِمْ) (ع) مؤنث ۔ نسیم کی جمع ۔ خنک، خوش بودار ہوائیں، نرم یا بھینی بھینی ہوائیں ✤

نسب (نَسَبْ) (ع) مذکر۔ نسل، اصل، نژاد، سلسلۂ خاندان ✤ نَسَب ملنا (و) شجرہ ملنا ✤ نَسَب نامہ (ف) مذکر۔ شجرۂ خاندان، کرسی نامہ ✤ نَسَب نما (ف) مذکر۔ علم حساب میں وہ عدد، جس سے یہ معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے برابر حصّے کیے گئے ہیں، مخرج ✤

نسبت (نِسْ، بَتْ) (ع) مؤنث (۱) لگاؤ، تعلّق، علاقہ، واسطہ (۲) مناسبت، مطابقت، مشابہت (۳) منگنی، سگائی، نکاح کا پیغام ✤ نسبت آنا (و) بات آنا، شادی کا پیغام آنا ✤ نسبت ٹھہرنا ۔ بات ٹھہرنا، سگائی قرار پانا ✤ نسبت دینا ۔ تشبیہ یا نظیر دینا، تعلّق ظاہر کرنا ✤ نسبت رکھنا ۔ تعلّق یا لگاؤ رکھنا ✤ نسبت کرنا (۱) منگنی یا سگائی کرنا (۲) منسوب کرنا ✤ نسبت ناتا ۔ مذکر۔ شادی بیاہ، رشتہ داری ✤ نسبت ہونا (۱) تعلّق، مطابقت، مناسبت یا مشابہت ہونا (۲) منگنی یا سگائی ہونا، بات ٹھہرنا ✤ نسبتی ۔ نسبت رکھنے والا، قرابتی، رشتہ دار ✤ نسبتی بھائی ۔ مذکر (۱) بہنوئی، دولھا بھائی (۲) سالا، جورو کا بھائی ✤ نَسَبی (ع) نَسَب سے متعلّق، خاندانی ✤

نستارا (نِسْ، تَا، رَا) (ہ) مذکر (ہندو) چھٹکارا، رہائی، خلاصی، نجات، مکتی

رسنگاری، نروان (پرانی زبان، اب متروک ہے) ٭

نسترن (نسترون) [نَسْ، تَرَنْ (نَسْ، تَرْ، وَنْ)] (ف) مؤنث۔ ایک قسم کا خوشبودار سفید گلاب، سیوتی، سیوتی کا پھول، نسرین ٭

نستعلیق (نَسْ، تَعْ، لِیْق) (ع) مذکر (۱) فارسی کا خط، جو نہایت خوب صورت، صاف اور واضح ہوتا ہے (۲) فصیح، بلیغ، خوش گفتار (۳) مہذب، متین، عمدہ، خوبی کا ٭

نَسْخ (نَسْخْ) (ع) مذکر (۱) منسوخ کرنا، بُطلان، تردید (۲) ایک مشہور خط (۳) نقل، کاپی، تحریر ٭

نُسَخ (نُسَخْ) (ع) مذکر۔ نسخہ (کتاب) کی جمع ٭ **نُسْخَہ**۔ مذکر (۱) کتاب، جلد، رسالہ (۲) (طبی اصطلاح) کاغذ کا وہ پرچہ، جس پر دوائیں، وزن اور ترکیبِ استعمال لکھ کر بیمار کو دیتے ہیں (۳) ڈھنگ، ترکیب، ٹٹکا، چٹکلا (۴) (کنایۃً) ادنیٰ درجے کا آدمی ٭ **نسخہ باندھنا** (۱) دوائیں دینا، عطار کا لکھے ہوئے کاغذ کے مطابق دوائیں پڑیوں میں باندھ دینا ٭ **نسخہ بندھنا** (لازم) ٭ **نسخہ لکھنا**۔ پرچے پر دوائیں تحریر کرنا، نسخہ بنانا ٭ **نسخہ نویسی** (ع، ف) مؤنث (۱) نسخہ لکھنا (۲) کتابت ٭

نسر (نَسْر) (ع) مذکر (۱) ایک مردار خوار پرند، جو چیل کی قسم سے ہے، کرگس، کھگراج، گِدھ (۲) ایک بُت کا نام ٭ **نسرِ طائر**۔ مذکر۔ ستاروں کا ایک گچھا، جس کی شکل پر پھیلائے اوپر کی طرف اُڑتے ہوئے گِدھ سے مشابہ ہے ٭ **نسرِ واقع** ۔ مذکر۔ ایک ستارہ، جو قطبِ جنوبی کی طرف ہے۔ چونکہ اس کے پہلوؤں میں دو اَور ستارے ہیں، جو اس سے مل گئے ہیں، لہٰذا اس کی صورت گِدھ کی سی ہے، جو کندے جوڑے ہوئے ہو۔ اسے نسرِ چرخ اور نسرِ فلک بھی کہتے ہیں ٭

نسرین (نَسْ، رِیْن، نِسْ، رِیْن) (ف) (اردو میں بالفتح ہے) مذکر۔ ایک قسم کا سفید جنگلی گلاب، سیوتی، نسترن ٭

نسق (عربی میں بالفتح مصدر اور بفتحتین اسم ہے۔ فارسی والوں نے بفتح اوّل و دوم ان معنی میں استعمال کیا: قاعدہ، رَوِش، بندوبست) مذکر۔ ترتیب، انتظام، بندوبست، رَوِش، دستور ٭

نسل (نَسْل) (ع) مؤنث (۱) آل اولاد، بال بچے، خاندان (۲) اصل، تخم (۳) قوم، قبیلہ ٭ **نسل بڑھانا** (۱) نسل میں اضافہ کرنا ٭ **نسل بڑھنا** (لازم) ٭ **نسلِ پدری** (ع، ف) مؤنث۔ باپ کا خاندان، جدی خاندان ٭ **نسل وار**۔ اچھی نسل کا، اصیل، قوم دار ٭ **نَسْلاً بَعْدَ نَسْلٍ** (ع) پشت بر پشت، بیٹے، پوتے، پروتے وغیرہ تک ٭

نسنا (نَسْ، نَا) (پنجاب) دوڑنا، بھاگنا ٭

نسناس (نَسْ، نَاس) (ع) مذکر۔ بن مانس، ایک قسم کا جنگلی حیوان، جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے ٭ **نسناسِ ہندی** (ع، ف) مذکر۔ ایک قسم کا جنگلی حیوان، جو بندر اور لنگور کی قسم میں شامل ہے، ہندی بن مانس ٭

نسنکھ (نِسَنْکھ) (ہ) فارغ، آزاد، بے فکر ٭

نسوار (نَسْ، وَار) (ہ) مؤنث (پورب) ناس، نُہلاس، سونگھنے کا پِسا ہوا تمباکو ٭

نسوان (نِسْ، وَانْ) (ع) مؤنث۔ نِساء کی جمع (۱) عورتیں، مستورات (۲) بیویاں ٭ **نِسوانی**۔ عورتوں سے منسوب ٭

نِسُوٹ (نِسُوْٹ) (ہ) (۱) صاف، نتھرا ہوا (۲) خالص، ملاوٹ کے بغیر (۳) پتلا شوربا، جس میں بوٹی نام کو نہ ہو (۴) مؤنث۔ ایک دوا، تُربد (معنی ۱ و ۲ میں اکثر پانی، خون اور تیل کی صفات میں مستعمل ہے) ٭

نسوڑھیا (نَسُوْ، ڑِھیَا) (ہ) منحوس ٭

نسیاً منسیاً (نَسْ، یَنْ، مَنْ، سِیْ، یَا) (ع) فراموش، بالکل بھولا ہوا، از یاد رفتہ ٭

نسیان (نِسْ، یَانْ) (ع) مذکر۔ بھول چوک، بھول جانا، سہو، فراموشی، خطا ٭

نسیم (نَسِیْم) (ع) مؤنث (۱) نرم، ٹھنڈی، بھینی بھینی اور خوشبودار ہوا (۲) مطلق ہوا ٭ **نسیمِ سحر، نسیمِ سحری** (ع، ف) مؤنث۔ پچھلی رات یا صبح کی ہوا، بادِ صبا ٭

نسینی (نَسے، نِی) (ہ) مؤنث (پورب) لکڑی کی سیڑھی، کاٹھ کا زینہ ٭

نسیہ (نِسْ، یَہْ) (ع) مذکر۔ اُدھار، قرض، وام، جو نقد نہ ہو ٭

ن۔ش

نشا (نَشْ، أ) اس لفظ کی تحقیق میں اختلاف ہے ٭

"نور اللغات": "(ع) بالفتح و فتحِ حرفِ سوم۔ الف کے بعد ہمزہ لکھنا غلط ہے۔ الف پر ہمزہ لکھنا اس غرض سے کہ یہ الف نہیں، ہمزہ ہے، مضایقہ نہیں۔ عربی میں اس کے معنی ہیں (۱) پیدا کرنا (۲) نئے سرے سے پیدا ہونا (۳) (مجازاً) جہان، دنیا، عالَم (۴) فارسیوں نے اس سے اس کیفیت کے معنی لیے، جو شراب یا دیگر مسکرات کے استعمال سے ہوتی ہے۔ اہلِ اردو نے ان معنی میں نشۂ لکھا" ٭

"فرہنگِ آصفیہ": "نشا (ع) مذکر (صحیح عربی نَشّہ بہ تشدیدِ شینِ معجمہ) (۱) کیفِ شراب، بے ہوشی، مدہوشی، کدریِ حواس، سُکر، سرور، جو شراب یا بھنگ وغیرہ نشیلی اشیاء سے پیدا ہو، سرشاری، مستی، متوالاپن (۲) گھمنڈ، غرور، تمکنت، نخوت، تکبر، مستیِ غرور (۳) جوش، ولولہ، ترنگ، اچنگ ٭

"صاحبِ نفاس" اسے فارسی قرار دیتے ہیں۔ صاحبِ "بہارِ عجم" اسے اخیر میں ہمزے کے ساتھ لکھ کر عربی ہونے کا شبہ ڈالتے ہیں۔ صاحبِ "آبِ حیات" "نشاہ" لکھتے ہیں، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ "نشا" اس کا مخفف اور یہ دراصل فارسی ہے۔ صاحبِ "غیاث اللغات" اس کا املا "نشّہ" بر وزنِ "پشّہ" لکھ کر عربی و فارسی ہونے کا احتمال پیدا کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک الف یا ہمزہ سے لکھنا محض غلط ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تشدید حذف ہو کر "نشہ" ہو گیا۔ صاحبِ "تنقیح اللغات" بھی انہیں کے ہم زبان ہیں، مگر انہوں نے مشدد ہونا ثابت نہیں کیا۔ پس ان اختلافات کی وجہ سے ہم نے بھی اسے اردو قرار دے کر اساتذہ کے کلام کے موافق "نشہ" فارسی ہی مانا اور اسے دوسرے موقع پر یعنی ترتیب سے

اپنی جگہ دینا بھی مناسب سمجھا" ٭
مؤلف کی رائے یہ ہے: نَشْأۃ، نَشَأۃ (ع)، مذکر (۱) پیدا کرنا (۲) نئے سرے سے پیدا ہونا (۳) (مجازاً) جہان، دنیا، عالم [عربی کا یہ لفظ بالکل الگ ہے، اسے فارسی کے لفظ "نَشْئہ" (مستی) سے قطعاً کوئی تعلق نہیں۔] نَشْأت (ع)، مؤنث (۱) آفرینش، نیا پیدا ہونا (۲) پیدا کرنا (۳) عالم موجودات (۴) شروع کرنا، (۵) نوجوان ہونا (۶) پودے کا سیدھا اُگنا ٭ نَشْأتَین - مذکر۔ دونوں جہان، دنیا اور آخرت ٭ "نَشْئہ" (بہ فتح اوّل و فتح و تشدید دوم و سکونِ سوم) عربی نہیں، فارسی ہے، اردو میں "نَشا"، "نَشْہ" اور "نَشَّہ" تینوں طرح لکھا اور استعمال کیا گیا۔ متقدمین کے کلام میں "نَشا" اکثر ملتا ہے۔ متاخرین نے "نَشا" ترک کر کے "نَشّہ" استعمال کیا۔ عہدِ حاضر کے فصحا نے "نشا" غلط اور "نَشّہ" بجائے صحیح و فصیح قرار دیا ٭

نِشا (نِشَا) (ہ)، مؤنث (۱) یقین (۲) اعتبار، اعتماد (۳) تسلّی (۴) اعتقاد ٭
نِشا خاطر (۶)، مؤنث (عوام) تسلّی، اطمینان، خاطر جمع، دل جمعی ٭
نشاستہ (نَشَاسْ، تَہ) (ف)، مذکر (۱) گیہوں کا ست، مغزِ گندم (۲) مانڈی، اہار، پیچ، کلف ٭
نشاط (نَشَاط) (ع)، مؤنث۔ خوشی، شادمانی، خرّمی، فرحت، عیش، حظ، مزہ ٭
نشان (نِشَان) (ف)، مذکر (۱) آثار (۲) سراغ، کھوج (۳) علامت (۴) پتا، نام و نشان (۵) نشانی، یادگار (۶) عَلَم، جھنڈا، لشکر کا جھنڈا (۷) دھبا، داغ (۸) پاؤں کا نشان (۹) بادشاہ کا فرمان (۱۰) نمونہ (۱۱) اثر ٭ نشان اُٹھنا (۶) عَلَم اٹھنا ٭ نشان باقی نہ رہنا۔ یادگار باقی نہ رہنا، نیست و نابود ہو جانا ٭ نشان بردار، نشانچی (ف) جھنڈا لے کر چلنے والا، عَلَم بردار ٭ نشان بنانا (۶) علامت بنانا ٭ نشانِ پا (ف) مذکر۔ پاؤں کا نقش، جو چلنے سے زمین پر ظاہر ہو ٭ نشان پانا (۶) سراغ یا پتا پانا ٭ نشان پر سہرا چڑھانا۔ منّت پوری ہونے کے بعد عَلَم پر سہرا چڑھانا ٭ نشان پڑ جانا یا پڑنا۔ دھبا پڑنا، نقش بن جانا، چوٹ کی علامت باقی رہنا ٭ نشان چڑھانا۔ منگنی کے روز دلھن کو انگوٹھی، چھلا وغیرہ پہنانا ٭ نشان دہی۔ مؤنث۔ ٹھکانا یا پتا بتانا، سراغ رسانی ٭ نشان دینا (۱) سراغ لگانا، پتا دینا (۲) کوئی علامت بتانا (۳) صحیح کرنا، تصدیق کرنا ٭ نشان ڈالنا۔ "نشان پڑنا" کا متعدی ٭ نشان رہ جانا۔ علامت یا یادگار باقی رہ جانا ٭ نشان سے گزر جانا۔ نامردی حاصل کرنے کی خواہش نہ رہنا ٭ نشان کرنا (۱) دھبا ڈالنا (۲) داغ دینا، نمبر ڈالنا، مارک بنانا (۳) کوئی علامت کر دینا (۴) صاد، صحیح یا سائن کرنا ٭ نشان گاڑنا۔ جھنڈا گاڑنا ٭
نشان مٹانا۔ علامت یا یادگار مٹانا ٭ نشان مٹنا (لازم) ٭ نشان ملنا۔ سراغ ملنا ٭ نشان نہ رکھنا۔ تباہ و برباد کرنا، بالکل نیست و نابود کر دینا ٭
نشان نہ ہونا۔ پتا نہ ہونا ٭ نشان ہونا۔ نشان پڑنا ٭
نشانہ (نِشَا، نَہ) (ف)، مذکر (۱) ہدف۔ وہ علامت، جو تیر مارنے کے لیے بنا دیں۔ شست، زد، گولی یا تیر مارنے کی جگہ (۲) (۶) ٹھکانا، مقام، نازل ہونے کی جگہ ٭ نشانہ اُڑا دینا یا اُڑانا (۶) گولی یا تیر وغیرہ نشانے پر لگانا، ٹھیک نشانہ لگانا ٭ نشانہ انداز (ف) ٹھیک نشانہ لگانے والا ٭ نشانہ باندھنا (۶) سیدھ یا شست باندھنا، نشانہ تاکنا ٭ نشانہ کرنا یا لگانا۔ گولی یا تیر کا وار کرنا، شکار کرنا، چاند ماری کرنا ٭ نشانہ ہونا۔ گولی یا تیر سے مارا جانا، نشانہ بننا ٭
نشانی (نِشَا، نِی) (ف)، مؤنث (۱) کسی کی وہ چیز، جو کسی کے پاس بطور یادگار ہو، یادگار (۲) وہ چیز، جو تصدیق کے لیے کسی کے ہمراہ کریں (۳) وہ علامت، جو کپڑے وغیرہ پر اس غرض سے بنا دیتے ہیں کہ مشتبہ نہ ہو (۴) وہ علامت، جو حساب کے کاغذ پر بنا دیتے ہیں (۵) وہ گرہ، جو بند میں اس مقصد سے دیتے ہیں کہ اسے دیکھ کر بھولی ہوئی بات یاد آ جائے (۶) وہ چھلا یا انگوٹھی، جو منگنی یا ساچق کے روز دلھن والے دولھا کو اور دولھا والے دلھن کو پہناتے ہیں (۷) وہ چھوٹا سا کاغذ، جو کتاب کے اوراق میں اس لیے رکھ دیتے ہیں کہ جب چاہیں، اسی جگہ سے کتاب کھول کر مطلب پورا کر لیں، اِدھر اُدھر تلاش کی ضرورت نہ رہے (۸) شناخت کی علامت، علامت، پہچان (۹) اولاد، نسل، خاندان کا جزو (۱۰) (عو) وہ مختلف چیزیں، جو پہلے سفر کے بعد عروس کی طرف سے خاص خاص اعزّہ میں تقسیم کی جاتی ہیں ٭ نشانی دینا (۶) نشانی کے طور پر کوئی چیز دینا ٭ نشانی رکھنا۔ یادداشت کے لیے قرآنِ مجید میں مور کا پَر بطورِ نشان رکھنا ٭ نشانی کا چھلا۔ مذکر۔ وہ چھلا، جو کسی کو یادگار کے طور پر دیا جائے ٭ نشانی کرنا۔ اَن پڑھ شخص کا دستخط کے بجائے قلم سے لکیر بنانا ٭
نشتر۔ (ف) (صحیح نِشْتَر، بالکسر، یہ لفظ "نیشتر" کا مخفّف ہے، عموماً بول چال میں بالفتح ہے) مذکر۔ فصد کھولنے یا زخم چیرنے کا نوک دار اوزار ٭ نشتر چبھونا (۶) (۱) کسی عضو میں نشتر کی نوک اتارنا (۲) (کنایۃً) ایذا پہنچانا ٭ نشتر کا چھیڑنا۔ جسم کے عضو میں نشتر کا عمل کرنا ٭ نشتر دینا۔ نشتر لگانا ٭ نشتر زن (ف) نشتر چبھونے، لگانے یا مارنے والا ٭ نشتر کھانا (۶) تکلیف اٹھانا ٭
نشتر لگانا۔ کسی عضو میں نشتر چبھونا ٭ نشتر مارنا۔ نشتر بے ساختہ چبھو دینا ٭
نشٹ (نَشْٹ) (س) ناش، نیست و نابود، گم کردہ، تباہ و برباد، فنا، ستیاناس، خراب، تلف، ضائع (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭
نشچے (نِش، چے) (س) مذکر (ہندو) (۱) یقین، اطمینان، خاطر جمع (۲) اعتماد، اعتبار، بھروسا (۳) عقیدہ (۴) اصل، سچ مچ، ٹھیک (کرنا کے ساتھ) ٭
نَشْر (نَشْر) (ع)، مذکر (۱) اشاعت، پھیلاؤ (۲) بکھیرنا (۳) خبر مشہور کرنا (۴) مُردے زندہ کرنا (۵) مُردوں کا زندہ ہونا (۶) (مجازاً) زندگی (۷) پراگندگی ٭ نشرِ الصّوت۔ مذکر۔ آواز پھیلانا ٭
نَشَر (نَشَر) (ع) پریشان، پراگندہ، آوارہ ٭
نشرہ (نُش، رَہ) (ع)، مذکر (۱) بچّے کے قرآن شریف ختم کرنے کی خوشی (۲) وہ ا ب ت، جو استاد مکتب نشینی کے دن طالب علم کی تختی پر زعفران اور شنجرف سے لکھتا ہے ٭
نشست (نِشَسْت) (ف) (۱) بیٹھک (۲) موزونیّت، کرسی (۳) ہم نشینی، مصاحبت، مجالست (۴) پارے کا بیٹھ جانا (۵) بیٹھنے کی جگہ ٭
نشست برخاست۔ مؤنث۔ اٹھنا بیٹھنا، اٹھنے بیٹھنے کی تمیز، آدابِ مجلس ٭

نشست ٹھہرانا (ف) نشست قرار دینا ۔ نشست گاہ (ف) مؤنث۔ بیٹھنے کی جگہ، بیٹھک، دیوان خانہ ۔

نشو (نَشْو) (ع) مذکر۔ نمو، بالیدگی، روئیدگی، پیداوار، اُگنا، پیدا ہونا، بڑھنا ۔ نَشْو و نُما (ع، ف) مذکر و مؤنث (۱) اُگنا، بڑھنا، پرورش پانا، بالیدگی (۲) ظہور، رونق، ترقی ۔ نَشْو و نُما پانا (ف) (۱) بڑھنا، نمو ہونا، پرورش پانا (۲) سرسبز و شاداب ہونا ۔

نشور (نُشُوْر) (ع) مذکر۔ مُردے کا قیامت کے دن اُٹھنا، حشر، قیامت، رستخیز ۔

نَشّہ (نَش، شَہ) (ف) مذکر [دیکھیے نشا کے ذیل میں "فرہنگ آصفیہ" نشا (ف) ۱، ۲، ۳ ۔] نَشّہ اُتارنا (ف) (۱) نشہ زائل کرنا (۲) غرور مٹانا (۳) جوش و ولولہ نابود کرنا ۔ نَشّہ اُترنا (لازم) ۔ نشّہ باز (ف) نشّے کا شوق رکھنے والا، شراب خوار ۔ نَشّہ بودا ہونا (ف) ایسا نشّہ ہونا جس میں جرأت اور ہمت جاتی رہے ۔ نشّہ پانی۔ نشّے کی چیز کھانا پینا ۔ نشّہ پانی کرانا (۱) نشّہ پلوانا، نشّہ پینے کے لیے کچھ دینا (۲) (کنایۃً) رشوت دینا ۔ نشّہ پانی کرنا (۱) نشّے کی چیز کھانا پینا (۲) (کنایۃً) رشوت لینا ۔ نشّہ چڑھنا۔ سرور ہونا، بے ہوشی چھا جانا، مست ہونا ۔ نشّا کرکرا کرنا۔ رنگ میں بھنگ کرنا، مزہ بگاڑنا، عیش میں خلل ڈالنا ۔ نشّا کرکرا ہونا (لازم) ۔ نشّہ کرنا۔ نشّہ پیدا کرنا یا لانا ۔ نشّہ لانا۔ سرور پیدا کرنا ۔ نشّہ ہرن ہونا (کنایۃً) (۱) بے ہوشی اور غفلت سے ہوش میں آنا، نشّے کا اُتر جانا، ہوش آجانا، غفلت دُور ہو جانا (۲) گھمنڈ دُور ہونا، عظمت دُور ہو جانا ۔ نشّہ ہونا۔ سرور ہونا، بدمست ہونا، مدہوش یا متوالا ہونا، آنکھوں میں سُرخی آنا ۔ نَشّے (ف) مذکر (۱) نشہ کی جمع (۲) نشّہ کی صورت حرف جار سے پہلے ۔ نشّے کے ڈورے۔ مذکر۔ سُرخی، جو شراب کے نشّے سے آنکھوں کی رگوں میں ظاہر ہوتی ہے (کھُوٹنا کے ساتھ) ۔ نشّے میں چُور کرنا۔ بہت شراب پلا کر بدمست کرنا ۔ نشّے میں چُور ہونا (لازم) ۔ نشّے میں ڈوبنا (۱) مست اور سرشار ہونا، کمال درجہ نشّہ ہونا ۔ نشّے میں غرقاب (عین) ہونا۔ نشّے کی زیادتی سے بدحواس ہو جانا ۔ نشّے میں لے اُڑنا۔ مُسکر کی شدّت سے عقل و ہوش کا پراگندہ کر دینا، نہایت سرور اور مستی میں کر دینا ۔ نَشِیلا۔ نشّے میں بھرا ہُوا، نشّے میں سرشار، مست، متوالا ۔ نَشِیلی۔ نشیلا کی تانیث ۔ نشیلی آنکھیں۔ مؤنث۔ کیف آلود، نشّے میں چُور، مست یا متوالی آنکھیں ۔

نشیب (نِشِیْب) (ف) مذکر۔ نچان، پستی، زمین پست ۔ نشیب و فراز (۱) پستی اور بلندی، اونچ نیچ، اُتار چڑھاؤ (۲) زمانے کا نفع و نقصان ۔

نَشِید (نَشِیْد) (ع) مذکر (۱) شعر پڑھنا (۲) آواز بلند کرنا ۔

نشید (نِشِیْد) (ف) مذکر۔ سرود (۲) پڑھنے کی آواز ۔ نشید خواں۔ نغمہ سنج ۔

نشیمن (ف۔ بہ کسرِ اوّل و دوم و سکونِ سوم مجہول و فتح چہارم۔ اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اوّل ہے۔) مذکر (۱) آرام یا خلوت کی جگہ (۲) پرندوں کا گھونسلا، آشیانہ (۳) مسکن، مکان، محل سرائے، حویلی، دولت خانہ ۔

نشیمن کرنا (ف) (۱) گھونسلا بنانا (۲) رات کو پرندوں کا بیٹھنا ۔ نشیمن گاہ (ف) مؤنث۔ خلوت خانہ، آرام گاہ ۔

نشیں (نِشِیْں) (ف) نشستن کا امر، بیٹھ ۔

ن ۔ ص

نَصّ (نَص) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) کھود کھود کر پوچھنا، چھان بین کرنا (۲) ظاہر، آشکارا (۳) قطعی حکم، ناطق حکم (۴) قرآنِ مجید کی وہ آیتیں، جو متشابہ امور ظاہر کرتی ہیں کہ یہ اچھا ہے اور یہ بُرا۔ کبھی اس کا اطلاق ان آیتوں پر بھی ہوتا ہے، جن کے معنی ظاہر و صریح ہوں ۔ نُصُوص۔ مذکر و مؤنث۔ نص کی جمع ۔

نصاب (نِصَاب) (ع) مذکر (۱) پونجی، سرمایہ (۲) اتنا مال، جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو (۳) بنیاد، جڑ (۴) پڑھائی کا کورس (۵) تول، جانچ (۶) مدازہ ۔

نصارٰی (نَصَا، رَا) (ع) مذکر۔ نصرانی کی جمع۔ عیسائی، مذہبِ عیسائیت کے پیرو ۔

نصائح (نَصَا، اِح) (ع) مذکر و مؤنث۔ نصیحت کی جمع، نصیحتیں ۔

نصب (نَصْب) (ع) مذکر (۱) گاڑنا (۲) برپا، قائم یا کھڑا کرنا، لگانا (۳) زبر یا فتح کی حرکت (۴) دشمنی، عداوت ۔ نَصْبُ العَیْن (۱) آنکھ کے مقابل (۲) مدِّ نظر، منظورِ خاطر، دِل منشا، اصلی مقصد ۔

نصر (نَصْر) (ع) مؤنث (۱) مدد، حمایت، پُشتی، یاری، کمک (۲) فتح، ظفر ۔ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ۔ خدا کی مدد سے فتح نزدیک ہو جاتی ہے۔ قرآن شریف کی ایک آیت ۔ نُصْرَت۔ مؤنث۔ دیکھیے "نصر" ۔

نصرانی (نَص، رَا، نِی) (ع) مذکر۔ عیسائی، مذہبِ عیسائیت کا پیرو ۔ نَصْرَانِیَّت۔ مؤنث۔ عیسائیت ۔

نصف (نِصْف) (ع) آدھا، نیم، ½ ۔ نِصْفُ النَّہَار۔ مذکر (۱) وہ فرضی خط، جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک کھینچے جائیں (۲) دوپہر کا وقت ۔ نِصْفَا نِصْف، نِصْفَا نِصْفِی۔ آدھوں آدھ، ٹھیک آدھا ۔ نَصَفَت۔ مؤنث۔ انصاف، نیاؤ، داد، عدل، معدلت ۔

نصوح (نَصُوْح) (ع) (۱) صاف، خالص (۲) دل سے توبہ، ایسی پکی توبہ کہ پھر گناہ کا نام تک نہ لیا جائے (۳) عرب کا ایک مشہور حجّام، جو عورت کے بھیس میں حمّاموں کے اندر مالش سے مزے اُڑایا کرتا تھا، لیکن جب اُس نے توبہ کی تو گناہ کے پاس تک نہ پھٹکا۔ اِسی وجہ سے پکی توبہ کو توبۃ النصوح کہتے ہیں۔ اس کا قصّہ مثنوی مولانا روم میں درج ہے ۔ نصوحا کی توبہ (ف) مؤنث (کنایۃً) توبہ، جو ہمیشہ کے لیے ہو ۔

نصیب (نَصِیْب) (ع) مذکر (۱) قسمت، تقدیر، بھاگ، کرم، حصہ (۲) میسّر، حاصل (۳) مبارک (۴) بدنصیبی ۔ نصیب آزمانا (ف) قسمت آزمائی کرنا، توکّل پر کوئی کام کرنا ۔ نصیب اعداء (ع، ف) دشمنوں کے نصیب ہو، کسی عزیز کی بیماری یا بُری خبر کا ذکر کرتے وقت یہ کلمہ اس کے ساتھ بولتے ہیں ۔ نصیب اُلٹنا (ف) قسمت کا پلٹا کھانا ۔ نصیب بگڑنا۔ قسمت پھوٹنا، شامت آنا، تقدیر کا یاور نہ ہونا ۔ نصیب پھرنا۔ طالع کا مددگار ہونا ۔

نصیب پھوٹ جانا (پھوٹنا) (عو) تقدیر یا قسمت بگڑنا، بدنصیب ہو جانا، اِدبار آ جانا ٭ **نصیب ٹیڑھا ہونا**۔ بداقبالی ہونا ٭ **نصیب جاگنا** ۔ اقبال یاور ہونا، قسمت کھُلنا ٭ **نصیب چمکنا**۔ اقبال کا ستارہ طلوع ہونا، تقدیر جاگنا ٭ **نصیبِ دشمناں** (ع، ف) دیکھیے "نصیبِ اعداءٔ" ٭ **نصیب سونا** (۔) (کنایۃً) بدبختی ہونا ٭ **نصیب کا لکھا**۔ مذکّر۔ قسمت کا لکھا، بدطالعی اور بدنصیبی کے موقع پر بولتے ہیں ٭ **نصیب کو رونا**۔ تقدیر کے لکھے اور بدقسمتی پر افسوس کرنا ٭ **نصیب کھُل جانا یا کھُلنا**۔ اقبال مند یا بختاور ہونا، قسمت پھرنا ٭ **نصیب کی شامت**۔ مؤنّث۔ تقدیر کی گردش، بدقسمتی ٭ **نصیب کیا دکھاتا ہے** (دیکھیے آئندہ کیا پیش آتا ہے) **نصیب لڑانا**۔ نصیب کا مقابلہ کرانا، قسمت آزمانا ٭ **نصیب لڑنا**۔ تقدیر یاور ہونا، اقبال مند ہونا ٭

نصیب وَر (ف) بلند اقبال، خوش نصیب ٭ **نصیب ہونا**۔ دست یاب، میسّر یا حاصل ہونا ٭ **نصیبا** (نصیبہ کا بگاڑ) مذکّر (عو) نصیب، قسمت ٭

نصیبا پھر جانا (پھرنا) اچھے دن آنا، نصیب چمکنا، قسمت پھرنا ٭ **نصیبا سکندر ہونا** (کنایۃً) اقبال یاور ہونا ٭ **نصیبوں**۔ مذکّر۔ نصیب کی جمع حرفِ جار سے پہلے ٭ **نصیبوں پر پتھر پڑنا** (کنایۃً) بدنصیبی ہونا ٭

نصیبوں جلا (عو) بدقسمت، بدنصیب، کم بخت ٭ **نصیبوں جلی** (عو) بنختی، بدنصیب، کم بخت ٭ **نصیبوں سے**۔ نصیب یا قسمت سے ٭

نصیبوں کو دعا دو۔ قسمت کے شکرگزار ہو، تقدیر کا احسان مانو ٭

نصیبوں کو رونا (کوسنا) قسمت کے لکھے پر افسوس کرنا ٭ **نصیبوں کی خوبی**۔ مؤنّث (طنزاً) بدقسمتی، بدطالعی، بدنصیبی، شامت ٭ **نصیبوں کی شامت**۔ مؤنّث۔ قسمت کی بُرائی ٭ **نصیبے**۔ مذکّر۔ نصیب یا نصیبا کی جمع ٭ **نصیبے میں**۔ بھاگ میں، مقسوم میں، قسمت میں ٭ **نصیبے وَر** (عو) قسمت والا، صاحب نصیب، بھاگوان ٭

نصیحت (نَصِی، حَت) (ع) مؤنّث (۱) ایک مشورہ، اچھی صلاح، پند (۲) (۔) (دہلی) گوشمالی، تنبیہ، فہمائش، عبرت ٭ **نصیحت آمیز** (ع، ف) وہ بات، جس میں نیک صلاح شامل ہو ٭ **نصیحت پانا** (۔) (۱) پند حاصل کرنا، عبرت پکڑنا، کان ہونا (۲) سزا پانا، پاداش ملنا ٭ **نصیحت دینا** (دہلی) تنبیہ یا گوشمالی کرنا ٭ **نصیحت کرنا**۔ سمجھانا، نیک بات بتانا ٭

نصیحت گر، نصیحت گزار، نصیحت گو (ع، ف) نصیحت کرنے والا، بھلے کی بات کہنے والا، ناصح ٭ **نصیحت ہونا** (۔) (۱) بھلائی کی بات حاصل ہونا، پند ہونا (۲) کان، تنبیہ یا عبرت ہونا ٭

نصیر (نَصِیر) (ع) (۱) مدد کرنے والا، مددگار، معاون (۲) دوست، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ٭

نصیری (نُصَیْ، رِی) (ع) مذکّر (۱) نُصَیر نامی ایک عرب سے منسوب فرقہ۔ یہ لوگ حضرت علیؓ کو خدا مانتے ہیں (۲) (کنایۃً) فدائی، شیدائی، جان نثار ٭

ن-ض

نضارت (نَضَا، رَت) (ع) مؤنّث۔ آب داری، تازگی ٭

نضج (نُضْج) (ع) مذکّر (۱) میوے کی پختگی (۲) طبیبوں کی اصطلاح میں خلطِ فاسد کا غلیظ یا رقیق ہو کر نکلنا ٭

ن-ط

نطع (ع، بالفتح و بہ فتحِ اوّل و دوم۔ اردو میں بہ کسرِ اوّل و فتحِ دوم ہو گیا) مذکّر (۱) (ع) چمڑے کا بچھونا (۲) (۔) چمڑے کا دسترخوان، جو کپڑے کے دسترخوان کے نیچے بچھایا جاتا ہے (۳) ادھوڑی (۴) کھیلنے، کام کرنے یا مجرم کو قتل کرنے کے لیے چمڑے کا ٹکڑا ٭

نطفہ (نُط، فَہ) (ع) مذکّر (۱) صاف و شفّاف پانی (۲) مرد کا پانی، منی (۳) اولاد ٭ **نطفۂ بے تحقیق** (ع، ف) (۱) حرامی، ولدالزّنا۔ وہ شخص، جس کے متعلّق معلوم نہ ہو کہ کس کا نطفہ ہے (۲) بدذات، بےحد شریر، فتنہ پرداز ٭ **نطفہ ٹھہرنا یا قرار پانا** (۔) حمل ہونا، پیٹ میں بچّہ پڑنا ٭ **نطفۂ حرام** (ع، ف) دیکھیے "نطفۂ بے تحقیق" ٭

نطق (نُطْق) (ع) مذکّر (۱) گویائی، بولنے کی طاقت (۲) بات، گفتگو ٭

نطول (نُطُوْل) (ع) مذکّر۔ دواؤں کا جوشش دیا ہوا پانی، جس سے کوئی عضو سینکتے ہیں ٭ **نُطُوْل**۔ مذکّر۔ جسم پر گرم پانی ڈالنا، پاشویہ کرنا۔ دواؤں کے جوشش دیئے ہوئے پانی سے کوئی عضو دھونا ٭

ن-ظ

نظارت (نِظَا، رَت) (ع) مؤنّث (۱) کسی چیز کو دیکھنا، محافظت، نگہبانی (۲) ناظر کا عہدہ (۳) ناظر کا محکمہ یا دفتر ٭ **نظارگی، نظّارگی** (نَظَا، رَگی۔ نَظْ، ظَا، رَگی) (ع، ف) مؤنّث (۱) نظارہ، دیدار بازی (۲) (مجازاً) تماشہ بینی ٭ **نظارہ، نظّارہ** (نَظَا، رَہ۔ نَظْ، ظَا، رَہ) (ع) مذکّر (۱) نظر ڈالنا، دیکھنا (۲) نظر بازی، دیدار بازی (۳) نظر، چتون (۴) دیدار، درشن، دید (۵) گھورا گھاری ٭

نظارہ بازی (ع، ف) مؤنّث۔ نظر بازی، دیدار بازی، گھورا گھاری ٭ **نظارہ کرنا** (۔) دیکھنا، نظر بازی یا گھورا گھاری کرنا ٭ **نظارہ مارنا** (عوام) دیکھنا، گھورنا گھارنا، دید بازی یا نظر بازی کرنا ٭

نظافت (نَظَا، فَت) (ع) مؤنّث۔ پاکیزگی، صفائی ٭

نظام (نِظَام) (ع) مذکّر (۱) موتیوں کی لڑی (۲) جڑ، بنیاد (۳) سلسلہ، ترتیب (۴) بندوبست، انتظام (۵) آراستگی (٦) فرمانروائے دکن کا موروثی خطاب ٭ **نظام الدّین**۔ دہلی کے قریب ایک بستی، جہاں حضرت خواجہ نظام الدّین اولیاؒ کا مزار مبارک ہے ٭ **نظامِ بطلیموسی** (ع، ف) مذکّر۔ حکیم بطلیموس کا نظام، جس میں زمین مرکزِ عالم قرار دی گئی ہے اور اس کے گرد

تمام کواکب، سورج، چاند وغیرہ گردش کرتے مانے گئے ہیں ⁛ **نظامِ شمسی**۔
مذکر۔ حکیم فیثاغورس کا نظام، جس میں آفتاب مرکزِ عالم قرار دیا گیا ہے اور
اس کے گرد تمام سیّارے گردش کرتے ہوئے تسلیم کیے گئے ہیں ⁛
نِظَامَت (ع) مؤنّث (۱) انتظام، بندوبست (۲) ناظم کا محکمہ یا دفتر
(۳) ناظمی، ناظم کا کام ⁛
نظائر (نَظَا۔اِر) (ع) مذکّر و مؤنّث۔ نظیرۃ کی جمع (۱) مثالیں (۲) (ق) ہائی کورٹ اور پریوی کونسل کے فیصلے۔ اردو میں نظیر کی جمع کے طور پر مستعمل
ہے ⁛ **نظائرِ قانونی** (ع، ف) مذکّر و مؤنّث۔ قانونی مثالیں ⁛
نظر (نَظَر) (ع) مؤنّث (۱) بغور دیکھنا، دید (۲) نگاہ، آنکھ، چشم (۳)
بصارت، روشنیِ چشم (۴) غور، فکر، تأمّل (۵) نگرانی، دیکھ بھال (۶)
تمیز، شناخت، جانچ، پرکھ (۷) توجّہ، مہربانی، عنایت (۸) ملاحظہ،
معاینہ (۹) اندازہ، تخمینہ، اٹکل، قیاس (۱۰) آس، امّید، توقّع (۱۱) بھوت پریت
کا اثر، جنّ اور پری کا سایہ (۱۲) نظرِ بد، چشمِ بد، آسیبِ نظر (۱۳) ارادہ، قصد،
نیّت، منشا ⁛ **نظر آنا** (ل) (۱) دکھائی دینا، سوجھنا (۲) دھیان میں آنا
(۳) پانا، ملنا ⁛ **نظر اُتارنا**۔ چشمِ بد کا دفعیّہ کرنا، صدقہ دینا ⁛ **نظر اٹھانا**۔
آنکھ اونچی کرنا، اوپر دیکھنا ⁛ **نظر اُٹھنا** (لازم) نگاہ اٹھنا ⁛ **نظر انداز کرنا**
(۱) دیکھنے سے چھوڑنا (۲) توجّہ نہ کرنا (۳) ناپسند کرنا (۴) نامنظور کرنا ⁛
نظر باز (ع، ف) (۱) نیک و بد کا پہچاننے والا، تاڑو، چالاک اور عیّار
فوراً بھانپ لینے والا (۲) وہ شخص، جو صرف دیکھنے کا مزہ اٹھائے، حسن پرست ⁛
نظر بازی۔ مؤنّث۔ دیدار بازی، گھورا گھاری ⁛ **نظر باندھنا** (ل) نظر بندی کرنا،
جادو کے زور سے عجیب کرتب دکھانا ⁛ **نظر بچانا**۔ آنکھ چرانا، ٹالنا، کترانا،
بچ کر نکلنا ⁛ **نظرِ بد** (ع، ف) مؤنّث۔ بری نظر، بری نظر کا اثر (لگانا، لگنا کے
ساتھ) ⁛ **نظر بدلنا** (ل) (۱) نظر میں فرق آنا، تیور بدلنا (۲) ارادہ بدلنا،
بدنیّت ہونا ⁛ **نظر بند** (ع، ف) (۱) قیدی، وہ قیدی، جو بظاہر آزاد ہو،
لیکن اصل میں اس کی نگرانی کی جائے، بے زنجیر قیدی (رکھنا، کرنا، ہونا کے
ساتھ) (۲) وہ شعبدہ، جس سے کچھ کا کچھ اَور نظر آئے ⁛ **نظر بندی** (ف)
مؤنّث (۱) حفاظت، پاسبانی، حراست (۲) شعبدہ بازی، جادوگری ⁛
نظر بھر کر دیکھنا (ل) کسی چیز کو اچھی طرح خوب غور سے دیکھنا، سیر ہو کر دیکھنا ⁛
نظر (نظروں) پر چڑھ جانا (۱) جانچنا (۲) گردیدہ بنانا، فریفتہ کرنا (۳) قربان کرنا ⁛
نظر (نظروں) پر چڑھنا (۱) دل کو اچھا لگنا، پسند آنا، وقعت پانا، کسی کی نگاہ
میں معزّز ہونا (۲) جچنا، اندازہ کیا جانا، نگاہ میں ٹھہرنا (۳) ذلیل یا حقیر ہونا
(۴) (عو) ٹوک میں آنا، نظر لگ جانا ⁛ **نظر پڑ جانا**۔ دکھائی دینا، دھیان میں
آ جانا ⁛ **نظر پڑنا** (۱) اتفاقاً نظر آنا (۲) کسی چیز پر نگاہ جانا (۳) دکھائی دینا
(۴) دھیان میں آنا (۵) (کنایۃً) کسی شخص یا چیز کو خواہش کی نظر سے دیکھنا ⁛
نظر پہچاننا۔ تیور سے شناخت کرنا ⁛ **نظر پھر جانا** (پھرنا) ناراض یا بے مروّت
ہو جانا ⁛ **نظر پھسلنا**۔ نگاہ نہ ٹھہرنا، کسی چیز کا نہایت صاف و شفاف ہونا ⁛
نظر پھیر لینا (کنایۃً) بے توجّہی یا بے مروّتی کرنا ⁛ **نظر پھینکنا**۔ چاروں طرف
نگاہ ڈالنا، اِدھر اُدھر نگاہ دوڑانا ⁛ **نظر پیدا کرنا**۔ جانچ کی قوّت اور ملکہ حاصل کرنا ⁛
نظر تاڑ لینا۔ اندازِ نگاہ سے سمجھ لینا ⁛ **نظر تیز پڑنا**۔ غصّے کی نگاہ پڑنا ⁛
نظر ٹھہرنا۔ نظر جمنا (بیشتر نفی کے ساتھ مستعمل ہے) ⁛ **نظرِ ثانی** (ع، ف)
مؤنّث۔ پڑتال، دوبارہ دیکھنا، دوسری دفعہ غور کرنا، ترمیم، تصحیح ⁛
نظرِ ثانی کرنا (ل) (۱) پڑتال کرنا، دوبارہ یا پھر دیکھنا، ترمیم یا تصحیح کرنا (۲)
کسی مقدمے کی مسل پھر دیکھنا ⁛ **نظر جانا** (۱) نگاہ کی رسائی ہونا (۲) کسی طرف
توجّہ ہونا، خیال دوڑنا ⁛ **نظر جلانا** (عو) نظرِ بد کا دفعیّہ کرنا، کپڑے کو توے
کی سیاہی لگانے کے بعد اسے تیل میں بھگو کر بیمار کے سامنے جلانا ⁛
نظر جلنا (لازم) ⁛ **نظر جمانا**۔ نگاہ کا کسی چیز پر قائم کرنا ⁛ **نظر جمنا** (لازم) ⁛
نظر جھاڑنا۔ افسون اور دعا پڑھ کر نظرِ بد کے دفعیّے کی تدبیر کرنا ⁛
نظر چکنا۔ کوئی چمکیلی چیز دیکھ کر نگاہ کا چندھیا جانا ⁛ **نظر (نظریں) چرانا**
(۱) نظر بچانا، آنکھ چرانا (۲) کسی کام سے پہلو تہی کرنا (۳) چوری چوری دیکھنا ⁛
نظر چڑھنا (۱) خیال یا خاطر میں آنا (۲) نظر پڑنا، دیکھنے میں آنا (۳)
نگاہ میں جچنا، قدر پانا، پرکھا جانا (۴) پسند آنا، دل کو اچھا لگنا (۵) (عو) نظرِ بد
لگنا، ٹوک میں آنا (۶) معزّز ہونا، وقعت پانا (۷) حقیر یا رُسوا ہونا ⁛
نظر دکھانا۔ آنکھ دکھانا ⁛ **نظر دوچار ہونا**۔ نگاہ کا نگاہ کے سامنے ہونا ⁛
نظر دوڑانا (۱) تلاش کرنا، چاروں طرف یا اِدھر اُدھر دیکھنا (۲) غور کرنا ⁛
نظر دوڑنا۔ تیزی سے نظر جانا ⁛ **نظر ڈالنا**۔ سرسری نظر سے دیکھنا ⁛
نظر رکھنا (۱) توجّہ رکھنا، محبّت کی نظر سے دیکھنا، عاشقانہ نگاہ ڈالنا (۲)
خبر رکھنا (۳) امّید یا توقّع رکھنا (۴) ارادہ یا نیّت رکھنا (۵) شناخت،
تمیز یا خیال رکھنا ⁛ **نظر سیدھی ہونا**۔ التفات، توجّہ اور مہربانی کے تیور ہونا ⁛
نظر سے۔ لحاظ یا خیال کر کے ⁛ **نظر (نظروں) سے اُتارنا**۔ ذلیل اور حقیر
کر دینا ⁛ **نظر (نظروں) سے اُترنا** (کنایۃً) کسی کی نظر میں کسی کا خفیف اور
سبک ہو جانا ⁛ **نظر سے ٹپکنا**۔ نگاہ یا تیور سے ظاہر ہونا ⁛ **نظر (نظروں)
سے گرا دینا**۔ ذلیل اور بے قدر کرنا ⁛ **نظر (نظروں) سے گرنا** (کنایۃً)
پایۂ اعتبار سے ساقط ہونا ⁛ **نظر سے گزرنا**۔ تجربہ ہونا، دیکھا جانا ⁛
نظر سے نظر دوچار ہونا۔ آنکھ سے آنکھ ملنا، باہم ملاقات ہونا ⁛
نظر سے نظر ملنا۔ آنکھ سے آنکھ ملنا، چار آنکھیں ہونا، روبرو ہونا ⁛ **نظر سے
نکل جانا** (۱) دیکھنے میں آنا، آنکھوں کے سامنے سے گزرنا (۲) نظر سے دور یا
غائب ہو جانا ⁛ **نظرِ غلط انداز** (ف) مؤنّث۔ محبوب کی وہ نظر، جو محب کو
دھوکا دے، یعنی ہر محب یہی خیال کرے کہ مجھی کو دیکھ رہا ہے ⁛ **نظر فریب**۔
نظر کو لبھانے والا ⁛ **نظر کا اندیشہ** (ل) مذکّر۔ نظر کا ڈر، نظر لگ جانے کا
خوف ⁛ **نظر کا نظر سے دوچار ہونا**۔ آنکھ کا آنکھ سے ملنا، آنکھیں لڑنا ⁛
نظر کرنا (۱) دیکھنا، نظر ڈالنا (۲) اشارہ کرنا ⁛ **نظر (کا) کھا جانا**۔ نظر لگ جانا،
بدنظری سے ضرر پہنچنا ⁛ **نظرگاہ** (ف) مؤنّث (۱) سیرگاہ (۲) تماشاگاہ، تھیٹر ⁛
نظر گزر (ل) مؤنّث (۱) چشمِ بد کا اثر (۲) بھوت پریت کا سایہ ⁛
نظر لگ جانا (لگنا) (۱) بری نظر کا اثر کر جانا یا کرنا (۲) جنّ و پری کا سایہ ہو جانا یا ہونا

(۳) (گنوار) آنکھ لگنا، عشق ہونا ٭ نظر مارنا۔ آنکھ مارنا، اشارہ کرنا ٭
نظر ملانا (۱) نظر سامنے کرنا، چہرہ بچہرہ دیکھنا (۲) (کنایۃً) مقابل ہونا ٭ نظر میں (۱) نگاہ میں، آنکھ میں (۲) روبرو، سامنے، دھیان میں، خیال میں (۳) شناخت میں، تمیز میں (۴) دیکھنے بھالنے میں ٭ نظر میں آنا (۱) (عوامُ) کسی کی نظرِ بد کا اثر ہونا (۲) معلوم ہونا، سجھائی دینا (۳) دھیان یا خیال میں آنا ٭ نظر میں پھر جانا، نظر (نظروں) میں پھرنا۔ آنکھوں کے سامنے دکھائی دے جانا، تصوّر میں آجانا ٭ نظر (نظروں) میں جچنا۔ نظروں میں اچھا معلوم ہونا، پسند آنا ٭ نظر (نظروں) میں جمنا۔ نگاہ میں باوقعت ہونا ٭
نظر (نظروں) میں خار ہونا۔ آنکھوں میں بُرا لگنا، آنکھوں کو ناگوار گزرنا ٭ نظر (نظروں) میں رہنا۔ کسی کا کسی کے سامنے رہنا، کسی کے خیال یا دھیان میں رہنا ٭ نظر (نظروں) میں سمانا (۱) پیارا لگنا، مقبولِ نظر ہونا (۲) (کنایۃً) کسی کی نظر میں کسی کا صاحبِ عظمت و وقار ہونا ٭ نظر میں عالم سیاہ ہونا۔ غم یا کسی صدمے کے باعث دُنیا اندھیر ہونا، غم یا رنج کے مارے کچھ سجھائی نہ دینا ٭ نظر (نظروں) میں کھُبنا۔ مرغوبِ نظر ہونا ٭ نظر میں کھٹکنا۔ نگاہ کو بُرا معلوم ہونا ٭ نظر میں ہونا۔ خیال میں ہونا ٭ نظر نہ آنا (۱) دکھائی نہ دینا (۲) پتا نہ لگنا، سراغ نہ پانا ٭ نظر نہ ہونا۔ توجّہ یا پروا نہ ہونا ٭ نظر نہیں آتا (۱) سجھائی نہیں دیتا (۲) امید نہیں ٭ نظر والا۔ وہ شخص، جسے نظر لگی ہو ٭
نظر ہائی (عو) ندیدی، نظر لگانے والی، وہ عورت، جس کی نظر سے نقصان پہنچے ٭ نظر ہایا (عو) (۱) وہ شخص، جس کی نظر سے لوگوں کو ضرر پہنچے (۲) ندیدہ ٭ نظر ہو جانا (۱) نظر لگ جانا، چشمِ بد کا اثر ہو جانا (۲) جن و پری کا سایہ ہو جانا (۳) (پر کے ساتھ) توجّہ ہو جانا ٭ نظر ہونا (۱) شناخت، تمیز، جانچ یا پرکھ ہونا (۲) نظر لگنا، چشمِ بد کا اثر ہونا (۳) توجّہ، خیال یا دھیان ہونا (۴) (علمِ نجوم) ایک ستارے کا دوسرے ستارے پر اثر ہونا (۵) توقّع یا آسرا ہونا ٭ نظروں۔ مؤنّث۔ نظر کی جمع حرفِ جار سے پہلے ٭
نظروں میں غائب ہو جانا۔ دیکھتے دیکھتے گم ہو جانا، آنکھوں کے سامنے سے جاتا رہنا ٭ نظروں (نظروں) میں کھائے جانا۔ اس طرح دیکھنا کہ عاشق کو کمال ایذا پہنچے ٭ نظروں نظروں میں۔ آنکھوں آنکھوں میں، نگاہوں یا آنکھوں کے سامنے ٭ نظری (ف) (۱) نامنظور (۲) نظر سے گرا ہوا (۳) رسالے سے نکالا ہوا (گھوڑا) (۴) خیالی، قیاسی (۵) جو آنکھوں سے نظر آئے (۶) بے کار، ناقص (۷) وہ علم جس میں حقائقِ موجودات کے تصوّر سے بحث کی جاتی ہے ٭ نظرے خوش گزرے (ف) مقولہ۔ جلدی سے گزر جانے والی نگاہ، اُڑتی ہوئی یا سرسری نظر ٭
نظریں (و) مؤنّث۔ نظر کی جمع، نگاہیں، آنکھیں ٭ نظریں چُرا کر دیکھنا۔ آنکھیں بچا کر، چھُپ کر، دزدیدہ نگاہوں سے یا کنکھیوں سے دیکھنا ٭
نظم (نَظْمْ) (ع) (۱) پرونا، دھاگے میں موتی پرونا (۲) مؤنّث۔ لڑی، سِلک (۳) شعر، کلامِ موزون (۴) مذکّر۔ بندوبست، انتظام ٭
نظم سنج (گستر) (ع، ف) نظم کہنے والا، شاعر ٭ نظم کرنا (و) کوئی مضمون شعروں میں لکھنا ٭ نظم و نسق (ع، ف) مذکّر۔ ترتیب و انتظام، بندوبست، دارو گیر، اہتمام، انصرام، حکمرانی کا قاعدہ، تدبیرِ مملکت (کرنا کے ساتھ) ٭ نظم ہونا (و) کوئی مضمون شعروں میں لکھا جانا ٭
نظیر (نَظِیْرْ) (ع) (۱) مانند، مثل (۲) مؤنّث۔ مثال، تمثیل (۳) نمونہ (۴) حوالہ (۵) (ق) ہائی کورٹ یا پریوی کونسل کا فیصلہ ٭ نظیر دینا (و) تمثیل یا حوالہ دینا ٭
نظیف (نَظِیْفْ) (ع) حلال، پاک، پاکیزہ، طاہر ٭

ن۔ع

نعال (نِعَالْ) (ع) مذکّر۔ نعل کی جمع (۱) جُوتے (۲) کھُریاں، وہ آہنی حلقے، جو گھوڑے کے سُموں میں لگائے جاتے ہیں ٭
نعت (نَعْتْ) (ع) مؤنّث (۱) مدح، ثنا، تعریف، توصیف (۲) (مجازاً) رسول اللہ کی تعریف ٭ نعتیہ۔ وہ نظم، جو نعت میں ہو ٭
نعرہ (نَعْرَہْ، رَۃْ) (ع) مذکّر (۱) للکار، زور کی آواز، شور (کرنا، کھینچنا، لگانا، مارنا کے ساتھ) ٭ نعرہ زن (ع، ف) (۱) نعرہ مارنے یا للکارنے والا (۲) فریاد کُناں ٭ نعرہ زنی۔ مؤنّث۔ نعرہ لگانا ٭
نعش (نَعْشْ) (ع) مؤنّث (۱) تابوت، ارتھی (۲) (ق) لاش، مُردے کا جنازہ، میّت، لوتھ (اُٹھنا کے ساتھ) ٭ نعش اور لاش میں فرق: "نعش" عربی میں تابوت مع مُردہ اور لاش ترکی میں جسمِ مُردہ کو کہتے ہیں ٭
نعل (نَعْلْ) (ع) مذکّر (۱) جُوتی، جُوتا، کفش، پاپوش (۲) (ف) گھوڑے، بیل وغیرہ کے پاؤں میں لگانے کا آہنی حلقہ (۳) (ق) وہ لوہا، جو جُوتی کی کھُری میں مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں (۴) وہ مقرّرہ نقدی، جو جواری مکان دار کو جیتنے کے وقت دیتے ہیں (۵) میان کی شام، جو اس کی نوک پر لگی ہوتی ہے (۶) وہ نعل نما بھاری پتھر یا لکڑی کا کندہ، جو پہلوان لوگ ایک ہاتھ سے اٹھا کر سر سے اونچا لے جاتے اور زمین پر پٹک دیتے ہیں، سنگِ زور (۷) باج، خراج، وہ نذرانہ، جو ماتحت بادشاہ یا ریاست اپنے سے زبردست بادشاہ کو دے، چوتھ، دہ یک (اٹھانا، باندھنا، بندھنا، لگانا، لگنا کے ساتھ) ٭
نعل بند (ف) مذکّر۔ چوپایوں کے سُموں میں نعل لگانے والا ٭ نعل بندی۔ مؤنّث۔ نعل باندھنے کا کام ٭ نعل بہا۔ مذکّر۔ باج، خراج، وہ ٹیکس، جو بادشاہ یا شہنشاہ کو بطورِ نذرانہ دیا جائے ٭ نعلِ چوبی۔ مذکّر۔ کھڑاؤں ٭ نعل در آتش۔ بے قرار، بے چین، مضطرب، گھبرایا ہُوا ٭ نعلَیْن (ع) مؤنّث۔ دونوں جُوتیاں، جُوتی کا جوڑا ٭ نعلیں تحت العین۔ مثل۔ جُوتا آنکھوں کے سامنے رکھنا چاہیے تاکہ کوئی چُرا نہ لے ٭
نَعَم (نَعَمْ) (ع) مذکّر (۱) چوپایہ (اَنْعام جمع) (۲) ہاں ٭
نِعَم (نِعَمْ) (ع) مذکّر۔ نعمت کی جمع، نعمتیں ٭ نِعْمَ الْبَدَل۔ نیک عوض، اچھا بدلا ٭
نعمت۔ مؤنّث (۱) مال، دولت، ثروت (۲) عطا، بخشش، عطیہ (۳) لذیذ چیزیں، تر مال، مزیدار کھانا (۴) آسائش، آرام (۵) لاڈ، ناز ٭

نعمت پروردہ (ع ، ف) نازوں سے پالا ہُوا ، لاڈلا ۔ نعمت خانہ۔
مذکّر (۱) وہ مکان ، جس میں کھانے کا سامان رکھا جاتا ہے (۲) امراء کے کھانا
کھانے کا مکان (۳) لکڑی کی وہ الماری ، جس میں جالی لگی ہوتی ہے اور کھانا وغیرہ
کھُلا رکھا جاتا ہے تاکہ مکھیاں نہ بیٹھیں ۔ نعمتِ عُظمٰی (ع ، ف) مؤنّث ۔
بڑی نعمت ۔ نعمتِ غیر مترقّبہ ۔ مؤنّث ۔ وہ نعمت ، جس کی امید نہ ہو۔
وہ دولت ، جس کے مِلنے کا سان گمان بھی نہ ہو۔ خداداد مال ، مالِ مفت ، اَندھی
کے آم ۔ نعمت کدہ ۔ مذکّر (۱) نعمت کا گھر (۲) (کنایۃً) بہشت ۔
نعمت کی ماں کا کلیجا (ا) مذکّر (بیگمات) عمدہ اور انوکھی چیز ۔
نَعیم (ع) مؤنّث (۱) بہشت (۲) نعمت ، مال (۳) نیکی (۴) دسترس ،
پہنچ ، رسائی (۵) لاڈ ، پیار ، ناز (۶) انعام دی ہوئی چیز (۷) نعمت والا ،
صاحبِ نعمت ۔

نعناع ، نعنع (نَعْ ، نَاعْ - نَعْ ، نَعْ) (ع) مذکّر ۔ پودینہ ۔
نعوذ (نَعُوْذُ) (ع) ہم پناہ مانگتے ہیں ۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ ۔ ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں ۔
نعوظ (نُعُوْظْ) (ع) مذکّر ۔ شہوت ، جماع کی خواہش ، ذکر کی اِستادگی ،
عضوِ تناسل کا کھڑا ہونا ۔
نعیق (نَعِیْقْ) (ع) مؤنّث ۔ کوّے کی آواز ۔

ن - غ

نغز (نَغْزْ) (ع) خوب ، اچھا ، عمدہ ، افضل ، اعلٰی ، فائق ، عجیب ، نادر ،
انوکھا ، بدیع ، لطیف ، اوال ، خوش ، پاکیزہ ۔
نغزک (نَغْ ، زَکْ) (ف) مذکّر (۱) اَنُوکھی ، عمدہ ، خوب ، لطیف چیز (۲)
(مجازاً) آم ، انبہ ۔
نغم (نَغَمْ) (ع) مذکّر ۔ نغمہ کی جگہ ، گیت ، راگ ۔ نَغَمَات (ع) نَغْمَات (ف)
مذکّر ۔ نغمہ ، نَغْمَہ کی جمع ۔ راگ ، گیت ، ترانے ، سُریلی ، سُہانی اور خوش آوازیں ۔
نَغَمَہ (ع) ، نَغْمَہ (ف) مذکّر ۔ راگ ، گیت ، ترانہ ، سُریلی ، عمدہ اور میٹھی آواز ۔
نغمہ پرداز ، نغمہ ریز ، نغمہ زن ، نغمہ سرا ، نغمہ سنج ، نغمہ طراز ۔ اچھا گانا
گانے والا ۔ نغمہ سرائی ، نغمہ سنجی ۔ مؤنّث ۔ گانا ، ترنّم ۔

ن - ف

نفّاخ (نَفْ ، فَاخْ) (ع) نفخ کرنے یا پھُلانے والا ، پیٹ میں ہوا پیدا کرنے والا ،
بادی ، گوزآور ۔
نفاختی (نِفَاخْ ، تِیْ) (ا) ذلیل ، بے وقعت ۔ زیادہ تر تھوڑی سی چیز کے لیے بول چال
میں ہے ۔
نفاذ (نَفَاذْ) (ع) (۱) اجراء ، صدور ، پروانہ ، فرمان یا حکم کا جاری ہونا (۲) ایک چیز کا
دوسری چیز میں سے گزرنا یا پار ہونا یا نکلنا (۳) تیر کا نشانہ توڑ کر پار نکل جانا ۔
نفّار (نَفْ ، فَارْ) (ع) سخت نفرت کرنے والا ، نہایت بیزار ۔
نفاس (نِفَاسْ) (ع ۔ بہ کسرِ اوّل ، اردو میں بہ فتحِ اوّل زبانوں پر ہے ۔) مذکّر ۔ وہ خون ،
جو زچّہ کے اندامِ نہانی سے چالیس روز تک ٹپکتا رہتا ہے ، سوتک ، جننے کی ناپاکی (
نفاست (نَفَا ، سَتْ) (ع) مؤنّث ۔ صفائی ، لطافت ، خوبی ، عمدگی ، پاکیزگی ،
پسندیدگی ۔
نفاق (نِفَاقْ) (ع) مذکّر (۱) دورُوئی ، دوغلاپن (۲) کینہ ، کپٹ (۳) بُغض ،
عداوت ، پھوٹ ، دشمنی (۴) بگاڑ ، ظاہر میں دوستی ، باطن میں دشمنی (پرچانا ، ڈالنا
رکھنا کے ساتھ) ۔ نفاقتا (ا) (عو) دوغلا ، منافق ۔
نفائس (نَفَا ، اِسْ) (ع) مذکّر و مؤنّث ۔ نفیسہ کی جمع ، نفیس چیزیں ۔
نفت (نِفْتْ) (ف) مذکّر (۱) ایک قسم کا روغن ، جو مُلکِ شروان کی زمین میں سے
نکلتا ہے ۔ وہ دو قسم کا ہوتا ہے ، سیاہ اور سفید ۔ سیاہ کو جلاتے اور سفید کو
دواؤں میں استعمال کرتے ہیں (۲) بارود (۳) "خیابان" میں لکھا ہے کہ نفت
ایک دوا ہے ، جو طبیب بناتے ہیں ۔ جہاں اسے ڈالتے ہیں ، آگ لگ جاتی ہے
اگلے لوگ اس چیز کو رال کا مترادف خیال کرتے تھے ، لیکن اب یہ کیروسن آئل
(روغنِ گل ، مٹّی کا تیل) کی ہم معنی سمجھی جاتی ہے ۔ نفت انداز ۔ گولنداز ،
توپ چلانے والا ، توپچی ۔
نفتا (نَفْ ، تَا) (ا) مذکّر ۔ ایک قسم کا کبوتر ، جس کا رنگ نیلا اور پَر سفید ہوتے
ہیں ۔
نَفْحَہ (نَفْحَہْ) (ع) مؤنّث ۔ خوشبو ۔ نَفَحَات ۔ مؤنّث ۔ نفحہ کی جمع ، خوشبوئیں
نَفْخ (نَفْخْ) (ع) مذکّر ۔ اپھار ، پیٹ کا پھولنا ۔ نفخِ صُور ، نفخۂ صُور
(ع ، ف) مذکّر ۔ اُس صُور کی آواز ، جو قیامت کے روز حضرت اسرافیل پھونکیں
اور جس کے اثر سے ساری دنیا فنا ہو جائے گی ۔
نفر (نَفَرْ) (ع) مذکّر (۱) آدمیوں کا گروہ ، جو تین سے دس تک ہو (۲) نوکر چاکر
ادنٰی ملازم (۳) سائیس (۴) (ف) متنفّس (۵) کام کرنے والا آدمی ، قلی
مزدور (۶) ایک آدمی ، واحد شخص ۔
نفرا (نَفْ ، رَا) (ا) مذکّر ۔ نہایت ذلیل نوکر ، ادنٰی سے ادنٰی چاکر ، ناکس ، فر
نفرت (نَفْ ، رَتْ) (ع) مؤنّث ۔ گھِن ، کراہت ، بیزاری ، تنفّر ، اِکر
نفرت آنا (ا) کراہت معلوم ہونا ۔ نفرت انگیز (ع ، ف) نفر
بڑھانے یا دینے والا ۔ نفرت رکھنا (ا) کسی چیز سے تنفّر کرنا ۔
نفرت زدہ (ع ، ف) (عو) وہ شخص ، جس سے لوگ نفرت کریں ۔
نفرت کرنا یا کھانا (ا) حقارت کی نظر سے دیکھنا ، ذلیل سمجھنا ۔
نفرت ہونا ۔ کراہت آنا ، اِکراہ ، بیزاری یا رمیدگی ہونا ، رغبت نہ ہو
ناگوارِ طبع ، تنفّر یا توحّش ہونا ۔
نفری (نَفْ ، رِیْ) (ا) مؤنّث (۱) روزانہ مزدوری ، اُجرت (۲) ایک آد
کا دن بھر کا کام (۳) فی سر ، ہر ایک کے لیے (۴) مزدور ، قلی ۔
نفریں (ف ، بالکسر صحیح ، اردو میں زبانوں پر بالفتح ہے) مؤنّث ۔ دعائے بد
کوسنا ، ملامت ، پھٹکار ، لعنت ، سراپ ۔ نفریں اٹھانا (ا)
ملامت کی برداشت کرنا ۔ نفریں کرنا ۔ پھٹکارنا ، لعنت کرنا ۔
نَفْس (نَفْسْ) (ع) مذکّر (۱) جان ، روح ، آتما (۲) ذات ، وجود ، ہستی

حقیقتِ شے، اصلیت، اصل، ست، لُبِّ لباب (۴) (ف، ذکر، قضیب، عضوِ تناسل (۵) عورت کا جسم، تن، بدن (۶) خواہشِ نفسانی ❊
نَفْسُ الْاَمْر (۱) حقیقتِ کار، اصل مدعا، واقعی بات (۲) مدعا، اصل (۳) ثابت، محقق (۴) درحقیقت، دراصل، فی الحقیقت، فی الواقع، بذاتہ، فی نفسہٖ ❊
نَفْسُ الامری - مؤنث - نفس الامر سے منسوب ❊
نَفْسِ امّارہ (ع، ف) مذکر - انسان کی وہ خواہش، جو بُرے کاموں کی طرف زبردستی عود کرے ❊ نَفْسِ بہیمی - مذکر (۱) چوپایوں کی جان (۲) (مجازاً) حیوانی خواہش، وہ خواہش، جو حیوانوں کو بُری عادتوں کی طرف زبردستی کھینچتی ہے ❊
نَفْس پرست - عیّاش، شہوت پرست، نفس پرور ❊
نَفْس پرستی - مؤنث - شہوت پرستی، عیّاشی، خود غرضی ❊
نَفْس پرور - نفس پرست، عیّاش ❊ نَفْس کُش - نفسیاتی خواہشیں مارنے والا، عابد، زاہد، پرہیزگار ❊
نَفْس کُشی - مؤنث (۱) نفسانی خواہش روکنا، من مارنا (۲) پارسائی، پرہیزگاری، پاک دامنی ❊
نَفْسِ لوّامہ - مذکر - گناہ سرزد ہونے پر اپنے آپ کو لعنت کرنے والا نفس ❊ نَفْس مارنا (ف) خواہشیں روکنا، دل یا طبیعت مارنا، پاک دامن رہنا ❊ نَفْسِ مطلب (ع، ف) مذکر - مدعا، ماحصل، مفہوم، منشا، مضمون ❊ نَفْسِ مُطمئنّہ - مذکر (تصوّف) وہ نفس، جو بُری عادتوں سے پاک صاف ہو کر اطمینان کے ساتھ خدا کو تلاش کرے ❊ یہ صُلحا اور انبیا کی روح ہے ❊
نَفْسِ مُلہمہ - مذکر - وہ نفس، جس کے ذریعے سے الہام ہو ❊
نَفْسِ ناطقہ - مذکر (۱) بولنے والی روح، روحِ انسانی (۲) معتمد علیہ، نہایت مقرّب (۳) کسی جماعت یا کام کی روح درواں ❊
نَفْسِ نفیس - مذکر (۱) خدا کی ذاتِ پاک (۲) (مجازاً) ذاتِ خاص، خود بدولت، اپنے آپ ❊
نَفسا نفسی (ف) مؤنث - خود غرضی، آپا دھاپی، نفس پرستی ❊
نَفسانی (ع) نفس سے منسوب، نفس کا ❊
نَفسانیّت - مؤنث - خود غرضی، نخوت، غرور ❊
نَفسی - نفس سے منسوب، ذاتی، اپنا ❊
نَفسی نَفسی (ع) اپنے اپنے نفس کی، اپنی اپنی ذات کی، خود غرضی، آپا دھاپی ❊
نَفسی نَفسی کا دن (ف) مذکر - قیامت کا دن، روزِ محشر ❊
نَفسیات - مؤنث - نفس سے نسبت رکھنے والی چیزیں، علم النفس ❊
نَفَس (نَفَسْ) (ع) مذکر (۱) سانس، تنفس (۲) دَم، گھڑی، ساعت، لمحہ، لحظہ، دقیقہ ❊ نَفَس باز پس، نَفَسِ باز پسیں، نَفَسِ واپسیں (ع، ف) مذکر - نزع کی حالت میں آخری دَم، جو جا کر پھر نہ آئے ❊
نَفَس پرور - دل نواز، جاں فزا، راحت رساں ❊
نَفَس درازی - مؤنث - زیادہ گوئی، طُولِ کلام ❊
نَفَس شماری - مؤنث - دَم شماری، نزع کی حالت
نَفع (ع - بالفتح، اردو میں بیشتر عوام کی زبانوں پر بہ فتحِ اوّل و دوم ہے -) مذکر - فائدہ، منافع، لابھ، سود، حاصل، پھل، نتیجہ، ثمرہ ❊
نفع اٹھانا (ف) فائدہ حاصل کرنا ❊
نفع دیکھنا - فائدہ دیکھنا ❊ نفع کرنا (۱) فائدہ بخشنا (۲) لابھ اٹھانا، نفع کمانا (۳) صحت بخشنا ❊
نفع میں دو جوتیاں - مثل - وہاں بولتے ہیں، جہاں تھوڑی چیز کے لالچ میں بہت سی قیمتی چیزیں ہاتھ سے چلی جائیں ❊
نفع نقصان (ع) مذکر (۱) فائدہ اور ٹوٹا (۲) برائی بھلائی، بُرا بھلا (۳) علم حساب کا ایک قاعدہ، جس سے تجارت کا نفع اور نقصان معلوم کیا جاتا ہے ❊
نَفقہ (ع، بہ فتحِ اوّل و دوم - اردو میں زبانوں پر بالفتح ہے -) مذکر - بال بچوں کا خرچ، بیوی کا روٹی کپڑا ❊
نَفل (ع، بالفتح اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اوّل وکسرِ دوم ہے -) مذکر و مؤنث (۱) زائد، عطیہ (۲) وہ عبادت، جو بندے پر واجب نہ ہو - وہ نماز جو فرض، واجب، سنّت کے علاوہ پڑھی جاتی ہے ❊
نفلوں ہی میں یاروں کا کام بن گیا (ف) مثل - اس موقع پر کہتے ہیں، جب کسی دنیوی غرض کے لیے نماز شروع کی جائے اور قدرتاً نماز سے پہلے عام نفلوں ہی کے بعد وہ غرض پوری ہو جائے ❊
نَفوخ (نَفُوْخ) (ع) مؤنث - نسوار، ناک میں پھونکنے کی دوا ❊
نُفوخ (نُفُوْخ) (ع) مذکر - اصطلاحِ طب میں باریک دوا ناک وغیرہ میں پھونکنا ❊
نَفوذ (نَفُوْذ) (ع) اندر بیٹھنے والا، اثر یا سرایت کرنے والا، مؤثر ❊
نُفوذ (نُفُوْذ) (ع) مذکر - گزرنا، جاری ہونا، اجرا، صدورِ احکام ❊
نفوذ کرنا (ف) سرایت کرنا، اندر گھسنا ❊
نَفور (نَفُوْر) (ع) نفرت یا کراہت کرنے والا، بھاگنے والا، متنفّر ❊
نُفور (نُفُوْر) (ع) مذکر - نفرت کرنا، بھاگنا ❊
نُفوس (نُفُوْس) (ع) مذکر - نَفس (روح) کی جمع، ارواح، روحیں ❊
نفوسِ قدسیہ - مذکر (۱) پاک روحیں (۲) بزرگانِ دین، پاکیزہ ہستیاں (۳) پیغمبر اور فرشتے ❊
نَفی (نَفْی) (ع) مؤنث (۱) اِخراج، دُوری (۲) انکار، نہیں، نہ ❊
نفی کرنا (ف) (۱) تفریق یا منہا کرنا، گھٹانا، اخراج کرنا، نکالنا ❊
نفی میں جواب دینا - انکار یا نامنظور کرنا ❊
نفی و اثبات (ع، ف) مذکر - انکار اور اقرار، ہاں اور نہیں ❊

نفیر (نَفِیْرہ) (ع) (۱) نفرت کرنے والا، متنفر (۲) مؤنث۔ نالہ، فریاد، آہ وزاری، واویلا، چیخ پکار (۳) (ف) مؤنث۔ نفیری، شہنائی، تری، قرنا ٭

نفیرچی۔ نفیری بجانے والا ٭

نفیری۔ مؤنث۔ قرنا، تری، شہنائی، الغوزہ ٭

نفیس (نَفِیْس) (ع) (۱) عمدہ، قیمتی، بیش بہا (۲) لطیف، پاکیزہ، پسندیدہ، پاک صاف، مطہر، ستھرا ٭

ن۔ق

نقاب (نِقَاب) (ع) مذکر و مؤنث۔ گھونگٹ، برقع، وہ پردہ، جو منہ پر ڈالتے ہیں (اٹھانا، اٹھنا، الٹنا، چھوڑنا کے ساتھ) ٭

نقاب پوش (ع، ف) وہ شخص، جو منہ پر نقاب ڈالے رہے ٭

نقاد (نَقْ، قَاد) (ع) پرکھنے والا، پرکھیا، کھوٹا کھرا دیکھنے والا ٭

نقارچی (نَقْ، قَار، چِی) (ف) مذکر۔ نقارہ یا نوبت بجانے والا ٭

نقارخانہ۔ مذکر۔ نوبت خانہ، وہ جگہ، جہاں نوبت وغیرہ بجائی جاتی ہے ٭

نقارخانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے؟ (ا) مثل۔ بڑے آدمیوں کی رائے میں چھوٹے آدمی دخل نہیں پا سکتے، بہت شور غل میں خوش الحان کی بھی نہیں سنی جاتی ٭

نَقَّارَہ (ف) مذکر۔ دھونسا، دمامہ، نوبت، طبل ٭

نقارہ بجاتے پھرنا (ا) منادی یا مشتہر کرتے پھرنا ٭

نقارہ بجا کے یا نقارے کی چوٹ۔ علانیہ، کھلم کھلا، ڈنکے کی چوٹ، آزادانہ، کھلے بندوں ٭

نقارے۔ مذکر۔ نقارہ کی جمع ٭

نقارے باج، دمامے باج گئے۔ بڑی نمود اور شہرت ہو گئی، دھوم مچ گئی، شہرہ ہو گیا ٭

نقاش (نَقْ، قَاش) (ع) (۱) نقش کرنے والا، رنگ ساز، نقش و نگار بنانے والا، گل کار (۲) مصور، نقشہ نویس ٭

نَقّاشِ اَزَل (ع، ف) مذکر (کنایۃً) اللہ تعالیٰ ٭

نقاشی۔ مؤنث (۱) نقش کرنے کا پیشہ (۲) گل کاری، مصوری، نقشہ نویسی، منبت کاری ٭

نقاط (نِقَاط) (ع) مذکر۔ نقطہ کی جمع ٭

نقال (نَقْ، قَال) (ع) مذکر۔ نقل کرنے والا، بھانڈ، بہروپیا، مسخرہ، ٹھٹھولیا ٭

نقالی (ا) مؤنث۔ نقل کرنے کا پیشہ، بھانڈپن ٭

نقاہت (نُقَا، ہَت) (ع) مؤنث۔ ناطاقتی، ضعف، کمزوری، ناتوانی ٭

نقائص (نَقَا، اِص) (ع) مذکر۔ نقیصہ کی جمع۔ نقص، عیب، کھوٹ، برائیاں ٭

نقب (نَقْب) (ع) مؤنث۔ سیندھ، کومل، سرنگ، شگاف (دینا، لگانا کے ساتھ) ٭

نقب زن، نقب افگن (ع، ف) سیندھ یا سرنگ لگانے والا ٭

نقب زنی۔ مؤنث۔ نقب دینا، سیندھ لگانا، سرنگ کھودنا ٭

نقد (نَقْد) (ع) مذکر (۱) آمادگی، موجودگی (۲) مستعد، آمادہ، حاضر (۳) کھرا کھوٹا دیکھنا، پرکھنا (۴) سکہ، روپیہ پیسا (۵) روکڑا، نقدی، کھرا روپیہ (۶) فی الحال، سردست (۷) پونجی، سرمایہ ٭ **نقد جاں** (ع، ف) مذکر۔ روح، آتما، نفس ناطقہ ٭ **نقد دل**۔ مذکر۔ دل ٭ **نقد دم رہنا** (ا) اکیلا، مجرد یا تن تنہا رہنا ٭ **نقد مال** (ا) مذکر۔ نعمت، تر مال، عمدہ مال ٭ **نقد و جنس** (ع، ف) مذکر۔ دھن دولت، مال اسباب ٭ **نقدا نقد** (ا) ہاتھوں ہاتھ، دست بدست نقد اور فوراً ادا کرنے کی نسبت بولتے ہیں ٭

نقدہ وخرمتہ (ل) (۱) نقد دینے میں بڑی عزت ہے (۲) نقد روپے کے لیے مستعمل ہے ٭ **نقدی** (و) مؤنث۔ روپیہ۔ زرِ نقد۔ دولت۔ مال وزر ٭

نقرس (نِق۔ رِس) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا گٹھیا۔ پاؤں کے انگوٹھے کا درد ٭

نقرہ (نُق۔ رَہ) (ف) مذکر (۱) چاندی (۲) (کنایۃً) ہر چیز جو سفید ہو (۳) (و) سفید گھوڑا ٭ **نقرۂ خام**۔ مذکر۔ خالص چاندی ٭ **نقرئی** (۱) چاندی کا۔ روپے کا (۲) سفید۔ چٹا ٭

نقش (نَقْش) (ع) مذکر (۱) لکھنا (۲) (ف) تصویر۔ شبیہ (۳) پھول پتی کا کام۔ بیل بوٹے کا کام (۴) لکھا ہؤا۔ کھدا ہؤا (۵) اُبھرا ہؤا نشان (۶) نام ونشان (۷) چھاپ۔ مُہر۔ چھاپا۔ ٹھپّا (۸) وہ نام یا عبارت جو مُہر میں کندہ ہو (۹) تعویذ (۱۰) اثر۔ تاثیر (۱۱) ہر قسم کی تحریر کی علامت (۱۲) نرد کی بازی میں جیت کا داؤں۔ پوبارہ (۱۳) ایک قسم کا جوُا (۱۴) جادو۔ ٹونا۔ منتر (۱۵) خیال۔ تصوّر ٭ **نقشِ آب۔ نقش بر آب** (ف) مذکر۔ پانی کا نقش۔ جلد مٹ جانے والا۔ فانی۔ باطل۔ بے ثبات ٭ **نقشِ اوّل**۔ مذکر۔ پہلی تحریر۔ مسودہ ٭ **نقش بٹھانا۔ یا۔ بٹھلانا** (و) (۱) سکّہ بٹھانا۔ رعب جمانا (۲) دل میں گھر کرنا۔ اعتبار حاصل کرنا (۳) اثر جمانا۔ رسوخ پیدا کرنا ٭ **نقش بدیوار۔ نقش بر دیوار** (ف) حیران۔ حیرت زدہ۔ متحیّر۔ متعجب۔ ہکّا بکّا۔ بے حس وحرکت ٭ **نقش بند** (۱) مصوّر۔ نقّاش (۲) خواجہ بہاء الدینؒ کا لقب ٭ **نقش بندی**۔ مؤنث (۱) مصوّری۔ نقّاشی (۲) خواجہ نقش بند کا مرید ٭ **نقش بندیہ**۔ مذکر۔ ایک مشہور خاندان، جس کا سلسلہ خواجہ بہاء الدین نقش بندؒ سے چلا ہے کیونکہ آپ کے ہاں نقّاشی اور گُل کاری کا کام ہوتا تھا ٭ **نقش بیٹھنا** (و) (۱) اثر ہو جانا۔ قائم ہو جانا (۲) (کنایۃً) دل میں جگہ کر لینا (۳) نشان بن جانا ٭ **نقشِ پا۔ نقشِ قدم** (ف) مذکر۔ پاؤں کا نشان۔ کھوج۔ سراغ ٭ **نقشِ تسخیر**۔ مذکر۔ وہ حُبّ کا تعویذ، جس سے معشوق قابو میں آجائے۔ بس میں کر لینے والا جنتر ٭ **نقشِ ثانی**۔ مذکر۔ دوسرا نقش، جو پہلے سے بہتر ہوتا ہے ٭ **نقش دیوار**۔ دیکھیے "نقش بدیوار" ٭ **نقش سویدا**۔ مذکر۔ دل کا کالا نقطہ ٭ **نقش کالحجر** (صحیح کالنّقش فی الحجر) پتھر کی لکیر۔ پتھر کے نقش کی مانند (ہو جانا کے ساتھ) ٭ **نقش کرنا** (و) (۱) چھاپنا۔ بیل بوٹے کھودنا (۲) جمانا۔ بٹھانا ٭ **نقش ونگار** (ف) (۱) بیل بوٹے۔ پھول پتی کا کام۔ قلم کاری (۲) زیب وزینت ٭ **نقش ہو جانا** (و) دل نشین ہو جانا ٭ **نقش ہونا** (۱) کھودا جانا۔ کندہ ہونا۔ کھدنا (۲) دل پر جمنا (۳) رقم ہونا۔ تحریر ہونا ٭ **نقشی۔ نقشیں**۔ نقش دار۔ منقّش۔ نقش کیا ہؤا (برتن) ٭

نقشہ (نَق۔ شَہ) (ف) مذکر (۱) تصویر۔ مورت۔ شبیہ۔ روپ (۲) شکل۔ صورت۔ چہرہ (۳) ساخت۔ چہرے کی ساخت۔ ڈَول (۴) وضع قطع۔ سج دھج۔ طرز وانداز (۵) خط وخال۔ حلیہ (۶) سطح زمین کی تصویر۔ دنیا کی ہیئت (۷) مثال۔ نمونہ۔ چربہ۔ خاکہ۔ عمارت یا کسی اور چیز کی صورت، جو نقشہ کش یا معمار بطور خاکہ بناتے ہیں (۸) ڈھانچہ۔ قالب۔ سانچا (۹) حالت۔ حال۔ عالم۔ کیفیت (۱۰) بُرا درجہ۔ بُرا حال (۱۱) ڈھنگ۔ طریق۔ طور (۱۲) فرد۔ فہرست۔ ناموں کا رجسٹر۔ اسم نویسی (۱۳) چالان۔ مال کی خانہ پُری ٭ **نقشہ اُتارنا** (و) خاکہ لینا۔ فوٹو لینا۔ تصویر کھینچنا ٭ **نقشہ بگاڑنا** (۱) صورت بگاڑنا (۲) حال سے بے حال کرنا ٭ **نقشہ بگڑنا** (۱) صورت بگڑ جانا (۲) حال خراب ہونا (۳) بد انتظامی اور بدنظمی ہونا ٭ **نقشہ بنانا**۔ خاکہ اُتارنا۔ کسی چیز کی تصویر بنانا ٭ **نقشۂ پیدائش و اموات** (ف) مذکر۔ وہ نقشہ، جس میں سارے مُلک کی پیدائش و اموات لکھ کر اُسے مردم شماری سے ظاہر کیا جاتا ہے ٭ **نقشہ تیز ہونا** (و) (دہلی) اقبال یاور ہونا۔ دور دورہ ہونا ٭ **نقشہ جمانا** (۱) بنیاد ڈالنا (۲) راہ ورسم پیدا کرنا۔ ڈھب لگانا (۳) اعتبار جمانا۔ رسوخ حاصل کرنا (۴) تصوّر جمانا (۵) تدبیر کرنا۔ موقع نکالنا ٭ **نقشہ جم کر اُکھڑنا**۔ اثر پیدا ہو کر مٹ جانا ٭ **نقشہ جمنا** (۱) بات بننا۔ بنیاد پڑنا۔ رسائی ہونا۔ مطلب حاصل ہونا۔ اعتبار رہونا۔ رسوخ ہونا۔ دل میں گھر ہونا (۲) تصوّر جمنا۔ خیال جمنا۔ خیال بندھنا ٭ **نقشہ حاضری وغیر حاضری**۔ وہ رجسٹر، جس میں طلبہ یا فوجی ملازموں کی موجودگی لکھی جاتی ہے ٭ **نقشہ حدود و بست** (ف) مذکر۔ وہ کاغذ، جس میں کھیتوں کی حد بندی درج ہو۔ پیمائش دہ کی فہرست ٭ **نقشہ کھنچ جانا**۔ تصویر کھنچ جانا۔ صورت سامنے آجانا۔ عکس دل نشیں ہو جانا ٭ **نقشہ نویس** (ف) (۱) نقشہ بنانے والا (۲) نقّاش۔ مصوّر ٭

نقص (نَقْص) (ع) مذکر (۱) کمی۔ کوتاہی۔ ناتمامی۔ کسر (۲) بُرائی۔ عیب۔ سُقم۔ کھوٹ (نکالنا، نکلنا کے ساتھ) ٭

نقصان (نُق۔ صان) (ع) مذکر (۱) کمی۔ کوتاہی (۲) زیان۔ ضرر۔ حرج۔ قباحت۔ تکلیف (۳) گھاٹا۔ خسارہ (۴) تباہی۔ بربادی (۵) خلل۔ فتور (اٹھانا، بھرنا، پہنچانا، کرنا کے ساتھ) ٭ **نقصان بالقصد** (ف) مذکر۔ جان بوجھ کر نقصان اٹھانا ٭ **نقصان رساں**۔ نقصان پہنچانے والا ٭ **نقصان رسانی**۔ مؤنث۔ تکلیف دہی۔ ایذا رسانی ٭

نقض (نَقْض) (ع) مذکر۔ ٹوٹ پھوٹ۔ بگاڑنا۔ توڑنا ٭ **نقضِ عہد** (ف) مذکر۔ عہد شکنی۔ وعدہ خلافی ٭

نقط (نُقَط) (ع) مذکر۔ نقطہ کی جمع۔ نقطے۔ بندیاں ٭ **نقطہ**۔ مذکر (۱) صفر۔ بندی (۲) مرکز (۳) نشانہ لگانے کا نشان ٭ **نقطہ لگانا** (و) (کنایۃً) دھبّا لگانا۔ عیب لگانا ٭ **نقطۂ موہوم** (ف) مذکر (۱) وہ فرضی نقطہ، جو خارج میں نہ ہو، مثلاً وہ نقاط جو آسمان میں فرض کر لیتے ہیں (۲) (مجازاً) معشوق کا مُنہ ٭

نقل (نَقْل) (ع) مذکر (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ تبدیلی (۲) اصل کے خلاف۔ منقول۔ مثنٰی (۳) مثل۔ نظیر۔ نمونہ (۴) چٹکلا۔ لطیفہ (۵) حکایت۔ روایت۔ ذکر۔ بیان (۶) روپ۔ سوانگ۔ ناٹک۔ لیلا (۷) ایک حرف

کی حرکت دوسرے حرف کو دینا ● **نقل اُتارنا** (ف) (۱) کسی تحریر کا نقل کرنا (۲) کسی کی صورت اپنی صورت سے مشابہ کرنا (۳) طرز اُڑانا ؛ **نَقل اُڑانا** ۔ امتحان میں طلبہ کا ایک دوسرے کے جوابات کی نقل کرنا ؛ **نَقل کرنا** (۱) کسی لکھی ہوئی عبارت کو بجنسہٖ دوسرے ورق وغیرہ پر اُتارنا (۲) سوانگ کرنا ۔ روپ بھرنا (۳) ذکر کرنا ۔ بیان کرنا ۔ حکایت کرنا (۴) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۵) تمسخر کی غرض سے آدمیوں کی گفتگو اور صورت و انداز کی شکل بنانا ؛ **نقلِ کفر کُفر نہ باشد** (ف) مثل ۔ کُفر کے نقل کرنے سے ناقل کافر نہیں ہو جاتا ؛ **نقل لینا** (ف) نقل یا مثنّیٰ حاصل کرنا ؛ **نَقلِ مکان** (ف) ، مذکر ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ؛ **نقل نویس** ۔ مذکر (۱) نقل کر کے دینے والا (۲) عدالت کا محرّر ۔ منشی ؛ **نقل نویسی** ۔ مؤنث (۱) عدالت کی محرّری ۔ منشی گری (۲) بے سمجھے دوسرے کی تحریر کی نقل کرنا ؛ **نقل ہے** (ف) کہتے ہیں ۔ منقول ہے ۔ روایت ہے ۔ ذکر ہے ؛ **نقلی** (ف) (۱) جھوٹا ۔ مصنوعی ۔ جعلی ۔ کھوٹا (۲) سماعی ۔ روایتی ۔ زبانی ؛ **نقلیں کرنا** (ف) کسی کو چڑانے یا دوسروں کو ہنسانے کے لیے کسی کے افعال و حرکات کی نقل کرنا ؛

نُقل (نُقْل) (ع) مذکر (۱) وہ چیز ، جو کوئی نشہ دار چیز کھانے کے بعد تبدیل ذائقہ کے لیے کھائیں (۲) ایک قسم کی شیرینی (۳) (کنایۃً) وہ بیان جو ہنسانے کی غرض سے کیا جائے (۴) وہ چیز ، جو یاران ہم صحبت میں کھائیں ؛ **نُقلِ مجلس** ۔ **نُقلِ محفل** (ف) ، مذکر (۱) مسخرہ ، جس کی ذات سے تفریح ہو (۲) دیکھیے "نقل ع۴" ؛

نقود (نُقُوْد) (ع) مذکر ۔ نقد کی جمع ۔ نقدیاں ؛

نقوش (نُقُوْش) (ع) مذکر ۔ نقش کی جمع ؛

نقوع (نَقُوْع) (ع) مذکر ۔ بھیگا ہوا میوہ یا دوا ؛

نقول (نُقُوْل) (ع) مذکر و مؤنث ۔ نقل کی جمع ؛ **نُقُولِ مصدّقہ** ۔ مذکر و مؤنث ۔ تصدیق کی ہوئی نقلیں ؛

نقی (نَقِیْ) (ع) (۱) پاک ۔ خالص (۲) مذکر ۔ بارہ اماموں میں سے دسواں امام ؛

نقیب (نَقِیْب) (ع) مذکر (۱) لوگوں کے حالات اور خاندان سے واقف (۲) شہرت یا خبر کرنے والا ۔ مدح خواں (۳) وہ لوگ ، جو بادشاہوں یا امراء و وزراء کی سواری کے آگے آگے آواز لگاتے جاتے ہیں یا کسی کی باریابیٔ دربار کے موقع پر بآوازِ بلند پکارتے ہیں ۔ ہرکارہ ۔ چوبدار ؛

نقیض (نَقِیْض) (ع) (۱) توڑنے والا (۲) عمارت گرانے والا (۳) مخالف ۔ خلاف ۔ الٹا ۔ برعکس (۴) (منطق) کسی شے کا رفع کرنا (۵) (ل) مؤنث ۔ بَیر ۔ عداوت (پڑنا ، ہونا کے ساتھ) ؛

نقیہ (نَقِیْہ) (ع) ضعیف ۔ کمزور ۔ ناتواں ۔ لاغر ۔ نحیف ؛

ن ۔ ک

نک (نَک) (ہ) مؤنث ۔ ناک کا مخفف ۔ بینی ؛ **نک بال** ۔ مذکر ۔ ناک کا بال ۔ موئے بینی ؛ **نک بیسَر** ۔ مؤنث (ہندو) ناک کا ایک زیور ۔ بُلاق ؛ **نک ٹورا** ۔ مذکر (۱) ناز نخرا (۲) نخوت ۔ غرور (۳) منّت رکھنا ۔ احسان رکھنا (۴) وہ طنز آمیز بات ، جو ناک چڑھا کر کہی جائے ۔ بولی ٹھولی ؛ **نک ٹوروں** ۔ نک ٹورا کی جمع حرفِ جار سے پہلے ؛ **نک ٹورے** (۱) نک ٹورا کی جمع (۲) نک ٹورا کی صورت حرفِ جار سے پہلے (اٹھانا ، توڑنا ، کرنا کے ساتھ) ؛ **نک چڑھا** ۔ بدمزاج ۔ دماغ دار ۔ وہ ، جو غرور سے ہر وقت چیں بجبیں رہے ۔ خود پسند ۔ مغرور ۔ متکبّر ۔ کسی کو خاطر میں نہ لانے والا ؛ **نک چڑھی** ۔ نک چڑھا کی تانیث ؛ **نک چھکنی** ۔ مؤنث ۔ ایک بوٹی ، جس کے سونگھنے سے بہ کثرت چھینکیں آتی ہیں ؛ **نک دَم** (کھٹو) پریشان ، حیران ؛ **نک کٹا** ۔ ناک کٹا ہوا ۔ نکٹا ؛ **نک کٹی** ۔ مؤنث ۔ بدنامی ۔ رسوائی ۔ خواری ۔ تحقیر ۔ بے عزتی ؛ **نک کٹی ہونا** ۔ بے عزتی ہونا ۔ بدنامی ہونا ۔ تحقیر ہونا ؛ **نک گھسّی** ۔ مؤنث ۔ ناک رگڑنا ۔ منّت سماجت ۔ عاجزی (کرنا کے ساتھ) ؛ **نکٹا** (۱) ناک کٹا (۲) ناک بیٹھا ۔ چپٹی ناک (۳) (کنایۃً) بے حیا ۔ بے غیرت ۔ بے شرم ۔ بے لحاظ (۴) ایک پرندہ (۵) مذکر ۔ کوڑی ، جس سے جُوا کھیلتے ہیں (۶) مذکر ۔ ایک قسم کا گانا ؛ **نکٹا بوچا سب سے اونچا** ۔ مثل ۔ اُس آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو کُنڈا ہونے کے باوجود بڑا دعویٰ کرے ؛ **نکٹا جیے بُرے احوال** ۔ **نکٹا جیا بُرے حوالوں** (ف) مثل (عو) بدنام اور رسوا شخص کی زندگی ذلت سے بسر ہوتی ہے ؛ **نکٹی** (ہ) مؤنث (۱) وہ عورت ، جس کی ناک کٹی ہوئی ہو (۲) چپٹی ناک والی ۔ جس کی ناک بیٹھی ہو (۳) (گو) بلّی (۴) بے غیرت عورت ۔ بے شرم عورت ؛ **نکٹی کا جنا** ۔ مذکر ۔ رذیل ۔ کمینہ ؛ **نکٹے** (۱) نکٹا کی جمع (۲) نکٹا کی صورت حرفِ جار سے پہلے ؛ **نکٹے کی ناک کٹی ، سوا گز اَور بڑھی** (ف) مثل ۔ بے عزت آدمی ذلت کو بھی عزت سمجھ کر خوش ہوتا ہے ؛ **نکسیر** (ہ) مؤنث ۔ ناک سے خون گرنا (پھوٹنا کے ساتھ) ؛ **نکسیر بھی نہیں پھوٹی** (کنایۃً) ذرا بھی صدمہ نہیں پہنچا ؛ **نکّو** (عو) (۱) (کنایۃً) رسوا ۔ بدنام ۔ مطعون (۲) لمبی ناک والا ۔ بڑی ناک والا (بنانا ، بننا کے ساتھ) ؛ **نکّی** ۔ مؤنث (۱) ناک میں بولنے والا (۲) چوسر کی کوڑی اور ایک داؤ (۳) ایک قسم کا جُوا ؛ **نکیل** ۔ مؤنث ۔ اُونٹ کی ناک کی رسّی ۔ مہار ؛ **نکیل ہاتھ میں ہونا** (کنایۃً) قبضہ ہونا ۔ قابو ہونا ۔ لگام ہاتھ میں ہونا ۔ کسی کے اختیار میں ہونا ؛

نَکّا (نَک ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) کوڑی (۲) پانسا ؛

نِکّا (نِک ۔ کا) (ہ) (۱) چھوٹا ۔ ننھا ۔ خُرد (۲) قلیل ۔ کم ۔ مختصر (۳) ناقص (۴) باریک ۔ نازک (۵) ادھورا ۔ ناتمام (۶) پستہ قد ۔ ٹھنگنا ؛

نُکّا (نُک ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) نوک دار ۔ نکیلا (۲) نوک دار گیڑی ؛ **نُکّا لگانا (مارنا)** (۱) گیڑی مارنا یا لگانا (۲) زک پہنچانا (۳) ضرب لگانا (۴) صدمہ پہنچانا ؛

نَکات (نَکَاتْ) (ہ) نکمّا ۔ خراب ؛

نکات (نِکَات) (ع) مذکر۔ نکتہ کی جمع (۱) نکتے۔ باریکیاں (۲) وہ بلیغ کلام، جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے ؎

نکاح (نِکَاح) (ع) مذکر (۱) (لغوی) مجامعت (۲) (مجازاً) شادی۔ بیاہ۔ عقد ؎ **نکاح باندھنا** (۱) (عو) نکاح کر دینا۔ نکاح پڑھنا۔ بیاہ کرنا ؎ **نکاح پڑھانا۔یا۔کرنا** (۱) شادی کرنا۔ عقد کرنا (۲) نکاح خوانی کرنا۔ قاضی کا کام کرنا ؎ **نکاح پڑھائی**۔ مؤنث۔ نکاح پڑھانے والے کی فیس ؎ **نکاح کی سی شرطیں کرنا** (عو) کسی کام کا بخوبی اطمینان چاہنا۔ کھٹ حجتی کرنا ؎ **نکاحِ متعہ۔یا۔موقت** (ف) مذکر۔ اہلِ تشیع میں ایک قسم کا نکاح، جو صرف کسی خاص وقت کے لیے کیا جاتا ہے ؎ **نکاح نامہ**۔ مذکر۔ وہ کاغذ، جس پر شادی کی تاریخ، مہر کی مقدار اور گواہیاں وغیرہ ثبت کی جاتی ہیں۔ کابین نامہ ؎ **نکاح ہونا** (۱) بیاہ ہونا۔ شادی ہونا۔ عقد ہونا ؎ **نکاحتا۔یا۔نکاحی**۔ منکوحہ ؎ **نکاحی بیاہی**۔ مؤنث۔ نکاح کر کے لائی ہوئی عورت ؎ **نکاحی بیاہی نہ رو بہو کہاں سے آئی**۔ مثل۔ اس کے متعلق کہتے ہیں، جو خواہ مخواہ آ کر رشتہ دار بن بیٹھے ؎

نکاس (نِکَاس) (ہ) مذکر (۱) گھر سے باہر جانے کی راہ۔ شہر سے باہر جانے کی راہ (۲) پانی کے باہر نکلنے کی جگہ (۳) کسی سے روپیہ وصول کرنے کی صورت (۴) بنیاد۔ جڑ۔ پنا۔ مول۔ اصل (۵) ابتدا۔ شروع۔ آغاز (۶) مبدا۔ سوت۔ منبع (۷) مادہ۔ دھاتو (۸) بانیٔ خاندان (۹) استخراج۔ اخذ (۱۰) خاندان۔ نسل۔ بنس (۱۱) ظہور۔ صدور (۱۲) برآمد۔ خراج ؎ **نکاسی**۔ مؤنث (۱) روانگی۔ برآمد (۲) اُس لگان کی میزان، جو کاشت کاروں سے زمینداروں کو وصول ہو (۳) مال کی فروخت (۴) شہر سے باہر جانا (۵) کسی سے روپیہ وصول کرنا (۶) نجات۔ چھٹکارا (۷) محاصل۔ پیداوار۔ مداخل۔ حاصل۔ آمد۔ منافع۔ فائدہ (۸) لڑائی بھڑائی (۹) محصول راہ۔ چنگی (۱۰) علاقہ۔ سرحد۔ حدبست ؎

نکال (نَکَال) (ع) مذکر۔ تکلیف۔ دُکھ۔ رنج۔ عذاب۔ سزا ؎

نِکال (نِکَال) (ہ) نکالنا کا امر ؎ **نِکال بیٹھنا**۔ کر بیٹھنا ؎ **نِکال پیٹھال کے دن**۔ مذکر (عو) فصل کی تبدیلی کا زمانہ ؎ **نِکال دینا** (۱) جدا کر دینا۔ موقوف کر دینا۔ باہر کر دینا (۲) کوئی چیز گھر سے دے دینا (۳) خارج کرنا (۴) دُور کرنا (۵) کھینچ لینا (۶) (دانت کے ساتھ) کھسیانا ہونا ؎ **نکال لانا** (۱) کوئی چیز اندر سے باہر لانا (۲) کسی عورت کو بھگا لانا۔ بھگا کر لے جانا ؎ **نکالا**۔ مذکر (ہندو) اخراج۔ شہر بدر کرنا ؎ **نکالا ملنا**۔ نکالا جانا۔ شہر بدر کیا جانا۔ اخراجِ بلاد ہونا۔ خارج کیا جانا۔ جلا وطن کیا جانا ؎ **نکالنا** (۱) باہر کرنا۔ خارج کرنا (۲) جُدا کرنا۔ علٰحدہ کرنا۔ منتخب کرنا۔ چھانٹنا (۳) تفریق کرنا۔ منہا کرنا۔ مجرا لینا۔ وضع کرنا (۴) دل سے کوئی بات پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا (۵) اُکھاڑنا۔ باہر لانا (۶) سلجھانا۔ حل کرنا (۷) بیل بوٹا نکالنا۔ کاڑھنا (۸) گھوڑے کو گاڑی میں جوتنے کے قابل بنانا۔ سدھانا (۹) اوپر لانا (۱۰) جواب دینا۔ موقوف کرنا۔ برطرف کرنا (۱۱) ظاہر کرنا (۱۲) برآمد کرنا (۱۳) شروع کرنا (۱۴) بدلا لینا۔ عوض لینا ؎

نِکانا (نِکَا-نَا) (ہ) نلانا۔ کھیت میں سے گھاس پھوس صاف کرنا ؎ **نِکائی**۔ مؤنث۔ نلائی ؎

نکبت (نَکْ-بَت) (ع) مؤنث (۱) خواری۔ ذلت۔ بدحالی (۲) مفلسی۔ افلاس۔ فلاکت ؎

نکتہ (نُکْ-تَہْ) (ع) (۱) تہ کی بات، باریک بات، باریکی (۲) (ف) لطیفہ۔ چٹکلا (۳) عیب۔ رخنہ (۴) (ل) وہ چمڑا، جو گھوڑے کے منہ پر رہتا ہے ؎ **نکتہ بیں** (ف) (۱) نازک خیال (۲) خُردہ گیر۔ عیب جُو ؎ **نکتہ پرداز۔نکتہ پرور** (۱) نکتہ سنج۔ خوش گفتار (۲) سخن شناس (۳) شاعر (۴) زبان آور (۵) ہوشیار۔ عقل مند ؎ **نکتہ چین**۔ عیب ڈھونڈنے والا۔ مین میکھ نکالنے والا ؎ **نکتہ چینی**۔ مؤنث۔ عیب جوئی۔ عیب گیری۔ مین میکھ ؎ **نکتۂ خفی**۔ مذکر۔ سرِ خفی۔ رازِ پنہاں ؎ **نکتہ داں**۔ باریک بات جاننے والا۔ دقیقہ رس۔ شاعر ؎ **نکتہ رس**۔ زیرک۔ تیز فہم۔ ذکی ؎ **نکتہ سنج** (۱) خوش گفتار۔ فصیح۔ سخن شناس۔ تُلی ہوئی بات کہنے والا۔ زبان آور (۲) ہوشیار۔ عقل مند (۳) (مجازاً) سخنور۔ شاعر ؎ **نکتہ سنجی**۔ مؤنث (۱) خوش بیانی۔ فصاحت۔ خوش گفتاری (۲) سخنوری ؎ **نکتہ شناس**۔ ذہین۔ تیز فہم۔ عقل مند۔ دانا۔ سیانا ؎ **نکتہ گیر**۔ عیب جُو۔ نکتہ چین ؎ **نکتے** (ل) مذکر۔ نکتہ کی جمع ؎ **نکتے نکالنا**۔ مین میکھ نکالنا۔ اعتراض کرنا ؎

نکتی (نُکْ-تِیْ) (ل) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی، جو چنے کی دال پیس کر بنائی جاتی ہے ؎

نکٹائی (نَکْ-ٹَا-اِیْ) (انگ-Necktie) مؤنث۔ ایک قسم کا انگریزی وضع کا گلوبند ؎

نکرہ (نَکِرَہْ) (ع) مذکر (۱) ناشناسی (۲) معرفہ کی ضد۔ اسمِ عام ؎

نکڑ (نُکْ-کَڑْ) (ہ) مذکر (۱) سِرا۔ نوک۔ اخیر۔ انتہا۔ وہ جگہ، جہاں ایک راہ تمام ہو کر دوسری راہ شروع ہو (۲) گوشہ۔ کونا ؎

نگُس (نُکْس) (ع) مذکر (۱) نیچے کی طرف جھکنا (۲) اوندھنا۔ الٹنا ؎

نُکس (نُکْس) (ع) مذکر۔ مرض کا عود کرنا۔ پھر بیمار ہونا ؎

نک سک [نَکْ-سُکْ (دہلی) نِکْ-سِکْ (لکھنؤ)] ہندی میں نکھ (ناخن) سکھ (سر)] (عو) تمام اعضا۔ حلیہ۔ سراپا ؎ **نک سک سے ٹھیک (درست)** (ل) سر سے پاؤں تک خوش نما ؎

نکل (نِکَلْ) (ہ) نکلنا کا امر۔ جا۔ چل۔ ہٹ۔ دُور ہو ؎ **نکل آنا** (۱) ظاہر ہونا۔ باہر آنا (۲) کھڑا ہونا۔ پیدا ہونا (۳) پھوٹنا۔ زمین سے باہر آنا ؎ **نکل بھاگنا** (۱) فرار ہو جانا۔ چل دینا۔ چلا جانا (۲) قابو سے چلا جانا (۳) بچ کر چلا جانا۔ چمپت ہو جانا (۴) صاف بچ جانا ؎ **نکل پڑنا** (۱) کثرت سے نکل آنا (۲) ظاہر ہو جانا۔ نمایاں ہو جانا۔ پوشیدہ مقام

سے دفعتہً نمایاں ہونا (۳) باہر آجانا (۴) کھل جانا۔ گر جانا (۵) ٹپک پڑنا۔ چونے لگنا (۶) اُگل پڑنا (۷) باہر چلا جانا (۸) وضع حمل ہو جانا۔ پیٹ گر جانا ٭ **نکل جانا** (۱) کہیں چلا جانا۔ دُور ہونا (۲) شہر کے باہر کہیں چلا جانا۔ دُور چلا جانا (۳) زائل ہو جانا۔ جاتا رہنا (۴) ہار جانا (۵) قبضے سے چلا جانا۔ قابو سے باہر ہو جانا (۶) وقت گزر جانا۔ کسی چیز کا ہاتھ سے جاتا رہنا (۷) گزر جانا۔ چلا جانا (۸) قول سے پھر جانا۔ وعدہ خلافی کرنا (۹) کپڑوں وغیرہ کا پھٹ جانا (۱۰) بھاگ جانا (۱۱) رفاقت چھوڑ دینا (۱۲) کسی مخمصے سے نجات پانا (۱۳) کسی قید کے مقام سے باہر جانا (۱۴) آگے چلا جانا (۱۵) بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا (۱۶) روگردانی کرنا (۱۷) ہو چکنا ٭ **نکل چلنا** (۱) گھر کے یا شہر کے باہر چلنا (۲) سبقت لے جانا (۳) (کنایتہً) مغرور ہو جانا۔ اِترا جانا۔ بیباک ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا ٭ **نکلتے پیٹھتے دن**۔ مذکر (عو) موسم بدلنے کا وقت ٭ **نکلنا** (۱) پھوٹنا۔ اُگنا۔ اوپر آنا (۲) سَیر کے لیے برآمد ہونا (۳) جاری ہونا۔ بہنا۔ رِسنا (۴) جنم لینا۔ پیدا ہونا (۵) ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا۔ نمودار ہونا (۶) رخصت ہونا۔ باہر چلا جانا (۷) بلند ہونا۔ طلوع ہونا۔ اٹھنا (۸) ثبوت ہونا۔ ثابت ہونا (۹) بڑا ہونا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا (۱۰) فرار ہونا۔ بھاگنا۔ چلا جانا (۱۱) باہر ہونا۔ خارج ہونا (۱۲) زیادہ ہونا۔ زائد ہونا (۱۳) نئی بات ظاہر ہونا۔ ایجاد ہونا (۱۴) حاصل ہونا۔ بر آنا (۱۵) پھٹ جانا (۱۶) کسی کے ذمّے کوئی رقم فاصل نکلنا (۱۷) باہر آنا (۱۸) اُبھرنا (۱۹) دُور ہونا (۲۰) سمجھ میں آنا۔ واضح ہونا (۲۱) بڑھا ہونا۔ ترجیح رکھنا (۲۲) لے لیا جانا۔ کسی کام کا وقت جاتا رہنا ٭ **نکلوانا** (۱) باہر کرانا (۲) معلوم کرنا ٭ **نکلے ہوتے دانت پھر اندر نہیں جاتے۔ نکلے ہوتے دانت پھر نہیں بیٹھتے** (ؤ) مثل۔ جو بھید کھل جاتے، وہ پھر نہیں چھپتا۔ جو بُرائی ظاہر ہو گئی، وہ پھر نہیں چھپتی ٭

نکل (نِکِل) (انگ۔ Nickel) مؤنث۔ ایک قسم کی سخت سفید دھات ٭

نکمّا (نِکَم۔ مَا) (ہ) (۱) ناکارہ۔ بیکار۔ بے مصرف (۲) بیکار۔ بےشغل۔ معطّل۔ خالی (۳) خراب۔ بُرا (۴) حقیر۔ ناچیز ٭ **نکمّا ہو جانا** (۱) کام کے قابل نہ رہنا۔ بےکار ہو جانا (۲) بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا ٭

نِکو (نِکُو) (ف) نیکو کا مخفف۔ اچھا۔ خوب ٭ **نِکوئی**۔ مؤنث۔ نیکی۔ عمدگی ٭ **نکوئی با بداں کردن چناں ست، کہ بد کردن بجائے نیک مرداں**۔ مقولہ۔ بدوں سے نیکی کرنا ایسا ہے، جیسے نیکوں سے برائی کرنا ٭

نکوا (نَک۔ وَا) (ہ) مذکر (عو) (۱) سُوئی کا چھید۔ سُوئی کا ناکا (۲) ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ ٭

نکوہش (نِکُو۔ ہِش) (ف) مؤنث۔ سرزنش۔ ملامت۔ دھمکی ٭

نکھ (نَکھ) (ہ) مذکر (۱) ناخن۔ ان معنی میں مستعمل نہیں (۲) ایک خوش بُودار جڑ (۳) ابریشم۔ کچا ریشم۔ دیکھیے "نک سک" ٭

نکھاد (نِکھَادْ) (ہ) مؤنث۔ ایک اونچا سُر ٭

نکھار (نِکھَارْ) (ہ) مذکر (۱) اُجلاپن۔ صفائی (۲) آرائش۔ زیب و زینت۔ بناؤ سنگار (۳) نکھارنا کا امر ٭ **نکھارنا**۔ مَیل کاٹنا۔ مَیل صاف کرنا۔ اُجلا کرنا ٭

نکہت (نَک۔ہَت) (ع) مؤنث۔ پھول کی بُو۔ مہک۔ خوش بُو (عوام "نکہت" کہتے ہیں) ٭

نکھت (نَک۔ہَت) (ہ) مذکر۔ ہر مہینے کے پندرہ دن جن سے بارش کا حساب کرتے ہیں ٭

نکھتّر (نِکھَٹ۔ تَرْ) (ہ) (۱) ناچیز (۲) بدمزہ (۳) ناقص (۴) زبون ٭

نکھٹو (نِکھَٹْ۔ ٹُو) (ہ) (عو) (۱) وہ شخص، جو کچھ نہ کمائے۔ نکما۔ ناکارہ (۲) احدی۔ سست (۳) بے وقوف۔ احمق (۴) تنگ دست۔ نہایت مفلس ٭ **نکھٹو کی جورو سدا ننگی**۔ سست اور روزی نہ کمانے والے کے گھر ہمیشہ مفلسی رہتی ہے ٭

نکھد (نِکھَدْ) (ہ) بہت بُرا۔ نکما۔ ناکارہ۔ خراب ٭

نکھر (نِکھَرْ) (ہ) نکھرنا کا امر ٭ **نکھرا ہُوا**۔ جوبن پر آیا ہوا۔ صاف ستھرا ٭ **نکھرنا** (۱) اُجلا ہونا۔ صاف ہونا۔ نہا دھو کر صاف ستھرا ہونا۔ رونق آنا۔ چمکنا۔ مَیل کٹنا (۲) سنگار کرنا۔ بننا۔ سنورنا ٭

نکھنڈ (نِکھَنْڈْ) (ہ) (۱) آدھا۔ نیم۔ نصف (۲) عین۔ ٹھیک ٭ **نکھنڈ آدھی رات ہے**۔ ٹھیک آدھی رات ہے ٭

نکیر (نَکِیرْ) (ع) مذکر۔ قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ ٭ **نکیرین**۔ مذکر۔ قبر میں مُردے سے سوال و جواب کرنے والے دو فرشتے۔ منکر نکیر ٭

نکیلا (نَکِی۔ لَا) (ہ) صاحبِ غیرت۔ آبرومند ٭

نُکیلا (نُکِی۔ لَا) (ہ) (۱) گاؤدُم۔ مخروطی۔ نوک دار۔ اُبھرا ہُوا (۲) (کنایتہً) بانکا ترچھا۔ خوش وضع۔ خوب صورت۔ طرح دار۔ وضع دار ٭ **نکیلی**۔ مؤنث (۱) نوک دار۔ ابھرواں۔ ابھری ہوئی۔ مخروطی (۲) خوش وضع۔ طرح دار۔ وضع دار ٭

ن۔گ

نگ (نَگْ) (ہ) مذکر (۱) نگین۔ نگینہ۔ انگوٹھی میں جڑنے کا قیمتی پتھر (تراشنا، ترشنا، جڑنا وغیرہ کے ساتھ) (۲) (س) پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔ پربت ٭ **نگ کی چوڑیاں**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی چوڑیاں، جن میں نگ جڑے ہوتے ہیں ٭ **نگیش** (ف) مذکر۔ نگ۔ جواہر ٭ **نگینہ**۔ مذکر (۱) نگ۔ قیمتی پتھر۔ نگیں۔ جواہر۔ جواہرات (۲) موزون۔ چسپاں و ٹھیک بیٹھا ہُوا (۳) ہندوستان کا ایک شہر (۴) کانچ کا بنا ہُوا نگ ٭ **نگینہ جڑنا** (۱) انگوٹھی میں نگ نصب کرنا ٭ **نگینہ (نگینے) کی چوڑیاں**۔ مؤنث (عو) ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں، جن میں جھوٹے یا سچّے نگ جڑے ہوتے ہیں ٭ **نگینہ ساز۔ یا۔ نگینہ گر** (ف) مذکر۔ قیمتی پتھروں کو تراشنے والا۔ جواہرات کو تراش کر بنانے والا ٭

نگار (نِگَارْ) (ف) مذکر (۱) تصویر۔ نقش۔ بیل بُوٹا (۲) بُت۔ مورت۔ مورتی

(۳) خوب صورت۔ محبوب۔ معشوق (۴) وہ نقش، جو عورتیں مہندی سے ہاتھوں پر بنا لیتی ہیں (۵) زینت۔ آرائش۔ زیبائش ٭ **نگار خانہ**۔ مذکر (۱) تصویروں کا مکان۔ تصویر خانہ (۲) نقاشی کیا ہوا گھر (۳) بُت خانہ ٭ **نگارِ عالم**۔ مذکر۔ دنیا میں سب سے خوب صورت۔ بہت خوش وضع ٭ **نگارش**۔ مؤنث (۱) لکھنا۔ تحریر (۲) نقشہ کشی ٭ **نگارین** (۱) مہندی لگا ہوا۔ آراستہ (۲) (مجازاً) محبوب۔ دلبر۔ معشوق ٭

نگالی (نِگا۔لی) (ہ) مؤنث (۱) حُقّے کا وہ حِصّہ، جس میں مہنال لگاتے ہیں (۲) نیچہ بنانے کی نے (۳) چھوٹا بیچوان ٭

نگاہ (نِگاہ) (ف) مؤنث (۱) نظر۔ چتون (۲) بصارت۔ تیور (۳) آنکھ۔ چشم (۴) پرکھ، شناخت۔ مداخلت (۵) التفات۔ توجّہ۔ مہربانی۔ عنایت (۶) دید۔ نظارہ (۷) خبرداری۔ نگرانی۔ چوکسی۔ رکھوالی۔ نظر بندی (۸) خیال۔ بھروسا۔ اُمید ٭ **نگاہ اٹھا کر نہ دیکھنا** (ف) دیکھیے "آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا" ٭ **نگاہ اُونچی ہونا**۔ نگاہ بلند ہونا۔ عالی حوصلہ ہونا۔ بلند خیال ہونا ٭ **نگاہ بان**۔ **نگاہبان** (ف) چوکیدار۔ محافظ ٭ **نگاہ بانی**۔ **نگاہبانی**۔ مؤنث (۱) حفاظت۔ نگرانی۔ نگاہ داشت۔ پاسبانی۔ چوکیداری (۲) حراست (کرنا کے ساتھ) ٭ **نگاہ بکھرنا** (ف) نگاہ پھیلنا (متروک) ٭ **نگاہ بھر کر (کے) دیکھنا**۔ بغور دیکھنا۔ بھرپور نظر سے دیکھنا ٭ **نگاہ (نگاہوں) پر چڑھنا**۔ نظروں میں کُھبنا یا جچنا۔ نظروں میں باوقعت ہونا ٭ **نگاہ پڑنا**۔ دیکھنے میں آنا۔ نظر پڑنا۔ وقعت سے دیکھا جانا ٭ **نگاہ (نگاہیں) پھرنا** (۱) (کنایۃً) التفات نہ ہونا۔ توجّہ نہ رہنا (۲) نظر کا اِدھر اُدھر دیکھنا۔ نگاہ کا ایک طرف سے دوسری طرف گردش کرنا ٭ **نگاہ چرانا**۔ شرم یا ادا سے نظر سامنے نہ کرنا ٭ **نگاہ چڑھنا**۔ نظر چڑھنا۔ نظر میں سمانا۔ خاطر میں آنا ٭ **نگاہ داشت** (ف) مؤنث۔ نگرانی۔ حفاظت۔ ہوشیاری۔ چوکسی ٭ **نگاہ رکھنا** (۱) نظر رکھنا۔ توجّہ رکھنا (۲) نگرانی رکھنا۔ دیکھتا رہنا۔ خیال رکھنا (۳) پہچان رکھنا۔ شناخت رکھنا ٭ **نگاہ کرنا** (۱) آنکھ ڈالنا۔ نظر کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔ دیکھنا (۲) خیال کرنا۔ سوچنا (۳) پرکھنا۔ جانچنا۔ اندازہ کرنا (۴) ("پر" کے ساتھ) توجّہ کرنا ٭ **نگاہ لڑانا**۔ آنکھیں لڑانا۔ آنکھ سے آنکھ ملانا۔ محبت آمیز نگاہوں سے دیکھنا۔ نظر بازی کرنا ٭ **نگاہ لڑنا**۔ آنکھ سے آنکھ ملنا ٭ **نگاہ (نگاہیں) ملنا** (۱) نگاہوں کا آمنا سامنا ہونا (۲) (کنایۃً) توجّہ ہونا ٭ **نگاہِ ناز** (ف) مؤنث۔ ناز و انداز کی نظر۔ معشوقانہ نظر ٭ **نگاہ نہ ٹھہرنا** (ف) کسی چیز کی چمک کے باعث نظر نہ جمنا ٭ **نگاہوں**۔ نگاہ کی جمع حرفِ جار سے پہلے ٭ **نگاہیں**۔ مؤنث۔ نگاہ کی جمع۔ نظریں ٭

نگر (نَگَر) (ہ) مذکر (گنوار) قصبہ۔ بلدہ۔ شہر ٭

نگر (نِگَر) (ف) دیکھ ٭ **نِگَراں**۔ دیکھنے والا۔ نگہبان۔ ناظر۔ پاسبان۔ محافظ ٭ **نِگَرانی**۔ مؤنث (۱) دیکھ بھال۔ نگہبانی (۲) حفاظت (۳) حراست (۴) انتظام۔ اہتمام ٭

نگل (نِگَل) (ہ) نِگلنا کا امر ٭ **نِگلا** (۱) نگلنا سے ماضی مطلق (۲) نِگلانا کا امر ٭ **نگلانا**۔ نِگلنا کا متعدی ٭ **نِگلنا** (۱) حلق سے نیچے اتارنا (۲) کھانا۔ ٹھونسنا (۳) (کنایۃً) غبن کرنا۔ تغلّب کرنا ٭

نگلا (نَگ۔لا) (ہ) مذکر۔ چھوٹی بستی۔ گاؤں کی آبادی کا چھوٹا حصّہ ٭

نگم (نِگَم) (س) مذکر (ہندو) (۱) آسمانی کتاب (۲) پاک۔ مقدّس (۳) ولی۔ عارف۔ صاحب دل ٭

نگند (نِگَنْد) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی بوٹی ٭

نگند (نِگَنْد) (ف) نگندنا کا امر ٭ **نِگَندنا** (ہندو) نگندے ڈالنا۔ لمبے ٹانکے لگانا۔ سینا ٭ **نِگَندہ** (ف) مذکر (لغوی) بخیہ (۲) رضائی وغیرہ میں دُور دُور سیون ڈالنا کہ رُوئی نہ نکلے ٭ **نگندے** (ف) مذکر۔ نگندہ کی جمع۔ سیون۔ بخیہ ٭ **نگندے ڈالنا**۔ رُوئی والی چیز میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا ٭

نگوڑا (نِگوڑ۔ڑا) (ہ) (۱) (کنایۃً) (عو) اپاہج۔ لنگڑا (۲) ناکارہ۔ نکمّا (۳) بدقسمت۔ کم بخت (۴) منحوس (۵) نامراد۔ ناشاد۔ اجڑا (۶) دست نگر۔ محتاج (۷) تنہا۔ اکیلا ٭ **نگوڑا ناٹھا** (عو) وہ شخص، جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو۔ بے زن و فرزند۔ بے وارث۔ بے اولاد۔ مجرّد ٭ **نگوڑی**۔ نگوڑا کی تانیث ٭ **نگوڑی ناٹھی**۔ نگوڑا ناٹھا کی تانیث ٭

نگوں (نِگوں) (ف) اوندھا۔ خمیدہ۔ واژگوں۔ اُلٹا ٭ **نگوں بخت**۔ بدقسمت۔ بدنصیب ٭ **نگوں سار**۔ **نگونسار**۔ اُلٹا۔ اوندھا۔ سر جھکاتے ہوئے ٭ **نگوں ہمّت**۔ بے ہمّت۔ دوں ہمّت ٭

نگہ (نِگَہ) (ف) مؤنث۔ نگاہ کا مخفّف۔ دیکھیے "نگاہ" ٭ **نگہبان**۔ **نگہبانی**۔ **نگہداشت**۔ دیکھیے "نگاہبان"۔ "نگاہبانی" "نگاہ داشت" ٭

نگہت (نِگ۔ہَت) دیکھیے "نکہت" ٭

نگھرا (نِگَھرا) (ہ) بے گھر۔ خانہ بدوش۔ خانہ ویران ٭

ن۔ل

نل (نَل) (ہ) مذکر (۱) اندر سے کھوکھلی اور لمبی چیز (۲) راجا نَل، جس نے چوسر ایجاد کی (۳) دَمَن کا عاشق (۴) نال۔ بانس کا نلوا (۵) سرکنڈا۔ نرکل ٭ **نَل کھونچا**۔ مذکر (لکھنؤ) وہ بڑی چھڑ، جس میں سریش لگا کر چڑیاں پکڑتے ہیں ٭ **نلوا**۔ مذکر (۱) چھوٹا سا نَل (۲) کا غذات وغیرہ رکھنے کے لیے ٹین یا پیتل یا کاغذ کا بنا ہوا نَل ٭ **نَلی**۔ مؤنث (۱) نَے۔ چھوٹی نال (۲) نرکل، جو بیچ سے خالی ہو (۳) نرکل کا ٹکڑا، جس میں بارود بھر کر چھوڑتے ہیں (۴) پنڈلی کی ہڈی (۵) جلاہے کی نال (۶) بندوق کی نال ٭ **نلیا** (۱) مذکر (عو) صیّاد۔ چڑی مار (۲) مؤنث۔ نال کی تصغیر۔ چھوٹی نلی (۳) مؤنث۔ چھوٹی نالی ٭

نلا (نَلا) (ہ) مذکر (۱) پیشاب کی نالی (۲) ناف کی مانند ایک پٹھا (۳) (ہندو) پاؤں کی ہڈی ٭ **نلا اُم جانا**۔ یا۔ ٹل جانا یا۔ اڑنگ بڑنگ ہو جانا۔ نلے کا اپنی جگہ سے سرک جانا ٭

نِلا (نِلَا) (و) نِلانا کا امر ٭ نِلانا۔ کھیت میں سے گھاس پھوس صاف کرنا ٭ **نِلائی**۔ مؤنّث (۱) نِلانے کا کام۔ صفائی (۲) کھیت نِلانے کی اُجرت ٭

نلجّا (نِلَج۔جَا) (ہ) (عو) بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت ٭

نلوا (نَل۔وَا) (ہ) نلوانا کا امر ٭ نلوانا۔ کھیت کی صفائی کرانا ٭ **نلوائی**۔ مؤنّث۔ نلوانے کی اُجرت ٭

نِلُوّہ (نِلُوّہ) (ہ) (۱) خالص۔ بے لوث (۲) بے مشقّت۔ بے زحمت۔ بے خرخشہ (۳) وہ کام جو بے اعانت و شرکت غیرے کیا جائے (۴) صدمے اور نقصان سے محفوظ (۵) وہ روپیہ، جو دوسرے سے ملے اور اُس میں سے کچھ بھی صرف نہ ہو ٭ **نِلُوّہ الگ ہو جانا**۔ کورا بچ جانا ٭

ن ۔ م

نم (نَم) (ف) مذکّر (۱) تری۔ رطوبت۔ سیل۔ گیلا پن (۲) (مجازاً) گیلا۔ تر۔ مرطوب (۳) طراوت (فصحائے لکھنؤ بمعنی تری استعمال کرتے اور بمعنی تر کو غلط سمجھتے ہیں) ٭ **نم خوردہ۔ نم دیدہ۔ نم رسیدہ**۔ تر۔ وہ جس میں تری کا اثر پہنچا ہو ٭ **نم گیرہ (نمگیرہ)** مذکّر (۱) ایک قسم کا شامیانہ، جو اوس کی تری سے بچنے کے لیے بناتے ہیں (۲) (مجازاً) شامیانہ (کھنچنا، کھڑا ہونا، نصب ہونا کے ساتھ) ٭ **نم ناک (نمناک)** گیلا۔ تر ٭ **نمی**۔ مؤنّث۔ تری (بعض فصحائے لکھنؤ نے اب یہ لفظ ترک کر دیا ہے اور اس جگہ نم بمعنی تری استعمال کرتے ہیں۔) ٭

نِما (نِمَا) (ف) بالیدگی۔ بڑھنا (مرکبات میں مستعمل ہے۔) ٭

نما (نُمَا) (ف) دکھانے والا۔ ظاہر کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے) ٭

نماز (نَمَاز) (ف) مؤنّث (۱) (لُغوی) بندگی۔ پرستش۔ سجدہ (۲) اہلِ اسلام کی مخصوص عبادت۔ صلوٰۃ ٭ **نماز ادا کرنا** (ک) نماز پڑھنا ٭ **نمازِ استسقاء** (ف) مؤنّث۔ وہ نماز، جس میں بارش کے لیے دعا مانگی جائے ٭ **نماز پڑھنا** (ل) صلوٰۃ ادا کرنا۔ خدا کی بندگی کرنا۔ فرض پڑھنا ٭ **نمازِ پنجگانہ** (ف) مؤنّث۔ پانچوں وقت کی نماز ٭ **نمازِ پیشیں۔ یا۔ پشیں**۔ مؤنّث۔ ظہر کی نماز ٭ **نمازِ جنازہ**۔ مؤنّث۔ وہ نماز، جو مُردے کی لاش پر کھڑے ہی کھڑے پڑھتے ہیں ٭ **نمازِ خسوف**۔ مؤنّث۔ وہ نماز، جو چاند گہن کے وقت پڑھتے ہیں ٭ **نمازِ خفتن**۔ مؤنّث۔ عشاء کی نماز ٭ **نمازِ دیگر**۔ مؤنّث۔ عصر کی نماز ٭ **نمازِ شام**۔ مؤنّث۔ مغرب کی نماز ٭ **نمازِ عید**۔ مؤنّث۔ وہ نماز، جو عید کے دن عیدگاہ میں ادا کی جائے ٭ **نمازِ فجر**۔ مؤنّث۔ صبح کی نماز ٭ **نمازِ قصر**۔ مؤنّث۔ وہ مختصر نماز، جو سفر میں کم کر کے پڑھی جاتی ہے ٭ **نماز کرنا** (ل) نماز پڑھنا ٭ **نمازِ کسوف** (ف) مؤنّث۔ وہ نماز، جو سورج کے گہن پڑتے وقت پڑھی جاتی ہے ٭ **نماز گزار**۔ نماز ادا کرنے والا۔ پابندِ نماز ٭ **نمازی** (۱) نماز پڑھنے والا۔ نماز کا پابند (۲) پرہیزگار۔ پارسا ٭ **نمازی کا ٹکا** (ل) بدی کا بدلا۔ فعلِ بد کی سزا۔ وہ بات، جس کا کہیں نہ کہیں بدلا مل کر رہے ٭

نمازی کپڑے۔ مذکّر۔ پاک کپڑے۔ ایسے کپڑے، جن سے نماز پڑھ سکیں ٭

نماشام (نَمَا۔شَام) (و) مؤنّث (ہندو) جھٹ پٹا۔ سرِ شام۔ جب دونوں وقت ملتے ہیں ٭

نمّام (نَم۔مَام) (ع) چغل خور۔ غمّاز۔ لُترا۔ اِدھر کی اُدھر کہنے والا ٭ **نمّامی** مؤنّث۔ چغل خوری۔ غمّازی ٭

نمانا (نَمَانَا) (ہ) (ہندو) (۱) مسکین۔ غریب (۲) سیدھا سادہ (۳) شرمگیں۔ شرمائو (۴) ڈرپوک۔ بزدل ٭

نمائش (نُمَا۔اِش) (ف) مؤنّث (۱) نمود۔ ظہور۔ دکھاوا۔ تزئین (۲) وہ میلا، جو عجیب و غریب چیزیں دکھانے کے لیے کیا جائے ٭ **نمائش گاہ**۔ مؤنّث۔ وہ جگہ، جہاں نمائش ہو ٭ **نمائشی** (و) ظاہر میں اچھا۔ دکھاوے کا ٭

نمائندگی (نُمَا۔اِن۔دَگی) (ف) مؤنّث (۱) دکھاوٹ (۲) قائم مقامی ٭

نمائندہ (نُمَا۔اِن۔دَہ) (ف) (۱) دکھنے والا (۲) قائم مقام ٭

نمائی (نُمَا۔اِی) (ف) مؤنّث۔ اعلان۔ ظہور۔ اظہار۔ اشاعت ٭

نمایاں (نُمَا۔یَاں) (ف) (۱) ظاہر۔ آشکارا (۲) گہرا۔ عمیق۔ دراز (۳) کلاں۔ بڑا ٭

نمبر (نَم۔بَر) (انگ۔ Number) مذکّر (۱) تعداد (۲) درجہ (۳) باری۔ نوبت (۴) گنتی۔ نشان (بڑھ جانا، چھیننا، دینا، ڈالنا، لگانا، لگنا کے ساتھ) ٭ **نمبری** (و) (۱) نمبر سے نسبت رکھنے والا (۲) (کنایۃً) مشہور ٭ **نمبری نالش**۔ مؤنّث (قانون) باقاعدہ نالش ٭

نمِت (نِمِت) (س) مذکّر (۱) لیے۔ واسطے۔ باعث۔ سبب (۲) حصّہ۔ بھاگ۔ نصیب (۳) منشا۔ مراد ٭

نمٹ۔ نمٹانا۔ نمٹا ہوا۔ نمٹنا۔ نمٹیرا۔ دیکھیے "نبٹ" وغیرہ ٭

نمچھّا (نِمچھ۔چھَا) (ہ) مذکّر۔ جس کی مونچھیں نہ ہوں۔ نوجوان۔ گبرو ٭

نمد (نَمَد) (ف) مذکّر۔ نمدا۔ پشم یا اُون کا بستر۔ ملائم بالوں کا بستر ٭ **نمد پوش**۔ کمل اوڑھنے والا۔ وہ شخص، جو گدڑی یا پوستین پہنے ہو ٭ **نمدزین**۔ مذکّر۔ وہ نمدا، جو زین کے نیچے گھوڑے کی پشت پر ڈالتے ہیں ٭ **نمدا** (و) مذکّر۔ وہ اُونی کپڑا، جو بھیڑ بکری کے بالوں سے بناتے ہیں ٭ **نمدا بندھ جانا**۔ مفلس ہو جانا۔ دیوالہ نکل جانا ٭

نمرود (نَم۔رُود) (ف) مذکّر (۱) ایک کافر بادشاہ، جس نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو آگ میں ڈالا اور وہ آگ خدا کے حکم سے گلزار ہو گئی (۲) (مجازاً) کافر۔ ظالم ٭

نمستے (نَمَس۔تے) (ہ) مذکّر۔ کورنش۔ بندگی۔ تسلیم۔ آداب ٭

نمسکار (نَمَس۔کَار) (س) مؤنّث (ہندو) بندگی۔ کورنش۔ ڈنڈوت۔ تسلیم۔ سجدہ (کرنا کے ساتھ) ٭

نمش (نِمَش) (و) مؤنّث۔ دودھ کا جھاگ، جس میں مصری ملاتے ہیں ٭

نمط (نَمَط) (ع) مذکّر (۱) رنگین فرش یا بچھونا (۲) طور طریق۔ ڈھنگ۔ وضع قطع۔ روش۔ دستور (اب قلیل الاستعمال ہے اور اس جگہ "طرح" مستعمل ہے) ٭

نمک (نَمَک) (ف) مذکر (۱) لُون۔ نون۔ کھار (۲) (۵) کھاری پن (۳) ملاحت۔ سانولاپن (۴) (مجازاً) تنخواہ۔ روزینہ۔ روزی (۵) سلونی چیز کا ذائقہ (۶) کلام کی شوخی یا لطف ❊ **نمک برجراحت** (ف) زخم پر نمک چھڑکنے یعنی زیادہ دُکھ دینے والا ❊ **نمک بند**۔ وہ زخم، جس میں نمک بھر کر بند کر دیں ❊ **نمک پاشی**۔ مؤنث (۱) نمک چھڑکنا (۲) (کنایۃً) کمال ایذا دینا (کرنا کے ساتھ) ❊ **نمک پروردہ**۔ نمک خوار۔ خانہ زاد۔ غلام۔ نوکر۔ ملازم ❊ **نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا** (۵) (۱) سارا کھایا پیا پھوڑے پھنسیوں کی راہ نکلنا (۲) نمک حرامی کی سزا ملنا ❊ **نمک چشی** (ف) مؤنث۔ (۱) نمک چکھنا۔ نمک دیکھنا (۲) پہلے پہل بچے کو نمک چٹانے کی رسم (۳) لذت۔ ذائقہ۔ مزہ (کرنا کے ساتھ) ❊ **نمک چکھنا** (۵) نمک کی کمی بیشی معلوم کرنا۔ آب و نمک دیکھنا ❊ **نمک چھڑکنا** (۱) نون لگانا (۲) (کنایۃً) تنگ کرنا۔ جلانا۔ ستانا ❊ **نمک حرام** (ف) (۱) ناشکرگزار۔ ناشکرا۔ نیکی کے عوض بدی کرنے والا۔ بے مروت۔ بے وفا۔ سرکش (۲) محسن کُش ❊ **نمک حرامی**۔ مؤنث۔ ناشکری۔ دغابازی۔ بے مروتی۔ بے وفائی۔ حرام خوری۔ بغاوت ❊ **نمک حلال**۔ شکرگزار۔ احسان مند۔ حق شناس۔ آقا کا خیرخواہ ❊ **نمک حلالی**۔ مؤنث۔ شکرگزاری۔ خیرخواہی (کرنا کے ساتھ) ❊ **نمک خوار**۔ نمک پروردہ۔ نوکر۔ ملازم۔ خانہ زاد۔ غلام ❊ **نمک خوردن و نمکدان شکستن**۔ مثل۔ جس سے کھانا، اُسی کو نقصان پہنچانا۔ محسن کُشی کرنا ❊ **نمک داں**۔ مذکر۔ وہ ظرف، جس میں پسا ہُوا نمک رکھتے ہیں ❊ **نمک دانی** (۵) مؤنث۔ نمک کا ظرف ❊ **نمک زار۔ نمک سار** (ف) مذکر۔ نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ نمک کی کان ❊ **نمک زہر کر دینا (کرنا)** (۵) بہت نمک ڈال دینا ❊ **نمک کا حق ادا کرنا**۔ نمک حلالی کرنا۔ وفاداری کرنا ❊ **نمک کا سہارا**۔ ذرا سا سہارا۔ رزق کا تھوڑا سا آسرا ❊ **نمک کی کان**۔ مؤنث۔ وہ پہاڑ کی کھوہ، جس میں سے نمک نکلتا ہے ❊ **نمک کی کنکری حرام ہونا** (عو) بالکل فاقے سے ہونا ❊ **نمک کی مار پڑنا**۔ نمک حرامی کی سزا ملنا۔ نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا ❊ **نمک مرچ چھڑکنا** (۱) نمک مرچ ڈالنا (۲) (کنایۃً) نہایت ایذا دینا ❊ **نمک مرچ لگانا** (۱) مزیدار کرنا۔ چٹخارے دار بنانا (۲) بات بڑھا کر بیان کرنا۔ مبالغہ کرنا (۳) جلانا۔ چھیڑنا۔ اُکسانا۔ بھڑکانا ❊ **نمکین** (ف) نمک سے منسوب (۱) نمک دار۔ سلونا (۲) سانولا سلونا۔ ملیح۔ گندمی رنگ کا (۳) تیز۔ چرپرا (۴) کھاری ❊ **نمکینی**۔ مؤنث (۱) سلوناپن۔ ملاحت (۲) خوبی ❊

نمکولی (نِم۔ کَو۔ لِیْ) (۵) مؤنث۔ نیم کا پھل۔ نبولی ❊

نمل [نَمْلْ (ع)، نَمَلْ (ف)] مؤنث۔ چیونٹی ❊

نمو [نُمُوّ (ع)، نُمُوْ (ف۔ ا)] مؤنث۔ اُگنا۔ بڑھنا۔ روئیدگی۔ بالیدگی ❊

نمود (نُمُوْدْ) (ف) مؤنث (۱) علامت۔ کسی چیز کا نشان (۲) عیاں ہونا۔ ظاہر ہونا (۳) دھوم دھام۔ بھڑک۔ نمائش (۴) اُبھار۔ بالیدگی (۵) ناموری۔ شہرت (۶) شکل۔ صورت۔ ہیئت۔ ہستی (۷) رونق۔ ظاہری خوبی (۸) پیدائش۔ قیام۔ کائنات (۹) تعلّی۔ ڈینگ۔ لاف۔ شیخی (۱۰) دیدار۔ نظارہ۔ دید۔ جلوہ۔ تجلّی۔ درشن ❊ **نمودِ بے بُود**۔ مؤنث۔ وہ نمائش، جس میں کوئی اصلیت نہ ہو ❊ **نمود کرنا** (۵) (۱) ظاہر ہونا (۲) نمائش کرنا۔ دھوم دھام کرنا (۳) شہرت حاصل کرنا (۴) شیخی کرنا۔ ڈینگ مارنا ❊ **نمود کھونا**۔ شیخی توڑنا۔ غرور توڑنا ❊ **نمود کی لینا**۔ ڈینگ مارنا۔ ڈِینگ کی لینا۔ شیخی بگھارنا۔ اِترانا ❊ **نمود ہونا** (۱) دکھائی دینا۔ ظہور ہونا۔ اُبھرنا (۲) ہستی ہونا۔ وجود ہونا (۳) اعلان ہونا۔ شہرت ہونا۔ نام ہونا (۴) علامت یا نشان موجود ہونا۔ آثار قائم رہنا (۵) دھوم دھام ہونا۔ نمائش ہونا (۶) فروغ ہونا۔ چمکنا۔ عزت (۷) ڈینگ ہونا۔ شیخی ہونا ❊ **نمودار** (ف) (۱) ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ نظر آنے والی چیز یا شخص (۲) سردار۔ افسر۔ رہبر ❊ **نمودار ہونا** (۵) ظاہر ہونا۔ نکلنا۔ ظہور ہونا۔ سامنے آنا۔ برآمد ہونا ❊ **نمودی**۔ نمود والا۔ نامی۔ مشہور ❊ **نمودیا**۔ شان و شوکت دکھانے والا۔ شیخی خورا ❊

نمونہ [نُمُوْ۔ نَہْ (ف)، نَمُوْ۔ نَہ (ا)] مذکر (۱) وہ چیز، جو دکھانے کے لیے آئے (۲) مثال۔ نظیر۔ طریقہ۔ تمثیل (۳) نقل۔ نقشہ۔ سانچا۔ قالب۔ قطع۔ ڈول (۴) (لکھنؤ) ایک قسم کا کم قیمت کپڑا ❊

نمونیا (نِمُوْ۔ نِیَا) (انگ۔ Pneumonia) مذکر۔ وہ بیماری، جس سے پھیپھڑا خراب ہو جاتا ہے ❊

نموہا (نِمُوْ۔ ہَا) (۵) (۱) کم سخن۔ کم گو۔ خاموش۔ چُپ (۲) (مجازاً) غریب۔ نیک بخت ❊ **نِمُوْہِی**۔ نموہا کی تانیث ❊

نمیقہ (نَمِیْ۔ قَہْ) (ع) مذکر۔ نامہ۔ خط۔ نوشتہ۔ مرقومہ ❊

ن۔ن

نن (نَنْ) (انگ۔ Nun) مؤنث۔ راہبہ۔ دُنیا چھوڑ دینے والی عورت۔ دنیا ترک کر کے یسوع مسیحؑ کی خدمت کے لیے زندگی وقف کر دینے والی عورت، جو گرجے میں حیاتِ تجرد بسر کرتی ہے ❊

ننّا (نَنْ۔ نَا) (۵) دیکھیے "ننّھا" ❊

ننّانوے (نِنْ۔ نَانْ۔ وِےْ) (۵) ایک کم سَو۔ ۹۹ ❊ **ننّانوے کے پھیر میں آجانا (آنا)۔ یا۔ پڑ جانا (پڑنا)** (۱) روپیہ بڑھانے کی فکر میں پڑ جانا (۲) لالچ کے باعث مصیبت میں پڑنا۔ فکر میں مبتلا ہونا۔ جھگڑے میں پھنسنا ❊

نناواں۔ ننانواں (نِنَا۔ وَاں، نِنَاں۔ وَاں، نِنَاں۔ وَا) (۵) (عو) (۱) وہ جس کا نام لینا اچھا نہ ہو (۲) وہ شخص، جس کا نام خست یا بدی کی وجہ سے نہ لیں (۳) مذکر۔ ہیضہ (۴) (مرض) منہ کا چھالا (۵) دردِ سر ❊

ناوِیْں۔ نِنَانوِیْں (۵) (عو) (۱) وہ چیز، جس کا نام لینا بُرا خیال کریں (۲) بھتنی۔ چڑیل (۳) کنجوس اور منحوس عورت ❊

نند (نَنَدْ) (۵) مؤنث۔ خاوند کی بہن ❊ **نندوئی**۔ مذکر۔ نند کا خاوند ❊

نِندا (نِن۔دَا) (ہ) مؤنث (۱) بُرائی۔بدی۔ہجو۔دوکش۔عیب (۲) بدگوئی۔
غیبت (کرنا کے ساتھ)۔

نِنداسا (نِنْدا۔سَا) (ہ) (ہندو) نیند سے بھرا۔خواب آلود۔

نَنْدُولا (ہ) (مذکر) (لکھنؤ) دیکھیے "ندولا"۔

نِندیا (نِنْد۔یا) (ہ) مؤنث۔نیند کی تصغیر (بچوں کی نیند کے لیے مستعمل ہے)۔

نِنسار۔ننسال (نِن۔سَار، نَن۔سَال) (ہ) مؤنث (ہندو) ننھیال۔

ننگ (نَنگ) (ف) مذکر (۱) شرم۔حیا۔لاج۔غیرت۔لحاظ (۲) عیب (۳) بدنامی۔ذلّت۔رسوائی (رکھنا، رہنا، ہونا کے ساتھ)۔ **ننگِ خاندان** خاندان کو بدنام کرنے یا بٹّا لگانے والا۔موجبِ عار۔ **ننگِ خلائق** (مخلوق)۔خلقت کی بدنامی کا باعث۔ **ننگ و نام** (ناموس) مذکر (۱) شرم و لحاظ (۲) غیرت و حیا (۳) حرمت و عزّت (۴) عفت و عصمت۔
ننگ و ناموس کو خیرباد کہنا (ف) عزّت کھونا۔ **ننگ و ناموس میں رخنہ ڈالنا**۔عزّت میں فرق ڈالنا۔بے آبرو کرنا۔

ننگ (نَنگ) (ہ) مذکر (۱) ننگا۔برہنہ۔عُریاں (۲) شُہدا۔لُچّا۔بے شرم۔بے حیا (۳) نہایت مفلس۔قلّاش۔ **ننگ دھڑنگ** (مُننگ) (۱) بالکل برہنہ۔ننگا (۲) بے حیا۔بے شرم (۳) مفلس۔قلّاش۔ **ننگا**۔مذکر (۱) برہنہ۔عریاں (۲) مفلس (۳) بے حیا۔بے غیرت۔بے عزّت (۴) بے ہتھیار (نہتّا) (۵) (درخت کے لیے) بے پتّوں کا۔ **ننگا جھوری**۔مؤنث۔کارخانوں میں مزدوروں کی تلاشی۔ **ننگا دھڑنگا** (مُننگا) بالکل ننگا۔برہنہ و عریاں۔ **ننگا کر دینا** (کرنا) (۱) کپڑے اتار لینا۔برہنہ کرنا (۲) زیور اُتار لینا۔لُوٹ لینا۔کچھ نہ چھوڑنا۔صفایا کر دینا۔ **ننگا کھڑا اجاڑ میں، ہے کوئی کپڑا لے**۔مثل۔مفلس کا کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔
ننگا لُچّا۔مذکر (۱) بے نام و ننگ۔بے ننگ و ناموس (۲) شُہدا (۳) بے اعتبار، جس کی ساکھ نہ ہو (۴) غریب۔مفلس۔ **ننگا مادر زاد**۔ایسا ننگا، جیسا ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے۔بالکل برہنہ۔ **ننگوں**۔ننگا کی جمع حرفِ جار سے پہلے۔ **ننگوں کو بھوکوں نے لوٹ لیا**۔مثل۔چور کے گھر چور پڑ گئے۔بدمعاشوں نے بدمعاشوں کی خبر لی۔دونوں ایک جیسے مل گئے۔ **ننگی** (۱) برہنہ۔عریاں (۲) بے زیور (۳) نادار۔قلّاش مفلس۔ **ننگی بُچّی** (۱) وہ عورت، جس کے پاس کپڑا لتّا، گہنا وغیرہ نہ ہو (۲) مفلس۔قلّاش (۳) بالکل برہنہ۔ **ننگی تلوار** (شمشیر) (ف) مؤنث (۱) میان سے نکلی ہوئی تلوار۔شمشیرِ برہنہ (۲) (کنایۃً) بے خوف۔بے باک۔نڈر۔صاف گو۔آزاد۔وہ شخص، جو گفتگو میں کچھ شرم و حجاب نہ کرے اور نہ ڈرے (۳) (کنایۃً) صاحبِ جلال فقیر (۴) صاحبِ عصمت۔
ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی (ہ) مثل۔بے مایہ اور مفلس کو کسی بات کی جرأت نہیں ہوتی۔مفلس خرچ کرنے کی ہمّت نہیں کر سکتا۔ **ننگے**۔ننگا کی جمع۔ **ننگے پاؤں**۔پاؤں سے ننگے۔برہنہ پا۔بغیر جوتی پہنے۔ **ننگے پاؤں ننگے سر** (ف) (۱) سر و پا برہنہ (۲) پریشان حال۔سراسیمہ۔

ننّھا (نَنّھ۔ھَا) (ہ) (۱) چھوٹا۔ٹھنگنا (۲) بچّہ۔ناسمجھ۔نادان۔ **ننّھا کاتنا** (۱) باریک سُوت کاتنا (۲) (کنایۃً) نہایت جزرس ہونا۔بے حد کفایت چاہنا۔تنگ دل اور بخیل ہونا۔ **ننّھا مُنّا**۔بہت چھوٹا۔ **ننّھی**۔ننّھا کی تانیث۔ **ننّھی ذات** (ف) کمینہ ذات۔ادنیٰ ذات۔ادنیٰ قوم کے لوگ۔شودر۔ **ننّھی کا** (ہ) (۱) ننّھی کا جنا ہوا (۲) بھولا۔نادان۔احمق۔بے وقوف۔اناڑی۔ناتجربہ کار۔ **ننّھی کا جنا**۔نادان۔مورکھ۔ناتجربہ کار۔نہایت بھولا۔
ننّھے (۱) ننّھا کی جمع۔چھوٹے (۲) بعض کا نام بھی ہوتا ہے۔ **ننّھے میاں** (ف) مذکر (۱) چھوٹے میاں۔چھوٹے آقا (۲) عورتوں کا ایک فرضی ولی یا جن۔
ننّھے ننّھے۔چھوٹے چھوٹے۔

ننھیال (نَنْھ۔یَال) (ہ) مؤنث (لکھنؤ) نانا کا گھر۔

ن۔و

نَو (نَو) (ہ) ایک کم دس۔۹۔لعہ۔ **نو تیرہ بائیس بتا دینا** (کنایۃً) ٹال مٹول کر دینا۔حیلہ حوالہ کر دینا۔بہانہ بنا دینا۔ **نو تیرھی** (تری) مؤنث۔ایک قسم کا جوا، جو پانسوں سے کھیلا جاتا ہے۔ **نوراترے**۔مذکر۔درگا دیوی کی پوجا کے نو دن۔ **نورتن**۔مذکر (۱) نو جواہر۔نو طرح کے جواہر (۲) ایک قسم کا جڑاؤ زیور، جس میں نو نگ یا جواہر ہوتے ہیں۔بازو بند (۳) اکبر بادشاہ کے دربار میں نو دانش مندوں کی جماعت۔ **نو سو چوہے کھا کے بلّی حج کو چلی** (ف) مثل۔ساری عمر گناہ کر کے آخر میں پارسا بن بیٹھے۔سیکڑوں پاپ کما کر توبہ کی۔ **نوکھنڈ**۔مذکر۔دنیا کے نو بڑے حصّے۔ **نوگرہ**۔مذکر۔نو سیاروں کی گردش، ان کا اثر اور نام۔
نولکھا۔نو لاکھ روپے کی قیمت کا۔بیش بہا۔قیمتی۔ **نولکھا ہار**۔مذکر۔نو لاکھ روپے کی قیمت کا ہار۔ **نولکھا ہار پہنانا** (ع) (طنزاً) نہال کر دینا۔مالا مال کر دینا۔ **نوماسا**۔مذکر۔وہ رسم، جو نویں مہینے کے حمل میں ادا کی جاتی ہے۔ **نو میٹھی کا ارت ہے**۔پورا احمق ہے۔ **نویں نہ تیرہ میں**۔کسی شمار و قطار میں نہیں۔غریب کو کون پوچھتا ہے۔کوئی ہستی نہیں۔
نو ندھ بارہ سِدھ ہو جانا (ہندو) مراد حاصل ہو جانا۔کام حسبِ منشا بن جانا۔مالا مال ہو جانا۔ **نو نقد نہ تیرہ اُدھار** (ف) مثل۔قرض کے تیرہ سے نقد کے نو اچھے۔بہت ملنے کی امید سے سردست تھوڑا ملنا ہی بہتر ہے۔ **نوواں** (ہ) نو سے نسبت رکھنے والا۔نویں درجے پر۔نہم۔

نَو (نَو) (ف) نیا۔جدید۔ابھی کا۔تازہ۔ **نو آباد** (۱) حال کا بسایا ہوا۔ابھی کا آباد کیا ہوا (۲) تازہ بنائی ہوئی زمین۔وہ زمین، جسے ابھی کاشت کے لیے توڑا گیا ہو۔ **نو آبادی**۔مؤنث۔نیا آباد کیا ہوا علاقہ یا ملک۔کالونی۔ **نو آبادیات**۔مؤنث۔نو آبادی کی جمع۔ **نو آموز** (۱) مبتدی۔جس نے ابھی سیکھنا شروع کیا ہو (۲) ناآزمودہ کار۔اناڑی۔کچّا۔
نوبادہ۔مذکر (۱) عموماً ہر نئی اور تازہ چیز، خصوصاً میوہ (۲) نیا پودا۔نیا اُگا ہوا درخت۔ **نو بنو**۔تازہ بتازہ۔ابھی کا۔ **نوبہار**۔مؤنث۔

(۱) بسنت رُت کا شروع (۲) (مجازاً) موسمِ بہار (۳) وہ شے، جس پر نئی
بہار ہو (۴) تازہ رونق ٭ نَوجوان۔ وہ جس کی جوانی کا آغاز ہو اور بالغ ہونے
کے قریب ہو۔ نوعمر، نوخیز ٭ نَوجوانی۔ مؤنّث۔ بلوغ۔ شباب۔ عالَمِ شباب ٭
نَوچندہ (ہ) مذکّر۔ وہ دن، جو چاند کے دوسرے روز واقع ہو ٭ نَوچندی
مؤنّث (۱) چاندرات کی پہلی جمعرات (۲) میرٹھ کا ایک مشہور میلا ٭ نَوخاستہ
نَوخیز (ف) (۱) نوجوان۔ نوعمر۔ خُردسال (۲) (مجازاً) ناتجربہ کار ٭
نَودولت۔ وہ شخص، جسے مفلسی کے بعد نئی نئی دولت ملی ہو ٭
نَورَس (۱) نیا پھل۔ تازہ میوہ (۲) نوجوان۔ نوخیز ٭ نَوروز۔
مذکّر (۱) نیا دن۔ وہ دن، جس سے نیا سال شروع ہوتا ہے (۲)
(کنایۃً) عیش کا دن۔ خوشی کا دن (۳) ماہ فروردین کا پہلا دن، جو
۲۲ مارچ کے مطابق ہوتا ہے۔ اس تقریب پر پارسی بڑا جشن مناتے ہیں ٭
نَوشاہ۔ نَوشہ۔ مذکّر (۱) نوجوان بادشاہ (۲) دولھا۔ بنا (۳) مرزا غالب
مرحوم کا لقب ٭ نَوعمر۔ کم سِن۔ نابالغ۔ نوجوان ٭ نَوگرفتار (۱) تازہ
گرفتار (۲) ناتربیت یافتہ (۳) عاشقِ تازہ ٭ نَومُسلم۔ مذکّر۔ نیا مسلمان۔
وہ شخص، جس نے کسی دوسرے مذہب سے حال میں اسلام قبول کیا ہو ٭
نَومشق۔ ناتجربہ کار۔ نَوآموز۔ مبتدی۔ اناڑی ٭ نَونہال۔ مذکّر (۱) درخت
کا نیا پودا (۲) نوجوان۔ نَوعمر۔ نَوخیز۔ کم عمر بچّہ ٭ نَونیاز (۱) نومشق لڑکا (۲)
(کنایۃً) نیا عاشق ٭ نَووارد۔ تازہ وارد۔ مسافر۔ اجنبی ٭

نُو (نُو) (انگ۔ No) نہیں۔ حرفِ نفی ٭

نوا (نُوَا) (ف) مؤنّث (۱) آواز (۲) سُر۔ نغمہ (۳) مذکّر۔ سامان۔ توشہ ٭
نواپرداز۔ نوازن۔ نواساز۔ نواسنج۔ نواگر۔ گانے والا۔ مطرب۔
خوش آواز ٭

نوّاب (نَوْ۔ وَابْ) (ع) مذکّر (۱) حاکم۔ سردار (۲) (ل) کسی ریاست کا مسلمان
فرمانروا (۳) وائسرائے۔ نائبِ سلطنت ٭ نوّاب بے مُلک۔ مذکّر۔
مُلک و املاک کے بغیر نوّابوں کا سا دماغ رکھنے والا۔ امیری کی شیخی بگھارنے
والا۔ نَودولت ٭ نوّابی۔ مؤنّث (۱) قائم مقامی۔ نظامت (۲) ریاست۔
حکومت (۳) دولت مندی۔ امیری (۴) (ل) اِسراف۔ فضول خرچی (۵)
نوّاب پنا (۶) (ل) طوائف الملوکی۔ بدنظمی ٭ نوّابی ٹھاٹھ (ل) مذکّر۔
امیرانہ ٹھاٹھ۔ رئیسانہ ساز و سامان۔ طمطراق ٭ نوّابی کرنا (۱) نوّابوں
کی طرح بسر کرنا۔ امیروں کی مانند رہنا (۲) فضول خرچی کرنا۔ عیش اُڑانا ٭

نَوَاح (عربی میں نواحی، ناحیہ کی جمع) مذکّر۔ اطراف۔ جوانب۔ مضافات ٭

نوادر (نَوَا۔ دِرْ) (ع) مذکّر۔ نادر کی جمع۔ نادر چیزیں۔ عجیب اشیاء۔
عجائب و غرائب ٭

نِواڑ (نِوَاڑْ) (ہ) (فارسی میں نوار ہے۔) مؤنّث۔ وہ موٹا اور چوڑا فیتہ،
جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے ٭

نواڑا (نِوَا۔ ڑَا) (ہ) مذکّر۔ ہوا کھانے اور سیر کرنے کی چھوٹی ناؤ۔ بجرا ٭
نواڑا کھیلنا۔ چھوٹی ناؤ پر سوار ہو کر دریا کی سیر کرنا ٭

نواز (نَوَازْ) (ف) ترکیب سے ذیل کے معنی میں مستعمل ہے (۱) سرفراز کرنے
والا جیسے بندہ نواز (۲) بجانے والا جیسے دف نواز ٭ نَوازِش۔ مؤنّث۔
عنایت۔ لطف۔ مہربانی ٭ نوازش کرنا (ل) مہربانی کرنا۔ عنایت
کرنا۔ پرورش کرنا۔ مدد کرنا ٭ ٭ نوازش نامہ (ف) مذکّر۔ مہربانی نامہ۔
عنایت نامہ ٭ نوازشات۔ مذکّر و مؤنّث۔ نوازش کی جمع۔ عنایات۔
الطاف۔ مہربانیاں ٭ نَوازْنا (ل) (۱) پرورش کرنا۔ پالنا پوسنا (۲)
پیارا سمجھنا (۳) انعام دینا۔ بخشنا (۴) عزّت بخشنا۔ سربلند کرنا ٭

نواس (نَوَاسْ) (ہ) مذکّر۔ مکان۔ محل۔ خانہ۔ گھر۔ مسکن۔ مقام۔ حویلی۔
ٹھکانا ٭

نواسہ (نَوَا۔ سَہْ) (ف) مذکّر۔ بیٹی کا بیٹا ٭ نواسی (ل) مؤنّث۔ بیٹی
کی بیٹی ٭

نواسی (نَوَا۔ سِیْ) (ہ) ایک کم نوّے۔ ۸۹۔ لعلے ٭

نواسیر (نَوَاسِیْرْ) (ع) مؤنّث۔ ناسور کی جمع (اردو میں بطورِ واحد مستعمل ہے)
(۱) وہ زخم، جو اچھا نہ ہو (۲) وہ ناسور، جو مقعد میں ہو جاتا ہے ٭

نواصب (نَوَا صِبْ) (ع) مذکّر۔ ناصبی اور خارجی فرقہ ٭

نوافذ (نَوَا۔ فِذْ) (ع) مذکّر۔ وہ سوراخ یا اعضا جن سے نفس کو خوشی یا غم
پہنچ سکے، مثلاً مُنہ، آنکھ، کان ٭

نوافل (نَوَا۔ فِلْ) (ع) مذکّر۔ نافلہ کی جمع۔ وہ رکعتیں، جو سُنّت اور فرض کے
علاوہ زائد پڑھی جاتی ہیں ٭

نَوال (نَوَالْ) (ع) مؤنّث۔ مہربانی۔ عطا۔ بخشش۔ عنایت ٭

نوالہ (نِوَالَہْ) (ف) مذکّر (۱) لقمہ (۲) (کنایۃً) آسان۔ سہل کام (اب ان معنی
میں اکثر "مُنہ کا نوالہ" مستعمل ہے۔) (۳) ذرا سی چیز۔ لقمے کے برابر (۴)
غلّے کی وہ مقدار، جو ایک مرتبہ پیسنے کے لیے چکّی میں ڈالی جاتی ہے ٭
نوالہ کرنا (ل) لقمہ کرنا۔ ہڑپ کر جانا۔ کھا جانا۔ چٹ کر جانا ٭ نوالہ نہ
توڑنا۔ کسی کام کی ابتدا نہ کرنا ٭ نوالے۔ مذکّر۔ نوالہ کی جمع ٭ نوالے
مارنا۔ کھانا۔ نگلنا۔ ہڑپ کر جانا ٭

نوامیس (نَوَا۔ مِیْسْ) (ع) مذکّر۔ ناموس کی جمع ٭

نِوان (نِوَانْ) (ہ) (ہندو) نیچا۔ جُھکا ہوا۔ خمیدہ ٭ نِوانا (ہندو) جُھکانا۔
خمیدہ کرنا۔ موڑنا ٭

نواہی (نَوَا۔ ہِیْ) (ع) مذکّر و مؤنّث۔ نہی کی جمع۔ غیر مباح اور ناجائز باتیں۔
ممنوعات ٭

نوائب (نَوَا۔ اِبْ) (ع) مذکّر و مؤنّث۔ نائبہ کی جمع۔ مصیبتیں۔ حادثے۔
زحمتیں۔ تکلیفیں ٭

نَوباتیں چُھوانا (ہ) (نوبات، نبات سے بگڑا ہوا ہے۔) (عو) دلھن کی پہلی
رخصتی کے وقت ایک رسم ادا کرنا، جس میں مشاطہ عروس کے ہر عضو پر
مصری رکھتی ہے اور دولھا اسے مُنہ سے کھاتا ہے ٭

نوبت (نَوْ۔ بَتْ) (ع) مؤنّث (۱) باری۔ کسی چیز یا کام کا وقت (۲) عالَم کیفیت

درجہ ۔ حالت (۳) ڈنکا ۔ نقارہ ۔ دمامہ ۔ دھونسا (بجانا، بجنا، دھرنا، رکھنا کے ساتھ) (۴) فرصت ۔ مہلت ۔ وقفہ (۵) قابو ۔ موقع (۶) عرصہ ۔ وقت ۔ مدّت ۔ دفعہ ۔ مرتبہ (۷) حادثہ ۔ سانحہ ۔ واقعہ ۔ مصیبت (۸) ڈیرا ۔ خیمہ ۔ خرگاہ (۹) پہرا ۔ **نوبت آنا** (ل) (۱) باری آنا ۔ نمبر آنا (۲) کسی امر کے وقوع کا وقت آنا ۔ **نوبت بنوبت** (ف) باری باری سے ۔ ایک کے بعد ایک ۔ یکے بعد دیگرے ۔ **نوبت پہنچنا** (ل) (۱) باری آنا ۔ موقع آنا (۲) حالت کو پہنچنا ۔ **نوبت خانہ** (ف) مذکّر (۱) نقارخانہ (۲) شاہی محل کے ساتھ وہ مکان، جہاں دمامہ اور دھونسا بجتا ہے ۔ **نوبت کا بخار** (ل) مذکّر ۔ باری کا بخار ۔ **نوبت کو پہنچنا** (۱) حالت کو پہنچنا ۔ درجے کو پہنچنا ۔ گت ہونا ۔ **نوبت گاہ** (ف) مذکّر (۱) نوبت خانہ (۲) پہرے کی جگہ ۔ **نوبتی** (۱) نوبت کا ۔ باری کا (۲) (ل) مذکّر ۔ نوبت بجانے والا ۔ نقارچی (۳) پہریدار ۔ سنتری (۴) بڑا خیمہ (۵) شاہی باری دار ۔ دربان ۔

نوبل (نُوْ ۔ بَلْ) (انگ ۔ Noble) (۱) شریف (۲) عمدہ (۳) عالی منش (۴) فیاض ۔

نوبل پرائز (نُوْ ۔ بَلْ، پَرَائِزْ) (انگ ۔ Nobel Prize) مذکّر ۔ ایک انعام، جو ہر سال یورپ میں سب سے اعلیٰ مصنّف، ماہرِ طبعیات وغیرہ کو دیا جاتا ہے ۔

نوتا (نُوْ ۔ تَا) (ہ) مذکّر (گنوار) (۱) نیوتا ۔ وہ نقدی، جو بیاہ شادی میں صاحبِ خانہ کو بطورِ رسم دی جاتی ہے (۲) طلبی ۔ بُلاوا ۔

نوتنا (نَوْتْ ۔ نَا) (ہ) بُلا بھیجنا ۔ بُلاوا دینا ۔ مدعو کرنا ۔ **نَوتہی** ۔ مؤنّث ۔ وہ ضیافت، جو شادی کی بابت نیوتا دینے والوں کو دی جاتی ہے ۔

نوٹ (نُوْٹْ) (انگ ۔ Note) مذکّر (۱) وہ سرکاری کاغذ، جو سکّے کی جگہ کام دیتا ہے (۲) یادداشت ۔ رقعہ ۔ چٹھی ۔ پرچہ ۔ ہاتھ کا لکھا (۳) حاشیہ، جو کسی کتاب پر چڑھایا جائے ۔ تشریح ۔ تفسیر (۴) تمسّک ۔ دستاویز ۔ سند (۵) اشارہ ۔ **نوٹ بک** (Note book) مؤنّث ۔ بیاض ۔ کتاب ۔ یادداشت ۔ **نوٹ پیپر** (Note paper) مذکّر ۔ خط لکھنے کا کاغذ ۔ چٹھی کا کاغذ ۔ **نوٹ کرنا** (ل) یادداشت میں لکھنا ۔ نوٹ لینا ۔ یادداشت لینا ۔ درج یادداشت کرنا ۔ **نوٹس** (انگ ۔ Notice) مذکّر ۔ اعلان ۔ اشتہار ۔ اطلاع ۔ **نوٹیفیکیشن** (Notification) مذکّر ۔ خبر کا اعلان ۔ **نوٹیفائیڈ ایریا** (Notified area) مذکّر ۔ مشتہرہ رقبہ ۔

نوج (نَوْجْ) (نعوذ باللہ کا بگڑا ہوا) (عو) خدا نہ کرے ۔ خدانخواستہ ۔ مبادا ۔ ایسا نہ ہو ۔

نوچ (نُوْچْ) (ہ) (۱) مؤنّث ۔ خراش (۲) نوچنا کا امر ۔ **نوچ کھسوٹ** ۔ مؤنّث (۱) بدن کا نوچنا کھسوٹنا (۲) (کنایۃً) زبردستی مال حاصل کرنا (۳) دست برد ۔ غارت گری ۔ لوٹ مار ۔ **نوچا ناچی** ۔ مؤنّث ۔ چھینا جھپٹی ۔ **نوچنا** (۱) کھرچنا ۔ پنجہ مارنا ۔ کھسوٹنا ۔ بال اکھاڑنا ۔ دانت سے کھسوٹنا ۔ چٹکی لینا (۲) شاخ سے پتیاں اکھاڑنا (۳) لوٹنا، مُوسنا (۴) آڑے ہاتھوں لینا (۵) پھاڑ کھانا ۔ **نوچنا کھسوٹنا** ۔ چھینا جھپٹی کرنا ۔ پنجہ مارنا ۔ لوٹنا مارنا ۔

نوچی (نَوْ ۔ چِیْ) (ہ) مؤنّث ۔ بازاری عورتوں کی لونڈی یا بیٹی، جس سے وہ کسب کرا کے کھاتی ہیں ۔

نوح (نُوْحْ) (ع) مذکّر (۱) نوحہ کرنے والا ۔ رونے والا (۲) ایک مشہور پیغمبر ۔

نوحہ (نَوْ ۔ حَہْ) (ع) مذکّر (۱) ماتم (۲) (مجازاً) رونا پیٹنا ۔ گریہ وزاری ۔ **نوحہ خواں** ۔ **نوحہ گر** (ف) ماتم کرنے والا ۔ رونے والا مرد یا عورت ۔ مُردے کا بیان کر کر کے رونے اور رلانے والا ۔ **نوحہ خوانی** ۔ **نوحہ گری** ۔ مؤنّث ۔ ماتم ۔ گریہ وزاری ۔ رونا پیٹنا ۔

نود (نَوَدْ) (ف) نوّے ۔ دس کم سو ۔ ۹۰ ۔

نودھ ۔ **نودھا** (نَوْدْھ، نَوْ ۔ دَھا) (ہ) مذکّر ۔ نیا پودا ۔ نیا لگا یا ہوا باغ ۔

نور (نُوْرْ) (ع) مذکّر (۱) روشنی ۔ اجالا ۔ تاب ۔ چمک (۲) تجلّی ۔ جلوہ (۳) چاندنی (۴) چہرے کی چمک دمک ۔ روپ ۔ رونق (۵) مؤنّث ۔ قرآنِ عزیز کی ایک سُورت ۔ **نُورُ العَین** ۔ مذکّر (۱) آنکھوں کی روشنی (۲) لختِ جگر ۔ بیٹا ۔ **نور باف** (ف) مذکّر ۔ کپڑا بُننے والا ۔ جلاہا ۔ **نور بافی** ۔ مؤنّث ۔ کپڑا بُننے کا کام ۔ پارچہ بافی ۔ **نور برسنا** ۔ (ل) (۱) روشنی کا نمایاں ہونا (۲) چہرے پر رونق ہونا ۔ **نور جہاں** (ف) مؤنّث ۔ مرزا غیاث کی بیٹی مہر النسا کا لقب، جو جہانگیر بادشاہ کی چہیتی ملکہ تھی ۔ **نورِ چشم** ۔ **نورِ دیدہ** (۱) مذکّر ۔ آنکھ کی روشنی (۲) (مجازاً) مذکّر و مؤنّث ۔ بیٹا بیٹی (بیٹی کے لیے نورِ چشمی لکھنا غلط ہے) ۔ **نور چھانا** (ل) ہر طرف نور ہی نور ہونا ۔ **نور چھٹکنا** ۔ نور کا پھیلنا ۔ **نورِ ظہور کا وقت** ۔ مذکّر ۔ صبح صادق کا وقت ۔ پَو پھٹے ۔ علی الصبح ۔ **نورِ ظہور کے تڑکے** ۔ اندھیرے منہ ۔ بہت سویرے ۔ علی الصبح ۔ **نورٌ علیٰ نور** (ع) نور پر نور ۔ ایک سے ایک بڑھ کر ۔ کیا کہنا ہے ۔ سب سے بہتر اور اعلیٰ ۔ **نورِ عین** ۔ دیکھیے "نور العین" ۔ **نور کے تڑکے** (ل) صبح ہی صبح ۔ **نور کے سانچے میں ڈھالنا** ۔ کمال حسین اور خوب صورت بنانا ۔ **نور کے سانچے میں ڈھلنا** ۔ خوب صورت اور حسین ہونا ۔ سراپا نور ہونا ۔ **نورانی** (ف) (۱) روشن ۔ چمکیلا ۔ منوّر ۔ گورا چٹا (۲) ملکوتی ۔ آسمانی ۔ روحانی ۔ شہوت سے پاک ۔ **نورانی چہرہ** (ل) مذکّر ۔ وہ چہرہ جس پر نور برستا ہو (مقدس بزرگ کے لیے مستعمل ہے ۔) ۔

نورہ (نُوْ ۔ رَہْ) (ع) مذکّر ۔ چونا اور ہڑتال (لگانا کے ساتھ) ۔

نوزدہ (نُوْزْ ۔ دَہْ) (ف) اُنیس ۔ ایک کم بیس ۔ ۱۹ ۔

نوش (نُوْشْ) (ف) مذکّر (۱) پینا (۲) خوش مزہ اور خوش گوار چیز (۳) تریاق (۴) (مرکبات میں) پینے والا ۔ **نوشِ جاں** ۔ وہ چیز، جو رغبت سے

کھائی پی جائے اور جس میں نقصان کا اندیشہ نہ ہو ؛ نوش جاں فرمانا یا کرنا (۱) کھانے پینے کی چیز تناول فرمانا (۲) نوش جاں ہو۔ راس آئے۔ موافق ہو۔ سازگار ہو ؛ نوش دارو (ف) مؤنث (۱) زہر مہرہ۔ تریاق (۲) (مجازاً) شراب ؛ نوش کرنا (۱) کھانا پینا (دوسرے کی نسبت تعظیماً بولتے ہیں) ؛ نوشیں (ف) خوش مزہ اور خوش گوار۔ میٹھا۔ شیریں۔ شہد سا ؛

نوشابہ (نَو۔شا۔بَہ) (ف) مؤنث۔ ایک ملکہ، جس کے پاس سکندر ایلچی بن کر گیا تھا ؛

نوشادر (نَو۔شا۔دَر) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا کھار ؛

نوشت (نِوِشت) (ف) مؤنث (۱) لکھائی۔ تحریر۔ عبارت۔ کتابت ؛ نِوِشت خواند۔ مؤنث۔ لکھنا پڑھنا ؛ نِوِشت ہونا (۱) تحریر ہونا۔ دستاویز ہونا ؛ نِوِشتہ (ف) (۱) لکھا ہوا۔ قلمی (۲) مذکر۔ تمسک۔ تحریری سند (۳) سرنوشت۔ تقدیر ؛ نِوِشتۂ تقدیر۔ مذکر (۱) قسمت کا لکھا۔ قسمت (۲) اللہ کی مرضی ؛ نِوِشتہ دینا (۱) تحریری اقرار دینا ؛ نِوِشتہ لینا۔ تحریری اقرار لینا ؛ نِوِشتہ ہو جانا۔ اقرارنامہ لکھا جانا ؛

نوشیرواں (نَو۔شی۔رَواں) (ف) مذکر۔ ایک مشہور عادل بادشاہ، جسے کسریٰ بھی کہتے ہیں ؛

نوع (نَوع) (ع) مؤنث (۱) قِسم۔ جنس (۲) صورت۔ شکل۔ طرح۔ وضع۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق (۳) (منطق) وہ کُلّی، جو یکساں حقیقت رکھنے والے افراد کو شامل ہو ؛ نوعیت۔ مؤنث (۱) نوع ہونا۔ قِسم کی حالت (۲) خصوصیت ؛

نوک (نَوک) (ف) مؤنث (۱) چونچ۔ منقار۔ سرا۔ انی۔ ڈنک۔ نیش (۲) (۱) وضع داری۔ بانکپن (۳) ڈینگ۔ شیخی۔ نیش زنی۔ چھیڑ خانی (۴) عزت (۵) انداز۔ آن ؛ نوک پلک (۱) مؤنث (۱) آنکھ، ناک کی موزونیت (۲) حرفوں کی موزونی ؛ نوک پلک سے درست۔ ہر طرح ٹھیک۔ موزوں ؛ نوک جھوک (جھونک) مؤنث (۱) (کنایۃً) طعن و طنز کی باتیں (۲) آن بان ؛ نوک دار (ف) نوک رکھنے والا۔ نکیلا ؛ نوک دُم بھاگنا۔ (۱) دُم دبا کر بھاگنا۔ بے تحاشا بھاگنا ؛ نوکِ زبان (ف) مؤنث (۱) زبان کی نوک۔ زبان کا سرا (۲) زبانی یاد۔ ازبر (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛ نوک کی لینا (۱) (۱) فخریہ دعویٰ کرنا (۲) استادی کا کام کرنا (۳) وضع داری نباہنا ؛ نوک کا جھوکی (چوکی)۔ مؤنث (ع) (۱) طعن و تشنیع۔ چھیڑ چھاڑ (۲) شرارت۔ شوخی ؛

نوکر (نَو۔کَر) (ف) خادم۔ خدمت گار۔ ملازم۔ چاکر ؛ نوکر آگے چاکر، چاکر آگے نوکر (۱) مثل۔ اس ملازم کے متعلق کہتے ہیں، جو اپنا کام دوسرے پر ڈالے اور دوسرا اوروں پر ؛ نوکر رکھنا۔ ملازم رکھنا۔ پیش خدمت بنانا ؛ نوکری۔ مؤنث۔ خادمہ۔ ملازمہ۔ ماما (عوام نوکرانی بولتے ہیں۔) ؛ نوکر، نوکر کے آگے چاکر، چاکر کے آگے نوکر، کوکر کے آگے پیش کار۔ چار یار، چاروں بیکار۔ مثل۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی امر کی بدانتظامی دور کرنے کے لیے نوکر رکھے جائیں، لیکن بدانتظامی کی اصلاح ہونے کے بجائے پہلے سے بھی زیادہ خرابی اور ابتری پھیل جائے ؛ نوکری۔ مؤنث (۱) ملازمت۔ خدمت گاری۔ ٹہل۔ خدمت (۲) نوکر کا کام یا پیشہ (۳) مشاہرہ۔ تنخواہ ؛ نوکری ارنڈ کی جڑ ہے۔ مثل۔ نوکری پر بھروسا نہ کرنا چاہیے کیونکہ جس طرح ارنڈ کی جڑ کمزور ہوتی ہے، اسی طرح نوکری کو بھی کچھ قیام نہیں ؛ نوکری برطرف، روزی ہر طرف۔ مثل۔ انسان کو ملازمت سے موقوف ہونے پر پریشان نہ ہونا چاہیے۔ ایک در بند، ہزار در کھلے ؛ نوکری بڑی کیمیا ہے۔ مثل۔ نوکری بہت فائدہ مند چیز ہے ؛ نوکری پیشہ۔ نوکری کر کے کھانے والا ؛ نوکری خالہ جی کا گھر نہیں۔ مثل۔ نوکری میں آرام طلبی نہیں ہوتی ؛ نوکری دینا۔ ملازمت کا فرض ادا کرنا۔ ڈیوٹی دینا ؛ نوکری کرنا۔ ملازمت کرنا ؛ نوکری کی جڑ زبان پر ہے۔ مثل۔ نوکری کا کوئی بھروسا نہیں ؛

نوگرہی (نَو۔گَرہی) (ہ) مؤنث۔ ہاتھوں کا ایک زیور۔ پہنچی ؛

نول (نَوَل) (ہ) (۱) نوعمر۔ نوخیز۔ نیا (۲) دلربا (۳) کم یاب۔ نادر ؛

نوم (نَوم) (ع) مؤنث۔ نیند ؛

نومبر (نَوَم۔بَر) (ہند) (انگ۔ نَو وَیمبَر Novemeber) مذکر۔ انگریزی سال کا گیارھواں مہینا ؛

نومی (نَو۔مِی) (ہ) مؤنث۔ نوِیں۔ نہم۔ ہندی مہینے کی نوِیں تاریخ ؛

نومید (نَو۔مِید) (ف) نا اُمید۔ مایوس ؛ نومیدی۔ مؤنث۔ نا اُمیدی۔ مایوسی ؛

نُوَن (نُوَن) (ہ) مذکر (دہلی) نمک (لکھنؤ میں لَون کہتے ہیں) ؛ نُونیا (۱) نمک بنانے والا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا ساگ ؛

نُوَن (نُوَن) (ہ) مذکر۔ پنجاب کے راجپوتوں کی ایک گوت ؛

نُون (نُون) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "ن" ؛ نُونِ غُنّہ (ف) مذکر۔ غیر متحرک نون، جو ناک میں بولا جائے ؛ نُونِ قُطنی۔ مذکر۔ وہ چھوٹا سا نون جو کسی تنوین والے حرف کے بعد کوئی ساکن یا مشدد حرف آنے پر لکھ دیتے ہیں ؛

نُون (نُون) (انگ Noon) مذکر۔ دوپہر۔ بارہ بجے۔ نیم روز ؛

نُونا (نُو۔نا) (ہ) مذکر۔ وہ مٹی، جو کھار کے باعث دیوار سے جھڑنے لگتی ہے (لگنا کے ساتھ) ؛

نُونا چماری (ہ) مؤنث۔ بنگال کی ایک مشہور جادوگرنی ؛

نُونی (نُو۔نی) (ہ) مؤنث۔ بچوں کا عضوِ تناسل ؛

نُونی (نُو۔نی) (ہ) مؤنث (۱) کچا گھی۔ مکھن۔ مسکہ (۲) کھار۔ شور (لگنا کے ساتھ) ؛

نوید (نَوِید) (ف) مؤنث (۱) خوش خبری۔ بشارت۔ مژدہ (۲) (۱) کسی تقریب میں شرکت کے لیے طلب کرنے کا پیغام ؛

نویس (نَوِیْس) (ف) (۱) نِوِشتن کا امر۔ تُو لکھ (۲) لکھنے والا (مرکبات میں) جیسے خوش نویس ٭ نَوِیْسِنْدَہ۔ لکھنے والا۔ محرّر ٭ نَوِیْسِنْدَہ داندکہ در نامہ چیست۔ مثل۔ لکھنے والا جانتا ہے کہ خط میں کیا ہے۔ کسی چیز کا بنانے والا اس کی تمام اچھائیوں اور بُرائیوں سے آگاہ ہوتا ہے ٭ نَوِیْسِی مؤنث۔ لکھنے کا کام۔ محرری (مرکبات میں) جیسے نقل نویسی ٭

نویل (نَوِیْل) (ہ) مذکر (۱) بلاوا (۲) نیوتا ٭

نویلا (نَوِیْ۔ لا) (ہ) (۱) نیا۔ جدید۔ تازہ۔ ایجاد کیا ہوا (۲) انوکھا۔ عجیب۔ بانکا۔ البیلا۔ نرالا۔ سب سے الگ (اردو میں "نیا" کے ساتھ مستعمل ہے، تنہا نہیں) ٭ نَوِیْلِی۔ نَوِیْلَا کی تانیث ٭

ن ۔ ہ

نَہ (ف، ع۲/۱ میں) (۱) حرفِ لیاقت، جیسے مردانہ (۲) حرفِ نفی، نہیں۔ مت (۳) (و) کیوں نہیں (۴) (افعال و اسماء کے آخر میں) تاکید و افضلیت کا اظہار (۵) دو چیزوں کی نفی مقصود ہو تو اکثر یہ حرف دوسرے لفظ پر لاتے ہیں، جس سے پہلے کی بھی نفی ہو جاتی ہے۔ جیسے اُس کے پاس کاپی ہے نہ قلم ٭ نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ (ک) موقع محل دیکھے بغیر کوئی کام کر بیٹھنا ٭ نہ اِلَّا الَّذِیْ نہ اَلَّا الَّذِیْ۔ یا۔ نہ اِلَّذِیْ نہ اَلَّذِیْ (عو) (۱) نہ اِدھر کا، نہ اُدھر کا، (۲) مذبذب (۳) ناکارہ۔ بے مصرف ٭ نہ ایک ہنسنا بھلا، نہ ایک رونا۔ مقولہ۔ تنہائی کسی حالت میں اچھی نہیں ٭ نہ اینٹ ڈالیے، نہ چھینٹ کھائیے۔ نہ بُرا کہو، نہ بُرا سنو ٭ نہ باسی بچے، نہ کُتّا کھائے۔ نہ زیادہ ہوگا، نہ ضائع جائے گا ٭ نہ بولی نہ بولی، بولی تو ایک پتھر کھینچ مارا (عو) بدمزاج اور مغرور عورت کے متعلق کہتے ہیں کہ اوّل تو بولتی ہی نہیں اور اگر بولی تو اس تیز مزاجی سے بولی، گویا پتھر ہی کھینچ مارا ٭ نہ پوچھو۔ بیان سے باہر ہے۔ قابلِ بیان نہیں۔ کیا کہنا (مدح اور ذم دونوں کے لیے بولتے ہیں) ٭ نہ تھوکنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ کمال حقیر اور ذلیل سمجھنا ٭ نہ جاڑے دھوپ، نہ گرمی چھاؤں۔ مثل۔ خراب مکان یا جگہ ہے۔ بیکار ہے ٭ نہ جانے (۱) معلوم نہیں۔ خدا جانے۔ میں نہیں جانتا (۲) (عو) شاید ٭ نہ جنتی، نہ ڈھول بجتا۔ مثل (دہلی) (عو) بدآدمی کے متعلق کہتے ہیں کہ اس کی ماں نہ اسے جنتی اور نہ اس قدر بدنامی و رسوائی ہوتی ٭ نہ جینے کی شادی، نہ مرنے کا غم۔ مثل۔ کسی قسم کی امنگ باقی نہیں ٭ نہ رہے مان نہ رہے منی، آخر دنیا فنا فنی۔ نہ آدمی کا غرور رہتا ہے نہ نخوت، ایک دن سب فنا ہو جاتے ہیں ٭ نہ کُتّا دیکھے گا، نہ بھونکے گا۔ مثل۔ نہ دشمن کے سامنے جائیں گے، نہ اُس کے مُنہ سے کچھ سنیں گے ٭ نہ گائے کے کھفن، نہ گُسائیں کے بھانڈا۔ دونوں مفلس قلّاش ہیں۔ نہ تو کچھ چیز ہی ہے، نہ اس کے رکھنے کا سامان ٭ نہ گندی گلی جائیے، نہ کُتّا کاٹے۔ مثل۔ بُروں سے تعلق رکھنے کا نتیجہ ذلت ہے ٭ نہ گوہ میں اینٹ ڈھیلا ڈالو، نہ چھینٹ پڑے۔ نہ بُروں کے مُنہ لگو، نہ گالیاں سنو ٭ نہ لکھا نہ پڑھا۔ اَن پڑھ۔ بے علم۔ محض جاہل ٭ نہ لینا، نہ دینا (۱) نہ فائدہ نہ نقصان (۲) کچھ حاصل نہیں (۳) کوئی تعلق نہیں ٭ نہ مارے مرے، نہ کاٹے کٹے۔ جو مصیبت کسی طرح دُور نہ ہو، اس کی نسبت اور جو چیز نہایت مضبوط ہو، اس کے حق میں بولتے ہیں ٭ نہ مُنہ میں دانت، نہ پیٹ میں آنت۔ نہایت بوڑھے آدمی کے متعلق کہتے ہیں ٭ نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری۔ مثل۔ نہ تم دوسروں پر الزام لگاؤ، نہ دوسرے تم پر الزام لگائیں۔ نہ تم کسی کا راز کہو، نہ کوئی تمہارا بھید بتائے ٭ نہ نام لیوا، نہ پانی دیوا۔ تن تنہا۔ اکیلی جان۔ وہ شخص، جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ٭ نہ نگلے بنتی ہے، نہ اُگلے (دہلی) دونوں طرح خرابی ہے۔ نہ ترک کرتے بن آتی ہے، نہ چھوڑتے۔ (لکھنؤ میں اس جگہ "نہ نگلتے بنتی ہے، نہ اُگلتے" مستعمل ہے۔) ٭ نہ نو من تیل ہوگا، نہ رادھا ناچے گی۔ مثل۔ نہ اتنا سامان فراہم ہوگا، نہ یہ کام ہو سکے گا۔ اس موقع پر کہتے ہیں، جب کسی کام میں ایسی شرطیں لگائی جائیں، جن کا پورا ہونا غیر ممکن یا دشوار ہو ٭ نہ ہر ہر نہ کھڑ کھڑ۔ مثل۔ کوئی جھگڑا بکھیڑا نہیں ٭ نہ ہم کسی کے، نہ ہمارا کو۔ مثل (۱) نہ ہمارا کسی سے تعلق ہے، نہ کسی کا ہم سے (۲) نہ ہم کسی کے اچھے بُرے میں دخل دیتے ہیں، نہ ہم پر کچھ عذر آسکتا ہے ٭

نُہ (نُہْ) (ہ) مذکر (ہندو) ناخن۔ وہ ہڈی، جو انگلیوں کے اخیر سرے پر ہوتی ہے ٭

نُہ (نُہْ) (ف) نو۔ ایک کم دس۔ ۹ ٭

نَہا (نَہَا) (ہ) نہانا کا امر ٭ نَہَان۔ مذکر۔ غسل۔ اشنان ٭ نہانا۔ اشنان کرنا۔ غسل کرنا۔ جسم کو پانی سے دھونا۔ نہانی۔ مؤنث (ہندو) (عو) غسل کی حاجت۔ نہانے کی ضرورت۔ احتلام ٭ نہانی ہونا (۱) نہانے کی حاجت ہونا۔ احتلام ہونا (۲) کپڑے آنا ٭ نہائی۔ نہانا سے ماضی مطلق، واحد غائب، مؤنث ٭ نہائی دھوئی پھسل پڑی (عو) پوری طرح تیار ہو کر ارادہ موقوف کر دیا ٭

نِہاد (نِہَاد) (ف) مؤنث (۱) جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔ نیو (۲) نسل۔ خلقت۔ پیدائش (۳) دل۔ باطن۔ اندرونہ (۴) سرشت۔ خصلت۔ طینت۔ سبھاؤ۔ طبیعت ٭

نَہار (نَہَار) (ع) مذکر (۱) دن۔ روز (۲) (ف) تھوڑا سا کھانا، جس سے ناشتا کریں (۳) صبح سے کچھ نہ کھائے ہوئے۔ بھوکا ٭ نہار توڑنا (و) ناشتا کرنا۔ صبح کو کچھ کھانا ٭ نہار رہنا۔ صبح سے بے کھائے رہنا۔ بھوکا رہنا ٭ نہار مُنہ۔ وہ شخص، جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔ ناشتے کے بغیر ٭ نہار مُنہ نام نہ لینا۔ بے کھائے نام نہ لینا۔ ایسے منحوس یا کنجوس کے متعلق کہتے ہیں، جس کا صبح ہی صبح نام لینے سے دن بھر فاقہ کرنا پڑے ٭ نہاری (ف) مؤنث (۱) تھوڑا سا کھانا، جو صبح کو کھاتے ہیں (۲) ایک قسم کا شوربا

اور سالن جو خمیری روٹی کے ساتھ سردیوں میں صبح کو کھاتے ہیں (۳) گھوڑے کا مالیدہ، جو صبح کو دیتے ہیں ۰ نہاری کھانا (ف) چاشت کے وقت طعام کھانا۔ حاضری کھانا ۰

نہال (نِہَال) (ف) مذکّر (۱) تازہ لگایا ہُوا پودا (۲) درخت (۳) (مجازاً) خوش حال۔ مالا مال۔ کامیاب۔ بامراد۔ خوش و خرّم ۰ نہال کر دینا۔ یا۔ کرنا (ف) (۱) مالا مال کر دینا یا کرنا۔ لہر بہر کر دینا۔ بے پروا بنا دینا (۲) سرسبز و شاداب کرنا۔ سیراب کرنا (۳) کامیاب کرنا۔ مراد پر پہنچانا۔ خوش کر دینا ۰ نہال ہو جانا۔ یا۔ ہونا۔ لازم ۰

نہال تو پچق (ف) مذکّر۔ وہ گھوڑا، جس کی ایال کے بال نصف داہیں اور نصف بائیں طرف ہوں۔ اسے منحوس خیال کیا گیا ہے ۰

نہالچہ (نِہَالِ۔ چَہْ) (ف) مذکّر (۱) چھوٹی توشک (۲) غالیچہ (۳) گدڑی (۴) بچّوں کا بچھونا ۰

نہالی (نِہَا۔ لِی) (ف) مؤنّث (۱) بستر (۲) توشک (۳) غالیچہ (۴) رضائی۔ لحاف ۰

نہاں (نِہَاں) (ف) پوشیدہ۔ چھپا ہُوا ۰

نہانا (نِہَا۔ نَا) (ہ) دودھ دوہتے وقت گائے وغیرہ کی ٹانگیں باندھ دینا ۰

نہائی (نِہَا۔ اِی) (ہ) مؤنّث۔ اہرن۔ سنداں۔ لوہا کاٹنے کا اوزار ۰

نہایت (نِہَا۔ یَتْ) (ع) مؤنّث (۱) انجام۔ انتہا۔ حد۔ آخر۔ انت (۲) (ق) بے انتہا۔ بے حد۔ بکثرت۔ بہت ۰

نہتا۔ نہتھا (نِہَتْ۔ تَا، نِہَتْھ۔ تھَا) (ہ) غیر مسلّح۔ بے ہتھیار۔ خالی ہاتھ ۰ نہتّی۔ نہتّا کی تانیث۔ نہتّے۔ نہتّا کی جمع ۰

نُہٹّا (نُہَٹْ۔ ٹَا) (ہ) مذکّر (۱) ناخن سے نوچنے کا نشان۔ جانور کے پنجے کا نشان جو پنجہ مارنے سے پڑ جاتا ہے (۲) ناخن سے کھجانے کا نشان ۰ نُہٹّی۔ مؤنّث (عو) (لکھنؤ) ناخن کاٹنے کا آلہ۔ ناخن گیر ۰ نُہٹّے۔ مذکّر۔ نُہٹّا کی جمع (مارنا کے ساتھ) ۰

نہج (نَہْج) (ع) (۱) روشن اور کشادہ راستہ (۲) راہ۔ طریق۔ قاعدہ۔ ڈھنگ۔ طور ۰

نہد شاخ پُر میوہ سر بر زمین (ف) پھل سے بھری ہوئی ٹہنی زمین پر سر رکھ دیتی ہے۔ باکمال شخص عاجزی اختیار کرتا ہے ۰

نہر (نَہْر، نَہَر) (ع) مؤنّث۔ دریا کی شاخ۔ ندی۔ آبجو۔ نہر کاٹنا۔ دریا سے نہر نکالنا۔ دریا سے شاخ نکالنا ۰ نہری (ف) (۱) نہر سے منسوب (۲) وہ زمین جو نہر کے پانی سے سیراب کی جاتی ہے ۰

نِہُر۔ نِہُڑ (نِہُر، نِہُڑ) (ہ) نہرنا (نہڑنا) کا امر ۰ نہرا۔ نہڑا (۱) نہرنا (نہڑنا) سے ماضی مطلق (۲) نہرانا (نہرڑانا) کا امر ۰ نہرانا۔ نہڑانا (نِہُڑانا) خم کرنا۔ جھکانا (اب فصحائے لکھنؤ "جھکانا" بولتے ہیں) ۰ نہرنا۔ نہڑنا (عوام) (عو) جھکنا۔ خمیدہ ہونا۔ متواضع ہونا ۰

نہرنا (نَہْرْ۔ نَا) (ہ) مذکّر۔ ناخن لینے کا آلہ۔ ناخن گیر ۰ نَہرنی۔ نہرنا کی تانیث ۰

نہروا (نَہْرْ۔ وَا) (ہ) مذکّر۔ وہ گول تاگا سا، جو بدن میں سے نکلتا چلا آتا ہے۔ رشتے کی بیماری ۰

نہضت (نَہْ۔ ضَتْ) [(ع) اٹھنا۔ قصد کرنا (ف) کوچ] مؤنّث۔ روانگی۔ کوچ۔ رخصت ہونا۔ روانہ ہونا (کرنا کے ساتھ) ۰

نہفتہ (نِہُفْ۔ تَہْ) (ف) چھپا ہُوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ خفیہ ۰

نہلا (نَہْ۔ لَا) (ہ) مذکّر۔ تاش یا گنجفے کا وہ پتّا، جس پر نو بندیاں ہوتی ہیں ۰

نہلا (نَہْ۔ لَا) (ہ) نہلانا کا امر ۰ نہلانا (۱) غسل دینا (۲) ڈبو دینا (۳) مُردے کو غسل دینا ۰ نہلوانا۔ نہلانا کا متعدّی ۰

نہلسٹ (نِہِلِسْٹ) (انگ۔ Nihilist) مذکّر۔ وہ فرقہ، جو کسی بے قانون سلطنت کو نیست و نابود کرنا چاہے ۰

نہنگ (نَہَنْگ) (ف) (اردو میں زبانوں پر بکسر اوّل ہے) مذکّر (۱) گھڑیال۔ مگرمچھ (۲) (مجازاً) تلوار۔ تیغ (۳) (ق) آزاد۔ تن تنہا ۰ نہنگ اجل۔ مذکّر (مجازاً) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت ۰

نہنگ (نِہَنْگ) (ہ) (۱) ننگا۔ برہنہ۔ عریاں (۲) بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزّت ۰

نہنگ لاڈلی۔ مؤنّث (۱) بالکل ناز پروردہ۔ نری بھولی بھالی (۲) سراسر ابتر ۰

نہوت (نِہُوتْ) (ہ) (عو) غریبی۔ تنگ دستی۔ مفلسی۔ تنگی۔ ناچاری ۰

نہورا۔ نہوڑا (نِہُو۔ رَا، نِہُو۔ ڑَا) (ہ) مذکّر (۱) خوشامد درآمد۔ منّت سماجت۔ عجز و نیاز۔ عاجزی (۲) احسان رکھنا۔ منّت رکھنا ۰ نہورا (نہوڑا) ماننا (ہندو) شکر گزار ہونا۔ ممنون ہونا۔ احسان ماننا ۰

نہی (نَہْی) (ع) مؤنّث (۱) روک۔ ممانعت۔ امتناع۔ منع کرنا (۲) وہ حکم، جو کسی کو کوئی کام نہ کرنے کے لیے دیا جائے ۰

نہیب (نِہِیبْ) (ع) مذکّر (۱) ڈر۔ خوف۔ بیم۔ دہشت (۲) غارت گری۔ لوٹ ۰

نہیں (نَہِیں) (ہ) مؤنّث (۱) کلمۂ نفی۔ انکار (۲) حرف شرط۔ ورنہ۔ وگرنہ (۳) بلاشبہہ ۰ نہیں تو۔ ورنہ۔ وگرنہ ۰ نہیں سہی (ق) (۱) کیا ڈر ہے۔ کچھ پروا نہیں (۲) کلمۂ نفی (انکار) ۰ نہیں کرنا۔ انکار کرنا ۰ نہیں معلوم (۱) کسی امر کا علم نہ ہونے کے لیے (۲) خدا جانے ۰

ن ۔ ی

نئی (نَئِی) (ہ) مؤنّث۔ نیا کی تانیث۔ دیکھیے "نیا" ۰ نئی اوستھا۔ مؤنّث (ہندو) نابالغی۔ صغر سنی۔ کم سنی۔ نو عمری ۰ نئی بات۔ مؤنّث۔ عجیب بات۔ انوکھی بات (کرنا، کہنا، نکالنا کے ساتھ) ۰ نئی جوانی (ف) مؤنّث (کنایۃً) جوانی کی ابتدا ۰ نئی جوانی مانجھا ڈھیلا۔ مثل۔ اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو قوّت اور جوانی کے باوجود سست اور کم ہمّت ہو ۰ نئی جوگن کاٹھ کی مُندری (ہ) مثل۔ نئے شوقین کی ہر چیز نرالی ہوتی ہے ۰ نئی روشنی (ف) مؤنّث۔ جدید تہذیب۔ زمانۂ حال کی شائستگی ۰ نئی کہانی گڑ سے میٹھی

(ہ) مثل۔ نئی بات کمال دل پسند اور مرغوب ہوتی ہے ٭ **نئی نا تن بانس کی نہرنی**۔ مثل (طنزاً) نئے شوقین کی ہر بات نرالی ہے ٭
نئی نویلی۔ مؤنث (۱) چند روز کی بیاہی دلھن (۲) بھولی بھالی۔ ناتجربہ کار (۳) نرالی۔ انوکھی ٭ **نئی نویلی نیا ڈھنگ**۔ مثل (۱) نئے شوقین کی نئی نئی باتیں (۲) نرالی بیوی کے نرالے لچھن ٭ **نئیؔ** (۱) انوکھے (۲) جدید ٭
نئے پنج۔ مذکر (چابک سواروں کی اصطلاح) جوان گھوڑا۔ وہ گھوڑا، جسے پانچواں سال شروع ہوا ہو ٭ **نئے جنم سے**۔ مرکر۔ پھر سے۔ دوبارہ ٭ **نئے سر سے** (ؤ) شروع سے۔ دوبارہ۔ پھر سے۔ از سرِ نو ٭ **نئے سرسے جنم پانا** (ہ) مرکر بچنا۔ دوبارہ زندگی پانا ٭ **نئے نواب، آسمان پر دماغ** (ؤ) مثل۔ اُس نو دولت کے متعلق کہتے ہیں، جو بہت غرور کرے ٭
نئے نو دام، پرانے چھ دام (ہ) مثل۔ تازہ مال زیادہ قیمت پاتا ہے۔ نئی چیز کی ہمیشہ زیادہ قدر ہوتی ہے ٭

ن ۔ ی سے

نی (نیؔ) (ہ) مؤنث کی علامت، جیسے شیر سے شیرنی ٭
نَے (نَےْ۔ صحیح بالکسر، لیکن زبانوں پر بالفتح ہے۔ اب اس جگہ "نَہ" مستعمل ہے) (ف) (۱) کلمۂ نفی۔ نہ۔ نہیں (۲) نرکل (۳) بانسری (۴) حُقّے کی نلی ٭
نَےْ ستاں۔ **نَیِسْتاں**۔ مذکر۔ وہ جنگل، جہاں نرکل کے درخت بکثرت ہوں ٭ **نَےْ شکر**۔ **نَیشکر**۔ مذکر۔ گنا۔ ایکھ۔ پونڈا ٭ **نَےْ نَےْ**۔ حرفِ نفی۔ نہ۔ نہیں ٭
نے (نےؔ) (ہ) فعل متعدی کی علامت جیسے اُس نے زبان سیکھی ٭
نیا (نَیَا) (ہ) (۱) تازہ۔ جدید۔ ابھی کا (۲) نرالا۔ انوکھا۔ طرفہ۔ عجیب (۳) اجنبی۔ انجان ٭ **نیا بانکا تاڑ کی تلوار**۔ مثل۔ نئے حوصلے والے کی سب باتیں نرالی ہوتی ہیں۔ کم ظرف اپنا ظرف دکھائے بغیر نہیں رہتا ٭ **نیا پُرانا ہو جانا۔ یا۔ ہونا** (عو) (۱) نیا نہ رہنا۔ کسی کو آئے ہوئے عرصہ ہو جانا (۲) نئے پن کی لذت نہ رہنا ٭ **نیا پھل**۔ مذکر (۱) تازہ پھل۔ وہ پھل، جو درخت سے پہلے پہل اُترا ہو (۲) وہ پھل، جو ابھی چلا ہو ٭ **نیا پھل دانت، دشمن پاؤں تلے** (ؤ) (عو) نیا پھل کھاتے وقت عورتیں یہ فقرہ زبان پر لاتی ہیں ٭ **نیا حکیم دے افیم**۔ ناتجربہ کار سے نقصان ہی ہوتا ہے۔ نیم حکیم خطرۂ جان ٭ **نیا خریدار**۔ مذکر۔ نیا گاہک۔ تازہ خریدار ٭ **نیا راگ لانا** (ہ) (۱) تازہ جھگڑا کھڑا کرنا۔ تازہ فتنہ اٹھانا (۲) کوئی عجیب یا انوکھی بات نکالنا ٭ **نیا رنگ بلانا** (ؤ) (۱) (کنایۃً) انوکھی اور عجیب بات ظاہر کرنا (۲) نیا جھگڑا نکالنا ٭ **نیا فتنہ اٹھانا**۔ نیا جھگڑا کھڑا کرنا۔ تازہ قیامت اٹھانا ٭ **نیا کرنا** (ہ) (۱) نئی ترکاری یا پھل یا غلہ یا پان کھانا۔ موسم کی چیز پہلے پہل کھانا (۲) (عو) (دہلی) جلا دینا ٭ **نیا گل کھلانا** (ؤ) تازہ فتنہ اٹھانا۔ نیا شگوفہ چھوڑنا۔ عجیب اور انوکھی خبر اڑانا ٭ **نیا مسلمان قصائی کی دُکان**۔ نیا مذہب اختیار کرنے والا شخص اس کے اظہار کے لیے اس کی عام باتیں بغرضِ شہرت سب سے پہلے عمل میں لاتا ہے ٭ **نیا مُلّا مسجد کو دوڑ دوڑ جاتے**۔ مثل۔ جب کوئی نئی بات سیکھتا ہے تو ہر وقت اُسی کو کہتا اور گاتا پھرتا ہے ٭ **نیا نو دن پرانا سو دن** (ہ) مثل (۱) نئی چیز کی بھڑک چند روز ہوتی ہے اور پُرانی چیز مدت تک رہتی ہے (۲) نئے آدمی کی قدر تھوڑے ہی دن ہوتی ہے ٭ **نیا نوکر ہرن مارتا ہے۔ یا۔ نیا نوکر ہرن کے سینگ چیرتا ہے** (ؤ) نیا ملازم اپنے رسوخ کے لیے چند روز خوب محنت سے کارگزاری دکھاتا ہے ٭ **نیا نویلا** (ہ) (۱) نوجوان۔ نوخیز (۲) وہ، جس نے کبھی کوئی کام نہ کیا ہو ٭ **نیا نیا راج ڈھب ڈھب باج** (ؤ) مثل۔ نئی حکومت بہت اچھا کام کرتی ہے ٭

نیابت (نِیَا۔ بَت) (ع) مؤنث (۱) نائب ہونا۔ قائم مقامی (۲) سفارت ٭
نیار (نیَار) (ہ) مذکر۔ چوپایوں کا چارا ٭
نیارا (ہ۔ بکسرِ اوّل) (عوام) (ہندو) (۱) جُدا (۲) مختلف (۳) چھانا ہوا (۴) بجز۔ ماسوا (رہنا کے ساتھ) ٭
نیاریا (ہ۔ بکسرِ اوّل۔ اُردو میں یائے ملفوظ اور یائے مخلوط سے دونوں طرح مستعمل ہے) مذکر (۱) وہ شخص، جو سناروں کی انگیٹھی کی خاک پانی میں دھو کر سونے چاندی کے کچھ ذرّے حاصل کرتا ہے (۲) نہایت چھان بین کرنے والا۔ چالاک۔ بہت ہوشیار ٭
نیاز (نیَاز) (ف) مؤنث (۱) احتیاج۔ حاجت۔ تمنا۔ آرزو (۲) خواہش۔ میل۔ اظہارِ محبت (۳) مسکینی۔ عاجزی۔ انکسار (۴) تحفۂ درویشاں۔ تبرک۔ پرشاد (۵) (ؤ) چڑھاوا۔ بھینٹ۔ نذر (۶) (ؤ) التجا۔ منت (۷) (ؤ) مذکر۔ روشناسی۔ واقفیت۔ ملاقات ٭ **نیاز پیدا کرنا** (ؤ) ملاقات اور راہ و رسم پیدا کرنا ٭ **نیاز حاصل کرنا**۔ ملاقات کرنا۔ بزرگوں سے ملاقات کرنا۔ واقفیت بہم پہنچانا ٭ **نیاز دلانا**۔ فاتحہ دلانا۔ درود فاتحہ کرنا ٭
نیازِ رسولؐ۔ مؤنث۔ آنحضرتؐ کے نام کی فاتحہ ٭ **نیاز کرنا** (۱) فاتحہ دلانا (۲) نذر کرنا ٭ **نیاز مند** (ف) (۱) خواہش مند۔ حاجت مند۔ محتاج (۲) مشتاق۔ آرزو مند (۳) وہ شخص، جسے کسی کی خدمت میں باریابی کا شرف حاصل ہو (۴) تواضع اور فروتنی کرنے والا (۵) وہ لفظ، جو متکلم یا محرّر اپنے متعلق انکسار سے کہتا یا لکھتا ہے ٭ **نیاز مندی**۔ مؤنث (۱) حاجت مندی (۲) آرزو مندی (۳) فروتنی (۴) اطاعت۔ فرماں برداری (۵) خدمت۔ ملازمت۔ غلامی ٭
نیازا (نیَا۔ زَا) (نائزہ کا مُعرّب) مذکر۔ ڈنڈی۔ عضوِ تناسل ٭
نیام (نیَام) (ف) مذکر۔ تلوار وغیرہ کا میان ٭ **نیام سے تلوار اُگل (نکل) پڑنا** (ؤ) تلوار کا خود بخود میان سے باہر آنا ٭
نیاء۔ نیاے (نیَا۔ اِ) (س) مذکر۔ علم منطق۔ علم مناظرہ۔ علم دلیل ٭ **نیاءِ (نیاے) شاستر**۔ مذکر۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب ٭ **نیائک**۔ مذکر۔ معقولی۔ منطقی ٭
نیائش (نیَا۔ اِش) (ف) مؤنث (۱) نہایت عاجزی سے خدا کی تعریف (۲) دُعا۔

گریہ وزاری۔ وہ دعا جو بکمال تضرع وزاری کی جائے (۳) تعریف۔تحسین۔ آفرین ٭

نیاوُ (نِیا۔ اَوْ) (ہ) مذکر (ہندی) انصاف۔عدل۔داد۔فیصلہ۔تصفیہ (چکانا، کرنا کے ساتھ)۔ **نیاؤ سبھا**۔ مؤنث (ہندی) کچہری۔ عدالت ٭

نیب (نِیْب) (ہ) مذکر (ع) دیکھیے "نیم (ہ)" ٭

نیبو (نِیْ۔بُوْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا ترش پھل۔ لیمو۔لیموں ٭ **نیبو نچوڑ** (۱) نیبو نچوڑنے والا (۲) (کنایۃً) ناخواندہ مہمان۔ طفیلی۔مفت خورا (۳) (کنایۃً) کنجوس ٭

نیپال (نَے۔پَالْ) (ہ) مذکر۔ ہندوستان کے شمال میں ایک ریاست ٭

نیپچون (نَیْپْ۔ چِیُوْنْ) (انگ۔ Neptune) مذکر۔ نظام شمسی کا ایک سیارہ، جو ۱۸۴۶ء میں دریافت کیا گیا ٭

نیتی نیلتی (نِیْتِ، نِیْ۔تِیْ) (ہ) مؤنث (۱) قانون۔ آئین۔ دستور۔قاعدہ۔انتظام۔ ضابطہ (۲) طور طریقہ۔ راہ وروش۔چال چلن (۳) حکمتِ عملی۔مصلحتِ ملکی۔ پالیسی ٭ **نیتی شاستر**۔ مذکر۔ علم اخلاق کی کتاب ٭

نیّت (نِیْ۔یَتْ) (ع) مؤنث (۱) دلی ارادہ۔ دلی منشا۔ اصل مقصد (۲) وہ الفاظ جو نماز شروع کرتے وقت ادا کرتے اور اللہ اکبر کہ کر ہاتھ باندھ لیتے ہیں (۳) میلان (۴) خیال۔دھیان ٭ **نیّت باندھنا** (ل) (۱) اللہ اکبر کہ کر نماز شروع کرنا۔ نماز میں مشغول ہو جانا (۲) ارادہ کرنا۔منصوبہ کرنا (۳) احرام باندھنا ٭ **نیّت بدل (پلٹ) جانا**۔ ارادہ پھر جانا۔منصوبہ ٹوٹ جانا۔بدنیت ہو جانا ٭ **نیّت بد ہونا**۔نیک نیتی میں فرق آنا۔ ارادہ فاسد ہونا ٭ **نیّت بھر جانا۔یا۔ بھرنا**۔طبیعت کا سیر ہو جانا۔ جی بھر جانا۔رغبت نہ رہنا ٭ **نیّت ثابت رکھنا** (۱) ایمان ثابت رکھنا (۲) دلی ارادے میں لغزش نہ آنے دینا ٭ **نیّت ثابت منزل آسان**۔ مثل۔جس کا ارادہ اور ایمان مضبوط ہو، اس کا کام بھی نہایت آسان ہوتا ہے ٭ **نیّت کرنا** (۱) دل میں ٹھاننا۔ ارادہ کرنا (۲) احرام باندھنا (۳) عہد باندھنا ٭ **نیّت گیل برکت**۔ مثل (ہندی) برکت نیک نیتی کی ساتھی ہے ٭ **نیّت لگی رہنا**۔ دھیان رہنا۔خیال لگا رہنا ٭ **نیّت میں فرق آنا**۔نیت بگڑنا۔ناجائز طریقے سے فائدہ اٹھانے کو جی چاہنا ٭ **نیّت ہونا**۔ پکّا ارادہ ہونا۔ منشا یا منصوبہ بندھنا ٭

نیتر (نِیْ۔تَرْ) (س) مذکر۔ آنکھ ٭

نیتی (نِیْ۔تِیْ) (ہ) مؤنث (گنوار) دہی بلونے کی رسّی ٭

نیٹو (نِیْ۔ٹُوْ) (انگ۔ Native) دیسی۔ ملک کا اصلی باشندہ ٭

نیج (نِیْجْ) (ہ) مذکر (گنوار) نیجو کا مخفف۔ رسّی ٭ **نیجو**۔ مؤنث (گنوار) رسّی۔ ڈوری۔ پانی بھرنے کی رسّی ٭

نیچ (نِیْچْ) (ہ) (۱) سفلہ۔رذیل۔کمینہ۔کم ظرف۔پاجی (۲) نشیب۔ پستی۔ عمق (۳) بے جوہر۔ناقابل (۴) ٹہلوا۔خدمتی۔شودر ٭ **نیچ اونچ**۔ مؤنث (عوام) اونچا نیچا۔ نشیب وفراز۔ نیکی بدی۔ برائی بھلائی ٭ **نیچ ذات۔یا۔ نیچ قوم** (ل) مؤنث۔ ادنیٰ قوم کے لوگ۔ خدمتی۔ کمینے۔شودر ٭ **نیچ ذات ایک نہ ایک اُدماد**۔ مثل۔ کمینے سے کوئی نہ کوئی فساد ہوتا ہی رہتا ہے ٭ **نیچ کمائی**۔ مؤنث۔ وہ آمدنی، جو کمینے کام کرکے حاصل کی جائے ٭

نیچا (نِیْ۔چَا) (ہ) (۱) نشیب۔ پست (۲) گہرا۔عمیق (۳) ادنیٰ۔کم۔اوچھا (۴) دھیما۔ مدّھم۔نرم (۵) ٹھنگنا۔کوتاہ ٭ **نیچا اونچا**۔ مذکر۔ اُتار چڑھاؤ۔ نشیب وفراز ٭ **نیچا اونچا دیکھنا** (۱) اُتار چڑھاؤ دیکھنا۔ نشیب وفراز دیکھنا (۲) کسی چیز کو اوپر سے نیچے یا نیچے سے اوپر تک دیکھنا ٭ **نیچا پڑنا** (۱) مغلوب ہونا۔ دبنا (۲) مطیع ہونا۔عاجز ہونا (۳) ابھار کم ہونا (۴) پٹخنا۔گرنا ٭ **نیچا دکھانا** (۱) مغلوب کرنا۔زک دینا (۲) ذلیل کرنا۔ داغ لگانا (۳) شرمندہ کرنا (۴) غرور ڈھانا ٭ **نیچا دیکھنا**۔ لازم ٭ **نیچا کرنا** (۱) جھکانا (۲) نیچے کی طرف کھینچنا ٭ **نیچی** (۱) پست۔ نشیب۔ نیچا کی تانیث (۲) کمینی۔ اوچھی۔ رذیل۔ ادنیٰ (۳) گھٹیا۔ گھٹیل (۴) زیریں۔ تلے کی ٭ **نیچی نظر کرنا** (ل) لحاظ یا شرم سے آنکھ اوپر نہ کرنا۔حیادار ہونا۔ منہ نہ اٹھانا ٭ **نیچی نظروں سے دیکھنا**۔آنکھیں نیچے کرکے دیکھنا ٭ **نیچی نظر ہونا** (۱) آنکھ اونچی نہ ہونا۔ نظر اوپر نہ اٹھنا (۲) شرمندہ ہونا (۳) احسان مند ہونا ٭ **نیچی نظریں۔یا۔ نگاہیں**۔ مؤنث۔ شرمیلی آنکھیں۔ شرمگیں آنکھیں ٭ **نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا**۔ آنکھیں چرا کر دیکھنا۔ شرمائی ہوئی آنکھوں سے دیکھنا ٭ **نیچے** (ہ) (۱) نشیب میں۔پستی میں (۲) تلے (۳) زیر فرمان۔ ماتحت۔ مددگار۔ نائب۔ اسسٹنٹ (۴) دھیما۔مدّھم (۵) ادنیٰ۔کم۔گھٹیل ٭ **نیچے اوپر**۔ ایک پر ایک۔ اوپر تلے۔ ایک نیچے ایک اوپر۔ اُتھل پتھل۔ اُلٹ پلٹ ٭ **نیچے اوپر ہو جانا**۔ اُلٹ پلٹ ہو جانا۔ اُتھل پتھل ہو جانا۔ تہ وبالا ہو جانا ٭ **نیچے سُر**۔ مذکر۔ مدّھم سُر۔نرم آواز ٭ **نیچے سُر میں**۔آہستہ آواز سے ٭ **نیچے سُروں سے گانا**۔ آہستہ آواز سے گانا۔ گنگنانا ٭ **نیچے سے** (۱) تلے سے (۲) بنیاد سے ٭ **نیچے سے اوپر تک** (۱) سر سے پاؤں تک (۲) اوّل سے آخر تک ٭ **نیچے کا پاٹ بھاری ہے** (دہلی) جو رو زبردست اور غالب ہے، فرمان برداری نہیں کرتی ٭ **نیچے کا دھڑ**۔ مذکر۔ جسم کا نچلا حصہ ٭ **نیچے کی سانس نیچے اور اوپر کی سانس اوپر رہ جانا**۔ ہکّا بکّا رہ جانا ٭ **نیچے لانا** (پہلوانوں کی اصطلاح) قابو کر لینا کشتی میں دبا لینا۔ پچھاڑنا۔ چت کرنا ٭

نیچر (نِیْ۔چَرْ) (انگ۔ Nature) مؤنث (۱) فطرت۔ پیدائش۔خلقت (۲) عالم۔ دنیا۔ موجودات (۳) قدرت۔ قانونِ قدرت ٭ **نیچرل** (Natural) قدرتی۔ فطری ٭ **نیچری** (۱) نیچر کو ماننے والا۔ قانونِ قدرت اور فطرت اللہ پر چلنے والا (۲) نئی روشنی کا فرقہ ٭

نَیچہ (نَے۔چَہْ) (ف) مذکر (۱) حقّے کی نے یا نلیاں (۲) عرق کھینچنے کی نے (۳) (لکھنؤ) (کنایۃً) بہت دُبلا ٭ **نیچہ بند**۔ نیچہ باندھنے یا بنانے والا ٭

نیچہ بندی ۔ مؤنث ۔ نیچے باندھنے کا کام ؛

نیر (ن ۔ یَر) (س) مذکر (۱) پانی (۲) نالا ۔ ندی ۔ سمندر ۔ دریا ؛

نیّر (ع ۔ یّ ۔ یِر) (اُردو میں زبانوں پر بفتح دوم ہے) (۱) بہت نُور دینے والا (۲) مذکر (مجازاً) آفتاب ؛ **نیّرِ اصغر** ۔ مذکر ۔ چاند ؛ **نیّرِ اعظم** ۔ مذکر ۔ سورج ؛ **نیّرِ تاباں** (ف) مذکر ۔ خورشید ؛ **نیّرین** (ع) مذکر ۔ سورج اور چاند ؛

نیرنگ (ن ۔ ئے ۔ رَنگ) (ف) مذکر (۱) حیلہ ۔ فریب ۔ مکر ۔ دغا ۔ دھوکا (۲) سحر ۔ جادو ۔ طلسم ۔ شعبدہ (۳) چالاکی (۴) عجائبات (۵) ہر شے کا مادہ (۶) کسی تصویر کا خاکہ ؛ **نیرنگِ خیال** ۔ مذکر ۔ خیال کا طلسم ۔ خیال کی عجائب کاری ؛ **نیرنگِ زمانہ** ۔ یا ۔ **گردوں** ۔ مذکر (۱) زمانے کا افسون اور شعبدہ (۲) (مجازاً) انقلابِ روزگار ؛ **نیرنگ ساز** ۔ مذکر (۱) شعبدہ باز ۔ ساحر ۔ جادوگر (۲) بازی گر (۳) فریبی ۔ دغاباز ۔ مکار ؛ **نیرنگی** ۔ مؤنث (۱) مکاری ۔ فریب ۔ دغابازی (۲) شعبدہ بازی ۔ طلسمات ۔ جادوگری ۔ عجائبات (۳) عیاری ۔ چالاکی (۴) متلون مزاجی (۵) تماشا (۶) آرائش ؛ **نیرنگیِ زمانہ** ۔ مؤنث ۔ دیکھیے نیرنگِ زمانہ ؛ **نیرنگیاں** (و) مؤنث ۔ نیرنگی کی جمع (۱) عیاریاں (۲) چالاکیاں (۳) شعبدہ بازیاں ۔ طلسمات ؛

نیرو [ی ۔ رُوْ (فصیح)] (ف) مذکر ۔ قوت ۔ طاقت ۔ زور آزمائی ؛

نیڑے (ن ۔ ئے ۔ ڑے) (ہ) (۱) نزدیک ۔ ڈھورے ۔ قریب ۔ متصل ۔ پاس (۲) تھوڑی دیر میں ۔ ابھی ۔ عنقریب ؛

نیزہ (ن ۔ ئے ۔ زَہ) (ف) مذکر (۱) برچھی (۲) (و) قلم کی پھڑ (۳) علم جیسی ایک چیز ؛ **نیزہ باز** ۔ بلم اٹھانے والا ۔ بھالے کے کرتب جاننے والا ؛ **نیزہ بازی** ۔ مؤنث ۔ برچھا ہلانا ۔ بلم کے داؤں پیچ ؛ **نیزہ بردار** ۔ بلم یا بھالا اٹھانے والا ؛ **نیزہ ہلانا** (و) برچھے یا بلم کا پھرانا ؛ **نیزوں** ۔ نیزہ کی جمع حرفِ جار سے پہلے ؛ **نیزوں پانی چڑھ جانا** (۱) پانی کی طغیانی ہونا (۲) (کنایۃً) لڑائی جھگڑے میں طوالت ہو جانا ؛ **نیزے** ۔ مذکر ۔ نیزہ کی جمع ؛

نیساں (ن ۔ ئے ۔ ساں) (ف) مذکر ۔ رومیوں کا ساتواں مہینا اور اُس کی بارش ۔ ہندی میں بیساکھ اور انگریزی میں اپریل سے ملتا ہوا مہینا ؛

نیست (نِیْسْت) (ف) معدوم ۔ نابود ۔ فنا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) ؛ **نیست و نابود** ۔ بالکل فنا ۔ یکسر ناپید ۔ سراسر بے نام و نشان (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) ؛ **نیستی** (۱) ناپید ہونا ۔ نیست ہونا (۲) (و) افلاس ۔ مفلسی ۔ تنگ حالی ۔ ناداری (۳) بداقبالی ۔ بدنصیبی ۔ نحوست ؛ **نیستی کا مارا** (و) (ع و) بداقبال ۔ بدنصیب ۔ منحوس ۔ ولدّری ؛ **نیستی میں برخورداری** ۔ تنگ دستی میں اولاد ہونا جو باعثِ خرچ ہے ؛

نیش (نِیْش) (ف) مذکر (۱) کسی دھار والے آلے کی نوک (۲) بچھو ، بھڑ یا سانپ کا ڈنک (۳) نوش کا مقابل ۔ زہر ؛ **نیش زن** (۱) ڈنک مارنے والا (۲) رگ زن (۳) کسی کے حق میں بُرائی کرنے والا ؛ **نیش زنی** ۔ مؤنث (۱) ڈنک مارنا (۲) بھانجی ۔ بُرائی (۳) بھانجی مارنا ۔ کسی کے حق میں بُرائی کرنا (کرنا کے ساتھ) ؛ **نیشِ عقرب نہ از پئے کین است ۔ مقتضائے طبیعتش این است** ۔ بچھو دشمنی کی وجہ سے ڈنک نہیں مارتا بلکہ اس کی طبیعت کا تقاضا یہی ہے ۔ اُس آدمی کے متعلق کہتے ہیں جس کی فطرت میں شرارت بھری ہو ؛

نیشتر (نِیْش ۔ تَر) (ف) مذکر ۔ دیکھیے نشتر ؛ **نیشتر لگانا** (و) (۱) نشتر مارنا (۲) صدمہ دینا ؛

نیشن (ن ۔ ئے ۔ شَن) (انگ ۔ Nation) مؤنث ۔ قوم ؛ **نیشنل** (National) قومی ؛ **نیشنل اسمبلی** (National Assembly) مؤنث ۔ قومی مجلس ۔ مجلسِ ملیہ ؛ **نیشنلٹی** Nationality مؤنث ۔ قومیت ؛ **نیشنلزم** (Nationalism) مؤنث ۔ قوم پسندی ۔ قوم پرستی ؛ **نیشنلسٹ** (Nationalist) قوم پسند ۔ قوم پرست ؛

نیفہ [(ف) نَیْفَہ (و) نیفَہ] مذکر ۔ پاجامے کے گھیر کا وہ حصہ جس میں ازاربند رہتا ہے ۔ ازاربند کا غلاف ؛ **نیفے میں اُڑسنا** ۔ نقدی وغیرہ کا نیفے میں رکھ کر لپیٹ لینا ؛

نیک (نیْک) (ف) (۱) اچھا ۔ عمدہ (۲) سعد ۔ مسعود ۔ سعید ۔ سعادت مند (۳) پرہیزگار ۔ پارسا ۔ پاک دامن ۔ دین دار ۔ عابد ۔ بھگت (۴) خداترس ۔ رحم دل (۵) خوش خصال (۶) مہذب ۔ شائستہ ۔ شریف ۔ خوش اطوار ۔ خوش چلن ۔ بھلا مانس ؛ **نیک اختر** ۔ نیک بخت ۔ سعید ؛ **نیک انجام** (۱) وہ جس کا انجام بخیر ہو ۔ وہ جس کا آخر وقت اچھا ہو (۲) (و) عاقبت بخیر ۔ خاتمہ بالخیر ؛ **نیک اندیش** ۔ بھلائی سوچنے والا ۔ خیر اندیش ۔ نیک نیت ؛ **نیک بخت** (۱) نصیبے والا ۔ اقبال مند ۔ خوش نصیب (۲) (و) سیدھا ۔ بھولا بھالا (۳) مستاۃ کی جگہ عورت کے معنی میں ؛ **نیک بختی** ۔ مؤنث (۱) سعادت مندی (۲) پارسائی ۔ پرہیزگاری (۳) بھلمنسائی ۔ بھلائی ؛ **نیک چلن** ۔ وہ شخص جس کا رویہ اچھا ہو ؛ **نیک چلنی** ۔ مؤنث ۔ چال چلن کا اچھا ہونا ؛ **نیک خصلت** ۔ پاک سیرت ۔ نیک طینت ؛ **نیک خواہ** ۔ بہی خواہ ۔ وفادار ۔ نمک حلال ؛ **نیک صلاح کا پوچھنا کیا** ۔ نیک بات میں صلاح مشورے کی ضرورت نہیں ۔ فارسی میں کہتے ہیں : در کارِ خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست ؛ **نیک فال** (و) مؤنث ۔ مبارک فال ۔ اچھا شگون ؛ **نیک قدم** ۔ مبارک قدم ۔ جس کا گھر میں آنا مبارک ہو ؛ **نیک گھڑی آنا** ۔ اچھی ساعت آنا ؛ **نیک محضر** (ف) وہ شخص جو دوسروں کو حاضر و غائب نیکی سے یاد کرے ۔ نیک نہاد ۔ نیک طینت ۔ نیک خصلت ؛ **نیک مرد** ۔ مذکر (۱) بھلا آدمی ۔ بھلا مانس (۲) پرہیزگار ۔ پارسا ؛ **نیک مزاج** ۔ اچھے سبھاؤ والا ؛ **نیک مزاجی** ۔ مؤنث ۔ اچھا سبھاؤ ؛ **نیک منش** ۔ سعادت مند ۔ نیک خصلت ؛ **نیک منظر** ۔ خوب صورت ۔ حسین ۔ جمیل ؛ **نیک نام** ۔ بھلائی سے مشہور ۔ نامی ۔ نامور ؛ **نیک نامی** ۔ مؤنث (۱) اچھی شہرت ۔ ناموری (۲) (و) حُسنِ کارگزاری ؛ **نیک نامی کی سند** (و) مؤنث ۔ عمدہ کارگزاری کی چٹھی ۔ حسنِ خدمت کا سرٹیفکیٹ ؛

نیک نفس۔ **نیک نہاد** (ف) پاک سیرت۔ پاک طینت ؛
نیک نیت۔ وہ شخص، جس کی نیت میں فتور نہ ہو۔ اچھے ارادے کا۔
نیک خیال۔ نیک نہاد ؛ **نیک نیتی**۔ مؤنث۔ خوش نیتی۔ نیک اندیشی ؛
نیک و بد۔ مذکر (۱) بُرا بھلا (۲) بُرائی بھلائی ؛ **نیکو**۔ اچھا۔ خوب ؛
نیکو کار۔ خوش اطوار۔ اچھے کام کرنے والا ؛ **نیکوں** (و) نیک کی
جمع حرفِ جار سے پہلے ؛ **نیکوں کو سُول اور بدوں کو پھول**۔ مثل۔
نیکوں سے بدی اور بدوں سے نیکی۔ اچھوں سے بُرائی اور بُروں سے بھلائی ؛
نیکوئی (ف) مؤنث۔ عمدگی۔ خوبی۔ بھلائی ؛ **نیکی**۔ مؤنث (۱)
سعادت مندی۔ نیک بختی (۲) پارسائی۔ پرہیزگاری (۳) عمدگی۔ بھلائی۔
خوبی (۴) احسان۔ کارِ خیر ؛ **نیکی آڑے** (و) (عو) (لکھنؤ) خدا کی
سنوار ہو ؛ **نیکی اور پوچھ پوچھ**۔ نیک کام میں مشورے کی ضرورت نہیں۔
کارِ خیر میں صلاح لینے کی کیا حاجت ؛ **نیکی بدی**۔ مؤنث (۱) بھلائی برائی
(۲) نفع و نقصان (۳) دوستی و دشمنی ؛ **نیکی برباد گناہ لازم**۔ وہاں بولتے
ہیں، جہاں نیکی کرنے کے بدلے اُلٹی برائی حاصل ہو ؛ **نیکی کر دریا (کنوئیں)
میں ڈال**۔ مثل (۱) نیکی کر کے بھلا دینا چاہیے۔ احسان کر کے جتانا ٹھیک
نہیں (۲) اُس نیکی کے متعلق کہتے ہیں، جس کا عوض کچھ نہ ملے ؛ **نیکی کرو
خدا سے چاہو** (۱) نیکی کا بدلا خدا دیتا ہے۔ نیکی کبھی ضائع نہیں جاتی (۲)
نیکی کر اور اس کے صلے کی اُمید نہ رکھ ؛ **نیکی کی جڑ (پاتال میں) سدا
ہری**۔ نیکی کبھی ضائع نہیں جاتی ؛ **نیکی نیک راہ، بدی ایک راہ**۔
مثل۔ ہر ایک کو اپنے اچھے بُرے فعل کی جزا اور سزا ملتی ہے ؛ **نیکی ہی
رہ جاتی ہے**۔ بھلائی ہمیشہ قائم رہتی ہے ؛

نیکا (نی۔ کا) (ہ) (ہندو) (۱) عمدہ۔ اچھا۔ خوب۔ بھلا (۲) سہانا ؛ **نیکی**
(۱) خوب صورت۔ اچھی (۲) دل پسند۔ مرغوب (۳) سہانی ؛

نیگ (نیگ) (ہ) مذکر (۱) بخرا۔ حصہ۔ بانٹا (۲) بھینٹ۔ نذر (۳) وہ حق،
جو رشتہ داروں یا خدمتی لوگوں کو تقریبات میں دینے کا دستور ہے (۴) قاعدہ۔
دستور (۵) خاص حق ؛ **نیگ جوگ**۔ مذکر۔ وہ انعام، جو بیاہ شادی کے موقع
پر رشتہ داروں اور خدمتی لوگوں کو دیا جاتا ہے ؛ **نیگ دینا**۔ رسم کے
مطابق بیاہ شادی کے موقع پر کچھ نقدی دینا ؛ **نیگ لگانا** (۱) اچھے کام پر
صرف کرنا۔ خوشی کی جگہ خرچ کرنا (۲) (مجازاً) ضائع کرنا۔ برباد کرنا ؛ **نیگ
لگنا** (۱) سوارت ہونا۔ بجا صرف ہونا۔ خوشی کے موقع پر کام میں آنا (۲)
کام آ جانا ؛ **نیگ لینا**۔ تقریبات پر رشتہ داروں یا خدمتی لوگوں کا اپنا
اپنا حق لینا ؛ **نیگی جوگی**۔ مذکر۔ بیاہ شادی کا انعام پانے کے
حق دار۔ مستحق ؛

نَیل (نَیْل) (ع) مذکر (۱) حصول (۲) دسترس ؛ **نَیلِ مَرام** (ف) مذکر۔ حصولِ مقصد
مقصد پانا ؛

نیل (نِیْل) (ف۔ س) مذکر (۱) نیل کا درخت اور اُس کی پتّی (۲) وہ رنگ، جو نیل
کے درخت سے نکالتے ہیں (۳) جلایا ہوا اسپند، جو دفع نظرِ بد کے لیے
کم عمر بچوں کی پیشانی اور کُھما پر لگاتے ہیں (۴) (۵) چوٹ کا نیلا نشان۔ ضرب کا
نشان (۵) وہ نشان، جو چٹکی یا بوسہ لینے سے بدن پر پڑ جاتا ہے (۶) وہ
نشان، جو جسم کے کسی چیز میں دب جانے سے پڑ جاتا ہے (۷) (ع۔ ف)
مصر کا ایک مشہور دریا، جس میں فرعون غرق ہوا تھا (۸) (ف) وسمہ ؛
نیل بگڑنا (و) (۱) نیل کا ماٹ خراب ہو جانا (۲) شامت آنا۔ کم ہمتی آنا
(۳) جھوٹی باتیں بنانا (۴) پاگل ہو جانا (۵) غل مچانا (۶) چال چلن درست
نہ ہونا (۷) بے رونقی ہونا (۸) بڑا بھاری نقصان ہونا ؛ **نیل پڑ جانا**۔
یا۔ پڑنا۔ جسم پر چوٹ یا ضرب کا نیلا داغ پڑ جانا۔ چوٹ کھانے سے
مضروب مقام کی جلد سیاہ ہو جانا ؛ **نیل جلانا**۔ مینہ کی شدت روکنے
کے لیے نیل تلوار پر رکھ کر جلانا۔ یہ عوام کا ٹوٹکا ہے ؛ **نیل ڈھلنا** (۱)
مرتے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا۔ نزع کا عالم ہونا۔ موت کے آثار پیدا
ہونا (۲) (کنایۃً) بے شرم ہونا ؛ **نیل کا ٹیکا**۔ مذکر (۱) وہ نیل یا سیاہی
کا نشان، جو بچوں کے ماتھے یا رخسارے پر نظرِ بد سے بچنے کے لیے
بنا دیتے ہیں (۲) (کنایۃً) کسی بُرے کام کا بے اصل الزام (۳) بدنامی کا
داغ۔ روسیاہی۔ کلنک کا ٹیکا ؛ **نیل کنٹھ**۔ مذکر۔ ایک خوب صورت
پرندہ، جس کی گردن اور پَر نیلے ہوتے ہیں ؛ **نیل کنٹھی**۔ مؤنث۔ ایک
بوٹی، جس کا رنگ نیلاہٹ پر ہوتا ہے ؛ **نیل کی سلائی (سلائیاں)
آنکھوں میں پھیرنا**۔ اندھا کرنا ؛ **نیل کی کوٹھی**۔ مؤنث۔ نیل بنانے کا
کارخانہ ؛ **نیل گائے**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی جنگلی گائے، جو ہرن سے مشابہ
ہوتی ہے ؛ **نیل گر** (ف) نیل کا کام کرنے والا۔ نیل بنانے والا۔ رنگریز ؛
نیل گوں۔ نیلے رنگ کا۔ آسمانی ؛ **نیل گھوٹنا** (۱) نیل باریک کرنا۔
نیل کو بلونا (۲) (عو) (کنایۃً) لڑائی ڈالنا۔ کہرام مچانا ؛ **نیلا** (و) (۱) نیلے
رنگ کا۔ نیل گوں۔ کبود۔ آسمانی۔ آبی (۲) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر (۳)
ایک قسم کا گھوڑے کا رنگ ؛ **نیلا پڑ جانا**۔ کالا پڑ جانا۔ نیل گوں ہو جانا ؛
نیلا پیلا۔ زرد اور نیلا۔ زرد اور نیل گوں ؛ **نیلا پیلا ہونا**۔ غصے ہونا۔
خفا ہونا۔ قہر و غضب سے رنگ کا متغیر ہونا ؛ **نیلا تھوتھا**۔ مذکر۔
توتیائے سبز۔ ایک دوا، جو تانبے سے تیار کی جاتی ہے۔ یہ ایک قسم کا زہر
ہوتا ہے ؛ **نیلا ڈورا باندھنا**۔ **یا۔ نیلا گنڈا پہنانا**۔ نظرِ بد سے بچنے
کے لیے نیلے رنگ کا ڈورا باندھنا ؛ **نیلا کر دینا**۔ **یا۔ کرنا** (۱) نیلا رنگ
کرنا (۲) حد سے زیادہ مارنا ؛ **نیلاہٹ**۔ مؤنث۔ نیلا پن ؛ **نیلی** (ف) (۱)
نیلے رنگ کی چیز۔ نیل گوں۔ آسمانی۔ آبی (۲) (و) نیلا کی تانیث ؛ **نیلی پیلی
آنکھیں دکھانا**۔ **یا۔ کرنا** (و) (کنایۃً) غصے سے دھمکانا۔ خشمگیں ہونا ؛
نیلی گھوڑی۔ مؤنث (گنوار) (۱) ایک رنگ کی گھوڑی (۲) ڈفالی کھیبیوں
کا گھوڑا کا غذ اور کپڑے سے منڈھ کر بناتے اور اسے زیرِ ران رکھ کر بھیک
مانگتے پھرتے ہیں۔ اسے الّی گھوڑی کہتے ہیں ؛ **نیلے**۔ نیلا کی جمع ؛

نیلام (نی۔ لام) (پرتگالی لیلاؤ سے بنا ہے) مذکر۔ بولی بول کر بیچنا ؛
نیلام پر چڑھنا (و) نیلام کیا جانا ؛ **نیلام کرنا**۔ بولی بول کر بیچنا ؛

نیلام گھر۔ مذکّر۔ وہ جگہ، جہاں بولی بول کر چیزیں فروخت کی جاتی ہیں ؂ **نیلامی**۔ نیلام سے منسوب ؂

نیلم (نِی۔ لَم) (ف) مذکّر۔ ایک قسم کا نیل گوں جواہر۔ ایک قسم کا نیلا قیمتی پتھر ؂ **نیلم پری** (؟) مؤنّث۔ ایک فرضی پری ؂

نیلوفر (نِی۔ لُو۔ فَر) (ف) مذکّر۔ ایک قسم کا نیلا پھول، جو عموماً دواؤں میں مستعمل ہے۔ کنول ؂ **نیلوفری**۔ نیلوفر کے رنگ کا۔ نیل گوں۔ آسمان کی صفت میں مستعمل ہے ؂

نیم (نِیْم) (ہ) مذکّر۔ ایک نہایت کڑوا درخت۔ نیب ؂ **نیم کی ٹہنی ہلانا**۔ آتشک میں مبتلا ہونا۔ نیم کی ٹہنی سے زخم کی مکھیاں اُڑانا ؂ **نیم کی نبولی**۔ مؤنّث۔ نیم کا پھل۔ نمکولی ؂

نیم (نِیْم) (ف) (۱) آدھا۔ نصف (۲) تھوڑا ؂ **نیم آدمی**۔ مذکّر۔ (مراداً) عورت ؂ **نیم آستین**۔ مؤنّث۔ ایک قسم کا کُرتا، جس کی آستینیں چھوٹی ہوتی ہیں ؂ **نیم باز** (۱) آدھا کُھلا، آدھا بند (۲) نشیلی (بیشتر مژہ، چشم، غنچے کی صفات میں مستعمل ہے۔) ؂ **نیم برشت**۔ آدھا بُھنا ہُوا۔ آدھا پکّا، آدھا کچّا (انڈے کے لیے مستعمل ہے۔) ؂ **نیم بسمل**۔ آدھا ذبح کیا ہُوا۔ مجروح۔ گھایل۔ اَدھ مُؤا ؂ **نیم تُر** (؟) تھوڑا سا پڑھا ہُوا۔ حرف شناس۔ جسے پوری تعلیم نہ ہو۔ **نیم جاں** (ف) (۱) ادھ مُؤا۔ نیم مردہ۔ قریب مرگ (۲) (کنایۃً) عاشق ؂ **نیم جوش**۔ آدھا جوش دیا ہُوا۔ آدھا پکا ہُوا۔ ہلکا اُبالا ہُوا ؂ **نیم حکیم**۔ مذکّر۔ ادھورا حکیم۔ عطائی حکیم۔ ناتجربہ کار حکیم ؂ **نیم حکیم خطرۂ جان، نیم مُلّا خطرۂ ایمان**۔ مثل۔ ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے ؂ **نیم خواب**۔ اس طرح کی آنکھ جو کچی نیند سو کر اٹھنے سے متوالا پن لیے ہوتی ہے (غمزہ، نرگس اور آنکھ کی صفات میں مستعمل ہے۔) ؂ **نیم خوردہ**۔ جھوٹا۔ پس خوردہ ؂ **نیم راضی**۔ آدھا رضامند ؂ **نیم روز**۔ مذکّر۔ دوپہر ؂ **نیم سوختہ**۔ آدھا جلا ہُوا ؂ **نیم شب**۔ مؤنّث۔ آدھی رات ؂ **نیم کار**۔ دوسرے شخص کے اوزاروں سے کام کرنے والا کاریگر، جو اپنی مزدوری میں سے اوزاروں کے مالک کو کرایہ یا حصّہ دے ؂ **نیم کش**۔ آدھا اندر آدھا باہر۔ وہ تیغ یا تیر، جو پورا باہر نہ کھینچا گیا ہو ؂ **نیم گرد سوہن**۔ مؤنّث۔ آدھی گول اور آدھی چپٹی ریتی ؂ **نیم گرم**۔ شیرگرم۔ وہ، جو بہت گرم نہ ہو ؂ **نیم مُلّا**۔ مذکّر (۱) کچّا مُلّا۔ جو پورا مُلّا نہ ہو (۲) ناقص العلم ؂ **نیمہ**۔ مذکّر (۱) آدھا۔ نصف (۲) طرف۔ جانب (۳) برقع (۴) ایک قسم کا کوتاہ جامہ (۵) معماروں کا آدھا گز ؂ **نیمہ آستین**۔ مؤنّث۔ دیکھیے "نیم آستین" ؂

نیم (نِیْم) (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) ہٹ۔ ضد۔ اصرار (۲) تعصّب (۳) بچن۔ قول۔ اقرار۔ فرض (۴) دستور۔ معمول (۵) قبولیت۔ رضا (۶) وقت ؂ **نیم پتر**۔ مذکّر (ہندو) عہدنامہ۔ اقرارنامہ ؂ **نیم دھرم**۔ مذکّر (ہندو) (۱) پرہیزگاری۔ ایمان داری۔ زہد۔ تقویٰ۔ اچّھا چلن (۲) روزہ۔ برت ؂ **نیمی** (ہندو) (۱) ایمان دار (۲) پابندِ قاعدہ۔ پابندِ اوقات (۳) دیانت دار (۴) خداترس۔ صاف باطن ؂

نیمچہ (نِیْم۔ چَہ) (ف) مذکّر۔ چُھرا۔ پیش قبض۔ خنجر۔ چھوٹی تلوار (تاننا، تولنا، کھینچنا، نکالنا کے ساتھ) ؂

نیمن (نِی۔ مَن) (ہ) (ہندو) (۱) قوی۔ زورآور۔ مضبوط۔ گٹھیلا (۲) پکّا۔ استوار۔ پختہ۔ مستحکم۔ دیرپا (۳) ٹھوس۔ بھاری۔ ہنگر ؂

نین (نَیْن) (ہ) مذکّر (۱) آنکھ۔ چشم۔ دیدہ۔ عین (۲) نگاہ۔ نظر (متروک) ؂ **نین سُکھ**۔ مذکّر۔ ایک قسم کا کپڑا ؂ **نین گنوانا** (۱) آنکھیں کھونا۔ اندھا ہونا (۲) دولت گنوانا۔ محتاج ہونا ؂ **نین متنا**۔ بات بات پر رونے والا ؂ **نین متنی** (عوام) بات بات پر رو دینے والی عورت۔ چڑچڑی۔ ہر بات پر خفا اور آزردہ ہونے والی ؂ **نینا**۔ مذکّر۔ نین کی تصغیر۔ آنکھ ؂ **نینسُو**۔ مذکّر۔ ایک قسم کا سُوتی کپڑا، جس پر آنکھ کی مانند تارے سے بنے ہوتے ہیں۔ پھول والا کپڑا۔ بیل بوٹے والا کپڑا ؂

نیند (نِیْنْد) (ہ) مؤنّث۔ خواب۔ نوم (آجانا۔ یا۔ آنا، اُچٹ جانا۔ یا۔ اچٹنا، اُڑ جانا۔ یا۔ اُڑنا، اُمڈنا، پڑنا، جانا، حرام کرنا، کھو دینا۔ یا کھونا کے ساتھ) ؂ **نیند اُچاٹ ہو جانا**۔ نیند اُڑ جانا۔ نیند جاتی رہنا ؂ **نیند بھر کر (کے) سونا**۔ پوری نیند سونا۔ بے فکری سے سونا۔ حسب دل خواہ سونا۔ اپنی نیند سونا ؂ **نیند کا ماتا**۔ نیند میں مست۔ وہ جسے موقع بے موقع نیند آئے۔ نیند بھرا ہُوا۔ خواب آلود ؂ **نیند میں ہونا**۔ مست خواب ہونا۔ خواب آلود ہونا ؂ **نیندڑیاں**۔ مؤنّث۔ نیند کی تصغیر (ع) سُکھ نیند۔ خواب راحت ؂ **نیندُو**۔ مذکّر۔ بہت سونے والا ؂

نیو (نِیُو) (انگ۔ New) نیا ؂ **نیو فیشن** (New Fashion) مذکّر۔ نئی طرز۔ جدید وضع ؂

نیو (نِیُو) (ہ) مؤنّث (۱) بنیاد (۲) دیوار کی جڑ ؂ **نیو جمانا**۔ مضبوط کرنا۔ استقلال بہم پہنچانا ؂ **نیو ڈالنا** (۱) کسی مکان کی بنیاد رکھنا (۲) تمہید اٹھانا (۳) شروع کرنا ؂ **نیو کھودنا**۔ جڑ کھودنا۔ بنیاد کھودنا ؂

نیوا (نِی۔ وَا) (ہ) مذکّر (۱) بنیاد (۲) خاموشی ؂ **نیوا ناس**۔ مذکّر۔ ستیاناس۔ تباہ و برباد ؂

نیوتا (نِیُو۔ تَا) (ہ) مذکّر۔ بیاہ شادی کے موقع پر نقدی لینے دینے کی رسم۔ تنبول (بھیجنا، دینا کے ساتھ) ؂ **نیوتنا**۔ بلاوا بھیجنا۔ دعوت دینا ؂

نیوز (نِیُوز) (انگ۔ News) مؤنّث۔ خبر۔ اخبار ؂ **نیوز ایجنسی** (News Agency) مؤنّث۔ خبر رسانی کا دفتر۔ محکمۂ اطلاع رسانی ؂ **نیوز پیپر** (Newspaper) مذکّر۔ اخبار ؂

نیوش (نِیُوش) (ف) (مرکبات میں) سُننے والا ؂

نیوگ (نِیُوگ) (ہ) مذکّر۔ ہندوؤں میں شادی کی ایک قسم، جو عموماً اولاد کی خاطر کی جاتی ہے ؂

نیولا (نِیُو۔ لَا) (ہ) مذکّر۔ چوہے کی قسم کا ایک بڑا جانور، جو سانپ کو مار ڈالتا ہے ؂ **نیولے**۔ مذکّر۔ نیولا کی جمع ؂

نیولی (نیو۔ لی) (ہ) مؤنث۔ روپیہ رکھنے کی لمبی تھیلی۔ ہمیانی ٭
نیہ (نیہ) (ہ) مذکر۔ محبت۔ پیار۔ اُلفت۔ موہ۔ عشق۔ پریت (لگانا کے ساتھ) ٭
نیہی۔ چاہنے والا۔ محبت کرنے والا۔ پیار کرنے والا۔ عاشق ٭
نیہر (نی۔ اَر) (ہ) مذکر (گنوار) میکا۔ عورت کے ماں باپ کا گھر ٭

و

و (وَاؤ) (ع) مذکر و مؤنث (۱) اُردو کا تینتیسواں، ہندی کا انتیسواں، فارسی کا تیسواں اور عربی کا چھبیسواں حرف (۲) ابجد میں اس کے چھ عدد قرار دیے گئے ہیں ٭

و۔ا

وا (وَا) (۱) (ف) کشادہ۔ کھلا ہوا (۲) دوسری دفعہ۔ دوبارہ۔ باز۔ پیچھے۔ پھر (۳) (ع) واؤ کا مخفف ٭ وَابَستگاں۔ مذکر۔ وابستہ کی جمع۔ وہ لوگ، جو کسی سے خاص تعلق رکھتے ہوں ٭ وَابَستگی۔ مؤنث۔ سروکار۔ تعلق۔ لگاؤ ٭ وابستہ (۱) بندھا ہوا۔ منسلک (۲) رشتہ دار (۳) ملازم۔ منسوب ٭ وَاپَس۔ لَوٹا ہوا۔ لوٹایا ہوا۔ مسترد (آنا، دینا، کرنا، لینا، ملنا، ہونا کے ساتھ) ٭ واپسی۔ مؤنث (۱) پھری ہوئی چیز۔ واپس شدہ چیز (۲) واپس ہونے کی حالت ٭ واپسیں۔ پچھلا۔ آخر کا۔ آخریں۔ اخیر ٭ واحسرتا۔ افسوس۔ حیف ٭ وَارَستگاں۔ وارستہ کی جمع۔ وَارَستگی۔ مؤنث۔ آزاد ہونا۔ فارغ البال ہونا۔ وَارَستہ۔ آزاد۔ فارغ البال۔ بے پروا ٭ وَارَستہ طبع (مزاج) آزاد طبع۔ بے پروا ٭ وَارَفتگاں۔ وارفتہ کی جمع ٭ وَارَفتگی۔ مؤنث۔ بے خودی۔ شیفتہ ہونا ٭ وَارَفتہ (۱) آپے سے باہر۔ از خود رفتہ (۲) (کنایۃً) عاشق ٭ واسوخت۔ مذکر (۱) نفرت۔ بیزاری (۲) وہ نظم، جس میں معشوق کے جور و ستم اور اپنے رنج و الم کا حال بیان کرکے عشق اور معشوق سے نفرت و بیزاری ظاہر کی جاتی ہے ٭ واسوختگی۔ مؤنث۔ جلن ٭ واسوختہ (۱) جلا ہوا (۲) جوشیلا ٭ واکرنا (ف) کھولنا۔ واگزار (ف) چھوڑ دینا (کرنا کے ساتھ) ٭ واگزاشت۔ مؤنث۔ رہائی (۲) چھوڑ دینا ٭ واگزاشتہ (۱) چھوڑا ہوا (۲) واپس دیا ہوا (۳) رہا کیا ہوا ٭ واماندگاں۔ واماندہ کی جمع ٭ واماندگی۔ مؤنث (۱) تھکن۔ تھکان۔ تھکاوٹ (۲) عاجزی ٭ واماندہ (۱) باقی رہا ہوا۔ پس ماندہ۔ چھوٹا (۲) تھکا ہوا (۳) عاجز ٭ وامصیبتا۔ ہائے مصیبت ٭ واویلا (ع) (۱) فریاد۔ دُہائی (۲) گریہ و زاری (۳) افسوس۔ حیف (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

وَا (وَا) (ہ) مؤنث (۱) ہوا۔ باد۔ پَوَن (۲) وہ۔ اُس ٭

وات (وَات) (س) مؤنث (۱) باد۔ ہوا۔ پَوَن (۲) بادی۔ گٹھیا کی ایک بیماری ٭

واٹر (وَاٹَر) (انگ۔ Water) مذکر۔ پانی۔ آب۔ ما۔ جل ٭

واٹر پروف (Water proof) مذکر۔ وہ کپڑا، جس پر پانی اثر نہ کر سکے ٭ واٹر ریونیو (Water revenue) مذکر۔ محاصلِ آب رسانی ٭ وَاٹَر سپلائی (Water Supply) مؤنث۔ آب رسانی ٭ واٹرنگ انسپکٹر (Water Inspector) مذکر۔ چھڑکاؤ کا داروغہ ٭

واثق (وَا۔ ثِق) (ع) (۱) مستحکم۔ پکّا۔ مضبوط (۲) مستقل۔ اٹل ٭

واجب (وَا۔ جِب) (ع) (۱) ضرور۔ لازم۔ قابل۔ سزاوار۔ لائق۔ مناسب (۲) دائم۔ ہمیشہ (۳) (اصطلاحِ حکماء) وہ، جو اپنی بقا کے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو۔ خدائے تعالیٰ (۴) مذکر (اصطلاحِ فقہ) وہ فعل، جس کا بلا عذر چھوڑنے والا عذاب کا مستحق ہو (۵) تنخواہ۔ مشاہرہ۔ ماہانہ (۶) (حساب) وہ مکسور، جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو ٭ واجب آنا (ف) لازم آنا ٭ واجب الادا (ع) وہ رقم، جس کا ادا کرنا ضروری ہو ٭ واجب الاذعان۔ جس کی تعمیل ضروری ہو ٭ واجب الاظہار۔ وہ، جس کا ظاہر اور بیان کرنا ضروری ہو ٭ واجب التسلیم۔ تسلیم کرنے کے لائق۔ ماننے کے قابل ٭ واجب التعزیر۔ سزا کے قابل ٭ واجب التعظیم۔ عزّت کرنے کے لائق۔ تعظیم کے قابل۔ بزرگ ٭ واجب الترحم۔ رحم کے قابل۔ رحم کرنے اور ترس کھانے کے لائق ٭ واجب الرعایت (۱) رعایت کے قابل (۲) معافی کے لائق۔ قابلِ عفو۔ معذور رکھنے کے لائق ٭ واجب الزیارت۔ زیارت کے لائق۔ دیکھنے یا ملاقات کرنے کے قابل ٭ واجب الطلب۔ وصول کرنے کے قابل۔ قابلِ مطالبہ۔ مانگنے کے لائق ٭ واجب العرض (۱) جس کا عرض کرنا ضروری ہو (۲) عرضی۔ تحریری اظہارِ دعویٰ (۳) مذکر۔ وہ شرائط جو قانونی بندوبست کے اختتام پر مالکوں اور کاشتکاروں کے مابین کاشت وغیرہ کی نسبت لکھی جائیں۔ گاؤں کا انتظامی کاغذ ٭ واجب العرض کھیوٹ (ف) مذکر۔ گاؤں کی مال گزاری کا کاغذ ٭ واجب القتل (ع) مار ڈالنے کے قابل۔ قتل کرنے کے لائق ٭ واجب الوجود۔ وہ جس کی ذات اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ ہو۔ ذاتِ باری تعالیٰ ٭ واجب الوصول۔ جس کا وصول ہونا واجب ہو۔ یافتنی۔ قابلِ وصول ٭ واجب جاننا۔ یا۔ سمجھنا (ف) لازم سمجھنا۔ ضروری سمجھنا۔ فرض سمجھنا ٭

واجب و لازم (ف) (۱) ضروری اور فرض ۔ ضروری اور لابد (۲) صحیح (۳) ثابت (۴) خاص ** واجب ہونا** (و) ضروری ہونا ۔ فرض ہونا ٭

واجبات (ع) مذکر و مؤنث (۱) واجب کی جمع ۔ فرائض ۔ ضروریات ۔ ضروری چیزیں ۔ لازم چیزیں (۲) لوازم (۳) واجب الوصول رقم (۴) چڑھی ہوئی تنخواہیں ۔ ماہانہ تنخواہ ٭ **واجبی** (۱) ٹھیک ۔ درست ۔ معقول ۔ بجا (۲) ضروری ۔ لازم ۔ لابد (۳) مناسب ۔ لائق ۔ سزاوار (۴) وظیفہ ۔ روزینہ (۵) (و) تھوڑی ۔ کسی قدر ٭ **واجبی بات** (ا) مؤنث ۔ درست بات ۔ ٹھیک بات ۔ حق الامر ٭ **واجبی خرچ** (ا) مذکر ۔ متوسط اور لازم خرچ ٭ **واجبی سا** (ہندو) ذرا سا ۔ تھوڑا سا ۔ قلیل مقدار میں ۔ جزوی ٭ **واجبی واجبی** ۔ یونہی سا ۔ تھوڑا سا ٭

واجد (وَا ۔ جِد) (ع) (۱) پانے والا (۲) بات نکالنے والا ۔ وجد دینے والا (۳) غنی (۴) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ٭

واچ (وَاچ) (انگ ۔ Watch) مؤنث ۔ گھڑی ۔ جیبی گھڑی ٭ **واچ میکر** (Watch maker) گھڑی بنانے والا ۔ گھڑی ساز ٭

واحد (وَا ۔ حِد) (ع) (۱) ایک فرد ۔ مجرّد ۔ مفرد (۲) یگانہ ۔ اکیلا ۔ یکتہ (۳) فقط ۔ صرف ۔ نِرا ۔ تنہا ۔ نرالا (۴) خدائے تعالیٰ ٭ **واحد العین** ۔ ایک آنکھ کا ۔ یک چشم ۔ کانا ٭ **واحد حقیقی** ۔ خدائے تعالیٰ ٭ **واحد شاہد** (و) (۱) (کنایۃً) واقف ۔ باخبر (۲) پانے والا ٭ **واحد شاہد بھی نہیں** ۔ قطعاً ناواقف اور بے خبر ہوں ٭ **واحد شاہد ہونا** (۱) باخبر ہونا (۲) کسی چیز کی صورت دیکھنا (۳) کوئی چیز پانا ٭

وادی (وَا ۔ دِی) (ع) مذکر و مؤنث (۱) گھاٹی ۔ درۂ کوہ ۔ نشیب کی زمین (۲) (مجازاً) صحرا ۔ جنگل ٭ **وادیٔ ایمن** (ف) مذکر و مؤنث ۔ وہ صحرا جو کوہِ طور سے دائیں جانب ہے ۔ وہ جنگل، جہاں حضرت موسیٰؑ اپنی بیوی کو دردِ زہ میں چھوڑ کر آگ کی تلاش کے لیے آگے بڑھے تھے ۔ پہلے پہل اسی جگہ انھیں تجلّیٔ ربّانی نظر آئی اور معراج ہوئی ٭

وادی (وَا ۔ دِی) (ا) (عو) (۱) عادت (۲) ہٹ ۔ ضد ٭ **وادی پہ آنا** (عو) (۱) اپنی عادت پہ آنا (۲) ہٹ پر آنا ۔ ضد پر آنا ٭

وار (وَار) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) دن (۲) تلوار، نیزے وغیرہ کی ضرب (۳) چوٹ ۔ حملہ (۴) داؤں ۔ گھات ۔ موقع (۵) باری (لکھنؤ میں متروک) (۶) اِس طرف ۔ اِدھر (۷) وارنا کا امر ٭ **وار بچانا** ۔ حملہ روکنا ۔ ضرب روکنا ۔ خالی دینا ٭ **وار پار** ۔ اِدھر سے اُدھر تک ۔ آرپار (ہونا کے ساتھ) ٭ **وار پھیر** ۔ مذکر ۔ وہ نقدی، جو دولہا دلہن کے سر سے وار کر دی جاتی ہے ۔ نچھاور ۔ صدقہ ٭ **وار چلنا** (۱) لڑائی میں کسی پر تلوار وغیرہ کی ضرب پڑنا (۲) موقع ہاتھ آنا ۔ داؤں پڑنا ٭ **وار خالی جانا** ۔ ضرب نہ پڑنا ٭ **وار کرنا** (۱) چوٹ کرنا ۔ حملہ کرنا ۔ ضرب مارنا (۲) دھوکا دینا ۔ چال چلنا ٭ **وارِ مرداں خالی نہ باشد** (ف) مردوں کا وار خالی نہیں جاتا ٭ **وار ملنا** ۔ فرصت ملنا ۔ موقع ملنا ٭ **وارَن** ۔ مؤنث (ہندو) نچھاور ۔ صدقہ ۔ نذر ۔ نیاز ۔ بھینٹ ۔ قربانی ۔ چڑھاوا ٭ **وارن پھیرن** ۔ مؤنث (عو) وار پھیر ۔ نچھاور ۔ نذر نیاز ٭ **وارنا** (ہ) کسی کے سر کے گرد کوئی چیز صدقے کے طور پر پھرانا ۔ تصدق کرنا ۔ نچھاور کرنا ۔ صدقہ کرنا ۔ نثار کرنا ۔ بھینٹ چڑھانا ۔ قربان کرنا ٭ **واری** (عو) (۱) قربان ۔ صدقے ۔ نثار (۲) اظہارِ محبت اور جاں نثاری کا کلمہ ٭ **واری جانا** (عو) نثار ہونا ۔ قربان ہونا ۔ صدقے جانا ٭ **واری جاؤں** (عو) قربان ہوں ۔ صدقے جاؤں ۔ بلاگرداں ہو جاؤں ٭ **واری ہونا** ۔ واری جانا ٭

وار (وَار) (ف) کلمۂ نسبت (۱) صاحب، جیسے امیدوار (۲) مثل ۔ مانند (۳) مقدار (۴) شائستہ ۔ لائق (۵) بار (۶) کلمۂ نسبت، جیسے بزرگوار ٭

وار (وَار) (انگ ۔ War) مؤنث ۔ جنگ ۔ لڑائی ٭ **وار آفس** (War office) مذکر ۔ محکمۂ جنگ ٭ **وار کونسل** (War Council) مؤنث ۔ مجلسِ جنگ ۔ وہ مجلس، جو جنگ کے متعلق تجاویز سوچے ٭

وارا (وَا ۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) کفایت ۔ بچت ۔ جُزرسی (۲) نفع ۔ فائدہ ۔ منفعت (۳) افاقہ ٭ **وارے** ۔ وارا کی جمع ۔ فائدے ٭ **وارے نیارے** ۔ مذکر ۔ بھاری نفع یا فائدہ ۔ گہرے (ہونا کے ساتھ) ٭

وارث (وَا ۔ رِث) (ع) (۱) مذکر ۔ خدائے تعالیٰ (۲) میراث کا مستحق (۳) (ا) (عو) خاوند ۔ خصم (۴) معاون ۔ حامی ۔ مددگار ٭ **وارثِ بعید** (ف) مذکر ۔ کئی پشتوں کا واسطہ رکھنے والا وارث ٭ **وارثِ شرطی** ۔ مذکر ۔ کسی شرط پر میراث پانے والا ٭ **وارثِ صلبی** ۔ مذکر ۔ نسلی وارث ٭

وارد (وَا ۔ رِد) (ع) (۱) آنے والا (۲) پہنچنے والا (۳) قاصد ٭ **وارد و صادر** ۔ مذکر ۔ مہمان ۔ مسافر ٭ **وارد ہونا** (و) (۱) آ اُترنا ۔ نازل ہونا (۲) پہنچنا (۳) داخل ہونا (۴) پیش آنا ٭

واردات (وَا ۔ رِدَات) (ع) مؤنث ۔ واردہ کی جمع (۱) سرگزشت ۔ حالات (۲) (و) وقوعہ ۔ واقعہ ۔ حادثہ ۔ سانحہ ۔ ناگہانی آفت (۳) فساد ۔ دنگا ۔ ہنگامہ ٭ **وارداتِ خفیف** (ا) مؤنث (قانون) چھوٹا جھگڑا یا واقعہ ۔ ادنیٰ فساد ٭ **وارداتِ سنگین** ۔ مؤنث (قانون) سخت حادثہ ۔ بھاری وقوعہ ٭

وارڈ (وَارڈ) (انگ Ward) مذکر (۱) حراست ۔ نگہبانی (۲) حلقہ میونسپلٹی کا حصہ (۳) وہ نابالغ، جس کی ذات یا جائداد یا دونوں کے لیے عدالت سے کوئی اَور منتظم مقرر ہو ٭ **وارڈ کیپر** (Wardkeeper) مذکر ۔ محافظ ۔ نگہبان ۔ چوکیدار ٭ **وارڈن** (Warden) مذکر (۱) سرپرست (۲) سرکاری عہدہ دار، جو پیمانوں اور اوزاروں کی قیمت اور تصدیق کا ذمہ دار ہو ٭

وارنٹ (وَا ۔ رَنٹ) (انگ ۔ Warrant) مذکر (۱) گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ (۲) فرمان ۔ طلب نامہ ۔ حکم نامہ ٭ **وارنٹ تلاشی** (ا) مذکر (عوام) (قانون) تلاشی کا حکم یا پروانہ ٭ **وارنٹ جاری کرنا** (قانون) کسی کی گرفتاری کا حکم جاری کرنا ٭ **وارنٹ رہائی** ۔ مذکر ۔ رہائی کا حکم نامہ ٭ **وارنٹ گرفتاری** ۔ مذکر ۔ پکڑنے کا حکم نامہ ٭

وارنش (وَاز۔ نِش) (انگ - Varnish) مذکر (۱) روغن (۲) ٹک (۳) ملمع۔ قلعی (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

واڑ (وَاڑ) (ہ) مؤنث (۱) وہ جگہ، جس کے گرد باڑ ہو۔ احاطہ (۲) مقام جگہ (۳) رہنے کی جگہ ؛

واڑا (وَا۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) محلہ۔ کوچہ۔ ٹولہ (۲) وہ جگہ، جہاں ایک قسم کے لوگ بستے ہوں ؛

واژگون (وَاژ۔ گُوں) (ف) اُلٹا۔ اوندھا (آسمان کی صفت میں مستعمل ہے۔) ؛

واژون (۱) سرنگوں۔ اوندھا (۲) منحوس۔ نامبارک۔ برگشتہ (۳) معکوس۔ الٹا ؛ **واژون بخت**۔ بدبخت۔ بدنصیب ؛

واس (وَاس) (س) مؤنث (۱) سکونت۔ رہنا (۲) رہنے کی جگہ ؛

واسطات (وَا۔ سِطَات) (ع) مذکر۔ چھ دانت کا گھوڑا۔ پانچ مہینے کا گھوڑا ؛

واسطت۔ واسطہ (وَا۔ سِطَت، وَاسِطَہ) (ع) (ع۱ مؤنث ع۲ مذکر) (۱) درمیانی شخص۔ بیچ والا۔ ثالث۔ بچولیا۔ قاصد۔ ایلچی۔ دُوت (۲) مؤنث۔ بیچ والی عورت۔ مشاطہ (۳) (ل) مذکر۔ علاقہ۔ ربط۔ لگاؤ۔ تعلق۔ مناسب (۴) مذکر۔ باعث۔ سبب (۵) سروکار۔ کام (۶) مطلب۔ غرض (۷) موقع۔ ڈھب۔ وسیلہ (۸) آشنائی۔ دوستی۔ محبت۔ دل لگی (۹) مباشرت ؛ **واسطۃ العقد**۔ مذکر۔ موتیوں کی لڑی یا مالا کے درمیان سب سے بڑا موتی ؛ **واسطہ پڑنا** (ل) کام پڑنا۔ سروکار ہونا ؛ **واسطہ پیدا کرنا**۔ موقع نکالنا۔ ڈھب لگانا۔ وسیلہ بہم پہنچانا ؛ **واسطہ دینا**۔ بیچ میں ڈالنا۔ دُہائی دینا۔ شفاعت لانا ؛ **واسطہ ڈالنا**۔ پالا ڈالنا۔ کام ڈالنا ؛ **واسطہ رکھنا** (۱) علاقہ رکھنا۔ تعلق رکھنا (۲) غرض رکھنا ؛ **واسطہ ہونا** (۱) لگاؤ ہونا۔ نسبت ہونا۔ تعلق ہونا (۲) غرض ہونا۔ مطلب ہونا (۳) دل لگی ہونا۔ آشنائی ہونا (۴) ڈھب ہونا (۵) سبب ہونا (۶) درمیانی تعلق ہونا (۷) سروکار ہونا ؛ **وَاسِطے**۔ مذکر۔ وَاسِطہ کی جمع۔ تعلقات ؛

واسطی (وَا۔ سِطِی) (ع) (۱) شہر واسط سے تعلق رکھنے والا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا عمدہ قلم، جو شہر واسط سے آتا ہے ؛

واسطے (وَاس۔ طے) (ل) (۱) لیے۔ برائے (۲) خاطر۔ بہ سبب ؛

واسکٹ (وَاس۔ کَٹ) (ہند) (انگ۔ ویسٹ کوٹ (Waistcoat)) مؤنث۔ بے آستینوں کی فتوحی۔ کُرتی۔ صدری ؛

واسع (وَا۔ سِع) (ع) (۱) پھیلنے والا (۲) مذکر۔ خدائے تعالیٰ ؛

واصف (وَا۔ صِف) (ع) تعریف کرنے والا ؛

واصل (وَا۔ صِل) (ع) (۱) ملنے والا۔ ملاقات کرنے والا۔ شامل ہونے والا۔ پہنچنے والا۔ ملا ہوُا (۲) حاصل ہونے والا۔ وصول ہونے والا۔ قابلِ وصول ؛ **واصل باقی**۔ مؤنث۔ وصول شدہ اور باقی رقم ؛

واصل باقی نویس (ف) مذکر۔ تحصیل کا وہ عہدہ دار، جو وصول و باقی کا رجسٹر لکھتا ہے ؛ **واصل بحق ہونا** (و) (کنایۃً) خدا کے پاس پہنچ جانا۔ مرجانا۔ فوت ہو جانا ؛ **واصلات** (ع) مؤنث۔ واصلہ کی جمع۔ کسی غیر منقولہ جائداد کی آمدنی۔ وہ منافع، جو جائداد کے قابض ناجائز نے وصول کیا ہو ؛

واضح (وَا۔ ضِح) (ع) (۱) ظاہر۔ عیاں۔ آشکار۔ صریح (۲) مشرح۔ مفصل (۳) ایسا صاف لکھنا، جس کے پڑھنے میں تکلف نہ ہو (۴) جلی قلم سے لکھا ہوُا ؛ **واضح رہے** (و) پوشیدہ نہ رہے۔ معلوم رہے۔ بخوبی جان لو ؛ **واضح کرنا**۔ ظاہر کرنا۔ تفصیل سے بتانا ؛ **واضح لکھنا** (۱) صاف صاف لکھنا، جو بے تکلف پڑھنے میں آئے ؛ **واضح ہے** (۱) صاف ظاہر ہے (۲) صاف لکھا ہے (۳) جلی قلم سے لکھا ہے ؛

واضع (وَا۔ ضِع) (ع) (۱) وضع کرنے والا۔ بنانے والا (۲) مخترع۔ موجد۔ مجتہد ؛ **واضعِ قانون** (ف) مذکر۔ قانون بنانے والا۔ مقنن ؛

واعظ (وَا۔ عِظ) (ع) وعظ کرنے والا۔ ناصح ؛

وافر (وَا۔ فِر) (ع) (۱) کثرت سے۔ بافراط۔ کثیر۔ بہت (۲) (عروض) مؤنث۔ دائرۂ موتلفہ کی پہلی بحر ؛

وافی (وَا۔ فِی) (ع) کامل۔ پورا۔ تمام وکمال۔ خاطر خواہ ؛

واقع (وَا۔ قِع) (ع) ہونے والا۔ وقوع ہونے والا۔ پیش ہونے والا۔ حادث ہونے والا ؛ **واقع میں** (ل) دراصل۔ درحقیقت۔ حقیقت میں ؛ **واقع ہونا**۔ ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ برپا ہونا۔ نمودار ہونا ؛ **واقعات** (ع) مذکر۔ واقعہ کی جمع۔ حادثے ؛ **واقعاتِ غیر مشتبہ** (ف) مذکر۔ واقعات، جو ثابت ہو جائیں ؛ **واقعاتِ منشائے الزام**۔ مذکر۔ الزام پیدا کرنے والے واقعات ؛ **واقعاتِ نفس الامری**۔ مذکر۔ ایسی باتیں، جو سچ مچ ہو رہی ہوں اور جن میں بناوٹ یا دروغ گوئی نہ ہو ؛ **واقعہ** (ع) مذکر (۱) حادثہ۔ سانحہ (۲) واردات (۳) سرگزشت۔ ماجرا۔ بیتی۔ خبر۔ حال (۴) جنگ۔ لڑائی۔ کارزار (۵) وفات۔ انتقال۔ موت۔ کال (۶) آفت۔ سختی۔ حشر ؛ **واقعہ نویس** (ف) وقائع نگار۔ اخبار نویس۔ خبر نویس ؛ **واقعہ ہونا** (و) (۱) واردات ہونا۔ حادثہ پیش آنا (۲) انتقال ہونا۔ مرنا ؛ **واقعی** (ع) (۱) دراصل۔ درحقیقت۔ فی الحقیقت (۲) سچ مچ۔ درست ؛

واقف (وَا۔ قِف) (ع) (۱) کھڑا ہونے والا (۲) جان پہچان۔ شناسا (۳) آگاہ۔ ماہر۔ جاننے والا۔ خبردار۔ ہوشیار۔ مُطّلع ؛ **واقف الحال**۔ یا۔ **واقفِ حال**۔ ہم راز۔ حال احوال سے واقف۔ راز دان ؛ **واقفِ کار** (ف) کام سے واقف۔ تجربہ کار۔ جہاں دیدہ ؛ **واقف کاری** (ف) مؤنث (۱) جان پہچان۔ شناسائی (۲) کاردانی۔ تجربہ (۳) پرکھ۔ جانچ۔ شناخت ؛ **واقفیت**۔ مؤنث (۱) شناسائی۔ جان پہچان (۲) خبر۔ علم۔ اطلاع۔ آگاہی (۳) مہارت۔ استعداد (۴) شناخت۔ تجربہ ؛

واقفیت پیدا کرنا (ف) (۱) دسترس حاصل کرنا۔ تجربہ بہم پہنچانا (۲) کسی کام کو جاننا ❖

وال (وَاں) (ہ) مذکر۔ والا کا مخفف ❖ **والا**۔ مرکبات میں مستعمل ہے (۱) بیچنے والا۔ کام کرنے والا۔ پیشہ کرنے والا (۲) صاحب۔ مالک۔ آقا (۳) باشندہ (۴) مصدر کے ساتھ مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے۔ اس صورت میں مصدر کا الف یے سے بدل جاتا ہے، جیسے پڑھنے والا۔ لکھنے والا ❖ **والی**۔ والا کی تانیث ❖

والا (وَا۔ لَا) (ف) اونچا۔ بلند۔ بالا۔ بزرگ۔ عالی ❖ **والا جاہ**۔ بلند مرتبے والا۔ عالی مرتبہ ❖ **والا شان**۔ بڑی شان والا۔ عالی شان ❖ **والا قدر**۔ عالی قدر۔ عالی مرتبہ ❖ **والا مرتبت**۔ بلند رتبے والا ❖ **والا نامہ**۔ مذکر۔ بڑے آدمی کا خط۔ نوازش نامہ ❖ **والا نژاد**۔ عالی خاندان۔ اونچے گھرانے والا ❖ **والا نگاہ**۔ بلند خیال۔ عالی خیال ❖ **والا ہمت**۔ بلند ہمت ❖ **والائی**۔ مؤنث۔ بزرگی۔ بزرگ واری۔ بلند پایہ ہونا ❖

وَاِلّا (ع) اور نہیں تو۔ ورنہ۔ نہیں تو ❖

والد (وَا۔ لِدْ) (ع) مذکر۔ باپ۔ پدر۔ ابّا۔ پتا ❖ **والد ماجد**۔ مذکر۔ بزرگ باپ۔ ابّا جان۔ پدر بزرگوار ❖ **والدہ**۔ مؤنث۔ ماں۔ امّاں۔ ماتا۔ مائی ❖ **والدہ ماجدہ**۔ مؤنث۔ بزرگ ماں ❖ **والدین**۔ مذکر۔ ماں باپ۔ مادر پدر۔ ماتا پتا ❖

واللہ (وَلْ۔ لَاہْ) (ع) (۱) خدا کی قسم۔ بخدا (۲) یقیناً (۳) فی الحقیقت (۴) ہرگز (نفی کی تاکید کے لیے) **واللہ اعلم**۔ خدا جانے۔ خدا معلوم۔ مجھے خبر نہیں ❖ **واللہ اعلم بالصواب**۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ خدا کو خوب معلوم ہے ❖ **واللہ باللہ**۔ قسم میں تاکید اور زور دینا منظور ہو تو یہ بولتے ہیں ❖

والنٹیر (وَا۔ لَنْ۔ ٹِیْر) (انگ ـ Volunteer) (۱) خوشی سے بلا معاوضہ کوئی خدمت انجام دینے والا۔ رضاکار (۲) خصوصاً فوجی سپاہی، جو تنخواہ کے بغیر کام کرے ❖

والہ (وَا۔ لِہْ) (ع) فریفتہ۔ عاشق۔ شیدا ❖ **والہانہ** (ف) عاشق کی مانند ❖

والی (وَالِیْ) (ع) مذکر (۱) مالک۔ حاکم۔ بادشاہ۔ سرتاج۔ آقا۔ خداوند (۲) مددگار۔ حمایتی۔ دوست (۳) وارث۔ سرپرست۔ مربّی (۴) نگہبان۔ محافظ ❖ **والی وارث**۔ مذکر۔ سرپرست۔ مالک و آقا۔ پشت پناہ۔ حمایتی۔ مربّی ❖

وام (وَام) (ف) مذکر۔ اُدھار۔ قرض ❖

وامق (وَا۔ مِقْ) (ع) مذکر (۱) دوست رکھنے والا۔ طالب۔ عاشق۔ دوست۔ چاہنے والا (۲) عذرا کا عاشق ❖

وَان (وَانْ) (ہ) مذکر۔ صاحب۔ والا۔ دارندہ جیسے بھاگوان ❖

وَاں (وَاں) (ہ) (۱) اعداد کے بعد نسبت کی علامت، جیسے پانچواں (۲) وہاں کا مخفف (اب بعض فصحائے لکھنؤ "واں" کی جگہ "وہاں" کو ترجیح دیتے ہیں) ❖

واو (ع) مذکر و مؤنث۔ دیکھیے "و" ❖ **واو عاطفہ** یا **عطف**۔ مذکر و مؤنث۔ وہ واؤ، جو کلموں میں ربط دینے کے لیے آئے ❖ **واو مجہول**۔ مذکر و مؤنث۔ وہ واؤ، جس سے پہلے ضمّہ خالص نہ ہو ❖ **واو معدولہ**۔ مذکر و مؤنث۔ وہ واؤ، جو لکھنے میں تو آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے جیسے خواہ، خوش وغیرہ ❖ **واو معروف**۔ مذکر و مؤنث۔ وہ واؤ، جس سے پہلے ضمّہ خالص ہو اور خوب ظاہر پڑھنے میں آئے جیسے نُور، حُور وغیرہ ❖

واہ (وَاہْ) (ف) (۱) ماشاء اللہ۔ سبحان اللہ (۲) شاباش۔ مرحبا (۳) بے شک (۴) (طنزاً) کیا خوب۔ چہ خوش (۵) حیرت اور تعجب کا کلمہ (۶) انکار کا کلمہ (۷) تعریف کا کلمہ ❖ **واہ پیر علیا، پکائی کھیر ہو گیا دلیا** (۱) مثل۔ بنا بنایا کام بگڑ گیا۔ کیا کیا تھا اور کیا ہو گیا ❖ **واہ رے** (ف) (فصحا کی زبان پر مذکر و مؤنث دونوں کے لیے یائے مجہول سے ہے) تعریف، تعجب، طنز، تنفر اور تاسف کا کلمہ ❖ **واہ کیا بات ہے۔ واہ کیا کہنا ہے**۔ طنز اور توصیف کے موقع پر کہتے ہیں ❖ **واہ وا۔ واہ واہ**۔ مؤنث (۱) فرطِ لذت یا خوشی کے کلمے۔ سبحان اللہ۔ ماشاء اللہ۔ مرحبا (۲) حیرت اور تعجب کے کلمے (۳) طنز کے کلمے (۴) تعریف کے کلمے ❖ **واہ واہ کرنا**۔ تعریف کرنا۔ سراہنا۔ مرحبا کہنا ❖ **واہ واہ گرگٹ کا بچہ تانا شاہ**۔ مثل۔ ادنیٰ شخص اور یہ عالی دماغی! **واہ واہ میاں بانکے تیرے دگلے میں سو سو ٹانکے**۔ مثل۔ اُس بے سروسامان مغرور کی نسبت بولتے ہیں جس کے کپڑوں میں پیوند لگے ہوں اور وہ اس پر بھی شیخی بگھارے ❖ **واہ واہ ہونا**۔ تعریف و توصیف ہونا۔ نام ہونا۔ شہرت ہونا ❖

واہب (وَا۔ ہِبْ) (ع) بخشنے والا۔ عفو کرنے والا ❖ **واہب الحاجات**۔ حاجتیں پوری کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ ❖ **واہب العطایا**۔ عطیے دینے والا۔ خدائے تعالیٰ ❖

واہمہ (وَا۔ ہِمَہْ) (ع) مذکر۔ وہم کی قوت ❖ **واہمہ خلّاق ہے** (۱) مقولہ۔ واہمہ کا کام یہ ہے کہ دیکھے اور بے دیکھے سچّے اور جھوٹے سب طرح کے نقوش اور صورتیں سامنے پیش کر دے ❖

واہی (وَا۔ ہِیْ) (ع) (۱) کاہل۔ سست۔ ناطاقت۔ ناتواں۔ ضعیف (۲) (ف) بے مزہ بات۔ بیہودہ بات (۳) (و) آوارہ۔ بیہودہ۔ لغو۔ عیّاش۔ لچّا ❖ **واہی تباہی** (و) (۱) لغو۔ بے معنی۔ بیہودہ (۲) آوارہ (۳) خراب۔ خستہ (۴) اوباش (۵) بے کار۔ نکمّا (بکنا، پھرنا کے ساتھ) ❖ **واہی ہونا** (۱) بگڑنا۔ خراب ہونا (۲) عیّاش ہونا ❖ **واہی ہے**۔ پاگل ہے۔ سودائی ہے۔ بے وقوف ہے ❖ **واہیات** (ع) مؤنث۔ واہیہ کی جمع (۱) بیہودہ اور لغو باتیں۔ مزخرفات (۲) خرافات۔ اوباشی (بکنا، ہونا کے ساتھ) ❖

وائر (وَا۔ اِرْ) (انگ ـ Wire) مذکر۔ تار۔ تار برق ❖ **وائر لیس** (Wireless) (۱) بے تار کا، خصوصاً لاسلکی (۲) لاسلکی کا طریقہ یا

نظام (۳) لاسلکی پیغام یا خبر (۴) لاسلکی وصول کرنے کی مشین ٭
وائس (وَا - اِس) (انگ - Vice) نائب - قائم مقام - کسی کی جگہ کام کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے) ٭ **وائس پریزیڈنٹ** (Vice President) مذکر - نائب میر مجلس - نائب صدر ٭ **وائسرائے** (Viceroy) مذکر - نائب السلطنت - گورنر جنرل - ملکی لارڈ ٭
وائکاؤنٹ (وَا - اِکا ؤُنٹ) (انگ - Viscount) مذکر - انگلستان میں ایک درجے کے امرا کا خطاب ٭
وائلن (وَا - اِلِن) (انگ - Violin) مذکر - سارنگی - رباب - چکارا ٭
وائن (وَا - اِن) (انگ - Vine) مؤنث - شراب - مے - بادہ ٭ **وائن گلاس** (Vine glass) مذکر - جامِ شراب - شراب پینے کا گلاس ٭
وائے (وَا - اِ) (ع) مؤنث - افسوس، تاسّف، تحسّر وغیرہ کا کلمہ جو درد، آزار یا رنج والم کے اظہار میں زبان پر آتا ہے ٭ **وائے تقدیر - وائے قسمت - وائے نصیب** (ف) قسمت کا گلہ کرنے کے لیے مستعمل ہیں ٭
وایو (وَا - یُو) (س) مؤنث - ہوا - باد ٭ **وایوکون** (ہ) مذکر - شمال مغربی گوشہ ٭

و-ب

وبا (وَبا) (ع) مؤنث (۱) موت - مری والی بیماری - متعدی بیماری - وہ مرض، جو ہوا خراب ہونے سے بکثرت پھیلے (۲) ہیضہ (آنا، پھیلنا کے ساتھ) (۳) (کنایۃً) کسی روگ کا عالم گیر ہونا ٭
وبال (وَبال) (ع) مذکر (۱) سختی - گرانی - بوجھ - بار (۲) عذاب - کیے کی سزا - وہ سزا، جو خدا کی طرف سے دی جائے (۳) ناگوارِ طبع - عذابِ جان ٭ **وبال پڑنا** (و) صبر پڑنا - ظلم کا بدلا ملنا - قہرِ الٰہی کا نازل ہونا ٭ **وبالِ جان - وبالِ دوش** (ف) عذابِ جان - ناگوارِ طبع - دوبھر - اجیرن (ہو جانا، ہونا کے ساتھ) ٭

و-ت

وَتد (وَتَد) (ع) مذکر (۱) میخ - کھونٹی - کھونٹا (۲) لکڑی کا ڈنڈا - لاٹھی (۳) (عروض) سہ حرفی کلمہ ٭
وَتر (وَتَر) (ع) مذکر (۱) کمان کی زِہ یا چلّہ (۲) (اقلیدس) وہ خط، جو دائرے کا کوئی حصّہ گھیرے اور قطر سے چھوٹا ہو (۳) وہ خط، جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے (۴) قائم الزاویہ مثلث کا سب سے بڑا ضلع (۵) مثلث کے کسی زاویے کے سامنے کا ضلع ٭
وِتر (وِتْر) (ع) مؤنث - وہ تین رکعتیں، جو نمازِ عشا میں پڑھی جاتی ہیں (۲) طاق عدد (۳) تنہا ٭
وتیرہ (وَتِی - رَہ) (ع) مذکر - شیوہ - طریقہ - روش - راہ - عادت - دستور ٭

و-ث

وثائق (وَثا - اِق) (ع) مذکر - وثیقہ کی جمع - وثیقے - دستاویزیں ٭
وثن (وَثَن) (ع) مذکر - پتھر وغیرہ کا بت ٭
وثوق (وُثُوق) (ع) مذکر (۱) استواری - مضبوطی (۲) بھروسا - اعتماد - اعتبار ٭
وثیقہ (وَثِی - قَہ) (ع) مذکر (۱) استحکام - استواری - مضبوطی (۲) معاہدہ - عہد وپیمان (۳) عہدنامہ - اقرارنامہ - تمسک - دستاویز (۴) (ل) پرونوٹ ٭ **وثیقہ دار** - مالکِ وثیقہ - پرونوٹ کا مالک ٭ **وثیقہ نویس** - پرونوٹ لکھنے والا - حکومت کی طرف سے لائسنس رکھنے والا، جو اشٹام وغیرہ لکھے ٭

و-ج

وجاہت (وَجا - ہَت) (ع) مؤنث (۱) خوب روئی - خوب صورتی - چہرے کا روشن ہونا - چہرے کا رعب - دکھاوا (۲) عزت - حرمت (۳) درجہ - عہدہ (۴) حکومت ٭
وجب (وَجَب) (ع) مذکر و مؤنث - بالشت - ہاتھ کی چھنگلیا سے انگوٹھے تک کا پھیلاؤ - تراخ کی لمبائی ٭
وجد (وَجْد) (ع) مذکر (۱) آشفتگی - شیفتگی - اندوہ گینی (۲) کمال ذوق و شوق میں سماع سننے والے صوفیوں کی حالتِ بے خودی - سرمستی - جذبہ - حال (۳) نہایت خوشی ٭ **وجد کرنا** (ف) بے خود ہو کر جھومنا - حال کھیلنا - سرمست ہونا ٭ **وجد میں آنا** - حالتِ ذوق و شوق میں مست ہونا ٭ **وجد میں لانا** - کسی کو خوش الحانی یا خوش کرداری سے ایسا خوش کرنا کہ وہ جھومنے لگے ٭ **وجد ہونا** - جھومنے لگنا ٭
وجدان (وِج - دَان) (ع) مذکر (۱) جاننا - دریافت کرنا (۲) جاننے اور دریافت کرنے کی قوت ٭
وجع (وَجَع) (ع) مذکر - درد - ٹیس ٭ **وَجَعُ الاَسنان** - مذکر - دانتوں کا درد ٭ **وَجَعُ الظَّہر** - مذکر - پیٹھ یا کمر کا درد ٭ **وَجَعُ القَلب** - مذکر - دل کا درد ٭ **وَجَعُ المَفاصِل** - مذکر - جوڑوں کا درد - گٹھیا ٭
وجوب (وُجُوب) (ع) مذکر (۱) واجب ہونا - لازم آنا - لزوم (۲) ضروری - فرض - لابد ٭
وجود (وُجُود) (ع) مذکر (۱) ظاہر ہونا - نمائش - ظہور (۲) حیات - زندگی - ہستی (۳) پیدائش (۴) جوہر - مادہ ٭ **وجود پانا - یا - پکڑنا** (۱) ہستی میں آنا - ہست ہونا - ظہور ہونا - پیدا ہونا ٭ **وجود میں لانا** - پیدا کرنا - ظہور میں لانا ٭ **وجودی** - شہودی کا مقابل ٭
وجوہ (وُجُوہ) (ع) مذکر و مؤنث - وجہ کی جمع - دلائل - اسباب - بواعث ٭

وجوہات - مذکر و مؤنث (عوام) وجہ کی جمع الجمع - دلیلیں - اسباب ؛
وجہ (وَجْہْ) (ع) مؤنث (۱) شکل - صورت - چہرہ (۲) موجب - باعث - سبب - کارن (۳) طور - طریق - ڈھنگ - طرز - دستور - اسلوب (۴) طرف - جانب - رُخ (۵) روپیہ پیسا - نقدی - زر و مال (۶) معاش کا ذریعہ ؛ وجہِ تحریک - مؤنث - ترغیب کا باعث ؛ وجہِ تسمیہ - مؤنث - نام رکھنے کا باعث ؛ وجہِ ثبوت - مؤنث - ثبوت کی دلیل - گواہی - شہادت - گواہوں کی پیشی ؛ وجہِ قوی - مؤنث - مضبوط سبب - برہانِ قاطع ؛ وجہِ کافی - کامل ثبوت - پورا پورا ثبوت ؛ وجہِ معاش - یا معیشت - مؤنث - گزارے کا ذریعہ ؛ وجہِ معقول - مؤنث - ٹھیک اور درست وجہ ؛ وَجہِ مُوَجَّہْ - مؤنث - مضبوط اور مستحکم دلیل - پکی دلیل ؛
وجیہ (وَجِیْہْ) (ع) (۱) حسین - خوب صورت - خوش رُو - خوش وضع - خوش نما (۲) صاحبِ جاہ مرد (۳) زیبا - موزون ؛

و-ح

وحدانی (وَحْ - دَا - نِیْ) (ف) ایک سے نسبت رکھنے والا ؛
وَحْدَانِیَت (ع) مؤنث - ایک ہونا - خُدا کی یکتائی - توحید - یگانگی ؛
وحدت (وَحْ - دَتْ) (ع) مؤنث - ایک ہونا - توحید - یگانہ ہونا - یگانگی - یکتائی ؛ وحدتِ ارادی - مؤنث - آدمیوں کا جبر کے بغیر اپنے ارادے سے یک دل ہونا ؛ وحدت الوجود - وحدتِ وجود - مؤنث (صوفیوں کی اصطلاح) ہر وجود مخلوق کو خالق کا وجود تصور کرنا ؛ وحدتِ قہری - مؤنث - وہ وحدت، جو بادشاہ کے قہر و غضب سے لوگوں میں حاصل ہو ؛ وحدتِ نوعی - مؤنث - وہ وحدت، جو ایک جنس ہونے کے سبب حاصل ہو ؛ وَحْدَہٗ - وہ اکیلا ہے ؛ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ - خُدا ایک ہے، اُس کا کوئی شریک نہیں ؛
وحش (وَحْشْ) (ع) مذکر - وحشی کی جمع - جنگلی چوپایے ؛ وحش و طیر - مذکر - جنگلی چوپایے اور پرندے ؛ وحشی (۱) مذکر - جنگلی جانور، جو آدمیوں سے بھاگ جاتے - صحرائی - جنگلی - بھڑکنے والا - گھبرانے والا - ایک حال پر نہ رہنے والا (۲) غیر مانوس (۳) غیر مہذب (۴) ظالم (۵) مذکر - جنگلی آدمی (۶) اُجڈ آدمی ؛
وحشت (وَحْ - شَتْ) (ع) مؤنث (۱) غیر مانوسی - رمیدگی - نفرت (۲) (و) خفقان - سودا - دیوانگی - جنون - گھبراہٹ (۳) جہالت - حیوانیت (۴) اُداسی (۵) آوارگی (۶) ڈر - خوف - ہیبت ؛ وحشت اثر (ف) (۱) وہ (خبر) جس سے وحشت پیدا ہو (۲) ہولناک - ہیبت ناک ؛ وحشت انگیز - ہولناک - ڈراؤنا - بھیانک - مہیب - خوفناک - جس سے وحشت پیدا ہو ؛ وحشت برسنا (ل) (۱) اُداسی چھانا (۲) ویرانی برسنا - ویرانہ ہونا (۳) جنون نمایاں ہونا ؛
وحشت زدہ (ف) (۱) گھبرایا ہوا - حواس باختہ (۲) اُداس (۳) سودائی - خبطی - مجنون - پاگل ؛ وحشت ناک - بھیانک - خوفناک - گھبرا دینے والا ؛
وحشت ہونا (ل) (۱) پریشان ہونا - گھبرانا (۲) جنون ہونا - سودا ہونا - خفقان ہونا ؛
وَحَل (وَحَلْ) (ع) مذکر و مؤنث - گیلی مٹی - دلدل - کیچ - کیچڑ ؛
وحوش (وُحُوْشْ) (ع) وحش کی جمع - صحرائی جانور ؛
وحی (وَحْیْ) (ع) مؤنث (۱) پیغامِ الٰہی - خدا کا کلام، جو پیغمبروں پر اُترتا تھا - کتابِ الٰہی (۲) (کنایۃً) وہ کلام جس سے انکار کی گنجائش نہ ہو (۳) وہ بات، جو اللہ تعالیٰ کسی کے دل میں ڈال دے ؛
وحید (وَحِیْدْ) (ع) (۱) اکیلا - الگ - تنہا - یگانہ - یکتا - لاثانی - بے نظیر - فرد (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ؛ وحید العصر - یکتائے زمانہ ؛

و-د

وِداد (وِدَادْ) (ع) مؤنث - الفت - محبت - اُنس - اتحاد - چاہت - دوستی ؛
وداع (وَدَاعْ) (ع) مؤنث (۱) رخصت - روانگی (۲) دلھن کی اپنے گھر سے رخصت (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛
ودود (وَدُوْدْ) (ع) (۱) دوست (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ؛
ودھوا (وِدْھ - وَا) (ہ) بیوہ عورت ؛
وِدّیا (وِدْ - دِیَا) (س) مؤنث (۱) بِدّیا - علم - فن - ہنر - گُن (۲) گیان (۳) ادراک - سمجھ (۴) استعداد - واقفیت ؛
ودیعت (وَدِیْ - عَتْ) (ع) مؤنث - امانت - دھروڑ ؛

و-ر

وَر (وَرْ) (ف) (۱) اَور کا مخفف جیسے دانش ور (۲) وَاگر کا مخفف جیسے ورنہ (۳) (و) فائق - غالب (۴) بڑا - بزرگ - نامی (دہنا، ہونا کے ساتھ) ؛
ورا - یا - ورائے (ع - وَرَاء) (۱) پس - عقب - پیچھے (۲) پسِ پشت - پیچھے کی طرف (۳) سوا - ماسوا ؛
وراثت (وِرَاثَتْ) (ع) مؤنث - ورثہ - میراث - ترکہ ؛ وراثت نامہ - (ف) مذکر - وارث ہونے کی تحریر یا سند ؛ وراثتاً - ترکے کے طور پر وراثت کے رُو سے ؛
ورثاء (وُرَ - ثَا) (ع) مذکر - وارث کی جمع - میراث پانے والے ؛ وَرْثہ - مذکر - میراث - مُردے کا مال - ترکہ ؛ وَرَثَہ - دیکھیے وُرَثَا ؛ وَرْثہ پانا (ل) میراث ملنا - حق پانا - ترکہ حاصل کرنا ؛ وَرْثہ دار (ف) وارث ؛

ورثے میں آنا (ف) مُردے سے حق پہنچنا۔ ترکے میں آنا۔ حصّے میں آنا۔

وَرد (وَرْد) (ع) مذکر۔ گلاب کا پھول۔ گُلِ سُرخ۔

وِرد (وِرْد) (ع) مذکر (۱) ہر روز کا کام۔ معمول۔ وہ کام، جو روز مرّہ بلاناغہ کیا جائے (۲) وظیفہ (رکھنا، کرنا، ہونا کے ساتھ)۔ وِردِ زبان ہونا۔ زبان پر چڑھنا۔ ازبر ہونا۔ یاد ہونا۔

وردی (وَرْ۔ دِی) [یہ لفظ عربی وَرْد یعنی گلاب کا پھول یا گُلِ سُرخ۔ یا۔ لاطینی وَرْڈ (نیلا رنگ) سے مرکب ہے۔ فیلن صاحب کی رائے میں یہ انگریزی آرڈر (یونی فام) کا معرب ہے۔] مؤنث (۱) سپاہ کی پوشاک۔ فوج کا نشان۔ وہ لباس یا نشان، جس سے لوگ پہچانے جائیں (۲) (ف) وہ باجا، جو لشکر میں رات کے دس بجے سو جانے اور چار بجے صبح جاگ اُٹھنے کے لیے بجتا ہے۔ وردی بجانا (ف) شاہی محل پر تنبور، تاشا وغیرہ بجانا۔ نوبت بجانا۔ فوجی مقام میں باجا وغیرہ بجانا۔ وردی بجنا۔ لازم۔ وردی بولنا (۱) کسی واقعے کی خبر لاکر دینا۔ رپورٹ کرنا۔ اطلاع دینا (۲) جاسوسوں اور مخبروں کا آکر کوئی خاص بات بتانا۔ وردی میجر۔ مذکر۔ ہندوستانی افسر، جو فوج کو احکام سُناتا اور نوکری تقسیم کرتا ہے۔

ورزش (وَرْ۔ زِش) (ف) مؤنث (۱) (لغوی) ہر وہ کام، جو حصولِ کمال کے لیے بار بار کیا جائے (۲) کسرت۔ ریاضت۔ ورزش خانہ۔ مذکر۔ وہ جگہ، جہاں ورزش کی جاتی ہے۔ ورزش کرنا (ف) ریاضت کرنا۔ کسرت کرنا۔ ڈنڈ پیلنا۔ ورزشی۔ ورزش کیا ہوا، کسرتی۔

ورطہ (وَرْ۔ طَہ) (ع) مذکر (۱) ہلاکت کا مقام۔ وہ زمین، جہاں راستہ نہ ہو (۲) (مجازاً) پانی کا چکر۔ گرداب۔ بھنور۔

ورع (وَرَع، وَرْع) (ع) مؤنث۔ تقویٰ۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔

ورغلانا۔ ورغلنا (وَرْ۔ غَلا۔ نا، وَرْ۔ غَلا۔ نا) ناعا (دہلی علا لکھنؤ) (ف) (۱) اُکسانا۔ بہکانا۔ بھڑکانا (۲) اِغوا کرنا (۳) دھوکا دینا۔ ٹھگنا۔

ورق (وَرَق) (ع) مذکر (۱) کاغذ کا ٹکڑا یا پرچہ (۲) پھول کی پنکھڑی (۳) طلائی یا نقرئی ورق، جو رنگ اور چمک دمک بڑھانے کے لیے لعل اور یاقوت کے نگینوں کے نیچے رکھتے ہیں (۴) گنجفے کا پتّا (۵) چاندی یا سونے کا باریک کُٹا ہوا ٹکڑا (۶) باریک اور چوڑی تراشی ہوئی چیز۔ قاش (اتارنا، اُترنا، اُلٹنا، بکھر جانا، پلٹنا، توڑ دینا، سیاہ کرنا، کوٹنا، لپیٹنا کے ساتھ)۔ وَرَقِ الخیال۔ مذکر۔ بھنگ۔ وَرَق ساز (ف) چاندی سونے کے ورق بنانے والا۔ زرکوب۔ وَرَقِ کائنات۔ مذکر (کنایۃً) دُنیا۔ وَرَق گردانی کرنا (ف) (۱) کتاب کے وَرَق اُلٹنا (۲) کچھ نہ پڑھنا اور یونہی وقت کھونا۔ وَرَقِ گُل (ف) مذکر۔ پنکھڑی۔ ورقہ (عربی میں بفتحتین، اردو میں بالفتح) مذکر۔ ایک وَرَق۔ ورقی (عربی میں بفتح اوّل و دوم، اردو میں بالفتح) وَرَق سے منسوب۔ پرت والا۔

ورکشاپ (وَرْک۔ شَاپ) (انگ۔ Workshop) مذکر۔ کارخانہ۔

وَرلا (وَر۔ لَا) (ہ) (دہلی) اِدھر کا۔ اِس طرف کا۔ اِس طرف والا۔ وَرلا سِرا۔ مذکر (دہلی) اِدھر کا سِرا۔

ورم (وَرَم) (ع) مذکر۔ سُوجن۔ آماس۔ بیماری یا چوٹ کے باعث جسم کا پھول جانا (آنا، اُتارنا، اُتار دینا، اُتر جانا، جاتا رہنا، کر جانا، ہو جانا کے ساتھ)۔

ورنہ (وَرْ۔ نَہ) (ف) نہیں تو۔ وگرنہ۔ پھر۔

ورود (وُرُوْد) (ع) مذکر۔ وارد ہونا۔ اُترنا۔ پہنچنا (پانا کے ساتھ)۔

ورے (وَرِے) (ہ) (۱) اس طرف۔ اِدھر (۲) پاس۔ نزدیک (بعض فصحائے لکھنؤ نے ترک کر دیا ہے)۔

وَرید (وَرِیْد) (ع) مؤنث۔ شہ رگ۔

و۔ ز

وزارت (وَزا۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) وزیر کا عہدہ۔ وزیر ہونا۔ وزیر کا کام (۲) وزیر کا دفتر۔ مدارالمہامی۔

وُزراء (وُزَرا) (ع) مذکر۔ وزیر کی جمع۔

وزن (وَزْن) (ع) مذکر (۱) گرانی۔ بار۔ بوجھ (۲) جانچ۔ تول۔ اندازہ (۳) پیمانہ۔ مقدار (۴) شعر کا وزن۔ بحر (۵) قدر۔ عزّت۔ وقعت (۶) متانت۔ سنجیدگی (۷) آزمائش۔ امتحان (رکھنا، کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

وزیر (وَزِیْر) (ع) مذکر (۱) (لغوی) کام یا بوجھ بٹانے والا (۲) بادشاہ کے آگے کام کرنے والا۔ مدارالمہام۔ دیوان۔ منتری (۳) شطرنج کا ایک مُہرہ۔ وزیرِ اعظم (ف) مذکر۔ سب سے بڑا وزیر۔ وزیرِ تعلیم۔ مذکر۔ تعلیم کا حاکمِ اعلیٰ۔ وزیرِ زراعت۔ مذکر۔ محکمۂ زراعت کا اعلیٰ حاکم۔ وزیرِ مال۔ مذکر۔ آمد و خرچِ شاہی کا ناظم۔ رتق و فتقِ معارف کا حاکمِ اعلیٰ۔ ریونیو ممبر۔ وزیری۔ مؤنث (۱) وزارت (۲) مذکر۔ ایک قسم کا انجیر (۳) صوبۂ سرحد کے پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔ وزیرے چنیں شہریارے چنیں۔ مثل۔ جیسے افسر، ویسے ماتحت۔ دونوں کا حال ابتر ہے۔

و۔ س

وسادہ (وِسا۔ دَہ) (ع) مذکر۔ تکیہ۔ بالیں۔ بالش۔

وساطت (وَسا۔ طَت) (ع) مؤنث (۱) درمیان ہونا۔ اعتدال (۲) واسطہ۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ توسّل۔ توسّط۔

وَساوس (وَسا۔ وِس) (ع) مذکر۔ وسواس کی جمع۔ وسوسے۔

وسائل (وَسا۔ اِل) (ع) وسیلہ کی جمع۔ ذریعے۔ وسیلے۔ واسطے۔

وسط (ع) مذکر (۱) (بفتحِ اوّل و دوم) کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ (۲) (بالفتح) کسی چیز کا بیچ۔ وُسطیٰ۔ وَسَطی۔ وُسطیٰ (۱) اوسط کی تانیث۔ میانہ۔ اوسط درجے کا۔ بیچ کا (۲) مؤنث۔ بیچ کی انگلی۔ وسطی (۱) درمیانی۔ بیچ کا (۲) متوسط۔ اوسط درجے کا۔ بڑا نہ چھوٹا۔ وسطی مدرسہ۔

وسع (وُسْعْ) (ع) مؤنث (۱) چوڑاپن - چوڑائی - کشادگی - فراخی (۲) میدان (۳) سمائی - گنجائش (۴) جسامت - عمق - طول - عرض - رقبہ - پیمائش ؛ وُسْعَت - مؤنث - چوڑاپن - پھیلاؤ - فراخی (دینا کے ساتھ) ؛

وِسکی (وِسْ - کِیْ) (انگ - Whisky) مؤنث - ایک قسم کی شراب ؛

وِسل (وِسَلْ) (انگ - Whistle) مذکر - سیٹی (بجانا کے ساتھ) ؛

وسمہ (وَسْ - مَہْ) (ع) مذکر (۱) نیل کے پتے، جن سے خضاب کیا جاتا ہے (۲) اُبٹنا - گلگونہ (کرنا، لگانا، لگنا کے ساتھ) ؛

وسواس (وَسْ - وَاسْ) (ع) مذکر (۱) بُرا خیال، جو دل میں آئے - خوف - وہم - تردد (آنا، گزرنا، لانا کے ساتھ) (۲) (لکھنؤ) ایک قسم کا چاول ؛ وَسْوَاسِیْ - شکی - وہمی ؛

وسوسہ (وَسْ - وَسَہْ) (ع) مذکر - وہم - وسواس ؛

وسیع (وَسِیْعْ) (ع) کشادہ - فراخ - چوڑا - بہت لمبا چوڑا ؛ وسیع الفضا - وہ جگہ، جس کا صحن بہت لمبا چوڑا ہو ؛ وَسِیْعُ النَّظَر - جس کی نظر وسیع ہو - جس کی معلومات بہت زیادہ ہوں - بلند خیال ؛ وَسِیْعُ النَّظَرِیْ - مؤنث - نظر کا وسیع ہونا - بلند خیالی - کثرتِ معلومات ؛

وسیلہ (وَسِیْ - لَہْ) (ع) مذکر (۱) سبب - ذریعہ (۲) طفیل - سہارا (۳) اعانت - حمایت - دست گیری (۴) بادشاہ کے ہاں رسوخ اور نزدیکی (پیدا کرنا کے ساتھ) ؛

وَسِیْم (وَسِیْمْ) (ع) (۱) نشان کیا گیا (۲) خوب صورت - جمیل ؛

و - ش

وَش (وَشْ) (ف) مانند ؛

وُشاق (وُشَاقْ) (ت) مذکر - نوعمر غلام - خدمت گار ؛

وشنو (وِشْ - نُوْ) (ہ) مذکر - ہندوؤں کا دوسرا دیوتا، جو مخلوق کی پرورش کرتا ہے - پروردگار - رب ؛

وشواش (وِشْ - وَاشْ) (ہ) مذکر - اعتماد - بھروسا - یقین ؛

و - ص

وصّاف (وَصْ - صَافْ) (ع) بہت تعریف کرنے والا ؛

وصال (وِصَالْ) (ع) مذکر (۱) ملاقات (۲) ہم بستری - وصل (۳) وفات - انتقال - موت (۴) بزرگانِ دین کا انتقال (۵) (تصوف) وحدت میں فنا ہو جانا (ہونا کے ساتھ) ؛

وصایا (وَصَا - یَا) (ع) مذکر - وصیت کی جمع ؛

وصف (وَصْفْ) (ع) مذکر (۱) خوبی - صفت - تعریف - بھلائی - عمدگی (۲) عادت - خصلت - خو - خاصیت (۳) سلیقہ - جوہر - ہنر - کمال (۴) پہچان ؛

وصل (وَصْلْ) (ع) مذکر (۱) ملاقات - میل - ملاپ - ملنا - جوڑ (۲) معشوق سے ملنا - ہم بستری - جماع - صحبت - مجامعت - مباشرت (۳) چسپاں ہونا - پیوست ہونا - جوڑ سے جوڑ مل جانا (ہونا کے ساتھ) ؛ وصلت (ع - وُصْلَتْ، و - وَصْلَتْ) دیکھیے "وصل" نمبر ۲ (اب بعض فصحائے لکھنؤ استعمال نہیں کرتے۔) ؛

وصلچہ (وَصْلْ - چَہْ) (ف) مذکر - پارچہ - پارہ - دھجی - ریزہ - ٹکڑا - کپڑے یا کاغذ کا ٹکڑا ؛

وصلہ (وَصْ - لَہْ) (ع) مذکر (۱) دیکھیے "وصلچہ" (۲) پیوستگی - پیوند (۳) اپنایت - خویشی ؛

وصلی (وَصْ - لِیْ) (ع) دو باہم وصل کیے ہوئے کاغذوں کا ورق، جس پر خوش نویس قطعہ وغیرہ کی مشق کرتے ہیں - مشق کرنے کا موٹا کاغذ ؛

وصول (وُصُوْلْ) (ع) مذکر (۱) پہنچنا (۲) پہنچا ہوا - پایا ہوا - حاصل (۳) جمع - بے باق (پانا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛ وصولی (ف) (۱) واجب الوصول - قابلِ وصول - یافتنی (۲) مؤنث - قابلِ وصول روپیہ ؛

وصی (وَصِیْ) (ع) مذکر (۱) وہ شخص، جسے وصیت کی گئی ہو - وصیت پر عمل کرنے والا (۲) منصرم - سربراہ کار (۳) (کنایۃً) حضرت علیؓ ؛ وَصِیَّت - مؤنث - سفر کو جاتے یا مرتے ہوئے نصیحت کرنا کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا (کرنا کے ساتھ) ؛ وصیت نامہ (ف) مذکر - تحریری وصیت ؛

و - ض

وضاحت (ع - وَضَاحَتْ - بہت روشن - روشن کرنے والا - و - وَضَاحَتْ) مؤنث - واضح کرنا - تفصیل سے بیان کرنا ؛

وضع (وَضْعْ) (ع) مؤنث (۱) رکھنا - ترتیب دینا - بنانا (۲) بناوٹ - ساخت (۳) دستور - رَوِش - طرز - رنگ ڈھنگ - طور طریق - صورت شکل - چال چلن - فیشن (۴) درجہ - حالت - گت (۵) جننا (۶) بنیاد (۷) (ف) وصول - مجرا - تفریق - منہا - خارج (۸) ادا - انداز - آن (۹) چسپاں اور موزوں بات - پھبتی ؛ وضع بدلنا (۱) حالت بدلنا - طرز بدلنا - عادت اور ڈھنگ میں فرق آنا ؛ وضع حمل (ف) مذکر - بچہ پیدا ہونا ؛ وضع دار (۱) باوضع - خوش وضع - سجیلا - بانکا - طرح دار (۲) خوب صورت (۳) اپنی چال اور روش پر قائم رہنے والا - پابندِ وضع ؛ وضع داری - مؤنث (۱) خوش اسلوبی - طرح داری - خوبی - بانکپن (۲) خوب صورتی (۳) شعار - وتیرہ - سلیقہ - طریقہ - ڈھنگ (۴) ایک دفعہ اختیار کی ہوئی روش کو مرتے دم تک نباہنا ؛ وضع کرنا (۱) حساب سے خارج کرنا - منہا کرنا - مجرا کرنا - نکالنا - کاٹنا - حساب میں لگا لینا - وصول کرنا (۲) ایجاد کرنا ؛ وضع کہے دیتی ہے - انداز سے نمایاں ہوتا ہے ؛ وضع ہونا (۱) منہا ہونا - مجرا ہونا - کٹنا - نکلنا - حساب میں لگنا (۲) ایجاد ہونا ؛ وَضْعَا‌ئِیں - مؤنث (ع) وضع کی جمع - وضعیں - طرزیں ؛

وضو (وُ۔ضُوْ) (ع) مذکر۔ نماز کے لیے ہاتھ، منہ، پاؤں وغیرہ بہ طریقِ شریعت دھونا۔ طہارتِ نماز۔ **وضو تازہ کرنا** (ف) وضو ہوتے ہوئے دوبارہ وضو کرنا۔ **وضو توڑنا** (۱) وضو ناپاک کرنا (۲) زہد و تقویٰ قائم نہ رہنے دینا۔ **وضو ٹوٹ جانا۔ یا۔ ٹوٹنا** (۱) وضو جاتا رہنا۔ طہارت قائم نہ رہنا (۲) (کنایۃً) نیت میں فرق آنا (۳) (کنایۃً) توبہ توڑ دینے والا فعل سرزد ہونا۔ **وضو ٹھنڈے۔ یا۔ ڈھیلے کرنا**۔ متعدی۔ **وضو ٹھنڈے۔ یا۔ ڈھیلے ہونا** (کنایۃً) ہمت پست ہونا۔ ولولہ جاتا رہنا۔ نیت بدل جانا۔ **وضو کرنا**۔ نماز کے لیے ہاتھ، منہ، پاؤں وغیرہ دھونا۔ طہارتِ نماز کرنا۔

وضوح (وُ۔ضُوْحْ) (ع) مذکر (۱) اظہار۔ ظہور (۲) صراحت۔ وضاحت (۳) شہادت۔ ثبوت۔

وضیع (وَ۔ضِیْعْ) (ع) کمینہ۔ ادنیٰ۔ ناکس۔ نیچ۔ نالائق۔ فرومایہ۔ **وضیع و شریف**۔ چھوٹا بڑا۔ ادنیٰ اعلیٰ۔

و۔ط

وطن (وَ۔طَنْ) (ع) مذکر (۱) پیدا ہونے کی جگہ۔ رہنے اور قیام کرنے کی جگہ (۲) اپنا دیس۔ اپنا ملک۔ **وطنِ مالوف** (ف) مذکر۔ وہ جگہ، جہاں کے رہنے کی عادت پڑی ہوئی ہو۔ پیارا وطن۔ **وطنی** (۱) ایک جگہ کا رہنے والا۔ ایک ملک کا۔ ہم وطن (۲) دیسی۔

و۔ظ

وظائف (وَ۔ظَا۔ئِفْ) (ع) مذکر۔ وظیفہ کی جمع۔

وظیفہ (وَ۔ظِیْ۔فَہْ) (ع) مذکر (۱) وہ چیز، جو ہر روز کے لیے مقرر ہو (۲) روزینہ۔ طلب۔ تنخواہ۔ درماہہ (۳) پنشن (۴) روزمرہ پڑھنے کی دعا (۵) مددِ معاش۔ جاگیر (۶) وہ رقم، جو طالب علم کی امداد کے لیے مقرر کی جائے (۷) کسی بات کی رَٹ۔ **وظیفہ بند کرنا** (ف) (۱) روزینہ روک دینا (۲) تنخواہ یا سکالرشپ بند کر دینا (۳) پنشن ضبط کرنا۔ **وظیفہ پڑھنا۔ یا۔ کرنا**۔ معمول کے مطابق اوراد کا ادا کرنا۔ معمول باندھ کر کچھ دعا پڑھنا۔ **وظیفہ خوار** (ف) مذکر۔ روزینہ دار۔ تنخواہ پانے والا۔

و۔ع

وعدہ (وَعْ۔دَہْ) (ع) مذکر (۱) اقرار۔ قول قرار۔ بچن (۲) اقرار نامہ (۳) موت کا وقت۔ مرنے کا دن۔ **وعدہ آجانا۔ یا۔ آپہنچنا** (ف) وقت آپہنچنا۔ موت کا وقت قریب آجانا۔ **وعدہ برابر آنا۔ یا۔ ہونا**۔ زندگی کا وقت ختم ہونا۔ موت کا وقت آنا۔ **وعدہ ٹالنا**۔ اقرار سے بچنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔ **وعدہ خلاف۔ وعدہ شکن** (ف) قول کا جھوٹا۔ اقرار کا جھوٹا۔ **وعدہ خلافی**۔ مؤنث۔ اقرار کے خلاف کرنا۔ بے وفائی۔ عہد شکنی۔ **وعدۂ شب درمیان**۔ مذکر۔ دوسرے دن کا وعدہ۔ **وعدہ فراموش**۔ وعدہ یاد نہ رکھنے والا۔ اقرار بھول جانے والا۔ **وعدہ کرنا** (ف) قول دینا۔ اقرار کرنا۔ عہد کرنا۔ زبان دینا۔ **وعدہ لینا**۔ عہد لینا۔ قول لینا۔ **وعدہ وعید**۔ مذکر۔ ٹال مٹول، لیت و لعل۔ آج کل۔ امروز فردا۔ حیلہ حوالہ (کرنا کے ساتھ)۔ **وعدہ وفا** (ف) قول کا سچا۔ بات کا پورا۔ وعدے کا سچا۔ اقرار پورا کرنے والا (کرنا کے ساتھ)۔

وعظ (وَعْظْ) (ع) مذکر (عورتوں کی زبانوں پر مؤنث ہے۔) (۱) پند نصیحت (۲) مذہبی لکچر۔ درس۔ بیانِ مسائل (دینا، کرنا، کہنا کے ساتھ)۔

وعلیکم السلام (وَ۔عَلَیْ۔کُمُسْ۔سَلَامْ) (ع) مذکر۔ اور تم پر سلامتی ہو۔

وعید (وَ۔عِیْدْ) (ع) مذکر (۱) سزا دینے کا وعدہ۔ بُرائی کا وعدہ (۲) دھمکی۔

[وعدہ، وعید کا فرق۔ وعید بدی اور شر کے لیے، وعدہ نیکی اور خیر کے لیے مستعمل ہے۔]

و۔غ

وَغَا (وَ۔غَا) (ع) مؤنث (۱) جنگ۔ لڑائی (۲) شور غل۔ ہنگامہ (۳) فساد۔ دنگا (کرنا کے ساتھ)۔

وغیرہ (وَ۔غَے۔رَہْ) (ع) اور اس کے بغیر یا علاوہ۔ اَور بھی۔

و۔ف

وفا (وَ۔فَا) (ع) مؤنث (۱) عہد کا پورا کرنا۔ ایفاءِ وعدہ (۲) تکمیل۔ تعمیل (۳) نباہ کرنا۔ ساتھ دینا (۴) عقیدت مندی۔ خیر خواہی۔ نمک حلالی۔ دیانت۔ **وفادار** (ف) (۱) وفا کرنے والا۔ بامروت (۲) صاف۔ صادق۔ سچا (۳) خیر خواہ۔ نمک حلال (۴) راست باز۔ دیانت دار۔ ایمان دار (۵) معتبر۔ معتمد (۶) متدین۔ **وفاداری**۔ مؤنث (۱) دیانت داری (۲) مروت (۳) نمک حلالی۔ **وفا شعار**۔ جس کی طبیعت اور عادت میں وفا پڑی ہوئی ہو۔ کمال وفادار۔ **وفا کرنا** (ف) (۱) وعدہ پورا کرنا (۲) خیر خواہی کرنا۔ نمک حلالی کرنا (۳) مروت کرنا (۴) ساتھ دینا۔ نباہنا (۵) اطاعت کرنا۔

وفات (وَ۔فَاتْ) (ع) مؤنث۔ انتقال۔ موت۔ قضا۔ اجل۔ مرگ (پانا، کرنا کے ساتھ)۔ **وفات شریف** (ف) مؤنث (۱) کسی بزرگ دین کی موت یا وصال (۲) رسول اللہ (صلعم) کا وصال۔

وِفاق (وِ۔فَاقْ) (ع) مذکر (۱) سازگاری۔ موافقت۔ میل (۲) محبت۔ اتفاق۔ صلح۔

وفد (وَفْدْ) (ع) مذکر (۱) کسی کا پیغام لے کر کسی کے پاس جانا (۲) وافد کی جمع۔ ایلچی۔ قاصد لوگ (۳) نمائندوں کی جماعت۔

وفق (وَفْقْ) (ع) مذکر (۱) مطابق۔ موافق (۲) مطابقت۔ موافقت۔

وفود (وُ فُوْد) (ع) مذکر - وافد کی جمع الجمع - بہت سے قاصد - پیغام لے جانے والے - نمائندوں کی جماعتیں ⁂

وفور (وُ فُوْر) (ع) مذکر - زیادتی - افراط - کثرت - بہتات ⁂

و - ق

وَقّاد (وَ قْ - قَاد) (ع) بے حد چمکیلا - کمال بھڑکیلا - انتہائی روشن ⁂

وَقار (وَ قَار) (ع) مذکر (۱) حلم - بُردباری - ثابت قدمی - استقلال (۲) جاہ و جلال - قدر و منزلت (۳) سنجیدگی - متانت (۴) قرار - سکون - آرام ⁂

وقاع (وِقَاع) (ع) مؤنث (۱) جنگ - لڑائی - یورش - حملہ - دھاوا (۲) جماع ⁂

وقائع (وَقَا - اِع) (ع) مذکر - وقیعہ کی جمع (۱) واقعات - حالات - خبریں - جنگ کے واقعات (۲) مصیبتیں - حادثے - واردات - سانحات (۳) لڑائیاں ⁂ **وقائع نگار - وقائع نویس** (ف) مذکر - اخبار نویس - نامہ نگار - مخبر ⁂ **وقائع نگاری** (ف) مؤنث - اخبار نویسی - نامہ نگاری - پرچہ نویسی ⁂

وقائع و حوادث - مذکر - واقعات اور حادثے ⁂

وَقت (وَقْت) (ع) مذکر (۱) ہنگام - زمانہ - عرصہ (۲) فصل - موسم (۳) موقع - مہلت - فرصت - گھات - داؤں (۴) سماں - جگ (۵) زندگی - عمر - حیات (۶) دفعہ - بار - نوبت - باری (۷) گت - حالت (۸) میعاد - مدت (۹) (و) (مجازاً) مرگ - موت کا وقت (۱۰) دم - ساعت - گھڑی (۱۱) مصیبت - بُرا وقت (۱۲) (و) دقت - دشواری (۱۳) زمانہ (مرکبات میں) ⁂ **وقت آپہنچنا** (و) وعدہ آپہنچنا - مرنے کا زمانہ قریب آنا - موت کا وقت آنا ⁂ **وقت آجانا** (۱) رُت آجانا - موسم آجانا (۲) کام کا وقت آپہنچنا (۳) مصیبت آجانا (۴) موت کا وقت آجانا ⁂ **وقتِ بد** (ف) مذکر - بُرا وقت - مصیبت کا وقت ⁂ **وقت برابر آنا - یا - ہونا** (و) موت کا وقت آنا - زندگی کی مدت پوری ہونا ⁂ **وقت بوقت** (ف) کبھی کبھی - بعض اوقات - وقتاً فوقتاً ⁂ **وقت بے وقت** - ہر وقت - مدام - ہمیشہ - پے درپے - برابر - نِت - سدا ⁂ **وقت پانا** (و) موقع یا فرصت پانا - موقع حاصل کرنا ⁂ **وقت پر** (۱) ہر وقت - حسبِ موقع - خاص موقع پر - حسبِ ضرورت - ضرورت پر (۲) مصیبت پر (۳) لڑائی پر ⁂

وقت پر اوسان (بجا) رہنا - مصیبت کے وقت نہ گھبرانا ⁂

وقت پر بھاگ جانا ہی مردانگی ہے - مثل - موقع کے مطابق ہی کام کرنا دانائی اور ہنرمندی ہے ⁂ **وقت پر پہنچنا** - حسبِ موقع پہنچنا - ٹھیک موقع پر آنا - ضرورت پر پہنچنا ⁂ **وقت پر کام آنا** - موقع پر کام دینا - ضرورت پر کام آنا ⁂ **وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں** - مثل - مصیبت یا ضرورت کے وقت ادنیٰ سے ادنیٰ کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ⁂ **وقت پر گولی بچانا** (۱) موقع زد سے بچنا (۲) موقع پر ٹل جانا -

وقت پر دغا دینا ⁂ **وقت پڑنا** (۱) ضرورت ہونا - ضرورت پیش آنا (۲) بپتا پڑنا - مصیبت پڑنا (۳) مشکل پڑنا - وقت پیش آنا ⁂ **وقت پڑے کو جانیے کو بَیری کو میت** - مثل - مصیبت پڑتے ہی معلوم ہوتا ہے کہ کون دشمن ہے اور کون دوست ⁂ **وقت تنگ ہونا** - کسی کام کا وقت تھوڑا باقی ہونا ⁂ **وقت کاٹنا** - وقت گزارنا - دن پورے کرنا ⁂ **وقت کو غنیمت جانیے** - موقع غنیمت سمجھنا چاہیے - موقع پر کام کرلینا چاہیے ⁂ **وقت کھونا** - وقت ضائع کرنا - وقت رائگاں کرنا ⁂ **وقت کے بادشاہ ہیں** (۱) کمال بے فکر اور بے غم ہیں (۲) حاکم وقت ہیں - ان کے بہت اختیارات ہیں - یہ بہت کچھ کرسکتے ہیں ⁂

وقت کے وقت - بروقت - عین وقت پر - عین ضرورت پر ⁂

وقت گزر گیا، بات رہ گئی - مثل - کام نکل گیا شکایت رہ گئی ⁂

وقت نا وقت - وقت بے وقت - گاہ بے گاہ - کبھی کبھی ⁂

وقت نکالنا (۱) فرصت نکالنا - موقع حاصل کرنا (۲) وقت گزارنا - وقت گزاری کرنا (۳) ضرورت نکالنا ⁂ **وقت نکل جاتا ہے، بات رہ جاتی ہے - یا وقت نہیں رہتا، بات رہ جاتی ہے** - مثل - کسی کا کام نہیں رُکتا، البتہ مصیبت کے وقت، جو کام نہ آئے اس کی بدسلوکی یاد رہ جاتی ہے ⁂ **وقت واپسیں** (ف) مذکر (۱) آخر وقت - نزع کا وقت (۲) جان کنی کے وقت - مرتے وقت - مرتے دم ⁂ **وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے** (و) ہر چیز اپنے موقع اور محل پر اچھی ہوتی ہے ⁂ **وقت وقت کا راگ ہے** - جیسا موقع ہو، ویسی ہی بات مناسب ہوتی ہے ⁂ **وقت وقت کی راگنی** - مؤنث (کنایۃً) موقع موقع کا کام ⁂ **وقت ہاتھ سے دینا** - موقع نہ کھونا ⁂ **وقتاً فوقتاً** (ع) (۱) کبھی کبھی (۲) اپنے اپنے موقع پر - حسبِ موقع ⁂ **وقتی** (ف) وقت کا، زمانے کا - موجودہ زمانے کا ⁂

وقر (وَقْر) (ع) مذکر (۱) گرانی - بوجھ (۲) (مجازاً) حلم و تمکین (۳) بڑائی - بزرگی - عظمت - شان و شوکت - قدر و منزلت - آبرو - عزت (۴) (و) رتبہ - مرتبہ - درجہ - پایہ - منصب (اُٹھ جانا، پانا، کھونا کے ساتھ) ⁂

وَقِس علیٰ ہٰذا (ع) اور اسی پر اَور باتوں کو بھی قیاس کرو ⁂

وقعت (وَ قْ - عَت) (ع) مؤنث (۱) (لغوی) لڑائی کی سختی (۲) (مجازاً) ساکھ - اعتبار - عزت (۳) اونچائی - بلندی ⁂ **وقعت کھونا** - بات کھونا - عزت یا اعتبار نہ رکھنا ⁂

وقف (وَقْف) (ع) مذکر (۱) قرآن شریف پڑھنے میں کہیں کم، کہیں زیادہ ٹھہرنا (۲) خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز، جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو (۳) رفاہِ عام کی چیز (۴) حرفِ ساکن کے بعد حرفِ غیر متحرک واقع ہونا (۵) مشغول - مصروف - منہمک (کرنا، ہونا کے ساتھ) ⁂ **وقف اولاد - یا - وقف علی الاولاد** - مذکر (فقہ) وہ چیز جو اپنی اولاد کے لیے وقف کریں اور اس میں دوسرے کو دخل نہ ہو ⁂ **وقف نامہ** (ف) مذکر -

وہ دستاویز، جو مال وقف کے متعلق اس کے متولی کو لکھ کر دی جائے۔

وَقْفَہ (ع) مذکر (۱) ٹھہراؤ، جو قرآن عزیز پڑھنے میں کرتے ہیں (۲) سکون۔ قیام۔ ٹھہراؤ (۳) تھوڑی سی دیر۔ مہلت۔ ڈھیل۔ تامل۔ دیر۔ توقف۔ اٹکاؤ۔ التوا (۴) چھٹی۔ فرصت ٭ **وقفہ دینا** (ف) فرصت دینا۔ موقع دینا۔ مہلت دینا ٭

وَقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ النَّار (ع) اور بچا لے ہمارے پروردگار! ہمیں آگ (دوزخ) کے عذاب سے بچا۔ گرمی کی شدت سے پریشانی ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے ٭

وقوع (وُقُوع) (ع) مذکر۔ واقع ہونا۔ اظہار۔ ظہور۔ صدور ٭ **وقوعِ جرم** (ف) مذکر۔ کسی گناہ کا سرزد ہونا ٭ **وقوع میں آنا** (ف) سرزد ہونا۔ واقع ہونا۔ ظاہر ہونا۔ ظہور میں آنا ٭ **وقوعہ** (عوام) (صحیح واقعہ ہے) مذکر (۱) سانحہ۔ حادثہ۔ صدمہ۔ واردات (۲) فساد۔ ہنگامہ۔ دنگا ٭

وقوف (وُقُوف) (ع) مذکر (۱) کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا (۲) (ف) سلیقہ۔ تمیز۔ شعور۔ علم (۳) مشق۔ تجربہ۔ مہارت (۴) استعداد۔ لیاقت (پکڑنا، پیدا کرنا کے ساتھ) **وقوف دار** (ف) تجربہ کار۔ واقف ٭

وَقِیع (وَقِیْع) (ع) (۱) بلند (۲) (مجازاً) ذی عزت۔ با اعتبار ٭

و۔ک

وکالت (وِکَا۔لَت) (ع) مؤنث (۱) نیابت۔ قائم مقامی (۲) وکیل کا پیشہ (۳) دوسرے شخص کی طرف سے پیروی کرنا (۴) ضامن ہونا۔ ذمہ داری ٭ **وکالت کرنا** (ف) (۱) ایلچی گری کرنا۔ وکالت کا کام کرنا (۲) کسی کی طرف سے پیروی کرنا ٭ **وکالت نامہ** (ف) مذکر (قانون) کسی مقدمے میں وکیل ہونے کی سند ٭ **وکالت نامہ تصدیق ہونا** (ف) مختار نامے پر حاکم کے دستخط ہونا ٭ **وکالتاً** (ع) وکیل کے ذریعے سے۔ وکیل کی معرفت ٭

وکٹ (وِکِٹ) (انگ۔ Wicket) مذکر و مؤنث۔ گیند بلے کی وہ لکڑی، جس پر گیند مارتے ہیں ٭

وکٹوریا (وِکٹ۔ ٹو۔ رِیا) (انگ۔ Victoria) (۱) (لغوی) اقبال مند۔ فتح یاب (۲) مؤنث۔ ملکۂ معظمہ (آنجہانی) ٭ **وکٹوریا ٹکنیکل انسٹی ٹیوٹ** (Victoria Technical Institute) مذکر۔ لاہور کی ایک درس گاہ، جہاں دست کاری وغیرہ سکھائی جاتی ہے ٭ **وکٹوریا کراس** (Victoria Cross) مذکر۔ ایک اعزازی تمغہ، جس پر صلیب کی شکل بنی ہوتی تھی۔ یہ تمغہ انگریزی عہدِ حکومت میں کسی بہادرانہ کام کے عوض دیا جاتا تھا ٭

وکیل (وَکِیْل) (ع) مذکر (۱) وکالت کرنے والا۔ پلیڈر۔ قانون دان (۲) نائب۔ قائم مقام۔ مختار (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ٭ **وکیل سرکار** (سرکاری) (ف) وہ وکیل، جو حکومت کی طرف سے فوج داری کی عدالت میں پیروی کرے ٭ **وکیل عام**۔ یا۔ **مطلق**۔ مذکر۔ مختارِ عام۔ مختارِ کل۔ وہ کارندہ، جسے ہر امر کا پورا پورا اختیار حاصل ہو ٭

و۔گ

وگر (وَگَر) (ف) اور اگر۔ اور جو ٭ **وگرنہ**۔ اور اگر نہیں۔ ورنہ (اب اس جگہ "نہیں تو" بیشتر استعمال میں ہے) ٭

و۔ل

وِلا (وِلَا) (ع) مؤنث۔ محبت۔ دوستی۔ ارتباط۔ اتحاد ٭

وِلادت (وِلَا۔دَت) (ع) مؤنث (۱) بچہ جننا (۲) پیدائش ٭

ولایت (وِلَا۔یَت) (ع) مؤنث (۱) حکومت۔ ملک (۲) دیس۔ اقلیم (۳) ایران۔ افغانستان۔ انگلستان (۴) کسی کے کام کی ذمہ داری۔ کفالت (۵) خدا سے نیک بندے کا تقرب (۶) سرپرست ہونا۔ ولی ہونا ٭ **ولایت پانا** (ف) ولی ہونا۔ ولایت کا درجہ حاصل ہونا ٭ **ولایت میں کیا گدھے نہیں ہوتے**۔ مقولہ۔ بے وقوف ہر جگہ ہوتے ہیں ٭ **ولایتاً** (ع) والی وارث کی حیثیت سے۔ از روئے ولایت ٭ **ولایتی** (ف) (۱) ولایت کا رہنے والا۔ غیر ملک کا۔ اجنبی۔ پردیسی (۲) (ف) یورپی۔ انگلستان سے منسوب۔ انگلستان کا بنا ہوا (۳) (کنایتاً) بولی نہ سمجھنے والا۔ جنگلی۔ وحشی۔ ناواقف۔ انجان۔ ناتجربہ کار (۴) کابلی۔ کابل کا رہنے والا۔ کابل کا بنا ہوا۔ مغل پٹھان (۵) قوی ہیکل۔ زور آور۔ نہایت مضبوط ٭ **ولایتی بلی** (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی پشم دار بلی، جو کابل سے آتی اور بے حد خوبصورت ہوتی ہے ٭ **ولایتی پانی**۔ مذکر۔ سوڈا واٹر ٭

ولد (وَلَد) (ع) مذکر۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ لڑکا۔ پوت ٭ **ولد الحرام**۔ حرام کا جنا۔ حرامی۔ فاحشہ عورت کا بچہ ٭ **ولد الحلال**۔ وہ شخص جو شریعت کے مطابق نکاح ہونے سے پیدا ہوا ہو۔ اصیل۔ حقیقی ٭ **ولد الزنا**۔ حرام زادہ ٭ **وَلدِیّت**۔ مؤنث۔ باپ کا نام۔ خاندان۔ گھرانا۔ اصل۔ نسل ٭

وَلَندیزی گفتگو (ف) مؤنث۔ ڈینگ کی بات چیت ٭

ولولہ (وَل۔وَلَہ) (ع) مذکر (۱) شور۔ غل۔ ہنگامہ۔ غوغا (۲) اُمنگ۔ جوش و خروش۔ وفورِ شوق۔ جوشِ عشق (آنا، اٹھنا کے ساتھ) ٭ **وَلوَلے** (ف) مذکر۔ ولولہ کی جمع ٭

ولی (وَلِیّ) (ع) مذکر (۱) (لغوی) صاحب۔ آقا۔ مالک۔ سردار۔ محافظ۔ سرپرست۔ مربی (۲) یار۔ دوست۔ مددگار (۳) قابض۔ متصرف (۴) بزرگ دین۔ مقرب خدا۔ محبوب الٰہی۔ مرشد۔ پیر (۵) پرہیزگار۔ پارسا۔ زاہد۔ عارف (۶) شاکر۔ صابر۔ نیک بخت ٭ **ولی اللہ**۔ مذکر (۱) مقرب الٰہی۔ خدا رسیدہ (۲) زاہد۔ عابد۔ سالک ٭ **ولی جائز** (ف) مذکر۔ وہ شخص، جسے نابالغ لڑکے یا لڑکی یا بالغ بیوہ کی حفاظت سپرد کی گئی ہو ٭ **ولی خنگر**۔ یا۔ **کھنگر**۔ یا۔ **کھنگڑ** (ف) مذکر (۱) مددگار۔ حمایتی (۲) بزرگ۔ سرپرست۔

مربّی (۳) بناوٹی فقیر۔ **ولی عہد** (ع) مذکّر (۱) (لغوی) متصرّف۔ حاکمِ وقت
(۲) (اصطلاحی) جسے بادشاہ اپنے بعد تخت نشین کرنا چاہے ۔
ولی قریب (ف) مذکّر۔ نزدیکی سرپرست ۔ **ولی کو ولی ہی پہچانتا ہے** (ف) مثل۔ ہر قسم کے آدمی کو اُسی قسم کا آدمی پہچان سکتا ہے ۔
ولی نعمت (ف) پرورش کرنے والا۔ خداوندِ نعمت ۔ **ولی نے کیا کام شیطان کا** (ف) شریف نے بدمعاشوں کی سی حرکت کی ۔
ولے (وَلےٰ) (ف) لیکن (اب اردو میں متروک اور مگر مستعمل ہے۔) دیکھیے "ولیک۔ ولیکن" ۔
ولیک (وَلِیک) (ف) ولیکن کا مخفّف (متروک) ۔
ولیکن (وَلےٰ۔کِن) (ف) ولکن کا امالہ۔ مگر۔ لیکن۔ اِلّا (متروک) ۔
ولیمہ (وَلِی۔مہ) (ع) مذکّر۔ دولھا کی طرف سے شادی کی دعوت ۔

و-ن

وِن (وِن) (ہ) وہ کی جمع۔ اُن (متروک)
ونت (وَنت) (س) والا۔ صاحب۔ خداوند ۔
وِنھیں (وِنھیں) (ہ) اُنھیں۔ اُن کو (متروک) ۔

و-و

وو (وُو) (ہ) وہ کی جمع (متروک) ۔
ووٹ (ووٹ) (انگ۔ Vote) مذکّر۔ رائے (پڑنا، ڈالنا، لڑنا کے ساتھ) ۔ **ووٹر** (Voter) رائے دینے والا ۔
ووں (وُوں) (ہ) اُس طرح (اب بعض فصحائے لکھنؤ نے ترک کر دیا ہے) ۔ **ووں کا ووں نہیں**۔ جوں کا توں۔ ویسا ہی (متروک) ۔ **ووں نسا**۔ وہی (متروک) ۔ **ووں ہیں**۔ فی الفور۔ فوراً۔ اُسی وقت۔ تُرت (متروک) ۔ **ووئی** (دہلی) (عو) کلمۂ تعجب۔ اوہی۔ واہ (لکھنؤ میں اوہی ہے) ۔

و-ہ

وَہ (وَہ) (ف۔ کلمۂ تحسین) (۱) کلمۂ افسوس (۲) کلمۂ نفرت (۳) تحسین و آفرین کے لیے واہ مستعمل ہے ۔
وہ (وُہ) (ہ) (۱) غائب یا بعید کے اشارے کے لیے (۲) اظہارِ کثرت کا کلمہ، اس قدر، اتنا کی جگہ (۳) ایسا۔ اس قسم کا (۴) لوگوں کو متوجّہ کرنے کے لیے (۵) اس درجے کا (۶) زائد۔ حسنِ کلام کے لیے (۷) پہلا سا (۸) (عو) شوہر کی طرف اشارہ کرنے کے لیے (۹) اظہار درجہ و مرتبہ کا کلمہ (۱۰) ایسا واقعہ یاد دلانے کے لیے، جس سے مخاطب ناواقف ہو (۱۱) (کنایۃً) پوشیدہ بات کی طرف اشارہ کرنے کے لیے، جو مخاطب جانتا ہو ۔ **وہ آنکھیں نہیں رہیں**۔ وہ پہلی سی محبت اور مروّت نہیں رہی ۔ **وہ بات**۔ مؤنّث (عو) (۱) معلوم کام کی طرف اشارہ (۲) جماع کی طرف اشارہ (۳) وہ مرتبہ (۴) وہ کام (۵) وہ موقع، وہ رسوخ۔ وہ عزّت۔ وہ خاطرداری و انداز وغیرہ ۔ **وہ بات کھینچوں، جس کی جڑ دور ہو** (ف) تمام عیب ظاہر کر دوں جو ذلّت و خواری کا باعث ہو ۔ **وہ بات ہو گئی** (ہ) مجامعت ہو گئی ۔ **وہ پانی ملتان بہ گیا**۔ اب موقع جاتا رہا۔ وہ بات گئی گزری ہوئی ۔ **وہ تو کہیے غنیمت یہ ہے** ۔ **وہ دن گئے**۔ وہ زمانہ گیا گزرا ہوا ۔ **وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ اُڑایا (مارا) کرتے تھے** (ف) مثل۔ اقبال کا زمانہ گزر گیا ۔
وہ کاٹا (ہ) (۱) ایک کلمہ، جو پتنگ کاٹنے پر بلند آواز سے کہتے ہیں (۲) (کنایۃً) کسی قسم کی کامیابی اور فتح حاصل کرنے کا کلمہ ۔ **وہ کُلّی ہی نہیں، جس میں تِل بندھتے تھے**۔ مثل۔ اب وہ چیز ہی نہیں، جس کی وجہ سے لوگ رجوع کرتے تھے۔ وہ حُسن ہی نہیں رہا، جس پر کوئی عاشق ہو ۔ **وہ کون سی کشمش ہے، جس میں تِنکا نہیں** (ف) مثل۔ ہر چیز میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہوتا ہے ۔ **وہ نہیں تو اس کا بھائی** (ہ) ایک نہیں، دوسرا سہی۔ یعنی ایک ہی پر کوئی کام موقوف نہیں ۔
وہّاب (وَہ۔ہاب) (ع) بہت بخشنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔ **وہابی** (اردو میں ہائے غیر مشدّد سے مستعمل ہے) مذکّر (۱) وہّاب سے نسبت رکھنے والا۔ وہّاب کا پیرو (۲) عبدالوہّاب کا پیرو، جو صوفیوں کا مدِّمقابل سمجھا جاتا ہے ۔
وہاں (وَہاں) (ہ) اُس جگہ۔ اُس مقام پر (۲) اُدھر۔ اُس طرف (۳) اُس کے یہاں ۔ **وہاں تک ہنسائیے جو رو نہ دے**۔ مثل۔ ہنسی اتنی کافی ہے، جتنی ناگوار نہ گزرے۔ حد سے زیادہ مذاق اچھا نہیں ۔ **وہاں گردن ماریے، جہاں پانی نہ ملے** (ف) (کنایۃً) بہت سخت اور سنگین سزا دینی چاہیے ۔
وہب (وَہب) (ع) مذکّر و مؤنّث۔ بخشش۔ عطا۔ سخاوت ۔ **وَہبی**۔ عطا شدہ۔ بخشا ہوا۔ دیا ہوا۔ خدا کی طرف سے دیا ہوا ۔
وہم (وَہم) (ع) مذکّر (۱) گمان۔ وسواس۔ احتمال۔ شک (۲) دماغ کی وہ باطنی قوّت، جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے (کرنا، لانا کے ساتھ) ۔ **وہم کی دارو لقمان کے پاس بھی نہیں** (ف) وہم کی دوا لقمان جیسا حکیم بھی نہیں کر سکتا۔ وہم کا کچھ علاج نہیں ۔ **وہم کی دارو نہیں**۔ وہم دور کرنے کی کوئی تدبیر نہیں ۔ **وہمی** (۱) وہ بات، جو وہم سے منسوب ہو۔ موہوم۔ گمانی۔ قیاسی۔ خیالی (۲) مذکّر۔ بھرمی۔ وسواسی۔ وہ شخص جسے وہم ہو ۔
وَھُوَ ہٰذا (ع) اور وہ یہ ہے ۔
وہی (وُہی) (ہ) (۱) وہ ہی۔ خاص کر وہ (۲) اسی طرح۔ مثلِ سابق ۔ **وہی اپنا، جو اپنے کام آئے**۔ مثل۔ جس سے مطلب نکلے، وہ یگانے کے برابر ہے ۔ **وہی تین بیس وہی ساٹھ، وہی من وہی چالیس سیر**۔ مثل۔ نتیجہ ایک ہی ہے ۔ **وہی مرغی کی ایک ٹانگ** (ف) مثل۔

اُس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص جھوٹا ہو اور پرسش و دریافت کے وقت طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے اپنی ہی بات کی پچ کیے جائے ٭ وہی ہم وہی تم (ہ) (۱) ہم تم ایک دوسرے کے قدیم واقف کار ہیں (۲) اتحادِ باہمی کے لیے مستعمل ہے (۳) اظہارِ مساوات کے لیے بھی مستعمل ہے ٭

وھیل (وِھیْل) (انگ۔ Whale) مؤنث۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی ٭

وہیں (وَہِیْں) (ہ) (۱) اُسی جگہ۔ اُسی مقام پر۔ مخصوص جگہ کے لیے (۲) فوراً۔ اسی وقت ٭ وہیں کا ہو رہنا۔ جاکر بیٹھ رہنا۔ بہت دیر لگا دینا۔ مر رہنا ٭

و - ی - ے

وی۔ پی (وِی۔ پِیْ) (انگ۔ V.P) ویلیو پے ایبل Value payable کا مخفف۔ مذکر۔ وہ مال، جو قیمت دے کر ڈاک خانے سے وصول کیا جائے (آنا، بھیجنا وغیرہ کے ساتھ) ٭

وے (وَے) (ہ) وہ کی جمع (متروک) ٭

ویاکرن (وَیا۔ کَرَنْ) (س) مؤنث۔ سنسکرت کی صرف و نحو۔ زبان کے قواعد۔ گرامر ٭

وَید (وَیْدْ) (س) بید۔ طبیب۔ حکیم۔ ہندی طریق پر علاج کرنے والا ٭ وَیدَک۔ مذکر۔ علم طب۔ علم حکمت ٭

وِید (وِیْدْ) (س) مذکر۔ ہندوؤں کی مقدس کتاب ٭ وِید اَبھیاس۔ مذکر۔ وید کی تلاوت یا مطالعہ ٭ وِید انگ۔ مذکر۔ وید کے انگ یعنی چھ حصے ٭ وِید ویاس۔ مذکر (۱) (لغوی) ویدوں کو پھیلانے اور شائع کرنے والا (۲) ویاس جی کا لقب، جنھوں نے وید کو جمع کیا ٭ وِیدانت۔ مذکر۔ ویاس جی کا بنایا ہوا شاستر، جس میں ذاتِ الٰہی پر بحث کی گئی ہے۔ وِیدانتی۔ مذکر۔ ویدانت کا پیرو۔ ویدانت کا عامل ٭ وِیدک (۱) وید پڑھا ہوا برہمن۔ وید کا عالم۔ پنڈت (۲) وید میں لکھا ہوا۔ وید کے مطابق ٭ وِیدکی۔ مؤنث۔ سنسکرت کی قواعد کا ایک حصہ، جس میں ویدوں کے ایک حصے کی تشریح کی گئی ہے ٭

ویرا (وَیْ۔ رَا) (ہ) مذکر۔ وہ مال، جو بادشاہ کی طرف سے رعیت کے ہاتھ زبردستی مہنگے داموں فروخت کیا جائے ٭

ویراگ (وَیْ۔ رَاگْ) (س) مذکر۔ بیراگ۔ سنیاس۔ دُنیا کا ترک کر دینا ٭ ویراگی (۱) بیراگی۔ سنیاسی۔ تارک الدنیا (۲) زاہد۔ عابد۔ مرتاض ٭

ویران (وِیْ۔ رَانْ) (ف) (۱) غیر آباد۔ اُجڑا ہوا۔ خراب۔ تباہ۔ پامال (۲) پریشان۔ اُداس (۳) افتادہ۔ بنجر۔ غیر مزروعہ (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ ویران جگہ (۱) مؤنث۔ غیر آباد اور سنسان مقام ٭ ویرانہ (ف) مذکر (۱) غیر آباد جگہ۔ اُجاڑ۔ جنگل (۲) پریشانی۔ اُداسی ٭ ویرانہ نشیں۔ جنگل میں بیٹھنے والا ٭ ویرانی۔ مؤنث (۱) غیر آبادی۔ اجاڑپن (۲) تباہی۔ بربادی۔ خرابی (۳) پراگندگی۔ پریشانی۔ اُداسی (۴) ابتری ٭

وَیرنا (وَیْر۔ نَا) (ہ) مذکر (۱) پھالی۔ ہل کا وہ لوہا، جو زمین کھودتا ہے (۲) پھالی سے زمین کھود کر بونا۔ بیج ڈالنا ٭

ویسا (وَیْ۔ سَا) (ہ) اُس طرح کا۔ اُس کی مانند۔ اُسی طرح کا ٭ ویسا کا ویسا (۱) جوں کا توں۔ جیسے کا تیسا (۲) ہو بہو۔ عین بعین۔ بجنسہٖ ٭ ویسا ہی۔ اُسی کی مانند۔ اُسی طرح کا۔ ایضاً۔ جوں کا توں۔ بجنسہٖ ٭ ویسی۔ ویسا کی تانیث ٭ وَیسے (۱) اُس طرح۔ یُوں (۲) بے قیمت۔ مفت۔ یونہی ٭ وَیسے تو۔ یوں تو۔ اس طرح تو ٭ ویسے کا ویسا۔ دیکھیے "ویسا کا ویسا" ٭ وَیسے ہی (۱) اُسی طرح۔ اُسی ڈھنگ پر (۲) بے قیمت۔ مفت۔ یونہی (۳) کسی خاص وجہ یا کام کے بغیر ٭

وَیسٹ (وَیْسْٹْ) (انگ۔ West) ۔ مغرب۔ مغربی ٭ وَیسٹ منسٹر (West Minster) مذکر۔ انگلستان کا ایک شہر، جہاں کی خانقاہ مشہور ہے ٭

وِیسٹ (وِیْسْٹْ) (انگ۔ Waist) مؤنث۔ کمر ٭ ویسٹ کوٹ (Waistcoat) دیکھیے "واسکٹ" ٭

ویش (وَیْشْ) (س) مذکر۔ سوداگری کا پیشہ کرنے والا۔ تجارت کرنے والا فرقہ ٭ وَیشنو۔ مذکر (۱) وشن سے منسوب (۲) ہندوؤں کا ایک بڑا فرقہ ٭

ویفر (وِیْ۔ فَرْ) (مہند) (انگ۔ وَیفر Wafer) مذکر و مؤنث (۱) گوند کی بنی ہوئی لفافہ بند کرنے کی ٹکیا (۲) دوا کی بڑی ٹکیا ٭

ویکیشن (وَیْ۔ کیْ۔ شَنْ) (انگ۔ Vacation) مؤنث۔ زمانۂ فرصت۔ تعطیل ٭

ویل (وِیْلْ) دیکھیے "وھیل" ٭

ویلر (وِیْ۔ لَرْ) (انگ۔ Whaler) مذکر (۱) (لغوی) بہت بڑی چیز یا مضبوط آدمی (۲) ایک قسم کا قد آور گھوڑا، جو آسٹریلیا سے آتا ہے ٭

ویلکم (وَیْلْ۔ کَمْ) (انگ۔ Welcome) مذکر۔ خوش آمدید۔ مرحبا ٭

وَیلیو پے ایبل (انگ) دیکھیے "وی۔ پی" ٭

وینس (وَیْ۔ نِسْ) (انگ۔ Venice) مذکر۔ اٹلی کے شمال مشرق میں ایک مشہور شہر ٭

ہ

ہ (ہے) (ع) مؤنث (۱) اُردو کا چونتیسواں، ہندی کا تینتیسواں، فارسی کا اکتیسواں اور عربی کا ستائیسواں حرف (۲) ابجد میں اس کے پانچ عدد مقرر ہیں ٭

ہ - ا

ہا (ہا) (ف) مؤنث (۱) جمع کی علامت (۲) حرف "ہ" کا تلفظ ٭ **ہا** (ع) دوچشمی - مؤنث - وہ ہائے ہوّز، جس میں دو آنکھیں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں - ھ ٭ **ہا** (ع) مختفی - مؤنث - وہ ہائے ہوّز، جو کھُل کر نہ پڑھی جائے اور حرف ما قبل کی حرکت ظاہر کرے، جیسے بادہ، دانہ ٭ **ہا** (ع) ملفوظی مؤنث - وہ ہائے ہوّز، جو خوب کھُل کر پڑھی جائے، جیسے زرہ - گرہ ٭

ہا (ہا) (ہ) (کلمۂ تاسف) (۱) افسوس - دریغ - حیف (۲) کسی امر کے روکنے اور منع کرنے کے لیے بھی یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں ٭

ہالوڑا (ہا - لوُ - ڑا) (ہ) مذکر - ایک لوٹ مار کرنے والی قوم - قزاق - لٹیرا - بٹ مار - رہزن ٭

ہابیل (ہا - بیل) (ع) مذکر - حضرت آدمؑ کا بیٹا، جسے اُس کے بھائی قابیل نے مار ڈالا تھا ٭

ہات (ہات) (ہ) مذکر - ہاتھ کا مخفف، جو عموماً نظم میں مستعمل ہے ٭

ہاتِف (ہا - تِف) (ع) مذکر - آواز دینے والا - غیب کی آواز دینے والا - فرشتہ - سروش ٭ **ہاتفِ غیب** (غیبی) (ف) مذکر - غیب کی آواز دینے والا فرشتہ ٭

ہاتھ (ہاتھ) (ہ) مذکر (۱) دست - پنجہ (۲) ہتھیلی - کف (۳) آدھ گز کی مقدار - سرِ انگشت سے کہنی تک کا حصہ (۴) (فیلبانوں کی اصطلاح) ہاتھی کی سُونڈ (۵) قابو - بس - قبضہ - اختیار (۶) سبب - باعث - ذریعہ - وسیلہ - بدولت - طفیل (۷) مدد - حمایت - حفاظت (۸) وار - چوٹ - حربہ - حملہ (۹) داؤں (۱۰) طاقت - قوت - دینے کی قدرت (۱۱) پاس (۱۲) معرفت (۱۳) لیزم اور مگدر کا ہلانا (۱۴) شناوری کرنے میں ہاتھ مارنا ٭ **ہاتھ آنا** (۱) دست یاب ہونا - میسّر ہونا (۲) ملنا - حاصل ہونا (۳) فائدہ ہونا (۴) مسخّر ہونا - قبضہ ہونا - قابو میں آنا (۵) جاننا - دریافت ہونا - معلوم ہونا ٭ **ہاتھ اُتر جانا** - ہاتھ کے جوڑ کا اپنی جگہ سے بے جگہ ہو جانا ٭ **ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر دعا دینا** (ہ) نہایت آرزو اور شوق سے آسمان کی طرف ہاتھ اونچا کر کے دعائیں دینا ٭ **ہاتھ اُٹھا بیٹھنا** (۱) مار بیٹھنا - دست درازی کرنا (۲) دست بردار ہو جانا - باز آنا - عہد کر لینا - توبہ کر لینا ٭ **ہاتھ اُٹھا کر (اُٹھا اُٹھا کر) کوسنا** - آسمان کی طرف ہاتھ بڑھا کر بددعا کرنا - نہایت بد دعائیں دینا ٭ **ہاتھ اُٹھا لینا** (۱) چھوڑ دینا - دست بردار ہو جانا (۲) کسی کی حمایت اور سرپرستی سے کنارہ کرنا (۳) نا اُمید ہو جانا - بالکل مایوس ہو بیٹھنا ٭ **ہاتھ اُٹھانا** (۱) ہاتھ اونچا کرنا - ہاتھ بلند کرنا (۲) (کنایۃً) (عو) سلام کرنا - ماتھے پر ہاتھ رکھنا (۳) دعا یا کوسنے کے لیے ہاتھ بلند کرنا (۴) (کنایۃً) فاتحہ پڑھنا (۵) کنارہ کش ہونا - دست بردار ہونا (۶) مارنے کا قصد کرنا یا دھمکانا (۷) نا اُمید ہونا - مایوس ہونا ٭ **ہاتھ اُٹھنا** (۱) ہاتھ اونچا یا بلند ہونا (۲) پٹنا اور وار کرنا (۳) ہاتھ پھیلانا (۴) علیحدہ ہونا - الگ ہونا (۵) کسی کو کچھ دینے کے لیے ہاتھ کا اٹھنا (۶) ناچ میں بھاؤ بتانے کے لیے ہاتھ اُٹھنا (۷) (کنایۃً) کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ ہونا - سوال کیا جانا یا مانگنا (۸) ضرب لگانا (۹) ہاتھ کا کسی جگہ سے ہٹنا (۱۰) (کنایۃً) اشارے سے سلام لینا ٭ **ہاتھ اوچھا پڑنا** - پورا ہاتھ نہ پڑنا - پورا وار نہ بیٹھنا ٭ **ہاتھ اونچا رہنا** - بول بالا رہنا (۲) دینے کے قابل اور سخی رہنا ٭ **ہاتھ باندھنا** (۱) نماز کی نیت یا تعظیم کے لیے دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر سینے پر رکھنا (۲) دونوں ہاتھ ملا کر تعزیر کے طور پر کسنا (۳) (کنایۃً) منت و خوشامد اور عجز و انکسار کرنا ٭ **ہاتھ باندھے کھڑے رہنا** - حکم کا منتظر اور اطاعت کے لیے تیار رہنا ٭ **ہاتھ بٹانا** (عو) کسی کے کام میں شریک ہونا - مل کر کام کرنا - سہارا لگانا - مدد دینا ٭ **ہاتھ بڑھانا** (۱) کوئی چیز لینے یا دینے کے لیے ہاتھ آگے کرنا (۲) اپنی حد سے بڑھنا (۳) معمول سے زیادہ لینا (۴) دخل بڑھانا (۵) سوال کرنا - مانگنا ٭ **ہاتھ (ہاتھوں) بکنا** (۱) کسی کے ہاتھ فروخت ہونا - غلام بننا (۲) نوکر ہونا - مطیع ہونا - تابع ہونا ٭ **ہاتھ بند ہونا** (۱) تنگ دست ہونا - غریب ہونا - مفلس ہونا (۲) ہاتھ رُکا ہوا ہونا ٭ **ہاتھ بہاتھ** (۱) ہاتھوں ہاتھ - دست بدست (۲) فوراً ٭ **ہاتھ بھر** (۱) ایک ہاتھ کے برابر - دو بالشت - آدھ گز (۲) (کنایۃً) چھوٹا سا ٭ **ہاتھ بھر پور پڑنا** - پورا وار پڑنا ٭ **ہاتھ بھر جانا** (۱) ہاتھ تھک جانا - ہاتھ میں خون اتر آنا - ہاتھ سُن ہو جانا (۲) ہاتھ لتھڑ جانا ٭ **ہاتھ بھر کا دل ہو جانا** (و) خوشی سے دل بڑھ جانا - ہمت بڑھ جانا ٭ **ہاتھ بھر کی زبان ہونا** (عو) زبان دراز اور گستاخ ہونا ٭ **ہاتھ بہکنا** (ہ) نشانہ چُوکنا ٭ **ہاتھ بھیجنا** - کسی کے ذریعے سے بھیجنا ٭ **ہاتھ بیٹھنا** (۱) ہاتھ جمنا - خوب مشق ہونا (۲) کاری زخم لگنا - وار پڑنا (۳) ہاتھ کا جوڑ اپنی جگہ ٹھیک بیٹھ جانا ٭ **ہاتھ بیچے ہیں، ذات نہیں بیچی** - خدمت اور نوکری بجا لائیں گے، مگر بُرا بھلا اور گالی گلوچ نہیں سُنیں گے ؛ **ہاتھ پانی لینا** - آب دست کرنا - طہارت کرنا ٭ **ہاتھ پاؤں** - مذکر (۱) دست و پا (۲) بہت کام کرنے والا ملازم ٭ **ہاتھ پاؤں بچانا** - نہایت احتیاط اور ہوشیاری سے کوئی کام کرنا - محتاط رہنا - کسی الزام یا بدنامی سے بچا رہنا - اپنے آپ کو محفوظ رکھنا ٭ **ہاتھ پاؤں بچایئے، موذی کو ٹرخایئے (ٹرکایئے)** (و) مثل - حکمت عملی سے کام لے کر دشمن کو کسی بات کا موقع ہی نہ دینا چاہیے ٭ **ہاتھ پاؤں پڑنا** (ہ) (دہلی) منت سماجت کرنا - ہاتھوں کو چومنا اور قدموں پر گرنا (لکھنؤ میں "پاؤں پڑنا" ہے) ٭ **ہاتھ پاؤں پھول جانا - یا - پھولنا** (۱) ہاتھ پاؤں سوج جانا - چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا (۲) مضطر ہونا - حواس باختہ ہونا - گھبرا جانا - ہکا بکا رہ جانا ٭ **ہاتھ پاؤں پھیلانا** (۱) کام کا بڑھانا - کام کو طول دینا (۲) ترقی کرنا (۳) غلبہ کرنا - زبردست ہونا ٭ **ہاتھ پاؤں**

توڑنا (۱) ہاتھ پاؤں کو ضرب شدید پہنچا کر بیکار کر دینا (۲) حالت نزع میں ہونا (۳) ڈنڑ پیلنا۔ خوب ورزش کرنا (۴) (کنایۃً) اعضا شکنی (۵) خوب محنت کرنا (۶) کاہلی کے باعث کوئی کام نہ کرنا ٭ **ہاتھ پاؤں ٹوٹنا۔** (۱) ہاتھ پاؤں میں درد ہونا۔ اعضا شکنی ہونا (۲) ہاتھ پاؤں کا شکستہ ہونا (سر کے لیے پھوٹنا، پھوڑنا اور ہاتھ پاؤں کے لیے ٹوٹنا، توڑنا مستعمل ہے۔) ٭ **ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا** (۱) ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا۔ غشی کا عالم طاری ہونا (۲) مرنے کا وقت قریب ہونا ٭ **ہاتھ پاؤں چھوٹے پڑ جانا۔** ہاتھ پاؤں کا بیکار ہو کر کام نہ کرنا ٭ **ہاتھ پاؤں چلنا** (۱) (کنایۃً) ہاتھ پاؤں کا کام دینا۔ کام کاج کے قابل ہونا (۲) ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا (۳) پٹے بازی میں پھرتی کرنا (۴) کشتی یا شناوری میں تیزی کرنا ٭ **ہاتھ پاؤں چومنا** (۱) ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دینا (۲) کمال تعظیم و تکریم کرنا ٭ **ہاتھ پاؤں دابنا** (۱) چپی کرنا۔ مشت مالی کرنا (۲) خدمت کرنا ٭ **ہاتھ پاؤں رہ جانا۔** ہاتھ پاؤں کا بے حس و حرکت ہو جانا۔ فالج ہو جانا ٭ **ہاتھ پاؤں سنبھالنا** (۱) ہاتھ پاؤں نکالنا۔ خوب موٹا اور قد آور ہونا (۲) ہاتھ پاؤں قابو میں کرنا۔ ہاتھ پاؤں روکنا ٭ **ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا** (عو) جننے سے فراغت پانا۔ جن کر تندرست ہو جانا ٭ **ہاتھ پاؤں کا ہارنا۔** ضعف یا بڑھاپے کے باعث ہاتھ پاؤں کا کام نہ دینا ٭ **ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں مونچھیں جائیں** (د) مثل۔ اُس موقع پہ کہتے ہیں، جب کوئی شخص کسی کام کے کرنے میں سستی کرتا ہو اور وہ سستی اس کے حق میں اچھی نہ ہو ٭ **ہاتھ پاؤں مارنا** (ہ) (۱) ہاتھ پاؤں چلانا (۲) (کنایۃً) تڑپنا۔ بے قرار ہونا (۳) جان کنی کے عالم میں ہونا (۴) جان فشانی کرنا۔ جان توڑ کر کوئی کام کرنا (۵) (کنایۃً) دوڑ دھوپ کرنا۔ بے حد کوشش ہونا (۶) کسی کام میں کامل فکر کرنا (۷) تلاش و تجسس کرنا (۸) شناوری کرنا۔ تیرنا ٭ **ہاتھ پاؤں نکالنا** (۱) (کنایۃً) جوان اور موٹا ہونا۔ تنومند ہونا (۲) حد سے بڑھ جانا۔ شرارت شروع کرنا (۳) آپے سے باہر ہو جانا ٭ **ہاتھ پاؤں ہارنا** (۱) ضعف یا بڑھاپے سے ہاتھ پاؤں میں طاقت نہ رہنا (۲) ہمت ہارنا ٭ **ہاتھ پتھر تلے آنا۔ یا۔ دبنا۔** مجبور و ناچار ہونا۔ بے بس ہونا۔ بے حد مشکل اور مصیبت میں پھنسنا ٭ **ہاتھ پنچھے پر نہ رکھنے دینا** (کنایۃً) نہایت چالاک اور شوخ ہونا ٭ **ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا** (دہلی) کسی چیز کا تیار اور موجود رہنا۔ ہر وقت پاس رہنا ٭ **ہاتھ پر سرسوں جمانا۔** سخت اور مشکل کام فوراً انجام دے دینا۔ طلسم اور شعبدہ بازی کر دکھانا ٭ **ہاتھ پر سانپ کھلانا۔** جان کو خطرے میں ڈالنا۔ جان جوکھوں کا کام کرنا ٭ **ہاتھ پر طوطا پالنا** (د) (۱) ہاتھ پہ زخم یا پھوڑے پھنسی کے باعث کام کاج چھوڑ دینا، زخم اچھا نہ ہونے دینا (۲) ہاتھ زخمی کر لینا ٭ **ہاتھ پر قرآن دھرنا۔ یا۔ رکھنا** (۱) قرآن کی قسم کھانا۔ حلف اٹھانا (۲) قرآن کی قسم لینا ٭ **ہاتھ پر گنگا جلی رکھنا** (ہ) (ہندو) سخت قسم کھانا۔ حلف اٹھانا ٭ **ہاتھ پر ہاتھ دھر کر (رکھ کر) بیٹھنا** (۱) نکما بیٹھ رہنا۔ خالی اور بیکار محض رہنا (۲) ناامید ہو کر بیٹھنا۔ غم میں بیٹھنا ٭ **ہاتھ پر ہاتھ دھرنا (رکھنا)** (۱) ہاتھ سے ہاتھ کو چھونا۔ ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ رکھنا (۲) قول قرار کرنا۔ قول دینا (۳) بازی بدنا۔ شرط لگانا ٭ **ہاتھ پر ہاتھ مارنا** (کنایۃً) (۱) عہد و پیمان کرنا۔ قول دینا (۲) بازی لگانا۔ شرط لگانا ٭ **ہاتھ پڑ جانا۔ یا۔ پڑنا** (۱) اتفاقیہ حاصل ہو جانا۔ مفت یا بے کوشش ہاتھ آنا (۲) لوٹ ہونا۔ غارت گری ہونا۔ لٹنا (۳) چھینا جھپٹی ہونا۔ دست درازی ہونا (۴) وار ہونا۔ ہاتھ کی ضرب لگنا (۵) حسب مراد پانسا پڑنا۔ داؤں پڑنا (۶) بس میں آنا۔ حاصل ہونا (لکھنؤ میں اس جگہ "ہاتھ لگنا" ہے۔) (۷) گرفت میں آنا۔ مٹھی میں آنا (۸) بیمار کا زیر علاج ہونا۔ مریض کی نبض دیکھنا (۹) کسی کے ہاتھ میں چلا جانا ٭ **ہاتھ پسارنا** (ہندو) مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا۔ مانگنا۔ گدائی کرنا ٭ **ہاتھ پکڑنا** (۱) ہاتھ تھامنا۔ ہاتھ میں ہاتھ لینا (۲) (کنایۃً) دست گیری کرنا۔ سہارا دینا۔ مدد کرنا ٭ **ہاتھ پکڑ کے لے جانا** (۱) گرفتار کر کے لے جانا۔ ہتھکڑی ڈال کر لے جانا (۲) رہنمائی کرنا ٭ **ہاتھ پورا پڑنا۔** کامل وار پڑنا ٭ **ہاتھ پہنچنا۔** پہنچ ہونا۔ رسائی ہونا۔ دسترس ہونا ٭ **ہاتھ پھول۔** مذکر۔ ایک قسم کا پودا ٭ **ہاتھ پھیرنا** (۱) پیار کرنا۔ چمکارنا۔ بچوں کے سر پہ ہاتھ پھیرنا (۲) ٹھگنا۔ موسنا۔ لوٹنا (۳) مساس کرنا۔ بوس و کنار کرنا (۴) لپٹانا۔ سینے سے لگانا (۵) گھوڑے کے بدن پر ہاتھ پھیرنا ٭ **ہاتھ پھیڑ** (ہ) مذکر۔ قرض (ردینا کے ساتھ) ٭ **ہاتھ پھیلانا** (۱) کوئی چیز لینے کو ہاتھ بڑھانا (۲) (کنایۃً) سوال کرنا۔ مانگنا۔ گدائی کرنا (۳) (کنایۃً) طمع کرنا (۴) کسی حد تک ہاتھ دراز کرنا ٭ **ہاتھ پھینکنا** (۱) ہاتھ چلانا۔ ہاتھوں کا وار کرنا۔ ہاتھوں کو گردش دینا۔ چکر دینا (۲) موسنا۔ لوٹنا۔ ہاتھ مارنا (۳) جلد جلد کھانا۔ بڑے بڑے نوالے اُتار جانا (۴) پٹے بازی کرنا۔ تلوار اور پٹے کے ہاتھ ہلانا ٭ **ہاتھ پیلے کرنا** (کنایۃً) (ہندو) غریبوں کی طرح بیاہ کرنا ٭ **ہاتھ تکنا** (کنایۃً) کسی کا محتاج ہونا۔ دست نگر ہونا ٭ **ہاتھ تلنا۔** ہاتھ کو گرم تیل میں ڈال کر تل دینا۔ پرانے زمانے کی ایک سخت سزا ٭ **ہاتھ تلے** (۱) نیچے۔ نیابت میں۔ ماتحت (۲) قابو میں۔ قبضے میں (۳) پاس۔ نزدیک۔ قریب ٭ **ہاتھ تنگ ہونا** (د) تنگ دست ہونا۔ روپیہ پیسا پاس نہ ہونا۔ مفلس ہونا۔ نادار ہونا ٭ **ہاتھ توڑ توڑ کر (کے) کھانا** (ہ) لذیذ چیز کھا کر ہاتھ چاٹنا ٭ **ہاتھ تھرانا۔** ہاتھ کانپنا ٭ **ہاتھ ٹوٹیں** (عو) (دعائے بد) ہاتھ کسی کام کے نہ رہیں ٭ **ہاتھ جگر۔ یا۔ دل پر رکھنا** (د) (کنایۃً) دردِ دل سے بے قرار ہونا۔ ہاتھ سے جگر یا دل کی بے قراری کو دبانا۔ دل تھامنا ٭ **ہاتھ جوڑ کر کہنا** (ہ) منت سماجت سے کہنا۔ نہایت ادب اور تعظیم سے گزارش کرنا ٭ **ہاتھ جوڑنا** (کنایۃً) (۱) منت سماجت کرنا۔ عجز و انکسار کرنا (۲) توبہ کرنا۔ معافی مانگنا (۳) دور سے سلام کرنا۔ پناہ مانگنا ٭ **ہاتھ جھاڑ اُٹھے** (دہلی) سب کچھ جوئے میں ہار کر اُٹھ کھڑے ہوئے۔

مفلس و نادار ہو گئے ۔ ہاتھ جھاڑنا (۱) ہاتھ کو جھٹکا دینا (۲) ہاتھ صاف
کرنا ۔ ہاتھ خالی کرنا (۳) ہاتھ مارنا ۔ ضرب لگانا ۔ وار کرنا (۴) تھپڑ لگانا ۔
مارنا پیٹنا (۵) چھوڑنا ۔ دست بردار ہونا ۔ ہاتھ اٹھانا ۔ مایوس ہونا ۔
ہاتھ جھٹکنا ۔ ہاتھ کو جھٹکا دینا ۔ ہاتھ چھڑانا ۔ کسی کا ہاتھ اپنے جسم سے
جھٹکے کے ساتھ ہٹانا ۔ ہاتھ جھلانا ۔ چلتے میں ہاتھ ہلانا ۔ ہاتھوں کو
ہلاتے ہوتے چلنا ۔ ہاتھ جھلائی ۔ مؤنث (لکھنؤ) وہ روپیہ، جو رہزن
لوگ اپنی سرحد سے گزرنے کی بابت مسافروں سے لیتے ہیں (۲) وہ نقدی
جو زمیندار یا مالکانِ سرکار راہ میں مسافروں سے لیتے ہیں ۔ ہاتھ جھوٹا
پڑنا (۱) وار خالی جانے سے ہاتھ پر صدمہ پہنچنا ۔ ہاتھ جھوٹا کرنا (دہلی)
منہ جھٹالنا ۔ کسی قدر کھانا ۔ آکش کرنا ۔ ہاتھ جھوٹا ہو جانا (۱) کسی
چیز پر کوئی ضرب لگاتے وقت ہاتھ پر صدمہ پہنچنے سے اس کا بیکار ہو جانا
(۲) تلوار لگاتے یا وار کرتے وقت ہاتھ کا بہک جانا اور ضرب کا کارگر
نہ ہونا (۳) ہاتھ سُن ہو کر کام کے لائق نہ رہنا ۔ ہاتھ کا کام سے جاتا رہنا ۔
ہاتھ کا زور نہ کھا سکنا ۔ ہاتھ جھول پڑنا (جانا) ہڈی ٹوٹ جانے سے
ہاتھ کا جوڑ سے لٹکنا ۔ ہاتھ چالاک (۱) (دہلی) چابک دست ۔ پھرتیلا ۔
تیز دست ۔ جلد جلد کام کرنے والا (۲) وہ شخص، جسے چوری کا لپکا ہو ۔
چور ۔ اُچکا ۔ ہاتھ مارنے والا (لکھنؤ میں دست چالاک ہے) ۔ ہاتھ
چالاکی ۔ مؤنث (۱) چابک دستی ۔ تیز دستی ۔ پھرتی (۲) چوری ۔ چوری کی
عادت ۔ ہاتھ چٹھی (ہ) مؤنث ۔ اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا خط ۔
ہاتھ چڑھا ہونا ۔ ہاتھ کا خوب رواں ہونا ۔ خوب مشق ہونا ۔ ہاتھ چڑھنا
(۱) ہاتھ لگنا ۔ دست یاب ہونا ۔ ملنا (۲) ہاتھ کا مشاق ہونا ۔ ہاتھ کا خوب
رواں ہونا (۳) ڈھب پر چڑھنا ۔ قابو میں آنا ۔ قابو چڑھنا ۔ ہاتھ چلا
(۱) دیکھیے "ہاتھ چالاک" (۲) ہاتھوں کو جلدی سے استعمال کرنے والا ۔
ہتھ چھٹ ۔ ہاتھ چلانا (۱) کسی کو ہاتھ وغیرہ سے مارنا ۔ مارنے کو
ہاتھ بڑھانا ۔ دست درازی کرنا (۲) چُرانا ۔ چوری کرنا (۳) ہاتھ کو حرکت
دیئے جانا ۔ ہاتھ ہلائے جانا ۔ ہاتھ سے شرارت کرنا (۴) ہاتھ سے جلد جلد
کام کرنا (۵) وار کرنا ۔ ہاتھ چلنا (۱) خاطر خواہ آمدنی ہونا ۔ فراغ بالی
ہونا (۲) بے دھڑک مارنے پر آمادہ ہو جانا ۔ بے تامل مار بیٹھنا (۳)
ہاتھ کا مشاق ہونا ۔ ہاتھ میں روانی ہونا (۴) چیرنے پھاڑنے، توڑنے
پھوڑنے میں مشاق ہونا (۵) تلوار کا وار ہونا (۶) ہاتھ کا نچلا نہ رہنا (۷)
چوری کی عادت ہونا ۔ ہاتھ چلے نہ ہیاں، بیٹھا دے گہیاں ۔
مثل ۔ خدا اپاہجوں کو گھر بیٹھے بٹھائے رزق پہنچاتا ہے ۔ ہاتھ چمکانا
(۱) عورتوں اور معشوقوں کا طعن و تشنیع کے لیے ہاتھ بلند کر کے انگلیاں
خم کرنا (۲) فاحشہ عورتوں کا ہاتھ اٹھا کر باہم لڑنا (۳) میدانِ جنگ
میں تلوار کو غلاف سے نکال کر ہلانا ۔ ہاتھ چومنا (۱) تعظیم یا پیار سے
ہاتھوں کو بوسہ دینا (۲) کسی کی صناعی یا دست کاری کی داد دینا (۳)
طنزاً ۔ ہاتھ چھڑا لینا ۔ اپنا ہاتھ کھینچ کر دوسرے کے قابو یا ہاتھ
سے علٰحدہ کر لینا ۔ ہاتھ چھوڑنا ۔ وار کرنا ۔ تلوار لگانا ۔ ضرب مارنا ۔
ہاتھ حائل کرنا (۱) دونوں ہاتھوں کے درمیان کسی چیز کو اس طرح رکھنا کہ
ہاتھ ادھر ادھر رہیں ۔ ہاتھ خالی جانا (۱) وار خالی جانا ۔ نشانہ نہ بیٹھنا (۲) پانسا
نہ پڑنا ۔ داؤں حسب مراد نہ پڑنا (۳) تاش یا گنجفہ بانٹنے میں تصویر دار پتے
کا نہ آنا (۴) دنیا سے نامراد جانا ۔ ہاتھ خالی دینا ۔ حریف کی ضرب کو اپنے
اوپر نہ آنے دینا ۔ ہاتھ دانتوں سے کاٹنا (ہ) دیکھو "دانتوں سے
ہاتھ کاٹنا" ۔ ہاتھ دراز کرنا (ف) (۱) ہاتھ بڑھانا ۔ ہاتھ آگے کرنا (۲)
ہاتھ پھیلانا (۳) دست درازی کرنا ۔ مارنا پیٹنا ۔ ہاتھ دکھانا (ہ) (۱)
نبض دکھانا (۲) نجومی کو ہاتھ دکھا کر لکیروں کے مطابق احوال پوچھنا (۳)
کسی کو اپنی دلاوری اور بہادری یا فنونِ سپہگری دکھانا ۔ ہاتھ دھرنا
(۱) کسی چیز پر ہاتھ رکھنا (۲) روکنا ۔ قابو کرنا ۔ پکڑنا (۳) کسی کی حمایت یا
مدد کرنا (۴) کسی عزیز چیز پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا (۵) خاموش کرنا ۔
منع کرنا ۔ ہاتھ دُھلانا (۱) کسی بزرگ یا آقا کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا (۲)
شادی کے روز ایک رسم کے طور پر دولھا یا دلھن کے ہاتھ پر پانی ڈالنا ۔
ہاتھ دُھلائی ۔ مؤنث (ع) ہاتھ دُھلانے کا انعام، جو دولھا سے
لیا جاتا ہے ۔ ہاتھ دھو (رکے) بیٹھنا (۱) مایوس ہو جانا ۔ نااُمید
ہو جانا ۔ چھوڑ بیٹھنا ۔ کھو بیٹھنا ۔ صبر کر بیٹھنا ۔ اُمید منقطع کر دینا (۲)
دست بردار ہو جانا ۔ قطع تعلق کرنا ۔ ہاتھ دھو چکنا ۔ آس توڑ بیٹھنا ۔
بالکل اُمید چھوڑ بیٹھنا ۔ ہاتھ دھو رکھنا ۔ مایوس ہو جانا ۔ نااُمید ہو جانا ۔
ہاتھ دھو کر (رکے) پیچھے پڑنا (۱) تمام کام چھوڑ کر ایک کام کے سر
ہو جانا (۲) درپئے آزار ہونا ۔ ہاتھ دھونا (۱) پانی سے ہاتھ صاف
کرنا (۲) آب دست لینا ۔ طہارت کرنا (۳) آس توڑ بیٹھنا (۴) کھونا ۔
چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔ ہاتھ دے دے مارنا ۔ غصے یا نزع کی حالت
میں ہاتھوں کو متواتر پٹکنا ۔ ہاتھ دیکھنا (۱) نبض دیکھنا (۲) آئندہ یا
گزشتہ واقعات کا حال بتانے کے لیے نجومی کا ہاتھ کی لکیریں دیکھنا (۳)
کسی منحوس یا بخیل آدمی پر نظر پڑنے سے بچنے کے لیے صبح سو کر اٹھتے ہی
پہلے اپنا ہاتھ دیکھ لینا (۴) (کنایۃً) کسی کے روپے پیسے کا محتاج ہونا ۔
دست نگر ہونا ۔ ہاتھ دینا (۱) (دکان دار) غلے کو اوپر نیچے کر دینا (۲)
(دہلی ۔ ہندو) ہاتھ مارنا ۔ زبان دینا ۔ عہد کرنا (۳) (دہلی ۔ ہندو) کوئی
چیز قبول کرنا (۴) چیچک کے دانوں کا مرجھا جانا (۵) چراغ بجھا دینا (۶)
(چابک سوار) کپڑے کے اندر ہاتھ ڈال کر خفیہ طور پر گھوڑے کا معاملہ
کرنا (۷) چالاکی کرنا ۔ چابک دستی کرنا (۸) (دہلی) حوالے کرنا (۹) مدد دینا ۔
سہارا دینا (۱۰) ہاتھ سے ہاتھ ملانا ۔ داد مانگنا ۔ داد دینا ۔ ہاتھ ڈالنا
(۱) کسی چیز میں ہاتھ ڈالنا ۔ ہاتھ داخل کرنا (۲) کام میں پڑنا ۔ کوئی کام
اپنے ذمے لینا (۳) دست درازی کرنا ۔ چھیڑنا ۔ بے آبرو کرنا (۴)
لوٹنا ۔ غارت کرنا (۵) ہاتھ لگانا ۔ مس کرنا (۶) کوئی کام شروع کرنا
(۷) علاج شروع کرنا (۸) پکڑنا ۔ پکڑنے کا ارادہ کرنا (۹) (ٹھوڑی کے ساتھ

خوشامد کرنا ❊ ہاتھ رُکنا (۱) کسی کام کے کرنے سے ہچکچانا (۲) وار بچنا ❊
ہاتھ رکھنا (۱) ہاتھ دھرنا (۲) ہاتھ سے کسی چیز کا مُنہ بند کرنا۔ تھامنا (۳)
ہاتھ سے کوئی چیز چھپانا (۴) قسم کھانا۔ کسی عزیز شے پہ ہاتھ رکھ کر اس کی
سوگند کھانا (۵) سہارا دینا۔ مدد کرنا (۶) ہاتھ سے چھونا (۷) بچانا۔ حفاظت
کرنا (۸) ہاتھ کو کام سے معطل کرنا ❊ ہاتھ رنگنا (۱) ہاتھوں میں مہندی
لگانا یا اَور کسی چیز سے ہاتھوں کو رنگین کرنا (۲) (کنایۃً) مال مارنا (۳)
(کنایۃً) مٹھی گرم کرنا۔ رشوت لینا ❊ ہاتھ رواں کرنا (ف) (۱) ہاتھ سے
کسی کام کی مشق کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا (۲) مارنا۔ قتل کرنا (۳) دغا کرنا۔ دھوکا
دینا ❊ ہاتھ رواں ہونا۔ ہاتھ کا مشاق ہونا ❊ ہاتھ روکنا (ف) (۱)
ہاتھ تھامنا (۲) خرچ کم کرنا۔ کفایت شعاری کرنا (۳) دست کش ہونا۔
باز رہنا (۴) وار بچانا۔ وار روکنا ❊ ہاتھ سادھنا (ہندو) ہاتھ صاف
کرنا۔ مشق کرنا ❊ ہاتھ ساننا۔ ہاتھ بھرنا یا آلودہ کرنا ❊ ہاتھ سر پر
دھر کے رونا (ف) دیکھیے "سر پہ ہاتھ......" ❊ ہاتھ سر پہ رکھنا
(۱) حمایت کرنا۔ مربی بننا۔ مددگار ہونا۔ حمایتی بننا (۲) پیار کرنا (۳) کسی
کے سر کی قسم کھانا (۴) ماتھے پر ہاتھ رکھنا۔ سلام کرنا ❊ ہاتھ سمیٹنا
(ف) (۱) ہاتھ بند کرنا۔ ہاتھ سکیڑنا (۲) دینے سے ہاتھ روکنا۔ دینا بند کرنا ❊
ہاتھ سُن ہو جانا۔ یا۔ سو جانا۔ ہاتھ میں خون کا حرکت نہ کر سکنا۔ ہاتھ کا
کام نہ دے سکنا ❊ ہاتھ سے (۱) ذریعے سے (۲) سبب سے (۳) دم سے۔
ذات سے (۴) گرفت سے۔ قابو سے ❊ ہاتھ سے جاتا رہنا (۱)
بس میں نہ رہنا۔ قابو سے نکل جانا۔ ہاتھ سے کھویا جانا (۲) از خود رفتہ
ہو جانا۔ آپے سے باہر ہو جانا (۳) انتقال کر جانا۔ مر جانا ❊ ہاتھ
سے جانا (۱) جاتا رہنا۔ کھویا جانا۔ اختیار سے جانا۔ قابو سے نکل
جانا (۲) انتقال کر جانا۔ مر جانا ❊ ہاتھ سے دل پھسلنا (جانا)
(ف) (کنایۃً) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا ❊ ہاتھ سے دے بیٹھنا (ف)
(۱) گنوا دینا۔ کھو بیٹھنا۔ ضائع کرنا (۲) قبضہ چھوڑ بیٹھنا۔ قابو میں نہ رکھنا ❊
ہاتھ سے دینا (۱) عطا کرنا۔ بخشنا (۲) ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ جانے دینا۔
قبضہ چھوڑ بیٹھنا (۳) گنوانا۔ کھونا۔ ضائع کرنا ❊ ہاتھ سے سلام
لینا (ف) سلام کا جواب ہاتھ کے اشارے سے دینا ❊ ہاتھ سے
کام نکلنا (ف) (۱) کسی کام کا تجربہ ہونا۔ کوئی کام ہاتھوں سے کیا جانا۔ کوئی
کام کر کے دیکھ لینا (۲) کوئی کام واپس لیا جانا۔ کسی کام کا قبضے سے جانا
(۳) کسی کے ذریعے سے کام پورا ہونا۔ کسی وسیلے سے کوئی کام بننا ❊
ہاتھ (یا ہاتھوں) سے نالاں ہونا (ف) ہاتھ سے تنگ آنا ❊
ہاتھ سے ہاتھ ملانا (ف) (۱) دیکھیے "ہاتھ ملانا" (۲) کچھ دینا۔ کچھ نقدی
دینا۔ روپیہ دینا ❊ ہاتھ سے ہاتھ مَلنا۔ بے حد پچھتانا۔ افسوس کرنا ❊
ہاتھ شل ہو جانا (رہونا) (ف) زیادہ کام کرنے یا اَور کسی وجہ سے ہاتھ
کا کام کرنے کے لائق نہ رہنا ❊ ہاتھ صاف کرنا (۱) مشق کرنا۔ ہاتھ
سے کوئی کام نکالنا۔ ہاتھ رواں کرنا (۲) خط سنوارنا۔ مشق کرنا (۳) ہاتھ

دھونا۔ ہاتھ پاک کرنا (۴) ہاتھ مارنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا (۵) غارت کرنا۔
لُوٹنا۔ مال مارنا (۶) بُرائی کرنا۔ وار کرنا۔ زک دینا (۷) خرچ کرنا۔ اُڑانا ❊
ہاتھ قبضے پر ڈال لینا۔ تلوار کھینچنا یا سُونتنا۔ آمادۂ قتل ہونا۔ قتل کرنے
کا ارادہ کرنا ❊ ہاتھ قلم کرنا۔ ہاتھ کاٹنا۔ ہاتھ اُڑانا ❊ ہاتھ کاٹ
دینا (ف) (۱) ہاتھ قلم کر دینا (۲) بے اختیار کر دینا (۳) دستاویز لکھ دینا۔
تحریری اقرار دینا ❊ ہاتھ کاٹنا (۱) ہاتھ قلم کرنا (۲) پچھتانا۔ افسوس کرنا
(۳) نہایت غصے میں اپنے ہاتھ کو دانتوں میں پکڑنا (۴) قسم کھانا ❊ ہاتھ
کا جھوٹا۔ جو لے کر نہ دے۔ نادہند۔ بد دیانت۔ بد معاملہ۔ خائن۔ بے ایمان ❊
ہاتھ کا دیا۔ مذکر۔ خیرات۔ دان پُن۔ بخشش۔ سخاوت ❊ ہاتھ کا دیا
آڑے آتے۔ خیرات ہی مصیبت کی روک تھام کرتی ہے ❊ ہاتھ
کا دیا ساتھ کھانے لگا۔ مثل۔ کمینے بھی برابری کا دعویٰ کرنے لگے ❊
ہاتھ کا سچا۔ لین دین کا کھرا۔ اعتبار والا۔ معتبر۔ دیانت دار۔ ساکھ والا۔
صادق ❊ ہاتھ کا میل۔ مذکر (۱) وہ چرک، جو ہاتھ سے اترے (۲) (کنایۃً)
بے حقیقت چیز۔ بے اصل چیز۔ ناچیز (۳) (مجازاً) مال و زر۔ روپیہ پیسا ❊
ہاتھ کان سے ننگی۔ وہ عورت، جس کے پاس ہاتھوں اور کانوں کا زیور
نہ ہو ❊ ہاتھ کانوں پر رکھنا (۱) بالکل لاعلمی ظاہر کرنا۔ ناآشنائی اور
ناواقفی ظاہر کرنا (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنا (۳) پناہ مانگنا ❊
ہاتھ کٹ جانا (۱) ہاتھ قلم ہو جانا (۲) ہاتھ میں زخم آ جانا (۳) کسی
معاملے میں اپنی تحریر دے دینا، جس سے کچھ عذر کا موقع نہ رہے ❊
ہاتھ کٹ چکے۔ تحریر دے کر مجبور ہو گئے ❊ ہاتھ کرنا۔ حملہ کرنا۔
وار کرنا ❊ ہاتھ کشیدہ آسمان پر دیدہ (ف) (ع) اس کی نسبت
بولتے ہیں، جس کا ہاتھ کہیں اَور ہو، خیال کہیں اَور ❊ ہاتھ کنگن کو آرسی
کیا (ف) مثل۔ جو چیز آنکھوں کے سامنے ہو، اس کے دریافت کرنے کی
ضرورت ہی کیا ❊ ہاتھ کوڑی نہ بازار لیکھا (ف) مثل۔ مفلس کا اعتبار
کوئی نہیں کرتا ❊ ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے (ف) جس سے کچھ لیتے
ہیں، اسی کو دیتے ہیں ❊ ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا۔ ہاتھ کو ہاتھ
نہیں سجھائی دیتا۔ اندھیرا گھپ ہے ❊ ہاتھ کھانا۔ تلوار کے وار کھانا ❊
ہاتھ کھجلانا (۱) ہاتھ میں خارش ہونا (۲) کسی کے مارنے پیٹنے کی خواہش
ہونا (۳) کچھ ملنے کی اُمید ہونا ❊ ہاتھ کھل جانا۔ یا۔ کھلنا (۱) ہاتھ کا
کام دینے لگنا۔ ہاتھ چلنا (۲) تنگی نہ رہنا۔ روپیہ پیسا ہاتھ میں آنا۔ کاروبار
جاری ہونا (۳) مار بیٹھنے کی عادت پڑ جانا ❊ ہاتھ کھینچ لینا۔ باز آنا ❊
ہاتھ کھینچنا (۱) ہاتھ اٹھانا۔ دست بردار ہونا۔ ترک کر دینا۔ باز
آنا (۲) کسی کام سے ہاتھ روک لینا (۳) (کنایۃً) امور دنیوی کا ترک
کر دینا (۴) کچھ دینے سے ہاتھ روک لینا ❊ ہاتھ کی روٹی۔ مؤنث۔
ہاتھ سے تیار کی ہوئی روٹی۔ توے پر پکائی ہوئی روٹی ❊ ہاتھ کی
لکیریں۔ مؤنث (۱) ہتھیلی کے گہرے خطوط (۲) تقدیر کا لکھا ❊
ہاتھ کی لکیریں مٹنا (۱) محبت کا جاتا رہنا۔ قرابت یا رشتہ ٹوٹنا (۲)

حق داروں کا حق جانا * ہاتھ کی لکیریں نہیں مٹتیں - اپنے کسی طرح
غیر نہیں ہو سکتے * ہاتھ کے ردو) بیر نہ کھانا (عو) متنفر ہونا - کسی
سے نہایت نفرت کرنا - بالکل خاطر میں نہ لانا * ہاتھ کے طوطے
اُڑ جانا (ف) بے خبر ہو جانا - حواس باختہ ہو جانا - کوئی چیز دیکھ کر یا سُن کر
بے حواس اور بے خود ہو جانا * ہاتھ کے نیچے آجانا (ہ) ہتھے چڑھ جانا -
قبضہ ہو جانا - قابو میں آجانا - مداخلت ہو جانا * ہاتھ گاڑی - مؤنث -
رکھشا - پہاڑی بگھی * ہاتھ گریبان تک جانا (ف) گریبان پھاڑ ڈالنا -
وحشت کا زور پکڑنا * ہاتھ گلنا (ہ) (۱) انتہائی سردی کے سبب ہاتھ کے
گوشت کا مر جانا (۲) پھوڑوں یا زخموں سے ہاتھ کے گوشت کا سڑ جانا *
ہاتھ گلے میں ڈالنا (کنایۃً) پیار کرنا * ہاتھ گھسانا - بے فائدہ محنت
کرنا - لاحاصل کام کرنا * ہاتھ گھسائی - مؤنث - وہ محنت، جس سے کچھ
حاصل نہ ہو * ہاتھ گھنگھولنا - پانی کے ظرف میں ہاتھ ڈال کر پانی کو حرکت
دینا * ہاتھ لا (لانا) (۱) واہ وا - کیا کہنا ہے - شاباش - مرحبا - آفرین
(۲) لطیفہ کہنے پر داد طلب کرنا (۳) پہلوانوں کا ہاتھ ملانا * ہاتھ لپک -
اُچکّا - چور - اُٹھائی گیرا * ہاتھ لگانا (۱) چھونا - مَس کرنا - ہاتھ پھیرنا (۲)
دست درازی کرنا - چھیڑنا (۳) سہارا دینا، مدد کرنا (۴) کام شروع کرنا (۵)
ہاتھ مارنا - ضرب لگانا - تلوار کی ضرب لگانا - وار کرنا (۶) شرط بدنا - بازی
لگانا (۷) قول دینا (۸) تیرنے میں ہاتھ چلانا - ہاتھ مارنا - کشتی چلانے
کے لیے ملاح کا بلی کو حرکت دینا (۹) (عو) مارنا - پیٹنا - تھپڑ جڑنا *
ہاتھ لگتے کملانا - بے حد نازک ہونا * ہاتھ لگاتے (رنگے)
مَیلا ہونا - کمال سفید، اُجلا اور آب دار ہونا - انتہائی لطیف اور پاکیزہ
ہونا * ہاتھ لگنا (۱) مَس ہونا - چھو جانا - ہاتھ پھرنا (۲) حاصل ہونا -
ملنا - دست یاب ہونا - ہاتھ آنا (۳) بس میں آنا - قابو چڑھنا (۴) سہارا ملنا
(۵) کام شروع ہونا (۶) شرط ہونا - بازی بدنا (۷) حساب میں حاصل ہونا
(ان معنی میں ہاتھ لگا اور ہاتھ لگے مستعمل ہے) * ہاتھ لیا کانسا تو
بھیک کا کیا سانسا - مثل (عو) جب گدائی اختیار کر لی تو پھر مانگنے
میں کیا شرم * ہاتھ مارنا (۱) ہاتھ لگانا - ضرب لگانا (۲) جلد جلد نوالے
کھانا (۳) مال اُڑانا - غبن کرنا - چوری کرنا (۴) شرط لگانا (۵) رشوت
لینا (۶) قابض ہو جانا - قبضہ کر لینا (۷) ذبح کرنا - قتل کرنا - ہاتھ صاف
کرنا (۸) قول دینا - اقرار کرنا (۹) دروازہ کھٹکھٹانا (۱۰) شناوری کرنا (۱۱)
سینے یا سر پہ ہاتھ مارنا (۱۲) تلاش کرنا (۱۳) کشتی میں کسی کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ
مارنا * ہاتھ مال نہ گانٹ مال میں دھنو نتی جات مال -
کہاوت - نہ میرے ہاتھ میں ہنر ہے، نہ بدن میں جوہر - میں تو اپنی اعلیٰ ذات
کے سبب امیر ہوں - وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی بے سلیقہ اپنی ذات
پر گھمنڈ کرے * ہاتھ ملانا (۱) ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ مَس
کرنا (۲) مصافحہ کرنا (۲) پنجہ کشی کرنا - ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا
(۳) (کنایۃً) ہم خیالی اور ہمسری کرنا (۴) رخصت کے وقت اور وعدے
کی پختگی کے لیے ہاتھ ملانا (۵) پہلوانوں کا کشتی سے پہلے ہاتھ ملانا *
ہاتھ مَلتے پھرنا - افسوس کرتے پھرنا - پچھتاتے پھرنا * ہاتھ مَلتے
رَہ جانا (رہنا) افسوس کرتے رہ جانا - پچھتاتے رہنا * ہاتھ مَلنا -
(کنایۃً) (۱) رشک و حسد سے افسوس کرنا (۲) افسوس کرنا - پچھتانا *
ہاتھ مِلنا (۱) دست بوسی ہونا - مصافحہ ہونا (۲) نقدی ملنا - بِکری ہونا
(۳) کشتی لڑنے کے آغاز میں زور آزمائی کے لیے پہلوانوں کے ہاتھ ملنا *
ہاتھ مُنہ پر سے نہیں اُترے - ابھی نئی دلھن ہے - شرم و حیا کے
دن ہیں * ہاتھ میں (۱) اختیار میں - قبضے میں (۲) ہاتھ کے اندر * ہاتھ
میں آنا (۱) حاصل ہونا - ہاتھ لگنا (۲) قابو میں آنا - قبضے میں آنا (۳) بہم
پہنچنا - دست یاب ہونا * ہاتھ میں ٹھیکرا دینا (۱) بھیک منگوا دینا - مفلس
کر دینا (۲) بھیک منگوانا - گدائی کرانا * ہاتھ میں دل رکھنا (ف) خاطر داری
کرتے رہنا - ناز برداری کرنا - ہر آرزو پوری کرنا * ہاتھ میں دل لینا - دل
خوش رکھنا - دل دہی کرنا - دل جوئی کرنا - خاطر داری کرنا - راضی رکھنا * ہاتھ
میں دے روٹی اور سر پہ مارے جوتی - مثل - ایسے کم ظرف کے متعلق
کہتے ہیں، جو احسان کرکے بار بار جتائے * ہاتھ میں سمرنی اور بغل میں
کترنی - مثل - ایسے شخص کے متعلق بولتے ہیں، جو ظاہر میں نیک ہو اور باطن
میں دغاباز * ہاتھ میں سنیچر آنا (ہ) طالع کا زحل ستارے میں آنا، جو
بہت منحوس ہے - تنگ دست ہونا - انتہائی افلاس چھانا * ہاتھ میں
قلم پکڑ (لے) کر رہ جانا (ف) لکھتے وقت حیرت سے سوچ میں پڑ جانا *
ہاتھ میں لانا، پات میں کھانا - جو کمانا، سو کھا لینا - ایسا مفلس ہونا کہ
گھر میں برتن تک نہ رہنا * ہاتھ میں لینا - آپ انتظام کرنا - کوئی کام اپنے
ذمے لینا * ہاتھ میں لیے پھرنا (۱) ہاتھ میں دبائے پھرنا (۲) (عوام)
شہوت میں سخت بیتاب ہونا * ہاتھ میں ہاتھ دینا (۱) کسی کو کسی کے
سپرد کرنا (۲) عورت کی شادی کر دینا - بیاہ کر دینا (۳) مصافحہ کرنا - ہاتھ ملانا
(۴) وجد اور خوشی کے وقت اپنا ہاتھ کسی کے ہاتھ میں دینا (۵) ضعیف یا
بوڑھے شخص کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ ڈال دینا تاکہ وہ گر نہ پڑے (۶) (کنایۃً)
میل جول رکھنا اور ساتھ ساتھ رہنا * ہاتھ میں ہُنر (جوہر) ہونا (ف)
ہُنر مند یا صاحبِ کمال ہونا * ہاتھ نہ آنا (ہ) (۱) پکڑا نہ جانا (۲) قابو
میں نہ آنا (۳) کسی چیز کا نہ ملنا - حاصل نہ ہونا * ہاتھ نہ پڑنا - کوئی
کام نہ ہو سکنا - کامیابی نہ ہونا * ہاتھ نہ رکھنے دینا (۱) پاس نہ آنے
دینا - ہاتھ نہ لگانے دینا (۲) خاطر میں نہ لانا - پروا نہ کرنا (۳) جمنے نہ دینا -
قابو میں نہ آنا (۴) کسی طرح راضی نہ ہونا (۵) رُوکھا ہونا - بدمزاج ہونا *
ہاتھ نہ گلے ناک میں پیاز کے ڈلے (ف) مثل (عو) کم ظرف اور
ذرا سی چیز پر اترانے والی کے متعلق کہتی ہیں * ہاتھ نہ لگانا (ہ) (۱)
ذرا نہ چھونا - احتراز اور کنارہ کرنا (۲) زد و کوب نہ کرنا (۳) بچے کو
تنبیہ نہ کرنا (۴) بات نہ پوچھنا - خاطر میں نہ لانا * ہاتھ نہ مٹھی، بلبلاتی
اُٹھی - مثل - پاس کوڑی نہیں، حوصلہ دکھانے میں یہ گرم جوشی - پاس کچھ

نہیں، غصہ ناحق کا ٭ **ہاتھا پائی** (ہاتا پائی)۔ مؤنث۔ گھونسم گھونسا۔ مُکا مُکی۔ دھول دھپّا۔ مار کٹائی۔ مار دھاڑ۔ مار پیٹ۔ لڑائی بھڑائی (کرنا کے ساتھ) ٭ **ہاتھا پائی کی لینا**۔ مار کٹائی اختیار کرنا۔ لپا ڈگی پر اُتر آنا۔ کُشتم کُشتا ہو جانا۔ دھینگا مشتی پر آ جانا ٭ **ہاتھا چھانٹی**۔ مؤنث (۱) دغا بازی۔ بدمعاملگی۔ بددیانتی (۲) خُورد بُرد۔ غبن۔ چوری ٭ **ہاتھا ہاتھی**۔ ہاتھ سے ہاتھ تک جانا۔ ایک کا دوسرے کو دینا۔ دست بدستی ٭ **ہاتھوں**۔ مذکر (۱) ہاتھ کی جمع حرفِ جار سے پہلے (۲) باعث۔ سبب۔ کارن (۳) دست بدست۔ ہم دست (۴) ہاتھ سے۔ ہاتھوں سے (۵) ذریعے سے۔ توسط سے (۶) افعال۔ کردار (۷) اظہار کثرت کا کلمہ ٭ **ہاتھوں اُچھلنا** (۱) بے حد بے قرار ہونا۔ نہایت تڑپنا (۲) کثرت سے اُچھلنا۔ نہایت کُودنا ٭ **ہاتھوں چھاؤں رکھنا (کرنا)** (ع) کمال حفاظت سے رکھنا ٭ **ہاتھوں دل بڑھانا** (ف) ہمت بڑھانا۔ بہت حوصلہ دلانا ٭ **ہاتھوں سے** (ہ) (۱) باعث۔ سبب۔ کارن (۲) ڈھنگوں سے۔ فعلوں سے۔ ذات سے ٭ **ہاتھوں کلیجا اُچھلنا** (۱) کمال اضطراب ہونا (۲) انتہائی خوشی ہونا ٭ **ہاتھوں کی لکیریں**۔ مؤنث (۱) ہاتھوں کی ریکھیں (۲) وہ نشان یا نقش، جو مٹائے نہ مٹیں (۳) یگانے۔ عزیز۔ قرابتی ٭ **ہاتھوں کے طوطے اُڑ جانا (اُڑنا)** (ا) دیکھیے "ہاتھ کے طوطے اُڑ جانا" ٭ **ہاتھوں مہندی پاؤں مہندی اپنے لچھن اَوروں دیندی** (ہ) (۱) آپ مہندی کا عذر کر کے کام سے بچنا اور دوسرے کو کام سونپنا (۲) اپنا عیب دوسروں کے سر تھوپنا ٭ **ہاتھوں میں سانپ۔ یا۔ ناگ کھلانا** (۱) سانپ کو ہاتھ میں رکھنا (۲) جان جوکھوں کا کام کرنا۔ مشکل کام کرنا ٭ **ہاتھوں ہاتھ** (۱) دست بدست (۲) ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں۔ اُوپر ہی اُوپر۔ بالا ہی بالا (۳) جلد۔ فوراً۔ شتاب۔ تُرت ٭ **ہاتھوں ہاتھ اُٹھا کر لے جانا**۔ دست بدست فوراً لے جانا۔ اُوپر ہی اُوپر لے جانا ٭ **ہاتھوں ہاتھ اُڑا لینا**۔ فوراً لے جانا۔ دست بدست لے جانا ٭ **ہاتھوں ہاتھ اُڑ جانا**۔ فوراً خرچ ہو جانا۔ بہت جلد صرف ہو جانا ٭ **ہاتھوں ہاتھ لے جانا** (۱) جلدی سے لے جانا۔ دیر نہ کرنا۔ فوراً لے جانا (۲) نہایت قدر و منزلت سے لے جانا ٭ **ہاتھوں ہاتھ لینا** (۱) دست بدست لینا۔ کوئی چیز اس طرح ہاتھوں پر لے لینا کہ زمین پر نہ گرنے پائے۔ فوراً لینا۔ جھٹ پٹ لینا (۲) اُوپر ہی اُوپر لے جانا (۳) توقیر کرنا ٭

ہاتھی (ہَتّا۔ ہتھی) (ہ) مذکر۔ فیل۔ پیل۔ ایک بڑے ڈیل ڈول والا موٹا جانور۔ گج ٭ **ہاتھی پاؤں**۔ مذکر (دہلی) ایک بیماری، جس سے پاؤں نہایت موٹا ہو جاتا ہے۔ فیل پا ٭ **ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں، جس کا ہاتھی اس کا ناؤں**۔ مثل۔ جس کی چیز ہو، اسی کا نام ہوتا ہے۔ اصل شے مالک ہی کی ہوا کرتی ہے ٭ **ہاتھی جھولنا** (۱) دروازے پر ہاتھی ہونا (۲) (کنایۃً) بہت دولت مند ہونا ٭ **ہاتھی جھومنا** (۱) کسی کے پاس ہاتھی ہونا (۲) گھر میں کنواری لڑکی شادی کے لائق ہونا ٭ **ہاتھی چک** (مہند) (انگ آرٹی چوک) مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری، جس کی جڑ پکا کر کھائی جاتی ہے ٭ **ہاتھی خانہ** (ف) مذکر۔ فیل خانہ ٭ **ہاتھی دانت** (ہ) مذکر۔ ہاتھی کے دانت، جن کی اکثر چیزیں بنائی جاتی ہیں۔ دندانِ فیل ٭ **ہاتھی دانت کا چُوڑا**۔ مذکر۔ ہاتھی کے دانتوں کی بنی ہوئی چُوڑیاں ٭ **ہاتھی (ہاتھیوں) سے گنّے کھانا** (۱) زبردست سے مقابلہ کرنا (۲) اپنے سے زیادہ حیثیت والے سے معاملت کرنا ٭ **ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی اٹھاتا ہے۔ ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی سنبھالے**۔ بڑے کام بڑے ہی حوصلے والا کرتا ہے۔ زبردست سے زبردست ہی نپٹتا ہے ٭ **ہاتھی کا پاٹھا**۔ مذکر۔ جوان ہاتھی۔ ہاتھی کا نر بچہ ٭ **ہاتھی کا پیر آنکس** (ف) مثل۔ ہاتھی کا استاد آنکس ہے۔ ہتھیار سے زبردست بھی قابو میں آ جاتا ہے ٭ **ہاتھی کا جگ ساتھی، کیڑی کا ہاہن بیڑی** (ہ) مثل۔ زبردست کے سب ساتھی ہوتے ہیں اور کمزور کے سب دشمن ٭ **ہاتھی کے پاؤں میں سب کے پاؤں**۔ مثل (۱) بڑے آدمی کے سب مطیع ہوتے ہیں (۲) سخی کی کمائی میں سب کا حصّہ ہے (۳) امیروں سے غریبوں کو بھی فائدہ پہنچ رہتا ہے ٭ **ہاتھی کے دانت**۔ مذکر۔ ہاتھی کے دانت اور خصوصاً وہ دو بڑے دانت، جو آگے کو نکلے ہوئے ہوتے ہیں ٭ **ہاتھی کے دانت بٹھانا** (کنایۃً) (۱) ناممکن بات کرنا (۲) بوڑھے طوطے کو پڑھانا ٭ **ہاتھی کے دانت دکھانے کے اَور ہیں، کھانے کے اَور**۔ مثل۔ دکھانے کی چیز اَور ہوتی ہے، کام میں لانے کی اَور۔ دُنیا کے لوگ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ ٭ **ہاتھی کے ساتھ گنّے چوسنا** (دہلی) زبردست سے مقابلہ کرنا ٭ **ہاتھی کے مُنہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں**۔ زبردست کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں ٭ **ہاتھی گھوڑا بھاگ گئے، گدھا پوچھے کتنا پانی**۔ بڑے بڑے ہمت ہار گئے، ادنیٰ کو ابھی حوصلہ باقی ہے ٭ **ہاتھی نال**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی توپ، جسے ہاتھی گھسیٹتے ہیں ٭ **ہاتھی نکل گیا ہے) دُم اٹکی رہ گئی رہے)** (ف) مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب سارا کام ہو کر تھوڑا سا باقی رہ جاتے ٭ **ہاتھی وان** (ہ) مذکر۔ فیل بان۔ ہاتھی چلانے والا۔ مہاوت ٭ **ہاتھی ہزار لُٹے پھر لاکھ من کا، ہاتھی ہزار لُٹے تو بھی سوا لاکھ ٹکے کا** (ف) مثل۔ امیر آدمی کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے، پھر بھی اُس کی قدر باقی رہتی ہے ٭ **ہاتھی ہے یا امرود**۔ مثل۔ اُس محل پر کہتے ہیں، جب کسی شخص نے دو مختلف چیزیں دیکھی ہوں اور ان میں سے ایک چیز کے متعلق لوگوں کے پوچھنے پر کہے کہ یا یہ ہے یا وہ ٭

ہاٹ (ہَاٹ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) دکان۔ لین دین کی جگہ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ ہٹ۔ ہٹی (۲) پینٹھ (۳) بازار۔ سودا بکنے کی منڈی (۴) کارخانہ (کرنا، کھولنا کے ساتھ) ٭

ہاجر (ہا۔ جِرْ) (ع) (۱) ہجرت کرنے والا۔ اپنا مُلک چھوڑ کر دوسرے مُلک میں جا رہنے والا (۲) مکّہ میں جا رہنے والا (۳) عرب کا ایک قبیلہ ؛

ہاجِرہ (ہا۔ جِرَہْ) (عربی میں ہَاجَرْ بفتحِ سوم تھا) مؤنّث۔ حضرت اسمٰعیلؑ کی والدہ ؛

ہاجی (ہا۔ جِیْ) (ع) ہجو کرنے والا۔ مُنہ چڑانے والا۔ نقّال ؛

ہادِم (ہا۔ دِمْ) (ع) عمارت کا ڈھانے والا ؛ **ہادم اللّذّات** (۱) لذّتوں کا ڈھانے والا (۲) (کنایۃً) ملک الموت ؛

ہادی (ہا۔ دِیْ) (ع) ہدایت کرنے والا۔ رہبر۔ رہنما۔ پیر و مُرشد۔ پیشوا ؛

ہار (ہا رْ) (ہ) مؤنّث (۱) شکست۔ ہزیمت۔ مات (۲) تکان۔ ماندگی (۳) مؤنّث۔ چراگاہ (۴) ہارنا کا امر ؛ **ہار بیٹھنا**۔ یا۔ **ہار جانا** (۱) بازی دے بیٹھنا۔ مات ہو جانا (۲) شکست کھا جانا۔ عاجز ہو جانا۔ مغلوب ہو جانا۔ پیٹھ دکھا جانا (۳) تنگ ہو جانا۔ تھک جانا۔ ناک میں دم ہو جانا ؛ **ہار جیت**۔ مؤنّث۔ شکست و فتح۔ نفع و نقصان ؛ **ہار جیت کرنا**۔ بازی ہارنا یا لینا۔ داؤں پر لگانا۔ جُوا کھیلنا ؛ **ہار دینا**۔ بازی پر لگا کر مات ہو جانا۔ بازی میں دے دینا ؛ **ہار کر** (کے) تھک کر۔ مجبور ہو کر۔ مجبوراً۔ آخرکار ؛ **ہار کے جھک مار کے**۔ دیکھیے "ہار کر" ؛ **ہار ماننا**۔ شکست تسلیم کرنا ؛ **ہارا** (۱) تھکا ماندہ۔ تھکا ہوا (۲) ضعیف۔ کمزور۔ بودا۔ ناتواں۔ بے دم (۳) مات کھایا ہوا۔ بازی ہارا ہوا ؛ **ہارا جھک مارا سارا جنگل تمہارا**۔ لڑکوں کا ایک کھیل۔ جب کوئی لڑکا ہار جائے تو اس سے یہ فقرہ کہلواتے ہیں ؛ **ہارنا** (۱) بازی میں دے دینا۔ قمار میں شرط دینا (۲) چوکنا۔ رہ جانا۔ ناکام ہونا (۳) شکست کھانا۔ یا۔ پانا (۴) ماندہ ہونا۔ تھکنا (۵) مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا (۶) دِق ہونا۔ تنگ ہونا ؛ **ہارُو**۔ ہارنے والا۔ **ہارے بھی ہرا وے جیتے بھی ہرا وے**۔ مثل۔ اُس آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو ہر طرح اپنی ہی بات کے لیے قائل کرے ؛ **ہارے کو ہتھیار**۔ مثل۔ جب انسان بالکل ناکارہ ہو جاتا ہے تو مجبوراً ہتھیار پر نوبت آتی ہے ؛ **ہارے کے درجے**۔ یا۔ **ہارے درجے** (ف) (عو) مجبور ہو کر۔ مجبوراً۔ تھک کر۔ ناچار ہو کر۔ آخرکار ؛

ہار (ہا رْ) (ہ۔ معنی ۱ ۲ میں فارسی بھی ہے۔) مذکّر (۱) بالعموم وہ دھاگا، جس میں پے در پے کوئی چیز گوندھی گئی ہو اور بالخصوص وہ رشتہ، جس میں مروارید، لعل، یا قوت گندھے ہوں (۲) گندھے ہوئے پھولوں یا موتیوں کی مالا (۳) جواہرات کا گلوبند (۴) زخموں کی بدّھی (پڑنا، چڑھانا، ڈالنا کے ساتھ) [ہار اور بدّھی میں فرق۔ بدّھی میں ایک لڑ ہوتی ہے اور ہار میں کئی لڑیں۔ بدّھی آڑی پہنتے ہیں اور ہار سیدھا۔] ؛ **ہار سنگار**۔ مذکّر (۱) ایک درخت، جس کے پھولوں کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں (۲) زیب و زینت ؛

ہار (ہا رْ) (ہ) (۱) کرنے والا۔ کرتار۔ فاعل (۲) قابل۔ لائق۔ جوگ جیسے ہونہار ؛

ہارمونیم (ہا رْ۔ مُو۔ نِیَمْ) (انگ۔ Harmonium) مذکّر۔ ایک قسم کا انگریزی باجا ؛

ہاروت (ہا۔ رُوْتْ) (ع) مذکّر۔ دیکھیے "ماروت" ؛

ہارون (ہا۔ رُوْنْ) (عجمی لغت) مذکّر (۱) حضرت موسیٰؑ کے بڑے بھائی (۲) خلیفۂ بغداد (۳) شریر و سرکش گھوڑا (۴) سردار۔ سالارِ قوم ؛

ہاڑ (ہا ڑْ) (ہ) مذکّر (۱) ہڈّی۔ استخوان (۲) ڈھانچ۔ ڈھچر۔ پنجر (۳) ہاڑنا کا امر ؛ **ہاڑ جوڑا**۔ مذکّر (۱) ٹوٹی ہوئی ہڈیاں جوڑنے والا (۲) ایک پودا ؛ **ہاڑنا** (عوام) (ہندو) (۱) ایک باٹ سے دوسرا باٹ تول کر بنانا (۲) وزن سے وزن برابر کرنا۔ وزن کا مقابلہ کرنا۔ امتحان کرنا۔ اندازہ کرنا ؛

ہاشم (ہا۔ شِمْ) (ع) مذکّر۔ آنحضرتؐ کے پردادا ؛ **ہاشمی**۔ حضرت ہاشم سے نسبت رکھنے والا ؛

ہاضم (ہا۔ ضِمْ) (ع) ہضم کرنے والا ؛ **ہاضمہ**۔ مذکّر۔ ہضم کرنے کی قوّت ؛

ہاکی (ہا۔ کِیْ) (انگ۔ Hockey) مؤنّث۔ ایک کھیل، جس میں گیند اور خمیدہ لکڑی سے کھیلتے ہیں ؛

ہال (ہ) مؤنّث (۱) (عو) حرکت۔ جنبش۔ چال۔ جھٹکا۔ گردش۔ رفتار (۲) مذکّر۔ لوہے کا وہ چکّر، جو پہیّے کے گرداگرد چڑھایا جاتا ہے (۳) (ف) (عو) فوراً۔ ابھی۔ تُرت (۴) مذکّر۔ ہل۔ قلبہ (۵) پتوار (۶) ہالنا کا امر ؛ **ہالا**۔ مذکّر (۱) وہ ٹیکس، جو ہل پر لگایا جاتے (۲) شراب ؛ **ہالنا**۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا ؛ **ہالی**۔ مذکّر۔ ہل چلانے والا۔ ہل جوتا ؛

ہال (ہا لْ) (انگ۔ Hall) مذکّر۔ گول کمرہ۔ بڑا کمرہ۔ دالان ؛ **ہال بازار** (Hall Bazar) مذکّر۔ امرتسر کا ایک بہت بڑا اور مشہور بازار ؛

ہالا ڈولا (ہا۔ لا، ڈُو۔ لا) (ہ) مذکّر (عوام) (عو) بھونچال۔ زلزلہ ؛

ہالوں (ہا۔ لُوْں) (ہ) مؤنّث۔ ایک قسم کے دانے، جو اکثر دواؤں میں کام آتے ہیں ؛

ہالہ (ہا۔ لَہْ) (ع) مذکّر (۱) وہ دائرہ، جو زمین کے بخارات سے چاند کے گرد ظاہر ہوتا ہے اور جو بارش ہونے کی علامت سمجھا جاتا ہے (۲) (کنایۃً) عاشق (کرنا کے ساتھ) ؛

ہالی موالی (ہا۔ لِیْ، مَوَا۔ لِیْ) (ف) مذکّر (عو) دیکھیے "اہالی موالی" ؛

ہامان (ہا۔ مَانْ) (عجمی) مذکّر (۱) فرعون کا وزیر (۲) حضرت ابراہیمؑ کا بھائی ؛

ہامون (ہا۔ مُوْنْ) (ع) مذکّر۔ جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔ میدان ؛

ہامی (ہا۔ مِیْ) (ہ) مؤنّث۔ ہاں۔ اقرار (بھرنا کے ساتھ) ؛

ہان (ہا نْ) (س) مؤنّث (۱) خسارہ۔ نقصان۔ زیان۔ ضرر۔ ٹوٹا (۲) بٹّا۔

مصیبت (۳) خونریزی۔ کشت و خون ۔

ہاں (ہَاں) (ف) (۱) کسی امر کا بعجلت حکم دینے کے لیے جواب کا کلمہ (۲) ٹھیک۔ ضرور (۳) مؤنّث۔ اقرار (۴) (دہلی) یہاں (اب اہلِ لکھنؤ ان معنی میں استعمال نہیں کرتے۔) (۵) حکم کا اشارہ (۶) بے شک (۷) البتّہ (۸) آگاہ کرنے کے لیے (۹) تنبیہ (۱۰) واقعی (۱۱) کیوں (۱۲) (طنزاً) ضرور۔ بے شک (۱۳) خبردار۔ ہوشیار (۱۴) صرف (۱۵) تاکید (۱۶) کلمۂ ندا (۱۷) سوال کے جواب میں۔ ادب کے لیے "جی ہاں"۔ [ہاں اور بھلا کا فرق۔ ہاں اور جی ندائے قریب کے اور بھلا ندائے بعید کے جواب میں بولا جاتا ہے۔] ۔ **ہاں جی** (۱) جی ہاں ۔ **ہاں جی کا نوکر ہونا**۔ ہر حال میں افسر کی مرضی کا تابع ہونا ۔ **ہاں جی کیوں نہیں** (۱) ہو سکتا ہے (۲) (طنزاً) نہیں ہو سکتا ۔ **ہاں کرنا**۔ اقبال کرنا۔ اقرار کرنا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا۔ ماننا ۔ **ہاں میں ہاں ملانا** (۱) بغیر سمجھے بوجھے اقرار کر دینا (۲) اضافہ کرنا ۔ **ہاں نہ کا جواب**۔ مذکّر (عو) صاف جواب، اقرار یا انکار ۔ **ہاں ہاں**۔ مؤنّث (۱) ہٹ۔ ضد۔ اصرار (۲) (طنزاً) بے شک۔ ضرور (۳) ممانعت اور تنبیہ کا کلمہ (۴) لگاتار کسی امر کا اقرار کرنا کہ پھر اس سے انکار نہ کریں ۔ **ہاں ہوں**۔ مؤنّث۔ کلمۂ ایجاب و قبول۔ اقبال۔ اقرار ۔

ہانپنا (ہَانْپ۔ نَا) (ہ) (۱) جلد جلد سانس لینا۔ سانس اکھڑنا (۲) جلد چلنے یا دوڑنے یا بوجھ اٹھانے سے دم کا ٹوٹ جانا ۔

ہانڈ (ہ) ہانڈنا کا امر ۔ **ہانڈا**۔ مذکّر (گنوار) پھرنے والا۔ آوارہ گرد ۔ **ہانڈنا** (گنوار) آوارہ پھرنا۔ آوارہ گرد ہونا۔ بیکار پھرنا ۔ **ہانڈی** (گنوار) پھرنے والی۔ آوارہ گرد ۔

ہانڈی (ہاں۔ ڈِیْ) (ہ) مؤنّث (۱) سالن پکانے کا گلی برتن (۲) لیمپ کا گلوب ۔ **ہانڈی اُبلنا** (۱) ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا (۲) (کنایۃً) بساط سے بڑھ کر کام ہونا (غرور، گھمنڈ کے لیے مستعمل ہے۔) ۔ **ہانڈی پکنا** (۱) دال یا سالن پکنا۔ کھانا پکنا (۲) (کنایۃً) چپکے چپکے صلاح مشورہ ہونا ۔ **ہانڈی پھوڑنا** (عوام) بھانڈا پھوڑنا۔ افشائے راز کرنا ۔ **ہانڈی چاٹی ہوگی**۔ کسی کی شادی میں بارش ہونے پر اسے مذاقاً کہتے ہیں ۔ **ہانڈی چڑھانا** (۱) پکانے کے لیے ہانڈی کا چولھے پر رکھنا (۲) (کنایۃً) ابتدا کرنا ۔ **ہانڈی گرم کرانا** (۱) رشوت دلوانا۔ (۲) فائدہ کرانا ۔ **ہانڈی گرم کرنا** (۱) کھانے کا سامان مفت میں کرنا (۲) (کنایۃً) رشوت میں کچھ کمانا ۔ **ہانڈی میں ہوگا سو ڈوئی میں نکلے گا**۔ مثل۔ جو دل میں ہوتا ہے، وہی زبان پر آتا ہے ۔ **ہانڈی نہ ڈوئی سب پٹ کھوئی**۔ مثل۔ غریبی سے عزّت بھی جاتی رہتی ہے ۔ **ہانڈی وال**۔ مذکّر (۱) کھانے کا شریک۔ ساجھی۔ حصّہ دار (۲) رقیب۔ ایک عورت کے پاس رہنے والے ۔

ہانس (ہَانْس) (ہ) مذکّر (گنوار) (۱) سینے سے اوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈّی۔ ہنسلی کی ہڈّی (۲) گلے میں پہننے کی ہنسلی (۳) ایک آبی پرندہ، ہنس ۔

ہانسی (ہَاں۔ سِیْ) (ہ) مذکّر۔ حصار کے ضلع میں ایک مشہور شہر ۔

ہانسی (ہَاں۔ سِیْ) (ہ) مؤنّث (گنوار) ہنسی مذاق۔ دل لگی ۔ **ہانسی کے گل پھانسی**۔ مثل۔ ہنسی دل لگی کی باتیں کرتے کرتے فساد ہو جاتا ہے ۔

ہانک (ہَانْک) (ہ) مؤنّث (۱) آواز۔ پکار (۲) للکار۔ چلّاہٹ۔ غل شور (۳) ہانکنا کا امر ۔ **ہانک پکار**۔ مؤنّث۔ آدمیوں کا شور غل ۔ **ہانک مارنا**۔ پکارنا۔ آواز دینا۔ چیخ کر پکارنا ۔ **ہانکا ہانک**۔ متواتر ہنکاتے یا بھگاتے ہوتے ۔ **ہانکنا** (۱) چلانا (۲) تیز رفتار کرنا (جانوروں کا) (۳) زبان سے بے سمجھے بوجھے کوئی بات کہنا۔ لن ترانی کرنا (۴) بڑھا کے قیمت کہنا (۵) دستی پنکھا چلانا (۶) مکھیاں دور کرنا ۔ **ہانکے پکارے** (عو) سب کے روبرو۔ علانیہ۔ کھلّم کھلّا۔ ڈنکے کی چوٹ ۔

ہانگا (ہَاں۔ گَا) (ہ) مذکّر (عو) (ہندو) طاقت۔ قوّت۔ زور۔ توانائی ۔ **ہانگا چھوٹنا** (عو) جسمانی قوّت میں فرق آجانا۔ طاقت نہ رہنا ۔

ہانگی (ہَاں۔ گِیْ) (ہ) مؤنّث (عوام) (عو) میدہ چھاننے کی باریک چھلنی۔ کپڑے کی چھلنی ۔

ہاون (ہَا۔ وَنْ) (ف) مذکّر۔ اوکھلی۔ کھرل ۔ **ہاون دستہ**۔ مذکّر۔ اوکھلی اور موسل (عوام ہمام دستہ کہتے ہیں۔) ۔

ہاوہو (ہَا۔ ءُ۔ ہُوْ) (ہ) مؤنّث (۱) شور و غوغا (۲) آہ آہ۔ ہائے ہائے۔ درد اور کراہنے کی آواز ۔

ہاویہ (ہَا۔ وِیَہْ) (ع) مذکّر (۱) دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ (۲) اندھیرا غار (۳) وہ عورت، جس کے بچّے مر گئے ہوں ۔

ہاہا (ہَا۔ ہَا) (ہ) مؤنّث (ہ) مؤنّث (گنوار) (۱) چاپلوسی۔ خوشامد درآمد۔ لّلو پتّو (۲) عاجزی۔ عجز و انکسار۔ منّت سماجت (۳) التجا۔ عرض معروض۔ درخواست۔ استدعا (۴) ہنسی ٹھٹھے کی آواز۔ ہُو ہُو۔ ہی ہی (۵) آہ۔ افسوس۔ حیف۔ ہائے۔ ہا۔ اُف (۶) کلمۂ تاکید، جو کسی کام کے روکنے کے لیے زبان پر لاتے ہیں۔ خبردار ۔ **ہاہا ٹھی ٹھی**۔ مؤنّث۔ ہنسی ٹھٹھا ۔ **ہاہاکار**۔ مذکّر (ہندو) گھبراہٹ۔ ہائے ہائے ۔ **ہاہا کرنا** (گنوار) قدم کو ہاتھ لگانا۔ منّت سماجت کرنا ۔ **ہاہا کھانا** (ہندو) عاجزی کرنا۔ منّت سماجت کرنا۔ خوشامد درآمد کرنا۔ بینتی کرنا۔ پاؤں پڑنا ۔ **ہاہا ہوہو**۔ مؤنّث۔ بیہودہ ہنسی اور مذاق۔ ہنسی ٹھٹّھا ۔ **ہاہا ہی ہی**۔ مؤنّث۔ بیہودہ ہنسی۔ ٹھٹّھا۔ قہقہہ (کرنا کے ساتھ) ۔

ہائل (ہَا۔ اِلْ) (ع) (۱) ڈراؤنا۔ مہیب۔ ہولناک۔ دہشت ناک۔ بھیانک (۲) شدید۔ سخت ۔ **ہائلہ**۔ ڈرانے والی چیز۔ وہ چیز، جس سے خوف معلوم ہو ۔

ہاؤ (ہَا۔ اَوْ) (ہ) مذکّر (۱) ہُو کرنے والا (۲) بچّوں کو ڈرانے کا کاغذی چہرہ (۳) بچّوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔ جنّ۔ بھوت۔ پریت۔ ہوّا ۔

ہاؤ ہاؤ (ہ) مؤنث (۱) ہائے۔ واویلا۔ پکار (۲) جلدی۔ گھبراہٹ (۳) تقاضا۔ طلب (۴) توڑا۔ کمی ٭ ہاؤ ہاؤ کرنا (۱) جلدی کرنا (۲) بلوں بلوں کرنا۔ مانگتے رہنا ٭

ہائی (ہا۔ اِئی) (ہ) مؤنث (۱) کیفیت۔ حالت۔ ڈھنگ۔ طور۔ وضع (۲) (کنایۃً) رسوائی۔ بدنامی ٭

ہائی (ہا۔ اِئی) (انگ High) (۱) اونچا۔ بلند۔ بالا (۲) اونچے درجے کا۔ اعلیٰ۔ بڑا ٭ ہائی سکول High school مذکر۔ بڑا مدرسہ۔ اعلیٰ درجے کا مدرسہ، جس میں دسویں جماعت تک تعلیم ہوتی ہو ٭

ہائی کورٹ High Court مذکر۔ عدالتِ صدر۔ وہ عدالت، جہاں سب سے اخیر اپیل ہوتا ہے ٭

ہائیڈرو (ہا۔ اِئی، ڈْرُوْ) (انگ Hydro) پانی کا، پانی سے متعلق ٭ ہائیڈروجن (ہائی۔ ڈْرُوْ۔ جَن) (انگ Hydrogen) مؤنث۔ وہ ہوائے لطیف، جو پانی کا ایک جزو ہے ٭ ہائیڈروجن بم (Hydrogen Bomb) مذکر۔ ہائیڈروجن سے تیار کیا ہوا بم، جو ایٹم بم سے بھی زیادہ تباہ کن ہے ٭

ہائے (ہا۔ ءِ) (ف) مؤنث (۱) افسوس۔ آہ۔ حیف۔ دریغ۔ دریغا۔ واویلا۔ غضب (۲) بیماری یا دُکھ کی حالت کی آواز۔ ماتم ٭ ہائے اللہ۔ یا۔ ہائے خدا (۱) (عو) اے خدا۔ یا اللہ ٭ ہائے رے۔ تاسف و درد کا کلمہ ٭ ہائے ہائے (ف) مؤنث (۱) آہ آہ۔ آہ و نالہ۔ آہ و زاری۔ واویلا (۲) کمی۔ توڑا۔ طلب۔ مانگ۔ پکار ٭ ہائے ہائے کرنا (۱) (۱) آہیں بھرنا۔ کراہنا (۲) واویلا کرنا۔ غل مچانا (۳) کسی کام میں جان مارنا۔ بڑی محنت کرنا (۴) کسی چیز کے نہ ہونے کی پکار مچانا ٭ ہائے ہو (۱) مذکر (۱) آہ و فریاد۔ آہ و نالہ۔ واویلا (۲) چیخم دھاڑ۔ غل غپاڑا ٭

ہائیں (۱) تنبیہ و تہدید کا کلمہ ٭

ہ - ب

ہبا ڈبا (ہَبْ۔ بَا، ڈَبْ۔ بَا) (ہ) مذکر (۱) مسان کی بیماری (۲) لڑکوں کی شدید کھانسی ٭

ہبڑا (ہَبْ۔ ڑَا) (ہ) بڑے بڑے دانتوں والا۔ بدشکل ٭

ہبک دھبک (ہَبَک، دَھبَک) (۱) مؤنث (عو) کام کرنے کی چالاکی (بیشتر خدمت گاروں کے لیے مستعمل ہے۔) ٭

ہُبل (ہُبَل) (ع) مذکر۔ ایک مشہور بُت جو ایامِ جاہلیت میں بمقام مکہ رکھا ہوا تھا ٭

ہبنق (ہَبَن۔ نَق) (ع) چھوٹے قد کا احمق۔ بیٹری۔ باؤلا۔ جانگلو۔ مادھو

ہبوب (ہُبُوْب) (ع) مذکر۔ ہوا کا چلنا ٭

ہبوط (ہُبُوْط) (ع) مذکر (۱) نیچے اترنا۔ نازل ہونا (۲) پستی۔ نشیب۔ نیچی زمین (۳) بیماری کی دبلاہٹ (۴) نقصان ٭

ہبہ (ہِبَہْ) (ع) مذکر (۱) انعام، عطا، عنایت، مرحمت، بخشش، عطیہ، تحفہ (۲) دان۔ پن۔ خیرات۔ وقف ٭ ہبہ استقبالی (ف) مذکر۔ آئندہ کا ہبہ ٭ ہبہ بحالت مرض۔ مذکر۔ بیماری کی حالت میں ہبہ ٭ ہبہ شرط العوض۔ مذکر۔ عوض کی شرط پر ہبہ ٭ ہبہ کالعدم۔ مذکر۔ وہ ہبہ، جس میں کوئی شرط محال لگائی جائے ٭ ہبہ کرنا (۱) (۱) بخشنا۔ عنایت فرمانا۔ مرحمت کرنا (۲) وقف کر دینا ٭ ہبہ مشاع (ف) مذکر۔ مشترکہ چیز کا ہبہ ٭ ہبہ نامہ۔ مذکر۔ وہ کاغذ یا دستاویز، جس میں کسی چیز کے بخش دینے کا اقرار لکھا جائے ٭

ہ - پ

ہپ (ہَپْ) (ہ) مؤنث۔ نگلنے کی آواز۔ ہڑپ ٭ ہپ کر جانا (۱) کھا جانا۔ نگل جانا (۲) مار لینا۔ غصب کر لینا۔ کسی کا مال ہضم کر جانا ٭ ہپ ہپ۔ مؤنث (۱) جلد جلد نگلنے کی آواز (۲) پوپلوں کے بولنے کی آواز ٭ ہپ ہپ کرنا (۱) پوپلوں کی طرح کھانا (۲) بڑھوں کی طرح منہ سے آواز نکالنا ٭ ہپا۔ مذکر (۱) پوپلوں کے کھانے کی چیز۔ نگلنے کی چیز۔ نرم چارا (۲) کھچڑی (۳) بچوں کا کھانا (۴) (دہلی) (بچوں کی زبان میں) کھانا پکانے والی عورت (۵) (کنایۃً) نوالہ۔ لقمہ (۶) (کنایۃً) رشوت ٭ ہپڑ ہپڑ۔ مؤنث۔ غذا وغیرہ کا جلد جلد کھانا ٭ ہپّو۔ مؤنث (۱) ہڑپ کر جانے والی عورت۔ نگل جانے والی عورت (۲) پوپلی عورت۔ نہایت بوڑھی اور پوپلی عورت ٭

ہپّو (ہَپْ۔ پُوْ) (ہ) مؤنث۔ افیون۔ افیم۔ افیم کی گولی ٭

ہپہپانا (ہَپْ۔ ہَپَا۔ نَا) (ہ) ہانپنا۔ لمبے لمبے سانس لینا ٭

ہ - ت

ہت (ہَتْ) (ہ) (کلمۂ تنفر) الگ ہو۔ چل دور ہو۔ پرے ہٹ ٭ ہت تری۔ ہت تری کی۔ ہت تری کی ایسی تیسی۔ خدا تیرا کھوج کھوئے! اللہ تیرا خانہ خراب کرے ٭

ہت (ہِتْ) (ہ) مذکر (۱) اخلاص، سچی دوستی، چاہ، الفت، محبت، پیار، پریت (۲) بھلائی ٭ ہت کار۔ یا۔ ہت کاری۔ بھلا کرنے والا۔ سجن۔ متر۔ فیاض۔ کریم۔ سخی۔ محسن۔ دھرماتما ٭ ہتو۔ مذکر۔ محب۔ دوست۔ خیرخواہ۔ ہی خواہ۔ ہوا خواہ ٭

ہتا۔ ہتھا (ہَتْ۔ تَا، ہَتْھ۔ تھَا) (ہ) مذکر (۱) دستہ۔ قبضہ۔ موٹھ۔ گرفت (۲) ہاتھ۔ مٹھی (۳) قابو۔ قبضہ (۴) داؤں۔ وار ٭ ہتا جوڑی۔ مذکر۔ ایک قسم کا ناچ، جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑتے ہیں ٭ ہتا (ہتھا) مارنا (۱) ہاتھ مارنا (۲) چوری کرنا۔ چرا لینا۔ مال مارنا ٭

ہتری۔ ہتھری (ہَتْ۔ رِی، ہَتْھ۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) ہاتھ کی تصغیر بالتحقیر (۲) موٹھ۔ دستہ ٭

ہتک (ہَتَک) (ع) مؤنث۔ پردہ دری۔ بے عزتی۔ بے حرمتی۔ بے ادبی۔

گستاخی۔ رُسوائی ٭ ہتک آمیز (ف) بے عزّت کرنے والا۔ گستاخانہ ٭ ہتکِ عزّت کا دعویٰ (۱) مذکر۔ وہ مقدمہ، جو بے عزّتی کی سزا یا ہرجانے کے لیے کیا جاتے ٭

ہتوا لُسنا (ہت۔ وَانس۔ نا) (ہ) (عو) (۱) ہاتھ میں لینا (۲) قبضے پر ہاتھ رکھ کر تلوار ہاتھ میں لینا ٭

ہَتَوڑی۔ ہَتَھوڑی (ہَتَو۔ ڑی، ہَتَھو۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) دست کاری (۲) عیّاری۔ چالاکی ٭

ہتوڑا۔ ہتھوڑا (ہَتَو۔ ڑا، ہَتَھو۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ لوہاروں کا ایک اوزار یا ترول ٭ ہَتَوڑی۔ ہَتَھوڑی (ہ) مؤنث۔ چھوٹا ہتھوڑا ٭

ہَتّوں (ہتّھوں) سے اُکھڑ جانا (اُکھڑنا) (ہ) (۱) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹ جانا (۲) جڑ سے اکھڑ جانا (۳) بالکل الگ ہو جانا ٭

ہَتّھ (ہَتّھ) (ہ) مذکر۔ ہاتھ کا مخفف۔ دست ٭ ہتّھ اُدھار۔ مذکر۔ وہ قرض، جو گرو رکھے بغیر دیا جاتے۔ دست گرداں قرض (دینا، لینا کے ساتھ) ٭ ہتّھ پھول۔ مذکر۔ ایک قسم کی آتش بازی، جو ہاتھ میں لے کر چھوڑتے اور جس میں سے پھول جھڑتے ہیں ٭ ہتّھ پھیر۔ مذکر۔ ہاتھ کی چالاکی (کرنا کے ساتھ) ٭ ہتّھ پھیری۔ مؤنث (۱) دست مالی۔ مساس۔ معشوق کے بدن پر ہاتھ پھیرنا (۲) غبن۔ دست بُرد۔ صفایا (۳) بہت سا کھانا (۴) چابک دستی۔ ہاتھ کی چالاکی۔ شعبدہ بازی (۵) دھول دھپا۔ دست بازی (کرنا کے ساتھ) ٭ ہتّھ چھٹ (۱) چالاک دست (۲) وہ جس کا ہاتھ مارنے میں بے دھڑک چلتا ہو۔ مار بیٹھنے والا۔ دست دراز ٭ ہتّھ رس۔ مذکر۔ جلق۔ مٹھولے بازی ٭ ہتّھ کٹی۔ مؤنث۔ وہ ضرب، جو پھکیت حریف کے ہاتھ پر مارتا ہے ٭

ہتّھ کڑی (ہتکڑی) مؤنث۔ وہ آہنی کڑا یا زنجیر، جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے (پہنانا، پہننا، ڈالنا وغیرہ کے ساتھ) ٭ ہتّھ کل۔ مؤنث (۱) دستی۔ کھٹکا۔ کواڑ کی دستی یا موٹھ (۲) دروازے کی بلّی ٭

ہتّھ کنڈا (کھنڈا) مذکر (۱) ہاتھ کا کرتب۔ ہاتھ کی چالاکی۔ شعبدہ (۲) (کنایۃً) چالاکی۔ عیّاری۔ بدی کرنے کی عادت (۳) داؤں۔ پیچ۔ گھات ٭ ہتّھ کنڈے (کھنڈے) ہتّھ کنڈا (کھنڈا) کی جمع ٭

ہتّھ لیوا۔ مذکر۔ ہندوؤں کی ایک رسم، جس میں دولہا دلھن کے ہاتھ ملا دیتے ہیں ٭ ہتّھ نال۔ مؤنث۔ ایک قسم کی چھوٹی توپ، جو ہاتھی کی پشت پر لادتے ہیں ٭ ہتّھا۔ مذکر۔ دیکھیے "ہتا" ٭ ہتّھی۔ مؤنث (۱) دستی۔ موٹھ (۲) گھوڑا صاف کرنے کا بُرش ٭ ہتّھے۔ یا۔ ہتّے۔ مذکر۔ ہتّھا۔ یا ہتا کی جمع ٭ ہتّھے پر چڑھنا (۱) ہاتھ لگنا۔ داؤں پر چڑھنا۔ کسی کے قابو میں آ جانا (۲) مہارت ہو جانا۔ مشق ہو جانا (ان معنی میں ہتّھے پڑھنا فصیح ہے) ٭ ہتّھے سے اُکھڑنا (۱) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹنا (۲) جڑ سے جانا (۳) بالکل الگ ہو جانا ٭

ہتھیا لینا۔ یا۔ ہتھیانا۔ یا۔ ہتیانا (۱) ہاتھ میں لے لینا (۲) غصب کرنا، مار لینا، قابض ہو جانا، قبضہ کر لینا ٭ ہتھیلی۔ مؤنث (۱) پنجے کا اندرونی حصّہ۔ ہاتھ کا گڑھا۔ کفِ دست (۲) تالی ٭ ہتھیلی پر سر رکھ لینا (ف) مرنے کو آمادہ ہونا۔ سر سے کفن باندھ لینا ٭ ہتھیلی پر سرسوں جمانا (ہ) (کنایۃً) کوئی کام اس طرح آناً فاناً کر دینا کہ عقل حیران ہو جائے۔ انتہائی مشکل کام بے حد عیّاری اور پھرتی سے کر دینا۔ نہایت چالاکی دکھانا ٭ ہتھیلی پر سر لیے پھرنا (ف) جان دینے کو پھرنا۔ مرنے کو پھرنا۔ ہر وقت مرنے کو آمادہ رہنا ٭ ہتھیلی پر سر ہونا۔ مرنے کو تیار رہنا۔ مرنے پر مستعد ہونا ٭ ہتھیلی پر لیے پھرنا (ہ) (عوام) عورت کا خواہشِ نفسانی سے مغلوب ہونا ٭ ہتھیلی پر ہونا (کنایۃً) فروخت کرنے یا پھینک دینے کے لیے آمادہ ہونا ٭ ہتھیلی ٹیک۔ مذکر (بازاری) بوبیا۔ علّتی۔ اوندھا بیلا ٭ ہتھیلی سُلسُلانا۔ ہتھیلی میں ہلکی ہلکی خارش ہونا ٭ ہتھیلی سے ماتھا کوٹنا (عو) حیرت اور حسرت ظاہر کرنا ٭ ہتھیلی کا پھپھولا۔ مذکر (۱) (کنایۃً) نہایت نازک چیز، جو خفیف صدمے سے ٹوٹ جائے (۲) کوئی امر جو باعثِ رنج و ایذا ہو ٭ ہتھیلی کھجانا۔ یا۔ کھجلانا (۱) ہتھیلی میں کھجلی ہونا (۲) (کنایۃً) روپیہ ہاتھ آنے کا شگون (۳) تھپڑ مارنے کو جی چاہنا ٭ ہتھیلی میں چودر پڑنا (عو) منہدی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا۔ ہتھیلی میں سفیدی رہ جانا اور منہدی یکساں نہ لگنا ٭

ہتھنی (ہتھ۔ نی) (ہ) مونث (۱) ہاتھی کی مادہ (۲) (کنایۃً) بہت موٹی فربہ اندام عورت ٭

ہتھیا (ہتھ۔ یا) (ہ) مذکر (۱) برسات کے چند روز، جن میں شدید بارش ہوتی ہے (۲) زبردست بارش ٭

ہتھیار (ہتھ۔ یار) (ہ) مذکر (۱) اسلحہ۔ سامانِ جنگ (۲) اوزار۔ کام کرنے کے آلات۔ راچھ (باندھنا، بندھنا، چلانا، چل جانا، چلنا، ڈال دینا، رکھ دینا، کھولنا، لگانا کے ساتھ) ٭ ہتھیار بند (ف) مذکر۔ ہتھیار لگائے ہوتے۔ مسلّح ٭ ہتھیار خانہ۔ یا۔ ہتھیار گھر (ہ) مذکر۔ ہتھیاروں کے رکھنے کا مکان ٭

ہتّیا (ہت۔ تیا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔ قتل کرنے یا مار ڈالنے کا گناہ (۲) دُکھ۔ عذاب ٭ ہتّیا دینا۔ جان دے کر کسی کو گنہگار کرنا ٭ ہتّیا لینا۔ قتل یا خون کا پاپ اپنے سر لینا ٭ ہتّیارا۔ مذکر (۱) ہتّیا کرنے والا۔ خونی۔ قاتل۔ جلّاد۔ سفّاک (۲) پاپی۔ فاسق۔ فاجر (۳) وہ شخص، جس کی گردن پر کسی کا خون ہو (۴) ظالم ٭

ہتّیار (ہت۔ تیار) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "ہتھیار" ٭

ہ ۔ ٹ

ہٹ (ہَٹ) (ہ) مؤنث ۔ ضد ۔ اصرار ۔ اُڑ (رکھنا، کرنا کے ساتھ) ٭

ہٹ پر آجانا ۔ ضد پر آجانا ۔ اُڑ جانا ٭ ہٹ دھرم ۔ حق ناشناس ۔ بے ایمان ۔ نامنصف ۔ ظالم ۔ بدمعاملہ ۔ سخن پرور ٭ ہٹ دھرمی ۔ مؤنث ۔ بے ایمانی ۔ بے انصافی ۔ بدمعاملگی ۔ سخن پروری ۔ حق تلفی (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ ہٹی ۔ ہٹ کرنے والا ٭ ہٹیلا ۔ اڑیل ۔ مچلا ۔ ضدی ۔ بات کی پچ کرنے والا ٭ ہٹیلی ۔ ہٹیلا کی تانیث ٭

ہٹ (ہَٹ) (ہ) ہٹنا کا امر ٭ ہٹا (۱) ہٹنا سے ماضی مطلق (۲) ہٹانا کا امر ٭ ہٹانا (۱) پرے کرنا ۔ سرکانا ۔ کھسکانا (۲) لوٹانا ۔ پھیرنا ۔ واپس کرنا (۳) روکنا ۔ ملتوی کرنا (۴) شکست دینا ۔ پسپا کرنا ٭ ہٹنا (۱) کھسکنا ۔ سرکنا ۔ ٹل جانا ۔ پرے ہونا (۲) پسپا ہونا ۔ شکست کھانا (۳) واپس ہونا ۔ لوٹنا ۔ پھرنا (۴) گائے، بھینس وغیرہ کا دودھ سے رہ جانا (۵) ملتوی ہوجانا ٭

ہٹ (ہَٹ) (ہ) مذکر ۔ ہاٹ کا مخفف ۔ ہٹ تال ۔ ہٹتال ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "ہڑتال" ٭ ہٹوا ۔ مذکر (پورب) دکان دار ٭ ہٹوان ۔ ہٹوانیا ۔ مذکر ۔ دکان دار ٭ ہٹی ۔ مؤنث (دہلی) دکان ۔ ہاٹ ۔ بازار ٭

ہٹا کٹا (ہَٹ ۔ ٹا ، کَٹ ۔ ٹا) (ہ) موٹا تازہ ۔ جوان ۔ تندرست ۔ مضبوط (انسان کے لیے) ٭ ہٹی کٹی ۔ ہٹا کٹا کی تانیث ٭

ہٹری، ہٹڑی (ہَٹ ۔ رِی ، ہَٹ ۔ ڑِی) (ہ) مؤنث ۔ بچوں کا کھلونا ٭

ہٹکنا (ہَٹَک ۔ نَا) (ہ) (۱) روکنا (۲) ہچکچانا ۔ جھجکنا ٭

ہ ۔ ج

ہجا (ہِجا) (ع) مذکر ۔ حروف کا اعراب سے ظاہر کرنا ٭ ہجے (۱) مذکر ۔ اعراب کے ذریعے سے حرف کو حرف کے ساتھ ملا کر لفظ بنانا ٭ ہجے کرنا ۔ یا ۔ لگانا (۱) حرف جوڑنا ۔ اعراب سے لفظ ادا کرنا (۲) (کنایۃً) رُک رُک کر بولنا ٭ ہجے نکالنا (۱) ہجے کرنا (۲) مین میکھ نکالنا ۔ عیب نکالنا ۔ سقم نکالنا ۔ اعتراض کرنا ٭

ہجر (ہِجر) (ع) مذکر ۔ جدائی ۔ مفارقت ۔ علٰحدگی ٭ ہجران ۔ مذکر ۔ دیکھیے "ہجر" ٭ ہجران نصیب (۱) وہ شخص، جس کی قسمت میں دوست سے جدائی لکھی ہو ۔ فراق زدہ ٭ ہجرت (ع) مؤنث (۱) وطن کو ہمیشہ کے لیے چھوڑ دینا (۲) رسول اللہ (صلعم) کا مکۂ معظمہ سے مدینۂ منورہ جانا (کرنا کے ساتھ) ٭ ہجری ۔ ہجرت سے منسوب ۔ وہ سنہ، جو ہجرت کے زمانے سے شروع ہوتا ہے ٭

ہجڑا (ہِج ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "ہیجڑا" ٭

ہجمہ (ہَج ۔ مَہ) (ع) مذکر ۔ چالیس سے زیادہ اونٹوں کا گلہ ٭

ہجو (ہَجْو) (ع) مؤنث (۱) برائی ۔ مذمت ۔ بدگوئی ۔ غیبت (۲) نظم میں برا کہنا (کرنا کے ساتھ) ٭

ہجوم (ہُجُوم) (ع) مذکر ۔ بھیڑ بھاڑ ۔ انبوہِ کثیر ۔ مجمع ۔ جماؤ (رہنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

ہ ۔ چ

ہچ جانا (ہِچنا) (ہ) نشانہ صحیح نہ بیٹھنا ٭

ہچر مچر (ہِچَر ۔ مِچَر) (ہ) مؤنث (۱) بہانہ ۔ ٹال مٹول ۔ پس و پیش (۲) ہچکچاہٹ ۔ جھجک (۳) جھگڑا ۔ دھکڑ پکڑ (۴) تامل ۔ رکاوٹ (کرنا کے ساتھ) ٭

ہچک (ہِچَک) (ہ) (۱) ہچکنا کا امر (۲) جھٹکا ۔ دھکا ۔ ہچکولا (۳) رکاوٹ ۔ تامل (۴) جھجک ۔ ہچکچاہٹ ٭ ہچکا ۔ مذکر (۱) ہچکولا ۔ جھٹکا ۔ دھکا (۲) روک ۔ اٹکاؤ (۳) دفعۃً کسی چیز کا ٹھہر جانا ٭ ہچکچانا ۔ تامل کرنا ۔ پس و پیش کرنا ٭ ہچکچاہٹ ، ہچکچی ۔ مؤنث ۔ ہچکچانے کا فعل ٭ ہچکنا (۱) جھجکنا (۲) رکنا ۔ تامل کرنا (۳) بہانہ کرنا ٭ ہچکولا ۔ مذکر (۱) دھچکا (۲) وہ صدمہ، جو کسی سواری کی جنبش سے ہو ٭

ہچکی (ہِچ ۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) وہ ہوا، جو آواز کے ساتھ گلے سے رک رک کر نکلتی ہے (۲) وہ حالت، جو جان کنی کے وقت ہوتی ہے ٭

ہچکی (ہچکیاں) آنا (۱) آواز کے ساتھ سانس کا رک کر نکلنا (۲) جان کنی کا وقت ہونا ۔ دم ٹوٹنا ٭ ہچکی (ہچکیاں) بندھ جانا (۱) زیادہ رونے سے سانس رکنے لگنا (۲) جان کنی کے وقت سانس رک رک آنا ٭ ہچکی (ہچکیاں) لگنا (۱) لگاتار ہچکی آنا (۲) انسان کی وہ حالت، جو جان کنی کے وقت ہوتی ہے (۳) انسان کی وہ کیفیت، جو رونے کی شدت میں ہوتی ہے (۴) بوتل سے عرق یا پانی کا رک رک کر نکلنا ٭ ہچکی (ہچکیاں) لینا ۔ روتے روتے سانس رک رک کر نکالنا ٭

ہچپانا (ہِچ ۔ پانَا) (ہ) دیکھیے "ہچکچانا" ٭

ہ ۔ د

ہُدا ۔ ہُدیٰ (ہُدا) مذکر ۔ ہدایت ۔ سیدھا راستہ ٭

ہدا (ہُد ۔ دا) (ہ) مذکر ۔ عہدہ کا مخرب ٭

ہدایا (ہَدا ۔ یا) (ع) مذکر ۔ ہدیہ کی جمع ۔ تحفے ۔ نذریں ٭

ہدایت (ہِدا ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) راہ دکھانا ۔ رہنمائی (۲) ارشاد ۔ حکم ۔ فرمائش (پانا، کرنا کے ساتھ) ٭ ہدایت نامہ ۔ مذکر ۔ قانون ۔ دستور العمل ۔ وہ رسالہ یا کتاب، جس میں کسی امر کے متعلق تمام طریقے لکھے ہوں ٭

ہدّا ہدّا (ہَدْ-دَا، ہَدْ-دَا) (ہ) مؤنث۔ ایک دوسرے کو للکارنا یا دھمکانا ۔

ہدر (ہَدْ-دَر۔ ہَدَر) (ع) مذکر۔ کسی کے خون کر ڈالنے کو مباح کرنا ۔

ہدف (ہَدَف) (ع) مذکر۔ تیر کا نشانہ۔ زد۔ مار ۔ ہَدَف بننا (ف) نشانہ بننا ۔ ہَدَف مارنا (۱) نشانہ مارنا۔ نشانے پر تیر لگانا (۲) (کنایۃً) کوئی بڑا کام کرنا۔ کوئی ایسا کام کرنا، جو دوسروں سے نہ ہو سکے ۔

ہُدہُد (ہُدْ-ہُدْ) (ع) مذکر۔ کھٹ بڑھئی۔ کٹھ پھوڑا۔ مرغِ سلیمانؑ۔ ایک مشہور خوب صورت پرندہ، جس کے سر پر تاج ہوتا ہے ۔

ہدی (ہَدْ-یْ) (ع) مؤنث۔ قربانی کا جانور، جو حاجی مکۂ معظمہ میں لے جاتے ہیں۔

ہدیہ [(ع) ہَدِیْ - یَہْ (ف - ا) ہَدْ - یَہْ] مذکر (۱) تحفہ۔ نذر۔ نذرانہ۔ انعام (۲) قرآن شریف کی قیمت (۳) کلام اللہ کے ختم کرنے کی تقریب (۴) وہ پوشاک، جو قرآن مجید کے ختم کے وقت استاد کو دی جاتی (۵) (عو) (دہلی) آمین (کرنا، ہونا کے ساتھ) ۔

ہ - ڈ

ہڈّا (ہَڈْ-ڈَا) (ہ) مذکر (۱) بڑی ہڈّی (۲) گودے والی ہڈّی (۳) گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے میں جوڑ کے پاس کی ہڈّی، جس سے گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے ۔ ہڈّے۔ مذکر۔ ہڈّا کی جمع ۔ ہڈّے سے موتر سے (موہٹرے) نکل آنا (۱) گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں ہڈّے اور غدود کا نکل آنا، جس سے وہ لنگ کرنے لگتا ہے (کنایۃً) نہایت لاغر ہو جانا ۔

ہڈرا (ہُڈْ-رَا) (ہ) مذکر (دہلی) (عو) بڑا درجہ۔ بڑی گت (کرانا کے ساتھ) ۔

ہڈّی (ہَڈْ-ڈِیْ) (ہ) مؤنث (۱) استخوان (۲) گانٹھ کے اندر کی سخت چیز (۳) (کنایۃً) اصل۔ نسل ۔ ہڈّی پسلی توڑ کر رکھ دینا (توڑنا) (۱) خوب زد و کوب کرنا (۲) لفظ کو توڑ مروڑ کر لونا ۔ ہڈّی ٹوٹنا۔ ہڈّی میں ضرب لگنا۔ استخوان کا شکستہ ہونا ۔ ہڈّی چور کرنا۔ ہر ہڈّی توڑنا۔ سخت زد و کوب کرنا۔ مار مار کر بھرکس نکال دینا ۔ ہڈّیاں۔ مؤنث۔ ہڈّی کی جمع ۔ ہڈّیاں توڑنا۔ بہت پیٹنا۔ مار کر بھرکس نکال دینا ۔ ہڈّیاں ہلنا (عو) (۱) محنت مزدوری کرنا (۲) زحمت اٹھانا ۔ ہڈیلا (۱) ہڈّی والا۔ استخوانی (۲) وہ جس کے بدن پر بوٹی نہ ہو، صرف ہڈّیاں ہوں ۔ ہڈّیوں۔ ہڈّی کی جمع حرفِ جار سے پہلے ۔ ہڈّیوں کا مالا ہو جانا (لکھنؤ) نہایت لاغر ہو جانا۔ سوکھ کر کانٹا ہو جانا ۔

ہ - ذ

ہٰذا (ہَا-ذَا) (ع) یہ ۔ ہٰذا من فضلِ ربّی۔ یہ اللہ کے فضل سے ہے ۔

ہذیان (ع، ہَذَیَانْ۔ فارسی میں ہَذْیَان بھی مستعمل ہے۔ اردو میں زبانوں پر بالکسر ہے) مذکر (۱) بڑ۔ بیہودہ اور بے معنی کلام (۲) وہ مہمل اور بے موقع گفتگو، جو انسان تپ کی شدّت میں دماغ کی خرابی سے کرنے لگتا ہے ۔

ہ - ر

ہر (ہَرْ) (ف) (۱) ایک ایک۔ فرد فرد۔ ہر ایک (۲) ہر کس۔ فی کس ۔ ہر آن (ف) (۱) ہر طرح (۲) ہر وقت۔ ہر دفعہ۔ ہر گھڑی۔ ہر ساعت ۔ ہر آئینہ (ف) ضرور۔ البتّہ۔ بے شک۔ ہرچند۔ ناچار ۔ ہر ایک (ف) ایک ایک۔ ہر بشر۔ ہر شخص ۔ ہر بار (ف) ہر دفعہ۔ گھڑی گھڑی۔ بار بار۔ آئے دن۔ نت۔ ہمیشہ۔ مدام۔ سدا ۔ ہرجائی (۱) وہ شخص، جو ایک جگہ نہ ٹھہرے اور مارا مارا پھرے (۲) (کنایۃً) بے مروّت۔ بے وفا ۔ ہرجائی پن۔ ہرجائی پنا (ف) مذکر (۱) ہر ایک سے ملاقات رکھنا۔ بے وفائی۔ بے مروّتی (۲) عیّاری۔ عیّار پن۔ ہوشیاری۔ چالاکی (لکھنؤ میں "ہرجائی پنا" مستعمل نہیں، دہلی میں دونوں لفظ مستعمل ہیں) ۔ ہر جگہ (۱) ہر کہیں۔ ہر مقام پر (۲) ہر موقع پر ۔ ہر جیسے کو تیسا۔ جیسا کوئی ہوتا ہے، ویسا ہی اُسے مل جاتا ہے ۔ ہرچند (ف) (۱) کیسا ہی۔ کتنا ہی۔ بہتیرا (۲) جس قدر۔ جتنا کچھ (۳) اگرچہ ۔ ہرچہ۔ کوئی چیز۔ جو کچھ ۔ ہرچہ از غیب می رسد نیکوست۔ اس جگہ اردو میں "ہرچہ از دوست می رسد نیکوست" مستعمل ہے۔ دوست کے ہاتھ سے جو ایذا پہنچے، اس کی کچھ شکایت نہیں ۔ ہرچہ بادا باد۔ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ کچھ ہی ہو۔ جو ہو سو ہو ۔ ہرچہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم۔ مثل۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں کوئی شخص اہم کام شروع کرے اور نتیجے پر نظر نہ ڈالے ۔ ہرچہ باشد۔ کوئی چیز کیوں نہ ہو ۔ ہرچہ (ہر چیز کہ) در کانِ نمک رفت نمک شد۔ مثل۔ جیسی کسی کی نشست و برخاست ہو، ویسا ہی ہو جاتا ہے ۔ ہر حال میں (ف) ہر طرح۔ ہر حالت میں۔ ہر صورت میں۔ بہر حال۔ بہر کیف۔ ہرچند ۔ ہر دفعہ۔ ہر وقت۔ ہر بار۔ ہر موقع پر۔ ہمیشہ ۔ ہر دفعہ گڑ میٹھا ہی میٹھا۔ مثل۔ گڑ کو جب دیکھو، میٹھا ہی ہوگا۔ اچھے کی ہمیشہ اچھائی ہی نکلتی ہے۔ ہر دفعہ فائدہ ہی فائدہ ڈھونڈنے کے موقع پر بھی بولتے ہیں ۔ ہر دل عزیز (ف) مقبول۔ عام پسند۔ سب کا پیارا۔ وہ شخص، جسے ہر آدمی عزیز رکھے ۔ ہر دم۔ ہر وقت۔ ہر آن۔ ہر لحہ۔ ہر لحظہ۔ ہر دفعہ۔ ہر گھڑی ۔ ہر دو۔ دونوں۔ دونوں کے دونوں ۔ ہر دیگی چمچہ (ف) مذکر (۱) ہرجائی۔ ہر شخص کے پاس آنے جانے والا (۲) مفت خورا۔ طفیلی (۳) خوشامدی (۴) ہر بات اور کام میں

دخل دینے والا ٭ ہر رنگ میں پانی۔ ہر شخص سے ربط ضبط پیدا کرنے والا ٭ ہر روز (ف) روز کے روز۔ بلاناغہ۔ روزمرّہ۔ آئے دن۔ سدا۔ ہمیشہ ٭ ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے۔ مثل۔ روز روز ایسا عمدہ موقع ہاتھ نہیں آتا ٭ ہر روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا (ہ) (کنایۃً) روز کمانا، روز کھانا ٭ ہر سُو۔ ہر بار۔ ہر طرف۔ ہر جانب۔ سب طرف ٭ ہر فرعونے را موسیٰؑ (ف) ایک پر ایک غالب ہے ٭ ہر فن مولا (ہ) ہر فن جاننے والا۔ ہر کام میں طاق۔ جگت استاد ٭ ہرکارہ (ف) مذکر (۱) خط رساں۔ ڈاکیا۔ قاصد۔ نامہ بر (۲) مذکوری۔ چپراسی (۳) ہر کام کرنے والا۔ پیادہ۔ اردلی (۴) مخبر۔ جاسوس ٭ ہر کارے وہر مردے۔ مثل۔ ہر شخص ہر کام کا اہل نہیں ٭ ہر کجا۔ ہر جگہ۔ جہاں کہیں ٭ ہر کجا چشمۂ بود شیریں مردم و مور و مرغ گرد آیند (مقولہ) جہاں فائدے کی امید ہوتی ہے، سب لوگ جمع ہو جاتے ہیں ٭ ہر کس بخیالِ خویش خبطے دارد۔ مثل۔ ہر ایک اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے ٭ ہر کس و ناکس۔ ہر ایک۔ عوام النّاس۔ ادنیٰ و اعلیٰ ٭ ہر کسی سے (ہ) ہر ایک سے۔ ہر شخص سے ٭ ہر کہ آمد عمارتِ نو ساخت (ف) مثل۔ ہر شخص اپنے ہی خیال کے مطابق کام کرتا ہے ٭ ہر کہ و مہ۔ ہر ادنیٰ و اعلیٰ ٭ ہر گاہ (۱) جب۔ جس وقت۔ جس گھڑی۔ جس حال میں (۲) چونکہ ٭ ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است۔ ہر ایک کا اندازہ جداگانہ ہے ٭ ہر ملکے و ہر رسمے۔ ہر جگہ کا چلن جدا ہوتا ہے ٭ ہر نوالے بسم اللہ (ہ) ایسے آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جو بے غیرتی سے کھانے کی صلاح کے ساتھ ہی بسم اللہ کر کے کھانے کو موجود ہو جائے ٭ ہر وقت (ف) ہر موقع پر۔ ہر گھڑی۔ بارہا۔ اکثر ٭ ہر ہمہ وجوہ (ہ) (عو) (۱) ہر طرح۔ ہر حال میں (۲) بلاشبہہ۔ ضرور ٭ ہر ہر۔ دیکھیے "ہر ایک" ٭ ہر ہفت (ف) آراستہ۔ سنگار کیے ہوئے ٭ ہر یک۔ ہر ایک ٭ ہر یکے را بہر کارے ساختند۔ مقولہ۔ خدا نے ہر ایک کو خاص کام کے لیے بنایا ہے ٭

ہر (ہَر) (ہ) ہرنا کا امر ٭ ہر جانا۔ بازی ہار جانا ٭ ہرا (۱) ہرنا سے ماضی مطلق (۲) ہرانا کا امر ٭ ہَرانا (۱) بازی دینا۔ مات دینا۔ سر کرنا (۲) مغلوب کرنا۔ شکست دینا (۳) مضمحل کرنا۔ تھکانا ٭ ہَرنا (۱) بازی ہار جانا (۲) جوئے میں کسی چیز کا ہار جانا ٭

ہَر (ہَر) (س) مذکر (۱) وشنو۔ کرشن۔ مہادیو (۲) (مجازاً) خدائے تعالیٰ۔ پرمیشور ٭ ہر بھجن (ہ) مذکر۔ وشنو کی عبادت۔ مہادیو کا بھجن ٭ ہر بھجنا۔ خدا کا نام لینا۔ مالا جپنا ٭ ہر بھگت۔ مذکر۔ وشنو کی پرستش کرنے والا ٭ ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے، ذات پات نہ پوچھے کوئے۔ مثل۔ جو شخص خدا کی بندگی کرتا ہے، وہی اس کا پیارا ہوتا ہے۔ اللہ کے نزدیک ذات پات کی کوئی قدر نہیں ٭

ہر (ہَر) (ہ) مذکر (عوام) ہل۔ قلبہ ٭ ہرواہا۔ مذکر (۱) وہ شخص، جو زمین کو زراعت کے لیے تیار کرے (۲) چرواہا ٭

ہُر (ہُر) (ہ) مؤنث۔ پرندوں کے اڑنے کی آواز ٭ ہُر ہو جانا (۱) (کنایۃً) اڑ جانا۔ غائب ہو جانا (۲) سب خرچ ہو جانا ٭

ہرا (ہَرا) (ہ) (۱) سبز۔ دھانی (۲) سرسبز۔ تروتازہ۔ شاداب (۳) کچا (۴) تازہ (۵) بامراد۔ کامیاب۔ باغ باغ۔ خوش (۶) تازہ دم۔ چاق (۷) مذکر۔ چارا۔ چری (ان معنی میں بیشتر "ہری" مستعمل ہے۔) ٭ ہرا باغ دکھانا (عو) سبز باغ دکھانا۔ دھوکا دینا۔ چکنی چپڑی باتیں بنا کر فریب دینا ٭ ہرا بھرا (۱) سرسبز۔ شاداب۔ تروتازہ (۲) بامراد۔ کامیاب۔ پھلا پھولا۔ بختاور (۳) (مکان کے لیے) معمور۔ آباد (۴) (انسان کے لیے) بااہل و عیال (۵) (باغ کے لیے) وہ جس میں درخت اور پھل ہوں ٭ ہرا کچوڑہ (عو) بہت ہرا ٭ ہرا کرنا۔ خوش کرنا ٭ ہرا ہو جانا (۱) سرسبز ہو جانا (۲) زخم کا تازہ ہو جانا (۳) خوش ہو جانا۔ باغ باغ ہو جانا (۴) تازہ دم ہو جانا۔ تھکن اتر جانا (۵) (عوام) قابلِ وصول ہونا (۶) چہرے پر رونق آنا۔ تنومند ہونا ٭

ہری (۱) مؤنث۔ سبزی۔ چارا (۲) سبز چیز۔ کاہی رنگ کی چیز (۳) سرسبز۔ تروتازہ۔ شاداب ٭ ہری بھری۔ ہرا بھرا کی تانیث ٭ ہری چُگ (ہ) وہ جانور، جو ہری گھاس جہاں پاتا ہے، چرتا ہے۔ جب وہ نہیں رہتی تو جہاں اَور ہری گھاس دیکھتا ہے، جا موجود ہوتا ہے (۲) (کنایۃً) بے وفا۔ ہرجائی (۳) دولت کا ساتھی۔ وہ شخص، جو بے بلائے کھانے پر آ دھمکے ٭ ہری کھیتی گیا بھن گائے، مُنہ پڑے، جب جانی جائے۔ مثل۔ جب تک ہری کھیتی پک نہ جائے، گیابھن گائے بچہ نہ دے، اس وقت تک بھروسا نہیں۔ جب کوئی کام انجام کو پہنچ جائے تو اطمینان ہوتا ہے ٭ ہریا۔ مذکر (۱) سبز (۲) ہرا بھرا۔ شاداب۔ سرسبز (۳) شاہی جنگل کا نگہبان (۴) جنگلی۔ وحشی ٭ ہریا ہاتھی حاکم چور، دونوں کے بگڑے اور نہ ٹھور (ہ) مثل۔ جنگلی ہاتھی اور بدنیت حاکم کے بگڑ جانے سے کہیں ٹھکانا نہیں لگتا ٭ ہریالا (ہ) (عوام) (ہندو) (۱) ہرا بھرا۔ سرسبز۔ تروتازہ۔ شاداب۔ لہر والا۔ پھلا پھولا۔ شگفتہ (۲) (عو) نوجوان۔ نوعمر ٭ ہریالی۔ مؤنث (گنوار) (۱) سبزہ۔ سبزی۔ ہریاول (۲) تروتازگی۔ شادابی۔ سرسبزی (۳) (لکھنؤ) سرسبز و تازہ گھاس۔ دُوب (۴) سبزہ زار ٭ ہریلے۔ مذکر۔ ایک قسم کے گیت، جو شادی میں گائے جاتے ہیں ٭ ہریانا (گنوار) (عو) (۱) ہرا بھرا ہونا۔ سرسبز ہونا (۲) مذکر۔ اونچی زمین ٭ ہریاول۔ مؤنث (دہلی) ہریالی ٭ ہریائی۔ مونث (عوام) ہریاول ٭ ہریل۔ مذکر (۱) ایک قسم کا ہرا کبوتر (۲) جنگلی کبوتر کے برابر ایک ہرا پرندہ ٭ ہرے میں آنکھیں ہونا (گنوار) مال داری کے باعث فضول خرچی کی عادت

پڑنا ٭ ہریلیا ۔ مذکر (۱) ایک قسم کا خوش آواز پرندہ (۲) ایک قسم کا طوطا ٭

ہڑا (ہَڑ ۔ ڑا) (ہ) مذکر (عوام) (۱) ہلیلہ ۔ ہڑ (۲) ہلیلہ کی شکل کے نقرئی گولے، جو گھوڑے کے زین میں لگاتے ہیں (۳) (مجازاً) گھوڑے کی حمائل اور زیور ٭ ہڑا لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آتے (۱) مثل ۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کچھ خرچ کیے بغیر خاطر خواہ کام نکل آئے ٭

ہُڑا (ہُڑ ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) فوج کا پھیلاؤ (۲) آواز (۳) منتشر ہو جانا (ہو جانا کے ساتھ) ٭

ہُڑا (ہُڑ ۔ ڑا) (ف) مذکر (۱) شور و غوغا (۲) دہشت ناک آواز (۳) خوف (۴) چمک ٭

ہُڑا (ہُڑ ۔ ڑا) (انگ ۔ Hurrah) مذکر (۱) خوشی کی آواز (۲) مرحبا ۔ شاباش ۔ کیا خوب ٭

ہراس (ہِراش) (ف) مذکر و مؤنث (۱) ڈر ۔ خوف ۔ ہول (۲) (۱) مایوسی ۔ ناامیدی ٭ ہراساں (۱) خوف زدہ ۔ ڈرا ہوا (۲) ڈرپوک (۳) (۱) مایوس ۔ ناامید (ہونا کے ساتھ) ٭

ہراند (ہِرانْد) (ہ) مؤنث (دہلی) (۱) کچے مسالے کی بُو ۔ کچی ہلدی کی سی بُو (۲) کچے پھول یا پھل کی بُو (لکھنؤ میں ہراہند ہے۔) ٭

ہرائی جتائی کرنا (ہ) (ع) (۱) دق کرنا ۔ حیران کرنا ۔ عاجز کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ (۲) امتحان لینا ٭

ہراول (ت) ہِرا ۔ وَلْ (۱) ہَرا وَل ۔ ہِراوَلْ] مذکر (۱) وہ تھوڑی سی فوج، جو لشکر کے آگے آگے چلے ۔ لشکر کا پیش خیمہ (۲) آگے کی فوج کا سردار ٭

ہر بر نہ جاننا (ہ) (لکھنؤ) دو چیزوں میں فرق نہ کر سکنا ۔ قوتِ تمیز سے بے بہرہ ہونا ٭

ہر بونگ (ہَر ۔ بَوْنگ) (ہ) دیکھیے "ہڑ بونگ" ٭

ہر بھار یوڑی ۔ ہر پھروڑی ۔ ہر فار یوڑی (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا کھٹا پھل ٭

ہر پھر کر (کے) (ہر ۔ پھر کَر) (ہ) (۱) پھر پھرا کے ۔ ناچار ۔ آخر کر ۔ آخر کار ۔ مجبور ہو کر (۲) ہر دفعہ ۔ ہر گھڑی ۔ بار بار ٭

ہرتال (ہَر ۔ تال) (ہ) مؤنث ۔ دیکھیے "ہڑتال" ٭

ہرتی پھرتی چھاؤں (ہ) مؤنث (۱) آتی جاتی چھاؤں (۲) (کنایۃً) ایک جگہ یا ایک کے پاس نہ رہنے والی چیز ٭

ہرتے پھرتے (ہ) (۱) آتے جاتے ۔ چلتے پھرتے (۲) کبھی کبھی ٭

ہرج (ہَرَج) (ع) مذکر (۱) ہنگامہ ۔ شورش ۔ گڑبڑی ۔ دنگا ۔ فتنہ (۲) خلل ۔ خسارہ ۔ نقصان ٭ ہرج مرج (ع) مذکر (۱) بلوہ ۔ شورش (۲) خلل ۔ نقصان ٭ ہرجانہ (۱) ہرج کرنے کا معاوضہ ۔ زرِ نقصان ٭ ہَرجہ ۔ مذکر (۱) خسارہ ۔ نقصان (۲) ہرجانہ ٭

ہردا (ہِر ۔ دَا) (ہ) مذکر (۱) دِل ۔ مَن ۔ قلب ۔ خاطر ۔ ضمیر (۲) (مجازاً) جگر ۔ کلیجا ٭ ہردا کھل جانا ۔ یا ۔ کھلنا (۱) باطن کی آنکھیں کھل جانا ۔ روشن ضمیر ہو جانا ۔ غیب دان ہو جانا (۲) ہمت بڑھ جانا ۔ بہرا کھل جانا ٭ ہردے کرنا (ہندو) یاد کرنا ۔ ازبر کرنا ۔ حفظ کرنا ٭

ہرداول (ہَر ۔ دَا ۔ وَلْ) (ہ) مؤنث ۔ گھوڑے کے سینے کی بھونری ٭

ہرزہ (ہَر ۔ زَہْ) (ف) لغو ۔ بیہودہ ۔ نامعقول ٭ ہرزہ درا ۔ ہرزہ سرا ۔ بیہودہ گو ٭ ہرزہ درائی ۔ ہرزہ سرائی ۔ مؤنث ۔ یاوہ گوئی ۔ بیہودہ گوئی ۔ ژٹل ۔ بکواس ٭ ہرزہ کار ۔ بیہودہ باتوں کا خوگر ٭ ہرزہ گرد ۔ بیہودہ مارا مارا پھرنے والا ٭ ہرزہ گردی ۔ مؤنث ۔ آوارہ پھرنا ٭ ہرزہ گو ۔ بیہودہ گو ۔ یاوہ گو ٭

ہرس (ہَرَش ۔ ہِرْ سْ) (ہ) مؤنث ۔ ہل کی پھالی ٭

ہرسا (ہَر ۔ سَا) (ہ) مذکر (ہندو) صندل گھسنے یا رگڑنے کا پتھر ٭

ہرقل (ہِرَقْل ۔ ہِرْ ۔ قِلْ) (رومی) مذکر ۔ بادشاہ روم کا لقب ٭

ہرکھ (ہَرَکھْ) (ہ) مذکر (ہندو) سُکھ ۔ آنند ۔ خوشی ۔ خرمی ٭

ہرگز (ہَر ۔ گِزْ) (ف) (نفی تاکید کے لیے) زنہار ۔ مطلقاً ۔ اصلاً ۔ کبھی ۔ کسی وقت ٭

ہرمز (ہُرْ مُزْ) (ف) مذکر (۱) ہر شمسی مہینے کی پہلی تاریخ (۲) نوشیرواں کا ایک بیٹا ٭

ہرمزی (ہِر ۔ مِزِی) (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کی سرخ مٹی ۔ ہرمچی ٭

ہرمشٹا (ہَر ۔ مُشْ ۔ ٹا) (ہ) (ہندو) ہٹا کٹا ۔ موٹا تازہ ۔ مضبوط ۔ قوی ۔ زور آور ٭

ہر میجسٹی (ہَر ۔ مَے ۔ جَسْ ۔ ٹی) (انگ ۔ Her majesty) مؤنث ۔ ملکۂ معظمہ ۔ بادشاہ بیگم کا خطاب ٭

ہرن (ہِرَن ۔ ہِرَنْ) (ہ) مذکر ۔ آہو ۔ ہرگ ۔ چکارا ٭ ہرن کا چوکڑی بھرنا ۔ ہرن کا چاروں ٹانگیں اٹھا کر کلانچ مارنا ۔ ہرن کا زقند مارنا ٭ ہرن کا چوکڑی بھول جانا ۔ یا ۔ بھولنا ۔ گھبراہٹ یا خوف کی وجہ سے ہرن کا گھبرا کر اپنی معمولی رفتار اور پھرتی بھول جانا ۔ حواس باختہ ہو جانا ٭ ہرن کا کالا ہونا (کنایۃً) شدت کی دھوپ پڑنا ٭ ہرن ہو جانا ۔ ہرن کی طرح جلد بھاگ جانا ، رفوچکر ہو جانا ، فرار ہو جانا ، کافور ہو جانا ٭ ہرنا ۔ مذکر ۔ آہوئے نر ٭ ہرنوٹا ، مذکر ۔ ہرن کا بچہ ٭ ہرنی ۔ مؤنث ۔ ہرن کی مادہ ٭

ہرنا (ہَر ۔ نَا) (ہ) مذکر ۔ سا کھو کا اگلا ابھرا ہوا حصہ ٭

ہروتی (ہَرَوْ ۔ تِی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی بانس کی لکڑی، جو بے حد وزنی، نفیس اور ٹھوس ہوتی ہے ٭

ہرول (ہَرَوْلْ) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "ہراول" ٭

ہَڑ وَلْ (ہَڑ۔ وَلْ) (ہ) مؤنث۔ زر تقاوی جو ہل جوتنے والوں کو بلا سود دیا جاتا ہے ٭

ہرہرانا (ہَر۔ ہَرا۔ نا) (ہ) (۱) ڈرنا۔ کانپنا (۲) غرّانا (۳) دریا کا شور کرنا ٭

ہرہے (ہَر۔ ہے) (ہ) مذکر (۱) ہل چلانے والے بیل (۲) شرارتی بیل (۳) آوارہ بیل (۴) بکری۔ گائے۔ بھینس (۵) جنگلی۔ وحشی ٭

ہری (ہَرِی) (س) مذکر۔ خدا۔ پرمیشور۔ بھگوان ٭ ہری بلوانا (۱) خدا کا نام بلوانا (۲) (کنایۃً) مجبور کر کے زندہ درگور کر دینا ٭ ہری بولنا (ہندو) (۱) مرتے وقت خدا کا نام لینا (۲) چیں بولنا۔ ہار جانا ٭

ہرے پھرے (ہَرِے پھرے) (ہ) (ع) ہر پھر کر۔ پھر پھرا کر۔ آخر کار ٭

ہریرہ (ہَرِی۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) چھوٹی بلّی (۲) بلّی کا بچّہ ٭

ہریسہ (ہَرِی۔ سَہ) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کا کھانا، جو گیہوں کے آٹے، گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکایا جاتا ہے (۲) (۱) (کنایۃً) بہت گلا ہوا۔ گھلا ملا ٭

ہ ۔ ڑ

ہَڑ (ہَڑ) (ہ) مؤنث (۱) ہلیلہ۔ ایک قسم کا کسیلا پھل (۲) ایک طرح کی لمبی گھنڈی، جو ہڑ سے مشابہ ہوتی اور گوٹے کے ہار، ازار بند وغیرہ میں لگائی جاتی ہے ٭

ہَڑ (ہَڑ) (ہ) مؤنث۔ ہاڑ کا مخفف۔ ہڈّی۔ استخوان ٭ ہَڑ پھوٹن۔ مؤنث۔ ہڈیوں کا درد۔ اعضا شکنی ٭ ہَڑ جُوڑا۔ مذکر۔ ایک پودا، جس سے ہڈّی جوڑی جاتی ہے ٭ ہَڑ وَاڑ۔ مؤنث (۱) خاندانی قبرستان (۲) وہ جگہ، جہاں اپنے کنبے کے لوگ جمع ہوتے ہیں ٭

ہُڑ (ہ) مؤنث۔ چڑیوں کے ہنکانے کی آواز ٭

ہُڑ (ہُڑ) (ہ) سادہ لوح۔ نادان۔ بے وقوف ٭

ہڑبڑا (ہَڑ۔ بڑا) (ہ) ہڑبڑانا کا امر ٭ ہڑبڑانا۔ بوکھلانا۔ گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا ٭ ہَڑبَڑی۔ مؤنث (۱) گھبراہٹ۔ جلدی۔ بیتابی۔ بے قراری۔ اضطراب (۲) افراتفری۔ ہل چل۔ بھاگڑ (پڑنا کے ساتھ) ٭ ہَڑبَڑیا (۱) گھبرایا ہوا۔ بے چین۔ مضطر (۲) جلد باز ٭

ہڑبونگ (ہَڑ۔ بَونگ) (ہ) مذکر و مؤنث۔ ہنگامہ۔ ہل چل۔ افراتفری۔ کھلبلی۔ غدر۔ بدعملی۔ بدنظمی۔ شورش۔ اندھیر (مچانا، مچنا، ہونا کے ساتھ) ٭

(ہَڑَپ) (ہ) مؤنث (۱) چبائے بغیر نگل جانا۔ ایک ہی دفعہ نوالہ اتار جانا (۲) ہڑپنا کا امر ٭ ہڑپ کر جانا (۱) نگل جانا۔ اندر اتار جانا (۲) کھا جانا۔ غبن کر لینا ٭ ہَڑَپّا۔ مذکر۔ کسی شے کا ایک ہی بار منہ میں ڈال کر حلق سے اتار جانا ٭ ہَڑَپنا (۱) نگلنا (۲) (کنایۃً) غبن کرنا ٭

ہڑتال (ہَڑ۔ تال) (ہ۔ ہٹ، بازار۔ تال، قفل) مؤنث (۱) اظہارِ ماتم یا حاکم کے ظالمانہ برتاؤ کے باعث بازار بند ہو جانا (پڑنا، کرنا، ہو جانا۔ یا۔ ہونا کے ساتھ) (۲) کسی شے کا نایاب ہونا (۳) ایک قسم کی زرد اور زہریلی دھات ٭

ہُڑدنگا (ہُڑ۔ دَنگ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) لڑکوں کا اچھلنا کودنا (۲) مارا مارا پھرنے والا۔ آوارہ ٭ ہُڑدنگی۔ ہڑدنگا کی تانیث ٭ ہُڑدنگے۔ مذکر۔ ہڑدنگا کی جمع (کرنا کے ساتھ) ٭

ہَڑک (ہَڑَک) (ہ) ہڑکنا کا امر ٭ ہَڑکنا۔ جھڑکنا۔ روک دینا۔ ہمت توڑ دینا ٭

ہُڑک (ہُڑَک) (ہ) مؤنث (۱) عادت۔ لت۔ وحشت (۲) (کنایۃً) امنگ۔ ولولہ۔ شوق (۳) باؤلے کتے کا زہر اثر کر جانا، کتے کی طرح بولنا اور کاٹنے کو دوڑنا (اٹھنا، چڑھنا کے ساتھ) (۴) ہُڑکنا کا امر ٭ ہُڑکا (۱) مذکر۔ کسی چیز کی جدائی کا غم، جس سے بچے بیمار پڑ جاتے ہیں (کرنا کے ساتھ) (۲) ہُڑکانا کا امر ٭ ہُڑکانا۔ پھڑکانا۔ ترسانا۔ بیدل کرنا۔ کسی شے کی جدائی سے رنج دینا ٭ ہُڑکنا (۱) یاد کرنا۔ بچوں کا ماں، دایہ یا اَور کسی کو، جس سے وہ مانوس ہوں، یاد اور ان سے نہ ملنے کا رنج کرنا (۲) پھڑکنا۔ ترسنا۔ خواہش مند ہونا ٭

ہُڑک (ہُڑُک) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا باجا ٭

ہَڑکائی (ہَڑ۔ کا۔ اِئی) (ہ) باؤلی۔ دیوانی۔ پگلی ٭ ہڑکائی کتیا (۱) مؤنث۔ باؤلی کتیا۔ وہ کتیا، جو ہر ایک کو کاٹتی پھرے (۲) (کنایۃً) جھگڑالو۔ لڑاکا۔ ہر ایک کے سر ہونے والی ٭

ہَڑنا (ہَڑ۔ نا) (ہندو) (عوام) (۱) تلنا (۲) جانچا جانا۔ پرکھا جانا ٭

ہ ۔ ز

ہزار (ہَزار) (ف) (۱) دس سو (۲) (۱) کتنا ہی۔ ہرچند۔ بہتیرا (۳) کثرت تعداد کے لیے (۴) مؤنث۔ بلبل (۵) (۱) بے حد۔ نہایت ٭ ہزار آفتیں ہیں ایک دل لگانے میں (۱) ایک عشق کے ساتھ سیکڑوں مصیبتیں ہوتی ہیں ٭ ہزار بار (ف) ہزار دفعہ۔ بارہا۔ اکثر ٭ ہزار پا۔ مذکر۔ کنکھجورا ٭ ہزار جان سے (۱) انتہائی شوق سے ٭ ہزار جان سے قربان ہونا۔ کسی کا بے حد عاشق و فریفتہ ہونا ٭ ہزار چشم (ف) مذکر۔ کیکڑا۔ کرک۔ سرطان۔ خرچنگ ٭ ہزار حیف۔ ہزار افسوس۔ بے حد افسوس۔ حیف صد حیف ٭ ہزار داستان (دستان) مذکر (۱) ایک قسم کا بلبل، جو

ہزاروں بولیاں بولتا اور بے حد خوش الحان ہوتا ہے۔ عندلیب۔ گل دم (۲) (ل) خوش بیان۔ خوش گفتار۔ خوش الحان * ہزار دوا اور ایک دعا (ا) مثل۔ بیمار کا علاج کرنے کے ساتھ ہی اس کے لیے دعا بھی ضرور کرنی چاہیے، اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے * ہزار ستون (ف) مذکر (ا) سنگِ خارا کا وہ محل، جو سلطان ناصر الدین محمود نے رائے پتھورا کے قلعے میں بنانا شروع کیا اور جسے غیاث الدین بلبن نے پورا کیا (۲) وہ چوبی عمارت، جو سلطان محمد بن تغلق نے جہاں پناہ میں بنوائی تھی * ہزار علاج اور ایک پرہیز (ا) مثل۔ بیماری میں دوا دارو کی نسبت پرہیز سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے * ہزار گلا۔ مذکر (ا) ایک قسم کا لالہ (۲) ایک قسم کا بڑا گیندا * ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو، تو بھی گھر بار کے باسن توڑنے کو بہت ہے۔ مثل۔ ٹوٹا پھوٹا ہتھیار بھی کام کر ہی جاتا ہے * ہزار منہ ہزار باتیں۔ جتنے منہ، اتنی ہی باتیں۔ ہر شخص اپنی سمجھ کے مطابق کہتا ہے * ہزار نعمت اور ایک تندرستی۔ مثل۔ تندرستی کے آگے نعمت کی کچھ حقیقت نہیں * ہزار ہاتھ۔ ضرور بالضرور * ہزار ہاتھ ہیں۔ بہتیرے ہاتھ ہیں۔ خدا دینے پر آئے تو بہتیرے راستے ہیں * ہزارا۔ ہزارہ۔ مذکر (ا) ایک قسم کا گیندا۔ گل صد برگ (۲) ایک قسم کا فوارہ * ہزاروں۔ ہزار کی جمع * ہزاروں گھڑے پانی پڑ گیا (کنایۃً) کمال شرمندگی اور خجالت ہوئی * ہزاروں میں (ا) ہزاروں آدمیوں میں (۲) علانیہ۔ کھلم کھلا (۳) ضرور بالضرور۔ بلا مبالغہ۔ شرطیہ * ہزار ہا (ف) ہزار کی جمع۔ ہزاروں۔ بے شمار * ہزاری (ا) ہزار سے نسبت رکھنے والا (۲) مذکر۔ ہزار آدمیوں کا افسر (۳) مذکر۔ وہ شاہی عہدہ جس میں ہزار آدمیوں پر اختیار ہو (۴) مؤنث۔ ہزار آدمیوں کی پلٹن * ہزاری روزہ۔ مذکر (ع) رجب کی ستائیسویں تاریخ کا نفلی روزہ * ہزارہ (ہزَا۔ رَہ) (ف) مذکر (ا) ایک سرحدی پہاڑی قوم (۲) ایک پہاڑی، جو پنجاب کے سرحدی علاقے میں واقع ہے *

ہز آنر (ہِز۔ آ۔ نَر) (انگ۔ His Honour) مذکر۔ لفٹنٹ گورنر کا تعظیمی خطاب۔ حضورِ والا * ہز ایکسلینسی (His Exeellency) مذکر۔ نواب، گورنر وغیرہ کا تعظیمی خطاب۔ حضورِ اقدس۔ حضورِ اعلیٰ۔ * ہز ایگزالٹڈ ہائینس (His Exalted Highness) مذکر۔ وہ معزز خطاب، جو انگریزی حکومت کی طرف سے صرف نظام دکن کے لیے مختص تھا۔ تقدس مآب * ہز رائل ہائینس (His Royal Highness) مذکر۔ خاندانِ شاہی کے مرد ممبروں کا اعزازی لقب * ہز میجسٹی (His Majesty) مذکر۔ یہ خطاب صرف بادشاہوں کے نام کے ساتھ لگایا جاتا ہے * ہز ہائینس (His Highness) مذکر۔ حضورِ والا۔ خداوند نعمت *

ہز ہولی نس (His Holiness) مذکر۔ روم کے پوپ یا عیسائیوں کے بڑے مذہبی پیشوا کا اعزازی لقب *

ہِزَبْر (ہِزَبْر) (ع) مذکر (ا) شیر ببر۔ پھاڑ ڈالنے والا شیر (۲) (کنایۃً) بڑا بہادر *

ہَزَج (ہَزَج) (ع) مؤنث (ا) وہ آواز، جو تال سُر سے ہو (۲) عروض کی ایک بحر *

ہَزَل (ہَزَل) (ع) مؤنث (ا) بیہودہ باتیں۔ مذاق۔ تمسخر۔ فحش باتیں (۲) وہ نظم، جس میں مسخرے پن کے مضامین ہوں *

ہزیمت (ہَزِی۔ مَت) (ع) مؤنث۔ شکست۔ بھاگڑ۔ ہار (اٹھانا، کھانا کے ساتھ) *

ہ ۔ ژ

ہژدہ (ہَژ۔ دَہ) (ف) اٹھارہ ۔ ۱۸ * ہژدہ ہزار عالم۔ مذکر۔ اٹھارہ ہزار طرح کی مخلوق * ہژدہم۔ اٹھارواں *

ہ ۔ س

ہست (ہَسْت) (ف) مؤنث (ا) ہستی۔ قیام۔ وجود۔ کائنات (۲) زندگی۔ زیست۔ حیات * ہست کرنا (ا) موجود کرنا۔ پیدا کرنا۔ عالمِ وجود میں لانا * ہست و بود (ف) مؤنث (ا) قیام و وجود (۲) حیات و زندگی * ہست و بود کرنا (ل) زندگی بسر کرنا۔ جینا۔ عمر کاٹنا۔ عمر کے دن پورے کرنا * ہست و ممات (ف) مؤنث۔ جینا مرنا۔ موت زندگی * ہستی۔ مؤنث (ا) وجود۔ قیام۔ موجودگی (۲) موجودات۔ مخلوقات (۳) حیات۔ زندگی (۴) (ل) اصل۔ حقیقت۔ بساط (۵) طاقت۔ تاب۔ مجال (۶) (ف) ثروت۔ دولت (۷) دنیا (۸) ذات (۹) (اصطلاح) خود پسندی۔ خود بینی * ہستیِ جاوداں۔ مؤنث۔ ہمیشہ کی زندگی۔ حیاتِ ابدی * ہستیِ دو روزہ۔ ہستیِ فانی۔ ہستیِ موہوم۔ مؤنث۔ دو دن کی زندگی۔ چند روزہ زندگی۔ خیالی زندگی *

ہست (ہَشْت) (س) مذکر (ا) ہاتھی (۲) ہاتھی کی سونڈ (۳) ہاتھ (۴) تیرھواں ستارہ * ہستنی۔ مؤنث (ا) ہتھنی (۲) کوک شاستر کے مطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم، جو جوشِ شہوت اور غرورِ حسن کے باعث ہتھنی کی طرح جھوم جھوم کر چلتی ہے اور کسی کو خاطر میں نہیں لاتی * ہستی۔ مذکر۔ ہاتھی *

ہسٹری (ہِس۔ ٹری) (انگ۔ History) مؤنث۔ تاریخ۔ حالات * ہسٹری شیٹ (History sheet) مذکر۔ وہ کاغذ، جس میں کسی ملزم کا مفصل حال اور اس کے پچھلے جرائم لکھے ہوتے ہیں *

ہشکا (ہش۔کا) (ہ) مذکر (عو) ریس۔نقل۔برابری (کرنا کے ساتھ)۔
ہسیا۔ ہنسیا (ہس۔یا، ہنس۔یا) (ہ) مذکر۔ گھاس، کھیتی وغیرہ کاٹنے کا اوزار (لکھنؤ میں نونِ غنّہ کے ساتھ ہے۔)۔

ہ ۔ ش

ہُش (ہُش) (ہ) مؤنث (۱) کتّے کو دھتکارنے کی آواز (۲) اونٹ کے بٹھانے کی آواز (۳) پرندوں کے اڑانے یعنی ہنکانے کی آواز۔
ہَشاش (ہَش۔شاش) (ع) شاداں۔خوش۔ہنس مکھ۔ ہَشاش بَشاش۔ ہنستا اور خوش ہوتا ہوا۔ باغ باغ۔بے حد خوش۔
ہشت (ہَشْت) (ف) آٹھ۔ ۸۔ ہشت بہشت۔مذکر۔آٹھ بہشت: خلد۔ دارالسلام۔ دارالقرار۔ جنتِ عدن۔ جنت الماویٰ جنت النعیم علیین۔ فردوس۔ ہشت پہلو۔آٹھ پہلو کا۔آٹھ طرف کا۔آٹھ کونے کا۔ ہشت منظر۔مذکر (۱) آٹھ آسمان (۲) منطقۃ البروج اور آٹھ ستاروں کی گردش کے راستے۔ ہَشتاد۔ اسی۔ ۸۰۔ ہَشتم۔ آٹھواں آٹھویں۔ ہشتمی۔ ہشتمیں۔ آٹھواں۔
ہُشت (ہُشْت) (ہ) (۱) نفرت ظاہر کرنے، روکنے اور جھڑکنے کا کلمہ (۲) کتّے کو ہنکانے کا کلمہ۔ ہُشت مُشت۔ مؤنث۔ لات گھونسے کی لڑائی (ہونا کے ساتھ)۔
ہُشکارنا (ہُش۔کار۔نا) (ہ) (۱) کتّے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا (۲) (کنایۃً) کسی شخص کو کسی کام کے لیے اشتعال دے کر راغب کرنا۔
ہُشکانا (ہُش۔کا۔نا) (ہ) اشتعال دینا۔
ہُشیار (ہُش۔یار) (ف) ہوشیار کا مخفف (۱) باہوش (۲) چالاک۔ سیانا (۳) عقل مند (۴) چوکس۔ آگاہ۔ خبردار (۵) قابل۔ لائق۔ مستعد (۶) جاگتا ہوا۔ بیدار (رہنا، کرنا، ہو جانا کے ساتھ)۔ ہشیاری۔ مؤنث (۱) چالاکی (۲) عقل مندی۔ احتیاط (۳) خبرداری۔ چوکسی (۴) مستعدی (۵) لیاقت (۶) بیداری۔

ہ ۔ ض

ہضم (ہَضْم) (ع) مذکر (۱) معدے میں کھانے کا پچ جانا۔ پچاؤ۔ تحلیل (۲) (ہ) خیانت۔ تغلّب۔ چوری۔ غبن (کرنا، ہونا کے ساتھ)۔

ہ ۔ ف

ہفت (ہَفْت) (ف) سات۔ ۷۔ ہفت اختر۔ مذکر۔ سات ستارے۔ ہفت اقلیم۔ مؤنث۔ سات ولایتیں۔ ساری دنیا۔ ہفت پشت۔ مؤنث۔ سات پیڑھی۔ ہفت خوان رستم۔ مذکر (۱) وہ سنگلاخ راستہ، جسے رستم سات دن میں طے کر کے کیکاؤس کو رہائی دلانے کے لیے مازندران پہنچا (۲) (کنایۃً) بے حد دشوار اور مشکل کام۔ ہفت زبان۔ سات زبانیں جاننے والا۔ ہفت قلم۔ مذکر (۱) سات مشہور خط (۲) وہ شخص، جو سات قسم کے خط لکھنے جانتا ہو۔ ہفت کشور۔ مؤنث۔ دیکھیے ہفت اقلیم۔ ہفت ہزاری۔ مذکر۔ شاہانِ مغلیہ کی طرف سے ایک بہت بڑا منصب۔ ہفت ہیکل۔ مؤنث۔ وہ سات دعائیں، جو امن و سلامتی کے لیے ہفتے کے سات دنوں میں ایک دعا فی یوم کے حساب سے پڑھی جاتی ہیں۔ ہفتم۔ ساتواں۔
ہفتاد (ہَف۔تاد) (ف) (۱) ستر۔ ۷۰ (۲) اظہارِ کثرت کا کلمہ۔
ہفتاد و دو۔ بہتر۔ ۷۲۔ ہفتاد و دو ملت۔ مؤنث۔ بہتر فرقے۔
ہفتہ (ہَف۔تہ) (ف) مذکر (۱) سات دن کا زمانہ۔ سات دن (۲) (ہ) شنبہ۔ سنیچر (۳) ساتواں دن۔ ہفتہ دوست۔ (ہ)۔ جو ہر روز نیا دوست بنائے اور کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔
ہفتے کا نٹھنا (ہ) (پہلوانوں کی اصطلاح) حریف کی دونوں بغلوں میں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن دونوں ہاتھوں سے جکڑ لینا۔
ہف نظر (ہَف، نَظَر) (ہ) (عو) چشم بد دور۔ ماشاءاللہ۔
ہفوات (ہَف۔وات) (ع) مؤنث۔ بیہودہ باتیں۔
ہفعی (ہَفْعیٰ) (ہ) مذکر (۱) افعی۔ ایک قسم کا نہایت زہریلا سانپ (۲) نہایت پھرتیلا۔ بے حد چالاک (۳) (عو) پنیٹو۔

ہ ۔ ک

ہک (ہَک) (ہ) ہکّا کا مخفف۔ ہک بک رہ جانا۔ حیران و ششدر رہ جانا۔ ہک وک (۱) متعجب۔ حیران۔ سکتے کے عالم میں۔
ہک نہ دک (۱) گھبرا کر۔ بے سوچے سمجھے (۲) متعجب ہو کر (۳) دفعتۃً۔ ہکّا۔ مذکر۔ صدمہ، جو حریف کو پہنچا کر غلبہ حاصل کریں (اردو میں ہکّا بکّا کی ترکیب سے مستعمل ہے۔) ہکّا بکّا۔ سراسیمہ۔ گھبرایا ہوا۔ حواس باختہ۔ متعجب۔ متحیّر (رہنا، ہونا کے ساتھ)۔
ہُک (ہُک)، (انگ [illegible]) مذکر (۱) دیوار میں گاڑنے کی خم دار کیل، پیچ (۲) اچکن میں گھنڈی کی جگہ لگانے کی کیل (۳) کانٹا، آنکڑا، مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۴) مداتھمو، ہنسیا۔
ہکڑا (ہَک۔ڑا) (ہ) اسی طرح۔
ہکڑ ہکڑ کرنا (ہ) ضعف یا بھوک پیاس کی وجہ سے بمشکل سانس لینا۔
ہکلا (ہَک۔لا) (ہ) لکنت کرنے والا۔ وہ شخص، جو رُک رُک کر بات کرے۔ ہکلاپن۔ مذکر۔ لکنت۔ ہکلا کر بات کرنا۔ لکنت سے بات کرنا۔ اٹک اٹک کر بولنا۔ رُک رُک کر بولنا۔ ہکلانا۔ لکنت کرنا۔ زبان کا لڑکھڑانا۔ ہکلی۔ ہکلا کی تانیث۔

ہ ۔ گ

ہَگ (ہَگ) (ہ) ہگنا کا امر ✤ ہگ دینا۔ یا۔ مارنا (۱) پاخانہ پھر دینا (۲) (کنایۃً) خوف سے بدحواس ہو جانا ✤ ہَگاس ۔ مؤنث ۔ پاخانہ پھرنے کی خواہش ۔ رفعِ حاجت کی خواہش (لگنا کے ساتھ) ✤ ہَگّا سا ۔ پاخانے کا حاجت مند ۔ ہگا سی ۔ ہگّا سا کی تانیث ✤ ہگا سی بطخ (و) (بازاری) (۱) تھڑدلا ۔ ڈرپوک (۲) بے کل ۔ بے چین ۔ مضطرب ✤ ہگنا (ہ) پاخانہ پھرانا ✤ ہگتے پادتے جانا ۔ ڈر کے مارے بھاگے ہوئے اور بِلا عذر جانا ✤ ہگنا ۔ پاخانہ پھرنا ۔ براز کرنا ✤ ہگوڑا ۔ بار بار براز کرنے والا ۔ بہت ہگنے والا ✤

ہ ۔ ل

ہَل (ہَل) (ہ) مذکر ۔ زمین جوتنے کا آلہ ۔ زمین کھودنے کا اوزار ✤ ہل برار (ہ) مؤنث ۔ ہلوں کی تعداد پر مال گزاری ✤ ہل جوتا ہل چلانے والا ✤ ہل جوتنا ۔ یا ۔ چلانا ۔ قلبہ رانی کرنا ✤ ہل چلنا ۔ کھیت میں ہل سے کام لیا جانا ✤ ہل دار (و) ہل کا مالک ✤ ہل واہا ۔ ہلواہا (ہ) (گنوار) ہل چلانے والا ۔ ہالی ✤ ہل ہانکتے کو دوں پھانکتے (کنایۃً) اضطراب کی حالت میں ✤

ہِل (ہِل) (ہ) ہلنا کا امر ✤ ہل جانا (۱) متحرک ہو جانا ۔ کانپ جانا ۔ لرز جانا ۔ تھرا جانا (۲) خوگر ہو جانا ۔ مانوس ہو جانا ۔ یار بن جانا ✤ ہل کے پانی نہ پی سکنا ۔ بے حد ناتواں اور کمزور ہو جانا ✤ ہل کے پانی نہ پینا (۱) از حد کاہل اور سست ہو جانا (۲) اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا ✤ ہل کے پانی نہ مانگنا (۱) پانی مانگنے تک کو نہ ہل سکنا (۲) فوراً مر جانا ۔ بالکل نہ تڑپنا ۔ جنبش نہ کرنا ✤ ہل مل جانا (۱) گھل مل جانا (۲) آپس میں مانوس ہو جانا (۳) آدمی کا آدمی سے مانوس ہو جانا (۴) بچوں کا کسی سے مانوس ہو جانا ✤ ہل مل کر رہنا ۔ میل جول سے رہنا ✤ ہلا (۱) ہلنا سے ماضی مطلق (۲) ہلانا کا امر ✤ ہلا دینا (۱) جنبش دینا (۲) (کنایۃً) دہلا دینا (۳) لرزاں کر دینا ۔ زلزلہ ڈال دینا ✤ ہلانا (۱) جنبش دینا ۔ حرکت دینا ۔ چلانا (۲) خوگر کرنا ۔ مانوس کرنا ۔ پرچانا ۔ سدھانا ✤ ہلنا (۱) متحرک ہونا ۔ جنبش کرنا ۔ کانپنا ۔ لرزنا ۔ تھرتھرانا (۲) بچوں یا وحشی جانوروں کا مانوس ہونا (۳) ہیبت یا رعب سے متزلزل ہونا (۴) عادی ہونا (۵) کام کرنے کے لیے آمادہ ہونا ✤

ہَلّا (ہَل ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) حملہ ۔ دھاوا ۔ یورش ۔ چڑھائی ۔ تاخت (۲) شور ۔ غل (کرنا، ہونا کے ساتھ) ✤

ہِلّا (ہِل ۔ لا) (ہ) مذکر (عوام) دھندا ۔ کام ۔ مشغلہ (کرنا کے ساتھ) ✤

ہَلّا پِتّی ۔ ہَلّا چَلی (ہ) مؤنث (عو) ہلچل ۔ بھاگڑ ۔ آدمیوں کی رواروی ۔ گڑبڑ ✤

ہُلاس (ہُلاس) (ہ) مؤنث ۔ ناس ۔ نسوار ۔ ناک میں سونگھنے کا پسا ہوا سوکھا تمباکو ✤ ہلاس دانی (و) مؤنث ۔ نسوار رکھنے کا ظرف ✤ ہلاس لینا (۱) نسوار سونگھنا (۲) کو لینا ✤ ہلاس ہو جانا (عو) (۱) نسوار کی طرح چٹکی چٹکی کر کے اُڑ جانا (۲) (کنایۃً) خرچ ہو جانا ✤

ہلاک (ہَلاک) (ع) (۱) نیستی ۔ نیست ہونا ۔ مر جانا (۲) (ف) قتل کرنا ۔ قتل ہونا (۳) تلف کرنا ۔ تلف ہونا (۴) (کنایۃً) مشتاق ۔ آرزومند (۵) قتل ۔ فنا (۶) (کنایۃً) تھکا ہوا ۔ مضمحل (۷) بربادی ۔ تباہی ۔ خرابی (کرنا، ہونا کے ساتھ) ✤ ہلاک خور (ف) مردار خور ۔ حلال خور ۔ بھنگی ۔ مہتر ✤

ہلاکت (ع) مؤنث (۱) نیست ہونا ۔ موت ۔ مرنا (۲) (کنایۃً) محنت ۔ مشقت ۔ تھکاوٹ (۳) بربادی ۔ تباہی ✤ ہلاکت کا باعث ہونا (ل) (قانون) موت کا سبب ہونا ✤ ہلاکی (ہ) مؤنث (۱) ہلاکت ۔ موت (۲) تباہی ✤

ہلاکو [(ت) (ہُلا ۔ کُو) (و) (ہَلا ۔ کُو)] مذکر (۱) چنگیز خاں کا پوتا، ایک نہایت ظالم تاتاری بادشاہ، جس کی خونریزی ضرب المثل ہے (۲) (کنایۃً) ظالم ۔ سفاک ۔ جلاد ✤

ہلال (ہِلال) (ع) مذکر (۱) نیا چاند ۔ پہلی رات کا چاند (۲) (تشبیہاً) ناخن و ابروئے معشوق ✤ ہلالی ۔ ہلال سے منسوب ۔ ہلال کی وضع کا ۔ نئے چاند کی مانند ۔ قوسی ✤

ہلاہل (ہَلا ۔ ہِل) (ف) مذکر (۱) زہرِ قاتل، جس کا علاج نہ ہو سکے (۲) مہلک ۔ قاتل (۳) (ل) (عو) انتہائی تلخ ۔ بے حد کڑوا ✤

ہلبل (ہَل ۔ بَل) (ہ) مؤنث (۱) بے چینی ۔ گھبراہٹ (۲) جلدی ✤ ہلبلا (۱) بے قرار (۲) ہلبلانا کا امر ✤ ہلبلانا (۱) بوکھلانا ۔ گھبرانا (۲) جلدی کرنا ۔ ہلبلاہٹ ۔ مؤنث ۔ دیکھیے "ہلبل" ✤ ہلبلی ۔ مؤنث (۱) گھبراہٹ ۔ ہڑبڑی (۲) جلدی ✤

ہلپھا (ہَل ۔ پھا) (ہ) مذکر (پورب) لہر ۔ جھال ۔ ترنگ ۔ رَو ۔ ہلکورا ✤

ہلچل (ہَل ۔ چَل) (ہ) مؤنث (۱) بھاگڑ ۔ افراتفری ۔ کھلبلی (۲) گھبراہٹ ۔ بے قراری (۳) دنگا فساد ۔ بکھیڑا ۔ بلوا (۴) خوف ۔ ڈر (پڑنا، مچنا، ہونا کے ساتھ) ✤

ہلدوا (ہَل ۔ دَوا) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی زرد لکڑی، جس سے تختے اور صندوق بنائے ہیں ✤

ہلدی (ہَل ۔ دِی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی زرد جڑ یا گرہ، جو سالن میں رنگت کے لیے ڈالتے ہیں ۔ زرد چوبہ ✤ ہلدی کی گرہ لے کر پنساری بن بیٹھنا (بن جانا) (ل) (کنایۃً) (۱) تھوڑی سی پونجی پر نازاں ہونا (۲) ناقص کا اپنے آپ کو علم و فن میں کامل جاننا ✤ ہلدی لگا کے بیٹھنا ۔

(دہلی) (۱) چوٹ لگنے کا بہانہ کر کے چھپ رہنا (۲) بہانہ کرنا۔ حیلہ ڈھونڈنا ؛ ہلدی لگا کے بیٹھو گے۔ اس کام سے باز آؤ، ورنہ ایسی مار کھاؤ گے کہ ہلدی لگا کر بیٹھنے کی ضرورت پڑے گی ؛ ہلدی لگی نہ پھٹکڑی پٹاخ بہو آن پڑی (عو) بے مشقت ہی کام بن گیا۔ ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آتے (ئ) مثل۔ دیکھیے "ہترا لگے ......" ؛ ہَلَدِیَا (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا زہر، جو ہلدی میں پایا جاتا ہے (۲) یرقان کی بیماری، جس میں سارا جسم زرد پڑ جاتا ہے (۳) زرد۔ پیلا۔ بسنتی ؛

ہُلَڑ (ہُل۔ لَڑ) (ہ) مذکر (۱) شور و غوغا۔ غُل غپاڑا (۲) آدمیوں کی کثرت اور بھیڑ کا غلغلہ (کرنا، مچانا، مچنا، ہونا کے ساتھ) ؛

ہُلسا (ہُل۔ سَا) (ہ) ہلسانا کا امر۔ ہُلسانا (ہندو) (عو) (۱) خوش کرنا۔ جی بہلانا (۲) (عو) بھڑکانا۔ بہکانا۔ اُکسانا (۳) للچانا۔ شوق دلانا ؛ ہُلسا تے میں آنا۔ اشتعال میں آنا ؛

ہلکا (ہَل۔ کَا) (ہ) (۱) سبک۔ لطیف۔ کم وزن۔ نازک۔ خفیف۔ سبکسار (۲) کم ظرف۔ اوچھا (۳) گھٹیا۔ کم قیمت (۴) ذلیل۔ حقیر۔ بے عزت (۵) جلد اثر قبول کرنے والا (۶) سبک وضع (۷) پھیکا۔ غیر شوخ رنگ (۸) کم تیز (۹) وہ سوال، جس کا جواب دشوار نہ ہو ؛ ہلکا پانی۔ مذکر (۱) زود ہضم پانی (۲) وہ پانی، جس میں صابون بہت سا جھاگ پیدا کرے ؛ ہلکا پَن۔ مذکر (۱) سُبکی۔ خفت (۲) کمینگی۔ رذالت (۳) اوچھا پن۔ چھچھورپن۔ کم ظرفی ؛ ہلکا پُھلکا (۱) بہت سبک۔ بہت کم وزن (۲) نازک۔ کمزور۔ لاغر ؛ ہلکا جوڑا۔ مذکر۔ کم قیمت پوشاک ؛ ہلکا خون۔ یا۔ لہو (ا) (عو) مذکر۔ وہ جس پر نظر بد جلد اثر کرے (۲) وہ شخص، جو دوسرے کا خون نہ دیکھ سکے ؛ ہلکا رنگ۔ پھیکا اور غیر شوخ رنگ ؛ ہلکا کرنا (ہ) (۱) بوجھ اتارنا۔ بوجھ کم کرنا (۲) سبکدوش کرنا (۳) شرمندہ کرنا۔ خفیف یا ذلیل کرنا (۴) دُبلا کرنا۔ لاغر کرنا ؛ ہلکا ہونا (۱) سبک ہونا۔ وزن کم ہونا۔ بوجھ اُترنا (۲) خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ ذلیل ہونا (۳) (کنایۃً) ذلیل اور کم حقیقت ہو جانا (۴) گھٹنا۔ اُترنا۔ کم ہونا (۵) فارغ ہونا۔ ذمہ داری یا بارِ قرض سے سبکدوش ہونا۔ بے فکر ہونا (۶) رقیق ہونا۔ پتلا ہونا۔ پھیکا پڑنا (۷) گرانی جاتی رہنا (۸) آرام لینا۔ ستانا ؛ ہلکی۔ ہلکا کی تانیث (۱) کم وزن۔ سبک (۲) اوچھی (۳) دھیمی (۴) لطیف (۵) ادنیٰ۔ گھٹیا ؛ ہلکی بات کہنا۔ خراب بات مُنہ سے نکالنا ؛ ہلکی پھلکی۔ ہلکا پھلکا کی تانیث ؛ ہلکی چکی۔ مؤنث۔ کپڑے کا سینے کے بعد کم تَننا اور جھول چھوڑ دینا ؛ ہلکے۔ مذکر۔ ہلکا کی جمع ؛ ہلکے بھاری ہونا (ہندو) ناگوار سمجھنا۔ خفیف ہونا ؛ ہلکے سے (عو) سہج سے۔ آہستگی سے۔ ہولے سے۔ آہستہ آہستہ ؛

ہُلکارنا (ہُل۔ کَار۔ نَا) (ہ) (۱) کُتّے کو شکار پر دوڑانا (۲) (کنایۃً) کسی کو جنگ و فساد پر آمادہ کرنا ؛

ہلکان (ہَل۔ کَان) (ت) (۱) مضمحل۔ تھکا ماندہ۔ نیم جان (۲) حیران۔ پریشان (کرنا، ہونا کے ساتھ) ؛

ہلکم (ہَل۔ کَم) (ت) مذکر و مؤنث (عو) تہلکہ۔ ہلچل۔ کھلبلی (ڈالنا کے ساتھ) ؛

ہلکور (ہِل۔ کُور) (ہ) ہِلکورنا کا امر ؛ ہِلکورا (۱) ہلکورنا سے ماضی مطلق (۲) مذکر۔ موج۔ لہر۔ ترنگ ؛ ہلکورنا۔ ہلانا۔ جھنجھوڑنا ؛ ہلکورے۔ مذکر۔ ہلکورا کی جمع (لینا، مارنا کے ساتھ) ؛

ہلگ (ہِلَگ) (ہ) ہلگنا کا امر ؛ ہلگا (۱) ہلگنا سے ماضی مطلق (۲) ہلگانا کا امر ؛ ہلگانا (۱) معلق کرنا۔ آویزاں کرنا۔ لٹکانا۔ الجھانا (۲) کسی کام میں اٹکا دینا۔ کسی پیشے میں لگا دینا ؛ ہلگت۔ مؤنث (عو) خُو۔ سبھاؤ۔ عادت ؛ ہلگنا۔ اُلجھنا۔ پھنسنا۔ چمٹ رہنا ؛

ہَل مِن مَّزِید (ع) قرآن مجید کا ایک جملہ۔ جب تمام دوزخی دوزخ میں جا چکیں گے تو دوزخ پکار پکار کر کہے گا "کوئی اور بھی ہو تو لاؤ" ؛

ہَلَندا (ہَلَن۔ دَا) (ہ) (عو) کھلنڈری ؛

ہلندا (ہلَن۔ دَا) (ہ) (۱) مضبوط (آدمی) (۲) وحشی۔ جنگلی ؛

ہلور (ہِلُور) (ہ) ہلورنا کا امر ؛ ہلورا۔ مذکر (پورب) موج۔ لہر ؛ ہلورنا۔ ہلکورنا ؛ ہلورے (ہلوریں) لینا۔ موجیں مارنا ؛

ہلہ (ہَل۔ لَہ) (ہ) مذکر۔ دیکھیے "ہلّا" ؛

ہُلہُل (ہُل۔ ہُل) (ہ) مذکر۔ ایک پودا، جو بواسیر کے لیے بہت مفید ہے ؛

ہُلہُلا (ہُل۔ ہُلا) (ہ) مذکر (۱) شگوفہ۔ کوئی انوکھی بات۔ حیرت خیز یا فتنہ انگیز بات (۲) شوق۔ امنگ (۳) جھوٹی بات۔ بہتان (۴) ہُلہُلانا کا امر (اُٹھنا، اُٹھانا کے ساتھ) ؛ ہُلہُلا کر بخار چڑھنا (ئ) زور سے بخار چڑھنا۔ ایسا بخار چڑھنا، جس کی شدت سے بیمار کانپنے لگے ؛ ہُلہُلانا (ہ) (عو) کانپنا۔ تھرانا۔ بخار کے زور سے تھرتھرانا ؛

ہلیلہ (ہَلِی۔ لَہ) (ف) مذکر۔ ہڑ۔ ایک دوا ؛

ہ ۔ م

ہم (ہَم) (ہ) (۱) ضمیر جمع متکلم مع الغیر، یعنی میں اور میرے ساتھ اور لوگ (۲) میں (۳) کلمۂ تعظیم، جو اپنی ذات کے لیے ادنیٰ کے مقابلے میں مستعمل ہے ؛ ہم بھی ہیں وہ بھی ہیں۔ دیکھیں کون مقابلے میں بڑھ جاتا ہے ؛ ہم پر پھسل پڑے۔ ہمیں پر غصہ اتارا۔ زبردست کو کچھ نہ کہا، ہمیں پر ناحق خفا ہو گئے ؛ ہم جانیں یا تم جانو۔ ہمارے تمہارے سوا کوئی اور واقف نہ ہو ؛ ہم چوڑے، بازار سکڑا

(۱) مثل۔ ہمارے آگے دوسرے کی کچھ حقیقت نہیں ٭ ہم خوش، ہمارا خدا خوش۔ مقولہ۔ اُس وقت کہتے ہیں، جب کمال رضامندی کا اظہار مطلوب ہو ٭ ہم سے اُڑتے ہو (ہ) ہم سے چالیں چلتے ہو۔ ہمیں فریب دیتے ہو ٭ ہم سے کب چل سکتے ہو؟ ہم تمھارے فریب میں نہیں آ سکتے ٭ ہم کو۔ ہمیں۔ ہماری ذات کو ٭ ہم کو بیٹھے، ہم کو گاڑے۔ ہماری بھتی کھائے، ہم کو ہے ہے کرے (ع) یہ تمام کلمات بطورِ قسم کہے جاتے ہیں ٭ ہم کون؟ ہم اس لائق نہیں۔ اس معاملے میں ہمارا کچھ دخل نہیں ٭ ہم نہ کہتے تھے؟ (کنایۃً) جو کچھ ہم نے کہا تھا، وہی ہوا ٭ ہمارا (۱) ہم سب کا (۲) میرا۔ میری ذات کا (۳) خصوصیت اور یگانگی کے اظہار کا کلمہ ٭ ہمارا ذمہ (۱) ہم اس دعوے کے ذمہ دار ہیں ٭ ہمارا سلام ہے۔ بیزاری ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں ٭ ہمارا کیا ہے۔ ہمارا کیا بگڑتا ہے۔ ہمارا کچھ نقصان نہیں ٭ ہمارا لہو پیے۔ یا۔ ہمارا حلوا کھائے (ل) (ع) ہمیں کھائے۔ ہمیں پیٹے۔ ہمیں ہے ہے کرے۔ ہمارا مُردہ دیکھے ٭ ہماری (ہ) مؤنث۔ اپنی۔ ذاتی۔ نج کی ٭ ہماری بلّی ہمیں سے میاؤں۔ مثل۔ ہمارا ہی کھاتے اور ہمیں پر غرّاتے۔ ہماری بندگی پہنچے (ل) (دہلی) (کنایۃً) ہم باز آئے۔ ہمیں معاف فرمایئے ٭ ہمارے (ہ) ہمارا کی جمع ٭ ہمارے بڑے پراتے بردے آزاد کرتے تھے (ل) مثل۔ اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں، جو خود کچھ نہ ہو، لیکن باپ دادا کے نام پر اِترائے ٭ ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں۔ ہمیں مطلق معلوم نہیں ٭ ہمارے مُنہ میں بھی زبان ہے ہم بھی اس سوال کا جواب دے سکتے ہیں۔ ہم بھی بات کرنے کی قدرت رکھتے ہیں ٭ ہمارے ہاں سے آگ لائی، نام رکھا بیسندر۔ مثل۔ پرائی شے پر ناز کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں کہ ہماری شے اور ہمیں سے دریغ ٭ ہمیں (ریائے معروف) (ہ) ہم ہی۔ ہم ہی سب ٭ ہمیں پر کیا ہے۔ مجھی پر کیا موقوف ہے۔ ہماری ہی ذات پر منحصر نہیں ٭ ہمیں (یائے مجہول) (۱) ہم سب کو (۲) مجھ کو۔ مجھے، ہمیں پیٹے۔ دیکھیے ہم کو بیٹھے ٭ ہمیں کیا سمجھا؟ ہم کو کیا خیال کیا؟ کیا کچھ ایسا ویسا آدمی جانا؟ ٭ ہمیں ہے ہے کرے۔ دیکھیے ہم کو ہے ہے کرے ٭۔

ہم (ہَم) حرف (۱) نیز۔ بھی۔ بلکہ۔ اس کے علاوہ (۲) کام میں شرکت کے لیے۔ آپس میں۔ باہم دگر ٭ ہم آغوش۔ باہم گلے ملنے والا۔ ہم کنار۔ بغل گیر (ہونا کے ساتھ) ٭ ہم آغوشی۔ مؤنث۔ ہم کناری۔ بغل گیری۔ ایک دوسرے سے گلے ملنا ٭ ہم آواز (آہنگ) (۱) (ہ) جن کی ایک آواز ہو۔ سُر یا راگ میں شریک (۲) (کنایۃً) متفق الرائے (۳) رفیق۔ ساتھی ٭ ہم آورد۔ سامنے کھڑا ہو کر لڑنے والا۔ مقابل۔ حریف۔ دشمن ٭ ہم بزم۔ محفل میں شریک ٭ ہم بستر۔ ایک بستر پر سونے والا (ہونا کے ساتھ) ٭ ہم پایہ۔ ایک ہی درجہ رکھنے والا۔ ہم رتبہ ٭ ہم پلّہ (۱) برابر کی ٹکر کا (۲) برابر فاصلے کا (۳) ہم رتبہ (۴) ہم وزن ٭ ہم پہلو (۱) پہلو کے برابر۔ پہلو بہ پہلو۔ برابر (۲) ساتھی۔ رفیق۔ ہم صحبت (۳) وابستہ۔ بندھا ٭ ہم پیالہ (۱) ایک پیالے میں کھانے والا۔ دستر خوان کا شریک (۲) (کنایۃً) گہرا دوست ٭ ہم پیالہ و ہم نوالہ (۱) ساتھ کھانے پینے والا (۲) (کنایۃً) گہرا دوست (ہونا کے ساتھ) ٭ ہم پیشہ۔ ایک پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا۔ حریف ٭ ہم تا۔ ہمتا۔ برابر۔ نظیر۔ مانند۔ مثل۔ شریک ٭ ہم جلیس (۱) پاس بیٹھنے اٹھنے والا۔ ہم نشیں (۲) ساتھی۔ رفیق۔ ہم راز۔ دلی دوست ٭ ہم جماعت۔ ہم سبق۔ جماعت کا یار۔ ہم مکتب ٭ ہم جنس۔ ہم ذات۔ ہم مرتبہ۔ ہم پیشہ۔ یکساں۔ ایک نمونے کا ٭ ہم جولی (ل) (۱) وہ ہم عمر جو بچپن میں ساتھ کھیلا ہو، لنگوٹیا (۲) سہیلی۔ ساتھ کھیلی ٭ ہم چشم (ف) برابر والا۔ برابر کی ٹکر۔ ہم رتبہ ٭ ہم چشمی۔ مؤنث۔ ہمسری۔ برابری (کرنا کے ساتھ) ٭ ہم اماں۔ مذکر۔ دیکھیے ہم زلف ٭ ہم درد۔ دکھ درد کا ساتھی۔ درد مند۔ ہم دم۔ غم خوار ٭ ہم درس۔ ایک ساتھ سبق پڑھنے والا ٭ ہم دست (۱) ہاتھوں۔ ساتھ۔ ہمراہ (۲) برابر کا۔ مقابل ٭ ہم دگر۔ آپس میں۔ باہم ٭ ہم دَم۔ ہمدم (۱) دوست۔ یار۔ رفیق (۲) (ل) مذکر۔ حقّہ ٭ ہم دوش (۱) برابر بیٹھنے والا (۲) برابر کا۔ ہمسر ٭ ہم دیوار۔ ہمسایہ۔ پڑوسی ٭ ہم ذات (ل) ایک ذات کا۔ ہم قوم ٭ ہم راز (ف) رازداں۔ بھیدی۔ محرمِ اسرار (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭ ہم راہ (۱) سفر میں ساتھی۔ رفیق (۲) (ل) ساتھ۔ سنگ ٭ ہم راہی (۱) ساتھ چلنے والا۔ رفیق (۲) مؤنث۔ ہمراہ ہونا۔ ساتھ ہونا ٭ ہم رکاب (۱) سواری کے ہمراہ (۲) ہم سفر ٭ ہم رنگ۔ ایک طرح کا۔ ایک رنگ کا۔ یک رنگ۔ یکساں ٭ ہم زاد (۱) جو ساتھ پیدا ہو (۲) مذکر۔ وہ جنّ یا فرشتہ، جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے (۳) انسان کا سایہ، جو سفلی عمل سے تابع ہو کر کام دے سکتا ہے ٭ ہم زانو۔ برابر کا۔ پہلو نشیں ٭ ہم زبان۔ ہم قول۔ ہم کلام۔ متفق ٭ ہم زلف۔ مذکر۔ ساڑھو۔ سالی کا خاوند ٭ ہم ساز۔ ہمدم۔ سازگار۔ موافق ٭ ہم سائی (ل) مؤنث۔ پڑوسن ٭ ہم سایگی (ف) مؤنث۔ پڑوس۔ مکان کی قربت ٭ ہم سایہ۔ مذکر (۱) پڑوسی (۲) پاس کا مکان ٭ ہم سایہ ہونا (ل) (۱) پڑوسی ہونا (۲) (کنایۃً) ہم رنگ ہونا ٭ ہم سبق (ف) ایک ساتھ سبق پڑھنے والا ٭ ہم سخن۔ ہم زبان ٭ ہم سَر۔ برابر کا۔ ہم رتبہ ٭ ہم سَری۔ مؤنث۔ برابری۔ مساوات (کرنا کے ساتھ) ٭ ہم سفر۔ سفر کا ساتھی ٭ ہم سِن۔ ہمجولی۔ ہم عمر ٭ ہم شکل۔ ایک شکل کا۔ ہم صورت ٭

ہمشیر - مذکر - رضاعی بھائی - حقیقی بھائی ٭ ہمشیرہ - مؤنث -
سگی بہن ٭ **ہمشیرۂ اخیافی** - مؤنث - ماں کی طرف سے بہن ٭
ہمشیرۂ رضاعی - مؤنث - دودھ بہن ٭ **ہمشیرہ زاد** - یا ہمشیرہ زادہ -
مذکر - بھانجا ٭ **ہمشیرۂ علاتی** - مؤنث - باپ کی طرف سے بہن ٭
ہم صحبت - صحبت میں رہنے والا - مصاحب ٭ **ہم صفیر** (۱) وہ
پرندے، جو ایک قسم کی بولی بولتے ہوں (۲) (مجازاً) ہم رنگ - ہمدم ٭
ہم طالع - یکساں نصیب والا ٭ **ہم عصر** - ایک زمانے کا - ایک وقت کا ٭
ہم عمر - برابر کی عمر کا ٭ **ہم عنان** - ہمراہ - رفیق - ساتھی - برابر ٭
ہم عہد - ہم عصر - ہم زمانہ ٭ **ہم قدم** - ہم سفر - ہمراہ - رفیق - ساتھی ٭
ہم قوم - ایک قوم کا - ایک ذات کا ٭ **ہم کفو** - ایک ہی کنبے کا -
ایک ہی خاندان کا ٭ **ہم کلام** - مل کر بات کرنے والا (ہونا کے ساتھ) ٭
ہم کلامی - باہم بات چیت کرنا ٭ **ہم کنار** - بغل گیر - ہم آغوش ٭
ہم مذہب - ہم مشرب - ایک ہی مذہب کا - ہم ملت ٭ **ہم مرکز** -
ایک مرکز کے دائرے ٭ **ہم مکتب** - ایک مکتب میں پڑھنے والا -
ایک ہی مکتب کا پڑھا ہوا ٭ **ہم نام** - ایک ہی نام کا - ہم اسم ٭
ہم نشیں - پاس کا بیٹھنے اٹھنے والا - ہم صحبت - مصاحب ٭
ہم نفس - رفیق - ہم کلام ٭ **ہم نوا** - ہم صفیر ٭ **ہم نوالہ** - ساتھ
کھانے پینے والا ٭ **ہموار** (۱) برابر - یکساں (۲) ہمیشہ ٭ **ہموار
کر لینا** (ہ) (۱) زمین کو یکساں کر لینا (۲) کسی کو کسی امر پر رضامند کر لینا -
اپنی رائے کے موافق کر لینا - موافق بنا لینا ٭ **ہموارہ** (ف) ہمیشہ - لگاتار ٭
ہم وطن - ایک مُلک کا - ایک دیس کا ٭

ہم (ہَمّ) (ع) مذکر (۱) اندوہ - غم - اندیشہ - فکر - ملال (۲) خواہش -
ارادہ - قصد (۳) بیماری کا بدن کو گھلا دینا (۴) بچے کو لوری دے کر
سُلانا - [ہمّ اور غم میں فرق - ہمّ اُس رنج کو کہتے ہیں، جو آنے والی
مصیبت کے خیال سے ہو اور غم وہ رنج ہوتا ہے، جو موجودہ
مصیبت پر ہو -] ٭

ہُما (ہُمَا) (ف) مذکر - ایک مشہور پرندہ، جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے
کہ جس کے سر پر سے گزر جائے، وہ بادشاہ ہو جاتا ہے - یہ جانور
ہڈیاں کھاتا ہے اور کسی کو نہیں ستاتا ٭

ہُما بازی شُما بازی پیروں سے بھی دغا بازی (ہ) مثل - استاد کے آگے
شاگرد کی نہیں چلتی ٭

ہُماسنا (ہُمَاس - نا) (ہ) (لکھنؤ) کسی وزنی چیز کو اس لیے اٹھانا کہ اُس کے
نیچے کوئی چیز رکھی جائے ٭

ہما شما (ہَمَا، شُمَا) (ف) ادنیٰ اور اعلیٰ - سب - عوام ٭

ہمالہ - ہمالیہ (ہِمَا - لَہ، ہِمَا - لِیَہ) (ہ) مذکر - ہندوستان کا ایک مشہور
شمالی پہاڑ، جو دنیا کے تمام پہاڑوں سے اونچا اور ہمیشہ برف
سے ڈھکا رہتا ہے ٭

ہمام دستہ (ہَمَام، دَس - تَہ) (ف) مذکر - دیکھیے "ہاون دستہ" ٭

ہما ہمی (ہَمَا - ہَمِی) (ہ) مؤنث (۱) خود پسندی - انانیت (۲) زبردستی - زور آوری -
سرزوری ٭

ہمایوں (ہُمَا - یُوں) (ف) (۱) بابرکت - مسعود - مبارک (۲) مذکر - خاندان مغلیہ
کا ایک مشہور بادشاہ ٭

ہمت (ہِم - مَت) (ع) مؤنث (۱) قصد - عزم - ارادہ (۲) عزیمت -
عالی حوصلگی (۳) دلیری - ڈھارس - جرأت (۴) بہادری - شجاعت -
طاقت (۵) دسترس - توفیق (باندھنا، بندھانا - پڑنا، توڑنا،
کرنا، ہارنا کے ساتھ) ٭ **ہمت کا حامی خدا ہے** (ہ) مثل - دیکھیے
"ہمت مرداں مددِ خدا" ٭ **ہمتِ مرداں مددِ خدا** (ف) مقولہ -
کام میں کوشش شرط ہے - خدا تعالیٰ ضرور ہی مدد کرتا ہے ٭ **ہمت والا**
(ہ) (۱) عالی حوصلہ - عالی ہمت (۲) بہادر - دلیر (۳) سخی ٭ **ہمتی** (۱)
حوصلے والا - ہمت والا (۲) بہادر (۳) سخی ٭

ہمزہ (ہَم - زَہ) (ع) مذکر - وہ الف، جو کھینچ کر پڑھا جائے ٭

ہمساواں (ہَم - سَا - وَاں) (ف) مذکر (عو) جمادی الاخریٰ کا
مہینا ٭

ہمسنا (ہَمَس - نَا) (ہ) کسی چیز کا جگہ چھوڑنا ٭

ہُمک (ہُمَک) (ہ) ہُمکنا کا امر ٭ **ہُمک کر** (عو) اُچھل کر - مٹک کر -
سینے کو مٹکا کر ٭ **ہُمک ہُمک کے چلنا** - مٹک مٹک کے چلنا -
اُچک اُچک کر چلنا ٭

ہُمکارا (ہُم - کَا - رَا) مذکر (لکھنؤ) دیکھیے "ہنکارا" ٭

ہمگی - ہمگیں (ہَمَگی، ہَمَگِیں) (ف) کُل - تمام - سب کا سب ٭

ہمم (ہِمَم) (ع) مؤنث - ہمت کی جمع ٭

ہمہ (ہَمَہ) (ف) تمام - سارا - کُل - جملہ - سب ٭ **ہمہ از وست** -
مقولہ - تمام چیزیں اُس (خدا) سے ہیں - کوئی چیز بذاتِ خود موجود
نہیں، بلکہ ہر شے اپنی ہستی کے لیے خدا کی حاجت مند ہے ٭
ہمہ اوست - سب کچھ وہ (خدا) ہے - یہ صوفیوں کا قول ہے،
جو کہتے ہیں کہ خدا کے سوا کسی شے کا وجود نہیں - یہ خدا ہی ہے،
جو مختلف شکلوں میں جلوہ گر ہے ٭ **ہمہ تن** - بالکل - تمام - سراسر ٭
ہمہ دان - ہر علم و ہنر جاننے والا - ہر بات سے واقف ٭ **ہمہ دانی** -
مؤنث - ہر کام کی واقفیت ٭ **ہمہ صفت موصوف** - (ف)
خوبیوں سے بھرا ہوا - ہر قسم کی تعریف کے قابل ٭ **ہمہ نعمت** -
مؤنث (عو) تمام عمدہ چیزیں ٭ **ہمہ نعمت موجود ہے** (ہ) خدا نے
سب کچھ دے رکھا ہے - کسی چیز کی کمی نہیں ٭

ہمہمہ (ہَم - ہَمَہ) (ع) مذکر - گھوڑے، بیل، شیر وغیرہ کی بھاری آواز

ہمیانی (ہِم-یا-نِیْ) [(ف) ہمیان، درم و دینار رکھنے کی تھیلی (معرّب) ہمیانْ، ازار بند] (ل) مؤنّث۔ روپوں کی پتلی سی تھیلی، جو کمر سے باندھی جاتی ہے ٭

ہمیش (ہَمیش) (ل) (ع) ہمیشہ ٭ **ہَمیشگیْ** (ف) مؤنّث۔ دوام۔ قدامت ٭ **ہَمیشَہْ**۔ مدام۔ دائم۔ آئے دن ٭ **ہمیشہ روتے ہی جنم گزرا** (ل) ہمیشہ مصیبت ہی میں مبتلا رہے ٭

ہَمیں چوگاں ہَمیں میداں ہمیں گو۔ یا۔ ہَمیں گو ہَمیں چوگاں (ف) مقولہ۔ یہی مقابلے کا میدان ہے، ابھی آزمائش ہو جائے ٭

ہ - ن

ہمن (ہَمَنْ) (ہ) مذکر (۱) دکن کا ایک طلائی سکہ (۲) ریزۂ زر (برسانا، برسنا کے ساتھ) ٭

ہنٹر (ہَنْ-ٹَرْ) (انگ۔ Hunter) مذکر (۱) شکاری (۲) (ل) چابک، کوڑا ٭

ہنجار (ہَنْ-جارْ) (ف) مذکر (۱) راہ۔ راستہ (۲) (مجازاً) رَوِش۔ طرز۔ قاعدہ ٭

ہند (ہِنْدْ) (ف) مذکر۔ ہندوستان ٭ **ہِنْدُنِیْ** (ل) مؤنّث۔ ہندو عورت ٭ **ہندو** (ف) مذکر (۱) ہندوستان میں رہنے والی ایک قوم، جس کا مذہب بتوں کی پرستش کرنا ہے (۲) ہندوستان کا رہنے والا۔ ہندوستانی۔ ہندی (۳) چور۔ لٹیرا۔ رہزن (۴) غلام (۵) کالا۔ سیاہ فام ٭ **ہندو مسلمان کا چولی دامن کا ساتھ ہے** (ل) مثل۔ ہندوؤں اور مسلمانوں میں قدیم سے اتحاد ہے۔ یہ علاحدہ نہیں ہو سکتے ٭ **ہِنْدُوانیْ**۔ ہندوؤں کا۔ **ہِنْدُوسْتاں** (ف) مذکر۔ ملک ہند۔ بھارت ٭ **ہندوستانی** (۱) ہندوستان سے منسوب (۲) مذکر۔ ہندوستان کا باشندہ (۳) مؤنّث۔ ہندوستانی زبان ٭ **ہندی** (۱) ہند سے منسوب (۲) ہند کا رہنے والا (۳) مؤنّث۔ ہندوستان کی وہ زبان، جو سنسکرت سے نکلی ہے (۴) ہندوستان کی چیز (۵) ہند کی تلوار ٭ **ہندی کی چندی کرنا** (۱) خوب سمجھانا۔ آسان کو زیادہ آسان کرنا (۲) کھود کھود کر پوچھنا۔ خوب چھان بین کرنا (۳) (کنایۃً) فضول کام کرنا ٭ **ہندی کی چندی نکالنا**۔ بال کی کھال نکالنا۔ حجت کرنا ٭

ہندسہ (ہِنْ-دَسَہْ) (اندازہ کا معرّب) مذکر (۱) ریاضی کی ایک شاخ (۲) عدد کی شکل۔ رقم ٭ **ہندسہ داں** (ف) علم ہندسہ کا جاننے والا ٭

ہنڈ (ہَنْڈْ) (ہ) ہنڈنا کا امر ٭ **ہَنْڈا** (۱) ہنڈنا سے ماضی مطلق (۲) ہنڈانا کا امر ٭ **ہَنْڈانا** (ہندو) (ع) (۱) شہر بدر کرنا۔ نکالنا۔ جلا وطن کرنا (۲) گشت کرانا۔ پھرانا (۳) گدھے پر بٹھا کر شہر میں پھرانا ٭ **ہَنْڈنا** (۱) گشت کرنا۔ پھرنا۔ تشہیر ہونا ٭

ہنڈا (ہَنْ-ڈا) (ہ) مذکر (۱) بڑی ہانڈی (۲) مٹی کا برتن۔ مٹکا۔ خُم (۳) ایک قسم کی گھاس، جو پانی کے کنارے ہوتی ہے (۴) گیس کا بڑا لیمپ ٭

ہنڈا بھاڑا (ہَنْڈا، بھا-ڑا) (ہ) مذکر (پورب) (۱) واپسی کا کرایہ (۲) کرایے کا تصفیہ ٭

ہَنْڈا کرنا (ہ) (ہندو) (۱) کسی دیوتا پر مٹھائیوں کے ہنڈے چڑھانا (۲) کسی جاترا سے واپس آکر ضیافت کرنا ٭

ہنڈار (ہَنْ-ڈارْ) (ہ) مذکر (پورب) بھیڑیا ٭

ہنڈاون (ہَنْ-ڈا-وَنْ) (ہ) مؤنّث۔ کمیشن کی وہ رقم، جو مہاجن روپیہ بھیجنے کے عوض لیتا ہے ٭

ہنڈ کلیا (کلھیا) [ہَنْڈْ، کُلْ-یا (کُلْھ-یا)] (ہ) مؤنّث۔ بچوں کا کھانا پکانے کا کھیل ٭

ہنڈول (ہِنْڈُوْلْ) (ہ) مذکر۔ ہندی راگوں کا پانچواں راگ ٭

ہنڈولا (ہِنْڈُو-لا) (ہ) مذکر (۱) جھولا۔ گہوارہ۔ پالنا۔ ہنگورا (۲) برسات کا گیت، جو جھولے پر گایا جاتا ہے (جھولنا کے ساتھ) ٭

ہنڈوی۔ ہنڈی (ہُنْڈْ-وی، ہُنْ-ڈِی) (ہ) مؤنّث۔ چک۔ وہ رقعہ، جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ ادا کرنے کے لیے دیتے ہیں ٭ **ہُنڈی بھیجنا**۔ مہاجن کے ذریعے سے روپیہ بھیجنا ٭ **ہُنڈی پٹنا**۔ ہنڈی کا روپیہ وصول کرنا ٭ **ہُنڈی سکارنا** (سکھارنا)۔ ہنڈی کا روپیہ دینا ٭ **ہُنڈی کرنا**۔ ساہوکارے کے ذریعے سے ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ پہنچانا ٭ **ہُنڈی کھڑی رکھنا**۔ ہنڈی کو کسی سبب سے ملتوی رکھنا ٭ **ہُنڈیاں**۔ مؤنث۔ ہنڈی کی جمع ٭

ہنڈیا (ہَنْڈْ-یا) (ہ) مؤنّث۔ ہانڈی کی تصغیر (۱) مٹی کی دیگچی (۲) (کنایۃً) سالن۔ ترکاری ٭ **ہنڈیا پکانا** (۱) ترکاری پکانا۔ سالن پکانا (۲) (عوام) جوڑ توڑ کرنا۔ سازش کرنا۔ کھچڑی پکانا ٭ **ہنڈیا پکنا**۔ لازم ٭ **ہنڈیا چڑھانا**۔ ہنڈیا چولھے پر رکھنا ٭ **ہنڈیا چڑھنا**۔ لازم ٭ **ہنڈیا ڈوئی**۔ مؤنّث (۱) کھانے پکانے کا سامان۔ باورچی خانے کے برتن (۲) (کنایۃً) گھر کا اسباب۔ اثاثہ ٭ **ہنڈیا گرم ہونا** (ل) دیکھیے "ہنڈیا چڑھنا" ٭

ہنر (ہُنَرْ) (ف) مذکر (۱) فن (۲) جوہر (۳) لیاقت ٭ **ہنر کی لوٹ** (ل) مؤنّث۔ بڑا ہنرمند آدمی ٭ **ہُنَرمَنْد۔ ہُنَرْوَر** (ف) (۱) صاحب ہنر۔ باکمال۔ گنی (۲) کاریگر۔ دست کار۔ صنّاع ٭ **ہنرمندی۔ ہنروری**۔ مؤنّث (۱) سلیقہ۔ قابلیت (۲) دست کاری ٭

ہَنْس (ہَنْسْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی بط۔ راج ہنس ٭ **ہَنْس راج** (۱) مذکر۔ قاز (۲) مذکر۔ ایک قسم کا خوشبودار چاول (۳) مؤنّث۔

ایک قسم کی گھاس، جو پانی کے کنارے یا برفانی پہاڑوں پر کثرت سے
ہوتی ہے ٭ ہنسا۔ مؤنث۔ ہنس ٭

ہَنس (ہَنس) (ہ) ہنسنا کا امر ٭ ہنس خلق (ل) (عو) خوش خلق۔ ملنسار ٭
ہنس مکھ (ہ) شگفتہ رُو۔ خندہ پیشانی۔ خوش طبع۔ خوش مزاج ٭
ہنس ہنس کھائیے پھوہڑ کا مال (ل) مثل۔ بے وقوف کی دولت
اسے مسخرہ بنا کر کھانی چاہیے ٭ ہنسانا (ہ) (۱) ہنسی دلانا۔ خندہ
دلانا (۲) خوش کرنا۔ محظوظ کرنا ٭ ہنسائی۔ مؤنث۔ ہنسی ٹھٹھا۔
تضحیک (ہنسی فصیح ہے) ٭ ہنستا پھول بکستی کلی (عو) نازک
اور خوش مزاج، جو اکثر مسکراتا اور ہنستا رہے، لیکن جسے ذرا بھی
خلافِ طبع امر گوارا نہ ہو ٭ ہنستا چغل (ل) دوستی کے پردے میں
دشمنی کرنے والا ٭ ہنستی پیشانی (کنایۃً) خندہ رُوئی ٭ ہنستے بولتے
(ہ) (۱) مذاق کرتے کرتے (۲) آسانی سے۔ باتوں باتوں میں (۳) خوش دلی
سے گفتگو کرتے ٭ ہنستے ٹھٹھا کر کھانستے چور' ان دونوں کا
آیا اور۔ مثل۔ حاکم کی تمسخر آمیز ہنسی اور چور کی کھانسی خرابی کا باعث
ہوتی ہے ٭ ہنستے ہنستے (۱) ہنسی ہنسی میں۔ مذاق میں (۲) نہایت
ہنسنے سے ٭ ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ گئے۔ ہنسی کے مارے
بیتاب ہو گئے ٭ ہنستے ہنستے لوٹ جانا۔ بہت زیادہ ہنسنا۔
ہنسی کے مارے گر گر پڑنا۔ فرطِ خندہ سے بیتاب ہو کر غلطاں ہو جانا ٭
ہنستے ہی گھر بستے ہیں۔ ہنسی ہنسی میں کام بن جاتے ہیں۔ باتوں
باتوں میں مطلب نکل آیا کرتا ہے ٭ ہنسنا (۱) خندہ کرنا۔ کھلکھلانا۔
کھلنا (۲) بشاش ہونا۔ خوش ہونا (۳) دل لگی کرنا۔ مذاق کرنا۔
چھیڑ خانی کرنا (۴) تضحیک کرنا۔ فضیحت کرنا۔ ہنسی اڑانا ٭
ہنسنا بولنا۔ ظرافت سے دل بہلانا۔ مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا ٭
ہنسوانا۔ ہنسنا کا متعدی المتعدی ٭ ہنسوڑ۔ خوش مزاج۔
خوش طبع۔ ظریف۔ مسخرہ ٭ ہنسی۔ مؤنث (۱) خندہ۔ قہقہہ۔
ٹھٹھا (۲) مزاح۔ خوش طبعی۔ چہل۔ مذاق۔ ظرافت۔ دل لگی۔
تمسخر (۳) فضیحتی۔ رُسوائی۔ استہزا۔ تضحیک (۴) نہایت
آسان کام۔ کھیل ٭ ہنسی اُڑانا۔ احمق بنانا۔ مسخرہ بنانا۔
تضحیک کرنا۔ ٹھٹھا اڑانا۔ ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا ٭ ہنسی ٹھٹھا۔
مذکر (۱) ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی (۲) ذرا سی بات۔ کھیل تماشا۔
آسان کام ٭ ہنسی خوشی (ل) (۱) خوشی سے۔ رضامندی سے (۲)
خوش خوش۔ خیریت سے۔ بخیریت تمام۔ تندرست ٭ ہنسی کرنا (ہ)
(۱) دل لگی کرنا۔ مذاق کرنا (۲) بدنامی کرنا۔ رسوائی کرنا۔ تضحیک کرنا ٭
ہنسی کھیل۔ آسان کام۔ ذرا سی بات ٭ ہنسی میں۔ مزاحاً۔ ظرافت
میں۔ دل لگی میں ٭ ہنسی میں اڑا دینا۔ یا۔ اُڑانا۔ کوئی بات دل لگی
یا مذاق میں عمداً ٹال دینا ٭ ہنسی میں کھنسی ہو جانا۔ مذاق میں

بگڑ جانا ٭ ہنسی ہنسی میں (۱) مذاق میں۔ دل لگی میں (۲) بے سبب۔
بے وجہ۔ باتوں باتوں میں۔ یونہی ٭ ہنسی ہونا۔ ذلت ہونا ٭

ہِنسا (ہِن۔ سا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) ذبح۔ قتل۔ خون۔ کشت و خون۔
خونریزی (۲) گناہ۔ پاپ (کرنا کے ساتھ) ٭

ہنسلی (ہَنس۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) گردن کے نیچے اور سینے کے اوپر کی
ہڈی (۲) گلے میں پہننے کا ایک زیور (پہنانا، پہننا کے ساتھ) ٭
ہنسلی اتر جانا۔ یا۔ جاتی رہنا۔ شیر خوار بچے کے گلے کی ہڈی کا اپنی
جگہ سے کھسک کر نیچے اوپر ہو جانا ٭ ہنسلی جانا (لکھنؤ) ہنسلی
اُتر جانا ٭

ہنسوا (ہَنس۔ وَا) (ہ) مذکر (پوپ) دیکھیے "ہسیا" ٭

ہنکار (ہُنکار) (ہ) مؤنث (دہلی) (۱) ہاں کی آواز۔ ہاں۔ ہامی (۲) حمایت۔
پشتی ٭ ہُنکارا۔ ہُنکاری (عا مذکر ع۲ مؤنث) (دہلی) (۱) ہاں۔
ہوں۔ ہُنکار (۲) ہاں کرنے کی آواز۔ اقبال۔ اقرار (بھرنا کے ساتھ) ٭
ہُنکارنا (۱) ہُنکارا بھرنا۔ ہوں کرنا (۲) اشارہ کرنا۔ بہکانا ٭

ہنکانا (ہَنکا۔ نا) (ہ) (۱) انسان یا حیوان کو پاس سے دُور کرنا (۲) کھدیڑنا
(۳) مکھیوں کو دُور کر دینا ٭ ہنکایا جانا۔ جانوروں کی طرح تعاقب
کیا جانا ٭

ہنکوا (ہَنک۔ وَا) (ہ) مذکر۔ لوگوں کا شور و غل کر کے یا ڈھول بجا کر جانوروں
کو ہنکاتے ہوئے شکاری کے بیٹھنے کی جگہ لانا (ہونا کے ساتھ) ٭

ہنگ (ہَنگ) (ف) مذکر (۱) وقار۔ تمکین۔ بھاری بھرکم ہونا (۲)
قصد۔ ارادہ (۳) قوت۔ زور۔ قدرت۔ بل (۴) عاقل۔ دانا (۵)
فوج۔ لشکر ٭

ہنگام (ہَنگ۔ گام) مذکر (۱) وقت۔ زمان۔ زمانہ۔ ایام۔ موقع (۲)
موسم (۳) مجمع ٭ ہنگامی۔ خاص وقت کا۔ چند روز کا ٭

ہنگامہ (ہَنگ۔ گامہ) (ف) مذکر (۱) مجمع۔ ہجوم۔ بھیڑ (۲) میدان۔
معرکہ (۳) شور و غوغا (۴) فساد۔ شورش (۵) زور شور ٭
ہنگامہ آرا (۱) جنگ برپا کرنے والا۔ صف آرا (۲) فتنہ برپا کرنے والا ٭
ہنگامہ برپا کرنا (ل) (۱) شور و غل کرنا (۲) فساد برپا کرنا ٭ ہنگامہ برپا
ہونا۔ لازم ٭ ہنگامہ پرداز (ف) دیکھیے "ہنگامہ آرا" ٭ ہنگامہ پردازی۔
مؤنث۔ لڑائی جھگڑا۔ دنگا فساد۔ شورش۔ بلوہ ٭ ہنگامہ گرم ہونا
(ل) (۱) حادثات کا کثرت سے واقع ہونا (۲) خوب زور شور ہونا (۳)
افراتفری ہونا ٭ ہنگامۂ قیامت (محشر) (ف) مذکر۔ قیامت کے
دن کا ہجوم ٭ ہنگامہ ہونا (ل) (۱) فساد ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ شور و شر
ہونا (۲) اودھم ہونا (۳) زور شور ہونا ٭

ہُنود (ہُنُود) (ع) مذکر۔ ہندو کی جمع۔ ہندوستان کے بت پرست
باشندے (اہلِ ہنود غلط ہے) ٭

ہنوز (ہَنُوْز) (ف) اب تک۔ ابھی تک۔ اِس وقت تک۔ ابھی ("تا ہنوز" غلط ہے) ٭ ہنوز دِلّی دُور ہے (۱) (مثل (۱) ابھی منزل بہت دُور ہے (۲) ابھی مطلب پورا ہونے میں بہت دیر ہے ٭

ہنومان (ہَنُوْ۔مَان) (ہ) مذکر (۱) ہندوؤں کا دیوتا (۲) بندر ٭

ہنہنا (ہِنْہِنَا) (ہ) ہنہنانا کا امر ٭ ہِنْہِنَانَا۔ گھوڑے کا بولنا ٭ ہِنْہِنَاہَٹ۔ مؤنث۔ گھوڑے کی آواز ٭

ہنی مون (ہَنِیْ۔مُوْن) (انگ۔ Honeymoon) مذکر۔ شادی کا پہلا مہینا، جس میں دولھا دلھن باہر چلے جاتے ہیں۔ یہ رسم یورپ کے تمام ملکوں میں رائج ہے۔ ماہِ زفاف۔ ماہِ نوشیں ٭

ہ ـ و

ہُوْ (ہُوْ) (ف) مؤنث (۱) وہ آہ، جو شوق، مستی اور ولولے کی حالت میں مُنہ سے نکلے (۲) غُل۔ ہنگامہ (۳) (کنایۃً) خوف۔ ڈر ٭ ہُوْ بَہُوْ (۱) بعینہٖ۔ عین بعین۔ بالکل ویسا ہی ٭ ہُوْحق (ف۔ ع) مؤنث (۱) وجد، حال یا سرور کی حالت کا نعرہ (۲) شور و غوغا ٭ ہُوْحق کرنا (ل) (۱) خُدا کا نام لینا۔ اللہ اللہ کرنا (۲) شور غل مچانا۔ مزے اُڑانا ٭ ہُوْحق ہوجانا۔ فنا ہوجانا۔ نیست و نابود ہوجانا ٭ ہُوْحق ہونا۔ شور غُل ہونا ٭ ہُوْ کا عالم۔ ہُوْ کا مقام۔ ہُوْ کا مکان۔ ہُو کا میدان۔ مذکر (۱) عالم لاہوت (۲) خوفناک اور وحشت بھری سنسان جگہ ٭ ہُوہا (۱) مؤنث (۱) شور۔ غوغا۔ غُل۔ چیخم دھاڑ (۲) ہنسی ٹھٹھے کی آواز۔ ہاہو (۳) کبوتروں کے اُڑانے کی آواز (۴) فساد۔ ہنگامہ (۵) دھوم دھام۔ زور شور (کرنا کے ساتھ) ٭

ہُوْ (ہُوْ) (ع) مذکر۔ خدائے تعالیٰ کا اسم ذات۔ اَللہُ کا مخفف ٭

ہو (ہُوْ) (س) (۱) مؤنث (عو) پکارنے یا بلانے کی آواز (۲) مؤنث (ہ) بعض جنگلی جانوروں کی آواز (۳) (ل) ہونا کا امر (۴) ہونا کا مضارع (۵) پروا نہیں (۶) ("تو" کے ساتھ) اگر موجود ہو۔ اگر اختیار میں ہو ٭ ہو آنا (ل) کہیں جاکر واپس آنا ٭ ہو بیٹھنا (۱) ہوجانا۔ بن جانا (۲) (عو) کپڑوں سے ہوجانا ٭ ہوجانا (۱) کام بن جانا یا پورا ہوجانا (۲) آکر چلا جانا۔ مل جانا (۳) لڑائی ہوجانا (۴) لائق ہوجانا (۵) بن جانا (۶) ختم ہوجانا (۷) بھوت پریت کا اثر ہوجانا (۸) انزال ہوجانا (۹) نشے چڑھ جانا (۱۰) جمع ہوجانا (۱۱) خرچ ہوجانا ٭ ہو جیو۔ خُدا کرے کہ ہوجاتے ٭ ہو چُکا (طنزاً) (۱) نہیں ہونے کا۔ صبر کرو۔ چھوڑ دو (۲) ہولیا۔ تمام ہوگیا۔ بن چُکا۔ ختم ہوچکا (۳) گزر گیا۔ مرگیا ٭ ہوچکنا (۱) ختم ہوجانا (۲) خرچ ہوجانا (۳) مرجانا (۴) لڑائی ہونا (۵) خاتمہ ہوجانا ٭ ہو رہنا (۱) کہیں رہ پڑنا۔ گھر بنا لینا (۲) کسی کا ہوجانا (۳) ساتھی ہوجانا۔ طرف دار ہوجانا (۴) کسی کام کا رفتہ رفتہ ہوجانا (۵) کسی قابل ہوجانا۔ کچھ حاصل کرلینا ٭ ہوسکنا (۱) ممکن ہونا۔ موقع بننا (۲) امکان میں ہونا ٭ ہوکر (۱) ہوکے (۲) ضرور ٭ ہوکر رہنا۔ ضرور ہونا ٭ ہوکے (۱) درمیان سے۔ پاس سے (۲) گزرتے ہوئے۔ ہوتے ہوتے (۳) ضرور ٭ ہوگزرنا (دہلی) گزرے ہوئے زمانے میں ہونا ٭ ہولینا (۱) ہوجانا۔ ہوچکنا (۲) پورا ہوجانا (۳) راہ لینا (۴) ساتھ چلنا (۵) لڑائی ہونا ٭ ہو نہ ہو (۱) غالباً (۲) یقیناً (۳) ہو یا نہ ہو ٭ ہُوا (۱) ہونا سے ماضی مطلق۔ ہوگیا۔ بنا۔ بن گیا ٭ ہُوا چاہتا ہے۔ جلد ہونے والا ہے۔ ضرور ہوگا ٭ ہُوا سو ہُوا۔ جانے دو۔ خیال نہ کرو۔ پروا نہیں ٭ ہُوا کرے۔ کچھ پروا نہیں۔ بلا سے ٭ ہوئی ہے نہ ہوگی (عو) ہرگز نہیں ہوسکتی ٭ ہوئے ہیں نہ ہوں گے (۱) ناممکن ہے (۲) بالکل بے مروّت ہیں ٭ ہوتا (۱) ہونا سے ماضی ناتمام (۲) ہونے والا ٭ ہوتا رہے گا (۱) ہُوا کرے گا (۲) (گالی کے جواب میں) تو ہی ایسا ہوگا۔ تجھ پہ یہ وبال پڑے گا (متروک) ٭ ہوتا ہی ہوگا۔ دیکھیے ہوتے ہی ہوگا ٭ ہوتی آئی ہے۔ قدیم رسم ہے۔ پہلے سے ایسا ہوتا رہا ہے۔ یہ پرانا دستور ہے ٭ ہوتے۔ ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں۔ زندگی میں۔ سامنے۔ جیتے جی ٭ ہوتے ساتے۔ ہوتے ہوئے۔ موجود ہونے پر ٭ ہوتے ہوتے۔ آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ۔ سہج سہج ٭ ہوتے ہی نہ موا جو کفن تھوڑا لگتا۔ مثل۔ ایسے آدمی کے متعلق کہتے ہیں، جس سے انتہائی نفرت ہو، یعنی ایسا آدمی پیدا ہوتے ہی مرجاتا تو بہتر تھا کہ زیادہ کفن بھی نہ دینا پڑتا ٭ ہوتے ہی ہوگا۔ رفتہ رفتہ ہوگا۔ بتدریج ہوگا۔ آہستہ آہستہ ہوگا ٭ ہوگا (۱) شاید (۲) بات کے ٹالنے کا کلمہ ٭ ہونا (۱) پیش آنا (۲) حاصل ہونا۔ ملنا (۳) نتیجہ ظاہر ہونا (۴) قرار پانا (۵) بیتنا۔ گزرنا (۶) رچنا (۷) ساتھ چلنا (۸) موقع پر موجود ہونا (۹) پڑنا (۱۰) آنا (۱۱) پکنا۔ تیار ہونا (۱۲) بجنا (۱۳) بننا (۱۴) بِکنا (۱۵) پورا ہونا (۱۶) تکرار ہونا۔ مقابلہ ہونا (۱۷) پیدا ہونا۔ جنم لینا (۱۸) ظاہر ہونا۔ وجود میں آنا (۱۹) وارد ہونا۔ واقع ہونا (۲۰) موجود ہونا۔ زندہ ہونا۔ پاس ہونا (۲۱) (کنایۃً) اِنزال ہونا ٭ ہونا نہ ہونا۔ مذکر۔ موجودگی، عدم موجودگی ٭ ہونا ہوانا (۱) کسی فعل کا سرزد ہونا (۲) نقصان ہونا ٭ ہوں گے پوت تو پوجیں گے بھوت۔ اولاد کی امید پر بھوت پریت کی پرستش بھی منظور ہے۔ کچھ نفع ہو تو خدمت بھی کریں۔ اپنی گون کو سب کچھ کرتے ہیں ٭ ہونی۔ ہونے والی۔ شُدنی ٭ ہونے دو (۱) ہوجانے دو (۲) مت روکو (۳) کیا پروا ہے۔ کچھ ڈر نہیں ٭ ہونے کے دن۔ مذکر (عو) حیض کا زمانہ ٭ ہونے والا (۱) ہونہار (۲) پیش آنے والا۔ ممکن ٭ ہووے۔ ہو۔ باشد (متروک) ٭

ہُوَ (ہُوَ) (ع) ضمیر مذکر غائب۔ وہ ❖ **ہُوَ الْاَوَّلُ ہُوَ الْآخِرُ**۔ خدا سب سے اوّل اور سب سے آخر ہے ❖ **ہُوَ الشَّافِیْ**۔ خدائے تعالیٰ شفا دینے والا ہے ❖

ہَوَا (ہَوَا) [عربی میں ہَوَاء (۱) (بالمدّ) وہ فضا، جو آسمان و زمین کے درمیان ہے (۲) (بالقصر) آرزو۔ اشتیاق۔ نفس امّارہ کا میلان۔ فارسیوں نے بالقصر بمعنی دوستی و خیر خواہی و آرزوئے نفس استعمال کیا ❖] (۱) باد (۲) ارمان۔ آرزو۔ شوق۔ تمنا۔ نفسِ امّارہ کا کسی طرف مائل ہونا (۳) ہوا کا کرہ، جو آسمان و زمین کے درمیان ہے (۴) جھڑپ (۵) خفیف مشابہت۔ خفیف نسبت۔ خفیف تعلق (۶) سانس۔ نفس۔ دم (۷) (مجازاً) روح۔ بھوت پریت (۸) (عو) وبا۔ ہیضہ (۹) پاد۔ ریح (۱۰) فنا۔ نیست۔ معدوم۔ نظروں سے غائب (۱۱) مساعدتِ زمانہ (۱۲) رُخ۔ میلان۔ انداز۔ وضع ❖ **ہوا اُڑانا** (ف) (۱) گوز مارنا (۲) رُسوا کرنا۔ خاک اُڑانا ❖ **ہوا اُڑ جانا**۔ بھرم کھل جانا۔ ساکھ جاتی رہنا ❖ **ہوا اُڑنا** (۱) شہرت ہونا (۲) خواہش کا ناپید ہونا ❖ **ہوا باز** (ف) ہوائی جہاز اُڑانے والا ❖ **ہوا بازی**۔ مؤنث۔ ہوائی جہاز اُڑانے کا فن ❖ **ہوا باندھنا** (ف) (۱) جھوٹ موٹ نام یا جھوٹی عزت قائم کرنا (۲) رعب جمانا (۳) رونق حاصل کرنا۔ زور پکڑنا (۴) غرور کرنا۔ ڈینگ مارنا ❖ **ہوا بتانا** (کنایۃً) ٹال دینا ❖ **ہوا بدلنا** (۱) ہوا کا رخ بدلنا (۲) زمانے کا رخ بدلنا۔ حالت بدلنا۔ ڈھنگ بدلنا (۳) زمانے کا موافق ہونا (۴) رُت پھرنا۔ موسم پلٹنا ❖ **ہوا بگڑ جانا** (بگڑنا) (۱) ہوا میں خرابی آجانا۔ ہوا میں فساد پیدا ہونا۔ ہوا کا زہریلا ہو جانا (۲) زمانے کا ناموافق ہو جانا۔ زمانہ پھر جانا (۳) ساکھ جاتی رہنا ❖ **ہوا بندھ جانا**۔ دھاک بندھ جانا۔ شہرت ہو جانا۔ نام ہو جانا۔ شہرہ ہو جانا ❖ **ہوا بندھنا** (۱) ہوا رُکنا (۲) ساکھ بندھنا۔ رعب جمنا۔ (۳) شہرت ہو جانا۔ **ہوا بوجھ ناپ**۔ مذکر۔ ہوا کا بوجھ ناپنے کا آلہ۔ مقیاس الہوا۔ بیرومیٹر ❖ **ہوا بھر جانا** (۱) ہوا سے پھول جانا۔ کسی چیز میں ہوا کا سما جانا (۲) مغرور ہو جانا۔ اترا جانا (۳) موٹا ہو جانا۔ پھپھس ہو جانا (۴) دُھن سمانا (۵) پاگل ہو جانا ❖ **ہوا بھی نہ دینا** (۱) ذرا بھی نہ دکھانا (۲) خبر تک نہ دینا۔ بالکل پتا نہ دینا ❖ **ہوا پر اُڑنا**۔ مغرور ہونا۔ اِترانا ❖ **ہوا پر چڑھانا**۔ مغرور کر دینا ❖ **ہوا پر دماغ ہونا**۔ متکبر ہونا۔ مغرور ہونا ❖ **ہوا پرست** (ف) (۱) عیّاش۔ بیہودہ (۲) ظاہر پرست ❖ **ہوا پر سوار ہونا** (ل) (۱) جلد باز ہونا (۲) جانے میں جلدی کرنا ❖ **ہوا پہ ہونا** (۱) غرور کرنا (۲) تندی یا تیزی پر ہونا (۳) زمانے کا موافق ہونا (۴) ظاہری ٹیپ ٹاپ ہونا ❖ **ہوا پلٹ جانا۔ یا۔ پلٹنا** (۱) انقلاب ہونا۔ زمانے کا رنگ بدل جانا (۲) موسم بدل جانا (۳) نصیب کا برگشتہ ہونا ❖ **ہوا پھانک کے رہنا۔ یا۔ ہوا پھانکنا** (کنایۃً) فاقے سے رہنا۔ محض ہوا کے سہارے جینا ❖ **ہوا پھر جانا۔ یا۔ پھرنا** (۱) ہوا کا ایک طرف سے چلتے چلتے دوسری طرف چلنے لگنا (۲) (کنایۃً) حالت بدلنا (۳) (کنایۃً) اقبال یاور ہونا ❖ **ہوا چکی**۔ مؤنث۔ ہوا کے زور سے چلنے والی چکی ❖ **ہوا چلنا** (۱) ہوا کا لہرانا۔ ہوا کا جنبش میں آنا (۲) (کنایۃً) رواج پانا (ان معنی میں ہوائیں چلنا بھی مستعمل ہے۔) ❖ **ہوا خلاف ہونا** (۱) بادِ مخالف کا چلنا (۲) (کنایۃً) زمانے کا ناموافق ہونا ❖ **ہوا خواہ** (ف) خیر خواہ۔ دوست۔ طرف دار ❖ **ہوا خواہی**۔ مؤنث۔ خیر خواہی۔ خیر اندیشی۔ وفاداری ❖ **ہوادار** (۱) خیر خواہ (۲) دلکشا۔ ایسا مکان، جس میں اچھی طرح ہوا کا گزر ہو (۳) مذکر۔ ایک قسم کی امیرانہ سواری، جو کہار اٹھاتے ہیں۔ تام جھام ❖ **ہواداری**۔ مؤنث۔ خواہش۔ خیر خواہی۔ دوست داری ❖ **ہوا دینا** (ف) (۱) پنکھے یا دامن وغیرہ سے ہوا پہنچانا (۲) ہوا میں رکھنا (۳) آگ کو ہوا سے سلگانا۔ آگ کو بھڑکانا (۴) (کنایۃً) اشتعال دینا۔ فساد کرانا (۵) کبوتروں کو اُڑانا ❖ **ہوا زدگی**۔ مؤنث (عو) زکام ❖ **ہوا سا** (۱) ذرا سا۔ خفیف سا (۲) ہوا کی مانند۔ ہلکا۔ نہایت سُبک۔ لطیف ❖ **ہوا سے اُڑ جانا** (کنایۃً) نہایت لاغر اور ناتواں ہونا ❖ **ہوا سے باتیں کرنا** (عو) (۱) نہایت جلد باز ہونا۔ بے حد پھرتیلا ہونا (۲) کمال عیّار اور چالاک ہونا (۳) غرور کرنا (۴) (کنایۃً) بہت اُونچا ہونا ❖ **ہوا سے بچ کر نکلنا**۔ کمال نفرت کرنا۔ کسی سے دُور بھاگنا ❖ **ہوا سے لڑنا** (کنایۃً) (۱) نہایت بد مزاج اور غصہ ور ہونا (۲) خواہ مخواہ کسی کے سر ہونا ❖ **ہوا کا تھپیڑا**۔ مذکر۔ ہوا کا پُر زور جھونکا ❖ **ہوا کا رُخ بتانا** (۱) ٹالنا۔ رخصت یا چلتا کرنا۔ مُنہ نہ لگانا (۲) کسی چیز کو اٹھا کر پھینک دینا ❖ **ہوا کا رُخ دیکھنا**۔ زمانے کے موافق کام کرنا۔ زمانے کی رفتار دیکھنا ❖ **ہوا کرنا** (۱) پنکھے سے ہوا دینا (۲) رخصت کرنا (۳) چھوڑنا۔ ترک کرنا ❖ **ہوا کھانا** (۱) ہوا خوری کرنا۔ سیر کرنا۔ ٹہلنا (۲) سدھارنا۔ رخصت ہونا (۳) زندہ رہنا ❖ **ہوا کھاؤ**۔ دُور دفان ہو۔ چلتے بنو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ رخصت ہو جاؤ ❖ **ہوا کھونا**۔ ساکھ گنوانا۔ وقعت مٹانا ❖ **ہوا کی روٹی**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی نہایت پتلی چپاتی۔ نانِ ہوا ❖ **ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا** (کنایۃً) (۱) نہایت جلدی کرنا۔ جلد باز ہونا۔ بے حد تیز و تند اور چست و چالاک ہونا (۲) کمال مغرور ہونا ❖ **ہوا لگ جانا** (لگنا) (۱) ہوا کا محسوس ہونا۔ ہوا کا جسم سے چھو جانا۔ ہوا کا اثر ہونا (۲) ہوا کے اثر سے جسم کا اکڑ جانا (۳) اِترانا۔ مغرور ہو جانا۔ دماغ چل جانا۔ پر پُرزے نکلنا (۴) کسی صحبت کا اثر ہونا۔ مطلق اثر ہونا (۵) خواہش ہونا۔ دُھن ہونا (۶)

خفیف اثر پہنچانا (بیشتر نفی کے ساتھ مستعمل ہے) ﴾ ہوا لینا - ہوا کھانا ﴾ ہوا مٹھی میں بند کرنا - ناممکن اور قریب محال کام کرنا - بے فائدہ محنت اور لا حاصل مشقت کرنا ﴾ ہوا میں گرہ دینا - یا - لگانا - ناممکن اور مشکل کام کرنا - کارِ دشوار کا ارادہ کرنا - لغو حرکت کرنا ﴾ ہوا نکلنا (۱) غرور ڈھینا - ترکی تمام ہونا (۲) سانس نکلنا - دم نکلنا - پھونک نکلنا (۳) گوز نکلنا (۴) کسی دروازے یا کھڑکی یا روزن سے ہوا کا برآمد ہونا ﴾ ہوا نہ رہنا - بہار نہ رہنا - جوبن نہ رہنا - رونق نہ رہنا ﴾ ہوا نہ لگنا (۱) (کنایۃً) خفیف اثر نہ ہونا (۲) (کنایۃً) خفیف مشابہت نہ ہونا ﴾ ہوا نہ لگنے دینا - ہوا تک کا گزر نہ ہونے دینا - پاس نہ پھٹکنے دینا - کمال بچاتے اور چھپاتے رکھنا ﴾ ہوا و ہَوَس (ف) مؤنث (۱) حرص اور لالچ (۲) شہوت پرستی - عیّاشی ﴾ ہوا ہو جانا (ہونا) (۱) ہوا کی طرح تیز رفتار ہو جانا - ہوا کی سی حالت ہو جانا (۲) دھار کا تیز ہو جانا (۳) (کنایۃً) فنا ہو جانا - نابود ہو جانا (۴) رفو چکر ہو جانا - چمپت ہو جانا - بہت جلد چلا جانا ﴾ ہوائی (ف) (۱) ہوا سے منسوب - آسمانی (۲) بادی - ریحی (۳) ہوا پر چلنے والا (۴) تیز رَو - تیز رفتار - چالاک (۵) (ل) واہی - آوارہ (۶) (ل) لغویات - بیہودہ بات (۷) (ل) اُڑتی ہوئی بات - افواہ ﴾ ہوائی آنکھ (و) مؤنث (۱) وہ آنکھ، جو ایک جگہ نہ لگے (۲) (کنایۃً) ڈھیٹ - گستاخ ﴾ ہوائی تیر - مذکر - وہ تیر، جو ہوا کے رُخ چلایا جائے ﴾ ہوائی خبر - مؤنث - بے سروپا بات - افواہ - بازاری گپ ﴾ ہوائی دیدہ (عو) (۱) بے دید - بے مروت - شوخ چشم (۲) وہ آنکھ، جو ایک طرف نہ لڑے ﴾ ہوائیں - مؤنث - ہوا کی جمع ﴾

ہَوّا (ہَوْ - وَا) (ہ) مذکر (۱) بچوں کے ڈرانے کی فرضی صورت (۲) مہیب صورت (۳) فرضی جن - بھوت پریت ﴾

ہواؤ - ہیاؤ (ہِوَا - اُوْ، ہِیَا - اُوْ) (ہ) مذکر (عو) (۱) ہمت - جرأت - حوصلہ (پڑنا کے ساتھ) (۲) حجاب (توڑنا، ٹوٹنا کے ساتھ) (۳) طاقت - زور ﴾

ہوائی (ہَوَا - اِئی) (ل) مؤنث - ایک قسم کی آتش بازی ﴾ ہوائی چھٹنا یا چھوٹنا (۱) بارود بھرا ہوائی تیر چلنا (۲) خوف یا شرمندگی سے چہرے کا رنگ اُڑنا - بے حواس ہونا ﴾ ہوائی چھوڑنا - بارود بھرا ہوائی تیر چلانا ﴾ ہوائیاں - مؤنث - ہوائی کی جمع ﴾ ہوائیاں اُڑنا - یا چھوٹنا (۱) بارود بھرے ہوائی تیر چلنا (۲) مُنہ سفید پڑ جانا - چہرے کا رنگ فق ہونا ﴾

ہوت (ہُوْت) (ہ) مؤنث (۱) پونجی - دولت - سرمایہ - مقدور - حیثیت - ثروت - تنگستی (۲) (عوام) مذکر - پکارنے کا کلمہ (۳) برتاؤ (۴) ذریعہ - وسیلہ (۵) لیاقت ﴾ ہوت کا باپ اَن ہوت کی ماں - مثل - باپ روپے کا ساتھی اور ماں مفلسی کی ﴾ ہوت کی جوت ہے - مثل (عو) ساری رونق روپے سے ہے ﴾ ہوت والا (عو) مال دار - دولت مند - غنی - توانگر ﴾

ہوٹل (ہُوْ - ٹَل) (انگ - Hotel) مذکر - وہ جگہ، جہاں کھانے اور رہنے کا انتظام ہو - مسافر خانہ ﴾

ہودج (ہَوْ - دَج) (ع) مذکر (۱) ہَودہ - عمّاری (۲) اونٹ کا کجاوہ - محمل ﴾

ہَودہ (ہَوْ - دَہ) (ل) مذکر (۱) ایک قسم کی عمّاری - ہَودج (۲) چھوٹا حوض - چو بچہ ﴾

ہُودہ (ہُوْ - دَہ) (ف) بجا - ٹھیک - حق - درست (اردو میں "بے" کا اضافہ کرکے بیہودہ کی ترکیب سے مستعمل ہے۔) ﴾

ہوری (ہُوْ - رِی) (ہ) مؤنث - ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار - ہولی ﴾

ہوڑ (ہَوْ - ڑ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) شرط - بازی (۲) گھات - داؤ پیچ (۳) عہد - قول - بچن (۴) تکرار - بحث - ضد (۵) مقابلہ - برابری - رقابت ﴾ ہوڑا ہوڑی - مؤنث (ہندو) (۱) بحث و تکرار - حجّت - ضد (۲) سامنا - برابری - مقابلہ ﴾

ہَوَس (ہَوَس) (ع) مؤنث - جنون کی ایک قسم - مالیخولیا - خبط ﴾

ہَوَس (ہَوَس) (ف) مؤنث (۱) نفس کی آرزو - خواہش (۲) ادھورا اور جھوٹا عشق - ناقص محبت (۳) حرص - لالچ (۴) شہوت (۵) امنگ - حوصلہ (۶) ہر چیز کو جی چاہنا (آنا، بجھنا، نکالنا، نکلنا کے ساتھ) ﴾

ہوس پرور (پیشہ) - بڑا ہَوَس رکھنے والا - بڑا حریص ﴾

ہَوَس ناک (ہَوَسناک) (۱) ہَوَس کا بھرا ہوا - لالچی - حرصی - مطلب کا خواہاں (۲) آرزو مند - خواہش مند (۳) پُرشہوت ﴾

ہُوش (ہُوْش) (ہ) آدمیت سے خارج - غیر مہذب ﴾

ہُوش (ہُوْش) (ف) مذکر (۱) دانش - عقل - فہم - دانائی - تمیز - سمجھ - وقوف - شعور (۲) آگاہی - واقفیت - خبر (۳) جان - روح - قلب - دل (۴) حواس - یاد - حافظہ - حِس - قوتِ مدرکہ (آنا، اُڑا دینا، اُڑانا، اُڑ جانا، اُڑنا، پکڑنا، جاتے رہنا، جانا، دنگ ہونا، سنبھالنا، کافور ہونا، کھونا، گم ہونا، نہ ہونا، ہرن ہونا، ہوا ہونا، ہونا کے ساتھ) ﴾ ہوش پکڑو (ل) (عو) ہوش سنبھالو - سنبھلو - تمیز سیکھو ﴾ ہوش کی بنوانا - عقل پکڑنا - شعور پکڑنا ﴾ ہوش کی بنواؤ - ہوش کی خبر لو - ہوش کی دوا کرو - ہوش کی لو - ہوش کے ناخن لو - ہوش میں آؤ - سنبھلو - سمجھو - بے تمیزی اور بے عقلی نہ کرو ﴾ ہوش مند (ہوشمند) (ف) ہوش والا - ذی شعور - عقل مند - خرد مند ﴾ ہوش مندی (ہوشمندی) مؤنث - ہوشیاری -

عقل مندی۔ دانائی۔ شعور۔ تمیز۔ وقوف ٭ ہوش میں آنا (۱) عقل حاصل کرنا۔ تمیز سیکھنا (۲) آپے میں آنا۔ سنبھلنا (۳) ہوشیار ہونا۔ عبرت پکڑنا ٭ ہوش والا۔ ہوشیار۔ سیانا۔ تجربہ کار۔ باخبر ٭ ہوش وحواس (ف) مذکر۔ عقل۔ تمیز (اُڑ جانا کے ساتھ) ٭ ہوشیار (۱) عاقل۔ دانا۔ فہیم۔ خبردار۔ واقف (۲) چالاک۔ عیار (۳) تجربہ کار (۴) بیدار۔ چوکس۔ چوکنا (کرنا، ہوجانا کے ساتھ) ٭ ہوشیاری۔ مؤنث (۱) دانش مندی۔ عقل مندی۔ دانائی (۲) چوکسی۔ خبرداری (۳) عاقبت اندیشی۔ دُور اندیشی (۴) چترائی۔ عیاری (۵) احتیاط ٭

ہُوک (ہُوْک) (ہ) مؤنث (عو) (۱) وہ درد، جو دل یا سینے میں ٹھہر ٹھہر کر یا یکایک اُٹھے۔ صدمہ۔ تکلیف۔ سُول (۲) پسلی کا درد۔ نمونیا (۳) آواز (اُٹھنا کے ساتھ) ٭

ہوکا (ہَوْ۔کا) (ہ) مذکر (۱) کسی شے کے کھانے کی بے انتہا حرص (۲) بیمار یا بچّے کی کھانے کی حرص (۳) مطلق حرص۔ کسی شے کی بے حد خواہش (کرنا، لگنا کے ساتھ) ٭ ہَوْکے زدہ۔ وہ جسے بہت ہوکا ہو ٭

ہَول (ہَوْل) (ع) مذکر (۱) خوف۔ دہشت۔ ڈر۔ اندیشہ۔ خطرہ (۲) (دل) گھبراہٹ۔ اضطراب (آنا، اُٹھنا، بیٹھ جانا، پڑنا، دینا، رہنا، سمانا، کھانا کے ساتھ) ٭ ہَولِ دِل (ف) مذکر۔ دل کی دھڑکن۔ اختلاجِ قلب۔ خفقان ٭ ہَول دِلا (ف) مذکر۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ نامرد ٭ ہَول دلی۔ مؤنث (۱) گلے میں ڈالنے کا تعویذ، جس سے دل کا خوف دُور ہو جاتا ہے (۲) گھبراہٹ (۳) بزدلی ٭ ہَول زدہ (ف) (۱) خوف زدہ۔ دہشت کا مارا ہوا (۲) مضطرب۔ گھبرایا ہوا (۳) ڈرپوک ٭ ہولناک (ہولناک) خوفناک۔ ہیبت ناک۔ مہیب۔ بھیانک۔ ڈراؤنا ٭

ہُول (ہُوْل) (ہ) مؤنث (۱) کسی دھار دار آلے کا چبھونا (۲) صدمہ۔ ضرب۔ دھکا (چلنا، دینا کے ساتھ) ٭ ہُولا۔ مذکر۔ ہُول۔ برچھی یا بھالے وغیرہ کی نوک کا صدمہ۔ بھونک (مارنا کے ساتھ) ٭ ہُولنا (۱) آنکس لگانا (۲) ہاتھی کو چلانا یا ہانکنا (۳) دھکا دینا۔ دھکیلنا۔ ریلنا ٭

ہَولا (ہَوْ۔لا) (ہ) بوکھلایا ہوا۔ گھبرایا ہوا ٭ ہَولا جَولی۔ مؤنث (۱) بیتابی۔ اضطراب۔ گھبراہٹ (۲) افراتفری۔ بھاگڑ ٭

ہُولا (ہُوْ۔لا) (ہ) مذکر۔ بھنے ہوئے بوٹ ٭ ہُولا کھائے مُنہ ہاتھ دونوں کالے۔ مثل۔ بُرے کام میں بدنامی ہوتی ہے ٭

ہولر۔ ہولڑ (ہُوْ۔لَر، ہُوْ۔لَڑ) (ہ) مذکر۔ پیٹ کا بچّہ۔ تُرت کا جنا ہوا بچّہ ٭

ہَوْلَوْ (ہَوْ۔لَوْ) (ہ) مذکر (عو) متلوّن مزاج ٭

ہُولَوْ (ہُوْ۔لَوْ) (ہ) مذکر۔ بھنے یا اُبلے ہوئے چنے ٭

ہُولی (ہُوْ۔لی) (ہ) مؤنث (۱) ہندوؤں کا ایک تہوار، جس میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں (کھیلنا کے ساتھ) (۲) ایک قسم کے گیت، جو ہولی کے موسم میں گائے جاتے ہیں (بنانا، گانا کے ساتھ) (۳) لکڑیوں کا ڈھیر، جو ہولی کے روز جلاتے ہیں (جلانا، جلنا کے ساتھ) ٭ ہولی کا بھڑوا۔ مذکر۔ وہ شخص، جسے ہولی کے دِنوں میں رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بنایا جائے ٭ ہولی منانا (کنایۃً) ہولی کا سامان درست کرنا ٭

ہولی (ہُوْ۔لی) (انگ۔ Holy) مقدس۔ پاک۔ پوِتر ٭

ہَولے (ہَوْ۔لے) (ہ) آہستہ۔ سہج۔ بتدریج ٭ ہولے سے۔ آہستہ سے۔ ہلکے سے ٭ ہَولے ہَولے (عو) آہستہ آہستہ ٭

ہوم (ہُوْم) (س) مذکر۔ ہَوَن۔ آگ کی پوجا۔ ہندوؤں کی ایک رسم، جس میں وہ آگ جلا کر منتر پڑھتے ہوئے آگ میں گھی ڈالتے جاتے ہیں ٭

ہوم (ہُوْم) (انگ Home) مذکر۔ گھر۔ مکان ٭ ہوم ڈیپارٹمنٹ (Home Department) مذکر۔ وہ محکمہ، جس کے متعلق تعلیم، پولیس، جوڈیشل وغیرہ کا کام ہوتا ہے۔ محکمۂ داخلیہ ٭ ہوم رول (Home Rule) مذکر۔ گھر کی حکومت۔ حکومت خود اختیاری۔ سوراجیہ ٭ ہوم سکرٹری (Home Secretary) مذکر۔ وزیر داخلہ ٭ ہوم منسٹر (Home Minister) مذکر۔ دیکھیے "ہوم سکرٹری" ٭

ہومیوپیتھک (ہُوْ۔میُو۔پَے۔تھک) (انگ۔ Homoeopathic) گرم کا گرمی اور سرد کا سردی سے علاج۔ علاج بالمثل ٭

ہُوں (ہُوْں) (ہ) مؤنث (۱) ہاں۔ اقرار و اقبال کا کلمہ (۲) اجازت دینے کا کلمہ (۳) کسی بات سے روکنے کا کلمہ ٭ ہُوں ہاں کرنا (۱) جواب دینا (۲) اقرار یا انکار کرنا (۳) بچّے کا پہلے پہل بولنے لگنا ٭ ہُوں ہُوں (۱) اقرار و انکار کا کلمہ (۲) روکنے کا کلمہ ٭ ہُوں ہُوں کرنا (۱) ہاں ہاں کرنا (۲) مُنہ سے ہُوں ہُوں کی آواز نکالنا (۳) ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا (۴) روکنا۔ ٹوکنا ٭

ہونٹ۔ ہونٹھ (ہُوْنْٹ، ہُوْنْٹھ) (اب ہونٹ فصیح سمجھا جاتا ہے۔) (ہ) مذکر۔ مُنہ کے باہر کا اوپر اور نیچے کا حصّہ۔ لب ٭ ہونٹ پپڑانا۔ لبوں کا خشکی یا پیاس کے باعث بے حد خشک ہو جانا۔ پپڑی بندھنا ٭ ہونٹ پھٹ جانا۔ سردی کی شدّت سے ہونٹ میں شگاف پڑ جانا ٭ ہونٹ تک نہ ہلنا۔ مُنہ سے اشارہ تک نہ ہونا۔ مُنہ سے بات بھی نہ نکلنا ٭ ہونٹ چاٹا کرنا۔ کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ یاد کر کے ہونٹوں پر زبان پھیرنا۔ مزہ لیا کرنا۔ مزے کا مشتاق رہنا۔ لذّت اور لطف میں محو ہو جانا ٭

ہونٹ چاٹتے رہ جانا ۔ لذت یاد کرکے رہ جانا ۔ ذائقہ نہ بھولنا ۔ مزہ یاد کرتے رہ جانا ٭ ہونٹ چاٹنا (۱) میٹھی چیز کھانے کے بعد ہونٹوں پر زبان پھیرنا (۲) (کنایۃً) کسی مزیدار چیز کا ذائقہ یاد کرنا ٭ ہونٹ چاٹنے سے پیاس نہیں بجھتی ۔ مثل ۔ تھوڑی سی امداد کا کچھ فائدہ نہیں ٭ ہونٹ چبانا ۔ افسوس، غصہ، حسرت یا رشک ظاہر کرنے کے لیے ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا ٭ ہونٹ خشک ہونا (ل) پیاس کے غلبے یا پشیمانی سے ہونٹ سوکھنا ٭ ہونٹ سی دینا (ہ) (کنایۃً) منہ بند کر دینا ۔ خاموش کر دینا ٭ ہونٹ سی لینا (سینا) (کنایۃً) خاموش ہو جانا ٭ ہونٹ کاٹنا (۱) ہونٹ چبانا (۲) غلبۂ شہوت میں معشوق کے ہونٹ کو دانتوں سے بزور دبانا ٭ ہونٹ کٹا (۱) کٹے ہوئے ہونٹ والا (۲) خرگوش جیسے ہونٹ والا ٭ ہونٹ ملوں تو دودھ نکل پڑے (دہلی) ابھی دودھ پیتے بچے ہو ۔ ذرا زور کروں تو پیا ہوا دودھ نکل پڑے ٭ ہونٹ ہلانا (۱) ہونٹ کو حرکت دینا (۲) (کنایۃً) بولنا ۔ بات کرنا ٭ ہونٹل (ہونٹھل) بڑے بڑے اور موٹے ہونٹوں والا ٭ ہونٹوں ۔ ہونٹ کی جمع حروف جار سے پہلے ٭ ہونٹوں پر چھٹی کا دودھ آجانا (کنایۃً) مصیبت میں پڑنا ٭ ہونٹوں سے ابھی دودھ کی بو آتی ہے ۔ ہونٹوں سے دودھ کی بو نہیں گئی (ل) ابھی تک شیرخوار بچے ہو ۔ ابھی نادان ہو ٭ ہونٹوں کی رسی پوچھو (دہلی) بات کرنے کا سلیقہ سیکھو ۔ سلیقے سے بات کرو ۔ زنانے نہ بنو ٭ ہونٹوں میں مسکرانا (ہ) یوں ہنسنا کہ دانت نہ کھلیں اور ہونٹ ہی بل کر رہ جائیں ٭ ہونٹوں ہونٹوں میں ۔ ہونٹوں کے اشارے سے ٭ ہونٹھی ۔ مؤنث (۱) گھوڑے کا دہانہ (۲) دہانے کی زنجیر ٭

ہونس (ہونْس) (ہ) مؤنث (۱) نظر بد ۔ ٹوک (۲) رشک (۳) حسد (۴) بدخواہی (ہ) ہونسنا کا امر ٭ ہونس سے ریس بھلی ۔ حسد اور عداوت سے رشک بہتر ہے ٭ ہونس کا کھا جانا ۔ نظر بد کا اثر ہو جانا ٭ ہونس لگانا ۔ نظر لگانا ٭ ہونس لگ جانا (عوام) نظر لگ جانا ۔ ٹوک میں آجانا ٭ ہونسا سو موسا ۔ مثل ۔ حاسد آپ ہی اپنا نقصان کرتا ہے ٭ ہونسنا (۱) نظر لگانا ۔ ٹوکنا (۲) جلنا ۔ حسد کرنا (۳) رشک کھانا (۴) برائی چاہنا ٭

ہونق (ہَوْنَق ۔ نْق) (ہ) دیکھیے "ہبنق" ٭

ہونکار ۔ دیکھیے "ہنکار" ٭

ہونکنا (ہَوْنک ۔ نا) (ہ) (۱) سانس پھولنا ۔ ہانپنا (۲) شیر کا بولنا ۔ گرجنا ٭

ہونہار (ہو ۔ نہار) (ہ) (۱) ہونے والا ۔ شدنی ۔ وہ بات جس کا ہونا ضروری ہو (۲) وہ شخص جس میں صاحب اقبال ہونے یا لیاقت اور قابلیت کے آثار پائے جائیں (۳) وہ جس میں ترقی اور عروج کے آثار پائے جائیں ٭ ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات ۔ مثل ۔ ہونہار شے کے آثار پہلے ہی اچھے نظر آنے لگتے ہیں ٭ ہونہار مٹتی نہیں ہووے بیسویں سے بیس ۔ مثل ۔ شدنی ہو کر رہتی ہے ٭

ہویدا (ہُوَے ۔ دَا) (ف) عیاں ۔ ظاہر ۔ نمودار ۔ کھلا ہوا ۔ آشکارا ۔ صاف ۔ صریح ۔ واضح ٭

ہ ۔ ء

ہیئ (ہَیْئ) (ع) مؤنث (۱) حیرانی (۲) شور ۔ غوغا ۔ تہلکہ ۔ دھوم ٭
ہیئے (ہیئے) (ہ) دیکھیے "ہیا" (متروک) ٭

ہ ۔ ی ۔ ے

ہی (ہی) (ہ) (۱) محض ۔ صرف ۔ فقط ۔ تنہا ۔ اکیلا (۲) ذرا ۔ بالکل ۔ تھوڑا (۳) ضرور (۴) فوراً (۵) ذریعہ ۔ وجہ سے (۶) تخصیص اور تاکید کا حرف [نثر میں ہی فاعل و علامت فاعل، مفعول و علامت مفعول اور مجرور و جار کے درمیان آتا ہے، جیسے قمر ہی نے بتایا تھا ۔ طاہرہ ہی کو ملا تھا ۔ لیکن جب ضمیر تو یا میں فاعل واقع ہو تو نے علامت فاعل پہلے آتی ہے اور ہی پیچھے، جیسے تو نے ہی پڑھا تھا ۔ میں نے ہی لکھا تھا ٭ اِس، اُس، تجھ، مجھ کے ساتھ ہی واقع ہو تو اِسی، اُسی، تجھی، مجھی کہتے ہیں ہم اور تم کے ساتھ ہی آتے تو ہمیں اور تمہیں بولتے ہیں ٭ یہ اور وہ کے ساتھ ہی آنے پر یہی اور وہی لکھا جاتا ہے ٭ اب، تب، جب، سب، کب کے ساتھ ہی واقع ہونے پر ہ ہائے مخلوط (ھ) ہو کر بولی جاتی ہے، جیسے ابھی، تبھی، جبھی، سبھی، کبھی ٭ کبھی دو منفی جملوں میں ہی یوں استعمال کرتے ہیں: "نہ انور ہی گیا نہ شعیب" ایسے موقع پر ہی تاکید کے لیے آتا ہے ۔ ناواقف حضرات دوسرے جملے میں حرف نفی کے ساتھ ہی کا بھی اضافہ کرکے یوں کہتے ہیں: "نہ انور گیا نہ ہی شعیب" یہ غلط ہے ٭ بعض اصحاب پہلے ہی جملے میں حرف نفی اور ہی کو اکٹھا کرکے اس طرح بولتے ہیں: "نہ ہی انور گیا اور نہ شعیب" یہ بھی صحیح نہیں ٭]

ہی (ہِی) (ہ) مذکر ۔ دل ۔ من ٭ ہیا ۔ مذکر (۱) دل ۔ من ۔ چت ۔ کلیجا ۔ جگر ۔ قلب (۲) دلیری ۔ جرأت ۔ حوصلہ ٭ ہیا وڑ ۔ دیکھیے "ہیاو" ٭

ہے (ہَے) (ہ) (۱) ہست ۔ موجود ۔ حاضر (۲) ہونا سے مشتق ۔ کلمۂ ربط یا فعل ناقص (۳) ہوتا ہے ٭ ہیگا (عوام) (۱) حاضر ہے ۔ موجود ہے (۲) بیشک ہے ۔ ضرور ہے ۔ بلاشبہہ (۳) کیا موجود ہے؟ ہیں ۔ ہے کی جمع ٭

ہے (ہَے) (ہ) (ع) (ہائے کا مخفف) افسوس ۔ ہائے ٭ ہے ہے کرکے پیٹنا (دہلی) نوحہ کرکے پیٹنا ۔ کسی کے مرنے کی تمنا کرنا ٭

ہے ہے منہ کھُلے جھگڑا اُٹھانا ٭

ہیبت (ہَیْ۔ بَت) (ع) مؤنث۔ دہشت۔ رعب۔ ڈر۔ خوف (ٹپکنا، چھانا، سمانا کے ساتھ) ٭ ہیبت زدہ۔ خوف زدہ۔ ڈرا ہُوا ٭ ہیبت ناک۔ ڈراؤنا۔ خطرناک۔ خوفناک۔ پُرخطر۔ مہیب ٭

ہییت (ہیٖت) (ہ) مذکر (۱) باعث۔ سبب۔ کارن (۲) لَو۔ لگن۔ تعلق۔ محبت۔ عشق ٭

ہیٹ (ہَیٹ) (انگ۔ Hat) مؤنث۔ انگریزی ٹوپی ٭

ہیٹ (ہیٹھ) [ہیٹ (ہیٹھ)] (ہ) (۱) نیچے۔ تحت۔ زیر (۲) پست نیچا (۳) چھوٹا۔ ادنیٰ۔ اوچھا۔ کمینہ۔ سفلہ (۴) خراب۔ ذلیل ٭ ہیٹا (۱) ناقص۔ گھٹیا (۲) زیر (۳) سفلہ۔ کمینہ (۴) ڈرپوک۔ بزدل۔ کمزور۔ نامرد۔ پست ہمت (۵) کم رتبہ۔ کم درجے کا۔ ادنیٰ (۶) بودا ٭ ہیٹی۔ مؤنث۔ رسوائی۔ بدنامی۔ سُبکی۔ ذلت۔ تحقیر۔ بے قدری (کرنا، ہونا کے ساتھ) ٭

ہیجا [(ع) ہَے۔ جا، ہَی۔ جا (ا) ہَی۔ جا] مؤنث۔ جنگ۔ رزم۔ لڑائی۔ یدھ ٭

ہیجان [(ع) ہَیَجان (ف۔ ل) ہَے۔ جان] مذکر (۱) اُبال۔ جوش (۲) شدت۔ تیزی۔ غلبہ۔ زور ٭

ہیجڑا (ہیج۔ ڑا) (س) مذکر (۱) وہ شخص، جس کے خصیے اور عضو تناسل کاٹ دیے گئے ہوں (۲) مخنث۔ خواجہ سرا (۳) نامرد۔ زنانہ۔ زنخا (۴) بزدل۔ بودا۔ سست (بنانا کے ساتھ) ٭ ہیجڑوں (ل) ہیجڑا کی جمع حرفِ جار سے پہلے ٭ ہیجڑے۔ مذکر۔ ہیجڑا کی جمع ٭ ہیجڑے کا اللہ میاں نے اٹھنی کا بھی اعتبار نہیں کیا۔ مثل۔ ہیجڑے کا بالکل اعتبار نہیں ٭ ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا۔ ناممکن بات کے واقع ہونے پر بولتے ہیں ٭

ہیچ (ہیچ) (ف) (۱) معدوم۔ کچھ نہیں (۲) قلیل۔ کم (۳) ناکارہ۔ نکما۔ بیہودہ۔ خالی (۴) (ل) زبون۔ قابلِ نفرت (۵) بے سود۔ بے کار۔ فضول (۶) کوئی۔ کچھ ٭ ہیچ آفت نہ رسد گوشۂ تنہائی را۔ مقولہ۔ جو سب سے علیحدہ ہوگیا، وہ مصیبت و بلا سے بچ گیا ٭ ہیچ سمجھنا (ل) ناچیز سمجھنا ٭ ہیچ کارہ (ف) (۱) نالائق۔ ناکارہ (۲) بے فائدہ ٭ ہیچ کس۔ ناکارہ اور ناقص آدمی ٭ ہیچ مداں (ہیچمداں) (۱) کچھ نہ جاننے والا۔ بے علم۔ نادان (۲) (اشارے کے ساتھ) متکلم انکسار سے اپنے متعلق یہ لفظ کہتا ہے ٭ ہیچ مدانی (ہیچمدانی) مؤنث۔ کچھ نہ جاننا۔ بے علمی۔ نادانی ٭ ہیچ میرز (ہیچمیرز) بے قیمت۔ ناچیز ٭ ہیچ و پوچ (کنایۃً) (۱) سہل اور بے مغز چیز (۲) بے وقعت (۳) فضول۔ بیہودہ۔ لغو ٭

ہیڈ (ہَیڈ) (انگ۔ Head) مذکر (۱) سر (۲) سردار۔ سرگروہ (۳) اعلیٰ، صدر۔ بڑا ٭ ہیڈ آفس (Head office) مذکر۔ صدر دفتر ٭ ہیڈ کانسٹیبل (Head Constable) مذکر۔ پولیس کے سپاہیوں کا افسر ٭ ہیڈ کلرک (Head clerk) مذکر۔ کلرکوں کا افسر۔ محرر اعلیٰ۔ میر منشی ٭ ہیڈ کوارٹر (انگریزی میں ہیڈ کوارٹرز Head quarters) (ل) مذکر۔ صدر مقام۔ صدر ٭ ہیڈ ماسٹر (انگ۔ Headmaster) مذکر۔ صدر مدرس ٭

ہیڈرا (ہڈرا) (ہیڈ۔ را) (ہڈ۔ را) (ہ) مذکر (عو) (۱) حالت۔ حال۔ درجہ (۲) شکل۔ صورت (۳) سلیقہ (رجانا، کھونا کے ساتھ) ٭

ہیر (ہیر) (س) مؤنث (۱) مغز۔ ست۔ رس۔ جوہر۔ خلاصہ (۲) دولت۔ لکشمی (۳) (ہ) رانجھا کی معشوقہ (۴) اصل۔ جڑ۔ مول (۵) قوت۔ زور۔ طاقت (۶) (کنایۃً) خالص۔ صاف۔ شفاف ٭

ہیئر (ہیئر) (انگ۔ Hair) مذکر۔ بال ٭ ہیئر ڈریسنگ (Hair dressing) بال یا مانگ سنوارنا ٭ ہیئر کٹنگ سیلون (Hair Cutting Saloon) مذکر۔ نائی کی دکان، جہاں بال وغیرہ کاٹے جاتے ہیں۔ حجام خانہ ٭

ہیرا (ہی۔ را) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا نہایت قیمتی پتھر۔ الماس (۲) (کنایۃً) نفیس۔ عمدہ ٭ ہیرا آدمی (ل) قابلِ تعریف، سچا، کھرا اور نیک آدمی ٭ ہیرامن (ہ) مذکر۔ طوطا ٭ ہیرا ہینگ۔ مؤنث۔ عمدہ قسم کی ہینگ ٭ ہیرے۔ مذکر۔ ہیرا کی جمع ٭ ہیرے کی پرکھ جوہری جانے (ل) مثل۔ اہلِ ہنر کو قدردان ہی پہچانتا ہے ٭ ہیرے کی کنی (ہ) مؤنث۔ ہیرے کی کرچ۔ الماس کا ریزہ ٭ ہیرے کی کنی کھانا (۱) الماس کا ریزہ کھانا (۲) (کنایۃً) خودکشی کرنا ٭

ہیرا پھیری (ہے۔ را، پھے۔ ری) (ہ) مؤنث۔ دیکھیے "ایرا پھیری" ٭ ہیر پھیر۔ مذکر۔ دیکھیے "ایر پھیر" ٭ ہیر پھیر کی باتیں۔ مؤنث۔ دھوکے کی باتیں (کرنا کے ساتھ) ٭ ہیرے پھیرے۔ مذکر (عو) بار بار آنا جانا (کرنا کے ساتھ) ٭

ہیرنا (ہیر۔ نا) (ہ) (عو) (۱) جوئیں دیکھنا یا نکالنا (۲) دیکھنا۔ مشاہدہ یا ملاحظہ کرنا (۳) تلاش کرنا (۴) شکار کرنا (۵) پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا۔ پیروی کرنا۔ رگیدنا (۶) گرفت کرنا۔ پکڑنا۔ مزاحمت کرنا ٭

ہیرو (ہی۔ رو) (انگ۔ Hero) (۱) بہادر۔ سورما۔ شجاع (۲) مذکر۔ وہ شخص، جس پر قصے کا مدار ہو۔ قصے کی جان۔ بطل (۳) مشہور آدمی ٭ ہیروز (Heroes) ہیرو کی جمع ٭ ہیروئن (Heroine) مؤنث۔ ہیرو کی تانیث ٭

ہیرو۔ ہیڑو (ہے۔ رو، ہے۔ ڑو) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کے گیت، جو گوالے دیوالی کے روز گاتے ہیں ٭

ہیروا (ہیر۔ وا) (ہ) مذکر (عو) وہ حالت، جب بچہ کسی کو یاد کرتا ہے

(کرنا کے ساتھ) ❊

ہیڑا (ہے - ڑا) (ہ) مذکر (گنوار) (۱) گوشت - ماس - لحم (۲) شکار (۳) ترکاری - سالن ❊ ہیڑی - شکاری - صیاد ❊

ہیز (ہِیْز) (ف - حیز اس کا معرب ہے) (۱) مذکر - زنخا - مخنث - ہیجڑا (۲) (و) ڈرپوک - بزدل - نامرد - بودا ❊

ہیزم (ہے - زَم) (ف) مؤنث - ایندھن - جلانے کی لکڑی - سوکھی لکڑی ❊ ہیزم فروش - لکڑیاں بیچنے والا - لکڑہارا ❊ ہیزم کش (۱) لکڑیاں اٹھانے والا مزدور (۲) لکڑیاں کاٹنے والا - لکڑہارا ❊

ہیژدہ (ف) دیکھیے "ہژدہ" ❊

ہیضہ (ہے - ضہ) (ع) مذکر - ایک مہلک متعدی بیماری، جس میں دست و قے کی شکایت اکثر ہوتی ہے (پھیلنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) ❊ ہیضہ کر کے مرنا (۱) ہیضے سے وفات پانا ❊

ہینک (ہینک) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی سخت بدبو (آنا کے ساتھ) ❊

ہیکڑ (ہے - کڑ) (ہ) (۱) خودسر - زبردست (۲) شیخی مارنے والا (۳) موٹا تازہ ❊ ہیکڑی - مؤنث (۱) سرکشی - زبردستی (۲) شیخی - ڈینگ (جتانا، کرنا کے ساتھ) ❊ ہیکڑی سے - زبردستی ❊

ہیکل (ہے - کَل) (ع) مؤنث (۱) وہ بت، جو کسی سیارے کے نام پر بنایا جاتے (۲) (مجازاً) سیارے کا مندر (۳) بت خانہ (۴) حمائل - تعویذ (۵) شکل - صورت - نقشہ - ڈیل ڈول (۶) (و) روپے یا اشرفی کا ہار، جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں (۷) بڑے جسم کا گھوڑا (۸) نشان - علامت (۹) ہندسہ - عدد (۱۰) ہیئت - تصویر (۱۱) اسلوب - انداز - طرح - سج دھج - وضع قطع (۱۲) بدن - جسم - اندام - تن - قد - قامت ❊

ہیل (ہِیْل) (ف) مؤنث - چھوٹی یا سفید الائچی ❊

ہیل (ہَیل) (ہ) مؤنث (گنوار) بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا ❊

ہیلا (ہی - لا) (ہ) مذکر (۱) دھکا - دھکیل - پیل (۲) کام کاج (۳) بار - باری - مرتبہ - دفعہ (۴) ٹوکری (۵) ہانک - آواز (دینا، مارنا کے ساتھ) ❊

ہیلتھ (ہیلتھ) (انگ - Health) مؤنث - تندرستی - صحت ❊ ہیلتھ آفیسر (Health officer) مذکر - محکمۂ حفظانِ صحت کا حاکمِ اعلیٰ ❊ ہیلتھ انشورنس (Health Insurance) مذکر - صحت کا بیمہ ❊ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ (Health Department) مذکر - محکمۂ حفظانِ صحت ❊

ہیل میل (ہیل، میل) (ہ) مذکر (عو) میل جول - ربط ضبط - ارتباط - موافقت - اخلاص - پیار ❊

ہیلنا (ہیل) (ہ) (گنوار) تیرنا - شناوری کرنا ❊

ہیلے (ہی - لے) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) دفعہ - باری - بار (۲) کام کاج ❊

ہیمر (ہی - مَر) (ف) مؤنث - ایندھن ❊

ہیمیا (ہی - میا) (ف) مؤنث - علم طلسم ❊

ہَیں (ہَیں) (ہ) (۱) تنبیہ و ممانعت کا کلمہ - ہوش کر - خبردار - باز آ (۲) تعجب کا کلمہ (۳) استفہام کا کلمہ (۴) گھبراہٹ ظاہر کرنے کا کلمہ ❊ ہَیں ہَیں - سخت تنبیہ و ممانعت اور باز رکھنے کے موقع پر بولتے ہیں ❊

ہیں (ہِیْں) (س) (۱) گھٹیل - چھوٹا - کوتاہ - کم (۲) ادھورا - ناتمام - ناقص - خام (۳) کھوٹا (۴) تہی - خالی (۵) باطل - منسوخ (۶) برا - ہیٹا (۷) نکما - خراب ❊ ہینا (۱) ہیٹا - ذلیل - بے قدر (۲) نکما (۳) خجل - شرمندہ (۴) حقیر - ہیچ (۵) غریب - محتاج - مفلس (۶) کمزور - لاغر - دبلا ❊ ہینتا - تخفیف - کمی - گھٹتی ❊

ہینڈ (ہینڈ) (انگ - Hand) مذکر - ہاتھ ❊ ہینڈل (Handle) مذکر - دستہ - قبضہ - مٹھ ❊

ہینسنا (ہینس - نا) (ہ) گھوڑے کا ہنہنانا - گدھے کا رینکنا ❊

ہینگ (ہینگ) (ہ) مؤنث - ایک درخت کا گوند ❊ ہینگ آئی تو باٹ لگائی - موقع کھو دیا ❊ ہینگ لگا کر رکھو (طنزاً) ہوا نہ لگنے دو - بچا کر رکھو ❊ ہینگ لگانا (۱) کسی چیز کو ہینگ ملنا (۲) (کنایۃً) ہرانا - زک دینا - ذلیل کرنا - نیچا دکھانا (۳) بنانا - سنوارنا ❊ ہینگ ہگنا (عو) (۱) پیچش میں مبتلا ہونا (۲) بیمار پڑا رہنا - سخت بیمار پڑنا (۳) بے حد کمزور ہونا ❊

ہینگا (ہیں - گا) (ہ) مذکر - کھیت میں پھیرنے کا پٹڑا - سہاگا ❊

ہیو (ہیو) (ہ) مؤنث (گنوار) گائے یا ڈھور کے بلانے کی آواز ❊

ہیولا - ہیولیٰ (ہیو - لا) (ع) (بعض کی رائے میں یہ لفظ ہیئت اولیٰ کا مخفف ہے) مذکر (۱) ہر چیز کا مادہ - اصل - ماہیت (۲) خاکہ - ڈھانچ - ڈول (۳) (و) مضغہ - لوتھڑا - بے ڈول جسم (۴) (کنایۃً) بدشکل (۵) آدمیت سے خارج - غیر مہذب (۶) متلون مزاج - جلدی کرنے والا (۷) ضعیف - لاغر (۸) تودہ - ڈھیر - انبار ❊ ہیولائے اوّل - مذکر - جوہر اوّل - عقلِ اوّل - حضرت جبریلؑ ❊

ہیہات (ہے - ہات) (ع) (۱) دور ہوا (۲) افسوس، ہائے ہائے ❊ ہَیہات ہَیہات (۱) افسوس، افسوس (۲) حیف صد حیف (۳) ہائے ہائے، واویلا (۴) غضب ہوا (۵) تعجب ہے (۶) مؤنث - جھگڑا - ٹنٹا ❊

ہی ہی (ہی ہی) (ہ) مؤنث - ہنسی کی آواز - کھِل کھِل ❊ ہی ہی ٹھی ٹھی - مؤنث - بیہودہ ہنسی ❊

ہیئت (ہے - اَت) (ع) مؤنث (۱) وہ علم، جس میں اجرام فلکی،

زمین کی گردش وکشش وغیرہ کا بیان ہوتا ہے (۲) بناوٹ۔ساخت (۳) چہرہ۔صورت۔شکل (۴) کیفیت۔حالت۔طور۔طریق (بدلنا، پکڑنا کے ساتھ) ہیئتِ اصلی (ف) مؤنث۔حقیقی شکل ؛ ہیئت دان علم ہیئت جاننے والا۔نجومی ؛ ہیئت کذائی۔مؤنث۔موجودہ حالت، خصوصاً بُری حالت ؛ ہیئتِ مجموعی۔مؤنث۔عام حالت اور شکل ؛

ی

ی (یے۔یاء) (ع) مؤنث (۱) اردو کا پینتیسواں، فارسی کا بتّیسواں، عربی کا اٹھائیسواں اور ہندی کا چھبّیسواں حرف (۲) ابجد میں اس کے دس عدد فرض کیے گئے ہیں ؛

ی - ا

یا (یَا) (۱) (ع) حرفِ ندا۔اَے۔اَبے۔اجی۔ارے (۲) (ف) عطف اور تردید کا کلمہ۔اور۔خواہ۔چاہو ؛ **یا اللہ** (الٰہی) (۱) تعجب اور حیرت کے اظہار کا کلمہ (۲) دعا کا کلمہ ؛ **یا امامؓ یا حسینؓ**۔وہ کلمہ، جو تعزیہ لے جاتے وقت کہا جاتا ہے ؛ **یا بارِ خدا** (ف) اے خدائے بزرگ۔**یا بہ آں شوراشوری یا بہ ایں بے نمکی**۔مثل۔یا تو اتنا اخلاص تھا، یا اب اتنی بے اعتنائی ہے ؛ **یا بسے گوجر یا رہے اوجڑ** (ہ) مثل۔اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنی ہی آبادی چاہے اور دوسرے کو آباد نہ ہونے دے ؛ **یا بھینسا بھینسوں میں یا قصائی کے کھونٹے پر**۔مثل۔یا کامیاب ہوئے یا جان گئی۔یہ کام کرنا ضروری ہے، چاہے معاملہ اِدھر ہو یا اُدھر ؛ **یا تو ہنسا موتی چگے یا لنگن ہی کر جاتے**۔مثل۔شریف آدمی اگر کھائے گا تو عزت ہی کی روٹی کھائے گا، ورنہ فاقے ہی پڑا رہے گا ؛ **یا جاتے ہزاری یا جاتے بزاری**۔میلے تماشے میں یا تو امیر آدمی جاتے کہ میلے کی سیر کریں یا فقیر جاتے کہ سیر کرنے کے علاوہ کچھ مانگ بھی لاتے ؛ **یا خدا تو دے نہ میں دوں**۔مقولہ۔یہ شخص ایسا حاسد ہے کہ نہ تو خود ہی کچھ دیتا ہے اور نہ خدا ہی کا دینا گوارا کرتا ہے ؛ **یا خدا خیر ہاتھ بچا اور پیر**۔مزدور لوگ جان جوکھوں کا کام کرتے وقت کہتے ہیں ؛ **یا دوست**۔مذکر۔فقیروں کی صدا ؛ **یا سُکھ نیند سوئے یا مالا جپو** (ہ) مثل۔یا کام کرو یا آرام ؛ **یا سو وے جوگی ابدھوت یا سووے راجا کا پوت**۔مثل۔یا فقیر آرام سے گزارتا ہے یا امیر ؛ **یا علیؓ مدد** (ع) کلمۂ دعا، جو مشکل کے وقت مدد کے لیے زبان پر لایا جاتا ہے ؛ **یا غفور** (ع) اے بخشنے والے! **یا بخت۔یا قسمت۔یا مقدّر۔یا نصیب** (۱) حسرت اور افسوس کے موقع پر بخت یا نصیب کو پکارتے ہیں (۲) بدقسمتی کا گلہ کرنے کے لیے (۳) قسمت آزمائی کے لیے (۴) بدقسمتی ہے ؛ **یا کسی کو کر رہے یا کسی کا ہو رہے**۔مثل۔یا کسی کو اپنا مطیع کرلے یا کسی کا مطیع ہو جائے ؛ **یا کھاتے گھوڑا۔یا۔کھاتے روڑا**۔مثل۔زیادہ خرچ دو ہی جگہ ہوتا ہے یا تو گھوڑا رکھنے میں یا مکان بنانے میں ؛ **یا لڑے سورما۔یا لڑے ان کھول**۔لڑائی کے لائق دو ہی آدمی ہیں، یا تو بہادر یا بے وقوف، کیونکہ دونوں لڑنے سے نہیں ڈرتے ؛ **یا ہُو** (ع) مذکر (۱) اے خدائے تعالیٰ (۲) (ف) ایک قسم کا سفید کبوتر، جو "یا ہو" کہتا ہے ؛

یابِس (یَا۔بِس) (ع) خشک۔خشکی کرنے والا ؛

یابندہ (یَا۔بِن۔دَہْ) (ہ) (۱) پانے والا۔حاصل کرنے والا (۲) کھوجی۔سراغی ؛

یابو (یَا۔بُوْ) (ف) مذکر۔چھوٹے قد کا گھوڑا۔ٹٹو ؛

یاترا (یَات۔رَا) (س) مؤنث۔دیکھیے "جاترا" ؛

یاجوج (یَا۔جُوْ۔ج) (ع) مذکر۔حضرت نوحؑ کا پوتا اور اس کی قوم و اولاد، جو طوفانِ نوحؑ کے بعد کوہِ الطائی کے شمال میں رہ پڑی تھی۔یہ لوگ بہت فتنہ انگیز تھے ؛ **یاجوج ماجوج** (کنایۃً) فتنہ پرداز اور فسادی لوگ ؛

یاد (یَادْ) (ف) مؤنث (۱) حافظہ۔یادداشت (۲) نام رٹنا۔تسبیح (۳) خیال (۴) حفظ۔ازبر۔نوکِ زبان ؛ **یاد آنا** (ہ) (۱) خیال آنا۔ذہن میں آنا۔بھولی ہوئی چیز یاد آنا (۲) ہڑک اٹھنا۔ہڑکا ہونا (۳) پتا لگنا۔معلوم ہونا ؛ **یاد آوری** (ف) (۱) یاد کرنا (۲) خط بھیجنا (۳) مزاج پرسی کرنا ؛ **یاد اللہ** (ہ) مؤنث (۱) آزاد فقیروں کا سلام (۲) خدا کی عبادت۔یادِ خدا (۳) جان پہچان۔واقفیت۔صاحب سلامت (ہونا کے ساتھ) ؛ **یادِ ایام**۔**یادِ ایا میکہ** (ف) مؤنث۔

گزشتہ زمانے کی حالت یاد کرنے کے لیے مستعمل ہوتا ہے ÷ **یاد بدنا** (۱) بھولی ہوئی چیز کے متعلق شرط لگانا ÷ **یاد پڑنا**۔ یاد آنا۔ ذہن میں آنا۔ خیال میں آنا ÷ **یادداشت** (ف) مؤنث (۱) یاد رکھنے کا نشان۔ یاد (۲) روزنامچہ۔ نوٹ بک (۳) حافظہ (۴) دوسرا تاکیدی خط۔ یاددہانی ÷ **یادداشت میں فرق آنا** (۱) حافظہ کمزور ہو جانا ÷ **یاد دلانا** (۱) جتانا (۲) آگاہ کرنا ÷ **یاد رب کی خیر سب کی**۔ مؤنث (صدائے فقیر) خدا کا نام لیتے اور سب کا بھلا مناتے ہیں۔ کچھ ہے تو ایسے لوگوں کو بھی دلواؤ ÷ **یاد رکھنا** (۱) بھول نہ جانا۔ دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا (۲) سمجھوں گا۔ بدلا لوں گا۔ سزا دوں گا ÷ **یاد رہنا**۔ ذہن میں رہنا۔ حافظے میں رہنا۔ خیال رہنا۔ دھیان رہنا ÷ **یاد رہے** (۱) بھول نہ جانا (۲) آگاہ کیے دیتا ہوں، اس کا بدلا لے کر چھوڑوں گا (۳) دعوے سے۔ بے شک۔ یقیناً۔ شرطیہ۔ ضرور ÷ **یادش بخیر** (ف) کسی غائب دوست یا عزیز کا ذکر کرتے ہوئے بطور دعا یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں یعنی ہم اُس کا نام بھلائی سے لیتے اور ہر بلا سے اُس کی حفاظت چاہتے ہیں (۲) اگر کسی دوست کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ اتفاق سے آ نکلے تو بھی یہ کلمہ بولتے ہیں ÷ **یاد فراموش**۔ مؤنث۔ ایک قسم کی شرط اور بازی، جس کا قاعدہ یہ ہے کہ چند آدمی آپس میں قرار دے لیتے ہیں، اگر ہم اس وقت تمھیں کوئی چیز عمداً بھلا کر دیں اور ساتھ ہی لفظ فراموش کر دیں تو تمھیں اس کے عوض اس قدر فلاں چیز دینی ہوگی اور اگر تم نے کر دیا، یاد ہے تو تم جیت گئے ÷ **یاد فرمانا** (ف) یاد کرنا۔ بلانا۔ کسی کو بادشاہ یا کسی امیر کا طلب کرنا ÷ **یاد کرنا** (۱) بار بار نام لینا۔ رٹنا۔ جپنا (۲) خیال میں لانا۔ حافظے میں لانا (۳) حفظ کرنا۔ ازبر کرنا (۴) سوچنا (۵) ذہن نشین کرنا (۶) بڑے کا چھوٹے کو بلانا (۷) (کنایۃً) کسی کی محبت، رفاقت اور وفاداری کو یاد کرنا (۸) پچھتانا ÷ **یاد کروگے** (۱) کبھی نہ بھولوگے (۲) پچھتاؤگے۔ ہاتھ ملوگے ÷ **یاد کرے** (۱) کبھی نہ بھولے (۲) ہاتھ ملے۔ افسوس کرے۔ پچھتائے ÷ **یادگار** (ف) مؤنث (۱) نشانی۔ علامت۔ آثار (۲) وہ چیز، جو کسی دوست کو نشانی کے طور پر دیں (۳) پرانی عمارات۔ آثار الصنادید (۴) (مجازاً) بیٹا۔ پسر۔ فرزند (۵) وہ چیز، جس سے کسی کی یاد تازہ ہو ÷ **یادگارِ زمانہ**۔ مذکر۔ زمانے میں یاد رہنے والی چیز۔ لاجواب ÷ **یادگاری**۔ مؤنث (عو) یاد ÷ **یاد گدگدانا** (ف) بار بار کسی کی یاد آنا ÷ **یاد میں ڈوبنا**۔ یاد میں محو ہونا ÷ **یاد میں ہونا**۔ وہاں بولتے ہیں، جہاں یہ کہنا ہو کہ آپ کو بلایا ہے ÷ **یاد ہو کہ نہ ہو**۔ معلوم نہیں، یاد ہے یا بھول گئے ÷ **یاد ہونا** (۱) ازبر ہونا۔ حفظ ہونا (۲) دھیان میں ہونا (۳) ذہن نشین ہونا (۴) دل میں آنا (۵) طلبی ہونا۔ بلایا جانا ÷ **یاد ہے**۔ اچھی طرح معلوم ہے۔ خوب جانتے ہیں ÷

یار (یاءٔ) (ف) مذکر (۱) حمایتی۔ مددگار (۲) دوست۔ رفیق (۳) معشوق (۴) (ک) بازاری عورت کا آشنا ÷ **یارباز** (۱) رنڈی۔ قحبہ۔ فاحشہ (۲) آوارہ۔ بداطوار۔ بدچلن ÷ **یارباش** (۱) وہ شخص، جو ہر ایک سے یارانہ اور ربط و اتحاد رکھتا ہو۔ خوش طبع (۲) تماش بین۔ عیاش ÷ **یار بنانا** (ف) (۱) یارانہ گانٹھنا۔ دوست بنانا (۲) ڈھب پر لانا۔ اپنے مطلب کا کر لینا ÷ **یار بننا**۔ گہرا دوست ہونا ÷ **یارِ جانی**۔ وہ یار، جس پر جان قربان ہو۔ نہایت پیارا اور دلی دوست ÷ **یار زندہ صحبت باقی** (ف) مثل۔ زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی ÷ **یارِ شاطر**۔ مذکر۔ چالاک دوست۔ عقل مند دوست۔ وہ دوست، جو بارِ خاطر نہ ہو ÷ **یارِ غار**۔ مذکر۔ پکا دوست۔ گہرا دوست ÷ **یار فروش**۔ دوست کی تعریف کرنے والا ÷ **یار فروشی**۔ مؤنث۔ دوست کی تعریف و توصیف ÷ **یار کرنا** (ف) (۱) دوست بنانا۔ یار بنانا (۲) (عو) آنکھ لگانا۔ آشنائی کرنا ÷ **یار کی یاری سے کام، اُس کے فعلوں سے کیا کام**۔ مثل۔ دوست کی دوستی سے غرض ہے، اس کے افعال سے کیا مطلب۔ یہ مثل دوست کے عیبوں کا خیال نہ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ÷ **یار لوگ** (۱) عیار دوست۔ چالاک یار۔ دوست آشنا (۲) ہم۔ ہمیں ÷ **یار مار**۔ دوست سے دغا کرنے والا۔ محسن کش۔ فریبی۔ دغاباز۔ مکار۔ عیار ÷ **یار مار بنیا پہچان مار چور**۔ مثل۔ بنیا دوست سے بھی نہیں چوکتا اور چور صرف مال دار پہچان کر لوٹتا ہے ÷ **یار ماری**۔ مؤنث۔ دوست سے دغابازی۔ فریب دہی۔ ٹھگی۔ محسن کشی (کرنا کے ساتھ) ÷ **یار وفادار** (ف) مذکر۔ صادق دوست۔ سچا اور پکا دوست۔ بات کا پورا اور نباہ دینے والا دوست ÷ **یار وہی، جو بھیڑ میں کام آئے** (ف) مثل۔ دوست وہ ہے، جو مصیبت میں کام آئے ÷ **یار ہونا**۔ مددگار ہونا۔ دوست ہونا ÷ **یاراں** (ف) مذکر۔ یار کی جمع ÷ **یاراں چوری نہ پیراں دغا** (ف) مثل (۱) یاروں سے کوئی بات نہ چھپانی چاہیے اور نہ پیروں سے دغا کرنا زیبا ہے (۲) متکلم اپنی صداقت کی تائید میں کہتا ہے (۳) وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی شخص دوستوں سے دغابازی کرے ÷ **یارانہ** (ف) مذکر (۱) دوستی۔ محبت۔ آشنائی۔ دوستانہ۔ اتحاد (۲) دوستی کے طور پر۔ محبانہ۔ آشنایانہ (ہونا کے ساتھ) ÷ **یارو** (ف) مذکر۔ اے دوستو! **یاروں**۔ یار کی جمع حرفِ جار سے پہلے ÷ **یاروں کا یار**۔ یاروں کی ہر بات میں شریک ہونے والا۔ ہر دل عزیز۔ بڑا یار باش۔ شریکِ حال۔ دوستوں کا ساتھی ÷ **یاری** (ف) مؤنث (۱) مدد۔ اعانت۔ حمایت۔ تائید۔ دست گیری۔ مددگاری۔ معاونت (۲) دوستی۔ آشنائی۔ اخلاص۔ اتحاد۔ محبت (جوڑنا، دینا کے ساتھ) ÷

یاری گھٹ کرنا (۱) بچوں کا ایک دوسرے سے دوستی قطع کرنا ۔

یارڈ (یارڈ) (انگ۔ Yard) مذکر (۱) صحن ۔ چوک (۲) گز ۔ پیمانہ ۔

یازدہ (یازْ ۔ دَہ) (ف) گیارہ ۔ ۱۱ ۔ **یازدہم** ۔ گیارھواں ۔

یاس (یاس) (ع) مؤنث (۱) ناامیدی ۔ مایوسی ۔ حرمان (۲) خوف ۔ خطرہ ۔ اندیشہ ۔ دھڑکا رہونا کے ساتھ ۔ **یاسِ کُلّی** ۔ مؤنث ۔ کامل ناامیدی ۔ کامل حرمان نصیبی ۔ پوری نراس ۔

یاسا (یا۔سا) (ت) مذکر (۱) ماتم (۲) (مجازاً) قتل ۔ خون ۔ غارت گری ۔

یاسمن ۔ **یاسمین** (یاسَمَن ، یاسْمِین) (ف) مؤنث ۔ چنبیلی ۔

یاسین (یا ۔ سِین) (ع) مؤنث ۔ قرآن شریف کی ایک سورت ، جو جان کنی کی تکلیف دفع ہونے کے لیے بیمار کے پاس پڑھتے ہیں (پڑھنا ، پڑھوانا ، سُنانا ، سُننا کے ساتھ) ۔

یافت (یافْت) (ف) مؤنث (۱) آمدنی ۔ آمد ۔ کمائی ۔ فائدہ ۔ منفعت ۔ نفع (۲) بالائی آمدنی ۔ رشوت ۔ **یافتنی** ۔ پانے کے لائق ۔ قابل وصول ۔

یاقوت (یا۔قُوت) (ع) مذکر ۔ ایک قیمتی پتھر جو جواہرات کی قسم سے سُرخ ، نیلا ، زرد یا سفید ہوتا ہے ۔ **یاقوت رقم خاں** (۱) مذکر ۔ ایک مشہور خوش نویس ۔ **یاقوت رُمّانی** (ف) مذکر ۔ ایک عمدہ قسم کا نہایت سُرخ یاقوت ، جو انار کے دانے سے مشابہ ہوتا ہے ۔ **یاقوت لب** ۔ لعل لب (معشوق) ۔ **یاقوتی** (۱) یاقوت سے نسبت رکھنے والا (۲) ایک قسم کی نہایت مقوی معجون ، جس کا جزوِ اعظم یاقوت ہے (۳) ایک قسم کی مٹھائی ، جو نشاستے میں قند اور زعفران ملا کر کھیر کی طرح پکاتے ہیں ۔

یال (یال) (ت) مؤنث (۱) گردن ۔ گلا (۲) گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال (اردو میں بیشتر ایال بول چال میں ہے ۔) ۔

یامنی (یا۔مِ۔نی) (س) مذکر (۱) مسلمان لوگ (۲) رات ۔

یاں (یاں) (ہ) یہاں کا مخفف ۔ اِس جگہ (فصحائے لکھنؤ نے اسے ترک کر دیا ہے ، لیکن فصحائے دہلی جائز رکھتے ہیں) ۔

یانا (یا۔نا) (ہ) چھوٹی عمر کا ۔ نادان بچہ ۔

یاور (یاوَر) (ف) مددگار ۔ حمایتی ۔ **یاوری** ۔ مؤنث ۔ مدد ۔ دست گیری ۔ سہارا ۔ باطنی امداد ، جو خدا کی طرف سے ہو ۔

یاوہ (یا ۔ وَہ) (ف) بیہودہ ۔ لغو ۔ نامعقول ۔ بے معنی ۔ لچر ۔ پوچ ۔ **یاوہ گو** ۔ بیہودہ بکنے والا ۔ نامعقول ۔ **یاوہ گوئی** ۔ مؤنث ۔ بیہودہ گوئی ۔ بکواس ۔

یائے تحتانی (ف) مؤنث ۔ چھوٹی ی " یائے معروف ، یائے معکوس ۔ مؤنث ۔ بڑی ے " یائے مجہول ۔

ی ۔ ب

یباب (یَباب) (ع) (۱) مذکر ۔ خرابہ ۔ دشت ویران ۔ لق و دق جنگل (۲) غیر آباد ۔ ویران ۔

یُبس (یُبْس) (ع) مذکر ۔ سوکھا پن ۔ خشکی ۔

یبوست (یُبُو ۔ سَت) (ع) مؤنث ۔ خشکی ۔ سوکھا پن ۔

ی ۔ ت

یتامیٰ (یَتا۔مٰا) (ع) مذکر ۔ یتیم کی جمع ۔

یتیم (یَتیم) (ع) مذکر (۱) وہ کم سن بچہ ، جس کی ماں یا باپ یا دونوں مر گئے ہوں (۲) نہایت قیمتی جواہر ۔ بے نظیر بڑا موتی ۔ **یتیم الطرفین** ۔ مذکر ۔ وہ نوعمر بچہ جس کے ماں باپ دونوں مر گئے ہوں ۔ **یتیم خانہ** (ف) مذکر ۔ وہ جگہ جہاں بے پدر و مادر بچے رہتے ہیں ۔ **یتیم ہونا** (۱) ماں باپ مرنا ۔ لاوارث ہونا ۔ **یتیمی** (ف) مؤنث ۔ بے پدری کا عالم ۔

ی ۔ ث

یثرب (یَث ۔ رِب) (ع) مذکر ۔ مدینۂ منورہ کا قدیم نام ۔

ی ۔ ج

یجروید (یَجُر ۔ وِید) (س) مذکر ۔ چار ویدوں میں سے ایک ۔

ی ۔ ح

یحییٰ (یَح ۔ یا) (ع) مذکر ۔ ایک پیغمبر ۔

ی ۔ خ

یخ (یَخ) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی برف (۲) (کنایۃً) نہایت سرد ۔ (یخ اور برف کا فرق ۔ یخ پگھلے ہوئے موم کی طرح قطرہ قطرہ ٹپک کر سفید پتھر کی طرح جم جاتی ہے اور برف غبار کی طرح گرتی ہے ۔) **یخ بستہ** ۔ سردی سے برف کی طرح جما ہوا ۔

یخنی (یَخ ۔ نی) (ف) مؤنث ۔ شوربا ۔ اُبالے ہوئے گوشت کا پانی ۔ **یخنی پلاؤ** ۔ مذکر ۔ گوشت کے اُبالے ہوئے پانی میں پکے ہوئے چاول ۔

ی ۔ د

ید (یَد) (ع) مذکر ۔ ہاتھ ۔ **یداللہ** ۔ مذکر (۱) خدا کا ہاتھ (۲)

(کنایۃً) حضرت علیؓ ۔ یدِ بیضا ۔ مذکر (۱) چمکتا ہوا ہاتھ ۔ حضرت موسیٰؑ کا وہ جلا ہوا ہاتھ، جسے آپ بطورِ معجزہ بغل میں سے جا کر نکالتے تھے تو آفتاب کی طرح روشن ہو جاتا تھا اور آنکھوں میں چکا چوند آنے لگتی تھی (۲) (کنایۃً) کرامات ۔ خرقِ عادت ۔
یدِ طُولیٰ ۔ مذکر (مجازاً) کمال مہارت ۔ زبردست ملکہ (رکھنا کے ساتھ)۔
یُدھ (یُدھ) (ہ) مؤنث ۔ لڑائی۔

ی - ر

یراق (یَرَاق) (ت) مذکر (۱) لڑائی کا سامان ۔ ہتھیار ۔ اسلحہ (۲) سامان ۔ اسباب۔
یرغا (یَرْ ۔ غَا) (ت) مذکر ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
یرغمال (یَرْغَ ۔ مَال) (ت) مذکر ۔ کفیل ۔ جب دو بادشاہوں میں صلح ہو جاتی ہے تو زبردست بادشاہ دوسرے کے قریبی رشتہ داروں میں سے کسی کو بطورِ ضمانت اپنے پاس رکھ لیتا ہے تاکہ وہ بادشاہ اس کے سبب سے دغا نہ کر سکے۔
یرقان (ع ۔ یَرَ قَان ۔ فارسی میں بالفتح بھی مستعمل ہے ۔) مذکر ۔ ایک بیماری، جس میں سارا جسم اور خصوصاً آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں۔
یرمغان (یَرْ ۔ مَغَان) (ف) مذکر ۔ دیکھیے "ارمغان"۔

ی - ز

یزد (یَزْد) (ف) مذکر ۔ ایران کا ایک شہر، جہاں کا کپڑا مشہور ہے۔
یزدی ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کا کپڑا، جو یزد میں بنتا ہے۔
یزدان (یَزْ ۔ دَان) (ف) مذکر ۔ خدا ۔ اللہ تعالیٰ۔ یزدانی ۔ خدائی ۔ ربانی۔
یزک (یَزَک) (ت) مذکر (۱) قراول ۔ سواروں کی وہ جماعت، جو اپنے لشکر سے آگے آگے دشمن کی فوج سے ہوشیار اور خبردار رہنے کے لیے جاتی ہے (۲) روند ۔ گشت۔
یزید (یَزِیْد) (ع) مذکر ۔ حضرت معاویہؓ کا بیٹا، جس نے خلافت کی آڑ میں امام حسینؓ کو میدانِ کربلا کے اندر بھوکے پیاسے شہید کرا دیا تھا۔

ی - س

یس (یَس) (انگ ۔ yes) ہاں ۔ ہُوں۔
یسار (یَسَار) (ع) مذکر (۱) بایاں ہاتھ (۲) بائیں جانب (۳) دولت مندی ۔ توانگری ۔ ثروت۔
یساول (یَسَا ۔ وُل) (ت) مذکر ۔ نقیب ۔ چوب دار ۔ ہرکارہ ۔ قاصد۔
یُسر (یُسْر) (ع) مذکر ۔ اقبال مندی ۔ توانگری۔
یسیر (یَسِیْر) (ع) (۱) آسان ۔ سہل (۲) قلیل ۔ تھوڑا ۔ چھوٹا (۳) (ف) وہ کم سن بچہ، جس کی ماں مر گئی ہو۔
یٰسین (یَا ۔ سِیْن) (ع) مؤنث ۔ دیکھیے "یاسین"۔

ی - ش

یشب (یَشْب) (یشم کا معرب) مذکر ۔ جواہرات کی قسم میں سے ایک سبزی مائل قیمتی پتھر۔

ی - ع

یعسوب (یَعْ ۔ سُوْب) (ع) مذکر (۱) شہد کی مکھیوں کا بادشاہ ۔ زنبورِ نر (۲) شہد کی مکھیوں کی رانی، رانی مکھی (۳) سردارِ قوم۔ یعسوب المومنین ۔ مذکر ۔ حضرت علیؓ کا لقب۔
یعقوبؑ (یَعْ ۔ قُوْب) (عبرانی) مذکر ۔ حضرت یوسفؑ کے والد ۔ ان کا دوسرا نام اسرائیل تھا۔
یعنی (یَعْ ۔ نِی) (ع) [فعل مضارع معروف صیغہ واحد غائب مذکر ۔ اس کا مصدر عنایت (قصد کرنا) ہے۔] (۱) چاہتا ہے ۔ قصد کرتا ہے (۲) مراد یہ ہے ۔ مطلب یہ ہے (۳) کیونکہ ۔ اس لیے کہ۔ یعنی چہ (ف) کیوں ۔ کس وجہ سے۔
یعوق (یَعُوْق) (ع) مذکر ۔ قومِ نوحؑ کا ایک بُت، جو گھوڑے کی شکل کا تھا۔

ی - غ

یغما (یَغْ ۔ مَا) (ت) مؤنث (۱) لوٹ ۔ مالِ غنیمت (۲) مذکر ۔ ترکستان کا ایک حسن خیز شہر۔ یغمائی (۱) قزاق ۔ غارت گر ۔ لٹیرا (۲) تاراج کیا ہوا (۳) شہر یغما کا باشندہ۔

ی - ق

یقین (یَقِیْن) (ع) مذکر (۱) وہ اعتبار و اعتماد، جو کسی کے شک ڈالنے سے زائل نہ ہو (۲) قوت (۳) (ف) بھروسا ۔ اطمینان (آنا ۔ جانا ۔ کرنا ۔ لانا ۔ ماننا ۔ ہونا کے ساتھ)۔ یقیناً ۔ از روئے یقین ۔ بے شک ۔ ضرور۔ یقینی (ف) گمان و شک سے مبرا ۔ بے شبہ۔

ی - ک

یک (یک) (ف)، ایک۔ اکیلا۔ تنہا۔ واحد۔ فرد۔ جریدہ ٭ یک اسپہ۔
مذکر (۱) ایک گھوڑے کا مالک (۲) اکیلا سوار (۳) (مجازاً)
آفتابِ عالم تاب ٭ یک انار و صد بیمار۔ مثل۔ اُس وقت کہتے ہیں جب
چیز ایک ہو اور خواہش مند سیکڑوں۔ دیکھیے ایک انار ..... ٭
یک بار (۱) ایک بار۔ ایک مرتبہ۔ ایک دفعہ (۲) ناگہاں۔ دفعتہً۔
اچانک ٭ یک بارگی۔ (۱) ایکا ایکی۔ دفعتہً۔ یکایک۔ ایک ہی دفعہ
(۲) کُل ٭ یک بام و دو ہوا۔ مثل۔ اس مقام پر مستعمل ہے جب
ایک قاعدے یا دستور پر عمل نہ کیا جائے ٭ یک بیک۔ دفعتہً ٭
یک پشتہ۔ ایک طرف چھپا ہؤا کاغذ ٭ یک پیری و صد عیب۔
مثل۔ بڑھاپا سَو بیماریوں کے برابر ہے ٭ یک تارا (ق) مذکر (۱)
ایک تار کا ستار۔ تنبورا (۲) ایک قسم کی باریک ململ ٭ یک تن
(ف) ایک شخص ٭ یک جا۔ ایک جگہ۔ اکٹھے۔ ملے جُلے ٭ یک جان
(۱) ایک دل (۲) (ق) خوب ہِلا ہؤا ٭ یک جان و دو قالب۔
گہرے دوست۔ پکّے یار (ہونا کے ساتھ) ٭ یک جدّی۔ ایک
دادا کی اولاد ٭ یک جہت۔ موافق۔ متّفق۔ ہم زبان ٭ یک جہتی۔
مؤنّث۔ یک دلی۔ دوستی۔ اتّفاق۔ اتحاد ٭ یک چشم (۱) کانا (۲)
(کنایۃً) منافق ٭ یک چند (۱) تھوڑا سا۔ کچھ۔ یونہی (۲) بعض اوقات ٭
یک در گیر و محکم گیر۔ ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہیے ٭
یک دست (۱) برابر۔ یکساں (۲) خلعت ٭ یک دستی (۱)
ایک ہاتھ کا (۲) کُشتی کا ایک داؤں ٭ یک دگر۔ ایک دوسرا۔
دو شخص ایک کام میں متّفق۔ دونوں مل کر۔ بہت سے اشخاص میں
ہر ایک ہر ایک سے سروکار رکھنے والا ٭ یک دل۔ ایک جگر۔
ہم زبان۔ ہمدم۔ ہم راز۔ ہم رنگ۔ مونس۔ متّفق ٭ یک دلی۔ مؤنّث۔
متّفق ہونا ٭ یک ران۔ اصیل۔ عمدہ (گھوڑا) ٭ یک رخی (۱)
یک طرفہ (۲) دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا ٭ یک رنگ
(۱) سچا اور بے ریا دوست (۲) ظاہر و باطن کا یکساں ٭ یک رنگی۔
مؤنّث (۱) ایک طرح کا ہونا (۲) دوستی۔ محبت۔ اخلاص (۳)
ظاہر اور باطن میں یکساں ہونا ٭ یک زبان (۱) بات کا پکّا (۲)
متّفق (۳) ثابت قدم ٭ یک ساں۔ یکساں۔ برابر۔ ایک سا ٭
یک سانی۔ یکسانی۔ مؤنّث۔ برابری۔ ایک جیسا ہونا ٭ یک سر۔
بالکل۔ تمام۔ سارا۔ سراسر۔ محض ٭ یک سر ہزار سودا۔ مثل۔
جب کوئی شخص بہت سے کاموں میں پھنسا ہؤا ہوتا ہے تو وہ اپنی
کم فرصتی جتانے کو یہ مثل زبان پہ لاتا ہے ٭ یک سُو (۱) ایک طرف۔
ایک جانب (۲) ٹھہرا ہؤا۔ ساکن (۳) چُکتا۔ بالقطع (کرنا، ہونا
کے ساتھ) یک سُوئی۔ مؤنّث (۱) ایک طرفی (۲) استقلال۔
قیام (۳) دل جمعی۔ اطمینان (۴) فرصت ٭ یک شنبہ۔ مذکر۔

پہلا دن۔ اتوار ٭ یک صدی ذات۔ مذکر۔ عہدِ مغلیہ کا ایک
منصب، جس کے دو لاکھ دام مقرر تھے ٭ یک طرف۔ یک سُو۔
ایک جانب۔ جُدا۔ الگ۔ تنہا۔ علٰحدہ ٭ یک طرفہ۔ ایک طرف کا۔
یک طرفہ ڈگری (۱) مؤنّث۔ وہ ڈگری، جو مدّعی یا مدّعا علیہ میں سے
ایک کی حاضری اور دوسرے کی غیر حاضری کے وقت ہو ٭ یک فنی
(ف) (۱) (کنایۃً) کاملِ فن۔ بے نظیر (۲) کسی ایک فن میں استاد ٭
یک قلم (۱) تمام۔ بالکل۔ سرتاسر۔ سراسر (۲) یک لخت۔ ایک ہی
دفعہ۔ فوراً (۳) ضرور ٭ یک گز و دو فاختہ (۱) ایک وار میں
دو دشمنوں کا کام تمام (۲) ایک پنتھ دو کاج ٭ یک لخت (۱)
بالکل۔ تمام۔ سب۔ سراپا۔ سارا۔ تمام و کمال (۲) معاً۔ فوراً ٭
یک لقمۂ صباحی (بِگاہی) بہتر زِ رِہ آں ہزار مرغ و ماہی
مقولہ۔ صبح کا تھوڑا سا کھانا دوسری ہر قسم کی غذاؤں سے بہتر ہے ٭
یک لوتا۔ یکلوتا (ق) (۱) ایک سے نسبت رکھنے والا۔ فرد۔ اکیلا
(۲) اکلوتا۔ ماں کا ایک ہی بچّہ ٭ یک مُشت (ف) (۱) ایک دفعہ۔
ایک ہی دفعہ (۲) اکٹھا۔ جملہ۔ مجموعی۔ سب۔ کُل ٭ یک منزلہ۔
ایک منزل کا (مکان) ٭ یک من علم را دہ من عقل (می) باید۔
مثل۔ ایک حصّہ علم کے لیے دس حصّے عقل کی ضرورت ہے ٭
یک نہ شد دو شد۔ مثل (۱) ایک بلا تو تھی ہی، دوسری اَور
پیچھے پڑی (۲) ایک امرِ عجیب کے بعد دوسرے امرِ عجیب کے
واقع ہونے پر بھی بولتے ہیں ٭ یکّا (ق) (۱) تنہا۔ اکیلا۔ واحد
(۲) بے نظیر۔ بے مثل۔ لاثانی۔ نرالا۔ انوکھا (۳) (عوام) مذکر۔ اکّا۔
ایک قسم کی گاڑی، جس میں ایک گھوڑا جوتا جاتا ہے ٭ یکایک
(ف) (۱) فوراً۔ یکبارگی (۲) دفعتہً۔ ناگاہ ٭ یکتا (۱) اکیلا۔ نرالا۔
بے نظیر (۲) (کنایۃً) خدائے تعالیٰ ٭ یکتائی۔ مؤنّث (۱) بے نظیری۔
بے مثالی (۲) توحید۔ وحدانیت۔ وحدت (۳) نرالا پن۔ انوکھا پن
(۴) اکیلا ہونا ٭ یکُم (۱) مؤنّث۔ مہینے کی پہلی تاریخ (۲) پہلا نمبر ٭
یکنگ (۱) (۱) تنہا۔ اکیلا۔ مجرّد (۲) تنہائی پسند ٭ یکّہ (۱) (ف)
دیکھیے یکّا عدد ۲ (۲) (ق) دیکھیے یکّا عدد ۳ ٭ یکّہ تاز (۱) وہ، جو تنہا
حریف پر حملہ کرے اور کسی کی مدد کا منتظر نہ ہو (۲) (کنایۃً) جری۔
بہادر (۳) وہ سوار، جو گھوڑا دوڑانے میں بے مثل ہو ٭

ی ۔ گ

یگ (یگ) (س) مذکر۔ قربانی۔ ہوم۔ پوجا ٭
یگ (یگ) (س) مذکر (۱) جُگ ٭ قرن (۲) جُفت۔ جوڑا ٭
یگانگت (یگا۔ نگت) (ف) (فارسی میں یگانگی ہے) مؤنّث (۱) قرابت۔
اپنایت۔ پاس کی رشتہ داری (۲) ندرت۔ انوکھا پن (۳) یکتائی۔ توحید

(۴) اتفاق۔ اتحاد ٭
یگانوں (یَگا۔ نُوں) (ن) یگانہ کی جمع حرفِ جار سے پہلے ٭
یگانہ (یَگانَہ) (ف) (۱) ایک گھرانے اور ایک کنبے کا۔ رشتہ دار۔ قرابتی۔ اپنا (۲) اکیلا۔ فرد۔ واحد (۳) بے مثل۔ بے نظیر۔ لاثانی ٭ یگانے (ن) یگانہ کی جمع۔ اپنے ٭

ی ۔ ل

یل (یَلْ) (ف) مذکر (۱) پہلوان۔ شہزور۔ شجاع۔ بہادر۔ دلاور (۲) موٹا۔ فربہ۔ جسیم۔ مسٹنڈا ٭ یل شل (ن) خوب موٹا تازہ۔ فربہ اندام ٭
یَل (یَلْ) (ہ) ایک کلمہ ہے، جو صیغۂ امر وغیرہ کے آخر میں آکر فاعلیت کے معنی کا فائدہ دیتا ہے، جیسے آڑیَل ٭
یلدا (یَلْ۔ دَا) (ف) مؤنث۔ سب سے بڑی اندھیری رات ٭
یلغار (یَلْ۔ غَار) (ت) مذکر و مؤنث۔ دھاوا۔ حملہ ٭
یلمعی [(ع) یَلْ۔ مَعِیْ (ف۔ ن) یَلْ۔ مَعِیْ] ذہین۔ طبّاع ٭
یلہ (یَلَہْ) (ف) (۱) بے قید۔ چھوڑا گیا۔ آزاد (۲) اکیلا (۳) ٹیڑھا (۴) فضول۔ غلط (۵) مذکر۔ رہائی (۶) مؤنث۔ بدچلن عورت ٭

ی ۔ م

یَم [(ع) یَمّ (ف۔ ن) یَمْ)] مذکر۔ دریا ٭
یَم (یَمْ) (س) مذکر۔ ملک الموت۔ موت کا فرشتہ۔ عزرائیلؑ ٭
یمان۔ یمانی (یَمَانْ۔ یَمَا۔ نِیْ) (ع) یمن کی طرف منسوب۔ یمنی۔ یمن کا باشندہ ٭
یمن (یَمَنْ) (ع) مذکر۔ عرب کا ایک مشہور علاقہ۔ یہاں کا عقیق اور لعل بہت مشہور ہے۔ سہیل ستارہ بھی اسی جگہ نکلتا ہے ٭ یمنی (۱) یمن سے نسبت رکھنے والا۔ یمن کا (۲) (ن) مذکر۔ ایک قسم کا نیلا کبوتر ٭
یُمن (یُمْنْ) (ع) (۱) برکت۔ سعادت (۲) کامیابی۔ اقبال مندی ٭
یمین (یَمِیْنْ) (ع) مذکر (۱) سیدھا ہاتھ۔ دایاں ہاتھ (۲) دائیں طرف (۳) حلف۔ سوگند۔ قسم (۴) قوت۔ طاقت۔ توانائی ٭ یمین الدّولہ۔ مذکر۔ رکنِ سلطنت۔ ایک معزز خطاب، جو امراء کو بادشاہوں کی طرف سے ملتا تھا ٭ یمین و یسار۔ مذکر (۱) دائیں بائیں۔ چپ و راست (۲) فوج کا دایاں اور بایاں بازو ٭

ی ۔ ن

ین (یَنْ) (جاپانی) مذکر۔ ایک سکہ، جو تقریباً ڈیڑھ روپے کے برابر ہوتا ہے ٭
ینگ (یَنگ) (انگ۔ Young) نوجوان۔ چھوٹا۔ نوخیز ٭
ینگ مین (Youngman) نوجوان آدمی۔ نوعمر شخص ٭

ی ۔ و

یوٹرائن (یُوْ۔ ٹَرَا۔ اِنْ) (انگ۔ Uterine) مؤنث۔ ایک ماں کی اولاد ٭
یوٹلٹی (یُوْ۔ ٹِلْ۔ ٹِیْ) (انگ۔ Utility) مؤنث۔ سودمندی ٭
یوحا (یُوْ۔ حَا) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا سانپ، جس کے متعلق مشہور ہے کہ ہزار سال کا ہونے پر جو شکل چاہے اختیار کر سکتا ہے ٭
یورپ (یُوْ۔ رَپْ) (انگ۔ Europe) مذکر۔ ایک برِاعظم، جو مغرب کی طرف واقع ہے ٭ یورپین (ہندوستانی انگ۔ یُرُوْ پِیَنْ (European) یورپ کا رہنے والا۔ یورپ والوں کی نسل سے ٭
یورش [(ت) یُوْرِشْ (ن) یُرِشْ] مؤنث (۱) چڑھائی۔ حملہ۔ دھاوا۔ یلغار (۲) بلوہ۔ ہنگامہ۔ فساد ٭
یورہائینس (یُوْرْ، ہَا۔ اِیْ۔ نَسْ) (انگ۔ Your Highness) بادشاہ اور شہزادے کو خطاب کرتے وقت کہتے ہیں۔ حضور والا ٭
یوریشین (یُوْرِے۔ شِیَنْ) (انگ۔ Eurasian) وہ انگریز، جو ہندوستان میں پیدا ہوا ہو ٭
یوسفؑ (یُوْ۔ سُفْ) (عبرانی یا سریانی) مذکر (۱) ایک مشہور پیغمبر، جو حضرت یعقوبؑ کے بیٹے اور حسن میں بے مثال تھے۔ عزیزِ مصر کی بیوی زلیخا ان پر عاشق ہو گئی تھی (۲) (کنایۃً) کمال حسین (۳) مؤنث۔ قرآنِ عزیز کی ایک سورت ٭ یوسفِ ثانی۔ مذکر۔ حضرت یوسفؑ جیسا خوب صورت ٭
یوم (یَوْمْ) (ع) مذکر۔ دن۔ روز ٭ یَومُ الحِسَاب۔ مذکر۔ روزِ قیامت، جب لوگوں کے اعمال کا حساب کتاب ہوگا ٭ یَومُ القِیَامَت۔ یَومُ النُّشُور۔ مذکر۔ روزِ محشر ٭ یوماً فیوماً۔ روز بروز ٭ یَومِیَہ۔ مذکر (۱) روزینہ۔ روز کی مزدوری۔ دن بھر کی اجرت (۲) روزمرّہ کا خرچ ٭
یوں [دہلی میں یُوْں (واو معروف سے) لکھنؤ میں یُوں (واو مجہول سے)] (ہ) (۱) اِس طرح۔ ایسا۔ اس طرز سے۔ اس ڈھنگ سے۔ اس طور سے (۲) اشارے کے لیے یہ کی جگہ (۳) مفت۔ بیکار ٭ یوں بھی دیکھا ووں بھی دیکھ۔ مقولہ۔ خوشی دیکھ لی، اب غم دیکھ۔ نیرنگیٔ زمانہ کے متعلق کہتے ہیں ٭ یوں بھی سہی (ن) اس طرح بھی منظور ہے ٭ یوں بھی واہ وا، ووں بھی واہ وا (ہ) دونوں طرح خوب ہے۔ ہر طرح خوش ٭ یُوں تو (۱) اس طرح تو۔ اس ڈھنگ سے تو (۲) ورنہ۔ وگرنہ (۳) کہنے کو تو۔ دراصل تو ٭

یوں تُوں کرنا (کنایۃً) بدزبانی کرنا ٭ یُوں ہی ۔ یُوْ نْہِیں ۔ یُہِیں (۱) اسی طرح (۲) ایک تو (۳) بے سوچے سمجھے (۴) مفت ۔ بلاقیمت (۵) ناحق ۔ بے فائدہ (۶) فضول ۔ نکما (۷) بے وجہ ۔ بے سبب (۸) بے ارادہ ۔ آسانی سے ۔ بلا دقّت (۹) بغیر کسی تدبیر کے ٭ یوں ہی ٹرخا دیا ۔ خالی خولی ٹال دیا ۔ ناکام رخصت کیا ٭ یوں ہی سا (۱) ذرا سا ۔ برائے نام (۲) مہمل سا ۔ بیہودہ سا ۔ ناتجربہ کار ٭ یوں ہی سہی ۔ اس طرح بھی منظور ہے ۔ ہم یُوں بھی خوش ہیں ٭ یوں ہی ہے (۱) اِسی طرح ہے (۲) قابلِ اعتبار نہیں (۳) بیکار ہے ۔ فضول ہے ٭

یونان (یُوْ۔نَانْ) (یونانی) مذکر ۔ یورپ کا ایک مشہور ملک ، جہاں بڑے بڑے نامی گرامی حکیم گزرے ہیں ٭ یونانی (۱) یونان کا رہنے والا (۲) یونان کا ۔ یونان کا بنا ہُوا (۳) مؤنث ۔ یُونان کی زبان (۴) طبِ یونانی ٭

یُونائیٹڈ پراونسز (یُوْ۔نَا۔اِئی۔ٹِڈْ، پَرَا۔وِنْ۔سِزْ) (انگ۔ United Provinces) مذکر ۔ صوبجاتِ متّحدہ ٭

یُونائیٹڈ سٹیٹس (انگ۔ United States) مؤنث ۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ ٭

یُونائیٹڈ کِنگڈم (انگ۔ United Kingdom) مؤنث ۔ سلطنت متّحدہ انگلستان ٭

یُونس (یُوْ۔نُسْ) (عبرانی) مذکر (۱) ستون ۔ رُکن ۔ دین کا رُکن (۲) ایک مشہور پیغمبر ، جو ہُود کی اولاد اور قوم بنی اسرائیل کے نبیوں میں سے تھے ۔ خدا کے حکم سے انھیں ایک مچھلی نے اپنے پیٹ میں چالیس دن رکھ کر صحیح سلامت اُگل دیا تھا (۳) ایک ستارہ ٭

یونیورسٹی (یُوْ۔نِی۔وَرْ۔سِٹی) (انگ۔ University) مؤنث ۔ مدرسۃ العلوم ، جس میں جملہ علوم کی تعلیم اور فضیلت کے خطاب دیے جائیں ۔ جامعہ ٭

یونیورسل (یُوْ۔نِی۔وَرْ۔سَلْ) (انگ۔ Universal) عام ۔ عالم گیر ٭

یونین (یُوْ۔نِیَنْ) (انگ۔ Union) مؤنث (۱) موافقت ۔ اتّفاق ۔ اتّحاد (۲) کلب ٭ یُونین جَیک (Union Jack) مذکر (۱) اتّحادی جھنڈا ۔ ملک کا وہ جھنڈا ، جس کے نیچے سب قومیں اتفاق سے جمع ہو کر دشمن کا مقابلہ کریں (۲) سلطنت برطانیہ کا جھنڈا ٭

یُوہا (یُوْ۔ہَا) (ہ) مذکر ۔ دیکھیے "یُوحی" ٭

ی ۔ ہ

یہ (یِہْ) (ہ) (۱) اشارۂ قریب کا کلمہ (۲) ایسا ۔ اِس طرح (۳) اِس طرح کا (۴) اِس قدر (۵) یہ لوگ (۶) زائد ، حُسنِ کلام کے لیے (۷) میری یا اُس کی ٭ یہ اَوْر بات ہے ۔ یہ بات جُدا ہے ٭ یہ بات کہیں اَوْر ہے ۔ ہم سے گستاخی ، بے ادبی اور بے تکلفی نہ کرو ٭ یہ بات وہ بات ٹکا دھر میرے ہاتھ ۔ اُس خود غرض کے متعلق کہتے ہیں جو اِدھر اُدھر کی باتیں کر کے اپنا مطلب نکالنا چاہے ٭ یہ بات ہی کیا ہے (۱) یہ کوئی مشکل کام نہیں (۲) یہ بے موقع بات ہے ٭ یہ باتیں ہیں ٭ یہ فضول اور وہمی باتیں ہیں ٭ یہ بلا تو قدموں سے لگی ہوئی ہے (ف) مثل ۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص ٹالے نہ ٹلے ٭ یہ بھی ایک چال ہے (ہ) یہ بھی ایک فریب دینے کا ڈھنگ ہے ۔ یہ بھی دامِ غلاموں کھانے ٭ یہ بھی بینگن کاٹ پکاتے (ف) ہمیں ہر طرح کا تجربہ ہو گیا اور ہم تمھاری سب چالاکیاں پہچان گئے ٭ یہ بھی کسی نے نہ پوچھا تیرے مُنہ میں کَے دانت ہیں (۱) عمدہ انتظام اور انصاف کی تعریف میں کہتے ہیں کہ کوئی کسی کا مزاحم نہیں (۲) جہاں کسی کی پوچھ گچھ اور خاطر تواضع نہ ہو ، وہاں بھی بولتے ہیں ٭ یہ بھی میرا وہ بھی میرا ۔ جو ناانصافی سے ہر چیز پر ہاتھ مارے ، اُس کی نسبت کہتے ہیں ٭ یہ بھی نہ ہُوا وہ بھی نہ ہُوا ۔ دونوں میں سے کوئی کام نہ بنا ٭ یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی (ف) یہ کام پورا ہوتا دکھائی نہیں دیتا ٭ یہ پٹی نہیں پڑھی ۔ یا ۔ پڑھے (ہ) ہم اس داؤں میں نہیں آتے ٭ یہ تو چڑھاؤ پر بہتی ہے ۔ مثل ۔ اُس وقت بولتے ہیں ، جب کوئی بات عقل کے خلاف کی جائے ٭ یہ تو کبیر بھی کہ گئے ہیں (ف) مقولہ یہ مانی ہوئی بات ہے ٭ یہ جا وہ جا ۔ فوراً بھاگ گیا ٭ یہ کس کا مُوت ہے (ع) (دہلی) یہ کس کا نطفہ ہے ٭ یہ کوّا پھنسانے کی چال ہے ۔ ہوشیار اور سیانے کو دامِ فریب میں لانے کی تدبیر یہی ہے ٭ یہ کیا ہے ۔ کلمۂ تعجب (۱) آج یہ کیا نئی بات ہے (۲) خیر تو ہے ! یہ گو اور یہی میدان (ف) آیئے ابھی مقا ہو جاتے ٭ یہ مُنہ اور مسور کی دال (ہ) مثل (۱) تم اس لائق نہیں تم اس منصب اور کام کے اہل نہیں (۲) اِسی مُنہ سے کہتے ہو کہ یُوں کریں گے ؟ یہ وہ گُڑ نہیں کہ چیونٹے کھائیں ، یہ وہ گُ نہیں جو مکھیاں کھائیں ۔ مثل (ع) ہر ایک کو یہ بات نصیب نہیں ہو سکتی ٭ یہی ۔ یہ ہی کا مخفف (۱) خاص یہ ۔ خصوصاً یہ (۲) اشارۂ قریب کا کلمہ (۳) ایسا ۔ اِسی قسم کا (۴) صرف ٭ یہی مار کھانے کی نشانی ہے ، یہی مار کھانے کے لچھن ہیں (ف) اِنھیں باتوں پر پٹتے ہو ۔ اِنھیں کرتوتوں سے مار کھاتے ہو ٭

یہاں (یَہَاں) (ہ) (لکھنؤ) (دہلی میں "ہاں" مستعمل ہے) (۱) اِس جگہ ۔ اِدھر اِس مقام پر ۔ اِس طرف (۲) اِس دنیا میں (۳) متکلّم کی طرف اشارہ (۴) خاندان ۔ گھر ۔ گھرانا ٭ یہاں اُلٹی گنگا بہتی ہے ۔ مثل

وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی بات خلافِ قاعدہ یا دستور ہو۔ یہاں پرندہ پَر نہیں مار سکتا (ر) مقولہ۔ یہاں تک کوئی نہیں آسکتا۔
یہاں تک (۱) اِس جگہ تک (۲) اِس وقت تک (۳) اِس قدر۔
یہاں تمہارے ٹکے نہیں لگنے کے۔ یہاں تمہاری دال نہیں گلنے کی۔ یہاں تمہاری بات نہیں چلے گی۔ یہاں سب کان پکڑتے ہیں۔ یہاں سب کا سرِ تسلیم خم ہے۔ یہاں کوئی دعویٰ نہیں کر سکتا۔
یہاں سے۔ اِس جگہ سے۔ اِس طرف۔ یہاں فرشتوں کے بھی پَر جلتے ہیں (ر) یہاں کسی کی رسائی نہیں ہو سکتی۔ یہاں کوئی دم نہیں مار سکتا۔ یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے۔ یہاں کی ہر بات عجیب ہے۔ یہاں کچھ نال تو نہیں گڑا (ہ) مثل۔ وہاں کہتے ہیں، جہاں کوئی اپنا دعویٰ اور استحقاق جتائے، یعنی یہ جگہ تمہاری موروثی نہیں، جو اِس قدر استحقاق جتاتے ہو۔

یہاں نہ وہاں یہ بلا کہاں (ر) مثل۔ خانہ بدوش آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ یہاں وہاں کا ذکر۔ اِدھر اُدھر کی باتیں۔
یہود (یَہُوْد) (ع) مذکر۔ یہودی کی جمع۔ حضرت موسیٰؑ کی اُمّت۔
یہودن (ر) مؤنث۔ یہودی کی تانیث۔ یہودی (ع) مذکر۔ حضرت موسیٰؑ کی اُمّت کا آدمی۔
یہیں (یَہِیْں) (ہ) (۱) اِسی جگہ۔ اِسی مقام پر (۲) اِسی طرف۔ اِدھر ہی (۳) اِسی جہان میں۔ اِسی دنیا میں۔ یہیں کا چَمن، یہیں کا پَن۔ جو کچھ ہے، اِسی جگہ کے طفیل ہے۔

ی ۔ ی

ییلاق (یِیْ۔ لَاق) (ت) مذکر۔ وہ سرد اور ہوادار مقام، جہاں گرمی کے موسم میں جا کر رہیں۔